دورِ حاضر کا پہلا انوکھا
بااسناد مجموعہ لُغت و اَدب

باتصویر مع
معلومات دُنیا

اظہر اللُّغات
(جامع)
اُردُو

ایک لاکھ سے زائد الفاظ پر مشتمل
اُردُو کا جامع و مستند مفصّل و مکمّل مُعتبر و بہترین لُغت

اظہر پبلشرز 4- اُردو بازار لاہور پاکستان
انٹرنیشنل اعزاز یافتہ (یو۔ایس۔اے)

Download PDF MCQs, Books and Notes for any subject from the Largest website for free

awazeinqilab.com

آوازانقلاب ڈاٹ کام

and also Available in Play Store

- Primary (5th) Level
- Middle (8th) Level
- Matric (10th) Level
- F. Sc (12th) Level
- BS (16th) Level
- Urdu Grammar
- Curriculum (Govt Books)
- Past Papers
- English Grammar
- Readymade CV

NTS, FTS, CSS, PMS, ETEA, KPPSC, PPSC, SPSC, AJKPSC, BPSC, KPTA ETC

ہر Subject کے Notes اور MCQS فری ڈاون لوڈ کریں۔ نیز CV کے MS word تیار Templates ڈاون لوڈ کر کے اپنے حساب سے Modify کریں۔

Available Subjects

- Agriculture
- Computer Science
- Economics
- English
- Biology
- Chemistry
- Geology
- Management Sciences
- Microbiology
- PCRS/ Pak Study
- Pharmacy
- Sociology
- Zoology
- Chemistry
- Statistics
- Physics
- Mathematics
- Law
- Environmental Sciences
- Botany
- Biotechnology
- Library & Information Sciences
- Journalism & Mass Communication
- Political Science
- Geography
- General Science
- Education
- Tourism & Hotel Management
- Urdu
- Pashto
- Islamic & Arabic Studies
- Electrical Engineering
- Civil Engineering
- Mechanical Engineering
- Chemical Engineering
- Software Engineering
- Election Officer
- General Knowledge
- Pedagogy
- Current Affairs
- Medical Subjects
- Judiciary & Law
- other

Follow me on face book for new books updates

ABDULLAH INQILABI

awazeinqilab.com WhatsApp : 03025247378

دورِ حاضر کا پہلا انوکھا با اسناد مجموعۂ لغت و ادب

اظہر اللغات (جامع)

(اُردو)

اُردو کا جامع و مستند مفصّل و مکمّل مُعتبر و بہترین لُغت

باتصویر
مع معلومات دُنیا

مشتمل بر

کلاسیکل اُردو لٹریچر کے مستعملہ الفاظ و محاورات، روزمرہ اُردو انگریزی اخبارات و رسائل، مروجہ درسی کُتب کے جدید ترین چلت الفاظ و تلفّظ ماٰخذ، تذکیر و تانیث کے حقیقی مجازی تفصیلی معانی، لکھنؤ اور دہلی کی ٹکسالی سندیں، مسلّم الثّبوت اساتذہ کے استعمالات معلوماتِ عامہ قدیم و جدید مُحاورات، ضربُ الامثال تلمیحات و اصطلاحات

مؤلّفہ و مُرتّبہ

الحاج محمد امین بھٹی رحمۃ اللہ علیہ

الحاج محمد ثقلین بھٹی رحمۃ اللہ علیہ

ناشرین: اظہر پبلشرز۔ 4۔ اُردو بازار۔ لاہور۔ پاکستان

فون: 7224762

جُملہ حقوق دائمی بحق اظہر ثقلین بھٹی محفوظ ہیں

خوش نویس ——— مرزا محمدؐ یوسف

پریس ——— معراج دین پرنٹرز
مچھلی منڈی، لاہور

تعداد ——— 1000

قیمت سفید کاغذ ——— -/ 1200 0

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش لفظ (دیباچہ)

دُنیا تغیّر پزیر ہے۔ دُنیا کی کوئی ایسی شَے نہیں جس میں تغیّر نہ واقع ہُوا ہو۔ ہر زبان کی قدیم وجدید صُورتیں اِس کی شاہِد ہیں۔ اُردُو ایک زندہ زبان ہے اور زِندہ زبان کا خاصہ ہے کہ وہ بدلتی رہتی ہے۔ اِس میں نئے خیالات کے اِظہار کے لیے نئے الفاظ داخِل ہوتے رہتے ہیں۔ پُرانے الفاظ کی جگہ نئے الفاظ لیتے جاتے ہیں۔ حالات اور مَاحَول کی تبدیلی سے مُحاورات ازخُود بدل جاتے ہیں اگر اُردُوئے قدیم کا زمانۂ حاضِرہ کی اُردُو سے مُقابلہ اور موازنہ کیا جائے تو زمین وآسمان کا فرق نظر آتا ہے۔

فارسی، عَربی، سَنسکرت، بھَاشَا اور ہِندی کے بُہت سے قدیم الفاظ اَب بالکُل مَتروک ہیں اَور ایک حَد تک وہ دَرجۂ اعتبار سے ساقِط ہیں۔ طویل اور دقیق جُملے، دُشوار اور پیچیدہ تَرکیبیں، نامَانُوس الفاظ اَب سِرے سے ٹکسال باہر سمجھے جاتے ہیں اور اس دَورِ جدید میں سلاست اور اختصار کی جانِب لوگوں کی طبائع مائِل ہیں اَور یہ صرف اِس وجہ سے کہ زمانہ کی ترقّی اور اِشاعت علُوم کی ضرُورت نے عیاں کر دیا ہے کہ عِلم کو آسانی حاصِل کرنے اور اُس پر کاربند ہونے کے لیے اِن غیر ضروری اور لایعنی تکلّفات سے اِجتناب لازِم ہے۔

غرضیکہ اِبتدائے آفرینش سے اِس وقت تک تمام زبانوں کے تغیّرات کی کوئی اِنتہا نہیں۔ یہیں "پاکستان" ہی میں دیکھ لیجیے کہ معمُولی سی معمُولی مسافت میں زبان کا کِس قدر اِختلاف ہے۔ اِس اِختلاف میں بھی کیسی کیسی تبدیلیاں رُونُما ہوئی ہیں۔ نِصف صَدی پہلے جو الفاظ زبان پر ثقیل نہ تھے بلکہ مستحسن خیال کیے جاتے تھے اَب وہ متروک ہیں۔ غرضیکہ زبان کے ان تغیّرات کا تسلسل ہرگز ہرگز کِسی زمانہ میں منقطع نہیں ہوسکتا۔

یہ مُسلّمہ ہے کہ عربی زبان کا اَثر فارسی پر نُمایاں طَور سے پڑا۔ اِس میں عربی کے ہزاروں بلکہ لاکھوں الفاظ مستعمل ہوگئے۔ فارسی عربی نے برّصغیر پاک وہند کی سرزمین میں قدم رکھا، اور یہاں کی بھَاشَا میں مِل

جُل کر اور مُختلِط ہو کر نئی زبان قائم کر دی جو ہماری ''اُردُو'' کے نام سے مَوسُوم ہے۔

ظاہر ہے کہ جس زبان میں اِس کے الفاظ کا مُعتد بہ ذخیرہ مَوجُود ہو جاتا ہے اور اِس میں آئے دن تہذیب و تمدّن کی ترقی کے باعِث جَدید ترین اِیجادات اور ہر قسم کی اِختراعات ہوتی رہتی ہیں۔ اس میں اسما افعال و حروف کی دن دُونی اور رات چوگنی افزائش اور ترقی ہوتی ہے۔ پھر اِن الفاظ کے بقا اور تحفّظ کے لیے لُغت نویسی کی ضرُورت محسُوس ہوتی ہے۔ جس میں تحفّظ الفاظ کے ساتھ ساتھ صحت الفاظ اور اِملا کا بھی بالکُلیہ اطمینان ہو جاتا ہے۔

پاکستان بننے کے بعد وَطن عزیز کے پاس چھوٹی بڑی لُغتیں تھیں مگر جامع، سندی، مُفصّل و مکمّل لُغت کا فقدان تھا۔ اس ضرُورت کو محسُوس کرتے ہوئے مُتعدّد ضخیم اور مختصر لُغتیں لِکھی گئیں لیکن جہاں تک دیکھا گیا اِن میں سے بعض تو نہایت مطوّل ہیں جن میں رطب دیابس سَب کُچھ پایا جاتا ہے اَور بعض اِس قدر مختصر کہ ضرُوری الفاظ و محاورات کی بھی حامِل نہیں۔ باوجُود اس کے قیمت بھی زائد اور پھر بآسانی دستیاب بھی نہیں ہوتیں۔ جو کُتب عام دسترس سے باہر نہیں وہ غیر مُستند اور اکثر غلط ہیں۔ ان تمام باتوں کا خیال کرتے ہوئے عرصہ سے یہ خیال مَوجزن تھا کہ ایک مفصّل و مکمّل اور جامع و مُستند لُغت اُردُو میں مدوّن کر کے بلاکوں میں باتصویر طبع کرایا جائے جو باعتبار قیمت گراں بھی نہ ہو اور روزمرّہ کی عام ضرُوریات کا حامِل، جامع اور مُعتبر بھی ہو۔ عربی، فارسی، سَنسکرت، ہندی اور انگریزی کے بااَسناد لُغات سے اس کو نہایت عرق ریزی اور محنت شاقہ سے مُرتّب کیا جائے اور ہر طبقہ کے لیے خواہ وہ طُلبا ہوں یا مُدرّسین یا عام شائقین عِلم و اَدب کے لیے یکساں مُفید اور کارآمد ثابت ہو۔ اِن تمام اُمور کو مَلحُوظ رکھتے ہوئے زیرِنظر ''اظہرُ اللّغات'' کی تدوِین کی گئی ہے۔

''اظہرُ اللّغات'' میں نئے مآخذ، قدیم لغات، مروّجہ دَرسی کُتب سَرکاری و غیر سرکاری (اُردُو، عَربی، فارسی، انگریزی) ادبی شہ پاروں، اَخبارات و رَسائل کے جدید ترین الفاظ، معانی اور اَسناد کو حسب موقع مفصّل و مجمل قلمبند کیا گیا ہے۔ اِس لئے نیاز مند مؤلّف کو یہ بجا طور پر فخر حاصل ہے کہ اس کی بیس سالہ کوشش و کاوِش، عمیق مُطالعہ اور باریک بینی بصُورت اُردُو زبان کی یہ پہلی لُغات موسُومہ ''اَظہرُ اللّغات'' ہے جو مملکتِ پاکستان میں ناشران اظہر پبلشرز اُردو بازار لاہور نے زرِکثیر صرف کر کے آفسٹ میں باتصویر طبع کی ہے۔

اَظہرُ اللُّغات جیسا کہ اُوپر بیان کیا جا چُکا ہے روزمّرہ کام آنے والے الفاظ کا مجمُوعہ ہے اس لیے اس میں سکُول اور کالج کے جُملہ مضامین یعنی ____ اَدَب، تاریخ، جُغرافیہ، ریاضی، سائنس، سکاؤٹنگ، ڈرِل، تیمارداری (فرسٹ ایڈ) اور ڈرائنگ وغیرہ کے بھی ضروری الفاظ شامِل کر دیے گئے ہیں اَور طُلبا کو اپنی تعلیمی زندگی میں جن الفاظ سے واسطہ پڑتا ہے۔ وہ بھی اِس میں داخِل کر دیئے گئے ہیں۔ اِسلامی اور غیر اِسلامی اَخبارات ورَسائِل کے روزمرّہ الفاظ بھی اس میں دَرج کر دیے گئے ہیں اور اِس اَمر کی بھی کوشش کی گئی ہے کہ جدید ترین معلُومات مُستند مآخذ سے بہم پہنچائی جائیں۔ نیز اس امر کے پیشِ نظر کہ طلباء اور عام شائقین کو انگریزی الفاظ کی صحیح شکل کے معلُوم کرنے میں تکلیف نہ ہو۔ ہر ایک انگریزی لفظ کو انگریزی ٹائپ کے حرُوف میں انگریزی رسمُ الخط میں لِکھ دیا گیا ہے۔ جِن سے اِس لُغات کی اَفادِیّت میں قابلِ تحسین اِضافہ ہو گیا ہے۔

قریباً نصف صَدی گُزرنے کے بَعد اُردُو میں ایک اچھّی لُغات کا لکھا جانا اَزبَس ضرُوری ہے۔ جو اِس عرصے کی تبدیلیوں کو اپنے اندر جگہ دے سکے اور نئی ضرُورتوں کو کما حقہ، پُورا کر سکے۔ قیامِ پاکستان کے بعد مِلّت پاکستانیہ نے تاریخِ عالم میں مُستقِل مُقام حاصِل کر لیا۔ اِس کی نئی ضرورتیں نئے الفاظ پیدا کر رہی ہیں جو اَخبارات ورَسائِل میں آ رہے ہیں ان الفاظ کو بھی نئی لُغات میں جگہ لینی چاہیے۔ زیرِ نظر ''اظہرُ اللُّغات'' یہ ضرورتیں کافی حد تک پُورا کرتی ہے۔ اِس لُغات کی تالِیف میں طُلبا کی ضرُورتوں کو مُقدّم رکھا گیا ہے۔ اِس کے ساتھ ہی عام مُطالعہ کرنے والوں کی ضرُورتیں کماحقہ، پُوری کی گئی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اِس میں ہر دَرسی کُتب کے الفاظ کے علاوہ اَخبارات ورَسائِل کے نئے الفاظ بھی شامل کر دیے گئے ہیں۔ لیکن نئے الفاظ وہ اَخذ کیے گئے ہیں جن کے آئندہ چلنے کی توقع ہے۔

اَظہرُ اللُّغات میں ہر لفظ کے بَعد اِلتزام رکھا گیا ہے کہ وہ کِس زبان کا ہے۔ اختصار کے خیال سے اکثر مُقامات پر قوسین میں مصدر، فاعِل، مَفعُول، تَصغِیر، تَثنِیہ، جمع، جمعُ الجمع اور تذکیر وتانِیث کی طرف بھی اِشارہ کر دیا گیا ہے، لُغوی اِصطلاحی معنے اور ضروری محاوِرات کو بھی نظر اَنداز نہیں کیا گیا۔ عربی اَلفاظ کے اَعراب میں اُلٹا پیش ہو خواہ سِیدھا دونوں حالتوں میں حرکت معرُوف ہی پڑھی جائے گی کیونکہ حرکتِ مجہُول عربی میں مستعمل نہیں۔ اَلبتہ اُردو، ہندی، فارسی اور دیگر زبانوں کے الفاظ میں اس کی تفریق کی گئی ہے اور حرکت معرُوف میں اکثر اُلٹا پیش لگا دیا گیا ہے۔

بعض الفاظ کئی طرح سے مُستعمل ہیں۔ اُن کے اِملا بھی مختلف ہیں۔ اَفصح اور اَفضل صُورت کو ترجیح دی گئی ہے اور دونوں طرح سے اِن کے اِملا کا اظہار کر دیا گیا ہے۔ الفاظ مرکبّہ کے عَربی فارسی یا دیگر زبانوں میں ہونے کو اکثر دوسری جزو کا خیال کر کے ظاہر کیا گیا ہے، یعنی اگر دُوسرا جزو فارسی ہے تو اُسے فارسی ہی لِکھّا گیا ہے اور بعض مُقامات پر مُرکّب علامات بھی دی گئی ہیں۔ محاورات کے لِکھنے میں حتی الاِمکان اِختصار کیا گیا ہے۔ لازِم مُتعدی مَصادر بھی محاورات کے تحت میں اِشارۃً مذکور ہیں۔ اِختصار کو ملحُوظ رکھتے ہوئے استشہاد سے بھی اِجتناب کیا گیا ہے۔

طُلبا اور شائقین کی سہُولت کے پیشِ نظر لُغات ہذا کے آخر میں عربی الفاظ کی وہ تمام جمُوع درج کر دی گئی ہیں جو روزمرّہ تحریر و تقریر میں استعمال ہیں۔ اُمید ہے کہ یہ جدّت عِلمی حلقوں میں بنظرِ استحسان دیکھی جائے گی۔

الغرض اَظہرُ اللُّغات دَرسی اَدبیات کے اَسّی ہزار سے زائِد اُردُو، فارسی، عَربی، سنسکرت، ہندی اور انگریزی اِلفاظ و محاورات، ضربُ الامثال اور تلمیحات پر حاوی ہے۔ جو طُلبا اور نجیؒ مُطالعہ میں بیش قیمت مَدد دیں گے۔

اظہرُ اللُّغات کی بُنیاد اُن دَرسی و غیر دَرسی کُتب کے ذَخیرۂ الفاظ پر رکھی گئی ہے جو ٹیکسٹ بُک بورڈ (حکومتِ پاکستان) کے ورنیکلر، اینگلو ورنیکلر، مڈل، لوئر سیکنڈری، ہائر سیکنڈری، تربیتی اداروں کے مُقرّرہ نصاب کی کُتب میں پائے جاتے ہیں اور اُن کتب کے قریباً تمام الفاظ مروّجہ محاورات، ضربُ الامثال اور تلمیحات اِس میں آ گئی ہیں۔

اظہرُ اللُّغات درج ذیل کُتب کی روشنی میں نظرِ ثانی کی گئی ہے:۔

1 فرہنگ آصفیہ	اُردُو لُغت	عربی لُغت
2 نُور اللُّغات		
3 امیرُ اللُّغات		
4 ہفت قلزم	فارسی لُغت	
5 غیاثُ اللُّغات		
6 صراح مع قراح		
7 المنجد		
8 الفرائد الدّریہ		
9 ڈاکٹر فیلن کی ہندوستانی انگریزی ڈکشنری		

یہ عرض کرنا نامُناسب نہ ہوگا کہ اِس سائز کا اَیسا جامع اور مختصر اُردو لُغت فی الحاط نظر میں نہیں آیا۔

رہا تحقیق وصحت کا سوال، وہ اہلِ نظر اور باریک بین حضرات سے پوشیدہ نہیں۔ فردِ گزاشت اِنسان کا خاصہ ہے۔ بہرحال رطب ویابس الفاظ کے اِتنے بڑے ذخیرے کا اِس کساد بازاری کے عالم میں عوام کے ہاتھوں میں پہنچنا ہی کیا کم ہے۔ اَب نیازمند مؤلّف کی اِس خُودستائی کا فیصلہ آپ خود فرما سکتے ہیں۔

آخر میں، مَیں اُن مُصنّفین کا غائبانہ شُکر گزار ہُوں جن کی بُلند پایہ اور گراں بہا تصانیف سے مَیں نے خوشہ چینی کی ہے، اور اَپنے عزیز اظہر بھٹّی سلّمہٗ کی گرانقدر اعانت کا جو اُس نے نہایت عرق ریزی اور محنت شاقّہ سے تصاویر کے اِنتخاب اور تیاری میں اظہر اللّغات کو خُوبصُورت بنانے کی اِنتہائی کوشش کی ہے۔ اللہ سُبحانہٗ تعالیٰ سے دُعا ہے کہ اِسے مقبُولیّت کا شرف بخشے۔

ہر کہ آید بدرت اُمیّد وار
شاہدِ مقصُود باید درکنار

المُخلص:

الحاج محمد امین بھٹی رحمۃ اللہ علیہ
الحاج محمد ثقلین بھٹی رحمۃ اللہ علیہ

روزنامہ
DAILY NAWA-I-WAQT LAHORE.
بانی مجید نظامی
ایڈیٹر مجید نظامی
نوائے وقت لاہور
لاہور، کراچی، راولپنڈی اور ملتان سے بیک وقت شائع ہوتا ہے

ہفت روزہ
ندائے ملت

تبصرہ کتب

اظہر اللغات اُردو جامع (باتصویر)

مولف الحاج محمد امین بھٹی، الحاج محمد ثقلین بھٹی ضخامت 1320 صفحات۔ پبلشر۔ اظہر پبلشرز 4 اُردو بازار، لاہور

یہ ایک جامع اور مستند لغات ہے جس میں ایک لاکھ سے زائد قدیم اور جدید الفاظ سائنسی، علمی وادبی اصلاحات، محاورات اور ضرب الامثال، تلمیحات کے تفصیلی معانی صحیح تلفظ کے ساتھ دیے گئے ہیں۔ اسے 20 سال کی کوشش کر کے عمیق مطالعہ اور باریک بینی سے مرتب کیا گیا ہے۔ یہ زبان کے جملہ تقاضوں کے علاوہ طالبان علم کی تشفی بھی مٹاتی ہے۔ اس میں سکول وکالج کے جملہ مضامین یعنی ادب، تاریخ، جغرافیہ، ریاضی، سائنس، فنون لطیفہ، حیاتیات، عمرانیات، علم التعلیم، سیاسیات وغیرہ کے ضروری الفاظ شامل کر دیے گئے ہیں۔ اہم الفاظ کی انگریزی ساتھ دی گئی ہے۔ گزشتہ نصف صدی میں اُردو میں جو تبدیلیاں رونما ہوئی ہیں ان کو مدنظر رکھتے ہوئے اسے مرتب کیا گیا ہے۔ اس طرح یہ نئی ضرورتوں کو کما حقہ پورا کر سکے گی۔ پہلی بار کسی اُردو لغات میں اہم الفاظ کی تشریح وتوضیح تصویروں سے بھی کی گئی ہے۔ ہر لفظ کے بعد التزام رکھا گیا ہے کہ وہ کس زبان کا ہے۔ قوسین میں مصدر، فاعل، مفعول، تصغیر، تثنیہ، جمع، جمع الجمع اور تذکیر وتانیث کی طرف اشارہ دیا گیا ہے۔ لغوی اور اصطلاحی معنوں اور ضروری محاورات کی طرف خصوصی توجہ دی گئی ہے۔

اس میں نئے وقدیم اُردو لٹریچر کے مستعمل الفاظ و محاورات، روزمرہ مروجہ درسی کتب، اُردو، عربی، فارسی اور انگریزی اخبارات ورسائل اور ادبی شہ پاروں کے جدید ترین الفاظ ومعانی مع تلفظ، ماخذ، تذکیر وتانیث اسناد کے ساتھ حسب موقع مفصل ومجمل قلمبند کیا گیا ہے۔ لکھنؤ اور دہلی کی ٹکسالی سندیں اور مسلم الثبوت اساتذہ کے استعمالات دیے گئے ہیں۔

جو الفاظ کئی طرح سے مستعمل ہیں اور ان کی املا بھی مختلف ہے۔ اس میں افصح اور افضل صورت کو ترجیح دی گئی ہے اور دونوں طرح سے ان کے املا کا اظہار کیا گیا ہے۔ الفاظ مرکبہ کے عربی، فارسی یا دیگر زبانوں میں ہونے کو اکثر دوسرے جزو کا خیال رکھا گیا ہے یعنی اگر دوسرا جزو فارسی ہے تو اسے فارسی ہی لکھا گیا ہے۔ کئی مقامات پر مرکب علامات بھی دی گئی ہیں۔

محاورات کو تشریحاً واضح کیا گیا ہے۔ لازم متعدی مصادر بھی محاورات کے تحت میں اشارتاً مذکور ہیں۔ ایک خوبی یہ ہے کہ اختصار کو ملحوظ رکھتے ہوئے استشہاد سے اجتناب کیا گیا ہے۔ اس کی اہم خوبی جو کسی اور لغت میں نظر نہ آئے گی وہ اس کے آخر میں معلومات دُنیا، عام معلومات اور پاکستان کے متعلق 58 صفحات کی اہم معلومات درج کی گئی ہیں جو لغت کا ''قیمتی اثاثہ'' ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ مارکیٹ میں اتنی خوبصورت چھپائی میں اس سائز کا ایسا جامع اُردو لغت فی الحال نظر نہیں آتا۔ الفاظ کے اتنے ذخیرے کا اس کساد بازاری کے عالم میں عوام کے ہاتھوں میں پہنچنا بہت بڑی بات ہے۔

تشریح علامات

اشارہ	تفصیل
اُر	اُردو
ا	اسم
ب	بنگالی
پ	پُرتگالی
ت	تُرکی
تث	تثنیہ
تص	تصغیر
ج	جمع
جج	جمعُ الجمع
س	سنسکرت
سر	سریانی
صفت	صفت
ظر	اسمِ ظرف
ع	عربی
عبر	عبرانی
عف	عربی فارسی
ف	فارسی

اشارہ	تفصیل
فا	اسمِ فاعل
فع	فارسی عربی
کش	کشمیری
ل	لازم
م	متعدی
مث	مؤنث
مخ	مخفف
مذ	مذکر
مص	مصدر
معر	معرب
مف	اسمِ مفعول
مفر	مفرس
و	واحد
ہ	ہندی
ہف	ہندی فارسی
انگ/ی	انگریزی
یو	یونانی

نوٹ: — الفاظ کے ساتھ قوسیں دی گئی ہیں۔ اُن کے اندر اشارے کیے گئے ہیں کہ یہ اَلفاظ کن زبانوں سے اُردو میں آئے یا کن اَجزا سے مُرکّب ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فہرست

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۱	پیش لفظ	۳
۲	تشریح علامات	۸
۳	حروف ابجد	۱۰
۴	اُردُو کے حُروف تہجی	۱۱
۵	زبان دانی	۱۲
۶	الف ممدودہ	۱۵
۷	الف مقصُورہ	۵۱
۸	ب	۱۳۶
۹	پ	۲۱۹
۱۰	ت	۲۸۷
۱۱	ٹ	۳۳۹
۱۲	ث	۳۵۸
۱۳	ج	۳۶۱
۱۴	چ	۴۰۹
۱۵	ح	۴۵۴
۱۶	خ	۴۷۰
۱۷	د	۴۹۵
۱۸	ڈ	۵۳۹
۱۹	ذ	۵۴۷
۲۰	ر	۵۵۰
۲۱	ڑ ز	۵۸۲
۲۲	ژ	۵۹۸
۲۳	س	۵۹۹
۲۴	ش	۶۶۴
۲۵	ص	۶۸۶
۲۶	ض	۶۹۸
۲۷	ط	۷۰۲
۲۸	ظ	۷۱۳
۲۹	ع	۷۱۷
۳۰	غ	۷۴۱
۳۱	ف	۷۵۲
۳۲	ق	۷۷۳
۳۳	ک	۷۹۴
۳۴	گ	۸۷۸
۳۵	ل	۹۳۳
۳۶	م	۹۷۰
۳۷	ن	۱۱۱۶
۳۸	و	۱۱۸۳
۳۹	ہ	۱۲۰۱
۴۰	ی ے	۱۲۴۸
۴۱	معلوماتِ دُنیا	۱۲۶۱

حروفِ ابجد

ابجد عربی کے حروفِ تہجی کی ایک خاص ترتیب کے سبب سے یہ ہے:

ابجد ہوّز حطی کلمن سعفص قرشت ثخذ ضظغ

اسی ترتیب کے لحاظ سے ہر حرف کا خاص عدد مقرر کیا گیا ہے جس کی تفصیل یہ ہے:

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	اظہر المفاتیح
20	30	40	50	60	70	80	90	100	
ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ	
200	300	400	500	600	700	800	900	1000	
ا	ظ	ہ۔	ر	ا	ل	ل	غ	ا	ت

اُردُو کے حرُوفِ تہجّی

ا ب بھ پ پھ ت تھ ٹ ٹھ ث

ج جھ چ چھ ح خ

د دھ ڈ ڈھ ذ ر رھ ڑ ڑھ ز ژ

س ش ص ض ط ظ ع غ

ف ق ک کھ گ گھ

ل لھ م مھ ن نھ

و ہ ء ی ے

پھ تھ وغیرہ شروع میں مرکب حروف سمجھے جاتے تھے لیکن حقیقتاً یہ آوازیں مرکب نہیں ہیں۔ بلکہ مفرد ہیں اور مفرد کے طور پر ہی انھیں بھے پھے وغیرہ کہ کر پڑھنا چاہیے اور ہر جگہ چشموں سے لکھنا چاہیے۔ اِن چشموں کو 'ہ' کہنا اور 'ہ' کو چشموں سے لکھنا غلط ہے۔

زبان دانی

اشارات

واوِ معروف: وہ داؤ جس سے پہلے پیش ہو اور واؤ خوب ظاہر کر کے پڑھا جائے اس سے پہلے حرف پر پیش لکھا جاتا ہے۔ جیسے نُور۔ حُور۔ دُور وغیرہ۔

واوِ مجہول: وہ واو جو خوب ظاہر کر کے نہ پڑھا جائے جیسے مور، چور، شور، زور وغیرہ۔

یائے معروف: وہ یائے جو خوب ظاہر کر کے پڑھی جائے اس سے پہلے حرف کے نیچے زیر لکھی جاتی ہے۔ جیسے بھیک، ٹھیک وغیرہ۔

یائے مجہول: وہ یائے جو خوب ظاہر کر کے نہ پڑھ جائے جیسے ایک، نیک وغیرہ۔

مشدّد: وہ حرف جو دُہرا پڑھا جائے یعنی جس پر شد ہو۔ جیسے مکرّم میں ''ر'' مشدّد ہے۔

ساکن: وہ حرف جس پر زبر۔ زیر۔ پیش میں سے کوئی حرکت نہ ہو جیسے فَرق میں ''ر'' ساکن ہے۔

الف ممدود: وہ الف جو کھینچ کر پڑھا جائے جیسے آمد۔ آوا۔ آگاہ وغیرہ۔

اُصول وقواعد

1- قاعدے کی رُو سے ایک لفظ فارسی کا ہو اور دوسرا ہندی کا یا دونوں ہندی ہوں تو دونوں کو مرکب نہ کرنا چاہیئے۔ مثلاً لبِ سڑک چیخ و پکار، لیڈران ہند۔ سطح سمندر، دن بدن، مُہ ماہی۔ قریب المرگ لیکن رواجِ عام کے سبب یہ الفاظ داخلِ زبان ہو چکے ہیں۔ البتہ چیخ پکار۔ واوِ عاطفہ کے بغیر لکھنا چاہیئے اور دن بدن کی بجائے محتاط ادیب روز بروز یا دن پر دن استعمال کرتے ہیں۔

2- جس لفظ کے آخر میں ہائے مختفی ہو اور اس کے بعد حرفِ جار لایا جائے تو ''ہ'' یائے مجہول سے بدل جاتی ہے۔ مثلاً ''زمانہ میں'' کی بجائے ''زمانے میں''۔ ''مدینہ کو'' کی بجائے ''مدینے کو'' ''کمینہ سے'' کی بجائے ''کمینے سے'' وغیرہ لیکن جس لفظ کے آخر میں ''ع'' ہو تو یہ تبدیلی نہیں ہوتی۔ مثلاً پہلے ''مصرعے'' میں صحیح نہیں۔ پہلے ''مصرع'' میں چاہیے۔

3- اُردو میں صیغہ جمع متکلم مؤنث کے لئے فعل مذکر لاتے ہیں۔ مثلاً محمودہ! تو ہم انار نہیں منگائیں گے۔ (مرأۃ العروس)

4- ''ال'' صرف عربی الفاظ کیساتھ آتا ہے۔ غیر عربی الفاظ کو ''ال'' کے ذریعے دوسرے حروف کیساتھ ملانا غلطی ہے مثلاً لال الدین چراغ الدین وغیرہ لال اور چراغ عربی لفظ نہیں ہیں۔

5- مضاف اور مضاف الیہ میں دوری ٹھیک نہیں۔ مثلاً جو سبق پڑھنا ہو، اس کا اچھی طرح گھر سے مطالعہ کر کے آیا

کرو۔لفظ مطالعہ (مضاف) اس (مضاف الیہ) کے قریب ہونا چاہیے۔

6- جن الفاظ کے آخر میں ہائے مختفی ہو۔ان کا حاصل مصدر بناتے وقت ''ہ'' اُڑا کر ''گی'' بڑھائی جاتی ہے۔مثلاً شرمندہ سے شرمندگی، بندہ سے بندگی، زندہ سے زندگی وغیرہ۔

لیکن جن الفاظ کے آخر میں ہائے مختفی نہ ہو۔ان کا حاصل مصدر ''گی'' کے ساتھ نہیں آتا۔مثلاً حیران سے حیرانگی، پشیمان سے پشیمانگی، ناراض سے ناراضگی صحیح نہیں ہے۔ان کے بجائے حیرانی پشیمانی اور ناراضی لکھنا چاہیے۔اس قاعدے کی رُو سے خفگی بھی صحیح نہ ہونا چاہیے لیکن اس لفظ کو اکثر اساتذہ اسی طرح استعمال کرتے ہیں اور یوں ہی درست سمجھا جاتا ہے۔جیسے ؎

باطن میں وہ راضی ہیں مگر خط میں بظاہر
اب جو خفگی ہے وہ لڑائی ہے قلم کی

7- وہ مؤنث اسما جن کے آخر علامت تانیث ''ی'' ہو۔ان کی جمع بناتے وقت ''ان'' بڑھایا جاتا ہے۔لیکن جب آخر ''ی'' نہ ہو تو جمع ''ین'' بڑھانے سے بنتی ہے۔مثلاً بکری سے بکریاں اور بھیڑ سے بھیڑیں۔بکری کی جمع بکرئیں صحیح نہیں۔جس اسم کے آخر میں الف یا واؤ ہو تو جمع میں یائے مجہول اور نون غنہ سے پہلے ہمزہ بھی زیادہ کیا جاتا ہے جیسے خوشبو سے خوشبوئیں۔بلا سے بلائیں۔ہوا سے ہوائیں۔مگر چڑیا سے چڑیاں گڑیا سے گڑیاں اور ڈبیا سے ڈبیاں جمع آتی ہے۔

8- جب ایک فقرے میں ایک سے زیادہ فاعل ہوں، تو فعل ترتیب میں آخری فاعل کی تذکیر و تانیث یا وحدت و جمع کے مطابق لایا جاتا ہے۔مثلاً زمین کی خاصیّت کے مطابق انسان کا رنگ اور طبیعتیں جُدا جُدا ہو گئیں۔اس فقرے میں دو فاعل ہیں۔رنگ اور طبیعتیں رنگ واحد مذکر ہے اور طبیعتیں جمع مؤنث۔مگر فعل آخر فاعل کے مطابق آیا ہے۔

9- عربی الفاظ کی تانیث آخر میں ''ۃ'' بڑھانے سے بنتی ہے۔جو اُردو میں ''ہ'' پڑھی جاتی ہے مثلاً سلطانہ، زکیہ، سلیمہ وغیرہ مگر ہندی یا فارسی الفاظ کی تانیث اس قاعدے سے صحیح نہیں مثلاً خورشیدہ۔بھاوجہ وغیرہ۔بھاوج بغیر ''ہ'' کے ہی مؤنث ہے اسی طرح ہمشیرہ کے آخر میں ہ خلافِ قاعدہ ہے صحیح لفظ ہمشیر ہے گو ہمشیرہ بھی صحیح سمجھا جاتا ہے۔

10- ''نہ'' کے بعد ''ہی'' لکھنا صحیح نہیں۔جیسے نہ ہی آپ آئے، نہ ہی خط بھیجا۔اسکے بجائے یوں ہونا چاہیے۔نہ آپ ہی آئے نہ خط ہی بھیجا۔

11- یہاں۔جہاں۔وہاں کے ساتھ ''پر'' بڑھانے کی ضرورت نہیں یعنی یہاں پر۔جہاں پر اور وہاں پر کی بجائے صرف یہاں، جہاں۔وہاں لکھنا چاہیے۔

12- ''میں نے زید کو کہا''۔کہنا کے ساتھ حرف جار ''کو'' صحیح نہیں ''سے'' لکھنا چاہیے۔یعنی میں نے زید سے کہا۔

13- ''سے'' جیسے کے معنوں میں بھی استعمال ہوتا ہے۔مثلاً ؎ تم سے گدا کو اس شہِ خوباں کی آرزو
حسرت یہ اور کیا ہے جو دیوانگی نہیں

14- ''صبح خیزی'' اُن کا معمول تھا۔ اس موقع پر بعض لوگ معمول تھی لکھتے ہیں۔ کیونکہ فاعل ''صبح خیزی'' ہے جو مؤنث ہے لیکن عام رواج معمول تھا لکھنے کا ہے۔

15- ''تمام عہدہ داران و ملازمان آئے ہوئے تھے''۔ اُردو میں بغیر فارسی ترکیب کے اس قسم کی جمع کا استعمال فصیح نہیں۔ یہ فقرہ یوں ہونا چاہیے۔ تمام عہدہ دار اور ملازم آئے ہوئے تھے۔ اسی طرح پس ماندگاں اور مصیبت زدگان کو پس ماندوں اور مصیبت زدوں لکھنا چاہیے۔

16- عربی میں دو کے لیے جمع کا صیغہ استعمال نہیں کرتے۔ بلکہ عربی میں جمع تین کے عدد سے شروع ہوتی ہے۔ اس لیے دو اشعار، دو احکام وغیرہ لکھنا درست نہیں۔ بلکہ دو شعر اور دو حکم لکھنا چاہیے۔

17- اُردو کے مصدر کو۔ جب کہ اس کے ساتھ مفعول مؤنث ہو مؤنث بھی بولتے ہیں اور مذکر بھی۔ مثلاً کتاب پڑھنی ہے اور کتاب پڑھنا ہے، درست ہیں دونوں طرح۔

18- اسم تفصیل کے آخر میں تنوین (دو زبر) نہیں آتی۔ مثلاً اغلباً کہنا غلط ہے اسی طرح از روئے قاعدہ اوسطاً بھی درست نہیں، لیکن یہ لفظ عام و خاص کے روز مرّہ میں شامل ہو چکا ہے۔ اس لیے صحیح سمجھا جاتا ہے۔ غیر عربی الفاظ پر بھی تنوین نہیں آتی جیسے انداز اً مگر یہ لفظ اُردو میں مستعمل ہے۔ فارسی میں غلط ہے۔

19- مؤنث افعال جو ''ہیں'' سے پہلے آئیں وہ جمع کی صورت میں بھی واحد لکھے جاتے ہیں۔ مثلاً وہ عورتیں جا رہی ہیں۔ یہاں رہیں ہیں لکھنا غلط ہے۔

20- اُردو مصدروں کے فاعل کے ساتھ ''نے'' لکھنا غلط ہے۔ مثلاً میں نے جانا ہے۔ میں نے کی بجائے ''مجھے'' چاہیے یا ضمیر کی بجائے اگر کسی شخص کا نام مذکور ہو تو وہاں ''کو'' لکھنا چاہیئے جیسے ظفر کو آج اسٹیشن پر جانا ہے۔

21- اُردو نثر میں مجھے، تجھے اور ہمیں لکھنا چاہیے۔ مجھ کو، تجھ کو، اور ہم کو کا استعمال فصیح نہیں۔ البتہ نظم میں دونوں طرح استعمال کرتے ہیں۔

22- لفظ ہر کے ساتھ اسم واحد لکھنا چاہیئے۔ مثلاً ہر مرض، ہر امراض لکھنا غلط ہے۔

23- لفظ عرض کے ساتھ کیا اور کی دونوں طرح درست ہے۔ مثلاً میں نے عرض کیا یا میں نے عرض کی۔

24- ''اس بات کی مجھے سمجھ نہیں آئی'' یہ فقرہ غلط ہے۔ اس کے بجائے یوں چاہیے کہ میری سمجھ میں یہ بات نہیں آئی''۔

25- ''ایک شخص جس کی بیوی فوت ہو چکی ہے نے نزدیکی گاؤں میں شادی کا بندوبست کیا''۔ اس فقرے میں ''نے'' علامتِ فاعل فاعل کے ساتھ ہونی چاہیے۔ یعنی شخص کے ساتھ اسی طرح یہ فقرہ بھی درست نہیں۔ ''باقی چور جو بھاگ گئے کو بھی پولیس نے گرفتار کر لیا''۔ اس فقرے کی ساخت غلط ہے۔ یہ فقرہ یوں چاہیے۔ ''باقی چوروں کو بھی جو بھاگ گئے۔ پولیس نے گرفتار کر لیا''۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اظہر اللغات (جامع)

آ

الف — الف ممدودہ

الف۔ ز۔ ع۔ ا۔ مذ عربی، فارسی، اردو تینوں زبانوں میں حروف تہجی کا پہلا حرف۔ الف کی دو قسمیں ہیں: ممدودہ اور مقصورہ الف ممدودہ کو کھینچ کر پڑھتے ہیں اور اس کے اُوپر مد ہوتا ہے جیسے "آب"، "آپ"، "آگ"، وغیرہ میں "آ"، یہ دراصل دو الفوں کا مجموعہ ہے۔ پہلا الف متحرک ہے اور دوسرا ساکن یعنی (اَ اْ) اسے عربی میں اس طرح لکھتے ہیں (ءَ ءْ) لیکن اردو میں اس کا رسم الخط آمد ہے۔

الف مقصورہ اردو میں متحرک بھی ہو سکتا ہے اور ساکن بھی۔ مثلاً لفظ "اقبال" میں شروع کا الف (ا) متحرک ہے۔ اور درمیان کا الف (آ) ساکن ہے۔ یہ دونوں الف مقصورہ ہیں۔ الف ساکن (آ) کو دو زبر کے برابر کھینچ کر پڑھتے ہیں۔ عربی میں الف مقصورہ الف ساکن (آ) کو کہتے ہیں جس کے بعد ہمزہ نہ ہو مگر دو زبر کے برابر کھینچ کر پڑھا جائے۔ الف مقصورہ کو (ی) سے پہلے حرف پر نصف الف (ا) کی صورت میں بھی لکھتے ہیں جیسے کبریٰ، بشریٰ، عیسیٰ، موسیٰ وغیرہ ہیں۔ عربی میں متحرک الف (اَ، اِ، اُ) اصل میں ہمزہ (ءَ، ءِ، ءُ) ہے جیسے "اقبال" میں شروع کا الف (ا) کو (ءِ) تصور کیا جاتا ہے۔

علامتی اعتبار سے الف کے معنی ہیں: ایک اللہ، اکیلا، مجرد، ننگا، دلیر، سیدھا، راستی، صیقل کی لکیر، برج ثور، ابجد کے حساب میں الف کا ایک عدد مقرر ہے۔

آ - ب

آ صیغہ حاضر ہے۔ گویوں کے تان سُر کو بھی کہتے ہیں۔

آ آدار (ا۔ صوت) مُرغیوں وغیرہ کے بلانے کو کہتے ہیں۔

آ آکرنا (ف) سُر ملانا راگ شروع کرتے وقت پہلی آواز نکالنا، ایک گویا جب دوسرے کو اس دیتا یا خود تان پر آکر سُر پورا کرتا ہے وہ بھی آ آ کرتا ہے۔

آب (ف۔ ا۔ مذ) نیر۔ پانی۔ جل۔ پتلا۔ عرق۔ پسینہ، پھلوں کا رس۔ مینہ، آنسو اور جوہر وغیرہ۔ ۲۔ (مؤنث) صفائی۔ خوبی۔ چمک دمک۔ رونق۔ تلوار، چاقو وغیرہ۔ تیز چیز کی باڑھ بجھاؤ۔ تیزی کاٹ دھار۔ طراوت، تازگی۔ پتلی۔ رقیق شے۔ عزت۔ قدر۔ جوہر۔

آب آب (بغیر اضافت) گھلا ہوا۔ مجبور و بے بس۔ شرمندہ (نائخ)

ساقی بھی آب آب ہے برگشتہ بخت سے
دریا ہمیشہ خشک ہے جامِ حباب میں

آبِ آتش رنگ (ب۔ ف) مجازاً سُرخ شراب۔

آبِ احمر (ف۔ ا۔ مذ) سُرخ شراب۔

آبِ ایستادہ (ف۔ ا۔ مذ) کھڑا اور بند پانی۔ تالاب یا حوض کا کھڑا پانی۔ وہ تالاب جو چشمہ سے نہ نکلتا ہو۔

آب آب کر مر گئے سرھانے دھرا رہا پانی (اُر۔ مثل) غیر زبان میں گفت گو کرنے کی وجہ سے نقصان اُٹھانا۔ ایک روایت ہے کہ ایک شخص کچھ فارسی سیکھ گیا ایک بار گھر میں سخت بیمار ہوا۔ پیاس لگی تو آب آب چلانے لگا۔ گھر میں کوئی بھی فارسی نہ جانتا تھا۔ اس لیے کسی نے پانی نہ دیا حالانکہ پانی پاس ہی پڑا تھا۔ اس لیے وہ پیاسا ہی مر گیا۔

آب آب کرنا (ف) پانی مانگنا۔ شرمندہ کرنا۔ شرم دلانا، نرم کرنا۔

آب آجانا (ف) کاٹنے والی چیز کی دھار تیز ہو جانا۔ باڑھ چڑھنا۔ چمک آنا، رونق آجانا۔

آب آب ہونا (ف) پانی پانی ہونا۔ شرمندہ ہونا۔

آبِ آتش رنگ / آتش مزاج آتشیں (ف) مجازاً سُرخ شراب۔

آبِ آخرت (مغ) مُردے کا غسل، غسلِ میت۔

آب آمد تیمم برخاست (ف) پانی آیا تیمم جاتا رہا۔ اعلیٰ کے ملنے پر ادنیٰ چیز ردی۔

آب آنا (اُ) چمک آنا دھار تیز ہونا۔

آب آہن (ف۔ا۔مو) لوہے کا پانی۔ لوہے کی صفائی اور جلا۔ لوہے کی چمک۔

آب آہن تاب (ف۔ا۔مو) لوہا لال کرکے بجھایا ہوا پانی۔ لوہے کے بجھاؤ کا پانی۔

آب آئینہ (ف۔ا۔مو) آئینے کی جلا۔ آئینے کا پانی۔

آبا / آباء (ع۔ا۔ند) اب کی جمع۔ باپ، دادا۔ بزرگ۔ اسلاف۔ مورث اور پرکھے۔

آب اُترجانا / آب اُترنا (اُ۔ محاورہ) چمک جاتی رہنا۔ عزت نہ رہنا۔

آباد (ف۔ع) سلامت۔ اسم ظرف مکان۔ بسا ہوا۔ سرسبز۔ ہرا بھرا۔ شہر۔ پورہ۔

آبادان (ف۔صف) آباد کا مزید علیہ ہے سرسبز۔ ہرا بھرا۔ خوش و خرم۔ بھرا پرا۔

آبادانی (ف۔ا۔مو) سرسبزی۔ رونق۔ بستی۔ آباد جگہ۔ سکونت۔

آبادکار (ف۔ا۔ند) غیر آباد جگہ کو آباد کرنے والا۔ بنجر زمین کو قابلِ کاشت بنانے والا کاشت کار۔

آبادکاری (ف۔ا۔مو) آباد کرنا۔ بسانا۔ مہاجرین کو آباد کرنے کا محکمہ۔ محکمہ بحالیات۔

آباد کرنا (ا۔مص۔ فعل) مکانات بنانا کسی جگہ کو بسانا۔

آباد ہونا (ا۔مص۔ فعل) بسنا۔ رہنا۔ پر رونق ہونا۔ بھرا پرا ہونا معمور ہونا۔ کاشت ہونا۔ بنیاد پڑنا۔

آبادی (ف۔ا۔مو) کسی علاقہ میں بسنے والے افراد اور ان کی تعداد رونق اور چہل پہل۔

آب ارغوانی سُرخ شراب

آب اُڑنا (ع۔صف) چمک جاتی رہنا۔ رونق نہ رہنا۔ دھار کند ہونا۔

آب از سر گزشت (ف۔مثل) پانی سر سے گزر جانا۔ مصیبت حد سے بڑھ گئی۔

آب اندام (ف۔ا۔ند) نازک بدن۔ نازنین۔

آب انگور (ف۔ا۔ند) انگور کا عرق۔ انگور کی شراب۔

آب باراں (ف۔ا۔ند) بارش کا پانی۔ مینہ کا پانی۔

آبا و اجداد (ع۔ا۔ند) باپ دادا (اب وجد کی جمع)

آبائی (ع۔صف) آبا سے منسوب۔ خاندانی۔ جدی پشتی۔

آب باز (ف۔صف۔فاعلی) پانی سے کھیلنے والا۔

آب بازی (ف۔ا۔ند) بچے کو پہلی بار پانی پلانا۔

آب بستہ (ف۔ا۔ند) برف اور لاجما ہوا پانی۔

آب بقا (ع۔ا۔ند) دیکھیے آب حیات۔

آب بگڑنا (اُ۔ محاورہ) چمک جاتی رہنا۔ جلا نہ رہنا۔ چمک ماند ہو جانا۔ دھار کند ہونا۔ عزت نہ رہنا۔

آب پاش (ف۔ا۔فاعل۔ مذکر) پودوں اور درختوں پر پانی چھڑکنے کا آلہ۔

آب پاشی (ف۔ا۔مو) چھڑکاؤ کرنا سینچنا۔ پانی دینا۔ محکمہ نہر۔

آب پاشی کرنا (اُ۔ فعل) چھینٹا دینا۔ دم دینا۔ دھوکا دینا۔

آب پشت (ف۔ا۔ند) مادۂ تولید۔ نطفہ۔ منی۔

آب پیما (ف۔ا۔ند) مائعات کی کثافت اضافی۔ ناپنے کا آلہ۔ کسی مائع کے خالص یا ناخالص ہونے کا سراغ لگانے والا آلہ۔ مقیاس الما



آب پیما

آب تاب / آب و تاب (ف۔ا۔مو) چمک بھڑک۔ سجاوٹ۔ روپ۔

آب پیکاں (ف۔ا۔مو) برچھی یا تیر کی انی کی تیزی۔

آب ترسی (ف۔ا۔ند) پانی سے ڈرنا۔ سگ گزیدہ کا پانی سے ڈرنا۔ ہڑک۔

آب تلخ (ف۔ا۔ند) شراب۔

آب تیغ (ف۔ا۔مو) تلوار کی برش۔ تلوار کی تیزی۔ تلوار کی دھار کی صفائی۔ تلوار کی چمک۔

آب جاری (فع۔ا۔ند) بہتا پانی۔ ندی یا دریا۔ وہ پانی جو زمین سے نکلتا ہو۔

آب جانا / آب اترنا (اُ۔ محاورہ) فعل لازم) رونق کا جاتا رہنا۔ ماند پڑنا۔ مدھم پڑنا۔ ذلیل و بے عزت ہو جانا۔

آب جو (ف۔ا۔مو) نہر یا ندی کا پانی۔

آب جوش (ف۔ا۔ند) یخنی۔ شوربا۔ گوشت کا پانی۔ اُبلی ہوئی چیز۔ مویز منقیٰ کو بھی کہتے ہیں۔ جو کمزوری میں کام آتا ہے۔

آب چڑھانا (اُ۔ محاورہ) جلا دینا۔ اجالنا۔ صیقل کرنا۔ قلعی کرنا۔ صاف کرنا۔

آب چشم (ف۔ا۔ند) آنکھ کا پانی۔ آنسو۔ لسوہ۔

آب چوازسر گزشت چیریک نیزہ و چیریک دست (ف۔مثل) مصیبت حد سے گزر گئی تو پھر کمی بیشی سے کیا فرق پڑتا ہے۔

آب چک (ف۔ا۔ند) مکان کے پچھواڑے چھت کا پانی ٹپکنے کی جگہ۔

آب حرام (فع۔ا۔ند) مجازاً شراب یا نشہ آور عرق۔

آب حیات / آب حیوان (فع۔ا۔ند) ایک چشمے کا پانی جس کے متعلق مشہور ہے کہ اس کے پینے سے موت نہیں آتی حضرت خضرؑ کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ انھوں نے آب حیات پیا ہے اس لیے قیامت تک زندہ رہیں گے۔ زندگی بخش پانی (۲) شعرا کا ایک مشہور تذکرہ از مولانا محمد حسین آزاد۔

آب خاصہ (فع۔ند) بادشاہوں اور امیروں کے پینے کا پانی۔

آب خجالت (فع۔ا۔ند) شرم سے آنے والا پسینہ۔ عرق ندامت۔

آب خضر (فع۔ا۔ند) دیکھیے آب حیات۔

آب خوردہ یا آبخور خور (ف۔ا۔ند) نصیب۔ قسمت۔ ان جل۔ پانی پینے کا تالاب۔ یا چشمہ۔

آب خورہ یا آبخورہ (ف۔ا۔ند) پانی پینے کا مٹی کا گلاس۔ کوزہ

آبخورے بھرنا (اُ۔ محاورہ) کسی منت کے پورا ہونے پر دودھ یا شربت سے آبخورے بھر کر نیاز دینا۔

آب خیز (ف۔ا۔ند) موج۔ لہر۔

آب دار (ف۔ا۔مذ) (۱) پانی رکھنے والا۔ بادشاہوں کو پانی پلانے والا خاص معتبر نوکر۔ (۲) (اسم صفت۔ چمکیلا۔ مجلا۔ تیز دھار والا۔ خوبصورت نفیس۔ عمدہ اور قابلِ تعریف۔

آب دار خانہ (ف۔ا۔مذ) پانی کے باہتمام رکھنے کا مکان۔ پانی کے برتنوں کی جگہ۔

آب داری (ف۔ا۔مو) پانی رکھنے کی خدمت۔ چمک۔ دمک۔ رونق۔ خوبی۔ عزت۔ جلد۔ باڑھ۔ دھار کی چمک۔

آب دال (ف۔ا۔مو) حوض۔ تالاب۔ پانی کا برتن۔

آب دانہ (ف۔ا۔مذ) دیکھیے آب و دانہ۔

آب دست (ف۔ا۔مذ) پانی سے طہارت کرنا۔ پاکیزگی۔ استنجا۔ وضو کے معنی بھی دیتا ہے۔

آبدست کا بھی سلیقہ نہ ہونا (اُر۔ محاورہ) بدسلیقہ ہونا۔ پھوہڑ ہونا۔

آب دست کرنا / آب دست لینا (اُر۔ محاورہ) طہارت کرنا۔ پانی سے بدن کو دھونا اور ہاتھ دھونا۔

آب دندان (ف۔ا۔مو) دانتوں کی چمک۔



آب دوز

آب دوز (ف۔ا۔مو) جنگی کشتی جو پانی کی سطح کے نیچے اور اُوپر دونوں جگہ چل سکتی ہے۔ غوطہ خور کشتی۔

آب دستاں (ف۔مذ) وضو کرنے کا لوٹا۔

آب دیدہ (ف۔مذ) آنسو۔ رونے پر آمادہ وہ شخص جس کی آنکھوں میں آنسو ڈبڈبائے ہوئے ہوں۔

آب دہن (ف۔مذ) رال۔ منہ کا لعاب۔ کلی کا پانی۔

آبدیدہ ہونا (اُر۔ مص۔ فاعلی) آنکھوں میں آنسو ہونا۔ رونے کے قریب ہونا۔ دل گیر ہونا۔ غمناک ہونا۔

آب دینا (اُر۔ محاورہ) (فعل متعدی) جلا دینا۔ دھار تیز کرنا۔ اُجالنا۔ بچھاڑ دینا۔

آب راکد (ع۔ا۔مذ) بند پانی۔ کھڑا پانی۔ ٹھہرا ہوا پانی۔

آب رحمت (ع۔ا۔مذ) بارش۔ مینہ۔ بخشش۔

آب رکھنا / رکھوانا (اُر۔ محاورہ) باڑھ رکھنا یا رکھوانا۔ دھار تیز کرنا۔ سان پر چڑھانا۔

آبرو (ف۔ا۔مو) عزت ناموری۔ حیثیت۔ اردو کے ایک شاعر کا تخلص بھی ہے۔ لاج۔ شرم۔ ساکھ۔ اعتبار۔ شان و شوکت۔

آب رواں (ف۔ا۔مذ) بہتا پانی۔ جاری پانی۔ ایک قسم کا باریک ڈوریا ململ۔

آبرو اُتارنا (اُر۔ محاورہ) بے عزتی کرنا۔ ذلیل کر دینا۔ رسوا کرنا۔ خوار کرنا۔

آبرو اُتر جانا (اُر۔ محاورہ) بے عزت ہونا۔ ذلیل ہونا۔ رسوا ہونا۔ خوار ہونا۔

آبرو بچانا (اُر۔ محاورہ) عزت محفوظ رکھنا۔ عصمت کی حفاظت کرنا۔

آبرو بچنا (اُر۔ محاورہ) عزت رہ جانا۔ عصمت محفوظ رہنا۔

آبرو بخشنا (اُر۔ محاورہ) عزت دینا۔ توقیر کرنا۔

آبرو برباد کرنا (اُر۔ محاورہ) بے عزت کرنا۔ ذلیل کرنا۔ عصمت دری کرنا۔

آبرو برباد ہونا (اُر۔ محاورہ) بے عزت ہونا۔ ذلیل ہونا۔ عصمت گنوا بیٹھنا۔

آبرو بڑھانا (اُر۔ محاورہ) عزت اور وقار زیادہ ہونا۔ مرتبہ بڑھانا۔

آبرو بڑھنا (اُر۔ محاورہ) عزت اور وقار زیادہ ہونا۔ مرتبہ بڑھنا۔

آبرو بگاڑنا (اُر۔ محاورہ) ذلیل کرنا۔ بے عزت کرنا۔ اعتبار کھونا۔

آبرو بگڑنا (اُر۔ محاورہ) ذلیل ہو جانا۔ عزت جانا۔

آبرو بڑھانا (اُر۔ محاورہ) ناموری حاصل کرنا۔ حیثیت پیدا کرنا۔

آبرو بچنا (اُر۔ محاورہ) عزت گنوانا۔ بے عزت ہونا۔ بے عصمت ہونا۔

آبرو پانا (اُر۔ محاورہ) عزت حاصل کرنا۔ نیک نامی حاصل کرنا۔

آبرو پر پانی پھرنا (اُر۔ محاورہ) ذلیل ہو جانا۔ عزت جانا۔

آبرو پر حرف آنا (اُر۔ محاورہ) عزت کو نقصان پہنچنا۔

آبرو ٹکے کی ہو جانا (اُر۔ محاورہ) عزت مٹ جانا۔ ساکھ ختم ہو جانا۔

آبرو جا کے نہیں آتی (اُر۔ محاورہ) عزت گئی ہوئی پھر نہیں بنا کرتی۔

آبرو جانا (اُر۔ محاورہ) عزت نہ رہنا۔ بھرم کھو دینا۔ بے عزت ہونا۔

آبرو جگ میں رہے تو بادشاہی جانیے (اُر۔ مثل) دُنیا میں عزت سے زندگی بسر کرنا بادشاہی کے برابر ہے۔ عزت بڑی دولت ہے۔

آبرو پیدا کرنا (اُر۔ محاورہ) ناموری حاصل کرنا۔ نام پیدا کرنا۔ عزت بنانا۔

آبرو خاک میں ملانا (اُر۔ محاورہ) بے عزت ہونا۔ ذلیل ہونا۔ ناموس خراب ہونا۔

آبرو خراب کرنا (اُر۔ محاورہ) بے عزت کرنا۔ ذلیل کرنا۔ عزت بگاڑنا۔

آبرو خراب ہونا (اُر۔ محاورہ) ذلیل ہونا۔ بے عزت ہونا۔ عزت جاتی رہنا۔

آبرو دار (ف۔صف۔ فاعلی) عزت والا۔ مرتبے والا۔ غیرت مند۔

آبرو دو کوڑی کی ہو جانا (اُر۔ محاورہ) عزت ختم ہونا۔ وقار نہ رہنا۔

آبرو دینا (اُر۔ محاورہ) عزت بخشنا۔ کسی کو معزز و محترم بنانا۔ (۲) عزت گنوانا۔ عصمت کھونا۔

آبرو ڈوب جانا (اُر۔ محاورہ) عزت نہ رہنا۔ قدر کھونا۔

آبرو رکھنا (اُر۔ محاورہ) معزز ہونا۔ عزت بنائے رکھنا۔

آبرو رہ جانا (اُر۔ محاورہ) عزت رہ جانا۔ لاج رہ جانا۔ عزت بچ جانا۔

آبرو ریز (ف۔ا۔مذ) بے عزت کر دینے والا۔ ذلیل کرنے والا۔

آبرو ریزی (ف۔ا۔مو) عصمت دری۔ بے عزتی۔ بے حرمتی۔ بے حرمتی کرنا۔

آبرو سنبھالنا (اُر۔ محاورہ) عزت محفوظ رکھنا۔

آبرو سے درگزر کرنا (اُر۔ محاورہ) عزت و حرمت کی پروا نہ کرنا۔

آبرو سے رہنا (اُر۔ محاورہ) عزت کی زندگی بسر کرنا۔

آبرو سے ہاتھ اُٹھانا / دھونا (اُر۔ محاورہ) بے عزتی کا کام کرنا۔ عزت سے مایوس ہونا۔

آبرو کا پاس (اُر۔ا۔مذ) عزت کا خیال۔ وضع کا لحاظ۔

آبرو کا صدقہ جان (اُر۔ مثل) عزت جان سے پیاری ہے۔

آبرو کالا گو ہونا / آبرو کے پیچھے پڑنا / آبرو کے درپے ہونا (اُر۔ محاورہ) کسی کی پت اتارنے کی فکر میں ہونا۔ کسی کی ذلت کے درپے ہونا۔

آبرو کرنا (اُر۔ محاورہ) عزت کرنا۔ خاطر تواضع کرنا۔

آبرو کھونا (اُر۔ محاورہ) عزت گنوانا۔ بے عصمت ہونا۔

آبرُو گرہ میں باندھنا (اُر۔ محاورہ) عزت کی حفاظت کرنا۔
آبرُو گنوانا (اُر۔ محاورہ) دیکھیے آبرو کھونا۔
آبرُو گھٹنا (اُر۔ محاورہ) عزت کم ہونا۔ ذلیل ہونا۔
آبرُو لُٹنا (اُر۔ محاورہ) عصمت خراب ہونا۔ عزت برباد ہونا۔
آبرُو لوٹنا (اُر۔ محاورہ) بے عزت کرنا۔ عصمت خراب کرنا۔
آبرُو لینا (اُر۔ محاورہ) بے عزت کرنا۔ زنا کرنا۔ حرام کرنا۔
آبرُو مٹا دینا (اُر۔ محاورہ) عزت ضائع کرنا۔
آبرُو مٹ جانا (اُر۔ محاورہ) عزت خراب ہونا۔
آبرُو ملنا (اُر۔ محاورہ) عزت ملنا۔ مرتبہ بلند ہونا۔
آبرُو موتی کی آب ہے (اُر۔ مقولہ) عزت بہت نازک چیز ہے۔
آبرو میں بٹہ/داغ لگ جانا (اُر۔ محاورہ) عزت میں کمی آنا۔ ساکھ خراب ہونا۔
آب ریز (ف۔ا۔ مذ و مو) پرنالے کا پانی گرنے کی جگہ۔
آب زر (ف۔ا۔ مذ) سونے کا پانی جو ملمع اور نقاشی وغیرہ کے کام آتا ہے۔
آب زر سے لکھنے کے قابل (اُر۔ صف) قابل قدر۔ قابل یادگار۔
آب زلال (ف۔ مذ) صاف۔ شفاف۔ میٹھا پانی۔ ٹھنڈا پانی۔ نتھرا پانی۔ دوا کا عرق جو صرف بھگو کر نتھار لیا جائے۔
آبِ زمزم (ف۔ا۔مذ) چاہ زمزم کا پانی جو خانہ کعبہ کے قریب ایک متبرک چشمہ ہے جو حضرت اسمٰعیل کے ایڑیاں رگڑنے سے جاری ہوا تھا اور آج کل وہاں ٹیوب ویل لگے ہوئے ہیں۔
آب زن (ف۔ا۔ مذ) ٹب۔ وہ برتن جس میں دوا کا پانی بھر کر بیمار کو اس میں بٹھاتے ہیں۔ پانی چھڑکنے والا۔
آب زن کرنا (اُر۔ محاورہ) دوا کے پانی سے ٹب بھر کر اس میں بیمار کو بٹھانا اور چھینٹے مارنا۔
آب بستن آبستنی/آبستگی (ف۔ا۔ مذ) حمل۔
آب زیر کاہ (ف۔ا۔ مذ) (۱) گھاس کے نیچے جمع ہونے والا پانی۔ (۲) مکار اور عیار شخص۔
آبشار (ف۔ا۔ مذ و مو) پانی کے چادر کی شکل بن کر گرنے کی جگہ۔ جھرنا۔


آبشار

آبِ شور (ف۔ا۔ مذ) کھاری پانی۔ سمندر کا پانی۔ نمک دار پانی۔ نمکین پانی۔
آب شورہ (ف۔ا۔ مذ) شورے سے ٹھنڈا کیا ہوا پانی۔ لیموں نچوڑ کر اس میں کھانڈ ملا کر جو کچی سکنجبین بناتے ہیں۔
آبِ شیریں (ف۔ا۔ مذ) میٹھا پانی۔ نواح کشمیر میں ایک نہر کا نام بھی ہے۔
آبکار (ف۔ا۔ مذ) شراب بیچنے والا اور بنانے والا۔ کلال۔ سقّا۔
آبکاری (ف۔ا۔ مو) شراب کھینچنے کا کام۔ شراب فروشی کی دکان۔ شراب کا محکمہ۔ شراب کا کارخانہ۔
آبِ کوثر (ف۔ا۔ مذ) کوثر کا پانی۔ کوثر جنت کی ایک نہر کا نام ہے جس کا پانی نہایت ٹھنڈا اور میٹھا ہے۔
آبِ سبیل (ف۔ا۔ مذ) وہ پانی جو راہ گیروں کے لیے رکھا جاتا ہے۔ اور مفت پلایا جاتا ہے۔
آبِ سُرخ (ف۔ا۔ مذ) سُرخ شراب۔ شراب۔
آبِ سیاہ (ف۔ا۔ مذ) گہرا پانی۔ بھنور کا پانی۔ شراب۔
آبکش (ف۔ا۔ مذ) سقا۔ کنوئیں سے پانی نکالنے والا۔
آب کشی (ف۔ا۔ مو) پانی کھینچنا۔ کنوئیں سے پانی نکالنا۔
آبِ گریہ (ف۔ا۔ مذ) آنسو۔ اشک۔
آبِ کوثر سے زبان دھونا (اُر۔ محاورہ) پاکیزہ زبان اختیار کرنا۔ فصیح و بلیغ ہونا۔ شیریں بیان ہونا۔
آبِ گل (ف۔ا۔ مذ) گلاب کا عرق۔ پھولوں کا پانی۔
آبِ گل رنگ (ف۔ا۔ مذ) سرخ شراب۔
آب گوشت (ف۔ا۔ مذ) یخنی۔ گوشت کا پانی۔ شوربا۔
آب گوں (ف۔ا۔ مذ) پانی کے رنگ کا۔ آسمانی۔ ہلکا نیلا۔
آبِ گوہر (ف۔ مرکب اضافی) موتی کی چمک۔
آب گیر (ف۔ا۔ مذ) تالاب۔ حوض۔
آبگینہ (ف۔ا۔ مذ) شیشہ۔ کانچ۔ بلور۔ آئینہ۔ الماس۔ انگوری۔ شراب۔
آبگینۂ فانوس (ف۔ا۔ مذ) فانوس کا شیشہ۔ لالٹین کی چمک۔
آبلو ج (ف۔ا۔ مو) مصری۔ قند۔ مٹھائی۔ سب رس۔
آبلا گلے لگ (اُر۔ مثل) مُفت میں جھگڑا خریدنا۔
آبلہ (ف۔ا۔ مذ) باریک شیشے کا ظرف۔ چھالا۔ پھپھولا۔
آبلہ پا (ف۔ا۔ مذ) وہ آدمی جس کے پاؤں میں چھالے پڑ گئے ہوں۔
آبلہ دار/آبلہ رو (ف۔ صف۔ مذ) وہ آدمی جس کے مُنہ پر چیچک کے داغ ہوں۔
آبلۂ فرنگ (ف۔ا۔ مذ) آتشک۔ بادِ فرنگ کی بیماری۔ جس کے باعث جسم پر چھالے پڑ جاتے ہیں۔
آبلے بھرنا (اُر۔ محاورہ) چھالوں میں پانی بھرنا۔
آب مٹ جانا (اُر۔ محاورہ) چمک نہ رہنا۔ رنگ پھیکا پڑنا۔ رونق جاتی رہنا۔
آبِ مروّی (ف۔ا۔ مذ) صاف پانی۔ نتھرا ہوا پانی۔
آبِ مضاف (ف۔ا۔ مذ) وہ پانی جس میں کچھ ملا ہوا کسی چیز کا عرق۔
آبِ منجمد (ف۔ا۔ مذ) برف۔ اولا۔ ژالہ۔

آبنائے

آبلہ مرجھانا (اُر۔ محاورہ) پھالا خشک ہونا۔
آبنائے (ف۔ا۔ مو) ناکہ پانی۔ پانی کا وہ تنگ قطعہ جو دو بڑے پانیوں کو ملائے۔ اور خشکیوں کو جُدا کرے۔ جیسے آبنائے سویز۔
آبِ ندامت (ف۔ا۔ مذ) شرم کا پانی۔ غیرت کا پسینہ۔
آبِ ندیدہ موزہ از پا کشیدہ (ف۔مثل) پانی دیکھا بھی نہیں موزہ پہلے ہی اُتار لیا۔ کسی خطرے میں پڑنے سے پہلے ہی ہائے واویلا کرنا۔
آب نہ رہنا/ آب مٹ جانا (اُر۔ محاورہ) ذلیل ہو جانا۔ قلعی اُتر جانا عزت نہ رہنا۔ آبرو کا برباد ہو جانا۔ ہتھیار کند ہو جانا۔
آبِ نقرہ (ف۔ا۔ مذ) چاندی کا پانی۔ گلٹ۔ ملمع کرنے کا پانی۔
آبنوس (ع۔ا۔ مذ) ایک کالے درخت کا نام۔ جس کی لکڑی کالی ہوتی ہے۔ اور رگڑنے سے عود کی طرح خوشبو دیتی ہے اور پانی میں ڈوب جاتی ہے۔
آبنوس کا کُندہ (اُر۔ا۔مذ) آبنوس کی لکڑی کا ٹکڑا۔ مجازاً موٹا اور کالا آدمی۔
آبنوسی (ع۔ صف) کالا بھجنگا۔ نہایت سیاہ۔ آبنوس کا بنا ہوا۔
آبِ نے (ف۔ا۔ مو) گڑگڑا۔ حقہ کی وہ بانس جس پر چلم رکھتے ہیں۔
آبِ نیساں (ف۔ا۔مذ) موسمِ بہار کا مہینہ۔ نیساں ساتویں رومی مہینہ کو کہتے ہیں۔ جب آفتاب بُرجِ حمل میں ہوتا ہے۔ یعنی آغازِ بہار اس مہینے کی بارش کو آبِ نیساں بولتے ہیں اس سے سیپ میں موتی بانس میں بنسلوچن بنتا ہے۔
آبنا (اُر۔ محاورہ) مصیبت پڑنا۔ جان کا مصیبت میں پھنسنا بلا وغیرہ کا نازل ہونا۔
آبنی سر پر اپنے چھوڑ پرائی آس (اُر۔مثل) مصیبت کے مقابلے کو خود تیار ہو جا۔ کسی دوسرے پر بھروسا نہ رکھ۔ اپنے بازوؤں کے بل پر رہ۔
آبو الڑیں، لڑے ہماری بلا (اُر۔مثل) جو خواہ مخواہ لڑائی مول لے عورتیں اس کی نسبت کہتی ہیں۔
آب و خور (ف۔ا۔ مو) ان جل۔دا۔ پانی۔ خوراک، رزق
آب و خورش
آب و خورش میں فرق آنا (اُر۔ محاورہ) کھانے پینے میں بے قاعدگی پیدا کرنا۔
آب و دانہ (ف۔ا۔مذ) دانہ پانی۔ قسمت، تقدیر۔ پرالبدھ۔ بھاگ کرموں کا لکھا۔
آب و دانا اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) رزق اُٹھنا۔ موت قریب آنا۔ سفر کو تیار ہو جانا۔ ملازمت یا روزگار سے علیحدہ ہونا۔ کھانا پینا چھوٹ جانا۔
آب و رنگ (ف۔ا۔مذ) رونق، صفائی، مزا۔ تروتازگی۔
آب و گل (ف۔ا۔ مو) بنیاد۔ خمیر سرشت۔ پانی اور مٹی۔ کیچڑ۔
آب و نمک (ف) نمک مرچ درست ہونا۔ مزا، سواد۔ ذائقہ۔
آب و نان (ف۔ا۔مذ) خوراک۔ روٹی پانی۔ رزق۔
آب و ہوا (ف۔ا۔ مو) پانی۔ ہوا۔ موسم۔ حالت۔ ماحول۔ فضا۔
آب و ہوا بدلنا (اُر۔ محاورہ) صحت و تندرستی کی بحالی کے لیے کسی بہتر جگہ پر جانا۔
آب و ہوا راس آنا (اُر۔ محاورہ) کسی جگہ کا پانی اور موسم مزاج کے موافق ہو جانا۔ تندرست رہنا۔
آب ہونا (اُر۔ محاورہ) پانی بن جانا۔ رقیق ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ خوف زدہ ہونا۔ دل نرم ہونا۔
آبی (ف۔صف) پانی میں رہنے والا۔ پانی کا پنیالا۔ نمدار۔ نیلگوں۔ آسمانی۔ تیز۔ مرطوب۔
آبیار (ف۔ا۔مذ) کھیتوں کو پانی دینے والا۔
آبیاری (ف۔ا۔ مو) کھیتوں کو پانی دینا۔
آبیانہ (ف۔ا۔مذ) پانی کا محصول۔ وہ روپیہ جو غمر والے بطور معاوضہ زمینداروں سے لے لیتے ہیں۔
آبی بُرج (ف۔ا۔مذ) نجومیوں کی اصطلاح میں آسمان کے بارہ برج اربعہ عناصر سے تعلق رکھتے ہیں اور ہر عنصر تین برجوں کا مالک ہے۔ چنانچہ سرطان عقرب۔ حوت۔ یہ تین بُرج آبی ہیں یعنی کرک۔ برچھ۔ مین
آبی حرف (ف۔ا۔مذ) قاعدہ جفر کی رو سے سات حرف ج۔ ز۔ ک۔ س۔ ق۔ ش۔ اور ظ آبی کہلاتے ہیں۔
آبلے سونٹے تیری باری، کان چھوڑ کنپٹی ماری (اُر۔مثل) کسی کام میں مسلسل ناکامیوں کے بعد آخری تدبیر کرتے وقت کہتے ہیں۔
آبیل مجھے مار (اُر۔ مثل) خواہ مخواہ لڑائی لینا۔ خود مصیبت میں پھنسنا اپنے آپ بلا میں گرفتار ہونا۔
آبے لونڈے جا بے لونڈے (اُردو۔ محاورہ) نوکر لڑکے کو حیران پھرانا۔ بار بار کام کے لیے دوڑانا۔ ذرا ذرا سی بات کے لیے بھیجنا۔ وقت گزارنا ٹالنا۔ حیلے بہانے بنانا۔

آ - پ

آپ (اُر۔ غائب اور حاضر کی ضمیر) جو تعظیم کے موقع پر بولی جاتی ہے۔ خود اپنی ذات۔ اللہ۔ روح۔ جان۔ آتما۔ قدرت۔ ہوش۔ خود بخود۔ آپ ہی آپ۔ سدھ اور ہوش۔ یہ لفظ واحد اور جمع دونوں طرح آیا ہے۔
آپا (اُر۔ مو) بڑی بہن (مذکر) اپنی ذات۔ نفس۔ من۔ اپنا دل۔
آپ آپ کرنا (اُر۔ محاورہ) تعظیم کرنا۔ خوشامد کرنا۔ نہایت عزت سے مخاطب کرنا۔ تعظیم سے بولنا۔
آپ آئے بھاگ آئے (ہ۔مثل) گویا آپ کے آنے پر ہماری قسمت جاگ اُٹھی۔ آپ کا آنا باعثِ فخر ہے۔
آپ اپنے پاؤں پر کلہاڑی مارنا (اُر۔ محاورہ) اپنا نقصان خود کرنا اپنے آپ کو تباہ کرنا۔
آپ اپنے حال میں (گرفتار) ہونا (اُر۔ محاورہ) خود اپنی مصیبت یا فکر میں مبتلا ہونا۔
آپا تجنا (اُر۔ محاورہ) نفس کشی۔ من مارنا۔ خود پسندی ترک کر دینا۔

آپا بیچے تو ہر کو بھجے (اُر۔ مثل) نفس کو مارے تو اللہ کی عبادت کرے۔ تکلیف اُٹھا کر ہی کامیابی حاصل ہوتی ہے۔

آپ اپنے حق میں کانٹے بونا (اُر۔ محاورہ) اپنے لیے خود باعث خرابی ہونا۔ اپنے پاؤں پر آپ کلھاڑی مارنا۔

آپ اپنی قبر کھودنا (اُر۔ مثل) اپنے لیے خود ہی تباہی یا ہلاکت کا سامان پیدا کرنا۔

آپا دھاپی / آپا دھاپ (اُر۔ ا۔ مو) نفسا نفسی۔ اپنی اپنی۔ خود غرضی (دھاپ بمعنی فکر) لڑائی جھگڑا۔

آپا دھاپی پڑنا (اُر۔ محاورہ) اپنی اپنی جان کی فکر ہونا۔ اپنا اپنا مطلب نکالنا۔

آپا رکھا جائے جاپا نہ رکھا جائے (اُر۔ مثل) اپنی ذات کو بُرائیوں سے بچا سکتے ہیں۔ مگر اوروں کو نہیں بچا سکتے۔ اولاد کی حفاظت مشکل ہے بدیلوں سے۔

آپا سنبھالنا (اُر۔ محاورہ) ہوشیار اور خبردار رہنا اپنے بدن کی خبر گیری۔

آپ آپ کو (اسم ضمیر ہے) الگ الگ۔ علیحدہ علیحدہ۔ جدا جدا۔

آپ آپ میں (ہ) جُدا جُدا۔ آپس میں۔ باہم۔

آپ بھلے تو جگ بھلا (اُر۔ محاورہ) جو خود اچھا ہو اسے دوسرے بھی اچھے دکھائی دیتے ہیں۔

آپ بیتی (اُر۔ ا۔ مو) اپنی سرگزشت اپنی رام کہانی۔ اپنے اُوپر گزری ہوئی۔

آپ بیتی کہوں کہ جگ بیتی (اُر۔ مثل) اپنے اُوپر گزری ہوئی سنا یا اِدھر اُدھر کی۔

آپ تو عید کا چاند ہو گئے۔ (اُر۔ محاورہ) آپ بہت کم نظر آتے ہیں۔

آپ ٹوفون (Optophone ۔ انگ۔ ا۔ مذ) آلہ صداانما۔ روشنی کو آواز میں بدلنے والا آلہ۔ اس کے ذریعے اندھے کان کے ذریعے پڑھ سکتے ہیں۔

آپ جانیں اور آپ کا کام (اُر۔ روزمرہ) آپ اپنا کام سنبھالیں ہم ذمہ دار نہیں۔

آپ خورادی آپ مرادی (اُر۔ عورتوں کا محاورہ ہے) تنہا خور آدمی۔ وہ شخص جو اپنے کہنے میں بانٹ کر نہ کھاوے۔ بے فکرا۔ بے پروا۔

آپ ڈال ہیں تو میں پات پات (اُر۔ مثل) میں آپ سے بھی زیادہ ہوشیار ہوں۔

آپ ڈوبے تو جگ ڈوبا (اُر۔ مثل) اپنی جان گئی تو گویا جہان ہی مر گیا۔ مصیبت زدہ کو دوسروں کی پروا نہیں ہوتی۔

آپ ڈوبے تو ڈوبے اور کو بھی لے ڈوبے / **آپ ڈوبے باہمناں ججمان ڈبوئے** (اُر۔ مثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی اپنے ساتھ اور کو بھی ڈبوئے۔

آپڑنا کسی کے گھر آپڑنا۔ فوج یا دشمن کا پڑنا۔ مصیبت کا نازل ہونا۔

آپڑوسن مجھ سی ہو (ہ۔ مثل) اپنی طرح اوروں کے لیے مصیبت چاہنا کسی امیر پر حسد کرنا اور اسے بددعا دینا۔

آپریٹر (Operator ۔ انگ۔ صف۔ فاعلی) مشین چلانے والا۔

آپ زندہ جہاں زندہ آپ مُردہ جہاں مُردہ (اُر۔ مثل) جان ہے تو جہان ہے۔ آپ خوش تو سب خوش۔ آپ دُکھی تو سب دُکھی۔

آپس (اُر۔ صف) رشتہ داری۔ برادری۔ باہم میل جول۔ قرابت۔ اپنائیت بھائی چارہ۔

آپ راہ راہ دُم کھیت کھیت (اُر۔ مثل) اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو بظاہر تو نیک ہو لیکن بہ باطن مکار اور عیار ہو۔

آپڑ دسن لڑیں (اُر۔ مثل) خواہ مخواہ لڑائی مول لینے کے موقع پر کہتے ہیں

آپستا (اُر۔ صف) خوددار۔ خودسر۔ مادب (رس)

آپس داری (اُر۔ ف۔ ا۔ مو) باہمی میل جوڑ۔ رشتہ داری۔

آپس کا معاملہ (اُر۔ ا۔ مذ) گھر کی بات۔ یگانگت۔

آپ سُتے آپ کا ازار بند / کمر بند سُتے (اُر۔ محاورہ) بہت آہستہ بولنے والے کے متعلق کہتے ہیں۔

آپ سے (اُر۔ مطلق) بے بلائے۔ خود بخود۔ آپ ہی آپ۔

آپ سے آئے تو آنے دو (اُر۔ مثل) مُفت راچہ گفت۔ بے سعی مال ملے تو لے خواہ پرایا ہی ہو۔ بلا کوشش ملے تو لے لینا چاہیے۔

آپ سے اچھا / خوب خُدا (اُر۔ ہ۔ مو) اپنی ذات سے بہتر سوائے اللہ کے کوئی نہیں۔ اپنے سے بہتر کوئی نہیں۔ پہلے اللہ کی یاد پھر اپنی خبر

آپ سے باہر ہو جانا (اُر۔ محاورہ) حالت غضب میں ہونا۔ ہوش وحواس نہ رہنا۔ غصے یا خوشی میں حد سے بڑھ جانا۔

آپ سے جانا (اُر۔ محاورہ) بے ہوش ہونا۔ جان سے جانا۔ بن بلائے جانا۔

آپ سے بے آپ ہونا (اُر۔ محاورہ) بے خود ہونا۔ اپنا ہوش نہ رہنا بے چین ہونا۔

آپ سے چار برساتیں زیادہ دیکھی ہیں (اُر۔ محاورہ) آپ سے زیادہ تجربہ بے زیادہ عمر جتانے کے لیے کہتے ہیں۔

آپ سے دُور (اُر۔ دعائیہ کلمہ) اللہ نہ کرے۔ بُری بات کا ذکر کرتے وقت کہتے ہیں۔

آپ سے گزر جانا (اُر۔ محاورہ) مر جانا۔ بے ہوش ہونا۔ گھمنڈ اور غرور کرنا۔

آپ سے ایے ہونا (اُر۔ محاورہ) عزت دار سے ذلیل ہونا۔

آپ سے گیا جگ سے گیا / **آپ سے گیا جہاں سے گیا** (اُر۔ مثل) جو شے اپنے قبضہ سے نکل گئی وہ گویا دُنیا ہی میں نہیں رہی۔

آپ فصیحت اور کو نصیحت (اُر۔ مثل) آپ بُرائیاں کرنا اوروں کو منع کرنا۔

آپ کا (اُر) حضور کا۔ جناب کا۔ حاضر وغائب کی تعظیمی ضمیر ہے۔

آپ کا کج مہا کاج (اُر۔ مثل) اپنے ہاتھ سے کیا ہوا کام سب سے عمدہ اور تسلی بخش ہوتا ہے۔

آپ کا سر بجائے قرآن (اُر۔ محاورہ) آپ کے سر کی قسم۔

آپ کا نام ہوگا ہمارا کام ہوگا (اُر۔ مثل) آپ کی شہرت ہوگی۔ ہمارا فائدہ ہوگا دونوں کا مشترکہ مفاد ہوگا۔ کسی کو کام کی ترغیب دیتے وقت کہتے ہیں۔

آپ کا نوکر ہوں بینگنوں کا نہیں (اُر۔ مثل) خوشامد کرنے والے کے لیے کہتے ہیں۔ مشہور ہے کہ ایک نواب صاحب کی محفل میں بینگنوں کا ذکر چھڑ گیا۔ نواب صاحب کو بینگن ناپسند تھے۔ ایک خوشامدی نے بینگن کی بُرائی میں زمین و آسمان ایک کر دیا۔ کچھ مدت بعد نواب صاحب کی بینگنوں کے متعلق رائے بدل گئی۔ اسی خوشامدی نے اب کی بار بینگنوں کی تعریف کے پل باندھ دیے نواب صاحب نے پوچھا اس روز تو آپ بینگنوں کی بُرائی کر رہے تھے آج تعریف کیوں کر رہے ہیں خوشامدی نے جواب دیا کہ حضور میں آپ کا نوکر ہوں۔ بینگنوں کا نوکر نہیں۔

آپ مرے جگ پرلو
آپ موئے جہان موا
آپ موئے تو جگ موا (اُر۔ مثل) اپنی جان ہے تو دُنیا ہے۔

آپ میاں صوبے دار گھر میں بیوی جھانکے بھاڑ (اُر۔ مثل) طنزاً ایسے شخص کی بابت بولا کرتے ہیں جو غرور میں امیرانہ ٹیپ ٹاپ رکھے۔

آپ میاں منگتے باہر کھڑے درویش (اُر۔ مثل) خود میاں بھوکے ہیں اوروں کو کیا دیں گے۔

آپ میں آنا (اُر۔ محاورہ) ہوش آنا۔ تکبر چھوڑنا۔ غرور کو دور کرنا۔

آپ کو پانا/پہنچنا (اُر۔ محاورہ) اپنی حقیقت کو سمجھ لینا۔

آپ کو جوہر کرنا (اُر۔ محاورہ) خودکشی کرنا۔

آپ کو خاک میں ملانا (اُر۔ محاورہ) اپنے آپ کو تباہ کرنا۔ خود کو تجنا۔

آپ کو دور کھینچنا
آپ کو آسمان پر کھینچنا
آپ کو کھینچنا (اُر۔ محاورہ) اِترانا۔ گھمنڈ کرنا۔ دوسروں سے نفرت کرنا۔ دوسروں کی نسبت اپنے آپ کو بہت بڑا جاننا۔

آپ کو بھولنا (اُر۔ محاورہ) اپنی اصل کو فراموش کرنا۔ مغرور ہونا۔

آپ کو ڈبونا (اُر۔ محاورہ) خود کو تباہ کرنا۔

آپ کو شاخِ زعفران جاننا/سمجھنا (اُر۔ محاورہ) خود کو بہت بڑا سمجھنا اپنے آپ کو اہمیت دینا۔

آپ کو کھونا/مٹا دینا (اُر۔ محاورہ) خود کو تباہ کرنا۔

آپ کھائے بلی کو بتائے (اُر۔ مثل) اپنا قصور دوسرے کے سر تھوپنا۔

آپ کی بلا سے
آپ کی بلا جانے (اُر۔ محاورہ) آپ کو کیا۔ آپ سے کیا واسطہ۔ بات نہ ماننے والے شخص کو کہتے ہیں۔

آپ کے بھی چچا ہیں (اُر۔ محاورہ) آپ سے زیادہ چالاک ہیں۔

آپ کے صدقے جایئے (اُر۔ طنزیہ جملہ) آپ بھی عجیب احمق ہیں۔

آپ کی ٹٹی یہاں نہ لگے گی
آپ کی دال یہاں نہ گلے گی (اُر۔ مثل) آپ کی مکاری کام نہ آئے گی۔ آپ کا جادو یہاں نہ چلے گا۔

آپ کی ذلت/خفت میرے سر آنکھوں پر (اُر۔ مثل) آپ کی خفت میں اپنے سر لیتا ہوں۔ کوئی شخص غلطی محسوس کرنے کے باوجود اپنی بات پر اڑا رہے تو اسے شرمندہ کرنے کے لیے کہتے ہیں۔

آپ کے دشمن (اُر۔ روزمرہ) مخاطب کے وقت بُری بات کہتے وقت بولتے ہیں۔ مثلاً آپ کے دشمن بیمار تھے یعنی آپ خود بیمار تھے۔

آپ کی شکایت سر آنکھوں پر (اُر۔ محاورہ) آپ کی شکایت بجا ہے۔

آپ کی کیا بات ہے (اُر۔ روزمرہ) (۱) آپ نہایت قابل تعریف ہیں۔ (۲) آپ بڑے احمق ہیں۔

آپ کے مُنہ کا اگال ہمارے پیٹ کا اُدھار (اُر۔ مثل) امیر کی ذرا سی توجہ سے غریب کا کام بن سکتا ہے۔

آپ گاتے کیا ہیں (اُر۔ طنزیہ جملہ) آپ بکتے کیا ہیں؟ آپ کا مطلب کیا ہے۔؟

آپ کا بایاں قدم لیجیے (اُر۔ طنزاً) کسی فسادی آدمی کو فتنہ اور چالاکی کا اُستاد ماننا۔ آپ بڑے چالاک ہیں شریر اور بدمعاش ہیں۔

آپ کا کلام قطع ہوتا ہے (اُر۔ محاورہ) دوسرے کی بات میں بات کرتے وقت عذر کے طور پر بولا جاتا ہے۔

آپ کا کیا بگڑتا ہے
آپ کا کیا جاتا ہے
آپ کا کیا لیتا ہوں (اُر۔ محاورہ) یہ فقرے ایسی جگہ مستعمل ہیں جہاں یہ کہنا منظور ہو کہ اس میں آپ کا کیا حرج ہے۔

آپ کا کیا کہنا (اُر۔ محاورہ) تعریف بطور طنزاً

آپ کا گھر ہے (اُر۔ محاورہ) تواضع کے طور پر کہا کرتے ہیں۔

آپ کا مُنہ ملاحظہ ہے/آپ کا پاس ہے (اُر۔ محاورہ) آپ ہی کا لحاظ ہے یہ سب کچھ آپ ہی کی خاطر ہے۔

آپ میں پانا (اُر۔ محاورہ) اپنی ذات میں پانا۔ ہوش میں آنا۔

آپ میں رہنا (اُر۔ محاورہ) قابو میں رہنا۔ ہوش میں رہنا۔ گھمنڈ میں رہنا۔

آپ میں کیا سرخاب کا پر لگا ہے
آپ میں کیا شاخِ زعفران لگی ہے (اُر۔ مثل) آپ میں کون سی خصوصیت یا نرالی بات ہے۔

آپ میں نہ رہنا
آپ میں نہ سمانا (اُر۔ محاورہ) بے ہوش ہونا۔ بے خبر ہونا۔

آپ ہارے بہو کو مارے (اُر۔ مثل) اپنی ذلت دوسرے کے سر دھرنا۔ قصور اپنا سزا دوسرے کو۔

آپ ہی آپ (اُر۔ مطلق۔ فعل۔ ضمیر) خود بخود بذاتِ خود۔

آپ ہی آپ باتیں کرنا (اُر۔ محاورہ) سودائی ہونا۔ بڑبڑانا۔ دیوانہ ہونا۔

آپ ہی بی بی آپ ہی باندی (اُر۔ مثل) آپ ہی کے دیے پر گزارہ کرنا ہوں۔ انکسار کے طور پر کہتے ہیں۔

آپ ہی کا کھاتا ہوں (اُر۔ مثل) آپ ہی کے دیے پر گزارہ کرتا ہوں۔ انکسار کے طور پر کہتے ہیں۔

آپ ہی کی جوتیوں کا صدقہ ہے (اُر۔ مثل) آپ ہی کے طفیل ہے آپ ہی کی بدولت ہے۔

آپ ہیں (اُر۔ کلمہ تعجب) کسی پرانے دوست کو دفعتہً دیکھنے کے وقت شبہ یا تجاہل عارفانہ کے طور پر بولا کرتے ہیں۔

آپ ہی مارے آپ ہی چلائے (اُر۔ مثل) خود ہی ظلم کرے اور خود ہی فریاد کرے۔

آپ ہی ناک چوٹی میں گرفتار ہیں (اُر۔ مثل) عورتوں کا محاورہ ہے۔ بناؤ سنگار میں مصروف ہیں۔ دماغ دار ہیں۔

آپھنسنا (اُر۔ محاورہ) فریب کھانا۔ دھوکے میں آجانا۔ گرفتار ہو جانا۔

آپہنچنا (اُر۔ فعل) منزل مقصود پر پہنچ جانا۔ پکڑ لینا۔ پہنچ جانا۔ داخل ہونا۔

آپھنسنا (اُر۔ محاورہ) پھنس جانا۔ فریب میں آنا۔

آ پھنسے کی بات ہے } (اُر۔ مثل) مجبوری کے تحت سب کچھ کرنا پڑتا ہے
آ پھنسی کا معاملہ ہے }
آپے سے باہر ہو جانا } (اُر۔ محاورہ) حد اعتدال سے گزر جانا۔ غصہ
آپے سے باہر نکلنا } سے بے خود ہو جانا۔ خوشی کے وقت اپنے آپ کو قابو میں نہ رکھنا۔
آپے میں آنا (اُر۔ محاورہ) ہوش میں آنا۔ بے تکی باتیں چھوڑنا۔
آپے میں نہ رہنا (اُر۔ محاورہ) بے قابو ہو جانا۔ ہوش و حواس میں نہ رہنا۔
آپی (اُر۔ محاورہ) آپ ہی کا مخفف۔ صرف نظم میں استعمال ہوتا ہے۔

آ - ت

آتا (اُر۔ مذ) قرضہ۔ دینا لینا۔ آنا مصدر سے۔ ماضی تمنائی یا شرطی کا صیغہ آنے والا۔ جاننا۔ جیسے۔ عمر

نہ تیمم مجھے آیا نہ وضو آتا ہے۔

آتا تو سب ہی بھلا توڑا بہت کچھ جاتے تو دو ہی بھلے دلدّر اور دُکھ } (اُر۔ صف) آنا جانے سے بہتر ہے صرف تکلیف اور بیماری کا جانا ہی بہتر ہے۔
آتا جاتا (اُر۔ صف) راہی آدمی۔ مسافر۔ سالک۔ بسرو۔ ناپائیدار۔ آنے جانے والا۔
آتا بھلا نہ جاتا (اُر۔ محاورہ) اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جس کے آنے جانے میں نقصان ہی نقصان ہو۔
آتا ہو تو آئے جاتا ہو جائے (اُر۔ مثل) کوئی آئے کوئی جائے ہمیں پروا نہیں۔
آتا نہ چھوڑیے جاتا نہ موڑیے (اُر۔ مثل) کوئی ایسی چیز ملے تو لے لینی چاہیے۔ جاتی ہو تو پروا نہیں کرنی چاہیے۔
آتش (ف۔ ا۔ مو) آگ۔ جلن۔ سوزش۔ آبخ۔ نور۔ تجلی۔ شراب۔
(ا۔ مذ) خواجہ حیدر علی ولد خواجہ علی بخش لکھنوی۔ شاگرد مصحفی کا تخلص بھی ہے۔ جو ۱۲۶۳ھ میں فوت ہوئے۔
آتش افروز (ف۔ امو) آگ بھڑکانے والا۔
آتش افسردہ (ف۔ ا۔ مو) (مرکب توصیفی) بجھی ہوئی آگ۔ وہ آگ جو ٹھنڈی ہو چکی ہے۔
آتش انگیز (ف۔ صف۔ فاعلی) آگ بھڑکانے والا۔
آتش بار (ف۔ صف۔ فاعلی) آگ برسانے والا۔ آگ بگولا۔ چقماق۔ بندوق۔
آتش بازی (ف۔ ا۔ مو) آگ برسانا۔
آتش باز (ف۔ صف۔ فاعلی) آگ سے کھیلنے والا۔ یعنی بارود کی چیزیں بنانے والا۔
آتش بازی (ف۔ ا۔ مو) بارود کے کھلونے بنانا۔ آگ کا کھیل۔
آتش بیاں (ف۔ صف) شعلہ بیاں۔ پر اثر مقرر۔ تیز گفتار۔
آتش بیانی (ف۔ ا۔ مو) آگ بھڑکانے والا۔ فساد برپا کرنے والا۔
آتش بے دود (ف۔ صف۔ امث) شراب۔ مے۔ دارو۔ آفتاب۔ غصہ۔
آتش پارہ (ف۔ صف) شعلہ بیاں۔ پُراثر۔ مضطرب۔ تیز رفتار۔
آتش پائی (ف۔ ا۔ مو) بے قراری۔ بے تابی۔ اضطراب۔ تیز رفتاری۔
آتش پرست (ف۔ صف۔ ا۔ فاعلی) آفتاب کی پرستش کرنے والا۔ آگ پوجنے والا۔ پارسی۔ زردشت کا پیرو۔
آتش پنہاں (ف۔ ا) پتھر کی چنگاری۔ کینہ۔
آتش ترہ (ف۔ ا۔ مو) آتش پرستوں کا مندر۔ آگ رکھنے کی جگہ۔
آتش جاں سوزی (ف۔ ا۔ مو) جان کو جلانے والی آگ۔ مجازاً عشق گری۔
آتش خاموش (ف۔ ا۔ مو) بجھی ہوئی آگ۔ اندر ہی اندر سلگنے والی آگ۔ مجازاً محبت۔
آتش خانہ (ف۔ ا۔ مو) آتش پرستوں کا مندر۔ آگ رکھنے کی جگہ۔
آتش خو (ف۔ صف) بڑا غصے والا۔ تیز مزاج جلے تن۔
آتش دان (ف۔ ا۔ مذ) انگیٹھی۔ بروسی۔ چولھا۔



آتش درول (ف۔ ا۔ مو) اندر کی آگ۔ دل کا سوز و گداز۔ محبت۔
آتش رخ (ف۔ صف) چمک دار چہرے والا معشوق۔ دلبر۔ بجن۔
آتش رنگ (ف۔ صف) آگ کی طرح سرخ رنگ والا۔ سُرخ بھبوکا۔ معشوق۔
آتش زبان (ف۔ صف) دیکھیے آتش بیاں۔
آتش زبانی (ف۔ ا۔ مو) دیکھیے "آتش بیانی"
آتش زدگی (ف۔ ا۔ مو) آگ لگ جانا۔ کسی چیز کا آگ سے جل جانا۔
آتش زدہ (ف۔ صف۔ مفعولی) آگ سے جلی ہوئی۔
آتش زن (ف۔ صف۔ فاعلی) جلانے والا۔ آگ لگانے والا۔
آتش زنی (ف۔ ا۔ مو) آگ لگا دینا۔ جلا دینا۔ پھونک دینا۔
آتش زیر پا (ف۔ صف) بے چین۔ بے قرار۔ مضطرب۔
آتش زیر پائی (ف۔ ا۔ مو) بے چینی۔ بے قراری۔ اضطراب۔
آتش زنگ (ف۔ ا۔ مو) پتھر کو رگڑنے سے نکلنے والی آگ۔
آتش سیال (ف۔ ا۔ مو) بہنے والی آگ۔ مجازاً شراب۔ لاوا۔
آتش طبع (ف۔ ا۔ مو) تند۔ تیز۔ تند مزاج۔ زود فہم۔
آتش طور (ف۔ ا۔ مو۔ تلمیح) وہ آگ جو حضرت موسیٰؑ کو کوہ طور پر نظر آئی۔
آتش فشاں (ف۔ ا۔ مو۔ فاعلی) آگ برسانے والا۔ وہ پہاڑ جس سے آگ دھواں لاوہ نکلتا ہو۔
آتش فشانی (ف۔ ا۔ مو) آگ برسانا۔ پر اثر تقریر۔
آتش قدم (فع۔ صف) تیز قدم۔ تیز رفتار۔
آتش قدمی (فع۔ مو) تیز رفتاری۔



آتشک (ف۔ ا۔ مو) ایک جنسی بیماری۔ بادفرنگ۔ آتش فشاں
آتش کا پرکالہ (اُر۔ ف) ترکیب اضافی) آگ کا شعلہ۔ بھبھوکا۔ مجازاً معشوق۔ شریر۔ فسادی۔ مغرور۔ چالاک۔ خوبصورت۔ گورا چٹا۔ چھیلا۔ بانکا۔ دانا۔ عقل کا پتلا۔
آتشک کا مارا ہوا (اُر۔ محاورہ) وہ آدمی جسے آتشک کی بیماری نے جلا دیا ہو۔
آتش کدہ (ف۔ ا۔ مذ) وہ مکان جہاں آتش پرست لوگ آگ کی پوجا کرتے ہیں اس کی آگ کبھی بجھنے نہیں دیتے۔ آگ کا گھر۔
آتشکیا (اُر۔ اسم مذکر) وہ شخص جسے آتشک ہو۔
آتش گیر (ف۔ صف۔ فاعلی) چمٹا۔ دست پناہ۔ آگ پکڑنے والی چیز۔

آتش مزاج (ف۔صف) دیکھیے "آتش خو"
آتش مزاجی (ف۔ا۔مو) گرم مزاجی۔ بھلاپن۔
آتش موسیٰ (ف۔ا۔مو) وہ آگ کا شعلہ جو حضرت موسیٰؑ نے کوہ طور پر دیکھا تھا اور جس کی تجلی سے بے ہوش ہو گئے تھے۔
آتش ناک (ف۔صف) تند خو۔ تیز مزاج۔ غصہ دار۔
آتشِ نفس (ف۔صف) نہایت گرم۔ دل جلا۔ سوز و گداز والا۔
آتشِ نمرود (خ۔ا۔مو) وہ آگ جو نمرود نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جلانے کے لیے جلائی تھی۔ اور حضرت ابراہیمؑ پر گلزار ہو گئی تھی۔
آتشی (ف۔صف) آگ کا۔ گرم حرارت والا۔ جن پری۔
آتشی اینٹ (ف۔ا۔مو) ایک قسم کی اینٹ جو کیمیائی مرکبات سے بنتی ہے۔ اور حرارت سے متاثر نہیں ہوتی۔
آتشی شیشہ (ف۔ا۔مذ) کانچ کا محدب شیشہ جو شیشہ سورج کے سامنے رکھ کر اس کی کرنیں جمع کر کے جلانے میں آگ کی مانند ہو جاتا ہے۔
آتشی شیشی (ف۔ا۔مو) اکثر دوائیوں کا تیل نکالنے کے کام آتی ہے تیز آگ میں بھی نہیں ٹوٹتی۔
آتشی برج (ف۔ا۔مذ) نجومیوں کی تقسیم کے مطابق تین برج حمل۔ اسد۔ قوس۔ یعنی میگھ سنگھ دھن عنصر آتش سے تعلق رکھتے ہیں۔
آتشی حرف (ف۔ا۔مذ) علم جفر والوں نے حرف ابجد کو سات سیاروں اور اربعہ عناصر پر تقسیم کیا ہے۔ چنانچہ ا۔ ہ۔ ط۔ ف۔ ش۔ ذ۔ م۔ یہ سات حروف آتشی قرار دیتے ہیں۔
آتشین (ف۔صف) جلا دینے والی چمک دار۔ آگ کا۔ آتش فشاں۔
آتشیں آب (ف۔ا۔مذ) شراب۔
آتما (ہ۔ا۔مذ) روح۔ جاں۔ آپا۔ دل۔ من۔ جسم۔ کایا۔ بھوک۔ پیٹ۔
آتما ٹھنڈی ہونا (اُر۔ محاورہ) بھوک کی آگ بجھنا۔ سکھ ہونا۔ جی خوش ہونا۔ روح تازہ ہونا۔
آتما ستانا (اُر۔ محاورہ) دل دکھانا۔ جان کو تکلیف ہونا۔
آتما کی آنچ (اُر۔ا۔مو) مامتا۔ ممتا۔ ماں کی محبت۔
آتما مسوسنا (اُر۔ محاورہ) بھوک مارنا۔ نفس کشی کرنا۔ مسوسنا۔ بمعنی مروڑنا۔ دل پکڑ کر رہ جانا۔ دکھ سہنا۔ ضبط کرنا۔
آتما میں آنچ لگی ہے (اُر۔ محاورہ) سخت بھوک لگی ہے محبت کی آگ شدید ہو گئی ہے۔
آتما میں پڑے تو پرماتما کی سوجھے (اُر۔ مثل) پیٹ بھرے تو عبادت الٰہی کا خیال ہو بھوکے سے عبادت نہیں ہو سکتی۔
آتم گھات (ہ) آتم بمعنی جسم۔ گھات بمعنی مارنا۔ خودکشی۔
آتو آن (ت۔ا۔مو) لڑکیوں کو لکھنا پڑھنا۔ سینا پرونا وغیرہ۔ سکھانے والی عورت۔ اُستانی۔
آتے آؤ جاتے جاؤ (اُر۔ مثل) بے پروائی اور بے غرضی کے موقع پر بولتے ہیں۔ خواہ آؤ خواہ جاؤ۔ ہمیں کچھ غرض نہیں۔
آتی پاتی (اُر۔ا۔مو) اتاپتا۔ ایک کھیل کا نام ہے جو دیہات میں لڑکے کھیلا کرتے ہیں۔
آتے بھلے نہ جاتے بھلے (اُر۔ مثل) اس آدمی کی نسبت بولتے ہیں جس کے آنے جانے میں نقصان ہو۔
آتے جاتے (اُر۔ محاورہ) آتے ہوئے۔ آنے جانے والے۔
آنے کا نام سہجا جاتے کا نام مکتا (اُر۔ مثل) نہایت بے پروائی کے موقع پر مستعمل ہے یعنی نہ آنے کی خوشی نہ جانے کی۔

آ ـ ٹ

آٹ (ہ) آٹنا مصدر سے فعل امر۔ بھر دے۔ پُر کر دے۔ آٹھ۔
آٹا (اُر۔ا۔مذ) پسا ہوا اناج۔ چکی میں پسا ہوا غلہ۔ سفوف۔ پاؤڈر (فارسی آرد)
آٹا دال (اُر۔ا۔مذ) روزی۔ رزق۔
آٹا دال اُلو بھی ہے (اُر۔ مثل) اچھائیوں کے ساتھ برائیاں بھی ہیں۔
آٹا کرنا (ہ۔ فعل) باریک پیسنا۔ دُکھ دینا۔ پیس ڈالنا۔
آٹا گیلا ہونا (اُر۔ محاورہ) آٹے میں پانی زیادہ پڑ جانا۔ دقت پڑنا۔ مصیبت میں پھنسنا۔ کام بگڑنا۔
آٹا بڑا بوچا کھسکا یا سٹکا (اُر۔ مثل) غریبی اور مُفلسی میں خوشامدی کھسک جاتے ہیں۔ افلاس کے دنوں میں خود غرض الگ ہو جاتے ہیں روٹی ختم ہوئی اور کتا بھاگا۔
آٹا ہو جانا (اُر۔ محاورہ) بہت باریک ہونا۔ چُورہ ہونا۔ ریزہ ریزہ ہونا۔
آٹھ پاٹھ (اُر۔ مطلق فعل) اوپر نیچے ہر جگہ۔
آٹنا (اُر۔ مص) پُر کرنا۔ بھرنا۔
آٹو گراف (Autograph۔ انگ۔ا۔مذ) اپنی تحریر خود نوشت اپنے دستخط۔
آٹو میٹک (Automatic۔ انگ۔صف) خود کار بخود چلنے والی (مشینیں)
آٹھ (اُر۔ا۔عدد) سات اور ایک۔
آٹھ اٹھارہ اٹھائیس (اُر۔ محاورہ) پریشان۔ تتر بتر۔ منحوس تاریخیں سمجھی جاتی ہیں۔
آٹھ اٹھارہ کرنا (اُر۔ محاورہ) پریشان کرنا۔ تتر بتر کرنا۔
آٹھ آٹھ آنسو رونا (اُر۔ محاورہ) زار و قطار رونا۔ بہت ہی رونا۔ پھوٹ پھوٹ کر رونا۔
آٹھ بار نو تیوہار (اُر۔ مثل) عیش و عشرت منانے کے موقع پر بولتے ہیں یعنی آٹھ دن اور نو میلے۔
آٹھ پہر (اُر۔ روزمرہ) ہر وقت۔ ہر آن۔ ہر گھڑی۔ چوبیس گھنٹے۔ دن۔ رات۔
آٹھ پہر سوگی (اُر۔ محاورہ) ہر وقت ماتم اور سوگ میں۔
آٹھ پہر سُولی ہے (اُر۔ محاورہ) ہر وقت مصیبت کا سامنا۔ ہر وقت مرنے کا کھٹکا۔
آٹھ پہر سولی پر رہنا (ہ) ہر وقت دُکھ اور مصیبت میں رہنا۔
آٹھ وقت میان سے باہر رہنا (اُر۔ محاورہ) ہر وقت لڑائی کے لیے تیار رہنا۔
آٹھ جولاہے نو حقے اس پر بھی دھکم دھکے (اُر۔ مثل) ضرورت سے زیادہ سامان ہونے کے باوجود لڑائی بھگڑا۔
آٹھ گاؤں کا چودھری بارہ گاؤں کا راؤ (اُر۔ مثل) کوئی شخص خواہ کتنا ہی بڑا یا بادسائل ہو اگر اپنے کام نہیں آتا تو اس کا ہونا نہ ہونا برابر ہے۔
اپنے کام نہ آؤ تو ایسی تیسی میں جاؤ

آٹھواں (اُر۔ صفت ترتیبی) ۱/۸، ۱/۴۔ ہشتم۔ کسی شے کا آٹھواں حصہ۔
آٹھواں وار (اُر۔ عدد۔ استغراقی) (۱) آٹھ کے آٹھ۔ جو آٹھ ہیں وہ سب کے سب (۲) ہولی کے آٹھویں کا تہوار جو ہندو مناتے ہیں۔ "جسے آٹھواں کا میلا" کہتے ہیں۔
آٹھواں پہر (اُر۔ محاورہ) ہر وقت۔ ہر گھڑی۔
آٹھوں کا میلا (اُر۔ مذ) ہولی کے آٹھویں دن ہندوؤں کا ایک میلا ہوتا ہے۔
آٹھوں گانٹھ کمیت (اُر۔ محاورہ) گھوڑا جس کے آٹھوں جوڑ یعنی چاروں ٹخنے اور چاروں گھٹنے مضبوط اور سیاہ ہوں۔ چالاک عیار۔ پکا بدمعاش نہایت شریر۔ پانچوں عیب شرعی والا۔
آٹھویں سالویں (اُر۔ محاورہ) گاہ بگاہ۔ کبھی کبھار۔ گاہے گاہے۔
آٹے دال کا بھاؤ بتانا (اُر۔ محاورہ) تنبیہ کرنا۔ دھمکانا۔ خوب خبر لینا۔
آٹے دال کا بھاؤ معلوم ہونا۔ (اُر۔ محاورہ) خبر ہونا۔ اونچ نیچ کا پتا چلنا۔ قدر و عافیت معلوم ہونا۔
آٹے دال کی فکر (اُر۔ محاورہ) رزق کی فکر۔ گزارے کا غم۔ روزی کی فکر۔
آٹے کا چراغ / آٹے کا دیا (اُر۔ محاورہ) رزق کی فکر۔ ہر جگہ کا خطرہ خطرے میں رہنے والے کی نسبت بولا کرتے ہیں۔ نہ گھر میں بے خوف نہ باہر امن۔
آٹے کے ساتھ گھن بھی پس گیا (اُر۔ محاورہ) بڑوں کے ساتھ چھوٹے مفت مصیبت میں پھنسے۔
آٹے میں نمک (ہ۔ محاورہ) ذرا سا۔ تھوڑا سا۔ نہایت واجبی۔

آ - ث

آثار (ع۔ ا۔ مذ) اثر کی جمع۔ نشانیاں۔ پاؤں کے نشان۔ تیور۔ چال ڈھال علامت۔ اردو میں دیوار کی چوڑائی کو بھی کہتے ہیں۔ بنیاد۔ ڈھنگ۔
آثار بندھنا (اُر۔ محاورہ) نشانیاں یا علامتیں ظاہر ہونا۔
آثار پائے جانا (اُر۔ محاورہ) نشانیاں یا علامتیں ظاہر ہونا۔
آثار پیدا ہونا (اُر۔ محاورہ) نشانیاں ظاہر ہونا۔
آثار چھا جانا (اُر۔ محاورہ) کثرت سے علامتیں ظاہر ہونا۔
آثار ڈالنا (اُر۔ محاورہ) بنیاد رکھنا۔ نیو رکھنا۔
آثار خیر (ع) اچھی نشانیاں۔ اچھی علامتیں۔
آثار شریف (ع) بزرگوں کے مزار۔ ولیوں کے مقبرے۔ ولیوں کے تبرکات۔
آثم (ع۔ ا۔ مذ) گنہگار۔ خطاوار۔ قصوروالا۔ مجرم۔ عاصی۔ انکسار کے طور پر بھی کہتے ہیں۔
آثار نیک و بد (ع۔ ف) بھلی بری نشانیاں۔ اچھے برے شگون۔
آثار قیامت (ع۔ ترکیب فارسی۔ ا۔ مذ) قیامت کے نشان۔
آثار صنادید / آثار الصنادید (ع۔ ا۔ مذ) بزرگوں اور بادشاہوں کی نشانیاں۔ قدیم۔ عمارتیں۔
آثار ظاہر / عیاں ہونا (اُر۔ محاورہ) دیکھیے۔ آثار پیدا ہونا۔
آثار قدیمہ / علیقہ (اُر۔ ا۔ مذ) پرانی نشانیاں۔ پرانی عمارتیں۔
آثار محشر (ع۔ ترکیب فارسی۔ ا۔ مذ) قیامت کی نشانیاں۔ مصیبتیں۔ آفتیں۔

آ - ج

آج (اُر۔ ا۔ مذ) موجودہ دن۔ اس دن۔ امروز۔ زمانہ حال۔
آج آئے کل چلے (اُر۔ مثل) جلد چلے جانا۔ بہت مختصر قیام ہونا۔
آج برس کے پھر نہ برسوں (اُر۔ مثل) بارش کی کثرت کے وقت تنگ آ کر بولتے ہیں۔ یعنی بادل کہتا ہے۔ کہ آج ہی کسر نکال لو۔ سارے بدلے آج ہی لے لو۔
آج تک۔ اب تک۔ اس وقت تک۔ اس دم تک۔
آج تک پڑے ہینگ لگتے ٹک رہے ہیں (اُر۔ مثل) ابھی تک بیمار ہیں۔ پتلا حال بے مصیبت میں مبتلا ہیں۔
آج جو کرنا ہے کرلے، کل کی کل کے ہاتھ ہے (اُر۔ مثل) آج عمل خیر کرلے کیونکہ زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں۔
آج زبان کھلی ہے کل بند (اُر۔ مثل) اپنی سچائی اور صفائی جتانے کے وقت بولا کرتے ہیں زندگی کا کیا اعتبار آج مرے کل دوسرا دن۔
آج چل کے پھر نہ چلوں گی (اُر۔ مثل) تیز ہوا چلنے کے موقع پر کہتے ہیں۔
آج کدھر چاند نکلا / آج کدھر سے چاند نکل آیا / آج کدھر کا چاند نکلا (اُر۔ محاورہ) کسی نہایت عزیز دوست کے دفعۃً مل جانے کے موقع پر بولا جاتا ہے یعنی ایں۔ آج کدھر آ گئے یا کدھر سے آ نکلے آج کیسے ادھر آنے کا اتفاق ہو گیا۔
آج کرے گا کل پائے گا (اُر۔ مثل) جو نیکی بدی دنیا میں کرے گا اس کا بدلہ پائے گا۔ جیسا کرے گا ویسا بھرے گا۔
آج کس کا منہ دیکھا ہے (اُر۔ مثل) کام بگڑنے۔ تکلیف پیش آنے تمام دن حیران رہنے پر بولتے ہیں۔ خبر نہیں آج کس منحوس کا منہ دیکھا ہے کام ہی نہیں بنا۔
آج کل (اُر۔ محاورہ) حال کا زمانہ۔ ان دنوں۔ قریب کا زمانہ۔ ماضی اور مستقبل دونوں کے لیے بولا جاتا ہے۔
آج سے کل نزدیک ہے۔ آنے والا وقت بہت جلد آتا ہے آنے والے وقت کو دور سمجھ کر سستی نہیں کرنی چاہیے۔
آج صبح صبح کس کا منہ دیکھا ہے (اُر۔ مثل) تمام دن پریشانیوں سے دوچار رہنے پر کہتے ہیں۔ بدشگونی کرنا۔
آج کا کام کل پر اٹھا رکھنا / ٹالنا / چھوڑنا / ڈالنا (اُر۔ محاورہ) کسی کام میں سستی کرنا۔ کام کو کسی دوسرے وقت پر ٹالنا۔
آج کل اس کے دور دورے ہیں (اُر۔ مثل) اس کا بڑا عروج ہے۔
آج کل بارہ برس کی بیٹیا برمانگے ہے (اُر۔ مثل) شرم اٹھ گئی ہے برا زمانہ آگیا ہے۔
آج کل بتانا (اُر۔ محاورہ) ٹالنا۔ حیلہ بہانا کرنا۔ ہاں۔ ہوں کرتے رہنا۔ جھوٹے وعدے کرنا۔
آج کل تمہارے نام کی کمان چڑھی ہے (اُر۔ مثل) آج کل تمہارا عروج ہے۔
آج کل میں (اُر۔ مطلق فعل) عنقریب۔ بہت جلد۔

آج کی آج۔ آج کی سو برس میں / آج کے آج اور سو برس میں / آج کے بیلے کل کے سیٹھ (اُر۔ مثل) زمانے کے انقلاب سے چھوٹے بڑے ہو جاتے ہیں اور بڑے چھوٹے۔ ہونے والی بات ہو کر رہتی ہے خواہ سو برس بعد ہی کیوں نہ ہو۔

آج کے تپھے آج ہی نہیں جلتے (اُر۔ مثل) جلدی میں کام نہیں ہوا کرتا ہر کام اپنے وقت پر ہوتا ہے۔ چنانچہ آج کے تپھے ہوئے اُپلے آج ہی نہیں جلتے کے۔ ذرا سوکھنے دو۔ سب کچھ ہو جائے گا۔

آج کیا جانی دُنیا دیکھی (اُر۔ مثل) آج آپ کو کیا خیال آگیا۔ مدت بعد کسی کے آنے پر یا کوئی خلاف توقع کام کرنے پر کہتے ہیں۔

آج مرے کل دوسرا دن (اُر۔ مثل) دُنیا کی ناپائیداری اور بے ثباتی کے موقع پر کہا کرتے ہیں۔ زندگی ناپائیدار ہے ادھر مرے ادھر دن گزرنے شروع ہو گئے۔

آج میں کل تو (اُر۔ مثل) موت سب کو آتی ہے سب کو مرنا ہے۔

آج ہیں نہیں یا تم / وہ نہیں (اُر۔ محاورہ) آج مر جاؤں گا یا مار دوں گا۔ آج فیصلہ ہو کر رہے گا۔

آج میں ہوں یا وہ ہے (اُر۔ محاورہ) آج فیصلہ ہو کر رہے گا۔

آجتوں (اُر۔ ق۔ مطلق فعل) آج تک۔ اب تک (سب رس)

آج ہمارے لیے کل تمھارے لیے (اُر۔ مثل) سب کے ساتھ ایک جیسا سلوک ہونا چاہیے۔

آج ہے سو کل نہیں (اُر۔ مثل) (۱) جو آج زندہ ہیں وہ کل مُردہ ہوں گے۔ (۲) حالات بگڑ رہے ہیں (۳) زمانہ ہمیشہ ایک سا نہیں رہتا۔

آجر (ع۔ ا۔ مذ) اجرت پر کام لینے والا۔ مالک۔ آقا۔

آ - چ

آچا (ف۔ ا۔ مو) لغوی معنی تو باپ۔ دادا نانا کے ہیں۔ مگر محاورے میں تعظیماً پرانی بوڑھی نوکرانی کو کہتے ہیں۔ قدیمی ماما۔ خادمہ۔

آچار یا اچار (ف۔ ا۔ مذ) پھل وغیرہ جس کو سرکہ۔ پانی یا تیل میں مرتبہ مصالحوں کے ذریعہ کھٹا کر لیا جائے۔ صحیح لفظ اچار ہے۔ آچار غلط العام ہے۔

آچار ڈالنا (اُر۔ محاورہ) اچار بنانا۔ بند کرنا۔ قید کرنا۔ روک رکھنا۔

آچار کرنا / آچار نکالنا (اُر۔ محاورہ) سخت مار مارنا بہت پیٹنا

آچاری (ہ۔ ا۔ مو) اچار کی ہانڈی۔ اچار رکھنے کا برتن۔

آچمن (س۔ ا۔ مذ) کلی کرنا۔ منہ صاف کرنا۔ کھانا کھانے کے بعد۔

آ - ح

آحاد (ع۔ ا۔ عدد) احد بمعنی ایک کی جمع۔ ایک سے لو تک کے اعداد۔

آ - خ

آخ (اُر۔ ا۔ مو) حقارت کا کلمہ۔ نفرین کے لیے بولتے ہیں کھنکھارے کی آواز۔

آخ تھو (اُر۔ ا۔ مو) حقارت کا کلمہ۔ تف۔ لعنت۔ پھٹکار۔ نفرت کے اظہار کے واسطے آسانی سے کھنکھارنے کے ساتھ تھوکنے کی آواز۔

آخ تھو کھٹے ہیں (اُر۔ محاورہ) جب کوئی چیز آدمی کے ہاتھ نہیں لگتی تو اس میں عیب نکال کر دل کو تسلی دے لیتا ہے ایسے موقع پر طنزاً یہ مثل بولی جاتی ہے اصل لفظ اَخ ہے۔ اَخ تھو۔

آختہ (ف۔ صف۔ مذ) اخصی عوام بولتے ہیں۔ خصی۔

آخر (ع۔ صف) دوسرا۔ اور۔ ایک اور۔

آخر (ع۔ صف) انتہا۔ انجام۔ انت۔ حد۔ تمام۔ پچھلا۔

آخر آخر (ع۔ مطلق فعل) سب سے پچھلا۔ آخر کار۔

آخر آدمی نے کچا دُودھ پیا ہے (اُر۔ مثل) بھول اور غلطی انسان کی طبیعت اور سرشت میں ہے۔

آخر اپنی اصلیت پر گیا (اُر۔ مثل) ایسے موقع پر کہتے ہیں جب کسی ادنیٰ آدمی سے بُری حرکت سرزد ہوتی ہے۔

آخر الامر (ع۔ ف) آخر کار۔ انجام کار۔ آخر کو۔ الغرض۔

آخر بین (عف۔ صف۔ فاعلی) دور اندیش۔ انجام سوچنے والا وہ شخص جسے دور کی سوجھے۔

آخرت (ع۔ ا۔ مو) پرلوک۔ دوسری دنیا۔ وہ جہان۔ جہاں موت کے بعد اعمال کی مراد جزا ملے گی۔ عقبیٰ۔

آخرت سنوارنا (اُر۔ محاورہ) اپنی عاقبت درست کرنا۔ نیکی کرنا۔ انجام بخیر ہونے کی تدبیر۔

آخرت بگاڑنا (اُر۔ محاورہ) عاقبت خراب کرنا۔ بُرے کام کرنا۔

آخرت بگڑنا (اُر۔ محاورہ) عاقبت خراب ہونا۔

آخرت کا سودا کرنا (اُر۔ محاورہ) آخرت سنوارنا۔ نیک عمل کرنا۔

آخرت کی کمائی (اُر۔ محاورہ) نیک اعمال۔ اچھے کام۔

آخرش (ف۔ صف) آخر کار۔ انجام کار۔ بالآخر۔

آخر زمان (ع۔ صف) وقت پیری۔ آخر وقت۔ اخیر سال۔ قرب قیامت کا جگ۔

آخری آنا رنا یا آخری اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) آفت برپا کرنا۔ بدبان کرنا ہر وقت بدی کا ہی کام کرنا۔ طوفان مچانا۔

آخری بہار (عف۔ ا۔ مو) بہار کا آخری حصہ۔ عمر انسانی کا آخیر حصہ۔

آخر فنا (ع۔ مقولہ) ہر چیز کا انجام فنا ہے۔ موت ہر ایک کو آنی ہے۔

آخر کار (ع۔ مطلق فعل) انجام کار۔ الغرض۔

آخر کرنا (ع۔ محاورہ) ختم کرنا۔ تمام کرنا۔ کسی کام کو انجام تک پہنچانا۔ قتل کرنا۔

آخر کو (ع۔ اُر۔ مطلق فعل) دیکھیے "آخر کار"

آخر وقت (ع۔ ا۔ مذ) سب سے آخر میں۔ موت کا وقت۔ نزع کا وقت۔

آخر ہونا (اُر۔ محاورہ) ختم ہونا۔ انجام کو پہنچنا۔ مر جانا۔

آخری (ع۔ صف) بعد کا۔ اخیر کا۔ پچھلا۔

آخری پوشاک (عف۔ ا۔ مو) کفن۔ وہ لباس جو آخر میں پہنا جائے۔

آخری چہار شنبہ (عف۔ ا۔ مذ) صفر کا آخری بدھ۔ اس دن حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے نواح مدینہ میں سیر و تفریح فرمائی اور اس کے بعد مرض الموت میں وفات پائی لہٰذا مسلمان اس دن سیر و تفریح کرنا مبارک سمجھتے ہیں۔

آخری دم (عف۔ ا۔ مذ) موت کا وقت۔ نزع کا عالم۔

آخری دور (عف۔ ا۔ مذ) آخری زمانہ۔ خاتمے کا وقت۔ جام شراب کی آخری گردش۔

آخری دیدار (عف۔ا۔مذ) مرنے کے وقت بیمار کو دیکھنا۔ جس کے بعد پھر ملاقات نہ ہو۔

آخری زمانہ (عف۔ا۔مذ) آخیر وقت۔ جان کنی کا وقت۔ نزع کا عالم۔

آخری سواری (عف۔ا۔مو) سواری پر آخری مرتبہ چڑھنا۔ جنازہ۔

آخری صحبت (ع۔ا۔مو) آخری ملاقات۔ آخری مجلس۔

آخرین (عف۔صف) دیکھیے "آخر وقت"۔

آخری وقت (ع۔ا۔مذ) دیکھیے "آخر وقت"۔

آخور (ف۔ا۔مو) جانوروں کے چارہ گھاس کھانے کی جگہ۔ طویلہ۔ ردی۔ سڑی بسی۔ نکمی۔ خراب۔ ناکارہ چیز (پنجابی میں کھُرلی)

آخور کی بھرتی (اُر۔محاورہ) ردی اور ناکارہ چیزیں جمع کر لینا۔ بیوقوفوں کا اجتماع۔

آخون یا اخوند (ف۔ا۔مذ) معلم۔ اُستاد۔ پڑھانے والا اُستاد۔ اتالیق۔ مدرس۔

آخون زادہ (ف۔ا۔مذ) اُستادزادہ۔ اُستاد کا بیٹا۔

آ ـ د

آد (ہ۔صف) آغاز۔ ابتدا۔ شروع۔ ازل۔ ہمیشہ۔ سدا۔

آداب (ع۔ا۔مذ) ادب کی جمع۔ اطوار پسندیدہ۔ تربیت یافتہ قاعدے۔ طریقے۔ دستور۔ رسم۔ ہر چیز کی حد۔ سلیقہ۔ سلام۔ کورنش۔ بندگی۔ اصول و آئین۔

آداب بجانا/آداب بجالانا (اُر۔محاورہ) سلام کرنا۔ شکریہ ادا کرنا۔ بندگی کرنا۔ ادب ظاہر کرنا۔ احسان ماننا۔

آداب تسلیمات (ع۔ا۔مذ) نہایت ادب سے تعظیم و تکریم کرنا۔ سلام بجالانا۔

آداب سکھانا (اُر۔فعل) طریقہ بتانا۔ قاعدہ سکھانا۔ اخلاق درست کرنا۔

آداب شاہانہ/شاہی (فع۔ا۔مذ) بادشاہوں سے مخاطب ہونے یا شاہی دربار میں حاضر ہونے کے طور طریقے۔

آداب عرض ہے (اُر۔محاورہ) سلام عرض ہے۔ آداب بجالاتا ہوں۔ شکریہ پیش کرتا ہوں۔

آداب فن (ع۔ترکیب فارسی۔ا۔مذ) کسی فن یا ہنر کے اصول و قواعد۔

آداب کرنا (اُر۔محاورہ) ادب سے سلام کرنا۔

آداب مجلس/محفل (ع۔ترکیب فارسی) مجلس میں بات چیت کرنے کے قاعدے۔

آداب والقاب (ع۔ترکیب فارسی) خط کا سرنامہ۔ خط کے شروع میں مکتوب الیہ کے درجے کے مطابق تعریف و دُعا۔ مکرمی۔ محترمی وغیرہ۔

آدانت (ہ۔صف) ابتدا سے انتہا تک۔ شروع سے آخر تک ہمیشہ۔

آدبدری (ہ۔ا۔مذ) بدری ناتھ کا مندر۔ ہندوؤں کے ایک تیرتھ کا نام۔

آذر (ہ۔ا۔مذ۔مو) غیرت۔ خاطر تواضع۔ آؤ بھگت۔ احترام۔

آدرش (س۔ا۔مذ) (۱) اصول۔ معیار۔ کسی گھرانے کے روایتی اخلاق۔ (۲) علامت (۳) اصل نمونہ۔ آئیڈیل۔

آدم (ع۔ا۔مذ) انسان سب سے پہلے آدمی۔ حضرت آدم علیہ السلام جن سے دنیا میں نسل پھیلی۔

آدم آبی (عف۔ا۔مذ) انسان کی شکل کا چوپایہ جو پانی میں رہتا ہے۔

آدم بے سایہ (عف۔القاب۔اُ) آنحضرتؐ کی طرف کنایہ ہے۔

آدم ثانی (ع۔ترکیب فارسی) حضرت نوحؑ۔ چونکہ آپ کے عہد میں عام دنیا طوفان سے تباہ ہو گئی تھی۔ اور آپ ہی کی نسل سے دنیا پھر سے آباد ہوئی اس لیے آپؑ آدم ثانی کہلاتے ہیں۔

آدم خاکی (عف۔ا۔مذ) خاک کا بنا ہوا آدمی۔ خاک کا پتلا۔

آدم خور (عف۔صف) آدمی کو کھا جانے والے جنگلی وحشی لوگ۔

آدم را گندم بہشت نہ سازد (ف۔مثل) آدم کو بہشت کے گیہوں موافق نہیں یعنی انسان کو اچھا کھانا ہضم نہیں ہوتا۔ انسان عیش کا دشمن ہے۔

آدم زاد (عف۔ا۔مذ) آدمی کی اولاد۔ نسلِ انسان۔

آدم نہ آدم زاد (اُر۔روزمرہ) وہ جگہ جہاں دُور دُور آبادی نہ ہو۔ بیابان ویرانہ۔

آدمی (ف۔ا۔مذ) آدم سے تعلق اور نسبت رکھنے والا۔ بشر۔ شخص، مانس منش لائق۔ دانا۔ نوکر۔ آشنا۔ خاوند۔ باشندے۔ قاصد۔

آدمی آدمی انتر کوئی ہیرا کوئی کنکر (اُر۔مثل) ہر آدمی میں فرق ہے کوئی اچھا کوئی بُرا۔ سب یکساں نہیں ہوتے انتر بمعنی فرق۔

آدمی اپنے مطلب میں اندھا ہوتا ہے۔ (اُر۔مثل) انسان اپنے فائدے کی خاطر اچھے بُرے میں تمیز نہیں کرتا۔

آدمی اناج کا کیڑا ہے (اُر۔مثل) انسان اناج کھا کر ہی زندہ رہ سکتا ہے۔

آدمی بنانا (اُر۔محاورہ) درست کرنا۔ سزا دینا۔ لائق کر دینا۔ مہذب بنا دینا۔

آدمی بننا (اُر۔محاورہ) تمیزدار ہونا۔ مہذب ہونا۔ لائق بننا۔

آدمی پانی کا بلبلا ہے (اُر۔محاورہ) بالکل خالی اور کمزور بے حقیقت ہے۔

آدمی پر آدمی گرنا (اُر۔محاورہ) زیادہ ہجوم ہونا۔ بہت بھیڑ ہونا۔

آدمی پیٹ کا گنتا ہے (اُر۔محاورہ) کھانے کے لیے دربدر پھرتا ہے۔ کتے کی طرح مارا مارا پھرتا ہے۔

آدمی ٹھوکر کھا کر سنبھلتا ہے (اُر۔مقولہ) انسان مصیبتیں جھیل کر تجربہ کار ہوتا ہے اور دانا ہوتا ہے انسان غلطی کر کے سیکھتا ہے۔

آدمی جانے بسے سونا جانے کسے (اُر۔مثل) آدمی کے عیب و ہنر ساتھ رہنے سے معلوم ہوتے ہیں اور سونے کی حقیقت کسوٹی پر گھسنے سے معلوم ہوتی ہے۔

آدمی سا کوئی پنکھیرو نہیں (اُر۔مثل) آدمی تھوڑی میں کہیں کا کہیں جا نکلتا ہے آدمی کا ذہن دُور دُور پہنچ جاتا ہے جہاں کوئی پرندہ پر بھی نہیں مار سکتا۔

آدمی کا بچہ ہونا (اُر۔محاورہ) درمیانی شکل و صورت کا ہونا۔ نہ زیادہ خوبصورت ہونا نہ زیادہ بدصورت ہونا۔

آدمی کا جنگل آدمی کا بن (اُر۔محاورہ) وہ جگہ جہاں آدمی بکثرت ہوں۔ گنجان آبادی کا ملک۔

آدمی کا شیطان آدمی ہے (اُر۔مثل) بُرے کی صحبت بھلے آدمی کو بھی بُرا بنا دیتی ہے۔ آدمی بُری صحبت سے بُرا ہوتا ہے آدمی ہی آدمی کو بہکاتا ہے۔

آدمی کی کسوٹی آدمی ہے (اُر۔مثل) معاملہ پڑنے پر ہی آدمی کی اصل معلوم ہوتی ہے۔

آدمی کے جامے میں آنا (اُر۔محاورہ) شریفانہ صورت اختیار کرنا۔ انسانی

صورت میں آنا۔
آدمی نہ آدم زاد (اُر۔ محاورہ) سنسان مقام۔ ویران جگہ۔ جہاں آدمی کا نام ونشان نہ ہو۔
آدمی نے کچا دُودھ پیا ہے (اُر۔ مثل) انسان سے غلطی ہو ہی جاتی ہے۔
آدمی ہو یا بھوت (اُر۔ مثل) تم آدمی نہیں کوئی بھوت پریت ہو۔
آدمی ہو یا بے دال کے بودم (اُر۔ مثل) بالکل احمق۔ نرے اُلو ہو۔ یعنی بودم کی دال الگ کریں تو بوم بن جاتا ہے جس کے معنی ہیں۔ اُلو۔
آدمی ہو یا جانور / آدمی ہو یا گھن چکر (اُر۔ محاورہ) مذاق۔ بے تمیزی کے موقع پر کہتے ہیں۔
آدمیت (ع۔ ا۔ مو) انسانیت۔ آدمی پن۔ تہذیب۔ شائستگی۔ تعلیم۔ ملنساری۔
آدمیت آنا (اُر۔ محاورہ) تہذیب آنا۔ عقل آنا۔
آدمیت اُٹھ جانا (اُر۔ محاورہ) شائستگی جاتے رہنا یعنی تمیز اور خوش خلقی کا اٹھ جانا۔
آدمیت اختیار کرنا (اُر۔ محاورہ) شرافت برتنا۔ انسانی خوبیاں اپنانا۔
آدمیت پکڑنا (اُر۔ محاورہ) تہذیب حاصل کرنا۔ شائستہ بننا۔
آدمیت سے گزر جانا (اُر۔ محاورہ) عقل اور انسانیت کی باتیں چھوڑ جانا۔
آدمیت کے جامے میں آنا (اُر۔ محاورہ) شرافت اور انسانیت اختیار کرنا۔
آدمیت میں لانا (اُر۔ محاورہ) عقل وتمیز سکھانا۔ شائستہ بنانا۔
آدھ (ار۔ عدد کسری) "آدھا" کا مخفف۔ نصف۔ دو برابر حصوں میں سے ایک
آدھا (ار۔ عدد کسری) نصف حصہ۔ نیم ۱/۲،
آدھا آپ گھر آدھا سب گھر (ہ۔ محاورہ) لالچی آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔ آدھا لالچی کے پاس ہو اور آدھا ساری دُنیا میں۔
آدھا آدھا (عدد کسری) نصف نصف۔ ہر ایک کو آدھا۔
آدھا آدھا ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) نصف نصف ہونا۔ (۲) کڑھنا شرمندہ ہونا۔
آدھا تنہا، آدھے کا تنہا (اُر۔ محاورہ) بہت تھوڑا حصہ۔
آدھا تیتر آدھا بٹیر (اُر۔ مثل) جب بے تمیزی سے کوئی خلط ملط ہو جائے اس موقع پر بولا کرتے ہیں بے ڈھنگا کام بے قاعدہ بے نظام، بے تمیزی کا کام
آدھار (ہ۔ ر۔ مذ) سہارا، وسیلہ، ذریعہ، خوراک، کھانا۔
آدھارہ جانا (اُر۔ محاورہ) لاغر ہو جانا۔ کمزور ہو جانا۔ گھٹ جانا۔
آدھا ساجھا (اُر۔ ا۔ مذ) آدھے حصہ کی شراکت۔ آدھم آدھ کی حصہ داری۔
آدھا سیسی (اُر۔ ا۔ مذ) آدھے سر کا درد۔ درد شقیقہ۔
آدھا کر دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) نصف کر دینا (۲) بہت کم کر دینا۔ دبلا پتلا کر دینا۔ برباد کر دینا۔
آدھا نام لینا (اُر۔ محاورہ) حقارت یا محبت سے ادھورا نام لینا۔ آدھا ہو جانا۔
آدھا ہونا (اُر۔ محاورہ) بہت دُبلا ہو جانا۔ بیمار ہو کر کمزور ہو جانا۔
آدھ پاؤ آٹا چوبارے / چوپال میں رسوئی، بہنی کام سے بھی کھوٹی (اُر۔ مثل) کنگال نیچی خورے کی نسبت بولتے ہیں جب بے حیثیت یا بے موقع کام۔ نیچی بگھاڑنا۔
آدھم ساجھا (اُر۔ ا۔ مذ) بچوں کا ایک کھیل جس میں بچہ جب دوسرے کو کوئی چیز کھاتے ہوئے دیکھتا ہے تو "آدھم ساجھا" کہہ کر اس سے آدھی چیز لے لیتا ہے۔
آدھمکنا (اُر۔ محاورہ) بے دھڑک چلے آنا۔ بے روک ٹوک آجانا۔
آدھن (ہ۔ ا۔ مذ) کھولتا پانی۔ گرم پانی۔
آدھول آدھ (اُر۔ روزمرہ) نصف نصف۔ پورا آدھا۔
آدھوڑی (ہ۔ ا۔ مو) کھال۔ چمڑا۔ چام۔ چرم۔
آدھی بات نہ پوچھنا (اُر۔ محاورہ) قدر نہ کرنا۔ برا جاننا۔ توجہ نہ کرنا حقیر سمجھنا۔
آدھی بات نہ سننا (اُر۔ محاورہ) دیکھیے "آدھی بات نہ پوچھنا"
آدھی چھوڑ ساری کو جائے دھائے (اُر۔ مثل) بے صبر اور لالچی آدمی کی **آدھی رہے نہ ساری پائے** نسبت بولتے ہیں تھوڑی چیز چھوڑ کر زیادہ کا لالچ کرنے والا تھوڑی بھی کھو بیٹھتا ہے۔
آدھی دُنیا آباد آدھی ویران (اُر۔ مثل) یک چشم آدمی پر پھبتی کہتے ہوئے کہتے ہیں ایک آنکھ والا کانا۔
آدھی رات اِدھر / آدھی رات اُدھر (اُر۔ مثل) راتوں کے بیچوں بیچ، رات کے بارہ بجے۔ آدھی رات کا وقت رات کا سناٹا۔
آدھی رات جاہی آوے شام سے مُنہ پھیلاوے (ہ۔ مثل) وقت سے پہلے ہی کسی کام کی تیاری کرنا۔
آدھے کا ساجھی برابر کی چوٹ (ہ۔ مثل) آدھ کا شریک برابر کی حکومت کرتا ہے برابر حیثیت رکھنے والے کے لیے بولتے ہیں۔
آدھے قاضی قدوہ آدھے باوا آدم (اُر۔ مثل) بہت اولاد والا کثیر الاولاد کو کہتے ہیں پرانے زمانے میں کوئی قاضی قدوہ تھے ان کی بہت اولاد تھی۔
آدھے کا ساجھی (اُر۔ محاورہ) برابر کا شریک۔ آدھے حصے کا شریک۔
آدھے گاؤں دوالی آدھے گاؤں ہولی (اُر۔ مثل) سب کی رائے الگ الگ ہونا۔ نااتفاقی۔
آدھے میں میاں محمدی، آدھے میں سارا گاؤں (اُر۔ مثل) آدھا خود لینا اور **آدھے میں میاں موج، آدھے میں ساری فوج** باقی آدھا گھر کے سب لوگوں کو دینا۔
آدھینی / آدھنیا (ہ۔ ا۔ مذ) عاجزی۔ فرمانبردار۔
آدی (س۔ صف) پہلا۔ اوّل۔ برتر۔ افضل۔
آدی بادی دیکھیے "بادی"۔
آدی باسی (ہ۔ ا۔ مذ) ہندوستان کے قدیم باشندے۔ چھوت، پنچ ذات کے ہندو۔
آدی آنت / آدی انت (س صف) دیکھیے "آدانت"۔
آدیس یا آدیش (ہ۔ مذ) ارشاد۔ حکم۔ اجازت۔ ہندو جوگیوں اور فقیروں کے سلام کرنے کا ڈھنگ۔ معتقدانہ کلام۔ حرف ندا بھی ہے۔
آدینہ (ف۔ مذ) جمعہ کا دن۔ شکرواز۔

آ - ڈ

آڈٹ (Audit انگ۔ ا۔ مذ) حساب کی پڑتال کرنا۔ پورا پورا حساب جانچنا۔
آڈٹنا (اُر۔ محاورہ) آموجود ہونا۔ آجمنا۔ تختی سے آبیٹھنا۔
آڈو (ہ۔ صف۔ موسیقی) وہ راگ یا راگنی جس کی آروہی یعنی چڑھاؤ اور امڑھی یعنی اتار دونوں میں پانچ سُر ہوتے ہیں۔
آڈو سمپورن (ہ۔ صف۔ موسیقی) وہ راگ یا راگنی جس کی آروہی یعنی چڑھاؤ

میں پانچ اور امروہی یعنی آتار میں سات سُر لگیں۔

آڈیٹر (انگ۔ا۔مذ۔Auditor) محاسب۔حساب کی پڑتال کرنے والا۔سندیافتہ افسر۔

آڈیٹوریم Auditorium (انگ۔ا۔مذ) بڑا کمرہ جہاں تقریریں کی جائیں اور سامعین کے لیے نشستوں کا انتظام ہو۔ سماعت گاہ۔

آ - ذ

آذار (ف۔ا۔مذ) چھٹا رومی مہینہ جو جیت یا مارچ میں آتا ہے۔

آذر (ف۔ا۔مذ) آگ شمسی مہینوں میں سے نویں مہینے کا نام ہے جو نومبر اور دسمبر کے مطابق ہوتا ہے۔

آذر پرست (ف۔صف۔فاعلی) آگ کی پرستش کرنے والا۔پارسی۔مجوسی۔

آذر فشاں (ف۔صف۔فاعلی) آگ برسانے والا۔شعلہ بار۔گرم۔

آذر فشانی (ف۔ا۔مو) آگ برسانا۔آگ بکھیرنا۔گرمی

آذوقہ (ف۔ا۔مذ) روزینہ رزق۔کھانا۔نان ونفقہ۔روٹی کپڑا۔اصل میں آب وذقہ یعنی پانی اور خوراک ہے۔

آ - ر

آر (ہ۔ا۔مو) لوہے کی نوک دار کیل۔جو سانٹے کی لکڑی یعنی پیتی یا کاغذ میں لگاتے ہیں۔مرغے کے پنجے کا کانٹا۔چمڑا چھیدنے کا آلہ۔ وہ کلمہ جو کسی لفظ کے آخر میں آکر اس کو حاصل مصدر یا اسم فاعل بنا دیتا ہے۔ مثلاً جھنکار یا سنار وغیرہ۔



آرا (ا۔مذ) لکڑی چیرنے کا اوزار جو لوہے کا دندانے دار اور خمدار سا بنا ہوتا ہے۔

آرا (ف۔صف۔لاحقہ) آراستن سے اسم فاعل۔سجانے والا۔آہنتہ کرنے والا۔ جیسے انجمن آرا۔

آرا (ع۔ا۔مو) رائے کی جمع۔عقل۔سمجھ وغیرہ۔

آرادھن (ہ۔ا۔مو) پوجا پاٹ۔عبادت۔

آراستگی (ف۔ا۔مو) سجاوٹ۔سنگار۔زیبائش وزینت۔

آراستہ (ف۔ا۔مو) سجا ہوا۔سنگارا ہوا۔مزین۔پرتکلف۔

آراستہ پیراستہ (ف۔صف۔مفعولی) سجا سجایا۔بنا سنورا۔بنایا دھویا۔

آراضی (ع۔ا۔مو) دیکھیے ارا ضی (آرائشی خلط العام ہے۔

آراکش (ا۔مذ۔صف۔فاعلی) اصل ارہ کش۔آرے سے لکڑی چیرنے والا۔ترکھان بڑھئی۔

آرا سر پر چل گیا تو بھی مداری مدار (ا۔مثل) سخت سے سخت تکلیف میں بھی اپنی بات پر جما رہا۔

آرام (ف۔ا۔مذ) چین۔سکھ۔ٹھہراؤ۔نیند۔نفخ۔کثرت۔چھٹی۔صحت۔شفا۔

آرام پائی (اُ۔ا۔مو) ایک قسم کی نرم جوتی۔جو پاؤں کو آرام دیتی ہے۔

آرام پسند (ف۔صف۔فاعلی) آرام پسند کرنے والا۔سست۔کاہل آدمی۔

آرام جاں (ف۔ترکیب اضافی) اسم مذکر۔دل آرام۔معشوق۔پیارا محبوب۔

آرام چاہنا (اُ۔محاورہ) سکھ ڈھونڈنا۔چین کا طالب ہونا۔

آرام چوکی (اُ۔ف۔ا۔مو) ایک قسم کی تکیہ دار چوکی۔

آرام ڈال (ف۔ا۔مذ) پان رکھنے کی چھوٹی سی پٹاری۔برجی دار۔پاندان۔

آرام دل (ف۔ترکیب اضافی) معشوق سے مراد لیتے ہیں۔

آرام دینا (ا) راحت پہنچانا۔سکھ دینا۔تندرست کرنا۔صحت بخشنا۔

آرام رساں (ف۔صف۔فاعلی) آرام پہنچانے والا۔سکھ دینے والا۔

آرام سے پاؤں پھیلاتا (اُ۔محاورہ) بے فکر سونا۔چین سے لمبی تانا۔ آزادی سے زندگی بسر کرنا۔

آرام سے کٹنا/گزارنا (اُ۔محاورہ) چین اور بے فکری سے زندگی بسر کرنا۔

آرام طلب (ف۔صف فاعلی) آرام ڈھونڈنے والا سست۔کاہل۔

آرام کرسی (اُ۔ا۔مو) تکیہ دار کرسی جس پر آدمی بیٹھ اور سو سکتا ہے۔

آرام کرنا (اُ) ٹھہرنا۔چپ رہنا۔دم لینا۔چین سے بیٹھنا۔

آرام گاہ (ف۔ا۔مذ) ظرف مکان۔سونے کی جگہ۔آرام کی جگہ۔

آرام میں ہیں (اُ۔محاورہ) سوتے ہیں۔استراحت فرماتے ہیں۔

آرام والی (اُ۔ا۔مو) گھر والی زوجہ بیوی۔

آرائش (ف۔ا۔مو) سجاوٹ۔تکلف۔وہ کاغذوں کی باغ باڑی جو امرا برات کے ساتھ لے جاتے ہیں۔

آرائش پسند (ف۔صف۔فاعلی) سجاوٹ اور بناؤ سنگار کا شوقین۔

آرائش کا تخت (ف۔اُ۔ا۔مذ) کاغذ اور ابرک کا تخت۔جس پر دلھن کی مہندی لے جاتے ہیں

آریل (ہ۔ا۔مو) عمر۔زندگی۔حیات۔

آر پار (ہ۔صف) ایک سرے سے دوسرے سرے تک سوراخ۔دار پار چھید۔

آر پن کرنا (ہ۔محاورہ) وقف۔صدقے کرنا۔نثار کرنا۔اللہ کی راہ میں دے دینا۔

آرتا (ہ۔ا۔مذ) ہندوؤں میں شادی کی ایک رسم جس میں دولھا کی آمد پر دلھن کے رشتہ دار آٹے گھی کا چراغ، چاول اور سیندور بڑے تھال میں رکھ کر دولھا کے سر کے گرد پھراتے ہیں۔

آرتی (ہ۔ا۔مو) پیتل کے چراغ میں بتیاں روشن کرکے صبح وشام دیوتاؤں کی مورتیوں کے سامنے دکھانا اور ان کی تعریف کرنا۔مجازاً صفت گن بھجن۔

آرتی کے وقت سو گئے، مال بھوگ کے وقت جاگ اٹھے (اُ۔مثل) کام چور آدمی کے متعلق کہتے ہیں یعنی کام کے وقت کھسک گئے اور کھانے کے وقت آموجود ہوئے۔

آرتی لینا (اُ۔محاورہ) جلتی بتیوں کی لوؤں پر ہاتھ پھیر کر منہ پر ملنا۔جس سے

ہندوؤں کے اعتقاد کے موافق پاپ جھڑ جاتے ہیں۔

آرٹ (انگ۔ا۔مذ۔ Art) ہنر فن کاری گری۔ صفائی۔ کمال۔ صنعت۔ مصور۔ نقاش۔

آرٹسٹ (انگ۔ فاعل۔ Artist) صناع۔ مصور۔ تصویر ساز فن کا ہنرمند ادیب۔ شاعر۔

آرٹیکل (انگ۔ا۔مذ۔ Article) اخبار یا مخزن کا مضمون۔ قانونی دفعہ معاہدہ کی شرط۔

آرجاز (ہ۔ا۔مو) آنا جانا۔ آمد و رفت۔

آرجان (ہ۔ا۔مو) جین مت کی سادھو عورتیں۔ جوگنیں۔

آرچ بشپ (Archbishop۔انگ۔ا۔مذ) لاٹ پادری۔ بڑا پادری۔ پایۂ اعظم۔

آرد (ف۔ا۔مذ) پسا ہوا آٹا۔

آرڈر (Order۔انگ۔ا۔مذ) حکم۔ فرمان۔ فرمائش۔ درجہ۔ ترتیب۔

آرڈر بک (Order Book۔انگ۔ا۔مو) احکام کا رجسٹر جس میں حکم لکھ کر دفتریں سب کے پاس بھیجا جاتا ہے وہ رجسٹر جس میں گاہکوں کی فرمائشیں درج کی جاتی ہیں۔

آرڈر یک کرنا (انگ۔ اُر۔مص۔ فعلی) رجسٹر میں فرمائش درج کرنا۔

آرڈنری (انگ۔Ordinary) معمولی۔ سرسری۔ عام۔

آرڈی ننس (Ordinance۔انگ۔ا۔مذ) ضابطہ۔ حکم۔ قانون کا وہ ضابطہ جو حکومت وقتی ضرورت کے تحت نافذ کرتی ہے۔

آرزو (ف۔ا۔مو) خواہش۔ تمنا۔ مراد۔ مطلب۔ چاہت۔ اُمید۔ ایک شاعر کا تخلص ہے جن کا نام سراج الدین علی خاں اکبر آبادی ہے۔ محمد شاہ کے زمانہ میں ہوئے ہیں۔

آرزو بر آنا } (اُر۔ محاورہ) خواہش کا پورا ہونا۔
آرزو پوری ہونا } اُمید بر آنا۔
آرزو نکلنا } آس پوری ہونا۔

آرزو خاک میں ملنا (اُر۔ محاورہ) نا اُمید ہو جانا۔ ارمان نہ نکلنا۔ جی کی جی میں رہ جانا۔

آرزو دل کی دل میں رہنا (اُر۔ محاورہ) آرزو پوری نہ ہونا۔ مراد بر نہ آنا۔ تمنا پوری نہ ہونا۔

آرزو کا خون ہونا (اُر۔ محاورہ) تمنا پوری نہ ہونا۔ مطلب براری نہ ہونا نا اُمیدی ہو جانا۔

آرزو کرنا (اُر۔ محاورہ) خواہش کرنا۔ تمنا کرنا۔

آرزگاہ (ف۔ا۔مو) اُمید کی جگہ یعنی دینا۔

آرزو میں لے آنا (اُر۔ محاورہ) زندگی میں تمنا پوری نہ ہونا۔ دنیا سے ناکام جانا۔

آرزو مر جانا (اُر۔ محاورہ) اُمید ختم ہو جانا۔ خواہش مٹ جانا۔

آرزومند (ف۔ صف) ملتجی۔ التجا کرنے والا۔ خواہاں۔ تمنا کرنے والا۔

آرسی (ہ۔ا۔مو) آئینہ۔ انگوٹھے میں پہننے کا ایک زیور جس میں شیشہ جڑا ہوتا ہے۔

آرسی مصحف (اُر۔ع) قرآن شریف اور آئینہ جو دولھا دلھن کو نکاح کے بعد دکھاتے ہیں مسلمانوں کی رسم ہے۔

آرزومندی (ف۔ا۔مو) اُمیدواری۔ خواہش مندی۔

آرزو نکالنا (اُر۔ محاورہ) خواہش پوری کرنا۔ تمنا پوری کرنا۔

آرکیالوجی (Archaeology۔انگ۔ا۔مو) علم آثار قدیمہ۔ پرانی چیزوں کا علم۔ آثار قدیمہ کا شعبہ۔

آرکیسٹرا (Orchestra۔انگ۔ا۔مذ) سازینہ۔ سازندوں کا طائفہ۔



آرگن (Organ انگ۔ا۔مذ) (۱) ارغن۔ باجا (۲) اوزار۔ آلہ۔ عضو (۳) اسطرلابیہ (۴) ترجمان۔

بنا ہے جو وہ ٹین کا سائباں ہے اس وقت ارگن کا اس پہ گماں



آرمیدگی (ف۔ا۔مو) آرام پسندی۔ کاہلی۔ سستی۔ تن آسانی۔

آرمیدہ (ف۔ صف۔ مفعولی) آرام کیا ہوا۔ کاہل۔ سست۔ تن آسانی۔

آرمیڈا (Armada۔انگ۔ا۔مذ) جنگی جہازوں کا بیڑا۔ وہ جنگی بیڑا جو ۱۵۸۸ء میں ہسپانیہ کے بادشاہ فلپ دوم نے انگلستان کے خلاف بھیجا تھا۔

آرنبھ / آرمبھ (مص۔ا۔مذ) تمہید۔ دیباچہ۔ مقدمہ۔ آغاز۔ شروع۔

آرنبھ کرنا (اُر۔مص۔خعلی) شروع کرنا۔ ابتدا کرنا۔ آغاز کرنا۔
آرودع (ف۔ا۔مذ) ڈکار۔
آروہی (مص۔ا۔ مو) موسیقی) سروں کا چڑھاؤ۔
آری (ہ۔ا۔ مو) چھوٹا سا آرہ جس کے دستے کو صرف ایک ہاتھ سے کھینچتے ہیں اور لکڑی چیر لیتے ہیں۔ عاجز ننگ دعوت کے لیے حرف ندا۔
آری آجانا (اُر۔ محاورہ) عاجز ہونا۔ تنگ آجانا۔ یہ لفظ دراصل عاری آجانا ہے بولتے وقت ا و ع میں فرق معلوم ہوتا ہے۔
آریا/آریہ (س۔ا۔مذ) بزرگ۔ عزت دار۔ بہت بڑا۔ وہ قوم جو وسط ایشیا سے اُٹھ کر ہندوستان پر قابض ہوگئی جس کی زبان سنسکرت تھی۔ کاشت کار۔
آریہ سماج (ہ۔ا۔مذ) آریہ مذہب کی جماعت۔ پنڈت۔ دیانندار۔ سرسوتی جی نے اسے قائم کیا تھا۔
آریہ/آریا سماجی (ہ۔ا۔مذ) دیانند سرسوتی کے مسلک کا پیرو۔
آریہ ورت (س۔ا۔مذ) آریوں کا ملک۔ جب آریہ لوگ ہندوستان پر مسلط ہوگئے اور ان کے راج قائم ہوگئے تو انھوں نے اس ملک کا نام آریہ ورت رکھا۔ یعنی آریوں کا دیس۔
آرے (ہ۔ا۔مذ) دیکھیے "آرا" جس کی یہ جمع ہے۔
آرے (ف۔ا۔مذ) کلمۂ ایجاب۔ ہاں۔
آرے بہانے کرنا (اُر۔ محاورہ) ہاں ہوں کر چھوڑنا۔ ٹال مٹول۔ بہانے بنانا۔ حیلے حوالے کرنا۔
آرے چلنا (اُر۔ محاورہ) مصیبت جھیلنا۔ تکلیف سہنا۔ دکھ اٹھانا۔ دل پر تکلیف گزرنا۔

آ - ڑ

آڑ (ہ۔ا۔مو) پردہ۔ روک۔ اوٹ۔ سہارا۔ پناہ۔ ٹیک۔ باڑ۔ حجاب۔ مدد۔
آڑا (ہ۔ا۔مذ) ایوان۔ ترچھا۔ ٹیڑھا۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
آڑا اُتارنا (اُر۔ محاورہ) کپڑے کو ترچھا پھاڑنا۔ پتنگ کو ہوا کے رُخ سے بچا کر اُتارنا۔
آڑا پاجامہ (اُر۔ا۔مذ) ترچھی کاٹ والا چوڑی دار پاجامہ۔
آڑا ترچھا ہونا (اُر۔ محاورہ) ناراض ہونا۔ غصے ہونا۔ بگڑنا۔ خفا ہونا۔
آڑا چڑھانا (اُر۔ محاورہ) دوسرے کی پتنگ پر اپنی پتنگ کو ترچھا کر کے لے جانا۔
آڑا چوتالا (اُر۔ا۔مذ) راگ کی ایک تال کا نام ہے۔
آڑا گوڑا (ہ۔ا۔مذ) کوڑا کرکٹ۔ ناچیز اور بے حقیقت چیز۔ کفایت۔ کم خرچی۔
آڑا گوڑی (ہ۔ا۔ مو) داؤ پیچ ٹانگ میں ٹانگ اڑا کر گرا دینا۔
آڑا لگانا (اُر۔ محاورہ) پتنگ کو ڈور دے کر روکنا۔ اور ہوا کی تہ پر لے جانا۔
آڑا ہونا (اُر۔مص) ترچھا ہونا۔ ٹیڑھا ہونا۔ پیٹھ موڑنا۔ اوندھا ہونا۔
آڑا باندھنا (اُر۔ محاورہ) اوٹ کرنا۔ پردہ ڈالنا۔
آڑ بند (اُر۔ف۔ا۔مذ) غلط العام) ایک قسم کا لنگوٹ۔ لنگر۔
آڑ بانڑ (ہ۔ا۔ مو) نام کی ذمہ داری۔ کم اعتمادی۔
آڑ پکڑنا (اُر۔ محاورہ) پناہ لینا۔ سہارا لینا۔
آڑ پھالس (ہ۔ا۔ مو) دیکھیے "آڑ پاڑ"
آڑ توڑنا (اُر۔ محاورہ) پردہ اُٹھانا۔ حجاب کو دور کرنا۔
آڑ ڈھونڈنا (اُر۔ محاورہ) پناہ ڈھونڈنا۔ سہارا تلاش کرنا۔
آڑ گوڑ (ہ۔ا۔ مو) حساب کتاب۔ لین دین۔ معاملہ۔
آڑ لینا (اُر۔ محاورہ) دیکھیے "آڑ پکڑنا۔"
آڑ میں آنا (اُر۔ محاورہ) (۱) چھپ جانا۔ اوٹ میں آنا۔ (۲) درمیان میں آنا۔ راستہ روکنا۔ مداخلت کرنا۔

آڑو

آڑو (ہ۔ا۔مذ) ایک مشہور پھل ہے جسے فارسی میں شفتالو بولتے ہیں۔
آڑھت (ہ۔ا۔مو) ٹھہرنے کی جگہ۔ وہ مقام یا دکان جہاں بیوپاری لوگ مال لاکر بیچتے ہیں۔ بکوانے کی اُجرت۔ کمیشن۔ تلوائی۔ محنتانہ۔ مال کی آمد و رفت کی جگہ۔
آڑھتی یا آڑھتیا (ہ۔ا۔مذ) دستوری اور کمیشن لے کر لوگوں کا مال بکوانے والا گماشتہ۔ ایجنٹ۔
آڑ ہونا (اُر۔ محاورہ) پردہ ہونا۔ اوٹ ہونا۔ حجاب ہونا۔
آڑی (ہ۔ا۔مذ) گنوار یا اڑی) یار۔ مددگار۔ کھیل کے دو فریقوں میں ایک ایک تو اپنے فریق کا افسر یا کپتان۔ باقی اس کے آڑی کہلاتے ہیں۔ (مث) ٹیڑھی۔ ترچھی۔
آڑی بیل (ہ۔ا۔ مو) ترچھی بیل جو عورتیں کپڑے میں لگاتی ہیں۔
آڑی ترچھی سُنانا (اُر۔ محاورہ) ناراض ہونا۔ بگڑنا۔ برا بھلا کہنا۔
آڑی کرنا (اُر۔ محاورہ) ورق کو لمبے رخ کوٹنے کے بعد چوڑائی کے رخ کوٹنا (۲) کھیل میں ساتھی بنانا۔
آڑی گوٹ (اُر۔ا۔ مو) ترچھی تراش کی گوٹ جو کپڑوں پر لگاتے ہیں۔
آڑی ہیکل (اُر۔ا۔ مو) ایک زیور جو گلے میں بدھی کی طرح پہنا جاتا ہے۔
آڑے (ہ۔ا۔مذ) دیکھیے "آڑا" جس کی یہ جمع ہے۔
آڑے آنا (اُر۔ محاورہ) مدد کرنا۔ سہارا دینا۔ کام آنا۔ مدد دینا۔ بلا سے کسی کو چھیڑنا۔
آڑے ہاتھوں لینا (اُر۔ محاورہ) خوب خبر لینا۔ سزا دینا۔ گھسیٹنا اور شرمندہ کرنا۔ لعنت ملامت کرنا۔ درست کرنا۔ ٹھیک بنانا دھمکانا۔ خوب لتاڑنا۔

آ - ز

آز (ف۔ا۔مو) لالچ۔ حرص۔ طمع۔ ہوس۔
آزاد (ف۔ا۔ مو) بے تعلق۔ نڈر۔ نڈر۔ (غلام کی ضد ہے) مولوی محمد حسین مصنف آبِ حیات۔ اور کئی شاعروں کا تخلص بھی ہے۔ فقیر رند بے حیا۔ بے شرم۔ بے غم۔ سرو کے درخت کی ایک قسم جسے سرو آزاد کہتے ہیں۔
آزادانہ (ف۔ صف) کھلے طور پر بے روک ٹوک بے لاگ لگاؤ۔ بے تکلف۔
آزادرہ/آزادہ رو (ف۔ صف) بے خطر آدمی۔ نڈر۔ بے تکلف۔ بے خوف

شخص۔ نڈر۔ بے تعصب۔

آزاد خیال / آزاد طبع (ف۔ ع۔ مذ) طبیعت کا نڈر آدمی۔ صاف بے دھڑک کہہ دینے والا۔

آزاد کا سونٹا (اُر۔ محاورہ) فقیر کا ڈنڈا۔ بے روک ٹوک۔ بے باک۔ منہ پھٹ جیسے گنوار کا لٹھ ویسے ہی آزاد کا سونٹا۔ ننگ آدمی۔

آزاد کا فشقہ / آزاد کا ٹیکا (اُر۔ ہ۔ مذ) فقیر ہونے کی نشانی۔ ماتھے کا ٹیکا۔

آزاد منش (ف۔ صف) صاف صاف کہہ دینے والا۔ وہ شخص جو کسی سے لاگ لپیٹ نہ رکھے۔

آزاد ہونا (اُر۔ فعل) چھوٹ جانا۔ بری ہونا۔ بے تعلق ہونا۔ ٹوٹنا۔ جیسے دوسرا پیالہ بھی آزاد ہو گیا۔

آزادی (ف۔ ا۔ مو) رہائی۔ خلاصی۔ نجات۔ چھٹکارا۔ خود مختاری۔

آزادی بیچنا یا آزادی بیع کرنا (اُر۔ محاورہ) غلامی اختیار کرنا۔ محکوم بننا۔ نوکری قبول کرنا۔

آزار (ف۔ ا۔ مذ) روگ۔ مرض۔ دُکھ۔ تکلیف رنج۔

آزاری (ف۔ صف) روگی۔ دکھیارا۔ بیمار۔

آزر (ع۔ ا۔ مذ) حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد کا نام تھا۔ جو بت تراش تھا۔ اب ہر ایک بت تراش کو کہہ دیتے ہیں۔

آزردگی (ف۔ ا۔ مو) رنجیدگی۔ ملال۔ خفا ہونا۔ ناراضی

آزردہ (ف۔ صف) رنجیدہ۔ ناراض۔ افسردہ۔

آزردہ خاطر (ف۔ صف) رنجیدہ دل۔ اداس۔ خفا۔

آزمانا (اُرمص) امتحان کر لینا۔ پرکھ لینا۔ جانچ لینا۔ تجربہ کرنا۔

آزمائش (ف۔ ا۔ مو) آزمودن کا حاصل مصدر۔ تجربہ۔ امتحان۔

آزمودہ را آزمودن جہل است (ف۔ مقولہ) آزمائے ہوئے کو آزمانا نادانی ہے۔

آزمودہ کار (ف۔ صف) تجربہ کار۔ ہوشیار۔ واقف کار۔ دانش مند۔ وہ شخص جو زمانے کے نیک و بد سے واقف ہو۔

آ - س

آس (ہ۔ ا۔ مو) اُمید۔ آسرا۔ بھروسا۔ حمل۔ ساتھی۔ مدد۔ توقع۔ اعتبار۔

آسا (ہ۔ ا۔ مذ۔ مو) آس والا۔ اُمید والا۔ ایک راگنی کا نام بھی ہے جو صبح کے وقت گائی جاتی ہے۔ امید۔ آس۔

آس اولاد (اُر۔ ا۔ مو) بیٹا۔ بیٹی۔

آس باندھنا (اُر۔ محاورہ) اُمیدوار ہونا۔ بھروسا کرنا۔ انتظار کرنا۔

آس بیگانی جو تکے وہ جیوت ہی مرے (اُر۔ مثل) غیر کے بھروسے پر زندہ رہنے سے مرجانا بہتر ہے۔

آس پاس ہونا (اُر۔ صف۔ فعل) قریب تر ہونا۔

آس توڑنا (اُر۔ محاورہ) مایوس ہونا۔ اُمید قطع کرنا۔ اُمید چھوڑنا۔

آس تکنا (اُر۔ محاورہ) انتظار کرنا۔ کسی کی امید میں رہنا۔ متوقع ہونا۔ راہ دیکھنا انتظار کرنا۔

آس توڑنا (اُر۔ محاورہ) ناامید کرنا۔ اُمید منقطع کر دینا۔ کسی کا بھروسا چھوڑ دینا

آس دینا (ہ۔ محاورہ) گویئے کو سُر میں سازیا آواز سے مدد دینا۔ سہارا دینا۔

آس کا نام دُنیا ہے (ہ۔ مثل) اُمید ہی پر دُنیا کے کام ہو رہے ہیں۔ دُنیا بامید قائم ہے۔

آس اولاد (اُر) آل اولاد۔ دھن دولت۔

آس ہونا (ہ۔ فعل) اُمید ہونا۔ پیٹ ہونا۔ حمل ہونا۔

آستان / آستانہ (ف۔ ا۔ مذ) دلیوں اور بادشاہوں اور دیگر قابلِ احترام لوگوں کی دہلیز اور چوکھٹ۔ دروازے کو بھی کہتے ہیں۔

آستان بوس / آستانہ بوس (ف۔ صف۔ فاعلی) چوکھٹ چومنے والا۔ غلام نوکر۔ معتقد۔ مرید۔ خادم۔

آستین (ف۔ ا۔ مو) آس بمعنی چھونا اور تین کلمہ نسبت) کلائی سے چھونے والا کپڑا۔ کوٹ اور کرتے وغیرہ کا بازو

آستین چڑھانا (اُر۔ محاورہ) تیار ہونا۔ مستعد ہونا۔ لڑائی کی تیاری۔ لڑنا۔

آستین

آستین کا سانپ (اُر۔ محاورہ) بغلی دشمن۔ دوست ہو کر دشمنی کرنے والا مارِ آستین کا ترجمہ ہے۔

آستین میں سانپ پالنا (اُر۔ محاورہ) دشمن کی پرورش کرنا۔ دشمن کو مدد پہنچا کر قوی تر کر لینا۔

آسر (ہ) (اسم مذکر) بگاڑ۔ قصائیوں کی زبان میں دس روپے۔

آسرا (ہ۔ ا۔ مذ) سہارا بھروسا۔ وسیلہ۔ توقع۔ پناہ کی جگہ۔ مدد۔

آسرا پکڑنا (اُر۔ محاورہ) اُمیدوار ہونا۔ سہارا لینا۔

آسٹریا (مذ۔ انگ) یورپ کا ایک مشہور ملک۔ Austria

آسٹریلیا (Australia۔ انگ۔ ا۔ مذ) ایک براعظم کا نام ہے۔

آسکت (ہ۔ ا۔ مو) سستی۔ کاہلی۔ اونگھ۔ انگڑائی۔ جمائی۔ دراصل اشکت ہے۔

آسمان (ف۔ ا۔ مذ) آس بمعنی چھت۔ اور مان کلمہ تشبیہ سے مرکب ہے۔ آکاش بلند اونچا۔ فلک۔

آسمان پر اُڑنا (اُر۔ محاورہ) تکبر کرنا۔ بڑھ کر چلنا۔ اِترانا۔ اپنے آپ کو دُور کھینچنا۔

آسمان پر تھوکنا (اُر) نادانی کرنا۔ شرمندگی کا کام کرنا۔ بے وقوفی کرنا۔

آسمان پر چڑھانا / آسمان پر پہنچانا (اُر۔ محاورہ) ممتاز کرنا۔ عزت دینا کسی کی تعریف میں بے حد مبالغہ کرنا۔ بہت ہی خوشامد کرنا۔

آسمان پر دماغ ہونا یا دماغ کھینچنا (اُر۔ محاورہ) غرور کرنا۔ تکبر کرنا۔ اکڑ دکھانا۔

آسمان ٹوٹنا یا ٹوٹ پڑنا (اُر۔ محاورہ) سخت مصیبت کا نازل ہونا۔ تباہ ہونا۔

آسمان جاہ (ف۔ صف) بلند مرتبہ۔ اونچے درجے والا۔ بڑی شان و شوکت والا۔

آسمان زمین ایک کرنا (اُر۔ محاورہ) سخت مصیبت کا نازل ہونا۔ کوشش

کرنا۔ ہلچل ڈالنا۔ ہلڑ مچانا۔ بڑا تغیر برپا کرنا۔

آسمان زمین ایک ہونا۔ (اُر۔ محاورہ) نہایت انقلاب آفا دُنیا کا بدل جانا۔ سخت مصیبت ٹوٹنا۔

آسمان زمین کا فرق (اُر۔ محاورہ) بڑا بھاری فرق۔ بہت ہی تفاوت۔ بڑی دوری۔ (اصل محاورہ زمین آسمان کا فرق ہے)۔

آسمان زمین شق کیوں نہیں ہو جاتے / آسمان زمین پھٹ کیوں نہیں جاتے (اُر محاورہ) نہایت بے شرمی سخت صدمے یا گناہ کبیرہ کے وقوع پر نفرت سے بولا جاتا ہے۔

آسمان زمین میں دھوم پڑنا (اُر۔ محاورہ) بڑی شہرت حاصل کر لینا دینا۔ دنیا میں نام پا جانا۔

آسمان زمین میں سناٹا ہو گیا یا چھا گیا (اُر۔ محاورہ) نہایت خاموشی چھا گئی۔ سب چُپ ہو گئے۔

آسمان زمین کھا گئے (اُر۔ مثل) گم شدہ چیز کے نہ ملنے پر بولتے ہیں۔ جب کہیں پتا نہ چلے۔

آسمان زمین کے قلابے (اُر۔ محاورہ) نہایت جھوٹ بولنا۔ عیاری کرنا۔ چالاکی دکھانا۔ مبالغہ ملانا۔

آسمان سر پر اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) شور مچانا۔ اودھم ڈالنا۔

آسمان سے باتیں کرنا (اُر۔ محاورہ) آسمان چھُونا۔ بہت بلند ہونا۔ مغرور ہونا۔

آسمان سے ٹکر کھانا / لینا (اُر محاورہ) آسمان کی برابری کے دعوے کرنا زبردست سے ٹکر لینا۔

آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا (اُر۔ مثل) ایک جگہ سے بچا دوسری جگہ پھنس گیا۔ بڑی مشکل سے نکل آیا۔ ذرا سی رکاوٹ سے رک گیا۔ سرکار سے چھوٹ گیا۔ اہلکار کے پاس پھنس گیا۔

آسمان کا تھوکا اپنے مُنہ پر آتا ہے (اُر۔ مثل) بھلے کی بُرائی میں اپنی ہی بدنامی۔ یعنی خوار ذلیل ہوتا ہے۔

آسمان کو دیکھنا (اُر۔ محاورہ) خشک سالی میں بارش کا سخت انتظار کرنا۔

آسمان کو ہلا دینا (اُر۔ محاورہ) آسمان کو لرزا دینا۔ پر اثر آہ کرنا۔ فریاد کرنا۔

آسمان کی سیر کرنا (اُر۔ محاورہ) خیالات کی بلند پروازی کرنا۔ خیالات کو دور دوڑانا۔

آسمان میں تھگلی لگانا / آسمان میں چھید کرنا (اُر۔ محاورہ) نہایت عیاری دکھانا۔ ناممکن کام کرنا۔ (صرف عورتوں کے لیے بولا جاتا ہے) کٹنی پنا کرنا۔

آسمان میں چھید ہو جانا (اُر۔ محاورہ) سخت برسنا۔ بکثرت بارش ہونا۔

آسمانی (ف۔ صف) آسمان کا سمادی نیلا رنگ۔ آسمان سے آیا ہوا۔ آسمان پر رہنے والا۔ اچانک۔ ناگہاں۔ دفعۃً۔ اُوپری چیز۔

آسمانی پلانا (اُر۔ محاورہ) بھنگ یا ناڑی پلانا۔ نشہ دار چیز پلانا۔

آسمانی تیر (اُر۔ ا۔ مذ) غیبی صدمہ۔ بیہودہ کام۔ ہوائی تیر۔

آسمانی گولہ (ف۔ ا۔ مذ) قہر الٰہی۔ بے وقت ژالہ باری۔ پکی فصل پر اولے پڑ جانا۔ ناگہانی آفت۔ قحط۔ خشک سالی۔

آسن (ہ۔ ا۔ مذ) بیٹھنا۔ بیٹھک کا قاعدہ۔ ہندو فقیروں کی عبادت کا ادنیٰ کمبل یا گھاس کا بنا ہوا جانماز۔ جوگیوں کے رہنے کی جگہ۔ ران۔ ران کے نیچے کا حصہ۔ گھوڑے پر جم کر بیٹھنے کا ڈھنگ۔ ہاتھی کی گردن پر مہاوت کی جگہ۔ طریقہ۔

آسن اکھڑنا (اُر۔ محاورہ) سوار کی ران ہل جانا۔ گھوڑے پر سے اکھڑنا۔ فقیر کا سمادھ چھوڑ جانا۔

آسن پاٹی (اُر۔ ا۔ مذ) اٹوانٹی کھٹوانٹی۔ کھاٹ۔ کھٹولا۔ عورتوں کا مکر بنانا روٹھ کر پڑ رہنا۔

آسن جمانا (اُر۔ محاورہ) ران جما کر گھوڑے کی سواری کرنا۔ کسی جگہ سکونت کرنا۔ گھوڑے کو قابو میں لانا۔ قبضہ میں کرنا۔

آسن سے آسن جوڑنا / آسن مار کر بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) جوگیوں کی مانند آلتی پالتی مار کر بیٹھنا۔ چار زانو بیٹھنا۔ ایک ہی بیٹھک سے عبادت کرنا۔

آسن کے نیچے آنا (اُر۔ محاورہ) قابو میں آنا۔ ران کے نیچے آنا۔ سواری دینا۔

آسنی (ہ۔ ا۔ مو) گھاس کی چٹائی یا ادنیٰ کپڑا۔ جس پر سادھو بیٹھ کر عبادت کرتے ہیں۔

آسودگان خاک (ف۔ ترکیب اضافی) مرے ہوئے، نیک بندے مُردہ لوگ۔

آسودہ خاطر (ف۔ صف) مطمئن۔ بے فکر۔ فراغت والے۔ دولت مند۔

آسودہ ہونا (اُر۔ محاورہ) امیر ہونا۔ بآرام ہونا۔ فارغ البال ہونا۔

آسیا (ف۔ ا۔ مو) چکی۔

آسیب (ف۔ ا۔ مذ) صدمہ۔ دھکا۔ تکلیف۔ بھوت پریت کا اثر۔ دیو پری کا سایہ۔ مصیبت۔ آفت۔

آسیب اُتارنا (اُر۔ محاورہ) جن بھوت کا سایہ دور کرنا۔ بھوت بھگانا۔ عملیات کے ذریعہ آسیب دور کرنا۔

آسیب آنا / آسیب پہنچنا (اُر۔ محاورہ) صدمہ پہنچنا۔ نقصان ہونا۔ آفت آنا۔

آسیب کا اثر / آسیب کا خلل / آسیب کا دخل (اُر۔ روزمرہ) بھوت کا اثر۔ پری کا سایہ۔ جنون۔

آسیب زدہ (ف۔ صف۔ مفعولی) وہ شخص جس کو بھوت پریت نے دکھ دیا ہو۔

آسیب کا سر پر کھیلنا (اُر۔ محاورہ) آسیب زدہ کا کسی راگ یا خوشبو پر سر ہلا کر مست ہونا اور کھیلنا۔ اس حالت میں بعض کچھ پوچھ بھی لیتے ہیں۔

آسیبی (ف۔ صف) آسیب والا۔ وہ شخص جس کو آسیب کی بیماری ہو۔

آسیہ (ع۔ ا۔ مو) فرعون کی بی بی کا نام جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی معاون اور حمایتی تھیں۔ یہ حضرت موسیٰ کا دین قبول کر لینے کے باعث فرعون کے حکم سے مروا دی گئیں۔

آ — ش

آش (ف۔ ا۔ مو) پتلی اور رقیق غذا۔ جو پی جا سکے مثلاً حریرہ یخنی شوربا۔ یخنی وغیرہ۔

آش پلاؤ (ف۔ ا۔ مذ) بیماروں کو کھلانے کے لیے جو کا پلاؤ۔

آشِ جو (ف۔ اسم) جو کا اُبلا ہوا پانی۔ بیماروں کی غذا۔
آشام (ف۔ لاحقہ فاعلی) (از مصدر آشامیدن) ایک قسم کا حریرہ۔
آشتی (ف۔ اسم مؤنث) صلح۔ میل ملاپ۔ دوستی۔
آشفتگی (ف۔ا۔ مو) پریشانی۔ حیرانی۔ دیوانہ پن۔ عاشقی۔ سڑی پن۔
آشفتہ (ف۔ صف) (از آشفتن) پریشان۔ حیران۔ دیوانہ۔ عاشق سڑی۔
آشفتہ حال / آشفتہ خاطر / آشفتہ دل (ف۔ صف) پریشان حال والا خراب حال والا۔ سڑی دل والا۔ خراب طبیعت والا۔
آشفتہ سر (ف۔ صف) دیوانہ۔ پاگل۔ سڑی۔ مجنوں۔
آشکار / آشکارا (ف۔ صف) ظاہر۔ اعلانیہ۔ کھلا ہوا۔ عیاں۔ کھلم کھلا۔
آشنا (ف۔ صف) واقف۔ جان پہچان والا۔ دوست یار۔ ملاقاتی۔ بازاری عورت کا نام۔
آشنا پرست (ف۔ صف فاعلی) دوست کا پوجنے والا۔ دوست کا لحاظ کرنے والا۔ یار کا قدردان۔
آشنائی (ف۔ا۔ مو) دوستی۔ یاری۔ ملاقات۔ واقفیت۔ عشق۔ دل لگی۔
آشنائی کا جھوٹا (اُر۔ صف) بے وفا دوست۔ یاری کا کچا۔
آشنائی کا سچا (اُر۔ صف) وفادار۔ دوستی نباہنے والا۔
آشنائی کرنا (اُر۔ محاورہ) محبت کرنا۔ واقفیت بہم پہنچانا۔ ملاقات کرنا۔
آشوب (ف۔ا۔ مذ) شور وغل۔ فتنہ وفساد۔ پریشانی۔ آنکھ کا دکھنا۔ (آشفتن۔ آشوبیدن سے حاصل مصدر) طوفان۔ غدر۔ جوش۔
آشوب چشم (ف۔ا۔ مذ) آنکھ دکھنا۔ آنکھ کی سرخی۔ آنکھ کا آنا۔
آشوب محشر (ف۔ا۔ مذ) نہایت شور وغل۔ قیامت کا شور وفتنہ۔
آشیاں / آشیانہ (ف۔ا۔ مذ) پرندوں کا گھونسلا۔ رہنے کا مکان۔ گھر۔ چھوٹا سا گھر۔ جھونپڑی۔

آشیر باد (ہ۔ا۔ مث) آداب۔ دعائے خیر۔ ہندوؤں کا روزمرہ ہے۔

آ - ص

آصف (عبر۔ا۔ مذ) برخیا کے بیٹے کا نام۔ جو حضرت سلیمان علیہ السلام کے وزیر تھے۔ آج کل ہر لائق وزیر کی صفت کے لیے آتا ہے۔ لغوی معنی جمع کرنا۔ ضبط کرنا۔ شامل کرنا ہے۔ داؤدی قوال کا نام بھی ہے۔
آصف الدولہ (ع۔ا۔ مذ) دہلی کے ایک وزیر اعظم کا خطاب جو بعد میں اودھ کا خود مختار حاکم بن گیا تھا۔ جو ۱۷۹۷ء میں فوت ہوا۔
آصف جاہ (ف۔ا۔ مذ) شاہان مغلیہ کے زمانے میں وزراء کا لقب تھا۔ دکن کے فرمانرواؤں کا لقب بھی۔ ملکہ ہند نور جہاں کے بھائی کا نام۔
آصفیہ (ع۔ صف) بیائے نسبتی۔ یعنی آصف سے نسبت رکھنے والا منسوب بہ آصف۔

آ - ض

آغا (ت۔ا۔ مذ) مالک۔ آقا۔ بڑا بھائی۔
آغا مینا (اُر۔ا۔ مث) بنگال کی مینا۔ خوش گلو۔ خوش آواز۔ پیاری پیاری باتیں کرنے والی لڑکی۔
آغاز (ف۔ا۔ مذ) ابتدا۔ شروع۔ تمہید۔ پہل۔ سرنامہ۔ پہل کرنا۔ ہونا۔
آغازِ کار (ف۔ا۔ مذ) کام کا آغاز۔ کام کی ابتدا۔
آغاز و انجام سوچنا (اُر۔ محاورہ) سوچ سمجھ کر کام کرنا۔
آغا میر کی دائی شب کچھ سیکھی سکھائی (اُر۔ مثل) نہایت چالاک اور ہشیار عورت۔ آغا میر دہلی کے ایک نہایت باسلیقہ رئیس کا نام تھا۔ چالاک کو چالاکی کی کیا بتانی۔
آغشتہ (ف۔ صف مفعولی) از آغشتن۔ لتھڑا ہوا۔ آلودہ۔
آغوش (ف۔ا۔ مو) گود۔ بغل۔ کنار۔ کولی۔ (پنجابی) کچھڑ۔
آغوش میں لینا (اُر۔ محاورہ) نہایت محبت اور گرم جوشی سے بغل گیر ہونا۔ گلے لگانا۔ معانقہ کرنا۔
آغوں (اُر۔ا۔ صوت۔ مو) دودھ پیتے بچے کی آواز۔
آغوں غوٹے دودھ پی کر ہوتے موٹے (اُر۔ مثل) ننھے بچوں کے لیے پیار کا کلمہ ہے۔

آ - ف

آفات (ع۔ا۔ف) آفت کی جمع۔ بلائیں۔ مصیبتیں۔ آفتیں۔ حادثات۔
آفاتِ ارضی (ع۔ مرکب اضافی) بترکیب فارسی۔ مث) پیدا شدہ خرابیاں زمینی بلائیں۔
آفات سماوی یا آسمانی (ع۔ مرکب۔ ترکیب فارسی۔ مث) آسمانی مصائب ناگہانی مصیبتیں۔ وہ آفتیں جو موسم یا نیچر اور قدرت کے تغیرات سے نازل ہوں۔
آفاق (ع۔ا۔ مذ) افق کی جمع۔ وہ جگہ جہاں آسمان وزمین ملے ہوئے نظر آتے ہیں۔ دُنیا۔ جہاں۔ جگت۔
آفت (ع۔ا۔ مو) بلا مصیبت۔ تکلیف۔ پتا۔ قہر۔ چالاک۔ شریر۔ مشکل بات۔ وبا۔ شور وغل۔ عذاب۔ کال۔ قحط۔ زہر۔ ستم ڈھانا۔ اور صدمہ۔
آفتاب (ف۔ا۔ مذ) دھوپ۔ سورج۔ مجازاً گرم چیز۔ معشوق۔ لاثانی۔ شراب۔ تاش کا ایک پتا۔ دراصل آف سورج (تاب چمک)
آفتاب کو چراغ دکھانا / آفتاب کو دیا دکھانا (اُر۔ محاورہ) عاقل کو عقل بتانا۔ صاحب کمال کے آگے کمالات کے دعوے کرنا۔



آفتابہ

آفتابہ (ف۔ا۔ مذکر) لوٹا۔ دراصل آب تابہ۔ گرم پانی کا برتن۔ جس کا سرپوش بھی ہوتا ہے کروا۔
آفتاب لب بام ہے / آفتاب بالیں ہے (اُر۔ محاورہ) مرنے کے قریب ہے چراغ سحری ہے گور کے کنارے بیٹھا ہے عنقریب مرنے والا ہے۔
آفتاب توڑنا (اُر۔ محاورہ) ستم ڈھانا۔ ظلم کرنا۔
آفتاب جان (عف۔ صف) جان کے لیے مصیبت۔ مجاز معشوق۔

آفتاب محشر (ف۔ مذکر) قیامت کا سورج۔ بہت سخت گرمی دینے والا۔ سورج۔

آفت خیز (ف۔ صف) آفت پیدا ہونے کی جگہ۔ جہاں سے بکثرت مصائب اٹھتی ہیں۔

آفت ڈھانا (اُر۔ محاورہ) ستم برپا کرنا۔

آفت رسیدہ (ف۔ صف۔ مفعولی) مصیبت کا مارا دُکھیارا۔ مجازاً عاشق۔

آفت روزگار (ف۔ صف) زمانے کی آفت۔ دُنیا کو دُکھ پہنچانے والا۔

آفت زدہ (ف۔ صف۔ مفعولی) نہایت دکھیا۔ مصیبت زدہ۔ مصیبت کا مارا۔

آفت کا پرکالہ / آفت کا ٹکڑا (ع۔ اُر۔ ف۔ صف) آفت کا بنا ہوا۔ طرار شوخ وشنگ۔ بلا کا ذہین۔ ذکی۔ ظالم۔ آفت برپا کرنے والا معشوق۔

آفت کی پُڑیا / آفت کی پوٹ (ع۔ اُر۔ مو۔ مذ) نہایت چالاک عورت۔ پرلے درجے کی شریر۔

آفت مچانا (اُر۔ محاورہ) غل مچانا۔ دھوم مچانا۔ غضب ڈھانا۔ شرارت وغیرہ کرنا۔

آفت ہے (اُر۔ محاورہ) چالاک ہے۔ اُستاد ہے۔ قیامت۔ آفت کا بنا ہوا۔

آفتابی (ف۔ ا۔ مو) آتش بازی کا ایک کھلونا۔ سورج کی شکل کا۔ گول چمک دار۔ دھوپ میں گرم کیا ہوا۔

آفتابی چہرہ (ف۔ ا۔ مذ) گول چہرہ۔ گولائی دار مُنہ۔

آفتابی دائرہ (ف۔ ا۔ مو) بالکل گول دائرہ۔ کاتبوں کی اصطلاح میں حروف کے دائرے دو قسم کے ہیں۔ ایک بالکل گول جنھیں آفتابی دائرہ کہتے ہیں دوسرے انڈے کی شکل کے۔ جنھیں بیضوی دائرہ بولتے ہیں۔

آفر (Offer) پیش کش۔

آفریدگار (ف۔ ا۔ فاعل) خالق پیدا کرنے والا۔

آفرین (ف۔ مث) کلمہ تحسین و آفریں واہ وا۔ شاباش۔

آفرین باد بریں ہمت مردانۂ تو (ف۔ مقولہ) شاباش۔ شاباش تجھے اور تیری ہمت کو آفرین ہے۔

آفرین کہنا (اُر۔ محاورہ) شاباش کہنا۔ تعریف کرنا۔ داد دینا۔

آفرینش (ف۔ ا۔ مو) آفریدن سے حاصل مصدر۔ دینا۔ مخلوقات۔

آ - ق

آقا (ف۔ ا۔ مو) مالک۔ صاحب۔ حاکم۔ افسر۔ جناب۔

آقائے نعمت یا آقائے ولی نعمت (ف) سرکار۔ حضور۔ نوکر اپنے مالک کو اور غلام اپنے آقا کو کہہ سکتا ہے۔

آ - ک

آک (ہ۔ ا۔ مذ) ایک درخت کا نام ہے جس کو فارسی میں مدار بولتے ہیں۔ یہ کھرسا میں خوب پھلتا ہے۔ برسات میں مرجھا جاتا ہے۔ اس کا دودھ۔ اس کے پتے۔ اس کے پھولوں کا زیرہ نہایت کارآمد چیزیں ہیں۔ اور دواؤں میں کام آتا ہے۔ اس کا دُودھ اور پتوں کا بھرتا طاعون کے لیے اتر حد مفید ہے۔

آک کی بڑھیا (اُر۔ ا۔ مو) روئی جو آک کے ڈوڈے میں سے نکلتی ہے یہ کاتی تو نہیں جاتی۔ مگر تکیوں کے بھرنے کے کام آتی ہے بہت بوڑھی عورت کو بھی کہتے ہیں۔

آکا (ف۔ ا۔ مو) بھائی۔ برادر کلاں۔ کلمہ خطاب میاں۔ یار وغیرہ کی بجائے۔

آکاس / آکاش (ہ۔ ا۔ س۔ مذ) آکاس۔ حدِ نگاہ۔ خلا۔ کرۂ ہوائی۔ ہندوؤں کے نزدیک پانچواں عنصر۔ آسمان۔ فلک۔

آکاس بانی / آکاش وانی (س۔ ا۔ مو) غیبی آواز۔ ہاتفِ غیبی الہام وغیرہ۔ ریڈیو۔

آکاس برت (ہ۔ ا۔ مذ) متوکل آدمی۔ اللہ پر بھروسا کرنے والا۔

آکاس بیل (ہ۔ ا۔ مو) امربیل۔ افیتموں۔ ایک زرد رنگ کی بیل ہوتی ہے جس کی جڑ زمین پر نہیں ہوتی۔ نہ اس میں پتے نکلتے ہیں۔ درختوں پر لپٹی رہتی ہے۔

آکاس پھل (اُر۔ ا۔ مذ) اللہ کی دین۔ اولاد۔ بال بچے۔

آکاس گنگا (ہ۔ ا۔ مو) کہکشاں۔

آکاسی چیز (ہ۔ ا۔ مو) آسمانی تارے۔

آکسفورڈ (Oxford۔ انگ۔ ا۔ مذ) انگلستان کا ایک شہر ہے جہاں کی یونیورسٹی مشہور ہے۔

آکسیجن (Oxygen۔ انگ۔ ا۔ مو) ایک لطیف عنصر۔ پانی کا جزو اعظم۔ ایک گیس۔ جو انسانی زندگی کے لیے نہایت ضروری ہے۔

آ - گ

آگ (اُر۔ ا۔ مو) آتش۔ اگنی۔ نار۔ اربعہ عناصر میں سے ایک عنصر کا نام ہے گرمی کا شعلہ۔ آتشک۔ کمال محبت۔ جوش خون۔ مصیبت۔ جھگڑا۔ حسد غصہ۔ غضب ناک۔ تشبیہ کے طور پر نہایت سُرخ چمک دار روشنی۔

آگا (ہ۔ مث) ہر چیز کا اگلا حصہ۔ سینہ۔ پیشانی۔ مستقبل۔

آگا بھاری ہونا (ہ) عورت کا حاملہ ہونا۔ راہ کا نہایت خطرناک ہونا۔

آگا پیچھا (ہ) ہر چیز کا اگلا پچھلا حصہ۔ انسان کے دونوں مقام مخصوص پس و پیش۔

آگا پیچھا دیکھنا (ہ) سوچ سمجھ کر کام کرنا۔ آغاز و انجام سوچنا۔

آگا پیچھا کرنا (ہ) کسی کام میں توقف کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔

آگا تاگا لینا (ہ) معاملوں کی خاطر تواضع کرنا۔ اہلِ مجلس کی خاطر کرنا۔

آگ اُٹھنا (ہ) لڑائی کی خواہش کرنا۔

آگا دیکھا نہ پیچھا (ہ) بُرا بھلا نہ سوچنا۔ نیک و بد کا خیال نہ کرنا۔

آگا سنبھالنا (ہ) آغاز کو سوچ لینا۔ دور اندیشی کرنا۔ دشمن کی فوج کا سامنا روکنا۔

آگا مارنا (ہ) دشمن کے ہراول کو شکست دے دینا۔

آگ اور بیری کو کم نہ سمجھے (اُردو مثل) نقصان پہنچانے والی چیز سے ہر دم ڈرو۔

آگاہ (ع۔ صف۔ مذ) واقف۔ خبردار۔ جاننے والا۔

آگاہی (اسم مصدری) مع، واقفیت۔ خبرداری۔ اطلاع۔

آگ بگولا یا آگ بگولا (اسم صفت۔ ہ) نہایت غضب ناک۔ قہر آلود۔ غصہ سے بھرا ہوا۔

آگ بجھانا (ہ۔ محاورہ) آگ پر پانی ڈالنا۔ ٹھنڈا کرنا۔ جھگڑا تنازعہ مٹانا۔ خواہش نفسانی کو فرو کرنا۔ شہوت مارنا۔ حسد اور دشمنی نکالنا۔ بدلہ لینا۔ پیٹ بھرنا۔ پیاس بجھانا۔

آگ بجھنا (ہ۔ فعل لازم) تڑپ جاتی رہنا۔ حسد مٹ جانا۔ آگ بجھانا سے لازم فعل ہے۔

آگ برسانا (فعل متعدی) گولہ باری کرنا۔ آتش بازی کرنا۔ اللہ تعالیٰ کا سورج کی دھوپ کو تیز کرنا۔

آگ برستا (اُردو۔ محاورہ) گرمی پڑنا۔ دھوپ کا شدت سے پڑنا۔ دھوپ تیز ہو کر لُو چلنا۔

آگ بگولا بننا / آگ بگولا بن جانا۔ آگ بگولا ہونا (ہ۔ محاورہ) سخت غضب ناک ہونا۔ غصہ میں بھر آنا۔ لال پیلا ہونا۔

آگ بنانا (ہ۔ متعدی فعل) آگ سلگانا۔ غصہ دلانا۔ غضب آلود کرنا۔

آگ بن دھواں کہاں (ہ۔ مثل) ہر بات کی بنیاد ضروری ہے ہر نتیجہ کی علت ہوا کرتی ہے۔

آگ بوٹ (ا۔ مذ) دخانی جہاز سیٹمر (مرکب لفظ ہے۔ آگ + بوٹ۔

آگ بھبھو کا ہونا / آگ بھبھو کا بن جانا / آگ بھبھو کا بننا (ہ۔ محاورہ) شعلۂ آتش بھبھکنا۔ شعلۂ آتش کی طرح لال ہونا۔ گرم ہونا۔ غضب ناک ہونا۔ چہرے کا غصے کے مارے سرخ ہو جانا۔

آگ بھڑکانا (ہ۔ فعل) آگ کو پنکھا جھل کر تیز کرنا۔ فتنہ کو اٹھانا۔ فساد ڈالنا۔ محبت بڑھانا۔ بے چین کرنا۔

آگ بھڑکنا (ہ۔ محاورہ) جوش الفت کی زیادتی ہونا۔ حسد بڑھنا۔ آگ دہکنا۔ شعلے اٹھنا۔

آگ پانی کا بَیر / آگ پھولس کا بَیر (ہ۔) ذاتی دشمنی۔ طبعی خصومت۔ قدرتی بَیر۔

آگ پانی کا سنجوگ (ہ۔ محاورہ) دو مخالف چیزوں میں موافقت ہونے کے موقع پر تعجب کے طور پر بولا کرتے ہیں۔ اجتماع ضدین۔

آگ پانی کا کھیل (ہ۔ مثل) حلوائی یا باورچی اپنی بریت تمے لیے بولتے ہیں۔

آگ پر تیل ڈالنا یا پٹکانا (ہ۔ محاورہ) غصے کو اور زیادہ کرنا۔ آگ کو تیز کرنا۔

آگ پر لوٹنا (ہ۔ محاورہ) بے چین ہونا۔ انگاروں پر لوٹنا۔ حسد کے مارے تڑپنا۔

آگ پڑنا (ہ۔ فعل) دھوپ تیز ہونا۔

آگ پھانکنا (ہ۔ محاورہ) بدگوئی کرنا۔ چغلی کھانا۔ جھوٹ بولنا۔ مبالغہ حد سے زیادہ کرنا۔ شیخی مارنا۔

آگ پھنکنا (ہ۔ فعل لازم) آگ لگنا۔ کلیجہ جلنا۔ غصہ آنا۔ برافروختہ ہونا۔

آگ پھونکنا (ہ۔ فعل متعدی) آگ جلانا۔ بھون دینا۔ جلن پیدا کر دینا۔ بھرتا کر دینا۔

آگت (ہ۔ ا۔ مو۔ مصدر) اگلی نسل بیٹے پوتے اولاد وغیرہ۔

آگ تاپنا (اُردو محاورہ) آگ سے ہاتھ پاؤں کو گرم کرنا۔

آگ ٹھنڈی کرنا (ہ۔ فعل) آگ بجھانا۔ فتنہ فرو کرنا۔ لڑائی کو ختم کرنا۔ میل ملاپ کرنا۔

آگ جاگ اُٹھنا (اُردو محاورہ) بجھی آگ کا سلگ جانا۔ فساد بھڑک اُٹھنا شوق بڑھ جانا۔ محبت کا دوبارہ جوش۔

آگ جاتے لوہار جانے دھونکنے والے کی بلا جانے (ہ) فرمانبردار حکم کے نتیجے کا ضامن نہیں۔ دھونکنے والے کا کام دھونکنا ہے۔ چیز خراب ہو جائے یا درست اس کی بلا سے یہ تو لوہار کا ذمہ ہے۔

آگ جھاڑنا (ہ محاورہ) پتھر اور چقماق سے آگ لگانا۔ پھونک مار کر آگ پر سے راکھ اُڑا دینا۔

آگ دبانا یا دبنا (ہ۔ فعل) انگاروں کو راکھ سے ڈھنپنا۔ غصہ دبانا۔

آگ دھوتا (ہ۔ فعل) انگارے کی راکھ اُڑا دینا۔ جھاڑ کر خالص کر دینا۔

آگ دینا (ہ۔ فعل) دوائی کو آگ میں رکھنا۔ کسی چیز کا کشتہ کرنا۔

آگ روشن کرنا (فعل) آگ جلانا۔

آگری (ہ۔ مو۔) چوڑیاں۔

آگ سلگانا (ہ۔ محاورہ) آگ جلانا۔ آگ پر ایندھن ڈالنا۔ لگائی بجھائی کرنا۔

آگ سے پانی ہو جانا (ہ۔ محاورہ) سخت سے نرم ہو جانا۔ غصہ دور ہو جانا۔ مشکل کا دور ہو جانا۔ مشکل سے آسان ہونا۔ ناممکن سے ممکن ہو جانا۔

آگ کا باغ (ا۔ مذ) حلوائی کی کڑاہی۔ آتش نمرود۔ آتش بازی۔ سنار کی کٹھالی۔

آگ کا پتلا آگ کو دھائے (ہ۔ مثل) ہر چیز اپنی اصل کی طرف جاتی ہے۔

آگ کا جلا آگ سے ہی اچھا ہوتا ہے (ہ۔ مثل) سخت بیماری سخت دواؤں سے ہی جاتی ہے آگ کے جلے کو اگر سینک دیا جائے تو چھالا نہیں ابھرتا۔ بھٹے کا کاٹا ہے یا پتھر سے پتھر کا علاج۔ جیسے کو تیسا۔

آگ کرنا (ہ۔ فعل) غضب ناک کر دینا۔ نہایت برافروختہ کرنا۔

آگ کو آگ مارتی ہے (ہ۔ مثل) لوہے کو لوہا کاٹتا ہے۔ شریر کو شریر ہی مغلوب کرتا ہے۔

آگ کو دامن سے ڈھانکنا (ہ۔ محاورہ) عیاں امر کو چھپانے کی فضول کوشش کرنا۔

آگ کھائے انگار سگے (ہ۔ مثل) بُرے کام کا بُرا ہی انجام ہوتا ہے جیسا کرے گا ویسا بھرے گا۔ جو بوئے گا سو کاٹے گا۔

آگ کھائے منہ جلے اُدھار کھائے پیٹ (ہ۔ مثل) آگ سے منہ اور قرض سے پیٹ جل جاتا ہے۔ قرض سے اتنا ڈرو۔ جتنا آگ سے۔

آگ کہتے منہ نہیں جلتا (اُردو مثل۔ فارسی محاورہ) "از گفتن آتش دہن نمی سوزد" کا ترجمہ ہے۔ بد تاثیر کا نام لینے میں کچھ نقصان نہیں۔

آگ کے مول بکتا (ہ۔ محاورہ) مہنگا بکنا۔ گراں ہونا۔

آگ گاڑنا (ہ۔ محاورہ) راکھ میں آگ کا دبا دینا۔

آگ لگانا (ہ۔ محاورہ) جلانا۔ محبت میں گرفتار ہونا۔ بُرے کام کا شوق دلانا۔

آگ لگنا (ہ۔ فعل) جلنا۔ عشق میں پھنسنا۔ حسد ہونا۔ مہنگائی ہونا۔ غصہ آنا۔ بھوک پیاس کا غلبہ ہونا۔

آگ لگا پانی کو دوڑنا (ہ۔ محاورہ) خود ہی عیب کرنا۔ خود ہی تدارک کرنا۔ خود دو آدمیوں کو لڑا کر خود ہی صلح کرانے والا بننا۔ مکاری اور چالاکی۔

آگ لگائے تماشا دیکھے (ہ۔ مثل) فسادی شخص کو کہا کرتے ہیں لڑا کر تماشا دیکھے۔

آگ لگے (ہ) برباد ہو جائے۔ تباہ ہو جائے۔ عورتوں کی بددعا ہے۔

آگ لگے پر کنواں کھودنا (ہ۔ محاورہ) بیہودہ اور فضول کام کرنا بے موقع محنت کرنا۔ بے وقت کام کرنا۔

آگ لگے پر پانی کہاں (ا۔ محاورہ) غیظ و غضب کے وقت صبر و ہوش نہیں رہ سکتا۔

آگ لینے آیا دہ (۔ فعل) آتے ہی چلے جانا۔ جلدی واپس ہونا۔ فوراً مڑ جانا۔

آگم (ہ۔ اسم) آخرت۔ عقبیٰ۔ غیب کا علم۔

آگ میں آگ لگانا (اُ۔ ہ۔ محاورہ) غصے میں اور غصہ آنا۔ چغلی کر کے لڑائی جھگا دینا۔

آگ میں پانی ڈالنا (ہ۔ محاورہ) فساد رفع کرنا۔ غصہ مٹانا۔ جھگڑا دور کرنا۔

آگ میں جو چیز پڑی آگ ہے (ہ۔ مثل) ہر صحبت کا اثر ہوتا ہے۔

آگ میں جھونک دینا (ہ۔ فعل) جلا دینا۔ جان بوجھ کر مصیبت میں ڈالنا۔ بڑے لوگوں میں لڑکی کی شادی کرنا۔

آگ میں کود پڑنا / آگ میں گرنا (ہ۔ محاورہ) مصیبت میں قدم رکھتا جان کی پروا نہ کرنا۔

آگ ہو جانا / آگ ہونا (ہ۔ محاورہ) غصے میں لال پیلا ہونا۔ نہایت غصہ کرنا۔ چہرہ تمتما اٹھنا۔

آگے (ہ۔ تابع فعل) اسم ظرف مکان یا زمان) سامنے۔ روبرو۔ پیچھے کی ضد ہے گزشتہ اور آئندہ دونوں زمانوں کے لیے بولا جاتا ہے۔

آگیا (ہ) آپہنچا۔ چلا آیا۔

آگیا (س) اجازت۔ حکم۔ فرمان۔

آگیا پالنا (ہ۔ محاورہ) اطاعت کرنا۔ حکم ماننا۔ فرمانبرداری۔

آگے آگے (ہ۔ بہت آگے۔

آگے آنا (ہ۔ محاورہ) سامنے آنا۔ نتیجہ بھگتنا۔ پھل ملنا۔ کام آنا۔

آگے آگے گرو پیچھے پیچھے چیلا (ہ۔ مثل) چیلا گرو کی تقلید کرتا ہے جس قابلیت کا استاد اسی کا شاگرد ہو جاتا ہے۔

آگے آیت (ا) فقرہ ختم بس بات ختم ہو گئی۔

آگے بڑھنا (ہ۔ فعل) ہٹ جانا۔ سبقت لے جانا۔ ترقی کرنا۔ قدم بڑھانا بہتر ہونا۔

آگے پانا (ہ۔ فعل) قیامت کو بدلہ پانا۔ عاقبت میں سزا بھگتنا۔ دکھ بھرنا۔ صدمہ اور رنج پانا۔

آگے پیچھے (ہ۔ تابع فعل) سامنے اور غائب۔ یکے بعد دیگرے۔ پہلے دہ پہلے۔ ادھر ادھر آئندہ کو۔ وقت بے وقت بے ترتیب۔ غلط۔ ناط۔ غیر حاضری میں۔

آگے پیچھے چلنا (قطار میں نہ چلنا۔ بے ترتیبی سے چلنا۔

آگے پیچھے شب چل بسیں گے (اُ۔ مثل) دُنیا ناپائیدار ہے۔ آخر سب ہی مر جائیں گے۔

آگے جانا (ہ) سبقت لے جانا۔ رہنمائی کرنا۔ رستہ بتانا۔

آگے جائے گھٹنے ٹوٹیں پیچھے دیکھے آنکھیں پھوٹیں (اُ۔ مثل) ایک خاص طرح کی قسم ہے۔ جس کا دل رکھنا منظور ہو اس کے لیے بولیے ہیں مجبوری ناکامی کا اظہار۔ نہ راہ رفتن نہ روے ماندن۔

آگے اللہ کا نام یا آگے نام اللہ کا (اُ۔ مثل) اب خاتمہ ہے اللہ کے نام کے سوا اور کچھ نہیں۔ بس یہی ہے۔

آگے دوڑ پیچھے چوڑ (ہ۔ مثل) آگے بڑھتا جائے پیچھے بھولتا جائے۔ ہر کام نامکمل کرنا۔

آگے دوڑ پیچھے چھوڑ (ہ۔ مثل) بے جا لالچ اور طمع کر لینا۔

آگے دھر لینا یا رکھ لینا (اُ۔ محاورہ) سامنے رکھنا۔ نظر بند کر لینا۔ شکست دینا اور گرفتار کر لینا۔

آگے دھرنا یا رکھنا (ہ۔ محاورہ) نذر نیاز دینا۔ پوجا کرنا۔ منت ماننا۔ سامنے رکھنا۔

آگے دیکھ کے (ہ۔ محاورہ) ہوشیاری سے باخبر ہو کر۔ سوچ سمجھ کر۔

آگے دیکھو کے (ہ۔ محاورہ) فقیر کو ٹالنے کے لیے بولتے ہیں یا بادو سرے گھر جاؤ۔

آگے ڈال دینا (ہ۔ محاورہ) سامنے رکھ دینا۔ روبرو لا رکھنا۔ نذر کرنا۔

آگے رنگ لانا (ہ۔ فعل) آئندہ گل کھلانا۔ آگے خرابی پیدا کرنا۔ جیسے تمہاری عیاشی رنگ لائے گی۔

آگے سے (ہ۔ تابع فعل) سامنے سے روبرو سے پہلے سے۔ اول سے ابتدا سے۔

آگے سے ٹھہرانا (ہ۔ محاورہ) پہلے سے ارادہ کر لینا۔ سامنے سے روکنا۔

آگے سے ہوتی آئی ہے (ہ) ہمیشہ سے یہی سلسلہ جاری ہے ابتدا سے اسی طرح ہوتا آرہا ہے۔

آگے قدم رکھنا یا دھرنا (اُ۔ فعل) پیش قدمی کرنا۔ بڑھنا۔ ترقی کرنا۔ آغاز کرنا۔

آگے قسمت (اُ۔ ناامیدی کی حالت میں بولا کرتے ہیں۔ آگے جو تقدیر میں ہوگا سہے گا۔ ہم تو کوشش کر چکے۔

آگے کا اٹھا (اُ۔ مذ۔ ہ) جھوٹ کوٹ۔ پس خوردہ۔ جوٹھا بچا ہوا کھانا۔

آگے کا قدم پیچھے پڑنا یا ہٹنا (ا۔ ف) گھٹنا یا الٹی ترقی کرنا۔ بے چینی ہونا۔

آگے ناتھ نہ پیچھے پگا سب سے بھلا کنھیا رکا گدھا (اُ۔ محاورہ) لاوارث بے اولاد۔ جس کے آگے پیچھے کوئی نہ ہو۔ ناتھ تاک کی نکیل مراد اولاد اور پگا پاؤں میں ڈالنے کی رسی۔ یعنی عورت۔ پگ بمعنی پیر۔

آگے نکل جانا (اُ۔ محاورہ) بڑھ جانا۔ جیت جانا۔

آگے نہ ہونا (اُ۔ محاورہ) مقابلہ نہ کرنا۔ سامنے نہ ہونا۔

آگے ہاتھ پیچھے پات (اُ۔ مثل) مفلس کی نسبت بولا جاتا ہے کہ تن ڈھانکے

کو کپڑا بھی نہیں۔
آگے ہونا / مقابلہ کرنا۔ بڑھنا۔ مقابلے کو تیار ہونا۔

آ ل

آل (ہ۔ا۔ مو) نئے پیاز کے ہرے پتے۔ لمبا گھیا۔ تری۔ نمی۔ رطوبت۔
آل (ت۔ ہند) ایک درخت ہے جس کی جڑ سے سرخ رنگ نکلتا ہے۔
آل (ع۔ا۔ مو) اولاد۔ بیٹے۔ پوتے۔ نسل۔ خاندان۔ بیٹی کی اولاد نواسے وغیرہ۔
آلا (ہ) دیوار میں چراغ وغیرہ رکھنے کا طاقچہ۔ گیلا۔ تر۔ کچا زخم۔ ہرا زخم جو ابھی خشک نہ ہوا ہو۔ رزمیہ نظم۔
آلا بالا (ہ۔ا۔ ند) آرے بلے کا بگڑا ہوا۔ ٹال مٹول۔ لیت ولعل۔ حیلہ بہانہ۔
آلا بالا بتانا یا دینا (ہ) محاورہ) بہانہ کرنا۔ دم دلاسا دینا۔ ڈالنا۔
آلاپ (اُلا۔ا۔ مو) آبھتی بول۔ لاپ بمعنی چال۔ بول چال۔ نغمہ۔ آواز کا آثار چڑھاؤ۔ اونچا۔ سُر گانے کا شروع۔ گیت کا اٹھان۔
آلاپنا (درست اپنا ہے) تان اُڑانا۔ گانا۔ اونچے سروں میں گانا۔
آلات (ف۔ ند) آلہ کی جمع ہے اوزار۔ ہتھیار۔
آلا راسی (ہ) لاابالی۔ بے پروا۔ بے فکرا۔
آلا گانا (ہ) محاورہ) اپنا رونا رونا۔ اپنا قصہ چھیڑنا۔ اپنی داستان کہنا اپنی تعریف کے پل باندھنا۔
آلام (ع۔ا۔ ند) جمع الم کی۔ رنج وغم۔ فکر واندکار۔
آلان (ہ۔ا۔ مو) ہاتھی کی پیٹھ کا گدا۔ ہاتھی کے باندھنے کی جگہ۔
آل اولاد (ع۔ا۔ مو) بیٹا بیٹی۔ خاندان۔ کنبہ۔ قبیلہ۔
آلا ہونا / آلے ہونا (ہ) فعل) زخم کا ہرا ہونا۔ تازہ ہونا۔
آلائش (ف۔ مث۔ حاصل مصدر) از آلودن۔ میل۔ عیب۔ گندگی۔ پاپ۔
آل تمغا (ت) مہر شاہی۔ فرمان شاہی۔ سند۔ جس کی رو سے کسی کو زمین جاگیر ہمیشہ کے لیے ملا کرتی تھی۔
آلپٹنا (ہ) آکر پیچھے پڑنا۔ آکر چمٹ جانا۔
آلت (ع۔ ند) اوزار۔ ہتھیار۔ عضو تناسل۔
آلتی پالتی مارنا (ہ) محاورہ) چارزانو بیٹھنا۔ امیروں کی بیٹھک بیٹھنا۔
آل جنجال (ہ) بغیر اضافت) ڈراؤنا خوب۔
آل رسول (ہ۔ مو) رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹیوں کی اولاد۔
آلس (ہ۔ مو) سُستی۔ کاہلی۔
آلسی / آلسیا (ہ۔ ند) سُست۔ کاہل۔
آل عبا (ع) حضرت علیؓ حضرت فاطمۃ الزہراؓ، حضرت حسنؓ وحضرت حسینؓ سے مراد ہے۔
آل عدنان (ع) بنی اُمیہ اور بنی ہاشم سب آلِ عدنان ہیں کیوں کہ ان کے جد اعلیٰ کا نام عدنان تھا۔
آل غالب (ع) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بزرگوں میں سے ہیں۔
آلکس (ہ) سُستی۔ کاہلی۔ غفلت۔
آلکسی / آلکسیا (ہ۔ ند) سُست۔ کاہل۔ ڈھیلا کام کرنے والا۔
آلگتا (ہ۔ محاورہ) قریب تر ہونا۔ گھات میں بیٹھنا۔ ٹکر کھانا۔
آلن (ہ۔ فعل) ساگ پات میں جو بیسن ملاتے ہیں۔ اسے ٹپکی یا آلن کہتے ہیں۔
آلنا (ہ۔ ند) چیل۔ کوے وغیرہ پرندوں کا گھونسلا۔ آشیانہ۔ (آ ہلنا)
آلنگ (ہ۔ مو) گھوڑی کا جوش جوانی۔ نر کی ضرورت۔ جفتی کی خواہش۔
آلو (ہ۔ ند) مشہور ترکاری ہے۔ یہ جڑ ہے۔ تاثیر سرد وخشک۔
آلوچہ (ف) ایک لذیذ میوے کا نام ہے۔
آلو بخارا (ف۔ ند) سیاہ آلو۔ ایک کھٹ میٹھا پھل ہے دوائیوں میں بھی کام آتا ہے۔

آلو بخارا

آلودگی (ف۔ مو) آلائش گندگی۔ لتھڑنا۔ دنیا کے تعلقات۔
آلودہ (ف۔ ند) لتھڑا ہوا۔ گندا۔ بُرے کام کرنے والا۔
آلو شفتالو (ف۔ ند) لڑکوں کا ایک کھیل۔
آلودامن (ف۔ ند) گنہگار۔ پاپی۔ خطاوار۔ بُری حرکتیں کرنے والا۔
آلہ (ع۔ ند) اوزار۔ ہتھیار۔
آلۂ تناسل (ع۔ ند) مرد کے پیشاب کی جگہ۔ ذکر۔
آلۂ حرارت (ع) گرمی دیکھنے اور ناپنے کا آلہ۔ مقیاس الحرارت یا تھرمامیٹر۔
آلۂ کار (کام کا آلہ۔ وسیلہ۔ ذریعہ۔
آلۂ مہلک (ع) مار ڈالنے کا اوزار۔ ہلاک کرنے کا آلہ۔
آلی (ہ۔ مو) تر۔ گیلی۔ سیلی۔ باکرہ۔ خام۔ کچی۔
آلینا (ہ) آکر پکڑ لینا۔ تعاقب میں آنے والے کا قریب پہنچ جانا۔
آلے بالے (ہ۔ ند) حیلے بہانے۔ ٹال مٹول۔ لیت ولعل۔

آ - م

آم (ہ۔ ند) برصغیر پاک وہند کا مشہور اور مزے دار پھل اور اس کا درخت انبہ۔ کچا کیری کہلاتا ہے۔ پیڑ کا پکا ہوا یا پال کا پکا آم۔
آماج (ف۔ ا۔ ند) نشانہ۔
آماج گاہ (بغیر اضافت) میدان جنگ۔ مقابلے کا میدان۔
آمادگی (ف۔ مو) تیاری۔ رضامندی۔
آمادہ (ف) تیار۔ رضامند کرنا / ہونا۔
آماس (ف۔ ند) ورم۔ سوجن۔ سوج۔
آم بوؤ آم کھاؤ، املی بوؤ املی کھاؤ (ہ۔ مثل) جیسا کرو گے ویسا بھرو گے۔ جو بوؤ گے سو کاٹو گے۔
آم پال ڈالنا یا رکھنا (ہ) محاورہ) کچے آموں کو بھوسں وغیرہ میں رکھ کر پکانا۔
آم ٹپکنا (ہ) محاورہ) درخت سے آموں کا پک کر گرنا۔
آمد (ف۔ مو) آمدن کا حاصل مصدر۔ آنا آنے کی خبر۔ آمدنی۔ حاصل۔ بات کا خود بخود دل میں پیدا ہونا۔ آورد کی ضد۔
آمد آمد (ف۔ مو) کسی بڑے آدمی یا لیڈر وغیرہ کا آنا۔ آنے کی مشہوری
آمد بر آمد کے دن (ا) تبدیلیٔ موسم کا وقت۔
آمد رفت (ف) آنا جانا۔
آم کھانے یا پیڑ گننے (ہ۔ مثل) اپنے مطلب سے کام۔ فضول باتوں سے کیا غرض۔

آم کھایئے پال کا، خربوزہ کھایئے ڈال کا، پانی پیجئے تال کا (ہ) عاقلوں کے تجربے ہیں۔ ان چیزوں کے استعمال کا یہی طریقہ صحیح ہے۔

آم میں بور آنا (ہ) آم میں پھول آنا۔ آم کے درخت میں پھول آنا۔

آمدن بہ ارادت و رفتن بہ اجازت (ف۔ مثل) آنا اپنی خواہش سے اور جانا اجازت سے ہوتا ہے۔

آمدنی (ف۔ مو) فائدہ۔ نفع۔ روپیہ۔ پیسے کے آنے کی صورت۔

آمد و شد (ف) آنا جانا۔ تعلق۔ آمد و رفت۔

آمر (ع۔ مذ) حاکم۔ ڈکٹیٹر۔ حکم دینے والا۔

آمریت (ع۔ مو) شہنشاہی۔ ظالم کی حکومت۔ ایک شخص کی حکومت امر کرنیوالے کی حکومت

آمرزش (ف۔ مو) معاف کرنا۔ بخشش۔

آمرزگار (ف) معاف کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ۔ بخشنے والا۔

آمرزگاری (ف۔ مونث) بخشش۔

آملہ (ف۔ م) ایک پھل ہے جو دواؤں میں کام آتا ہے مربا اور اچار بھی ڈالتے ہیں۔

آمن (مونث۔ ہ) چھوٹا سا پتلا آم۔

آمنا سامنا (ا) مقابلہ۔ لڑائی۔ مٹھ بھیڑ۔ سخت باتیں۔ رُو در رو۔

آمنا و صدقنا (ع) ٹھیک۔ درست۔ بجا۔ واقعی۔ ہم ایمان لاتے اور تصدیق کرتے ہیں۔

آمنہ (ع) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ محترمہ کا نام مبارک ہے۔

آموختہ (ف۔ ا۔ مذ) مفعول از آموختن۔ پڑھا ہوا۔ پچھلا سبق۔

آموزگار (ف۔ ا۔ مذ) (اسم فاعل ترکیبی از آموختن) سکھانے والا پڑھانے والا۔ اُستاد۔ ٹیچر۔

آمیزش (ف۔ مو) حاصل مصدر از آمیختن۔ ملاوٹ۔

آمیزہ (اصطلاح سائنس) مکسچر۔ دو یا دو سے زیادہ چیزوں سے مرکب۔

آمین (ع) دعائیہ کلمہ ہے اللہ کرے۔ ایسا ہی ہو۔ اللہ دعا قبول کرے۔

آمین آمین ہونا خوشیاں منانا۔ مراد بر آنا۔

آمین پڑھنا۔ بچے کے قرآن مجید ختم ہونے پر ایک خاص تقریب ہے۔

آمین کہنا۔ خوشامدی۔ ہاں میں ہاں ملانا۔ دُعا کے بعد یہ کلمہ زبان سے ادا کیا جاتا ہے۔

آ - ن

آن (ہ۔ مؤنث) سوگند۔ قسم۔ عہد۔ ممانعت۔ منت۔ خواہش۔ خاطر۔ پاس۔ لحاظ۔ آبرو۔ عزت۔ لاج۔ شرم۔

آن (ع۔ ا۔ مو) وقت۔ گھڑی۔ ساعت۔ لمحہ۔

آن (ف۔ اسم۔ مؤنث) معشوقانہ انداز۔ چھب۔ شان۔ نازِ محبوبی۔ طرز۔ ڈھنگ۔ غرور۔ گھمنڈ۔ ملکیت۔ قبضہ۔

آنا (ہ۔ مصدر ہے) آمدن کا ترجمہ اپنی طرف سے کسی طرف حرکت کرنا پہنچنا چلنا۔ سامنے آنا۔ تشریف لانا۔ ملنا۔ ملاقات کرنا۔ آگے بڑھنا۔ نکلنا۔ نمودار ہونا۔ لوٹنا۔ واپس آنا۔ داخل ہونا۔ گھسنا۔ اترنا۔ ٹھہرنا۔ لہرانا۔ مائل ہونا۔

آنہ (مذ) روپے کا سولھواں حصہ۔ چار پیسے۔ اب یہ سکہ متروک ہے۔

آنا جانا (ہ) آمد و رفت۔ تعلق۔ واسطہ۔

آن بان (ا۔ مؤنث) (آن بمعنی انداز + بان بمعنی عادت۔ سج دھج شان و شوکت غرور۔ اکڑ۔ وضع۔ ڈھنگ۔ ناز و ادا۔

آن بان والا (ا۔ مذ) سج دھج والا۔ ٹھاٹھ والا۔ وضعدار۔ بانکی چھب والا۔

آنب (ہ۔ مذ) (گنوار بولی ہے) آم۔ آم کا درخت انبہ۔

آن بننا (ہ۔ محاورہ) مصیبت پڑنا۔ سختی آنا۔

آنت (ہ۔ اسم مؤنث) انتڑی۔ لمبائی سے تشبیہ۔ بہت لمبی۔ جیسے شیطان کی آنت۔

آنت اُترنا / آنت بڑھ آنا (محاورہ) ایک بیماری ہے جس میں آنت خصیوں میں اُتر آتی ہے اور فوتوں میں درد اور ورم ہو جاتا ہے۔ فتق۔

آنت بھاری ہونا (محاورہ) پیٹ میں خرابی ہونا۔ سُوءِ ہضم ہونا۔

آنت بھاری تو مات بھاری (ہ۔ مثل) پیٹ میں خرابی ہو تو سر میں درد ہو جاتا ہے۔

آن توڑنا (محاورہ) اقرار توڑنا۔ قسم توڑنا۔ خلاف عادت و رسم کرنا۔

آنتوں کا بل کھولنا (فاقے کے بعد خوب پیٹ بھر کر کھانا۔

آنتیں سمیٹنا / آنتیں موسنا (ہ۔ محاورہ) فاقہ کشی کرنا۔ بھوکا رہنا۔ بھوک سہنا۔

آنتیں سوکھنا (محاورہ) بھوک کے مارے آنتوں میں خشکی آنا۔ سخت فاقہ رہنا۔

آنتیں گلے میں آنا (محاورہ) قے کی مصیبت جھیلنا۔ بلا میں پھنسنا۔ مصیبت میں گرفتار ہونا۔

آنتیں مُنہ کو آنا (محاورہ) کلیجہ مُنہ کو آنا۔ تنگ ہونا۔ جی اکتانا۔ تنگ ہونا۔ ناک میں دم آنا۔ سانس گھٹنا۔

آنٹ (ہ۔ اسم مؤنث) گرہ۔ گانٹھ۔ گل جھٹی۔ بل۔ دشمنی۔ ان بن۔ رکاوٹ۔ کینہ۔ مخالفت۔ رگڑ۔ جو سنار لوگ کھوٹا کھرا پرکھنے کو ریتی سے زیور پر دے کر آگ میں تپاتے ہیں۔ وہ رگڑ آنٹ کہلاتی ہے۔

آنٹ پڑنا (محاورہ) گرہ پڑنا۔ ناراض ہو جانا۔ نفاق ہونا۔

آنٹ سانٹ (ہ۔ مؤنث) (آنٹ گرہ اور سانٹ جوڑ) جوڑ توڑ سازش حیلہ بہانہ۔ دوستی۔ محبت۔ میل ملاپ۔

آنٹ لگانا (ہ) سنار کا زیور کو پرکھنا۔ رگڑ لگانا۔ گرہ دینا۔ عداوت ہونا۔

آنٹ نکلنا (محاورہ) رکاوٹ جاتی رہنا۔ کدورت دور ہونا۔ دشمنی جاتی رہنا۔

آنٹی (ہ۔ اسم مؤنث) کشتی کا ایک داؤ ہے یعنی ٹانگ اڑا کر حریف کو گرا دیا کرتے ہیں۔ ارنگا۔ سوت کی انٹی۔ دھوتی کی اڑاسن۔ لکڑیوں کا گٹھا۔

آنٹی (انگ۔ مؤنث) خالہ۔ پھوپھی۔ ممانی، چچی۔ تائی۔ Anti

آنٹی دینا / آنٹی مارنا (محاورہ) اڑنگا مارنا۔ ٹانگ میں ٹانگ مار کر گرا دینا۔

آنٹی لگانا (محاورہ) باندھنا۔ ٹھونسنا۔

آنجو (دکنی) (ا۔ نحہ۔ آنسو۔ انجوان جمع ہے۔

آنچ (ہ۔ مؤنث) گرمی۔ تپش۔ رنج۔ نقصان۔ صدمہ۔ شعلہ۔ لو کا۔

آنچ آنا (محاورہ) دُکھ پہنچانا۔ صدمہ ہونا۔ شرمندہ ہونا۔
آنچ دکھانا (محاورہ) گرم کرنا۔ جلانا۔ آگ دکھانا۔ تھوڑا گرم کرنا۔
آنچ کھانا (محاورہ) زیادہ پک جانا۔ تاؤ کھانا۔ پگھلنا۔
آنچ کا کھیل ہے (مثل) مشکل کام ہے۔ دقت طلب کام ہے۔ جان جوکھوں کا کام۔
آنچ نہ آنا فعل) تکلیف نہ پہنچنا۔ صدمہ نہ ہونا۔ ندامت نہ آنا۔
آنچل (مذ) اوڑھنی کا سرا۔ گھونگٹ۔ پلّا۔ ہندو عورتیں پستان کے معنی بھی بولتی ہیں۔
آنچل پڑنا (محاورہ) دوپٹا کسی چیز سے چھو جانا۔
آنچل پھاڑنا (محاورہ) جادو۔ ٹونا کرنا۔ دوپٹے کا کنارہ کتر لینا۔ گھونگٹ کے دنوں میں نوعروس کا گستاخانہ کلام کرنا۔ بے ادب ہونا۔
آنچل پلّو (مذ) دوپٹے کے ایک کنارے پر خوب زری وغیرہ لگا کر بھاری بنا لیتے ہیں۔ اس کو آنچل پلو کہتے ہیں۔ ایک خاص وضع کی اوڑھنی جو دکن اور بنارس میں تیار ہوتی ہے۔
آنچل دابنا یا دبانا (محاورہ) پستان کو بچے کا منہ میں دابنا۔ اور دودھ پینا۔
آنچل ڈالنا (محاورہ) دولھا کو اس کی سسرال کے گھر میں دروازے سے صدر مقام تک اس کی بہن کا آنچل ڈال کر لے جانا۔ اور نیگ لینا۔
آنچل لینا (محاورہ) تعظیم کے طور پر قدم لینا۔ پاؤں پڑنا۔
آنچل ممنہ پر لینا یا رکھنا (فعل) گھونگٹ نکالنا۔
آنچل میں بات باندھنا (محاورہ) بات کو یاد رکھنا۔ نصیحت یاد رکھنا بات کو اچھی طرح حافظہ میں رکھنا تاکہ بھولے نہیں۔
آنچل میں گرہ دینا (محاورہ) کسی بات کو یاد رکھنے کے لیے دوپٹے یا رومال وغیرہ میں گانٹھ دے لینا۔
آنچل میں سات باتیں باندھنا (محاورہ) جادو کرنا۔ ٹونا کرنا۔ ٹوٹکا کرنا۔
آنحضرتؐ / آل سرورؐ (ف۔ا۔ مذکر) آنحضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے مراد ہے۔ تعظیماً آپؐ کے نام کی جگہ بولتے ہیں۔
آندھ (مؤنث) سیاہی۔ کلونس۔ کالک اندھیرا۔
آندھ آنا (محاورہ) عورتوں کی زبان ہے) رتوندا ہونا۔ اندھیرا چھانا۔ مصیبت آنا۔
آندھی (اسم مؤنث) تند ہوا۔ جھکڑ۔ ہوا کا طوفان۔ گرد و غبار۔ صفت ہوا) چالاک۔ نہایت تیز۔
آندھی اُٹھنا / آندھی آنا / آندھی چڑھنا (محاورہ) ہوا کا طوفان اٹھنا گرد و غبار اٹھنا۔ آفت آنا۔ بلا نازل ہونی۔
آندھی آئے بیٹھ جائے مینہ آئے بھاگ جائے (ض) آندھی اگر آ جائے تو آدمی کو بیٹھ جانا چاہیے۔ اور بارش میں بھاگ کر کہیں سایہ میں ہو جانا چاہیے۔ مجاز اً تھوڑی تکلیف برداشت کرے۔ زیادہ ہو تو تیز ہو جائے۔
آندھی کے آم (اسم مذکر) آندھی سے گرے ہوئے آم۔ بہت سستی چیز۔ مفت برابر۔
آندھی کی طرح آیا اور بگولے کی طرح چلا گیا (ز۔ محاورہ) بڑی تیزی سے آیا اور بہت جلد چلا گیا۔
آندھی ہونا (محاورہ) تیزی اور چالاکی کرنا۔ فضول خرچی کرنا۔ بڑی جلدی اور تیزی سے کام کرنا۔
آنڈیا / آنڈھ (اسم مذکر) خصیہ۔ فوطہ۔ کپورا۔ پیلڑا۔
آنڈھ بڑھنا (محاورہ) خصیوں کا بڑھ جانا۔ نزول کے پانی کا اتر آنا۔
آنڈو بیل (اسم مذکر) وہ بیل جسے خصی نہ کیا گیا ہو۔ سانڈ۔ بجار۔ (صفت) ہٹا۔ سست۔ کاہل۔
آنڈے بانڈے سے کھانا (محاورہ) ہانڈنا بمعنی بھرنا۔ اور بانڈنا بمعنی تقسیم کرنا ہے۔ ہر نا پھرنا۔ ہوا کھانا۔ تتر بتر ہو جانا۔ ادھر ادھر ہٹ جانا۔
آں را کہ حساب پاک است از محاسبہ چہ باک (ف۔ مثل) جس کا حساب صاف ہے اسے پڑتال سے کیا ڈر ہے جو عیب دار نہیں اسے جانچ اور امتحان سے کچھ ڈر نہیں۔
آنریبل (Honourable۔انگ۔اسم) ذی مرتبہ۔ ذی عزت آدمی۔
آنریری (Honorary) اعزازی۔ امتیازی۔ بلا تنخواہ کام کرنے والا۔
آنسر (Answer۔ انگ) جواب دینا۔
آنسو (مذکر) غم یا خوشی کی حالت میں آنکھوں سے بہتا ہوا پانی۔ لٹھوہ۔ آبکھو۔ ہنجو
آنسو آنا (محاورہ) آنکھ میں پانی بھر آنا۔ آنسو ٹپکنا۔
آنسو ایک نہیں کلیجہ ٹوک ٹوک (مثل) جھوٹ موٹ کا رونا۔ بناوٹ کا رونا۔ ٹوک ٹوک بمعنی ٹکڑے ٹکڑے۔
آنسو بہانا (فعل) رونا اشک رواں کرنا۔
آنسو بھر آنا / آنسو بہانا (محاورہ) آنکھوں میں پانی آ جانا۔ رونے کے قریب ہو جانا۔ آبدیدہ ہونا۔
آنسو پونچھنا (محاورہ) آنسو خشک کرنا۔ کپڑے یا ہاتھ سے آنسو صاف کر دینا۔ دلاسا دینا۔ تسلی دینا۔ تشفی دینا۔
آنسو چھوٹ نکلنا (محاورہ) بے اختیار آنسو بہ جانا۔ اشک جاری ہو جانا۔
آنسو پی جانا / آنسو پینا (محاورہ) ضبط گریہ کرنا۔ رونے کو روکنا۔ صدمہ سہار لینا۔ چپکے چپکے رونا۔
آنسو توڑ (اسم مذکر) بے موسم بارش۔ بے وقت کا مینہ۔
آنسو ڈالنا (محاورہ) گریہ کرنا۔ زار زار رونا۔ آنسو بہا لینا۔
آنسو ڈبڈبانا (محاورہ) رونے کے نشان ظاہر کرنا۔ آنکھیں پانی سے بھر جانا۔
آنسو ڈھال (مؤنث) ڈھلکے کی بیماری۔ جو گھوڑوں یا آدمیوں کو ہو جاتی ہے۔
آنسو کی لڑائی (مؤنث) مسلسل آنسو بے درپے۔ متواتر آنسو آنا۔
آنسو نکل پڑنا (محاورہ) بے اختیار آنسو آ جانا۔ بے اختیار رونا۔
آنسوؤں سے منہ دھونا (محاورہ) پھوٹ بہنا۔ زار و قطار رونا۔
آنسوؤں کا تار بندھنا / آنسوؤں کی جھڑی لگنا (محاورہ) لگاتار آنسو بہنا۔ آنسوؤں کا بارش کی طرح یکشرت گرنا۔
آنسوؤں کا چھالا (اُ۔ا۔مذ) آنسوؤں کی گرمی کا آبلہ۔
آن قدح بشکست و آں ساقی نماند (ف۔ مثل) نہ وہ پیالہ رہا نہ وہ

پلانے والے۔ وہ دن گئے کہ خلیل خاں فاختہ اُڑاتے تھے۔ نہ وہ صحبت نہ وہ لطف۔

آنگ (ا ر۔ اسم مذکر) ہندسہ۔ پرکھ۔ جانچ۔ کپڑے پر قیمت کا نشان۔

آنکڑا (ہ۔ اسم مذکر) خمدار۔ کانٹا۔ ہک کھونڈی کی شکل کی مڑی ہوئی۔ سلاخ۔ لکیر۔ بانک۔

آنکس (ہ۔ مذ) ہاتھی کو چلانے کے لیے کونچنے کی سلاخ۔

آنکنا (ہ۔ فعل) جانچنا۔ قیمت کا اندازہ لگانا۔ منتروں سے زہریلے پھوڑوں کو دم کرنا۔ یا زہریلے جانور کے کاٹے کو روکنا۔

آنکھ (اُر۔ ا۔ مو) دیکھنے کا آلہ۔ نین۔ نیر چشم۔ دیدہ۔ عین۔ نظر۔



آنکھ

آنکھ اٹکنا / آنکھ اُلجھنا (ہ۔ محاورہ) آشنائی ہونا۔ عشق و محبت ہونا۔ لگن لگ جانا۔

آنکھ اُٹھا کر دیکھنا (ہ محاورہ) توجہ سے دیکھنا۔ نظر اونچی کر کے دیکھنا نظرِ مہر سے دیکھنا۔ آنکھ ملانا۔ نظر بھر کر دیکھنا۔

آنکھ اُٹھانا (ہ۔ محاورہ) نظر اونچی کرنا۔ آنکھ اوپر کرنا۔ ہاتھ اٹھانا۔ چھوڑ دینا۔

آنکھ اُچٹ جانا (ہ۔ محاورہ) جاگ اٹھنا۔ نشانہ چوک جانا۔ آنکھ کھل جانا۔

آنکھ آشنا نہیں (ہ۔ محاورہ) آنکھ نے دیکھا نہیں۔ ناواقف۔ اجنبی چیز۔

آنکھ آنا (ہ۔ فعل) آنکھ دکھنا۔ آنکھ میں آشوب ہو جانا۔

آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل (ہ۔ محاورہ) نظر سے غائب چیز گویا پہاڑ کی اوٹ میں ہے۔ غائب چیز۔ خواہ نزدیک ہی ہو پھر بھی دور ہی ہے۔

آنکھ اونچی نہ کرنا (ہ محاورہ) شرم کرنا۔ ادب و لحاظ کرنا۔ شرم کے مارے نظر نہ اٹھانا۔

آنکھ ایک نہیں کجلوٹیاں لونڈی (ہ۔ مثل) بدصورتی ہے اور آرائش کا پھر خیال۔ کجلوٹی کاجل رکھنے کی ڈبیا۔ سرمہ دانی۔

آنکھ بچا جانا (ہ۔ محاورہ) نظر بچا کر نکل جانا۔ کھسک جانا۔ چشم پوشی کرنا۔

آنکھ بچنا (ہ۔ فعل) نگاہ چوکنا۔ کسی کی ذرا سی غفلت کرنا۔ غافل پانا۔ دھیان سے نہ دیکھنا۔

آنکھ بچا کر آنا (ہ۔ محاورہ) چھپ کر آنا۔ چوری سے آنا۔

آنکھ بچی مال دوسروں کا (ہ۔ مثل) نگاہ چوکی ذرا غفلت ہوئی اور مال غائب۔ تھوڑی سی غفلت میں دشمن کا داؤ چل گیا۔

آنکھ بدل جانا / آنکھ بدلنا / آنکھ بدل لینا (ہ۔ محاورہ) بے مروتی کرنا۔ بے وفائی برتنا۔ خفا ہو جانا۔ سابقہ مہربانیاں نہ رہنا۔ پہلی سی عنایت کا جاتا رہنا۔

آنکھ برابر کرنا (ہ۔ محاورہ) آنکھ سامنے کرنا۔ مقابل کرنا۔

آنکھ برابر نہ کر سکنا (ہ۔ فعل) شرم کے مارے نظر نہ اُٹھا سکنا۔ شرم و حیا کرنا۔

آنکھ بنانا (ہ۔ محاورہ) آنکھ سے موتیا دُور کرنا۔ آنکھ کا علاج کرنا۔ پھوٹی ہوئی آنکھ کی جگہ پتھر وغیرہ کی آنکھ لگانا۔ آنکھ میں بینائی آنے کا علاج کرنا۔

آنکھ بند کر کے کوئی کام کرنا (ہ۔ محاورہ) بے پروائی سے کام کرنا۔ بے سوچے کوئی کام کرنا۔ یوں ہی اندھا ہو کر کام کرنا۔

آنکھ بند کر لینا (ہ۔ فعل) مر جانا۔ سو جانا۔ غافل ہونا۔ بے وفائی کرنا خوفزدہ ہو جانا۔ بے حیائی برتنا۔

آنکھ بند کرنے میں (ہ۔ تابع فعل) پلک جھپکنے میں۔ ذرا سی دیر میں۔

آنکھ بند کیے چلے جاؤ (ہ۔ فقرہ) بے دھڑک چلے جاؤ۔ بے خوف جاؤ۔ سیدھے چلے جاؤ۔

آنکھ بند ہونا (ہ۔ محاورہ) آنکھ مندنا۔ سو جانا۔ خوف ہونا۔ مر جانا۔

آنکھ بنوانا (آنکھ کا پانی نکلوانا۔ آنکھ کا جالا کٹوانا) کسی چیز کی پرکھ کرنا۔ بینائی حاصل کرنا۔ لیاقت و تمیز سیکھنا۔

آنکھ بھر کر دیکھنا (ہ۔ محاورہ) گھورنا۔ نظر بھر کر دیکھنا۔ بُری طرح غور سے دیکھنا۔ توجہ کرنا۔

آنکھ بھر لانا (ہ۔ محاورہ) آنسو بھر لانا۔ آنکھ میں پانی ڈبڈبانا۔

آنکھ بھون ٹیڑھی کرنا / آنکھ بھون چڑھانا / تیوڑی چڑھانا خفا ہو جانا۔ ناراض ہو جانا۔ غصہ ظاہر کرنا۔

آنکھ بیٹھ جانا (ہ۔ محاورہ) آنکھ کے ڈھیلے کا اندر کو دھنس جانا۔

آنکھ پر چڑھنا (ہ۔ محاورہ) پسند خاطر ہونا۔ نظر میں جچ جانا۔ نظروں میں سمانا۔

آنکھ پر تنکا رکھنا (محاورہ) آنکھ کا پھڑکنا۔ آنکھ بند کر کے پھر پر تنکا رکھ لینا۔ ٹوٹکا کرنا۔

آنکھ پڑنا (ہ۔ محاورہ) نظر پڑنا۔ دیکھ جانا۔ عاشق ہونا۔ اتفاقیہ نظر آنا۔ محبت ہونا۔ لالچ اور رغبت کی نگاہ سے دیکھنا۔

آنکھ پسیجنا (ہ۔ محاورہ) آنسو آنا۔ شرم کرنا۔ شرمانا۔ درد آنا۔

آنکھ پھاڑ پھاڑ کے دیکھنا / آنکھ چیر چیر کے دیکھنا (اُر محاورہ) پیار اور محبت کی نظر سے دیکھنا۔ غور سے دیکھنا۔ بڑی توجہ سے دیکھنا گھورنا۔ حیرانی اور پریشانی سے دیکھنا۔

آنکھ پھر جانا یا آنکھ پھیرنا (ہ۔ محاورہ) نظر پھرنا۔ رُخ پھرنا۔ خفا ہو جانا۔ نگاہ چوکنا۔

آنکھ پھڑکنا (ہ) آنکھ کی پلک کا ہلنا۔ خود بخود آنکھ کے چھپر میں حرکت ہوتے رہنا اس سے لوگ شگون بھی لیا کرتے ہیں۔

آنکھ پہچاننا (ہ۔ محاورہ) تیور پرکھنا۔ نظر پہچاننا۔ دیکھ کر تاڑ لینا۔ اشارے پر چلنا۔

آنکھ پھوٹنا (محاورہ) بینائی کا نہ رہنا۔ اندھا ہونا۔ نابینا ہو جانا۔ عورتیں بچہ مرنے کے معنی بھی لیتی ہیں۔

آنکھ پھوٹی پیڑ گئی یا بھاگی (ہ۔مثل) جب رشتہ ہی نہ رہا تو ہمدردی کہاں روز روز کی تکلیف سے ایک دفعہ کا بھاری نقصان سہ لیا جب آنکھ ہی نہ رہی تو درد اڑ گیا۔

آنکھ پھوڑ ٹڈا (ہ۔اسم مذکر) ایک سبز رنگ کا کیڑا ہوتا ہے جو آک کے پودے پر ہوتا ہے اس کے پر اندر کی طرف سے سُرخ سے ہوتے ہیں۔ بے مروت اور احسان فراموش آدمی۔

آنکھ پھوڑنا (ہ۔محاورہ) اندھا کرنا۔ نظر سے زیادہ کام لے کر اس کو خراب کر لینا۔

آنکھ پھیر لینا (ہ۔محاورہ) ناراض ہونا۔ غصے سے چڑھ جانا۔ مر جانا۔

آنکھ ٹھنڈی کرنا (ہ۔محاورہ) تسلی دینا۔ دوست سے مل کر خوش ہونا۔

آنکھ ٹیڑھی کرنا (ہ محاورہ) بے رحمی برتنا۔ آنکھ پھیرنا۔ بے مروتی اختیار کرنا۔

آنکھ جا پڑنا (ہ۔محاورہ) یکایک نظر جا پڑنا۔ اتفاقاً دیکھ پانا۔

آنکھ جا لڑنا (ہ۔محاورہ) عاشق ہو جانا۔ فریفتہ ہونا۔

آنکھ جمنا (ہ۔محاورہ) آنکھ کو حرکت دینا۔

آنکھ جھپکنا (ہ۔محاورہ) ذرا سو رہنا۔ روشنی کی تاب نہ لانا۔ ڈرنا۔

آنکھ جھکنا (ہ۔فعل) شرم کے مارے آنکھیں نیچی ہونا۔

آنکھ چار آنکھیں چار ہونا (محاورہ) نظر سے نظر ملنا۔ ملاقات ہونا سامنے ہونا۔

آنکھ چرا کر دیکھنا (ہ۔محاورہ) دوسرے کی نظر بچا کر دیکھنا۔ چوری چوری دیکھنا۔

آنکھ چرانا / آنکھ چھپانا / آنکھ چمکانا (ہ) مُنہ چھپانا۔ شرمانا۔ لجانا چھپنا بے مروتی کرنا۔

آنکھ چمکانا (ہ۔محاورہ) آنکھ مٹانا۔ کانے آدمی کی ایک آنکھ سے دیکھنا۔

آنکھ دبنا یا دبانا (ہ۔محاورہ) مغلوب ہونا یا کرنا۔ کسی سے دب جانا۔

آنکھ دکھانا (ہ۔محاورہ) گھرکنا۔ دھمکانا۔ رمز و کنایہ کرنا۔ رو دکھانا۔ چشم نمائی کرنا۔

آنکھ دکھنا (ہ۔محاورہ) آنکھ میں درد ہونا۔ آشوب چشم۔

آنکھ دوڑانا (ہ۔فعل) تلاش۔ جستجو۔ تجسس کرنا۔ تلاش کرنا۔

آنکھ دھوئی دھوائی (ہ۔ا۔مؤنث) صاف آنکھ۔ مجازاً بے حیائی۔ بے شرمی۔ بے مروتی۔

آنکھ دیکھنا (ہ) کسی کی صحبت میں رہنا۔ صحبت کا اثر رکھنا۔ شاگرد رہنا۔ تعلیم حاصل کرنا۔

آنکھ ڈالنا (ہ۔محاورہ) ملاحظہ کرنا۔ عشق کرنا۔ دانت رکھنا۔ نیت بد رکھنا۔

آنکھ ڈبڈبانا (ہ۔محاورہ) آنسو بھر لانا۔ رنجیدہ ہونا۔

آنکھ رکھنا (ہ۔محاورہ) اُمید رکھنا۔ سہارا لینا۔ پہچان اور پرکھ رکھنا۔ تاکنا بُری نظر سے دیکھنا۔

آنکھ روشن ہونا (ہ۔محاورہ) کسی کی ملاقات سے خوش ہونا۔ آنکھوں میں بینائی آجانا۔

آنکھ سامنے نہ رکھنا (ہ۔محاورہ) شرمندہ ہو کر نہ بلانا۔ شرم کرنا۔

آنکھ سامنے نہ ہونا (ہ۔محاورہ) نظر اوپر نہ ہونا۔ نظر ملنا۔ برداشت نہ کرنا۔

آنکھ سے آنکھ ملانا (ہ۔محاورہ) سامنے ہونا۔ روبرو آنا۔ مقابلہ کرنا۔ برابری کرنا۔

آنکھ سے دیکھ کر کام کرنا (ہ۔محاورہ) غور و توجہ سے کام کرنا۔ ہوشیاری سے کام کرنا۔

آنکھ سے آنکھ لڑنا (ہ۔محاورہ) آنکھیں چار ہونا۔ عاشق ہونا۔

آنکھ سے اوجھل ہونا (ہ۔محاورہ) نظر سے اوٹ میں ہونا۔ نظر نہ آنا۔ نظر سے غائب ہونا۔

آنکھ سے سلام لینا (اُ۔فعل) سلام ملنے کا اشارہ کرنا۔ زبان کی جگہ آنکھ سے جواب سلام دینا۔

آنکھ سیدھی ہونا (ہ محاورہ) نظر مہر ہونا۔ نظر عنایت ہونا۔

آنکھ سے گرنا (ہ) ذلیل ہونا۔ بے عزت ہو جانا۔ قدر و منزلت نہ رہنا۔

آنکھ سے گرانا (ہ۔محاورہ) بے قدر کرنا۔ خوار و حقیر سمجھنا۔ برا جاننا۔

آنکھ سے لہو ٹپکنا یا آنا (ہ محاورہ) رونے کی اس قدر کثرت ہونا کہ آنسو کی جگہ لہو ٹپک آئے۔

آنکھ سینکنا (ہ۔محاورہ) خوب صورتوں کو گھورنا۔ دیدار بازی کرنا۔ نظارہ کرنا۔

آنکھ کا اندھا گانٹھ کا پورا (ہ۔مثل) بے وقوف گاہک جسے مال خریدنے کی تمیز نہ ہو۔ فضول خرچ امیر۔ بیوقوف مال دار۔

آنکھ کا پانی ڈھل جانا (ہ۔محاورہ) بے شرم ہو جانا۔ بے حیا بن جانا بے لحاظ اور بے مروت ہونا۔

آنکھ کا پردہ (اُ۔مذ) آنکھ کی جھلی۔ لحاظ۔ شرم۔

آنکھ کا تارا (ہ۔مذکر) مردمک۔ چشم۔ آنکھ کی پتلی۔ آنکھ کا تل۔ نورِ نظر بیٹا اولاد۔ معشوق۔ محبوب۔ قرۃ العین۔

آنکھ کا جالا (ہ۔مذ) آنکھ کا پھولا۔ پتلی پر سفید جھلی سی آجاتی ہے۔

آنکھ کا حجاب (اُ۔مذ) آنکھ کی شرم۔ آنکھ کا لحاظ۔ آنکھ کے اوپر کی جھلی۔

آنکھ کا ڈورا (اُ۔مذ) جاگنے یا نشے کی صورت میں آنکھ کی سفیدی پر اُبھر آنے والی رگیں۔

آنکھ کا ڈھلکا (اُ۔مذ) بیماری سے آنکھ سے پانی بہنا۔

آنکھ کا ڈھیلا (اُ۔مذ) آنکھ کے اندر کا گول حصہ جس میں پُتلی ہوتی ہے۔

آنکھ کا غبار (اُ۔مذ) آنکھ کا دھندلا پن۔ آنکھ سے صاف نظر نہ آنا۔

آنکھ کا کاجل چُرانا (اُ۔ محاورہ) چوری کے فن میں اُستاد ہونا۔ کمال ہوشیار ہونا۔

آنکھ کا لہو کی بوٹی ہونا (ہ۔محاورہ) نظر جما کر دیکھنا۔ آشوب یا صدمہ سے آنکھ کا لال ہو جانا۔

آنکھ کان سے درست ہونا (اُ۔مثل) بالکل درست ہونا۔ جس جانور میں کوئی عیب نہ ہو اس کی نسبت بولا جاتا ہے۔

آنکھ کا ناسور (ہ۔ا۔مذ) آنکھ کا وہ زخم جس سے ہمیشہ پانی جاری رہے۔

آنکھ کھلنا (محاورہ) جاگنا۔ بیدار ہونا۔ ہوشیار ہونا۔ ہوش آنا۔ حقیقت معلوم ہونا۔

آنکھ کھلی کی کھلی رہ جانا (ہ۔محاورہ) نہایت متحیر و ششدر رہنا۔ ہکا بکا رہ جانا۔

آنکھ کھولنا (محاورہ) ہوش سنبھالنا۔ کیفیت حال سے واقفیت ہونا۔

آنکھ کی بدی بھنوؤں کے آگے (ہ۔مثل) موقع پر بولتے ہیں جہاں کسی شخص کی بدی اس عزیز دوست کے سامنے بیان کی جائے۔

آنکھ کے بل چلنا (اُر۔ محاورہ) انتہائی شوق کا اظہار کرنا۔

آنکھ کی پُتلی (ہ۔ مؤنث) آنکھ کا کالا حصہ۔ مردمک چشم (آنکھ کی ڈھیری) (پنجابی)

آنکھ کی پُتلی پھرنا (ہ۔ محاورہ) موت کی علامت ظاہر ہونا۔

آنکھ کی ٹھنڈک (اُر۔ مؤنث) وہ محبوب جس کے دیکھنے سے دل کو آرام و چین آجائے۔

آنکھ کی حیا (اُر۔ مؤنث) آنکھ کی شرم۔ منہ دیکھے کی مروت۔ آنکھ کا لحاظ۔

آنکھ کے سامنے یا آنکھ کے آگے (ہ۔ فعل تابع) دیکھتے دیکھتے۔ روبرو موجودگی میں۔

آنکھ کی سیل (اُر۔ امو) آنکھ سے بہنے والا پانی۔

آنکھ کی کیچڑ (اُر۔ امو) وہ کثافت جو آنکھ کے کونوں میں جمع ہو جاتی ہے۔ (پنجابی) کِکڑ۔

آنکھ کی مروت (اُر۔ مو) شرم و حیا۔ عورت کا فطری حجاب۔

آنکھ گاڑنا۔ (ہ محاورہ) نظر جما کر دیکھنا۔ ٹکٹکی باندھ کر گھورنا۔

آنکھ گرم کرنا (اُر۔ محاورہ) نظارہ بازی کرنا۔

آنکھ گڑنا (اُر۔ محاورہ) نظر جمنا۔

آنکھ لال کرنا (اُر۔ محاورہ) آنکھ سرخ کرنا۔ غضب ہونا۔ خفا ہونا۔ غصے ہونا۔

آنکھ لجانا (ہ۔ محاورہ) شرم کرنا۔ حیا کرنا۔ لاج کے مارے شرمندہ ہونا۔

آنکھ لجائی دھی پرائی (ہ۔ مثل) اس موقع پر بولا کرتے ہیں۔ جب لڑکی والے نانا مانگنے پر لڑکے والوں سے شرم کے مارے نظر نیچی کر لیتے ہیں۔ لڑکے والے سمجھ لیتے ہیں کہ الحمد موٹی نیم رضا۔ بس اب یہ رشتہ ہو گیا۔

آنکھ للچائی ہوئی پڑنا۔ (محاورہ) بڑے پیار سے دیکھنا۔ لالچ اور خواہش سے دیکھنا۔

آنکھ لڑانا۔ (محاورہ) گھورنا۔ تاکنا۔ آنکھیں چار کرنا۔ عاشق ہونا۔

آنکھ لگا مرد۔ (ہ۔ مذکر) وہ آدمی جس کی شادی ایسی عورت سے ہو۔ جو پہلے سے آشنا ہو چکی ہو۔

آنکھ لگانا۔ (ہ۔ محاورہ) عشق کرنا۔ سو رہنا۔ تاک میں ہونا۔ انتظار کرنا۔

آنکھ لگنا۔ (محاورہ) سو جانا۔ عاشق ہونا۔ انتظار۔ تاک۔

آنکھ لگی۔ (ہ۔ مونث) وہ عورت جس کو کوئی آدمی آشنائی کے بعد نکاح میں لے آئے۔

آنکھ مارنا۔ (ہ محاورہ۔ اشارہ کرنا۔ پلک جھپکنا۔

آنکھ مچ جانا یا مُند جانا (ہ۔ محاورہ) مر جانا۔ آنکھ بند ہونا۔ سو جانا۔

آنکھ مچولی یا آنکھ مچول۔ (ہ۔ مذکر) بچوں کا ایک کھیل ہے۔ ایک کی آنکھیں میچ کر باقی چھپ جاتے ہیں پھر وہ آنکھیں کھول کر ڈھونڈتا ہے اور جسے پکڑ لیتا ہے یا چھو لیتا ہے وہ چور بن جاتا ہے۔ اور پھر اس کی آنکھیں بند کرتے ہیں۔ اسی طرح کھیل جاری رہتا ہے۔

آنکھ ملنا۔ (ہ) آنکھیں چار ہونا۔ نظر سے نظر ملنا۔ ایک دوسرے کو دیکھنا۔

آنکھ مَلنا۔ (ہ۔ فعل) اونگھ یا نیند سے اُٹھتے وقت آنکھ کو ہاتھ سے رگڑنا۔

آنکھ مُندنا۔ (ہ۔ فعل) آنکھ بند ہونا۔ آنکھ میچنا۔ سونا۔ مر جانا۔

آنکھ مُوندنا۔ (ہ۔ فعل) آنکھ میچنا۔ دُنیا چھوڑ جانا۔ مر جانا۔

آنکھ میلی کرنا۔ (محاورہ)۔ بے رُخی اور بے مروتی کرنا۔ تیوری چڑھانا۔

آنکھ میں آنکھ ملانا یا آنکھ میں آنکھ ڈالنا۔ (ہ۔ فعل) گھورنا۔ نظر سے نظر ملا کر غور سے دیکھنا۔

آنکھ میں بسنا / آنکھ میں رہنا (محاورہ) آنکھ میں گھر کرنا۔ محبوب ہونا۔ پیارا ہونا۔ اپنا شیدا کر لینا۔ بھانا۔ پسند آنا۔

آنکھ میں پانی نہیں۔ (ہ۔ مثل) بے شرم ہے۔ حیا نہیں۔ اندھی آنکھ۔

آنکھ میں چبھنا یا آنکھ میں بیٹھنا۔ (محاورہ)۔ بھلا لگنا۔ پسند خاطر ہونا۔

آنکھ میں چوب آنا۔ (ہ۔ فعل) کسی چیز سے آنکھ کا چبھ جانا۔ آنکھ کا صدمہ سے سُرخ ہونا۔

آنکھ میں جگہ کرنا۔ (محاورہ) پیارا ہونا۔ محبوب ہونا۔ پسند آنا۔

آنکھ میں ذرا سیل نہیں۔ (ہ۔ مثل) بالکل بے شرم ہے۔ قطعاً لحاظ نہیں۔

آنکھ میں سمانا۔ (ہ۔ محاورہ) دیکھیے آنکھ میں بسنا۔

آنکھ میں شرم تھی دل کی نرم تھی۔ (ہ۔ مثل) نہایت باحیا اور بامروت کی نسبت بولتے ہیں۔ جو کسی نے کہا جھٹ مان لیا۔

آنکھ میں شرم ہو تو جہاز سے بھاری ہے (ہ۔ مثل) شرمیلا آدمی بہت ہی باعزت ہوتا ہے۔

آنکھ میں کھٹکنا۔ (ہ محاورہ) بُرا لگنا۔ بار خاطر ہونا۔ ناگوار گزرنا۔

آنکھ میں نیل کی سلائی پھیرنا۔ (ہ محاورہ) آنکھ پھوڑنا۔ اندھا کر دینا۔

آنکھ ناک سے درست ہونا۔ (ہ محاورہ) خوبصورت ہونا۔ بے عیب ہونا۔

آنکھ ناک سے ڈرنا (محاورہ) اللہ سے ڈرنا۔ کہ کہیں عیب دار نہ کر دے۔

آنکھ نہ پڑنا۔ (اُر۔ محاورہ) رغبت اور دھیان نہ کرنا۔ توجہ نہ کرنا۔

آنکھ نہ پسیجنا۔ (اُر۔ محاورہ) آنکھ میں آنسو نہ آنا۔ بے رحم اور سنگ دل ہونا۔ بے حیائی ہونا۔

آنکھ نہ جھپکنا (اُر۔ محاورہ) جاگتے رہنا۔ شرمندہ احسان نہ ہونا۔ نظر جمی رہنا۔ ٹکٹکی بندھنا۔ نیند نہ آنا۔ پلک سے پلک نہ لگانا۔

آنکھ نہ دیدہ کاڑھے کشید۔ (ہ۔ مثل) بے ہنر اگر ہنرمندی کا دعویٰ کرے تو اس وقت بولا کرتے ہیں کہ ظاہری سامان تو ندارد ہے ہنر کہاں سے ہوگا۔

آنکھ نہ ناک بنو چاندسی (مثل) یہ فقرہ طنزاً بولا جاتا ہے یعنی آنکھ اور ناک تو خوبصورت نہیں پھر دلھن اچھی کہاں۔ بدصورتی میں حسن کا دعویٰ۔

آنکھ نہ لگنا۔ (ہ) جاگتے رہنا۔ بیدار رہنا۔ نیند نہ آنا۔

آنکھ نیچی ہونا۔ (ہ) شرمندہ ہونا۔ حیا کرنا۔

آنکھ والا۔ (ہ۔ اسم مذکر) بینا آدمی۔ ہوشیار۔ پہچان اور شناخت والا۔

آنکھ ہے۔ (رُو۔ جملہ) ارادہ ہے۔ نیت ہے۔ خیال ہے۔ فکر ہے۔

آنکھوں آنکھوں میں باتیں کرنا۔ (ہ محاورہ) اشاروں میں باتیں کر لینا۔ اشارہ بازی۔

آنکھوں آنکھوں میں رات کٹنا۔ (محاورہ) تمام رات جاگتے ہی جاگتے بسر ہونا۔

آنکھوں پر بٹھانا / آنکھوں پر جگہ دینا } (ہ محاورہ) نہایت عزت و تعظیم کرنا۔ بڑی محبت ہونا۔

آنکھوں پر بیٹھے یا بیٹھو / آنکھوں پر آیئے یا آؤ } (ہ۔ محاورہ) جم جم آیئے۔ یہ جملہ فرط محبت و عقیدت کے وقت بولا جاتا ہے۔

آنکھوں پر پٹی باندھنا یا باندھ لینا۔ (ہ محاورہ) احسان فراموش ہو جانا۔ بے مروت ہونا۔

آنکھوں پر پردہ پڑنا یا پڑ جانا۔ (ہ محاورہ) اندھا اور بے خبر ہو جانا۔ دھوکے میں آ جانا۔

آنکھوں پر پلکوں کا بوجھ نہیں ہوتا۔ (ہ۔ محاورہ) اپنا پیارا دل کو بُرا نہیں لگتا۔

آنکھوں پر ٹھیکری رکھنا یا رکھ لینا۔ (ہ محاورہ) احسان فراموش ہونا۔ بے مروت ہونا۔

آنکھوں پر دیوار اُٹھانا۔ (محاورہ) انکار کرنا۔ منکر ہو جانا۔ مکر جانا۔

آنکھوں تلے پھرنا۔ (ہ۔ محاورہ)۔ بار بار خیال آنا۔ ہر وقت دھیان رہنا۔ نظروں پر رہنا۔

آنکھوں پر قدم۔ (رُو) نہایت تعظیم اور عزت کے وقت مہمان کو کہا کرتے ہیں تشریف لائے۔ قدم پر چشم یعنی آپ کے قدم ہمارے سر آنکھوں پر بہت عزت افزائی کرنا۔

آنکھوں دیکھا۔ (ہ۔ اسم مذکر) آنکھوں سے دیکھا ہوا۔ چشم دید۔

آنکھوں دیکھا مانا کانوں سُنا نہ مانا۔ (ہ) دیکھ لینے سے سُننے کی نسبت زیادہ یقین ہو جاتا ہے۔

آنکھوں دیکھا بھٹ پڑے مجھے کانوں سننے دے۔ (ہ مثل) کسی کی دیکھی ہوئی بات کو غلط اور اپنی سنی ہوئی بات کو سچ بتانے کی ضد کرنا۔

آنکھوں دیکھتے مکھی نہیں نگلی جاتی (ہ محاورہ) جاندیدہ دانستہ مصیبت میں نہیں پڑا جاتا۔

آنکھوں سکھ کلیجے ٹھنڈک۔ (ہ۔ محاورہ) بڑی خوشی۔ نہایت آرام ہے منظور ہے۔

آنکھوں سے۔ (ہ۔ تابع فعل) بڑی خوشی سے بسر و چشم دل و جان سے۔

آنکھوں سے اُترنا (ہ محاورہ) حقیر ہونا۔ نظر سے گر جانا۔

آنکھوں سے اُٹھانا۔ (ہ۔ محاورہ) نہایت عزت و تعظیم سے اٹھانا۔ عزت و توقیر کرنا۔

آنکھوں سے بجالانا۔ (ہ محاورہ) کسی حکم کی تعمیل نہایت خوشی سے کرنا۔

آنکھوں سے تلوے سہلانا۔ (محاورہ)۔ آنکھوں کا تلوے سے ملنا۔ پرلے درجے کی محبت ظاہر کرنا۔

آنکھوں سے دم نکلنا۔ کسی کے انتظار میں دم نکلنا۔ مرتے وقت روح آنکھ ناک۔ کان۔ منہ وغیرہ کے سوراخوں سے نکلتی ہے۔

آنکھوں سے دیکھا نہ کانوں سے سُنا۔ (ہ۔ محاورہ) کسی نہایت پر تعجب واقعہ کی نسبت بولا کرتے ہیں۔ یعنی یہ ایسا واقعہ ہے کہ دیکھا نہ سُنا۔

آنکھوں سے دیکھا جو کبھی کانوں سے بھی نہ سُنا تھا۔ یہ جملہ عجیب و غریب امر کے تجربے کے وقت کہا کرتے ہیں۔ وہ امور جو کبھی کانوں میں بھی نہ سُنتے تھے۔ اب آنکھوں دیکھ لیے اور تجربے میں آ گئے۔

آنکھوں سے خون بہانا۔ (ہ محاورہ) بکثرت رونا۔ اتنا رونا کہ پانی کی جگہ خون آنے لگے۔

آنکھوں سے کام کرنا۔ (ہ محاورہ) بڑی خوشی سے کوئی کام کرنا۔ نہایت شوق سے کوئی کام کرنا۔

آنکھوں سے لگانا۔ (ہ محاورہ) نہایت تعظیم کرنا۔ عزت کرنا۔ قدر کرنا۔

آنکھوں سے لگانا یا لگا کے رکھنا۔ (ہ) فعل۔ عزت سے رکھنا۔ محبت سے رکھنا۔

آنکھوں سے معذور ہونا۔ (محاورہ) آنکھوں سے نظر نہ آنا۔ نابینا ہونا۔ اندھا ہونا۔

آنکھوں سے نیند اُڑنا۔ (ہ محاورہ) بیخوابی رہنا۔ نیند نہ آنا۔ آرام نہ رہنا۔

آنکھوں سے تیل ڈھلنا۔ (ہ محاورہ) اصل میں نیر بمعنی پانی ہے بگڑ کر تیل ہو گیا۔ مرنے کی علامت ہے۔ قریب المرگ ہونا۔

آنکھوں کا پانی ڈھل جانا۔ (ہ محاورہ) بے حیا اور بے شرم ہو جانا۔ شرم و حیا جاتے رہنا۔

آنکھوں کا تیل نکالنا۔ (محاورہ۔ آنکھوں سے باریک ترین کام لینا۔ نظر پر زور دینا بہت کام لینا۔

آنکھوں کا چلنا پھرنا۔ (ہ) نگاہ کا شوخی سے نہ ٹھہرنا۔ اِدھر اُدھر دیکھنا۔

آنکھوں کا رونا۔ (محاورہ۔ آنکھوں سے ہمیشہ پانی چلنا۔ بیمار رہنا۔ آنکھوں کا شکوہ۔ آنکھوں کی شکایت۔

آنکھوں کا نور۔ (رُو۔ مذکر) آنکھوں کی روشنی۔ بیٹا۔ اولاد نرینہ۔

آنکھوں کو رو بیٹھنا۔ / آنکھوں کو کھو بیٹھنا۔ } (ہ محاورہ۔ بینائی گنوا بیٹھنا۔ آنکھوں سے لاچار ہونا۔

آنکھوں کے آگے۔ (ہ) فعل۔ تابع فعل۔ روبرو نظر کے سامنے۔ آنکھوں کے سامنے۔

آنکھوں کے آگے آنا (رُو۔ محاورہ) روبرو۔ نظر کے سامنے۔

آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا / آنکھوں کے آگے اندھیرا چھانا } (ہ) فعل۔ ضعف بصر ہونا نظر کمزور ہونا۔ بے ہوش ہو جانا غم و رنج کی کثرت سے بھائی منہ دینا غشی آ جانا۔ روشنی کی وجہ نظر نہ آنا۔

آنکھوں کے آگے ہونا / آنکھوں کے تلے پھر جانا / آنکھوں کے نیچے پھرنا / آنکھوں کے سامنے پھرنا } (ہ محاورہ) کسی چیز کا ہو بہو تصور نظر کے سامنے آ جانا۔ نظر آنا۔ بعینہٖ نقشہ جم جانا۔ اصل بات کا خیال صحیح صحیح آ جانا۔

آنکھوں کے آگے تارے چھٹکنا / آنکھوں کے آگے تارے چھوٹنا } (ہ) نظر کی کمزوری یا سر پر صدمہ پڑنے سے آنکھوں کے سامنے ذرے سے

اُڑتے دکھائی دیا کرتے ہیں۔ ان کو تارے چھٹکنا کہتے ہیں۔

آنکھوں کے آگے ناک سوجھے کیا خاک۔ بیوقوف کو طنزاً کہا کرتے ہیں۔ اپنا اور اپنے عزیزوں کا عیب بالکل دکھائی نہیں دیتا۔ صریح بیوقوف۔

آنکھوں کے اندھے نام نین سکھ آنکھوں کے اندھے نام شیخ روشن۔ (ہ۔ محاورہ) بے جا اور غلط نام کے موقع پر بولا کرتے ہیں۔ ناجائز تعریف۔

آنکھوں کے بل چلنا۔ (اُر۔ محاورہ) نہایت تعظیم بجالانا۔ نہایت ادب سے چلنا۔

آنکھوں کے آگے چاند نا۔ (ہ) آنکھ کا خیرہ ہو جانا۔ دماغ کو صدمہ پہنچنے سے تارے چھوٹنے لگنا۔ کچھ دکھائی نہ دینا۔

آنکھوں کی پتلیاں پتھرانا۔ (اُر) آنکھوں کی روشنی جاتی رہنا۔ پتلی کا بے حس ہو جانا۔ یہ حالت بوقتِ مرگ طاری ہو جاتی ہے۔ نہایت انتظار کرنا۔

آنکھوں کے ڈورے (ہ۔ مذکر) آنکھ کی سفیدی میں سُرخ سُرخ لکیریں۔ آنکھ کی رگیں۔

آنکھوں کے ڈھیلے۔ (ہ۔ مذکر) سفیدی اور سیاہی ملی جلی۔ دیدے۔

آنکھوں کی سوئیاں نکالتی رہ گئیں۔ (ہ۔ جملہ) تمام کام ہو گیا۔ تھوڑا سا باقی رہ گیا ہے۔ ہاتھی نکل گیا۔ دُم رہ گئی۔

آنکھوں کی راہ سے دل میں آنا۔ (اُر۔ محاورہ) نظر آتے ہی دل میں جا بسنا۔ پسند خاطر محبوب ہونا دل اور آنکھوں دونوں کا پیارا۔

آنکھوں کے ناخن لو یا لواؤ۔ (وُر۔ محاورہ) شناخت سیکھو۔ پرکھ پیدا کرو۔ غفلت دُور کرو۔ دیکھنے کی قابلیت حاصل کرو۔

آنکھوں میں۔ (ہ۔ تابع۔ فعل) نظروں کے روبرو۔ سامنے۔ نظروں میں۔

آنکھوں میں آنا۔ (ہ۔ محاورہ) نشہ ہونا۔ چڑھنا۔ آنکھوں میں سمانا۔ نظر پر چڑھنا۔

آنکھوں میں اندھیرا آنا۔ (ہ) رنج و غم کے باعث کم دکھائی دینا۔ دُھندلا نظر آنا۔ غش آنا۔ خیرگی ہونا۔

آنکھوں میں بچن ہونا۔ (ہ۔ محاورہ) اشاروں میں قول و قرار ہو جانا۔ آنکھوں میں محبت کی باتیں ہو جانا۔

آنکھوں میں بسنا۔ (اُر۔ محاورہ) پسند خاطر ہونا۔ ہر وقت دل میں اور تصوّر میں موجود رہنا۔

آنکھوں میں بھنگ گھٹنا۔ (ہ۔ محاورہ) بھنگ کے نشہ میں سرشار ہونا۔ بد مست ہونا۔

آنکھوں میں بیٹھنا۔ (آنکھوں میں چبھنا۔ آنکھوں میں پسند آنا۔ بھا جانا۔

آنکھوں میں پالنا۔ (ہ) بڑی محبت اور پیار سے پرورش کرنا۔ نہایت ہی حفاظت اور نگہبانی سے پالنا۔

آنکھوں میں پھرنا۔ (اُر۔ محاورہ) کسی کی صورت کا خیال ہر وقت نظروں میں رہنا۔ بار بار خیال آنا۔

آنکھوں میں پھر جانا۔ (اُر۔ محاورہ) یاد آ جانا۔ کسی بات کا سماں آنکھوں کے سامنے آ جانا۔ کوئی بھولی ہوئی بات دل آ جانی۔

آنکھوں میں پھیکا لگنا۔ (ہ۔ محاورہ) نظروں میں اچھا نہ معلوم ہونا۔ نگاہ میں نہ جچنا۔ حقیر معلوم دینا۔

آنکھوں میں پی جانا۔ (ہ۔ محاورہ) ضبط گریہ کرنا۔ خاموش ہو رہنا۔ کسی کی حرکت بد دیکھ کر غصّے کو دبا لینا۔ یا کسی مرغوب چیز کو خاموشی سے دیکھتے رہنا۔

آنکھوں میں تکلے چبھونا یا گھپونا۔ (ہ) زنانہ محاورہ ہے۔ نہایت تکلیف دینا از حد دُکھ دینا۔ یہ سزا پہلے زمانے میں لونڈیوں باندیوں کو سخت خطا پر دی جاتی تھی)۔

آنکھوں میں تلنا۔ (اُر۔ محاورہ)۔ نظروں میں جچنا کسی چیز کا ہلکا اور سبک ہونا۔

آنکھوں میں جان آنا۔ (اُر۔ محاورہ) جاں بلب ہونا۔ قریب المرگ ہونا۔

آنکھوں میں ٹھنڈک پڑنا۔ درد میں تخفیف ہونا۔

آنکھوں میں جھتے پڑنا۔ (اُر۔ محاورہ) نظروں میں فرق آنا۔ کچھ کا کچھ دکھائی دینا۔ عام لوگوں کی بولی ہے۔

آنکھوں میں جگہ دینا۔ (اُر۔ محاورہ) نہایت محبت سے رکھنا۔ عزیز رکھنا۔ پیار سے رکھنا۔ پیارا جاننا۔

آنکھوں میں جہان اندھیرا ہونا
آنکھوں میں جہان تاریک ہونا
آنکھوں میں جہان سیاہ ہونا
(اُر۔ محاورہ) رنج و غم کے مارے کچھ نہ دکھائی دینا۔ مصیبت اور رنج میں عمر کٹنا۔ غشی کی حالت رہنا کچھ اچھا نہ لگنا۔

آنکھوں میں چرانا۔ (ہ) فعل۔ سب کے روبرو دھوکا دے دینا۔ چوری اور عیاری میں کمال کرنا۔

آنکھوں میں چربی چھانا۔ (اُر۔ محاورہ) آنکھوں کی بینائی کم ہو جانا۔ غرور اور تکبر سے نیک و بد کی تمیز نہ کرنا۔ اپنی حالت کو نہ دیکھنا۔ غافل رہنا۔

آنکھوں میں چڑھنا۔ (اُر۔ محاورہ)۔ نظر میں جچنا۔ منظورِ نظر ہونا۔ پسند آ جانا۔ بھلا لگنا۔ بھانا۔

آنکھوں میں چکا چوند ہونا۔ (ہ۔ فعل) سورج یا تیز روشنی دیکھ کر آنکھیں چُندھیا جانا۔ روشنی کی تاب نہ لانا۔ نگاہ کا خیرہ ہونا۔

آنکھوں میں حلقے پڑنا۔ (اُر۔ محاورہ) لاغری اور کمزوری کے بعد آنکھوں کا اندر کو دھنس جانا۔

آنکھوں میں خار گزرنا۔ (اُر۔ محاورہ) ناگوار معلوم ہونا۔ بُرا لگنا۔ کھٹکنا۔

آنکھوں میں خاک۔ (و) نظر بد سے بچاؤ کے لیے کہا کرتے ہیں۔ جیسے چشم بد دور۔ آنکھوں میں خاک کیا پیارا بچہ ہے۔ سائل کو نہ دینے کے وقت غصہ سے بھی بولتے ہیں۔ کچھ نہیں۔ بالکل نہیں۔

آنکھوں میں خاک ڈالنا
آنکھوں میں خاک جھونکنا
آنکھوں میں دھول ڈالنا
(ہ۔ محاورہ) آنکھوں میں مٹی ڈالنا۔ دھوکا دینا۔ مکر و فریب کرنا۔ بُری چیز کو گاہک کی نظر میں اچھا دکھانا کسی چیز کو چرا لینا۔

آنکھوں میں خون اُتر آنا۔ (اُر۔ محاورہ)۔ غصّے کے بارے آنکھیں لال انگارا ہو جانی نہایت ہی غضبناک ہونا۔ آنکھیں غضب سے سُرخ ہو جانی۔

آنکھوں میں خون برسنا۔ (اُر۔ محاورہ) خونخواری اور جلادی ظاہر ہونا۔ درندگی کا اظہار۔

آنکھوں میں دم آجانا۔ (ہ) مرنے کے قریب ہونا۔ جان بلب ہونا۔

آنکھوں میں ڈر رہنا۔ (ہ) دل میں خوف رہنا۔

آنکھوں میں رات کاٹنا۔ (ہ۔محاورہ) جاگتے جاگتے رات گزارنا۔ بے چینی میں رات کاٹنا۔ تکلیف میں تمام رات گزارنا۔ انتظار کرنا۔

آنکھوں میں رات کٹنا۔ (اُر۔محاورہ) کسی کے انتظار یا بے قراری میں رات گزارنا۔ تمام رات جاگنا۔

آنکھوں میں رائی لُون۔ (ہ۔محاورہ) عورتوں کی بولی ہے جب کسی بچے یا اچھی چیز کو کوئی ٹوکتا ہے تو نظر بد نہ لگنے کے خوف سے کہہ دیا کرتی ہیں۔

آنکھوں میں رسیلا پن ہونا۔ (ہ۔محاورہ) آنکھوں کا خوبصورت وعمدہ ہونا۔

آنکھوں میں رہنا۔ (اُر۔محاورہ) ہر وقت تصوّر میں رہنا۔ دھیان میں رہنا۔ نہایت پیارا اور خوبصورت محبوب ہونا۔

آنکھوں میں رتجگا ہونا۔ (اُر۔محاورہ) حالت بیداری میں رات گزارنا۔

آنکھوں میں سرسوں پھُولنا } (ہ۔محاورہ) زردی ہی دکھائی دینا۔ ہر
آنکھوں میں ٹیسو پھُولنا } چیز بھلی لگنی۔ نشہ ہونا۔ باغ باغ ہونا۔

آنکھوں میں سفیدی چھانا۔ (اُر۔محاورہ) اندھا ہونا۔ مُردک پر جانے کا چھا جانا۔

آنکھوں میں سمانا۔ (اُر۔محاورہ) آنکھوں میں گھر کرنا۔ تصوّر میں جم جانا۔ اس کے برعکس آنکھوں میں کھٹکنا کے معنی میں بھی آتا ہے۔

آنکھوں میں سمال بندھنا (ہ۔محاورہ) کسی کیفیت کا لطف آنا۔ تصوّر میں اس کا خیال رہنا۔

آنکھوں میں شرم نہ ہو تو ڈھیلے اچھے۔ (ضرب) بے شرم اور بے لحاظ آنکھوں سے مٹی کے ڈھیلے اچھے ہیں۔

آنکھوں میں کھائے جاتا ہے۔ (ہ۔محاورہ) نہایت خوبصورت آنکھیں ہیں آنکھوں میں گھائل کرتا ہے آنکھوں سے جی بھائے لیتا ہے اس کی زد سے بچنا مشکل ہے غصّے سے آنکھیں نکال کر خوف ہی سے مار ڈالتا ہے۔

آنکھوں کھُب جانا یا کھُبنا۔ (ہ) نظر کو نہایت بھانا۔ نگاہ کو پسند آنا۔ بھلا لگنا۔ آنکھوں میں بیٹھ جانا۔

آنکھوں میں کھٹکنا۔ (ہ) بُرا لگنا۔ ناگوار معلوم ہونا۔ کسی کو دیکھ کر جلنا۔

آنکھوں میں کوٹ کوٹ کے موتی بھرے ہیں۔ (ہ) نہایت چمکدار آنکھیں ہیں۔ نہایت عمدہ اور خوبصورت رسیلی آنکھیں ہیں۔

آنکھوں میں گھر کرنا۔ (ہ) فعل۔ آنکھوں میں بسنا۔ پسند خاطر ہونا۔ منظور نظر ہونا۔

آنکھوں میں لہو اُترنا۔ (ہ) غصّے کے مارے آنکھیں سُرخ ہو جانا۔

آنکھوں میں مُروّت نہ ہونا (ہ) فعل۔ بے حیا و بے وفا ہونا۔ کسی پر احسان نہ کرنا۔

آنکھوں میں موہنی ہے۔ (ہ) آنکھوں میں جادو ہے آنکھوں میں دوسرے کو مسخر کر لینے کی قوّت ہے آنکھوں میں لبھا لینے کی قوت ہے۔

آنکھوں میں نمک ڈالنا } (اُر۔محاورہ) اندھا کرنا۔
آنکھوں میں لون دینا } دُکھ دینا۔ سخت تکلیف میں ڈالنا۔
آنکھوں میں نمک جھونکنا } بے نور کر دینا۔ جالے اور پھولے کے کاٹنے کو ذرا سا نمک آنکھوں میں لگانا۔

آنکھوں میں نقشہ کھینچنا یا کھچ جانا یا پھر جانا۔ (ہ۔محاورہ) کسی بات کا سماں آنکھوں میں ہو بہو ہو آجانا۔ کوئی بات پورے طور پر یاد آجانا۔

آنکھوں والو آنکھیں بڑی نعمت ہے (ضرب۔فقرہ) اندھے فقیروں کی صدا ہے۔ دیکھنے والو۔ آنکھیں بڑی نعمت ہیں۔ ان کی قدر کرو۔ یہ اللہ کی بڑی عنایت ہے۔

آنکھوں ہی آنکھوں میں۔ (ہ۔تابع فعل) اشاروں ہی اشاروں میں۔ چوری چوری۔ اشارے کنائے میں۔

آنکھوں ہی آنکھوں میں چُرا لینا۔ (ہ۔محاورہ) کمال عیاری کرنا۔ سب کے روبرو چُرا لینا۔ خواہ کتنی ہی حفاظت کرو۔ پھر بھی سب کے سامنے اُڑا لینا۔

آنکھیں آنا۔ (ہ۔فعل) آنکھیں دُکھنا۔ آنکھیں درد کرنا۔ سُرخ ہونا۔

آنکھیں اُلٹ جانا۔ (ہ۔محاورہ) آنکھوں پر ورم سخت ہونا۔ آنکھیں سوُج جانا انتظار میں تھک جانا۔ قریب المرگ ہونا۔

آنکھیں آسمان سے لگی ہیں۔ (ضرب۔محاورہ) بارش نہ ہونے یا دعا قبول نہ ہونے یا کبوتروں کی اُڑان یا انتظار میں آنکھیں آسمان کی طرف ہونا۔

آنکھیں اُمنڈنا۔ (ضرب) آنکھوں میں رونے کا طوفان ہونا۔ رونے کا جوش ہونا۔

آنکھیں بچھانا۔ (ہ۔محاورہ) کمال تواضع سے پیش آنا۔ فارسی میں دیدہ و دل فرش راہ بولتے ہیں۔ اس سے لیا گیا ہے۔

آنکھیں بدلنا۔ (اُر۔محاورہ) بے توجہی اور بے مروتی کرنا جان کنی کا وقت۔

آنکھیں بھبھو کا ہونا۔ (اُر۔محاورہ) غصّے یا گرمی سے آنکھیں سُرخ ہو جانا۔ یکایک غصّے میں آجانا۔ سخت غصّے کا اظہار۔

آنکھیں بنانا۔ (ہ۔فعل) دیکھو آنکھ بنانا۔

آنکھیں بند کرنا۔ (اُر۔محاورہ) سونا۔ مر جانے سے مراد بھی ہے تصوّر جمانا۔ مراقبہ کرنا۔ بے ہوشی اور غفلت ہونا۔ حیران ہونا۔

آنکھیں بھر آنا۔ (اُر۔محاورہ) آب دیدہ ہونا۔ آنکھوں میں آنسو بھر آنا۔

آنکھیں بھر کر دیکھنا۔ (اُر۔محاورہ) پورے طور دیکھنا۔ نہایت غور سے دیکھنا۔

آنکھ بیٹھ جانا۔ (اُر۔محاورہ) ضعف اور لاغری سے آنکھوں کا اندر کی طرف دھنس جانا۔

آنکھیں پتھرانا۔ (اُر۔محاورہ) آنکھوں کا اندھا ہونا۔ بے نور ہو جانا۔ بینائی نہ رہنا۔

آنکھیں پھیر لینا } (اُر۔محاورہ) خفا ہو جانا۔ بے مروت ہونا۔ توجہ
آنکھیں پلٹ جانا } نہ کرنا۔ مُنہ پھیر لینا۔ دشمن بن جانا۔

آنکھیں پونچھنا۔ (ہ۔محاورہ) ۔ آنسو صاف کرنا۔ تسلی اور دلاسا دینا۔ آنکھوں سے چیپڑ اور میل صاف کرنا۔

آنکھیں پھٹنا۔ (ہ۔محاورہ) درد اور تکلیف کی شدت ہونا۔ اور ایسا معلوم ہونا گویا آنکھیں نکل پڑتی ہیں۔ ہکا بکا رہنا۔ رشک کرنا۔ حسد کرنا۔

آنکھیں پھر جانا۔ (ہ۔محاورہ) تیور بدل جانا۔ بے مروت ہو جانا۔ پتلیوں کا اوپر کو چڑھ جانا۔ بہ حالت نزع میں ہوتا ہے۔

آنکھیں پھوڑنا۔ (ہ۔محاورہ) اندھا کرنا۔ اندھا ہونا۔ بے حد رونا۔ انتظار کرنا۔ دیدہ ریزی کرنا۔ بکثرت کام کرنا۔

آنکھیں پھیرے توتے کی سی باتیں کرے مینا کی سی۔ (ہ۔مثل) دوست کا دشمن۔ دل میں کچھ زبان پر کچھ۔ منافق طبع۔ باتیں میٹھی میٹھی دوستوں جیسی اور کام دشمنوں جیسے۔ خود غرض۔

آنکھیں ترسنا۔ (اُ۔محاورہ) دیدار کی آرزو ہونا۔ ملاقات کی سخت خواہش رکھنا۔ تمنائے دیدار میں اضطراب بے قراری ہونا۔

آنکھیں پھوٹنا۔ (ہ) اندھا ہونا۔ درد کی شدت سے سخت تکلیف ہونا۔

آنکھیں تلوؤں سے ملنا۔ (ہ۔محاورہ) اظہار اُلفت کرنا۔ سخت خوشامد اور پیار کرنا۔ فرط عقیدت کا اظہار۔

آنکھیں ٹمٹمانا (ہ۔فعل) ذرا ذرا آنکھیں کھولنا۔ زندگی کا نشان ہے۔

آنکھیں ٹھنڈی کرنا۔ (ہ) دید بازی کرنا۔ دیکھ کر خوش ہونا۔ پیارے کو دیکھ کر تسلی ہونا۔

آنکھیں جاتی رہنا۔ (ہ۔فعل) اندھا ہونا۔ بینائی نہ رہنا۔ روشنی کا جاتا رہنا۔

آنکھیں جلنا۔ (ہ۔فعل) آنکھوں میں سوزش ہونا۔ جلن ہونا۔

آنکھیں جھپکنا۔ (ہ۔محاورہ) شرمندہ ہو جانا۔ لجانا۔ آنکھ سامنے نہ ہو سکنا۔ نیند کا آنا۔ روشنی کی تاب نہ لا سکنا۔ آنکھوں کا کھلنا اور بند ہونا۔

آنکھیں چار ہونا۔ (اُ۔محاورہ) روبرو ہونا۔ مقابل ہونا۔ ملنا۔ ملاقات کرنا۔

آنکھیں چُرانا۔ (ہ) چشم پوشی کرنا۔ تجاہل عارفانہ۔ کترانا۔ چھپنا۔

آنکھیں چرلے گئی ہیں۔ (ہ) استفہامیہ فقرہ ہے۔ یعنی کیا تیری آنکھیں غائب ہو گئیں۔ جو تو سامنے پڑی چیز کو نہیں دیکھتا۔

آنکھیں چڑھانا۔ (اُ۔محاورہ) تیوری پر بل ڈالنا۔ خفا اور ناراض ہونا۔ بے توجہ ہونا۔ خاطر میں نہ لانا۔

آنکھیں چڑھنا۔ (ہ۔محاورہ) نشہ کا خمار ہونا۔ آنکھوں میں نیند ہونا۔ بخار کی شدت میں بولتے ہیں۔

آنکھیں چوندھیانا یا چندھیانا۔ (ہ) کسی روشن چیز کو دیکھ کر آنکھوں کا خیرہ ہونا۔

آنکھیں چھت کو لگنا / آنکھیں چھت سے لگنا } اوپر کی طرف آنکھوں کا چڑھ جانا۔ معشوق کے انتظار کا غم بے حد ہونا۔ قریب المرگ ہونا۔ لمبی بیماری کی حالت بھی۔

آنکھیں دیکھی ہیں۔ (ہ، فقرہ) صحبت میں رہا ہے تعلیم پائی ہے۔ تربیت حاصل کی۔ پرورش پائی۔

آنکھیں دکھانا۔ (اُ۔محاورہ) دھمکانا (چشم نمائی کا ترجمہ ہے) ڈرانا۔

آنکھیں ڈبڈبانا۔ (اُ۔محاورہ) آب دیدہ ہونا۔ رونے کو ہونا۔ آنسو بھر لانا۔

آنکھیں ڈگر ڈگر کرنا۔ (اُ۔محاورہ) لاغری اور کمزوری سے تمام جسم کی جگہ آنکھیں ہی آنکھیں حرکت کرتی نظر آنا۔ نہایت دبلا ہونا۔

آنکھیں ڈھونڈتی ہیں۔ (ہ۔فقرہ) آنکھیں نہایت مشتاق ہیں۔ دیکھنا چاہتی ہیں۔ مشتاق دیدار ہیں۔

آنکھیں رکھنا (اُ۔محاورہ) عقل رکھنا۔ تجربہ رکھنا۔ شناخت اور پرکھ ہونا۔

آنکھیں روشن کرنا (اُ۔محاورہ) کسی خوبرو دوست یا کوئی خوبصورت چیز دیکھ کر آنکھوں کو تازگی دینا۔ اندھے کو بینا کرنا۔

آنکھیں روشن ہونا۔ (اُ۔محاورہ) آنکھوں میں نور آنا۔ دیکھنے کی قوت کا تیز ہو جانا۔

آنکھیں زمین سے لگ جانا (اُ۔محاورہ) نظر نیچی ہو جانا۔ نہایت ندامت سے نظر کا اوپر نہ ہونا۔ شرمانا۔ پشیمان ہونا۔

آنکھیں زمین میں گڑی ہوئی تھیں۔ (اُ۔فقرہ) شرم کے مارے آنکھیں اوپر نہ اٹھتی تھیں۔ نیچی ہی رہتی تھیں۔ سامنے نہ ہوتی تھیں۔

آنکھیں سامنے کرنا۔ (اُ۔محاورہ) آنکھیں ملانا۔ آنکھیں مقابل کرنا۔ روبرو ہونا۔ شرم کرنا۔

آنکھیں سُجا لینا (اُ۔محاورہ) رو رو کر آنکھوں پر ورم کر لینا۔

آنکھیں سفید ہونا (اُ۔محاورہ) آنکھیں۔ اندھی ہونا۔ آنکھوں میں پھولا پڑ جانا۔ سفید تلی کا سیاہ ہو جانا۔

آنکھیں سینا (اُ۔محاورہ) ۔ پلکیں سی دینا۔ داؤ لگانا۔ ٹکٹکی باندھ کر گھات لگانا۔

آنکھیں سینکنا (اُ۔محاورہ) حسینوں کی دید بازی کرنا۔ نظارہ بازی کرنا۔

آنکھیں کڑوانا۔ (ہ) فعل۔ آنکھوں میں نیند کا خمار ہونا۔ نیند کے مارے آنکھیں کڑوی کڑوی لگنا۔ آنکھوں پر بوجھ اور درد سا معلوم ہونا۔

آنکھیں کھٹنا۔ (اُ۔محاورہ) آنکھوں میں ٹیس ہونا۔ درد کے مارے بے تاب ہونا۔ ٹیسیں مارنا۔

آنکھیں کھل جانا۔ (اُ۔محاورہ) جاگ اُٹھنا۔ چونک جانا۔ ہوشیار اور چوکنا ہو جانا۔ غفلت کا جاتا رہنا۔ خبردار ہونا۔ حیران ہونا۔ ہکا بکا ہونا۔

آنکھیں کھلی کی کھلی رہ جانا۔ (اُ۔محاورہ) حیران ہو جانا۔ دم بخود ہونا۔ سکتے کی حالت میں دم نکل جانا۔ دیکھتے دیکھتے مر جانا۔

آنکھیں کھولنا۔ (ہ) فعل۔ جاگنا۔ بیدار ہونا۔ ہوشیار ہونا۔ جم لینا۔ ہوش پکڑنا۔

آنکھیں کھونا۔ (اُ۔محاورہ) رو رو کر آنکھیں تباہ و برباد کر لینا۔ اندھا ہو بیٹھنا۔ نابینا ہو جانا یا لے نور ہو جانا۔

آنکھیں کہیں ہیں دل کہیں ہے۔ (ہ۔فقرہ) جب کوئی شخص کسی طرف توجہ نہیں کرتا غور سے بات نہیں سنتا۔ اس وقت بولتے ہیں۔ کہ بے توجہی دور ہو جائے نظر اور طرف دھیان کہیں اور۔

آنکھیں گدی میں ہونا۔ (اُ۔محاورہ) غرور میں کچھ نہ دیکھنا۔ جوانی کے نشے میں نیک و بد نہ سوچنا۔ نشہ میں اندھا ہونا۔ مستی کی حالت میں بھلا برا نہ دیکھنا۔

آنکھیں گڑنا (ہ۔محاورہ) کسی چیز پر نظر جم جانا۔ آنکھوں کا پیچھے کی طرف دھنس جانا۔ آنکھیں بیٹھنا۔ گھورنا۔ ندیدوں کی طرح دیکھنا۔ برابر تکتے رہنا۔

آنکھیں گلابی ہونا۔(ہ۔محاورہ) سُرخ ہونا۔نشہ میں مخمور ہونا۔نشہ کی حالت ہونا۔

آنکھیں لال کرنا۔(اُر۔محاورہ) غضب ناک ہونا۔غصے میں ہونا۔بہت سخت رونا۔

آنکھیں لڑانا۔(اُر۔محاورہ) عشق بازی کرنا۔دید بازی کرنا۔

آنکھیں لگانا۔(اُر۔محاورہ) عاشق ہونا۔کسی سے محبّت لگانا۔نظر بازی کرنا۔ ملاقات بنانا۔اشارہ کرنا۔انتظار میں رہنا۔راہ دیکھنا۔

آنکھیں مانگنا۔(ہ۔محاورہ) بینائی کا خواستگار ہونا۔آنکھوں کی خواہش کرنا۔

آنکھیں مٹکانا(ہ۔محاورہ)۔آنکھیں ہلانا۔آنکھیں چمکانا۔نازونخرے کرنا۔

آنکھیں مَلنا۔(اُر۔محاورہ) نیند کا خمار اُتارنا۔ہاتھ پھیر کر نیند کا خمار اُتارنا۔ فرطِ عقیدت سے کسی بزرگ کے پاؤں سے آنکھیں رگڑنا۔

آنکھیں مُوندنا(ہ۔محاورہ) آنکھیں بند کرنا۔مرنا۔دُنیا سے گزر جانا۔انتقال کرجانا۔

آنکھیں نکالنا(اُر۔محاورہ) غصّہ سے گھورنا۔لال پیلا ہونا۔کسی نوک دار چیز سے آنکھیں نکال ڈالنا۔

آنکھیں نکلوانا۔(ہ۔فعل) پہلے زمانے میں سزا کے طور پر چھری یا خنجر کی نوک سے مجرم کی آنکھیں نکلوا دیا کرتے تھے۔اندھا کرنا۔نابینا کرنا۔

آنکھیں نیلی پیلی کرنا۔(ہ۔محاورہ) نہایت خفا ہونا۔ناراضگی کا اظہار کرنا۔ تیور بدلنا۔

آنکھیں ہونا۔(اُر۔محاورہ) سمجھ آنا۔ہوش درست ہونا۔معرفتِ الٰہی حاصل ہونا۔دل روشن ہونا۔

آنکھیں ہوئیں چار دل میں آیا پیار۔(ہ۔محاورہ) سامنے کی محبت۔ منہ دیکھے کا پیار۔

آنکھیں ہیں کہ جھینس کے چوتڑ(ہ۔محاورہ) دیکھ کر کام نہ کرنا۔اندھوں کی طرح بے سوچے کام کرنے والے کو کہتے ہیں۔سمجھائی نہ دینا۔بے توجہی سے کام کرنا۔

آن کی آن میں۔(ہ۔تابع فعل) دم بھر میں۔ذرا سی دیر میں۔

آنگن۔(ہ۔اسم مذکر) گھر کا صحن۔انگنائی۔پنجابی وہڑا۔

آن لگنا۔(ہ۔فعل) پاس آجانا۔ختم کے قریب ہونا۔

آن لینا۔(ہ۔فعل) آپکڑنا۔آدبانا۔

آن ماننا۔(اُر۔محاورہ) کسی بات کا قائل ہونا۔ہار ماننا۔اُستاد ماننا۔

آنند۔(ہ۔اسم مذکر) خوشی۔خیر۔شادمانی۔فرحت۔

آنند بدھاوا۔(ہ۔مذکر) خوشخبری۔مبارکباد خوشی کی مبارک باد۔

آنند رہنا۔(ہ۔محاورہ) خوش رہنا۔مگن رہنا۔مزے سے رہنا۔

آنند کرنا۔(ہ) خوشی منانا۔مزے کرنا۔آرام سے رہنا۔چین اُڑانا۔

آنند کے تار بجنا(ہ۔محاورہ) خوشی کے راگ گانا۔خوش رہنا۔عیش منانا۔

آنند منگل۔(ہ۔اسم مذکر) خوشی۔راحت و فرحت۔عیش و شادی۔

آنند ہو۔(ہ) استفہام کے طور پر دوسرے کی مزاج پرسی کرنا کہ خوش تو ہو۔راضی ہو۔خیریت سے ہو۔مزاج تو اچھے ہیں۔

آنندی پرشن۔(ہ۔اسم مذکر) ہنس مکھ۔خوش مزاج آدمی۔ہنسوڑا۔

آنولہ۔(ہ۔اسم مؤنث) ایک سفید سا لیسدار مادہ جو سر وڑا اور پیچش کے وقت پیٹ میں سے نکلا کرتا ہے۔

آنوپڑنا(ہ۔محاورہ) آنو کا پیٹ میں پیدا ہو جانا پیچش سے مواد کا گرنا۔

آنو گرنا۔(ہ۔فعل) پیچش ہونا۔دست آنا۔مواد کا گرنا۔

آنول نال۔(ہ) وہ نلی اور اس کی آخری ٹکیا جو بچہ پیدا ہونے کے وقت اس کی ناف سے لٹکی ہوتی ہے۔جیل یا جیر۔

آنول نال گڑنا۔(ہ۔محاورہ) جائے پیدائش ہونا۔جائے پیدائش جسے انسان کو خاص اُلفت اور محبت ہوتی ہے۔مجازاً محبت اور اُنس ہونا کسی خاص جگہ سے۔

آنولا۔(ہ۔اسم مذکر) فارسی میں آملہ بولتے ہیں ایک درخت کا نام جس کے پھل کو آملہ یا آنولا ہی کہتے ہیں۔اس کا ذائقہ کسیلا اور ترش ہوتا ہے بعد میں مُنہ کو میٹھا کرتا ہے۔

آنولا سار گندھک۔(اُر۔مؤنث) آنولے جیسی گندھک۔صاف شدہ گندھک یہ مزے میں نہایت ترش ہوتی ہے اس سے یہ نام ہو گیا۔

آنول گٹّا(ہ۔مذکر) خشک آنولا جو پیڑ پر ہی سوکھ جائے۔

آنولے کا کھایا اور بڑے کا کہا بعد میں مزہ پایا۔(اُر۔مثل) بزرگوں کی نصیحت پہلے تو کڑوی لگتی ہے مگر تجربے کے بعد اس کا نفع معلوم ہوتا ہے اسی طرح آنولا شروع میں کسیلا لگتا ہے بعد میں میٹھا۔

آنیتی یا نیتی۔(ہ۔مؤنث) سرھانے اور پائنتی کی طرف۔

آنی بانی۔(ہ۔مؤنث) ہنسی ٹھٹھا۔چھیڑ چھاڑ۔شرارت۔

آنی جانی۔(ہ۔مؤنث) اسم فاعل۔ترکیبی یا سماعی آنا جانا سے۔بے بنیاد۔فنا ہو جانے والی۔نہ رہنے والی۔ناپائدار۔

آ - و

آؤ۔(ہ) (امر بہ آنا سے صیغہ جمع مخاطب) بلانے کے واسطے بولا جاتا ہے۔ جاؤ کی ضد ہے۔

آؤ تو۔(مفید ندا ہے) تشریف تو لائیے صاحب۔بھائی آتو۔چلو تو۔

آؤ جانے دو۔(ہ۔جملہ) چلو لڑائی چھوڑ دو۔جھگڑا جانے دو۔نزاع دور کرو۔

آوا(ہ) کمہار کے برتن پکانے کا گڑھا۔پژاوہ۔بھٹا۔

آوا اُترنا۔(ہ۔فعل) برتنوں کا پک کر تیار ہو کر گڑھے سے باہر نکلنا۔

آوا بگڑنا یا آوے کا بگڑنا(ہ۔محاورہ) سب برتنوں کا خراب ہو جانا تمام خاندان کا بگڑ جانا۔تمام خاندان کا بدی میں ہم خیال ہونا۔

آوا چڑھنا(ہ۔فعل) پکے برتنوں کا پکانے کے لیے بھٹے میں رکھنا۔

آوا جائی۔(ہ۔اسم مؤنث) آمد و رفت آجانا۔

آوادانی(ہ۔اسم مؤنث) (آبادانی کا بگڑا ہوا ہے) بستی۔آبادی۔رونق قابل۔زراعت زمین۔

آؤ آدر(ہ) خاطر تواضع۔عزت و تعظیم۔

آوارجہ(ف۔مذکر) بدوزنا بچہ۔

آوارگی(ف) ابتری۔پریشانی۔بدمعاشی۔آوارہ ہونا۔

آوارہ(ف۔اسم مذکر) پریشان۔تتر بتر بھٹکا ہوا۔گمراہ۔واہی تباہی۔

آواز(ف۔مؤنث) صدا۔ندا۔دھماکا۔کھٹکا۔آہٹ۔شہرہ غل۔

آواز آنا(ہ۔فعل) کان میں آواز پڑنا۔آواز سُنائی دینا۔غیب سے آواز

سُنائی دینا۔ آہٹ کان میں پڑنا۔

آواز اُٹھانا (ہ) آواز بلند کرنا۔ اونچے سُر میں گانا۔ اونچا سر نکالنا۔ دعویٰ کرنا۔

آواز بدل جانا (ہ۔ فعل) بیماری یا لاغری کی وجہ سے آواز میں فرق آنا۔

آواز بکایا گریہ (ف۔ مؤنث) رونے پیٹنے کی آواز۔

آواز بلند کرنا (اُرد۔ فعل) زور سے بولنا۔ چلّا کے بولنا۔

آواز بند ہونا (اُرد۔ فعل) آواز نہ آنا۔ گلے کا بند ہو جانا۔ آواز مشکل سے نکلنا۔

آواز بھاری ہونا (اُرد۔ فعل) آواز بیٹھنا۔ گلا بند ہو جانا۔ آواز بیٹھ جانا۔

آواز بھرّانا (اُرد۔ فعل) آواز بھاری ہونا۔ صاف طور سے بول نہ نکلنا۔ بول نہ سکنا۔

آواز بیٹھنا (اُرد۔ فعل) گلا بیٹھنا۔ زیادہ اونچا بولنے یا گانے سے آواز بھاری ہونا۔

آواز پر کان لگانا۔ رکھنا۔ دھرنا۔ (ہ) فعل۔ کسی بات کے سُننے کا خیال کرنا بات دھیان سے سُننا۔ کسی آواز کو غور سے سُننا۔

آواز پر گولی لگانا (اُرد۔ فعل) جدھر سے آواز آئی ہو دیکھے بغیر ادھر ہی نشانہ باندھ کر گولی مارنا۔ پرلے درجہ کی نشانہ بازی۔

آواز پر لگنا (اُرد۔ محاورہ) آواز پہچاننا۔ جانور کا آواز پر بولنا۔ اشارہ پر کام کرنا۔ ہل جانا۔ بولی سمجھنا۔

آواز پڑنا } (اُرد۔ محاورہ) آواز بیٹھنا۔ آواز بھاری ہونا۔
آواز پھولنا } آواز صاف نہ رہنا۔

آوازِ جرس (ف۔ مؤنث) گھنٹے کی آواز۔

آواز دینا (اُرد۔ فعل لازم) بولنا کہنا (بحالت متعدی) پکارنا۔ بلانا۔

آواز سے ملنا (اُرد۔ فعل) ہم آواز ہونا۔ ایک کا دوسرے کے مشابہ ہونا۔

آوازِ غیب (ف ع) ہاتف غیب کی آواز۔ ندائے غیب۔ الہامی آواز۔

آواز کا پاٹ (اُرد۔ اسم مذکر) آواز کی وسعت حد۔ رسائی۔ آواز کی انتہا۔

آواز کا چڑھاؤ اُتار (ہ۔ اسم مذکر) آواز کی باقاعدگی۔ آواز کی بلندی و پستی۔

آواز کان پڑی سُنائی نہ دینا (اُرد۔ محاورہ) نہایت شور و غل ہونا۔

آواز کرنا (ہ۔ فعل) پکارنا۔ آواز دینا۔ بلانا۔ ہانک مارنا۔ توپ یا بندوق چھوڑنا۔

آواز کستا (اُرد۔ فعل) بلند آواز سے تان اُڑانا۔

آواز کھلنا (اُرد۔ فعل) آواز صاف ہونا۔ آواز میں خرابی نہ رہنا۔

آواز گرنا (اُرد۔ فعل) آواز کا ہلکا ہو جانا۔ دھیما ہو جانا۔ نیچے سُر میں آجانا۔

آواز لگانا (ہ) پکارنا۔ آواز دینا۔ زور سے پکارنا۔ سودا وغیرہ پکار کے بیچنا۔ ہوکا دینا۔

آواز میں پتی لگنا (ہ۔ محاورہ) آواز کا صاف نہ نکلنا۔ آواز میں کھرکھراہٹ آجانا۔

آواز میں پوچ ہونا (ہ۔ محاورہ) آواز میں نرمی ہونا۔

آواز نکالنا (اُرد۔ فعل) بولنا گانا شروع کرنا۔ پات کرنا۔ چرکنا۔

آوازہ (ف۔ اسم مذکر) شہرت۔ شہرہ۔ دھوم۔ غل۔ طعنہ۔ رمز۔

آوازہ بلند ہونا (اُرد) شہرت ہونا۔ ناموری ہونا۔ دھوم مچ جانا۔

آوازہ پھینکنا (اُرد۔ محاورہ) طعنہ مارنا۔

آوازہ سُنانا } بولی مارنا۔ رمز پھینکنا۔
آوازہ کسنا } ہنسی اُڑانا۔ چھیڑ چھاڑ کرنا۔
آوازہ مارنا } طنزاً کرنا۔

آواگون (ہ۔ اسم مذکر) جون بدلنا۔ کایا پلٹنا۔ ایک جسم سے مر کر دوسرے جسم میں روح کا جانا۔ ہندوؤں کا عقیدہ ہے کہ روح کو فنا نہیں۔ یہ ہمیشہ اسی طرح اپنی کرتوت پر جسم بدلتی رہے گی۔ تناسخ۔ آنا جانا۔

آؤ بھگت (ہ۔ مؤنث) خاطر تواضع تعظیم و تکریم۔

آؤ پڑوسن گھر کا بھی لے جاؤ (ہ۔ مثل) نفع کی امید پر نقصان کر بیٹھنا۔ فائدے کی خاطر نقصان کر بیٹھنا۔

آپڑو سن لڑیں (ہ۔ فقرہ) زبردستی جھگڑا لڑائی مول لینے کے موقع پر بولا جاتا ہے۔

آؤ جاؤ گھر تمہارا۔ کھانا مانگے دشمن ہمارا (ہ۔ مثل) نہایت بخیل اور کنجوس آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

آؤ دیکھا نہ تاؤ (ہ۔ جملہ) جلدی میں بے موقع کام کر بیٹھے۔ کچھ نقصان نہ سوچا۔

آورد (ف۔ اسم مؤنث) کوشش۔ نفع۔ اور تلاش سے کسی بات کو ذہن میں لانا۔ تکلیف سے کچھ لکھنا یا نظم وغیرہ کہنا۔ آمد کی ضد۔

آوردہ (ف۔ مذکر) (اسم مفعول از آوردن) لایا ہوا۔ سفارش کر کے نوکر کرایا ہوا۔

آولی آنا (ہ۔ محاورہ) مصیبت آنا۔

آولی ٹلنا (ہ۔ محاورہ) مصیبت ٹلنا۔

آوے میں ناند کھو گئی۔ (ہ۔ کہاوت) ناممکن بات ہونا۔ سفید جھوٹ۔ فضول عذر۔

آویزاں (ف۔ اسم صفت) (از آویختن) لٹکتا ہوا۔ معلق۔

آویزش۔ (مؤ۔ ف) فساد۔ جھگڑا۔ لڑائی۔ باہم کشیدگی۔

آویزہ (ف۔ اسم مذکر) کان کا بُندا۔ شکن۔ کان کے ایک زیور کا نام ہے۔

آ - ہ

آہ (ف) افسوس کا کلمہ۔ حرف تاسف ہے۔ یعنی ہائے۔ حیف۔ افسوس۔

آہ (اُرد۔ مؤنث) سانس۔ دم۔ ہائے۔

آہا (ہ) کلمہ انبساط و تعجب۔ خوشی کے وقت بولتے ہیں۔

آہار (ہ) کھانا۔ بھوجن۔ خورش۔

آہار (ف) مادا جو کاغذ اور دوصیلوں کی مضبوطی کے لیے کاغذوں پر چڑھایا کرتے ہیں۔

آہ آہ کرنا۔ یا کہنا (اُرد۔ محاورہ) دُکھ میں کراہنا۔ ہائے ہائے کرنا۔

آہ بھر کے رہ جانا (اُرد۔ محاورہ) افسوس کر کے رہ جانا۔ کلیجہ تھام کر رہ جانا۔ دل پر جبر کر کے یا دل مسوس کر رہ جانا۔

آہ پڑنا (اُرد۔ محاورہ) کسی کی ہائے سے تکلیف پہنچنا۔ صبر پڑنا۔ سراپ پڑنا۔

آہٹ (ہ۔ اسم مؤنث) کھڑکا چلنے کی آواز۔

آہرن (ہ۔ ند) نہائی جس پر لوہار لوہا وغیرہ رکھ کر کوٹتے ہیں۔

آہ سرد (ف۔ مؤنث) ٹھنڈی سانس۔ دم سرد۔ رنج و غم کے وقت لمبے لمبے

سانس لینا۔
آہ سوزاں (ف) مؤنث۔ گرم سانس۔ جلانے والی آہ۔
آہستہ آہستہ (ف) سج سج۔ ٹھہر ٹھہر کر۔ آرام سے۔ چپکے چپکے۔ دھیرے دھیرے۔
آہستگی (ف) سہولت۔ نرمی۔ آسانی۔
آہ کرنا } (اُر۔ محاورہ) منہ سے آہ کرنا۔
آہ کھینچنا } کراہنا۔ ہائے ہائے کرنا۔
آہ لینا (اُر۔ محاورہ) کسی مظلوم کی بددعا لینا۔ کسی کو ستانا۔ ظلم کرنا۔
آہ نیم شب باشی (ف۔ مؤنث) آدھی رات کی آہ۔
آہ نہ آئے (اُر۔ محاورہ) افسوس نہ کیا جائے۔ سنگدلی کا اظہار۔ سخت دباؤ ڈالنا۔
آہ و بکا } (ف۔ مؤنث) رونا پیٹنا۔ غم سے چیخنا۔
آہ و زاری } چلانا۔ ہائے واویلا کرنا۔
آہ و فغاں (ف۔ مؤنث) نالہ و فریاد۔ رونا پیٹنا۔ چیخ پکار۔
آہ نیم کش (ف۔ امو) وہ آہ جو پوری نہ ہو۔ آدھی کھینچی ہوئی فریاد۔
آہک (ف) چونہ۔ قلعی۔ سفیدی۔
آہن (ف۔ مذکر) لوہا۔
آہن رُبا (ف۔ مذکر) مقناطیسی پتھر۔ لوہے کو اُچک لینے والا۔

آہن گر

آہنگ (ف۔ مذکر) سُر۔ گانے کی الاپ ادا وہ۔ قصد۔
آہن گر (ف۔ مذکر) لوہار۔ لوہے کا کام کرنے والا۔
آہنی (ف) اس میں ہائے نسبتی ہے۔ لوہے کی۔ لوہے کی بنی ہوئی۔ سخت مضبوط۔
آہو (ف۔ مذکر) ہرن۔ مرگ۔ عیب۔ نقص۔ خرابی۔

آہو

آہو چشم (ف۔ مذکر) ہرن جیسی آنکھوں والا۔ مرگ نینا۔ مجازاً معشوق۔
آہوئے حرم (ف۔ ع) مکہ معظمہ میں رہنے والا ہرن۔ جس کا شکار کرنا منع ہے کنایتہً معشوق جو قابو میں نہیں آتا۔
آہوئے فلک (ف۔ مذکر) آفتاب۔ سورج۔
آہو گیر (ف۔ اسم مذکر) فاعل۔ عیب جو بدبین۔ نکتہ چین آدمی۔ ہرن کا شکاری۔

آ - ۶

آئرش (Irish) آئرلینڈ کا باشندہ۔ آئرلینڈ کی زبان۔
آئرلینڈ (Ireland۔ انگ۔ مذ) برطانیہ کے مغرب میں ایک جزیرے کا نام۔
آئس برگ (Iceberg) برف کا تودہ جو سمندر میں تیرتا رہتا ہے


آئس برگ

آئس لینڈ (Iceland۔ انگ۔ مذ) بحر اوقیانوس کے شمال میں ایک جزیرے کا نام۔
آئندہ (ف۔ اسم مذکر) فاعل از آمدن) آنے والا زمانہ۔ مستقبل۔ آگے۔ پھر کبھی۔ دوبارہ۔
آئندہ اختیار بدست مختار (ف۔ مثل) نصیحت ختم کر چکنے کے موقع پر آخر میں کہتے ہیں۔ یعنی ہم سمجھا چکے۔ مانو یا نہ مانو اللہ جو چاہے کرے۔
آئل ( ) تیل۔ روغن۔
آؤ آنا مصدر کا فعل امر جمع حاضر۔
آؤ بھگت (مؤ) خاطر تواضع۔ خاطر مدارات۔
آؤ دیکھا نہ تاؤ جلدی سے کچھ کر بیٹھے۔ بے محل
آؤٹ (انگ۔ ا۔ OUT) باہر۔ خارج۔ ظاہر۔ افشاں۔ شائع۔
آئی (ہ) مؤنث۔ قضا۔ اجل۔ موت۔ مرگ (آنا مصدر سے ماضی مطلق مؤنث واحد غائب بھی ہے اور مؤنث اسم مفعول بھی مصیبت۔ بلا۔
آئی ایس (I.S.) انڈین سروس کا مخفف ہے۔
آئی۔ سی۔ ایس (I.C.S.) انڈین سول سروس کا مخفف ہے۔
آئی تو روزی نہیں تو روزہ (اُر۔ مثل) مل گیا تو کھا لیا۔ نہ ملا تو فاقہ کر لیا۔
آئی ٹلے برسا سوں جیے (ہ۔ مثل) مصیبت اگر ٹل جائے تو آدمی دیر تک زندہ رہ سکتا ہے۔ مصیبت سے امن ہو تو آرام سے گزر جاتی ہے۔
آئی گئی ہو گئی (اُر۔ مثل) بات گئی گزری ضائع ہو گئی۔ بھول بسر گئی۔ یاد تک نہ رہی۔
آئی نہیں ٹلتی (اُر۔ جملہ) قضا نہیں رکتی موت اپنے وقت پر ضرور آجاتی ہے۔
آئے (ہ) آنا مصدر کا فعل مضارع۔
آئے پیر بھاگے بیر (ہ۔ مثل) نیک لوگوں کے سامنے بُرے نہیں ٹھہر سکتے۔ پیروں کے سامنے بھوت کہاں۔
آئے باتے کھاٹ کے پائے (ہ۔ مثل) واہیات اور فضول بات۔ آئیں بائیں شائیں کے موقع پر بولتے ہیں۔
آئے دن (ہ۔ تابع فعل) ہر روز۔ سدا۔ نت۔ ہمیشہ۔
آئے کی خوشی نہ گئے کا غم (اُر۔ مثل) بے پرواہی اور استغنا کے موقع پر بولا کرتے ہیں۔ آنا نہ آنا برابر ہے۔
آئے گا گنا تو پائے گا تنکا (اُر۔ محاورہ) کوشش اور محنت بغیر کچھ نہیں ملا کرتا۔
آئے گی جان کے ساتھ جائے گی جنازے کے ساتھ (ہ۔ مثل) عادت جب طبیعت ثانیہ بن جاتی ہے تو مرنے کے وقت ہی جاتی ہے۔
آئے ہو تو گھر سے چلو (اُر۔ ٹھگوں کا محاورہ ہے) جب کسی مسافر کو قتل

کرنا منظور ہو تو ٹھگ یہ فقرہ اپنے سردار کا سنتے ہی اس کا کام تمام کر دیتے ہیں۔

آئین (ف) قانون۔ قاعدہ۔ طریقہ۔ دین۔ رسم و رواج۔

آئیں۔ (ہ) آئی فعل کی جمع۔

آئیں۔ (ہ سے مجہول) آئے کی جمع۔

آئیں بی عاقلہ سب کاموں میں داخلہ (اُر۔ مثل) ہر کام میں دخل دینے والی عورت۔ بات کو جانتی تک نہیں پھر خواہ مخواہ کا دخل۔

آئیں تو۔ (ہ) جا۔ کہیں۔ کہاں۔ غصّے میں آپے سے باہر۔

آئین دیوانی (ف۔ مذکر) لین دین کا قانون۔

آئین فوجداری (ف۔ مذکر) فوجی اور جنگی قانون۔ وہ قانون جس میں فوجداری جرم اور ان کی سزا کا بیان درج ہو۔

آئین مال۔ (ف) لگان مقرر اور وصول کرنے کے قانون۔

آئیں بائیں شائیں۔ (ہ۔ مؤنث) فضول اور لغویات بے سر و پا اور مہمل بات۔

آئینہ۔ (ف۔ مذکر) شیشہ۔ کانچ۔ ظاہر کرنے والا۔ ظاہر۔ واضح عیان۔ حیران



آئینہ

ششدر۔ ایسا پالش شدہ شیشہ جس میں ہر چیز کا عکس ظاہر ہوتا ہے۔

آئینہ اُٹھا کے مُنہ تو دیکھو جو شخص کسی بڑے کام کا دعویٰ کرتا ہے۔

آئینہ باطن (ف۔ ع) صاف باطن۔ پاک دل۔ روشن دل۔ دل کی بوجھنے والا نیک آدمی۔

آئینہ بن جانا (اُر۔ محاورہ) حیران ہو جانا۔ متحیر ہو جانا۔ بے حس و حرکت ہو جانا۔

آئینہ بندی۔ (ف۔ اسم مؤنث) شیشہ آلات مثلاً قطعات۔ جھاڑ فانوس وغیرہ سے مکان کو آراستہ کرنا۔

آئینہ بنانا (اُر۔ محاورہ) حیران کر دینا۔ شیشہ بنانا۔

آئینہ حلبی (ف۔ ع) حلب ایشیا سے کوچک کے ایک شہر کا نام۔ وہ آئینہ جو حلب میں بنا ہو۔

آئینہ دار (ف۔ مذکر) آئینہ دکھانے والا۔ سنگار کرنے والا۔ دیوٹی پارلر۔

آئینہ دکھانا (اُر۔ محاورہ) شیشہ دکھانے کی خدمت کرنا۔ تیوہار کے دن حجام لوگوں کو شیشہ دکھا کر انعام لیا کرتے ہیں۔ اس فعل کو شیشہ دکھانا کہتے ہیں۔

آئینہ رُخ یا آئینہ رُو (ف۔ مذکر) نہایت حسین۔ خوبصورت۔ جس کا مُنہ شیشے کی طرح صاف۔ چمک دار ہو۔ مجازاً معشوق دلربا۔

آئینہ سیما (ف۔ مذکر) شیشہ جیسی پیشانی والا۔ محبوب۔ حسین۔

آئینہ ساز یا آئینہ گر (ف۔ مذکر) شیشے بنانے والا۔

آئینہ سامنے سے نہ ہٹنا (اُر۔ محاورہ) ہر وقت اپنے بناؤ سنگار میں لگے رہنا۔

آئینہ کر دینا (اُر۔ محاورہ) ظاہر کر دینا۔ عیاں کر دینا۔ روشن کر دینا۔ چمکا دینا۔ صیقل کرنا۔

آئینہ میں بال آنا (ہ) فعل۔ آئینہ کا ٹوٹ جانا۔ ذرا سی درز آ جانا۔

آئینہ میں مُنہ تو دیکھو (اُر۔ محاورہ) شیشے میں اپنی شکل تو دیکھو۔

آئینہ لے کے مُنہ تو دیکھو یہ عموماً بولا کرتے ہیں۔ جب کوئی ناقابل

آئینہ محل (ف۔ مذکر) شیش محل۔ وہ کمرہ جس میں شیشے کا کام بکثرت کیا گیا ہو

آئینہ ہونا۔ (اُر۔ فعل) ظاہر ہونا۔ روشن ہونا۔ کسی بات کا کھل جانا۔

آئے تو کہاں جائے (ہ۔ جملہ) جب دشمن جال میں یعنی قابو آ جائے تو پھر کہاں نکلے۔ جب غصّہ آ جائے تو بلا اظہار کہیں ہٹ سکتا ہے۔

آ - ی

آیا (ہ۔ مؤنث) دودھ پلانے والی عورت انّا۔ کلمہ استفہام بمعنی کیا۔ آنا مصدر سے ماضی مطلق صیغہ واحد مذکر بھی ہے بچوں کو کھلانے اور کپڑے پہنانے والی خادمہ۔

آیا (ف) شاید تمنا کے معنی دیتا ہے۔

آیا بندہ آئی روزی گیا بندہ گئی روزی (ہ) جب انسان پیدا ہوتا ہے روزی ساتھ آتی ہے جب مر گیا تو اس کا رزق بھی اُٹھ گیا۔

آیا رمضان بھاگا شیطان (رُو۔ مثل) نیک کو دیکھ کر بُرا رفو چکر ہو جاتا ہے

آیا گیا (ہ۔ مذکر) مہمان۔ آنے جانے والا۔ یرا ہونا۔ مسافر

آیات (ع۔ مؤنث) آیت کی جمع ہے۔ نشانیاں۔ عبارت کے جملے۔ فقرے۔

آیات متشابہات (ع۔ مؤنث) قرآن حکیم کی وہ آیتیں جن کے حقیقی معنوں میں کچھ شبہ ہو۔

آیت (ع مؤ) نشان۔ نشانی۔

آیت مطلق (ع۔ اسم مؤنث) قرآن شریف میں پورے وقفہ کی علامت کو کہتے ہیں۔

آیوڈوفارم۔ (انگ۔ اف) زرد رنگ کی ایک بدبودار مرکب دوا جو زخموں پر چھڑکی جاتی ہے۔ تاکہ زخم سڑنے نہ پائیں۔ Orderform

آیوڈین (Iodine) ایک کیمیاوی عنصر۔ جو انگریزی دواؤں وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے اس کا ٹنکچر چوٹ اور ورم وغیرہ پر اکثر لگایا جاتا ہے۔

آیہ۔ (ع۔ مذ) آیت۔ قرآن مجید کا پورا جملہ جس کے بعد آیت کا نشان ہو۔

آیے مل جی آیے (ہ) بقال لوگ تمسخر کے طور پر بولتے ہیں۔ جب کسی دوسرے بقال سے ملتے ہیں۔ یعنی آیئے۔ آپ کی شان تو دیکھو۔

ا

اَلف مقصُورہ

اَب

ا۔ (ع۔ مذکر) لغوی معنی ایک واحد۔ اکیلا مجرّد۔
حروف تہجی کا پہلا حرف۔ عربی میں کبھی جمع کے لیے آتا ہے۔ جیسے تدابیر بہ شکل ا جیسے مجتبیٰ۔ کبھی تانیث کے کبھی متکلّم کے لیے جیسے مشفقا۔ کبھی لیے جیسے عقبیٰ دینا۔ غرض بہت سے معنی دیتا ہے وغیرہ وغیرہ۔

ا۔ (ف) مذکر۔ اسم میں کبھی ندا کے لیے جیسے کریما فعل کے آخر میں زائد جیسے گفتا۔ مفید جیسے حقا۔ فاعلیت جیسے توانا۔ مفعولیت جیسے پیرا۔ وسط میں عطف کے لیے۔ شباروز۔ اتصال کے معنی میں جیسے روارو۔ استیعاب کے لیے جیسے سراسر۔ وغیرہ وغیرہ۔ اوّل میں زائد جیسے سکندر و اسکندر۔

ا (ہ) عربی فارسی کی طرح یہ بھی مختلف مقاموں پر مختلف معنی دیتا ہے شروع میں نفی کے معنی۔ جیسے۔ اٹل۔ اکارت۔ وسط میں الحاق و اتصال کے۔ جیسے مارا مارا۔ پڑا پڑا۔ عطف کے لیے جیسے ہاتھا پائی۔ آخر میں فاعل جیسی کمیرا۔ جوتار ہل جوتنے والا) برائے تصغیر جیسے چُٹیا۔ برائے تذکیر جیسے گھوڑا۔ برائے تکبیر جیسے بڑھا۔ لوکرا۔ پگڑا۔ برائے نسبت جیسے مرگانینی۔

ابدال

ا ۔ ب

اَب (ہ۔ تابع فعل) ظرف زمان۔ اس وقت فوراً۔ اسی دم۔ دوبارہ۔ آیندہ۔
اس کے علاوہ۔ تھوڑی دیر بعد۔ فی زمانہ۔ فی الحال۔

اَبّا۔ (ع، مذکر) اب و جد باپ دادا۔ والد۔ ابّا۔ پتا۔

اَبّا۔ (ر و ر۔ مذکر) باپ۔ والد۔ پتا۔ پدر۔ اے۔ باپ (اس حالت میں الف آخر ندائیہ ہے۔ ابّا جان۔ ابّا جی۔ ابّا میاں۔ بعض دفعہ چچا اور دادا کے لیے بھی یہی لفظ بولے جاتے ہیں۔

اَبابیل

اِبا۔ (ع) انکار کرنا۔ سر ہلا دینا۔

اَب اَب کرکے (ر و ر تابع فعل) چند روز سے۔ تھوڑے دنوں میں۔

اب اب کرنا (اُ۔ محاورہ) ٹال مٹول کرنا۔ لیت و لعل کرنا۔ حیلے بہانے کرنا۔

اب بھی (ہ۔ تابع فعل) اس وقت بھی اس صورت میں بھی۔ پھر بھی۔

اَبابیل (ع۔ ا۔ مو) ۔ایک سیاہ رنگ کا پرندہ۔ جو شام کے وقت اندھیرے میں اُڑتا ہے اور اندھیرے میں دن کی طرح دیکھتا ہے۔

اُبال (ہ۔ مذکر) جوش۔ کف۔ گرمی کا جوش تیز حرارت سے چیز کا جوش کھانا۔

اُبالا سُبالا۔ (ہ۔ مذکر) گھی کے بغیر پکا ہوا کھانا۔ بے مزہ کھانا۔ جس میں بگھار وغیرہ کچھ نہ دیا ہو۔ سُبالا تابع مہمل ہے۔

اب بھی میرا مُردہ تیرے زندہ پر بھاری ہے (ہ۔ مثل) میں اب گیا گزرا ہوں تمہارے لیے کافی ہوں۔ میں اس ردی اور خراب حالت میں بھی آپ سے ہر طرح اچھا ہوں۔

اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چُگ گئیں کھیت۔
(ہ۔ مثل) نقصان کے بعد پشیمانی سے کیا فایدہ۔ موقع اور وقت کھو کر افسوس کرنا بالکل بے فائدہ۔

اب تب ہو رہی ہے۔ (ہ) حالت نازک ہے۔ مرنے کے قریب ہے گھڑی پل کا ہے۔

اِبتدا (ع۔ ا۔ مو) شروع۔ آغاز۔ پہل۔ اوّل۔ ازل۔

اِبتدائی (ع۔ ا۔ مو) شروع کا۔ پہلا۔ اولین۔ ازلی۔

اِبتدائی رسوم۔ کسی تقریب کی شروع کی رسمیں پہلا نمائندہ۔ پہلا زمیندار حق شکرانے یا نذرانے کے طور پر دیا جاتا ہے۔

اِبتذال (ع۔ ا۔ مذ) عامیانہ رنگ ہونا۔ کم نظری۔ چھچھورا پن۔

اَبتر (ع۔ ا۔ مذ) خراب۔ پریشان۔ تتر بتر۔ آوارہ۔ بد اطوار۔ بدچلن۔ ردّی۔

اَبتری (ع۔ ا۔ مو) ۔ پریشانی۔ آوارگی۔ بدچلنی۔ بربادی۔ تباہی۔ گڑبڑ۔

اب تک (ہ۔ تابع فعل) اس دم تک۔ تا حال۔ اس وقت۔

اِبتلا (ع۔ مذ) آزمائش۔ جانچنے کے لیے کسی کو مصیبت میں ڈالنا۔

ابتہاج۔ (ع۔ مذ) خوشی۔

اُبٹن یا اُبٹنا۔ (ہ۔ اسم مذکر) غازہ۔ گلگونہ۔ چہرے پر ملنے کا ایک خوشبودار مصالحہ۔ جو جلد بدن کو ملائم اور صاف کر دیتا ہے۔

اَبجد (ع۔ ا۔ مذ)۔ مفرد حروف۔ حروف تہجی کا وہ مجموعہ جو جمل کے حساب سے حروف کے اعداد نکالنے کے کام میں آتا ہے۔ وہ آٹھ لفظ ہیں۔ ابجد۔ ہوز۔ حطی۔ کلمن۔ سعفص۔ قرشت۔ ثخذ۔ ضظغ۔ ان میں پہلے تین لفظ اکائیاں ہیں دوسرے دو دہائیاں۔ باقی آخر کے تین سینکڑے یعنی

ا ب ج د ہ و ز ح ط ی
ق ر ش ت ث خ ذ ض ظ غ
ک ل م ن س ع ف ص

ان سے مشرقی شاعر
تاریخ نکالتے ہیں۔ مثلاً کسی مولود کی تاریخ پیدائش مکان بنانے یا کسی اور واقعہ کی تاریخ۔

اَبجد خواں۔ (ف۔ مذکر) مبتدی اب ت پڑھنے والا۔ شروع کرنے والا نو آموز۔

اَبجل (ع۔ مذکر) ساکت۔ قایم۔ مضبوط۔ محکم۔

اَبخرہ (ع۔ ا۔ مذ) (بخار کی جمع) بخارات۔ بھاپ۔ اردو والے اس کو واحد بولتے ہیں اور اس کی جمع ابخرے کرتے ہیں۔

اَبخرے دماغ کو چڑھنا۔ (اُ۔ محاورہ) دماغ کو گرمی چڑھ جانا۔ سودائی اور باؤلا ہو جانا۔

اَبخل۔ (ع) بہت بخیل۔ لیچڑ۔ بہت کنجوس۔

اَبد (ع۔ ا۔ مؤنث) ہمیشہ۔ دُنیا کے مٹ جانے سے بعد کا زمانہ جس کی کوئی انتہا نہیں۔

اِبدال۔ (ع۔ مصدر) بدل دینا۔ تبدیل کرنا۔ بدل ڈالنا۔

اَبدال (ع-ا-مذ) - اولیاء اللہ کی وہ جماعت جس کے سپرد دُنیا کا انتظام ہے۔

اَبدالی: افغانوں کے ایک قبیلے کا نام۔

اَبدالآباد۔ (ع۔ مذکر) ہمیشہ۔ دوام۔ نت۔ سدا۔

اَبدی۔ (ع۔ مؤنث) (منسوب بہ ابد) ہمیشگی۔ دائمی۔ ہمیشہ کا۔

اَبدھوت۔ (ہ۔ مذکر) سادھو۔ جوگی۔ قوی ہیکل آدمی۔

اَبر (ف۔ مذکر) بادل۔ سحاب۔ گھٹا۔

اَبر اُٹھنا (اُ۔ محاورہ) آسمان پر بادل آنا۔ گھٹا کا کسی طرف سے نمودار ہونا۔

اَبرار (ع-ا-مذ) برّ کی جمع۔ نیک لوگ۔ پرہیزگار اور متقی آدمی۔ صالح لوگ۔

اَبر اُمنڈنا (اُ) بادل کا بڑے زور سے آنا۔ گھٹا چھا جانا۔ بادل چڑھنا۔

اِبراہیم (ع-ا-مذ) (۱) لغوی معنی مہربان باپ، (۲) حضرت رسول اللہ کی بہت سی پشتوں میں اُوپر جاکر اولوالعزم ایک نبی ہوئے ہیں۔ جن کا لقب خلیل اللہ (اللہ کا دوست) تھا (۳) آپ کو نمرود نے آگ میں ڈلوا دیا تھا۔ یہ آگ آپ پر گلزار ہوگئی تھی۔ (۴) خانہ کعبہ کو جو حضرت نوح علیہ السلام کے طوفان میں منہدم ہوگیا تھا، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ہی از سر نو دوبارہ تعمیر کیا تھا آپؑ نے خواب میں دیکھا تھا کہ مقام منیٰ میں اپنے بیٹے کو ذبح کر رہے ہیں۔ چنانچہ اس خواب کی تعمیل میں اپنے بیٹے حضرت اسماعیلؑ کو لٹا دیا تھا۔ مگر جب چھری حلق پر چلا کر آنکھوں سے پٹی اُتاری تو دیکھا کہ اسماعیلؑ زندہ ہیں۔ اور ان کی جگہ دنبہ ذبح ہوا پڑا ہے (۵) عید قربان آپ ہی کے اس واقعے کی یادگار میں منائی جاتی ہے

اِبراہیم ادہم (ع-ا-مذ) ابراہیم بن ادہم۔ ایک مشہور ولی اور درویش کا نام ہے جو بلخ کی سلطنت چھوڑ کر فقیر ہوگئے تھے۔

اَبرِ بہار } (ف۔ مذکر) موسم بہار کا بادل۔ وہ بادل جو بہار کے دنوں
اَبرِ بہاری } میں آتا ہے۔ جس کے پھولوں اور پودوں کو کافی طراوت پہنچ جاتی ہے۔

اَبرِ بہمن (ف۔ مذکر) بہمن۔ فارسی مہینوں میں سے گیارھویں مہینے کا نام ہے جو ہندی حساب سے پھاگن اور انگریزی حساب سے مارچ سے مطابقت رکھتا ہے۔

اَبرِ تر (ف۔ مذکر) برسنے والا بادل سیراب بادل۔

اَبرِ تنک (ف۔ مذکر) اَبر۔ بادل۔ تنک۔ ہلکا۔ ہلکا سا بادل۔ خفیف اور پتلا سا اَبر۔

اَبرِ تیغ (ف۔ مذکر) تلوار کے جوہروں کا سلسلہ۔ زنگاری رنگ کی دھاریاں جو خالص فولادی تلوار میں ہوا کرتی ہیں۔

اَبرِ دریا بار (ف۔ مذکر) بہت زیادہ بارش برسانے والا بادل وہ بادل جو بہت ہی برسے، بہت زیادہ برسنے والی گھٹا۔

اَبرِ رحمت یا اَبرِ کرم (ف۔ ا۔ مذکر) بخشش کا بادل۔ رحمت کی گھٹا۔

اَبرَص (ع) پھلبہری والا۔ وہ شخص جس کے بدن پر سفید سفید سے داغ ہوں۔

اَبرِ قبلہ (ف-ع۔ مذکر) قبلہ یعنی مغرب کی طرف سے اُٹھی ہوئی گھٹا۔ جس کی نسبت مشہور ہے کہ بہت زیادہ برستی ہے۔ مینہ وہ جو پچھم سے آیا۔

اَبرَق یا اَبرک (ف۔ مذکر) ایک قسم کا تہ در تہ ساچمکدار معدنی پتھر ہے۔

اَبرِ غلیظ } (ف۔ مذکر) گاڑھا بادل۔
اَبرِ سیاہ } گہرا بادل۔ کالی گھٹا۔

اَبر کھلنا } (دُ۔ فعل) آسمان کا بادل سے صاف ہوجانا۔
اَبر چھٹنا } بادلوں کا آسمان پر نہ رہنا۔ بادلوں کا پراگندہ ہوجانا۔

اَبر کو دیکھ گھڑے پھوڑ ڈالنا۔ (رُ۔ محاورہ) اُمید پر اپنا نقصان کر بیٹھنا۔

اَبر گھرنا (اُ۔ محاورہ) گھٹا چھانا۔ بادلوں کا آسمان پر چاروں طرف سے آ جمع ہونا۔

اَبرِ مُردہ (ف۔ اسم مذکر) اسفنج یا اسپنج بعض آبی جانوروں کے گھر ہوتے ہیں۔ غوطہ خور سمندر میں سے کاٹ لاتے ہیں اور سکھا کر بازاروں میں فروخت کر دیتے ہیں۔ یہ پانی بہت سا جذب کر لیتے ہیں۔ اور نچوڑنے پر پھر خشک ہوجاتے ہیں۔

اَبرَن (ہ۔ مذکر) گہنا۔ زیور۔ نوُم۔

اب رنگ لائی گلہری۔ (ہ۔ محاورہ) کسی کی پوشیدہ عیاریوں اور چالاکیوں کے ظاہر ہونے کے موقع پر بولا کرتے ہیں۔

اَبرِ نیساں (ف۔ مذکر) وہ ابر جو اساڑھی کے موسم میں تو روز سے چالیس روز پہلے یا بعد میں برستا ہے۔ مشہور ہے کہ اس پانی کی بوند اگر سیپ میں پڑ جائے تو موتی بن جاتا ہے۔

اَبرو۔ (ف۔ مؤنث) بھویں (بھروٹے۔ (پنجابی)

اَبرو پر میل نہ لانا (اُ۔ محاورہ) مزاج میں استقلال ہونا۔ کسی نقصان یا تکلیف وغیرہ کی پروا نہ کرنا۔ بالکل خیال تک نہ کرنا۔ بے حیائی اور بے شرمی کے موقع پر بھی بول دیتے ہیں۔

اَبرو میں بل پڑنا یا بل آنا (اُ۔ محاورہ) تیوری چڑھنا۔ ناراض ہونا۔ غصہ آنا۔ خفا ہوجانا۔

اَبرو پیوستہ (ف۔ مؤنث) باہم ملی ہوئی بھویں۔ وہ بھویں جو دائیں بائیں سے آپس میں مل گئی ہوں۔

اَبرہ۔ (ف۔ مذکر) دولائی یا رضائی کا اوپر والا کپڑا۔ لحاف وغیرہ کا اوپر کا حصہ۔ ڈھانکنے والا۔

اَبری (ف۔ مؤنث) منسوب بہ ابر۔ بادل کی گھٹا کی۔ ایک قسم کا بیلدار اور پھولدار کاغذ جو کتابوں کے گتوں پر لگاتے ہیں۔

اَبریشم (ف۔ مذکر) ریشم کا کویا پیلا۔ ریشم کے کیڑوں کا غلاف۔

اَبریق (ع-ا-مو) چھاگل۔ صراحی۔ پانی پینے کا لوٹا۔

اَبَس (ہ۔ مذکر) (الف مقید نفی + بس معنی طاقت) بے طاقت۔ کمزور۔ مجبور لاچار۔ بے چارہ۔ جو بس کا نہ ہو۔

اَب سُتونتی ہو کر بیٹھی لوٹ کھایا سنسار (ہ۔ مثل) بدکار کا نیکوکار ہو کر بیٹھنا۔ نو سو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی۔

اُبَسنا۔ (ہ۔ فعل) کسی چیز میں بدبو پیدا ہوجانا۔ گلنا۔ سڑنا۔

البسواس (ہ۔ مذکر) کم اعتقادی۔ بدعقیدہ شک و شبہ۔ (اس میں الف حرف نفی اور بسواس بمعنی خیال ہے)

البسواسن (ہ۔ مؤنث) بداعتقاد عورت۔

البسواسی (ہ۔ مذکر) بدعقیدہ آدمی۔

اب سے آئے گھر سے آئے (ہ۔ محاورہ) جو پہلے نادانی میں ہو چکا سو ہو چکا۔ اب آئندہ ایسا نہ ہوگا۔ گزشتہ را صلوٰت۔ آئندہ را احتیاط۔

اب سے دُور (رُو) دُعائیہ فقرہ ہے اللہ اس وقت سے دُور رکھے۔ گزشتہ مصیبت یا دباؤ وغیرہ کا ذکر کرتے وقت پہلے یہ فقرہ بولتے ہیں۔

اَبْصار (ع۔ا۔مذ) بصر کی جمع ہے آنکھیں علم۔ دانائی۔

اِبْصار (ع۔فعل) آنکھوں سے دیکھنا۔

اَبْطال (ع۔ا۔مذ) بطل کی جمع ہے۔ بہادر۔ دلیر لوگ۔

اِبْطال (ع۔مذکر۔ مصدر) جھوٹا کرنا۔ باطل کرنا۔

اَبْعاد ثلاثہ (ع بہ اضافہ مذ) لمبائی۔ چوڑائی اور اونچائی یا گہرائی۔

اِبْقا (ع) زندہ اور باقی رکھنا۔ رعایت کرنی۔

اَبْکار (ع۔مذ) بکر کی جمع۔ کنواریاں۔

اُبکائی (ہ۔ مؤنث) بمعدے کی حرکت جو مواد نکالنے کے لیے ہوتی ہے۔ بغیر اس کے کہ کچھ نکلے امتلا۔ استفراغ۔ قے ہونے کی نشانیاں۔

اُبکنا (ہ) قے کرنا۔ رد کرنا۔ اُگل دینا۔

اب کے (ہ) اس دفعہ۔ آئندہ۔ پھر۔ دوبارہ۔

اب کی بات اب کے ہاتھ۔ جب کی بات جب کے ساتھ (ہ۔ مثل) گزشتہ زمانے کی بات پہلے ہی درست تھی۔ اب جو چال زمانے کی ہے اس کے ساتھ چلنا چاہیے۔ پہلے جھگڑے سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔

اَبلا (ہ۔ مؤنث) دبلی پتلی عورت۔ کامنی عورت نازک بدن عورت۔ صرف عورت کے معنی میں بھی مستعمل ہے۔ الف اول بمعنی نفی۔ الف آخر علامت فاعیت طاقت نہ ہونے والی۔

اَبلا پری (ہ۔ مؤنث) خوبصورت اور نازک عورت۔

اِبلاغ (ع۔مذ) پیام وغیرہ پہنچا۔

اُبل آنا (ہ) درم ہونا۔ سوج جانا۔ جوش کھا کر باہر آنا۔

اَبلق (معرب۔ مذکر۔ دو رنگا۔ سیاہ و سفید یا سُرخ و سفید۔ عام طور پر گھوڑے کی صفت میں آتا ہے۔ چتکبرا۔

اَبلق ایام یا اَبلق لیل و نہار (ف۔ اسم مذکر بدن رات سے مراد ہے زمانہ روزگار۔

اَبلق چشم (ف) خوبصورت آنکھوں والا۔ سیاہ و سفید آنکھوں والا۔

اُبلنا / اُبل پڑنا (ہ۔ فعل) جوش کھانا۔ زیادتی پر ہونا۔ مغرور ہونا۔ بہت خفا ہونا۔ حد سے زیادہ جوش کھانا۔

اَبلہ (ف) احمق۔ بے وقوف۔ نادان۔ سیدھا سادھا۔ احمق۔

اَبلہ فریب (ف۔ مذکر) عیار۔ چالاک۔ دھوکے باز بیوقوفوں کو دھوکا دینے والا۔

اِبلیس (ع) اللہ کی رحمت سے ناامید۔ شیطان سے مراد۔ خبیث۔ پلید۔ فریبی۔ مکار۔ ناامید۔ ایک جن جس نے حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ نہیں کیا تھا

اِبن (ع) مذکر۔ بیٹا۔ فرزند۔ پوت۔ پسر۔

اِبن السبیل۔ مسافر۔

اِبن رشد۔ ایک مشہور فلسفی اور حکیم جو ہسپانیہ کا رہنے والا تھا۔ ارسطو فلسفی یونان کا مداح اور معتقد تھا اس کی اکثر شرحیں لکھیں کہ شارح ارسطو مشہور ہو گیا۔ علم ہیئت کی بابت بھی اس نے بہت کچھ تحریر کیا ہے۔

اِبن الغرض۔ خود غرض۔

اِبن اللہ (معاذ اللہ) اللہ کا بیٹا۔ حضرت عیسیٰ جنہیں عیسائی اللہ کا بیٹا مانتے ہیں۔

اَبندہ (ہ۔ مذکر) الف نفی + بندہ نقطہ۔ بے نقطہ حرف۔

اَب نہ تب (ہ۔ تابع فعل) کبھی کا رکت۔ ضائع۔ ردی۔ نکمی چیز۔ قطعی انکار۔

ابنائے جنس (ع۔ مذکر) ہم جنس لوگ۔

ابنائے جہاں یا ابنائے روزگار (ف۔ا۔مذکر) دنیا کے لوگ۔ اولاد آدم موجودہ زمانے کے لوگ۔

اِبنِ مریم (ع۔ا۔مذ) حضرت عیسیٰؑ سے مراد ہے آپ کی والدہ کا نام حضرت مریمؑ تھا۔ آپ مردہ کو زندہ کر دیتے تھے اور مادرزاد اور اندھے گونگے وغیرہ آپ کے علاج سے شفا پاتے تھے۔

اِبن الوقت (ع۔ا۔مذ) خوشامدی زمانے ساز ایک کتاب کا نام ہے۔ جو مولوی نذیر احمد صاحب مرحوم دہلوی کی تصنیف ہے۔

اَبو (ع۔ا۔مذ) باپ۔ بادا۔ پدر۔ والد۔ صاحب۔ آقا۔

ابواب (ع۔ا۔مذ) باب کی جمع۔ دروازے۔ سڑک۔ مدرسہ کا لگان جو زمین داروں سے سرکاری لگان کے ساتھ وصول کیا جاتا ہے۔

اَبوبکرؓ (ع۔ا۔مذ) اسلام کے خلیفہ اوّل کا نام ہے۔

اَبوتراب (ع۔ا۔مذ) حضرت علیؓ کی کنیت۔

اَبوجہل (ع۔ا۔مذ) عمرو بن ہشام کی کنیت تھی۔

اَبوحنیفہؒ (ع۔ا۔مذ) حضرت نعمان بن ثابتؒ کی کنیت ہے جو امام اوّل ہیں اور سب سے بڑے امام ہیں اور امام اعظم کہلاتے ہیں۔ آپ کے ماننے والے حنفی کہلاتے ہیں۔

اَبوالبشر (ع۔ا۔مذ) انسانوں کا باپ حضرت آدمؑ سے مراد ہے۔

اَبوالبشر ثانی (ع۔ا۔مذ) حضرت نوحؑ کو کہتے ہیں۔

اَبوالحسن۔ اہل اسلام میں ایک نامور حکیم جس نے علم ہندسہ اور ہیئت میں بلند مقام حاصل کیا۔ عمر خیام مشہور شاعر اسی کے شاگردوں میں تھا۔ نیز حضرت علیؓ کی کنیت۔

اَبوریحان۔ ایک بہت مشہور مسلمان فلسفی اور فاضل جس کا نام البیرونی تھا۔

اَبوالفضل (ع۔ا۔مذ) اکبر کے وزیر اعظم کا نام ہے۔

اَبوعلی۔ مسلمانوں کا ایک بہت بڑا طبیب اور فلسفی جو اسلامی ادبیات میں شیخ الرئیس کے لقب سے مشہور ہے۔

اَبوجھ (ہ) بے سمجھ نادان (الف نافیہ۔ بوجھ۔ بمعنی عقل۔

اَبوجھا (ہ۔ مذکر) نادان۔

اَبول یا اَبولا (ہ۔ مذکر) خاموش۔ چپ چاپ۔

اُبھار یا اُبھارا (ہ۔ مذکر) اُٹھان۔ اٹھاؤ۔ رغبت۔ جوش۔ بہکانا۔ بلندی۔

اُبھار آنا (ہ۔ فعل) بیماری کا عود کر آنا۔ مرض کا پھر آنا۔

اُبھار لانا (ہ۔ فعل) بھگا لانا۔ نکال لانا۔ چرا لانا۔

اُبھارنا (ہ۔ فعل) اُٹھانا۔ سہارا دینا۔ اونچا کرنا۔ بھگا لے جانا۔ ورغلانا۔ تیرانا۔ ڈوبتے کو نکالنا۔ شہرت دینا۔ ترقی دینا۔

اُبھاگ۔ (ہ۔ مذکر) (الف نافیہ۔ بھاگ بمعنی تقدیر قسمت) بے نصیب۔

بدقسمت۔

اِبہام، (ع۔ ند) گول لفظوں میں کہنا۔ اگوٹھا۔ شک شبہ۔

اُبھرنا۔ (ہ۔ فعل) اُوپر ہونا۔ اُونچا ہونا۔ پودا پھوٹنا۔ بڑھنا۔ ظاہر ہونا۔ شہرت پانا۔ ترقی پانا۔ ڈوب کر اوپر آنا۔

اُبہت، (ع۔ ند) بزرگی۔ رونق۔ شکوہ۔ عظمت۔

اَبھمان (ہ۔ مذکر) غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ۔

ابھرن، (ہ۔ ند) اینت۔ زیورات۔ جواہرات۔

اَبھی۔ (ہ۔ تابع فعل) اسی وقت۔ اب تک۔

اَبھی چھٹی کا دُودھ نہیں سوکھا یا ابھی دُودھ کے دانت نہیں ٹوٹے ابھی مُنہ سے دُودھ کی بو آتی ہے ابھی مُنہ سے دُودھ ٹپکتا ہے ابھی مُنہ کی دال نہیں جھڑی ابھی ہونٹوں کا دودھ نہیں سوکھا (اُڑ۔ مثل) ناتجربہ کاری اور طفولیت۔ نادانی کی جگہ طنزاً بولتے ہیں مراد یہ ہے ابھی بچے ہو۔ نادان ہو بے سمجھ ہو۔

ابھی سے (ہ۔ تابع فعل) پہلے ہی۔ قبل از وقت۔

ابھی دلّی دُور ہے (ہ۔ مثل) منزل مقصود دُور ہے۔ کامیابی میں بڑی دیر ہے۔ (ہنوز دلی دُور است کا ترجمہ ہے)

ابھی کچا برتن ہے یا ابھی کچی لکڑی ہے۔ (ہ۔ محاورہ) کم سن ہے کنواری ہے۔ دوشیزہ ہے۔

ابھی کچے گھڑے پانی بھرنا ہے۔ (ہ۔ مثل) ابھی بہت سی دقتیں ہیں۔ بہت سی مشکلات باقی ہیں۔

ابھی کچے ہیں کون دانت کھٹے کرے (مثل) بڑی کوشش کے بعد کوئی چیز قابو میں نہ آئے تو اپنا دل پرچانے یا دل بہلانے کو کہا کرتے ہیں چلو جانے دو۔ مقبول لغو عذر۔

ابھی کیا ہے یا ابھی کیا دیکھا ہے (ہ۔ فقرہ ہے) جو تعریف میں اور بُرائی میں دونوں جگہ بولا کرتے ہیں۔ اسی پر خاتمہ نہیں یہ تو کچھ بھی نہیں۔ ابھی بہت کچھ باقی ہے۔

ابّی دُبّی کھیلنا۔ (ہ) گلّی ڈنڈے کو کہتے ہیں۔

اَبے (ہ) حرف ندا ہے۔ ادنےٰ اور گنوار کو خطاب کیا جاتا ہے۔

اَبے تبے کرنا۔ (محاورہ) بُری بُری باتیں کہنا گستاخانہ کلام کرنا۔ بدتہذیبی کرنا۔

اَبیات (ع۔ ند) بیت کی جمع۔ اشعار۔

اَبیر (ہ۔ مذکر) ابرک کا برادہ جو ہندو لوگ ہولی کے دنوں میں گلال میں ملا کر ایک دوسرے کے منہ پر مل دیتے ہیں۔

اَبیض (ع) سفید۔ چٹا۔ اُجلا۔

ا - پ

اَپاپ (ہ۔ اسم مذکر) (الف نافیہ + پاپ یعنی گناہ) بے گناہ۔ پاک۔ معصوم۔

اپادان (ہ۔ مذکر) سبب۔ علت۔ باعث۔ وجہ۔

اُپادھ (ہ۔ مؤنث) جھگڑا۔ فساد۔ فتنہ۔ زیادتی۔ ظلم۔ مصیبت۔ بکھیڑا۔ (ہ۔ مذکر) جھگڑالو۔ فسادی۔ فتنہ انگیز۔

اُپار (ہ۔ مذکر) بے حد۔ بہت زیادہ۔ (الف اس میں حرف نفی ہے۔

اُپاڑ (ہ۔ مذکر) جسم کی کھال کا پھٹ کر اُتر جانا۔ آبلہ پڑنا۔ اُکھاڑ۔ خراش کرنا۔

اُپاڑنا (ہ) فعل۔ گنواری بولی ہے) اکھاڑنا۔ پھاڑنا۔ درخت وغیرہ کو زمین سے جُدا کرنا۔

اُپاڑ کرنا (ہ۔ فعل) جلد پر آبلہ ڈالنا۔ جلد کو ادھیڑنا۔

اُپاسک (ہ۔ مذکر) عابد۔ عبادت کرنے والا روزہ دار۔

اُپاسنا (ہ۔ فعل) پوجنا۔ عبادت کرنا۔

اُپاسی (ہ) زاہد۔ پرہیزگار۔ پجاری۔

اُپاہج (ہ) وہ شخص جس کے ہاتھ پاؤں لنجے ہو گئے ہوں۔ لاچار چلنے پھرنے سے لاچار۔ مجازاً نکمّا۔ سُست۔ ناکارہ کاہل۔

اَپائنٹ منٹ (انگ۔ مذ) تقرر۔ تعیّن۔ Appointment

اُپَت (ہ) خاوند جس سے نکاح نہ ہوا ہو بے نکاح۔

اُپَج / اُپج (ہ۔ اسم مؤ) اُگاؤ۔ پیدائش۔ ظہور طبیعت سے پیدا شدہ بات۔ ایجاد۔ نئی تان۔

اَپچھر (ہ۔ مو) انتہائی حسین۔

اُپجاؤ (ہ۔ اسم مؤنث) نئی بات پیدا ہونا۔ زرخیز جگہ۔ سیراب زمین۔

اُپج لینا / اُپج کی لینا (ہ) نئی بات نکالنا۔ طبیعت کی تیزی دکھانا۔

اُپجنا (ہ) اُگنا۔ نکلنا۔ زمین سے پیدا ہونا۔ دل سے کوئی بات اُٹھنا۔

اُپدیش (ہ۔ مذکر) نصیحت۔ وعظ۔ صلاح۔ تلقین۔

اپرنٹس (انگ۔ مذکر Apprentice) اُمیدوار۔ خواہشمند۔

اپریشن (انگ۔ اسم۔ Operation) علاج کے لیے جسم کو چیرنا۔ عملِ جراحی۔

اپریل (انگ۔ مذکر۔ April) انگریزی سال کا چوتھا مہینہ۔

اپریل فول۔ اپریل کے ابتدائی تین دنوں کا مذاق۔ Aprilfool

اَپسرا (ہ۔ مؤ) راجہ اندر کے دربار کی رقاصہ۔ طوائف۔ پہاڑ۔ سمندر یا جنگل کی دیوی۔

اپرنت۔ یا اپرنتو (ہ۔ تابع فعل) بعد۔ بعد ازاں۔ اس کے بعد۔

اُپلا (ہ۔ مذکر) تھاپی۔ کنڈا۔ گوبر۔

اپلائی (انگ۔ مذ) درخواست دینا۔ منطبق کرنا۔ Apply

اپلی کیشن (Application۔ انگ۔ اسم) درخواست۔ عرضی۔

اَپنا (ہ۔ اسم ضمیر) میرا۔ ہمارا۔ تیرا۔ تمہارا۔ قریبی رشتہ دار۔ ذاتی۔ نج کا۔ غیر کی ضد (بحالت صفت) دوست۔ ساتھی۔ ہمدرد۔ مقبوضہ۔ زرخرید۔

اَپنا اپنا (ہ) ہر ایک کا۔ علیحدہ۔ علیحدہ۔ الگ الگ۔

اَپنا اپنا پرایا پرایا (ہ) قریبی پھر بھی قریبی ہوتا ہے اور غیر غیر۔ رشتہ دار سے خواہ کتنی ہی تکلیف پہنچے پھر رشتہ دار ہے غیر خواہ کتنی ہی الفت کرے مگر آخر غیر ہی ہے۔

اَپنا اُلّو سیدھا کرنا (ہ۔ محاورہ) اپنا مطلب پورا کر لینا۔ اپنا کام نکالنا پرلے درجے کی خود غرضی۔

اَپنا اُلّو کہیں نہیں گیا (ہ۔ محاورہ) ہمارا مطلب تو نکل ہی آئے گا۔ خواہ غیر کا نفع ہو یا نقصان۔

اَپنا بال اور کا ڈھینگر یا۔ (ہ۔ محاورہ) اپنے کی رعایت۔

اپنا پوت پرایا ڈھینگر یا } اور دوسرے کی گرفت کے موقع پر بولتے ہیں
اپنا ٹینگر پرایا ڈھینگر } اپنا بچہ تو نادان ہے اور غیر کا بڑا۔

اپنا بنا لینا (ف) فعل موافق کرلینا۔ اپنے ساتھ ملا لینا۔ دوست بنالینا۔

اپنا بیگانہ یا اپنا پرایا۔ (ر) مذکر۔ اپنا اور غیر دوست اور دشمن۔

اپنا پیٹ تو کتا بھی پالتا ہے۔ (ہ۔ مثل) ایسے شخص کو طعنہ کے طور پر کہا کرتے ہیں جو اپنی کمائی خود ہی کھا جائے اور دوسرے کو حصہ نہ دے۔

اپنا ٹھکانا کرنا۔ (ہ) فعل۔ اپنی رہایش اور خوراک وغیرہ کا انتظام کرنا۔

اپنا ٹینٹ نہیں نہارتے اور کی پھلی کو دیکھتے ہیں۔ (ہ۔ محاورہ) اپنی بڑی بڑی برائیاں نہیں دیکھتے۔ اوروں کے ذرا سے عیب کو ظاہر اور بیان کرتے ہیں (ٹینٹ بمعنی پھوٹی ہوئی آنکھ کا ڈھیلا نہارتے۔ خیال کرتے۔ پھلی پھوڑے کی تصغیر ہے۔

اپنا ٹھیک نہیں اور کا ٹیک نہیں۔ (ہ۔ محاورہ) اپنی عقل نہیں اور کا کہا نہیں۔ اپنی رائے درست نہیں۔ دوسرے کی رائے پسند نہیں۔

اپنا تن ڈھانکو دوسرے کو ننگا پیچھے کہنا۔ (ہ۔ مثل) پہلے اپنا پردہ درست کرو۔ پھر دوسرے کے عیب دیکھنا۔ پہلے اپنی برائیاں دور کرو۔ پھر دوسرے میں خرابیاں نکالنا۔

اپنا توشہ اپنا بھروسا یا اپنا توشہ اپنے ساتھ۔ (ہ) اپنا انتظام ہی تسلی بخش ہوتا ہے۔

اپنا جوہر دکھانا (ر۔ مثل) اپنی خوبیاں ظاہر کرنا۔ اپنا ہنر دکھانا۔ طنزاً اپنا عیب ظاہر کرنا۔

اپنا حاکم حاکم اور کا حاکم آدمی } (اُر۔ محاورہ) اپنا تعلق دار تو قابل
اپنا پیر پیر اور کا پیر آدمی } عزت ہے اور دوسرے کا تعلق دار معمولی۔ اپنے افسر کا ڈر رہتا ہے دوسرے کے افسر کا بالکل خوف اور رعب نہیں مانتے۔

اپنا حساب کرلو۔ (اُر۔ محاورہ) اپنا لین دین صاف کرلو۔ اپنا حساب بے باق کرلو۔ اپنی تنخواہ لے لو اور نوکری چھوڑ دو۔

اپنا دام کھوٹا پرکھنے والے کا کیا دوس } (ہ۔ محاورہ) جب اپنی
اپنا سونا کھوٹا پرکھنے والے کا کیا دوس } ہی اولاد نالایق ہو تو عیب جو اور نکتہ چین کی شکایت کیا۔

اپنا رکھ پرایا چکھ۔ (ہ۔ محاورہ) اپنا سنبھال کر رکھ اور کا کھا جا۔ اپنا جوڑ اور کا ہڑپ کرلے۔

اپنا رونا رونا۔ (ہ۔ محاورہ) اپنی تکالیف بیان کرنی۔ اپنا ہی دکھ درد ظاہر کرنا۔ اپنی ہی مصیبت جتانی۔

اپنا سامنہ لے کر رہ جانا۔ (اُر۔ محاورہ) شرمندہ اور نادم ہونا۔ حسب منشا کام نہ بننے سے خفت اُٹھانا۔

اپنا سیتھا کرنا۔ (ہ۔ محاورہ) اپنی فکر کرنی۔ اپنے فائدے کا سبب پیدا کرنا۔ سیتھا بمعنی فرصت فراغت سبب وغیرہ۔

اپنا سر پیٹو۔ (اُر۔ محاورہ) اپنی سزا بھگتو۔ اپنا کیا پاؤ۔ اپنے فعل کا خمیازہ اٹھاؤ۔

اپنا سوجھتا کرنا (ہ۔ محاورہ) دور اندیشی کرنا۔ انجام سوچنا۔ اپنی بہتری کی تدبیر کرنا۔

اپنا سوپ مجھے دے تو ہاتھوں پچھوڑ (ہ۔ محاورہ) اپنا چھاج مجھے دے تو ہاتھوں سے اپنا غلہ صاف کر۔ نہایت خود غرض۔

اپنا قلّہ شجرہ رکھ چھوڑے } (اُر۔ محاورہ) اپنا کام خود کیجیے۔
اپنا قلّہ شجرہ لیجیے } ہمیں آپ کی چیز یا آپ کا کام پسند نہیں۔

اپنا کتا باندھو تم بھیک سے باز آئے۔ (ہ۔ مثل) ہم نے نفع چھوڑا۔ نقصان تو نہ پہنچاؤ۔ فارسی میں ہے۔ مرا بخیر تو امید نیست بد برساں۔

اپنا کام کرو (اُر۔ محاورہ) جب کوئی آدمی خواہ مخواہ دخل در معقولات دے تو اس کو تنبیہ کے طور پر کہا کرتے ہیں۔ تمھیں کس نے لگایا۔ جاؤ اپنا کام کرو۔

اپنا کیا پایا (اُر۔ محاورہ) جیسا کرنا ویسا بھرنا۔ سزائے عمل کیفر کردار۔

اپنا کھایا تر بتواں (ہ۔ مثل) اپنے ہی کھانے سے تسلی ہوتی ہے۔ اپنی ہی خوراک تسلی بخش ہے خود غرضی کے موقع پر بولتے ہیں۔

اپنا گھر دُور سے سوجھتا ہے (ہ۔ محاورہ) اپنے فعل سب کو معلوم ہیں۔ اپنے نفع کا خیال ہر شخص کو ہے۔ اپنے گھر کی حالت کو ہر شخص جانتا ہے۔

اپنا گھر بگ کے بھر پرایا گھر تھوک کا ڈر۔ (ہ۔ مثل) اپنے گھر کی سی آزادی اور آرام دوسری جگہ نہیں ملتا۔

اپنا لال گنوا کے در در مانگیں بھیک۔ (ہ۔ مثل) اپنا نقصان کرکے گداگری کرنا۔ اپنی دولت ضایع کرکے بھیک مانگتے پھرنا۔

اپنا لہو پینا۔ (ہ) فعل۔ غم اور غصہ کا اظہار رنج و مصیبت سہنا۔

اپنا مارے گا بھی تو چھاؤں میں ڈالے گا۔ (ہ) عزیز رشتہ دار اگر قتل بھی کرے گا تو بھی رحم کرکے لاش کو سایہ میں تو ضرور رکھ دے گا۔ صلہ رحمی کی بابت بولا کرتے ہیں۔

اپنا مال اپنی چھاتی تلے۔ (ہ۔ فقرہ) اپنی دولت اپنے ہی قبضہ میں درست ہے۔

اپنا مرن جگت کی ہنسی۔ (ہ۔ مثل) اپنی تباہی ہونا۔ اور دنیا کو مذاق اور ہنسی اڑانے کا موقع ہاتھ آنا۔

اپنا مُنہ دیکھو } (ہ۔ محاورہ) اپنی استعداد اور قابلیت پر خیال کرو۔
اپنا مُنہ بنواؤ } اپنی لیاقت اور تمیز دیکھو۔

اپنا مُنہ دھو رکھو } (ہ۔ مثل) یہ مثل انکار کے موقع پر
اپنا مُنہ گڑھے میں دھو رکھو } بولتے ہیں جب کسی کام کے نہ ہونے کا یقین ہو۔

اپنا نام بدل ڈالیں یا اپنی مونچھ منڈا ڈالیں یا ڈاڑھی کتّے کے پیشاب میں منڈا ڈالیں۔ (ہ۔ محاورہ) جب کسی کام کے ہو جانے کا پورا پورا یقین ہو تو دوسرے کو شرط کے طور پر کیا کرتے ہیں کہ ایسا ضرور ہوگا۔ اگر نہ ہوا تو ہم اپنا نام بدل ڈالیں گے وغیرہ وغیرہ۔

اپنایت۔ (ہ) مؤنث۔ اپنا ہونا۔ رشتہ داری۔ قرابت۔ یگانگی۔

اپنے۔ (ہ) ضمیر اپنا کی جمع۔ رشتہ دار۔ یگانے۔ کہیں زاید بھی آجاتا ہے۔ ضمیر جمع متکلم بھی۔

اپنی۔ (ہ۔ مؤنث ضمیر ہے) اپنا کی تانیث۔ میری ذاتی رشتہ کی۔

اپنی اپنی پڑنا (اُر۔ محاورہ) نفسی نفسی ہونا۔ اپنی فکر کرنا۔

اپنی اپنی بولی بولنا (اُر۔ محاورہ) ہر شخص کا نئی بات کہنا۔ اختلاف رائے ہونا۔ ہر ایک کا اپنے مطلب کی کہنا۔

اپنے اپنے حال میں مست ہونا۔ (ؤر۔ محاورہ) ہر ایک کا اپنی حالت میں خوش رہنا۔

اپنی اپنی ڈفلی اپنا اپنا راگ (ہ۔ مثل) اپنا اپنا مذاق اپنا اپنا کام۔ فارسی میں فکر ہر کس بقدر ہمت اوست۔

اپنی اپنی گور اپنی اپنی منزل۔ (ؤر۔ محاورہ) کوئی کسی کا ساتھی نہ مددگار اپنی قبر میں آپ ہی رہنا ہے دوسرے کی قبر میں کون ٹھہر سکتا ہے۔

اپنے اپنے گھر میں سب بادشاہ ہیں (ؤر۔ محاورہ) اپنے گھر میں سب آزاد اور مختار کل ہے جو چاہیں کریں۔ جو چاہیں حکم دیں۔ اپنے گھر کے سب مالک ہیں۔

اپنی آگ میں آپ جلے جاتے ہیں (ہ۔ محاورہ) اپنے غصہ اور حسد میں خود ہی برباد ہو رہے ہیں۔

اپنے اُوپر لینا (اُر۔ محاورہ) کسی کا کام اپنے ذمہ لینا۔ ضامن بننا۔ ضمانت دینا۔

اپنی ایڑی تو دیکھو (ہ) عورتوں کا محاورہ ہے۔ کسی کی خوبصورتی کی تعریف کے وقت نظر بد کے دفعیہ کے لیے بولنے والے کی توجہ دوسری طرف کر دیتی ہیں۔ اور کہا کرتی ہیں کہ نظر نہ لگاؤ۔ اپنی ایڑی تو دیکھو گوہ لگا ہوا ہے۔

اپنے اللہ سے پاؤ (ؤر۔ محاورہ) الزام اور بہتان پر صبر کر کے یہ محاورہ بولا کرتے ہیں۔ تم اس کی سزا اللہ سے پاؤ۔ اللہ تم کو اس کی سزا دے۔

اپنی بات اپنے ہاتھ۔ (اُر۔ محاورہ) اپنی عزت اپنے اختیار میں ہے۔

اپنی بات پر آنا (اُر۔ محاورہ) اپنی ہٹ اور ضد پر آنا۔ چلتر دکھانا۔

اپنی بات کا انگ پالنا۔ (ہ۔ محاورہ) اپنی بات کا پاس کرنا۔ اپنی بات کا پہرا دینا۔ جو کہا ہو۔ اس پر قایم رہنا۔ قول کا سچا ہونا۔

اپنی بات کا ایک (ہ۔ محاورہ) زبان کا سچا۔ بادفا۔ اقرار کا پورا۔

اپنے بچھڑے کے دانت سب جانتے ہیں اپنے گھر کے بچھڑے کے دانت کون گنتا ہے۔ (ہ۔ مثل) اپنی برائی بھلائی۔ عیب و ثواب کو ہر شخص جانتا ہے اپنی حالت ہر ایک کو خوب معلوم ہے

اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑی مارنا (ہ۔ محاورہ) اپنا نقصان خود کرنا۔ اپنے نقصان کا خود ہی سبب ہونا۔ اپنے ہاتھوں اپنا برا کرنا۔

اپنی پیٹھ نہیں دکھائی دیتی۔ (ؤر۔ مثل) اپنا عیب اپنے آپ کو نہیں سوجھتا۔

اپنے پرائے کی ٹھوکریں کھانا (ؤر۔ محاورہ) اپنے بیگانے ہر ایک کے دکھ سہنا۔

اپنی پگڑی اپنے ہاتھ ہے (ہ۔ مثل) اپنی عزت اپنے اختیار میں ہے۔

اپنے پنکھے لگانا یا لگاتے جانا (ہ۔ محاورہ) اپنا مطلب نکالے جانا۔ اپنی غرض پوری کیے جانا۔

اپنے جامے سے باہر ہونا (ہ۔ محاورہ) خوشی یا غصہ کی حالت میں آپے سے باہر ہو جانا۔

اپینڈیکس (انگ Appendix) اسم بارہ۔ انگشتی آنت۔

اپنی جھونپڑی کی خیر مانگو یا اپنے مقدر کی خیر مناؤ۔ (ہ۔ مثل) دوسرے تو الگ رہے تم اپنی خیر مناؤ۔

اپنی چال سے نہ چوکنا۔ (ہ۔ محاورہ) اپنے فرضوں سے نہ ہٹنا۔ اپنے افعال سے باز نہ آنا۔

اپنی چلم بھرنے کو میرا جھونپڑا جلاتے ہو۔ (ہ۔ مثل) اپنے ادنیٰ نفع کے لیے مجھے برباد کرتے ہو۔

اپنی چھاتی پر کودوں دلوانا۔ (ہ۔ محاورہ) دوسروں کا ظلم ہوتے دیکھنا اور کچھ نہ کہنا۔

اپنی چھاتی پر ہاتھ دھر کے دیکھو۔ (ہ۔ مثل) دوسرے کا دکھ بھی اپنا ہی جانو۔ ذرا انصاف سے کام لو۔ اور سوچو کہ اپنی سی ہی حالت دوسرے کی بھی ہوتی ہے۔

اپنی چھاچھ کو کوئی کھٹی نہیں کہتا۔ (ہ۔ محاورہ) اپنی عیب دار چیز کو بھی کوئی برا نہیں کہتا۔

اپنے دل کے مختار ہیں۔ (ؤر۔ مقولہ) آزاد ہیں کسی کے پابند نہیں۔ جو چاہیں کریں۔

اپنے دم سے اچھے ہیں یا اپنی ذات سے اچھے ہیں (ؤر۔ مقولہ) شریف ہیں بھلے آدمی ہیں۔ کسی سے برے نہیں۔

اپنے دِنوں کو رونا۔ (ہ) فعل۔ اپنی بدقسمتی پر افسوس کرنا۔ اپنے عیش و آرام کو یاد کرنا اور پشیماں ہونا۔

اپنے ڈھائی چاول الگ گلانا
اپنی ڈیڑھ پاؤ کھچڑی الگ پکانا
اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد الگ بنانا
(ہ۔ محاورہ) غرور اور تکبر سے کسی کے ساتھ مل کر نہ رہنا سب سے الگ رہنا۔ کسی سے اتفاق رائے نہ کرنا۔ کسی کا کہا نہ ماننا۔ اپنی رائے الگ ہی رکھنا۔

اپنے ڈھب کا۔ (ہ) اپنے رنگ کا۔ اپنی طرز کا۔ اپنی پسند کا۔ اپنے کام کا۔

اپنی راہ جاؤ یا راہ لگو۔ (ؤر۔ محاورہ) جاؤ اپنا کام کرو۔ چلتے پھرتے نظر آؤ۔

اپنے سائے سے وحشت ہونا۔ (ہ۔ محاورہ) پرلے درجے کا بزدل ہونا۔ نہایت وہمی اور شکی ہونا۔

اپنے سوا اپنے اور چینی کے ڈھکنے (ؤر۔ محاورہ) اپنے عزیز اور دوسرے ذلیل۔

اپنی سی بہت کی۔ (ؤر۔ محاورہ) اپنی طرف سے بہت ہی کوشش کر لی۔ حسب مقدور سعی کر چکے۔

اپنی طرف خیال کرنا۔ (اُر۔ محاورہ) اپنی حیثیت مقدور۔ عزت کے مطابق دوسروں سے نیکی کرنا۔ اپنی آبرو کا خیال رکھنا۔

اپنی غرض کو گدھے چرائے۔ (ہ) ضرورت کے واسطے ادنیٰ سے ادنیٰ کام کر لیا۔ مطلب کی خاطر سب ہی کچھ کیا۔

اپنی غرض کیلیے گدھے کو باپ بنا لیتے ہیں۔ اپنا مطلب نہایت عزیز ہوتا ہے۔ اس کے حاصل کرنے کے لیے ذلیل سے ذلیل کی بھی خوشامد کر لیا کرتے ہیں۔

اپنی قسمت کو رونا (اُر۔ محاورہ) اپنی بدنصیبی کو رونا۔ تقدیر کا شکوہ کرنا۔

اپنے کام سے کام رکھتے ہیں (ؤر۔ محاورہ) اپنے کام میں لگے رہتے ہیں۔ کسی

کو نہ بُرا کہنا نہ سننا۔

اپنی کرنی پار اترنی۔ (ہ۔ محاورہ) اپنی ہی محنت سے کام ہوتا ہے۔ اپنے ہی اعمال کام آتے ہیں۔

اپنی کرنی آپ ہی بھرنی۔ (ہ۔ محاورہ) ہر ایک آدمی اپنے کیے کو بھگتے گا۔

اپنی کرنی پروان کیا ہندو کیا مسلمان۔ (ہ۔ مثل) ہندو یا مسلمان کی تخصیص نہیں۔ نہ کسی کی رعایت ہے۔ ہر ایک کو اپنے عملوں کا پھل ملے گا بُرا ہو یا بھلا۔

اپنی کر کے نہ رکھنا (ہ۔ محاورہ) چیز کو سنبھال کر نہ رکھنا۔ یونہی فضول لُٹا دینا۔ وقف کر دینا۔

اپنی کھال میں مست ہونا (اُ۔ محاورہ) اپنے حال میں خوش ہونا۔ غریبی میں مگن رہنا۔

اپنے کیے کا علاج نہیں۔ (اُ۔ مثل) جو بُرائی خود کی ہو۔ اس سے انکار کیسے بے پروا بیوقوف کی نسبت بولتے ہیں۔

اپنے کیے کی سزا پانا (اُ۔ محاورہ) بدی کا بدلہ پانا۔ نتیجہ بھگتنا۔

اپنی گانا (اُ۔ محاورہ) اپنی ہی تعریف کیے جانا۔ اپنی ہی بات کہے جانا۔ اپنی ہی رٹنا۔

اپنی گرہ کا۔ (ہ۔ اسم مذکر) اپنی جیب کا۔ اپنا مال۔ اپنا جمع کیا ہوا۔

اپنی گرہ سے کیا جاتا ہے (اُ۔ محاورہ) اپنی جیب سے کیا خرچ ہوتا۔ ہمارا کیا نقصان ہے۔ ہمارا کیا حرج ہے۔

اپنے گریبان میں مُنہ ڈالو / **اپنے گریبان میں مُنہ ڈال کر دیکھو** (اُ۔ مثل) اپنے عیب دیکھو اور شرم سے گردن جھکاؤ۔ اپنے فعلوں سے شرماؤ۔ کیے پر پچھتاؤ۔

اپنی گون کا یار یا اپنی گوں کو گھالم گھولا اور کی باری ٹالم ٹولا۔ (ہ۔ مثل) اپنی غرض کے لیے خوب گھل مل جاتے ہیں۔ دوسرے کے کام کے وقت ٹالم ٹولا کر دیتے ہیں۔ نہایت خود غرض آدمی کے لیے بولا کرتے ہیں۔

اپنی گڑیا سنوار دینا۔ (ہ) فعل۔ اپنی طاقت کے موافق لڑکی کی شادی کر دینا۔

اپنی گلی میں کُتا بھی شیر ہے / **یا اپنے گھر پر چیونٹی بھی دلیر ہے** (اُ۔ محاورہ) اپنی جگہ پر بزدل کو بھی حوصلہ ہو جاتا۔

اپنے لگے ہیگ ہیں اور کے لگے بھیت ہیں۔ (ہ۔ مثل) اپنا دُکھ تو دُکھ اور کا دکھ سرسری۔ ہیگ جسم اور بھیت دیوار۔

اپنے مُنہ سے میاں مٹھو بننا۔ / **اپنے مُنہ میاں مٹھو بننا**۔ اپنی تعریف آپ کرنی۔ اپنی خوبیاں خود ہی جتانی۔

اپنے مُنہ سے دھنیا بھائی۔ اپنی خوبصورتی کی خود ہی تعریف کرنا۔

اپنے مُنہ پر تمانچے مارنا۔ (ہ۔ مثل) اپنے کیے پر شرمندہ اور پشیمان ہونا۔

اپنے مرے بن سُرگ نہیں ملتا۔ (ہ۔ مثل) اپنی محنت بغیر آرام نہیں ملتا۔ جب تک خود ہی تکلیف نہ اُٹھائے۔ نفع نہیں ہوتا۔ (سُرگ بمعنی بہشت۔ جائے آرام)

اپنے موتی سوروں کے آگے نہ پھینکو۔ (ہ۔ مثل) بے قدروں کو اپنا ہنر نہ دکھاؤ۔

اپنے نام کا ایک ہے (ہ۔ محاورہ) اپنی بات کا پکا ہے۔ ضدی اور ہٹیلا ہے۔

اپنے نصیبوں کا رونا (ہ۔ مثل) اپنی بدقسمتی کی شکایت۔

اپنی نیند سونا اپنی نیند اُٹھنا / **اپنی نیند سونا اپنی بھوک کھانا** (ہ۔ مثل) نہایت بے فکری ہونا۔ پوری پوری آزادی ہونا۔ جب جی میں آیا جاگ اُٹھے۔ کوئی کہنے سننے والا نہیں۔

اپنے والی پر آنا / **اپنے والیوں پر آنا** (ہ۔ محاورہ) اپنی ضد اور ہٹ پر اُتر آنا۔ اپنی بات کی پچ کرنا۔ اپنی لیاقت اور خوبیاں دکھانا۔

اپنے وقت کا حاتم ہے (اُ۔ مثل) اپنے زمانہ کا سخی ہے۔ بڑا فیاض اور سخی ہے۔

اپنے ہاتھوں (ہ۔ تابع فعل) اپنے آپ سے از خود۔ اپنے فعل سے۔

اپنے ہاتھوں اپنی قبر کھودنا۔ / **اپنی راہ میں آپ کانٹے بونا** (اُ۔ محاورہ) اپنے نقصان کا باعث خود ہی ہونا۔ خود ہی بلا میں گرفتار ہونا۔ اپنے مرنے کا سامان خود کرنا۔ خود موت کے مُنہ میں جانا۔

اپنے ہاتھ ہے (ہ۔ محاورہ) اپنے اختیار میں ہے۔ رہا تھ بہ معنی قابو۔ طاقت قبضہ۔

اپنے ہی گھر سے آگ لگی ہے۔ (ہ۔ مثل) اپنے ہی گھر سے فساد اُٹھا۔ اپنے ہی گھر سے لڑائی کا آغاز ہوا ہے۔

اَپنتھ۔ (ہ۔ مذکر) (الف حرف نفی) پنتھ طریقہ راستہ بے راہ۔ خراب رستہ۔ گمراہ۔ بدعت۔

اپواسی (ہ۔ مذکر، ر، روزہ دار۔ برتی۔

اپوتر۔ (ہ) ناپاک۔ پلید۔ نجس۔

اپوتر تا (ہ۔ مؤنث) ناپاکی۔ نجاست۔ پلیدی۔

اپوج (ہ) پوجنے کے ناقابل۔ ناقابل عبادت۔

اُپ وید۔ (ہ۔ مذکر) اس میں علم حکمت۔ موسیقی۔ حرب۔ صنعت و حرفت۔ شامل ہیں۔

اُپھار (ہ۔ مذ) پیٹ کا نفخ سے پھول جانا۔ پیٹ میں ریاح کا بھر جانا۔ بدہضمی سے پیٹ کا پھولنا۔

اُپھر جانا۔ اُپھر چلنا۔ اُپھرنا۔ (ہ۔ محاورہ) پیٹ کا ریح سے پھول جانا۔ نفخ ہونا۔ پیٹ میں ہوا بھر جانا۔ مغرور ہونا۔ پھولنا دولت یا علم و ہنر پر نازاں ہونا۔ موٹا ہو جانا۔ مالدار ہونا۔

اُپھل (ہ۔ مذکر) بے پھل۔ بے ثمر بے فائدہ۔ نکما۔

اُپھننا۔ اُپھن جانا۔ (ہ۔ فعل) شدت۔ حرارت سے کسی چیز میں عفونت کے ساتھ جھاگ آجانا۔ جوش آنا۔ اُبل جانا۔

اُپی۔ (ہ) چمکدار۔ سان پر صاف کی ہوئی تلوار میان سے باہر نکلا ہوا خنجر۔

اَپیڑ (ہ) بیدرد۔ ظالم۔ بے رحم۔

اپیل (انگ۔ مذکر) ایک حاکم کے فیصلے کے خلاف دوسرے اعلیٰ حاکم سے انصاف کی درخواست۔ محض درخواست کے معنوں میں بھی آتا ہے۔ فریاد کرنا۔

اپیلانٹ۔ (انگ) اپیل کرنے والا۔ افسر اعلیٰ سے چھوٹے حاکم کے ظلم کی فریاد کرنے والا۔ Appellant

اپیل منظور ہونا۔ (اُ) مقدمہ کا فیصلہ حسب منشائے فریادی ہو جانا۔ عدالت ماتحت کا فیصلہ منسوخ ہو جانا۔

ا - ت

اَتْ۔ (ہ - مؤنث) بہت۔ زیادہ۔ کثرت۔ نہایت۔ بے انتہا۔ حد سے زیادہ۔

اَتا پتا۔ (ہ - مؤنث) پتا نشان۔ ٹھکانا۔ ذرا سا پتا

اُتار۔ (ہ - مذکر) ڈھلان۔ کمی۔ زوال۔ (بحالت صفت) لڑا کا عورت۔ میلا جوڑا اُترے ہوئے کپڑے۔

اُتارا۔ (ہ - مذکر) صدقہ۔ خیرات جو سر پر سے وار کر کسی کو دی جاوے۔ پڑاؤ۔ دریا کا گھاٹ۔ میلے یا پنتھ کا مقام قیام۔

اُتارا اُتارنا۔ (ہ - محاورہ) صدقہ اُتارنا۔ صدقہ وغیرہ کسی کے اوپر وارنا۔

اُتار چڑھاؤ۔ (ہ - مذکر) اونچ نیچ۔ برائی بھلائی۔ سمندر کا مدوجزر۔ پالیسی۔ دھوکا فریب۔ سازش۔ حکمت عملی۔

اُتار چڑھاؤ دینا } (ہ - محاورہ) دھوکا دینا۔
اُتار چڑھاؤ بتانا } دم جھانسا دینا۔

اُتار لینا۔ (ہ - محاورہ) نیچے لے آنا۔ توڑ ڈالنا۔ مٹا دینا۔

اُتارنا۔ (ہ - فعل) نیچے لانا۔ دریا سے پار کرنا۔ بدن سے علیحدہ کرنا۔ وارنا۔ قربان کرنا۔ نقل کرنا۔ کاٹنا۔ ٹھہرانا جگہ دینا۔ کسی عضو کو اپنی جگہ سے دوسری جگہ کر دینا۔ داخل کرنا۔ گھسانا۔ قرض ادا کرنا۔ نگلنا۔ حلق سے نیچے کرنا۔ نازل کرنا۔ روزی پیدا کرنا۔ پکانا۔ تکنا۔ گھٹانا۔ ذلیل کرنا۔

اُتارے کا رُخ۔ (ہ - تابع فعل) پڑاؤ کا رخ۔ قیام کی صورت۔

اُتالیق۔ (ت - مذکر) ادیب۔ اُستاد۔ معلّم سدھانے والا۔

اُتاول یا اُتاؤلی۔ (ہ - اسم مؤنث) جلدی تیزی۔ شتابی۔

اُتاؤلا سو باؤلا۔ (ہ - مقولہ) جلد باز پاگل ہے۔ بے سوچے سمجھے جلدی کرنے والا احمق ہے۔ جلد بازی حماقت ہے

اُتاؤلا۔ (ہ - اسم مذکر) جلد باز۔ تیز باز۔ شتابی کرنے والا۔

اُتائی۔ (ہ - مذکر) بے اُستاد جس نے کسی فن کی تعلیم صرف شوقیہ حاصل کی ہو۔ اور باقاعدہ کسی کا شاگرد نہ ہو۔

اِتباع۔ (ع - مذکر) پیروی کرنا۔ متابعت کرنا۔ تقلید کرنا۔

اَتباع۔ (ع) جمع ہے تابع کی۔

اِتحاد۔ (ع - مذکر) دوستی کرنا۔ باہم موافقت کرنا۔ محبت۔ پیار۔ مطابقت مل جانا۔ اکٹھے ہونا۔

اُتر۔ (ہ - مذکر) مقابل۔ سمت۔ جواب (مؤنث) شمال۔ قطب شمالی۔ سمت۔

اُترا۔ (ہ - مذکر) اترا ہوا۔ موقوف شدہ۔ معزول شدہ۔

اُترا شخنہ مردک نام۔ (ہ - مثل) موقوف شدہ افسر کی عزت نہیں ہوتی شخنہ بمعنی کوتوال۔ اور مردک کلمہ تحقیر بمعنی نفر۔ نوکری سے ہٹا ہوا۔ کوتوال نفر کے نام سے پکارا جاتا ہے۔

اُترا گھاٹی ہوا مائی۔ (ہ - مقولہ) گھاٹی بمعنی حلق۔ حلق سے اُتر کر سب چیز ملیدہ اور نجاست ہو جاتی ہے خواہ کیسی ہی اعلیٰ کیوں نہ ہو۔

اِترانا۔ (ہ - فعل) غرور کرنا۔ اکڑنا۔ ناز کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔

اِتر آنا۔ (ہ - فعل) نیچے آنا۔ آمادہ ہونا۔ تیار ہو جانا۔ تیر کر دریا سے عبور کر آنا۔ کسی جگہ پر فروکش ہونا۔ مقام کرنا۔

اُترائی۔ (ہ - مؤنث) (حاصل مصدر از اُترنا) نشیب۔ ڈھلوان۔ دریا اور گھاٹ کا محصول۔ کشتی کا کرایہ۔ پہاڑ سے دیس میں آنے کا وقت (اکتوبر نومبر کا مہینا۔

اُترتا چاند۔ (ہ - مذکر) مہینے کا آخیر۔ زوال ماہ۔ اندھیر کا پاکھ۔

اُترتی برسات۔ (ہ - مؤنث) نکلتی برسات۔ برسات کا گزرتا موسم۔ برسات کا آخر

اُترتی بمعنی گزرتی ہوئی۔

اُترتی ندی کنارے ڈھائے۔ (ہ - مقولہ) ندی کا پانی طغیانی سے اُترتے وقت کناروں کی مٹی ساتھ بہالے جاتا ہے۔ اپنا نقصان ہو جانے پر دوسروں کو بُرا بھلا کہنا۔ یا دوسروں کا نقصان کرنا۔

اُترسوں۔ (ہ - تابع فعل) ظرف زماں۔ پرسوں سے اگلا روز۔ چوتھا دن۔ چوتھا ماضی اور مستقبل دونوں زمانوں پر بولا جاتا ہے۔

اُتر گئی لوئی تو کیا کرے گا کوئی۔ (ہ - مثل) جس نے بے شرمی اختیار کر لی اسے کسی کا کیا ڈر۔ بے لحاظ ہمیشہ گستاخ ہو جاتا ہے بے حیا کا کوئی کیا کر سکتا ہے۔ مرن تو حیا کا ہے۔

اُترن۔ (ہ - اسم مؤنث) اُترے ہوئے کپڑے پرانا میلا لباس۔

اُترن پترن۔ (ہ - اسم مؤنث) تحقیری الفاظ ہیں۔ پھٹے پرانے کپڑے۔ میلا کچیلا لباس۔ پہنے ہوئے کپڑے۔

اُترنا۔ (ہ - فعل لازم) اُتارنا کا۔ اونچی جگہ سے نیچے آنا۔ لباس اور کپڑے کا بدن سے علیحدہ ہونا۔ گھٹنا۔ سستا ہونا۔ ذلیل و حقیر ہونا۔ قیام ہونا ٹھہرنا۔ نازل ہونا دریا سے پار ہونا۔ کٹ جانا۔ جدا ہونا۔ پورا ہونا۔ معزول و موقوف ہونا۔ جوڑ اکھڑنا۔ غائب ہونا۔ جاتا رہنا۔ جھکنا۔ ڈھلنا۔ بھول جانا۔ یاد نہ رہنا۔ تنی بے عزت ہونا۔ اُڑ جانا۔ مر جانا۔ فوت ہونا۔ پھیلنا۔ لوٹنا۔

اُترنگ۔ (ہ - مذکر) سردر۔ وہ لکڑی جو دروازے میں اُوپر کی طرف چوکھٹ کے مقابل لگاتے ہیں۔

اُتری ہوئی پاپوش۔ (ہ - مؤنث) اُتری ہوئی جوتی۔ طلاق دی ہوئی عورت۔ نظر سے گری ہوئی چیز بے حقیقت آدمی یا عورت۔ حقیر و ذلیل چیز۔

اُترہری۔ (ہ - مؤنث) شمالی ہوا۔ وہ ہوا جو شمال کی طرف سے چلتی ہے۔

اِتصال۔ (ع - مذکر) مصدر ہے۔ ملنا۔ میل ملاپ نزدیکی۔ ریلوں کا جنکشن۔ سنگم۔

اِتفاق۔ (ع - مذکر) موافقت کرنا۔ میل جول۔ ایکا۔ یکدلی۔ یک جہتی۔ نفاق کی ضد۔

اِتفاقاً یا اتفاقیہ۔ (ع) یکایک۔ اچانک۔ ناگاہ۔ جس کا گمان نہ ہو۔

اِتفاق رائے۔ (ع) رائے کا مل جانا۔ ہم خیالی سب کا ایک ہی رائے رکھنا۔

اِتفاق حسنہ۔ (ع) اچھا اتفاق۔ نیک موقع۔ مبارک موقع۔ حسب منشا۔

اِتقا۔ (ع - مذکر) پرہیزگاری۔ اللہ کا خوف۔ پاکبازی۔ گناہوں سے بچنا۔

اَتقیا۔ (ع - مذکر) متقی کی جمع۔ پرہیزگار لوگ۔

ات کا بھلا نہ برسنا ات کی بھلی نہ دھوپ } (ہ) جو چیز حد اعتدال سے
ات کا بھلا نہ بولنا ات کی بھلی نہ چپ } بڑھ جائے وہ بری ہی بری۔

ات کے نہ اُت کے بیچ کھائے کتکے۔ (ہ - محاورہ) نہ ادھر کے نہ ادھر کے بیچ میں ہی ڈنڈے کھائے۔ ذلیل ہوئے۔

اَت گت۔ (ہ) عورتوں کی بولی۔ بے حد۔ بے انتہا۔

اِتمام حجت۔ (ع) حجت کا پورا کرنا۔ جھگڑا مٹانا۔ فیصلہ کر دینا۔ آخری کوشش کرنا۔

اُتم۔ (ع) پورا۔ پورا۔ کامل۔ بڑا کامل۔

اُتم (ہ۔مؤنث) نہایت عمدہ۔ بہت اعلیٰ۔ بہت اچھی بات۔ شریف۔ خاندانی۔
اُتم پُرش۔ (ہ۔مذکر) شریف آدمی۔ خاندانی شخص۔ (اُتم بہ معنی عمدہ) پرش بہ معنی آدمی۔

اُتم سے اُتم ملے اور ملے نیچ سے نیچ } **پانی سے پانی ملے اور ملے نیچ سے نیچ** } ہر چیز اپنی اصل اور ہم جنسوں سے موافقت رکھتی ہے۔ اعلیٰ سے اعلیٰ ملنا۔ اور ادنیٰ سے ادنیٰ۔

اتم کھیتی مدھم بیوپار۔ نکھد چاکری بھیک ندار یا بھیک کنوار (ہ۔مثل) کھیتی اعلیٰ بیوپار اوسط درجہ۔ سب سے نکمی نوکری۔ سب سے بدتر بھیک مانگنی ہے۔

اُتم گانا مدھم بجانا (ہ۔مقولہ) گانا سب سے اعلیٰ اور بجانا اوسط درجہ۔

اِتنا (ہ۔مذکر) اس قدر۔ اس درجہ۔ یہاں تک (قلت اور کثرت دونوں جگہ بولتے ہیں۔

اُتنا (ہ۔مذکر) اُس قدر۔ اُس درجہ۔ وہاں تک۔

اِتنا اُتنا۔ (ہ۔مذکر) تھوڑا بہت۔ ذرا سا بچا کھچا۔

اِتنا سا منہ نکل آیا (اُ۔محاورہ) لاغر اور دبلا ہو گیا۔ ذرا سا منہ نکل آیا۔ شرمندہ ہو گیا۔

اتنا بھرا کہ چھلک گیا۔ (ہ۔مثل) اتنی رشوت لی کہ چھپانی مشکل ہو گئی اتنا کھایا کہ ہضم نہ ہو سکا۔ اتنا نفع لیا کہ بدنام ہو گیا وغیرہ وغیرہ۔

اتنا پکا کہ باسی تھکا (ہ۔مثل) کھانا اتنا پکایا گیا کہ باسی پک کر خراب ہو گیا۔ بات بہت بڑھ گئی۔ باہمی تنازعہ بہت زیادہ بڑھ گیا۔

اتنا سا فتنہ اتنی سی رفتنی۔ (ہ) چھوٹا سا مکار بچہ۔ ذرا سی بات سے جھگڑا کتنا بڑھ گیا۔ فساد بڑھانے والی ذرا سی بات۔

اتنی۔ (ہ) اتنا کی مؤنث ہے۔

اتنی سی جان سوا گز کی بات۔ (ہ۔مثل) چھوٹا منہ بڑی بات۔ اپنی بساط اور حیثیت سے بڑھ کر بات کہنا۔

اِتنے سے اِتنا ہو نا۔ (محاورہ) چھوٹے سے بڑا ہونا۔ بچے سے جوان یا غریب سے امیر ہونا۔ چھوٹے درجے سے بڑے درجے پر پہنچ جانا۔ ترقی کرنا۔

اِتنی عقل بھی اجیرن ہوتی ہے (ر۔مثل) زیادہ عقل بھی ناقص ہوتی ہے۔ بہت عقل بھی خراب کرتی اور کام بگاڑتی ہے (العلم حجاب الاکبر) کا ترجمہ ہے۔

اتنے کی بڑھا نہیں جتنے کا لنگا پھٹ گیا۔ اتنے کی کمائی نہیں جتنے کا لنگا پھٹ گیا۔ (ہ۔مثل) اتنے کا فایدہ نہیں ہوا جتنے کا نقصان ہو گیا۔ فائدے کی نسبت نقصان زیادہ ہو گیا۔

اتنی ہی تھی یا اتنی ہی لکھی تھی۔ (ہ۔مثل) اتنی عمر تھی۔ زندگی اتنی ہی لکھی تھی۔ صبر سے کام لو۔

اُتوؤ۔ (اسم مذکر) (اصل میں بلا تشدید تھا) کپڑوں پر نقش و نگار کرنے کا آلہ۔ ٹھپا مجازاً نقش و نگار۔ باریک کشیدہ۔

اتوار (ہ۔مذکر) اصل میں آیت وار یعنی سورج کا دن۔ سورج سے منسوب ہونے کے باعث یہ نام ہو گیا۔ یک شنبہ۔

اُتو ساز یا اُتو کش (ف۔مذکر) اُتو کرنے والا۔ کپڑے پر نقش و نگار کرنے والا۔

اُتو کرنا۔ (اُ۔فعل) کپڑے پر نقش و نگار کرنا۔ مار مار کر کھال اتار دینا۔ زخمی کر دینا۔ نشہ میں بدحواس کرنا۔ مست بے خود کر دینا۔ چمچی سے مار مار کر جسم پریشان کر دینا۔

اتھاہ۔ (ہ) بے تھاہ۔ بے پایاں۔ بہت گہرا۔ عمیق پانی۔
اِتہام (ع۔مذکر) تہمت دینا۔ الزام لگانا۔ بہتان۔ بہتان جڑنا۔
اُتھک (ہ) نہ تھکنے والا۔ سخت جفاکش۔ بڑا محنتی۔
اُتھل پتھل کرنا۔ (ہ) زیر و زبر کرنا۔ الٹ پلٹ کر دینا۔ اوپر نیچے کرنا۔
اُتھلا (ہ۔مذکر) ابھرواں بدن۔ ابھرا ہوا۔
اُتیت (ہ۔مذکر) اس میں الف نفی کا ہے۔ اور تیت بمعنی تتھ یعنی تاریخ، بے تاریخا۔ وہ شخص جس کے قیام کی مدت مقرر نہ ہو۔ مجازاً فقیر جوگی۔ جو ایک جگہ نہ ٹھہرے۔

ا ـ ٹ

اٹاری (ہ۔مؤنث) بالاخانہ۔ اونچا۔ چوبارہ بلند مکان۔ لاہور اور امرتسر کے عین درمیان ایک گاؤں کا نام ہے۔ جہاں کا سردار شام سنگھ نام مہاراجا رنجیت سنگھ والی لاہور کا خسر تھا۔
اُٹال یا اُٹالا۔ (ہ۔پہلا مؤنث دوسرا مذکر بولا جاتا ہے) ڈھیر۔ تودہ۔ نکما اور ناکارہ۔ اسباب ایندھن کا ڈھیر۔ گھر کا اسباب۔ کاٹھ کباڑ۔
اُٹانا۔ (ہ) بھرنا۔ (میل کچیل گرد و غبار سے) میلا کرنا۔ گرد آلود کرنا۔
اٹاوہ۔ (ہ) گنگا کے کنارے ایک شہر کا نام ہے۔ ہندوستان کا ایک شہر۔
اُٹاوے کے کاریگر (اُ۔مذکر) وہ کاریگر جو اپنے آپ کو بتا دیں تو کاریگر مگر کام ٹھیک نہ کر سکیں۔
اُٹاٹٹ۔ (ہ) بھرپور۔ بھرا ہوا۔ لبالب۔ پُر۔
اُٹ سَٹ۔ (ہ۔مؤنث) سازش۔ جوڑ میل۔ عورت مرد کی دوستی۔ بے فایدہ شغل۔ رازداری۔
اُٹ سَٹ ہونا یا لڑنا (اُ۔محاورہ) آشنائی ہونا۔ رازداری کرنا۔ سازش ہونا۔
اٹک۔ (ہ۔مؤنث) روک۔ رکاوٹ۔ جھجک پرہیز۔ بچاؤ۔ مزاحمت (حاصل مصدر از اٹکنا)
اٹک (ہ۔مذکر) پنجاب کے مشہور دریا کا نام ہے جسے دریائے سندھ بھی کہتے ہیں
اٹکانا۔ (ہ۔فعل) روکنا۔ تھامنا۔ الجھانا (عورتیں) ذرا سی ذرا کسی زیور یا کپڑے کو پہننا۔ سرسری طور پر دیکھنا۔ لگانا مشغول کرنا۔ تعلق کرانا۔
اٹکاؤ۔ (ہ۔مذکر) حاصل مصدر از اٹکانا) دیر۔ روک تھام۔ التوا۔ بندھن۔
اُٹکر لیس۔ (ہ) جلد باز۔ اوٹ پٹانگ۔ واہیات۔ بے قاعدہ۔ بے ہودہ۔
اٹکل۔ (ہ۔مؤنث) اندازہ۔ قیاس۔ تمیز۔ سلیقہ۔ تاڑ۔ جانچ۔
اٹکل باز۔ (اُ۔مذکر) تاڑنے والا۔ بھانپ جانے والا۔ جانچ لینے والا۔
اٹکل پچو۔ (ہ۔مذکر) وہمی بات۔ بے تکی بات۔ اندازہ۔ بے سوچی بھی بات۔
اٹکل پچو غیر مقرر۔ (اُ۔محاورہ) خیالی بات اوٹ پٹانگ بات۔ ایسی بات جس میں درستی کا نام و نشان بھی نہ ہو۔ فضول اور لغویات۔
اٹکنا۔ (ہ۔فعل) جانچنا۔ پرکھنا۔ تاڑ لینا۔ اندازہ لگانا۔ پہچان لینا۔
اٹکنا۔ (ہ۔فعل) رکنا۔ ٹھہرنا۔ بند ہونا۔ اڑ جانا۔ پھنسنا۔ عیز مرد یا عورت سے

اُٹکن پٹکن۔ (ہ۔مذکر) چھوٹے بچوں کا ایک کھیل ہے جس میں سب آپس میں زمین پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ جاتے ہیں اور ایک بچہ اپنی انگلی ایک ایک کے ہاتھ پر رکھ کر کچھ الفاظ بولتا جاتا ہے۔ اور آخر میں کہا جاتا ہے "کھنڈا ماروں یا چھری"؟ اگر وہ جواب میں کھنڈا کہے تو وہ کہتا ہے کہ "تیری ماں کا پیٹ ٹھنڈا" اگر چھری کہے تو کہتا ہے "تیری ماں بُری" پھر اس کا ہاتھ چھاتی پر رکھوا دیتا ہے۔ اسی طرح جب سب کے ہاتھ چھاتیوں پر آجاتے ہیں۔ تو سب کے سب جھوٹ موٹ کی چکی پیستے ہیں۔ اور ہاتھوں کی چھلنی بنا کر اسے چھانتے ہیں۔ چاول اور فرضی دودھ لاتے اور فرضی کھیر پکاتے ہیں اور جھوٹ موٹ ہی کی لپ لپ کر کے کھاتے اور غل مچاتے ہیں۔

اٹکھیل۔ (ہ۔مذکر) بڑا چالاک۔ شوخ۔ سرکش۔ ہوشیار۔

اٹکھلی (ہ۔مؤنث) معشوق کی مستانہ چال۔ خرام ناز۔ شوخ چال۔ دل لگی۔

اٹکھیلی چال (اُر) مستانہ چال۔ معشوقانہ چال۔ خراماں خراماں چلنا۔ خرام ناز۔ شوخی بھری ہوئی چال۔

اٹکھیلیاں۔ (ہ۔مؤنث) اٹکھیلی کی جمع ہے کھلاڑیاں۔ مذاق۔ تمسخر۔ شوخ چال۔

اٹکھیلیوں سے چلنا۔ (ہ) فعل۔ ناز سے چلنا۔ اِترا کر چلنا۔ مٹک مٹک کر چلنا۔

اٹکھیلیاں کرنا (اُر محاورہ)۔ کھلاڑیاں کرنا۔ ناز و نخرے کرنا۔ مذاق کرنا۔

اٹکی رہنا (ہ۔مصدر) کام بند ہونا۔ حاجت روا نہ ہونا۔ کام کا رُک جانا۔ اٹل ہونا۔ چھلکنا۔ سیر ہونا۔ پیٹ بھر جانا۔ نیت بھر جانا۔ برتن کا کسی چیز سے پورا بھر جانا۔

اٹل۔ (ہ۔مذکر) (اسم فاعل سماعی ٹلنا سے) نہ ٹلنے والا۔ اپنی جگہ یا بات سے نہ ہٹنے والا۔ ضروری اور لابدی۔

اٹلس (Atlas۔انگ۔ مذ) ملکوں کے نقشوں کی کتاب۔

اُٹلانٹک Atlantic۔انگ۔ مذ) بحر اوقیانوس۔ یورپ اور امریکہ کے درمیان کا سمندر۔

اُٹم۔ (ہ۔مذکر) تودہ۔ ڈھیر۔ انبار۔

اُٹمٹر (س۔ا۔مذ) ڈھیر۔ انبار

اُٹنا۔ (ہ۔فعل) گرد سے بھرنا۔ غبار آلود ہونا۔ پُر ہونا۔ جمع ہونا۔ بھر جانا۔

اُٹنگا۔ (ہ۔مذکر) ٹخنوں سے اونچا۔ (بدوضع کپڑا۔ بالخصوص اونچا پاجامہ۔

اُٹنگ (ہ۔صفت) وہ کپڑا جو پہننے میں اُونچا یا چھوٹا ہو۔

اُٹنگن۔ (ہ۔مذکر) ایک خاردار درخت کا نام ہے۔ جس کا بیج دوائیوں میں کام آتا ہے۔

اٹوانی کھٹوانی یا الٹوانٹی کھٹوانٹی (ہ۔مؤنث) ٹوٹی پھوٹی چارپائی۔ کھاٹ کھٹولا۔ اُستر۔ بستر۔ آسن پاٹی۔

اٹوانی کھٹوانی لے کر پڑنا۔ (ہ۔فعل) رنج و غم میں الگ پڑ رہنا۔ غصے میں سوگواروں کی سی حالت بنانا۔ کسی محکمے کے باعث علیحدگی میں پڑ رہنا۔ بجائے عورتوں کا مکر و فریب سے سوگواری شکل بنانا۔ اور چارپائی پر لیٹ رہنا۔

اٹوٹ (ہ۔صفت) نہ ٹوٹنے والا۔ مضبوط جو ٹوٹ نہ سکے۔

اٹوک۔ (ہ۔مذکر) بے روک ٹوک۔ بے شبہ۔ بلا شک۔ لگاتار۔ مسلسل۔

اُٹھ (ہ۔صفت) آٹھ۔ ۸۔

اُٹھا (ہ۔ا۔مذ) تاش کا ایک پتا جس پر کسی رنگ آٹھ نشان بنے ہوں۔

اُٹھ آنا (محاورہ) ایک مکان سے دوسرے مکان میں جا کر رہنا۔ ناراض ہو کر چلے آنا۔

اُٹھ بیٹھ (ہ۔فعل) جاگ اُٹھ۔ امر کا صیغہ ہے۔ اسم مونث، جلدی جلدی اُٹھنا بیٹھنا۔ بے چینی۔ اضطراب۔ ایک سزا بھی ہے جو شاگردوں کو دی جاتی ہے ایک ورزش کا نام بھی ہے۔

اُٹھ بیٹھنا۔ (ہ۔فعل) جاگ اٹھنا۔ بیدار ہونا۔ بیماری سے شفا پانا۔ تندرست ہونا۔

اُٹھ پتیا (ہ) پتھر کی نقاشی جس میں آٹھ پتیوں کے پھول بنائے جاتے ہیں۔

اُٹھ پہلا (اُر) آٹھ کونے والا جس میں آٹھ کونے ہوں۔

اُٹھ پہری۔ (ہ۔اسم مذکر و مونث) سُست مرد یا عورت۔ دیر میں کام کرنے والا۔ کبھی اس کے برعکس۔ نہایت چالاک۔ اور ہر وقت کام پر تیار رہنے والا۔

اُٹھ جانا (ہ۔فعل) چلا جانا۔ رخصت ہونا۔ مر جانا۔ فوت ہو جانا۔ خروج ہو جانا۔ حکومت کا بدل جانا۔ رسم کا موقوف ہو جانا۔

اُٹھ کر پانی نہ پینا (محاورہ) سُست اور کاہل ہونا۔

اُٹھ کر پانی بھی نہیں پیا جاتا۔ (ہ۔محاورہ) نہایت کمزور ہے۔ کاہل۔ سست۔ آکسی۔

اُٹھ کھڑا ہونا۔ (ہ۔محاورہ)۔ چلنے کو تیار ہو جانا۔ فتنہ وغیرہ پیدا ہو جانا۔ عتاب ہونا۔ بیماری سے صحت پانا۔ مرتے مرتے بچ جانا۔

اُٹھ ماسادہ) وہ کھیت جو اساڑھ سے ماگھ تک آٹھ مہینے جوتا جائے اور وہ جس میں ایکھ بوئی جائے۔ اٹھوانسا۔ وہ بچہ جو آٹھ ماہ میں پیدا ہو۔

اُٹھ ماشی۔ (ہ۔مونث) پونڈ۔ پندرہ روپے خالص سونے کا سکہ۔ جو آٹھ ماشہ وزن میں ہوتا ہے۔ انگریزی پونڈ۔

اُٹھا بیٹھی۔ (ہ۔مؤنث) جلدی جلدی اُٹھنا بیٹھنا۔ بے قراری۔ بے چینی۔ اضطراب بیٹھک لگانا۔

اُٹھا دینا۔ (ہ۔فعل) کسی جگہ سے باہر نکال دینا۔ دیوار چن دینا۔ بوجھ اونچا کرنا کسی کام کو چھوڑ بیٹھنا۔ خرچ یا صرف میں لے آنا۔

اُٹھا رکھنا۔ (ہ۔فعل) سنبھال چھوڑنا۔ بچا رکھنا۔ ملتوی کرنا۔ کسی وقت پر موقوف رکھنا۔ منحصر رکھنا۔

اُٹھارہ۔ (ہ) اسم عدد۔ دس اور آٹھ۔ ۱۸۔

اُٹھاسی۔ (ہ) اسم عدد۔ اسی اور آٹھ۔ ۸۸۔ ہشتاد و ہشت۔

اُٹھا لانا۔ (ہ۔فعل) خرید لانا۔ بیٹھے ہوئے کو بلا لانا۔ لے آنا۔

اُٹھا مارنا۔ (ہ۔فعل) پچھاڑ نا دے ٹپکنا کوئی چیز اٹھا کے کسی کو دے مارنا۔ دور بھیج دینا۔

اُٹھان۔ (ہ۔مؤنث) آغاز۔ شروع۔ اُٹھنا۔ اُٹھنے کے حالات۔ بڑھاؤ بالیدگی۔ ابھار۔ قوت نامیہ صرف و خروج۔

اُٹھانا۔ (ہ۔فعل) کسی چیز کا اُوپر کرنا۔ اُونچا کرنا۔ سہارا دینا۔ شروع کرنا۔ پرندے

کا دانہ چگنا۔ مکان یا دیوار وغیرہ کا بنانا۔ کسی کو اپنا کرنا۔ تحریک دینا۔ ابھارنا۔ ترقی دینا۔ مٹانا۔ سیاہی پانی وغیرہ کو جذب کرنا۔ سوکھنا۔ دیدینا۔ خرچ کر ڈالنا۔ چرا لینا۔ نکالنا۔ برداشت کرنا۔ جھیلنا۔ چھوڑ دینا۔ باقی رکھنا۔ ملتوی کرنا۔ منحصر رکھنا۔ موقوف کرنا۔ پڑھنا۔ پڑھانا۔ جگانا۔ بیدار کرنا وغیرہ غرض کسی شے کو خواہ وہ ذہنی ہو یا مادی اونچا کرنے کے لیے آتا ہے ؛

اُٹھانوے۔ (ہ) اسم عدد۔ نوے اور آٹھ۔ ۹۸ ؛

اُٹھاؤ چولھا۔ (ہ) اسم مذکر۔ ایسا چولھا جسے ہر جگہ اٹھا کر لے جا سکیں۔ مجازاً خانہ بدوش۔

اٹھاؤ میرا کمنا میں گھر سنبھالوں اپنا۔ (ہ۔ محاورہ) اس عورت کے لیے طنزاً بولا کرتے ہیں جو شادی ہوتے ہی خاوند کو لے کر ساس نند سے الگ ہو جائے اور اپنے گھر کا خود انتظام کرنے لگے۔ کنایہ بمعنی گھونگٹ ؛

اُٹھاون (ہ) پچاس اور آٹھ۔ ۵۸ ؛

اُٹھاونی۔ (ہ۔ مونث) میت کا تیجا۔ سوم۔ پھول۔ غلہ گھی وغیرہ کا خاص حصہ جو کسی دیوی دیوتا یا پیر فقیر کی نذر مان کر علیحدہ اٹھا رکھتے ہیں۔ تاکہ کوئی چھوئے نہیں ؛

اُٹھائی گیرا۔ (ہ۔ مذکر) اچکا۔ چور۔ بدمعاش۔ آنکھ بچا کر بازار سے چیز چرانے والا

اُٹھائیس۔ (ہ) اسم عدد۔ بیس اور آٹھ۔ ۲۸ ؛

اُٹھتی جوانی۔ (ا۔ مونث) آغاز شباب۔ جوانی کا شروع۔ نوجوانی ؛

اُٹھتا جوبن (اُر۔ مذکر) نیا جوبن۔ تازہ حسن۔ سینے کا ابھار ؛

اُٹھتے بیٹھتے۔ (ہ۔ تابع فعل) سہارا لے کر۔ دم لے لے کر۔ آہستہ آہستہ۔ سنبھل سنبھل کر۔ رفتہ رفتہ ؛

اُٹھتے جوتی بیٹھتے لات (ہ۔ محاورہ) ہر وقت مارتے رہنا۔ ہر دم ٹاپیٹ۔ نہایت جوتا پیزار رہنا۔ نہایت ذلیل و حقیر رکھنا ؛

اُٹھتی کونپل (ہ۔ مونث) نوجوان۔ آغاز شباب۔ نوعمر۔ نوخیز۔ وہ کونپل جو ابھی نکلی نہ ہو ؛

اٹھرا (ہ۔ مذ) ایک بیماری کا نام ہے جو عورتوں کو ہوتی ہے اٹھرا کی مریضہ کا بچہ آٹھویں مہینے آٹھویں سال۔ اٹھارہویں سال یا اٹھائیسویں سال کی عمر میں خوت ہو جاتا ہے۔

اُٹھک بیٹھک۔ (ہ۔ اسم مونث) دیکھو اٹھ بیٹھ ؛

اٹھلانا۔ (ہ۔ فعل) ناز و انداز سے چلنا۔ مٹک مٹک کر چلنا۔ معشوقانہ نخرے سے چلنا۔ شوخی کرنا۔ اترانا ؛

اٹھلو۔ (ہ۔ مذکر) جم کر کام نہ کرنے والا۔ متلون مزاج ایک جگہ قیام نہ رکھنے والا ؛

اٹھلہاری (ہ۔ مذکر) آٹھ گولیوں کا طمنچہ ؛

اٹھنی۔ (ہ۔ مونث) پچاس پیسے کا سکہ۔ آدھا روپیہ ؛

اُٹھنا۔ (ہ۔ فعل) اٹھانا کا لازم ہے۔ کھڑا ہونا۔ اوپر جانا۔ بلند ہونا۔ پیدا ہونا چلنا۔ جانا۔ مرنا۔ فوت ہونا۔ مٹنا۔ زائل ہونا۔ ملتوی ہونا۔ رہ جانا۔ ترک کرنا۔ چوری ہونا۔ جاتے رہنا۔ اڑنا۔ ابھرنا۔ آگے بڑھنا۔ جاگنا۔ بیدار ہونا ٹھیکہ ہونا۔ تندرست ہونا۔ خمیر کا پھولنا۔ ترش ہونا۔ کام کا ختم ہو جانا پیدا ہونا۔ دب جانا۔ بکنا۔ نکلنا۔ برپا ہونا۔ وغیرہ وغیرہ ؛

اٹھی بیٹھ آٹھویں دن۔ (ہ۔ مثل) موقع گنوا کر دیر تک انتظار کرنا پڑتا ہے۔ وقت ضائع کر کے پھر کبھی جا کر شاید موقع ہوتا ہے ؛

اٹھوارہ۔ (ہ۔ مذکر) آٹھ دن کا عرصہ۔ ایک دن سے لیکر پھر اسی دن تک کا وقت ؛

اٹھواری (ہ) وہ اصول جس کے مطابق آسامی جوتائی کے وقت آٹھویں دن اپنا ہل بیل زمیندار کو کھیت جوتنے کے لیے دیا جاتا ہے۔ آٹھ دن کے بعد باری آنا۔

اٹھوانس (ہ) آٹھ کونوں والا۔ ہشت پہلو

اٹھوانسا (اُر) وہ بچہ جو آٹھ مہینے میں پیدا ہو جائے۔ وہ کھیت جو آٹھ ماہ میں بار بار جوتا جائے۔

اٹھوانسا۔ (ہ۔ مذکر) (اصل میں آٹھ ماہا تھا) وہ بچہ جو آٹھ ماہ کے بعد پیدا ہو قلعہ والے آٹھویں مہینے بچہ کے ناخن تراشنے کی رسم کو کہتے ہیں ؛

اٹھوں پہری (اُر) آٹھوں پہر کا۔ ہر وقت کا ہمہ وقتی۔ نگہبان۔ کھیتوں کا محافظ سحری کھائے بغیر روزہ۔ ہر وقت بجانے والی نوبت۔

اَٹی۔ (ہ۔ مونث) سوت کی اینٹا۔ اٹیرن پر لپٹا ہوا سوت۔ انٹی ؛

اَٹیرن۔ (ہ۔ مذکر) سوت کی انٹی بنانے کی لکڑی اس کی شکل کی T کشتی کے ایک داؤں کا نام ہے۔ چکر۔ لاغری ؛ گھوڑا پھیرنے کا ایک طریقہ ڈبلا پن ؛

اَٹیرن پھیرنا۔ (ہ۔ محاورہ) گھوڑے کو خاص طریق سے کاوہ دینا ؛

اَٹیرن کر دینا۔ (ہ۔ محاورہ) کشتی کے ایسے داؤ پیچ کرنا۔ کہ حریف چکرا جائے دم نہ لینے دینا ؛

اٹیرن ہونا (اُر) ہڈی نکل آنا بہت دبلا ہو جانا گھوڑے کو چابک مار کر چکر دینے کی ایک شکل ؛

اَٹیرنا۔ (ہ۔ فعل) سوت لپیٹنا۔ اٹیرن کے ذریعے سے سوت کی اٹیاں بنانا ؛

اَٹیک۔ (ہ۔ مذکر) (اصل نفی ٹیک بمعنی سہارا) بے سہارا ؛

ا - ث

اثاث۔ اثاثہ۔ اثاث البیت (ع۔ مذکر) گھر کا اسباب۔ ساماں خانہ داری۔ جمع کیا ہوا۔ جوڑا ہوا سرمایہ۔ اثالا ؛

اثامی (ع۔ مذکر) مجرم۔ خطاوار۔ ملزم ؛

اثبات (ع۔ مذکر) ثابت کرنا۔ ثبوت دینا۔ دعویٰ جمانا (نفی کی ضد ہے) ؛

اثر (ع۔ مذکر) نشان۔ کھوج۔ پاؤں کا نشان۔ تاثیر۔ نتیجہ۔ سایہ پرچھائیں۔

سید محمد میر کا تخلص ہے۔ جو خواجہ میر درد کے چھوٹے بھائی تھے۔ ان کی تصنیف سے مثنوی اثر مشہور کتاب ہے ٭

اثر پزیر۔ (ف) اثر قبول کرنے والا ٭

اثقال۔ (ع۔ مذکر) ثقل کی جمع ہے۔ بوجھ۔ وزن ٭

اثم۔ (ع۔ مذکر) گناہ۔ خطا۔ قصور۔ جرم ٭

اثمار۔ (ع۔ مذکر) جمع ثمر کی۔ پھل ٭

اثنا۔ (ع) ثناء کی جمع۔ درمیان۔ بیچ۔ دوران ٭

اثنان۔ (ع) دو ٭

اثنا عشر۔ (ع) بارہ۔ اصطلاح میں بارہ اماموں سے مراد ہے ٭

اثنا عشری (ع۔ مذکر) بارہ اماموں کو ماننے والا گروہ۔ شیعہ لوگ۔ امامیہ اثنا عشر مذہب والے ٭

اثواب (ع۔ مذکر) ثوب کی جمع۔ کپڑے۔ جامہ ٭

اثیم (ع) گنہگار۔ مجرم۔ خطاوار ٭

آثیر (ع۔ مذکر) بلند۔ اونچا۔ عالی۔ مراد آسمان ٭

ا - ج

اجابت۔ (ع۔ مونث) قبولیت۔ رفع حاجت۔ پاخانہ خارج ہونا ٭

اجارہ۔ (ع۔ مذکر) ٹھیکہ۔ کرایہ۔ (امانی کی ضد) زبردستی۔ زور۔ قبضہ۔ حکومت ٭

اجارہ دار (ف۔ مذکر) ٹھیکہ دار۔ دعویدار۔ حاکم ٭

اُجاڑ (ہ۔ مذکر) غیر آباد۔ ویرانہ۔ خرابہ۔ کھنڈر (آبادی کی ضد) اسم ظرف۔

اُجاڑا۔ (ہ۔ مذکر) تباہی۔ بربادی۔ اُجڑا ہوا۔ برباد شدہ۔ (حاصل مصدر)

اُجاڑنا۔ (ہ۔ فعل) ویران کرنا۔ ڈھا دینا۔ اینٹ سے اینٹ بجانا۔ برباد کرنا ٭

اُجاڑو (ہ۔ اسم مذکر) اسم فاعل سماعی۔ اُجاڑنے والا۔ کھاؤ لٹاؤ۔ ویران کرنے والا۔ برباد کرنے والا

اجازت۔ (ع۔ مونث) منظوری۔ رخصت۔ حکم ارشاد۔ پروانگی ٭

اُجاگر (ہ۔ مذکر) روشن۔ مشہور۔ ظاہر۔ کھلا ہوا ٭

اُجالا۔ (ہ۔ مذکر) روشنی۔ چمک۔ نور کا تڑکا۔ جاننا (چاندنا) رونق۔ جیسے مالک گھر کا اجالا ہوتا ہے ٭

اُجالا ہونا (ہ۔ فعل) جاننا ہونا۔ روشنی ہونا۔ دن نکلنا۔ لٹ جانا۔ کچھ باقی نہ رہنا ٭

اُجالنا (ہ۔ فعل) چمکانا۔ جلا کرنا۔ زیور سے میل دور کرنا۔ نکھارنا ٭

اُجان (ہ۔ مذکر) (اصل میں انجان تھا) ناواقف۔ نادان۔ معصوم۔ چھوٹا بالک

اجانب (ع۔ مذکر) (اجنبی کی جمع) پردیسی۔ غیر۔ بیگانے ٭

اجتماع (ع۔ مذکر) اکٹھ۔ جماؤ۔ جمع ہونا۔ اکٹھا ہونا۔ نجومیوں کی اصطلاح میں سورج اور چاند کا ایک ہی وقت میں ایک ہی برج میں جمع ہونا ٭

اجتماع ضدین۔ (ع۔ مذکر) دو مخالف چیزوں کا ایک جگہ جمع ہونا۔ ناممکن ہونا ٭

اجتناب (ع۔ مذکر) پہلو بچانا۔ بچاؤ۔ کنارہ کشی۔ پرہیز۔ علیحدگی

اجتہاد (ع۔ مذکر) جدوجہد کرنا۔ کوشش کرنا۔ بڑے غور سے مسائل دینی نکالنا ٭

اجداد (ع۔ مذکر) (اجد کی جمع) دادے۔ پردادے۔ وغیرہ اوپر کی پشتیں۔ بزرگ

اجڈ (ہ۔ مذکر) بے وقوف۔ جاہل مطلق۔ بے سمجھ۔ نادان ٭

اجر۔ (ع۔ مذکر) بدلہ۔ نیک کام کا عوض۔ ثواب۔ اجرت۔ انعام ٭

اجرا (ع۔ مذکر) جاری کرنا۔ شروع کرنا۔ کام چلانا ٭

اجرام (ع۔ مذکر) جرم کی جمع بہ معنی جسم۔ بدن۔ سیارے اور ستارے ٭

اجرت (ع۔ مونث) مزدوری۔ کام کا معاوضہ۔ بدلہ ٭

اُجڑا (ہ۔ مذکر) اجڑا ہوا۔ ویرانہ۔ غیر آباد۔ کھنڈر۔ خانہ خراب (اسم مفعول) ٭

اُجڑا پجڑا (ہ۔ مذکر) لٹا کھسٹا۔ برباد شدہ ٭

اُجڑنا (ہ۔ فعل) تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ ویران ہونا۔ غارت ہونا۔ مٹ جانا۔ گھر یا گاؤں کا برباد ہو جانا۔ خانہ خرابی ٭

اُجڑے گھر کا بلینڈا (ہ) گھر کی تباہی کے بعد کسی نالائق کا بچ جانا۔ خاندان میں سے کسی نکمے آدمی کا باقی رہ جانا ٭

اُجڑی نگری سُتا دیش (ہ) برباد گھر۔ خالی شہر بے آباد گاؤں ٭

اجزا۔ (ع۔ مذ) جزو کی جمع حصے ٹکڑے۔

اجسن (ع) وہ آدمی جس میں کوئی خوبی نہ ہو۔ بے ہنر۔ بے جوہر۔ بدنام

اجساد۔ (ع۔ مذکر) (جسد کی جمع) جسم۔ بدن۔ ڈیل ٭

اجسام (ع۔ مذکر) (جسم کی جمع) تن۔ بدن۔

اجگر (ہ۔ مذکر) وہ سانپ جو بھاری اور وزنی ہونے کی وجہ سے حرکت نہ کر سکتا ہو۔ مشہور ہے کہ یہ بکری وغیرہ کو سانس کے زور سے کھینچ کر منہ میں ڈال لیتا ہے۔ اژدھا۔ بہت بڑا سانپ۔ مجازاً بہت بھاری۔ وزنی ٭

اجگر کے داتا رام (ہ) سست اور کاہل آدمیوں کو اللہ ہی اپنے فضل سے روزی دیتا ہے ٭

اجل (ع۔ مونث) لغوی معنی مہلت اور وقت۔ عمر ختم ہونے کا عرصہ۔ مجازاً موت۔ مرگ۔ قضا ٭

اجل رسیدہ یا اجل گرفتہ (ف۔ مذکر) موت لیا۔ وہ شخص جس کی موت آئی ہو۔ موت کے پنجے میں آیا ہوا۔ جانہار ٭

اُجلا (ہ۔ مذکر) صاف۔ سفید۔ روشن چمکدار۔ نرمل۔ چٹا۔ براق ٭

اُجلاپن (ہ۔ مذکر) صفائی۔ سفیدی۔ روشنی۔ چمک۔ رونق ٭

اجلاس (ع۔ مذکر) بیٹھنا۔ مجازاً دربار یا کچہری۔ حاکموں کی نشستگاہ جہاں بیٹھ کر مقدمات کا فیصلہ کرتے ہیں۔

اُجلا منہ ہونا (ہ۔ محاورہ) سرخرو ہونا۔ الزام سے بری ہونا۔ کسی کی امانت ادا کر چکنا۔ ابرو بچنا۔ قرض سے فارغ ہونا ٭

اجلاف (ع۔ مذکر) (جلف کی جمع) کمینے رذیل۔ چھوٹے طبقے کے آدمی گھٹیا شودر ٭

اجل کا صدمہ پہنچنا (ہ۔ محاورہ) مرجانا۔ کسی عزیز کے مرنے سے غم کا آنا۔ جو ناقابل برداشت ہو ٭

اجلال (ع۔ مذکر) بزرگی۔ شان و شوکت جاہ و جلال۔ عظمت و شان ٭

اُجلنا (ہ۔ فعل) صاف ہونا۔ روشن ہونا۔ چمکنا۔ بارونق ہونا ٭

اُجلی (ہ۔ مونث) صاف۔ سفید۔ روشن۔ عورتوں کی اصطلاح میں

دھوبن ؛

اُجلی سمجھ - (ہ - ا مونث) بہت جلد بات کی تہ کو پہنچنے والی عقل رسا۔ عمدہ سمجھ۔ نہایت ذہین۔ ذکی اور فہیم ؛

اُجلی طبیعت (اُ - اسم مونث) صاف طبیعت سلجھی ہوئی طبیعت۔ جس کی ہر بات عمدہ اور دانائی کے ساتھ ہو۔ طبع رسا ؛

اُجلی گزران (اُ - اسم مونث) امیرانہ گزران۔ خوش گزران۔ سفید پوشی۔ کھانا اور لباس اچھا ہونا۔ دولت مندی میں بسر کرنا۔

اِجماع (ع - مذکر) جمع ہونا۔ کسی بات پر متفق ہونا۔ اکٹھا ہونا ؛

اِجمال (ع - مذکر) گول مول بات کرنا۔ گفتگو کرنا۔ ایسا بیان جو مفصل نہ ہو۔ دقیق اور مختصر بات ؛

اَجناس (ع - ا - مذ) جنس کی جمع۔ چیزیں۔ اشیا۔ قسمیں۔ انواع ؛

اَجنبی (ع - ا - مذ) غیر شخص۔ ناواقف۔ پردیسی - وہ آدمی جسے جانتے نہ ہوں ؛

اجنٹ / **ایجنٹ** (انگ - مذکر) وہ شخص جو کسی سوداگر یا سرکار کی طرف سے کسی کام پر مقرر ہو۔ گماشتہ۔ مختار۔ وکیل ؛ Agent

اجنٹاہ (مذ) حیدر آباد دکن کے علاقے میں ایک جگہ جس کے غار مشہور ہیں ؛

اجنٹی / **ایجنٹی** (انگ - مو) ایجنٹ کا کام۔ اجارہ۔ ٹھیکہ۔ ایجنٹ کا دفتر۔ ایجنٹ کا محکمہ ؛

اُجوانا - (ہ - فعل) کسی سیال اور مائع چیز کا ایک برتن سے دوسرے برتن میں انڈیلنا پانی وغیرہ کا گھڑے میں سے لوٹے وغیرہ میں ڈالنا ؛

اَجوائن (ع - ا - مو) - ایک مشہور دوائی کا نام ہے جو درد شکم کو نافع ہے تین قسم کی ہوتی ہے - دیسی اجوائن - اڑب اجوائن - خراسانی اجوائن ؛

اجودھیا - (ہ - مذکر) ہندوستان کے مشہور شہر فیض آباد کا دوسرا نام ہے۔ یہ مقام راجہ رام چندر جی کی جائے پیدائش ہے۔ اور ہندوؤں کا بڑا بھاری تیرتھ ہے یہ شہر راجہ جسرتھ جو رام چندر جی کے والد تھے کی راجدھانی تھا۔ یہاں بہت سے مندر بنے ہوئے ہیں۔ اور بندر بکثرت ہیں ؛

اُجورہ (ع - ا - مذ) اجرت۔ مزد۔ مزدوری۔ کرایہ۔ بھاڑا۔ کام کا معاوضہ ؛

اُجوٹھا (ہ - ا - مذکر) وہ چیز جو کسی نے جوٹھی نہ کی ہو۔ اچھوتا۔ بن چکھا ؛

اَجوڑہ (ہ - ا - مذکر) بے جوڑ۔ بے نظیر۔ جس کا جوڑ نہ ہو۔ نایاب ؛

اُجہل (ع - ا - مذکر) بہت ہی جاہل۔ نہایت احمق۔ پرلے درجے کا بیوقوف ؛

اُجھڑ (ہ - ا - مذکر) جاہل مطلق۔ لڑاکا۔ کج بحث۔ سمجھتی بات میں الجھنے والا جھگڑی ؛

اُجھنا (ہ - اسم مذکر) چولھے میں آگ جلانے کے لیے ایک خاص طرز سے جوڑے ہوئے اپلے۔ (ہندو اجھونا بولتے ہیں) ؛

اُجھنا لگانا (ہ - محاورہ) چولھے میں اپلوں کو خاص طریقہ سے لگانا۔ جس سے آگ بخوبی جل سکے ؛

اَجی (ہ - حرف) اے جناب اے صاحب واسطے خطاب کے آتا ہے جس میں تعظیم ملحوظ ہوتی ہے۔ عورتیں اپنی ساس کو خاوند کو تعظیماً اسی لفظ سے خطاب کرتی ہیں ؛

اَجیت (ہ - ا - مذکر) بن جیتا۔ غیر مفتوحہ۔ وہ ملک جسے فتح نہ کر سکے۔ ناقابل فتح۔ نہایت زبردست۔ بہت طاقت ور ؛

اَجیٹن (انگ - ا مذکر) صحیح ایڈجوٹنٹ ہے فوجی افسر۔ فوج کا سردار ؛

اَجیر (ع - ا مذکر) اُجرت پر کام کرنے والا۔ مزدور۔ خدمتی۔ روزانہ دار دیہاڑی دار (پنجابی)

اَجیرن (ہ - ا - مذکر) وہ کھانا جو ہضم نہ ہو۔ غیر منہضم۔ ان پچ۔ پسند۔ ناگوار۔ دوبھر۔ بار خاطر۔ پہاڑ۔ طویل۔ ناقص ؛

اَجیرن ہونا (ا ر - محاورہ) - ناگوار ہونا۔ پسند نہ ہونا۔ نہایت مشکل ہونا۔ دوبھر ہونا۔ ناموافق طبع۔ ناقص ہونا ؛

اَجیو (ہ - ا - مذکر) بے جان۔ بے روح۔ جس میں جیو یعنی جان نہ ہو ؛

ا - چ

اُچاپت (ہ - مذکر) سامان خورد و نوش کا کسی دکان دار کے پاس سے اُدھار لینا ؛

اُچاپت اُٹھانا (ا ر - محاورہ) - دکان دار سے اُدھار لانا۔ سودا اُدھار خریدنا ؛

اُچاٹ (ہ - ا - مذکر) دل برداشتہ۔ اداس۔ اُکھڑا ہوا۔ اُکتایا ہوا ؛

اچانچک اچانک (ہ - تابع فعل) دفعتہ۔ یکایک بے خبری میں ناگاہ۔ ایکا ایکی ناگہاں ؛

اُچاٹن (ہ - مونث) دل برداشتگی۔ بیزار ہو جانا۔ اداسی۔ تقسیم ؛

اُچاٹنا (ہ - فعل) بانٹنا۔ تقسیم کرنا۔ الگ الگ کرنا۔ علیحدہ کر دینا ؛

اُچار (ہ) دستور۔ قاعدہ۔ آئین۔ طریقہ۔ ڈھنگ۔ تلفظ ؛

اَچار (ہ - ا - مذکر) اَم وغیرہ کوئی پھل جو مسالے یا کسی رس یا عرق میں ڈال کر کھٹا کر لیا ہو ؛

اَچار اُٹھنا (ا ر - محاورہ) - اچار کا استعمال کے قابل ہو جانا۔ کھانے کے لائق ہو جانا ؛

اَچار ڈالنا (ہ) اچار بنانا۔ کسی کی چیز کو دیر تک اپنے پاس رکھ کر خراب کرنا۔

اَچارج (س - ا - مذکر) مرشد۔ اُستاد۔ اعلیٰ درجے کا عالم۔ فاضل۔ ہندوؤں میں مُردوں کا کریا کرم کرنے والا۔ مہا برہمن۔ دان پن اور کریا کرم کا مال لینے والا برہمن ؛

اُچان (ا) بلندی۔ اونچائی ؛

اُچٹیل / **اُچٹیلا** (ہ - اسم صفت مذکر) بے چین۔ چلبلا۔ وہ شخص جو نچلا نہ رہ سکے۔ شوخ۔ طرار۔ چالاک۔ شریر۔ چنچل ؛

اُچٹیلاہٹ - (ہ - اسم مذکر) (اسم مصدر - ا) بے چینی۔ بے قراری۔ شوخی۔ چالاکی ؛

اُچٹانا - (ہ - فعل) اُچھالنا۔ پٹخنا۔ گیند وغیرہ کسی چیز کو دوسری چیز پر مار کر اُچھالنا۔ جُدا کرنا۔ الگ کرنا۔ بہکانا۔ نشانہ پر نہ لگنے دینا۔ چوکنا کرنا۔ شکار کو ہوشیار کر دینا۔ مینڈھ وغیرہ کا دور کرنا۔ بکھیرنا۔ الگ الگ کر دینا۔

اُچٹ جانا - (ہ - فعل) اپنی جگہ سے اچھل جانا۔ چھٹ جانا۔ بدک جانا۔ بہک جانا۔

اُچٹنا (ہ - فعل) اچھلنا۔ چٹخنا۔ الگ ہونا۔ برداشتہ ہونا۔ بکھرنا۔ اکھڑنا۔ بدلنا اڑنا۔ جاتا رہنا۔ ہاتھ کا پکڑا۔ نشانہ نہ لگنا ؛

اَچر - (ہ - مذکر) بیجان۔ غیر متحرک۔ نہ بلنے والا۔ ایسی چیز جو ادھر ادھر نہ رکھی جا سکے غیر منقولہ ؛

اَچرنا - (ہ - فعل) بولنا۔ کلام کرنا۔ الگ ہونا۔

اَچرج - (ہ - اسم مذکر) اچنبھا۔ تعجب۔ حیرانی۔ حیرت۔

اُچک - (ہ۔مؤنث) (حاصل مصدر از اُچکنا) کود۔ چھلانگ۔ اچھل۔ جھپٹا ؛
اُچکا - (ہ۔اسم مذکر) (فاعل از اُچکنا) اُچک لینے والا۔ اٹھائی گیرا۔ جیب کترا۔ بدمعاش۔ چور ؛
اُچک جانا - (ہ۔فعل) کود جانا۔ چھلانگ مارنا۔ اچھل جانا۔ اچھل پڑنا ؛
اُچکاپن - (ہ۔اسم مذکر) چوری۔ بدمعاشی۔ شرارت ؛
اَچکن - (ہ۔مؤنث) چست اور بٹن کوٹ جیسا لباس
اُچکنا - (ہ۔فعل) کودنا۔ اُبھرنا۔ اچھلنا۔ پھلنا۔ اوپر ہی اوپر سے لینا چھین لینا۔ لے اڑنا۔ لے بھاگنا ؛
اُچک لے جانا (اُر۔محاورہ) اُٹھا لے جانا۔ سمجھا لے جانا۔ جھپٹا مار کر لے جانا
اَچل (ہ۔اسم صفت) جو اپنی جگہ سے چل نہ سکے۔ نہ چلنے والا ؛
اچن (ہ۔مذکر) بے نشان۔ بے قدر۔ ذلیل۔ گم نام ؛
اچنبا (ہ۔مذکر) حیرانی۔ حیرت۔ نرالا۔ اچرج ؛
اَچنت (ہ۔اسم صفت) جس کو کوئی فکر نہ ہو۔ (الف بمعنی نفی) چنت بمعنی چنتا یعنی فکر۔ بے فکرا۔ بے پرواہ۔ اتاؤلا (ہ) جلد باز ؛
اَچنتا (ہ۔اسم مونث) بے فکری لاپرواہی ؛
اَچنچل (ہ۔مؤنث) قائم۔ ثابت۔ مقرر۔ جو چالاک نہ ہو۔ الف اس میں بھی نافیہ ہے ؛
اچنگ لگنا (اُر۔محاورہ) انگ لگنا۔ امنگ پیدا ہو جانا۔ بڑے شوق سے کسی کام کے پورا ہونے کی آرزو کرنا ؛
اَچوک (ہ۔اسم صفت) نہ چوکنے والا۔ بے خطا نشانہ۔ بے خطا۔ بے قصور۔ وہ آدمی جس سے کوئی قصور نہ ہو۔ پاک۔ معصوم ؛
اَچھا - (ہ۔اسم مونث) مرضی۔ آرزو۔ خواہش۔ تمنا ؛
اَچھا - (ہ۔مذکر۔اسم صفت) (بُرا کی ضد) بھلا۔ نیک۔ عمدہ۔ خوب۔ تندرست بہتر۔ بے عیب۔ کھرا۔ مبارک۔ کلمۂ ایجاب ہے۔ (ہاں۔ منظور ہے (پنجابی آہو) خوشبودار۔ مزے دار۔ خلیق۔ خوش خلق۔ موافق۔ خیر۔ (طنزاً بمعنی بُرا۔ نامناسب وغیرہ) قابل تعریف ؛
اَچھا بھلا / اَچھا خاصا (ہ۔مذکر) اسم صفت بھلا چنگا۔ صحیح سالم۔ تندرست۔ بہت ٹھیک۔ درست ؛
اَچھا رہنا - (ہ۔فعل) حسب منشا کام بن جانا۔ تندرست رہنا۔ ٹھیک رہنا
اَچھا کرنا - (ہ۔فعل) تندرست کرنا۔ راضی کرنا۔ نیکی کرنا۔ عمدہ کام کرنا۔ بھلا کرنا۔ خوب کرنا۔ کام صفائی سے کرنا ؛
اَچھا کیا اللہ نے۔ بُرا کیا بندے نے - (ہ۔مثل) نیکی اللہ کی طرف منسوب ہے اور بدی بندے کی طرف۔ اگرچہ نیکی بدی دونوں کا خالق اللہ ہے مگر بھلائی اللہ کی طرف سے۔ ایک ہی کام بزرگوں کی جانب سے ہو تو نیک اور عام لوگوں کی طرف سے ہو تو بُرا ہو ؛
اُچھالا - (ہ۔اسم مذکر) لکڑی کے زینے کو چھت سے باندھنے کی رسّی۔ باڑھ غرق شدہ کو پانی کا اوپر اُٹھا دینا۔ تلے۔ اُبال۔ جوش ؛
اُچھال چھکا - (ہ۔اسم مونث) شوخ۔ بدکار۔ فاحشہ عورت ؛
اُچھل پڑنا - (ہ۔فعل) بلا ارادہ اُوپر کو دنا پڑنا۔ محبت خوشی۔ غصہ۔ خوف تپ وغیرہ کی حالت میں ؛
اُچھل اُچھل پڑنا - (ہ۔فعل) اُچھل پڑنا کی نسبت زیادہ مبالغہ ہے۔

اچھا لگنا - (ہ۔فعل) گوارا ہونا۔ بھلا معلوم ہونا۔ مزے دار لگنا ؛
اُچھالنا - (ہ۔فعل) کسی چیز کو اوپر پھینکنا۔ ابھارنا۔ اوپر کرنا ؛
اچھا ہونا - (ہ۔فعل) مرض سے شفا پانا۔ تندرست ہونا۔ بے روگ ہونا۔ نیک ہونا ؛
اَچھوت - (ہ۔اسم صفت) بے چھوئی چیز۔ تصرف میں نہ آئی ہوئی چیز۔
اَچھر - (ہ۔اسم مذکر) انچھر۔ حرف۔ الف۔ لفظ۔ کلمہ۔ بول ؛
اَچھر اَبھیاس - (ہ۔مونث) حرف شناسی۔ حروف کی پہچان ؛
اُچھرس - (ہ۔مذکر) گنے کا رس۔ اُچھ بمعنی گنا۔ رس۔ پانی ؛
اُچھلنا - (ہ۔فعل) اُوپر اُٹھنا۔ کودنا۔ اُڑنا۔ پھولنا۔ کسی چیز کا تیزی سے نکلنا۔ پیدا ہونا۔ بیماری کا پھر آنا۔ کسی کی مدد پر غرور کرنا۔ دوسرے کے سہارے پر فخر کرنا ؛
اُچھوانی - (ہ۔اسم مونث) اجوائن۔ سونٹھ گھی اور کھانڈ کو خاص طریقہ سے پکا کر زچہ عورت کو پلانے کی دوا ؛
اُچھوہ - (ہ۔مذکر) گلے میں پھندا لگنا۔ کھانا کھانے یا پانی پینے کے وقت سانس لینے کی نلی میں خوراک کا کچھ حصہ چلے جانے سے کھانسی سی لگ جایا کرتی ہے اسی کو اُچھو بولتے ہیں۔ ہندو اُتھو کہتے ہیں ؛
اُچھوتا - (ہ۔اسم صفت۔مذکر) بن چھوا۔ پاک صاف۔ محفوظ۔ بے ہاتھ لگا جوں کا توں۔ بے استعمال۔ دیوی دیوتا کی نذر۔ ناخوردہ۔ کوارا۔ کنوارا۔ سچا ؛
اچھوتی - (ہ۔مونث۔اسم صفت) اچھوتا کی مونث ہے۔ کنواری عورت ؛
اَچھوتی کوکھ - (ہ۔اسم مونث) سچی گود۔ وہ گود جس کے سب بچے زندہ ہوں۔ مراد وہ عورت جس کا کوئی بچہ مرا نہ ہو ؛
اچھوں کے اچھے ہی ہوتے ہیں - (اُر۔مثل) نیکوں کی اولاد نیک ہی ہوا کرتی ہے ؛
اَچھی - (ہ۔مونث۔اسم صفت) بری کی ضد۔ مہربان۔ بھلی۔ نیک درست بے عیب کھری۔ (اچھا کی مونث) ؛
اَچھے - (ہ) اچھا کی جمع۔ جمع مذکر کو خطاب میں بولتے ہیں اور ندا بھی ؛
اچھے اچھے - (ہ۔اسم صفت مذکر) بڑے بڑے۔ نیک۔ ذی علم امیر۔ اعلیٰ عہدے دار۔ باکمال بزرگ ؛
اَچھے دن - (ہ۔تابع فعل) اچھا موسم۔ خوشی کے دن۔ قسمت کا موافق ہونا تقدیر کھل جانے کا وقت۔ فارغ البالی کا زمانہ ؛
اُچھی چیز اپنی جگہ آپ کر لیتی ہے - (اُر۔مقولہ) اچھی چیز کی قدر ہر جگہ اور ہر شخص کرتا ہے۔ نیکوں کی ہر جگہ قدر ہے ؛
اَچھے رہیے - (ہ۔محاورہ) واہ وا۔ خوب ہوئی۔ آپ نے خوب ہی کہا۔ سبحان اللہ۔ خوب رہیے۔ مزے میں رہیے۔ آرام سے رہیے ؛
اَچھی طرح - (ہ) کلمہ مزاج پرسی ہے۔ خوب طرح۔ بخیریت ؛
اَچھے ہیں پر اللہ کام نہ ڈالے - (ہ۔مثل) ظاہر میں تو اچھے ہیں مگر باطن میں نہایت بُرے ہیں۔ معاملہ پڑنے پر اچھے بُرے کی شناخت ہوتی ہے۔ بظاہر تو سب اچھے ہی ہیں ؛
اُچیتا - (ہ۔اسم مذکر) بے خیال۔ سادہ لوح ؛
اُچیلنا - (ہ۔فعل) اُکھاڑنا۔ اُدھیڑنا۔

اُچیلنا } (ف۔فعل) اکھاڑنا۔ اُدھیڑنا۔ کھال کا اُتارنا۔ زخم پر سے کچا کھرنڈ
اُچیڑنا } چھیل دینا ؛

ا - ح

اُح } (ا) کھانسی کی آواز۔ درد اور دُکھ کی صدا۔
اُہ } کراہنے کی آواز ؛

اَحَاد (ع۔مذکر) احد کی جمع۔ اکائیاں۔ ایک سے نو تک ہندسے ؛
اَحَادِیث (ع۔مونث) (حدیث کی جمع) باتیں۔ خبریں۔ حضرت محمد رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال اور احکام۔

اِحَاطہ (ع۔اسم مذکر) گھیرا۔ چکر۔ گرداگرد۔ چاردیواری۔ ملکی تقسیم کی حد۔ صوبہ۔ سرکل۔ دائرہ۔ پریذیڈنسی۔ منڈل ؛
اِحاطہ کرنا (اُ/ف فعل) گھیرا ڈالنا۔ گھیرنا۔ حدبندی کرنا۔ مکان بنانا ؛
اَحِبّا (ع۔اسم مذکر) (حبیب کی جمع) دوست۔ یار۔ پیارے ؛
اَحْبَاب (ع۔اسم مذکر) (حبیب کی جمع) دوست۔ آشنا ؛
اَحْبَار (ع۔اسم مذکر) (حبر کی جمع) دانا۔ عاقل۔ عالم۔ خبردار۔ یہودیوں کے علما۔ بائبل کے مجموعہ میں ایک کتاب ؛
اِحْتِبَاس (ع۔مذکر) (مصدر بروزن افتعال) روکنا۔ بخل کرنا۔ خون حیض کے بند ہونے کی بیماری جو عورتوں کو لاحق ہوتی ہے ؛
اِحْتِرَاز (ع۔مذکر) (بروزن افتعال) پرہیز کرنا۔ بچاؤ۔ کنارہ کشی کرنا۔ علیحدگی اختیار کرنا ؛
اِحْتِرَاق (ع۔مذکر) (باب افتعال) جلنا۔ شدت۔ حرارت۔ ایک ہی برج میں سورج کے ساتھ دوسرے سیارے کا آکر روشنی کھو بیٹھنا ؛
اِحْتِرَام (ع۔مذکر باب افتعال) عزت توقیر آؤ بھگت ؛
اِحْتِسَاب (ع۔مذکر باب افتعال) حساب لینا۔ جانچنا۔ پرتال کرنا ؛
اِحْتِشَام (ع۔مذکر باب افتعال) شان وشوکت۔ دبدبہ۔ لاؤ لشکر۔ رُعب داب ؛
اِحْتِلَام (ع۔مذکر باب افتعال) ناپاک ہو جانا۔ نہانے کی حاجت ہو جانا خواب دیکھنا۔ بدخوابی ؛
اِحْتِمَال (ع۔مذکر) (باب افتعال) شک۔ شبہ۔ بھرم۔ گمان ؛
اِحْتِمَالاً (ع۔تابع فعل) بھرم کے طور پر۔ شبہ کے رنگ پر ؛
اِحْتِمَالی (ع۔اسم مذکر) شبہ والا۔ ظنی۔ خیالی۔ ایک ماضی کا نام جس سے کام کے ہونے یا نہ ہونے کا شک زمانہ ماضی میں پایا جائے جیسے کیا ہو گا ؛
اِحْتِوَا (ع۔مذکر) حاوی ہونا۔ گھیرنا ؛
اِحْتِیَاج (ع۔اسم مونث) باب افتعال۔ ضرورت۔ حاجت ہونا۔ غرض خواہش ؛
اِحْتِیَاط (ع۔اسم مونث) لغوی معنی گرد پھرنا۔ حفاظت۔ ہوشیاری۔ پرہیز کسی ؛
اِحْتِیَاطاً (ع۔تابع فعل) بچاؤ کے طور پر ہوشیاری سے۔ خبرداری ؛

اِحْتِیَال (ع۔اسم مذکر) حیلہ بہانہ۔ مکر وفریب کرنا۔ دھوکا دینا ؛
اَحَدْ (ع۔اسم مذکر) ایک۔ اکیلا۔ لاشریک۔ اللہ تعالےٰ کا صفاتی نام ؛
اُحُدْ (ع۔اسم مذکر) مدینہ منورہ کے قریب ایک پہاڑی کا نام ہے ؛
اَحَدِی (ع۔اسم مذکر) پکا۔ سُست کاہل۔ اکبر بادشاہ نے تیراندازوں کی ایک فوج تیار کی تھی۔ جو گھر بیٹھے تنخواہ پاتی تھی۔ اور کسی فوجی گروہ میں شمار نہ ہوتی تھی۔ وہ بعد میں بہت کاہل وسُست ہو گئے اس لیے یہ لفظ محض کاہل اور سُست آدمی کے لیے خاص ہو گیا۔
اَحَدِی بَیل (اُ/مذکر) سُست اور کاہل آدمی۔ نہایت ہی سست۔ مُٹھا۔ شخص کاہلوں کا کاہل۔ پرلے درجے کا سست۔ جم ؛
اَحراز (ع۔مذکر) محفوظ رکھنا۔ بچائے رکھنا ؛
اِحرام (ع۔مذکر) خاص مقامات سے لے کر حج اور زیارت خانہ کعبہ تک چند جائز کاموں کو اپنے اوپر حرام کر لینا ؛
اِحرام باندھنا (اُ/ف فعل) سلے ہوئے کپڑے بدن سے اتارنا اور بن سلے کپڑے پہن کر چند جائز چیزوں کو حرام جاننا۔ چادر اور تہ بند سے بدن ڈھانکنا ؛
اِحساس (ع۔مذکر) معلوم کرنا۔ محسوس کرنا۔ جاننا۔ سمجھنا ؛
اِحْسَان (مذکر) نیکی کرنا۔ بھلائی سے پیش آنا۔ اچھا سلوک۔ شکریہ۔ بھلائی کی داد۔ حافظ غلام رسول خاں کے بیٹے حافظ عبدالرحمٰن خاں کا تخلص بھی ہے جنھوں نے ۱۲۶۷ھ میں انتقال فرمایا ؛
اِحسان اُٹھانا (اُ/محاورہ) ممنون ہونا۔ شاکر ہونا۔ سہارا ڈھونڈنا ؛
اِحسان رکھنا (اُ/محاورہ) دوسرے کو ممنون بنانا ؛
اِحسان کرنا (اُ/محاورہ) نیکی کرنا۔ بھلائی کرنا۔ اچھا سلوک کرنا ؛
اِحسان فراموش (اُ/اسم مذکر) بے وفا۔ احسان نہ ماننے والا۔ احسان کو بھول جانے والا۔ بے مروت ؛
اِحسان لیجیے جان کا نہ لیجیے شاہجہان کا (اُ/مثل) غیروں کا احسان لیجیے مگر رشتہ داروں کا احسان نہ لینا۔ خواہ وہ شاہجہان ہی کیوں نہ ہو۔ استغنا اور بے پروائی نہایت اچھی بات ہے ؛
اِحسان ماننا یا احسان اٹھانا احسان لینا۔ (اُ/فعل) ممنون ہونا۔ شکر گزار ہونا۔ گن ماننا۔ شکر کرنا ؛
اِحسان مند (ف۔مذکر) اسم فاعل ترکیبی۔ احسان ماننے والا۔ شاکر۔ شکر گزار ؛
اَحْسَنْت (ع) آفرین۔ مرحبا۔ تجھے شاباش ؛
اَحْسَنْت کہنا (فعل) شاباش کہنا۔ آفرین کہنا۔ تعریف کرنا۔ اچھا کہنا ؛
اَحْکَام (ع۔اسم مذکر) حکم کی جمع ہے۔ فرمایں۔ ہدایتیں۔ ارشاد ؛
اَحْمَدْ (ع۔اسم مذکر) بڑا تعریف والا۔ بڑی صفات والا۔ حضرت محمد رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا دوسرا مبارک نام۔
اَحمد کی پگڑی محمود کے سر (اُ/مثل) ایک کا منصب اور عزت دوسرے کو دے دینا۔ فرائض منصبی سے بے خبری۔ اور غفلت بے عملی اور ظلم ؛
اَحمد کی داڑھی بڑی ہے کہ محمود کی (اُ/مثل) بے فائدہ۔ بحث۔ فضول تکرار۔ لغو باتیں۔ اصلی کام کو چھوڑ کر ضمنیات کی بحث میں پڑنا ؛

اَحْمَر - (ع۔ اسم مذکر) بہت سُرخ۔ نہایت گہرا لال۔ ایک سمندری بحیرے کا نام بھی ہے ؛

اَحْمق - (ع۔ اسم مذکر) بڑا ہی بے وقوف۔ بے تمیز۔ بے عقل۔ نادان ؛

اَحْمق الذی - (ع۔ مذکر) اُجڈ۔ جاہل مطلق۔ سخت احمق ؛

اَحْمق بنانا - (اُر۔ محاورہ) کھلی اڑانی۔ تمسخر کرنا۔ ہنسی اُڑانی۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ کسی کے ساتھ چالاکی کرنی ؛

اَحْمق پن - (ا۔ اسم مذکر) بے وقوفی۔ نادانی۔ جہالت۔ احمق پنا ؛

اَحْوال - (ع۔ اسم مذکر) حال کی جمع۔ حالات۔ واقعات۔ ماجرے ؛

اَحْوال پُرسی - (ف۔ اسم مونث) حالات پوچھنے۔ خیر وعافیت دریافت کرنی ؛

اَحْوَل - (ع۔ اسم مذکر) بھینگا۔ وہ شخص جس کو آنکھوں میں فرق ہونے کے باعث ہر چیز دو دو نظر آئے۔ یہ ایک بیماری ہے ؛

اَحْیان - (ع۔ اسم مذکر) جمع ہے حین کی وقت ؛

اَحیا - (ع۔ اسم مذکر) زندہ کرنا۔ جلا دینا۔ زندگی دینا ؛

اَحْیاناً - (ع۔ تابع فعل) اتفاقاً۔ شاید۔ کبھی کبھی وقت۔ اتفاق سے ؛



اَخ - (ع۔ مذکر) بھائی۔ برادر ؛

اَخاہ - (اُر۔ کلمہ تعجب) بہت اچھا۔ بہت خوب ؛

اَخبار - (ع۔ مذکر۔ خبر کی جمع) خبریں۔ وہ چھپا ہوا پرچہ جس میں بہت سی خبریں درج ہوں۔ اصطلاح شرعی میں احادیث نبوی سے مراد ہوتی ہے۔ روزنامہ۔ نیوز پیپر ؛

اَخبار

اخبار نویس - (ف۔ مذکر) خبریں لکھنے والا۔ ایڈیٹر ؛

اِختتام - (ع۔ مذکر) ختم کرنا۔ خاتمہ۔ انجام۔ اخیر ؛

اَختر - (ع۔ مذکر) ستارہ۔ تارا۔ فال شگون۔ طالع۔ جنتا ؛

اِختراع - (ع۔ مذکر) لغوی معنی چیرنا پھاڑنا۔ اصطلاحی معنی نئی بات نکالنا ایجاد کرنا۔ نئی بات پیدا کرنا ؛

اَختر بختر - (ہ۔ مذکر) اصل استر بستر تھا۔ برتن بھانڈا۔ بچھونا بوریا۔ کپڑا لتا ؛

اختر جگنا - (اُر۔ فعل) قسمت جاگنا۔ دن پھرنا۔ تقدیر سامنے ہونا۔ خوش قسمت ہونا ؛

اختر شماری - (ف۔ اسم مونث) تارے گننا۔ تمام رات بے چین رہنا۔ انتظار میں رہنا۔ رات بھر جاگتے رہنا۔ محبت میں بے قراری ؛

اختر شناس - (ف۔ مذکر) طالع کا حال پہچاننے والا۔ نجومی۔ جوتشی۔ ستاروں کی چال جاننے والا ؛

اختصار - (ع۔ مذکر) لغوی معنی چھوٹا کرنا۔ تعریف کے رتبے سے جانا۔ گھٹانا۔ اصطلاح میں مختصر کرنے کو کہتے ہیں۔ بہت مطلب کو تھوڑے الفاظ میں بیان کرنا ؛

اِختلاج - (ع۔ مذکر) پھڑکنا۔ بے چین ہونا۔ بے قرار ہونا۔ دھڑکا دل کا ؛

اِختلاج قلب - (ع۔ مذکر) دل کا دھڑکا۔ ایک بیماری کا نام جس میں دل بہت دھڑکتا رہتا ہے ؛

اِختلاط - (ع۔ مذکر) میل جول۔ ربط ضبط۔ مل جل جانا۔ بے تکلفی۔ محبت ہونا۔ دوستی ہونا۔ چھیڑ چھاڑ کرنا۔ بے تکلفی ؛

اِختلاف - (ع۔ مذکر) اتفاق کی ضد۔ ناموافقت کرنا۔ خلاف ہونا۔ فرق۔ تفاوت۔ عداوت۔ اَن بن۔ دشمنی۔ ضد۔ اصرار۔ ہٹ ؛

اِختلال - (ع۔ مذکر) خلل پڑنا۔ خلل ڈالنا ؛

اِختلالِ حواس - بدحواسی۔ حواس میں فتور آنا ؛

اَختو بختو - (اُر۔ مونث) کھڑی کی دو پتلیاں جنھیں مداری لڑاتے ہیں ؛

اَختہ - (ف۔ مذکر) خصیے نکالا ہوا نر جانور۔ بدھیا۔ خصی ؛

اِختیار - (ع۔ مذکر) پسند کرنا۔ چننا۔ چھانٹنا قابو۔ اجازت۔ منظور۔ حکومت طاقت۔ امکان۔ اجازت۔ جائز ؛

اِختیارات - (ع۔ مذکر۔ اختیار کی جمع) حکومت۔ زور۔ مداخلت وغیرہ ؛

اختیار بدست مختار - (ف) حاکم جو چاہے کرے۔ زبردست کے ہاتھ میں اختیار ہے۔ مراد اللہ ہر چیز کا مالک ہے۔ سب کچھ اسی کے قبضہ میں ہے ؛

اختیار کرنا - (ہ۔ محاورہ) منظور کرنا۔ پسند کرنا۔ مان لینا ؛

اختیار لینا - (اُر۔ محاورہ) اجازت لینا۔ منظوری حاصل کرنا۔ حکومت لینا ؛

اختیار ملنا - (اُر۔ حکومت ملنا۔ اجازت ملنا۔ قبضہ ملنا ؛

اختیار میں ہونا - (اُر۔ محاورہ) قابو اور قبضے میں ہونا۔ بس میں ہونا ؛

اختیاری - (ع۔ اسم مونث) قابو کی۔ بس کی۔ وہ بات جس کے کرنے نہ کرنے کا آدمی مختار ہو ؛

اَختی گھوڑی - (اُر۔ مونث) سینہ سپاٹ عورت ؛

اَخذ - (ع۔ مذکر) لینا۔ اختیار کرنا۔ پینا۔ نتیجہ نکالنا ؛

اَخذ کرنا - (ع۔ اسم مذکر سے) لینا۔ پکڑ لینا۔ اختیار کرنا۔ کوئی بات اڑا لینا۔ بات میں سے بات نکالنا۔ نتیجہ نکالنا ؛

اِخراج - (ع) نکال دینا۔ شہر بدر کرنا۔ باہر کرنا۔ دور کرنا۔ گرانا۔ صرف۔ خرچ۔ نکاس۔ دخل کی ضد ؛

اَخراجات - (ع۔ مذکر۔ خرچ کی جمع الجمع ہے۔ بہت سے خرچ۔ مصارف ؛

اَخروٹ - (ا۔ مذکر) ایک مشہور میوہ ہے ؛

اُخروی - (ع) آخرت سے تعلق رکھنے والی ؛

اَخص - (ع) بہت زیادہ خاص ؛

اَخضر - (ع) نہایت سبز۔ ہرا رنگ۔ ایک بحیرے کا نام بھی ہے ؛

اِخفا - (ع۔ مذکر) پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔ پنہاں کرنا ؛

اَخفش - (ع۔ مذکر) کمزور نظر والا ؛

اَخگر - (ف۔ مونث) چنگاری۔ آگ کی ڈلی ؛

اِخلاص - (ع۔ مذکر) دوستی۔ محبت۔ یگانگت۔ میل ملاپ۔ ربط ضبط۔

قرآن مجید کی ایک سورت کا نام ہے۔ لاڈ۔ ناز۔ بے ریا عبادت۔
اِخلاص بڑھانا (ہ۔ محاورہ)۔ محبت بڑھانا۔ دوستی زیادہ کرنا ؛
اِخلاص جوڑنا (اُر۔ محاورہ) عورتوں کی زبان ہے) دوستی کرنا۔ بنسانا کرنا ؛
اِخلاص کرنا (اُر۔ محاورہ)۔ دوستی کرنا۔ محبت کرنا۔ ربط ضبط۔ میل جول کرنا ؛
اِخلاص میں آنا (اُر۔ محاورہ) ناز میں آنا۔ لاڈ کرنا۔ کسی برتے پر کودنا۔ کسی کے سہارے پر کودنا ؛
اِخلاص مند (ع۔ مذکر) سچا دوست۔ خیر خواہ۔ یار صادق۔ ہمدرد دوست (مونث) سہیلی۔ بہنیلی۔ گوئیاں ؛
اَخلاط (ع۔ مذکر) خلط کی جمع) چاروں خلطیں یعنی صفرا۔ سودا۔ بلغم خون جن سے اللہ نے دُنیا کو بنایا ہے۔ ہر شے میں موجود ہیں۔ ان کی کمی بیشی سے ہی صحت میں فرق آجاتا ہے ؛
اَخلاق (ع۔ مذکر) خلق کی جمع) عادتیں۔ خصلتیں۔ انسانیت۔ مروت وہ علم جس میں سیاست نفس اور معاد و معاش وغیرہ کا بیان ہو
اَخلاقِ معاشرت (ع) باہم مل جل کر رہنے کے طریقے اور آداب ؛
اَخنی یخنی (ع) دلیل۔ بکی۔ عورت ؛
اَخنی پلاؤ (اُر) پلاؤ کی ایک خاص قسم ہے ؛
اَخوان (ع۔ مذکر) اخ کی جمع۔ بھائی۔ برادر۔ ماں جائے ؛
اَخوانُ ازماں۔ ہم عصر۔ زمانے والے۔ ہم عہد۔ معاصرین ؛
اَخوان الشیاطین۔ بدمعاش اور شریر لوگ ؛
اُخوت (ع۔ مونث) بھائی بندی۔ برادری۔ بھائی چارہ۔
اَخی (ع مذکر) بھائی۔ برادر۔ میرا بھائی۔ (رائے متکلم ہے) ؛
اَخیار (ع۔ مذکر) خیر کی جمع۔ نیک لوگ۔ بھلے لوگ ؛
اخیافی } وہ بھائی جن کے باپ الگ اور ماں ایک ہو۔ دو شوہروں
اخیائی } سے ایک عورت کی اولاد آپس میں اخیافی یا اخیائی کہلاتی ہے۔
اَخیر (ع) پچھلا۔ انتہائی۔ حد۔ تمام۔ سب۔ انجام کار۔ آخر کو۔ قریب ختم سرا۔ کنارہ۔ قطعی ؛

ا - د

اَدا (ع۔ اسم مونث) چکتا کرنا۔ چکانا۔ پورا کرنا۔ پہنچا دینا۔ بیباق کرنا بیان کرنا۔ پڑھنا۔ ترتیل ؛
اَدا (ف۔ اسم مونث) ناز و انداز۔ معشوقانہ حرکات۔ رمز و اشارہ ؛
اَدا دکھانا۔ ناز نخرے کرنا۔ انداز معشوقانہ دکھانا ؛
اَدات (ع۔ اسم مذکر) آلات۔ اوزار۔ کسی شے کے حاصل کرنے کا سامان۔ آلہ ؛
اِدارات (ع۔ مذکر) ادارہ کی جمع۔ شعبہ۔ محکمہ۔ مجلس ؛
ادارت (ع۔ مونث) اڈیٹری۔ اخبار اور رسالے کی ترتیب ؛
ادارہ (ع۔ مذکر) ادارات کی واحد ؛
ادارے (ع۔ مذکر) ادارہ کی جمع۔ اردو۔ دفتر۔ انجمن ؛
اداریہ (ع۔ مذکر) مقالہ۔ ایڈیٹوریل۔ ایڈیٹر کا خاص مضمون

اُداس (ہ۔ مذکر) غمگین۔ افسردہ دل۔ دل برداشتہ۔ بیزار۔ بے رونق۔ پھیکا۔ ہلکا رنگ۔ بجھی بجھی سی روشنی ؛
اُداسا (ہ۔ محاورہ) فقیروں کی اصطلاح) استر بستر۔ بندھنا بوریا۔ اوڑھنا بچھونا ؛
اُداسا کسنا (ہ۔ محاورہ) بوریا بستر باندھ کر سفر کی تیاری کرنا۔ سامان سفر باندھنا سفر کی تیاری کرنا ؛
اُداسا کھینچنا (ہ۔ محاورہ) یک سُو ہونا۔ ایک طرف دھیان لگانا۔ قطع تعلق کر کے الگ ہو رہنا۔
اُداسی (ہ۔ اسم مونث) غمگینی۔ پریشانی۔ دل برداشتگی۔ بے رونقی۔ ویرانی۔ گرونانک صاحب کے بیٹے کے چیلوں کا ایک فرقہ۔ فقیروں کی جماعت (شوخی کی ضد ؛
اُداسی برسنا۔ اُداسی چھانا (ہ) فعل غم یا پریشانی ظاہر کرنا۔ پریشانی کا اظہار کرنا۔ بے رونقی ظاہر ہونا۔ طبیعت کا اُچاٹ معلوم ہونا ؛
اداشناس (ف۔ مذکر) اشارہ سمجھنے والا۔ اشارے سے بات کو تاڑ جانے والا ذرا سی حرکت سے بات کو سمجھ جانے والا۔
اداکاری (اُر۔ مونث) ایکٹنگ کرنا ؛
اداکرنا (ہ فعل) چکانا۔ فرض اتارنا۔ بے باق کرنا۔ پڑھنا۔ حروف کا ان کے مخرج سے نکالنا۔ کھول کر بیان کرنا۔ نخرے کرنا۔ انداز دکھانا ؛
اَدام اللہ فیوضکم (ع) اللہ تعالیٰ ان کے فیض کو ہمیشہ باقی رکھے۔ بزرگوں کو القاب میں کہتے ہیں۔
اُدان (ہ۔ مونث) ڈکار۔ ایک قسم کی ہوا جو پیٹ سے منہ کو آیا کرتی ہے ؛
ادانی (عہ ادنیٰ کی جمع۔ دیکھو ادنےٰ ؛
اُدا ہونا (اُر۔ محاورہ) قرض اترنا۔ نوکری پوری ہونا۔ حرفوں کی پوری ادائی ؛
اُداہٹ (ہ۔ اسم مونث) اودا پن۔ اودی رنگت بیگنی رنگت ؛
ادب (ع اسم مذکر) حفظ مراتب۔ دستور۔ قاعدہ۔ ہر چیز کی حد۔ لحاظ۔ احتیاط۔ زبان دانی کا علم۔ لٹریچر ؛
اَدَب آموز (ف مذکر) ادب سکھانے والا۔ ادیب۔ اُستاد ؛
اَدَب آموز (بغرامنا۔ ادب سکھانے والا
اُدبا (اُر مذکر) ادیب واحد۔ علم ادب کے ماہر۔ علم ادب جاننے والے ؛
اَدب سکھانا۔ تہذیب اور سلیقہ کی تعلیم و تربیت دینا ؛
اِدبار (ع) لغوی معنی پیٹھ پھیرنا (اصطلاحی معنی) دولت کا منہ پھیر لینا۔ نحوست۔ تنزل مفلسی۔ غریبی۔ ناداری۔ بدبختی۔ (اقبال کی ضد)
اَدبدا کر (ہ۔ تابع فعل) مزور بالعزور۔ مندے۔ شرارت سے۔ زبردستی۔
ادبیات (ع۔ مو) نظم و نثر لٹریچر سے متعلق علوم یا مسائل۔
اِدخال (ع اسم مذکر) داخل کرنا۔ درج رجسٹر کرنا۔ فیس۔ جرمانہ وغیرہ ادا کرنا ؛
ادرار (ع۔ اسم مذکر) روزینہ۔ وظیفہ۔ جاری ہونا۔ بہنا۔ پیشاب کا بار بار آنا۔ زیادہ بارش کا ہونا ؛
اِدراک (ع۔ اسم مذکر) پانا۔ دریافت کرنا۔ عقل۔ سمجھ۔ رسائی۔ فہم ؛
ادرسا (ہ اسم مذکر) ایک قسم کا سفید اور باریک کپڑا ؛
اَدرک (ہ اسم مونث) ایک قسم کی خوشبو دار جڑ ہے جسے کھا کر سونٹھ بناتے ہیں۔

ادکر کہتے ہیں ؛

اَدرکی ۔(ا ۔ اسم مونث) تازے گڑ میں سونٹھ ملا کر اس کی ٹکیاں بنا لیتے ہیں۔ عام پتلی پتلی گڑ کی ٹکیاں ؛

اِدریس (ع) ۔ اسم مذکر) ایک نبی کا نام ؛

اِدعا (ع ۔ اسم مذکر) دعوے کرنا ۔ خواہش اور تمنا کرنا ؛

اَدعیہ (ع ۔ ا ۔ مو) دعا کی جمع دعائیں ؛

اَدعیہ ماثورہ ۔(ع) وہ دعائیں جو نبی اکرمؐ یا آپ کی آل و اصحاب پاک سے منقول ہیں ۔

اِدغام (ع) ۔ مذکر) ایک جنس کے دو حرفوں کو آپس میں ملا کر ایک کر دینا ؛

اَدَق (ع ۔ اسم مذکر) (صفت کا درجہ تفضل کل) نہایت دقیق ۔ بہت ہی کٹھن ۔ نہایت دُوبھر ۔ سخت مشکل ؛

اَدقچہ ۔(ت ۔ اسم مذکر) کلابتونی یا کارچوبی ۔ حاشیے کی ایک چادر ہوتی ہے جس کو اکثر توشک کے نیچے بچھاتے ہیں اور اوپر بچھونا کر لیتے ہیں ؛

ادک ۔ دکنی ، بہت زیادہ ؛

اَدگدرا (ا ۔ اسم مذکر) نیم پختہ پھل ۔ آدھا کچا آدھا پکا میوہ وغیرہ ؛

اِدلا بَدلا } (ا ۔ اسم صفت مذکر) معاوضہ ۔ باہمی تبادلہ ایک چیز دیسی
اِدل بَدل } اور دوسری اس کے عوض میں لے لینی ۔ اُلٹ پلٹ ۔ اِدھر کی اُدھر اُدھر کی اِدھر ؛ ادلے کا بدلہ ۔ جیسے کو تیسا ؛

اُدم (ا ۔ اسم مذکر) محنت ۔ کوشش ۔ جاں فشانی ۔ ہمت ؛

اُدم سے دلدر گھٹے ۔(ا ۔ مثل) کوشش اور بہت سے نحوست اور بدبختی دور ہو جاتی ہے (دلدر بمعنی نحوست ۔ بدبختی ؛

اَدنیٰ (ع ۔ ا صفت) اعلےٰ کی ضد ۔ بہت نیچا ۔ کمینہ ۔ چھوٹے طبقے کا ۔ کم درجے کا ۔ کم قدر ۔ مفلس ۔ غریب ؛

اَدوار (ع ۔ مذکر) دور کی جمع ۔ بدیتیں ۔ چکر ۔ عرصے ۔ زمانے ؛

اَدوائن } (ا ۔ مونث) وہ رسی جو چارپائی میں پائتی کی طرف اس غرض
اَدوان } سے ڈالتے ہیں کہ ڈھیلی ہو جانے پر چارپائی کو کس دیا جائے ؛

ادویات (ع ۔ مذکر) دوا کی جمع الجمع ۔ دوائیں ؛

اَدویہ (ع ۔ اسم مونث) دوا کی جمع ۔ بہت سی دوائیں ۔ دارو ۔ اوکھد ؛

اَدھایا (ا ۔ اسم مذکر) (آدھا کا مخفف ہے) نصف حصہ ۔ نیم ۔ کسی چیز کے اَدھ ۔ سا دو برابر حصوں میں سے ایک حصہ ؛

اَدھا (ا ۔ اسم صفت مذکر) نصف کسی چیز کا نصف حصہ ۔ پوتل کا نصف طلے کی ایک تال کا نام ۔ بچوں کی ایک شرط بھی ہے ۔ جب کسی دوست کے پاس کھانے کی کوئی چیز دیکھ کر یہ لفظ کہہ دیں تو اس میں سے آدھی لے لیتے ہیں ؛

اَدھار (ا ۔ اسم مذکر) خوراک ۔ کھانا ۔ سارا ۔ آسرا ۔ قوت لایموت ؛

اُدھار (اسم مذکر) (نقد کی ضد) کوئی چیز خرید کر قیمت کچھ عرصہ بعد دینی قرض دام مستعار ۔ مانگنے کی چیز ؛

اُدھار دینا لا (محاورہ) قرض دینا مانگے دینا ؛

اُدھار دیکے دشمن کیے ۔(محاورہ) اُدھار دے کر دوست کو دشمن بنا لو ۔ قرض محبت نہیں رہنے دے گا ۔ قرض محبت کی قینچی ہے ؛

اُدھار کھانا ۔ قرض کھانا ۔ قرض لینا ۔ کسی بات پر تل جانا ۔

اُدھار کھائے بیٹھا ہے } (ا ۔ محاورہ) پہلے ہی سے تیار اور مستعد ہیں ۔
اُدھار کھائے ہوئے ہے } تلے بیٹھے ہیں ۔ بدی کا ارادہ ہے ۔ دشمنی کی ٹھان لی ہے ؛

اُدھار کی کیا ماں مری ہے ۔(ا) اُدھار تو کہیں نہیں گیا ۔ نقد نہیں ہے نہ سہی ؛

اُدھار گھر کے بار (ا) ۔ مقولہ) اُدھار ایسا ہی یقینی ہے جیسا کوئی گھر کے دروازے پر پیسے کھڑا ہے ۔ جب چاہیں گے وصول کر لیں گے ۔ جب ضرورت ہوگی لے لیں گے ؛

اُدھار سے کار نہیں چلتا ۔(ا ۔ مقولہ) اُدھار وقت پر نہیں ملا کرتا ۔ اپنا روپیہ ادھار چلا کر اپنا کام خراب کر لینا ہے ۔ یا یا اُدھار دے کر کام کیے چلے ۔ (سوداگروں کا مقولہ ہے) ؛

اُدھار کھانے سے بھوکا پڑ رہنا اچھا ہے ۔(ا) یہ مثل پنجابی مثل کے مطابق ہے ۔ قرض قیامت تکھ نیامت (نعمت) ؛

اُدھار لینا ۔(محاورہ) قرض لینا ۔ اپنے سر قرض کا بوجھ دھرنا ؛

اُدھار مانگنا (از محاورہ) اپنا قرضہ مانگنا ۔ دیا ہوا روپیہ طلب کرنا ؛

اُدھار ہونا ۔ قرض ہونا ۔ قرض چڑھنا ؛

اِدھر (ا ۔ تابع فعل) دراصل یہ دھر ۔ یعنی اس طرف ؛

اُدھر (ا ۔ تابع فعل) دراصل وہ دھر یعنی اُس طرف ؛

اَدھر (ا تابع فعل) معلق ۔ وسط میں ۔ درمیان میں ۔ زمین و آسمان کے درمیان بے سہارے کی چیز ۔ بے لاگ ؛

اَدھر چلنا (از محاورہ) زمین پر پاؤں لگائے بغیر چلنا ۔ اترا چلنا ؛

اَدھر میں چھوڑنا ۔ ساتھ دینے کے بعد دغا دینا ۔ وعدہ کر کے کہیں کا نہ رکھنا ۔ بیچ میں معلق چھوڑ دینا ؛

اَدھراج } (ا ۔ اسم مذکر) جو راجا اپنے عہد کے تمام راجوں پر غالب اور
اَدھیراج } فائق ہو ۔ بڑا راجا ۔ مہاراجا ۔ شہنشاہ ؛

اِدھر اُدھر (ا ۔ تابع فعل) ارد گرد ۔ آس پاس ۔ جگہ جگہ ۔ ہر جگہ بکھرا بکھرا ۔ تتر بتر ۔ چاروں طرف ۔ بے ترتیب ۔ ایسے ویسے ؛

اِدھر اُدھر کی باتیں ۔(از محاورہ) فضول باتیں ۔ بے تعلق باتیں ۔ غیر ضروری باتیں ؛

اِدھر سے اُدھر ۔ اُدھر سے اِدھر (ا ۔ محاورہ) غیر مستقل ۔ ایک جگہ نہ ٹھہرنا کہیں کہیں پھرنا ؛

اِدھر سے اُدھر کر دینا } (از محاورہ) چھپا دینا ۔ غائب کر دینا ۔ پوشیدہ کرنا ۔
اِدھر اُدھر کر دینا } چرا لینا ۔ اڑا لینا ۔ بے ترتیب کرنا ۔ گڈمڈ کرنا ۔ ملا دینا ؛

اِدھر کاٹے اُدھر پلٹ جائے (ا ۔ مثل) تکلیف پہنچائے اور صاف مکر جائے ۔ سانپ کی طرح کاٹ کر جھٹ الٹ جائے ۔ نقصان پہنچا کر انکار کر جائے ۔ دغا باز اور فریبی کی نسبت بولا کرتے ہیں ؛

اِدھر کنواں اُدھر کھائی (ا ۔ مثل) ہر طرح مصیبت ۔ جدھر دیکھو تکلیف ہی تکلیف ۔ ہر طرف مشکل ادھر بھی تعلق اور ادھر بھی کریں تو کیا کریں ؛

اِدھر کی اُدھر لگانا (محاورہ) چغل خوری کرنا ۔ غیبت کرنا ۔ اِدھر کی باتیں

اُدھر کرنا۔ دشمنی اور لڑائی کا سبب بننا ؛

اِدھر کی دُنیا اُدھر ہو جانا (ا۔ محاورہ) سخت انقلاب ہونا۔ انتظام زمانہ کا ٹوٹ جانا، نہایت تباہی آنا۔ یہ فقرہ ضد پر اڑ جانے کے وقت بولا کرتے ہیں۔ خواہ ادھر کی دُنیا اُدھر ہو جائے۔ ہم یہ نہیں کریں گے ؛

اِدھر کے نہ اُدھر کے۔ (اور محاورہ) کسی طرف کے بھی نہیں۔ نہ دین کے نہ دنیا کے۔ دوست کے طرف دار نہ دشمن کے مددگار۔ کسی گنتی میں نہیں ؛

اِدھر کی نہ اُدھر کی یہ بلا کدھر کی۔ (ا۔ مث) نکمے۔ نالائق۔ بار خاطر۔ دو بھر۔ جسے کوئی نہ پوچھے۔ یوں ہی۔ فضول ؛

اَدھرم۔ (ا۔ اسم مذکر) بے دین۔ ناانصاف ؛

اِدھر یا اُدھر ہونا (ا۔ محاورہ) فیصلہ ہونا۔ جھگڑا چک جانا۔ یا مر جائے۔ یا صحت پا جائے۔ ایک طرف ہو جانا۔ یکسو ہو جانا ؛

اُدھر ہی اُدھر۔ (ا۔ تابع فعل) اوپر ہی اوپر۔ بالا بالا۔ پرے ہی پرے ؛

اُدھر میں چھوڑنا (ا۔ محاورہ) درمیان میں چھوڑنا دینا۔ دغا دینا۔ نہ ادھر کے رکھنا نہ اُدھر کے۔ نامکمل چھوڑ دینا ؛

اُدھڑنا۔ (ا۔ فعل) سلائی کا اکھڑنا۔ مار کھانا۔ مفلس ہونا۔ کھال اترنا۔ تباہ ہونا۔ دیوالہ نکلنا ؛

اُدھ سیرا۔ (ا۔ اسم مذکر) آدھ سیر کا باٹ (تقریباً ۵۰ گرام کا باٹ)

اُدھ پکرا۔ (ا۔ مذکر) آدھا پکا ہوا پھل۔ گدر میوہ ؛

اُدھ پچلا۔ (ا۔ مذکر) آدھا کٹا ہوا۔ موٹا۔ سفوف۔ نیم کوفتہ ؛

اُدھ گلا۔ (ا۔ مذکر) نیم پختہ ؛

اُدھک۔ دکنی۔ بہت زیادہ ؛

اُدھل جانا (ا۔ محاورہ) آوارہ اور خراب ہونا۔ مستی کے جوش میں باہر چلے جانا ؛

اُدھلا پڑنا (ا۔ محاورہ) جوش میں آپے سے باہر ہونا۔ فاحشہ ہو جانا۔ قابو میں نہ رہنا ؛

اُدھلنا۔ (ا۔ فعل) بدکار ہونا۔ فاحشہ ہو کر گھر سے نکل جانا ؛

اُدھم۔ (ا۔ مذکر) سیاہ رنگ کا گھوڑا۔ اُدھم۔ مشکی گھوڑا۔ کالا سانپ۔ بلخ کے ایک ولی ابراہیم ادہم کا نام ہے ؛

اُدھلی بینو بلیندے سانپ دکھاوے۔ (ا۔ مث) فاحشہ عورت یا بدکار ہو کر بھاگ جانے والی عورت تازیبا اور ان ہونے بہانے سینکڑوں بنا لیتی ہے ؛

اُدھن۔ (ا۔ مذکر) چاول یا کھچڑی پکانے کے لیے ابلتا ہوا پانی۔ مجازاً گرم پانی۔ بے دولت۔ مفلس۔ کنگال ؛

اَدھنا۔ (ا۔ مذکر) (اصل آدھا آنہ) آنے کا آدھا۔ دو پیسے برابر۔ دو پیسے کا ایک تانبے کا سکہ۔ لگہ۔ چھ پائی ؛ (متروک ہو چکا ہے)

اُدھوا۔ (ا۔ اسم مؤنث) آدھی بوتل۔ نصف حصہ کسی چیز کا برابر آدھوں آدھ کا حصہ۔ دو میں سے ایک ٹکڑا نصف ؛

اُدھونی۔ (ا۔ اسم مؤنث) دیسی سوت کا بنا ہوا باریک کپڑا۔ دھوتی ؛

اُدھوڑا۔ (ا۔ اسم مذکر) ناقص۔ ناتمام۔ نامکمل۔ بیچ میں چھوڑا ہوا کام ؛

اُدھوڑی۔ (ا۔ مؤنث) موٹا چمڑا۔ گائے بھینس کا چمڑا (نرمی کے خلاف)

اُدھوڑی استر۔ (ا۔ مذکر) وہ جوتا جس کے اندر کی طرف اسر اور باہر نری لگی ہوئی ہو ؛

اُدھوڑی (ا۔ محاورہ) خوب پیٹ بھرنا۔ ڈٹ کے کھانا۔

اُدھوڑی تاننا بہت زیادہ کھانا ؛

اُدھی۔ (ا۔ مؤنث) پیسے کا آٹھواں حصہ۔ آدھی دمڑی ؛

اُدھیا (ا۔ مؤنث) پیداوار کی نصف حصہ کی بٹائی۔ آدھوں آدھ کا حصہ ؛

اُدھیا سا گیا (ا۔ فقرہ) آدھا ہو گیا۔ شرمندہ اور نادم ہو گیا۔ خجالت سے رنگ اُڑ گیا۔ آدھیارہ گیا۔ لاغر ہو گیا۔ پتلا پڑ گیا ؛

اُدھیانا (ا۔ فعل) نصفا نصف تقسیم کرنا۔ آدھوں آدھ بانٹنا۔ آدھا کر دینا۔ لاغر اور دُبلا ہونا۔ بیماری یا شرم سے گھن لگنا ؛

اُدھیاسے (اس۔ مؤنث) پارٹ ؛

اُدھیرج (ا۔ مؤنث) بدقراری۔ اضطراب۔ بے چینی۔ گھبراہٹ ؛

اُدھیڑ (ا۔ اسم صفت) آدمی عمر کا۔ نہ جوان نہ بوڑھا۔ ۴۰ سال سے اوپر اور پچاس سال سے کم عمر کا بوڑھا ؛

اُدھیڑ بُن (ا۔ اسم مؤنث) فکر۔ سوچ بچار۔ تردد۔ تدبیر۔ تجویز۔ کوئی ارادہ کرنا پھر موقوف کر دینا۔ منصوبے سوچنا ؛

اُدھیڑنا (ا۔ فعل) ٹانکے توڑنا۔ سلائی اکھاڑنا۔ کھال اتارنا۔ مارنا۔ پرزے کے پرزے نوچنا۔ چمت اکھیڑنا۔ کاٹ کاٹ کر لال کرنا۔ جیسے مچھروں نے پیٹ ادھیڑ دی۔ خوب کھا جانا۔ چٹ کر جانا ؛

ادھی کی چوں چوں (ا۔ مؤنث) چوں چوں بچوں کا ایک کم قیمت کھلونا ہے پچیس یا پچاس پیسے سے مل جاتا ہے۔

اَدھی کی ہانڈی بھی ٹھونک بجا کر لیتے ہیں (ا۔ محاورہ) دانا لوگ ہر چیز دیکھ بھال کر لیتے ہیں۔ مدعا یہ کہ ہر کام سوچ سمجھ کر کرنا چاہیے

اَدھیلا (ا۔ مذکر) آدھا پیسہ۔ دھیلا۔ (متروک سکہ) ؛

اَدھیلا نہ دے اَدھیلی دے (ا۔ مث) کنجوس زیادہ نقصان اُٹھاتا ہے۔ آدھے پیسے کے بدلے آٹھ آنے کا نقصان نہیں سہتا ہے۔ خوشی سے تھوڑا نقصان نہیں اُٹھاتا۔ زبردستی زیادہ برداشت کرتا ہے۔ گنوار اور کنجوس کی بابت بولا کرتے ہیں ؛

اَدھیلی (ا۔ مؤنث) (پوربی زبان) آدھلا دو پیسہ۔ اٹھنی۔ دہلی والے بخلاف الف دھیلی بولتے ہیں ؛ پچاس پیسے (متروک)

اَدھین (ا۔ اسم مذکر) احسان مند۔ غریب متواضع۔ منکسر مزاج۔ فرماں بردار۔ نوکر۔ ملازم ؛

اَدیان (ع) دین کی جمع۔ مذاہب۔ بہت سے دھرم۔ بہت سے دین ؛

اَدیب (ع۔ مذکر) اُستاد۔ زبان دان۔ ادب دینے والا۔ علم ادب جاننے والا۔ آتالیق ؛

اَدیم (ع۔ اسم مؤنث) دھوڑی۔ کھال۔ چمڑا۔ فرش۔ بسطہ ؛

اَدیم یمنی (ع۔ اسم مؤنث) یمن کا خوشبودار اور دھار بیدار چمڑا جو سہیل ستارے کے طلوع ہونے کی تاثیر سے وہاں تیار ہو جاتا ہے ؛



اُڈّا (ا) - اسم مذکر) پالتو جانوروں کے بٹھانے کی بیٹھک جو لکڑی لوہے وغیرہ کی بنائی جاتی ہے۔ جالی کاڑھنے اور کارچوبی کام کا چوکھٹا۔ کہاروں کی ڈولیوں۔ گاڑیوں۔ ٹانگے ٹمٹموں کے کھڑے ہونے کا مقام۔ گوٹے کناری وغیرہ کے تھان کا اندازہ۔ فاحشہ اور بدکار عورتوں کی بدکاری کی مقررہ جگہ۔ جوتے کی ایڑی بننے کا کام کرنے کی تپائی۔ بیٹھنے کی جگہ۔ سٹیشن

اُڈمیشن (Admission) اجازت۔ پروانگی۔ داخلہ۔ داخل ہونے کا حکم

اُڈمنسٹر (انگ۔ مذکر۔ Administer) انتظام حکومت

اُڈمنسٹریشن۔ (مذکر۔ انگ۔ Administration) انتظام حکومت ؛

اُڈّو اُڈّو کرنا (اُڑ۔ محاورہ) کسی کو بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔ نفرت کی نظر سے دیکھنا۔ ناقابل صحبت سمجھنا۔ ذلیل جاننا ؛

اُڈّو اُڈّو ہونا (اُڑ۔ محاورہ) بدنام ہونا۔ رسوا ہونا۔ کلّو ہونا۔ نگاہوں سے گر جانا۔ انگشت نما ہونا ؛

اُڈّی (ا۔ مؤنث) جوتے کا پچھلا حصہ۔ ایڑی ؛

اُڈّے پر لگانا۔ ہم خیال بنالینا۔ پکا پینا ؛

اِڈیٹر (Editor - انگ۔ اِمذ) اخبار یا رسالے کا مدیر ؛

اڈیشن (Edition - انگ۔ اِمذ) چھپائی۔ کتاب چھاپنا۔ کتاب طبع کرنا۔

اڈیشنل (Additional - انگ۔ صف) فاضل۔ زائد۔ بڑھا ہوا۔ زیادہ ؛

اڈوانس (Advance - انگ) پیشگی ؛

اُڈیک (پنجابی اسم مذکر) انتظار ؛

اُڈیکنا (پنجابی - مصدر) انتظار کرنا۔ کسی خیال میں ہونا۔ چشم براہ ہونا۔ کسی کے انتظار میں بیٹھنا ؛

ا - ذ

اَذان - اذن کی جمع - زبان کا ذع - مؤنث) نماز کے لیے مخصوص الفاظ۔ (اصلی معنی) خبردار کرنا۔ آگاہ کرنا۔ اطلاع دینا مجازاً۔ نماز کے واسطے آواز بلند بلانا یا پکارنا بانگ نماز دینا یا کہنا ؛

اَذان دینا (اُڑ۔ محاورہ) نماز کی خبر دینا۔ خاص کلمات سے جو نماز کے لیے بلانے کے واسطے رائج ہیں لوگوں کو وقت نماز کی خبر دینا۔ بانگ دینا ؛

اُذبک (ت۔ اسم مذکر) تاتاریوں کے ایک نہایت جنگجو لڑاکے اور اکھڑ قبیلے کا نام۔ اصطلاح میں احمق۔ لمبوترا۔ بے وقوف اور بہت بلے آدمی کو بولتے ہیں ؛

اِذعان (ع۔ اسم مذکر) بھروسا کرنا۔ اعتماد کرنا۔ یقین کرنا یا ہونا۔ مان لینا ؛

اِذن (ع۔ اسم مذکر) اجازت۔ حکم آگیا۔ فرمان ؛ داذن) کان۔ گوش۔

اِذنِ عام (ع۔ مذکر) عام اجازت ہونا۔ سب کو جانے اور آنے کی اجازت دینا۔ مجازاً۔ میت کی نماز کے بعد پکار دینا کہ جس کا جی چاہے۔ واپس چلا جائے اور جو چاہے مدفن اور قبر تک ساتھ آئے ؛

اَذکار - ع - اسم مذکر۔ ذکر کی جمع) قصے۔ کہانیاں۔ بیانات۔ وعظ۔ ورد وظیفہ ؛ اُذن۔ کان۔ گوش

اِذہان - (ع۔ مذکر) ذہن کی جمع۔ عقلیں ؛

اِذیت - ع - اسم مؤنث) تکلیف۔ دکھ۔ نقصان۔ ضرر۔ ایذا ؛

اِذیت دینا یا پہنچانا۔ تکلیف دینا یا پہنچانا۔ دُکھ دینا۔

ا - ر

اَر - (ا۔ اسم مذکر) ایک قسم کی نہایت ہلکی اور سبک لکڑی ہوتی ہے۔ جس سے صندوق اور تلواروں کے میان وغیرہ بناتے جاتے ہیں۔ (فارسی میں) اگر حرف شرط کا مخفف ہے (ہندی میں) آر۔ آنکس۔ پیٹنی۔ کانٹا کے معنی دیتا ہے ؛

اَرّا (ہ۔ اسم مذکر) لکڑی چیرنے کے اوزار کا نام ہے جسے آرا بھی کہتے ہیں۔ یکہ یا گاڑی کے پیتے کے ڈنڈے ؛

اِرابہ (ف۔ اسم مذکر) بیل گاڑی۔ چھکڑا۔ سامان وغیرہ لاد کر لے جانے کی گاڑی۔ ریڑھ ؛

اَرّاٹا (ا۔ اسم مذکر) بڑی چیز کے گرنے کی آواز۔ زور سے چلا کر رونا۔ شور وغل کرنا۔ ارانا کا حاصل مصدر ؛

اَرّاٹا جھونکنا (اُڑ۔ محاورہ) چلا کر رونا۔ بہت دیر تک بآواز بلند رونا۔ رونے میں نہایت شور وغل کرنا۔ مسلسل اور لگاتار چیخ کر روتے رہنا۔ گائے بھینس وغیرہ کا آواز سے بولنا۔ اور عاں عاں کرنا ؛

اِرادت۔ خواہش۔ تمنا۔ آرزو۔ یقین۔ اعتقاد ؛

اِرادت مند (ف۔ اسم مذکر صفت) معتقد۔ اعتقاد رکھنے والا۔ یقین رکھنے والا ؛

اِرادہ (ع۔ اسم مذکر) خواہش۔ نیت۔ منشا۔ تمنا۔ آرزو۔ قصد۔ عزم بتجویز ؛

اَراذِل (ع۔ اسم مذکر) رذیل کی جمع۔ کمینے۔ نیچ ذات۔ ادنیٰ۔ حقیر۔ شودر ؛

ارارات - (مذکر) آرمینیا میں ایک پہاڑ کا نام۔ کہتے ہیں کہ حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی اسی پہاڑ پر آکر ٹھہری تھی ؛

اَرارا کے بیٹھ جانا (اور کسی درخت یا چھت کا بیٹھ جانا۔ دفعۃً گر پڑنا۔ عمارت کا یکدم اس طرح گرنا کہ اس سے بڑی آواز پیدا ہو۔

اَرارُوٹ (اُڑ۔ انگ۔ مذکر) اَرا یا اَرّا ایک درخت کا نام ہے اور رُوٹ انگریزی جڑ کو کہتے ہیں) بیخ اَرا ایک غذا ہے جو بچوں اور بیماروں کو پانی یا دودھ کے ساتھ دی جاتی ہے۔ یہ ہندوستان میں ایک درخت کی جڑ سے حاصل ہوتی ہے۔ جس کو ارا کا درخت کہتے ہیں ؛

اَراضی (ع۔ مؤنث) ارض کی جمع) زمین۔ بھومی۔ بھوم۔ دھرتی ؛

اَراضیات (مذکر) علم ترکیب زمین۔ علم طبقات الارض ؛

اَراضی بندوبستی۔ وہ زمین جس کی ناپ وغیرہ محکمۂ بندوبست یا پی۔ ڈبلیو ڈی کی طرف سے کی جا چکی ہو۔

اَراضی حلاک۔ بغیر امنا) وہ زمین جس میں بارش کا پانی اس کی آب پاشی کے لیے جمع کیا جائے ؛

اَراضی خالص (بہ امنا) خالص سرکاری زمین ؛

اَراضیٔ بلا اخراج ۔ (بہ اضا) وہ زمین جس کا لگان معاف ہو ؛
اَراضیٔ تردّد ۔ (بہ اضا) نئی کاشت کی ہوئی زمین ؛
اَراضیٔ دریا برآمد ۔ (بہ اضا) سوکھے کی زمین ؛
اَراضیٔ دریا بُرد ۔ جو زمین دریا کی طغیانی میں ڈوب جائے ؛
اَراضیٔ افتادہ (بہ اضا) غیر آباد اور بے کاشت زمین ؛
اَراضیٔ سکنی ۔ (بہ اضا) وہ زمین جس پر مکانات بنائے جائیں ؛
اَراضیٔ شاملات ۔ (بہ اضا) مشترکہ زمین جو تقسیم نہ ہوئی ہو ؛
اَراضیٔ شورہ ۔ سیم زدہ زمین ؛
اَراضیٔ معافی ۔ وہ زمین جس کی مال گزاری معاف ہو ؛
اَراضیٔ منضبطہ ۔ (بہ اضا) وہ زمین جو بحق سرکار ضبط ہو گئی ہو ؛
اَراضیٔ وقف ۔ وہ زمین جو کسی کارِ خیر کے لیے وقف کی جا چکی ہو ؛
اَراکین (ع۔ مذکر) ارکان کی جمع اور رکن کی جمع الجمع استون ۔ ستم ۔ کھمبے ۔
اَرڑواڑین ۔ سلطنت اور بادشاہت کا انتظام کرنے والے امیر وزیر وغیرہ ۔ بڑے بڑے ذمہ دار آدمی جن کے سہارے سے سلطنت قائم رہے ؛
اَرانا (ہ۔ فعل) لگاتار آواز نکالنا ۔ مسلسل بولتے رہنا ۔ غل مچانا ۔ گھس پڑنا ۔ داخل کرنا ؛
اَرَبْ (ہ۔ اسم عدد مذکر) سو کروڑ ؛
اَرْبَاب (ہ۔ اسم مذکر) (رب کی جمع) پالنے والے ۔ صاحب ۔ مالک ۔ آقا ۔ والی ۔ محسن ۔ دوست ؛
اَرباب دولت ۔ (بہ اضا) مال دار ۔ دولت والے ۔
اَرباب سخن (ف۔ مذکر) صاحبان کلام ۔ گفتگو کے مالک ۔ اعلیٰ درجے کی گفتگو والے ۔ مجازاً شاعر اور ناظم (بوجہ عمدگی کلام) ؛
اَرباب نشاط (ف۔ مذکر) صاحبان شادی ۔ خوش رکھنے والے ۔ گانے بجانے والے لوگ ۔ گویے ۔ قوال وغیرہ
اَرگنی (ہ۔ ا۔ مث) سبوت پرت کا سایہ ۔ روشنی ۔ چمک ۔ دمک ۔ چھاتی پر پہننے کا زیور ۔ قدیم ہندوستان کے راجا اندر کے دربار کی ایک پری کا نام ؛
اَرْبَع (ع۔ ا۔ مذ) عدد ۔ چار ۔ چہار ۔ ۴ ؛
اَرْبَع چوں کا تیتوں] اپنی بے وقوفی سے اپنا گھر برباد کرنا اور
کنبہ بیٹھا کھوں] قائل نہ ہونا ۔
اَربعہ عناصر (ع۔ مذکر) بقول یونانی چار مفرد چیزیں ، مراد آگ ۔ پانی ۔ ہوا اور مٹی ۔ جن سے تمام عالم اجسام بنا ہوا ہے ۔ یہ چاروں اگرچہ آج کل مرکب ثابت ہو چکی ہیں مگر پھر بھی انھی چاروں کو بنائے عالم قرار دیا ہے ؛
اَربعہ متناسبہ (ع۔ مذکر) حساب کے قاعدے کا نام ہے جس میں چار رقم نسبت عدد ہوتے ہیں ، ان میں سے اگر ایک عدد نا معلوم ہو تو باقی تینوں کے ذریعے سے وہ چوتھا نامعلوم عدد دریافت کر سکتے ہیں ؛
اَربعین ۔ چالیسواں ۔ چلہ ۔ ماہ صفر کی بیسویں تاریخ جس میں حضرت امام حسینؓ کے چہلم کی تقریب ادا کی جاتی ہے ؛
اَرَبْ کھرب (ہ) مجازاً بے اندازہ بے شمار ۔ بہت سا ۔ سو ارب کا ایک کھرب ہوتا ہے ؛
اَرت (دکنی قدیم) مراد مطلب ؛
اِرتباط (ع۔ مذکر) میل جول ۔ تعلق ۔ واسطہ ۔ دوستی ۔ محبت ۔ ربط ضبط ؛
اِرتحال (ع۔ مذکر) مرجانا ۔ رحلت کرنا ؛
اِرتداد (ع۔ مذکر) مرتد ہو جانا ۔ مسلمان سے کافر ہو جانا ۔ اسلام سے منحرف ہو جانا ؛
اَرتعاش (ع۔ مذکر) کانپنا ۔ رعشہ پڑ جانا ؛
ارتسام (ع۔ مذکر) مہر لگانا ۔ نقش کرنا ۔
اِرتفاع (ع) اسم مذکر ۔ بلندی ۔ اونچائی ۔ علم مساحت کی اصطلاح میں عمود ؛
اِرتقا (ع۔ مذکر) ترقی کرنا ۔ اصول ترقی ۔ بتدریج ترقی کرنا ۔ جنگی یا فوجی جہازوں کی مقررہ اصول کے تحت حرکت ؛
اِرتکاب (ع۔ مذکر) شروع کرنا ۔ کر گزرنا ۔ اختیار کرنا ۔ گناہ کرنا ؛
اَرتھ (ہ۔ اسم مذکر) معنی ۔ بیان ۔ ترجمہ ۔ مطلب نیت اور ارادہ کے معنی میں بھی آیا ہے ۔ دولت ۔ مادہ ۔ باعث ؛
اَرتھ بچارنا یا اَرتھ نکالنا (ہ۔ محاورہ) معنی نکالنا ۔ مطلب سمجھنا
اَرتھمیٹک (انگ۔ ا۔) علم حساب ۔ حساب کی کتاب ۔ Arithmetics
اَرتھی (ہ۔ مؤنث) ہندوؤں کا جنازہ ۔ لکڑی کا تختہ جس پر میت کو رکھ کر مرگھٹ میں لے جاتے ہیں ؛
اَرتھی نکلے (ہ) بددعا کا فقرہ ہے یعنی اللہ کرے مر جائے ۔ جنازہ نکلے ؛
اِرث (ع۔ ا۔ مؤ) ۔ میراث ۔ ترکہ ۔ وہ مال جو کسی آدمی کے مرنے کے بعد اس کے وارثوں کو ملے ؛
اَرج ۔ (ف۔ مذکر) جوہر ۔ لیاقت ۔ شان و شوکت ۔ مرتبہ ۔ عزت ۔ قدر و قیمت ؛
اِرجاع (ع۔ مذکر) رجوع کرنا ۔ حاکم کے سامنے مقدمہ دائر کرنا ؛
اِرجاع نالش (ف۔ مذکر) نالش دائر کرنا ۔ عدالت میں عرضی دینا ؛
اَرجل (ع۔ مذکر) وہ گھوڑا جس کے تین پاؤں کسی اور رنگ کے اور چوتھا پاؤں سفید ہو ۔ یہ بڑا منحوس سمجھا جاتا ہے ؛
اَرجمند (ف۔ مذکر) اسم فاعل ترکیبی (ارج بمعنی قدر ۔ مند علامت فاعل) قدر والا ۔ صاحب قدر ۔ قیمت والا ۔ بلند مرتبہ ۔ عالی رتبہ ۔ معزز ؛
اَرجن (ہ۔ اسم مذکر) تیر انداز ۔ نشانہ پر بے خطا تیر مارنے والا ؛ پانچوں پانڈوں میں سے ایک کا نام ہے جس نے دروپدی کے سوئمبر کی شرط جیتی تھی ۔ سری کرشن جی کا پھوپھی زاد بھائی اور بہنوئی تھا ؛
ارجنٹ (Urgent ۔ انگ) ضروری ۔ فوری ؛
اَرحام (ع۔ مذکر) رحم کی جمع اکوکھ ۔ بچہ دانی ۔ ایک ماں کی اولاد اور اولاد کی اولاد آپس میں ۔
اَرحَمْ (ع۔ اسم صفت مذکر) نہایت رحم کرنے والا ۔ سب سے زیادہ رحیم ۔ بڑی مہربانی کرنے والا ؛
اَرحَمُ الرّاحِمِین (ع) اللہ تعالیٰ ۔ سب سے زیادہ رحم کرنے والا ؛
اُرد (ہ۔ اسم مذکر) ماش ۔ ایک غلہ کا نام ہے ۔ جس کی دال دل کر پکاتے ہیں ؛
اَرد (ف۔ اسم مذکر) نظیر ثانی ۔ مثل ۔ مگر اس لفظ کو بالضم یعنی ارد پڑھیں تو غصہ اور قہر کے معنی دیتا ہے ۔ فارس کے ایک ساسانی بادشاہ اردشیر

بانکاں کا لقب ہے ۔ یہ بہمن بن اسفندیار کا پوتا تھا ۔
اُرْدا بیگنی (لا، اسم مؤنث) سپاہی عورت ۔ پیرہ دینے والی عورت جو باقاعدہ مردانہ لباس پہن کر اور ہتھیار لگا کر بادشاہی محلوں میں پہرے چوکی کا کام کیا کرتی تھی ۔
اُرْداس (ا، مؤنث) عرض ۔ التجا ۔ التماس نذر ۔ بھینٹ ۔ نذر نیاز ۔ آس امید ۔ تمنا ۔ آرزو خواہش ۔ آسرا ۔ سہارا ۔
اُرْد پر سفیدی (ا) مؤنث ۔ محاورہ ۔ بہت تھوڑا ۔ ذرا سا ۔ مقدار قلیل کی طرف اشارہ ہے ۔
اِرْدا گِرْدْ (لا، تابع فعل) چاروں طرف ۔
اِرْدگِرْدْا ہرسو ۔ جوگرد ۔ اِدھر اُدھر ۔ آس پاس ۔
اَرْدَاوَاہ (اسم مذکر) (یہ اصل میں اردا بہ یعنی آردآبہ تھا) وہ موٹا دیا جو پانی میں بھگو کر مویشیوں کو دیا جائے ۔ بانڈ ۔ دیا ۔ گیہوں ۔ جو چنے کا موٹا آٹا ۔
اَرْدب (ف، مذکر) درمیان میں آ دھمکنے والا ۔ چوٹ اور صدمہ سے بچانے والا ۔ شطرنج کا وہ مہرہ جو بادشاہ کو شکست سے بچانے کے لیے درمیان میں آجائے ۔
اردبیل (ف ۔ مذکر) آذربائیجان کے ایک شہر کا نام ۔
اَرْدلی (لا، مذکر) سپاہی جو حاکم کے ساتھ رہے ۔ اطلاع پہنچانے والا سپاہی ۔
اَرْدلی بازار (لا، اسم مذکر) ظرف مکان ۔ وہ بازار جو بادشاہوں اور حاکموں کے ساتھ دورے میں رستا ہے ۔ رسد دینے والا بازار ۔
اَرْدلی اُتارنا (ر) بہت سے آدمیوں کا کسی عورت سے باری باری جماع کرنا ۔
اَرْدلی سارجنٹ (ر) حوالدار ۔ جمعدار ۔ داروغہ ۔
اَرْدلی میں چلنا (ر ۔ محاورہ) حاکم کی سواری کے ساتھ ساتھ چلنا ۔ سواری کے ساتھ رہنا ۔
اُرْدُو (ف ۔ مذکر) فوج ۔ لشکر ۔ بازار لشکر ۔
اُرْدُو (ف ۔ مؤنث) پاکستان کی مشہور قومی زبان ۔ لشکر کی زبان ۔ عربی ۔ فارسی ۔ ہندی ۔ انگریزی سنسکرت وغیرہ سے مل کر بنی ہوئی زبان شاہجہان کے لشکر میں ہر قوم کے لوگ تھے ۔ لہٰذا ان کے خلط ملط ہونے سے اُس کی بولی اردو زبان بھی مخلوط ہوگئی ۔ اسی کا نام ۔ اردو ہوگیا ۔
اُرْدُو بازار (لا، مذکر) لشکر کا بازار ۔ چھاؤنی کا بازار ۔ صدر بازار ۔
اُرْدُوے مُعلّٰے (ف ۔ مذکر) اعلیٰ لوگوں کی زبان ۔ خاص ولی کی زبان نہایت فصیح اور مستند اردو ۔ غالب کے مخطوط کی کتاب کا نام ۔
اَرْذَل (ع ۔ ا ۔ مذ) نہایت ذلیل ۔ نہایت کمینہ ۔ بہت ہی قابل نفرت شخص ۔
اُرْدی بہشت (ف ۔ مذکر) ایرانیوں کا دوسرا ماہ بہار ۔ مطابق اپریل ۔
اَرْزاں (ف) مذکر ۔ ستا ۔ کم قیمت ۔ گراں کی ضد ۔ بہتاب ہونا ۔
اَرْزانی (ف ۔ اسم مؤنث) ارزاں سے اسم مصدری ۔ سستا پن ۔ بہتات ۔ بے قدری ۔ زیادتی کثرت ۔
اَرْزاں بعلت گراں بحکمت (ف ۔ مقولہ) سستی چیز میں ضرور کوئی نہ کوئی خوبی ہوگی ۔ بیش قیمت میں کوئی نہ کوئی وصف ہوتا ۔
اَرْزاق (ع) ارزق کی جمع ۔ روزی (بالکسر اول ہوا) رزق دینا ۔ روزی دینا ۔
اَرْزق (ع) نیلا ۔ نیلگوں ۔ آسمانی رنگ کا ۔ کبود یہ ہے ۔
اَرْزق چشم (ف ۔ مذکر) نیلی آنکھوں والا ۔ کبری آنکھوں والا ۔ گربہ چشم ۔ بے مروت ۔ بے وفا ۔
اَرْژنگ (ف ۔ مذکر) قدیم چین کا ایک مشہور و بے مثال نقاش اور مصور ۔ چین کے مشہور مصور مانی کا نگار خانہ ۔ مانی کی کتاب جس میں نہایت اعلیٰ درجے کے نقشے اور تصویریں ہیں ۔ ایک دیو کا نام بھی ہے جس کو رستم نے جنگ مازندران میں قتل کیا تھا ۔ توران کے ایک مشہور پہلوان کا نام بھی ہے جو طوس کے ہاتھ سے قتل ہوا ۔ تصاویر اور نقشوں سے سجا ہوا مکان ۔
اَرْزَن (ف ۔ مذکر) پینا ۔ کنگنی ۔ ایک قسم کا نہایت باریک دانوں والا غلہ ۔
اَرْزَن کی آش (لا، اسم مؤنث) پینے کا حریرہ ۔
اَرْس (ا ۔ اسم صفت) بے رس ۔ خشک ۔ بے مزا بے ذائقہ ۔
اِرْسال (ا) اسم مذکر ۔ بھیجنا ۔ روانہ کرنا ۔ خط یا روپیہ وغیرہ بھیجنا ۔ سرکاری خزانہ میں لگان کا روپیہ داخل کرنے کی فارم ۔
اَرْسطاطالیس } (یونانی) اسم مذکر یونان کے ایک مشہور حکیم کا نام ہے
اَرْسطو } جسے ارسطاطالیس بھی کہتے ہیں ۔ افلاطون کا شاگرد اور سکندر بادشاہ کا استاد اور وزیر اعظم تھا ۔ یہ حکیم ۳۸۴ قبل مسیح میں اکسٹھ سال کی عمر میں فوت ہوا ۔ علم منطق کا بانی تھا ۔ اسی وجہ سے اس کو معلم اوّل کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے ۔ (لغوی معنی) کامل ۔ فاضل ۔ مناظرہ کرنے والا ۔
اَرْسَلان (ت) قدیم ایران کے چند بہادر سپاہیوں کا لقب ۔ شیر ۔ الپ ارسلان
اِرشاد (ع ۔ ا ۔ مذ) نیک ہدایت ۔ مجازاً حکم ۔
ارشاد بجالانا ۔ حکم کی تعمیل کرنا ۔
اِرشاد فرمانا یا کرنا ۔ حکم دینا کہنا ۔
اِرشاد ہونا ۔ حکم ملنا ۔ کہا جانا ۔
اَرْشَد (ع ۔ اسم مذکر) نہایت ہدایت یافتہ ۔ مرزا عبدالغنی گورگانی کا تخلص بھی ہے ۔
ارشمیدس (یونانی) مذکر ایک حکیم کا نام ہے ۔ یہ دعویٰ کیا کرتا تھا کہ اگر مجھے کوئی ایسی جگہ مل جائے جو زمین سے علیحدہ ہو تو میں زمین کو بھی اپنی کلوں سے ہلا دوں وزن مخصوص کا اصول جس سے سونے چاندی میں ملاوٹ کا فوراً پتا چل سکتا ہے ۔ اسی نے دریافت کیا تھا ۔ یہ ۲۱۲ قبل مسیح میں قتل ہوا تھا ۔
اَرْض (ع ۔ اسم مؤنث) زمین ۔ دھرتی ۔ بھوم ۔ بھومی ۔
اَرْض مقدس (بہ اضافہ) فلسطین ۔
اَرْغن ۔ اَرْغنوان ۔ اَرْغنوں (یونانی ۔ اسم مذکر) ارگن ۔ ایک باجے کا نام جسے مشہور فلسفی افلاطون نے ایجاد کیا تھا ۔

ارض وسما (ف) زمین و آسمان ۔
ارغوانی (ف) ۔ اسم مونث بیائے نسبتی منسوب بہ ارغوان) نہایت سرخ رنگ کی ۔
ارفع (ع) بہت بلند ۔ نہایت اونچا ۔
ارقام (ع ۔ اسم مذکر) لکھنا ۔ تحریر کرنا ۔ (بفتح الف اول) رقم کی جمع ۔
ارکان (ع ۔ اسم مذکر) رکن کی جمع) ستون ۔ تھم ۔ مجازاً امراد وزرا جن پر سلطنت کا دارومدار ہو ۔ نیز وہ امور جن پر دینی مسایل کا مدار ہو ۔ جیسے ارکان نماز ۔ ارکان حج ۔
ارکان دولت (ع) یا سلطنت اسم مذکر ۔ سلطنت کے امراد وزرا ۔ بڑے بڑے اہلکار ۔
ارگجا (ا ۔ اسم مذکر) ایک قسم کا مرکب عطر غالیہ ۔ خوشبو ۔
ارگن (Organ انگ ۔ اسم) ایک باجے کا نام ۔
ارگھ چڑھنا (ا محاورہ) متبرک بنانا ۔ بھینٹ چڑھانا ۔ دیوتا پر کوئی چیز چڑھانا ۔
ارل (انگ ۔ اسم) نواب ۔ رئیس ۔ انگلستان میں تیسرے درجے کے امیروں کا خطاب ہے ۔
ارم (ع ۔ مذکر) بہشت ۔ جنت ۔ بہشت کے نمونے پر شداد بن عاد کا بنوایا ہوا باغ ۔ قوم عاد کا شہر جس کا طول اور عرض بارہ بارہ فرسنگ تھا ۔
ارمان (ت ۔ اسم مذکر) تمنا ۔ خواہش ۔ حسرت ۔ افسوس ۔ تاسف ۔ دریغ ۔ ارے میاں کا مخفف بھی ہے ۔
ارمان جی کے جی میں رہنا (ا محاورہ) خواہش پوری نہ ہونا ۔ حسرت رہ جانا ۔ دل کی آرزوئیں دل ہی میں رہنا ۔ شوق پورا نہ ہونا ۔
ارمان بھرا ۔ جس کے دل میں بہت ارمان بھرے ہوں ۔
ارمان بھری ۔ ارمان بھرا کا مونث ۔
ارمان نکالنا (ا ۔ محاورہ) آرزو پوری ہونا ۔ کام بن جانا ۔ حوصلہ نکلنا ۔
ارمغان (ع ۔ ا ۔ مذ) تحفہ ۔ پیشکش ۔ ہدیہ ۔ سوغات ۔
ارمن ۔ ارمنستان ۔ کوہ قاف کی آبادی جس میں ارمنی قوم آباد ہے ۔
ارمنی (ا ۔ اسم صفت) ارمن کا رہنے والا ۔ آرمینیا کا باشندہ ۔ ایران کے شمال مغرب کی طرف ایک صوبے کا نام آرمینیا یا ارمن ہے ۔
ارنا (ا ۔ ا ۔ مذ) جنگل میں گائے بھینس وغیرہ چوپایوں کا گوبر جو پڑا پڑا اسی طرح سوکھ جائے ۔ ارنا اپلا ۔ کنڈا ۔ پاپکر شتی ۔ جنگلی گوبر ۔
ارنا بھینسا (ا ۔ ا ۔ مذ) جنگلی بھینسا جو بڑا طاقتور اور شہ زور ہوتا ہے اور بے سونڈ کا ہاتھی ہوتا ہے ۔ مجازاً نہایت موٹا آدمی ۔ بڑا طاقتور جوان ۔ پنجاب میں اسے جھوٹا یا سنڈا بولتے ہیں ۔
ارنڈ (ا ۔ مذکر) ایک درخت کا نام ہے جس کے پتے چوڑے ہوتے ہیں ۔ اور جڑ نہایت کمزور ہوتی ہے ۔ اس کے بیجوں کی گری کا تیل نکالتے ہیں ۔
ارنڈ کی جڑ (ا ۔ اسم صفت) نہایت بودی اور ناپائدار چیز کو کہتے ہیں نوکری سے مراد ہے ۔
ارنڈی (ا) ارنڈ کے بیج ۔ ان کا تیل جلاب دینے کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔ جلاتے بھی ہیں ۔
ارنڈی خربوزہ (ا ۔ ا ۔ مذ) پرخربوزہ کی طرح ایک درخت کا پھل ہوتا ہے جس کے پتے ارنڈ کے ہمشکل ہوتے ہیں ۔ کھانے کے کام آتا ہے ۔ قبض کشا ہے ۔ پپیتا بھی کہتے ہیں ۔
ارنی (ع فقرہ) تو مجھے دکھا ۔ تو مجھے نظر آجا ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کوہ طور پر اللہ تعالیٰ سے درخواست کی تھی ۔ رب ارنی ۔ الٰہی مجھے اپنا جلوہ دکھا ۔ جواب ملا ۔ لن ترانی ۔ (یعنی تو مجھے نہیں دیکھ سکے گا) شاعر لوگ شوق اور اشتیاق دیدار میں بطور تشبیہ استعمال کرتے ہیں ۔
ارنی گو (ا بغیر اضا) ارنی کی آواز لگانے والا ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام ۔
ارودھ (ا ۔ اسم مونث) بدشکل ۔ بھدا ۔ بھدا پن ۔ بدصورتی ۔
اروگی (ا) بچہ کوئی بیماری نہ ہو ۔
ارواح (ع ۔ ا ۔ مو) روح کی جمع ۔ جان ۔ جیو ۔ آتما ۔ جیوڑا ۔ بنت ۔ خواہش ۔
ارواح اُدھر ہی رہے (ا) عورتوں کا محاورہ ہے ۔ جب کسی مردے کا ذکر کرتی ہیں تو پہلے دعائیہ طور پر بولا کرتی ہیں کہ اس کی روح ستانے نہ آئے وہیں رہے ۔
ارواح بھٹکنا (ا ۔ محاورہ) روح کا پریشان ہونا ۔ دل چاہتے رہنا ۔ سیر نہ ہونا ۔ کسی حسرت و ارمان میں جان نکل جانا ۔
ارواح بھر نا یا بھر جانا (ا ۔ محاورہ) بنت بھر نا ۔ جی بھر جانا ۔ خواہش کا پورا ہو جانا ۔
ارواح پھرنا (ا فعل) رغبت نہ رہنا ۔ جی میں بیزاری آجانا ۔
ارواح نہ شرمائے (ا ۔ محاورہ) عورتیں بولا کرتی ہیں جب کسی متوفی کی برائی بیان کرنے لگتی ہیں تو کہا کرتی ہیں کہ اس کی روح شرمندہ نہ ہو ۔
ارواح لگی رہنا ۔ نیت لگی رہنا ۔
اروی (ا ۔ ا مو) ایک مشہور لیسدار سی ترکاری ۔ جو آلو کی طرح جڑ کی قسم ہوتی ہے مکھنو والے گنیاں اور پنجابی اربی بولتے ہیں ۔
ارہ (ا ۔ ا ۔ مذ) لکڑی چیرنے کا اوزار ۔
ارہر (ا ۔ مونث) ایک غلہ جس کی دال بڑے شوق سے کھائی جاتی ہے ۔
ارہی (ا ۔ مونث) کلمۂ خطاب ۔ کم رتبہ عورت کے لیے ۔
ارے (ا) کلمۂ ندا ۔ کم رتبہ اور کم درجہ آدمی کو بلانے اور خطاب کرنے کا کلمہ ہے کسی غلطی سے متنبہ کرنے کے وقت بھی بولا جاتا ہے ۔ دفعتہً خبردار کرنے کو بھی ۔
ارثیب (ا ۔ اسم صفت) ترچھا ۔ ٹیڑھا ۔ مکار ۔ فریبی ۔ کپٹی ۔
اریب (ع) دانا ۔ عقل مند ۔
ارے ترے کرنا (ا ۔ محاورہ) بے ادبی سے بولنا ۔ گستاخی کرنا ۔ ابے تبے کرنا ۔
ارے (ا ۔ مونث) کم رتبہ عورت کو بلانے اور خطاب کرنے کا لفظ ہے کلمۂ ندا و تنبیہ ۔

اُریب دار پاجامہ۔ آڑا پاجامہ۔ جس کی موری اتنی کم چوڑی ہوتی ہے کہ ٹخنوں سے چپکی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔

اُریب کی باتیں (ہ۔مؤنث) ٹیڑھا طریقہ۔ دھوکا بازی۔ فریب کی چال۔

اُریب کی چال (ہ۔مؤنث) دھوکے کی چال۔

اُریبواں۔ آڑا۔ ارپسی۔ ترچھا۔

ا - ڑ

اُڑ (ہ۔مؤنث) ضد، ہٹ۔ تعصب۔ رکاوٹ ثقالت۔ سُدہ قبض۔ بچوں کے پیٹ کا غلل۔ جو ثقیل غذا کھانے سے ہوتا ہے۔

اُڑ (ہ۔فعل) اُڑنا مصدر سے فعل امر۔

اُڑان (ہ۔اسم مذکر) حاصل بالمصدر ہے۔ پرواز۔ اُڑنا۔

اُڑان (ہ۔مذکر) وہ لکڑی جس سے کسی گرتی چیز کو روکنے کے لیے کھڑا کریں۔

اُڑاُڑاؤ (ہ۔اسم مذکر) اسم صوت۔ دیواریا۔ اونچے مکان کے گرنے کی آواز۔ پوربی میں دریا کے کنارے کو بھی کہتے ہیں۔

اُڑاؤ گرنا } (ہ۔محاورہ) مکان کا بلند آواز سے گرنا۔
اُڑاڑا کر بیٹھنا } دھماکے سے گرنا۔

اُڑاس (ہ۔اسم مؤنث) تنگ جگہ۔ وہ مقام جہاں سے بہ مشکل آدمی نکل سکے۔ اٹکاؤ۔ اُلجھاؤ۔ اڑواڑ۔ ٹھہراؤ دینا۔ سہارا دینا۔ اٹک۔

اڑاس دینا (ہ۔محاورہ) اٹکاؤ کرنا۔ ٹھہراؤ دینا۔ سہارا دینا۔ روک دینا۔ روک پیدا کر دینا۔ تمام دینا۔

اُڑا لینا (ہ۔محاورہ) چھپا لینا۔ نامعلوم طور پر لے جانا۔ تیزی ذہن سے کوئی چیز دیکھ کر ہی سیکھ لینا۔

اُڑانا (ہ۔فعل) ٹھہرانا۔ اٹکانا۔ روکنا۔ دبانا۔ چھپانا۔ پھنسانا۔ مائل کرنا۔ چبھونا۔ زور سے چلانا۔ گھسیڑ دینا۔ داخل کرنا۔ مجبور اور تنگ کرنا۔ ایک چیز کو کسی دوسری چیز کے ساتھ باندھ دینا۔ ستون تھم دینا۔ شامل کرنا۔

اُڑانا (ہ۔فعل) درد کی وجہ سے چیخ چیخ کر رونا۔ سخت آواز سے بولنا۔

اُڑانا (ہ۔فعل) پرندے یا پتنگ وغیرہ کا ہوا پر رواں کرنا۔ کاٹنا۔ تراشنا۔ نقل کرنا۔ غائب کرنا۔ باتوں میں ٹالنا۔ فضول خرچ کرنا۔ برباد کرنا۔ فقرے بنانا۔ گپیں مارنا۔ بھگائے جانا۔ اغوا کرنا۔ بہکانا۔ جھنڈا یا نشان قائم کرنا۔ کھانا چٹ کرنا۔ نوکری سے موقوف کرنا۔ لوٹنا۔ چاکو سے حرف چھیلنا۔ راگ گانا۔ جیسے آسا کی تان اڑانا۔ بات کو ٹال جانا۔ مذاق میں ہی ٹال دینا۔ بات کاٹنا۔ خبر مشہور کرنا۔ جھوٹی خبریں گھڑنا (بے پر کی) پرزے پرزے کرنا۔ (دھجیاں) لطف اٹھانا (مزے اڑانا) ہنکانا جھلنا۔ جیسے مکھیاں اڑانا۔ اناج کو بھوسے سے علیحدہ کرنا۔ اناج برسانا۔ شراب وغیرہ پینا۔ رجسٹر وغیرہ سے نام خارج کرنا۔ کھال یا چمڑی ادھیڑنا یا ردّ دینا۔ توپ سے کسی چیز کو گرانا۔ کیل ٹھونکنا۔

اُڑان گھاٹی بتانا (ہ۔محاورہ) دھوکا دینا۔ بہکانا۔ فریب کی باتیں کرنا۔ جوئے بازوں کا گھاٹی میں کوڑی وغیرہ چھپا کر دھوکا دینا۔

اُڑاؤ یا اُڑاؤ کھاؤ (ہ۔اسم مذکر) فضول خرچ آدمی۔ چٹورا۔ بھیلن۔ گھر لٹا دینے والا۔ لٹاؤ۔

اُڑب (ہ۔اسم صفت) جاہل۔ بے وقوف۔ اکھڑ نادان۔ احمق۔ اجوان کی ایک قسم بھی ہے۔

اُڑ بھاگنا (ہ۔محاورہ) تیزی سے بھاگ جانا۔ قابو سے نکل جانا۔ بس کا نہ رہنا۔

اُڑبڑ (ہ۔اسم صفت) ناہموار۔ اونچا نیچا۔

اُڑبنگ یا اُڑبنگا (ہ۔اسم مذکر) ٹیڑھا۔ ترچھا۔ بانکا۔ چھیلا۔ ضدی۔ بکھیڑیا۔ رخنہ۔ فساد۔

اُڑبھنبھیری ساون آیا (ہ۔مثل) موقع اور موسم کے موافق مزے اڑانے کے لیے بولی جاتی ہے۔ یا طنزاً جب کسی نو دولت کو بہت سا مال مل جانے اور وہ بگھر سے اُڑائے۔

اُڑ بیٹھنا (ہ۔فعل) مند کرنا۔ اپنی ہٹ پر اصرار کرنا۔ اپنی بات کو نہ چھوڑنا۔

اُڑتالیس (ہ۔اسم عدد مذکر) آٹھ اور چالیس (۴۸)۔

اُڑتلا (ہ۔مذکر) آڑ۔ پناہ۔ روک۔ بھروسا۔ سہارا۔ بہانہ۔ عذر خواب جگہ۔

اُڑتلا پکڑنا (ہ۔محاورہ) پناہ لینا۔ حمایت میں آنا۔ بہانہ ڈھونڈنا

اُڑتلا لینا } سہارا لینا۔

اُڑتی چڑیا کو پہچاننا یا اُڑتی چڑیا کے پر گننا (ہ۔محاورہ) نہایت نظر باز ہونا۔ غضب کا ذہن ہونا۔ پرلے درجے کی چالاکی رکھنا۔ ذرا سی دیر میں تاڑ جانا۔ اندازہ لگا لینا۔

اُڑتے سو پیڑوں کے نام (ہ۔مثل) بیجا کام۔ نازیبا کام۔ مفت اور بے خرچ کیے ثواب کی تمنا۔ فضول تمنا۔

اُڑتیس (ہ) (اسم عدد۔ تیس اور آٹھ (۳۸)

اُڑتی سی خبر یا اُڑتی ہوئی خبر (اُ۔مؤنث) افواہ۔ بے تحقیق خبر۔ یونہی سنی سنائی خبر۔ غیر معتبر خبر۔

اُڑ جانا (ہ۔فعل) کسی پرندے کا چلا جانا۔ پرواز کرنا۔ پک جانا۔ رنگ اُڑنا۔ غائب ہونا۔ خرچ ہو جانا۔ مٹ جانا (بحالت اسم) اُڑ جانے والا۔ مٹ جانے والا۔ مرن جوگا۔ غارت ہونے والا۔

اُڑ جائے (ہ) بد دعا ہے۔ مٹ جائے۔ غارت ہو جائے۔ مر جائے۔

اُڑ چلنا (ہ۔فعل) اترانا۔ حد سے بڑھ کر چلنا۔ اپنی حیثیت سے زیادہ خرچ کرنا۔ شان و شوکت دکھانا۔ بدچینی اور چالاکی دکھانا۔

اُڑاڑ دھم یا اُڑاڑا دھڑم یا اُڑاڑا دھون (ہ) اونچی چیز یا مکان وغیرہ کے گرنے کی آواز۔

اُڑد (ہ۔اسم مذکر) ایک قسم کا غلہ ہے جس کی دال دلتے ہیں۔ ماش۔

اُڑوپر سفیدی (ہ۔محاورہ) مقدار قلیل کے لیے بولتے ہیں۔ بہت تھوڑی سی چیز۔

اُڑدپڑھ کر مارنا۔ جادو کرنا۔ سحر کرنا۔ سحر پھونکنا۔

اُڑدپڑھ کر پھینکنا۔ جادو کرنا۔ سحر کرنا۔ سحر پھونکنا۔

اُڑد کے آٹے کی طرح اینٹھنا یا اکڑنا (ا) نہایت اکڑنا۔ بہت خفا ہونا۔

اُڑسٹھ (ا) اسم عدد۔ ساٹھ اور آٹھ۔ شصت و ہشت (۶۸)۔

اُڑس لینا۔ (ا) گھونس لینا۔ اٹکا لینا۔

اُڑسنا (ا۔ فعل) اٹکانا۔ ٹانگنا۔ اُبھانا۔ پاجامے کے نیفے یا دھوتی یا کسی سوراخ میں کوئی چیز پھنسا دینا۔

اُڑ کر کہاں جاؤ گے (ا۔ محاورہ) مجھ سے بھاگ کر کہاں چھپو گے۔ میرے سامنے تمہاری چالاکی نہیں چلے گی۔

اَڑ کھڑا ہونا (ا۔ فعل) روک کر کھڑا ہونا۔ سد راہ ہونا۔ ضد کر کے کھڑا ہو جانا۔ مستقل رہنا۔

اَڑ کے بیٹھنا (ا۔ فعل) گھس کر بیٹھنا۔ جم کر بیٹھنا۔ دھرنا مار کے بیٹھنا۔ ضد کر کے بیٹھنا۔

اُڑکے مُنہ میں کھیل بھی نہیں گئی (ا۔ محاورہ) بالکل خالی پیٹ ہے کچھ بھی نہیں کھایا۔

اَڑگڑا (ا۔ اسم ظرف مذکر) وہ جگہ جہاں گھوڑے پھیرے جاتے ہیں۔ گاڑیوں وغیرہ کے کھڑا ہونے کا مقام۔ گاڑیوں کا اڈا۔ گھوڑ دوڑ کا میدان۔ جوت کی لکڑی جس میں نئے گھوڑے کو جوت کر سدھاتے ہیں۔

اَڑم (ا۔ مذکر) انبار۔ ڈھیر۔

اَڑنا (ا۔ فعل) جنا۔ ضد کرنا۔ قائم ہونا۔ مستقل رہنا۔ چلنا۔ رکنا۔ پھنسنا۔ سد راہ ہونا۔ گڑنا۔ چبھنا۔ مزاحم ہونا۔

اُڑنا (ا۔ فعل) پرواز کرنا۔ کودنا۔ دور ہو جانا۔ جاتا رہنا۔ رفو چکر ہونا۔ چل دینا۔ جلدی خرچ ہو جانا۔ عزور کرنا۔ گھوڑے کا تراوے بھرنا۔ کھایا پیا جانا۔ حاصل ہونا۔ ملنا۔ کھال اُدھڑنا۔ مر جانا۔ گانا۔ تان اڑنا (گانا) کم ہو جانا۔ غائب ہونا۔ دل اُچٹنا۔ نشانہ ٹھیک بیٹھنا۔ بے تکی ہانکنا (کسی اُڑانا) سناٹا ہونا۔ تباہ ہونا۔ شہرت ہونا۔ جلنا رنگ پھیکا پڑنا۔ عیش و عشرت کرنا۔ ہنسی مذاق ہونا۔

اُڑنچھو ہونا (ا۔ فعل) بھاگنا۔ چل دینا۔ غائب ہونا۔ گنڈے تعویذ والوں کا چھو منتر کر کے مرض کو دور کر دینا۔

اُڑن کھٹولا (ا۔ اسم مذکر) پریوں کے سیر کرنے کا تخت۔ تخت رواں آجکل کے موافق ہوائی جہاز۔

اَڑنگا (ا۔ اسم مذکر) پہلوانوں کے داؤں کا نام ہے۔ جس میں حریف کی ٹانگ میں ٹانگ پھنسا کر گرا دیتے ہیں۔ مجاز اً روک۔ آڑ مزاحمت۔ رخنہ۔

اَڑنگا لگانا (ا۔ فعل) بنتے بناتے کام کو روک دینا۔ سد راہ ہونا۔ راستہ روکنا۔

اَڑنگا مارنا یا دینا (ا۔ فعل) اڑنگے کا پیچ کرنا۔ داؤں لگانا۔ رخنہ انداز ہونا۔ رکاوٹ پیدا کرنا۔

اَڑنگ بڑنگ (ا۔ اسم مذکر) بچوں کا ایک کھیل۔ فضول اور مہمل باتیں بے معنی الفاظ۔

اڑنگے پر چڑھانا (ا۔ محاورہ) اڑنگے کے پیچ پر لانا۔ فریب دے کر داؤں پر لانا۔ پیچ پر لے آنا۔

اَڑنگے پر مارنا (اُڑ۔ محاورہ) داؤں پر مارنا۔ حریف کو داؤں سے گرا دینا۔

اَڑوا اڑ (ا۔ اسم) لکڑی جو پرانی چھت کے نیچے گر پڑنے کے خوف سے لگا دیا کرتے ہیں۔ ستون۔

اڑوس پڑوس (ا۔ اسم مذکر) ہمسائیگی۔ پڑوس میں۔ مکان کے پاس ہی۔ دیوار بہ دیوار۔

اَڑھائی (ا) اسم عدد۔ دو اور آدھا ۲½۔

اَڑھائی چاول الگ پکانا یا گلانا (ا۔ محاورہ) اپنی رائے الگ ظاہر کرنا۔ نااتفاقی۔

اَڑھائی چلو لہو یا خون پینا (ا۔ محاورہ) نہایت تنگ کرنا۔ بہت دق کرنا۔

اَڑھائی دن کی بادشاہت (اُ۔ مثل) چند روزہ حکومت۔ ناپائدار عیش۔ چند روز کی خوشی۔

اَڑھائی دن کا جھونپڑا (ا۔ مذکر) ناپائدار مکان۔ اجمیر میں ایک مکان ہے جسے گرا کر اڑھائی دن میں دوسری شکل میں بنایا گیا تھا۔

اَڑھائی دن بھیڑ والے (ا۔ مثل) چند روزہ غرور۔ جوانی یا دولت۔ چار دن کی چاندنی۔

اَڑھائی گھڑی کی موت آئے (ا۔ فقرہ) موت آئے۔ عورتوں کا کوسنا ہے۔

اَڑھائی سو۔ ۲۵۰۔ ڈھائی سو۔ دو سو اور پچاس۔

اڑھیا (ا۔ اسم مذکر) فضول اور نکمی گھاس جو کھیتوں میں پودوں کی جڑوں میں اگ آیا کرتی ہے۔ اور نلائی کے وقت نکال پھینک دی جاتی ہے۔ سبزۂ بیگانہ۔ اڑھائی کا پہاڑا۔

اڑھیا (ا۔ مذکر) ڈھائی سیر کا بٹنا۔ نجومیوں کی اصطلاح میں زحل (سنیچر) ستارے کا ایک برج میں قیام۔

اُڑی (ا۔ اسم مؤنث) اڑی ہوئی بات۔ مشکل۔ وقت۔ مصیبت۔ تکلیف کا وقت۔ چوسر والوں کے ایک مشکل داؤں کا نام ہے۔ کشتی کا ایک پیچ۔

اُڑی اُڑی طاق پہ بیٹھی (اُ۔ محاورہ) ہوتے ہوتے شہرت پکڑ گئی۔ رفتہ رفتہ مشہور ہو گئی۔

اُڑے بھڑے میں کام آنا (ا۔ محاورہ) مشکل اور تنگی کے وقت مدد کرنا مصیبت میں کام آنا۔

اَڑیل (ا۔ اسم مذکر) اسم فاعل سمائی۔ ضدی۔ ہٹیلا۔ سرکش۔ اڑی کرنے والا گھوڑا۔

اَڑیل ٹٹو۔ وہ ٹٹو یا کمزور گھوڑا جو رُک رُک کر پریشان کرے اور مار کھا کر چلے۔

اڑی مار (ا۔ اسم مذکر) اسم فاعل ترکیبی۔ یار مار۔ دوست کو دھوکا دینے والا۔ دغاباز۔ ضدی۔ فریبی۔ مکار۔

اڑی میں آڑے آنا (ا۔ محاورہ) مصیبت کے وقت مدد کرنا۔ مشکل کے وقت کام دینا۔ نہایت تکلیف کی حالت میں مدد دینا۔

اُڑیچ (ا) اسم مذکر دشمنی۔ عداوت۔ بیر۔ بغض۔

اڑے وقت کا گدھا (اُ۔ محاورہ) مصیبت اور ضرورت کے وقت کام

آنے والی چیز۔ مشرقی ممالک میں رگھنا زیور سے بیوی کے سنگار کے علاوہ مشکل وقت میں کام بھی لیا جاتا ہے ؛

ارڑیوا (ا۔اسم مذکر) ذخیرہ۔ جمع جتھا۔ اندوختہ۔ سرمایہ ؛

ا - ز

اَز (ف) حرف خبر ہے بمعنی سے۔ مرکبات میں بطور سابقہ مستعمل ہے ؛

اِزا (ع۔مذکر) مقابلہ کرنا۔ مقابلہ۔ مقابل ہونا ؛

اِزار (ع۔اسم مذکر) پاجامہ۔ شلوار۔ بُھتن۔ تنبان (خصوصاً عورتوں کا) ؛

اِزار بند (ف۔اسم مذکر) ناڑا۔ کمر بند ؛

اِزار بند کا رشتہ (اُ) بیوی کی طرف کا رشتہ ؛

اِزار بند کا ڈھیلا (اُ۔مذکر) بدکار۔ زانی ؛

اِزار بند کی ڈھیلی (اُ۔ا۔مو) بدکار عورت۔ فاحشہ عورت۔ چھنال۔ بیسوا ؛

اِزار بند کی پکی (اُ۔ا۔مو) پاک دامن عورت۔ باعصمت و عفت۔ خاتون ؛

اِزار میں ڈال کر پہن لینا (ا) ڈر نہ ماننا۔ خیال میں نہ لانا۔ حیا شرم نہ کرنا ادب و لحاظ نہ جاننا ؛

اِزالہ (ع۔ا۔مذ) زائل کرنا۔ مٹانا بے عزتی اور رسوائی کرنا ؛

اِزالہ حیثیت عرفی (ع۔ا۔مو) مشہور عزت کو زائل کرنا۔ کسی شخص کی ہتک کرنا۔ کسی کی ہتک کرنا۔ کسی کی سے عزتی کرنا۔ بدنامی کرنا ؛

اَزبر (ف۔تابع فعل) فقط۔ نوک زبان زبانی یاد کرنا۔ بن دیکھے پڑھنا ؛

اُزبک۔ دیکھو ازبک

از برائے خدا (ف۔تابع فعل) اللہ کے لیے ؛

از بس (ف۔صفت) بے حد۔ حد سے زیادہ

از حد بہت۔ نہایت۔ نہایت ہی ؛

از خود (ف۔تابع فعل) آپ سے آپ۔ آپ ہی آپ۔ قصداً۔ عمداً اپنے آپ۔ خود ہی ؛

از خوردان خطا و از بزرگان عطا۔ چھوٹے ہمیشہ غلطی کرتے ہیں اور بڑے اسے معاف کر دیا کرتے ہیں ؛

از خود رفتہ (ف۔اسم مذکر) آپے سے باہر۔ دیوانہ پاگل۔

بے خودی مدہوش۔ بے خودی ؛

از خرس موئے بس است (ف۔مقولہ) ریچھ سے بال مل جانا بھی غنیمت ہے۔ کنجوس آدمی اگر تھوڑی سی خیرات بھی کر دے تو کافی ہے۔ نالائق کی تھوڑی سی بھلائی بہتر ہے ؛

ازدحام (ع۔ا۔مذ) انبوہ۔ بھیڑ بھاڑ ہجوم۔ مجمع۔ کثرت

ازدواج (ع۔ا۔مذ) جوڑا بنانا۔ شادی کرنا۔ بیاہ کرنا۔ نکاح کرنا ؛

ازدیاد (ع۔ا۔مذ) زیادہ ہونا۔ بہت ہونا۔ زیادتی۔ ترقی

ازدیدہ دور از دل دور۔ جو آنکھوں سے اوجھل ہو اس کا خیال نہیں رہتا ؛

از راہِ شفقت یا کرم یا مہربانی (راہ بہ اضا) مہربانی کر کے ؛

از راہِ محبت (راہ بہ اضا) دوستی کے طور پر۔ پیار کے طور پر ؛

از سر تا پا (ف تابع فعل) سر سے پاؤں تک۔ تمام۔ سارا۔ سارے کا سارا۔ بالکل مکمل۔ اول سے آخر تک ؛

از سر نو (ف تابع فعل) نئے سرے سے دوبارہ۔ پھر ؛

از غیبا (اسم مذکر) حرامی۔ ولد الزنا۔ حرام کا نطفہ ؛

از غیبی (ف) غیب کی طرف سے۔ نامعلوم طور پر۔ خدا کی طرف سے بے خبری میں ؛

از غیبی دھکا یا از غیبی گولا (اُ۔مذکر) آسمانی مار۔ ناگہانی آفت۔ اللہ کا غضب۔ دفعۃً آجانے والی مصیبت۔ بے خبری میں آپڑنے والی بلا ؛

از کار رفتہ۔ نکمّا بے کار۔ نامراد۔ جو کام کے قابل نہ ہو ؛

از کی از یا۔ ایز کی ایز۔ دو جوں کی توں۔ بجنسہٖ۔ بعینہٖ۔ ٹھیک ٹھیک۔ کم نہ زیادہ ؛

اَزکیا (ع۔مذکر) زکی کی جمع۔ پرہیزگار۔ نیک لوگ۔ شریف ؛

اَزَل (ع۔اسم مؤنث) شروع۔ آغاز۔ ابتدا۔ دنیا کی پیدائش سے پہلے کا وقت جس کی کوئی ابتدا نہیں۔ (ابد کی ضد) ؛

اَزلی (ع۔صفت) ہمیشہ سے۔ دوامی۔ جس کی کوئی ابتدا نہ ہو۔

از ماست کہ بر ماست۔ (ف۔مقولہ) ہم پر جو مصیبت آئی ہمارے ہی ہاتھوں آئی۔ اپنے کیے کی سزا ہے ؛

اَزمنہ (ع۔مذکر) زمانہ کی جمع۔ زمانے۔ موسم۔ اوقات ؛

اَزمنہ ثلاثہ (ع) تین زمانے (ماضی۔ حال اور مستقبل) ؛

اَزواج (ع) جمع ہے زوج کی۔ جوڑیاں۔ منکوحہ۔ عورتیں۔ بیویاں ؛

اَزواجِ مطہرات (ع) پاک بیویاں۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویوں سے مراد ہے۔

اَزہار (ع) زہر کی جمع۔ زہر بھری کلی۔ کلیاں۔ شگوفے ؛

اَزہر (ع) نہایت زرد۔ مصر کی ایک پرانی یونیورسٹی کا نام بھی ہے۔ اسے "جامع ازہر" بھی کہتے ہیں ؛

ازہری (ع) جس نے جامعہ ازہر میں تعلیم حاصل کی ہو۔

ازیں سو راندہ و زآں سو درماندہ (ف۔امثل) نہ اِدھر کے نہ اُدھر کے۔ اِدھر سے پھٹکار اُدھر سے دھتکار۔ ہر طرف سے مجبور۔ ہر طرف سے راندۂ درگاہ ؛

ا - ژ

اَژدَر یا اژدہا (ف۔اسم مذکر) بہت بڑا سانپ۔ جو جانوروں کو نگل جاتا ہے۔ اجگر ؛

اَژدھاش (اُ۔مؤنث) (اصل میں ہشت دھات سے) آٹھ دھاتی ہوئی۔ دھاتیں۔ سونا۔ چاندی۔ تانبا۔ پیتل۔ جست۔ لوہا۔ سیسہ۔ قلعی کا

مرکب۔ مجاز اُنہایت سخت۔ مضبوط۔ پختہ ؛

اژدہا کے مُنہ میں ہاتھ دینا یا ڈالنا۔ (محاورہ) مثل خطرناک کام کرنا۔ دشمن کے قابو میں جانا۔ بڑے آدمیوں سے میل جول رکھنا ؛

ا - س

اِس۔ (ا) یہ کا مبدل۔ حروف عاملہ سے ماقبل آنے کے باعث یہ اس سے بدل گیا۔ اشارہ قریب ؛

اُس۔ (ا) وہ کا مبدل۔ حرف عاملہ نے اس پر بھی وہی عمل کیا۔ یعنی وہ اُس سے بدل گیا۔ اشارہ بعید اور ضمیر غائب واحد ؛

اساتذہ۔ (ع) اسم مذکر اُستاد کی جمع۔ تعلیم دینے والے۔ اپنے فن کے کامل ؛

اسادہ۔ (ا) اسم صفت لاعلاج۔ کٹھن۔ مشکل ؛

اُسارا۔ (ا) اسم مذکر) چھپر۔ برآمدہ۔ سائبان۔ دوا کا ستھرا پانی۔

اَسارا۔ (ا) اسم مذکر ریشم کا دھاگا۔ جس پر کلابتوں کا تار چڑھاتے ہیں ؛

اُسارنا۔ (ف) فعل) پانی نکالنا۔ دوا سمگو کے اس کا آب زلال لینا ؛

اساڑھ۔ (ا) اسم مذکر) ہندی سال کا چوتھا مہینا۔ برسات کے شروع کا مہینا۔ نصف جون سے نصف جولائی تک ؛

اَساڑھی۔ (ا) اسم مؤنث) فصل ربیع وہ فصل جو اساڑھ کے مہینے میں اُٹھائی جاتی ہے۔ ہندوؤں کے ایک تہوار کا نام بھی ہے ؛

اساس۔ (ع) اسم مؤنث) بنیاد۔ جڑ۔ اصل۔

اَساطیر۔ (ع) مو) قصے کہانیاں ؛

اساطیر الاولین۔ اگلے لوگوں کے قصے کہانیاں ؛

اَساطین۔ (ع) مذکر ستون کھمبے۔ واحد۔ اسطوانہ ؛

اَسافل۔ (ع) مذکر) واحد اسفل۔ ادنیٰ۔ کمینے لوگ۔

اَسالیب۔ (ع) اسم مذکر اسلوب کی جمع) طریقے۔ ڈھنگ۔ طرزیں ؛

اَسامی۔ (ع۔ا۔مو) (اسم کی جمع المجمع ہے) نام۔ اسم۔ نفر۔ آدمی۔ کسان جس زمین رکھنے والا۔ گاہک۔ خریدار۔ عہدہ نوکری۔ مال والا۔ رقم دینے والا۔ اردو میں یہ لفظ مفرد استعمال ہوتا ہے ؛

اَسامی بنانا۔ (از محاورہ) شگنا۔ بے توف بنا کر نفع اُٹھانا۔ اپنی گوں کا بنانا۔ یار بنا کر شگنا ؛

اَسامی غیر موروثی۔ (ف۔ اسم مذکر) وہ کاشتکار جسے دوامی کاشت کا حق نہ ہو ؛

اَساوری۔ (ا) مؤنث) سری راگ کی راگنیوں میں سے ایک راگ کا نام۔ ایک قسم کا نہایت باریک کپڑا ؛

اُسانا۔ (ف) نشے کو جوش سے بند کرنا ؛

اُسانا۔ (فعل) جوش دینا۔ اُبالنا ؛

اَسانید۔ (ع۔ا۔مو)۔ (اسناد کی جمع) وہ کتابیں جن میں ہر ایک حدیث اس کے راویوں کے نام سمیت لکھی ہو۔ جیسے۔ مسلم۔ بخاری شریف وغیرہ ؛

اَسَب۔ (ف۔ مذکر) گھوڑا۔ شطرنج کا ایک مہرہ۔ گھوڑوں کی طاقت ؛

اَسبی طاقت۔ تار برقی وغیرہ کی طاقت جس کا اندازہ گھوڑوں کی طاقت کے لحاظ سے مقرر کیا جاتا ہے۔

اَسباب۔ (ع۔ا۔مذ)۔ (سبب کی جمع) سامان۔ اثاثہ۔ وجوہ ؛

اِسباط۔ (ع) اسم مؤنث (سبط کی جمع) پوتے پوتیاں۔ دوہتے۔ دوہتیاں ؛

اسباب مانع ارث۔ (موانع بہ اضافہ) وہ باتیں جن کے بعد جائز وارث ترکہ پانے سے محروم ہو جاتا ہے ؛

اِس برتے پر تم پانی۔ (از محاورہ)۔ اس حوصلہ پر بہادری کا صلہ۔ نالائقی پر لیاقت کا دعویٰ۔ کچے اور نالائق شخص کی نسبت بولتے ہیں ؛

اِس بھول کا خدا حافظ۔ (مکالمات) بہت نسیان والے کی نسبت کہا کرتے ہیں۔ اس بھول کا کوئی علاج نہیں۔ بڑی بھاری بھول ہے اللہ نگہبان ؛

اَسپ۔ (ف۔ اسم مذکر) گھوڑا۔ شطرنج کے ایک مہرہ کا نام بھی ہے جو اڑھائی گھر چلتا ہے ؛

اَسپات۔ (ا) اسم مذکر) لوہے کی ایک بہت پختہ قسم کا نام جو فولاد سے دوسرے درجے پر خیال کی جاتی ہے۔ ایک قسم کا سخت لوہا ؛

اَسپتال۔ (اُردو۔انگ) اصلی تلفظ ہوسپٹیل ہے) اردو میں اسپتال بولتے ہیں۔ شفاخانہ۔ وہ مقام جہاں ڈاکٹر لوگ بیماروں کا علاج کرتے ہیں ؛

اسپغول یا اسبغول۔ (اسم مذکر) ایک مشہور دوا کا نام۔ ایک قسم کے لعابدار بیج ہوتے ہیں گھوڑے کے کانوں جیسے بیج۔

اِسپنج یا اسفنج۔ (انگ مذکر) سمندری جانوروں کے گھر ہوتے ہیں۔ جن کو غوطہ خور کاٹ لاتے ہیں۔ بازاروں میں عام بکتے ہیں۔ اُن کی ساخت کچھ ایسی ہوتی ہے کہ پانی بہت سا جذب کر لیتے ہیں۔ اور نچوڑنے پر بالکل خشک ہو جاتے ہیں ؛ اب کل مصنوعی بنائے جاتے ہیں جسے فوم کہا جاتا ہے

اسپین۔ (انگ۔ مذکر) اندلس۔ ہسپانیہ۔ یورپ کے ایک ملک کا نام جو مسلمانوں نے فتح کیا تھا اور بہت عرصہ اُن کے تحت رہا۔ Span

اِسپند۔ (ف۔ مذکر) ہرمل۔ کالا دانہ۔ جاہل لوگ دفع نظر بد کے لیے جلاتے ہیں ؛

اسپیچ۔ (Speech۔انگ۔ا) (صحیح لفظ سپیچ ہے)۔ تقریر۔ گفتگو۔ لیکچر ؛

اِسپیشل۔ (انگ) یائے مجہول کی آواز بہت خفیف) خاص۔ مخصوص ؛

اسپیکر۔ (انگ) تقریر کرنے والا۔ مقرر۔ کسی ملک کی قانون ساز اسمبلی کا صدر۔

اُستار۔ (ف۔ اسم مؤنث) آتش پرستوں کی کتاب۔ ژند کی تفسیر بحالت مذکر سنائی۔ حمام ؛

اِستاد۔ (ف۔ مذکر) خیمہ کی چوبیں۔ شامیانے کا بوجھ سنبھالنے والی لکڑی ستم۔ ستون۔ پائے ؛

اِستادگی۔ (ف۔ مؤنث) عضو تناسل کا کھڑا ہونا۔ مجازاً ٹھنڈے مزاج کے انسان کو کہتے ہیں۔

اِستادہ۔ کھڑا ہوا شخص۔ نصب قائم ؛

اُستاد۔ (ف۔ اسم مذکر) سکھانے والا۔ پڑھانے والا۔ معلم۔ کامل فن۔

تجربہ کار۔ عیار۔ چالاک ؛

اُستاد باپ کی جگہ ہوتا ہے (اُر۔ مقولہ) اُستاد کا درجہ باپ کے برابر ہے۔ کیوں کہ باپ جسمانی تربیت کرتا ہے۔ اُستاد روحانی تربیت کرتا ہے۔ باپ صورت اور اُستاد سیرت بناتا ہے ؛

اُستادی (ف۔ اسم مؤنث) کمال ہنرمندی۔ نہایت چالاکی۔ عیاری ؛

استامبول (ف) اصل میں اسلامبول یعنی اسلام کا شہر۔ بول ترکی میں **استانبول** شہر کو کہتے ہیں) قسطنطنیہ کا نام جو یورپی ترکی کا پرانا دارالخلافہ رہا ہے ؛

اُستانی۔ (ف۔ اسم مؤنث) معلّمہ۔ پڑھانے والی عورت۔ آقون استاد کی بیوی ؛

اِستبداد (ع۔ مذکر) ظلم۔ زبردستی۔ اصرار کرنا۔ ہٹ کرنا۔ استقلال۔ ضد کرنا۔ زبردستی کرنا ؛

اِستبرق (ع مذکر) سبز۔ اطلس کی قسم کا ریشمی کپڑا ہے ؛

اِستثنا (ع۔ مذکر۔ باہر نکالنا۔ علیحدہ کرنا۔ الگ کر دینا ؛

اِستحالت (ع۔ مذکر۔ صورت بدل جانا۔ حالت تبدیل ہو جانا۔ کسی چیز یا بات کا ناممکن ہونا ؛

اِستحالہ کیمیائی (ع) جب کئی مختلف چیزیں مل کر ایک ایسی چیز بن جائیں جو خواص میں ان سب سے نرالی ہو۔ اس تبدیل حالت کو استحالہ کیمیائی کہتے ہیں۔ جیسے تانبا اور گندھک مل کر نیلا تھوتھا بن جاتا ہے ؛

اِستحسان (ع۔ مذکر) حاصل کرنا۔ حاصل کرنے کی آرزو۔ پسندیدگی۔ نیک بہتر سمجھنا۔ اچھا جاننا۔

اِستحصال بالجبر۔ زبردستی حاصل کرنا یا چھین لینا ؛

اِستحصال ناجائز (ع اضافی) خلافِ قانون حاصل کرنا۔ ناجائز طور پر حاصل کرنا ؛

اِستحقار (ع۔ مذکر) ذلیل سمجھنا۔ حقیر خیال کرنا۔ حقارت ؛

اِستحقاق (ع مذکر) حق چاہنا۔ حقدار ہونا۔ مجاز ہونا۔ حق رکھنا۔ سزاوار ہونا۔ کسی کام کے لایق ہونا ؛

اِستحقاقِ ترکہ (ع اضافی) مرنے والے کی میراث کا حقدار ہونا۔

اِستحقاقِ تشخیص (ع اضافی) جمع بندی کی جانچ پڑتال کا حق ؛

اِستحقاقِ حفاظتِ خود اختیاری۔ اپنی جان و مال کی حفاظت کا پیدائشی اور قدرتی حق۔

اِستحقاقِ شفع (ع اضافی) ہمسائگی کا حق جس کی بنا پر کسی جائداد کی بابت یہ حق ہونا کہ فروخت کرنے والا کسی غیر کے ہاتھ بیچے نہ بیچنے دے اور قیمت ادا کر کے خود لے لے ؛

اِستحقاقِ شفع بربنائے جار و حلیط۔ نالش کرنے کا قانونی حق۔

اِستحکام (ع) مضبوطی۔ پختگی۔ استقلال۔ پکا ہونا۔ مضبوط ہونا ؛

اِستخارہ (ع۔ مذ) طلب خیر کرنا۔ نیکی طلب کرنا۔ نیکی کی توفیق مانگنا۔ شرعی اصطلاح میں کسی نسبت کسی غیبی اشارے کی خواہش کرنا۔ مجاز آغاز دیکھنا۔ شگون چاہنا ؛

اِستخارے کا راہ آنا یا اِستخارے کا راہ دینا (اِستخارے کا جواب حسب منشا نکلنا۔ کسی کام کے لیے اللہ کی طرف سے اشارہ ہو جانا۔

اِستخارہ کرنا یا اِستخارہ دیکھنا (کسی کام کے لیے اس کے ہونے یا نہ ہونے کی بابت اللہ تعالیٰ سے ارشاد و اشارہ چاہنا ؛

اِستخراج (ع۔ ا۔ مذ) نکالنا۔ چھانٹنا۔ خارج کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ جدا کرنا۔ علم منطق کی اصطلاح میں چند افراد پر تجربہ کر کے کسی قاعدے کی صحت یا غلطی معلوم کرنا۔ نتیجہ نکالنا ؛

استخفاف (ع۔ اسم مذکر) خفیف اور ہلکا سمجھنا۔ حقارت۔ شرمندگی ؛

اِستخلاص۔ (ع۔ مذکر) خلاصی۔ چھڑانے کی کوشش۔ آزادی۔ رہائی۔ چھٹکارا ؛

اُستخوان (ف) مذکر۔ ہڈی ؛

اُستخوان فروشی (ف) مشہور آباؤ اجداد کے کارنامے جتا کر عزت چاہنا ؛

استدانت (ع۔ مذکر) قرض کی مالش کرنا ؛

اِستدراج (ع خرق عادت۔ خلاف کرامت ایسا کام جو کسی غیر مسلم سے سرزد ہو ؛

استدراک (ع۔ مذکر) التماس کرنا۔ خواہش کرنا۔

اِستدعا (ع۔ ا۔ مؤ) چاہنا۔ خواہش کرنا۔ درخواست کرنا۔ دعویٰ کرنا ؛

اِستدلال (ع۔ ا۔ مذ) دلیل لانا۔ دلیل طلب کرنا۔ ثبوت مانگنا ؛

اُستر (ف) دوہرے یا روئی دار کپڑے کا نچلا حصہ۔ نیچے رہنے والا کپڑا۔ فچر کو بھی کہتے ہیں ؛

اِستراحت (ف۔ مؤنث) آرام کی خواہش۔ آرام کرنا۔ مجازاً سونا۔ نیند لینا ؛

اِسترخا (ع۔ ا۔ مذ) رد کرنا ؛ ڈھیلا کر لٹک جانا۔ ڈھیلا پن۔ کمزور

اِسترداد نیلام۔ نیلام کا حکم توڑنا۔ رد کرنا۔ واپس۔

استرکاری (ف۔ مذکر) دیواروں پر سفیدی کرنا۔ پختہ دیوار پر چونہ سرخی وغیرہ کا پلستر چڑھانا۔ لیپنا ؛

اُسترہ (ف۔ مذکر) بال مونڈنے کا آلہ۔ حجامت کرنے کا ایک اوزار ؛

اُسترہ لینا (محاورہ) بال مونڈنا۔ پاکی کرنا۔ مونے زیر مونڈنا ؛

اِستری (ف۔ مؤنث) عورت۔ زوجہ۔ بیوی۔ لوہے کا ایک اوزار جس کے اندر گرم کوئلے ڈال کر اور گرم کر کے کپڑوں پر پھیرتے ہیں۔ جس سے کپڑوں کے شکن دور ہو کر صفائی آجاتی ہے اور سلوٹیں بیٹھ جاتی ہیں ؛ آج کل بجلی سے گرم ہونے والی استری مستعمل ہے۔

اِستسقا (ع۔ ا۔ مذ) پانی مانگنا۔ تشنگی۔ ایک بیماری کا نام جسے جلندر اور جلودر کہتے ہیں۔ اس میں پیٹ پھول جاتا ہے اور پیاس بہت لگتی ہے۔ تین طرح کی ہوتی ہے۔ زقی۔ طبلی۔ لحمی۔ زقی وہ جس سے مدے کے پردوں اور دل و جگر میں پانی جمع ہو جاتا ہے۔ طبلی وہ جس سے انھی مقامات میں غلیظ ریاح جمع ہو جاتی ہے اور ڈھم ڈھم آواز نکلتی ہے۔ لحمی وہ جس سے تمام اعضا میں ورم آجاتا ہے ؛

اِستشہاد (ع۔ ا۔ مذ) شہادت منگا لینا۔ گواہی دینا۔ ثبوت میں گواہ لانا۔

اِستصواب (ع۔ ا۔ مذ) رائے لینا۔ مشورہ طلب کرنا۔ تحقیق میں پوچھنا۔

اِستطاعت (ع اسم مؤنث) مقدور، طاقت، حیثیت، دسترس، توت۔

اِستعارات (ع۔ مذکر) استعارہ کی جمع۔

اِستعارہ (ع اسم مذکر) مانگ لینا۔ علم بیان کی اصطلاح میں مجاز کی ایک قسم ہے حقیقی اور مجازی معنوں کے درمیان تشبیہ کا تعلق ہونا۔ یعنی حقیقی معنوں کا لباس مانگ کر مجازی معنوں کو پہنانا۔ جیسے چاند اور لعل چاند کا استعارہ چہرے سے اور لب کا لعل سے استعارہ ہے۔ اس میں مشبہ بولا ہے اور مشبہ مراد لی ہے۔ اسی کا نام استعارہ ہے۔

اِستعارہ بالتصریح (ع اسم مذکر) جس میں مشبہ بہ مضاف موجود ہو۔ اور مشبہ مضاف الیہ غیر موجود۔ جیسے صنم سے معشوق مراد ہے۔ یہاں معشوق کو صریح طور پر ثابت کیا گیا۔

استعارہ بالکنایہ (ع اسم مذکر) اگر مشبہ بہ غیر موجود اور مشبہ موجود ہو جیسے رخ روشن میں رخ موجود ہے اور آفتاب جس سے تشبیہ دی گئی ہے غیر موجود تو اسے استعارہ بالکنایہ کہیں گے۔

اِستعانت (ع اسم مؤنث) مدد مانگنا، معاونت چاہنا۔ حمایت طلب کرنا، سہارا۔

استعجاب (ع اسم مذکر) تعجب۔ حیرانی۔ تعجب کرنا۔ حیران ہونا۔ اچرج اپنجا۔

استعداد (ع۔ اسم) لیاقت، قابلیت، مادہ، ملکہ۔

اِستعفا (ع اسم مذکر) معافی مانگنا۔ عفو طلب کرنا۔ (اصطلاح میں) نوکری چھوڑنے کی عرضی۔

اِستعمال (ع مذکر) کام میں لانا، برتنا، عمل میں لانا۔

اِستغاثہ (ع مذکر) فریاد کرنا۔ مدد چاہنا۔ نالش۔ قانونی اصطلاح میں فوجداری میں دعوے کرنا۔ استغاثہ اور دیوانی میں عرضی دینا۔ دعویٰ کہلاتا ہے۔

اِستغراق (ع مذکر) کسی خیال میں غرق ہونا، محویت۔

اِستغفار (ع مذکر) مغفرت مانگنا، بخشش چاہنا۔ توبہ کرنا، معافی مانگنا۔

استغفراللہ (ع) میں خدا سے معافی مانگتا ہوں۔ اللہ بچائے کسی کام سے نفرت اور انکار کے موقع پر مستعمل ہے۔

اِستغنا (ع۔ اسم) بے پروائی۔ بے نیازی۔ بے فکری۔

اِستفادہ (ع مذکر) فیض پانا یا حاصل کرنا۔

اِستفاضہ (ع مذکر) فیض پانا۔ نفع لینا۔ فائدہ اٹھانا۔ لابھ اٹھانا۔

اِستفتا (ع مذکر) فتویٰ طلب کرنا۔ حکم شرعی چاہنا۔ شرعی مسئلہ کسی عالم سے دریافت کرنا۔ وہ تحریر جس پر فتویٰ مانگا جائے۔

اِستفراغ (ع مذکر) قے۔ الٹی۔ بدن کا فضلے سے خالی کرنا۔ قے۔ مسہل۔ قے۔

استفراغ استطلاقی (ع مذکر) وہ قے جو پیٹ کے ہرا ہونے کی وجہ سے معمولی طور پر بخلاف استفراغ دوائی کے جو دوا کے دونوں میں سے صرف آب و ہوا کے بگاڑ سے ہو جاتا ہے۔

اِستفسار (ع مذکر) دریافت کرنا۔ پوچھنا۔

اِستفہام (ع مذکر) سمجھنا۔ سمجھنے کی خواہش کرنا۔ اس کی تین قسمیں ہیں:

(۱) استخباری جس سے صرف دریافت کرنا اور خبر لینا مقصود ہو۔ جیسے کیا کرتے ہو۔

(۲) اقراری جس سے ثبوت پا جائے جیسے کرتے کیوں نہیں۔

(۳) انکاری جس سے نفی پائی جائے جیسے اب ایسا کام کیوں کرتے ہو۔

اِستقالہ (ع۔ مذکر) معاہدے کو فسخ کر دینا۔ کسی سے معاہدہ توڑ دینے کی درخواست کرنا۔

اِستقامت (ع۔ ا۔ مؤ) سیدھا رہنا۔ جما رہنا۔ ڈٹا رہنا۔ سیدھا پن۔

اِستقبال (ع مذکر) آگے آنے والا۔ آئندہ زمانہ۔ پیشوائی۔ آگے بڑھ کر لینا۔

اِستقراء (ع۔ مذکر) تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا۔ جستجو کرنا۔ اصطلاح منطق میں وہ عمل جس سے کسی جنس کا چند افراد پر کوئی تجربہ کر کے اس کے تمام افراد پر وہی قاعدہ مقرر کریں۔

اِستقلال (ع۔ ا۔ مذ) صبر، ثابت قدمی۔ پائداری، مضبوطی، مستقل مزاجی بھاؤ۔

اِستکبار (ع۔ مذکر) فخر، غرور۔

اِستکشاف (ع۔ مذکر) ظہور، وضاحت چاہنا۔ کسی چیز کے اظہار کی خواہش کرنا۔

اِستمالت (ع مؤنث) خوشامد، دلجوئی کرنا، دلداری کرنا۔

اِستمداد (ع مؤنث) مدد مانگنا۔ سہارا ڈھونڈنا۔

اِستمرار (ع) ہمیشہ رہنا، ہمیشگی۔ دوام چلنا۔

اِستمراری (ع۔ مؤنث) دوامی، ہمیشہ کے لئے۔

اِستمزاج (ع۔ اسم مذکر) مزاج پوچھنا، رائے معلوم کرنا، مرضی دریافت کرنا۔

استنباط (ع مذکر) چھاننا۔ چننا۔ نکالنا۔ اخذ کرنا۔

اِستلزام (ع مذکر) ضروری بنا لینا۔ لازم کر لینا۔

استماع (ع۔ مذکر) غور سے سننا۔ کان لگا کر سننا۔

اِستنجا (ع مذکر) اپنے بدن کو ناپاکی سے پاک کرنا۔ طہارت کرنا۔ ڈھیلا لینا۔

اِستنجے کا ڈھیلا (ع اسم مذکر) مٹی کا ڈھیلا۔ جسے استنجا کر کے پھینک دیا کرتے ہیں۔ وہ آدمی جسے نظروں سے گرا دیا جائے بے عزت ذلیل۔

اِستوا (ع۔ مذکر) برابر ہونا۔ برابری۔ جغرافیے کی اصطلاح میں خط استوا وہ فرضی خط ہے جو دونوں قطبوں سے برابر فاصلے پر شرقاً غرباً کھینچا ہوا مانا گیا ہے۔ اور کرۂ زمین کو شمالاً جنوباً دو برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہے۔

اُستوار (ف۔ مذکر) پکا۔ مضبوط، مستحکم، پائدار۔

اَستھان (ہ۔ مذکر) بزرگوں کے رہنے کی جگہ۔ مکان۔ ٹھکانا۔ آشیانہ۔

اَستھاپن کرنا (ہ) فعل۔ مورتی کو مندر میں رکھنا۔ ٹھکانے لگانا۔ مقرر کرنا ٹھہرانا۔

اِستہزا (ع) ٹھٹھا کرنا، ٹھٹھا مخول، مذاق کرنا، ہنسی کرنا۔

اِستیصال (ع۔مذکر) جڑ سے اکھاڑ دینا۔
اِستیعاب (ع۔ا۔مذ) کسی مضمون یا کتاب وغیرہ کا شروع سے آخر تک مسلسل پڑھنا۔
اِستیلا (ع۔مذکر) تسلط۔ غلبہ۔
اِسٹابری۔ (انگ۔ا۔مؤ) بیدانہ کی ایک قسم۔ ایک قسم کا درخت جس کا پھل بیدانہ کی مانند ہوتا ہے۔ Strawberry
اسٹاف (Staff) عملہ۔ ملازم۔ ایک محکمہ کے سب نوکر۔
اِسٹاک۔ (انگ۔ا۔مذ) کسی دکان یا دفتر وغیرہ کا موجودہ سامان نیز اس سامان کا رجسٹر۔ Stock
اِسٹاک روم۔ وہ کمرہ جہاں اسٹاک رکھا جائے۔
اِسٹامپ (Stamp) ٹکٹ کہنے کا سرکاری مہر والا کاغذ۔ جس پر قیمت بھی چھپی ہوتی ہے۔ وثیقہ کا سرکاری کاغذ۔ ٹکٹ۔
اِسٹوڈنٹ (مذکر۔انگ) طالب علم۔
اِسٹیج (Stage)۔ چبوترہ۔ پلیٹ فارم۔ اونچی جگہ۔ ممتاز جگہ۔
اِسٹیشن (Station) ٹھہرنے کی جگہ۔ پڑاؤ۔ خصوصاً ریل گاڑی کا پڑاؤ۔
اِسٹیشنری۔ (Stationer)۔ دفتری لکھنے پڑھنے کا سامان۔
اِسٹیل بکس۔ لوہے کا صندوق۔ Steel Box
اِسٹیٹ (Slat۔انگ۔مؤ) ریاست۔ سلطنت۔ جائداد۔
اِسٹیمر (انگ۔ا۔مذ) دخانی جہاز۔ انگیٹ۔ سمندروں اور بڑے دریاؤں میں چلنے والا جہاز۔ Steamer
اسٹیمیٹ (مذکر۔انگ) تخمینہ۔ اندازہ۔ Estimate
اِسحاق۔ (مذکر) حضرت ابراہیمؑ کے بیٹے جو حضرت یعقوبؑ کے والد بزرگوار تھے۔
اَسَد (ع) شیر۔ ببر۔ آسمان کے بارہ برجوں میں سے ایک برج جس کی شکل شیر کی سی بناتے ہیں۔ مرزا غالب کا ابتدائی تخلص بھی اسد ہے۔
اَسَد اللہ۔ (مذکر) اللہ کا شیر۔ حضرت علیؓ کا لقب ہے۔ اردو کے مشہور شاعر مرزا غالب کا نام بھی ہے۔
اُسَر۔ (ع۔مؤنث) بنجر زمین۔ غیر مزروعہ زمین۔
اَسُر۔ (ع۔مذکر) ہند کے اصلی باشندوں کو آریہ لوگ اس نام سے پکارتے تھے۔ جن۔ خبیث۔
اَسرار (ع۔مذکر۔سر کی جمع) بھید۔ راز۔ چھپی بات۔ آسیب۔ جن۔ بھوت وغیرہ کا سایہ۔

شوق کوئی کہتا ہے کوئی آزار
کوئی بولا نظر کا ہے اسرار

اِسراف (ع۔اسم مذکر) فضول خرچی۔ فضول خرچ کرنا۔ روپیہ اڑانا پیسہ لٹانا۔
اِسرافیل (ع۔اسم مذکر) ایک فرشتے کا نام ہے جو قیامت کے دن صور پھونکیں گے۔
اسرائیل (ع۔اسم مذکر) حضرت یعقوب علیہ السلام کا نام۔
اسسٹنٹ (انگ۔ا۔مذ) نائب۔ مددگار۔ معاون۔

اِس سے اچھا تو خدا کا نام ہے (اُر۔محاورہ)۔ نہایت اچھا ہے۔ بہت نیک ہے۔ بہت ہی عمدہ ہے۔ جو شے نہایت خوب صورت ہو۔
اِس سے کیا پورا پڑے گا (اُر۔محاورہ) یہ بہت تھوڑا ہے۔ بالکل ناکافی ہے۔ اس سے کام نہیں چلے گا۔
اِس سے ہاتھ دھو لو۔ (اُر۔محاورہ) اس کو جانے دو۔ اس کو دفع کرو۔ چھوڑ دو۔ یہ کام نہیں ہوگا۔
اِس سے تو نکٹے کی ناک بھی نہیں کٹتی (اُر۔محاورہ) کند چھری یا چاقو کی نسبت بولا کرتے ہیں۔
اُسطوخودوس (یونانی) ایک دوائی کا نام ہے جو دماغ کے نزلہ کے واسطے بہت مفید ہے۔
اَسفاناخ (ف) پالک۔ پالک کا ساگ۔ ایک قسم کی سبزی۔
اَسفل (ع۔مذکر) کمینہ۔ پرلے درجے کا۔ نیچ۔ اعلیٰ کی ضد۔
اَسفل السافلین (ع۔ا۔مذکر) دوزخ کا سب سے نچلا طبقہ۔
اِسفندیار (ف۔اسم مذکر) دارا گشتاسب کے بیٹے کا نام ہے جو نہایت طاقتور تھا۔ رستم کے ساتھ لڑ کر مارا گیا۔ مشہور ہے کہ اس کا بدن کانسی کا تھا۔ اسی وجہ سے روئیں تن اسفندیار کہلاتا ہے۔
اِسقاط (ع۔مذکر) گرانا۔ حمل کا قبل از وقت گر جانا۔
اِسقاطِ حمل (ع۔مذکر) گرنا۔ حمل گرنا۔ پیٹ گرنا۔ حمل ضائع کرنا یا ہونا۔
اَسقام (ع۔مذکر) سُقم کی جمع۔ عیوب۔ بیماریاں۔
اُسقف (ع۔مذکر) لاٹ پادری۔ لارڈ بشپ۔ پادریوں کا سردار۔
اِس کا بڑا دیدہ ہے (اُر۔محاورہ)۔ یہ استفہام انکاری ہے جس کے معنی ہیں کہ اس کا دیدہ نہیں۔ دھیان نہیں۔ بڑا گستاخ اور بیباک ہے۔
اِس کا بھی منہ جھلسو (ہ۔محاورہ) اس کو کچھ دے ڈالو۔ اس کو بھی کچھ دے کر ٹال دو۔
اِسکاچ (انگ۔ا۔مذ) سکاٹ لینڈ کا باشندہ۔ Scotch
اِسکاٹ (Scout) ہوائی فوجی دستہ۔ سکاٹ لینڈ کا باشندہ۔
اسکاؤٹ (انگ) خدمت خلق کے لیے ایک قسم کی رضاکارانہ تحریک کا سپاہی یا رضاکار۔ Scot
اسکاؤٹنگ۔ علم الطلیعہ۔ سکاؤٹوں کے اصول و ضوابط Scouting
اِس کان سُنی اُس کان نکال دی۔ (اُر۔محاورہ)۔ سُن کر عمل نہ کرنا۔ کہنا بے سود۔
اِسکرو (Screw)۔ پیچ۔ خصوصاً بوتل کا کاک نکالنے کا پیچ۔
اِسکندر (یونانی) مشہور بادشاہ یونان کا نام جس نے ہندوستان پر بھی حملہ کیا اور بہت سا علاقہ فتح کر لیا تھا۔ یہاں سے جاتے وقت بابل کے قریب پہنچ کر مر گیا۔
اِسکندریہ۔ (ع۔مذکر) سکندر کا بسایا ہوا شہر جو ملک مصر کے شمال بحیرہ روم کے کنارے پر بندرگاہ ہے۔
اِسکوائر (انگ۔ا۔مذ) صاحب۔ عموماً شرفا کے نام کے ساتھ آتا ہے۔ Esquire

اِس کو تو پتھر مارے بھی موت نہیں آتی (اُر۔ محاورہ) نہایت سخت جان ہے۔ بڑا ہی ڈھیٹ ہے، بے حیا اور بے غیرت ہے ؛
اِس کو مٹی کے دھان اُس کو مٹی میں کرنا۔(ہ۔ محاورہ) فضول کام کرنا۔ لغو اور مہمل کام کرنا۔ خالی بیٹھے بیٹھے لغو کام میں ہی لگے رہنا ؛
اِس کو چیل کوّوں کو دوں (اُ) عورتوں کو بد دعا ہے۔ عورتیں کسی کو کوستے وقت کہا کرتی ہیں۔ مراد اس کے ٹکڑے کر کے چیلوں اور کوّوں کے آگے ڈال دوں ؛
اِسکورٹ (انگ۔ا۔مذ) فوجی دستہ۔ سپاہی۔ محافظ۔ آگے آگے رستہ بتانے اور بنانے والا ؛ Escort
اِسکول School مدرسہ۔ پڑھنے کی جگہ۔ تعلیم گاہ۔ مکتب جہاں متوسط درجے تک تعلیم ہوتی ہو ؛
اِس کو وہاں ماریے جہاں پانی نہ ملے (اُر۔ محاورہ) سخت دشمن کی نسبت بولتے ہیں۔ یعنی اس پر رحم اور ترس نہیں کرنا چاہیے۔ یہ بڑا ہی بد ہے ؛
اِس کھائے اِس چین اُس کھائے اُس۔ (اُر۔ محاورہ) ہر شخص کو اپنے نفع سے فائدہ۔ اپنا ہی پیٹ بھرے تو آرام ملتا ہے ؛
اِس کی جڑ تو پاتال میں ہے یا پاتال میں ہے (ہ۔ جملہ) اس کی بنیاد بہت گہرائی میں ہے۔ اس کی نیو بہت ڈونگے میں ہے دیرپا چیز یا زمیندار کی نسبت بولتے ہیں۔ بڑا امیر ہو گیا ہے۔ بہت مضبوط اور مستحکم ہے ؛
اِس کی چھاتی کو سراہیے (ہ۔ محاورہ) اس کے حوصلے اور بردباری کی تعریف کیجئے۔ اس کی بہادری اور ہمت قابل تعریف ہے ؛
اِس کے دلِ گُردے کو دیکھیے (اُر۔ محاورہ) بڑا بہادر ہے جوان مرد ہے۔ سخی ہے ؛
اِس کے نام کا کتا بھی نہیں پالتے (ا ۔۔۔ اس کا کوئی لحاظ نہیں کرتا۔ اس کا نام تک لینا بھی گوارا نہیں۔ نہایت ذلیل اور نظروں سے گرے ہوئے شخص کی بابت بولتے ہیں ؛
اِس گھر کا بادا آدم ہی نرالا ہے (اُر۔ محاورہ) اس گھر کا کیا کہنا۔ سب ہی نالائق ہیں۔ ان کی عادتیں اور رواج ہی دنیا بھر سے نیارے ہیں۔ دنیا سے الگ ہیں ؛
اَسلاف (ع۔ مذکر) سلف کی جمع۔ اگلے زمانے کے لوگ۔ باپ دادا۔ پردادا ؛
اِسلام (ع مذکر) ماننا۔ قبول کرنا۔ گردن جھکانا۔ اطاعت کرنا۔ دین محمدی۔ جس میں آدمی بہ تن اللہ کا ہی ہو رہتا ہے ؛
اِسلام لانا یا اِسلام قبول کرنا (اُر۔ فعل) دین محمدی قبول کرنا مسلمان ہونا ؛
اَسلحہ (ع۔ مذکر) (سلاح کی جمع) ہتیار۔ لڑائی کے آلات۔ جنگ کے اوزار ؛
اُسلوب (ع) ڈھنگ۔ طریقہ۔ قاعدہ۔ دستور۔ راہ۔ راستا ؛

اُسلوبِ تحلیلی (ع مذکر) وہ قاعدہ جس میں کسی چیز کے اجزا الگ الگ کھول کر دکھائیں ؛
اُسلوبِ ترکیبی (ع۔ مذکر) وہ طریقہ جس میں کسی چیز کے اجزا کو ترکیب دے کر اُسے سالم بنائیں ؛
اِسم (ع مذکر) نام۔ علم صرف میں وہ کلمہ جو اپنے معنی بالاستقلال ظاہر کرے اور جس میں کوئی زمانہ نہ پایا جائے ؛
اِسم اعظم (ع مذکر) اللہ تعالیٰ کا سب سے بزرگ نام ؛
اَسما (ع مذکر) اسم کی جمع ؛
اِسماء الرجال۔ وہ علم جس میں احادیث کے راویوں کے صدق و کذب سے بحث ہوتی ہے اور ان کے حالات و سیرت پر روشنی ڈالی جاتی ہے ؛
اِسماعیلؑ (ع اسم مذکر) حضرت ابراہیمؑ کے بڑے بیٹے کا نام۔
اِسم بامسمّیٰ (ع مذکر) جیسا نام ویسا کام۔ نام اور صفات باہم موافق ہوں ؛
اِسم جلالی۔ اللہ کا وہ نام جس میں شان و جلال کا اظہار ہو۔
اِسم جمالی (ع) اللہ تعالیٰ کا وہ نام جس میں شانِ رحمت کا اظہار ہو۔ جیسے رحمٰن و رحیم ؛
اِسماعیلیہ (ع۔ ا۔ مذ) اہل تشیع کا فرقہ جو حضرت اسماعیل کو امام مانتا ہے۔
اَسمبلی (Assembly۔ انگ۔ ا۔ مذ) جرگہ۔ انجمن۔ مجلس قانون ساز۔
اِسمگلر (Smuggler۔ انگ۔ ا۔ مذ) خلاف قانون مال درآمد یا برآمد کرنے والا۔
اِسمگلنگ (Smuggling۔ انگ۔ ا۔ مو) خلاف قانون درآمد یا برآمد۔
اِسمی (ع۔ صفت) اسم کے متعلق۔ نام کے متعلق۔ نام بنام۔

اَسناد (ع مذکر) (سند کی جمع) سارٹیفکیٹ۔ سندیں۔ وثیقے۔ دلیلیں ؛
اَسوار (اُر مذکر) (اصل میں اسب وار تھا) گھڑ چڑھا ؛
اَسوانسی (ا۔ مؤنث) ماپنے کا پیمانہ۔ جو کچھ انسی کا ہیواں حصہ ہوتا ہے۔
اِس واسطے (ا ح) حرف علت۔ لہٰذا۔ اس لیے اس وجہ سے ؛
اَسوج (ہ۔ مذکر) ہندی سال کا ساتواں مہینا۔ نصف ستمبر سے نصف اکتوبر تک ؛
اَسوجھ (ہ۔ مذکر) جو سمجھائی نہ دے۔ مخفی۔ پوشیدہ۔ پنہاں ؛
اَسوچ (ا) بے فکرا۔ لاپرواہ ؛
اَسوَد (ع۔ مذکر) نہایت سیاہ۔ بہت ہی کالا۔ نہایت سیاہ رنگ کا ایک بجرے کا نام بھی ہے جس کے پانی کا رنگ سیاہ ہوتا ہے۔
اَسوگ (ا) جہاں سوگ یعنی ماتم نہ ہو۔ یعنی شکر۔ چین۔ آرام ؛
اُسوہ (ع۔ مذکر) نمونہ۔ پیشوا ؛
اِسہال (ع مذکر) دست۔ دست آنا۔ پیٹ چلنا۔ پتلا پاخانہ ؛
اَسہل (ع) نہایت۔ آسان۔
اِس ہاتھ دے اُس ہاتھ لے (اُر۔ محاورہ) فوراً بدلہ پانے۔ اچھوں کا بدلہ بدلے۔ ہر کام کی جزا اُسی وقت مل جاتی ہے ؛
اَسّی (ا) اسم عدد۔ ۸۰۔ ستر اور دس ؛
اِسی (ا) اس ہی کا عنقف ہے اور اُسی۔ اُس ہی کا۔ حصر اور تاکید کا کلمہ ہے ؛

اُسی (ا) وہی ۔ اُس ہی ؛
اِسی برتے پر (ا۔ محاورہ) اسی حوصلے پر اسی ہمت پر ۔ اسی زور پر ۔ اسی دولت پر ۔ اسی قوت و طاقت پر ؛
اَسّی برس کا جھڈو نام میاں معصوم (مثل) بڑھاپے میں طفلانہ حرکتیں کرنا ۔ نام کے خلاف کام کرنا ۔ عمر کا بوڑھا کام بچوں والے ؛
اِسے چھپاؤ اُسے دکھاؤ (ا۔ مثل) دونوں ایسے ملتے جلتے ہیں کہ کچھ فرق نہیں دونوں پورے پورے ہم شکل ہیں ؛
اِسی دن کو پالا تھا (ا۔ محاورہ) بطریق استفہام ۔ اپنے فرزند یا پروردہ سے رنج پہنچنے پر شرمندہ کرنے کو بولتے ہیں ۔ رنج سے متاثر ہو کر اس کی موت کے لیے بولتے ہیں ۔ یا بہادری کا موقع دیکھ ۔ اس سے کہتے ہیں کہ دشمن کو مار ۔ اسی دن کے لیے تو پالا تھا ؛
اَسیاف ۔ ع ۔ مذکر سیف کی جمع) تلواریں ؛
اَسیر (ع۔ا۔مذ) قیدی ۔ پابند ۔ عاشق ؛
اَسیر باد (ا۔ مؤنث) دعائے خیر و برکت ؛
اَسیس (ا۔ مؤنث) دعائے خیر ۔ اچھی دعا ۔ نیک دُعا ؛
اَسیس دینا یا اَسیسنا (ا۔ فعل) دعائے خیر دینا ۔ برکت دینا ؛
اَشیر (انگ ۔ مذکر) مددگار ۔ معاون ۔ جج ۔ وہ شخص جو مقدمات فوجداری میں سشن جج کو رائے دے ۔ دینے کے لئے اعزازی طور پر پبلک سے چنا جائے ۔ مشیر عدالت ؛ Assessor
اُسی کی جوتی اُسی کے سر (ا۔ محاورہ) کسی کا روپیہ اسی پر خرچ کرنے کے موقع پر بولتے ہیں ۔ ہمارا کیا گیا ۔ اسی کا مال اسی کو کھلا دیا ۔ اپنے ہاتھوں اپنی سزا پانا ؛
اَسیونا (ا) پیچھ ۔ اُبلے ہوئے چاولوں کا پانی نکالنا ؛

ا - ش

اِشارات (ع۔ا۔مؤنث) اشارہ کرنا ۔ سین مارنا ۔ رمز ۔ کنایہ ؛
اِشارات (ع۔ا۔مذ) علم حکمت کی ایک کتاب کا نام جو بوعلی سینا کی تصنیف ہے ؛ اشارہ کی جمع
اِشارہ (ع) سین ۔ رمز ۔ کنایہ ۔ ایما ۔ شناخت ۔ پہچان ؛
اِشارہ پانا ۔ منشا معلوم کر لینا ۔ ایما دریافت کر لینا ؛
اشارے پر چلنا ۔ احکام کی فوراً تعمیل کرنا ۔ کسی کی مرضی کے مطابق کام کرنا ۔
اِش اِش (ف ۔ مذکر) یہ لفظ عین کے ساتھ بھی مروج ہے ۔ مگر یہ فضول اور غلط تصرف ہے ۔ درست الف کے ساتھ ہی ہے ۔ خوشی منانا ۔ خوشی ۔ حیرت اور مسرت کے موقع یہ الفاظ بولتے ہیں ؛
اِشاعت (ع۔ا۔مؤ) خبر کا عوام میں پھیلانا ۔ مشہور کرنا ۔ شائع کرنا ۔ شہرت دینا ؛
اِشباع (ع۔ مذکر) علم قافیہ میں دخیل کی حرکت کا نام ؛
اَشباہ ۔ (ع۔ا۔مذ) شبہ کی جمع ۔ شکلیں ۔ شبہیں ۔ صورتیں ؛
اِشتباہ (ع۔ مذکر) شبہ پڑنا ۔ شک ہونا ۔ گمان ۔ دھوکا لگنا ؛
اِشتداد (ع۔ا۔مذ) شدت زیادتی ۔ کثرت ۔ بہتات ۔ فراوانی ۔ ترقی ؛
اُشتر (ف۔ مذکر) اُونٹ ؛
اِشتراک (ع۔ا۔مذ) میل جول ۔ ساجھا ۔ شرکت ۔
اِشتراک القلابی ۔ وہ اتحاد و اشتراک جو ملک کی حکومت میں انقلاب لانے کے واسطے مختلف جماعتوں میں ہو جائے ؛
اِشتراکی ۔ کمیونسٹ جو ملک کے سرمایہ میں سب کو برابر کا شریک تصور کرتے اور مزدوروں کی حمایت کرتے ہیں ؛
اِشتراکیت ۔ کمیونزم ۔ وہ تحریک جس میں ملک کے سرمایہ سے سب کو مساوی حق دینے کا ادعا کیا جاتا ہے ؛
اِشتعال (ع۔ا۔مذ) بھڑکنا ۔ جوش مارنا ۔ شعلہ اُٹھنا ۔ غصے ہونا ۔ لَو ؛
اِشتعال طبع (ع۔مذکر) طبیعت کا جوش ۔ غصہ کا بھڑک اُٹھنا ؛
اِشتعالک (ع۔ مؤنث) چنگاری ۔ شعلہ ۔ لَو ۔ پٹ ۔ تحریک ؛
اِشتعالک دینا (اُ۔ محاورہ) بھڑکانا ۔ چمکانا ۔ بھکانا ؛
اِشتغال (ع) مشغول ہونا ۔ کام میں لگنا ۔ مشغولی ۔ مشغولیت ۔ شغل ؛
اِشتقاق (ع۔مذکر) نکالنا ۔ بنانا ۔ ایک کلمہ سے دوسرا کلمہ بنانا ۔ جینے نکالنا ؛
اِشتمال (ع۔ مذکر) شامل ہونا ۔ ملنا ۔ شریک ہونا ۔ زمین کو اکٹھا کرنا ۔
اِشتہا (ع۔مؤنث) بھوک ۔ گرسنگی ۔ خواہش ۔ کھدیا ؛
اِشتہار (ع۔مذکر) شہرت دینا ۔ نوٹس ۔ اعلان ؛
اِشتہار دینا ۔ شہرت دینا ۔ بذریعہ اشتہار عام اطلاع دینا ؛
اِشتہار لگانا ۔ کسی مقام پر اشتہار چسپاں کرنا ؛
اِشتہاری ۔ (ع۔مذکر) اس میں یائے نسبتی ہے ۔ وہ چیز جس کی بابت شہرت دی گئی ہو ۔ جیسے اشتہاری حکیم جو محض اشتہار بازی سے پیسے بٹورتا ہو ۔ وہ مجرم جس کے پکڑنے کے لیے حکومت نے اشتہار دے دیا ہو ؛
اِشتیاق (ع۔مذکر) شوق ۔ آرزو ۔ تمنا ۔ محبت ۔ چاہت ؛
اَشمی (ا) ہر ہندی مہینے کی آٹھویں تاریخ ؛
اَشجار (ع۔ مذکر) (شجر کی جمع ہے) درخت ۔ رُکھ ۔ پیڑ ؛
اِشجع (ع) بہت بہادر ؛
اَشخاص (ع۔مذکر) (شخص کی جمع) بہت سے لوگ ۔ بہت سے آدمی ؛
اَشد (ع۔مذکر) بہت سخت ۔ نہایت مضبوط ۔ تیز مزاج ۔ تند طبع ؛
اَشدھ (ا۔ مذکر) ناپاک ۔ پلید ۔ گندہ ؛
اَشر (ع) بہت شریر ؛
اَشرار (ع۔ مذکر) (شریر کی جمع) فسادی ۔ فتنہ انگیز ۔ بُرے لوگ ۔ شرارتی لوگ ؛
اَشراف (ع۔مذکر) (جمع شریف کی) بھلے مانس ۔ مہذب ۔ اردو میں یہ لفظ واحد اور مفرد کے طور پر بولا جاتا ہے ؛
اَشراف پاؤں پڑے کمینہ سر چڑھے (اُ۔ مثل) شریف آدمی بوجہ

شرافت ذاتی نرمی کرتا ہے اور کینہ اُس دلیر اور اس پر شیر ہو جاتا ہے ۔

اشراف پرست (ف۔مذکر) وہ شخص جو شریفوں کی قدر کرنے والا ہو۔ شریف پرور ۔

اشرافت (اُر۔ا۔مؤ) شائستگی۔ سلیمانی۔ نیک ہونا ۔

اشراف وہ جس کے پاس اشرفی (ا) شکل۔ روپیہ والا ہی آجکل اشراف ہے۔ نہ خوش اخلاق۔ فی زمانہ مالدار ہی اشراف ہے ۔

اشراق (ع۔مذکر) روشنی دینا۔ طلوع کرنا۔ سورج نکلنے کا وقت۔ وہ نماز جو آفتاب کے نیزہ دو نیزہ بلند ہو جانے پر پڑھی جاتی ہے۔ روشن دلی۔ حکمت ۔

اشراقی یا اشراقیہ (ع۔مذکر) (بیائے نسبت منسوب بہ اشراق) حکما کا ایک گروہ جو اپنے باطنی نور اور دل کی صفائی سے دور ہی بیٹھے تعلیم و تعلم اور درس و تدریس کر سکتے ہیں۔ ایک دوسرے کے پاس جانے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ اس کی جمع اشراقین ہے ۔

اشرف (ع۔مذکر) بڑا ہی شریف۔ نہایت بزرگ۔ بہت ہی اچھا اور نیک آدمی ۔

اشرف المخلوقات (ع۔اسم مذکر) تمام مخلوقات میں بزرگ۔ مراد۔ انسان ۔

اشرفی (ع۔ا۔مؤ) سونے کا وہ سکہ جس کا وزن چھ ماشہ ہوتا تھا۔ پونڈ۔ گنی۔ سادرن۔ لیرا۔ دینار۔ ایک زرد رنگ کے پھول کو بھی کہتے ہیں ۔

اشرفی بوٹی (اُر۔اسم مؤنث) اشرفی کے مقدار کا پھول جو عموماً پھنسیوں وغیرہ پر بنا ہوتا ہے ۔

اشرفیاں لٹیں اور کوئلوں پر مُہر (اُر۔محاورہ)۔ اس شخص کی نسبت بولا کرتے ہیں جو غیر ضروری اخراجات میں تو ہزاروں روپے خرچ کر دے اور ضروری اور چھوٹی چھوٹی باتوں میں تنگدلی برتے ۔

اشعار (ع۔ا۔مذ) شعر کی جمع۔ ابیات۔ کلام منظوم ۔

اشعری (ع۔مذکر) چند علماء کا لقب (ابوالحسن علی بن اسمٰعیل۔ ابوبراہ عامر بن ابی موسیٰ۔ ابوالحسن علی اُستاد امام غزالی ۔

اشغلہ (اُر۔ا۔مذ) ہنسی پھکڑ۔ فضول کی بات۔ چھچھوندر۔ یعنی جھوٹی بناوٹی فتنہ برپا کرنے والی بات ۔

اشغلہ اٹھانا یا اشغلہ چھوڑنا (اُر۔محاورہ) فساد برپا کرنا۔ جھوٹی بات بنا کر دو آدمیوں کو لڑوا دینا۔ بہتان لگانا ۔

اشفاق (ع۔مذکر) شفقت کی جمع۔ مہربانیاں۔ عنایتیں۔ نوازشات ۔

اشقیا (ع۔مذکر) شقی کی جمع۔ بدبخت۔ سنگ دل۔ بے رحم۔ ظالم۔ بدنصیب ۔

اشک (ف۔اسم مذکر) آنسو۔ ٹسوا ۔

اشکال (ع۔مؤنث) شکل کی جمع۔ صورتیں۔ شکلیں ۔

اشکباری (ف۔مؤنث) آنسو برسانا۔ رونا۔ آنسو بہانا ۔

اشک بلبل ۔ افیون کی خفیف سی مقدار ۔

اشک شادی۔ آنسو جو جوش مسرت میں نکلیں ۔

اشک کباب (مذکر) وہ پانی جو آگ پر رکھنے کے بعد کباب سے نکلتا ہے ۔

اشک شوئی (ف۔مؤنث) آنسو پونچھنا۔ آنکھیں پونچھنا۔ تسلی دینا دلاسا دینا ۔

اشکال (ع۔مذکر) مشکل۔ دقت۔ دشواری ۔

اشلک (ف۔مؤنث) تہمت۔ بہتان۔ الزام۔ (اصل میں اُشلق تھا)

اشلک لگانا (اُر۔محاورہ) تہمت لگانا۔ الزام دینا۔ بہتان باندھنا ۔

اشلوک (ہ۔اسم مذکر) نظم۔ دوہرا۔ بیت ۔

اشنان (س۔مذکر) نہانا۔ غسل کرنا۔ تمام بدن کو پانی سے خوب مل کر صاف کرنا ۔

اشنان دھیان کرنا (ہ۔محاورہ) پوجا پاٹ کرنا۔ غسل کر کے پوجا کرنا ۔

اشوک (س۔مذکر) قدیم عمارت کا ایک مشہور و معروف مہاراجا جو بدھ مت کا پیرو تھا۔

اشہاد (ع۔مذکر) ثبوت پیش کرنا۔ شہادت دینا۔

اشہب (ع۔مذکر) سبزہ گھوڑا۔ ایسے سیاہ رنگ کا گھوڑا جس میں سفیدی غالب ہو۔ کبھی محض گھوڑے کے معنی بھی دیتا ہے ۔

اشیا (س۔مؤنث)۔ شے کی جمع۔ چیزیں ۔

اشیرباد (س۔مؤنث) دعائے خیر۔ دعائے برکت۔ آسیس۔ (ہندوؤں کا روزمرہ)

ا - ص

اصابت (ع۔مؤنث) راہِ صواب اختیار کرنا۔ رسائی۔ پہنچ۔ پختگی۔ مضبوطی۔ استحکام۔ صحیح کے پر ۔

اصالت (ع) اصلیت۔ خاصیت۔ پیدایشی اثر۔ ذاتی اور جبلی اثر۔ تخم کی تاثیر۔ خاندانی اثر ۔

اصالتاً (ع) خود۔ اپنے آپ۔ بذات خود۔ بنفس نفیس ۔

اصالت پر آنا یا اصالت پر آجانا (اُر۔محاورہ) خاندانی اثر دکھانا۔ شرارت کرنا۔ سفلہ پن ظاہر کرنا۔ کمینگی دکھانا ۔

اصح (ع۔مذکر) بہت درست۔ نہایت صحیح۔ بالکل درست۔ ٹھیک ۔

اصحاب (ع۔اسم مذکر) صاحب کی جمع۔ ہمنشیں۔ ساتھی۔ حمایتی۔ یار۔ مددگار۔ دوست۔ آقا۔ مالک۔ مجازاً وہ بزرگ جنھوں نے رسول اللہ کی صحبت سے فیض پایا ہو ۔

اصحاب فیل (ع۔مذکر) ہاتھیوں والے ان لوگوں سے مراد ہے جنھوں نے ابرہہ بن صباح حاکم یمن کے ماتحت مکہ معظمہ پر فوج کشی کی۔ اور اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے ابابیلوں کا لشکر بھیج کر ان کو شکست دلائی ۔

اصحاب کہف (ع۔مذکر) غار کے ساتھی۔ غار والے لوگ۔ اصطلاح میں ان لوگوں سے مراد ہے جو دقیانوس بادشاہ کی خدائی سے۔



آرا کی قسمیں

اصطبل

آتش دان

اونٹ (دو کوہان)



اسفنج



اُلو

انجیر



ایکسیڈینٹ

انکار کرنے کے سبب اس کے ظلم سے تنگ آکر غار میں جا چھپے تھے وہاں اتفاق سے نیند آگئی اور غار کا دروازہ قدرت سے بند ہو گیا۔ آنکھ جب کھلی تو سینکڑوں برس گزر چکے تھے۔ بازار سے کھانا لاکر کھایا اور پھر سو رہے۔ اس وقت سے اب تک اس غار میں سو رہے ہیں۔ اور جب اللہ کا قدرت کا حکم ہوگا اس وقت باہر نکلیں گے۔ ان کے ساتھیوں میں ایک کتا بھی ہے۔ یہ غار دشت پامیر میں ہے ۱۸۷۸ء میں سید عبداللہ عاصم سرحدی کمیشن کے ساتھ اس جانب گئے تھے۔ اُن کا بیان ہے کہ سات بلند قد والے آدمی اس غار میں چادریں تانے پڑے ہیں۔ جن کے تنفس کی جنبش برابر دیکھی جاتی ہے ؛

اِصدار (ع۔مذکر) صادر کرنا۔ حکم جاری کرنا۔ بھیجنا ؛

اَصدقا (ع۔مذکر) (صدیق کی جمع ہے) سچے لوگ۔ دوست۔ رفیق ؛

اَصراف (ع۔مذکر) (صرف کی جمع) بہت سے خرچ۔ اخراجات۔ (بصورت الف اول) خرچ کرنا ؛

اِصرار (ع۔مذکر) ضد۔ ہٹ۔ تکرار۔ تاکید۔ کسی بات پر اڑ جانا ؛

اِصطباغ (ع۔مذکر) رنگنا۔ غوطہ دینا۔ بپتسمہ۔ غوطہ ؛

اصطباغ دینا (ع) عیسائی مذہب میں لانا۔ بپتسمہ دینے کے وقت سر پر پانی چھڑکنے کی رسم ادا کرنا ؛

اَصطبل (ع۔مذکر) طویلہ۔ وہ مقام جہاں گھوڑے وغیرہ باندھے جاتے ہیں ؛

اُصطرلاب (ع۔مذکر) ستاروں کی بلندی اور نحوست وغیرہ دریافت کرنے کا آلہ۔ یہ پیتل کا ایک گولہ ہوتا ہے۔ جس پر بہت سے حروف اور نقوش ہوتے ہیں ؛

اِصطفا (ع۔مذکر) چننا۔ چھانٹنا۔ برگزیدہ کرنا ؛

اِصطلاح (ع مؤنث) کسی گروہ کا ایک لفظ کے اصلی معنوں کے علاوہ اور معنوں پر اتفاق کرنا۔ اصلی معنوں کے سوا اور معنی سمجھ لینا ؛

اِصغا (ع۔مذکر) سننا۔ کان دھرنا ؛

اَصغر (ع۔مذکر) نہایت چھوٹا۔ سب سے چھوٹا۔ اس کی مونث صُغریٰ ہے ؛

اَصفار (ع۔مذکر) (صفر کی جمع ہے) کچھ نہیں۔ علم ہندسہ میں (۰) ؛

اَصفر (ع۔مذکر) نہایت زرد۔ بہت پیلا۔ پیلے رنگ کا ؛

اِصفہان (ف۔مذکر) فارس کے ایک بہت بڑے شہر کا نام۔ جہاں کا سرمہ اور تلوار مشہور ہے۔ کبھی بڑا آباد تھا ؛

اَصفیا (ع۔مذکر) (صفی کی جمع ہے) برگزیدہ لوگ۔ نورانی آدمی۔ پاک اِلن انسان ؛

اَصل (ع۔مؤنث) جڑ۔ بنیاد۔ نسل۔ نطفہ۔ ذات۔ کھرا ہے کھوٹ مادہ۔ خلاصہ۔ حقیقت۔ حیثیت۔ مول۔ (اصل زر) سبب وجہ۔ خالص۔ کتاب کا متن۔ مذہبی اصطلاح میں اعتقادی باتیں (عملی باتوں کو فروع کہتے ہیں ؛

اَصلاً یا اصلاً (ع تابع فعل) ہرگز۔ زنہار۔ بالکل۔ ذرا بھی ؛

اِصلاح (ع۔مؤنث) درستی۔ درست کرنا۔ غلطی دور کرنا۔ سنوارنا۔

اِصلاح بنانا (اُر۔محاورہ) حجامت۔ خط بنوانا۔

اِصلاح دینا۔ فعل۔ درست کرنا کسی مسودہ کو۔ ٹھیک کرنا۔ غلطی دور کرنا ؛

اَصل خیر سے (اُر تابع فعل) خیر و عافیت سے۔ بخیر و خوبی ؛

اَصل اصل ہے اور نقل نقل (اُر۔محاورہ) اصل کی خوبی کو نقل نہیں پہنچ سکتی ؛

اَصل الاُصول (ع۔مذکر) جڑ۔ بنیاد۔ اصلی ؛

اَصل السُّوس (ع مؤنث) ملٹھی۔ ملٹھی۔ کھانسی کو دور کرنے والی ایک دوا ؛

اصل بد از خطا خطا نہ کند (ف۔مثل) بد اصل آدمی ضرور خرابی کرتا ہے اپنی بُرائی سے نہیں چوکتا ؛

اصلوں (اُر تابع فعل) اصلاً۔ بالکل۔ ہرگز۔ مطلق۔ (اصل کی جمع بھی ہے ؛

اَصلوں سے نہیں خطا وفا کم اَصلوں سے نہیں ہونے کی (اُر۔مقولہ) شریفوں سے بُرائی کبھی نہیں ہو سکتی۔ ذلیل اور رذیل سے کبھی بھلائی نہیں ہو سکتی ؛ اس کی مثال میں اس کا دوسرا مصرعہ ہے۔ یعنی ع کندن میں سو کھوٹ ملا دو پھر بھی جھلک رہے سونے کی ؛

اَصلی (ع مؤنث) جبلی۔ فطری۔ پیدائشی ذاتی۔ ٹھیک۔ درست نقلی کی ضد۔ خاص۔ قدیم۔ باشندے ؛

اَصلیت (ع مؤنث) درحقیقت۔ حقیقی بات۔ اصلی معاملہ ؛

اَصَم (ع۔مذکر) بہرا جسے سُنائی نہ دیتا ہو۔ نہ سننے والا۔ (پنجابی ڈورا بولا) ؛

اَصمعی (ع۔مذکر) عرب کا ایک مشہور و معروف ادیب ؛

اَصناف (ع مؤنث) صنف کی جمع۔ قسمیں۔ طرزیں۔ نوعیں ؛

اَصنام (ع۔مذکر) صنم کی جمع) بُت۔ مورتیں۔ مراد معشوق۔ (بوجہ سنگدلی) ؛

اَصوات (ع۔مؤنث) صوت کی جمع۔ آوازیں ؛

اُصول (ع۔مذکر) (اصل کی جمع) جڑیں۔ قاعدے۔ طریقے۔ قانون۔ آئین ؛

اُصول موضوعہ (ع۔مذکر) بنایا ہوا یا مقرر کیا ہوا اصول۔ قائم کردہ قاعدہ ؛

اُصول کلام (ع) علم کلام میں نقلی باتوں کو عقلی دلیلوں سے ثابت کرنا ؛

اَصیل (ع) اچھی نسل کا۔ اچھی قوم کا۔ اچھے خاندانوں کا۔ اصیل مرغ۔ اصیل تلوار۔ اصیل گھوڑا۔ شریف۔ عالی خاندان آدمی۔ خادمہ ماما۔ گھر کی ملازمہ ؛

اَصیل گھوڑے کو چابک کی حاجت نہیں (اُر۔محاورہ) عمدہ نسل کا گھوڑا تپی کھائے بغیر ہی درست طور پر چلتا رہتا ہے۔ خاندانی آدمی کو دھمکانے اور سزا دینے کی ضرورت نہیں۔ وہ خود ہی کام اچھی طرح کرتا رہتا ہے ؛

اَصیل مُرغی ٹکے ٹکے (اُر۔محاورہ) شریفوں کی بے قدری ہے۔ شرافت

کی قدر ہی نہیں۔ بے قدری کے ظاہر کرنے کے وقت بولتے

اَصیل مُرغی کی ایک ٹانگ (اُردو۔ مثل) ضدی اور ہٹیلے آدمی کے لیے بولتے ہیں۔ اپنی ہی ہانکے جانا۔ اپنی بات پر ضد کرنا۔

ا - ض

اِضافت (ع مؤنث) تعلق۔ نسبت۔ لگاؤ۔ (اعراب میں زیر۔ کسرہ) ایک اسم کا دوسرے اسم سے ادھورا لگاؤ۔

اضافہ (ع مذکر) زیادتی۔ ترقی۔ بیشی۔ بڑھوتری۔

اِضافہ کرنا (اُردو فعل) بڑھانا۔ زیادہ کرنا۔ تنخواہ میں ترقی دینا۔

اِضافی (ع) نسبتی۔ تعلق والا۔ جو اصلی نہ ہو۔ غیر اصلی۔

اَضحےٰ (ع) قربانی۔ قربانی کا دن۔ عید قربان کا یوم۔ نذر کا دن۔

اضحیہ قربانی کا جانور۔

اَضحوکہ (ع مؤنث) وہ چیزیں جن سے ہنسی آئے۔ ہنسی کی باتیں۔

اَضداد (ع۔ مؤنث) ضد کی جمع۔ مخالف۔ مخالفین۔ ایسی متقابل اشیا جن کا ایک وقت اور ایک جگہ میں جمع ہونا ناممکن ہو۔ جیسے سیاہی اور سفیدی۔ متضاد باتیں۔

اَضراب (ع۔ مذکر) مُنہ پھیرنا۔ ایک ہی جگہ ٹھیرا دینا۔ ضرب دینا۔

اِضطراب (ع۔ مذکر) بے قراری۔ بے چینی۔ گھبراہٹ۔ بے تابی۔ مجازاً جلدی۔ بوکھلاہٹ۔

اِضطرار (ع مذکر) بے اختیاری۔ بے قراری پریشانی۔

اِضطراری (ع۔ مؤنث) بے اختیاری حالت۔ پریشانی کی حالت۔

اِضعاف (ع مذکر) ضعف کی جمع۔ دُگنا۔ تگنا وغیرہ۔

اِضعف (ع۔ مذکر) نہایت کمزور۔ بہت ہی ناتواں۔ نہایت ضعیف۔

اَضلاع (ع۔ مذکر) ضلع کی جمع پسلیاں۔ پہلو۔ خطے۔ وہ علاقہ جو ایک ڈپٹی کمشنر کے ماتحت ہو۔ اطراف حدود۔ اشکال کے خطوط۔ جیسے مربع۔ مستطیل وغیرہ کی طرف۔ کنارے۔

اَضلال (ع۔ مذکر) گمراہ کرنا۔ بہکانا۔ راستہ بھلا دینا۔

اِضمار (ع مذکر) کلام میں کسی اسم کی طرف ضمیر کا لانا۔ گھسوڑے کا لاغر کرنا۔

اِضمار قبل الذکر (ع) کسی اسم کے ذکر سے پہلے اس کی طرف ضمیر پھرنا ضمیر کا مرجع سے پہلے لانا۔ جیسے ؎

ذبح وہ کرتا ہے پر چاہیے اے مُرغِ دل
دم پھڑک جانے تڑپنا دیکھ کر صیاد کا

اِس شعر میں وہ کی ضمیر صیاد کی طرف راجع ہے اور پہلے مصرع میں اس کا ذکر تک نہیں۔

اِضمحلال (ع۔ مذکر) پژمردگی۔ سستی۔ کمزوری۔ ناتوانی۔ کاہلی۔ کمزور ہونا۔

ا - ط

اِطاعت (ع۔ مؤنث) کہا ماننا۔ تسلیم کرنا۔ حکم ماننا۔ فرمانبرداری۔ بندگی۔ چاکری۔

اَطال اللہ عُمرہٗ (ع) یہ ایک دعائیہ فقرہ یا انقلاب جو خوردوں کے نام کے بعد لکھا جاتا ہے اللہ اس کی عمر بڑھائے۔

اِطالیہ (ع۔ مذکر) روم۔ اٹلی جو یورپ کا مشہور ملک ہے۔

اَطبا (ع۔ مذکر) طبیب کی جمع۔ ڈاکٹر۔ ڈیڈ۔ حکیم۔ معالج یونانی۔

اَطراف (ع۔ا۔مو) طرف کی جمع۔ کنارے گرداگرد۔ جانب۔ سمتیں۔

اطریفل (ع۔ مذکر) ترِی ہیل (تبدیلہ) ہرڑہ معجون ہے جس میں ہرڑ۔ بہیڑا اور آملہ پڑتا ہے۔

اَطعمہ (ع۔ مذکر) طعام کی جمع ہے۔ کھانا۔ غذا۔ بھوجن۔ خوراک۔

اِطفا (ع) بجھانا۔ آگ فرو کرنا۔

اَطفال (ع مذکر) طفل کی جمع۔ لڑکے۔ بال بچے۔

اِطلاع (ع۔ مؤنث) خبر دینا۔ خبر۔ آگاہی۔ رپورٹ۔ نوٹس۔

اِطلاع یابی۔ اطلاع پانا۔

اِطلاق۔ کسی لفظ کے مفہوم کا کسی ذات پر منطبق ہونا۔ کھولنا۔ چھوڑنا آزاد کرنا۔ بولا جانا۔ استعمال ہونا۔

اِطلاق نویس (بے اضافہ) سن کے اجزا۔ وخرچ کا حساب کتاب رکھنے والا افسر۔

اطلس (ع مؤنث) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔ جو نہایت چمک دار ہوتا ہے۔

اِطمینان (ع۔ مذکر) تسلی۔ تشفی۔ ڈھارس۔ دلاسا۔ صبر۔ طمانیت۔ دل جمعی بے قراری کی ضد۔

اَطناب (ع۔ مذکر) کلام کو غیر ضروری طور پر طول دینا۔

اَطوار (ع مذکر) طور کی جمع۔ عادات۔ طریقے۔ روش۔ چال چلن۔ وضع۔ ڈھنگ۔

اَظہار (ع۔ مذکر) ظاہر کی جمع۔ پاک لوگ۔ نہایت نیک آدمی۔

اَظہر (ع مذکر) نہایت پاک صاف۔ بہت ہی پاکیزہ۔

اَطیب (ع) نہایت خوب۔ بہت پاک۔ نہایت خوشبودار۔ بہت عمدہ

ا - ظ

اَظلال (ع۔ مذکر) ظل کی جمع۔ سائے۔ چھاؤں۔

اِظلال (ع۔ مؤنث) تاریک ہونا۔

اَظلم (ع۔ مذکر) بڑا ظالم۔ بہت ستانے والا۔

اِظہار (ع مذکر) حاکم کے سامنے بیان دینا۔ گواہی دینا۔ کھولنا۔ ظاہر کرنا یا ہونا۔

اِظہار دینا (اُردو عدالت میں گواہی یا بیان دینا یا بکھیڑا۔

اِظہار کرنا۔ کہنا۔ بیان کرنا۔ ظاہر کرنا۔

أظہر (ع۔ مذکر) خوب ظاہر۔ بالکل روشن۔ نہایت واضح۔ بہت ہی صریح ؛

أظہر من الشمس (ع۔ مذکر) سورج سے بھی زیادہ روشن اور نمایاں۔ بالکل صاف اور ظاہر۔ نہایت واضح۔ صاف۔ کھلا ؛

ا - ع

اعاجیب (ع) عجیب کی جمع۔ تعجبات ؛

اعادہ یا اعادت (ع۔ اسم مذکر) دوہرانا۔ لوٹانا۔ پھیرنا۔ کسی بات یا کام کا دوبارہ سہ بارہ کیا یا کرنا۔

أعاظم (ع۔ مذکر) اعظم کی جمع۔ بہت بڑے ؛

إعانت (ع۔ مؤنث) مدد دینا یا کرنا۔ معاونت کرنا۔ سہارا دینا ؛

إعانت مجرمانہ۔ جرم کی ترغیب یا اس میں مدد دینا ؛

إعتاق (ع۔ مذکر) غلام کو آزاد کرنا ؛

إعتبار (ع اسم مذکر) بھروسا۔ یقین۔ ساکھ۔ قیام۔ لحاظ۔ عبرت پکڑنا ؛

إعتدال (ع۔ مذکر) میانہ روی۔ تناسب۔ ٹھیک۔ کم نہ زیادہ۔ یکساں ؛

إعتذار (ع مذکر) عذر بیان کرنا۔ عذر بنانا۔ حیلہ کرنا ؛

إعتراض (ع مذکر) عیب جوئی۔ شک و شبہ کرنا۔ نکتہ چینی۔ گرفت۔

اعتراض اُٹھانا۔ جواب دینا۔ اعتراض کی ابتدا کرنا ؛

اعتراض اُٹھا دینا۔ شبہے کا جواب دینا ؛

اعتراض اُٹھا لینا۔ شبہ واپس لے لینا ؛

اعتراض جڑنا یا جمانا۔ اعتراض کرنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ عیب نکالنا ؛

إعتراف (ع اسم مذکر) اقرار کرنا۔ ماننا۔ تسلیم کرنا ؛

إعتصام (ع مذکر) پنجہ مارنا۔ مضبوط پکڑنا ؛

إعتقاد (ع اسم مذکر) یقین۔ بھروسا۔ آسرا۔ دھرم۔ ایمان۔ ایمان لانا ؛

إعتقاد اُٹھ جانا۔ عقیدہ جاتا رہنا ؛

إعتقاد رکھنا۔ معتقد ہونا ؛

إعتکاف (ع مذکر) مسجد میں گوشہ نشین ہونا۔ نفس کو دنیاوی لذتوں سے روکنا۔ بالخصوص رمضان کے آخری عشرہ میں گوشہ گیری ؛

إعتلا (ع اسم مذکر) بلندی۔ اونچائی ؛

إعتماد (ع مذکر) بھروسا۔ یقین۔ اعتبار ؛

إعتنا (ع اسم مؤنث) پرواکرنا۔ ہمدردی کرنا۔ درد شریک ہونا۔ کسی کا دھیان رکھنا ؛

إعجاز (ع۔ مذکر) معجزہ کرشمہ۔ کرامت۔ خلاق۔ عادت بات عاجز کر دینا۔ کسی کو ہرا دینا ؛

إعجاز بیان (ع مذکر) بیان کا معجزہ۔ ایسا بیان جو دوسرے کو عاجز کر دے۔ فصیح اور عمدہ کلام (اگر بلا اضافت ہو) تو وہ آدمی جس کا بیان دوسرے کو لاجواب اور ساقط کر دے ؛

إعجاز دکھانا۔ معجزہ دکھانا ؛

إعجاز مسیحائی (ع۔ مذکر) حضرت عیسےٰ کا معجزہ۔ اندھے کو بینا کرنا۔ بیمار کو تندرست کرنا۔ مردے میں جان ڈالنا وغیرہ ؛

أعجوبہ (ع۔ مؤنث) اچنبھے کی چیز۔ انوکھی چیز۔ طرفہ۔ عجب چیز۔ نرالی بات ؛ ان دیکھی چیز

أعدا (ع۔ مذکر) دشمن۔ بیری۔ مخالف۔ عدو کی جمع ہے ؛

أعداد (ع مذکر) عدد کی جمع۔ گنتی۔ شمار۔ ہندسہ۔ رقم ؛

أعدل (ع مذکر) بڑا منصف۔ بہت ہی انصاف کرنے والا ؛

أعراب (ع مذکر) عرب کی جمع۔ بدو لوگ۔ جنگلی آدمی ؛

إعراب (ع مذکر) حرکات ثلاثہ۔ زبر۔ زیر اور پیش ؛

إعرابی (ع مذکر) عرب کا جنگلی آدمی۔ صحرانشین عرب۔ بدو ؛

إعراض (ع مذکر) منہ پھیر لینا۔ انکار ظاہر کرنا۔ روگردانی کرنا۔ انکار ؛

أعراض (ع مذکر) جوہر کی ضد۔ غرض کی جمع۔ قائم بالغیر چیزیں۔ وہ اشیا جو اپنی ذات سے قائم نہ ہوں۔ دوسرے کے سہارے ہوں ؛

إعراف (ع مذکر) بہشت اور دوزخ کے درمیان ایک مقام ہے۔ قرآن شریف کی ایک سورۃ کا نام بھی ہے ؛

إعزاز (ع مذکر) عزت کرنا۔ عزت۔ درجہ۔ مرتبہ۔ توقیر ؛

أعزہ (ع مذکر) عزیز کی جمع۔ پیارے۔ بھائی بند۔ رشتہ دار ؛

أعصاب (ع مذکر) عصب کی جمع۔ بدن کے پٹھے۔ عضلات ؛

أعضا (ع مذکر) عضو کی جمع۔ جسم کے حصے۔ ہاتھ پاؤں۔ آنکھ۔ کان وغیرہ ؛

اعضا ٹوٹنا۔ اعضا شکنی ہونا ؛ جسم کے تھکنے کا احساس

اعضائے رئیسہ (ع مذکر) جسم کے نہایت اچھے حصے۔ سردار جوڑ جیسے دل۔ جگر۔ دماغ وغیرہ ؛

اعضا شکنی (ف۔ مؤنث) بدن ٹوٹنا۔ جوڑ جوڑ میں درد ہونا ؛

إعطا (ع مذکر) بخشش کرنا۔ عطا کرنا۔ عنایت کرنا۔ دینا ؛

أعظم (ع مذکر) بہت بڑا۔ نہایت بزرگ ؛

أعقاب (ع مذکر) عقب کی جمع۔ پسماندگان۔ آل اولاد۔ ورثا۔ پچھلی نسل ؛

إعلا (ع۔ مذکر) بلند ہونا یا کرنا ؛

إعلام (ع مذکر) خبر دینا۔ جتلانا۔ علم کرنا۔ کھولنا۔ ظاہر کرنا۔ اطلاع کرنا ؛

أعلام (ع۔ مذکر) علم کی جمع۔ جھنڈے۔ رایات ؛

إعلان (ع۔ مذکر) اشتہار۔ اشتہار دینا۔ خبر دینا۔ نوٹس دینا ؛

أعلم (ع) کسی علم کو سب سے زیادہ جاننے والا ؛

اعلیٰ (ع۔ مذکر) بلند۔ عالی۔ بہت اونچا۔ بڑے پائے کا۔ اونچے درجہ کا۔ ادنےٰ کی ضد ؛

اعلیٰ علیین (ع۔ مذکر) بہشت بلند۔ پاک روحوں کا مقام۔ عزت کے لیے بادشاہوں کو بجائے مرحوم بولتے ہیں ؛

اعم ع (اخص کی ضد) بہت عام بات یا چیز ؛
اعمال (ع مذکر) (عمل کی جمع) کام۔ افعال۔ ورد۔ وظیفے ؛
اعمالنامہ (ف۔ مذکر) وہ کتاب جس میں کراماً کاتبین آدمی کے اعمال لکھتے رہتے ہیں۔ قیامت کے دن کا حساب کتاب اسی کی رو سے ہوگا۔ سروس بک (ملازم کے اعمال کی کتاب) ؛
اعمیٰ (ع۔ مذکر) اندھا۔ نابینا۔ وہ شخص جو مادرزاد اندھا ہو ؛
اعمام (ع۔ مذکر) عم کی جمع۔ چچا اور پھوپھا ؛
اعوام (ع۔ مذکر) (عام کی جمع) بہت سے سال۔ بہت سے برس ؛
اعنی ع یعنی۔ کسی لفظ سے میری مراد یہ ہے ؛
اعوان (ع۔ مذکر) (عون کی جمع) مددگار۔ حمایتی۔ معاون۔ راجپوتوں کی ایک قوم کا نام ؛
اعیان (ع مذکر) عین کی جمع۔ سردار۔ امرا وزرا۔ افراد موجود۔ لفظ عین کے کئی معنی ہیں اور ان کے لحاظ سے اس کی جمع کے اوزان بھی مختلف ہیں۔ چنانچہ عَین بمعنی آنکھ جمع اَعیُن ، عَین بمعنی چشمہ جمع عُیُون۔ عین بمعنی سردار جمع اعیان ؛
اعیانی (ع مذکر) سگے بہن بھائی۔ ماں جائے بہن بھائی۔ وہ بہن بھائی جو ایک ہی ماں باپ سے ہوں ؛

ا - غ

اغذیہ ع۔ مؤنث) غذا کی جمع۔ خوراکیں۔ کھانے۔ غذائیں ؛
اغراض ع۔ مؤنث) غرض کی جمع۔ مطلب۔ مقاصد۔ مدعا۔ ارادے نیتیں ؛
اِغراق (ع۔ مذکر) ڈبو دینا۔ مبالغہ کا ایک درجہ۔ جس کو عقل تو مان لے مگر عادت کے خلاف ہو ؛
اَغلاط (ع مذکر) غلطی کی جمع۔ بھول چوک۔ خطائیں ؛
اِغلاط ع مذکر غلطی کرنا۔ بھول ہو جانا۔ چوک جانا۔ خطا کرنا ؛
اِغلاق ع۔ مذکر) مشکل کرنا۔ عبارت کو مشکل لفظوں سے بھرنا۔ مُغلق ہونا ؛
اِغلام (ع مذکر) لغوی معنی سواری لینا۔ اصطلاح میں لونڈوں کے ساتھ بدفعلی کرنا ؛
اِغلامی (ع مذکر) لونڈے باز ؛
اَغلب (ع مذکر) غالب تر۔ یقینی۔ یقین کے قریب۔ قوی تر ؛
اَغل بَغل (اُردو۔ ع فعل) ایک طرف۔ الگ۔ اِدھر اُدھر۔ آس پاس ؛
اَغلط (ع) سب سے زیادہ غلط ؛
اَغماز (ع مذکر) غمزہ۔ عمزہ۔ ناز۔ اترانا۔ غرور کرنا ؛
اِغماض (ع مذکر) درگزر کرنا۔ چشم پوشی کرنا۔ بے پروائی۔ رو گردانی ؛
اغنیا (ع مذکر) غنی کی جمع۔ امیر لوگ۔ دولت مند۔ زردار لوگ۔ بے پروا لوگ ؛
اِغوا (ع مذکر) ورغلانہ۔ بہکانا۔ ورغلا لے جانا ؛
اغوا کرنا (اُردو فعل) بہکانا۔ ورغلانا۔ اسمارنا ؛
اَغیار (ع مذکر) (غیر کی جمع) بیگانے۔ اجنبی۔ پردیسی۔ دشمن۔ رقیب جن سے رشتہ داری یا دوستی نہ ہو ؛

ا - ف

اُف (ع) حرف صوت۔ مؤنث) اوہ۔ آہ۔ افسوس۔ حسرت اور آہ سرد۔ غلطی اور بھول کے موقع پر یہ کلمہ منہ سے نکلتا ہے ؛
اُف اُف کرنا۔ آہ آہ کرنا۔ کراہنا ؛
اُف کر دینا۔ جلا کر خاک سیاہ کر دینا۔ برباد کر دینا۔ تباہ کر دینا۔
اُف نہ کرنا۔ صبر کر کے بیٹھ رہنا۔ شکایت زبان پر نہ لانا۔
اُف نہ نکالنا۔ اُف نہ کرنا ؛
اف ہو جانا۔ خرچ ہو جانا۔ ناس ہو جانا۔ خاک میں مل جانا ؛
اِفادہ (ع مذکر) فائدہ۔ نفع۔ فائدہ پہنچانا۔ نفع رسانی۔ دوسرے کو فائدہ پہنچانا۔ ہر ایک کو فائدہ بخشنا ؛
اَفاضل (ع۔ مذکر) فضل کی جمع۔ بزرگ۔ عالم۔ فاضل لوگ ؛
افاضہ (ع اسم مذکر) فیض پہنچانا۔ فائدہ دینا ؛
افاغنہ (ع مذکر) افغان کی جمع۔ پٹھان لوگ ؛
اِفاقہ (ع مذکر) آرام۔ صحت۔ بیماری کی کمی۔ فرق۔ ہوش میں آنا ؛
افتاد (ف۔ مؤنث) حاصل مصدر از افتادن۔ دکھ مصیبت کا بڑھ جانا۔ پیدائش۔ فطرت۔ اتفاقیہ۔ بنیاد۔ ابتدا۔ شروع۔ حادثہ ؛
اُفتاد پڑنا (اُردو فعل) بنیاد پڑنا۔ اتفاق پڑنا۔ اچانک حادثہ پیش آنا۔ کسی ایک مصیبت میں آجانا ؛
اُفتادگی (ف۔ اسم مصدری۔ مؤنث) عاجزی۔ خاکساری۔ انکساری
اُفتاں وخیزاں۔ گرتا پڑتا ؛
اُفتادہ (ف۔ اسم مذکر) ناکارہ۔ غیر مزروعہ۔ فضول اور غیر آباد زمین
اُفتادہ ہونا۔ افتاد پڑنا۔
کیسی افتاد ہو خدا جانے۔ حال تقدیر کوئی کیا جانے
افتتاح (ع مذکر) کھولنا۔ شروع کرنا۔ ظاہر کرنا۔ خوب ہضم ہونا۔ کھل کر اجابت ہونا۔ قبض کی ضد ؛
افتتاحی۔ کسی چیز کے آغاز کے متعلق ؛
افتتاحیہ وہ خطبہ یا تقریر جو کسی چیز کا افتتاح کرتے وقت پڑھا جائے
اڈیٹر کا ادارتی نوٹ ؛
اِفتخار (ع مذکر) فخر۔ ناز۔ گھمنڈ۔ بڑائی۔ غرور۔ تکبر کرنا ؛
اِفترا (ع مذکر) جھوٹا الزام۔ تہمت۔ بہتان ؛
اِفترا پرداز (ف۔ اسم مذکر) اسم فاعل ترکیبی۔ تہمت لگانے والا ؛
فسادی ؛
اِفترا پردازی۔ (ف۔ اسم مؤنث) بیائے مصدری۔ تہمت لگانا۔

جھوٹا الزام دینا ؛

اِفتراق (ع۔مذکر) فرق ڈالنا۔ الگ کر دینا۔ علیحدہ کرنا۔ جدا کرنا ؛

اِفتقار (ع۔مذکر) فقیری۔ حاجت مندی۔ مفلسی ؛

اَفتیموں (ع۔مؤنث) اکاس بیل۔ ایک زرد سی بیل ہوتی ہے جس کی جڑ ہوا میں ہوتی ہے۔ درختوں پر پڑی رہتی ہے ؛

اُف تیرا کاٹا نہ جیے (اُردو۔محاورہ) ظالم۔ موذی۔ زہر قاتل۔ دغا باز۔ سانپ ؛

اُفراتفری (اُردو۔مؤنث) ہل چل۔ پریشانی۔ گھبراہٹ۔ کھلبلی ؛

افراتفری پڑنا (اُردو۔محاورہ) کھلبلی پڑنا۔ بھاگڑ پڑنا۔ گھبراہٹ ہونا۔

اَفراد (ع۔مذکر) فرد کی جمع۔ فرد بمعنی ایک چیز۔ آدمی۔ ایک بیت (شعر) ؛

افراسیاب (ف۔مذکر) توران یا قدیم طبرستان کے ایک بہادر بادشاہ کا نام ہے ؛

اِفراط (ع) زیادتی۔ کثرت۔ حد اعتدال سے بڑھ جانا ؛

اِفراط و تفریط (ع۔مؤنث) کمی بیشی۔ زیادتی و کمی۔ بے اعتدالی۔ غیر معتدل حالت ؛

اَفروختہ (ف۔اسم صفت از افروختن) جلا ہوا۔ جلا بھنا۔ روشن۔ چمک دار ؛

اَفروختہ کرنا یا برافروختہ کرنا (اُردو۔محاورہ) بھڑکانا۔ غصہ دلانا ؛

اَفریقہ (ع۔مذکر) نہایت گرم علاقہ۔ ایک بڑا عظم کا نام ہے جو یورپ کے نیچے خط استوا کی سیدھ پر واقع ہے ؛

اُف رے ۔ حرف تعجب۔ مبالغہ۔ کثرت۔ تعجب کے موقع پر بولتے ہیں ؛

اَفزائش (ف۔مؤنث) حاصل مصدر از افزودن) زیادتی۔ بیشی۔ کثرت۔ ترقی ؛

اَفزوں (ف۔مذکر۔اسم صفت) زیادہ۔ کثیر۔ بڑھ کر ؛

افسار (ف۔مؤنث) چھری وغیرہ تیز کرنے کا آلہ۔

افسانہ (ف۔مذکر) قصہ کہانی۔ داستان۔ جھوٹی بات۔ سرگزشت ذکر اذکار۔ چرچا۔ شہرت ؛

افسانہ چھیڑنا۔ قصہ شروع کرنا ؛

افسانہ رہ جانا۔ ذکر باقی رہ جانا ؛

اَفسر (ف۔مذکر) تاج۔ تمکنت۔ حاکم۔ سردار ؛

اَفسردگی۔ (ف۔مؤنث) طبیعت کا بجھ جانا۔ رنجیدہ ہونا۔ اُداسی دلگیری ؛

اَفسردہ (ف۔اسم مذکر) صفت از افسردن) مرجھایا ہوا۔ بجھا ہوا دلگیر۔ اداس۔ غمزدہ۔ رنجیدہ ؛

اَفسردہ خاطر / **اَفسردہ دِل** (ف۔اسم مذکر) صفت مرکب۔ بجھے ہوئے دل والا۔ رنجیدہ دل۔ پژمردہ دل۔ اُداس۔ غمگین ؛

اَفسنتین (ف۔مذکر) ایک مشہور دوا ہے ؛

اَفسوس۔ (ف۔مذکر) رنج۔ پچھتاوا۔ تاسف۔ دریغ۔ غم۔ حسرت ؛

افسوس آنا۔ قلق ہونا۔ تاسف ہونا۔

افسوس رہ جانا۔ حسرت نہ نکلنا۔ قلق باقی رہ جانا۔

افسوسناک۔ افسوس کے لائق۔

اُفسوں۔ (ف۔مذکر) منتر۔ فریب۔ جادو۔ ٹونا۔ ٹوٹکا۔ دھوکا۔ مکر ؛

اِفشا (ع۔مذکر) ظاہر کرنا۔ کھولدینا۔ آشکارا۔ کھلا۔ فاش ؛

اِفشائے راز کرنا (اُردو۔محاورہ) بھید کھولنا۔ راز فاش کرنا۔ بھید ظاہر کرنا ؛

اَفشاں (ف۔مؤنث) چھڑکاؤ۔ سنہری یا رُپہلی برادہ یا پوڈر یا گوٹے قیش کی کترنیں جو عورتیں آرایش کے لیے ماتھے اور مانگ وغیرہ پر چھڑک لیا کرتی ہیں ؛

اَفشاں چُننا (اُردو۔محاورہ) پیشانی اور رخساروں پر پوڈر چھڑکنا۔ اُبٹنا لگانا افشاں لگانا ؛

اَفشُردہ (ف۔اسم مفعول از افشردن) مذکر۔ نچوڑا ہوا۔ یعنی نچوڑ کر میٹھا بنا ہوا شربت جسے افشرہ بھی کہتے ہیں۔ لیموں کی کچی سکنجبین ؛

اَفصح (ع۔مذکر) بڑا خوش بیان۔ نہایت فصیح ؛

اَفضال (ع۔مذکر) فضل کی جمع۔ اللہ کی مہربانیاں۔ عنایتیں بخششیں ؛

اَفضل (ع۔مذکر) بہت بزرگ۔ بڑا فضیلت والا۔ سب سے عمدہ۔ نہایت اچھا ؛

اَفضلیت (ع۔مؤنث) بزرگی۔ بڑائی۔ فضیلت ؛

اِفطار (ع۔مذکر) روزہ کھولنا۔ صوم کی ضد۔ روزہ ختم کر کے کھانا پینا ؛

اِفطار کرنا (اُردو۔فعل) روزہ کھولنا۔ کھانا پینا ؛

اِفطاری (اُردو۔مؤنث) روزہ کھولنے کی چیزیں ؛

اَفعال (ع۔مذکر) فعل کی جمع۔ کام۔ عمل۔ کارگزار۔ خاصیت صیغے جو مصدر سے بنیں ؛

اَفعی (ع۔مذکر) زہریلا سانپ۔ بڑا زہریلا ناگ ؛

افغان (ف۔مذکر) پٹھان۔ افغان یعنی شور کا مزید علیہ بھی ہے ؛

افغانستان (ف۔مذکر) افغانوں کا ملک پاکستان کے ساتھ اسکی سرحد ملتی ہے ؛

اُفق (ع۔مذکر) کنارہ۔ حد نگاہ جہاں زمین اور آسمان ملے ہوئے دکھائی دیتے ہیں ؛

اَفکار (ع۔مذکر) (فکر کی جمع) سوچ بچار۔ غم۔ غور۔ شعر بنانے کی سوچ ؛

اُف کر دینا (اُردو۔محاورہ) جلا کر راکھ کر دینا۔ تباہ کر ڈالنا۔ برباد کر دینا تعجب۔ حیرانی۔ دکھ مصیبت کے وقت اُف کا لفظ زبان پر لانا ؛

اَفگار (ف) زخمی۔ مجروح۔ زخم۔ چور چور ؛

افگندہ۔ (ف۔مذکر) (اسم مفعول از افگندن) پھینکا ہوا۔ ڈالا ہوا۔ گرایا ہوا۔ عاجز۔ منکسر مزاج ؛

اِفلاس (ع۔مذکر) غریبی۔ تنگدستی۔ محتاجی۔ ناداری ؛

اَفلاطون (یونانی) مذکر۔ قدیم یونان کے ایک نامور طبیب کا نام جو ارسطو کا اُستاد اور بقراط کا شاگرد تھا۔ ۳۷۰ قبل مسیح میں ۷۷ برس کی عمر میں فوت ہوا ؛

اَفلاطون کا سالا ۔ (اُر۔ مذکر) بڑا۔ متکبر۔ مغرور۔ وہ آدمی جو کسی بڑے حاکم یا زور آور یا افسر کا رشتہ دار ہو۔ طنزاً بھی غرور کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں ؛

اَفلاک ۔ ع۔ مذکر) فلک کی جمع۔ آسمان۔ اکاس۔ امبر۔ چرخ ؛

اَفواج (ف۔ مؤنث) (فوج کی جمع) لشکر۔ سپاہ۔ جنگی لوگوں کے گروہ ؛

اَفواہ (ع۔ مؤنث) فوہ بمعنی مُنہ کی جمع۔ مجازاً منہ سے نکلی ہوئی بات۔ فضول اور غلط خبر۔ بے بنیاد خبر۔ گپ ؛

اَفواہ اُڑانا (اُر۔ محاورہ) جھوٹی خبر اُڑانا۔ گپ ہانکنا۔ بے تکی بات مشہور کرنا ؛

اُفوہ (اُر) افسوس۔ تعجب اور حیرانی کے موقع پر بولا کرتے ہیں ؛

اَفورڈ (انگ) استطاعت رکھنا۔ روپیہ یا وقت نکالنا ؛ Afford

اَفہام (ع۔ مونث) فہم کی جمع۔ سمجھیں۔ اٹکلیں۔ دانائیاں بانا

اِفہام (ع۔ مصدر) سمجھانا۔ بتانا۔ جتانا۔ سوجھانا ؛

اَفیم (اُر۔ مؤنث) مشہور نشیلی اور زہریلی چیز ہے جو پوست کے دودھ کو جما کر بناتے ہیں۔ افیون ؛

اَفیم کھائے امیر یا کھائے فقیر ۔ (اُر۔ مثل) امیر یا فقیر کے سوا اور کسی کو افیم نہیں کھانی چاہئے۔ اوّل تو لاغر کر دے گی۔ دوسرے اونگھ۔ غفلت اور سستی بہت پیدا کر دے گی اور آدمی ناکارہ ہو جائے گا۔ کاروباری کو افیون کھانی بہت نقصان کا باعث ہو گی ؛

اَفیمی تین منزل سے پہچانا جاتا ہے ۔ (اُر۔ محاورہ) افیمی کی شکل ہی نرالی ہوتی ہے۔ لوگ دور سے دیکھ کر پہچان جاتے ہیں۔ سست اور کاہل آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں ؛

اَفیون ۔ (اُر۔ مؤنث) افیم۔ پوست کے ڈوڈے کا رس ؛

اَفیونی۔ اَفیمی۔ افیمی چیڑا۔ افیمچی۔ (اُر۔ مذکر) افیم کھانے والا۔ جو افیون کے بغیر گزارا نہ کر سکے۔ افیون کے نشہ میں غفلت رہنے والا ؛

اَفیون کا گھولوایا گھولا ۔ (اُر۔ مذکر) پانی میں افیم گھولی ہوئی۔ افیون کا گھلا ہوا قدح (پیالہ) ؛

اَفیون کا جوگا ۔ میل جو گھلنے کے بعد رہ جاتا ہے ؛

اَفیونی جنونی (اُر۔ مذکر) افیم کھانے والا۔ دیوانہ وار ہوتا ہے۔ ہوش ٹھکانے نہیں رہتے۔ لہٰذا پاگل ہو جاتا ہے۔ افیمی اور پاگل دونوں برابر ؛

ا - ق

اَقادِیمہ (مؤنث۔ انگ) اکیڈمی کا معرب۔ علم و ادب کو ترقی دینے والی جماعت ؛

اَقارب (ع۔ مذکر) قریب کی جمع۔ قریبی لوگ۔ خاص رشتہ دار۔ گھر خاندانی ؛

اِقالہ (ع۔ مذکر) بیع کو مسترد کرنا۔ معافی چاہنا ؛

اَقالیم (ع۔ مؤنث) اقلیم کی جمع۔ ولایت۔ الگ الگ لوگوں نے ملک۔ آب و ہوا کے لحاظ سے زمین کی تقسیم سات حصوں میں کی ہے۔ ان میں سے ہر ایک حصہ ایک اقلیم کہلاتا ہے۔ آجکل کے جغرافیہ دانوں نے پانچ حصے کیے ہیں ؛

اِقامت (ع۔ مؤنث) ٹھہرنا۔ قیام کرنا۔ کھڑے ہونا۔ نماز کی تکبیر جس کے بعد فرضوں کی نیت باندھتے ہیں ؛

اَقانیم (ع۔ اُقنوم کی جمع) جڑیں۔ اصل بنیادیں ؛

اِقبال (ع۔ مذکر) خوش قسمتی۔ نصیب ساتھ ہونا۔ نیک نصیبی۔ کامیابی۔ دولت قرار ماننا۔ بدولت۔ برکت۔ قبول کرنا۔ پاکستان و ہند کے مشہور اردو و فارسی شاعر جنھیں حکیم الامّۃ بھی کہتے ہیں ؛

اِقبال دعوے (ع۔ اسم مذکر) مخالف کے دعوے کو مان لینا۔ حاکم کے سامنے اپنے حریف کے دعوے کو درست تسلیم کرنا ؛

اِقبال کا آفتاب ڈھلنا شروع ہوا ۔ (اُر۔ فقرہ) بدقسمتی کا آغاز ہو گیا برے دن آنے شروع ہو گئے ؛

اِقبال مند (ف۔ اسم مذکر) بھاگوان۔ قسمت والا۔ خوش نصیب ؛

اِقبال مندی (ف) خوش قسمتی۔ نیک نصیبی ؛

اِقبالی۔ جس نے اپنے کیے ہوئے کام کا اعتراف کر لیا ہو ؛

اِقتباس (ع۔ مذکر) روشنی لینا۔ نور حاصل کرنا۔ چھانٹنا۔ انتخاب کرنا۔ نقل کرنا۔ کسی کلام سے کچھ لے لینا ؛

اقتباسیا۔ وہ چار اُلٹے واؤ جو کسی کی عبارت نقل کرنے میں لگائے جائیں ؛

اِقتدا (ع۔ مؤنث) پیروی کرنا۔ پیچھے چلنا۔ اطاعت کرنا ؛

اِقتدار (ع۔ مذکر) طاقت۔ قدرت۔ قوت۔ اختیار۔ حکومت ؛

اِقتدار جائز (ع۔ مذکر) وہ اختیار جو قانوناً درست اور جائز ہو ؛

اِقتران (ع۔ مذکر) نزدیک ہونا۔ پاس ہونا۔ قرین ہونا ؛

اقتصاد (ع۔ مذکر) میانہ روی۔ اعتدال سے کام کرنا ؛

اقتصادی۔ مالی۔

اقتصادیات (ع۔ اسم مذکر) مالیات سے تعلق رکھنے والا ؛

اِقتضا (ع۔ مذکر) خواہش۔ چاہنا۔ وجہ۔ سبب۔ ضروری۔ تقاضا ؛

اِقتنا (ع۔ مذکر) حاصل کرنا۔ پانا۔ لینا ؛

اِقدام (ع۔ مذکر) پیش قدمی کرنا۔ آگے بڑھنا۔ دلیری۔ ارادہ۔ قصد۔ ارتکاب فعل ؛

اَقدس (ع۔ مذکر) نہایت پاک۔ بالکل بے عیب ؛

اِقرار (ع۔ مذکر) ہاں کرنا۔ مان لینا۔ قبول کر لینا۔ وعدہ۔ قول۔ عہد۔ زبان کر لینا ؛

اِقرار صالح (ع۔ مذکر) حلفی بیان۔ پکا اقرار۔ درست اقرار ؛

اِقرار لینا۔ عہد لینا۔ وعدہ لینا ؛

اِقرار مدار۔ قول قرار۔ عہد پیماں ؛

اِقرار نامہ (ف۔ مذکر) وہ کاغذ جس پر وعدہ لکھ کر دیا جائے۔ اقرار کا تمسک

باؤنڈ ؛

اقراری (ع۔ مذکر) اقبالی۔ مان لینے والا۔ تسلیم کر لینے والا۔ اپنے جرم کا اقبال کر لینے والا ؛

اقران (ع۔ مذ) قرین کی جمع۔ ہمسر ہمعصر۔ دوست۔ مثال ؛

اقرب (ع۔ مذکر) بہت نزدیک۔ نہایت قریب ؛

اقربا (ع۔ مذکر) قریب کی جمع۔ نزدیکی رشتہ دار۔ قریب کے رشتے دار قریبی بھائی بند۔ یگانے۔ اپنے ؛

اقساط (ع۔ مذکر) قسط کی جمع۔ حصے ٹکڑے۔ اجزاء ؛

اقسام (ع۔ مونث) قسم کی جمع۔ قسمیں انواع۔ طرحیں ؛

اقیسوس : ایک کٹیلا درخت ایک بوٹی ؛

اقصا (ع۔ اسم مذکر) بہت دور۔ نہایت پرے۔ مسجداً قصا۔

اقتصادی ا۔ مالی۔

اقتصادیات ا۔ مالیات سے تعلق رکھنے والا

اقطار (ع۔ اسم مونث) قطر کی جمع۔ دائرے کے مرکز سے گزر کر محیط پر ختم ہونے والے خطوط۔ جو دائرے کو نصفا نصف کر دیتے ہیں۔

اقل (ع۔ اسم مونث) نہایت قلیل بالکل تھوڑا۔ حقیر ؛

اقلیدس (یونانی۔ اسم مذکر) اقلی بمعنی کنجی + دس بہ معنی ہندسہ علم ہندسہ کی کنجی۔ ریاضی کی ایک کتاب کا نام ہے جس کے مصنف کا نام بھی یہی تھا۔ یہ شخص مصر میں ہوا ہے اس نے سکندریہ میں ریاضی کا مدرسہ قائم کیا تھا ؛

اقلیم (ع۔ اسم مونث) ولایت، ملک۔ دیس۔ آباد زمین کا ساتواں حصہ حسب تقسیم قدیم ؛

اقنوم (ع۔ مونث) جڑ۔ بنیاد۔ اصل۔ دین مسیحی میں خدا کا ہر جزو یعنی (باپ بیٹا روح القدس) میں سے ہر ایک ؛

اقوا ا۔ (ع۔ مذ) قافیے کا ایک عیب ؛

اقوال ا۔ (ع۔ مذکر) قول کی جمع۔ باتیں۔ گفتگو میں کلام ؛

اقوام (ع۔ مونث) قوم کی جمع۔ قومیں۔ فرقے۔ ذاتیں ؛

اقویا (ع۔ مذکر) قوی جمع۔ زبردست۔ زور آور۔ مضبوط لوگ ؛

اوقیانوس (یونانی۔ مذکر) ایک سمندر کا نام ہے جسے بحر ظلمات اور ایٹی لین تک بھی کہتے ہیں۔

ا - ک

اک (ہ) ایک کا مخفف ہے ؛

اک آگ لگ گئی ا۔ اک زائد ہے جو بعض اوقات بہت کے معنی دیتا ہے۔

؎ اللہ رے گرمیاں میرے معشوق کی امیر
آیا خیال دل میں تو اک آگ لگ گئی

اک اکیلا ا۔ تن تنہا ؛

اکا (ہ) لغوی معنی ایک سے نسبت رکھنے والا۔ ایک گھوڑے کی گاڑی یکہ۔ بازو پر باندھنے کا ایک پنگنے کا تعویذ ایک بتی کا شمع دان۔ پہلوانوں کے اٹھانے کا بھاری مگدر۔ تاش کا ایک پتے والا پتا۔ اپنی کمپنی کے سپاہیوں کی رپورٹ دینے والا سپاہی۔ احدی (بادشاہی زمانے میں ہوتے تھے) بے مثل۔ اکیلا۔ تنہا۔ اپنے ہنر میں نہایت کامل ؛

اک نظر ا۔ ایک بار دیکھنا۔

اک منزلا ا۔ وہ مکان جس پر بالاخانہ نہ ہو۔

اک قلم ا۔ بالکل۔ یک لخت۔

اک عمر ا۔ جن کی عمر ایک ہی ہو۔ ہم عمر۔

اک سو ہونا ا۔ مطمئن ہونا ؛

اکابر (ع۔ ا۔ مذکر) اکبر کی جمع۔ بڑے آدمی۔ بزرگ۔ صاحب اقتدار لوگ حیثیت والے ؛

اکا دکا (ہ۔ مذکر) اکیلا دکیلا۔ ایک آدھ۔ کوئی کوئی۔ بہت کم خال خال ؛

اکادشی (ہ) مونث ہندی مہینے کی گیارھویں تاریخ جس کو ہندو برت رکھا کرتے ہیں۔

اکاذب (ع۔ مذ) کذب کی جمع۔ بہت جھوٹے ؛

اکارت } (ہ۔ اسم صفت) ضائع۔ برباد۔ بے فائدہ۔ خراب۔ نکما۔
اکارتھ } ناکارہ ؛

اکاسی (ہ) اسم عدد۔ اسی اور ایک ۔ ۸۱ ۔ ۸۱ ؛

اکانوے (ہ) اسم عدد۔ نوے اور ایک ۔ ۹۱ ۔ ۹۱ ؛

اکاون یا اکیاون (ہ) اسم عدد۔ پچاس اور ایک ۔ ۵۱ ۔ ۵۱ ؛

اکاؤنٹ (انگ۔ مذکر) حساب کتاب ؛ Account

اکاؤنٹنٹ (Accountant) محاسب۔ حساب کی پڑتال کرنے والا منیم۔

اک سوانگ ہے ا۔ ناپائیدار۔

اک سرے سے ا۔ سارے کا سارا۔ اک طرف سے۔ تمام و کمال ؛

اک رخی ا۔ جس کے دونوں رخ یکساں نہ ہوں ؛

اک ذرا ا۔ کچھ۔ ذرا ؛

اک دم ایک بارگی ؛

اک خدائی ا۔ سارا جہان۔ بہت لوگ ؛

اک چیز ہونا ا۔ یکتا ہونا۔ نایاں ہونا ؛

اک جہاں ا۔ سارا جہان ؛

اک جان کا عذاب اک چین ا۔ جان کے لیے جنجال اور مصیبت ؛

اک پیچا ا۔ ایک دفع کی ترچھی پگڑی ؛

اک پوتیا ا۔ وہ دروازہ جو ایک ہی کواڑ کا ہو ؛

اکبارگی ا۔ اچانک۔ یکایک ؛

اک بار ا۔ دفعتہً۔ ایک مرتبہ۔ ناگہاں ؛

اک بات کی بات ا۔ دم بھر میں ؛

اکاؤنٹنٹ جنرل (انگ۔ اسم مذکر) حساب کتاب کا اعلیٰ افسر ؛ Accountant General

اکائی (ہ) مونث۔ ایک۔ اکیلا۔ گنتی کا پہلا درجہ۔ اصطلاح علم ریاضی میں ایک سے نو تک کا ہر ہندسہ۔ کیونکہ ایک درجہ پر لکھا جاتا ہے۔

اکبار یا اکبارگی (ہ۔ تابع فعل) ایک دم۔ یک لخت۔ دفعتہً۔ ناگاہ۔ ایک ہی دفعہ ؛

اکبر (ع۔ مذکر) سب سے بڑا۔ بہت بزرگ۔ خاندان مغلیہ کا تیسرا مشہور بادشاہ جس کا نام جلال الدین اور لقب اکبر تھا ہمایوں کا بیٹا تھا۔ اردو کا ایک

ظریف شاعر اکبر حسین اکبر الہ آبادی۔
اکبری (اُ۔ مونث) ایک عورت کا نام۔ جس کا قصہ مراۃ العروس میں ہے۔
اکبری نورتن (اُ۔ مذکر) اکبر بادشاہ کے نو وزیر۔ جن میں سے ہر ایک کو بوجہ اعلیٰ قابلیت کے رتن یعنی جواہر کہا گیا ہے۔ وہ یہ ہیں۔
(۱) مرزا عبدالرحیم خانخاناں (۲) خان اعظم مرزا عزیز کوکلتاش (۳) حکیم ابوالفتح گیلانی۔ (۴) ملک الشعرا ابوالفیض فیضی۔ (۵) علامہ ابوالفضل مومن الدولہ (۶) حکیم ہمام (۷) راجہ مان سنگھ پنج ہزاری (۹) راجہ بیربل سہ ہزاری ؛
اِک پیچا (ع۔ اسم مونث) ایک خاص قسم کی پگڑی۔ صرف ایک پیچ کا حقہ چھوٹا پیچوان ؛
اُکت (ع۔ مونث) ذہنی قوت۔ ایجاد کی طاقت۔ ذکا۔ ذہانت ؛
اُکتا جانا (ہ۔ محاورہ) بیزار ہو جانا۔ تنگ ہونا۔ دل برداشتہ ہونا اُچاٹ ہونا ؛
اِکتارا (ع۔ مذکر) ہندو فقیروں کا بھجن گانے کا تنبورا۔ ایک نہایت باریک ڈور یعنے سے مشابہ کپڑا۔ ایک تار کا تانگا ؛
اکتالا (ع۔ مذکر) نغمہ کے ایک اصول کا نام ہے۔ طبلے کی ایک تان کا نام بھی ہے۔
اُکت سے کرنا (ہ۔ محاورہ) اپنی طبیعت اور ذہانت سے کرنا۔ ایجاد طبع سے کرنا ؛
اکتالیس (ع) اسم عدد۔ چالیس اور ایک۔ چہل و یک۔ ۴۱۔ ۴۱ ؛
اُکتانا (ع۔ فعل) دل برداشتہ ہونا۔ ملول ہونا۔ بیزار ہونا۔ تنگ ہونا ؛
اُکتائی کھماری ناخن سے مٹی کھودے (ع۔ مثل) بے ادبی سے کام کرنے کے وقت بولا کرتے ہیں ؛
اکتساب (ع۔ مذکر) کمانا۔ حاصل کرنا۔ سعی اور کوشش سے پیدا کرنا۔ کوئی کسب یا ہنر کر کے حاصل کرنا ؛
اکتفا کرنا (اُ۔ محاورہ) کفایت کرنا۔ کافی جاننا قناعت کرنا۔ بس کرنا ؛
اکتوبر October انگ انگریزی سال کا دسواں مہینا ؛
اکتیس (ع۔ اسم عدد) تیس اور ایک۔ سی و یک۔ ۳۱۔ ۳۱ ؛
اکثر (ع۔ اسم صفت) بہت۔ عموماً۔ ہمیشہ۔ بارہا۔ کثرت کی ضد ؛
اکثر اوقات (ع) بارہا۔ کئی دفعہ۔ خاص کر۔ خصوصاً ؛
اکٹ (انگ۔ اند) ایکٹ۔ قانون۔ ضابطہ آئین ؛
اکٹھا (ع۔ اسم صفت) باہم۔ مل کر۔ ملی جلی کر ؛
اِک چھت (ع۔ اسم مذکر) ایک چھتر راج۔ ساری دنیا کی بادشاہی۔ شہنشاہی۔ سارا جگ ؛
اک جہاں یا ایک جہاں دیکھا ہے (ع۔ مثل) بڑا سیاح ہے بڑا جہاندیدہ ہے۔ ہوشیار تجربہ کار ہے ؛
اکجا (اُ۔ تابع فعل) اکٹھا۔ ایک ہی جگہ۔ بہ ہیئت مجموعی ؛
اک در (اُ۔ اسم مذکر) ایک دروازے والا دالان۔ ایک در کا مکان ؛
اک ڈالا (ع۔ اسم مذکر) ایک چمنی کا دیوار گیر لیمپ۔ ایک ہی چیز کا ؛
اک ڈال (ع۔ اسم صفت) بے جوڑ۔ یکساں دو چھری یا خنجر جس کا پھل اور دستہ ایک ہی لوہے کا ہو ؛

اکر (ع۔ اسم مونث) (الف نافیہ۔ کر بمعنی محصول) محصول سے معاف چیز ؛
اکڑا (ع۔ مذکر) مہنگا۔ گراں (ہندو لوگ بولتے ہیں) ایک قسم کی ادنیٰ گھاس ؛
اکرام (ع۔ مذکر) کرم کرنا۔ بخشش کرنا۔ عزت کرنا۔ تعظیم و توقیر۔ بزرگی ؛
اکراہ (ع۔ اسم مذکر) گھن۔ نفرت۔ بیزاری ناپسند۔ جبر۔ زبردستی ؛
اک رُخا (اُ۔ اسم صفت) یک طرفہ۔ ایک پہلو پر رہنے والا۔ حنیف ؛
اکڑ (ع۔ اسم مونث) ٹیڑھا پن۔ شیخی۔ غرور۔ نخوت شوخی سختی۔ اینٹھ۔
اکڑا (ع۔ مذکر) سخت اینٹھا ہوا۔ سردی سے سکڑا ہوا ؛
اکڑ باز (ع۔ مذکر) مغرور۔ اینٹھو خاں۔ چھاتی تان کر چلنے والا آدمی ؛
اکڑ کے چلنا (ع۔ فعل) اترا کر چلنا۔ متکبرانہ اور مغرورانہ چلنا ؛
اکڑ وڑا (ع۔ اسم مذکر) زچہ کو پلانے یا آبدست کروانے کی کسیلی دوائیاں ؛
اکڑنا (ع۔ فعل) غرور کرنا۔ زور دکھانا۔ سرکشی کرنا۔ ٹھٹھرنا۔ سکڑنا ضد کرنا۔ ناراض ہونا۔ چھاتی اُبھارنا ؛
اکڑوں کرنا (ہ۔ محاورہ) غرور کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔ بل دکھانا ؛
اکڑوں بیٹھنا (ہ۔ محاورہ) پاؤں کے بل اس طرح بیٹھنا کہ پنڈلیاں کھڑی رہیں اور چوتڑ زمین اور ایڑیوں سے الگ رہیں ؛
اکسار (ع۔ اسم صفت) یکساں۔ ہموار۔ برابر۔ ہموزن۔ ہم شکل۔ مشابہ ؛
اکسانا (ع۔ فعل) اُبھارنا۔ چراغ کی بتی بڑھانا۔ بھڑکانا۔ اُٹھانا۔ برانگیختہ کرنا ؛
اکسپورٹس (انگ۔ اند) مال برآمد۔ تجارتی مال وغیرہ ملکوں کو بھیجا جائے ؛
اکسائز (انگ۔ ہو) آبکاری کا محکمہ۔ چونگی وغیرہ کا محصول Excise
اکسپرٹ ا۔ ماہر۔ مشاق ؛ Expert
اکسٹرا ا۔ ضرورت سے زائد ؛ Extra
اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر (انگ) زائد نائب کمشنر Extra Assistant Commissioner
اکسٹھ (ع) اسم عدد۔ ساٹھ اور ایک۔ ۶۱۔ ۶۱ ؛
اکسنا (ع۔ فعل) اُبھرنا۔ سر اُٹھانا۔ اُٹھنا۔ متحرک ہونا۔ ہلنا۔ ذرا جنبش کرنا۔ بہتر حالت میں ہونا ؛
اُکسنے نہ دینا (ع۔ فعل) اُبھرنے نہ دینا ہلنے نہ دینا۔ بہتر حالت ہونے نہ دینا ترقی نہ کرنے دینا ؛
اِکسیر (ع۔ مونث) (ادنیٰ) دھاتوں کو اعلیٰ بنانیوالی دوائی۔ کیمیا۔ پارس (سائنس ہر مرض میں مفید دوا۔ نہایت مفید چیز ؛
اِکسیر گر (ع۔ مذکر) کیمیا گر۔ مہوس۔ کیمیا بنانے والا۔ سونا بنانے والا ؛
اِک گونہ (اُ۔ صفت) تھوڑا سا۔ ایک طرح کا۔ ایک قسم کا۔ ایک طرز کا۔ ذرا سا ؛
اُکلانا (ع۔ فعل) اُکتانا۔ متلانا۔ بے قرار ہونا۔ تھک جانا۔
اُکل کُھرا جگ سے بُرا (ع۔ مقولہ) خود غرض بے مروت آدمی سب سے بُرا۔ تند خو حاسد کی نسبت بولا جاتا ہے۔
اِکلوتا (ع۔ مذکر) اکیلا بیٹا۔ ایک ہی بیٹا۔ وہ بیٹا جو ماں باپ کے ہاں ایک ہی ہو ؛
اکسیڈنٹ (انگ) اتفاق کی بات۔ ناگہانی واقعہ۔ حادثہ۔ سانحہ۔ واردات ؛ Accident
اکل و شرب (ع۔ مذکر) کھانا پینا ؛
اکلینا (پوربی) کمینہ۔ نیچ۔ فرومایہ۔ ادنیٰ ذات کا ؛
اکلیل (ع۔ مذکر) تاج۔ مکٹ۔ کلاہ۔ ٹوپی ؛

اکلیل الملک ا۔ (ع۔ مذکر) جھوپھلی۔ ایک گرم خشک دوائی جو لیپ کے کام آتی ہے۔

اکمل ا۔ (ع۔ مذکر) نہایت کامل۔ نہایت قابل۔ اپنے فن میں کامل۔

اِک منزلہ ا۔ (ع۔ مذکر) ایک چھت والا مکان۔ وہ مکان جس پر چوبارہ نہ ہو۔

اِکنالجمنٹ ۔ یا۔ **ایکنالجمنٹ** (Acknowledgement) رسید۔ اقرار

اَکناف ا۔ (ع۔ تابع فعل) کنف کی جمع۔ اطراف۔ کنارے۔ طرفین بستیں۔

اِک نظر دیکھنا ا۔ (اُر۔ محاورہ) ذرا، ورا دیکھنا۔ تھوڑی دیر دیکھنا۔ ایک دفعہ دیکھنا۔

اِکنگ ا۔ (ہ۔ اسم مونث) ایک کھیل کا نام ہے۔ جو گتکے کی طرح ڈھال کے بغیر کھیلا جاتا ہے۔ یک رنگ۔ اپنے قول سے نہ پھرنے والا۔ یک رخا۔

اکوتا ا۔ (ہ) ایک قسم کی پھنسیاں جو گھٹنے کے نیچے چھوٹا سا نکلتی اور بڑھتی رہتی ہیں۔ سوداوی مرض۔

اِکوٹا ا۔ (ہ۔ اسم مذکر) ایک ایک کر کے چنا ہوا۔ دانہ دانہ کر کے صاف کیا ہوا۔ اناج پھٹکا پھٹکایا۔

ایکوریٹ ا۔ (انگ۔ ا۔ مذ Accurate) درست۔ صحیح۔ ٹھیک۔ ٹھیک۔

اکولا ا۔ (ہ۔ مذکر) ہندوستان میں ایک مشہور شہر ہے۔

اِکہ ا۔ (ہ۔ مذکر) یکہ۔ یکا۔ ایک گھوڑے کی گاڑی۔ ایک بیل گاڑی۔

اکھاڑا ا۔ (ہ مذکر) پہلوانوں کا دنگل۔ مجلس۔ محفل۔ جیسے راجا اندر کا اکھاڑا۔

اکھاڑ پچھاڑ ا۔ (ہ۔ مونث) اول۔ بدل۔ فضیحت۔ لگائی۔ لگتری۔ جھوٹی شہادت۔ بیخ کنی۔

اکھاڑنا یا اکھیڑنا ا۔ (ہ۔ فعل) جڑ سے نکال ڈالنا۔ باہر نکالنا۔ نوکری سے جدا کرنا۔ کسی چیز سے دل ہٹانا۔ کھونٹے وغیرہ کا زمین سے باہر لانا۔ قبر کھودنا۔ بے دخل کرنا۔ ڈھانا۔ گاڑنا کی ضد۔

اکہتر ا۔ (ہ) اسم عدد۔ ستر اور ایک۔ ۷۱، ۷۱۔

اکھٹا ا۔ (ہ۔ اسم صفت مذکر) جمع۔ ڈھیر لگایا ہوا۔ یکجا شدہ۔ ایک ساتھ۔ سب سے مل کر۔ ایک ہی دفعہ۔ اس لفظ کو اکھٹا بھی لکھتے ہیں۔

اِکہرا ا۔ (ہ۔ مذکر) دوہرے کی ضد۔ ایک ہی تہ کا۔ اکیلا۔ ایک ہی۔

اکہرا بدن ا۔ (ہ۔ مذکر) دبلا بدن۔ لاغر جسم۔ چھریرا۔

اکھرنا ا۔ (ہ) برا لگنا۔ ناگوار گزرنا۔

اکھروٹ ا۔ (ہ۔ مذکر) ناگوار) اخروٹ۔

اکھڑ ا۔ (ہ۔ اسم صفت) سخت مزاج۔ جاہل۔ ناشائستہ۔ بے تمیز۔ جھگڑالو۔ اجڈ۔ بد طبع۔ بھلائی کی بات کی طرف منہ تک نہ کرنے والا۔ سرکش۔

اکھڑپن ا۔ (ہ۔ اسم مذکر مصدری) تند مزاجی۔ جہالت۔ بے تمیزی۔ ضد۔ سرکشی۔

اکھڑنا ا۔ (ہ۔ فعل) جڑ سے الگ ہونا۔ نوکری سے موقوف ہونا۔ دل برداشتہ ہونا۔ شکست کھانا۔ عضو کا ٹوٹنا۔ سانس کھلے طور پر نہ آنا۔ تال سُر سے دور چلے جانا۔ گاہک بچلنا۔ بھڑکنا۔ ڈھے جانا۔ اوپر اٹھنا۔ رفتار میں فرق آنا۔ خیمہ اٹھنا۔ کھدنا۔ گڑی، ہوئی چیز کا باہر آنا۔ رنجیدگی۔

اکھڑی اکھڑی باتیں کرنا ا۔ (اُر۔ محاورہ) رنج بھری باتیں کرنا۔ نارضی بن جتانا۔ دل اچاٹ ہونے کی گفتگو کرنا۔

اکھو لا ا۔ (ہ۔ مذکر) گنے کا اوپر کا حصہ جو کم میٹھا ہوتا ہے۔ (پنجابی آک۔)

اکھوا ا۔ (ہ۔ مذ) گنے کی آنکھ۔

اکھوا کا کھوا یا مکھو کرنا ا۔ (ہ۔ محاورہ)۔ چراغ کی لو پر ہاتھ لیجا کر بچے کے منہ پر پھیرنا۔ بچوں کو بہلانے کا ایک طریقہ ہے۔ کہا کرتی ہیں۔ اکھوا کا کھوا گول مٹکو۔ جو میرے ننھے کو نظر لگا دے اسکی آنکھ میں تا کو۔

اکھنڈ ا۔ (ہ۔ مذکر) نوعمر اور کمسن بچھیرا۔ ناقابل تقسیم

اکید ا۔ (ع) تاکید کے ساتھ

اکیڈمی ا۔ (انگ۔ ا۔ مو) دیکھو اقادیمہ۔ Academy

اکیس ا۔ (ہ) اسم عدد۔ بیس اور ایک۔ بست و یک۔ ۲۱۔ ۲۱۔

اکیس رہنا (ہ۔ محاورہ)۔ غالب رہنا۔ نفع میں رہنا۔ فائدے میں رہنا۔

اکیلا ا۔ (ہ۔ مذکر) دکیلا کی ضد۔ تنہا۔ مجرد۔ جدا۔ واحد۔ غیر آباد۔ سونا۔ خالی۔ یکتا۔ لاثانی۔

اکیلا دکیلا ا۔ (ہ) اکیلا۔

اکیلا چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا ا۔ (اُر۔ مثل) اکیلا آدمی کسی بڑی مہم کو سرانجام نہیں دے سکتا۔

اکیلا ہنستا بھلا نہ روتا ا۔ (اُر۔ مقولہ) اکیلے کی خوشی اور غم دونوں ہی بے سود۔ نہ خوشی میں کوئی شامل نہ غم میں شریک۔

اکیلی تو لکڑی بھی نہیں جلتی ا۔ (ہ) اکیلے سے کوئی کام نہیں ہو سکتا اکیلا بالکل ناکارہ۔ مثل۔

اکیلی جان ا۔ (ہ۔ اسم مونث) تن تنہا۔ نہ دوست۔ نہ یار۔ نہایت بدمزہ زندگی۔

اکیلے چلیے نہ باٹ جھاڑ بیٹھیے کھاٹ ا۔ (ہ۔ مقولہ) اکیلے سفر نہ کرو۔ چارپائی کو پہلے جھاڑ لو پھر اس پر بیٹھو۔

اکیلی تو خدا کرے بن میں لکڑی بھی نہ ہو ا۔ (ہ۔ مقولہ) تنہا چیز بُری معلوم ہوتی ہے۔ منحوس ہوتی ہے۔

لہذا یہ فقرہ اُس وقت بولتے ہیں جب کسی اکیلے آدمی کے رنج و غم میں کوئی شامل نہیں ہوتا۔

اکیلے دوکیلے کا اللہ بیلی ا۔ (اُر۔ مثل) اکیلے آدمی کا اللہ ہی دوست اور حافظ ہے۔

اکیلنا ا۔ (ہ) دھیرنا۔ چھیلنا۔ مغز کو پوست سے الگ کر دینا۔ بٹے ہوئے دھاگے کا بل نکالنا۔

ا - گ

اُگاڑنا ۔ (ہ ۔فعل) کنواں صاف کرنا۔ سیاہ کیچڑ وغیرہ کنوئیں سے نکال پھینکنا۔

اَگاڑی :۔ (ہ ۔اسم مونث) رُو برو۔ آگے سامنے ۔ آگے کا حصہ ۔ وہ رسّی جو گھوڑے کے گلے میں باندھ کر دائیں بائیں دو میخوں میں باندھ دی جاتی ہے۔ کپڑے کا سامنے کا حصہ۔ (کرتے وغیرہ)

اَگاڑی پچھاڑی :۔ ذمہ داریاں۔

اُگال :۔ (ہ ۔اسم مذکر) پان کی پیک ۔ اُگلی ہوئی چیز۔

اُگال دان :۔ (ف۔ اسم مذکر) پیک ڈالنے اور تھوکنے کا برتن۔

اُگانا :۔ (ہ) اگنا کا متعدی۔

اُگاہنا } (ہ ۔فعل) وصول کرنا۔ حاصل کرنا۔ لینا۔ لگان یا قسط، سرکاری وصولی کرنا۔
اُگراہنا }

اُگاہی۔ یا۔ اگراہی :۔ (ہ اسم مونث وصولی۔ واجب الوصول بقایا تحصیل۔

اُگٹا پلیچی :۔ (ہ ۔اسم مونث) مہنہ۔ طعنہ۔ احسان جتا کر چڑانا۔ بُرا بھلا کہنا۔

اُگٹنا یا اگٹنا :۔ (ہ ۔فعل) اصلی معنی اُجاڑنا یا اکھاڑنا۔ مجازاً طعنہ دینا بُرا بھلا کہنا۔ پٹنا۔ بکھاننا۔ عیب جوئی کرنا۔ احسان جتانا۔

اگد :۔ (ہ ۔اسم صوت) مہاوتوں کی اصطلاح میں ہاتھی کو تیز چلانے کی آواز

اگر :۔ (ف ۔حرف شرط) جب۔ بشرطیکہ۔ بالفرض ۔ جو۔

اگر :۔ (ہ ۔اسم مذکر) عود ہندی ۔ ایک خوشبودار درخت ۔ جس کی لکڑی جلانے میں صندل کی سی خوشبو دیتی ہے۔

اگرچہ :۔ (ف ۔حرف شرط) ہرچند۔ باوجودیکہ۔ گو کہ۔ ہر طرح۔

اگردان یا اگر سوز :۔ (ف۔اسم مذکر) وہ انگیٹھی جس میں اگر کی بتیاں جلاتے ہیں۔ اگردٹا۔

اگر کی بتی :۔ (ف۔مونث) اگر صندل اور چند اور خوشبودار چیزیں ملا کر بتیاں بناتے ہیں۔ ان کو مجلسوں اور محفلوں میں خوشبو اور ہوا کی صفائی کے لیے جلاتے ہیں۔

اگر ماند شبے ماند دیگر نمے ماند :۔ (ف ۔مثل) تھوڑی دیر کی چہل پہل ہے۔ ناپائدار ہے۔ اگر رہی رات بھر رہے گی۔ دوسری رات ختم۔

اگر مگر کرنا :۔ (ہ ۔محاورہ) حجت کرنا۔ حجتیں نکالنا۔ جھگڑنا۔ کج بحثی کرنا۔ پیچ کھانا۔

اگروال ۔ یا ۔ اگروالا :۔ (ہ ۔مذکر) بنیوں کا ایک فرقہ ہے۔ اگرداہا سے آیا ہوا ہے۔

اگری ۔ یا ۔ اگری :۔ (ہ) ایک رنگ کا نام جو اگر کے رنگ جیسا ہوتا ہے۔ بھاروں کی ایک ذات۔

اگڑم بگڑم :۔ (ہ ۔اسم مونث) بیہودہ باتیں۔ بکواس۔ ہزلیات ۔ واہیات۔

اگڑ دھوں دھوں :۔ (ہ ۔اسم مذکر) دھونسے کی سی آواز۔ موٹا آدمی بھاری بدن کا مرد۔ پھپس آدمی۔

اِگزالٹڈ ہائینیس :۔ (انگ ۔ا۔مذ) مذکر۔ اعلیٰ حضرت یہ خطاب صرف اعلیٰ حضرت میر عثمان علی خاں بہادر نظام الملک سابع کے لیے۔ شہنشاہِ ہند کی طرف سے عطا ہوا۔

اگزی بیشن :۔ (انگ ۔ا۔مذ) نمایش ۔ ہنر۔ دستکاری۔ اور کرتب وغیرہ کا تماشا۔ Exhibition

اگزیمی نیشن :۔ Examination ۔ امتحان۔ آزمایش۔ جانچ۔

اگست :۔ (انگ ۔ا۔مذ) مذکر۔ انگریزی سال کا آٹھواں مہینا اکتیس دن کا۔ August

اگست :۔ (ہ) اگست منی یعنی سہیل یمن ۔ ایک ستارے کا نام ہے۔ جس کے اثر سے یمن میں ادھورڑی خوشبودار ہو جاتی ہے۔ نیز ہندوؤں کے ایک مشہور رشی کا نام ہے۔

اَگل پچھل :۔ (ہ ۔محاورہ) بیلوں یا گھوڑوں کی جوڑی برابر کی جگہ آگے پیچھے جوڑنا۔

اَگلا :۔ (ہ ۔اسم صفت) پہلا ۔ پہلے کا۔ مقدم۔ پیشین۔ گزشتہ زمانہ۔ آگے آنے والا وقت۔ آگے چلنے والا۔

اَگلا کرے پچھلے پر آئے :۔ (ہ ۔محاورہ) بڑے قصور کریں۔ چھوٹے سزا پائیں۔ افسر خطا کرے۔ ماتحت ملزم ٹھیرے۔

اَگلا کہتا ہو تو آپ چپ رہیے :۔ (ہ ۔مقولہ) جب ایک آدمی بات کر رہا ہو تو اس کے ختم کر لینے تک آپ چپ رہو۔ بات کاٹ کر بات نہ کہو۔

اَگلا لیپا دے بہا ۔ اَب کا لیپا آگے لا :۔ (ہ ۔مثل) اگلے احسان برباد ۔ نئے احسان کی اُمید۔ پہلے کیے کو مٹا کر دوبارہ از سرِ نو کرنا۔ فضول محنت کرنا۔ خواہ مخواہ کام کو بڑھانا۔

اُگل آنا ۔ یا ۔ اُگل پڑنا :۔ (ہ ۔محاورہ) نگلی ہوئی چیز کا منہ کے باہر آنا۔ تلوار کا میان سے نکل پڑنا۔ صفا ہو نا۔ بُرا بھلا کہنا۔ دل کا بھید ظاہر کرنا۔

اُگلنا :۔ (ہ ۔فعل) مُنہ سے باہر نکالنا۔ قے کرنا۔ کھایا پیا مال مجبوراً واپس کرنا۔ راز افشا کرنا۔ نکالنا۔ پیدا کرنا۔ شکوہ کرنا۔ بیان کرنا۔

اُگل نگل کے کھانا } (ف۔محاورہ) خواہش بغیر کھانا۔ بلا رغبت کھانا۔
اُگل اُگل کے کھانا } کھانے کو جی نہ چاہے پھر بھی کھا لے جانا۔

اُگل پڑنا :۔ (ہ ۔محاورہ) میان سے تلوار کا باہر نکل پڑنا۔

اُگل دینا :۔ (ہ ۔محاورہ) کھایا پیا مال واپس دینا۔ رنج ظاہر کرنا۔ دل کا بھید ظاہر کر دینا۔

اُگلے تو اندھا نگلے تو کوڑھی :۔ (ہ ۔مثل) جب کسی کام کے کرنے اور نہ کرنے ہر دو صورتوں میں نقصان ہی نقصان ہو تو اس موقع پر یہ مثل بولی جاتی ہے۔ یعنی سانپ چھچھوندر کا اگل دے۔ تو اندھا کہلائے اور نگل جائے تو کوڑھی ہو جائے۔ دونوں صورتیں ناممکن گویم۔ مشکل ورنہ گویم مشکل۔

اَگلے :۔ (ہ) اگلا کی جمع۔

اگلے دفتر کھولنا :- (اُر - محاورہ) گزشتہ زمانے کی باتیں کرنا۔ گزری شکایتیں کرنا۔

اگلے زمانے کے یا اگلے لوگ :- (ہ - اسم مذکر) پرانے آدمی۔ پہلے وقتوں کے لوگ۔ سادہ لوح۔ سیدھے سادے۔ بھولے بھالے۔ بے وقوف۔

اگلے کو گھاس نہ پچھلے کو پانی :- (ضُر - مثل) انتظام کی خرابی پر بولتے ہیں۔ نہایت ابتری ہے۔ بڑی بدانتظامی ہے۔ کوئی بند و بست نہیں۔

اگلے ہوئے پچھلے پچھلے ہوئے پر دھان :- (ہ - مثل) ناتجربہ کاروں کو تجربہ کاروں سے اچھا جاننا۔ سیانوں کو موقوف کر کے نادانوں کو سہرے دینا۔ پردھان بمعنی وزیر۔ سیکرٹری۔

اگم :- (س - اسم مذکر) غیب۔ غیب کی آواز۔ خفیہ بات۔ اندرونی بات اور باطنی بات۔

اگم بانچنا یا اگم باندھنا :- (اُر - محاورہ) غیب کا حال بتانا۔ پیش گوئی کرنا آگے کی بات بتانا۔

اگم بدیا - یا - اگم بانی :- (ہ - مونث) علم غیب۔ باطنی علم۔ خفیہ باتوں کا علم۔

اگم شاستر :- (س - اسم مذکر) وہ کتاب جس میں غیب کی باتوں کا حال درج ہو۔

اگن :- (ہ - اسم مونث) آنچ۔ آگ۔ شعلہ۔ حسد۔ دشمنی۔ گرمی۔ تپش۔ آتشک کا مرض۔ اگنی۔ (مذکر) ایک نہایت چھوٹا مٹیالا سا خوش آواز پرندہ بھی ہے۔

اگنا :- (ہ - فعل) پیدا ہونا۔ ظاہر ہونا۔ نکلنا۔ زمین سے نباتات کا باہر آنا۔

اگن باد :- (ہ - اسم مذکر) گرمی کی بیماری۔ آتشک کا مرض۔ باد سموم۔ سخت لُو۔ گھوڑوں کی ایک بیماری جس میں ان کے بال گر جاتے ہیں اور کھال اُدھڑ جاتی ہے۔

اگن بوٹ :- (اُر - اسم مذکر) آگ بوٹ۔ دخانی۔ جہاز۔ سٹیمر۔ آگ اور پانی سے چلنے والی کشتی۔

اگنت :- (ہ) عاقبت۔ آخرت۔ دُنیا کے بعد کی حالت۔ موت کے بعد کا زمانہ۔

اگن چڑیا :- (ہ - اسم مذکر) آگ کا کیڑا۔ اسے فارسی میں سمندر کہتے ہیں۔

اگوا یا - یا - اگوا کا :- (ہ - مذکر) رہبر۔ ہادی۔ مرشد۔ سردار۔ رہنما۔ رستا بتانے والا۔

اگوارا :- (ہ - مذکر) رہائشی مکان کے سامنے کا بڑا سا احاطہ۔ جیسے، مویشیوں وغیرہ کے باندھنے کے کام میں لایا جاتا ہے۔ صحن خانہ کے علاوہ آگے کا اور حصہ۔

اگوانی - یا - اگوائی :- (ہ - مونث) برات کا استقبال۔ آگے آنا۔ رہنمائی پیشوائی۔ اگوا کا کام کرنے والا۔

اگھن :- (ہ - مذکر) ہندی سمت بکرمی کا نواں مہینہ جس کو منگسر بھی کہتے ہیں۔ نصف نومبر سے نصف دسمبر تک (صفت) ان گھنا بمعنی کشادہ جو گنجان نہ ہو کھلا ہوا۔ کشادہ جنگل۔

اُگھاڑنا :- (ہ - فعل) ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ پردہ فاش کرنا۔ ننگا کرنا۔ روشن حروف لکھنا۔ واضح کرنا۔

اُگھانا :- (ہ - فعل) سیر ہونا۔ رجنا۔ چکھنا۔ اکتانا۔ بیزار ہونا۔ پھرنا۔ اینڈنا۔ جیسے کھانا اور اگھانا۔

اُگھڑنا :- (ہ - فعل) معلوم ہونا۔ کھلنا۔ ننگا ہونا۔ واضح ہونا۔ پردہ فاش ہونا۔ (لازم از اُگھاڑنا۔)

اگھور پنتھ :- (ہ) ہندوؤں کا ایک مذہبی فرقہ۔ فقیروں کی جماعت شیو جی کے پوجنے والوں کا ایک فرقہ۔

اگھوری :- (مذکر - اسم صفت) غلیظ۔ گندہ۔ ناپاک۔ بلانوش۔ نجاست تک کھا جانے والا۔

اگیا :- (ہ - مونث) حکم۔ اجازت۔ فرمان۔

اگیاری :- (ہ) پوجا کے وقت آگ جلانا۔ اور مورتی کو خوشبو دینے کا کام بہون کرنا۔

اگیا بیتال :- (ہ - مذکر) جنگل بیابانی۔ چھلاوا۔ ایک آتش گیر مادہ۔ فاسفورس وغیرہ سے مرکب ہوتا ہے۔ اور عموماً مرگھٹ، ویرانے اور پرانے قبرستان میں چراغ کی طرح روشن ہو جاتا ہے۔ جسے جاہل لوگ بھوت پریت کہا کرتے ہیں۔

اگیاکاری :- (ہ - مذکر) نہایت تابع۔ مطیع۔ فرمان بردار۔ حکم ماننے والا۔

اگیانا :- (ہ - فعل) دھات کے برتنوں کو پاک کرنے کی غرض سے گرم کرنا۔

اگیانی :- (ہ - مذکر صفت) بے سمجھ۔ ناداں۔ بے تمیز۔ جاہل۔

اگیتا :- (ہ - اسم صفت) آگے آنے والا۔ وقت سے پہلے۔ قبل از وقت۔ سویرے۔ سویرے۔

ا - ل

اَل :- (ہ - اسم مونث) آبائی لقب۔ کنیت یا عرف۔ مثلاً بنی ہاشم۔ سومندھے وغیرہ۔ گل کا نام۔ خاندان کا نام۔ جس نام سے کسی کی گل مشہور ہو۔

اَلا :- (ع) خبردار۔ آگاہ ہو۔ ہوشیار۔

اِلّا :- (ع) حرفِ استدراک۔ پر۔ مگر۔ لیکن۔ بجز۔ بغیر۔ سوائے۔

اِلّا اللہ :- (ع) کلمہ طیبہ کا ایک جزو جو صوفیوں کا ذکر نفی۔ معنی اللہ کے سوا۔

اِلّا اللہ کر کے :- طاقت سے۔ زور سے ہمت کر کے۔

اَلَا :- (ع) حرف تنبیہ۔ ہوشیار ہو۔ خبردار۔

اَلا بَلا :- (ضُر - اسم مونث) خراب چیز۔ نمکی اور واہیات چیز۔ بُری چیز۔ دُکھ مصیبت۔ بھوت پریت۔

اَلا بَلا بگردن مُلّا :- (ضُر - مقولہ) جزا سزا۔ مُلّا کی گردن پر۔ عذاب ثواب ملا کے سر۔

اَلاپ :- (ہ - مونث) بول چال۔ نغمہ۔ سُر۔ گانے میں آواز کا اُتار چڑھاؤ۔ تان۔ سُر۔

اَلاپنا :- (ہ - فعل) اونچی آواز سے گانا۔ تان اُڑانا۔ آواز لگانا۔ گانا۔

اِلاچا - یا - اِلائچی :- (ہ - مذکر) دھاری دار کپڑا۔ خواہ ریشمی ہو یا سوتی چھوٹ

اِلائچی (الائچی) (ہ۔مونث) ایک مشہور پھل کا نام ہے۔ جس کے دانے خوشہ دار ہوتے ہیں۔ دو قسم کی ہوتی ہے۔ ایک سبزی مائل سفید۔ جسے چھوٹی الائچی کہتے ہیں۔ دوسری سُرخ سی۔ اسے بڑی الائچی بولتے ہیں۔ چھوٹی پان میں اور بڑی گرم مسالہ میں استعمال کرتے ہیں۔

اِلائچی دانہ ۔ (مذ) ایک مشہور مٹھائی جو الائچی کے دانوں پر کھانڈ چڑھا کر بناتے ہیں۔ (مذکر)

اُلار ۔ (ہ۔اسم صفت) اُلٹ جانے کے قابل گاڑی وغیرہ۔ جب گاڑی کا پچھلا حصّہ اگلے حصّے سے زیادہ بھاری ہو کر اگلا حصّہ اور اُٹھ جائے تو کہا کرتے ہیں کہ گاڑی اُلار ہے۔ اچکا ڈ۔

اَلاراسی ۔ (ہ۔اسم صفت) بے پرواہ۔ بے توجہی۔ لا اُبالی۔

اَلاراسی کارخانہ ۔ (ذ۔اسم مذکر) بے پروائی کا کام۔ بے توجہی کا کارخانہ۔

اَلاراسی مزاج ۔ (ذ۔اسم مذکر) بے پرواہ مزاج۔ لا اُبالی طبیعت۔

الاٹمنٹ ۔ (انگ۔ا۔مو - Allotment) وہ شے جو عارضی طور پر کسی کے نام کر دی جائے۔ نامزدہ الاٹمنٹ۔

اَلارم ۔ (انگ۔اسم - Alarm) گھنٹی یا جگانے والی گھڑی کی آواز۔

اَلارم کلاک } (انگ۔ا۔مو) جگانے والی گھڑی۔
اَلارم ٹائم پیس } Alarm Clock

اَلارنا ۔ (ہ۔فعل) اُوپر اُٹھا دینا۔ اچکا دینا۔ اُبھارنا۔

اَلاسٹک ۔ (انگ۔مو) ربڑ یا ربڑ کا بنا ہوا فیتا۔ Elastic

اَلاقرب فَالاقرب ۔ (ع) سب سے پہلے قریبی۔ پھر اور سب سے قریبی۔ علی ہذا ترتیب وار۔

اَلاقرب کالعقرب ۔ (ع) قریبی آدمی بچھو کی مانند ہوتے ہیں۔ جب عزیزوں اور بگانوں سے تکلیف پہنچتی ہے تب کہا کرتے ہیں۔

اُلارو ۔ (ہ) دیکھو اُلار۔

الالوں، بلالوں، صحنک، سر کالوں ۔ (ذ۔مث) چکنی چپڑی اور خوشامد درآمد کی باتیں بنا کر اپنا مطلب نکالنا۔ خود غرض خوشامدی کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

اِلّا ماشاء اللہ ۔ (ع) مگر جو اللہ چاہے۔ بات نہ ہونے والی ہے۔

اَلامان ۔ (ع۔اسم مونث) امن مانگنا۔ اللہ کی پناہ چاہنا۔ پناہ۔ رحم فضل۔ حفاظت۔ کسی حادثہ کے نازل ہونے پر بولتے ہیں۔

الان ۔ (ہ۔اسم مونث) ہاتھی باندھنے کی زنجیر۔

الآن ۔ (ع) اب۔ اس وقت۔ یہ وقت۔ موجودہ ساعت۔ اس گھڑی۔

اَلاَمرُ فوقَ الادب (ع۔مقولہ) حکم ادب پر فوقیت رکھتا ہے یعنی حکم کی اہمیت زیادہ ہے۔

لِئے الآن ۔ (ع) اب تک۔ اس وقت تک۔

الآن کما کان ۔ (ع) اب تک ویسا ہی ہے جیسا تھا۔ تا حال ویسا ہی ہے۔

اَلانا ۔ (ہ۔فعل) چیختا۔ چلانا۔ شور کرنا۔ اسپ بے زبیں۔

اَلانتظارُ اشدُّ مِنَ الموت ۔ (ع۔مقولہ) انتظار موت سے زیادہ سخت ہے۔ انتظار کی نہایت تکلیف کے وقت بولا جاتا ہے۔

اُلانگنا ۔ (ہ۔فعل) پھلانگنا۔ پھاندنا۔ چابک سوار گھوڑے پر پہلی دفعہ چڑھنے کو کہا کرتے ہیں۔

الاؤ ۔ (ہ۔اسم مذکر) آگ کا ڈھیر۔ گاؤں والوں کا تاپنے کے لیے بہت سی آگ جلانا۔

اَلاؤنس (Allowance انگ۔اسم) زاید خرچ بھتا۔

اُلاہنا ۔ (ہ۔اسم مذکر) گلہ۔ شکوہ۔ بدنامی۔ برائی۔ دوش۔

اَلباب ۔ (ع) لُبّ کی جمع۔ مرکبات میں مستعمل ہے۔

اَلبتّہ ۔ (ع) حرفِ تحقیق۔ بیشک۔ ضرور۔ ہاں۔ بہت اچھا۔ مگر۔ لیکن۔

اَلبُرز ۔ (ف۔مذ) ایران کا ایک پہاڑ۔

اَل بَل ۔ (ہ۔مذ) گھمنڈ۔ غرور۔ صدقے۔ قربان۔ فرق۔

البم ۔ Album (انگ۔ا۔مو) تصویروں کا مرقع۔ تصاویر کی کتاب یا کاپی۔

البیٹ ۔ (ہ۔اسم مونث) گرہ۔ گانٹھ۔ بل۔ مروڑ۔ لپیٹ۔ پیچ۔

البیلا ۔ (ہ۔اسم صفت) چھیلا۔ بانکا۔ جوان۔ رعنا۔ آزاد۔ بے پروا۔ اٹھڑ۔ انوکھا۔ عجیب۔ سیدھا سادہ۔

البیلاپن ۔ بانکپن۔ معشوقانہ انداز۔

البیلی ۔ (مو) البیلا کا مونث۔ بھولا پن۔

البیلی نے پکائی کھیر۔ دُودھ کی جگہ ڈالا نیر ۔ (ہ) بے وقوفی اور پھوہڑپنے سے کام خراب کر دینے اور اور کچھ کا کچھ کر دینے کے موقع پر بولتے ہیں۔ پھوہڑپنے کی کھیر پکائی۔ دُودھ کی جگہ پانی ڈال دیا۔

الپاکا۔ یا۔ الپکا ۔ (انگ۔اسم) افریقہ کے ایک جانور کا نام ہے۔ افریقہ کا ہرن۔ ایک اُونی کپڑا۔ جس کے کوٹ وغیرہ بناتے ہیں۔ اور گرمیوں میں پہنتے ہیں۔

الپاکا

اَلپِین ۔ (پرتگال۔مونث) گھنڈی دار سوئی۔ پن۔ (انگریزی پن)

الپکا ۔ (انگ۔مذ) سنجاب۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

اِلتباس ۔ (ع۔مذکر) شبہ پڑنا۔ ہمشکل ہونا۔ مشابہت باہم اگر۔

اِلتجا ۔ (ع۔اسم مونث) لغوی معنی پناہ لینا۔ مجازاً۔ تمنا۔ آرزو۔ منت۔ سماجت۔ عرض معروض۔ گزارش کرنا۔

اِلتذاذ ۔ (ع۔اسم مذکر) لذت پانا۔ مزے اُڑانا۔ ذائقہ اور لطف اُٹھانا۔

اِلتزام ۔ (ع۔اسم مذکر) لازم پکڑنا۔ ضروری جاننا۔

اِلتفات ۔ (ع۔اسم مذکر) لغوی معنی اکثت و توجہ کرنا۔ رغبت۔ میلان۔ توجہ۔ مہربانی۔ دھیان۔ خیال۔ نظرِ عنایت۔

اِلتماس ۔ (ع۔اسم مونث) لغوی درخواست کرنا۔ عرض۔ گزارش۔ التجا۔ بینتی۔

اُلتمش :۔ (ف ، ع ۔ مذکر) صحیح التمش ہے ۔ ہمراہ دل ۔ خاندان غلاماں کے ایک بادشاہ کا لقب ہے ۔ جس کا نام شمس الدین تھا ۔

اُلتمغا :۔ (ت ۔ اسم مذکر) سُرخ مُہر ۔ فرمانِ شاہی ۔ جاگیر کا پٹا ۔ معافی جاگیر کا حکم ۔

اُلتنی :۔ (ہ) وہ رسی جو ہاتھی کے گلے میں باندھی جاتی ہے اور جس سے مہاوت رکابوں کا کام لیتا ہے ۔

اِلتوا :۔ (ع ۔ اسم مذکر) دیر کرنا ۔ ملتوی کر دینا ۔ اُٹھا رکھنا ۔ ٹال دینا ۔

اِلتہاب :۔ (ع ۔ مذ) آگ بھڑکنا ۔ شعلہ بھڑکنا ۔ پیاس کی شدت ۔

اِلتیام :۔ (ع) زخم کا بھر آنا ۔ میل ملاپ ۔ آپس میں مل جانا ۔

اُلٹ :۔ (ہ ۔ اسم مذکر) جواب ۔ توڑ ۔ برعکس ۔ ضد ۔ نقیض ۔

اُلٹا :۔ (ہ ۔ اسم صفت مذکر) سیدھے کی ضد ۔ ٹیڑھا ۔ خلاف ۔ لوٹا ہوا ۔ اوندھا معکوس ۔ بے وقوف ۔ سر کے بل ۔ نقیض ۔ کج رائے ۔

اُلٹا پُلٹا :۔ (ہ ، اسم صفت مذکر) اُلٹا سیدھا ۔ زیر و زبر ۔ اُوپر نیچے ۔ تہ و بالا نلے اوپر ۔ بے ترتیب ۔ گڈ مڈ ۔ درہم برہم ۔

اُلٹا پھرنا :۔ (ہ ۔ فعل) واپس ہونا ۔ لوٹ آنا ۔ معاودت کرنا ۔

اُلٹا پھیر آنا :۔ (ہ ۔ محاورہ) جاتے ہی واپس ہونا ۔ جاتے جاتے مڑ آنا ۔

اُلٹا پاسا پڑنا :۔ (ہ ۔ محاورہ) ہار جانا ۔ معاملہ کا اپنی مرضی کے خلاف ہونا ۔

اُلٹا پاؤں :۔ (ہ ۔ اسم مذکر) بایاں پاؤں ۔ پائے سخت ۔

اُلٹا پلٹی :۔ (ہ) ادلا بدلی ۔ تغیر و تبدل ۔ اُلٹ پھیر ۔

اُلٹا توا :۔ (ہ ۔ اسم صفت) مذکر ۔ کالا کلوٹا ۔ سیاہ حبشی ۔ نہایت کالا ۔ کالا بھجنگ ۔ کالا کوئلہ ۔ بہت ہی کالے رنگ کا ۔

اُلٹا جننا :۔ (ہ) بچے کے خلاف دستور پیدا ہونا ۔ رحم سے پاؤں پہلے باہر آنا ۔

اُلٹا چور کوتوال کو ڈانٹے :۔ (ہ) اپنے کیے پر شرمندہ نہ ہو اور دوسرے کو ڈانٹنا اور جھڑکنا شروع کر دے ۔ بے غیرت اور گستاخ آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں ۔

اُلٹا دھرا باندھنا :۔ (ہ ۔ محاورہ) ۔ جھوٹی گواہی دینے والے کے سر پر الزام دھرنا ۔ برعکس کرنا ۔

اُلٹا زمانہ :۔ (ہ) برا زمانہ ۔ کل جگ ۔ مخالف زمانہ ۔

اُلٹا لیا جائے نہ سیدھا :۔ (ہ) کسی طرح قائل نہ ہونے والے شخص کی نسبت بولتے ہیں ۔ کسی طرح بھی نہیں مانتا ۔ نہ سیدھے راہ پر آتا ہے نہ اُلٹے پر ۔

اُلٹا ہاتھ :۔ (ہ ۔ اسم مذکر) بایاں ہاتھ ۔ دست چپ ۔ یسار ۔ کھبا ہاتھ ۔

اُلٹا پڑنا :۔ (ہ ۔ فعل) مخالف ہونا ۔ بگڑ جانا ۔ حملہ کرنا ۔ لوٹ کر خلاف ہونا پلٹ کھانا ۔ کروٹ بدلنا ۔ برہم ہونا ۔ ارادے سے پھر جانا ۔

اُلٹ پلٹ :۔ (ہ ۔ مونث) گڈ مڈ ۔ تہ و بالا ۔ زیر و زبر ۔ درہم برہم ۔

اُلٹ پھیر :۔ (ہ ۔ مذکر) ادل بدل ۔ تغیر و تبدل ۔ کرتب ۔ چالاکی ۔ برگشتگی انقلاب ۔

اُلٹ جانا :۔ (ہ ۔ فعل) پلٹ جانا ۔ رُخ بدل جانا ۔ چت ہو جانا ۔ اوندھا ہونا ۔ برخلاف ہونا ۔ مکر جانا ۔ خرچ زیادہ ہونے سے مفلس ہو جانا ۔ تباہ و برباد ہو جانا ۔ برگشتہ ہو جانا ۔ گر جانا ۔ بیہوش ہونا ۔ نشہ پی کر ۔

اُلٹ دینا :۔ (ہ ۔ فعل) رُخ بدلنا ۔ اوندھا کر دینا ۔ چت کر دینا ۔ قے کر دینا ۔ منکر ہو جانا ۔

اُلٹ کے کروٹ نہ لینا ۔ (ہ) بے خبر ہو جانا ۔ پھر آکر خبر نہ لینا ۔ پرلے درجے کی غفلت کرنا ۔

اُلٹنا :۔ (ہ ۔ فعل) پلٹنا ۔ اوندھا کرنا ۔ زیر و زبر کرنا ۔ اندر کا رُخ باہر کرنا تہ و بالا کرنا ۔ گرا دینا ۔ خلاف کرنا ۔ شراب وغیرہ سے مدہوش کرنا ۔ قے کرنا ۔ پھینک دینا ۔ حالت بدلنا ۔ ورق وغیرہ پھیرنا ۔ زبان کا متحرک ہونا ۔ سانس کا اکھڑنا ۔ انڈیلنا ۔ مفلس ہونا ۔ جپنا ۔ رٹنا ۔ معنی باطل کرنا ۔ رُو گرداں کرنا ۔

اُلٹے :۔ (ہ ۔ اسم صفت) برخلاف ۔ برعکس ۔

اُلٹی اُلٹی سانسیں بھرنا :۔ (ہ ۔ محاورہ) آخری دم لینا ۔ مرتے وقت سانس کی تکلیف ہونا ۔ قریب المرگ ہونا ۔ اوپر کی سانس کھینچنا ۔

اُلٹی آنکھیں دکھانا :۔ (ہ ۔ محاورہ) آپ ہی خفا اور آپ ہی خفا ہو کر دوسروں کو گھورنا ۔ فضول غصہ کرنا ۔

اُلٹے بانس بریلی ۔ یا ۔ اُلٹے بانس پہاڑ چڑھے :۔ (ہ ۔ مثل) خلاف معمول کام ۔ برعکس بات ۔ اُلٹی باتیں بے فائدہ کام ۔

اُلٹے پاؤں پھرنا :۔ (ہ ۔ محاورہ) فوراً واپس آنا ۔ جلد واپس آنا ۔ ترت پلٹ آنا ۔

اُلٹی پٹی پڑھانا :۔ (ہ ۔ محاورہ) بہکانا ۔ غلط رستہ بتانا ۔ ورغلانا ۔ برخلاف کرنا ۔ برائی پر آمادہ کر دینا ۔ پھیر دینا ۔ ٹکرا دینا ۔

اُلٹی بانگیں گلے پڑنا :۔ (ہ ۔ محاورہ) اپنی باتوں سے خود ہی مغلوب اپنے داؤں سے خود ہی پچھڑ جانا ۔

اُلٹی چھری سے حلال کرنا :۔ (ہ ۔ محاورہ) نہایت ظلم کرنا ۔ سخت بے رحمی کرنا ۔ تڑپا تڑپا کر مارنا ۔ بہت بری طرح ستانا ۔

اُلٹی چین :۔ نیچے کی ایک بندش کا نام ۔ جس میں دھاگے کے بغیر صرف کپڑے سے دھاریاں بنتی جاتی ہیں ۔

اُلٹی ریت :۔ (ہ ۔ اسم مونث) خلاف دستور ۔ بے قاعدہ رسم ۔ الٹا رواج ریت بمعنی رسم ۔ دستور قاعدہ ۔

اُلٹی سمجھ ، اُلٹی مت :۔ (ہ ۔ اسم مونث) غلط فہمی ۔ بے عقلی ۔ خراب عقل ۔

اُلٹی سمجھے نہ سیدھی :۔ (ہ ۔ محاورہ) ضدی اور ہٹیلا ہے ۔ کسی طرح قائل نہیں ہوتا ۔ کسی طور سے بھی نہیں مانتا ۔

اُلٹی سیدھی سُنانا :۔ (ہ ۔ محاورہ) بُرا بھلا کہنا ۔ گالی گلوچ دینا ۔ سخت کلامی کرنا ۔

اُلٹی سیفی :۔ (اُ ۔ اسم مونث) لغوی معنی الٹی تلوار ۔ دشمن کے ہلاک کرنے کے لیے کلام الٰہی کا ورد کرنا ۔ یہ وظیفہ چونکہ جلالی تاثیر رکھتا ہے ۔ اس لیے اگر پڑھنے والے پر اثر پڑ جائے تو اُسے بھی اُلٹی سیفی بولتے ہیں ۔ بد دعا ۔ بُری ۔ جو دشمن کی تباہی کے لیے ہو ۔

اُلٹے کانٹے تولنا :۔ (ہ۔محاورہ) کم تولنا۔ اُلٹا تول تولنا۔
اُلٹی کرنا :۔ (ہ) قے کرنا۔ اُبکائی کرنا۔ اُوکنا۔ (اُبکنا)
اُلٹی کھوپری اندھا گیان :۔ (ہ۔مثل) بے وقوف۔ اور احمق آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔ اوندھی کھوپری میں اوندھی عقل ہوتی ہے یعنی سخت بے وقوف۔
اُلٹی کھوپری کا :۔ (ہ۔محاورہ) اُلٹی سمجھ والا۔ کج فہم۔ بے وقوف کوڑھ مغز۔
اُلٹی گنگا بہنا :۔ (ہ۔محاورہ) خلاف دستور ہونا۔ فطرت کے خلاف ہونا۔
اُلٹی مالا پھیرنا :۔ (ہ۔محاورہ) کسی کی ہلاکت کے لیے وظیفہ پڑھنا۔
اُلٹے ملک کے ہو :۔ (ہ۔کہاوت) انوکھے ہو۔ نہایت بے تمیز ہو۔ بہت ہی بے وقوف ہو۔
اُلٹی میٹم :۔ (انگ۔ا۔مذ۔ Ultimatum) اعلان جنگ۔ لڑائی کی اطلاع۔
اُلٹے ہاتھ کا داؤں :۔ (ہ۔مذکر) نہایت آسان کام۔ سہل بات۔
اُلجبرا :۔ (مذ۔ع) علم جبر و مقابلہ۔
اَل جاؤں بَل جاؤں جلوے کے وَقت ٹل جاؤں :۔ (ہ۔مثل) عام حالت میں تو ہر وقت واری قربان جاؤں مگر وقت پر اِدھر اُدھر ہو جاؤں۔
اُلجھا :۔ (ہ۔مذکر صفت) لپٹا ہُوا۔ درہم برہم۔ گُتھا ہُوا گلجھٹی والا۔ گرہ دار۔ سخت مشکل۔ سُلجھا کی ضد۔
اُلجھانا :۔ (ہ۔فعل) رسی یا سُوت کو درہم برہم کرنا۔ دِقت میں پھنسانا لڑکی میں اُڑا دینا۔ کسی بات کو جھگڑے میں ڈالنا۔ اٹکانا۔ عشق و محبت میں مبتلا کرنا۔ دامِ فریب میں لانا فیصلہ نہ کرنا۔ کسی معاملہ میں دیر لگانا۔ لڑوانا۔
اُلجھاؤ :۔ (ہ۔اسم مذکر) حاصل مصدر ہے اُلجھانا سے۔ دِقت۔ مشکل۔ بکھیڑا۔ جھگڑا۔ پھندا۔ گتھی۔ گلجھٹی۔ روک۔ رکاوٹ۔
اُلجھن :۔ (ہ۔اسم مونث) گھبراہٹ۔ بے چینی۔ بے قراری۔ کشمکش۔ تشویش۔
اُلجھنا :۔ (ہ۔فعل) بال یا سُوت یا رسّی اُلٹ پلٹ جانا۔ اٹکنا۔ پھنسنا۔ محبت میں مبتلا ہونا۔ مصروف و مشغول رہنا۔ بکھیڑے میں پڑنا۔ جھگڑنا۔ بے جا بحث کرنا۔ اَٹک اَٹک کر پڑھنا۔ آشنائی کرنا۔ گلے پڑنا۔ لڑائی جھگڑا کرنا۔
اُلجھیڑا :۔ (ہ۔اسم مذکر) بکھیڑا۔ کشمکش۔ تکلیف۔ مصیبت۔
اَلجَوع :۔ (ع۔اسم مونث) بھوک ہے۔ گرسنگی ہے۔
اَلحاج :۔ (ع۔مذ) حاجی۔ جس نے زیادہ حج کیے ہوں
اِلحاح :۔ (ع۔مذ) زاری کرنا۔ خوشامد۔ منت۔ سماجت کرنا۔ گڑگڑانا
اِلحاد :۔ (ع۔مذکر) کنارے ہونا۔ دین سے پھرنا۔ بے دین ہو جانا۔
اَلحاصِل :۔ (ع۔تابع فعل) خلاصہ کلام۔ آخرکار۔ قصّہ کوتاہ۔ الغرض۔
اِلحاق :۔ (ع۔اسم مذکر) ملنا۔ شامل ہونا۔ داخل ہونا۔ شریک ہونا۔
اَلحال :۔ (ع۔تابع فعل) اب۔ اسی وقت۔ ابھی۔ بالفعل۔ فوراً۔
اَلحان :۔ (ع۔اسم مذکر) لحن کی جمع۔ آواز۔ گیت۔ اچھی آواز۔ سُر۔
اِلحان :۔ (ع۔اسم مصدر) اچھی آواز سے گانا۔ سُر تال سے گانا۔ آواز نکالنا۔
اَلحَذر :۔ (ع۔اسم مذکر) الامان۔ پناہ۔ خوف۔ ڈر۔ پرہیز۔ بچاؤ۔
اَلحذر مانگنا :۔ (اُ۔محاورہ) پناہ مانگنا۔ پرہیز کرنا۔ بچنا۔ امن مانگنا۔
اَلحفیظ :۔ (ع۔اسم مذکر) اللہ بچائے۔ اللہ کی پناہ۔ خوف کی جگہ پر بولتے ہیں۔
اَلحق :۔ (ع۔تابع فعل) یہ حق ہے۔ سچ ہے۔ فی الحقیقت۔ بے شک لاریب۔
اَلحمد :۔ (ع۔اسم مونث) قرآن شریف کی پہلی سُورت۔ سُورۃ فاتحہ۔
اَلحمدُ لِلّٰہ (ع) شکریہ کا کلمہ ہے۔ لغوی معنی۔ سب خوبیاں اللہ کے لیے ہیں۔ اللہ کا شکر ہے۔ اللہ کی عنایت ہے۔ رب کی مہربانی ہے۔
اَلخ :۔ (ع) اِلیٰ آخرہٖ کا مخفف ہے۔ اس کے آخر تک۔ طویل کلام کو نقل کرنے کی جگہ چند کلمات کا ذکر کر کے آگے نقطہ دار خط کو لکھ کر آگے اَلخ لکھ دیتے ہیں جس سے مطلب یہ ہے کہ آخر تک
اَلخالِق یا اَلخلّاق یا خَلّاقا :۔ (ت۔اسم مونث) کھلی آستینوں والی روئی دار قبا۔ روئی دار انگرکھا۔ خواہ بانات کا ہو یا چھینٹ کا ہو۔
اَلخاموشی نیم رضا :۔ (ف) چُپ ہو جانا۔ آدھی رضامندی ہے جب کسی سوال کے جواب میں مخاطب خاموش ہو جائے تو یہ فقرہ بولتے ہیں۔
اِلزام :۔ (ع۔اسم مذکر) تہمت۔ بہتان۔ کسی کے سر جھوٹی بات تھوپنا۔
اِلزام دینا :۔ (اُ۔محاورہ) مجرم ٹھہرانا۔ عیب لگانا۔ قصوروار بنانا۔ گنہگار ٹھیرانا۔ اعتراض کرنا۔ تہمت دھرنا۔
اَلزم :۔ (ع۔اسم مذکر) نہایت لازم۔ بہت ضروری۔
اَلسانا :۔ (ہ۔فعل) اُونگھنا۔ تھکنا۔ سُست ہونا۔ ڈھیلا پڑ جانا۔
اَلسّلامُ عَلَیکُم :۔ (ع۔فقرہ دُعائیہ) تم پر سلامتی ہو۔ مسلمانوں کے سلام کا طریق۔
اَلست :۔ (ع) روزِ میثاق۔ جبکہ اللہ تعالیٰ نے رُوحوں سے قبل خلقت عالم سے اپنے رب ہونے کا اقرار لیا تھا۔
اَلسِنہ :۔ (ع) لسان کی جمع۔ زبانیں۔ بولیاں۔
اَلسی :۔ (ہ۔مونث) ایک درخت کا بیج ہے۔ سُرخ رنگ کا ہوتا ہے۔ اس کا تیل نکالتے ہیں۔ جو جلانے اور کھانے کے کام آتا ہے۔
اَلسی کا جھور ڑا نہ گدھا کھائے نہ گھوڑا :۔ (ہ۔مثل) ادھیڑ یا سیانی عمر کی عورتیں کسر نفسی سے اپنے آپ کو کہا کرتی ہیں۔ یعنی میں کسی مشرب کی نہیں۔ مجھ سے کسی کا کوئی کام سنور ہی نہیں سکتا۔
اَلسی والے پیچھے بیٹھے جھور پڑا دیں گھاتی :۔ (ہ۔مثل) باری والے باہر رہ گئے اور چالاک چور کام نکال لے گئے۔ کسی کام کے باری اگر کسی سے فوت ہو جائے اور دوسرا اس سے پہلے کام کر جائے تو اس موقع پر یہ مثل بولا کرتے ہیں۔
اَلسیٹ :۔ (ہ۔اسم مونث) سُستی۔ غفلت۔ دغا۔ فریب۔ نادہندگی۔

بدمعاملگی۔ حساب کتاب میں صفائی کا نہ ہونا۔ چھل بل۔

اَلسیٹیا :۔ (ہ۔ اسم فاعل) سُست۔ غافل۔ دغا باز۔ فریبی۔ کسی کا بیڑہ نے کرنہ دینے والا۔ بدمعاملہ آدمی۔ چھلیا۔ نادہند۔

اُلُش :۔ (ت۔ مذکر) جوٹھا کھانا۔ پس خوردہ۔ کسی بڑے آدمی کا بچا ہوا کھانا۔

اُلُش کرنا :۔ (فعل) کسی امیر کا کھانے کو ذرا سا کھا کر جوٹھا کر دینا۔

اِلصاق :۔ (ع۔ مذ) ملانا۔ چپکانا۔ چسپاں کرنا۔

اَلطاف :۔ (ع۔ اسم مذکر) لُطف کی جمع۔ مہربانیاں۔ نوازشیں۔ عنایتیں۔

اَلطاف نامہ :۔ (ع۔ اسم مذکر) مہربانی کا خط۔ سنایتوں کی چٹھی۔ کرپا پتر۔

اَلعاقل تکفیہ الاشارہ :۔ (ع۔ مثل) عقل مند آدمی کو ایک اشارہ کافی ہوتا ہے۔

اَلعَبد :۔ (ع۔ اسم مذکر) بندہ۔ غلام۔ اصطلاح میں دستخط۔ نشانی کے معنی میں استعمال کیا جاتا ہے۔

اَلعطش :۔ (ع۔ اسم مونث) پیاس ہے سخت۔ پیاس کے اظہار کے بولتے ہیں۔

اَلعَظَمۃُ لِلّٰہ (ع) کلمۂ تعظیم۔ تمام بزرگی۔ اللہ ہی کے لیے ہے۔

اَلغارُدن :۔ (ت) اس میں ون جمع کا ہے اور الغار ترکی میں ڈبل کوچ کو کہتے ہیں۔ یعنی ریل پیل۔ مجازاً کثرت سے۔ بہتات سے آت گت۔ ازحد۔

اَلغرض :۔ (ع۔ تابع فعل) آخرکار۔ غرض یہ ہے کہ۔ قصہ مختصر۔ انجام کار۔ بالآخر۔

اَلغوزا :۔ (ع) ایک قسم کی بانسری جس کو عموماً چرواہے بجاتے ہیں۔ اور یہ دو ہوا کرتے ہیں۔ جوڑی کو اکٹھا منہ میں رکھ کر بجاتے ہیں۔

اَلغوزہ/غوزا :۔ (ف) پیٹ کے اندر کی تمام انتڑیاں اور غدہ وغیرہ۔

اَلغیاث :۔ (ع اسم مونث) فریاد۔ دہائی۔ فریاد رسی۔ پناہ۔ پکار۔

اَلف :۔ (ع۔ اسم مذکر) حروفِ تہجی کا پہلا حرف۔ صوفی لوگ اللہ سے مراد لیتے ہیں۔

اَلف :۔ (ع۔ اسم عدد مذکر) ہزار دس سینکڑے ۱۰۰۰

اِلف :۔ (ع۔ اسم مذکر) باہم محبت کرنا۔ آپس میں دوستی کرنا۔ دوستی محبت پیار۔

الفاظ :۔ (ع۔ اسم مذکر) لفظ کی جمع۔ منہ سے نکلے ہوئے گلے۔ باتیں کلام۔

اَلف اللہ :۔ (ع۔ اسم مذکر) اللہ کے الف کی طرح بے لاگ۔ بے تعلق تنہا۔ اکیلا۔ فقیر۔ مجرد۔ قلاش۔ مفلس۔ خالی۔ کنگال۔ بینوا فقیروں کا ٹیکا جو ماتھے پر ناک کی سیدھ میں بالوں کی جڑوں تک کھینچ لیتے۔

الف بے۔ یا۔ الف بے تے :۔ (ف۔ مونث) حروفِ تہجی۔ اب ت وغیرہ ہی تک جو بچوں کو اوّل اوّل سکھاتے ہیں۔

اُلفت :۔ (ع۔ اسم مونث) دوستی محبت۔ پیار۔ اُنس۔

اَلفتہ :۔ (ع۔ مذکر) پریشان۔ آوارہ لچا۔ شہدا۔ غیر۔ بدچلن۔ بدمعاش۔ وماوی۔ فتنہ انگیز۔ بیگانہ۔

اَلفر بہ خواہ مخواہ مرد معقول :۔ (ف۔ معقولہ) موٹا۔ آدمی خواہ مخواہ معقول اور معزز معلوم ہوتا ہے۔

الف سے بے نہ کہنا :۔ (ف۔ محاورہ) کسی کو برا نہ کہنا۔ کسی کی بد گوئی نہ کرنا۔ برا لفظ ایک بھی زبان سے نہ نکالنا۔

اَلف کھینچنا :۔ (ف) فقیر ہونا۔ ٹیکا لگانا۔ بینوا فقیروں میں شامل ہونا۔

الف کے نام بے نہیں جانتے :۔ (ف۔ مثل) ان پڑھ اور بے تمیز لکھنا پڑھنا نہیں جانتے۔

الف لیلہ :۔ (ع۔ اسم مونث) ایک کتاب کا نام جس میں ایک وزیرزادی نے بادشاہ کو ایک ہزار رات تک قصے کہانیاں سنائیں۔

الف مقصورہ :۔ (ع۔ اسم مذکر) وہ الف جس پر مد نہ ہو۔ اور تلفظ میں کھینچ کر نہ پڑھا جائے۔ جیسے قضا رضا میں۔

الف ممدودہ :۔ (ع۔ مذکر) وہ الف جس پر مد ہو اور کھینچ کر پڑھا جائے جیسے آتش۔ آل میں۔

الف ہونا :۔ (ع) سیخ پا ہونا۔ گھوڑے کا پچھلی ٹانگوں پر سیدھا کھڑا ہونا مادر زاد ننگا ہونا۔ بالکل برہنہ ہونا۔

الفی :۔ (ف۔ اسم مونث) کفنی بے آستین کا کرتہ۔ مُردوں اور فقیروں کا لباس۔

اِلقا :۔ (ع) ڈالنا۔ اللہ کی طرف سے دل میں کسی بات کا آجانا۔ غیب سے کسی بات کا دل میں آنا۔

اَلقاب :۔ (ع۔ اسم مذکر) لقب کی جمع ہے عزت کا نام۔ خط کا سر نامہ۔ وہ الفاظ جو خطاب کے لیے مکتوب الیہ کو خط کے عنوان میں لکھے جاتے ہیں۔ برائے عزت۔

اَلقصّہ :۔ (اسم مذکر) قصہ کوتاہ۔ الغرض خلاصہ یہ کہ۔ الحاصل۔ المختصر

اَلقط کرنا :۔ (ف) فعل) کاٹ دینا۔ ترک کرنا۔ چھوڑ دینا قطع تعلق کرنا الگ کر دینا۔ دوستی چھوڑنا۔

اَلکریم اِذا وَعَدَ وَفا :۔ (ع) شریف جب وعدہ کر لیتا ہے تو اُسے پورا کرتا ہے۔

اَلکسانا :۔ (ہ۔ فعل) سُستی اور غفلت کرنا۔ اُونگھنا۔ نیند کا خمار ہونا۔

اَلکسی :۔ (ہ) اسم مونث۔ سستی۔ غفلت۔ کاہلی۔ اُونگھ۔

الکسیا۔ یا۔ الکسی :۔ (ہ) (پورب) سُست۔ کاہل۔ احدی۔ سُست الوجود۔

اَلکسی سوار ہونا :۔ (ف۔ فعل) کام کرنے کو جی نہ چاہنا۔ بدن بھاری بھاری ہونا۔ سستی ہونا۔

الکلی :۔ (مذ۔ انگ۔ Alkali) ایک قسم کا کھار۔

الکسن :۔ (ع) ہکلا۔ جس کی زبان میں لکنت ہو۔ جو ہکلا کر بولے۔

اَلکھ :۔ (ہ۔ اسم مذکر) غائب جو دیکھنے میں نہ آئے۔ مجازاً اللہ۔ ہندو فقیروں کے سلام خاص طریقہ۔

اَلکھ پُرش :- (ہ - اسم مذکر) وہ آدمی یا ذات جو نظر نہ آئے۔
اَلکھ پُرش کی مایا، کہیں دھوپ کہیں سایہ :- (ہ - مثل) اللہ کی قدرت کہیں کچھ ہے کہیں کچھ۔ کہیں خوشی کہیں غم۔ کہیں دھوپ کہیں چھاؤں۔ کوئی سکھی کوئی دُکھی۔ کہیں امیری کہیں غریبی
اَلکھ جاگے :- (ہ) حرف ندا۔ یعنی اللہ موجود ہے۔ جوگی لوگ یہ صدا کرتے ہیں۔ مانگا کرتے ہیں۔
اُلکھ جگانا :- (ہ - محاورہ) اللہ کا نام لینا، مناجات کرنا۔ گدائی کرنا جوگی بن کر در بدر بھیک مانگنا۔ اللہ کا نام لے کر مانگنا۔
اَلکھ دھاری :- (ہ - اسم مذکر) ہندو فقیروں کا ایک گروہ جو اللہ کے سوا اور کسی کو نہیں مانتا۔ موحد۔ ایک ہندو شاعر کا تخلص جس نے ویدوں کا اُردو ترجمہ کیا ہے۔
الگ :- (ہ - اسم صفت) جُدا۔ علیحدہ۔ شامل کی ضد۔ دُور ادھر۔ بے تعلق۔ تنہا۔ اکیلا۔ اچھوتا۔ غیر مستقل۔ مستثنیٰ۔ خارج۔ پرے ہٹا۔ جگہ سے سرکا ہُوا۔ آہستہ۔
الگ الگ :- (ہ - تابع فعل) جُدا جُدا۔ پرے پرے۔ دُور دُور۔ نفرت کے وقت بولتے ہیں۔
الگ پڑنا :- (ہ - فعل) جُدا ہونا۔ الگ ہو کر دُوسری جگہ یا دوسری چارپائی پر سونا۔
الگ تھلگ :- (ہ - تابع فعل) علیحدہ۔ جُدا۔ بے تعلق۔ بے لاگ۔ بچا ہُوا۔ اچھوتا۔
الگ کرنا :- (ہ - فعل) جُدا کرنا۔ دُور کرنا۔ ہٹانا۔ قطع تعلق کرنا۔ موقوف کرنا۔ تقسیم کرنا۔ بیچ ڈالنا۔ ختم کرنا۔ جیسے کھاپی کر الگ کرو۔ جگہ سے ہٹانا۔ اُڑا لینا۔ چُرا لینا۔ سرکانا۔ چھوڑنا۔ بچا لینا۔ جیسے اپنا رومال الگ کر لو۔
اَلگنی :- (ہ - مونث) کپڑا ٹانگنے یا لٹکانے کی رسی یا ڈوری وغیرہ۔
اَلگنی پر ڈالنا :- (ہ - محاورہ) (دھوبیوں کی زبان) سکھانا۔ ہوا دینا۔
اَلگنی پر ڈالنے کے لائق ہو گئے :- (ہ - مثل) بہت عاجز ہو گئے۔ بڈھے ضعیف ہو گئے۔ کمزور ہو گئے۔
الگ ہی الگ :- (ہ - تابع فعل) اکیلے ہی اکیلے۔ دُور ہی دُور۔ علیحدہ ہی علیحدہ۔ اُوپر ہی اُوپر۔
اَلل بچھیرا :- (ہ - اسم مذکر) اصل میں ایل بچھیرا ہے۔ گھوڑے کا وہ بچہ جس پر سواری نہ ہوئی ہو۔ ناکدہ بچھیرا۔ جوان بچہ۔ ناتجربہ کار۔ بے پرواہ۔ بے خبر۔ نوعمر۔
اَلل ٹپ / **اَلل ٹپو** :- (ہ - صفت) خیالی۔ اٹکل پچو۔ بے ٹھکانے۔ بے نشانہ۔ بادہوائی۔
اَللّے تَللّے :- (ہ - اسم مذکر) فضول خرچی۔ اسراف۔ عیش و عشرت موجیں۔ لہریں۔
اَلَم :- (ع - مذکر) رنج۔ دُکھ۔ فکر۔ غم۔ اندیشہ۔ تردد۔
اَلماری :- (برتگال - مونث۔) اُونچا دراز والا صندوق جو کتابیں وغیرہ رکھنے کے کام آتا ہے۔ دیوار میں خانہ دار طاق۔ الماری

اَلماس :- (ع - مذکر) ہیرا۔ ایک نہایت قیمتی پتھر سفید اور نہایت چمکدار رنگ کا۔
اَلماغوچی :- وہ شخص جس کے نسب کا پتہ نہ ہو۔
اَلم غلم کرنا :- دغابازی سے کسی چیز کو دبا بیٹھنا۔
اَلمانی :- (ع) جرمنی کا۔
اَلمانیہ :- (مذ) جرمنی۔
اُلمبا :- (ہ - مذ) گلٹی۔
اَلمختصر :- (ع - اسم مذکر) مختصر یہ ہے۔ قصہ کوتاہ۔ الحاصل۔ الغرض کار۔ بالآخر۔
اَلمدد :- (ع) پناہ دے۔ سہارا دے۔
اَلمرء یقیس علیٰ نفسہٖ :- ہر شخص دُوسرے کے فعل و امر کا اپنے خیالات کے مطابق اندازہ لگاتا ہے۔
اَلمست :- (ع - مذکر) دیوانہ۔ پاگل۔ بیہوش۔ بے فکر۔ بے پرواہ۔ بے شرم۔
اَلمضاعف :- (ع - مذکر) دوگنا۔ دوچند۔ دونا چوگنا وغیرہ۔
اَلمعنیٰ فی بطن الشاعر :- (ع - فقرہ) اس کے معنی شاعر کے پیٹ میں۔ یعنی اس شعر کا مطلب شاعر خود جانتا ہے۔ کسی مہمل بے معنی شعر کے لیے بولتے ہیں۔
اَلَم غلَم :- (ہ - اسم مذکر) لغو، بے معنی اور مہمل باتیں۔ بے کار اور نکمّا اسباب و بے ٹھکانے چیز۔ بے تکی باتیں۔
اَلمکتوب نصف الملاقات :- (ع - مثل) خط آدھی ملاقات کے برابر ہے۔ کیونکہ باتیں تو ہو جاتی ہیں مگر دیدار نہیں ہوتا۔ یہ فقرہ خط نہ بھیجنے کی تاکید کے لیے بولا جاتا ہے۔
اَلل ٹلل :- (ہ - مذ) ٹال مٹول۔ ضروری کام چھوڑ دینا۔
اَلَم نشرح :- (ع) صاف اور واضح۔ قرآن پاک کی ایک سورت کا نام اَلَم نشرح ہے۔ مشہور ہے۔ ظاہر ہے۔
اَلَم نشرح کرنا :- (ہ - محاورہ) مشہور کرنا۔ ظاہر کرنا۔ شہرت دینا۔ بدنام کرنا۔
اَلمنۃ للہ :- (ع) اللہ کا شکر اور احسان ہے۔
اَلموت :- (ف - مذ) گیلان اور قزوین کے درمیان ایک مشہور قلعہ۔
اَلمیہ :- (ع - ا - مذ) دردناک واقعہ۔ سانحہ۔ حادثہ۔
اُلنڈنا :- (ہ - فعل) اُنڈیلنا۔ ڈالنا۔ کسی مائع چیز کو ایک برتن سے دُوسرے برتن میں الٹانا۔
اُلنگ :- (ہ - اسم مونث) جانب۔ پہلو۔ طرف۔ سمت۔
اُلو :- (ہ - اسم مذکر) ایک منحوس جانور کا نام ہے۔ بے وقوف اور احمق آدمی۔



اولوالعزم :- (ع - مذکر) صفت۔ صاحب ارادہ یا حوصلہ۔ بہادر۔ من چلا۔ پکے ارادے والا۔ مستقل مزاج۔
اولوالعزمی :- (ع - اسم مونث) جرأت۔ ہمت۔ استقلال۔ حوصلہ۔ بہادری۔

اُلواح :۔ (ع۔مذ) لوح کی جمع تختیاں۔
اُلوان :۔ (ع۔مذ) لون کی جمع۔ رنگا رنگ۔ رنگ برنگ۔ بہت سے رنگ
پشمینہ۔ اونی چادر۔ نوجوان بکری یا بھیڑ کا کچا گوشت۔
اُلّو بولنا :۔ (اُر۔محاورہ)۔ اجڑنا۔ ویران ہونا۔ برباد ہونا۔ تباہ ہو جانا۔
اُلّو بنانا :۔ (اُر۔محاورہ)۔ احمق بنانا۔ بے وقوف بنانا۔ آسامی بنانا۔
اُلوپ :۔ (ہ۔صفت) پوشیدہ۔ غایب۔ مخفی۔ زمین میں دھس جانا۔
اُلوپ انجن :۔ (ہ۔اسم مذکر) وہ سرمہ جس سے آپ تو سب کچھ دیکھے مگر کوئی دوسرا اسے نہ دیکھ سکے۔
اُلّو پھنسنا :۔ (اُر۔محاورہ) کسی کا دھوکا کھا جانا۔ دام فریب میں آجانا۔ قابو میں آنا۔
اُلوداع :۔ (ع۔اسم مذکر) رخصت۔ وداع۔ بدا۔
اُلوک :۔ (مذکر) نظر۔ بینائی۔ سوجھ۔
اُلّو کا پٹھا :۔ (اُر) بڑا بے وقوف۔ سخت احمق۔ اُلّو کا بچہ۔
اُلّو کا گوشت کھلانا :۔ (اُر۔محاورہ)۔ بیوقوف بنانا۔ احمق بنانا۔ ایک پرانا خیال ہے۔ کہ اگر کسی کو قابو میں لانا ہو تو اسے اُلّو کا گوشت کھلا دیں۔ مسخر ہو جائے گا۔
اُلّو کی دُم فاختہ :۔ (ہ۔محاورہ) نہایت احمق۔ پرلے درجے کا بے وقوف نہایت احمق۔
اُلول کلول :۔ (ہ) کھیل کود۔ بدمستی۔ چھیڑ چھاڑ۔ ہنسی مذاق۔
اُلّو ہونا :۔ (اُر۔محاورہ)۔ نشے میں مست ہونا۔ بے وقوف بن جانا۔
اُلونا :۔ (ہ۔اسم صفت مذکر) بے نمک۔ پھیکا۔ بدمزہ۔ پہلا الف قافیہ ہے۔ اور دوسرا فاعلیت کا۔ یعنی بے لون یعنی نہ ہونا۔
اُلوہی :۔ (ع) وہ چیز جو اللہ سے منسوب ہو۔
اُلوہیت :۔ (ع۔اسم مونث) ربانیت۔ ربوبیت۔ خدائیت۔
اِلٰہ :۔ (ع۔اسم مذکر) معبود۔ پوجا کے قابل۔ عبادت کے لائق۔ اللہ
اِلٰہ العالمین :۔ اللہ تعالےٰ۔ تمام جہانوں کا مالک۔
اِلٰہا :۔ اے اللہ۔
اللہ :۔ (ع۔اسم مذکر) اللہ کا ذاتی نام۔ اللہ تعالےٰ پر میشر۔ (ندا کی حالت میں) اے اللہ۔ اے پر میشر۔ یا الٰہی تعجب۔ حسرت۔ افسوس۔ انبساط کے موقع پر بھی بولتے ہیں۔
اللہ اکبر :۔ (ع۔اسم مذکر) اللہ بہت بڑا ہے۔ (اذان۔ تکبیر۔ تکبیر رکوع وسجود۔ عیدین اور ذبح کے وقت بولتے ہیں۔) تعجب اور حیرت شکوے شکایت کے موقع پر بھی استعمال ہوتی ہے۔ کمال عظمت اور فخر اور جنگ کے مقام پر بولا کرتے ہیں۔
اللہ اللہ :۔ (ع۔مذکر) کلمہ تحسین۔ واہ وا۔ شکایت کے لیے۔ فقیر لوگ سلام کی جگہ بولتے ہیں۔
اللہ اللہ خیر صلا :۔ (ف) خاتمہ کلام کے وقت بولتے ہیں یعنی
اللہ اللہ خیر سلا :۔ } بس آگے اللہ کا نام ہے۔ بس ختم ہو گیا۔ فراغت ہو گئی۔ چلو چھٹی ہو گئی۔

اللہ آمین :۔ (ع۔فقرہ دعائیہ) یونہی کرے۔ یا اللہ ایسا ہی ہو۔
اللہ آمین سے پالنا :۔ (اُر۔محاورہ) نہایت ناز و نعمت سے پالنا۔ بڑی منتیں مان کر پرورش کرنا۔ پیر فقیر منا کر پالنا۔
اللہ آمین کا بچہ :۔ (ہ۔اسم مذکر) نہایت لاڈلا بچہ۔
اللہ بخشے :۔ (اُر۔دعائیہ فقرہ) کسی مرحوم کا ذکر کرتے وقت پہلے یہ فقرہ بولتے ہیں۔ یعنی اللہ اس پر رحمت کرے۔ اللہ اسے بخشے۔
اللہ بس باقی ہوس :۔ (اُر۔محاورہ) اللہ ہی کافی ہے اس کے سوا باقی سب دنیاوی خواہشات اور لالچ ہیں۔ اللہ کے سوا اور کوئی زندہ نہیں رہ سکتا۔
اللہ بیلی :۔ (اُر۔کلمہ دعائیہ) کسی کے رخصت ہونے کے وقت بولا کرتے ہیں۔ اللہ نگہبان۔ اللہ حافظ۔ اللہ نگہبان۔
اللہ توکلی :۔ (اُر۔تابع فعل) اللہ کے بھروسے پر۔ اللہ کے توکل پر اتفاق سے۔ اتفاقیہ۔
اللہ حافظ :۔ (اُر۔کلمہ دعائیہ) رخصت کے وقت کے کلمے ہیں۔
اللہ اللہ کرنا :۔ (اُر۔محاورہ) اللہ کو یاد کر کے۔ تسبیح کرنا۔ مالا جپنا۔ صبر اور توکل کرنا۔
اللہ اللہ کر کے :۔ (اُر۔تابع فعل) اللہ اللہ کر کے۔ بڑی مشکل سے۔
اللہ اللہ کرو :۔ (اُر۔محاورہ) اللہ کا نام لو۔ جھوٹ نہ بولو۔ اللہ کرو۔
اللہ پر نظر رکھو :۔ (اُر) اللہ پر بھروسا رکھو۔ نا امیدی کیوں کرتے ہو۔ وہ کارساز ہے۔ ڈرو مت۔ اللہ ہی مالک ہے۔
اللہ جانتا ہے :۔ (اُر) کلمہ قسم ہے۔ یعنی اللہ کی قسم۔ اللہ سب کچھ جانتا ہے۔
اللہ دے اور بندہ لے :۔ (اُر۔محاورہ) انتہائے غم و رنج اور مصیبت کے وقت کا جب کسی کو ذکر سناتے ہیں۔ تو ایک آدھ گن کر پھر اختصار کے طور پر کہا کرتے ہیں۔ یعنی جتنی مصیبتیں آئیں وہ سب سہیں۔
اللہ رے :۔ (اُر۔ندا کا کلمہ) تعجب۔ اوہو۔ واہ رے۔ اوہو۔ بل بے۔
اللہ رے تیرے دیدے کی صفائی :۔ (اُر۔محاورہ) بل بے تیری بے حیائی۔ تیری شوخی۔ تیری بے وفائی۔ اللہ اللہ۔
اللہ رے میں :۔ (اُر۔کلمہ تفاخر) خودستائی کے موقع پر کہا کرتے ہیں۔
اللہ و غنی (اُر۔کلمہ تعجب) حیرت اور تعجب کے مقام پر کہا کرتے ہیں۔
اللہ غنی تو کاہے کی کمی :۔ (اُر۔مقولہ) جب اللہ بے پرواہ ہے اور سب کچھ دے سکتا تو پھر کمی کس چیز کی کمی ہے۔
اللہ کا کلام :۔ (اُر۔اسم مذکر) قرآن شریف۔
اللہ کا گھر :۔ (اُر۔اسم مذکر) خانہ کعبہ۔ مسجد۔ دل۔
اللہ کا نام لو :۔ (اُر۔محاورہ) اللہ اللہ کرو۔ توبہ توبہ کرو۔ اتنا جھوٹ نہ بولو۔
اللہ کا نام ہے :۔ (اُر۔فقرہ) کچھ نہیں۔ محتاج ہیں۔ کنگال ہیں۔ اللہ کے سوا کچھ نہیں۔
اللہ کا نور :۔ (اُر۔اسم مذکر) اللہ کی تجلی۔ مجازاً بڑا بھی۔ پاک اور نیک آدمی۔ نہایت خوبصورت آدمی۔ طنزاً بدشکل۔ شریر۔ شیطان سیرت۔

اللہ کرے :۔ (وُ) کلمہ دُعائیہ ہے۔ ایسا ہی ہو۔ اللہ ایسا ہی کرے۔

اللہ کی امان پیروں کا سایہ / اللہ کی امان پیر پیغمبر کا سایہ (وُ۔ محاورہ) میں تجھے اللہ کی حفاظت میں اور بزرگوں کی مدد میں چھوڑتی ہوں۔

اللہ کی باتیں اللہ ہی جانے۔ (و۔ فقرہ) اللہ ہی عالم الغیب ہے۔ انسان کی سمجھ اس کی باتوں تک نہیں پہنچ سکتی۔ اس کی باتیں وہی جانتا ہے۔

اللہ کی پناہ :۔ (وُ) کلمہ دعائیہ۔ اللہ بچائے ایسے ظالم سے۔ اللہ محفوظ رکھے۔ ایسے بد سے اللہ دُور رکھے۔

اللہ کی چوری نہیں تو بندے کی کیا چوری :۔ (وُ۔ مقولہ) سخت بے حیائی۔ اور گستاخی سے گناہ کرتے وقت کہا کرتے ہیں۔ نہایت بے غیرتی اور بے شرمی۔

اللہ کی شان :۔ (وُ) ادنیٰ سے اعلیٰ ہو جانے والا یا اعلیٰ سے ادنیٰ یا بھلے چنگے آدمی کے مر جانے وغیرہ وغیرہ موقعوں پر بولتے ہیں۔

اللہ کے گھر سے پھرنا :۔ (اُ۔ محاورہ) نہایت۔ تکلیف کے بعد۔ بچ جانا مر مر کے زندہ رہنا۔ نئے سرے سے جنم لینا۔ کعبے یا مسجد سے واپس آنا۔ برگشتہ ہونا۔ منحرف ہونا۔

اللہ لگتی :۔ (اُ۔ امو) حق بات۔ سچ بات۔ طنزاً انصاف کی بات۔

اللہ لوگ یا اللہ والے لوگ :۔ (وُ۔ مذکر) عابد آدمی۔ نیک لوگ۔ سیدھے سادے آدمی۔ سائیں لوگ۔ متوکل بے آواز۔

اللہ مارا :۔ (وُ۔ مذکر) کلمہ نفرت۔ نکمڑا۔ خدائی خوار۔ مفلس۔ کنگال۔ کاہل۔ سُست۔ مصیبت زدہ۔

اللہ میاں :۔ (وُ) اسم مذکر) اللہ تعالےٰ۔

اللہ میاں کی بھینس :۔ (وُ) ایک سیاہ رنگ کا کیڑا ہے۔ موٹے اور بھدے آدمی کو بھی مجازاً کہہ دیتے ہیں۔

اللہ میاں کی گائے :۔ (وُ۔ مونث) نہایت بھولے بھالے اور سیدھے آدمی کو کہہ دیا کرتے ہیں۔ نیک آدمی۔ بے آزار آدمی۔

اللہ نہ دکھائے :۔ (وُ۔ دعائیہ) دُکھ درد۔ یا مصیبت کے وقت بولا کرتے ہیں۔

اللہ ہی اللہ :۔ (وُ۔ محاورہ) اللہ ہی اللہ ہے۔ اللہ کی ذات کے سوا باقی سب ہیچ ہے۔ کسی حسین کی تعریف کے وقت بھی بولتے ہیں۔ فقیروں کے سوال کے جواب میں بھی مستعمل ہے۔ تعجب کے موقع پر بھی بولا جاتا ہے۔ سبحان اللہ۔ کیا کہنے ہیں۔

اِلہام :۔ (ع۔ اسم مذکر) وہ بات جو اللہ کی طرف سے دل میں ڈالی جائے۔ القا۔

اَلھڑ :۔ (ا) ناداں۔ بے تمیز۔ الیل۔ بے پروا۔ چھوٹی عمر کا۔

اُلہنا :۔ (ہ۔ اسم مذکر) لگہ۔ شکوہ۔ شکایت۔ طعنہ۔ مہنا۔

اِلٰہی :۔ (ع۔ اسم مذکر) لغوی معنی۔ میرا معبود۔ مجازاً اللہ (ندا کی حالت)

اِلٰہیا :۔ (ہ۔ مونث) ایک راگنی کا نام ہے۔

اِلٰہیات :۔ (ع۔ مونث) علم الٰہی کے مسایل اور بحثیں۔

اِلٰہی خرچ :۔ (وُ۔ اسم مذکر) خیرات۔ شاہی خرچ۔ بہت خرچ۔ بے حساب خرچ۔

اِلٰہی رات :۔ (وُ۔ مونث) رات جگا۔ تمام رات جاگنا۔ رات بھر عبادت کرنا۔

اِلٰہی مُہرا :۔ (وُ۔ مونث) ایسا کام جس کا کرنا۔ ایسا ضروری ہو کہ گویا اس پر اللہ کی مُہر لگی ہوئی ہو

اِلیاس :۔ (ع۔ مذکر) ایک نبیؑ کا نام ہے۔ جو خشکی میں بھولے بھٹکے مسافر کو رستہ بتاتے ہیں۔

اِلیٰ الآن :۔ (ع) اب تک۔ اس وقت تک۔

اُلیچنا :۔ (ہ۔ فعل) پانی سوتنا۔ کسی جگہ سے پانی باہر پھینکنا۔

اُلیل :۔ (ہ۔ اسم مذکر) ناتجربہ کار۔ اتھڑ۔ ناکندہ ناتراشیدہ۔ بے پروا۔ نوجوان۔ دُنیا کے کاروبار سے بے خبر۔

الیکٹڈ ممبر :۔ (انگ۔ ا۔ مذکر) منتخب ممبر۔ انتخاب شدہ ممبر۔ منتخص ممبر۔ چنا ہُوا ممبر۔ چھانٹا ہُوا۔ Elected Member

الیکٹرک :۔ (انگ۔ ا۔ مونث) بجلی کا۔ برق کا۔ Electric

الیکٹریشن :۔ (Electrician انگ۔ ا۔ مذ) بجلی کا کام کرنے والا۔

الیکٹرک پاور اسٹیشن :۔ (Electric Power Station انگ۔ ا۔ مذ) بجلی حاصل کرنے کی جگہ۔



الیکٹرک پاور اسٹیشن



الیکٹریسٹی

الیکٹریسٹی Electricity (انگ۔ مو) بجلی۔ برق۔ برقی قوت۔

الیم :۔ (ع۔ مذ) دردناک۔

ا - م

اَمْ :- (ہ) پانی۔ دُودھ پیتے بچے کی بولی۔

اُمّ :- (ع۔مونث) ماں۔ والدہ۔ ماتا۔ مادر۔

اَمّا :- (ع) حرف استدراک۔ لیکن۔ پر۔ مگر۔ اِلّا۔

اَمّا یا اَمّاں :- (ہ۔اسم مونث) ماتا۔ ماں۔ والدہ۔ بڑی بوڑھی عورت کو تعظیماً کہا کرتے ہیں۔

اَمّا باوا :- (ہ۔اسم مذکر) ماں باپ۔

اَمّا بعد :- (ع) بعد ازیں۔ اِس کے بعد۔ اصل میں اَمّا بعد۔ حمد و نعت کے بعد کی بات کرنے کو کہتے ہیں۔

اِمارت (ع۔مونث) : حکومت۔ سرداری۔ امیری۔ دولت مندی۔

اَمّارہ :- (ع۔اسم مذکر) بہت حکم دینے والا۔ بدی کا راغب، سرکش۔ ظالم

اَماس :- (ف۔مونث) سوجن۔ ورم۔ اماسیدن کا حاصل مصدر۔

اَماکِن :- (ع۔امذ) مکان کی جمع امکنہ۔ اِس کی جمع اماکن۔ جگہیں۔

اِمالہ :- (ع۔امذ) الف کو ی سے بدل دینا۔ جیسے کتاب سے کتیب۔ اس کے قاعدے علم صرف میں مقرر ہیں۔

اُمّ الامراض :- (ع۔امونث) بیماریوں کی ماں۔ مجازاً۔ کھانسی۔ نزلہ۔ زکام۔ قبض

اُمّ الخبائث :- (ع۔امونث) خباثتوں کی ماں۔ برائیوں کی جڑ۔ مجازاً شراب۔

اُمّ الصِّبیان :- (ع۔امونث) بچوں کی ماں۔ مجازاً مرگی۔ صرع۔ جو بچوں کی ایک بیماری ہے۔ ذیبا الطفال۔

اُمّ الکتاب :- (ع۔امونث) کتاب کی ماں۔ مراد سورہ فاتحہ۔

اِمام :- (ع۔امذکر) پیشوا۔ استاد۔ مجتہد۔ اللہ اور رسول کی طرف سے مقرر کیا ہوا۔ ہادی۔ رہبر۔ کسی فن کا کامل۔ تسبیح کے دونوں دھاگوں میں پرویا ہوا بڑا دانہ۔ نماز پڑھانے والا پیش امام۔

اِمام باڑہ :- (اُرد۔مذکر) وہ جگہ جہاں شیعہ لوگ تعزیہ رکھتے ہیں۔ اور مجلس عزا منعقد کرتے ہیں۔ مجازاً۔ خانقاہ۔ مجلس خانہ۔ تعزیہ گاہ۔

اِمامت :- (ع۔امونث) رہنمائی۔ رہبری۔ نماز پڑھانا۔ جماعت کرانا۔

اِمام اعظم :- (ہ۔اعذا) اہل سنت والجماعت کے چار اماموں میں سب سے بڑے امام ابو حنیفہ نعمان بن ثابت رح۔ آپ امام جعفر صادق رح کے شاگرد تھے۔

اِمام شافعی :- (ع۔اسم مذکر) اصلی نام محمد بن ادریس۔ اپنے جد اعلیٰ شافع بن سایب کی نسبت سے شافعی مشہور ہوئے۔ اہلسنت والجماعت کے نزدیک آپ تیسرے درجے کے فقیہ۔ اور مجتہد ہیں آپ ۱۵۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۲۰۴ھ میں وفات پائی۔ آپ کا لقب ناصر الحدیث ہے۔

اِمام ضامن :- (ع۔اسم مذکر) حضرت سیدنا علی رضا بن موسیٰ کاظم کا لقب ہے۔

اِمام ضامن کا سرویہ :- (اُرد۔اسم مذکر) حضرت علی رضا کی نیاز کا روپیہ۔ جس کو لوگ سفر پر جاتے وقت اپنے بازو پر باندھ لیا کرتے ہیں۔ تاکہ سفر میں بخیریت رہیں۔ منزل مقصود پر وہ پہنچ کر وہ سیدوں کو تقسیم کیا جاتا ہے۔ یہ رسم امام ضامن کے زمانے سے جاری ہوگئی۔

اِمام غزالی :- (ع۔ف) اسم مذکر۔ آپ کا اصلی نام محمد۔ مقام غزالہ۔ علاقہ خراسان میں ۴۵۰ھ میں پیدا ہوئے۔ مدرسہ نظامیہ نیشا پور میں تعلیم پائی۔ پھر بغداد آئے۔ آخر عمر میں اپنے وطن گئے۔ اور وہیں مدرسہ جاری کیا۔ ۵۰۵ھ میں وفات پائی۔ آپ بڑے فقیہ، محقق، صوفی اور عالم، فاضل حکیم تھے۔

اِمام مالک :- (ع۔اسم مذکر) آپ چاروں اماموں میں سے دوسرے امام ہیں۔ ۹۵ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۷۹ھ میں وفات پائی۔ آپ نے اپنی عمر کا قریباً تمام زمانہ مسجد نبوی میں درس دیتے ہی گزارا۔

امامی :- وہ لوگ جو کسی امام کو مانتے ہیں۔

امامیہ :- (ع۔اسم مذکر) شیعہ لوگ۔ وہ فرقہ جو بارہ اماموں کے سوا اور کسی کو قابل امامت نہیں جانتے۔

اَمان :- (ع۔مونث) بچاؤ۔ پناہ۔ امن۔ حفاظت۔ آرام تسکین۔

اَمانا :- (ہ۔فعل) سمانا۔ بھر جانا۔ اٹ جانا۔ آجانا۔

اَمانت :- (ع۔اسم مونث) سپرد کی ہوئی چیز۔ کسی چیز کو حفاظت کے لیے دوسرے پاس رکھ دینا۔ (صفت) جوں کی توں۔ بجنسہٖ اُردو کے مشہور شاعر آغا حسن ولد میر آغا لکھنوی کا تخلص بھی ہے۔ جو ۱۲۳۱ھ کو پیدا ہوئے۔ اور ۱۲۷۵ھ میں وفات پائی۔ اندر سبھا اور دیوان امانت آپ کی تصنیف ہیں۔

اِمام احمد بن حنبل :- (ع۔اعذا) اہل سنت کے چار اماموں میں سے ایک امام۔ آپ دوسری صدی ہجری کے علماء بغداد سے تھے۔ دس لاکھ حدیثیں آپ کو زبانی یاد تھیں۔ امام بخاریؒ اور امام مسلمؒ آپ کے شاگرد تھے۔ آپ نے علوم دینیہ امام شافعیؒ سے حاصل کیے تھے۔

امانت گزار : (بغیر اعذا) بجنسہٖ واپس کرنے والا۔

امانی :- (ع۔مونث) وہ کام جو اپنے طور پر بنوایا جائے۔ ٹھیکے اور اجارے کی ضد۔

اَمانی آبادی اِجارا اُجاڑا :- (اُرد) بے ٹھیکے کا کام عمدہ اور ٹھیکے کا کام خراب ہوتا ہے۔ امانی کام اجارے سے بہتر اور نفیس ہوتا ہے۔

اَماوس :- (ہ۔مونث) قمری مہینے کا آخری دن۔

اَمبر :- (ہ۔اسم مذکر) لغوی معنی چادر۔ مجازاً آسمان۔ اکاوس۔ بادل۔

اَمبولینس :- (Ambulance انگ۔امذ) دورے میں رہنے والا ہسپتال۔ مریضوں کو لے جانے والی گاڑی

اَمبیا :- (ع۔مونث) کیری۔ کچا آم۔ آم کا چھوٹا کچا پھل۔

امپائر :- (Empire انگ۔امو) سلطنت۔ بادشاہت۔ راج۔

اَمپائر :- (انگ Umpire) وہ شخص جیسے کرکٹ وغیرہ میں منصف یا جج

مقرر کیا جائے۔

اِمپیرر :۔ (انگ۔ا۔مذکر) شہنشاہ۔ قیصر۔ مہاراجا ادھیراج۔ Emperor

اِمپیرس :۔ (انگ۔ا۔مو) ملکہ۔ قیصرہ۔ Empress

اِمپورٹس :۔ (انگ۔مونث) مال درآمد۔ وہ تجارتی مال جو باہر سے کسی ملک میں آئے۔ Import

امپیریل :۔ (انگ، مذکر) بادشاہی۔ شہنشاہی راجسی۔ Imperial

اُمّت :۔ (ع۔امونث) گروہ۔ پیرو۔ کسی نبی کے پیرو۔ تابع۔

اُمّتِ مرحومہ :۔ (ع۔ا۔اضا) مسلمان۔ وہ گروہ جس پر رحم کیا گیا ہے۔

اَمَت :۔ (ع) کنیز۔ لونڈی۔

اِمتثال :۔ (ع۔مذ) حکم بجالانا۔ یا ماننا۔

اِمتحان :۔ (ع۔مذ) ۔ آزمانا۔ آزمایش۔ جانچ۔ پڑتال۔

اِمتحان پاس کرنا :۔ (و) فعل۔ امتحان میں کامیاب ہونا۔ آزمایش میں پورا اُترنا۔

اِمتحان دینا :۔ (ف) آزمایش میں آنا۔ آزمایا جانا۔

اِمتحان لینا یا اِمتحان کرنا :۔ (ف) آزمایش کرنا۔ آزمانا۔ تجربہ کرنا۔

اِمتحاناً :۔ آزمایش اور جانچ کے طور پر جانچنے۔ پرکھنے اور آزمایش کرنے کے لیے۔

اِمتداد :۔ (ع۔اسم مذکر) طوالت۔ درازی زمانہ۔ لمبائی۔ طول۔ مدت کا کھینچنا۔

اِمتزاج :۔ (ع۔اسم مذکر) مرکب کرنا۔ ملانا۔ آمیزش کرنا۔ ملا دینا۔ ملاوٹ۔

اِمتزاجِ کیمیائی :۔ (ف۔مذکر) کیمیائی ملاوٹ علم طبعی کی رُو سے دو یا دو سے زیادہ مختلف خاصیتوں والی چیزوں کو ملا کر ایک ایسی چیز پیدا کرنا جو خاصیت میں ان سب اجزاء سے مختلف ہو۔ اس ملاوٹ کو امتزاج کیمیائی کہتے ہیں۔

اِمتلا :۔ (ع۔مذکر) پیٹ بھرنا۔ پُری۔ بدہضمی۔ جی متلانا۔ قے کی طرف طبیعت کا رجوع کرنا۔

اِمتلائی ہیضہ :۔ (ف۔مذکر) وہ ہیضہ جو پیٹ کے زیادہ بھر جانے سے پیدا ہو۔ بخلاف وبائی کے کہ وہ آب وہوا کی خرابی سے ہوتا ہے۔

اِمتناع :۔ (ع۔مذکر) روک۔ رکاوٹ۔ ممانعت۔ منع کرنا۔ ہٹانا۔

اِمتناعِ تداخل :۔ (ع۔مذکر) کسی دوسرے جسم کو داخل ہونے سے روک دینا۔ مادہ کی ایک خاصیت کا نام ہے۔ کہ ایک ہی وقت میں ایک ہی جگہ دو جسم نہیں سما سکتے۔

اِمتنان :۔ (ع۔اسم مذکر) احسان کرنا۔ کسی کے ساتھ نیکی کرنی۔

اُمّتی :۔ (ع۔اسم مذکر) اُمت کے لوگ۔ فرقہ اور جماعت کے آدمی۔ مقلد۔ پیرو رسول کریم اسلام کی پیرو جماعت۔

اِمتیاز :۔ (ع۔اسم مذکر) تمیز کرنا۔ پہچان کرنا۔ فرق کرنا۔ ترجیح دینا۔ سمجھ۔ شعور۔

اَمِٹ :۔ (ہ۔اسم صفت) نہ مٹنے والی چیز۔ غیر فانی۔ پائیدار۔ مضبوط پتھر کی لکیر۔

اُمٹھنا :۔ (ہ) بل کھانا۔

اَمثال :۔ (ع۔مونث) مثل کی جمع۔ کہاوتیں۔ مانند۔ مشابہ۔ ہم شکل۔

اُم جانا :۔ (ہ) فعل۔ شل ہو جانا۔ دکھ کی وجہ سے کسی عضو کا ایسا اکڑ جانا کہ ہاتھ تک نہ لگایا جانا۔ دُکھ جانا۔ پکا چھوڑا ہو جانا تھک جانا۔

اَمجد :۔ (ع۔اسم مذکر) بڑا بزرگ۔ بہت اعلیٰ مجازاً لاغر اور سوکھا آدمی۔ جمع اماجد۔

اَمچور :۔ (ہ۔اسم مذکر) آم کا چورا۔ آم کی سوکھی پھانکیں۔ مجازاً لاغر اور سوکھا آدمی۔ چرمر۔ ترش کھٹائی۔

اِمداد :۔ (ع۔مونث) مدد دینا۔ حمایت۔ اطاعت۔ سلوک۔ سہارا۔

اِمدادی :۔ (ع۔صفت) وہ کام جس میں کسی کی امداد شامل ہو۔ سہارے کا۔ مدد کیا ہوا۔

اُمڈنا یا اُمنڈنا :۔ (ہ۔فعل) اُبلنا۔ چھلکنا۔ جوش مارنا۔ بادل وغیرہ کا گھر آنا۔ فوج یا آدمیوں کا ہجوم کر آنا۔ دریا کا چڑھنا۔

اَمر :۔ (ع۔مذکر) حکم۔ فرمان۔ ارشاد۔

اَمَر :۔ (ہ۔اسم صفت) غیر فانی۔ ابدی۔ باقی نہ مرنے والا۔ (اللہ۔ایشور پرماتما)

اُمَرا :۔ (ع۔اسم مذکر) امیر کی جمع۔ دولتمند۔ حاکم۔ رئیس۔ ارکان سلطنت۔ معززین۔

اَمراض :۔ (ع۔اسم مذکر) مرض کی جمع۔ دُکھ۔ بیماریاں۔ روگ۔

اَمربیل :۔ (ہ۔مونث) اکاس بیل۔ افتیموں۔ ایک زرد رنگ کی بیل سے درختوں پر ہوا کرتی ہے۔

اَمرت :۔ (ہ۔مذکر) آب حیات۔ زہر کی فند۔ اکسیر۔ مجازاً نہایت عمدہ اور کارآمد اور لذیذ اشیا۔ نعمت غیر مترقبہ۔

اَمرت بانی :۔ (ہ۔مونث) شیریں کلامی۔ خوش بیانی۔ میٹھی باتیں۔

اَمرتی :۔ (ہ۔امونث) جلیبی کی شکل کی ایک مٹھائی جو ماش کے آٹے سے بنتی ہے۔

اَمرد :۔ (ع۔امذکر) جو مرد نہ ہو۔ چھوٹا لڑکا کمسن۔ خوبصورت لڑکا۔ بے ڈاڑھی مونچھ کا لڑکا۔ نابالغ۔

اَمرس :۔ (ہ۔امذکر) آم کا رس۔ کچے آموں کو پکا کر حریرا سا بنایا ہوا۔

اَمرلوک :۔ (ہ۔امذکر) دیوتاؤں کا مکان۔ بہشت۔ جنت۔ سُرگ۔

اَمرود :۔ (ہ۔امذکر) ایک قسم کا گول سا مشہور پھل ہے۔ الہ آباد اور دلی کے امرود بہت میٹھے ہوتے ہیں۔ اور مزے دار ہوتے ہیں۔

اَمر معروف :۔ (ع۔مذکر) نیک کا حکم دینا۔ نیکی کرنے کو کہنا۔ نیک ہدایت دینا۔

اِمروز فردا :۔ (ف۔مذکر) آج کل۔ ٹال مٹول۔ لیت ولعل۔ حیلہ بہانہ۔

اَمر و نہی :۔ (ع۔امذکر) حکم اور مخالفت کرنے اور نہ کرنے کے کام۔

اَمریاں :۔ (ہ۔امونث) آموں کا باغ۔ آموں کے جھنڈ۔ آموں کے درخت۔ دہلی کے ایک باغ کا نام ہے۔ جو قطب صاحب میں ہے۔

اَمریکہ :۔ (انگ۔امذ AMERICA) مذکر۔ ایک براعظم ہے جسے نئی دنیا بھی کہتے ہیں۔ اس کو کولمبس نے ۱۴۹۲ء میں دریافت کیا تھا۔

امریکن (انگ۔ا۔صفت) امریکہ کا باشندہ۔امریکہ سے نسبت رکھنے والا۔ باشندۂ امریکہ ؛ American

اَمزجہ (ع۔مذ) مزاج کی جمع۔طبیعتیں۔مزاج ؛

اُمس (ہ۔مذکر) حبس۔گرمی کی شدت۔گھٹ۔گرمی میں ہوا کا بند ہوجانا؛

امساک (ع۔مذکر) رکنا۔رکاوٹ۔دیر۔کمی۔بخل۔کنجوسی۔بارش کا نہ ہونا۔خشک سالی۔قحط ؛

امسال (ف۔ا۔مذکر) اس سال۔یہ سال۔یہ برس۔سن رواں ؛

امشب (ف۔مؤنث) آج رات۔یہ رات۔اس رات ؛

اَمصار (ع۔ا۔مذکر) مصر کی جمع۔شہر۔بلاد ؛

امضا (ع۔ا۔مذکر) جاری کرنا۔روا ں کرنا۔مہر لگانا۔حکم نافذ کرنا ؛

امعان (ع۔ا۔مذکر) گہری نظر۔بہ نظر غور۔تعمق۔خوض ؛

اَمک (ہ۔مذکر) فلاں۔فلانا۔وہ شخص جس کا نام معلوم نہیں ؛

امک ڈھمک / **اَمکا ڈھمکا** (ہ۔مذکر) یہ وہ شخص فلانا۔حقارت سے فلاں کی جگہ بولتے ہیں۔واہیات۔بیہودہ۔نکمی اور خراب چیزیں؛

امکان (ع۔مؤنث) طاقت۔مقدرو۔مجال۔قابو۔اختیار ؛

اَمگا (ہ) بھرا۔ابھرا ہوا۔

اَمل (ہ۔اسم مذکر) نشہ۔شراب کے علاوہ۔باقی تمام نشے ؛

اَمل (ع۔مؤنث) امید۔آس۔آرزو۔خواہش۔اچھا ؛

اَمل (ہ۔اسم صفت) نہ ملنے والے بے مروت۔وہ آدمی جو ملنسار نہ ہو؛

املا (ع۔مذکر) لغوی یا دسے لکھنا۔مجازاً رواج کے موافق صحیح لکھنا۔ بتائی ہوئی عبارت کو درست کرکے لکھنا ؛

اَملاک (ع۔اسم مؤنث) ملک بمعنی ملکیت کی جمع۔جائیداد جاگیر۔اسباب مال و دولت ؛

اَمل بید (ہ۔ا۔مذکر) گلگل کی قسم کا ایک کھٹا پھل ہوتا ہے۔پہاڑی گلگل چورن بناتے ہیں۔

اَمل پتی (ہ۔ا۔مؤنث) ترپن کی چھوٹی سلائی۔جو املی کی پتی کے برابر ترپی جاتی ہے۔نشہ لانے والی پتی جیسے بھنگ وغیرہ ؛

اَملتاس (ہ۔اسم مذکر) ایک درخت اور اس کا پھل۔اس پھل کے اندر پیسے سے ہوتے ہیں۔ان پر ایک سیاہ سی لیسدار چیز ہوتی ہے، جسے مغز فلوس خیار شنبر کہتے ہیں۔یہ جلاب دینے کے کام آتا ہے ؛

اَملنا (ہ۔فعل) ترش ہونا۔کند ہونا۔جیسے اَمل گئے۔دکھنا۔پیٹ کے پٹھوں کا کھچ جانا ؛

املی (ہ۔اسم مؤنث) تمر ہندی۔ایک قسم کا پھل جو کھٹا ہوتا ہے۔اور اس کا درخت ؛

اُمَم (ع۔مذ) امت کی جمع۔ امت ؛

اَمن (ع۔مذکر) پناہ۔حفاظت چین۔آرام۔بچاؤ۔تسلی۔اطمینان دل جمعی

اَمن و امان / **اَمن و چین** (اُ۔اسم مذکر) حفاظت۔آرام۔تسلی۔پناہ۔ حفظ و امان ؛

امنڈنا (ہ۔فعل) جوش آنا۔ہجوم ہونا۔جمع ہونا۔اُبلنا۔چڑھنا۔طغیانی ہونا ؛

اُمنگ (ہ۔اسم مؤنث) جوش۔ولولہ۔اشتیاق لہر۔ترنگ۔دلی شوق ؛

اُمنگنی (ہ۔مؤنث) خواہش مند۔آرزو مند۔حریص۔لالچی ؛

اَموا (ہ۔مذکر) نہایت سبز رنگ۔آم کے پتوں کے رنگ جیسا ؛

اَموات (ع۔مؤنث) موت کی جمع۔موتیں۔وفاتیں۔مرنا ؛

اَمواج (ع۔مؤنث) موج کی جمع۔لہریں ؛

اموال (ع۔مذکر) مال کی جمع۔مال و دولت۔دھن دولت۔روپیہ پیسہ ؛

اُمور (ع۔مذکر) امر کی جمع۔بہت سے کام۔احکام۔فرامین۔باتیں ؛

اُمونیا (انگ۔اسم) ایک تیز بو والی دوا جو چونے اور نوشادر سے مرکب ہوتی ہے۔(زکام میں سونگھتے ہیں) ؛ Ammonia

اُمونیشن (انگ۔اسم) جنگ کا سامان۔بارود ؛ Ammunition

اُمہات (ع۔مؤ) اُم کی جمع۔مائیں ؛

اَمی (ا۔مؤ) ماں۔

امی جان (ا۔پیار سے) ماں کو کہتے ہیں ؛

اُمّی (ع۔صفت) اَن پڑھ۔ناخواندہ آدمی۔کنایۃً نبی اکرمؐ سے مراد ہے ؛

اُمیٹھنا (ہ۔فعل) اَمیٹھنا۔مروڑنا۔بل دینا ؛

اُمید (ع۔مؤنث) آس۔آرزو۔خواہش۔حمل۔پیٹ ؛

اُمید سے ہونا (اُ۔فعل) پیٹ سے ہونا۔حاملہ ہونا ؛

اُمیدوار (ف۔مذکر) خواہش مند۔آرزو مند۔آیندہ کے بھروسے پر کام کرنے والا ؛

اُمید و بیم (ع۔مذکر) دُبدھا۔اُمید اور خوف۔ڈر بھی اور اُمید بھی۔مشتبہ حالت ؛

اَمیر (ع۔مذکر) بہت حکم دینے والا۔حاکم والیٔ کابل کا لقب ؛

امیر خسرو (ف۔مذکر) دہلی کے ایک مشہور شاعر کا تخلص ہے جو اعلیٰ درجے کے صوفی اور حضرت نظام الدین اولیا کے خلیفہ تھے۔اور سلطان محمدؒ کے اتالیق اور ادیب ۷۲۵ھ میں وفات پائی ؛

اَمیر الاُمرا (ع۔ا۔مذکر) امیروں کا امیر۔بہت بڑا اُمیس۔نہایت دولتمند؛ بہت بڑا سردار ؛

اَمیر البحر (ع۔مذکر) سمندر کا سردار۔بحری فوج کا کمانڈر۔بحری فوج کا افسر ؛

امیر المومنین (ع۔ا۔مذکر) مسلمانوں کا سردار۔اسلام کا اعلیٰ حاکم ؛

امیر کو جان پیاری فقیر کو ایک دم بھاری (اُ۔مقولہ) امیر موت کو اور فقیر زندگی کو دوبھر جانتا ہے ؛

امیری (ع۔مؤنث) حکومت۔دولتمندی ؛

امیری اور فقیری کی بُو سو برس تک نہیں جاتی (اُ۔مقولہ) جو بات فطرت میں جم جائے وہ مدتوں نہیں چھوٹتی بلکہ خاندان تک سرایت کر جاتی ہے ؛

امیری کارخانہ ہے (اُ۔مقولہ) بڑے بے ڈھب خرچ ہیں۔بے پرواہی کام ہے ؛

اَمین (ع۔مذکر) امانتدار۔معتبر۔ایک عہدہ کا نام بھی ہے ؛

اَمین الملۃ یمین الدولہ (ع۔ا۔مذکر) مذہب کا امانتدار۔سلطنت کا دایاں بازو سلطان محمود غزنوی کا خطاب جو اُسے خلیفہ بغداد کی طرف سے ملا تھا ؛

ا - ن

اَن (ہ) نفی کا کلمہ ہے۔ حرف نافیہ جیسے اَن پڑھ (حرف استثنا) سوا۔ بجز۔ اور ؛

اَنّ (س) مذکر غلہ، اناج۔ رزق۔ غذا۔ خوراک ؛

اِن (ہ) یہ۔ یے۔ اسم اشارہ قریب ؛

اُن (ہ) وہ۔ وے۔ اسم اشارہ بعید۔ (عورتیں) خاوند۔ شوہر۔ خصم۔ پتی ؛

اَنّا (ا ت۔ مؤنث) دایہ۔ دودھ۔ پلانے والی عورت۔ مرضعہ ؛

اَنابیب الشعری (ع۔ مؤنث) نہایت باریک نلیاں۔ بال سے باریک سوراخ۔ وہ خاصیت جس کے ذریعہ مائع اشیا اپنی سطح سے اونچی چڑھ جاتی ہیں جیسے تیل بتی میں۔ پانی کھانڈ کی ڈلی میں ؛

انابت (ع۔ مونث) اللہ کی طرف رجوع کرنا۔ اللہ کی عبادت پر مائل ہونا ؛

اَناپ شناپ (اُر۔ صفت) اندھا دھند اوٹ پٹانگ۔ بے غور و فکر۔ بے سوچے سمجھے ؛

اِناث ا۔ (ع۔ مو) انثیٰ کی جمع۔ عورتیں ؛

اَناج (ہ۔ مذ) غلہ۔ اَن۔ جنس ؛

اَناج کا دشمن (اُر۔ مذکر) زیادہ پلیٹو۔ سست کاہل وجود۔ جسے کھانے اور ہگنے سے ہی واسطہ ہو۔ کام کاج بہت تھوڑا کرے ؛

اَناجیل (ع۔ مونث) جمع انجیل۔ خوشخبریاں عمدہ عمدہ خبریں ؛ فنون

انا الحق ا۔ (ع۔ مذ) میں خدا ہوں۔ خدا مجھ میں موجود ہے۔ عالم حال میں صوفی کا نعرہ ؛

اَناجیل اربعہ (ع۔ مؤنث) چاروں انجیلیں متی۔ مرقس۔ لوقا۔ یوحنا کی انجیلیں

اناد (ہ۔ مذ) ازل۔ وہ زمانہ جس کا آغاز نہ ہو ؛

انادی (ہ۔ مو) ا۔ اس زمانے کا جس کی ابتدا نہ ہو۔ بہت پرانی ؛

انار (ف۔ مذکر) ایک مشہور درخت اور اس کا پھل۔ ایک قسم کی آتش بازی ؛

انارا (اُر۔ مذکر) ایک قسم کا کبوتر سرخ آنکھوں والا۔ دلی والے انادی کہتے ہیں ؛

انار بھرنا (اُر۔ فعل) آتشبازی کے انار کی شکل کے کوزے میں بارود بھرنا ؛

انار چھوڑنا یا انار داغنا (ہ۔ محاورہ) آتشبازی کے انار چلانا ؛

انار دانہ (ف۔ مذکر) کھٹے اناروں کے سوکھے ہوئے دانے۔ ایک قسم کا کپڑا چار خانے دار ؛

انار دانہ بنا ہوا ہے (اُر۔ محاورہ) سرخ و سفید بنا ہوا ہے۔ موٹا تازہ ہو رہا ہے۔ پلا ہوا ہے ؛

انارکسٹ Anarchist انتہا پسند۔ شخصی سلطنت کے دشمن۔ شخصی سلطنت برباد کرنے کی سازش کرنے والے ؛

انارکی (Anarchy)۔ انتہا پسندی۔ بادشاہت کی دشمنی کرنا ؛

انارکلی ا۔ (مو) اکبر بادشاہ کی کنیز زادی۔ نادرہ بیگم کا عرف ؛ (مذ) لاہور شہر کے ایک مشہور بازار کا نام ؛

اناڑی (ہ۔ مذکر) مورکھ۔ جاہل۔ ناواقف۔ بے تمیز۔ بے سلیقہ۔ پھوہڑ ؛

اناڑی کا سودا بارہ باٹ (ہ۔ مثل) ناواقف اور ناتجربہ کار سودے میں نقصان ہی اٹھاتا ہے ؛

اناسی (ہ) ستر اور نو۔ اسی سے ایک کم ؛

اِنا للہ وانا الیہ راجعون (ع۔ فقرہ) بیشک ہم اللہ ہی کے ہیں اور اسی کی طرف رجوع کرنے والے ہیں۔ مطلب سب کو مرنا اور اللہ کے پاس جانا ہے۔ قرآن شریف کی ایک آیت ہے جو کسی مصیبت یا کسی کی موت کی خبر سن کر پڑھا کرتے ہیں ؛

اَنام (ع۔ مؤنث) خلقت۔ دنیا۔ موجودات۔ پیدا شدہ چیزیں ؛

انامل ا۔ (ع۔ مذ) انگلیوں کی پور۔ مجازاً انگلیاں ؛

انانیت (ع۔ مؤنث) خودی۔ غرور۔ تکبر۔ مروڑ۔ گھمنڈ۔ میں ہوں کہنا ؛

اَنب یا اَنبہ (ف۔ مذکر) آم کا درخت اور پھل ؛

انباز (ہ۔ مذ) ڈھیر۔ تودہ۔ ذخیرہ ؛

انباری (ف۔ مونث) ہاتھی کی عماری۔ ہودہ۔ ہاتھی کی کاٹھی ؛

اَنباز (ف) شریک۔ ہمسر (مونث حالت سوکن۔ سوت ؛

اَنبر ا۔ (س) پوشاک۔ لباس ؛

انبساط (ع۔ مؤنث) خوشی۔ شادی۔ شادمانی۔ خرمی ؛

اَنبلی (اُر۔ مو) املی۔ تمر ہندی ایک قسم کا کھٹا پھل اور اس کا درخت ؛

اَن بن (ہ۔ مونث) دشمنی۔ عداوت۔ بیر مخالفت۔ لڑائی۔ بگاڑ۔ رنجش ؛

اَن بندھا موتی (اُر۔ اسم مذکر) کنواری عورت۔ باکرہ۔ شوہر نادیدہ۔ ناتجربہ کار عورت ؛

اَن بولی رانی (اُر۔ اسم مؤنث) بھولی بھالی عورت (طنزاً) بد دماغ عورت ؛

انبوہ (ف۔ مذکر) بھیڑ بھاڑ۔ کثرت۔ زیادتی۔ ہجوم۔ دھکم دھکا ؛

اَن بھول (ہ۔ مؤنث) ناواقفیت۔ ناتجربہ کاری۔ غلطی۔ سہو۔ سادہ مزاج۔ ناواقف انجان ؛

اَنبیاء (ع۔ مذکر) نبی کی جمع۔ بہت سے نبی

انبیا (ہ۔ مونث) کیری۔ آم کا کچا پھل جس میں جالی نہ پڑی ہو ؛

اَن پانی (ہ۔ مذکر) آب و دانہ۔ کھانا پانی دانہ پانی ؛

اَن پڑھ یا اَن پڑھا (ہ۔ اسم مذکر) جاہل۔ بے علم۔ ناخواندہ ؛

اَنت (ہ۔ مذکر) آخر۔ اخیر۔ انجام۔ خاتمہ ؛

اَنتالیس (ہ) اسم عدد۔ تیس اور نو۔ ۳۹ چالیس سے ایک کم ؛

اَنتالیسواں ا۔ جو نمبر کے لحاظ سے اڑتیس کے بعد ہو ؛

اَنتالیسوں ا۔ انتالیس کے انتالیس ؛

اَنت آپہنچنا (ہ۔ فعل) قریب المرگ ہونا۔ موت قریب آپہنچنا ؛

انتباہ (ہ۔ اسم مذکر) خبرداری۔ تنبیہ کرنا۔ اطلاع۔ آگاہ کرنا۔ آگاہی ؛

اَنت بُرے کا بُرا (ہ۔ مقولہ) آخر برے کا انجام برا ہی ہوتا ہے ؛

انت بھلا سو بھلا (ہ۔ مقولہ) جس کی زندگی درست ہو گئی۔ وہی بھلا اور عمدہ ؛

اَنت بھلے کا بھلا (ہ۔ مقولہ) نیک آدمی کا انجام بھی آخر کار نیک ہی ہوتا ہے ؛

اَنت سمے کا کال (اُر) آخری وقت۔ آخری وقت

انتخاب (ع) مذکر۔ چھانٹ۔ خلاصہ۔ اختصار۔ چننا۔ چھانٹنا ؛
انتر (ہ۔ مذ) بھید۔ راز دل ؛
اَنتر (ہ۔ مذکر) فاصلہ۔ دوری۔ فرق۔ بُعد۔ عرصہ ؛
اَنترا (ہ۔ مذکر) پہلے فقرے کے سوا گیت کا فقرہ۔ بولی۔ کڑی۔ ٹیک بغیر۔ سوائے۔ نزدیک ؛ ہاتھ کی ضرب۔
اَنتربید (ہ۔ا۔مذکر) دو آبہ۔ گنگا اور جمنا کے درمیانی دو آبہ کا نام ؛
انتر بھاؤ (ہ۔ا۔صفت) طبعی۔ قدرتی۔ نیچرل۔ ذاتی ؛
انتر گیانی (ہ۔ا۔مذکر) ہمہ دان۔ ہر چیز کو جاننے والا۔ علیم۔ غیب جاننے والا ؛
اَنتر ہونا (ہ۔ فعل) غائب ہونا۔ دُور ہونا۔ فرق ہونا۔ فاصلہ ہونا ؛
اَنترمنتر (ہ۔ اسم مذکر) جادو ٹونا۔ جھاڑ۔ پھونک۔ دم جھاڑا ؛
انتریامی انتر جامی (ہ۔ مذکر) محیط کل۔ سالم کل۔ سب پر حاوی ؛
انتڑی (ہ۔ا۔مؤنث) آنت۔ روده۔ (آندر پنجابی) ؛
انتڑی میں روپ اور بھیجی میں چھپ (اُر۔ مقولہ) خوراک سے حسن اور پوشاک سے زیبائش زیادہ ہو جاتی ہے یہ دونوں چیزیں لازم و ملزوم ہیں۔
اَنتڑیاں چلنا (اُر۔ محاورہ) نہایت بھوک بھوک لگنا۔ بہت بھوکا ہونا ؛
انتزاع ا۔ (ع۔ مذ) لباس وغیرہ کو جسم سے اُتار لینا ؛
انتزاع سلطنت ا۔ کسی کو سلطنت سے معزول کر دینا ؛
انتساب (ع۔ اسم مذکر) نسبت رکھنا۔ لگاؤ رکھنا۔ واسطہ۔ تعلق ؛
انتشار (ع۔ا۔مذکر) پھیلنا۔ گھبراہٹ۔ پریشانی۔ شہوت ہونا ؛
انتظار (ع۔ مذکر) اُمید۔ آس۔ آڈیک آڈیکنا۔ راہ دیکھنا۔ آسرا ؛
انتظار کرنا (ع۔ فعل) آسرا رکھنا۔ راہ دیکھنا۔ آڈیکنا ؛
انتظام (ع۔ مذکر) بندوبست۔ تدبیر۔ ترتیب۔ قاعدہ۔ ضابطہ ؛
انتفاع (ع۔ مذکر) فائدہ اُٹھانا۔ نفع کمانا۔ منافع لینا ؛
انتقال (ع۔ا۔مذکر) ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلنا۔ موت۔ مرگ ؛
انتقاض (ع۔ مذ) توڑ دینا۔ اردو میں تنہا استعمال نہیں ہوتا ؛
انتقاض شرط (بداضا) معاہدے سے پھر جانا۔ شرط کو توڑ دینا ؛
انتقاض معاہدہ (بداضا) معاہدے کو توڑ دینا ؛
انتقام (ع۔ا۔مذکر) بدلہ۔ عوض۔ پاداش۔ دشمنی کرنا ؛
ان تلوں میں تیل نہیں (ہ۔ مثل) یہاں سے مطلب برآری نہیں ہوگی۔ بہت کنجوس اور بخیل ہیں۔ نہایت بے مروت اور بے فیض ہیں ؛
اَنت لینا (اُر۔ محاورہ) نہایت دق کرنا۔ بہت زچ کرنا۔ سخت تنگ کرنا ؛
انتہا (ع۔ مؤنث) اخیر۔ اختتام۔ انجام۔ حد۔ نہایت ؛
انتہا کا ا۔ پرلے درجے کا۔ حد سے زیادہ ؛
انتہا لینا ا۔ کسی بات کی حد کا اندازہ کرنا ؛
انتی (ہ۔ا۔مؤنث) کان کا ایک زیور ؛
انتیس (ہ) اسم عدد۔ بیس اور نو ۲۹۔ ۲۰۔ ۲۹۔ تیس سے ایک کم ؛
انتی سنتی ہو کر نکلے (ہ) بددعا ہے۔ یعنی انتی کی طرح پھوڑ پھوڑ کر نکلے۔ اللہ کرے زخم ہو کر نکلے۔ کٹ کٹ کر نکلے ؛

اَنٹا (ہ۔ اسم مذکر) بڑی گولی۔ افیون کی موٹی سی گولی۔ ایک انگریزی کھیل کا نام بھی ہے جو میز پر سفید گولیوں سے کھیلا جاتا ہے ؛
اَنٹا چیت } (ہ۔ مذکر) بالکل بے ہوش۔ نشہ میں چور۔ بالکل
اَنٹا غفیل } بدمست ؛
اَنٹا گھر (ہ۔ا۔مذکر) وہ مقام جہاں انٹا کھیلا جاتا ہے۔ انٹا کھیلنے کی جگہ
اَنٹر (اُر۔ مذ) کوڑا۔ صحیح لفظ ہنٹر ہے ؛
انٹرپریٹر Interpreter ترجمان۔ کسی غیر زبان کی بات چیت کو دوسری انٹریا زبان میں سمجھانے والا ؛
انٹر کلاس Interclass درمیانی درجہ
انٹرپریٹ کرنا (انگ) ترجمانی کرنا۔ کسی کی گفتگو کا اپنے لفظوں میں مطلب ادا کرنا ؛
انٹرمیڈیٹ (انگ۔ امذ) درمیانہ درجہ۔ وسطی کالج۔ جو صرف ایف۔ اے تک تعلیم دے۔ وسطی درجہ ؛ Intermediate
انٹروڈکشن ا۔ (انگ۔ مذ) تعارف۔ تمہید ؛ Introduction
انٹرنیشنل لا (انگ۔ مذ) بین الاقوامی قانون ؛ International Law
انٹرویوس کرنا (انگ) یاد کرنا۔ ملاقات کرنا۔ شناسائی کرانا۔ پہچان کرانا۔
انٹرنس (انگ۔ مذکر) دروازہ۔ داخلہ۔ شروع۔ آغاز۔ ابتدائی تعلیم کا آخری امتحان۔ مجازاً دسویں جماعت ؛ Entrance


انٹرنس

انٹ کا سنٹ (اُر) اُوٹ پٹانگ مہمل۔ لغو۔ بے تکی بجواس۔
اَنٹی (ہ۔ا۔مؤنث) سوت یا ریشم کی لپٹی ہوئی گچھی۔ انٹی۔ انگلیوں کے درمیان کی گھاٹی۔ دو انگلیوں کی درمیانی جگہ ؛
انٹی باز } (اُر۔ا۔مذکر) جواریوں کی اصطلاح ہے۔ وہ شخص جو کھیلتے وقت
انٹی مار } انگلیوں کی گھاٹی میں کچھ چھپا رکھے مجازاً دغا باز۔ فریبی مکار عیار ؛
انٹی سیپٹک (انگ) جراثیم کش ؛ Antiseptic
انٹی پر چڑھ جانا (اُر۔ محاورہ) دھوکا کھا جانا۔ قابو آجانا۔ دام فریب میں پھنس جانا ؛
انٹی میں آنا (اُر۔ محاورہ) دھوکے میں آنا۔ قابو میں آنا۔ بس میں اور فریب میں آنا ؛
اَنثیین (ع) دونوں خصیتے ؛
انجاح (ع۔ مذ) مراد بر لانا ؛
انجام (ف۔ مذکر) آغاز کی ضد۔ اخیر۔ اختتام۔ خاتمہ۔ نتیجہ۔ مکمل ہونا۔ کام کا پورا ہو جانا ؛
انجام بخیر ہونا (اُر۔ محاورہ) نتیجہ اچھا نکلنا۔ خاتمہ بالخیر ہونا۔ ایمان کے ساتھ دنیا سے جانا ؛
انجام پزیر ہونا (اُر۔ محاورہ) ختم ہونا۔ تمام ہونا۔ کام کا پایۂ تکمیل کو پہنچ جانا ؛

انجام سوچنا (اُ۔ محاورہ) نتیجہ کا خیال کرنا۔ دُور اندیشی کرنا۔ مآل کا دیکھنا۔
انجام کار (اُ۔ تابع فعل) آخر کار۔ آخر کو۔ انجام کو۔ نتیجہ۔
انجان (ہ۔ اسم صفت) ناواقف۔ نہ جاننے والا۔ نا آشنا۔ ناتجربہ کار۔
انجان بننا (ہ۔ فعل) جان بوجھ کر ناواقف ہونا۔ دیدہ دانستہ نادان
انجب (ع۔ صفت) بڑا شریف۔ لونڈی بچہ
انجذاب (ع۔ مصدر) جذب کرنا یا ہونا
انجر پنجر (ہ۔ مذکر) عضو بدن۔ جوڑ۔ بند جوڑ۔ جوڑ۔ عضو عضو۔ ہڈی پسلی۔
انجر پنجر ڈھیلے ہو جانا (ہ۔ محاورہ) ہر جوڑ تھک جانا۔ ہر عضو ڈھیلا ہو جانا۔ جوڑ جوڑ کا تھک جانا۔
اَن جَن (ہ۔ اسم مذکر) صفت) ان حروف نفی + جس بمعنی ہنر۔ عزت) بے ہنر۔ بے عزت۔ ذلیل۔ بدنام۔ رسوا۔ ناکارہ۔
اَنجس (ع۔ اسم مذکر) پلید۔ ناپاک۔ نجس۔ نہایت ہی پلید و ناپاک۔
اَن جل (ہ۔ اسم مذکر) دانہ پانی۔ کھانا پینا۔
ان جل نہ کرنا (ہ۔ محاورہ) کچھ نہ کھانا۔ پینا۔ بھوکا مرنا۔ بھوکا ہونا یا رہنا۔
اَنجم (ع۔ اسم مذکر) نجم کی جمع۔ ستارے تارے۔
اَنجل ملے ہوئے دونوں ہاتھ جیسے دعا میں ہوتے ہیں۔
انجماد (ع۔ مذ) منجمد ہو جانا۔ جماؤ۔
اَنجمن (ف۔ اسم مونث) مجلس۔ سبھا۔ محفل۔ کمیٹی۔
انجن (ہ۔ اسم مذکر) سرمہ۔ آنکھوں میں لگانے کی خشک دوا مگر باریک پسی ہوئی کاجل۔
اِنجن (انگ۔ ا۔ مذ) Engine



مذکر۔ بھاپ کی کل۔ آلہ بخارات۔ ریل گاڑی کھینچنے والی مشین۔
اِنجن سار (بغیر اضا) سرمگیں۔ سرمہ لگی ہوئی
انجن سارنا ا۔ سرمہ پیسنا۔ سرمہ لگانا۔
اِنجن ڈرائیور (انگ۔ ا۔ مذکر) انجن چلانے والا۔
اَنجو ا۔ جمع انجوان۔ آنسو۔ ہنجو۔

انجنیر (Engineer) کلوں اور عمارتوں کا کام جاننے والا۔
اِنجیر (ف۔ ا۔ مذکر) مشہور میوہ ہے۔ جو گول اور سیاہی مائل ہوتا ہے ذائقہ میں میٹھا سا۔ دواؤں میں کام آتا ہے۔

انجیر

اِنجیل (یونانی۔ مونث) خوشخبری۔ نوید مژدہ۔ حضرت عیسیٰؑ پر نازل شدہ آسمانی کتاب۔
اِنچ (انگ۔ ا۔ مذکر) فٹ کا بارھواں حصہ یا گز کا چھتیسواں حصہ Inch-
انچارج (انگ) وہ شخص جو کسی محکمے یا ادارے کا پورا پورا ذمہ دار ہو Incharge
انچلا حال (ہ۔ مو) شوخی و شرارت۔ چنچل پنا۔
اُنچاس (ہ) اسم عدد۔ چالیس اور نو۔ ۴۹۔ ۴۹۔
اُنچاؤ یا اُنچائی (ہ۔ اسم مونث) بلندی۔ ارتفاع۔
اَنچھر (ہ۔ اسم مذکر) حرف۔ لفظ۔ بول۔ کلمہ۔ مجازاً جادو کے منتر۔
اِنچے اِنچے رہنا (ہ۔ محاورہ) دُور دُور رہنا۔ الگ الگ رہنا۔ ناراض رہنا۔
اِنحراف (ع۔ اسم مذکر) مُنہ پھیر لینا۔ کنارہ کشی کرنا۔ کنارے ہو جانا انکار انکار کرنا۔ مخالفت۔ پھرنا۔
اِنحصار (ع۔ اسم مذکر) گھرنا۔ محصور ہونا۔ منحصر ہونا۔ دار و مدار ہونا۔ موقوف ہونا۔ سمانا۔
انحطاط (ع۔ اسم مذکر) کمی۔ تنزل۔ گھٹاؤ۔
انعکاس (اُ) عکس پرچھائیں۔

انعکاس

اَن داتا (ہ۔ اسم مذکر) رازق۔ رزق دینے والا۔ آقا۔ مالک حاکم۔ کھانا دینے والا۔
اِندارا / انہارا (ہ۔ اسم مذکر) بڑا گہرا اور پختہ کنواں جس میں بے تھاہ پانی ہو۔
اَنداز (ف۔ اسم مذکر) اندازہ سے حاصل مصدر طرز۔ ڈھنگ۔ طور طریقہ۔ ناز معشوقانہ قیاس۔ اٹکل۔ حد۔ مقدار۔ نمونہ۔ پیمانہ۔ ناپ محبوب کی ادا۔ لگاوٹ۔
انداز اُڑانا (اُ۔ محاورہ) کسی کی طرز سیکھ لینا۔ کسی بات کی اس کی تقلید کرنا۔ کسی کا ڈھنگ اُڑا لینا۔
اَنداز پٹی (ہ۔ اسم مونث) بناؤ سنگار میں ہر وقت مصروف رہنے والی عورت۔ اپنے ناز و نزاکت پر غرور اور فخر کرنے والی عورت۔
انداز سے باہر ہو جانا (اُ۔ محاورہ) اپنی حیثیت سے باہر ہو جانا۔ مقدور سے باہر کام کرنا۔ حد سے بڑھ جانا۔
اَندازہ (ف۔ مذکر) پیمائش۔ ناپ۔ اٹکل جانچ۔ مقدار۔ قیاس۔ حد اعتدال۔

اَندام (ف - مذکر) بدن. جسم. جثہ. انگ ؛

اَندامِ نہانی (ف) پوشیدہ جسم. اندرونی بدن. چھپا ہوا جسم. مجازاً شرمگاہ. ستر. فرج ؛

اَندر (ف - حرف جار. تابع فعل) بھیتر درمیان. بیچ میں ؛

اِندر (ہ - مذکر) دیوؤں کا راجا. بہشت کا راجا. مینہ برسانے والا دیوتا (رعد. گرج. کڑک. بجلی. ہوشیاری. چالاکی ؛

اِندراج (ع - اسم مذکر) درج کرنا. تحریر کرنا. لکھنا. داخل کرنا. شامل کرنا ؛

اِندر آسن (ہ - اسم مذکر) اندر کا تخت راجا. اندر کا سنگھاسن ؛

اِندر آسن آنا (ہ - محاورہ) عیش و آرام سے زندگی گزارنا پڑے. عیش منانا ؛

اِندرائن (ہ - ا - مذکر) حنظل. بھرمنڈا. ایک قسم کا مشہور پھل ہے. جو دیکھنے میں خوبصورت خربزے جیسا ہوتا ہے مگر ذائقہ میں نہایت تلخ ؛

اِندرائن کا پھل (ہ - ا - مذکر) مجازاً وہ آدمی جو شکل میں اچھا اور سیرت میں برا ہو ؛

اندرائن کا پھل دیکھنے کا ہے چکھنے کا نہیں (ہ - مثل) ظاہر عمدہ باطن خراب. صورت اچھی ہے. سیرت خراب ہے ؛

اندر جال (ہ - ا - مذکر) دھوکا. فریب. دغا. مکر. شعبدہ ؛

اندر جو (ہ - ا - مذکر) عربی میں لسان العصافیر. فارسی میں زبان گنجشک کہتے ہیں. جو کے مشابہ اور ہم شکل ایک درخت کا پھل یہ گھٹی میں ڈالا جاتا ہے.

اندرسا (ہ - ا - مذکر) ایک قسم کی مٹھائی. جو چاولوں کے آٹے اور مٹھائی ملا کر گھی میں تلی جاتی ہے ؛

اندر کا اکھاڑا (ہ - ا - مذکر) راجا اندر کی محفل جس میں پریاں ناچتی ہیں. مجازاً حسینوں اور خوبصورتوں کی مجلس. راگ رنگ کی محفل. خوبصورتوں کا جمگھٹ ؛ شکیلہ جمیلہ عورتوں کا مجمع ؛

اندر والا (ہ - ا - مذکر) دل. من. جی. حاملہ کے پیٹ کا بچہ ؛

اَندرون (ف - تابع فعل) اندر درمیان. بیچ. دل. باطن ؛

اِندری (ہ - مؤنث) محسوس کرنے کا اوزار. آلۂ ادراک. ظاہری اور باطنی ہر ایک حس. آلۂ تناسل. اندام نہانی خواہش نفسانی کام. دیو ؛

اِندفاع (ع - مذ) دور ہونا. دفع ہونا ؛

اَندک (ف - اسم صفت) تھوڑا. تھوڑا سا. ذرا سا. کم. خفیف سا ؛

اندلس (ف - ا - مذکر) ہسپانیہ کا معرب ہے جس کو اسپین بھی کہتے ہیں ؛

اندمال (ع - ا - مذکر) زخم کا بھرنا. تسلی. دل جمعی. اطمینان ؛

اندوختہ (ف - ا - مذکر) اسم مفعول از اندوختن جمع کیا ہوا. بچا ہوا. مجازاً مال. دولت ؛

اندوہ (ف - اسم مذکر) غم. فکر. تردد. رنج. ملال. پریشانی ؛

اندوہ ناک (ف - اسم مذکر) صفت مشبہ. یا اسم فاعل ترکیبی غم ناک

اندوگین (ف - اسم مذکر) مترادف

اَندھا (ہ - اسم مذکر) (صفت) نابینا. کور. بے سوچے سمجھے کام کرنے والا. دھندلا. غیر شفاف. ناواقف. بے خبر. جاہل. چشم. ن پڑھ ؛

اَندھا آئینہ (اُ - ا - مذکر) دھندلا آئینہ. غیر شفاف شیشہ. ایسا آئینہ جس میں کچھ دکھائی نہ دے ؛

اَندھا بانٹے ریوڑیاں پھر پھر اپنوں کو ہی دے (ہ - مثل) قرابت دوست آدمی کی نسبت بولتے ہیں. اپنوں کو ہی فائدہ پہنچانا ؛

اَندھا بنانا (ہ - فعل) نابینا کرنا. جل دینا. دھوکا دینا. آنکھوں میں خاک ڈالنا. سامنے سے چرا لے جانا. صریح جھوٹ بولنا ؛

اَندھا بھینسا (ہ - اسم مذکر) لڑکوں کے ایک کھیل کا نام ہے جس میں ایک لڑکا دوسرے کی پیٹھ پر چڑھ کر اس کی آنکھیں بند کر لیتا ہے پھر ایک ایک لڑکا باری باری اس کے پیچھے سے نکلتا ہے. سوار لڑکا نکلنے والے کا نام پوچھتا ہے جس کا نام درست بتا دے پھر اس کو بھینسا بناتے ہیں. یعنی اس پر سوار ہوتے ہیں علیٰ ہذا. مجازاً ناتجربہ کار آدمی. اَنڈا آدمی ؛

اَندھا جانے آنکھوں کی سار (ہ - محاورہ) سار بمعنی قدر. آنکھوں کی قدر اندھا ہی جانتا ہے. کسی نعمت کی قدر اس کے نہ رہنے پر ہوتی ہے ؛

اَندھا جیئے بُرے حالوں (ہ - مقول) دکھ میں زندگی دبان ہے. مصیبت میں حیات کا مزا نہیں ؛

اَندھا دربار (اُ - اسم مذکر) وہ عدالت جہاں. عدل. نہ ہو. ظلم و ستم کا اندھیرا چھایا ہو ؛

اَندھا دوزخی بہرا بہشتی (اُ - مثل) اندھا آدمی مشکوک طبع ہوتا ہے اور خیال فاسد رکھتا ہے. بہرا آدمی حسد کی باتوں سے پاک ہوتا ہے. لہٰذا یہ مثل بن گئی ؛

اَندھا دھند (ہ - اسم صفت) بے سوچے سمجھے. بدانتظامی سے. بدنظمی سے. بے حساب. بے احتیاطی سے بے دھڑک ؛

اَندھا دُھند لٹانا (ہ - محاورہ) بے حساب خرچ کرنا. بے دھڑک خرچ کرنا ؛

اَندھا دُھند مچنا (ہ - محاورہ) بے انصافی ہونا. ظلم و ستم ہونا. لوٹ مار ہونا ؛

اَندھا راجا چوپٹ نگری یا اَندھیر نگری چوپٹ راجا ٹکے سیر بھاجی ٹکے سیر کھاجا (ہ - مثل) ظالم حاکم. بے پرواہ حکومت بے آئین سلطنت بے قاعدہ. بادشاہت جہاں راجا کی غفلت کے باعث اندھیر مچ رہا ہو نیک و بد کی تمیز نہ ہو. رعایا کے حال کی پروا نہ ہو ؛

اَندھا کنواں (ہ - ا - مذکر) خشک کنواں. چاہ تاریک. بچوں کا کھیل جو چار کنکریوں سے کھیلا جاتا ہے ؛



جس کی شکل یہ ہے ؛

اَندھا کیا جانے بسنت کی بہار ۱. (ہ - مثل) ناقدر شناس

اندھا کیا جانے جنگل کی سار (ا) آدمی اچھی چیز کی قدر نہیں جان سکتا جس میں تمیز کا مادہ ہی نہ ہو۔ وہ کسی چیز کو کیا سمجھ سکتا ہے فارسی میں ہے۔ چہ داند بوزنہ لذات ادرک ؛

اندھا کیا چاہے دو آنکھیں (ض۔ محاورہ) حاجت مند آدمی کو اپنی حاجت برآنی ہی کی غرض ہوتی ہے۔ بھوکا روٹی ہی روٹی پکارتا ہے کورا چہ باید دو چشم ؛

اندھا گائے بہرا بجائے (ض۔ مثل) نااہلوں کا مجمع ہے۔ نالائق اور نکمے اکٹھے ہو رہے ہیں۔ بیوقوف ہی جمع۔ بھولوں کی سوسائٹی ؛

اندھا گھوڑا (ض۔ اسم مذکر) فقیروں کی اصطلاح میں جوتے کو کہتے ہیں

اندھا گیا سگائی کو آپ کو کہ بھائی کو (ض۔ مثل) خود غرض اور مطلب پرست کی نسبت بولتے ہیں۔ خود غرض کو اپنا مطلب مقدم ہوتا ہے ؛

اندھا ہونا (ض۔ فعل) مغرور ہونا۔ نابینا ہونا۔ گمراہ ہونا۔ نشہ میں مست ہونا جوانی کے جوش میں سرشار ہونا۔ بے دیکھے بھالے کام کرنا ؛

اندھڑ اندھکار (ض۔ اسم مذکر) باد صرصر۔ بادِ تند۔ جھکڑ۔ آندھی۔ بدنظمی۔ لوٹ کھسوٹ ؛

اندھلانا (ض) دھوکا دینا۔ اندھا بنانا ؛

اندھوں میں کانا راجا (ض۔ مثل) نالائقوں میں تھوڑی لیاقت والا بھی بڑا قابل سمجھا جاتا ہے ؛

اندھے کے آگے رونا اپنے نین کھونا (ض۔ مثل) اندھے اور خود غرض کے سامنے گریہ زاری بے سود ہوتی ہے ؛

اندھی ۰۱ اندھا کا مونث ؛

اندھیر (ض۔ اسم مذکر) بدنصیبی۔ پریشانی۔ ظلم وستم۔ بے انتظامی۔ دغا فریب۔ بے ایمانی۔ سیاہی۔ تاریکی۔ مصیبت۔ آفت ؛

اندھیرا اندھیارا (ض۔ اسم مذکر) تاریکی۔ سیاہی۔ اُجالے کی ضد۔

اندھی پیسے کتا کھائے (ض۔ مثل) بے تمیزی سے کام کرنا۔ پھوہڑ عورت کی نسبت بولتے ہیں ؛

اندھی سرکار (اُر۔ محاورہ) ظالم حاکم۔ بے انصاف بادشاہ۔ ستم گر افسر

اندھیر کھاتا (ض۔ اسم مذکر) بدنظمی۔ بدمعاملگی۔ پرلے درجے کی بے ایمانی۔ سخت ظلم ؛

اندھیر گھُپ (ا۔ مذ) بے حد تاریکی جس میں کچھ نہ سوجھے۔۔ سخت اندھیرا ؛

اندھیر مچانا (ا۔ محاورہ) سخت ظلم وستم برپا کرنا۔ ستم ڈھانا۔ ہلڑ مچانا ؛

اندھیر ہونا (ض) تاریکی ہونا۔ ظلم اور ناانصافی ہونا ؛

اندھیری (ض۔ اسم صفت مونث) سیاہ و تاریک چیتڑے کا ٹکڑا جو بگھی وغیرہ کے گھوڑے کی آنکھوں پر باندھا جاتا ہے ؛

اندھیری لگانی (ض۔ فعل) آنکھوں پر پٹی باندھنا۔ گھوڑے کی آنکھوں پر چیتڑے کا چشمہ لگانا تاکہ صرف آگے ہی دیکھ سکے ؛

اندھیرے اُجالے (ض۔ تابع فعل) وقت بے وقت اندیرا سویرا۔ کسی نہ کسی وقت ؛

اندھیری کوٹھڑی (ض۔ اسم مونث) تاریک گھر۔ اندھیرے والا مکان مجازاً جسم کا اندر کا حصہ۔ عورت کا رحم نامعلوم شے ؛

اندھیرے گھر کا اُجالا (ض۔ ا۔ مذکر) اکلوتا بیٹا۔ گھر کا دیا۔ گھر کا چراغ ؛

اندھیرے مُنہ یا مُنہ اندھیرے (ض۔ تابع فعل) بہت سویرے۔ تڑکے تڑکے بہت ہی تڑکے جب صرف مُنہ دکھائی دے ؛

اندھے کو اندھا رستہ کیوں کر بتاوے (ض۔ مثل) جو خود ہی گمراہ ہو وہ اوروں کی کیا رہنمائی کر سکتا ہے۔ او خویشتن گم است کرا رہبری کند ؛

اندھے کو دن اور رات برابر (ض۔ مثل) بے تمیز آدمی بُرے بھلے میں تمیز نہیں کر سکتا۔ بیوقوف اچھے بُرے کو نہیں جانچ سکتا ؛

اندھے کے آگے روئیے اپنے نین کھوئیے (ض۔ مثل) بے سمجھ کو سمجھانا۔ سر درد خریدنا ہے۔ نالائق کے سامنے نقصان کی حکمت کس کام کی بے درد کو اپنا درد سنانا نتیجہ معلوم۔۔ بالکل بے سود ؛

اندھے کی جورو کا اللہ بیلی (ض۔ مثل) جس کا کوئی محافظ نہ ہو۔ اس کا اللہ ہی نگہبان ہے جس کا کوئی مددگار نہ ہو۔ اس کا اللہ ہی مددگار ہوتا ہے ؛

اندھے کی داد نہ فریاد اندھا مار بیٹھے گا (ض۔ فقرہ) مجبور کی خطا خطا نہیں ہوتا۔ معذور کا جرم قابل سزا ہی نہیں ؛

اندھے کی لاٹھی یا لکڑی (ض۔ اسم مونث) ایک بچہ جو کئی بچوں میں سے بچا ہو۔ بڑھاپے کا سہارا۔ مددگار۔ معاون۔ یار غمخوار ؛

اندھے کے ہاتھ بٹیر لگی (ض۔ محاورہ) اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب کسی کم حوصلہ آدمی کو نایاب شے مل جائے اور وہ اس کا بیجا استعمال کرے۔ یا بے حیثیت کو اس کی طاقت سے بڑھ کر کوئی چیز مل جائے تو طنزاً کہا کرتے ہیں ؛

اندیشہ (ف۔ اسم مذکر) فارسی مصدر اندیشیدن کا حاصل مصدر۔ ڈر۔ خوف۔ کھٹکا ؛

اندیشہ ناک (ف۔ اسم مذکر) اسم فاعل۔ خوفناک۔ پرخطر ؛

ان دیکھی (ض۔ اسم مونث) ناواقف۔ ناآشنا۔ نادیدہ۔ بے دیکھی چیز ؛ انوکھی

انڈکس Index (انگ۔ مذ) ضمیمہ۔ فہرست۔ اشاریہ۔ تفصیلات۔ خلاصہ ؛

انڈا (ض۔ اسم مذکر) بیضہ۔ مجازاً آدمی کا خصیہ ؛

انڈا کھٹکنا (اُر۔ فعل) پرندے کے بچے نکلنے۔ انڈے کا پھوٹنا اور بچے کا باہر آنا ؛

انڈر گراؤنڈ ریلوے Underground Railway (انگ۔ اسم) زمین دوز ریلوے ؛

اُنڈلانا (ف - فعل) شوخی کرنا۔ چلنا۔ اٹھلانا ؛

اُنڈل پڑنا (ف) گر پڑنا ؛

اُنڈوا (ف - اسم مذکر) مزدور لوگ جو کپڑا تہ کر کے اپنے سر پر رکھ لیتے ہیں۔ تاکہ بوجھ سے گٹھڑی سر میں نہ چبھے۔ پنجابی (اپنو)

اُنڈوا ئی (ف - اسم مونث) مرغی وغیرہ جو انڈے دینے کو تیار ہو ؛

انڈوں پر ہونا (ہ۔محاورہ) انڈے سینا۔ بچے نکالنے کے لیے انڈوں کو گرمی پہنچانا ؛

اُنڈیانا (ف - فعل) انڈے دینے پر ہونا۔ بیل۔ بھینسے وغیرہ کو جلدی چلانے کے لیے اس کے خصیوں کو ملنا ؛

انڈے اُڑانا (ہ۔محاورہ) بہت جھوٹ بولنا۔ انڈے پارہ بھر کر اور منہ موم سے بند کر کے اُڑاتے ہیں۔ مراد دھوکا دینا۔ فریب بازی کرنا ؛

انڈے بچوں میں بچے کھجور میں (اُ۔ محاورہ) بدانتظامی۔ بے ترتیبی۔ کوئی چیز کہیں کوئی کہیں ؛

انڈے بچے (اُ۔اسم مذکر) آل اولاد بیٹے پوتے۔ لڑکے بالے ؛

انڈے سینا (ہ۔محاورہ) کسی پرندے کا انڈوں پر بیٹھ کر ان کو گرمی پہنچانا تاکہ بچے نکل آئیں۔ گھر میں بیٹھے رہنا۔ گھر گھس ہونا ؛

انڈے سیوے کوئی بچے لیوے کوئی (ف - محاورہ) محنت کوئی کرے فائدہ کوئی اُٹھائے ؛

انڈے سیوے فاختہ اور کوّے میوے کھائیں (ف۔ محاورہ) فاختہ بیچاری محنت کر کے بچے نکالے اور کوے کھا جائیں۔ حرام خور آدمی کو کہا کرتے ہیں ؛

انڈے کا ستارا (اُس گھی میں تلا ہوا خالی انڈا۔

انڈے کا شہزادہ (اُ۔ اسم مذکر) وہ آدمی جو گھر سے باہر نہ نکلا ہو۔ ناواقف۔ ناتجربہ کار۔ بھولا بھالا۔ سیدھا سادہ ؛

انڈے لڑانا (ہ۔محاورہ) قمار باز نوروز کے دن انڈے ہاتھوں میں لے کر ایک دوسرے پر مارتے ہیں جس کا انڈا ٹوٹ جائے وہ ہار جاتا ہے۔ دوسرا بازی جیت لیتا ہے۔

اُنڈیلنا (ف - فعل) اوندھا کرنا۔ گرانا ڈالنا۔ اُلٹنا۔ ایک برتن سے کوئی چیز دوسرے میں اُلٹا دینا ؛

انڈے ہونگے تو بچے بھی ہو رہینگے (ف۔ مثل) مرد عورت ہوں گے تو اولاد بھی ہو ہی جاوے گی۔ کام اور محنت کرینگے تو نفع ہو گا ؛

انڈیا (انگ۔ا۔ مذکر) ہندوستان۔ بھارت ؛ India

انڈین (انگ۔اسم صفت) ہندی۔ ہندوستانی۔ ہندوستان کا رہنے والا ؛ Indian

انڈین پینل کوڈ (انگ۔ مذکر) تعزیرات ہند Indian Panel Code

انڈین سِول سروس (انگ۔ا۔مذ) ہندوستان کی ملکی ملازمت مخفف۔ آئی۔ سی۔ ایس ہے ؛ Indian Civil Service

انڈین کونسل (انگ۔ا۔مذ) وزیر ہند کی کونسل Indian Council

انڈین نیشنل کانگرس (انگ۔مذ) ہندوستان کی سیاسی پارٹی جو ۱۸۸۰ء میں قائم ہوئی Indian National Congress

اَنڑتھ (ف - اسم صفت) اصل میں اَن ارتھ ہے بمعنی بے معنی۔ بے ہودہ مہمل۔ لغو۔ فضول۔ نامناسب ؛

اَنڑیت یا انڑیتی (ف - اسم مؤنث) بے رواجی۔ بے رسمی۔ بدچلنی ؛

اِنزال (ع - اسم مذکر) اُتارنا۔ اُترنا۔ منی نکلنا۔ جھڑنا۔ چھٹنا ؛

انزجار (ع۔مذ) طبیعت کا ہٹ جانا ؛

اَنس (ف - اسم مونث) عطر۔ مغز۔ ست۔ طاقت۔ قوت۔ زور۔ کسر۔ حصہ ٹکڑا۔ لطیفہ۔ شمار کنندہ۔ قوت نما ؛

انزوا (ع۔مذ) گوشہ نشینی ؛

اِنس (ع - عربی - اسم مذکر) انسان کی جمع۔ آدمی لوگ۔ آدمی کی نسل ؛

اُنس (ع - اسم مذکر) محبت۔ پیار۔ رغبت۔ میلان خاطر۔ میل جول ؛

اَنساب (ع۔مذ) نسب کی جمع۔ خاندان۔ نسلیں۔ شجرے ؛

اِنسان (ع - مذکر) آدمی۔ آدم کی اولاد۔ منش۔ پرش۔ محبت رکھنے والا ؛

اِنسان بنانا (اُر۔فعل) مروّت۔ ہمدردی سے پیش آنا۔ اچھا سلوک کرنا خلق سے برتاؤ کرنا ؛

اِنسانیت (ع - اسم مونث) آدمیت۔ عقل مندی۔ سمجھ۔ خبرداری ؛

اِنسانیت برتنا (اُر۔فعل) آدمیت سے پیش آنا۔ خلق و مروت کا سلوک کرنا ؛

انسب (ع - اسم مذکر) نہایت مناسب۔ بہت درست۔ نہایت ہی ٹھیک ؛

انسپکٹر (Inspector) معائنہ کرنے والا۔ دیکھ بھال کرنے والا ؛

انسپکٹر جنرل (انگ۔ا۔مو) معائنہ کرنے والا بڑا افسر۔ مہتمم اعلےٰ محکمے کا نگران کار ؛ Inspector General

اَنسٹھ (ف) اسم عدد۔ پچاس و نو۔ پنجاہ و نہ۔ ۵۹۔ ساٹھ سے ایک کم ؛

انسٹیٹیوٹ (ان - اسم مؤنث) محکمۂ ترقی۔ علوم و فنون ؛ Institute

انسٹیٹیوشن (Institution) سکول۔ کالج وغیرہ۔ علمی مجلس قاعدوں اور اصولوں کا ایک ضابطہ ؛

انسداد (ع۔مذکر) روک تھام۔ بندوبست۔ انتظام۔ مزاحمت ؛

انس نکالنا (ف - فعل) ست نکالنا۔ جان نکالنا۔ طاقت لینا۔ کمزور

انسائیکلوپیڈیا Encyclopaedia۔انگ۔ا۔مذ۔مو) قاموس دائرۃ المعارف۔ مخزن العلوم۔ علوم و فنون کے متعلق کتاب

انشا (ع۔اسم مونث) لغوی معنی پیدا کرنا۔ اپنے دل سے پیدا کر کے کوئی عبارت لکھنا۔ مجازاً۔ طرز تحریر۔ عبارت۔ خطوط نویسی کی کتاب۔ سید انشاء اللہ خاں لکھنوی کا تخلص ؛

اِن شاءاللہ تعالیٰ - (ع فقرہ) اگر اللہ تعالےٰ نے چاہا ؛

انشاپرداز (ع۔ف۔ مذکر) منشی۔ ناثر نثر لکھنے والا ؛

انشاپردازی (ی - اسم مونث) مضمون نویسی کا ڈھنگ۔ خط و کتابت کا طریق ؛

اِنشائیہ (ع۔اسم مذکر) وہ جملہ کے جس کے متکلم کو جھوٹا یا سچا نہ کہہ سکیں ؛

انشراح (ع۔اسم مذکر) کھلنا واضح ہونا۔ کشادہ ہونا۔ ظاہر ہونا ؛
انصار (ع۔اسم مذکر) ناصر کی جمع ہے۔ مددگار۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ اصحاب جنھوں نے مدینہ منورہ میں آپ کی مدد کی ؛
انصاف (ع۔اسم مذکر) لغوی معنوی۔ برابر دو حصے کرنا۔ نصفا نصف۔ مجازاً عدل۔ نیاؤ۔ داد ؛
انصرام (ع۔اسم مذکر) لغوی معنی کٹنا۔ مجازاً انجام کو پہنچانا۔ انتظام۔ انتظام کرنا ؛
انصباب (ع۔مذ) گرنا۔ کسی رقیق شے کا ٹپکنا ؛
انضباط (ع۔ اسم مذکر) لغوی معنی ملاپ مضبوطی۔ مجازاً تعین۔ ضابطہ۔ طریقہ ؛
انضباط اوقات (ع۔اسم مذکر) وقت کی تقسیم۔ وقت کی تعیین۔ پابندیٔ وقت ٹائم ٹیبل۔ تقسیم اوقات ؛
انضمام (ع۔اسم مذکر) پیوستہ ہونا۔ ملانا جوڑنا۔ جڑانا ؛
انطاکیہ (ع۔اسم مذکر) ملک روم کا ایک نہایت پرانا شہر ؛
انطباع (ع۔اسم مذکر) نقش ہونا۔ چھپ جانا۔ چھاپہ خانہ میں کسی کتاب کا چھپنا ؛
انطباق (ع۔اسم مذکر) آپس میں ملنا۔ بالکل منطبق ہونا ؛
انطفا (ع۔اسم مذکر) آگ کا بجھ جانا۔ افسردہ ہونا۔ آگ ٹھنڈی ہوجانا ؛
انعام (ع۔اسم مذکر) نعمت دینا بخشش۔ عطیہ۔ احسان۔ کام کرنے کا صلہ ؛
انعدام (ع۔مذ) نیست و نابود کرنا ؛
انعطاف (ع۔مذ) مائل ہونا۔ کسی طرف جھکنا ؛
انعام واکرام (ع۔مذکر) خلعت و عزت دینا ؛
انعقاد (ع۔اسم مذکر) بندھنا۔ گرہ پڑنا۔ منعقد ہونا ؛
انعکاس (ع) الٹنا۔ لوٹنا۔ واپس ہونا۔ عکس۔ سایہ ؛
انفار (ع۔مذکر) نفر کی جمع۔ سپاہی۔ آدمی۔ نوکر۔ ملازم۔ کم رتبہ اشخاص کے لیے بولتے ہیں ؛
انفارمر (انگ) اطلاع دینے والا۔ مخبر ؛ Informer
انفارمیشن (انگ۔مؤ) اطلاع۔ خبر ؛ Information
انفاس (ع۔اسم مذکر) نفس کی جمع ؛ سانس۔ دم ؛
انفرادی ؛ ایک سے تعلق رکھنے والا ؛
انفرادیت ؛ ذاتی خصوصیت ؛
انفجار (ع۔اسم مذکر) چشمہ کا پھوٹنا۔ پھوٹ نکلنا۔ پھوٹ بہنا ؛
انفحہ (ع۔اسم مذکر) چاک۔ چستہ۔ پنیر مایہ۔ معدہ ؛
انفراد (ع۔مذ) اکیلا ہونا۔ تنہا ہونا۔ یکتائی ؛
انفراغ (ع۔اسم مذکر) فارغ ہونا۔ فراغت پانا۔ فرصت پانا۔ کام ختم ہونا ؛
انفساخ ؛ فسخ کرنا۔ معاہدے وغیرہ کا توڑ دینا ؛
انفصال (ع۔اسم مذکر) جدا ہونا۔ فیصلہ ہونا۔ طے ہوجانا۔ چک جانا ؛

انفس (ع۔مذ) نفس کی جمع۔ نفوس۔ روحیں۔ بہت سے آدمی ؛
انفعال (ع۔مذکر) شرمندہ ہونا۔ شرم۔ ندامت۔ خفت۔ سبکی ؛
انفکاک (ع۔مذ) جدا ہونا۔ چھڑانا۔ چھوڑنا۔ الگ کرنا ؛
انفلوئنزا (انگ۔ مذ) نمونیا ؛ Influenza
انفلوئنس (انگ۔ مذ) رسوخ۔ رعب ؛ Influence
انفنٹری Infantry ۔ پیادہ فوج۔ پلٹن پیدل فوج ؛
انفنٹ کلاس (انگ۔مؤ) بالکل ابتدائی جماعت ؛
انقباض (ع۔مذکر) رکاوٹ۔ روک۔ قبض۔ بستگی ؛
انقراض (ع۔مذ) پورا ہونا۔ مقررہ مدت کا ختم ہونا ؛
انقرہ (ع۔مذ) ترکی کا دارالخلافہ ؛
انقسام (ع۔مذ) تقسیم ہونا۔ حصہ حصہ ہونا ؛
انقضا (ع۔اسم مذکر) گزر جانا۔ پورا ہوجانا۔ چھوٹ جانا۔ گزرنا ؛
انقطاع (ع۔اسم مذکر) کٹ جانا۔ تعلق ٹوٹ جانا۔ قطع تعلق ہونا ؛
انقلاب (ع۔اسم مذکر) بدل جانا۔ الٹ پلٹ ہوجانا۔ تغیر و تبدل الٹ پھیر ؛
انقیاد (ع۔مذ) فرماں برداری۔ اطاعت۔
انکار (ع اسم مذکر) نامنظور۔ اقرار کی ضد۔ نہ ماننا۔ ناکر دینا۔۔ انحراف ؛
انکاکیڑا (ہ۔اسم مذکر) اناج میں پیدا ہونے والا کیڑا۔ اناج پر گزارہ کرنے والا مجازاً۔ انسان۔ آدمی ؛
انکاؤ (ہ۔ مذکر) تخمینہ۔ اندازہ۔ جانچ ؛
انکس (ہ۔ اسم مذکر) ہاتھی کو چلانے کا اوزار کجک
انکسار (ع۔اسم مذکر) ٹوٹ جانا۔ خاکساری۔ فروتنی۔ تواضع۔ عاجزی ؛
انکشاف (ع۔مذ) کھولنا کسی پوشیدہ بات کا کھلنا ؛
ان کلک (ہ۔ اسم مذکر) محاسب خاندان۔ خاندان کا نگران ؛
آنکنا (ہ) اندازہ ہونا۔ جچنا۔ پسندیدہ ہونا۔ پسند آنا ؛
انکم ٹیکس (انگ) آمدنی کا ٹیکس۔ آمد کا محصول۔ دولت پر آمدنی کے حساب سرکاری لگان۔ رعیت۔ رعایا۔ Income Tax
انکوائی (ہ) جانچ۔ جانچنے کا معاوضہ ؛
ان کلیمڈ (انگ۔مذکر) لاوارث مال۔ وہ مال جس کا کوئی والی وارث نہ ہو ؛ Unclaimed
آنکوٹ (ہ۔اسم مذکر) ہندوؤں کا ایک تیوہار جو دیوالی سے دوسرے روز ہوتا ہے جس میں طرح طرح کے کھانے پکا کر دیوتاؤں کو بھوگ لگاتے ہیں ؛
انکھڑی (ہ۔مؤ) چھوٹی آنکھ۔ پیاری آنکھ ؛
انکھڑیاں (ہ۔اسم مؤنث) محبوب کی آنکھوں کو پیار سے مصغر کرکے کہتے ہیں۔ آنکھ کی تصغیر ہے۔ چشم۔ آنکھیں ؛
آنکھوا (ہ۔اسم مذکر) آنکڑا۔ ٹوکس۔ آٹے کا شکوفہ جو گیہوں میں

مل کر۔ میٹھا لگا کر کھاتے ہیں۔ دال کا ناک جو دلتے وقت ٹوٹ کر الگ ہو جاتا ہے ؛

اُن کے چاٹے روکھ بھی ہرے نہیں ہوئے (ہ۔ محاورہ) بڑا گھاؤ گھپ ہے۔ بڑا لٹیرا ہے۔ بڑا چالاک ہے۔ ان کے کھانے کا پتا نہیں چلا ؛

انکھیاں (ہ۔ مو) پیاری آنکھیں۔ چھوٹی آنکھیں ؛

اِن کے کھائے نے پانی بھی نہیں مانگا (اُر۔ محاورہ) وہ بڑے عیار ہیں۔ نہایت ٹھگ ہیں۔ وہ لوٹ کھسوٹ کر پتا نہیں دیتے بن پانی ہی ہضم کر جاتے ہیں ؛

انگ (ہ۔ا۔مذکر) جسم۔ بدن۔ عضو۔ جوڑ۔ چھاتی۔ پستان۔ سینہ۔ جزو بدن ؛

انگا (ہ۔ا۔مذکر) جامہ۔ پیراہن۔ انگرکھا ؛

انگارا یا انگارا (ہ۔ا۔مذکر) دہکتا ہوا پلا یا بڑا سا کوئلہ۔ مجازاً لال۔ سرخ۔ نہایت سرخ۔ دہک دہک کرنا ؛

انگارا بننا (اُر۔ محاورہ) نہایت غضب آلود ہونا۔ سخت غصہ ہونا۔ غصے سے لال ہو جانا۔ کھا پی کر خوب موٹا تازہ لالوں لال ہونا ؛

انگاروں پر لٹانا (ہ) فعل۔ نہایت دکھ دینا۔ تڑپانا۔ تکلیف پہنچانا رنج دینا ؛

انگاروں پر لوٹنا / **انگاروں پر لیٹنا** (اُر۔ محاورہ) نہایت دکھ پہنچنا۔ دکھ سہنا۔ تڑپنا۔ رشک اور حسد سے جلنا۔ بہت تکلیف اٹھانا۔ دل ہی دل میں کڑھنا ؛

انگارے برسنا (اُر۔ محاورہ) اللہ کا قہر نازل ہونا۔ شدت کی گرمی پڑنا۔ لُو چلنا ؛

انگدبدیا (ہ۔ اسم مذکر) علم تشریح جسم کی بناوٹ کا علم۔ تشریح الابدان ؛

انگبین (ف۔ اسم مذکر) شہد۔ عسل ؛

انگرکھا (ہ) مردوں کا پہننے کا ایک کپڑا چپکن۔ قبا ؛

انگریز (انگ۔ا۔مذ) انگلستان کا رہنے والا فرنگی ؛

انگریزی (انگ۔ا۔مو) انگریزوں کی زبان ؛ انگریزوں سے نسبت رکھنے والی چیز ؛

انگڑائی (ہ۔ا۔مونث) خمیازہ۔ سستی رفع کرنے کے لیے جسم کا تننا۔ اکڑنا۔ ہر حیوان کے واسطے رفع کسل کے لیے ایک قدرتی حرکت ہے ؛

انگڑائی توڑنا۔ انگڑائی لینا (اُر۔ محاورہ) سستی اتارنا۔ خمیازہ کشی کرنا۔ بے کاری اور غفلت میں گزارنا۔ سست پڑے رہنا ؛

انگڑ کھنگڑ (ہ۔ اسم مذکر) پرانا اسباب خانہ داری۔ کاٹھ کباڑ۔ بیکار چیزیں۔ ٹوٹا پھوٹا سامان فضول اشیاء ؛

انگش بنگش ا۔ مہمل۔ واہیات۔ خرافات۔ بے ٹھکانے ؛

اُنگشت (ف۔ا۔مونث) اُنگلی ؛

اُنگشتانہ (ف) پیتل یا لوہے کا خانہ دار حلقہ جو کپڑا سیتے وقت اکثر انگلی سرے میں پہن لیا کرتے ہیں۔ تاکہ سوئی نہ چبھے۔ تیر اندازوں کا لوہے کا حلقہ جسے شست کہتے ہیں۔ زہ گیر ؛

انگشتانہ

انگشتری

اُنگشت بدنداں ہونا (اُر۔ محاورہ) دانتوں میں انگلی دابنا۔ حیرت تعجب اور افسوس کے اظہار کے وقت یہ حالت ہوا کرتی ہے۔ مجازاً افسوس کرنا۔ حیران ہونا ؛

اُنگشتری (ف۔ا۔مونث) انگوٹھی۔ انگلی میں پہننے کا زیور ؛

اُنگشت شہادت ا۔ (ف۔ا۔مونث) انگوٹھے کے پاس کی انگلی۔ سبابہ۔ تصدیق کرنے کی انگلی ؛

اُنگشت نر (ف۔ا۔مذکر) انگوٹھا۔ ابہام ؛

اُنگشت نما (ف۔ اسم مذکر) صفت یا ترکیب مفعولی۔ انگلی سے دکھایا ہوا۔ وہ شخص جو اپنے افعال سے بہت بدنام ہو۔ مطعون رسوا۔ عیب دار۔ عیبی ؛

اُنگل (اُر۔امذ) پیمانہ۔ ناپ جو انگلی کی چوڑائی کی مقدار میں ہوتا ہے۔ ہاتھ کی ایک اُنگلی۔

انگلستان (اُر۔ا۔مذکر) انگریزوں کا وطن۔ جزیرہ انگلینڈ ؛

انگلس (اُر۔ اسم مونث) پنشن جو سپاہیوں وغیرہ سرکاری ملازموں کو بوڑھا اور کمزور ہونے پر گورنمنٹ سے ملتی ہے۔ روپے کی امداد ؛

انگلسی یا انگلسیا (اُر) پنشن خوار۔ مجازاً سست اور اپاہج آدمی۔

انگلش (انگ۔امذ) انگلستان کی۔ انگریزی انگریزوں کے ملک کی برطانیہ سے تعلق رکھنے والی اشیا یا آدمی وغیرہ ؛ English

انگ لگنا (ہ۔محاورہ) بغلگیر ہونا۔ معانقہ کرنا۔ غذا کا جزو بدن ہونا۔ کام میں آنا ٹھکانے لگنا

انگ لگو (ہ۔ اسم مذکر) وہ بچہ جو ہر وقت ماں کی گود میں ہی رہے

اُنگلی (ہ۔ اسم مونث) انگشت ؛

اُنگلیاں (ہ۔ اسم مؤنث) اُنگلی کی جمع بہت سی اُنگلیاں ؛

اُنگلیاں اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) اشارہ کرنا۔ کسی بدنام آدمی کی طرف اشارہ کرنا ؛

اُنگلیاں چٹخانا (ہ۔محاورہ) اُنگلیوں کو دبا کر یا کھینچ کر چٹ چٹ کی آواز نکالنا ؛

اُنگلیاں چمکانا (ہ۔محاورہ) عورتوں کا لڑتے ہاتھ اٹھا کر انگلیاں نچانا ؛

اُنگلیاں کانوں میں دینا (ہ۔محاورہ) کسی بات یا آواز کے سننے سے نفرت کرنا۔ شور و غل سے کانوں کو بچانا ؛

اُنگلیاں نچانا (اُر۔محاورہ) انگلیاں ہلا کر کسی کو چڑانا ؛

اُنگلی پکڑنا (ہ۔ فعل) سہارا لینا۔ مدد لینا۔ آسرا پکڑنا۔ تھوڑا سا سہارا پانا ؛

اُنگلی پکڑ کے پہنچا پکڑنا (اُر۔محاورہ) تھوڑا سا سہارا لے کر زیادہ کے سر ہو جانا۔ تھوڑے تعلق پر پوری چیز کا دعویدار بن جانا ؛

اُنگلی دھرنا یا اُنگلی رکھنا (اُر۔محاورہ) حرف گیری کرنا۔ عیب نکالنا۔

نکتہ چینی کرنا ۔ قبضہ کرنا ۔ دخل اور قابو کرنا ۔ دوستی لگانا ۔ کچھ تعلق بنا لینا ؛

اُنگلی میں لہو لگا کر شہیدوں میں داخل ہونا (اُر۔محاورہ) کسی کام میں برائے نام دخل پا کر اس کا دعویدار بننا ۔ جھوٹا مدعی ۔ مکار فریبی ؛

اِنگلینڈ (انگ ۔ مذکر) انگریزوں کا ملک ۔ انگلستان جو یورپ کا ایک مشہور جزیرہ ہے ؛ England

اُنگلیوں پر نچانا (ہ) ہنسی اڑانا ۔ مذاق کرنا ۔ تمسخر کرنا ۔ ذلیل کرنا ۔ ستانا ۔ تنگ کرنا ؛

اَنگلیٹ (ہ ۔ اسم مونث) (عورتیں) وجود ۔ جسم کی ساخت ۔ وضع ڈیل ڈول ؛

اَن گِنا (ہ ۔ اسم مذکر) (مفعول) نہ گنا ہوا ۔ ناشمردہ ۔ گننے کے ناقابل ؛

اَن گِنا برس ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) عورتوں کی اصطلاح میں بچے کی عمر کا آٹھواں سال ۔ کیونکہ آٹھ کو عورتیں منحوس سمجھتی ہیں ۔ لہٰذا اسے اَن گِنا بولتی ہیں ؛

اَن گِنا مہینا (ہ ۔ اسم مذکر) حمل کا آٹھواں مہینا ۔ کیونکہ اس ماہ میں پیدا شدہ بچہ اکثر زندہ نہیں رہتا ۔ نیز ذائچہ کا آٹھواں خانہ موت کا گھر ہے ۔ اس لیے اس لفظ کا نام تک لینا بھی نحوست سمجھتی ہیں ؛

اَنگنائی (ہ ۔ اسم مذکر) (ظرف) صحن ۔ آنگن ۔ گھر کے سامنے کھلی جگہ (وہڑا پنجابی)

اَن گنت (ہ ۔ اسم صفت) لاتعداد بے شمار بے قیاس ۔ بے حد ۔ جس کی گنتی نہ ہو سکے ؛

اَنگوٹھا (ہ ۔ اسم مذکر) ابہام ۔ انگشت نر ۔ ٹھونسا ۔ ٹھینگا ؛

اَنگوٹھا چومنا (ہ ۔ محاورہ) ۔ خوشامد کرنا ۔ چاپلوسی کرنا ۔ عاجزی ۔ اطاعت بے حد محنت کرنا ؛

انگوٹھا انگوٹھی

اَنگوٹھا دکھانا (ہ ۔ محاورہ) ۔ چڑانا ۔ ٹھینگا دکھانا ۔ انکار کرنا ۔ کسی کی چیز لے کر واپس نہ دینا ۔ پروا نہ کرنا ۔ حقیر جاننا ؛

اَنگوٹھا پہنچانا (ہ ۔ محاورہ) کسی کو انگوٹھا ہلا کر چڑانا ۔ کسی کو بُرا سمجھنا لڑنا ؛

اَنگوٹھی (ہ ۔ اسم مونث) انگشتری ۔ خاتم ۔ (مندری پنجابی)

اَنگوچھا (ہ ۔ اسم مذکر) چھوٹا سا کپڑا جو ہندو لوگ نہاتے وقت کمر پر باندھ لیتے ہیں ۔ پرنا ۔ صافہ ۔ چھوٹی دھوتی ۔ تولیہ (رومال بدن صاف کرنے کا ؛

اَنگور (ف) ایک مشہور میوہ ۔ تاک ۔ داکھ ۔ رز ۔ زخم کا کھرنڈ ۔ پپڑی ؛

اَنگور بندھنا (ہ) فعل ۔ زخم کا بھرنا ۔ زخم اچھا ہو کر کھرنڈ آجانا ۔ زخم پر پپڑی آنا ؛

اَنگور پھٹ جانا ؛ (ہ ۔ محاورہ) ۔ راضی شدہ زخم کا پھر تازہ ہو جانا ۔ زخم کھل جانا ؛

اَنگور کی ٹٹیاں (اُر۔ اسم مونث) بانس کی ٹٹیاں جن پر انگوروں کی بیلیں چڑھاتے ہیں ؛

اَنگوری بیل (اُر۔ اسم مؤنث) کپڑے پر کیشدہ کی ہوئی یا بنی ہوئی انگور کی شکل ؛

اَنگوری شراب (ف ۔ اسم مؤنث) وہ شراب جو انگوروں سے بنائی ہو ۔ انگوروں سے کھینچی ہوئی شراب ؛

اَنگھڑ (ہ ۔ اسم مذکر) (مفعول ترکیبی یعنی صفت) نہ گھڑا ہوا ۔ بے ترتیب ۔ بے ڈول ۔ بے سلیقہ ۔ ناموزوں ۔ بے ڈھنگا ۔ اناڑی بدتہذیب ۔ ناشائستہ

اَنگیا (ہ ۔ اسم مؤنث) محرم ۔ عورتوں کا سینہ بند ۔ چولی ؛

اَنگیا کا بنگلہ (اُر) خربوزے کی سی چھے پھانکیں ۔ جو انگیا پر گوٹے کناری وغیرہ سے بناتی ہیں ؛

اَنگیا کا ٹھرا (اُر۔ا۔مذکر) سوت کا ڈورا ۔ جو انگیا کی کمر اور کنٹھی میں گوٹ کے اندر ہوتا ہے ؛

اَنگیا کا گھاٹ (ہ۔ا۔مذکر) انگیا کا گریبان ؛

اَنگیا کے پان (ہ۔ا۔مذکر) انگیا کی کٹوریوں میں دو چھوٹے چھوٹے اوپر کی طرف کپڑے کے ٹکڑے ؛

اَنگیا کے پٹھے (ہ۔ا۔مذکر) انگیا کی چوڑی کوٹ ۔ چوڑی مغزی ؛

اَنگیا کی چڑیا (ہ۔ا۔مؤنث) انگیا کی دونو کٹوریوں کی درمیانی سیون ؛

اَنگیا کی خواصی (ہ۔ا۔مؤنث) بغل کے برابر ایک چھوٹی سی دھجی جسے گھائی بولتے ہیں ؛

اَنگیا کی ڈوری (ہ۔ا۔مؤنث) وہ ریشمی ڈور جو انگیا کے گریبان کے گرداگرد لگاتی ہیں ؛

اَنگیا کی دیواریں (اُر۔ا۔مونث) کٹوریوں کے نیچے کے حصے ؛

اَنگیا کی کٹوریاں (ہ اسم مونث انگیا کا وہ حصہ جس میں چھاتیاں رہتی ہیں ۔ محرم ۔ چھاتیوں کا غلاف ؛

اَنگیٹھا (ہ ۔ اسم مذکر) ستاروں کا آتشدان جس میں رکھ کر وہ سونا چاندی گرم کرتے ہیں ؛

اَنگیٹھی (ہ ۔ اسم مؤنث) آتشدان ۔ مجمر ۔ آگ تاپنے کا برتن جسے کشمیری لوگ کا نگڑی بولتے ہیں ؛

انگیز (ف ۔ مو) برداشت ؛

انگیزنا (ہ ۔ فعل) برداشت کرنا ۔ سہارنا ۔ اٹھانا ۔ گوارا کرنا ۔ ذمہ لینا ؛

اِن لینڈ (انگ ۔ مذ) ملک کے اس طرف ملک کے اندر اندر ۔ خشکی کے اندر اندر ؛ Inland

اَنمان (ہ ۔ اسم مذکر) اندازہ ۔ تخمینہ ۔ نتیجہ ۔ ماحصل ؛

اَن مت (ہ ۔ اسم مذکر) بے متابے عقل ۔ بے شعور ۔ پاگل بتولا دیوانہ ؛

اَن مِل (ہ ۔ اسم مذکر صفت) وہ چیز جو کسی سے ملتی جلتی نہ ہو بے تکی بے ڈھنگی ؛

اَن ملایا انملا (ہ۔ا۔مذکر) وہ آدمی جو کسی سے میل ملاقات نہ رکھتا ہو ؛

ان مل بے جوڑ (ہ - اسم مذکر) بے تکی بے ترتیب - بے ربط - بے تعلق بے ڈھنگی باتیں ؛

ان ملی کے جتی (ہ) مکار آدمی - بے مطلب نہ ملی تو سادھو جتی ستی بنے رہے مل گئی تو بھوک لگانے کو شیر ہو گئے - دھوکے کے فقیر - ظاہری بھلے مانس ؛

اَن منا } (ہ - اسم صفت) (ان حروف نفی) منا بمعنی دل والا) بے
ان منی } دل بے ہوش - مضطرب بے قرار - علیل - بیمار - متفکر ؛

انمول (ہ - اسم صفت) بیش قیمت - نہایت قیمتی بے بہا - نہایت نادر - بہت کمیاب چیز ؛

ان میل (ہ - اسم صفت) ناموافق - مخالف - مختلف -

اننا س (پرتگالی - اسم مذکر) لذیذ کھٹ میٹھا خوشبودار پھل جو بوزے سے ذرا چھوٹا اور لمبوترا ہوتا ہے ؛

اَنچاس (ہ) چالیس اور نو ۴۹ - ۴۰ - پچاس سے ایک کم - اننا س

اَنت یا ان انت (ہ - اسم صفت بے پایاں بے تھاہ بے حد بے انتہا - ابدی - اللہ - پرمیشور - چودہ گانٹھوں کا ڈورا جو بھادوں کی چودہ تاریخ کو ہندو بازو پر باندھتے ہیں ؛

اَنت چودس (ہ - اسم مونث) ایک تیوہار کا نام ہے جس میں ہندو لوگ بھادوں کی چودہ تاریخ کو چودہ گانٹھوں کا ڈورا بازوؤں پر باندھتے ہیں ؛

انند کے تار بجانا (ہ) خوشی منانا - عیش و عشرت سے بسر کرنا ؛

ان نینوں کا تیہی بسیکھ وہ بھی دیکھا یہ بھی دیکھ (ہ - مثل) ان آنکھوں کا یہی قاعدہ ہے - وہ بھی دیکھا ہے یہ بھی دیکھ آنکھیں دنیا میں برائی بھلائی سب کو دیکھتی ہے - آدمی کو دکھ سکھ سب ہی برداشت کرنے پڑتے ہیں - راحت مصیبت - خوشی اور رنج کو ہنسی خوشی گزار دے ؛

اَن نیائی (ہ - اسم مذکر) ناانصاف - ظالم - خبیث - ستم گر - بے دادگر -

انوار (ع - اسم مذکر) نور کی جمع - روشنیاں - اجالے - تجلیاں -

انواسنا (ہ) کورے برتن کو کھنگالنا -

انواع (ع - اسم مونث) نوع کی جمع - قسم قسم کی - طرح طرح - رنگا رنگ ؛

انوپ (ہ - اسم صفت) لاثانی - بے نظیر - یکتا - بے مثل ؛

انوپان (ہ - اسم مذکر) دوا کھانے کا طریق - دوا کا پرہیز وغیرہ طریق کا استعمان ؛

انوٹ (ہ - اسم مونث) پاؤں کے انگوٹھے میں پہننے کا ایک گھنگرو دار زیور - چھب - ناز و انداز - نخرہ - آن کی تصغیر ؛

انوٹھا (ہ - اسم صفت مذکر) عجیب - انوکھا - نرالی بات - خلاف عادت خلاف واقعہ ؛

انور (ع - اسم مذکر) نہایت روشن - بہت چمکیلا - نہایت نورانی - بہت خوب صورت -

انوری اسم مذکر - وحیدالدین خاقانی کا تخلص ہے ؛

انوسار (ہ - تابع فعل) مطابق - موافق - حسب ؛

اَنوکھا (ہ - اسم صفت مذکر) عجیب نرالا اَن وکھا - نادر - کمیاب - اچھوتا ؛

انھ (ا مو) کراہنے کی آواز ؛

اُنہتر (ہ) اسم عدد - ساٹھ اور نو - ۶۹ - ستر سے ایک کم ؛

انہدام (ع - اسم مذکر) باب انفعال - گرانا ڈھانا - مسمار کرنا - برباد کرنا - اینٹ سے اینٹ بجانا -

انویل (انگ) سالانہ ؛

انھوریاں (ہ - مو) وہ ننھے ننھے دانے جو گرمی میں پسینے سے جسم پر نکل آتے ہیں - پت گرمی دانے

اِنہزام (ع) اسم مذکر) مصدر باب انفعال شکست کھانا - بھاگنا - بھاگ جانا ؛

اِنہماک (ع - اسم مذکر) مصدر باب انفعال کسی کام میں محو ہونا - محویت مصروفیت - مشغولیت ؛

اَن ہوت (ہ - اسم مونث) ناداری مفلسی - کنگالی - نہ ہونا ؛

اَن ہونی (ہ - اسم مونث) نہ ہونے کے قابل دشوار - محال - ناممکن نہ ہونے والی ؛

ان ہونی ہونی نہیں اور ہونی ہو و نہار (ہ - مقولہ) نہ ہونے والی بات ہو نہیں سکتی - اور ہونے والی ضرور ہو کر رہے گی -

اِنھیں (ہ - اسم اشارہ) قریب - اُن کو ؛

اُنھیں (ہ - اسم اشارہ بعید) اُن کو ؛

اَنی (ہ - اسم مؤنث) تیر یا نیزے کی نوک - بھال - سنان - جوتے کی نوک - (حرف ندا - اری اے) ؛

انیا ٹانک (ہ) ٹھیک تول جس میں ذرا کمی بیشی نہ ہو ؛

اَنیاؤ (ہ - اسم مذکر) ناانصافی - ظلم - ستم - بے داد ؛

اَنیائی (ہ - اسم مذکر) فاعل ترکیبی - ظالم - ستم گر - بے داد گر - نامنصف - انصاف نہ کرنے والا ؛

اَنیتی (ہ - اسم مؤنث) شرارت - برائی - بے انصافی - ظلم - شورش و غل فتنہ و فساد - بدنیتی - نیت کا فرق ؛

انیس (ہ - اسم مذکر) دوست - غمخوار - محبت رکھنے والا - میر ببر علی لکھنوی کا تخلص جو مرثیہ کہنے میں لاثانی گزرے ہیں - ہندوستان کے شیکسپیئر کہلاتے تھے ؛

اُنیس (ہ) اسم عدد - دس اور نو - ۱۹ -

اُنیس بیس (ہ) ذرا سا فرق - تھوڑا سا فرق - جزوی فرق - جو انیس بیس میں ہوتا ہے ؛

اُنیس بیس ہونا (ہ - محاورہ) ہرج مرج ہونا - لڑائی بھڑائی ہونا - خرابی ہونا - جھگڑا ہونا ؛

انیسون (ہ) ایک دوا ہے - جو اجوائن کی شکل کی ہوتی ہے ؛

اَنیک (ہ - اسم صفت) لغوی معنوی نہیں ایک اصطلاح معنی چند - کئی - بہت سے - طرح طرح کے - قسم قسم کے - بے شمار - ان گنت ؛

اَنیلا (ہ - اسم مذکر - صفت) ناتجربہ کار - نادان - سادہ - انجان - بھولا - خام - ناآزمودہ کار ؛

اُنیلاپن (اسم مذکر) سادگی۔ بھولاپن۔ البیلاپن۔ بانچپن۔ ناتجربہ کاری ؛

ا - و

اُو - (ہ) حرف ندا۔ لے۔ ارے۔ ابے۔ چھوٹے اور کم رتبہ آدمی کو اس لفظ سے پکارتے ہیں۔ حقارتاً ؛

اَواخر (ع۔ اسم مذکر) آخر کی جمع۔ پچھلے ختم۔ اختتام۔ انتہا۔ انجام۔ پرلا سرا ؛

اِوارجہ (ف۔ا۔مذکر) روزنامچہ۔ روزانہ خبریں۔ ڈائری (یہ لفظ الف ممدودہ سے بھی ہے ؛

اَوازہ توازہ (ہ۔ اسم مذکر) مہنا طعنہ۔ بولی ٹھولی۔ طعن۔ تشنیع ؛

اِوان (ہ) مسلمانوں کی ایک جنگجو قوم ہے۔ جو کوہستانی ملک میں پائی جاتی ہے ؛

اَواسط (ع۔ مذ) اوسط کی جمع۔ درمیانی۔ میانہ ؛

اَوامر (ع۔ مذ) احکام ؛

اَوائل (ع۔ اسم مذکر) اول کی جمع۔ پہلے حصے۔ آغاز۔ ابتدا۔ شروع ؛

اَوائل عمر (مذاضا) لڑکپن۔ بچپن ؛

اِوائل (ہ۔ اسم مذکر) بٹیر۔ وہ رسی جس پر چرخے کی ماہل ہوتی ہے ؛

اَوائی (ہ۔ اسم مونث) اصل میں ہوائی ہے۔ شہرت بے سر و پا بات کسی کی آمد کی خبر ؛

اوباش (ع۔ اسم صفت) بدمعاش۔ آوارہ۔ شہدا۔ لچا۔ غنڈا ؛ بدچلن ؛

اوباشی (ع۔ اسم مصدری) بدمعاشی۔ آوارگی۔ لچ پنا۔ بدچلنی۔ غنڈاپن ؛

اُوبنا (ہ) اکتانا ؛

اوبزرویٹری (انگ) (رصدگاہ) وہ مینار جس پر چڑھ کر ستاروں کی چال معلوم کرتے ہیں ؛ Observatory

اُوبی (ہ۔ مو) وہ گڑھا جو ہاتھی کے پھنسانے کے لیے جنگل میں خس پوش کیا جاتا ہے ؛

اُوپ (ہ۔ اسم مونث) جلا۔ آب۔ صفائی۔ چمک۔ رونق۔ آب و تاب ؛

اُوپچی (ہ۔ اسم مذکر) ہتھیار بند۔ مسلح۔ ہتھیاروں سے سجا ہوا سپاہی بانکا سپاہی ؛

اُوپر (ہ) کلمہ ظرف (نیچے کی ضد) بلند۔ اونچا۔ فوق۔ باہر۔ زیادہ جیسے دس سے اوپر آدمی تھے ؛

اُوپرا اُوپر (ہ۔ تابع فعل) الگ الگ۔ پوشیدہ۔ چپکے چپکے۔ بالا بالا۔ ظاہری نمایش ؛

اُوپر اُوپر جانا (اُ۔ محاورہ) بے کار جانا۔ ضائع ہونا۔ بے فائدہ اور لاحاصل جانا۔ نشانے کا ٹھیک نہ بیٹھنا ؛

اُوپر تلے (ہ۔ تابع فعل) نیچے اُوپر۔ بالا۔ پے در پے۔ لگاتار۔ یکے بعد دیگرے۔ متواتر ؛

اُوپر تلے کے (ہ۔ تابع فعل) وہ بچے جن کے درمیان میں کوئی بچہ پیدا نہ ہوا ہو۔ عورتوں کا خیال ہے کہ ایسے بچوں میں ہمیشہ جھگڑے پڑے رہتے ہیں۔ کبھی بنتی نہیں ؛

اُوپر دڑی (ہ۔ مؤنث) الزام۔ تہمت۔ یوں ہی۔ خواہ مخواہ۔ ظاہری باتیں ؛

اُوپر دڑے پکڑنا (ہ۔ محاورہ) الزام لگانا۔ تہمت دھرنا۔ قیاس لگانا۔ بے تحقیق۔ جھوٹ موٹ بات کرنا۔ قرائن سے معلوم کرنا ؛

اُوپر سے (ہ۔ تابع فعل) اونچے سے علاوہ ازیں۔ بالائی آمد۔ تنخواہ کے علاوہ دوسری صورت سے۔ یعنی رشوت وغیرہ ؛

اُوپرا (ہ۔ تابع فعل) اجنبی۔ غیر۔ بیگانہ۔ فالتو۔ رشوت۔ وغیرہ کا ؛

اُوپر کا دم بھرنا (ہ۔ محاورہ) آخری سانس لینا۔ قریب المرگ ہونا۔ اکھڑے سانس لینا ؛

اُوپر کا کام (اُ۔ اسم مذکر) فالتو کام۔ زائد کام۔ فرض منصبی کے علاوہ۔ سودا سلف لانے وغیرہ کا کام ؛

اُوپرلا (ہ۔ صفت) اُوپر والا۔ اوپر کا ؛

اُوپر والا (ہ۔ اسم مذکر) نیا چاند۔ اللہ۔ پرمیشور۔ پیش خدمت ؛

اُوپر والے (ہ۔ اسم مذکر) منتظم اور کارکن لوگ۔ غیر آدمی۔ بیگانے ؛

اُوپر والیاں (اسم مؤنث) پریاں۔ چڑیلیں۔ چیلیں۔ اُوپر کا کام کرنے والیاں ؛

اُوپر ہی اوپر (ہ۔ تابع فعل) الگ الگ۔ چپ چاپ۔ بالا بالا ؛

اُوپری (ہ۔ اسم صفت مونث) باہر کی۔ بالائی بالائی۔ ناموزوں پردیسی ؛

اُوت (ہ۔ اسم مذکر) (صفت) بے وقوف۔ نادان۔ جاہل۔ لاولد۔ نامراد۔ ناکام۔ جو جوان ہو کے بن بیاہا مر جائے ؛

اوت (ہ۔ اسم مونث) کسر کی ضد۔ نفع۔ فائدہ۔ بچت۔ جیت۔ کفایت۔ اُمید صحت۔ افاقہ۔ یہ لفظ بواؤ مجہول ہے ؛

اوت کسر ماری جانا (اُ۔ محاورہ) نفع یا نقصان ہو جانا ؛

اَوتاد (ع۔ اسم مذکر (وتد کی جمع) لغوی معنی میخیں۔ اصطلاحاً اولیا اللہ کا ایک خاص درجہ ہوتا ہے ؛

اَوتار (ہ) ہندوانہ عقیدے کے مطابق خدا کا کسی جنم میں آکر لوگوں کی اصلاح کرنا۔ فرشتہ سیرت نیک آدمی۔ اُستاد۔ مرشد ؛

اَوتاری (اُ۔ اسم مذکر) نیک۔ شریف۔ صالح۔ پاک۔ طنزاً شریر بدمعاش ؛

اَوتاری ہونا (ہ۔ محاورہ) کسی کام پر متوجہ ہونا۔ کسی امر کے لیے مستعد ہو جانا۔ تیار ہو جانا ؛

اُوتر پاتر ہونا (ہ۔ محاورہ) بدلہ ہونا۔ معاوضہ ہونا۔ برابر ہونا۔ بے باق ہونا۔ قرضہ اُتر جانا ؛

اوٹ (ہ۔ اسم مؤنث (بواؤ مجہول) پردہ۔ آڑ۔ چھپاؤ۔

حفاظت۔ اوجھل۔ غائب۔ گھونگٹ۔ گھات۔ کمین گاہ۔ پناہ۔ سایہ پیچھے۔ پوشیدہ۔ ذمہ۔ ضمانت جیسے اکے والے نے اونٹ لیے ہیں۔ بیلوں کو گاڑی کے جوئے میں جوتنے کا حکم دینا ؛

اوٹا (ہ۔ا۔مذکر) دروازے کی چوکیاں۔ دروازے کے دائیں بائیں دو پتھر بیٹھنے کے لیے لگا دیا کرتے ہیں۔ خرچی اوٹنے والا ؛

اُوٹ پٹانگ (ہ۔اسم صفت) مہمل واہیات لغو بیہودہ۔ بے معنی بے تکے ؛

اوٹل جانا (ہ۔ فعل) نظر سے غائب ہو جانا۔ آنکھ سے اوجھل ہو جانا

اوٹلنا غائب ہونا۔ گم ہونا ؛

اوٹنا (ہ۔ فعل) کپاس میں سے روئی اور بنولے الگ کرنا۔ بیلنا۔ کسی کی ضمانت لینا۔ کسی کا قرضہ اپنے ذمے لینا ؛ پردہ کرنا۔ آڑ کرنا۔ بچانا۔ بیلوں کا جوا اٹھانا ؛

اوٹنی (ہ۔ اسم مؤنث) چرخی۔ کپاس اوٹنے کی بیلنی ؛

اوج (ع۔ا۔مذکر) بلندی۔ اونچائی۔ رتبہ۔ عزت۔ ترقی۔ عروج ؛

اوجاع یا اُجاع (ت۔ اسم مذکر) چولھا۔ دیگ دان ؛

اوج کو پہنچنا (ہ۔محاورہ) بڑا رتبہ پانا۔ ترقی کے اعلیٰ رتبہ پر پہنچنا ؛

اوج موج (اُر۔مؤنث) مزے۔ لطف۔ خوشحالی۔ فارغ البالی ؛

اُوجڑ (ہ۔ اسم صفت) ویران۔ غیر آباد۔ برباد شدہ۔ تباہ۔ خراب شدہ جگہ ؛

اُوجڑ نگری سونا دیس (ہ۔ مثل) گاؤں تباہ۔ ملک برباد۔ ویران علاقہ۔ حاکم ظالم کے ظلم سے تباہی اور بربادی کے وقت بولتے ہیں ؛

اُوجڑ نگری چوپٹ راج ؛ غیر منتظم اور ظالم حکومت کی رعایا خوش حال نہیں رہتی ؛

اوجھ (ہ۔ اسم مذکر) پیٹ۔ شکم۔ چوپائے۔ جانوروں کا معدہ ؛

اوجھا (ہ۔ اسم مذکر) لغوی قلم۔ اصطلاح میں نجومی۔ جوتشی۔ رمال جادوگر کو بولتے ہیں ؛

اوجھ بھرنا (ہ۔ فعل) پیٹ بھرنا۔ شکم پر ہونا۔ ٹھونس ٹھونس کر بہت کھانا ؛

اوجھ بھرے نہ روگ بڑھے (ہ۔ مقولہ) بہت پیٹ بھر کر کھانا بیماری پیدا کرتا ہے۔ تھوڑا کھانا انگ لگانا۔ بہتا کھانا اوجھ بڑھانا۔ تھوڑا کھانا بیماری سے بچاتا ہے ؛

اُوجھڑ (ہ۔ اسم مؤنث) ضرب۔ صدمہ۔ دھکا۔ چوٹ ؛

اوجھڑ لگانا یا اوجھڑ مارنا (ہ۔محاورہ) دشمن کی ڈھال پر ڈھال مارنا۔ حریف کی چھڑی پر چھڑی لگانا۔ دھکا دینا۔ ضرب لگانا صدمہ پہنچانا ؛

اوجھڑی (ہ۔ اسم مؤنث) جانوروں کا معدہ۔ اوجھ ؛

اوجھل (ہ۔ا۔مؤنث) غائب۔ آڑ۔ پردہ۔ حجاب وغیرہ (دیکھو اوٹ)

اوجھنا (بواؤ مجہول) (ہ۔ مصدر) پانی انڈیلنا (اُلٹنا۔ ایک برتن سے دوسرے برتن میں ڈالنا (ہندو بولتے ہیں)

اوچھ (ہ۔ اسم مؤنث) کمی۔ کسر۔ تھوڑا رہنا ؛

اوچھا (ہ۔ اسم مذکر۔ صفت) کم ظرف۔ کمینہ۔ ہلکا۔ اُدھورا۔ جیسے تلوار کا دار اوچھا پڑا۔ چھوٹا۔ کم گہرا۔ خفیف۔ نامناسب ؛

اوچھا برتن ہی چھلکتا ہے (ہ۔ محاورہ) کم ظرف آدمی تھوڑی سی پونجی پر اتراتا ہے ؛

اوچھا ہاتھ پڑنا (ہ۔محاورہ) ہلکا ہاتھ پڑنا۔ زخم کاری نہ لگنا خفیف سا وار لگنا ؛

اوچھی پونجی خصم کو کھائے (ہ۔محاورہ) تھوڑے سرمائے سے تجارت کرنا۔ اصل سرمایہ کو بھی ہاتھ سے دے بیٹھنا ہے ؛

اوچھے کا احسان (اُر۔مثل) کمینے آدمی کا احسان جان کا روگ ہوتا ہے۔ ہمیشہ طعنے دیتا رہے گا۔ لہٰذا کم ظرف کا احسان نہ لینا چاہیے ؛

اوچھے کی پیت بالو کی بھیت (ہ۔ مثل) کمینے کی دوستی ریت کی دیوار کی طرح ضرور خراب اور برباد ہو جائیگی۔ کم ظرف کی دوستی کا اعتبار نہیں ؛

اوچھے کے گھر کھانا جنم جنم کا طعنہ (اُر۔ مقولہ) نیچ اور کم ظرف آدمی تھوڑا سا احسان کر کے ہمیشہ طعنے دیا کرتا ہے ؛

اوخویشتن گم است کرا رہبری کند (ہ۔ مثل) جو شخص خود بھولا ہوا ہے وہ دوسرے کو کیا رستا بتائیگا۔ جو خود ہی نا قابل ہے وہ دوسرے کی کیا مدد کریگا ؛

اُودا (ہ) بینگنی رنگ سرخی مائل سیاہ رنگ سرخی لیے۔ نیلا رنگ۔

اُودا ہٹ ؛ سرخی مائل سیاہ رنگ ہونا ؛

اُود بلاؤ (ہ۔ اسم مذکر) ایک آبی جانور کا نام ہے جو مچھلیاں کھاتا ہے۔ دریائی بلی۔ بیوقوف آدمی بے سمجھ شخص ؛

اود بلا

اُود بلاؤ کی ڈھیری (ہ۔ اسم مؤنث) وہ نفیسہ اور جھگڑا جو کبھی فیصل نہ ہو ؛

اُودھار (ہ۔ اسم مذکر) قرض۔ مستعار۔ قرضہ ؛

اُودھار دیجے دشمن کیجے (اُر۔مثل) قرض دینے سے دشمنی پیدا ہوتی ہے ؛

اُودھ سایا اذا سایا اودھس (ہ۔ اسم مؤنث) مصیبت۔ خوف ڈر۔ دکھ۔ درد ؛

اُودھم (ہ۔ اسم مذکر) شور و غل۔ ہنگامہ۔ غلغلہ۔ فساد۔ جھگڑا۔ ڈنگا دھوم۔ شور و شر ؛

اُودھم مچانا یا اُودھم اٹھانا یا اُودھم جوتنا (ہ۔محاورہ) فساد برپا کرنا۔

جھگڑا کرنا۔ بہت شور و غل کرنا ؛

اُودھمی (ہ۔ اسم مذکر) ذنگئی۔ شریر۔ فسادی جھگڑالو ؛

اودھو (س۔ا۔مذکر) شری کرشن جی کے دوست کا نام ہے ؛

اودھو کا لین نہ مادھو کا دین (ہ) کماں بے فکرا۔ جھگڑوں سے الگ ؛

اَوَدھ (ہ۔ اسم مذکر) بھارت کے مشہور صوبے کا نام تھا جس کا دارالخلافہ لکھنؤ ہے۔ اب اس کا نام اُتر پردیش ہے۔

اور (ہ۔ اسم مونث) کنارا۔ حد۔ ابتدا۔ شروع۔ طرف۔ جانب۔ حمایت مدد۔ منڈل۔ ذریق۔ تھاہ۔ ٹھکانا۔ (یہ لفظ بواؤ مجہول ہے

اَور (ہ۔ حرف عطف) پھر۔ آگے۔ علاوہ۔ بعد ازیں۔ دوسرا مختلف۔ بلکہ۔ جیسے اچھے ہیں اور اچھے۔ اور بھی۔ غیر۔ جیسے ان کا ارادہ اور ہے۔ معلومہ اور مفہومہ ؛

اَوراد (ع۔ اسم مذکر) ورد کی جمع۔ وظیفے۔ روزانہ کچھ پڑھنا۔ بلا ناغہ پڑھنا ؛

اَوراق (ع۔ اسم مذکر) ورق کی جمع پتے کاغذ کا تاؤ۔ پرت ؛

اور تو اور (ہ۔ محاورہ) غیر تو ایک طرف رہے اوروں کو تو چھوڑ ان کو تو چھوڑو ؛

اَور تور (ہر دو بواؤ مجہول) (ہ۔ اسم مؤنث) کسر کسور۔ دشمنی۔ عداوت چھدا بہانہ رکھنا۔ بات کہیں کی۔ منرا کسی اور پر ؛

اَور تور نکالنا (ہ۔ محاورہ) منرا دینا۔ پہلے کوئی بات خلاف مرضی دیکھ کر خاموشی اور پھر دوسرے ذرا سے قصور پر سزا دینا کسر نکالنا۔ کمی پوری کر لینا ؛

اَور چھور (ہر دو بواؤ مجہول مذکر) آغاز و انجام۔ ابتدا انتہا۔ شروع اخیر۔ کنارہ حد ؛

اَور سُنو (ہ۔ فقرہ) نئی بات سنو۔ اور بات سنو۔ نیا رنگ دیکھو ؛

اَور سم چورس (ہ۔ اسم مونث) ہموار۔ برابر۔ مسطح۔ چکور ؛

اَور سے اَور ہونا (ہ۔ محاورہ) ترقی یا تنزل کا دفعۃً ہو جانا۔ حالت غیر ہونا ؛

اَور کو نصیحت اپنے تئیں فضیحت (اُر۔ محاورہ) اس آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں جو دوسروں کو تو نصیحت کرے اور آپ عمل نہ کرے ؛

اَور کیا (ہ) ندا اور تحسین کے لیے۔ شاباش خوب کیا۔ یوں ہی چاہیے۔ بے شک۔ یہی بات ہے۔ کلمہ استفہام بھی ہے ؛

اَور کے نام انڈے بچے ہمارے نام کڑک (ہ۔ محاورہ) غیر نفع اٹھائیں اپنے خالی رہیں۔ اوروں سے سلوک اچھا ہو ہمارے ساتھ کچھ بھی نہیں ؛

اُورما (ہ۔ اسم مذکر) ایک خاص قسم کی سیون کا نام ہے۔ ایک خاص سلائی ؛

اُورما بنانا / **اُورما کرنا** (ہ۔ محاورہ) بہت مارنا۔ سخت سزا دینا۔ مارتے مارتے آلو بنا دینا۔ اُورمے کی سلائی کرنا۔ اورما سینا ؛

اَورنگ (ف۔ا۔مذکر) تخت۔ بادشاہی تخت۔ گل فندق کو بھی کہتے ہیں ؛

اورنج

اَورنج ؛ (انگ) سنگترا۔ مشہور پھل ؛ Orange

اَورنگ زیب (ف۔ اسم مذکر) تخت کی زیبائش تخت کو سجانے والا۔ مجازاً شہنشاہ۔ عالمگیر محی الدین شہنشاہ ہند کا لقب جو مغلیہ خاندان میں چھٹا بادشاہ ہوا ہے ؛

اَورنگ زیبی بات (اُر۔ مؤنث) نہایت دانائی اور سمجھ کی بات۔ ترے دار اور پیچ دار بات ؛

اَورنگ زیبی پھوڑا (اُر۔ا۔مذکر) مغلی پھوڑا۔ ایک خاص قسم کا بڑی تکلیف دینے والا پھوڑا جو بڑی مشکل سے راضی ہوتا ہے۔ بلکہ اکثر راضی ہوتا ہی نہیں۔ کاربنکل ؛

اوور ٹائم (Overtime) زائد وقت۔ مقررہ وقت کے علاوہ ؛

اوور سیر (Overseer) داروغہ۔ ناظر۔ نگراں۔ میر عمارت ؛

اوور کوٹ (انگ۔ا۔مذ) لمبا کوٹ۔ بارانی کوٹ Overcoat

اَوولٹین (Ovaltine) گہنی یا چاکلیٹی رنگ کی ایک دانہ دار دوا جو گرم پانی یا دودھ میں چائے کی طرح گھول کر پی جاتی ہے ؛

اَور ہی بات ہے (اُر۔ محاورہ) کچھ اور ہی لطف ہے۔ اور ہی مزا ہے۔ نئی بات ہے۔ عجیب ہی بات ہے ؛

اَوری انٹل (انگ۔ ص) مشرقی۔ پوربی ؛ Oriental

اَورے دھورے ۔ بواؤ مجہول (ہ) تابع فعل۔ آس پاس۔ ارد گرد۔ ادھر اُدھر ؛

اُوڑا (بواؤ مجہول) (ہ) کمی۔ خشک سالی۔ قحط۔ جرمانہ۔ ڈنڈ۔ مضادرہ۔ نادان ؛

اُوڑا پڑنا (ہ۔ محاورہ) کمی ہونا۔ قحط پڑنا۔ ناپید ہونا۔ کم ہونا۔ غارت ہونا۔ مٹ جانا ؛

اُوڑا لینا (ہ۔ محاورہ) جرمانہ لینا۔ کھیت کے بگاڑ کا جرمانہ لینا۔ (دیہات میں) ؛

اوڑھانا (ہ) کسی کو کپڑا پہنانا۔ کسی کا بدن ڈھانکنا ؛

اوڑھنا (ہ۔ فعل) کپڑا پہننا۔ بدن لپیٹنا۔ سر پر کپڑا ڈالنا ؛

اوڑھنا (ہ۔ اسم مذکر) دوپٹا۔ چادر۔ چترسی ؛

اوڑھنا اتارنا (ہ۔ محاورہ) بے عزت کرنا۔ ہتک کرنا (عورتوں کے لیے مخصوص ہے) ؛

اوڑھنا اوڑھانا یا ڈالنا (ہ۔ محاورہ) کسی بیوہ کے ساتھ نکاح کرنا۔ بیوہ کا نکاح کرنا۔ دوپٹا اوڑھانا ؛

اوڑھنا بچھونا (ہ۔ اسم مذکر) لحاف توشک۔ استر بستر۔ تھوڑا سرمایہ۔ پونجی۔ مال ؛

اوڑھنا گلے میں ڈالنا (ہ۔ محاورہ) گنواری رسم۔ سر ہونا۔ پلا پکڑنا۔ تہمت یا الزام لگانا۔ خلاف مرضی کام کا استغاثہ کرنا۔ گلے پڑنا ؛

اوڑھنی (ہ۔ اسم مونث) چرسی۔ چھوٹی چادر۔ دوپٹا ؛

اوڑھنی بدلنا (ہ-محاورہ) بہنا پکرنا۔ سہیلی بنانا۔ منہ بولی بہن بنانا۔ ساتھی بنانا ؛

اوڑھوں کہ بچھاؤں (ہ- محاورہ) لغو اور فضول چیز۔ کسی مصرف کی نہیں۔ کسی کام کی نہیں۔ نکمی اور بے کار چیز ہے ؛

اوڑھی چادر ہوئی برابر میں بھی شاہ کی خالہ (اُر-مثل) تھوڑی سی پونجی پر شیخی مارنا۔ کم حیثیت آدمی کا ذرا سے تعلق سے بڑے آدمیوں سے رشتہ ظاہر کرنا ؛

اَوزار (ف- اسم مذکر) آلات۔ ہتھیار۔ کسی خاص پیشے کا سامان ؛

اَوزان (ع- اسم مذکر) وزن کی جمع۔ باٹ۔ بٹے۔ تولنے کے پیمانے ؛

اَوس (ہ- اسم مونث) شبنم (ترکی پنجابی) ؛

اَوسان (ہ- اسم مذکر) حواس۔ ہوش و حواس۔ ہمت۔ جرأت حوصلہ ؛

اَوسان اُڑنا / **اَوسان جاتے رہنا** / **اَوسان خطا ہونا** (اُر-محاورہ) ہوش و حواس جاتے رہنا۔ حواس قائم نہ رہنا۔ گھبرا جانا۔ عقل درست نہ رہنا۔ حوصلہ ہار جانا۔ استقلال اور ہمت کا جاتے رہنا ؛

اَوس پڑنا یا **اوس پڑ جانا** (اُر-محاورہ) شبنم گرنا۔ مرجھانا۔ بے رونقی چھا جانا۔ شرمندہ ہونا۔ کم قیمت ہونا۔ پژمردگی سی ہو جانا اداسی ہونا ؛

اَوسان گئی (ہ- اسم صفت مونث) بےچین۔ بے قرار۔ بدحواس۔ حواس باختہ ؛

اَوسر (ہ- اسم مونث) جوان بچھڑی۔ وہ گائے جو گابھن نہ ہو ؛

اُوسر (ہ- اسم مونث) شور زمین۔ کلر زمین۔ جس میں کچھ پیدا نہ ہوتا ہو۔

اَوسَر (ہ- اسم مذکر) وقت۔ موقع۔ سما۔ رُت۔ موسم ؛

اُوسرا (ہ- اسم مذکر) باری۔ نوبت۔ نمبروار۔ وار۔ دور (یہ لفظ بر اُو مجہول ہے) ؛

اَوسر چوکی ڈومنی گائے تال (ہ-مثل) وقت کا چوکا ہوا نا کام ہی رہتا ہے۔ موقع جب ہاتھ سے نکل گیا تو اس کی تلافی مشکل ہے ؛

اوسر کھیت میں کھیسر (ہ-مثل) بڑوں کے گھر میں نیک اولاد پیدا ہونا۔ غریبوں کے گھر خوش اقبال بچہ پیدا ہونا ؛

اَوسط (ع-مونث) بیچ کا۔ درمیانی حصہ۔ درمیانہ درجہ۔ بیچ کا حصہ ؛

اَوس کے موتی (اُر-اسم مذکر) زوال پذیر۔ فانی۔ فنا ہو جانے والا۔ جلدی مٹ جانے والا ؛

اَوسوں پیاس نہیں بجھتی (ہ- محاورہ) زیادہ ضرورت کے وقت اگر تھوڑی چیز بہم پہنچے تو اس وقت بولتے ہیں۔ اس سے کام نہیں چلتا۔ تھوڑی چیز سے یہ ضرورت پوری نہیں ہوتی ؛

اَوصاف (ع-مذکر) وصف کی جمع تعریفیں۔ سراہتا۔ خوبیاں۔ ہنر کمالات۔ نیکیاں۔ بھلائیاں۔ پتا۔ نشان ؛

اَوصیا (ع-مذ) وصی کی جمع۔ وہ شخص جس کے بارے میں وصیت کی جائے ؛

اَوضاع (ع- اسم مذکر) وضع کی جمع۔ بناوٹیں۔ طور۔ طرز۔ ڈھنگ طریق۔ اسلوب ؛

اوغرا (بر اُو مجہول) (مذکر) ایک قسم کا کھانا ہوتا ہے۔ خوردنی چیز ؛

اوفس (انگ-مذکر) سررشتہ۔ محکمہ۔ دفتر۔ منشی خانہ۔ کام کرنے کی جگہ ؛ افسر

اوفیسر (انگ۔ مذکر) سردار۔ حاکم۔ افسر ؛ Officer

اوفیشیل (انگ Official۔ محکمانہ۔ سرکاری۔ سررشتہ کی منصبی ؛

اَوقات (ع- مذکر) وقت کی جمع۔ سماں۔ زمانہ۔ عرصہ۔ قائم حیثیت طاقت۔ مقدار ؛

اَوقات بسری (ف- اسم مؤنث) وقت گزارنا۔ دن پورے کرنا۔ وجہ معیشت۔ روزانیہ ؛

اَوقات ضایع کرنا (اُر-محاورہ) وقت برباد کرنا۔ فضول کام کرنا۔ نکمی باتیں کرنا۔ کچھ کام نہ کرنا ؛

اَوقاف (ع- اسم مذکر) وقف کی جمع۔ الگ کی ہوئی چیزیں۔ اللہ کے نام ٹھیرائی ہوئی اشیا ؛

اوک (بر اُو مجہول) (ہ- مذکر) برتن بغیر صرف ہاتھ سے پانی پینے کا طریقہ۔ چلّو (پنجابی) اُبک ؛

اُوک چوک (ہ- مونث) غلطی۔ بھول۔ نسیان۔ سہو۔ بھول چوک ؛

اوکشن (Auction انیلام۔ بولی بول کر خرید و فروخت کرنا ؛

اُوکنا (ہ- فعل) قے کرنا۔ ڈالنا۔ زمین دیکھنا۔ جی برا کرنا۔ دل متلانا ؛

اَوکنا (ہ- فعل) چوکنا۔ غلطی کرنا۔ سہو کرنا۔ نشانہ خطا کرنا ؛

اوکھ (ہ- اسم مذکر) بر اُو مجہول) گنا۔ نیشکر ؛

اوکھا (ہ- اسم صفت (بر اُو مجہول) کھوٹا۔ غش۔ کھرے کی ضد ؛

اَوکھا (ہ- اسم صفت (بر اَ بفتح الف اول) بونگا۔ بے ڈھب۔ بے ڈھنگا۔ تنگ۔ مشکل ؛

اَوکھد (ہ- اسم مونث) دوا۔ دارو۔ دوائی۔ علاج ؛

اُوکھلی (ہ- اسم مؤنث) ہاون۔ بڑی کونڈی جس میں غلہ وغیرہ موسل سے کوٹتے ہیں ؛

اُوکھلی

اُوکھلی میں سر دے کر رونا (ہ- محاورہ) چھپ کر رونا۔ خطرہ کی جگہ خود پڑ کر افسوس کرنا ؛

اُوکھلی میں سر دیا تو موسلوں کا کیا ڈر / **اُوکھلی میں سر دیا تو دھمکیوں کا کیا ڈر** (ہ-مثل) جب کوئی خطرناک کام اختیار کر ہی لیا تو پھر اس کے خطروں کا کیا خوف۔ برا کام کر کے برائی سے بچنے کی کوشش کرنا بے سود ؛

اُوکھلی میں سر دینا (ہ- محاورہ) خطرناک کام اختیار کرنا۔ خطرے کی

جگہ۔ خود چلے جانا۔ جان بوجھ کر خطرے میں پڑنا ؛

اُدکھی (ہ۔ اسم مونث بے جا بے موقع۔ مشکل دشوار۔ خراب۔ کھوٹی۔ خلاف شان۔ عیب دار۔ ناقص۔ نکمی ؛

اُدکے چوکے (ہ۔ تابع فعل) بھولے بھٹکے۔ اتفاق سے کبھی کبھار۔ بے ارادہ ؛

اُدکیلنا (ہ۔ فعل) بٹی ہوئی ڈوری یا رسی کے بل کھولنا ؛

اوگ (بواؤ مجہول) (ہ۔ اسم مذکر) ہل میں ملس یعنی لمبی سی لکڑی کے تنگ اور سخت کرنے کا خانہ۔ فانہ ؛

اُوگرا (ہ۔ اسم صفت مذکر) اُبالا ہوا۔ بن گھی کا۔ بدمزا کھانا۔ اُبالی کھچڑی ؛

اَوگُن (ہ۔ اسم مذکر) (ہندو) عیب۔ نقص۔ خرابی۔ گُن کی ضد۔ بُرائی۔

اُوگنا جُرم۔ خطا۔ قصور۔ گناہ۔ دکھ۔ بگاڑ۔ ضرر۔ تکلیف۔ بدتہذیبی پھوہڑپن ؛

اُوگن ہار (ہ۔ فعل) الزام لگانا۔ گنہگار۔ ٹھیرانا۔ تہمت دینا۔ عیب لگانا ؛

اَوگھٹ (ہ۔ اسم مذکر) بے گھاٹ۔ ناقابل گزر مشکل۔ دشوار۔ ناہموار۔ کٹھن۔ اندھا۔ ٹیڑھا۔ بیہنڈا ؛

اوگھٹ گھاٹی (ہ۔ اسم مونث) وہ راستہ جس سے گزرنا محال ہو ؛

اوگنا ہار (ہ۔ فعل) حالت غضب میں اچھے سلوک اور احسان کو ظاہر کرنا۔ احسان جتانا ؛

اوگھی (ہ۔ اسم مونث) لمبا چابک۔ وہ لمبی رسّی جس کو چکر دیکر پھٹکارنے سے بڑی آواز نکلتی ہے۔ یہ گھوڑے سدھانے اور جانوروں کو سدھانے میں کام آتی ہے ؛

اوگی (ہ۔ اسم مؤنث) شیر۔ ہاتھی اور بھیڑیے وغیرہ کے بچڑنے کا گڑھا۔ جو اُوپر سے یوں ہی خس پوش ہوتا ہے۔ کار چوبی جوتے کا پنّا۔ گوٹے کی انٹی۔ اڈّا ؛

اول (بواؤ مجہول) (اسم مذکر) زمیں قند۔ ایک ترکاری جو زمین کے اندر پیدا ہوتی ہے ؛

اوّل (بواؤ مجہول) (ت۔ اسم مؤنث) عرض۔ بدلہ۔ معاوضہ۔ ضمانت میں گرو رکھا ہوا آدمی یا مال۔ آڑ۔ وسیلہ۔ ضمانت ؛

اَوّل (ع۔ اسم صفت) مقدم۔ پہلا۔ آغاز۔ شروع۔ بہتر۔ سب سے عمدہ۔ ایک ؛

اَولا (ہ۔ اسم مذکر) ژالہ۔ بجری۔ مصری یا کھانڈ کے لڈو (صفت) نہایت ٹھنڈا۔ ٹھنڈا۔ یخ۔ سفید براق ؛

اولا (ہ۔ اسم مذکر) پردہ۔ راز۔ بھید۔ ستر۔ آڑ۔ گھونگٹ ؛ اولاد (ع) جمع ولد کی۔ بیٹا بیٹی۔ لڑکے بالے۔ عیال اطفال ؛

اولا کرنا (ہ۔ فعل) عورتوں کا پردہ کرنا۔ گھونگٹ نکالنا۔ منہ چھپانا ؛

اولا ہونا (ہ۔ فعل) نہایت ٹھنڈا ہونا۔ ژالہ سا سرد ہونا۔ سرد یخ ہو جانا ؛

اَولا مولا (اُ) بے وقوف ؛

اولتی (ہ۔ اسم مؤنث) چھپّر یا کھپریل کا نیچے کا کنارہ۔ جہاں سے بارش کا پانی نیچے گرتا ہے۔ چھپّر کا پانی نیچے گرنے کی جگہ ؛

اولٹام (انگ۔ ا۔ مو)۔ اولڈ نام۔ ایک انگریزی شراب کا نام ہے ؛

اول جلول (ہ۔ اسم صفت) بیہودہ بے وقوف۔ اکھڑ۔ بے ڈھنگا ؛

اوّل خویش بعدہ درویش (ف۔ مثل) پہلے اپنے پھر غیر۔ پہلے رشتہ داروں سے نیک سلوک کرو۔ پھر دوسروں کے ساتھ حسن و سلوک سے پیش آؤ ؛

اوّل دِن سے (ہ۔ تابع فعل) پہلے دِن سے۔ ابتدا سے۔ شروع سے۔ پیدائش کے دن سے ؛

اولڈ (انگ۔ اسم صفت) پرانا۔ بوڑھا۔ پہلا ؛ Old

اوّل طعام بعدہٗ کلام (ع۔ محاورہ) کھانا۔ مقدم اور کام بعد میں۔ کھائے بغیر کچھ نہیں ہو سکتا۔ کھانا کھانے میں بہت سی باتیں کرنے والے کی تنبیہ کے لیے بولتے ہیں ؛

اول فول بکنا (اُ۔ محاورہ)۔ گالی گلوچ دینا بے ہودہ باتیں کہنا۔ دشنام طرازی ؛

اَولما (ت۔ اسم مذکر) (اصل میں یولما تھا) گرم پانی میں کھال اتارنا یا جسم پر گرم پانی ڈال کر کھال اتارنا۔ مجازاً انتڑیوں میں قیمہ بھر کر پکانا۔ بغل یا چڈے کے غدود پھولنا ؛

اَولما کرنا (اُ۔ محاورہ)۔ قیمہ کرنا۔ گوشت کو کوٹ کوٹ کر باریک کر دینا ٹکڑے ٹکڑے کرنا ؛

اوّل مرنا آخر مرنا پھر مرنے سے کیا ڈرنا (اُ۔ محاورہ) جس کام کے کیے بغیر چارہ ہی نہیں۔ پھر اس سے خوف کیا کرنا۔ شدنی امر سے کسی حالت میں ڈرنا نہیں چاہیے ؛

اوّل منزل (ف۔ اسم مؤنث) پہلا پڑاؤ۔ مجازاً قبر۔ گور۔ لحد۔ قبر کی اوّل رات ؛

اوّل منزل پہنچانا (اُ۔ محاورہ) قبر میں رکھنا۔ دفن کرنا۔ مُردے کو دبانا ؛

اوّل چول دہی میں موسل (اُ۔ مثل) ایک کام میں دوسرا غیر متعلق کام۔ بے ربط گفتگو۔ بے موقع بات۔ بے تعلق کام ؛

اوّل میں دینا (اُ۔ فعل) ضمانت میں دینا اپنے بیٹے یا پوتے کو بطور ضمانت سپرد کرنا ؛

اولوں کا مارا کھیت، باقی کا مارا گاؤں، چلھوں کی ماری آگ یا چولھا نہیں پنپتا (اُ۔ مثل) جس کھیت کو اولوں نے تباہ کر دیا ہو وہ سرسبز نہیں ہوتا۔ جس گاؤں کا لگان ادا نہ ہو سکے۔ وہ آباد نہیں رہ سکتا۔ جس آگ یا چولھے میں سے چلھیں یعنی حصہ بہت دفعہ بار بار بھری جائے اس میں حرارت یا تاؤ بالکل نہیں رہ سکتا ؛

اولوں ماری فاختہ (اُ۔ مثل) مصیبت کی ماری۔ دکھیاری خواہ مخواہ ستائی ہوئی ؛

اَولھا (ہ۔ اسم مذکر) چولھے کے بائیں طرف کا ایک سوراخ جس پر

ہانڈی کو رکھ کر چولھے میں آگ جلا کر پکا لیتے ہیں۔ ایک قسم کی انگیٹھی ؛

اُدلی (ع۔ مذکر) سب سے بہتر۔ سب سے عمدہ۔ نہایت اعلےٰ۔ بہت مناسب نہایت اچھا ؛

ادلیل یا ادنول (بواؤ غیر ملفوظ) (ہ۔ مؤنث) گھوڑے کی اچھل کود ؛

اَدلو (ہ) ناموزوں۔ بے ڈھنگا ؛

اُدلو کر دینا ؛ پریشان کر دینا ؛

اَولیا (ع۔ اسم مذکر) ولی کی جمع۔ دوست۔ رفیق۔ خیر خواہ۔ ساتھی ہم نشین۔ اُردو میں یہ لفظ بطور واحد بھی مستعمل ہے ؛

اَولیاءُ اللہ (ع۔ اسم مذکر) اللہ کے دوست والے۔ اہل۔ اللہ مقربان بارگاہ الٰہی اداشناس۔ بھولے بھولے آدمی کو بھی کہہ دیا کرتے ہیں ؛

اَولیائے دولت (ع۔ اسم مذکر) صاحبان سلطنت۔ امرا۔ وزرا۔ رئیس۔ ارکان سلطنت ؛

اَولیا کے گھر بھوت (اُر۔ مثل) نیکوں کے گھر بد۔ اچھوں کے گھر بُری اولاد ؛

اَوّلین (ف) سب سے پہلا گزرا ہوا۔ اگلے لوگ۔ گزشتہ۔ زمانہ۔ گزشتہ زمانے کے لوگ ؛

اُون (ہ۔ مو) بال۔ پشم۔ صوف۔ جانوروں کی کھال کے بال ؛

اُونا (ہ) ایک قسم کی پتلی اور چھوٹی تلوار جو نہایت تیز ہوتی ہے

اُونٹ (ہ۔ اسم مذکر) شتر۔ بعیر۔ دراز قد۔ آدمی کو بھی کہہ دیا کرتے ہیں ؛


اونٹ

اونٹا (ہ۔ اسم مذکر) ۲½ سو کا پہاڑہ ساڑھے تین کی مہارنی ؛

اُونٹ بڈھا ہوا پر موتنا نہ آیا (اُر۔ مثل) سیانا ہو گیا۔ عمر گزار دی۔ لیکن تمیز نہ آئی۔ اونٹ کو بڈھا ہو کر بھی سیدھی طرح موتنا نہ آیا۔ اُلٹا ہی موتا کیا ؛

اُونٹ برابر ڈیل بڑھایا پوشن برابر عقل نہ آئی (اُر۔ مثل) قد تو بڑا ہو گیا مگر عقل ذرا بھی نہیں۔ اونٹ برابر بڑھ گیا مگر عقل خاک نہیں ؛

اُونٹ بلبلاتا ہی لدتا ہے (اُر۔ مثل) جب کوئی کام بھی کرتا رہے اور بڑبڑاتا بھی رہے تو اس وقت یہ مثل بولا کرتے ہیں۔ یعنی یہ کام تو اسی طرح مجبوری سے ہوا ہی کرتے ہیں ؛

اُونٹ پہاڑ کے نیچے آتا ہے تب آپ کو سمجھتا ہے۔ (اُر۔ مثل) آدمی اپنے سے زیادہ رتبے والے کو دیکھ کر اپنی حقیقت کو پہچانتا ہے ؛

اونٹ جب بھاگتا ہے تو پچھم کو ؛ **اُونٹ مکے کو ہی بھاگتا ہے** (اُر۔ مثل) ہر چیز اپنی اصل کی طرف رجوع کرتی ہے ؛

اُونٹ چڑھی بونٹ مانگے (ہ۔ مثل) بے موقع سوال اور بے محل بات کی نسبت بولا کرتے ہیں۔ غیر موزون کام کرنا ؛

اُونٹ دیکھے کس کل بیٹھے (اُر۔ مثل) دیکھے انجام کیا ہو۔ نتیجہ کیا نکلے ؛

اُونٹ ڈوبیں بھیڑیں تھاہ مانگیں (ہ۔ مثل) اس وقت بولتے ہیں۔ جہاں بڑوں کی حقیقت نہ ہو۔ چھوٹے اپنی ہی شکایت کریں۔ جہاں بزرگوں کے حوصلے پست ہیں۔ وہاں چھوٹے کیا کر سکتے ہیں۔

اُونٹ رے اونٹ تیری کون سی کل سیدھی (ہ۔ مثل) اونٹ کی تمام بناوٹ ٹیڑھی ہے۔ اس لیے دغا باز فریبی اور جھوٹے آدمی کی نسبت یہ کہاوت مشہور ہو گئی۔ جھوٹے کی کس بات پر اعتبار کریں۔ جھوٹے پر یقین نہیں جمتا ؛

اُونٹ سے بڑے اور نام چھوٹے خاں (اُر۔ مثل) بے تمیزی کے کام کرنا۔ اور طاقت۔ حیثیت اور خلاف چلنا اپنے اعمال سے خاندان کا نام ڈبونا۔ برعکس نہند نام زنگی کافور ؛

اُونٹ فرشتے کی ذات ہے (اُر۔ مثل) اونٹ صابر۔ قانع اور نرم طبع جانور ہے۔ اونٹ بڑا نیک ہے ؛

اُونٹ کا پاؤں زمین کا نہ آسمان کا (اُر) بے فیض آدمی سے کسی کو فائدہ نہیں پہنچتا۔ بخیل امیر سے کسی کو فیض نہیں بے ہودہ بکواسی جو کام کی بات کوئی نہ کہے اور بکواس بہتیری ؛

اُونٹ کی پکڑ اور عورت کے فریب سے خدا بچائے (اُر۔ مقولہ) اونٹ کینہ توز جانور ہے۔ جب دشمن کو پکڑ لیتا ہے تو پھر چھوڑتا نہیں۔ گوشت الگ کر دیتا ہے۔ عورت کے مکر کو بھی انسان سمجھ نہیں سکتا۔ سخت گیر اور مکار شخص کی نسبت بولتے ہیں ؛

اُونٹ کی پکڑ اور کتے کی جھپٹ۔ (ہ۔ مقولہ) دونوں باتیں سخت ہیں۔ ان میں پھنسنے کی نجات کہاں دونوں مہلک ہیں ؛

اُونٹ کٹارا یا اُونٹ کٹیلا (ہ۔ مذ) ایک کانٹے دار جھاڑی کا نام ہے جس کو اونٹ بڑے شوق سے کھاتا ہے۔ آشتر خار ؛

اُونٹ کٹارا

اُونٹ کے گلے میں بلی (اُر۔ مثل) غلط۔ حجت۔ بے جا دلیل۔ مفت کا حیلہ بے ہودہ بات۔ سوسائٹی کے خلاف۔ سخت شرائط ؛

روایت ہے کہ ایک شخص کا اونٹ گم ہو گیا۔ اس نے منت مانی کہ اگر مل گیا ایک روپیہ کو فروخت کر دوں گا۔ اتفاقاً وہ مل گیا۔ اب مالک نے سوچا کہ پانچ ہزار روپے کا اونٹ مفت جاتا ہے۔ آخر تجویز یہ کی کہ اونٹ کے گلے میں بلی باندھ کر منادی کر دی کہ ایک روپیہ کو تو اُونٹ اور پانچ ہزار کو بلی بکتی ہے مگر شرط یہ ہے کہ دونوں اکٹھے بکیں گے۔ علیحدہ علیحدہ نہیں

اس سے یہ مثل بن گئی ؛

اُونٹ کے گلے میں ٹلی (اُر۔ مثل) چھوٹی نابالغ لڑکی کو کسی ادھیڑ یا نوجوان بالغ کے ساتھ بیاہ دینا۔ یا اس کے برعکس کرنا ؛

اُونٹ کے مُنہ میں زیرہ (اُر۔ مثل) بڑے پیٹ والے کو ذرا سی چیز کھانے کے لیے دینا۔ بیٹو کو تھوڑی سی بھر چیز سے کیا تسلی۔ یہ ایسے موقع پر بھی بولتے ہیں۔ جہاں کسی شخص کو ایسی چیز مل جائے جو اس کے لائق نہ ہو ؛

اُونٹ گاؤ (اُونہ) شتر گاؤ پلنگ۔ ایک جانور کا نام جو افریقہ میں ہوتا ہے ؛

اونٹ رہے بیگاری (اُر۔ مثل) بیگار میں پکڑا ہوا اونٹ خوب لدتا ہے۔ جتنا بوجھ چاہا لاد دیا۔ کوئی درد تھوڑا ہی ہے ؛

اونٹانا (ہ) کھولانا۔ جوش دینا۔ غصہ دلانا۔ ناگوار باتیں کر کے جلانا ؛

اونٹنا (ہ۔ مذ) گاڑی یعنی چھکڑے کے آگے کی مڑی ہوئی لکڑی جس سے سرا زمین سے اوپر اٹھا رہتا ہے ؛

اونٹی (ہ۔ مو) گڑ اور گھی کو دودھ میں خاص قوام کے مطابق پکا کر بیلوں اور کمزور مویشیوں کو کھلانے کی دوا۔ اس سے وہ بہت جلد موٹے اور طاقتور ہو جاتے ہیں ؛

اونٹنی (اُر۔ اسم) اونٹ کی مادہ ؛

اونٹنی

اُونچا (ہ۔ اسم صفت) بلند۔ بالا۔ اوپر۔ دراز۔ قدآور۔ بڑا امیر دولت مند۔ عالی رتبہ۔ خاندانی۔ طنزاً کوتاہ۔ چھوٹا۔ تنگ ؛

اُونچا سُننا یا سُنائی دینا (ہ۔ محاورہ) کم سُننا تھوڑا سنائی دینا بہرا ہونا ؛

اُونچا ہاتھ (ہ۔ اسم صفت) بالادست۔ امیر۔ سخی۔ فیاض۔ افسر عالی رتبہ ؛

اُونچا گھرانا (ہ) بڑا خاندان۔ عالی رتبہ قبیلہ۔ امیر کنبہ ؛

اُونچا نیچا (ہ۔ اسم صفت مذکر) ناہموار۔ پست و بلند۔ خراب۔ نادرست ؛

اُونچ نیچ (ہ۔ اسم مذکر) نشیب و فراز۔ نیک و بد۔ اُتار چڑھاؤ۔ نفع نقصان ؛

اُونچے سے گرا سنبھل سکتا ہے نظروں نہیں سنبھل سکتا (ہ۔ مثل) غریب ہو کر آدمی پھر مال دار ہو سکتا ہے۔ مگر بے غیرت ہو کر ذی عزت نہیں ہو سکتا ؛

اُونچی دکان (ہ۔ اسم مونث) بڑی دکان۔ بہت سرمایہ کی دکان اور دکانوں کی نسبت بلند دکان ؛

اُونچی دُکان پھیکا پکوان (ہ۔ مثل) مشہور دکان اور مال خراب۔ نام مشہور اور کام نکما۔ وہاں بولتے ہیں۔ جہاں کی شہرت زیادہ ہو پر اصل میں کچھ نہ ہو ؛

اُونچی ناک کرنا (اُر۔ محاورہ) آبرو بخشنا۔ عزت دینا۔ ذی عزت بنا دینا ؛

اُونچی ناک ہونا (اُر۔ محاورہ) اپنے ہم عصروں میں معزز ہونا۔ با آبرو اور باعزت ہونا ؛

اُوند (ہ۔ اسم مونث) وہ رسّی جو چھپر کو نیچے جاتے سے روکنے کے لیے باندھتے ہیں ؛

اُوندھا (ہ۔ اسم صفت مذکر) اُلٹا۔ واژوں۔ ٹیڑھا۔ اُلٹی سمجھ کا۔ بے وقوف۔ سر کے بل۔ پٹ۔ چت کی ضد ؛

اوندھانا (ہ۔ فعل) گرانا پانی وغیرہ سیال چیز کا۔ اُلٹانا۔ اُنڈیلنا۔ لنڈھانا۔ برباد کرنا ؛

اوندھا ہو جانا (ہ۔ محاورہ) نشہ میں بدمست ہو جانا بے ہوش و بے خبر ہو جانا ؛ اُلٹ جانا ؛

اوندھی پٹیانی } (ہ۔ اسم مونث) جھکا ہوا ماتھا۔ بدصورت۔
اوندھی کھوپری } بے ڈھنگا آدمی۔ اُلٹی قسمت والا۔ اُلٹی تقدیر والا بے وقوف۔ بدقسمت ؛

اوندھی کھوپری اُلٹی مت (ہ۔ محاورہ) بیوقوف کی بیوقوفی کی بابت بولا کرتے ہیں۔ کوڑھ مغز۔ اپنی عقل ہے دوسروں کی مانتا نہیں ؛

اوندھے مُنہ دودھ پینا (ہ) بچہ بننا۔ بچوں جیسی باتیں کرنا۔ نہایت نادان اور بے سمجھ ہونا ؛

اوندھے مُنہ شیطان کا دھکا (اُر) بددعا ہے۔ یعنی سر کے بل گرے اور تباہ ہو۔ اور اوپر سے شیطان کا دھکا لگے ؛

اوندھے مُنہ گرنا (ہ۔ محاورہ) مُنہ کے بل گرنا۔ ذلت اُٹھانا۔ اپنی سزا بھگتنا۔ نہایت راغب ہونا۔ ٹوٹ پڑنا۔ ہار ناشکست کھانا ؛

اوندی (ہ۔ اسم مونث) چوپایوں کے دودھ دوہنے کی جگہ۔ مشک کا دہانہ باندھنے کی رسّی ؛

اُونس (انگ۔ امذ۔ Once) تقریباً ۲½ تولے پونڈ کا بارھواں حصہ ؛

اُونگنا (ہ۔ فعل) گاڑی کے دھرے کو چکنائی وغیرہ لگانا ؛

اُونگھ۔ اونگھاس۔ اونگھائی (ہ۔ اسم مونث) غنودگی جھپکی نیند ؛

اُونگھتے کو ٹھلتے کا بہانا (ہ۔ مثل) ایسے موقع پر بولتے ہیں جہاں کام کرنے کو اپنا جی نہ چاہے۔ دوسرے کے منع کرنے سے رک جائے۔ ذرا سا بہانہ ہونا۔ حیلہ ہاتھ لگ جانا۔ ہلکا سا سبب بن جانا ؛

اُونگھتے کو سوجاتے کیا دیر (اُر) جب کام نہ کرنے کا ارادہ کر لیا تو سٹ جانے میں کیا دیر۔ جس بات کا ارادہ کر لیا وہ ہوئی کی ہوئی ؛

اُونگھنا (ہ۔ فعل) غنودہ ہونا۔ نیند کی جھپکی آنا۔ سستی اور غفلت کا آنا ؛

اُونھ (ہ) کلمہ استغنا و استکراہ بلا سے۔ کیا پروا۔ تکلیف میں کراہنے کی آواز ؛

اُونی (ہ - اسم صفت) اون کا۔ پشم کا۔ پشمینہ کا ؛

اونے پونے بیچ ڈالنا (ہ - محاورہ) کم قیمت پر فروخت کر ڈالنا۔ تھوڑے نفع یا نقصان پر دے دینا۔ کم و بیش بیچ دینا۔ خرید کا لحاظ کیے بغیر دے ڈالنا ؛

اُوہ (ہ - کلمہ استغنا) کیا پرواہ ہے۔ کیا مضائقہ ہے۔ بلا سے۔ بیماری میں کراہنے کی آواز ؛

اوہا (ہ - اسم مذکر) چولھے کے اوپر کی گول سی جگہ۔ جہاں توا یا دیگچی وغیرہ رکھ دیتے ہیں ؛

اَوہام (ع - اسم مذکر) وہم کی جمع۔ تخیل۔ فکر۔ خیالات۔ خیالی تصور ؛

اوہو (ہ - کلمہ تعجب و تحیر) اَہوہ۔ اظہارِ مسرت کے لیے بھی۔ واہ وا۔ شاباش ؛

اوہوت (ہ - ندا کا کلمہ) بازاری لوگ۔ کسی جاتے آدمی کو پکارتے ہیں تو یہ لفظ بولتے ہیں۔ معنی ارے میاں جانے والے اِدھر آ ؛

اُوئی یا ووئی یا اُوہی (ہ - کلمہ تعجب و افسوس) عورتوں کا تکیہ کلام ہے جو ناز و نخرے یا دہشت تکلیف اور تعجب کے وقت زبان پر لاتی ہیں ؛

اویر (ہ - تابع فعل) (الف نافیہ + دیر بمعنی دیلا یعنی وقت) بے وقت دیر۔ عرصہ ؛

اَویر سویر (ہ - تابع فعل) وقت بے وقت۔ گاہے بگاہے۔ آگے پیچھے کسی کسی وقت۔ اویر کی تشریح گزر چکی (دیکھو اویر) سویر میں (س بمعنی شدت و تاکید اثبات + دیر بمعنی وقت) یعنی اچھے وقت ؛

اُویس قرنی ؛ ایک اولوالعزم صحابی کا نام۔ جو حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نادیدہ عاشق اور جانباز پیرو تھے اور ملک یمن ان کا وطن تھا ؛

ا - ہ

اَہا (ہ - مذ) کلمہ تعجب و انبساط۔ اہا ہا بہت خوشی ہے۔ حیرت ہے حیرانی ہے ؛

اہار (ہ - اسم مذکر) کھانا بھوجن۔ کلف دینا۔ چیپ لگانا ؛

اہار لگانا ؛ کلف دینا ؛

اہالی موالی } (ع - اسم مذکر) اہل و مولیٰ کی جمع۔ یار دوست۔ مصاحب
اہالی متوالی } کارکن۔ اہلکار۔ سلطنت کے امرا و زرا لوکر چاکر۔ بال عیال۔ متعلقین ؛

اہانت (ع - اسم مؤنث) حقارت۔ توہین۔ بے عزتی۔ ذلت۔ خواری رسوائی۔ ہتک کرنا ؛

اہا ہا } (ہ) کلمہ تحسین و انبساط۔ واہ وا۔
اہا ہا ہا } خوب خوب ؛

اہتدا (ع - اسم مذکر) ہدایت کرنا۔ رستا بتانا۔ رہبری کرنا۔ راستے پر لانا ؛

اہتزاز (ع - اسم مذکر) ہوا کا چلنا۔ ٹہنیوں پھولوں وغیرہ کا ہلنا اور کھلنا۔ مجازاً خوش ہونا۔ خوشی۔ مسرت۔ راحت ؛

اہتمام (ع - اسم مذکر) بندوبست۔ انتظام سرانجام۔ کوشش۔ سعی ؛

اہدا ؛ (ع - مذ) ہدیہ کرنا۔ تحفہ دینا ؛

اَہرا (ع - مذ) مٹی کا بنیا یا ہوا ایک گول سا برتن جس میں آپلے لگا کر آگ جلاتے اور دودھ کڑھاتے یا کوئی اور چیز پکاتے ہیں۔ دودھ وغیرہ کی ہانڈی رکھ کر کڑھانے پکانے کی انگیٹھی ؛

اہرام (ع - مذ) ہرم کی جمع۔ مینار ؛

اہرام مصر (ع - اسم مذکر) مصر کے چوپہل مخروطی مینار جو دریائے نیل سے آٹھ کلومیٹر کے فاصلے پر بنے ہوئے ہیں ؛

اہرام

اہرمن ؛ (ا - مو) خریت۔ (مو) گھبراہٹ۔ تلاطم مرتے وقت کی الجھن ؛

اہرمن ؛ شیطان۔ دیو۔ بھوت ؛

اَہرن (ہ - اسم مذکر) سندان۔ مہائی۔ لوہے کا بڑا ڈبل بھاری اوزار جس پر لوہار لوہا اور سنار چاندی وغیرہ کوٹتے ہیں ؛

اَہرن

اہل (ع - اسم مذکر) لوگ۔ گھر کے لوگ۔ صاحب مالک۔ گھر کے لوگ۔ صاحب گھر بار کا۔ کنبہ۔ خاندان (بحالت صفت) لایق۔ قابل۔ شریف۔ ہنردار۔ سلیم الطبع ؛

اہل اللہ (ع - اسم مذکر) اللہ والے لوگ۔ اولیا اللہ۔ بزرگ اللہ تعالیٰ کے دوست۔ عارف لوگ ؛

اہل باطن } (ع - اسم مذکر) وہ لوگ جن کے دل صاف ہوں۔ صاف
اہل دِل } دل لوگ۔ صاف باطن آدمی۔ کشف و کرامت والے۔ عابد زاہد لوگ ؛

اہل بیت (ع) گھر والے خاندانی آدمی۔ اعزہ و اقربا۔ عزیز۔ رشتہ دار لوگ۔ رسول اللہ کا خاندان ؛

اہل تسنن (ع - اسم مذکر) اہل سنت والجماعت مسلمانوں کا ایک فرقہ ہے جو چاروں خلیفوں کو مانتے ہیں۔ (ابوبکرؓ۔ عمرؓ۔ عثمانؓ۔ علیؓ) ؛

اہل تشیع (ع - اسم مذکر) شیعہ لوگ۔ جو چاروں خلیفوں میں سے صرف حضرت علیؓ کو مانتے ہیں ؛

اہل حرفہ (ع - اسم مذکر) کاریگر۔ پیشہ ور۔ ہنردار۔ کوئی کام اور پیشہ کرنے والے لوگ ؛

اہل خانہ (ف - اسم مذکر) گھر کے لوگ۔ مراد بیوی۔ زوجہ۔ گھر والی۔ استری۔ گھر کی مالکہ ؛

اہل دُنیا (ف - اسم مذکر) دنیا دار لوگ۔ دُنیا کے طالب۔ دُنیا کے خواہاں۔ دُنیا کے بندے ؛

اہل دَول (ع - اسم مذکر) دولت مند۔ امیر۔ بادشاہ۔ سلطان۔

دولت والے ۔

اہلِ رائے (ف - اسم مذکر) عقل مند - دانا - درست رائے والے - صاحب عقل ۔

اہلِ رزم (ف - اسم مذکر) جنگی لوگ - فوجی اشخاص جنگ جو - لڑاکے - لڑنے والے ۔

اہلِ روزگار (ف - اسم مذکر) زمانہ کے لوگ - ابنائے جنس - نوکری پیشہ لوگ ۔

اہلِ زبان (ف - اسم مذکر) زباندان - زبان کے مالک - کسی زبان کے ماہر ۔

اہلِ زر (اُر) دولت والے - امیر -

اہلِ زمین (اُر) زمین پر رہنے والے -

اہلِ سخن (ف - اسم مذکر) شاعر لوگ - شعرا - عمدہ طور پر کلام کرنے والے لوگ ۔

اہلِ سُنت (ع - اسم مذکر) سُنّی فرقہ - اہل تسنن - سُنی لوگ ۔

اہلِ سیف (ع - اسم مذکر) تلوار والے - فوجی لوگ - سپاہی - فوجی ۔

اہلِ شرع (ع - اسم مذکر) شریعت کے حکموں پر چلنے والے متشرع آدمی ۔

اہلِ صنعت (ع - اسم مذکر) کاری گر - دست کار - ہنرمند ۔

اہلِ صورت (ع - اسم مذکر) ظاہر بین لوگ - ظاہری آدمی - صرف ظاہر کو دیکھنے والے ۔

اہلِ غرض (ع - اسم مذکر) خود غرض آدمی - مطلبی لوگ - غرض مند - مطلب کے یار ۔

اہلِ قلم (ع - اسم مذکر) لکھے پڑھے لوگ - منشی آدمی - خواندہ لوگ - محرر - کلرک ۔

اہل کار (ف - اسم مذکر) کام کرنے والے کارندے - دفتر والے - کچہری دربار کے منشی متصدی وغیرہ ۔

اہلِ کتاب (ع - اسم مذکر) کتاب والے وہ لوگ جو اس رسول کے پیرو ہوں جس پر آسمانی کتاب نازل ہوئی ہو - جیسے یہود - نصاریٰ اور مسلمان ۔

اہل مد (ع - اسم مذکر) صدر محرر - کسی سررشتے کے ایک حصے کا ہیڈ کلرک ۔

اہلِ نظر (ع - اسم مذکر) آنکھوں والے پرکھنے والے - تاڑ جانے والے - دُور بین - دُور اندیش - ہوشیار - عاشق - طالب دید - دید باز ۔

اہل و عیال (ع - اسم مذکر) بال بچے - لڑکے بالے - کنبہ - کٹم - قبیلہ - جورو بچے وغیرہ ۔

اہلِ ہنر (ف - اسم مذکر) صاحب فن - ہنر جاننے والے - اُستاد - لوگ ۔

اہلیت (ع - اسم مؤنث) قابلیت - لیاقت - آدمیت - انسانیت - شرافت ۔

اہلے گہلے پھرنا (ہ - فعل) ناز و نخرے کرتے پھرنا - اتراتے پھرنا - معشوقانہ ناز سے چلنا ۔

اہلیہ (ع) بیوی - جورو - گھر والی - لگائی - استری - زوجہ ۔

اَہم (ع - اسم صفت) مشکل ترین - نہایت سخت - نہایت دشوار -

اہمیت (ع - ا - مو) ضرورت - وقعت - منزلت ۔

اوہنوں (اُن) نہیں - کسی ہوتے ہوئے کام سے روکنے کے لیے بولتے ہیں ۔

اُہو ہو یا اُہو ہو ہو (ہ) کلمہ انبساط و تعجب واہ وا - خوب - بہت اچھا ۔

اہیر (ہ - اسم مذکر) گوالا - گھوسی - ہندوؤں کی ایک قوم کا نام بھی ہے - چرواہا - گڈریا ۔

ا - ۶

اَئتلاف ا۔ (ع - مذ) محبت - اتحاد - میل ملاپ ۔

اَئمّہ ا۔ (ع - مذ) امام کی جمع - پیشوایان ۔

ا - ی - ے

اے یا اَے (ف - حرف ندا) پکارتے کے لیے بولتی ہیں - او - ارے وغیرہ ۔

ایار (ف - مذ) رومیوں کے ایک مہینے کا نام

ایاز (ف - اسم مذکر) سلطان محمود غزنوی کے باوفا جانباز غلام کا نام - کہتے ہیں اس سے سلطان عشق رکھتا تھا ۔

ایاز قدرِ خود بشناس - (ف - مثل) جب کوئی شخص اپنی حیثیت سے باہر قدم مارتا ہے تو اس وقت اس کی گزشتہ حالت کو یاد دلا کر کہا کرتے ہیں - ایاز قدرِ خود بشناس - یعنی اپنی حیثیت کے مطابق کام کرنا چاہیے - اپنی قدر و منزلت کا ہر دم خیال رکھنا چاہیے ۔

ایاغ (ف - اسم مذکر) پیالا - ساغر - کوزہ - کٹورا - پیمانہ - گلاس ۔

ایال ا۔ گھوڑے کی گردن کے لمبے لمبے بال - شیر کی گردن کے بڑے بڑے بال ۔

ایّام (ع - اسم مذکر) یوم کی جمع - دن - روز - زمانہ - حیض آنا - معمول کے دن ۔

ایّام بیض (ع - مذکر) روشن دن - چاندنی کے دن - ہر ماہ کی تیرھویں چودھویں اور پندرھویں تاریخیں ۔

ایّام اسود (ع - اسم مذکر) کالے دن - اندھیرے دن - ہر ماہ کی ۲۷ - ۲۸ - ۲۹ تاریخیں - جن میں راتیں بالکل اندھیری ہوتی ہیں ۔

ایّام سے ہونا (اُر محاورہ) حیض سے ہونا - عورت کا حیض آلود ہونا - کپڑوں سے ہونا - پیلے سر سے ہونا - سر سے پلید ہونا ۔

ایتلاف ا۔ (ع) دیکھو ائتلاف ۔

ایانا (ہ۔ اسم مذکر) بچہ۔ نادان۔ کم سن۔ کم عمر۔ نابالغ۔ چھوٹی عمر کا ؛
اے باد صبا ایں ہمہ آوردۂ تست (ف) مصرعہ بطور ضرب المثل مشہور ہوگیا۔ یہ سب کچھ فتنہ آپ ہی کے دم قدم کی برکت ہے۔ یہ سب خرابی آپ ہی نے تو ڈالی ہے ؛
ایتام (ع۔ مذ) یتیم کی جمع۔ وہ بچے جن کا باپ مر چکا ہو ؛
ایتر (ہ۔ ا۔ مذ) کمینہ۔ کم ظرف۔ اوچھا۔ رذیل۔ سفلہ ؛
ایتر کے گھر تیتر باہر باندھوں کہ بھیتر (ہ۔ مثل) اوچھے کو جب کوئی اچھی چیز مل جاتی ہے تو اترانے لگ جاتا ہے۔ اور طرح طرح سے اس کی نمود کرتا ہے ؛
ایتھر (Ether - انگ۔ مو) ایک مادہ جو طبیعات کے ماہرین کے نزدیک خلا میں بھرا ہوا ہے ؛
ایتھنز (Athens - مذ۔ انگ) یونان کا پایۂ تخت ؛
ایٹہ (پ۔ مذکر) صوبہ متحدہ آگرہ یعنی یوپی کے ایک شہر کا نام ہے۔
ایٹ ہوم (انگ۔ مذ - Athome - تابع فعل) گھر پر مکان میں۔ گھر پر دعوت کھلانا ؛
ایٹم (انگ۔ اسم - Atom) جوہر۔ سالمہ۔ ذرہ۔ ذریزہ۔ ذرہ۔ ذرہ برابر ؛



ایٹم

ایٹم بم (انگ۔ ا۔ مذ) جوہری بم۔ سالماتی بم ؛
Atom Bomb


ایٹم بم

اٹیکیٹ (انگ۔ اسم مذکر - Etiquette) آداب مجلس۔ رسوم مجلس۔ تہذیب ؛
ایثار (ع) غیر کو اپنے اوپر ترجیح دینا۔ دوسرے کے نفع کو اپنے سے مقدم جاننا ؛
ایجاب و قبول (ع۔ اسم مذکر) ماننا اور منظور کرنا۔ قول و اقرار۔ نکاح۔ عقد ؛
ایجاد (ع۔ مو) نئی بات نکالنا۔ وہ بات کرنا جو پہلے نہ ہو۔ اختراع ؛
ایجادِ بندہ اگرچہ گندہ (ف) نئی بات کو انکساری سے پیش کرنا۔ یعنی یہ چیز بندہ کی ایجاد ہے۔ اگرچہ خراب ہے ؛
ایجاز (مذ) کلام کو مختصر کرنا کہ مطلب پورا ادا ہو جائے اور لفظ کم سے کم آئیں ؛
ایجنٹ (Agent - اسم مذکر) گماشتہ۔ آڑھتی۔ قائم مقام۔ سربراہ کار ؛
ایجنسی (Agency - انگ۔ ا۔ مذ) آڑھت۔ وہ دکان جس کی معرفت کسی چیز کی خرید و فروخت ہو ؛
ایجوکیشن (Education - انگ۔ ا۔ مو) تعلیم۔ پڑھائی۔ ودیا ؛
ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ (انگ۔ ا۔ مذ) محکمۂ تعلیم۔ سررشتہ تعلیم ؛ Education Department
ایجوکیشنل (انگ۔ اسم صفت) تعلیمی۔ تعلیم کا ؛ Educational
ایجوکیٹڈ (اسم مذکر صفت) خواندہ۔ پڑھا لکھا تعلیم یافتہ۔ ودیا دان۔ عالم ؛ Educated
ایجی ٹیشن (Agitation - انگ۔ ا۔ مذ) تحریک۔ جوش ؛
ایجی ٹیٹر (انگ۔ ا۔ مذ) تحریک کرنے والا۔ جوش پھیلانے والا ؛ Agitator
اپچ پیچ (ہ۔ اسم مذکر) ہیر پھیر۔ داؤں گھات۔ دم جھانسے۔ مکر و فریب ؛
اپچ پیچ کی باتیں (ہ۔ اُ۔ محاورہ) ہیر پھیر کی باتیں۔ پیچ دار باتیں۔ دغا فریب کی باتیں ؛
اپچ پیچ نہ جاننا (ہ۔ محاورہ) دغا فریب نہ جاننا۔ زمانے کے مکر و فریب نہ جاننا۔ زمانے کے مکر و فریب سے ناواقف ہونا۔ سیدھا سادہ ہونا ؛
ایڈ (Aid - انگ۔ ا۔ مذ) امداد۔ اعانت۔ سہارا ؛ ایک بیماری کا نام۔
ایڈریس (انگ۔ ا۔ مذ) خطاب۔ سرنامہ۔ پتا۔ سپاسنامہ۔ تعریفوں کا اظہار ؛ Address
ایڈوانس (Advance - انگ۔ ا۔ مذ) پیشگی۔ آگے۔ پہلے اول۔ ترقی۔ اصلاح۔ دوستی ؛
ایڈوائزر (Advisor - انگ۔ ا۔ مذ) مشیر۔ صلاح کار۔ ناصح ؛
ایڈجوٹنٹ جنرل (Adjutant General - انگ) منتظم لشکر ؛
ایڈورٹائزمنٹ (انگ) اشتہار۔ نوٹس۔ مشہوری۔ شہرت۔ اعلان ؛ Advertisement
ایڈووکیٹ (Advocate - انگ۔ ا۔ اسم مذکر) وکیل۔ قانونی مشیر۔ مددگار۔ معاون مقدمہ۔ صلاح دینے والا ؛
ایڈووکیٹ جنرل (Advocate General - انگ۔ مذ) حکومت کا اعلیٰ مشیر قانونی ؛
ایڈمیرل (انگ۔ ا۔ مذ) سپہ سالار بحری۔ امیر البحر۔ سمندری فوج کا افسر اعلیٰ ؛ Admiral
ایڈمیشن (Admission - انگ) آنے دینا۔ داخل کرنا ؛
ایڈمنسٹریشن (Administration - انگ) نظم و نسق ملکی حکومت۔



ایرو پلین

ایکس ریز (مشین)

ایڈیٹر (انگ - ا مذ) - مدیر - اخبار نویس رسالہ یا اخبار کا اہتمام کرنے والا ؛ Editor

ایڈیٹوریل (Editorial - انگ - اسم صفت) ایڈیٹر کا لکھا ہوا مضمون - منسوب بہ ایڈیٹر ؛

ایڈیشن ؛ (Edition - مذ - انگ) اشاعت - طبع ؛

ایڈیشنل ؛ (Additional) (انگ) زائد از ضرورت - جو وقتی ضرورت کے لیے اضافہ کر دیا گیا ہو ؛

ایڈی کانگ (Aid-De-Camp انگ - مذ) مصاحب - رفیق - محافظ ؛

ایذا (ع - مو) تکلیف - دکھ - ستانا - دکھ پہنچانا - اذیت ؛

ایرا پھیری (ہ - اسم مؤنث) سودے کو بار بار خرید کر بدلنا - ہیرا پھیری کرنا - بار بار آنا جانا - اوّل بدل کرنا ؛

ایراد (ع - اسم مذکر) وارد کرنا - لانا - بیان کرنا ؛

ایران (ف - مذ) ملک فارس کا نام - فارس کا ملک جس کا پایۂ تخت طہران ہے ؛

ایرانی (ف - اسم صفت) ایران کا رہنے والا - ایران کی بنی ہوئی چیز - ایران سے منسوب ؛

ایراوتی (ہ - اسم مذکر) پنجاب کے مشہور دریائے راوی کا دوسرا اور پرانا نام ؛

ایرغیرا (اُو مذ) اجنبی - اور بے واسطہ لوگ ؛

ایرشپ (Airship - انگ - مذکر) ہوائی جہاز - طیارہ - معمولی حیثیت کے لوگ ؛



ایرشپ

ایروپلین Aeroplane (انگ) ہوائی جہاز ؛


ایروپلین

ایرپمپ (انگ - اسم Air Pump) کسی چیز میں ہوا بھرنے کی مشین گاڑیوں ٹائروں میں ہوا بھرنے والا پمپ ؛

ایر پھیر کرنا (ہ - اسم مذکر) بیوپار کرنا - ادھر اُدھر کرنا - انقلاب -

ایر کھا (ہ - اسم مذکر) حسد - رشک - جلن - ڈاہ - دوسرے کی ترقی دیکھ نہ سکنا ؛


ایرپمپ

اے روشنی طبع تو برمن بلا شدی (ف - مثل) اس موقع پر کہا کرتے ہیں - جب کسی کی اعلیٰ درجے کی لیاقت اور سمجھ اس کے نقصان اور ضرر کا سبب ہو جائے ؛

ایرے غیرے (ہ - اسم مذکر) - پچکلے - پرائے - غیر لوگ - ناواقف - اجنبی ؛

ایریل (Aerial - انگ) ریڈیو کا ہوائی تار ؛

ایڑ (ہ - اسم مونث) پاشنہ - مہمیز - ایڑی ؛

ایڑ کرنا / **ایڑ لگانا** / **ایڑ مارنا** (ہ - فعل) کوچ کرنا - رخصت ہونا - چلنا - گھوڑے کو مہمیز لگا کر تیز کرنا - ایڑی مارنا - روانہ ہونا - گھوڑے کو اُبھارنا - تیز چلانا ؛

ایڑی (ہ - مو) پاشنہ - پاؤں کا پچھلا حصہ - جوتے کا وہ حصہ جس پر پاؤں کی ایڑی لگتی ہے ؛

ایڑیاں رگڑنا / **ایڑیاں گھسٹنا** (اُر - محاورہ) پاؤں پٹخنا جان کنی کی حالت میں ہونا - تکلیف اُٹھانا - سخت کوشش کرنا - صدمہ کرنا - ہٹ کرنا ؛

ایڑی چوٹی سے وارنا یا قربان کرنا یا نثار کرنا (اُر - محاورہ) (عورتیں) نفرت اور حقارت کے وقت عورتیں بولا کرتی ہیں - حقیر و ذلیل جاننا - نفرت کرنا - کسی چیز کو سر اور پاؤں پر سے وار کر - صدقہ دے دینا ؛

ایڑی چوٹی کا پسینہ بہانا / **ایڑی چوٹی کا پسینہ ایک کر دینا** (اُر - محاورہ) بے حد کوشش کرنا - سخت محنت اُٹھانا بے انتہا - جد و جہد کرنا - سر کا پسینہ پاؤں تک چلا جانا ؛

ایڑی سے چوٹی تک (ہ - تابع فعل) سراپا سر سے پیر پاؤں تک ؛

ایزاد (ع - اسم مذکر) زیادہ کرنا - بڑھا دینا - ترقی دینا ؛

ایزد (ف - اسم مذکر) اللہ تعالیٰ - اللہ جل شانہٗ ؛

اے زر تو خدا نہ ولیکن بخدا - ستار العیوب و قاضی الحاجاتی (ف - مثل) بصورت شعر - دولت تمام عیوب کو چھپانے والی اور حاجات کو پورا کرنے والی چیز ہے ؛

ایس - اے یا ایسے (انگ - مذ) مضمون جو کسی خاص بات کی بحث پر لکھا گیا ہو - جواب مضمون - مضمون نویسی ؛

ایسا (ہ - اسم صفت) مانند - ہم شکل - اس قسم کا اس طرح کا - اس قدر - اتنا - جیسے ایسا پانی پیا کہ منہ کے راستے نکلا -

ایساتیسا (ہ - اسم مذکر) کلمہ حقارت - سفلہ - کمینہ - پاجی - حقیر ذلیل ؛

ایسا کیا گزرا ہے (اُر۔ محاورہ) بالکل نکما تو نہیں ہے۔ اتنا حقیر و ذلیل تو نہیں ہے۔

ایسا ویسا (ہ۔ صفت) ناچیز۔ ناکارہ۔ بے حقیقت۔ بُرا بھلا۔ واہیات بے ہودہ۔ معمولی۔

ایسا ویسا بھاتا نہیں خوان ملوکا آتا نہیں (اُر۔ مثل ہمولی) کھانا پسند نہیں۔ شاہی کھانا ملتا نہیں۔ غریب ہو کر امیر مزاج رکھنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

ایسٹ (East۔ انگ۔ مذ) مشرق۔ پورب۔ پُروا۔

ایسٹ انڈیا کمپنی (East India Company انگ۔ مذ) انگریز سوداگروں کی وہ جماعت جو ۱۶۰۰ء میں ہندوستان میں آئی اور ۱۸۰۰ء تک سلک ہند پر قابض رہی۔

ایس۔اے۔وی (S.A.V. انگ۔ مو) سینیر اینگلو ورنیکلر کا مخفف۔ ایک امتحان جسے میٹرک کرنے کے بعد پاس کرنے سے امیدوار سکول میں مدرس ہو سکتا ہے۔

ایسٹر (Easter۔ انگ۔ مذکر) حضرت مسیح کو زندہ آسمان پر اُٹھائے جانے کا دن۔ جو عموماً اپریل میں ہوتا ہے۔

ایسر (ہ۔ مذ) دولت۔

ایسوسی ایشن (Association۔ انگ۔ مونث) جماعت مجلس گروہ۔ کمیٹی۔ انجمن۔

ایسے پر تین حرف بھیجتے ہیں (اُر۔ مثل) ایسے بُرے آدمی پر تو تین حرف۔ یعنی لام۔ عین۔ نون۔ لعن (لعنت) بھیجتے ہیں۔ بہت بُرا جانتے ہیں۔

ایسے تو میری جیب میں پڑے ہیں / **ایسے تو میرے ناخنوں میں پڑے ہیں** (اُر محاورہ) میں اُن سے زیادہ چالاک ہوں۔ ان کی چالاکی مجھ پر اثر نہیں کر سکتی۔

ایسی تیسی کرنا (اُر۔ محاورہ) سخت کلامی کرنا۔ بہت بُرا کام کرنا۔ کام برباد کرنا۔ ذلیل کرنا۔ ایک کلمہ ہے جس سے گالی مفہوم ہوتی ہے۔

ایسی تیسی (ہ) کلمہ حقارت۔ بُرا بھلا کہنا۔ یوں توں کرنا۔

ایسی تیسی میں جائے (ہ۔ محاورہ) ہمیں کوئی مطلب نہیں۔ دوزخ میں یا بھاڑ میں پڑے۔ ہمیں کچھ سروکار نہیں۔

ایسیڈ (انگ۔ Acid.) تیزاب۔ ترشہ۔

ایسی ویسی بات کرنا (اُر۔ محاورہ) بُری حرکت کرنا۔ بُری بات کرنا نامناسب بات کرنا۔

ایسی کہی کہ دھوئی پچھوڑی / **ایسی کہی دودھوں دھوئی** (اُر۔ محاورہ) نہایت عمدہ اور لے درجے کی کھری بات کہی۔ دل لگتی اور مؤثر بات کہی۔ ایسی کہی جس کا جواب اور ثانی نہ ہو سکے۔ نہایت اعلےٰ درجہ کی بات کہی۔

ایسی کیا تیرے ہی تلے گنگا بہ رہی ہے (ہ۔ مثل) ایسی تجھ میں ہی کیا خصوصیت ہے۔ کیا تو ہی بڑا مالدار ہے کیا تیرے سوا اور کوئی اس کام کو کر ہی نہیں سکتا۔

ایسی کیا قاضی کی گدھی چُرائی ہے (ہ۔ مثل) ایسا کیا جُرم ہے جو اتنا خوف کریں۔ ہم بے قصور ہیں۔ ہم نے گناہ تھوڑا ہی کیا ہے۔

ایسے کیڑے پڑ گئے (ہ۔ محاورہ) ایسی بُری حالت ہو گئی۔ ایسا معاملہ خراب ہو گیا۔

ایسے گئے جیسے گدھے کے سر سے سینگ (ہ۔ مثل) ایسے غائب ہوئے کہ نشان تک بھی نہ ملا۔ بالکل ہی گم ہو گئے۔ پتا تک ندارد۔

ایسے میں (ہ۔ تابع فعل) ایسی حالت میں ایسے موقع پر۔ ایسے زمانہ میں۔ ایسے وقت میں۔

ایسے ہوتے تو عید بقر عید کے کام آتے (اُر) کسی کام کے نہیں نہایت نکمے ہیں۔ بالکل فضول اور بے کار ہیں۔ نہایت خراب ہیں۔

ایسے ہی بھولے ہیں (اُر۔ محاورہ) وہ بھولے نہیں ہیں۔ بڑے چالاک ہیں۔ نہایت ہوشیار ہیں۔ بڑے پختہ اور تجربہ کار ہیں۔

ایشاں (س۔ اسم مذکر) شمال اور مشرق کے درمیان کا کونا۔ گوشۂ شمال مشرق۔

ایشور (س۔ اسم مذکر) اللہ۔ ایزد۔ بھگوان۔ مہا دیو۔ پرمیشور۔

ایشیا (Asia انگ۔ امذم) مشہور براعظم کا نام جو ہندوستان پاکستان، عرب و ایران وغیرہ پر مشتمل ہے۔

ایشیائی (اُر۔ اسم صفت) ایشیا کی بنی ہوئی چیزیں۔ ایشیا کے رہنے والے لوگ۔ ایشیا سے نسبت رکھنے والا۔

ایصال (ع۔ اسم مذکر) پہنچانا۔ وصول کرنا۔ ملانا۔ جوڑنا۔

ایصال حرارت (ع۔ اسم مذکر) گرمی پہنچانا۔ علم طبعی کا ایک عمل ہے جس کے ذریعہ سے سیال اشیا میں حرارت ایک جگہ سے دوسری جگہ چلی جاتی ہے۔

ایصال مال گزاری (ف) زمین کا لگان ادا کرنا۔ زرمال گزاری ادا کرنا۔ لگان کا روپیہ سرکاری خزانہ میں داخل کرنا۔

ایضاً (ع۔ تابع فعل) ویسی ویسا ہی۔ اسی طرح کا بجنسہٖ۔ ہو بہو ویسا۔

ایطا (ع۔ مذ) دو مصرعوں میں یا ایک نظم کے دو شعروں میں قافیے کی تکرار جو ناجائز ہے۔

ایطائے جلی (بداعنا) قافیے کی تکرار کا واضح اور نمایاں ہونا جیسے ایک جگہ تیزاب اور دوسری جگہ قافیہ آب کا۔

ایفا (ع۔ اسم مذکر) وفا کرنا۔ پورا کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔ نباہنا۔

ایفائے وعدہ (ع۔ مذکر) وعدہ پورا کرنا۔ اقرار نباہنا۔ وعدہ وفائی۔

ایقان (ع۔ مذ) یقین ہونا۔ یقین کرنا۔ یقینی طور پر جاننا۔

ایک (ہ۔ اسم عدد) واحد۔ اکیلا۔ تنہا۔ ایک عدد۔ لاثانی۔ (اللہ ایک ہے)

ایکا (ع - اسم مذکر) اتفاق۔ یگانگت۔ سازش۔ ساز باز۔ میل ملاپ۔ تاش کا پتا ؛



ایکا

ایکا ایکی (ع - تابع فعل) حرف مفاجات۔ ناگہاں۔ اچانک بیکبارگی۔ دفعتہً ؛

ایکائی (ع - اسم مونث) یگانگت ایک درجہ کا علم حساب میں شمار کا پہلا درجہ ؛

ایک آدھ (ع - اسم صفت) کوئی۔ چند۔ تھوڑے۔ اِکّا دُکّا۔ خال خال ؛

ایکانت (ع - اسم مونث) تنہائی۔ خلوت۔ علیحدگی۔ الگ ہونا۔ اکیلے رہنا ؛

ایکانت میں رہنا (ع - محاورہ) خلوت میں رہنا۔ تنہائی میں رہنا ؛

ایک آم کی دو پھانکیں ہیں / **ایک سیب کے دو ٹکڑے ہیں** (اُر - محاورہ) دونوں ایسے مشابہ ہیں کہ کوئی فرق نہیں دونوں ہم شکل اور بالکل ملتے جلتے ہیں۔ ذرا بھر تفاوت نہیں ؛

ایک انار سو بیمار (اُر - محاورہ) چیز ایک اور اس کے طالب بہت سے۔ ایک ہی چیز کے بہت سے خواہاں ؛

ایک آنچ کی کسر رہ گئی ہے (اُر - محاورہ) تھوڑی سی کمی ہے۔ کام بنتے بنتے رہ گیا ؛

ایک انڈا وہ بھی گندا (ع - محاورہ) ایک لڑکا وہ بھی نالایق۔ ایک بچہ وہی برا نکل آیا ؛

ایک آنکھ پھوٹتی ہے تو دوسری پر ہاتھ رکھتے ہیں (ع - محاورہ) ایک دفعہ نقصان اٹھا کر تجربہ ہو جاتا ہے۔ بار بار دھوکا نہیں کھایا جاتا۔ دودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک کر پیتا ہے ؛ ایک دفعہ دھوکا کھا کر آئندہ احتیاط کرتا ہے اور چوکنا ہو جاتا ہے ؛

ایک آنکھ سب کو دیکھنا (اُر - محاورہ) سب کے ساتھ مساوات برتنا۔ سب کو یکساں سمجھنا۔ اپنے بیگانے کو برابر جاننا انصاف کرنا ؛

ایک آنکھ میں لہر بہر ایک میں خدا کا قہر (اُر - محاورہ) متلون مزاج اور مغلوب الغضب آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔ دم بھر میں مہربان اور دم بھر میں آگ بھبھوکا ؛

ایک آنکھ یہ ایک آنکھ وہ (ع - مثل) دونوں نور نظر ہیں۔ دونوں برابر ہیں۔ دونوں یکساں ہیں دونوں کے دکھ سے دکھ اور خوشی سے خوشی ہے ؛

ایک انگور سو ز نبور (اُر - محاورہ) ایک ایک انگور پر سو سو بھڑیں۔ چیز تھوڑی جاذبیت مند بہت ایک انار سو بیمار ؛

ایک آوے کے برتن ہیں (ع - مثل) سب کی عادات یکساں ہیں۔ سب برابر ہیں۔ کوئی بھلا نہیں۔ سب باہم برابر ہیں ؛

ایک اور ایک گیارہ (ع - مثل) دو شخص مل کر بہت کچھ کر سکتے ہیں۔ اتفاق باہمی کی قوت کی طرف اشارہ ہے ؛

ایک اور سو کا فرق ہے (اُر - محاورہ) ان میں باہم کوئی نسبت نہیں۔ زمین آسمان کا فرق ہے رات اور دن کا فرق ہے۔ بہت ہی فرق ہے ؛

ایک ایک (ع - تابع فعل) سب۔ تمام۔ کلہم۔ باری باری۔ جُدا جُدا۔ الگ الگ۔ یکے بعد دیگرے ؛

ایک ایک دم میں سو سو رنگ بدلتا ہے (اُر - محاورہ) بہت ہی غیر معتبر ہے۔ نہایت چھوٹا ہے۔ کبھی کچھ ہے کبھی کچھ۔ کسی بات پر جمتا ہی نہیں ؛

ایک ایک کا دامن پکڑ کے رونا (اُر - محاورہ) ہر ایک سے اپنا دکھڑا بیان کرنا۔ ہر ایک سے مدد مانگنا ؛

ایک ایک کا منہ تکنا یا دیکھنا (اُر - محاورہ) افلاس اور لاچاری۔ ہر ایک سے امید رکھنا۔ مجبوری ؛

ایک ایک کر کے (ع - تابع فعل) رفتہ رفتہ۔ آہستہ آہستہ بیکبارگی کی ضد۔ تھوڑا تھوڑا کر کے۔ سب۔ تمام۔ کُل۔ سارے کے سارے ؛

ایک ایک کی چار چار لگانا (ع - محاورہ) بہت زیادہ بڑھا کر چغلی کھانا۔ ذرا سی بات کو تبنگڑ بنا کر غیبت میں کہنا ؛

ایک ایک کے دو دو ہونا (ع - محاورہ) تجارت میں دوگنا نفع کمانا۔ کام کا خوب رونق پکڑنا ؛

ایک ایک کے دو دو اور بھاگوان کے تین تین (اُر - محاورہ) ایک ایک کے دو دو حصے۔ اور بڑے آدمی کے تین ٹکڑے کر دیئے جائیں۔ لڑائی اور جنگ میں اپنی تعریف کے وقت سپاہیوں کا باہمی جوش۔ سخت لڑائی اور گھمسان کا رن فتح کا جوش۔ اکیلے آدمی کا تفاخر یعنی میرے سامنے آؤ گے تو دو کر دوں گا کاٹ کر ؛

ایک اینٹ کے لیے مسجد ڈھانا (اُر - محاورہ) دنیا کے لیے دین گنوانا۔ تھوڑے سے دنیاوی نفع کے واسطے بہت بڑا نقصان آخرت اٹھانا ؛

ایک بات (ع - اسم مونث) سہل ہے۔ آسان سی بات۔ معمولی اور ادنیٰ کام ٹھیک قیمت ؛

ایک بات میں (ع - تابع فعل) ذرا سے اشارے میں۔ یوں ہی بڑی آسانی سے۔ معمولی بات میں ؛

ایک بارگی (ع - حرف) مفاجات۔ ناگاہ۔ اچانک۔ یکایک۔ ایکا ایکی ؛

ایک بچن (ع - مذکر) ایک قول۔ ایک بات۔ ایک کلام۔ صیغہ واحد ؛

ایک پاپی ناؤ کو لے ڈوبتا ہے (ع - مقولہ) ایک برا سارے خاندان کو بدنام کر دیتا ہے ؛

ایک پاؤں اندر ایک پاؤں باہر ؛ (ہ۔ محاورہ، زیادہ ایک پاؤں گھر میں ایک پاؤں باہر) پھرنے سے مراد ہے کبھی گھر میں کبھی باہر۔ کبھی یہاں کبھی وہاں۔ کبھی کہیں کبھی کہیں ؛

ایک پر ایک گرنا (ہ۔ محاورہ) بہت بھیڑ ہونا۔ بہت ہجوم۔ بکثرت متوجہ ہونا۔ ٹوٹ پڑنا ؛

ایک پر بیٹھ رہنا (ہ۔ محاورہ) ایک کے ساتھ عمر گزارنا۔ زیادہ دوست نہ بنانا۔ ایک سے دوستی رکھنا ؛

ایک پلک یا پل (ہ۔ تابع فعل) پل بھر۔ ذرا کی ذرا۔ ایک آن آن کی آن۔ دم بھر ؛

ایک پنتھ دو کاج (ہ۔ مثل) اس وقت بولتے ہیں جہاں ایک کام کے ساتھ اور بھی کئی کام بن جائیں۔ ایک سبب میں دو کام نکل آئیں ؛

ایک پیٹ کے (ہ۔ اسم مذکر) حقیقی بھائی بہن۔ سگے بہن بھائی یکساں جائے ؛

ایک ترکش کے تیر ہیں (اُر۔ محاورہ) سب برابر ہیں۔ سب مساوی ہیں۔ سب ستانے والے ہیں ؛

ایک تندرستی ہزار نعمت ہے (اُر۔ مقولہ) ایک تندرستی ہزار نعمتوں سے بہتر ہے ؛

ایک تنکے کا احسان نہ لینا (اُر۔ محاورہ) ذرا بھر کسی کا احسان نہ اٹھانا۔ قانع اور صابر رہنا ؛

ایک تنکے کا سہارا بھی بہت (اُر۔ محاورہ، مُفلسی اور تنگی میں تھوڑی سی امداد بھی بہت معلوم ہوتی ہے ؛

ایک تو (ہ۔ تابع فعل) اول تو۔ پہلے تو۔ اولاً ؛

ایک تو چوری دوسرے سرزوری یا سینہ زوری (اُر۔ مثل) قصور بھی کرنا اور دھمکانا بھی۔ قصور پر شرمندہ نہ ہونا۔ الٹی سرکشی کرنا ؛

ایک تو شیر دوسرے بکتر پہنے (اُر۔ مثل) ایک تو ظالم۔ دوسرے اختیار مل گئے۔ بہادر کو اور بے خوفی کا سامان مل جائے ؛

ایک تو کریلا دوسرے نیم چڑھا (ہ۔ مثل) اول تو خود کڑوے دوسرے ہم صحبتی بھی کڑوے ہی ملے۔ بد سے بدتر ہو گئے بُرے کو سامان بھی بُرے مل گئے ؛

ایک تو میاں اونگھتے اس پر کھالی بھنگ (ہ۔ مثل) کچھ تو سست تھے ہی اُوپر سے سامان بھی اور زیادہ سستی کے کر لیے ؛

ایک توے کی روٹی کیا موٹی کیا چھوٹی (ہ۔ مثل) سب برابر ہیں۔ کوئی کم نہیں۔ برادری میں سب برابر ہیں۔ کیا امیر کیا غریب ؛

ایک تھان کے ٹکڑے ہیں ۔ ایک تھیلی کے بٹے ہیں۔ ایک تھیلی کے چٹے بٹے ہیں ۱۔ (ہ) کوئی نیک نہیں سب بدمعاش ہیں۔ سب برابر ہیں۔ ایک سے ایک بڑھ کر ہے ؛

ایکٹ (Act - انگ۔ اسم مذکر) نقل۔ سوانگ۔ ضابطہ۔ قانون۔ آئین جو کسی با اختیار جماعت یا بادشاہ کی طرف سے جاری کیا گیا ہو ؛

ایک ٹانگ (ہ۔ اسم مؤنث) کسی چیز کی چوتھائی روپیہ میں سے چونی ؛

ایک ٹانگ پھرنا (ہ۔ محاورہ) برابر پھرے جانا۔ دم نہ لینا۔ بہت چکر لگانا۔ دوڑے پھرنا ؛

ایک ٹانگ کھڑا رہنا (ہ۔ محاورہ) حکم ماننے کے لیے ہر وقت تیار رہنا۔ تعمیل حکم کو ہر دم تیار رہنا ؛

ایکٹر (انگ۔ مذکر) نقل کرنے والا۔ تماشا کرنے والا۔ مرد۔ پارٹ کرنے والا آدمی ؛ Actor

ایکٹرس (Actress - انگ۔ مؤ) نقل کرنے والی۔ پارٹ کرنے والی عورت۔ اداکارہ ؛

ایک جا کرنا (ہ۔ محاورہ) فراہم کرنا۔ جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ ملا دینا۔ دوست بنا دینا۔ صلح کرا دینا ؛

ایک جان (اُر۔ اسم مؤنث) ایسے طور پر ملنا کہ فرق نہ رہنا۔ پورا پورا اختلاط۔ پکا دوست۔ دلی دوست ؛

ایک جان دو قالب (اُر) نہایت پکا دوست۔ انتہا درجے کی دوستی۔ عاشق و معشوق ؛

ایک جان کرنا (اُر۔ محاورہ) کئی چیزوں کو ملا کر ایک کر دینا۔ باہم ملا کر حل کر دینا ؛

ایک جان ہزار ارمان } (ہ۔ مقولہ) ایک جان اور ہزار
ایک جان ہزار امید } آرزوئیں۔ زندگی بھر اُمیدیں ہی رہتی ہیں۔ ایک جان اور ہزاروں حسرتیں ہوتی ہیں۔ سینکڑوں تمنائیں اور خواہشیں ؛

ایک جان ہزار غم ایک دل ہزار داغ (اُر۔ مقولہ) ایک جان کو ہزار غم اور ایک دل کو ہزاروں رنج ہیں دل رنج ہی رنج کا گھر ہے ؛

ایک چپ سو کو ہراوے یا ایک چپ سو چپ (ہ۔ خاموشی سب کو خاموش کر دیتی ہے۔ تم کسی کو کچھ نہ کہو۔ تمھیں بھی کوئی کچھ نہ کہے گا ؛

ایک چپ لاکھ بلا کو ٹالتی ہے (اُر۔ محاورہ) خاموش رہنا ہزاروں مصیبتوں سے بچاتا ہے۔ خاموشی ہر طرح بہتر ہی بہتر ہے ؛

ایک چنے کی دو دالیں ہیں (ہ۔ محاورہ) دونوں ہم شکل ہیں۔ بالکل مشابہ ہیں۔ ایک آم کی دو پھانکیں ہیں ؛

ایک چیخ زمین ایک چیخ آسمان (اُر۔ محاورہ) نہایت ہی چیخنا۔ بہت ہی چلانا ؛

ایک حمام میں سب ننگے (اُر۔ مثل) بُرے کام میں سب شامل ہیں۔ سب ایک ہی رنگ میں رنگے ہوئے ہیں ؛

ایک خطا و خطا تیسری مادر خطا (اُر۔ محاورہ) ایک دو بار خطا ہونا تو تقاضائے بشری ہے۔ مگر بار بار قصور کرنا گنہگاری ہے۔ بار بار جرم قابل مواخذہ ہے ؛

ایک دانت کاٹی روٹی کھاتے ہیں (اُر۔ محاورہ) نہایت گہرے دوست ہیں۔ ایک دوسرے کا جوٹھا کھانے تک سے دریغ نہیں۔ نہایت دل ملے ہیں ؛

ایک در بند ہزار در کھلے (اُر۔ مثل) اگر ایک جگہ سے آدمی کی آمدنی بند ہو جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہزار اسباب اور پیدا کر دیتا ہے ؛

ایک دل یاروں میں ایک چوکیداروں میں (اُر۔ محاورہ) مذبذب ہونا۔ دُگدائیں ہونا۔ بے حد فکر ہونا۔ نہایت پریشانی ہونا۔ دو دلی ہونا ؛

ایک دم (اُر) بے توقف۔ برابر۔ فوراً۔ متواتر۔ یکساں ؛

ایک دم کا دمامہ ہے (اُر۔ محاورہ) تھوڑی سی زندگی کے ساتھ بہت سے بکھیڑے کرنے پڑتے ہیں ؛

ایک دم کیساتھ سب سامان ہے (اُر) ایک آدمی کی **ایک دم کیساتھ سب کھیل ہے** ؛ کمائی پر سب عیش منا رہے ہیں۔ ایک آدمی خاندان بھر میں کما ڈ ہے وہ نہ ہو تو سارے تین کوڑی کے بھی نہیں۔ اسی کے ساتھ سب عیش میں ہیں ؛

ایک دم ہزار دم (اُر) ایک سانس لینے میں ہزار سانس لینے کی اُمید ہوتی ہے۔ یعنی جب تک سانس تب تک آس ہے ؛

ایک دن سب کو مرنا ہے (اُر۔ محاورہ) موت سے مفر نہیں۔ جو پیدا ہوا وہ ضرور ایک دن مرے گا۔ ہمیشہ زندہ رہنے والا اللہ کے سوا کوئی نہیں ؛

ایک دن کا مہمان دو دن کا مہمان تیسرے دن کا بلائے جان (اُر۔ مقولہ) مہمان ایک دو دن تو عزیز اور بھلا ہوتا ہے تیسرے دن تو دو بھر معلوم ہوتا ہے ؛

ایک دن کا مہمان گلاب کا پھول دوسرے دن کا مہمان کنول کا پھول تیسرے دن کا مہمان گھر کیوں گیا بھول (اُر۔ مثل) ایک دن کا مہمان نہایت پیارا اور گلاب کے پھول سا معلوم ہوتا ہے۔ دوسرے دن کا مہمان کنول کے مشابہ ہے تیسرے دن کا مہمان میزبان کی نفرت اور بیزاری کا باعث ہوتا ہے ؛

ایک دو (اُر۔ صفت) چند۔ تھوڑے۔ بہت کم۔ قلیل مقدار۔ تھوڑی تعداد ؛

ایک دے گا دس پائے گا (اُر) ایک سلوک نیک کرے گا تو تو دس گنا ثواب اور اجر ملے گا ؛

ایک ڈوبے تو جگ سمجھائے سب ڈوبیں تو کون بچائے (اُر۔ مثل) اگر ایک آدمی خرابیاں کرے تو اس کو لوگ سمجھا سکتے ہیں۔ مگر جب سب ہی گناہوں میں غرق ہوں تو انھیں عذاب سے کون چھڑا سکتا ہے ؛

ایک ذات کا (اُر۔ صفت) ایک جنس کا۔ ایک ہی قسم کا۔ بکثرت بافراط۔ ایک ہی قوم کا۔ یک لخت ؛

ایک راس (اُر۔ محاورہ) ایک قسم۔ ایک جنس۔ یکساں۔ برابر۔ باہم موافق ؛

ایک رسّی میں بندھنا (اُر۔ محاورہ) باہم اتفاق ہونا۔ یک جہتی ہونا۔ شریک مشورہ ہونا۔ ایک کے حکم میں چلنا۔ ایک سردار کا کہنا کرنا۔ ایک کے ماتحت ہونا ؛

ایک رنگ آنا ایک رنگ جانا (اُر۔ محاورہ) چہرے کا رنگ بدل جانا۔ خوف یا صدمے کے سبب سے چہرے کے رنگ کا متغیر ہونا۔ منہ پر ہوائیاں اڑنا۔ رنگ فق ہونا۔ نہایت خوف اور غم کا اظہار ؛

ایکڑ (انگ۔ ا۔ مذ) زمین کا رقبہ کرنے کا پیمانہ جس میں ۴۸۴۰ مربع گز زمین شامل ہو ؛ Acre

ایک زبان (اُر۔ اسم صفت) ہم قول۔ ہم زبان۔ متفق اللفظ۔ سب کی ایک ہی بات سب کا ایک ہی جواب۔ ایک سخن۔ سودے میں ایک قیمت کہنا ؛

ایک سانچے کے ڈھلے ہیں (ع۔ محاورہ) سب ہم شکل ہیں ایک سے ہیں۔ سرمو فرق نہیں ؛

ایکسرسائز (انگ۔ مونث) ورزش۔ کسرت۔ مشق ؛ Exercise

ایکس ریز (انگ۔ ا۔ مذ) شعاعیں۔ نامعلوم شعاعیں انسانی جسم کے فوٹو لینے والی شعاعیں ؛ X-Rays

ایکسٹرا Extra - انگ۔ اسم صفت۔ مذکر) فالتو۔ زائد۔ ضمیمہ۔ علیحدہ ؛

ایکسچینج (Exchange) (ٹیلی فون کا مرکزی دفتر) ۔ سکّوں کا تبادلہ ؛

ایک سرے سے سب کو بلا دینا ۔ (اُر۔ محاورہ) سب کو حیران کر دینا۔ سب کے ہوش بگاڑ دینے ؛

ایک سوُر ما چنا بھاڑ نہیں ڈھا سکتا ۔ (ع) ایک اکیلا آدمی خواہ کیسا ہی دلیر ہو مگر اس کام کو نہیں نباہ سکتا جو بہت سے آدمیوں کے کرنے کا ہو ؛

ایک سے ایک اعلیٰ سبحان ربی اعلیٰ (اُر۔ مثل) سب کے سب نور علیٰ نور ہیں ۔ ایک سے ایک بڑھ کر ہے۔ یہ مثل اس جگہ بولتے ہیں۔ جہاں بدی اور شرارت میں ایک سے ایک بڑھا ہوا ہو ؛

ایک سے دن نہ رہنا (اُر۔ محاورہ) زمانے کا ایک سی حالت پر نہ رہنا کہا کرتے ہیں۔ دن سدا ایک سے نہیں رہتے۔ یعنی حکومت اور عیش سدا نہیں رہا کرتے ؛

ایک سے دو بھلے (ع۔ مقولہ) اکیلے آدمی کا کسی کام پر جانا ٹھیک نہیں۔ دو اس کو اچھی طرح کر سکتے ہیں۔ تنہائی بہت بُری چیز ہے۔ اکیلا ہنستا بھلا نہ روتا ؛

ایک سے ہونا (ہ۔ محاورہ) ہم شکل ہونا۔ باہم مشابہت رکھنا۔

ہم خیال اور ہم رائے ہونا ٭

ایک شیر مارتا ہے تو سو لومڑیاں کھاتی ہیں } (اُر۔ مثل) بہادر
ایک شیر مارتا ہے تو سو گیدڑ کھاتے ہیں } اور جوان مرد آدمی
اپنی کمائی سے سینکڑوں محتاجوں کو پالتے ہیں۔ سخی اور بہادر کی کمائی میں سب کا ساجھا ہوتا ہے ٭

ایک طرح کا (اُر) ایک قسم کا۔ ایک نوع کا۔ یکساں۔ ایک جنس کا ٭

ایک طرف کا بازار بند ہے (اُر۔ محاورہ) یک چشم ہے۔ کانا ہے۔ اعور ہے۔ کانے آدمی کو تعریفاً کہا کرتے ہیں ٭

ایک عالم (اُر۔ اسم مذکر) تمام دُنیا۔ سارا جہان ٭

ایک عمر (اُر۔ اسم مونث) تمام عمر۔ عمر بھر۔ بہت مدت۔ مدّتوں عرصہ دراز۔ مدّت۔ مدید ٭

ایک قلم (اُر۔ تابع فعل) یک لخت۔ بالکل۔ برابر۔ فوراً۔ یک قلم ٭

ایک کا مُنہ شکر سے بھرا جاتا ہے۔ } (اُر۔ محاورہ) ایک کا
سو کا خاک سے بھی نہیں بھرا جا سکتا } مطلب بخوبی پورا کیا جا سکتا ہے۔ سو کا تھوڑا تھوڑا بھی پورا نہیں ہو سکتا۔ ایک آدمی کی خاطر تواضع خوب ہو سکتی ہے بہتوں کو روکھی روٹی دینی بھی دوبھر ہے ٭

ایک کرے دس بھریں (ہ) ایک قصور کرے دس سزا پائیں۔ ایک کے جُرم میں دس گرفتار۔ ایک کی وجہ سے سب بدنام ٭

ایک کو پانی اور ایک کو پیچھ (ہ۔ مثل) بہت بے انصافی ہے نامنصفی۔ بدانتظامی ٭

ایک کو دے رتبہ عالی ایک کو دے کھُرپا چالی (اُر۔ مثل) اللہ کی حکمت اور بے نیازی ہے۔ کسی کو عیش و آرام دیتا ہے اور کسی کو دکھ درد اور تکلیف و محنت ٭

ایک کو سائی ایک کو بدھائی (ہ۔ مثل) ہرجائی ہونا بے وفائی کرنا۔ وعدہ خلاف ہونا۔ جھوٹ بولنا۔ جھوٹے وعدے ہر ایک سے ٭

ایک کھائے ملیدہ ایک کھائے بھُس (ہ۔ مثل) اپنی اپنی تقدیر ہے کوئی عیش کرے کوئی دُکھ بھرے ٭

ایک کہو گے تو دس سنو گے (ہ۔ مثل) اگر تم کسی کو بُرا کہو گے تو وہ تمہیں بدتر بنائے گا۔ تم ایک بُری بات کہو گے تو دوسرا تمہیں دس سنائیگا۔ بدزبانی سے روکنے کے لیے کہا کرتے ہیں ٭

ایک کہے نہ چار سُنے (اُر۔ محاورہ) نہ کسی کو بُرا کہو نہ خود بُرا سنو۔ نہ بُرا کہنے نہ کہلائے نہ گالی دے نہ گالی کھائے ٭

ایک کی دو ادو یا ایک کی دار و دو (ہ۔ مثل) ایک آدمی پر غالب آنے کے لیے دو آدمی کافی ہوتے ہیں ٭

ایک کی سو سُناتا ہے } (ہ۔ مثل) سخت بدزبان ہے۔ بڑا
ایک کی دس سُناتا ہے } بدلگام آدمی ہے۔ ایک بات کے جواب میں دس سُنا کر بھی بس نہیں کرتا ٭

ایک گھاٹ اُتارنا (اُر۔ محاورہ) تمام لوگوں کے ساتھ یکساں سلوک کرنا۔ سب چھوٹے بڑوں سے ایک ہی سا معاملہ اور برتاؤ کرنا ٭

ایکلا (ہ۔ اسم صفت مذکر) اکیلا۔ واحد۔ تنہا۔ فرد۔ لاثانی۔ یکتا۔ بے نظیر۔ لاجواب ٭

ایک لاٹھی سب کو ہانکنا (ہ۔ مثل) ادنیٰ اور اعلیٰ میں تمیز نہ کرنا۔ شریف اور رذیل کو نہ پہچاننا۔ سب سے سختی کا سلوک کرنا۔ کسی کا لحاظ نہ رکھنا ٭

ایک لکڑی کیا جلے اور کیا اُجالا ہو (اُر۔ مثل) اکیلا آدمی کیا کر سکتا ہے۔ اور اس کی کوشش کہاں تک بار آور ہو سکتی ہے۔ ایک طرف چلا گیا دوسری طرف خالی ٭

ایک ماں باپ کے ہونا (ا) فعل۔ ایک نطفے سے ہونا۔ سگے بھائی ہونا۔ باہم پیار و محبت رکھنا ٭

ایک ماں باپ کے ہو جاؤ (اُر۔ فقرہ) سگے بہن بھائیوں کی طرح پیار سے رہو محبت سے رہو۔ آرام سے بیٹھو۔ شور نہ مچاؤ۔ شور و غوغا نہ کرو۔

ایک مچھلی سارے تالاب کو گندا کر دیتی ہے۔ (اُر۔ مثل) ایک بُرا آدمی ساری قوم کو بدنام کر دیتا ہے۔ ایک نالائق سارے خاندان کی ناک کٹوا دیتا ہے ٭

ایک مُرغی نو جگہ حلال نہیں ہو سکتی (اُر۔ مثل) تھوڑی پونجی بہت جگہ تقسیم نہیں ہو سکتی۔ ذرا سی چیز بہت جگہ الگ الگ بانٹ کر کیا فائدہ ہو سکتا ہے ٭

ایک مشت (اُر۔ تابع فعل) دفعۃً۔ ایک دفعہ۔ تمام۔ اکٹھا۔ ایک بارگی۔ کل۔ سارے کا سارا ٭

ایک مُنہ (اُر۔ اسم صفت) ہم زبان۔ متفقہ طور پر۔ سب کی ایک بات ٭

ایک مُنہ میں ہزار باتیں کر جانا (اُر۔ محاورہ) بکواس کرنا۔ ہرزہ گوئی کرنا۔ یاوہ گوئی۔ ذرا سی دیر میں ہزار بھلی بُری کہہ جانا ٭

ایک میان میں دو تلواریں نہیں سما سکتیں (اُر۔ مثل) ایک ہی چیز کے دو طالب اور خواہش مند کبھی مل کر اور سلوک سے نہیں رہ سکتے۔ ضرور دونوں کی ٹھنکے گی ٭

ایک نٹ کھٹ ہے (ہ۔ محاورہ) بڑا شریر ہے۔ بڑا چالاک ہے۔ بہت ہی شیطان ہے۔ بڑا ہی ڈھیٹ ہے ٭

ایک نظر (اُر۔ تابع فعل) ذرا کی ذرا۔ تھوڑی دیر۔ یوں ہی سرسری نگاہ ٭

ایک نظر کے گنہگار ہیں (اُر۔ محاورہ) آنکھ سے دیکھنے کے خطاوار ہیں اور کچھ نہیں جانتے۔ آنکھ سے دیکھا تو ضرور ہے اور کوئی جُرم نہیں کیا۔

ایک نور آدمی ہزار نور کپڑا (اُر۔ مقولہ) کپڑے سے انسان کی خوب صورتی اور شان و شوکت دوبالا ہو جاتی ہے۔ الناس باللباس کپڑا انسان کے وقار اور عزت کو بڑھا

دنیا ہے۔

ایک نہ ایک (اُرد) کوئی نہ کوئی۔

ایکھ (ہ۔ اسم مذکر) گنے کا کھیت۔ نیشکر۔ اوکھ۔ کتارہ کا کھیت۔ کتارہ۔

ایک ہاتھ سے تالی نہیں بجتی / **ایک ہاتھ تالی نہیں بجتی** (اُرد۔ مثل) محبت یا عداوت ایک طرف سے نہیں ہوتی۔ دونوں کا تصور ہے۔

ایک ہو جانا (محاورہ) اتفاق کر لینا۔ متفق ہونا۔ ایکا کر لینا۔

ایک ہے (اُرد۔ محاورہ) لاثانی ہے بے نظیر ہے یکتا ہے لاجواب بے فرد ہے۔

ایگریکلچر (انگ۔ اسم مذکر) محکمہ کاشت کاری۔ Agriculture

ایگریمنٹ (انگ۔ اسم مذکر) اقرار نامہ معاہدہ۔ Agreement

ایگزیمن (Examine) امتحان۔ جانچ پرتال۔ معائنہ۔

ایگزیمینر (Examiner) ممتحن۔ جانچنے والا۔ پرتال کرنے والا۔

ایل ایل۔ (L.L. اسم مذکر) قانون کا لائسنس دار سند یافتہ وکیل۔

ایل ایل بی (L.L.B اسم مذکر) قانون کا امتحان وکالت کا امتحان جسے پاس کر کے کچہریوں میں وکالت کی جاتی ہے۔

ایل ایل ڈی (انگ۔ اسم مذکر) یونیورسٹی کا ایم۔ اے کے بعد کا درجہ۔ ڈاکٹر آف لاز۔ یعنی فاضل اکمل قانون کی سب سے اعلیٰ ڈگری۔ L.L.D.

ایل ایم ایس (L.M.S اسم مذکر) ڈاکٹری کا لائسنس دار سند یافتہ۔

ایلاسٹک (انگ۔ اسم مذکر) سوت اور ربڑ کا بنا ہوا کپڑا جو اکثر انگریزی بوٹوں میں اور جوتوں میں لگایا جاتا ہے۔ Elastic

ایلچی (ت۔ اسم مذکر) قاصد۔ پیغام لے جانے والا۔ سفیر۔ نامہ بر۔

ایلکلی (ہ) یہ لفظ دراصل عربی لفظ القلی بمعنی بھنی سے بگاڑا ہوا ہے کھار شور۔ کھاری چیز جیسے سوڈا۔ پوٹاس وغیرہ۔ اس کے چکھنے سے متلی سی پیدا ہوتی ہے یہ تیزاب کے اثر کو دور کرتی ہے۔

ایلسرس ڈیو۔ (مذ) معدے اور آنتوں کا ایک مرض جس میں اوپر کی آنتوں کا درد ہر غذا کو قے کے ذریعے نکال دیتا ہے۔

ایلوا (ہ۔ اسم مذکر) ایک نہایت کڑوی دوا گیکوار کے مغز کا سکھایا ہوا ست معتبر۔

ایلومینیم (انگ۔ مو) ایک قسم کی دھات ہے جس کے برتن بناتے ہیں۔ Aluminium

ایم او ایل (انگ۔ اسم مذکر) پنجاب یونیورسٹی کی مشرقی زبانوں کے اعلیٰ امتحان کی ڈگری ایم۔ اے کے برابر۔ M.O.L.

ایم۔ این۔ اے (M.N.A انگ۔ ا۔ مذ) پاکستان کی قومی اسمبلی کا ممبر۔

ایم۔ اے (انگ) یونیورسٹی کی اعلیٰ ڈگری۔ مالک۔ فنون۔ ماسٹر آف آرٹس۔ M.A.

ایم۔ بی۔ بی۔ ایس۔ (M.B.B.S. انگ۔ ا۔ مذ) ڈاکٹروں کی ڈگری جو بی۔ اے کے برابر ہوتی ہے۔

ایم۔ پی۔ اے (M.P.A انگ۔ ا۔ مذ) پاکستان کی صوبائی اسمبلی کا ممبر۔

ایم۔ ایس سی (M.Sc انگ۔) ماسٹر آف سائنس۔

ایم۔ ڈی (انگ۔ M.D.) ڈاکٹری کی اعلیٰ ڈگری۔

ایما (ع۔ اسم مذکر) لغت میں اشارہ سر و انگشت اصطلاح میں صرف اشارہ رمز کنایہ سین۔ عندیہ۔ منشا۔ حکم۔

ایما لینا (اُرد۔ فعل) عندیہ یا منشا معلوم کرنا۔ مرضی دریافت کرنا۔

ایمان (ع۔ اسم مذکر) یقین۔ اعتبار۔ عقیدہ۔ دل سے یقین کرنا۔ مذہب دھرم۔

ایمان بغل میں دبانا (اُرد۔ محاورہ) بے ایمانی کرنا۔ جھوٹ بولنا۔ ایمان کی پروا نہ کرنا۔

ایمان بیچنا یا کھونا (اُرد۔ محاورہ) دین کو دنیا کی خاطر برباد کرنا۔ روپے کی طمع میں راستی سے کنارہ کش ہونا۔ مذہب کے خلاف کام کرنا۔

ایمان پر چھوڑنا (اُرد۔ محاورہ) ایمان پر بھروسا کرنا۔ کوئی بات کسی دوسرے شخص کے ایمان پر موقوف رکھنا۔

ایمان ٹھکانے نہ ہونا (اُرد۔ محاورہ) نیت بدل جانا۔ بدظن ہونا۔ ایمان پر قائم رہنا۔

ایمان دار (ع۔ ف۔ اسم مذکر۔ فاعل ترکیبی) ایمان رکھنے والا۔ دھرماتما راست باز۔ دین دار منصف۔ صاحب ایمان۔

ایمان داری (عف۔ ا۔ مو) ایمان داری۔ دیانتدار صداقت۔

ایمان کا (اُرد۔ اسم صف) ایمان والا۔ دھرم وان۔ سچا۔ انصاف والا۔ نیت کا پورا۔

ایمان کانپنا (اُرد۔ محاورہ) اللہ کے خوف یا مذہبی غیرت سے کانپنا۔ اللہ کا خوف کرنا۔ عبرت حاصل کرنا۔ رونگٹے کھڑے ہونا۔

ایمان کی کہنا (اُرد۔ محاورہ) سچی بات کہنا۔ حق حق کہنا۔ سچی شہادت دینا۔ اللہ کی بات کرنا

ایمان لانا یا لے آنا (اُرد۔ محاورہ) سلام لانا۔ مسلمان ہونا۔ دین اسلام اختیار کرنا۔ اللہ کو برحق اور سچا جاننا۔ ماننا تسلیم کرنا۔ بھروسا اور اعتبار کرنا۔ یقین رکھنا۔

ایمان میں فرق آنا (اُرد) بدعقیدہ ہو جانا۔ یقین نہ رہنا۔ ڈھلمل یقین ہونا۔ بدنیت ہونا۔ بددیانت ہو جانا۔ خیانت کرنا۔ نیت بگڑ جانا۔

ایمان ہے تو سب کچھ (اُرد۔ مثل) ایمان تمام چیزوں سے بڑھ کر ہے۔ ایمان کی حفاظت سب چیزوں سے زیادہ ضروری ہے ایمان ہی مقدم ہے۔

ایمن (ع۔ اسم صفت مذکر) بے خوف۔ نڈر۔ امن دیا ہوا۔ دیپک راگ کی ایک راگنی کا نام بھی ہے۔

ایمونیا (Ammonia انگ۔ اسم مذکر) ایک تیز گیس ہے جسے سونگھا کر بیماروں کو ہوش میں لاتے ہیں اس کا سونگھنا زکام کے لیے بھی مفید ہے سالٹ ایمونیک۔ نوشادر۔

ایمونیشن (Ammunition انگ۔ ا۔ مو) سامان جنگ بارود وغیرہ۔

ایمہ (ع۔ اسم مذکر) امام کی جمع۔ پیشوا۔ رہبران۔ مذہب۔ دینی پیشرو۔

ایمن (ہ۔ اسم مذکر) (پوربی) بھینس گائے بکری وغیرہ کا باکھ۔ کھیری دودھ۔

کا خزانہ۔

اَیں یا ہیں (ہ) یہ کلمہ تعجب۔ استفہام۔ تنبیہ و تہدید کے مقام پر بولا جاتا ہے۔ کیا۔ کیوں۔ ارے ہوشیار۔

اینٹ (ہ - اسم مؤنث) مٹی کی بنی ہوئی پکی یا کچی خشت و آجر۔ تشبیہاً سونے کی مکعب ڈلی کو بھی کہہ دیتے ہیں سخت بنیاد۔ بنیادی پتھر۔ جیسے آج یونیورسٹی ہال کی اینٹ رکھی جائے گی۔

اینٹ سے اینٹ بجانا (اُ۔ محاورہ) تباہ کرنا۔ ڈھا دینا۔ گرانا۔ برباد کر دینا۔

اینٹ سے اینٹ بج جانا (اُ۔ محاورہ) سمسار ہو جانا۔ ویراں ہو جانا۔ برباد ہو جانا۔

اینٹ کا جواب پتھر سے دینا (اُ) کسی کی بُری بات کا جواب اور زیادہ بُرائی سے دینا۔ سخت کلامی کا جواب اس سے بھی زیادہ سخت کلامی سے دینا۔

اینٹ کا گھر مٹی کر دینا (اُ۔ محاورہ) دولت برباد کر ڈالنا۔ لاکھ کا گھر خاک کر دینا۔ روپیہ غارت کر دینا۔

اَینٹھ (ہ - اسم مؤنث) اکڑ۔ غرور۔ شیخی۔ مروڑ۔ نخوت۔ سرکشی۔ بل۔

اَینٹھ جانا (ہ - فعل) اکڑ جانا۔ خفا ہو جانا۔ ناراض ہو جانا۔ غصے میں اُٹھ جانا۔

اَینٹھ رکھنا (ہ - فعل) کینہ رکھنا۔ بل رکھنا۔ دبا لینا۔ قابو کر لینا۔ دبا رکھنا۔

اَینٹھ کر چلنا (ہ - فعل) غرور سے چلنا۔ اکڑ کر چلنا۔ اترا کر چلنا۔

اَینٹھن (ہ - اسم مؤنث) کھچاؤ۔ بل تشنج اعضا۔ مروڑ۔ پٹھوں اور رگوں کا کھچ جانا۔

اَینٹھنا (ہ - فعل) مروڑنا۔ بل دینا۔ بل کھانا۔ اکڑنا۔ غصہ ہونا۔ روٹھنا ٹھٹھرنا۔ سکڑنا۔ غضب کرنا۔ چین کر دبا بیٹھنا۔ دم دے کر لے لینا دھوکے سے ہتیا لینا۔

اَینٹھے خاں یا اَینٹھے باز (اُ - اسم مذکر) اکڑ باز۔ مغرور۔ اکڑ خاں۔ سرکش۔

اینچ (ہ - اسم مؤنث) کشش کھچاؤ۔ ٹیڑھا پن۔

اینچا تانا (ہ - اسم مذکر) بھینگا۔

اینچا تانی یا اینچا کھینچی (ہ - اسم مؤنث) کشاکش۔ کشمکش۔ بکھیڑا۔ گھسیٹ۔

اینچ تان کے (ہ - تابع فعل) ہزار مشکل سے بڑی دقت سے۔ بصد مشکل بہ ہزار خرابی۔

اینچ دینا (ہ) پھانسی دینا۔ سولی چڑھانا۔

اینچ کرنا (ہ - فعل) کھینچنا۔ اکڑ کرنا۔ نااتفاقی کرنا۔

اینچ لینا (ہ - فعل) کھینچ لینا۔ نکال لینا تلوار میان سے باہر نکال لینا۔ دم لگانا۔ پینا۔ ذمہ دار ہونا۔ ضمانت دینا۔ بہت سا روپیہ کما لینا۔

اینچ منوتی (ہ - اسم مؤنث) ضمانت ذمہ داری۔

اینچن (ہ - اسم مؤنث) حاصل مصدر ہے۔ کشاکش۔ ضمانت وغیرہ۔

اینچنا (ہ - فعل) کھینچنا۔ گھسیٹنا۔ تاننا۔ کسنا۔ اوٹنا۔ ضامن ہونا۔

اِیندھن (ہ - اسم مذکر) جلانے کی چیزیں۔ لکڑی۔ اُپلے۔ کوئلے وغیرہ بالن۔

اِیندھن ہو جانا (ہ۔ محاورہ)۔ جلانے کے قابل ہو جانا۔ ناکارہ ہو جانا۔ بوڑھا ہو جانا۔ تھک جانا۔ سخت کمزور ہو جانا۔

اینڈ (ہ - اسم صفت) نکما۔ ناکارہ۔ نامکمل۔ ادھورا۔ بھنور۔ گرداب۔ چکر ٹیڑھا۔

اینڈ (ہ - اسم مذکر) تخمینہ۔ سرسری اندازہ۔ جائچ۔

اینڈا اینڈا پھرنا (ہ - محاورہ) اترا تا پھرنا۔ نازاں اور خراماں پھرنا۔ اینٹھا اینٹھا پھرنا۔

اینڈ کر چلنا (ہ - محاورہ) اکڑ کر چلنا۔ مغرورانہ چلنا۔ ناز و انداز سے چلنا۔

اینڈ کر ڈینا (ہ - محاورہ) نکما کر دینا۔ روی کر چھوڑنا بے کار کر دینا۔

اینڈنا عزور کرنا۔ انگڑائیاں لینا۔ بانگ توڑنا۔ سنسنت ہو کر لیٹے رہنا۔ کروٹیں بدلنا۔ کاہلی کرنا۔

اینڈ ہونا (ہ - فعل) نکما ہونا۔ بگڑ جانا۔ پھنس جانا۔ ناکارہ ہونا۔

اینڈو (ہ - اسم مذکر) کپڑے یا بانوں کا حلقہ جو مزدور لوگ بوجھ اٹھاتے وقت سر پر رکھ لیا کرتے ہیں۔ تاکہ گٹھڑی سر میں نہ چبھے۔

اینڈوی (ہ - اسم مذکر) مونجھ کے بان کی بٹی ہوئی گول حلقہ دار چیز جو بوجھ اُٹھاتے وقت عورتیں سر پر رکھ لیا کرتی ہیں۔

اینڈے بینڈے (ہ - اسم صفت مذکر) ٹیڑھے ترچھے۔ نالائق۔ سست۔ نکمے۔

اینڈی بینڈی چال (ہ - اسم مؤنث) ناز کی چال۔ خرامِ ناز۔ مستانہ چال۔

اینڈی بینڈی سُنانا (ہ - فعل) ناشائستہ باتیں کہنا۔ سخت سست کہنا ٹیڑھی ترچھی سنانا۔ بُری بھلی سنانا۔ گالیاں دینا۔

ایں کار از تو آید و مرداں چنیں کنند (ف - مثل) واہ واکیا کہنے ہیں یہ تمہارا ہی کام ہے بہادر ایسا ہی کیا کرتے ہیں تمہارے سوا اسے کون کر سکتا ہے۔

ایں گل دیگر شگفت (ف - مثل) یہ اور ہی گل کھل گیا۔ یہ نئی شرارت اٹھ کھڑی ہوئی۔ یہ دوسری حرکت ہوئی۔ یہ نیا واقعہ ہو گیا۔

اینگلو ورنیکلر (Anglo Vernacular) دیسی اور انگریزی پڑھانے والا سکول

اینگلو پاکستانی (Anglo Pakistani) پاکستانی نسل کے انگریز پاکستان میں رہنے والے انگریز۔

اینگلو اوری انٹل (Anglo Orientab۔ انگ۔ مذ) انگریزی مشرقی۔

اینگلو عربک (Anglo Arabic - انگ - مذکر) انگریزی۔ عربی۔

اینگلو سنسکرت (انگ) انگریزی سنسکرت۔

این و آں (ف - اسم اشارہ مذکر) یہ۔ وہ کنایتہً حجت۔ دلیل۔ چون و چرا۔ اعتراض۔ بحث و مباحثہ۔

ایں ہم اندر عاشقی بالائے غمہائے دگر (ف - مقولہ) یہ بھی دوسری مصیبتوں کے ساتھ آگئی۔ جہاں تو وہاں سوائے سہی۔ جہاں اور مصائب ہیں وہاں ایک اور سہی۔

ایں ہم بچۂ شتر است (ف - محاورہ) یہ بھی اونٹ کا بچہ ہے۔ مراد یہ بھی اسی خاندان سے ہے یہ بھی اسی قوم کا ہے۔

این ہم بریں الم (ف۔ مقولہ) اور تکالیف کے ساتھ ایک یہ بھی سہی ہونے دو۔

ایوارڈ (انگ۔ ا۔ مذ) Award عدالتی فیصلہ، حکم۔ تاوان جرمانہ۔ سزا وغیرہ (جو عدالت سے دلائی جائے) انعام

ایوان (ف۔ اسم مذکر) محل۔ مکان۔ حویلی۔

ایوب (ع۔ اسم مذکر) ایک مشہور نبی کا نام ہے۔

ایورسٹ (انگ) کوہ ہمالیہ کی بلند ترین چوٹی جو ۲۹۰۰۲ فٹ بلند ہے۔ Everest

ایوننگ پارٹی (انگ) شام کے وقت کا جلسہ۔ شام کے وقت کی دعوت Evening Party

ایہام (ع۔ اسم مذکر) لغت میں وہم میں ڈالنے کو کہتے ہیں مگر اصطلاح میں شاعر لوگ اس صفت کو بولتے ہیں کہ شعر میں ایک ایسا لفظ آئے جس کے دو معنی ہوں۔ ایک معنی اس مقام کے قریب ہوں اور دوسرے بعید۔ لیکن شاعر معنی بعید سے مراد لے۔ جیسے ؎

سرد مہروں سے فلک ڈال نہ پالا کر بن آگ
نخل سرمازدہ کی طرح سے جل جاؤں گا

اس شعر میں لفظ "پالا" میں ایہام ہے۔

ایہام تناسب (ر بہ رضا) کلام کی ایک صنعت کا نام۔

اَے ہے (ہ) کلمۂ تاسف و افسوس ہائے۔

اے۔ ایم (A.M۔ انگ) ۱۲ بجے رات کے بعد سے ۱۲ بجے دن تک کا وقت۔

ب

ب (ع) اردو۔ فارسی اور عربی حروفِ تہجی کا دوسرا حرف اور ہندی کا تیئیسواں[۲۳] حرف ہے اس کو بائے ابجد بائے موحدہ اردو میں اس کا تلفظ "بے" اور عربی میں "با" ہے حسابِ ابجد میں اس کے عدد دو ہیں۔ اردو میں فارسی عربی الفاظ کے ساتھ کبھی معیت کے معنی دیتی ہے۔ جیسے بدل و جان کبھی قسم کے جیسے بخدا۔ کبھی اتصال جیسے دم بدم۔ ان معنوں میں کبھی اردو الفاظ کے ساتھ بھی مستعمل ہے جیسے گھر بگھر۔ دل بدل۔ کبھی صاحب اور والا کے معنوں میں بڑھا دیتی الف جیسے باایمان۔ باوفا وغیرہ۔

ب ۔ ا

با (ف۔ حرف ربط) ساتھ۔ ہمراہ۔ باوجود۔ باوصف۔ صاحب۔ والا کے معنی ہیں۔

باا ثر (ف اسم صفت) اثر والا۔ تاثیر رکھنے والا۔ مجرب۔ صاحب اثر۔ بارسوخ۔

باایمان (ف) (اسم فاعل ترکیبی یعنی صفت مشبہ) ایمان والا۔ سچا۔ دیانت دار۔

باب (ع۔ اسم مذکر) دروازہ۔ در دوارہ۔ مقدمہ۔ معاملہ۔ کتاب کا حصہ۔ عنوان قسم۔ نوع۔ بابت مطلب۔ غرض۔ تذکرہ مضمون زیر بحث۔ دربار و درگاہ حساب محصول۔ مناسب۔ لائق۔



باب

لے میر نہیں میر شانہ صحبت کا باب

بابا (ف۔ اسم مذکر) باپ پتا۔ والد۔ دادا۔ جد۔ درویش۔ فقیر۔ منت۔ فقیر لوگ ہر دنیا دار کو تعظیماً کہتے ہیں۔

بابت (ع۔ اسم مونث) حساب۔ مدّے۔ بارے۔ نسبت۔ سبب۔ لیے۔ واسطے معاملہ۔

بابر (اسم مونث) ایک قسم کی گھاس ہے جس کے بان بٹتے ہیں۔

بابُر (ت۔ مذکر) شیر ببر سلاطین مغلیہ میں سے سب سے پہلا بادشاہ جس نے ہندوستان میں مغلیہ حکومت کی بنیاد ڈالی تھی۔

بابرنگ (ہ۔ ا۔ مو) ایک دوا کا نام۔

بابرکت (ف) اسم فاعل ترکیبی یا صفت مشبہ۔ برکت والا۔ نیک آدمی۔ عابد متبرک۔ فیض والا۔

بابک (ف۔ مذ) ایک بادشاہ کا نام۔

بابل (ہ۔ اسم مذکر) باپ۔ والد۔ پتا۔ پیار سے بولتے ہیں۔

بابِل (ع۔ اسم مذکر) دریائے فرات کے کنارے کوفہ کے قریب نمرود کا آباد کیا ہوا شہر۔ سکندر رومی یہیں فوت ہوا تھا۔

بابِن (انگ۔ ا مو) ڈوری۔ باریک۔ فیتہ۔ جو سپاہیوں کی وردی کے کوٹوں پر لگائی جاتی ہے۔ Bobbin

بابُو (ہ۔ اسم مذکر) تعظیمی خطاب۔ حضرت جناب مسٹر۔ شہزادہ۔ رئیس زادہ انگریزی کلرک زبردست۔ زور آور۔ جیسے مائیاں ہی ٹھگی ہیں۔ بابو کوئی نہیں ملا۔

بابونہ (ہ۔ اسم مذکر) ایک بوٹی کا نام ہے جس کے پھولوں سے بنایا ہوا تیل درد وغیرہ کے کام آتا ہے۔

باپ (ہ۔ اسم مذکر) پتا۔ پدر۔ والد۔ ابّا۔ باوا۔ بزرگ۔ اعلیٰ۔ افضل۔ اُستاد جیسے شیطان تو ہے ہی۔ یہ اس کا بھی باپ ہے۔

باپ بنانا (اُ۔ محاورہ) والد کے برابر سمجھنا۔ بزرگ جاننا۔ خوشامد کرنا۔ جیسے وقت پر گدھے کو باپ بنا لیتے ہیں۔

باپ بھکاری پوت بھنڈاری (ہ۔ مثل) باپ بھیک مانگ کر پیسہ پیسہ جمع کرتا ہے۔ بیٹا جھولیاں بھر بھر کر لٹاتا ہے باپ کی حیثیت کے خلاف بیٹے کا فضول خرچی کرنا۔

باپ بنیا پوت نواب (ہ۔ مثل) باپ بخیل اور بیٹا شاہ خرچ۔ باپ جوڑتا بیٹا اڑاتا ہے۔

باپ تک جانا یا پہنچنا (اُ۔ محاورہ) کسی کو باپ کی گالی دینا۔ باپ کو برا بھلا کہنا۔

باپ دادا (ہ۔ اسم مونث) پشت۔ پیڑھی۔ کل۔ بزرگ۔ مربی۔ پرکھا اب وجد۔

باپ دادے سے: پشتوں سے۔ پیڑھیوں سے۔
باپ دادے کا نام برباد کرنا: (محاورہ) خاندانی عزت کو بٹہ لگانا۔
باپ دادا کی پگڑیاں: خاندانی عزت۔
باپ رے باپ: (کلمۂ تعجب) ڈر۔ خوف یا تعجب کے اظہار کے لیے بولتے ہیں۔
باپ سے بیر پوت سے سگائی: (اَ مثل) بڑوں سے دشمنی اور اولاد سے دوستی۔
باپ کا: باپ کی ملکیت۔ موروثی۔ باپ کی طرف سے ملا ہوا حصہ۔
باپ کا سمجھنا: (محاورہ) اپنی ملکیت سمجھنا۔ اپنا مال سمجھنا۔
باپ کرے باپ پائے بیٹا کرے بیٹا پائے: (اَ مثل) ہر شخص اپنے عمل کی جزا پاتا ہے۔ جو کرے سو بھرے۔
باپ مارے کا بیر: (قدیم دشمنی، پرانی عداوت۔ پرانا رنج۔
باپ مرے گا تیکی بٹیں گے: (اَ مثل) اس وقت کہا جاتا ہے۔ جب اولاد باپ کے مرنے کا انتظار کر رہی ہو۔
باپ مرے نورا جگ کریں: (اَ مثل) باپ کے مرنے کے بعد اولاد گلچھڑے اڑانے لگے تو یہ ضرب المثل بولتے ہیں۔
باپ نہ دادا اسو پشت کا حرامزادہ: (مثل) حسب نسب کا پتہ نہیں قدیمی کمینہ ہے۔ مجہول النسب اور پرانا پاجی ہے۔
باپ نہ ماری پدڑی بیٹا تیر انداز: (اَ مثل) باپ تو بزدل اور نامرد تھا۔ بیٹا بہادر بنتا ہے۔ بزدل باپ کی اولاد کے ڈینگ مارنے پر کہتے ہیں۔
باپو: (ہ۔ا۔مذ) باپ۔ پتا۔ والد۔ باپ کے برابر کا کوئی آدمی۔ بزرگ۔ بڑی عمر کا شخص۔
بات: (ہ۔ا۔مو) آواز۔ صدا۔ لفظ۔ فقرہ۔ کلمہ۔ کلام جو انسان کے منہ سے نکلے۔ مثل۔ کہاوت۔ ضرب المثل۔ حال احوال۔ ماجرا۔ سرگزشت۔ قصہ۔ کہانی۔ ذکر۔ ضرب المثل۔ حال احوال۔ ماجرا۔ سند لیہ۔ شادی کا پیغام۔ سگائی۔ مضمون۔ عبارت۔ گلہ۔ شکوہ۔ الزام۔ ڈھکوسلا۔ حیلہ بہانہ۔ ضد، ہٹ۔ وجہ سبب۔ قول۔ عہد و پیمان۔ ساکھ۔ اعتبار عزت، احترام۔ پند نصیحت۔ نکتہ۔ حکمت۔ دانائی عقلمندی۔ چٹکلہ۔ لطیفہ۔ کیفیت۔ لطف۔ وصف۔ خوبی۔ مہر۔ مقصد۔ مدعا خواہش، ضرورت۔ تدبیر۔ علاج، کام، سوال، عندیہ۔ منشا، مفہوم۔ مافی الضمیر۔ تجویز، صلاح۔ باب۔ مقدمہ۔ معاملہ۔ کام کاج۔ کاروبار۔ راز، بھید، ڈھنگ۔ اطوار۔ عادت۔ سبھاؤ۔ موقع محل۔ نہایت آسان کام۔ بہت مشکل امر۔ چیز۔ حوصلہ۔ ریت رسم۔ رائے۔ سمجھ۔ خیال۔ دھیان قضیہ۔ جھگڑا۔ قصہ۔ فساد، طنز، طعنہ، غیبت۔ برائی، قصور۔ تقصیر۔ تمنا۔ آرزو۔ اختلاط۔ اخلاص۔ شغل۔ تعلق ارمز۔ اشارہ۔ اموال۔ قیمت۔ دلیل۔ وجہ۔ ثبوت۔ مقولہ کہن۔ دعوی۔ لہر، موج۔ ترنگ۔ آن۔ انداز۔ پھل۔ نتیجہ۔ ثمرہ۔ لہو و لعب۔ گپ شپ۔
بات آپڑنا: (محاورہ) اُلجھاؤ پڑ جانا۔ پیچ آپڑنا۔ اتفاق پیش آنا۔
بات آزمانا: (محاورہ) تجربہ کرنا۔
بات آگے آنا: (محاورہ) کہا پورا کرنا۔
بات آنا: الزام آنا۔ برائی آنا۔ شادی کا پیغام آنا۔ سگائی آنا۔ بول چال کر سکنا۔
بات آنچل (پلو) میں باندھنا: (محاورہ) کسی بات کو یاد رکھنا۔
بات آئینہ ہونا: (محاورہ) بات کا کھل کر سامنے آنا۔
بات آئی گئی ہو گئی: (اَ۔ محاورہ) رفت گزشت ہو جانا۔ بات بھول جانا۔
بات آئے پر چوکنا: (اَ محاورہ) ذہن میں آئی ہوئی موقع کی بات نہ کہنا۔
بات اتنی ہے: (محاورہ) حقیقت یہ ہے اصلیت یہ ہے۔
بات اٹھا رکھنا: (محاورہ) کسی معاملے کو ملتوی کر دینا۔
بات اٹھا نہ رکھنا: (محاورہ) کوئی کسر نہ چھوڑنا۔
بات اٹھانا: (بات کا گوارا کرنا۔ تلخ بات کا برداشت کرنا۔ آرزو پوری کرنا۔ حکم بجالانا۔ اعتراض کرنا۔
بات اڑانا: (محاورہ) افواہ پھیلانا۔ مطلب کو ٹال دینا۔ نقل اتارنا۔
بات اڑا دینا: (محاورہ) بات کو ٹال دینا۔ معاملے کا بھول میں پڑ جانا۔
بات اس کان سے سنا اس کان سے اڑا دینا: (محاورہ) بے پروائی کرنا۔ نصیحت کی پروا نہ کرنا۔
بات الٹنا: (محاورہ) ہر بات میں۔ ہر بار۔ ہر دفعہ۔ بالکل سرتاسر۔
بات اور ہے: (محاورہ) جو سمجھا گیا تھا وہ نہیں کوئی اور بات ہے۔
بات بات پر: ذرا ذرا سے معاملے میں۔ ہر کام میں۔
بات بات میں: (محاورہ) ہر بات میں۔ ہر بار۔ ہر دفعہ۔ بالکل۔ سرتاسر۔
بات بات میں چھری کٹاری: (محاورہ) ہر بات پر لڑائی جھگڑے کو تیار۔ ہر معاملے میں کشت و خون پر آمادگی۔ بات بات پر فساد۔
بات بات میں کھینچنا: (محاورہ) خواہ مخواہ روٹھنا۔ ہر بات کو برا ماننا۔
بات بات میں موتی: (محاورہ) سخن سازی کرنا۔ پیاری پیاری باتیں کرنا۔
بات باندھنا: (محاورہ) جھوٹی بات بنانا۔ کسی کے خلاف جھوٹا الزام لگانا مگڑنا۔
بات بدلنا: (محاورہ) کہہ کر بدل جانا۔ مکر جانا۔ قول سے پھر جانا۔
بات بدلی ساکھ بدلی: (اَ مثل) بات میں فرق آتے ہی اعتبار میں فرق آجاتا ہے۔ وعدہ خلافی سے سارا اعتبار جاتا رہتا ہے۔
بات بڑھانا: (محاورہ) بات کو طول دینا بحث بڑھانا۔ فساد برپا کرنا۔ جھگڑا بڑھانا۔ تکرار کرنا۔ کسی بات کو ترجیح دینا۔ عزت دینا۔
بات بڑھنا: (محاورہ) تکرار ہونا۔ حجت ہونا۔ جھگڑا ہونا۔
بات بڑی کرنا: (محاورہ) بات کو طول دینا۔ ہاں میں ہاں ملانا۔ بات کاٹنا۔
بات بگاڑنا: (محاورہ) کام بگاڑنا۔ موقع کھونا۔ عزت میں فرق لانا۔ ساکھ مٹانا۔
بات بگڑ جانا: (محاورہ) کام بگڑنا۔ ساکھ میں فرق آنا۔ دیوالیہ نکلنا۔ برباد ہونا۔ حیثیت بگڑنا۔
بات بنانا: (بات کو ہیر پھیر کر کے اپنے مطلب کے مطابق کہنا۔ جھوٹ

سا۔ سخن سازی کرنا۔ بھرم قائم کرنا۔ سدھارنا۔ درست کرنا۔

بات بنالینا۔ (محاورہ) کوئی بات دل سے گھڑ لینا۔

بات آن پڑنا۔ (محاورہ) ساکھ قائم ہونا۔ تدبیر بن پڑنا۔

بات مان جانا۔ (محاورہ) معاملہ درست ہونا۔

بات بننا۔ کامیاب ہونا۔ عزت پانا۔ بزرگی ملنا۔ سرداری ملنا۔ آبرو پیدا ہونا۔ موقع ملنا۔

بات پانا۔ مطلب سمجھ جانا۔ عمدگی اور بھلائی دیکھنا۔ بات کی اصلیت کا معلوم ہو جانا۔

بات بچنا۔ بات کا پوشیدہ رکھا جانا۔ بات کا ضبط کرنا۔ بات ہضم ہونا۔

بات پر۔ بولنے پر۔ محض گفتگو پر۔ عزت پر۔ نام پر۔ ضد پر۔ خطا پر۔ حرکت پر۔

بات پر آنا آجانا۔ بات پر پکا ہونا۔ ضد کرنا۔ اپنی بات پر اڑنا۔ قول کی پیچ کرنا۔ آبرو کا پاس کرنا۔

بات پر بات چلنا۔ ایک بات کے سلسلے میں اسی قسم کا دوسرا ذکر چل نکلنا۔ ایک واقعے کے بیان میں اسی قسم کے دوسرے واقعے کا بیان ہونا۔

بات پر بات یاد آنا۔ (محاورہ) باتیں کرتے ہوئے بھولی ہو بات یاد آجانا۔ بات میں سے بات پیدا کرنا۔

بات پر ٹھہرنا۔ (محاورہ) اپنے قول پر قائم رہنا۔ کہے پر ثابت قدم رہنا۔

بات پر جانا۔ (محاورہ) کسی کی بات کا خیال کرنا۔ کسی کے کہے پر اعتماد کرنا۔

بات پر جان دینا۔ (محاورہ) قول نبھانا۔ ضد پر قائم رہنا۔ اپنا کہا منوانے پر جان قربان کرنا۔

بات پر چلنا۔ (محاورہ) وضع۔ نباہنا۔ لیکر کا فقیر ہونا۔ اپنا طریقہ نہ چھوڑنا۔

بات پر خاک ڈالنا۔ (محاورہ) درگزر کرنا۔ بات کو بھلا دینا۔

بات پر زبان کٹنا۔ (محاورہ) زبان بندی ہونا۔ بات کرنے کی اجازت نہ ہونا۔

بات پر قائم رہنا۔ (محاورہ) ضد پر اڑ جانا۔ قول پر اڑا رہنا۔ وعدہ پورا کرنا۔

بات پر کان رکھنا۔ (محاورہ) بات کو غور سے سننا۔

بات پر مٹنا۔ بات پر مر مٹنا۔ (محاورہ) نام کے لیے تباہ ہونا۔ آبرو پر جان دینا۔

بات پکڑنا۔ (محاورہ) نکتہ چینی کرنا۔ نقص نکالنا۔ کسی شخص کو اس کے قول سے قائل کرنا۔

بات پکی ہونا۔ (محاورہ) کسی معاملے کو یقینی طور پر طے کرنا۔ منگنی مضبوط طور پر طے کرنا۔

بات پلٹنا۔ (محاورہ) کہہ کر مکر جانا۔ بات بدلنا۔ کسی سے جو سننا، اس کو ویسے ہی الفاظ میں جواب دینا۔

بات پلّے باندھنا۔ (محاورہ) کسی بات کا پورا پورا خیال رکھنا۔ نصیحت کو یاد رکھنا۔

بات پوچھنا۔ (محاورہ) حال دریافت کرنا۔ بات دریافت کرنا۔ خبر لینا۔ ذکر کرنا۔ عزت و آبرو کرنا۔ خاطر مدارات کرنا۔

بات پوچھنا۔ بات کی جڑ پوچھنا۔ (محاورہ) کرید کرید کر پوچھنا۔ بال کی کھال نکالنا۔

بات پہنچنا۔ (محاورہ) بات معلوم ہونا۔ بات کا کانوں تک پہنچ جانا۔

بات پھوٹنا (محاورہ) بھید کھلنا۔ بات کا پتہ لگ جانا۔ اطلاع ملنا۔ راز افشا ہو جانا۔

بات پھیرنا۔ (محاورہ) بات بدلنا۔ کسی ہوئی بات کے خلاف کہنا۔

بات پھیلانا۔ (محاورہ) کسی بات کو مشہور کرنا۔

بات پھیلنا۔ بات کا مشہور ہو جانا۔ راز کھل جانا۔

بات پھینکنا۔ (محاورہ) آوازہ کسنا۔ طعنہ مارنا۔

بات پی جانا۔ (محاورہ) برا بھلا سن کر خاموش ہو جانا۔

بات پیدا کرنا۔ (محاورہ) خوبی پیدا کرنا۔ حیلہ بہانا کرنا۔ کمال حاصل کرنا۔ عزت پیدا کرنا۔

بات پیش نہ جانا۔ (محاورہ) دال نہ گلنا۔ گفتگو یا بحث میں دوسرے کو قائل نہ کر سکنا۔

بات تاڑنا۔ (محاورہ) اندازے سے معاملے کو سمجھ لینا۔ قیاس سے بات کو معلوم کر جانا۔ غور و خوض کر کے بات کا پتہ لگا لینا۔

بات تلخ ہونا۔ (محاورہ) بات کا ناگوار ہونا۔ بات کا دل پر گراں گزرنا۔

بات تو یہ ہے (مثل) خلاصہ یہ ہے۔ مختصر یہ ہے۔ اصل یہ ہے۔ مطلب تو یہ ہے۔

بات نہ کر رکھنا۔ گفتگو کو ملتوی کر دینا۔

بات تھل کی نہ بڑسے کی۔ وعدہ کبھی پورا نہ کیا۔ قول پر کبھی قائم نہیں رہا۔ متلوّن مزاج شخص کے متعلق کہتے ہیں۔

بات تیر لگنا۔ (محاورہ) بات کا بے حد ناگوار معلوم ہونا۔ بات کا دل پر گراں گزرنا۔

بات ٹالنا۔ (محاورہ) بات کا جواب نہ دینا۔ دوسرا تذکرہ چھیڑ دینا۔ بات سن کر چپ رہنا۔ تعمیل حکم سے پہلو تہی کرنا۔ سنی ان سنی کرنا۔

بات ٹپکنا (محاورہ) بات ظاہر ہونا۔ کسی بات کا اشارہ معلوم ہونا۔

بات ٹلنا) ٹل جانا (محاورہ) بات کا بھول میں پڑنا۔ معاملہ رفت گزشت ہو جانا۔

بات ٹوٹنا (محاورہ) بات نہ رہنا۔ وعدے کا پورا نہ ہونا۔ معاہدہ منسوخ ہونا۔

بات ٹھاننا (محاورہ) منصوبہ باندھنا۔ کسی کام کا قصد کرنا۔ کسی ارادے پر جم جانا۔

بات ٹھن جانا (محاورہ) کسی بات کا ارادہ کر لینا۔ کوئی بات دل میں بیٹھ جانا۔

بات ٹھنڈی پڑنا۔ (محاورہ) معاملے کا دب جانا۔ کسی بات کے متعلق فساد ختم ہونا۔

بات ٹھہرانا۔ کوئی تجویز قائم کرنا۔ کسی امر کا طے کر لینا۔ منگنی کرنا۔

بات پکی کرنا۔
بات ٹھہرنا یا ٹھیرنا (ہ۔محاورہ) تجویز قرار پانا۔ نسبت اور سگائی قرار پانا۔ وعدہ ہو جانا۔
بات جانا (اُر۔محاورہ) اعتبار نہ رہنا۔ عزت میں فرق آنا۔ ساکھ جاتے رہنا۔ پت بگڑنا۔
بات جمانا (اُر۔محاورہ) بات دوسرے شخص کے ذہن میں بٹھانا۔ عزت قائم کرنا۔
بات جو چاہے اپنی پانی مانگ نہ پی (ہ) اگر اپنی عزت چاہتے ہو تو پانی تک بھی سوال نہ کرو۔ کسی کا احسان اٹھانے سے عزت نہیں رہا کرتی۔
بات چبا جانا (ہ۔محاورہ) بات کے پہلو کو بدل دینا۔ بات کا رُخ بدل دینا۔
بات چلانا (ہ۔محاورہ) ذکر چھیڑنا۔ بات شروع کرنا۔ ذکر آغاز کرنا۔
بات چیت (ہ۔اسم مونث) گفتگو۔ بول چال۔ گفت و شنید۔
بات دہرانا (ہ۔محاورہ) ایک بات کو دوبارہ کہنا۔ از سر نو پھر کہنا۔

بات دینی آنا (اُر۔مذ) جواب دہ ہونا۔ الزام آنا۔ شرط ہارنا۔ عزت نہ رہنا
بات رکھ لینا (اُر۔محاورہ) آبرو نہ بگڑنے دینا۔ عزت رکھ لینا۔ ساکھ تھام عیب چھپا لینا۔ پردہ رکھ لینا۔ کہا مان لینا۔ قول ٹال نہ دینا۔
بات رکھنا (اُر۔محاورہ) کہا ماننا۔ عزت رکھنا۔ الزام لگانا جچتا رکھنا۔
بات رہ جانا (ہ) فعل۔ عزت رہ جانا۔ آبرو نہ جانا۔ کامیاب ہو جانا۔ بُرائی یا بھلائی رہ جانا۔
بات رہنا (اُر۔محاورہ) عزت آبرو رہنا۔ عزت قائم رہنا۔
بات کا تنگڑ بنانا (ہ۔محاورہ) بات کو مبالغہ سے بیان کرنا۔ پرکا لگ بنانا۔ ذرا سی بات کو بہت بڑھا کر کہنا۔
بات کا بھید (ہ۔اسم مذکر) بات کی تہ۔ مطلب کلام۔ مغز سخن۔
بات کا پورا بات کا پکا (اُر۔اسم مذکر) وعدے کا سچا۔ باوفا آدمی۔ راستباز۔ راستی پیشہ۔ قول کا سچا۔
بات کاٹنا (اُر۔محاورہ) دوسرے کی بات میں بات کرنا۔ قطع کلامی کرنا۔ خواہ مخواہ دخل در معقولات دینا۔
بات کا سر پیر نہ ہونا (اُر۔محاورہ) ناقص گفتگو۔ ایسی بات جس کا آغاز ہو نہ انجام۔ غیر متسلسل بات ہونی بے تکی بات۔
بات کان پڑنا (ہ۔محاورہ) افواہ سننا۔ خبر پانا۔ اطلاع ملنا۔ کوئی بات سن لینا۔
بات کا ہیٹا (ہ۔اسم مذکر) بات کا بودا۔ بات کا کمزور۔ غیر معتبر۔ وہ شخص جو اپنی بات پر قائم نہ رہے۔ قول کا کچا۔ جھوٹا۔
بات کرنا (اُر۔محاورہ) بولنا۔ گفتگو کرنا۔ متوجہ ہونا۔ رجوع کرنا۔ تاکید نفی کے لیے۔ جیسے میاں بات بھی کرو میں یہ ہرگز نہیں کروں گا۔
بات کرنے میں بات کہنے میں (ہ۔تابع فعل) ذرا سی دیر میں۔ دم کے دم میں۔ فوراً۔ لمحہ بھر میں۔ پل کے پل میں۔
بات کو آنچل میں باندھنا بات کو پلے باندھنا (اُر۔محاورہ) کسی بات کو **بات کو گرہ باندھنا** یاد رکھنا۔ بات یاد رکھنے کے لیے کچھ نشان کر لینا۔ وصیت یا نصیحت پر عمل کرنا۔ کسی بات کا خیال رکھنا۔ یاد آجانے کے لیے پلّو میں گرہ دے لینا۔
بات کو کھٹائی میں ڈالنا (اُر۔محاورہ) دیر لگانا۔ ٹال مٹول کرنا۔ آج کل کرنا حیلہ حوالہ دینا۔ جھگڑا کرنا۔
بات کھلنا (اُر۔محاورہ) راز فاش ہو جانا۔ بھید ظاہر ہونا۔ پردہ ظاہر ہونا۔
بات کہنے میں (ہ۔تابع فعل) ذرا دیر میں۔ لمحہ بھر میں۔ بہت ہی جلدی۔
بات کھو دینا (ہ۔فعل) عزت گنوا دینا۔ اقرار کے خلاف کرنا۔ ساکھ بگاڑ دینا۔
بات کہی پرائی ہوئی (ہ۔مثل) بات مُنہ سے نکلی اور مشہور ہو گئی منہ سے بات نکلی پھر لاکھ جتن کرو چھپ نہیں سکتی ہے۔
بات کیے پھول جھڑنا } (ہ۔محاورہ) نہایت شیریں کلام ہونا۔ پہلے
بات میں مُنہ سے پھول جھڑنا } درجے کا خوش گفتار ہونا۔ میٹھی میٹھی باتیں کرنا۔
بات کی بات میں (ہ۔تابع فعل) ذرا سی دیر میں۔ بس یوں ہی۔ لمحہ بھر میں پل کے پل میں۔ ترت پھرت۔ بہت جلدی تُرتا پھرتی۔
بات کی پچ (ہ۔اسم مونث) بات پر ضد۔ بات کی پیروی کرنا۔ اصرار کرنا پاسِ سخن۔ مُنہ سے نکلی ہوئی بات پر مستقل رہنا۔ سخن پروری۔
بات گرہ باندھنا یا گرہ میں باندھنا (ہ۔فعل) بات کو یاد رکھنے کا خیال کرنا۔ وصیت کرنا نصیحت پر عمل کرنا۔ یاد رکھنے کی کوشش کرنا۔
بات گھڑنا (ہ۔فعل) سخن سازی۔ ڈھکوسلا کھڑا کرنا۔ جھوٹی بات بنانا۔ افواہ اڑانا۔
بات لاکھ کی کرنی خاک کی (ہ۔مثل) قول و قرار اچھے۔ فعل بُرے۔ باتیں بکثرت اور کر کچھ نہیں سکتے۔
بات لانا (ہ۔فعل) نسبت یا سگائی لانا۔ پیغام لانا۔ منگنی ٹھیرانا۔ الزام لگانا۔ عیب لگانا۔ لم رکھنا یا لم لگانا۔
بات لگانا (ہ۔فعل) چغلی کھانا۔ غیبت کرنا۔ بدی کرنا۔ نندا کرنا۔ کان بھرنا۔
بات مارنا (ہ۔محاورہ) بات دبا لینا۔ چھپا لینا۔ جھٹلانا۔ دوسرے کی بات کو باطل کر دینا۔ طعنے دینا۔
بات ماننا (اُر۔محاورہ) کہا ماننا۔ راضی ہونا۔ بات کو تسلیم کر لینا۔ منظور کر لینا۔
بات مُنہ پر رکھنا یا لانا (اُر۔محاورہ) کسی بات کو جتانا۔ ذکر کرنا۔ طعن مارنا احسان جتلانا۔ نیکی ظاہر کر کے طعنہ دینا۔
بات میں سے بات نکالنا (ہ) دوسرے کے قول سے اپنا مطلب ثابت کرنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ ایک موضوع سے دوسرا موضوع شروع کر دینا۔
بات میں فرق آنا (ہ۔محاورہ) عزت میں کمی آجانا۔ تنزل ہونا۔ درجہ کم ہو جانا۔ ساکھ نہ رہنا۔ بے اعتباری ہو جانا۔
بات میں فی نکالنا (اُر۔محاورہ) بات میں عیب نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ بات میں نقص نکالنا۔ خرابی ظاہر کرنا۔ کسر جتا دینا۔
بات نہ پوچھنا } (ہ۔محاورہ) توجہ نہ کرنا۔ متوجہ نہ ہونا۔ خاطر میں نہ لانا
بات نہ گھرنا } مغرور ہونا۔ غرور میں آکر دوسرے کی طرف ملتفت


flannel
sponge
nailbrush
toothbrush
tube of toothpaste
bar of soap
safety razor
electric razor
hairbrush
comb
باتھ روم (سامان)
cistern
roll of toilet paper
towel rack
towel
toilet
bidet
mirror
washbasin
shower
tile
tap
plug
bath
bath mat
bathroom scales
bathroom
بیلون
بلڈاگ
بارہ سنگا
ٹرک
بوٹ
بائیسکل
بیل
باکسنگ
A
B
C
D
برما

نہ ہونا۔

بات نیچی پڑنا (اُ۔ محاورہ) مات ہونا۔ ہار جانا۔ عزت نہ رہنا۔ حقیر ہونا۔

بات نیچے ڈالنا (اُ۔ محاورہ) اپنی بات کو رد ہونے دینا۔

بات سہے (ہ۔ محاورہ) آسان ہے۔ ڈھکوسلا ہے۔ گھڑت ہے۔

بات ہیٹی ہونا (ہ) عزت کم ہونا۔ ساکھ بگڑنا۔ قدر نہ رہنا۔ درجہ سے گرنا۔

باتون (ہ۔ اسم مذکر) بہت باتیں بنانے والا۔ بکواسی۔ یاوہ گو۔ زیادہ بولنے والا۔

باتونی

باتوں باتوں میں (اُ۔ محاورہ) صفت میں کام نکالنا۔ ترکیب سے کام نکال لینا۔ کچھ خرچ کیے بغیر کام بنا لینا۔ چالاکی سے کام نکال لینا۔

باتوں کا جھاڑ باندھنا (اُ۔ محاورہ) لگاتار بولے جانا۔ باتوں کا تانتا باندھ دینا برابر کہے جانا۔

باتوں کا دھنی (ہ۔ اسم صفت مذکر) بڑا باتون۔ سخن ساز۔ بہت باتیں کرنے والا۔

باتوں میں اڑانا (ہ۔ محاورہ) ہنسی میں اڑانا۔ ٹالنا۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔

باتوں میں آنا (ہ۔ محاورہ) جھانسے میں آنا۔ دم میں آنا۔ فریب اور دھوکا کھانا کہنے میں آنا۔

باتوں میں پھسلانا (اُ۔ محاورہ) باتوں میں بہکا لینا۔ چکنی چپڑی باتیں کر کے دھوکا دینا۔

باتوں میں دھر لینا (ہ۔ محاورہ) لاجواب کرنا۔ قائل کرنا۔ باتوں میں مغلوب کرنا۔

باتوں لگا لینا (اُ۔ محاورہ) گفتگو میں مشغول کر لینا۔

باتھ روم (انگ۔ ا مذ) Bath Room۔ نہانے کا کمرہ۔ غسل خانہ۔ جائے ضرور

باتیں (ہ۔ اسم مؤنث) بات کی جمع۔ گفتگوئیں۔

باتیں بگھارنا۔ باتیں بنانا۔ باتیں بھونکنا (ف) فعل۔ باتیں زیادہ کرنا جھوٹ بولنا۔ خوشامد کرنا۔ شیخی مارنا۔ الزام دھرنا۔ بڑھ بڑھ کے بولنا۔

باتیں چھانٹنا (اُ۔ محاورہ) طنزاً باتیں کرنا۔ چبھتے طعنے دینا۔ باتیں بنانا۔

باتیں سُننا (اُ۔ محاورہ) غور سے سننا۔ دھیان سے سننا۔ طعنہ برداشت کرنا۔ کڑوی باتیں سہارنا۔ گالیاں سہنا۔

باتیں سُنانا (اُ۔ محاورہ) برا بھلا کہنا۔ گالیاں دینا۔ سخت کلامی کرنا۔

باتیں سنوارنا (ہ) فعل۔ دوسرے سے برا بھلا کہلوانا۔ کسی کی گالی گلوچ کو کھری بنانا۔

باتیں ملانا (اُ۔ محاورہ) باتیں کرنا۔ فریب اور دھوکے کا کلام کرنا۔ ہاں میں ہاں ملانا۔

باتیں ہی باتیں ہیں (اُ۔ محاورہ) نکما ہے۔ باتوں کے سوا اور کچھ بھی نہیں بالکل ڈرا ہوا ہے۔ ڈھکوسلے ہیں۔ دھوکے ہیں۔

بات (ہ۔ اسم مذکر) گنواروں کی زبان) ترازو کے بٹ۔ تولنے کے بٹے۔

رشتہ۔ سڑک۔ راہ۔ طریق۔ پگڈنڈی۔ سفر کا فاصلہ انتظار۔ آڈیک (پنجابی) آہر یا بھوڑا بنانے کے لیے گارے کی ایک تہ۔ روڑا۔

باٹ چلنا (ہ۔ فعل) سفر چلنا۔ مسافت طے کرنا۔ منزل مارنا۔

باٹ دیکھنا (اُ۔ محاورہ) انتظار کرنا۔ راہ دیکھنا۔ تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا۔

باٹ دینا (اُ۔ محاورہ) سود پر روپیہ لے کر پیسے لے لینا۔ آہر یا کوٹھی وغیرہ پر بناتے وقت روپیہ دینا۔ پیسے وصول کر لینا۔

باٹری (انگ۔ ا مؤ) توپ خانہ کا کچھ حصہ جس میں گھوڑے۔ خچریں۔ توپیں اور دیگر سامان شامل ہو۔ بجلی پیدا کرنے کا آلہ۔

باٹ کا آٹا (ہ۔ اسم مذکر) وہ غلہ پیستے وقت چکی کے گرنڈ کے پاس پاس جاؤں طرف جمع ہو جاتا ہے۔

باٹی (ہ۔ اسم مؤنث) روئی کی چھوٹی چھوٹی ٹکیاں جو انگاروں پر سینک لیتے ہیں آٹا گوندھنے یا پانی پینے وغیرہ کا کھڑے کناروں والا برتن۔ چھوٹی سی پرات

باج (ف۔ اسم مذکر) لگان۔ معاملہ زمین۔ زرمالگزاری۔ زمین کا محصول جو حکومت کو دیا جاتا ہے۔ باچھ۔ خراج زمین۔

باج (ہ۔ اسم مؤنث) بجنے کی آواز۔ وہ آواز جو زیورات اور باجا وغیرہ سے نکلتی ہے۔

باجا (ہ۔ اسم مذکر) بجنے کا آلہ۔ ساز۔ مزامیر۔ وہ آلات جو راگ کے وقت بجائے جاتے ہیں۔ باجا بجانے والے لوگوں کی جماعت۔ جیسے باجا کیوں نہیں بلوایا۔

باجا گاجا (ہ۔ اسم مذکر) مزامیر وغیرہ لگانا۔ بجانا۔ خوشی اور مسرت کا سامان فرحت اور تفریح۔

باجرا (ہ۔ اسم مذکر) ایک قسم کا اناج۔ بارش کی باریک بوندیں۔ پھوہار۔ ترشح جیسے باجرا برس رہا ہے۔ پازیب وغیرہ کے چھوٹے چھوٹے گھنگرو۔

باجرا برسنا (ہ۔ فعل) پھوہار پڑنا۔ ترشح ہونا۔ ننھی بوندیں برسنا:

باجگزار (ف۔ اسم مذکر) محصول دینے والا۔ خراج دینے والا۔ مطیع۔ ماتحت زیر اثر۔

باجنا (ہ۔ فعل) بجنا۔ مشہور ہونا۔ موسوم ہونا۔ لڑائی وغیرہ چھڑنا۔

باجی (ہ۔ اسم مونث) بہن۔ بڑی بہن۔ ہمشیرہ۔

باچھ (ہ۔ اسم مؤنث) ہونٹوں کے گوشے۔ پتی۔ چندہ۔ جمع بندی۔ محصول زمین (لبوں کے سرے۔ لگان۔

باچھ ڈالنا (ہ۔ اسم مؤنث) آگاہی کرنا۔ پتی ڈالنا۔ لگان تقسیم کرنا۔ کھاتے وار لگان مقرر کرنا جو پٹواری لوگ کیا کرتے ہیں۔

باچھنا (ہ۔ فعل) تراشنا۔ گودنا۔ گھاس وغیرہ کھیت میں سے چننا۔

باچھیں آنا (ہ۔ محاورہ) ہونٹوں کے کونوں کا پک جانا۔ باچھیں خشکی یا گرمی سے پپڑی یا پھٹنی۔

باچھیں ٹھوڑی تک آنا (ہ۔ محاورہ) نہایت ہنسنا۔ خوش ہونا۔ کھلنا۔

باچھیں کھلنا یا کھل جانا قہقہہ مار کر ہنسنا۔ خوش ہونا۔ بہت ہی خوش ہونا

باحیا (اسم صفت) لاجونتا۔ شرم والا۔ حیا دار۔ شرم و لحاظ کا۔

باخبر (ہ۔ اسم صفت مذکر و مونث) ہوشیار۔ خبر والا۔ سمجھ دار۔ عقل مند واقف ماہر بھیدی۔

باد (ہ۔ اسم مذکر) دستوری۔ پٹا۔ دلالی۔ مقدمہ۔ زیادتی۔ بڑھوتری۔ بحث تکرار۔ مکالمہ۔ جھگڑا۔ منٹا۔ گنٹھیا۔ فصل خراب ہونے پر معاملہ کی معافی

بادام

باد (ف۔ اسم مؤنث) ہوا۔ پون۔ باؤ۔ بیال بائے۔

بادام (ف۔ اسم مذکر) مشہور میوہ۔ مجازاً محبوب کی آنکھ۔

بادامہ (ف۔ اسم مذکر) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

بادامی (ف۔ اسم صفت) منسوب بہ بادام۔ ہلکے زرد رنگ کا۔ بادام کے۔

رنگ کا خواجہ سرا۔ ایک قسم کی مخروطی ڈبیا۔

بادامی آنکھ (ہ۔ اسم مؤنث) بیضوی شکل کی آنکھ۔ بادام کی شکل کی آنکھ۔ نہایت خوبصورت آنکھ۔

بادبان (ف۔ اسم مذکر) جہاز کا مستول پال جو جہاز پر ہوا کے جلدی چلنے کے لیے تان دیتے ہیں۔



بادبان

بادخایہ (ف۔ اسم مذکر) ایک بیماری کا نام ہے جس میں فوطے بڑھ جاتے ہیں شقاق۔ گھوڑے کے فوطے بڑھ جانے کی بیماری۔

بادخورہ (ف۔ اسم مذکر) گنج۔ ایک بیماری ہے جس میں گھوڑے کے بال گر جاتے ہیں۔

بادرفتار (ف۔ اسم صفت) تیز چلنے والا گھوڑا۔ چالاک گھوڑا ہوا کی طرح تیز چلنے والا۔

بادرنجبویہ (ع مؤنث) بادرنگبویہ۔ بلی ٹوٹن۔ ایک دوا کا نام ہے۔

بادرلیشہ (ف) ایک سوراخ دار گول لکڑی۔ جو خیمہ کی چوب کے اوپر لگاتے ہیں

بادرِیَہ (ف۔ اسم مذکر) چھت کا روشندان۔

بادشاہ (ف۔ اسم مذکر) اصل میں پاد بمعنی تخت اور شاہ بمعنی مالک ہے یعنی مالک تخت۔ راجا۔ مالک۔ حاکم۔ مختار۔ کامل۔ اُستاد۔ جیسے جھوٹوں کا بادشاہ۔ آزاد جیسے طبیعت کا بادشاہ۔ شطرنج کا ایک مہرہ۔

بادشاہانہ (ف۔ اسم صفت) انہ برائے نسبت و تشبیہ۔ بادشاہوں کا سا شان و شوکت کا۔

بادشاہت (ف۔ اسم مصدری مذکر) راج۔ بادشاہی۔ حکومت سلطنت

بادشاہی (ف۔ اسم صفت) بیاے نسبتی راج۔ سلطنت۔ قلمرو۔ بادشاہ کا۔ بادشاہ سے متعلق۔

بادصبا (ف۔ اسم مؤنث) صبح کے وقت کی ہوا۔ مشرق سے آنے والی ہوا۔ پُروا نسیم سحر۔

بادصرصر (ف۔ اسم مؤنث) جھکڑ کی ہوا۔ تند اور تیز ہوا۔ آندھی۔

بادفروش (ف۔ اسم مذکر) باتونی۔ خوشامدی۔ چاپلوسی کرنے والا۔ شیخی خورہ۔

بادکش (ف۔ اسم مذکر) پنکھا۔

بادل (ہ۔ اسم مذکر) سحاب۔ ابر۔ گھٹا۔ میگھ۔ میگھ۔

بادل آنا (ہ) گھٹا آنا۔ بادل ظاہر ہونا۔ برسنے کے قریب ہونا۔

بادل پھٹنا (ہ۔ فعل) ابر کھل جانا۔ مطلع صاف ہونا۔ آسمان پر بادلوں کے ٹکڑے ٹکڑے سے دکھائی دینا۔

بادل چھانا (ہ۔ فعل) گھٹا گھرنا۔ ابر پھیلنا۔۔۔ ابر محیط ہونا۔

بادلہ (ہ۔ اسم مذکر) سونے چاندی کے تار جن سے گوٹا بنا جاتا ہے۔ اور کلابتون بٹا جاتا ہے۔ زری کا کپڑا جو ریشم اور چاندی کے تاروں سے تیار ہوتا ہے۔ تمامی۔ زری۔

بادنجان (ع۔ اسم مذکر) بادنگان کا معرب ہے بینگن۔ بتاؤں۔ ایک مشہور ترکاری۔

بادنما (ف۔ اسم مذکر) وہ آلہ جس سے ہوا کا رُخ معلوم کرتے ہیں۔

بادنما

بادہ (ف۔ اسم مذکر) شراب۔ دارو۔ مے خمر

بادہ کش یا بادہ نوش (ف اسم مذکر) شرابی۔ مے خوار۔

بادھا (ہ۔ اسم مذکر) بیٹی۔ زیادہ۔ بڑھوتری۔ دکھ درد۔ بیماری۔ آسیب کا خلل۔ اسرار۔ بھوت پریت کا اثر۔

بادہوائی (اُر۔ اسم مونث) بیہودہ۔ لغو۔ بے کار۔ نکما۔ شریر۔ بدذات

بارات (ہ۔ مو) برات۔ شادی کا جلوس باجے وغیرہ کے ساتھ چلتا ہے۔

بادی (ہ۔ اسم مذکر) مدعی۔ نالشی۔ شریر۔ بدذات۔ چالاک۔ نٹ۔ بازیگر جسمانی کسرت کے کھیل دکھانے والا

بادی (ف۔ اسم صفت) منسوب بہ باد ہوائی۔ پھولا ہوا۔ ریح پیدا کرنے والا سرد۔ ٹھنڈا۔

بادی (ع۔ اسم مذکر) اسم فاعل از بدو۔ ابتدا کرنے والا۔ شروع کرنے والا کسی کام میں پہل کرنے والا۔

بادی النظر (ع۔ تابع فعل) ابتدائے نظر میں۔ دیکھتے ہی۔ سرسری نظر میں ایک نظر میں۔

بادیان (ف۔ اسم مونث) سونف۔

بادی پھیلانا (ہ۔ محاورہ) سُستی ڈالنا۔ جھگڑا مچانا۔ خرابی کرنا۔ فساد اُٹھانا۔

بادی چور (اُر۔ اسم مذکر) پکا چور۔ گوز کا مل۔ دُزد۔ چوروں کا اُستاد۔

بادیہ (ف۔ اسم مذکر) بڑا پیالہ۔ بڑا کٹورا۔ جنگل دشت۔ صحرا۔ بیابان۔

باڈی گارڈ (انگ۔ ا۔ مذ) حفاظتی فوج کا دستہ۔ فوج جو کسی حاکم کے ساتھ اس کی جان کی حفاظت کے لیے رہتی ہے۔ Body Guard

بار (ع۔ اسم مذکر) دیر۔ عرصہ۔ یوم۔ دن۔ وقت۔ سمال۔ مرتبہ۔ دفعہ دروا دوارہ۔ ہفتہ کا دن۔ سنیچر کا دن۔ پنجاب کے علاقے کا نام۔

بار (ف۔ اسم مذکر) بوجھ۔ بھار۔ رخصت۔ اجازت۔ پھل ثمر۔ مرتبہ دفعہ غم فکر۔ نتیجہ۔ دشوار۔ دوبھر۔ حمل گربھ۔ باریدن کا امر۔ کار کا ظرف جیسے کاروبار۔ عدالت۔ مجلس۔ دربار۔ سند۔ جڑ۔ بنیاد۔

بار (ع۔ اسم مذکر) اللہ تعالے کا وصفی نام بزرگ۔ بلند۔ تعالی۔ بزرگ۔ نیکوکار۔

بارا (ہ۔ اسم مذکر) پانی کا بھرا ہوا چرسا۔ تیلیوں کا تیل ڈالنے کا ٹوٹی دار برتن جنتری میں سے سونے چاندی کا تار کھینچنا۔ کاچ اور بوڑھے آدمی کے مرنے کی رونی۔

باران (ف۔ اسم مونث حاصل مصدر از باریدن۔ بارش۔ مینہ۔ برکھا۔

باراہ (ہ۔ اسم مذکر) گاؤں کے پاس کی زمین سور۔ خور۔ خنزیر۔ وشن کا تیسرا اوتار جو سور کی شکل کا تھا۔

بارانی (ف۔ اسم مونث) وہ زمین جس میں تخم ریزی صرف بارش پر منحصر ہو۔ چاہی نہری کے خلاف۔ برساتی۔ وہ کپڑا جو بارش سے بچاؤ کے لیے اوڑھ لیتے ہیں۔

بار بار (ہ۔ تابع فعل) گھڑی گھڑی۔ متواتر۔ بلا وقفہ۔ کئی دفعہ۔ باری باری۔

باریر (انگ۔ امذم) حجام۔ نائی۔ دلاک۔ موتراش۔ بال کاٹنے والا۔

باربردار (ف۔ اسم مذکر) اسم فاعل ترکیبی۔ بوجھ اٹھانے والا۔ حمال۔ قلی بلہ دار۔

باربرداری (ف۔ اسم مؤنث) بیائے مصدری۔ بوجھ اٹھانا۔ بوجھ اٹھانے کا سامان۔ گاڑی۔ چھکڑا۔ اونٹ۔ گھوڑا۔ خچر۔ گدھا۔ بیل وغیرہ۔

بارتنگ (ف۔ اسم مذکر) ایک دوا کا نام ہے جو اکثر پتوں میں کام آتی ہے۔

بارخاص (ف۔ اسم مذکر) خاص اجازت نیچ کا اجلاس۔ دربار خاص۔

بارخاطر (ف۔ اسم صفت) دشوار۔ دوبھر۔ ناگوار طبع۔ تکلیف دینے والا دل کا رنج۔

باربُد (ف۔ مذ) ایک مشہور مطرب جس نے بہت سے راگ ایجاد کیے خسرو پرویز کے درباری۔

بارِخدائے (ف۔ اسم مذکر) اللہ تعالیٰ۔ خدائے بزرگ۔ بار آلٰہی۔

بارد (ع۔ اسم صفت) فاعل از برودت، ٹھنڈا۔ خشک۔ سرد۔

باردار (ف: اسم صفت ترکیبی) پھل دار۔ پھلا ہوا۔ حاملہ عورت۔ پیٹ والی عورت۔

باردانہ (ف۔ اسم مذکر) کسی چیز کے رکھنے کا برتن۔ تھیلا۔ خورجی وغیرہ۔ اسباب کے رکھنے اور باندھنے کا سامان۔ سوداگری۔ اسباب فوجی رسد وغیرہ کا سامان۔ باور چیخانے کا اسباب

باردوم (انگ۔ اسم مذکر) بیرسٹروں اور وکیلوں کا کمرہ۔ Bar Room

باردُر (انگ۔ Border) حدبندی۔ نشان زدگی کنارہ۔ حاشیہ احاطہ بندی

باردر

بارِ دو (ف۔ اسم مونث حاصل بالمصدر) زباریدن۔ مینہ۔ برکھا۔ باران۔

بارِعام (ف۔ اسم مذکر) اجازت عام۔ عام اجلاس۔ دربار عام۔

بارک اللہ (ع۔ کلمہ دعائیہ) اللہ تجھے برکت دے۔ آفرین۔ شاباش۔ کیا کہنے ہیں۔

بارک (انگ۔ مو) فوجی تعلیم گاہوں کے ہوسٹل۔ فوجی سپاہیوں کے مکانات

بارکش (ف۔ اسم مذکر صفت ترکیبی) بوجھ اٹھانے والا۔ لدو جانور۔ گاڑی چھکڑا وغیرہ بوجھ ڈھونے کے جانور اور سامان۔

بارگ یا بارک (انگ۔ اسم مذکر) بیرک۔ فوج کے سپاہیوں کا مکان۔ فوج کے آدمیوں کے رہنے کے بنگلے۔ یا کوٹھیاں۔

بارگ ماسٹر (انگ۔ امذم) مکانات۔ فوج کا محافظ۔

بارگاہ (ف۔ اسم مونث) مقام دربار۔ کچہری۔ عدالت، اجلاس کا کمرہ۔

بارگیر (ف۔ اسم مذکر) وہ سوار جس کے پاس اپنا گھوڑا نہ ہو۔ لدو جانور۔ اونٹ گھوڑا وغیرہ۔

بارگیر کلام (ف۔ اسم مذکر) تکیہ کلام۔ وہ لفظ جو زبان سے بار بار بے ساختہ نکل جاتا ہے۔

بارندہ: برسنے والا۔

باروت یا بارود (ف۔ اسم مونث) دارو بندوقوں۔ توپوں وغیرہ میں چھوڑنے کا مرکب۔ جو گندھک۔ شورے اور کوئلے سے بنایا جاتا ہے۔

بارہ (ہ) اسم عدد۔ دس اور دو۔ دوازدہ۔ ۱۲۔ ۱۲

بارہا (اُر۔ تابع فعل) کئی بار۔ بہت دفعہ۔ اکثر۔ بدفعات۔ کرات۔

بارہ امام (اُر۔ مذکر) فرقہ شیعہ کے بارہ پیشوایان دین۔ جن میں گیارہ آنحضرت کی نسل سے تھے۔ حضرت علی رضؓ۔ حضرت حسن رضؓ حضرت حسین رضؓ۔ حضرت زین العابدین رضؒ حضرت محمد باقر رضؒ۔ حضرت علی نقی رضؒ۔ حضرت حسن عسکری رضؒ حضرت جعفر صادق رضؒ حضرت موسیٰ کاظم۔ حضرت علی رضا رضؒ۔ حضرت محمد تقی رضؒ حضرت امام مہدی آخر الزمان۔

بارہ باٹ (ہ۔ اسم صفت) بارہ رستے۔ مجازاً متفرق۔ جدا جدا۔ الگ الگ تتر بتر۔ آوارہ۔ حیران۔ پریشان۔ ضائع۔ بیکار مختلف الرائے۔ برباد ویران۔ غارت شدہ۔

بارہ باٹ کرنا (اُر۔ محاورہ) بکھیرنا۔ تتر بتر کرنا۔ برباد کرنا۔ ضائع کرنا۔

بارہ باٹ ہونا (ہ۔ محاورہ) متفرق ہونا۔ علیحدہ علیحدہ ہونا۔ تتر بتر ہونا۔ برباد ہونا۔

بارہ بانی / **بارہ بانی کا** (ہ۔ اسم صفت) پورا۔ کامل۔ ماہر۔ بے نقص۔ بے عیب چالاک کھرا۔ صحیح وسالم۔ تجربہ کار۔ تندرست پیدائشی بے روگ۔

بارہ بچے والی (ہ۔ اسم مونث) کثیر الاولاد۔ مجازاً سورنی۔ حقارت سے کہا کرتی ہیں۔

بارہ برس پیچھے کوڑی کے بھی دن پھرتے ہیں / **بارہ برس پیچھے کوڑی کی بھی سنی جاتی ہے** (ہ۔ مثل) تنگی اور غریبی ہمیشہ نہیں رہا کرتی۔ مفلسی کے بعد فراخی ضرور ہوتی ہے۔

بارہ برس دلی میں رہے مگر بھاڑ ہی جھونکا کیے (اُر۔ مثل) مدتوں تک قابل آدمیوں کی صحبت میں رہے مگر آخر رہے نالائق ہی۔

بارہ پتھر (ہ۔ اسم مذکر) چھاؤنی کی وہ حد جو بارہ ستونوں سے گھیر دی جاتی ہے چھاؤنی کی حد۔

بارہ پتھر باہر کرنا (اُر۔ محاورہ) چھاؤنی کی حدود سے باہر نکال دینا۔ مجازاً شہر بدر کرنا۔ خارج البلد کرنا۔ جلا وطن کر دینا۔

بارہ پنی توپ (اُر۔ اسم مونث) وہ توپ جس میں بارہ پونڈ یعنی ۵ کلوگرام کا گولا آتا ہے۔ مجازاً نہایت فربہ اور موٹا آدمی۔

بارہ ٹوپی (اُر۔ اسم مونث) فرنگستان کی بارہ قوموں اور طاقتوں سے مراد ہے مجازاً بارہ عقلمندوں اور چالاک آدمیوں کی کونسل۔ عیسائیوں کے بارہ فرقے۔

بارہ خانوادے (اُر۔ اسم مذکر) صوفیوں اور فقرا کے بارہ سلسلے جو بارہ بزرگوں کے نام سے مشہور ہیں۔

بارہ دری (اُر۔ اسم مونث) بارہ دروازوں والا مکان جو عام طور پر باغ

میں یا نہر یا دریا کے کنارے سیر و تفریح کے لیے بناتے ہیں۔ مجازاً ہوادار مکان۔

بارہ سنگا (ہ۔ اسم مذکر) ایک قسم کا پہاڑی ہرن جس کے سینگ شاخ در شاخ ہوتے ہیں۔ گوزن۔

بارہ سنگا

بارہ گنی لگھتی ہوں (اُر۔ محاورہ) بارہ گنی ہار شرط باندھتی ہوں۔ ایک کے بارہ یعنی ایک روپے کے بدلے بارہ روپے دوں گی۔ اگر یہ کام نہ ہوا۔

بارہ ماسہ (ہ۔ اسم مذکر) وہ نظم جس میں مہجور کی طرف سے ہندی بارہ مہینوں میں مصیبتوں اور تکلیفوں کا ذکر ہو۔

بارہ مہینے (ہ۔ تابع فعل) تمام سال ہمیشہ نت۔ سدا۔ مدام۔ دائم۔

بارہ وفات (اُر۔ اسم مذکر) ماہ ربیع الاول کے شروع بارہ دن جن میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیمار رہ کر وفات پائی۔

باری (ع۔ اسم مذکر) خاک سے پیدا کرنے والا خالق۔ اگانے والا۔

باری (اُر۔ اسم مونث) نمبردار۔ نوبت۔ موقع۔ وقت۔ پہرہ۔ چوکی۔ دفعہ (پنجابی کھڑکی)۔

بارے (ف۔ تابع فعل) یکایک۔ دفعۃً۔ الغرض۔ آخرکار۔ آخرالامر

باریا (ہ۔ اسم مذکر) کنواں چلاتے وقت پانی کا بھرا ہوا چرسا پکڑنے والا۔

باریاب (ف۔ اسم صفت) اجازت پانے والا۔ دربار اور کچہری میں آنے جانے والا۔

باری باری (اُر۔ تابع فعل) نوبت بہ نوبت۔ متواتر۔ گھڑی گھڑی۔ اپنی اپنی باری۔

باری تعالیٰ (ع۔ اسم مذکر) خالق اکبر۔

باری دار (ف۔ اسم مذکر) پہرہ والا۔ چوکی والا۔ محافظ۔

باریک (ف۔ اسم صفت) پتلا۔ مہین۔ ہلکا۔ مشکل۔ دقیق جیسے باریک مسئلہ۔ خفیف۔ ادنیٰ جیسے باریک فرق۔ نہایت چھوٹا۔

باریک بین (ف۔ اسم صفت) تیز فہم۔ رمز شناس۔ واقف کار۔ دقیقہ رس

باریک کام (ف۔ اسم مذکر) دیدہ ریزی کا کام۔ کتابت۔ ثقافتی مصوری وغیرہ۔ نازک کام۔

باریکہ (اُر۔ اسم مذکر) باریک بالوں کا بنا ہوا قلم۔ موقلم۔

باریکی (اُر۔ اسم مونث) نکتہ۔ دقیقہ۔ پتلاپن۔ نزاکت۔ مہین پن۔

باریکیاں نکالنا (اُر۔ فعل) نکتہ چینی کرنا۔ خوبیاں چھانٹنا۔ اچھائیاں کرنا۔

باری کی تپ (اُر۔ اسم مونث) ایک دن یا کم و بیش وقفہ دے کر چڑھنے والا بخار۔

باڑ (ہ۔ اسم مونث) دھار۔ دم شمشیر۔ کنارہ۔ کور۔ درختوں کی قطار۔ سپاہیوں کی صف۔ کانٹوں یا جھاڑی کی احاطہ بندی۔ گہرا۔ (دریا۔ آگے کئی بند تو یا توپوں کا ایک فائر۔ دریا کا چڑھاؤ۔ طغیانی۔ قد کی لمبائی۔ اٹھان۔ نمو بالیدگی۔ محافظ۔ چوکیدار۔ جوش۔

باڑا (ہ۔ اسم مذکر) احاطہ۔ چار دیواری۔ بگڑ۔ دنگل۔ میدان۔ قبرستان۔ بکھیرا دان۔ خیرات وغیرہ جو شادی کے موقع پر فقیروں اور کمینوں کو دیتے ہیں۔

باڑا اڑانا۔ باڑ جھاڑنا۔ باڑ چھوڑنا۔ باڑ مارنا (ہ۔ فعل) ایک ساتھ ہی بہت ہی بہت سی توپیں یا بندوقیں داغنا۔ بندوقوں یا توپوں کو مسلسل چھوڑنا قطار باندھ کر ایک دم فائر کرنا۔

باڑ باندھنا (ہ۔ فعل) کانٹوں یا جھاڑیوں سے احاطہ گھیرنا۔ کسی جگہ کو محفوظ کرنا۔

باڑ چڑھانا (ہ۔ فعل) سان پر رکھنا۔ دھار تیز کرنا۔ دم میں لانا۔ آمادہ کرنا۔ اکسانا۔

باڑھ (ہ۔ اسم مذکر) دیکھو باڑ۔

باڑھ کاٹے نام ہو تلوار کا (اُر۔ محاورہ) کام کوئی کرے۔ نام ہو کسی کا۔ لڑیں مریں سپاہی فتح ہو سردار کی۔

باڑ کا ڈورا (ہ۔ اسم مذکر) خط شمشیر۔ وہ خفیف سا نشان جو تلوار کی دھار سے پڑ جائے۔

باڑی (ہ۔ اسم مونث) رہنے کی جگہ۔ مسکن۔ باغیچہ۔ چھوٹا چمن۔ پائین باغ۔ کپاس کا درخت۔

باڑیا (ہ۔ اسم مذکر) دھار تیز کرنے والا۔ سان پر رکھنے والا۔ صیقل گر۔

باز (ع۔ اسم مذکر) ایک شکاری پرندے کا نام ہے۔

باز

باز (ف) باختن کا کا امر۔ اسم کے آخر میں آکر اسم فاعل ترکیبی کا فائدہ دیتا ہے جیسے۔ بار دیگر۔ پرہیز اجتناب۔ اعادہ واپس۔

بازآنا (اُر۔ لوٹنا۔ پلٹنا۔ ہٹ جانا۔ واپس آنا۔ ہاتھ اٹھانا۔ چھوڑنا۔ توبہ کرنا۔ انکار کرنا۔

بازار (ف۔ اسم مذکر) مرکب از با بمعنی سامان خوراک اور زار بمعنی جگہ سامان خوراک کی جگہ۔ ہاٹ۔ منڈی۔ دکانوں کی قطار۔ نرخ۔ بھاؤ۔ ساکھ اعتبار۔ بکری۔

بازار بٹا (اُر۔ اسم مذکر) کٹوتی۔ منہائی۔ ڈسکونٹ۔ کمیشن۔

بازار بند ہونا (اُر۔ محاورہ) دکانیں نہ کھلنا ہڑتال ہونا۔ دکانوں کا بند ہو جانا۔

بازار خرچ (اُر۔ اسم مذکر) جیب خرچ۔ روزمرہ کا ذاتی خرچ۔

بازار چودھری (ہ۔ اسم مذکر) بازار کی روزانہ رپورٹ دینے والا سرکاری ملازم۔

بازار دکھانا (اُر۔ محاورہ) بازاری) کسی چیز کو فروخت کے لیے بازار لے جانا۔

بازار سرد ہونا (اُر۔ محاورہ) کساد بازاری بے رونقی۔ رونق نہ ہونا۔ بازار میں چیزوں کے لین دین کی کمی۔ بکری نہ ہونا۔

بازار کا بھاؤ (اُر۔ اسم مذکر) بازار کا نرخ۔ عام بھاؤ۔ ٹھیک قیمت۔ اصلی قیمت۔ کھلا نرخ۔

بازار کا چلن (اُر۔ اسم مذکر) بازار کا دستور یا برتاؤ۔ بازار کا رواج یا طریقہ

بازار کے بھاؤ پٹنا (ر) فعل۔ خوب پٹنا۔ اس طرح پٹنا کہ سب کو خبر ہو

جائے۔ بہت پٹنا۔

بازار کی مٹھائی (اُ۔ اسم مونث) ہر ایک کے استعمال کی چیز۔ آسانی سے مل جانے والی چیز۔

بازار گرم ہونا (اُ۔ محاورہ) خوب رونق ہونا۔ لین دین اچھی طرح سے ہونا۔ کسی چیز کا دوروں پر ہونا۔ غلبہ ہونا۔ جیسے بیماری کا بازار گرم ہے۔

بازار لگانا (اُ۔ محاورہ) دکانیں کھولنا چیزوں کو پھیلا اور سجا کر رکھنا۔ ہجوم کرنا بیٹھ لگانا۔ انبوہ کرنا۔

بازار بند ہونا (اُ۔ محاورہ) چیزوں کی قیمت کم ہو جانا۔ بکری کم ہونا۔ سرد بازاری۔

بازار ناپنا } (ہ۔ محاورہ) آوارہ گردی کرنا۔ فضول پھرنا۔ بازار میں
بازار ناپتے پھرنا } ادھر ادھر چکر لگانا۔ خالی یوں ہی پھرنا۔

بازارو (ع) اسم صفت۔ قابل فروخت چیز چلاؤ چیز۔ مراد ہلکی نکمی۔ صرف دکھاوے کی چیز۔ ناقابل استعمال خانہ۔ ظاہر میں آراستہ پیراستہ۔ در حقیقت خراب چیز۔

بازاری (ف۔ اسم صفت بیائے نسبتی) بازار سے نسبت رکھنے والا۔ عام معمولی مروجہ۔ بازار کے بیٹھنے والے۔ اوباش۔ شہدے۔ غیر معتبر۔

بازاری بات (اُ۔ اسم مونث) تپ۔ بیہودہ بات۔ لغو کلام۔ افواہ۔ ادائی۔

بازاری عورت (اُ۔ اسم مونث) کسبی۔ بے سوا۔ کنچنی۔ پاتر۔

باز پرس (ف۔ اسم مونث) پوچھ گچھ۔ محاسبہ۔ جواب طلبی۔ جوابدہی۔ تحقیقات۔

باز خواہ (ف۔ اسم مذکر) جواب طلب کرنے والا۔ تحقیقات کرنے والا۔ محاسب

بازگشت (ف۔ اسم مونث) واپسی۔ مراجعت لوٹ آنا۔ عادت۔

بازو (ف۔ اسم مذکر) ڈنڈ بھجا۔ کہنی سے مونڈھے تک کا حصہ۔ پرندوں کا وہ حصہ جس میں اڑنے کے پر لگے ہوتے ہیں۔ پہلو اطراف فوج کا دایاں بایاں پہلو۔ ثانی۔ جواب سگا بھائی۔ دوست مددگار۔ مرثیہ خوانوں کا جوڑی دار۔

بازوبند (ف۔ اسم مذکر) عورتوں کے پہننے کا ایک زیور ہوتا ہے جسے بانہہ پہ باندھتی ہیں۔

بازو پھڑکنا (اُ۔ محاورہ) بازو کے گوشت کا خود بخود بلا ارادہ ہلنا۔ اس سے لوگ شگون لیتے ہیں۔

بازی (ف۔ اسم مذکر) کھیل۔ تماشا۔ کرتب۔ فریب۔ دھوکا۔ شرط کا روپیہ۔ شطرنج کبوتر کی پلٹیاں داؤں۔ روک۔ غلبہ۔ جیت۔

بازی بدنا (اُ۔ شرط لگانا۔ داؤں لگانا

بازی جیتنا (اُ۔ محاورہ) شرط جیتنا۔ فتح پانا۔ بامراد ہونا۔ کامیاب ہونا۔

بازی دینا ۔ بازی کرنا ۔ بازی کھانا (اُ۔ محاورہ) ہار دینا۔ مات کرنا نٹوں کا کلا کرنا۔ ہارنا۔ کبوتروں کا پلٹیاں کھانا۔

بازی لگانا (اُ۔ محاورہ) شرط بدنا۔ ہوڑ لگانا۔ شرط باندھنا۔ شرط مقرر کرنا۔

بازی لے جانا (اُ۔ محاورہ) بازی جیت لینا۔ بڑھ جانا۔ سبقت لے جانا۔ غالب آجانا مند ہونا۔

بازی ہارنا (اُ۔ محاورہ) شرط ہارنا۔ مات کھانا۔ مغلوب ہونا۔ شکست کھانا۔

بازیچہ (ف۔ اسم مذکر) کھیل۔ تماشا۔ کھلونا۔ کھیل کی جگہ تماشا گاہ۔

باس (ع۔ اسم مونث) بو۔ مہک۔ خوشبو۔ بدبو۔ مراد۔ رہائش۔ بستی۔ آبادی۔



بازیگر (ف۔ اسم مذکر) تماشا کرنے والا۔ مداری۔ بھان متی۔ نٹ۔ کلا کرنے والا۔ شعبدہ باز۔

باسا کرنا (ہ۔ فعل) بسیرا کرنا ٹھیرنا شب باس ہونا۔ بسنا۔ رہائش کرنا۔ آباد کرنا۔

باسک (ع۔ اسم مذکر) وہ سانپ جس پر پرانے لوگوں کے خیال میں زمین قائم ہے سانپوں کا بادشاہ۔ سب ناگوں کا سردار۔

باسلیق (یونانی) بازو کی اس بڑی رگ کا نام ہے جو دل اور جگر میں سے ہو کر آتی ہے۔ جو اگر کٹ جائے تو آدمی مر جاتا ہے۔

باسترضا (ع۔ ب) استرضا۔ خوشی سے۔ رضامندی۔

باستشفاع (ع۔ ب استشفاع) سفارش سے

باسمتی (ہ۔ اسم مذکر) ایک قسم کا عمدہ اور خوشبودار چاول۔

باسن (ہ۔ اسم مذکر) برتن۔ بھانڈا۔ ظرف۔

باسنا (ہ۔ اسم مذکر) خوشبو۔ مہک۔ بو (بمحالت فعل) خوشبو میں بسانا۔ معطر کرنا۔

باسی (ہ۔ اسم صفت) رات کا بچا ہوا کھانا وغیرہ۔ وہ چیز جس پر سے رات گزر چکے۔ مرجھایا ہوا۔ آباد ہونے والا۔ رہنے والا باشندہ۔ ساکن۔

باسی منہ نہ کتا کھائے (اُ۔ مثل) نہ زیادہ پکایا نہ خراب کیا۔ اندازے کے مطابق خروج کرنا۔ نہ کم نہ زیادہ۔ باقی نہ رہے سب خرچ ہو جائے۔

باسی پھولوں میں باس نہیں پردیسی بلم تیری آس نہیں (اُ۔ مثل) جس طرح باسی پھولوں میں خوشبو نہیں رہتی۔ اسی طرح پردیس والے خاوند سے محبت کے نباہ کی امید نہیں رہتی۔

پردیسی کی پریت کو سب کا جی للچائے۔

پردیسی میں یہ کھوٹ ہے رہے نہ سنگ لیجائے۔

باسی دانتوں (ہ۔ تابع فعل) منہ۔ منہ۔ علی الصباح۔ منہ ہاتھ دھونے سے پہلے۔

باسی عید (اُ۔ اسم مونث) عید سے دوسرا دن عید سے اگلا روز۔ ٹرو۔ ش

باسی کڑھی میں اُبال آنا (ہ۔ مثل) بے وقت جوش آنا۔ وقت کے بعد جوش آنا۔ وقت گزرنے پر کسی کام کے کرنے کا ولولہ پیدا ہونا۔

باسی منہ (ہ۔ اسم مذکر) منہ۔ منہ۔ ناشتہ نہ کھایا ہوا منہ۔ نہ نے منہ۔ بن دھویا منہ۔

باشندہ (اسم فاعل قیاسی مذکر) رہنے والا۔ بسنے والا۔ ساکن۔ باسی۔

باشوق (ف۔ اسم فاعل ترکیبی مذکر) شوق والا شوقین۔ چاہت والا۔ (بصورت تابع فعل) برضا و رغبت۔ خوشی اور شوق کے ساتھ۔

باشہ (ف۔ اسم مذکر) ایک شکاری پرندے کا نام ہے۔

باصرہ (ع۔ مذ) بینائی۔ دیکھنے کی طاقت۔

باضابطہ (ف۔ تابع فعل) دستور کے ساتھ قانون کے مطابق۔ قاعدہ کے اور حسب منشا۔

باطل (ع۔ اسم فاعل بمفید صفت مذکر) جھوٹا۔ خراب۔ کھوٹا۔ ردی۔ غلط۔ بے بنیاد۔ لغو بے ہودہ بے فائدہ بے کار۔ نکما۔

باطل کرنا (اُ۔ فعل) رد کرنا۔ منسوخ کرنا۔ نکما بتانا۔ جھٹلانا۔ غلط ٹھیرانا۔

باطن (ع۔ اسم مذکر) اندرون۔ دل۔ پوشیدہ اندرونی حصہ۔ قلب۔

باعث (ع۔ اسم مذکر) سبب۔ کارن۔ علت۔ موجب۔ موجد۔ نئی بات نکالنا اصل حقیقت۔ بنیاد۔

باغ (ف۔ اسم مذکر) پھلواڑی۔ گلزار۔ چمن۔ بہت سے درختوں کا جھنڈ۔

باغ باڑی (اُ۔ اسم مونث ہندو) پھلواڑی آل اولاد۔ بال بچے؛

باغ باغ ہونا (اُ) بہت خوش ہونا۔ کھلنا۔ ہنسنا۔ پھولے نہ سمانا

باغ سبز دکھانا (ہ۔ محاورہ) دھوکا دینا

باسط (ع۔ مذ) فراخی۔ اللہ تعالیٰ کا نام رزق دینے والا۔ فریب دینا۔ مکاری کرنا۔ مکر کھیلنا۔

باغبان (ف۔ اسم مذکر۔ فاعل ترکیبی) مالی۔ باغ کا محافظ۔ پھول پھلواڑی لگانے والا۔

باغیچہ (اسم مذکر) (عام لوگ باغیچہ اور بغیچہ بولتے ہیں) چھوٹا سا باغ۔ چمن۔

باغی (ع۔ اسم مذکر) بغاوت کرنیوالا۔ سرکش۔ پھرا ہوا۔ حاکم کا حکم نہ ماننے والا۔ نافرمان۔ منکر متمرد۔ منحرف۔ برگشتہ؛

باغی (ف۔ اسم مذکر) باغ کا بویا ہوا۔ باغ کا لگا ہوا۔ جنگلی کے خلاف جیسے باغی بیر۔

بافتہ (ف۔ اسم مذکر) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

باقاعدہ (ف۔ اسم مذکر) قاعدے کے موافق دستور کے مطابق۔ ٹھیک درست صحیح۔

باقرخانی (ف۔ اسم مذکر) ایک قسم کی روغنی روٹی جو شکر۔ دودھ اور میدہ ملا کر تنور میں پکائی جاتی ہے۔

باقلا (ع۔ اسم مذکر) ایک قسم کی سبز ترکاری جس کی پھلیاں پکاتے ہیں۔

باقی (ع۔ اسم مونث) بچی کھچی چیز۔ بچت۔ بقیہ بقایا زرمال گزاری جو ادا نہ ہوا ہو (صفت کی حالت میں) پابندہ۔ فنا نہ ہونے والا۔ قائم۔ زندہ موجود۔ واجب الادا قرض۔ دین۔ قرضہ۔ اللہ تعالےٰ کا ایک وصفی نام۔

باقی دار (ف۔ اسم مذکر) مقروض۔ دیندار۔ وہ شخص جس کے ذمہ قرضہ ہو۔

باقی دارد (ف۔ جملہ) ابھی اور باقی ہے۔ باقی پھر سہی۔

باقی ساقی (ف۔ اسم مونث) بچی کھچی۔ بچی بچائی رہی سہی۔ تھوڑی بہت جتنی ہے۔

باقی نام اللہ کا (اُ۔ محاورہ) اللہ کے سوائے سب کو موت ہے۔ ہمیشہ زندہ رہنے والی صرف اللہ کی ذات ہے اور بس۔

باک (ف۔ اسم مذکر) خوف۔ ڈر۔ اندیشہ۔ فکر۔ خطرہ۔ دہشت۔

باکرہ (ع۔ اسم مونث) دوشیزہ۔ کنواری۔ چیرا بند اچھوتی کنیا۔ باکنگ

باکلی (ہ۔ اسم مونث) (گنوار) اُبلا ہوا اناج۔ گھنگنی؛

باکھ (ہ۔ اسم مذکر) گائے وغیرہ کے تھنوں کا اوپر کا حصہ۔ کھیری۔ ہوا



باکسنگ

باگ

لیوا۔ لیوٹا۔ این۔

باکسنگ (انگ Boxing) ایک مشہور کھیل۔

باکھڑی یا باکھلی (ہ۔ اسم مونث) پانچ مہینے دودھ دے کر رک جانے والی گائے یا بھینس۔

باگ (ہ۔ اسم مونث) عنان۔ زمام۔ راس۔ لگام کی ڈور جو سوار کے ہاتھ میں رہتی ہے۔

باگا (ہ۔ اسم مذکر) (ہندو) دولھا کا جوڑا۔ پوشاک۔ نوشہ کا خلعت۔ فاخرہ لباس جو نوشہ کو پہنایا جاتا ہے۔

باگ اُٹھانا باگ لینا (ہ۔ محاورہ) گھوڑا دوڑانا۔ چلنا۔ روزانہ ہونا۔

باگ دوڑ (ہ۔ اسم مونث) وہ رسی جو لگام میں سائیس اپنے ہاتھ میں رکھتا ہے کہ تل گھوڑے کی لگام میں باندھنے کی رسی۔

باگ ڈھیلی کرنا } گھوڑے کو اس کی مرضی کے موافق دوڑنے دینا۔
باگ ڈھیلی چھوڑنا } خوب دوڑا کسی کی غلطی سے چشم پوشی کرنا۔ پروا نہ کرنا۔ توجہ نہ کرنا۔ فعل مختار کر دینا۔

باگ روکنا } (ہ۔ محاورہ) گھوڑے کو ٹھیرانا۔ گھوڑا ٹھیرانے کے لیے لگام
باگ کھینچنا } کھینچنا۔ تنبیہ کرنا۔

باگ مڑنا (ہ۔ فعل) چیچک کے دانوں کا مرجانا سٹیلا ڈھلنا۔ رُخ بدلنا۔ خیال دوسری طرف ہو جانا۔ توجہ ہٹ جانا۔

باگ کا ہاتھ سے چھوٹنا } محاورہ موقع کا ہاتھ سے جاتے رہنا۔ بے
باگ کا ہاتھ سے نکل جانا } قابو ہو جانا۔ اختیار نہ رہنا۔ کسی چیز کا اختیار سے باہر ہو جانا۔

باگھ (ہ۔ اسم مذکر) شیر۔ سنگھ۔ اسد۔ چیتا۔ پلنگ۔ مجازاً غضب ناک خونخوار۔ بہادر۔

بال (انگ۔ اِ۔مو) ایک قسم کا انگریزی ناچ رقص۔ گیند۔ Ball

بال (ہ۔ اسم مونث) گیہوں جوار باجرہ کا خوشہ۔ بٹا۔ سنبلہ۔

بال (ہ۔ اسم مذکر) کمسن بچہ۔ چھوٹی عمر کا لڑکا یا لڑکی سولہ سال سے کم عمر کی لڑکی۔



بلب

بلب Bulb پیاز وغیرہ کی گٹھی بجلی کا قمقمہ

بال بچوں والی (ہ۔ اسم مونث) اولاد والی۔ صاحب اولاد۔ کنبہ دار۔ بچوں کے ساتھ رہنے والی۔

بال بچے (ہ۔ اسم مذکر) لڑکے۔ بالے جورو بچے۔ کنبہ قبیلہ۔ خاندان ٹبر لوٹر؛

بال بُدھ (ہ۔ اسم مونث) بچوں کی عقل ناتجربہ کاری بچوں کی سی سمجھ۔ ایک کتاب کا نام بھی ہے۔

بال بدھوا (ع۔ اسم مونث) کمسن رانڈ۔ نوعمر بیوہ۔ وہ عورت جو بچپن ہی میں رانڈ ہوجائے۔

بال گوپال (ع) بال بچے۔ لڑکے بالے چیلے چانٹے۔ مرید۔

بال ہٹ (ع۔ اسم مونث) بچوں کی ضد۔ اڑ۔

بال (ع۔ اسم مذکر) موے۔ رواں۔ پشم۔ بکیش۔ باریک شگاف۔ مصری کا دھاگا چینی یا شیشے کے ٹوٹنے کی لکیر۔ اس کے بنے ہوئے الفاظ و محاورات دیکھو۔

بال اُترنا (ع۔ فعل) بالوں کا خود بخود گر جانا۔ مونڈن ہونا۔ موتراشی ہونا۔

بال آنا (ع۔ فعل) بال اُگنا۔ بال پیدا ہونا۔ دراڑ آنا۔ شگاف پڑنا چینی وغیرہ ٹوٹ جانے کی لکیر۔ خط پڑ جانا۔

بال بال (ع۔ تابع فعل) ہر ایک بال۔ ذرا ذرا۔ بالکل۔ سرتاپا۔ موبمو۔ جزو کل۔

بال بال بچنا (اُ۔ محاورہ) حادثے کی لپیٹ میں آتے آتے بچنا۔ ذرا بھی آنچ نہ آنا۔

بال بال بچ جانا (ہ۔ محاورہ) صاف بچ جانا۔ ذرا بھی تکلیف نہ پہنچنا۔ بہت قریب سے بچنا۔

بال بال موتی ہونا (اُ۔ محاورہ) انتہائی درجہ کا آراستہ ہونا نہایت سج دھج سے تیار ہونا۔

بال بال دشمن ہونا (اُ۔ محاورہ) دشمنی کے مبالغہ کے وقت کہا کرتے ہیں۔ یعنی سب اپنے بیگانے دشمن ہیں یہاں تک کہ موئے بدن بھی دشمنی سے تکلیف پہنچاتے ہیں۔

بال بال گج موتی پروناوہ (محاورہ) خوب آراستہ ہونا۔ نہایت سنگار کرنا خوب بننا ٹھننا۔

بال بال گناہ گار ہے (اُ۔ محاورہ) ہر شخص سرتاسر گناہ گار ہے نہایت گناہ گار ہے۔

بال باندھا (ع۔ اسم صفت) تابع فرمان مطیع ٹھیک۔ سچے۔ مجرب۔ تیر بہدف۔ غلاموں کی طرح۔

بال باندھا چور (ع۔ اسم مذکر) پورا چور۔ مراد عاشق کا دل جو معشوق کے ہر بال سے بندھا ہوا ہے۔

بال باندھا غلام (ع۔ اسم مذکر) نہایت فرمانبردار غلام۔ بے عذر غلام اشارہ پر کام کرنے والا۔

بال باندھا نشانہ اڑانا (اُ۔ محاورہ) نہایت قادر انداز ہونا۔ بے خطا نشانہ مارنا بے چوک نشانہ لگانا۔ تیر بہدف

بال باندھی کوڑی اڑانا

بال برابر (اُ۔ اسم مذکر) ذرا بھر۔ نہایت باریک۔ ذرا۔ ذرا سا ایسا ہی سا فرق۔

بال بکھرنا (ع۔ فعل) بالوں کا پریشان ہونا۔ پریشانی کی حالت ظاہر ہونا۔

بال بکھیرنا (ع۔ فعل) ماتم کرنا۔ بال پریشان کرنا۔ غم اور رنج کی علامتیں ظاہر ہونا۔

بال بنانا (ع۔ فعل) چوٹی گوندھنا۔ بالوں کو ہیچدار اور گھنگریالے بنانا۔ مجامت بنانا خط بنانا۔

بال بیکا نہ ہونا (ع۔ فعل) تکلیف نہ پہنچنا بال تک ٹیڑھا نہ ہونا۔ آنچ نہ آنا۔ ذرا بھی صدمہ نہ پہنچنا۔ برائر نہ ہونا۔

بال پکنا (ع۔ فعل) خوشہ یا پھل کا پختہ ہونا۔ بال سفید ہونا۔ بڑھاپا آنا۔

بال توڑ (ع۔ اسم مذکر) ایک قسم کا پھوڑا ہوتا ہے جو ران یا بازو پر بال ٹوٹنے سے پیدا ہوجاتا ہے۔

بال جھڑنا (ع۔ فعل) دماغ کی ناطاقتی یا کنگھی کرنے سے بالوں کا گرنا سخت بیماری سے تندرست ہوجانے کے بعد بالوں کا اتر جانا۔

بال چننا (ع۔ فعل) موچنے سے سفید بال اکھیڑنا موچنے سے بنانا۔

بال چھڑنا (ع۔ فعل) بال بکھرنا۔

بال چھڑی (ع۔ اسم مونث) ایک قسم کی پگڑی جسے شاہجہانی پگڑی کہتے ہیں

بالچھڑ (ع۔ اسم مذکر) ایک نہایت خوشبو دار دوا کا نام ہے۔ سنبل الطیب۔

بال خورا (ع۔ اسم مذکر) ایک مرض کا نام ہے جس سے مویشیوں وغیرہ کے بال بالکل گر جاتے ہیں۔

بال دینا (ع۔ فعل) سکریا کرم کرنے کے لیے بال منڈوانا۔ بھدرا کرنا مسلمان عورتوں کا سر کے بالوں سے تعزیہ کو ہوا دینا۔ اور ماتم کرنا۔

بال رکھنا (ع۔ فعل) بالوں کی منت ماننا بالوں کو بڑھنے نہ دینا۔ بال کو لمبا کرنا۔

بال سفید ہونا (ہ۔ محاورہ) بڑھاپا آنا۔

بال سلجھانا (ع۔ فعل) الجھے ہوئے بالوں کو سیدھا کرنا۔ بالوں کو کنگھی کرنا۔

بال سے باریک ہونا (ع۔ فعل) نہایت باریک ہونا۔ بہت دبلا پتلا ہونا

بال کا کمل بنانا
بال کی بھیڑ بنانا } (اُ۔ محاورہ) بات کو مبالغہ کے ساتھ بڑھا کر کہنا۔ بات کا تمنگڑ بنانا۔ رائی کا پربت بنانا۔ بات کو بڑا کر کے دکھانا

بال کترے سے مُردہ ہلکا نہیں ہونا (ع۔ مثل) بھاری وزن میں سے اگر کچھ قلیل سا حصہ کم کر دیا جائے تو وہ کمی کمی نہیں سمجھی جاتی۔ کوئنٹل سے اگر ملی گرام یا گرام نکال دیں تو وہ کس گنتی میں ہے۔

بال کمانی (اُ۔ اسم مونث) گھڑی کے اندر کی باریک کمانی جو گھڑی کو چلاتی ہے۔ سپرنگ۔

بال کھڑے ہونا (ہ۔ محاورہ) خوف یا ڈر معلوم ہونا۔ بخار سے یا معمولی طور پر سردی لگنے سے بدن کے بال یا رواں کا اوپر اٹھ جانا۔

بال کھولنا (ع) نوحہ یا ماتم کے لیے عورتوں کا سر کے بال بکھیرنا۔

بال کی کھال کھینچنا
بال کی کھال نکالنا (اُ۔ محاورہ) نکتہ چینی کرنا۔ باریکیاں
بال کی کھال اتارنا نکالنا۔ موشگافیاں کرنا۔ نقص ڈھونڈنا۔ عیب ظاہر کرنا

بال لینا (اُ۔ فعل) استرہ لینا۔ پاکی کرنا۔

بال (ف) پرندے کے بازو کا پچھلا حصہ جس میں شہ پر ہوتے ہیں جن کے زور سے وہ پرواز کرتا ہے۔

بال و پر نکالنا (اُ۔ محاورہ) اڑان بھرنا اُڑنے لگنا پرواز کرنا۔ شرارت کرنا۔ چالاکی کرنا۔ بدمعاشیاں کرنا۔ مخالفت اور مقابلہ کرنا۔ دشمنی سے پیش آنا۔ اُلٹے کام کرنا۔ خلاف منشا مربی چلنا۔ نو دولت ہونا۔

بالا (ع۔ اسم مذکر) کان میں پہننے کا زیور۔ چھوٹی عمر کا بچہ۔ سولہ برس تک کا لڑکا خواہ لڑکا ہو یا لڑکی۔ گیہوں کا یا جو کا مٹھی بھر کا پیڑہ

بالا (ع۔ اسم صفت) بچوں کا سا۔ نو۔ نیا جیسے بالا جوبن یعنی اٹھتی جوانی۔ نادان

بے۔کم عمر۔
بالا (ف۔اسم صفت) اُوپر۔بلند۔اونچا۔قد آور۔آگے۔لمبا۔فایق۔
بالا بالا (ف۔تابع فعل) اُوپر ہی اُوپر۔پوشیدہ طور پر۔بے اطلاع۔الگ ہی الگ۔
بالا بتانا (اُ) بہانہ کرنا۔ٹالنا۔حیلے حوالے کرنا۔اوپر ہی اوپر ٹال دینا
بالا پر (اُ۔اسم مذکر) انگرکھے یا کوٹ کا وہ حصہ جو پیش کی حد سے بڑھا ہوا ہوتا ہے
اچکن کا اگلا پردہ۔ایک خاص قسم کا انگرکھا بھی ہوتا ہے۔
بالا بند (ف۔اسم مذکر) سر پیچ۔بتانہ۔وہ گوشوارہ جو پگڑی کے اوپر باندھ لیتے ہیں۔
بالا بھولا (ہ۔اسم صفت) طفل معصوم۔سیدھا سادہ۔فن فریب سے ناواقف بے ریا
بالا پوش (ف۔اسم مذکر) غلاف۔پلنگ پوش برقع۔اوورکوٹ۔
بالاتفاق (ع۔تابع فعل) سب کی صلاح سے سب کی رضامندی سے سب کی مرضی سے۔
بالاجمال (ع۔تابع فعل) مختصر طور پر۔مجملاً۔خلاصہ کے طور پر۔خلاصتہً۔
بالارادہ (ع) جان بوجھ کر۔قصداً
بالاخانہ (ف۔اسم مذکر) چوبارہ۔اوپر کا کمرہ۔اٹاری۔
بالاخوانی (ف۔اسم مذکر) شیخی۔مکر۔غرور۔غرور کی باتیں۔فخریہ باتیں۔ڈینگ غیب۔
بالادست (ف) اُوپر کا۔اعلیٰ۔زبردست۔افسر۔حاکم۔عمدہ۔منہایت نفیس۔
بالادینا (ا) اُوپر ہی اُوپر ٹالنا۔مگدر کو اُوپر نیچے اُٹھانا اور خوب ہلانا۔
بہانہ کر کے ٹال دینا۔
بالانشین (ف۔اسم مذکر) صدر مجلس۔میر مجلس۔صدر نشین۔اونچا بیٹھنے والا
عمدہ۔امیرانہ۔معزز حیثیت والا۔
بالائی (ف۔اسم مونث) اُوپر کا حصہ۔بلندی۔اونچائی۔دودھ کے اوپر کی ملائی۔
بالائی مزے (اُ۔اسم مذکر) پوشیدہ لطف۔چوری چھپے کے مزے۔اوپری عیش
بالائی یافت (اُ۔اسم مونث) تنخواہ کے علاوہ اور آمدنی۔رشوت یا کمیشن۔
بالائے طاق (اُ۔اسم مذکر) دور۔دفع۔الگ۔ایک طرف۔بھول۔خیال نہ ہونا۔علیحدہ۔
بالتخصیص (ع۔تابع فعل) خصوصاً۔خاص کر۔خاص طور پر۔
بالتصریح (ع۔تابع فعل) صاف صاف۔وضاحت سے۔صاف۔کھول کر۔
بالتفصیل (ع۔تابع فعل) تفصیل کے ساتھ کھول کر۔الگ الگ۔تفصیل وار۔
بالٹی (ہ۔اسم مونث) ٹین کا ڈول۔ڈولچی۔بالڈ۔
بالجملہ (ع) خلاصہ کلام۔حاصل کلام
بالخصوص (ع) خصوصاً۔خاص کر۔
بالسٹ ٹرین (انگ۔اسم مونث) سامان ڈھونے والی ریل گاڑی۔گنجی گاڑی
بالش (ف۔اسم مذکر) سرہانہ۔تکیہ۔سوتے یا لیٹتے وقت سر کے نیچے رکھنے کا کپڑا۔
بالشت (اُ۔اسم مذکر) شبر۔وجب۔بلانڈ۔انگلیاں اگر خوب اچھی طرح تان کر کھول لی جائیں۔تو چھنگلیا کی نوک سے انگوٹھے کی نوک تک کا فاصلہ ۱۲ انگل کا پیمانہ مٹر کا چوتھائی حصہ

بالٹی

بالشتیا (اُ۔اسم مذکر) بالشت بھر قد کا آدمی۔وہ شخص جس کے قد کی لمبائی ایک بالشت ہو۔مجازاً پست قد۔باؤنا۔
بالضرور یا بالضرورت (ع۔تابع فعل) ضرور ہی۔بلاشبہ۔قطعی۔ضروری البتہ:
بالعکس (ع۔تابع فعل) برخلاف۔اُلٹا۔برعکس۔
بالشوزم (انگ۔مو) روس کی اشتراکی جماعت (بالشویک)
بالشویک (روس کی اشتراکی جماعت کا طرز عمل۔اس جماعت کا ہر فرد۔ Bolshevik
بالعموم (ع) عام طور سے۔عموماً۔
بالغ (ع۔اسم فاعل مذکر) پہنچ جانے والا۔پورا جوان۔اٹھارہ سال سے زیادہ عمر کا ہوشیار۔تجربہ کار۔رسا۔
بالغ نظر (ع۔اسم صفت) پوری نگاہ والا۔حقیقت بین۔گہری نظر والا۔تاڑ جانے والا۔
بالغہ (ع۔اسم مونث) پوری عورت۔جوان عورت:
بالفرض (ع۔تابع فعل) فرض کے طور پر۔مان لیا۔تسلیم کیا۔مان کر:
بالفعل (ع۔تابع فعل) سر دست۔اس وقت۔اب۔فی الحال (طب کی اصطلاح میں بظاہر۔دیکھیے کے معنوں میں آتا ہے۔
بالقوہ (ع۔تابع فعل) از روے الارہ۔قوت میں (طب) دراصل۔درحقیقت
بالک (ہ۔اسم مذکر) چھوٹی عمر کا بچہ۔شیر خوار۔بالا۔ایانا۔ننھا بچہ۔ان جانا
بالکا (ہ۔اسم مذکر) بچہ۔شاگرد۔جوگیوں یا ہندو فقیروں کا چیلا۔مرید۔
بالکل (ع۔تابع فعل) تمام۔سب۔جملہ۔تمام وکمال۔سارا۔بکلی۔قطعی۔
بالگیر (اُ۔اسم مذکر) گھوڑے کی خدمت کرنے والا۔وہ سوار جس کا اپنا ذاتی گھوڑا نہ ہو۔
بالم (ہ۔اسم مذکر) خاوند۔شوہر۔پتی۔عاشق۔پیتم۔عورت کا محبوب
بالو گھڑی (اُ) شیشے کی بنی ہوئی۔ریت کی صراحی میں سے وقت معلوم کرتے ہیں

بالو گھڑی

بالمشافہ (ع۔تابع فعل) آمنے سامنے۔روبرو روبرو۔دوبدو۔
بالمقابل (ع۔تابع فعل) مقابل میں سامنے روبرو۔دوبدو۔طرف مخالف میں۔
بالمقطع (ع۔تابع فعل) چکت میں۔چکتے طور۔قطعی۔بھاؤ کے بغیر۔بغیر حساب کے۔
بالم کھیرا (ع۔اسم مذکر) برساتی کھیرا۔بڑا کھیرا۔
بالمواجہ (ع۔تابع فعل) موجودگی میں۔سامنے۔
بالمیک (ہ۔اسم مذکر) رامائن کے مشہور مصنف کا نام ہے یہ بڑے نامور شاعر تھے۔
بالن (ہ۔اسم مذکر) ایندھن۔تیل۔لکڑی۔گیس وغیرہ
بالنا (ہ۔فعل) جلانا۔آگ روشن کرنا۔ایندھن کو آگ لگانا۔
بالنگو (ہ۔مذ) ایک دوا کا نام۔ایک تخم کا نام جسے گرمی میں بھگو دیتے ہیں۔
بالوشاہی (اُ۔اسم مذکر) ایک قسم کی مٹھائی۔

بالو (ہ- اسم مذکر) ریت۔ ریگ۔ بھوڑ۔ پہاڑ کا ریزہ۔ ریچہ۔

بالو

بالی کی سوئیاں (ہ- اسم مونث) وہ سوئیاں جو گندم کے خوشہ کے گرد اگرد ہوتی ہے۔

بالے میاں (اور- اسم مذکر) سالار مسعود غازی سپہ سالار سلطان محمود غزنوی کے بھانجے تھے جو محمود کے علم بردار تھے بعض جاہل لوگ ان کے نام کی چھڑیاں چڑھاتے ہیں اور میلا کرتے ہیں۔

بالی (ہ- اسم مونث) کان میں پہننے کا چھوٹا سا حلقہ۔ چھوٹی عمر کی لڑکی۔

بالی عمر (اور- اسم صفت) اوائل عمر۔ صغر سنی۔ بچپن کی عمر۔ لڑکپن۔ بچپن۔

بالیدگی (ف- اسم مونث) نمو۔ زیادتی۔ بڑھوتری۔ بڑھاؤ۔ پیدائش۔

بالی (ہ- مو) خوشہ گندم۔

بام

بالین (ف- اسم مذکر) سرھانہ، سہارا، ٹیک۔ بالش۔

بام (ف- اسم مذکر) چھت۔ کوٹھا۔ بالاخانہ۔ اٹاری۔

بام (ہ) ایک قسم کی مچھلی جو سانپ کی شکل کی ہوتی ہے

بامروت (ف- اسم مذکر) باوفا۔ ملنسار۔ باوفا۔ خوش اخلاق۔ لحاظ دار۔ فیاض۔ سخی۔

بامسلماں اللہ اللہ بابرہمن رام رام (ف- مثل) صلح کل۔ ہر شخص کے ساتھ اتفاق اور اتحاد کے ساتھ رہنا چاہیے۔ کسی کی دل شکنی نہ کرنی چاہیے خواہ وہ کسی مشرب سے ہو۔

بامن (ہ- اسم مذکر) وشنو جی کا پانچواں اوتار ہونا۔ ہندوؤں کی سب سے افضل اور اعلیٰ ذات۔ ویدوں کا عالم صحیح برہمن ہے۔

بامنی (ہ- اسم مونث) برہمن کی عورت۔ مصراتی ایک سنہری رنگ کا چمک دار جسم والا برساتی کیڑا جس کی دم سرخ ہوتی ہے۔ سانپ کی خانہ آنکھ کی پلکیں گرنے کی بیماری جس میں برنیاں سرخ رہتی ہیں۔ سُبل نیلوفر کے پھول کا زرد رنگ کا زیرا۔ جسے مسلمان بچے شہزادی اور ہندو رانی یا برہمنی کہتے ہیں۔

بان (ف- کلمہ فاعلت) اکثر اسموں کے آخر میں محافظت کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے گاڑی بان۔ فیل بان، مہربان وغیرہ۔

بان (ہ- اسم مونث) عادت۔ بری بھلی۔ مزاج طور۔ ڈھنگ۔ مائیاں۔ مانجھا یعنی شادی سے دولھا دولہن کو ابٹنا وغیرہ لگانے کی رسم۔ تیر تلوار سہم خدنگ۔ ایک قسم کی آتشی ہوائی جو اگلے زمانے میں دشمن پر چھوڑا کرتے تھے۔ جوار بھاٹا۔ مدوجزر۔

بان بان کرنا (فعل) بکواس کرنا بے ہودہ بکنا۔ بک بک کرنا۔

بان بیٹھنا (ہ- فعل) مائیوں بیٹھنا۔ مانجھے بیٹھنا۔ ابٹنا لگوانا۔

بان پڑنا (ہ- محاورہ) عادت پڑنا۔ بھاؤ ہونا۔ عادی ہو جانا۔ خوگر ہونا۔

بانا (ہ- اسم مذکر) لباس۔ پوشاک۔ وضع۔ وردی۔ بھیس۔ روپ سروپ۔ عادت۔ بھاؤ۔ کپڑا بنتے وقت جو تار عرض میں بنتے ہیں۔ بخلاف تانا کہ لمبائی میں پھیرانے کا ایک ہتھیار۔ ریشم وغیرہ کی ڈور جسے بہادر آدمی اپنے پاؤں میں علامت دلیری ظاہر کرنے کو باندھ لیا کرتے ہیں۔ حرفہ۔ پیشہ۔

بانا باندھنا (ہ-) فعل مسلح ہونا۔ کمر باندھنا۔ تیار ہونا۔ سامان جوڑنا۔ لاجواب اور لاثانی ہونے کا دعویٰ کرنا ٹھاننا۔ سازش کرنا منصوبہ باندھنا۔

بانا بدلنا (ہ- محاورہ) بھیس بدلنا۔ روپ بھرنا۔ مکر کا لباس پہننا۔

بانات / بنات (ہ- اسم مونث) ایک قسم کا ادنی کپڑا جو نہایت دبیز اور ہر رنگ کا ہوتا تھا۔

بان بی کی حالت (اور- اسم صفت مونث) بنات کی طرح کا سرخ۔ سُرخ بانات سا لال انگارا۔ نہایت غضب۔ بانات سا موٹا۔

بانبی (ہ- اسم مونث) سانپ کا بل۔ سانپ کے رہنے کی جگہ

بانٹ (ہ- اسم مونث) تقسیم۔ بٹوارہ خارج تسمت دودھ دوہتے وقت جو گائے۔ بھینس کے آگے کھانا دانہ رکھ دیتے ہیں۔ اسے بھی بانٹ یا بھاؤ کہتے ہیں۔ بٹ۔ تولنے کے بٹے۔ وزنے۔

بانٹ بٹا (اور- اسم مذکر) نسب کا۔ مخرج۔ کسر کا نیچے کا عدد۔

بانٹا (ہ- اسم مذکر) پورب) حصہ۔ بٹوارہ۔ تقسیم۔ بخرہ۔ بھاگ۔ باچھ

بانٹنا (ہ- فعل) حصے بخرے کرنا۔ تقسیم کرنا۔ بھاگ کرنا۔ بٹوارہ کرنا۔

بانٹیا (ہ- اسم مذکر) (بقال لوگوں کی اصطلاح ہے) واسطہ۔ سروکار۔ مطلب غرض۔ تعلق۔ علاقہ۔ سبب۔ حساب۔ وجہ۔ باعث۔ موقع۔

بانجھ (ہ- اسم صفت) بنجر زمین جس میں کچھ پیدا نہ ہو۔ شور کلر۔ اوسر۔ وہ عورت جس کو حمل نہ رہے۔ عقیمہ۔ عاقرہ۔ ایک قسم کا درخت جس کی گٹھلیاں بچوں کے گلے میں بیماری سے محفوظ رہنے کے لیے ڈالتے ہیں۔

بانچنا (ہ- فعل) پڑھنا۔ حرف اٹھانا۔ مطالعہ کرنا غور سے دیکھنا؛

باندھنا (ہ- فعل) کسنا۔ جکڑنا۔ جوڑنا۔ لٹکانا۔ لپیٹنا تہ کرنا۔ شرط وغیرہ مقرر کرنا۔ پانی روکنا۔ بند لگانا۔ تھامنا۔ پکڑنا۔ الزام لگانا۔ جادو کے زور سے تیز دھار یا کسی چیز کے اثر کو روکنا جیسے دھاندھنا۔ کڑھائی باندھنا وغیرہ۔ قائم کرنا۔ تیز کرنا۔ باڑھ دینا۔ مثلاً استرہ کی دھار باندھنا نکاح کرنا۔ گرہ باندھنا۔ بال گوندھنا۔ جیسے سر کی مینڈھی باندھ دو۔ جوڑنا۔ ملانا جیسے ہاتھ ہاتھ باندھنا بنانا۔ جیسے لڈو باندھنا۔ لکھنا یا بیان کرنا۔ مثلاً مضمون باندھنا۔ خیال جمانا۔ تصور بٹھانا۔ محصول۔ قانون وغیرہ تجویز کرنا۔ گھڑنا۔ احاطہ کرنا۔ تشبیہ دینا۔ مثلاً قد یار کو سب سرو باندھتے ہیں۔

باندھنو (ہ- اسم مذکر) بندھیج۔ چیرا۔ مختلف رنگوں کے لیے ڈورے کی بندش رنگریزوں کے خبریاں رنگتے وقت مختلف رنگ رکھنے کے لیے موتج کے بند لگانا۔ بندش۔ بہتان۔ ارادہ۔ خیال۔ تصور۔ منصوبہ۔ تدبیر پیش بندی

باندھنو باندھنا (ہ- محاورہ) تہمت لگانا۔ الزام دینا۔ بہتان دھرنا۔

باندی (ہ- اسم مونث) لونڈی۔ کنیز۔ چیری۔ داسی۔

باندی کا بیٹا۔ یا۔ جنا۔ یا بچہ (ہ- اسم مذکر) خانہ زاد غلام۔ نہایت مطیع۔ فرماں بردار (طنزاً طعنہ کے طور پر بہ معنی ذلیل و حقیر۔ کمینہ۔

بانڈا (ہ- اسم صفت) ٹیڑھی ٹانگوں والا۔ کبڑا۔ دم کٹا۔ لانڈا۔ پھانجا بیٹھا چلنے والا۔ کسی کی بات نہ ماننے والا۔ کج رفتار۔ کج فہم۔

باندھ رسے موئے تو ہینگ کی پڑیا / میری بیٹی کا تے نون لکڑی ... اپنی معمولی چیز کو نہایت تعریف کر کے اسے ٹھکانے لگانے کے

بانڈی (ہ۔ اسم مونث) لاٹھی۔ چھڑی۔ چوب۔ دستی۔ سونٹی۔ ایک قسم کا لباس بھی ہے۔

بانڈی باز (اُ۔ اسم مذکر) لٹھ باز۔ مقصد۔ جھگڑالو۔ فادی۔ لڑاکا۔ جنگجو۔

بانڈی چلنا (ہ۔ محاورہ) لڑائی ہوجانا۔ لٹھ چلنا۔ مار کٹائی ہونا۔ لٹھ کھڑکنا۔

بانس (ہ۔ اسم مذکر) ایک لمبا پتلا گرہ دار درخت جو اندر سے عموماً کھوکھلا ہوتا ہے بے بمبو۔

قریباً ایک میٹر کا پیمانہ۔

بانسری

کا ایک پیمانہ

بانسا (ہ۔ اسم مذکر) بانس ٹھنوں کے بیچ کی ہڈی ناک کی ہڈی۔ ریڑھ کی ہڈی۔ ایک جھاڑی کا نام بھی ہے جس کے کونپلوں کی بارود خوب بنتی ہے۔ پانسا پھر جانا۔

بانس پر چڑھنا (اُر۔ محاورہ) بدنام ہونا بے شرم و بے حیا ہونا۔ رسوا ہونا۔

بانس پر چڑھانا (اُر۔ محاورہ) فضیحت کرنا۔ ناواجب تعریف کرنا۔ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔

بانس ٹوٹنا (ہ۔ فعل) خوب پٹنا۔ نہایت مار کھانا۔ بانس پڑنا۔ لاٹھیوں سے پٹنا۔

بانسری (ہ۔ اسم مونث) نے۔ مرلی۔ بانسلی۔ منہ سے بجانے کا الغوزے جیسا ایک باجا۔

بانسواں اچھلنا } (ہ۔ محاورہ) خوشی میں کودنا۔ نہایت خوش ہونا۔ دریا کی لہروں
بانسوں کودنا } کا بلند ہونا۔ لہروں کا اونچا اچھلنا جیسے پانی بانسوں اچھل رہا ہے۔

بانس پھوڑ (ہ۔ اسم مذکر) وہ لوگ جو بانس کا کام کرتے ہیں۔

بانسی (ہ۔ اسم مونث) نہایت پتلی قسم کا بانس جس سے نیچے بناتے ہیں۔ ایک سفیدی مائل زرد پتھر بھی ہوتا ہے۔

بانک (ہ۔ اسم مذکر) لغوی معنی ٹیڑھا۔ بنوٹ اور بکیتی کا کرتب جیسے ٹیڑھی چھری کٹاری خنجر وغیرہ سے بٹیھ کر یا لیٹ کر دکھاتے ہیں۔ لڑائی کے ہنروں میں سے ہے ٹیڑھا۔ ترچھا۔ کج۔ کمان۔ دھنس نعل کی شکل کا آلہ جس سے گنا پونڈا چھلتے ہیں۔ پاؤں یا بازو میں پہننے کا ایک زیور دریا کا موڑ۔ گھماؤ املی کا کٹارا جو حلقہ نما بن گیا ہو۔ نشتر۔ گاڑی کے پہیے کی باہر کی طرف کی ایک لمبی خمدار لکڑی جو پہیے کو باہر نہیں آنے دیتی۔

بانکا (ہ۔ اسم مذکر صفت) ٹیڑھا۔ ترچھا۔ چھیلا۔ دلیر۔ بہادر۔ مغرور۔ خودنما لچا۔ شہدا۔ غنڈا۔

بانکا چور (ہ۔ اسم مذکر) پورا چور۔ عیار و چالاک چور۔

بانکپن (ہ۔ اسم مذکر) چھیلا پن۔ البیلا پن۔ وضعداری جو خودنمائی لیے ہو۔ شہد پن۔ شرارت سرکشی۔ لچ پن۔ کج روی۔

بانکیا (ہ۔ اسم مذکر) ایک تانبے پیتل کا ٹیڑھا میڑھا سا باجا جو بہنتوں اور سادھوؤں کے آگے بجایا جاتا ہے۔ یہ بگل کی آواز دیتا ہے۔

بانکی ادا (ہ۔ اسم مونث) انداز محبوبانہ۔ نرالا ڈھنگ۔ نئی طرز۔

بانگ (ف۔ اسم مونث) آواز۔ صدا۔ نماز کی اذان۔ مرغ کی صبح کے وقت کی آواز مرغ کی آواز۔ نماز کا بلاوا۔

بانگ درا (بہ رضا۔ مو) گھنٹے کی آواز۔ علامہ اقبال مرحوم کے اردو کے ایک مجموعہ کلام کا نام

بانگ دینا (اُ۔ فعل) اذان دینا۔ پکارنا آواز دینا۔

بانگ جرس ا۔ گھنٹے کی آواز

بانگر (ہ۔ اسم مذکر) وہ زمین جس میں پانی کمیاب ہو۔ کھاد کی ضد۔

بانگڑو (ہ۔ اسم مذکر) (ہ۔ مذ) کپاس کا پودا

بانگا ا۔ (ہ۔ مذ) کپاس کا پودا۔ اذان دینے والا۔ موذن۔

بانگی (ہ) نمونہ۔ چاشنی۔ لکڑی یا سینگ کا گول گیند سا ایک لٹو جو چلاتے وقت بڑی تیز آواز دیتا ہے۔

بانو (ف۔ اسم مونث) گھر کی مالک۔ شہزادی۔ بیوی۔ بیگم۔

بانو ا (ف۔ اسم مذکر) صاحب سامان۔ لاؤ لشکر والا۔ دولت و حشمت والا۔ آزاد فقیروں کا ایک گروہ بھی ہے۔

بانہہ (ہ۔ اسم مونث) بازو۔ بھجا۔ مددگار۔ حامی۔ سگا بھائی۔ مدد۔ سہارا۔ ضامن۔ طاقت۔ زور۔ رفیق۔

بانہہ بل (ہ۔ اسم مذکر) قوت بازو۔ معاون۔ دستگیر حقیقی بھائی جانی دوست۔

بانہہ بلند ہونا (ہ۔ محاورہ) بلند حوصلہ ہونا۔ طاقتور ہونا۔ دھرمی ہونا۔

بانہہ پکڑنا (ہ۔) دست گیری کرنا۔ مدد کرنا۔ معاونت کرنا۔ مربی بننا کسی کی سرپرستی کا ضامن ہونا۔

بانہہ پکڑے کی لاج (ہ۔ محاورہ) دست گیری کی شرم۔ سرپرست بننے کی حیا

بانہہ ٹوٹنا (ہ۔ محاورہ) مربی یا سرپرست کا مرجانا۔ مددگار نہ رہنا۔

بانہہ دینا (ہ۔ محاورہ) سہارا دینا۔ مدد کرنا۔ خبر گیری کرنا۔ حمایت کرنا۔

بانہیں چڑھانا (ہ۔ محاورہ) تیار ہونا۔ آمادہ ہونا۔ جھگڑا کرنا۔ لڑائی پر کمربستہ ہونا۔

بانی (ہ۔ اسم مونث) آواز۔ صدا۔ زبان پراکرت ہندی دوہرہ یا گیت۔ قول مقولہ۔ بولی۔ فقرا کی صدا جو ستھرے شاہی گاتے پھیرا کرتے ہیں۔ وعظ و نصیحت۔

بانی (ع۔ اسم مذکر) (فاعل از بنا) بنیاد ڈالنے والا۔ بنانے والا۔ شروع کرنیوالا۔ موجد۔ منبع۔ باعث۔ سبب۔ موجب۔

باؤ (ہ۔ اسم مونث) باد۔ ہوا۔ پون۔ ریح۔ کرہ ہوائی۔ یاد۔ گوز۔ خود نمائی۔ غرور۔ تکبر۔ گٹھیا۔ وجع مفاصل۔

باوا (ہ۔ اسم مذکر) باپ۔ پتا۔ پدر۔ استاد۔ تعظیماً فقیر لوگ اور باہر شخص کو بول دیتے ہیں۔

باوا آدم (اُر۔ اسم مذکر) حضرت آدمؑ۔ بہت طویل العمر۔ ہادی۔ رہبر۔ مالک نسل انسانی کا مورث اعلیٰ۔ سب سے پہلا انسان۔

باوا آدم نرالا ہونا (اُر۔ محاورہ) سب سے نرالا کام کرنا۔ کسی سے متفق نہ ہونا۔ نئی طرز نیا انداز ہونا۔

باوا کا (ہ۔ مفید صفت) موروثی۔ باپ دادا کا۔ جدی۔ ذاتی۔ نسج کا۔ اپنا خاص

باؤ بندی (ہ۔ اسم مونث) خیالی بات بے اصل۔ مبالغہ۔ فریب۔ دھوکا۔ کج بحثی۔ فریب کی دلیل۔ من گھڑت۔ گوز نہ آنا۔ ریح کا رک جانا۔ ہوا بند ہونا۔

باؤ بندی کرنا (اُ۔ محاورہ) دھوکا دینا۔ فریب کرنا۔ داؤں کرنا۔ خیالی پلاؤ پکانا۔
باؤ باندھنا (ہ۔ محاورہ) خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔ منت سماجت کرنا۔
باؤ بھری کھال (ہ۔ اسم مونث) مراد انسان۔ فانی چیز۔ وہ شے جو بہت نازک ہو۔ سڑی سودائی ہونا۔ لڑاک ہونا۔
باؤ بھک۔ یا۔ باد بھک (ہ۔ اسم مذکر) بکواسی۔ واہی تباہی گفتگو کرنے کرنے والا۔ بلبلا۔ حباب بیہودہ۔ لغو۔ فضول۔
باؤ بہنا (ہ۔ فعل) ہوا چلنا۔ روانیِ باد۔
باؤ پر آجانا (ہ۔ محاورہ) مغرور ہونا۔ متکبر بننا۔ دماغ میں ہوا اور غرور بھر جانا
باؤ بڑنگ (ہ۔ اسم مذکر) بڑنگ کا بلی۔ ایک قسم کا بیج جو مرچ سیاہ کے برابر ہوتے ہیں جو دافع ریاح و بلغم ہوتے ہیں اور بچوں کے مسہل کے کام آتے ہیں۔
باؤٹا (ہ۔ اسم مذکر) جھنڈا۔ علم۔ نشان۔ بانہہ میں پہننے کا ایک زیور۔ تشنج۔ اینٹھن۔ فتح گڑھ کی پہاڑی کے قریب ذیل میں ایک جگہ کا نام۔
باؤنا اڑانا (ہ۔ محاورہ) نشان کھڑا کرنا۔ جھنڈا گاڑنا۔ فتح پاکر قبضہ کرنا۔ پھریرا اڑانا۔
باؤنڈی پھرنا (ہ۔ محاورہ) آوارہ پھرنا۔ ڈانواں ڈول پھرنا۔
باوجود (ف) اس پر بھی۔ ہوتے ہوئے بھی۔
باور (ف۔ اسم مذکر) یقین۔ اعتبار۔ بھروسا۔ اعتماد۔
باوجودیکہ: حالانکہ اس بات کے ہوتے ہوئے۔
باورچن (ا۔مو) کھانے پکانے والی عورت۔
باورچی (ف۔ اسم مذکر) کھانا پکانے والا رسوئیا۔ طباخ۔ پکوتا۔
باورچی خانہ (ف۔ اسم مذکر) مطبخ۔ کھانے پکانے کی جگہ۔ رسوئی۔



باورچی خانہ

باورچی گری (مو) کھانے پکانے کا پیشہ۔
باؤ سرنا (ہ۔ فعل) کوڑ آنا۔ ریح نکلنا۔ باد آنا۔ پیٹ کی فاسد ہوا کا خارج ہونا
باؤ سول (ہ۔ اسم مذکر) درد شکم۔ باد گولہ۔ پیٹ کا ریحی درد۔
باؤ کا رخ بتانا (محاورہ) ٹالنا۔ فریب دینا۔
باؤ کھیا (ہ۔ اسم مذکر) ایک دوا کا نام ہے۔
باؤ کے گھوڑے پر سوار ہونا (اُ۔ محاورہ) مغرور ہونا۔ متکبر ہونا۔ جلد بازی کرنا۔ شتاب زدگی کرنا۔
باؤگولا (ہ۔ اسم مذکر) ریح کا گولہ جو تلی میں ہوا بھر جانے سے گولا سا بن کر درد پیدا کرتا ہے عام طور پر یہ مرض عورتوں کو ہوتا ہے۔
باؤلا (ہ۔ اسم مذکر) دیوانہ۔ پاگل۔ سڑی۔ سودائی۔ بوقوف۔ احمق۔ بے عقل
باؤلر (ان) اسم مذکر۔ کرکٹ کے کھیل میں گیند پھینکنے والا کھلاڑی۔
باؤلی (ہ۔ اسم مونث) بڑا لمبا چوڑا کنواں جس میں پانی بھرنے کی خاطر سیڑھیاں لگی ہوتی ہیں۔ بآمیں۔ وہ چیز جس سے پرندوں اور جانوروں کو شکار پکڑنا سکھاتے ہیں۔ سودائن۔ پگلی۔ دیوانی۔ سرن۔ فریب دھوکا۔ چالاکی جرأت:
باؤلی دینا (اُ۔ محاورہ) دلیری دینا۔ بھڑکی دینا۔ شکاری پرندے پر کسی دوسرے پرند کو چھوڑ کر تیز اور دلیر کرنا۔
باون (ہ) اسم عدد۔ پچاس اور دو۔ ۵۲۔ 52؛ ساٹھ سے آٹھ کم۔
باون بیر (ہ۔ اسم مذکر) باون بہادر۔ فسادی۔ فتنہ انگیز۔ فطرتی۔
باون تولے پاورتی (اُ۔ محاورہ) موسموں اور کیمیاگروں کی اصطلاح ہے پورے کا پورا۔ نچنسہ۔ ٹھیک۔ درست نہایت۔ عمدہ۔
باون گزکا (اُ۔ اسم صفت) لمبا۔ طویل۔ دراز قد۔ فسادی۔ شریر۔ فتنہ انگیز
باہ (ع۔ اسم مونث) قوت جماع۔ قوت مردی۔
باہ (ہ۔ اسم مونث) تعلق۔ واسطہ۔ معاملہ۔ کام۔ زمینداروں کا کھیت کو باہنا کھیت میں ہل چلانا۔
باہ پڑنا یا پڑنا (ہ۔ فعل) معاملہ پڑنا۔ تعلق ہونا کام پڑنا۔
باہر (ہ۔ تابع فعل) اندر کے خلاف۔ بیرون خارج۔ علیحدہ۔ جدا۔ پاخانہ۔ پردیس میں۔ سفر میں (ندا میں) نکل۔ پرے ہو۔ پرے ہٹ۔
باہر باہر (ہ) ندا۔ باہر کی تاکید۔ پرے پرے۔ دور دور چل۔ دور رہو۔ ہٹ سامنے سے ہٹ ہٹ۔ چل چل۔
باہر بھیتر جانا / **باہر جانا** (اُ۔ محاورہ) سیر تماشے کے لیے جانا۔ سفر کو جانا۔ جنگل جانا۔ ٹٹی جانا پاخانہ کرنے جانا۔ حد سے گزرنا۔ احاطہ سے نکل جانا۔
باہر کا (ہ۔ اسم مذکر) اجنبی۔ غیر جگہ کا۔ اوپرا۔ گنوار دیہاتی۔ جنگلی۔
باہر کرنا (ہ۔ فعل) نکالنا۔ رخنکارنا۔ خارج کرنا۔ شراکت۔ ورثہ برادری سے نکال دینا۔ طلاق دینا۔ چھوڑنا۔ عاق کرنا۔
باہر کی پھرنے والی (ہ۔ اسم مونث) بے پردہ عورت۔ نوکرانی۔ ملازمہ۔ وہ عورت جو چادر لے کر بازار سے سودا سلف کے لیے نکلے۔
باہر میاں ہفت ہزاری گھر میں بیوی کو موں ماری (اُ۔ محاورہ) حد سے بڑھ کر نمود اور شیخی بگھارنے والے کو طنزاً کہا کرتے ہیں۔ باہر تو میاں نواب صاحب بنے پھرتے ہیں۔ گھر میں بیوی اپنی قسمت اور میاں کی جان کو روتی ہے۔
باہر والا (ہ۔ اسم مذکر) چوہڑا۔ خاکروب۔ بھنگی۔ مہتر۔ حلال خور۔
باہر ہونا (ہ۔ فعل) نکل جانا۔ خارج ہونا چلے جانا۔ شراکت وغیرہ سے علیحدہ ہونا۔
باہم (ف۔ تابع فعل) آپس میں۔ مل جل کر۔ ایک دوسرے کے ساتھ۔ بالاتفاق

درپردہ۔ چپ چپاتے۔ پوشیدہ طور پر۔

باہن (ہ۔ اسم مذکر) دیوتاؤں کی سواری کا گھوڑا۔ گاڑی۔ رتھ وغیرہ (پورب) ایک گاڑی کے پہیوں کا نشان (عام) باہی ہوئی زمین۔ جوتی ہوئی دھرتی۔ ہل کی لکیریں جنھیں ہرائی کہتے ہیں۔

باہنا۔ یا۔ بانا (ہ۔ فعل) ہل چلانا۔ ہل جوت کر زمین پھاڑنا۔ محنت کرنا۔ منہ پھیلانا۔ جیسے منہ بانا۔ کھولنا۔ پھاڑنا۔ گھسانا۔ باڑنا۔ داخل کرنا۔ بالوں میں کنگھی کرنا۔ درپے ہونا۔ متواتر بدسلوکی کرنا۔

بائی (ہ۔ اسم مونث) مہارانی۔ رانی۔ بیگم۔ لیڈی۔ بہن۔ بوا۔ ہمشیرہ۔ بڑی گویا عورت۔ مالکہ۔ گوز۔ زنبح۔ تشنیج۔ اینٹھن۔ باؤنا۔ سرسام۔ ورم دماغ۔

بایاں (ہ۔ اسم مذکر صفت) چپ۔ راست کی ضد۔ الٹا ہاتھ۔ یسار۔ جانب چپ۔ دوسرے درجے کا مصاحب۔ بائیں ہاتھ کی طرف کا طبلہ۔ ڈگی جسے فارسی والے بم کہتے ہیں زیر کے خلاف:

بایاں پاؤں پوجنا (اُر۔ محاورہ) کسی کے کمال کا اقرار کرنا۔ مسلم الثبوت اُستاد
بایاں قدم لینا ماننا۔ کسی کو کامل فن سمجھ کر اس کی تعظیم کرنا۔ تسلیم کرنا
با (آنا۔ ہارماننا۔ شرارت اور بدذوقی کا قائل ہونا۔

بائب یا بایب (س۔ اسم مذکر) شمال مغرب کا کونہ۔ نشانہ چوکنا۔ سرکنا۔ علیحدہ ہونا۔ دیگر۔ اور۔ علاوہ۔

بائیبل (انگ۔ امو) عیسائیوں کی آسمانی کتاب۔ انجیل۔ Bible.

بائی لا (انگ۔ مو) قانون کی رو سے By Law

بایدوشاید (ف۔ تابع فعل) جیسا چاہیے جیسا مناسب ہے جس طرح چاہیے۔

بائیس (ہ) اسم عدد۔ بیس اور دو۔ بیس سے آٹھ کم۔ بست و دو۔ ۲۲۔ 22

بائیسی (ہ۔ اسم مونث) بائیس ضلعوں کی فوج والا جلوس۔ جو شاہان مغلیہ کا دستور تھا) بائیس سو آدمیوں کا سردار۔ امیر۔ جتھا۔ پنچایت زیر تحقیق جماعت۔

بائیسی ٹوٹنا (ہ) فعل۔ تمام فوج کا گلہ کرنا۔ اپنا سارا زور لگانا۔ درجہ ٹوٹنا۔

بائیسکل (Bicycle. انگ۔ امو) دو پہیوں کی گاڑی جو پاؤں سے چلتی ہے۔

بائیکاٹ (Boycott. انگ۔ اسم مذکر) مقاطعہ قطع تعلق خود کسی کام کو چھوڑ دینا۔ ایک شخص کا نام جس نے مقاطعہ کیا تھا۔

بائع (ع۔ اسم مذکر) فاعل از بیع۔ فروخت کرنے والا بیچنے والا۔ بیع کر۔

بائیں بولنا (ہ۔ محاورہ) چوروں کی اصطلاح ہے اچھا شگون لینا۔ کام بننا گھالی لگنی۔ مال ہاتھ آنا۔

بائیں بائیں کرنا (ہ۔ محاورہ) بکواس کرنا بے ہودہ بکنا۔ غل مچانا۔ شور کرنا۔

بائیں ہاتھ کا داؤں۔ بائیں ہاتھ کا کھیل۔ بائیں ہاتھ کا کرتب (اُر۔ محاورہ) بہت آسان کام ہے نہایت سہل ہے بالکل معمولی بات ہے۔ سرسری طور پر کر لینے کے قابل ہے۔

بائلر (Boiler۔ انگ۔ مذ) انجن کا وہ حصہ جس میں پانی گرم ہو کر کھولتا ہے اور اس میں سے بھاپ باہر نکلتی ہے۔

بایوگرفی (انگ۔ اسم مذکر) سوانح عمری۔ تذکرہ۔ (Biography)

بائیں ہمہ (ف) ان سب چیزوں کے ہوتے ہوئے۔ چیزوں کے باوجود۔

ب ـ ب

بباد (ہ۔ اسم مونث) بحث۔ تکرار۔ جھگڑا۔ فساد۔ تنازع۔ مقدمہ:

بَباد (ف۔ تابع فعل) برباد کا مخفف ہے۔ تباہ خراب۔ تباہی۔ بربادی۔

بباد دینا (اُر۔ محاورہ) برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔ مٹا دینا۔ خراب کر ڈالنا۔

بباد اٹھانا (اُر۔ محاورہ) جھگڑا اٹھانا۔ لڑانا۔ مقدمہ کرنا۔ فساد ڈالنا۔ بکھیڑا کرنا۔

ببادی (ہ۔ اسم مذکر فاعل مفید صفت) جھگڑالو۔ فسادی۔ مقدمہ باز۔ بکھیڑیا۔ بدی

ببر (ع۔ اسم مذکر) کہری شیر۔ ایک قسم کا نہایت تند و غضبناک شیر جس کی گردن پر گھوڑے کی طرح بال ہوتے ہیں۔ اور افریقہ کے جنگلوں میں پایا جاتا ہے۔

ببر

بَبّر (اُر۔ وہ شخص جو گھوڑوں اور اونٹوں کے بال کاٹتا ہے۔

بَبّرا (اُر۔ اسم مذکر) مگسی کبوتر۔ ایک نیلے رنگ کا کبوتر جس کے بازوؤں پر کالی کالی چتیاں ہوتی ہیں۔

بَبّری (اُر۔ اسم مونث) کاکل۔ پیشانی کے وہ بال جو عورتیں چھوٹے کر کے خوبصورتی کے واسطے ماتھے پر چھوڑ لیتی ہیں۔ ایال کے تراشے ہوئے بال۔ طرہ چھوٹی ہوئی لٹ۔ مگسی کبوتری۔

بَبریاں چھوڑنا (ہ) زلفیں چھوڑنا۔ لٹیں چھوڑنا۔

ببوا (ہ۔ مذ) بابو کی تصغیر۔ مٹی کا پتلا۔ کھلونا۔ خوبصورت بچہ۔ بھولا بچہ۔

ببول (ہ۔ اسم مذکر) کیکر کا درخت۔ مغیلاں۔ ایک خاردار درخت:

ببولا (ہ۔ اسم مذکر) بگولا۔ گرد باد۔ خلا پانے سے ہوا کا چکر کر بلند ہونا۔

ببول کا گوند (ہ۔ اسم مذکر) صمغ عربی۔ کیکر کا گوند۔

برق (خاک آلودہ جو گردش کو سراپا اٹھا دور سے لوگ یہ سمجھے کہ ببولا اٹھا۔

ببول کا گوند (ہ۔ فعل) کیکر کے درخت لگانا۔ مجازاً ایسے کام کرنا جن کے رستے میں کانٹے بونا۔

بَبّی (ہ۔ اسم مونث) بوسہ۔ چوما۔ چومی۔ پیار۔ مٹھا۔

بتبئی (ہ۔ اسم مونث) ایک قسم کی مینا ہوتی ہے جو درختوں کی کھوکھ میں گھر بنا کر رہتی ہے۔ ایک قسم کی خوشبودار گھاس۔

بتیا (اُر۔ اسم مونث) بی بی کی تصغیر۔ تاش کی ملکہ۔

بتیانہ (اسم صفت) زنانہ۔ صرف عورتوں کے استعمال کی چیزیں۔

بتیس (ہ۔ اسم مونث) بواسیر۔ اغلام کرانے کی عادت۔ خواہ مخواہ کی خواہش۔

بتیسا (ہ۔ اسم مذکر) بواسیر والا۔ وہ شخص جس کو بواسیر کی بیماری ہو۔ وہ شخص جسے اغلام کرانے کی عادت ہو۔

ب ـ پ

بپا (ف۔ تابع فعل) (اصل میں برپا) قائم۔ برپا۔ کھڑا۔ منعقد۔

بپا ہونا (اُر۔ فعل) کھڑا ہونا۔ اٹھنا۔ قائم ہونا۔

بپت یا بپتا (ہ۔ اسم مونث) دکھ۔ مصیبت۔ ملا۔ ناگہانی۔ آفت۔ صدمہ۔ درد۔ آفت:

بپتا پڑنا (ہ۔ فعل) مصیبت پڑنا۔ آفت نازل ہونا۔ بلائیں پھٹنا۔

بپتسمہ (انگ، اسم مذکر) پانی چھڑکنا۔ پانی میں غوطہ دینا۔ اصطباغ۔ عیسائی مذہب کی ایک رسم ادا کرنا۔ عیسائی بنانا۔

بپتس (ع۔ اسم مونث) وراثت۔ ترکہ۔ ورثہ۔ موروثی مال۔

بپھارا (ع۔ اسم مذکر) بخارات دینا۔ بھاپ۔

بپھرنا (ع۔ فعل) پھر جانا۔ سرکشی کرنا۔ باغی ہونا۔ ضد کرنا۔ مچلنا۔ قابو سے باہر ہونا شیر کا غضبناک ہونا۔ جوش میں آنا۔ جانور کا بدکنا۔ چمکنا۔ لڑنے کو تیار ہو جانا بغاوت کرنا۔ ستانا۔ بگھرنا۔

ب ۔ ت

بت (ع۔ اسم مذکر) طاقت۔ بساط۔ حیثیت۔ بل قدرت۔ حوصلہ۔ دولت۔ مال۔ شان و شوکت۔ حمر قد۔

بُت (ف۔ اسم مذکر) مورتی۔ مورت۔ پتلا۔ صنم۔ لعبت۔ پتھر یا پیتل وغیرہ کی مورت جس کی پرستش کریں۔

بُت

معشوق
محبوب
گم صم
مدہوش
خاموش
گونگا
احمق بیوقوف

مکا۔ گھونسا ڈک۔ جواریوں کا کوڑیاں لڑھکانے کا تختہ مٹی کا چراغ دان جسے تارکش اپنے کندھوں پر رکھ کر اس کی روشنی میں کام کرتے ہیں۔

بُتا (ف۔ مذ) اے بُت معشوق سے خطاب۔

بتا (ع۔ اسم مذکر) فریب۔ دھوکا۔ دھونس۔ جھانسا۔ چھل۔ حیلہ۔ بہانہ۔

بتا (ع۔ اسم مذکر) فاصلہ گیتا۔ بالشت۔

بتاس (ع۔ اسم مونث، پورب) ہوا۔ باؤ۔ باد۔

بتاسا (ع۔ اسم مذکر) بلبلہ۔ حباب ایک قسم کی مشہور مٹھائی جو بناتے وقت ہوا بھر کر بلبلے کی طرح پھول جاتی ہے۔ آتشبازی کا نہایت چھوٹا انار۔

بتاشا (ع۔ اسم مذکر) فریب۔ دھوکا۔ دھونس۔ جھانسا۔ چھل۔ حیلہ۔ بہانہ۔

بُت بننا یا بُت ہونا (اُ۔ فعل) چپ ہونا۔ گنگ ہونا۔ خاموش ہونا۔ صم بکم ہونا

بُت پرست (ف۔ اسم مذکر، اسم فاعل ترکیبی) مورتی پوجنے والا۔ بتوں کی پرستش کرنے والا۔

بُت تراش (ف۔ اسم مذکر، اسم فاعل ترکیبی) بت گر۔ بت بنانے والا۔ مورتی بنانے والا

بُت خانہ یا بُت کدہ (اسم مذکر ظرف) بت رکھنے کی جگہ۔ مندر۔ شوالہ۔ شیودوارہ۔

بتا دینا (ع۔ فعل) دھوکا دینا۔ جھانسا دینا۔ دم دینا۔ فریب دینا۔ حیلے بنانا۔

بتا دینا (ع۔ فعل) کہنا۔ جتلانا۔ دکھا دینا۔ بھانڈا پھوڑنا۔ مظاہر کرنا۔

بتاشے کا قفل (اُ۔ اسم مذکر) چھوٹا سا تالا۔ چھوٹا سا قفل۔ گول قفل

بتاشے کی طرح بیٹھ جانا (اُ۔ محاورہ) یکایک نہایت کمزور ہو جانا۔ تھوڑی سی بیماری میں بہت کمزور اور لاغر ہو جانا۔ تھوڑی سی تکلیف میں گھل جانا۔

بتانا (ع۔ فعل) جتلانا۔ واقف کرنا۔ دکھلانا۔ ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ اشارہ کرنا۔ سمجھانا۔ ٹھیک بنانا۔ مارنا۔ پیٹنا۔ درست کرنا۔ سکھانا۔ پڑھانا۔ تعلیم دینا ناپنے میں ہاتھ پاؤں ابرو وغیرہ کے اشارے سے پتا دینا یعنی بھاؤ بتانا کہنا۔ نام لینا۔ نام ظاہر کرنا۔ کام دینا۔ کام سپرد لگانا۔

بُتام (ند) بٹن۔ بیڑا۔

بتانا (ع۔ اسم مذکر) چوڑی کا ڈول۔ چوڑی کا میانہ۔ وہ لوہے کا کڑا جو ستھاری کے پاس ماپنے کا اندازہ دیکھنے کے لیے بھیجتے ہیں۔ سونے چاندی کی چوڑی جو عورتیں کانچ کی چوڑیوں کے بیچ میں پہنتی ہیں۔ پورب کے ایک زیور کا نام بھی ہے۔ (مجازاً) امداد۔ گھوڑے کی نبض۔

بتانا (ع۔) نباہ کرنا۔ بسر کرنا۔

بتاؤں (ع۔ فعل) (فعل مضارع از بتانا) کہوں۔ سمجھاؤں (غصہ کے وقت لہجہ بدل کر) ماروں؟ ٹھیک بناؤں؟ ٹھوکوں مزہ چکھاؤں؟ (بحالت اسم) پنجابی بینگن۔ بادنجان۔

بَت بنا (ع۔ اسم مذکر) جھوٹی باتیں گھڑنے والا۔ باتونی۔ لسان۔ چرب زبان۔ باتیں بنانے والا۔

بَتّر (ف۔ اسم صفت) بدتر کا مخفف۔ نہایت خراب۔ نہایت برا۔ نکما۔ ناقص۔

بُترا (ع۔ اسم مذکر، صفت) کند۔ کُنڈا۔ کھوٹا۔ کُنڈی دھار والا ہتھیار:

بترانا (ع۔ فعل) بگھرنا۔ پریشان ہونا۔ پراگندہ ہونا۔ عیب لگانا۔ آنکھیں پھاڑ کر دیکھنا۔

بتراضی طرفین (مذ۔ ب) تراضی طرفین۔ دونوں فریق کی رضامندی سے۔

بتکڑ (ع۔ اسم مذکر) ذرا سی بات کو بڑی بنا لینا۔ رائی کا پربت یا پرکا کاگ بنانا۔

بتلانا (ع۔ فعل) سمجھانا۔ سمجھانا۔ دیکھو بتانا۔

بتنگ (اُ۔ اسم صفت) عاجز۔ مجبور۔ لاچار۔ عام لوگ تنگ کی جگہ بولتے ہیں۔

بتنگڑ (ع۔ اسم مذکر) مبالغہ کرنا۔ بات کو بہت ہی زیادہ بڑھا لینا

بتول (ع۔ اسم مونث) لغوی معنی کنواری تارک۔ اصطلاح میں حضرت فاطمہؓ سے مراد ہے کیونکہ آپ تارک الدنیا تھیں۔ اسی وجہ سے اس لقب سے ملقب ہوئیں۔

بتولا (ع۔ اسم مذکر) دھوکا۔ فریب۔ جھانسا۔ دم۔ مکر۔ حیلہ۔ بہانہ۔ ہنسی کی بات بتانا۔ بتانا دینا کے ساتھ۔

بتولے بنانا (ع۔ محاورہ) دھوکا دینا۔ فریب کی باتیں کرنا۔ سخن سازی کرنا۔

بتھ (ع۔ اسم مونث) درز۔ دراڑ۔ فاصلہ۔ فرق۔

بتھا (ع۔ اسم مونث) مصیبت۔ دکھ۔ تکلیف۔ آفت۔ سرگزشت۔ سرگذشت۔ بیان مصائب و واقعات غم۔

بتمامہ (ع۔) سب کا سب۔ کل کا کل۔

بتوڑی (ع۔ مو) ہوا۔ وہ دم جو سخت ہو کر لگ آئے۔

بتھوا (ع۔ اسم مذکر) ایک قسم کا دست آور ساگ جو گیہوں کے کھیت میں اُگ آتا ہے۔

بتی (ع۔ اسم مونث) لڑکوں کا ایک کھیل ہے۔

بتی (ع۔ اسم مونث) فتیلہ۔ روئی یا سوت وغیرہ کی ڈوری۔ جو چراغ یا لیمپ کے تیل میں رکھ کر جلاتے ہیں۔ یا مرہم لگا کر زخم میں رکھتے ہیں۔ موم یا چربی کی سمع۔ شافہ یعنی دوا وغیرہ کی شاف۔ پگڑی کا باریک بٹا ہوا پیچ۔ چھپر یا کھپریل میں آڑی باندھی ہوئی سرکنڈوں یا بانس کی گڈی۔ لاکھ۔ اگر صندل یا بارود وغیرہ کا فتیلہ شتابہ حیوانات کی ہڈی کا ادھر ادھر کا گوشت میل کی مروڑی۔ دیا سلائی کی تیلی۔

بتّی جلانا (ع۔ فعل) چراغ روشن کرنا۔ چراغ جلانا۔ روشنی کرنا۔
بتی چڑھانا (ع۔ فعل) فانوس یا کنول وغیرہ میں موم بتی رکھنا۔ دوائی کی بتی زخم میں داخل کرنا۔ بتی کو اوپر سرکانا۔
بتی دکھانا / بتی لگانا (ع۔ فعل) آگ دینا۔ آگ لگانا۔ روشنی کرنا۔ بندوق اور توپ کو آگ دینا۔ توپ داغنا۔ بندوق چھوڑنا۔
بتی دینا (ع۔ فعل) آگ دینا۔ داغنا۔ زخم میں دوائی کی بتی رکھنا۔
بتیا (ع۔ اسم مذکر) ہرا اور کچا پھل، لمبا بینگن اڑو کے خلاف۔ بتاؤں۔
بتیت (ع۔ فعل) گزر جانا۔ بیتنا۔ ختم ہو جانا۔
بتیس (ع) اسم عدد۔ تیس اور دو۔ ۳۲۔ 32۔
بتیس ابرن۔ یا بتیس ابھرن (ع۔ اسم مذکر) بتیس زیور۔ بتیس گہنے۔ پورے سنگار اور کثرت زیور کے وقت بولتے ہیں۔
بتیس دانتوں کی بھکیا / بتیس دانتوں کی بھاکا (ع۔ محاورہ) آدمی کا کہا۔ آدمی کے منہ کی بات۔ آدمی کا کوسنا۔ مظلوم کی بددعا۔
بتیس دانتوں میں زبان (اُر۔ محاورہ) چاروں طرف دشمنوں سے گھرا ہوا۔ سب طرف سے پھنسا ہوا ہے دشمنوں کے نرغے میں۔
بتیس دھار / بتیس دھائیں (ع۔ اسم مونث) ماں کا دودھ جو روزمرہ بچوں کے پینے میں آتا ہے اور ہر شخص بچپن میں پیتا ہے۔
بتیس دھار ہو کر نکلنا (ع۔ محاورہ) بددعا ہے۔ بتیس زخموں کے رستے ہو کر نکلنا۔ چھوٹ چھوٹ کر نکلنا۔
بتیسا (ع۔ اسم مذکر) بتیس دوائیوں کا حلوا جو کمر کی مضبوطی کے لیے عورتیں کھاتی ہیں۔ بتیس دواؤں کا مصالحہ جو گھوڑی کو بچہ جننے کے بعد دیتے ہیں سوہن حلوے کی قسم کی ایک مٹھائی جو پنجاب میں بنتی ہے۔ پتیسا
بتیسی (ع۔ اسم مونث) سلک دندان۔ آدمی کے دانتوں کی دونوں باڑیں۔ اوپر اور نیچے کے جبڑوں کے بتیس دانتوں کی دونوں لڑیاں۔
بتیسی بجنا (ع۔ فعل) سردی کے سبب دانت بجنا۔ ٹھٹھرنا۔ کپکپانا۔ تھرانا۔
بتیسی بند ہونا (ع۔ فعل) دانتوں کے دونوں جبڑوں کا غشی یا خوف سے مل کر جکڑا جانا۔
بتیسی دکھانا (ع۔ محاورہ) بے ہودہ ہنسنا۔ دانت دکھانا۔ چڑانا۔ مخول کرنا۔ عاجز ہونا۔ انکساری کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔ مذاق اڑانا۔

ب ـ ٹ

بٹ (ع۔ اسم مذکر) ٹکڑا۔ حصہ۔ تقسیم شدہ۔ چیزیں تولنے کے اوزان۔
بٹ (ع۔ اسم مونث) گردن یا پیٹ کی سلوٹیں جو موٹاپے کے سبب پڑیں۔
بٹا (ع۔ اسم مذکر) راہ۔ پگ۔ ڈنڈی۔ بٹیا۔ چوٹ لگ جانے کی سوجن۔ ورم اور جھڑی کا موٹا گوشت۔ جس میں تار نہیں ہوتے۔ کشمیریوں کی ایک ذات کا نام۔
بٹا (ع۔ اسم مذکر) ورنہ۔ تولنے کا وزن۔ کٹوتی۔ کمی۔ گھاٹا۔ فرق جیسے اس میں اور اس میں بہت بٹا ہے۔ نقص۔ کھوٹ۔ دھبا۔ مصالحہ پیسنے کا پتھر سنگ سلاباہ۔ زیور رکھنے کا ڈبہ۔ گول آئینہ۔ مداریوں کے تماشا کرنے کے گولے۔ فضا کا گولا جو فصد کرتے وقت وہ ہاتھ میں پھراتے ہیں۔ ارباب نشاط کا انعام۔ ان معنوں میں لفظ بیل کے ساتھ مخصوص ہے یعنی بیل بٹا بولتے ہیں پیتل کی چھوٹی سی لٹیا۔
بٹاباز (ع۔ اسم مذکر) شعبدہ باز۔ بازی گر۔ ٹھگ۔ عیار۔ مکار (بٹے باز زیادہ بولتے ہیں)
بٹا ڈھال (ع۔ اسم صفت) اردو میں ڈھال مشہور معنوں کے علاوہ حرف تشبیہ بھی ہے یہاں بھی کام دیتا ہے یعنی مثل بٹا۔ برباد۔ ہموار۔ برابر سپاٹ۔
بٹا لگانا (ع۔ محاورہ) کٹوتی کاٹنا۔ کمی پوری کرنا۔ عیب لگانا۔ دھبا لگانا۔
بٹا لگنا (اُر۔ محاورہ) عیب لگنا۔ الزام آجانا۔ دھبا لگ جانا۔
بٹار کھنا (ع) لڑکی کو کنوارا رکھنا۔ شادی کے بعد سسرال نہ بھیجنا۔ بے کار رکھنا۔ زبردستی نہ جانے دینا۔
بٹالین Battalion انگ۔ (اسم مذ) پلٹن۔ فوج کا ایک حصہ۔
بٹانا (ع۔ فعل) بکھیرنا۔ دور کرنا۔ ہٹانا۔ بدلنا۔ عوض دینا۔ توجہ کو ادھر اُدھر کرنا۔
بٹاؤ (ع۔ اسم مذکر) راہ گیر۔ مسافر۔ غیر۔ دوسرا۔ اجنبی۔
بٹائی (ع۔ اسم مونث) تقسیم۔ ٹھوارا۔ زمین کی پیداوار میں سے کاشتکار سے حق مالکانہ لینا۔ غلہ تیار کرنے کا موسم۔ کھیت اٹھانے کا زمانہ۔ بٹنے کی اُجرت۔
بٹلوئی (ع۔ اسم مونث) دال وغیرہ پکانے کا پتیل کا برتن۔ دیگچا دیگچی۔
بٹ مار (ع۔ اسم مذکر) راہزن۔ ڈاکو۔ قزاق۔ راستہ لوٹنے والا۔
بٹن Button انگ۔ اسم مذکر) بوتام۔ سیپ۔ سینگ وغیرہ چپٹے اور گول ٹکے۔ گھنڈیاں۔
بٹنا (ع۔ اسم مذکر) اُبٹنا جسم کی میل کچیل صاف کرنیکا مصالحہ جسم کی رنگت نکھارنے کا مصالحہ۔ غازہ جو دلھن کے چہرے اور جسم پر ملا جاتا ہے۔
بٹنا (ع۔ فعل) بل دینا۔ اینٹھنا۔ لپیٹنا۔ حاصل کرنا۔ وصول کرنا۔ کمانا۔ کھٹنا۔ باہم تقسیم ہونا۔ حصے بخرے ہونا۔ خیال وغیرہ کا ادھر ہٹ جانا۔
بٹنگ (ع۔ اسم مونث) کشمیری ناشپاتی۔ ایک میوہ کا نام ہے۔
بٹنی (ع۔ اسم مونث) سہ پستان عورتوں کی چھاتیوں کا منہ جس سے بچہ دودھ پیتا ہے۔ بٹنا۔ (ع۔ مو) پیاری بیٹی کو کہتے ہیں۔

بٹوا

بٹوا (ع۔ اسم مذکر) پیسے ٹکے رکھنے یا چھالیہ الائچی وغیرہ کے لیے چھوٹا سا
بٹوار (ع) چننگ لینے والا۔ اگاہی وصول کرنے والا۔ آمدنی وصول کرنے والا۔ محصول اکٹھا کرنے والا۔ کیسہ۔ پاکٹ بیگ پرس۔
بٹوارا (ع۔ اسم مذکر) تقسیم۔ اپنا اپنا حصہ علیحدہ کرنا۔ بانٹنا۔
بٹوا ساقد (ع۔ اسم مذکر) مکنا ساقد۔ بوٹا سا قد۔ چھوٹا اور گول قد۔
بٹوا سا مُنہ (ع۔ اسم مذکر) چھوٹا سا گول منہ۔ غنچہ دہن۔ پیاری شکل۔ خوبصورت منہ۔ بکھٹا
بٹورن (ع۔ اسم مونث) کوڑا کرکٹ۔ بچی کھچی چیز۔ پیداوار کی فراہمی۔ اناج کی جمع آوری۔
بٹورنا (ع۔ فعل) جمع کرنا۔ فراہم کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ چننا۔ سمیٹنا۔
بٹورا (ع۔ اسم مذکر) سوکھے پتوں کا مینار نما ڈھیر جس میں اپلے رکھ کر چاروں طرف سے گوبر سے لیپ دیتے ہیں اور اوپر پھوس وغیرہ لگا دیتے ہیں۔ بھوڑا
بٹوئیا (ع۔ اسم مذکر) راہ گیر مسافر۔ قاسم۔ تقسیم کنندہ۔

بٹوانا (ف۔ فعل) تقسیم کرانا۔ علیحدہ علیحدہ کرانا۔ کھٹوانا۔ وصول کرانا۔ کمائی کرانا۔
بٹھانا۔ بٹھلانا (ف۔ فعل) قایم کرنا۔ کھڑا کرنے کے خلاف۔ جمانا۔ جڑنا۔ ملانا۔ جگہ پر لگانا۔ کسی جانور سے انڈے سیوانا۔ جانور کو انڈوں پر گرمی پہنچانے کے لیے چھوڑ دینا۔ گدی دینا تخت نشین کرنا۔ سکارنا۔ بمعنی بیٹھے کو پاؤں پر بٹھا کر یا خانہ کرانا۔ ڈالنا۔ داخل کرنا۔ مثلاً کسی عورت کو گھر میں بٹھانا۔ مقرر کرنا۔ جیسے پہرہ بٹھانا۔ تباہ کرنا۔ جیسے وہ تو اب بالکل بٹھیہ گئے۔ مضمحل کرنا جیسے غم نے بٹھا دیا۔ مدرسہ یا مکتب میں داخل کرنا۔ مشق اور مہارت سے کمال پیدا کرنا۔ جیسے ہاتھ بٹھا لو۔ شادی نہ کرنا۔ جیسے جوان بیٹی کو بٹھا رکھنا۔ پارے وغیرہ کو سخت کرنا۔ آنکھ وغیرہ کو اندر دھسا دینا۔ سینہ کا مکانات کو گرانا۔ پانی کا کسی کو غرق کرنا۔ حساب وغیرہ پھیلانا۔ اتارنا۔ رواں کرنا پختہ کرنا۔

بٹھور (ف۔ اسم مونث) چولھے کی جلی ہوئی لال مٹی؛

بٹئی (ف۔ اسم مونث) کلابتوں بٹنے کا کام؛

بٹیا (ف۔ اسم مذکر) کلابتوں بٹنے والا۔ سوت موٹج یا سن بٹنے والا۔

بٹیا۔ (ف۔ اسم مونث) چھوٹی پتھری۔ سنگریزہ۔ جو اکثر دریا کے پانی کے ساتھ بہتا ہوا گڑ کھا کر گول مول سا ہو جاتا ہے چھوٹا بٹ۔ لیک۔ بگ ڈنڈی کھیتوں کے بیچ کا راستہ۔ ناریل کی گری۔ کھوپرے کا گولا۔

بٹیا۔ (ف۔ اسم مونث) بیٹی کی تصغیر۔ چھوٹی سی لڑکی۔ دخترک۔ صبیہ؛

بٹیاں (ف۔ اسم مونث) ابھری ہوئی چھاتیاں نو عمر عورت کی چھاتیاں۔

بٹیر (ف۔ اسم مونث) ایک چھوٹا سا پرندہ؛

بٹیر

بٹیر باز (ف۔ اسم مذکر) بٹیر پالنے اور لڑانے والا؛

بٹیر پالنا (فضول کام ذمہ لینا۔

بٹیر کا بہ جانا (از محاورہ) بٹیر کا لاغر اور دبلا ہونا۔ بوجہ دانہ نہ ملنے کے؛

بٹیر کا جگانا (از محاورہ) رات کو بٹیر کے کان میں آواز پھرنا۔

بٹیری (ف۔ اسم مونث) ہندوؤں کی ایک رسم ہے۔ دولھن والوں کی طرف سے دولھا کو کپڑے اور نقدی ملنا۔

بٹیریں لڑانا؛ (اصلی معنوں کے علاوہ) فساد ڈالنا۔

بٹے کھاتے (ف۔ تابع فعل) غیر وصولی مد۔ وصول نہ ہونے والی رقوم کا کھاتہ ناقابل وصول رقم کا حساب؛ بے توجہی کی جگہ جیسے میری درخواست تو بٹے کھاتے میں

ب - ج

بجا (ف۔ اسم صفت) اندرست۔ ٹھیک۔ صحیح۔ مناسب۔ جائز۔ برمحل۔ برموقع۔ جگہ پر۔ ٹھکانے پر۔ طنزاً۔ اس کے برخلاف نہیں؛ نامناسب۔ ناجائز۔ غیر موقع۔ غیر موزوں۔ بالکل غلط۔

بُجا (ف۔ اسم مذکر) کپڑے کی چھوٹی سی گدی۔ مٹھا سوسلا۔ گھاس پھونس کا لپٹا ہوا مٹھا۔ جوڑی؛ ریکاب۔

بجاآوری (ف۔ اسم مونث) تعمیل حکم۔ کہنا ماننا۔ اجرائے کار۔ کام انجام دینا۔

بجار (ف۔ اسم مذکر) سانڈ۔ بیج کا بیل جو گایوں کے لیے رکھ چھوڑتے ہیں۔ کسی مرد کے نام پر داغ دے کر چھوڑا ہوا بیل۔ زبردست آدمی۔ زور آور قد آور۔ موٹا تازہ؛

بجالانا (ف۔ فعل) تعمیل حکم کرنا۔ انجام دینا۔ کہنے کے موافق کرنا۔

بجانا (ف۔ فعل) باجے کی آواز نکالنا۔ روپیہ ٹھنکارنا۔ مارنا۔ پیٹنا ٹائر کرنا۔ داغنا۔ جیسی گولا بجانا۔ تعمیل حکم کرنا۔

بجائے (ف۔ تابع فعل) قائم مقام۔ بالعوض جگہ پر۔ بدلے میں۔

بجبجانا (ف۔ فعل) کسی چیز میں سڑ کر بلبلے اٹھنا۔ ابس کر کیڑوں کا چل دینا۔

بجٹ Budget (ون) اسم مذکر۔ اندازہ۔ فرد حساب ملکی جمع خرچ کا حساب۔

بجد ہونا (از فعل) ضد کرنا۔ کوشش کرنا۔ جدوجہد کرنا۔ اڑنا۔ سر ہونا۔ اصرار کرنا۔

بجر یا بجر (ف۔ اسم مذکر) لغوی معنی۔ پتھر۔ مجازاً سخت اور بھاری۔ بوجھل۔ کڑا۔ کٹھن مشکل۔ دشوار۔ دقت طلب سست کاہل وجود۔

بجرا (ون) اسم مذکر۔ ایک قسم کی نہایت خوشنما اور گول امیروں کے سیر کرنے کی کشتی؛

بجر بٹو (ف) ایک قسم کا کالے رنگ کا پھل۔ جس سے ہندو مالا بناتے ہیں اور ریچھ نچانے والے اس سے ریچھ کے بال پرو کر نظر وغیرہ کے دفعیہ کے لیے بچوں کے گلے میں ڈالتے ہیں۔ ایک قسم کا کھلونا؛

بجری (ف۔ اسم مونث) کنکر۔ لال کنکر ملی مٹی چھوٹے چھوٹے اولے۔ باریک ژالہ۔

بجز (ف) حرف۔ استثنا۔ سوائے۔ بن۔ بدوں علاوہ۔ بغیر۔

بجلی (ف۔ اسم مونث) برق۔ صاعقہ۔ وہ چمک جو بادلوں کی رگڑ سے پیدا ہوتی ہے رعد۔ دامنی۔ آم کی گری۔ آم کی گٹھلی کا مغز (حالت صفت میں) چالاک پھرتیلا۔ طرار تر تریا۔ نہایت تیز مزاج والا۔ برقی توانائی۔

بجلی بسنت (ف۔ اسم صفت مونث) بسنت ہندی میں آگ کو کہتے ہیں۔ پس لغوی معنی بجلی اور آگ یعنی ایسی تیز جیسے بجلی اور آگ۔ نیز بسنت ایک موسم خاص یعنی آغاز بہار کا نام بھی ہے جس میں بجلی کی کڑک زیادہ ہوتی ہے۔ مجازاً نہایت تیز رفتار بہت چالاک۔ مہیب۔ غضب ناک۔ دہشت ناک آتش کا پرکالا۔

بجلی بَل (ف۔ اسم مونث) قوت برقی۔ قوت کہربائی جیسے۔ بجلی۔ زور والا۔

بجلی پڑنا یا بجلی گرنا (از محاورہ) بجلی کا شعلہ گرنا۔ آفت آنا۔ صدمہ پہنچنا۔ تباہ ہونا برباد ہونا۔ غارت ہونا۔

بجلی ٹوٹے یا گرے یا پڑے (ف) دعائے بد۔ آگ لگے۔ مر جائے۔ تباہ ہو جائے۔ برباد ہو جائے۔

بجلی چمکنا (ف۔ فعل) بجلی کوندنا۔ بادلوں سے شعلہ کا نمودار ہونا۔

بجلی کے بالے (ف۔ اسم مذکر) ایک قسم کے چوڑے اور گول بالے جو عورتیں کانوں میں پہنتی ہیں۔

بجلی کی تلوار (از اسم مونث) تیغ برّاں نہایت کاٹ کرنے والی تلوار؛

بجنا (ف۔ فعل) باجے کی طرح آواز نکلنا۔ چھوٹنا۔ بندوق کا فائر ہونا ٹائم ہو جانا۔ (حالت اسم میں) کھرا روپیہ؛

بُجنا (ف۔ مذ) حیض کی گدی۔ حیض کا لتہ۔

بجنتری (ف) باجا بجانے کا فن جاننے والا۔

بجنسہ (ع۔ تابع فعل) جوں کا توں۔ ہو بہو۔ بعینہ۔ کل۔ سب۔ سب کا سب۔ تمام؛

بجو (ف۔ اسم مذکر) ایک جانور کا نام ہے جو پرانے درختوں کی کھوکھ میں رہتا اور


بجو

مردوں کو قبروں میں سے نکال کر کھاتا ہے۔ بڑا سخت جان۔ ہاتھی کے پاؤں تلے بھی نہیں مرتا۔ سکڑے منہ کا آدمی۔ چھوٹی چھوٹی آنکھوں والا آدمی۔

بجوانا (ہ) بجانا کا متعدی

بجوانا (ہ) خوب پیٹنا اور دُھننا۔ مجامعت کرنا۔

بجوڑنا (ہ۔ فعل) خوب پیٹنا۔ دُھننا۔ کُٹنا۔ رگڑنا۔ دابنا۔

بجوگ (ہ۔ اسم مذکر) دو منحوس ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا۔ جدائی مفارقت مصیبت۔ بپتا۔ سبب۔ باعث۔ صدمہ۔ حادثہ۔ برعکس۔ خلاف۔ بدبختی۔

بجوگ پڑنا (ہ۔ فعل) بچھڑنا۔ جدائی مفارقت ہونا۔ بپتا پڑنا۔ مصیبت آنا۔

بجھانا (ہ۔ فعل) آگ کو ٹھنڈا کرنا۔ آگ پر پانی ڈالنا۔ شعلہ خاموش کرنا۔ دور کرنا رفع کرنا۔ پیاس وغیرہ۔ دھاردار چیز کو آب دینا۔ پان چڑھانا۔ لوہے یا مٹی وغیرہ کو لال کرکے پانی میں ڈالنا۔ پژمردہ کرنا۔ حوصلہ توڑنا۔ چونہ وغیرہ پر پانی ڈال کر ٹھنڈا کرنا۔ سمجھانے کے ساتھ دھیما اور نرم کرنے کے معنی بھی دیتا ہے جیسے سمجھا بجھا کر راضی کرلیا۔ تاش کے پتوں کو ملانا یا ابتر کرنا۔

بجھانا (ہ۔ فعل) پورب میں پھنسانا۔ دام میں لانا۔ پھانسنا۔ جیسے مچھلی بجھانا۔

بجھنا (ہ۔ فعل) فرد ہونا۔ آگ کا ٹھنڈا ہونا۔ بھوک کا مرنا۔ ٹھٹھرنا۔ مرجھانا۔ کملانا۔ سرد ہونا۔ نرم ہونا۔ دھیما ہونا۔ دل ٹوٹنا۔ ہمت ٹوٹنا۔ پکوان کی چیزوں کا خوب پک جانا۔ ساگ وغیرہ کا رطوبت جل کر کم ہوجانا۔ زہر وغیرہ سے آلودہ جیسے زہر میں بجھا ہوا۔ پست ہونا۔ ماند ہونا۔ ابتر ہونا۔ اُلٹ پلٹ ہونا۔

بجھوَل (ہ۔ اسم مونث) پہیلی۔ چیستان۔ معمّا۔ بجھارت (پنجابی)

بجے (ہ۔ اسم مذکر) فتح۔ ظفر۔ نصرت۔ جیت۔ شکست کے خلاف۔

بجے دسمی (ہ۔ اسم مونث) دسویں فتح۔ دسہرہ کنوار کے مہینے کی دسویں تاریخ جس میں سری رام چندر جی نے راون پر دسویں لڑائی کے بعد فتح پائی تھی۔

بجیا (ہ۔ اسم مونث) بھنگ۔ بھانگ۔ سبزی۔

بجیا (ا) نوشاہمن۔ آپا۔ باجی کی تصغیر۔

ب - چ

بچ (ہ۔ اسم مونث) ایک کڑوی اور بدبودار دوا کا نام ہے (بحالت فعل) بچنا سے امر حاضر۔

بچا (ہ۔ اسم مذکر) چھوٹی عمر کا لڑکا یا لڑکی۔ صبی۔ طفل۔ پسرک۔

بچا (ہ) کان کٹا۔ گوشت کا ٹکڑا۔ چھوٹے کانوں والا۔

بچا جانا (ہ۔ فعل) چھوڑ جانا۔ بھول جانا۔ رعایت اور لحاظ کرنا۔

بچار (ہ۔ اسم مونث) خیال۔ سوچ۔ فکر۔ اندیشہ۔ تصور۔ وہم۔ غور۔ تامل۔ قیاس۔ اٹکل تخمینہ۔ اندازہ۔ سمجھ بوجھ۔ تمیز۔ امتیاز۔ آنک جانچ۔ ارادہ۔ قصد۔ رائے تجویز۔ چرچا گفتگو۔

بچارنا۔ یا۔ بچار کرنا (ہ۔ فعل) سوچنا۔ خیال۔ خیال کرنا۔ فکر کرنا۔ وہم کرنا۔ تصور کرنا۔ ادھیڑبن کرنا جیسے لوگ من میں بچار کرتے ہیں۔ عقل لڑانا۔ تمیز کرنا۔ قیاس کرنا۔ اندازہ کرنا۔ جانچنا۔ گننا۔ ستاروں کا حساب کرنا۔ جیسے شگون بچارنا نیت کرنا۔ بدگوئی کرنا۔ ارادہ کرنا۔

بچاکھچا۔ یا۔ بچاکھچا (ہ۔ اسم مذکر) بچا ہوا۔ باقی ماندہ۔ بقیہ۔

بچالانا (ہ۔ فعل) بچت کرکے واپس لے آنا۔ چھڑا لانا۔ محفوظ کرنا۔

بچالی (ہ۔ اسم مونث) ایک قسم کی خشک گھاس جو گھوڑے کے تھان پر بچھاتے ہیں پرالی۔

بچانا (ہ۔ فعل) حفاظت کرنا۔ پناہ دینا۔ مدد کرکے محفوظ کردینا۔ ہٹانا۔ پرے کرنا۔ کنارے کرنا۔ رستہ دینا۔ جمع کرنا۔ بچت کرنا۔ نجات دینا۔ چھڑانا۔ چھرانا۔ غبن کرنا۔ چھپانا۔ مدد کرنا۔ آزاد کرنا۔

بچاؤ (ہ۔ اسم مذکر۔ حاصل مصدر) حفاظت آسرا۔ سہارا۔ آڑ۔ بریت۔ پناہ سلامتی نجات۔ مخلصی۔ عذر۔ بہانہ۔ حفاظت کی جگہ۔

بچاؤ کرنا۔ یا۔ نکالنا (ہ۔ فعل) نجات اور مخلصی کی تجویز کرنا۔ بریت کی جگت بنانا۔ حفاظت کا رستہ نکالنا۔

بچپن (اُ۔ اسم مذکر) لڑکپن۔ کم سنی۔ بال پن۔ کم عمری۔

بچت (ہ۔ اسم مونث) بقیہ۔ باقی ماندہ۔ نفع۔ سود۔ فائدہ۔ جو صرف کرکے کچھ رہ گیا ہو۔

بچ رہنا (ہ۔ فعل) چھٹنا۔ نجات پانا۔ باقی رہنا۔ بچ جانا۔ محفوظ ہونا۔

بچکانہ (اُ۔ اسم صفت) بچوں کے لایق۔ بچوں کا۔ کم عمر کا۔ کمسن۔ بچے کا جو نا... کتھک کا لڑکا۔

بچکنی (ہ۔ اسم مونث) ایک قسم کا چھوٹا سا زیور۔

بچ کھیلنا (ہ۔ فعل) اپنی حفاظت کرنا۔ اپنے آپ کو بچا کر کام کرنا۔

بچ کے چلنا (ہ۔ فعل) سنبھل کے چلنا۔ ہٹ کر چلنا۔ ہوشیاری اور احتیاط سے چلنا۔

بچل (ہ۔ اسم مذکر) بیچ کا۔ درمیانہ۔ منجھلا وسطی۔

بچلا (ہ۔ اسم صفت) متوسط۔ درمیانہ۔ بیچ کی راس۔ اوسط درجے کا۔

بچلنا (ہ۔ فعل) پھسلنا۔ بھولنا۔ غلطی کرنا۔ پھسلنا چوکنا۔ جیسے ہاتھ بچل گیا۔ گم ہونا راستہ بھولنا۔ کھویا جانا۔ بھٹکنا۔ ادھر ادھر گھومنا۔ گشت کرنا۔ گت بھولنا۔ کام خراب ہونا۔ منکر ہونا۔ پھر جانا جیسے گواہ بچل گیا۔ بچوں کا ضد کرنا۔ ہٹ کرنا۔ بدکنا۔ بھڑکنا۔ جنون ہونا۔ دل بچگنا جیسے دل بچلا برا۔

بچن (ہ۔ اسم مذکر) کلام۔ بات۔ قول۔ گفتگو۔ سخن۔ عہد و پیمان۔ شرط۔ سگون

بچن پال (ہ۔ اسم مذکر) (فاعل ترکیبی) بات کا پکا۔ قول کا پورا۔ عہد اقرار کا سچا بات کی بچ کرنے والا۔ اپنے اقرار کی حفاظت کرنے والا۔

بچن پالنا (ہ۔ محاورہ) اپنے قول کا پاس رکھنا۔ اقرار پر جمے رہنا۔ اپنی شرط پر قائم رہنا۔ ایمان پر ثابت رہنا۔

بچن ڈالنا (ہ۔ محاورہ) سوال کرنا۔ طلب کرنا۔ آرزو کرنا۔ انکار کرنا۔ قبول نہ کرنا۔

بچن لینا (ہ۔ محاورہ) اقرار لینا۔ عہد لینا۔ قول لینا۔ ہاں کرا لینا۔

بچن مارنا (ہ۔ محاورہ) ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ پختہ اقرار کرنا۔

بچن ہارنا (ہ۔ محاورہ) زبان دینا۔ اقرار کرنا۔ دل دینا۔ قول دینا۔ عہد کرنا۔ قول سے پھر جانا۔ بات پر قائم نہ رہنا۔ عہد شکنی کرنا کے معنی میں بھی آتا ہے۔

بچنا (ہ۔ فعل) الگ رہنا۔ باقی رہنا۔ بڑھنا۔ سلامت رہنا۔ محفوظ رہنا۔ زندہ رہنا۔ جینا۔ ہٹنا۔ آرام ہونا۔ اچھا ہونا۔ پرہیز کرنا۔ احتیاط کرنا رہائی پانا۔ خلاصی پانا۔ بہانہ کرنا۔ خرچ نکال کر فائدہ ہونا۔

بچو۔ یا۔ بچیو۔ یا۔ بچ جاؤ (ہ۔ صیغہ امر حاضر) ہٹو۔ پرے ہوجاؤ۔ راستہ چھوڑ دو۔ احتیاط کرو وغیرہ۔

بچھو (ہ) پیار میں بچے کو۔ اور غصے میں تحقیر کے طور پر مخالف کو مخاطب کرتے ہیں۔
بچھوڑنا (ہ) مالیدہ کرنا۔ چوری کرنا۔ مکنا۔ رگڑنا تومنا۔ کھولنا۔ الگ الگ کرنا۔
بچھوڑیا (ہ۔ اسم مذکر) ثالث۔ بیچ۔ درمیانی۔ دلال فیصلہ کرنے والا۔ جھگڑا مٹانے والا۔ بیچ میں پڑ کر شادی کرنے والا۔
بچوں کا کھیل (ہ) نہایت آسان کام۔ سہل بات۔ فضول بات۔ سرسری کام معمولی کار۔ بچوں کے کھلونے۔
بچونگڑا (ہ۔ اسم مونث) بچہ کی تصغیر۔ ننھا سا بچہ۔ کودک۔ بال۔ بالک۔ چھوٹی سی عمر کا بچہ۔ نادان بچہ۔ ناواقف؛
بچہ (ف۔ اسم مذکر) چھوٹی عمر کا۔ بالک۔ ننھا۔ طفل۔ شیرخوار۔ لونڈا۔ لڑکا۔ چھورا چھوکرا۔ ایانا۔ نوعمر۔ ناتجربہ کار۔ مورکھ۔ چوزہ۔ فقیروں کا تکیہ کلام حقارت سے نالائق۔ نکما۔ جیسے بھلا بچہ اب کے سہی۔ پودا۔ پودا۔ (صفت میں) معصوم۔ پاک۔ بے گناہ۔
بچہ دان۔ یا۔ بچہ دانی (ہ) (اسم ع۔ مذکر ع۔ مونث) رحم۔ کوکھ۔ بچہ کی پیٹ میں پرورش پانے کی جگہ؛
بچہ کش (ف۔ اسم مذکر) (اسم فاعل ترکیبی مفید صفت) بہت بچے جننے والی عورت؛
بچہ کشی (ف۔ اسم مونث) بچے مار ڈالنا۔ بال ہتیا۔ بچوں کو قتل کر ڈالنا۔
بچھا (ہ۔ اسم مذکر) فاصلہ۔ پتا۔ وقفہ۔ مہلت۔ بیچ کا عرصہ۔ درمیانی فاصلہ۔ اچھا کا مترادف
بچھا جانا (ہ۔ فعل) حاجری کرنا۔ نہایت منکسر مزاجی سے پیش آنا۔ بہت ہی متواضع ہونا۔ عجز و انکساری کے مارے جھکا جانا۔ خرچ کے سبب تباہ ہونا۔ صرف کے مارے برباد ہونا۔ بہت خرچ سے خستہ حال ہو جانا۔
بچھانا (ہ۔ فعل) فرش کرنا۔ بچھونا کرنا۔ پھیلانا بہت مارنا۔ زمین پر گرا دینا
بچھا دینا کھنڈانا پراگندہ کرنا۔
بچھڑا (ہ۔ اسم مذکر) گوسالہ۔ گائے کا بچہ۔ پیار سے موٹے تازے لڑکے کو بھی کہتے ہیں؛

بچھڑا

بچھڑا کھونٹے کے بل پر کودتا ہے (از محاورہ) کمزور آدمی کا حمایتی اگر زبردست ہو تو اس وقت بولتے ہیں۔ حمایتی کے زور پر اتراتا ہے زبردست حمایتی زور پر کودتا ہے۔ کسی سہارے پر ہی باتیں بناتا ہے۔
بچھڑا ہوا (ہ۔ اسم مذکر) مفعول کی صورت میں صفت مشتبہ ہے مجور علیحدہ الگ۔ جدا ہوا ہو۔ قافلہ سے الگ رہا ہوا۔ گم شدہ۔ آوارہ۔ کھویا ہوا۔
بچھڑ جانا (ہ۔ فعل) جدا ہو جانا۔ گم ہو جانا۔ کھویا جانا۔ بھول جانا۔ قافلہ سے الگ رہ جانا؛
بچھنا (ہ۔ فعل) فرش ہونا۔ حاجری کرنا۔ انکساری سے پیش آنا۔
بچھناک (ہ۔ اسم مذکر) ایک زہریلی اور مہلک دوا۔
بچھو (ہ۔ اسم مذکر) ایک ٹیڑھی دم والا زہریلا جانور۔ کژدم۔ عقرب۔ بچھو نیز ایک پہاڑی پودا ہوتا ہے جس کے پتوں کے چھوٹے جانے سے بچھو


بچھو

کے کانٹے کی طرح جلن ہو جاتی ہے اور پالک ملنے سے رفع ہوتی ہے اور (بحالت صفت نہایت چالاک اور فتنہ انگیز)؛
بچھوا (ہ۔ اسم مذکر) کٹار۔ نیمچہ۔ خنجر۔ جمدھر۔ چھوٹا چھرا۔ ایک اور ہتھیار کا نام بھی ہے جو بچھو کی دم کی طرح نہایت تیز اور ٹیڑھا ہوتا ہے پاؤں کی انگلیوں میں پہننے کا زیور۔ سن خشک پھلی جو چھن چھن بولتی ہے ایک قسم کا نہایت تیز اور چٹ پٹا اچار جس میں مرچیں بہت ہوتی ہیں۔
بچھو کا منتر یاد نہیں سانپ کے بل میں ہاتھ ڈالتا ہے (ہ۔ مثل) چھوٹے کام کے لایق نہیں بڑے کام کی خواہش کرتا ہے۔
بچھونا اٹھنا (ہ۔ محاورہ) ماتم داری ختم ہونا۔ سوگ دور ہونا۔ بستر تہ ہونا۔
بچھونا پڑنا (ہ۔ محاورہ) ماتم داری کے لیے بوریا وغیرہ بچھانا۔
بچھوہا (ہ۔ اسم مذکر) جدائی۔ بچوگ۔ مفارقت؛
بچھیا (ہ۔ اسم مونث) گائے کا مادہ بچہ؛
بچھیا کا باوا (ہ۔ اسم مذکر) بیل۔ پرلے درجے کا بے وقوف۔ احمق بے عقل۔ گاودی۔ جاہل؛
بچھیرا (ہ۔ اسم مذکر) گھوڑے کا نر بچہ۔ مجازاً تندرست ہٹا کٹا۔ نوعمر نوجوان لڑکا۔
بچھیرا پلٹن (از ہ۔ اسم مذکر) نوجوان لڑکوں کی فوج نوعمر بچے۔
بچھیری (ہ۔ اسم مونث) گھوڑی۔ کا مادہ بچہ۔ نوعمر گھوڑی کم سن گھوڑی۔
بچھیلا (ہ۔ اسم مذکر) آلہ۔ وہ خانہ جو ہل میں پھالی کے مضبوط رکھنے کو ٹھونک دیا جاتا ہے۔
بچی (ہ۔ اسم مونث) چھوٹی لڑکی۔ دختر۔ دوشیزہ۔ وہ بال جو نیچے کے ہونٹ اور ٹھوڑی کے نیچے ہوتے ہیں۔
بچی (ہ) کان کٹی۔
بچے تو آپ سے نہ بچے تو سگے باپ سے (از مثل) عورت ذات اپنی مرضی سے بچ سکتی ہے حفاظت کرنے سے نہیں؛
بچے بھرانا (ہ۔ فعل) پرندوں کا اپنے بچوں کو چونچ سے دانہ کھلانا۔ چوگا دینا؛
بچے بچے (ہ۔ اسم مذکر) لڑکے بالے۔ چھوٹے بڑے بچے وغیرہ۔
بچے نکلوانا (ہ۔ فعل) مرغی وغیرہ کو انڈوں پر بٹھانا۔ پرندوں کا انڈوں سے بچے نکالنا اولاد جنوانا۔

ب ـ ح

بحال (ع۔ صفت) برقرار۔ قائم۔ خوش۔ ٹھیرا ہوا۔ اچھی حالت میں۔ سرسبز شاداب۔ تروتازہ۔ تندرست جیسے وہ اب بحال ہو گئے۔
بحال ہونا (ہ۔ فعل) تندرست ہونا۔ پھر اپنے کام پر لگنا۔ دوبارہ مقرر ہونا
بحال رکھنا (از ہ۔ فعل) قائم رکھنا۔ بدستور رکھنا۔ اسی طرح رکھنا جیسے پہلے تھا۔
بحال کرنا (از ہ۔ فعل) دوبارہ اسی عہدے پر مقرر کرنا جس پر تھا۔ بدستور اجازت دینا۔ اسی عہدے پر تقرری ہونا۔
بحالی (از ہ۔ اسم مونث) نئے سرے سے تقرری بدستور ہونا۔ خوشی۔ تازگی۔

خوشدلی فرحت ؛

بحث (ع - اسم مونث) لغوی معنی کریدنا - کھودنا مجازی تکرار - مباحثہ - دلیل حجت جھگڑا - سوال وجواب - گفتگو - مناظرہ - واسطہ - تعلق ؛

بحثا بحثی (اُرد - اسم مونث) تکرار باہمی - گفتگو - جھگڑا - تنازع - قدم قدا ؛

بحثنا (اُرد - فعل) مباحثہ کرنا - مناظرہ کرنا - جھگڑا کرنا - تکرار کرنا - بحث کرنا -

بحر (ع - اسم مذکر) بڑا سمندر - دریائے محیط مہاساگر - شعر کا وزن - علم عروض میں ۱۹ مقررہ وزان جن پر شعر کا وزن ٹھیک کرتے ہیں -

بحرالکاہل (ع - اسم مذکر) سمندر - اس بہت بڑے قطعے کا نام ہے جو ایشیا کے مشرق اور امریکہ کے مغرب کی طرف واقع ہے -

بحران (ع - اسم مذکر) بیماری کے زور کا دن طبیعت اور مرض کے مقابلہ کا دن -

بحراوقیانوس / **بحرظلمات** (ع - اسم مذکر) سمندر کا وہ قطعہ عظیم جو امریکہ کے مشرق اور پرانی دنیا کے مغرب کی طرف واقع ہے -

بحرجنوبی (ع) کرہ ارض کے جنوب کی طرف کے سمندر کو کہتے ہیں -

بحرخضر - یا خزر - جھیل کیسپین ؛

بحر کھلنا (اُرد - فعل) دل کا پردہ اٹھنا - ذہن اور حافظہ کا تیز ہونا - تبحر ہونا - زہر کھلنا -

بحرمنجمد (ع - اسم مذکر) جما ہوا سمندر وہ سمندر جس کا پانی برف کی طرح جما رہتا ہے دو ہیں ایک شمالی دوسرا جنوبی ؛

بحری (ع - اسم صفت) منسوب بہ بحر سمندری دریائی - پانی کا رہنے والا -

بحور (ع - اسم مونث) بحر کی جمع - اوزان شعر ؛

بحیرہ (ع - ا - مذ) بحری تصغیر - چھوٹا سمندر -

ب - خ

بخار (ع - اسم مذکر) بھاپ - گرمی - حرارت - تپ - غصہ کا جوش - کدورت - رنج

بخارات (ع - اسم مذکر) بخار کی جمع ؛

بخار آنا (اُرد - فعل) تپ آنا - بدن گرم ہونا -

بخار چڑھنا (اُرد - فعل) جسم گرم ہونا - تپ چڑھنا - کسی سے ڈر لگنا - خوف کھانا - جیسے اس کے نام سے بخار چڑھتا ہے -

بخار دل میں رکھنا (اُرد - فعل) دل میں کینہ رکھنا - عداوت اور بغض رکھنا ؛

بخار نکالنا (اُرد - فعل) دل کا جوش نکالنا - غصہ اتارنا - لڑنا -

بخاری (اُرد - اسم مونث) کوٹھری - جو باورچی خانے یا دالان وغیرہ میں غلہ رکھنے کے لیے بنا لیتے ہیں - چمنی انگیٹھی جو دیوار میں بنا دیتے ہیں - جس کے ذریعے دھواں چھت کے اوپر جا کر نکلتا ہے امام بخاری کی تالیف کردہ احادیث نبویہ کی کتاب - جو صحیح بخاری کہلاتی ہے -

(بحالت صفت) بخارا کا رہنے والا - بخارا کی چیز ؛

بخت (ف - اسم مذکر) حصہ تقدیر - قسمت - بھاگ - نصیب ؛

بخت اڑ گئے بلندی رہ گئی (اُرد - مثل) ملک اور ریاست سب کچھ جاتا رہا صرف نام باقی رہ گیا - بے ملک نواب - نام کے رئیس -

بخت آزمائی (ف - اسم مونث) تقدیر آزمانا - بھاگ پرکھنا - نصیبہ جانچنا -

کوشش - جدوجہد ؛

بختاور (ف - اسم صفت مشبہ یا اسم فاعل ترکیبی) بھاگوان - صاحب نصیب - بااقبال طنزاً - اس کے برعکس یعنی بدنصیب نرا بھاگ - بدقسمت ؛

بختاوری (ف - اسم مصدری مونث) خوش قسمتی - اقبال مندی (برعکس، کم بختی شامت نکبت - ادبار -

بختوں جلی (اُرد - اسم مونث) بدنصیب - بدقسمت - بے اولاد - رانڈ - بال بدھوا ؛

بختے (اُرد - اسم مذکر) اُبلے ہوئے بھنے چنے جن پر چھلکا نہ ہو نخود بریاں کی دال -

بختی (ف - اسم مذکر) بڑا اونٹ - تیز رفتار شتر - اس نسل کے اونٹ پہلے بخت نصر بادشاہ نے پالے تھے - اسی نسبت سے ان کی نسل بختی کے نام سے مشہور ہو گئی -

بختیار (ف - اسم صفت) نصیبے والا - خوش نصیب - دولت مند - بااقبال - ایران کے ایک قبیلہ کا نام ؛

بخرا (ف - اسم مذکر) حصہ بانٹنا - بھاگ -

بخش (ف - اسم مذکر) حصہ - نصیب - قسمت - تقسیم (بحالت فعل) امر ہے بخشنا مصدر سے - مرکبات میں مستعمل گنج بخش - اللہ بخش -

بخش دینا (اُرد - فعل) معاف کرنا - سزا نہ دینا - مفت دے دینا - بلا معاوضہ دینا حصہ بانٹنا - تقسیم کرنا -

بخشش (ف - مونث) حاصل مصدر از بخشیدن - عطیہ - معافی - عفو ؛

بخشنا (اُرد - فعل) دینا - عطا کرنا - معاف کرنا - عفو کرنا - چھوڑ دینا -

بخشوانا (اُرد - فعل) معاف کرانا - چھڑا دینا عفو کرانا ؛

بخشو بلی چوہا لنڈورا ہی جیسے گا (اُرد - مثل) میں آپ کی عنایت نہیں چاہتا - آپ کی مہربانی کے بغیر ہی اچھا ہوں - ان مہربانیوں کو لپیٹ دیجیے روایت ہے کہ ایک بلی نے چوہے کو ہاتھ جو مارا - ہاتھ جو پڑا اوچھا - چوہا تو نکل گیا مگر دم رہ گئی - چوہا بل میں جا کھسا بلی نے کہا کہ بھائی تو ادھر تو آ - یہ لے اپنی دم لے جا - لنڈورا برا معلوم ہوتا ہے - چوہے نے جواب دیا - بخشو بلی چوہا لنڈورا ہی بھلے گا -

بخشی (ف - اسم مذکر) فوج کی تنخواہ بانٹنے اور حساب کتاب رکھنے والا نوکر - عام طور پر تنخواہ تقسیم کرنے والا - فوج کی تنخواہ بانٹنے والا - سپہ سالار -

بخشی خانہ اسم مذکر ظرف مکان - بخشی کا دفتر - فوج کی تقسیم ہونے کی جگہ ؛

بخشی کا دھگڑ (اُرد - کنایہ سپاہ کا یار - زبردست کا دوست - رستم کا سالا - زور آور کا آشنا - حاکم کا کوڑھی -

بخل (ع - اسم مذکر) لالچ - طمع - کنجوسی - تنگ دلی

بخوبی (ف - تابع فعل) باآرام - خوبی کیساتھ - اچھی طرح سے ٹھیک ٹھیک - صاف صاف ؛

بخور (ع - اسم مذکر) خوشبو - سگندھت - دھونی -

بخیر (ف - تابع فعل) اچھی طرح سے - خیریت کے ساتھ ؛

بخیل (ع - اسم مذکر) کنجوس تنگ دل - ممسک - لالچی ؛

بخیلی (اُرد - اسم مونث) کنجوسی - تنگ دلی - امساک - لالچ ؛

بخیہ ادھیڑنا (اُرد - محاورہ) راز فاش کرنا - حقیقت کھولنا یا ظاہر کرنا -

بخیہ کرنا - (اردو - فعل) کپڑوں کی سلائی کرنا -

بخیہ زن (اُرد - ف - صفت) بخیہ کرنے والا - درزی -

بخیہ (ف۔اسم مذکر)



بخیہ

ایک قسم نہایت باریک سیون۔ پکا ٹانکا۔ دُہرا ٹانکا۔ جمع۔ سرمایہ پونجی حوصلہ۔ بساط۔ قابلیت؛

ب - د

بَد (اسم مونث) وہ پھوڑا جو چھڑوں میں اُٹھتا ہے؛

بَد (ف۔اسم مذکر صفت) نیک کی ضد۔ بُرا۔ خراب ناقص۔ نکما۔ شریر۔ فسادی فتنہ انگیز۔ مفسد۔ بدمعاش۔

بداخلاق (ف۔ع۔اسم صفت) بُری عادات والا۔ تاشائست۔ بدتہذیب۔ نالایق؛

بدارنا (ف۔فعل) پھاڑنا۔ چیرنا۔

بداسلوب (اُر۔اسم صفت) کمینہ۔ بری نسل کا۔ پاجی بدذات۔ کم ذات؛

بداسلوبی (اُر۔اسم صفت) بے ڈھنگا بے ڈول۔ بدراہ۔ بدچلن۔

بداطوار (اُر۔اسم صفت) بدچلن۔ بُرے چال چلن والا بے ڈھنگا؛

بدانتظامی (اُر۔اسم مونث) بندوبست کا نہ ہونا۔ ظلم۔ اندھیر۔ خراب انتظام ہونا؛

بداندیش (ف۔اسم صفت) بُرا چاہنے والا۔ دشمن۔ بُری۔ مخالف؛

بدباطن (اُر۔اسم صفت) دل کا خراب۔ کینہ ور۔ سیاہ دل۔ کپٹی۔ برے دل کا؛

بدبخت (اُر۔اسم صفت) بدنصیب۔ قسمت کا ہیٹا۔ مصیبت زدہ۔ نہ بھاگ۔ بھاگا دکھیا۔ آوارہ۔ خراب۔ خستہ؛

بدبلا (اُر۔اسم مونث) بُری بلا۔ بڑی بھاری چڑیل۔ نہایت شریر۔

بدبُو (ف۔اسم مونث) سڑاند۔ خراب بُو؛

بدپرہیز (ف۔اسم صفت) احتیاط نہ کرنے والا۔ پرہیز نہ کرنے والا۔ بلانوش بے اعتدال؛

بدپرہیزی (ف۔اسم مونث) بلانوشی بے اعتدالی بے احتیاطی۔ فضول خرچی۔ عیاشی۔

بدتر (ف۔اسم صفت) نہایت خراب۔ بہت بُرا۔ ادنیٰ درجہ کا؛

بدچلن (اُر۔اسم صفت) بدراہ۔ بداطوار۔ ناکارہ۔ فضول خرچ۔ بدوضع؛

بدحال (اُر۔اسم صفت) خراب حالت والا۔ ردی حالت والا۔ بے حیثیت قریب المرگ بیمار۔

بدحواس (اُر۔اسم صفت) حواس باختہ بے ہوش۔ پریشان۔ حیران۔ سرگردان؛

بدخط (اُر۔اسم صفت) خراب لکھنے والا۔ بری تحریر والا۔ بُرے خط والا۔

بدنصیب؛

بدخُلق (اُر۔اسم صفت) بُری عادت والا۔ اکھڑ۔ بدمزاج۔ روکھا۔ بے فیض؛

بدخُو (اُر۔اسم صفت) بدسیرت۔ بُری خصلت والا۔ بداخلاق؛

بدخوابی (اُر۔اسم مونث) ڈراؤنے خواب؛ بے چینی۔ نہانے کی حالت؛

بدخواہ (اُر۔اسم صفت) بُرا چاہنے والا۔ دشمن بیری؛

بدخواہی (اُر۔اسم مونث) دشمنی کسی کا بُرا چاہنا۔ عداوت۔ بیر؛

بددُعا (اُر۔اسم مونث) کوسنا۔ سراپ دینا۔ بری دعا دینا۔

بددِل (اُر۔اسم صفت) ناراض۔ ناخوش۔ دل برداشتہ۔ بدظن۔ بدگمان؛

بددماغ (اُر۔اسم صفت) مزاج کا چڑچڑا۔ ناک پر مکھی نہ بیٹھنے دینے والا؛ مدمغ مغرور؛

بددماغی (اُر۔اسم مونث) غرور۔ تکبر۔ چڑچڑاپن۔ خفگی۔ ناراضگی؛

بددیانت (اُر۔اسم صفت) خیانت کرنے والا۔ خائن؛

بدذات (اُر۔اسم صفت) کمینہ۔ بدذات پاجی؛

بدذہن (اُر۔اسم صفت) کُند ذہن۔ کورڈ مغز۔ ناقص العقل؛

بدراہ (ف۔اسم صفت) بدچلن۔ بدوضع۔ کھوٹا۔ گمراہ؛

بدرنگ (ف۔اسم مذکر) خراب رنگ۔ بُری رنگت والا۔ تاش میں رنگ بدلا ہوا۔ بُری طرز کا؛

بدزبان (ف۔اسم صفت) بدکلام۔ گستاخ۔ وہ شخص جس کے منہ پر گالی چڑھی ہوئی ہو۔ گالی گلوچ بکنے والا۔

بدزیب (ف۔اسم صفت) غیر موزوں۔ بدنما۔ بھونڈا۔ بیڈول۔ نازیبا؛

بدسلوکی (اُر۔اسم مونث) بُرا سلوک کرنا۔ بُرائی رکھائی۔ بدی۔ بُری طرح پیش آنا؛

بدشگونی۔ یا۔ بدشگنی (اُر۔اسم مونث) نحوست بدفالی؛

بدصورت (اُر۔اسم صفت) بُری شکل والا۔ بھونڈی شکل کا۔ بدشکلا؛

بدطینت (اُر۔اسم صفت) بُری نیت والا۔ بدخو۔ بُری عادت والا؛

بدظن (اُر۔اسم صفت) بدگمان۔ شکی۔ شک کرنے والا۔ بُرے خیال کرنے والا؛

بدعملی (اُر۔اسم مونث) بے انتظامی۔ اندھیر۔ حاکم کا ظلم۔ حکومت کی خرابی؛

بدعہد (اُر۔اسم صفت) اقرار سے پھر جانے والا۔ وعدہ پورا نہ کرنے والا بے وفا

بدفعلی (اُر۔اسم مونث) بدکاری۔ زنا کاری۔ حرام کاری۔ اغلام بازی

بدکار (اُر۔اسم صفت) حرام کار۔ زنا کار۔ زانی فاسق۔ فاجر۔ خرابانی؛

بدگمانی (ف۔اسم مصدری مونث) غیبت۔ چغلی۔ بُرائی۔ جھوٹ۔ بدی۔

بدلحاظ (اُر۔اسم صفت) گستاخ بے حیا بے ادب۔ بے شرم؛

بدلگام (اُر۔اسم صفت) وہ گھوڑا جو لگام کو نہ مانے۔ مُنہ زور گھوڑا۔ منہ پھٹ آدمی۔ گستاخ سرکش۔ بے ادب۔

بدمزاج (ف۔اسم صفت) چڑچڑے مزاج والا۔ سفیلا۔ تندخو۔ ترش رو؛

بدمزگی (ف۔اسم مصدری مونث) ذائقہ کی خرابی۔ رنجش۔ ناراضی۔ مخالفت ناموافقت بگاڑ؛

بدمزہ (ف۔اسم صفت) بے سواد۔ وہ شے جس کا مزہ اچھا نہ ہو۔

بدمست (ف۔اسم صفت) بے ہوش مست نشہ میں چور۔ شیطان؛

بَدمعاش (ف۔ اسم صفت) حرام خور۔ چور۔ لچا۔ غنڈہ جس کی آمدنی اور روزی برے کاموں پر منحصر ہو۔ شریر۔

بَدمعاشی (ف۔ اسم مصدری مونث) شرارت۔ حرام خوری۔ چوری۔ بدچلنی۔

بَدمعاملگی (ف۔ اسم مصدری مونث) لین دین کی صفائی نہ ہونا۔ بدعہدی۔ بے ایمانی۔ ناد ہندگی۔

بَدمعاملہ (ف۔ اسم صفت) بے ایمان۔ نادہند۔ لین دین کا خراب۔ بددیانت۔

بَدنام (ف۔ اسم صفت) رسوا۔ برا۔ ناقص۔ عیبی۔ عیب۔ ذلیل۔

بَدنامی (ف۔ اسم مصدری مونث) رسوائی۔ ذلت۔ بری شہرت۔

بَدنصیب (ف۔ اسم صفت) کم بخت۔ بدقسمت۔ تقدیر کا ہیٹا۔

بَدنما (ف۔ اسم صفت) بے زیب۔ بھونڈا۔ برا بھلا۔ ناقص۔ بری شکل والا۔ برا دکھائی دینے والا۔

بَدنظر دیکھنا (اُ۔ فعل) بری نظر سے دیکھنا۔ نفسانی شہوت سے گھورنا۔ دشمنی کی نظر سے دیکھنا۔ بری نیت سے دیکھنا۔

بَدنیّت (ف+ع۔ اسم صفت) بری نیت والا۔ برے ارادے والا۔ لالچی۔ طامع۔ مدیدہ۔ زنا کا ارادہ۔ حرام کار۔ حرام کاری بری خواہش والا۔

بَدوضع (ع۔ اسم صفت) بدچلن۔ بداطوار۔ حرام کار۔ بدصورت۔ بدشکل۔ ناجنس۔

بَدہضمی (ع۔ اسم مصدری مونث) ہضم نہ ہونا۔ ہضم کی خرابی۔ سوءہضمی۔ گرانی شکم۔

بَدہیئت (ع۔ اسم صفت) بدشکل۔ بری شکل کا۔ بدصورت۔ بہیب۔

بَدا (ع۔ مذ) طے شدہ۔ قسمت کا لکھا۔ نصیب۔

بِدا (ہ۔ اسم مونث) رخصت۔ اجازت۔ جدائی۔ روانگی۔ دلہن کا اپنے گھر سے رخصت ہونا۔ الوداع۔

بَدابدی (ہ۔ اسم صفت) ہمیشہ کی تکرار۔ زبردستی۔ سینہ زوری۔ شرطیہ۔ ضروری۔ بحث۔

بَدایوں کے ملّا (ہ۔ محاورہ) بیوقوف۔ احمق۔ نادان۔ مورکھ۔ بے تمیز۔

بَداہت (ع۔ مذ) مضمون کی آمد۔ یقینی اور ضروری ہونا۔

بَداہتہً (فی البدیہ) بغیر سوچے ہوئے قدرتی طور پر مضمون کی آمد اور روانی میں۔

بَدا ہونا (ہ۔ فعل) قسمت میں ہونا۔ نصیبوں میں ہونا۔ ضرور ہونا۔ شرطیہ ہونا۔ لازم ہونا۔

بَدر (ع۔ اسم مذکر) چودھویں رات کا ماہ کامل پورن ماشی کا چاند۔ پورا چاند۔

بَدر بر کرنا (ہ۔ فعل) بدظن کرنا۔ بدگمان کرنا۔

بَدر (ف۔ تابع فعل) بیرون۔ باہر۔ بحالت اسم غلطی۔ نقص۔ عیب۔ خرابی بقایا۔

بَدر کرنا (ہ۔ فعل) نکالنا۔ خارج کرنا۔ جلاوطن کرنا۔ باہر نکال دینا۔ نکال باہر کرنا۔

بَدر نکالنا (ہ) نقص نکالنا۔ غلطی برآمد کرنا۔ ذمے نکالنا۔ بقایا نکالنا۔

بَدائع (ع۔ مذ) بدیع کی جمع۔ عجائبات عالم۔ کلام کی خوبیاں۔

بَدایوں (مذ) ہندوستان کے صوبہ یوپی کا ایک شہر جہاں کے پیڑے بہت مشہور ہیں۔

بُدبُدانا (ہ) چپکے چپکے کہنا۔

بَدخشاں (مذ) افغانستان کا ایک شہر جو قدیم زمانے میں لعل و یاقوت کا مخزن تھا۔

بَدرنویسی (ف۔ اسم مونث) قابل سماعت رقوم کا لکھنا۔ حساب کی ماہیت دریافت کرنا۔

بَدرَو (ف۔ اسم ظرف مونث) گندا پانی باہر جانے کا راستہ۔ موری۔ بڑی نالی۔

بدرِ کامل (ف۔ اسم مذکر) پورا چاند۔ چودھویں کا چاند۔ ماہ کامل۔

بدرقہ (ف۔ اسم مذکر) رہبر۔ راہنما۔ مددگار۔ سہارا۔ وسیلہ۔ اصلاح پرستی۔ اعتدال پر لانا۔ سپاہ محافظ۔ نگہبان۔ ترکیب۔ تدبیر۔ دفعیہ۔

بَدر بَدر (ہ) آہستہ آہستہ۔

بدری (ہ۔ اسم مونث) جست کے برتنوں پر سونے چاندی کا کام۔ منسوب بہ بدر جو دکن کے ایک شہر کا نام ہے جہاں سے یہ کاریگری ایجاد ہوئی تھی۔

بدر نکالنا (اُ) کسی کے نام حساب میں رقم نکالنا۔

بدرہ (ع۔ ہ) تھیلی۔

بَدراری (ہ۔ اسم مذکر) ہندوؤں کے ایک بڑے تیرتھ کا نام ہے جسے بدری ناتھ بھی کہتے ہیں۔

بدستور (ف۔ تابع فعل) حسب دستور۔ پہلے قاعدے کے موافق۔ سابق دستور اسی طرح۔

بدعت (ع۔ اسم مونث) دین میں نئی بات یا نئی رسم نکالنا۔ نیا دستور۔ رخنہ خرابی۔ جھگڑا۔ فساد۔ دنگا شرارت۔

بدعتی (ع۔ اسم صفت مذکر) مذہب میں نئی بات اختراع کرنے والا۔ مجازاً فسادی۔ مفسد شریر۔ دنگئی۔ جھگڑالو۔ جھتی۔ ظالم۔ تشدد کرنے والا۔

بدکانا (ہ۔ فعل) گھوڑے کو ڈرانا۔ بھڑکانا۔ اکھیڑنا۔ چمکانا۔ دھمکانا۔ چونکانا۔

بدکنا (ہ۔ فعل) بھڑکنا۔ ڈر کر چونکنا۔ ڈرنا۔ اکھڑنا۔ چمکنا۔ بھاگنا۔

بدل۔ یا۔ بدلا۔ یا۔ بدلہ (ہ۔ اسم مذکر) عوض معاوضہ۔ تبادلہ۔ انتقام اجرت۔ سزا۔ ایک شے کے عوض۔

بدل جانا (ہ۔ فعل) اور کا ہو جانا۔ حالت غیر ہو جانا۔ وعدہ خلافی کرنا۔ بھول جانا۔

بدلائی (ہ۔ اسم معاوضہ مونث) عوض۔ معاوضہ۔ بٹاسے کی تبدیلی کا معاوضہ۔

بدلنا (ہ۔ فعل) تبادلہ کرنا۔ پلٹنا۔ انقلاب ہونا۔ رنگ تغیر ہونا۔ تبدیل کرنا۔

بدلوانا (ہ۔ فعل) پلٹوانا۔ تبادلہ کرانا۔ ایک چیز کی جگہ دوسری دلوانا۔

بدلہ (ہ۔ اسم مذکر) معاوضہ۔ عوض۔ انتقام۔ اجر۔ پاداش۔ صلہ۔ انعام کوشش۔ اجرت۔ محنتانہ۔ ہرجہ۔ نقصان۔ ڈنڈ۔ قصاص۔ جزا۔

بدلہ لینا (ہ۔ فعل) عوض لینا۔ بدی کے عوض میں بدی کرنا۔ قصاص لینا۔

بدلی (ہ۔ اسم مونث) تبدیلی۔ منتقلی۔ تبادلہ۔ بادل کا چھوٹا ٹکڑا۔ ابر۔ بادل کی تصغیر ہے۔

بدن (ع۔ اسم مذکر) اس کی جمع ابدان ہے۔ جسم۔ دیہ۔ تن۔ پنڈا۔ کایا۔ سریر (پنجابی) اندام نہانی۔ شرم گاہ۔

بدن بگڑ جانا۔ بدن پھوٹ جانا۔ (اُ۔ محاورہ) جذام ہو جانا کوڑھ ہو جانا۔ ایک مرض سے جسم کا ہر عضو گر جانا۔

بدن پر نہیں لتا پان کھائیں البتہ (اُ۔ مثل) غریبی میں امیری ٹھاٹھ رکھنا۔

بدن پھیکا ہونا (اُ۔ جسم گرم ہونا۔ بخار ہونا۔ حرارت ہونا۔ تپ کے آثار ا
بدن پھُل جانا (اُ۔ فعل) پھوڑے پھنسیوں یا گرمی دانوں سے تمام بدن بھر جانا۔ تمام جسم پر پھوڑے نکل آنا۔
بدن ٹوٹنا (اُ۔ فعل، اعضا شکنی ہونا۔ بدن میں سستی اور کسل ہونا۔ جسم درد کرنا۔
بدن چُرانا (اُ۔ فعل) جسم کو سکیڑنا۔ سر پر کو چھپانا۔ جسم کو بچانا۔ بچا کر رکھنا کام میں جسم کو نہ دینا۔ کام سے بچنا۔
بدن کے رونگٹے کھڑے ہونا (اُ۔ محاورہ) سہمی یا خوف کی وجہ سے بالوں کی جڑوں کا کھڑا ہو جانا۔ سہمی لگنا۔ ڈر لگنا۔ خوف کھانا۔ خوف کی حالت ہونا۔
بدنا (ف۔ فعل) شرط لگانا۔ شرط کرنا۔ اقرار کرنا۔ قول دینا۔ وعدہ کرنا۔ جاننا۔ سمجھنا۔ قرار دینا۔ ٹھیرانا۔ تقدیر میں ہونا۔ قسمت میں ہونا۔
بَدَنی (ع۔ اسم مونث) مفعولی معنوں میں۔ مقررہ شرط۔ وہ شرط جو فصل آنے سے پہلے غلے وغیرہ کے نرخ کے متعلق طے کر لیتے ہیں۔ سائی بیعانہ۔ نرخ۔ مقررہ قیمت۔ پیشگی
بَدَنی (ع۔ اسم صفت) منسوب بہ بدن۔ بدن کا بدن کے متعلق۔ جسمانی،
بَدّو (ع۔ اسم مذکر) عرب کے صحرانشین لوگ بن باسی اور خانہ بدوش قبائل عرب، چونکہ ان لوگوں کو لوٹ مار سے دریغ نہیں۔ لہٰذا یہ لفظ مجازاً لٹیرا۔ دھوکے باز۔ بدنام۔ ٹھگ وغیرہ کے مذموم معنوں میں استعمال ہونے لگ گیا۔
بدّو کرنا (ف۔ فعل) بدنام کرنا رسوا کرنا۔ نکو کرنا۔
بدو ہونا (اُ۔ فعل) انگشت نما ہونا۔ رسوا کرنا۔ بدنام ہونا۔ نکو ہونا۔
بدولت (اُ۔ تابع فعل) باعث۔ بہ سبب۔ بہ طفیل۔ آسرے سے۔ طفیل۔
بدون (ف) بغیر۔ بلا۔ سوا۔ بن۔
بدھ (ہ۔ اسم مونث) خدا۔ پرمیشور۔ بدھنا چاند۔ طرح۔ ڈھب۔ وضع جیسے جس بدھ کا بنے بنا لو۔ نیک ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا۔ میزان جوڑ۔ جیسے آدھی رات ہو چلی مگر کھانے کی بدھ نہیں ملنے میں آتی۔
بدھ کھانا (ہ۔ فعل) موافقت ہونا۔ اتفاق رائے ہونا۔ پکتا۔ نگ آنا۔
بدھ ملانا (ہ۔ فعل) جنم پتری ملانا۔ زائچہ مطابق کرنا۔ میزان کا مقابلہ کرنا۔ پڑتال کرنا۔ گھٹنا۔ ساز باز کرنا۔ تجویزیں بنانا۔ پڑت پھیلانا قیمت لگانا۔
بدھ ملنا (ہ۔ فعل) مطابق ہونا۔ مطابقت کھانا۔ موافقت ہونا۔ سازگاری ہونا۔ دوستی لگنا۔ کام بن جانے کی تجویز ہونا۔
بُدھ (ہ۔ اسم مونث) (فعل) سمجھ دانائی۔ بدھی۔ ہوشیاری۔ تیز فہمی۔ عقل۔ دانش۔ سمجھنا۔
بدھ (ہ۔ مذ) آسمان کا منشی۔ کاتب تقدیر۔ چہارشنبہ کا دن منگل سے اگلا دن گوتم جس نے بدھ مت قائم کیا ۵۶۱ ق م پیدا ہوئے۔
بدھانا (س۔ اسم مونث) خالق۔ خدا۔ حلیم۔ بھگوان۔ پرمیشور۔ برہما۔
بدھاوا (ہ۔ اسم مذکر) لغوی معنی بڑھوتری۔ زیادتی۔ اصطلاحی۔ بچہ پیدا ہونے یا شادی بیاہ کی خوشی میں جو انعام دعائے افزائش کے صلہ میں دیا جاتا ہے۔ مبارکباد۔ شادیانہ۔ آنند۔ خوشی۔ جچے کا۔ بیاہ کا انعام
بدھائی (ہ۔ اسم مونث) شادیانہ۔ خوشی کے گیت (دیکھو بدھاوا)۔
بدھائی دینا (ہ۔ فعل) مبارکباد دینا۔ شادیانہ کے گیت گانا۔ مبارکباد کے راگ
بدھائی گانا (ف) گانا۔ شادی کے ترانے سنانا۔
بدھنا (ہ۔ اسم مذکر) مٹی کا بڑی ٹونٹی والا لوٹا۔ مٹی کا ٹونٹی دار کروا۔ ٹونٹی والا لوٹا۔
بدھنی (ہ۔ اسم مونث) مٹی کا ٹونٹی دار چھوٹا لوٹا۔
بُدھو (ہ) لغوی معنی عقلمند۔ دانا۔ مگر طنزاً بے وقوف۔ احمق۔ مورکھ
بدھوا (ہ۔ اسم مونث) (ہندو) وہ عورت جس کا خاوند مر گیا ہو۔ رانڈ۔ بیوہ۔
بدھوان۔ یا۔ بدھمان (ہ۔ اسم صفت ترکیبی) علم والا۔ عقل والا عقل مند تمیز والا۔ ہوشیار۔ ذکی۔ تیز فہم۔ سیانا۔ عاقل عالم۔ دور اندیش صاحب تمیز
بُدھی (ہ۔ اسم مونث) سمجھ۔ عقل۔ فہم۔ دانائی۔ سمجھنے اور جاننے کی قوت۔
بدھی بھرشٹ (ہ۔ اسم صفت ترکیبی) لغوی معنی۔ پلید عقل والا۔ ناپاک عقل والا۔ اصطلاحی معنی۔ بے تمیز۔ سراسر احمق۔ وہ شخص جس کی عقل خراب ہو چکی ہو بے عقل۔ بدفہم۔
بدّھی (ہ۔ اسم مونث) پھولوں کا ہار جو اکثر دولھا کو پہنایا جاتا ہے۔ تلوار کا آڑا زخم تیسے تیچی یا کوڑے وغیرہ کی مار کا نشان۔ حجام کا چھوٹا پٹکا جو گلے میں ڈال لیتے ہیں۔ برما پھرانے کا چمڑا گلے میں پہننے کا ایک زیور۔
بدھی پہنانا (اُ۔ فعل) چمڑے یا ریشم وغیرہ کی بدھی ڈالنا۔ جو منت کے لیے بچوں کے گلے میں پہناتے ہیں۔ شادی میں دولھا کو پھولوں کا ہار پہنانا۔
بدھیا (ہ۔ اسم صفت) آختہ۔ خصی۔ وہ بیل جس کے فوطے نکال ڈالے ہوں۔ آنڈو کے خلاف۔ چھوٹا اور دو شاخہ گنا جو نہایت میٹھا ہوتا ہے۔ نامرد۔ خنثہ۔ ہیجڑا۔ خوجہ۔
بدھیا بیٹھنا (ہ۔ محاورہ) (لشکری زبان ہے۔) روپیہ ڈوبنا۔ نقصان ہونا۔ ٹوٹا آنا دیوالہ نکالنا۔ مفلس ہونا۔
بدھیا کرنا (ہ۔ محاورہ) آختہ کرنا۔ خصی کرنا۔ نامرد کرنا۔
بدھیا مری تو مری مگر آگرہ دیکھ لیا (امثال) ذرا سی تفریح کے لیے بہت سا نقصان گوارا کر لینا۔ تھوڑے سے آرام کی خاطر زیادہ گھاٹے کی پروا نہ کرنا۔ بے پروا اور لاابالی آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں۔
بدیع (ع) نادر۔ انوکھا۔ عجیب۔ ایک علم کا نام جس میں کلام کی معنوی اور لفظی خوبیاں بیان کی جاتی ہیں۔
بُدھیاں پڑنا (ہ۔ محاورہ) چوٹ کا نشان پڑنا۔ تیچی یا کوڑے کی مار کا نشان ابھر آنا۔
بُدھیاں ڈالنا (ہ۔ محاورہ) مار مار کر نشان ڈالنا۔ مار مار کر کھال ادھیڑنا۔ کھال اُڑانا۔
بدی (ہ۔ اسم مونث) اندھیرا پاکھ۔ چاند کا دوسرا پاکھ۔ قمری مہینے کے آخری پندرہ دن۔ وہ پندرہواڑا جس میں چاند گھٹتا ہے۔
بدی (اُ۔ اسم مونث) لڑائی پر آمادہ ہونا۔ دشمنی کو تیار ہو جانا۔ بغاوت پر کمربستہ ہونا۔ ضد کرنا۔ ہٹ کرنا۔
بدی (ف۔ اسم مونث) برائی۔ خباثت۔ بدخواہی۔ چغلی۔ پیٹھ پیچھے برا کہنا۔
بدی چیتنا (ہ۔ محاورہ) برائی کا خیال کرنا۔ برائی کی نیت کرنا۔ کسی کا برا ماننا برائی چاہنا۔

بدی کرنا (اُ۔ فعل) بُرائی کرنا۔ دشمنی کرنا۔ تکلیف دینا۔ ستانا۔ غیبت کرنا۔ سرکشی اور ضد کرنا۔

بِدّیا (س۔ اسم مونث) علم۔ جاننا۔ واقفیت۔ گن۔ ہُنر۔ چالاکی۔ چال دھوکا شاستر کا علم۔ علم فقہ و حدیث۔ چھل۔ فند۔ فریب مکاری۔ عادت سبھاؤ۔ خو۔ سیرت۔ دُرگا سپتی۔ علم کی دیوی۔

بِدیارتھی (س۔ اسم مذکر) طالب علم۔ متعلم۔ علم کا خواہشمند۔

بِدیا دان (س) (اسم فاعل ترکیبی مذکر مفید صفت) عالم۔ فاضل۔ گنی۔ گیانی فقہ دان۔ ماہر فن۔

بدیس (ہ۔ اسم مذکر) دُوسرا ملک۔ غیر ملک۔ پردیس۔

بدیسی (ہ۔ اسم صفت) منسوب بہ بدیس۔ غیر ملک کا۔ پردیسی۔ مسافر۔ بدیع۔ اجنبی۔

بدیہہ (ع۔ اسم مذکر) صریح۔ ظاہر۔ پرگھٹ۔ اظہر من الشمس۔ بے سوچے اور بلا تامل۔ کوئی صحیح اور درست بات کہنا۔ برجستہ کہنا۔

بدیہی (ع۔ اسم صفت از بدیہہ) وہ بات جس کی دلیل کی ضرورت نہ ہو۔ ظاہر۔ روشن۔ علانیہ۔ الم نشرح۔

بدیہیات (مو) وہ باتیں جو سب کی مانی ہوئی ہیں۔ اور کسی دلیل و ثبوت کی محتاج نہیں۔

ب ڈ

بڈار۔ یہ کوئی مستقل لفظ نہیں اور عموماً "روزی" کے بعد استعمال ہوتا ہے۔

بِڈارنا (ہ۔ فعل) جلا وطن کرنا۔ نکالنا۔ باہر کرنا۔ چیرنا۔ پھاڑنا ٹکڑے ٹکڑے اور پارچہ پارچہ کر دینا۔ جیسے انگیا کو مت بڈارو۔ گیتوں میں اکثر آتا ہے۔

بُڈھا (ہ۔ اسم مذکر) بہت لمبا چوڑا گڑھا۔ کھائی۔ خندق۔ آواد۔ شروع کٹائی اور کھدائی کا شروع کا حصہ جو کٹ گیا ہو یا کھد گیا ہو۔

بُڈھا لگانا (ہ۔ فعل) کھدائی یا کٹائی کا کام شروع کرنا۔ آغاز کرنا۔ وار لگانا۔ نقب لگانا۔ کونپل دینا۔

بُڈّھا (ہ۔ اسم مذکر صفت) بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔ ضعیف۔ سالخوردہ۔ دیرینہ سال۔ پیر۔

بُڈھا پھونس (ہ۔ اسم مذکر صفت) نہایت بوڑھا۔ شیخ۔ فانی۔ لپسی۔ جیرا بہت ہی کمزور اور لاغر۔

بُڈھا لگنے لگنا (ہ۔ محاورہ) بڑھاپے بغیر ہی بوڑھا معلوم ہونا۔

بُڈھی (ہ۔ اسم صفت مونث) بڑھیا عورت ضعیف العمر زال۔ پیرزن بوڑھی۔

بُڈھی گھوڑی لال لگام۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی کم سن بچوں کی وضع اختیار کرے۔

بڈھے کی مرے نہ جورو، بالے کی مرے ننھا مال (مثل) بوڑھے کی بیوی اور بچے کی ماں مرنے سے بڑی مصیبت کا سامان کرنا پڑتا ہے۔

ب ذ

بذاتہٖ (ع۔ تابع فعل) اپنی ذات خاص سے بذاتِ خود۔ خاص آپ ہی۔ اپنے دم سے۔ بہ نفس نفیس۔

بَذْل (ع۔ اسم مونث) سخاوت۔ انعام دینا۔ بخشش کرنا۔ بہت خرچ کرنا۔ صرف کرنا۔ عطا کرنا۔

بذلہ (ع۔ اسم مذکر) لطیفہ۔ چٹکلا۔ خوش طبعی کی بات۔ دل پسند بات۔

بذلہ سنج (ع۔ ف۔ اسم مذکر صفت مشبہ) خوش طبع۔ مذاق آمیز گفتگو بذلہ گو کرنے والا۔ چٹکلے چھوڑنے والا۔ لطیفہ گو۔ نکتے بیان کرنے والا۔

بذلہ سنجی (ع۔ ف۔ مو) ظرافت۔ خوش طبعی۔ لطیفہ گوئی۔

ب ر

بَرّ (ع۔ اسم مذکر) بحر کی ضد۔ خشکی۔ جنگل۔ بیابان۔ زمین۔ دھرتی۔ میدان۔

بَرْ (ہ۔ اسم مذکر) اللہ کی دی ہوئی طاقت۔ آسمانی برکت۔ مدد۔ برکت دولھا۔ خاوند بنا۔ نوشہ۔ مراد۔ تمنا۔ دعا۔ اسیس۔ داماد۔ جنوائی (پنجابی)

برجوگ (ہ۔ اسم صفت) قابلِ شادی۔ بیاہنے کے لایق جوان اور بالغہ لڑکی۔

بَر دینا (ہ۔ فعل) طاقت دینا۔ مراد بخشنا۔ دعا دینا۔ خاوند دینا۔ بیاہنا۔ شادی کرنا۔

بَر مانگنا (ہ۔ فعل) مُراد چاہنا۔ دعا کرنا۔ تمنا کرنا۔ طلب خاوند کرنا۔

بَر (ف) اُوپر۔ بالا۔ بلند۔ پھل۔ تن بدن۔ سینہ پستان۔ بغل۔ چوڑائی۔ آغوش۔ کنار۔ پہلو۔ کوکھ۔ نتیجہ۔ حافظہ۔ اصل۔

بُتر (ہ۔ مو) کون۔ فرق۔

بُرا (ہ۔ اسم صفت مذکر) اچھا کی ضد۔ خراب۔ بدنصیب۔ نجس۔ پلید۔ نکما ناروا۔ شریر۔ بدذات۔ دشمن۔ بدخواہ۔ مخالف۔ ناقص۔ نادیبا۔

بُرا بننا (ہ۔ فعل) دشمن ہونا۔ ملزم ہونا۔ مخالف ہونا۔

بُرا بھلا (ہ۔ اسم صفت) نیک و بد۔ روا ناروا۔ ناجائز۔ گالی گلوچ۔ سخت سُست۔ خلاف تہذیب۔ ناشائستہ۔

بُرا بھلا کہنا (ہ۔ فعل) لعنت ملامت کرنا۔ سخت سُست کہنا۔ بھڑکنا۔ خفا ہونا۔

بُرا بٹیا اور کھوٹا پیسہ وقت پر کام آتا ہے۔ (اُ۔ مقولہ) ہر شے کا نہ آنے سے خواہ وہ کیسی ہی نکمی اور بُری کیوں نہ ہو۔ کسی چیز کو بُرا نہ سمجھو۔ وقت پر بُرے سے بُرا بھی کام دے جاتا ہے۔

بُرا چیتنا۔ (ہ۔ فعل) بدخواہی کرنا۔ نقصان چاہنا۔

بُرا درجہ کرنا۔ بُرا لکھا کرنا (فعل) دق کرنا۔ ستانا۔ خراب کرنا۔ تباہ کرنا۔

بُرا حال کرنا ناسا لگ بنانا۔ بگاڑنا۔ ناس کرنا۔ بدروپ کرنا۔ پتلا حال کرنا۔ گت بنانا۔ مارنا۔ پیٹنا۔ دُرگت کرنا۔

بُرا حال ہونا (ہ۔ محاورہ) خراب و خستہ ہونا۔ پتلا حال ہونا۔ مرنے کے قریب ہونا۔

بُرا کام (اُر۔ اسم مذکر) شریعت یا مذہب یا تہذیب کے خلاف کام۔ بُری حرکت۔ زنا کاری۔ حرام کاری۔ بدفعلی۔

بُرا کہنا (ہ۔ فعل) غیبت کرنا۔ بدنام کرنا۔ رُسوا کرنا۔ شکایت کرنا۔

بُرا لکھا (ہ) بدقسمتی۔ نصیبی۔ بُرا حال۔ بُرا درجہ۔ دُرگت۔

بُرا لگنا (ہ۔ فعل) ناگوار معلوم دینا۔ گراں گزرنا۔ زیب نہ دینا۔ ناموزوں ہونا۔

بُرا ماننا (ہ۔ فعل) ناخوش ہونا۔ ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ رنجیدہ دل ہونا۔ آزردہ دل ہونا۔

بُرا مانو یا بھلا (اُر۔ فقرہ) اچھا سمجھو یا بُرا۔ پسند آئے یا نہ آئے اچھا لگے نہ لگے۔

بُرا وقت (اُر۔ اسم مذکر) بُری گھڑی۔ مصیبت کے دن۔ تنگی اور غریبی کا زمانہ۔ قسمت ناموافق ہونے کا وقت۔

بُرا ہو (ہ۔ کلمہ دعائیہ) بددعا ہے۔ خانہ خراب ہو۔ تباہی آئے۔ برباد ہو جائے۔ ناس ہو۔

برابر (ف۔ اسم صفت) مساوی۔ یکساں۔ نہ کم نہ زیادہ۔ ہمسر۔ ہم رتبہ۔ ہموار۔ سپاٹ۔ مستوی۔ قول کا پورا۔ سیدھا جیسے برابر چلے جاؤ۔ پہلو بہ پہلو۔ ایک سانس۔ ایک دم جیسے برابر رویا کیا۔ بلاناغہ۔ مسلسل جیسے برابر کام کرتے رہو۔ ایک ساتھ جیسے برابر آتا ہے۔ نصفا نصف آدھوں آدھ سدا۔ ہمیشہ۔ پاس۔ قریب۔ ہمسایہ جیسے ہمارے برابر رہتا ہے۔

برابر برابر (ف۔ تابع فعل) پاس پاس۔ پہلو بہ پہلو۔ ایک قطار میں۔

برابر سرابر (اُر۔ اسم صفت) (اس میں سرابر تابع مہمل یعنی بے معنی ہے) بیباق۔ یکساں مساوی۔ نہ کمتی نہ بڑھتی۔ بالکل۔ برابر۔

برابر کا (اُر۔ تابع فعل یا اسم صفت) جوان۔ ہم قد۔ جیسے برابر کا بیٹا۔ جوڑ کا۔ پلے کا۔ ہمسر۔ مساوی کا۔ نصف کا۔

برابر کرنا (اُر۔ فعل) یکساں کرنا۔ مساوی کرنا۔ ہموزن کرنا۔ حساب چکانا۔ روپیہ گنوا دینا۔ خرچ کر ڈالنا۔ اُٹھا دینا۔ تباہ کرنا۔ خاک میں ملا دینا۔ غارت کرنا۔ لیکھا جوکھا ایک کرنا۔ پورا کرنا۔ انجام کو پہنچانا ختم کرنا تمام کرنا۔ لگاتار کرنا۔ متواتر کرنا۔ شکایت دور کرنا۔ اجاڑنا درست کرنا۔ ترتیب دینا۔ بلاتامل کرنا۔ ہم رتبہ بنا لینا۔ نصفا نصف کرنا۔

برابر کی ٹکر (اُر۔ اسم مونث) مقابلے کا۔ جوڑ کا۔ ہم پلہ۔ ہم رتبہ۔ ہمسر۔ یکساں زور والا۔ برابر کی طاقت والا۔

برابر کی ہانہہ (ہ۔ اسم مونث) برابر کا بھائی۔ دوست۔ رفیق۔ معاون۔ مددگار ساتھی۔ چھوٹا بھائی۔

برابر ہونا (اُر۔ فعل) یکساں ہونا۔ مطابق ہونا۔ مساوی ہونا۔ ہموزن ہونا۔ بیباق ہونا۔ ہم قامت ہونا۔ خرچ ہونا۔ صرف ہونا۔ غارت ہونا۔ تباہ و برباد ہونا۔ مٹنا۔ غارت ہونا۔ پورا ہونا۔ ختم ہونا۔ ہمسر ہونا۔ ہم سبق ہونا۔ نصفا نصف حصہ ہونا۔

برابری (ف۔ اسم مونث) یکسانیت۔ مساوات۔ ہمسری۔ ہم منصبی۔ رقابت۔ مطابقت۔ موافقت۔ ہمواری۔ مقابلہ۔ گستاخی۔ بے ادبی۔ بخشا بخشی۔ ضد۔ حرص۔

برابری کرنا (اُر۔ فعل) جھگڑنا۔ گستاخی کرنا۔ نقل اُتارنا۔ ہمسری کرنا۔ رقابت کرنا مقابلہ کرنا۔ ضد کرنا۔ لاپچ کرنا۔

برأت (ع) بیزاری۔ نفرت۔ کراہت۔ ناگواری۔ لعنت حقارت بُری ہونا سمجھنا۔

بَرات (ف۔ اسم مونث) حصہ۔ قسمت۔ نصیب۔ خوشی۔ شادمانی۔ بل۔ قبض الوصول۔

بَرات (ہ۔ اسم مونث) دولھا کی سواری کا جلوس نوشہ کے ہمراہی۔ انبوہ ازدحام۔ گنجفہ کی ایک بازی کا نام بھی ہے۔

برات چڑھنا (ہ۔ فعل) بڑی شان و شوکت کے ساتھ دولھا کے جلوس کا دُلھن کے گھر جانا۔ داماد کا نکاح کے لیے مع جلوس جانا۔

برات عاشقاں بر شاخ آہو (ف۔ مثل) برات بر شاخ آہو۔ فارسی میں جھوٹے وعدے اور جھوٹی بات کو کہتے ہیں۔ مثل کے معنی ہیں۔ کہ عاشقوں کے ساتھ جو وعدے ہیں۔ وہ بالکل جھوٹے اور بے بنیاد ہیں۔ مطلب نکالنا مقصود ہوتا ہے۔ جب ٹل گیا تو ٹل گیا۔

بَراتی (ہ۔ اسم مذکر) دُولھا کے ہمراہی برات کے آدمی۔ برات میں شامل ہونے والے لوگ۔

براتی تو کھایا پیا الگ ہوئے کام دُولھا دُلھن سے پڑتا ہے (اُر۔ مثل) قرض لے کر شادی کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔ براتی تو کھا پی کر رخصت ہوئے مصیبت دُولھا دُلھن پر آتی ہے جنھیں قرض کا خمیازہ بھگتنا پڑتا ہے۔

براجمان ہونا (ہ۔ فعل) رونق افروز ہونا۔ بیٹھنا۔ تشریف رکھنا۔ زینت بخشنا سجنا۔ کسی بڑے آدمی کے بیٹھنے اور تشریف لانے کے لیے بولتے ہیں ادباً و تعظیماً۔

براجنا (ہ۔ فعل) زیب دینا۔ سجنا جیسے سر پر پگڑ برا جے۔ شان و شوکت سے بیٹھنا تشریف رکھنا۔ رہنا۔ بسنا۔ فارغ البالی سے بسر کرنا۔ مزے سے گزارنا۔

برادر (ف۔ اسم مذکر) بھائی۔ بھیّا۔ رشتہ دار۔ ہم مذہب۔ ہم پیشہ۔ ہم قوم۔

برادر اخیافی (ف۔ ع) وہ بھائی جن کی ماں ایک اور باپ جُدا جُدا ہوں گیلڑ سچھ لگ۔

برادر اعیانی (فع۔ اسم مذکر) ایک ماں باپ کی اولاد۔ سگا بھائی۔ ایک ماں **برادر حقیقی** } باپ سے پیدا شدہ بھائی۔

برادر حقیقی دشمن مادر زاد ہے سگے بھائیوں کا جھگڑا بڑا خطرناک ہوتا ہے۔

برادر رضاعی (فع۔ اسم مذکر) دودھ شریک بھائی۔ کوکہ۔ آنا کا بیٹا۔ وہ لڑکا جس نے دوسرے لڑکے کیساتھ ایک ہی ماں کا دودھ پیا ہے۔

برادر زادہ (ف۔ اسم مذکر) بھائی کا بیٹا۔ بھتیجا۔

برادر زادی (مو۔ بغیر اضافہ) بھتیجی۔

برادر علاتی (فع۔ اسم مذکر) سوتیلا بھائی۔ جن کا باپ ایک اور مائیں جُدا جُدا ہوں۔ برادر نسبتی۔

برادری (ف۔ اسم مونث) قوم۔ ذات۔ خاندان۔ گھرانا۔ رشتہ داری۔ قرابت۔ بھائی بندی۔ رشتہ دار یگانہ۔ گروہ۔ جماعت۔ سنگت۔

برادری سے خارج کرنا (اُر۔ محاورہ) ذات سے نکال دینا۔ کسی قومی جُرم پر

قوم کا ایک شخص سے قطع تعلق کرنا۔ حقہ پانی بند کرنا۔

برادر نسبتی (برادر) سالا۔ بیوی کا بھائی۔

برازیل (مذ) جنوبی امریکہ کا علاقہ جو قریباً تمام کا تمام صحرا ہے۔

برادہ (ف۔اسم مذکر) چورا۔ سفوف۔ لکڑی کا جو سوہان یا آرہ وغیرہ سے نکلے یا لوہے کا جو ریتی کی رگڑ سے برآمد ہو۔ ریزہ۔

بُراز (ع۔اسم مذکر) پاخانہ۔ میلا۔ گوہ۔ فضلہ۔ گندگی۔ نجاست۔ غلاظت۔ چرک۔

بُراق (اسم مذکر) ایک مشہور بہشتی خچر جس پر سوار ہو کر رسولِ کریم شبِ معراج عرش پر تشریف لے گئے تھے۔ وہ تعزیہ جس کا چہرہ آدمی کا اور دھڑ گھوڑے کا سا ہوتا ہے۔

بَرَاءَۃ الاستہلال (ع۔مو) کلام کی ایک معنوی خوبی۔

برِّ اعظم (ع۔مذ) (برادر) خشکی کا بڑا حصہ جس میں بہت سے ممالک ہوں جیسے ایشیا افریقہ۔ امریکہ۔ یورپ۔

بَرّاق (ع۔ اسم صفت، صیغہ مبالغہ) چمکتا ہوا۔ نہایت چمکیلا۔ جگمگاتا ہوا۔ تیز رو۔ برق رفتار۔ ہوشیار۔ چالاک۔ مشتاق۔ تیز دہن۔ عقل مند۔ ذکی

برآمد (ف۔اسم مونث) نکاس۔ خرچ۔ آمدنی۔ وہ زمین جو دریا کے ہٹ جانے سے نکلے۔

برآمدہ (ف۔اسم مذکر) برانڈہ۔ سائبان۔

برآمد ہونا (اور فعل) نکلنا۔ باہر آنا۔ پایا جانا۔ بازیافت ہونا۔ ظاہر ہونا۔ جیسے چوری کا سارا مال برآمد ہو گیا۔

برامکہ (مذ) برمک کی اولاد۔

بُران (ف۔ اسم۔ مذکر۔ حالیہ) بہت تیز۔ نہایت کاٹ کرنے والا۔ کاٹ کر پھینک دینے والا۔

بَرّانا (اور فعل) خواب میں بڑبڑانا۔ وحشت ناک خواب دیکھ کر ڈرنا۔ سپنے میں باتیں کرنا۔

بَرّانا (ع۔اسم صفت مذکر) بیگانہ۔ غیر کا۔ وہ چیز جو اپنی نہ ہو۔ پرایا۔ دوسرے کا۔

برانچ (ا۔ن) BRANCH۔ اسم مونث۔ شاخ۔ ٹہنی۔ ٹکڑا۔ ڈالی۔

براندار (ف۔ اسم صفت ترکیبی) گنانے والا۔ برباد کرنے والا۔ کھاؤ۔ لٹاؤ۔ مکھوٹ۔

برانڈہ

برانڈہ (اسم مذکر) اوپر کا باہر نکلا ہوا کمرہ۔ غلام گردش۔ برامدہ۔

برانڈی Branddy۔ انگ۔ ا۔مو) انگریزی تیز شراب۔

برانڈی (اور اسم مونث) بارانی۔ بارش اور سردی کے وقت اوپر پہننے کا موٹا کوٹ۔

براہمہ (ع۔ مذ) برہمن کی جمع۔ دیکھو باہمن یا برہمن۔

براہین (ع۔ مذ) جمع برہان۔ دلیلیں۔

براءت (ع۔مو) بری ہونا۔ بیزاری۔ چھٹکارا۔ الزام کی صفائی۔

براؤن (انگ) بھورے رنگ کا۔ گندمی رنگ کا۔

برانگیختہ کرنا (اور فعل) اکسانا۔ ابھارنا۔ بھڑکانا۔ اخوا کرنا۔ بہکانا۔ آمادہ کرنا۔

برآورد (ف۔ اسم مونث) تنخواہ کا گوشوارہ۔ بل فہرست حساب۔ فرد تخمینہ۔

بَرَاہی (س۔اسم مونث) کھجلی کی مانند پھپھولے والی دیوی۔

بُرائی (ا۔ اسم مونث) بدی۔ (بولی) خرابی۔ نقصان۔ قباحت۔ نحوست۔ شر۔ شرارت۔ خباثت۔ بدگوئی۔ عیب۔ ہجو۔ الزام۔ تہمت۔ بہتان۔

برائے (ف۔ تابع فعل) واسطے۔ لیے۔

برائے خدا (ف۔ تابع فعل) اللہ کے لئے۔

برائے نام (ف۔ تابع فعل) نام کے لیے شہرت کے لیے۔ فرضی۔ خیالی جھوٹ موٹ۔

برباد (ف۔ اسم صفت) تباہ۔ ویران۔ اجاڑ۔ کھویا ہوا۔ خراب۔ غارت تلف۔ ضائع۔

برایا (ع۔مو) دنیا۔ مخلوق۔ کائنات۔

برباد کرنا (اور فعل) اجاڑنا۔ تباہ کرنا۔ ویران کرنا۔ کھونا۔ اڑانا۔ ضائع کرنا۔ مفلس بنانا۔ بگاڑنا۔ مٹانا۔ نیست و نابود کرنا۔

برباد ہونا (اور فعل) تباہ ہونا۔ اجڑنا۔ لٹ جانا۔ کنگال ہو جانا۔ بگڑ جانا۔ مٹ جانا۔ فنا ہو جانا۔ نام و نشان نہ رہنا۔

بربادی (ف۔ اسم مونث) تباہی۔ خرابی۔ ناس۔ ویرانی۔ اجاڑا۔

بَربَر (شمالی افریقہ کا وہ حصہ جو مصر اور بحر اوقیانوس کے درمیان اور صحرائے اعظم کے شمال میں ہے طرابلس۔ ٹیونس۔ الجیریا عرب قوم جہاں آباد ہے۔

بُربُرا (ہ۔ اسم صفت مذکر) خستہ۔ بھربھرا۔ نرم آسانی سے رگڑا جانے والا۔

بُرا بُرانا (ہ۔ فعل) چھڑکنا۔ چھینٹا دینا۔ بُرکنا بُرکورنا۔

بَربَری (ف۔اسم مونث صفت) منسوب بہ بربر۔ ملک بربر کی بکری جو خوبصورت چتکبری اور بڑی ہوتی ہے (بحالت اسم مونث) ایک چھوٹی سی خوبصورت بکری کے ملاپ سے پیدا ہوتی ہے۔

بربری خانہ (ف۔اسم ظرف مذکر) وہ جگہ جہاں شاہی بکریاں رہتی ہیں۔ کھڑکی۔ باڑا۔

بربریت (ہ۔مو) بربر کے رہنے والوں کی شجاعت۔ مردانگی، اسے عام طور پر غلط معنوں استعمال کیا جاتا ہے۔

بربط (ف۔اسم مونث) ایک قسم کا باجا ہے۔

بربط

جو ستار اور سارنگی کی طرح تاروں سے بجتا ہے۔

برپا (ف۔اسم صفت) لغوی پاؤں پر یعنی وہ شے جو سیدھی اپنے سہارے کھڑی ہو مجازاً قائم۔ ٹھیرا ہوا۔ برقرار

برپا کرنا (اور فعل) کھڑا کرنا۔ قائم کرنا۔ اٹھانا ٹھیرانا۔

برپا ہونا (اور فعل) بلند ہونا۔ اٹھنا۔ قائم ہونا۔ ٹھیرانا۔

برت (س۔اسم مذکر) روزہ۔ بھوکا پیاسا رہنا۔ اناج پانی نہ کھانا پینا۔

برت (س۔اسم مونث) وجہ معاش۔ معیشت۔ آمدنی۔ مال و متاع۔ معاش زمین۔ حق۔ نیک ورثہ۔ انعام۔ جمعان۔ پرورش کنندہ۔

برتا (ہ۔ اسم مذکر) طاقت۔ بل۔ کس۔ زور بھروسا۔ امید۔ حوصلہ۔ ہمت مقدور۔ لیاقت۔ وسعت۔ گنجائش۔ سمائی۔ مدد۔

برتنا (ہ۔ اسم مذکر) برتنے کے قابل چیز۔ قابل استعمال۔ لکڑی یا سرکنڈے کا گول سرا والا قلم جس سے مبتدی بچے تختی پر مٹی ڈال کر یا زمین پر ہندی

حروف لکھنے کی مشق کرتے ہیں۔

برتانا (ف۔ فعل) تقسیم کرنا۔ بانٹنا۔ حصّہ دینا۔ حصّہ لگانا۔

برتانت (س۔ اسم مونث) سرگزشت۔ کتھا۔ کہانی۔ حکایت۔ بیان حال۔ تذکرہ۔ خبر۔ اطلاع۔

برتاؤ۔ یا۔ برتاوا (ف۔ اسم مذکر) سلوک۔ رسم۔ چلن۔ استعمال۔ تصرف۔ میل جول۔ ریت راہ رسم۔

برتاؤ اچھا ہونا۔ (ف۔ فعل) سلوک اچھا ہونا۔ طرز عمل درست ہونا۔ مہربانی سے پیش آنا۔

برتھ ڈے (انگ۔ اسم مذ) پیدائش کا دن۔ سالگرہ۔ جنم دن۔ روز ولادت۔ روز پیدائش۔ Birth Day

برتھ کنٹرول Birth Control۔ (انگ۔ مذ) ضبط تولید۔ حمل ہونے سے روکنا۔

برتر (ف۔ اسم صفت) زیادہ بلند۔ نہایت اونچا۔ بہت بزرگ۔ نہایت عمدہ۔

برتری (ف۔ اسم مونث بیائے مصدری) عمدگی۔ بزرگی۔ فضیلت۔ بڑائی۔

برتن (اوگر۔ اسم مذکر) باسن۔ بھانڈا۔ ظرف۔

برتنا (ف۔ فعل) کام میں لانا۔ عمل میں لانا۔ تجربہ کرنا۔ آزمایش کرنا۔ جگنا نباہنا۔ صرف کرنا۔ خرچ میں لانا۔ اٹھانا۔

برتھا (س۔ اسم صفت) ضائع۔ اکارت۔ رائیگاں۔ فضول۔ لغو۔ بلاہی۔ برباد۔



برتھ (انگ۔ مو) سیٹ جس پر ریل کے ڈبے وغیرہ میں بیٹھتے ہیں۔ پیدائش۔ جنم۔ Berth

برتی (ف۔ اسم مذکر) روزہ دار بھوکا پیاسا

برٹش British (انگ) برطانیہ۔ برطانیہ سے منسوب۔

برٹش انڈیا British India) ہندوستان کا وہ حصّہ جو انگریزی حکومت کے تحت تھا۔

برج (ع۔ اسم مذکر) گنبد۔ گنبد۔ مثلث۔ راس۔ سیارہ کا گھر یا مقام آسمانی دائرہ کا نظری اور خیالی طور پر بارھواں حصّہ۔ اسمل۔ ۲۔ سرطان۔ ۴۔ اسد۔ ۵۔ سنبلہ۔ ۶۔ میزان۔ ۷۔ عقرب۔ ۸۔ قوس۔ ۹۔ جدی۔ ۱۰۔ دلو۔ ۱۱۔ حوت۔ ۱۲۔ حمل۔ ۱۳۔ ثور۔ ۱۴۔ جوزا۔ ۱۵۔ سرطان۔ ۱۶۔ اسد۔ ۱۷۔ سنبلہ۔ ۱۸۔ میزان۔ ۱۹۔ عقرب۔ ۲۰۔ قوس۔ ۲۱۔ جدی۔ ۲۲۔ دلو۔ ۲۳۔ حوت۔ ۲۴۔ حمل۔

برج

برجاسپ (س۔ اسم مذکر) مشتری سیارہ۔ ایک دیوتا جو دیوتاؤں کا گرو اور اُن کے معاونوں کے سپرد ہونے والا علاقہ۔ یہ علاقہ کرشن جی کی پیدائش اور زبان کی فصاحت کے باعث بہت مشہور ہے۔

برج (Bridge ا۔ مذ) پُل

برج بھاشا۔ یا۔ برج بھاکا (ف۔ اسم مونث۔ برج کی زبان۔ متھرا۔ گوکل۔ بن اور بندرابن کے علاقے کی بولی۔

برج

برجستہ (ف۔ اسم صفت) بے ساختہ۔ بروقت برمحل۔ بے تکلف۔ عین موقع پر۔

برجنا (ف۔ فعل) منع کرنا۔ روکنا۔ باز رکھنا۔ سمجھانا۔ فہمایش کرنا۔

برجی (ف۔ اسم مونث) برج کی تصغیر۔ چھوٹا برج مینار۔ گنبد کے اوپر کا گول حصّہ

برجن (ف۔ اسم مذکر) بیروں کا چوران۔

برچھ (ف۔ اسم مذکر) درخت۔ پیڑ۔ رُکھ۔

برجیس (ف) ایک سیارے کا نام جسے مشتری بھی کہتے ہیں اور چھٹے آسمان پر ہے۔

برتھ کنٹرول۔ ضبط تولید۔ زیادہ اولاد ہونے کو روکنا۔ انعقاد۔

برچھا (ف۔ اسم مذکر) لمبا نیزہ۔ بھالا۔ بلم۔

برچھا

برچک (ف۔ اسم مذکر) برج عقرب۔ آسمان کا آٹھواں برج۔

برچھی (ف۔ اسم مونث) چھوٹا نیزہ جس کا پھل چوڑا ہوتا ہے۔ چھوٹا بھالا۔

برچھیت (ف۔ اسم مذکر فاعل) خوب نیزہ چلانے والا۔ بھالے بردار۔ خوب برچھا پھرانے والا۔

برحق (فع۔ اسم صفت) ٹھیک۔ درست۔ بجا۔ واقعی۔ سچ۔ صحیح۔

برخاست (ف) ماضی مطلق۔ از برخاستن بہ معنی اسم مفعول۔ موقوف شدہ۔

برخاست کرنا (اُر۔ فعل) موقوف کرنا۔ بند کرنا۔ ہٹا دینا۔ برطرف کرنا۔ دفتر یا مدرسہ وغیرہ بند کرنا۔ اُٹھانا۔ علیحدہ کرنا۔

برخاستگی (ف۔ اسم حاصل مصدر از برخاستن (مونث) موقوفی۔ علیحدگی۔ برطرفی۔

برخاست (اُر۔ فعل) موقوف ہونا۔ دفتر وغیرہ بند ہونا۔ علیحدہ ہونا۔

برخلاف (فع۔ اسم صفت) اُلٹا۔ برعکس۔ مختلف۔ مخالف۔ ناموافق۔

برخوردار (ف۔ اسم صفت) اقبال مند۔ باقبال۔ بختاور۔ زندگی کا پھل اٹھانے والا۔ خط اٹھانے والا۔ بیٹا۔ پسر۔ فرزند۔ دعائیہ جیتے رہو۔

برخورداری (اُر۔ اسم مونث) کثیر الاولادی۔ بہو بیٹی کا لقب۔

برد (ف) بالائی آمدنی۔ فتوح۔ رشوت۔ نفع۔ یافت۔ شرط۔ شطرنج کی بازی میں جب اکیلا بادشاہ ہی رہ جاتا ہے تو وہ بازی برد کہلاتی۔ اور آدھی بازی بھی جاتی ہے جیت۔

برد دینا (اُر۔ فعل) ہارنا۔ بازی دینا۔ آدھی مات کھانا۔

برد مارنا (اُر۔ فعل) بازی جیتنا۔ فائدہ اٹھانا۔ مال مارنا۔ رشوت لینا۔ ضمن کرنا۔ آدھی مات کرنا۔ آدھی بازی جیت لینا۔

برداشت (ف۔ اسم مونث حاصل مصدر از برداشتن) تحمل۔ سہار۔ بردباری صبر۔ مسکوکہ۔ اچاپت۔ اُدھار سودا اٹھانا۔ غم خواری۔ غمخواری۔

برداشتہ خاطر ہونا (اُ۔محاورہ) دل اکھڑنا بے دل ہونا۔ طبیعت اُچاٹ ہونا۔ دل گھبرانا۔

بُردِ اطراف (ع۔اسم مذکر) ہاتھ پاؤں ٹھنڈے پڑجانا۔ سیت۔ ٹھنڈک۔ سردی۔

بُردبار (ف۔اسم صفت) بھاری بھرکم۔ متحمل سہنے والا۔ برداشت کرنے والا۔ جھیلنے والا۔

بُردباری (ف۔اسم مونث بیائے مصدری) تحمل۔ سہارا۔ برداشت۔ قناعت۔ صبر۔ اہلیت۔

بُردہ (ف۔اسم مذکر) وہ لڑکے لڑکیاں جو لڑائی میں ہاتھ لگیں۔ غلام۔ داس۔ بندہ۔ قیدی۔

بردہ فروشی (ف۔اسم مونث بیائے مصدری) غلام بیچنا۔ غلاموں کی تجارت۔

برزباں تسبیح و در دل گاؤ (ف۔مثل) زبان پر اللہ اللہ اور دل میں سو سو خیال ظاہر کچھ اور باطن کچھ۔ ریاکاری کی عبادت۔ ظاہر میں نیک باطن میں خراب یکسو ہو کر عبادت نہ کرنا۔

بُرزخ (ع۔اسم مذکر) روک۔ مزاحمت۔ وقفہ۔ عرصہ۔ مرنے سے لے کر قیامت تک کا وقت۔ خیالی صورت۔ تصوری شکل جیسے پیر کا برزخ۔ دو مختلف چیزوں کے درمیانی شے۔ جس میں ان دونوں میں سے کسی کی صفات بھی عائد نہ ہوتی ہوں۔ جیسے اعراف بہشت اور دوزخ کے درمیان برزخ ہے۔ بندر انسان و حیوانات میں۔ مونگا نباتات اور جمادات میں۔ ہیئت۔ شکل۔ صورت پیکر۔

بُرزن (ف۔اسم مذکر) کوچہ۔ گلی۔ سڑک۔ چھوٹا راستہ۔

بُرس (ہ) سال۔ بارہ مہینے کا عرصہ۔ سن۔

برسابرس (ہ۔اسم مذکر) تمام سال۔ ہر سال۔ سارا برس۔ برس دن کا تہوار۔ عید۔

برس بدھاوا (ہ۔اسم مذکر) ہندوؤں کی ایک رسم ہے جس میں بیاہ سے برس دن بعد جو چیزیں دیوتا کے گھر آئی تھیں وہ واپس کی جاتی ہیں۔

برس بیاوڑ (ہ۔اسم مونث) ہر سال بچہ دینے والی گائے بھینس۔ مجازاً انچی سوڑ کی عورت بچہ کش۔ ظرافتاً عورت کے لیے بولتے ہیں۔

برس دن کا دن (ہ۔اسم مذکر) سالانہ تہوار۔ تعطیل۔ سال بھر میں ایک دن۔

برس گانٹھ (ہ۔اسم مذکر) سال۔ گرہ۔

برسات (ہ۔اسم مونث) بارش کا موسم۔ چوماسا برشگال۔ برکھارُت موسم باراں۔

برساتی (ہ۔اسم مونث) بارش کے وقت پہننے کا بڑا کوٹ۔ گھوڑوں اور اونٹوں بکریوں وغیرہ کی ایک بیماری کا نام بھی ہے۔ جو انھیں برسات کے دنوں میں ہو جاتی ہے اور ان کے پاؤں گل جاتے ہیں۔

برساتی کیڑے (ہ۔اسم مذکر) حشرات الارض۔ مجازاً وہ لڑکے بالے یا آدمی جو ایک ہی خاندان میں بکثرت ہوں۔ ڈوموں اور مراسیوں کو بھی کہا کرتے ہیں۔

برسام (ف۔مذ) چھاتی کی سوجن پھیپھڑوں میں پانی پڑجانا۔

برسپت (ہ۔مذ) مشتری۔

برسانا (ہ۔فعل) بارش کرنا۔ اناج کو بھوسا الگ کرنے کے لیے ہوا سے رُخ گرانا اناج سے بھوسا الگ کرنا۔

برساؤ (ہ۔اسم فاعل مذکر) برسنے والا۔ برسنے کے قابل بادل۔ برسن ہار۔

برس پڑنا (ہ۔فعل) بُرا بھلا کہنا۔ گالیوں کا تار باندھ دینا۔ بارش کا شروع ہونا۔ مارنے لگنا۔ مہربانی کرنا۔

برسرِ فرزند آدم ہر چہ آمد بگزرد (ف۔مثل) انسان پر جو پڑتی ہے اسے سہی لیتا ہے جو مصیبت آدمی پر آتی ہے۔ آخر گزر ہی جاتی ہے۔

برسنا (ہ۔فعل) بارش ہونا۔ مینہ یا پانی پڑنا۔ غصہ اُتارنا۔ غبار نکالنا۔ روپیہ بکثرت آنا۔ خفا ہونا۔ گرجنا۔ نمایاں ہونا۔ جیسے آنکھوں میں خون برس رہا ہے پھوٹنا۔ مواد نکلنا۔

برسوں جھولنا (ہ۔فعل) کسی امید یا انتظار میں برسوں گزر جانا۔ مدتوں سعی تلاش میں رہنا۔

برسویں دن (ہ۔تابع فعل) سال بھر میں ایک بار۔ ہر سال۔ سال پیچھے۔ سال بھر بعد۔

بُرسی (ہ۔اسم مونث) پورب۔ جاڑے میں آگ رکھ کر سینکنے کی انگیٹھی۔ جسے کشمیری لوگ کانگڑی اور فارسی آتشدان بولتے ہیں۔

بَرسی (ہ۔اسم مونث) مردے کی سال پورا ہونے کی فاتحہ۔ مردہ کی سالانہ رسم۔

بُرش (انگ۔اسم) ایک معجون کا نام ہے جس کا جزو اعظم افیون ہے اسے برشعا بھی کہتے ہیں۔

بُرش (ف۔اسم مذکر) موقلم۔ بالوں کا قلم۔ کونچی۔ اونی کپڑے یا ٹوپیاں وغیرہ صاف کرنے کا آلہ۔



برش

بُرش (ف۔اسم مونث حاصل مصدر) از بریدن۔ کاٹ۔ تیزی۔ چیر پھاڑ۔

برشا (ہ۔اسم مونث) برسات۔ برکھارُت۔ بارش کا موسم۔ چوماسا۔ برسنا۔

برشتہ (ف) بھونی ہوئی چیز۔ بریاں۔

برشگال (س۔اسم مونث) بُرش بمعنی برسنا۔ اور گال بمعنی وقت سے مرکب ہے یعنی برسنے کا وقت۔ موسم باراں۔ بارش کے دن۔ برسات۔ برکھارُت۔

بُرص (ع۔اسم مؤنث) پھل بہری۔ ایک مرض کا نام ہے جو خون کے فساد سے جسم پر سفید سفید داغوں کی صورت میں نمایاں ہوتا ہے۔ کچا کوڑھ۔

بَرطَرف (فع۔اسم صفت) کنارہ پر الگ علیحدہ۔ مجرا۔ موقوف۔

برطرف کرنا (اُ۔فعل) موقوف کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ نوکری سے ہٹا دینا۔ برخاست کرنا۔ نام کاٹ دینا۔

برطرفی (ف۔اسم مونث بیائے مصدری) برطرف کرنا۔ علیحدگی۔ موقوفی۔ کنارے ہو جانا۔ معزولی۔ برخاستگی۔

برعکس (فع۔اسم صفت) خلاف۔ اُلٹ۔ متضاد ضد۔

برف (ف۔ اسم مونث) کہر بالا۔ پانی کے وہ جمے ہوئے بخارات جو روئی کی طرح سے آسمان سے برستے ہیں۔ برف میں جمایا ہوا پانی۔ دودھ یا شربت وغیرہ (صفت میں) ٹھنڈی۔ اولا۔ سفید۔ براق۔ اُجلّ۔

برف پرورد (ف۔ اسم صفت) برف میں لگایا ہوا برف میں رکھا ہوا۔

برف پڑنا (اُر۔ فعل) پالا پڑنا۔ نہایت سردی پڑنا۔ برف برسنا۔

برف گلنا (اُر۔ فعل) برف گھلنا۔ برف پگلنا۔ نہایت سردی پڑنا۔

برف میں لگانا (اُر۔ فعل) برف میں ٹھنڈا کرنا۔

برف ہونا (اُر۔ فعل) نہایت ٹھنڈا ہونا۔ سرد اور خشک ہونا۔

برفاتی (ف۔ اسم صفت بہ ائے فاعلیت) بڑا سرد۔ وہ مقام جہاں برف زیادہ پڑتی ہو۔

برفی (ف۔ اسم مونث) منسوب بہ برف۔ ایک مشہور مٹھائی ہے جو دودھ اور کھانڈ کے قوام سے بناتے ہیں۔

برق (ع۔ اسم مونث) بجلی۔ چمک (بحالت صفت) چالاک۔ تیز رفتار۔ چمکنے والی آسمانی بجلی۔

برق خرام } (عف۔ اسم صفت مرکب) تیز چلنے والا۔ صبا رفتار۔ تیز رفتار۔
برق رفتار } بہت جلدی چلنے والا۔

برق دم ہونا (اُر۔ فعل) نہایت تیز ہونا۔ مستعد ہونا۔ چمکنا۔ آب دکھانا۔

برق ہے (اُر۔ مقولہ) نہایت تیز۔ ہوشیار۔ چالاک ہے۔

برقرار (برق زن) (اسم صفت) قائم۔ باقی۔ موجود۔ حاضر۔ بحال۔ مستقل جیسے اپنی جگہ برقرار ہو گیا ہے۔

بُرقع (ع۔ اسم مذکر) نقاب۔ پردہ۔ گھونگٹ۔ وہ سلا ہوا کپڑا جو عورتیں باہر نکلتے وقت سر سے لے کر پاؤں تک اوڑھ لیتی ہیں۔ لباس۔ پوشاک جامہ جیسے فقیری شیر کا برقع ہے۔ وہ جھلی جس میں بچہ لپٹا ہوا پیدا ہوتا ہے۔

بُرقع اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) بے پردہ کرنا۔ منہ سے نقاب ہٹا دینا۔ راز فاش کرنا۔ بھید ظاہر کرنا۔

بُرقع ڈالنا (اُر۔ محاورہ) بُرقع اوڑھنا۔ بھید چھپانا۔ پردہ کرنا۔

برقنداز (عف۔ اسم مذکر) اصل میں برق اور انداز سے مرکب ہے) فوراً بندوق چلانے والا۔ توڑے دار بندوق رکھنے والا سپاہی بندوقچی سپاہی۔ چپراسی۔ محافظ۔ نگہبان۔

بُرک (ف۔ اسم مذکر) وہ اونی کپڑا جو اونٹ کی پشم سے تیار کیا جاتا ہے۔

بُرک (ہ۔ اسم مونث) گاڑھے کاتہ کیا ہوا۔ تھان کورا یا دھلا ہوا۔ دس میٹر لمبے کھدر کا تھان۔ دس میٹر کھدر کا لپٹا ہوا تھان۔

بُرک } (ہ۔ اسم مذکر) قاش۔ پھانک۔ دانتوں سے کاٹا ہوا۔
بُرکا }

بُرقع اُلٹنا منہ سے نقاب ہٹانا یا ہٹنا۔ نمایاں کرنا یا ہونا۔ بے پردہ کرنا یا ہونا۔ راز فاش کرنا یا ہونا۔

بُرقع میں چھیچھڑے لگانا نیک چلنی کی آڑ میں بدچلنی۔

برق زدہ (بغیر الف) جس پر بجلی گری ہو۔

برق گرنا بجلی کے شعلے کا بادل سے نکل کر زمین پر آنا اور گرنا۔

برکت (ع۔ اسم مونث) زیادتی۔ افزونی۔ افزایش۔ کثرت۔ بہتات۔ بالیدگی۔ نیک شگون کے لیے تولتے وقت۔ تاجر لوگ پہلی تول پر ایک کی جگہ بھی بولتے ہیں۔ خاتمہ پر اور نہیں کی جگہ بھی یہ لفظ بولتے ہیں۔ اس کی جمع برکات بمعنی نعمتیں۔ برکتیں۔ اچھائیاں وغیرہ آتی ہے۔

برکت اٹھنا } (اُر۔ محاورہ) شے نہ رہنا۔ افزائش معلوم نہ ہونا۔ بہتات نہ ہونا۔
برکت جانا } رونق نہ ہونا۔ زیادتی جاتی رہنا۔

برکت دینا (اُر۔ محاورہ) درازی بخشنا۔ (اس معنی میں صرف عمر کے ساتھ مستعمل ہے اور اور لفظوں کے ساتھ افزونی اور زیادتی کے معنوں میں آتا ہے) افزائش۔ نصیب کرنا۔ ترقی دینا۔ بہتات عنایت کرنا۔

برکت ہونا (اُر۔ محاورہ) افزایش ہونا۔ دراز ہونا۔ تمام ہونا۔ ختم ہو چکنا۔

بُرکلا (ہ۔ اسم مذکر) گوبر کی چھوٹی چھوٹی گلڑیوں کا ہار جو ہندو لوگ ہولی ماتا پر جلانے کے لیے چڑھایا کرتے ہیں۔

بُرکنا (ہ۔ فعل) چھڑکنا۔ ڈالنا۔ بکھیرنا۔ چھینٹا دینا۔ چٹکی سے باریک پسی ہوئی چیز کو بکھیرنا۔ چلو میں پانی لے کر بوند بوند ڈالنا۔ خوشوں اور بالوں کو اوپر سے کاٹنا۔

برکھ (س) آسمان کے برج ثور کا نام ہے۔ جس کی شکل بیل کی سی مانتے ہیں۔ اور یہ دوسرا برج ہے۔

بُرکھا (ہ۔ اسم مونث) برسات۔ برسگاں۔ برسا۔ بارش۔ مینہ۔

بُرکی ڈالنا } (اُر۔ محاورہ) مٹی کی چٹکی پر جادو پڑھ کر ڈالنا۔ جادو کرنا۔ جادو کی
بُرکی مارنا } پڑیا مارنا۔ اپنی محبت میں گرویدہ کر لینا۔ فریفتہ کرنا۔ عاشق بنانا۔ موہ لینا۔

برگ (ف۔ اسم مذکر) پتا۔ ورق۔ پات۔ ساز و سامان۔ اسباب۔ توشہ۔

برگا (ہ۔ اسم مذکر) چھوٹی ٹکڑی۔ چھوٹے چھوٹے ڈنڈے جو چھت میں کڑیوں کی جگہ غریب لوگ رکھ لیتے ہیں۔

برگد (ہ۔ اسم مذکر) بڑ کا درخت (پنجابی) بوہڑ۔

برگزیدہ (ف۔ اسم صفت) بہ ترکیب مفعولی از برگزیدن) چنا ہوا۔ چھانٹا ہوا۔ منتخب۔ پسندیدہ۔ دل پسند۔ ہر دلعزیز۔

برگشتہ (ف۔ اسم صفت) بہ قاعدہ مفعول از برگشتن) پھرا ہوا۔ باغی۔ سرکش۔ الٹا ہوا۔

برگشتہ بخت (ف۔ اسم صفت) بدنصیب۔ بدقسمت۔ نربھاگ۔ ابھاگی۔

برگشتگی (ف۔ اسم مونث) (بیائے مصدری) پھرنا۔ انقلاب۔ الٹ پلٹ الٹا ڈپلٹا۔

برلا (ہ۔ اسم مونث) کوئی کوئی۔ ایک آدھ۔ خال خال۔ شاذ و نادر۔ کہیں کہیں

برلانا (اُر۔ فعل) پورا کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔

برما (ہ۔ اسم مذکر) آلہ۔ لکڑی میں چھید کرنے کا آلہ۔ سنبہ۔ ایک ملک کا نام۔


برما

برمانا (ہ۔ فعل) برمے سے لکڑی میں چھید کرنا۔ سوراخ کرنا۔

برمحل (ع۔ اسم صفت) عین موقع پر۔ ٹھیک وقت پر۔ مناسب۔ نہایت عمدہ۔ ٹھکانے والی۔

برمک ۱۔ دیکھو برامکہ۔

برملا (ف - تابع فعل) سر مجلس - اعلانیہ - کھلم کھلا - سب کے سامنے - کھلے طور پر +
بُرمُوہی (ع - اسم صفت مونث) بڑے منہ والی - بھونڈی شکل کی - بدصورت +
بَرن (س - اسم مذکر) قوم - ذات - فرقہ - پلتھ درجہ - رنگ - روپ - نقشہ - بناؤ سنگار - لباس - حروف - اکھر - انچھر - سر سے پاؤں تک کی تعریف - حمد و نعت - بیان وصف -
بَرن سنکر } (ع - اسم مذکر) دوگلا آدمی جس کا باپ اور قوم سے اور ماں
برن شنکر } اور قوم سے ہو - لونڈی بچہ - سر بھنگی آزاد -
بَرن مالا (ع - اسم مونث) حروف تہجی - الف بے تے +
بَرنا (ف - اسم مذکر) نوجوان - نوعمر - پورا جوان آدمی +
بَرنا (ع - اسم مذکر) ایک درخت کا نام ہے جس کا پھل گولر سے مشابہ اور کڑوا ہوتا ہے شادی یا بیاہ کرنا -
بَرنج (ف - اسم مذکر) چاول - پیتل +
بَرنج کابلی (ع - اسم مذکر) بادٹرنگ - ایک دوا کا نام ہے -
برنجن (ع - مو) سونے چاندی کی چوڑیاں جو عورتیں اکثر کلائی میں پہنتی ہیں -
برنجی (ف - اسم صفت - بیائے نسبتی) پیتلی - پیتل کا - (صفت میں) چھوٹی کیل لوہے کی +
بَرنَن (ع - اسم مذکر) تفصیل - تشریح - بیان - اظہار - خوبی - بکھان -
بِرنی (ع - اسم مونث) ہٹر - (پنجابی ڈیمو) ایک چھوٹا اڑنے والا زہریلا کیڑا زرد رنگ کا +
بَرنی (ع - اسم مونث) وہ جگہ جہاں پلکیں اگتی ہیں - آنکھوں کے پپوٹوں کا کنارہ گنی +
بِروا (ع - اسم مذکر) پودا - درخت - پیڑ - بوٹا - مجازاً نوجوان - لڑکا - معصوم ہونہار +
بُروت (ف) پونچھ - سبیل +
بُروج (ع - برج کی جمع - دیکھو برج +
بُرودت (ع - اسم مونث) سردی - خنکی - ٹھنڈک +
بُروٹھا (ع - اسم مذکر) ڈیوڑھی - دہلیز +
بُرودھ (س - اسم مذکر) دشمنی - بیر - عداوت - مخالفت - حسد - کینہ - فساد +
برودھی (س - اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) جھگڑالو - فسادی - دشمن - بیری +
بروسی (ع - مو) دودھ گرم کرنے کی گول ناند یا تنور جو مٹی سے بناتے ہیں - اور ڈھکن میں بہت سے سوراخ رکھتے ہیں تاکہ ہوا اندر جاتی رہے - اور آگ بجھنے نہ پائے حارہ
بروقت (ف ع - تابع فعل) عین وقت پر - ٹھیک موقع پر - حسب موقع - نہایت مناسب +
بروگ (ع - اسم مذکر) بچھوڑا - تفرقہ - جدائی - ہجر - فراق - علیحدگی - برہ +
بروگن (ع - اسم مونث) فراق زدہ عورت - مہجور - برہ کی ماری، ہجراں زدہ عورت +
بروگی (ع - اسم مذکر) اپنے یار سے بچھڑا ہوا مرد - ہجر کا مارا - فراق زدہ مرد +
برومند (ف) پھل پانے والا - بارآور - خوش نصیب - کامیاب +
برون (ف) باہر - عموماً اضافت کے ساتھ استعمال ہوتا ہے - جیسے برون خانہ +
برّہ (ف - اسم مذکر) بھیڑ یا بکری کا چھوٹا سا بچہ - حلوان - بز غالہ - بچڑوٹا +
برّہ فلک (ف) برج حمل - آسمان کا پہلا برج +
برہ (ع - اسم مذکر) ہجر - جدائی - مفارقت - دوری - مفارقت کا راگ - جدائی کا گیت +
بُرہان (ع - اسم مونث) دلیل - حجت - قطعی اور پکا ثبوت +
بُرہان اِنّی (ع -) ایک قسم کی دلیل جس میں معلول سے علت کی طرف استدلال کرتے ہیں +
برہسپت - یا - برسپت (ع - اسم مذکر) ایک ستارے کا نام ہے جسے عربی میں مشتری جیس میں اور فارسی میں ہرمزد اور قاضی فلک کہتے ہیں - پنج شنبہ جمعرات - پیروار +
بَرہم (ف - اسم صفت) خفا - رنجیدہ - ناراض - اُلٹ - پلٹ +
برہم ہونا (اُ - فعل) ناراض ہونا - خفا ہونا - گڈمڈ ہونا - تباہ ہونا - تتر بتر ہونا - گڑبڑ ہونا - بگڑنا -
بَرہم (س - اسم مذکر) ہر جا موجود - پرمیشر - خدا - وید - برہما - خالق - برہمن - روح +
برہم بھوج (س - مذکر) برہمنوں کی ضیافت برہمن کو کھانا کھلانا - برہمن جمانا -
برہمچاری (س - اسم مذکر) ویداں اور شاستروں کا عالم - پرہیزگار پاک دامن وہ آدمی جو وید اور شاستر کا طالب علم ہو - برہمنوں کی عمر کا وہ حصہ جس میں وہ وید پڑھا کرتے ہیں +
برہم چرج (س - اسم صفت) پاک دامنی -
برہم ہتیا (ع - اسم مذکر) برہمن کشی - برہمن کو مارنا - برہمن کا قتل +
برہما (ع - اسم مذکر) ہندوستان کے جنوب مشرق میں ایک ملک ہے - خالق خدا - پرمیشر - روح - بھگوان +
برہمن (ع - اسم مذکر) وید جاننے والا - پنڈت وید کا عالم - خداشناس - عارف ہندوؤں کا پجاری - ہندوؤں کا پیر - ہندوؤں میں سب سے اونچی ذات کا نام بھی ہے -
برہمی (ف - اسم مونث - بیائے مصدری) ابتری - گڑبڑ - خرابی - ناراضی - رنجیدگی +
برہمی (ع - اسم صفت بیائے نسبتی) ملک برہما کا باشندہ - ملک برہما کی چیز +
برہمن (ع - اسم مونث) بروگن - ہجراں زدہ عورت خاوند سے دور عورت - عاشقہ +
برہنہ (ف - اسم صفت) ننگا - عریاں - کھلا ہوا +
برہنی روٹی (ع - اسم مونث) وہ روٹی جس کے اندر دال - قیمہ یا آلو وغیرہ ڈال کر پکاتے ہیں +
برہیلا (ع - اسم مذکر) سؤر - خنزیر - سوک - باہر ہیڑا - جنگلی سؤر +
بَری (ع - اسم مونث) سامان - ساچق - میوے پھل پارچات اور زیورات وغیرہ جو نکاح سے پہلے دولہا کی طرف سے دلہن کے گھر بھیجا جاتا ہے +
بَری (ع - اسم صفت) آزاد - چھوٹا ہوا - باہر مستثنیٰ - خارج - پاک بے گناہ بے قصور +
بَریُ الذمہ (ع - اسم صفت) ذمہ داری سے پاک جواب دہی سے فارغ - وہ شخص جس پر ثبوت جرم نہ ہو - معاملہ سے مستثنیٰ +
بِری (ع - اسم صوت مونث) ہاتھی کے بانکنے اور چلانے کی آواز جو فیل بان بولتے ہیں +
بَرّی (ع - اسم صفت بیائے نسبتی) خشکی کا - جنگلی - زمین کی چیز - بحری کی ضد

بُری (ع - اسم صفت مونث) ناقص - خراب - بد - نکمّی - ردّی - ناپسند ؛

بُری آنکھ ڈالنا / بُری آنکھ سے دیکھنا } خراب نیت سے دیکھنا ؛

بُری آنکھوں سے گھورنا ؛ غصّے سے دیکھنا ؛

بُری بات ؛ نامناسب بات ؛

بُری بلا / بُری چیز } (ع - اسم مونث - صفت و موصوف) ناقص چیز - نکمّی چیز - حرام شے ؛

بُری سُنانا (ع - فعل) نکمّی بات سُنانا - بے ڈھب سُنانا - مرضی کے خلاف کہنا - کھوٹی ہوئی بات کہنا - خراب باتیں بیان کرنا ؛

بُرے حالوں جینا (اُر - محاورہ) غریبی اور مفلسی میں زندگی بسر کرنا - خراب و خستہ حالت میں بسر کرنا -

بُرے ؛ بُرا کی جمع - دیکھو بُرا ؛

بُری بلا ؛ آفت -

بُری بھلی جاننا ؛ ہوشیار ہونا - نیک و بد کی تمیز ہونا ؛

بُری بنی ہے ؛ بڑی سخت مصیبت پڑی ہے ؛

بُری ساعت ؛ منحوس گھڑی ؛

بُرے کی جان کا دونا (اُر - محاورہ) ظالم کے ظلم کی شکایت کرنا - ظلم پر صبر کرنا - فقیر درویش بر جان درویش - مجبور ظلم سہنا ؛

بُرے وقت کا ساتھی ؛ مصیبت میں امداد کرنے والا -

بُرے دل سے ؛ بے توجہی سے - ناگواری - بدنیتی سے - ناخوشی ؛

بُرے سے سب ڈرتے ہیں ؛ شریر سے ہر ایک خوف کھاتا ہے ؛

بُرے لچھن ؛ بُری عادتیں - بُرے کام ؛

بُرے وقت کا اللہ بیلی ؛ مصیبت کے وقت اللہ کے سوا کوئی مدد نہیں کرتا ؛

بُریاں (ف) اسم صفت - بصیغہ اسم حالیہ از برشتن - بھنا ہوا - پکا ہوا - پک کر سُرخ ہوا ہوا ؛

بُریاں (ع - اسم مونث) دفعہ - باری - نوبت وار - وقت ؛

بُریاں لینا (اُر - محاورہ) باری لینا - نوبت پوری کرنا - وار لینا میں بتلے بنانے کی رسم ؛

بریانی (ف - اسم مونث) ایک قسم کا پلاؤ - جس میں گوشت بھون کر ڈالا جاتا ہے -

بُریت (ع - اسم مونث) رہائی - آزادی - چھٹکارا - نجات - خلاصی - معافی ؛

بریکھا (ع - اسم مذکر) پورب میں دھوبی - کپڑے دھونے والا ؛

ب - ڑ

بڑ (ع - اسم مذکر) ایک سایہ دار درخت کا نام جو بڑے پھیلاؤ کا ہوتا ہے جس میں لال لال رنگ کی جٹا دار ڈاڑھی کی سی لٹکتی ہیں -

بڑ (ع - اسم مونث) بکواس - مجذوبانہ باتیں - دیوانوں جیسا کلام ؛

بڑ (ع - اسم صفت) بڑا کا مخفف - عموماً دوسرے الفاظ کے ساتھ مل کر آتا ہے -

بڑبولا (ع - اسم مذکر) صفت بہ ترکیب فاعلی بڑا بول بولنے والا - شیخی بگھارنے والا - گھمنڈ کرنے والا ؛

بڑبھاگی (ع - اسم صفت) بڑی قسمت والا - بڑے نصیبے والا ؛

بڑپن / بڑپنا } (ع - اسم مذکر) بڑا ہونا - بزرگی - شان و شوکت - بڑائی - عزّت - مرتبہ - درجہ ؛

بڑپیٹا / بڑپیٹو } (ع - اسم مذکر بالصفت) بڑے پیٹ والا - توندل - حریص - بلانوش ؛

بڑدنتا (ع - اسم صفت) بڑے دانتوں والا - دانتو ؛

بڑکنا (ع - اسم صفت) بڑے بڑے کانوں والا - دراز گوش ؛

بڑگرو (ع - اسم صفت) بڑا گرو - گرو گھنٹال - خاندان کا سب سے بڑا آدمی - قبیلہ میں سب سے بزرگ ؛

بڑما (ع - اسم صفت مونث) بڑی اماں کا مخفف ہے طنزاً اس عورت کو کہتے ہیں جو بڑی تو ہو اور اپنے آپ کو بڑی جانے - بڑے لوگوں میں شریک ہونے والی

بڑمنی (ع) بڑی تھوتھنی والی عورت - مجازاً سوروں طنزاً بکواس اور مغرور عورت ؛

بڑا (ع - اسم صفت مذکر) بزرگ - اعلیٰ - برتر - نمایاں - جیسے بڑا کام کیا - لمبا - طویل - بلند - اونچا - موٹا - مغرور - امیر - دولت مند - نہایت - اشد جیسے بڑا پالا پڑا - سخت - سنگین - جیسے بڑا جرم - ضروری جیسے مجھے ایک بڑا کام ہے - عمدہ بڑھیا - قیمتی - جیسے بڑا مال - عمر میں زیادہ - آباؤ اجداد عربی - سرپرست جیسے اس کے سر پر کوئی بڑا نہیں - جلدی کا - جیسے بڑا کام ہے ؛

بڑا آبا (اُر - اسم مذکر) بڑا چچا - تایا - خسر - سسر - (بازاری لوگ) اُستاد - پیر - شریر ؛

بڑا (ع) مونگ یا ماش کی پیٹھی کی تلی ہوئی ٹکیاں یا قلمیں ؛

بڑا آدمی (اُر - اسم مذکر) دولت مند جلیل القدر - معزز - ذی عزّت ؛

بڑا آزار (اُر - اسم مذکر) کوڑھ - تپ دق - سل - مرگی - سرپسٹ -

بڑا بول - (ع - اسم مذکر) شیخی اور غرور کی بات - بکپ کا لفظ ؛

بڑا بول بولنا (ع) فعل - غرور کی باتیں کرنا - غرور کرنا - شیخی مارنا ؛

بڑا جانور (اُر - اسم مذکر) گائے بیل ؛

بڑا چلہ (اُر) زچہ - چالیسویں دن کا غسل ؛

بڑا دِن (ع - اسم) دسمبر کی ۲۵ تاریخ - انگریزی تحقیق کے موافق بگ ڈے کا ترجمہ ہے جس کے معنی بزرگ دن یعنی مقدس اور بڑا دن کرسمس ڈے ؛

بڑا دیدہ ہونا (اُر - محاورہ) گستاخ اور بے وقوف ہونا - نڈر اور بے باک ہونا - من چلا ہونا ؛

بڑا سفر پکڑنا (ع) فعل - دُور کا سفر اختیار کرنا - مرنا - انتقال کرنا ؛

بڑا روگ (ع - اسم مذکر) کوڑھ - تپ دق - سل ؛ کینسر - ایڈز

بڑا شخص (ع - اسم صفت) جلیل القدر آدمی - تجربہ کار - عالی فہم - عالی دماغ ؛

بڑا صاحب (اُر - اسم مذکر) حاکم اعلیٰ - افسر اعلیٰ ؛

بڑا کرنا (ع - فعل) بڑھانا - بلند رتبہ کرنا - جوان کرنا - تائید کرنا - پروان چڑھانا - پال پوس کر ہوشیار کرنا - چراغ گل کرنا - عزت دینا ؛

بڑا کوئی - بڑا کوئی کا (ع - اسم صفت) چالاک - ہوشیار - بڑا اُستاد - شریر -

بدمعاش۔ عیّار ٭

بڑا گھر (ا۔ اسم مذکر) لمبا چوڑا مکان۔ امیر گھر۔ قید خانہ۔ جیل خانہ ٭

بڑا گھرانا (ا۔ اسم مذکر) امیر گھر۔ اعلیٰ خاندان۔ معزز قبیلہ ٭

بڑا نام (ا۔ اسم مونث) بڑائی۔ بڑپن۔ بزرگی۔ عظمت۔ دیرینہ سال ہونا ٭

بڑا نام کرنا (ا) فعل۔ شہرت پانا۔ مشہور کرنا۔ نہایت اعلیٰ کام کرنا۔ نام وری حاصل کرنا ٭

بڑانا (ا۔ فعل) بکنا۔ بہکنا۔ بڑبڑانا۔ بکواس کرنا۔ بڑبڑانا۔ شور وغل مچانا۔ خواب میں کچھ بولنا۔ بڑمارنا (ہ۔ مصدر) دخول کرنا۔ گھسانا۔

بڑانا (ا۔ فعل) چلانا۔ حواس باختہ ہوجانا۔ گھبرا اٹھنا مگر کسی چیز کی تنگی سے

بڑا نکما (اُ۔ محاورہ) بڑی آن والا۔ بڑی وضع دار ہے۔

بڑا نوالہ کھائے بڑا بول نہ بولے (اُ۔ مثل) امیرانہ کھانے کھائے مگر غرور نہ کرے۔ غذا عمدہ کھائے مگر شیخی اور تکبر کے پاس تک نہ پھٹکے ٭

بڑائی (ا۔ اسم مونث بیائے مصدری) بڑا ہونا۔ عظمت۔ بزرگی۔ کلانی۔ عمر کی زیادتی۔ درازیٔ عمر۔ خوبی۔ برتری۔ مدح وثنا۔ منصب۔ درجہ عزت جیسے اس میں اپنی بڑائی ہے۔ لاف شیخی ٭

بڑائی دینا (ا۔ فعل) عزت دینا۔ درجہ بڑھانا۔ عہدے تک پہنچا دینا ٭

بڑائی کرنا (ا۔ فعل) تعریف کرنا۔ سراہنا۔ ستایش کرنا۔ شیخی مارنا۔ لاف زنی کرنا۔ خودستائی کرنا۔ (متعدی ولازم) ٭

بڑائی مارنا (ا۔ فعل لازم) خودستائی کرنا۔ ڈینگ مارنا ٭

بڑبڑ (ا۔ اسم مونث) جھک جھک۔ بک بک۔ بکواس۔ یاوہ گوئی ٭

بڑبڑانا (ا۔ فعل) منہ ہی منہ میں باتیں کرنا۔ چپکے چپکے بڑا کہنا۔ بکنا۔ زیر لب کچھ کہنا۔

بڑبڑیا (ا۔ اسم مذکر) بڑبڑانے والا۔ بکواسی۔ بیہودہ گو۔ شیخی خورہ۔

بڑبھس (ا۔ اسم مونث) بوڑھاپے میں جوانی کی باتیں۔ مجازاً وہ بدمزاجی کی باتیں جو بڑھاپے میں انسان کیا کرتا ہے ٭

بڑبھس لگنا (ا۔ فعل) بڑھاپے میں مستی چھوٹنا۔ بوڑھا ہوکر جوانی کی باتیں کرنا باسی کڑھی میں ابال آنا ٭

بڑچود (اُ۔ ہند) ایک گالی ہے

بڑک (اسم مذکر) (پورب) دانت کی گرفت۔ منہ سے کاٹنا۔ دانتوں کی کاٹ (حیوان کی) ٭

بڑک (ا۔ اسم مونث) ڈبکی۔ غوطہ (پنجابی ٹبّی) ٭

بڑک (ا۔ اسم مونث) پاؤں کی آہٹ۔ کھڑکا آواز پا۔ صدائے رفتار۔ وہ کھڑکا جو برتنوں وغیرہ کے اندھیرے میں باہم ٹکرانے سے ہو چوروں کے چھت پر چلنے پھرنے کی آواز ٭

بڑکا (ا۔ اسم مذکر) (پورب) انسانی دانتوں کی گرفت۔ دانتوں کی کاٹ (پنجابی چک) ٭

بڑ مارنا (ا۔ فعل) بکواس کرنا۔ بیہودہ گوئی کرنا۔ بے تکی ہانکنا۔ شیخی بگھارنا

بڑ ہانکنا یاوہ گوئی کرنا ٭

بڑنا (ا۔ فعل) داخل ہونا۔ گھسنا۔ اندر جانا ٭

بڑنا (ا۔ اسم مذکر) بڑی ناک والا۔ معزز۔ عزت والا ٭

بڑنگا (ا۔ اسم مذکر) چھت کی کڑی۔ تیر سقف ٭

بڑوں کی بڑی بات (اُ۔ محاورہ) تجربہ کاروں کی بات پختہ اور درست ہوتی ہے۔ امیروں افسروں اور حاکموں کے خیالات اور باتیں بھی اعلیٰ اور عمدہ ہی ہوتی ہیں۔

بڑولی (ا۔ اسم مونث) برہٹے۔ بڑ کے درخت کا پھل جس طرح پیپل کے پھل کو پیپلی کہتے ہیں۔ اسی طرح بڑ کے پھل کو بڑولی اور نیم کے پھل کو نمولی یا نبولی ٭

بڑھاپا (ا۔ اسم مذکر) پیرانہ سالی۔ بوڑھا ہونے کے نشان۔ کہن سالی ٭

بڑھار (ا۔ اسم مونث) ضیافت۔ رخصت۔ وداعی۔ ضیافت جو دلھن والوں کی طرف سے آخری دن ہوتی ہے قاعدہ ہے کہ فال اور شگون نیک کی وجہ سے بڑھانا کا لفظ رخصت اور وداع کی موقع پر بولتے ہیں۔ جیسے چراغ بڑھانا۔ دکان بڑھانا اسی اصول پر یہ لفظ بڑھار یعنی وداعی۔ کھانا بوجہ فال خیر جلتے ہوئے دیے کو بجھانا۔

بڑھانا (ا۔ فعل) زیادہ کرنا۔ دراز کرنا۔ لمبا کرنا۔ پھیلانا۔ کھینچنا۔ جیسے تار بڑھانا۔ بلند کرنا۔ اونچا کرنا۔ ترقی کرنا۔ اضافہ کرنا۔ آگے لانا۔ آگے کی طرف کرنا۔ تعریف میں مبالغہ کرنا۔ دولت مند بنانا۔ عہدہ دینا۔ اٹھانا بلند کرنا۔ جیسے دکان وغیرہ بڑھانا۔ پتنگ کنکوے وغیرہ کا ہوا میں اونچا کرنا ٭

بڑھاوا (ا۔ اسم مذکر) لغوی معنی زیادتی۔ جھوٹی تعریف۔ لوبھ۔ طمع۔ تحریص۔ ترغیب۔ خوشامد۔ دم۔ فریب۔ بہکاوا ٭

بڑھاوا دینا (ہ۔ محاورہ) جھوٹی ہمت بڑھانا۔ لالچ دینا۔ جھوٹی تعریف سے ہمت بڑھانا۔ خوشامد سے کسی کام پر آمادہ کرنا

بڑھاوے میں آنا (اُ۔ محاورہ) خوشامد میں آنا۔ تعریف پر پھول جانا۔ لالچ میں آنا۔ دھوکے میں آنا ٭

بڑھ بڑھ کے بولنا (ہ۔ محاورہ) فخر کی باتیں کرنا۔ شیخی بگھارنا۔ حیثیت سے بڑھ کر بولنا ٭

بڑھتی (ا۔ اسم صفت) زیادہ۔ افزوں۔ فالتو۔ زائد۔ معمول سے زیادہ۔ برکت۔ زیادتی ٭

بڑھتی دولت (اُ۔ اسم مونث) دن بدن بڑھنے والی دولت۔ ترقی کرنے والی دولت۔ مراد کے موافق زیادہ ہونے والی دولت ٭

بڑھ جانا (ا۔ فعل) اندازے سے زیادہ ہوجانا۔ عہدے مرتبے اور عزت میں ترقی کرنا۔ آگے نکل جانا ٭

بڑھ چلنا (ا۔ فعل) حیثیت سے باہر قدم رکھنا۔ مغرور ہونا۔ گستاخ۔ حد سے زیادہ میل جول کرنا ٭

بڑھکا (ا۔ اسم صفت) اعلیٰ درجہ کا۔ عمدہ قسم کا۔ بیش قیمت کا ٭

بڑھ کر بولنا (اُ۔ محاورہ) گستاخانہ کلام کرنا۔ بڑا بول بولنا۔ اپنے رتبہ سے زیادہ بولنا ٭

بڑھل (ا۔ اسم مذکر) ایک درخت کا نام جس کا پھل بھی اسی نام سے پکارا جاتا ہے زرد رنگ کا شریفہ کی وضع کا ہوتا ہے ٭

بڑھوتی (ا۔) بڑھاپے کا وقت ٭

بڑھنا (ا۔ فعل) بلند ہونا۔ اونچا ہونا۔ نمو پانا۔ اگنا۔ جسم اور جسامت میں زیادہ ہونا۔ حد سے گزرنا۔ بچنا۔ زائد ہونا۔ کنکوا اڑانا۔ آگے چلنا۔ نفع ہونا

امیر ہونا۔ فالتو ہونا۔ تفاؤل کے طور پر چراغ کے ساتھ گل ہونے اور دکان وغیرہ کے ساتھ بند ہونے کے معنی ہیں آتا ہے ؛

بڑھوتری } (ہ۔ اسم مونث) زیادتی۔ ترقی۔ بیشی۔ منافع۔ افزونی ؛
بڑھوتر }

بڑھنی (ہ۔ اسم مونث) جھاڑو صاف کرنے کا آلہ۔ وُمدار۔ ابتارہ۔

بڑھئی (ہ۔ اسم مذکر) نجار۔ ترکھان۔ کنکار۔ کٹھ پھوڑا۔ ایک سبز رنگ کا جانور ؛

بڑھیا (ہ۔ اسم صفت) اعلےٰ قسم کا بیش قیمت نہایت عمدہ۔ خوش وضع ؛

بُڑھیا (ہ۔ اسم مونث) بوڑھی عورت۔ ضعیفہ۔ کہن سالہ۔ پیرزال۔ ماں۔ والدہ۔ آک کے ڈوڈے کی روئی ؛

بُڑھیا آفت کی پُڑیا (اُ۔ محاورہ) نہایت مکار۔ عیارہ۔ چالاک۔ فتنہ انگیز فسادی عورت ؛

بڑھیا دیوانی ہوئی پرائے برتن اُٹھانے لگی (اُ۔ مثل) اس کی نسبت بولتے ہیں جو دیوانگی میں بھی اپنے ہی فائدے کو مدِّنظر رکھے۔ دیوانہ بکار خویش ہشیار۔ مطلب کی دیوانی ؛

بڑھیا تو مری سومری فرشتوں نے گھر دیکھ لیا (اُ۔ مثل) ایک نقصان کی تو خیر چنداں فکر نہیں مگر مشکل تو یہ ہوگئی کہ آئندہ نقصان کے لیے رستہ نکل آیا ؛

بُڑھیل (ہ۔ اسم مونث) تحقیراً۔ بڑی بوڑھی۔ پیرزال ؛

بڑی (ہ۔ اسم مونث) ماش۔ مونگ کی دال کی پیٹھی پیس کر اور اس کا خمیر اُٹھا کر چھوٹے چھوٹے خلیلہ سے بنا کر سکھا لیتے ہیں جنھیں مصالحہ وغیرہ خوب ڈال کر شوربے دار پکاتے ہیں (پنجابی) وڑی۔

بڑی (ہ۔ اسم مونث صفت) کلاں۔ بزرگ۔ عظیم۔ دراز۔ نہایت۔ ازحد ؛

بڑی بات (ہ۔ اسم مونث) عمدہ بات۔ امرِعظیم۔ امرِمحال۔ نہایت اچھی اور کارآمد بات ؛

بڑی بات نہیں (ہ۔ محاورہ) کوئی مشکل نہیں۔ کوئی حقیقت نہیں ؛

بڑی بات ہوئی (ہ۔ محاورہ) بہت خوب ہوا۔ مناسب ہوا ؛

بڑی بوڑھی (ہ۔ اسم مونث) سیانی۔ بڑی عمر کی عورت۔ مخدومہ۔ بزرگ۔ تجربہ کار عورت ؛

بڑی بہو (ہ۔ اسم مونث) بڑے بیٹے کی عورت (پنجابی نوہ) مجازاً بھونڈی اور بے وقوف عورت بدسلیقہ اور بے تمیز بیوی۔ خاوند سے زیادہ عمر والی بیوی ؛

بڑی بہو بڑے بھاگ چھوٹی بہو سسرے کو ڈاگ (ہ۔ ہندو مثل) بڑی بہو نہایت خوش قسمتی ہے اور چھوٹی بہو سسرے کے حق میں مضر ہے کیونکہ بڑی بہو آتے ہی گھر بار سنبھال لے گی اور چھوٹی کے جوان ہونے تک لاگ ٹیگ وغیرہ کے اخراجات ہی بے شمار ہوں گے۔

بڑی بہو کو بلاؤ کھیر میں نون ڈالے (ہ۔ مثل) نہایت بے تمیزی کے اظہار کے وقت بولا کرتے ہیں۔ یعنی اُسے بلاؤ کہ کام خراب کر دے ؛

بڑی بی (ہ۔ اسم مونث) تعظیماً بڑی بوڑھی کو کہتے ہیں۔ بڑھیا ؛

بڑی چیز (اُ۔ اسم مونث) عورتیں۔ قرآن شریف۔ قرآن حمید سے مُراد لیا کرتی ہیں ؛

بڑی چیز اُٹھانا ۔ بڑی چیز پر ہاتھ رکھنا (اُ۔ محاورہ) قرآن شریف اُٹھا کر قسم کھانا قرآن کریم ہاتھ میں لے کر حلف کرنا۔ قرآن کی قسم کھانا ؛

بڑیاں ا۔ اسم مونث بڑی کی جمع۔ ماش یا مونگ کی دال کی پیٹھی پیس کر کچی کپوڑیاں پیٹھی کے غلولے سکھائے ہوئے پیٹھی کی بڑی بڑی گولیاں یا ٹکیاں۔

بڑیاں توڑنا } (ہ۔ فعل) چھاج یا بوریے وغیرہ پر بڑیاں بنانا۔ پکوڑیاں
بڑیاں ٹوکنا } بنانا ؛

بڑے (ہ) بڑا کی جمع۔ دیکھو بڑا۔

بڑے بوڑھے (ہ اسم مذکر) عمر رسیدہ بزرگ۔ بڑے تجربہ کار۔ سرپرست۔ مربی ؛

بڑے بے ڈھب ہو (ہ۔ محاورہ) بڑے چالاک ہو۔ نہایت شریر ہو۔ قیامت کے فسادی ہو۔ بڑے فطرتی ہو۔ غضب کے چال باز

بڑے بول کا سر نیچا (ہ۔ مثل) غرور کا انجام ذلت۔ مغرور ہمیشہ ذلیل ہوتا ہے۔ مغرور سر کے بل گرا کرتا ہے ؛

بڑے پاک ہو (اُ۔ محاورہ) نہایت بے حیا ہو۔ پرلے درجے کے بے شرم ہو۔ بہت بے غیرت ہو ؛

بڑے صاحب (اُ۔ اسم مذکر) بڑے میاں عمر رسیدہ۔ امیر کا بیٹا۔ عدالت کا حاکم اعلیٰ۔ اعلیٰ افسر ؛

بڑے گھر پڑیے۔ اینٹ پتھر ڈھوڈھو مریے (ہ۔ مثل) بڑے گھرانے میں رشتہ ہونے پر ہمیشہ ان کی خدمت ہی کرنی پڑتی ہے امیر گھر میں شادی کروا کر ساری عمر ان کی غلامی میں ہی رہنا پڑتا ہے ؛

بڑے گھر جانا (اُ) مرجانا۔ انتقال کرنا۔ قید ہونا۔ جیل خانے جانا ؛

بڑے مُرشد ا۔ بڑے شریر۔ بڑے اُستاد۔

بڑے میاں (اُ۔ اسم مذکر) گھر کا سردار۔ خاندان کا بزرگ۔ کلمۂ تعظیم۔ بڑا بوڑھا ؛

بڑے میاں سو بڑے میاں چھوٹے میاں سُبحان اللہ (اُ۔ مثل) بڑے میاں تو تھے سو تھے چھوٹے میاں نہایت ہی بدمعاش نکلے ؛

ب ـ ز

بُز (ف۔ اسم مونث) بکری۔ گوسفند (بصورت مذکر) بکرا ؛

بُزِ اخفش (فع اسم مذکر) اخفش نحوی کا بکرا۔ بے سمجھے بوجھے گردن ہلانے والا۔ کھوکھلے دماغ کا۔ بے سمجھے اقرار کر لینے والا۔ روایت اخفش نام ایک شخص عرب میں نہایت غبی تھا۔ ایک دن اُستاد سے شکایت کی کہ مجھے سبق یاد نہیں ہوتا کیا علاج کروں۔ اُستاد نے کہا کہ کسی کو پڑھایا کرو۔ وہ بولا مجھ سے پڑھنا کون قبولے گا۔ اُستاد نے کہا ایک بکرا خرید لے اُسے پڑھایا کر اخفش نے اُستاد کی نصیحت پر عمل کیا اور بکرا خرید لیا۔ رات کو بیٹھ بکرے کو سبق سناتا جب تک بکرا بول نہ اٹھتا یا سر نہ ہلا دیتا یہ سبق کا پیچھا نہ چھوڑتا۔ رفتہ رفتہ دماغ کھل گیا اور ایسا فاضل ہوا۔ کہ عربی صرف ونحو پر ایک طویل کتاب لکھی ؛

بُزدل } (ف۔ اسم صفت ترکیبی) ڈرپوک۔ کم ہمت۔ کم حوصلہ۔ کمزور۔
بُزدلا } بے ہمت۔ ڈراکل (پنجابی) ؛

بزدلی (ف - اسم مونث بیائے مصدری) ڈرپوک پن - بے ہمتی۔
بزغالہ (ف) بکری کا بچہ۔ حلوان۔ جھگی بکرا - پہاڑی بکرا +
بزاز (مذ) عوام کا روزمرہ بازار +
بزاز (ع - اسم مذکر) پارچہ فروش - کپڑا بیچنے والا +
بزازا (اُرد - اسم مذکر) کپڑا بکنے کا بازار - کپڑے کی منڈی۔ کپڑے کا بازار +
بزازی (عف - اسم مونث بیائے مصدری) پارچہ فروشی۔ کپڑا بیچنا - کپڑا بیچنے کا پیشہ
بزرگوار ا: بزرگ - چرگ آدمی۔ ،
بزرگوں کا ٹھیکرا ا: موروثی مکان یا جائیداد +
بزرگانہ ا: بزرگوں کی طرح کا کام +
بزرگ (ف - اسم صفت) بڑا - کلاں - امیر - معزز - بڑی عمر کا - عمر رسیدہ - بڑی شان و شوکت +
(بحالت اسم) بڑا آدمی - سرپرست - مربی - رشی - عارف - ولی اللہ - سنجیدہ سمجھدار +
بزرگ زادہ (ف - اسم مذکر) شریف زادہ - امیر گھرانے کا - حاکم کی اولاد - اُستاد یا پیر کا بیٹا - عالی خاندان - عالی نسل +
بزرگی (ف - اسم مونث بیائے مصدری) بڑا ہونا - بڑاپن - بڑائی - برتری - عزت
بزرجمہر (ع - مذ) بزرگ مہر کا عربی تلفظ - نوشیرواں عادل کا دانا وزیر +
بزرگی بہ عقل است نہ بسال (ف - مثل) بڑائی عقل پر منحصر ہے عمر پر نہیں
عمر سے آدمی بڑا نہیں ہوتا بلکہ عقل سے بڑا ہوتا ہے +
بزم (ف - اسم مونث) مجلس - محفل - سبھا - سماج - سوسائٹی - مجمع - مجلس عیش +
بزم سخن (بہ اضافہ - مو) مشاعرہ - شاعرانہ محفل +
بزم گاہ (ف - اسم مذکر) عیش و نشاط کی مجلس - مجلس طرب +
بزن (ف - فعل امر از زدن) مار - قتل کر - ماڈال (بحالت اسم) قتل کا حکم - قتل عام +
بزور (ف - تابع فعل) زبردستی سے - ہیکڑی سے جبراً - حکماً - طاقت سے - چھین کر - دباؤ ڈال کر +
بزوری - ٹھنڈک دینے والا - ایک شربت کا نام ہے،

ب - س

بس

بس (انگ مو) لاری - جو شہر میں لوگوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچاتی ہے + Bus
بس (ف - اسم صفت) بہت - بکثرت - کافی - وافی یکتفی - صرف - فقط - تمام - چپ رہو - خاموش - القصہ - حاصل کلام - ٹھیرو +
بس (اُرد - اسم صفت برائے تاکید ٹھہرو - بہت ہے - کافی ہو چکا - اب کچھ ضرورت نہیں +
بس حد ہو گئی (اُرد - محاورہ) بہت بُری ہوئی - نہایت ہو گئی جُرأت ختم ہو گئی +
بس دیکھ لیا (اُرد - محاورہ) خوب جانچ لیا - اچھی طرح آزما لیا تمہارا امتحان کر لیا - سب حال کھل گیا +
بس کرو (اُرد) ختم کر دو - جانے دو - ٹھیرو - چپ رہو - موقوف کرو - صبر کرو - قناعت کرو +
بس (ع - اسم مذکر) قابو - طاقت - کس - بل - اختیار - داؤ - چارہ - علاج - موقع - ڈھب - دسترس +
بس جانا (ع - فعل) معطر ہونا - خوشبو سے بھر جانا - آباد ہونا +
بس چلنا (ع - فعل) دسترس ہونا - قابو پانا - اختیار ہونا - دخل ہونا +
بس میں (ع - تابع فعل) قابو میں - قبضہ میں - داؤ میں +
بس میں سوار ہونا ا: کرایہ کی لاری میں بیٹھنا +
بس میں آنا (ع) فعل - قابو میں آنا - داؤ میں آنا - قبضہ میں آنا - پھنس جانا - گرفت میں آنا +
بس میں پڑنا - بس میں ہونا (ہ - محاورہ) کسی کے پنجے میں پڑنا - قابو میں رہنا +
بس میں رہنا (ہ - محاورہ) اختیار میں رہنا - قابو میں رہنا - فرمانبرداری +
بس میں کرنا (ہ - محاورہ) قابو میں لانا - زیر کرنا - مغلوب کرنا - موہنا - فریفتہ
بس میں لانا } کرنا - اطاعت میں لانا +
بس (ع - اسم مذکر) زہر ہلاہل - کھوٹ - عیب - فساد - جھگڑا - شریر - فسادی +
بس اُگلنا (ہ - محاورہ) زہر اگلنا - بدگوئی کرنا - غیبت کرنا - بدلہ لینا - دشمنی کرنا +
بس بونا (ہ - محاورہ) فساد کا بیج بونا - کسی کے واسطے برائی کا تخم بونا - بدی کرنا فساد کی جڑ جمانا +
بس بھری (ع - اسم مونث) زہریلی - زہر آلود - کپٹی - فسادی - فتنہ انگیز +
بس کی گانٹھ (ع - اسم صفت) زہر قاتل - فسادی - کینہ ور - کپٹی (بحالت اسم) سانپ +
بس ملانا (ع - فعل) زہر ملانا - نقص کرنا - کھوٹ کرنا +
بسا اوقات (اُرد) بہت دفعہ - اکثر +
بساطی (س - مذ) کنگھی سوئی وغیرہ بیچنے والا +
بسارنا (ع - فعل) بھولنا - فراموش کرنا +
بساط (ع - اسم مونث) چادر - بستر - بچھونا - شطرنج کا کپڑا - حیثیت - پونجی - گھر کا اثاثہ - حوصلہ - فراخی - قدرت - وسعت +
بساطی (ع - اسم مذکر) خوردہ فروش - چادر بچھا کر بازار میں سوئی سرمہ وغیرہ بیچنے چھوٹی چھوٹی چیزیں فروخت کرنے والا +
بسانا (ع - فعل) آباد کرنا - معطر کرنا - خوشبو میں رچانا +
بسایا - بسا ہنا (ع - فعل) خریدنا - مول لینا - جیسے ببر بسا ہنا - وصہ لینا - جیسے باپ بسانا +
بساند (ع - اسم مونث) ناگوار بو - بدبو - آبی پرندے مچھلی اور گوشت کی نئی بو - اصلی مادے کا اثر اصلی عیب - نطفے کا اثر - کم ظرف یا نیچ آدمی کے بڑوں کی برابر گفتگو کرنے اور غلطی کھانے کے موقع پر بولا جاتا ہے - کہا کرتے ہیں - ابھی تک بساند نہیں گئی - بڑا ہو گیا تو کیا ہوا +
بساندا (ع - اسم صفت) اس میں الف فاعلیت کا ہے) بدبو دار - بدمزہ - بدذائقہ ناسنجیدہ - غیر مہذب - ناشائستہ آدمی جو مہذب لوگوں کی برابری کا دم مارے -
بساہا (مذ - ہ) زہریلا -
بسائط (ع) بسیط کی جمع - وہ مادے جو مرکب نہیں - مجازاً عناصر اربعہ (آگ - پانی - مٹی - ہوا +

بسہری (مو) ایک زہریلی بیماری جو ہاتھ کی انگلیوں کو خراب کرتی ہے ؛
بسط (ع۔ اسم مونث) چیز۔ شے۔ اسباب۔ اثاثہ ؛
بستار (ع۔ اسم مذکر) پھیلاؤ۔ وسعت۔ فراخی۔ بات کو بڑھانا۔ تفصیل۔ درخت کا خوب پھل جانا۔ طول کلامی ؛
بستار کرنا (ع) درخت کا اپنی شاخیں دور تک پھیلا دینا۔ طول کلامی۔ بات کو خوب بڑھا کر بیان کرنا ؛
بُستان (ف) بوستان کا مخفف۔ باغ ؛
بستر (ع۔ اسم مذکر) لباس۔ صرف کپڑا۔ سامان۔ اسباب ؛
بِستر (ع۔ اسم مذکر) بچھونا۔ فرش۔ فقیروں اور سپاہیوں کا بچھونا ؛
بسالت (ع۔ مو) بہادری۔ دلیری ؛
بسان (ف) (حرف تشبیہ) یہ لفظ ہمیشہ اضافت کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ؛
بِسات (اُر۔ اسم مذکر) سامان۔ اسباب۔ فقیروں اور سادھوؤں کا مسکن۔ تکیہ ؛
بِستر لگانا / **بِسترا لگانا** / **بِسترا جمانا** (ع۔ فعل) کسی جگہ رات بسر کرنے کو بچھونا کرنا۔ رات کے سونے کا سامان کرنا ؛
بُستنی (ف۔ اسم مونث بیائے قابلیت) غلاف پنجرے یا ستار وغیرہ پر لپیٹنے کا کپڑا ؛
بقچہ۔ اوپر باندھنے کا کپڑا ؛
بستگی (ف۔ مو) قبض۔ تفریح نہ ہونا۔ طبیعت کا بند اور گٹھل ہو جانا۔ اس چیز کا سخت ہونا۔ جو عموماً نرم ہوتی ہو ؛
بستہ (ف۔ اسم مذکر) (مفعول قیاسی از بستن) بندھا ہوا۔ جما ہوا۔ جزودان۔ بقچہ گٹھری۔ کاغذات باندھنے کا کپڑا ؛
بست وکشاد (ف۔ مو) بندوبست۔ حل وعقد ؛
بستی (ع۔ اسم مونث) گاؤں۔ قصبہ۔ آبادی۔ رونق۔ چہل پہل۔ جیسے آپ کے دم کی بستی ہے۔ اُجاڑ کے خلاف۔ علاقہ یوپی کے ایک ضلع کا نام بھی ہے ؛
بِسرا (ع) حرف استثنا۔ بغیر۔ بن۔ بدوں ؛
بسرام کرنا (ع۔ فعل) آرام کرنا۔ رات گزارنا۔ ٹھیرنا۔ مقیم ہونا ؛
بسرانا (ع۔ فعل) یاد سے بھلانا۔ دل سے اُتارنا۔ ذہن میں نہ رکھنا ؛
بسر کرنا (اُر۔ فعل) گزارنا۔ پورا کرنا۔ نباہنا۔ وقت گزارنا۔ بھرنا۔ زندگی کے دن پورے کرنا ؛
بسرنا یا بسر جانا (ع۔ فعل) بھول جانا۔ چوک جانا۔ یاد نہ رکھنا۔ فراموش ہونا ؛
بسر وچشم (ف۔ تابع فعل) سر آنکھوں سے۔ بڑی خوشی سے ؛
بسر ہونا (اُر۔ فعل) گزرنا۔ پورا ہونا۔ انجام کو پہنچنا۔ ختم ہونا ؛
بسط (ع۔ اسم مذکر) شرح۔ تفصیل۔ وضاحت ؛
بِس کپرا (ع۔ اسم مذکر) ایک دوا کا نام ہے ایک قسم کا کیڑا بھی ہے جو غلہ کو کھا جاتا ہے ؛
بسکٹ Biscuit۔ انگ۔ اسم مذکر) روغنی تکیہ ؛
بسم اللہ (ع۔ اسم مونث) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا مخفف ہے جس کے معنی ہیں کہ میں بخشنے والے مہربان اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں اللہ کا نام لینا ٹھوکر کھانے یا گرنے یا صدمہ پہنچنے پر یہ کلمہ اللہ محفوظ رکھے کے معنی دیتا ہے۔ کلمۂ ایجاب بھی ہے۔ بمعنی بہت بہتر۔ بہت اچھا۔ ہاں۔ بہت مناسب۔ کسی بڑے آدمی کے آنے پر تعظیماً بھی بولتے ہیں ؛
بسم اللہ سے تمت تک ا۔ شروع سے آخر تک ؛
بسم اللہ کا گنبد (اُر۔ اسم مذکر) امن گاہ۔ جائے پناہ۔ جہالت۔ ناتجربہ کاری ؛
بسم اللہ کرنا (اُر۔ محاورہ) شروع کرنا۔ آغاز کرنا۔ کھانا تناول کرنا ؛
بسم اللہ ہی غلط (اُر۔ محاورہ) ابتدا ہی غلط۔ شروع سے ہی غلطی۔ کام کے شروع ہی میں چوک ؛
بسمل (ع) ذبیحہ۔ قربان کیا ہوا جانور۔ گھائل۔ مجروح۔ زخمی۔ مجازاً عاشق۔ فریفتہ۔ والہ وشیدہ بسم اللہ کا مخفف
بسنا (ع۔ فعل) آباد ہونا۔ رہنا۔ گھر بنانا۔ ٹکنا۔ ٹھیرنا۔ سمانا۔ جیسے من میں بسے سو سپنا دے خوشبودار ہونا۔ معطر ہونا۔ رچنا ؛
بسنا (ع۔ فعل) سڑنا۔ متعفن ہونا۔ بدبودار ہونا۔ چیدہ دار ہونا ؛
بسنا (ع۔ اسم مذکر) بک۔ بھاجنی کوٹھی۔ وہ تھیلی یا کپڑا جس میں کوئی چیز رکھیں۔ جیسے صرافوں کا بسنا ؛
بسنت (ع۔ اسم مذکر) موسم بہار کا آغاز۔ چیت سے بیساکھ تک کا موسم۔ سری راگ کی چوتھی راگنی۔ سرسوں کے کھلے ہوئے زرد پھول بہار کے موسم کا تیوہار بھی ہے۔ ستیلا چیچک ؛
بسنت پنچمی (ع۔ اسم مونث) ہندوؤں کے ایک تیوہار کا نام ہے جو ماگھ شدی پنچمی کو ہوتا ہے ؛
بسنت پھولنا (اُر۔ محاورہ) زردی چھانا۔ یرقان ہونا۔ سرسوں کے پھول کھلنا ؛
بسنت کی خبر (اُر۔ اسم مونث) زمانہ کے تغیر و انقلاب کی خبر۔ آئندہ حالات کی واقفیت ؛
بسنتی (ع۔ اسم مونث بیائے نسبت صفت) زرد۔ پیلا۔ بسنت کے میلے میں جانے والے چیچک۔ ستیلا۔ (اسم مونث کی حالت میں) زرد لباس۔ پیلی پوشاک ؛
بسنتی پوس (اُر۔ اسم مذکر) زرد پوش۔ زرد لباس والا ؛
بسندر۔ یا۔ بسنتر (ع۔ اسم مونث) اگنی۔ اگنی دیوتا۔ یرستش کی آگ۔ پاک ومقدس آگ ؛
بسوانسی (ع۔ اسم مونث) بسوے کا بیسواں حصہ۔ گٹھے کو گٹھے میں ضرب دینے کا حاصل ضرب۔ بیس کچوانسی کی مقدار کا مربع پیمانہ پیمایش زمین کا پیمانہ ؛
بسورنا (ع۔ فعل) رونی صورت بنانا۔ ہونٹ نکال کر آہستہ آہستہ رونا ؛
بسولا (ع۔ اسم مذکر) آلہ۔ لکڑی چھیلنے کا اوزار جو بڑھئی کے پاس ہوتا ہے تیشہ۔ بڑھئی کا تیشہ ؛


بسولی

بسولی (ع۔ اسم مونث) آلہ۔ اینٹیں گھڑنے کا آلہ۔ تیشۂ معمار ؛
بسوہ (ع۔ اسم مذکر) بیگھے کا بیسواں حصہ۔ بیس بسوانسی کی مقدار زمین کا اندازہ/زمین کا حصہ
بسوہ دار۔ (اُر۔ اسم مذکر) زمین کے کسی حصے کا مالک شریک کاشت۔ کاشتکاری کا حق رکھنے والا۔
بسیرا (ع۔ اسم مذکر) شب باشی۔ پرندوں کا آرام کرنے کا وقت۔ رات کو ٹھہرنے کی جگہ ؛
بسیرا لینا یا بسیرا کرنا (ع۔ فعل) پرندوں کا رات کو آرام کرنا۔ رات کو درختوں پر گھونسلوں میں پرندوں کا سونا۔ فقیر لوگ شب باش ہونے کے معنوں میں بھی بولتے ہیں ؛
بسیرے کا وقت۔ (اُر۔ اسم مذکر) سرِ شام۔ پرندوں کا گھونسلوں میں جانے

کا وقت۔

بسیط (ع۔اسم مذکر) بچھا ہوا۔ کشادہ۔ وسیع۔ علم عروض میں ایک بحر کا نام ہے۔

بسیکھ (ہ۔اسم مذکر) خاصیت۔ عادت۔ خو۔ سبھاؤ۔ بان جیسے ان لین کا یہی بسیکھ۔ وہ بھی دیکھا یہ بھی دیکھ بہ۔

بسیلا (ہ۔اسم مذکر صفت) زہردار۔ زہریلا۔ مسموم۔ ایک قسم کی بھنسی جو کسی زہریلی شے کے اثر سے اکثر ہاتھ کی انگلیوں کے نکلتی ہے۔

بسیندھا۔ بسینڈھا۔ (ہ۔اسم صفت مذکر) بدبودار۔ سڑا ہوا۔ بسا ہوا۔ تعفن دار۔ سڑاند والا۔

ب ـ ش

بش (ف۔اسم مذکر) ہر چیز کا جوڑ۔ بند۔ لوہے۔ تانبے یا پیتل وغیرہ کا پترا۔ جو صندوق وغیرہ کے جوڑ کے مقام پر مضبوطی کے لیے لگاتے ہیں۔

بشارت (ع۔اسم مونث) خوشخبری۔ مژدہ۔ الہام غیبی آواز۔ وحی القا۔ خواب میں خوشخبری ملنا۔ وہ خوشخبری جو مستقبل کے متعلق، قرآن حدیث میں مذکور ہو۔

بشارت دینا (اردو محاورہ) مژدہ سنانا۔ خواب میں کوئی بات جتانا۔ القا ہونا۔

بشاش (ع۔اسم صفت) نہایت خوش و خرم۔ مسرور۔ بہت مگن۔ آنند۔

بشاشت (ع۔اسم مونث) خندہ پیشانی سے ہر شخص کے ساتھ ملنا خوش ہو کر بات کرنا۔ خوش اخلاقی۔ خوشی۔ مسرت۔ تازہ روئی۔ تازگی۔

بشپ Bishop (انگ۔اسم) عیسائیوں کا بڑا پادری۔ دین عیسوی کا بڑا عالم۔ فاضل۔

بشر (ع۔اسم مذکر) لغوی معنی۔ انسان کی کھال اور جلد۔ آدمی۔ انسان مرد ہو خواہ عورت۔ آدم زاد۔

بشرطیکہ (ہ) اگر ایسا کیا تو۔ اگر ایسا ہوا تو۔ شرط کے ساتھ کہ۔

بشرہ (ع۔اسم مذکر) بیرونی جلد۔ چہرہ۔ مکھڑا۔ پیشانی۔ حلیہ۔ قیافہ۔

بشریت (ع۔اسم مونث) انسانیت۔ آدمیت۔

بشن (ہ۔اسم مذکر) وشن۔ خدا۔ رب۔ دولت کا خاوند۔ لکشمی کا پتی۔

بشن پد (ہ۔اسم مذکر) حمد کا گیت۔ تعریف۔ ایک قسم کا ہندی راگ جسے دھرپد بولتے ہیں۔

بشن دیوا (ہ۔اسم مذکر) سادھوؤں کا ایک پنتھ جو بشن کے سوا کسی دیوتا کو نہیں مانتا۔

بشنوئی (ہ۔اسم مذکر) ہندوؤں کی ایک قوم کا نام ہے جو مسلمانوں اور ہندوؤں دونوں کی رسمیں برتتے ہیں۔

بشنی۔ بشنوئی (ہ۔اسم مذکر) وشن جی کا پوجنے والا۔

بشیر (ع۔اسم مذکر) خوشخبری دینے والا۔ حضورؐ کا لقب کیونکہ آپ نے اسلام پیش کر کے نجات کی خوشخبری دی تھی۔ نیز وہ پیامبر جو حضرت یعقوبؑ کے پاس حضرت یوسفؑ بادشاہ مصر کی خوشخبری اور قمیص لے کر گیا تھا۔

ب ـ ص

بصارت (ع۔اسم مونث) بینائی چشم آنکھ کی روشنی۔ جوت۔ نظر۔

بصارت زائل ہونا۔ اندھا ہو جانا۔

بصارت کم ہونا یا گھٹنا۔ آنکھوں سے کم نظر آنا۔

بصر۔ آنکھ۔ نظر۔

بصرہ (ع۔اسم مذکر) عراق کا ایک مشہور شہر۔

بَصَل (ع۔مو۔) پیاز۔

بصیر (ع۔اسم مذکر صفت مشبہ) بینا۔ دیکھنے والا۔ دانا۔ ہوشیار۔ اللہ کا ایک وصفی نام۔ ماہر۔

بصیرت (ع۔اسم مونث) بینائی۔ ہوشیاری۔ رائے۔ تجویز۔ تدبیر۔ خیال۔ بصیرت۔ بینائی باطن کے لیے اور بصارت بینائی چشم کے لیے مستعمل ہے۔

بصیغہ (ف۔ب۔صیغہ) مدمیں۔ شعبے میں

بصیغہ دیوانی۔ دیوانی کے شعبے میں۔

ب ـ ض

بضاعت (ع) پونجی۔ سرمایہ۔ دھن۔ دولت۔ سامان۔ اسباب۔ پتی حصہ۔ حیثیت۔ استعداد۔ کسی کی کل کائنات۔

بضاعت مزجاۃ (ع۔اسم مونث) گھٹیل۔ پونجی۔ کھوٹے دام۔

ب ـ ط

بط بطخ (ع) ایک قسم کا آبی پرندہ۔ مرغابی کی ایک خاص قسم۔ پالتو جانور

بطے (ہ۔اضافی) شراب کی صراحی۔

بطانہ (ع۔اسم مذکر) استر۔ بھرتی۔ زیر پیچ وہ کپڑا جو پگڑی کے نیچے لپیٹ لیتے ہیں۔

بطحا (ع۔اسم مذکر) مکہ معظمہ کا نام۔ لغوی معنی۔ فراخ زمین۔ کشادہ زمین۔

بطریق (ف) اضافت کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ بطریق اسلام۔ اسلام کے طریقے اور اصول پر۔ طریقہ۔ راستہ

بطل (ع۔مذ) بہادر۔ غازی۔ دلیر۔ کسی قومی یا مذہبی یا علمی جماعت کا ہیرو۔

بطک (ف۔اسم مونث) بط کی تصغیر۔

بُطلان (ع۔اسم مذکر) جھوٹ۔ دروغ۔ کذب۔ بے اصل بات۔ بناوٹی بات۔

بطلیموس۔ (یونانی۔ اسم مذکر) مشہور ہندس۔ حکیم اسکندریہ کا باشندہ۔ جالینوس کا شاگرد تھا۔ علم نجوم اور علم ہندسہ کا بڑا ماہر ہو گزرا ہے۔ سب سے پہلے اسی نے زمین کا نقشہ مرتب کیا۔ اور رصد خانہ کی بنا ڈالی۔

بطن۔ (ع۔ اسم مذکر) پیٹ شکم۔ اندر۔ بھیتر۔ پوشیدگی۔

بطناً بعد بطن۔ (ع۔ تابع فعل) پشت در پشت۔ نسلاً بعد نسل۔ آبائی۔ موروثی

بطون۔ (ع۔ اسم مذکر) بطن کی جمع۔ پوشیدگیاں۔

بطی۔ (ع) سست۔ دیر کرنے والا۔ کاہل۔

بطیٔ الحس۔ بہت دیر سے محسوس کرنے والا۔

بطیٔ السیر۔ دھیرے دھیرے چلنے والا۔ جس کی رفتار سست ہو۔ بطن

ب ـ ع

بعث۔ مُردے کا زندہ ہونا۔ روزِ قیامت مردے کو زندہ کرنا۔

بعث و نشر۔ مردوں کو زندہ کرنا۔ اور میدان قیامت میں لانا۔ قیامت۔

بعثت۔ (ع۔ مو) آنحضرت صلعم کے لیے مقرر ہونا تبلیغ حق کے لیے۔ اعلان رسالت پر مامور ہونا۔

بعد۔ (ہ۔ تابع فعل) پس۔ آخر۔ پیچھے۔ قبل کی ضد۔

بعد از خرابی بسیار۔ بڑی مشکل سے۔ بڑے جھمیلوں اور خرابیوں کے بعد۔

بعد از مرگ واویلا۔ کسی کام کا وقت اور موقع نکل جانے کے بعد افسوس کرنا۔

بُعد۔ (ع۔ اسم مذکر) فاصلہ۔ دُوری۔ فرق۔ تفاوت۔ مسافت۔

بُعد المشرقین۔ (ع۔ اسم مذکر) مشرق اور مغرب کا فاصلہ۔ بہت ہی زیادہ۔ فرق۔ بے انتہا فرق۔ پورب اور پچھم کا فرق۔

بعض۔ (ع۔ اسم صفت) کوئی۔ کچھ۔ چند۔ مختلف۔ متفرق۔

بعض اوقات۔ کبھی۔ کبھی۔

بعضا۔ (اُرد۔ اسم صفت۔ مذکر و زائدہ) بمعنی بعض۔

بعضے۔ (اُرد۔ اسم صفت) چند۔ کسی کسی۔ کوئی کوئی۔

بعید۔ (ع۔ اسم صفت) دُور۔ فاصلہ پر۔ الگ۔ علیحدہ۔ دُوری پر۔

بعید از فہم } سمجھ سے دور۔ عام طور سے نہ سمجھ میں آنے والی بات۔
بعید الفہم }

بعید العقل } (ع۔ صفت) عقل کے خلاف۔ وہ بات جو عقل کے نزدیک
بعید از عقل } ناممکن اور محال ہو۔ ان ہونی۔ نامناسب بے ہودہ۔ لغو۔ مہمل۔

بعیر۔ (ع۔ مذ) شتر۔ اُونٹ۔

ب ـ غ

بغارہ۔ (ف۔ اسم مذکر) اصل۔ بفتح بائے موحدہ ہے۔ رخنہ۔ دیوار۔ یا چھت یا کپڑے وغیرہ کا بڑا چھید۔ سوراخ۔ بخیہ۔ گہرا زخم۔ گھاؤ۔

بغال۔ (ع) بغل کی جمع بہت سے خچر۔

بغاوت۔ (ع۔ اسم مونث) سرکشی۔ نافرمانی۔ بلوہ۔ حکم کے خلاف کرنا۔ انحراف۔ تعمیل سے انکار۔

بغبغا۔ (اُرد۔ اسم مذکر) غبغب۔ گردن کے نیچے کی سلوٹیں۔ وہ بل جو موٹاپے کے سبب سے گردن میں پڑ جاتے ہیں۔

بغبغانا۔ (اُرد۔ فعل) کبوتر کا مستی میں گونجنا۔ حالت مستی میں اُونٹ کا لڑانا۔ مست ہونا۔ مستی پر آنا۔ مستانا۔

بغتۃً۔ (ع) ناگاہ۔ اچانک۔ ایکا ایکی۔

بغچہ۔ (ف۔ اسم مذکر) بقچہ گٹھڑی۔

بغداد۔ (ف۔ اسم مذکر) باغ داد کا مخفف ہے۔ عراق عرب میں بخت نصر کا آباد کیا ہوا شہر۔ جسے دوبارہ منصور نے بسایا۔ جو خلفائے عباسیہ کا دارالخلافہ رہا۔ اور جہاں کی یونیورسٹی دیارِ اسلام میں تمام دنیا میں مشہور تھی۔

بُغدا } (ف۔ اسم مذکر) قصابوں کا چھرا جس سے قیمہ کوٹتے ہیں۔
بُغدہ }

بُغدی۔ (ف۔ اسم مذکر) بڑھیا اور بیش قیمت اونٹوں کی ایک خاص قسم۔ نسل۔

بغض۔ (ع۔ اسم مذکر) لغوی معنی نفرت کرنا۔ اصطلاحی معنی عداوت بیر۔ دشمنی حسد۔ کینہ۔

بغض للّٰہی (اُرد۔ اسم مذکر) اللہ واسطے کی دشمنی۔ ناحق کا بیر۔ خواہ مخواہ کی عداوت

بغچی۔ بہت چھوٹی گٹھڑی۔ پوٹلی۔ تلے دانی۔

بغل بلائی۔ (مو) بغل کا پھوڑا۔ کنڑائی۔

بغل گرم کرنا۔ محبوب کو پہلو میں بٹھانا۔ پہلو میں لے کر سونا۔

بغل میں چھری منہ } ظاہر میں دوست باطن میں دشمن۔
میں رام رام }

بغل میں چھری نیت بری۔ کسی کو دُکھ دینے پر آمادگی۔

بغلی ڈوبنا۔ کشتی کا ڈوبنا۔ حریف کی بغل سے نکل کر اس کی گرفت کرنا۔

بغلیں۔ (اُرد۔ بغل کی جمع۔ دیکھو بغل۔

بَغل۔ (ف۔ اسم مونث) شانے کے نیچے کا حصہ۔ پہلو۔ کنارہ۔ کوکھ۔ طرف۔ جانب۔ کروٹ۔ برابر۔ ایک طرف۔ پنجابی کچھ

بغل کا دشمن۔ (اُرد۔ اسم مذکر) دوست ہو کر دشمنی کرنے والا۔ پاس رہ کر دشمنی کرنے والا۔ فریبی۔ دغاباز۔ فریبی دشمن۔

بغل گندہ۔ (اُرد۔ اسم مونث) بغل سے بدبو آنا۔ یہ ایک بیماری ہے آنکھ کی ایک بیماری جسے سبل بولتے ہیں۔

بغل گیر ہونا۔ (اُرد۔ محاورہ) گلے ملنا۔ ہم آغوش ہونا۔ معانقہ کرنا۔

بغل میں دبانا } (اُرد۔ محاورہ) کسی چیز کو بغل میں چھپانا۔ دھوکے سے کسی چیز پر
بغل میں مارنا } قبضہ کرنا۔ ہم آغوشی۔ بغل میں لینا۔ سنبھالنا۔

بغل میں ایمان دبانا } (اُرد۔ محاورہ) بد دیانتی کرنا۔ ایمان خود کھنا بے ایمانی
بغل میں ایمان رکھنا } کرنا۔ ایمان کو بالائے طاق رکھنا۔

بغلول۔ (اُرد۔ اسم مذکر) بیوقوف۔ احمق۔ ابلہ۔ مُورکھ۔ کوڑھ مغز۔

بغلی۔ (اُرد۔ اسم صفت۔ بیائے نسبتی) پہلو کا۔ برابر کا۔ ایک طرف کا۔ (بحالت اسم) مکدر ہلانے کا ایک خاص طریق۔ تلے دانی جس میں سوئی تاگا دھرتے رکھتے ہیں۔ فقیر کی جھولی۔ ڈنڈے کھیلنے کا ایک طریقہ۔ کشتی کا ایک داؤ۔

بغلی تکیہ۔ (و) اسم مذکر۔ برابر رکھنے کا تکیہ۔

بغلی گھونسا۔ (اُرد۔ اسم مذکر) مہلک مار۔ آستین کا سانپ۔ بغل کا دشمن۔

بغلیں بجانا۔ (اُرد۔ محاورہ) کسی کی برائی پر خوش ہونا۔ فخر کرنا۔ خوشی میں اچھلنا

بغلیں جھانکنا۔ (اُرد۔ محاورہ) شرمندہ ہونا۔ ندامت کھینچنا۔ پشیمان ہونا۔ جھجکنا

کا موقع دیکھنا۔ پیچھے ہٹنا۔
بغلیں لینا ۔ (ؤ۔ فعل) بغل کے بال مونڈنا۔
بغیا ۔ (ؤ۔ اسم مونث) باغ کی تصغیر۔ چھوٹا سا باغیچہ۔ چھوٹا سا باغ۔
بغیر ۔ (ف۔ ع تابع فعل علاوہ۔ بجُز۔ بن ۔ بدوں۔ سوائے۔ بلا۔ نہ۔ ہونے کی صورت میں۔

ب ۔ ف

بفا ۔ اف ۔ اسم مونث) خشکی کے باعث دماغ کے چھلکے۔ سر کی خشکی ۔ کرُ۔

Buffer State

ب ۔ ق

بقا ۔ (ع ۔ اسم مونث) حیات ۔ زندگی ۔ قیام ۔ مداومت ۔ پائیداری ۔ قیام و استقلال ۔ ہمیشگی ۔ باقی رہنا ۔ فنا کی ضد۔
بقال ۔ (ع ۔ اسم مذکر) لغوی معنی بقولات بیچنے والا ۔ یعنی سبزی فروش ۔ کنجڑا ۔ اصطلاح میں پرچون فروش ۔ بنیا۔ غلہ فروش ۔
بقایا ۔ (ع ۔ اسم مذکر) بقیہ یا باقی کی جمع ۔ بچت ۔ بچا ہوا۔ چھوٹا ہوا ۔
بق بق ۔ (ؤ۔ مو) بک بک ۔
بقچہ ۔ (ت ۔ اسم مذکر) چھوٹی گٹھڑی ۔ اس کو بغچہ ۔ بغین ۔ بغچہ بھی بولتے ہیں ۔
بقچی ۔ (ؤ۔ اسم مونث ۔ بیائے تصغیر) چھوٹا بقچہ ۔ چھوٹی سی گٹھڑی۔
بقر ۔ (ع اسم مونث گائے
بقراط ۔ (یونانی ۔ اسم مذکر) ایک مشہور حکیم ہوا ہے ۔ ۹۵ برس زندہ رہا ۔ اُس نے فن طب میں مستند کتابیں لکھیں ۔ علم طب نے دُنیا میں اسی حکیم کی، محنت سے فروغ پایا۔
بقرعید ۔ (ع ۔ اسم مونث) عیدالاضحیٰ ۔ عید قربان ۔ مسلمانوں کا ایک مذہبی تہوار ہے۔
بقعہ ۔ (ع ۔ مذ) خانقاہ ۔ جگہ ۔ چھوٹی ٹکڑی ۔ گنبد
بقعہ نور ۔ (بے ۔ اضا) نور کی چار دیواری سی۔
بقول ۔ (ف ۔ ع ۔ تابع فعل) کہنے کے مطابق ۔ کہاوت کے بموجب ۔ کسی کے قول کے موافق یا مطابق ۔
بقل ۔ (ع ۔ مو) ترکاری ۔ کھانے کی سبزی ۔ بقول جمع ۔
بقولہ ۔ (ع ۔ اسم مونث) سبزی ۔ توری ترکاری ۔ ساگ پات ۔ زمین سے اُگی، ہوئی سبزی جو کچی یا پکا کر کھائی جاتی ہے ۔
بقولات ۔ (ع ۔ اسم مونث) سبزیاں ۔ توری ۔ ترکاریاں ۔ بقولہ کی جمع ۔
بقیہ ۔ (ع ۔ مذ) بچا ہوا ۔ بچا کھچا ۔ باقی رہا ہوا ۔ بچت ۔

ب ۔ ک

بک ۔ Book انگ ۔ اند) کتاب ۔ کاپی ۔ نسخہ ۔ پستک ۔ پوتھی ۔
بک پوسٹ ۔ (ان) (ا و م انگ ۔ اند) کتابوں کا وہ پلندا جس کے دونوں کنارے کھلے ہوں۔
بک ڈپو ۔ Book Depot ۔ انگ ۔ اند) کتابیں بیچنے کی دکان ۔ کتابوں کا ذخیرہ اور گودام ۔
بک سیلر ۔ Book Seller انگ ۔ اند) ۔ کتب فروش ۔
بک کرنا ۔ سامان ریلوے پارسل سے بھیجنا ۔
بک ہونا ۔ ریل سے بھیجنے والے سامان کا پارسل بننا ۔
بک کیپنگ ۔ Book Keeping انگ ۔ اند) حساب کتاب رکھنے والا ۔
بک ۔ (ہ ۔ اسم مونث) بکواس ۔ بکواد ۔ زرّ ۔ فضول گوئی ۔ یاوہ گوئی ۔ بڑ ۔ فضول بات مسلسل بولے جانا ۔ ہرن کا بچہ ۔ بگلا جو نہایت سفید پروں کا ایک پرندہ ہوتا ہے ۔
بک لگنا ۔ (ہ ۔ فعل) بڑ ۔ چھوٹنا ۔ بار بار ایک ہی بات کو کہے جانا ۔ فضول باتیں کہتے رہنا ۔
بُکا ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) مٹھی ۔ مٹھی ۔ مشت ۔ خاک ۔ دھوئیں ۔ یا بھاپ کا اکٹھا ہو کر نکلنا ۔ اگر نور کے سامنہ معناف ہو کر آئے یعنی نور کا بکا کہیں تو شعلہ اور لپٹ کی کثرت سے مراد ہوتی ہے ۔
بُکا ۔ (ع ۔ اسم مذکر) رونا پیٹنا ۔ گریہ وزاری ۔ ماتم ۔ سوگ ۔ فریاد ۔
بکائی ۔ رونے کا مشاق ۔ بہت رونے والا ۔
بکا ۔ (ع ۔ اسم مصدر) گریہ وزاری کرنا ۔ ماتم کرنا ۔ سوگ کرنا ۔
بکار } (ہ ۔ اسم مذکر) تبدیلی حالت ۔ خون کا بگاڑ ۔ روگ ۔ بیماری ۔ دُکھ ۔
وکار } مرض ۔
بکارت ۔ (ع ۔ مو) لڑکی کا کنوارپن ۔ دوشیزگی ۔
بکان } (ہ ۔ اسم مذکر و مونث) نیم کی قسم کا ایک درخت ہوتا ہے جس میں مکوڑوں
بکائن } کے گچھے کے گچھے لگتے ہیں ۔ اور پتے نیم کے پتوں کے مشابہ ہوتے ہیں ۔
بکاؤ ۔ (ہ ۔ اسم صفت) بکری سا سار ۔ بکنے کے قابل ۔ فروختنی ۔ وہ چیز جو بازار میں آگئی ہو اور بکی نہ ہو ۔
بکنگ ۔ Booking) سامان کا ریلوے سے بھیجنے کے لیے پارسل ہونا ۔
بکنگ کلرک Booking Clerk) ریل کا ٹکٹ دینے والا بابو ۔
بکنگ آفس Booking Office) ۔ پارسل گھر ۔ ریلوے کے ٹکٹ بکنے کی کھڑکی ۔
بکاول ۔ (ف ۔ اسم مذکر) بھنڈاری ۔ باورچی ۔ کھانا پکانے اور تقسیم کرنے والا
بکاؤلی ۔ (س ۔ اسم مونث) (بک بمعنی بگلا ۔ اور اولی بمعنی گروہ) یعنی بگلوں کا گروہ ۔ ریوان کے راجا میکل جوگ کی بڑی کا لقب ہے جس کا اصلی نام نرمدا مل تھا ۔ یہ حسن و جمال میں لاثانی تھی ۔
بک بک ۔ (ہ ۔ اسم مونث) بکواس ۔ زرّ ۔ بڑ ۔ جھوک بے ہودہ باتیں ۔ بے معنی باتیں وغیرہ ۔
بک بک کرنا ۔ (ہ) بیہودہ بکنا ۔ جھک جھک کرنا ۔ جھک مارنا ۔ ہرزہ سرائی کرنا ۔
بک بک لگانا (محاورہ) بکواس کرنا ۔ بڑ ۔ ہانکنا ۔ زرّ گانا ۔
بکبکا ۔ (ؤ۔ اسم صفت مذکر) خراب ۔ بدمزہ اور بے ذائقہ ۔ قابل نفرت ۔
بکبکانا ۔ (ہ ۔ فعل) بکنا ۔ بڑبڑانا ۔ بے ہودہ گوئی کرنا ۔
بکتر ۔ (ف ۔ اسم مذکر) چلتہ ۔ جوشن ۔ لوہے کی کڑیوں کا بنا ہوا جامہ ۔ لوہے کا لباس ۔ زرہ کی ایک خاص قسم ہوتی ہے ۔

بکتر



A

B

C

بلی



بیرل

بھول بھلیاں

D





F



G

I

J



بھیڑیا

H



K

بطخ

بیل

(مختلف اقسام کی بکتر)



برفانی گھر

بگلا







ٹیک



بگل

بشپ



بندر گاہ

بکٹ ۔ (انگ۔ا۔مذ) محافظ۔ فوج۔ پہرہ دار۔ فوج۔ حفاظتی دستہ فوج۔

بکٹ ۔ (ہ۔اسم صفت) سخت مشکل۔ دشوار۔ کٹھن۔ ٹیڑھا۔ کج۔ خوفناک۔ کسر دار۔

ٹکٹ / ٹکٹا (ہ۔اسم مذکر) چنگل۔ پنجہ۔ ناخنوں کی گرفت۔

بکٹا مارنا ۔ (ہ۔فعل) پنجہ مارنا۔ چنگل سے پکڑنا۔ ناخنوں سے نوچنا۔

بکٹ پھاڑا ۔ (ہ۔اسم مذکر) کسری پھاڑا یعنی۔ سوایا۔ ڈیوڑھا۔ ڈھایا وغیرہ۔

بکٹھا ۔ مزے میں کسیلا۔ کڑوے۔ میٹھے۔ نمکین اور پھیکے کے علاوہ ایک مزہ۔

بک جانا ۔ (ہ فعل فروخت ہونا۔ احسان مند ہونا۔ غلام ہو جانا۔ غلام بے دام ہونا۔

بکر ۔ (ع اسم مونث کوارپن۔ دوشیزگی۔ غیر مستعمل کام میں نہ آئی ہوئی چیز۔

بکرا ۔ (ہ اسم مذکر) بز۔ بوک۔ گوسفند۔ ایک مشہور جانور ہے مجازاً بے حیا آدمی۔ موٹا تازہ۔

بکر قصاب / بکر قصائی (ہ) وہ قصاب جو صرف بھیڑ بکری کا گوشت بیچے۔

بکرم ۔ (س۔مذ) ایک ہندی سن جو ہندوستان کے قدیم راجہ بکرماجیت سے شروع ہوتا ہے۔

بکرماجیت ۔ (ہ) اصل دکرمادت۔ بہادری کا سورج۔ قدیم ہندوستان کا مہاراجہ ہوگذرا ہے۔ پایہ تخت۔ جو عدل وانصاف میں مشہور تھا۔ پایہ تخت تھا۔ جس کا سمت ۵۷ نام سے اب تک جاری ہے۔ کالیداس اسی کے دربار کا ایک رکن تھا۔

بکری

بکری ۔ سن بکرم۔

بکری ۔ (ہ۔اسم مونث) فروختگی۔ فروخت اور روپیہ یا قیمت جو کسی چیز کے بیچنے سے حاصل ہو۔

بکری ۔ (ہ۔اسم مونث) ایک مشہور جانور۔ بکرے کی مادہ۔ بز۔ غریب۔ مسکین بے آزار آدمی۔

بکرے کی اولاد ۔ (ذم محاورہ) پرلے درجے کا بے حیا۔ زانی۔ بے غیرت بے شرم حد درجے کا۔

بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی ۔ (ہ۔مثل) بدکار اور بدمعاش۔ آخر ایک نہ ایک دن ضرور سزا پائے گا۔ بکری جو ذبح ہونے کی چیز ہے۔ ضرور ایک دن ذبح ہوگی۔

بکری نے دودھ تو دیا پر مینگنوں سے بھرا ۔ بکری نے دودھ دیا پر مینگنیں ڈال کر۔ (ہ) کام تو کیا مگر خراب کرکے۔ کام کیا تو سہی مگر نہ کرنے کے برابر۔ ایسا کرنے سے نہ کرنا بہتر۔ ایسا دینے سے نہ دینا اچھا۔

بکس ۔ Box (انگ۔ا۔مذ) صندوق۔ پیٹی۔ ڈبا۔ ڈبیا۔

بکس والا ۔ (ذم اسم مذکر) پھیری والا۔ بساطی۔ خوردہ فروش۔

بکسا / بکسیلا (ہ۔اسم صفت مذکر) کسیلا۔ کڑوا۔ تلخ۔

بکسنا ۔ (ہ۔فعل) کلی کھلنا۔ کلی چٹکنا۔ غنچے کا مسکرانا۔ خوش ہونا۔ فروخت ہونا۔ پرمژدہ ہونا کھلنا۔ مرجھانا۔

بکسوا ۔ (ہ۔اسم مذکر) اصل میں بانکا یعنی ٹیڑھا۔ سوا۔ لوہے کا ایک کانٹا جس کے ساتھ کسی چیز کے کسنے یا باندھنے کے لیے حلقہ سا لگا ہوتا ہے۔


بکسوا

بکل ۔ (ہ۔اسم مذکر) درخت کی چھال۔ چھلکا۔ کھال۔ پوست درخت۔

بکل ۔ (ہ۔اسم مونث) چادر یا دوپٹا خاص طرز سے بدن پر لپیٹ۔

بکل مارنا ۔ (ہ۔فعل) رضائی یا چادر وغیرہ کو اوڑھ کر خاص طریق سے کندھے پر ڈالنا۔ بکی مارنا۔

بکنا ۔ (ہ۔فعل) بڑبڑانا۔ بے ہودہ بولنا۔ بادہ گوئی کرنا۔

بکنا ۔ (ہ۔فعل) فروخت ہونا۔

بکنی ۔ (ہ۔اسم مونث) برادہ۔ سفوف۔ چورا۔ آٹا۔ پرانا۔ بورا۔ بوسیدہ۔

بکواؤ (ہ۔اسم مونث۔ حاصل مصدر) راز بکنا۔ بک بک بے ہودہ بات۔

بکواس زر غیر طبعی بات۔ طول کلامی جھک جھک۔ ہرزہ گوئی۔

بکواسی ۔ (ہ۔اسم مذکر بفاعل۔ سماعی) بہت بکنے والا۔ بکی۔ بیہودہ گو بڑبڑی۔

بکوانا ۔ (ہ۔فعل) فروخت کرانا۔ سودا کرانا۔ مول تول کرانا۔ قیمت مقرر کرانا

بکوٹنا ۔ (ہ۔فعل) نوچنا۔ کھسوٹنا۔ ناخن سے کھرچنا۔ ناخن سے زخم کرنا یا لگانا۔

بکھ ۔ (ہ۔اسم مذکر) زہر۔ سم۔ بس۔

بکھ بونا ۔ (ہ۔فعل) فساد ڈالنا۔ دشمنی پیدا کرنا۔ فساد انگیز باتیں کرنا۔

بکھان ۔ (ہ۔اسم مذکر) تشریح۔ بیان تفصیل۔ تعریف۔ گالی۔ مذمت۔

بکھان کرنا / بکھاننا (ہ۔فعل) تعریف کرنا۔ بیان کرنا۔ شروع کرنا۔ تفصیل کے ساتھ کھول کر مطلب بتانا۔ برا کہنا۔ گالی دینا۔

بکھر جانا ۔ (ہ۔) گر پڑنا۔ بے قابو ہو جانا۔ بہت غصے ہونا۔

بکھر ۔ (ہ) تیل دار بیج جیسے تل۔ سرسوں وغیرہ۔ کچی کھانڈ کا شیرہ۔ کھانڈ کا شربت کچا۔

بکھر پکانا ۔ (ہ۔فعل) کھانڈ کا شیرہ۔ یا قوام پکانا کچی شکر میں سے میل نکالنا۔

بکھر پیلنا ۔ (ہ۔فعل) میل دار بیجوں کو کوٹ کر وغیرہ میں ڈال کر تیل نکالنا۔

بکھرنا ۔ (ہ۔فعل) پراگندہ ہونا۔ تتر بتر ہونا۔ پریشان ہونا۔ بھرا بھرا ہونا۔ گر پڑنا۔ الٹ۔ جانا۔ بھیرنا۔ غصے ہو جانا۔ بدحال ہونا۔ بال پریشان ہونا۔ وغیرہ۔

بکھل ۔ (ہ۔اسم مذکر) احاطہ۔ کوچہ۔ محلہ۔ بگڑ۔

بکھی ۔ (ہ۔اسم مونث) پہلو۔ پسلو کی ہڈی کے نیچے کی جگہ۔ بغل کے نیچے کی طرف۔

بکھیاں ٹوٹنے لگیں ۔ (ہ) جملہ۔ بہت ہی ہنسے۔ پیٹ میں بل پڑنے لگے۔

بکھیر یا بکھیرا ۔ (ہ۔اسم مونث۔ مذکر) وہ روپیہ پیسہ جو دلہن کے اوپر سے وداع ہونے کے وقت نثار کیا جاتا ہے۔ فصل کی کاشت کے لیے بیج ڈالنا

بکھیرنا ۔ (ہ۔فعل) منتشر کرنا۔ پھیلانا۔ پراگندہ کرنا۔ ٹالنا۔ کھنڈانا۔

بکھیڑا ۔ (ہ۔اسم مذکر) الجھاؤ۔ جنجال۔ جھگڑا۔ فساد۔ دنگا۔ حجت۔ تکرار۔ ہنگامہ پھیلاوا۔ طوالت۔ حرج۔ روک۔ مشکل وقت۔ مال۔ اسباب۔ کوڑا کرکٹ کام۔ دھندا۔ غرابی۔

بکھیڑا چکانا (ہ۔محاورہ) جھگڑا دور کرنا معاملہ طے کرنا۔ لڑائی ختم کرنا۔

فیصلہ کرنا۔

بکھیڑا ڈالنا (ہ۔محاورہ) جھگڑا کرنا۔ وقت ڈالنا۔ کام بڑھانا۔ خرابی ڈالنا۔

بکھیڑیا۔ (ہ۔اسم مذکر) فاعل بمعنی صفت جھگڑالو۔ فسادی۔ فتنہ انگیز۔ مفسد۔ یا کھنڈی۔

بکھیڑے میں ڈالنا۔ (ہ۔محاورہ) جھگڑے میں ڈالنا۔ مصیبت میں پھنسانا۔ خطرے میں ڈالنا۔

بگی۔ (ہ۔اسم فاعل) بکواسی۔ بک بک کرنے والا۔ جھک مارنے والا۔ زرڑی۔

بگیت۔ (ہ۔اسم مذکر) بنوٹیا۔ بنوٹ کے فن میں ماہر۔ خنجر کی ورزش میں چالاک۔ بانک کا فن جاننے والا۔

بگیتی۔ (ہ۔اسم مونث) بنوت۔ بانک کا ہنر۔ ایک سپاہیانہ ورزش ہے جسے کٹاری پٹڑی چھریوں سے بیٹھ کر یا لیٹ کر کھیلتے ہیں۔

ب ۔ گ

بگا۔ (ہ) بھولا بے وقوف۔ سیدھا سادہ۔

بگاڑ۔ (ہ۔اسم مذکر) جھگڑا۔ نقصان۔ خرابی۔ زوال۔ ناچاکی۔ عداوت۔ بدگمانی۔ غریبی۔ ناپاکی۔ بدچلنی۔ لڑائی۔ ضائع ہونا۔ بغاوت۔ کھوٹ عیب۔ سنوار کی ضد۔ عیب۔ نقص باہم کشیدگی کام میں خرابی۔

بگاڑ ڈال دینا۔ (ہ۔محاورہ) باہم ناراض کر دینا یا بخش کرا دینا۔ دشمنی ڈالنا۔

بگاڑ دینا۔ (ہ۔فعل) خراب کر دینا۔ برباد کر دینا۔ دوالہ نکلوا دینا۔ شکل بدل دینا۔ نکما کر دینا۔ فضول خرچی میں روپیہ برباد کر دینا۔

بگاڑنا۔ (ہ۔فعل) خراب کرنا۔ آزردہ کرنا۔ ناراض کرنا۔ شکل کو بدل ڈالنا۔ ناپاک کرنا پاک داعنی کو برباد کرنا۔ نقصان پہنچانا۔ ناکارہ کرنا۔ تباہ کرنا۔ ورغلانا۔ بہکانا۔ عادت خراب کرنا۔ خرافت کے طور کھانا کھانے کے معنی بھی دیتا ہے۔ جیسے۔ اکھانا بگاڑ۔

بگاڑو۔ (ہ۔اسم مذکر فاعل بہ معنی صفت) بگاڑنے والا۔ فضول خرچ۔ اڑاؤ۔ لٹاؤ۔ فسادی۔

بگٹٹ۔ (ہ۔تابع فعل) سرپٹ۔ عنان گسستہ۔ گھوڑے کی بے تحاشا دوڑ۔ گھوڑے اس طرح دوڑانا گویا لگام کی باگیں ٹوٹ گئیں۔ اور گھوڑا بے لگام ہو گیا۔

بگڑیلی۔ (لڑکہ ہو) ایک چھوٹی سی پہاڑی چڑیا۔

بگڑ۔ (ہ۔اسم مذکر) اصلہ۔ کوچہ محلہ۔ پڑوس۔ ہمسایہ۔

بگڑا۔ (ہ۔مذ) جھگڑا۔

بگڑ بیٹھنا۔ (ہ۔فعل) ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ سرکشی کرنا۔ لڑائی کے لیے تیار ہونا۔ ہاتھی یا گھوڑے وغیرہ کا اطاعت سے باہر ہو جانا۔ قابو میں نہ رہنا۔ سرکش ہو جانا۔

بگڑنا۔ (ہ۔فعل) خراب ہونا۔ فاحشہ ہونا۔ عفت و عصمت برباد کر دینا۔ تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ بدچلن ہونا۔ لڑائی پر آمادہ ہونا۔ عیب دار ہونا مفلس و قلاش ہونا۔ بے ترتیب ہونا۔ ناپاک ہونا۔ زہریلا ہونا۔ امتحان میں بدزبانی کرنا۔ مٹنا۔ ٹوٹ پھوٹ جانا۔ پھر جانا۔ غصہ میں بھر جانا۔ کیفیت بدلنا۔ بدمزہ ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ ناراض ہونا۔ بالوں کا بکھرنا وغیرہ۔

بگڑے دل۔ (ہ۔اسم صفت) دل جلا۔ دیوانہ۔ وہ شخص جس کا دل قابو میں نہ ہو۔ نڈر۔ بے باک۔ آزاد۔ ذرا سی بات پر لڑنے مرنے والا۔ اکھڑ۔ ہر ایک سے الجھنے والا۔

بگل۔ Bugle - انگ۔ا۔مذ) ترئی۔ ترم۔ نفیری۔ نرسنگا۔

بگلا۔ (ہ۔اسم مذکر) بوتیمار۔ غم خوار۔ ک۔ ماہی خور۔ ایک آبی پرندے کا نام ہے (بحالت صفت) نہایت سفید۔ بالکل چٹا۔ اجلا۔

بگلا

بگلا بھگت۔ (ہ۔اسم مذکر) کپٹی۔ کینہ توز۔ مکار۔ زاہد۔ خشک۔

بگولا۔ (ہ) ہوا کا چکر جو گرد و غبار کو لے کر بڑی تیزی سے چلے۔

بگونا۔ (ہ۔فعل) بدی کرنا۔ غیبت کرنا۔ ہجو کرنا۔ کسی کو پیٹھ پیچھے برا کہنا۔

بگونیا۔ (ہ۔اسم مذکر) غیبت کرنے والا۔ بدی کرنے والا۔ بدگو۔ پاجی۔

بگھار۔ (ہ۔اسم مذکر) چھونک۔ داغ۔ گھی یا تیل میں پیاز وغیرہ کو داغ، دے کر سبزی یا دال وغیرہ کو تڑکنا۔ سیر داغ۔ روغن جوش۔

بگھارنا یا بگھار لگانا۔ یا۔ بگھار دینا۔ (ہ۔فعل) چھونکنا۔ تڑکنا۔ بھوننا تلنا۔ روغن جوش کرنا۔ داغ کرنا۔ غیر زبان بولنا۔ شیخی مارنا۔ شراب پی کر حقہ یا سگریٹ پینا۔

بگھن۔ (ہ۔اسم مذکر) ہندو ہتھیار عام۔ بزن۔ مزاحمت۔ روک۔ رکاوٹ۔ غضب۔ ظلم۔ پاپ۔ گناہ عظیم۔ جرم۔

بگھی۔ (ہ۔اسم مونث) ایک قسم کی بہت بڑی مکھی جو گھوڑوں کو بہت ستاتی ہے۔

بگھی

بگھرا۔ (ہ۔مذ) چیتا۔ تیندوا۔ پلنگ۔

بگھیلا

بگھیل۔ (ہ۔مذ) شیر۔ چیتا۔ تیندوا۔

بگھیلا۔ یا۔ بگھیر۔ (ہ۔اسم مذکر) شیر کا بچہ۔ مشہور ہے کہ شیرنی کے اگر ایک بچہ پیدا ہو تو شیر۔ اگر دو ہوں تو ایک شیر دوسرا جو چھوٹا ہو تو بگھیلا ہوتا ہے۔ راجپوتوں کی ایک قوم کا نام بھی ہے۔

بگی۔ (اُ۔اسم مونث) سواری کی دو یا چار پہیوں والی گاڑی۔ گھوڑا گاڑی۔ ہندی والے بگھی بھی بولتے ہیں۔

بگیر بچہ۔ (ہ۔ل) لے بچہ۔ ایک رسم ہے جو چھٹی کے روز زچہ کو تارے دکھانے کے بعد کی جاتی ہے۔

بگھلنا (ہ۔فعل) دھکیلنا۔ دھسانا۔ (گنوار لوگ بولتے ہیں۔)

بگیہنی۔ (ہ۔مو) وہ گائے وغیرہ جس کا دودھ کم ہو جائے۔ یا اونٹنی

ب ۔ ل

بل۔ Bill - انگ۔ا۔مذ) قبض الوصول۔ حساب کی فرد۔ دستاویز ہنڈوی۔ چک۔ قانون کا مسودہ جو منظور ہونے کے لیے اسمبلی وغیرہ میں پیش ہوتا ہے۔

بل بنانا۔ مصالح کا حساب یا اجرت کی فہرست مرتب کرنا۔ پیش کرنا۔ پیش ہونا۔ پاس یا منظور کرنا یا ہونا۔

بل پاس ہونا۔ (ذکر فعل) حساب کی فرد کی منظوری۔ قبض الوصول کا منظور ہونا۔

بل۔ (ہ۔ اسم مذکر) سوراخ۔ بالخصوص چوہے کا سوراخ۔ بھٹا۔ روزن۔ روزنہ

بل ڈھونڈنا / بل میں گھسنا } (ہ۔ اسم مذکر) (فعل) ڈر کے مارے چھپنا یا چھپتے پھرنا دبکنا۔ دبکی مارنا۔ خوفزدہ ہوکر چھپ جانا۔

بل۔ (ہ۔ اسم مذکر) زور۔ طاقت۔ قوت۔ پیچ۔ مروڑ۔ لپیٹ اینٹھ۔ خم۔ کجی۔ ٹیڑھ۔ رُخ۔ سمت۔ پہلو۔ جیسے سہر کے بل۔ فرق۔ تفاوت۔ غرور۔ گھمنڈ۔ قربانی۔ نذر۔ بھینٹ۔ چین جبیں۔ جیسے پیشانی پر بل آگیا۔ بغض۔ کینہ کپٹ۔ جیسے ان کے دل میں بل ہے۔ حمایت۔ مدد۔ برتا۔ جیسے کسی کے بل پر کودتا ہے۔ دیوتاؤں کی نذر کی قربانی۔ ایک مشہور راجا کا نام ہے جسے سری کرشن جی نے بونا اوتار لے کر پاتال میں پہنچا دیا تھا۔ سلوٹ۔ شکن۔ جیسے پیٹ میں بل پڑگئے۔

بل آنا۔ (ہ۔ فعل) زور آنا۔ قوت آنا۔ طاقت آنا۔ ناراض ہونا۔ پیچ پڑنا۔ مروڑ پڑنا۔ اینٹھنا۔ ٹیڑھا ہونا۔ خم پڑنا۔ فرق پڑنا۔ تفاوت ہونا۔ حساب میں میزان کا برابر نہ بیٹھنا۔ سلوٹ آنا۔ شکن پڑنا۔

بل بوتا۔ (ہ۔ اسم مذکر) زور۔ طاقت۔ قوت۔ ڈیل ڈول۔ ہمت۔ جرأت۔ اکڑخوں شیخی۔ لاف۔ ڈینگ۔

بل بھرنا۔ (ہ۔ فعل) زور دکھانا۔ طاقت دکھانا۔ اینٹھنا۔ ناراض ہونا۔

بل پڑنا۔ (ہ۔ فعل) شکن پڑنا۔ سلوٹ پڑنا۔ نقص آنا۔ ناراض ہونا۔ گرہ پڑنا۔ مروڑ آنا۔ حساب میں غلطی پڑنا۔ فرق آنا۔ نفاق پڑنا۔ رکاوٹ ہونا۔

بل جانا۔ (ہ۔ فعل) قربان ہونا۔ فدا ہونا۔ صدقے جانا۔ وارے جانا۔

بل دینا۔ (ہ۔ فعل) بٹنا۔ مروڑنا۔ اینٹھنا۔ قربانی دینا۔ نذر چڑھانا۔

بل کرنا۔ (ہ۔ فعل) اکڑنا۔ اینٹھنا۔ غرور کرنا۔ کینہ رکھنا۔ بغض رکھنا۔

بل کھانا۔ (ہ۔ فعل) پیچ و تاب کھانا۔ خم کھانا۔ ٹیڑھا ہونا اکڑنا۔

بل کھلنا۔ (ہ۔ فعل) پیچ دور ہونا۔ بل نکلنا سلجھنا۔ سیدھا ہونا۔ غرور و غصہ دور ہونا۔

بل پر کودنا۔ بھروسے پر اترانا۔

بل کی بات۔ چالاکی۔ شرارت۔ پیچ دار بات۔

بل کھولنا (ہ۔ محاورہ) سلجھانا۔ سیدھا کرنا۔ خم نکالنا۔ غرور دور کرنا۔

بل کی لینا۔ (ہ۔ محاورہ) فخر کرنا۔ غرور کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔ زور دکھانا۔

بل نکالنا۔ (ہ۔ محاورہ) کجی دور کرنا۔ سیدھا سنانا۔ سزا دینا۔ درست کرنا۔ شیخی کرکری کرنا۔

بل نکلنا۔ (ہ۔ محاورہ) کجی دور ہونا۔ بل کھلنا۔ سیدھا ہونا۔ درست ہوجانا

بلا۔ (ہ۔ اسم مذکر) گیند پر مارنے کا چوڑا سا سوٹا کی بیٹ اچھالنے کا ڈنڈا۔

بلا۔ (ہ۔ اسم مذکر) بلی کا نر۔ گربہ نر۔

بلا۔ (ذکر اسم مذکر) نشان۔ تمغہ۔ سپاہیوں یا افسروں کا طغرائے امتیاز۔

بلا۔ (ع۔ تابع فعل) بغیر۔ سوا۔ بدون۔ بن۔ بنا۔ بے۔

بلا اکراہ و اجبار (ع۔ تابع فعل) نفرت اور سختی کے بغیر۔ خوشی سے۔ رضامندی سے۔ پیار و محبت سے۔

بلا تامل۔ (ع۔ تابع فعل) بلا دیر کیے۔ فوراً۔ اسی وقت۔ بے سوچے۔

بلا تردد۔ (ع۔ تابع فعل) بے اندیشہ۔ بے فکری سے۔ بے سوچے۔ (بحالت اسم مونث) بن جتی زمین۔

بلا تشبیہ۔ (ع۔ تابع فعل) بلا مناسبت۔ مشابہت بغیر۔ بلا تعلق۔ بے نسبت۔ بلا واسطہ۔

بلا تصنع۔ (ع۔ تابع فعل) بناوٹ بغیر۔ بے ساختہ۔ خود بخود۔ ٹھیک ٹھیک صحیح صحیح۔

بلا تکلف۔ (ع۔ تابع فعل) بے ساختہ۔ فی البدیہہ۔ بلا وسواس۔

بلا توقف۔ (ع۔ تابع فعل) فوراً۔ جلدی بشرت۔ دیر بغیر۔

بلا شرط۔ (ع۔ تابع فعل) بے شک۔ بے شبہ۔ بغیر شرط۔ آزادی سے۔ بلا اقرار۔

بلا شک / بلا شبہ } (ع۔ تابع فعل) بے شک۔ بے شبہ۔ صحیح صحیح۔ صاف صاف۔

بلا ناغہ۔ (ع) تابع فعل۔ متواتر۔ لگاتار۔ روز مرہ۔ مسلسل۔

بلا واسطہ۔ (ع۔ تابع فعل) بے وسیلہ۔ براہ راست۔ بے وجہ۔ ناحق۔

بلا وجہ۔ (ع۔ تابع فعل) خواہ مخواہ۔ بے سبب۔ ناحق۔ بے واسطہ۔

بلا۔ (ع۔ اسم مونث) مصیبت۔ سختی۔ بپتا۔ دکھ۔ آفت۔ قہر۔ غضب۔ (بحالت صفت۔ مہیب۔ ڈراؤنا۔ ہیبت ناک۔ ہیچ۔ پاپوش۔ جوتی۔ ازحد۔ نہایت۔

بلا بدتر۔ (صف۔ اسم صفت) نکما۔ ناکارہ۔ نہایت خراب۔

بلا بوعجبا۔ (صف۔ اسم صفت) (عورتیں) چھوہڑ۔ غیر مہذب۔ ناشائستہ۔ ناکارہ۔

بلا پیچھے لگانا۔ (اُر۔ محاورہ) مصیبت میں پھنسانا آفت میں ڈالنا۔

بلا جانے۔ (اُر۔ محاورہ) استغنا۔ جوتی جانے۔ بیزار سے۔ پروائے نیست۔

بلاچیٹ / بلا نوش } (ذکر اسم صفت) الم غلم۔ سب کچھ کھا جانے والا۔ صدقہ خور۔ بہت شراب پینے والا۔ سمندر سوکھ۔ اناپ شناپ کھانے کھانے والا۔

بلا سے۔ (ذکر محاورہ استغنا) کچھ پروا نہیں۔ کچھ غم نہیں۔ کوئی غم نہیں۔ جوتی سے۔

بلا کا۔ (ذکر اسم صفت۔ مذکر) غضب کا۔ قیامت کا۔ نہایت تیز۔ آتش کا پرکالہ بھبھوکا۔

بلا کش۔ (ف۔ اسم صفت) بہ ترکیب فاعلی۔ آفت جھیلنے والا۔ جفاکش۔ دکھ درد سہ جانے والا۔

بلا کی طرح پیچھے پڑنا۔ (اُر۔ محاورہ) ہر دم ساتھ رہنا۔ پیچھا نہ چھوڑنا۔ ہر وقت سر رہنا۔ سر چڑھے رہنا۔ چمٹے رہنا۔

بلا گرداں۔ (ف۔ اسم صفت) بہ ترکیب فاعلی۔ بلا کو ہٹا دینے والا۔ صدقے ہونے والا۔ قربان ہوجانے والا۔

بلا لوں۔ (ذکر نہایت محبت کے ساتھ بولتے ہیں۔ کلمہ خوشامد۔ صدقے جاؤں۔ قربان جاؤں۔ فدا ہوں۔ واری جاؤں۔

بلا لینا / بلائیں لینا } (اُر۔ محاورہ) صدقہ ہونا۔ قربان جانا۔ کسی عزیز کے سر پر ہاتھ پھیرنا۔ اپنی دونوں کنپٹیوں پر رکھ کر چٹخانا۔ جس سے مراد یہ ہوتی ہے کہ سب بلائیں ہم نے اپنے سر لے لیں۔

بلا بھیجنا۔ (اُر۔ فعل) طلب کرنا۔ آدمی بھیج کر بلانا۔ بلانا۔ پیغام دے کر بلانا۔

بلاپ۔ (ہ۔ اسم مذکر) رونا۔ پیٹنا۔ ماتم۔ سیاپا۔ نوحہ کرنا۔ باتیں کرنا۔ آہ و زاری۔ کہرام۔ مردہ کو بین کرکے رونا۔

بلاپ کرنا / بلاپ کرکے رونا } (محاورہ) مردہ کو بین کرکے بلند آواز کرکے رونا۔ میت کے کاموں کو یاد کرکے رونا پیٹنا۔

بلا تماشا۔ (ع۔ تابع فعل) اندھا دھند بے تابانہ۔ بے قرار۔ بے اوسان۔ ہوکر۔

بلاٹنگ پیپر (Blotting Paper - انگ۔ مذ) جاذب جس سے حروف کو خشک کیا جاتا۔ سیاہی چوس

بلاد - (ع۔ مذ) بلد کی جمع۔ شہر۔ ممالک۔

بلادت - (ع۔ مؤ) کم فہمی۔ کند ذہنی۔

بلاریب (مرتابع فعل) بلاشبہ۔ بلاشک۔ بے گمان۔ بالکل صحیح۔

بلاس - (ہ۔ اسم مذکر/ ہندو) خوشی۔ عیش۔ طرب۔ رنگ رلیاں۔ لہو و لعب۔

بلاسنا - (ہ۔ فعل) (پوروب) عیش منانا۔ مزے اڑانا۔ خوشیاں کرنا۔

بلاغ - (ع۔ مذ) پیغام پہنچانا۔

بلاغت - (ع۔ اسم مونث) علم بیان کی حد کو پہنچنا۔ موقع کے مطابق گفتگو کرنا۔ خوش بیانی۔

بُلاق - (ف۔ اسم مذکر) مہنگا۔ ایک زیور کا نام ہے جسے عورت ناک میں اکثر پہنتی ہے۔

بلاک

بُلاقی - (ف۔ وہ آدمی جس نے بچپن میں بلاق پہنا ہو۔

بلاک - (Block - مذ۔ انگ) کسی عمارت۔ احاطے کا ایک حصہ۔ مخصوص نظریے کے لوگوں کی مختصر سی جماعت۔ (جیسے فارورڈ بلاک) ایسے دغیرہ پر لیا ہوا کسی تحریر یا تصویر کا عکس جو پریس میں چھاپنے کی غرض سے بنوایا جاتا ہے۔

بلاکیڈ - (انگ۔ مذ) ناکہ بندی۔

بلا گردان ہونا (از۔ محاورہ) قربان ہونا۔ صدقے جانا۔ جان قربان کر دینا۔

بلال - (ع۔ اسم مذکر) حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے موذن اور صحابی۔ جو حبش کے رہنے والے تھے ۶۳۸ء میں وفات پائی۔

بُلا لانا - (ہ۔ فعل) ساتھ لے آنا۔ پکار لانا۔ ہمراہ لانا۔

بُلانا - (ہ۔ فعل) پکارنا۔ حاضر کرنا۔ طلب کرنا۔ آواز نکالنا۔ جیسے قہقہہ بلانا۔ آواز دینا۔ نوکر رکھنا۔ تقرر کرنا۔ پسند کرنا۔ منظور کرنا۔

بلانا - (ہ۔ فعل) مٹانا۔ غایب ہونا۔ دور ہونا۔

بلانا - (ہ۔ فعل) پورب بلبلانا۔ زار زار رونا۔ بلکنا۔

بلانڈ - (ہ۔ اسم مذکر) بالشت۔ طول ناپنے کا پیمانہ جو چار گرہ یا نو انچ کے برابر ہوتا ہے سولہ انگل بلیاتی کا پیمانہ۔

بلاؤ - (ہ۔ اسم مذکر) بلا۔ بلار۔ گرہ نو۔ جنگلی بلا۔

بلائی - (ہ۔ مؤ) لکڑی کا کھٹکا جو دروازے میں اندر کیطرف سے بند کرنے کے لیے لگایا جاتا ہے اور باہر کی طرف سے بھی کھول سکتے ہیں۔

بلاوا - (ہ۔ اسم مذکر) طلبی۔ نیوتا۔ دعوت۔ چاہنا۔ خواہش۔

بلاول - (ہ۔ اسم مونث) ایک راگنی کا نام ہے جو رات کے دقت گاتے ہیں۔

بلاہر - (ہ۔ اسم مذکر) مہلو۔ شودر۔ چوہڑا۔ خدمتی۔ ہرکارہ۔ راہنما رہبر۔ بیگاری۔ پاسبان۔ چوکیدار۔

بلاہے کا بلا ہے نہیں چھیڑا تو ضرور - (ہ۔ مثل) شیر کا بچہ شیر ہی ہوگا ورنہ بھیڑ تو ضرور ہوگا۔ شیرنی کے اگر ایک بچہ ہو تو کہری شیر ہوتا ہے۔ اگر دو ہوں تو ذرا کمزور ہوتے ہیں۔ بڑوں کے بڑے ہی ہوتے ہیں۔

بلائیں لینا - (ہ۔ محاورہ) واری جانا۔ صدقے جانا۔ ایک خاص طریقہ سے قربان جانا۔ پیار کرنا۔

بلبل - (مذ) (اسم مذکر و مونث دونوں طرح جایز ہے) گلدم۔ ہزار داستان مُرغِ چمن۔ ایک قسم کا خوش آواز پرندہ ہے۔ جس کی دم کے نیچے۔ ایک نہایت خوش نما۔ سُرخ رنگ کا پھول سا ہوتا ہے۔ شعرا اُسے عاشق گل باندھتے ہیں۔

بُلبلِ چشم - (ف۔ اسم مذکر) ایک قسم کی بناوٹ اور ہنتی کا نام ہے۔ جس میں بلبل کی آنکھ کی طرح کو ٹھڑیاں اور خانے سے ہوتے ہیں۔

بُلبُلا - (ہ۔ اسم مذکر) حباب۔ پانی میں ہوا بھر کر یا کسی چیز کے سڑ کر اُبلنے سے جو گول سی شکل بن جاتی ہے۔ مجازاً بہت جلد فنا ہو جانے والا۔ فانی۔

بُلبُلا

بِلبِلانا - (ہ۔ فعل) تڑپنا۔ بے چین ہونا۔ چوٹ یا درد سے بلکنا۔ بیکل ہونا۔ بچے کا زار زار رونا بھوک میں مضطرب ہونا۔ گڑگڑانا۔

بُلبُلانا - (ہ۔ فعل) آنکھ کا مستی پر آنا۔ لال پیلا ہونا۔ غصے میں دانت پیسنا بھنبھوکا ہونا۔ جوش مارنا۔

بُلبُل ٹین - (انگ۔ اسم) ایک قسم کا نہایت خوبصورت کپڑا۔ سوتی مخمل۔ نقلی مخمل۔

بُلبُل جانا - (ہ۔ محاورہ) واری جانا۔ قربان ہونا۔ نثار ہونا۔ صدقے ہونا۔

بل بھکوا - (ہ۔ اسم صفت) (از ترکیب) لالچی حریص لوبھ الہوس۔

بل بے - (ہ) تعجب اور تحسین کا کلمہ ہے۔ اُف رے۔ اُہو۔ آہا۔ واہ رے۔ واہ وا۔ شاباش۔ مرحبا۔ کیا کہتے ہیں۔

بَل تاڑ - (ہ۔ اسم مذکر) وہ نرتاڑ۔ جس میں پھل کی جگہ بالیں نکلتی ہیں۔

بلتورڈ - (ہ۔ اسم مذکر) ایک قسم کا بھوڑا ہوتا ہے جو بال ٹوٹ جانے کے باعث موسم برسات میں نکل آیا کرتا ہے۔

بِلٹی (Billety، انگ۔ اسم) بل کی تصغیر ہے۔ کاغذ کا پُرزہ۔ پرچہ کاغذ کا ٹکڑا۔ حساب کی فرد۔ چیزوں کی فہرست مع کرایہ وغیرہ۔

بَلدَر - (ف۔ اسم صفت) واقف۔ خبردار۔ مُطلع۔ اطلاع یافتہ۔ جاننے والا۔

بَلدُ - (ہ۔ اسم مذکر) (پنجابی) بیل۔ گائے۔ کانز۔

بلدار - (وزن اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) پیچ والا۔ بل والا۔ خمدار۔ مڑا ہوا۔

بل دان - (ہ) اصل بلی دان۔ اسم مذکر۔ دیوتا یا ایشور کے نام پر قربانی کرنا۔ نذر ماننا۔ نذر بھینٹ چڑھاوا۔

بَلدنا - (ہ۔ فعل) گنوار۔ گائے۔ بھینس کو حمل رکھوانا۔ گابھن کروانا۔

بلدہ - (ع۔ اسم مذکر) شہر۔ بستی۔ نگر۔ آبادی۔ قصبہ۔ بڑا گاؤں۔

بل رانڈ - (ہ۔ اسم مذکر) بال رانڈ۔ صغر سنی میں بیوہ شدہ عورت۔ بال بدھو۔ چھوٹی عمر کی بدھوا۔

بلعم باعور - (بہ۔ اعنا) بنی اسرائیل کے ایک عالم کا نام۔

بِلسنا - (ہ۔ فعل) سکھ پانا۔ آرام پانا۔ لطف اٹھانا۔ استعمال میں لانا۔ برتنا۔ کام میں لانا۔ کام نکالنا۔

بلغا - (ع) بلیغ کی جمع۔ وہ ادیب جس کے کلام میں بلاغت ہو۔

بلغم - (ع۔ اسم مذکر) کھنکھنا رکف۔ نزلہ کا تھوک۔ چار دوں خلطوں میں سے ایک خلط۔

بلغمی - (ع۔ اسم صفت۔ بیائے فاعلیت) بلغم والا۔ وہ چیز جو بلغم پیدا کرے۔ مرطوب۔ وہ آدمی جس کے بدن میں بلغم بڑھ گیا ہو۔ موٹا،

موٹی سمجھ کا کاہل۔

بلقیس ۔ (ع۔ اسم مونث) شہر سبا دافع عرب ملکہ کا نام تھا۔ جو بعد میں حضرت سلیمان ؑ کی بیوی بنی۔

بُلڈوگ (انگ۔امذ) ایک قسم کے کتے کو کہتے ہیں۔ جو نہایت مضبوط اور طاقت ور ہوتا ہے۔

بلکانا ۔ (ہ ۔فعل) رُلانا۔ زار زار رلانا۔ دکھ دینا۔ بے چین کرنا۔ بے قرار کرنا۔

بلکنا ۔ (ہ ۔فعل) زار زار رونا۔ بچوں کا بیقرار ہوکر رونا۔ بے تابانہ رونا۔ پھڑکنا۔ بے چین ہوکر چلانا۔ چلا کر رونا۔

بُلک ٹرین (Bullock Train۔انگ۔امر) بیل گاڑی چوپہیہ گاڑی۔

بلکہ ۔ (ف) حرف ترقی واضراب۔ بچھر۔ لیکن۔ الا۔

بلا ۔ (ع۔اسم صفت مذکر) اصل میں بے لُدّہ تھا۔ جس کے معنی ہیں بے تمیز۔ بے شعور۔ احمق۔ بے وقوف۔ گاؤدی۔ لغو۔ بیہودہ۔

بلم یا بلما ۔ (ہ۔ اسم مذکر) اصل میں بلو۔ شوہر۔ محبوب۔

بلم ۔ (ہ۔اسم مذکر)



بلم

بھالا۔ برچھا نیزہ۔ برچھی عصا۔ نشان۔ بڑی لاٹھی۔ امیروں اور شاہوں کی سواری کے آگے آگے چلنے والا سنہری یا رپہلی عصا۔

بلم بردار ۔ (ع۔اسم مذکر) نیزہ اٹھانے والا عصا لے کر چلنے والا۔ وہ شخص جو امیروں یا بادشاہوں کی سواری کے آگے آگے عصا لے کر چلتے ہیں۔ نشان لے کر چلنے والا۔



بلم بردار

بلما ۔ (ہ۔اسم مذکر) ایک زہریلا کیڑا۔ جو برسات میں گھاس ہوتا ہے۔ جسے کھا کر مویشی بیمار ہوجاتے ہیں۔

بلمانا ۔ (ہ) ٹھہرنا۔ دیر لگانا۔ دیر کرنا۔ بیٹھ رہنا۔ رکنا ٹھہرانا۔ پکڑ رکھنا۔ جیسے یتیم کس سوتن نے بلمائے۔ معشوق بنانا۔ محبت لگانا۔ بھرمانا۔ پہچانا۔ دل لگانا۔ کسی کو موہ لینا۔ شادی کرنا۔

بلم گیر (Volunteer۔انگ۔امذ) والنٹیر۔ اپنی مرضی سے ملکی وقومی حفاظت کی خاطر فوج کا سپاہی۔ بننا۔

بلمنا ۔ (ہ ۔فعل) جانوروں کا بلما کیڑا کھاکر بیمار ہوجانا۔ اس میں ان کے پاؤں لنگڑے ہوجاتے ہیں۔ اور چہرہ رنگ ہوجاتے ہیں۔

بلنا ۔ (ہ ۔فعل) سلگنا۔ جلنا۔ بھڑکنا۔ روشن ہونا۔ شعلہ اٹھنا۔ (گنوار) بٹنا۔ بل دینا۔ کسی زیور میں ڈورہ ڈالنا۔ پٹڑے کا کام کرنا۔

بُلند ۔ (ف۔اسم صفت) اونچا۔ برتر۔ رفیع۔ دراز قد۔ لمبا۔ بڑے ڈیل کا۔

بُلند آواز ۔ (ف۔اسم صفت۔ بہ ترکیب فاعلی) اونچی آواز والی۔ بڑی آواز والی۔

بُلند پرواز ۔ (ف۔اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) اونچی اڑان والا۔ بلند خیال والا۔ عالی دماغ۔ بلند فکر والا۔

بُلند حوصلہ ۔ (ع۔ اسم صفت۔ بترکیب فاعلی) من چلا۔ بڑی ہمت، والا۔ بہادر۔ فراخ دل۔ سخی۔ دلاور۔ جری۔ صاحب جرات۔

بُلند کرنا ۔ (اُرد۔فعل) اونچا اٹھانا۔ ترقی دینا۔ رتبہ بڑھانا۔

بُلند نظر ۔ (ع۔ اسم صفت فاعلی) عالی۔ ہمت۔ دور اندیش۔ باحوصلہ۔

بُلند ہمت ۔ (ع۔اسم صفت۔ بترکیب فاعلی) بڑی ہمت والا۔ من چلا۔ دلاور۔ بہادر۔ جری۔ بلند حوصلہ۔

بُلند ہونا ۔ (ہ ۔فعل) اونچا ہونا۔ ترقی پانا۔ اعلیٰ درجہ پر پہنچنا۔

بُلندی ۔ (ف۔اسم مونث۔ بیائے مصدری) اونچائی۔ اونچان۔ ارتفاع۔ درازی۔ لمبائی۔ نخوت۔ تکبر۔ غرور۔ بڑائی کا خیال۔

بلنگنی ۔ (ہ۔اسم مونث) (ہندو) الگنی۔ ٹکن۔ کپڑے وغیرہ ٹانگنے کی ڈوری۔ ٹنگنا۔

بلوہ ۔ یا۔ بلوا۔ (ف۔اسم مذکر) ہلڑ۔ ہنگامہ۔ دنگا۔ فساد۔ بغاوت۔ سرکشی۔ بدانتظامی شور وغل۔ بہت سے آدمیوں کا فساد پر آمادہ ہونا۔

بلوہ عام ۔ (اُرد۔اسم مذکر) بہت سے آدمیوں کی سرکشی۔ سازش کرکے فساد برپا کرنا۔

بلوان ۔ (ہ۔اسم صفت۔ بترکیب فاعلی) بل بمعنی زور۔ وان بمعنی والا۔ زور والا۔ طاقتور۔ شجاع۔ بلی۔ مضبوط۔

بلوانا ۔ (ہ فعل بلانا کا متعدی ہے۔

بلو بلیک (Blue Black۔انگ) (نیلا اور سیاہ رنگ ملا ہوا۔ بلو۔

بلوٹا ۔ (ہ۔اسم مذکر) بلی کا بچہ۔ بلونگڑا۔

بلور ۔ (ع۔اسم مذکر) ایک شفاف شیشے کی قسم کا کانچ معدنی ہوتا ہے جسے عام لوگ کچا ہیرا کہتے ہیں۔

بلور سا یا بلوری کی مانند ۔ (اُرد۔اسم صفت) شفاف۔ مجلا۔ صاف۔

بلوریں یا بلوری ۔ (ف۔اسم صفت۔ بیائے نسبتی) منسوب۔ بہ بلور۔ بلور کا بمثل بلور۔

بلوط ۔ (ع۔ اسم مذکر) ایک قسم کا درخت ہے جسے سیتا سپاری یا سیلتا پرچھ بھی کہتے ہیں۔

بلوغ ۔ (ع۔ اسم مذکر) جوانی۔ شباب۔

بلوغت ۔ (ع۔اسم مذکر) جوانی۔ شباب۔

بلونا ۔ (ہ۔فعل ہمعنا۔ دہی میں سے رئی کے ذریعے گھی نکالنا کسی چیز کو موثر حرکت دینا۔

بلوں ۔ بلوں ۔ (ہ۔اسم مونث) کسی چیز کی کمیابی۔ ضرورت۔ مانگ طلب۔ خواہش۔ ہائے وائے۔ پکار۔

بلوں بلوں پڑنا ۔ (ہ۔محاورہ) ہونا۔ مانگ ہونا۔ پکار ہونا

بلوں بلوں ہونا ۔ ایضاً

بلوں بلوں کرنا ۔ (ہ۔محاورہ) پکار کرنا۔ گھبرانا۔ بدحواس ہونا۔ بڑانا۔ ہائے وائے کرنا۔

بلونت ۔ (ہ۔اسم صفت) شجاع۔ بہادر۔ زور آور۔ طاقتور۔

بلونگڑا ۔ (ہ۔مذ) بلی کا بچہ۔

بلہار جانا۔ (ہ۔ فعل) قربان جانا۔ تصدیق ہونا۔ صدقے جانا۔ نثار ہونا
بلہاری۔ (ہ۔ اسم مونث) صدقہ۔ واری۔ قربان۔ فدا۔ نثار۔
بلہرا۔ (ہ۔ مذ) پان رکھنے کا لانبا ڈبا۔
بلہوس۔ (ف۔ اسم صفت۔ مذکر۔ مرکب) بل بمعنی بہت۔ اور ہوس بمعنی لالچ۔ وہ شخص جو نہایت لالچی ہو۔ حریص۔ طامع۔ ابوالہوس
بلی۔ (ہ۔ اسم صفت) طاقتور۔ زور آور۔ بلوان۔ بلونت۔ بلدار۔
بلّی۔ (ہ۔ اسم مونث) چھوٹا درندہ جانور ہوتا ہے۔ جسے شیر کی خالہ اُستانی کہتے ہیں۔ عام طور پر گھروں میں چوہے پکڑ کر کھایا کرتی ہے۔ نیز وہ لکڑی یا کوارٹروں میں اندر کی طرف کنڈی کی بجائے لگاتے ہیں۔
بلّی اُلانگنا۔ (ہ) فعل۔ لڑنے کو تیار ہونا۔ بلّی کا راستہ کاٹنا۔
بلّی بھی لڑتی ہے تو مُنہ پر پنجہ دھر لیتی ہے۔ (ورُ۔ مثل) حیوان بھی، لڑائی سے شرم کرتے ہیں انھیں بھی حیا آتی ہے۔
بلّی روتی ہے منگل کس دن گا رہی تھی۔ (ہ۔ مثل) کام نہ کرنے والے اور کام کو دیکھ کر رونی صورت بنا لینے والے آدمی کی نسبت بولتے ہیں منحوس ہے۔ خوش کس دن ہوا۔ وہ تو ہمیشہ ہی روتا ہی رہتا ہے۔ ہمیشہ مغموم اور متفکر ہی رہتا ہے۔
بلّی سے چھچھڑوں کی رکھوالی۔ (ورُ) بد دیانت کو خزانچی بنانا۔ چور اور بدمعاش کو امین اور منتظم مقرر کرنا۔ نااہل کو کام پر لگانا۔
بلّی کے خواب میں چھچھڑے (ورُ۔ مثل) اپنی گوں کے ہی خواب دیکھنے
بلّی کو چھچھڑوں کے ہی خواب | ہر دم اپنے ہی مطلب کی سوجھی۔ خود غرض شخص کی نسبت بولا کرتے ہیں۔
بلّی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹا۔ (ورُ) حسب منشا کام ہو گیا۔ مرضی کے موافق مراد مل گئی۔ بے تکلف ہی آرزو پوری ہو گئی۔
بلّی کی میاؤں سے ڈر لگتا ہے۔ (ورُ۔ مثل) حاکم۔ افسر یا امیر اور زور آور آدمی کا رعب داب ہی کافی ہوتا ہے۔
بلّی لوٹن۔ (ہ۔ اسم مذکر) بالچھڑ۔ سنبل الطیب۔ بادرنجبویہ ایک خوشبودار بوٹی کا نام ہے جس کی بو پر بلی عاشق ہے۔
بلّی۔ (ہ۔ اسم مونث) لقدی۔ دوسری چیز کا بوجھ سہارنے والی چیز۔ اصطلاح میں سال کے درخت کی لمبی اور موٹی سی شاخ جو کشتی چلانے یا ہم اور بھونی دینے کے کام آتی ہے۔
بلیات۔ (ع۔ مو) الا آلا۔ ضفولیات بلائیں۔
بلیدہ۔ (ع) کند ذہن۔
بلیڈ۔ (انگ۔ مذ) لوہے کی وہ دھار دار چھوٹی سی پتی جسے سیفٹی ریزر میں رکھ کر ڈاڑھی وغیرہ مونڈھتے ہیں۔
بلیرڈ۔ Billiard - (انگ۔ اسم مذ) اسٹے کا کھیل۔
بلیغ۔ (ع۔ اسم صفت) پہنچنے والا۔ کامل۔ مکمل۔ پورا فاضل۔ موقع کے موافق گفتگو کرنے والا
بلیلہ۔ (ف۔ اسم مذکر) بہیڑا۔ بڑی ہڑ کی قسم کی ایک دوائی کا نام ہے
بلیندڑا۔ (ہ۔ اسم مذکر) چھپر کے بیچ کا پاکنڈے۔ بڑا بانس۔ چھپر کی منڈیر۔ سخت مزاج آدمی۔
بلیّہ۔ (ع۔ مو) مصیبت۔ بلا۔

ب - م

بمَ۔ (ہ۔ اسم مؤنث) چشمہ۔ منبع۔ پانی کا سوراخ۔ بوسب۔ بہبا۔ غل۔ شور شیو جی کے پکارنے کی آواز جیسے بم بم بھولے۔ ناتھ۔ ناکارہ۔ دھونس
بمَ۔ (ورُ۔ اسم مذکر) بگی کا بانس۔ بگی کے آگے کی لکڑیاں جن میں گھوڑا جوتتے ہیں۔
بمّ۔ (ف۔ اسم مونث) باجہ یا راگ کی اُونچی آواز۔ بخلاف زیر۔
بمَ۔ Bomb - (انگ۔ اسم مونث) پمپ ہوا اور پانی

بم

کے بھرنے یا نکالنے کی مشین۔ آتشگیر مادے کا بنایا ہوا گولا۔
بم بلانا۔ (ہ۔ محاورہ) خراب کرنا۔ پوپلا کرنا۔ نقارہ کی طرح بجانا۔ سخت تکلیف پہنچانا۔
بمپر۔ Bumper (انگ۔ اسم مذ) گاڑی کے آگے حفاظتی پٹی۔


بمپر

بم پھوٹنا۔ (ہ) فعل۔ کنوئیں کی تہ میں سے پانی کا جوش مار کر اُبلنا۔ گولا پھٹنا۔
بم خ مچانا۔ } (ورُ۔ محاورہ) شور و غل کرنا۔ دہائی
بم مچانا۔ } مچانا۔ بہت شور مچانا۔ فریاد کرنا۔ چلا کر بولنا۔
بم بم بھولے ناتھ۔ } مدد یا باد آدم۔ ندا۔ مہادیو مدد کرو۔ مہادیو۔
بم مہادیو۔ } کی جے۔ مہادیو کی تیج۔ شیو جی کا بول بالا۔
بمان۔ یا۔ بوان۔ (ہ۔ اسم مذکر) سخت رواں ہوائی جہاز۔ دیوتاؤں کی سواری کا رتھ۔ خدا کی طرف سے آیا ہوا نیک بندوں کی سواری کا رتھ یا تخت۔ وہ آراستہ رتھی جس پر ہندو لوگ بڑے بوڑھے آدمیوں کو اٹھا کر مرگھٹ میں لے جاتے ہیں۔
بمنا۔ (ہ۔ مذ) وہ کبوتر جس کا رنگ سُرخ۔ زرد یا سیاہ ہو۔ چونچ کے نیچے چند سفید پر رکھنے والا کبوتر۔
بمنی۔ (مو) بمنا کی کبوتری۔
بمبا۔ (ورُ۔ اسم مذکر) اصل میں منبع ہے۔ وہ جگہ جہاں سے پانی نکلے۔ چشمہ پانی کا نل۔
بمبو۔ (انگ۔ اسم مذکر) بانس (اُردو میں) چنڈو پینے کی نلکی۔
بم پولس۔ (ورُ۔ اسم مذکر) لشکری۔ عام پیخانے کی جگہ۔ عام لوگوں کے پیخانہ پھرنے کی جگہ۔ ٹٹی۔
بمنزلہ۔ (ف۔ تابع فعل) بجائے۔ بطور۔ درجہ میں جگہ پر۔ بالعوض۔
بمنیٹا۔ (ہ۔ اسم تصغیر) بامن کا بیٹا۔
بموجب۔ (ع۔ تابع فعل) موافق۔ مطابق۔ جیسا۔ حسب۔

ب - ن

بُن - (ہ - اسم مذکر) قہوہ - کافی - ایک قسم کا بیج ہوتا ہے جسے بھون کر کھاتے ہیں - یا چائے کی طرح ابال کر پیتے ہیں۔

بَن - (ہ - اسم مذکر) جنگل - مرغزار - خودرو درختوں کا جنگل - صحرا بیابان - روئی کا کھیت - باڑی کپاس - رُوئی کا درخت۔

بن بلاؤ - (ہ - اسم مذکر) جنگلی بلا - باہر بلاؤ۔

بن مانس - (ہ - اسم مذکر) جنگلی آدمی - وحشی انسان - نساس - آدمی کی صورت سے بالکل ملتا جلتا - بندر - گوریلا۔

بن مانس

بِن - (ع - اسم مذکر) بیٹا - ولد - پوُر۔

بِن - (پُور - تابع فعل) بغیر - سوائے - بجز - بھجٹ - بدوں۔

بن آئی مرنا - (ہ - محاورہ) بے موت مرنا - ناحق مرجانا - آناً فاناً مرنا - بیوقت مرنا - ناحق تباہ و برباد ہو جانا - بے قصور مرنا - مصیبت میں پھنسنا۔

بن بلائی اجمق لے دوڑی صحنک - (پُور - مثل) بے طلب آنا - اور کھانا کھانے اور لے جانے کا سامان بھی ساتھ لانا - پرلے درجے کی حماقت - خواہ مخواہ دخل در معقولات۔

بن داموں کا غلام - (پُور - اسم مذکر) بے دام غلام - مفت کا غلام - نہایت فرمان بردار - بے عذر کام کرنے والا - نہایت ممنون۔

بن مارے کی توبہ - (پُور - اسم مونث) ناحق کی فریاد - بے جا شکایت قبل از مرگ واویلا۔

بن مانگے ماں بھی بچے کو دُودھ نہیں دیتی - (پُور - مثل) بے جد وجہد کچھ نہیں ملتا - کوشش سے ہی کچھ ملتا ہے - منہ سے کہے بغیر کسی کو کیا معلوم کہ تمہیں کیا چیز درکار ہے۔

بن مانگے موتی ملیں، مانگے ملے نہ بھیک - (پُور - مثل) توکل والے کی سب مرادیں پوری ہو جاتی ہیں - بن مانگے قیمتی اشیا مل جاتی ہیں - اور مطلوبہ چیز بڑی مشکل سے ملتی ہے۔

بِنا - (ع - اسم مونث) عمارت - بنیاد - تعمیر - مکان - نیو - وجہ - باعث - شروع۔

بِنا ڈالنا - (پُور - فعل) بنیاد رکھنا - آغاز کرنا - ڈھنگ ڈالنا - خاکا ڈالنا۔

بِنائے دعویٰ - (ع - اسم مونث) دعوے کی وجہ استغاثہ کا باعث - دعویٰ کی دلیل۔

بِنا - (ہ - تابع فعل) بدوں - بغیر - سوائے - بجز - بھجٹ۔

بُنّا - (ہ - اسم مذکر) لونڈہ - دُولھا - بنڑا - (یہ عوام میں بہ تشدید نون بولا جاتا ہے۔)

بُننا - (ہ - فعل) کپڑا وغیرہ تانا بانا بن کر تیار کرنا۔

بننا - یا - بنجانا - (ہ - فعل) تیار ہونا - مکمل ہونا - درست ہونا - تصنیف و تالیف ہونا - نئی بات پیدا ہونا - اتفاق ہونا - موقع پڑنا - کام درست ہونا - سنورنا - قائم رہنا - سلامت رہنا - تعمیر ہونا - چُننا جانا - امیر ہونا - صلح رہنا - کسی درجہ پر پہنچنا - بھیس بدلنا - موقع ملنا - تکلف کرنا - اصلاح ہونا - اصل ہونا - جیسے اتنے روپے بن گئے بیوقوف ٹھہرنا - صاف ہونا - جیسے اناج بن گیا۔

بنائے نہ بنتا - (ہ) کوئی تدبیر کارگر نہ ہونا - کوشش کے باوجود مراد پوری نہ ہونا قابو سے باہر ہو جانا - لاچار ہونا۔

بنا بنایا - (ہ - اسم صفت بنر کیب مفعولی) درست - ٹھیک ٹھاک - آراستہ - پیراستہ لیس - تیار - کیل کانٹے سے درست - فرش فروش سے آراستہ۔

بَنات - (ع - مو) بنت کی جمع - بیٹیاں۔

بنات النعش - ثریا ستاروں کا جھرمٹ - عقد ثریا۔

بنا ٹھنا - (ہ - اسم صفت - بہ ترکیب مفعولی) سجا سجایا - سنگار کیے ہوئے - درست لباس اور زیور سے آراستہ۔

بننا بھننا - (ہ - فعل) آراستہ ہونا - بناؤ سنگار کرنا - ساز و سامان سے خوب لیس ہونا۔

بنا در - (ع - مذ) بندر کی جمع - بندر گاہیں۔

بنارس - (ہ - اسم مذکر) بھارت کا ایک مشہور شہر ہے۔ جو ہندوؤں کا بڑا تیرتھ ہے۔

بنارسی - (ہ - اسم صفت - بیائے نسبتی) بنارس کا - بنارس کی بنی ہوئی چیز

بنارسی ٹھگ - (پُور - اسم مذکر) بڑا عیار - نہایت دھوکے باز۔

بناس پتی - (ہ - اسم مونث) نباتات - پیداوار - نباتات - پیداوار

بُنالا - (ہ - اسم مذکر) گوٹا - کناری وغیرہ کا بانا۔

بنانا - (ہ - فعل) مکمل کرنا - تکمیل کو پہنچانا - تیار کرنا - درست کرنا - مرتب کرنا - سنوارنا - سنگارنا - تعمیر کرنا - گھڑنا - زیور وغیرہ - تصنیف و تالیف کرنا - گوشت صاف کرنا - مذاق اڑانا - محول کرنا - تربیت کرنا سدھارنا - سنوارنا - صلاح دینا - ایجاد کرنا - حاصل کرنا - پھٹکنا - یعنی غلہ کو صاف کرنا - بننا سے متعدی ہے۔

بن آنا / **بن پڑنا** - (ہ - محاورہ) مراد کے موافق ہونا - قسمت کھل جانا - موقع ملنا - ممکن ہونا۔

بناؤ - (ہ - مذکر - حاصل بالمصدر) آراستگی - سجاوٹ - دوستی - موافقت میل ملاقات - (فعل امر کی صورت میں) تیار کرو - درست کرو - سنوارو۔

بناؤ سنگار / **بناؤ سنگھار** - (ہ - اسم مذکر - حاصل مصدر) سجاوٹ - آراستگی - دوستی - موافقت - آرائش۔

بناؤ کرنا - سنورنا - سنگار کرنا۔

بُناوٹ - (ہ - اسم مونث) حاصل مصدر) ساخت - وضع - تکلف - تصنع - نمایش - نمود - باتیں - گھڑنی - جھوٹے اظہار - مکر و فریب - جعل سازی۔

بناوٹی - (ہ - اسم صفت - بیائے فاعلیت) مصنوعی - خود ساختہ - دکھلاوے کا - دکھلاوے کا۔

بن باس - (ہ - اسم مذکر) جنگل میں بسنا - جنگل کی بستی - جلاوطنی - جنگلوں بنوں میں رہنا۔

بن باس دینا - (ہ - محاورہ) جنگل میں رہنے کا حکم دینا - جلاوطن کرنا - آبادی سے نکل جانے کا حکم دینا۔

بن باس کرنا - (ہ - فعل) جنگل میں جا رہنا - آبادی سے نکل جانا - جلاوطن ہونا

بن باسی ۔ (ہ) اسم فاعل مذکر، جنگل میں رہنے والا ۔ جلا وطن آدمی ۔
بَن بَن کر بگڑنا ۔ (ہ) فعل ۔ درست ہو کر خراب ہو جانا ۔ کسی کام کا ہو کر بگڑ جانا ۔ مراد کو پہنچ پہنچ کر نامراد رہنا ۔ دانستہ خفا ہونا ۔ درست نہ ہونا کام نہ بننا ۔
بنٹوا لینا ۔ تقسیم کرا لینا ۔
بن ٹھن ۔ (ہ) سنگار کرنا ۔ سنورنا ۔
بن بیٹھنا ۔ (ہ) فعل، تیار ہو جانا ۔ آمادہ رہنا ۔ امیر بن جانا ۔ دولت مند ہو جانا ۔
بَن پڑنا ۔ (ہ) کچھ ہو سکنا ۔ سرسبز ہونا ۔ کامیاب ہونا ۔
بن نہ آنا / **بن نہ پڑنا** (ہ) فعل ۔ مجبور رہنا ۔ بندوبست نہ ہو سکنا ۔ کام کا انتظام نہ ہونا ۔ جواب نہ دے سکنا ۔
بَنت ۔ (ہ) اسم مونث ایک قسم کی توتی ہوتی ہے جس میں گھوڑے دسمی ستارا لگا ہوتا ہے ۔
بِنت ۔ (ع ۔ اسم مونث) لڑکی ۔ بیٹی ۔ دختر ۔
بِنتی یا بینتی ۔ (ہ) اسم مونث عذر، معذرت ۔ التماس ۔ عرض ۔ پرارتھنا منت ۔ سماجت ۔
بنٹا ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) پیتل کا بڑا لوٹا ۔ کھانا پکانے کا بڑا سا برتن ۔ بڑا گڑوا ۔
بنٹا ڈھار کرنا ۔ (ہ) فعل برباد کر ڈالنا ۔ تباہ کر ڈالنا ۔ ستیاناس کر دینا ۔
بنج ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) لین دین ۔ سوداگری ۔ تجارت ۔ خرید و فروخت ۔ بیوپار ۔ رشتہ ناتا ۔ پیشہ ۔ کسب کار ۔
بَنجنا ۔ (ہ) فعل، لین دین کرنا ۔ معاملہ ڈالنا ۔ خرید و فروخت ۔ بیوپار کرنا تعلق پیدا کرنا ۔ رشتہ کرنا ۔
بنجارا ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) بنج کرنے والا ۔ سوداگر غلہ ۔ بیوپاری ۔ سوداگر ۔ ایک قوم کا نام بھی جو غلہ کی سوداگری کرتی ہے ۔
بنجاری ۔ (ہ ۔ اسم مونث) بنجارے کی عورت ۔ بنجاروں کا ڈیرہ (صفت میں) ۔ مضبوط ۔ پائیدار ۔ خوبصورت ۔
بنجاری کتا ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) وہ کتا جسے بنجارے لوگ اپنے مال کی حفاظت کے لیے اپنے ساتھ رکھتے ہیں ۔ چوکیدار کتا ۔ قافلے کے ساتھ رہنے والا کتا ۔
بنجر ۔ (ہ ۔ اسم مذکر و مونث) غیر مزروعہ زمین ۔ وہ زمین جس میں مدت سے کچھ پیدا نہ کیا گیا ہو ۔ افتادہ زمین ۔ بے نرد زمین ۔ ناقابل کاشت زمین ۔ جنگل ۔
بنجو ۔ (Banjo ۔ انگ ۔ اسم) ایک مشہور ساز ۔

بنجو

بنچ ۔ (انگ ۔ مر ۔ Bench ۔) لمبا سا تختہ جس کے نیچے پائے لگے ہوں ۔ حکام عدالت ۔
بنچنا ۔ (ہ ۔ فعل) پڑھا جانا ۔ پڑھنے میں آنا ۔ مطالعہ میں آ جانا ۔
بند ۔ (ف ۔ اسم مذکر) جوڑ ۔ عضو ۔ گانٹھ ۔ روک ۔ پشتہ ۔ انگرکھے کی تنی ۔ بندھن ۔ کپڑے کی پٹی ۔ حبس ۔ داؤ پیچ ۔ پھندگرہ ۔ دار اشعار مسدس کا بند ۔ کڑا ۔ ہاتھ کی موٹی ڈبی چوڑی ۔ (بحالت صفت) مسدود ۔ رد کا گیا ۔ مقفل رکا ہوا پانی ۔ گھرا ہوا ۔ تنگ ۔ بھچی ہوئی ۔ سکڑی ٹانگیں ۔
بند باندھنا ۔ (ف ۔ فعل) پشتہ باندھنا ۔ گرہ لگانا ۔ بندوبست کرنا ۔ تدبیر کرنا ۔ پانی کی آمد کو روک دینا ۔
بند بند ۔ (ف ۔ اسم مذکر) ہر ایک جوڑ ۔ جوڑ جوڑ ۔ عضو عضو ۔ (صفت میں) رکا ہوا ۔ منقبض ۔ افسردہ دل ۔ مرجھایا ہوا ۔ دل بجھا سا ہوا ۔
بند بند جدا کرنا ۔ (ہ ۔ محاورہ) بوٹی بوٹی اڑانا ۔ ٹکڑے ٹکڑے کر دینا ۔ جوڑ جوڑ کاٹ ڈالنا ۔
بند بند جکڑ جانا ۔ (ہ ۔ محاورہ) ہر عضو میں درد ہونا ۔ ہر جوڑ کا اینٹھ جانا ۔
بند بند ڈھیلے کر دینا ۔ (ہ ۔ محاورہ) تھکا دینا ۔ جوڑ جوڑ ہلا دینا ۔ چولیں ہلا دینا ۔
بند چھڑانا ۔ (ہ ۔ فعل) قید سے آزاد کرنا ۔ مشکل آسان کرنا ۔ جوڑا الگ کرنا ۔
بند رہنا ۔ (ہ ۔ فعل) قید رہنا ۔ رکے رہنا ۔ مقفل رہنا ۔ خاموش رہنا ۔
بند کرنا ۔ (ہ) روکنا ۔ قید کرنا ۔ مقفل کرنا ۔ خاموش کرنا ۔
بند ہونا ۔ (ہ) رک جانا ۔ تھمنا ۔ کسی کام کی چلت نہ ہونا ۔ ختم ہونا ۔ چپ ہونا آمد و رفت نہ ہونا ۔ کند ہونا ۔ دھار موٹی ہونا ۔ چال نہ چلنا ۔ مسدود ہونا ۔ تدبیر کارگر نہ ہونا ۔
بِند ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) صفر نکتہ ۔ بندی ۔ بوند ۔ قطرہ ۔ تخم ۔ نطفہ ۔ بیج ۔
بُندا ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) کان کا آویزہ ۔ کان میں پہننے کا ایک صراحی دار زیور ۔
بُندا بڑھانا ۔ (محاورہ) کان سے بُندا اُتارنا ۔ (منت کے بُندے کان سے اُتارنا) ہمنت بڑھانا ۔ عورتیں بچوں کے کان میں کسی بزرگ کی نذر مان مان کر بُندے ڈال دیتی ہیں ۔ تاکہ یہ اسی بزرگ کا غلام ہو کر بیتا رہے جب وہ بڑا ہو جاتا ہے تو اُتار کر اس بزرگ کے مزار پر چڑھا دیتی ہیں ۔ اس فعل کو بُندے بڑھانا بولتی ہیں ۔
بِندا ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) بڑا سا ٹیکا جو اکثر ہندو ماتھے پر لگا لیتے ہیں ۔
بندال ۔ (ہ) ایک قسم کی تلخ ذائقہ کی گھاس کا نام ہے ۔ جس سے چھیلکیں بہت آتی ہیں ۔ دست آور قاطع بلغم ہے ۔
بندال پھلا / **بندال ڈوڈا** (ہ ۔ اسم مذکر) بندال کا پھل ۔ بندال کا گولہ ۔ یہ کپاس کے گولہ کی شکل کا ہوتا ہے ۔ مگر نہایت تلخ ۔
بن داموں کا غلام ۔ (ہ ۔ مذ) مفت کا غلام ۔
بندر ۔ (ف ۔ اسم مذکر) سمندر کے ساحل پر وہ شہر جہاں غیر ملکوں سے جہاز آ کر لنگر ڈالیں ۔ بندر کہلاتا ہے ۔ جہازوں کی قیام گاہ ۔ جہازوں کا سٹیشن ۔
بندر گاہ ۔ (ف ۔ اسم مذکر) تجارت کی منڈی جو سمندر کے کنارے پر ہو ۔ تجارت گاہ ۔
بندر ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) ایک جانور کا نام ہے ۔ جو آدمی کی مشابہ شکل رکھتا ہے ۔ میمون ۔ لوزر ۔ شادی ۔ بانر ۔


بندر

بندر کا گھاؤ - (ہ) اسم صفت کا کام دیتا ہے۔ وہ زخم جو کبھی راضی نہ ہو۔

بندر کیا جانے ادرک کا سواد - (ہ۔ فعل) بے تمیز اور بے وفا آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں۔ مراد۔ جس کو کسی بات سے دلچسپی ہی نہیں۔ وہ اس کے لطف کو کیا جان سکتا ہے۔

بندر کے گلے میں موتیوں کی مالا - (اُر) رذیل کو شریفوں کا لباس۔ کنبہ پروری کے موقع پر بولا کرتے ہیں۔ رذیل آدمی کو عزت دینا۔

بندر کی آشنائی - (ہ۔ اسم مونث) بے مروت کی دوستی بیوفا کا یارانہ۔

بندر کی طرح نچانا - (اُر۔ محاورہ) نہایت ستا سمجھ کر رجوع کرنا۔ بہت تنگ کرنا وغیرہ۔

بندریا - (ہ۔ اسم مونث) بندر کی مادہ۔ ایک قسم کی گھاس بھی ہے۔ جسے کتا گھاس بولتے ہیں۔

بندری - (ہ) ایک قسم کی تلوار جو راج بندر میں تیار ہوتی ہے۔ ایک قسم کی چھینٹ جو مچھلی بندر میں تیار ہوتی ہے۔

بندش - (ف۔ اسم مونث) حاصل مصدر از (بستن) گانٹھ۔ گرہ۔ بندھن۔ شعر کے الفاظ کا بالترتیب قرینے سے بیٹھنا۔ خیال۔ سازش اٹھانا۔ جوڑ۔ بند۔ واؤ۔ گھات۔ تدبیر۔ پیش بندی۔ بناوٹ۔ گھڑت۔ تہمت۔ الزام۔ ترتیب۔ عبارت۔ رکاوٹ۔ روک ٹوک۔

بندک بندھا - (ہ۔ اسم مذکر) روک ٹوک۔ ممانعت۔ مناہی۔ بندی۔ بندش۔

بُندکی - (ہ۔ اسم مونث) التصغیر از بوند) چھوٹی چھوٹی بوندیاں۔ جو چھینٹ پر ہوا کرتی ہیں۔

بندگانِ عالی - (ف۔ اسم مذکر) تعظیماً حضور کی جگہ بولتے ہیں۔

بندگی - (ف۔ اسم مونث) غلامی۔ عبادت۔ تپسیا۔ آداب۔ سلام۔ بوندوبست۔ تسلیم۔ مسکینی۔ عزیزی۔ خدمت۔ سیوا۔ نوکری۔ سلام رخصت۔ اللہ حافظ۔

بندگی بجانا یا بندگی بجالانا - (اُر۔ محاورہ) اطاعت۔ خدمت کرنا۔ کہا ماننا حکم بجالانا۔

بندگی بیچارگی - (اُر۔ مثل) نوکری اور فرماں برداری۔ بڑا جبری امر ہے۔ ملازم کو ہر حکم جاؤ بیجا ماننا پڑتا ہے۔ مجبوری۔ بے بسی۔ معذوری۔ لاچاری۔

بندوبست - (ف۔ اسم مذکر) انتظام۔ اہتمام۔ انصرام۔ انضباط۔ نظم ونسق ضابطہ۔ قاعدہ۔ آئین۔ سلیقہ۔ سگھڑاپا۔ زمین کے لگان کا اہتمام۔ ترتیب۔ تدبیر۔ تجویز۔ زمین کی حد بندی اور انتظام خراج یا لگان۔

بندوبست استمراری / بندوبست دوامی / بندوبست دائمی - (فع۔ اسم مذکر) ہمیشہ کے لیے زمین کی لگان مقرر کرنا۔ تمام علاقے ایک بار ہی زرمال گزاری قایم کر دینا۔ ہمیشہ کے لیے ایک ہی دفعہ لگان تشخیص کر دینا۔

بندوبست دیہی - (ف) دیہات کے کھیتوں کی حد بندی کر کے مال گزاری کے کاغذات تیار کرنا۔ زمین کی حیثیت اور لگان کا اندازہ کرنا۔

بندوڑ - (ہ۔ اسم مونث) باندی کی تصغیر۔ کنیزک۔ چیری۔ کم رتبہ لونڈی۔ وہ باندی جسے بیوی بنالیں۔

بندوق - (ع) (اسم مونث)



مشہور ہتھیار۔ تفنگ۔ تفک۔ لوہے کی وہ نالی جس میں بارود بھر کر چھوڑیں۔ بندوق

بندوق بھرنا - (اُر۔ فعل) بندوق میں گولی اور بارود ڈالنا۔ بندوق تیار کرنا۔

بندوق چلانا / بندوق لگانا - (اُر۔ فعل) بندوق چھوڑنا۔ بندوق پُر کرنا۔

بندوق چھتیانہ - (اُر۔ فعل) بندوق کو چھاتی پر رکھ کر شست باندھنا۔

بندوقچی - (ع۔ ف۔ اسم مذکر فاعل) بندوق رکھنے والا سپاہی۔ قزاول۔

بندہ - (ف۔ اسم مذکر) غلام۔ نوکر۔ ملازم۔ مطیع۔ فرماں بردار۔ سیوک۔ داس انسان۔ بشر۔ آدمی۔ نفر۔ عابد۔ خادم۔ سر جھکا دینے والا۔

بندہ بشر ہے - (اُر۔ محاورہ) انسان کی فطرت میں بھول چوک داخل ہے۔ آدمی سے بھول چوک ہو ہی جاتی ہے۔ انسان سہو وخطا کا پتلا ہے۔

بندہ پرور - (ف۔ اسم مذکر فاعل) بندہ نواز۔ آقا۔ سردار۔ غلاموں کے پالنے والے فیاض۔ سخی۔ کریم۔ جناب حضرت۔

بندۂ بے دام - (ف۔ مذ) مفت کا غلام۔ مفت میں آیا ہوا نوکر۔

بندۂ درگاہ - (ف۔ اسم مذکر) دربار کا غلام۔ نیازمند۔ شاہی نوکر۔ آپ کا غلام۔ نیازمند۔

بندہ زادہ - (ف۔ اسم مذکر) غلام زادہ۔ میرا بیٹا۔ جناب کا غلام۔ غلام کی اولاد۔ خادم کا بچہ۔

بندہ عاجز ہے - (اُر۔ محاورہ) انسان مجبور ہے۔ لاچار ہے۔ بے اختیار ہے میں لاچار ہوں۔ محتاج ہوں۔

بندہ نواز - (ف۔ اسم مذکر فاعل) مالک۔ مختار۔ بندہ پرور۔ غلاموں پر مہربانی کرنے والا۔

بندھا پانی - (اُر۔ اسم مذکر) کھڑا پانی۔ معین پانی۔ رکا پانی۔

بندھا خوب مار کھاتا ہے - (اُر۔ مثل) لاچار کو جس طرح چاہو ستاؤ۔ مار برداشت۔ قابو میں آیا ہوا خوب مجبور ہوتا ہے۔

بندھانی - (ہ۔ اسم مذکر) مزدور۔ قلی ایک فرقہ جو کڑی۔ تختہ۔ پتھر وغیرہ دھونے کا کام کرتا ہے۔ گولہ انداز خلاصی۔ بھنتی۔

بندھائی - (ہ۔ اسم مونث) بندش۔ باندھنے کی اجرات۔ روپیہ بندھانے کی کمیشن۔

بندھک - (ہ۔ اسم مذکر) رہن۔ گرو۔ گروی۔ گروی رکھی ہوئی چیز۔ رہن نامہ۔ بنک۔

بندھ گیا سو موتی رہ گیا سو پتھر - (اُر۔ مثل) جو چیز استعمال میں آگئی ہو۔ وہ عمدہ جو ناقابل استعمال رہی۔ وہ نکمی اور بے سود۔ جو کار آمد ہو گئی۔ وہ کام کی در نہ ردی۔

بندھن - (ہ۔ اسم مذکر) بندش۔ پیٹی۔ بند۔ روک۔ رکاوٹ۔ لگاؤ۔ لاگ۔ درد وظیفہ۔ انضباط۔ اوقات چپہر کی بندش۔

بندھنا - (ہ۔ فعل) گرہ لگنا۔ بندش میں آنا۔

پھنسنا۔ مبتلا ہونا۔ مقرر ہونا۔ دستور ہونا۔ شعر کا مضمون اور قافیہ درست بیٹھنا۔ لپٹنا۔ قید ہونا۔ پکڑا جانا۔

بندھنا۔ (ہ۔ اسم مذکر) تکے دانی۔ وہ تھیلی جس میں سینے پرونے کا سامان رکھا جائے۔ خریطی۔

بندھنا۔ (ہ۔ فعل) چھدنا۔ سوراخ ہونا۔ پرویا جانا۔ ہر رگ میں بیٹھ جانا۔ گھسنا۔ جیسے گوشت میں نمک مرچ کا بندھنا۔

بندھن دار۔ بندر دار۔ (ہ۔ اسم مذکر) اصل میں بندھن ہار تھا۔ یعنی وہ ہار جو مالی کسی خوشی کے موقع پر پتوں اور پھول کا بنا کر دروازہ پر باندھ جاتے ہیں۔ کسی افسر یا حاکم کی آمد کی خوشی میں رنگ برنگ کاغذوں یا کپڑوں کے ہار جو چوراہوں یا آمد کے راستوں پر لٹکاتے ہیں۔

بندھو۔ (ہ۔ اسم مذکر) متعلقین۔ رشتہ دار۔ بھائی بند۔ دوست۔ اقربا۔

بندھوا۔ (ہ۔ اسم مذکر) قیدی۔ اسیر۔ پابند۔ زندانی۔

بندھوانا۔ (ہ۔ فعل) قید کرانا۔ گرفتار کرانا۔ جکڑوانا۔ باندھنے کا حکم دینا۔ قید کا حکم جاری کرنا۔

بندھی بات۔ (ہ۔ اسم مونث) مقررہ بات۔ معمولی بات۔ مسلم الثبوت امر۔

بندھیج۔ (ہ۔ اسم مذکر) روک۔ رکاوٹ۔ پرہیز۔ دستور۔ معمولی۔ قابضات قبض کرنے والی چیز۔ بستگی۔ انجاد۔ کفایت شعاری۔ سلیقہ داری۔ سگھڑاپا۔ بندش۔ (بحالت صفت) بستہ۔ بندھا ہوا۔

بندھی مٹھی۔ (ہ۔ اسم صفت) سربستہ۔ پوشیدہ۔ راز۔ سر۔ (بحالت اسم) سلوک۔ اتفاق۔ جتھا۔ ایکا۔ کنبے کا اتفاق۔ (بصورت تابع فعل) یک مشت۔ اکٹھا۔ چپ چاپ۔ خاموش۔ بے خوف۔ بے کھٹکے۔

بندھی مٹھی لاکھ برابر۔ (و مثل) اتفاق۔ نہایت عمدہ چیز ہے۔ اتفاق سے ساکھ بنی رہتی ہے۔ یکدل آدمی لاکھوں پر بھاری اور غیر یاب ہوتے ہیں۔ راز سربستہ کی حفاظت نہایت اچھی ہوتی ہے۔

بندی۔ (ہ۔ اسم مونث) لونڈی۔ باندی۔ کنیز۔ (ضمیر متکلم واحد مونث) یعنی انکسار کے طور پر اپنے لیے بولتی ہیں۔

بَندی۔ (ف۔ اسم مذکر فاعل) قیدی۔ اسیر۔ گرفتار۔ بندھوا۔

بندی خانہ۔ (ف۔ اسم مذکر ظرف) قید خانہ۔ زندان۔ محبس۔ جیل۔ قیدیوں کے رہنے کی جگہ۔

بندے ماترم۔ (بنگالی کلمہ) بنگالی زبان کا مشہور گیت۔ بھارت کا قومی ترانہ۔

بِندی۔ (ہ۔ اسم مونث) نقطہ۔ صفر۔ چھوٹا سا گول ٹیکا۔ نشان۔ علامت چھینٹ۔ کانچ کی رنگدار ٹکلی۔ جو عورتیں برسات کے دنوں میں ماتھے پر لگا لیا کرتی ہیں۔ شقہ۔ ٹیکا۔

بِندیا۔ (اسم مونث) بندی کی تصغیر ہے۔

بَندیلن۔ (ہ۔ اسم مونث) عطر۔ خوشبو وغیرہ بیچنے والی عورت۔ گندھی کی تانیث۔ گندھن۔

بنڈا۔ (ہ) بے پونچھ کا مینڈھا۔

بنڈل۔ (ہ۔ اسم مذکر) (لانگ) گٹھڑی۔ پیکٹ۔ پلندہ۔

بنڈی۔ (ہ۔ اسم مونث) نیم آستینوں کی فراخ کمر سی جو کوٹ یا چغہ وغیرہ کے نیچے پہنتے ہیں۔

بنڈی

بنڑا / بنڑا۔ (ہ۔ اسم مذکر) پرش۔ دولھا۔ نوشہ۔ خاوند۔ شوہر۔ بنا۔ بنّا کی تصغیر ہے۔

بنڑی / بنڑی۔ (ہ۔ اسم مونث) دولھن۔ بنی بہتی۔

بنس۔ (ہ۔ اسم مذکر) خاندان۔ نسل۔ اولاد۔ نسب۔ گھرانا۔ کل۔ بیٹے۔ پوتے۔

بن سن برنر۔ (Bunsen Burns - انگ۔ مذ) جرمن سائنسدان بنسن کا ایجاد کردہ لیمپ جس میں ہوا اور گیس جلتی ہے اور تیز حرارت پیدا ہوتی ہے۔

بنسلوچن۔ (ہ۔ اسم مذکر) ایک سفید سی دوائی کا نام ہے۔ جو بانس کی گانٹھ میں سے نکلتی ہے۔ طباشیر۔

بنسی۔ (ہ۔ اسم مونث) بانسری۔ بنسری۔ بانسلی۔ مرلی۔ نے۔ الغوزہ۔ مچھلی پکڑنے کی بانس کی لمبی سی چھڑ مع ڈور اور کانٹا۔

بَنفشہ۔ (ف۔ اسم مونث) ایک خودرَو بوٹی کا نام ہے جو مسہل اور مکیّن کے لیے استعمال میں آتی ہے۔ یہ اونچے پہاڑوں کے کناروں میں اگتی ہے۔ مجازاً شعرا بالوں سے تشبیہ دیا کرتے ہیں۔ سر کے بال۔ زلف۔

بنفشہ

بنک۔ (Bank - انگ۔ مذ) روپیہ امانتاً رکھنے کی جگہ۔ ساہوکار کی کوٹھی۔ روپیہ جمع رکھنے والی کمپنی۔ بنک گھر۔

بنکارنا۔ (ہ۔ فعل) نشہ پی کر شور و غل مچانا۔ دھاڑنا۔ چلا کر بولنا۔ بلند آواز سے بولنا۔ پکار کر بولنا۔ کسی بھوت پریت کا سایہ سر پر آکر بولنا سر سے کھیلنا۔ شیخی بگھارنا۔ ڈینگ مارنا۔

بن کر کھیل بگڑنا۔ (ہ) کسی کام کا درست ہو کر خراب ہو جانا۔ کام کرتے ہوئے رک جانا۔ کامیاب ہوتے ہوتے رہ جانا۔ اور ناکام ہو جانا۔

بنگ۔ (ف۔ اسم مونث) ایک نشیلی بوٹی ہے بھنگ سبزی۔

بنگا۔ (ہ۔ اسم مذکر) بانس کا ٹوٹنا۔ سونٹا۔ ڈنڈا۔ بمبو۔

بنگا ٹھوکنا۔ (ہ۔ فعل) بیچ ٹھوکنا۔ روک دینا۔ مزاحم ہو جانا۔ زک دینا۔ خرابی ڈالنا۔ روڑا اٹکانا۔

بنگالی۔ (ہ اسم مذکر فاعل۔ بیائے نسبتی) بنگالے کا رہنے والا۔ بنگال کی بولی۔ بنگالے کی چیز۔

بنگڑی۔ (ہ۔ اسم مونث) ٹیڑھی۔ خم دار۔ بانکڑی۔ روڑدار۔ (چوڑی یا گوٹہ وغیرہ)

بنگلہ۔ (ہ۔ اسم مذکر) بنگال کا پان۔ پان کی ایک خاص قسم

بنگلہ

چوٹی دار مکان۔ بانس کی کوٹھی۔ ایک زبان کا نام۔

بنگلو / بنگی۔ (ہ۔ اسم مونث) ایک قسم کا آواز دار لٹو۔ جو اندر سے کھوکھلا ہوتا ہے۔ اور اس میں ایک سوراخ ہوتا ہے جس سے زور سے آواز نکلتی ہے۔

بننا۔ (ہ۔ مصدر) درست ہونا۔

بن مانس۔ (ہ۔ مذ) جنگلی آدمی بندر کی ایک قسم جو انسان کے مشابہ ہوتی ہے۔

بنوّ - (اُر- اسم مونث) بانو کا مخفف ہے۔ بیگم۔ خاتون۔ دلھن۔ عروس۔ نئی شادی شدہ عورت۔ لاڈ پیار سے عورتیں عورتوں لڑکیوں وغیرہ کو بھی اس سے خطاب کرتی ہیں۔

بنواڑی - (ہ- اسم مذکر) لغوی معنی جنگل کا بن والا۔ اصطلاح میں کرشن جی کا لقب ہے۔

بنوانا - (ہ- فعل) تیار کرانا۔ درست کرنا۔ تعمیر کرانا۔ چنوانا۔ رسوئی کرانا گوشت صاف کرانا۔

بُنوانا - (ہ- فعل) سُوت سے کپڑا تیار کروانا رسیوں اور بانوں سے چارپائی وغیرہ درست کرانا۔

بُنوائی - (ہ- اسم مونث) معاوضہ۔ بننے کی اُجرت۔

بُنوائی - (ہ- اسم مونث) بنانے کی اُجرت۔ کام تیار کرانے کا معاوضہ۔

بنوٹ - (ہ- اسم مونث) سپہ گری کے ایک فن کا نام ہے۔ یا لکڑی چلانے کا فن۔ پھکیتی۔ بکینتی۔ بانک۔

بنولا - (ہ- اسم مذکر) کپاس کا بیج۔ پنبہ دانہ۔

بنولی - اسم مونث۔ چھوٹے چھوٹے اوے جنھیں بجری بھی کہتے ہیں۔

بنی - (ع- اسم مذکر) بن کی جمع۔ اولاد بیٹے۔ پوتے۔ نسل جیسے بنی آدم۔ بنی اسرائیل۔

بُنی - (ہ- اسم مونث) بنڑی۔ دُلھن۔ بیوی۔ خوش۔ اقبالی۔ بگڑی کے خلاف۔

بنی آدمؑ - (ع- مذ) آدمؑ کی اولاد۔ انسان۔

بنی اسرائیلؑ - (ع- مذ) حضرت یعقوبؑ (اسرائیل) کی اولاد

بنی اسماعیلؑ - حضرت اسماعیلؑ بن حضرت ابراہیمؑ کی نسل یا اولاد۔

بنی نوع انسان - (ف- مذ- مو) انسان کی نسل۔

بنیئنی - **بنیانی** - (ہ- اسم مونث) بن۔ بقال۔ بن۔ بیلا۔ نیستانسے۔ چھوٹا سا گھنا جنگل۔ جھاڑی دار جنگل۔

بنی جان - (ع- اسم مذکر) جنوں کی نسل وقوم۔ جنوں کی اولاد۔

بنی کے سو ساتھی بگڑی کا کوئی نہیں / **بنی کے سب ساتھی بگڑی کا کوئی نہیں** - (ہ) بنی کے سو ساتھی بگڑی کا کوئی جوائی نہیں بنتا۔ (مثل) امیری اور خوش اقبالی میں ہر کوئی یار بن جاتا ہے مفلسی میں کوئی پاس بھی نہیں پھٹکتا۔ دنیا غدار اور مطلب پرست ہے۔

بنیا - (ہ- اسم مذکر) اناج۔ غلہ۔ وغیرہ بیچنے والا۔ آٹے دال کی سوداگری کرنے والا۔ ایک قوم کا نام بھی ہے۔ بودا۔ بزدل۔ کنجوس۔ حمک سست۔ سیدھا۔ بے ضرر۔ مطلب پرست۔

بنیا اپنا گڑ بھی چھپا کر ہی کھاتا ہے - (اُر- مثل) ہر کام میں رازداری بہتر ہے۔

بنیا جب تولتا ہے زیادہ ہی تولتا ہے - (اُر- مثل) ہوشیار آدمی۔ ہر حالت میں اپنا مطلب اور اپنا فائدہ نہیں چھوڑتا۔

بنیے سے سیانا سو دیوانہ - (اُر- مثل) لین دین کے معاملہ میں۔ اگر کوئی شخص بنیے سے زیادہ ہوشیار ہو تو وہ اُلو ہے۔ احمق ہے۔ پاگل ہے کیونکہ یہ لوگ پشتوں سے اس کام میں پڑے ہوئے ہیں۔ اس کے نکات اور داؤں گھات خوب جانتے ہیں۔

بنیے کا بیٹا کچھ دیکھ کر ہی گرتا ہے - (اُر- مثل) سیانا آدمی کسی فاضی نفع کے لیے ہی نقصان گوارا کرتا ہے۔ یوں نقصان نہیں اٹھاتا۔

بنیے کا چھیلا آدھا اُجلا آدھا میلا - (ہ- مثل) کاروباری آدمی سے شوقینی نہیں نبھ سکتی۔

بُنیاد - (ع- اسم مذکر) بنو۔ جڑ۔ اصل۔ بیخ۔ طاقت۔ قوت۔ مقدور۔ حیثیت۔ بساط۔

بنیاد ڈالنا - (اُر- محاورہ) بنو رکھنا۔ کام شروع کرنا۔ ابتدا کرنا

بنیاد نہ ہونا - (اُر- محاورہ) حیثیت نہ ہونا۔ حقیقت نہ ہونا۔ جڑ نہ ہونا۔

بُنیان - (اُر- انگ- اسم مونث) بنین۔ بدن کے ساتھ رہنے والا کپڑا۔ ایک خاص قسم کا کپڑا۔ جو قمیض کے اندر پہنا جاتا ہے۔

بنیٹی / **بلیٹھی** - (اُر- اسم مونث) شعلہ جوالہ۔ ایک لکڑی کے دونوں سروں پر مشعلیں باندھ کر اس طرح چکر دیتے ہیں کہ آگ کا چکر جسم کے گرد بندھ جاتا ہے۔ اس کھیل کا نام بنیٹی ہے۔

بنیٹی پھینکنا - یا - ہلانا - (اُر- فعل) بنیٹی کی ورزش کرنا۔ کرتب دکھانا۔

بنینی - (ہ- اسم مونث) زنِ بقال۔ بنیے کی جورو۔ بنیانی۔

بنی ہوئی بات - فرضی بات۔ بابنیاد بات۔

ب - و

بُو - (ف- اسم مونث) باس۔ سگندھ۔ مہک۔ شمیم۔ بدبو۔ سڑاند۔ درگند۔ مجازاً غرور۔ اثر۔ کسی بات کی جھلک۔

بو - (انگ) Bow سہرک پھندا۔ سر اور گردن میں باندھنے والا کپڑے کا ٹکڑا۔

بو

بُو آنا - (اُر- فعل) سڑاند آنا۔ بدبو۔ معلوم ہونا۔ علم ہونا۔ پتا لگنا۔ باس آنا۔ سگندھ آنا۔ مہک آنا۔ ظاہر ہونا۔

بُو بدھنا - (ہ) بُو سمانا۔

بُو پانا - (پر لگنا۔ تاک میں ہونا۔

بُو پھوٹنا - (اُر- فعل) بو آنا۔ بو پھیلنا۔ بھید ظاہر ہونا۔ بات کا کھل جانا۔ راز افشا ہونا۔

بُو نکلنا - (اُر- فعل) بو کا جاتے رہنا۔ بو آنا۔ بو معلوم ہونا۔

بُوا - (ہ- اسم مونث) خواہر۔ بہن۔ ہمشیرہ۔ کلمہ۔ خطاب جو عورتیں ایک دوسری کو باہم خطاب کرتے وقت بولتی ہیں۔ پھوپھی یعنی باپ کی بہن۔

بُوار یا - بوار - (ہ- اسم مذکر) گنوار۔ بیج بونے کا وقت۔ بیج بونا۔ تخم پاشی۔ تخم ریزی۔ بوائی کے دن

بُواسیر - (ع- اسم مونث) یا سور کی جمع ہے۔ بھنسیاں۔ اصطلاح میں ایک بیماری کو کہتے ہیں۔ جس سے مقعد میں مسّے ہو جاتے ہیں۔ اگر ان سے خون بہے تو خونی ورنہ بادی کہلاتا ہے۔

بُوالعجب / **بینٹھا** - (ع- اسم صفت) (ابو بمعنی باپ اور عجب بمعنی تعجب) کلمہ تعجب۔ باز کی گرد۔ شعبدہ باز۔ انوکھا۔ نرالا۔ محیّر۔ حیران۔

بے وقوف۔ احمق۔ (صفت۔) بوالعجبی۔

بُوالفضُول - (ع۔اسم صفت) ابو بمعنی باپ۔ اور فضول بمعنی کاہل۔ لغو۔) لغو گو۔ بکواسی سے بہودہ بکنے والا۔ بک بک کرنے والا۔ (صفت) بوالفضولی

بُوالہوس - (ع۔اسم صفت) لالچ کا باپ۔ مراد نہایت طامع بڑا حریص۔ سخت لالچی۔ نفسانی خواہشات کا مرید۔ (صفت) بوالہوس۔

بُوانا - (ہ۔فعل) بیج ڈلوانا۔ بوائی کرنا۔ کاشت کروانا۔

بِوائی - (ہ۔اسم مونث) شگاف۔ تریڑ۔ وہ دراڑیں جو سردی کے باعث ایڑیوں میں پھٹ جاتی ہیں۔ اور سخت تکلیف دیتی ہیں۔

بوائی پھٹنا - (ہ۔فعل) ایڑی میں تریڑ آنا۔ مجازاً بہت تکلیف ہونا۔ مصیبت پڑنا۔ دُکھ سہنا۔

بوائے (Boy - انگ۔مذ) لڑکا۔ چھوکرا۔ ہوٹلوں میں نوکر کو کہہ کر بلاتے ہیں۔

بوائے سکاؤٹ (Boy Scout - انگ۔ مذ) ہنرمند خادمانہ لوگوں کا کام کرنے والا۔

بوائیلر (Boiler - انگ۔مذ) بھاپ سے چلنے والی کل کا وہ حصہ جس میں پانی ابالا جاتا ہے۔

بُوبا - (ہ۔اسم مذکر) عورتیں حکارت کے طور پر بیٹ کے لیے بولا کرتی ہیں۔ شکم۔ادھر۔ جیسے وہ تو اپنا ہی بُوبا بھرتا رہتا ہے۔

بُو باس - (ف۔ہ۔اسم مونث) جسم یا پھولوں کی خوشبو۔ مہک دینا۔ سُراغ۔ کھوج۔ انداز۔ طور۔ ڈھنگ۔ عادت۔ سجھاؤ۔ رموز۔ رمز کچھ کچھ، مشابہت۔

بُوبک - (ہ۔اسم مذکر) ضعیف۔ پیر نابغ۔ پیر۔ فرتوت۔ احمق۔ بے وقوف۔ باجی۔ مسخرا۔

بُوبلا - (ہ۔اسم مذکر) بالوریت۔ ریگ۔ گردا۔ باجرے کی بالوں کا بھس۔

بُوبُو - (ف۔اسم مونث) سن۔ خواہر۔ ہمشیرہ۔ خطاب کے لیے بولتے ہیں۔ وہ عورت جس کی گود میں بچہ نے پرورش پائی ہو۔ بیری بنائی ہوئی۔ کنیز

بُوتا - (ہ۔اسم مذکر) زور۔ طاقت۔ بل۔ جیشیت۔ بساط۔ مقدور۔

بوتام (انگ۔ا۔مذ) بٹن۔ گھنڈی۔ نکمہ۔ Button

بوتراب (ع) حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت۔

بوتل (Bottle - مونث) شیشہ۔ قرابہ۔ مینار۔ کانچ کا ایک خاص قسم کا برتن۔

بوتہ - (ف۔اسم مذکر) اوندے کا بچہ۔ چھوٹا درخت۔ کٹھالی۔ سونے چاندی کے پگھلانے کا ظرف۔ مسخرا۔ بھدے اور بدشکل آدمی کو ایسا کہا کرتے ہیں۔

بوتیمار - (ف۔مذ) بگلا۔

بُوٹ (Boot - اسم مذکر) انگریزی جوتا جس میں سارا پاؤں چھپ جائے۔

بوٹ - (ہ۔اسم مذکر) گھاس کا بڑا۔ گوشت کا بڑا سا ٹکڑا۔

بوٹ (Boat - مذکر) کشتی۔ چھوٹی ناؤ۔ بوریام۔ لکڑی شراب۔ بورڈ یعنی دبیز ملٹ کا غذ جو چھاپے کے پتھر کے نیچے رکھا جاتا ہے۔

بوٹا - (ہ۔اسم مذکر) گوشت کی بڑی بوٹی۔ چھ گوشت۔ شہتیر کا ٹکڑا۔ لکڑی کا بورا۔

بُوٹا - یا - **بونٹا** - (ہ۔اسم مذکر) چھوٹا درخت۔ پودا۔ گلبن۔ پھول کا پودا۔ کپڑے کا غذ کی گلکاری۔ پھل پتی وغیرہ کا نقش۔

بُوٹا سا قد - (ہ۔اسم صفت) قد موزوں۔ چھوٹا سا پیارا پیارا قد۔ خوبصورت قد۔

بُوٹی یا بوٹی - (ہ۔اسم مونث) جڑی۔ نباتات۔ دوا۔ بھنگ۔ بھیا۔ سبزی۔ چھوٹا پھول۔

بوٹی - (ہ۔اسم مونث) گوشت کا چھوٹا سا ٹکڑا۔ (بحالت صفت) لال۔ سُرخ۔ گہرا لال۔

بوٹی اُتارنا۔ بوٹی اُڑانا۔ بوٹی بھرنا - (ہ۔محاورہ) بوٹی کاٹنا۔ بگٹا بھرنا۔ دانتوں یا چونچ سے گوشت اُتار لینا۔

بوٹی بوٹی پھڑکنا۔ پھڑکنا - (ہ۔محاورہ) جوڑ۔ جوڑ میں حرکت ہونا۔ نہایت چنچل ہونا۔ چلبلا ہونا۔ نچلا نہ بیٹھنا۔ نہایت شریر اور چالاک کے لیے بولتے ہیں۔

بُوٹیاں - (ہ۔اسم مونث) بوٹی کی جمع۔

بوٹیاں - (ہ۔اسم مونث) بوٹی کی جمع۔

بوٹیاں اُڑانا - (ہ۔محاورہ) سخت سزا دینا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ مار مار کر قیمہ کر دینا۔ دھجیاں اُڑانا۔

بوٹیاں توڑنا - یا - نوچنا (محاورہ) جسمانی سزا دینا۔ کوٹنا۔ طعنے دینا۔

بوٹیاں کاٹنا (ہ۔محاورہ) قیمہ کوٹنا۔ سخت سزا دینا۔

بوٹیاں کھانا (ہ۔محاورہ) صدمہ دینا۔ پُرزے اڑانا۔ نہایت غصے ہونا۔ جھلانا۔ لال پیلا ہونا۔

بُوجھ - (ہ۔اسم مونث) حاصل مصدر فہم۔ سمجھ۔ دانش۔ تاڑ۔ دریافت۔ گنبھنے کے پتوں میں اپنے پتے سے شگون لے کر بانٹنے والے سے ویسے ہی پتے مانگنا پہیلی کا جواب بوجھنا۔ مصدر سے امر بھی ہے اور حاصل مصدر بھی۔

بُوجھنا یا بُوجھ لینا - (ہ۔فعل) گنبھنے کے پتوں کی کمی پوری کرنے کا حساب لگا لینا۔ معلوم کر لینا۔ سمجھ جانا۔ تاڑ لینا۔

بوجھ - (ہ۔اسم مذکر) بار۔ وزن۔ بھار۔ حمل۔ فکر۔ خیال۔ دقت۔ مشکل۔ دشواری۔

بوجھا - (ہ۔اسم مذکر) گھاس وغیرہ کی گٹھڑی۔ پانڈ۔ ایک آدمی کے اٹھانے کا اندازہ۔

بوجھ اُٹھانا - (ہ۔فعل) بوجھا سر پر رکھنا۔ خرچ برداشت کرنا۔ کسی کا خرچ اپنے ذمہ لینا۔ کام سنبھالنا۔

بوجھ اُتارنا - (ہ۔محاورہ) سر سے بوجھ کو نیچے رکھ دینا۔ بھار گٹھڑی کو نیچے اتار دینا۔ قرض یا فرض ادا کر چکنا۔ سبکدوش ہونا۔ دل لگا کر کام نہ کرنا بیگار ڈالنا۔ کسی کے کام کا بدلہ اتارنا۔

بوجھ بھار - (ہ۔اسم مذکر) بھاری بھر کم۔ آدمیت۔ نحوست۔ بلا۔ آفت۔ ذمہ داری۔ فکر۔ فرض۔ جیسے میں دو پے دے چکا۔ اب ان تک پہنچانے کا بوجھ بھاری آپ کے سر پر ہے۔

بوجھ پڑنا - (ہ۔فعل) دباؤ پڑنا۔ فکر ہونا۔ روزی کا غم ہونا۔ خرچ میں دب جانا۔

بوجھ پکڑنا - (ہ۔فعل) اوسی رتبہ ہو جانا۔ بھاری بھر کم ہو جانا۔ عورت کا گھر سے نہ نکلنا۔

بوجھ سر پر ہونا - (ہ۔محاورہ) فکر سر پر ہونا۔ کسی کام کا احسان یا فرض یا فرض کی ادائیگی کا خیال بند ھا رہنا۔

بوجھل - (ہ۔صفت) بھاری۔ وزنی۔ سنگین۔ ذی رتبہ۔ امیر۔

بوجھنا - (ف - مو) دریافت کرنا۔ سمجھنا۔

بوجھ بجھول - (ف - اسم مونث) پہیلیاں بوجھنا۔ اور بنانا۔ پہیلیاں بوجھنے کا کھیل۔

بوچا - (ف - اسم مذکر) کیکر کی چھال کا وہ مراوہ جو دھوڑی رنگنے کے بعد بچ رہتا ہے۔ جسے پنجابی میں بوٹ کہتے ہیں۔ یہ تنور گرم کرنے کے کام آتا ہے۔

بوچا - (ف - اسم صفت مذکر) کن کٹا۔ بریدہ گوش۔ مجازاً چھوٹے چھوٹے کانوں والا۔

بوچا سب سے اونچا - (ف - محاورہ) عیب دار۔ اور معیوب آدمی ہمیشہ اپنے عیوب کے باعث ہر شخص پر غالب ہوتا ہے۔ برے تیرا تو خوف نہیں مگر تیری برائی کا ڈر ہے۔ مدعا یہ کہ برے کی برائی اور بدزبانی یا بدی سے ہر شخص خوف کھاتا ہے۔

بوچڑ - (انگ - اند) Butcher قصاب۔ گوشت بیچنے والا قصائی۔

بوچھاڑ - (ف - اسم مونث) بارش کا ہوا کے زور کے ساتھ سختی سے پڑنا۔ مینہ کا ہوا کے زور سے تیر چھا بکثرت برسنا۔ کسی چیز کی کثرت ظاہر کرنے کو بولا جاتا ہے۔ مجازاً۔ کثرت۔ زیادتی۔ بہتات۔

بوچھاڑ پڑنا - (ف - فعل) کسی بات کا مسلسل اور لگاتار ہونا۔ بکثرت۔ گالیاں یا کوسنے یا جھاڑیں پڑنا۔ ہر طرف سے اعتراض ہونا۔ گولیوں، اوڑوں یا تیروں وغیرہ کا بکثرت برسنا۔

بوچھاڑ کرنا - (محاورہ) بکثرت۔ روپیہ لٹانا۔ بکھیرا کرنا۔ بہت بخشش کرنا۔ باتوں کا تار باندھ دینا۔ اعتراضوں کا پل باندھ دینا۔

بوچی - (ف - اسم مونث) کن کٹی۔ چھوٹے چھوٹے کانوں والی۔ بوچے کی مونث۔ کانوں کے زیور سے ننگی (بحالتِ اسم) کان کٹی ہوئی بکری یا گائے وغیرہ۔

بود - (ف - اسم مونث) حاصل مصدر از بودن ہستی۔ موجودگی ہوت۔

بودا - (ف - اسم مذکر) کمزور۔ بے طاقت۔ بزدل۔ سست۔ دبلا۔ ماڑا۔ کم ہمت ڈرپوک۔ بھس بھسا۔ نمباکو۔ پرانا۔ گھسا ہوا کپڑا۔ کہنہ یا پرانا مکان۔

بودا کرنا - (ف - فعل) ہمت۔ توڑ دینا۔ چکا کر دینا۔ کمزور کر دینا۔ ہمت ہار دینا۔

بودا ہونا - (ف - فعل) کمزور ہونا۔ بے ہمت ہونا۔ دبلا ہونا۔ نامرد ہونا۔ پرانا ہونا۔

بودار - (ف - اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) فارسی میں معطر و خوشبودار۔ مگر اردو میں بمعنی سڑا ہوا۔ بدبو والا۔ بساندا۔ متعفن۔

بودار یا بوگیر - (ف - اسم صفت - بترکیب فاعلی) بو پر لگا ہوا کتا۔ شکاری جانور۔

بودلا - (ف - اسم مذکر - صفت) سیدھا سادہ۔ سادہ لوح (بحالتِ اسم) مسلمان فقیروں کا ایک فرقہ ہے۔

بودم - احمق۔ بے وقوف۔

بودم بے دال - (بہ امثا) اُلو۔ بے وقوف۔ احمق۔

بودوباش - (ف - اسم مونث - حاصل مصدر از بودن) سکونت۔ رہائش۔ قیام۔ رہنا سہنا۔

بودونابود - (ف - مذ) وجود اور عدم۔ ہستی و نیستی۔

بودی بات - (ف - اسم مونث) اوچھی بات۔ کم رتبہ بات۔ ناقص دلیل یا بیوجہ بات۔

بودھ - (س - مذ) علم۔ معرفت۔ دانش۔ (ہندوؤں کا روزمرہ ہے) ہندوؤں کا ایک مذہب جس کے بانی کا نام مہاتما گوتم بدھ تھا۔

بور - (ف - اسم مونث) لغوی معنی بہت خیرات کرنا۔ مجازاً وہ پیسے جو دولھا کی طرف سے غریبوں اور محتاجوں کو دیا کرتے ہیں۔ نچھاور۔ نثار۔ دکشنا وغیرہ۔

بور - (ف - اسم مونث) بھوسا۔ بھوسی۔ لکڑی کا برادہ۔ خرادی۔ نفس۔ چوکر۔

بور کے لڈو - (ف - اسم مذکر) بھوسی یا مکئی کے گلے پر سٹھائی چڑھا کر بنائے ہوئے لڈو۔ دھوکے کی مٹھائی۔ وہ کام جس کا کرنا نہ کرنا ایک سا ہو۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ۔ فریب۔ چالبازی۔

بور کے لڈو کھائے تو پچھتائے نہ کھائے تو پچھتائے (ضرب المثل) وہ کام جس کے کرنے اور نہ کرنے دونوں صورتوں میں حسرت و افسوس کرنا پڑے۔

بور ملانا - (ف - فعل) خرابی ڈالنا۔ نقص پیدا کرنا۔ جیسے میں نے اس میں کیا بور ملا دی۔

بورا - (ف - اسم مونث) صاف کی ہوئی کھانڈ۔ چینی۔ (بحالت مذکر) برادہ۔ چورن۔ سفوف۔

بورا - (ف - اسم مذکر) دیوانہ۔ پاگل۔ سڑی۔ بادلا۔ مخبوط الحواس۔ سودائی۔

بورا - (ف - اسم مذکر) ٹاٹ کا تھیلا۔ گون کپڑا۔ موٹے کپڑے کا تھیلا۔

بورانی - (ف - اسم مونث) ایک قسم کا کھانا جو بیگنوں کے قتلوں کو تل کر دہی میں ملا کر کھاتے ہیں۔

بور بور کرنا - (ف - محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پارہ پارہ کرنا۔ آٹا سا کرنا۔ پاش پاش کر دینا۔

بورڈ - (Board - انگ - اند) مجلس۔ محفل۔ انجمن۔ جماعت۔ کمیٹی۔ جہاز کا تختہ۔ اجلاس۔ دربار کی میز۔ ملٹ کا موٹا کاغذ۔

بورڈنگ ہاؤس - (Boarding House - انگ - اند) سکولوں اور کالجوں کے لڑکوں کے رہنے کا مکان۔

بوری - (ف - اسم مونث) بھنے ہوئے اور صاف کیے ہوئے جَو۔ بادلی۔ پگلی۔ دیوانی۔ سڑان۔

بوری - (ف - کلمہ ندا) اصل بواری تھا۔ یعنی اری بہن۔ اے ہمشیرہ۔ اے خواہر۔

بوری - (ف - اسم مونث) ٹاٹ کی بڑی سی تھیلی جس میں اناج غلہ وغیرہ بھرتے ہیں۔

بوریا - (ف - اسم مذکر) چٹائی۔ حصیر۔ صف۔

بوریا بندھنا سنبھالنا - (ف) فعل کوچ کرنا۔ چل دینا۔ چلنے کی تیاری کرنا۔ جگہ بدلنا۔

بوریا باندھنا (محاورہ) کوچ کی تیاری کرنا۔

بوڑ - **بوڑھا** - (ف - صفت) بوڑھی۔ عمر رسیدہ عورت۔

بوڑ سہاگن - (ف - دعا - حاصل میں بوڑھی سہاگن ہے۔ یعنی اللہ کرے تیرا سہاگ تیرے بڑھاپے تک جیتا رہے۔ سائیں بھیے۔

بوڑنا - (ف - فعل) ڈبونا۔ غوطہ دینا۔ بھگونا۔ قلم میں سیاہی بھرنا۔

بُوڑھا۔ (ہ۔اسم مذکر) بڑی عمر کا۔ضعیف۔ کمزور۔ دیرینہ سال۔ پیر۔ کہن سال۔

بُوڑھا بالا برابر۔ (ہ مثل) بوڑھے اور بچے کی عقل برابر ہوتی ہے۔

بُوڑھا بوبک۔ (ہ۔اسم مذکر) بے وقوف بڈھا۔ پیر نابالغ۔ بڑھاپے میں جوانی کی سی سج دھج اور ناز و انداز۔

بُوڑھا چونچلا۔ (ہ۔اسم مذکر) بڑھاپے کا نخرا۔

بُوڑھا چونڈا۔ (ہ۔اسم مذکر) سفید بال۔ برف سے بال۔ بڑھاپا۔

بُوڑھا چونڈا ہلانا۔ (ہ) فعل۔ بڑھاپے میں جوانوں کی طرح ناز کرنا۔
بُوڑھا نخرا ہلانا } سفید بال لے کر معشوقانہ انداز دکھانا۔ طنزاً۔

بُوڑھا خرانٹ۔ (و) اسم مذکر۔ بہت بوڑھا۔ تجربہ کار بوڑھا۔

بُوڑھا توتا۔ (ڈ۔اسم مذکر) بڑی عمر کا بے عقل آدمی۔ معمر۔ بے وقوف۔

بُوڑھا کھپاٹ
بُوڑھا کھپرد
بُوڑھا کھپسٹ } (ہ۔اسم مذکر) نہایت بوڑھا۔ پیر فرتوت۔

بُوڑھا گھاگ۔ (ہ۔اسم مذکر) جہاں دیدہ۔ تجربہ کار۔ پرانا بوڑھا۔

بُوڑھا ہونا۔ (ہ۔فعل) پرانا ہونا۔ بڑھاپا آنا۔ عمر کو پہنچ جانا۔

بُوڑھی جُرُوا۔ (ہ۔اسم مونث) عمر رسیدہ عورت۔ بوڑھی عورت۔

بُوڑھی گھوڑی لال لگام۔ (ہ۔مثل) بڑھاپے میں جوانوں کی سی زیب و زینت کرنے والی عورت۔

بُوڑھے توتے بھی کہیں پڑھتے ہیں
بُوڑھے توتے نہیں پڑھا کرتے یا نہیں پڑھتے۔ } (ڈ) عمر رسیدہ آدمی علم نہیں سیکھ سکتا جس نے جوانی میں ہی نہ پڑھا وہ بوڑھے ہو کر کیا پڑھے گا۔

بُوڑھے منہ مُنہاسے۔ (ہ مثل) بڑھاپے میں جوانی کی باتیں کرنا۔

بوزہ۔ یا۔ بوزا۔ (ف۔اسم مذکر) جو اور چاول کے شیرہ سے بنی ہوئی شراب۔

بُوزنہ۔ (ف۔اسم مذکر) بندر۔ بیموں۔ شادی۔

بوستان۔ (اسم مذکر ظرف) باغ۔ باغیچہ۔ شیخ سعدی کی نظم کی ایک مشہور کتاب ہے۔

بوس و کنار۔ (ف۔اسم مذکر) حاصل مصدر از بوسیدن۔ بوسہ بازی چمٹنا چاٹنا۔ چومنا اور گود میں لینا۔ محبت اور پیار کرنا۔

بوسہ۔ (ف۔اسم مذکر) چومنا۔ مٹھی۔ پیار۔ بتی۔

بوسہ بازی۔ (ف۔اسم مونث) چومنا چاٹنا۔ بوسے لینا دینا۔

بوسیدگی۔ (ف۔اسم مونث) بیائے مصدری) پرانا پن۔ بوداپن۔ کہنگی۔

بوسیدہ۔ (ف۔اسم صفت از ترکیب مفعولی) پرانا۔ بودا۔ گلا سڑا ٹوٹا پھوٹا۔ پھٹا پرانا۔

بوعلی سینا۔ (ع۔مذ) ایک بڑے مشہور حکیم کا نام۔ ان کو شیخ الرئیس بھی کہتے ہیں۔ ان کی حکمت کی کتب شفا اور قانون وغیرہ بڑی مشہور ہیں۔

بُوغلبندہ۔ (ف۔اسم مذکر) وہ دھرا سیا ہوا کپڑا جس میں گھوڑوں کے زین یا لحاف نرشک وغیرہ باندھ کر رکھ دیتے ہیں۔ گٹھڑی باندھنے کا کپڑا۔ گٹھڑ بقچہ۔

بوغرا۔ (ف۔اسم مذکر) ایک قسم کا کھانا ہے جو آٹے اور اُبالے ہوئے گوشت سے تیار کرتے ہیں۔

بوغرا نکالنا۔ (و) فعل۔ بھُرکس نکالنا۔ مار مار کے سُست کر دینا پلیتھن نکالنا۔ کٹ کر دینا۔ بہت زیادہ مارنا۔

بُوغنا۔ (ف۔اسم مذکر) گھوڑے کی ایک بیماری ہے۔ جس سے اس کے سارے بدن کو پسینہ آتا ہے۔ بند ہیضہ۔ پانی کی خرابی سے جو گلے میں گلہڑ پھول جاتے ہیں انہیں بھی بوغنا بولتے ہیں۔ جیبھڑے۔ گودڑے۔ کوڑا کرکٹ فالتو۔ فضول۔ بے کار۔

(بحالت مونث) الا بلا۔ بھوت پریت۔ بدصورت۔ بھدی۔ بھونڈی بے ڈھنگی۔ بے ڈول۔ موٹائی۔ فضول گوشت چڑھا ہوا۔ پھکھپس بے حقیقت۔


بوق

بوق۔ (ع۔مذ) بگل۔

بوقلموں۔ (ف) رنگا رنگ کا۔ طرح طرح کا۔

بوک۔ (ہ۔اسم مذکر) بیج کا بکرا۔ نر اور جوان بکرا۔ بوڑھا بکرا۔

بوکھل۔ (ہ) گھبرایا ہوا۔ جلد باز۔ بدحواس۔

بوکھلانا۔ (ہ۔فعل) گھبرانا۔ بے قرار ہونا۔ بے چین ہونا۔ مضطرب ہونا۔ دیوانوں کی طرح پھرنا۔ دیوانہ ہونا۔ پاگل ہونا۔ پریشان آوارہ ہونا۔

بُول۔ (ع۔اسم مذکر) پیشاب۔ موت۔ مؤنث

بول۔ (ہ۔اسم مذکر) سخن۔ بات۔ کلام۔ قول۔ حکم۔ گیت کا ٹکڑا۔ انترہ۔ طعنہ طنز۔ نام۔ عزت۔ پت۔ (نیموں میں حصے بخرے کے موقع پر بھی۔ بولتے ہیں)

بول اُٹھنا۔ (ہ۔فعل) چپ نہ رہنا۔ چلا اٹھنا۔ چیخ اٹھنا۔ شکست کھانا۔ ہار مان لینا۔ اپنی عمدگی۔ اور بہتری کی خود گواہی دینا۔ جیسے تصویر خود بول اٹھی کہ میں ایسی ہوں۔ چیں بول جانا۔ ٹیں کر اٹھنا۔

بول جانا۔ (ہ۔فعل) ہو چکنا۔ ختم ہو جانا۔ نیڑا نا۔ کم ہو جانا۔ مر جانا۔ عاجز ہو جانا۔ جواب دے دینا۔ لوہا ماننا۔ ہار جانا۔ گھس جانا۔ پرانا ہو جانا۔ عمر پوری ہو جانا۔ دیوالیہ نکل جانا۔ گھاٹا آجانا۔ غصے کی باتیں کر جانا۔ استقلال نہ رہنا۔

بول سُنانا۔ (ہ۔فعل) طعنے دینا۔ خفگی ظاہر کرنا۔ برا بھلا کہنا۔

بول مارنا۔ (ہ۔فعل) طعنے دینا۔

بولا چالی۔ (ہ۔اسم مونث) بات چیت۔ تکرار۔ خفیف سا جھگڑا۔ میل ملاقات۔

بُولانا۔ (ہ۔فعل) گھبرانا۔ دوسرے کو بدحواس کرنا۔ باؤلا بنانا۔ اُلو بنانا

بول بالا ہونا۔ (ار۔محاورہ) عزت بنی رہنا۔ اقبال بلند ہونا۔ ہر دلعزیز ہونا۔ جاہ و منصب میں ترقی ہونا۔ شہرت زیادہ ہونا۔ کام حسب مراد ہونا۔ عزت بڑھنا۔

بولتا۔ (ہ۔اسم مذکر) نفس۔ ناطق۔ روح۔ سانس۔ دم۔ جی۔ دل۔ پران۔

بول چال۔ (ہ۔اسم مونث) گفتگو۔ بات چیت۔ گفت و شنید۔ روزمرہ۔ محاورہ بولنے کا طریقہ۔ میل ملاقات۔ بحث۔ تکرار۔

بول چال ہو جانا۔ (ار۔محاورہ) موافقت ہو جانا۔ تکرار و بحث ہونا۔

بولنا۔ (ہ۔فعل) گفتگو کرنا۔ آواز نکالنا۔ جھڑکنا۔ بات کرنا۔ پرندوں کا خوش الحانی کرنا۔ چہچہانا۔ بلانا۔ سلانا۔ نیلام کی آواز دینا۔ منت ماننا جواب دینا۔ حکم دینا۔ بتانا

بولی ۔ (ہ۔اسم مونث۔ حاصل مصدر بولنا سے) زبان۔ گفتگو۔ بھاشا۔ بھاکھا۔ آواز۔
بولیاں ۔ (ہ۔اسم مونث) بولی کی جمع۔
بولیاں بولنا۔ (ہ) فعل۔ آواز لگانا۔ طرح طرح کی آوازیں نکالنا۔ چہچہانا۔ کسی زبانوں میں گفتگو کرلینا۔ طعنہ دینا۔
بولیاں سُننا۔ (محاورہ) طعنے سُننا۔ مہنے سُننا۔ طعنے سہارنا۔
بولیاں سُنانا } (ہ۔محاورہ) طعنے۔ مہنے مارنا۔
بولیاں مارنا }
بولیاں مارنا (اُر۔محاورہ) طعنہ دینا۔ احسان جتانا۔
بولی بولنا۔ (ہ۔فعل) نیلام کرنا۔ آواز دینا۔ جانوروں کا چہچہانا۔

بوم

بولی ٹھولی ۔ (ہ۔اسم مونث) آواز۔ تمسخر۔ مذاق۔ چہلیں۔ طعن۔
بُوم ۔ (ف۔اسم مذکر) اُلو۔ چُغد۔ ایک ویرانہ پسند منحوس جانور۔ جو دن کو کم نکلتا ہے۔ اور رات کو شکار کرتا ہے۔ (بحالت مونث) زمین۔ اصلی بھومی۔ ملک۔ علاقہ۔
بونا۔ (ہ) تخم ریزی کرنا۔ بیج ڈالنا۔
بُونا۔ (ہ۔اسم مذکر) پست قد۔ ٹھنگنا۔ اصل میں یہ لفظ باون پچاس اور دو سے مشتق ہے۔ یعنی باون جس کے معنی ہیں باون اُنگل کا یعنی تیرہ چودہ کا۔ یعنی بہت ہی چھوٹا آدمی۔ پانچواں اوتار۔
بُونا پارٹ۔ (انگ۔مث) اٹھارویں صدی عیسوی میں فرانس کا نامور جنرل نپولین جو معمولی سپاہی سے ترقی کرکے فرانس کا شہنشاہ بن گیا۔ سارا یورپ فتح کرنے کے بعد ماسکو تک یلغار کرتا ہوا گیا۔ لیکن آخر ناکام لوٹا۔ ۱۸۱۵ء عیسوی میں واٹرلو کی جنگ میں شکست فاش کھائی اور جزیرہ سینٹ ہیلینا میں بحالت قید ہی وفات پائی۔
بُونٹ۔ (ہ۔اسم مذکر) ہرا چنا۔ چنے کا پودا۔ چھوٹا اور مضبوط گھوڑا۔
بُونٹ پلاؤ۔ (اُ۔اسم مذکر) وہ پلاؤ جو ہرے چنے اور چاول ملا کر پکایا ہو۔
بُوند۔ (ہ۔اسم مونث) قطرہ۔ نقطہ۔ آبدار۔ نہایت۔ تیز ہتھیار۔ تیز شراب۔ پتی دار ریشمی کپڑا۔ بہت اعلیٰ۔
بُوند بھر۔ (ہ۔صفت) ذرا سا۔ کم مقدار۔ تنک سا۔ قلیل۔
بُوند سا دن۔ (ہ۔اسم مذکر) بہت چھوٹا سا دن۔ ذرا سا دن۔
بُوند ہونا۔ (ہ۔فعل) بہت اونچا ہونا۔ تارا ہونا۔ بہت اُوپر چڑھ جانا۔
بوندا۔ (ہ۔اسم مذکر) کچی کلی۔ غنچہ۔ پوست کا ڈوڈا۔ مکئی کا بھٹا۔ جوار کا سٹا
بوندا باندی۔ (ہ۔اسم مونث) نقاط ترشح۔ تھوڑی تھوڑی بارش۔ بوند برسنا۔
بُوندی۔ (ہ۔اسم مونث) تلے ہوئے بیسن کی گول گول قطرہ نما مٹھائی کے دانے۔ جن کے لڈو بناتے ہیں۔ بوند کی تصغیر۔ ایک ریاست کا نام بھی جہاں کی کٹار مشہور ہے اور صرف کٹار کے معنوں میں بھی آتا ہے۔
بوندیں۔ (ہ۔اسم مونث) قطرے۔ پھینٹیں۔
بونس۔ (انگ۔مذ۔ Bonus) حصہ داروں کو نفع میں سے زائد رقم جو دی جائے۔ ملازموں اور مزدوروں وغیرہ کو ان کی ادنیٰ تنخواہ یا مشاہرے کے علاوہ دی جائے۔
بُونگا۔ (ہ۔اسم صفت) بانکا بمعنی ٹیڑھا سے بنا ہوا) کج رائے۔ بے موقع باتیں کرنے والا آدمی۔ بیوقوف۔ احمق۔
بُونگا۔ (ہ۔اسم مذکر) بھنبس وغیرہ کا خرد طی شکل کا ڈھیر جس کے چاروں طرف طرف بچھونس باندھ دیا جاتا ہے۔ بانس کا ٹکڑا جو چھوٹا سا ہو۔ پورب میں سے ناریل کو کہتے ہیں۔
بونگی۔ (ہ۔اسم مونث۔ صفت) بونگا کی تانیث۔ ٹیڑھی بے وقوف عورت۔ احمق عورت۔ کج ادا۔
بُوہرا۔ (ہ۔اسم مذکر) دیہاتی ساہوکار۔ مہاجن۔ ایک تاجر قوم کا نام بھی ہے۔ جس کی زیادہ تر آبادی گجرات اور بمبئی میں ہے۔
بوہنی۔ (ہ۔اسم مونث) وہ دام جو دکان کھولتے ہی دکاندار سب سے پہلے، اپنے گلے میں ڈالتا ہے۔ دن کی اوّل بکری۔
بوئی۔ (ہ۔اسم مونث) فرضی نام ہے۔ جس سے عورتیں بچوں کو ڈرایا کرتی ہیں۔ ایک جنگلی بوٹی کا نام بھی ہے۔ جس کو سکھا کر غریب لوگ جلانے کے کام میں لاتے ہیں۔
بوٹیا۔ (ہ۔اسم مذکر) بہت چھوٹے منہ کی تنگ سی ٹوکری جو رئی کی پونیاں رکھنے کے کام آتی ہے۔
بویام۔ (ہ۔اسم مذکر) مرتبان۔ چینی کا قرابہ۔ بیام۔ اچار مربا ڈالنے کا بڑا مرتبان
بویا نہ جوتا اللہ نے دیا پوتا۔ (ہ) مثل۔ بے محنت و تکلیف کام بن گیا۔ بلا، وقت مال ہاتھ آگیا۔
بوئیسیا (ہ۔اسم مذکر) بہت بولنے والا۔ بیبیا۔ بواسیر کی بیماری والا۔ بکواسی۔ بکی۔

ب ـ ھ ـ ہ

بہ۔ (ہ۔اسم مذکر) عورتوں کی ناک یا کان کا چھید۔ جس میں موتی یا زیور ڈالتی ہیں۔ موتی کا چھید۔
بہ۔ (ف۔اسم صفت) اچھا۔ عمدہ۔ بھلا کا امر۔ خوب۔ ستھرا۔ بہتر۔
بہا۔ (ف۔اسم مونث) قیمت۔ مول۔ دام۔
بہا بہا پھرنا۔ (محاورہ) آوارہ پھرنا۔ لاپتے میں سرگرداں ہونا۔ گھی کا کھانے میں بکثرت ہونا۔ کھانے کا نشہ زیادہ ہونا۔ کم ظرف ہونا۔
بھابڑ۔ (ہ) ایک قسم جنگلی پہاڑی گھاس جس سے اکثر بان بٹ کر چارپائیاں وغیرہ بنتے ہیں۔ پنجابی بگڑ۔
بھابی۔ (ہ) بھائی کی بیوی۔ بھاوج۔
بھاپ۔ (ہ۔اسم مونث) بخارات۔ دھواں سا جو گرم ہو کر کسی مرطوب چیز یا، پانی سے اڑا کرے۔
بھات۔ (ہ۔اسم مذکر) پانی میں پکے ہوئے چاول۔ خشکہ۔ میٹھے چاول جو ہندو لوگ سیتلا پر چڑھاتے ہیں۔ بھائی کی طرف سے بہن کے بچوں کی شادی کی تقریب پر جو سامان بہن کی امداد کے لیے بھیجا جاتا ہے۔
بھات بھرنا۔ (ہ۔فعل) نانا یا ماموں کی طرف سے بیاہ کے موقع پر کچھ چاول اور گڑ کی بھیلی بے کر جانا۔ اس سے مراد یہ ہوتی ہے کہ آپ شادی میں شامل ہو کر عزت افزائی کریں۔ اور حسب حیثیت لڑکی یا بہن کی امداد کریں۔
بھاتی یا بھاتیج۔ (ہ۔اسم مذکر) شادی کا بھات لے کر آنے والا۔
بھاٹ۔ (ہ۔اسم مذکر) کیت بنانے والے یا خواں یا دفروش۔ گن گانے والا۔ خوشامدی۔ لابہ گر۔ ایک قوم کا نام ہے۔ جو کسی نامے یا ذکر کی تے ہے اور

شادی بیاہ کے موقع پر انھیں بیان کر بھی بٹورتی ہے۔

بھاٹا۔ (ہ۔اسم مذکر) جوار کی ضد۔ جزر۔ اتار۔ تنزل۔ سمندر کے پانی کا اُتار جو دن میں ایک مرتبہ ضرور ہوتا ہے۔ پتھر۔ روڑا۔ (پورب میں) بینگن۔

بھاجھڑ۔ (ہ۔اسم مونث) پریشانی۔ حیرانی۔ سامان و اسباب وغیرہ۔

بھاجی۔ (ہ۔اسم مونث) پکا ہوا ساگ۔ ترکاری۔ حصّہ۔ بجزہ کھانے پینے کی چیز کا حصّہ۔

بہادر۔ (ف۔اسم مذکر) جوان مرد۔ دلیر۔ نڈر۔ شجاع۔ سُورما۔ سُورہیر۔

بہادری۔ (ف۔اسم مونث۔ بیائے مصدری) جوان مردی۔ دلیری۔ شجاعت بے خوفی۔

بھادوں۔ (ہ۔اسم مذکر) ہندی سال کا چھٹا مہینہ۔ قریباً نصف اگست سے ستمبر تک۔

بھادوں کی جھڑ۔ (ہ۔اسم مونث) بھادوں کے مہینے کی بارشیں جس سے گہرے جوہڑ بھر جاتے ہیں۔

بہا دینا۔ (ہ۔فعل) برباد کرنا۔ ستا بیچ ڈالنا۔ ضائع کر دینا۔ برباد کر ڈالنا

بھار۔ (ہ۔اسم مذکر) بوجھ وزن۔ بار بڑی گٹھڑی۔ لکڑیوں وغیرہ کا گٹھا۔ ناگوار۔ اجیرن۔

بہار۔ (ف۔اسم مونث) پھول کھلنے کا موسم۔ بسنت رُت۔ موسم ربیع۔ گل نار نج۔ کھٹے کا پھول۔ جیسے رونق بہار۔ رونق۔ لطف۔ مزا۔ جوبن لہر۔ موج۔ خوشی۔ آغاز۔ شباب۔ جوانی۔ سرسبزی۔ شادابی۔ سیر تماشا۔ تفریح سرور۔ نشے کا چڑھاؤ۔

بہار پر آنا / بہار پر ہونا (اُ۔محاورہ) جوبن پر آنا۔ جوان ہونا۔ پھول کا کھلنا۔ رونق پر ہونا۔ جوش شباب پر ہونا۔

بہار لوٹنا (اُ۔محاورہ) مزے اڑانا۔ عیش کرنا۔ سیر و تماشا دکھانا۔ کسی کو تباہ و برباد کرنا۔ پُر رونق جگہ کو غیر آباد اور خاک کر دینا۔

بھار کسی۔ (ہ۔اسم مذکر) صحیح لفظ مارکش ہے۔ چھکڑا۔ بوجھ لادنے کی گاڑی۔ وہ تسمہ جو بگھی یا یکے کے گھوڑے کے پیٹ اور یکے کے بانسوں پر لپٹا ہوتا ہے۔ جسے جوت کہتے ہیں۔ رسن کا وہ رسا جو چھکڑوں کے بوجھ کو کھینچنے اور کسنے کے لیے اس پر لپیٹتے ہیں۔

بُہارنا۔ (ہ۔فعل) ہندی جھاڑنا دینا۔ صاف کرنا۔ جھاڑنا۔

بُہاری یا بُہارنی۔ (ہ۔اسم مونث) جھاڑو۔ جارُب۔ سوہنی۔

بھاری۔ (ہ۔اسم صفت) بوجھل۔ گراں۔ ہلکے کی ضد۔ جسیم۔ گرانڈیل۔ موٹا تازہ۔ قیمتی۔ بیش قیمت۔ جیسے بھاری جوڑا۔ سخت۔ مضبوط۔ مستحکم بڑا۔ کلاں۔ مشکل۔ کٹھن۔ سخت دشوار۔ مبالغہ کے لیے۔ جیسے بھاری فوج سر جا ہوا۔ جیسے آج آپ کا منہ بھاری ہے۔ زبردست۔ خوفناک۔ خطرناک جیسے بپھا بھاری ہے۔ ناگوار۔ اجیرن۔ منحوس۔ چندرا۔ خلل۔ کتر بگاڑ۔ مال دار دولت مند۔ جن پریوں۔ آسیب وغیرہ کا مسکن جیسے یہ گھر بھاری ہے۔ بیٹھی ہوئی آواز۔ جیسے گلا بھاری۔ کثیر۔ بہت طویل۔ دراز۔ بہت سے کلاپتوں کا کام والی چیز۔ متحمل۔

بھاری بھرکم۔ (ہ۔اسم صفت) بردبار۔ گھمبیر۔ متحمل۔ گراں جثہ۔ جسیم دبی رتبہ۔ عالی قدر۔ بھلا مانس۔ شریف بھرم والا۔

بھاری پتھر۔ (ہ) وزنی پتھر۔ وزن دار چیز۔ قابو سے باہر۔ ناممکن۔

بھاری پتھر چوم کر چھوڑ دینا۔ (ہ۔مثل) ناممکن یا محال کام سے ہٹ جانا۔ کسی کام کو مشکل سمجھ کر چھوڑ دینا۔

بھاری لگنا۔ (ہ) فعل۔ ناگوار گزرنا۔ بُرا معلوم ہونا۔ دوبھر لگنا۔

بھاری ہونا۔ (ہ) فعل۔ وزنی ہونا۔ دوبھر ہونا۔ مشکل اور دشوار ہونا کٹھن ہونا۔ غالب ہونا۔ منحوس ہونا۔ چندرا ہونا۔ جن و پری کا گزر ہونا۔

بھاڑ۔ (ہ۔اسم مذکر) بھٹی۔ جس میں دانے وغیرہ بھونتے ہیں۔

بھاڑ جھونکنا۔ (ہ۔محاورہ) بھاڑ میں پتے وغیرہ ڈالنا اور بھاڑ کو گرم کرنا۔ ذلیل اور حقیر کام کرنا۔ وقت ضائع کرنا۔ بے ہنر رہنا۔ کوئی کام یا ہنر یا پیشہ وغیرہ نہ سیکھنا۔

بھاڑ میں پڑے یا جائے۔ (ہ۔دعائے بد) آگ لگے۔ غارت ہو۔ برباد ہو۔ چولھے میں پڑے۔

بھاڑ میں جھونکنا۔ (ہ۔محاورہ) چولھے میں ڈالنا۔ جلانا۔ برباد کرنا پھینکنا ضائع کرنا۔ بے مصرف خرچ کرنا۔

بھاڑا۔ (ہ۔اسم مذکر) اجرت۔ کرایہ۔ محصول۔ مزدوری۔ اور معتدانہ جو گاڑی وغیرہ کی بابت ہو۔

بھاڑو۔ (ہ۔اسم مذکر) بھڑوا۔ دیوث۔ دلال۔ کٹنا۔ بے وقوف۔ احمق۔

بھاڑے کا ٹٹو۔ (ہ۔اسم مذکر) کرایہ پر چلنے والا ٹٹو۔ غیر مستقل کسی چیز کے سہارے کام کرنے والا۔ بودا۔ ناپائیدار۔ ہمیشہ مرمت طلب چیز۔ دوائی کا خوگر آدمی۔

بھاشا۔ یا۔ بھاکا۔ یا بھاکھا۔ (س ہ) زبان۔ بولی۔ سنسکرت سے نکلی ہوئی زبان۔ دیسی زبان۔ روزمرہ۔

بھاکسی۔ (ہ۔اسم مونث) بھٹی۔ تنور۔

بھاکنا۔ (ہ۔فعل) ابولنا۔ بکنا۔ جیسے وہ جھوٹ بھاکے ہے۔

بھاگ۔ (ہ۔اسم مذکر) ایک مشہور راگ کا نام ہے۔

بھاگ۔ (ہ۔اسم مذکر) حصّہ۔ ٹکڑا۔ جزو۔ تقسیم۔ بانٹ۔ قسمت۔ تقدیر۔ نصیب۔ کرم۔ درشہ۔ سرکاری بانٹ۔ محصول۔ اقبال۔ خوش نصیبی۔

بھاگ بھرا۔ (ہ۔اسم صفت) خوش نصیب۔ اقبال مند۔ بھاگوان۔ بد نصیب۔ نر بھاگا۔

بھاگ بھری۔ (ہ۔اسم صفت) مونث خوش نصیب عورت۔ اقبال مند عورت۔ بھاگوان عورت۔ ایک تیوہار کا نام بھی ہے۔

بھاگ پھوٹنا۔ (ہ) فعل۔ نقدیر بگڑ جانا۔ قسمت الٹ جانا۔ نصیبہ پلٹنا۔

بھاگ جاگنا / بھاگ کھلنا (ہ) فعل قسمت کھلنا۔ دن پھرنا۔ خوش اقبال ہونا نصیبہ کھلنا۔ شادی بیاہ ہونا۔

بھاگ لگانا۔ (ہ) فعل۔ تقسیم کرنا۔ بانٹنا۔ دن پھرنا۔ لہر بہر کرانا۔ ترقی دینا۔

بھاگ لگنا۔ (ہ) فعل نصیب جاگنا۔ دن پھرنا۔ اقبال یاور ہونا۔ بٹنا تقسیم ہونا۔

بھاگا بھاگ۔ (ہ۔اسم مونث۔ حاصل مصدر) دوڑا دوڑ۔ گریز۔ رواں دواں۔ دوڑتا ہوا۔ لگاتار دوڑتا ہوا۔ متواتر بھاگتا ہوا۔

بھاگتے کی لنگوٹی / بھاگتے چور کی لنگوٹی (ہ) مثل جاتے مال کا کچھ حصّہ مفلس اور کنگال مفرور سے قرض خواہ کو کچھ تھوڑا سا مال ملنا۔

بھاگتے بھوت کی لنگوٹی } بخیل آدمی سے تھوڑی سی خیرات غنیمت۔
بھاگتے کے آگے اور مارتے کے پیچھے - (ہ) مثل - بزدل - ڈرپوک۔ اور نامرد کی صفت میں طنزاً بولا کرتے ہیں۔

بھاگ جانا - (ہ - فعل) فرار ہو جانا - رفوچکر ہو جانا - کافور ہو جانا - شکست کھانا - چلا جانا - پیٹھ دکھانا - ہمت ہارنا - کام چھوڑ جانا - بے وفائی کرنا - اقرار پورا نہ کرنا - وعدہ نباہ نہ کرنا - تیزی سے جانا - مقابلہ سے ہٹ جانا۔

بھاگڑ - (ہ - اسم مونث) ڈر کے مارے بھاگنے کی جلدی بل چل - ہڑبڑی گھبراہٹ - اضطراب - بے چینی - ہلاہٹ - شکست ہار - بے ترتیبی سے بھاگنا - شکست کھا کر بُری طرح بدانتظامی سے بھاگنا

بھاگڑ پڑنا - یا - بھاگڑ مچنا - (ہ - فعل) ہل چل مچنا - اضطراب ہونا - بے ترتیبی پڑنا - شکست ہو جانا۔

بھاگنا - (ہ) فرار ہونا - لپکنا - دوڑنا - پیٹھ دکھانا - شکست کھانا - پرہیز کرنا - بچنا و اعتراض کرنا - کنارہ کرنا - چھوڑنا - بے وفائی کرنا۔

بھاگوان } (ہ - اسم صفت - بہ ترکیب فاعلی) خوش اقبال - خوش نصیب
بھاگمان } قسمت والا - دولت مند - امیر مال دار - سخی - کریم النفس - فیاض داتا - بھلا مانس - شریف۔

بھاگی - (ہ - اسم صفت بہ ترکیب فاعلی - بیائے فاعلیت) بھاگ والا - خوش قسمت - نیک نصیب - شریک - ساجھی - جوڑی دار - پتی دار۔

بھال - (ہ - اسم مونث) نیزہ کا پھل - برچھی یا تیر کی انی - تیر کی نوک - پیکان - سوفار - سنگین کی لوک - (بصورت حاصل مصدر) تلاش - ڈھونڈ یا ٹوہ - تفتیش - مثلاً دیکھ بھال - غور و فکر - دور اندیشی۔

بھالا - (ہ - اسم مذکر) برچھا - نیزہ - یہ عموماً تین میٹر یعنی ساتھ ہاتھ لمبا ہوتا ہے۔

بھالو - (ہ - اسم مذکر) ریچھ - خرس - بھالو

بھان - (ہ - اسم مذکر) (پوربی) صبح تڑکا - بھور - بامداد - پگاہ - گجردم

بھان - (ہ - اسم مذکر) شعاع - کرن - سورج - شمس - مہر - (بحالت مونث) ریزہ - خوردہ - ریزہ کاری - جیسے روپے کا بھان لے آؤ۔

بھانا - (ہ - فعل لپیٹنا آنا) دل میں بس جانا - مرغوب خاطر ہونا - دل پسند ہونا - اچھا لگنا - دل میں کھبنا۔

بھانا - (ہ - فعل) بھنے کا متعدی - لنڈھانا - کسی سیال کو گرانا - جاری کرنا - روان کرنا - پانی میں چلانا - رد میں ڈالنا - ضائع کر دینا - گنوا دینا - ارزاں فروخت کرنا - سستا بیچنا - کوڑیوں کے بھاؤ بیچ ڈالنا۔

بھانپنا - (ہ - فعل) تاڑنا - چہرہ دیکھ کر معلوم کر لینا - شناخت کر لینا - دیکھنا - تاکنا۔

بھانپو - (ہ - اسم مذکر) بھانجو - تاڑنا - معلوم کرنے والا - سراغ لگانے والا۔

بھانت - (ہ - اسم مونث) جنس - طرح - طور - ڈھنگ - طرز - انداز - رسم طریقہ ریت۔

بھانت بھانت } (ہ - اسم صفت) طرح طرح کا - قسم قسم کا - انواع
بھانت بھانت کا } مختلفہ کا - انواع و اقسام کا۔

بھانجا - (ہ - اسم مذکر) بہن کا بیٹا - ہمشیرہ زادہ - خواہر زادہ۔

بھانجنا - (ہ - فعل) بل دینا - بلنا - موڑنا - چھپے ہوئے کاغذ کو تہ کرنا

بھانجی - (ہ - اسم مونث) بہن کی بیٹی - خواہر زادی - ہمشیرہ زادی۔

بھانجی - (ہ - اسم مونث) رکاوٹ - روک - سد - رخنہ - مزاحمت - خلل - خرابی۔

بھانجی خور - (ہ - اسم صفت - بہ ترکیب فاعلی) خرابی ڈالنے والا - کسی کے بنتے ہوئے کام کو بگاڑنے والا۔

بھانجی مارنا - (ہ - محاورہ) کسی کی بھلائی میں خلل انداز ہونا - چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا - چغلی کھانا - بنے کام میں خرابی ڈالنا۔

بھانڈ - (ہ - اسم مذکر) نقال - مسخرا - ظریف - جھوٹی تعریف کرنے والا - پیٹ کا ہلکا - محفلوں میں ناچنے گانے اور نقلیں سنانے والا - اوچھا۔

بھانڈا - (ہ - اسم مذکر) مٹی کا برتن - ظرف گلی - مٹکا - گھڑا - راز - بھید - ستر

بھانڈا پھوٹنا - (اُر - محاورہ) راز افشا ہونا - بھید ظاہر ہونا - بھید کھل جانا۔

بھانڈا پھوڑ - (ہ - اسم مذکر - فاعل) بھید ظاہر کرنے والا۔

بھانڈا پھوڑنا - (اُر - محاورہ) بھید کھول دینا - افشائے راز کرنا۔

بھان متی - (ہ - اسم مذکر) مداری - شعبدہ باز - مکار - فریبی۔

بھانٹنا - (ہ - فعل) ہر دوڑنا - جیسے مل دینا - جیسے رستا بھانٹنا - خراد چڑھانا - گھمانا - پھیرنا - جیسے تسبیح بھانٹنا - بار بار پڑھنا - ورد کرنا - جیسے وظیفہ - توڑنا - شکستہ کرنا۔

بہانہ - (ف - اسم مذکر) عذر - حیلہ - مس - بناوٹ - ظاہرداری - دھوکا فریب - جیسے انھیں سینکڑوں بہانے یاد ہیں - سبب - باعث - وسیلہ جیسے جیلے رزق بہانے موت - ڈھب - موقع۔

بہانہ جو - } (ف - اسم مذکر - فاعل ترکیبی) مکار - حیلہ گر - بہانہ ساز -
بہانہ خور } دھوکے باز - فریبی۔

بہانہ ڈھونڈنا - (اُر - محاورہ) موقع تاکنا - ڈھب - تلاش کرنا - موقع کا منتظر رہنا - موقع تلاش کرنا۔

بہانہ کرنا - (اُر - فعل) حیلہ کرنا - فریب دینا - دھوکا کرنا - چال کرنا۔

بہاؤ - (ہ - اسم مذکر - حاصل مصدر) پانی بہنے کا رُخ - روانی - آب - چڑھاؤ - طغیانی۔

بھاؤ - (ہ - اسم مذکر) حالت - کیفیت - امنگ - رُوپ - رنگ - ڈھنگ - طور - طریق - مول - قیمت - شرح - سمجھ - مت - عادت - محبت الفت - ناز و ادا - عزت - خاطر - تواضع - بیان تفصیل - نرخ - فائدہ - نفع۔

بھاؤ اُترنا - (ہ - فعل) قیمت گھٹنا - نرخ ارزاں ہونا - سستا ہونا۔

بھاؤ بتانا - (ہ) ناچنے وقت ہاتھ کے یا دیگر اعضا کے اشارے سے، گیت کے الفاظ کا ڈھنگ بتانا - اشارے کنارے کرنا۔

بھاؤ بہانا - (ہ - فعل) نرخ بگاڑنا - بھاؤ کم کرنا - قدر کم کرنا۔

بھاؤ تاؤ - (ہ - اسم مذکر) مول - مول - قیمت - کیفیت - نرخ۔

بھاؤ تیز ہونا } (ہ - فعل لازم) قیمت چڑھنا - گراں ہونا - مہنگا ہونا۔
بھاؤ چڑھنا }

بھاؤ نکالنا - (ہ - فعل) قیمت ٹھیرانا - نرخ مقرر کرنا۔

بھاوج - (ہ - اسم مونث) بھائی کی بیوی - بھابی - بھائی کی جورو -

بھاویں - بھاؤں یا بھائیں - (ہ - تابع فعل) لیکھے - نزدیک - حساب میں - اثر - خیال - توجہ - خبر - خواہ - یا - یا تو - چاہو - چاہے - جیسے بھاویں یہ لو بھاویں وہ -

بہائم - (ع) مویشی - چوپائے - حیوان - درندے -

بہیمیت - حیوانیت - خلاف و ضع فطرت - حیوانوں کا سا عمل - سنگدلی -

بہائی - (ہ - اسم مونث) ضعیف الاعتقاد لوگوں کا خیال ہے کہ ایک رُوح کا نام ہے - جو سوتے میں بچوں کو ہنساتی اور رُلاتی ہے - ایک گیت بھی ہے جو بچہ پیدا ہونے کے وقت اکثر گایا کرتی ہیں - ایک فرقہ کا نام ہے -

بھائی - (ہ - اسم مذکر) برادر - اخوان - بھراتا - ببرن - ببر - ارخ - رفینی - دوست - ساتھی - خطاب کے لیے برابر والے کو - برادری کا - قوم کا -

بھائی بند - (ہ - اسم مذکر) برادر - ہم قوم - ہم مذہب - یک جدی - رشتہ دار - ناتا دار - رفیق -

بھائی بندی - (ہ - اسم مونث) برادری - یگانگت -

بھائی بھائی کا نہیں اپنے داؤ کا - (ہ - مثل) بھائیوں سے نفع کم ہوتا ہے - مطلب نکال کر الگ ہو جاتے ہیں - بھائی خود غرض اور اپنے آپ کو غریزر رکھتے ہیں -

بھائی چارا - (ہ - اسم مذکر) وہ دوستی جو بھائی بندوں کے درجہ کی ہو - پکی دوستی - گوڑا یارانہ بگانگت - جیسی ویسی - رشتہ - جدی رشتہ -

بھائیں بھائیں کرنا - (ہ - محاورہ) ویرانی برسنا - کسی جگہ کا غیر آباد ہونے کے باعث خوف ناک معلوم ہونا -

بھبھیا - (ہ - اسم صفت مذکر) خود رائے - مغرور - احمق - جسے نہ اپنی عقل ہو - نہ اور کا کہا مانے -

بھبھک - (ہ - اسم مونث) شعلہ کی بھبھک - نہایت گرم بھاپ - کسی تیز یا سڑی ہوئی چیز کی بو - تعفن - ٹھکراند -

بھبھکا - (ہ - اسم مذکر) عرق کھینچنے کا آلہ - لو - شعلہ - لپٹ - تعفن - عزا کر بو لنا - اس صورت میں یہ ماضی مطلق ہے - بھبکنا سے -

بھبھکانا - (ہ - فعل) تیز کرنا - بھڑکانا - غصہ دلانا - لڑائی کرانا - پانی گرانا - پانی کھنڈانا - پانی اوندھانا -

بھبھکنا - (ہ - فعل) تیز ہونا - گرم ہونا - بھڑکنا - غصہ میں لال پیلا ہونا - شعلہ اٹھنا - بھلسنا - آگ لگنا - عزانا - غضب میں آنا -

بھبکی - (ہ - اسم مونث) دھمکی - گھرکی - غصہ کی صورت بنا کر ڈرانا - ڈرانا - بھبکا کی تصغیر -

بھبکی دینا - (ہ - محاورہ) دھمکی دینا - ڈرانا - گھرکی دینا -

بھبکی میں آجانا - (ہ - فعل) ڈر جانا - دھمکی سے خوف کھا جانا - ڈر مان جانا -

بھبھوت - (ہ - اسم مذکر و مونث) راکھ - خاکستر - وہ راکھ جو جوگی یا سنیاسی لوگ اپنے بدن پر مل لیتے ہیں - دھونی کی راکھ -

بھبھوت رمانا - یا - لگانا - یا ملنا - (ہ - فعل) ہندو فقرا کا اپنے بدن پر راکھ ملنا - جوگ لینا - بیراگ لینا - ایک جگہ فقیر بن کر بیٹھ رہنا -

بھبھوتی - (ف - مؤ) ترقی فلاح - بہتری - فارغ البالی - خیریت و عافیت -

بھبھوری - (ف) بہتری - بھلائی - فائدہ - خیریت - فارغ البالی -

خوش قسمتی - ترقی - افزونی - زیادتی -

بھبھوکا - (ہ - اسم مذکر) شعلہ - شرارہ - (بحالت صفت) لال انگارا - نہایت سُرخ آتش کا پرکالہ - نہایت حسین - نور کا پتلا - سفید براق - تاباں - روشن - گرم - جلتا ہوا - دہکتا ہوا - غضب ناک - لال پیلا - سُرخ پوش - پیر بہٹ شوخ - طرار - خوش رنگ -

بھبھوکا بننا - (ہ) غصہ ہونا - غضب ناک ہونا - آگ بگولا ہونا - غضب میں بھر نا -

بھبھوکے اُٹھنا - (محاورہ) شعلہ اُٹھنا - کسی بات سے نہایت خفا ہونا - غصے کے مارے بخار چڑھ جانا -

بھپارا دینا - (ہ - فعل) بھاپ دینا - سینک دینا - کسی چیز کو اُبال کر اُس کی بھاپ سے سینکنا - دم دینا - فریب دینا - دھوکا دینا -

بہت - (ہ - اسم صفت) زیادہ - کثیر - ازحد - فراواں - کثرت سے - کافی - وافی - بس - بسیار - وسیع - کلاں - بڑا - بافراط - تودہ - انبار - ڈھیر -

بہت اچھا - (ہ - اسم صفت) نہایت خوب - (کلمہ ایجاب) بہت بہتر - بہت مبارک - (بصورت تابع فعل) خیر - کیا مضائقہ کیا ڈر ہے - سمجھوں گا -

بہت دور - (ہ) ندا و تعریف کے لیے - بہت دُور کی سوچتے ہو - بڑے بے ڈھب ہو - بڑے فسادی اور جھگڑالو ہو -

بہت کرکے - (ہ - تابع - فعل) اکثر عموماً - اکثر کرکے -

بہت ہے - (ہ - محاورہ) برکت ہے - یعنی یہ نہیں ہے - چونکہ نہیں کے لفظ کو عورتیں منحوس سمجھتی ہیں - لہذا نہیں کے موقع پر یہ لفظ بولا کرتی ہیں -

بہت ہی بہت ہے - (ہ - محاورہ) بالکل نہیں - ذرا بھی نہیں -

بہتا ہوا جوڑ - (ہ) کبوتروں کا جوڑا - جو جلدی جلدی انڈے بچے دے - متواتر اور لگاتار پے در پے بچے دینے والا جوڑا -

بہتا - بہتہ - (ہ - اسم مذکر) اُبلے ہوئے چاول - خشکہ خوراک - سفر خرچ - الاؤنس زائد تنخواہ -

بہتیات - (ہ - اسم مونث) افراط - کثرت - زیادتی - فراوانی -

بہتا - (ہ - اسم مذکر) خاوند - شوہر - خصم - بنڑا - پتی - پُرش -

بہتان - (ہ - اسم صفت) بہت - تیسرا تول - چونکہ بقال تین کو منحوس سمجھتے ہیں لہذا تولتے وقت تیسرے تول کو بہتان کہتے ہیں - جیسے پہلے تول کو برکت کہتے ہیں -

بہتان - (ع - اسم مذکر) الزام - تہمت - دوش - کلنک - عیب - بدنامی - دھبا

بہتان جوڑنا - یا - دھرنا - یا - رکھنا - یا - لگانا - یا - دینا - (ہ فعل) الزام لگانا - جھوٹی تہمت دھرنا - کلنک لگانا - طوفان اٹھانا -

بہتر - (ف - اسم صفت) بہت اچھا - بہت خوب - عمدہ - اعلیٰ - افضل - ماننا - تسلیم کرنا -

بہتر - (ہ - اسم عدد - ستر اور دو - ہفتاد و دو - ۷۲ - کثرت کے لیے بھی بولا جاتا ہے - جیسے ایسے ایسے بہتر پھرتے ہیں -

بہتری - (ف - اسم مونث) بھلائی - نیکی - عمدگی - بہبودی - ترقی فائدہ -

بہترین - بہت ہی عمدہ - سب سے اچھا - سب سے مفید -

بھبھتنا - (ہ - اسم مذکر) بھوت کی تصغیر - ناپاک رُوح - پریت - خبیث - پلید - بدصورت - کالا بھجنگا - مٹی میں لتھڑا ہوا جسم -

بھتنی ۔ (ہ۔اسم مونث) چڑیل ۔ ڈائن ۔ بدصورت ۔ بلا ۔

بھتی ۔ (ہ۔اسم مونث) وہ چاول یا کھچڑی ۔ جو کنبہ والے لوگ میت والے گھر بھیجا کرتے ہیں ۔ جسے کڑوی کھچڑی یا کڑوا ٹکڑا کہتے ہیں ۔ طعام مرگ ۔

بھتی کھائے ۔ (ہ۔محاورہ) نہایت سخت قسم دلانے کے وقت بولا کرتے ہیں ۔ یعنی ہمارا ماتم کرے ۔ ہمیں پیٹے ۔

بھتیانا ۔ (ہ۔فعل) بھوت کی مانند ہو جانا ۔ نہایت پُرغیظ و غضب ہو جانا ۔ مست اور فربہ ہو جانا ۔

بھتیجا ۔ (ہ۔اسم مذکر) برادر زادہ ۔ بھائی کا بیٹا ۔

بھتیجی ۔ (ہ۔اسم مونث) بھائی کی بیٹی ۔ برادر زادی ۔

بہتے دریا میں ہاتھ دھونا ۔ (ہ) فیاضی سے فائدہ اٹھانا ۔

بہتیرا ۔ (ہ۔اسم صفت) بہت سا ۔ ازحد ۔ بکثرت ۔ کافی ۔ وافر ۔ بافراط ۔

بھٹ ۔ (ہ۔اسم مذکر) غار ۔ کھوہ ۔ سانپ کا بل ۔ چولھا ۔ بھاڑ ۔ بھٹی ۔ نانبی چولھے کی جلی ہوئی سُرخ مٹی ۔

بھٹ پڑے وہ سونا جس سے لوٹیں کان (محاورہ) وہ سونا جو کانوں کو کھا دے چولھے میں پڑے ۔ وہ ساز و سنگار ۔ آرائش و زیبایش ۔ جس سے تکلیف پہنچے ۔ بالکل نکما ہے ۔ تکلیف دینے والی دولت بالکل نکمی ہے ۔

بھٹا ۔ (ہ۔اسم مذکر) اینٹ ۔ چونہ وغیرہ پکانے کی بھٹی ۔ بڑا چولھا ۔ تنور ۔ بھاڑ آوا ۔ چولھے کی جلی ہوئی سُرخ مٹی ۔ بھٹور ۔

بھٹا ۔ (ہ۔اسم مذکر) مکئی کی ککڑی ۔ مکئی کی بال ۔ بسّا ۔

بھٹا سا اُڑانا ۔ (ہ۔فعل) ہلکی سی ضرب میں گردن یا کسی چیز کو کاٹ ڈالنا ۔

بھٹک ۔ (ہ۔اسم مونث) گمراہی ۔ آوارگی ۔ رستا بھول جانا ۔ (صفت میں) اُترت ۔ جلدی ۔ فوراً ۔ جیسے سختی سے شوم ۔ بھلا جو ۔ بھٹک دے جواب ۔

بھٹکا پھرنا ۔ (ہ۔فعل) آوارہ پھرنا ۔ راہ بھولے بھٹکے پھرنا ۔ ڈانواں ڈول پھرنا ۔

بھٹکانا ۔ (ہ۔فعل) ترسانا ۔ خواہش میں رکھنا ۔ گمراہ کرنا ۔ دھوکا دینا ۔

بھٹ کٹیا ۔ (ہ۔اسم مونث) ایک خاردار بوٹی کا نام ہے ۔ جس سے کھانسی کی دوا بنتی ہے ۔ اسکے پتے مار گزیدہ کے لیے بے حد مفید ہیں ۔

بھٹکنا ۔ (ہ۔فعل) راہ بھولنا ۔ آوارہ ہونا ۔ جا بجا پھرنا ۔ سرگرداں پھرنا تلاش میں ہونا ۔ سخت خواہش ہونا ۔ ڈھونڈتے پھرنا ۔ جیسے اسی کے لیے میرا جی بھٹکتا ہے ۔ بے قرار و بے چین ہونا ۔

بھٹنا ۔ (ہ۔فعل) کسی ناپاک چیز یا آدمی سے چھو جانا ۔ چوہڑے چمار سے ہاتھ یا کسی کھانے پینے کی چیز کا چھو جانا ۔ ناپاک ہو جانا ۔ پلید ہو جانا ۔ نجس ہو جانا ۔

بھٹنی ۔ (ہ۔اسم مونث) سرپستان ۔ عورت کی پستان کا منہ ۔ جسے منہ میں لے کر بچہ دودھ پیتا ہے ۔

بھٹور ۔ (ہ۔اسم مونث) چولھے کی جلی ہوئی سُرخ مٹی ۔

بھٹی ۔ (ہ۔اسم مونث) بھاٹ کی سی تعریف ۔ بھاٹ پنا ۔ مدح سرائی ۔ گدائی ۔ ملتزا ۔ ہجو ۔ برائی ۔ پھکڑ بازی ۔ عیب جوئی ۔

بھٹی کرنا ۔ (ہ۔فعل) ہجو شامد کرنا ۔ مدح سرائی کرنا ۔ مانگنا ۔ جھوٹی صفت کرنا ۔

بھجئی ۔ (ہ۔اسم مونث) بھاٹ کی تصغیر و تانیث ۔ چولھا ۔ گلگن ۔ دھوبیوں ۔ سناروں ، شیشہ گروں وغیرہ کا آتش دان ۔ کوزہ ۔ شراب کھینچنے کی جگہ ۔ شراب خانہ ۔ کلال خانہ ۔ راجپوتوں کی ایک قوم کا نام بھی ہے ۔

بھٹی چڑھانا ۔ (ہ۔محاورہ) کپڑوں کو مریہ لگا کر میل صاف کرنے کے لیے جوش دینا

بھٹی دار ۔ (ہ۔اسم مذکر) کلال ۔ مے فروش ۔ شراب بنانے والا اور کھینچنے والا ۔

بھٹیارا ۔ (ہ۔اسم مذکر) نان بائی ۔ روٹی پکانے والا ۔ تنور جھونکنے اور روٹی بیچنے کا پیشہ کرنے والا ۔ باورچی ۔ سرائے میں مکان دینے اور مسافروں کی خدمت کرنے والا ۔

بھٹیار خانہ ۔ (ہ۔اسم مذکر) ظرف سرائے غریبوں کے رہنے کا مکان ۔ وہ جگہ جو غریب لوگوں کے اُترنے کے کام آتی ہے ۔

بھٹیاری ۔ (ہ۔اسم مونث) بھٹیارے کی بیوی ۔ سرائے میں ٹھیرانے والی عورت ۔

بھج ۔ (ہ۔اسم مونث) بازو ۔ بھجا ۔ کہنی سے اوپر کا حصہ ۔

بھج بند ۔ (ہ۔اسم مذکر) ایک زیور کا نام جسے بازو بند کہتے ہیں ۔

بھجا ۔ (ہ۔اسم مذکر) بازو ۔ مثلث کا ایک ضلع یا ساق ۔

بہ جانا ۔ (ہ۔فعل) پانی کے ساتھ رواں ہو جانا ۔ گائے بھینس وغیرہ کا حمل قبل از وقت گر جانا ۔ پھیل جانا ۔ پھسل جانا ۔ برباد ہو جانا ۔ تباہ ہو جانا ۔ یعنی تردہنا ۔ اسقاط ہونا ۔

بہجت ۔ (ہ۔اسم مونث) خوشی ۔ شادمانی ۔ مسرت ۔ تازگی ۔ سُرور ۔

بھجن ۔ (ہ۔اسم مونث) خدا کی تعریف کا راگ ۔ دیوتاؤں کی صفت کے گیت ۔ گیان دھیان ۔

بھجن کرنا ۔ (ہ۔فعل) ہندوؤں کا گیت گانا ۔ عبادت کرنا ۔ شکریہ کرنا ۔ رام نام کے گن گانا ۔ خدا کا نام جپنا ۔

بھجن گانا ۔ (ہ۔فعل) گیان ۔ دھیان کرنا ۔ آنند سانا ۔ خوش ہونا ۔ گُن گانا ۔ بے فکر ہونا ۔ شکریہ کے گیت گانا ۔

بھجنا ۔ (ہ۔فعل) جپنا ۔ تعریف کرنا ۔ رٹنا ۔ رام نام لینا ۔ مالا جپنا ۔ سمرن جپنا ۔ تعریف کرنا ۔ سراہنا ۔

بھجنگ ۔ (ہ۔اسم صفت) نہایت کالی چیز ۔ کالا سانپ ۔ کالا کوئلہ ۔ نہایت کالا ۔

بھجیا ۔ (ہ۔اسم مونث) بھاجی پُڈیا اور اُبال نچوڑ کر بگھارا ہوا ساگ ۔ مشلغم یا معمولی وغیرہ کو کچل کر پکانا ۔ بھنے ہوئے بجوڑ جن کے سلتو بناتے ہیں ۔

بھچک ۔ (ہ۔اسم صفت مونث) حیران ۔ متحیر ۔ متعجب ۔ درماندہ ۔ ششدر ۔ ہک دھک ۔

بھچک رہ جانا ۔ (ہ۔فعل) حیران رہ جانا ۔ متحیر ہونا ۔ ہک دھک رہ جانا ۔ ہکا بکا رہنا ۔

بھچنا ۔ (ہ۔فعل) دبنا ۔ پچکنا ۔ سکڑنا ۔ سمٹنا ۔ شرمانا ۔ مجبور رہنا ۔ لاچار ہونا ۔

بھچیڑ ۔ (ہ۔اسم مونث) حاصل مصدر دباؤ ۔ تنگی ۔ سکیڑ ۔ بے ایمانی ۔ دھاندلی ۔ نادہندی ۔ تنگدلی ۔ مکر و فریب ۔

بھچیڑنا / **بھچیڑلانا** (ہ۔فعل) تنگدلی کرنا ۔ کسی سے چرنے کرنہ دینا ۔ تنگدلی کرنا ۔

بھد ۔ (ہ۔اسم صورت) ریت پر کسی پھل یا چیز کے گرنے کی آواز ۔ بطخ کے چلنے کی آواز ۔

بھدا ۔ (ہ۔ اسم صفت مذکر) موٹا آدمی۔ بھونڈا۔ بدشکل۔ سست۔ کاہل بے وقوف کندہ۔ ناتراش۔

بھدا کا ۔ (ہ۔ اسم صفت مذکر) گرنے کی آواز۔ دھما کا۔ پٹخنا بھدکنا۔

بھدا کا دینا۔ یا۔ کھسانا ۔ (ہ۔ فعل) پٹخنی دینا۔ دے مارنا۔ گرا دینا۔

بھدارنہ ۔ (ف۔ اسم مذکر) اصل میں بھی دانہ۔ یعنی بھی کا بیج۔

بھدبھد ۔ (ہ۔ اسم صوت۔ تابع فعل) موٹے اور بھدے آدمی یا بطخ کے پاؤں کی آواز۔ پھل وغیرہ کے گرنے کی آواز۔

بھدر ۔ (ہ) بھلا مانس۔ شریف گھوڑی۔

بھدرا ۔ (ہ۔ اسم مونث) منحوس۔ یعنی چاند کی دوسری، ساتویں اور بارھویں تاریخیں۔ سری کرشن جی کی ایک استری کا نام بھی ہے۔ (بحالتِ مذکر) سیدھا ڑھی۔ اور بھوؤں، مونچھوں کا مونڈن۔ نیک۔ شریف عورت۔

بھدرا کرانا ۔ (ہ۔ محاورہ) کسی عزیز کے مرجانے پر کرم کے واسطے سر۔ داڑھی اور مونچھوں وغیرہ کو منڈانا۔ کسی تیرتھ پر جا کر بھی فعل کرنا۔

بہ دربہ ۔ (دُر۔ تابع فعل) تفصیل وار۔ سلسلہ وار۔ مفصل۔ اچھی طرح۔ پورے درپورے۔

بھدرک ۔ (س۔ اسم مونث) فائدہ نفع۔ لابھ۔ استقلال۔ مضبوطی۔ استحکام اعتبار۔ وقعت۔ سلیقہ۔ سگھڑاپا۔ لطف۔ خوبی۔ عمدگی۔

بھدیسلا ۔ (ہ۔ اسم صفت۔ مذکر) بھدے کی تصغیر۔ موٹا۔ پھپس۔ سست کاہل۔ بے وقوف۔

بھدیسلی ۔ (ہ۔ اسم صفت۔ مونث) بھونڈی۔ بدشکل۔ مکروہ صورت۔

بھدڑی ۔ (ہ۔ اسم مذکر) ڈکوت۔ رملیا۔ رُمال۔ جوتشی۔ ہاتھ کی لکیریں دیکھ کر ماضی اور مستقبل کی خبر بتانے والا۔

بھر ۔ (ہ۔ اسم صفت) تمام۔ کل۔ سارا۔ پورا۔ مقدار۔ اندازہ۔ تک۔ تک۔ جیسے مقدور بھر۔

بھڑا ۔ (ہ۔ اسم مذکر) ترکیب۔ تحریص۔ بہکاؤ۔ فریب۔ دھوکا۔ مکر۔ لوبھ دم بھجانسا۔ بھڑ کی وغیرہ بھرنے کی آواز۔ ایک قسم کا پتنگ۔ پرندوں کے دفعتہً اڑ جانے کی آواز۔

بھڑا دینا ۔ (ہ۔ فعل) دم دینا۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ ترغیب دینا۔ کبوتروں کو یک بارگی اڑا دینا۔

بھڑ سے میں آنا۔ [ ] (ہ۔ محاورہ) دھوکے میں آنا۔ فریب کھانا۔ کسی کی ترغیب بھروں میں آنا۔ [ ] میں آنا۔ دم میں آجانا۔

بہرا ۔ (ہ۔ اسم صفت مذکر) وہ شخص جس کی سننے کی طاقت نہ رہی ہو۔ سماعت سے مجبور۔ بولا۔ اصم۔ خاص خدمت گار کو بھی کہتے ہیں۔

بہرا بھنڈ۔ بہرا بھنڈ ۔ (ہ۔ اسم صفت) نہایت بہرا۔ بالکل بولا۔ جو بندوق کی آواز سے بھی خبردار نہ ہو۔

بہرام ۔ (ف) پانچویں آسمان پر ایک ستارہ۔ عراق کے ایک بادشاہ کا نام جو گورخر کے شکار کا بہت شوقین تھا۔ اسی لیے تاریخ میں بہرام گور کے نام سے مشہور ہے۔

بھرا ۔ (ہ۔ اسم صفت مذکر) پُر۔ لبریز۔ معمور۔ ٹھیک۔ عین۔ سارا۔ تمام جیسے اس سے تو بھرا گھر نازاں ہے۔

بھرا بھولا ۔ (ہ۔ اسم صفت مذکر) رجا پجا۔ فارغ البال۔ صاحب اولاد۔ امیر دولت مند

بھرا گھر ۔ (ہ۔ اسم مذکر) خانہ آباد۔ آباد گھر۔ بڑا کنبہ۔ مال اور جان کی افراط۔ وہ گھر جو اسباب خانہ داری سے معمور ہو۔

بھرّا ۔ (ہ۔ اسم صفت) نہایت کالے کی صفت میں یہ لفظ مبالغہ کے طور پر بولا جاتا ہے۔ جیسے سیاہ بھرّا یعنی بہت کالا۔

بھرّانا ۔ (ہ۔ اسم صفت) پرندوں کی پرواز کی آواز۔

بھرّانا ۔ (ہ۔ فعل) آواز بھاری ہونا۔ گلا بیٹھ جانا۔

بھرانا ۔ (ہ۔ فعل) پرندوں کا اپنے بچوں کی چونچ میں چونچ دے کر دانہ کھلانا کسی چیز کو پُر کرانا۔ گھوڑی کو گابھن کرانا۔

بھر آنا ۔ (ہ۔ فعل) زخم کا مندمل ہونا۔ زخم پر انگور آنا۔ زخم بھر جانا۔ کھرنڈ آجانا۔ رحم آنا۔ ہمدردی ہونا۔ آنکھوں میں آنسو آجانا۔ پُر ہونا۔ لبریز ہونا۔

بھراؤ ۔ (ہ۔ اسم مذکر حاصل مصدر) بھرتی۔ گڑھے وغیرہ کے بھرنے کی مقدار۔ حشو۔ لحاف وغیرہ کے اندر روئی وغیرہ پر کرنا۔ آب پاشی۔

بھرائی ۔ (ہ۔ اسم مونث) معاوضہ۔ بھروانے کی اُجرت۔ سقے کی تنخواہ۔ پنہاری کی مزدوری۔ پانی دینا۔ پلائی۔ بھرتی۔ آگندگی۔

بھُربھُرا ۔ (ہ۔ اسم صفت مذکر) خستہ۔ سخت کے خلاف۔ روے دار۔ وہ چیز جس کے اجزا باہم ملے ہوئے نہ ہوں۔

بھُربھُرانا ۔ (ہ۔ فعل) بکھرنا۔ کھنڈانا۔ خستہ ہونا۔ کسی طرف طبیعت کا راغب ہونا۔ دل لگنا۔

بھربھرانا ۔ (ہ۔ فعل) ورم ہونا۔ سوج جانا۔ سوجن ہونا۔ کم ورم ہونا۔ ٹمٹمانا

بھربھراہٹ ۔ (ہ۔ اسم مونث۔ حاصل مصدر) خستگی۔ خستہ پن۔ تری۔

بھر پانا ۔ (ہ۔ فعل) دام دام وصول ہو جانا۔ باز آنا۔ نجات پانا۔ بدلہ پانا۔ اپنے کیے پر پشیماں ہونا۔ پچھتانا۔

بھرپور ۔ (ہ۔ اسم صفت) پورا۔ لبریز۔ لبالب۔ بھرا ہوا۔ بے پروا۔ مستغنی۔

بھرت ۔ (ہ۔ اسم مونث) کئی دھاتوں سے ملا کر بنائی ہوئی ایک دھات۔ کانسی کوٹ۔ چست۔ تانبے اور سیسے سے مل کر بنی ہوئی دھات۔

بھرت ۔ (س۔ اسم مذکر) راجا دسرتھ کے بیٹے کا نام ہے جس کے نام پر تمام ہندوستان کو بھرت کھنڈ یا بھارت ورش کہتے ہیں۔

بھرت کھنڈ ۔ (ہ۔ اسم مذکر) بھرپور ملک۔ مکمل ملک۔ مراد ہندوستان جو اپنی آبادی اور پیداوار وغیرہ کے لحاظ سے ایک بڑا ملک ہے۔ راجا بھرت کے ماتحت ملک۔

بھرتا ۔ (ہ۔ اسم مذکر) بھبھلائے ہوئے۔ بینگنوں یا شلغموں وغیرہ کو مسخ اور بگھار وغیرہ دے کر تیار کیا ہوا سالن۔

بھرتا کر دینا ۔ (ہ۔ فعل) بھلبھلا دینا۔ چھلس دینا۔ سخت دکھ دینا۔

بھرتی ۔ (ہ۔ اسم مونث) حشو۔ بھراؤ۔ وہ چیز جو کسی دوسری چیز کے اندر بھری جائے۔ داخلہ۔ اندراج۔ کسی محکمہ میں نام لکھانا۔ تکمیل۔ بری۔ بے کار چیز۔ فضول اسباب۔ ردی اشیا۔

بھرتی بھرنا ۔ (ہ۔ فعل) گودڑ وغیرہ سے کسی چیز کو بھرنا۔ کسی کی پیٹھ پیچھے اُسے برا کہنا۔ افسر یا حاکم یا بڑے آدمی کے پاس کسی کی بدگوئی کرنا۔ سوداگری کا مال و اسباب بھرنا۔

بھرتی کا شعر ۔ (دُر۔ اسم مذکر) بُرا بھلا شعر۔ وہ شعر جو غزل کے شعروں کی

تعداد پوری کرنے کے لیے داخل غزل کو دیا گیا ہو۔ بے لطف شعر۔

بھرتی کا مال ۔ (ہ۔اسم مذکر) سوداگری کا مال۔ ایسا مال جو اچھا نہ ہو رسمی مال۔ معمولی مال۔

بھرتی کرنا ۔ (ہ۔فعل) نوکر رکھنا۔ کسی محکمہ میں لے لینا۔ بہت کھا لینا۔ پیٹ کو ٹھونس ٹھونس کر بھرنا۔

بھرتیا ۔ (ہ۔اسم مذکر) کثیرا۔ ٹھٹھیرا۔ تانبے پیتل کے برتن بنانے والا۔

بھر جانا ۔ (ہ۔فعل) پُر ہونا۔ لبریز ہونا۔ لتھڑ جانا۔ سن جانا۔ حاملہ ہونا۔

بھر ۔ (ف) فارسی سابقہ۔ ہر طرح۔ جو مال، طور اور کیف کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ جن کے معنی "جس طرح بنے یا ہو سکے۔ نیز مجبوری کے مفہوم میں بھی۔ ہر حالت میں۔"

بھر حال ۔ (ف۔تابع فعل) ہر طور پر۔ ہر حالت میں۔ ہر طرح سے۔

بھر دینا ۔ (ہ۔فعل) پُر کر دینا۔ لبریز کر دینا۔ رجا دینا۔ نقصان پورا کر دینا تاوان دینا۔ چکا دینا۔ بے باق کر دینا۔ سان دینا۔ لتھیڑ دینا۔ رفو کر دینا۔ آبپاشی کرنا۔ پانی سے سیراب کر دینا۔

بھرشٹ کرنا ۔ (ہ۔فعل) ناپاک کرنا۔ پلید کر دینا۔ گندا کرنا۔ بھٹسنا۔ خراب کرنا۔

بھرلٹی ۔ (ہ۔اسم مونث) وسط۔ ابرو دونوں بھوؤں کی درمیانی جگہ۔

بھُرکس نکالنا ۔ (ہ۔محاورہ) مار مار کر چورا کر دینا۔ چور چور کر دینا۔ ہڈی پسلی توڑ ڈالنا۔ بے دم کرنا۔ تباہ کر ڈالنا۔ برباد کر دینا۔

بھُرکس نکلنا ۔ (ہ۔محاورہ) بے دم ہونا۔ طاقت نہ رہنا۔ جان نکلنا۔ دیوالہ نکلنا۔ برباد ہونا۔

بھرکیف ۔ (ف۔تابع فعل) ہر حالت میں ہر طرح پر۔ ہر طور سے۔

بھر لینا ۔ (ہ۔فعل) کسی چیز کو پُر کرنا۔ تاوان لینا۔ پوری پوری قیمت وصول کر لینا۔

بھرم ۔ (ہ۔اسم مذکر) اعتبار۔ ساکھ۔ بھروسا۔ شک و شبہ۔ گمان، دھوکا نام وری۔ شہرت۔ راز۔ بھید۔ ستر۔

بھرم باندھنا / **بھرم بندھانا** } (ہ۔محاورہ) اعتبار بٹھانا۔ ساکھ جمانا۔ ہوا باندھنا۔ اپنی عزت کا سکہ جمانا۔

بھرم جانا ۔ (ہ۔محاورہ) بے اعتبار ہو جانا۔ ساکھ نہ رہنا۔ کسی پر شبہ جانا۔ کسی پر جرم یا بد دیانتی وغیرہ کا گمان کرنا۔

بھرم کرنا ۔ یا۔ رکھنا ۔ (ہ۔محاورہ) بدظن ہونا۔ برا خیال۔ کسی کی نسبت کرنا

بھرم کھلنا۔ یا کھل جانا / **بھرم نکلنا** } (ہ۔محاورہ) بھید ظاہر ہو جانا۔ راز فاش ہونا فعلی کھلنا۔ ساکھ اور اعتبار اٹھنا۔

بھرم گنوانا ۔ (ہ۔محاورہ) آبرو ضائع کرنا۔ پت کھونا۔ عزت گنوا بیٹھنا۔

بھرمار کرنا ۔ (ہ۔فعل) بوچھاڑ کرنا۔ بکثرت و بہ تسلسل کام کرنا۔ مبالغہ اور کثرت کے لیے بولتے ہیں۔

بھرمانا ۔ (ہ۔فعل) لالچ دینا۔ للچانا۔ دھوکا دینا۔ ورغلانا۔ بہکانا۔ دم دینا۔ فریب دینا۔ گمراہ کرنا۔ مائل کر لینا۔

بھرن ۔ (ہ۔اسم مونث) زور کی بارش۔ موسلا دھار بارش۔ بکثرت بارش موسلا دھار مینہ۔

بھرن پڑنا ۔ (ہ۔فعل) زور کی بارش ہونا۔ موسلا دھار مینہ برسنا۔ بھادوں کی بارش۔

بھرنا ۔ (ہ۔فعل) پُر کرنا۔ لبالب کرنا۔ پورا کرنا۔ تمام کرنا۔ ختم کرنا۔ لتھڑنا۔ آلودہ کرنا۔ رنج میں ہونا۔ غم میں عمر گزارنا۔ سمانا۔ آجانا۔ تاوان دینا۔ سیر ہونا رجنا۔ سہنا۔ برداشت کرنا۔ حاملہ ہونا۔ غضبناک ہونا۔ موٹا ہونا۔ ہونا۔ دام وصول کرنا۔ جگتنا۔ جیسے کرے کوئی بھرے کوئی۔ مکان آباد ہونا۔ ہجوم ہونا۔ جیسے میلا بھر گیا۔ بہکانا۔ برا فروختہ کرنا۔ غیبت کرنا چغل کھانا۔ نارض کرنا۔ پانی دینا۔ مال مال کرنا۔ حکم بجا لانا۔ جیسے چوکی بھرنا رنگ چڑھانا۔

بھرت بھرنا / **بھرتا بھرنا** } (ہ۔فعل) دوسرے کے خرچ کو جبراً اپنے ذمے لینا۔ رشوت دینا۔

بھر نظر دیکھنا ۔ (ہ۔فعل) پوری طرح دیکھنا گھور کے دیکھنا۔ خوب اچھی طرح دیکھنا۔

بھر نیند سونا ۔ (ہ۔فعل) خوب سونا۔ اچھی طرح سونا۔ پوری نیند سونا۔

بہروپ ۔ (س۔اسم مذکر) بغوی معنی بہت سے روپ۔ اصطلاحی معنی طرح طرح کے بھیس بدلنا۔ سانگ بھرنا۔ مکر۔ دھوکا۔ نقالی۔ مکاری۔ شعبدہ بازی

بھروپ بدلنا ۔ (ہ۔فعل) بھیس بدلنا۔ نیا نیا روپ دکھانا۔ سانگ بھرنا دھوکا دینا۔ شعبدہ بازی کرنا۔

بہروپیا ۔ (ہ۔اسم مذکر) نقال۔ سانگی۔ رنگ رنگ کے بھیس بدلنے والا۔ مکار فریبی۔ حیلہ باز۔

بھروٹا ۔ (ہ۔اسم مذکر) گھاس کا لکڑیوں وغیرہ کا گٹھا۔ بھار کی تصغیر ہے

بھروسا ۔ (ہ۔اسم مذکر) امید۔ توکل۔ اعتماد۔ اعتبار۔ توقع۔ سہارا۔ آسرا

بہرہ ۔ (ف۔اسم مذکر) حصہ۔ نصیب۔ بھاگ۔ قسمت۔ فائدہ۔ نفع۔

بہرہ کھلنا ۔ (ہ) نصیبہ کھلنا۔ ملکہ ہونا۔ کمال ہونا۔ ہردہ کھلنا۔ ذہن کھلنا دل روشن ہونا۔

بہرہ مند۔ بہرہ ور۔ بہرہ یاب ۔ (ف۔اسم صفت۔ ترکیب فاعلی) صاحب نصیب۔ خوش قسمت۔ اقبال مند۔ فائدہ اٹھانے والا۔

بہری ۔ (ہ۔اسم مونث) ایک شکاری پرندے کا نام ہے۔ کانوں سے مجبور عورت وہ عورت جس کی قوت سامعہ جاتی رہی ہو۔

بہزاد ۔ (مذ) شاہ اسماعیل کے زمانے کا ایک مشہور نقاش۔

بھری برسات (اسم مونث) عین موسم بارش۔ بارش کا موسم۔

بھرے بیٹھے ہیں یا بھرے ہوئے ہیں ۔ (ہ۔محاورہ) غصہ سے پُر ہیں۔ غضبناک بیٹھے ہیں۔ غمناک اور آزردہ ہیں۔ شکوہ اور شکایت سے پُر ہیں۔

بھرے پر چڑھانا ۔ (ہ۔محاورہ) دھوکے میں آنا۔ جھانسے میں لانا۔

بھرے کو بھرنا ۔ (ہ۔محاورہ) بھرے کو بھرنا۔ رجے کو رجانا۔ امیر کو اور دولت دینا دولت مند کے ساتھ اچھا سلوک کرنا۔

بھری محفل میں یا بھری مجلس میں ۔ (ہ۔تابع فعل) سر مجلس۔ عین محفل میں۔

بھڑ ۔ (ہ۔اسم مذکر) کسی چیز کے پھٹنے کی آواز۔ توپ یا بندوق کی آواز۔ آواز گونج۔ دھماکا۔

بھڑ ۔ (ہ۔اسم مونث) زنبور۔ ایک قسم کا زرد کیڑا جس کے ڈنگ میں زہر ہوتا ہے (پنجابی ڈیمو)


بھڑ

بھڑ کا چھتا یا بھڑوں کا چھتا - (ہ - اسم مذکر) خانہ زنبور - بھڑوں کے رہنے کا گھر - (بحالتِ صفت) لڑاکا - فسادی - بھڑ کی طرح، پیچھے پڑ جانے والا -

بھڑاس - (ہ - اسم مونث) غبار خاطر - دل کا بخار - کینہ - دلی دشمنی - دلی عداوت -

بھڑاس نکالنا - (ہ - محاورہ) دل کا غبار نکالنا - عداوت نکالنا - روکر یا لڑ کر اپنے غصّے کو فرو کرنا -

بھڑانا - (ہ - فعل) ملانا - قریب لانا - لڑائی کروانا - رشوت دینا - ساجھا ملانا - پتی ڈالنا - دانوں پر لگانا - کٹنا پاکرنا - دلالی کرنا - طالب کو مطلوب سے ملانا -

بھڑ بھڑیا - (ہ - اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) خرافت کے خلاف - غصّہ کے وقت آپے سے باہر ہو جانے والا مغلوب الغضب - پیٹ کا ہلکا - اوچھا - کم ظرف - شیخی خورا - گپی -

بھڑبھونجا - (ہ - اسم مذکر) بھاڑ میں اناج بھوننے والا گلعن افروز - (صفت میں) کالا - سیاہ فام - بدصورت - بدحال -

بھڑبھونجن - (ہ - اسم مذکر) بھڑبھونجے کی جورو - اناج بھوننے والی عورت - کالی - بدصورت -

بھڑتنگا - (ہ - اسم مذکر) غل غپاڑہ - شور و غل -

بھڑک - (ہ - اسم مونث) چمک دمک - رونق - ٹیپ ٹاپ - بناوٹ - سجاوٹ - گھبراہٹ - جھجک - اشتعال - شعلہ - امنگ - ابھار - جوش -

بھڑک اٹھنا - (ہ - محاورہ) - مشتعل زن ہونا - جل اٹھنا - خفا ہونا - غصہ سے تیز ہونا - چمک جانا - پر رونق ہونا -

بھڑک دار - (ہ - اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) زرق برق - چمک دار - روشن - خوب صورت -

بھڑکانا - (ہ - فعل) آگ کو تیز کرنا - آگ روشن کرنا - جلانا - بھڑکانا - غصّہ دلانا - بدکانا - حقہ کی چلم کو تیز کر کے تمباکو جلا دینے کو بھی کہتے ہیں -

بھڑکنا - (ہ - فعل) آگ تیز ہونا - شعلہ مارنا - غصے میں بے افروختہ ہونا - چوکنا - بدکنا - ڈرنا - خوف کھانا - بھبکنا - تشنج ہونا - تمباکو کا جل جانا -

بھڑکے بیٹھنا - (ہ - فعل) پاس بیٹھنا - مل کر بیٹھنا - بہت پاس پاس بیٹھنا - تنگ بیٹھنا -

بھڑکے چھتے کو چھیڑنا - یا - **بھڑ کے چھتے میں ہاتھ ڈالنا** (ہ - محاورہ) فسادی آدمی کو چھیڑنا - بُرے آدمی کو غصّہ دلانا یا اکسانا -

بھڑکیلا - (ہ - اسم صفت مذکر) نہایت پر تکلف زرق برق - چمکیلا -

بھڑنا - (ہ) فعل - ملنا - تنگ ہونا - پیہم ستہ ہونا - مقابل ہونا - لڑنا - ٹکر مارنا - ٹکرانا - ٹکر کھانا - لڑائی کرنا - فعل لگنا - بند ہونا -

بھڑوا - (ہ - اسم مذکر) رنڈیوت - چھچھورا - دلال - کٹنا - بے حیا - بے غیرت -

بھڑی دینا / **بھڑہاں دینا** - (ہ - فعل) کبوتروں کو اڑنا سکھانا - کبوتروں کو کبھی اڑانا کبھی بٹھانا - کبھی وقت کرنا - تنگ کرنا - ستانا -

بھُس - (ہ - اسم مذکر) اناج کا چھلکا - اناج کے پودوں کا چورا - بھُسا - بھُسکن - چوکر - توڑا -

بھُس بھروانا - (ہ) فعل - کھال اُترا کر اُس میں بھُس بھروا دینا - بوگے یا کوٹھے میں بھُس ڈلوانا -

بھُس کے مول ملیدہ - (ہ - محاورہ) قیمتی چیز کا نہایت ارزاں بکنا بہت سستا بکنا -

بھُس ملانا - (ہ) فعل - خرابی کرنا - خراب کرنا - بگاڑنا -

بھُس میں چنگاری ڈال جمالو دور کھڑی / **بھُس میں آگ لگا دمالو دور کھڑی** - (اردو مثل) دو شخصوں میں لڑائی کروا کر الگ ہو جانے والے کی نسبت بولا کرتے ہیں -

بھسارڑا - یا - **بھسیارڑا** - (ہ - اسم مذکر ظرف) بھس ڈالنے اور جمع رکھنے کا مکان - بھوسے کا کوٹھا -

بھُسا کو - (ہ - اسم مذکر) ہلکے تمباکو کو کہتے ہیں - وہ تمباکو جو کڑوا نہ ہو - بھُس جیسا تمباکو - ناقص اور ردی تمباکو -

بھسڑی (ہ - صفت) بہت موٹی عورت -

بھُسکڑ - (ہ - اسم صفت مذکر) نہایت موٹا اور بھدا آدمی - بھدا لیڑا -

بھُسکنا - (ہ - فعل) حقارتاً چبانے اور کھانے کو کہتے ہیں - بھینس کی طرح کھانا -

بھسکو - (ہ - اسم مونث) بہت کھانے والی - عورت - لبیار - خور - ہر جائی عورت -

بھسم - (ہ - اسم مذکر) خاکستر - راکھ - بھبوت -

بھسم اشنان - (ہ - اسم مذکر) اُپلوں کی راکھ سے نہانا -

بھسم بتری - (ہ - اسم مونث) گانجا - ایک نشیلی چیز کا نام جسے تمباکو کی طرح پیتے ہیں -

بھسم کر دینا (ہ - محاورہ) جلا کر خاکستر کر دینا - راکھ کر دینا - سخت خفا کر دینا -

بھسم ہونا - (ہ - فعل) جل کر راکھ ہونا - ہضم ہونا - غصّہ میں آگ بن جانا - لال پیلا ہونا -

بھسمنٹ ہونا - (ہ - فعل) راکھ ہونا - جل کر خاکستر ہونا - فنا ہونا -

بھُسنڈ - (ہ - اسم صفت) نہایت موٹا - سنڈا - فربہ - ایک کتے کا نام بھی ہے جو بہت کالا اور موٹا ہوتا ہے -

بہشت - (ف) جنت - خلد - باغ - فردوس - عیش کی جگہ - آرام کا مقام -

بہشت کا میوہ - (مذ) انار -

بہشت کی قمری - (مو) ناچنے والی عورت - جو تالیاں بجا بجا کر ناچتی ہو -

بہشت کی ہوا - (مو) معتدل ہوا - نسیم صبح -

بہشت میں لات مارنا - (اُر - محاورہ) نیکوں کے ساتھ بُرا سلوک کرنا - ماں باپ کو ستانا -

بہشتی - (ف - اسم مذکر) بہشت کا رہنے والا - سقہ - پانی بھرنے والا - ماشکی - (بحالتِ صفت) نیک - بھلا - نیکوکار - جنتی -

بھشٹا - (ہ - اسم مونث) گندگی - فضلہ - گوبر - براز -

بھشٹل - (ہ - اسم مونث) بھوہڑ - بے تمیز - بدسلیقہ - گھناؤنی - بدصورت عورت -

بھک - (ہ - اسم مونث) فوراً - اڑ جانے والا مادہ - تمباکو کے پتوں کا چورا - درارا -

بھک بھک ۔ (ہ) اسم مونث) انجن میں سے دھواں نکلنے کی آواز۔
بھک سے اُڑ جانا ۔ (ہ) فعل) بارود کا دفعۃً اڑ جانا۔ صاف کٹ جانا۔
بھکاری ۔ (ہ) اسم مذکر) فقیر۔ گدا۔ منگتا۔
بہک ۔ (ہ) لغزش۔ بھول۔ غلطی
بہکانا ۔ (ہ) فعل) ورغلانا۔ گمراہ کرنا۔ اغوا کرنا۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ غلطی کرانا۔ جھوٹی امید دلانا۔ کان بھرنا۔ بدگوئی کرنا۔ ناحق لڑا دینا۔
بہکاوٹ ۔ (ہ) اسم مونث۔ حاصل بامصدر) اغوا۔ فریب۔ دھوکا۔
بہکائے یا بہکاوے میں آنا ۔ (ہ) محاورہ) دھوکے میں آنا۔ حمایت پر بھولنا۔ یا اکڑ آنا۔ پرائی چک پر کودنا۔
بھگت ۔ (س) اسم مذکر) عابد۔ زاہد۔ متقی۔ پرہیزگار۔ ریاضت کرنے والا۔ تپسی۔ سیانا۔ گنڈے تعویذ کرنے والا۔ سنتیلا کا پجاری۔
بھکتی ۔ (س) اسم مونث) عبادت۔ پرہیزگاری۔ تپسیا۔ پرستش۔ سیوا۔
بہک ۔ (ہ) اسم مونث) بکواس۔ باؤلی باتیں غلطی۔ گمراہی۔ بک بک۔
بہک اُٹھنا ۔ (ہ) فعل) نشے میں بکنا۔ دیوانگی کی باتیں کریں۔ غلطی کرنا۔ ٹھوکر کھانا۔
بہک چلنا ۔ (ہ) فعل) بڑھ چلنا۔ حد سے بڑھنا۔ معذور ہونا۔ اترانا۔
بھکرانڈ ۔ (ہ) اسم مونث) بدبو۔ ناگوار بو۔ کے گلے ہوئے اناج کی سی بو۔ اصل میں یہ لفظ بکرا نڈ یعنی بکری کے جسم کی بو سے بگڑا ہوا ہے۔
بھکشا ۔ (س) اسم مونث) بھیک۔ خیرات۔ بھیجا۔
بھک منگا ۔ (ہ) اسم مذکر) بھوکوں کا توڑا ہوا۔ فاقہ کش۔ روٹیوں کا مارا۔ گرسنہ۔
بہکنا ۔ (ہ) فعل) رستے سے بھٹکنا۔ گمراہ ہونا۔ بھٹکنا۔ دھوکا کھانا۔ رپٹنا۔ پھسلنا جیسے پاؤں بہکنا۔ ہذیان ہونا۔ نیند یا نشہ میں کچھ کا کچھ بولنا۔ پاؤں ڈگمگانا۔ لڑکھڑانا۔ شکار کا حد سے بڑھنا۔ اترنا۔
بھکنا ۔ (ہ) فعل) کھانے میں بدپرہیزی کرنا۔ سب کچھ کھا لینا۔ نگلنا۔ بہت ٹھونسنا۔
بھکنا ۔ (ہ) فعل) گھسنا۔ گھس جانا۔ سوئی یا کیل یا سوئی وغیرہ کا جسم کے اندر اتر جانا۔
بھکوا ۔ (ہ) اسم مذکر) نادان۔ احمق۔ جاہل۔ بے وقوف۔ بکواسی۔ مسخرہ۔ یاوہ گو۔
بھکوسنا ۔ (ہ) فعل) کھانا۔ نگلنا۔ ڈکارنا۔
بھگ ۔ (ہ) اسم مونث) اندام نہانی۔ شرم گاہ۔ فرج کلس۔
بھگا ۔ (ہ) اسم صفت) سادہ آدمی۔ نرم طبع۔ بے وقوف۔ بھولا بھالا۔ پورا جیسے تل بھگا۔
بھگا ۔ (ہ) اسم صفت مونث) لڑائی سے بھاگی ہوئی ہٹیر۔ بھگوڑی بٹیر۔
بھگانا ۔ (ہ) فعل) شکست دینا۔ دوڑانا۔ سرپٹ لے جانا۔ علیحدہ کرنا۔ گھر سے نکال لانا۔ اغوا کرنا۔ منہ پھیرنا۔ دانت کھٹے کرنا۔ پسپا کرنا۔
بھگت ۔ (ہ) اسم مذکر) (دیکھو بھکت)
بھگت بننا ۔ (ہ) فعل) پارسا اور پرہیزگار ہونا۔ اپنے آپ کو عابد، زاہد ظاہر کرنا۔
بھگت ہونا ۔ (ہ) محاورہ) پارسا ہونا۔ درگت ہونا۔ مٹی پلید ہونا۔ گت بننا۔

بھگتانا ۔ (ہ) فعل) پورا کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔ ادا کرنا۔ بے باق کرنا۔ تعمیل کرنا۔ فیصلہ کرنا۔ بانٹنا۔ تقسیم کرنا۔ بھگڑا مٹانا۔ جان سے مار ڈالنا۔
بھگتنا ۔ (ہ) فعل) پورا ہونا۔ انجام کو پہنچنا۔ سہنا۔ برداشت کرنا۔ قرضہ بے باق ہونا۔ بھرنا۔ بھوگنا۔ جیسے قید بھگتنا۔ بنا ہنا۔ تباہ کرنا۔ تاوان دینا۔ ڈنڈ بھرنا۔ سمجھنا۔ نمٹنا۔ جیسے میں ایک ایک سے بھگت لوں گا۔
بھگتیا ۔ یا ۔ بھگتی ۔ (ہ) اسم مذکر فاعل) سماعی۔ نقال۔ ناچنے گانے والا۔
بھگر ۔ (ہ) اسم صفت) گلا سڑا غلہ۔ بودا غلہ۔ کھتے کا اناج۔ اتنی یا ست۔ نکلا غلہ۔ بودا۔ غلہ۔
بھگل ۔ (ہ) اسم مذکر) دغا۔ فریب۔ دھوکا۔ مکر۔ چھل۔
بھگل گانٹھنا ۔ (ہ) فعل) فریب بنانا۔ دھوکا بازی کرنا۔ مکر بنانا۔ بناوٹ کرنا۔ شعبدہ بازی کرنا۔
بھگلی ۔ (ہ) اسم مذکر) فاعل فریبی۔ دھوکے باز۔ مکار۔ شعبدہ باز۔
بھگوڑ ۔ (ہ) اسم مذکر) بھگوڑا۔ بھاگنے والا۔ بادشاہ کے پاس سے بھاگنے والا ملازم۔
بھگوان ۔ (ہ) اسم مذکر) مختار کل۔ خدا۔ پرمیشور۔ ایشر۔
بھگو بھگو کے لگانا یا مارنا ۔ (ہ) محاورہ) بھگو کر جوتیاں مارنا۔ سخت لعنت ملامت کرنا۔
بھگوتی ۔ (ہ) اسم مونث) درگا دیوی۔ دیبی۔
بھگوڑا ۔ (ہ) اسم مذکر) بھاگنے والا۔ بزدل۔ ڈرپوک۔ نامرد۔
بھگونا ۔ (ہ) فعل) تر کرنا۔ گیلا کرنا۔
بھگی ۔ (ہ) اسم مونث) بھاگڑ۔ ہل چل۔ شکست۔ پسپائی۔
بھگی پڑنا ۔ (ہ) فعل) ہل چل پڑنا۔ بھاگنا۔ پسپا ہونا۔ بے ترتیبی سے بھاگنا۔
بھلا ۔ (ہ) اسم صفت مذکر) اچھا۔ خوب۔ عمدہ۔ بہتر نیک۔ پاک۔ پارسا۔ نرالا۔ عجیب۔ سبحان اللہ۔ دلکش۔ (کلمہ ایجاب) ہاں۔ بہتر۔ بہت خوب۔ حاضر ہوں جناب۔ (کلمہ تنبیہ و تعریف) دھکی۔ سلوک۔ نیکی۔ شریف۔ اشرف۔ بزرگ۔
بھلا آدمی ۔ (ہ) اسم مذکر) نیک۔ آدمی۔ بھلا مانس۔ شریف۔ بزرگ۔
بھلا جی ۔ یا ۔ بھلا صاحب ۔ (ہ) کلمہ ندا) خیر کیا مضائقہ ہے۔
بھلا چاہنا ۔ (ہ) فعل) بہتری۔ چاہنا۔ بھلائی چاہنا۔ نیکی کرنا۔
بھلا چنگا ۔ (ہ) اسم مذکر) تندرست۔ اچھا بھلا۔ صحیح سالم۔
بھلا کرنا ۔ (ہ) فعل) نیکی کرنا۔ سلوک کرنا۔ خیرات کرنا۔
بھلا لگنا ۔ (ہ) فعل) پسند آنا۔ مرغوب طبع ہونا۔ اچھا لگنا۔ زیب دینا۔
بھلا مانس ۔ (ہ) اسم مذکر) نیک آدمی۔ شریف۔ خلیق۔ ملنسار۔ سادہ طبع۔ صاف دل۔ طنزاً شریر۔ فسادی۔ مفسد۔
بھلانا ۔ (ہ) فعل) فراموش کرنا۔ یاد سے اتارنا۔ یاد نہ رکھنا۔ دھوکا دینا۔
بھلا ۔ (ہ) مر) وہ گائے بکری جو بانجھ ہو۔ بچہ نہ جنے۔
بھلانا ۔ (ہ) فعل) پھر جانا۔ پھسلانا۔ کھیل میں لگا لینا۔ فریب دینا۔ تسخیر۔ تماشے سے دل کو خوش کرنا۔ جھوٹی باتیں بنا کر دل کو تسلی دینا۔ بچے کو کسی شغل میں مشغول رکھنا۔

بھلاوا ۔ (ہ ۔ اسم مذکر۔ حاصل بالمصدر) مغالطہ۔ پھسلاوا۔ بہکاوا۔ چھل۔ فریب دغا۔

بہلاوا ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) تفریح۔ جی پرچاوا۔ جی بہلانے کا شغل۔

بھلاواں ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) ایک دوائی کا نام ہے۔ جو ایک درخت کا پھل ہے بلاذر۔

بھلائی ۔ (ہ ۔ اسم مونث) نیکی۔ بہتری۔ نیکوئی۔ خیر خواہی۔ ہمدردی۔ فایدہ نیک نامی۔ حسن۔ خوبی۔ احسان۔ سلوک۔ غمدگی۔

بھلائی رہنا ۔ (ہ ۔ فعل) نیک نامی رہنا۔ نام نیک یادگار رہنا۔ نیکی قائم رہنا۔

بھلائی لینا ۔ (ہ ۔ فعل) نیکی کمانا۔ ثواب حاصل کرنا۔ دعا لینا۔

بھل بھل ۔ (ہ ۔ اسم صوت ۔ مونث) پانی کے بکثرت جوش درگرنے کی آواز۔

بھلبھلانا ۔ (ہ ۔ فعل) کسی چیز کو بھوبل یا بالو ریت میں بھوننا۔ نیم بریاں کرنا۔ آدھ پکنی کرنا

بھلسنا ۔ (ہ ۔ فعل) نیم سوختہ۔ جھلسنا۔ بھوننا۔ جلنا۔ بھربھل یا بھاڑ میں جلا کر بھربھرا ہو جانا۔

بھلکڑ ۔ (ہ ۔ اسم صفت) فراموش کار۔ بھول جانے والا۔ بہت بھولنے والا۔

بھلمنسات ۔ یا ۔ بھلمناہٹ } (ہ) آدمیت۔ شرافت۔ انسانیت
بھلمنسائی ۔ یا ۔ بھلمنسی } آدمیت کی قدر کرنا۔

بہلنا ۔ (ہ ۔ فعل) سیر و تماشے سے خوش ہونا۔ رنج و غم ہٹ جانا۔

بہلا ۔ (ف) چمڑے کا دستانہ جو شکاری پرندے یعنی باز وغیرہ کو بٹھاتے وقت۔ شکاری لوگ ہاتھ میں پہن لیتے ہیں۔

بہلی ۔ (ہ ۔ اسم مونث) بیلوں کی ہلکی پھلکی سی گاڑی جو سواری کا کام دیتی ہے۔

بہلیا ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) صیاد۔ پرندوں کا شکاری چڑی مار۔ تیر و کمان سے مسلح۔

بھلے آئے ۔ (ہ ۔ محاورہ) طنز کے طور پر دیر میں آنے والے کے حق میں بولتے ہیں ۔ واہ صاحب خوب آئے ۔ بڑی جلدی آئے ۔ وعدہ پورا نہیں کیا اچھا انتظار دکھایا۔

بھلے کا زمانہ نہیں ۔ (محاورہ) نیکی کرنے کا زمانہ نہیں ۔ برا الٹا زمانہ ہے۔ نیکی کرو تو برائی پلے بندھتی ہے۔ دنیا احسان فراموش ہو گئی۔

بھلے کو ۔ (ہ ۔ تابع فعل) خوب ہوا۔ بہتر ہوا۔ خیر ہو گئی۔ اچھا ہو گیا۔

بھلے گھوڑے کو ایک چابک بھلے آدمی کو ایک بات ۔ (محاورہ) نیک سرشت کو ذرا سی نصیحت کافی ہے۔

بھلی ہے ۔ (ہ ۔ فقرہ) خیر ہے ۔ اچھی ہے ۔ بے مزہ ہے ۔

بہم ۔ (ف ۔ تابع فعل) آپس میں ساتھ ۔ باہم یا ہم دیگر ۔ یا ۔ یکدیگر۔

بہم پہنچنا ۔ (ہ ۔ فعل) حاصل ہونا۔ دستیاب ہونا۔ مہیا ہونا۔ میسر آنا۔

بہم پہنچانا ۔ (ہ ۔ فعل) حاصل کرنا۔ پیدا کرنا۔

بھمبا کا ۔ یا ۔ بھمبھاقا ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) آتش بار سوراخ ۔ بڑا سوراخ۔

بھمبیر ۔ (ہ ۔ اسم مونث) موٹی عورت۔ بھدی۔ عورت۔ بے سلیقہ۔ پھوہڑ بے تمیز۔

بہمن ۔ (مذ) ایرانی سال کا گیارھواں مہینہ۔ جس میں عموماً برف گرتی ہے۔

بہن ۔ (ہ ۔ اسم مونث) ہمشیرہ ۔ خواہر۔ ماجائی ۔ برا۔ بھینا۔ برابر والی کو بھی خطاب کرتے وقت بولتی ہیں۔

بہنا ۔ (ہ ۔ فعل) جاری ہونا ۔ پانی کی طغیانی میں چلا جانا۔ پھسل جانا۔ جگہ سے ہٹ جانا۔ نو ہنا۔ اسقاط حمل ہونا۔ (صرف جانوروں کے حق میں) چلا جانا۔ جیسے کہاں بہ گیا۔ ہوا چلنا۔ پھوڑا پھوٹنا۔ رقیق ہونا۔ پتلا ہونا جیسے دال بہ گئی پگھلنا ۔ تپنا۔ غارت ہونا۔ برباد ہونا۔ بدنیت ہونا۔ اُدھلنا۔ خراب ہونا۔ تفلّ کا پرے چلا جانا۔ تتر بتر ہونا۔ بکثرت انڈے دینا۔ بہت سے جھول نکالنا۔

بھُننا ۔ (ہ ۔ فعل) جلنا۔ بریاں ہونا۔ تپنا۔ حسد سے جلنا۔ کسی کی دولت و عزت کو دیکھ کر کڑھنا۔ غصہ میں بُرا فروختہ ہونا۔ روپے یا نوٹ کا توڑنا ہونا۔

بہنا ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) دھنیا۔ حلاج ۔ ندّاف ۔

بہنیا پا ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) منہ سے بہن بنا لینا۔ بہنیلا پن۔ سہیلی پن۔ بہن بنانا

بھُنّاس ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) لکڑی کا موٹا کھونٹا جس سے ہاتھی کو باندھتے ہیں ۔

بھُنانا ۔ (ہ ۔ فعل) جلانا۔ برماکرانا۔ روپیہ تڑانا۔ خوردہ کرانا۔

بھنّانا ۔ (ہ ۔ فعل) کسی صدمے سے دماغ چکرانا۔ جوٹ کے باعث دماغ سے بھن بھن کی آواز نکلنا۔ خرچ سے عاجز آنا۔ گھبرانا۔

بھُنائی یا بھنوائی ۔ (ہ ۔ اسم مونث) معاوضہ۔ بھنانے کی اجرت۔ کٹوتی ۔ بٹا۔

بھنبھوڑنا ۔ (ہ ۔ فعل) درندے جانور کی طرح دانتوں سے کسی چیز کو کاٹنا۔ پھاڑنا۔ نوچ نوچ کر کے کھانا۔

بھنبھنا ۔ (ہ ۔ اسم صفت) غنغنہ ۔ ناک میں آواز دینے والا ۔ گنگنا کر بولنے والا۔

بھنبھنانا ۔ (ہ ۔ فعل) مکھیوں کا کسی چیز پر بھنکنا۔ بھن بھن کرنا۔ شور کرنا

بھنبھناہٹ ۔ (ہ ۔ اسم مونث) مکھیوں کے پروں کی آواز۔

بھنبھیری ۔ (ہ ۔ اسم مونث) ایک پتنگے کا نام ہے ۔ جو برسات میں ہوتا ہے تیز دوڑنے والا۔ پھرتیلا ۔ چست ۔ چالاک۔



بھنٹا ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) بینگن ۔ بتاؤں ۔ بادنجان۔

بھنڈ ۔ بھنڈا ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) سوکھا ہوا ڈالا ۔ گھپّا ۔ گھنا ۔ تمر اور نرم چیزیں مل کر جو ایک ڈالا سا بندھ جاتا ہے ۔ جیسے کھجوروں کا بھنڈا۔ بنا ہوا تمباکو۔

بھنڈار ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) گودام ۔ ذخیرہ ۔ پانی کا ذخیرہ پانی کا خزانہ۔ پانی کی سطح۔

بھنڈارا ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) فقیروں کا لنگر۔ عام خیرات خانہ۔ کھوپہ ہی بڑی پیٹ ۔ بطن ۔ شکم ۔ پھکیتی میں حریف کے بائیں پہلو پر ضرب مارنا۔

بھنڈاری ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) باورچی ۔ خانساماں ۔ گودام کا محافظ ۔ ذمہ دار تقسیم خوراک کرنے والا فقیر۔

بھُنڈ پیرا ۔ یا ۔ بھُنڈ ورتا ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) منحوس ۔ چندرا ۔ سبز قدم ۔ بھونڈے پاؤں والا۔

بھنڈ سال ۔ یا ۔ بھنڈسار ۔ (ہ ۔ اسم مونث) جائے ذخیرہ ۔ غلہ ۔

کھتا۔ گودام۔ گنج۔ کوٹھا جس میں مہنگا بیچنے کی غرض سے غلہ جمع رکھا جائے۔

بھنڈسالی ۔ (ہ۔اسم مذکر بہ ترکیب فاعلی) کھتا بھرنے والا۔ وہ شخص جو بامید گراں فروشی غلہ جمع رکھے (بیائے نسبتی۔) کھنے کا بھکاند بردار غلہ۔ گلا سڑا اناج

بھنڈ کرنا ۔ (ہ۔فعل) بگاڑنا۔ خراب کرنا۔ توڑنا۔ بے رونقی کرنا۔ بدنظمی کرنا ذلیل کرنا۔

بھنڈی ۔ (ہ۔اسم مونث) ایک ترکاری کا نام ہے۔ کھڑی توری۔

بھنڈے خانہ ۔ (ہ۔اسم مذکر) وہ مکان جہاں حقے کا سامان رہتا ہے

بھنڈیلا ۔ (ہ۔اسم مذکر۔ تصغیر از بھانڈ) نقال مگر گھٹیا درجے کا۔ مسخرا پھکڑ باز۔

بھنک ۔ (ہ۔اسم مونث) دھیمی آواز۔ ہلکی سی آواز۔ اڑتی بات۔ مکھیوں کی آواز۔

بھنکتی صورت ۔ (دُر۔اسم مونث) گھناؤنی صورت۔ بھونڈی صورت۔

بھنکنا ۔ (ہ۔فعل) مکھیوں کا بھنبھنانا۔ اور ہجوم کرنا۔ سست اور کاہل بیٹھنا خالی بیٹھنا۔

بھنگ ۔ (ہ۔اسم مونث) سبزی بھجیا۔ بنگ۔ ٹھنڈائی۔ ایک قسم کی نشیلی بوٹی شکستگی۔ بربادی۔ مسماری۔

بھنگ ڈالنا ۔ (ہ۔فعل) خرابی ڈالنا۔ بربادی ڈالنا۔ خرابی کرنا۔

بھنگ کرنا ۔ (ہ۔فعل) توڑنا۔ مسمار کرنا۔ تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ غارت کرنا۔ خراب کرنا۔ بگاڑنا۔

بھنگ کے بھاڑ سے میں جانا ۔ (ہ۔محاورہ) رائیگاں جانا۔ مفت جانا ضائع ہونا۔

بھُنگا ۔ (ہ۔اسم مذکر) چھوٹا سا اڑنے والا کیڑا۔ جو برسات کے دنوں میں پیدا ہوتا ہے۔ اور گوبر کے بھل کے اندر بھی ہوتا ہے۔

بھنگرا ۔ (ہ۔اسم مذکر) ایک بدبودار بوٹی کا نام ہے۔

بھنگڑا ۔ (ہ۔اسم مذکر۔ فاعل) بہت بھنگ پینے والا۔ سبزی باز۔ گپی۔ بکواسی۔ یاوہ گو۔ ایک کھیل کا نام ہے۔

بھنگن ۔ (ہ۔اسم مونث) مہترانی۔ حلال خوری صفائی کرنے والی خاکروب عورت بھنگ پینے اور بیچنے والی عورت۔

بھنگی (ہ۔مذ) خاکروب صفائی کرنے والا۔ مہتر۔ حلال خور۔ بھنگ پینے والا ایک قسم کا لٹو جو چلتے اور گھومتے وقت آواز دیتا ہے۔

بھنگی ۔ (ہ۔اسم مونث) بانس کی موٹی سی لکڑی جس کے دونوں سروں پر رسیاں باندھ کر بوجھ اٹھاتے ہیں۔

بھنگیڑا ۔ (ہ۔اسم مذکر) گھٹیا ہوئی بھنگ بیچنے والا۔ پسی ہوئی بھنگ بیچنے والا۔

بھنگیڑ خانہ ۔ (دُر۔اسم مذکر) وہ مقام جہاں بھنگ گھوٹی اور پیسی جائے۔

بھنگیرن ۔ (ہ۔اسم مونث) ساقن۔ بھنگ اور حقہ پلانے والی عورت۔

بھنور ۔ (ہ۔اسم مذکر) گرداب۔ ورطہ۔ پانی کا چکر۔ بلا۔ غم۔ محکمہ۔ الزام۔

بھنور پڑنا ۔ (ہ۔فعل) گرداب پڑنا۔ پانی کا چکر جانا۔

بھنور جال ۔ (ہ۔اسم مذکر) دنیا کے پھندے۔ زمانے اور دنیا کی گردش

بھنور کلی ۔ (ہ۔اسم مونث) لوہے وغیرہ کا حلقہ جو کتے یا بکری کے گلے میں ڈالا جاتا ہے۔

بھنوئی ۔ (ہ۔اسم مذکر) بہن کا خاوند۔ جیجا۔ دولھا بھائی۔ شوہر خواہر۔

بھنی ۔ (ہ۔اسم مونث) پہلی بکری۔ سب سے پہلے دام جو دکان کھولتے ہی دکان دار گاہک سے وصول کر کے گلے میں ڈالتا ہے۔

بھنیلی ۔ (ہ۔اسم مونث) منہ بولی بہن۔ خواہر خواندہ۔ سہیلی۔

بھُو ۔ (ہ۔اسم مونث) نئی۔ بیاہی ہوئی عورت۔ جورو۔ بیوی۔ استری۔ زوجۂ پسر۔ معزز عورت۔

بھُو بیگم نام رکھنا ۔ (اُر۔محاورہ) اپنی عزت خود ظاہر کرنا۔ اپنے منہ میاں مٹھو۔ فخریہ لقب اختیار کرنا۔

بھُوری کنواری۔ ساس رہی واری / بھُو آئی بیاہی۔ پر گئی کنواری } منگنی کے بعد بھُو کے کہنے تک کے ناز اٹھائے جاتے ہیں اور شادی ہونے پر ساس نندیں لڑنے جھگڑنے لگتی ہیں۔

بھَو / بھے } (ہ۔اسم مذکر) خوف۔ ڈر۔ دہشت۔

بھُوم یا بھُوں ۔ (ہ۔اسم مونث) مٹی۔ خاک۔ زمین۔ دھرتی۔

بھوں نہ بچھا سب سے اچھا ۔ (ہ۔مثل) طنزاً۔ فضول خرچ آدمی کے نسبت بولتے ہیں۔ بے فکر۔ بے پروا۔ نہ کسی سے لینا نہ کسی کا دینا۔ اپنا گزارہ جس طرح ہو کر لیا۔ زمین کی فکر نہ بیلوں کا ذکر۔

بھُوآ ۔ (ہ۔اسم مونث) ہندو کی بہن۔ پھوپھی۔ پھپھی۔

بھُوانی (ہ۔اسم مونث) شیورانی۔ شیو جی۔ کی استری۔ درگا دیوی۔ پاربتی۔ ہوا۔ چیچک۔ سیتلا۔ ٹھنڈی۔

بھُوبل ۔ (ہ۔اسم مونث) تیز گرم راکھ۔ خاکستر۔ گرم۔ گرم ریت۔

بھُوپالی ۔ (ہ۔اسم مونث۔ صفت) (بیائے نسبتی) بھوپال کی چیز۔ ریاست بھوپال کا رہنے والا۔ ایک راگنی کا نام بھی ہے۔

بھُوت ۔ (ہ۔اسم مذکر) ناپاک روح۔ خبیث۔ پلید۔ شیطان۔ پریت۔ جن ہندوستانی حکما کے نزدیک عناصر سے ایک عنصر (بحالت صفت) جسم، جسیجڑ۔ پیچھا نہ چھوڑنے والا۔ سر ہو جانے والا۔ بدصورت۔ بدشکل۔ بدمست۔ نشہ میں چور۔ جوانی کے جوش میں مست۔

بھُوت اُتارنا ۔ (ہ۔فعل) منتر یا عمل کے ذریعہ پریت کی تکلیف رفع کرنا۔ جن اُتارنا۔ آسیب دُور کرنا۔ عفریت اتارنا۔

بھُوت اُترنا ۔ (ہ۔فعل) عفریت اترنا۔ خفگی دُور ہونا۔ پریت کا اثر دور ہونا۔ ہوش میں آجانا۔ آپے میں آجانا۔

بھُوت بننا ۔ (ہ۔فعل) نشہ میں مست ہونا۔ گرد آلودہ ہونا۔ بہت ہی مصروف ہونا۔ جیسے کھیل میں بھوت بن رہا۔ یعنی سر منہ کی خبر نہیں ہمہ تن مصروف ہے۔ عنصہ ہونا۔ برافروختہ ہونا۔ چم پیچھڑ ہونا۔ جن ہونا۔ آگ بگولا ہونا۔

بھُوت چڑھنا ۔ (ہ۔محاورہ) نشے یا جوانی کے جوش کا سوار ہونا۔ مغلوب الغضب ہونا۔

بھُوت کا پکوان ۔ (ہ۔اسم مذکر) مفت کی دولت۔ وہ پکوان اور مٹھائی جو بھوت کے ذریعے سے ملے۔

بھوت ہو کر چمٹنا ۔ (ہ۔فعل) سر ہو جانا۔ نہایت گرو ہونا۔ چم چپڑ ہونا۔ پیچھا نہ چھوڑنا۔ چمٹ ہی جانا۔

بھوت ہونا ۔ (ہ۔فعل) نشہ میں غرق ہونا۔ غصے میں آگ بگولا ہونا۔ غصے میں آپے سے باہر ہو جانا۔

بھوتنی ۔ (ہ۔اسم مونث) بھوت کی جورو۔ بدشکل۔ بدصورت۔ ڈائن چڑیل بھوتنی۔

بھوج ۔ (ہ۔اسم مذکر) کھانا۔ دعوت۔ ضیافت۔ قنوج کے ایک مہاراجہ کا کا نام ہے۔ بھنا ہوا گوشت۔

بھوجائی۔ یا۔ بھوجی ۔ (ہ۔اسم مونث) زن برادر۔ بھائی کی بیوی۔ بھاوج۔ بھاوجہ۔

بھوج پتر ۔ (ہ۔اسم مذکر) اصل میں ایک درخت کی چھال ہے جو تہ در تہ ورق کی طرح ہوتی ہے۔ پرانے زمانے میں لوگ اس سے کاغذ کا کام لیتے تھے۔

بھوجن ۔ (ہ۔اسم مذکر) کھانا۔ اہار۔ خوراک۔ طعام۔ اُلش۔

بھوجن کرنا ۔ (ہ۔فعل) کھانا۔ کھانا۔ تناول فرمانا۔

بھوجی ۔ (ہ۔اسم مونث) بھوجیا۔

بھوچکا ۔ (ہ۔اسم مذکر و صفت) خوف سے بدحواس۔ ہک دھک۔ ہکا بکا۔ حیران متعجب۔ متحیر۔ حیرت زدہ۔ ششدر۔

بھودل ۔ (ہ۔اسم مذکر) ابرک۔ ابرق۔

بھور ۔ (ہ۔اسم مونث) صبح۔ فجر کا تڑکا۔ بامداد۔ یگاہ۔ گھڑدم۔ چھرا۔ برادہ۔ ریزہ ٹکڑا۔ ٹھکن۔ تنگی۔ یہ لفظ بواؤ مجہول ہے۔

بھور اڑانا (ہ۔محاورہ) ضرچ کرنا۔ ضائع کر دینا۔ کنگال بنا دینا۔

بھور کرنا ۔ (ہ۔فعل) مار مار کر چور کر دینا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

بھور ہونا ۔ (ہ۔فعل) تھک جانا۔ چور ہونا۔ صبح ہونا۔ تڑکا ہونا۔ ختم ہونا تنگی میں آنا۔ کنگالی ہونا۔ بڑھاپا آنا۔

بھورا ۔ (ہ۔اسم صفت مذکر) مٹیالا سا رنگ۔ شتری رنگ۔ سُرخی اور زردی سے سیاہ رنگ۔ نیلا بھورا کبوتر۔

بھورا ۔ (ہ۔اسم مذکر) ریزہ۔ چھوٹا سا ٹکڑا۔ مٹھائی یا روٹی کا ذرا چورا۔ بواؤ مجہول۔

بھوری ۔ (ہ۔اسم صفت مونث) بھورا کی تانیث۔ نیز وہ روٹی جو انگاروں پر پکائی جاوے۔

بھورے ۔ (ہ۔اسم مذکر) بھورا کی جمع۔ ریزے۔ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے۔ مٹھائی اور کھانے وغیرہ کے ریزے۔ جن کو مکھی یا چیونٹی لے جا سکے۔

بھور ۔ (ہ۔اسم مونث) وہ زمین جس میں تزوید کے باوجود بھی کچھ نہ اگ سکے شور زمین۔ ریگستانی۔ ریتلی زمین۔ ریت کا ٹلہ۔

بھوڑا ۔ (ہ۔اسم مذکر) واپسی کا کھانا۔ احضر۔ ولیمہ۔ واپس آیا۔ اُلٹا پھرا۔ آگیا آپہنچا۔

بھوسا ۔ (ہ۔اسم مذکر) بھس۔ اناج کے پودوں کا چورا۔ توڑا۔ توڑی۔

بھوسی ۔ (ہ۔اسم مونث تصغیر از بھس) سبوس۔ چھلکا۔ چوکر۔ غلہ کا وہ چھلکا جو آٹے میں سے نکلتا ہے۔ چھان۔

بھوک ۔ (ہ۔اسم مونث) اشتہاء۔ چوگا۔ گرسنگی۔ کھانے کی خواہش۔ کھدبا۔ ضرورت۔ حاجت۔ چاہ۔ چاہت۔ بخاروں کی اصطلاح میں گنجائش۔ بھائی۔

بھوک بند ہونا ۔ (ہ۔فعل) بھوک نہ رہنا۔ کھانے کی خواہش نہ ہونا۔

بھوک بھاگنا ۔ (ہ۔فعل) کھانے پینے کی پروا نہ رہنا۔ کسی عمدہ اور خوب صورت چیز کی بے حد تعریف۔ مثلاً اُسے دیکھ کر بھوک بھاگتی ہے۔

بھوک پیاس ۔ (ہ۔اسم مونث) کھانے پینے کی ضرورت۔ عزیبی۔ نہوت۔ فاقہ کشی۔ تنگی۔ مفلسی۔ ناداری۔ کنگالی۔

بھوک لگنا ۔ (ہ۔فعل) اشتہا ہونا۔ کھدبا لگنا۔ معدے کا کھانے کو مانگنا۔

بھوک مرنا ۔ (ہ۔فعل) اشتہا زائل ہو جانا۔ بھوک لگ کر نہ رہنا۔

بھوکا ۔ (اُ۔اسم صفت) بزیادتی (و) فاعلیت۔ گرسنہ۔ بھوک والا۔ خواہش مند۔ خواہاں غرض مند۔ فاقہ کش۔ نہایت مفلس۔ کنگال۔ عاشق۔ دلدادہ۔ مفتون جیسے محبت کا بھوکا۔ مشتاق۔ تمنا کرنے والا۔

بھوکا بھوک ہی بھوک پکارتا ہے ۔ (ہ۔مثل) ناداری۔ اور مجبوری سے تنگ آکر۔ انسان سب کچھ کر بیٹھتا ہے۔ لاچاری سب کچھ کرا دیتی ہے۔

بھوکا بنگالی بھات بھات پکارے (ہ۔مثل) جن اشیا کی ضرورت اور عادت ہوتی ہے وہی یاد رہتی ہے اور انھی کی طلب ہوتی ہے۔

بھوکے شریف سے، رجے رذیل سے ڈرنا چاہیے ۔ (ہ۔مثل) بمعنی ظاہر۔ وجہ یہ کہ ان میں سے کسی کو بھی ہمدردی بنی نوع میں ہوتی۔

بھوگ ۔ (ہ۔اسم مذکر) کھانا۔ طعام۔ پرشاد۔ دیوی۔ دیوتا کا چڑھاوا۔ بر بھاتی۔ یعنی کرشن جی کے بھوگ کا راگ۔ اردھبھن۔ خوشی۔ مسرت عیش وعشرت۔ جماع۔ صحبت۔ ہم بستری۔ بھگتنا۔ بدلہ۔ نتیجہ۔ صلہ۔ عوض جزا۔ سزا۔

بھوگ بلاس ۔ (ہ۔اسم مذکر) رنگ رلیاں۔ عیش و نشاط۔ عیش وعشرت۔

بھوگ پڑنا ۔ (ہ۔فعل) لعنت پڑنا۔ گالیاں پڑنا۔ دُر دُر پھٹ پھٹ ہونا۔

بھوگ دینا۔ یا۔ بھوگ سنانا ۔ (ہ۔فعل) گالیاں دینا۔ لعنت ملامت کرنا۔

بھوگ کرنا ۔ (ہ۔فعل) مجامعت کرنا۔ ہم بستر ہونا۔ صحبت کرنا۔

بھوگ لگانا ۔ (ہ۔فعل) کھانا۔ تناول کرنا۔ نوش کرنا۔ دیوتاؤں پر شیرینی وغیرہ چڑھانا۔

بھوگلی ۔ (ہ۔اسم مونث) ناک کی کھوکھلی نلکی۔ جس میں لونگ پہنا جاتا ہے۔

بھوگنا ۔ (ہ۔فعل) حظ اٹھانا۔ مزے اڑانا۔ عیش کرنا۔ آنند منانا۔ جھیلنا۔ سہنا۔ اٹھانا۔ گوارہ کرنا۔ بھگتنا۔ بھرنا۔

بھوگی ۔ (ہ۔اسم مذکر۔ فاعل۔ بیائے فاعلیت) عیاش۔ زناکار۔ شہوت پرست۔ زانی۔ خوش خوراک۔ کھانے والا۔ دیوتاؤں پر چڑھاوا چڑھانے والا۔ گرہستی۔ خانہ دار۔

بھول ۔ (ہ۔اسم مونث) چوک۔ سہو۔ نسیان۔ غلطی۔ خطا۔ قصور۔ لغزش۔ دھوکا۔ شبہ۔

بھول چوک ۔ (ہ۔اسم مونث) سہو و خطا۔ لغزش۔

بھول چوک لینی دینی ۔ (اُ۔محاورہ) سہو و خطا۔ غلطی سلطی جو حساب و کتاب میں ہو گی۔ وہ کمی بیشی لی دی جائے گی۔

بھول کے نہ آنا (اُ۔محاورہ) غلطی سے آنا۔ دھوکے سے آنا۔ سہو سے آنا۔

بھول کے نہ کرنا - (ہ فعل) بالکل نہ کرنا۔ ہرگز ہرگز نہ کرنا۔
بھول کے یاد کرنا - (اُردو محاورہ) غلطی سے یاد کر لینا۔ کسی کام کو فراموش کر کے پھر یاد کر لینا۔
بھولا - (ہ اسم صفت مذکر) سیدھا سادہ۔ نادان۔ بچوں کی سی عقل والا۔ کم عقل۔ ناتجربہ کار۔ اپنے برے بھلے میں تمیز نہ کرنے والا۔ انجان۔ ناواقف۔
بھولا بھالا - (ہ اسم صفت مذکر) (اصل میں بھولا بالا تھا) سیدھا شریف بے تکلف۔ معصوم۔ بے گناہ بچہ۔
بھولاپن یا بھولپن - (ہ) سادگی۔ سادہ پن۔ معصومیت۔ نادانی۔ نرمی اور ملائمت جو بچوں اور معشوقوں کے چہرے پر برستی ہے۔
بھولا بسرا / **بھولا چوکا** - (ہ اسم صفت) یاد سے اترا ہوا۔ چوکا ہوا۔ بھولا ہوا۔ از یاد رفتہ۔ راہ گم کردہ۔ راستا بھولا ہوا۔
بھولا بھٹکا - (ہ اسم صفت) ہٹا ہوا۔ راہ بھولا ہوا۔ راستا چوکا ہوا۔ اتفاقیہ۔
بھولا چیتا - (ہ اسم مذکر) نسیان کے غلبہ والا۔ خراب حافظہ۔ سہو و نسیان کی عادت۔
بھولا ناتھ - (ہ اسم مذکر) شیو جی کا لقب۔ مہادیو۔
بھول بھلیاں - (ہ اسم مونث) پیچ دار راستے کا مکان۔ گورکھ دھندے کا مکان۔ بار بار سمجھانے سے بھی سمجھ میں نہ آنے والا کام۔ عقل حیران کرنے والا رستا۔ فہم چکرا دینے والا راہ۔ تھیٹر کا ایک تماشا۔


بھول بھلیاں

بھولنا - (ہ فعل) فراموش ہونا۔ چت سے اترنا۔ یاد نہ رہنا۔ غلطی کرنا۔ چوکنا۔ ٹھٹکنا۔ گمراہ ہونا۔ راستا گم کرنا۔ دھوکا کھانا۔ غرور کرنا۔ جیسے دولت پر نہ بھولو یہ تو آنی جانی ہے۔ غافل ہونا۔ بے خبر رہنا۔
بھولی - (ہ اسم مونث) سیدھی سادی عورت۔ بے کینہ عورت۔ کمسن عورت۔ سادہ مزاج۔
بھولی بھولی باتیں - (ہ اسم مونث) پیاری پیاری بچوں کی سی باتیں سادہ باتیں۔
بھولی بھولی صورت - (دُر اسم مونث) پیاری پیاری صورت۔ اچھی صورت۔
بھولے بھٹکے - (ہ تابع فعل) کبھی کبھار۔ گاہ بگاہ۔ گاہے گاہے۔ بھول چوک کر۔ راستا بھول کر۔
بھوم - (ہ اسم مونث) زمین۔ دھرتی۔ بوم۔ دنیا۔ سنسار۔ خلقت۔ جگہ۔ مقام۔ ملک۔ وطن۔
بھومیا - (ہ اسم مذکر) زمیندار۔ مالک زمین۔ گاؤں کا پرانا باشندہ۔ وہ سانپ جو نہایت پرانا ہو اور جس کے سر پر بال نکل آئے ہوں۔
بھومیا بھوپال کھیڑے کے رکھوال - (ہ مثل) پرانا سانپ گاؤں اور خزانے کا محافظ ہوتا ہے۔
بھوں - (ہ اسم مونث) ابرو۔ وہ کمان کی شکل کے بال جو دونوں آنکھوں کے اُوپر کی طرف اور ماتھے کے نیچے کی طرف ہوتے ہیں۔ ابرو
بھوں تاننا / **بھوں چڑھانا** - (ہ فعل) ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ آزردہ ہونا۔ ناز و نخرے کرنا۔
بھون - (س اسم مذکر) جگہ۔ مقام۔ استھان۔ مندر۔ مٹھ۔ دیوی کا استھان۔
بھوں بھوں رونا - (ہ فعل) بڑی آواز سے رونا۔ کتے کی طرح رونا۔ کتے کی زاری کی نقل۔
بھوں بھوں کرنا - (ہ فعل) بھونکنا۔ بکنا۔ بکواس کرنا۔ کتے کی طرح بولنا۔ کتے کی آواز کی نقل کرنا۔
بھوں بھوں کرنا - (ہ فعل) بھنبھنانا۔ بھنورے کے پروں کی آواز نکلنا بھنورے کی بولنا۔
بھونپو - (ہ اسم مذکر) نرسنگا۔ تُرئی۔ شیو جی کی فوج کا تُرم۔ سینگ کا ایک لمبا سا ترم۔ جسے جوگی اور بیراگی فقیر اکثر بجاتے ہیں۔

بھونپو

بھونچال - (ہ اسم مذکر) لرزہ۔ زلزلہ۔ زمین کا ہلنا۔
بھونچکا - (ہ اسم صفت) خائف۔ متحیر۔ ہکا بکا۔ حیران۔ پریشان۔ ششدر
بھوندو - (ہ اسم صفت مذکر) سادہ بے وقوف۔ احمق۔ ناتجربہ کار۔ ناواقف۔
بھونڈا - (ہ اسم صفت مذکر) بے ڈھب۔ بدصورت۔ بدوضع۔ زشت۔ زبون۔
بھونڈا پن - یا - بھونڈ پنا - (ہ اسم مذکر) بدتمیزی۔ پھوہڑپن۔ بد تہذیبی۔
بھونڈا نخرہ - (دُر اسم مذکر) بُرا نخرہ۔ بیجا ناز۔
بھونڈی - (ہ اسم مونث) بھونڈا کی تانیث۔
بھونر - (ہ اسم مذکر) گرداب۔ پانی کا چکر۔ مصیبت۔ آفت۔ بلا۔
بھونرا - (ہ اسم مذکر) مدھپ۔ ایک کالے رنگ کا تتیا سا جانور جو لکڑی میں چھید کر کے رہتا ہے۔ ہندی شاعر اس کو کنول اور چمپا کے پھول کا عاشق کہتے ہیں۔
خانہ۔ چاہ زنداں۔ نہایت کالی چیز کو اس سے تشبیہ دیا کرتے ہیں۔
بھونری - (ہ اسم مونث) بھونرے کی مادہ۔ بالوں کا چکر جو سر میں ہو یا گھوڑے کے بدن پر جسے منحوس سمجھتے ہیں۔ (یورپ) بانی۔ انگارہ پر پکی ہوئی روٹی۔
بھونسنا - (ہ فعل) بھونکنا۔ گھسیٹرنا۔ چبھونا۔
بھونکانا - (ہ فعل) بکوانا۔ پٹوانا۔ چغوانا۔ تنگ کرنا۔ ستانا۔ چھیڑ کر یا مار کر غل چھوانا۔
بھونکڑا - (ہ اسم صفت) موٹا۔ بھدا۔ موٹی ناک۔ چوڑی چپٹی ناک۔ بڑے بڑے ٹانکوں کی سلائی۔ شلنگا۔ لمبے لمبے شلنگوں کی سلائی۔
بھونکنا - (ہ فعل) کتے کا چلانا۔ بھوں بھوں کرنا۔ عو عو کرنا۔ بکنا۔ یاوہ گوئی کرنا۔ غل مچانا۔ چیخنا۔
بھونکنا - (ہ فعل) چبھونا۔ کسی کے جسم میں نوک دار چیز گھسانا۔ گھونپنا موٹی سلائی کرنا۔ بواؤ مجہول ہے۔
بھونتا - (ہ فعل) برباں کرنا۔ جھلسانا۔ تکنا۔ جلانا۔ سوختہ کرنا۔ لفظ

دے کر جی جلانا - دق کرنا - سخت برافروختہ کرنا -

بھی - (ہ) حرف عطف، نیز - ہم - اور - علاوہ - زیادہ - شامل -

بھئی - (ہ - اسم مذکر) بھائی کا مخفف - برابر والوں کو اس لفظ سے خطاب کرتے ہیں - کبھی پیار اور محبت کے موقع پر بھی بولتے ہیں -

بھے - (ہ - اسم مذکر) ڈر - خوف - اندیشہ - خطرہ - چنتا -

بھوڑا - (ہ - مذ) وہ کھانا جو لڑکی کو وداع کرتے وقت اس کے ساتھ کیا جاتا ہے -

بہی - (ہ - اسم مونث) ناشپاتی یا امرود کے مشابہ ایک پھل ہوتا ہے -

بہی - (ہ - اسم مونث) روزنامچہ - کھاتا - ایک لمبی کتاب جس میں مہاجن لوگ اپنا حساب کتاب رکھتے ہیں -

بہی پر اتارنا / **بہی پر چڑھانا** - (ہ - فعل) بہی پر نقل کرنا - روزنامچہ سے یادداشت کی کتاب میں لکھنا - بہی میں درج کرنا -

بہی کھاتا - (ہ - اسم مونث) کتاب حساب - اکونٹ بک - مسودہ - خسرہ - پرانا حساب کتاب -

بہی در بہی - (ہ - تابع فعل) مسلسل - تفصیل وار - پہ در پہ -

بھتیا - (ہ - اسم مذکر) بھائی کی تصغیر -

بھیادوج - (ہ - اسم مونث) جم دتیا - ایک تہوار کا نام ہے - جس میں بہنیں بھائیوں کے واسطے ٹیکا اور شیرینی لے کر جاتی ہیں -

بھیانک - (ہ - اسم صفت) ڈراؤنا - منحوس - خوفناک - ہو کا عالم - سنسان ویران - اجاڑ - بے رونق - متحیر - پریشان - سہما ہوا - ڈرا ہوا -

بھیت - (ہ - اسم مونث) دیوار - پاکھا -

بھیتر - (ہ - تابع فعل) اندر - درمیان - بیچوں بیچ - گپت - پوشیدہ -

بھیتری - (ہ - اسم صفت) اندرونی - باطنی - گپت سپت - پوشیدہ -

بھیتری مار - (ہ - اسم مونث) گپت مار - وہ مار جس کا نشان جسم پر بالکل نہ ہو - مگر اندرونی اعضا کو صدمہ پہنچ جائے - ضرب خفی - اندر ہی اندر طعنے دے کر جلانا - اندرونی تکلیف - رگھو مار - (پنجابی)

بھینٹ / **بھینٹ** - (ہ - اسم مونث) بھڑنا - لڑنا - سامنا کرنا - مقابلہ کرنا - ملاپ ملاقات - نذر - پیشکش - سوغات - تحفہ - قربانی - صدقہ - رشوت -

بھینٹ بکرا - (ہ - اسم مذکر) نذر کا بکرا - منت کا بکرا - صدقے کا بکرا -

بھینٹ چڑھانا / **بھینٹ دینا** - (ہ - فعل) کسی دیوی دیوتا کی نذر کرنا - نذرانہ دینا - صدقہ دینا - رشوت دینا - چڑھاوا چڑھانا -

بھینٹ لینا - (ہ - فعل) نذر لینا - چڑھاوا لینا - مار ڈالنا -

بھینٹ ہونا - (ہ - فعل) ملاقات ہونا - مقابلہ ہونا - آمنا سامنا ہونا - چھو جانا - قربان ہونا -

بھیجا - (ہ - اسم مذکر) سر کا مغز - دماغ - سر کا گودا - (بصورت فعل) روانہ کیا - چلتا کیا -

بھیجا پکنا - (ہ - فعل) سر درد ہونا - دماغ کا درد کرنا - بہت سی بک بک سنتے سنتے دماغ تھک جانا -

بھیجا کھانا - (ہ - فعل) بہت ہی بکواس سے دماغ پریشان کرنا - منت کی سمع خراشی کرنا -

بھیجنا - (ہ - فعل) روانہ کرنا - چلتا کرنا - اخراج کرنا - جیسے لعنت بھیجنا -

بھیچنا - (ہ - فعل) دبانا - سکیڑنا - کچلنا - مسوسنا - مجبور کرنا - بھچیڑنا -

بھید - (ہ - اسم مذکر) راز - ستر - پوشیدہ بات - دل کی بات - اثر - نشان - پتا - بوجھ - پہیلی - حال احوال - کیفیت - کانوں کا سوراخ - چھید - موتی کا سوراخ -

بھید دینا - یا - کہنا - یا - کھولنا - (ہ - فعل) افشائے راز کرنا - بھرم کھولنا - گھر کی بات ظاہر کر دینا -

بھید لینا - (ہ - فعل) راز کی بات معلوم کرنا - منشا معلوم کرنا - عندیہ لینا -

بھیدی - (ہ - اسم مذکر - بیائے فاعلیت) بھراز - رازدار - واقف حال - دل کی بات جاننے والا - کھوجی - سراغ رساں - جاسوس - مخبر - دوت -

بہیا - (ہ - ا - مو - بہنا) سیل - طغیانی کی رو -

بہیر - (ہ - اسم مونث) سامان و متعلقین فوج - فوج کے شاگرد - لور - دکاندار وغیرہ جو فوج کے ساتھ پیچھے پیچھے ہوا کرتے ہیں - اسباب فوج - بھیڑ - انبوہ - ہجوم -

بہیر بھنگا - (دُ - اسم مونث) اصل میں بہیرو بنگا - بنگاہ ہے بمعنی شاگرد پیشہ خیمے - تنبو اور دکاندار وغیرہ -

بھیروں - (ہ - اسم مذکر) ایک دیوتا کا نام ہے - جسے شیو جی کا اوتار کہتے ہیں - چھ راگوں میں سے ایک راگ کا نام - (بحالت صفت) نہایت خوفناک - ڈراؤنا -

بھیروں ناچنا - (ہ - محاورہ) اجاڑ ہونا - ویرانی برسنا - محفل کا بے رونق ہو جانا -

بھیروی - (ہ - اسم مونث) بھیروں کی استری - درگا - کالی دیوی - بھیروں راگ کی پانچ راگنیوں میں سے ایک راگ کا نام بھی ہے -

بھیروی اڑانا - یا - گانا - (ہ - محاورہ) عیش منانا - خوشی کرنا - خوشی کے راگ الاپنا - لطف اٹھانا - مزے لوٹنا -

بھیروی مارنا - (محاورہ) - تباہی پھرنا - بربادی چھانا - ویران ہو جانا - برباد ہونا -

بھیڑ - (ہ - اسم مونث) بھیڑی - غریب - طبع - مسکین - مجازاً - دولت مند - مالدار بے آزار - کسی کو تکلیف یا آزار نہ پہنچانے والا -

بھیڑ جہاں جائے گی وہیں منڈے گی - (ہ - مثل) غریب جہاں جائے گا وہاں خدمت ہی کرے گا - کمزور سے نقصان ہو ہی نہیں سکتا - مالدار کو ہر جگہ خرچ کرنا ہی پڑے گا -

بھیڑ پر اون کوئی نہیں چھوڑتا / **بھیڑ پر اون کون چھوڑتا ہے** - (ہ - مالدار سے سب ہی نفع اٹھانا چاہتے ہیں اور اٹھاتے ہیں - مسکین سے سب ہی کام لیتے ہیں -

بھیڑ چال - یا - بھیڑیا چال - (ہ - اسم مونث) اندھا دھند تقلید - رسم کی پابندی - کورانہ تقلید -

بھیڑیا دھسان - (ہ - اسم مونث) اتنا کیچڑ جس میں بھیڑ پھنس کر چل نہ سکے - بھیڑوں کا گھس گھس کر بیٹھنا -

بھیڑ کا بچہ چھوڑ دے - (ہ) سیتلا پوجتے وقت عاکر دب یہ فقرہ بولتے ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ صدقہ میں بھیڑ کا بچہ مجھ سے مول لے کر چھوڑ دے آنکھ مچولی کے کھیل میں سب لڑکوں کے چھپ جانے کے بعد ایک لڑکا بھی آواز لگاتا ہے - تاکہ دائی اس کو چھوڑ دے جس کی آنکھیں بند کی ہیں -

بھیڑ کی لات ٹخنوں تک ۔ (ہ ۔ مثل) کمزور کی دلاوری سے کسی کو نقصان نہیں پہنچ سکتا۔

بھیڑ ہے ۔ (ہ ۔ محاورہ) حقارت اور تحقیر کے لیے کسی کو کہہ دیا کرتے ہیں مراد بے وقوف ہے ۔ کورانہ تقلید کرتا ہے ۔ مسکین غریب اور احمق ہے ۔

بھیڑ ۔ (ہ ۔ اسم مونث) انبوہ ۔ ہجوم از دحام ۔ جمگھٹ ۔ مصیبت ۔ بپتا ۔ آفت

بھیڑ بھاڑ / **بھیڑ بھڑکا** } (ہ ۔ اسم مونث) بہت سی خلقت کا ہجوم ۔ جمگھٹا ۔ کثرت زیادتی (مذکر) دھوم دھام ۔ شان وشوکت ۔ بہتات ۔

بھیڑ پڑنا ۔ (ہ ۔ فعل) مصیبت پڑنا ۔ آفت آنا ۔ دقت پڑنا ۔ بپتا پڑنا ۔

بھیڑ چھنٹنا ۔ (ہ ۔ فعل) ہجوم کا کم ہو جانا ۔ چھیڑ ہونا ۔ لوگوں کا کہیں ، کہیں چلے جانا ۔

بھیڑا ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) بلیلہ ۔ بڑی ہڑ کی قسم کا ایک پھل ہے ۔ جو دوائیوں میں کام آتا ہے ۔ تر پھلے کا تیسرا جزو ہے (یعنی تر پھلا ۔ ہڑ ۔ آملہ ۔ بھیڑا)

بھیڑنا ۔ (ہ ۔ فعل) دروازہ بند کرنا ۔ موندنا ۔ تالا لگانا ۔ قفل لگانا ۔ اڑا کرنا ۔ دنیا جیسے دس روپے میں صرف پانچ ہی بھیڑے ہیں ۔

بھیڑیا ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) ایک درندہ جانور ہے کتے کی قسم کا ۔ گرگ ۔ ذئب ۔

بھیڑیا

بھیس ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) روپ ۔ ہیئت ۔ شکل ۔ لباس ۔ وضع ۔ قطع ۔ طور ۔ ڈھنگ ۔ رنگ ۔ روپ ۔ سانگ ۔ بانہ ۔ گروہ ۔ فرقہ ۔ تقلید ۔ پیروی ۔

بھیس بدلنا ۔ (ہ ۔ فعل) لباس بدلنا ۔ سوانگ بھرنا ۔ روپ بدلنا ۔ جیسے بھیس بدل کر بہروپیا بن گیا ۔ ہیئت تبدیل کرنا ۔

بھیک ۔ یا ۔ بھیکھ ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) دہرن ۔ میں آتا ہے یعنی بھیس بال ۔ مرئے سر ۔

بھیک ۔ (ہ ۔ اسم مونث) ہچکچا ۔ بھکشا ۔ گدائی ۔ خیرات ۔ وہ چیز جو خیرات میں ملے ۔ اللہ کے نام کی چیز ۔

بھیک کا ٹکڑا ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) اللہ واسطے کی روٹی ۔ لقمہ گدائی ۔ مانگنے کی چیز ۔

بھیک کا کٹھیکرا ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) کشکول ۔ کاسۂ گدائی ۔ مانگنے کا پیالہ ۔ کمائی کا آلہ ۔ وہ چیز جس کے ذریعے سے کچھ کمایا جائے ۔

بھیک مانگنا ۔ (ہ ۔ فعل) مانگنا ۔ کرنا ۔ خیرات لینا ۔ گدائی کرنا ۔

بھیگنا ۔ (ہ ۔ فعل) تر ہونا ۔ گیلا ہونا ۔ مدار ہونا ۔

بھیگی بلی بتانا ۔ (اڑ ۔ محاورہ) ٹالنا ۔ بیجا عذر کرنا ۔ بہانہ بنانا ۔ اس کی روایت یہ ہے کہ ایک آقا اور ایک نوکر کسی مکان میں سو رہے تھے ۔ آقا نے کہا کہ بھئی چراغ گل کر دو ۔ نوکر بولا کہ حضور منہ پر کپڑا لے لیں اندھیرا ہو جائے گا ۔ تھوڑی دیر بعد پھر آقا نے کہا کہ ایسے دیکھ تو سہی ابر ہو رہا تھا ۔ بارش ہو رہی ہے یا کھلی گیا ۔ نوکر تھا بانوٹی اور پرلے درجے کا سست ۔ بولا حضور بارش ہو رہی ہے ۔ آقا نے کہا کہ کم بخت اندر پڑا پڑا جواب دیے جاتا ہے ۔ تجھے کس طرح معلوم ہوا کہ بارش ہو رہی ہے ۔ نوکر نے کہا حضور ابھی ابھی بلی باہر سے آئی تھی اور میں نے اس کی پیٹھ پر جو ہاتھ لگایا تو وہ بھیگی ہوئی تھی اسی وجہ سے بھیگی بلی بنا تا عذر بے جا کی ضرب المثل ہو گئی ۔

بھیگی مُرغی ۔ (ہ ۔ اسم مونث) نہایت مسکین شکل ۔ بہت منکسر مزاج ۔ عاجز ۔

بھیل ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) ہندوستان کے قدیم اصلی باشندے جو آریا ہندوؤں سے مغلوب ہو کر پہاڑوں اور جنگلوں میں جا چھپے ۔ آج کل اضلاع دکن اور راجپوتانے میں کسی قدر آباد ہیں ۔

بھیلسا ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) ریاست گوالیار میں ایک مقام ہے جہاں کا مٹکو بہت مشہور ہے ۔ بلکہ اب تمباکو کو بھی بھیلسا بولتے ہیں ۔

بھیلی ۔ (ہ ۔ اسم مونث) گڑ کی ڈھیلی جو عام طور پر پانچ یا تین کو گرام کی ہوتی ہے ۔

بھیلیا ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) چڑی مار ۔ شکاری ۔ شکاری قوم کا نام ۔ بھلی چلانے والا ۔

بہیمیت ۔ (ع) (مصدر بہمی میت) جانور پن ۔

بھیمڑا پسارنا ۔ (ہ ۔ فعل) ہندی بچے کا بھوں بھوں کر کے رونا ۔ (از روئے حقارت بولتے ہیں ۔

بھیں ۔ (ہ ۔ اسم صوت) بھیڑ اور بھینس کی آواز ۔

بھینا ۔ (ہ ۔ اسم مونث) بہن کی تصغیر ۔ بہن ۔ خواہر ۔ ہمشیرہ ۔ بوا ۔

بھینا ۔ (ہ ۔ اسم صفت) ہلکا ۔ نرم ۔ لطیف میٹھا ۔ جیسے بھینا رنگ ۔

بھیں بھیں رونا ۔ یا ۔ کرنا ۔ (ہ ۔ فعل) روتے وقت آواز نکالنا ۔ بری آواز سے رونا ۔

بھینٹ ۔ (ہ ۔ اسم مونث) ملاقات ۔ مٹھ بھیڑ ۔


بھینس

بھینٹنا ۔ (ہ ۔ فعل) ملنا ۔ بھڑنا ۔

بھینس ۔ (ہ ۔ اسم مونث) ایک مویشی کا نام ۔ مادہ گاؤمیش ۔ مجہ ۔

بھینس کے آگے بین بجائی ۔ بھینس کھڑی رد چھپائی ۔ (ہ ۔ مثل) ناقدر شناس کے سامنے ہنرنمائی فضول ہے ۔ اندھے کے آگے رونا اپنے نین کھونا ۔

بھینسا ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) بھینس کا نر ۔ جاموس ۔ سانڈ ۔

بھینسیا داد ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) ایک قسم کا نہایت سخت اور بہت بڑا داد جس کی بے حد خارش ہوتی ہے ۔ یہ مرض خون کی خرابی سے ہوتا ہے ۔

بھینسیا گوگل ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) ایک قسم کا گوند ہے جو دواؤں میں پڑتا ہے ۔

بھینسا لہسن ۔ (ہ ۔ اسم مذکر) ایک قسم کا بڑا سرخ یا سیاہ داغ جو اکثر گال یا گردن وغیرہ کی جلد میں ہو جاتا ہے ۔

بھینگا ۔ (ہ ۔ صفت) احول اکھڑ چشم ۔ آنکھ دبا کر دیکھنے والا ۔ جسے ہر ایک شے دو دو دکھائی دیتی ہے ۔ ڈھیرا ۔

بھینگرا بجانا ۔ (ہ ۔ محاورہ) بد آوازی سے رونا ۔ نہایت بری آواز سے رونا ۔ بلند آواز سے رونا ۔

بھینی بھینی بو ۔ (ہ ۔ اسم مونث) ہلکی ہلکی خوش بو ۔ میٹھی میٹھی مگر تیز بڑی لطیف خوش بو ۔

بہیمہ ۔ (ع ۔ مذ) چارپایہ ۔ درندہ (جمع بہائم)

ب - ی - ے

بی۔ (اُر۔اسم مونث) بی بی کا مخفف۔ عورتوں کو خطاب کرنے کا کلمہ ہے (کیوں بی کیا کہتی ہو) بیوی۔ رانی۔ بیگم۔ بائی۔

بی۔ اے۔ (B.A. انگ۔ مذ) بیچلر آف آرٹس کا مخفف۔ انگریزی کی چودھویں جماعت جس کا امتحان یونیورسٹی میں ہوتا ہے۔

بی۔ ایس۔ سی۔ سائنس میں بی۔ اے۔ B.Sc.

بی۔ او۔ ایل۔ فارسی۔ یا۔ عربی میں بی۔ اے۔ B.O.L.

بی آپسا۔ بی عائشہ کا بگڑا ہوا تلفظ۔

بی شادی۔ (اُر۔اسم مونث) (عورتیں) بچوں کو ڈرانے کا ایک فرضی نام۔ ہوّا۔ بھاؤ۔

بے۔ (ہ۔حرف ندا) ابے کا مخفف ہے۔ ارے۔ رے۔ ادنیٰ یا بے تکلفی والے کو اس لفظ سے پکارا کرتے ہیں۔ ایک ترکی خطاب۔

بے۔ (ف۔حرف نفی) بغیر۔ سوائے۔ بدون۔ بن۔ بنا۔ بلا۔

بے آپے ہونا۔ (اُر۔محاورہ) بے قابو ہونا۔ اپنے قابو سے باہر۔ مضطرب ہونا۔ اشتعال انگیز بات سن کر غصہ سے سخت برافروختہ ہونا۔

بے اختیار۔ (ف۔اسم صفت۔ بہ ترکیب فاعلی) سابقہ۔ بے بس۔ بے قابو۔ مجبور۔ لاچار۔ نہایت۔ ازحد۔ جبراً۔ چاروناچار۔ صفت۔ بے اختیاری۔ (مو)

بے ادب۔ (فع۔اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) گستاخ۔ شریر۔ شوخ۔ غیر مہذب (صفت) بے ادبی۔

بے آرام۔ بے چین۔ بے کل۔ دکھ میں مبتلا۔

بے آرامی۔ (ف۔مو۔اسم مونث۔ بیائے مصدری) بے چینی۔ بے کلی۔ دکھ سکھ۔

بے اصل۔ (فع۔اسم صفت) بے بنیاد۔ بے ٹھکانے۔ غلط۔ خلاف۔ لغو۔

بے اندازہ۔ (ف۔اسم صفت) بے حساب۔ بہت۔ ازحد۔ بہت زیادہ۔ بے قیاس۔

بے اولاد۔ (فع۔مذ) ۔لاولد۔ وہ آدمی جس کے بیٹا بیٹی کوئی نہ ہو۔

بے ایمان۔ (فع۔اسم صفت) بددین۔ وہ شخص جس کا دین دھرم کچھ نہ ہو۔ بدعقیدہ۔ خائن۔ بددیانت۔ دغاباز۔ جھوٹا۔ بے انصاف ظالم۔ بدنیت۔ (صفت) بے ایمانی۔ (مو)

بے باق کرنا۔ (ہ۔فعل) چکا دینا۔ ادا کر دینا۔ بھرنا۔ حساب صاف کر دینا۔ قرضہ سے سبکدوش ہونا۔ فیصلہ کرنا۔ چکتا دینا۔ (صفت) بے باقی۔ (مو)۔

بے باک۔ (ف۔اسم صفت) نڈر۔ بے خوف۔ آزاد۔ دلیر۔ باہمت۔ پُرحوصلہ بہادر۔ (صفت) بے باکی۔ (مو)۔

بے بال و پر۔ (ف۔اسم صفت) بے یار و مددگار۔ وہ شخص جس کا کوئی رفیق نہ ہو۔ مفلس۔ غریب۔ نادار۔ بے سامان۔ عاجز۔ مجبور۔ کمزور۔ بے کس لنڈ منڈ۔ جس کے پر بال گرے ہوں۔ (صفت مو) بے بال و پری۔

بے بدل۔ (فع۔اسم صفت) لاثانی۔ بے نظیر۔ بے مثل۔ یکتا۔

بے برگ و نوا۔ محتاج۔ (صفت۔مو) بے برگی۔ بے نوائی۔

بے بس۔ (ف۔اسم صفت) لاچار۔ مجبور۔ کمزور۔ بے قابو۔ ناتواں۔ قیدی۔ محبوس۔ بے اختیار۔ بے بسی۔ (صفت مو)

بے بہا۔ (ف۔اسم صفت) بیش قیمت۔ بہت قیمتی۔ انمول۔

بے بہرہ۔ (ف۔اسم صفت) بے نصیب۔ بدقسمت۔ خالی۔ محروم۔ آوارہ واہیات۔ ہرزہ گرد۔ بے تمیز۔ بے ادب۔ گستاخ۔ بے بہرہ

بے بہرہ پھرنا۔ (ف۔فعل) خراب وخستہ پھرنا۔ بے پردہ اور آوارہ پھرنا۔

بے بہرہ ہونا۔ (ف) فعل۔ بدتمیز ہونا۔ آزاد ہونا۔ بے سرا ہونا۔ محروم ہونا۔ تہذیب سے خالی رہنا۔ کسی کے کہنے پر چلنا۔

بے پایاں۔ بے حد۔ بے اندازہ۔

بے پیر۔ (ف۔اسم صفت) بے کس۔ بے سروسامان۔ بے یار و مددگار۔ غریب مفلس۔ لاچار۔ کنگال۔ محتاج۔ لنڈ منڈ۔ ناتواں۔ (صفت) بے پری (مو)۔

بے پردہ۔ بے شرم۔ وہ عورت جس نے پردہ اٹھا دیا ہو۔

بے پردگی۔ (ف۔اسم مونث۔ بیائے مصدری) پردہ کا نہ ہونا۔ بے حیائی۔ بے شرمی۔ بے حجابی۔ پردہ دری۔ افشائے راز۔

بے پر کی اُڑانا۔ (اُر۔محاورہ) بے بنیاد بات کہنا۔ گپ لڑانا۔ ان ہونی چیز مشہور کرنا۔ جھوٹ موٹ کسی بات کو شہرت دے دینا۔

بے پروا۔ (ف۔اسم صفت) بے فکرا۔ غافل۔ مستغنی۔ امیر۔ سست۔ کاہل۔ توکل کرنے والا۔ بے غرض۔ صفت بے پروائی۔ (مو)

بے پیر۔ (ف۔اسم صفت) بے اُستاد۔ بے ایمان۔ بداعتقاد۔ سنگ دل بے رحم۔ کرمٹو۔ بے مرشد۔ بے ہنر۔ بے کمال۔ کوئی کام نہ جاننے والا۔ خود غرض۔ شریر۔ بے پیرا۔ وہ شخص جس کا کوئی اُستاد یا پیر نہ ہو۔ خود منڈا۔

بے تاب۔ (ف۔اسم صفت) کمزور۔ ناتواں۔ ضعیف۔ بے چین بے قرار مضطرب۔ غیر متحمل۔ برداشت نہ کرنے والا۔

بے تابانہ۔ (ف۔اسم صفت۔ بہ ترکیب تشبیہی) بے قراروں کی طرح مضطرباً گھبرایا ہوا۔ بہت جلد۔ بلا تامل۔ فی الفور۔

بے تابی۔ (ف۔اسم مونث۔ بیائے مصدری) بے چینی۔ گھبراہٹ۔ اضطراب

بے تاثیر۔ (فع۔اسم صفت) بے اثر۔ بے فائدہ وہ چیز جس کا اثر کچھ نہ ہو۔

بے تالا۔ جو تالی سُر سے واقف نہ ہو۔

بے تحاشا۔ (فع۔تابع فعل) بے تابانہ۔ مضطربانہ۔ بدحواس۔ اندھا دھند۔ بلا تامل۔ بے دھڑک۔ بے حد۔ نہایت۔ بہت۔ ازحد۔ بغیر بکسوئی۔

بے تردد۔ بغیر فکر اور اندیشے کے۔ وہ زمین جو کاشت نہ کی گئی ہو۔

بے تقصیر۔ (فع۔اسم صفت) بے قصور۔ بے جرم۔ بے گنہ۔ ناحق۔ بے وجہ۔

بے تکلف۔ (فع۔اسم صفت) بلا تصنع۔ بے بناوٹ۔ بلا تامل۔ بے دھڑک آزادانہ۔ بے حجاب۔ سیدھا سادہ۔ محرم راز۔ رازداں۔ ہم مشرب۔

بے تکلفی۔ (فع۔اسم مونث۔ بیائے مصدری) آزادی۔ بے ساختگی۔ دلی کھلی۔ ہمرنگی۔ سادگی۔ محرم راز ہونا۔

بے تمیز۔ (فع۔اسم صفت) پھوہڑ۔ بدتمیز۔ بے سلیقہ۔ بدلحاظ۔ بے ادب

صفت۔ بے تمیزی۔ (مو)۔

بے تھاہ۔ (ہ۔اسم صفت) نہایت گہرا۔ بہت عمیق۔ بے پایاں۔ بے ٹھکانے بے پتے۔ اگم جس کے نیچے زمین نہ ہو۔

بے ٹکٹ۔ ٹکٹ کے بغیر۔ بے اجازت۔ یکایک۔ بے ٹونٹی کا بندھنا۔ (صفت) احمق۔ مخبوط۔ بے وقوف بنانے کے لیے۔

بے ٹھکانے / **بے ٹھٹور** (ڈر۔اسم صفت) بے موقع۔ بے محل۔ وہ شخص جس کا ٹھکانا کچھ نہ ہو۔ بے نشان پتا۔ بے ہودہ۔ بکواسی۔

بے ثبات۔ (فع۔اسم صفت) ناپائیدار۔ فانی۔ بودہ۔ بوسیدہ۔ بے ثباتی۔ (مو)

بے جا۔ (ف۔اسم صفت) بے موقع۔ نامناسب۔ نازیبا۔ بے ٹھکانے۔ فضول۔ بے کار۔ ناحق۔ نکمی بات۔

بے جان۔ (ف۔اسم صفت) مردہ۔ پژمردہ۔ کمزور۔ نحیف۔ بوسیدہ۔ بودا۔ جمادات۔

بے جگر۔ بہادر۔ بے دل (صفت)۔ بے جگری۔ (مو)۔

بے جوڑ۔ (ڈر۔اسم صفت) ثابت۔ پورا جس میں جوڑ نہ ہو۔ بے مثل۔ لاثانی یکتا۔ جس کے مقابلے کا اور نہ ہو۔

بے چارہ۔ (ف۔اسم صفت) لاعلاج۔ عاجز۔ مجبور۔ لاچار۔ غریب۔ ناتواں۔ کمزور۔ کم بخت۔ صفت۔ بے چارگی (مو)۔

بے چراغ کرنا۔ (ڈر فعل) ویران کرنا۔ اجاڑنا۔ تباہ کر دینا۔ بلا انڈیشر۔

بے چوبہ۔ (ف۔اسم مذکر) وہ خیمہ جس میں چوبیں نہ ہوں۔ مراد آسمان۔

بے چون چرا۔ بغیر کسی حیل وحجت کے۔

بے چھری حلال کرنا۔ حد سے زیادہ ظلم کرنا۔

بے چین۔ (ڈر۔اسم صفت) بے قرار۔ مضطرب۔ بے کل۔ بیاکل۔

بے چینی۔ (ڈر۔اسم مونث۔ بیائے مصدری) بے قراری۔ اضطراب۔ بے کلی

بے حال۔ (فع۔اسم صفت) برے حال والا۔ ردی۔ خراب۔ خستہ۔ بوسیدہ بے جان۔ قریب المرگ۔ کمزور۔ ناتواں۔ بیمار۔ صفت سے حالی۔ (مو)

بے حجاب۔ (فع۔اسم صفت) بے پردہ۔ بد لحاظ۔ بے تکلف۔ نکلم کھلا۔ صفت۔ بے حجابی۔ (مو)۔

بے حد۔ (فع۔اسم صفت) بے شمار۔ بے حساب۔ بہت سا۔ نہایت۔ زیادہ بے انتہا۔ بے روک۔

بے حرمت کرنا۔ (ڈر محاورہ) عورتوں کو ذلیل کرنا۔ رسوا کرنا۔ کسی کی عصمت عفت خراب کرنا۔ عزت اتارنا۔

بے حرمتی۔ (ڈر۔اسم مونث۔ بیائے مصدری) فضیحت۔ رسوائی۔ بے عزتی۔

بے حساب۔ (فع۔اسم صفت) بے شمار۔ ان گنت۔ لاتعداد۔ غیر متعدد

بے حس وحرکت۔ (فع۔اسم صفت) غیر متحرک۔ حیران۔ ششدر۔

بے حمیتی۔ (فع۔اسم صفت) بے مروت۔ بے حیا۔ بے شرم۔ بے غیرت مذہبی اور قومی جوش سے بالکل خالی۔ بے ننگ و ناموس۔ صفت بے حمیتی (مو)۔

بے حواس۔ (فع۔اسم صفت) بے خود۔ بے خبر۔ مضطرب۔ بے اوسان۔ صفت۔ بے حواسی۔ (مو)۔

بے حیا۔ (فع۔اسم صفت) بے شرم۔ بے غیرت۔ گستاخ۔ بے ادب۔ بدلحاظ۔

بے حیائی۔ (فع۔اسم مونث۔ بیائے مصدری) بے شرمی۔ بے غیرتی۔ گستاخی

بے حیائی کا برقع منہ پر لینا / **بے حیائی کا برقع اوڑھنا** / **بے حیائی کا جامہ پہننا** (ڈر محاورہ) بے شرمی۔ اختیار کرنا۔ بے شرم ہونا۔ بالکل بے حیا بن جانا۔ شرم کے پاس نہ جانا۔ بے غیرتی پر کمر باندھنا۔

بے خار۔ جس میں کانٹا نہ ہو۔ جو کسی کو ضرر نہ پہنچا سکے۔

بے خانماں۔ جس کا کہیں گھر در نہ ہو۔

بے خبر۔ (فع۔اسم صفت) ناواقف۔ انجان۔ غافل۔ ناگاہ۔ اچانک۔ بلا اطلاع جاہل۔ گمراہ۔ بھولا بھٹکا ہوا۔ بے شعور۔ ناعاقبت۔ اندیش۔ بے خبری (مو)

بے خطر۔ (فع۔اسم صفت) نڈر۔ بے خوف۔ دلیر۔ دلاور۔ محفوظ۔ امن سے۔

بے خود۔ (ف۔اسم صفت) بے ہوش۔ آپے سے باہر۔ بے خبر۔ مدہوش مخمور۔ بد حواس۔

بے خودی۔ (ف۔اسم مونث۔ بیائے مصدری) بے ہوشی۔ عالم وجد۔ بے خبری۔

بے خور وخواب۔ (ف۔اسم صفت) بہت بے قرار۔ بے تاب۔ وہ آدمی جو نہ کھائے۔ نہ سوئے۔ نہایت بے آرام۔ مصیبت کا مارا۔

بے داغ۔ (ف۔اسم صفت) صاف۔ بے عیب۔ پاک۔ دھبے کے بغیر۔ بے جرم۔ بے گناہ۔

بے دال کا بودم۔ احمق۔ اُلو۔ بوم۔

بے دخل کرنا۔ (ڈر محاورہ) خود قبضہ کر لینا۔ دوسرے کا قبضہ ہٹا دینا۔ خالی کرنا۔ الگ کر دینا۔ صفت۔ بے دخلی۔ (مو)۔

بے درد۔ (ف۔اسم صفت) بے رحم۔ ظالم۔ نیک دل۔ کٹر۔ کٹھور۔

بے درد قصائی کیا جانے پیڑ پرائی۔ (ڈر مثل) ظالم۔ بے رحم۔ دوسرے کی تکلیف کو محسوس نہیں کرتا۔

بے دردی۔ (ف۔اسم مونث۔ بیائے مصدری) ظلم۔ بے رحمی۔ سنگدلی۔

بے دریغ۔ (ف۔اسم مونث) بہت کثرت سے۔ جیسے بے دریغ روپیہ لٹانا بے افسوس۔ بلا تامل۔ جیسے بے دریغ چلے آؤ۔ کسی بات سے انکار نہ کرنے والا۔ فیاض۔ (صفت) بے دریغی۔ (مو)۔

بے درنگ۔ فوراً۔ تیز۔ چلاک۔ بغیر دیر لگائے۔

بے دست وپا۔ (ف۔اسم صفت) لنجا۔ اپاہج۔ معذور۔ مجبور۔ بے یار و مددگار۔ وہ آدمی جس کے ہاتھ پاؤں نہ ہوں۔

بے دستور۔ (فع۔اسم صفت) بے قاعدہ۔ خلاف قانون۔ نامناسب۔ رواج کے خلاف۔ غیر ضابطہ۔

بے دل۔ (ف۔اسم صفت) نڈر۔ بہادر۔ سورما۔ شور بیر۔ جری۔ بے جگر۔ غم زدہ۔ دلگیر۔ دل دکھا ہوا۔ افسردہ۔ اچاٹ۔ بے خواہش۔ تارک دنیا۔ بے نفس۔ عاشق سے مراد بھی لیتے ہیں۔ صفت۔ بے دلی (مو)۔

بے دم۔ (ف۔اسم صفت) مردہ۔ بے جان۔ کمزور۔ بودا۔ بوسیدہ۔ ہارا ہوا تھکا ٹوٹا۔ سست۔ کاہل۔

بے دماغ۔ نازک مزاج۔ زود رنج۔ صفت۔ بے دماغی۔ (مو)

بے دُودھ کا لڑکا رکھنا۔ جیلے بہانے بنانا۔ ٹال مٹول کرنا۔ ٹالنا۔

بے دوش۔ (وُر۔ اسم صفت) بے قصور۔ بے جرم۔ بے خطا۔ بے گناہ۔ بے عیب عمدہ۔ کھرا۔ اچھا۔ بے نقص۔ بے دوس

بے دُولھا کی بارات۔ وہ کام جس میں بانی یا محرک یا بہیر و موجود نہ ہو۔

بے دھڑک۔ (وُر۔ اسم صفت) بے کھٹکے۔ بے خوف۔ بے تامل۔ بہادر۔ من چلا۔

بے ڈول۔ (وُر۔ اسم صفت) بدوضع۔ بے ڈھنگا۔ بھونڈا۔ بدشکل۔ بد صورت۔ ناموزوں۔ بدزیب۔

بے ڈھب۔ (وُر۔ اسم صفت) بے طور۔ بے طرح۔ بُری طرح۔ جیسے بے ڈھب گرا۔ غیر موقع۔ بے ٹھکانے۔ جیسے بے ڈھب چوٹ لگی۔ بکثرت۔ بافراط جیسے بے ڈھب پٹا۔ الوکھا۔ نرالا۔ فسادی۔ چالاک۔ شریر۔ جیسے بڑا بے ڈھب آدمی ہے۔ کڑھب۔ بے اختیار۔ بے ڈول۔ بے قابو۔ دل چلا۔ خطرناک۔ مہلک۔ جیسے بیماری بے ڈھب ہے۔ سخت۔ کڑا۔ دشوار بہت مشکل۔ بدنما۔ بھونڈا۔ جیسے کیا بے ڈھب شکل بنائی ہے۔

بے ڈھنگا۔ (وُر۔ اسم صفت) بے سلیقہ۔ کڑھب۔ غیر موزوں۔ بدزیب۔ بدنما۔ بدچلن۔ بدوضع۔ بدراہ۔ (مذ) بے ڈھنگا پن۔

بے ذوق۔ بے مزہ۔ پھیکا۔ جس میں کسی حس سے محظوظ ہونے کا مادہ نہ ہو۔

بے راہ۔ (ف۔ اسم صفت) بے راہ۔ بے طریقہ۔ بے اصول بے جا۔ بدچلن ناجائز۔ بے دستور۔ ناانصاف۔ ظالم۔ بے موقع۔

بے ربط۔ (فع۔ اسم صفت) بے میل۔ بے مشق۔ بے تعلق۔ بے واسطہ۔ اٹپٹا۔

بے رحم۔ (فع۔ اسم صفت) بے درد۔ ظالم سنگ دل نامہربان۔ بے ترس۔ صفت۔ بے رحمی۔ (مو)

بے رُخ ہونا۔ (اُر۔ محاورہ) مُنہ پھیر لینا۔ بے مروتی کرنا۔ ناراض ہونا۔ بگڑنا۔ متوجہ نہ ہونا۔ دھیان نہ رکھنا جیسی بدلنا۔

بے رُخی کرنا۔ (اُر۔ محاورہ) ناراض ہونا۔ بگڑ جانا۔ توجہ نہ کرنا۔ بے مروتی برتنا۔ خیال سے بات نہ کرنا۔

بے رُوپ۔ (وُر۔ اسم صفت) بدنما۔ بدشکل۔ بدزیب۔ بھونڈا۔

بے ریا۔ (فع۔ اسم صفت) جس میں ظاہرداری نہ ہو۔ صاف۔ باطن۔ سادہ دل۔ جو مکار نہ ہو۔ کھرا۔ دکھاوے بغیر۔ بلا تصنع۔

بے ریش یا بے ریشا۔ (ف۔ اسم صفت) اَن داڑھیا۔ وہ نوعمر جس کے منہ پر داڑھی نہ آئی ہو۔ ناتجربہ کار۔ سادہ رُو۔

بے ریشہ۔ (ف۔ اسم صفت) بے ستون۔ صاف۔

بے زبان۔ (ف۔ اسم صفت) نہ بولنے والا۔ کم گو۔ خاموش گونگا۔ شرمیلا حیادار۔ بالحاظ مظلوم۔ مجبور۔ مسکین۔ حیوان۔ جانور۔ صفت۔ بے زبانی (مو)۔

بے زر۔ (ف۔ اسم صفت) مفلس۔ نادار۔ غریب۔ کنگال۔ محتاج۔ صفت بے زری (مو)

بے زوال۔ (فع۔ اسم صفت) پائیدار۔ غیر فانی۔ قائم رہنے والا۔ نہ گھٹنے والا۔

بے ساختہ۔ (ف۔ اسم صفت) بے تکلف۔ بے تصنع۔ بنائے بغیر۔ بلا بناوٹ۔ بے ارادہ۔ برجستہ۔ بلا تامل۔ فی البدیہہ۔ صفت بے ساختگی (مو) نیز بے ساختہ پن۔ (مذ)

بے سِرا۔ (وُر۔ اسم صفت) آوارہ۔ بدچلن۔ بے سردار۔ خودرائے۔ وہ شخص جس کا کوئی وارث یا کہنے سُننے والا نہ ہو۔ خود مختار۔ بے بہرہ۔

بے سُرا۔ (وُر۔ اسم صفت۔ بہ ترکیب فاعلی) تال سُر کے بغیر۔ سُر تال سے باہر۔ بے تالا۔

بے سروپا۔ (ف۔ اسم صفت) حیران و پریشان۔ مجبور۔ محتاج۔ کنگال۔ بے ٹھکانے۔ بے معنی۔ غلط۔ لغو۔ بے بنیاد۔ غیر معتبر۔ صفت۔ بے سروپائی۔ (مو)۔

بے سروسامان۔ (ف۔ اسم صفت) کنگال۔ محتاج۔ بے اسباب و آلات۔

بے سلیقہ۔ (فع۔ اسم صفت) بے تمیز۔ پھوہڑ۔ بے ڈھنگا۔ بے ہنر۔ صفت۔ بے سلیقگی۔ (مو)۔

بے شعور۔ (فع۔ اسم صفت) نادان بے خبر۔ بے عقل۔ بے تمیز۔ صفت۔ بے شعوری۔ (مو)۔

بے شک۔ (ف۔ تابع فعل) بے شبہ۔ ٹھیک۔ صحیح۔ درست۔ لازمی ضروری۔

بے شمار۔ (ف۔ اسم صفت) ان گنت۔ لاتعداد۔ غیر متعدد۔ بکثرت۔ بہت۔

بے صبر (فع۔ اسم صفت) بے قرار۔ ناصبور۔ ناشکیبا۔ مضطرب۔

بے صبرا بے چین۔

بے صبری۔ (فع۔ اسم مونث۔ بیائے مصدری) بے قراری۔ بے اطمینانی گھبراہٹ۔

بے طرح۔ (فع۔ تابع فعل) بُری طرح سے۔ عجیب طور پر۔ (بحالت صفت) نہایت۔ از حد۔ وہ غزل جو شاعر بے میں طرح کے خلاف ہو۔

بے عزت۔ (فع۔ اسم صفت) ذلیل۔ رسوا۔ بے آبرو۔ بے قدر۔ بے حرمت۔

بے عزتی کرنا۔ (وُر۔ فعل) ذلیل کرنا۔ رسوا کرنا۔ ہتک کرنا۔ بے آبرو کرنا کرکری کرنا۔

بے عقل۔ (فع۔ اسم صفت) احمق۔ بے سمجھ۔ نادان۔

بے عیب۔ (فع۔ اسم صفت) بے نقص۔ بے داغ۔ پاک صاف۔ کھرا۔ عمدہ اچھا۔

بے غرض۔ (فع۔ اسم صفت) بلا مطلب۔ بے تعلق۔ خواہش نہ رکھنے والا۔

بے غل و غش۔ (فع اسم صفت) بلا تکلف۔ اندھا دھند۔ اناپ شناپ بے دریغ۔ کھوٹ اور کھٹکے کے بغیر۔ بے اندیشہ۔ (بحالت تابع فعل) بے پروائی سے۔ بے فکری سے۔ بکثرت۔ بافراط۔

بے غیرت۔ (فع۔ اسم صفت) بے حیا۔ بے شرم۔ ذلیل۔ بے عزت۔ رُسوا بے حمیت۔ جس میں مذہبی جوش نہ ہو۔

بے فائدہ۔ (فع۔ اسم صفت) بے سود۔ بلا منافع۔ لاحاصل۔ ناحق۔ بے کار۔ اکارت بر تھا۔

بے فیض۔ (فع۔ اسم صفت) بخیل۔ کنجوس بے فائدہ وہ شخص جس سے کوئی فائدہ نہ پہنچے۔

بے فیض اگر یوسف ثانی ہے تو کیا ہے۔ (وُر۔ مثل) جس سے کوئی

فایدہ نہ ہو۔ وہ نکما ہے۔

بے قابو۔ (فع۔ اسم صفت) بے اختیار۔ اپنے بس سے باہر۔ آزاد۔ خود مختار۔

بے قاعدہ۔ (فع۔ اسم صفت) بے دستور۔ بے ضابطہ۔ بے ترتیب۔ بے موقع

بے قدرا۔ (فع۔ اسم صفت) قدر نہ کرنے والا۔ ناشکر گزار۔ کسی کی خوبی یا ہنر کی داد نہ دینے والا۔

بے قرار۔ (فع۔ اسم صفت) بے چین۔ مضطرب۔ بے صبر۔ نا صبور۔

بے قصور۔ (فع اسم صفت۔ بے گناہ۔ بے خطا۔ بے عیب۔ بے الزام۔

بے قیاس۔ (فع۔ اسم صفت) اندازے سے باہر۔ سمجھ میں نہ آنے والا۔ بے حساب۔ لا انتہا۔ ان گنت۔ بہت۔ رات گت۔

بے قید۔ (فع۔ اسم صفت) غیر مشروط۔ آزاد۔ خود مختار۔ بے روک۔

بے کار۔ (ف۔ اسم صفت) ناکارہ۔ نکما۔ خراب۔ خالی۔ معطل۔

بے کار سے بیگار بھلی۔ (ضرب مثل) خالی رہنے سے غیروں کا کام مفت کر دینا ہی اچھا ہے۔ خالی رہنے سے بلا مزدوری کام اچھا ہے

بے کاری۔ (ف۔ اسم مونث۔ بیائے مصدری) بے روزگاری۔ خالی پنا۔ خون کی خرابی۔

بے کران۔ (ف۔ اسم صفت) بہت زیادہ۔ نہایت وسیع۔ بے حدو بے کنارہ۔ بے تھاہ۔

بے کس۔ (ف۔ اسم صفت) محتاج۔ غریب۔ عاجز۔ بے یار و مددگار۔ یتیم۔ پردیسی۔ اجنبی۔

بے کل۔ (ضرب اسم صفت) بے چین۔ بے قرار۔ بے آرام۔ بے تاب۔ ناشکیبا۔

بے کلی۔ (ضرب اسم صفت) بے آرام ہونا۔ بے چینی۔ بے قراری۔ اضطراب۔ ناف تلے کی بیماری۔ ناف ٹل جانا۔ رحم کا اپنی جگہ پر نہ رہنا۔ بچہ دانی کا بے جگہ ہو جانا۔

بے کم و کاست۔ (ف۔ اسم صفت) بے گھٹائے۔ ٹھیک ٹھیک۔ جوں کا توں۔ پورے کا پورا۔ صحیح صحیح۔ بالکل صحیح و سالم۔

بے گناہ۔ (ف۔ اسم صفت) بے جرم بے خطا ناحق۔ بے وجہ۔

بے لاگ۔ (ضرب اسم صفت بے تعلق۔ بے لگاؤ۔ آزاد۔ صاف ستھرا۔ پاک غیر طرف دار۔ بے تعصب۔ غیر جانبدار۔ بلا مدد۔ بے سہارا۔

بے لطف۔ (فع۔ اسم صفت) بے مزہ۔ بے لذت۔ بدذائقہ۔ بدمزہ۔ بے سواد۔

بے لگام۔ (ف۔ اسم صفت) منہ پھٹ۔ بے ادب۔ زبان دراز۔ بدزبان شریر۔ سرکش۔ لگام کو نہ ماننے والا۔ بے قابو گھوڑا۔

بے لگاؤ۔ (ضرب اسم صفت) بے جوڑ۔ بے میل۔ بے ربط۔ الگ اور علیحدہ محفوظ مکان۔

بے محل۔ (فع۔ اسم صفت) بے جا۔ نامناسب۔ بے موقع۔ لغو اور فضول بات۔

بے محابا۔ (فع۔ اسم صفت) بے دھڑک۔ بے خوف۔ بے ڈر۔ بلا ناغہ۔

بے مروت۔ (فع۔ اسم صفت) نامرد۔ انسانیت سے خارج۔ نامہربان بے وفا طوطا چشم۔ بد اخلاق۔ بے درد بے رحم۔ نرندی۔ ظالم۔

بے مزگی۔ (ف۔ اسم مونث۔ بیائے مصدری) بے لطفی۔ باہمی رنجش۔ ناسازی۔ علالت۔

بے مزہ۔ (ف۔ اسم صفت) بے لطف۔ بے لذت۔ ناساز۔ علیل۔ بیمار۔ رنجور کبیدہ خاطر۔ خفا۔ ناراض۔ رنجیدہ۔

بے معنی۔ (فع۔ اسم صفت) لغو۔ مہمل۔ وہ لفظ جس کے کچھ معنی نہ ہوں۔ بے ہودہ۔

بے مقدور۔ (فع۔ اسم صفت) کم حیثیت۔ غریب۔ کنگال۔ مفلس۔ نادار۔

بے منت۔ (فع۔ اسم صفت) بے احسان۔ مستغنی۔ بے پروا۔ بلا کوشش بلا عذر و خرخشہ۔

بے منتا۔ (ضرب اسم مذکر) جھنگڑوں کی جھنگ چھاننے کی دو شاخی لکڑی۔ صافی۔ کسی کا احسان نہ اٹھانے والا۔

بے موجب۔ (فع۔ اسم صفت) بے وجہ۔ بلا سبب۔ ناحق۔ ناروا۔ بے جا۔ خلاف۔ دستور۔ بلا واسطہ۔

بے موسم۔ (فع۔ اسم صفت) بے رُت۔ غیر وقت۔ بے وقت۔

بے موقع۔ (فع۔ اسم صفت) بے جا۔ بے محل۔ بے وقت۔ بے فایدہ بے ہودہ۔ نامناسب۔ نازیبا۔ غیر موزوں۔

بے نام و نشاں۔ (ف۔ اسم صفت) گمنام آدمی۔ بے ٹھکانے۔ بے پتے۔

بے نصیب۔ (فع۔ اسم صفت) بدقسمت۔ کم بخت۔ نرسبھاگ۔ نالائق۔

بے نظیر و بے نظیرا۔ (فع۔ اسم صفت) لاثانی۔ بے مثل۔ یکتا۔ بے ہمتا۔ بے مثال۔

بے نقط سنانا (ضرب محاورہ) فحش گالیاں دینا۔ بے دھڑک گالیاں سنانا۔ بے لاگ گالیاں دینا۔

بے نمک۔ (ف۔ اسم صفت) بے نمک کا۔ الونا۔ پھیکا۔ بے مزہ۔ وہ آدمی جس کے رنگ میں ملاحت نہ ہو۔

بے ننگ و ناموس۔ (فع۔ اسم صفت) بے حیا۔ بے عزت۔ ننگ۔ آزار بدچلن۔ بددضع۔

بے نیاز۔ (ف۔ اسم صفت) بے پروا۔ لا طمع۔ بے غرض۔ بے احتیاج۔

بے نیازی۔ (ف۔ اسم مونث۔ بیائے مصدری) بے پروائی۔ استغنا۔ بے احتیاجی۔ آزادی مطلق العنانی۔ خود مختاری۔

بے وفا۔ (فع۔ اسم صفت) وہ شخص جو دوستی کے حق ادا نہ کرے بے مروت ناشکرا۔ نامہربان۔ وعدہ پورا نہ کرنے والا۔ دوستی نہ نبھانے والا

بے وقت۔ (فع۔ اسم صفت) بے محل۔ بے موقع۔ اول سویر۔ نامناسب۔

بے وقر۔ (فع اسم صفت لغوی معنی بن بوجھ کا۔ اصطلاح میں ذلیل و خوار۔ اوچھا کمینہ۔ بے عزت۔ بے قدر۔

بے وقری۔ (فع۔ اسم مونث۔ بیائے مصدری) بے عزتی۔ ذلت۔ رسوائی۔ بے قدری۔

بے وقوف۔ (فع۔ اسم صفت) بے خبر۔ نادان۔ جاہل۔ احمق۔ بے عقل۔

بے وقوفی۔ (فع۔ اسم مونث۔ بیائے مصدری) بے خبری۔ نادانی۔ جہالت بے عقلی۔

بے ہمت۔ (فع۔ اسم صفت) کم دلا۔ بزدل۔ سست۔ کاہل۔ کم حوصلہ۔

بے ہنر / بے ہنرا (ف۔ اسم صفت) کوئی ہنر نہ رکھنے والا۔ وہ شخص جس کے ہاتھ میں کوئی کام نہ ہو۔ نکھٹو۔ پھوہڑ۔

بے ہنگم۔ (ضرب اسم صفت) بے ہنگام کا مخفف ہے۔ بے موقع۔ بے ڈھنگا۔ بے ڈول۔ بدترتیب۔ نامناسب۔

بے ہوش ۔ (ف۔اسم صفت) بے خبر۔ ناواقف۔ بے سُدھ۔

بَیا ۔ (ہ۔اسم مذکر) چڑیا سے ذرا سا چھوٹا زرد رنگ کا پرندہ۔ یہ بڑا اچھا گھونسلا بناتا ہے۔ اس کو آدمی کئی طرح کے کرتب سکھاتے ہیں۔ مثلاً چھلا کنوئیں کی نہ تک نہ جانے دینا۔ توپ چلانا۔ ہینڈ پمپ رانا وغیرہ۔

بیابان ۔ (ف۔اسم مذکر) بے بمعنی نا اور آبان بمعنی پانی سے مرکب ہے۔ وہ سر زمین جہاں کوسوں تک پانی نہ ملے۔ ریگستان صحرا۔ ویرانہ۔ اجاڑ۔ دشت۔

بَیا پَنا ۔ (ہ۔فعل) سمانا۔ رہنا۔ بسنا۔ بیٹھنا۔ اثر کرنا۔ سرایت کرنا۔ گزرنا۔ کھٹکا ہونا۔

بیاج ۔ (ہ۔اسم مذکر) سُود۔ منافع۔ ربا۔ زیادتی۔ بڑھوتری۔ کسی جنس کے بدلے میں وہی جنس کچھ زیادہ لینا۔ مثلاً روپیہ دے کر اس کے کچھ زیادہ روپیہ لینا۔ گندم کے بدلے میں گندم وغیرہ۔

بیاج پر بیاج ۔ (ہ۔اسم مذکر) سُود در سُود۔ سُود پر سود۔ بیاج کا بیاج۔

بیاج خور } (ہ۔اسم مذکر) سود خوار۔ ربا خوار۔ جنس پر اسی جنس کا نفع کھانے
بیاجڑیا } والا۔ سود پر روپیہ چلانے والا۔

بیاجو ۔ (تابع فعل) سود پر۔ سودی۔ (مخالف صفت) وہ روپیہ جو سود پر لیا جائے۔

بیادھ ۔ (ہ۔اسم مذکر) روگ۔ بیماری۔ دُکھ۔ مرض۔ فساد۔ فتنہ۔ جھگڑا۔

بَیار۔ یا۔ بیال ۔ (ہ۔اسم مونث) ہوا۔ باد۔

بیاسی ۔ (ہ) اسم عدد۔ اسی اور دو۔ ۸۲۔ 82۔ نوے سے آٹھ کم۔

بیاض ۔ (ع۔اسم صفت) سفیدی۔ دھولا پن۔ نیز سادہ کاغذ۔ نوٹ بک پاکٹ بک۔ ڈائری۔ یادداشت کی کتاب۔ شعر لکھنے کی کاپی۔

بیاکرن ۔ (س۔اسم مذکر) اصل لفظ ویاکرن ہے۔ قواعد حرف و نحو۔ گرامر۔

بیاکل ۔ (س۔اسم صفت) مضطرب۔ بے چین بے کل بے قرار متفکر۔ بے آرام۔

بیالو ۔ (ہ۔اسم مذکر) (ہندو) طعام شب۔ رات کا کھانا۔ خوراک شب۔

بیالیس ۔ (ہ) اسم عدد۔ چالیس اور دو۔ ۴۲۔ 42۔ پچاس سے آٹھ کم۔

بیان ۔ (ع۔اسم مذکر) لغوی معنی۔ صاف صاف بولنا۔ اصطلاح میں شرح، گفتگو۔ تقریر۔ گواہی۔ اظہار۔ شہادت۔ تفصیل۔ تفسیر۔ پکھان بیجو۔ بیدا۔ رپورٹ۔ خبر۔ مقولہ۔ قول۔ ایک علم کا نام جس میں تشبیہ و استعارہ و مجاز کنایہ وغیرہ کے ذریعہ ایک معنی کو کئی طرح ادا کر سکتے ہیں۔

بیان امر واقعی ۔ (ع۔اسم مذکر) (عدالتی اصطلاح) ٹھیک بات کا اظہار۔

بیان بدلنا ۔ (ف۔فعل) عدالتی۔ اپنے اظہار۔ گواہی کو بدل دینا۔ گواہی کو پلٹ دینا۔

بیان تائیدی ۔ (ع۔اسم مذکر) (قانون) پہلے اظہار کی تائید میں کچھ کہنا۔

بیان حلفی ۔ (ع۔اسم مذکر) (قانون) قسمیہ طور پر کچھ کہنا۔ یا لکھ کر دینا۔

بیان دعویٰ ۔ (ع۔اسم مذکر) قانون۔ صورت حال۔ حقیقت حال۔ ثبوت دعویٰ۔

بیان ضمنی ۔ (ع۔اسم مذکر) (قانون) اصلی مطلب کے درمیان۔ یوں ہی آجانے والا بیان۔

بیانا ۔ (ف) (بیعانہ کسی سودے میں کچھ رقم پیشگی دینا۔

بَیانا ۔ (ہ۔فعل) جننا۔ مویشی کا بچہ دینا۔ گائے، بھینس، بکری کا بچہ پیدا ہونا۔

بیاہ ۔ (ہ۔اسم مذکر) شادی۔ کتخدائی۔ عقد۔ نکاح۔ بیجرنے۔ نکاح کے بعد دلھن کی رخصت۔

بیاہ رچانا ۔ (ہ۔فعل) شادی کی رسمیں شروع کرنا۔ خوشی منانا۔

بیاہ لانا ۔ (ہ۔فعل) دُلھن کو گھر لانا۔ شادی کرلانا۔ دلھن لے کر گھر آنا۔

بیاہ رچانا ۔ (ہ۔فعل) بالغ ہونا۔ شادی کی خواہش کرنا۔ تاریخ شادی دریافت کرنا۔

بیاہا ۔ (ہ۔اسم مذکر۔ اسم مفعول) سماعی۔ بیاہا ہوا۔ شادی شدہ۔

بیاہتا ۔ (ہ۔اسم مونث۔ اسم مفعول) سماعی، شادی شدہ عورت۔ منکوحہ عورت۔ وہ عورت جس کو شرعی یا مذہبی طور پر برات کے ساتھ بیاہ کر لائیں۔

بیاہنا ۔ (ہ۔فعل) شادی کرنا۔ نکاح کرنا۔ برات لے جا کر دلھن کو لانا۔

بیاہی بیٹی پڑوسن داخل ۔ (ورُ۔مثل) شادی ہو جانے کے بعد بیٹی چونکہ اپنے سُسرال میں رہنے سہنے لگتی ہے لہٰذا اس کا تعلق اب ایسا رہ جاتا کہ جیسا کوئی ہمسایہ ہو۔

بیاہی مانگنا ۔ شادی کی تاریخ ٹھہرانا۔

بیاہی بیٹی کا رکھنا، ہاتھی پالنے کے برابر ہے } شادی شدہ لڑکی کو رکھنا بڑے اخراجات کا سبب ہے۔

بی بی ۔ (ف۔اسم مونث) بیگم۔ بانو۔ خاتون۔ خانم۔ امیرزادی۔ شریف زادی نیک۔ پرہیزگار۔ پاک دامن عورت۔ بڑی بوڑھی۔ ساس۔ ماں۔ مالکہ۔ گھر والی۔ ہمشیرہ۔ بہن۔ بوا۔ بڑی۔ نند۔ خاوند کی بہن۔ حضرت فاطمہؓ سے بھی مراد لیتے ہیں۔ جیسے۔ بی بی کی صمک۔ یہ لفظ بول چال میں بیوی ہو گیا ہے۔

بی بی جی ۔ (ورُ۔اسم مونث) کلمۂ خطاب۔ رانی جی۔ بڑی نند۔ شوہر کی بہن۔

بی بی خطا کرے باندی پکڑی جائے ۔ (ورُ۔مثل) آقا کی خطا ہو اور الزام نوکر پر۔ بڑے کی خطا ہو غریب چھوٹے کی شامت۔

بی بی خیلا دو چٹے ایک میلا ۔ (ہ۔مثل) بدتہذیب اور پھوہڑ عورت کو زیب و زینت کی پروا نہیں ہوتی۔

بی بی زن ۔ (ورُ۔اسم صفت) پارسا عورت۔ پرہیزگار عورت۔ باعصمت نہایت پاک دامن۔ پتی برتا۔ پاکباز۔

بی بی کا دانا ۔ (ورُ۔محاورہ) حضرت فاطمہؓ کی نیاز کا کھانا۔

بی بی کا کھانا دانا کھانے والی ۔ (ورُ۔محاورہ) پاکباز اور پارسا عورت جس میں حضرت فاطمہؓ کی نیاز کا کھانا کھانے کی قابلیت ہو۔

بیپار ۔ (ہ۔اسم مذکر) اصل میں بیوپار ہے۔ لین دین۔ بنج۔ تجارت۔ سوداگری۔

بیپاری ۔ (ہ۔اسم مذکر۔ بیائے فاعلیت) بیوپار کرنے والا۔ تاجر۔ سوداگر۔ مویشیوں کا سوداگر۔ بنجارا۔ بیوپاری۔

بیت ۔ (ہ۔اسم مونث) بید۔ ایک درخت کی لکڑی جو نہایت مضبوط اور لچکدار ہوتی ہے۔

بیت ۔ (ع۔اسم مونث) گھر۔ مکان۔ حویلی۔ محل۔ فرد۔ شعر۔ دوہا۔ دوہرہ

ایک شعر۔

بیت الحرام ۔ (ع اسم مذکر) خانہ کعبہ، شہر مکہ کا، وہ گھر جہاں جانور کا قتل اور بعض جائز اشیا کو منع کیا گیا ہے۔ جہاں حاجی طواف کرتے ہیں

بیت الحزن ۔ (ع۔اسم مذکر) غم کا گھر، رنج کا گھر۔ غم کدہ۔ یوسفؑ کی جدائی میں حضرت یعقوبؑ کے رونے کا مکان۔ مجازاً ہر عاشق مہجور کا گھر۔

بَیت الخلا ۔ (ع۔اسم مذکر) پاخانہ۔ ٹٹی۔ جائے ضرور۔

بَیت الشرف ۔ (ع) بزرگی اور بلندی کا گھر۔ مجازاً قصر شاہی۔ معشوق کا گھر۔ نجومیوں کی اصطلاح میں۔ سات سیاروں میں سے کسی کو شرف و سعادت حاصل ہونے کا مقام۔ مثلاً آفتابؔ کا شرف برج حمل میں۔ چاندؔ کا برج ثور میں۔ مشتریؔ کا سرطان میں۔ زہرہؔ کا حوت میں عطارؔد کا سنبلہ میں۔ مریخؔ کا جدی میں۔ زحلؔ کا میزان میں۔

بَیت الصنم ۔ (ع۔اسم مذکر) بت خانہ۔ مندر خانہ محبوب۔ معشوق کا گھر مکان مطلوب۔

بَیت اللہ ۔ (ع۔اسم مذکر) اللہ کا گھر مراد خانہ کعبہ جو مکہ معظمہ میں ہے

بَیت العتیق ۔ (ع۔اسم مذکر) پرانا گھر۔ قدیم مکان۔ مراد خانہ کعبہ۔

بَیت الغزل ۔ (ع۔اسم مذکر) شاہ بیت۔ غزل کا سب سے اعلیٰ شعر۔ عمدہ بیت۔

بَیت المال ۔ (ع۔اسم مذکر) سرکاری خزانہ۔ خزانۂ عامرہ۔ شاہی میراث خانہ۔ لاوارث اسباب۔ مال غنیمت۔ نجس مال۔ بدنصیب۔ بدشگون۔

بَیت المعمور ۔ (ع۔اسم مذکر) بھرا ہوا گھر۔ بھرپور گھر۔ خانہ کعبہ کے مقابل ایک مسجد ہے۔

بَیت المقدس ۔ (ع۔اسم مذکر) پاک گھر۔ متبرک مقام۔ پوترا استھان مسجد اقصےٰ کا دوسرا نام ہے۔ یروشلم کا عبادت خانہ پرانا قبلہ۔

بَیت بازی ۔ یا ۔ بچی ۔ (اسم مونث) شعروں میں بحث کرنا۔

بَیتال ۔ (ہ۔اسم مذکر) بھوت پریت۔ بلا آسیب۔ غضل۔ اوپری روگ نجس روح۔ پلید روح۔

بَیتلا ۔ (اُرد۔اسم صفت) لاوارث مال۔ بے دعوے مال چوری کا مال۔ چرایا ہوا اسباب۔ نالائق۔ نکما۔ خراب کم بخت۔ بے نصیب۔

بَیتلی ۔ (اُرد۔اسم صفت) بَیتلا کی مونث۔ نکمی۔ نکوڑی۔ موٹی۔ ناکارہ بدکار۔ بدبخت عورت۔

بِیتنا ۔ (ہ۔فعل) گزرنا۔ ختم ہونا۔ بسر ہونا۔ ہو چکنا۔ بیتت ہونا۔ رفع ہونا۔ کٹنا۔ وار ہونا۔ واقع ہونا۔ مثلاً جس پر بیتے وہی جانے۔

بِیتی ۔ (ہ۔اسم صفت بمفعول) گزری ہوئی۔ سرگزشت۔ ماجرا۔ واردات۔

بِیٹ ۔ (ہ۔اسم مونث) پرندوں کا فضلہ۔ پیخال۔ نکھد۔ خراب۔ اوذا۔ حقیر تر۔ گندھک اور نمک کا ایک مرکب۔

بیٹا ۔ (ہ۔اسم مذکر) لڑکا۔ پسر۔ پوت۔ پتر۔ فرزند نرینہ۔ پیارا۔ دولھا۔ فقیر لوگ۔ ہر ایک۔ دنیا دار۔ اور حضورؐ اپنے مریدوں کو بھی بیٹا کہتے کہتے ہیں۔

بیٹا بنانا ۔ (ہ۔فعل) متبنیٰ بنانا۔ گود لینا

بیٹی، بیٹا ۔ (ہ۔اسم مذکر) لڑکے بالے۔ بال بچے۔ بچوں کے ایک کھیل کا نام ہے۔ گارے کی ایک ٹکیا سی بنا کر پتھر یا سل پر پٹختے ہیں۔ بڑی آواز کو بیٹا اور چھوٹی آواز کو بیٹی کہتے۔ پنجابی۔ آکا۔ باتا۔

بیٹا بن کر ہر کوئی کھائے باپ بن کر کوئی نہیں کھاتا ۔ (اُر۔مثل) خدمت کرکے اور چھوٹا بن کر ہر کوئی کھاتا اور فائدہ اٹھاتا ہے۔ زبردستی اور چیرا کوئی نہیں کھا سکتا۔

بیٹھا ہونا ۔ (ہ فعل جاگنا۔ اٹھنا۔ بیدار ہونا۔ ہوشیار ہونا۔ نیند سے اٹھنا۔

بیٹھ جانا ۔ (ہ) کھڑے ہونے کی ضد۔ جلوس کرنا۔ نشست فرمانا۔ دھس جانا۔ پچک جانا۔ اندر کو گڑ جانا۔ جیسے آنکھ وغیرہ کا بیٹھ جانا۔ گر پڑنا۔ ڈھے جانا۔ مکان وغیرہ۔ پسند آنا۔ سما جانا۔ جیسے دل میں بیٹھ جانا۔ درست آنا۔ ٹھیک ہونا۔ جیسے انگوٹھی میں نگینہ بیٹھ گیا۔ طاقت نہ رہنا۔ سست جانا رہنا۔ گلتھی ہو جانا۔ کھلا نہ رہنا۔ جیسے چاول بیٹھ گیا۔ کسی بیوہ کا نکاح کر لینا۔ سوار ہونا۔ خانہ نشینی کر لینا۔ کاروبار ترک کرنا۔ دریا میں ڈوب جانا۔ چاندی وغیرہ کا پگھل جانا۔ انکار کرنا۔ جم جانا۔ منجمد ہونا۔ جیسے پارہ یا گھی بیٹھ گیا۔ اتر جانا۔ جیسے پیچ بیٹھ جانا۔

بیٹھ رہنا ۔ (ہ۔فعل) ہٹ جانا۔ باز رہنا۔ مایوس ہو جانا۔ صبر کرنا۔ دیر لگانا۔ ہمت ہار نا۔ کوشش چھوڑنا۔ ہارنا۔ تھک جانا۔ ترک ملازمت کرنا۔ خانہ نشینی کرنا۔

بیٹھک ۔ (ہ۔اسم مونث) دیوان خانہ۔ نشست گاہ مردانہ مکان۔ پیندا۔ تلا۔ آسن۔ جلسہ۔ بیٹھنے کا ڈھنگ۔ ایک قسم کی ورزش کا نام ہے۔ بیٹھکی پریوں کی حاضرات۔

بیٹھک دینا ۔ (ہ۔فعل) تعظیم دینا۔ بٹھانا۔ آسن دینا۔ پریوں یا جنوں کی حاضرات دینا۔

بیٹھن ۔ (ہ۔اسم مذکر) وہ کپڑا جس میں سوداگر لوگ قیمتی کپڑے یا گوٹا کناری باندھ کر رکھتے ہیں بستہ۔ بندھن۔ بندھنا۔ بسنتی۔ کپڑا۔

بیٹھنا ۔ (ہ۔فعل بیٹھ جانا کے معنوں کے علاوہ انڈے سینا۔ جفتی کرنا۔ حاصل ہونا۔ وصول ہونا۔ خرچ ہونا۔ لاگت آنا۔ جیسے ایک پردہ آنے بیٹھے۔ مدرسہ میں داخل ہونا۔ لگنے کی مشق ہونا۔ لگنا۔ ٹکر کھانا۔ صبر کرنا۔ ٹھہرنا۔ ٹکنا۔ ٹھہرا رہنا۔ جوا کھیلنا۔ اڑنا۔ داؤ لگانا۔ بستہ ہونا۔ اٹنا سمانا۔ آنا۔ جیسے کنویں کی کوٹھی کا بیٹھنا۔

بیٹھوواں ۔ (ہ۔اسم صفت۔ یہ ترکیب مفعولی۔ اسم مونث) پچھڑی۔ چھوٹی بیٹھی لڑکی کا جو ننا۔ کھڑی کے خلاف۔

بیٹھے بٹھائے ۔ بیٹھے بیٹھے ۔ (ہ۔تابع فعل) بے سبب۔ بے وجہ۔ بلا واسطہ۔ ناحق۔ بے فائدہ۔ بے سود۔ یکایک اچانک۔ ناگہاں۔ خواہ مخواہ۔

بیٹھے رہو ۔ (ہ۔محاورہ) کوئی کام نہ کرو۔ وظیفہ لیتے رہو۔ آرام کرو۔ چپ رہو۔ خاموش رہو۔

بیٹھے سے بیگار بھلی ۔ (اُرد۔مثل) خالی بیٹھنے سے کچھ نہ کچھ کام کرنا بہتر ہے۔ خواہ مفت کا اور جبری ہی کیوں نہ ہو۔

بیٹی ۔ (ہ۔اسم مونث) دختر۔ لڑکی۔ بنت۔ دھی۔ نور چشمی۔ بیٹی کی طرح

عزیز۔ بھانجی۔ بھتیجی۔ لڑکے کی بیوی۔ بہو۔ فقیر لوگ ہر عورت کو بیٹی کہہ کر پکارتے ہیں۔ مسکین اور غریب لڑکی کو تنبیہاً بیٹی کہتے ہیں۔

بیٹی دینا ۔ (فعل) بیٹی بیاہنا۔ بیٹی کی شادی کر دینا۔ داماد بنانا۔

بیٹی والے ۔ (ہ۔اسم مذکر) دُلہن کی طرف کے لوگ۔ سمدھیانے والے۔

بیج ۔ (Badge مذکر) چِرّا۔ نِشان۔

بیج ۔ (ہ۔اسم مذکر) تخم۔ دانا۔ نطفہ۔ بِنّہ۔ اصل۔ بنیاد۔ جڑ۔



بیج

بیج بونا ۔ (ہ۔فعل) تخم ریزی کرنا۔ کسی چیز کی بنیاد ڈالنا۔ باعث ہونا۔ سبب بننا۔ ایجاد کرنا۔

بیج پڑنا ۔ (ہ۔فعل) تخم پاشی ہونا۔ بنیاد ہونا۔ حمل رہنا۔ نطفہ پڑنا۔

بیج جاتا رہنا ۔ (ہ۔محاورہ) دلادد رہنا۔ نسل منقطع ہو جانا۔ مرد کو کسی ایسی بیماری کا لگ جانا جس سے نسل نہ بڑھے۔

بیج جمنا ۔ (ہ۔فعل) تخم کا اگنا۔ پھوٹنا۔ اگنا۔ نکلنا۔ نطفہ قرار پانا۔ حمل رہنا۔

بیج ڈالنا ۔ (ہ۔فعل) تخم ریزی کرنا۔ حاملہ کرنا۔ نطفہ ڈالنا۔ حمل رکھوانا۔

بیج مارا جانا ۔ (ہ۔محاورہ) آگے کو کسی چیز کا پیدا نہ ہونا۔ نسل منقطع ہو جانا۔ تباہ ہونا۔ ناپید ہونا۔

بیج ناس کرنا ۔ (ہ۔محاورہ) بالکل غارت کرنا۔ برباد کرنا۔ نیست و نابود کرنا۔

بیجا ۔ (ہ۔اسم مذکر) ایک ڈراؤنی اور خوفناک شکل کا لکڑی چہرہ جسے بچے مُنہ پر رکھ کر ڈراتے ہیں۔

بیجک ۔ (ہ۔اسم مذکر) وہ فہرست جس میں مال کی قیمت مزید تعداد اور خرچہ وغیرہ بالتفصیل درج ہو۔ مال کی فرد۔ چالان۔ سرمایہ۔ اصل زر۔ اسباب کی گٹھڑی پر لگانے کا ٹکٹ یا چِٹ۔ نشان۔ علامت۔ سودا معاملہ۔

بیجک بننا ۔ یا ۔ **بیجک کھانا** ۔ (ہ۔فعل) سودا بننا۔ فہرست تیار ہونا۔ معاملہ درست ہونا۔

بیجک پلٹنا ۔ (ہ۔فعل) فہرست پُر ہونا فرد بھری جانی۔ حساب کی فہرست تیار ہونا۔

بیجنا ۔ (اسم مذکر) پنکھا۔ باد کش۔ بادبیزن (بصیغۂ مصدر فعل) بونا۔ تخم ریزی کرنا۔

بیجنا ڈلانا ۔ یا ۔ **ڈھلانا** ۔ (ہ۔فعل) پنکھا ہلانا۔ پنکھا جھلنا۔

بیجو ۔ (ہ۔اسم صفت) بیج کا وہ تخم یا پھل جو بیج کے واسطے رکھ چھوڑتے ہیں۔ توڑتے نہیں۔

بیجھڑ ۔ یا ۔ **بیجھڑا** ۔ جو۔ چنے اور مٹر وغیرہ کا مرکب اناج۔ موٹا اناج۔ جسے غریب کھاتے ہیں۔ بعض دفعہ دیگر اشیا کسی مرکب شے کو بھی کہہ دیتے ہیں۔

بیجیلا ۔ یا ۔ **بجیلا** ۔ (ہ۔اسم صفت) وہ پھل جس میں بہت سے بیج ہوں۔ بہت بیجوں والا۔

بیچ ۔ (ہ۔اسم ظرف) درمیان۔ اندر۔ بھیتر۔ مابین۔ (بحالت اسم مذکر) وسط میانہ۔ قلب۔ منجھ۔ ناف مرکز۔ فاصلہ۔ بُعد۔ فرق۔ مسافت۔ (تابع فعل) باہم دگر۔ آپس میں۔ باہم۔

بیچ بچاؤ کرنا ۔ (ہ۔فعل) جھگڑا مٹانا۔ رفع فساد کرنا۔ سمجھانا۔ بجھانا۔ فیصلہ کرنا۔ صلح کرانا۔ جھگڑا چکانا۔ اتفاق اور میل ملاپ کرانا۔

بیچ کا ۔ (ہ۔اسم صفت) منجھلا۔ درمیانی۔ بچلا۔ وسطی۔

بیچ کھیت ۔ (ہ۔تابع فعل) عین وسط میں ٹھیک موقع پر۔ علانیہ سب کے رُوبرُو آشکارا۔ سب کے سامنے۔ ضرور بالضرور۔ بیس بسرے میانہ۔

بیچ کی راس ۔ (ہ۔اسم صفت) درمیانہ۔ نہ بُرا نہ بھلا۔ اوسط درجے کا۔

بیچ کی انگلی ۔ (ہ۔اسم مونث) ہاتھ کی سب سے لمبی انگلی۔ وسطی انگشت۔

بیچ کے گھڑے کی ۔ (ہ۔اسم صفت) نہایت تیز اور خالص شراب۔

بیچ میں پڑنا ۔ (ہ۔فعل) ثالث بننا۔ ذمہ لینا۔ ضامن ہونا۔ بیچ ہونا۔ کسی کا کفیل بننا۔ ذمہ دار ہونا۔

بیچا ۔ (ہ۔اسم مذکر) ہوّا۔ بیجا۔ بچوں کے ڈرانے کے لیے ایک فرضی نام۔

بیچا ۔ (ہ۔اسم مذکر) فروشندہ۔ بیچنے والا۔ (بیچو۔ (بحالت فعل) فروخت کیا۔ بیع کر دیا۔

بیچا بیچ ۔ (ہ۔تابع) ٹھیک بیچ۔ بالکل وسط۔ مرکز۔ عین درمیان میں۔

بیچنا ۔ (ہ۔فعل) فروخت کرنا۔ بیع کرنا۔ کسی چیز کو قیمتاً دینا۔ مول دینا۔ ہنڈی کی پیٹھ پر بیچا لکھ دینا۔

بیچو ۔ (ہ۔اسم مذکر) فروخت کرنے والا۔ فروشندہ۔ بائع۔

بیچوں بیچ ۔ (ہ۔تابع فعل) (دیکھو بیچا بیچ۔)

بیخ ۔ (ف۔اسم مونث) جڑ۔ بنیاد۔ اصل۔ مول۔ حسب نسب۔ سلسلہ۔ خاندان

بیخ بنیاد ۔ (ف۔اسم مونث) جڑ۔ بنیاد۔ اصل نسل۔ خاندانی سلسلہ

بیخ کنی کرنا ۔ (ف۔فعل) جڑ اکھاڑنا۔ جڑ کھودنا۔ قطع نسل کرنا۔ نیست و نابود کرنا۔ سنیاناس کرنا۔ تباہ کر دینا۔

بید ۔ (ہ۔اسم مذکر) ہندی طبیب۔ معالج۔ چارہ گر۔

بید ۔ (ف۔اسم مذکر) ایک قسم کا درخت ہے۔ جس کی شاخوں میں بہت لچک ہوتی ہے۔ سترہ قسم کا بتاتے ہیں۔

بید

بید کی طرح کانپنا / **بید سا کانپنا** } (ف۔محاورہ) خوف اور ڈر کے مارے بید کی طرح لرزنا۔ ڈر سے اس طرح ہل جانا جیسے ہَوا سے بید۔

بید مجنوں ۔ (ف۔اسم مذکر) ایک قسم کا بید ہوتا ہے جس کی شاخیں نہایت جھکی ہوئی اور مرجھائی ہوئی ہوتی ہیں۔ اسی باعث سے یہ نام پڑ گیا۔ اسے بے ثمر بتاتے ہیں۔

بید مشک ۔ (ف۔اسم مذکر) ایک قسم کا درخت ہوتا ہے جس کے سبزی

سیاہی مائل زرد پھولوں سے نہایت خوش بودار اور مفرح دلی عرق کھینچتے ہیں۔ یہ پھول پتوں سے پہلے ہی کھل چکتے ہیں۔ مزاجاً سرد ہوتا ہے۔

بید ۔ (اس۔اسم مذکر) دید۔ ہندوؤں کی پرانی اور مقدس کتابیں۔ یہ تعداد میں چار ہیں۔ رگ وید۔ سام وید۔ یجر وید۔ اتھروَن وید۔

بَیدا ۔ (ہ۔اسم مذکر) بلوہ۔ غدر۔ فساد۔ شور و شر۔ افلاس۔ طربت۔ ناداری۔

بَیدا ۔ (ع۔اسم مذکر) دشت۔ جنگل۔ صحرا۔ بیابان۔

بیداد ۔ (ف۔اسم مونث) بے انصاف۔ ظالم۔ بے انصافی۔ ظلم و ستم۔ جور و جفا۔ جبر و سختی۔ وہ بات جو انصاف کے خلاف ہو۔

بیدار بخت ۔ (ف۔اسم صفت) خوش اقبال۔ نصیبے والا۔ خوش قسمت۔

بیدار ۔ (ف۔اسم صفت) جاگتا ہوا ہوشیار۔ خوابیدہ کے خلاف۔ چوکنا۔

بیدار مغز ۔ (ف۔اسم صفت) عالی دماغ عقل مند۔ زود فہم۔ بڑے دماغ کا۔

بیدار دِل ۔ (ف۔اسم صفت) ہوشیار۔ چوکنا۔ صاحب دل۔ حاضر طبع۔

بیداری ۔ (ف۔اسم مونث۔ بیائے مصدری) جاگ۔ ہوشیاری۔ جگن۔ خواب کی ضد۔

بیدانت ۔ (ہ۔اسم مونث) ویاس جی کا بنایا ہوا وہ شاستر جس میں توحید پر بحث کی گئی ہے۔

بیدانتی ۔ (ہ۔اسم مذکر۔ فاعل۔ بیائے فاعلیت) بیدانت یعنی علم توحید جاننے والا۔ مُوحِد۔

بَیدَک ۔ (ہ۔اسم مونث) علم طب۔ ہندی طریق علاج۔ طبابت۔ حکمت ڈاکٹری۔

بیدن یا بیدنا ۔ (ہ۔اسم مونث) تکلیف۔ پیڑ۔ درد۔ دکھ۔ مصیبت۔ بلا۔ آفت۔

بے دید ۔ (ف۔اسم صفت) نامہربان۔ بے مروت۔ بے وفا۔ توتا چشم

بیڈ روم (Bed Room۔ انگ) سونے کا کمرہ۔



بیرا ۔ (ہ۔اسم صفت) سورما۔ من چلا۔ نیما در۔ دل چلا۔ دلیر۔ دلاور۔ جنگ جو۔ (بحالت اسم مذکر) پہلوان۔ بھائی۔ برادر۔ موکل۔ ہمزاد۔ جن۔

بیر بٹھانا } (ہ۔فعل) جادو کرنا۔ جن کو کسی پر مقرر کرنا۔
بیر دوڑانا }

بیر بل یا بیربر ۔ (ہ۔اسم مذکر) لغوی معنی۔ زور آور۔ پہلوان۔ اصطلاحی معنوں میں راجہ مہیش داس کا عرفی نام ہے جو اکبری نورتنوں میں سے تھا۔

بیر ۔ (ہ۔اسم مذکر) کُنار۔ ایک قسم کا پھل ہے دو قسم کا ہوتا ہے جنگلی اور پیوندی

(بصورت تابع فعل) بار۔ دفعہ۔ نوبت۔ (یہ بار کا امالہ ہے) وقفہ۔ دیر ڈھیل۔ توقف۔ تامل۔

بیر بیر (ہ۔تابع فعل) ہر دفعہ۔ اکثر۔ بار بار۔

بیر کھٹلی ۔ (ہ۔اسم صفت) بُرا بھلا۔ اُلٹم غلم۔ مفید و غیر مفید۔

بیر کھٹلی سب ہضم ۔ (ہ۔محاورہ) جائز۔ ناجائز۔ سب ہی ہضم۔ سب کچھ کھالیا۔

بیئر ۔ (انگ۔ا۔مو) جَو کی بنی ہوئی انگریزی شراب جس میں نشہ کم ہوتا ہے۔

بیتر ۔ (ہ۔اسم مونث) عورت۔ زن۔ استری۔ ناری۔

بَیتر بانی ۔ یا ۔ بیربانی ۔ (ہ۔اسم مونث) عورت ذات۔

بَیر ۔ (ہ۔اسم مذکر) دشمنی۔ عداوت۔ بغض۔ کینہ۔ خلا۔ مخالفت۔ بدلہ۔ انتقام۔

بَیر باندھنا ۔ (ہ۔فعل) دشمنی کرنا۔ عداوت کو تیار ہونا۔ ضد باندھنا۔

بیر بسا ہنا ۔ (ہ۔فعل) دشمنی خریدنا۔ مخالفت کرنا۔ بغض نکالنا۔ عداوت کا بدلہ لینا۔ کینہ کشی کرنا۔ ضد باندھنا۔ دشمنی کرنا۔

بَیر بڑنا ۔ (ہ۔فعل) عداوت کرنا۔ ان بن ہونا۔ ناچاقی ہونا۔ دشمنی پر آمادہ ہونا۔

بیر لینا } (ہ۔فعل) بدلہ لینا۔ انتقام لینا۔ کینہ کشی کرنا۔ عوض لینا۔ اپنی ضد
بیر نکالنا } پوری کر لینا۔ دشمن سے بدلہ لے لینا۔

بَیرا ۔ (انگ۔اسم) بیرر کا بگڑا ہوا ہے۔ کپڑے پہنانے والا۔ پہرا۔ سر چراغ بتی کرنے والا ملازم۔ اُوپر کے کام کا نوکر۔

بیرا ۔ (ہ۔اسم مذکر) (کنوار) بھائی۔ برابر۔ عزیز۔

بَیرا کھیری ۔ (ہ۔اسم مونث) دشمنی۔ عداوت۔ مخالفت۔ (کھیری یہاں، تابع مہمل ہے۔)

بَیراگ ۔ (ہ۔اسم مذکر) جوگ۔ فقر۔ ریاضت۔ نفس کشی۔ لذات نفسانی کو مارنا

بَیراگ لینا ۔ (ہ۔فعل) تارک الدنیا ہونا۔ جوگ لینا۔ فقیری اختیار کرنا۔

بَیراگا ۔ (ہ۔اسم مذکر) بیراگی فقیروں کے ٹیک لگا کر بیٹھنے کی ٹیڑھی چھوٹی سی لکڑی۔ قطر۔ تکیہ۔

بَیراگن ۔ (ہ۔اسم مونث) بیراگی فقیر کی عورت۔ جوگن۔ فقیرنی۔ وہ چھوٹی بالکی ٹیڑھی لکڑی جس پر فقیر لوگ تکیہ لگا کر مراقبہ کرتے یا بیٹھتے ہیں۔ ظرف۔

بیراگی ۔ (ہ۔اسم مذکر) جوگی یا خدا۔ درویش۔ نفس کش۔ فقیر۔ مرتاض۔ تارک الدنیا۔ ہندو فقیروں کا ایک گروہ جس نے کام کرودھ۔ مورہ لوبھ۔ ہنکار کو بالکل ترک کر دیا ہو۔

بیر بہٹی ۔ (ہ۔اسم مونث) ایک نہایت گہرے گہرے سُرخ رنگ اور مخمل سے نرم بدن والا لکڑی سے مشابہ چھوٹا سا کیڑا جو برسات میں زمین سے پیدا ہو جاتا ہے۔ تشبیہاً نہایت سُرخ۔ سون کبوتر۔

بیرق ۔(ف۔اسم مذکر) علم۔ فوج۔ نشان۔ جھنڈا۔

بیرن ۔(ہ۔اسم مذکر) بھائی۔ برادر۔ ماں۔ جایا۔ بیر۔

بیرن ۔(ہ۔اسم مونث) دشمن عورت۔ بدخواہ عورت۔ سوکن۔ سوت۔

بیرن ۔(Born مذکر) انگلستان میں امیروں کا ایک درجہ ہے۔

بیرنگ ۔(Bearing)۔(ان) اسم صفت۔ بھول دار۔ وہ مال یا پھیلی جس کا محصول پہلے ادا نہ کیا گیا ہو۔

مشین میں استعمال ہونے والا پرزہ۔

بیروزہ ۔(ف۔اسم مذکر) ایک قسم کا مادہ گوند سا جو پیڑ کی لکڑی سے نکلتا ہے۔ اور گندہ بیروزہ کہلاتا ہے۔

بیرونجات ۔(ف۔اسم مذکر) دیہات۔ قصبے۔ شہر کے باہر کے دیہات۔ نواح شہر۔ حوالی شہر۔ بیرون کی جمع۔ مضافات۔

بیرونے ۔(ف۔اسم ظرف) مکان۔ باہر۔ اندر۔ کے خلاف۔ سوائے۔ علاوہ بدوں۔

بیرونٹ (Beront مذکر) انگلستان میں نوابی خطاب ہے۔

بیری ۔(ہ۔اسم مذکر) دشمن۔ بدخواہ۔ مخالف۔ عدو۔ ایک شکاری پرندے کا نام بھی ہے۔ جو کبوتروں کا شکار کرتا ہے جسے بہری بھی کہتے ہیں۔

بیری ۔(ہ۔اسم مونث) بیر کا درخت۔ کنار۔ بار۔ دفعہ۔

بریک ۔(Brakes) (انگ) گاڑیوں وغیرہ کو روکنے والا آلہ۔ روکنا۔



بیڑا ۔(ہ۔اسم مونث) سورت۔ باسن کا موٹا رسا۔ جو بوجھ باندھنے یا سہارا پھیرنے کے کام آتا ہے۔

بیڑا ۔(ہ۔اسم مذکر) کشتی ناؤ۔ سفینہ۔ بانسوں یا لکڑیوں کا گٹھڑ جس کے ذریعہ دریا سے پار اترتے ہیں۔



گٹھڑ ناؤ۔ چوگھڑا۔ کئی جہازوں اور کشتیوں کا سلسلہ۔ جہازوں کا مجمع۔ فوجی آدمیوں کا جتھا۔ فوج کا جتھا۔ منڈلی۔ گروہ۔ طائفہ۔ احاطہ۔ بگھڑ۔ صحن۔ آنگن۔ کنبہ۔ قبیلہ۔ لشکر۔ جیسے وہ بڑے بیڑے کا آدمی ہے۔ موٹا رسا جو گاڑیوں کے بھارکش یا جھولا جھولنے کے لیے تیار ہوتا ہے۔

بیڑا باندھنا ۔(ہ۔فعل) بہت سے آدمیوں کو جمع کر لینا لینا۔ لکڑیوں کے کندوں کو دریا کے راستے کسی مقام پر لے جانے کے لیے کسنا۔ جمع کر لینا۔

بیڑا پار کرنا۔ یا۔ لگانا ۔(اور محاورہ) کشتی یا جہاز کو سلامتی سے اور بخیر وعافیت پار اتارنا۔ مشکل آسان ہونا۔ مدد کرنا۔ مراد بر لانا۔ امید پوری کرنا۔ مصیبت میں کام آنا۔

بیڑا پار ہونا ۔(اور محاورہ) جہاز یا کشتی وغیرہ کا بہ سلامت منزل مقصود پر پہنچ جانا۔ مراد بر آنا۔ مشکل آسان ہونا۔ مراد پالینا۔ خاتمہ ہونا۔ کام تمام ہونا۔ انجام کو پہنچ جانا۔

بیڑا ۔(ہ۔اسم مذکر) پان کی گلوری۔ کھتا۔ چونا۔ چھالیا پڑا ہوا پان۔ بنا ہوا پان۔ تلوار کا میان اور قبضہ باندھنے کا فیتہ۔ اور ڈور وغیرہ۔

بیڑا اٹھانا ۔(ہ۔فعل) ذمہ لینا۔ عہد کرنا۔ عزم بالجزم کرنا۔ کسی مشکل کام کے سرانجام کو اپنے ذمے لینا۔

اگلے زمانہ کے راجاؤں کا دستور تھا کہ جب کوئی مشکل کام پیش آتا تو اپنے تمام سرداروں کو جمع کر کے اول کام کی حالت اور حقیقت سناتے۔ پھر خاصدان میں پان کی گلوری رکھ کر سامنے پھراتے۔ جو شخص اس پان کو اٹھا کر کھا لیتا وہ گویا اس کام کا ذمہ دار بن جاتا۔ اسی وجہ سے یہ بیڑا اٹھانا یا بیڑا ڈالنا محاورہ بن گیا ہے۔

بیڑا کھلانا ۔(ہ۔فعل) پان کھلانا نسبت کرنا۔ منگنی کرنا۔ نسبت قرار پانے کے وقت سمدھیانے کی عورتیں باہم قرار دینے کے واسطے رسم کے طور پر پان دیتی ہیں۔

بیڑھنی ۔(ہ۔اسم مونث) گانے والی عورتوں کا ایک فرقہ۔ جیسے کنجری، ڈومنی وغیرہ۔ (پنجابی پیرنی)

بیڑی ۔(ہ۔اسم مونث) زنجیر پا۔ سلسلہ پا۔ سلاسل۔ لوہے کی وہ زنجیر جو قیدیوں اور مجرموں کے پاؤں میں ڈالتے ہیں۔ منت کا ڈورا۔ یا چاندی کی منت کی زنجیر۔ جو بچوں کے گلے میں پہناتے ہیں۔ سونے چاندی کے تاروں کی گچھی۔ چمڑے کا ڈول یا لکڑیوں کی تختیوں کا ٹوکرا سا جس سے، اونچے کھیتوں میں پانی پہنچاتے ہیں۔ کشتی خورد۔ دنیاوی تعلقات۔ زن۔ فرزند۔ عیال واطفال۔

بیڑی بڑھانا ۔(ہ۔فعل) منت کی زنجیر یا حلقہ کو میعاد مقررہ گزر جانے کے بعد نذر و نیاز دے کر اتارنا۔

بیڑی پڑنا ۔(ہ۔فعل) قید ہونا۔ پابند ہونا۔ بال بچوں میں گرفتار ہونا۔ آزاد نہ رہنا۔ نکاح ہونا۔ شادی ہونا۔

بیڑی پہنانا۔ یا۔ ڈالنا ۔(ہ۔فعل) قید کرنا۔ منت کا طوق ڈالنا۔

بیڑی کٹنا ۔(ہ۔فعل) آزاد ہونا۔ قید سے رہائی پانا۔ قطع تعلق ہونا۔

بیڑی ۔(ہ۔اسم مونث) تمباکو کی بتی۔ دیسی سگریٹ۔ دیسی تمباکو کو پیٹ کر اوپر پاڈھاک کا پتا لگا کر بتیاں سی بنا لیتے ہیں اور سگریٹ کی طرح پیتے ہیں۔

بیزار ۔(ف۔اسم صفت) ناراض۔ متنفر۔ رنجیدہ۔ کراہت کرنے والا۔ خفا ناخوش۔

بیس ۔(ہ) اسم عدد۔ دس اور دس۔ بست۔ ۲۰۔ ۲۰-۲۰۔

بیس بسوے ۔(ہ۔اسم صفت بطور معنی) ایک بیگھہ۔ اصطلاحی معنی۔ تمام۔ کل۔ کلہم۔ غالباً۔ یقیناً۔ بالضرور۔ تمام گاؤں۔ ساری زمین۔ کل فصل۔ (بحالت اسم) جیت۔ فتح۔ جیسے زبردست کے بسوے بیس۔

بیسیا ۔(ہ۔اسم مذکر) پوربی بیس ناخنوں والا کتا۔

بیساکھ ۔(ہ۔اسم مذکر) سمت۔ بکرمی کا دوسرا مہینہ۔ ۱۵۔ اپریل سے ۱۵۔ مئی تک۔

بیساکھی ۔(ہ۔اسم مونث) اپاہجوں کا عصا۔ چھپر کے نیچے کا ستون۔ بڑی ہڑ۔ بیساکھ کے مہینے کی پیداوار۔ بیساکھ کی پہلی تاریخ کو جو تہوار منایا جاتا ہے۔

بِلیسر ۔ (ہ۔اسم مونث) ناک میں پہننے کی چھوٹی سی نتھنی ۔ جو بلاق کی جگہ پہنتی ہیں۔

بے بُرا ۔ (وُر۔اسم صفت) بے تالا ۔ واگویا ۔ جو سُر تال کا خیال نہ رکھے۔

بیسن ۔ (ہ۔اسم مذکر) چنے کی دال کا آٹا۔

بیسوا ۔ (ہ۔اسم مونث) کسبی ۔ فاحشہ ۔ پاترہ ۔ بازاری عورت۔

بَلیش ۔ یا ۔ ویش ۔ (ہ۔اسم مذکر) ہندوؤں کے چار برنوں میں سے تیسرا برن تجارت کرنے والا ۔ تاجر ۔ بنیا ۔ بقال ۔ مہاجن۔

بلیش ۔ (ف۔اسم صفت) زیادہ ۔ افزوں ۔ فاضل ۔ بہتر ۔ عمدہ ۔ افضل۔

بلیش بہا / **بلیش قیمت** } (ف۔اسم صفت) بڑی قیمت ۔ بھاری مول کا ۔ بڑھیا ۔ عمدہ ۔ نفیس۔

بلیش تر ۔ (ف۔اسم صفت) زیادہ تر ۔ اکثر ۔ عموماً ۔ بارہا۔

بلیشہ ۔ (ف۔اسم مذکر) ۔ اجاڑ ۔ ویران ۔ بیابان۔

بلیشی ۔ (ف۔اسم مونث ۔ بیائے مصدری) زیادتی ۔ بڑھوتری ۔ افزونی ۔ نفع ۔ سُود۔

بیضوی ۔ (ع۔اسم صفت ۔ بیائے نسبتی) انڈے کی شکل کا ۔ آفتابی کے خلاف ۔ انڈے کی طرح لمبوتری گولائی والا ۔ بادامی ڈول کا۔

بَیضہ ۔ (ع۔اسم مذکر) انڈا ۔ خایہ مرغ ۔ خصیہ ۔ فوطہ ۔ آنڈ۔

بَیطار ۔ (ع۔اسم مذکر) سلوتری ۔ مویشیوں اور گھوڑوں کا ڈاکٹر ۔ جانوروں کا طبیب۔

بیع ۔ (ع۔اسم مونث) فروخت ۔ بکری۔

بیع بالوفا ۔ (ع۔اسم مونث) شرطی رہن ۔ جس میں اگر معاد مقررہ پر روپیہ ادا نہ ہو تو وہ شے آپ ہی گئی ہو جائے ۔ شرطی رہن کی میعاد کا پورا ہو جانا۔

بیع شرطی ۔ (ع۔اسم مونث) کچی بکری ۔ وہ بیع جو کسی شرط سے وابستہ ہو ۔ شرط پوری ہو جائے تو بیع جائز ورنہ بیع فسخ۔

بیع سُلطانی ۔ (ع۔اسم مونث) وہ بیع جو بادشاہ یا حاکم کے حکم سے ہو خواہ بذریعہ نیلام خواہ ایک شخص کے نام بذریعہ فرمان۔

بیع فاسد ۔ (ع۔اسم مونث) وہ بکری جو قانوناً ناجائز ہو۔

بیع قطعی ۔ (ع۔اسم مونث) مکمل بیع ۔ فروخت ۔ کامل ۔ کلی بکری ۔ بیع مطلق۔

بیع ناقص ۔ (ع۔اسم مونث) وہ بیع جس کے قبضے کا اجرا ملتوی رہے ۔ نامکمل بیع۔

بیعنامہ ۔ (عف۔اسم مذکر) قبالہ ۔ تمسک ۔ فروخت کی دستاویز۔

بیع وشرا ۔ (ع۔اسم مونث) خرید و فروخت ۔ لینا اور بیچنا۔

بیعانہ ۔ (عف۔اسم مذکر) سائی ۔ وہ روپیہ جو سودا پکا کرنے کے لیے کل قیمت ادا کرنے سے پہلے بیچنے والے کو دیا جاتا ہے اور بعد میں کل قیمت دیتے وقت حساب رفع کر لیا جاتا ہے۔

بیعت ۔ (ع۔اسم مونث) عہد باندھنا ۔ مرید بننا ۔ چیلا ہونا ۔ اطاعت فرماں برداری کا عہد کرنا۔

بیک کرشمہ دو کار ۔ (ف۔مثل) ایک تدبیر سے دو کام ۔ ایک پنتھ دو کاج۔

بیکر ۔ (Baker ۔ انگ۔اسم) نان بائی ۔ روٹی پکانے والا۔

بیکر ۔ (Beaker مذکر) سائنس کے تجربے کے لیے شیشے کا ہلکا سا گلاس جس میں پانی یا تیزاب وغیرہ تھوڑی مقدار میں پاس رکھ لیا کرتے ہیں ۔ چونچ دار گلاس۔

بِہِشت ۔ (س) سُرگ ۔ بہشت ۔ جنت ۔ فردوس ۔ جنان۔

بِہِشت باشی ۔ (ہ۔اسم صفت) سُرگباشی ۔ مرحوم ۔ مغفور۔

بیگ ۔ (ت۔اسم مذکر) سردار ۔ شہزادہ ۔ میرزا ۔ مغلوں کا ایک خطابی نام ہے جو ان کے ناموں کے آخر لگایا جاتا ہے۔

بیگ ۔ (ہ۔تابع فعل) جلد ۔ تُرت ۔ جھٹ پٹ ۔ فوراً ۔ تاؤلی ۔ پھرتی سے۔

بَیگ ۔ (انگ۔اسم مذکر) تھیلا ۔ بوری ٹرنک وغیرہ کے مسافروں کے کپڑا لتا رکھنے کا تھیلا۔

بیگار ۔ (ف۔اسم مونث) بلا مزدوری کام ۔ سخرہ ۔ کر ۔ جبر ۔ بیدلی کا کام حاکمانہ کام۔

بیگار ٹالنا ۔ (ہ۔فعل) بے دلی ۔ اور کم اتفاقی سے کوئی کام کرنا ۔ رفع الوقتی کرنا۔

بیگاری ۔ (ف۔اسم مذکر ۔ بیائے فاعلیت) بیگار میں کام کرنے والا ۔ بلا اجرت ۔ حاکمانہ طور پر بلایا ہوا مزدور۔

بیگاری کام ۔ یا ۔ بیگار و کام ۔ (وُر۔تابع فعل) بے دلی کا کام ۔ سخت کام ۔ بار خاطر۔

بیگانگی ۔ (ف۔اسم مونث ۔ بیائے مصدری) غیر ہونا ۔ اجنبیت ۔ ناواقفیت ۔ مغایرت۔

بیگانہ ۔ (ف۔اسم صفت) غیر ۔ اجنبی ۔ ناواقف ۔ پرایا ۔ دوسرے کا یگانہ کی مند۔

بیگانہ خُو ۔ (ف۔اسم صفت) اکھڑ ۔ نامانوس ۔ وہ شخص جسے محبت کی عادت ہی نہ ہو۔

بیگانہ وار ۔ (ف۔اسم صفت) غیروں کی طرح ۔ اجنبیوں کی مانند۔

بیگانے برد سے آزاد کرتے ہیں ۔ (دو مثل) پرائے غلام چھوڑتے ہیں ۔ غیر کے مال پہ مفت ہی بلتے ہیں۔

بیگم ۔ (ت۔اسم مونث) ملکہ ۔ خاتون ۔ شہزادی ۔ امیرزادی ۔ لیڈی ۔ نواب زادی۔

بیگمی ۔ (وُر۔اسم صفت ۔ بیائے قابلیت) بیگموں کے لائق ۔ عمدہ اور نفیس چاولوں کی ایک قسم ہے ۔ ایک طرح کے کافوری عمدہ پان ۔ ایک خاص قسم کا نمکین پنیر بھی ہے۔

بیگہ ۔ یا ۔ بیگھہ ۔ (ہ۔اسم مذکر) زمین کی پیداوار کی ایک مقدار جو بیس بسوے یا چالیس کنال کے برابر ہوتی ہے۔

بَیل ۔ (ہ۔اسم مذکر) گائے کا نر ۔ نر گاؤ ۔ ثور ۔ ستور ۔ بلد ۔ احمق ۔ بیوقوف۔

بَیل نہ کُودا کود کر دی گون / **یہ تماشا دیکھے کون** } (وُر۔مثل) یہ اس موقع پر بولتے ہیں جہاں کوئی شخص امید کے خلاف خواہ مخواہ دخل در معقولات دے۔

بیل ۔ (ہ۔اسم مونث) لتا ۔ لتر ۔ وہ درخت جس کی شاخیں زمین پر پھیلتی یا کسی سہارے سے اوپر چڑھتی ہیں ۔ جیسے انگور ۔ خربوزہ ۔ وغیرہ ۔ ریشمی

یا زری وغیرہ کا فیتا۔ کپڑے پر نکالے ہوئے گل بوٹے۔ سڑک کی لکیر جسے داغ بیل کہتے ہیں۔ چنبیلی کی قسم کا ایک پھول جسے رائے بیل بولتے ہیں شادی وغیرہ کے موقع کا تصدق۔ نچھاور۔ کشتی کھینے کا ڈنڈا۔ بانس ایک درخت اور اس کا پھل۔ سلسلہ۔ برتنوں وغیرہ کی اوپر لگی ہوئی قطار۔ (پنجابی ٹینڈ) گنوں کا رس پکانے کے کڑاہے۔ اہل وعیال۔ بال بچے۔ نسل۔ آل اولاد۔ بنس۔ خاندان۔ قدوقامت۔ ڈیل ڈول۔

بیلٹ - (Belt)

بیلٹ

کمر کو باندھنے والا فیتہ۔

بیل بٹا - (ہ۔اسم مذکر) (بیل بانٹا کا بگاڑ ہے) تصدق۔ نثار۔ وہ انعام جو چندہ کے طور پر بوقت شادی ارباب نشاط اور ڈومنیوں وغیرہ کو دیا جاتا ہے۔

بیل بڑھنا - (ہ۔فعل) بنس بڑھنا۔ نسل زیادہ ہونا۔ قد بڑھنا۔ قامت دراز ہونا۔

بیل بوٹا - (ہ۔اسم مذکر) نقش ونگار۔

بیل پتر - (ہ۔اسم مذکر) بیل کے درخت کے پتے جو شیو جی پر چڑھایا کرتے ہیں۔

بیل دینا - (ہ۔فعل) نچھاور دینا۔ ڈومنیوں وغیرہ کو شادی کے موقع پر خیرات دینا۔

بیل منڈھے چڑھنا - (ہ۔محاورہ) شادی وقت آنا۔ کامیابی حاصل کرنا۔ خوشی نصیب ہونا۔ بامراد ہونا۔ کام بننا۔ سہرا بندھنے کا دن آنا۔ پروان چڑھنا۔

بیلا - (ہ۔اسم مذکر) بڑا کٹورا۔ چنبیلی کی قسم کا ایک درخت۔ سارنگی سے مشابہ ایک باجہ۔ دریا کے کنارے کا جنگل۔ شادی کے موقع کی خیرات۔ وقت۔ زمانہ۔ تختہ۔ ہیجڑا۔

بیلا بٹنا - (ہ۔فعل) خیرات بٹنا۔ صدقہ تقسیم ہونا۔ خیر خیرات کا دیا جانا۔

بیلا بردار - (ف۔اسم مذکر) خیرات کے روپوں کی تھیلی لے کر چلنے والا۔

بیلچہ - (ف) پھاوڑے کی طرح کا ایک لمبے دستے والا اوزار ہوتا ہے۔

بیلدار - (ف۔اسم مذکر) بیلچہ سے کام کرنے والا۔ وہ چیز جس پر بیل بوٹے یعنی نقش ونگار کا کام ہوا ہو۔ کھودنے کا کام کرنے والا۔

بیلن - (ہ۔اسم مذکر) محور۔ دھرا۔ لوہے یا لکڑی کا وہ اوزار جس سے چکلے پر روٹی یا پوری بڑھاتے ہیں۔ لوہے یا پتھر کا وہ ڈھول نما اوزار جس سے سڑک ہموار کرتے یا چونہ پیستے ہیں۔ گنے پیل کر رس نکالنے کا اوزار۔ ارگن باجے کا گول ٹکڑا۔

بیلنا - (ہ۔فعل) بیلن سے روٹی وغیرہ بڑھانا۔ کپاس میں سے روئی اور بنولے الگ الگ کرنا۔ (بحالت اسم مذکر) کپاس لوٹنے کا آلہ۔ بیلن

بیلنس - (Balance - انگ۔اس) ترازو۔ باقی۔ بقایا۔

بیلون - (Balloon - انگ۔اس) غبارہ۔ ہوائی جہاز۔ اڑن کھٹولا۔

بیلا - (ف۔اسم مذکر) دوا آبہ۔ رود خانہ۔ دریا کے کنارے کا جنگل۔ ایک خوشبودار پھول جس سے چھیل بنتا ہے۔ چھلی۔ صندوقچہ۔

بیلی - (ف۔اسم مذکر) نگہبان۔ حافظ۔ ناصر۔ محافظ مددگار۔ رکھوالا۔ جیسے اللہ بیلی۔ (پنجابی دوست)

بیم - (ف۔اسم مذکر) خوف۔ اندیشہ۔ ڈر۔ دہشت۔ سہم۔ رعب۔

بیمار - (ف۔اسم مذکر) (بیم اور آر سے مرکب ہے) علیل۔ دکھی۔ مریض۔ روگی۔ عاشق۔ فریفتہ۔

بیمار پرسی - (ف۔اسم مونث۔ بیائے مصدری) بیمار کی خبر پوچھنا۔ عیادت۔

بیمار خانہ - (ف۔اسم مذکر) ظرف مکان۔ ہسپتال۔ دارالشفا۔ بیماروں کے رہنے کا گھر۔

بیمار دار - (ف۔اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) بیمار کی خدمت اور اس کے علاج معالجہ میں کوشش کرنے والا۔ بیمار کا خبر گیر۔

بیمار داری - (اسم مونث۔ بیائے مصدری) بیمار کی خبر گیری۔ بیمار کی خدمت کی ذمہ داری۔

بیماری - (ف۔اسم مونث) روگ۔ دکھ۔ مرض۔ علالت۔ آزار۔ عارضہ۔ ماندگی علت یت۔

بیمہ - (ف۔اسم مذکر) بیم اور ہا کے نسبت سے مرکب ہے۔ اندیشہ سامان کے نقصان کا ذمہ۔ ٹھیکا۔ ضمانت۔ سوداگر لوگ جب مال یا نقدی سے کہیں بھیجتے ہیں تو اس مال وغیرہ کا ٹھیکا کسی کمپنی یا ایک شخص سے کر لیتے ہیں اور اسے کچھ کمیشن ادا کرتے ہیں جس کا مطلب یہ ہے۔ کمپنی اس بات کی ضامن ہوتی ہے کہ مال تلف ہو جانے کی صورت میں وہ مال بھر دے گی۔ یہی اقرار بیمہ کہلاتا ہے۔ اسی طرح انسان کی زندگی اور سب قسم کی جائیدادوں کا بھی بیمہ ہوتا ہے۔ انشورنس۔

بین - (ہ۔اسم مونث) ایک باجے کا نام ہے۔ جو تونبے سے بنا ہوتا ہے اور منہ سے بجتا ہے۔

بین نواز - (ہ۔اسم مذکر) بین بجانے والا۔

بین - (ہ۔اسم مذکر) بکھان۔ نوحہ۔ مردے کے اوصاف بیان کر کے خود رونا اور دوسروں کو رلانا۔ ماتمی راگ۔ (گیتوں میں) قول۔ بچن۔ بول۔ بانی۔

بَین - (ع۔اسم مذکر) درمیان۔ بیچ۔ فاصلہ۔ فرق۔ فصل۔

بین السطور - (ع۔اسم مذکر) سطروں کا درمیانی فاصلہ۔ سطروں کے بیچ کا فرق۔

بَینا - (ہ۔اسم مذکر) جھومر کی قسم کا ماتھے پر پہننے کا ایک زیور۔ بھاجی۔ حبقہ۔ بجرہ۔

بِینا - (ف۔اسم صفت۔ بترکیب فاعلی) دیکھنے والا۔ ناظر۔ دانا۔ عقلمند ہوشیار۔ دور اندیش۔

بِینائی - (ف۔اسم مونث۔ بیائے مصدری) آنکھ کی روشنی۔ بصارت۔ نظر۔ جوت۔ دانائی۔ ہوشیاری۔

بِیننا - (ہ۔فعل) چننا۔ چگنا۔ بٹورنا۔ سمیٹنا۔ جدا جدا کرنا۔ الگ کرنا۔

بَین بَین - (ع۔اسم صفت) متوسط۔ بیچ کا۔ درمیانی۔ ملا جلا سموہا ہوا۔

بینٹا - (ہ۔اسم مذکر) چھری۔ چاکو۔ کھاڑی۔ پھاوڑے وغیرہ۔ اوزار کا دستہ۔

بلینجنی - یا - بینگنی - (ہ - اسم صفت - بیائے فاعلیت یا نسبت) بینگن کے رنگ کا اودا - سُرخی مائل - سیاہ

بنچ - (Bench - انگ - اسم) مستطیل شکل کی بیٹھنے کی چوکی - جو سٹول سے لمبی ہو - ججوں کے اجلاس کی نشست - ایک سے زیادہ جج - کچہری -

بِلینڈھنا - (ہ - فعل) سوراخ کرنا - چھید کرنا - طعنے دینا - کچوکے دینا - کودنا -

بلینڈ - (انگ - اسم) گروہ - جماعت - جتھا - انگریزی باجے والوں کا گروہ -

بِلینڈ - (ہ - اسم مونث) سرکنڈوں یا رسوں کا گٹھا -

بَلینڈا - (ہ - اسم صفت) ٹیڑھا - کج - ترچھا - آڑا - نہایت - دشوار - بے ڈھب - ناشائستہ - اُجڈ - اکھڑ - دروازے کے پیچھے کی آڑی لکڑی جو دروازے کے نہ کھلنے کے لیے لگاتے ہیں -

بِلینڈا - (ہ - اسم مذکر) ایک برساتی کیڑا ہوتا ہے - جو درختوں پر بڑے زور سے ٹیں ٹیں کیا کرتے ہیں - سیٹی

بلینڈی - (ہ - اسم صفت مونث) بلینڈا کی تانیث ہے - ٹیڑھی - ترچھی خشکل - ادکھی -

بَلینڈی بات - (ہ - اسم مونث) ٹیڑھی بات - نازیبا بات - ناملائم بات -

بلینڈی کھوپڑی کا - (ہ اسم صفت - الٹی سمجھ کا - کج فہم -

بِلینڈی - (ہ اسم مونث - بیائے تانیث - بالوں کا جوڑا - بان یا سُتلی وغیرہ کی لچھی -

بلینڈیا - (ہ اسم مذکر - وہ تیسرا یا پانچواں بَیل جو جوڑ کے آگے جُتا ہوتا ہے

بینک (Bank - انگ - اسم) ساہوکارا - لین دین کی کوٹھی -

بینکر - (انگ - اسم) خزانچی - مہاجن - صراف روپے کا لین دین کرنے والا - Banker

بینگ - (ہ - اسم مذکر) پودرپ - مینڈکہ - غوک - (پنجابی ڈڈو)

بینگن - (ہ - اسم مذکر) بتاؤں - بادنجان اودے رنگ کی ایک ترکاری -

بینگن

بینی - (ف - اسم مونث) ناک - وہ لمبی لکڑی جو بائیں کواڑ میں بدیں غرض لگاتے ہیں کہ دروازہ بند کرتے وقت دونوں کواڑ ضرب مل جائیں اور جھری نہ رہے - کتاب کی جلد کا آگے کو بڑھا ہوا حصہ جو کتاب بند کرنے پر اُوپر آ جاتا ہے - تلوار کے قبضے کی جھنڈی جس میں نتھنی پڑتی ہے -

بینیٔ کوہ - (ف - اسم مذکر) پہاڑ کی چوٹی - قلۂ کوہ - اونچی دھار -

بیوپار - (ہ - اسم مذکر) سوداگری - تجارت - لین دین - بنج -

بیوپاری - (ہ - اسم مذکر بیائے فاعلیت) سوداگر - تاجر - بنجارا - مہاجن -

بیوتات - (ہ - اسم مذکر) بیت کی جمع الجمع ہے بہت سے گھر - شاہی محل - حرم سرا - رنواس - اخراجات خانگی - مصارف خانگی - گھر کے خرچ -

بیورا - (ہ - اسم مذکر) خبر پیغام - بات - حال احوال - پتا - نشان - بھید مژدہ بشارت - تفصیل - تشریح مدوزنا مچہ - چٹھا -

بیورے وار - (ہ - اسم صفت) بہ دربہ مفصل بیان وار مشرح -

بیوستھا - (ہ - اسم مذکر) فیصلے - شرعی فیصلہ شاستر کے بموجب فیصلہ -

بیوگ - (ہ - اسم مذکر) بروگ - جدائی - ہجر - مفارقت - علیحدگی - فراق -

بیونت - (ہ - اسم مؤنث) کاٹ چھانٹ - قطع - تراش بُرید - کپڑے کا اندازہ ماپ ڈھب - موقع - تقسیم - حساب - پڑت - کفایت شعاری کا طریقہ -

بیونت پھیلنا / **بیونت کھانا** - (ہ - فعل) حساب پھیلنا - اندازہ لگنا - پڑت کھانا - اندازہ ٹھیک آنا -

بیونتنا - (ہ - فعل) قطع کرنا - کترنا - کپڑے کی کاٹ چھانٹ کرنا - آدمی کو لوٹنا - قتل کرنا - ٹکڑے کرنا -

بیوہ - (ف - اسم مؤنث) رانڈ - بدھوا - وہ عورت جس کا خاوند فوت ہو گیا ہو -

بیوہار - (ہ - اسم مذکر) دستور - قاعدہ - ضابطہ - طریقہ - لین دین - معاملہ - بیوپار تجارت - نامہ پیام - خط - کتابت - بیاہ شادی - نسبت - خرید و فروخت -

بیوہار کی بات - (ہ - اسم مؤنث) دستور کی بات - قاعدے کی بات - راہ کی بات ٹھیک بات - صحیح بات - معاملہ کی بات -

بیوی - (ا / ہ - اسم مؤنث) زن - جورو - استری - عورت - بانو - بیگم - شریف زادی نیکوکار - پارسا عورت - بڑی بوڑھی - مالکہ - آقا - عروس - دلہن - بہو - کلمۂ محبت و خطاب زناں - لوا - تعظیماً حضرت فاطمہ زہرؓ سے مراد ہے -

بیوی کی صحنک - یا - نیاز - (ہ حضرت فاطمہ علیہا السلام کی فاتحہ - اس نیاز **بیوی کا دانا - یا - کونڈا** میں بڑی احتیاط برتی جاتی ہے - سہاگن، پارسا خاندانی عورتوں کے سوا اور کوئی عورت نہیں کھا سکتی - دوہاجو عورت بھی نہیں کھا سکتی - اس نیاز کو سیدانیوں کو کھلانا افضل سمجھا جاتا ہے -

بیوی وارے باندی کھائے گھر کی بلا باہر نہ جائے (ہ کسی کی بخل میں بے حد تعریف کے موقع پر بولتے ہیں یعنی صدقہ اور خیرات تک بھی فقیر کو نہیں ملتا - بلکہ گھر میں ہی رہ جاتا ہے -

بیہڑ - (ہ - اسم صفت) ناہموار اونچی نیچی زمین - جھرجھری زمین - غاروں اور نالوں کھالوں والی زمین - بن - چراگاہ - جنگل - بیلا -

بے ہودگی - (ف - اسم مؤنث) لغوی معنی بے فائدہ ہونا - غیر منفعت - خرابی - بے سلیقگی - پھوہڑپن - نادانی - حماقت - نالائقی - ناشائستگی بے ڈھنگا پن -

بے ہودہ - (ف - اسم صفت) (بے حرفی نفی اور ہودہ بمعنی فائدہ اور حق) بے فائدہ لغو - پوچ - باطل - ناحق - نادان - احمق - نالائق - ناشائستہ - آوارہ - سرگردان -

بے ہودہ پھرنا - (ہ فعل) آوارہ و سرگشتہ پھرنا -

بے ہودہ گوئی - (ف - اسم مؤنث - بیائے مصدری) ہرزہ سرائی - بک بک - بکواس جھک جھک فضول گوئی لغو بکواس کرنا -

پ

پ (ف - اسم مؤنث) (۱) اُردو فارسی حروف تہجی کا تیسرا حرف ہے (۲) ابجد کے حساب میں اس کے عددت کے برابر دو ہی گنے جاتے ہیں (۳) ہندی کا یہ اکیسواں حرف ہے

پ - ا

پا (ف، اسم مذکر) پاؤں۔ پیر۔ قدم۔ (بحالت صفت) نیچے۔ تحت۔ زیر (ترکیب پاکر) پائیداری۔ مضبوطی۔ استقلال۔ قیام جڑ۔ بنیاد۔ بیخ کے معنی دیتا ہے۔

پا افزوز (ف۔ مو) جوتی۔ پا افشار۔

پا انداز (ف۔ اسم مذکر) وہ فرش یا ٹاٹ جو مکان کے دروازے پر جوتیوں کی گرد صاف کرنے کے لیے بچھا دیتے

پا بر کاب (ف) جانے پر آمادہ۔

پابند (ف۔ اسم صفت۔ بہ ترکیب مفعولی) مقید۔ پابستہ۔ رکا ہوا۔ خوگر۔ عادی محتاج (بحالت اسم مذکر) گھوڑے کی پچھاڑی۔ نوکر۔ ملازم۔ مطیع۔ فرمانبردار فرماں پذیر۔ تابع۔

پابند ہونا (ف۔ فعل) نوکر ہونا۔ تابع ہونا مقید ہونا۔ عادی ہونا خوگر ہونا ذمہ دار ہونا۔ کسی کام کا ذمہ لینا۔

پابندی (ف۔ اسم مؤنث۔ بیاسے مصدری) روک۔ ملازمت۔ غلامی۔ قید گرفتار۔ استحکام۔ استقلال۔ لحاظ۔ خیال۔ دھیان۔ پیڑی۔ بیل۔ عادت۔

پابوس (ف۔ اسم مذکر و صفت) پاؤں چومنے والا۔ خوشامدی۔ تسلیم کرنے والا۔ (اسم مؤنث) حاصل مصدر ہے۔ قدم لینا۔ پاؤں پڑنا۔ پیر چومنا۔ پاؤں چھونا۔ بزرگوں کی ملاقات کرنا۔ پیروں کو ہاتھ لگانا۔ بڑوں کی تعظیم کرنا۔ جھکنا۔

پابوسی (ف۔ اسم مؤنث۔ بیاسے مصدری) قدم بوسی۔ بڑوں کی ملاقات۔ جھکنا۔ تسلیم کرنا۔

پابجولاں / پابہ زنجیر (ف۔ اسم صفت) پاؤں بیڑی میں یعنی قیدی۔ بیڑیاں پہنے ہوئے اسیر، مقید۔ محبوس۔ لاچار۔ مجبور۔ نوکر۔ غلام۔ خادم۔ شادی شدہ۔ بیاہا ہوا۔

پاپیادہ (ف۔ اسم صفت) پیدل۔ پیروں۔ بلاسواری۔

پاپ (س، اسم مذکر) گناہ۔ جرم۔ قصور۔ دوش۔ اوگن۔ ارادھ۔ دُکھ۔ عذاب۔ مصیبت۔ آفت۔ جنجال۔ جیبے جان کو پاپ لگنا۔ برائی۔ بدی۔ کھوٹ۔ خراب بات۔ ظلم وستم۔ جبر و تعدی۔ جور و جفا۔

پاپ اُبھرے پر (ہ۔ مثل) بُرے کام اور گناہ چھپے نہیں رہتے ضرور کبھی نہ کبھی ظاہر ہو کر رہیں گے۔ (پر بمعنی ضرور)

پاپ اُدے ہونا (محاورہ) کیا پانا۔ کرنی کا پھل ملنا۔ گناہوں کا بدلہ پانا۔

پاپ بساتا۔ یا بسا ہنا (ہ۔ فعل) گناہ خریدنا۔ جنجال مول لینا۔ عذاب ذمہ لینا۔

پاپ روپ (ہ۔ اسم مذکر) گناہِ مجسم۔ بدصورت۔ گناہگار ظالم۔ بے رحم مہاپاپی

پاپ کا بیڑا بھر کر ڈوبتا ہے (ہ۔ مقولہ) ظالم آخر کار اپنے کیے کا پھل پاتا ہے۔

پاپ کاٹنا (محاورہ) جھگڑا طے کرنا۔ فیصلہ کر دینا۔ قضیہ چکانا۔ تعلق قطع کر دینا۔ قرضہ ادا کرنا۔ نجات دینا۔ گناہ بخشنا۔ خطا معاف کرنا۔

پاپ کٹنا (ہ - فعل) جھگڑا چکنا۔ قضیہ دور ہونا۔ مصیبت ٹلنا۔ عذاب ہٹ جانا۔

پاپ ہرنا (ہ - فعل) گناہ دور کرنا۔ مُکت اور نجات دینا۔

پاپا (ف - اسم مذکر) باپ۔ والد۔ پدر۔ ابا۔ بابا (انگریزی) میں پوپ۔ پادری۔

پاپڑ (ہ - اسم مذکر) چنے، مونگ یا ماش کے آٹے کی نہایت پتلی بیلن سے بیلی ہوئی چپاتی جو سینکنے یا تلنے سے نہایت کراری ہو جاتی ہے۔ پپڑی۔ روٹی سینکتے وقت اس کا ابھار (بحالت صفت) پتلا باریک پان سا۔ کاغذ سا۔ سوکھا۔ خشک۔ کھڑنک۔ کمزور۔

پاپڑ بیلنا۔ یا۔ پاپڑ پیٹنا (ہ - فعل) بیلن سے بیل کر پاپڑ بنانا۔ بہت محنت اور دقت سے بسر اوقات کرنا۔ مصیبت پیٹنا۔ افلاس اور تنگدستی میں گزران کرنا۔ نہایت مشقت کر کے بھی پیٹ پالنا۔ بہت حیلے بہانے کرنے روزی کمانا۔

پاپن (ہ - اسم مؤنث) گنہگار عورت۔ خطا کار عورت۔ مجرمہ۔ ظالمہ۔ ہتیاری۔

پاپوش (ف - اسم مؤنث) جوتی۔ پیزار۔ کفش۔

پاپوش پر مارنا (اُر - محاورہ) پروا نہ کرنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ ٹھکرانا۔

پاپوش سے (اُر - تابع فعل) بلا سے جوتی سے پیزار جانے۔ پروا نہیں۔

پاپوش کے برابر نہ سمجھنا (اُر - محاورہ) بہت حقیر سمجھنا۔ پروا نہ کرنا۔ ذرا خاطر میں نہ لانا۔

پاپوش کی نوک سے (اُر - فعل تابع فعل) بلا سے پروا نہیں جوتی سے۔

پاپوش نہ مارنا (اُر - محاورہ) کچھ نہ جاننا۔ حقیر سے بھی کم جاننا۔ ہیچ سمجھنا۔

پاپی (ہ - اسم صفت) گنہگار۔ عاصی۔ مجرم۔ خطا کار۔ دُشٹ۔ ہتیارا۔ ظالم۔ نکوڑا۔ بے رحم۔ سنگدل۔ کٹھور۔ کنجوس۔ بخیل۔ مُمسک۔ خسیس۔

پاپی کنواں (ہ - اسم مذکر) وہ کنواں جو آدمی کی بھینٹ لے۔

پات (ہ - اسم مذکر) پتا۔ برگ۔ ورق۔ ایک زیور جو کان میں پہنا جاتا ہے۔

پاتابہ (ف - اسم مذکر) پاؤں کو گرمی سے بچانے والی شے۔ موزہ۔ جراب۔ چمڑے کا تلا جو جوتے کے اندر میں سِلا ڈال لیتے ہیں۔ موزے کو محفوظ رکھنے والا کپڑے کا جوتا سا۔

پاتال (ہ - اسم مؤنث) زمین کا سب سے نیچے کا حصہ۔ تحت الثریٰ سے۔

پاتر (ہ - اسم مؤنث) رنڈی۔ کسبی۔ کنچنی۔ بیسوا (بحالت صفت) نازک پتلا دبلا چھریرا۔

پاتر (س - اسم مذکر) جام۔ کٹورا۔ ظرف۔ برتن۔ باسن۔ بھانڈا۔ لائق۔ اہل۔

پاتک (س - اسم مذکر) پاپ۔ گناہ۔ دوش۔ دُکھ۔ مردنی کے باعث جو ناپاکی۔ میت والے کے ہاں کچھ دنوں تک تصور کی جاتی ہے اسے پاتک کہتے ہیں۔ اور رجہ خانے کی ناپاکی کو سوتک بولتے ہیں۔

پات گھابرا (ہ - اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) پتے کے کھڑکے سے بھی گھبرا جانے والا بزدل۔ ڈرپوک۔ ذرا سی بات سے ڈر جانے والا۔

پاتن (ہ - اسم مؤنث) جوتی پاپوش۔ کفش۔ خزاں۔ پت۔ جھڑ۔ زوال۔ آخر۔

پاتھا (ہ - اسم مذکر) ہل کا وہ حصہ جس میں پھالی لگاتے ہیں اور جس سے شگاف زمین چوڑا ہوتا چلا جاتا ہے۔

پاتھنا (ہ - فعل) تھاپنا۔ اُپلے بنانا۔ اینٹوں وغیرہ کو سانچے میں ڈھالنا۔

پاتی (ہ - اسم مؤنث) چٹھی۔ پتری۔ رقعہ۔ خط۔ پیغام۔ پیام۔ سندیسہ۔ پتا۔ نشان۔ کھوج۔ سُراغ۔

پاٹ (ہ - اسم مذکر) دریا اور کپڑے کی چوڑائی۔ عرض۔ چوڑان۔ چکی کا ایک پتھر۔ تخت۔ مسندِ حکومت۔ جیسے راج پاٹ۔ دھوبیوں کے کپڑے دھونے کا پتھر یا پٹڑا۔ کولھو یا بیلنے کی وہ لکڑی جس پر بیل ہانکنے والا بیٹھتا ہے۔ لکڑی کا لٹھا جو کنوئیں سے پانی کھینچنے کے لیے اس کی من پر رکھا جاتا ہے۔ ریشم۔ پٹڑا۔ چوکی کا تختہ۔ ریشمی کپڑے کا کونا۔ موٹا سن۔ دریا کی چوڑائی۔ اناج کی بوری۔

پاٹ (انگ - مذکر) پارٹ۔ حصہ۔ حمایت۔ طرفداری۔ باب۔ مقالہ۔ فصل۔

پاٹ (انگ - اسم) ظرف۔ برتن۔

پاٹنا (ہ - فعل) ڈھانکنا۔ چھت ڈالنا۔ ڈھانپنا۔ گڑھے وغیرہ کو بھرنا۔ پر کرنا۔ ڈھیر لگانا۔ ریل پیل کرنا۔ مالا مال کرنا۔ نیست کرنا۔ پانی دینا۔ سیراب کرنا۔ کڑیاں رکھنا۔ چھت یا پُل پر تختے پھیلانا۔ مٹی ڈالنا۔

پاٹھ (ہ - اسم مذکر) سبق۔ لین۔ اوھیائے۔ درد۔ وظیفہ۔ دعا۔ منتر۔ ختم۔

پاٹھ شالا (ہ - اسم مؤنث ظرف مکان) ابتدائی تعلیم کا مدرسہ۔ سکول۔ مکتب۔

پاٹھا (ہ - اسم مذکر) جوان ہاتھی۔ ہاتھی کا نر بچہ ہر جوان جانور۔ خوب جوان آدمی۔ پہلوان۔

پاٹھک (ہ - اسم مذکر۔ فاعل) معلم۔ اُستاد۔ مدرس۔ ٹیچر۔ واعظ۔ اُپدیشک۔ سار سُت۔ برہمنوں کا ایک فرقہ۔

پاجامہ۔ یا۔ پائجامہ (ف - اسم مذکر) شلوار۔ شرعی۔ زیر جامہ۔ ازار بستھنا۔

پاجی (ف - اسم صفت) کمینہ۔ رذیل۔ فرومایہ۔ سفلہ۔ بدذات۔ بدمعاش۔ لچا۔ شہدا۔ گھٹیا نوکر۔ ادنےٰ غلام۔

پاجی پرست (ف - اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) سفلہ پرور۔ کمینوں کی خدمت کرنے والا۔

پاجی پن (اُر - اسم مذکر حاصل اسم لیتی اسم مصدری) کمینگی۔ رذالت۔ سفلہ پن۔ شرارت۔ بدذاتی۔

پاجی مزاج (ف) اوچھا کمینہ عادات والا۔ کم ظرف۔ سفلہ مزاج۔

پاچک (ہ - اسم مذکر فاعل) ہاضم دوا۔ چورن۔ ہضم کرنے والی چیز۔ باورچی رسوئیا۔

پاچن (ہ - اسم صفت مؤنث) ہاضم۔ ہضم کرنے والی چیز (مذکر) چورن)

پاچھنا (ہ - فعل) گودنا۔ پچھنے لگانا۔ کسی نوکدار اوزار سے چوکے لگانا۔ کچوکنا۔ فصد کرنا۔

پاچھی (ہ - اسم مؤنث) دولتی۔ گھوڑے گدھے وغیرہ کی پچھلی دونوں ٹانگوں کا مارنا۔

پاخانہ (ف - اسم مذکر) جائے ضرور۔ ٹٹی۔ بیت الخلا۔ براز۔ گوہ۔ گندگی۔ غلہ

پاد (ہ - اسم مذکر) گوز۔ پھسکی۔ ریح۔ باؤ۔ ہوا۔ بادشکم۔

پادا پودی (ہ - اسم صفت) عاجز۔ ناتواں۔ نحیف۔ کمزور۔

پاداش (ف - اسم مؤنث) بدلہ۔ عوض۔ نتیجہ۔ صلہ۔ مکافات۔ معاوضہ۔ سزا۔ تعذیر۔

پادری (پرتگال) عیسائیوں کا پیشوا۔ اُسقف۔ واعظ۔ نصاریٰ۔ (طنزاً) عیسائی۔ کرسٹان۔ کرسچن۔

پادشاہ (ف - اسم مذکر) سلطان۔ قیصر۔ بادشاہ۔ فرمانروا۔

پادشاہ سلامت (ف) دعائیہ فقرہ۔ یعنی اللہ بادشاہ کو سلامت رکھے۔

پادشاہزادہ (ف - اسم مذکر۔ بہ ترکیب مفعولی) راج کمار۔ شہزادہ۔ بادشاہ کا بیٹا۔ شاہی نسل کا۔

پادگھابرادہ - اسم مذکر۔ بہ ترکیب فاعلی) ہول دلا۔ بزدل۔ ڈرپوک۔ ذرا سی آہٹ سے ڈر جانے والا۔

پادنا (ہ - فعل) بانی سرنا۔ گوز مارنا۔ ہمت ہارنا۔ ہار ماننا۔ چین بولنا۔

پار (ہ - اسم مذکر) دار کی ضد۔ پرلا کنارہ۔ پرلا سرا۔ دریا کے اس طرف۔ اخیر انجام۔ اور چھور۔ فارسی میں سال گذشتہ کے معنی دیتا ہے۔

پار اُتارنا (ہ - فعل) دوسرے کنارے پر پہنچانا دریا سے عبور کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔ مار ڈالنا۔ کام تمام کرنا۔

پار اُترنا (ہ - محاورہ) دریا کے اس کنارے جانا۔ نجات ہونا۔ خاتمہ بالخیر ہونا۔ کامیاب ہونا۔ مرمٹنا۔

پارٹیشن

پار بسانا (ہ - محاورہ) طاقت رکھنا۔ مقدور ہونا۔ بس چلنا۔ قابو پانا۔ دور چڑھنا۔

پارٹیشن (انگ - اسم مؤنث) علیحدہ کرنا۔ الگ کرنا۔ درمیان میں دیوار بنانا۔ Partition

پار لگانا (ہ - محاورہ) دریا کے پرلے کنارے پر پہنچانا۔ دیکھو پار اُترنا۔

پار لگنا (ہ - محاورہ) دیکھو پار اُترنا۔

پار لنگھانا (ہ - محاورہ) دوسرے کنارے پر پہنچانا۔ نجات دلانا۔ دریا سے عبور کرنا۔ خاتمہ کرنا۔ کام ختم کرنا۔ کام تمام کرنا۔ مار ڈالنا۔

پارا (ہ - اسم مذکر) ایک سفید مائع۔ وزنی دھات کا نام ہے سیماب۔ زئبق۔ (بحالت صفت) وزنی۔ بوجھل۔ بھاری بے قرار۔ بے چین۔ مضطرب۔

پارا پلانا (ہ - فعل کہی میں) پارا بھرنا۔ بوجھل کرنا۔ وزنی کرنا۔ ثقیل بنانا۔

پارتی (ہ - اسم مؤنث) پہاڑ کی بیٹی۔ ہمالیہ کی دختر۔ درگا دیوی۔ شیوجی کی رانی۔ گورا۔ حوا۔ حضرت آدمؑ کی بیوی۔

پارچہ (ف - اسم مذکر) لتا۔ کپڑا۔ لباس۔ پوشاک۔ بستر۔ پارہ۔ ٹکڑا۔ پھانک۔ قاش۔ گھاٹ۔ پنگھٹ۔ ایک ریشمی کپڑے کا نام بھی ہے۔ جیسے خلعت چار پارچہ۔

پارٹ (انگ - Part - اسم مذکر) ٹکڑا۔ حصہ۔ ادھیائے۔ باب۔ فصل۔ مقدمہ۔

پارس (ہ - اسم مذکر) ایک قسم کا پتھر ہے۔ جس کی نسبت مشہور ہے کہ اس کے چھو جانے سے لوہا سونا ہو جاتا ہے۔ اکسیر (بحالت صفت) تندرست امر یعنی غیر فانی۔ نفیس اور عمدہ مٹھائی۔ داتا۔ ملک ایران کا نام بھی ہے لیکن اس معنی میں بالکسر اسے مہملہ ہے۔

پارسا (ف - اسم صفت) متقی۔ پرہیزگار۔ صالح۔ نیک۔ پاکباز۔ حیتی۔ عفیفہ۔ درویش عارف۔ اللہ والا۔ زاہد۔ پاکدامن۔

پارسائی (ف - اسم مذکر۔ بیائے مصدری) اتقا۔ تقوے۔ پرہیزگاری۔ عفت۔ پاک دامنی۔

پارسناتھ (ہ - اسم مذکر) جینی مذہب کے تیئسویں پیشوا اور اس کی مورتی کا نام ہے۔

پارسی (ف - اسم مذکر۔ بیائے فاعلیت) پارس کا رہنے والا۔ فارسی زبان۔ آتش پرست۔ مجوسی۔ گبر۔ ایک قوم کا نام ہے۔ جو زردشت کی پیرو ہے۔

پارکھی (ہ - اسم مذکر۔ بیائے فاعلیت) پرکھنے والا۔ پرکھیا۔ جوہر شناس۔ کھرا کھوٹا۔ جانچنے والا۔

پارلیمنٹ (انگ - Parliament اسم مؤنث) جماعت شورے مجلس مشورہ۔ کسی بھی آزاد ملک کی قانون بنانے والی منتخب ممبروں پر مشتمل مجلس شوریٰ قانون ساز اسمبلی۔

پارلیمنٹیرین Parliamentarian - انگ - ا - مذ) مجلس شورے میں بیٹھنے والا۔ مجلس کا ممبر۔

پارنا (ہ - فعل) چراغ کی لو پر کوئی چیز رکھ کر کاجل جمع کرنا۔ کاجل اُتارنا۔ کاجل جمع کرنا۔

پارہ (ہ - اسم مذکر) حصہ۔ ٹکڑہ۔ ریزہ۔ پرچہ۔ پرزہ۔ پتھروں کی چھوٹی سی دیوار۔

پارہ پارہ کرنا (ہ) فعل۔ ریزہ ریزہ کرنا۔ دھجیاں اڑانا۔ پرخچے اڑانا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

پارہ دوز (ف - اسم مذکر۔ فاعل ترکیبی) ٹکڑوں کو جوڑنے والا۔ کپڑوں کو سینے والا۔ پیوند لگانے والا۔ درزی۔ موچی۔

پارے کی دیوار (ہ - اسم مؤنث) صرف پتھروں کی دیوار جس میں گارا اور چونا نہ لگا ہو۔

پاڑ (ہ - اسم مؤنث) ٹانڈ۔ مچان۔ معماروں کے بیٹھ کر کام کرنے کی بانسوں کی ٹھاٹری کنوئیں کا جال۔ کنوئیں کا کٹکڑ۔ پھانسی کا تختہ۔

پاڑھا (ہ - اسم مذکر) ہرن کی قسم کا ایک جنگلی جانور جسے شکار کر کے کھاتے ہیں۔

پازیب (ف - اسم مؤنث بہ قلب اضافت ترکیب فاعلی) یعنی زیب پا۔ پاؤں میں پہننے کا ایک زیور۔

پاس (ف - اسم مذکر) حفاظت نگہبانی۔ لحاظ۔ خیال۔ باعث۔ وجہ۔ سبب۔ طرفداری۔ پہرہ۔ چوکی۔ پہر۔ تین گھنٹے کا عرصہ۔

پاس کرنا (اُ - محاورہ) رعایت کرنا۔ لحاظ کرنا۔ طرفداری کرنا۔

پاس دان (اسم مذکر) کامیابی۔ فیل کے خلاف اجازت کا پروانہ۔ روٹنہ۔ راہداری کا ٹکٹ۔ اجازت نامہ۔ گزرنا۔ لنگھنا۔

پاس بک Pass Book اسم مؤنث) بہی۔ حساب کی کتاب۔ بنک کے لین دین کی کتاب۔

پاس کرنا (اُ - فعل) عبور کرنا۔ طے کرنا۔ گزرنا۔ ترقی کرنا۔ منظور کرنا پسند کرنا۔ خیال اور ادب کرنا۔ طرفداری کرنا۔ پیچ کرنا۔ دیکھ بھال کرنا۔ نگاہ رکھنا۔ نگہبانی کرنا۔ اجازت دینا۔ روانگی دینا۔ چھوڑنا۔ نظر انداز کرنا۔ فروگذاشت کرنا۔

پاس ہونا (اُ - فعل) کامیاب ہونا۔ امتحان میں پورا اترنا۔

پاس (ہ - تابع فعل) قریب۔ نزدیک۔ دھورے درے۔ قابو میں قبضے میں بلکیت میں مصرف میں۔

پاس پاس (ہ - تابع فعل) قریب۔ قریب۔ قریباً برابر برابر۔ قطار میں۔ مسلسل۔ مل کر۔ ہمسایہ میں۔ پڑوس میں۔

پاسا (ہ - اسم مذکر) رخ۔ پہلو۔ طرف۔ جانب۔ قرعہ۔ کعب۔

پاسا پڑنا (ہ - فعل) پانسے میں داؤں حسب مراد پڑنا۔ داؤں لگنا۔ جیت ہونا۔ فتح پانا۔ مرضی کے موافق کام ہونا۔ اقبال یاور ہونا۔

پاسا پلٹنا۔ یا۔ اُلٹنا (محاورہ) داؤں کا مرضی کے خلاف ہونا۔ ہار ہونا۔ شکست ہونا۔ تدبیر کا بگڑ جانا۔ زمانے کا انقلاب ہونا۔ افلاس سے ادبار یا اس کے برعکس ہونا۔

پاسا پھینکنا (محاورہ) قرعہ ڈالنا۔ قسمت آزمائی کرنا۔

پاسبان (ف۔ اسم مذکر) چوکیدار۔ پہرے دار۔ نگہبان۔ رکھوالا۔ محافظ۔ دربان۔

پاسبانی (ف۔ اسم مؤنث بیاسے مصدری) چوکیداری۔ نگہبانی۔ چوکسی۔ دربانی۔

پاسداری (ف۔ اسم مؤنث۔ بیاسے مصدری) طرفداری۔ جانبداری۔ رعایت۔ نگہبانی۔ لحاظ۔

پاسنگ (ف۔ اسم مذکر) وہ ذرا سا وزن جو ترازو کی ڈنڈی برابر کرنے کے واسطے ڈسوں کے ساتھ باندھا یا پلڑے میں رکھا جاتا ہے (بحالت صفت) جزوی ذرا سا۔ خفیف سا۔ بہت ہی کم۔ بالکل ہیچ۔ ترازو کے پلڑوں کا فرق۔

پاسنگ بھی نہیں (محاورہ) ذرا بھی لگا نہیں کھاتا۔ ذرا بھی برابر نہیں۔ کوئی بھی نسبت نہیں۔ کچھ تعلق ہی نہیں۔ بالکل ہیچ ہے۔

پاسی (ہ۔ اسم مذکر) پاسبان۔ نگہبان۔ چوکیدار۔ محافظ (ان معنوں میں پاس اور یاسے فاعلیت سے مرکب ہے) پھندا۔ پھانسی۔ گھاس یا بھوسہ وغیرہ باندھنے کی جالی۔ چڑیمار بہیلیا۔ پچھاڑی۔ ایک قوم کا نام ہے۔ جو تاڑی یعنی تاڑ کا رس بیچنے کا پیشہ کرتے ہیں۔ چونکہ تاڑ کے درخت پر چڑھتے وقت یہ لوگ رسی کا پھندا اپنے پاؤں میں باندھے رکھتے ہیں۔ اس لیے یہ نام پڑ گیا ہے۔

پاشا (ت۔ اسم مذکر) عامل۔ لارڈ۔ ترکوں کا سردار۔ ترکی سرداروں کا لقب اور خطاب۔

پاش پاش (ف۔ تابع فعل) ٹکڑے ٹکڑے۔ ریزہ ریزہ۔ پارہ پارہ۔ پرزے پرزے۔

پاش پاش کرنا (مؤ۔ محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ چیر چیر ہونا۔ دھجیاں اُڑانا۔

پاشنہ (ہ۔ اسم مذکر) ایڑی۔ کھُری۔ عقب گھوڑے کی چالوں میں سے ایک چال کا نام ہے جسے سرپٹ کے قریب قریب سمجھنا چاہیے۔

پاشنہ کوب جانا (مؤ۔ فعل) پیچھا کرنا۔ تعاقب میں جانا۔

پاشویہ (ف۔ اسم مذکر) پاؤں دھونا۔ ایک خاص ترکیب سے دوائیوں کے پانی میں پاؤں دھونا (یہ اسم مصدری ہے) پیروں کو گرم پانی میں ڈال کر بیٹھنا۔

پاشویہ کرنا (مؤ۔ فعل) پاؤں دھونا۔ گرم پانی یا دوائیوں کے پانی میں پیر ڈال کر بیٹھنا اور ٹکور کرنا۔

پاک (ف۔ اسم صفت) صاف بے عیب۔ ستھرا۔ نرمل۔ پوتر۔ بے لوث۔ بے گناہ۔ نیک۔ پرہیزگار۔ متقی۔ بے باک۔ منقطع۔ محفوظ۔ بری۔ شرعی اصطلاح میں جائز۔ مباح۔ حلال۔ ازحد۔ نہایت جیسے پاک شہدا۔ آزاد بے باک۔

پاکباز (ف۔ اسم مذکر بہ ترکیب فاعلی) ایسے ایمانی نہ کرنے والا بے گناہ بے لوث۔ ایماندار۔ زاہد۔ مجرد۔ کھرا۔ صاف دل۔ نیک نیت۔ نیک نظر۔ عاشق صادق۔ پاک نظر سے معشوق کو دیکھنے والا عاشق۔ پاک محبت رکھنے والا۔ بھنگڑوں کی اصطلاح میں بھانگ چھاننے کی صافی۔

نیک دل۔

پاک دامن (ف) پاک دامن۔ باعصمت۔ عفیفہ۔ پارسا عورت۔ پتی برتا۔

پاک زادہ (ف۔ اسم مذکر) (پورب میں) دھوبی گاذر۔

پاک صاف (فخ۔ اسم صفت) نیک۔ اچھا۔ نیک نیت۔ اچھوتا۔ غیر مستعمل۔ بہت بے لوث۔

پاک کرنا (اُ) مذہبی شرط کے موافق دھو کر کسی چیز کو صاف کرنا۔ پوتر کرنا۔ ستھرا کرنا۔ شکار کو صاف کرنا۔ کھال یا پر صاف کرنا۔ اناج پھٹکنا۔ غلہ صاف کرنا مونڈنا۔

پاک محبت (فخ۔ اسم مؤنث) اُلفت جس میں کوئی غرض ملحوظ نہ ہو بے غرض۔ محبت۔ سادہ الفت۔

پاکھ (ہ۔ اسم مذکر) پندرہ دن کا عرصہ۔ پندرھواڑہ حصہ۔ پکش۔

پاکھا (ہ۔ اسم مذکر) پہلو۔ دیوار۔ بازو۔ طرف۔ سوئے۔ جانب۔ سایہ۔ چھپر۔

پاکھر (ہ۔ اسم مذکر) برگستواں۔ چار آئینہ مواشی۔ گھوڑوں۔ ہاتھیوں وغیرہ کی زرہ۔ ترپال۔ ٹاٹ کی جھول (اسم مذکر) ایک درخت کا نام ہے جس کا پھل تلی کے لیے مفید ہے۔ اس کا اچار ڈال کرتلی والے کو کھلاتے ہیں۔

پاکھنڈ (اسم مذکر) وید کے خلاف۔ بدعت۔ فریب۔ دھوکا۔ فساد۔ بھگی۔ زنا۔ دکھاوے۔ عبادت۔ بناوٹ تصنع۔ حرامزدگی۔ شرارت۔ بدذاتی۔

پاکھنڈ پھیلانا (ہ۔ محاورہ) مکر کا جال بچھانا۔ بھگل گانٹھنا۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔

پاکھنڈی (ہ۔ اسم مذکر۔ بیائے فاعلیت) بدعتی۔ منافق۔ ریاکار۔ کپٹی۔ فریبی۔ دھوکے باز۔ ٹھگ۔ جو فروش گندم نما۔

پاکیزگی (ہ۔ اسم مؤنث) ستھراپن۔ صفائی۔ طہارت۔

پاکیزہ (ف۔ اسم صفت) پاک۔ صاف۔ ستھرا۔ طاہر۔ طیب۔ خوبصورت بے عیب۔ بے نقص۔

پاگ (ہ۔ اسم مؤنث) پگڑی۔ دستار۔ پاؤں۔ قدم۔

پاگ جوڑنا (ہ۔ فعل) پاؤں جوڑنا۔ جھولے میں ایک خاص طریقہ سے اس طرح بیٹھنا کہ ایک کے پاؤں دوسرے کے طرف آجائیں۔

پاگل (ہ۔ اسم مذکر) دیوانہ۔ باؤلا۔ سڑی۔ مجنوں۔ خبطی۔ بیوقوف۔ احمق۔ مورکھ۔

پاگلپن (ہ۔ اسم مذکر۔ مصدری) جنون۔ خبط۔ دیوانگی۔ حماقت۔ بیوقوفی۔

پاگلخانہ (مؤ۔ اسم مذکر ظرف) پاگلوں کے رہنے کی جگہ۔ وہ مکان جہاں سارے پاگل رکھے جاتے ہیں۔ پاگلوں کا ہسپتال۔

پاگنا (ہ۔ فعل) خلاقنا۔ کسی چیز یا میوے پر کھانڈ کا شیرہ چڑھانا۔ لتھیڑنا۔ لپیٹنا۔

پگوڈا (Pagoda۔ ہ۔ مذ) بدھ مت کے ماننے والوں کی عبادت گاہ۔

پال (ہ۔ اسم مؤنث) سپاہیوں کے رہنے یا میلہ وغیرہ میں دکان داروں کے جاننے کا چھوٹا سا خیمہ۔ کشتی کا پردہ۔ چوار۔ پانی روکنے کا بند۔ پشتہ۔ وہ گھانس پھونس جس میں پکے میوے کو رکھ کر پکایا جاتا ہے۔ پالنا سے امر اور حاصل مصدر بھی ہے۔ کسی چھوٹے بچے یا جانور کو پرورش کرنا۔

پال پال تیرے جی کا جنجال (ہ۔ مقولہ) نااہل کی پرورش سے تکلیف کے سوا اور کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

پال ڈالنا (ف) ۔فعل، کچے میوے کو بھوسی میں دبا کر پکانا۔

پالا (ا) ۔اسم مذکر، کہر۔ برف۔ جمی ہوئی اوس۔ بہت سردی۔ نہایت ٹھنڈک۔ قابو۔ بس۔ جھڑبیری کے سوکھے پتے۔ اکھاڑا۔ کشتی گاہ۔ دنگل۔ بازی۔ فتح۔ جیت۔ کبڈی وغیرہ میں حد فاصل۔ تعلق۔ واسطہ۔ علاقہ۔ سروکار۔ عبدر مقام۔ ہیڈکوارٹر۔ پالنا سے ماضی مطلق۔

پاگوڈا

پالا پڑنا (ف) فعل۔ کہر پڑنا۔ برف باری ہونا۔ سخت سردی ہونا۔ واسطہ پڑنا۔ تعلق ہونا۔ سابقہ پڑنا۔ قابو میں آنا۔ بس میں پڑنا۔ پھندے میں پھنسنا۔ سر پڑنا۔ ذمہ ہونا۔

پالا گرنا (ف) ۔فعل، کہر گرنا۔ اوس جم جانا۔ برف گرنا۔ ٹھنڈک ہونا۔ ٹھہر جانا۔ نہایت سردی ہونا۔

پالا پوسا (ف) ۔اسم مذکر، مفعول۔ پرورش کیا ہوا۔ پرورش کردہ۔ دست پروردہ۔ نیز پالنا۔ پوسنا سے صیغہ ماضی مطلق۔

پالاگن (س) ۔اسم مؤنث، پاؤں لگنا سے حاصل مصدر۔ یعنی قدمبوسی۔ پاؤں پڑنا۔ سلام۔ آداب۔ نمستے۔ گڈ مارننگ۔ اپنے سے بڑے بالخصوص برہمنوں اور اساتذہ اور ماں باپ وغیرہ کی تعظیم بجالانا اور ان کے سامنے اپنا عجز و انکسار ظاہر کرنا۔

پالان (ا) ۔اسم مذکر، وہ گدی یا کپڑا جو لدو جانوروں کی پیٹھ پر بچاؤ کے لیے ڈالتے ہیں۔

پالتی (ا) ۔اسم مؤنث، چہار زانو بیٹھنے کا ایک خاص طریقہ جسے آلتی پالتی مارنا بولتے ہیں۔

پالتی لگانا (ف) ۔فعل، پانی میں پالتی لگا کر تیرنا۔ ایک خاص طرز کی تیراکی کا نام ہے۔

پالٹ (ا) ۔اسم مؤنث، پٹہ بازی اور کشتی میں ایک ضرب کا نام ہے جو صرف پاؤں پر لگاتے ہیں۔

پالیسی۔ یا۔ پالیسی Policy ۔اسم مؤنث، حکمت عملی۔ تدبیر۔ مصلحت۔ چال۔ دور اندیشی۔ غور و فکر۔ سوچ بچار۔ اصول سیاسی۔ تجویز۔

پالش (Poliah اسم مؤنث) صفائی صیقل۔ جلا۔ ریگ مال روغن۔ چمک۔


پالکی

پالک (ا) ۔اسم مذکر، ایک قسم کا ساگ اور بیج کا نام۔ اسفاناخ۔ اسپاناخ۔

پالکی (ا) ۔اسم مؤنث، ایک قسم کی خمدار ڈنڈوں والی ڈولی۔ محاورہ۔ پالکی پینس۔

پالکی نشین (اسم مذکر) بڑے رتبہ کا امیر۔

پالن (ا) ۔اسم مؤنث، پرورش۔ تربیت۔ تعلیم۔ دیکھ بھال۔ نگرانی۔ نگہبانی۔ بچاؤ۔ حفاظت۔

پالنا (ا) ۔فعل، پرورش کرنا۔ تربیت کرنا۔ (بحالت اسم مؤنث۔ پرورش۔ خبرگیری۔ (بحالت اسم مذکر) تیگوڑا۔ گہوارہ۔ مہد۔ ہنڈولنا۔ ایک قسم کا جھولا۔ ہنڈولا۔

پالی (ا) ۔اسم مؤنث، مگدھ دیس کی زبان۔ جو پراکرت اور مگھ زبان سے مل کر بنی ہے بلبلوں اور بیٹروں وغیرہ کی لڑائی کی جگہ سرپوش۔ ڈھکنا۔

پالیز (ا) ۔اسم مذکر ظرف، سبزہ زار۔ مرغزار۔ ہریادل کی جگہ کھیرے ککڑی وغیرہ کا کھیت۔

پام (ا) ۔اسم مؤنث، گوٹے وغیرہ میں لگانے کی ریشم کی ڈوری جو گوٹے کے کنارے میں مضبوطی کے لیے لگاتے ہیں۔

پام

پامال (ف) ۔اسم صفت بہ ترکیب مفعولی، پاؤں میں ملا ہوا۔ روندا ہوا۔ تباہ شدہ۔ برباد۔ خراب۔ خستہ۔ شکستہ حال۔

پاموز (ا) ۔اسم مذکر، وہ کبوتر یا مرغ وغیرہ جس کے پیروں اور پنجوں کو پروں نے ڈھک لیا ہو۔

پان (ا) ۔اسم مذکر، ایک قسم کا خوشبودار پتا۔ برگ تنبول۔ ناگر بیل کا پتا۔ جوتے کی ایڑی پر لگا ہوا کمخت یا چمڑے وغیرہ کا ٹکڑا۔ لنگوٹ کے اوپر کا میرنی چیتھڑا۔ تاش کی بازی میں ایک رنگ کا نام (اسم مؤنث) جولاہوں کا کلف جو بننے سے پہلے سوت کو دیتے ہیں۔ مانڈی۔

پان بنانا / پان لگانا (ا) ۔فعل، چونا کتھا اور چھالیا وغیرہ ڈال کر پان کی گلوری بنانا۔ بیڑا تیار کرنا۔ مانڈی دینا۔ کلف لگانا۔ پھول بوٹے وغیرہ کاڑھنا۔ پان کی شکل اور نقش و نگار بنانا۔ پانوں کو الٹنا پلٹنا تاکہ گل نہ جائیں۔

پان پتا (ا) ۔اسم مذکر، لوازم خانہ داری۔ سودا سلف۔ اشیائے خوردنی۔ برگ تنبول۔

پان چیرنا / پان کترنا (ا) ۔فعل، پان کے ٹکڑے کرنا۔ فضول کام کرنا۔ بے فائدہ کام کرنا۔

پان دینا (ا) ۔فعل، پانی کی تواضع کرنا۔ رخصت کرنا۔ رخصت کا پان کھلانا۔

پان کرنا (ا) جولاہے کا سوت کو مانڈی دے کر تانی سکھانا۔ اور کوچ بھر کر ہر دھاگے کو الگ الگ اور سخت کرنا۔

پان کھلانا (ا) ۔فعل، پان دینا۔ منگنی کی رسم ادا کرنا۔

پان کھلائی (ا) ۔اسم مؤنث، معاوضہ۔ پان کھلانے کی اجرت۔ پان کھلانے کا حق جو شادی میں بھاوجوں کو ملتا ہے۔ پان کھلانے کا نیگ (حق)۔

پانا (ا) ۔فعل، وصول کرنا حاصل کرنا جیسے جیسا کروگے ویسا پاؤ گے۔ معلوم کرنا۔ تاڑنا۔ جانچنا۔ گم شدہ چیز کا مل جانا۔ ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔ بھگتنا بھرنا۔ سہنا۔ پتا لگنا۔ کھوج ملنا۔ بھوجن۔ چکھنا۔ کھانا۔ نوش فرمانا۔ پنجاب میں بھنی ڈالنا بھرنا۔ کسی برتن میں کوئی چیز پر کرنا۔

پانجنا (ف) ۔فعل، ٹانکا لگانا۔ رائجنا۔ جھالنا۔ جوڑنا۔ قلمی وغیرہ لگا کر سوراخ کو بند کرنا۔ ملانا۔

پانچ (ا) اسم عدد چار اور ایک۔ پنچ۔ خمس (بحالت صفت) ہوشیار۔ چالاک۔ تجربہ کار۔ چلتا پرزا۔

پانڈا

پانڈا (انگ۔ند) ایک جنگلی جانور کا نام۔

پانچ اندری (ف) ۔اسم مؤنث، قوت۔ یا مرہ۔ لامسہ

سامعہ۔ شامہ۔ ذائقہ۔ پانچوں حواس۔ حواس خمسہ۔

پانچواں (ہ۔صفت عددی) پنجم۔ خامس۔ پانچویں درجہ میں۔ پانچویں نمبر پر۔

پانچوں (ہ۔صفت تاکیدی یا استغراقی) ہر پنج۔ پانچ کے پانچ۔ پورے پانچ۔ ہر پانچ۔

پانچوں انگلیاں برابر نہیں / پانچوں انگلیاں یکساں نہیں (ہ۔مثل) تمام انسان مختلف طبیعت کے ہیں ایک کی طبع دوسرے سے نہیں ملتی۔ سب آدمی برابر نہیں۔ ہر شخص کا مزاج جدا جدا ہے۔

پانچوں انگلیاں گھی میں / پانچوں گھی میں (ہ۔مثل) خوب گھر ہے ہیں۔ سب کاروبار ہاتھ میں ہے مختارِ کل ہیں خورد و نوش کی سب چیزیں اپنے ہاتھ ہیں۔ مزے کرتے ہیں عیش اڑا رہے ہیں آرام سے ہیں سب کچھ حسبِ دلخواہ موجود ہے کسی چیز کی کمی نہیں۔ ہر طرح بامراد۔

پانچوں سواروں میں نام لکھانا (ہ۔مثل) ادنے آدمی کا اپنے آپ کو بڑے لوگوں میں شمار کرنا۔ ڈینگ مارنا۔

پاندان (ہ۔اسم مذکر ظرف) پٹاری۔ پان اور اس کا مصالحہ رکھنے کی صندوقچی پانوں کا ڈبہ۔ بوری۔ تھیلی۔ خورجی۔ بیگ۔

پانڈو (ہ۔اسم مؤنث) وہ سرزمین جس میں ریت اور چکنی مٹی ملی ہو۔ ماراتی زمین۔ بھاری بوجھ والا۔

پانڈو (س۔اسم مذکر) راجہ پانڈو کی اولاد۔ راجہ پانڈو کی نسل کے لوگ۔ مراد یودھشر۔ ارجن۔ بھیم۔ نکل اور سہدیو سے مراد ہے۔

پانڈے (ہ۔اسم مذکر) پنڈت کی تصغیر۔ قنوجی برہمنوں کی ایک افضل قوم ہے۔ عالم۔ فاضل۔ اُستاد۔ معلم۔

پانڈے دو لوٹے گئے ملوا ملانہ ماندے (ہ۔مثل) ایسے موقعہ پر بولتے ہیں جہاں ہر طرف سے ناکامی ہو۔ نہ اُدھر کے رہے نہ ادھر کے رہے کسی قسم کا بھی فائدہ نہ ہوا۔

پانڈی (ہ۔اسم مذکر۔ بیائے فاعلیت) پانڈو والا۔ بوری اُٹھانے والا۔ بوجھ ڈالنے والا۔ حمال۔ قلی۔ مزدور۔

پانڈیا (ہ۔اسم مذکر) زائد یا مفید تصغیر۔ قلی۔ مزدور۔ بوجھ ڈالنے والا۔ حمال

پانس (ہ۔اسم مذکر) ہیلا۔ کھاد جو کھیتوں کی طاقت بڑھانے کے لیے ان میں ڈالتے ہیں۔

پانسہ (ہ۔اسم مذکر) دیکھو پاسہ)

پانسو (ہ۔اسم مؤنث) پسلی۔ پسلی کی ہڈی۔ پنجر۔

پانسو (ہ) اسم عدد۔ پانچ سینکڑے۔ پنج صد۔ ۵۰۰۔

پانو۔ یا۔ پاؤں (ہ۔اسم مذکر۔ پاؤں۔ پیر۔ قدم۔

پانی (ہ۔اسم مذکر) نیر۔ جل۔ آب۔ ماء۔ بارش۔ مینہ۔ باراں۔ پسینہ۔ عرق۔ پسیو۔ نطفہ۔ دھات بیج۔ اصل نسل۔ رونق۔ تازگی۔ مرغ لڑائی کشتی۔ جیسے چار پانی ہوئے۔ شراب۔ شرم۔ حیا۔ جیسے اُس کی آنکھ میں ذرا پانی نہیں۔ موقع۔ وقت۔ جیسے وہ پانی ملتان گئے۔ آنسو۔ اشک۔ نمی۔ رطوبت۔ تری۔ (صفت میں) پتلا۔ سیال۔ رقیق۔ ٹھنڈا۔ سرد۔ جیسے تو پانی پڑا ہے۔ پھیکا۔ بے ذائقہ جیسے یہ خربوزہ تو بالکل پانی ہے۔ کنکوے کے نرم اور ڈھیلا ہو جانے اور تناؤ نہ رہنے کو بھی بولتے ہیں نرم۔ ملائم۔ مدھم۔ سیدھا۔ نیم راضی۔ جیسے وہ تو باتوں سے سے ہی پانی ہو گیا۔ کمزور۔ نڈھال۔ ضعیف ناتواں جیسے تم تو ذرا سی تکلیف سے ہی پانی ہو گئے۔ جرأت، استقلال۔ ارادہ۔ حیثیت۔ مقدور جیسے دیکھتے ہیں وہ کتنے پانی میں ہے۔ جِلا۔ چمک۔ آب جیسے شیشے کا پانی بہت اچھا ہے۔

پانی اُتارنا (ہ۔فعل) پانی نیچے لانا۔ پانی اُوپر سے نیچے لانا۔ پانی کم کرنا۔ گھٹانا آئینہ کی جلا اُڑا دینا۔ دولہا دولہن کے اوپر سے پانی وار کر پانی۔

پانی اُترنا (ہ۔فعل) بارش ہونا۔ مینہ برسنا۔ نزول الماء یعنی موتیابند کی بیماری لگ جانا۔ دریا کے پانی کا کم ہو جانا۔ پانی گھٹ جانا۔

پانی اُٹھانا (اُ۔محاورہ) پانی جذب کرنا۔ پانی چوسنا۔ پانی لینا۔ جیسے موٹا جاذب کاغذ۔ پانی خوب اُٹھاتا ہے پانی بہت خرچ کرنا۔

پانی اُٹھنا (اُ۔محاورہ) ابر آنا۔ گھٹا کا نمودار ہونا۔ پانی خرچ ہو جانا۔ مینہ کا نازل ہو جانا۔

پانی آنا (اُ۔محاورہ) مینہ۔ بارش وغیرہ کا سامان دکھائی دینا۔ زخم اور آنکھ۔ ناک وغیرہ سے رطوبت آنا۔ فوطوں میں پانی بھر جانا۔ نزول الماء کی بیماری شروع ہونا۔

پانی باندھنا (اُ۔محاورہ) پانی روکنا۔ کھیتی وغیرہ کے لیے بہتے پانی کے آگے بند لگانا۔ پانی کو ٹھہرانا۔ ناممکن کام کرنے کی کوشش کرنا۔ ہمت سے بڑھ کر کام کی خواہش کرنا۔

پانی بجھانا (ہ۔فعل) پانی کی خارجی رطوبت جلانے کو اس میں لال گرم لوہا یا گرم لال اینٹ ڈالنا تاکہ مریض کے حق میں مضر نہ ہو۔

پانی برسنا (ہ۔فعل) مینہ برسنا۔ بارش ہونا۔

پانی بڑھنا (ہ۔فعل) دریا کا طغیانی پر آنا۔ کنوئیں وغیرہ میں پانی کا اپنی حد سے زیادہ ہونا۔

پانی بلانا (ہ۔فعل) کھیت میں پانی دینا۔ کیاریوں میں پانی بھرنا۔

پانی بہانا (ہ۔محاورہ) گھر میں کسی مر جانے اور اس کی میت لے جانے کے بعد گھر کا تمام پانی لنڈھا دینا۔

پانی بھرنا (ہ۔فعل) کسی چیز میں پانی ڈالنا۔ کنوئیں سے گھڑوں وغیرہ کے ذریعہ پانی لانا۔ پانی کھینچنا۔ غلامی اور خدمت گاری اختیار کرنا شرمانا عاجزی اور انکساری کرنا۔ نادم و منفعل ہونا۔ اطاعت کرنا۔

پانی پانی کرنا (ہ۔محاورہ) پگھلانا۔ گلانا۔ پتلا کرنا۔ رقیق کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ منفعل ہونا۔ پسینہ پسینہ کرنا۔ غیرت دلانا۔

پانی پانی ہونا (ہ) گھلنا۔ پگھلنا۔ پتلا اور رقیق ہونا۔ عرق عرق ہونا۔ آب آب ہونا۔ خجالت اور شرمندگی کھینچنا۔ نادم ہونا۔

پانی پر بنیاد ہونا (ہ) بالکل بودا اور کچا ہونا۔ غیر مستقل اور ناپائدار ہونا۔

پانی پڑنا (ہ۔فعل) بارش ہونا۔ مینہ برسنا۔ سن بلوغ کو پہنچنا۔ میوے یا پھل کا گذر جانا۔ پھوڑے یا چیچک وغیرہ کی پھنسیوں کے مادے کا رقیق ہو کر مر جانا۔

پانی پھر جانا (ہ۔محاورہ) ڈوب جانا۔ غرق ہو جانا۔ محنت رائگاں جانا۔ تباہ و برباد ہو جانا۔ جاتے رہنا۔ اکارت جانا۔ ضائع ہونا۔

پانی پھوٹنا (ہ۔فعل) نالی توڑ کر پانی کا بہ نکلنا۔ پانی کا خوب گرم ہونا۔ کھولنا۔

پانی پھونکنا (ہ - فعل) کچھ پڑھ کر پانی پر دم کرنا۔
پانی پھیر دینا (اُر۔ محاورہ) احسان فراموشی کرنا۔ محنت برباد کرنا۔ حق مٹا دینا۔ سابقہ حقوق پر نظر نہ رکھنا۔ کام خراب کر دینا۔
پانی پی پی کر دعا دینا (اُر۔ محاورہ) ہر وقت دعا دیتے رہنا۔ ہر گھونٹ کے ساتھ دُعا دینا۔ بے حد دعائیں دینا۔ خوش ہو کر بہت ہی دُعائیں دینا۔
پانی پی پی کر کوسنا (اُر۔ محاورہ) ہر وقت کوستے رہنا۔ نہایت کوسنا۔ اُٹھتے بیٹھتے کوستے رہنا۔ بہت ہی بددعا دینا۔
پانی پی کر ذات پوچھنا (ہ۔ محاورہ) بے توقع کام کرنا۔ بے وقت افسوس کرنا۔ کام کر کے اس پر پشیمان ہونا۔
پانی پینا (ہ - فعل) پانی جذب کرنا۔ پانی سوکھنا۔ پانی کو سنا۔
پانی توڑنا (ہ - فعل) بند یا نہر میں سے پانی چھوڑنا۔ پانی کھینچنا۔ پانی کم کرنا۔
پانی ٹپکانا (ہ - فعل) پانی چُوآنا۔ پانی بچوڑنا۔ دہی ٹھکا کر اُس کا پانی نکالنا۔
پانی چڑھانا (ہ - فعل) زخم میں پانی سرایت کر جانا۔ زخم کا پانی کو جذب کر لینا۔ قحط سالی میں کسی کے روکے ہوئے پانی کو بے اجازت لے جانا۔ حاملہ ہونا۔ بُوند چرانا۔ نطفہ قبول کرنا۔
پانی چڑھانا (ہ - فعل) پانی اُوپر لے جانا۔ پانی ڈکوسنا یا زیادہ پینا۔
پانی چُوآنا (ہ - محاورہ) پانی ٹپکانا۔ قطرہ قطرہ پانی گرانا۔ جانکنی کے وقت پانی کو بوندیں منہ میں ڈالنا۔
پانی چھڑوانا (ہ - فعل) مزار یا قبر یا چوراہے پر پانی کی مشک چھڑا کونا۔
پانی چھوڑنا (ہ - فعل) پانی جاری کرنا۔ پانی دینا۔ پانی ترک کرنا۔ بوجہ پرہیز مرض۔ سبزی کا پکتے وقت پانی نکل کر اکٹھا ہو جانا۔
پانی دکھانا (ہ - فعل) گھوڑے مویشی وغیرہ کو پانی پلانا۔ جانور کے سامنے پانی رکھنا۔
پانی دینا (ہ - فعل) آبپاشی کرنا۔ پانی بلانا۔ سینچنا۔ پیڑوں کو پانی دینا مردے کے نام پر پانی بہانا۔
پانی دیوا (ہ - اسم مذکر بہ ترکیب فاعلی) مرنے کے بعد پانی دینے والا۔ وارث یادگار۔ بنیاد وغیرہ۔ جیسے نام لیوا نہ پانی دیوا۔
پانی سے پتلا (ہ - اسم صفت مرکب) نہایت رقیق۔ بہت ارزاں۔ نہایت حقیر۔ خفیف ادنےٰ۔ ذلیل۔ بے عزت۔ آسان۔
پانی سے پتلا کرنا۔ (ہ) نہایت سہل کرنا۔ بہت ذلیل خوار کرنا۔ بے عزت کرنا۔ شرم و خجالت میں غرق کرنا۔
پانی سے پتلا ہونا (ہ) آسان ہونا۔ ذلیل و بے عزت ہونا۔ حقیر ہونا۔ خفت اُٹھانا۔
پانی سے پہلے پُل باندھنا (ہ۔ محاورہ) قبل از مرگ واویلا کرنا۔ تکلیف آنے سے پہلے ہی اس کی روک تھام کا انتظام کرنا۔ بے جا فکر کرنا۔
پانی کا بتاسا / پانی کا بلبلا (ہ - اسم مذکر) غیر مستقل۔ فانی۔ ناپائدار۔ حباب۔ سراب۔ بے حقیقت۔ جلد ختم ہو جانے والا۔ بے بنیاد۔
پانی کاٹنا (ہ - فعل) ایک نالی سے دوسری نالی میں یا نہر سے کھیت میں پانی چھوڑنا۔ تیرتے وقت ہاتھوں سے پانی ہٹانا۔
پانی کر دینا (اُر۔ محاورہ) ٹھوس چیز کو پگھلا نہایت آسان اور سہل کر دینا۔ غصہ فرو کر دینا۔ غضب کو ٹھنڈا کر دینا۔
پانی کرنا (اُر۔ محاورہ) پتلا اور رقیق کرنا۔ شرمندہ اور خفیف کرنا۔ ذلیل کرنا۔
پانی کی پوٹ (ہ - اسم صفت) نرا پانی۔ بالکل پانی۔ پانی کا۔ زود ہضم۔ میوے یا پھل کی نسبت بولتے ہیں۔
پانی کے ریلے میں بہانا (ہ۔ محاورہ) پانی کی رو میں بہانا۔ ضائع کرنا۔ نہایت سستا بیچنا۔
پانی کے گھڑے پڑنا (ہ۔ محاورہ) سخت شرمندہ اور خجل ہونا۔
پانی کے مول (ہ - اسم صفت) بہت ہی سستا۔ نہایت ارزاں
پانی لگنا (ہ - فعل) پانی کا تکلیف دینا۔ یا نقصان پہنچانا۔ سردی کے باعث پانی کا دانتوں کو ناگوار گزرنا۔
پانی لینا (ہ - فعل) آبدست لینا۔ طہارت کرنا۔ استنجا کرنا۔
پانی مرنا (ہ - فعل) دیوار یا چھت میں پانی کا جذب ہونا۔ پانی کا سرایت کرنا۔ خرابی یا عیب ہونا۔ کم اصل ہونا۔ نادم و خجل ہونا۔ جھینپنا۔
پانی میں آگ لگانا (اُر۔ محاورہ) ناممکن بات کرنا۔ چغلی کھانا۔ لڑائی کرانا۔ شعبدہ بازی کرنا۔ فتنہ و فساد پیدا کرنا۔ سوتی بات جگانا۔
پانی میں گرہ باندھنا۔ یا۔ دینا۔ یا۔ لگانا (ہ۔ محاورہ) ناپائداری اور ناپذیری کے موقع پر بولا جاتا ہے۔ جلدی ہونا۔ شتابی مٹ جانا۔ غیر مستقل اور ناپائدار کام۔
پانی نکلنا (اُر۔ محاورہ) قطرہ آنا۔ انزال ہونا۔ منی خارج ہونا۔ پانی باہر آجانا۔
پانی نہ مانگنا (اُر۔ محاورہ) جلدی مر جانا۔ فوراً جان نکل جانا۔ چٹ پٹ مر جانا۔
پانی ہارنا (اُر۔ محاورہ) دنگل سے بھاگ نکلنا۔ مرغ یا بٹیر کا شکست کھانا۔ جی چھوڑنا۔ ہار ماننا۔ ہمت ہارنا۔
پانی ہو جانا (ہ) سخت چیز کا رقیق ہونا۔ گداز ہونا۔ پگھلنا۔ مشکل کام آسان ہو جانا۔ نرم پڑنا۔ دھیما ہو جانا۔
پاؤ (ہ - اسم صفت) چوتھا حصہ۔ چہارم۔ رُبع۔ چوتھائی۔ ¼ -
پاؤ روٹی (ہ - اسم مؤنث) ڈبل روٹی۔ نان پاؤ۔
پاؤ سیر (ہ - اسم مذکر) سیر کا چوتھا حصہ۔ ۲۵۰ گرام
پاؤ سیر چاول چوبارے رسوئی / آدھ پاؤ چورن چوبارے رسوئی (ہ) پرلے درجے کے لسان شیخی بگھارنے والے کی نسبت کہا کرتے ہیں۔ نواب بے ملک۔ حیثیت کچھ بھی نہیں اور کرّ و فر امیرانہ۔
پاؤلا (ہ - اسم مذکر) کسی سکہ کا چوتھا حصہ۔ چونی چار آنے۔ روپے کا چوتھا حصہ۔ پچیس پیسے۔
پاؤلی (ہ - اسم مؤنث) چونی۔ چار آنے۔ روپے کی چوتھائی۔ وہ چاندی کا سکہ جو چار آنے میں ملتا ہے۔ متروک ہو چکا ہے۔
پاؤں (ہ - اسم مذکر) پیر۔ پاے۔ چرن۔ قدم۔ پد۔ پایہ۔ راستہ چلنے کا آلہ۔ کھڑے ہونے کا عضو۔ بنیاد اصل۔ جڑ۔ دخل۔ مداخلت۔ قبضہ۔ استقلال۔ واستحکام۔ جیسے چور کے پاؤں کہاں۔ آثار ڈھنگ۔ علامات۔ جیسے پوت کے پاؤں پالنے ہی میں معلوم ہو جاتے ہیں۔ آخیر۔ انتہا۔ انجام جیسے۔ سر سے پاؤں تک سارا حال تو سنا دیا۔ کفالت ذمہ داری۔
پاؤں اُترنا (ہ - فعل) پاؤں کا گٹے سے ہٹ جانا۔ جوڑ کی جگہ سے سرک جانا۔

پاؤں سما جانا۔ پاؤں دھس جانا۔

پاؤں اُٹھا کے چلنا (ہ۔ فعل) تیز قدم چلنا۔ جلدی جلدی چلنا۔ جلدی سے چلنا۔

پاؤں اُٹھانا (ہ۔ فعل) جلدی چلنا۔ پھرتی سے قدم رکھنا۔ تیز رفتار ہونا۔

پاؤں اُٹھ جانا (اُ۔ محاورہ) بھاگ جانا۔ پاؤں اُکھڑ جانا۔ لڑائی سے بھاگ نکلنا۔ بھاگڑ پڑنا۔ میدانِ جنگ سے بھاگ نکلنا۔

پاؤں اُڑانا (ہ) فعل۔ دشمن کا وار خالی دینا پاؤں بچانا۔ (بصورتِ متعدی) حریف کا پاؤں کاٹنا۔ پاؤں تراشنا۔

پاؤں اڑانا (اُ۔ محاورہ) دخل دینا۔ دخل در معقولات ہونا۔ استقلال دکھانا۔ بہت بہادری سے مستحکم رہنا۔ استقلال نہ چھوڑنا۔

پاؤں اُکھاڑنا (ہ۔ محاورہ) شکست دینا۔ بھگا دینا۔ سامنے سے ہٹا دینا۔ پسپا کر دینا۔ ارادہ توڑنا۔ جمے نہ دینا موقوف کرانا۔

پاؤں اُکھڑ جانا (اُ۔ محاورہ) پاؤں نہ جمنا۔ ثبات نہ رہنا۔ شکست پانا۔ بھاگ نکلنا۔ فرار ہو جانا۔ سامنے نہ ٹھیرنا۔

پاؤں باہر نکالنا (اُ۔ محاورہ) اپنی حد سے باہر ہو جانا۔ بڑھ کر چلنا۔ اُترانا۔ گھمنڈ کرنا۔ مرتبے سے زیادہ بات کرنا۔ گھر سے باہر جانا۔ بے شرم بدلحاظ ہو جانا۔ بے غیرت ہو جانا۔

پاؤں باہر نکلنا (اُ۔ محاورہ) بدچلنی ظاہر ہونا۔ آوارگی ہونا۔ بداطواری ظاہر ہونا۔

پاؤں بچلنا (ہ۔ محاورہ) پاؤں رپٹنا۔ قدم ڈگمگانا۔ استقلال میں فرق آجانا نیت بدل جانی۔ ایمان میں خلل پڑنا۔

پاؤں بڑھانا (ہ۔ محاورہ) جلدی چلنا۔ آگے چلنا۔ آگے جانا۔ حد سے بڑھنا۔ دخل کرنا۔ قبضہ کرنا۔

پاؤں بھاری ہونا (فعل) حمل ہونا۔ پیٹ ہونا۔ گربھ ہونا۔

پاؤں بھر جانا (محاورہ) پاؤں آبلوں ہو جانا۔ پاؤں سوجانا۔ پاؤں سُن جانا۔ پاؤں تھک جانا۔

پاؤں پاؤں چلنا (محاورہ) قدم قدم چلنا۔ پاپیادہ چلنا۔ بچے کا پیروں چلنا۔

پاؤں پاؤں صندل کے پاؤں (اُ) فقرہ بچوں کے اول اول کھڑا ہو کر چلنے پر عورتیں فال نیک اور چوچلے کے طور پر بولتی ہیں۔ یعنی تمہارے پاؤں بہت اچھے ہیں

پاؤں پر پاؤں رکھنا (ہ۔ محاورہ) متبع کرنا۔ پیروی کرنا۔ تقلید کرنا۔ آرام سے بیٹھنا۔ چین سے بیٹھنا۔

پاؤں پر سر رکھنا (اُ۔ محاورہ) نہایت عاجزی کرنا۔ پاؤں پڑنا۔ کچھ منانے کو نہایت خوشامد کرنا۔ منت سماجت کرنا۔

پاؤں پر گرنا (ہ۔ فعل) قدموں پر گرنا۔ گڑگڑانا۔ خوشامدی کرنا۔ فروتنی پاؤں پڑنا۔ اور عاجزی کرنا۔ سجاجت کرنا۔ تعظیم کرنا۔ قدمبوسی کرنا۔ قدم چومنا۔ پناہ میں آنا۔ حمایت میں آنا۔

پاؤں پسارنا (ہ۔ محاورہ) ٹانگیں پھیلانا۔ چین سے سونا۔ بآرام سو رہنا۔ انتقال کرنا۔

پاؤں پکڑنا (ہ۔ فعل) قدم چھونا۔ پاؤں کو ہاتھ لگانا۔ قدموں پر گرنا۔ پاؤں پڑنا۔ تعظیم کرنا۔ عزت کرنا۔ نہایت خوشامد کرنا۔ پناہ میں آنا۔ تابع ہونا

پاؤں پوجنا (ہ۔ محاورہ) نہایت عزت و حرمت کرنا۔ پرلے درجے کی تعظیم کرنا۔ طنزاً کنارہ کرنا۔ بچنا پرہیز کرنا۔ جیسے بس جناب اب آپ سے پاؤں پوجتے ہیں۔

پاؤں پھسلنا (ہ۔ محاورہ) قدم کا لغزش کھانا۔ پاؤں رپٹنا۔ گناہ سرزد ہونا۔ لالچ و حرص میں مبتلا ہونا۔

پاؤں پھولنا (اُ۔ محاورہ) پیروں پر قدم آجانا۔ پاؤں کی سکت باقی نہ رہنا۔ کسی خوف یا فکر کے باعث چل نہ سکنا۔ تھکنا۔ تکان چڑھنا۔

پاؤں پھونک پھونک کر رکھنا (ہ۔ محاورہ) کسی کام کو نہایت ہی احتیاط سے کرنا۔ سنبھل سنبھل کر کوئی کام کرنا۔ ڈرتے ڈرتے کرنا۔ بچ بچ کر کرنا۔

پاؤں پھیرتے جانا (ہ) زچگی یا شادی کے بعد عورت کا اپنے میکے میں چند روز کے لیے مہمان ہو کر جانا۔ اور پھر واپس آنا۔

پاؤں پھیلا کر سونا (ہ۔ محاورہ)۔ بے فکر ہو کر آرام سے سونا۔ بے کھٹکے ہونا۔ فارغ البال ہونا۔ بے اندیشہ اور بڑے اطمینان سے رہنا۔

پاؤں پھیلانا (ہ۔ فعل) پاؤں پسارنا۔ چین سے سونا۔ مرنا۔ انتقال کرنا۔ ضد کرنا۔ اصرار کرنا۔ ہٹ کرنا۔ پھرنا۔ مچلنا۔

پاؤں پیٹ پیٹ کر مرنا (اُ۔ محاورہ)۔ نہایت تکلیف اٹھا کر مرنا۔ ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مرنا۔ سخت مصیبت بھگت کر جان دینا۔

پاؤں پیٹنا (ہ۔ فعل) تکلیف کے باعث پاؤں دے دے مارنا۔ نہایت تکلیف سے جان دینا۔ جان کنی میں ہونا۔ کوشش کرنا۔ سعی کرنا۔ جیسے پاؤں بہت پیٹے پر ایک نہ چلی۔ ذلیل و خوار ہونا۔

پاؤں تلے چیونٹی (ہ۔ مثل) نہایت حقیر چیز۔ ادنےٰ سے ادنےٰ۔ بہت کمزور۔

پاؤں تلے کی زمین سرکنا۔ یا۔ نکل جانا (اُ۔ محاورہ) بیان۔ نہایت مصیبت کے وقت بولتے ہیں۔ حیران ہونا۔ سُن ہو جانا۔ ہوش اُڑ جانا۔ کانپ اُٹھنا۔ بہت ڈر جانا۔ ہل جانا۔ خوف زدہ ہونا۔

پاؤں تلے کی مٹی نکل جانا (ہ۔ محاورہ) وحشت ناک خبر سننے سے حیران رہ جانا۔ سن ہو جانا۔ بے ہوش ہونا۔ بے اوسان ہونا۔ خبر نہ رہنا۔

پاؤں تلے ملنا (ہ۔ محاورہ) پاؤں میں روندنا۔ پامال کرنا۔ پاؤں میں کچلنا۔ نہایت تکلیف دینا۔ تباہ کرنا۔ سخت نقصان پہنچانا۔

پاؤں توڑ کر بیٹھنا (ہ۔ محاورہ)۔ بہت ہار کر بیٹھ رہنا۔ نہایت کوشش اور سعی کے بعد مایوس ہو کر بیٹھنا۔ محنت اور کوشش کرتے کرتے تھک کر خاموش ہو رہنا۔ توکل اختیار کرنا۔ متوکل ہو بیٹھنا۔

پاؤں توڑنا (ہ۔ فعل) فضول آمد و رفت رکھنا۔ یوں ہی اِدھر اُدھر پھرنا۔ بیکار آنا جانا۔ حیران پھرنا۔ پریشان پھرنا۔ کوشش کرنا۔ بے حد پیروی کرنا۔ تمکانا۔ دوڑانا۔ پھرانا۔ دق کرنا۔

پاؤں تھرتھرانا (ہ۔ فعل) پاؤں کانپنا۔ کسی کام کے کرنے سے ڈر آنا۔

پاؤں ٹکانا (ہ۔ فعل) قدم دھرنا۔ پاؤں جمانا۔ کسی جگہ ٹھیرنا۔ قیام کرنا۔ ایک جگہ جم کر رہنا۔ کسی کام میں دل لگانا۔

پاؤں ٹکنا (ہ۔ فعل) کسی جگہ جم کر رہنا۔

پاؤں جانا (ہ۔ فعل) پاؤں گاڑنا۔ ثابت قدم رہنا۔ اپنی جگہ پر ڈٹے رہنا استقلال اور مضبوطی سے قائم رہنا۔ پاؤں گاڑنا۔

سہارا لینا۔ سہارا دیکھنا۔ تعلق پیدا کرنا۔ واسطہ ڈالنا۔

پاؤں جھنانا (ہ۔ فعل) پاؤں سو جانا۔ پاؤں سن ہو جانا۔ پاؤں کا کسی صدمے سے بے حس و حرکت ہو جانا۔

پاؤں چپی کرنا (ہ۔ محاورہ) مٹھیاں بھرنا۔ پاؤں دبانا۔ ٹانگیں دبانا۔

پاؤں چلنا (ہ۔ فعل) پاپیادہ چلنا۔ پیروں چلنا۔ پیدل چلنا۔ بچوں کا پہلے پہل چلنے کی کوشش کرنا۔

پاؤں چھوٹنا (ہ۔ محاورہ) حیض جاری ہونا۔ ماہواری خون آنا۔ بکثرت کپڑے آنا۔ خونِ حیض کا بہت زیادہ آنا۔ مقید نہ رہنا۔ آزاد ہونا۔ رہا ہونا۔ بری ہونا۔

پاؤں چھوڑنا (ہ۔ محاورہ) جادو یا لاگ کے ذریعہ سے خون حیض جاری کر دینا۔

پاؤں دابنا۔ یا۔ دبانا (ہ۔ فعل) پاؤں چپی کرنا۔ مٹھیاں بھرنا۔

پاؤں دھرنا } (ہ۔ فعل) قدم رکھنا۔ دخل دینا۔
پاؤں رکھنا } آگے چلنا۔ شروع کرنا۔ اختیار کرنا۔

پاؤں دھو دھو کر پینا (ہ۔ محاورہ) نہایت تعظیم سے پیش آنا۔ بہت عزت کرنا۔ نہایت پیار و محبت رکھنا۔ نہایت ارادت رکھنا۔ بہت خلوص رکھنا مریدانہ خدمت بجالانا۔ ماننا تسلیم کرنا۔ خوشامد و چاپلوسی کرنا۔

پاؤں ڈالنا (ہ۔ فعل) کسی کام کو شروع کرنا۔ تیار ہونا۔ کسی بڑے کام کی ابتدا کرنا۔

پاؤں ڈگمگانا } (ہ۔ محاورہ) پاؤں پھسلنا۔ پاؤں کا لغزش کھانا۔ پاؤں بہکنا۔
پاؤں ڈگنا } گمراہ ہونا۔ خطا ہونا۔ گناہ سرزد ہونا۔

پاؤں رگڑنا (ہ۔ محاورہ) نزع کی حالت میں ہونا۔ کوشش کرنا۔ بیہودی کرنا۔ بیہودہ پھرنا۔ ذلیل و خوار پھرنا۔ تکلیف اٹھانا۔

پاؤں رہنجانا (اُ۔ محاورہ) طاقت نہ رہنا۔ تھک جانا۔ ہار جانا۔ چور ہونا۔ ٹانگیں شل ہو جانا۔ ناقابلِ رفتار ہونا۔

پاؤں زمین پر نہ ٹھیرنا (اُ۔ محاورہ) پاؤں کانپنا۔ لرزہ ہونا۔ ڈگمگانا۔ بے چین و بے قرار ہونا۔ عدیم الفرصت ہونا۔ بہت مصروف ہونا۔ مغرور ہونا۔ گھمنڈ ہونا۔

پاؤں سکیڑنا } (ہ۔ فعل) پاؤں کھینچنا۔ مرنا۔ انتقال کرنا۔ ترکِ ملاقات کرنا۔
پاؤں سمیٹنا } آوارہ گردی چھوڑنا۔ تنہائی اختیار کرنا۔

پاؤں سے پاؤں باندھنا (ہ۔ محاورہ) نہایت چوکسی اور نگہبانی کرنا۔ اپنے پاؤں میں دوسرے کا پاؤں باندھ رکھنا۔ حراست میں رکھنا۔

پاؤں سے لگی سر میں بجھی (مذ۔ محاورہ) نہایت غصہ آیا۔ بہت حسد ہوا۔ بہت جھلایا۔ تن بدن جل گیا۔ سرتا پا جل گیا۔

پاؤں کا کھٹکا (ہ۔ اسم مذکر) پاؤں کی آہٹ پاؤں کا کھڑکا۔

پاؤں کٹ جانا (اُ۔ محاورہ) اؤں قلم ہو جانا۔ دنیا سے اٹھ جانا۔

پاؤں کھینچ کر بیٹھ رہنا (ہ) فعل۔ الگ ہو جانا۔ چلنا پھرنا بند کر دینا۔ کوچہ گردی سے باز رہنا۔ کوئی کام نہ کرنا۔

پاؤں کھینچنا (اُ۔ محاورہ) چلنے پھرنے سے باز رہنا۔ کوچہ گردی کو ترک کر دینا۔ آوارہ گردی سے ہاتھ اٹھانا۔

پاؤں کی بیڑی (ہ۔ اسم مؤنث) زنجیر۔ سلسلہ پا۔ قید۔ پابندی۔ روک۔ بیوی۔ جورو۔ زوجہ۔ استری۔ منکوحہ۔ عیال و اطفال۔ بال بچے۔ عشق و محبت الفت۔ لگن لو۔

پاؤں کی جوتی سر کو لگنا (اُ۔ محاورہ) کمینے آدمی کا مقابلہ پر آنا۔ ادنےٰ ہو کر برابری کا خیال کرنا۔ رذیل ہو کر معزز کی برابری کرنا۔ ذلیل کو شریف کے برابر کا عہدہ ملنا۔ کمینہ شخص کا سر چڑھنا۔

پاؤں گاڑنا (ہ۔ فعل) استقلال دکھانا۔ جم کر کام کرنا۔ ڈٹ جانا۔ پاؤں جما لینا۔ لڑائی میں جم کر مقابلہ کرنا۔

پاؤں گور میں لٹکائے بیٹھے ہیں (مذ۔ فقرہ) کمزوری اور لاغری یا مہلک بیماری کے باعث مرنے کو بیٹھے ہیں مرنے کو تیار ہیں۔ مرنے کو مستعد ہیں گور میں پاؤں زیادہ بولتے ہیں۔

پاؤں گھسنا (ہ۔ فعل) زیادہ آمد و رفت کے باعث پاؤں تھکنا۔ پاؤں کا فرسودہ ہونا۔ کسی کے ہاں بار بار آنا جانا۔

پاؤں لڑکھڑانا (ہ۔ محاورہ) پاؤں پھسلنا۔ کانپنا۔ پاؤں لرزنا۔ ضعف یا مستی کے باعث پاؤں جم کر نہ پڑنا۔

پاؤں لگانا (ہ۔ محاورہ) پاؤں چھوانا۔ ٹھوکر مارنا۔ پاؤں مارنا۔ لات مارنا۔ تیرنے میں پاؤں مارنا۔

پاؤں لگنا۔ یا۔ لاگنا (ہ۔ محاورہ) آداب بجالانا۔ قدم لینا۔ تعظیم کرنی۔ پیروں پڑنا۔ بنتی کرنا۔

پاؤں لگی بات (ہ۔ اسم مؤنث) وہ سفر جس میں بار بار آمد و رفت ہوتی ہے چلنے کی عادت ہو جانے والا فاصلہ وہ جگہ جہاں بار بار آنا جانا ہوتا ہو۔

پاؤں مرید (مذ۔ اسم صفت۔ بہ فک اضافت) پاؤں کا مرید۔ نہایت مطیع۔ فرمانبردار۔ غلام۔ مرید خوش اعتقاد۔

پاؤں میں بیڑی پڑنا (ہ۔ محاورہ) روک ہو جانا۔ مزاحمت ہو جانا۔ پاؤں میں زنجیر ڈالی جانا۔ بال بچوں میں پھنس جانا۔ شادی ہونا۔ بیاہ ہونا۔

پاؤں میں سر دینا (اُ۔ محاورہ) قدموں پہ سر رکھنا۔ نہایت عاجزی کرنا۔ کسی کام کے قبول کرانے کو خوشامد کرنا۔ پاؤں پڑنا۔

پاؤں میں کیا مہندی لگی ہے (ہ۔ محاورہ) کیا عذر ہے وجہ کیا ہے وجہ کیا ہے جو تم نہیں آتے۔ نہ آنے یا جانے کا سبب کیا ہے۔

پاؤں میں مہندی لگنا (ہ۔ محاورہ) انکار یا بہانا ہونا۔ نہ آنے کا ایک لوح کا بہانہ بنا لینا۔ عذر لنگ ہونا۔ بیجا بہانہ ہونا۔

پاؤں نکالنا (اُ۔ محاورہ) حد سے باہر قدم دھرنا۔ بڑھ کر چلنا۔ باغی و سرکش ہونا۔

پاؤں نہ دھلوانا (ہ) کسی کو حقیر سمجھنا کہ اس سے پاؤں دھونے کی خدمت کو بھی عار سمجھنا۔ نہایت حقیر و کمینہ سمجھنا۔

پاؤنا۔ یا۔ پاہنا (ہ۔ اسم مذکر) مہمان۔ ضعیف مسافر۔ راہ گیر۔ جاتری۔ وہ غیر شخص جو کسی کے گھر اکر اترے۔

پاؤنی۔ یا۔ پاہنی (ہ۔ اسم مؤنث) مہمان۔ عورت۔ منڈھا یعنی دلہن کی رخصت کا گیت۔

پاہ (ہ۔ اسم مؤنث) آنکھوں کی ایک دوا کا نام ہے۔

پائی (ہ۔ اسم مؤنث) آنے کا بارھواں حصہ پیسے کا تیسرا حصہ۔ (مترک) پرانا سکہ

پاسے (ف۔ اسم مذکر) پاؤں۔ پا۔ قدم۔ پیر۔ پگ۔ پاگ۔

پاسے بند (ف۔ اسم صفت مبند) پابستہ۔ مطیع۔ فرمانبردار۔ نوکر۔ ملازم

(اسم مؤنث۔ بہ قلب اضافت) بند پا۔ پاؤں کی رسی۔ پاؤں کی بیڑی۔ جال۔

پاسے تابہ (ہ۔ اسم مذکر) پاتابہ۔ پتیادہ۔ صابری۔ چمڑے کا موزہ۔ وہ بن سلا چمڑا جو جوتے میں پاؤں کے نیچے رکھ لیا کرتے ہیں۔

پاسے تخت (ف۔ اسم مذکر) دارالخلافہ۔ صدر مقام۔ راجدھانی۔ بادشاہ یا گورنر کے رہنے کا مقام۔

پاسے تراب۔ یا۔ پاتراب (اسم مذکر) نقل مکان۔ جگہ بدلنا۔ شگون۔ سفر کے لیئے نیک ساعت میں کچھ قدرے اسباب لے کر دوسری جگہ رکھ دینا اور پھر کسی وقت مکمل تیاری کر کے روانہ ہونا۔

پاسے جامہ (ف۔ اسم مذکر) پاجامہ۔ بیوقوف۔ احمق۔ نادان۔ ابلہ۔

پاسے جامہ سے باہر نکلنا۔ فعل محاورۃً حقارتاً۔ آپے سے باہر ہونا۔ تیز ہونا۔ غصہ سے گرم ہونا۔ نہایت خفا ہونا۔

پائے زیب (ف۔ اسم مؤنث) ایک قسم کا پاؤں میں پہننے کا زیور ہے۔

پائے مال (ف۔ اسم صفت بہ ترکیب مفعولی) مالیدہ و پائے۔ روندا ہوا پاؤں میں کچلا ہوا۔ کھوندا ہوا۔ برباد۔ تباہ۔

پامالی (ف۔ اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) روندن۔ بربادی۔ تباہی۔ ویرانی۔

پاسے موز (ف۔ اسم مذکر) کبوتر یا مرغ جس کے پنجے پروں میں ڈھکے ہوں۔

پایاب (ف۔ اسم صفت بہ قلب اضافت) آب پا۔ اُتار و پائی۔ وہ گھاٹ یا مقام جہاں دریا وغیرہ کا پانی اتنا کم ہو جس میں سے پاپیادہ گزر سکیں۔ کم گہرا پانی۔

پایاں (ف۔ اسم مذکر) آخر۔ تھاہ۔ انتہا۔ حد۔ انجام۔ انت۔

پائپ (Pipe۔ انگ۔ مذ) سوراخ دار نلی۔ کھوکھلے نے۔ ٹونٹی۔ انگریزی حقہ جو چینی یا لکڑی کا بنا ہوتا ہے اور جیب میں رکھ لیا جا سکتا ہے منبسری شہنائی۔ نالی۔


پائپ

پائدار (ف۔ اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) مضبوط۔ مستحکم۔ پکا پختہ۔ دیر تک رہنے والا۔ دیرپا۔

پائداری (ف۔ اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) مضبوطی۔ استحکام۔ پختگی۔ دیرپائی۔

پایک (ہ۔ اسم مذکر) ایلچی۔ قاصد۔ نامہ بر۔ سفیر۔ پیغام لے جانے والا۔

پائے کاشت۔ یا۔ پائے کار (ف۔ اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) غیر موروثی کاشت کار وہ کسان جو دوسرے گاؤں سے آ کر کھیتی بونے اور تر زمین کے لیئے آئے۔

پائل (ہ۔ اسم مؤنث) ایک قسم کا پاؤں میں پہننے کا زیور۔ تیز رفتار تہنی۔ پاؤں کے بل پیدا شدہ بچہ۔ ایک خاص قسم کا ناپ۔ درخت کی نہایت سیدھی اور لمبی جڑ۔

پائل ڈالنا (ہ۔ فعل) پائل پہننا۔ ناچ دکھانا۔ ناچنا۔ مور کی طرح لہنگے کو پھیلا کر اور چکر دے کر ناچنا اور تال سم پر گھومنا۔

پائیں باغ (ف۔ اسم مذکر) بامضافات مقلوب وہ باغ جو قلعہ یا محل کے نیچے صحن وغیرہ میں لگا ہو۔

پائیت (ہ۔ اسم مؤنث) پائنتی کے رُخ پائینتی۔ چارپائی کا وہ خالی حصہ جدھر پاؤں کر کے سوتے ہیں سرہانے کے خلاف۔

پائینتی (ہ۔ اسم مؤنث) (دیکھو پائیت)

پائینچہ (دُر۔ اسم مذکر) ازار کا وہ حصہ جس میں ٹانگ رہتی ہے۔ پائچہ۔

پائینچہ بھاری کرنا (اُر۔ محاورہ) جم کر ایک جگہ بیٹھ جانا۔ گوشہ نشینی اختیار کرنا۔ خانہ نشینی۔ باہر نہ نکلنا۔

پائینچہ سے نکلی پڑتی ہے (دُر۔ فقرۂ طنز) غصے کے مارے آپے سے باہر ہوئی جاتی ہے۔

پایۂ (ف۔ اسم مذکر) پاؤں۔ پاکھا۔ زینہ۔ سیڑھی۔ قدمچہ۔ تھم۔ کھمبا۔ ستون۔ درجہ۔ منصب۔ رتبہ۔ عہدہ۔ حیثیت۔ چوپائے کا پاؤں۔ شان۔

پایۂ تخت (ف) دیکھو۔ پائے تخت۔

پایۂ ثبوت کو پہنچنا (دُر) ثابت ہونا۔

پ ـ ب

پبلشر (Publisher۔ اسم مذکر) عام اصطلاح۔ کتابوں کا شائع کرنے والا۔

پبلک (Public ـ اسم مؤنث) عام آدمی عامۃ الناس عام آبادی تمام مخلوق۔ عام۔ تمام کل۔ جملہ۔ سب۔

پبلک انسٹرکشن (Public Instruction ـ اسم مذکر) تعلیم عامہ۔

پبلک پراسیکیوٹر (Public Prosecutor۔ انگ۔ اسم مذکر) کسی مقدمہ کا سرکاری وکیل۔ حکومت کی طرف سے کسی مقدمہ کا پیروکار وکیل۔

پبلک ورکس (Public Works۔ اسم مذکر) محکمہ تعمیرات عامہ۔

پبلک سروس (Public Service انگ) سرکاری ملازمت۔ عام لوگوں کی خدمت۔

پبلک سروس ڈیپارٹمنٹ (Public Service Department ـ انگ) محکمۂ امور عامہ۔ سرکاری تعمیرات کا محکمہ۔

پپیہ (ہ۔ اسم مؤنث) ایک خوش آواز پرندہ جو مینا کی قسم کا ہے۔

پ ـ پ

پیپر منٹ (Peppermint۔ انگ۔ مذ) پودینے کا ست۔

پپڑا جانا (ہ۔ فعل) پپڑی بندھ جانا۔ اُوپر سے سوکھ جانا۔ بالائی حصے کا خشک ہو جانا۔

پپڑی (ہ۔ اسم مؤنث) خشک پرت۔ سوکھا پوست۔ کھرنڈ۔ اُوپر کا خشک پوست۔

پپڑی آنا (ہ۔ فعل) پرت جمنا۔ تہ جمنا۔ پرت آنا۔ اُوپر کا حصہ پتلا سا پرت خشک ہو جانا۔

پپڑ (ہ۔ مذ) کھرنڈ یا پلاسٹر کا وہ ٹکڑا دیوار وغیرہ سے چھوٹ کر الگ ہو جائے۔ پپڑا۔ وہ کھرنڈ جو بڑے زخم پر جما ہو۔

پپڑا (ہ۔ مذ) چھال۔ اُوپر کا چھلکا۔

پپڑانا۔ باریک باریک تہیں جمنا۔ یا۔ تہوں کا چھٹ جانا۔

پپڑیا کتھا (ہ) - اسم مذکر) سفید اور ہلکا کتھا۔ عمدہ قسم کا کتھا۔ ایک عمدہ قسم کا کتھا۔

پپڑیلا (ہ - اسم صفت بہ ترکیب فاعلی مذکر) پپڑی مار۔ پرت والا۔ پپڑی والا۔ چھلکے دار۔

پپنی (ہ - اسم مؤنث) پلک۔ مژگان۔ مژہ۔

پپوٹا (ہ - اسم مذکر) حدقہ چشم۔ آنکھ کے اوپر کا چمڑہ۔ آنکھ کا خلاف۔ آنکھ کی چھت۔ نیام چشم۔ پشتِ چشم۔

پپوٹن (ہ - اسم مؤنث) ایک پودے کا نام ہے جس کے پتے دوائیں برتے جاتے ہیں۔

پپولنا (ہ - فعل) دانتوں کے بغیر کسی چیز کو منہ میں ڈال کر چوسنا۔ دانتوں بغیر چوڑنا۔

پپیا (ہ - اسم مذکر) آم کی اُگی ہوئی گٹھلی۔ سیٹی بجانے کا کھلونا۔ ایک درخت کا پھل۔ نہایت تیز آواز والا۔ سیٹی۔ انجن وغیرہ کی سیٹی۔

پپیانا (ہ - فعل) پیپ پڑ جانا۔ ریم دار ہو جانا۔ پاک پڑ جانا۔

پپیہا (ہ) ایک خوش آواز پرندے کا نام ہے جو پی پی کر کر آواز دیتا ہے برسات میں اس کی آواز نہایت بھلی معلوم ہوتی ہے۔ پپیا۔

پ - ت

پت (ہ - اسم مؤنث) عزت۔ آبرو۔ ساکھ۔ اعتبار۔ پتی۔ خداوند۔ مالک۔ دھنی۔ سوامی۔ پات کا مخفف بمعنی پتا۔ برگ۔ ورق وغیرہ۔ قوام۔ بکھر چاشنی۔ جوشاندہ۔ کاڑھا۔ حریرہ۔ لاج۔ شرم۔ حیا۔

پت اُتارنا (ہ - محاورہ) آبرو اُتارنا۔ ساکھ بگاڑنا۔ عزت کھو دینا۔ اعتبار گنوانا۔ بے عزت کرنا۔ بے آبرو کرنا۔ پتے توڑنا۔ چاشنی پکانا۔ قوام کرنا۔ جوشاندہ اُبالنا۔

پت جانا (ہ - محاورہ) ساکھ بگڑنا۔ اعتبار جانا۔ عزت برباد ہونا۔

پت رکھنا (ہ - محاورہ) آبرو رکھنا۔ عزت رکھنا۔ ساکھ رکھنا۔ اعتبار رکھنا۔

پت گنوانا (ہ - محاورہ) آبرو کھونا۔ عزت کی بربادی کرنا۔ اعتبار اور ساکھ کھونا۔

پت (ہ - اسم مذکر) صفرا۔ تلخہ۔ گرمی۔ چاروں غلطوں میں سے ایک غلط کا نام ہے۔ جس کا رنگ زرد۔ مقام پتا۔ اور خاصیت گرم خشک ہے۔ زرد رنگ کا کپڑوا پانی جو پتے کے اندر رہتا ہے جس کی زیادتی کو صفرا کہتے ہیں۔

پت ڈالنا (ہ - فعل) زرد رنگ کی قے کرنا۔ قے میں صفرا نکلنا۔

پتا (ہ - اسم مذکر) والد۔ باپ۔ پدر۔ پتر۔ آبت۔ آبا۔

پتا (ہ - اسم مذکر) برگ۔ پات۔ پتر۔ ورق۔ پتا جیسے تاش کا پتا۔ کان کا ایک زیور جو بالیوں میں لٹکایا جاتا ہے۔ دھوکا۔ فریب۔

پتا توڑ کر بھاگنا (محاورہ) بہت بھاگنا۔ کافور ہونا۔ رفوچکر ہونا۔ تیزی سے دوڑنا۔

پتا کھڑکنا (ہ) پتے کی آہٹ ہونا۔ پتے کی آواز ہونا۔ اندیشہ ہونا۔ تھوڑا سا ساخوف ہونا۔

پتا کھڑکا بندہ سرکا (دُر۔ محاورہ) نہایت چالاک اور ہوشیار آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔ یعنی ذرا سا اندیشہ سے ہوشیار ہو کر اپنے بچاؤ میں مصروف ہو گیا۔

پتا لگنا (ہ) پھل فروٹ میں داغ لگنا۔

پتا مارنا (ہ - فعل) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ داؤں کھیلنا۔ چال چلنا۔

پتا نہ ہلنا (ہ - فعل) جنبش برگ نہ ہونا۔ حبس ہونا۔ ہوا نہ چلنا۔

پتا ہونا۔ یا۔ ہو جانا (ہ - فعل) دوڑ جانا۔ ہوا ہو جانا۔ رفوچکر ہو جانا۔

پتا (ہ - اسم مذکر) سُراغ۔ نشان۔ اثر۔ کھوج۔ علامت۔ مقام۔ جگہ۔ حیلہ اشاریہ۔ کنایہ۔ سرنامہ۔ لفافہ۔ تفصیل۔ جیسے پتے وار بیان۔

پتا لگنا } (ہ - فعل) کھوج لگنا۔ گم شدہ چیز کا نشان معلوم ہونا۔
پتا ملنا } سُراغ لگنا۔

پتا (ہ - اسم مذکر) اندرونی اعضا میں سے زہریلہ مادہ بھرا ایک عضو ہے۔ جہاں صفرا کا مقام ہے۔ مرارہ۔ زہرہ۔ صفرا کی تھیلی۔ تاب۔ طاقت۔ حوصلہ۔ جرأت۔ ہمت۔ جگرا۔ غصہ۔ تیزی۔ جوش۔ خواہش نفسانی۔ شرم۔ غیرت۔ لاج۔ حیا۔

پتا مارنا (ہ) برداشت کرنا۔ غصہ کو دبا لینا۔ ضبط کرنا۔ دل مارنا۔ ہمت کرنا۔ حوصلے سے کام لینا۔ دل لگانا۔ محنت کرنا۔

پتا مرنا (ہ - فعل) برداشت ہونا۔ سہ جانا۔ اُٹھانا۔ تیزی نہ رہنا۔ غصہ فرو ہونا۔ حوصلہ نہ رہنا۔ گرمی مات ہو جانا۔ صفرا کی کمی ہونا۔ ہمت اور جرأت نہ رہنا جوش اور اُمنگ کم ہو جانا۔

پتال (ہ - اسم مؤنث) پاتال۔ تحت الثریٰ (دیکھو پاتال)

پتال جنتر (س - اسم مذکر) کسی چیز کا تیل۔ آگ کے ذریعے سے نکالنا۔ یہ دو طرح ہوتا ہے۔ کسی شیشے یا برتن میں دوائی ڈال کر اور آگ کے اُوپر رکھ کر اس کا تیل نکالنا۔ یا دوائی کو کسی برتن میں رکھ کر اور اُس کے پیندے میں سوراخ کر کے اس کے نیچے شیشی وغیرہ لگا کر کسی گڑھے میں رکھ کر آگ دے کر تیل نکالنا۔

پت جھڑ (ہ - اسم مؤنث) خزاں۔ برگ ریزی کا موسم۔ درختوں کے پتے جھڑ جانے کا وقت۔

پُتر (ہ - اسم مذکر) بیٹا۔ پوت۔ لڑکا۔ ولد۔ پسر۔

پتر (ہ - اسم مذکر) پات۔ پتا۔ برگ۔ ورق۔ پان۔ خط۔ چٹھی۔ پرچہ۔ کاغذ۔ کاورق۔ تختہ۔ تاؤ۔

پتر (س - اسم مذکر) ورق۔ صفحہ۔ جنتری۔ تقویم۔ دھات کا ٹکڑا۔

پتر (ہ - اسم مذکر) مربی۔ پرکھا۔ فوت شدہ۔ بزرگ۔ مردے۔ دیوتا۔

پتر پانی پڑنا (ہ - محاورہ) دلی مراد پوری ہونا۔ خواہش دل بر آنا۔ کسی کے نقصان سے دل میں ٹھنڈ پڑنا۔

پُتری (ہ - اسم مؤنث) لڑکی۔ دختر۔ بیٹی۔

پتری (ہ - اسم مؤنث) کاغذ کی پرچی۔ خط۔ چٹھی۔ مکتوب۔ جنم کنڈلی۔ زائچہ طالع مولود۔

پترے کھولنا (ہ - محاورہ) بھید کھولنا۔ عیب ظاہر کرنا۔ قلعی کھولنا۔ بھانڈا پھوڑنا۔ افشائے راز کرنا۔ بکھان کرنا۔ برائی ظاہر کر دینا۔ حقیقت کھولنا۔

پتل (ہ ۔اسم مؤنث) پتوار، پتوں کی تھالی سی بنی ہوئی۔ غذا ۔ ایک خوراک۔ ایک آدمی کے کھانے جتنی مقدار غذا۔

پتل پروسنا (ہ ۔فعل) پتل میں کھانا رکھنا۔ پتوں کی رکابی میں کھانا چننا۔

پتلا (ہ ۔اسم صفت، رقیق۔ مائع۔ سیال۔ عرق بہنے والی چیز۔ غلیظ اور موٹے کے خلاف۔ باریک۔ چھینا۔ مہین۔ تنگ۔ سکڑا۔ کمزور دبلا۔ لاغر۔ نرم۔ ملائم۔ نازک۔ تار سا۔ ورق سا۔

پتلا حال کرنا (ہ ۔فعل) برا حال کرنا۔ تنگ کرنا۔ مٹی پلید کرنا۔ عاجز کرنا۔ غیر حال کرنا۔ مارتے مارتے قریب المرگ کرنا۔

پتلا حال ہونا (ہ) فعل۔ تنگ ہونا۔ عاجز ہونا۔ غریب ہونا۔ محتاج ہونا۔ خراب اور تباہ حال ہونا۔ حالت جان کنی میں ہونا۔ ناتواں ہونا۔ لاغر ہونا۔ مفلس و قلاش ہونا۔ حال بگڑ جانا۔ غیر حال ہونا۔

پتلا (ہ ۔اسم مذکر) مورت۔ بت۔ گڈا۔ تمثال۔ پیکر۔ بت آدمی یا حیوان کا بنایا ہوا یا پتھر لکڑی وغیرہ سے تراشا ہوا قالب۔ قالب بے جان آٹے مٹی وغیرہ کی مورت۔ مجسمہ۔ ڈھانچہ۔ ڈھانچ۔ ڈھچر۔ مجسم۔ مجسمہ۔ پوٹ جیسے عقل کا پتلا۔ نہایت حسین۔ خوبصورت۔ سوہنا۔ لبھانا۔ سجیلا۔ خوبرو۔ جیسے کیا پتلا سا ہے۔

پتلانا (ہ ۔فعل) مصدر از پتل۔ پتل کا زہریلا اثر کھانے میں ہو جانا۔ کسا دہونا۔ کھانا کا کیسا جانا۔ پتل کی سی رنگت ہو جانا۔ پتل کے اثر کو قبول کر لینا۔ کھانے میں پتل کے زہر کی سرایت۔

پتلون (Patloon ا-مو) پاٹلون کا بگڑا ہوا ہے انگریزی پاجامہ جس میں میانی ندارد۔ تمام پائنچہ یکساں۔ شلوار۔ ازار۔ ستھن۔ ستھنا۔

پتلی (ہ ۔اسم مؤنث) پتلا کی تانیث۔ گڑیا۔ مورت۔ لعبت۔ آنکھ کی دھیری۔ مردمک چشم۔ آنکھ کا تل۔ آنکھ کی سیاہی گھوڑے کے سم کے بیچ کا مینڈکی سا ابھار تار کے ذریعہ نچانے کی مٹی کاٹھ کی مورتیاں۔ نہایت نازک عورت۔ خوبصورت عورت۔ مشین۔ کل۔

پتلی

پتلیاں پھر جانا (اُ۔ محاورہ)۔ آنکھ کی پتلیوں کا چڑھ جانا۔ حالت غیر ہونا مرنے کے قریب ہونا۔ موت کی نشانیاں ظاہر ہونا۔

پتلیاں نچانا (اُ۔ محاورہ) پتلیوں کا تماشا دکھانا۔ لعبت بازی کرنا۔ آنکھوں کے اشارے کرنا۔ آنکھیں مٹکانا۔

پتلیوں کا تماشا (ہ ۔اسم مذکر) گڈیوں کا کھیل۔ پتلیوں کا کھیل۔ لعبت بازی۔ خوبصورت لڑکے لڑکیوں کا اجتماع۔

پتمبر (ہ ۔اسم مذکر) ریشمی دھوتی۔ ریشمی کپڑا۔

پتنا (ہ ۔فعل) پوتا پھرنا۔ کوچی ہونا۔ پچارا پھرنا۔ پوچا پھرنا قلعی ہونا۔ سفیدی ہونا۔ رنگا جانا۔ (بحالت) اسم مذکر۔ پوتا۔ وہ کپڑا جس سے پچارا پھیریں۔ پوچا۔ پوچا پھیرنے کا کپڑا۔

پتنگ (ہ ۔اسم مذکر) پروانہ۔ ایک پردار کیڑا جو چراغ پر عاشق ہوتا ہے۔ پھڑنگ۔ بڑا کنکوا۔ کاغذ باد۔

پتنگ

صرف کنکوا۔ ایک لکڑی جس سے سرخ رنگ نکلتا ہے (سنسکرت) میں سورج۔ مہر۔ خور۔ آفتاب۔ شمس۔

پتنگ بازی (اُ۔ اسم مؤنث۔ بیاے مصدری) کنکوے اڑانا۔ کنکوؤں کا کھیل۔

پتنگ چھری (ہ ۔اسم مؤنث) نہایت تیز۔ تند۔ چالاک۔ لٹری۔ غمازہ۔ چغل خور۔ آگ لگاؤ۔ لڑائی کرا دینے والی۔

پتنگا (ہ ۔اسم مذکر) پروانہ۔ بھڑنگ۔ ٹڈا۔ پردار کیڑا۔ چنگاری۔ آگ کا شرارہ آتش کا پرکالہ۔ چراغ کا پھول۔

پتنگے لگنا (ہ ۔فعل) آگ لگنا۔ مرچیں لگنا۔ حسد کرنا۔ رشک کرنا۔ غصے ہونا۔ آگ بگولا ہونا۔ سخت اظہار ناراضی کے موقع پر بولتے ہیں۔

پتوار۔ یا۔ پتوال (ہ۔ اسم مذکر) سکان کشتی ڈنبا کشتی کے موڑنے اور پھیرنے کی کل۔ اڑدار کھم۔ کھب۔


پتوار

پتواس (ہ ۔اسم مؤنث) اڈا۔ پرندے کے بیٹھنے کی جگہ۔

پتھر (ہ ۔اسم مذکر) سنگ۔ حجر۔ شلا۔ سل۔ ادلا۔ ژالہ۔ ہیرا۔ پنا۔ لعل۔ زمرد وغیرہ۔ چکی۔ آسیا۔ (صفت میں) بھاری بھرکم۔ بوجھل۔ نہایت ازحد۔ کٹڑ۔ بے رحم۔ ٹھس۔ غبی۔ کند ذہن بے وقوف۔ احمق۔ نادان۔ مودھو (حقارتاً) پیچ۔ خاک۔ جیسے کیا تم پتھر کروگے۔ ثقیل۔ دیرہضم۔ سنگ۔ سیلنہ۔

پتھر برسنا (ہ ۔فعل) اولے برسنا۔ پتھر برسنا۔

پتھر بن جانا (ہ ۔محاورہ) کٹھور ہو جانا۔ سنگدل ہو جانا۔ ظالم و جابر بن جانا۔ رحم نہ کرنا۔ پرواہ نہ کرنا۔ سخت اور کڑا ہو جانا۔ بہرا ہو جانا۔ بت ہو جانا۔ خاموشی اختیار کر لینا۔

پتھر پانی ہو جانا (ہ ۔محاورہ) نہایت سنگدل۔ آدمی کو رحم آجانا۔ سختی نہ رہنا ظالم کو ترس آجانا۔ بخیل کا فیاض ہو جانا۔ رحم کرنا۔ سنگدل کا نرم ہو جانا۔

پتھر پڑنا (ہ ۔محاورہ) سنگساری ہونا۔ پتھر برسنا۔ تباہی آنا۔ خدا کا عتاب نازل ہونا۔ آفت پڑنا۔ ژالہ باری ہونا۔ اولے برسنا۔ محط اور کال ہونا درحقیقت کچھ نہ ہونا۔ صرف شکل ہی شکل ہونا۔ عقل و سمجھ وغیرہ کی تباہی۔ کامیابی ہونا۔ کام بننا۔

پتھر پڑیں (ہ ۔دعائیہ) خدا کا عتاب اترے قہر خدا نازل ہو۔ غارت ہو مٹ جائے۔ اجڑ جائے۔ برباد ہو جائے۔

پتھر پڑیں سمجھ پر (ہ ۔کلمہ تنبیہ و زجر) اس سمجھ پر لعنت ہے تم اب بھی نہیں سمجھے ایسی سمجھ پر تف ہے۔ ایسی سمجھ خدا کرے غارت ہو جائے۔

پتھر پسیجنا (ہ ۔محاورہ) پتھر میں نمی آنا۔ ملائم ہونا۔ پگھلنا۔ نرم ہونا۔ سخت دل

کا نرمی اختیار کرنا۔ بخیل سے فیض ہو جانا۔

پتھر پھوڑا (ہ - اسم مذکر) سنگ تراش۔ پتھر گھڑنے اور تراشنے والا۔ روڑی کوٹنے والا۔ ہُدہُد جو ایک قسم کا پرندہ ہے۔ مُرغ سلیمان۔ کھٹ بڑھئی کھٹک بڑھیا۔

پتھر تلے سے ہاتھ نکلنا / **پتھر کے تلے سے ہاتھ نکلنا** (ہ) کسی مصیبت یا دقت سے نجات حاصل کرنا۔ زبردست کی قید سے نکلنا۔ کسی اہم کام سے خلاصی پانا۔

پتھر تلے کا ہاتھ (ہ - تابع فعل) مجبوری بے بسی۔ لاچاری۔ بے اختیاری اور لاچاری کی حالت۔

پتھر چٹاد (ہ - اسم مذکر) ایک قسم کا سانپ جو مٹی کے بجائے پتھر چاٹتا ہے۔ ایک قسم کی مچھلی۔ ایک قسم کی گھاس بھی ہوتی ہے۔ کنجوس۔ ممسک۔ سان گر۔ صیقل کر اوزار کو پر کھنے والا۔

پتھر چٹانا (ہ - فعل) سان پر تیز کرنا۔ دھار لگانا۔ پتھری یا سان پر اوزار کی دھار کو تیز کرنا۔

پتھر چھاتی پر دھرنا۔ یا۔ رکھنا (ہ - محاورہ) صبر کرنا۔ کسی سخت صدمے کو برداشت کرنا۔ غم و رنج کی حالت میں دل پر جبر کر کے خاموش ہو رہنا۔ عین شدائد میں مستقل رہنا۔ استقلال۔ رکھنا۔

پتھر ڈھونا (ہ - فعل) نہایت سخت محنت کرنا۔ مشکل کام کرنا۔ بے فائدہ اور بے سود کام کرنا۔ فضول کام کرنا۔ ناحق محنت اُٹھانا۔ مدت میں وقت ضائع کرنا۔

پتھر سا پھینک مارنا۔ یا۔ کھینچ مارنا (ہ - محاورہ) نہایت سخت اور اکھڑ جواب دینا۔ بے تامل بول اُٹھنا۔ جو منہ میں آنا کہہ بیٹھنا۔

پتھر سے سر پھوڑنا۔ یا۔ مارنا (ہ - محاورہ) سر پٹکنا۔ بیوقوف کو سمجھانا۔ کوڑ مغز کو پڑھانا۔ بے فیض کی خدمت میں وقت ضائع کرنا۔ بہرے آدمی سے گفتگو کرنا۔ بے فائدہ اور بے سود کوشش کرنا۔ بیوفا سے دوستی کرنا۔

پتھر کا دل۔ یا۔ کلیجہ (اُ) سخت دل۔ بیرحم دل۔ پکا دل۔ صفت کے لیئے بولا جاتا ہے۔

پتھر کلا (ہ - اسم مذکر) ایک قسم کی پرانی بندوق جو چانپ دار ہوتی ہے اور جس میں چقماق لگی ہوتی ہے۔

پتھر کو جونک نہیں لگتی (ہ - مثل) بے رحم کو کبھی ترس نہیں آتا۔ ظالم کبھی رحم نہیں کیا کرتا۔ کنجوس سے فیض نہیں ہوا کرتا۔ بدوں کو نصیحت کا اثر نہیں ہوتا۔

پتھر کے تلے ہاتھ دینا (اُ - محاورہ) مجبور ہونا۔ بے بسی کا عالم ہونا۔ نہایت لاچار ہونا۔ بے بس ہونا۔

پتھر کی چھاتی (ہ - اسم صفت) سخت چھاتی بڑا حوصلہ۔ نہایت جفاکشی بڑا دل۔ نہایت ہمت و جرأت۔

پتھر کی لکیر (اُ - اسم صفت) پکا۔ مضبوط۔ نقش۔ نقش نگین۔ اٹل پائدار۔ مستحکم۔

پتھر لڑکانا (ہ - فعل) پتھر پھیلانا۔ کسی کی موت کا طالب ہونا۔

پتھر مارنا (ہ - فعل) تنگسار کرنا۔ سنگ زنی کرنا۔ پتھر لگانا۔ ناملائم باتیں کرنا۔ سخت کلامی سے پیش آنا۔

پتھر مارے موت نہیں / پتھر مارے نہیں مرے گا (ہ - مثل) نہایت سخت جان ہے یہ لڑکا درجے کا بے حیا ہے۔ اسے کسی طرح موت نہیں آتی۔

پتھر نچوڑنا (ہ - محاورہ) ممسک سے فیض اُٹھانا۔ کٹھور کو برسر رحم لانا۔ بدسے نیکی کا خیال رکھنا۔ فضول کام کرنا بے سود کام کرنا۔

پتھر نہیں پگھلتے (اُ - مثل) سنگدل کو رحم نہیں آتا۔ بخیل سے سخاوت ہونی ناممکن ہے۔ معشوق عاشق پر ترس نہیں کھاتا۔

پتھر ہونا (ہ - فعل) سخت ہونا۔ بھاری ہونا۔ اچل ہونا۔ بت ہونا۔ بہرا گونگا ہونا۔ چپ اور خاموش ہونا۔ کٹھور۔ کٹر اور سنگدل ہونا۔ اندھا ہونا۔ بیکار ہونا۔ نکما ہونا۔

پتھرانا (ہ - فعل) پتھر ہونا۔ سخت ہو جانا۔ ٹھٹھر جانا۔ متحیر ہونا۔ حیرت زدہ ہونا۔ مرتے وقت بینائی چشم کا زائل ہو جانا۔

پتھراؤ (ہ - اسم مذکر۔ حاصل بالمصدر) سنگباری پتھر برسانا۔

پتھراؤ کرنا (ہ - فعل) پتھر برسانا۔ سنگ زنی کرنا۔ پتھر مارنا۔

پتھروٹا (ہ - اسم مذکر) پتھر کی کونڈی۔ سِل۔ بٹا۔ نند ولا۔

پتھری (ہ - اسم مؤنث) سنگ دان جو پرندوں کے پوٹے کے ایک طرف ہوتا ہے جہاں دانہ کے ساتھ کنکر۔ پتھر وغیرہ سب ہضم ہو جاتے ہیں۔ پتھر کا ٹکڑا۔ سنگریزہ۔ سنگ مثانہ یعنی وہ پتھر یلا مادہ جو مثانہ میں جم جاتا ہے اور پیشاب کرتے وقت تکلیف دیتا ہے چقماق یعنی آگ جلانے کا پتھر استرہ وغیرہ تیز کرنے کا پتھر کا ٹکڑا۔

پتھریلا (ہ - اسم صفت۔ بہ ترکیب فاعلی) پتھر ملا ہوا۔ پتھر کا۔ سنگ آمیز۔

پتھنا (ہ - فعل) تھپنا۔ گوبر کے اُپلے بننا۔ اینٹیں یا اُپلے بننا۔

پتھنار / پتھنارا (ہ - اسم مذکر) اُپلے تھاپنے کا باڑا۔ اینٹیں بنانے کی جگہ۔ وہ جگہ جہاں اُپلے یا اینٹیں وغیرہ تھاپ کر خشک ہونے کے لئے رکھی جاتی ہیں۔

پتھوانا (ہ - فعل) اُپلے تھپوانا۔ اینٹیں بنوانا۔ (بصورت اسم مذکر) اُپلے یا اینٹیں تھاپنے کا مقام۔

پتھیرا (ہ - اسم مذکر فاعل) اینٹیں تھاپنے والا۔ اینٹیں بنانے والا۔

پتی (ہ - اسم مؤنث) پتے کی تصغیر ہے چھوٹا سا پتا۔ کونپل۔ سینری۔ بھنگ۔ بجیا۔ حصّہ۔ چندہ۔ شراکت۔ بھری۔ نب۔ ڈنک۔ فولادی قلم۔ دھات کی پتری گنے کی پتی۔ آنکھ کے اُوپر کا چھلکا۔

پتی دار (ہ - اسم مذکر۔ بہ ترکیب فاعلی) حصّہ دار۔ شریک۔ ساجھی۔ بھروسہ۔

پتّی (ہ - اسم مؤنث) فساد خون کی بیماری جو صفرا کے جوش سے پیدا ہوتی ہے۔ اور تمام بدن پر دھپیٹر پڑ جاتے ہیں جن میں خارش بہت ہوتی ہے۔ اور جسم سُرخ ہو جاتا ہے دوورا۔ دھپیٹر۔

پتّی اُچلنا (ہ - فعل) تمام بدن پر دھپیٹر پڑ کر خارش شروع ہو جانا۔ پتّی کا مرض۔ لاحق ہو جانا۔

پتی (ہ - اسم مذکر) خاوند۔ شوہر۔ خصم۔ ملک۔ آقا۔ میاں۔ سوامی۔ بھرتا۔

پتی برتا (ہ - اسم مؤنث۔ ترکیب فاعلی) صرف خاوند کو برتنے والی عورت نہایت پاک دامن۔ باعزت با عصمت عورت۔ خاوند کی خدمت گار

خصم کی سیوا کرنے والی۔ نہایت مطیع عورت۔

پتیانا (ف) ۔فعل) اعتبار کرنا۔ بھروسا کرنا۔ خاطر میں لانا۔ پسند کرنا۔ امتحان کرنا آزمائش کرنا۔ تجربہ کرنا۔

پتے پر آنا / پتے پر پہنچنا (ف) ۔فعل) کسی نشان کے موافق کھوج لگانا۔ کسی علامت کے لحاظ کسی چیز کی تلاش کرنا۔ علامت و نشان کے مطابق ڈھونڈنا۔

پتے کی سُنانا۔ یا۔ کہنا (ف) فعل۔ بھید کی کہنا۔ کان تلے کی سنانا۔ راز فاش کرنا۔ بھید کھولنا۔ چبتی ہوئی سُنانا۔ کانٹے کی بات کہنا۔ چوٹ کرنا۔

پتے لے ڈالنا / پتے لینا (ف) فعل۔ ستا مارنا۔ تنگ مارنا۔ دق کرنا۔ جان کھانا۔ ناک میں دم کر دینا۔ جان کو آنا۔

پتیل (ف) ۔اسم صفت) پتلا۔ باریک۔ جھرجھرا۔ چھدار۔ چھینا بنا ہوا۔ جھونا۔

پتیلا (ف) ۔اسم مذکر) بڑے مُنہ کا دیگچہ۔ تانبے پیتل کا بڑے کھلے منہ والا دیگچہ۔

پتیلی (ف) ۔اسم مؤنث) دیگچی۔ تانبے پیتل یا دھات کی کھلے منہ کی دیگچی عام دیگچی۔ دھات کی ہانڈی۔

پ - ٹ

پٹ (ف) ۔اسم مذکر) تختہ۔ کواڑ۔ اُلٹا۔ برگشتہ۔ اوندھا۔ گھونگٹ۔ نقاب۔ آڑ۔ پردہ۔ جیسے پٹ مارنا۔ بمعنی گھونگٹ کرنا۔ کسی چیز کے گرنے کی آواز۔ فور اُترت جلدی۔ جھٹ پٹ۔ کپڑا۔ ریشم۔ پاٹ کا مخفف بھی ہے جس کے معنی سنگھاسن۔ تخت۔ مسند۔ گدی۔ تین۔ ران زانو۔ آسن۔

پٹ بھیڑنا (ف) ۔فعل) کواڑ بند کرنا۔ دروازہ معمور کرنا۔

پٹ کھولنا (ف) ۔فعل) کواڑ کھولنا۔ نقاب اُٹھانا۔ گھونگٹ کھولنا۔

پٹ رانی (ف) ۔اسم مؤنث) مہارانی۔ ملکہ۔ بڑی رانی۔ پہلی رانی۔

پٹا (ف) ۔اسم مؤنث و مذکر) بھری اور گتکے کا کھیل گدکے کی ورزش۔ ایک سپاہیانہ کرتب کا نام ہے۔

پٹا باز۔ یا پٹے باز (ف) ۔اسم مذکر بہ ترکیب فاعلی) پٹا کھیلنے والا۔ لکڑی بازنٹ کھلونا جو ہلانے سے پٹا کھیلتا ہے۔ اور چت نہیں گرتا۔

پٹا (ف) ۔اسم مذکر) چوپایوں یا پالتو جانوروں کے گلے میں ڈالنے کا پٹکا۔ طوق گلوگیر۔ گلوبند۔ گلے میں پہنانے کا قلادہ۔ ٹھیکہ۔ نامہ۔ اجارہ نامہ۔ زمین کو کام میں لانے لانے کا اجازت نامہ جو مالک کی طرف سے کاشت کار کو دیا جاتا ہے بسر کے لمبے بال۔ پٹے۔ تختہ۔ پٹڑا۔ پٹڑی۔ وغیرہ بیٹھنے کا آلہ۔ دو پٹہ۔ ایک عرض کا۔ اوڑھنا۔ پھنٹیا۔ پٹکا۔ ٹگی۔ کمر پر باندھنے کا پٹکا۔ چیڑاس۔ چپڑاس۔ چپڑاس لٹکانے کا پرتلہ۔ دستور۔ نیگ۔ حق الخدمت، دُلہن کے کمیوں کو اور خادموں کو شادی کے موقع پر دُولھا کے پاس سے جو حق الخدمت دلایا جاتا ہے کرایہ وصول کرنے کا دستور العمل۔ لادگی۔ چکی بانات وغیرہ کی جوتی کے پتے جن پر کام بنا ہوا ہو۔ کامدار جوتی کا پتا۔

پٹا اُتارنا (ف) ۔فعل) چپراس چھین لینا۔ سپاہی یا چپراسی کو موقوف کرنا۔ پٹی لے لینا۔

پٹا پھیر (ف) ۔اسم مذکر) شادی کے موقع پر جب دولہا دلہن کا پٹڑا بدلا جاتا ہے یہ تمام رسوم ادا کر چکنے کے بعد سب سے آخر میں کیا جاتا ہے۔

پٹا تڑانا (ف) ۔فعل) رسی تڑانا۔ قلادہ تڑا کر کسی جانور کا نکل جانا۔ خلاصی پانا۔ آزادی چاہنا۔ آزاد ہو جانا۔ زنجیر تڑانا۔ مفرور رہنا۔ فرار ہونے کا ارادہ رکھنا۔

پٹاپٹ (ف) ۔اسم مؤنث) کسی چیز کو متواتر مارنے کی آواز۔ بوندوں یا چھلوں کے لگاتار زمین پر پڑنے کی آہٹ۔ اس میں الف اتصال کا ہے۔

پٹاپٹی کا پردہ (ف) ۔اسم مذکر) وہ پردہ جس پر کارچوبی کا کام بنا ہوا ہو۔ مینا کاری کا پردہ۔ نہایت خوش رنگ اور رنگا رنگ کے پھول بوٹے والا پردہ۔

پٹاپٹی کی کوٹ (ف) ۔اسم مؤنث) رنگ برنگ کی گوٹ۔ طرح طرح کی پھول بیل سے تیار کیا ہوا حاشیہ۔ قسم قسم کی کشیدہ کاری سے بنایا ہوا کنارہ نہایت ہی خوبصورت گوٹ جس میں قسم قسم کے رنگوں سے منگھاڑے وغیرہ بنائے ہوئے ہوں۔

پٹاخا (ف) ۔اسم مذکر) پڑاکا۔ آتشبازی کی ایک قسم ہے۔ بندوق کی ٹوپی (بصورت صفت) چنچل۔ چالاک۔ طرار۔ فرار۔ خوب بولنے والی۔ خوش آواز۔ رسیلی آواز والی معشوق۔ خوبصورت۔ نہایت شوخ و شنگ۔ دلربا۔

پٹاخ سے بولنا (ف) ۔فعل) نہایت جلدی سے بولنا۔ کڑاکے کی آواز بولنا۔ طراری سے بولنا۔

پٹارا (ف) ۔اسم مذکر) چمڑے سے منڈھا ہوا یا سادہ بانس کا ڈھکنے دار ٹوکرا۔ صندوق۔ بانس کا صندوقچہ۔

پٹاری (ف) ۔اسم مؤنث) بانس یا بید کی ڈھکنے دار ٹوکری۔ پاندان۔ تانبے پیتل وغیرہ کا برتن جس میں پان اور اُس کے لوازمات رکھتے ہیں۔ انگور کی ڈبیا۔

پٹاش۔ یا۔ پوٹاش (انگ۔ اسم مذکر) ایک آتش گیر مادہ کا نام ہے جس سے پٹاخے بنایا کرتے ہیں۔

پٹاک (ف) ۔اسم مذکر صوت) پٹ۔ پھد۔ پھل وغیرہ کے اونچے سے گرنے یا درخت سے گرنے کی آواز۔

پٹاکا (ف) ۔اسم مذکر) اسی سے پٹاخا بنا ہوا ہے دمعنی کے لئے دیکھو پٹاخا)

پٹانا (ف) ۔فعل) وصول کرانا۔ دلوانا۔ تحصیل کرانا۔ آبپاشی کرنا۔ پانی لگانا۔ مکان کی چھت ڈلوانا۔ چھتوانا۔ آباد کرنا۔ بھرنا۔ پُر کرنا۔ سودا کرنا۔ لین دین کرنا۔ معاملہ کرنا۔

پٹاؤ (ف) ۔اسم مذکر۔ حاصل مصدر) پوشش۔ کڑی۔ تختہ۔ آبپاشی۔ لین دین۔ معاملہ۔

پٹ پٹ (ف) ۔اسم مذکر صوت) متواتر گرنے کی آواز۔ تڑ تڑ۔ پڑ پڑ۔ پٹر پٹر۔

پٹ پٹ بولنا۔ یا پٹ پٹ زبان چلانا (ف) محاورہ) تڑ تڑ بولنا۔ جلدی سے جواب دینا۔ تڑاق پڑاق جواب دینا۔

پیٹھانا (ف) ۔فعل) حسرت کرنا۔ افسوس کرنا۔ پچھتانا۔ رنج کرنا۔

پٹپیڑ (ہ - اسم مؤنث) ویران اور بے آب جگہ بیابان وہ مقام جہاں گھاس اور پانی تک نہ ہو۔ مستطیح چوپٹ۔ ہموار۔ یکساں۔ برابر۔ دریا کے کنارے کی وہ زمین جو طغیانی سے ہر سال ڈوبتی اور خشک ہو جانے پر قابل زراعت ہو جاتی ہے۔

پٹ پڑنا (ہ - فعل) اوندھا پڑنا۔ اُلٹا پڑنا۔ وار کا صحیح نہ لگنا۔ تلوار خنجر وغیرہ کا دھار کے رُخ نہ پڑنا۔ بلکہ پہلو کے بل لگنا۔

پٹخارنا (دُ - فعل) پٹخنا۔ کوڑے لگانا۔ چابک یا پنچی وغیرہ سے مارنا۔ دھمکانا پھٹکارنا۔ روپیہ بٹورنا۔ دھوکا فریب سے یا ڈرا دھمکا کر رشوت لینا۔

پٹخنا دینا۔ یا۔ سُنانا (دُ - فعل) بھدکنا دینا۔ زمین پر دے مارنا۔ گدا کا دینا اُٹھا پھینکنا۔

پٹخنا (دُ - فعل) پچھاڑنا۔ زمین پر دے مارنا۔ بھدکنا دینا۔ ورم کا کم ہو جانا۔ سوجن گھٹ جانا۔ پھوڑے وغیرہ کا پچکنا۔ بیٹھ جانا۔ دب جانا۔

پٹخنیاں کھانا (دُ - فعل) پچھاڑیں کھانا۔ گر گر پڑنا۔ لوٹنیاں کھانا۔ لوٹنا۔ تڑپنا۔

پٹڑا (ہ - اسم مذکر) تختہ۔ چھوٹی سی چوکی۔ دھوبیوں کے کپڑا دھونے کا تختہ۔ پیڑا سہاگہ۔ ہینگا۔ پٹیلا جو زمین ہموار کرنے کے لیے کھیت میں پھیرا کرتے ہیں۔

پٹڑا پھیرنا (ہ - محاورہ) سہاگہ پھیرنا۔ زمین ہموار کرنا۔ صفایا کرنا۔ لوٹ لینا۔ تلٹا دینا۔ دولت اُڑا دینا۔ اُٹھا ڈالنا۔ تباہ کر دینا۔

پٹڑی (ہ - اسم مؤنث) تختی سی بیٹھنے کی چوکی۔ جس پر بیٹھ کر عموماً عورتیں روٹی وغیرہ پکاتی ہیں۔ پیٹی۔ لوح۔ روش چمن۔ باغ کی روش۔ نہر کا کنارہ۔ حاشیہ کپڑے کا کنارہ۔ کھپریل کا کھپرا جس پر نلیاں رکھتے ہیں۔ چاندی سونے کی وہ تختی جو تعویذ لکھا کر بچوں کے گلے میں ڈال دیتے ہیں لاکھ وغیرہ کی چوڑی جسے پٹھا بھی بولتے ہیں۔ ران۔ آسن زانو جسے پٹڑی جمانا بولتے ہیں

پٹڑی جمانا (ہ - فعل) آسن جمانا۔ گھوڑے پر رانیں جما کر سوار ہونا۔

پٹس (ہ - اسم مؤنث) پٹن۔ کہرام۔ ماتم۔

پٹکا (ہ - اسم مذکر) پیٹی۔ کمر۔ بند۔ کمر پیچ۔ کمر سے باندھنے کا دوپٹہ یا رومال۔ مٹی کی دیوار میں چونے کی یا پتھر کی چنائی میں اینٹوں کی پٹی۔

پٹکا باندھنا (ہ - فعل) کمر باندھنا۔ تیار ہونا۔ مستعد ہو جانا۔

پٹکا پکڑنا (ہ - فعل) دامن پکڑنا۔ روکنا۔ کمر میں ہاتھ ڈالنا۔ مزاحم ہونا۔

پٹکنا (دُ) پٹخنا دے مارنا۔ پچھاڑ دینا۔ گرا دینا۔

پٹکی (ہ - اسم ہوت) عورتیں۔ آفت۔ غضب۔ قہر۔ بلا۔ مرگ ناگہاں۔ ناگہانی موت۔ آسن وہ بیسن جو شور یا گاڑھا کرنے کے لئے سالن میں ڈالتے ہیں۔

پٹکی پڑنا (ہ - فعل) اللہ کا قہر نازل ہونا۔ ناگہانی موت آنا۔ مر جانا۔ دفعتہً دعائے بد کی جگہ اور ناز کے موقعہ پر استعمال ہونا۔ غارت ہونا۔ برباد ہونا۔ تباہ ہونا۔

پٹم (ہ - اسم صفت) اندھا۔ چوٹ۔ نابینا۔

پٹم ہونا (ہ - فعل) چوپٹ ہونا۔ اندھا ہونا۔

پٹن (ہ - اسم مذکر) گھاٹ۔ دریا کو عبور کرنے کی جگہ۔ آبادی بستی۔ جیسے پاکپٹن

پٹن (ہ - اسم مؤنث) ماتم۔ کہرام۔ رونا پیٹنا۔

پٹنا (ہ - فعل) مار کھانا۔ ماتم۔ کہرام۔ سیاپا۔ ناگوار کام۔ وہ کام جو پسند خاطر نہ ہو۔ بیان۔ مصیبت۔ جیسے روز روز کا پٹنا کون سُنے۔ آج کل پٹنا زیادہ بولا جاتا ہے۔

پٹنا (ہ - فعل) پوشش ہونا۔ وصول ہونا۔ آبپاشی ہونا۔ قیمت چکنا۔ دام طے ہونا۔ بھرنا۔ اٹنا۔ کثرت اور افراط کے موقعہ پر بولا کرتے ہیں۔

پٹو (ہ - اسم مذکر) پٹی کا مذکر ہے۔ ایک قسم کا اُونی کپڑا ابا رانی۔ برساتی کمبل اور لوئی وغیرہ کی طرح کا موٹی اون سے بنا ہوا کپڑا۔

پٹو (ہ - اسم صفت) مار کھانے والا۔ پٹ جانے والا۔ دیوالہ۔ شکست کھانے والا۔ ہار جانے والا۔

پٹوا (ہ - اسم مذکر بہ ترکیب فاعلی) پٹ کا کام کرنے والا۔ ریشم کا کام کرنے والا۔ علاقہ بند۔ زیورات میں ریشم کے ڈورے وغیرہ ڈال کر پہننے والا۔

پٹواری (ہ - اسم مذکر) گاؤں کی زمین کی پیمائش کرنے والا۔ محاسب دیہہ گاؤں کا حساب رکھنے والا۔ سرکاری لگان اور معالمہ مقرر کرنے اور لگانے والا۔

پٹوانا (ہ - فعل) پٹنا سے متعدی ہے۔ وصول کروانا۔ دلوانا۔ چھت ڈلوانا۔ لکڑی تختے وغیرہ ڈلوانا۔ بکوانا۔ معالمہ کرانا۔ سودا چکانا طے کرانا۔ پانی دینا۔ آبپاشی کرنا۔ پُر کرنا۔ بھروانا۔ گڑھوں وغیرہ میں مٹی ڈلوا کر ہموار کرانا۔

پٹوانا (ہ - فعل) پٹنا کا متعدی۔ جوتے لگوانا۔ ضرب لگوانا۔ دلوانا۔ پچھوانا۔ چھکوانا۔ سنانا۔ دق کرنا۔ تنگ کرنا۔

پٹھ (ہ - اسم مؤنث) ملاوٹ۔ آمیزش۔ چاشنی۔ خوشبو وغیرہ۔ کسی چیز کا ملاؤ۔ بکرے کی پٹھ کا گوشت جو دُم سے اُوپر کو ہوتا ہے۔

پٹھ (ہ - اسم مؤنث) جوان بکری جو ابھی بیائی نہ ہو۔

پٹھا (ہ - اسم مذکر) چوپایوں کا چوتڑ طے الخصوص گھوڑے کا۔ سُرین اسپ لال اور چابک سوار لوگ۔ اظہار تعداد اسپ کے لئے بولتے ہیں جیسے سو روپے پٹھا۔

پٹھا (ہ - اسم مذکر) نوجوان۔ نوعمر۔ نوخیز۔ پاٹھا۔ جانوروں یا انسانوں کا نوجوان بچہ۔ عَصَب۔ پٹے۔ لمبا چوڑا اور موٹا پتا جیسے گھیکوار کا پٹھا۔ یل۔ پہلوان۔ پہلوان کا شاگرد۔ کتاب کی پتلی جلد۔ جلد کے مقولے چوڑی چوڑی جو درمیان میں پہنتی ہیں اطلس یا ساٹن کی چوڑی گوٹ جو عورتیں دوپٹوں اور لنگوں پر لگا لیا کرتی ہیں ادھر اُدھر چھوٹے ہوئے سر کے بال جیسے کن پٹھے رکھ لئے ہیں۔ شاخ۔ قاش۔ پھانک جیسے گزک کا پٹھا لیا ہے۔

پٹھان (ہ - اسم مذکر) سرحدی مسلمانوں کی چار ذاتوں میں سے چوتھی ذات کابلی لوگ۔ سپاہی۔ جنگی نوکر (صفت میں) تنومند۔ جلاد۔ سفاک لڑاکا۔ بہادر۔

پٹھانا (ہ - فعل) روانہ کرنا۔ ارسال کرنا۔ بھیجنا۔

پیٹھ ملا (ہ - اسم مذکر - بہ ترکیب مفعولی) مرکب از پیٹھ بمعنی پشت - اور ملا بمعنی ملا ہوا یعنی انگرکھے یا کوٹ وغیرہ کا وہ حصہ جو پیٹھ سے ملا ہوا رہتا ہے پیٹھ کا کپڑا۔

پیٹھو (ہ - اسم مذکر - بہ ترکیب فاعلی) مدد گار سہارا دینے والا - پشت و پناہ - معاون - ہر وقت ساتھ لگا رہنے والا - دُم چھلا - پچھ لگو۔

پیٹھوال (ہ - اسم مذکر - بہ ترکیب فاعلی) (نقب زنوں اور چوروں کی اصطلاح) وہ بہادر اور مضبوط آدمی جو نقب زنوں کے پیچھے ان کی مدد کے لیئے نقب کے منہ پر کھڑا رہتا ہے مددگار معاون رفیق - ساتھی - اصل میں پٹھ وال تھا۔

پٹھور - یا پٹھورا (ہ - اسم مؤنث و مذکر) چوزہ - بکری کا بچہ جو ابھی جوان ہوا ہو - خوبصورت۔

پٹھوری (ہ - اسم مؤنث) نوجوان بکری - مجازاً خوبصورت نٹکیل عورت نوجوان عورت۔

پٹھوں میں بیٹھنا - یا گھسنا (ہ - محاورہ) لوگ - روپے میں سرائت کر جانا - موثر ہونا - ہمدم و ہمراز بن جانا - دلی جانی دوست بن جانا - گہری دوستی کرنا - دشمن کے دل میں گھر کرنا - دل میں جگہ پالینا - گاڑھا دوست بن جانا۔

پٹھے (ہ - اسم مذکر) پٹھا کی جمع سر کے دو طرفہ چھوٹے ہوئے بال اعضاء پٹھے نوعمر نوجوان - لڑکے - برابر والے کو بھی بول دیتے ہیں۔ جیسے آؤ پٹھے۔

پٹھی (ہ - اسم مؤنث) دھلی ہوئی اور سل بٹے پر پسی ہوئی دال۔ پیٹھی (پنجابی)

پٹھیا (ہ - اسم مؤنث) جوان مادہ گائے - بھینس - بکری وغیرہ جو ابھی بیائی نہ ہو - مجازاً خوبصورت لڑکی - جوان لڑکی - سوہنی - نوعمر - نوخیز لڑکی۔

پٹی (ہ - اسم مؤنث) دھجی - کترن - لیر - جزو ٹکڑا - حصہ - گاؤں - کا کچھ چھوٹا سا حصہ طرف - قطعہ زمین - سربند - بندھن - سر پیچ - قصابہ پگڑی کی ایک خاص طرز کو باندھنے کا نام - ایک قسم کی مٹھائی کی تلیں گزک کی لمبی چپٹی چوکور قاشیں - گاؤں کی چوتھائی - پائی یعنی چارپائی کے پہلو کی لکڑی - قطار صف گھوڑے کی لمبی دوڑ - سیدھی دوڑ - ماتھے پر جمائی ہوئی بالوں کی تہ - تختی - لوح - سبق - لین - فریب کا سبق - فریب کی ترغیب - خم پر باندھنے کا کپڑا - بندھن - کاغذ کا پتلا سا ٹکڑا جو کنکوے میں آڑا لگا دیتے ہیں فنگوٹ - حاشیہ - کنارہ - جانب - ارغوا - بھکاوٹ - مخالفت غیبت چغلی - بدگوئی۔

پٹی آنکھوں پر باندھنا (محاورہ) چشم پوشی کرنا - بدلحاظ ہو جانا - احسان فراموش ہو جانا - بے مروت ہو جانا۔

پٹی باندھنا (ہ - فعل) زخم آنکھ وغیرہ پر کپڑے کی دھجی لپیٹنا - بندش باندھنا - بندھن باندھنا۔

پٹی پڑھانا (ہ محاورہ) سبق دینا - سکھانا - بھکانا - ورغلانا - اپنے مطلب کی باتیں سکھانا - فریب کی باتیں کرنا۔

پٹی وار (دگر - اسم مذکر) شریک دیہہ - اسامی دار پتی کا مالک گاؤں کا حصہ دار

پٹی داری (دگر - اسم مؤنث - بیائے مصدری) مشترکہ موروثی - قبضہ حصہ دار۔

پٹی دینا (ہ - فعل) ترغیب دینا - بھکانا - گھوڑے کو لمبا دوڑانا۔

پٹی وار (ہ - تابع فعل) حصہ رسد - حصہ کے موافق۔

پٹیا (ہ - اسم مؤنث) سل - پتھر کا ٹکڑا - پتھر کا چوکا - چٹان - تختہ سنگ۔

پٹیاں جمانا (ہ - فعل) بالوں کو ماتھے پر اِدھر اُدھر تیل اور پانی وغیرہ سے جمانا - پتھر کی سلوں کو فرش چھت یا دیوار میں قطار در قطار لگانا۔

پٹیت (ہ - اسم مذکر - فاعل) پٹہ باز - گدکے بھری کا کھلاڑی - بے وقوف - احمق - گلے میں سفید طوق والا ایک رنگ سیاہ - سُرخ - زرد - نیلا کبوتر۔

پٹیل (ہ - اسم مذکر) گاؤں کا سردار - مقدم - چودھری - نمبردار۔

پٹیل (ہ - اسم مذکر) مار کھانے والا - بودے دل کا - دبیل۔

پٹیلا (ہ - اسم مذکر) دریا کے کنارے ایک قسم کی گھاس ہوتی ہے جس سے چٹائیاں بناتے ہیں - میڑا - سہاگہ جو کھیت میں زمین ہموار کرنے کے لیئے پھیرا جاتا ہے - زمین ہموار کرنے کا تختہ - سل - چٹان - بیڑا - لکڑیوں اور بانسوں کو باندھ کر سطح آب پر ایک چبوترہ سا بنا لیتے ہیں جس کے ذریعہ بیلوں اور گاڑیوں کو دریا سے پار اُتارتے ہیں۔

پٹیلنا (ہ - فعل) دے مارنا - پھینک دینا - پچھاڑنا - زیر کرنا جیت لینا - بازی لینا - وصول کرنا - کمانا - مارنا - ٹھونکنا - پیٹنا - مغلوب کرنا۔

پٹین ( ) (ان) شیشے جوڑنے کا مصالحہ جس کے ذریعہ کواڑوں میں شیشے لگاتے ہیں - لکڑی کی درزوں اور چھیدوں کو بند کرنے کا سیالہ حلوے کی قسم کا ایک مزے دار کھانا۔

پ - ج

پجا (ہ) آباد - بھرا۔

پجا یا (ہ - اسم مذکر) پوجنے کا سامان - دیوتا کی نذر - دیوتا کی بھینٹ - چڑھاوا - نذر - جھگڑا - بکھیڑا - دُکھ - مصیبت۔

پجا پا پھیلانا (ہ - فعل) بکھیڑا پھیلانا - بے ترتیبی سے چیزیں پھیلانا - دوکان سی لگانا۔

پجاری (ہ - اسم مذکر) بتوں کی پوجا کرنے والا - بُت پرست - مندر کا مجاور - پوجا کرانے والا - پوجا کے طریق بتانے والا - مجاور - چڑھاوا لینے والا - نذر بھینٹ لینے والا۔

پجانا (ہ) پورا کرنا - بھرنا۔

پجاوا (ہ - اسم مذکر) اصل میں پزاوہ ہے - اینٹوں کے پکنے کا آوا - اینٹیں پکانے کی جگہ۔

پجنا (ہ) مانا جانا - بھٹہ۔

پجوانا (ہ - فعل) پوجنا کا متعدی المتعدی ہے۔

پجوڑا (ہ - اسم مذکر) پاجی کا اسم تصغیر ہے - نہایت کمینہ - نہایت ذلیل - ارذل۔

پجوڑی (ہ - اسم مؤنث) پجوڑا کی مؤنث - کمینی عورت - نہایت ذلیل عورت - فرومایہ اور خوار عورت - نیچ ذات کی اور نیچ خصلت کی

عورت۔ پاجی عورت۔

پ - چ

پچ (ہ) اسم مؤنث) طرفداری۔ پاس۔ ہٹ۔ آڑ۔ جانبداری۔ ضد۔ اصرار۔ حمایت۔ رعایت۔ لحاظ۔ تعصب۔ کوشش۔ سعی۔ تائید۔ پکٹ۔ ہٹھم۔

پچ کرنا (ہ) فعل) طرفداری کرنا۔ حمایت کرنا۔ آڑ کرنا۔ بات کا پاس کرنا اپنے قول کی تائید کرنا۔ ضد کرنا۔ ہٹ کرنا۔ آڑ کرنا۔ تعصب کرنا۔

پچ مرنا (ہ) محاورہ) نہایت کوشش۔ کوشش کرکے تھک جانا۔ بے حد محنت کرنا۔

پچ (ہ) اسم مذکر) پانچ کا مخفف ہے اور مرکبات میں آتا ہے۔

پچ کلیاں۔ وہ گھوڑا جس کی پیشانی اور گھٹنوں کا رنگ سارے رنگ سے الگ یا سفید ہو۔ دوغلا۔

پچ گنا: پانچ سے زائد۔

پچ لڑی: ایک زیور جس میں موتی یا سونے کے دانوں کی پانچ لڑیاں ہوتی ہیں۔

پچ پھولا رانی بنی ہیں: نزاکت پر ناز، غرور ہے۔

پچ درہ: وہ دالان جس میں پانچ در ہوں۔

پچ تویا: پانچ نمک کا۔

پچ منزلہ: پانچ منزلوں کا۔

پچ رنگا: پانچ رنگ کا۔

پچ نگار (مؤ) اسم صفت) پانچ رنگ کا (بحالت اسم مذکر) نوگرہ کی پرتش کا چوک جو پانچ رنگوں سے پورا جاتا ہے۔

پچ میل (ہ) صفت) پانچ طرح کی مرکب چیز۔ پانچ قسم کی۔ پانچ انواع سے مرکب جیسے پنج میل مٹھائی۔

پچارا (ہ) اسم مذکر) پوتا۔ کوچی۔ برش۔ پتلی۔ لپائی۔ ہلکی رنگت۔ سفیدی کی پتلی تہ۔

پچارا پھیرنا (ہ) محاورہ) پوتا پھیرنا۔ کوچی کرنا۔ صاف کرنا۔ سفیدی کرنا۔ پتلی پتلی لپائی کرنا۔ کپڑے کے ذریعہ سے رنگ یا سفیدی کرنا۔ اکسانا ترغیب دینا۔ اُبھارنا۔

پچارا دینا (ہ) فعل) خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔ روغن قاز ملنا۔

پچاس (ہ) اسم عدد۔ پنجاہ۔ پنج دہائیاں چالیس اور دس۔ ۵۰۔ 50۔

پچاسا (ہ) اسم مذکر) پچاس کی تعداد۔ پچاس کی رقم۔ پچاس روپے کا وزن۔ پچاس پاؤں کا مٹھا۔

پچاسوں (ہ) تالع فعل) افراط کے موقعہ پر بولا جاتا ہے جیسے پچاسوں کوس ہے۔ یعنی بہت دور ہے۔

پچاسی: اسّی اور پانچ۔ نوّے سے پانچ کم۔

پچانا (ہ) فعل) پچنا کا متعدی، ہضم کر جانا۔ گلانا۔ گوارا کرنا۔ کسی کا مال مار لینا۔

پچانوے (ہ) اسم عدد) نوے اور پانچ۔ ایک سو سے پانچ کم۔ ۹۵۔ 95۔

پچاؤ (ہ) اسم مذکر) حاصل بالمصدر، ہاضمہ۔ گوارش۔ برداشت۔ بربادی۔ سہار۔

پچ پچ پچ (ہ) اسم مؤنث صوت) کیچڑ یا دلدل میں چلنے کی آواز۔ پیک تھوکنے کی آواز۔

پچپچا (ہ) اسم صفت) وہ کھانا کا پانی جذب نہ ہوا ہو۔ ادھ کچا کھانا۔

پچپچین (ہ) اسم عدد۔ پچاس اور پانچ ساٹھ سے پانچ کم۔ ۵۵۔ 55۔

پچتانا (ہ) فعل) پشیمان ہونا۔ افسوس کرنا۔ متاسف ہونا۔ کوئی کام کرکے نادم ہونا۔ کڑھنا۔ غم کھانا۔ رنج کرنا۔

پچتاوا (ہ) اسم مذکر، حاصل مصدر از پچتانا) تاسف۔ افسوس۔ پشیمانی۔

پچکّر (ہ) اسم مؤنث) مینخ۔ فانہ۔ پنجہ۔ کھونٹی۔ لکڑی کی کھچی جو کسی سوراخ کے تنگ کرنے کے لیئے ٹھونک دیتے ہیں۔ تعرض۔ مزاحمت۔ روک۔

پچکّر اڑانا (ہ) فعل) فانہ دینا۔ لکڑی یا تختی کی درز میں کھچی دینا۔ مزاحمت کرنا۔ مانع ہونا روکنا۔

پچکّر ٹھونکنا (ہ) فعل) فانہ ٹھونکنا۔ میخ لگانا۔ تکلیف دینا۔ صدمہ پہنچانا۔ اڑاڑی دینا۔ مزاحمت کرنا۔ مانع ہونا۔ روکنا۔

پچکّر مارنا (ہ) فعل) بھانجی مارنا۔ چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا۔ کام بگاڑنا خرابی ڈالنا۔ بنتے کام کو اُکھیڑنا۔

پچکار (ہ) اسم مؤنث، صوت) دونوں ہونٹوں کو ملا کر پیار کی آواز۔ پیار چمکار۔ دلاسا۔ تھپک۔

پچکارنا (ہ) فعل) پیار کرنا۔ تھپکنا۔ دلاسا دینا۔ پیار سے بلانا۔ تھپکی دینا۔

پچکاری (ہ) اسم مؤنث) پیار کی آواز۔ چمکاری۔

پچکاری دینا (ہ) فعل) جانور یا بچے کو پیار سے بلانا۔

پچکاری (ہ) اسم مؤنث) دم گیر۔ دم کلا۔ حقنہ۔ پان کی پیک۔ دھار باندھ کر پھینک دینے کی آواز۔ رنگ پاشی کا آلہ۔

پچکانا (ہ) فعل) دبانا۔ بھینچنا۔ دھسانا۔ سکیڑنا۔ اندر کو گاڑنا۔

پچ کلیاں یا پنج کلیاں (ہ) اسم مذکر) وہ گھوڑا جس کی پیشانی اور گھٹنوں کے نیچے پاؤں کا رنگ۔ بدن کے خلاف یا سفید ہو۔ (بحالت صفت) دوغلا۔ کئی ذاتوں کا مرکب۔ ست بھیجڑا۔

پچکنا (ہ) فعل) دبنا۔ بھچنا۔ دھسنا۔ سکڑنا۔ اندر کو گڑ جانا۔ پٹخنا۔

پچکڑی (ہ) اسم مؤنث) ہار کی قسم کا ایک زیور ہوتا ہے جو گلے میں پہنا جاتا ہے اور جس میں سونے یا موتیوں کی پانچ لڑیاں ہوتی ہیں۔ پانچ لڑیوں والا۔

پچلونا (ہ) اسم مذکر۔ بہ ترکیب فاعلی) پانچ نمک والا چورن۔ وہ چورن جس میں پانچ نمک ہوں۔

پچنا (ہ) فعل) ہضم ہونا۔ گلنا۔ تحلیل ہونا۔ گوارا ہونا۔ طرفداری کرنا۔ کمال کوشش کرنا۔ ہمہ تن کوشاں رہنا۔ محنت کرنا۔ ہار ماننا۔ تھکنا۔ غیر کا مال واپس نہ جانا۔ کسی امانت کا اُٹھانہ پھرنا۔

پچوترا (ہ) اسم مذکر) پانچ فیصدی زائد از مالیہ اصل زرلگان سے پانچ فیصدی زائد۔ رقم جس میں نمبرداری وغیرہ دیگر اخراجات دئے جاتے ہیں۔

پچھاڑ (اسم مؤنث) حاصل مصدر از۔ پچھاڑنا۔ بے اختیار ہو کر پیٹھ کے بل زمین پر گرنے کو کہتے ہیں۔

پچھاڑ دینا (ف - فعل) گرا دینا۔ چت کرنا۔ مضمحل کرنا۔ مات کرنا۔ بیمار ڈالنا۔ بیمار کر دینا۔ ماڑ ڈالنا۔ دے مارنا۔ برباد کر دینا۔ شکست دینا۔ ہرا دینا۔ تھکانا۔ بازی لے جانا۔ فتح پانا۔ جیتنا۔ بڑھ جانا۔ گرا دینا۔ لٹا دینا۔ زیر کرنا۔ عاجز کرنا۔

پچھاڑ کھانا (ف - فعل) گرنا چت ہونا۔ مات کھانا۔ بیمار ہو جانا۔ مرنا۔ برباد ہونا۔ شکست کھانا۔ ہارنا تھکنا۔

پچھاڑی (ف - اسم مؤنث) اگاڑی کے خلاف گھوڑے یا اونٹ کے پچھلے پاؤں میں باندھنے کی رسی۔ عقب۔ پیچھا (بصورت تابع فعل) عقب میں پیچھے میں۔

پچھاڑیں کھانا (ف - محاورہ) پیٹھ کے بل گرنا۔ لوٹنیاں کھانا۔ تڑپ کر گرنا گر پڑنا۔ پٹخنیاں کھانا۔ کثرت رنج یا درد سے بار بار زمین پر گرنا۔ صدمہ سہنا۔ ضعف سے گرنا۔ غش کھانا۔

پچھان (ف - اسم مذکر) مغرب۔ پچھم۔ پورب کے خلاف۔

پچھایا (ف - اسم مذکر) انگیا کا وہ حصہ جو پیٹھ کے پیچھے رہتا ہے۔

پچھتا (ف - اسم صفت) پانچ ہاتھ کے قد کا آدمی۔ بڑا قد آور آدمی۔ پورا جوان۔ ماپ کا پورا آدمی۔ جسیم قد آور آدمی۔ دراز قد۔

پچھتر (ف - اسم عدد) ستر اور پانچ۔ ۷۵۔ ۷۵-۷۵۔ اسّی سے پانچ کم۔

پچھڑنا (ف - فعل) چت گرنا۔ بیمار پڑنا۔ مات پڑنا۔ ہارنا۔ شکست کھانا۔ سبق میں پیچھے رہنا۔

پچھلا (ف - اسم صفت) آخرکار پیچھے کا۔ (اسم مذکر) رات کا آخری پہر آخر شب۔ سحری رمضان۔ آموختہ۔ پڑھا ہوا۔

پچھلا پہرہ۔ یا پچھلا پہر (ف - اسم مذکر) رات یا دن کا آخری چوتھا پہر۔

پچھلپائی (ف - اسم مؤنث) چڑیل۔ بھتنی۔ جادوگرنی۔ ڈائن۔ جس کے پاؤں کی انگلیاں پیچھے اور ایڑی آگے کو ہو۔

پچھلگو (ف - اسم مذکر۔ بہ ترکیب فاعلی) طفیلیا۔ پیچھے چلنے والا۔ پچھلی اولاد۔ وہ اولاد جو بیوہ عورت کے نکاح ثانی کے وقت پچھلے خاوند کی ہو۔

پچھلے پاؤں پھرنا۔ یا۔ ہٹنا (ف - فعل) الٹے پاؤں لوٹ جانا۔ واپس چلے جانا۔ پسپا ہونا۔ شکست کھانا۔ ہارنا۔ جن قدموں جانا انہیں قدموں آنا۔

پچھلی ٹکیا کھائی۔ پچھلی مت آئی (ف - مثل) دیر رس اور بعد میں سمجھ جانے والا آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔ احمق۔ بے وقوف۔ دیر میں سمجھنے والا۔ غبی۔

پچھلی رات (ف - اسم مؤنث) آدھی رات کے بعد کا وقت۔

پچھم (ف - اسم مذکر) مغرب۔ پچھان۔ جانب۔ غرب۔ مغربی ممالک۔

پچھمی (ف - اسم مؤنث۔ بیائے نسبتی) مغربی ممالک کا۔ مغرب کی طرف کا۔ پچھم کی چیز۔

پچھنا (ف - اسم مذکر) استرہ۔ دشنہ۔ وہ نشتر جس سے جسم کو گود کر اوپر سینگی لگا دیتے ہیں۔

پچھنے دینا (ف - فعل) پچھنے لگانا۔ گودنا۔ مسنے طنے دینا۔

پچھنے لگانا (ف - فعل) ٹیکا لگانا۔ بھری سینگیاں لگانا۔ خون نکالنا۔ طنے دینا۔

پچھوا (ف - اسم مؤنث) پچھم کی ہوا۔ باد قبلہ۔ انگیا کی پیٹھ کا کپڑا۔

پچھواڑا (ف - اسم مذکر) گھر کے پیچھے کی جگہ۔ عقب خانہ۔ پشت مکان۔

پچھوت (ف - اسم مؤنث) وہ چیز جو فصل کے آخر پر پیدا ہو یا کاشت ہو۔ آخیر کی پیداوار (تابع فعل) بعد میں۔ پچھے۔ عقب میں۔ بعد ازاں۔

پچھوّیا (ف - اسم مذکر) پوچھنے والا۔ پوچھن ہار۔ خبر گیراں۔ معاون۔ مددگار۔

پچھیت (ف - اسم مؤنث) مکان کے پچھلی طرف کی دیوار۔ آخر فصل پر بوئی ہوئی جنس یا پیداوار۔

پچی (ف - اسم صفت) جڑا ہوا۔ ٹھونکا ہوا۔ چپکا ہوا۔ سیا ہوا۔ ایک جان ہوا ہوا۔ دھانس۔ پچر۔ فانہ۔ جوڑ۔ پیوند۔ مضبوط۔ پکا۔ پختہ۔ سٹا ہوا۔



پچی کاری (ف - اسم مؤنث) گانٹھنا۔ جڑاؤ کام چوپڑ دار فرش۔ چونہ پچی کا کام۔ پیوند لگانا۔ سانٹنا

پچی کاری کرنا (ف - فعل) اینٹ اور چونے سے خوب مضبوط کرنا۔

پچی کرنا (ف - فعل) خوب پھنسانا۔ ٹھونک کر خوب ملا دینا۔ مضبوط کرنا۔ مستحکم کرنا۔

پچی ہونا (ف - فعل) جڑ جانا۔ مل جانا۔ مضبوط اور مستحکم ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ پھنسنا۔ اُلجھنا۔

پچیاسی (ف - اسم عدد) اسّی اور پانچ نوّے سے پانچ کم۔ ۸۵-۸۵۔

پچیانوے (ف - اسم عدد) نوے اور پانچ۔ سو سے پانچ کم۔ ۹۵-۹۵۔

پچیت (ف - اسم مذکر) فاعل۔ کشتی کرنے والا۔ داؤں پیچ جاننے والا۔ تجربہ کار پہلوان۔ مجرا گفریبی۔ مکار۔ چالباز۔ داؤں سے واقف۔

پچیتی (ف - اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) داؤں پیچ کی واقفیت۔ مکاری۔ فریب دھوکا۔

پچیس (ف - اسم عدد) پانچ سے اوپر بیس اور پانچ۔ ۲۵-۲۵۔

پچیسواں (ف - صفت عددی) پچیس سے نسبت رکھنے والا۔ پچیسویں درجے کا۔ پچیسویں نمبر کا۔

پچیسی (ف - اسم مؤنث) چوسر کے ایک کھیل کا نام۔ جو پانسوں کی بجائے سات کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے۔

پ - خ

پخ (ف - اسم مؤنث) شرط۔ روگ۔ خرابی۔ دقت۔ جھگڑا۔ بک بک۔ پخ پخ۔ خلل۔ فتور۔ بیہودہ۔ بکواس۔ (ضمنوں کی شرط)

پخ پھیلانا (مؤ۔ فعل) شور وغل کرنا۔ فساد پھیلانا۔ جھگڑا پھیلانا۔ فتنہ پھیلانا۔
پخ کرنا (مؤ۔ فعل) شور و شر کرنا۔ واہیات بکنا۔ جھگڑا کرنا۔
پخ لگانا (مؤ۔ فعل) شرط لگانا۔ ردگ لگانا۔ دقت میں ڈالنا۔ واہیات بکنا۔ عذاب لگانا بے جا تکرار کرنا۔
پخ نکالنا (مؤ۔ فعل) لڑائی ڈالنا۔ نقص نکالنا۔ اعتراض کرنا۔ دقت پیش کرنا۔ عیب نکالنا۔
پنحال (مؤ۔ اسم مؤنث) صحیح پکھال ہے۔ پانی کی کھال۔ پانی بھر کر لانے کی وہ دو بڑی بڑی مشکیں جو سقے بیل پر لاد کر باہر سے لایا کرتے ہیں۔
پنحال پیٹ (مؤ۔ اسم صفت) پکھال جیسے پیٹ والا۔ بڑے پیٹ والا۔ بڑ پیٹو۔
پنحتریاں (مؤ۔ اسم مؤنث) روٹیاں۔ چپاتیاں پھلکے۔ یہ لفظ جب ماما کے ساتھ ماما پنحتریاں بولتے ہیں تو وہ روٹیاں مراد ہوتی ہیں جو کھانا پکانے والی عورتیں امیروں کے گھروں سے چرا کر اپنے بچوں کے لئے لے آتی ہیں۔ یعنی مفت کی روٹیاں۔ بلا محنت مزدوری کی روٹیاں۔
پختگی (ف۔ اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) مضبوطی۔ استحکام۔ کھانے یا پھل کا پک جانا۔ بلوغت۔ تجربہ کاری۔ واقفیت۔
پختہ وپز (ف۔ اسم مؤنث۔ حاصل بالمصدر از پختن) درستی۔ پختگی۔ ٹھیک ٹھاک۔ اقرار مدار۔ وعدہ وعید۔ صلاح مشورہ۔
پختہ (ف۔ اسم صفت۔ بہ ترکیب مفعولی) پکا ہوا۔ بھونا ہوا۔ بریاں۔ خام کی ضد۔ مضبوط۔ پکا۔ مستحکم۔ چونے کی کچ اینٹوں کا چنا ہوا۔ مستقل۔ ٹھیک پکی بات۔ تجربہ کار۔ جہاندیدہ۔ واقف کار۔ پرانا گرگ۔ کامل پورا۔ عمر رسیدہ۔ بوڑھا۔ طے شدہ قیمت۔
پختہ کار (ف۔ اسم صفت۔ بہ ترکیب مفعولی) تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ جہاندیدہ۔ اپنے کام میں نہایت ہوشیار و چالاک۔
پختہ کرنا (مؤ۔ فعل) بات ٹھہرانا۔ پکی کرنا۔ معین کرنا۔ تیار کرنا۔ بات ٹھیک ٹھاک کرنا۔
پخنا (مؤ۔ اسم صفت مذکر) کمینہ۔ سفلہ۔ بکواسی بک بک کرنے والا۔ بھٹیارا۔
پخنی (مؤ۔ اسم صفت۔ مؤنث پخنا کی مؤنث) بھٹیاری۔ پخ لگانے والی۔
پخیا (مؤ۔ اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) پخ لگانے والی۔ بکواسی بیہودہ گو۔ فسادی۔ جھگڑالو۔ بدتہذیب۔ کمینہ۔ نالائق بے تمیز۔

پ - ر

پد (س۔ اسم مذکر) پاؤں۔ پیر۔ قدم۔ پگ۔ چرن۔ قول۔ فقرہ۔ شبد۔ بچن۔ مقام۔ جگہ۔ استھان۔ شعر۔ اشعار۔ نظم۔ کبت۔ گیت۔ کھوج۔ نقش پا۔ درجہ۔ مرتبہ۔ رتبہ۔ چیز۔ بست۔ نظم نعتیہ۔ تعریف کے گیت جیسے بشن پد یعنی بشن کی نعت۔ ضلع۔ ملک کا حصہ۔ نگہبانی حفاظت۔
پدا (ہ۔ اسم مذکر) ایک چھوٹی سی چڑیا کا نام ہے۔ پھدکی۔ غلیل میں غلہ کی جگہ جو دو نوکدار تانتوں کے درمیان بنا لیتے ہیں۔ پھٹکنا (بصورت صفت) بے حقیقت۔ حقیر۔ کمزور۔ ناچیز۔ کم طاقت۔
پدی (ہ۔ کمزور۔ پدی سے پدم شاہ بن گیا: ذلیل یا مفلسی سے عزت دار یا مالدار بن جانا۔
پدارتھ (س۔ اسم مذکر) عمدہ چیز۔ نفیس اور عمدہ کھانا۔ نعمت۔ لذیذ اور عمدہ چیز۔
پدانا (ہ۔ فعل) تھکانا۔ ہرانا۔ مغلوب کرنا۔ عاجز کرنا۔ تنگ کرنا۔ پدوانا۔ (گوزاپندنا)
پدر (ف۔ اسم مذکر) باپ۔ والد۔ پتا۔ ابا۔
پدرم سلطان بود: میرے باپ دادا ایسے اور ویسے تھے باپ دادا کے شرف پر شیخی بگھارنا۔
پدری (ف۔ اسم صفت بیائے نسبتی) باپ سے نسبت رکھنے والی۔ باپ کی آبائی موروثی۔
پدڑی (ہ۔ اسم مؤنث) پدی۔ پھدکی۔ ایک چھوٹی سی خوش آواز چڑیا۔ بے حقیقت۔
پدم (س۔ اسم مذکر) گول چکر جو آدمی کی انگلیوں پر ہوتا ہے نیلوفر۔ کنول۔ ہاتھی کی کھال کے نشان یا داغ۔ شمار میں سو نیل کا ایک پدم ہوتا ہے۔ یہ گنتی اب متروک ہے۔
پدرود: (ف) الوداع کرنا۔ ہونا۔ رخصت۔
پدمنی (س۔ اسم مؤنث) نہایت خوبصورت نازک اندام عورت۔ عورتوں میں اوّل درجہ کی نازک اندام عورت۔
پدنا: (ہ) پدانا کا فعل لازم۔
پدھارنا (ہ۔ فعل) تشریف لانا۔ قدم رنجہ فرمانا۔ کسی بڑے معزز آدمی کا آنا۔ براجنا۔ بیٹھنا۔ تشریف رکھنا۔ تشریف لے جانا۔ جانا۔ سدھانا
پد پد (ف) نمایاں۔ ظاہر۔
پدو یا پدوڑا (ہ۔ مذ) ڈرپوک۔ بہت گوز مارنے والا۔ گپیں ہانکنے والا۔
پدھان۔ یا۔ پردھان (ہ۔ اسم مذکر) مقدم گاؤں کا چودھری۔ میرزادہ نمبردار۔ صدر۔ میر مجلس۔
پدھی (ہ۔ اسم مؤنث) چڈھی۔ کمر کی۔ سواری۔

پ - ڑ

پڈا: (ہ۔ مذ) کھیت کی حد۔
پڈنگ (انگ۔ مذ۔ Pudding) پٹین۔ پایوں کے لعاب اور انڈوں وغیرہ کی ایک جمائی ہوئی خوراک جو حلوے کی مثل ہوتی ہے۔
پڈی کا شوربا۔ کمزور۔ بے حقیقت محاورہ ہے۔
پڈے کی ضامنی: ناقابل اعتبار اور کمزور پر بھروسہ۔

پ - ز

پذیرا (ف۔ اسم صفت۔ بہ الف قابلیت یا مفعولیت) قابل قبول۔ مقبول

منظور، مستجاب۔ پسند۔
پذیرائی (ا مؤ) مہمان نوازی۔ منظوری۔ قبولیت۔ استقبال۔

پ - ر

پَر (ف - اسم مذکر) بازو۔ پنکھ پرندے کے اُڑنے کے اوزار۔ پرکار کے دو پرزوں میں سے ایک پرزہ۔ قوت۔ طاقت۔ زور۔ بل۔ جیسے کیا کریں۔ بے پر ہیں۔ پرند علے الخصوص کبوتر کی تعداد کے وقت بولتے ہیں جیسے ہاتھی کے لیئے زنجیر۔ بیل کے لیئے راس (بصورت تابع فعل۔ حرف استدراک ہے یا استثنیٰ لیکن الّا۔ مگر۔ اُوپر۔ بالا۔ بیں۔ اندر۔ بھیتر۔ درمیان۔ فی۔ ایک۔ واحد۔ پرند کے لئے دوسرا۔ علاوہ۔ غیر۔ بیگانہ۔ مدد۔ سہارا۔ مددگار۔ حمائتی۔ معاون۔
پَر باندھنا (دُ۔ فعل) پروں کو دھاگے یا ڈور وغیرہ سے باندھ دینا۔ کہ پرندہ اڑ نہ سکے۔ بے بس کرنا۔ عاجز کرنا۔ لاچار کرنا۔ قید کر دینا۔
پَر ٹوٹنا (دُ۔ فعل) پنکھ ٹوٹ جانا۔ بازو شکستہ ہونا۔ کمزور ہونا۔ مدد نہ پہنچنا۔ حمایتی کا دشمن سے مل جانا۔ سہارا نہ رہنا۔
پَر جلنا (ہ - فعل) بے تاب ہونا۔ طاقت نہ رہنا۔ کس بل نہ رہنا۔ دخل نہ پانا۔ رسائی نہ ہونا۔ پہنچ نہ سکنا۔ خوف ہونا۔ دور ہونا۔ پر و بال سوختہ ہو جانے۔
پَر جمنا (دُ۔ فعل) پرندے کے پر اُگنا۔ پر پیدا ہونا۔ پر نکلنا۔ غرور ہونا گھمنڈ ہونا۔ جیسے ابھی کیا ابھی تو آگے آگے پر جمیں گے۔
پَر جھاڑنا (دُ۔ فعل) پرانے پروں کا گر جانا۔ کریز بیٹھنا۔ کینچلی بدلنا۔ پروں کو پھڑ پھڑانا۔ جھٹکنا۔ اڑنے کو تیار ہونا۔ پرواز کی تیاری کرنا۔
پردار (ف - اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) پرندہ۔ اُڑنے والا۔ پروں والا۔
پرشکستہ (ف - ا۔ صفت) ٹوٹا ہوا پر۔ مصیبت زدہ۔ بے سہارا۔ بے آسرا۔ شکست خوردہ۔
پَر قینچ کرنا (دُ۔ فعل) (کبوتر باز) پروں کو کاٹ ڈالنا۔ اُڑنے کے پروں کو کتر ڈالنا۔ بے بس کر دینا۔ بے قابو کرنا۔ عاجز کرنا۔ مجبور کرنا۔
پَر لگنا (دُ۔ فعل) اُترانا۔ شیخی کرنا۔ غرور کرنا۔ پر و بال نکالنا۔
پَر لینا (دُ۔ فعل) پر کترنا۔ پر کاٹنا۔ پر قینچ کرنا۔
پَر مارنا (دُ۔ فعل) اُڑنا۔ پرواز کرنا۔ باریابی حاصل کرنا۔ دخل پانا۔ رسائی ہونا۔ پہنچ جانا۔ پرسے صدمہ پہنچانا۔ کوشش کرنا۔ سعی کرنا۔ محنت کرنا۔ ہاتھ پاؤں مارنا۔
پَر نکالنا (دُ۔ فعل) نئے پر لانا۔ قابلِ پرواز ہونا۔ اترانا۔ بڑھے چلنا
پَر نہ مارنا (ہ) فعل۔ پاس تک نہ پھٹکنا۔ بار یاب نہ ہونا۔ پہنچ نہ سکنا۔ رسائی نہ ہونا۔
پر و بال نکالنا (ہ - فعل) ہوش سنبھالنا۔ باتمیز ہونا۔ عقل پیدا ہونا جوبن پر آنا۔ خوبصورتی پر آنا۔ شرارت پر آنا۔ جبر و تعدی کرنا۔ فتنہ اٹھانا بھگڑا کرنا۔ طاقتور ہونا۔ زوردار بن جانا۔
پُر (ف - اسم صفت) بھرا ہوا۔ معمور۔ سیر۔ رجا ہوا۔ مختلف اسماء کے پہلے آکر زیادتی اور کثرت وافر کے معنی دیتا ہے جیسے پُر زور۔ پُر بہار۔ پُر دل۔ فعل امر یا مصدر سے پہلے بھی انہی معنوں میں لاتے ہیں۔ جیسے پُر گو۔ بہت بکواسی۔ پُر رفتن۔ بہت زیادہ چلنا وغیرہ وغیرہ۔
پُرا (ہ - اسم مذکر) محلہ۔ ٹولہ۔ باغبان پورہ۔ یہ لفظ بزیادتی واؤ معدولہ زیادہ مستعمل ہے۔
پُران (س - اسم مذکر) ہندو دھرم کی نہایت قدیم کتابیں۔ یہ تعداد میں اٹھارہ ہیں۔
پران (س - اسم مذکر) سانس دم۔ نفس۔ ہوا۔ روح۔ جیو۔ جان۔ بوتا۔ (بحالت صفت) جانی۔ دلبر۔ پیارا۔ جان و جگر۔ معشوق۔ دلربا۔
پران چھٹانا (ہ - فعل) مار ڈالنا۔ جان لینا۔ چولا چھڑانا۔ اپنی جان بچانا۔ پیچھا چھڑانا۔ پنڈ چھڑانا۔ چھٹکارا پانا۔ نجات حاصل کرنا۔
پران چھوٹنا (ہ - محاورہ) دم نکلنا۔ مرجانا۔ جاں بحق ہونا۔ تھک جانا ہمت و جرأت نہ رہنا۔ دم چڑھنا۔ سانس پھولنا۔ بدحواس ہو جانا۔ ہوش و حواس نہ رہنا۔
پران لینا (ہ - محاورہ) جان لینا۔ انس نکالنا۔ تھکا مارنا۔ ستانا۔ دق کرنا۔ تنگ کرنا۔ ناک میں دم کرنا۔ جان کھانا۔
پران چھوڑنا (ہ - محاورہ) جان دینا۔ جان کو ہونا۔ جی چھوڑنا۔ حوصلہ ہارنا۔ بشت ہمت ہو جانا۔ دم چھوڑنا۔ بے دل ہونا۔
پرانا (ہ - فعل) دکھ ہونا۔ درد ہونا۔ تکلیف ہونا۔ پیڑ ہونا۔ صدمہ پہنچنا۔
پُرانا (ہ - فعل) پورا پورا تقسیم کر دینا۔ سب کا حصہ لگا دینا۔ پورا ڈالنا۔
پُرانا (ہ - اسم صفت) قدیم - نئے کی ضد۔ پارینہ۔ پراچین۔ اگلے فیشن۔ پرانی روشنی کا۔ پہلی طرز کا۔ پہلی وضع کا۔ فرسودہ۔ فرتوت۔ بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔ تجربہ کار۔ جہاندیدہ۔ ہوشیار۔
پُرانا پڑنا (یا) پران پڑنا (دُ۔ فعل) کہنہ ہونا۔ فرسودہ ہو جانا۔ بوسیدہ ہو جانا۔
پرانا خرانٹ (ہ - اسم صفت) نہایت بوڑھا۔ گرگ۔ کہن۔ پیر کہن سال۔ بوڑھا۔ پھونس۔ پرانا تجربہ کار۔
پُرانا دھرانا (ہ - اسم صفت) بودا کالا۔ پھٹا پرانا۔ نکما اور ناقص۔ اس میں دھرانا تابع مہمل ہے۔
پرانا گھاگ (ہ - اسم صفت) نہایت بوڑھا۔ پرانا تجربہ کار۔
پُرانا ہونا (ہ - فعل) نکما اور خراب ہونا۔ کہنہ اور فرسودہ ہونا۔ نیا نہ رہنا۔
پرانی (ہ - اسم مذکر) روح۔ نفس ناطقہ جان۔ جیو۔ بوتا۔ (بحالت صفت) پران والا۔ ذی روح۔ جاندار۔ جانور۔
پُرانی (ہ - اسم صفت) پرانا کی تانیث۔ کہن سالہ۔ فرسودہ۔ بڑھیا۔ ضعیفہ۔ پیرہ زن۔ پیر زن۔ نکمی۔ خراب۔ سالخوردہ۔ ناکارہ۔
پُرانی کھوپری (ہ - اسم مؤنث) کہن سال بوڑھا۔ بہت بوڑھا آدمی۔ گرگ۔ کہن تجربہ کار۔ جہاندیدہ۔ آزمودہ کار۔

پرُانے لوگ (ہ۔اسم مذکر) بڑی عمر کے بوڑھے لوگ۔ اگلے وقتوں کے لوگ ملازمان قدیم پرانے نوکر۔

پرُانے مرُدے اُکھیڑنا (محاورہ۔فعل) قدیمی شکائتیں کرنا۔ پچھلے جھگڑے لے بیٹھنا۔ خواہ مخواہ جھگڑا مول لینا۔ فضول شکائتیں کرنا۔

پرُایا (ہ۔اسم صفت) غیر کا۔ بیگانہ۔ دوسرے کا اجنبی۔ غیر۔ اوپری۔ جیسے اپنے پرائے۔

پرائی آنکھیں کام نہیں آتیں (محاورہ۔مثل) غیر اپنا نہیں بن سکتا۔ بیگانہ یگانہ نہیں ہوسکتا۔

پرائے بردے آزاد کرنا (محاورہ۔مثل) غیر کے مال پر فیاضی اور سخی دکھانا دوسرے کے غلام آزاد کرنا۔

پرانچہ (ا۔اسم مذکر) پارچہ فروشی کا کام کرنے والا۔ ایک قوم کا نام ہے جس کا پیشہ سلے سلائے کپڑے بیچنا ہے۔ پرُانے دھرانے کپڑوں سے ٹوپیاں وغیرہ بنا کر بیچنے والا۔

پرائی کوٹھی کا ٹیڑھا مُنہ (محاورہ۔مثل) دوسروں کے کام میں عیب نکالنا بہت آسان ہے غیروں کا آسرا رکھنا بالکل لغو ہے غیروں کے سہارے کی کیا امید ہے۔

پرائے دھن کو چور رد ئیں (ہ۔کہاوت) غیر کے مال کا افسوس کسی کو نہیں ہوتا۔ سوائے اس شخص کے جس کو اس کے ملنے کی اُمید ہو۔ بیگانے مال کا افسوس چور کے سوا اور کسی کو نہیں ہوتا۔ کیوں کہ اس کے چرانے کی امید رکھتا ہے۔

پرائے گھر کا ہوتا (ہ۔فعل۔محاورہ) دوسرے کا بن جانا۔ بیٹی کا بیاہا جانا۔ لڑکی شادی ہو جانا۔

پرائے مال پر لال دیدے (محاورہ۔مثل) غیر کے مال پر خفگی ظاہر کرنا چیز کسی کی اور خفا ہو کوئی۔ غیر کی چیز پر خواہ مخواہ ناراضگی کا اظہار کرنا بیگانی چیز پر لالچ فضول ہے۔

پرائے مال پر یاحسین (محاورہ۔مثل) غیر کے مال کو اپنا خیال کر کے بزرگوں کی نذر کرنا۔ دوسرے کے مال پر سخی بگھارنا۔ حلوائی کی دکان پر نانا جی کی فاتحہ۔

پرائیویٹ (Private ۔اسم صفت) خاص۔ نج کا ذاتی۔ پوشیدہ۔ مخفی۔

پرُا (ہ۔اسم مذکر) قطار۔ صف۔ لائن۔ فوج کا سلسلہ۔ سپاہ کی قطار۔ گروہ۔ غول۔ ٹولی۔ ٹکڑی۔

پرا باندھنا (ہ۔فعل) قطار جمانا۔ صف باندھنا۔ ایک قطار میں کھڑے ہونا۔

پرا جمانا (ہ۔محاورہ) صف بندی کرنا۔ پریٹ باندھنا۔ قطار بنانا۔

پرابت (ہ۔اسم مذکر) فائدہ۔ لابھ۔ میسر۔ آمد۔ پیدا۔ یافت۔

پرات (ہ۔اسم مذکر) طشت۔ تھال۔ آٹا گوندھنے کا لگن۔ بڑی تھالی۔

پرُاتم (ہ۔اسم صفت) پرانا۔ فرسودہ۔ پراچین۔ کہنہ۔ قدیم۔ بوڑھا۔ تجربہ کار۔ ہوشیار۔ جہاندیدہ۔ اگلے زمانے کا۔

پرُاٹھا (ہ۔اسم مذکر) روغنی روٹی۔ گھی لگا کر تہ در تہ بنا کر پکی ہوئی یا تلی ہوئی روٹی۔ نان۔

پرُاٹسٹنٹ (Protestant ۔انگ۔اسم مذکر) عیسائیوں کا ایک فرقہ معترض۔

پراچین (ہ۔اسم صفت) پرانا۔ فرسودہ۔ کہنہ۔ قدیم۔ بوڑھا۔ پرانی عمارتیں۔ آثار قدیمہ۔ آثار صنادید۔ عہد عتیق کی چیزیں۔

پرآدھین (س۔اسم صفت) پر بمعنی غیر۔ اور آدھین بمعنی متعلق۔ تابع غیر۔ ماتحت۔ محکوم۔ دوسرے کے تابع غیر کے بس کا۔

پرآدھین سپنے سُکھ ناہیں (محاورہ۔مثل) محکوم غیر ہو کر خواب میں بھی آرام نہیں۔ غیر کے بس میں رہ کر آرام کہاں۔

پرارتھنا (س۔اسم مؤنث) (دعائے مغفرت) عرض۔ التماس۔ التجا۔ منت عجز و انکسار۔

پراسپکٹس (انگ۔مذ۔ Prospectus) حالات۔ وہ رسالہ وغیرہ جس میں کسی کام کے حالات درج ہوں۔

پراکرت (س۔اسم مؤنث) پرکرتی۔ شودر۔ گھٹیا۔ الکال۔ ایک قسم کی بھاشا جو سنسکرت سے بگڑ کر بنی ہے۔ آریہ لوگوں کی محکوط اور گنواری زبان۔

پراسچت (ہ۔مذ) گناہوں کا کفارہ۔

پراکرم (س۔اسم مذکر) بہادری۔ ہمت۔ بل۔ طاقت زور۔ حوصلہ۔

پراگندگی (ف۔اسم مؤنث۔ بیاسے مصدری) پریشانی۔ تتر بتر ہونا۔ انتشار۔ تشویش۔ تفکر۔ تردد۔ تذبذب۔

پراگندہ (ف۔اسم صفت) منتشر۔ پریشان۔ مشوش۔ متفکر۔ متذبذب متردد۔

پرال (ہ۔اسم مؤنث) دھان کی لانگ جس میں سے غلہ نکال لیا ہو۔ پوال۔ دھان کا پھوس یا نال جو مویشیوں کو کھلاتے ہیں اور غریب غربا سردی میں بچھاتے ہیں۔

پرارکبد (ہ۔اسم مؤنث۔ ہندو) تقدیر۔ مقدر۔ قسمت۔ نصیب۔ کرم۔

پراونس (Province ۔اسم مذکر) صوبہ۔ احاطہ۔ پرگنہ۔ علاقہ۔

پراونشل (Provincial ۔ا۔ف) صوبے کے متعلق۔

پراونشل اٹانومی (Provincial Autonomy) صوبائی خود ممتاری۔

پراونشل پولیس (انگ۔مذ Provincial Police) کسی خاص صوبے کی پولیس جو تبدیل نہ کی جاسکے۔

پراونشل سول سروس (انگ۔مذ۔ Provincial Civil Service) محکمہ سول کے وہ افسر جو کسی صوبے کی حکومت بھرتی کرے۔ یہ آفیسر دوسرے صوبے میں تبدیل نہیں کیے جاسکتے۔

پرائز (Prize ۔اسم مذکر) انعام۔

پرائمری (انگ۔اسم مذکر) ابتدائی۔ اولین۔ پہلا۔ سب سے اول۔ اصلی۔

پراویڈنٹ فنڈ (Provident Fund ۔ا۔مذ) محفوظ سرمایہ۔ امدادی سرمایہ۔ وہ سرمایہ جو ملازم کی تنخواہ میں سے ہر ماہ ایک خاص شرح کے مطابق کچھ رقم وضع کر کے جمع کیا جاتا ہے اور ملازمت کے خاتمے پر اسے دیا جاتا ہے۔

پرائم منسٹر (Prime Minister ۔ا۔مذ) وزیر اعظم۔

پرایا پیسہ پنیری پرایا (ہ۔مثل) غیر کے مال کی بڑی احتیاط رکھنی پڑتی ہے۔

پرب (س - اسم مذکر) باب۔ فصل۔ مقدمہ۔ آدھیانے۔ میلہ۔ ہجوم۔ بھیڑ۔ اکٹھ ہیرے کی قسم۔ جوڑ۔ گانٹھ۔ گرہ۔

پربال (ہ - اسم مذکر) آنکھ کے اندر کے بال وہ زاید پلکیں جو آنکھوں میں ہو کر سخت تکلیف دیتی ہے۔

پربت (ہ - اسم مذکر) پہاڑ۔ جبل۔ کوہ۔

پربس (ہ - اسم صفت) ماتحت۔ تابع۔ پرآدھیں پرائے بس کا۔ غیر کا محکوم۔

پربند (ہ - اسم مذکر) بندوبست۔ انتظام۔ درستی۔ ٹھیک ٹھاک۔

پربھاؤ (س - اسم مذکر) فیض صحبت۔ اثر۔ تاثیر۔ کشش۔ مزاج۔ طبع۔ کثرت۔ شان۔ افراط۔ عادت۔ سرگذشت۔ فطرت۔ حالت۔ کیفیت۔ زور۔ طاقت۔ بل۔

پربھو (س - اسم مذکر) ناتھ۔ سوامی۔ مالک۔ ایشور۔ خدا۔ پرماتما۔

پربین (ہ - اسم صفت) کامل۔ اُستاد۔ جگت گورو۔ عاقل۔ ہوشیار۔ دانا۔ کامل فن۔ چتر۔

پر پُرزوں سے درست ہونا (ہ - فعل۔ محاورہ) بالغ ہونا۔ ہوش سنبھالنا۔ بناؤ۔ سنگار کرنا۔ جوبن نکھارنا۔ آمادہ و مستعد ہونا۔ تیار ہونا۔ لیس ہونا۔ مسلح ہونا۔ کمی کو پُورا کرنا۔ مقابلہ کو تیار ہونا۔ کیل کانٹے سے درست ہونا۔

پرپنچ (ہ - اسم مذکر) بڑا دھوکا۔ فریب۔ دغا۔ مکر جیسے کریں پرپنچ کہلائیں۔ پنچ۔ پھلاؤ۔ عہدہ۔ غلطی۔

پرپٹھ (ہ - اسم مذکر) ہڈی کی تیسری نقل تیسرا پرت۔ تیسری نقل۔

پرت (ہ - اسم مذکر) تہ۔ نو۔ طبق۔ ورق۔ پپڑی۔ چھلکا۔ پوست۔

پرتاب (س - اسم مذکر) طفیل۔ بدولت۔ اقبال۔ عنایت۔ مہربانی۔ دیا۔ کرپا۔ فیض۔ جمال۔ روشنی۔ نور۔ چمکارا۔ جلال۔

پرتلا (ہ - اسم مذکر) تلوار کی پیٹی۔ دوال شمشیر۔ وہ چوڑا تسمہ جس میں تلوار لٹکتی رہتی ہے۔ ڈاب۔ پٹا۔

پرتما (س - اسم مؤنث) مورت۔ بُت۔ مورتی۔ پتلی۔ لعبت۔

پرتو (ف - اسم مذکر) فروغ۔ روشنی۔ چمک۔ نور۔ کرن۔ شعاع۔ سایہ ظل۔ عکس۔ پرچھاؤں۔

پرتوا (واحد اسم مذکر) پرچھاؤں۔

پرتھی۔ یا۔ پرتھوی (س - اسم مؤنث) زمین بھوم۔ بھومی۔ بوم۔ عالم۔ اقلیم۔ ولایت۔ جہاں۔ دنیا۔ سنسار۔ دنیا کے لوگ۔ مخلوق۔ خلقت۔

پرتیت (ہ - اسم مؤنث) بھروسہ۔ اعتبار۔ اعتماد۔ ساکھ۔ یقین۔ اعتقاد۔

پرتیج (ہ - اسم مؤنث) چھتیس راگنیوں میں سے ایک راگنی کا نام ہے۔

پرجا (ہ - اسم مؤنث) رعایا۔ رعیت۔ محکوم۔ تابع۔ ماتحت۔ خادم۔ نوکر۔ غلام۔ کرایہ دار۔ پرائی جگہ میں رہنے والا۔ مخلوق خلقت۔ عوام الناس۔ پبلک۔ خاندان۔ نسل۔ کنبہ۔ بنس۔ قبیلہ۔ مُلک کی ضد۔

پرجاپت۔ یا۔ پرجاپتی (ہ - اسم مذکر) خالق۔ پیدا کنندہ۔ برہما۔ حاکم۔ بادشاہ۔ باپ۔ پتا۔ جنوائی۔ خویش۔ داماد۔ سورج۔ آفتاب۔ کمہار۔ کوزہ گر۔

پرجامرن راجا ہالسی (ہ - مثل) امیروں کے نزدیک کھیل تماشا اور غریبوں کے لئے موت کا سامنا۔

پرچ (انگ - اسم مؤنث) طشتری۔ چھوٹی رکابی۔

پرچا (ہ - اسم مذکر) پرکھ۔ شناخت۔ آزمایش۔ جانچ۔ پرتال۔ امتحان۔ ثبوت۔ استدلال۔ تمام حجت۔ برہان قاطع۔ معجزہ۔ کرامت۔ بزرگی۔ کا اظہار۔ معجزہ۔ خوشخبری۔ مژدہ۔ بشارت۔ ظہور بزرگی۔

پرچا دینا (ہ - فعل) خوشخبری دینا۔ کرامت دکھانا پوشیدہ یا غیب کی بات بتانا۔

پرچا لینا (ہ - فعل) امتحان لینا۔ آزمانا۔ ثبوت لینا۔ خوش کر دینا۔ دل لگا لینا۔

پرچا مانگنا (ہ - فعل) کرامت یا معجزہ طلب کرنا۔ ثبوت مانگنا۔ کرامت چاہنا۔

پرچانا (ہ - فعل) راضی کر لینا۔ اپنی طرف مائل کر لینا۔ موہ لینا۔ مانوس کر لینا۔ جانوروں کو یا بچوں کو ہلا لینا۔ کسی کا دل ہاتھ میں لانا۔ باتوں میں لاکر فریب دینا۔ باتوں سے موہ لینا۔ جادو کے زور سے بس میں کر لینا۔

پرچک (ہ - اسم مؤنث) چمکار۔ پچکار۔ خطا پر سزا کی جگہ پیار دینا۔ تھپکی۔ دلاسا۔ اطمینان۔ حمایت۔ رعایت۔ مدد۔ امداد۔ معاونت۔ اشارہ۔ ایما۔ کنایہ۔ سین۔ اجازت۔

پرچک پانا (ہ - فعل) اشارہ پانا۔ ایما معلوم کرنا۔ مدد حاصل کرنا۔ رعایت پانا۔ تسلی و اطمینان پانا۔

پرچک دینا (ہ - فعل) سہارا دینا۔ اُبھارا دینا۔ مدد دینا۔ دلیر کرنا۔ ایسی ایسی باتیں کرنا جن سے بچوں کو ارتکاب جرم کی اور دلیری ہو۔ برے کام اور بدکرداری کے لئے حمایت اور مدد کرنا۔

پرچک لینا (ہ - فعل) مدد لینا۔ پشتی اور امداد لینا۔ حمایت لینا۔

پرچنا (ہ - فعل) راضی ہو جانا۔ مانوس ہو جانا۔ جی لگنا۔ دل لگنا۔ بہلنا۔ مائل ہو جانا۔ باتوں میں آنا۔

پرچون (ہ - اسم مذکر) آٹا۔ دال وغیرہ کریانہ کا سودا۔ تھوک کی ضد۔ پھٹکل سودا۔

پرچونیا (ہ - اسم مذکر فاعل) آٹا وغیرہ بیچنے والا۔ بنیا۔ بقال۔ مودھی۔ بساطی فروش۔ پھٹکل سودا بیچنے والا۔ مختلف اشیا کا سوداگر۔

پرچہ (ف - اسم مذکر) چیتھڑا۔ پرزہ۔ ذرا سا ٹکڑا۔ لیر۔ کاغذ کا ٹکڑا۔ رقعہ۔ خط۔ رسالہ۔ خبر کا رقعہ۔ خبروں کا کاغذ۔ اخبار۔ خبر۔ سندیسہ۔ پیغام۔

پرچہ گزرنا۔ یا۔ پرچہ لگنا (ہ - فعل) خبر لگنا۔ پتہ لگنا۔ اطلاع پہنچنا۔ حاکم یا بادشاہ کو کسی امر کی خبر لگنا۔

پرچہ نویس (ف - اسم مذکر فاعل ترکیبی) خبریں لکھ کر بھیجنے والا۔ خبر نویس۔ وقائع نگار۔ مخبر۔

پرچہ نویسی (ف - اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) جاسوسی۔ مخبری۔ خبر رسانی وقائع نگاری۔ تحریری اطلاع دینا۔ تاریخ نویسی۔ خط لکھنا۔ رقعہ لکھنا۔ پرچہ لکھنا۔ اخبار نویسی کرنا۔ اخبار لکھنا۔

پرچھا (ہ - اسم مذکر) جولاہوں کی نلی جس پر سوت لپیٹتے ہیں۔ سوت کی پھرکی گھرنی۔ چھیڑ یعنی ہجوم کی کمی۔ بڑا دیگچہ۔ دیگ۔ کڑاہی۔ بو تو اسے پرچھی بولدیتے ہیں۔

پرچھا کرنا (د) ۔فعل) بھیڑ ہٹانا۔ تلی پر سوت چڑھانا۔ جھگڑا طے کرنا۔ فیصلہ کرنا۔ نمٹانا۔ معاملہ۔ یکسو کرنا۔

پرچھا ہونا (د) ۔فعل) چھیڑ ہونا۔ معاملہ نمٹنا۔ جھگڑے طے ہونا۔ بکھیڑا دور ہونا۔

پرچھانواں۔ یا۔ پرچھانواں (د) ۔اسم مذکر) سایہ عکس۔ چھاؤں۔ پرتو۔ عادت اثر۔ رنگ ڈھنگ۔ بھاؤ۔ عادت۔ خصلت۔ خو۔

پرچھانواں پڑنا (د) ۔فعل) سایہ پڑنا۔ اثر ہونا۔ کسی کی عادت یا اثر یا رنگ ڈھنگ اختیار کرنا۔ خصلت کا مشابہ ہونا۔

پرچھائیں (د) ۔اسم مؤنث) عکس۔ سایہ۔ چھانو۔ چھاؤں۔ پرتو۔

پرچھائیں سے ڈرنا / پرچھائیں سے بھاگنا (اُر۔ محاورہ) کسی کے سائے سے خوف کھانا۔ سخت متنفر ہونا۔ از حد نفرت کرنا۔ کسی سے دور بھاگنا پاس نہ پھٹکنا۔

پرچھتی (د) ۔اسم مؤنث) چھوٹا چھپر جو کچے مکانوں کے منڈیروں پر بارش کے بچاؤ کے لئے ڈال دیتے ہیں۔ ٹانڈ۔ مچان۔

پرخاش (د) ۔اسم مؤنث) لڑائی۔ جھگڑا۔ ناچاقی۔ نااتفاقی۔ غبار۔ رنج۔ فساد۔ بگاڑ۔ ٹنٹا۔ ان بن۔ ناراضگی۔

پرخاش جو (ف) ۔اسم مذکر۔ فاعل ترکیبی) جھگڑالو۔ لڑائی کو تیار۔ بکھیڑیا۔ لڑاکا۔ جنگ جو۔

پرداخت (ف) ۔اسم مؤنث۔ حاصل مصدر۔ از پرداختن) پرورش۔ پالن۔ دستگیری۔ مدد۔ امداد۔ سہارا۔ نگرانی۔ دیکھ بھال۔ حفاظت۔ نگہبانی سنبھال۔ درستی۔ آرائش۔ سجاوٹ۔ سنوار۔ زیبائش۔ آراستگی۔ بناوٹ۔ سجاوٹ۔

پردادا (د) ۔اسم مذکر) دادا کا باپ۔ باپ کا دادا۔ ابوجد۔ پدرجد۔

پردادی (د) ۔اسم مؤنث) پردادا کی بیوی۔ جدۂ پدر۔ دادا کی ماں۔

پردازف ۔اسم مؤنث۔ حاصل مصدر از پرداختن) ابتدا۔ آغاز۔ شروع تمہید۔ اٹھان۔ آرائش۔ درستی۔ سجاوٹ۔ جلا۔ روپ۔ چمک دمک نقش ونگار۔ تصویر کے خط وخال۔ طور۔ طرح۔ طرز۔ انداز۔ خو۔ خصلت بھاؤ۔

پرواز ڈالنا / پرواز کرنا (اُر۔ محاورہ) جلا کرنا۔ چمکدار کرنا۔ منقش کرنا۔ چاندی وغیرہ پر جلا کے بعد نقش ونگار کرنا۔ چتنا۔ سنوارنا۔ آراستہ کرنا۔ چمکانا نکھارنا۔ روپ دینا۔ کشیدہ کاڑھنا۔ خط وخال بنانا۔ نوک پلک درست کرنا۔ عادت، درست کرنا۔

پردوش (د) ۔اسم مذکر) سرِشام۔ سورج۔ چھپنے کے دو گھڑی بعد تک کا وقت سانجھ۔ مغرب کا وقت۔ تیرھویں تاریخ کا برت مہادیو کے نام کا برت پیر کے دن کا برت۔ تردوشی کا برت۔

پردہ (ف) ۔اسم مذکر) ستر۔ حجاب۔ اوٹ۔ آڑ۔ اوجھل۔ دروازے کی چک۔ چلمن۔ دروازے کے سامنے کا اوٹا۔ چھوٹی سی دیوار جو دروازے کے سامنے بنا دیا کرتے ہیں۔ گھونگٹ۔ نقاب۔ برقعہ۔ انگرکھے کا وہ حصہ جو چھاتی پر رہتا ہے طبقہ۔ پرت۔ تہ۔ سطح۔ روئے۔ جیسے دُینا کے پردے پر ایسا نہیں ملے گا۔ بھید۔ راز۔ سِرّ پوشیدہ بات اخفا۔ پوشیدہ۔ راگ۔ آہنگ۔ نغمہ۔ نغمہ کی جگہ۔ راگ کا مقام۔ ستار یا بین۔ طنبورہ وغیرہ میں پیتل یا ہاتھی دانت کے پھندنے سے لگے ہوتے ہیں جن سے انگلیوں کو سہارا ملتا ہے آنکھ کی پتلی جھلی۔ پپوٹے کے نیچے کی جھلی کولے اور دو پسلیوں کے درمیانی گوشت کو بھی قصاب لوگ پردہ ہی بولتے ہیں۔ بادبان۔ سکان۔ پتوار۔ مکان کی چار دیواری دبحالت تابع فعل) چھپواں چوری چوری۔ لک چھپ کر۔

پردہ اُٹھانا (اُر۔ فعل) نقاب یا گھونگٹ دور کرنا۔ چلمن ہٹانا دینا۔ چک کو اونچا کر دینا۔ حجاب رفع کرنا۔ بے تکلف ہونا۔ راز افشا کرنا۔ بھید کھولدینا۔ بات نہ چھپانا۔ حقیقت ظاہر ہونا۔ کشف حقایق ہونا۔ جیسے پیر کی توجہ نے سب پردے اُٹھا دیئے۔

پردہ پڑنا (اُر۔ محاورہ) چک یا چلمن ڈل جانا۔ حجاب ہونا۔ اوٹ ہونا۔ آنکھ اور عقل کے ساتھ زائل ہونے کے معنی دیتا ہے جیسے آنکھوں پر پردہ پڑ گیا۔ یعنی اندھا ہو گیا۔ نظر نہیں آتا۔ سمجھائی نہیں دیتا۔ عقل پر پردہ پڑنا۔ بیوقوفی کرنا۔ عقل کے جاتے رہنے سے مراد ہے۔

پردہ پوش (ف) ۔اسم مذکر۔ بہ ترکیب فاعلی عیب پوش) کسی کی بُرائی کو چھپانے والا رازدار۔ بھید چھپانے والا۔

پردہ پوشی (ف) ۔اسم مؤنث بیائے مصدری) عیب پوشی۔ رازداری پردہ داری۔

پردہ چھوڑنا (اُر۔ فعل) چک یا چلمن وغیرہ کا نیچے لٹکا دینا۔ گھونٹ نکالنا۔ لفظ لغات اضداد میں سے ہے یعنی اس کے معنی دو قسم کے ہیں پردہ قائم کرنا بھی اور پردہ دور کرنا بھی۔ دوسرے معنی چہرہ سے نقاب اُٹھا دینا۔ پردہ منہ سے ہٹا دینا وغیرہ وغیرہ۔

پردہ دار (ف) ۔اسم صفت۔ بہ ترکیب فاعلی) رازدار بھید چھپانے والا۔ عیب پوش۔ دربان۔ حاجب۔

پردہ داری (ف) ۔اسم مؤنث بیائے مصدری) پردہ پوشی۔ عیب چھپانا۔

پردہ ور (ف) ۔اسم صفت۔ بہ ترکیب فاعلی) راز فاش کرنے والا۔ بھانڈا پھوڑنا۔ عیب نما۔ عیب ظاہر کرنے والا۔ چغلخور۔ جاسوس۔ مخبر۔

پردہ دری (ف) ۔اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) عیب نمائی۔ راز افشائی۔ جاسوسی۔ مخبری۔

پردہ ڈالنا (اُر۔ محاورہ) رازداری کرنا۔ عیب چھپانا۔ نقاب لینا۔ گھونگٹ کرنا۔ چک ڈالنا۔ چلمن لٹکانا۔

پردہ ڈھانکنا / پردہ ڈھکنا (اُر۔ محاورہ) عیب چھپانا۔ دینا سے اُٹھانا یا اُٹھنا۔ مرنا۔ موت دینا۔ عیب پوشی کرنا۔

پردہ رکھنا (اُر۔ فعل) حجاب کرنا۔ سامنے نہ ہونا۔ چھپنا۔ بات چھپانا۔ اخفائے راز کرنا۔ رازداری کرنا۔

پردہ فاش کرنا (اُر۔ فعل) بھید ظاہر کرنا۔ راز افشا کرنا۔ بھانڈا پھوڑنا۔ پردہ دری کرنا۔ عیب ظاہر کرنا۔ ساکھ بگاڑنا۔ عزت خراب کرنا۔ قلعی کھول دینا۔ بخیہ ادھیڑنا۔

پردہ کرانا (اُر۔ فعل) اوٹ کرنا۔ پردہ روکنا۔ عورتوں کو غیر مردوں سے چھپانا۔

پردہ گرنا (اُر۔ فعل) چلمن چھوڑنا۔ چک کا نیچے چھوٹنا۔

پردہ نشین (ف) ۔اسم صفت۔ بہ ترکیب فاعلی) پردہ میں بیٹھنے والی عورت۔

پَردہ ہو جانا (اُر۔فعل) عورتوں کا آڑ میں یا دوسرے مکان میں ہو جانا یا مردوں کا سامنے سے ہٹ جانا۔

پَردہ ہونا (اُر۔فعل) اوٹ ہونا۔ چھپنا۔ وٹ میں ہونا۔ پردہ رکھنا۔ سامنے نہ ہونا۔

پَردہ ہے (اُر۔محاورہ) اوٹ ہے۔ آڑ ہے چھپنے والی عورتیں بیٹھی ہیں یا غیر مرد جن سے پردہ واجب مکان میں موجود ہیں۔

پَردے بٹھانا (اُر۔محاورہ) باہر پھرنے والی عورت یا لڑکی کو پردے میں بٹھانا۔ غیر محرموں سے چھپانا۔ نامحرموں سے الگ رکھنا۔

پَردے پَردے (ہ۔تابع فعل) چوری چوری سے۔ چپکے چپکے۔ چھپ چھپا کر۔ اندر ہی اندر۔

پَردے کی بولو۔ یا۔ بی بی (اُر) پردہ نشین عورت چھپنے والی عورت۔ مخدرہ۔ نہایت چھپنے والی عورت۔ طنزاً بولا جاتا ہے۔

پَردے لگنا (اُر۔محاورہ) پردوں میں رہنا یا بیٹھنا باہر نہ نکلنا۔ طنزاً اسدا باہر پھرتے پھرتے جو کوئی عورت پردے میں بیٹھ جائے تو اُس وقت طنز کے طور پر یہ فقرہ بولا کرتے ہیں۔

پَردیس (ہ۔اسم مذکر) ملک غیر۔ بدیس۔ دوسرا ملک۔ غربت۔ غیر وطن۔

پَردیس چھانا (ہ۔فعل) غیر جگہ سکونت اختیار کرنا۔ دوسرے ملک میں رہ پڑنا۔ غیر ملک میں وطن بنا لینا۔ جنم بھومی کو چھوڑ کر دوسرے ملک میں جا بسنا۔ دوسرے ملک جا نو کر ہونا۔

پَردیسن (ہ۔اسم مؤنث) غیر وطن کی۔ اجنبی عورت غریب الوطن عورت مسافر عورت۔

پَردیسی (ہ۔اسم مذکر بیائے فاعلیت) غریب الوطن۔ اجنبی۔ مسافر۔ دوسرے ملک کا۔ بدیسی۔ ناواقف۔

پُرزہ (ف۔اسم مذکر) لیر۔ دھجی۔ کتر۔ چیتھڑا۔ ٹکڑا۔ پارچہ۔ حصہ۔ اعضا۔ جزو۔ جوڑ۔ بال۔ اُون۔ پشم۔ رواں۔ نہایت باریک۔ پرّہ۔ خاص پروں کے رونگٹے۔ آدمی۔ شخص۔ جیسے چلتا پرزہ۔ کاغذ یا دھات کا ٹکڑا۔ دوات کا صوف۔ ریشمی یا اُونی کپڑے کا اوپر اُٹھا ہوا رواں۔

پُرزے اُڑانا (اُر۔محاورہ) کاغذ یا کپڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔ پارہ پارہ کرنا۔ کھال اُڑانا۔ خوب پٹینا۔ چمڑی اُدھیڑنا۔ سخت سزا دینا۔

پُرزے پُرزے کرنا (اُر۔محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پارہ پارہ کرنا۔ جزو جزو الگ الگ کر دینا۔ پارچے کر ڈالنا۔ کھال اُدھیڑ دینا۔

پُرزے پُرزے ہونا (اُر۔محاورہ) کتر کتر ہونا۔ لیر لیر ہونا۔ دھجیاں اُڑانا۔ ٹکڑے ہونا۔ پارچہ پارچہ ہونا۔ بوٹیاں اُڑانا۔ مار کھانا۔ سخت پٹنا۔ سزا پانا۔ اُدھڑنا۔ لوٹنا۔

پُرس (ہ۔اسم مذکر) آدمی کے قد کے برابر۔ آدمی جتنا طول۔ ۵ آدم طوالت۔ یعنی تقریباً ۶ فیٹ کا کوئی پیمانہ۔

پُرسا (ہ۔اسم مذکر) آدمی کے قد کی مقدار ۶ فیٹ کا پیمانہ۔ ماتم پرسی۔ تعزیت۔ عذر خواہی مرگ۔ مردے کے وارثوں کو تسلی اور دلاسا دینے کو ان کے گھر جانا۔

پُرسا دینا (اُر۔فعل) ماتم پرسی کرنا۔ موت کی عذر خواہی کرنا۔ میت پر جا کر رونا۔ موت کی خبر دینا۔ موت کی اطلاع کرنا۔ نائی کا گھر گھر جا کر پکارنا۔

پُرسا لینا (اُر۔فعل) خبر مرگ سن کر رونا۔ ماتم پرسی قبول کرنا۔ منہ ڈھانکنا۔ ماتم پرسی کو آنے والے کے ساتھ میت والوں کا منہ ڈھانک کر رونے میں شریک ہونا۔ صبر و تسلی کی باتیں سُننا۔

پرساد (س۔اسم مذکر) تبرک۔ چڑھاوا۔ نذر پرشاد۔ دیوتاؤں کا کھانا انعام۔ بخشش۔ عطیہ۔ تحفہ۔ پھل۔ شیرہ۔ نتیجہ۔ بدلہ۔ عوض۔ فیض۔ فائدہ۔ نفع۔ منافع۔

پَرسال (اُر۔اسم ظرف زمان تابع فعل) سال گذشتہ (دراصل فارسی لفظ پار سال کا مخفف ہے۔

پُرسان (ف۔اسم صفت۔ بہ ترکیب صیغہ اسم حالیہ) پوچھنے والا۔ دریافت کرنے والا۔ مددگار۔ سہارا دینے والا۔ معاون۔ رفیق۔ یار۔ دوست فریاد سننے والا۔ شکایت رفع کرنے والا داد دینے والا۔ غور کرنے والا۔

پرستان (اُر۔اسم مذکر) ظرف مکان۔ پریوں کے رہنے کی جگہ۔ دیوؤں اور جنوں کی رہائش گاہ۔ پریزادوں کا مقام۔ اندر کا اکھاڑہ۔

پرستان کا عالم (اُر۔اسم مذکر۔ بہ اضافت ظرف) پرستان کی سی حالت۔ نہایت مزیدار۔ اعلیٰ درجہ کی خوبصورت آرام دہ جگہ۔

پُرستش (ف۔اسم مؤنث۔ حاصل مصدر از پرستیدن) پوجا۔ عبادت۔ پیسا۔ تعظیم۔ عزت۔ تکریم۔ توقیر۔ بے حد تعظیم۔ اطاعت۔ طاعت۔

پُرستش گاہ (ف۔اسم مؤنث۔ ظرف مکان) عبادت گاہ۔ معبد۔ شوالہ۔ جائے عبادت۔ جائے پرستش۔

پرستھان (ہ۔اسم مذکر) دوسرا مقام۔ جائے۔ دیگر۔ غیر جگہ۔ اور کی ملکیت۔ دوسرے کے قبضے کی جگہ۔ پرایا گھر۔ غیر کا مکان۔ تبدیل مکان نقل مکان۔ تبدیل جائے۔

پرستھان کرنا / پرستھان دھرنا / پرستھان رکھنا / پرستھان ہونا (ہ۔فعل) پاتراب کرنا۔ نقل مکان کرنا۔ نقل مقام کرنا۔ مکان تبدیل کرنا۔ جگہ بدلنا۔ دوسرے ملک جانا۔ بیگانے گھر جانا۔ سفر کرنے کے لیے روانگی یا جانے کی ساعت کے لحاظ سے شگون روانگی کرنا۔

پرسرام (ہ۔اسم مذکر) رشن جی کا چھٹا اوتار۔ جس کی پیدائش جمدگن رشی سے ہوئی۔ اور جس نے چھتریوں کو اکیس دفعہ نیست و نابود کیا۔

پُرسش (ف۔اسم مؤنث۔ حاصل بالمصدر از پرسیدن) پوچھ۔ باز پرس۔ پوچھ گچھ۔ پوچھ پاچھ۔ تحقیق۔ تحقیقات۔ دریافت۔ باز پرس۔ جواب طلبی۔ خبر گیری۔ دیکھ بھال۔ عزت حرمت۔ تعظیم و تکریم۔ آؤ بھگت۔

پُرسش کرنا (اُر) پوچھنا۔ جواب طلب کرنا۔ باز پرس کرنا۔ تحقیقات کرنا۔ تفتیش کرنا۔ دریافت کرنا۔ خبر گیری کرنا۔ استفسار کرنا۔ دیکھ بھال کرنا۔ نگرانی و تواضع کرنا۔ پوچھ گچھ کرنا۔

پُرسن (س۔اسم صفت) مگن۔ آنند۔ خوش۔ محظوظ۔ مہربان۔ کرپا کرنے والا۔ دیالو۔ صاف ستھرا۔ کھرا۔

پرسنگ (ہ۔اسم مذکر) پر بمعنی غیر اور سنگ بمعنی صحبت سے مرکب ہے

یعنی صحبت بد۔ بڑوں کے پاس بیٹھنا۔ بدوں سے میل ملاپ۔ دوستی۔ نشست و برخاست ربط و ضبط۔ میل جول۔ مقولہ۔ قول۔ چرچا۔ بات جیسے یہ میرا اور آپ کا پرسنگ ہے موقعہ۔ محل۔ سمبندھ۔

پرسوت (س۔ اسم مذکر) ہندو عورتیں) زچہ کی ایک بیماری کا نام ہے۔ رقت منی۔ جریان۔ دھات منی کا بہنا۔ عورت کے اندام نہانی سے سفید پانی کا خارج ہونا۔

پرسوں (ہ۔ اسم مذکر۔ ظرف زمان تابع فعل) کل سے پہلا یا پچھلا دن۔

پرسہ (ف۔ اسم مذکر۔ حاصل بالمصدر از پرسیدن) دیکھو پرسا)

پرش } (س۔ اسم مذکر) آدمی۔ انسان۔ مرد۔ شخص۔ لوگ۔ ایشور۔ پرمیشر
پرکا } خدا مالک۔ خاوند۔ شوہر۔ خصم۔ پتی۔

پرشاد (ہ۔ اسم مذکر) چڑھاوا۔ تبرک۔ مرشد کا اُلش دیوتاؤں کا بھوگ۔

پرشاد چڑھانا (ہ۔ فعل) نذر چڑھانا۔ شیرینی چڑھانا۔ دیوی۔ دیوتاؤں کو بھوگ لگانا۔

پرشاد دینا (ہ۔ فعل) تبرک دینا۔ تحفہ دینا۔

پرشور (ف۔ اسم صفت۔ بہ ترکیب فاعلی بہ علامت سابقہ) شور وغل کرنے والا۔ شور مچانے والا۔ مچانے والا۔ سخت مزاج شور وشر کرنے والا۔

پرسنل (انگ۔ ند Personal) نج کا۔ ذاتی۔ اپنا۔

پرسنل اسسٹنٹ (انگ۔ ند Personal Assistant) کسی افسر کا سیکرٹری۔

پرسنل سیکیورٹی (انگ۔ ند Personal Security) ذاتی ضمانت۔ وہ ضمانت جس کا دینے والا خود ذمہ دار ہو۔

پرشہر (ف۔ اسم مذکر) دوسرا شہر۔ غیر شہر۔ غیر وطن۔

پرکاج (ہ۔ اسم مذکر) دوسروں کا کام غیر کا کام آپ کا نج کی ضد۔

پرکار (ف۔ اسم مذکر) آلہ دائرہ کھینچنے کا آلہ دوار۔


پرکار

پرکار (ف۔ اسم صفت) بقاعدہ سابقہ۔ موٹا۔ دبیز۔ عفت۔ گاڑھا۔ دلدار۔ مضبوط۔ مستحکم۔ پائدار۔ جڑاؤ۔ مرصع۔ پٹاپٹ۔ بہت ہی جڑاؤ کام والا۔ جیسے پرکار دوشالہ۔

پرکالا (ف۔ اسم مذکر) سیڑھی۔ زینہ۔ پوڑی۔ دہلیز چوکھٹ۔

پرکالہ (ف۔ اسم مذکر) ٹکڑا۔ حصہ۔ بھاگ۔ جز۔ پارہ۔ شرارہ۔ چنگاری۔ شعلہ۔ لپٹ۔ لو۔ شعاع۔ شیشہ۔ کانچ۔ آئینہ۔ درپن۔

پرکما (ہ۔ اسم مذکر) طواف۔ گرد پھرنا۔ ارد گرد گھومنا۔ تصدق ہونا۔ وار پھیر۔ نثار۔

پرکما دینا۔ یا۔ کرنا (ف۔ فعل) ارد گرد پھرنا۔ تصدق ہونا۔ مورتی یا مندر کے گرد ادب سے طواف کرنا۔

پرکھ (ہ۔ اسم مذکر) آدمی۔ انسان۔ مرد۔ شخص۔ پتی بھرتار۔ خاوند۔ پرمیشور۔

پرکھ (ہ۔ اسم مؤنث) جانچ۔ شناخت۔ پہچان۔ برے بھلے کی تمیز۔ امتحان۔ آزمایش۔ تجربہ۔ وقوف۔

پرکھا (ہ۔ اسم مذکر) مورکھ۔ باوا اجداد۔ باپ۔ دادا۔ نیک لوگ۔ بھلے مانس۔ بڑے بوڑھے لوگ۔ مربی۔ خاندان کے دادے پردادے۔

پرکھانا۔ یا۔ پرکھوانا (ہ۔ فعل) جنچوانا۔ آزمایش کرانا۔ امتحان کرانا۔ شناخت کرانا۔ حوالہ کرنا۔ سپرد کرنا۔ سونپنا۔ سنبھلوانا۔

پرکھنا (ہ۔ فعل) جانچنا۔ امتحان کرنا۔ شناخت کرنا۔ کھرا کھوٹا معلوم کرنا۔ کسنا۔ کسوٹی پر چڑھانا۔ آزمانا۔ تجربہ میں لانا۔

پرکھوائی (ہ۔ اسم مؤنث) معاوضہ۔ روپیہ۔ زیور یا سونا وغیرہ جانچنے اور پرکھنے کی اُجرت۔

پرکھیا۔ یا۔ پرکھیا (ہ۔ اسم مذکر۔ فاعل) جانچ کرنے والا۔ پرکھنے والا صراف جانچو۔

پرگنہ (ف۔ اسم مذکر) ضلع۔ حصہ۔ تھوڑا سا علاقہ۔ ٹپک کا چھوٹا سا حصہ۔ وہ زمین جس سے مالگذاری اور خراج وصول کرنے کو ایک افسر مقرر ہو۔

پرگنہ دار (ف۔ اسم مذکر فاعل) ضلعدار۔ پرگنے کا افسر۔

پرگٹ (ہ۔ اسم صفت عیاں۔ ظاہر۔ کھلا ہوا۔ علانیہ۔ صریح۔ آشکارا۔

پرگٹ کرنا (ہ۔ فعل) ظاہر کرنا۔ عیاں کرنا۔ آشکارا کرنا۔ کھولدینا۔ افشائے راز کرنا۔ جتانا۔ شہر کرنا۔

پرگٹ ہونا (ہ۔ فعل) عیاں ہونا۔ فاش ہونا۔ ظاہر ہونا۔ طلوع ہونا۔ اُگنے ہونا۔ پیدا ہونا۔ تولد ہونا۔

پرگیری (ہ۔ اسم مؤنث) تیر کے پر۔ وہ پر جو تیر میں لگاتے ہیں۔

پرلا (ہ۔ اسم صفت) دوسری طرف کا۔ اِدھر کا۔ پرے کا۔ اُس پار کا۔

پرلو (ہ۔ اسم مؤنث) فنا۔ قیامت۔ سب کے مرنے اور فنا ہونے کا روز۔

پرلوک (ہ) دوسری دنیا۔ آخرت۔ جہاں دیگر عقبیٰ۔ عالم آخرت۔ عالم جزا۔

پرم آتما (س۔ اسم مذکر) مرکب لفظ ہے پرم بمعنی اعلیٰ اور آتما بمعنی روح روح اعلیٰ۔ خدائے تعالیٰ۔ ایشور۔ خدائے برتر۔ خدائے عزوجل۔

پرمت (ف۔ اسم مؤنث) (پر بمعنی غیر اور مت بمعنی عقل سے مرکب ہے) عقل غیر۔ پرائی مت۔ بہکاوٹ۔ سکھاوٹ۔ عزت۔ آبرو۔ اعتبار۔ ساکھ۔

پرمٹ (Permit - انگ۔ اسم مؤنث) بہ معنی۔ اجازت۔ پروانگی داخلہ وہ مال جو بلا اجازت اندر نہ آسکے۔ نمک وغیرہ کا سرکاری محصول۔ چنگی۔ محصول درآمد کرچنگی۔ سرکاری محصول لینے کی جگہ۔ چنگی خانہ۔ چنگی کی چوکی۔

پرمٹا (انگ۔ اسم مذکر) ایک قسم کے مشابہ مرینا۔ اونی کپڑے کا نام ہے۔ دراصل آسٹریا میں اس نام کا ایک بڑا شہر ہے جہاں اس قسم کا کپڑا بہت تیار ہوتا ہے۔

پرمل (ہ۔ اسم مذکر) خاص طریقہ سے مکئی۔ جوار۔ باجرے وغیرہ کے بھنے ہوئے دانے جنہیں کھیلیں بولتے ہیں۔ نہایت نرم اور خستہ ہو جاتے ہیں۔ گدگدے۔

پرملو (ہ۔ اسم مذکر) ایک قسم کا ناج۔

پرنالا (ہ۔ اسم مذکر) میزاب۔ کوٹھے یا بالاخانے کا پانی زمین پر آنے کی نالی یا موری۔ بدرو۔

پرنالی (ہ۔ اسم مؤنث) پرنالہ کی تصغیر و تانیث۔ نالی۔ بدرو۔

پرنام (س - اسم مذکر و مؤنث) بندگی. سلام. تسلیم. آداب. ڈنڈوت. نمشکار. بزرگوں اور دیوتاؤں کا سلام. مرتے وقت کے اطوار. تیور. چہرہ. علامات جیسے اب ان کے پرنام بگڑ گئے۔

پرنانا (ہ - اسم مذکر) نانا کا باپ۔

پرنانی (ہ - اسم مؤنث) پرنانا کی بیوی. والدہ کی نانی. نانی کی ماں۔

پرنٹر :- (انگ. مذ. Printer) طبع کرنے والا. چھاپنے والا۔

پرنٹنگ :- (انگ. مذ. Printing) طبع کرنا. چھاپنا۔

پرنٹنگ پریس (انگ. مذ. Printing Press) چھاپہ خانہ. مطبع۔

پرنسپل :- (انگ. مذ. Principal) کالج کا مدرسِ اعلیٰ یا افسر۔

پرنیان :- (ف. مذ.) دیبا. ایک قسم کا پھولدار ریشمی کپڑا۔

پرنتو (س. حرف استثنا) پر. مگر. لیکن. اِلّا۔



پرندے

پرند } (ف - اسم مذکر) اُڑنے والا. پکھیرو. مُرغ۔
پرندہ } طائر۔

پرندہ پر نہیں مار سکتا (ر محاورہ) پکھیرو تک بھی وہاں جا نہیں سکتا۔ نہایت پابندی ہے محفوظ. مامون. ناقابل گزار. دشوار گزار کٹھن مقام۔

پرنس (Prince - انگ. اسم مذکر) شہزادہ. بادشاہ. زادہ. بادشاہ کا بیٹا. شاہی نسل کا۔

پرنس آف ویلز (انگ. مذ. Prince of Wales) انگلستان کا ولی عہد۔

پروا (ہ - اسم مؤنث) پورب کی ہوا. بادِ مشرق. بادِ صبا. شرق کی طرف کی ہوا۔

پروا (ہ - اسم مؤنث) خواہش. رغبت. تمنا. آرزو. میلان. ضرورت. توجہ. خوف. دہشت. فکر. اندیشہ۔

پروار (ہ - اسم مذکر) کنبہ. قبیلہ. کٹم. خاندان. گوت۔

پروان (ہ - اسم مذکر) نکھل. پورا. بالغ. جوان. کامیاب. بامراد۔

حسب مراد. پھل. ثمر. نتیجہ. ٹھیک. درست. صحیح. معتبر. پتھر کی لکیر جیسے بامن. بچن. پروان۔

پروان چڑھنا (ہ - فعل) کامیاب ہونا. مراد کو پہنچنا. جوان ہونا. پرورش پاکر عمر طبعی کو پہنچ جانا. پھل لانا. نتیجہ نکلنا۔

پروانجات (ف - اسم مذکر) پروانہ کی جمع ہے۔

پروانگی (ف - اسم مؤنث) اجازت. حکم. فرمان. رخصت. آگیا۔

پروبیشن (انگ. مذ. Probation) کسی امیدوار ملازمت کا بغیر تنخواہ کے زمانہ امیدواری میں کام کرنا۔

پروبیشنر (انگ. مذ. Probationer) اُمیدوار. مبتدی. خواست گار۔

پروانہ (ف) پتنگا. ایک خاص قسم کا برساتی پردار کیڑا جو چراغ پر آ کر گر کر تا ہے. حکمنامہ. فرمان. اجازت نامہ. صدقہ. ہونے والا. قربان جانے والا. عاشق. شیدا. والہ. فریفتہ۔

پروایا. یا. پراوا (ہ - اسم مذکر) چارپائی کے پایوں کے نیچے رکھنے کی چیز۔

پروپرائٹر (Proprietor - اسم مذکر) مالک۔

پروپوزل (ان) اسم مذکر. تجویز. منصوبہ۔ Proposal

پروپیگنڈا (انگ. مذ. Propaganda) اشاعت کرنا. تحریک پھیلانا۔

پرپوتا (ہ - اسم مذکر) پوتے کا بیٹا. بیٹے کا پوتا. گرا. آٹا ہلدی وغیرہ سامان رسد جو کسی کمین کو کسی تقریب کے موقع پر دیا جاتا ہے۔

پروٹسٹ (انگ. مذ. Protest) اعتراض. احتجاج۔

پروجیکٹر (Projector - انگ. اسم) فلم دکھانے کی مشین۔

پروردگار (ف - اسم مذکر. ترکیبی) پالنے والا. پالن ہار. پرورش کرنے والا. خدا تعالےٰ. رب. اللہ۔

پروردہ (ف - اسم مذکر. مفعول قیاسی. مفید صفت) پرورش یافتہ. پلا ہوا. پالا ہوا. بسایا ہوا۔

پرورش (ف - اسم مؤنث. حاصل بالمصدر از پروردن) پالن. پالنا. تعلیم و تربیت. مہربانی. عنایت. بخشش۔

پروسنا (ہ - اسم مذکر) کھانے کا حصہ. بھاجی. بخرہ. پتل۔

پروسنا (ہ - فعل) کھانا چننا. پتل ڈالنا. مہمان کے آگے کھانا رکھنا۔

پروسیشن (انگ. اسم مذکر. Procession) جلوس. جلوس کا شان و شوکت سے گزرنا۔

پروف (Prof - اسم مذکر) سب سے پہلے چھپا ہوا پرچہ جو اصلاح اور درستی کے لیے دکھایا جاتا ہے۔

پروفیسر (Professor - اسم مذکر) معلم. مدرس اعلےٰ وہ استاد جو کالج کی کسی جماعت کو تعلیم دے۔

پروفیشن (انگ. مذ. Profession) کام. پیشہ۔

پروکلیمیشن (انگ. مذ. Proclamation - اسم مذکر) اعلان۔

پروگرام (انگ. مذ. Programme) ترتیب. سلسلہ. طریق. انضباط اوقات۔

پرول (ہ. مذ.) ایک قسم کی ترکاری جو گوشت میں ڈال کر پکائی جاتی ہے۔

پرول (انگ. مذ. Parol) قیدی کا حلف نامہ پر رہائی تاکہ وقت پر واپس آئے۔

پروتا (ہ - فعل) سوراخ میں دھاگا ڈالنا. گھسیڑنا. پیندھنا. داخل کرنا۔

سوئی، موتی یا تسبیح کے دانوں وغیرہ میں دھاگا ڈالنا۔

پرونوٹ (Pronote انگ۔ اسم مذکر) رقعہ۔ اقرار نامہ جو روپے کی وصولی اور ادائیگی کے لئے لکھا جاتا ہے۔ درشنی ہنڈی۔

پروہت (ہ۔ اسم مذکر) خاندانی پنڈت۔ خاندانی گرو۔ مذہبی کام اور رسوم کو ادا کرنے والا پنڈت۔

پروین (ف۔ اسم مذکر) ثریا کا گچھا۔ سات ستاروں کا جھرمٹ۔ سات کا گچھا جو سردیوں میں سب سے پہلے نظر آیا کرتا ہے۔

پرہ (ف۔ اسم مذکر) دامن۔ کنارہ۔ طرف۔ چکی کا پاٹ۔ قطار۔ صف۔ لائن۔

پرہیز (ف۔ اسم مذکر) بچنا۔ بچاؤ۔ دوری۔ علیحدگی۔ تقوے۔ اتقا۔ اجتناب۔

پرہیز کرنا (ف۔ فعل) بچنا۔ احتراز و اجتناب کرنا۔ اشیا سے علیحدگی اختیار کرنا۔ احتیاط برتنا۔

پرہیزگار (ف۔ اسم صفت بہ ترکیب فاعلی، بصورت لاحقہ) متقی۔ گناہوں سے کنارہ کرنے والا۔ نیک آدمی۔ نیکوکار۔

پرہیزگاری (ف۔ اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) تقوے۔ اتقا۔ اجتناب۔

پرہیزی کھانا (ف۔ اسم مذکر) بیماروں کا کھانا۔ وہ کھانا جو حکیم کسی بیمار کے لئے تجویز کرے۔

پرے (ہ۔ تابع فعل) ادھر۔ اس طرف۔ اس پار۔ ورے کی ضد۔ دور۔ الگ۔ فاصلہ پر (بصورت اسم مذکر) پرا کی جمع۔ قطاریں۔ صفیں۔ لائنیں۔

پرے بٹھانا (ہ۔ فعل) مات کرنا۔ مقابلہ میں نہ آنے دینا۔ دور رکھنا۔ قطاریں بنانا۔ صفیں مقرر کرنا۔

پرے پرے (ہ) کلمہ خطاب از روے تنفر۔ دور ہو۔ دور رہو۔ پرے ہٹ۔ الگ الگ۔ دور دور۔

پری (ف۔ اسم صفت) اڑنے والی عورت۔ نہایت حسین مہ جبین عورت۔ ایک قسم کی خیالی مخلوق۔ جنات کی بیوی۔ خوبصورت اور عمدہ عورت یا چیز۔

پری بند (ف۔ اسم مذکر) کلائی پر پہننے کا ایک قسم کا گھنگرو دار زیور۔ کشتی کے ایک پیچ کا نام۔ گھنگرو پاؤں میں پہننے کے ایک زیور کا نام بھی ہے جو بچوں کو پہناتے ہیں۔

پری پیکر (ف۔ اسم صفت بہ ترکیب تشبیہی) پری جیسے چہرے والی۔ پری زاد۔ پری رخسار پری کی شکل کی۔ مراد معشوق۔

پری خواں (ف۔ اسم مذکر فاعل ترکیبی) پریوں کو بلانے والا۔ پریوں کی حاضرات کرنے والا۔

پری رو (ف۔ اسم صفت مشبہ بافاعل ترکیبی بہ ترکیب تشبیہی) دیکھو پری پیکر)

پری زاد (ف۔ اسم صفت بہ ترکیب مفعولی) زادۂ پری۔ پری نسل کا۔ پری کی اولاد نہایت خوبصورت۔ حسین مہ جبین۔ نہایت عمدہ۔

پری کا سایہ (ہ۔ اسم مذکر) آسیب۔ جن و پری کا اثر بھوت پریت وغیرہ کا صدمہ۔

پریت (ہ۔ اسم مذکر) مُردے کی روح جس نے ابھی دوسرا جنم نہ لیا ہو۔ پاک روح۔ بھوت۔ شیطان۔

پریت (ہ۔ اسم مؤنث) پیار محبت۔ دوستی۔ اُلفت۔ اخلاص۔ اُنس۔ عشق۔

پریت لگانا۔ یا جوڑنا۔ یا کرنا (ہ۔ فعل) اخلاص کرنا۔ دوستی گانٹھنا۔ محبت کرنا۔ یاری لگانا۔

پریت نہ جانے جات کجات (ہ۔ مقولہ) عشق اور محبت ذات کو نہیں دیکھتا۔ عشق خواہ ادنےٰ ذات اور نیچ ذات پر آجائے۔

پریتم (ہ۔ اسم صفت) بہت پیارا نہایت محبوب۔ بہت ہی عزیز۔ (بصورت اسم مذکر) پتی۔ خاوند۔ بالم۔ شوہر۔ مالک۔

پریٹ (اسم مؤنث) یہ لفظ انگریزی پریڈ کا بگاڑ ہے فوجی قواعد کا میدان سپاہیوں کے قواعد کرنے کی جگہ۔ فوجی قواعد صف۔ قطار۔ پرا۔

پریٹ جمانا (ف۔ فعل) صف باندھنا۔ قطار باندھنا۔ پرا جمانا۔

پریڈ (انگ۔ مذ۔ Parade) فوجی تعلیم۔ قواعد۔

پریس (Press انگ۔ اسم مذکر) چھاپنے کی مشین۔ دبانے کی کل۔ مطبع۔ چھاپہ خانہ۔

پریس مین (Pressman۔ انگ۔ اسم مذکر) چھاپنے والا۔ چھاپے خانہ میں کتابیں چھاپنے والا۔

پریسیڈنٹ۔ پریزیڈنٹ (انگ۔ مذ۔ President) صدر۔ میر مجلس چیئرمین۔ بادشاہ۔ میر۔ بکھیا۔

پریسیڈنسی۔ پریزیڈنسی (انگ۔ مذ۔ Presidency) ارٹا صوبہ۔ احاطہ۔

پریشان (ف۔ اسم صفت) آشفتہ۔ بکھرا ہوا۔ سرگرداں ہوتا۔ تتر بتر۔ پراگندہ۔ خستہ۔ متفکر۔ متردد۔ حیران۔ متحیر۔ حیرت زدہ۔

پریشان حال (ف۔ اسم صفت ترکیبی) تنگ حال۔ مصیبت زدہ۔ خستہ حال۔ مفلس۔ کنگال۔

پریشان خاطر (ف۔ اسم صفت ترکیبی ترکیب فاعلی) اداس۔ آشفتہ خاطر۔ متفکر۔ رنجیدہ۔ ملول۔

پریشان کرنا (ف۔ فعل) حیران کرنا۔ شکست دینا۔ پراگندہ کرنا۔ فکر میں ڈالنا۔ اندیشہ مند کرنا۔

پریشانی (ف۔ اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) اضطراب۔ بے قراری۔ فکر تردد۔ مصیبت۔

پرکھ (ہ۔ اسم مذکر) پرکھ۔ امتحان۔ آزمائش۔ تجربہ۔ جانچ۔ افسوس کی جگہ۔ سوچ۔ خیال۔

پریکٹس (Practice۔ انگ۔ اسم مؤنث) مشق۔ مہارت۔ بار بار کام کرکے ایک قسم کا ملکہ۔

پریکٹیکل (Practical انگ۔ صف) عملی۔

پریکٹیکلی (Practically انگ۔ تابع فعل) عملی طور پر۔ عام رواجی طور پر۔

پریم (س۔ اسم مذکر) محبت۔ پیار۔ اُلفت۔ لاڈ۔ یارانہ۔ دوستی۔

پریم کی بتیاں (ہ۔ مو) محبت کی باتیں۔

پریو (ہ۔ اسم مذکر) ایک خاص طرز کا آبی پرندہ ہے ایک طرز کا کبوتر بھی۔

پریمی (ہ) محبت کرنے والا دوست آشنا۔ عاشق۔ فریفتہ۔
پریوی کونسل (Privy Council) انگلستان کے بادشاہ کی خاص مجلس جو قانون کی رُو سے آخری اور قطعی مجلس ہے اس کا فیصلہ ناطق اور آخری ہوتا ہے۔
پریوش (ف۔ اسم صفت) یہ ترکیب تشبیہی خوبصورت حسین۔ پری جمال۔
پریہ (ہ) اسم صفت پری تمثال۔ نہایت حسین بہت خوبصورت۔

پ - ڑ

پڑ: پڑنا کا امر۔
پڑا (ہ۔ اسم مذکر) بڑی پڑیا۔ پوٹلا۔ بڑی پوٹلی۔ ڈھول یا ڈھولک یا طبلہ وغیرہ پر چڑھانے کا چمڑا۔
پڑا (ہ) لیٹا ہوا۔ بیمار۔ گرا۔ افتادہ۔
پڑا پانا (ہ۔ فعل) مُفت ملنا۔ بلا تکلیف کسی چیز کا ہاتھ آنا۔ ستا مل جانا۔ کوڑیوں کے مول ہاتھ آجانا۔ نہایت ارزاں مل جانا۔ بے محنت و دقت حاصل ہونا۔
پڑاپڑ (ہ۔ تابع فعل و اسم صوت) پے در پے متواتر۔ لگاتار۔ مینہ برسنے یا جوتیاں پڑنے کی آواز۔ تڑاتڑ۔ پٹنے کی آواز۔ دُلکی چلنے میں گھوڑے کے سموں کی آہٹ۔
پڑاقا۔ یا۔ پڑاخا (ہ۔ اسم مذکر) ایک قسم کی آتشبازی۔ پٹاخا۔ پٹاخے کی آواز۔
پراتے کی گوٹ (ہ۔ اسم مؤنث) پٹا پٹی۔ رنگ برنگ کی گوٹ۔ رنگا رنگ کی کناری۔
پڑاؤ (ہ۔ اسم مذکر) قافلے یا لشکر کے مقام کی جگہ۔ منزل۔ چوکی۔ فرودگاہ۔ اُترنے کی جگہ۔ ٹھگانہ۔ قیامگاہ اسٹیشن۔ سرائے۔
پڑاؤ ڈالنا (ہ۔ فعل) چھاؤنی چھانا۔ رہ پڑنا۔ چھاؤنی ڈالنا۔ بہت دنوں تک مقام کرنا۔
پڑاؤ مارنا (ہ۔ فعل) قافلے پر رات یا دن کے وقت چھاپہ مارنا۔ قافلہ لُوٹنا۔ شکست دینا۔ بڑا بھاری کام کرنا۔ میدان مارنا۔ جیتنا۔ منزل مارنا۔ سفر طے کر لینا۔
پڑ پڑانا (ہ۔ فعل) جوتوں سے بہت پیٹنا۔ چرچراہٹ سے زبان پر چھالے پڑنا۔ خشکی کے باعث ہونٹوں پر پپڑیاں بندھ جانا۔
پڑت (ہ۔ اسم مؤنث) قیمت خرید۔ اصلی نرخ۔ بازاری قیمت۔ پیچک کی قرضیں درج شدہ حساب۔ پھیلاوٹ۔ حساب۔ میزان۔
پڑت پھیلانا (ہ۔ فعل) فی عدد لاگت پھیلانا۔ اندازہ ٹھہرانا۔ ساری قیمت کو افراد اجزا پر تقسیم کرنا۔ ہر چیز پر برابر لاگت اور خرچ وغیرہ پھیلانا۔
پڑتا (ہ۔ اسم مذکر) لگان۔ معاملہ۔ شرح۔ مالگذاری جو ہر چیز پر برابر پھیلائی جاتی ہے۔ حصہ۔ پتی۔
پڑتال (ہ۔ اسم مؤنث) نظر ثانی۔ مقابلہ۔ جانچ۔ دیکھ بھال۔ جائزہ یا امتحان آزمائش۔
پڑتال پڑنا (ہ) جوتوں سے برابر پٹنا۔ لگاتار جوتے پڑنا۔
پڑتالنا (ہ۔ فعل) نظر ثانی کرنا۔ جانچنا۔ سنبھال کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ دیکھنا بھالنا۔
پڑتی (ہ۔ اسم مؤنث) اُفتادہ زمین۔ خالی زمین۔ غیر آباد یا غیر مزروعہ زمین۔
پڑ جانا (ہ۔ فعل) بیمار ہو جانا۔ بچھڑ جانا۔ پسر جانا۔ لیٹ جانا۔ مقرر ہونا۔ ٹھہرانا۔
پڑ مرنا (ہ۔ فعل) ایک ہی جگہ مرتے دم تک رہنا۔ کسی کے ساتھ نہایت وفاداری سے رہنا۔ مرے بغیر کسی کا ساتھ نہ چھوڑنا۔
پڑنا (ہ۔ فعل) لیٹنا۔ سونا۔ آرام کرنا۔ بسنا۔ رہنا۔ بیٹھنا۔ گرنا۔ آرہنا پڑاؤ کرنا۔ ٹھیرنا۔ لنگر ڈالنا۔ گزرنا۔ بیتنا۔ واقع ہونا۔ جیسے جیسی پڑے کی بھگتیں گے۔ دخل دینا۔ ضامن ہونا۔ ضمانت دینا۔ مثلاً وہ بیچ میں پڑ گئے ورنہ بہت کچھ ہو جاتا تردد اور فکر ہونا۔ سوچ اور خیال ہونا۔ جیسے اپنی اپنی پڑ رہی ہے بھروسہ ہونا۔ سہارے پر رہنا جیسے پرائے ٹکڑوں پر پڑا ہے آنا نزول کرنا۔ حلول کرنا جیسے روح پڑنا یا جان پڑنا۔ درج ہونا۔ لکھا جانا۔ جیسے کھاتے میں نام پڑنا۔ ترشح ہونا۔ برسنا جیسے پانی پڑنا۔ بھرنا پُر ہونا۔ جیسے زخم میں پیپ پڑ گئی۔ جوکھوں میں پڑنا۔ مصیبت میں پھنسنا۔ جان کے لالے پڑنا۔ جیسے ہمیں اپنی پڑی ہے خالی ہونا۔ غیر آباد ہونا۔ جیسے کئی مکان خالی پڑے ہیں۔ باقی رہنا۔ بچا ہوا ہونا جیسے بہت سا کام کرنا پڑا ہے اتفاق ہونا۔ بیمار رہنا۔ علیل رہنا۔ جیسے وہ مدت سے بستر پر پڑا ہے۔
پڑوا (ہ۔ اسم مؤنث) قمری مہینے کی پہلی تاریخ۔ پہلی تتھ۔ دُوج سے پہلا دن۔ بھینس کا بچہ۔ کٹڑا۔ بھینس کا نر بچہ
پڑوس (ہ۔ اسم مذکر) ہمسائگی۔ قرب و جوار گھر کے نزدیک۔
پڑوسن (ہ۔ اسم مؤنث) ہمسائی۔ ہمسایہ کی عورت۔ پڑوس میں رہنے والی۔
پڑوسی (ہ۔ اسم مذکر) وہ مرد جو مکان کے قریب رہتا ہو۔ ہمسایہ۔ گھر کے قریب رہنے والا۔
پڑھا (ہ۔ اسم صفت بصیغہ اسم مفعول یعنی پڑھا ہوا) خواندہ۔ تعلیم یافتہ لکھا پڑھا (بصورت فعل) پڑھنا مصدر سے ماضی مطلق کا صیغہ واحد غائب۔
پڑھا جن (ہ۔ اسم مذکر) وہ جن جو عالم ہونے کے باعث کسی سیانے کے افسوں وغیرہ کو نہ مانے اور تعویذوں وغیرہ سے نہایت فسادی شریر۔ کسی کے دھوکے یا دام فریب میں نہ آنے والا آدمی۔
پڑھا گنا (ہ۔ اسم صفت۔ یہ ترکیب مفعولی) (بحذف علامت مفعول) عالم باعمل۔ عالم فاضل۔ تعلیم و تربیت یافتہ۔
پڑھا لکھا (ہ۔ اسم صفت۔ یہ ترکیب مفعولی) خواندہ۔ تعلیم یافتہ۔ عالم۔
پڑھا دینا (ہ۔ فعل) علم سکھانا۔ سبق دیدینا۔ بہکانا۔ سکھا دینا۔ برائی بتا دینا۔ بدظن کر دینا۔ چغلی اور غیبت سے کسی کو برا فروختہ کر دینا۔

پڑھانا (ف) ۔فعل) تعلیم دینا۔ علم سکھانا۔ درس دینا۔ سبق دینا۔ بہکانا۔ اغوا کرنا۔ بدگوئی کرکے کسی کو متنفر کردینا۔ برائی جمانا۔ کسی کو بیزار کردینا۔

پڑھائی (ف) ۔اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) معاوضہ۔ طریقہ تعلیم۔ تعلیم دینے کا ڈھنگ۔ تعلیمی کتب۔ نصاب تعلیم۔ درسی کتابیں۔ مدرسے کی فیس۔ تعلیم کی اجرت۔ پڑھانے کا معاوضہ۔

پڑھ پتھر (ف) ۔اسم صفت۔ بہ ترکیب عطفی (مفعولی) پڑھ گُن کر پتھر ہوا ہوا۔ تُند ذہن پڑھ لکھ کر جاہل رہنے والا آدمی۔

پڑھنا (ف) ۔فعل) تعلیم پانا۔ سبق لینا۔ درس لینا۔ علم سیکھنا۔ وظیفہ کرنا۔ بار بار رٹنا۔ جانور کا بولنا۔ جانور کا آدمی وغیرہ کی بولی کا نقل کرنا۔ جیسے طوطے کا پڑھنا۔ چھو کرنا۔ منتر پھونکنا۔ جادو کرنا۔

پڑھنت (ف) ۔اسم مؤنث) حاصل مصدر از پڑھنا۔ پڑھ کر پھونک مارنا۔ جادو منتر ٹونا۔ سحر خوانی۔ افسوں۔ افسوں گری۔

پڑھوانا (ف) ۔فعل) تعلیم دلوانا۔ سکھوانا۔ پڑھنا سے متعدی المتعدی ہے۔

پڑھے گھر کی پڑھی بلی (ف) مثل نیکوں کے نیک یا بُرے اور مکاروں کے بُرے اور مکار۔ فریبیوں کے فریبی بچے۔

پڑھے نہ لکھے نام محمد فاضل (ف) کہاوت) کچھ بھی نہیں ہمہ دانی کا دعوے جاہل ہیں اور قابل بنتے ہیں۔

پڑیا (ف) ۔اسم مؤنث) وہ پتا یا کاغذ کا پرزہ۔ جس میں دوا وغیرہ لپیٹی جاتی ہے کاغذ کی پوٹلی۔ لپی ہوئی دوا جو کاغذ میں لپٹی ہوئی ہو۔ گانٹھ۔ گرہ۔ پوٹ جیسے بڑھیا آفت کی پڑیا ہے۔

پڑیا کا لٹھا (ف) ۔اسم مذکر) ایک قسم کا باریک اور نفیس لٹھا۔

پسڑیل (ف) چلنے پھرنے سے معذور۔ وہ شخص جو ہر وقت لیٹا رہے۔

پ - ز

پزاوہ (ف) ۔اسم مذکر) آوا۔ بھٹی۔ وہ جگہ جہاں اینٹیں پکتی ہیں۔ بھٹہ۔

پ - ژ

پژمُردگی (ف) ۔اسم مؤنث بیائے مصدری) مرجھایا پن۔ افسردگی۔ کملاہٹ مایوسی۔

پژمُردہ (ف) ۔اسم صفت بہ ترکیب مفعولی) مُرجھایا ہوا۔ کملایا ہوا۔ افسردہ۔ مایوس۔

پژمُردہ خاطر (ف) ۔اسم صفت) رنجیدہ۔ دل۔ افسردہ خاطر۔ مغموم۔ دکھی۔
پژمُردہ دل کبیدہ خاطر۔ مردہ دل۔ مردہ طبیعت۔ وہ دل جو خوشی سے بالکل خالی ہو۔

پ - س

پس (ف) ۔تابع فعل) پھر پیچھے۔ بعد۔ بعد ازاں۔ علاوہ ازیں۔ لہذا۔ اس لئے۔ آخر کار۔ آخر کو۔ لیکن۔ بہر حال۔ بہر کیف۔ اس وجہ سے انجام نتیجہ۔

پس انداز (ف) ۔اسم مذکر۔ صفت۔ بہ ترکیب مفعولی) باقی بچا ہوا۔ اندوختہ جمع۔ بچت۔ وہ روپیہ جو خرچ سے بچ رہا ہو۔ توفیر۔ بچایا ہوا۔ اکٹھا کیا ہوا۔

پس اندازی (ف) ۔اسم مؤنث بیائے مصدری) بچت۔ جمع۔

پسپا ہونا (ف) فعل) پیچھے ہٹنا۔ شکست کھانا۔ بھاگ جانا۔ پیٹھ دکھانا۔

پس خوردہ (ف) ۔اسم مذکر۔ بہ ترکیب مفعولی) جھوٹا۔ بچا بچایا ہوا۔

پس ماندہ (اُر) پیچھے رہا ہوا۔ بچا ہوا۔ وارث۔ لفایا۔ بچت۔

پس عنیت (اُر) تابع فعل) پیٹھ پیچھے۔ غیبت میں۔ غیر حاضری میں۔ عدم موجودگی میں۔

پس و پیش (ف) ۔اسم مذکر) آگے پیچھے۔ آگا پیچھا۔ سوچ بچار۔ اُونچ نیچ۔ فکر و تردد۔ اندیشہ۔ تشویش۔ شش و پنج۔ دُبدھا۔ دُگدا۔ دُھکڑ پکڑ۔ اضطراب۔ نیک و بد۔ عیب و صواب۔ مآل کار۔ انجام کار۔ بہانہ۔ حیلہ۔ لیت و لعل۔

پس و پیش سوچنا (اُر) فعل) آگا پیچھا سوچنا۔ اُونچ نیچ دیکھنا۔ نیک و بد سوچنا۔

پس و پیش کرنا (اُر) فعل) آجکل کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ ٹالنا۔ حیلہ حوالہ بتانا۔ سوچنا۔ لیت و لعل کرنا۔ سوچ بچار کرنا۔

پسارا (ف) ۔اسم مذکر) پھیلاؤ۔ فراخی۔ بستار۔ فراخی۔ آنگن۔ دالان

پسارنا (ف) ۔فعل) پھیلانا۔ دراز کرنا۔ کھولنا۔ فراخ کرنا۔ کشادہ کرنا۔ پھارنا۔ بانا۔

پَسانا (ف) ۔فعل) اُبال کر پانی نچوڑنا۔ کسی اُبلی ہوئی چیز مثلاً چاول یا سویاں اُبال کر ان کا پانی پٹکانا۔ گائے بھینس کے تھنوں کو نرم کرکے ان میں سے دودھ اُتارنا۔

پَسا (ف) ۔اسم مذکر) سرجوش۔ دودھ کا اُتار۔ اُبلی ہوئی چیز کے پانی کا نچوڑ۔

پَسائی (ف) ۔اسم مذکر) چاولوں کی قسم (ہندو) خاص قسم کے چاول برت والے دن پکاتے ہیں۔

پسائی (ف) ۔اسم مؤنث۔ بیائے معاوضہ) پیسنے کی اجرت۔ آٹا پیسنے کی مزدوری۔

پست (ف) ۔اسم صفت) نیچے۔ نشیب۔ بے ہمت۔ کم رتبہ۔ کمینہ۔ بخیل۔ خسیس۔ کم ہمت آدمی۔

پست خیال (فخ) ۔اسم مذکر) مقید صفت) صاحب خیال پست۔ گھٹیا خیالات کا۔ کمینہ۔ رذیل خیالات کا آدمی

پست فطرت (فخ) ۔اسم مذکر۔ مقید صفت) کم عقل۔ نادان۔ بیوقوف۔

پست قد (فخ) ۔اسم صفت۔ بہ ترکیب فاعلی) چھوٹے قد کا۔ ٹھگنا۔ بونا۔

پست کرنا (اُر) فعل) مغلوب کرنا۔ ہمت توڑنا۔ ہرانا۔ شکست دینا۔

پست ہمت (ف) ۔اسم صفت۔ ترکیب فاعلی) کم ہمت۔ بزدل۔ بے ہمت۔ کمینہ

پست ہونا (دُر۔فعل) ہارنا۔ مغلوب ہونا۔ کم ہو جانا۔ ٹوٹ جانا۔ عاجز ہونا۔ شکست کھانا۔ ذلیل ہونا۔ خوار ہونا۔

پستان (ف۔اسم مؤنث) چھاتی۔ چوچی۔ کچا۔

پشگ (س اسم مؤنث کتاب۔ پونتھی۔ گرنتھ۔

پستول (انگ۔ا۔مذ) Pistol پسٹل۔ تمنچہ۔ تمنچہ۔ تفنگچہ۔ چھوٹی ذرا سی بندوق۔


پستول

پستہ (ف۔اسم مذکر) ایک میوے کا نام ہے تشبیہ کے طور پر ایک چھوٹے سے کتے کو بھی کہتے ہیں۔

پستی (ف۔اسم مؤنث۔ بیاے مصدری) نچائی بلندی کی ضد۔ کمینہ پن۔ کم ہمتی۔

پسٹل (انگ۔اسم مذکر) (دیکھو پستول)

پسر (ف۔اسم مذکر) بیٹا۔ پسر۔ لڑکا۔ فرزند۔ ابن۔ ولد۔ پوت۔


پسٹن

پسر خواندہ (ف۔اسم مذکر متبنے۔ گود لیا ہوا۔ لڑکا۔ بنایا ہوا بیٹا۔

پسرزادہ (ف۔اسم مذکر پوتا۔ نبیرہ۔ بیٹے کا بیٹا۔ پوت کا پوت۔

پسرتادہ فعل پھیلنا۔ ہاتھ پاؤں پھیلا کر لیٹ جانا۔ فریب اور مکر کرنا۔ ضد کرنا۔ ہٹ کرنا۔ لیٹنا۔ پڑنا۔ ٹانگیں پھیلانا۔

پسرچٹا (ہ۔اسم مؤنث) پنسار ہٹا کا مخفف ہے۔ وہ بازار جہاں پنساریوں کی دکانیں بکثرت ہوں۔ پنساریوں کا بازار۔

پسلی (ہ۔اسم مؤنث) پہلو۔ طرف۔ پہلو کی ہڈی سینے کی ہڈیاں جو ریڑھ کی ہڈی سے نکل کر جگر۔ معدے اور دل کے اوپر تک چھاتی ہوتی ہوتی ہیں۔

پسلی پھڑکنا (ہ محاورہ) کسی بات کی خبر ہونا۔ یاد آنا۔ مطلع ہونا۔ پیٹھ پیچھے کسی کا حال معلوم ہو جانا۔ بے چینی ہونا۔ بیقراری ہونا۔ کسی کی یاد میں بیتاب ہونا۔

پسلی کا آزار۔ یا۔ عارضہ۔ یا۔ دکھ (دُر۔اسم مذکر) پسلی کا دکھ۔ مسان کی ایک بیماری ہے جو بچوں کو لاحق ہو جاتی ہے۔

پسنا (ہ۔فعل) آٹا ہونا۔ چور چور ہونا۔ مصیبت میں تباہ ہو جانا۔ برباد ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔ مٹنا۔ گرفتار ہونا۔ کچلا جانا۔ مسلا جانا۔ بہت تکالیف میں پھنسنا۔

پسند (ف۔اسم مؤنث) مقبول۔ حسب۔ دل خواہ۔ خاطر خواہ۔ من بھاتا۔ منظور نظر۔

پسند کرنا (دُر۔فعل) اپنی مرضی کے موافق کسی چیز کو چن لینا۔ چھانٹنا۔ اختیار کرنا۔ انتخاب کرنا۔ خوشی سے منظور کرنا۔

پسندے (دُر۔اسم جمع مذکر) گوشت کے پکے ہوئے ٹکڑے جنہیں بھون کر کباب بناتے ہیں ایک قسم کے کباب۔

پسندیدہ (ف۔اسم صفت۔ترکیب مفعولی) مرغوب طبع۔ مقبول۔ پسند خاطر۔ دل پسند۔ دلچسپ۔ حسب دلخواہ۔ منظور نظر۔

پسنہاری (ہ۔اسم مؤنث) آٹا پیسنے والی عورت۔

پسّو (ہ۔اسم مذکر) ایک قسم کے زہریلے پردار موذی کیڑے کا نام ہے جو قد میں سرسری سے ذرا چھوٹا اور شکل میں اسی سے ملتا جلتا ہے مرطوب جگہ اور گندی جگہ زیادہ ہوتا ہے۔

پسّو

پسوا ڑہ (ہ) پہلو۔ پاسا۔ کروٹ۔ پکھوا۔

پسوانا (ہ۔فعل) پیسنے کا متعدی المتعدی ہے۔

پسوائی (ہ۔اسم مؤنث۔ حاصل مصدر یا اسم معاوضہ۔ پیسنے کی اجرت پسائی۔

پسیجنا (ہ۔فعل) پسینہ آنا۔ نمی آنا۔ سیل آنا۔ تری آنا۔ ملائم و نرم ہونا۔ رحم کھانا۔ ترس کھانا۔ غور کرنا۔ توجہ کرنا۔ دھیان دھرنا۔ مظلوم کی فریاد سن کر اس پر رحم کرنا۔ کنجوس کے ہاتھ سے روپیہ نکلنا۔

پسینا۔ یا۔ پسینہ (ہ۔اسم مذکر) عرق۔ نمی۔ رطوبت۔ پسیو۔ وہ نمی جو بدن کے مسامات سے نکلا کرتی ہے۔

پسینا آنا / پسینا چھوٹنا (ہ۔فعل) عرق آنا۔ نمی آنا۔ پسیو آنا۔ شرم یا غیرت سے جسم اور چہرے کا نمناک ہو جانا۔ شرمندہ اور نادم ہونا۔ غش آنا۔

پسینا ہرا ہونا (ہ۔فعل) پہلوانوں کی اصطلاح ہے۔ پسینہ خشک ہونا۔ پسینہ سوکھنا۔ ورزش کے بعد جسم کا خشک ہو کر کھل جانا۔

پسینوں میں ڈوبنا۔ یا۔ نہانا (ہ۔فعل) بہت ہی پسینا آنا۔ نہایت ہی زور سے پسینے کا آنا۔ پسینے میں شرابور ہو جانا۔

پسینے پسینے ہونا (ہ محاورہ) عرق عرق ہونا۔ آب آب ہونا۔ پسینوں میں ڈوبنا۔ زیادہ گرمی سے پسینے میں شرابور ہونا۔ بہت شرمندہ اور منفعل ہونا۔

پسیو (ہ۔اسم مذکر) نمی رطوبت۔ پسینہ آنا۔ ایجز۔ دیکھو پسینہ۔

پ - ش

پشاچ (ف۔اسم مذکر) جن۔ دیو۔ بھوت۔ پریت۔ کچا گوشت کھانے والا (بدارسان) تکلیف پہنچانے والا۔

پشت (ف۔اسم مؤنث) پیٹھ۔ کمر۔ ظہر۔ پیچھے۔ پچھاڑی۔ غیبت۔ مدد۔ اعانت۔ سہارا۔ نسل۔ پیڑھی۔ خاندان۔

پشت بہ پشت (ف۔تابع فعل) باپ دادا سے۔ پیڑھیوں سے۔ جدّ سے۔

پشت پناہ (ف۔اسم مؤنث) مددگار۔ حمایتی۔ مدد کرنے والا۔ مدد۔ حمایت وسیلہ۔ ذریعہ۔ رفیق۔ ساتھی۔ قوت بازو۔

پُشت خار (ف - اسم مذکر) آلہ تبرکیب فاعلی۔ پیٹھ کھجلانے کا آلہ۔ لوہے یا ہاتھی دانت کا پنجہ جس سے پیٹھ کھجایا کرتے ہیں۔ کھرہرا۔ کھرکھرا۔

پُشت دکھانا - یا۔ دینا (مؤ۔ فعل) بھاگ جانا۔ پیٹھ دکھانا۔ لڑائی میں شکست کھانا۔ ہار کر بھاگنا۔

پشتارہ (ف - اسم مذکر) پیٹھ پر اُٹھا کر لے جانے کا بوجھ۔ گٹھا۔ ڈھیر۔ انبار۔ اٹم۔

پُشتک (ف - اسم مؤنث) گھوڑے گدھے اُونٹ کا پچھلے دونوں پاؤں اُٹھا کر لات مارنا۔ دولتی۔

پُشتک مارنا (مؤ۔ فعل) دولتیاں چلانا۔ دولتی مارنا۔

پُشتو (ف - اسم مؤنث) پختو۔ پٹھانوں کی زبان۔ افغانی بولی۔

پُشتہ (ف - اسم مذکر) پہاڑ سے نبتی مفید فاعلیت

پُشتہ

پُشت سے نسبت رکھنے والا۔ مٹی وہ ٹیلہ یا ڈھیر جو کسی دیوار کے استحکام یا بچاؤ کے واسطے اس کی جڑ میں لگا دیتے ہیں۔ دریا کا بند مینڈ۔ کتاب کی پُشت کا چمڑا۔ مٹی کا تودہ۔ ڈھیر انبار۔ ٹیلہ۔

پُشتہ بندی (ف - اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) پُشتہ باندھنا۔ بند باندھنا۔ دیوار یا دریا کے کنارے کو مضبوط کرنا۔

پُشتی (ف - اسم مؤنث) تائید۔ حمایت۔ مدد۔ امداد۔ ٹیک۔ سہارا۔ محافظت۔ نگہبانی۔ گاؤ تکیہ۔

پُشتی کرنا - یا۔ لینا (مؤ۔ فعل) مدد کرنا۔ حمایت کرنا۔ ساتھ دینا۔ سہارا دینا۔ مدد لینا۔

پُشتیبان (ف - اسم مذکر۔ فاعل ترکیبی) سہارا دینے والا۔ مددگار۔ ساتھی۔ وہ لکڑی جو کواڑوں یا تخت یا دیوار کی پُشت پر مضبوطی اور استحکام کے لئے لگاتے ہیں۔

پُشتینی (مؤ۔ اسم صفت بیائے نسبتی) قدیمی۔ موروثی خاندان۔

پُشٹ (س - اسم صفت) طاقت بخش۔ قوت دینے والا۔ مقوی (بصورت اسم مؤنث) پرورش۔ پالن۔

پشم (ف) نرم بال۔ اُون۔ رواں بے حیثیت۔ بے حقیقت۔ کم اصل۔ بیکار۔ نکمی چیز۔ ناقص۔ ردّی۔

پشم کندہ نہ ہونا } (اور محاورہ) کچھ نہ ہو سکنا۔ بدلے اور عوض کے قابل
پشم نہ اُکھڑنا } نہ ہونا۔ خاک نہ کر سکنا۔ بال نہ اکھڑنا۔

پشمینہ (ف) اسم مذکر۔ منسوب بہ پشم۔ اُونی۔ کپڑا باریک روؤں کا بنا ہوا کپڑا۔

پشو (س - اسم مذکر) چوپایہ۔ مویشی۔ ڈنگر۔ گھوڑا۔ گدھا وغیرہ۔ (صفت میں احمق) احمق۔ بیوقوف۔ موڈھ۔

پشواز (مؤ۔ اسم مؤنث) لنگے کی طرح کا ایک قسم کا کپڑا جو ناچنے والی عورتیں پہنا کرتی ہیں۔ جامہ۔ لباس۔ رقص۔ گون۔

پشہ (ف - اسم مذکر) مچھر۔ پردار زہریلا کیڑا جو برسات میں زیادہ ہوتا ہے اور مرطوب جگہوں اور گندے پانیوں میں رہتا اور انڈے دیتا ہے۔ یہ کان میں بھنبھناتا اور جسم میں ڈنگ مارتا ہے بے حقیقت حقیر۔ ناچیز۔ ذرہ سا۔

پشی (مؤ۔ اسم مؤنث) مُتی۔ بچہ کا پیشاب۔ بالک کا موت۔

پشیمان (مؤ۔ اسم صفت) شرمندہ۔ نادم۔ پچھتانے والا۔ افسوس کرنے والا۔ متاسف۔

پشیمان ہونا (مؤ۔ فعل) شرمندہ ہونا۔ پچھتانا

پشیمانی (ف - اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) پچھتاوا۔ شرمندگی۔ ندامت افسوس۔

پ - ط

پطرس (لاطینی) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ایک حواری۔

پ - غ

پغمان (ف۔ مذ) کابل کے ایک شہر کا نام۔

پ - ف

پف (ف۔ مو) پھونک۔ پھونک مارنا۔

پ - ک

پک (پکنا کا امر۔

پکّا (ف - اسم صفت) پکی کی ضد۔ پختہ۔ ہانڈی۔ یا پال کا پکایا ہوا گھی یا تیل میں تلی ہوئی یا پکی ہوئی چیز۔ مضبوط۔ مستحکم۔ پختہ۔ پائدار۔ کامل۔ تجربہ کار۔ ہوشیار۔ جہاندیدہ۔ بالغ۔ مکمل۔ کھرا۔ بے کھوٹ۔ بے عیب۔ بے نقص۔ بے اندیشہ۔ بے خوف۔ نڈر۔ مستند۔ معتمد۔ قابل وقعت جیسے پکا تمسک۔ مستقل۔ جیسے وہ اس اسامی پر پکا ہو گیا ہے۔ تیار۔ درست۔ مہیا۔ جیسے گوشت پکا رکھا ہے قدیم مستقل۔ موروثی جیسے پکا کاشت کار ہے چور۔ تھکا ہوا۔ جیسے جسم تمام پکا پھوڑا ہو رہا ہے۔ بہت۔ نہایت۔ بہت زیادہ۔ جیسے پکا دوست۔ مصمم۔ بالجزم۔ جیسے پکا ارادہ۔ صحیح۔ درست۔ ٹھیک۔ سچا۔ جیسے پکا وعدہ۔ وفادار۔ نباہنے والا۔ حاتی۔ وقت پر مدد کرنے والا۔ جیسے پکا دوست۔ پختہ مضبوط جیسے پکا مکان۔ محرانٹ۔ عمر رسیدہ۔ چالاک۔ گھاگ۔ عیار۔ خوب۔

عمدہ۔ نہایت اچھا۔ جیسے مجھے پکا یاد ہے۔ سکوک سکہ۔ اسٹامپ۔ جس پر بادشاہ کی تصویر اور نام چھپے ہوئے ہوں۔ پیپ دار پیپا یا ہوا۔ پھوڑا جیسے پکا پھوڑا۔

پکّا پان (ہ) ۔اسم صفت۔ بہ ترکیب تشبیہی) عمر رسیدہ۔ جہاندیدہ۔ انتہائے عمر کو پہنچا ہوا۔ پختہ کار۔ تجربہ کار۔ خراٹ۔ نہایت بوڑھا۔ گھاگ۔ پرانا۔ پھولس۔ بوڑھا۔

پکّا پکایا (ہ) ۔اسم صفت بہ ترکیب مفعولی) مفت۔ بے محنت۔ بے وقت۔ بلا تکلیف۔ بے کوشش۔ تیار شدہ۔ درست۔ ٹھیک۔ لیس۔

پکا پھوڑا (ہ) ۔اسم صفت) وہ پھوڑا جس میں پیپ پڑھ گئی اور مواد نکالنے کے قابل ہو گیا ہو۔ پیپا ہوا پھوڑا۔ ڈکھیارا۔ غمزدہ۔ پُردرد۔ رقیق القلوب۔ نرم دل رونے کو تیار۔ مچھوٹ بہنے والا۔ پھوٹنے کو تیار۔ ٹھیس کی تاب نہ لانے والا۔

پکّا پیادہ (ہ) ۔اسم صفت بہ ترکیب مفعولی) بہت ہوشیار۔ بہت تجربہ کار۔ نہایت سیانا۔ بہت دانا۔ بڑا فریرک۔ عقلمند۔

پکا چٹھا (ہ) ۔اسم مذکر۔ بہ ترکیب توصیفی) سہ سالہ۔ سالانہ حساب کی فرد۔ پکا کھاتہ۔ پکا روزنامچہ۔ پختہ بہی کا حساب۔

پکّا کرنا (ہ) ۔فعل) آمادہ کرنا۔ بالکل تیار کرنا۔ مضبوط بنانا۔ پختہ کرنا۔ اینٹھنا بل دیکر مضبوط کرنا جیسے سوت پکا کرنا۔ رٹنا۔ گھوٹنا۔ ذہن نشین کرنا۔ جیسے سبق پکا کرنا۔

پکّا ہونا (ہ) ۔فعل) وعدہ پختہ ہو جانا۔ ارادہ مصمم ہونا۔ معاملہ پختہ ہونا۔ صلاح مشورہ قائم ہو جانا۔

پکار (ہ) ۔اسم مؤنث) پکارنا مصدر سے حاصل بالمصدر ہے۔ آواز ندا۔ صدا ہانک غل۔ شور۔ ہلڑ۔ فریاد۔ دہائی۔ بلاوا۔ طلب۔ بلاؤ۔ حاجت۔ تلاش۔ جستجو۔ نالش۔ فریاد۔ استغاثہ۔ آگاہی۔ ڈھنڈورا۔ تجسر۔ اعلان۔

پکار دینا (ہ) ۔فعل) بلا دینا۔ ہانک مارنا۔ آواز دینا۔ جتا دینا۔ آگاہ کر دینا۔ خبر کر دینا۔

پکار کے (ہ) ۔تابع فعل) علانیہ۔ کھلم کھلا۔ ڈھکے کی چوٹ۔ چلا کے زور سے۔ خفا ہو کر۔ ناراض ہو کر۔

پکارنا (ہ) ۔فعل) بلانا۔ آواز دینا۔ ہانک مارنا۔ چلانا۔ غل مچانا۔ خبر کرنا۔ اٹنا گھوٹنا۔ ذہن میں بٹھانا۔ نام جپنا۔ بھیک مانگنا۔ صدا کرنا۔ زیادہ کرنا۔ استغاثہ کرنا۔ بچنے کی آواز لگانا۔

پکانا (ہ) ۔فعل) کھانا تیار کرنا۔ پختہ کرنا۔ سبق یاد کرنا۔ مواد کو خارج کرنے کے قابل بنانا۔ پیپ کو رقیق کرنا۔ پھل کو پال وغیرہ سے پختہ کرنا۔ مضبوط کرنا۔ پختہ کرنا۔ رٹنا۔ ذہن نشین کرنا۔ ٹھیک ٹھاک کرنا۔ وعدہ کو پختہ کرنا۔ پخت و پز کرنا۔ پائدار کرنا۔

پکاؤ (ہ) ۔اسم مذکر) حاصل مصدر از پکانا۔ پختگی۔ تیاری موار کا پکنا بصورت اسم مذکر فاعل بلواؤ معروف) پکنے کے قریب۔ گدرہ۔ پکنے والا تیاری کے قریب عنقریب ہی پک کر تیار ہو جانے والا۔

پکائی (ہ) ۔اسم مؤنث) معاوضہ پکانے کی اجرت۔ پکوائی۔

پچپن (ہ) ۔مذ) دانائی۔

پکچر (ا) (انگ۔ مو۔ Picture) تصویر۔

پکچر ہاؤس (ہ) (انگ۔ مذ۔ Picture House) سینما۔ تماشہ گاہ۔ نگارخانہ۔ تصویر خانہ۔ وہ جگہ جہاں تصویریں دکھائی جائیں۔

پکڑ (ہ) ۔اسم مؤنث) حاصل مصدر از پکڑنا۔ گرفت۔ قبضہ۔ بحث۔ مباحثہ۔ دلیل آوری۔ بحث تکرار۔ جیسے منطقیوں کی پکڑ داؤ پیچ۔ کشتی۔ لڑنت۔ بیگار کی طلبی۔ بیگار کا بلاوا۔ حصول۔ بافت۔ پراپت۔ (بصورت فعل) پکڑنا سے فعل امر حاضر کا صیغہ ہے۔

پکڑانا (ہ) ۔فعل) حوالے کرنا۔ سپرد کرنا۔ ہاتھوں ہاتھ دے دینا۔ ہاتھ میں دینا۔ پکڑوانا۔ گرفتار کرانا۔ وارنٹ نکلوانا۔

پکڑ دھکڑ (ہ) ۔اسم مؤنث) مجرموں کی گرفتاری۔ مواخذہ۔ تظلم۔ جبر۔ سختی۔

پکڑ لانا (ہ) ۔فعل) گرفتار کر کے لے آنا۔ باہر سے آنا۔ قابو میں لانا۔ دشمن کو داؤں میں لے آنا۔ حریف کے پیچھے جا لگنا۔ پہلوانوں کا پکڑ لانا۔

پکڑنا (ہ) ۔فعل) گرفتار کرنا۔ پھانسنا۔ قید کرنا۔ مجرم وغیرہ کو کسی چیز کو ہاتھ میں تھامنا لینا۔ صافی یا بیانہ لینا۔ گرفت کرنا۔ اعتراض کرنا۔ ٹوکنا۔ بدر نکالنا۔ جیسے غلطی پکڑنا۔ نکالنا۔ ڈھونڈنا۔ برآمد کرنا۔ ظاہر کرنا۔ جیسے چوری پکڑنا۔ شروع کرنا۔ آغاز کرنا۔ جیسے یہ ضرور پکڑنا ہے۔ برابر جا پہنچنا۔ ایسا جیسے دوڑ میں جا پکڑا۔ گزارنا۔ بسر کرنا۔ ٹالنا۔ جیسے دن پکڑنا۔ مشکل ہے۔ ایک پہلوان کا دوسرے حریف کو داؤں میں لانا۔ گھیرنا۔ محصور کرنا۔ احاطہ کرنا۔ محلہ کرنا۔ جمنا پیوست جانا۔ حاصل کرنا۔ اختیار کرنا۔ جیسے کپڑا رنگ پکڑ گیا۔ ٹھہرانا۔ جیسے کتے کی زبان تو نہیں پکڑی جاتی۔

پکڑوانا (ہ) ۔فعل) پکڑنا کا متعدی۔ گرفتار کرانا۔ پھنوانا۔ سہارا دینا۔ ہاتھوں ہاتھ دلانا۔ حوالہ کرانا۔ سپرد کرانا۔ پکڑانا۔ تھموانا۔ مٹھی میں دینا۔

پکش (ہ) ۔اسم مذکر) بازو۔ پر۔ پنکھ۔ مہینے کا نصف حصہ۔ پاکھ۔ پندرہ دن کا عرصہ۔ طاقت۔ قوت۔ بل۔ زور۔ طرف۔ جانب۔ اور تیر کا پر۔

پکشی (س۔ اسم مذکر) پرند۔ پنچھی۔ پردار جانور۔ پروں کے بل اڑنے والے جانور۔

پکنا (ہ) ۔فعل) تیار ہونا۔ پختہ ہونا۔ رندھنا کھانا تیار ہونا۔ بالغ ہونا۔ گدرانا۔ پھل کا پختہ ہونا۔ پھوڑے میں پیپ پڑنا۔ مواد قابل اخراج ہونا۔ رادپڑنا۔ بال سفید ہونا۔ آوے یا پزاوے میں مٹی کی اشیاء کا تیار ہونا۔ نردوں کا پھر پھرا کر اپنے گھر میں آجانا۔ قیمت ٹھیرنا۔ معاملہ بننا۔ تجویز۔ چکنا۔ ارادہ کا پختہ ہو جانا۔ معین ہونا۔ تجربہ ہونا۔ پخت و پز ہو جانا۔ قابل ہونا۔ تجربہ کار ہونا۔

پکنک (ا) (انگ۔ مو) دعوت جس میں دوست احباب کسی باغ وغیرہ میں بے تکلفی سے جمع ہوں۔ اور کھائیں پکائیں۔ Picnic

پکوان (ہ) ۔اسم مذکر) تلی ہوئی چیز۔ پکا کھانا۔ لچدی۔ پوری پراٹھا وغیرہ پکا کھانا۔

پکوانا (ہ) ۔فعل) رندھوانا۔ رسوئی تیار کرنا۔ کھانا بنوانا۔ کھانا تیار کرنا۔

پکوائی (ہ) ۔اسم مؤنث) معاوضہ۔ پکانے کی اجرت۔ پکانے کی مزدوری۔

پکوڑا (ہ) ۔اسم مذکر) بڑی پھلکی۔ بتاسا۔ پھولا ہوا گول گپا۔ گلگلے کی

طرح پھولا ہوا۔ پکوان مجازاً پھولی ہوئی چیز۔ جیسے پکوڑا سی ناک پکوڑا سا بیر۔

پکوڑی (ہ۔اسم مؤنث) پکوڑ کی تصغیر یا تانث ہے مچھلی۔ بین کی پیٹھی کی بنی ہوئی گولی۔ چھوٹی پھلکی۔

پکھ (ہ۔اسم مذکر) بازو۔ پر پنکھ۔ طاقت۔ زور۔ بل۔ قوت۔ تاب و توان۔ مہینے کا نصف حصّہ۔ پندرہ دن کا عرصہ۔ جانب۔ طرف اور پاکھ۔

پکھال (ہ۔اسم مؤنث) کھال کے بڑے بڑے تھیلے جن میں پانی بھر کر بیل یا خچر پر باہر سے لاتے ہیں۔ بڑی مشک۔ تشبیہاً بڑا پیٹ۔

پکھال پیٹا (ہ۔اسم مذکر) بڑے پیٹ والا۔ بڑا پیٹو۔ دراز شکم۔ کھاؤ۔ کھاؤ گھپ۔

پکھاوج (ہ۔اسم مؤنث) ایک قسم کا طبلہ۔ چھوٹی سی خاص طرز کی ڈھولک۔ مندل۔ مردنگ۔

پکھاوجی (ہ۔اسم مذکر۔ بیائے فاعلیت) مردنگ بجانے والا۔ پکھاوج بجانیوالا۔ مردنگ نواز۔

پکھراج (ہ۔اسم مذکر) ایک قسم کا نہایت بیش قیمت چمکیلا جواہر نیلا اور سبز مائل بہ سفیدی بھی ہوتا ہے۔

پکھڑوٹا (ہ۔اسم مذکر) چاندی کا ورق۔ لپٹی ہوئی پان کی گلوری۔ نیز وہ ورق جو پان کی گلوری پر لپیٹ دیا جاتا ہے۔

پکھوا (ہ۔اسم مذکر) پہلو۔ بغل۔ کنار۔ آغوش۔ جیسے ماں کے ہی پکھوے سے لگی بیٹھی ہو۔

پکھیرو (ہ۔اسم مذکر۔ فاعل) پنکھ والا۔ پردار۔ پرندہ۔ پنچھی۔ طائر۔ مثالاً آدمی کو بولدیتے ہیں کیوں کہ ہر جگہ جاسکتا ہے۔

پکّی (ہ۔اسم صفت) پکا کی تانیث۔ بالغہ۔ تجربہ کار۔ پختہ۔ پوری مضبوط۔ مستحکم۔ پوری پکوری کی دعوت۔ معینہ۔ مقررہ۔ تیار بنی ہوئی۔

پکی پیسی (ہ۔اسم صفت) لیس۔ پکی۔ پکائی۔

پکی بولی:۔ سمجھ دار بچے یا شہر لوں کی زبان۔

پکی بیری کے بیر کھانے والا:۔ حرام خور۔ کاہل۔ بے محنت کے کھانے والا۔

پکی پکائی:۔ تیار۔ مفت خور۔ حرام خور کھانے والا۔

پکی پوڑھی:۔ طے شدہ بات کرنا۔

پکی پیداوار۔ وہ پیداوار جو کاشت کاری کے مصارف دیکر بچے۔

پکی تول:۔ صحیح تول۔ پکی زبان۔ پکی بولی۔

پکی عمر:۔ جوان۔

پکی کرنا (ہ۔فعل) پکا کرنے کی ہم معنی۔ استحکام کرنا۔ پخت و پز کرنا۔ تجویز پختہ کرنا۔ معین کرنا۔ مقرر کرنا۔ بات پکی کرنا۔

پکے گوڑ کوّے کو نیند کیسے آئے (ہ۔مثل) چیز سامنے ہو تو لالچی شخص کو کیوں کر صبر آئے۔

پ ـ گ

پگ (ہ۔اسم مذکر) پاؤں۔ پیر۔ قدم۔ چرن پا۔

پگا (ہ۔اسم مذکر) پینکھڑا۔ پچھاڑی۔ زنجیر پا۔ پاؤں میں باندھنے کی رسی مویشیوں کے گلے کی رسّی۔ باگ ڈور۔

پگانا (ہ۔فعل) کھلاڑیوں کا کھیل کو ختم کرنا۔ وعدہ پورا کرنا۔ بے باق کرنا۔

پگاہ (ف۔اسم مؤنث) اصل میں بگاہ یعنی بروقت۔ اصطلاحی معنی۔ صبح۔ سحر۔ فجر۔ تڑکا۔ بھور۔

پگڈنڈی (ہ۔اسم مؤنث) بیٹا۔ باٹ۔ رستہ۔ راہ۔ پاؤں کی لکیر۔ جو زمین پر پڑ جاتی ہے۔ تنگ راستہ۔ پیروں کا نشان۔ پیدل چلنے کا رستہ۔

پگڑ۔ پگڑی کا اسم مکبّر۔ بڑا عمامہ۔

پگڑی (ہ۔اسم مؤنث) دستار۔ عمامہ۔ سر باندھنے کا کپڑا۔ عزت آبرو۔ توقیر۔ نفر۔ آدمی۔ جی۔ جان جیسے پگڑی پیچھے دو دو لڈو دیدو۔

پگڑی اُتارنا (ار۔محاورہ) بے عزتی کرنا۔ آبروریزی کرنا۔ لوٹنا۔ ٹھگنا۔ قیمت زیادہ لینا۔ گاہک سے دغا کرنا۔ دھوکا فریب دینا۔

پگڑی اُترنا (ہ۔محاورہ) ذلیل ہونا۔ بے عزت ہونا۔ آبرو گنوانا۔ ٹھگا جانا۔ دھوکا کھانا۔

پگڑی اٹکنا (ہ۔فعل۔ محاورہ) ہمسری ہونا۔ مقابلہ ہونا۔ برابری ہونا۔ مساوات ہونا۔ برابر کا دعوے دار بننا۔ پگڑی کا اُلجھنا۔

پگڑ اُچھالنا (ہ) ذلیل کرنا۔ رسوا کرنا۔ بے عزت کرنا۔ مذاق اُڑانا۔ تمسخر اُڑانا۔ ہنسی کرنا۔ مذاق کرنا۔ باہم ایک دوسرے کو توہین کرنا۔ خوشی کرنا۔ خوش ہونا۔

پگڑی باندھنا (ہ۔فعل۔ محاورہ) دستار باندھنا۔ سر پر پگڑی لپیٹنا۔ سرفرازی دینا۔ عزت دینا۔ بزرگی بخشنا۔ قائم مقام اور جانشین کرنا۔ وارث قرار دینا۔ فاضل جاننا۔ اُستاد فن اور کامل۔ ماہر فن تسلیم کرنا۔ سردار بنانا۔ گدی پر بٹھانا۔ ذمہ دار قرار دینا۔ حاکم یا افسر اعلیٰ قرار دینا۔

پگڑی بدلنا (ہ۔فعل۔ محاورہ) بھائی بنانا۔ گہری دوستی کا اظہار کرنا یارانہ کرنا۔ یار بنانا۔ محبت و پیار کرنا۔ بھائی بندی کا تعلق پکا کرنا۔

پگڑی بندھنا (ہ۔فعل) دستار بندی ہونا۔ کسی کا قائم مقام ہونا۔ گدی نشین ہونا۔ سرداری یا وارث پانا۔ حاکم یا پنچ قرار دیا جانا۔

پگڑی رکھ گھی چکھ (ہ۔مقولہ) عزت اور آبرو کو سنبھال اور عیش میں زندگی گزار۔ معزز بن کر ہر ایک جگہ خاطر و مدارات کرا۔

پگڑی رکھنا (ہ۔فعل) پگڑی باندھنا۔ عزت دار ہونا۔ معزز بننا۔ آبرو بچانا۔ عزت پانا۔ عمامہ گروی رکھنا۔ دستار رہن کرنا۔ عاجزی کرنا۔ منت کرنا۔ ان دو فعلوں میں آگے یا پاؤں کے ساتھ مستعمل ہے۔

پگڑی والا (ہ۔اسم مذکر) طبیب۔ حکیم۔ ڈاکٹر۔ بید۔ معالج۔ عورتیں۔ چونکہ سیدھے منہ سے وقت حکیم ڈاکٹر کا لفظ کہنا منحوس سمجھتی ہیں اس لیئے اس کے بجائے پگڑی والا یا چہرے والا بولتی ہیں دستار والا۔ عمامہ والا یعنی مرد بچہ۔

پگلا (ہ۔اسم صفت) پاگل کی تصغیر۔ سڑی۔ دیوانہ۔ پاگل۔ احمق۔ بے وقوف نادان۔

پگلانا (ہ۔فعل) دھات کو گلانا۔ گرمی پہنچا کر دھات کو پتلا کرنا۔ رقیق کرنا۔ ملائم کرنا۔ نرم کرنا۔ راضی کرلینا۔ رحم پر آمادہ کرلینا۔ توجہ دلانا۔





پُل

ملتفت کرنا۔

پگلنا (ف۔ فعل) تپنا۔ گرم ہو کر پتلا ہونا۔ رقیق ہو جانا۔ نرم ہونا۔ پسیجنا۔ راضی ہونا۔ رضامند ہو جانا۔ ترحم آنا۔ فیاضی کو تیار ہو جانا۔

پگنا (ف۔ فعل) قوام میں پٹیا جانا۔ غلافا جانا۔ کسی چیز پر کھانڈ کا مٹھائی کا چڑھ جانا۔

پگیا (ف۔ اسم مؤنث) پگڑی کی تصغیر ہے اور پیار کے طور پر گیتوں میں استعمال ہوتا ہے۔ چھوٹی پگڑی۔

پ ـ ل

پُل (ف۔ اسم مذکر) پانی پر سے گزرنے کا راستہ دریا کو عبور کرنے کا رستہ۔ جسر۔ بند۔ پشتہ۔ محاورے میں افراط اور کثرت کے معنوں میں بھی مستعمل ہے۔

پُل باندھنا (اُ۔ محاورہ) دریا باندی وغیرہ کے عبور کرنے کو کچا پاٹ کر یا عمارت بنا کر راستہ بنانا۔ پاڑ میں باندھنا ڈھیر لگانا۔ تودہ لگانا۔ افراط اور کثرت مبالغہ کرنا۔ جیسے باتوں کا پُل باندھ دیا۔

پُل بندی (ف۔ اسم مؤنث) بیاسے مصدری) پُل باندھنا۔ پار باندھنا۔ پُل کی مرمت کرنا۔ پُل کا محصول۔

پُل ٹوٹنا (اُ۔ محاورہ)۔ پُل کا گر جانا۔ پُل بہ جانا یا گر جانا۔ افراط ہونا۔ بکثرت ہونا۔ بندش نہ رہنا۔ اسہال بکثرت آنا۔ دست بہت زیادہ آنا۔ رکاوٹ نہ رہنا۔ بار بار پخانہ آنا۔

پَل (ف۔ اسم مؤنث) پلک۔ مژہ۔ اصل میں پلک کا مخفف ہے۔ پلک جھپکنے کا عرصہ۔ دقیقہ۔ ثانیہ۔ منٹ کا ساٹھواں حصہ۔ آن۔ لحظہ۔ لحہ۔ دم۔ ذرا سی دیر۔

پل بھر میں
پل مارنے میں
پل کے پل
پل مارتے (ف۔ تابع فعل) ذرا سی دیر میں آن کی آن میں تھوڑی سی دیر میں ایک پل آتا فاتا۔ فوراً بہت جلد۔ ذرا سی ذرا۔ آنکھ جھپکنے میں۔

پلّا (ف۔ اسم مذکر) دامن۔ آنچل۔ چھور۔ سرکا بوجھ۔ تھیلا۔ تفاوت۔ پانڈ۔ جیسے پلے دار۔ مدد۔ امداد۔ اعانت۔ کمک۔ حمایت۔ طرفداری۔ جیسے بڑے بڑے آدمی اُس کے پلے پر ہیں۔ ترازو۔ تھیلی۔ لوٹی کا پرا۔ پلڑا۔ پٹ۔ کواڑ۔ لپ۔ کوئی۔ بغل۔ فاصلہ۔ دوری۔ فرق۔ پلا بھاری ہونا (ف۔ محاورہ) دور کا فاصلہ ہونا۔ از حد گنہگار ہونا۔ نامۂ اعمال بھاری ہونا۔ گہری مدد پر ہونا۔ معاون زبردست ہونا۔ گون بھاری ہونا۔ زیادہ کنبہ ہونا۔ دنیاوی تعلقات زیادہ ہونا۔

پلا چھڑانا (ف۔ محاورہ) دامن چھڑانا۔ پہلو بچانا۔ خلصی پانا۔ نجات پانا۔

چھٹکارا حاصل کرنا۔ واسطہ چھوڑنا۔ تعلق قطع کرنا۔ آنچل نکال لینا۔ پیچھا چھڑانا۔ الگ ہو بیٹھنا۔ علیحدہ ہو جانا۔ پلڑے سے زری وغیرہ کو اُدھیڑنا۔ کنارہ اُتار لینا۔ حاشیہ کر لینا۔

پلا لینا (ف۔ فعل) ماتم کرنا۔ منہ پر کپڑا لے کر رونا۔ پرسا دینا۔ منہ ڈھانکنا۔ میت پر رونا۔ مردے کا نوحہ کرنا۔ تنگ کر دینا۔ چلا کر رونا۔ بیزار کر دینا۔

پلّا (ا۔ اسم مذکر) کتے کا بچہ۔ تولہ سگ۔ لطفہ۔ لخم۔ جیسے حرام کا پلّا

پلّا (ا۔ اسم مذکر) تیل لگانے کی بڑی پکی۔ تیل ڈالنے یا نکالنے یا ڈالنے کا دستکار پیالہ۔

پلّا سنا (ف۔ فعل) تیار ہونے کے جوتے کو درست کرنا۔ جوتا تراشنا۔ جوتے کو ٹھاک ٹھیک کر کے پہننے کے قابل بنانا۔

پلانا (ف۔ فعل) پانی دینا۔ نوش کرانا۔ دوا رچٹانا۔ پتلی اور رقیق شے نوش کرانا۔ جسم میں تیر یا بندوق کی گولی داخل کرنا۔ اتارنا۔ اندر پہنچانا برتن میں سیسہ یا رنگ وغیرہ دوڑانا۔ تیل یا گھی کو کسی چیز میں جذب کرنا۔ برائی گنانا۔ غیبت کرنا۔ کان بھرنا۔ کسی کی بدگوئی ذہن نشین کرنا۔

پلاؤ (ا۔ اسم مذکر) گوشت کی یخنی میں پکے ہوئے چاول۔ تبخیج باشے ذارسی۔

پلائی (ا۔ اسم مؤنث) دودھ پلانے والی دایہ۔ انا۔ رضاعی ماں۔ انکہ۔ وہ لڑکی جس کو دوسری عورت کا دودھ پلایا گیا ہو۔ رضاعی بیٹی۔ دختر رضاعی۔

پل پڑنا (ف۔ فعل) بہت زور سے حملہ کرنا۔ دفعتہً ہلا بول دینا۔ مل کر زور لگانا۔ حملہ آور ہونا۔ جھک پڑنا۔ بالکل متوجہ ہو جانا۔ سرہو جانا۔ یکسو ہو کر کسی کام میں مصروف ہو جانا۔ مار کٹائی کو مستعد ہو جانا۔

پلپلا (ف۔ اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) پپل کرنے والا۔ نرم۔ لچلچا۔ گھلا ہوا۔

پلپلا (ف۔ اسم صفت) اندر سے کھوکھلا۔ پولا۔ اندر سے خالی۔

پلپلانا (ف۔ فعل) نرم کرنا۔ دبا کر پھل وغیرہ کو نرم اور ڈھیلا کر لینا۔ ملائم کر لینا۔

پلپلانا (ف۔ فعل) منہ میں پوپلوں کی طرح کسی چیز کو پھیرتے رہنا۔ منہ میں گھلا کر نگل جانے کے قابل بنانا۔ منہ میں چوسنا۔ چبائے بغیر کھانا۔

پلپلاہٹ (ف۔ اسم مؤنث) حاصل مصدر از پلپلانا۔ یا اسم مصدر از پلپلا۔ نرمی۔ ملائمت۔ لچلچاہٹ۔ پلپلاہٹ۔

پلٹا (ف۔ اسم مذکر) بدلہ۔ معاوضہ۔ عوض۔ انتقام۔ روٹی کو توے پر اُلٹنے کا آلہ۔ بڑی سی کھرچنی۔ گردش۔ دورہ۔ چکر۔ انقلاب (بصورت فعل) پلٹنا سے ماضی مطلق۔ لوٹا۔ پھرا۔ واپس آیا۔ گیا روانہ ہوا۔

پلٹا کھانا (ف۔ فعل) انقلاب ہونا۔ برگشتہ ہو جانا۔ اُلٹ جانا۔ حالت کا بدل جانا۔ پہلو بدلنا۔ لوٹ جانا۔ سر نیچے پاؤں اوپر ہو جانا۔

پلٹی (ف۔ اسم مؤنث) پلٹا کی تانیث۔ قلابازی سر نیچے اور پاؤں اوپر کر کے چھلانگ مارنا۔ بازیگروں کی ایک طرح کی ورزش۔

پلٹی کھانا (ف۔ فعل) چکر کھانا۔ قلابازیاں کھانا۔

پلٹس (انگ۔ Poltice۔ اسم مؤنث) لیپ۔ ضماد۔ پسری وہ گیلی جوا سی اور گرم اشیا ملا کر پکاتے اور مواد پکانے کی غرض سے پھوڑے پر باندھتے ہیں۔

پلٹن (فرنچ۔ Platoon) پیادہ فوج کا دستہ آٹھ سو آدمیوں کا ایک گروہ جو لفٹیننٹ کرنل کے ماتحت ہو۔

پلٹنا (ف۔ فعل) پلٹا کھانا۔ اُلٹ جانا۔ اُلٹا پھرنا۔ انکار کرنا۔ واپس ہونا۔ لوٹنا۔ واپس جانا۔ باز آنا۔ بیوفائی کرنا۔ منکر ہونا۔ زبان سے پھر جانا۔ وعدہ خلافی کرنا وغیرہ دیکھو اُلٹنا۔

پلچنا (ف۔ فعل) پلٹنا۔ گھٹ جانا۔ چمٹ جانا۔ چمٹنا۔ جھک پڑنا۔ مارنے کو تیار ہو جانا۔ سر ہو جانا۔

پلڑا (ف۔ اسم مذکر) ترازو کا پلہ۔ دو پلڑی ٹوپی کا ایک حصہ۔

پلستر (Plaster۔ اسم مذکر) کہگل۔ گچکاری۔ لیپ۔ مرہم۔

پلستر اُکھاڑنا (محاورہ) شکل بگاڑنا۔ حیثیت کھو دینا۔ صورت خراب کر دینا۔ کھال اُدھیڑنا۔ مار مار کر ہیئت دینا۔ کہگل یا گچکاری کو خراب کر دینا۔ لیپ میں خرابی ڈال دینا۔

پلک (ف۔ اسم مؤنث) مژہ۔ پپنی۔ آنکھ کے بال۔ دم۔ آن۔ لحظہ۔ لمحہ۔ دقیقہ۔ ثانیہ۔

پلک پیٹا (ف۔ اسم صفت۔ بہ ترکیب فاعلی) وہ بیمار جو بار بار آنکھ جھپکائے روشنی کی تاب نہ لانے والا۔ جوندھا۔

پلک جھپکنا (ف۔ فعل) پلک مارنا۔ آنکھ جھپکنا۔ آنکھ لگنا۔ نیند آنا۔ ذرا کی ذرا سونا۔ قلیل زمانہ۔

پلک دریا (ف۔ اسم صفت) نہایت سخی۔ بڑا کریم۔ بڑا داتا۔ ذرا دیر میں نہال اور مالا مال کر دینے والا۔

پلک لگنا (ف۔ فعل) ذرا کی ذرا نیند آنا۔ کچھ خفیف سی آنکھ لگنا۔ جھپکی لینا۔

پلک مارنا (ف۔ فعل) آنکھ سے اشارہ کرنا۔ ایما کرنا۔

پلک نواز رو (ف۔ اسم صفت۔ بہ ترکیب فاعلی) ہتھیلی سی دم بھر میں نہال کر دینے والا۔ ذرا سی بات پر بخشش دینے والا (خدائے تعالیٰ کی صفت ہے)

پلک نہ پسیجنا (ف۔ فعل) رحم نہ آنا۔ آنسو نہ آنا۔ سنگدل ہونا۔ نام کو بھی رونا نہ آنا۔ دیا نہ ہونا۔ قلم ہونا۔ بے رحم ہونا۔

پلک نہ جھپکنا (ف۔ فعل) نیند نہ آنا۔ آنکھ نہ لگنا۔ بے چینی اور بیقراری میں آنکھ نہ لگنا۔

پلکا (ف۔ اسم صفت) چتلا کبوتر۔ ابلق کبوتر۔ دو رنگا کبوتر۔

پلکوں سے نمک چننا (محاورہ) ہاتھوں کے بجائے پلکوں سے کام لینا۔ نہایت عجز و نیستی کے اظہار کے وقت بولا جاتا ہے۔

پلگ (انگ۔ ند۔ Plug) کاروں بسوں اور ہوائی جہاز کے انجنوں میں استعمال کرنے والا پرزہ جو بجلی کو کنٹرول کرتا ہے۔



پلگ

پلنا (ف۔ اسم مذکر) پالنا کا مخفف ہے۔ گہوہ۔ پنگھوڑا۔ مہد۔ جھولا۔ ہنڈولا۔

پلنا (ف۔ فعل) پرورش پانا۔ تربیت و تعلیم پانا۔ بڑھنا۔ جمع ہونا۔ گرمی سے نرم ہو جانا۔ پلپلا ہو جانا۔ بہت نرم ہو جانا۔ میوے کا سبزی کا

گلنے کے قریب ہو جانا۔

پلنا (ف) فعل) زور لگانا۔ ہمہ تن مصروف ہو جانا۔ پوری جدوجہد کرنا کسی کام کے سر ہو جانا۔ کچلا جانا۔ دبایا جانا۔ پسنا۔ تیل نکلنا۔ دباکر رس نکلنا۔ عرق نکلنا۔ دلاوری سے حملہ آور ہونا۔ پلٹنا۔ کسی پر چڑھ جانا۔ پل پڑنا۔ دھکیلنا۔

پلندہ (ہ-اسم مذکر) بنڈل۔ پیکیٹ۔ پمفلٹ۔ گڈی۔ گٹھڑی۔ مُٹھا۔

پلنگ (ہ-اسم مذکر) بڑی چارپائی۔ کھاٹ مسہری۔ ماچا۔ منجا۔ اُونچے اُونچے پایوں کی نواڑ یا بان سے بنی ہوئی چارپائی۔

پلنگ پوش (ہ مؤ-اسم مذکر۔ فاعل ترکیبی) بالاپوش وہ چادر جو بستر کی حفاظت کی خاطر پلنگ پر ڈال دی جاتی ہے۔

پلنگڑی (ہ-اسم مؤنث بیانئے تصغیر) پلنگ کی تصغیر ہے کھٹولی۔ چھوٹی سی چارپائی کھٹیا۔ چھوٹا پلنگ۔

پلّو (ہ-اسم مذکر) دامن۔ چھوڑ۔ آنچل۔ کنارہ۔ چوڑا ٹھپا۔ چوڑی گوٹ۔

پلوانا (ہ-فعل) پالنے کا متعدی المتعدی ہے۔ پرورش کرانا۔

پلوانا (ہ-فعل) پیسنے اور پلانے کا متعدی المتعدی ہے روغن نکلوانا۔ کولھو کے ذریعہ سے رس عرق نکلوانا۔ پانی دودھ۔ شربت وغیرہ نوش کرانا بلوانا۔ متھوانا۔

پلوٹھا۔ یا۔ پہلوٹھا (ہ-اسم صفت) پہلونٹی کا۔ وہ لڑکا جو پہلے پہل پیدا ہو۔ پہلا لڑکا۔ پہلا بچہ جیٹھا لڑکا۔

پلوَل (ہ-اسم مذکر) ایک قسم کی ترکاری ہوتی ہے۔ جو یورپ میں زیادہ رواج رکھتی ہے۔ ایک خاص قسم کی گھاس کا نام بھی ہے۔ پنجاب کے ایک مشہور قصبے کا نام بھی ہے۔

پلوَل (انگ) پرَوَل اسم مؤنث۔ زبانی بات چیت مقررہ الفاظ۔ جنگ کے دنوں میں سپاہیوں میں روزانہ پہرہ کے وقت مقررشدہ الفاظ جن سے وہ غیر کی فوج کے جاسوسوں وغیرہ کا پتہ لگا لیتے ہیں۔ یہ لفظ روزانہ نئے مقرر ہوا کرتے ہیں۔

پلوَل ملانا (محاورہ) ساز باز کرنا۔ ہمراز بنانا۔ گانٹھنا۔ صلاح ایک رکھنا۔

پلّہ (ہ-اسم مذکر) ترازو کا پلڑا۔ سیڑھی۔ پیڑی۔ زینہ۔ درجہ۔ رُتبہ۔ مرتبہ۔

پلہنڈا۔ یا۔ پلہنڈی (ہ-اسم پہلا مذکر، دوسرا مؤنث) گھڑونچی۔ پانی کے گھڑے رکھنے کی تپائی۔ آبدار خانہ۔ پانی رکھنے کی جگہ۔

پلہی (ہ-اسم مؤنث) طمّال۔ تلی۔ تاپ تلی۔

پلی (ہ-اسم مؤنث) تیل یا گھی وغیرہ نکالنے کا آلہ۔ بیڑھا چھچہ۔ کھڑے رہنے والی ذرا سی پیالی جس کے ذریعہ سیال اشیاء برتن میں سے نکالتے ہیں۔

پلی پلی جوڑنا (ہ-فعل۔ محاورہ) تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔ جیسے بندہ جوڑے پلی پلی رام لنڈھاوے کپے۔ مثل۔ مطلب یہ ہے کہ آدمی تھوڑا تھوڑا کرکے جمع کرتا ہے۔ اور رام سارا جمع کیا کرایا ایک دم میں خرچ کر دیتا ہے۔

پلّی (ہ-اسم مؤنث) پل کی تصغیر، چھوٹا سا پل۔ اس سے یا سے تصغیر ہے۔



پلّے باندھنے (ہ فعل) آنچل میں باندھنا۔ گرہ باندھنا۔ سنبھالنا۔ اپنے ذمہ لینا۔ حوالے کرنا۔ سپرد کر دینا۔ یاد رکھنا۔ عمل پیرا ہونا۔ نصیحت ماننا۔ نکاح میں دینا۔ شادی کرنا۔ عقد میں لانا۔ سر تھوپنا۔ الزام لگانا۔ دوسرے کے ذمہ ڈالنا۔ سر ڈالنا۔ چھدا رکھنا۔

پلّے بندھنا / پلّے پڑنا (ہ) فعل۔ نکاح میں آنا۔ سر پڑنا۔ ذمہ پڑنا۔ حصّے میں آنا۔ حاصل ہونا۔ ہاتھ لگنا۔ بس یا قابو میں پڑنا۔ پالے پڑنا۔ بیاہا جانا۔

پلیت (ف-اسم صفت) اصل میں پلید تھا۔ ناپاک۔ نجس۔ گندہ۔ کنجوس۔ بخیل۔ جن بھوت پریت۔

پلیتہ (ف-اسم مذکر) فلیتہ۔ موٹی بتی۔ بٹا ہوا کاغذ یا کپڑا۔ وہ کاغذ تعویذ جو سیانے لوگ دھونی دینے کے واسطے جلایا کرتے ہیں۔ ایک خاص قسم کے کپڑے کی بتیاں۔

پلیتہ چاٹ جانا (ا ر محاورہ) زیادہ آگ جلنے سے کڑاہی یا دیگچی کے تیل یا گھی وغیرہ کا جل اُٹھنا۔

پلیتہ دینا (ا ر محاورہ) توپ کو بتی دکھانا۔ آگ لگانا۔ آگ سلگانا۔ طعنے دینا۔ غصّے کو بھڑکانا۔ دوسرے کو غصّہ دلانا۔

پلیتھن (ہ-اسم مذکر) خشکا۔ وہ سوکھا آٹا جو روٹی پکاتے وقت پیڑے کو لگایا جاتا ہے۔ تاکہ گیلا آٹا ہاتھ کو نہ چپٹے وہ پھوک جو نشاستہ نکالنے کے بعد باقی رہے۔

پلیتھن نکالنا (ہ-محاورہ) مار مار کر ادھ موا کر دینا۔ کچومر نکالنا۔ بہت مارنا تباہ حال کر دینا۔ بھرکس نکالنا۔ کندی کر دینا دھن کُٹی کر دینا۔ خوب ہی مارنا۔

پلیٹ (Plate انگ-اسم مؤنث) تھالی۔ رکابی۔ سطح چیز۔ ہموار سطح۔

پلیٹ فارم (Platform - انگ-اسم مذکر) سطح۔ چبوترہ وہ اُونچی جگہ جس کے قریب آکر ریل گاڑی کھڑی ہوتی اور مسافر لوگ اُترتے چڑھتے ہیں وہ اونچا مقام جہاں کوئی مقرر کھڑا ہو کر تقریر کرتا ہے۔

پلیٹ فارم ٹکٹ (انگ - اسم مذکر) پلیٹ فارم کے داخلہ کا ٹکٹ۔ وہ ٹکٹ جو ریل والے پلیٹ فارم پر جانے کے لیے قیمتاً دیتے ہیں۔

پلیٹ لیئر (Plate Layer-انگ-اسم مذکر) ریل کی سڑک کا نگران افسر

پلیٹینم (Platinum - انگ-مذ) ایک نہایت مشہور قیمتی دھات۔

پلیس (انگ-مؤ) جگہ۔ Place

پلیگ (Plague-انگ-اسم مؤنث) ایک متعدی مہلک وبائی بیماری کا نام ہے جسے طاعون کہتے ہیں۔

پلے گراؤنڈ

پلے گراؤنڈ۔انگ۔مو Play Ground کھیل کا میدان۔

پلین (ف) Plane۔انگ۔اسم مذکر) ہموار۔سادہ۔کشادہ۔میدان۔صوفانہ۔ بحالت صفت) ہموار۔سادہ۔کشادہ۔میدان۔صوفانہ۔

پلید (ف۔اسم صفت) ناپاک۔نجس۔گندہ۔غلیظ۔تبھوت پریت۔جن۔

پلے دار (ف۔اسم مذکر۔فاعل ترکیبی) قلی۔مزدور۔جمال۔پانڈیا۔بوجھ اٹھانے والا۔

پلیڈر (ف) Pleader۔انگ۔اسم مذکر) بحث کرنے والا۔وکیل۔وکالت کرنے والا۔جانبدار۔

پلّے سے باندھنا (ہ۔محاورہ) دامن سے باندھنا۔بیاہ دینا۔نکاح کر دینا۔

پلے ہونا (ہ۔محاورہ) گرہ میں ہونا۔نقد دام پاس ہونا۔گانٹھ میں ہونا۔ روپیہ پاس ہونا۔



پمپ

پمپ (انگ۔مذ Pump) ہوا بھرنے کی پچکاری۔ پانی کی پچکاری۔پانی اٹھانے اور پھینکنے کی کل۔

پ ـ م

پمفلٹ۔انگ۔اسم مذکر) چھوٹی سی کتاب یا رسالہ جو عموماً کسی مقصد کی اشاعت کے لئے چھاپا جاتا ہے۔ Pamphlet

پمن گیہوں (ہ۔اسم مذکر) ایک قسم کا بڑا لوح دار اور عمدہ گیہوں۔گھیا گندم۔

پ ـ ن

پن (ف) Pin۔انگ۔اسم مؤنث) گھنڈی دار سوئی۔



پن

پن کرنا۔تھی کرنا۔

پن (ف۔اسم مذکر) نیک کام۔عمدہ کام۔ثواب۔ثواب کا کام۔خیرات تصدق۔صدقہ۔توجہ۔التفات۔عنایت۔عنایت فرمائی۔وقف للہ۔مندروں کا (ذ) مرہ۔

پن کرنا (ہ۔فعل) نیک کام کرنا۔خیرات کرنا۔تصدق کرنا۔صدقہ دینا۔بخشنا۔ عطا کرنا۔گائے سانڈ وغیرہ چھوڑنا۔وقف کرنا۔

پن۔یا۔پنا (ہ۔اسم مذکر) حاصل مصدر کی علامت ہے جو صفت یا اسم کے آخر میں آکر اس میں مصدری معنی پیدا کر دیتا ہے جیسے بھولا پن۔ بیساختہ پن وغیرہ سن و سال اور درجہ کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے لڑکا پن وغیرہ نسبت اور تعلق کے لئے بھی آتا ہے۔جیسے پلچ پنا۔ شہد پن۔پلچوں اور شہدوں کی حرکات وغیرہ سے منسوب۔

پن (ہ۔اسم مذکر) پانی اور پانچ کا مخفف ہے جو مرکبات میں آتا ہے۔ جیسے پٹواری پن گھٹ۔پنسیری وغیرہ۔

پنّا (ہ۔اسم مذکر) سبز رنگ کا ایک جواہر جسے زمرد کہتے ہیں آم یا املی کی ترشی میں ملا ہوا کچا شربت۔جوتی کے اوپر کا چمڑا۔اوگی۔ورق۔پتا جیسے بہی کا تیسرا پنا۔ورق کا سونا۔ہندو مردوں کا نام ہے۔

پنّا (ہ۔فعل) چھاننا۔اگلنا۔برا بھلا کہنا۔بڑوں کے عیب ظاہر کرنا۔ بکھاننا۔

پنتا (ہ۔فعل) روئی دھننا۔روئی اوٹنا۔روئی توسنا۔

پنّا (اُ۔اسم مذکر) عرض۔چوڑائی۔پاٹ۔آتار۔فارسی لفظ پہنا سے لیا گیا ہے۔

پناہ (ف۔اسم مؤنث) پناہ۔مدد۔سہارا۔دیوار کا سایہ۔ظل۔سرن۔آسرا بچنے کا ٹھکانا۔ملجا۔ماوا۔امن گاہ۔بچاؤ۔حفاظت۔حفاظت گاہ۔

پناہ دینا (اُ۔فعل) دشمنوں سے بچانا۔سہارا دینا۔اُن دینا۔اپنی حفاظت میں لینا۔اپنی حمایت میں ٹھہرانا۔

پناہ گاہ (اُ۔اسم مؤنث) امن کی جگہ۔مامن۔ملجا۔ماوا۔ٹھکانے کی جگہ اسم ظرف ہے۔

پناہ گیر (ف۔اسم مذکر۔فاعل ترکیبی) پناہ لینے والا۔مہاجر حفاظت میں

پناہ لینا (اُ۔محاورہ) دشمنوں کے خوف سے کہیں جا ٹھہرنا۔امن میں جانا کسی کی حمایت میں آنا۔آرام لینا۔

پناہ مانگنا (اُ۔فعل) حفاظت چاہنا۔آرام و امن طلب کرنا۔فریاد کرنا۔دہائی۔ چاہنا۔دادرسی چاہنا۔

پن بٹّا (ہ۔اسم مذکر) آلہ۔پان رکھنے کا ڈبہ ایک قسم کا خاصدان۔

پن بھتا (ہ۔اسم مذکر) پانی میں پکے ہوئے چاول پتلے پکے ہوئے چاول۔ گلتھی جسے فالودہ کی طرح شربت میں ڈال کر پیتے ہیں۔

پنبہ (ف۔اسم مذکر) روئی کپاس۔

پنبہ بگوش۔یا۔پنبہ در گوش (ف۔اسم صفت بہ ترکیب) بائے جارہ یا حرف جار۔کان میں روئی ڈال کر بیٹھے رہنے والا۔غافل بے خبر بہرا۔

پنبہ دوز (ہ۔اسم مذکر۔بہ ترکیب فاعلی) پیوند لگانے والا۔گودڑیا۔پرانے کپڑے سینے والا۔

پنبہ دہن (ف۔اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) بخلاف حرف۔جار واصل یعنی منہ میں روئی ٹھونس لینے والا۔خاموش۔چپ۔چاپ۔کم گو۔ کم سخن۔نہ بولنے والا۔

پنبی (ف۔اسم صفت بیائے نسبتی) روئی دار روئی بھرا کپڑا۔وہ کپڑا جس میں روئی بھری ہو۔

پنبئی راؤٹی دُولاردئی کا بنا ہوا مکان۔ جس میں خستانے کی طرح پانی چھڑکوا کر امیر لوگ گرمی کا وقت گزارتے ہیں۔

پنپنا (ف۔ فعل) سرسبز ہونا۔ تروتازہ ہونا۔ ترقی کرنا۔ بڑھنا۔ تنگدستی رفع ہونا۔ صحت پانا۔ سنبھلنا۔ لاغری کے بعد فربہی یا مُفلسی کے بعد امیری ہونے لگنا۔ پھُوٹنا۔ شاخیں نکلنا۔ اسلسلانا۔ پھُولنا۔ پھلنا۔ بھبکنا۔ پر پرزے نکالنا۔

پنتھ (ہ۔ اسم مذکر) فرقہ۔ جتھا۔ جماعت۔ گروہ۔ اُمت۔ قوم۔ ملت۔ مذہب دین۔ راستہ۔ سڑک۔ باٹ۔

پنتھی (ہ۔ اسم مذکر بیائے فاعلیت) پنتھ والا۔ راہ رو۔ مسافر۔ بٹاؤ۔ سیاح مذہب کا پیرو۔ دیندار۔

پنتھی پورنا (ہ۔ فعل) چارزانو بیٹھنا۔ آلتی پالتی مار کر بیٹھنا۔

پنجتن (ف۔ اسم مذکر) پنجتن پاک۔ یعنی (۱) رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اصحابہ۔ (۲) حضرت علی کرم اللہ وجہٗ (۳) حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔ (۴) حضرت امام حسنؓ (۵) حضرت امام حسینؓ سے مراد ہے۔

پنجروزہ (ف۔ اسم صفت) پانچ دن کا چند روزہ۔ تھوڑا عرصہ۔ کوئی دن کا ہفتے کے سات دنوں میں سے ایک دن تو آنے کی تکلیف یعنی پیدائش کا دوسرا دن جانے کی مصیبت یعنی موت کا۔ باقی پانچ دن زندگی کے ہیں۔ ان میں آرام دُکھ۔ شادی وغم سب کچھ ہی ہے جو نہایت قلیل عرصہ ہے

پنج شاخہ (ف۔ اسم مذکر) پنجی۔ لوہے کا بنا ہوا پنجہ۔ جو بانس کی لکڑی میں لگا لیتے ہیں اور اس میں فلیتے لگا کر روشن کرتے ہیں۔ پانچ بتیوں والا فانوس۔

پنج شنبہ (ف۔ اسم مذکر) جمعرات۔ برہیت وار۔ مُشتری کا دن۔

پنجالی (ہ۔ اسم مؤنث) بیلوں کو جوتنے کا ایک خاص قسم کا جُوا۔

پنج عیب (خ) وہ گھوڑا جس میں پانچوں عیب موجود ہوں۔ یعنی جشری، کرکی شب کور، کہنہ لنگ اور منہ زور۔

پنج عیب شرعی (خ۔ اسم مذکر) وہ شخص جس میں پانچوں سخت عیب موجود ہوں جیسے چوری۔ زنا کاری۔ جوے بازی۔ جھوٹ بولنا۔ اور شرابخواری نہایت بدذات، شُہدا۔ لچّہ۔ بدمعاش شریر۔ شیطان۔

پنج گوشہ (ف۔ اسم صفت) پانچ کونے والا۔ پنج کونیا۔

پنج نوبت (ف۔ اسم مؤنث) وہ پانچ وقتی نوبت جو بادشاہوں کے دروازے پر بجا کرتی تھی۔ نماز پنجگانہ۔ پنج سنبد یعنی پانچ باجے یعنی دُف۔ ڈھول۔ طاسہ۔ نفیری۔ دمامہ۔

پنج ہونا (اُ۔ محاورہ) گھوڑے کا جوان ہونا۔ سات برس کا ہونا۔ نہایت شریر ہونا۔

پنجر (ہ۔ اسم مذکر) پسلی۔ ڈھانچہ۔ قالب۔

پنجرا (ہ۔ اسم مذکر) قفس پرندوں کے رکھنے کا تیلیوں کا گھر۔ قالب۔ قالب انسانی۔

پنجرا

پنجری (ہ۔ اسم مؤنث) ارتھی۔ جنازہ۔ مہد۔ تابوت۔

پنجری (ہ۔ اسم مؤنث) پنجرہ کی تصغیر ہے۔

پنجڑی (ہ۔ اسم مؤنث) چوسر کے ایک داؤں کا نام ہے جس میں پانچ کوڑیاں جتنا پڑتی ہیں۔

پنجم (ف۔ اسم صفت عددی) پانچواں ۱/۵۔ پانچویں درجے پر۔ ایک خس پنجم۔

پنجنا (ہ۔ فعل) ٹانکا لگنا۔ جڑنا۔ پیوست ہونا۔ رانگ یا ٹانکے وغیرہ سے جُڑ جانا۔

پنجوانا (ہ) پنجنا سے متعدی المتعدی بے ٹانکا لگوانا۔ جُڑوانا۔ پیوست کرانا۔

پنجوں کے بل چلنا (ہ) فعل۔ اُتر اکر چلنا۔ مغرورانہ خیال سے چلنا۔ زمین پر پاؤں نہ رکھنا۔ بے آہٹ چلنا۔ چپکے چپکے سے۔

پنجہ (ف۔ اسم مذکر) پانچ سے منسوب اس میں ہائے لبستی ہے۔ ہاتھ پاؤں کی پانچ اُنگلیاں۔ ہاتھ۔ حیوانات کا چنگل پارس۔ لپہ۔ مُٹھی۔ جوتے کا اگلا حصّہ۔ جس میں انگلیاں رہتی ہیں پنج شاخہ پنجی۔ ڈنگر کی پسلی کی چوڑی ہڈی جس سے خاکروب میلا اُٹھاتے ہیں پشت خار پٹھ کا اُوپر کا حصّہ۔ یعنی نیچے کا گوشت۔ ہر پانچ شاخوں والی چیز۔ ایک قسم کا زور جو حریف کے ہاتھ کی اُنگلیوں میں اُنگلیاں ڈال کر کلائی سے کیا جاتا ہے موٹھ۔ قبضہ۔ دستہ۔ گرفت۔ تین یا دعات وغیرہ کا ہاتھ جو بانس پر لگا کر تعزیہ کے ساتھ ہوتا ہے۔


پنجہ

پنجہ پھیرنا (اُ۔ فعل) ہاتھ مروڑنا۔ مغلوب کرنا۔ عاجز کرنا۔ دہرانا۔

پنجہ کرنا (ہ۔ فعل) دو آدمیوں کا اُنگلیاں باہم ملا کر زور کرنا۔ پنجہ لڑانا۔

پنجہ لے جانا / پنجہ توڑنا / پنجہ مروڑنا (اُ۔ محاورہ) دشمن کا پنجہ موڑ دینا۔ غالب آنا۔ مغلوب کرنا۔ دشمن پر فتح پانا۔ زیر کر لینا۔

پنجہ مارنا (ہ۔ فعل) چنگل مارنا۔ جھپٹا مارنا۔ ٹھٹا مارنا۔

پنجی (ہ۔ اسم مؤنث) پنج شاخہ۔ فلیتے۔ جلانے کا آلہ۔

پنجے جھاڑ کر پیچھے پڑنا (یا۔ چمٹنا (ہ۔ محاورہ) بُری طرح چمٹنا۔ نہایت سر ہونا۔ سخت تکلیف دینا۔ ستانے پر ہی مستعد رہنا۔

پنجیرا (ہ۔ اسم مذکر۔ فاعل) برتن پانجنے والا۔ برتن جھانجنے والا۔ ٹانکا لگانے والا۔

پنجیری (ہ۔ اسم مؤنث) پانچ چیزوں کا مرکب خشک حلوا یعنی سوجی یا رہ گھی سونٹھ۔ گوند۔ میوہ۔ مثل مکھانہ۔ چوہارا وغیرہ کا مرکب۔ یہ اکثر تو ماہ کی تقریب پر یا شب زفاف کے بعد دُلہن کے میکے سے آتی ہیں۔ وہ گوند یا کتیرہ وغیرہ جو زچہ کے لیئے بناتے ہیں یا جنم اشٹمی کے دن تیار کیا جاتا ہے۔ زچہ کے کھانے کی خاص خوراک۔

پنچ (ہ۔ اسم صفت) اسم جد۔ پانچ کا مخفف (بحالت اسم مذکر حاکم ثالث داور۔ حُکم۔ فیصلہ کرنے والا۔ جج۔ قوم کا سردار۔ پنچایت میں بیٹھ کر فیصلہ

کرنے والا۔ صلاح۔ مشیر۔ مشیر کار۔ دلال۔ دلالی کرنے والا۔ کمان۔ دھنش۔ تانت۔

پنچ یاتر (س۔اسم مذکر) پانچ دھاتوں کا بنا ہوا گلاس جو پوجا کے وقت کام آتا ہے۔ پانچ قسم کے پھول جو دیوتاؤں پر چڑھاتے ہیں سونا چاندی وغیرہ پانچ دھاتوں کی بنی ہوئی انگوٹھی۔

پنچ فیصلہ (دُ۔اسم مذکر) وہ فیصلہ جو پنچوں نے کیا ہو پنچایتی فیصلہ۔ سردار قوم کا فیصلہ۔

پنچامرت (س۔اسم مذکر) ایک قسم کا شربت جو دودھ۔ دہی۔ چینی۔ گھی۔ شہد۔ سے بنا کر دیوتاؤں کے غسل کے لئے تیار کرتے ہیں۔

پنچایت (ہ۔اسم مؤنث) مجلس شوریٰ پنچوں کی جماعت۔ برادری کے کم از کم پانچ بڑے بڑے معزز آدمیوں کا مجمع۔ باہمی جھگڑا چکانے کا جلسہ نزاع فیصل کرنے کی مجلس۔ صلاح مشورہ۔ ثالثی۔ شور وغل۔ ہلڑ۔ اژدحام۔ جمگھٹ۔ ہجوم۔ انبوہ۔ مجمع۔

پنچایت جوڑنا (ہ۔محاورہ) پنچوں کو بلانا پنچوں کو جمع کرنا۔ پنچایت کو اکٹھا کرنا۔ پنچایت کرنا مشورہ لینا۔ صلاح کرنا۔ کسی ایک صلاح پر بعد تجاویز متحد ہونا۔ ہجوم کرنا۔ ہلڑ مچانا۔

پنچایت نامہ (دُ۔اسم مذکر) پنچوں کا کیا ہوا فیصلہ۔ پنچوں کی تحریر۔ پنچایتی تحریر۔ پنچوں کی تجویز۔

پنچایتی (ہ۔اسم صفت) بیائے نسبتی منسوب بہ پنچایت۔ پنچایت سے متعلق۔ وقف۔ مال۔ وہ اشیا جن میں سب کا حق ہو۔ ساجھا۔ شاملات۔

پنچ کہیں بلی تو بلی ہی سہی (ہ۔مثل) سب کی رائے سے اتفاق کرنا بہتر ہوتا ہے۔ جو چار آدمی کہیں وہی بجا ہے۔

پن چکی (ہ۔اسم مؤنث) پانی کی چکی۔ پانی کے ذریعہ چلنے والی چکی۔

پنچم (س۔اسم مذکر) پانچواں۔ راگ کے سات سُروں میں سے پانچواں سُر ہے جس کا مخرج دل اور آواز کوئل کی سی ہے۔

پنچ مل خدا خدا مل پنچ (ہ۔مثل) چار آدمیوں کی صلاح اور مرضی سے جو کام ہوتا ہے وہ گویا خدا کی مرضی کے موافق ہے۔

پنچمی (ہ۔اسم مؤنث) چاند کی پانچویں تاریخ۔

پنچور (ہ۔اسم مذکر بہ ترکیب فاعلی) پانی چرانے والا۔ ایک کھلونے کا نام ہے جب اس میں پانی بھر کر منہ بند کر لیتے ہیں تو وہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا اس میں پانی ہی نہیں۔ جب منہ کھول دیں تو اس کے پیندے کے کئی سوراخوں سے پانی گرنے لگتا ہے متوڑا۔ بہت موتنے والا۔ بار بار پیشاب کرنے والا۔

پنچوں رل مل کیجے کاج۔ ہارے جیتے آوے نہ لاج (ہ۔مثل) پنچوں کے مشورے سے کوئی کام کرنا نہایت عمدہ ہے کیوں کہ ہارے اور جیتے سے آدمی شرمندہ نہیں ہوتا۔ گویا سب کی ہار جیت ہوتی ہے۔

پنچوں کا پیالہ (دُ۔اسم مذکر) حقہ۔ قلیان۔

پنچوں کا کہا سر آنکھوں پر مگر پرنالہ یہیں رہے گا (ہ۔مثل) اس آدمی کے لئے بولتے ہیں جو پنچوں کے سمجھانے پر بھی اپنی ضد اور ہٹ نہ چھوڑے۔

پنچھالہ (ہ۔اسم مذکر) کنکوے کی دُم۔ دُنبالہ۔ پچھ لگو۔ ہر وقت ساتھ رہنے والا۔ ہر وقت ساتھ رہنے والا بچہ۔ نوکر۔ خادم۔ خدمت گار۔ مصاحب۔ خوشامدی۔ خوشامد کرنے والا۔

پنچھی (ہ۔اسم مذکر) پکھیرو۔ پرندہ۔ آدمی جو ہر جگہ پھرتا رہتا ہے۔ سادہ لوح سیدھا سادہ۔ بالکل سادہ مزاج۔

پنچی (ہ۔اسم مؤنث) پتلی۔ گیڑی۔

پند (ف۔اسم مؤنث) نصیحت۔ سیکھ۔ بھلائی کی بات۔ نیک صلاح۔ مذہبی عقیدے۔

پندرہ (ہ) اسم عدد۔ دس اور پانچ۔ ۱۵۔ افراط اور کثرت کے معنوں میں بھی مستعمل ہے۔

پنڈ (ہ۔اسم مذکر) آٹے کے گولے۔ آٹے کی پنڈی جنہیں پتروں کے جسم خیال کرتے ہیں جسم۔ بدن۔ دیہہ۔ کایا۔ سریر۔ گول چیز۔ گیند۔ گولہ۔

پنڈ پڑنا یا پنڈ سے پڑنا (ہ) فعل۔ تعاقب کرنا۔ پیچھا کرنا۔ سر ہونا۔ ذمے لگنا۔ واسطہ پڑنا۔ حصے میں آنا۔ سپردگی میں آنا۔ حوالے ہونا۔

پنڈ چھٹنا یا چھوٹنا (ہ۔محاورہ) رہائی پانا۔ خلاصی ہونا۔ نجات ہونا۔ پیچھا چھوٹنا۔ واسطہ چھوٹنا۔ الگ ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ جدا ہونا۔

پنڈ چھڑانا (ہ۔فعل) خلاصی کرانا۔ پیچھا چھڑانا۔ نجات دینا۔ بچنا۔ بچاؤ کرنا۔

پنڈ روگ (ہ۔اسم مذکر) جسمانی مرض۔ بدنی بیماری۔ کوڑھ۔ برص۔ پھلبہری۔ تپ دق۔ پرانا تپ۔ دائمی مرض۔

پنڈ (ہ۔اسم مذکر) جسم۔ تن۔ بدن۔ سریر۔ دیہہ۔ کایا۔ دیہی۔

پنڈا پھیکا ہونا (ہ۔فعل) بدن گرم ہونا۔ ہلکا ہلکا بخار ہونا۔ کسلمند ہونا۔

پنڈا دھونا (ہ۔فعل) نہانا غسل کرنا۔ جسم پر پانی ڈالنا۔ اِشنان کرنا۔

پنڈا (دُ۔اسم مذکر) برہمن۔ پجاری۔ مجاور۔ خادم درگاہ۔ مندر کی خدمت کرنے والا۔ مت۔ مذہب۔ عقل۔ سمجھ۔ فہم۔ بدھی۔ پروہت۔ مذہبی رسوم ادا کرنے والا۔ برہمنوں کی ایک قوم کا نام ہے۔

پنڈارا (ہ۔اسم مذکر) مرہٹہ۔ مرہٹوں کی خاص ذات۔ لیٹرا۔ رہزن۔ ڈاکو۔ ٹھگ بنجاروں کی ایک قوم کا نام۔

پنڈال (ہ۔اسم مذکر) شامیانہ۔ خیمہ جلسے اور جلوسوں کی جگہ جو عارضی طور پر بانسوں۔ بلیوں اور کپڑے سے تیار کیا جاتا ہے۔ احاطہ۔

پنڈالو (ہ۔اسم مذکر) کچالو کی قسم کی ایک ترکاری ہے۔ ایک قسم کا زمین کند۔

پنڈیا (ہ۔اسم مذکر) غوطہ خور۔ مُرغابی۔ غوطہ مارنے والی چڑیا۔ پانی کا بھوت جو اکثر آدمی کو ڈبو دیتا ہے۔

پنڈت (ہ۔اسم مذکر) دانا۔ عالم۔ فاضل۔ مُعلّم۔ علم سکھانے والا۔ اُستاد۔ قاضی۔ مذہبی قانون دان۔ جوتشی۔ نجومی۔

پنڈتانی (س۔اسم مؤنث) پنڈت کی بیوی۔ معلمہ۔ عالمہ۔ فاضلہ۔

پنڈتائی (ہ۔اسم مؤنث) پنڈت پنا۔ پنڈت کا کام۔ پروہت پن۔ علمیت۔ فضیلت۔

پنڈخی، **پنڈک** (ہ) ایک قسم کی فاختہ۔

Pendulum

پنڈلی (ہ۔اسم مؤنث) ساق۔ ٹانگ کا وہ حصہ جو گھٹنے اور ٹخنے کے درمیان ہے۔

پنڈولم (انگ۔مذ) دیوار کی گھڑی کا لٹکتا ہوا گھنٹہ۔

پنڈول (ہ۔اسم مؤنث) پوتنی بنی۔ ایک قسم کی سفید مٹی جو پینے اور پوچا دینے اور صفائی کرنے کے کام آتی ہے۔

پنڈی (ہ۔اسم مؤنث) پنڈا کی تانیث گدی۔ پنڈی۔ مسلخ۔ مذبح۔ جانوروں کے ذبح کرنے کی جگہ۔ رسی کا گولا۔ شیونگ۔ شیوجی کی مورتی کا گول پتھر جس پر اکثر جل چڑھاتے ہیں۔

پنس (ہ۔اسم مؤنث) پالکی۔ پنس ایک قسم کی امیرانہ سواری جسے کہار لے کر چلتے ہیں دُلھن کو اکثر اسی میں بٹھا کر لاتے ہیں۔

پنس (ہ۔ Pence ۔ اسم مذکر) ایک انگریزی سکے کا نام ہے۔ انگلستان میں رائج سکہ

پنسار ہٹا (ہ۔اسم مذکر۔ظرف مکان) وہ بازار جہاں پنساریوں کی دُکانیں زیادہ ہوں۔ پنساریوں کا سودا۔ عطاری کی دُکان۔

پنساری (ہ۔اسم مذکر۔فاعل بیائے فاعلیت) دوا فروش۔ عطار۔ پنساری کی دُکان کرنے والا۔

پنسال (ہ۔اسم مؤنث۔ظرف مکان بذریعہ لفظ سال) جائے آب۔ پانی پلانے کی جگہ۔ پیاؤ۔ سبیل۔ پانی ناپنے کا آلہ۔ پانی کی سکیل۔ (بحالت صفت) ہموار۔ چورس۔ برابر۔

پنسل (ہ۔ Pencil ۔ اسم مؤنث) سکے کا قلم۔

پنسوئی (ہ۔اسم مؤنث) چھوٹی کشتی۔ ڈونگہ۔

پنسیری (ہ۔اسم مؤنث) پانچ سیر کا وزن۔ پانچ سیر وزن کا باٹ۔

پنشن (ہ۔ Pension ۔ اسم مؤنث) وظیفہ۔ مدد۔ امداد۔ سہارا۔ وہ مقررہ وظیفہ جو سرکاری ملازموں کو بڑھاپے میں حق خدمت کی عوض گھر بیٹھے ملتا ہے۔

پنشنر (انگ۔ ند۔ Pensioner) وظیفہ پانے والا۔

پن کال۔ یا۔ پنیا کال (ہ۔اسم مذکر) وہ قحط جو پانی مراد بارش کی کثرت سے پڑے۔

پن کپڑا (ہ۔اسم مذکر) پانی سے بھیگا ہوا وہ کپڑا جو زخم پر باندھا کرتے ہیں۔

پن کٹی (ہ۔اسم مؤنث) ایک قسم کی کھرل جس میں پوپلے آدمی پان کوٹ کر کھاتے ہیں۔ پان کوٹنے کا آلہ۔

پنکھ (ہ۔اسم مذکر) پر۔ بازو۔ بال۔ آنچل۔ دامن۔ جیسے وہ تو پنکھ پسارے کھڑی ہے۔

پنکھ پسارنا (ہ۔فعل) بازو پھیلانا۔ پیر پھیلانا۔ ہاتھ پھیلانا۔ ہاتھ لمبی کرنا۔ لالچ کرنا۔ حریص ہونا۔ اُوڑھنی کو اس طرح پھیلانا کہ ایک دامن لٹکتا رہے۔

پنکھا (ہ۔اسم مذکر) منسوب بہ پنکھ) اس میں الف نسبتی ہے۔ بادکش۔ باد پیزن۔ بیجنا۔



پنکھا

پنکھا جھلنا / پنکھا کرنا / پنکھا ہلانا (ہ۔فعل) بیجنا ڈلانا۔ پنکھے کو حرکت دینا۔ بادکش ہلانا۔ بیجنا۔ کھینچنا۔

پنکھا کھینچنا (ہ۔فعل) فراشی پنکھا ہلا کر ہوا نکالنا۔ فراشی پنکھا جھلنا۔

پنکھڑی (ہ۔اسم مؤنث) پنکھ سے اسم تصغیر ہے پھول کی پتی۔ برگ گل ورق گل۔ چرخے کے چکر کا وہ حصہ جو اس کے مندے میں ٹھکا ہوتا ہے۔

پنکھیا یا پنکھی (ہ۔اسم مؤنث) پنکھا کی تصغیر۔ چھوٹا سا پنکھا۔

پنکھے لگ جانا (ہ۔فعل۔عورتیں) دھڑکن ہونا۔ دل دھڑکنا۔ ہول دل ہونا۔ دل کا بکثرت اختلاج ہونا۔ اختلاج قلب۔

پنگا (ہ۔اسم مذکر) تنکا۔ لکڑی۔ اُنگلی۔ خرابی۔ وقت مصیبت۔ مشکل۔

پنگا (ہ۔اسم صفت) پیروں کی کجی والا۔ کج قدم۔ پاؤں۔ پھرا ہوا۔

پنگت یا پنگتی (ہ۔اسم مؤنث) صف۔ قطار۔ لاین۔ ضیافت کی لاین۔ درجہ وار بیٹھنے کی مجلس۔

پنگوڑا (ہ۔اسم مذکر)



پنگوڑا

مہد۔ گہوارہ۔ جھولا۔ پالنا۔ ہنڈولا۔

پن گھٹ (ہ۔اسم مذکر) ظرف مکان۔ پانی بھرنے کا گھاٹ۔ پانی لینے کی جگہ۔ آبشخور۔

پنواڑا (ہ۔اسم مذکر) بڑا لمبا قصہ۔ طولانی۔ کہانی۔ افسانہ۔ قصہ۔ رام کہانی۔

پنواڑی (ہ۔اسم مؤنث۔ بیائے فاعلیت) پان بیچنے والا۔ پان فروش۔ تنبولی۔

پنوانا (ہ) کٹوانا۔ چنوانا۔ باپ دادا کو گالیاں دلوانا۔ گالیاں کھلوانا۔ بکواس کروانا۔ لعن طعن کرانا۔ بزرگوں کو برا بھلا کہلوانا۔

پنہانا۔ یا۔ پہنانا (ہ۔فعل) دوسرے شخص کو لباس۔ پوشاک یا زیور وغیرہ سے آراستہ کرنا۔ زیب تن کرانا۔ کپڑے اوڑھانا۔

پنہانا (ہ۔فعل) گائے بھینسوں کے تھنوں کو دودھ دہنے کے واسطے نرمانا تھنوں کو نرم کرنا۔ تھنوں کو پانی سے دھونا۔ پسمانا۔

پنہی (ہ۔اسم مؤنث) جوتی۔ پاپوش۔ کفش پارپورب میں بولتے ہیں۔

پنہیارا (ہ۔اسم مذکر) پانی بھرنے والا۔ کہار۔ ہندوستان۔ یہ لفظ پانی ہارا سے جو اسم فاعل کا صیغہ ہے بگڑا ہوا ہے۔

پنہیاری (ہ۔اسم مؤنث) پنہیارا کی مؤنث۔ پانی بھرنے والی عورت۔ کہاری سقن۔

پنی (ہ۔اسم مؤنث) رانگ یا پیتل وغیرہ کا ورق۔ وہ رُپہلا چمڑہ جو جوتیوں کی ایڑیوں پر خوبصورتی کے لئے لگاتے ہیں۔ ایک قسم کی لمبی گھاس جس کے چھپر بناتے ہیں۔ اور جس کی جڑیں خس کہلاتی ہیں۔

پنی (ہ۔اسم مؤنث) چاولوں کے آٹے اور گڑ کے لڈو روایا سوجی کو گھی میں بھون کر چینی اور میوہ ڈال کر بنائے ہوئے لڈو۔

پنیا (ہ۔اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) پانی والا۔ پانی والا یا پانی کا۔ پانی میں رہنے والا۔ پھیکا۔ بدمزہ۔

پنیا سوت (ہ۔اسم مذکر) پانی کا چشمہ۔ وہ تالاب جس میں سوت سے پانی آتا ہو۔

پنیاتما (س۔اسم صفت مرکب از پنی یعنی پن والا اور آتما بمعنی جان) پن والی جان سخاوت کرنے والا آدمی۔ سخی روح۔ کریم النفس۔ فیاض۔

پنیالا (ہ۔اسم مذکر) ایک قسم کا عنابی رنگ کا میوہ۔ جو قد میں جامن کے برابر

ہوتا ہے۔ پنیا۔ پانی کے مزہ کا۔ پھیکا۔ بے مزہ۔

پنیانا (ہ۔ فعل) سیراب کرنا۔ سینچنا۔ پانی دینا۔ (بصورت لازم) پانی پڑ جانا پنسالا ہو جانا۔ پانی چھوڑ دینا۔ پانی رسنے لگنا۔

پنیائی (ہ۔ اسم مؤنث بیائے مصدری) نیکی کی جزا۔ نیکی کا عوض۔ نیکی اور سخاوت کا پھل۔ اولاد۔ بال بچے کنبہ۔ قبیلہ۔

پنیشیر (ہ۔ اسم مذکر) بوگیر کتا۔ ایک قسم کا شکاری کتا جو شکار کی بو پر دوڑتا اور اُسے پکڑوا دیتا ہے۔

پنیر (ف۔ اسم مذکر) چین۔ پھاڑ کر نچوڑا ہوا دودھ کا سفید نمکین مادہ۔ نچوڑا ہوا دہی۔

پنیر جمانا (مؤ۔ فعل) قالب میں رکھ کر پنیر کی ٹکیاں بنانا۔ اپنا حق جمانا کسی کام کی بنیاد رکھنا۔ جڑ جمانا۔

پنیر چٹانا (ہ۔ محاورہ) خوشامد کرنا۔ چیتے کو پنیر چٹانا۔ ہلانا۔ مانوس کرنا۔

پنیر مایہ (ف۔ اسم مذکر) حیوانوں کے بچوں کے پیٹ میں جما ہوا دودھ۔ طریقے سے پھاڑا ہوا دودھ۔

پنیری (مؤ۔ اسم مؤنث) چھوٹے چھوٹے بوٹے ذخیرہ۔ پود۔ پود کی جگہ۔ بیج بونے کا مقام۔ کٹھے کا گودا جو پھالکوں کے اوپر ہوتا ہے پنیر کا بنا ہوا۔

پنیالا (ہ۔ مذ) عنابی رنگ کا ایک میوہ جو جامن کے برابر ہوتا ہے۔

پنیلا (ہ۔ اسم صفت) پانی کا۔ پانی والا۔ پرانی وضع کا۔ ایک قسم کا کپڑا۔

پ ـ و

پو (ہ۔ اسم مؤنث) پانی کی سیل۔ پیاؤ۔ صبح کی سفیدی۔ سپیدۂ صبح۔ نور کا تڑکا۔ نرد بازوں کی اصطلاح میں طاق داؤں یا دس پچیس۔ تین کا داؤں کہ وہ بھی طاق کا حکم رکھتا ہے۔ پاؤ کا مخفف۔

پو بارہ (ہ۔ اسم مؤنث) بارہ داؤں کے ایک پو کا نتیجہ۔ ہر طرح سے جیت پانچوں گھی میں۔ نہایت خوش قسمتی۔

پو بارہ پڑنا (ہ۔ محاورہ) جیت کا پانسہ پڑنا۔ حسب مراد داؤں پڑنا۔

پو بارہ ہونا (ہ۔ محاورہ) گھر سے ہونا۔ پانچوں گھی میں ہونا۔ خوش قسمتی ہونا۔ جیت ہی ہونا۔ بن آنا۔ حسب مراد کام ہونا۔

پو پھٹنا (ہ۔ فعل) صبح کی سفیدی کا نمودار ہونا۔ سحر ہونا۔ بھور ہونا۔ تڑکا ہونا۔ صبح صادق کا ظہور ہونا۔

پوا (ہ۔ اسم مذکر) ۲۵ گرام کا باٹ۔ پاؤ سیر وزن چار چھٹانک کا وزن۔ سیر کا چوتھا حصہ۔ پائنٹ یعنی پاؤ بھر شراب کی تول۔ پو سیر۔ تول۔

پوا (ہ۔ اسم مذکر) پوڑا۔ چوڑی چوڑی گھی میں تلی ہوئی ٹکیاں۔ چوڑا گلگلہ۔

پوا (ہ۔ اسم مذکر) سپولیا۔ سانپ کا بچہ۔ ایک قسم کی گھاس۔

پوآل (ہ۔ اسم مؤنث) گھانس پھونس۔ سوکھی گھاس۔

پوآنی (ہ۔ اسم مؤنث) جوتی کا ایک پیر۔ ایک پیر کی جوتی۔ زنجیر بیڑی

پوپ (انگ۔ POPE۔ اسم مذکر) پادری۔ پاپائے روم۔ روم کیتھولک عیسائیوں کا سب سے بڑا پیشوا یا گرو۔

پوپلا (ہ۔ اسم صفت) دندال۔ رنجیتہ۔ وہ شخص جس کے تمام دانت گر گئے ہوں بے دانت کا منہ۔

پوت۔ یا۔ پھوتھ (ہ۔ اسم مؤنث) شبہ۔ کاج کے چھوٹے چھوٹے موتی کے برابر سوراخدار دانے۔ کاج کے مکھے۔ دانوں باری۔ نوبت۔ والہ۔

پوت پورا کرنا (ہ۔ محاورہ) گمی کو پورا کرنا۔ جوں توں کر کے گزارہ کرنا کسی کام کو بمشکل انجام کو پہنچانا۔ بصد وقت ختم کرنا۔

پوت (ہ۔ اسم مذکر) بیٹا۔ پسر۔ فرزند۔ ابن۔ بن۔

پوت بگانے چوتھے منہ والوں سے بھریئے (مؤ۔ کہاوت) بگانی اولاد کو پرورش کرنے والے شخص کو نصیحتاً کہا کرتے ہیں۔ بگانی اولاد سے وفا کی توقع فضول ہے۔

پوت فقیر کا۔ چال چلے احدیوں کی (مؤ۔ مثل) اس شخص کی نسبت بولا کرتے ہیں۔ جو غریبی اور ناداری کی حالت میں امیرانہ ٹھاٹھ رکھے۔

پوت کے پاؤں پالنے میں ہی دیکھے جاتے ہیں (ہ۔ مثل) بچپن اور طفلی کی حالت میں ہی نیک و بد کے آثار معلوم ہو جایا کرتے ہیں۔

پوتا (ہ۔ اسم مذکر) بیٹے کا بیٹا۔ نبیرہ۔ فرزندزادہ۔ پسرزادہ۔

پوتا (ہ۔ اسم مذکر) آلہ پچارا۔ کوچی۔ برش۔ وہ کپڑا جو بنڈول یا چکنی مٹی میں بھگو کر لپی ہوئی جگہ پر صفائی کی خاطر پھیرتے ہیں زمین کا غسول۔

پوتا پھیرنا (ہ۔ فعل) پچارا پھیرنا۔ کوچی پھیرنا۔ صفائی کرنا۔ سفیدی پھیرنا۔

پوتر (س۔ اسم صفت) پاک۔ صاف۔ منزہ۔ مقدس۔

پوتڑا (ہ۔ اسم مذکر) نہانچہ۔ گدی جو بچے کے چوتڑوں کے نیچے رکھتے ہیں تاکہ بستر پیشاب پاخانے سے آلودہ نہ ہو۔

پوتڑوں کے رئیس۔ یا۔ امیر۔ یا۔ نواب (مؤ۔ اسم صفت) خاندانی امیر قدیمی نواب۔ پرانے امیر۔ امیر ابن امیر۔ خاندانی رئیس۔

پوتڑوں کے واقف (مؤ۔ اسم صفت) ابتدا سے جاننے والا۔ بچپن سے ہی واقف۔ پرانے واقف کار۔

پوتنا (ہ۔ فعل) پوتا پھیرنا۔ کوچی پھیرنا۔ پچارا دینا۔ (بحالت اسم مذکر) پوتا کوچی۔

پوتھی (ہ۔ اسم مؤنث) کتاب۔ پستک۔ کاپی۔ اسن کی گٹھی۔ اسن کا جوا۔

پوتھیادہ (اسم مذکر بڑھا دہ) چھوٹی تھیلی جو گنوار لوگ پیسے یا تمباکو وغیرہ رکھنے کو پگڑی یا تہبند میں رکھ لیا کرتے ہیں۔

پوتی (ہ۔ اسم مؤنث) بیٹے کی بیٹی۔ دختر پسر۔

پوٹ (ہ۔ اسم مؤنث) گٹھڑی۔ بنڈل۔ بڑا گٹھ۔ بوجھ۔ پشتارا۔ ڈھیر۔ انبار۔ تہ۔ دو ورقوں کے درمیان کی خالی جگہ۔ وہ چادر جو مردے پر لپیٹی جاتی ہے کثرت اور زیادتی وافر کے معنی بھی دیتا ہے جیسے غم کی پوٹ خوشی کی پوٹ۔

پوٹا (ہ۔ اسم مذکر) پرندوں کا معدہ۔ پیٹ۔ شکم۔ معدہ۔ بساط۔ حیثیت۔ اصل۔ طاقت۔ مجال۔ قوت۔ حوصلہ۔ پرندوں کا وہ بچہ جو ابھی پر وار نہ ہوا ہو۔

پوٹا تر ہونا (مؤ۔ محاورہ) شکم سیر ہونا۔ دولت سے بے فکری اور بے پرواہی ہونا۔ مالدار ہونا۔ مہمت امیر ہونا۔

پوٹلی (ہ - اسم مؤنث) چھوٹی سی گٹھڑی۔ تھیلی۔ ننھی سی گانٹھ۔

پوجا (ہ - اسم مؤنث) عبادت۔ سیوا۔ پرستش۔ طریق عبادت۔ سجود۔ نذر و نیاز۔ یہ پوجنا سے حاصل مصدر ہے۔

پوجنا (ہ - فعل) پرستش کرنا۔ عبادت کرنا۔ سیوا کرنا۔ نذر کرنا۔ بھینٹ دینا۔ کسی کو رشوت دینا۔ ناحق روپیہ دینا۔ پورا کرنا۔ پاٹنا۔ تمام کرنا۔

پوچ (ف - اسم صفت) لغو۔ بیہودہ۔ جاہل مطلق۔ بکواسی۔ یاوہ گو۔ احمق بیوقوف۔ خالی۔ کھوکھلا۔ ناچیز۔ حقیر۔

پوچ (ہ - اسم صفت) لاغر۔ کمزور۔ ضعیف۔ عاجز۔ ناتواں۔

پوچھ (ہ - اسم مؤنث) حاصل مصدر از پوچھنا۔ پرستش۔ دریافت۔ بازپرس۔ تلاش۔ بلاؤ۔ طلبی۔ منزورت۔ توقیر۔ قدر۔ عزت۔ آبرو۔ حرمت۔

پوچھ گچھ (ہ - اسم مؤنث) استفسار۔ پوچھا پاچھی تفتیش۔ تواضع۔ خاطرداری عزت۔ قدر و منزلت۔ توقیر۔

پوچھا (ہ - اسم مذکر) فال۔ شگون۔ نجومیوں کی صلاح۔ جوتشیوں کی رائے۔ آسیب زدہ۔ یا پیروں کے پاس سے بیماری وغیرہ کے حالات دریافت کرنا۔ (بحالت فعل) پوچھنا سے ماضی مطلق ہے۔ دریافت کیا۔ استفسار کیا۔ معلوم کیا۔

پوچھا پاچھی۔ یا۔ پوچھا تاچھی (ہ - اسم مؤنث) تحقیقات۔ تفتیش۔ دریافت۔ سیانے۔ نجومیوں سے فال دکھانا۔ شگون لینا۔

پوچھتے پوچھتے اللہ کا گھر بھی مل جاتا ہے (مُحَرَّکہ ضرب المثل) دریافت اور ہمت سے آدمی ہر مشکل چیز پر قادر ہو سکتا ہے۔ تلاش اور طلب کامیابی کی چابی ہے۔

پوچھن (ہ - اسم مؤنث) حاصل مصدر از پوچھنا۔ استخارہ۔ فال۔ تعبیر مطلب شگون۔ سوال کا جواب۔ جواب استفسار۔

پوچھنا (بواؤ معروف) (ہ - فعل) دریافت کرنا۔ تحقیق کرنا۔ معلوم کرنا۔ چھان بین کرنا۔ سوال کرنا۔ پرسش کرنا۔ خیر و خبر معلوم کرنا۔ قدر و منزلت کرنا۔ توقیر کرنا۔ توجہ کرنا۔ خبر گیری کرنا۔ بلانا۔ طلب کرنا۔

پودُ (ہ - اسم مؤنث) چھوٹا درخت۔ نیا پیڑ۔ وہ درخت جو ایک جگہ بو کر دوسری جگہ لگایا جا سکے۔ اُولاد کثیر۔ نسل۔

پودُ جمانا (ہ - فعل) چھوٹے چھوٹے درخت اُگانا۔ بیج بو کر پانی دینا۔ تاکہ بیج اُگ آئے۔ چھوٹے چھوٹے پودے پیدا کرنا۔ ذخیرہ اُگانا۔

پودُ لگانا (ہ - فعل) چھوٹے چھوٹے پودے پیدا کرنا۔ اُکھاڑ کر دوسری جگہ یعنی کھیت میں لگانا۔ بنیاد رکھنا۔ مطلب براری کی تدابیر و تجاویز کرنا۔ گرہ رکھنا۔ گرہ کھانا۔

پودا (ہ - اسم مذکر) نیا پیڑ۔ نونہال۔ نہال۔ بوٹا۔ کم عمر کا درخت چھوٹے قد کا درخت۔ ٹبل کی پیٹی میں باندھنے کا ریشمی یا سوتی پھندنا۔

پودا لگانا (ہ - فعل) چھوٹے پیڑ کو ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگانا کسی اُمید پر کسی بچے کی پرورش کرنا۔ تعلیم و تربیت کرنا۔ بنیاد رکھنا۔ ابتدائے تربیت کرنا۔ چھوٹا پیڑ جمانا۔

پودنا (ہ - اسم مذکر) پدا۔ ایک چھوٹا سا خوبصورت پرندہ جو درختوں پر پھدکتا پھرتا ہے پست قد آدمی۔ بونا۔ ٹھگنا۔ چھوٹے قد کا آدمی۔

پودنا سا (ہ - اسم صفت بہ ترکیب تشبیہی) چھوٹا سا۔ ذرا سا۔ دُبلا پتلا۔ لاغر کمزور۔ ناتواں۔ حقیر و نحیف۔

پودینہ (ف - اسم مذکر) ایک قسم نہایت تیز خوشبودار نباتات۔

پوڈر Powder (انگ - اسم مذکر) سفوف۔ چورن۔ برادہ۔ آٹا۔

پور (ہ - اسم مؤنث) بند اُنگشت۔ اُنگلیوں کے جوڑ۔ اُنگلی کی گانٹھ۔ انگلیوں کی گرہ۔ دو گرہوں کا درمیانی فاصلہ گنے یا بانس یا چری کمئی وغیرہ کا وہ حصہ جو ایک گانٹھ سے دوسری گانٹھ تک ہوتا ہے۔ پوری پنجابی مٹی۔

پور پور (ہ - تابع فعل) بند بند۔ بندیں۔ اُنگلی کے ہر ایک پورے سے میں ہر پور میں ہر بند میں۔

پور (ہ - اسم مذکر) گاؤں۔ دیہ۔ قصبہ۔ بستی۔ آبادی۔ کڑاہی پکوان وغیرہ کا ایک پراگا۔ پکوان یعنی گلگلوں وغیرہ کی وہ وہ مقدار جو ایک دفعہ کڑاہی میں آ سکے۔

پور (ف - اسم مذکر) بیٹا۔ پوت۔ بن۔ ابن۔ ولد۔ کپتر۔

پورا (ہ - اسم مذکر) درخت کے مندے کا حصہ درخت کے تنے کا وہ حصہ جو جڑ اور شاخوں کے درمیان ہوتا ہے۔ تشبیہ میں گول مٹول تارا بچہ۔ بواؤ مجہول۔

پورا (ہ - اسم صفت) کامل۔ مکمل۔ ٹھیک۔ درست۔ صحیح۔ جچا ہوا۔ کل۔ تمام۔ بھرپور۔ لبالب۔ تجربہ کار۔ آٹھوں گانٹھ کمیت۔ پختہ۔ پختہ کار۔ بالغ۔ ہوشیار۔ پکا۔ مضبوط۔ قد آور۔ وفادار۔ کافی وافی (بحالت اسم مذکر) وسیلہ۔ سہارا۔ آسرا۔ بھروسہ۔ برتا۔ زور۔ قوت۔ بل۔ طاقت۔

پورا اُترنا (ہ - فعل) کافی ہونا۔ کنایت کرنا۔ بخوبی گزارا ہونا۔ فراغت سے گزر ہونا۔

پورا ڈالنا (ہ - فعل) انجام کو پہنچانا۔ نباہنا۔ کمی پوری کرنا۔ گزارا کرنا۔

پورا ہونا (ہ - فعل) کامل ہونا۔ تکمیل کو پہنچنا۔ ٹھیک اُترنا۔ وزن میں درست ہونا۔ اُمید پر آنا۔ آرزو حاصل ہونا۔ مر جانا۔ جان دینا۔ عمر ختم ہو جانا۔ ہو چکنا۔

پورب (ہ - اسم مذکر) مشرق۔ خاور۔ باختر۔ سورج نکلنے کی جگہ۔ وہ طرف جدھر سے سورج نکلتا ہے۔ جائے طلوع۔ سمت۔ طلوع آفتاب۔

پوربی (ہ - اسم صفت۔ بیانیہ نسبتی) مشرقی طرف کا رہنے والا منسوب بہ پورب (بحالت اسم مؤنث) ایک راگنی کا نام ہے جو غروب آفتاب سے پہلے گائی جاتی ہے۔ نیز وہ زبان جو پورب میں بولی جاتی ہے پوربی بولی۔

پوربی رینگ پہاڑی گدھا (ہ - مثل) کہیں کا رہنے والا اور وضع کہیں اور کی۔

پوربی زردا (مُحَرَّکہ اسم مذکر) ایک قسم کے لمبے پتے کا تمباکو جو کھانے کے کام آتا ہے۔

پوربیا (ہ - اسم مذکر۔ فاعل) پورب کا رہنے والا باشندۂ پورب۔

پورٹ (انگ - اسم مذکر) بندرگاہ۔ وہ مقام جہاں جہاز ٹھیرتے ہیں جہازوں کا اسٹیشن۔

پورٹ بلیئر Port Blair (اسم مذکر) جزائر انڈمان کا صدر مقام

جہاں عمر کے قیدی بھیجے جاتے تھے۔ کالا پانی۔

پورٹ ٹرسٹ Port Trust

(انگ۔ اسم مذکر) مجلس۔ منتظمہ۔ بنادر۔ بہ پورٹ بندرگاہوں کا انتظام کرنے والی کمیٹی۔

پورٹ وائن (Port Wive - اسم مؤنث) ایک قسم کا انگریزی شراب ہے۔

پورٹر (Porter انگ۔ اسم مذکر) بوجھ ڈھونے والا مزدور۔ قلی۔

پورن (ہ - اسم صفت) کامل۔ مکمل۔ پورا۔ بھرپور۔ لبالب۔ تمام۔ ٹھیک درست (بحالت اسم مذکر) ایک بھگت اور رشی کا نام ہے جو بادشاہی چھوڑ کر فقیر ہو گیا تھا۔ اس کے سوانگ ہولی کے دنوں میں نکلتے ہیں اور سیالکوٹ میں پیدا ہوا تھا۔

پورن ماشی (ہ - اسم مؤنث) پونو۔ چاند کے پاکھ کی پندرھویں تاریخ چاند پورا یعنی بدر ہونے کی تاریخ۔ شب بدر سے اگلا دن اور تاریخ۔

پوروا (ہ - اسم صفت) مشرقی پورب کا (بحالت اسم مؤنث) مشرقی ہوا۔ بادمشرق۔ بادصبا۔ مشرق کی مرطوب ہوا جو پانی برساتی ہے

پورو (ہ - اسم مذکر) پور کی تصغیر انگلی کی پور بند انگشت۔

پورہ (ہ - اسم مذکر) آبادی۔ بستی۔ گاؤں۔ دیہ۔ بہ لفظ لفظ میں بواؤ معدولہ بولا جاتا ہے یعنی پورہ۔

پوری (ہ - اسم مؤنث) بانس۔ گنے۔ چری وغیرہ کی وہ جگہ جو دو گرہوں کے درمیان ہوتی ہے۔

پوری (ہ - اسم مؤنث) گھی میں تلی ہوئی پتلی روٹی (بحالت صفت) کامل۔ تمام ساری۔

پوری نہ پڑنا (ہ - فعل) کافی نہ ہونا۔ کفایت نہ کرنا۔ گزارہ نہ چلنا۔ گزر نہ ہونا۔

پورے دنوں سے ہونا (ہ) فعل۔ نواں مہینہ ہونا۔ نو مہینے کا حمل ہونا

پورے دنوں ہونا ماہنے کو ہونا۔ پیدائش کے قریب ہونا۔

پوڑا (ہ - اسم مذکر) رسّا اور کھانڈ گھول کر گھی میں تلا ہوا گلگلہ۔

پوڑمل (ف - اسم مذکر) گھوڑے کو نعلبندی وغیرہ کے وقت قابو میں لانے کے لیے جو سن اور بالوں کی رسّی اس کے ہونٹ میں بل دینے کے لئے رکھتے ہیں۔

پوڑی (ف - اسم مؤنث) مہری۔ گھوڑے کا پیش بند۔

پوس (ہ - اسم مؤنث) قمری سال کا نواں اور فصلی سال کا چوتھا مہینہ۔ جو تقریباً ۱۵ دسمبر سے ۱۵ جنوری تک ہوتا ہے۔ پوہ۔ سردی کی شدت کا مہینہ۔

پوست (ف - اسم مذکر) چھلکا۔ چھال۔ بگل۔ چمڑا۔ چرم کھال۔ کوکنار۔ خشخاش کا ڈوڈا۔

پوست اُتارنا یا کھینچنا (دُور - فعل) کھال اُتارنا۔ چمڑا اُتارنا۔ اگلے زمانہ کے بادشاہوں کی سزا تھی۔ جو مجرموں کو دیا کرتے تھے۔

پوست کندہ (ف - اسم صفت بہ ترکیب مفعولی) کھلم کھلا۔ صاف صاف علانیہ۔ کھری کھری۔

پوستی (ف - اسم مذکر - بیائے فاعلیت) پوست کا نشہ کرنے والا۔ وہ آدمی جو خشخاش کے ڈوڈے گھول کر پیتا ہو۔ سُست کاہل وجود۔ الکسی۔ غافل۔ بے وقوف۔ مخبوط الحواس۔ مجہول العقل۔

پوستین (ف - اسم مذکر) اس میں ین حرف نسبت ہے منسوب۔ پوست۔ کھال کا کوٹ چمڑے کا لباس چمڑے کی بالدار پوشاک جو نہایت گرم ہوتی ہے۔ اور برفانی علاقہ کابل میں بکثرت بنتی اور استعمال میں آتی ہے۔

پوسٹ اوفس (Post Office - اسم مذکر) دفتر ڈاک۔ ڈاک خانہ۔ ڈاک خانے کا دفتر۔

پوسٹل گائیڈ (Post Guide اسم مؤنث) ہدایت نامہ ڈاک۔ راہنمائے قواعد ڈاک خانہ۔ دستور العمل۔ ڈاک خانہ جات۔

پوسٹ ماسٹر (Post Master اسم مذکر) ڈاک خانہ کا افسر۔ نگران ڈاک۔

پوسٹ ماسٹر جنرل (ان Post Master انگ۔ اسم مذکر) تمام صوبے کے ڈاک خانوں کا بڑا افسر۔ General

پوسٹ (انگ۔ مذ - Post) ڈاک۔ چٹھی۔ خط۔ جگہ۔ عہدہ۔ چوکی۔

پوسٹ مین (Postman) ڈاک کا ہرکارہ۔ چٹھی رساں۔

پوسنا (ف - فعل) پرورش کرنا۔ پالنا۔ کھانا۔ پڑھانا۔ تعلیم و تربیت کرنا۔ اور دیں یہ لفظ پالنا کے ساتھ مستعمل ہے یعنی پالنا پوسنا۔

پوسیرا (ہ - اسم مذکر) اصل میں پاؤ بمعنی رُبع اور سیر بمعنی وزن۔ تولے سے مرکب ہے یعنی ۲۰ تولے کا وزن۔ پاؤ سیر کا باٹ۔ بیس تولے وزن کا بٹہ۔

پوسیری (ہ - اسم مؤنث) پاؤ سیر کی چیز۔ پاؤ سیر کا پیمانہ۔

پوشاک (دُور - اسم مؤنث) (پوشیدن سے حاصل مصدر) لباس پہننے کے کپڑے۔

پوشاک بڑھانا (دُور - فعل) کپڑے اُتارنا۔ بدن پر سے لباس اُتارنا۔

پوشاکی (دُور - اسم صفت۔ بیائے فاعلیت) پہننے کے قابل۔ عمدہ لباس۔ سُتھرا لباس۔ اگر بیائے فاعلیت تصور کریں تو نہایت سُتھری پوشاک پہننے والا خوش پوش۔ شوقین لباس۔

پوش پوش (ف) حرف ندا ہے جو تنبیہ کے موقع پر استعمال ہوتا ہے۔ ہٹو ہٹو۔ بچو بچو۔ کنارے ہو جاؤ۔ پوش کے اصلی معنی ہیں۔ کنارہ۔ دو دفعہ تاکید کے لئے بولا جاتا ہے گاڑیبان وغیرہ لوگوں کو سامنے سے ہٹانے کے واسطے بولتے جاتے ہیں۔

پوشش (ف - اسم مؤنث) (حاصل مصدر از پوشیدن) لباس۔ پوشاک۔ غلاف وہ کپڑا جو پلنگ یا مزار وغیرہ پر زیبائش کے لئے ڈال دیتے ہیں۔ مجازاً سامان آرائش۔

پوشیدگی (ف - اسم مؤنث بیائے مصدری) خلوت۔ تنہائی۔ اخفا۔ پردہ داری

پوشیدہ (ف - اسم صفت بہ ترکیب مفعولی) چھپا ہوا۔ مخفی۔ گپت۔ خفیہ۔ در پردہ۔

پوکھرا (ہ - اسم مذکر) تالاب۔ جوہڑ۔ ساگر۔ پٹہ بازی کی ایک ضرب کا نام ہے

جو حریف کی دائیں طرف کمر پر مارتے ہیں۔ اجمیر کے پاس ایک تیرتھ بھی ہے۔

پول (Pole) ۔مذکر) ساڑھے پانچ میٹر کا طولانی پیمانہ۔ فرلانگ کا چالیسواں حصہ۔

پول (ہ۔اسم مذکر) کھوکھ۔ خلا۔ کھوکل۔ اندر سے کسی چیز کا خالی ہونا۔ قصابوں کی اصطلاح میں گوشت۔ ماس۔

پولا (ہ۔اسم مذکر) کانس یا سرکڑہ وغیرہ کا مُٹھا۔ گھاس کا مُٹھا۔

پولاد (ف۔اسم مذکر) (فولاد کا مبدل ہے) ایک قسم کا نہایت سخت اور پائدار لوہا۔ اسپات (بحالت صفت۔ نہایت مضبوط مستحکم۔ پائدار اور سخت۔

پولیس (Police ۔انگ۔اسم مذکر) شہر کی حفاظت کرنے والا تھانہ۔ تھانہ کے سپاہی۔ تھانہ کا عملہ۔

پولیس اسٹیشن (انگ۔مذ۔Police Station) تھانہ پولیس کی چوکی۔

پولیس مین (انگ۔مذ۔Policeman) سپاہی۔ کانسٹیبل۔

پولی (ہ۔اسم مؤنث) پولا کی تصغیر و تانیث۔ گیہوں۔ جوار۔ مکئی۔ باجرے وغیرہ کی گڈی۔ مٹھے گدے۔

پولی (ہ۔اسم مؤنث) (پنجابی) دروازہ۔ دیلنر۔ چوکھٹ۔ چونی۔ روپے کا چوتھا حصہ۔ ۴۔۲۵ پیسے (پولی)

پولے تلے گزران کرنا (محاورہ۔فعل) بھوپنڑے میں بسر اوقات کرنا۔ مفلسی اور ناداری میں دن گزارنا۔ دنوں کو دھکے دینا۔ مصیبت میں دن کاٹنا۔ بے سروسامانی کی حالت میں گزر کرنا۔

پولیٹیکل (انگ۔اسم صفت) ملکی۔ سیاسی۔ شاہی۔ قومی۔

پَوَن (ہ۔اسم صفت) ۳/۴ تین چوتھائی۔ چار حصوں میں سے تین حصے۔

پَوَن (ہ۔اسم مؤنث) ہوا۔ باد۔ بایو۔ بادِ صبا۔ صبح کا ٹھنڈی ہوا۔ دم سانس۔ روح۔ وہ پلید اور خبیث روحیں جو جادوگر لوگ کسی آدمی پر نقصان پہنچانے کی غرض سے مقرر کر دیتے ہیں۔ پیر موکل جادو کی مُوٹھ۔

پَوَن بٹھانا (ہ۔محاورہ) بھوت پریت۔ تسخیر کرنا۔ موکل بٹھانا۔ جادو کرنا۔ سحر کرنا۔ جادو کے زور سے کسی کو قابو میں لانا۔

پَوَن پرچھا (ہ۔اسم مؤنث) اصل میں پون پرکشا یعنی ہوا کو پرکھنے والا ہے ہوا کے رخ کی تحقیق۔ ہوا کا امتحان۔

پَوَن چلانا۔ یا۔ مارنا (ہ۔محاورہ) جادو کی مُوٹھ چلانا۔ پیر دوڑانا۔ جادو چلانا جادو کرنا۔

پَوَن کا پوت (ہ۔اسم مذکر) ہنومان جی کا لقب ہے۔ مہابیر۔ ناگ۔ سانپ۔

پَوَن کا پوت پتال کا راجا (ہ۔محاورہ) سانپ تحت الثریٰ کا حاکم ہے سانپ زمین کے نیچے حکومت کرتا ہے۔ خفیہ اور پوشیدہ خوفناک شخص کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

پَوَنا (ہ۔اسم مذکر) ۳/۴ تین چوتھائی ایک کسری پہاڑے کا نام بھی ہے تین چوتھائی کا پہاڑہ۔ ٹوٹے ہوئے چاول۔ کنی۔ ٹوٹا چاول۔ ایک سوراخ دار کنگیر جس سے تلی ہوئی چیزیں کڑاہی میں سے نکالا کرتے ہیں۔

پونا (ہ۔فعل) پرونا۔ دھاگا پرونا۔ تاگا ڈالنا۔ روئی پکانا۔ روئی بنانا۔

پَوَن لوٹی (ہ۔اسم مؤنث) چنگی۔ شہر میں آکر بکنے والی چیزوں کا محصول۔

پُونجی (ہ۔اسم مؤنث) سرمایہ۔ مول۔ بضاعت۔ جائداد۔ ملکیت۔ اصل۔ حقیقت۔ بساط۔ حوصلہ۔

پُونچا (ہ۔اسم مذکر) ساڑھے پانچ کا پہاڑہ۔ کسری پہاڑا جو ساڑھے پانچ کا ہے۔

پُونچھ (ہ۔اسم مؤنث) دُم۔ دُنب۔ طفیلی۔ پچھ لگو۔ ہر وقت ساتھ رہنے والا۔ پشت۔ کمر۔ ظہر۔

پُونچھڑی (ہ۔اسم مؤنث) پونچھ کی تصغیر ہے۔ ہلکی دُم۔ چھوٹی پونچھ۔ وہ پانی جو نالے میں چڑھاؤ کے آگے آگے آتا ہے۔ نالے میں رو کے آنے سے پہلے آتا ہوا تھوڑا سا پانی۔

پونچھن (ہ۔اسم مؤنث) پوچھن۔ صافی۔ ڈسٹر۔ جھاڑن۔

پونچھنا (ہ۔فعل) صاف کرنا۔ جھاڑنا۔

پونڈ (Pound) اشرفی۔ ساورن۔ بیس شلنگ کا سکہ۔ سونے کا ایک سکہ۔ برطانیہ کے سکہ کا نام۔ آٹھ ماشی۔ سولہ اونس کا باٹ ۲۶ تولے کا وزن۔ عوام میں آدھ کلو کا یعنی چالیس تولے کا مشہور ہے۔

پونڈا (ہ۔اسم مذکر) ایک قسم کا موٹا گنا جو سفید یا سرخی مائل یہ سیاہی ہوتا ہے۔

پون سلائی (ہ۔اسم مؤنث) اصل میں مرکب اضافی ہے یعنی پونیوں کی سلائی وہ پتلی سی لکڑی جس پر دُھنکی ہوئی روئی کی پونیاں بناتے ہیں۔

پونگا (ہ۔اسم مذکر) سیپ کا کیڑا۔ کرم۔ صدف۔

پونگا (ہ۔اسم مذکر) بانس۔ بانس کی پوری۔ نلی پاؤں کی نلی۔ خالی۔ کھوکھلا۔ موٹا بانس۔ بنگالے میں جلیبی کی شاخ یعنی سانگ کو بولتے ہیں۔

پونگی (ہ۔اسم مؤنث) تونبے کا بنا ہوا ایک باجہ جسے سپیرے بجاتے پھرا کرتے ہیں۔

پونگی پھل (ہ۔اسم مؤنث) چھالیا۔ سپاری۔ فوفل۔

پونو (ہ۔اسم مؤنث) ہندی تمری۔ مہینے کا آخری دن۔ سلخ۔

پونی (ہ۔اسم مؤنث) وہ نرم اور پولی روئی کی بتی جو کاتنے کے واسطے پون سلائی کے ذریعہ بناتے ہیں (صفت ہیں) کم مقدار قلیل وزن جیسے ابھی تو بن میں سے پونی بھی نہیں کتی۔

پونیا (ہ۔اسم مذکر) وہ کپڑا جس کا تھان پون تھان کے برابر اور عرض میں کسی قدر کم ہو۔ اس کا تھان اکثر بارہ میٹر کا اور کپڑا نہایت عمدہ اور گاڑھا ہوتا ہے۔

پوہ (ہ۔مذ) پوس کا مہینہ۔ سردی کا مہینہ۔

پوہنا (ہ۔مذ) دسترخوان۔

پوہے (ہ۔مذ) (عو) مویشی۔

پویا (ہ۔اسم مذکر) اصل میں فارسی لفظ پویہ کا بگاڑ ہے۔ گھوڑے کی وسطی چال (تیز رفتار۔ دُلکی۔ سرپٹ کے معنوں میں بھی مستعمل ہے۔

پویٹیش (ہ) حرف ندا تنبیہ۔ دیکھو پوش۔

پویوں جانا (ہ۔فعل) سرپٹ جانا۔ دُلکی جانا۔ دوڑ کر جانا۔ تیز چلنا۔ دوڑتے ہوئے جانا بہت تیز جانا۔

پ - ہ - ھ

پہ (ہ) حرف استدراک۔ پر کا مخفف۔ لیکن۔ لیک۔ الّا۔ اُوپر۔ مگر۔

پھاپا کٹنی۔ یا۔ پھاپھا کٹنی (ہ) اسم مؤنث۔ مکارہ۔ دلالہ۔ کٹنی۔ وہ مکارہ بڑھیا عورت جو کُٹنا پا کرتی پھرتی ہو۔ نہایت چالاک اور بُوڑھی عورت۔

پھاٹک (اسم مذکر) بڑا دروازہ۔ درکلاں۔ گیٹ۔ باڑا۔ احاطہ۔ کٹہرا۔ جہاں مدعی و مدعا علیہ کھڑے کئے جاتے ہیں۔ کانجی ہاؤس یعنی آوارہ مویشیوں کو بند کرنے کا مکان۔

پھاٹک بندی (اُر۔ اسم مؤنث) حوالات۔ بندی خانہ۔ قید خانہ۔

پھاٹک دار (اُر۔ اسم مذکر) دربان۔ ڈیوڑھی بان۔ محافظ در۔

پھُوار (ہ۔ اسم مؤنث) ترشح۔ ننھی ننھی بوندیں۔ چھوٹی چھوٹی بندکیوں والا ایک قسم کا نہایت باریک جالی دار کپڑا۔

پھار پڑنا (ہ۔ فعل) ترشح ہونا۔ ننھی ننھی بوندیں برسنا۔ چھوٹے چھوٹے قطروں کی بارش ہونا۔

پہاڑ (ہ۔ اسم مذکر) کوہ۔ جبل۔ پربت۔ ٹیلہ۔ گر۔ ڈونگر (صفت میں) بھاری۔ مشکل۔ کٹھن۔ دوبھر۔ دشوار۔ بڑا لمبا۔ طویل۔ دراز۔ جیسے پہاڑ سا دیو۔

پہاڑ ٹوٹنا۔ یا۔ ٹوٹ پڑنا (اُر۔ محاورہ) نہایت مصیبت اور مشکل نازل ہونا۔ ناگہانی صدمہ پہنچنا۔

پہاڑ ساون (ہ۔ اسم مذکر۔ بہ ترکیب تشبیہی) صفت۔ بہت بڑا دن۔ گرمی کا دن مصیبت کے ایام۔

پہاڑ سے ٹکر لینا (اُر۔ محاورہ) زبردست سے مقابلہ کرنا۔ طاقتور سے لڑنا۔

پہاڑ سی راتیں (ہ۔ اسم مؤنث) مصیبت کی راتیں شب ہائے ہجر جدائی کی راتیں سردی کی راتیں لمبی راتیں۔

پہاڑ کاٹنا (ہ۔ محاورہ) مصیبت ٹالنا۔ مشکل اور سخت کام کرنا۔

پہاڑ کا دامن (اُر۔ اسم مذکر) تلیٹی ترائی۔ پہاڑ کے نیچے کا میدان۔

پہاڑ کٹنا (اُر۔ محاورہ) مصیبت رفع ہونا۔ مشکل کام کا پورا ہوتا۔ مشکل حل ہونا۔

پہاڑ کے پتھر ڈھونا (ہ) بے معاوضہ محنت اُٹھانا۔ تکلیف سخت اُٹھانا اور اس کے مطابق اجر نہ ملنا۔ لغو اور فضول محنت شاقہ برداشت کرنا۔

پہاڑی ڈانک (ہ۔ اسم مؤنث) سلسلہ کوہ پہاڑوں کی طویل قطار۔

پہاڑی گھاٹی (ہ) پہاڑ کا درمیانی راستہ درّہ کرہ۔ پہاڑ کے آر پار چڑھاؤ کا راستہ۔

پہاڑ گزرنا (اُر) دوبھر معلوم ہونا۔ ناگوار و دشوار گزرنا۔ اجیرن معلوم ہونا۔

پہاڑو والی (ہ۔ اسم مؤنث) چیچک۔ ستیلا۔ دیبی جس کا مٹھ پہاڑ پر واقع ہے۔ ایک مرض کا نام ہے۔ جس میں بخار تیز اور بے ہوشی زیادہ ہوتی اور خشخاش کے دانوں کی طرح سفید سفید منہ کی پھنسیاں نکل آتی ہیں۔

پہاڑ ہو جانا (اُر۔ محاورہ) دشوار ہو جانا۔ کٹھن ہو جانا۔ مشکل ہو جانا۔ دوبھر ہو جانا۔

پہاڑا (ہ۔ اسم مذکر) ضرب کے گُر۔ کنا کا نقش۔ وہ ضرب دیئے دلائے عدد جو آسانی کے لئے لڑکوں کو یاد کروایا جاتے ہیں۔

پہاڑ کھانا (ہ۔ محاورہ) کاٹ کھانا۔ بھنبھوڑ ڈالنا۔ درندے جانور کا کسی کو پھاڑ کر کھا جانا۔ سخت غصہ کرنا۔ نہایت غضب آلود ہو کر جھلانا۔

پھاڑ کھانے کو دوڑنا (ہ۔ فعل۔ محاورہ) کاٹنے کو دوڑنا۔ نہایت غصہ کرنا۔ بے حد غضب ناک ہونا۔ بدمزاجی سے پیش آنا۔

پھاڑ کھاؤ (ہ۔ اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) پھاڑ کھانے والا۔ نہایت بدمزاج۔ درندہ۔ خونخوار۔ جلاد۔ غلیل۔ بدمزاج۔

پھاڑنا (ہ۔ فعل) چیرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ بدن کاٹنا۔ بھنبھوڑنا۔ درندے کا شکار کو چیر ڈالنا۔ قطع کرنا۔ ختم کرنا۔ چاک کرنا۔ کسی عرق یا دودھ کو لاگ وغیرہ لگا کر پانی سے علیحدہ کرنا۔ کھولنا۔ پھیلانا۔ بانا۔ جیسے منہ پھاڑنا۔ بیزار کرنا۔ ناراض کرنا۔ جیسے دل پھاڑنا۔

پہاڑو (ہ۔ اسم مذکر) آتی یاتی۔ بچوں کے ایک کھیل کا نام ہے (بحالت صفت) پہاڑی۔ پہاڑ کا۔ کوہی۔ پہاڑیا جیسے پہاڑو اطوطا۔

پہاڑی (ہ۔ اسم صفت) منسوب بہ پہاڑ۔ کوہی۔ اس صورت میں یائے نسبتی ہے۔ (بحالت اسم مؤنث) یائے تصغیری۔ پہاڑ کی تصغیر ہے چھوٹا پہاڑ۔ ٹیلا۔ ٹبیا۔ ٹیکری۔ ڈونگری۔

پہاڑی کوا (ہ۔ اسم مذکر) ایک قسم کا نہایت سیاہ رنگ کا کاگ۔ زاغ۔ کوہی۔ اس کی آواز بھاری اور رنگ گہرا سیاہ ہوتا ہے اور قد میں بھی معمولی کوّے سے ذرا بڑا ہوتا ہے۔

پھاگ (ہ۔ اسم مذکر) پھاگن کا تہوار۔ ہولی۔ ہولی کے کھیل تماشے۔ ہولی کے راگ رنگ۔ گلال۔ اور عبیر وغیرہ۔

پھاگ کھیلنا (ہ۔ محاورہ) ہولی کھیلنا۔ خوشی منانا۔ عیش اڑانا۔ مزے لوٹنا۔ گلچھڑے اڑانا۔ لطف اُٹھانا۔ جیسے جمع لگے سرکار کی اور مرزا کھیلیں پھاگ (کہاوت) یعنی خرچ کسی کی گرہ سے ہو۔ اور مزے کوئی اور اُڑائے۔

پھاگن (ہ۔ اسم مذکر) قمری ہندی سال کا گیارھواں۔ ہندی بارھواں۔ اور شمسی سال کا چھٹا مہینا ہونا۔ اس میں گرمی کی آمد شروع ہوتی ہے۔ تقریباً آخیر فروری سے وسط مارچ تک ہوتا ہے۔

پھال (ہ۔ اسم مؤنث) پھالی۔ منقلب۔ لوہے کی ایک نوکدار سلاخ جو ہل کے اندر زمین کھودنے کے لئے لگاتے ہیں۔ پھالیہ۔ پھاری کو بھی بولتے ہیں۔

پھالسا (ہ۔ اسم مذکر) قالسہ۔ ایک ترش اور اودے رنگ کے پھل کا نام ہے۔ جو جنگلی جھاڑی کے بیر کے برابر ہوتا ہے مزاجاً سرد و خشک ہے۔

پھالی (د) ۔اسم مؤنث (دیکھو پھال)

پھاند (د) ۔اسم مؤنث، تانت یا بالوں کا پھندا دام حیوانات یعنی ہاتھی وغیرہ پکڑنے کا جال۔ کلانچ۔ قند۔ زغند۔ چھلانگ۔ جست۔ کود پھلانگ۔

پھاند مارنا / **پھاند لگانا** (د) ۔فعل، کبوتروں وغیرہ کو جال یا پھندے لگا کر پکڑنا۔

پھاندنا (د) ۔فعل، لازم و متعدی دونو فعلوں میں آتا ہے۔ لازم کودنا۔ اُچھلنا۔ جست کرنا۔ متعدی۔ پھنسانا۔ اُلجھانا۔ پھندے میں پھنسانا۔ چھلانگ مارنا۔ الانگنا۔ اُچھلنا۔ زحیوان کا مادہ جانور پر چڑھنا۔

پھاندی (د) ۔اسم مؤنث، گنوں کی پولی۔ پونڈوں کا بوجھا۔ نیشکر کا پشتارہ سو یا پچاس گنوں کا بندھا ہوا بنڈل۔

پھانس (د) ۔اسم مؤنث، لکڑی کا ریشہ۔ بانس یا بان وغیرہ کا کانٹا۔ صوف خار۔ کھٹکا۔ خلش۔ دُکھ۔ فکر۔ رنج۔

پھانس چبھنا / **پھانس لگنا** (د) ۔محاورہ، لکڑی کا ریشہ۔ یا تاس جسم میں گڑنا۔ آزار دینے والی بات کا ہر وقت ہونا۔ خفیف صدمہ پہنچنا۔ خلش ہونا۔ تکلیف اور رنج ہوتا رہنا۔

پھانس نکلنا (د) ۔محاورہ، کھٹکا نہ رہنا۔ خلش دور ہونا۔ مضر آدمی کا دور ہو جانا۔

پھان (د) ۔اسم مذکر، پھندا۔

پھانس لانا (د) ۔فعل، گرفتار کر لانا۔ جال میں پھنسانا۔ فریب میں لانا۔ دھوکے سے آنا۔ دم دے کر پکڑ لانا۔

پھانسنا (د) ۔فعل، پکڑنا۔ گھرنا۔ گرفتار کرنا۔ جعل یا فریب میں یا دھوکے میں لانا۔ قابو میں لانا۔ تنگنی میں ڈول ڈالنا۔ بوٹا لٹکانا۔ قید کرنا۔ عاجز کرنا۔ لاچار کرنا۔ پیچ میں لانا۔ داؤں میں لانا۔

پھانسی (د) ۔اسم مؤنث، پھندا۔ کمند۔ بند گلے میں رسّی ڈال کر گلا گھونٹنا۔ آدمی کو سزائے موت دینے کے لئے گڑے ہوئے ستون اور رسّی کا پھندا۔ سزائے موت جو پھندے کے ذریعہ سے دی جاتی ہے

پھانسی پانا (د) ۔فعل، پھانسی چڑھنا۔ پھانسی کے ذریعہ سے مارا جانا۔

پھانسی دینا (د) ۔فعل، پھندا ڈال کر سزائے موت دینا۔ گلا گھونٹ کر مار ڈالنا۔ گلے میں رسّی ڈال کر آدمی کو لٹکا دینا۔

پھانسی کھڑی ہونا (د) ۔فعل، پھانسی کا سامان تیار ہو جانا۔ پھانسی دینے کے ستون وغیرہ گڑنا۔

پھانسی لگنا / **پھانسی ہونا** (د) ۔فعل، سزائے موت ہونا۔ پھانسی دیا جانا۔ گلا گھونٹ کر مارا جانا۔ پھانسی پر چڑھایا جانا۔

پھانک (د) ۔اسم مؤنث، ٹکڑا۔ قاش۔

پھانکڑا (د) ۔اسم صفت، بانکا۔ ترچھا۔ بہادر۔ دلیر۔ جری۔ قوی۔ طاقتور جسم۔ مسٹنڈا۔ دھینگ۔ زبردست۔

پھانکنا (د) ۔فعل، سفوف وغیرہ کو ہتیلی پر رکھ کر پھنکی لگانا۔ کسی خشک چیز کو یکبارگی منہ میں ڈال لینا۔ زیادہ کھانا۔ بہت جلدی کھاتا۔ راستہ یا سفر کو بہت جلدی طے کر لینا۔ جلد جلد راستہ طے کرنا۔ ریل یا تیز رفتار آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

راستہ پھانکنا۔ لگاتار بولنا۔ جلدی جلدی بولنا۔ روپیہ خرچ کرنا۔ دولت اُڑانا۔

پھاؤڑا (د) ۔اسم مذکر، مٹی صاف کرنے کا لوہے کا آلہ۔ کسّی۔ بیلچہ۔ گل صفا۔ پھرسا۔ کدال۔

فارسی میں کلند اور کلنگ بولتے ہیں۔

پھاؤڑا بجانا (د) ۔فعل، مسمار کرنا ڈھانا۔ مکانات گرانا۔ پھاوڑا۔

پھاؤڑے سے دانت (د) ۔اسم صفت، یہ ترکیب تشبیہی بڑے بڑے اور چوڑے چوڑے دانت۔ بھدے اور بدنما دانت۔ منہ سے باہر نکلے ہوئے دانت۔ بدنما دانت۔

پھاؤڑی (د) ۔اسم مؤنث، پیالے تصغیر چھوٹا پھاوڑا۔ ڈنٹر پیلتے۔ وقت ہاتھ رکھنے کی لکڑی۔ بیاگھی۔ بیراگن۔ جوگیوں کی لاٹھی۔ لید یا گوبر۔ ہٹانے کا وہ لکڑی تختہ جس میں دستہ لگا ہوتا ہے۔

پھاؤڑے کے نام گل صفا نہیں جانتے (د) ۔محاورہ، بالکل بدھو پرلے درجے کا بیوقوف سالف سے نام بے نہیں جانتے۔ جاہل مطلق ہے

پھاہا / **پھایا** (د) ۔اسم مذکر، مرہم لگا ہوا کپڑا جو زخم پر لگاتے ہیں۔ گول کترا ہوا یا زخم کی شکل کا بنا ہوا کپڑا۔ روئی کا چھوٹا گالا۔

پھبتا (د) ۔اسم صفت، موزون۔ مناسب۔ ٹھیک۔ درست۔ آراستہ۔ لائق۔ سجتا۔ عمدہ۔ قابل۔

پھبتی (د) ۔اسم صفت، ایسی بات جو کسی پر پھب جائے۔ کسی کو مذاقیہ طور پر کسی سے تشبیہ دینا۔

پھبتی اُڑانا / **پھبتی کہنا** (د) ۔فعل، ظرافتاً تشبیہ دینا۔ مذاق اُڑانا۔ ہنسی اُڑانا۔ ہنسی کے طور پر کوئی چبھتی بات کہنا۔

پھدکنا (د) ۔فعل، بہت سی پھنسیاں نکلنا۔ پھنسیاں پھلنا۔

بھبکنا / **پھبکنا** (د) ۔خوب بڑھنا۔ خوب نشوونما پانا۔ دفعتہً آگ آنا خوب ڈیل نکالنا۔ موٹا تازہ ہونا۔ فربہ ہونا۔

پھبن (د) ۔اسم مؤنث حاصل مصدر از پھبنا۔ سجاوٹ۔ آرائش۔ زیبائش مناسبت۔ موزونی۔ خوبصورتی۔

پھبنا (د) ۔فعل، زیبا ہونا۔ زیب دینا۔ سوہنا۔ بھلا لگنا۔ ٹھیک ہونا۔ موافق ہونا۔ موزوں ہونا۔ کھلنا۔

پھپھا (د) ۔اسم مذکر، باپ کی بہن کا خاوند۔ پھوپھی کا شوہر۔

پھپھت (د) ۔اسم مذکر، چھل۔ فریب۔ مکر۔ دھوکا۔ فتنہ۔ فساد۔

پھپھت باز (د) ۔اسم مذکر، فسادی۔ مکار۔ فریبی۔ مفسد۔

پھپھت بازی (د) ۔اسم مؤنث، یہ ترکیب فاعلی ہے اس میں باز علامت اسم فاعل سماعی ہے۔ مکارہ۔ فریبن۔ بات بڑھا کر کرنے والی عورت۔ مفسدہ عورت۔

پھپھرنا (د) ۔فعل، دیکھو پھپھدنا یا پھدپھدانا۔

پھپھڑدلالے (د) ۔اسم مذکر، مکر و فریب۔ فند و فریب۔ بے جا خوشامد۔

پھپھڑدلالے کرنا (د) ۔محاورہ، مکاری کرنا۔ جھوٹی محبت جتانا۔ دیکھا دیکھی خوشامد و رآمد کرنا۔

پھپھڑے (د) ۔اسم مذکر، پھپھڑدلالے۔ مکر و فریب۔ بے حد خوشامد۔

پھپس (د) ۔اسم صفت، بادی کے جسم والا۔ پھولے ہوئے بدن والا۔

پھدّا۔ موٹا۔ فربہ۔ پھولا ہوا وہ پھل جو اندر سے پولا اور خالی ہو۔ جیسے پھونٹ خربوزہ۔ مولی وغیرہ۔

پھپسا (ہ۔اسم صفت) پولا۔ خالی۔ پھولا ہوا۔ پھیکا۔ بد ذائقہ۔ سٹھا۔

پھپکا (ہ۔اسم مذکر) پھپھولا۔ چھالا۔ آبلہ۔

پھپھولا (ہ۔اسم مذکر) آبلہ چھالا۔ پھپکا۔

پھپھولے پڑنا (ہ۔فعل) آبلے پڑنا۔ چھالے اُٹھنا۔

پھپھو پھوڑنا (ہ۔محاورہ) آبلوں کا پانی نکلنا۔ آرزو پوری ہونا۔ دشمنی یا عداوت نکلنا۔ دل ٹھنڈا ہونا۔

پھپھولے پھوڑنا (ہ۔محاورہ) دل کا غصہ نکالنا۔ دشمنی نکالنا۔ یہ لفظ دل اور جلے کے ساتھ آتا ہے یعنی دل کے پھپھولے یا جلے پھپھولے پھوڑنا معنی پرانی عداوت نکالنا۔

پھپھولے والی (ہ۔اسم مؤنث) بیتلا ماتا کی سات بہنوں میں سے ایک بہن ہے جسے پھپھولے ڈالنے اور اچھا کرنے کا اختیار حاصل ہے۔

پھپھوندنا (ہ۔فعل) پھپھوند لگنا۔

پھپھوندی (ہ۔اسم مؤنث) رطوبت کے باعث ایک سفید سفید سی تہ کسی چیز پر کائی کی طرح جم جاتی ہے۔ وہ سفید تہ پھپھوی کہلاتی ہے۔

پھپھوندی لگنا (ہ۔فعل) کسی چیز پر سفید سفید تہ رطوبت کے باعث جم جانا۔

پھپھوندی لگی (ہ۔اسم مؤنث) (عور) دانتوں پر بہت سے میل والی عورت۔

پھپھی (ہ۔اسم مؤنث) باپ کی بہن۔ بوا۔ خواہر پدر۔

پھپھیا ساس (ہ۔اسم مؤنث) سسرے کی بہن۔ پھوپس۔

پھپھیا سسر یا۔ پھپھیا سسرا (ہ۔اسم مذکر) سسرے کی بہن کا شوہر۔ پھوپسڑا۔

پھپھیرا (ہ۔اسم مذکر) پھپھی کا بیٹا۔ پھوپھی زاد بھائی۔

پھپھیری (ہ۔اسم مؤنث) پھپھی کی بیٹی۔ پھوپھی زاد بہن۔

پھٹ (ہ۔اسم صفت) طاق۔ فرد۔ یکا۔ تنہا۔

پھٹ (ہ) کلمہ نفرین۔ لعنت۔ تف۔ دھکار۔ دور ہو۔

پھٹ پھٹ (ہ) کلمہ نفرین و ملامت۔ لعنت۔ ملامت۔ تھو تھو۔ تھڑی تھڑی۔ دُر دُر۔ دور ہو۔ دور ہو۔

پھٹا پڑنا (ہ۔فعل) نہایت موٹا ہونا۔ موٹاپے کے باعث جسم کا بے قابو ہونا۔

پھٹ پڑنا (ہ۔فعل) یکدم نہایت موٹا ہو جانا۔ بہت فربہ ہونا۔ کسی چیز کا بکثرت و افراط پیدا ہو جانا۔ پشت ہونا جیسے ماشاء اللہ ان کا حسن پھٹ پڑا۔

پھٹ پھٹ (ہ۔اسم مؤنث صوت) پھٹی جوتی کی آواز۔

پھٹ پھٹانا (ہ۔فعل) پھڑ پھڑانا۔

پھٹک (ہ۔اسم مذکر) بلور۔ کچا ہیرا۔ الماس۔ خام۔ دام۔ جال۔ پنجرا۔

پھٹکار (ہ۔اسم مؤنث) دھکار۔ لعنت۔ ملامت۔ دُر دُر دھتکار بددعا سراپ آمیزش۔ چاشنی ملاوٹ۔ جیسے اس میں گلاب کی پھٹکار ہے۔

پھٹکار برسنا (ہ۔فعل) لعنت۔ برسنا۔ چاروں طرف سے لعنت ملامت ہونا۔ چہرے کا نور نہ رہنا۔ اُداسی اور بے رونقی چھانا۔

پھٹکار لگنا (ہ۔فعل) بددعا لگنا۔ سراپ لگنا۔ دھتکار پڑنا۔ شامت آنا۔

پھٹکا (ہ۔اسم مؤنث) اسم صوت۔ کوڑے یا تازیانے کی آواز۔ پتھر پر کپڑا دھونے یا چھاج میں اناج پھوڑنے کی آواز۔ گھوڑے کو سدھارنے کے لئے لمبی رسی یا لمبے چابک کی آواز۔

پھٹکارنا (ہ۔فعل) چابک مارنا۔ کوڑا لگانا۔ پٹنا۔ مار کر نکال دینا۔ دور دبک کرنا۔ کپڑے کو پتھر پر مار کر دھونا۔ حاصل کرنا۔ وصول کرنا کما لینا۔ دام کھرے کرنا۔ جیسے آج اس سودے میں چار روپے پھٹکار لئے۔ آڑے ہاتھوں لینا۔ سزا۔ سزا دینا۔ جھاڑنا۔ جھٹکنا جیسے رومال پھٹکار لو۔ روپیہ وغیرہ جیتنا۔ بھنانا۔ فروخت کرنا کے معنی میں بھی بولتے ہیں جیسے اسے بھی پھٹکار لو۔

پھٹکا نہ کھانا (ہ۔فعل) خوراک جان بحق ہو جانا۔ ہاتھ پاؤں ہلانے تک کی بھی نوبت نہ آنا۔ چٹ پٹ مر جانا۔

پھٹکری۔ یا۔ پھٹکڑی (ہ۔اسم مؤنث) ایک قسم کی دوا ہے جو کان سے نکلتی ہے۔ نمک۔

پھٹکل (ہ۔اسم صفت) اکیلا۔ فرد۔ واحد۔ اکا۔ تنہا۔ جدا۔ علیحدہ۔ مختلف۔ متفرق۔ متفرق۔ ریزگاری۔ یعنی پیسے سے بچا ہوا وغیرہ خود ہ۔ پھوٹ۔ بھناؤ۔ (پنجابی) بھان

پھٹکن (ہ۔اسم مؤنث) اناج کی بھوسی وغیرہ۔ جو چھاج میں پھٹکنے سے نکلا کرتی ہے۔

پھٹکنا (ہ۔فعل) غلہ صاف کرنا۔ جھاڑنا۔ پھوڑنا۔ اناج کو چھان سے صاف کرنا۔ جدا کرنا۔ آجانا۔ جانکلنا۔ مانوس ہونا۔ اس معنی میں یہ لفظ نہیں کے ساتھ آتا ہے جیسے پاس نہ پھٹکنا۔ موجود ہونا۔ حاضر ہونا۔ آمد و رفت کرنا۔ بھولے سے چلے جانا۔

پھٹکنا (ہ۔اسم مذکر آلہ) غلیل کا قطعہ جس میں انٹا رکھ کر چلاتے ہیں۔

پھٹکی (ہ۔اسم مؤنث) کرہ۔ گانٹھ۔ خون یا پیپ وغیرہ کا دھبہ جو کھنگھار کے ساتھ آدے۔ خشک چیز مثلاً آٹے وغیرہ کو پانی میں گھولتے وقت جو گانٹھیں سی پڑ جاتی ہیں۔ ایک قسم کی چھوٹی سی چڑیا۔

پھٹکی (ہ۔اسم مؤنث) ایک چھوٹے سے منہ کا پنجرہ نما ٹوکرا جس میں چڑیا مار جانوروں کو پکڑ کر لاتے ہیں۔ میوہ دار درختوں پر جانوروں کے اُڑانے کو بندھا ہوا کھٹکا۔

پھٹنا (ہ۔فعل) شگافتہ ہونا۔ شق ہونا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ دیدہ سونا۔ دودھ کے اجزا جدا ہونا۔ تڑکنا۔ ترخنا۔ جدا ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ جیسے دل پھٹنا۔ بیزار ہونا۔ نفرت ہونا۔

پھٹے منہ یا۔ پھٹے منہ سے (ہ۔محاورہ) دعوی کلمہ نفرین۔ لعنت ہے منہ پر تجھ سے زدوخ ہے نفرت ہے۔

پھٹیل (ہ۔اسم صفت) جوڑے میں سے ایک زوج کے خلاف۔ فرد۔ اکیلا۔ تنہا۔ جدا۔ طاق۔ پھٹ سے منسوب ہے یل حرف نسبت ہے جیسے نکیل میں۔

پھٹے میں پاؤں دینا (ہ۔محاورہ) دخل در معقولات دینا۔ خواہ مخواہ کسی کی

بلا میں پڑنا۔ یونہی کسی بات میں آنا۔

پہچان (ہ) ۔اسم مؤنث) حاصل مصدر از پہچاننا) واقفیت۔ شناسائی۔ شناخت۔ درک۔ تمیز۔ علامت۔ نشانی۔

پہچاننا (ہ) ۔فعل) شناخت کرنا۔ معلوم کرنا۔ تاڑنا۔ سمجھنا۔ جاننا۔ تمیز کرنا۔

پھدپھدانا (ہ) ۔فعل) گرمی دانوں پھنسیوں کا گرمی کی وجہ سے یک دم نکل آنا۔ درخت میں شاخوں کا بکثرت پھوٹنا۔

پھدکنا (ہ) ۔فعل) اچھلنا۔ مینڈک کی طرح کودنا۔ جست بھرنا۔ متحرک ہونا۔ خوشی سے کودنا۔

پھدکی (ہ) ۔اسم مؤنث) ایک چھوٹی سی چڑیا کا نام ہے

پھدکی مارنا (ہ) ۔فعل) چھلانگ مارنا۔ جست بھرنا۔ پھلانگنا۔

پھڈا (ہ) ۔اسم صفت) چپٹا۔ چوڑا۔ وہ جوتا جس کی ایڑی بٹھالیں۔ وہ آدمی جس کے دونوں پیروں میں خم ہو اور چلتے وقت آڑے ترچھے پاؤں رکھے۔ نیز وہ شخص جو پاؤں رگڑتا اور لنگڑاتا ہوا چلے۔

پھڈا (ہ) ۔اسم مذکر) طاقچہ۔ کسی دیوار یا کوٹھ میں اترنے اور چڑھنے کی خاطر جو پاؤں رکھنے کے لئے گڑھے سے بنا لیا کرتے ہیں۔ یا گیلی گارے والی جگہ میں خشک مٹی یا موٹی اینٹیں رکھ کر پاؤں رکھنے کی جگہ بنا لیتے ہیں یعنی پاؤں رکھنے کی جگہ۔ پاؤں اور ہوڈا بہ معنی آسرا سے مرکب ہے یعنی پاؤں کا آسرا پاؤں کا سہارا۔

پھُر (ہ) ۔اسم مؤنث۔ صوت) پرندوں کے یا بارود کے اڑنے کی آواز۔ بھک سے جلدی سے۔

پھُر سے اڑ جانا (ہ) ۔فعل) جلدی سے اڑ جانا۔ بہت تیزی اڑ جانا۔

پھر (ہ) تابع فعل۔ دوبارہ۔ پس۔ پس ازاں۔ بعد۔ بعد ازاں۔ باز۔ باز دیگر۔ تب تو (بصورت فعل) پھرنا مصدر صیغہ امر حاضر معروف۔

پہَر (ہ) اسم مذکر ظرف زمان۔ دن کا چوتھا حصہ ۳ گھنٹے کا عرصہ۔ پاس۔

پہرا (ہ) اسم مذکر چوکی۔ حفاظت۔ نگہبان۔ رکھوالی۔ حراست۔ تحویل۔ قید۔ پہرے دار۔ سنتری۔ نجیب۔ دربان۔ محافظ۔ جیسے پہرا کھڑا ہے۔ گشت۔ سپاہیوں کا پھیرا۔ گارد۔ دستہ جس میں چھ چوکیدار اور ایک افسر ہو۔ سما۔ زمانہ جیسے اب گھٹتی کا پہرا ہے۔

پہرا بدلنا (ہ) ۔فعل) چوکی بدلنا۔ نوکری سے مُہلت ملنا۔ ایک سپاہی کی جگہ دوسرے کا پہرا پر آجانا۔

پہرا بٹھانا (ہ) ۔فعل) پہرا لگنا۔ نگرانی ہونا۔ دربان مقرر ہونا۔ سپاہیوں کا پہرا لگ جانا۔

پہرا دینا (ہ) ۔فعل) محافظت کرنا۔ حفاظت کرنا۔ نگرانی کرنا۔ رکھوالی کرنا۔ دیکھنا بھالنا۔ نوکری پر کھڑا ہونا۔ جاگنا۔

پھراٹا (ہ) ۔اسم مذکر صوت) پرندے یا پردے کے اڑنے کی آواز۔ فراٹا۔ پھرتی۔ جلدی۔ تیزی۔

پھراٹا بھرنا (ہ) ۔فعل) پھرتی سے اڑنا۔ تیزی سے اڑنا۔ جلدی جلدی پڑھنا۔ لہریں مارنا۔ موجیں مارنا۔ خراٹے بھرنا۔

پھراس (ہ) ۔اسم مذکر) ایک درخت کا خام ہے جس کے پتے جھاڑو کی قسم کے ہوتے ہیں یہ درخت بہت جلدی بڑھتا ہے۔

پھرانا (ہ) ۔فعل) لہرانا۔ جھنڈے کے پھریرے کا ہوا میں لہرانا۔ لہلہانا۔ کوندنا۔ اچھلنا۔ جست بھرنا۔

پھرانا (ہ) ۔فعل) گشت کرانا۔ گھمانا۔ چکر دینا۔ لئے پھرنا۔ ساتھ لے جانا۔ واپس کرنا۔ لوٹانا۔ ناپسند کرکے موڑنا۔ مخالفت کرنا۔ لوٹانا۔ حیران کرنا۔ پریشان کرنا۔ بھٹکانا۔ پھیرے کروانا۔ پاؤں توڑوانا۔

پہرانا (ہ) ۔فعل) پہنانا۔ کپڑے یا زیور کو بدن پر پہنانا۔ لباس زیب تن کرنا۔

پھراؤ (ہ) ۔اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) پھیرنے کے وعدے کا سودا۔ لوٹتا ہوا۔ الٹا پھرتا ہوا۔ جیسے پھراؤ میلہ۔ ہیرا پھیری چیز۔ بساؤ کے خلاف۔

پہراوا (ہ) ۔اسم مذکر) لباس۔ پوشاک۔ پہناوا۔

پہراوٹی (ہ) ۔اسم مؤنث) وہ شادی کی خوشی کا جوڑا جو بیاہ میں رشتہ دار عورتوں کو پہنایا جاتا ہے پوشاک پہنانے والی عورت۔

پھرائی (ہ) ۔اسم مؤنث) لباس پوشاک۔ پہناوا۔ واپس کرنے کا ہرجانہ واپسی۔

پھُر پھُرانا (ہ) ۔فعل) کان میں کسی جانور یا کیڑے کا جاکر پھُر پھُر کرنا۔ کان میں روئی کو جنبش دینا۔ حرکت کرنا۔ ہلنا جلنا۔ بالوں یا ہلکی چیز کا ہوا میں لہرانا۔

پھُر پھُری (ہ) ۔اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) پھریری جنبش۔ لرزہ کپکپی تھرتھراہٹ۔

پھر پھندہ (ہ) اسم مذکر فریب۔ جعل۔ چھل۔ مکر و فریب۔

پھر پھندی (ہ) ۔اسم صفت بیائے فاعلیت) مکار۔ فریبی۔ جعلساز۔ چالاک۔

پھر پھندو (ہ) ۔اسم مذکر) اندرائن۔ حنظل۔ خربوزے کی شکل کا۔ ایک نہایت کڑوا پھل ہوتا ہے جیسے پنجابی کوڑتمبا بولتے ہیں۔

پھرت (ہ) ۔اسم مؤنث حاصل مصدر ہے۔ پھرنا سے حرکت گردش۔ ناچنے میں پھرتی سے پھر جانا۔ وہ روپیہ جو کسی سے دینے کی بجائے واپس لیا جائے۔ پھرتا۔

پھُرت (ہ) ۔اسم مؤنث) تیزی۔ جلدی۔ طراری۔

پھرتا (ہ) ۔اسم صفت۔ یائے فاعلیت) پھرت۔ پھراؤ۔ بٹا۔ دلالی۔ کمیشن۔

پھرتا رہنا (ہ) ۔فعل) واہی۔ تباہی پھرنا۔ آوارہ گردی کرنا۔ ڈانوانڈول پھرنا۔ چکر میں رہنا۔

پھُرتی (ہ) ۔اسم مؤنث بیائے مصدری یا یائے زائدہ) تیزی۔ جلدی۔ طراری چستی۔

پھُرتی سے (تابع فعل) جلدی سے۔ ترت۔ فوراً۔ عجلتاً۔

پھُرتی کرنا (ہ) ۔فعل) چستی ظاہر کرنا۔ کسی کام میں چالاکی دکھانا۔ جلدی کرنا۔

پھُرتیلا (ہ) ۔اسم صفت) چست۔ تیز۔ ہوشیار۔ چالاک۔ جلدی کام کرنے والا۔ جلد باز۔

پھر جانا (ہ) ۔فعل) باغی ہونا۔ منحرف ہونا۔ برگشتہ ہونا۔ کسی چیز کا واپس ہو جانا۔ خریدی ہوئی چیز کا واپس ہونا۔ ٹیڑھا ہونا۔ مڑ جانا جیسے

چاقو کی دھار پھر گئی۔ گردش کرنا۔ چکر کھانا۔ پلٹ جانا۔ بدل جانا۔ جیسے ہوا کا رخ پھر گیا۔ واپس ہونا۔ لیٹ جانا۔ پلٹ جانا۔ دل کا بیزار ہو جانا۔ گشت کر جانا۔ سارے شہر میں پھیرا لگانا۔ جیسے دہائی پھر جانا ناراض ہو جانا۔ خفا ہو جانا۔ اصلی حالت پر نہ رہنا۔ حالت غیر ہو جانا۔ جیسے آنکھیں پھر جانا۔

پھر چا (ہ) - اسم مذکر) فیصلہ۔ حکم۔ آخر۔ آخری فیصلہ۔ نزل۔ صاف۔ کھرا۔ کھانا۔ پھرنا۔ پھٹنا۔ بادل وغیرہ کا۔

پھرسا (ہ) - اسم مذکر) کدال پھاوڑا۔ کلہاڑی۔

پھرکی (ہ) - اسم مؤنث) گھرنی۔ گڑی۔ چکٹی۔ ریل۔ بنگی۔ چھوٹا لٹو۔ چکر کھانے والا کھلونا۔ گھومنے والی چیز۔ پھرنے اور پھرانے کی چیز۔

پھرنا (ہ) - فعل) (دیکھو پھر جانا) سیر کرنا۔ ٹہلنا۔ چہل قدمی کرنا۔ گل۔ گشت کرنا۔

پھری (ہ) - اسم مؤنث) ڈھال۔ سپر۔ پٹا کھیلنے کے وقت کام دینے والی سوت اور بانس کی سی ہوئی ڈھال۔

پھرے دار (اُ) - اسم مذکر۔ بہ ترکیب فاعلی) سنتری۔ چوکی پر محافظ۔ دربان۔ رکھوالا۔

پھریری (ہ) - اسم مؤنث) لرزہ خفیف۔ جھرجھری۔ کپکپی۔ بدن کے رونگٹے کھڑے ہو کر جو دفعتہً جھرجھری آتی ہے اسے ریوی بولتے ہیں سردی یا خوف یا رحم کے سبب سے بدن کے رونگٹے کھڑے ہو کر دفعتہً جسم میں ایک حرکت سی پیدا ہو جاتی ہے روئی کا پھایا جو کان میں پھیر جائے۔ یا عطر آلودہ پھایا جو کان میں رکھ لیا کرتے ہیں۔ عطر کا پھوا جو سینک پر لپیٹ لیا کرتے ہیں۔

پھریری آنا (ہ) - فعل) سردی۔ خوف یا رحم کے باعث رونگٹے کھڑے ہو کر ہلکا سا لرزہ جسم میں آجانا۔

پھریری لینا (ہ) - فعل) جھرجھری لینا۔ تھرتھرانا۔ کانپنا۔ لرزنا۔ ہوشیار ہونا۔ سنبھلنا۔ چونکنا۔ پرندے کا پر جھڑجھڑانا۔ کتے کا پھٹپھٹانا۔

پہرے میں دینا (ہ) - فعل) حوالات میں ڈلوانا۔ حراست میں دینا۔

پہرے میں رکھنا (ہ) - فعل) قید رکھنا۔ نظر بند رکھنا۔ حوالات میں رکھنا۔

پہرے میں ہونا (ہ) - فعل) قید میں ہونا۔ حوالات میں ہونا۔ نظر بند ہونا۔

پھڑ (ہ) - اسم مؤنث) جوا کھیلنے کا اڈا۔ قمار خانہ گاڑی کی بم۔ بمبو۔ بانس۔ وہ جگہ جہاں اسباب رکھ کر بیٹھتے ہیں توپ کی گاڑی۔ وہ چبوترہ یا تہائی جس پر توپ چڑھا کر رکھتے ہیں۔ (بصورت اسم مذکر) جوا۔ قمار۔

پھڑباز (ہ) - اسم مذکر بہ ترکیب فاعلی) جواری۔ قمار باز۔ جواریا۔

پھڑبازی (ہ) - اسم مؤنث۔ بیائے صدری) جوا کھیلنا۔ قمار بازی۔

پھڑ پھکتا (ہ) - فعل) جوا ہونا۔ قمار بازی ہونا۔ جوا کھیلا جانا۔

پھڑ پھینکنا (ہ) - فعل) جوا کھیلنا۔ قمار بازی کرنا۔

پھڑپھڑانا (ہ) - فعل) پروں کو جھڑجھڑانا۔ پھٹپھٹانا۔ پروں کو مارنا۔ تڑپنا۔

پھڑک (ہ) - اسم مؤنث) حاصل مصدر ہے پھڑکنا سے۔ اضطراب۔ بے قراری۔ بے قراری۔ اضطراب۔ پھڑکن بے چینی۔ بے کلی۔ تپش۔

پھڑکانا (ہ) - فعل) بے چین کرنا۔ بے قرار کرنا۔ تڑپانا۔ لٹانا۔ بے حد خوش ہونا۔

پھڑک جانا (ہ) - فعل) عاشق ہو جانا۔ لوٹ جانا۔ بے قرار ہو جانا۔ ترس جانا۔ سخت مشتاق ہو جانا۔ فریفتہ ہو جانا۔ بے چین ہو جانا۔

پھڑکن (ہ) - اسم مؤنث) (دیکھو پھڑک)

پھڑکن کی اولاد (ہ) - اسم مؤنث) وہ اولاد جو بڑی تمناؤں اور دعاؤں کے بعد حاصل ہوئی ہو۔ لاڈ کی اولاد۔ چاؤ کی اولاد۔

پھڑکنا (ہ) - فعل) تڑپنا بے قرار ہونا۔ بچین ہونا۔ کسی خاص عضو کا حرکت کرنا۔ ہلنا۔ متحرک ہونا۔ پھڑ پھڑانا۔ کبوتر کی طرح لوٹنا۔ نہایت مشتاق ہونا۔ کمال شوق ہونا۔ خواہشمند ہونا۔ چاہنا۔ آرزومند ہونا۔ دھڑکنا۔

پھڑولنا (ہ) - فعل) (دعور) گڈمڈ کرنا۔ بے ترتیب کرنا۔ تلاش کرتے وقت چیزوں کو الٹ پلٹ کر دینا۔ چیزوں کو اتھل پتھل دینا۔

پھڑی (ہ) - اسم مؤنث) پتھروں کا چکر۔ پتھروں کا ڈھیر۔ پتھروں کی وہ پیمائش جس میں تیس میٹر لمبی ایک میٹر چوڑی ایک گز اونچی پیمائش شامل ہے۔

پھڑیا (ہ) - اسم مؤنث) چھوڑا کی تصغیر ہے۔ چھوٹا سا چھوڑا۔ چھنی۔

پھڑیا (ہ) اسم مذکر بالف فاعلیت۔ پھیری لگانے والا۔ جواری۔ خوردہ فروش کھوک فروش کی ضد۔ متفرق اناج بیچنے والا۔

پھس (ہ) - اسم مؤنث) ہلکی آواز۔ پھسکی کی آواز۔ حقارتاً ہلکی اور خفیف آواز۔

پھس ویسی کہنا (ہ) - فعل) چپکے سے کہہ دینا۔ آہستہ سے کہنا۔ اس میں ویسی حرف تشبیہ کا کام دیتا ہے۔

پھس (ہ) - اسم مؤنث) کلمۂ حقارت ہے جو لڑکے اکثر بولتے ہیں۔ سبب کسی سے کوئی کام نہیں ہو سکتا تو اسے چھیڑنے کی خاطر بولا کرتے ہیں چھی۔ شرم۔ حیف۔ ہیچ۔

پھس پھس (ہ) - اسم مؤنث۔ صوت) بلی کے بلانے کی آواز۔

پھسپھسا (ہ) - اسم صفت) نرم۔ ملائم۔ ڈھیلا۔ پھولس سا۔ کرارے کی ضد۔ پھیکا ہلکا۔ کم تیز۔ دھیما۔ درہم نہ کہنا۔ جیسے پھسپھسا تمباکو یعنی کڑوا نہیں۔ پودا۔ کمزور۔ خراب جیسے پھسپھسی ڈور۔

پھس پھسانا (ہ) - فعل) کانا۔ پھوسی کرنا۔ چپکے چپکے باتیں کرنا۔ آہستہ آہستہ منہ میں بولنا۔

پھسڈی (ہ) - اسم صفت) اول نمبر یعنی میری کے خلاف۔ سب سے پیچھے رہا ہوا۔ خواہ مرتبے یا درجے میں خواہ وقعت میں گھٹیل۔ ناقص۔ مزدم ناقابل۔

پھسپھس (ہ) - اسم مؤنث) پھسپھس۔ چپکے چپکے باتیں کرنا۔

پھسکڑا مار کر بیٹھنا (ہ) فعل۔ زمین پر بیہودگی سے چاروں طرف بیٹھنا۔ آلتی پالتی مار بیٹھنا۔ پھیل کر بیٹھنا۔ پسر کر بیٹھنا۔

پھسکنا (ہ) - فعل لاہندہ) اندر کو بیٹھنا۔ دھسکنا۔ پچکنا۔ دبنا۔ پھٹ جانا۔ کھل جانا۔ تڑاق جانا۔ جیسے چنے بھرنے سے گول پھسک گئی۔

پھسلانا (ہ) - فعل) پھسلنا کا متعدی۔

پھسلانا (ہ) - فعل) بچوں کو بہلانا۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ دم دینا۔ جھانسا دینا۔ ترغیب دینا۔ رغبت دلانا۔

پھسلاوا (د) - اسم مذکر) حاصل مصدر از پھسلانا۔ دھوکا فریب۔ دم جھانسا۔

پھسکن (د) - اسم مؤنث) حاصل مصدر از پھسلنا۔ لغزش۔ ریٹ۔ رنین (بحالت اسم ظرف) پاؤں رپٹنے کی جگہ۔ رپٹنی زمین۔

پھسلنا (د) - فعل) رپٹنا۔ لڑکنا۔ لغزش کرنا۔ بہکنا۔ چوکنا۔ غلطی کھانا دھوکے میں آجانا۔ راغب ہونا۔ میلان ہو جانا۔ مائل ہونا۔ (بحالت صفت) رپٹواں وہ چیز جس پر سے پاؤں پھسل جائے۔

پھسلنا پتھر (د) - اسم مذکر) وہ پتھر جس کے چڑھ کر لڑکے پھسلا کرتے ہیں۔ رپٹواں پتھر۔

پھسینڈا (د) - اسم صفت) بودار۔ بساندار۔ بڑی بو کا۔ نامعقول آدمی۔ بیہودہ گو۔ بے وقوفی کی باتیں کرنے والا۔

پھسینڈی (د) - اسم مؤنث) بدبو دار چیز بساندی۔ نامقول عورت۔ پھوہڑ۔ بیہودہ گو عورت۔

پھش (د) کلمۂ نفرت چھی۔ تف۔ لعنت۔ ہیچ۔

پھک (د) - اسم مؤنث صوت) کسی تیز چیز کے یکدم اُڑ جانے کی آواز۔ جیسے بارود کے اُڑنے کی آواز۔ نیز کسی نرم چیز میں کسی سخت چیز کے جلدی سے داخل ہونے کی آواز۔ ترت۔ فوراً۔ جلد۔ یکدم فوراً۔

پھک دیسی۔ یا۔ **پھک دینی**۔ یا۔ **پھک سے** (د) - تابع فعل) دفعتہً۔ فق سے۔ ترت پھٹ سے۔ سنٹ سانی۔ پھٹ سے۔

پھک سے اُڑنا (د) - محاورہ) جلدی اُڑنا۔ یکایک اُڑ جانا۔ فوراً اڑ جانا۔ یکدم اڑ جانا۔ دم کے دم میں اُڑ جانا۔

پھکارنا (د) - فعل) اُکھاڑنا۔ اُلٹنا۔ کھولنا۔ اکرنا۔ ننگا کرنا۔ ہٹانا۔ جیسے سر پھکارنا۔ بکھیرنا۔ پھیلانا۔ پریشان کرنا۔ جیسے بال پھکارنا۔ بے شرم ہو جانا۔ بدلحاظ ہونا۔ آوارہ ہونا۔

پھکیرنا (د) - فعل) پھکارنا سے، مالہ کرا ہے۔

پھکڑ (د) - اسم مذکر) گالی گلوچ۔ فحش۔ بازاری لوگوں کی پوچ اور بے معنی گفتگو۔

پھکڑ باز (د) - اسم مذکر۔ بہ ترکیب فاعلی) پھکڑ لڑنے والا۔ یاوہ گو بے حیا۔ گالی گلوچ بکنے والا۔ گپی۔ فحش بکواس کرنے والا۔

پھکڑ لڑنا (د) - فعل) آپس میں بکواس کرنا۔ گالی گلوچ دینا۔ گپ شپ لڑانا فحش باتیں بکنا۔

پھکڑ ہونا (د) - فعل) فحش ہنسی ہونا۔ بہت بے تکلفی ہونا۔ بیہودہ ہنسی ہونا۔

پھکنا (د) - اسم مذکر) پیشاب کی تھیلی۔ شانہ حیوانات۔

پھکنا (د) - فعل) آگ لگنا۔ جلنا۔ جھلسا۔ آگ میں سوختہ ہونا۔ غم و حسد و عشق و محبت و تپ میں جلنا۔ جلن ہونا۔ سوزش ہونا۔ روپیہ برباد ہونا۔ بے جا خرچ ہونا۔ تباہ ہونا۔ غارت ہونا۔ ٹوکا لگنا۔ خشک ہونا۔

پھکنی (د) - اسم مؤنث) آلہ۔ دھونکنی۔ دم کش۔ بانس کی وہ سوراخدار بوری جس سے آگ جلانے کو پھونک مارا کرتے ہیں۔ آتش افروز۔

پھکنی (د) - اسم مؤنث) پھنکی۔ سفوف پھانکنے کی دوا۔

پھکیت (د) - اسم مؤنث) پٹہ باز۔ لکڑی باز۔ گتکے کے فن کا ماہر۔ پھری گدکے کا کھلاڑی۔

پھکیتی (د) - اسم مؤنث) چوب بازی۔ پٹہ بازی۔ لکڑی بازی۔

پھگو (د) - اسم مذکر) ہولی کا انعام۔ وہ مٹھائی اور کپڑا جو ہولی کی خوشی میں خدمتگاروں کو دیا جاتا ہے (پوربی) ہولی۔ پھاگ۔

پھل (د) - اسم مؤنث) ابتدا۔ آغاز۔ شروع۔ اوّل۔ (مذکر) دُھنکی ہوئی رُوئی کا گالا۔ لحاف وغیرہ میں لگی ہوئی اور دبی ہوئی رُوئی۔ رُوور۔ پہلو کا مخفف۔ رُخ۔ بل۔ جانب۔ طرف۔ کنارہ۔ ثلث کا ضلع۔

پھل کرنا (د) - فعل) کسی کام کو سب سے پہلے شروع کرنا۔ ابتدا کرنا۔ شروع کرنا۔ آغاز کرنا۔ پہلے ہاتھ لگانا۔

پھل دار (د) - اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) پہلوؤں والی شے۔ وہ چیز جس کے کنارے کھڑے ہوں۔ کنارہ دار۔

پھل (د) - اسم مذکر) بار۔ ثمر۔ میوہ۔ نتیجہ۔ حاصل۔ ثمرہ۔ بدلہ۔ عوض۔ خواب کی تعبیر آل اُولاد۔ تیر۔ نیزے یا برچھی کی نوک۔ سنان۔ تلوار۔ چاقو۔ پیش قبض وغیرہ کی انی۔ پھلکا۔ بخشش۔ انعام۔ اجر۔ عطا۔ پھال۔ پھالا۔ مقلب پھالی۔ خارج قسمت۔ تقسیم کے سوال کا جواب۔ لابحہ۔ فائدہ۔ نفع۔ سود۔ ماحصل۔



پھل

پھل آنا (د) - محاورہ) درخت کا بار ور ہونا۔ میوہ لگنا۔ حامل ہونا۔

پھل پانا (د) - محاورہ) ثمرہ حاصل کرنا۔ نتیجہ پانا۔ بدلہ پانا۔ اجر ملنا۔ بدلہ لینا۔ نفع حاصل کرنا۔ سود اُٹھانا۔ بھلائی پانا۔

پھل پھلاری (د) - اسم مؤنث) مختلف قسم کے میوے۔ طرح طرح کی ترکاریاں اور پھل وغیرہ۔

پھل تاڑ (د) - اسم مذکر) تاڑ کا مادہ درخت۔ بخلاف نیل تاڑ کے کہ وہ نر درخت کہلاتا ہے۔ پام کا درخت۔

پھل دار (ا ر) جس میں پھل لگتے ہوں۔ میوہ دار درخت پھلنے والا درخت۔ ثمردار۔

پھل دایک (د ہ) اسم صفت۔ بہ ترکیب فاعلی) ثمرہ ہندہ۔ انعام دینے والا مراد بخشنے والا۔ مفید۔ نفع دینے والا۔ یہ لفظ دیوتاؤں کی صفت میں بولا جاتا ہے۔

پھل کھانا آسان نہیں (د ہ) مثل) ہر کام کا نفع محنت اور تکلیف سے ہی ملا کرتا ہے۔

پھل لگنا (د ہ) فعل) ثمردار ہونا۔ باردار ہونا۔ بار ور ہونا۔

پھل ملنا (د ہ) فعل) (دیکھو پھل پانا)

پہلا (د ہ) اسم صفت) اس میں الف مفید فاعلیت ہے۔ اگلا۔ اول کا۔ ابتدائی شروع کا۔ اول کا۔ ابتدائی۔ قدیمی۔ پرانا۔ پراچین۔ اوّل نمبر۔ بہتر۔ عمدہ۔ اچھا۔ بڑا۔ پہلوٹا۔ پہلوٹھی کا۔

پہلا پھل (د ُ اسم مذکر) ثمر نو - بادہ۔ (د ہ میوہ۔ جو درخت سے سب سے پہلے اُترے۔ اوّل ہی اوّل درخت میں لگنے والا پھل۔ پہلوٹھی کا بچہ۔ وہ بچہ جو اول پیدا ہو۔

پھُلّا (د ہ) اسم مذکر بہ ترکیب مفعولی مفید صفت) یعنی پھول کی طرح پھولی ہوئی چیز۔ محاورہ میں بھنی ہوئی مکئی یا جوار کی کھیلیں۔ آنکھ کا ٹینٹ جو چیچک وغیرہ سے پھول کر باہر نکل آئے۔ جالا۔ جلی۔ آنکھ کی پھلی۔

پھُلا پڑنا (د ہ) فعل) چیچک وغیرہ کے باعث آنکھ میں ٹینٹ پڑ جانا۔

پھلا پھولا (د ہ) اسم صفت۔ بہ ترکیب مفعولی) ہرا بھرا۔ سرسبز شاداب۔ تروتازہ۔ آباد۔ نصیب والا۔ بھاگوان۔ خوش قسمت۔ دولتمند صاحب اُولاد۔ مال واُولاد والا۔

پھُلا سرا (د ہ) اسم مذکر) اصل میں پھولا ہا سرا یعنی کسی کی حمایت پر پھولنا مجازاً دھوکا۔ فریب۔ مکر۔ دغا۔ بھلاوا۔

پھُلا سرے میں آنا (د ہ) محاورہ) کسی کے کہنے پر پھول جانا۔ کسی کے برتے پر پھولنا۔ کسی کی حمایت پر کودنا۔ فریب میں آنا۔ دم میں آنا۔ دھوکے میں آنا۔ دھوکا کھانا۔

پھُلا (د ہ) فعل) پھونک مار کر کسی چیز کو تاننا۔ پھونک بھرنا۔ ہوا بھرنا۔ موٹا کرنا۔ فربہ کرنا۔ مغرور کرنا۔ شکیر بنانا۔ بے جا تعریفیں کر کے غرور سے بھر دینا۔

پھلانگ (د ہ) اسم مؤنث) چھلانگ۔ ڈگ۔ کلانچ۔ جست۔ کود۔

پھلانگنا (د ہ) فعل) چھلانگ مارنا۔ کودنا۔ الانگنا۔ ڈگ بھرنا۔ زغند لگانا۔ پھاند جانا۔ کلانچ مارنا۔

پھُلپھُلا (د ہ) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی سماعی) پھپس۔ پھولا۔ مجوّف۔ ذرا سی بات پر پھول جانے والا آدمی۔ اوچھا۔ کم ظرف۔ کمینہ۔ رذیل سفلہ۔

پھلکت (د ہ) اسم مؤنث) پھلنا سے حاصل مصدر ہے۔ کثرت سے پھل آنا۔ پھلنے کی حالت ستاروں کے نیک و بد آثار۔ سیاروں کی گردش کا پھل یعنی فائدہ گنت کی مد۔

پھلجھڑی (د ہ) اسم مؤنث) گلریز۔ گل چکاں۔ آتشبازی کی قلمیں جنہیں آگ لگانے سے پھول جھڑتے ہیں (بحالت صفت) گل کھلانے والی عورت فتنہ پرداز عورت چغل خور عورت۔ لڑائی بھگڑا کرنے والی عورت۔

پھلرو (د ہ) اسم صفت۔ بہ ترکیب تشبیہی) پھول کی مانند۔ چھوٹا سا بچہ۔ پیارا پیارا بچہ۔

پھلڑا (د ہ) اسم مذکر) پھل کی تصغیر۔ ہتھیار کا پھل۔ چھری چاقو وغیرہ کا وہ حصہ جو دستہ کے علاوہ ہو۔

پھلسا (د ہ) اسم مذکر) دروازہ۔ دروازے کے کواڑ۔ روک اور حفاظت کا سامان

گاؤں کا وہ بڑا آدمی جو اس کی تمام باتوں کو بنظر امتحان دیکھتا ہو اور لوگوں کو ان کے بھلے برے سے آگاہ کرتا ہو۔ گاؤں کا بزرگ پنچ۔

پھُلکا (د ہ) اسم مذکر) چھوٹی سی پھولی ہوئی چپاتی۔ پھول کی مانند ہلکا۔ جیسے ہلکا پھُلکا۔ یہ لفظ ان معنوں میں بھی اکیلا نہیں آتا۔ بلکہ ہلکا کے ساتھ آتا ہے

پھلکا (د ہ) اسم مذکر) پھپھولا۔ آبلہ۔ چھالا۔ پنجالہ۔ دنگل۔ اکھاڑا جہاں پہلوان کشتی کے فن کی تعلیم اور زور آزمائی کی مشق کرتے ہیں نرم اور ملائم زمین۔ پھل۔ دھار۔ نوک۔ سناں۔

پھلکا پڑنا (د ہ) فعل) آبلہ ہونا۔ پھپھولا پڑنا۔ چھالا پڑنا۔

پھُلکاری (د ہ) اسم مؤنث) پھول بوٹے نکالنے کا کام۔ گلکاری۔ ایک قسم کا پھول بوٹے دار کپڑا۔

پھلنا (د ہ) فعل) میوہ لگنا۔ بار ور ہونا۔ مبارک ہونا۔ پھل ہونا۔ نفع دینا۔ چیچک کا یا گرمی دانوں اور پھنسیوں وغیرہ کا بکثرت نکل آنا۔ اولاد کی کثرت ہونا۔ خاندان کی زیادتی ہونا۔ اضافہ ہونا اقبالمند ہونا خوش نصیب ہونا۔ بہتری ہونا۔

پھلنا پھولنا (ا ر محاورہ) سرسبز و شاداب ہونا۔ خوب پھل پھول آنا۔ بار ور ہونا۔ امیر اور اقبال ہونا۔ صاحب اولاد ہونا۔

پھلنگ۔ یا۔ پھلنگ (د ہ) اسم مؤنث) درخت کی چوٹی۔ ٹہنی اور شاخ کا اخیری سرا۔ سر شاخ۔ چابک اور کوڑے وغیرہ کا آخری سرا۔

پہلو (د ف) اسم مذکر) پسلی۔ کولا۔ پکھوا۔ بازو۔ جانب۔ طرف۔ رُخ۔ بغل۔ گود آغوش۔ کنار۔ نگینے کا رخ۔ پھل الماس۔ فوج کا بازو۔ میمنہ۔ میسرہ۔ چپ۔ دراست۔ دایاں بایاں بازو۔ تکیہ۔ سہارا۔ آسرا۔ پوشیدہ بات۔ نکتہ باریکی جیسے اس میں کچھ تو پہلو رکھا ہی ہے رمز و کنایہ۔ موقع۔ ڈھب۔ جیسے کسی نہ کسی پہلو سے نکال لاؤ۔ برابر سامنے۔ مقابل۔ آن۔ انداز۔ ضرر۔ ادا قرب۔ پاس۔ پڑوس۔ ہمسائیگی۔ کونہ۔ کنارہ۔ گوشہ۔ کھونٹ۔ چوکھٹ۔ کواڑ۔ سرہانہ۔

پہلو بچانا (ا ر محاورہ) کنارہ کرنا۔ کترانا۔ چلے جانا۔ حیلہ نکالنا۔ تدبیر کرنا۔ طرح دے جانا۔

پہلو بسانا (ا ر محاورہ) پاس رہنا۔ پڑوس بسانا۔ پاس آ رہنا۔ برابر میں دفن ہونا۔ قبر کے پاس قبر ہونا۔ بغل میں لیٹنا۔ وصل ہونا۔ بغلگیر ہونا۔ ملنا۔ پاس پاس بیٹھنا۔

پہلو پر (د ُ تابع فعل) رُخ پر۔ بل پر۔ حمایت پر۔ مدد پر۔

پہلو تہی کرنا (د ُ فعل) بغل خالی ہونا۔ جدائی کرنا۔ پرہیز کرنا۔ اجتناب کرنا۔ دور ہونا۔ کنارا کرنا۔ آلے بالے بتانا۔ حیلہ حوالہ کرنا۔ علیحدگی اختیار کرنا۔ پروانہ کرنا۔ خیال نہ کرنا۔ مدد و حمایت سے الگ رہنا۔ سہارا نہ دینا۔ چشم پوشی

کر جانا۔

پہلو دار (ف۔ اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) پہلدار۔ کنندے دار۔ واسہ دار (رمز دار بات۔ کنایہ دار مختبہ۔ مبہم بات۔ ایسی بات جو کوئی نہ کوئی باریکی لئے ہو۔ دور خی بات۔

پہلو دبانا دو۔ فعل کسی طرف کو مغلوب کر دینا۔ چڑھائی کر کے فوج کے کسی پہلو کو قابو میں کر لینا۔ زور دینا۔ غلبہ کرنا۔ دباؤ ڈالنا۔

پہلو گرم کرنا دو۔ فعل۔ بغل میں بیٹھنا یا بٹھانا۔ گود میں لیٹنا یا لٹانا ہم صحبت ہونا۔ بغل میں سونا یا سلانا۔ کسی معشوق کو بغل میں بٹھانا۔

پہلو میں (ر۔ تابع فعل) برابر میں۔ مقابل میں۔ سامنے۔ آگے۔

پہلو میں بیٹھنا (ر۔ محاورہ) صحبت میں رہنا۔ قریب رہنا۔ مدد کرنا۔ حمایت کرنا۔ رُخ پر رہنا۔ ساتھ لگنا۔

پہلو نکالنا (ر۔ محاورہ) موقع نکالنا۔ ڈھب پیدا کرنا۔ تجویز نکالنا۔ تدبیر سوچنا۔

پہلو نکلنا (ر) موقع نکلنا۔ ڈھب بننا۔ تجویز نکل آنا۔ انداز معلوم ہونا۔ رمز کنایہ ظاہر ہونا۔

پھلوا (ہ۔ اسم مذکر) بٹا ہوا گرہ دار پھندنا۔ جو کھلیل لوئی وغیرہ میں بٹ لیا کرتے ہیں۔ جھالر۔ گچھا۔

پھلواڑی (ہ۔ اسم مؤنث) ظرف باغیچہ۔ چمن چھوٹا سا غنچہ جس میں پھول۔ پودے وغیرہ لگا لیا کرتے ہیں۔ بنس۔ آل و اولاد۔ بال بچے۔ کنبہ۔ خاندان۔

پہلوان (ف۔ اسم مذکر صفت) قوی جثہ۔ جسیم۔ طاقتور۔ بل۔ کشتی کا فن جاننے والا۔ کشتی گیر۔ بہادر۔ دلیر۔ سورما۔ جری۔ پر حوصلہ۔ باہمت۔ لڑاکا۔ جنگجو۔ بڑا ڈیل ڈول کا فربہ۔ سخت بدن والا۔ اس لفظ میں والا اسم فاعل سماعی ہے جو مفید صفت مشبہ ہے۔

پہلوانی (ف۔ اسم مؤنث۔ بیانیہ مصدری) زور آوری۔ کسرت۔ ورزش۔ کشتی۔ طاقت۔ قوت۔ بل۔ زور۔

پھلوری (ہ۔ اسم مؤنث) پکوڑی۔ بیسن کا نمکین گلگلا۔ پھلکی۔ یہ لفظ بالکسر بھی بولا جاتا ہے یعنی پھلوری۔

پہلوٹھی کا لڑکا (ہ۔ اسم مذکر بہ ترکیب اضافت توصیفی) پہلا بیٹا۔ پسر اولیں پہلے پھل کا لڑکا۔ وہ لڑکا جو سب سے پہلے پیدا ہو۔

پھلی (ہ۔ اسم مؤنث بیانیہ نسبتی) منسوب بہ پھل۔ پھل کی قبیلی۔ دانوں کا غلاف مٹر۔ لوبیا۔ مونگ۔ ماش۔ موٹھ وغیرہ کا پھل جس میں بہت سے دانے ہوتے ہیں۔ کیلے کے پھل کو بھی کہتے ہیں۔

پھلی (ہ۔ اسم مؤنث بیانیہ تصغیر) پھولا کی تصغیر ہے وہ سفید نقطہ جو آنکھ کے اندر پڑ جاتا ہے۔ کلی چشم۔ ٹینٹ۔

پہلی (ہ۔ اسم مؤنث صفت) پہلا کی تانیث۔ ابتدائی۔ اولین۔ سابقہ۔ مقدم۔

پہلے پہل (ہ۔ فعل تابع) اول ہی اول۔ اول مرتبہ پہلے شروع شروع۔

پہلے مارے سو میری۔ (ر۔ پہلے مارے سو جیتے (د مثل) سب سے پہلے اور برموقع کام کرنے والا ہی فتح یاب ہوتا ہے۔ جو شخص پہلے وار کرے وہی بہادر ہے۔

پہلے ہی برسے ہیں گال کاٹا (د مثل) آغاز ملاقات میں ہی رنج پہنچایا۔

پھلیل (ہ۔ اسم مذکر) خوشبودار تیل۔ پھولوں میں معطر کئے ہوئے تلوں کا تیل۔

پھلیندا (ہ۔ اسم مذکر) جامن۔ جامون۔ ایک میوے کا نام ہے جو اودے رنگ کا اور پیوندی بیر کے برابر ہوتا ہے۔

پھن (ہ۔ اسم مذکر) سانپ کا پھیلا ہوا سر جو کھڑے ہونے کے وقت دکھائی دیتا ہے۔

پھن مارنا (ہ۔ فعل) سر اٹھانا۔ سر مارنا۔ سانپ کا کسی کو ڈسنا۔ کاٹنا۔

پھن (ہ۔ اسم مذکر) وہ دودھ جو محبت اور پیار کے باعث ماں کی چھاتیوں میں بھر آتا ہے۔ جھاگ۔ کف جو دودھ پر آیا کرتی ہے۔

پھنا (ف۔ اسم صفت) چوڑا۔ عریض۔ فراخ۔ بڑے پہنے کا۔

پھننا (ہ۔ فعل) کپڑا زیب تن کرنا۔ اوڑھنا۔ کپڑا بدن میں ڈالنا۔ جامہ زیب تن کرنا۔

پہنانا (ہ) پہننا سے متعدی ہے۔ دوسرے کو کپڑوں وغیرہ سے آراستہ کرنا۔

پہناوا (ہ۔ اسم مذکر) حاصل بالمصدر از پہنانا و پہننا۔ لباس۔ پوشاک۔ کپڑا۔ لتا۔ پوشش۔ زیور گہنا۔ اوڑھنے پہننے کا طریق۔ رواج رسم۔ طور۔ ڈھنگ۔

پہنائی (ر۔ اسم مؤنث بیانیہ مصدری) معاوضہ۔ چوڑائی۔ فراخی۔ وسعت۔ کپڑے یا چوڑیاں وغیرہ پہنانے کی اجرت۔

پھنپھنانا (ہ۔ فعل) غیظ و غضب کی حالت میں ہونا۔ نہایت غضب ناک ہونا۔ یکدم غصے میں بھر جانا۔ سانپ کا پھن اٹھا کر غصے سے پھنکار مارنا۔

پہنچ (ہ۔ اسم مؤنث) پہنچنا سے حاصل مصدر ہے رسائی۔ آمد۔ دخل۔ رسید۔ اطلاع۔ خبر۔ وصولی۔

پہنچا (ہ۔ اسم مذکر) ساعد۔ کلائی (بحالت فعل) پہنچنا سے ماضی مطلق۔

پہنچانا (ہ۔ فعل) کسی چیز کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔

پہنچا ہوا (ہ) (اسم مذکر۔ اسم مفعول مفید صفت) خدا رسیدہ۔ بزرگ۔ پارسا۔ عارف باللہ۔ مقبول خدا۔ نہایت ہوشیار۔ تجربہ کار۔ جہاندیدہ۔ باخبر فاضل۔ پختہ کار۔

پہنچنا (ہ۔ فعل) داخل ہونا۔ رسائی پانا۔ باریاب ہونا۔ گھستا۔ راستہ طے ہو جانا۔ سفر طے کر لینا۔ ملنا۔ وصول پانا۔ آنا۔ جانا۔ باخبر ہونا۔ آگاہ ہونا۔ مطلع ہونا۔ خبردار ہونا۔ فاضل بن جانا۔ فارغ التحصیل ہو جانا۔ تمام کرنا۔ ختم کرنا۔ پختہ کار ہونا۔ تجربہ کار بن جانا۔ سوچنا۔ غور و خوض کرنا۔ سرایت کرنا۔ اثر کر جانا۔ جیسے سردی پہنچ گئی ہے تعلق کرنا۔ واسطہ ڈالنا۔ ذریعہ بنانا۔ قبضہ پانا۔ قدرت پانا۔ قابو کرنا۔ ولی بننا۔ خدا رسیدہ ہونا۔ عارف باللہ ہونا۔

پہنچی (ہ۔ اسم مؤنث) عورتوں کے پہننے کا ایک زیور جو کلائی پر باندھا جاتا ہے۔ دست بند۔

پھندا (ر) (اسم مذکر) دام۔ فریب۔ دھوکا۔ مکر۔ دغا۔ جھوٹ۔ فند۔ پھندا کا مخفف۔

پھندا کٹنا (ہ۔ فعل) مصیبت سے رہائی پانا۔ خلاصی ہونا۔ نجات پانا۔ قید سے چھوٹنا۔ قرضہ سے سبکدوش ہونا۔

پھندا (ہ۔ اسم مذکر) بال یا ریشم وغیرہ کا حلقہ۔ کمند۔ پھانسا۔ پھاند۔ جال۔ دام۔ فریب۔ پس۔ قابو۔ قبضہ۔ پنجہ۔ جیسے وہ دشمن کے پھندے میں

ہے۔ تکلیف۔ دُکھ۔ مصیبت۔

پھندا پڑنا دہ۔ فعل، کمند یا جال میں پھنسنا۔ حلق میں پھانسا پڑنا۔ گرہ در گلو شکستن کا ترجمہ ہے۔

پھندا دینا۔ یا۔ لگانا دہ۔ فعل، گرہ دینا۔ پھانسا لگانا۔

پھندنا دہ۔ اسم مذکر، چھتا۔ ریشم یا تاگے کا چھوٹا سا گچھا یا پھول جو ترکی ٹوپی یا چابک کی نوک پر یا جھالر کے سرے پر لگاتے ہیں۔

پھندنا سا دہ۔ اسم صفت بہ ترکیب تشبیہی، بونٹا سا چھوٹا سا۔ پیارا پیارا سا بچوں کی تعریف میں بولا جاتا ہے۔

پھندیت (دہ۔ اسم مذکر صفت بہ ترکیب فاعلی) پھندے میں پھنسانے والا۔ وہ سدھایا ہوا ہاتھی یا اور جانور جو دوسرے جانوروں کو پکڑوا دے۔ یہ اپنی آواز دے کر دوسرے جانوروں کو بلاتا اور جال میں پھنسا دیتا ہے۔

پھندے میں پڑنا۔ یا۔ پھنسنا دہ محاورہ) بلا میں گرفتار ہونا۔ دام فریب میں پھنسنا۔ آفت میں پڑنا۔ کسی کے بس میں آنا۔ قابو میں آجانا۔ قید میں پھنس جانا۔ نکاح میں آکر تکلیف اُٹھانا۔

پھندے میں پھنسانا دہ۔ محاورہ) دام فریب میں لانا۔ جان میں پھانسنا۔ قابو میں لانا۔ دھوکا دے کر نکاح میں لے آنا۔

پھنسانا دہ۔ فعل، اُلٹنا۔ اُبھانا۔ پکڑوانا۔ گرفتار کرانا۔ قابو میں لانا۔ بس میں لانا۔ فریب میں لانا۔ اُڑانا۔ اٹکانا۔

پھنساؤ (دہ۔ اسم مذکر) پھنسانا سے حاصل مصدر۔ الجھاؤ۔ اٹکاؤ۔ بکھیڑا۔ جھگڑا۔

پھنساؤ دہ۔ اسم مذکر حاصل مصدر از پھنسانا۔ قید کرنا۔ مشکل میں۔ دقت۔ قید۔ وہ جگہ جہاں نکلنا مشکل ہو۔

پھنسنا دہ۔ فعل) اُلجھنا۔ اٹکنا۔ پکڑا جانا۔ گرفتار ہونا۔ ماخوذ ہونا۔ کسی کی محبت اور عشق میں گرفتار ہونا۔ آشنائی کرنا۔ دہنا۔ پھنسنا۔ دلدل یا کیچڑ وغیرہ میں دھنس جانا۔ دوسرے کے قابو میں آجانا۔

پھنسوانا دہ۔ فعل، پھنسنا کا متعدی المتعدی ہے۔

پھنسی (دہ۔ اسم مؤنث) چھوٹا سا پھوڑا۔ پھُڑیا۔ وہ دانہ جو جسم پر پڑ جائے۔

پھنکا دہ۔ اسم مذکر، پھنکی کا اسم مکسر ہے۔ بڑی سے پھنکی۔ ایک دفعہ پھانکنے کی مقدار۔ جیسے کھانڈ یا چنوں کا ایک پھنکا۔ برسات کے دنوں میں پروانے شمع پر گر کر مرنے والے پتنگے کی ایک خاص قسم۔

پھنکا لگانا۔ یا۔ پھنکا مارنا دہ۔ فعل) ایک ہی دفعہ پھانک جانا۔ کسی سوکھی یا پسی ہوئی چیز کو منہ میں یک دم ڈال کر نگلنا۔

پھنکار (دہ۔ اسم مؤنث، صوت) حیوانات یا سانپ وغیرہ کے سانس کی آواز۔ دم۔ نفس۔ سانس۔ پھو۔ پھونک۔

پھنکار مارنا۔ یا۔ پھنکارا مارنا۔ سانپ کا غصہ میں آکر زور زور سے پھوں پھوں کرنا۔ حیوانات کا بھر کر بدقت سانس لینا۔ سانس چھوڑنا۔ پھونک مارنا۔

پھنکنا دہ۔ فعل) دُور جا گرنا۔ بکھرنا۔ کھنڈنا۔ ضائع ہونا۔ خراب ہونا۔ گر جانا پریشان ہو جانا۔

پھنکنا دہ۔ فعل) جلنا۔ بھڑکنا۔ مشتعل ہونا۔ بھڑکنا۔ جیسے بدن میں آگ پھنک گئی۔

پھنکنی دہ۔ اسم مؤنث، آلہ۔ بانس کا وہ کھوکھلا ٹونٹا جس سے آگ میں پھونک مارتے ہیں۔

پھنکی (دہ۔ اسم مؤنث) سفوف۔ چٹکی۔ ایک دفعہ پھانکنے کی مقدار۔

پھنگا (دہ۔ اسم مذکر) پروانہ کی ایک خاص قسم۔ پتنگ۔ وہ برساتی کیڑے جو رات کے وقت بکثرت شمع پر آگرتے ہیں۔

پھُنگ (دہ۔ اسم مؤنث) (دیکھو پھانگ)

پھنّو (دہ۔ اسم مؤنث) بہو۔ دلو۔ سینکری چھوٹے بچوں کا عفونتاسل۔

پھنی (دہ۔ اسم مذکر) ایک خاص قسم کا بڑے پھن والا سانپ جو نہایت زہریلا ہوتا ہے۔ (بحالت مؤنث) کنگھی کی شکل کا گوٹہ بننے کا آلہ۔ یہ تیلیوں کا بنا ہوتا ہے اور تانے کے تار اس میں پروئے ہوئے ہوتے ہیں۔

پھنّی (دہ۔ اسم مؤنث) فانہ۔ پانہ۔ وہ مخروطی شکل کی لکڑی جو بڑھئی لوگ تختے چیرتے وقت شگاف کے کھلا رہنے کے لئے دے دیتے ہیں۔

پھُو (دہ۔ اسم صوت) تھوکنے کی آواز۔

پھُوا (دہ۔ اسم مؤنث) باپ کی بہن۔ بُوا۔ پھپھی۔

پھُوا پھو دہ۔ اسم مذکر، لڑکیوں کے ایک کھیل کا نام ہے جس میں وہ باہم ہاتھ ملا کر حلقہ میں چکریاں کھاتی ہیں۔

پھوار یا پھہار (دہ۔ اسم مؤنث) پھُوار و تقاطر۔ ترشح۔ ہلکی اور خفیف بارش۔

پھوارا دہ۔ اسم مذکر) فوارہ۔

پھوپس (دہ۔ اسم مؤنث) پھپیار۔ ساس۔

پھوپسرا دہ۔ اسم مذکر) پھپیھا خسر۔ شوہر کی پھوپھی کا خاوند۔

پھُوپو (دہ۔ اسم مؤنث) پھپھی۔

پھوٹ (دہ۔ کلمۂ نفرین) لعنت ہے۔ تف ڈوب مر۔ ور گور۔

پھُوٹ (دہ۔ اسم مؤنث) نا اتفاقی۔ نفاق۔ اختلاف۔ مخالفت۔ بگاڑ۔ بغض۔ باہمی عداوت۔ ایک قسم کی لکڑی جو پک کر کھل جاتی ہے سیندھی۔ خیار دشتی۔ شکستگی۔ ٹوٹن۔ ٹوٹ پھوٹ۔

پھُوٹ بہنا دہ۔ محاورہ) رو پڑنا۔ گریہ کو ضبط کر سکنا۔ زار زار رونا۔ بھید کھول دینا۔ مینہ اور کیچڑ ظاہر کر ڈالنا۔ پھوڑا پھوٹ کر پیپ وغیرہ مواد جاری ہونا۔ پانی کا موری کو توڑ پھوڑ کر نکلنا۔

پھُوٹ پڑنا دہ۔ محاورہ) نفاق ہو جانا۔ نا اتفاقی پڑنا۔ دشمنی ہونا۔ عداوت ہونا۔ علیحدگی ہونا۔ اختلاف رائے ہونا۔

پھُوٹ پھٹک رہنا دہ۔ محاورہ) ان بن رہنا۔ نا اتفاقی اور جھگڑا وغیرہ رہنا جدائی۔ علیحدگی اور دشمنی رہنا۔ فساد باہمی رہنا۔

پھُوٹ پھُوٹ کر رونا دہ۔ محاورہ) زار زار رونا۔ زار و قطار رونا۔ بے حد رونا۔ بہت سُبک سُبک کر رونا۔ آٹھ آٹھ آنسو رونا۔

پھُوٹ ڈالنا دہ۔ محاورہ) نا اتفاقی ڈالنا۔ دشمنی پیدا کرنا۔ باہم عداوت کرنا۔ جدائی کرا دینا۔

پھُوٹ سا کھل جانا دہ۔ محاورہ) خستہ ہونے کی وجہ سے پھٹ جانا۔ دوپارہ ہو جانا۔ کئی ٹکڑے ہو جانا۔

پھُوٹ نکلنا دہ۔ فعل) بدن پر پھنسیوں کا بکثرت نکل آنا۔ جسم پر مواد کا بہت ہی ظاہر ہونا۔ بہ نکلنا۔ تو ڑ کر نکل جانا۔ رسنے لگنا۔ ٹپک پڑنا۔ بھید کھل جانا۔ راز کھل جانا۔

پھُوٹا دہ۔ اسم صفت بہ ترکیب مفعولی) بحذف علامت۔ شکستہ۔ شگافتہ۔ ٹوٹا

ہُوا۔ (بحالت فعل) ٹوٹنا سے ماضی مطلق۔

پھوٹک (ہ۔ فعل۔ اسم مؤنث) حاصل بالمصدر از پھوٹنا۔ روا۔ ریزہ۔ ریز گاری۔ روپیہ کے چھوٹے سکے۔ جیسے دس پیسے، پچاس پیسے وغیرہ۔

پھوٹنا (ہ۔ فعل) ٹوٹنا۔ شکستہ ہونا۔ کھلنا۔ پھٹنا۔ پھونٹ کی طرح پھٹنا۔ مواد کا جسم پر ظاہر ہونا۔ پھنسیاں نکلنا۔ ظاہر ہونا۔ نمودار ہونا۔ درخت میں پتے نکلنا۔ بیج کا ابھرنا۔ اُگنا۔ تحقیر اُگمنا اور بولنا۔ جیسے منہ سے کچھ پھوٹو تو سہی۔ پھٹنا۔ تراخنا۔ خوش ہونا۔ بو یا خوشبو کا پھیلنا۔ خبر کا مشتہر ہو جانا۔ بھید کھل جانا۔ راز افشا ہونا۔ پانی کا توڑ کر نکل جانا۔ بہ نکلنا۔ زخم کا پھٹ جانا۔ پھوڑے کی آلایش کا بہ نکلنا۔ بینائی کا جاتا رہنا جیسے دیدے پھوٹ تو نہیں گئے۔ گواہ یا دوست کا دوسرے سے جا ملنا۔ پھٹنا۔ خون جاری ہونا۔ جیسے سر پھوٹ گیا۔ ایک طرف سے دوسری طرف نکل جانا۔ جیسے سیاہی پھوٹ گئی ہے۔

پھوٹی (ہ۔ اسم صفت مؤنث) خلاف علامت مفعولی۔ ٹوٹی ہوئی۔ شکستہ چیز۔ نکمی۔ ناقص شے جسے کوئی نہ خریدے۔ جیسے پھوٹی کوڑی۔

پھوٹی آنکھ کا تارا (ہ۔ اسم مذکر) نہایت عزیز بیٹا کئی بیٹوں میں ایک بیٹا جو زندہ رہا ہو۔

پھوٹی آنکھ کا دیدہ (اُ۔ اسم مذکر) کئی بچوں میں ایک بچہ جو زندہ رہا ہو۔

پھوٹی نظروں۔ یا۔ دیدوں نہ بھانا (اُ) ذرا نہ بھانا۔ بالکل پسند نہ آنا۔ بالکل نہ سہانا۔

پھوٹے منہ سے (ہ۔ تابع فعل) برے منہ سے۔ ناکارہ اور نکمے منہ سے۔

پھوڑا (ہ۔ اسم مذکر) دُمبل۔ بڑی اور بکردار موٹی پھنسی۔ گومڑا۔ دُبل۔

پھوڑا نکلنا (ہ۔ محاورہ) دُمبل نکل آنا۔ گومڑا نکل آنا۔ تکلیف ہونا۔

پھوڑا پھوٹنا (ہ۔ فعل) پھوڑے سے آلایش نکلنا۔ تکلیف دور ہونا۔

پھوڑنا (ہ۔ فعل) ٹکڑے کرنا۔ توڑنا۔ شکستہ کرنا۔ دیوار وغیرہ میں سوراخ کرنا۔ سر کا زخمی کرنا۔ آنکھ کی بینائی زائل کر دینا۔ بدقسمت بنانا۔

پھوس (ہ۔ اسم مذکر) لمبی گھاس جس سے بناتے ہیں۔ پرانی اور نرم گھاس (بحالت صفت) نہایت بوڑھا۔ ضعیف۔ کمزور۔ نحیف۔ ہلکا تمباکو۔ پھیکا تمباکو۔ جلد جل جانے والا۔

پھوسڑا (ہ۔ اسم مذکر) روئی یا ریشم وغیرہ کا ریشہ۔ تس۔ عورتیں انکسار اپنے اور اُولاد کو بھی کہہ دیتی ہیں۔ بچہ۔ اولاد

پھوک (ہ۔ اسم مذکر) کسی چیز کو نچوڑ لینے کے بعد جو فضلہ بچتا ہے وہ پھوک کہلاتا ہے۔ سفل۔ خالی۔ کھوکھلا۔ بدمزا۔ بدذائقہ۔ بے اثر۔ کم اثر۔ بن گھی کا اُبالا۔

پھوکا (ہ۔ اسم مذکر صفت۔ بالف وصفی) ہلکا۔ مہک جس میں آنس نہ رہا ہو۔

پھوکٹ کا (ہ۔ اسم مذکر۔ صفت) مفت کا۔ داموں بغیر کا۔ بن داموں کا۔

پھوکٹ میں (ہ۔ تابع فعل) مفت میں۔ بے مول پیسہ خرچ کئے بغیر بے خرچے۔

پھوکل (ہ۔ اسم صفت) خالی۔ مفلس۔ کھوکل۔

پھوکلا پھکلا (ہ۔ اسم صفت) خالی۔ مفلس۔ غریب جس کے پاس کچھ نہ ہو۔

پھول (ہ۔ اسم مذکر) گل۔ شرارہ۔ پتنگا۔ چراغ کی بتی کا جلا ہوا سرا جو شرارے کی طرح جڑ جاتا ہے نقش و نگار۔ گلکاری۔ ہندوؤں کے مردے کی ہڈیاں جو جل چکنے کے بعد چن کر گنگا جی میں بہانے کے واسطے بھیجی جاتی ہیں۔ کاسنی جو ایک قسم کی مرکب دھات ہے۔ حیض۔ حیض کا خون۔ ایک قسم کی بیماری کا نام بھی ہے جو کوڑھ سے مشابہ ہے۔ برص۔ سوکھے ہوئے ساگ کے پتے مسلمانوں کے فاتحہ سوم کی رسم دد آتشہ شراب۔ شراب تیز۔ ہلکا۔ مہک نہایت کم وزن۔ تپلی سیاہی وغیرہ کو جما کر سکھائے ہوئے ورق۔ جیسے سیاہی کے پھول۔

پھول اُترنا (ہ۔ فعل) درخت سے پھولوں کا چنا جانا۔ پھول ٹوٹنا۔

پھول اُٹھنا (ہ۔ محاورہ) اُبھر جانا۔ بڑھ جانا۔ ماتم دور ہونا۔ تیجے کی رسم کا ادا ہو جانا۔ درم کر جانا۔ سوج جانا۔

پھول آنا (ہ۔ محاورہ) درخت میں گل لگنا۔ بہار آنا۔ ایام حیض ہونا۔ حیض آنا۔ کپڑوں سے ہونا۔

پھول پان (ہ۔ اسم مذکر) انجام کار۔ خاتمہ۔ نتیجہ۔ برائی بھلائی۔ جیسے وائی کے سر پھول پان (بحالت صفت) نازک۔ نازک بدن۔ کامنی۔ دھان پان۔ نہایت نازک اندام۔

پھول پڑنا (ہ۔ محاورہ) پتنگا پڑنا۔ چنگاری گرنا۔ آگ لگنا۔ جلنا۔

پھول جھڑنا (ہ۔ محاورہ) سوکھے پھولوں کا درخت سے گرنا۔ خزاں ہونا۔ خوش کلامی اور فصاحت سے بولنا۔ چراغ سے جلی ہوئی بتی کا سر اگرنا۔ آتشبازی میں سے پھول نکلنا۔

پھول چڑھانا (ہ۔ محاورہ) مزار یا قبر پر پھول رکھنا تربت پر پھول رکھنا۔

پھول چُننا (ہ۔ محاورہ) پھول توڑنا۔ پھول چگنا۔ ہندوؤں کے تیجے کی رسم جس میں وہ مردے کی جلی ہوئی ہڈیاں مرگھٹ سے چن کر گنگا جی میں بہانے کو بھیجتے ہیں۔

پھول سونگھ کر رہنا / پھول سونگھ کے رہنا (ہ۔ محاورہ) نہایت کم خوراک کھانا۔ صرف خوشبو ہی پر رہنا۔ ذرا سا کھا کر زندگی بسر کرنا۔ یہ محاورہ طنزاً بولا کرتے ہیں۔

پھول کُترنا (ہ۔ فعل) گل کترنا۔ قینچی وغیرہ سے پھول پتیاں کترنا۔ نہایت انوکھا اور عجیب اور باریک کام کرنا۔

پھول کملانا / پھول مرجھانا / پھول مرجانا (ہ۔ فعل) پھول کا مرجھا جانا۔ پژمردہ ہونا۔ محبت کم ہو جانا۔ بچوں کا تکلیف سے ملول ہونا۔

پھول کھلنا (ہ۔ محاورہ) گل کا شگفتہ ہونا۔ پیار آنا۔ شادی ہونا۔ بیاہ ہونا۔ کنواری عورت کا بیاہی جانا۔

پھول کی جگہ پنکھڑی (ہ۔ محاورہ) بہت کی جگہ تھوڑا سا۔

پھول نہ پان کہنے کو ہاں (ہ۔ محاورہ) خرچ کچھ نہ کرنا اور باتیں بنائے جانا۔

پھول نہیں پنکھڑی سہی (ہ۔ محاورہ) بہت نہیں تھوڑا ہی سہی۔

پھول والوں کی سیر (اُ) سیر گل۔ فروساں دہلی میں برسات کے دنوں میں ایک مشہور میلہ ہوتا ہے جو خواجہ قطب الدین کاکی کے مزار پر منعقد ہوتا ہے۔

پھول وہی جو ہمیش چڑھے (ہ۔ مثل) چیز وہی اچھی ہے جسے بڑے لوگ پسند کریں تدبیر وہی جو کام آئے۔ ہمیش اور ہمیشور اصل میں مہادیو جی کا لقب ہے۔

پھول ہونا (ہ۔ محاورہ) فاتحہ سوم کی رسم کا ادا ہونا۔ تیجا ہونا۔

پھولا (ہ۔ اسم مذکر) آنکھ کا ٹینٹ پھلی۔ پھپھولا۔ آبلہ۔ روئی کا گالا۔ کاجل۔

پھولا (ہ۔ اسم مذکر) ایک مرض کا نام ہے جو بلبلوں و لالوں وغیرہ پرندوں میں



مختلف اقسام کے (پھول)



POLO

پولو



پچکاری

پینگوئن



پروجیکٹر

پادری

ہوتا ہے اس سے جانور پھول جاتا ہے اور پھر کانٹا نکل کر مر جاتا ہے۔
(بحالت فعل) پھولنے کا ماضی مطلق۔ اپھرا۔ پھول گیا۔

پھولا پھلا (ہ۔ اسم صفت) (دیکھو بھلا پھولا۔

پھولا نہ سمانا (ہ، فعل۔ نہایت خوش ہونا۔ خوشی سے پھول جانا۔ اصل میں پھولا انگ نہ سمانا ہے یعنی پھول کر جسم میں نہ سمانا۔

پھولام (ہ۔ اسم مذکر) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔ جس میں قسم قسم کے پھول بنے ہوتے ہیں۔

پھول بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) ناراض ہو بیٹھنا۔ رُوٹھ جانا۔ اینٹھ جانا۔ خوش ہو کر بیٹھ جانا۔

پھول پھول کر بیٹھنا (محاورہ) نہایت خوش و خرم ہو کر بیٹھنا۔ مغرور ہونا۔ تکبر ہو کر بیٹھنا۔

پھولتا پھرنا (ہ۔ محاورہ) خوش ہو کر پھرنا۔ اینٹھتے پھرنا۔ اُترانا۔ خفگی اور غصے سے پھرنا کے معنی میں بھی آتا ہے۔

پھول جانا (ہ۔ محاورہ) اُبھرنا۔ سوج جانا۔ ورم کر جانا۔ بھر بھرا جانا۔ اپھر جانا۔ فربہ ہونا۔ موٹا ہونا۔ مغرور ہونا۔ متکبر ہونا۔ ہوا بھر کر اُبھر جانا۔

پھولنا (ہ۔ فعل) سوجنا۔ ورم ہونا۔ ہوا بھرنا۔ شگفتہ ہونا۔ کھلنا۔ جیسے گل پھولنا۔ موٹا ہونا۔ فربہ ہونا۔ اُپھرنا۔ قفع ہونا۔ خوب ظاہر ہونا۔ نمایاں ہونا۔ جیسے شفق پھولنا۔ اُترانا۔ معرقہ ہونا۔ خوش ہونا۔ لگن ہونا۔ سرسبز ہونا۔ باور کرنا۔ شاداب ہونا۔ مراد مند ہونا۔

پھولنا پھلنا (ہ۔ فعل) بمعنی معنی پھول آکر پھل لگنا۔ درخت کا سرسبز ہونا۔ بارور ہونا۔ امیر اور آسودہ حال ہونا۔ صاحب اولاد ہونا۔ بامراد ہونا۔

پھولوں (ہ۔ اسم مذکر) پھول کی جمع۔ بہت سے پھول۔

پھولوں پاتوں بھانا (ہ۔ محاورہ) ہر طرح بھلا معلوم ہونا۔ پھول پتے سے بھلا لگنا۔ آرایش و زیبایش سے خوش و خرم معلوم ہونا۔

پھولوں کا گہنا (ہ۔ اسم مذکر) پھولوں کا وہ زیور جو شادی کے موقع پر دُلھا دُلھن کو پہناتے ہیں یعنی سہرا بدھی۔ طرّہ۔ نازک چیز جو پائدار نہ ہو۔ چمک سنیلا۔ ماتا۔

پھولوں کا ہار (ہ۔ اسم مذکر) پھولوں کا کنٹھا۔ حمائل گل۔

پھولوں کی چادر (ہ۔ اسم مؤنث) پھولوں کی وہ جالی جو بزرگوں کے مزار پر منت یا اعتقاد کے طور پر چڑھاتے ہیں۔

پھولوں کی چھڑی (ہ۔ اسم مؤنث) وہ پھولوں کی لکڑی جس میں چوتھی کھیلنے کے واسطے پھولوں کے ہار لپیٹ کر رکھتے ہیں۔ معشوقوں کے ہاتھ کی مار صرف معشوق سے مراد لیا کرتے ہیں۔

پھولوں کی سیج (ہ۔ اسم مؤنث) بستر گل وہ پلنگ جو پھولوں سے سجایا گیا ہو۔ بستر راحت۔

پھولوں ماری گر پڑی لٹھوں ماری اُٹھ بیٹھی (ہ۔ مثل) تھوڑی مصیبت سے بے قرار ہو گئی۔ زیادہ کی برداشت کر لی۔

پھولے پھلے۔ یا۔ پھولو پھلو (ہ) دعائیہ فقرہ ہے۔ خوش و خرم رہو۔ بامراد اور صاحب اولاد ہو۔

پھونٹ (ہ۔ اسم مؤنث) (دیکھو پھونٹ۔ ایک خاص قسم کی ککڑی جو پک کر کھل جاتی ہے۔

پھونس (ہ۔ اسم مذکر) (دیکھو پھونس)

پھونسڑا (ہ۔ اسم مذکر) (دیکھو پھوسڑا)

پھونک (ہ۔ اسم مؤنث) وہ ہوا جو مُنہ سے نکالیں۔ سانس۔ دم۔ روح۔ نفس۔ (بحالت صفت) ہلکی سی چیز۔ ورق سی چیز۔ ہلکا زیور۔

پھونک پھونک کر قدم رکھنا / پھونک پھونک کر پاؤں رکھنا (ہ۔ محاورہ) کمال احتیاط سے چلنا۔ خائف رہنا۔ چوکنا رہنا۔ ڈرتے ڈرتے کوئی کام کرنا۔ پھونک پھونک کر کوئی کام کرنا۔ آہستہ آہستہ سوچ سمجھ کر کوئی کام کرنا۔

پھونک مارنا (ہ۔ فعل مُنہ کی ہوا کو زور سے چھوڑنا۔ چراغ وغیرہ بجھانا۔ دیا نا موش کرنا۔ جادو کرنا۔ جلانا۔ سُلگانا۔

پھونک نکل جانا (ہ۔ محاورہ) جان نکل جانا۔ جان چھوٹ جانا۔ مر جانا۔

پھونک دینا (ہ۔ فعل) آگ لگا دینا۔ جلا دینا۔ جلا کر مجسم کر دینا۔ جلا کر راکھ کر ڈالنا۔ بہکانا۔ کان بھرنا۔ حقہ کا پانی نکالنا۔ پھیلا دینا۔ مشتہر کر دینا۔

پھونکنا (ہ۔ فعل) پھونک مارنا۔ مُنہ کی ہوا نکالنا۔ جلانا۔ آگ لگانا۔ راکھ کر دینا۔ بھسم کرنا۔ حقہ کا پانی نکالنا۔ پھیلانا۔ اعلان کرنا۔ مشتہر کر دینا۔ بہکانا۔ کان بھرنا۔ شائع کرنا۔ دل جلانا۔ ستانا۔ تکلیف دینا۔ سنکھیا بچھانا۔ صور یا نفیری کی آواز نکالنا۔ آگ مشتعل کرنا۔ بھڑکانا۔ دم کرنا۔ پھونک کرنا۔ جادو کرنا۔

پھوہا (ہ۔ اسم مذکر) بردی کا ذرا سا ٹکڑا۔ عطر یا خوشبو میں بسایا ہوا ذرا سا روئی کا ٹکڑا۔ گابے کا ٹکڑا۔

پھوہار۔ یا۔ پھوار (ہ۔ اسم مؤنث) (دیکھو پھوار)

پھوہڑ۔ یا۔ پھوہڑ (ہ۔ اسم صفت) سُگھڑ کے خلاف۔ بے تمیز۔ بدسلیقہ۔ بدتہذیب۔ ناشائستہ۔ گھامڑ۔ نامہذب۔ بے ہنر۔ بے وقوف۔ گدھی۔ وہ عورت جو امور خانہ داری کی سمجھ و عقل نہ رکھتی ہو۔

پھوہڑپن۔ یا۔ پھوہڑپنا (اسم مذکر۔ اسم مصدری بذریعہ علامت پن۔ یا۔ پنا) بے تمیزی۔ بدتہذیبی بے ہنری۔ بے وقوفی۔ نادانی۔ ناشائستگی۔

پھوئی (ہ۔ اسم مؤنث) پھچھوندی۔ گھی کے گرم کرتے ہوئے اوپر تاتے وقت جو پھول اُوپر آجاتا ہے اسے بھی پھوئی بولتے ہیں۔

پھویا (ہ۔ اسم مذکر) (دیکھو پھوہا۔

پھوئیاں (ہ۔ اسم مؤنث) تقاطر۔ پھوہار۔ ترشح۔ ہلکی ہلکی بوندیں۔ ننھی ننھی بوندیں۔

پھوئیاں پھوئیاں (ہ۔ اسم مؤنث) قطرہ قطرہ۔ کم کم۔ تھوڑا تھوڑا۔ ذرا ذرا۔

پھوئیاں پھوئیاں تالاب بھر جاتا ہے / پھوئیوں پھوئیوں تالاب بھر جاتا ہے (ہ۔ مقولہ) تھوڑا تھوڑا مل کر بہت ہو جاتا ہے۔ قطرہ مل کر دریا بن جاتا ہے۔



پھیپھڑا (ہ۔ اسم مذکر) ششش۔ بریہ۔ ایک عضو کا نام ہے جس میں ہوا باہر سے جا کر خون کو صاف کرتی ہے اور خراب ہو کر باہر آجاتی ہے یہ دل کے اوپر کی طرف پنکھے کی طرح ہے۔

پھیپھڑا جلانا (ہ۔ محاورہ) کسی کی خیر خواہی کرنا۔ زیادہ بھلائی کرنا۔ خیر خواہی

جتانا۔
پھیپھڑی (ہ۔اسم مؤنث) ہونٹوں کی پپڑی۔ ہونٹوں کی خشکی۔ پیاس یا گرمی کے غلبہ سے خشکی ہونا۔
پھیپھڑی بندھنا (ہ۔فعل) خشکی اور پیاس کے مارے ہونٹوں کا نہایت خشک ہو جانا۔ لب خشکی ہونا۔ خشک لبی ہونا۔
پھیٹ (ہ۔اسم مؤنث) کمر کا پٹکا۔ کمر بند۔ وہ کپڑا جو کمر پر باندھا جائے۔
پھیٹا (ہ۔اسم مذکر) سر سے باندھنے کا چھوٹا سا دوپٹہ۔ چھوٹی پگڑی۔ سر پیچ۔
پھیٹنا (ہ۔فعل) ہلانا۔ ایک جان کرنا۔ انگلی یا ہاتھ وغیرہ سے خوب ہلانا۔ جیسے انڈے کی زردی سفیدی وغیرہ کو پھیٹنا اور بالکل ایک جان کر دینا۔
پھیر (ہ۔اسم مذکر) چکر۔ موڑ۔ فاصلہ۔ دوری۔ فرق۔ تشویش۔ سختی۔ مشکل۔ دقت۔ انقلاب۔ تغیر و تبدل۔ الٹ پھیر۔ پیچ۔ جال۔ فریب۔ الجھاؤ۔ جھمیلا۔ مکر۔ چنتا۔ دھکڑ پکڑ۔ دائرہ۔ احاطہ۔ حلقہ۔ گردش۔ برائی۔ بدی۔ جیسے قسمت کا پھیر۔ ٹھیک اندازہ۔ پورا تخمینہ۔ صحیح صحیح حال معلوم کرنا۔ جیسے راجہ اور دریا کا کس نے پھیر پایا۔ گھیر۔ گھیڑا۔
پھیر باندھنا (ہ۔فعل) بازو باندھنا۔ سلسلہ باندھنا۔ تسلسل ڈالنا۔
پھیر بدل (ہ۔اسم مذکر) ادل بدل۔ الٹا پلٹا۔ عوض معاوضہ۔
پھیر بندھنا (ہ۔فعل) تسلسل ہونا۔ تار بندھنا۔ لگاتار کسی چیز کا ہوتے رہنا۔
پھیر پڑنا (ہ۔فعل) تفاوت اور فرق پڑنا۔ چکر لگنا۔ تسلسل قائم ہونا۔
پھیر پھار (ہ۔اسم مؤنث) ادلا بدلی۔ الٹا پلٹی۔ ہیرا پھیری۔ کبھی لینا۔ کبھی واپس کرنا۔ (یہ پھیرنا سے حاصل مصدر ہے)
پھیر دینا (ہ۔فعل) موڑ دینا۔ واپس کرنا۔ رُخ بدلنا۔ سمت بدلنا۔
پھیر ڈالنا (ہ۔فعل) (دیکھو پھیر باندھنا)
پھیر لینا (ہ۔فعل) واپس لینا۔ لوٹا لینا۔ واپس کر لینا۔
پھیر میں آنا (ا۔محاورہ) مصیبت میں آنا۔ بکھیڑے میں پھنسنا۔ چکر میں آنا۔ گردش میں آنا۔ لاتعلق میں آنا۔
پھیر میں ڈالنا (ہ۔محاورہ) مصیبت میں پھنسانا۔ تکلیف میں ڈالنا۔ لاتعلق دلانا۔ بھٹکانا۔ گمراہ کرنا۔ چکر میں ڈالنا۔
پھیرا (ہ۔اسم مذکر) حاصل مصدر از پھرنا۔ گشت۔ دورہ۔ چکر۔ کسی جگہ جا کر واپس آجانا۔ حلقہ۔ دائرہ۔ گھماؤ۔ موڑ۔ طواف۔ پرکار۔
پھیرا پھیری (ہ۔اسم مؤنث) کسی چیز کا باہم لینا اور واپس کرنا۔
پھیرا لگانا (ہ۔فعل) جا کر پھر آنا۔ گشت۔ دورہ کرنا۔ ہو آنا۔
پھیرنا (ہ۔فعل) چکر دینا۔ پھرانا۔ گھمانا۔ لوٹانا۔ واپس کرنا۔ موڑنا۔ رُخ بدلنا۔ پیچھے ہٹانا۔ سدھانا۔ نکالنا۔ جیسے گھوڑا پھیرنا۔ پوتنا۔ کوچی لگانا۔ رنگ کرنا۔ منع کرنا۔ قلعی کرنا۔ الٹنا پلٹنا۔ تسبیح چلانا۔ مالا جپنا۔ سمرنا۔ آموختہ۔ دُہرانا۔ خواندگی پڑھنا۔ دل بیزار کرنا۔ متنفر کرنا۔ ناراض کرنا۔ ہاتھ لگانا۔ چھونا۔ مس کرنا۔ سیر کرانا۔ جھکرنا۔ زبان بدلنا۔ پلٹ جانا۔ واپس ہو جانا۔
پھیری (ہ۔اسم مؤنث) طواف۔ پرکار۔ گشت۔ چکر۔ پھیرا کی تانیث۔ فقیروں کا ایک خاص جگہ پر دورہ کرنا۔ خوردہ فروش کا گشت لگانا۔ ہندوؤں کا چیت سدی کو اپنے شہر کے گرد پھیرنا بھی پھیری کہلاتا ہے۔
پھیری پھرنا (ہ۔فعل) پیچھے یا بھیک مانگنے کے لئے جانا۔ گشت لگانا۔
پھیری لگانا (ہ۔فعل) گشت لگانا۔ دورہ کرنا۔ گدائی کے واسطے نکلنا۔ خوردہ فروشی کرنا۔ کمائی کو جانا۔
پھیری والا (ہ۔اسم مذکر۔فاعل) محلوں میں پھر کر سودا وغیرہ بیچنے والا۔ خوانچہ والا۔ بساطی۔ بکس والا۔ بزاز۔ وہ فقیر جو کئی دن تک پھیری لگائے۔
پھیرے (ہ۔اسم مذکر) پھیرا کی جمع۔ ہندوؤں کے نکاح کی رسم کا جزو اعظم۔ پھیرے پڑنا۔ یا۔ ہونا (ہ۔فعل) نکاح ہونا۔ دورہ ہونا۔ آگ کے پھیرے۔
پھیرے ڈالنا (ہ۔فعل) نکاح کرنا۔ عقد کسی کام کو بار بار جانا۔
پھیکا (ہ۔اسم صفت) الونا۔ بے نمک کا جیسے لون کا۔ کم میٹھا۔ کم مٹھاس والا۔ بدمزہ۔ میٹھا۔ بدذائقہ۔ بے لطف۔ بے لذت۔ اداس۔ بے رونق۔ جیسے اُن کے چہرے کا رنگ پھیکا پڑ گیا۔ حسن بے نمک۔ رُوکھا۔ بدخلق۔ کج خلق آدمی۔
پھیکا پڑ جانا (ہ۔محاورہ) رنگ مدھم ہو جانا۔ رونق میں فرق آجانا۔ بے آب ہو جانا شرمندہ ہو جانا۔ اوس پڑ جانا۔ ذلیل ہو جانا۔
پھیکا پڑنا (ہ۔محاورہ) ذلیل ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ بدرنگ ہونا۔ بے رونق ہو جانا۔
پھیکا پنڈا ہونا (ہ۔محاورہ) ہلکا سا بخار ہونا۔ خفیف سا بخار ہو جانا۔ کسلمند ہونا۔ صرف بخار ہونا۔
پھیلانا (ہ۔فعل) پھانا۔ فرش کرنا۔ پسارنا۔ دراز کرنا۔ لمبا کرنا۔ کھولنا۔ کشادہ کرنا۔ بڑھانا۔ چوڑا کرنا۔ بانٹنا۔ تقسیم کرنا۔ جیسے اس روپے کو سات پر پھیلا دو حساب لگانا۔ تخمینہ کرنا۔ شائع کرنا۔ مشتہر کرنا۔ کھنڈانا۔ بکھیرنا۔ جیسے بلی کھاتی نہیں پھیلا ضرور دیتی ہے شروع کرنا۔ لگا لگانا۔ جیسے کام پھیلانا۔ پڑتال کرنا۔ ضرب تقسیم وغیرہ کو جانچنا۔
پھیلاؤ (ہ۔اسم مذکر) حاصل مصدر پھیلانا سے چوڑائی۔ وسعت۔ کشادگی۔ فراخی۔ درازی۔ طوالت۔ تقسیم و ضرب وغیرہ کی پڑتال۔ اندازہ۔ تخمینہ۔ مقدار۔
پھیلاوٹ (ہ۔اسم مؤنث) حاصل بالمصدر تقسیم۔ عمل۔ قسمت کرنا۔ بانٹ۔ حساب کا عمل۔ حساب کا حل۔
پھیل کر۔ یا۔ پھیل پھیل کر سونا (ہ۔محاورہ) خوب ہاتھ پاؤں پھیلا کر سونا۔ بڑی بے فکری سے سونا۔ نہایت امن و اطمینان و آرام سے سونا۔
پھیل کر بیٹھنا (ہ۔فعل) کھل کر بیٹھنا۔ چار زانو ہو کر بیٹھنا۔ آلتی پالتی مار کر فراغت اور بے فکری سے بیٹھنا۔
پھیلنا (ہ۔فعل) پھیلانا سے لازم ہے۔ بچھنا۔ فرش ہونا۔ وسیع ہونا۔ کشادہ ہونا۔ فراخ ہونا۔ مشہور ہونا۔ منتشر ہونا۔ بکھرنا۔ چھانا۔ بڑھنا۔ حد کرنا۔ کثیر الاولاد ہونا۔ صاحب اولاد ہونا۔ بڑے خاندان والا بن جانا۔ فربہ ہونا۔ موٹا ہونا۔ اندازہ ہونا۔ پڑتال ہونا۔ حد سے بڑھنا۔ بکثرت ہونا۔
پہیلی (ہ۔اسم مؤنث) بوجھ۔ بجھارت۔ چیستان۔ لغز۔ مُعما۔
پہیلی بوجھنا (ہ۔فعل) پہیلی حل کرنا۔ مُعما بتا دینا۔ بجھارت سمجھ جانا۔
پھین (ہ۔اسم مذکر) جھاگ۔ کف۔ ناک کی ریٹ۔ سنک۔
پھیہا (ہ۔مذ) عوام۔ پھاہا۔ مُرغی کی ایک بیماری جس میں پیٹ کے نیچے ورم ہو جاتا ہے اور وہ انڈے نہیں دیتی۔
پہیہ (ہ۔مذ) پہیا۔ گول چکر دار چیز جو گاڑیوں وغیرہ استعمال ہوتی ہے۔
پہیے (پہیہ کی جمع)
پھینپکا (ہ۔اسم مذکر) ریت کا بگولا۔ سنگ کا پھینڈا۔ بہت سا سنگ۔ جو ایک ہی دفعہ

ناک سے نکل پڑے۔

پھینیٹ (ہ۔اسم مؤنث) پھیٹ۔ کمر کا پٹکا۔ دوپٹہ۔

پھینٹ باندھنا (ہ۔فعل) (ہندو) کمر کسنا۔ تیار ہونا۔ مستعد ہونا۔

پھنٹا (ہ۔اسم مذکر) دیکھو پھیٹا۔

پھینٹنا (ہ۔فعل) (دیکھو پھیٹنا۔

پھینٹی (ہ۔اسم مؤنث) سوت کی انٹی۔

پھینچنا (ہ۔فعل) کنگھالنا۔ کپڑے کو صابون وغیرہ لگا کر دھونا۔

پھینک (ہ۔اسم مؤنث) حاصل مصدر از پھینکنا (دیکھو)

پھینک دینا (ہ۔فعل) ڈال دینا۔ گرا دینا۔ دور گرا دینا۔ دور کرنا۔ ضائع کرنا تباہ کر دینا۔ تلف کرنا۔ اچھال دینا۔ بکھیر دینا۔

پھینکنا (ہ۔فعل) گرانا۔ ڈالنا۔ کھنڈانا۔ بکھیرنا۔ دے مارنا۔ ٹپنا۔ ٹپکنا۔ قرعہ ڈالنا پانسہ لڑکانا۔ گھوڑے کو شکار وغیرہ کے پیچھے یا کسی کے تعاقب میں سرپٹ دوڑانا۔ بگ ٹٹ بھگانا۔ اچھالنا۔ ضائع کرنا۔ خراب کرنا۔ تباہ کرنا۔ غارت کر دینا۔ کھو دینا۔ بے قدری کرنا۔ پٹا کھیلنا چوب بازی کرنا۔

پھینی (ہ) ایک قسم کی گھی میں تلی ہوئی میدہ کی پھلے دار گول ٹکیہ جسے گرم دودھ میں بھگو کر کھایا کرتے ہیں۔ ریشم یا سوت کی پھلی (پنجابی) پھینوی

پ-ی-ے

پے (ف۔اسم مذکر) پٹھا۔ عصب۔ رودہ۔ تانت جو کمان خلیل پر لپیٹتے ہیں۔ پائے کا مختلف پاؤں۔ قدم۔ کھونچا۔ نشان۔ علامت۔ پیچھے۔ عقب بزیادتے ہمزہ بمعنی واسطے لئے۔ برائے۔

پی (ہ۔اسم مذکر) پرتیم۔ پیارا۔ سائیں۔ شوہر۔ معشوق۔ عزیز۔ خاوند۔ خصم۔ وارث۔ پینا۔ مصدر سے امر حاضر کا صیغہ۔

پی (ف۔مو) چربی۔

پیا (ہ۔اسم مذکر) خاوند۔ پیارا۔ شوہر۔ عزیز۔ خصم۔ وارث۔ سائیں۔ معشوق۔ بحالت فعل۔ پینا مصدر سے صیغہ ماضی مطلق۔

پیاب (ہ۔اسم مذکر) (دیکھو پایاب)

پیا بانسا (ہ۔اسم مذکر) (دیکھو پانسا) بانس کی قسم۔ ایک پودا جس سے سرخ رنگ نکلتا ہے

پیّا۔ یا۔ پیّہ (ہ۔اسم مذکر) گاڑی کا چکر۔ چرخی۔ چاک۔

پیّا

چکر۔ وہ گول چکر جس میں دھرا ڈال کر گاڑی یا مشین کو پھیرا جاتا ہے۔

پیادہ (ف۔اسم مذکر) سواروں کی ضد۔ پیدل۔ شطرنج کا مہرہ جس کی رفتار ایک گھر سیدھی اور ایک گھر ترچھی ہوتی ہے شاہی کا ہرکارہ۔ نفر۔ چپراسی۔ حاکم کا نوکر۔ جیسے قاضی کا پیادہ۔

پیادہ پا (ف۔اسم صفت) پاپیادہ۔ پیدل چلنے والا۔

پیار (ہ۔اسم مذکر) محبت۔ اُلفت۔ پریت۔ حُب۔ پریم۔ جوش محبت جو تہ دل سے ہو۔ لاڈ۔ دُلار۔ مامتا۔ مادری اُلفت۔ عشق۔ نیہ۔ بتی۔ ہٹی۔ پچے کا بوسہ اخلاص۔ دوستی میل جول۔ شفقت۔ مہربانی۔ التفات۔

پیار آنا (ہ۔فعل) محبت آنا۔ دل کا مائل ہونا۔ اُلفت ہونا کسی کی صورت پر یا سیرت پر لٹو جانا۔ فریفتہ ہونا۔

پیار رکھنا (ہ۔فعل) محبت و اخلاص رکھنا۔ ربط بڑھانا۔ میل جول بڑھانا۔ دوستی رکھنا۔

پیار کرنا (ہ۔فعل) محبت کرنا۔ مالوف ہونا۔ پچکارنا۔ چمکارنا۔ بوسہ لینا۔ چومنا۔ مٹھو لینا۔ چاہنا۔ عشق کرنا۔

پیار نکالنا (ہ۔فعل) حسرت نکالنا۔ چاؤ نکالنا۔

پیارا (ہ۔اسم صفت) بزیادتی الف وصفی فاعلیت۔ محبوب۔ لاڈلا۔ دُلارا چاہتا۔ منظورِ نظر۔ دل پسند۔ دوست۔ محب۔ متیت۔ دلبر۔ دلربا۔ من موہن۔ معشوق عزیز۔ یگانہ۔ پاس کے رشتہ کا۔ وہ شخص یا بچہ جس پر پیار آئے۔ سُندر۔ سوہنا۔ خوبصورت۔ قابلِ قدر۔

پیاروں پٹی (ہ۔اسم مؤنث) بددعا ہے وہ عورت جس کے عزیز مر گئے ہوں۔ نگوڑی ناٹھی۔ بن بھائی بہن۔

پیاری (ہ۔اسم مؤنث۔ بیائے تانیث) محبوبہ۔ معشوقہ۔ عزیزہ۔ لاڈلی۔ لاڈو۔

پیاری پیاری باتیں (ہ۔اسم مؤنث) شیریں۔ سخنی۔ میٹھی میٹھی باتیں۔ سخنانِ دلآویز بھولی بھولی باتیں۔ دل پسند باتیں۔

پیاز (اسم مؤنث) گنٹھا۔ بصل۔ ایک سبزی کا تنہ ہے۔ جو زمین کے اندر ہی اندر بڑھتا ہے۔



پیاز

پیازی (ہ۔اسم صفت بیائے نسبتی) منسوب بہ پیاز ہلکا سرخ۔ ہلکا گلابی۔

شربتی (بصورت اسم مذکر) ایک خاص قسم کا نہایت خوش رنگ اور قیمتی لعل۔

پیاس (ہ۔اسم مؤنث) تشنگی۔ پانی پینے کی خواہش۔ تمنا۔ چاہت۔ چاہنا۔ ترشنا۔ ترکھا۔

پیاس بجھانا (ہ۔فعل) پانی پلا کر تسکین دینا۔ تشنگی فرو کرنا۔ اُمید بر لانا خواہش پوری کرنا۔ ترشنا پوری کرنا۔

پیاس لگنا (ہ۔فعل) پانی کی خواہش ہونا۔ تشنگی ہونا۔

پیاس مارنا (ہ۔فعل) پانی خواہش کو روکنا۔ تشنگی کو سہار لینا۔ پیاس کو برداشت کرنا۔

پیاسا (ہ۔اسم مذکر صفت بالف وصفی فاعلی) تشنہ۔ خواہان آب۔ مشتاق۔ آرزومند۔

پیاسا کنویں کے پاس جاتا ہے (ہ۔مقولہ) مشتاق اپنی خواہش اور تمنا وہاں پیاسے کے پاس نہیں آتا مطلب کی تلاش کیا کرتا ہے۔ آرزو خود چل کر مشتاق کے پاس نہیں جاتی۔

پیاسا مرنا (ہ۔فعل) پانی کے لئے بے قرار ہونا۔ تشنگی سے بیچین ہونا۔

پیال (ہ۔اسم مذکر) پرال۔ پرالی۔ دھان کے پودوں کا بُس۔ جسے اکثر غریب لوگ جاڑوں میں بچھا کر سوتے ہیں۔

پیالہ (ف۔اسم مذکر) جام۔ کاسہ۔ قدح۔ ساغر۔ پیمانہ۔ کٹورا۔ پیلا۔ توپ یا بندوق

میں رنجک رکھنے کی جگہ۔ کاسۂ گدا۔ بھیک۔ مانگنے کا ٹھیکرا۔ چپی۔ کشتی۔ گدا۔ عرس۔ فاتحہ سوم۔ ان معنوں میں فقرہ بولتے ہیں۔ پٹے بازوں کا مجمع۔ اکھاڑا۔

پیالہ

پیالہ بھرنا (ف۔فعل) پیالے کو پُر کرنا۔ عمر ختم کر لینا۔ دن پورے ہونا۔ عمر آخر ہونا۔

پیالہ پینا (اُ۔فعل) شراب یا بھنگ وغیرہ پینا۔ مُرید ہونا۔ چیلا بننا۔ فقراء کی صحبت میں رہنا۔

پیالہ دینا (اُ۔فعل) شراب کی تواضع کرنا۔

پیالہ ہونا (اُ۔فعل) فقراء کی اصطلاح میں فاتحہ۔ سوم کی دعوت ہونا۔ عُرس ہونا۔ دنیا سے چل بسنا۔ قُل ہونا۔ مرنا۔ پٹے بازوں کی پٹے باز کے گھر دعوت ہونے بھی بولتے ہیں۔

پیالی (اُ۔اسم مؤنث) پیالے تصغیر۔ چھوٹا پیالہ۔ پلیا۔

پیام (ف۔اسم مذکر) پیغام کا مخفف ہے۔ سندیسہ۔ زبانی کہلا بھیجنا۔ زبانی درخواست۔

پیام سلام (ف۔اسم مذکر) دوسرے کے ذریعہ کسی بات کا سوال و جواب کرنا۔ زبانی بات چیت۔

پیامبر (ف۔اسم مذکر۔ بہ ترکیب فاعلی) قاصد۔ نامہ بر۔ ایلچی۔ سفیر۔

پیامی (ف) پیام لے جانے والا۔

پیانو (Piano۔مذکر) ایک قسم کے انگریزی باجے کا نام ہے۔

پیانسٹ (انگ۔مذ۔ Pianist) پیانو بجانے والا۔

پیاؤ (ہ۔مذ) سبیل۔ پانی پینے کی جگہ۔

پیپ (ہ۔اسم مؤنث) رادھ۔ ریم۔ پاک۔ مواد۔

پیپ پڑنا (ہ۔فعل) پیپانا۔ پھوڑے اور زخم وغیرہ میں رادھ پڑنا۔ زخم پکنا۔

پیپ ڈالنا (ہ۔فعل) زخم پکانا۔ زخم کے مواد پکنے کی صلاحیت پیدا کرنا۔ کمال دُکھ دینا۔ نہایت تکلیف دینا۔

پیپا (اُ۔اسم مذکر) وہ لکڑی کا ظرف جس میں شراب وغیرہ بھرتے ہیں اس میں ۱۲۶ گیلن یعنی ۶۳۰ بوتل شراب آتی ہے۔

پیپا

پیپر (انگ۔اسم مذکر) کاغذ۔ پتر۔ پترا۔ پرچہ۔ اخبار۔ پیپر ویٹ۔ اگزیمنہ۔

پیپر ویٹ (Paper Weight) کاغذ داب۔ وزن جو کاغذ پر رکھا جاتا ہے۔

پیپل (ہ۔اسم مذکر) ایک بڑے سایہ دار درخت کا نام ہے جسے ہندو نہایت متبرک سمجھتے ہیں اس کے پتے پان کے مشابہ ہوتے ہیں۔ ایک چرچری دوا کا نام بھی ہے جو کسی درخت کا پھل ہوتا ہے۔ فلفل دراز۔ دارفلفل۔

پیپلا (ہ۔اسم مذکر) تلوار کی انی۔ تلوار کی نوک۔ تلوار کا سرا۔ سرِ شمشیر۔

پیپلا مُوڑ (ہ۔اسم مؤنث) صحیح پیپلاوں ہے پیپل کی جڑ۔

پیپلی (ہ۔اسم مؤنث) پیپل کا پھل۔ پپوٹی۔ پپلوندی۔

پیت (ہ۔اسم مؤنث) پریت۔ محبت۔ اُلفت۔ وفا۔ زور۔ پیلا۔ اصفر۔ نہایت زرد۔

پیت کی ریت نرالی (ہ۔مثل) محبت کے کے طریقے ہی اور ہیں۔ اُلفت کا قانون و آئین نرالا ہی ہوتا ہے۔

پیت نہ جانے جات کُجات (ہ۔مثل) اُلفت میں ذات پات نہیں دیکھی جاتی۔ محبت میں ذات کا کیا کام۔

پیتامبر (ہ۔اسم مذکر) زرد رنگ کا ریشمی کپڑا۔ زرد رنگ کی ریشمی دھوتی جسے اکثر عورتیں باندھتی ہیں۔ زرد پوشش۔ زرد پوش۔

پیتا وا (اُ۔اسم مذکر) دیکھو پاتابہ۔

پیترا۔ پینترا (اُ) کشتی یا پٹے کے کھیل کا ٹھاٹھ چوب بازی کے قاعدے کے موافق قدم رکھنا۔ پاؤں کا نشان۔ کھونج۔ سراغ۔ پیٹرہ۔ اثر۔ نشان پا۔ نشان قدم۔

پیترا بدلنا (ہ۔فعل) پٹا کھیلتے وقت انداز و طریق کے موافق پاؤں کو حرکت دینا دستور کے مطابق پاؤں رکھنا اور اُٹھانا۔ ٹھاٹھ دکھانا۔

پیتس (ہ۔اسم مؤنث) خسر کے چھوٹے بھائی کی بیوی۔ چچیا ساس۔

پیتسرا (ہ۔اسم مذکر) خسر کا چھوٹا بھائی۔ چچا خسر۔

پیتل (ہ۔اسم مذکر) تانبے اور جست کا ایک مرکب جس کا رنگ زرد ہوتا ہے برنج۔

پیتلی (ہ۔اسم صفت بیائے نسبتی) پیتل کا برنجی۔ زرد۔ پیلا۔

پیتم (ہ۔اسم مذکر) دیکھو پرتیم۔

پیٹ (ہ۔اسم مذکر) شکم۔ اوجھ۔ یوٹیا۔ رحم۔ پکہ دان۔ کوکھ۔ معدہ۔ حل۔ گرب۔ توپ کا وہ حصہ جہاں گولہ جا کر ٹھہرتا ہے۔ خلا۔ جوف۔ حوصلہ۔ ظرف۔ گنجائش۔ سمائی۔ بھید۔ راز۔ باطن۔ باطن کی بات اندرون۔ دائرے کا اندرونی حصہ۔ ہوس۔ لالچ۔ طمع۔ خوراک۔ معدے کی خواہش۔ کسی مٹھائی وغیرہ کو خستہ کرنے کے لئے گھی کی اندر ملائی ہوئی مقدار۔ جیسے سیر پیٹ کے بالوشاہی۔



پیٹ

پیٹ اچھرنا (ہ۔فعل) پیٹ پھولنا۔ نفخ ہونا۔ راز کی برداشت نہ ہونا۔

پیٹ آنا (ہ۔فعل) پیٹ چلنا۔ دست آنا۔ اسہال جاری ہونا۔

پیٹ باندھنا (ہ۔فعل) خواہش سے کم کھانا۔ ضبط اشتہا کرنا۔

پیٹ بجانا (ہ۔فعل) خوشی منانا۔ پیٹ کا نقارہ بنانا۔ خوب خوش ہونا۔

پیٹ بڑھانا (ہ۔فعل) بہت کھانا۔ دوسرے کے مال پر دانت رکھنا۔

اندازہ اور مقدار خوراک سے زیادہ کھانے کی عادت ڈالنا۔
پیٹ بڑھنا ف۔ (فعل) خوراک بڑھنا۔ زیادہ ہونا۔ پیٹ ابھرنا۔
پیٹ بولنا ف۔ (فعل) پیٹ میں گڑگڑ ہونا۔ ریح کے سبب پیٹ کا آواز دینا۔
پیٹ بھاری ہونا ف۔ (فعل) بدہضمی ہونا۔ گرانی ہونا۔
پیٹ بھرا ف۔ (اسم صفت بہ ترکیب مفعولی) شکم سیر۔ ابہر۔ توانگر۔ مالدار فارغ البال آزاد طبع۔ خود مختار۔ بے پروا۔
پیٹ بھراؤ ف۔ (اسم صفت بہ معنی قابلیت) پیٹ بھرنے کی قابل۔
پیٹ بھر جانا ف۔ (فعل) سیر ہو جانا۔ ابھر جانا۔ مغرور ہو جانا۔ کم ظرفوں کا امیر ہو کر اترانا۔
پیٹ بھر کر ف۔ (تابع فعل) بخوبی۔ خاطر خواہ از حد۔ جیسے پیٹ بھر کر احمق۔
پیٹ بھرنا ف۔ (فعل) سیر ہونا۔ گزران کرنا۔ دن کاٹنا۔ مالدار ہونا۔ دولتمند ہونا۔ کمانا۔ طبیعت بھرنا۔
پیٹ بھرے کی باتیں ف۔ (اسم مؤنث) مغرورانہ انداز۔ متکبرانہ باتیں۔
پیٹ بھرے کے گُن ف۔ (اسم مذکر) آزادانہ طور متکبرانہ باتیں۔
پیٹ پاٹنا ف۔ (فعل) اُوجھ بھرنا۔ بھوک میں جیسا کیسا ملے اُسی کو سیر ہو کر کھا لینا۔
پیٹ پالنا ف۔ (فعل) مشکل سے کما کر کھانا۔ بڑی دقت سے گزارہ کرنا۔ غریبانہ گزران کرنا۔ پیٹ بھرنا۔ اپنے گزارے کے قابل کما لینا۔ نفس پرستی کرنا۔
پیٹ پالو ف۔ (اسم مذکر) نفس پرست۔ بندہ شکم۔ یہ صفت مشابہ بہ ترکیب فاعلی۔
پیٹ پانی ہونا ف۔ (محاورہ) دست آنا۔ بدہضمی ہونا۔ تخمہ ہونا۔
پیٹ پکڑ کر بھاگنا ف۔ (محاورہ) بے تابانہ دوڑنا۔ گھبرا کر بھاگنا۔ جلد بھاگنا۔ دل پر صدمہ گزرنا۔ دل کو لگنا۔ تکلیف ہونا۔
پیٹ پکڑے یا تھامے پھرنا ف۔ (محاورہ) مضطرب وار پھرنا۔ غمزدہ پھرنا۔ پریشان ہونا۔ آپ میں نہ رہنا۔
پیٹ پونچھن۔ یا۔ پیٹ کھُرچن ف۔ (اسم مذکر) آخری بچہ۔ اخیر کی اُولاد۔
پیٹ پھاڑنا ف۔ (فعل) شکم دریدن۔ پیٹ چاک کرنا۔ بیقرار ہونا۔ بے چین ہونا مضطرب ہونا۔ ہنسا کر بے قرار کر دینا یا ہونا۔ مرنا۔ حصہ لینے میں جلدی کرنا۔ حسد کرنا۔ حسد سے ٹوکنا۔ بچہ پیدا ہونا۔
پیٹ پھٹنا ف۔ (فعل) پیٹ چاک ہونا۔ مرنا۔ بے چین ہونا بے قرار ہونا۔ وضع حمل ہونا۔ مرنا۔ حسد کرنا۔ رشک کرنا۔ دُور ہونا۔ رفع ہو جانا۔ جیسے میتہ سے کال کا پیٹ پھٹ گیا۔ ایرکھا میں مرنا۔ سخت حسد کھانا۔
پیٹ پھلانا ف۔ (فعل) پیٹ کو سانس سے اُونچا کر لینا۔ حاملہ ہونا۔ کھانے کا مشتاق اور آرزومند ہو کر بیٹھنا۔ بہت کھا لینا۔ فربہ ہونا۔ موٹا ہونا۔ توند بڑی ہو جانا۔
پیٹ پھولنا ف۔ (فعل) نفخ ہونا۔ پیٹ ابھرنا۔ حاملہ ہونا۔ بیتاب ہونا۔ بیقرار ہونا۔ اضطراب اور جلدی ہونا۔
پیٹ پیٹنا ف۔ (فعل) پیٹ بجانا۔ بھوک کے مارے شور مچانا۔ اضطراب و بیقراری جتانا۔ ہوس کرنا۔ ہوکا کرنا۔ لالچ کرنا۔

پیٹ پیٹھ ایک ہو جانا / **پیٹ پیٹھ سے لگنا** ف۔ (محاورہ) فاقوں کی کثرت سے پیٹ کا کمر سے جا لگنا۔ بھوک سے پیٹ کا اندر دھنس جانا۔ لاغر ہونا۔ دُبلا ہونا۔ سوکھ کر فاق ہو جانا۔
پیٹ ٹھنڈا رہنا ف۔ (محاورہ) اُولاد سے خوش رہنا اُولاد کا زندہ اور قائم رہنا۔ اُولاد کا سکھ دیکھ لینا۔
پیٹ جاری ہونا / **پیٹ چلنا** / **پیٹ چھوٹنا** ف۔ (اُر۔ محاورہ) دست آنا۔ دستوں کی بیماری ہونا۔ سنگرہنی ہونا۔
پیٹ جلنا ف۔ (فعل) بخار ہونا۔ تپ کی گرمی سے پیٹ تپنا۔
پیٹ چپانی ہونا اُر۔ (محاورہ) فاقوں کے مارے پیٹ کا سکڑ جانا بھوک سے پیٹ کا اندر کو دھنس جانا۔
پیٹ چوٹی ف۔ (اسم مؤنث بیائے تانیث و فاعلیت) وہ عورت جس کا حمل اچھی طرح نہ پہچانا جائے۔
پیٹ چھٹنا ف۔ (فعل) پیٹ صاف ہو جانا۔ دستوں کا زیادہ آنا۔ پیٹ کی موٹائی یا اُبھار کم ہو جانا۔ دبلا ہونا۔ نفاس کا بخوبی جاری رہنا۔ زچہ کے پیٹ کی آلائش کا خوب نکل جانا۔
پیٹ دکھانا ف۔ (محاورہ) بھوک اور افلاس کی شکایت کرنا۔ پیٹ ملوانا۔ دائی سے حمل کی شناخت کرانا۔
پیٹ ڈالنا ف۔ (فعل) اِسقاط حمل۔ حمل گرانا۔
پیٹ رکھانا ف۔ (فعل) حاملہ کرنا۔ حاملہ ہونا۔
پیٹ رہنا ف۔ (فعل) حمل قرار پانا۔ حاملہ ہونا۔ باردار ہونا۔
پیٹ سے باہر پاؤں نکالنا / **پیٹ سے پاؤں نکالنا** اُر۔ (محاورہ) بدراہ ہونا۔ بڑھ چلنا۔ اترانا۔ حیثیت سے باہر کام کرنا۔ بدی پر آ جانا۔ خباثت ظاہر کرنا۔
پیٹ سے ہونا اُر۔ (محاورہ) حمل ہونا۔ باردار ہونا۔ گربہ ہونا۔
پیٹ کا بچہ ف۔ (اسم مذکر) اپنا جایا۔ اپنا بچہ۔ سگا بچہ۔ حقیقی اُولاد۔ تیزدہ بچہ جو ابھی ماں کے پیٹ میں ہی ہو۔ پیدا نہ ہوا ہو۔
پیٹ کا پانی نہ ہلنا ف۔ (محاورہ) بے تکان جانا۔ ایسے طور سے سواری کا چلنا کہ سوار کو کچھ دقت معلوم نہ ہو۔
پیٹ کا پردہ اُر۔ (اسم مذکر) اُوجھڑی آنتوں کی جھلی۔
پیٹ کاٹنا ف۔ (فعل) تھوڑا کھا کر گزران کرنا۔ مقدار خوراک سے کم کھانا۔ دوسرے کو بھوکا مارنا۔ خوراک سے کم دینا۔
پیٹ کا دُکھ دینا ف۔ (محاورہ) بھوک کی سزا دینا۔ کھانے کو نہ دینا۔ بھوکا مارنا۔
پیٹ کا دُکھیا ف۔ (اسم مذکر) مریض شکم۔ جسے کھانا ہضم نہ ہوتا ہو۔ بندۂ شکم نفس پرور۔ تن پرور۔
پیٹ کا دھندا ف۔ (اسم مذکر) فکر روزی۔ فکر معاش۔ کھانے پینے کا سامان۔
پیٹ کاٹنا ف۔ (اسم مذکر) شکم بندہ۔ کھانے پر مرنے والا۔
پیٹ کا ہلکا ف۔ (اسم صفت) وہ شخص جسے بات نہ پچے۔ اوچھا۔ کم ظرف۔
پیٹ کو دھوکا دینا ف۔ (محاورہ) بن کھائے رہنا۔ پیٹ کو دم دینا۔
پیٹ کو لگنا ف۔ (فعل) اشتہا ہونا۔ کھانے کی خواہش ہونا۔ بھوک لگنا۔

پیٹ کی آگ } ۱ ۔اسم مؤنث)ماں کی مامتا۔ اُلفت مادری۔ پیٹ میں
پیٹ کی آنچ } رکھنے کی محبت۔ اولاد۔ بچے۔ بھوک۔ اشتہا۔

پیٹ کی آگ بجھانا (اُ۔ محاورہ) بھوکے کو کھلانا۔ بھوک دور کرنا۔ روٹی کھلانا۔

پیٹ کی بات ۱ ۔اسم مؤنث) راز نہاں۔ پوشیدہ بات۔ مخفی۔ بھید۔

پیٹ کے بال ۱ ۔اسم مذکر) وہ بال جو بچہ پیدا ہونے کے وقت اپنے سر پر ساتھ لاتا ہے۔

پیٹ کے لئے دوڑنا (اُ۔ محاورہ) تلاش کرنا روزی وغیرہ کو۔ سامان زیست کے لئے اِدھر اُدھر چکر لگانا۔ تلاش معاش میں پھرنا۔

پیٹ کی مار مارنا۔ یا۔ دینا ۱ ، فعل) بھوک کی سزا دینا۔ عداوت سے خواہ تنبسا۔

پیٹ گڑگڑانا ۱ ۔فعل) پیٹ میں قراقر ہونا۔ پیٹ بولنا۔

پیٹ لگ جانا (۱۔ محاورہ) بھوک سے پیٹ کا اندر کو دھنس جانا۔ پیٹ کا پیٹ لگنا پیچھے کی طرف ہو جانا۔

پیٹ مار مرنا ۱ فعل) خودکشی کرنا۔ پیٹ میں خنجر گھونپ لینا۔

پیٹ مارنا ۱ ۔فعل) خودکشی کر لینا۔ چھری پیٹ میں مار لینا۔ نفس کشی کرنا خوراک سے کم کھانا۔ تقلیل غذا کرنا۔ بھوک کو مارنا۔

پیٹ مارنا ۱ ۔فعل) پیٹ کاٹنا۔ اپنی خوراک میں سے بچانا۔ مقدار خوراک سے کم کھانا۔ نفس کشی کرنا۔

پیٹ میں آنت نہ منہ میں دانت وہ ۔کہاوت) نہایت بوڑھا۔ پرفتوت نہایت کمزور کے لئے بولا کرتے ہیں۔ ضعیف العمر۔

پیٹ میں بل پڑنا ۱ ، فعل۔ نہایت ہنسا۔ ہنستے ہنستے لوٹ جانا۔ ہنسی کے باعث کمر کا دہرا ہو جانا۔

پیٹ میں بیٹھنا } (اُ۔ محاورہ) بھید لینا۔ یارانہ گانٹھنا۔ دوست بن کر مطلب
پیٹ میں گھسنا } نکالنا۔ اپنے مطلب کے لئے کسی کو دوست بنانا۔

پیٹ میں پاؤں ہونا ۱ ۔محاورہ) پوشیدہ۔ گن ہونا۔ نہایت مکار ہونا۔ خوراک کا سہارا مل جائے تو ہی چل پھر سکنا۔

پیٹ میں پٹھو لینا (اُ۔ محاورہ) کھیلتے وقت اپنے پیٹ میں ایک دو بچہ فرض کر کے دوہری باری لینا۔

پیٹ میں پڑا چار (اُ۔ محاورہ) کھانے کو مل گیا تو طاقت آگئی۔ روٹی مل گئی تو شرارتیں سوجھنے لگیں۔

پیٹ میں چوہے دوڑنا۔ یا۔ چھونٹا ۱ ۔محاورہ) کسی کے خوف سے بہت ہی اضطراب اور اضطرار ہونا۔ سخت تشویش اور کھٹکے میں ہونا۔ خوف زدہ ہو جانا۔ بھوک سے بیقرار ہونا۔

پیٹ میں چوہے قلابازیاں کھانے لگے (مثل) نہایت بھوک لگ آئی۔ بھوک سے بے تابی کے وقت بولا کرتے ہیں۔

پیٹ میں چیونٹے کی گرہ ہونا ۱ ۔محاورہ) مقدار تناً نہایت کم خوراک ہونا۔ بن کھائے جینا۔ پھول سونگھ کر رہنا۔

پیٹ میں ڈاڑھی ہونا ۱ ۔محاورہ) سمجھ دار اور عقل مند لڑکے کی نسبت کہا کرتے ہیں۔ بچپن میں بوڑھوں کی سی تجربہ کی باتیں کرنا۔

پیٹ میں ڈالنا ۱ فعل) زبردستی ہلوا ڈکرا کچھ کھانا بے رغبتی سے کھانا۔

پیٹ میں سے پاؤں نکالنا (اُ۔ محاورہ) نئے نئے گن ظاہر کرنا۔ بدا طواری اور بدراہی کے کام کرنے لگنا۔

پیٹ میں گڑبڑ ہونا ۱ ۔فعل) شکم میں قراقر ہونا۔ دست آنا کے نشان ہونا۔

پیٹ میں گھوڑے دوڑنا ۱ ۔محاورہ) پیٹ کی خرابی سے بدہضمی ہونا۔ قراقر ہونا۔

پیٹ میں گیدڑ دوڑنا } ۱ ، فعل۔ بھوک کے مارے بے قرار ہونا۔
پیٹ میں گیدڑیاں دوڑنا } خوف سے بیچین ہونا۔

پیٹ والی ۱ ، اسم مؤنث فاعل) حاملہ عورت۔ حمل والی عورت۔ کھانے پینے کی ہر چیز کی خواہاں عورت۔

پیٹ ہڑبڑانا ۱ ۔فعل) قراقر ہونا۔ گڑبڑ ہونا۔ پیٹ میں خرابی ہونا۔

پیٹا ۱ ۔اسم مذکر محیط۔ گولائی۔ دور۔ تکل یا پتنگ کی ڈور کا جھول (تابع فعل) اندازہ۔ تخمینہ۔ اندر۔ جیسے پچاس برس کے پیٹے میں ہوگا۔ گزرگاہ دریا۔ دریا کے بہنے کا راستہ۔ دریا کا پاٹ۔ حیوانات کا اُوجھ۔ اُوجھری۔ حساب کی تفصیل جو ایک حد کے اندر لکھی جائے۔ فاصلہ دوری۔ مسافت۔ قابو۔ بس۔ مثلاً اب وہ دشمن کے پیٹے پڑ گیا۔

پیٹا توڑنا ۱ ۔فعل) پتنگ کی ڈور کو توڑ لینا۔

پیٹا چھوڑنا ۱ ۔فعل) تکل کی ڈور کا لٹک جانا۔

پیٹار تھو ۱ ۔صفت) پیٹو۔ بسیار خور۔

پیٹ پیٹ کرنا ۱ ۔تابع فعل) مار مار کر جیسے پیٹ پیٹ کر سُجا دیا۔ اپنے آپ کو مار مار کر چیخ چیخ کر۔ دق ہو ہو کر۔ رُلا رُلا کر۔

پیٹرن (انگ ۔اسم مذکر۔ Patron) مربی۔ سرپرست۔ حامی۔

پیٹک بیا۔ یا پیٹ پٹوا ۱ ۔اسم مذکر) نوحہ ماتم۔ کہرام۔ جھگڑا۔ فساد۔ فتنہ۔

پیٹک پیٹا ڈالنا ۱ ۔محاورہ) رونا پیٹنا ڈالنا۔ ماتم کرنا۔ نوحہ کرنا۔ کہرام مچانا۔ جھگڑا اُٹھانا۔ فتنہ فساد برپا کرنا۔

پیٹل ۱ ۔اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) توندل۔ بڑی توند والا۔ بڑے پیٹ والا پکھال پٹیا۔

پیٹنا ۱ ۔فعل) مارنا۔ ضرب لگانا۔ جسمانی سزا۔ سزا دینا۔ چوٹ لگانا۔ کوٹنا۔ کچلنا۔ نوحہ کرنا۔ ماتم کرنا۔ رونا برا چاہنا۔ کسی کی موت کا خواہاں ہونا۔ چوڑا کرنا۔ چپٹا کرنا۔ سخت محنت کرنا۔ محنت شاقہ اُٹھانا۔ حاصل کرنا۔ کمانا۔ جیسے مہینے بھر میں چار پانچ روپے پیٹ لیتا ہے۔ جھینکنا۔ سرزنش کرنا۔ اندیشہ کرنا۔ مکر کرنا۔ جیسے اسی دن کو تو پیٹتے تھے۔

پیٹنا ۱ ۔اسم مذکر۔ مصدر بمعنی حاصل مصدر جیسے کھانا بمعنی خوراک۔ ماتم۔ نوحہ جیسے اس دنیا میں انسان کو پیٹ کا ہی پیٹنا ہے۔ مصیبت۔ جیسے یہ اور پیٹنا ہو گیا۔

پیٹنٹ (Patent - صفت) رجسٹری شدہ۔ سند یافتہ مستند۔

پیٹو ۱ ۔اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) بسیار خور۔ شکم بندہ۔ بہت کھانے والا۔ حریص۔

پیٹو مرے پیٹ کو نامی مرے نام کو (مثل) کھانے کا لالچی کھانے پر جان دیتا ہے اور بہادر اور نامور اپنی شہرت پر مرمٹتا ہے۔

پیٹھ ۱ ۔اسم مؤنث) پشت۔ کمر۔ حمایت۔ مدد۔ کمک۔ سہارا۔ آسرا۔ اوٹ۔ پیچھے۔ پچھاڑی۔ ہر چیز کا اوپر کا حصہ۔

پیٹھ پر کا ذ۔ اسم مذکر) اوپر کا۔ بعد کا۔ وہ بچہ جو کسی بچے کے بعد پیدا ہو۔ چھوٹا بھائی۔ برادر خورد۔

پیٹھ پر کھانا (اُر۔ محاورہ) نامردی سے شکست کھا کر بھاگتے ہوئے مار کھانا۔ سامنے نہ ٹھہرنا۔ چوتڑوں پر کھانا۔ بُری طرح شکست کھانا۔

پیٹھ پر ہاتھ پھیرنا ذہ۔ فعل) پیار کرنا۔ شاباش دینا۔ ہمت بڑھانا۔

پیٹھ پر ہونا ذہ۔ فعل) مدد پر ہونا۔ حمایت کرنا۔ مدد دینا۔ کمک پر ہونا۔ ایک بچے کے بعد دوسرے بچے کا پیدا ہونا۔

پیٹھ پھیرنا / **پیٹھ موڑنا** (اُر۔ محاورہ) پیٹھ موڑنا۔ رخصت ہونا۔ انتقال کرنا۔ مرنا۔ دینا سے چل بسنا۔ شکست کھانا۔ مُنہ موڑ کر بیٹھنا۔ بیزاری یا نفرت کا اظہار کرنا۔ اعراض کرنا۔ روگردانی کرنا۔

پیٹھ پیچھے ذہ۔ تابع فعل) غیبت میں۔ بعد میں عدم موجودگی میں۔ مرنے کے بعد۔ بعد از وفات۔

پیٹھ پیچھے کہنا (اُر۔ محاورہ) غیبت کرنا۔ بدگوئی کرنا۔ غیر حاضری میں بُرا کہنا۔ بدیاں کرنا۔ بُرائیاں کرنا۔

پیٹھ توڑنا (اُر۔ محاورہ) مایوس کرنا۔ نا اُمید کرنا۔ ہمت توڑنا۔ چڑھی لینا۔ پیٹھ پر سوار ہونا۔

پیٹھ ٹھوکنا ذ۔ محاورہ) ہمت بندھانا۔ شاباش دینا۔ قوت دینا۔ دلاسا دینا۔ چمکارنا۔ پچکارنا۔ پیار کرنا۔

پیٹھ چارپائی سے لگنا / **پیٹھ چارپائی سے لگ جانا** (اُر۔ محاورہ) بیماری سے ایسا کمزور ہو جانا کہ اُٹھ نہ سکنا۔ طاقت و قوت نہ رہنا۔ لاغری اور نقاہت کا غلبہ ہونا۔ بہت زیادہ بیمار ہونا۔

پیٹھ دکھا کر جانا (اُر۔ محاورہ) رخصت ہو کر جانا۔ جاتے وقت مُنہ موڑنا۔ سفر کو روانہ ہونا۔ رخصت ہو کر چلنا۔

پیٹھ دکھانا (اُر۔ محاورہ) موڑنا۔ لڑائی سے بھاگنا۔ ترک کر دینا۔ چھوڑ جانا۔ پردیس کو جانا۔ سفر کرنا۔

پیٹھ دینا (اُر۔ محاورہ) روگردان ہونا۔ مُنہ موڑنا۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ لڑائی سے بھاگنا۔ مرنا۔ انتقال کرنا۔ مر جانا۔

پیٹھ کا کچا ذ۔ اسم صفت) کمر کا نازک۔ وہ جانور جس کی پیٹھ سواری میں جلد زخمی ہو جائے۔ سواری کا بودا۔

پیٹھ لگانا ذ۔ محاورہ) سواری کے جانور پر پہلے تیمتی کپڑے وغیرہ کسنا۔ گھوڑے وغیرہ کی پیٹھ کو زخمی کر دینا۔ کشتی میں دوسرے حریف کو پچھاڑنا۔ چت کرنا۔ مغلوب کرنا۔

پیٹھ لگنا ذہ۔ محاورہ) پیٹھ میں زخم ہو جانا۔ پڑے پڑے پیٹھ کا پک جانا۔ کشتی میں چت ہو جانا۔ زیر ہونا۔ مغلوب ہونا۔ چپک جانا۔ چپساں ہو جانا۔ آرام ہونا۔ سونا۔ چین ہونا۔

پیٹھ ذہ۔ اسم مؤنث) دخل۔ رسائی۔ باریابی۔ گزر۔ جیسے وہ خوب گھس پیٹھ جانتا ہے۔ روز بازار۔ وہ بازار جو مقررہ مقاموں میں آٹھویں دسویں دن لگتا ہے۔ مٹھے۔ نقل۔ ہنڈوی کی نقل۔ میل۔ جو کانٹا وغیرہ نکلنے کے بعد زخم میں بھر گئی ہو۔

پیٹھ بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) زخم میں میل وغیرہ کا جم جانا۔ کانٹے کے خلا میں میل گھس جانا۔

پیٹھ لگنا (اُر۔ محاورہ) بازار لگنا۔ روز بازار کا قیام ہونا۔

پیٹھا ذہ۔ اسم مذکر) ایک گول کدو سے بڑا پھل ہوتا ہے جس کا مربا اور مٹھائی مشہور ہے۔

پیٹھنا ذہ۔ فعل) گھسنا۔ داخل ہونا۔ بیٹھنا۔ جمنا۔ پیوست ہونا۔

پیٹھی ذہ۔ اسم مؤنث) مونگ ماش وغیرہ کی دال کی لگدی۔ جو سل بٹے پر پیس لی جاتی ہے۔

پیٹی ذہ۔ اسم مؤنث) کمر بند۔ پڑکا۔ نقدی وغیرہ رکھنے کا صندوق۔ خرجی۔ جامہ دانی۔ بکل یا بٹے کی کمر میں بندھا ہوا ڈورا۔ بندوق یا توپ وغیرہ کے سامان کا بکس۔ نیفہ کا استر۔ بچہ پیدا ہونے کے بعد زچہ کی کمر سے باندھا ہوا کپڑا۔

پیٹی اُترنا (فعل) سپاہی کا معطل یا موقوف ہونا۔

پیٹی باندھنا ذہ۔ محاورہ) کمر کسنا۔ کمر بندی کرنا۔ ہاتھ پر بیٹھنے والے جانور کی کمر میں ڈورا باندھنا۔ مستعد اور تیار ہونا۔

پیٹیا ذہ۔ اسم صفت) بسیار خوار۔ پیٹو۔ (بحالت اسم مذکر) ایک دن کی مقدار خوراک۔ روزینہ۔ وظیفہ۔ روزانہ رسد۔

پیج (Page) مذکر) صفحہ۔ پنا۔ ورق کی ایک طرف۔

پیجامہ (دُر۔ اسم مذکر) پائجامہ کا مخفف ہے۔ ازار۔

پی جانا ذہ۔ فعل) نوش کرنا۔ غٹک جانا۔ چڑھا جانا۔ ٹال جانا۔ چُپ ہو رہنا۔ ضبط کرنا۔ برداشت کرنا۔ سہار لینا۔

پیچ یا پیچ ذہ۔ اسم مؤنث) اُبلے ہوئے چاولوں کا پانی جسے غریب لوگ پی لیتے ہیں۔ دھوبی کلف بناتے ہیں۔ کاغذ والے اہار کے کام میں لاتے ہیں۔ مانڈی۔

پیچ پی ہزار نعمت کھائی (اُر۔ مثل) کھانے کو جو مل گیا نعمت سمجھ کر کھا لیا اور خدا کا شکر ادا کیا۔

پیچ ذہ۔ اسم مذکر) حاصل مصدر از پیچیدن۔ بل۔ تاب۔ لپیٹ۔ حصہ۔ چوٹی۔ پھیر۔ چکر۔ خم۔ ٹیڑھ۔ مروڑ۔ مروڑا۔ درد شکم۔ رشک و حسد۔ (لفظ تاب کے ساتھ مخصوص) شک۔ عقدہ۔ مشکل۔ وقت۔ جیسے اس بات کا پیچ نہیں کھلتا۔ دم۔ جُل۔ فریب جیسے اُس کے پیچ میں آ گیا۔ کشتی کا داؤں۔ بند کشتی۔ کل۔ مشین۔ جیسے روئی دبانے کا پیچ۔ پکڑائی کی لپیٹ کشتی یا پتنگ کی ڈوروں کا باہم لڑنا۔ بتی۔ پتلی پگڑی۔ پھندا۔ ابھاؤ۔ گرہ۔ سانپ کی کنڈلی۔ کنڈلی۔

پیچ اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) تکلیف اُٹھانا۔ غم و غصہ کھانا۔ رنج و سختی سہنا۔ پتنگ کی ڈور کو دوسرے پتنگ کی ڈور سے الگ کر لینا۔

پیچ اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) پیٹ میں درد ہونا۔ مروڑ اٹھنا۔ پتنگ بڑھنا۔

پیچ اُکھڑنا (اُر۔ محاورہ) مشین کے پرزے کا ڈھیلا ہو جانا۔ کل کے پرزے اُکھڑنا۔ کیل نکلنا۔ پتنگ کی ڈور کا دونوں حریفوں کے ہاتھوں سے ٹوٹ جانا۔

پیچ باندھنا (ف) فعل۔ کشتی کے داؤں کا توڑ کر دینا۔ گرفت کرنا۔ پگڑی باندھنا۔ دستار باندھنا۔

پیچ پڑنا (اُر۔ محاورہ) اُلجھنا۔ مشکل پڑنا۔ بکھیڑا پڑنا۔ وقت پیش آنا۔ ہرج و مرج ہونا۔ رکاوٹ ہونا۔ خرابی ہونا۔ پتنگ کی ڈور کا دوسرے کے پتنگ کی ڈور پر پڑنا۔

پیچ چلنا (د) فعل۔ فریب سے کامیاب ہونا۔ دغا سے غالب آنا۔ چال چلنا دھوکا دینا۔

پیچ چھٹنا (اُ۔ فعل) پتنگ کی ڈور کا علیحدہ ہو جانا۔

پیچدار (ف) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) بلدار، پیچیدہ، پہلودار، مشکل اور دشوار بات۔ دقیق بات۔

پیچ در پیچ (ف) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) بذریعہ حرف جار وصلی۔ نہایت پیچیدہ۔ نہایت مشکل۔ دشوار گذار۔ بل پر بل پڑا ہوا۔

پیچ دینا (د۔ فعل) مروڑنا۔ لپٹنا۔ گھمانا۔ بل دینا۔ دغا دینا۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ چال کھیل جانا۔

پیچ ڈالنا (د۔ فعل) چال چلنا۔ چال پھیلانا۔ فریب کرنا۔ داؤں لگانا۔ وقت میں ڈالنا۔ دوسرے کے پتنگ پر ڈور ڈالنا۔

پیچ کاٹنا (اُ۔ فعل) پتنگ کی ڈور کاٹنا۔ پتنگ کاٹنا۔

پیچ کرنا (اُ۔ فعل) داؤں کرنا۔ کشتی کا داؤں۔ چلانا۔ فریب کرنا۔ دھوکا دینا۔

پیچ کھانا (د۔ فعل) بل کھانا۔ اینٹھنا۔ دل ہی دل میں غصہ کھانا۔

پیچ کھلنا (اُ۔ محاورہ) عقدہ وا ہونا۔ سلجھنا۔ بل دور ہونا۔ پگڑی کا پھیر کھل جانا۔ راز فاش ہونا۔ بھید کھلنا۔

پیچ کھیلنا (اُ۔ محاورہ) دھوکا دینا۔ جل کھیلنا۔ چال چلنا۔ فریب کرنا۔

پیچ لڑانا (د۔ فعل) کنکوا لڑانا۔ پتنگ کی ڈور سے ڈور لڑانا۔

پیچ مارنا (د۔ فعل) کام اٹکا دینا۔ مزاحمت کرنا۔ حرج کرنا۔ مجل کھیلنا۔ فریب دینا۔ بل کھانا۔ اینٹھنا۔

پیچ میں آنا (محاورہ) گردش میں آنا۔ مصیبت میں پھنسنا۔ پھیر میں آنا۔ دم میں آنا۔ جل میں آنا۔ فریب کھانا۔ دام میں گرفتار ہونا۔ پھندے میں پھنسنا۔

پیچ و تاب (ف۔ اسم مذکر) بل۔ خم و غصہ۔ جم و خم۔ معشوقانہ خرام ناز و انداز کی چال۔ بے چینی بے قراری فکر و اندیشہ۔

پیچ و تاب کھانا (د۔ فعل) بل کھانا۔ دل ہی دل میں گھٹنا۔ حسد یا رشک سے جلنا۔ برافروختہ ہونا۔ بیقرار ہونا۔ فکر و اندیشہ میں رہنا۔ انگاروں پر لوٹنا۔

پیچاں (ف۔ اسم حالیہ مفید صفت) بل کھایا ہوا۔ بلدار۔ پیچیدہ۔ جیسے زلف پیچاں۔

پیچش (ف۔ اسم مؤنث) حاصل مصدر از پیچیدن۔ مروڑ۔ مڑوڑا۔ درد ہو کر دست یا پیچانہ یا آنو آنا۔

پیچک (ف۔ اسم مذکر) تصغیر از پیچ۔ پکے دھاگے کی گولی۔ لپٹے ہوئے سوت کی گٹی۔ پیچدار نال کا طپنچہ۔

پیچو (ہ۔ اسم مذکر) ایک قسم کا آڑو۔ زرد آلو۔ کریل کا پکا پھل۔ پکا سرخ ٹینٹ۔

پیچوان (ف۔ اسم مذکور بہ ترکیب فاعلی) لغوی معنی بلدار۔ اصطلاح میں نورجہاں بیگم کے ایجاد کردہ حقے کو کہتے ہیں اس کا نیچہ جست کے تاروں اور بھوسے پتر سے بنایا جاتا ہے۔ اسے دور و نزدیک لیٹ کر۔ بیٹھ کر۔ کھڑا ہو کر بآسانی پی سکتے ہیں۔

پیچھا (ہ۔ اسم مذکر) سامنے کی ضد۔ پشت۔ عقب۔ پس۔ پچھلا حصہ۔ تعاقب۔ پیروی۔

پیچھا بھاری ہونا / **پیچھا قوی یا تگڑا ہونا** (ہ۔ محاورہ) پیچھا مضبوط ہونا۔ پس پشت امداد کا موجود ہونا۔ بعد میں مصیبت یا دقت یا مشکل پیش آنا۔ دشمن کی مدد آ جانا۔ مخالف کو پچھلی مدد کا سہارا ہونا۔ مخالف کی پشت قوی ہونا۔

پیچھا پکڑنا (ہ۔ محاورہ) سر ہونا۔ تکلیف کے درپے ہونا۔ ستانا۔ ہر وقت ساتھ رہنا۔ دبالہ ہونا۔

پیچھا چھڑانا (ہ۔ محاورہ) آزادی حاصل کرنا۔ خلاصی پانا۔ جان بچانا۔ پنڈ چھڑانا۔ چھٹکارا پانا۔ نجات پانا۔

پیچھا چھوڑنا (ہ۔ محاورہ) رہائی دینا۔ جان چھوڑنا۔ نجات دینا۔

پیچھا کرنا / **پیچھا لینا** (اُ۔ محاورہ) تعاقب کرنا۔ رگیدنا۔ ستانا۔ دق کرنا۔ بندوق کا چھوٹے وقت پیچھے ہٹنا۔ دھکا دینا۔ بار بار آنا۔

پیچھا نہ چھوڑنا (ہ۔ محاورہ) ساتھ نہ چھوڑنا۔ پنڈ نہ چھوڑنا۔ سر ہونا۔ ساتھ لگے رہنا۔ تعاقب سے باز نہ آنا۔ کسی کام سے نہ ہٹنا۔ ستاتے رہنا۔ جان کو آنا۔

پیچھے (ہ۔ تابع فعل) غیبت میں۔ عقب میں۔ بعد میں۔ بعد عقب۔ پس پشت۔ بعدہٗ۔ بعد ازاں۔ پس ازاں۔ خاطر واسطے۔ لئے۔ برائے۔ باعث۔ سبب۔ کارن۔ اخیر۔

پیچھے آنا (ہ۔ محاورہ) عقب میں آنا۔ تعاقب کرنا۔ دیر میں آنا۔ بعد میں آنا۔

پیچھے پڑنا (ہ۔ محاورہ) درپے ہونا۔ سر ہونا۔ دق کرنا۔ ستانا۔ آزار دینا۔ عداوت و دشمنی کرنا۔ رسوائی چاہنا۔ بار بار مانگنا۔

پیچھے پھرنا (محاورہ) لوٹنا۔ واپس ہو جانا۔ مرجانا۔ کسی کام کے لئے پھرنا۔

پیچھے پیچھے (تابع فعل) عنقریب۔ تھوڑی دیر میں۔ لگے ہاتھوں۔ ساتھ کے ساتھ۔ ساتھ ہیں۔

پیچھے چھوڑنا (محاورہ) سبقت لے جانا۔ کسی سے آگے بڑھ جانا۔ اندوختہ یا جاگیر و مال و دولت چھوڑ کر مر جانا۔

پیچھے ڈالنا (محاورہ) تعاقب کرنا۔ جیسے شکار کے پیچھے گھوڑا ڈالنا۔ پیچھے چھوڑنا۔ آگے بڑھ جانا۔ تھوڑا تھوڑا بچا کر جمع کرنا۔ پس انداز کرنا۔ بچت کرنا۔

پیچھے رہنا (ہ۔ فعل) آخر میں رہنا۔ بعد میں باقی رہنا۔

پیچھے سے (ہ۔ تابع فعل) پس پشت سے۔ عقب سے۔ بعد ازاں۔ تھوڑی دیر بعد۔

پیچھے لگنا (ہ۔ محاورہ) درپے ہونا۔ سر ہونا۔ دق کرنا۔ ساتھ ہو لینا۔ ہمراہ ہونا۔ رسوائی چاہنا۔ بار بار کسی کام کو کہنا۔

پیچیدگی (ف۔ اسم مذکر بیائے مصدری) مروڑ۔ لپیٹ۔ اینٹھ۔ الجھاؤ۔

پیچیدہ (ف۔ اسم صفت بہ ترکیب مفعولی) لپٹا ہوا۔ مشکل بات۔ وہ بات جو مشکل سے سمجھ میں آئے۔ الجھی ہوئی بات

پیخال (ف۔ اسم مؤنث) بیٹ۔ پرندے کا فضلہ۔

پیخانہ (ف۔ اسم مذکر ظرف) جائے ضرور۔ بیت الخلا۔ ٹٹی۔ (اسم مذکر ذات) براز گوہ۔ فضلۂ انسان۔

پیدا (ف۔ اسم صفت) ظاہر۔ عیاں۔ موجود۔ زائیدہ۔ متولد۔ جنا ہوا۔ اسم مؤنث۔ کمائی۔ آمدنی یافت۔ (اسم مذکر) ایجاد۔ اختراع۔

پیدا کرنا (اُ۔ محاورہ) ظاہر کرنا۔ موجود کرنا۔ ہست کرنا۔ جنانا۔ تولد کرنا۔ کمانا۔

حاصل کرنا۔ بہم پہنچانا۔ جیسے کمال پیدا کر لینا۔ نکالنا۔ ایجاد و اختراع کرنا۔

پیداوار } (ف۔ اسم مؤنث) محال کھیتی باڑی یا تجارت وغیرہ کی آمدنی۔ نفع
پیداواری } زراعت۔ وہ چیز جو کھیت میں اُگے۔

پیدا ہونا (اُ۔ محاورہ) پیٹ سے نکلنا۔ جنم لینا۔ دُنیا میں آنا۔ اُگنا۔ زمین سے جنما۔ ظاہر ہونا۔ تولد ہونا۔

پیدائش (ف۔ اسم صفت) بوضع حاصل مصدر۔ جنم۔ آفرینش۔ خلقت۔ فطرت۔ جبلت۔

پیدائشی (ف۔ اسم مؤنث بیائے نسبتی صفت) جنم کا۔ جنمی۔ فطرتی۔ جبلّی۔ اصلی۔

پے در پے (ف۔ اسم صفت بہ ترکیب حرف۔ جار و ملی) یکے بعد دیگرے۔ متواتر۔ لگاتار اُوپر تلے۔

پیدل (ہ۔ اسم صفت) پاپیادہ۔ پیروں۔ سوار کے خلاف۔ شطرنج کا وہ مہرہ جو سیدھا چلتا اور آڑا مارتا ہے۔ پیدل چلنے والا لشکر۔ پیادوں کی فوج۔

پیڈ (Paid۔ انگ۔ اسم صفت) ادا کیا ہُوا۔ وہ محصول یا رقم جو ادا کر دی گئی ہو۔

پیر (اُ۔ اسم مذکر ظرف زمان) سوموار۔ دوشنبہ۔ چاند کا دن۔ اتوار سے اگلا دن۔

پیَر (ہ۔ اسم مذکر) پاؤں۔ قدم۔ چرن۔ پد۔ کھونج۔ سراغ۔ نقش پا۔ پیڑ۔ وہ جگہ جہاں اناج بالوں سے نکالنے کے لئے دائیں چلاتے ہیں کھلیان اناج کا ڈھیر۔ بن صاف غلے کا ڈھیر۔ حیض جاری رہنے کا مرض۔

پیَر چھوٹنا (ہ۔ محاورہ) خون حیض کا معمول سے زیادہ جاری ہونا۔

پیر (ف۔ اسم صفت) بُوڑھا۔ سالخوردہ۔ معمر۔ سن رسیدہ۔ مُسن۔ سب گنوں پُورا۔ مُرشد۔ چالاک۔ اُستاد شیطان۔ (اسم مذکر) رہنما۔ مُرشد۔ ہادی۔ گرو۔ اللہ کا رستہ دکھانے والا۔ بزرگ۔ ولی۔ پرکھا۔

پیر بھُچڑی (اُ۔ اسم مذکر) ہیجڑوں کا مانا ہوا پیر۔

پیر بھُچڑی کی کڑھائی (ہ۔ اسم مؤنث) وہ حلوا یا پکوان جو ہیجڑا بناتے وقت مُخنث لوگ اپنے پیر کی فاتحہ پڑھ کر کھلاتے ہیں۔ جس کے کھاتے ہی آدمی ہیجڑا بننے پر رضامند ہو جاتا ہے۔ یہ خاص ہیجڑوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

پیر زادہ (ف۔ اسم مذکر۔ مفعول) پیر کا بیٹا۔ مُرشد کی اولاد۔ گرو کا بیٹا۔ وہ شخص جس کے ہاں پیری مریدی ہوتی ہے۔

پیر کی نہ فقیر کی پہلے ہی کالے چور کی } (ہ۔ مثل) یہ اُس وقت بولتے
پیر کی نہ فقیر کی پہلے ہی نکٹے دیو کی } ہیں جب کوئی شخص اپنے آپ کو سب پر مقدم رکھے۔ یعنی طنزاً کہا کرتے ہیں۔ کہ اور کسی کو ملے نہ ملے پہلے ان کو دیدو۔

پیر مغاں (ف۔ اسم مذکر) آتش پرستوں کا پادری۔ گبر پجاری۔ آتش کدہ کا مجاور۔ آتش پرستوں کا پیشوا (اردو میں) طنزاً گرو گھنٹال۔ کلال۔ شراب بیچنے والا۔ میفروش۔

پیر نابالغ (ف۔ ع۔ اسم صفت) بُوڑھا۔ بیوقوف۔ وہ بُوڑھا جو نادان بچوں کی سی باتیں کرے۔

پیرا (ہ۔ اسم مذکر) مقدم۔ اثر قدم۔ کسی چیز کا شگون۔ نشان پار۔ متبرک قدم۔

پیراشوٹ (انگ۔ مذ۔ Parachute) فضا میں جہاز سے اُترنے کا کپڑا چھاتا۔


پیراشوٹ

پیراک (ہ۔ اسم مذکر صفت) تیراک شناور۔ تیرنے والا۔

پیراکی (ہ۔ اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) شناوری۔ تیراکی۔

پیراؤ (ہ۔ اسم صفت۔ بواؤ قابلیت) تیرنے کے قابل پانی۔ ڈباؤ پانی۔

پیراہن (ف۔ اسم مذکر) پوشاک۔ لباس۔ چولا۔ بدن کا کپڑا۔ جامہ کُرتا۔

پیراہوا (ہ۔ اسم صفت۔ بترکیب مفعولی) نہایت تجربہ کار۔ ہوشیار۔ چالاک۔ جہاندیدہ۔

پیرائی (اُ۔ اسم مؤنث) تیراکی۔ تیرنے کا ڈھنگ۔ تیرنا سکھانے کی اُجرت تیرنے کی جگہ۔ وہ مقام جہاں تیرنا سکھایا جائے۔

پیرائی (اُ۔ اسم مذکر) ڈفالی۔ پیروں کے گُن گانے والے۔ ڈھولک بجانے اور پڑھنے والے۔

پیرایہ (ف۔ اسم مذکر) آرائش۔ زیب و زینت۔ زیور۔ لباس۔ پوشاک۔ طرز۔ ڈھنگ۔ روش۔

پیرنا (ہ۔ فعل) تیرنا۔ شناوری کرنا۔ بہنا۔ رواں ہونا۔

پیرو (ف۔ اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) پیچھے چلنے والا۔ پیروی کرنے والا۔ تقلید کرنے والا۔ مقلد۔ چیلا۔ مرید۔ کسی فرقہ کا معتقد۔ کسی خاص ہادی کا ماننے والا۔

پیرو

پیرو (اسم مذکر) فیل مرغ۔ ایک خاص قسم کا بڑا مرغ۔

پیروں (ہ۔ تابع فعل) پاپیادہ۔ پیدل۔ پاؤں پاؤں۔ سوار کے خلاف۔

پیروں پڑنا (ہ۔ فعل) پاؤں پر سر رکھنا۔ منت و زاری کرنا۔ عاجزی کرنا۔ نہایت خوشامد کرنا۔ گوڈے چھونا۔ قدم لینا۔ تعظیماً بڑوں کا آداب بجا لانا۔

پیروں پھرنا (ہ۔ فعل) پردہ نشین عورت کا بلا سواری باہر نکلنا۔ چھوٹے بچوں کا پاؤں کے بل چلنا۔

پیروں پیروں چلنا (ہ۔ فعل) سواری کے بغیر رستہ طے کرنا۔ اپنے پاؤں سے چلنا۔

پیروں میں سر دینا (ہ۔ محاورہ) قدموں پر سر رکھنا۔ نہایت عاجزی کرنا۔

پیروں میں مہندی لگنا (اُ۔ محاورہ) بے جا عذر کرنا۔ فضول بہانے بنانا۔ نامعقول عذر پیش کرنا۔

پیروی (ف۔ اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) تقلید۔ قدم بقدم چلنا۔ کسی کے پیچھے چلنا۔ اطاعت۔ فرمانبرداری۔ کوشش۔ جدوجہد۔ تلاش و جستجو۔ تندہی۔ محنت۔ جانکاہی۔

پیرہن (ف۔ اسم مذکر) پیراہن کا مخفف ہے۔

پیری دف۔اسم مؤنث بیائے معدری) بڑھاپا۔ کن سالی۔ ضعیفی۔ کمزوری۔ ناتوانی۔ مرید بنانے کا پیشہ۔ اُستادی۔ عیاری۔ چالاکی۔ طنزاً حکومت اور زبردستی کی جگہ بھی بولتے ہیں۔ جیسے تیرے کیا باوا کی پیری ہے۔ کرامات۔ اعجاز۔

پیراگراف (Paragraph انگ۔اسم مذکر) کسی مضمون کے نئے پیرا مطلب کو نئی سطر سے شروع کرنا۔ سطر توڑنا۔

پیڑ (دہ۔اسم مؤنث) درد۔ دُکھ۔ تکلیف۔ صدمہ۔ دردِ زہ۔ بچہ پیدا ہونے کا درد۔

پیڑ (دہ۔اسم مذکر) درخت۔ شجر۔ روکھ۔ پودا۔ برچھ۔ تردر۔ پودا۔ نہال۔ بوٹا۔ سبزی فروش۔ لوگ۔ گوبی۔ اور کرم کلے کو بھی بولدیتے ہیں۔

پیڑ لگانا (دہ۔فعل) درخت لگانا۔

پیڑ لگنا (دہ۔فعل) ایک درخت کا دوسری جگہ اُکھڑ کر جم جانا۔ پودا اجنا۔

پیڑا (دہ۔اسم مذکر) دودھ کے کھوئے اور کھانڈ سے بنی ہوئی ایک مٹھائی کا نام ہے۔ گندھے آٹے کی گولی جس کو بڑھا کر روٹی بناتے ہیں گول۔ گول مول۔ ٹھوس چیز۔

پیڑھا (دہ۔اسم مذکر) کرسی نما۔ کھٹولی۔ پُشت والی مربع شکل کی کھٹولی۔

پیڑھی (دہ۔اسم مؤنث بیائے تعنیر) چھوٹی سی چوکور کھٹولی جس پر عورتیں بیٹھا کرتی ہیں۔ پُشت۔ نسل۔ خاندان کا سلسلہ۔ قرن۔ عرصہ دراز۔ قدیم الایام۔

پیڑھی در پیڑھی (دہ۔اسم صفت بہ ترکیب حرف) قدیم الایام سے قرنوں سے۔ مدت سے۔ بڑوں سے۔ پُشت در پُشت۔ نسلاً بعد نسل۔ موروثی۔ روایتی۔

پیڑھیوں سے (دہ۔فعل) قدیم الایام سے۔ مدتوں سے۔ بڑوں سے۔

پیڑی (دہ۔اسم مؤنث بیائے نسبتی منسوب بہ پیر) زینہ۔ قدمچہ۔ پیر رکھنے کی جگہ۔ سیڑھی۔ سیڑھی کا ڈنڈا کوٹھے پر چڑھنے کی سیڑھی۔

پیڑیں لگنا (دہ۔محاورہ) دردِ زہ شروع ہونا۔ دردِ زہ شروع ہو جانا۔

پیر (اُر۔اسم مؤنث) دشمنی۔ عداوت۔ مخالفت۔ ضد جیسے وہ تو میری پیر سے وہاں جاتا ہے۔ دیوار کی شورنگی ہوئی اینٹوں کی مرمت۔

پیر پڑنا۔ یا۔ پڑ جانا (اُر) مخالفت ہو جانا۔ ضد ہو جانا۔ دشمنی ہونا۔

پیزار (ف۔اسم مؤنث ظرف بذریعہ حرف زار جیسے گلزار) جوتی۔ کفش۔ پا پوش۔ نعلین۔ یگ رکھی (لغوی معنی مقام پا ہیں)

پیزار پر مارنا (اُر۔محاورہ) حقیر جاننا۔ ناچیز سمجھنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ حقیقت نہ جاننا۔ پروا نہ کرنا۔ اصل نہ سمجھنا۔

پیزار دکھانا (اُر۔محاورہ) جوتی دکھانا۔ معشوقانہ شوخی سے انکار کرنا بے پروائی جتانا۔ خاطر میں نہ لانا۔

پیزار سے (اُر۔تابع فعل) بلا سے۔ جوتی سے کیا پروا ہے۔ پروائے نیست۔

پیسا (دہ۔اسم مذکر) پول۔ پول سیاہ۔ فلوس۔ فلس۔ روپے کا چونسٹھواں حصہ۔ تانبے کا ایک سکہ جو تین پائی کے برابر ہوتا تھا۔ دولت۔ مال۔ زر۔

پیسا اُٹھانا (دہ۔فعل) روپیہ خرچ کرنا۔ صرف کرنا۔

پیسا پیسا کما یا چینی بھر اٹھایا (دہ کہاوت) تھوڑا تھوڑا کر کے مدت میں بڑی محنت سے جمع کیا اور ذرا سی دیر میں خواہ مخواہ لٹا دیا۔

پیس ڈالنا (دہ۔فعل) ریزہ ریزہ کر ڈالنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔ تباہ کر دینا۔ نہایت تکلیف دینا۔ خاک کر ڈالنا۔

پیس لوں تو پیٹوں (دہ۔کہاوت) روزی کی فکر پہلے کر لوں۔ پھر مردے کا ماتم کروں۔ فکر روزی ماتم مردہ سے زیادہ مقدم ہے۔

پیس مارنا (دہ۔فعل) تنا مارنا۔ بے حد تکلیف دینا۔ نہایت ستانا۔ دق کرنا۔

پیس موئی پکا موئی آلے لوٹھے کھا گئے (دہ کہاوت) تکلیف ہم اُٹھائیں۔ فائدہ کوئی اور لے۔

پیسنا (دہ۔فعل) آٹا کرنا۔ ریزہ ریزہ کرنا۔ رگڑنا۔ گھسنا سخت دُکھ دینا۔ تباہ کر ڈالنا۔ خاک میں ملانا۔ سخت کام کرنا۔ محنت شاقہ اُٹھانا پل جانا۔ جی توڑ کر کام کرنا۔

پیسنا (دہ۔اسم مذکر) مصدر بہ معنی حاصل مصدر۔ مصیبت۔ سخت تکلیف۔ محنت۔

پیسنا پیسنا (دہ۔فعل) دُکھ بھرنا۔ نہایت تکلیف سے کمانا۔ بڑی تکلیف سے کمانا۔ سخت مزدوری کرنا۔

پیسنجر (Passenger۔ انگ۔اسم مؤنث) مسافر۔

پیسنجر گاڑی یا ٹرین (اُر۔اسم مؤنث) مسافر گاڑی۔ ریل کی وہ گاڑی جو عام مسافروں کو ہر سٹیشن سے لے جائے اور اتارے۔

پیسنی (دہ۔اسم مؤنث) ایک آدمی کے پیسنے کی مقدار۔ اتنا غلہ جو ایک آدمی ایک مرتبہ پیس سکے۔

پیسے برابر بوٹیاں کرنا / **پیسے پر دھر کر بوٹیاں اُڑانا** (دہ۔محاورہ) پرزے پرزے اُڑانا۔ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔ کھال اُڑانا۔ نہایت سخت سزائے جسمانی دینا۔

پیسے کا پوت / **پیسے کا میت** (دہ۔اسم صفت بہ ترکیب اضافی) نہایت حریص۔ بہت لالچی۔ زر دوست پیسے کا یار۔ کھانے کا دوست۔ زر پرست۔

پیسے والا (دہ۔اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) امیر۔ دولت والا۔ دولتمند۔

پیش (ف۔تابع فعل) آگے سامنے۔ پس کی ضد۔ زمانہ ماضی۔ مستقبل کا زمانہ پہلے قبل آیندہ (اسم مذکر، ضمہ ضم رفع وہ حرکت جو کسی حرف کے اُوپر (و) کی صورت میں لکھتے ہیں۔ انگریزی کی اگاڑی واسکٹ کی سامنے کی چھانٹ جو چھاتی پر رہتی ہے۔ امام تسبیح۔ تسبیح کا بڑا دانہ جو سب سے اُوپر رہتا ہے۔

پیش آنا (دُر۔فعل) سامنے آنا۔ ظاہر ہونا۔ بُرا یا بھلا سلوک کرنا۔

پیش بند (ف۔اسم مذکر) زیر بند۔ وہ چمڑا یا نواڑ جو گھوڑے کی پوزی اور تنگ کے درمیان بدیں غرض باندھ دیتے ہیں کہ گردن نیچے کو جھکی رہے آگے سے روکنے والا۔

پیش بندی (ف۔اسم مؤنث بیائے مصدری) پہلے سے کسی بات کی تدبیر کرنا۔ دُور اندیشی۔ حفظ ماتقدم کسی تدبیر کو پہلے ہی جمانا۔

پیش بین (ف۔اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) دُور اندیش۔ مآل اندیش انجام کو سوچ لینے والا۔ آخر بین۔ ہوشیار۔ تجربہ کار۔

پیش بینی (ف۔اسم مؤنث بیائے مصدری) دُور اندیشی۔ عاقبت اندیشی۔

پیش جانا۔ یا۔ چلنا (دُر۔فعل) کارگر ہونا۔ قابو چلنا۔ اثر ہونا۔ پار بسانا۔

پیش خدمت (ف۔اسم مذکر) ٹہلوا۔ خدمت گار۔ اُوپر کے کام کا نوکر۔

(اسم مؤنث) خادمہ۔ ماما۔ آیا۔ خدمت گار عورت۔

پیش خیمہ دف۔ (اسم مذکر) لین دوڑی۔ حاکموں یا امیروں کی سواری آنے کی علامت۔ سواری سے پہلے آنے والا خیمہ۔ فوج کے کوچ کا سامان جو آگے بھیجا جاتا ہے۔ ہرکارہ۔ پیادہ۔ ہراول۔

پیش دست دف۔ (اسم مذکر۔ صفت بہ ترکیب فاعلی) آگے کام کرنے والا۔ اسسٹنٹ نائب۔ معاون۔ پیش کار۔ آگے بڑھ جانے والا۔ سبقت کرنے والا۔

پیش دستی کرنا (اُ۔ محاورہ) پہل کرنا۔ سبقت کرنا۔ حملہ کرنا۔ پہلے ہاتھ آنا۔ بڑھنا۔ پہل کرنا۔

پیش رفت دف۔ (اسم مذکر) قابو۔ بس۔ کارگر۔ مؤثر

پیش رو دف۔ (اسم صفت) آگے چلنے والا۔ اگوا۔

پیش قبض دفع۔ (اسم مذکر) خنجر۔ چھرا۔ کٹار۔ کٹاری۔

پیش قدمی دفع۔ (اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) سبقت۔ چڑھائی۔ حملہ۔ بڑھ کے کام کرنا۔ جرأت۔ دلیری۔ ہمت۔ چالاکی۔

پیش کرنا دُ (فعل) روبرو کرنا۔ سامنے کرنا۔ حاضر کرنا۔ آگے رکھنا نذر دکھانا۔

پیش نماز دف۔ (اسم مذکر۔ بہ ترکیب مفعولی) نماز میں آگے کیا ہوا۔ امام۔ پیش امام۔

پیش نہاد دف۔ (اسم مذکر۔ بہ ترکیب مفعولی) سامنے رکھا ہوا۔ ارادہ۔ مدِنظر۔

پیشاب دف۔ (اسم مذکر) موت۔ شاشہ۔ بول۔

پیشاب بند ہونا (اُ۔ محاورہ) موت رکنا۔ موت بند ہونا۔ کسی سے خوف کھانا۔

پیشاب خطا ہونا (اُ۔ محاورہ) موت نکلنا۔ خوف کے مارے کانپنا۔ نہایت ڈرنا۔

پیشاب کرنا (اُ۔ محاورہ) بول کرنا۔ موتنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ حقیقت نہ جاننا۔

پیشاب کی راہ بہانا (اُ۔ محاورہ) کھانے پینے میں اُڑانا۔ فضول خرچی کرنا۔ روپیہ کی حقیقت نہ سمجھنا۔ بدکاری میں ضایع کرنا۔

پیشاب نہ کرنا (اُ۔ محاورہ) کسی چیز کو اتنا حقیر جاننا کہ اس پر پیشاب تک کرنے سے بھی گریز کرنا۔ بے حد حقیر سمجھنا۔

پیشاب نکلنا (اُ۔ محاورہ) خوف کے مارے موت دینا۔ نہایت ڈرنا۔ کانپنا۔

پیشانی دف۔ (اسم مؤنث) ماتھا۔ جبین۔ ناصیہ۔ تقدیر۔ قسمت۔ پرالبدھ۔ سُرخی۔ القاب۔ سرنامہ۔ کاغذ کا وہ حصہ جو عبارت سے اوپر چھوڑ دیتے ہیں۔

پیشتر دف۔ (تابع فعل) سب سے آگے۔ بہت آگے۔ بہت پہلے۔ اول۔ مقدم۔

پیشکار دف۔ (اسم مذکر صفت) ایجنٹ۔ منیجر۔ مددگار۔ نائب۔ مسلخواں۔ سررشتہ دار۔

پیشکاری دف۔ (اسم مؤنث بیائے مصدری) نیابت۔ مسلخوانی۔ سررشتہ داری۔

پیش کش دف۔ (اسم مذکر) نذر۔ بھینٹ۔ تحفہ۔ ہدیہ۔ محصول۔ خراج۔

پیشگاہ دف۔ (اسم مذکر ظرف) سامنے روبرو۔ حضور۔ دربار۔ صدر۔ اجلاس۔ بادشاہ۔ صاحب تخت۔ حاکم۔ صدر مجلس۔

پیشگی دف۔ (اسم مؤنث) وہ اجرت جو کام سے پہلے دی جائے۔ سائی۔ بیعانہ۔

پیشوا دف۔ (اسم مذکر) رہنما۔ رہبر۔ امام۔ اگوا۔ نمونہ۔ نظیر۔ مرہٹوں کا سب سے اعلیٰ کارکن افسر۔

پیشواز دف۔ (اسم مؤنث) دیکھو پشواز۔

پیشوائی دف۔ (اسم مؤنث بیائے مصدری) رہنمائی۔ رہبری۔ استقبال۔ کسی کی رہبری کے لیے جانا۔

پیشہ دف۔ (اسم مذکر) ہنر۔ کسب۔ فن۔ مشغل۔ حرفہ۔ کام۔ دھندا۔ روزگار۔

پیشہ ور دف۔ (اسم فاعل ترکیبی) اہل حرفہ۔ دکاندار۔ تاجر۔ کسی قسم کا کام کرنے والا۔

پیشی دف۔ (اسم مؤنث بیائے مصدری) مقدمہ کی شنوائی۔ تاریخ۔ مقدمہ۔ حضوری۔ زیرنظر۔ زیرتجویز۔

پیشی کا منشی یا محرر (اُ۔ اسم مذکر) مسلخواں۔ پیشکار۔ مقدمہ کے کاغذات پیش کرنے والا آدمی

پیشینگوئی دف۔ (اسم مؤنث) نجوم یا کشف وغیرہ کے ذریعہ آئندہ کا حال بتانا۔ کسی بات کا قبل از وقوع ذکر کرنا۔

پیغام دف۔ (اسم مذکر) سندیسا۔ زبانی بات۔ خبر۔ سفارت۔ پیام۔ شادی یا منگنی کا سوال درخواست زبانی کہلا کر بھیجنا۔

پیغام ڈالنا (اُ۔ محاورہ) نسبت کی درخواست کرنا۔ شادی کی درخواست کرنا۔

پیغام سلام (اُ۔ اسم مذکر) سوال و جواب۔ بات چیت۔

پیغامی دف۔ (اسم مذکر بیائے فاعلیت) پیغام لانے والا۔ پیغامبر۔

پیغمبر دف۔ (اسم مذکر فاعل ترکیبی) پیام پہنچانے والا۔ قاصد۔ رسول۔ نامہ بر۔ ایلچی۔ دوت۔ سفیر۔ سندیسا لے جانے والا۔ اللہ کا حکم لانے والا۔ مرسل نبی۔

پیغمبری دف۔ (اسم مؤنث بیائے مصدری) رسالت۔ ایلچی گری۔ نبوت۔

پیک دہ۔ (اسم مؤنث) پان کا رنگدار تھوک۔

پیک دف۔ (اسم مذکر) ہرکارہ۔ دوت۔ قاصد۔ نامہ بر۔

پیک (انگ۔ مذ۔ Pack) صندوق یا بلوری میں مال و اسباب کی بندش

پیکار دف۔ (اسم مذکر) جنگ۔ لڑائی۔ محمل۔ وصول کنندہ۔ خورندہ فروش۔ پھیری پھرنے والا۔

پیکان دف۔ (اسم مؤنث) تیر کی نوک۔ نیزہ کی نوک۔ بھال۔ برچھی کی انی۔

پیکدان (اُ۔ اسم مذکر ظرف) اگالدان۔ وہ برتن جس میں پان کی پیک یا اگال ڈالتے ہیں۔

پیکر دف۔ (اسم مؤنث صورت) شکل۔ چہرا۔ ڈھانچ۔ جیسے ماہ پیکر۔

پیکڑا یا پیکھڑا (اُ) قیدیوں کے پاؤں کی بیڑی۔ وہ رسی جو چوپائے کے ایک اگلے اور ایک پچھلے پاؤں میں باندھ دیا کرتے ہیں تاکہ بھاگ نہ جائے۔ عورتوں کے پاؤں کا نقرئی زیور۔

پیکھنا دہ۔ (فعل) دیکھنا۔ نظر کرنا۔ رئیس کرنا۔ عرض کرنا۔ خواہش کرنا۔

پیل دہ۔ (اسم مؤنث) ریلا۔ دھکا۔ ٹھیلا۔ جیسے دھکا پیل۔ ریل پیل۔

پیل دف۔ (اسم مذکر) ہاتھی۔ فیل۔ شطرنج کا ایک مہرہ جو آڑا چلتا اور آڑا ہی مارتا ہے۔

پیلڑا دہ۔ (اسم مذکر) خایہ۔ انڈا۔ بیضہ۔ فوطہ۔

پیلا دہ۔ (اسم صفت) زرد۔ کیسری۔ زعفرانی۔ بسنتی۔ اصفر۔ پیل

پیلنا (ہ۔مص) دھکیلنا۔ آگے یا پیچھے ہٹانا۔ کولھو میں پیسنا۔ تیل نکالنا۔ گھسیڑنا۔ داخل کرنا۔ ڈنٹر پیلنا۔

پیلو (ہ۔ا۔مذ) ایک درخت جس کی جڑ اور شاخوں کی مسواک بناتے ہیں۔ ایک راگنی۔ فیل مُرغ۔

پیلو

پیلوَر (ق) پرے۔ آئندہ۔ اُدھر۔

پیلہ (ف۔ا۔مذ) ریشم کا کیڑا۔ کوئیہ ابریشم۔ شطرنج کا مہرہ

پیلی (ہ۔ا۔مو) زرد۔ اشرفی۔


پیلہ

پیم (ہ۔ا۔مذ) پریم۔ محبت۔ یارانہ۔ پریت۔

پیما (ف۔لاحقہ) مصدر پیمودن کا صیغۂ امر جو اسم کے بعد آکر اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور ناپنے والے کے معنی دیتا ہے۔ جیسے حرارت پیما۔ بارش پیما۔

پیمان (ف۔ا۔مذ) عہد۔ قسم۔ شرط۔ وعدہ۔ اقرار۔

پیمان شکن (ف۔صف) عہد توڑنے والا۔ عہد پر قائم نہ رہنے والا۔

پیمانہ (ف۔ا۔مذ) گلاس۔ ناپنے کا آلہ۔ پلڑا۔ ترازو۔

پیمانہ بھر جانا۔ (اُر محاورہ) شراب پینا۔

پیمانہ چھلکنا (ا۔محاورہ) کسی سیال چیز کا لبریز ہو کر گرنا۔ کم ظرفی ظاہر ہونا۔ آنسوؤں کا تار بندھنا۔

پیمانہ کش (گسار) (ف۔صف) شراب خور۔

پیمانہ لبریز ہونا۔ (اُر محاورہ) پیمانہ بھر جانا۔ زندگی ختم ہونا۔

پیمائش (ف۔ا۔مو) ناپ۔ خصوصاً زمین کا ناپ۔

پیمبر (ف۔ا۔مذ) پیغمبر۔ نبی۔

پیمک (ہ۔ا۔مو) سنہرا گوٹہ جو کلابتوں سے بنایا اور انگرکھوں اور پیش ٹوپیوں وغیرہ پر ٹکایا جاتا ہے۔

پیں بولنا (اُر محاورہ) عاجز ہونا۔ تنگ آجانا۔

پینا (ہ۔صف) تیز۔ ترش۔ نوکدار، انکس۔

پینا (ہ۔مص) نوش کرنا۔ کسی رقیق چیز کا حلق کے نیچے اُتارنا۔ شراب نوشی کرنا۔ حقے کا دم لگانا۔ چوسنا۔ چھیلنا۔

پینتالیس (ہ۔صف) پانچ اُوپر چالیس (۴۵)۔

پینتیس (ہ۔صف) پانچ اُوپر تیس (۳۵)۔

پینٹ (Paint - انگ۔ا۔مذ) رنگ۔ روغن۔

پینٹر (Painter - انگ۔ا۔مذ) مصوّر۔ نقاش۔ رنگ ساز۔

پینٹری۔ (Pantry - پینٹ۔ا۔مو) وہ کوٹھری جس میں کھانے پینے کی چیزیں اور برتن رکھے جاتے ہیں۔

پینٹنگ (Painting - انگ۔ا۔مو) مصوّری۔ نقاشی۔ رنگ سازی۔

پینٹھ۔ (ہ۔ا۔مو) آٹھویں روز کا بازار۔ روز بازار۔ ہاٹ۔

پینٹھ ابھی لگی نہیں گٹھ کترے آموجود ہوئے۔ (اُر مثل) معاملہ ابھی طے نہیں ہوا۔ خود غرض لوگ پہلے ہی آ گئے۔ کام ابھی ہوا نہیں اور مانگنے والے لگے۔

پینچن۔ (ہ۔ا۔مذ) پاؤں کا ایک زیور۔

پینجنی۔ (ہ۔ا۔مو) کبوتروں کے پاؤں میں ڈالنے کا ایک جوف دار بجتا ہوا چھلا۔ جھانجر۔ گاڑی کی وہ خوشنما لکڑی جو پہیے کی روک ہوتی ہے جس سے وہ دُھرے سے باہر نہیں نکلنے پاتا۔

پینجنا۔ (ا۔مص) روئی کو بنولوں سے الگ کر کے دھنکنا۔

پیندا۔ (ہ۔ا۔مذ) تلا۔ برتن کا نچلا حصّہ۔ کسی چیز کے نیچے کا حصّہ

پیندے کا ہلکا۔ (اُر محاورہ) بات کا کچا۔ غیر مستقل مزاج۔ کبھی اِدھر کبھی اُدھر ہونے والا۔

پیندے کے بَل بیٹھنا۔ (اُر محاورہ) چوتڑوں کے بَل بیٹھنا۔ ڈوبنا۔ غرق ہونا۔ تھک جانا۔ دیوالہ نکلنا۔ گھبرا جانا۔ بدحواس ہو جانا۔

پیندی۔ (ہ۔ا۔مو) توپ یا بندوق کی کوٹھی۔ گاجر یا مولی کی جڑ۔ کسی چیز کا نچلا حصّہ۔

پینڈ: پکّا۔ وہ رقم جو شادی کے موقع پر جہیز کی جگہ دی جائے۔

پینڈا (ہ۔ا۔مذ) راستہ۔ پگڈنڈی۔ قدم۔ فاصلہ۔

پینڈولم (Pendulum - انگ۔ا۔مذ) گھڑی یا گھنٹے کا ٹکن یا لنگر۔

پینڈی۔ (ہ۔ا۔مو) لڈو جو میوے گھی اور گھانڈ سے بنائے جاتے ہیں۔

پینس (ہ۔ا۔مذ) پالکی۔ ایک قسم کا ڈولا۔ فتس۔ ناک کی ایک بیماری۔

پینسٹھ (ہ۔صف) پانچ اُوپر ساٹھ۔ ۶۵۔

پینک۔ (ہ۔ا۔مو) افیون یا پوست کی اونگھ۔

پینک میں آنا۔ (اُر محاورہ) نشہ میں اونگھنا۔ افیون کا نشہ چڑھنا۔

پینک میں ہونا۔ (اُر محاورہ) بے خبر ہونا۔ افیون یا پوست کے نشے میں ہونا۔

پینے نکالنا۔ (اُر مص) نقص نکالنا۔ عیب نکالنا۔

پینگ (ہ۔ا۔مو) جھولے کا لمبا جھونک۔ جھولے کی رسی۔ ایک قسم کی جڑ۔

پینگ بڑھانا۔ (اُر محاورہ) جھولے کا لمبا جھونک لینا۔ میل جول بڑھانا۔ بے تکلفی بڑھانا۔

پینگ دینا۔ (اُر محاورہ) جھولے میں جھونکنا دینا۔

پینگوئن (Penguin - انگ۔ا۔مذ) ایک بحری پرندہ۔


پینگوئن

پینی Penny (انگ۔ا۔مو) برطانیہ کا سب سے چھوٹا تانبے کا سکہ۔ شلنگ کا بارھواں حصّہ۔
پیو ۔ پی۔ پیارا۔ محبوب خاوند۔
پیوڑی (ہ۔ا۔مو) ایک قسم کی زرد مٹی۔
پیوست (ف۔صف) ملا ہوا۔ جڑا ہوا۔ جوڑ۔ ملاپ۔
پیوست کرنا (اُ محاورہ) ملانا۔ چسپاں کرنا۔ چبھونا۔ مضبوط کرنا۔ جذب کرنا۔
پیوستگان ۔ (ف۔ا۔مذ) اقربا۔ عزیز و اقارب۔
پیوستہ ۔ (ف۔صف) ملا ہوا۔ متحد۔ ایک جان۔ ہمیشہ مدام۔ گذشتہ۔ گزرا ہوا۔
پیوسی (ہ۔ا۔مو) گائے بھینس کا گاڑھا دودھ جو بچہ جننے کے تین دن بعد تک رہتا ہے۔ بولی۔
پیون ۔ Peon (انگ۔ا۔مذ) چپڑاسی۔ ہرکارہ۔ ڈاکیا۔ چٹھی رسان۔
پیوند (ف۔ا۔مذ) بندش۔ بستگی۔ چپلی۔ جوڑ۔ مناسب میل۔ عزیز و اقربا۔ شوہر۔ جورو۔ ایک ہم جنس درخت کی شاخ کا دوسرے ہم جنس درخت سے جوڑ۔

پیوند

پیوندوار ۔ (اُ مذ) جس چیز میں پیوند لگایا گیا ہو۔ پیوند لگا ہوا۔
پیوندزمین ۔ (ف۔صف) مرکز زمین میں دفن۔
پیوند لگانا (اُ محاورہ) جوڑ لگانا۔ گانٹھنا۔ ایک درخت کی شاخ کا اسی قسم کے دوسرے درخت کی شاخ میں قلم لگانا۔ میل سے میل ملانا۔
پیوند گانٹھنا ۔ (اُ محاورہ) کپڑے میں جوڑ لگانا۔ ایک درخت سے دوسرے درخت کی شاخ میں قلم لگانا۔
پیوند میں پیوند مل جانا ۔ (اُ محاورہ) نسل میں نسل مل جانا۔
پیوندی ۔ (ف۔اَ۔مذ) پیوند لگایا ہوا۔ وہ درخت سے دوسرے درخت کی شاخ میں قلم لگانا۔ پیوند والے درخت کا پھل۔ دوغلا۔ دورگا
پیوندی مونچھیں ۔ (ہ۔ا۔مو) وہ حلقہ نما مونچھیں جنہیں بانکے آدمی اکثر گالوں سے چپکا لیتے ہیں۔
پیویلین ۔ Pavilion (انگ۔ا۔مذ) شہ نشیں (عمارت کا آگے کو نکلا ہوا حصّہ جو عموماً نقش و نگار سے آراستہ ہوتا ہے۔ خوش نما بنگلہ خصوصاً وہ جو کرکٹ کے میدان کے پاس کھلاڑیوں اور تماشائیوں کے لیے بنا دیا جاتا ہے۔ بڑا چوٹی دار خیمہ۔
پیہ (ف۔ا۔مو) چرخی۔
پیہر (ہ۔ا۔مذ) میکا۔ ماں باپ کا گھر۔
پیہم (ف۔تابع فعل) لگاتار۔ متواتر۔ پے در پے۔
پیہو (ہ۔ا۔مذ) پپیہے کی آواز۔
پیٹی (ہ۔ا۔مو) چھوٹا صندوق۔ یا پٹارا۔
پیئی (ہ۔ا۔مو) پاڈ کا مخفف۔ مرکبات میں مستعمل ہے۔ جیسے ادھ پئی
پیسے دودھ اور کھائے مال (مثل) اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو عیش و عشرت میں زندگی بسر کرتا ہو۔
پیسے ہونا ۔ (اُ محاورہ) شراب کے نشے میں مدہوش ہونا۔

ت

ت: (ع۔اسم بو) فارسی اور اردو حروفِ تہجی کا چوتھا حرف ہے عربی و ب ت کا تیسرا۔ حسابِ جمل میں اس کی قیمت چار سو کے برابر ہے۔ عربی فارسی میں اس کا تلفظ (و) کے ساتھ (تا) ادا ہوتا ہے۔ مگر اردو میں یہ کے ساتھ (تے) بولتے ہیں۔ نیز زیر کے ساتھ تریا تین کا مخفف جو سابقے کا کام دیتا ہے۔ جیسے تماہی۔ تپھلا۔

ت - ا

تا (ہ) بچوں کے جھانک لینے اور جھات مات کرنے کا ایک کلمہ ہے جس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ دیکھو ہم یہاں کھڑے ہیں۔

تا (ف۔تابع فعل) جب تک۔ جس وقت تک شمار اور گنتی جیسے یکتا دوتا وغیرہ حرف انتہا یعنی تک جیسے اڑا ہوتا کپاہی۔ لو جیسے تاہم بمعنی تو بھی۔ حرف علت یعنی اس لیے۔ اس واسطے۔ جیسے تاکہ (بحالت اسم مذکر) کاغذ کا تختہ۔ تاؤ۔ دسترخوان کا چوبیسواں حصہ۔ مرکبات میں چند مقامات۔ اس کے معنی کے ترتیب ذیل ہیں۔

تابہ حیات (فع۔تابع فعل) جیتے جی۔ زندگی بھر۔

تابہ زیست (ف۔تابع فعل) عمر بھر زندگی بھر۔ جنم بھر۔ ساری عمر۔

تابجا (ف۔تابع فعل) کہاں تک۔ کب تک۔

تابکے (ف۔تابع فعل) کب تک۔ کہاں تک۔

تابمقدور (فع۔تابع فعل) جہاں تک ممکن تھا۔ یا بسا تلے۔ حتی الامکان۔

تاحال (فع۔تابع فعل) اب تک۔ اس لمحہ تک۔ اس وقت تک۔

تاکہ (ا) (حرف علت) اس لئے۔ اسواسطے۔ کیونکہ

تاہم (ف۔تابع فعل) تو بھی۔ پھر بھی۔ اس پر بھی۔

تاب (ف۔اسم مؤنث حاصل بالمصدر از تابیدن) تافتن۔ چمک۔ روشنی۔ نور۔ فروغ۔ گرمی حرارت۔ پیچ۔ خم۔ بل۔ بٹ۔ قدرت۔ زور۔ طاقت۔ مجال جیسے اس کی کیا تاب ہے جو ہمکو ملا سکے۔ جلا۔ آب روپ جیسے تبلغم خوب آب و تاب دکھا رہی ہے۔ رنج و محنت سہنے پیش۔ صبر و تحمل۔ برداشت جیسے اسے تاب کہاں۔

تاب نہ رہنا (محاورہ) سہارا نہ رہنا۔ گھبرا جانا۔ برداشت نہ ہونا۔

تاب نہ لانا (محاورہ) برداشت نہ کر سکنا۔ متحمل نہ ہونا۔ بوکھلا جانا۔

تاب و تواں تاب و طاقت (ف۔اسم مؤنث حاصل بمصدر بہ ترکیب واو مردوسرا اس کا مترادف ہے بمعنی مجال و قدرت۔ صبر و قرار۔ برداشت و تحمل۔ حوصلہ اور ظرف۔

تاباں (ف۔اسم حالیہ بمعنی صفت مشبہ) روشن۔ درخشاں۔ چمکنے والا۔ چمکدار۔ تابیدہ۔ خمدار۔ بل کھائی ہوئی۔

تابدان

تابدان (ف۔اسم مؤنث) روشندان۔ روزن۔ روزن دیوار۔ وہ موگھا جو روشنی کے لیے عمارت میں چھوڑ دیتے ہیں۔

تابڑتوڑ (ف۔تابع فعل بمفید صفت) متواتر۔ پے در پے۔ لگاتار۔ بہت جلد۔ نہایت جلدی پے بہم۔

تابش (ف۔اسم مؤنث حاصل مصدر از تافتن) گرمی۔ حرارت۔ تپش۔ دھوپ۔ دھوپ کی چمک روشنی۔ نور۔ اجالا۔ فروغ۔

تابع (ع۔اسم فاعل مفید صفت) مطیع۔ فرمانبردار۔ محکوم۔ پابند۔ ماتحت۔ نوکر۔ ملازم۔

تابع کرنا (ف۔فعل) قابو کرنا۔ مطیع کرنا۔ فرمانبردار رہنا۔ قابو میں لانا۔ بس میں کرنا۔

تابعدار (ف۔اسم صفت) فرمانبردار۔ مطیع۔ محکوم۔ ماتحت۔

تابعداری (ف۔اسم مؤنث بجائے مصدری) اطاعت۔ فرمانبرداری۔ باتحتی۔ نوکری۔

تابعداری کرنا (ف۔فعل) نوکری کرنا۔ حکم ماننا۔ اطاعت کرنا۔

تابعین (ع۔اسم مذکر) تابع کی جمع سالم۔ تابعدار لوگ۔ پیرو۔ مقلد۔

تابندہ (ف۔اسم فاعل قیاسی) چمکدار۔ روشن۔ درخشاں۔ بلدار و خمدار۔

تابوت (ع۔اسم مذکر) وہ صندوق جس میں مردے کی لاش رکھ کر لے جاتے ہیں۔ ارتھی۔ جنازہ۔ نعش۔ لاش۔

تابوت

تابہ (ف۔اسم مذکر) بٹا ہوا۔ پیچیدہ۔ بل کھایا ہوا۔

تابیدہ (ف۔ اسم مفعول بہ معنی صفت) بلدار۔ چمکدار۔ چمکیلا۔ درخشاں بٹا ہوا۔

تاپ (ہ۔ اسم مذکر) گرمی۔ حرارت۔ تاب۔ تاپ۔ بخار۔ تپ۔

تاپ تلی (اُ۔ اسم مؤنث) تلی۔ طحال۔ طحال جو اکثر بخاروں کی وجہ سے زیادہ ہو جاتا ہے۔ مرض طحال۔

تاپنا (ہ۔ فعل) لیکنا۔ گرمی پہنچانا۔ دھوپ یا آگ کے سامنے بیٹھ کر گرم ہونا۔

تات (س۔ اسم مذکر) پیار کا کلمہ جو چھوٹے بڑے بھائی۔ بچے۔ باپ یا اور کسی عزیز کی بابت بولا جاتا ہے۔

تاتا (ہ۔ اسم صفت) گرما گرم۔ تیز گرم۔

تاتا تھئی (ہ۔ اسم مؤنث) گویوں کے تال پر زبان اور ہتھیلی سے ادا کرنے کا لفظ فارسی میں اسے تے نے کہتے ہیں۔

تاتیجہ (ہ۔ اسم مذکر) مطلب۔ مقصود۔ نتیجہ۔ ماحصل۔

تاثر (ع۔ اسم مذکر) اثر قبول کرنا۔ اثر رہنا۔ نشان رہنا۔

تاثیر (ع۔ اسم مؤنث) کسی چیز میں نشان چھوڑنا۔ نشان۔ چن۔ نتیجہ۔ پھل۔ خاصیت۔ اثر کن۔ عمل۔ فائدہ۔

تاثیر کرنا (اُ۔ فعل) کن کرنا۔ فائدہ دینا۔ خاصیت ظاہر کرنا۔ سرایت کرنا۔

تاج (ع۔ اسم مذکر) بادشاہی کلاہ افسر شاہی۔ پہیم۔ کلغی۔ پرول کا گچھا۔ پرندے کی چوٹی۔ دیوار کی کنگنی۔ مکان کا چھجا۔ گنبد کے ایک رنگ کا نام۔



تاج

تاج بخش (عف۔ اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) بڑا بادشاہ جو اوروں کو بادشاہ بنا سکے۔ شہنشاہ۔

تاج بخشی کرنا (اُ۔ فعل) بادشاہی دینا۔ سلطنت بخشنا۔ خطا معاف کرنا۔ عطا۔

تاج خروس (عف۔ اسم مذکر) مرغ کے سر کی کلغی۔ ایک پھول کا نام بھی ہے جو مرغ کی کلغی سے مشابہ ہوتا ہے۔

تاجدار (عف۔ اسم صفت بہ ترکیبی فاعلی) تاج رکھنے والا۔ صاحب تاج۔

تاج رکھنا (اُ۔ فعل) بادشاہ بننا۔ تاج پہننا۔

تاج ور (ف۔ اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) صاحب تاج۔ بادشاہ۔

تاجر (ع۔ اسم فاعل مذکر) تجارت کرنے والا۔ سوداگر۔ کاروبار کرنے والا۔

تاجو (ہ۔ اسم مؤنث) ایک بدکار و کش عورت کا نام ہے۔ کٹنی۔ ظالم۔ بے رحم۔ بے درد عورت جیسے تاجو بہن تاجو ماں۔

تاخت (ف۔ اسم مؤنث) حاصل۔ تاخت و تاراج۔ دوڑ۔ حملہ۔ لوٹ۔ غارت۔

تاخت و تاراج کرنا (اُ۔ فعل) لوٹ۔ گھسوٹ کرنا۔ تباہ و برباد کر دینا۔ ستیاناس کر دینا۔ غارت کرنا۔ برباد کرنا۔

تاخیر (ہ۔ اسم مؤنث) ڈھیل۔ دیر۔ دیر کرنا۔ درنگ۔ توقف۔ وقفہ۔

تادیب (ع) ادب سکھانا۔ ادب دینا۔ تنبیہ۔ چشم نمائی۔ زباندانی سکھانا۔ علم مجلس کی تعلیم دینا۔

تار (ف۔ اسم مذکر) رشتہ۔ دھاگا۔ تاگا۔ لوہے پیتل۔ اور تانبے وغیرہ کا لمبا سا سوت تا ما نا۔ سلسلہ۔ ریزہ۔ ٹکڑا۔ پارہ۔ جیسے تار تار کر دینا۔ قوام کا چیپ یعنی چھونے کی پختگی کی تشخیص۔ فاعل۔ خط پہونچانے کا تار۔ تار برقی ٹیلی گراف۔ تار کی خبر۔ انگوٹھی چھلا۔ جیسے تانبے کا نادھن تھیں۔ اندھیرا۔ تاریکی۔

تارا (ف۔ س۔ اسم مذکر) نجم۔ ستارہ۔ کوکب۔ پنچھتر۔ اختر۔ نیر۔ آنکھ کی پتلی۔ مردمک چشم۔ مژمرا۔ دماغی صدمے سے آنکھوں کے آگے روشنی کی تیریاں سی پھر جاتی ہیں۔ انہیں بھی تارا بولتے ہیں (صفت میں) نہایت بلندی یا نہایت نیچا۔ بہت فاصلے پر۔ جیسے کنوئیں کی تہہ کا پانی تارا ہو گیا ہے۔

تارا ٹوٹنا (اُ۔ فعل) کسی شرارے کا آسمان سے گرنا

تارا ڈوبنا (اُ۔ محاورہ) تارا غروب ہونا۔ نحوست چھانا۔ بدقسمتی ظاہر ہونا۔ برسات کے دنوں میں تاروں کی جنبش کو بھی کہتے ہیں۔

تارا سی آنکھیں ہو جانا (اُ۔ محاورہ) آنکھوں کا دکھ جانا رہنا۔ آنکھوں کو آرام ہو جانا۔ آنکھیں کھل جانا۔

تارا منڈل (اُ۔ اسم مذکر) ستاروں کی دنیا۔ ایک قسم کی آتشبازی کا نام بھی ہے۔

تارا ہو جانا (ہ۔ محاورہ) نہایت اونچا یا نیچا ہو جانا۔ بلندی میں آسمان سے لگ جانا پستی میں بہت ہی گہرا ہونا۔

تاراج (ف۔ اسم مذکر) لوٹ۔ غارت و ستیرو۔ لوٹ کھسوٹ۔

تاراج کرنا (ہ۔ فعل) لوٹنا۔ تباہ کرنا۔ ستیاناس کرنا۔

تارامیرا (ہ۔ اسم مذکر) ایک قسم کا بیج ہے۔ جو سرسوں سے مشابہ ہوتا ہے۔ اس کا تیل نکالتے ہیں۔

تار باندھنا (اُ۔ فعل) سلسلہ باندھنا۔ متواتر اور لگاتار کوئی کام کرنا۔ بے درپے کوئی کام کرنا۔

تار برقی (ف۔ ع۔ اسم مؤنث) علامتوں کے ذریعے ایک جگہ سے دوسری جگہ خبر پہنچانے کا تار۔ نیز وہ خبر جو تار برقی کے ذریعے سے آئے۔



تارپیڈو

تارپیڈو (انگ۔ مذ۔ Tarpedo) سگار کی شکل کا ایک آلۂ جنگ جس کے اندر آتش گیر مادہ ہوتا ہے۔ یہ سمندر کی لڑائی میں دشمن کے جہاز کو شدید نقصان پہنچاتا ہے۔

تارپین (انگ۔ مذ۔ Turpentine) گندا بیروزا

تارپین کا تیل (اُ۔ ا۔ مذ) گندے بیروزے کا نکالا ہوا تیل۔

تار تار کرنا (اُ۔ فعل) دھجیاں اڑانا۔ پھاڑنا۔

تار توڑا (اُ۔ اسم مذکر) کارچوبی کا کام۔ سوئی کا نہایت باریک کام۔ کشیدے کا اعلیٰ درجہ کا کام۔

تار ٹوٹنا (اُ۔ فعل) سلسلہ منقطع ہو جانا۔ سلسلہ میں فرق آنا۔ تواتر نہ رہنا۔ کسی کام میں رکاوٹ پیدا ہو جانا۔

تار دیکھنا (اُ۔ فعل) چاندی۔ سونے۔

تارک (ع۔ اسم مذکر) فاعل ترک کرنے والا۔ چھوڑ دینے والا۔ تیاگ دینے والا۔

تارک الدنیا (ع۔ اسم صفت بہ ترکیب اضافی) دنیا کو چھوڑ بیٹھنے والا۔ درویش۔ صحرا نشین۔ گوشہ گزیں آدمی۔ پرہیزگار۔ متقی۔

تارک الصلوٰۃ (ع۔ اسم صفت بہ ترکیب اضافی) نماز کو چھوڑنے والا۔ نماز نہ پڑھنے والا۔ بے نماز۔

تارعنکبوت (ف۔ مذ) مکڑی کا جالہ۔



تار عنکبوت

تارکش (ف۔ اِسم مذکر۔ فاعل) سونے چاندی کے تاروں کو جنتری میں کھینچ کر باریک اور لمبا کرنے والا آلہ۔

تارکشی (ف۔ اِسم مؤنث) تار کھینچنے کا کام۔ تار کھینچنے کا پیشہ۔

تارکول: (انگ۔ ا۔ مو۔ Tarcoal) لک کا تیل۔ رال۔ قیر۔

تارگھر (ہ۔ اِسم مذکر) تار برقی کا دفتر۔ تار برقی کی خبر روانہ کرنے کا مکان۔

تار لگانا (اُ۔ فعل) کسی کام کا تسلسل ہوتے رہنا۔ کسی کام کا سلسلہ بندھنا۔

تار نا: (ہ۔ فعل) بخشنا۔ گناہ معاف کرانا۔ نجات دلانا۔ پار کر دینا۔ نہال کر دینا۔

تار نکالنا (اُ۔ فعل) کپڑے میں سے تاگے کھینچ لینا۔ پتا لگانا۔ کھوج لگانا۔ لمبی لمبی اور باریک باریک سوئیاں پرونا۔

تار نہ ٹوٹنا (اُ۔ فعل) تسلسل میں فرق نہ آنا۔ دار مدار خالی نہ جانا۔ مسلسل اور متواتر کوئی کام ہوتے جانا۔

تاروں بھری رات: (اُ۔ اِسم مؤنث) صاف اور کھلی رات۔ وہ رات جس میں تارے خوب کھلے ہوئے ہوں۔

تاروں کی چھاؤں: (اُ۔ اِسم مؤنث) تاروں کی روشنی۔ بہت سویرا۔ تڑکا۔ پچھلی رات کا وقت۔

تارے توڑنا: (اُ۔ محاورہ) عجیب کام کرنا۔ عیاری کرنا۔ چالاکی کرنا۔ ایسا کام کرنا جو دوسروں سے نہ ہو سکے۔

تارے چھٹکنا: (اُ۔ فعل) تاروں کا نہایت روشن ہونا۔ مطلع بالکل صاف ہونا۔ ابر ہٹ جانا۔ تارے نکل آنا۔ تارے چمکنا۔ ستاروں کا تاباں ہونا۔

تارے دکھانا: (اُ۔ محاورہ) زچہ کو چھٹی کے دن باہر لا کر آسمان دکھانا۔ کبوتروں کو رات کے باہر رہنے کی مشق اور مہارت کرانا۔

تارے دکھائی دینا: (اُ۔ محاورہ) دماغی صدمہ یا کمزوری کے باعث آنکھوں کے آگے تارا سا آجانا۔ مصیبت پڑنا۔ چھکے چھوٹ جانا۔

تارے نکلنا: (ہ۔ محاورہ) تارے نکلنا۔ ستاروں کا طلوع ہونا۔ تارے دکھائی دینا۔

تارے گننا: (اُ۔ محاورہ) تارے نکلنا کرنا۔ نہایت انتظار کرنا۔ رات بھر جاگنا۔ مصیبت اور پریشانی میں رات کاٹنا۔

تاریخ: (ع۔ اِسم مؤنث) ایک دن رات مہینے کا ایک دن کسی چیز کے ظہور کا وقت۔ وہ جملہ یا شعر وغیرہ جس کے عدد نکالنے سے مادہ تاریخ نکلے۔

تاریخ ٹھہرنا: (اُ۔ فعل) دن مقرر ہونا۔ نسبت یا بیاہ یا کسی اور کام کا تقرر ہونا۔

تاریخ ارتحال: (ع۔ مو) مقدمہ دائر کرنے کی تاریخ۔

تاریخ کہنا: (اُ۔ محاورہ) کسی واقعہ کی تاریخ بحساب حروف جمل ظاہر کرنا۔

تاریک: (ف۔ اِسم صفت) کالا۔ سیاہ۔ سیہ۔ اندھیرا۔ دھندلا۔

تاریکی: (ف۔ اِسم مؤنث بیائے مصدری) سیاہی۔ کالک۔ کلونس۔ اندھیری۔ دھندلاپن۔

تاڑ: (ہ۔ اِسم مذکر) تاڑی کا درخت جو کھجور سے مشابہت رکھتا ہے۔ جس میں سے تاڑی ایک قسم کا منشی عرق ہے نکلتا ہے (بصورت اِسم مؤنث) تاڑنا مصدر سے حاصل مصدر ہے بمعنی دریافت۔ نگرانی۔ جانچ۔

تاڑنا: (ہ۔ فعل) جان لینا۔ بھانپ لینا۔ کسی چیز کو علامات کے بغیر ہی پہچان لینا۔ قیافے اور علامات سے جان لینا۔ لگانا۔ بھانپنا۔ دھکا کرنا۔ مارنا پیٹنا جسمانی سزا دینا۔ تنبیہ کرنا۔ ڈانٹنا۔ ہارنا۔ بٹے کو پورا کرنا۔ دوسرے کے ٹھپوں کو جانچنا وزن کو پورا کرنا۔

تاڑو: (ہ۔ اِسم صفت) تاڑنے والا۔ بھانپ لینے والا۔ بھانپو۔

تاڑی: (ہ۔ اِسم مؤنث۔ نباتیات) درخت کا دودھیا رس جس کے پینے سے نشہ ہو جاتا ہے۔ کٹار کا قبضہ۔ بچھو کی موٹھ۔ کٹاری کا دستہ۔

تاڑیا: (ہ۔ اِسم صفت بہ ترکیب فاعلی) تاڑو۔ جانچو۔ پرکھیا۔ بھانپو۔

تازگی: (ف۔ اِسم مؤنث بیائے مصدری) طراوت۔ تازہ ہونا۔ پژمردگی کی ضد۔ ہرا بھرا ہونا

تازہ: (ف۔ اِسم صفت) ہرا بھرا۔ سرسبز۔ تر۔ مرطوب۔ شاداب۔ جدید۔ نیا۔ حال کا۔ نور رسیدہ۔ پیڑ کا لوٹا ہوا میوہ۔ موٹا۔ فربہ۔ تنومند۔ جیسے موٹا تازہ۔ تندرست۔

تازہ بتازہ: (ف۔ اِسم صفت) تنت کا۔ بالکل تازہ۔ ڈال کا ٹوٹا۔ نیا۔ جدید۔ اُس وقت کا۔ حال کا۔

تازہ خیال: (ف۔ اِسم صفت بہ ترکیب فاعلی) وہ شخص جسے ہر دم نئی سوجھے۔ موجد۔ نئے خیال اور نئی باتیں نکالنے والا۔

تازہ دم: (ف۔ اِسم صفت) چست۔ مستعد۔ توانا۔ بے تکان۔

تازہ کار: (ف۔ اِسم صفت) نیا کام کرنے والا۔ عجیب۔ انوکھا۔

تازہ کرنا: (اُ۔ محاورہ) طراوت پہنچانا۔ کملاہٹ ہٹانا۔ یاد دلانا۔ ہرا کرنا۔ جی کا پانی بدلنا پنجہ بھگونا۔ آرام دینا۔ تکان اتارنا۔ بھلا نہ بوتھ کرنا۔ جیسے سیر سے دل تازہ ہو گیا۔

تازہ وارد: (ف۔ اِسم صفت فاعلی) حال ہی میں آیا ہوا۔ نووارد۔

تازہ ولایت: (ف۔ ع) نووارد۔ پردیسی۔ وہ شخص جو دوسرے کی زبان نہ سمجھے۔

تازی: (ف۔ اِسم صفت) عرب کا رہنے والا۔ عربی۔ عرب کی چیز۔ عربی شے۔

(اِسم مذکر) عربی گھوڑا۔ شکاری کتا۔

(اِسم مؤنث) زبان عربی۔ قواعد کی اصطلاح میں وہ حروف جو عجمی زبان میں نہیں آتے یعنی ث۔ ح۔ ص۔ ض۔ ط۔ ظ۔ ع۔ ق۔

تازی خانہ: (ف۔ اِسم مذکر ظرف) کتوں کا طویلا۔

تازیانہ: (ف۔ اِسم مذکر) چابک۔ کوڑا۔ قمچی۔

تازیانہ ہونا: (اُ۔ فعل تنبیہ ہونا۔ چابک لگنا۔ کوڑا لگنا۔ طرہ ہونا۔

تاسف: (ع۔ اِسم مذکر و مصدر) افسوس۔ افسوس کرنا۔ پچھتاوا۔ پچھتانا۔

تاسیس: (ع مو) جڑ۔ بنیاد۔ نیو۔ علم عروض کی اصطلاح میں وہ الف ساکن جس کے اور روی کے درمیان ایک حرف متحرک واسطہ ہو۔ جیسے "خاورؔ" اور "باورؔ" کا الف۔ ایسا لفظ لانا جو پہلے لفظ سے زیادہ معنی رکھتا ہو

تاش: (ہ۔ اِسم مذکر) ایک قسم کاری کا کپڑا جس میں تانا ریشمی اور بانا بادلہ کا ہوتا ہے۔ نزاکت۔ بادلہ۔ تماشی۔ گنجفہ کی طرح کا ایک کھیل

تاشہ: (اُ۔ اِسم مذکر) طاسہ کا بگاڑا ہوا ہے۔ ایک قسم کے باجے کا نام ہے۔

تافتان: (اُ۔ اِسم مؤنث) ایک قسم کے موٹے کناروں والی میدے کی روٹی۔

تافتہ: (ف۔ اِسم مذکر) ایک طرح کا ریشمی جھلدار کپڑا۔ گھوڑوں اور کبوتروں کا ایک خاص رنگ۔

تاک: (ف۔ اِسم مذکر) انگور کی بیل۔ انگور کا درخت۔

تاک: (ہ۔ اِسم مؤنث) (تاکنا کا حاصل مصدر) جمی ہوئی نگاہ۔ ٹکٹکی۔ گھات۔

گھات۔ تلاش۔ انتظار۔ نشست۔ نشانہ (بصورتِ فعل) تاکنے کا امر۔

تاک باندھنا ا۔ (ہ۔ فعل) ٹکٹکی باندھنا۔ نشانہ باندھنا۔ شست لگانا۔

تاک جھانک (ہ۔ اسم مؤنث۔ حاصل مصدر) دیکھ بھال۔ تلاش جستجو۔ نظر بازی۔ گھورا کھاری۔ نظارہ تخفیہ۔

تاک رکھنا ا۔ (ہ۔ فعل) تاڑ رکھنا۔ پہچان رکھنا۔ گھات میں لگے رہنا۔

تاک لگانا ا۔ (ہ۔ فعل) گھات لگانا۔ گھورنا۔ تلاش میں رہنا۔ منتظر رہنا۔ انتظار میں رہنا۔

تاکنا ا۔ (ہ) گھورنا۔ ٹکٹکی لگانا۔ پہلے سے جان رکھنا۔ بھانکنا چھپکر دیکھنا۔ پہچاننا۔ تاڑنا۔ نشانہ باندھنا۔ شست لگانا۔ انتظار کرنا۔

تاکید ا۔ (ع۔ اسم مونث) ہٹ۔ ضد۔ اصرار۔ تقاضا۔ کوشش۔ زور دے کر کہنا۔ بار بار کہنا۔ سخت حکم دینا۔

تاکید کرنا ا۔ (اُ۔ فعل) اصرار سے کہنا۔ زور سے کہنا۔ سخت تقاضا کرنا۔

تاکیداً ا۔ (ع تابع فعل) از روئے تاکید۔ نہایت اصرار سے۔ زور دے کر۔

تاکیدی حکم ا۔ (اُ و ا۔ اسم مذکر) سخت حکم۔ ضروری تقاضا۔ ضروری حکم۔

تاگا ا۔ (ہ۔ اسم مذکر) دھاگہ۔ ڈورا۔ رشتہ۔ سوت۔ تار۔ (پورب) آدمیوں کا عمامہ۔

تاگڑی یا تاگڑی ا۔ (ہ۔ اسم مونث) لنگوٹی باندھنے کیلئے دھاگوں کا بٹا ہوا ڈورا۔ بنجیر کی قسم کا ایک زیور جسے امیر ہندو مرد اور عورتیں کمر میں باندھ لیتے ہیں۔

تال ا۔ (ہ۔ اسم مذکر) تالاب۔ بڑا حوض۔ عینک کا بڑا ایک چشمہ شیشہ۔ (اسم مؤنث) راگ کا سُر درست رکھنے کے لیے ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ پیتل کی دو چھوٹی چھوٹی کٹوریاں جو طبلہ یا ڈھولک کے ساتھ بجاتے ہیں۔ منجیرے کی جوڑی سی (پورب) پہلوانوں کا ہم ٹھوکنا۔ تھاپی مارنا۔

تال بے تال ا۔ (اُ۔ تابع فعل) سُر بے سُر۔ موقع بے موقع۔

تال دینا ا۔ (ہ۔ محاورہ) سُر درست رکھنے کے لیے تالی بجانا۔ گانے بجانے میں اصول قائم رکھنے کے لیے سہارا دینا۔

تال سے بے تال ہونا ا۔ (ہ۔ محاورہ) اصول نغمہ میں مقام سے اکھڑ جانا۔ سُر تال کا اپنے دور پر قائم نہ رہنا۔ سُر سے باہر ہونا۔

تال میل ا۔ (ہ۔ اسم مذکر) موافقت۔ موزونیت۔ میل جول۔ ربط ضبط۔ قرینہ سے۔ حسب موقع۔ مناسبت۔

تال میل کھانا ا۔ (ہ۔ محاورہ) موافقت ہونا۔ سنجوگ ہونا۔ گھل مل جانا۔ سنبھالا ہلنا۔

تالا ا۔ (ہ۔ اسم مذکر) قفل۔ جندا۔ کنجی لگنے سے کھلنے والا آلہ۔

تالا بھڑنا ا۔ (ہ۔ فعل) قفل لگنا۔ دروازہ بند ہونا۔ ایک قسم کی سخت بد دعا سے یعنی کوئی وارث وغیرہ نہ رہنا۔ اُوت نپوت جانا۔

تالا بھیڑنا ا۔ (ہ۔ محاورہ) قفل لگانا۔ دروازہ بند کرنا۔ کوئی ایسا بے سمجھا کام کرنا جو اگلی نسل سے نہ ہو سکے۔ بڑی کرتوت کرنا۔

تالا

تالا توڑنا ا۔ (ہ۔ فعل) قفل توڑنا۔ قفل توڑنے کا جرم کرنا۔

تالا کنجی ا۔ (ہ۔ اسم مذکر) قفل معہ چابی۔ ہندوؤں کے بچوں کا کھیل ہوتا ہے۔

تالاب ا۔ (اُ و ا۔ اسم مذکر) (تال بمعنی حوض اور آب بمعنی پانی سے مرکب ہے) آبگیر۔ بڑا حوض چشمہ۔

تالمکھانہ ا۔ (ہ۔ اسم مذکر) ایک پودے کے کالے سے بیج کا نام ہے۔ جن کے بھون بناتے ہیں۔

تالو ا۔ (ہ۔ اسم مذکر) کام دہن۔ منہ کے اوپر کی چھت۔ دماغ کے اوپر کی چھت چندیا۔ گھوڑے کے ایک بیماری کا نام بھی ہے۔

تالو

تالو اٹھانا ا۔ (ہ۔ محاورہ) بچے ہوتے ہی دائی کا انگلیوں سے اس کے کام دہن کو درست اور باتوفیر کرنا۔ کام برداشتن۔

تالو سے زبان نہ لگنا ا۔ (ہ۔ محاورہ) برابر بکتے رہنا۔ چپ نہ رہنا۔ بڑبڑ کیے جانا۔

تالو لٹکنا ا۔ (محاورہ) تالو کا اپنی جگہ سے نیچے آجانا۔ بوجہ مرض دہن

تالی ا۔ (س۔ اسم مؤنث) کنجی۔ چابی۔ کلید۔

تالی ا۔ (ہ۔ اسم مؤنث) کف دست ہتھیلی۔ دستک۔ تھپڑی۔ دونوں ہاتھوں کے بجانے کی آواز۔

تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے۔ تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی ا۔ (اُ۔ مثل) محبت یا لڑائی۔ جھگڑا ہمیشہ دونوں طرف سے ہوا کرتا ہے۔ ایک طرف سے کبھی نہیں ہو سکتا۔

تالی بجانا ا۔ (ہ۔ فعل) ہاتھ پر ہاتھ مار کر آواز نکالنا۔ گانے کے وقت مطرب تالی بجاتے ہیں۔

تالی بجانا یا تالی پیٹنا ا۔ (ہ۔ محاورہ) بدنامی ہونا۔ رسوائی اور تضحیک ہونا۔

تالیاں بجانا یا دینا ا۔ (ہ۔ محاورہ) ذلیل ہونا۔ رسوا کرنا۔ ہنسی اڑانا۔ تمسخر اڑانا۔ مسخرا بنانا۔

تالیف ا۔ (ع۔ اسم مؤنث) دو چیزوں کا باہم ملانا۔ جمع کرنا۔ مختلف کتابوں کے مضامین کو نئی طرز سے ترتیب دینا۔ باہم الفت کرنا۔ دوستی پیدا کرنا۔ دو دلوں کو ملانا بمعنی مفعول یعنی تالیف کردہ شدہ۔ مصنفہ۔ مولفہ۔ بنائی ہوئی۔ جمع کی ہوئی۔

تالیف قلوب ا۔ (ع۔ اسم مؤنث) دلجوئی کرنا۔ باہم الفت دلانا۔

تام ا۔ (ع۔ اسم صفت) پورا مکمل۔ کامل۔ کُل۔ تمام۔

تامجان یا تام جھام ا۔ (اُ و ا۔ اسم مذکر) امیروں کی سواری کی ایک قسم ہے۔ ہوادار پالکی۔

تامس ا۔ (ہ۔ اسم مؤنث) (پورب) ہمت۔ طاقت۔ قوت۔ زور۔ بتیا۔

تامڑا ا۔ (ہ۔ اسم مذکر) یاقوت کی ادنیٰ قسم کے جواہر۔ بدرنگ یاقوت۔ سیاہ یاقوت تانبے کے رنگ کا۔ گنجے کی کھوپڑی۔ صاف مطلع۔ ایک قسم کا کاغذ۔

تامس ا۔ (ہ۔ اسم مذکر) غضب۔ غصہ۔ خشم۔

تامسی ا۔ (ہ۔ اسم مذکر فاعل بیائے فاعلیت) خشم آلود۔ غضبناک۔ طالع آدمی۔

تامل ا۔ (ع۔ اسم مذکر) نہایت غور و فکر سے۔ کسی بات کو سوچنا۔ سوچ۔ فکر۔ اندیشہ سوچ بچار۔ ٹھیل۔ توقف۔ دیر۔ عرصہ۔ صبر و تحمل۔ برداشت۔ شک و شبہ۔ تذبذب۔

تامڑوٹ یا تامڑوٹ ا۔ (اُ و ا۔ اسم مذکر) پیتل کا آبخورہ۔ ڈونگا۔ پانی پینے کا پیتل کا برتن۔

تامیسری ا۔ (ہ۔ اسم مذکر۔ بیائے نسبتی) منسوب بہ تانبا۔ ایک قسم کا گنجا۔ تانبے کے رنگ کا۔ سی رنگ۔ تانبا ملا ہوا چاندی سونا۔

تان ا۔ (ہ۔ اسم مؤنث) سُر۔ الاپ۔ گت۔ تال۔ پلنگ۔ کالوہا جو مضبوطی کی خاطر اردگرد لگا دیتے ہیں۔ ایک درخت کا نام بھی ہے۔

تان اُڑانا ا۔ (اُ۔ محاورہ) بھگانا۔ الاپنا۔ کسی سُر یا طرز کا حاصل کر لینا۔

تان بھرنا۔ تان لینا۔ تان مارنا ا۔ (ہ۔ فعل) گانے کے وقت ایک خوشنما اور عمدہ انداز سے بعض سُروں کو دوبارہ سہ بارہ زبان سے نکالنا۔

تان توڑنا ا۔ (ہ۔ فعل) طعنہ دینا اور تان لینا۔ احسان جتانا۔ جور و طعن بنانا۔

تان کی جان ا۔ (اُ و ا۔ اسم مؤنث) اصل مدعا۔ حاصل مطلب۔ خلاصہ مقصد۔

تان کے مان ۱۔ (اُور تابع فعل) عین موقع پر۔ اصل مطلب کے درمیان۔ دوسرے کام کے ہونے اور مکمل ہونے میں کسی اور بات کا ذکر۔ دوران گفتگو میں۔ اثنائے کلام میں۔

تانا ۱۔ (اُور اسم مذکر) وہ لمبا اور طویل تاروں کا مجموعہ جسے بولا ہے بننے کے واسطے ترتیب دیتے ہیں۔ تار۔

تانا بانا ۱۔ (اُور اسم مذکر) تار و پود۔ خواہ مخواہ آنا جانا۔

تانا بانا کرنا ۱۔ (اُور محاورہ) ہیرا پھیری کرنا۔ بے فائدہ پھیرا لگانا۔ خواہ مخواہ آنا جانا۔

تانا ۲۔ (ف۔ فعل) گرم کرنا۔ پگلانا۔ تپانا۔ تاؤ دینا۔ آزمانہ۔ تجربہ کرنا۔ امتحان کرنا۔

تانبا ۱۔ (ا۔ اسم مذکر) ایک دھات کا نام ہے۔ نحاس۔ گوشت کا کچا جو شکاری پرندوں باز و شاہین وغیرہ کو کھلاتے ہیں۔ بن چربی کا گوشت۔

تانبا سا ۱۔ (ا۔ اسم صفت بہ ترکیب) حرف تشبیہ تانبے کے رنگ کا۔ کم سرخ۔ گلابی۔

تانبے چون ۱۔ (ا۔ اسم مذکر) تانبے کا برادہ۔ جیسے لوہ چون۔ لوہے کا برادہ۔

تانبے کا تار نہیں (اُور محاورہ) نہایت کنگال۔ اور مفلس ہے۔ وہ عورت جس کے پاس زیور کے نام پھلا تک بھی نہ ہو۔

تانت ۱۔ (ا۔ اسم مؤنث) بھیڑ بکری گائے وغیرہ کی وہ انتڑی جسے بٹ کر کمان، طنبورہ اور سارنگی وغیرہ میں لگاتے ہیں۔ سارنگی کا تار۔ چلا ہوں کا راچھ۔

تانت باجی راگ پایا ۱۔ (ا۔ محاورہ) قرینہ سے ہی مطلب تاڑ لیا جاتا ہے۔

تانت باندھنا ۱۔ (ف) تانگا باندھنا۔ لشتانی باندھنا۔

تانت سا ۱۔ (ا۔ اسم صفت بہ ترکیب تشبیہی) از حد لاغر۔ نہایت دبلا۔

تانتا ۱۔ (ا۔ اسم مذکر) سلسلہ۔ تسلسل۔ قطار۔ لانگا تار۔

تانتا باندھنا ۱۔ (ف۔ فعل) قطار ہونا۔ سلسلہ۔ قائم ہونا۔ لگاتار ہونا۔

تان توڑ ۱۔ (ا۔ اسم مذکر) مہنہ۔ طعنہ۔ آوازہ۔ اشارہ۔ کنایہ۔

تانتڑی ۱۔ (ا۔ اسم مؤنث) تانت کی تصغیر بندیلہ۔ ڈسی حرف تصغیر۔ چھوٹی سی تانت۔ نہایت دبلا پتلا۔ منحنی۔

تانتڑی سا ۱۔ (ا۔ اسم صفت بہ ترکیب تشبیہی) نہایت دبلا بے حد لاغر۔

تانتوا ۱۔ (ا۔ اسم مذکر) تقریب۔ تانت اور آنے کی بیماری۔

تانتی ۱۔ (ا۔ اسم مؤنث) تانت کی بانیٹ۔ سلسلہ۔ قطار۔ اولاد۔ بال بچے۔ جلاہا۔ لونا باف۔ پارچہ باف۔ سفید باف۔

تانتیا ۱۔ (ا۔ اسم صفت) نہایت دبلا۔ بے حد لاغر۔ تانت سا۔

تانسنا ۱۔ (ف۔ فعل) ڈانٹنا۔ ڈرانا۔ دھمکانا۔ گھرکنا۔ تنبیہ کرنا۔ سختی و جبر کرنا۔ بھوک۔ خوراک تھوڑی دینا۔ بُرا کہنا۔ بدسلوکی کرنا۔

تان سین ۱۔ (ا۔ اسم مذکر) ہندوستان کے نامی نایکوں میں چھٹا نایک ہے۔ ذات کا برہمن تھا۔ بڑا کمالات اور فن موسیقی کا اُستاد ہوا ہے۔ عہد اکبری کا مشہور گویا۔

تان کے ۱۔ (تابع فعل) کھینچ کے۔ زور سے۔ چاٹ سے۔ دباکر۔

تانگا یا تانگہ ۱۔ (ا۔ اسم مذکر) رتھ۔ چار سواری کی دو پہیہ گاڑی جس کی نشستگاہیں پیٹھ کے پیچھے ہوتی ہیں۔

تاننا ۱۔ (ف۔ فعل) کسنا۔ کھینچنا۔ جگانا۔ بھول دور کرنا۔ مقدمہ دائر کرنا۔ قید کرنا جیسے وہ دو برس کو تانا گیا۔ بھیجنا۔ ارسال کرنا۔ روانہ کرنا۔ جیسے خط تاننا۔ سیدھا کرنا۔ عمودی کھڑا کرنا جیسے چھاتی تاننا۔ بھچی تاننا۔

تانی ۱۔ (ع۔ اسم مؤنث) تانا کی مؤنث یا تصغیر۔ چھوٹا سا تانا۔ گوٹا کناری ٹانکنے کی نخ۔

تانیث ۱۔ (ع۔ اسم مؤنث) مؤنث ہونا۔ مؤنث۔

تانیہ ۱۔ (ا۔ اسم مذکر) تایا۔ باپ کا بڑا بھائی۔

تانیر ۱۔ (ا۔ اسم مذکر) تانا کا حاصل مصدر۔ گرمی۔ حرارت۔ تاب۔ تاپ۔ سنجار۔ جیسے۔ لگاؤ۔

غصہ۔ خشم۔ غضب۔ کرودھ۔ بل۔ اینٹھ۔ مروڑ۔ طاقت۔ زور۔ تاکا غذ کا تختہ۔

تاؤ آنا ۱۔ (ف۔ فعل) کسی دھات کا تپ جانا لوہے وغیرہ کا گرم ہو کر سرخ ہو جانا۔ چمک دکھانا۔ چرخ کھانا۔ پگھل جانا۔ جوش کھانا۔ جیسے خون تاؤ کھا گیا۔ غصہ آنا۔ جھنجھلانا۔ جھونجل آنا۔ چاشنی کا پکنے اور پختہ ہونے کو تیار ہونا۔

تاؤ بند ۱۔ (اُور اسم مذکر) وہ دوائی جس کی تاثیر سے چاندی یا سونے کا گھوٹ چرخ دینے پر بھی ظاہر نہ ہو۔

تاؤ بھاؤ ۱۔ (ا۔ اسم صفت) ذرا سا۔ بہت ہی کم کسی قدر۔

تاؤ پیچ ۱۔ (ا۔ تابع فعل) پیچ و تاب۔ غم و غصہ۔

تاؤ دینا ۱۔ (محاورہ) گرمانا۔ گرم کرنا۔ تنانا۔ تپانا۔ پگلانا۔ چرخ دینا۔ آنچ دینا۔ لال کرنا۔ بل دینا مروڑنا جیسے مونچھوں کو تاؤ دینا۔

تاؤ کھانا ۱۔ (ف۔ فعل) سرخ ہو جانا۔ آنچ سے لال ہو جانا۔ قوام جل جانا۔ اینٹھنا سخت ہو جانا۔ پگھلنا۔ قیق ہو جانا۔ کشتہ کا آنچ کھا جانا۔ چاشنی یا قوام کا چڑھ جانا۔ غصہ کھانا۔ بل کھانا۔ اظہار غم و غصہ کرنا۔ غضب ظاہر کرنا۔

تاؤ لگنا ۱۔ (ف۔ فعل) آنچ لگنا۔ خوب گرم ہونا۔

تاوا ۱۔ (ا۔ اسم مذکر) چکر۔ گردش۔ کبوتروں کا مکان کے گرد چکر کھانا۔

تاوا دینا یا کھلانا ۱۔ (ف۔ محاورہ) کبوتروں کو چکر دینا۔

تاوان ۱۔ (ف۔ اسم مذکر) ڈنڈ۔ ڈانڈ۔ جرمانہ۔ بدلہ۔ عوض۔ دیت۔ قصاص۔ کفارہ ہرجہ۔ چٹی۔

تاول ۱۔ (ا۔ اسم مؤنث) جلدی۔ شتابی۔

تاولا ۱۔ (ا۔ اسم صفت) الف فاعلی۔ جلد باز۔ شتابی کرنے والا۔ مضطرب۔

تاولا سوبا ولا ۱۔ (ا۔ مثل) جلد باز و دیوانہ اور پاگل ہوتا ہے۔

تاولی ۱۔ (ا۔ اسم مؤنث) جلدی شتابی۔ تعجیل۔

تاویل ۲۔ (ع۔ اسم مؤنث) کسی بات کو اصل کے خلاف بیان کرنا۔ کسی بات کو دوسری طرح کہنا (اوّل سے مشتق ہے) یعنی کلام اول کی طرف رجوع کرنا۔ عذر۔ عذر بیجا۔ بچاؤ کی دلیل۔

تاہم ۱۔ (ف) حرف ربط۔ پھر بھی۔ تو بھی۔ اِس پر بھی۔ باوجود یکہ۔ تس پر بھی۔

تائی ۲۔ (ا۔ اسم مؤنث) بڑی چچی۔ باپ کے بڑے بھائی کی بیوی۔

تایا ۱۔ (ا۔ اسم مذکر) تاؤ۔ باپ کا بڑا بھائی۔ بڑا چچا۔

تائب ۱۔ (ع۔ اسم مذکر فاعل) توبہ کرنے والا۔ گناہ سے باز آنے والا۔ پچھتانے والا۔ گناہ چھوڑ دینے والا۔

تائید ۱۔ (ع۔ اسم مؤنث و مصدر) طاقت دینا۔ مضبوطی۔ استحکام۔ مدد۔ اعانت۔ حمایت۔ رعایت۔ طرفداری۔ دعوے کے استحکام کی دستاویز۔

تائید کرنا ۱۔ (اُور فعل) مدد کرنا۔ سہارا دینا۔ حمایت کرنا۔ ساتھ دینا۔

تائید کلام ۱۔ (ع۔ اسم مؤنث) کلام کو تقویت دینا۔ بات کی حمایت کرنا۔ سخن پروری۔

تائیدی شہادت ۱۔ (ع۔ مو) وہ گواہی جو کسی کے بیان کی تائید کرے۔

تایا ۲۔ (ف۔ مذ) باپ کا بڑا بھائی۔

تایا جانا ۱۔ (ف) گرم کیا جانا۔ جلایا جانا۔ پگھلایا جانا۔ آزمایا جانا۔

تائیس یا تائیس ۱۔ (ا۔ اسم مؤنث) خسر کے بڑے بھائی کی بیوی۔ زوجہ کی تائی۔ خاوند کی تائی۔

تائیسرا یا تائیسرا ۱۔ (ا۔ اسم مذکر) خسر کا بڑا بھائی۔ زوجہ کا تایا۔ خاوند کا تایا۔

ت - ب

تب ا۔ (ف۔ اسم مذکر) تاب کا مخفف ہے۔ گرمی۔ حرارت۔ بخار۔ تپ۔

تَب ا۔ (ہ۔ ظرفِ زماں) بعد ازاں۔ پھر۔ اس وقت۔ تو (حرفِ جزا) تو جب کا جواب

تب بھی ا۔ (ہ۔ تابع فعل) تاہم۔ پھر بھی۔ اس پر بھی۔

تب تک ا۔ (ہ) جب تک۔ اس وقت تک۔

تب ہی ا۔ (ہ۔ تابع فعل) اسی وقت۔ جب ہی۔ اسی سبب سے۔ اسی وجہ سے۔

تبادل ا۔ (ع۔ مذ) باہم بدلنا۔ ادل بدل کرنا۔ تبدیل کرنا۔

تبادلہ ا۔ (اُردو۔ مذ) تبدیلی۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلی ہونا۔

تبادلۂ خیالات ا۔ (برائے۔ مذ) کسی بات کے متعلق دو یا زیادہ اشخاص کا اظہارِ خیال۔

تبار ا۔ (ع۔ اسم مذکر) خاندان۔ کنبہ۔ رشتہ۔ ٹبر۔

تبارک ا۔ (ع۔ اسم صفت) بڑا بزرگ۔ عالی۔ (اسم مؤنث) قرآن کریم کی ایک سورۃ ہے جسے (اسم مذکر) مسلمانوں کی ایک مذہبی رسم ہے جو ماہ رجب میں اکتالیس بار سورۃ تبارک پڑھ کر ادا کی جاتی ہے۔ مُردوں کے بخشنے کے لیے پڑھی جاتی ہے۔

تبارک الذی (ع) قرآن مجید کا ایک پارہ۔ بزرگ ہے وہ ذات۔

تبارک اللہ (ع) بزرگ ہے اللہ تعالےٰ (تعجب کے وقت کہتے ہیں۔

تبارک کی روٹی (ا) وہ روٹی جو تبارک کے وقت تقسیم کی جائے۔

تبارا ا۔ (اُردو صفت) تیسری دفعہ۔ سہ بار۔

تِباسی (ہ۔ صفت) تین دن کی باسی چیز۔

تباشیر ا۔ (ف۔ مو) ایک سفید دوا جو بانس سے نکلتا ہے۔

تباعُد ا۔ (مذ) ایک دوسرے سے دُور ہونا۔

تباغُض ا۔ (ع۔ مذ) باہم بغض رکھنا۔

تباہ ا۔ (ف۔ اسم صفت) برباد۔ خراب۔ ویران۔ اُجاڑ۔ شکستہ خستہ۔ جہاز کے ساتھ۔ غرقاب۔ غرق شدہ کے معنی دیتا ہے۔

تباہ حال ا۔ (فع۔ اسم صفت) خستہ حال۔ ذلیل۔ حالت والا۔

تباہ کرنا ا۔ (اُردو فعل) برباد کرنا۔ اُجاڑنا۔ ویران کرنا۔ ضائع کرنا۔ لُٹانا۔ دیوالا نکالنا۔ مُفلس بنانا۔ ڈبونا۔ ستیاناس کرنا۔ بگاڑنا۔ کھونا۔

تباہ ہونا ا۔ (اُردو فعل) برباد ہونا۔ ویران کرنا۔ اُجڑنا۔ ضائع کرنا۔ لُٹنا۔ دیوالہ نکلنا۔ مُفلس ہونا۔ غرق ہونا۔ ڈوبنا۔ مفقود ہونا۔ عاشق ہونا۔

تباہی ا۔ (ف۔ اسم مؤنث بیائے مصدری) بربادی۔ خرابی۔ ویرانی۔ ذلت۔ رسوائی۔ آفت۔ مصیبت۔ بلا۔

تباہی زدہ ا۔ (ف۔ اسم صفت ترکیبی۔ مفعولی) مصیبت زدہ۔ مصیبت کا مارا۔ بدبخت۔ بدنصیب۔ فلک زدہ۔ تباہی کا مارا۔

تبائن ا۔ (ع۔ اسم مذکر) تفاوت۔ فرق۔ جُدا جُدا ہونا۔ دو چیزوں کا فرق۔ خلاف۔ تقیض۔ اُلٹ۔

تبحّر ا۔ (ع۔ اسم مذکر و مصدر) بحرِ علم میں غوطہ لگانا۔ نہایت عالم ہونا۔ علامہ ہونا۔ کسی علم یا فن میں غایت درجہ کا کمال ہونا۔

تبخال (تبخالہ) ا۔ (فا۔ اسم مذکر) امرکب از تب بمعنی بخار + خالہ بمعنی آبلہ) وہ آبلے جو بخار کے بعد ہونٹوں پر ہو جاتے ہیں۔ آبلہ تپ۔

تبختُر ا۔ (ع۔ اسم مذکر و مصدر) لغوی معنی اکڑ کر اُترا کر چلنا۔ اصطلاح میں ناز و ادا۔ تانڈو انداز۔ غرور تکبر کو کہتے ہیں۔

تبخیر ا۔ (ع۔ اسم مؤنث) مصدر بروزن تفعیل بخارات۔ بخارات بننا۔ بھاپ۔ بھک ہلکی سی حرارت۔ تخفیف سا بخار۔ وہ بخارات جو کھانا کھانے کے بعد دماغ کو چڑھتے ہیں۔ اور قدرے سے جسم کو گرم کر دیتے ہیں۔

تبدُّل ا۔ (ع۔ اسم مذکر) مصدر بروزن تفعل۔ بدل۔ بدلنا۔ بدل ڈالنا۔ بدل جانا۔

تبدیل ا۔ (ع۔ اسم مؤنث) مصدر بروزن تفعیل) ایک جگہ سے دوسری جگہ بدل جانا۔ نقل مکان۔ بدلنا۔ پلٹنا۔

تبدیل آب و ہوا ا۔ (اُر) پانی اور ہوا کا اثر بدلنے کو دوسری جگہ جانا۔

تبدیل کرنا ا۔ (اُر فعل) بدل ڈالنا۔ بدلی کرنا۔ لباس بدلنا۔

تبدیل مکاں ا۔ (ف۔ اسم مذکر) گھر بدلنا۔ جگہ بدل لینا۔

تبدیل ناجائز ا۔ (ع۔ اسم مذکر) تمسک وغیرہ میں جعل سازی سے کچھ کا کچھ کر دینا۔

تبدیل ہیئت کرنا ا۔ (اُر فعل) بھیس بدلنا۔ رُوپ دھارنا۔ دھوکہ دینے کے لیے صورت بدلنا۔

تبدیلی ا۔ (اُر اسم مؤنث) بیائے زائدہ۔ بدل۔ پلٹی۔ نوکر کا ایک جگہ سے دوسری جگہ بدل جانا۔

تبذیر (ع۔ مو) فضول خرچی کرنا چہرہ گندا کرنا ہے۔

تبر ا۔ (ف۔ اسم مذکر) کلہاڑی۔ لکڑی کاٹنے کا ایک اُوزار۔ نیز ایک ہتھیار کا نام بھی ہے۔

تبر

تبرّا ا۔ (ع۔ اسم مذکر) نفرت۔ تنفر۔ بیزاری۔ لعن طعن۔

تبرّا بھیجنا ا۔ (اُر۔ محاورہ) نفرت کرنا۔ لعنت بھیجنا۔ کراہت۔ ظاہر کرنا۔

تبرّا کرنا ا۔ (اُر۔ محاورہ) بُرا بھلا کہنا۔ لعنت ملامت کرنا۔ اہلِ تشیع دشمنانِ محمدؐ آلِ محمدؐ پر کرتے ہیں۔

تبرائی ا۔ (اُر۔ اسم مذکر بیائے فاعلیت) تبرا کرنے والا۔

تبرع ا۔ (ع۔ مذ) دینا کسی کو کچھ بخشنا۔ ذاتی فائدے کی اُمید کے بغیر دینا۔

تبرّک ا۔ (ع۔ اسم مذکر و مصدر) وہ شے جس میں برکت ہونے کا اعتقاد ہو۔ تحفہ۔ پرشاد۔ ہدیہ۔ کسی بزرگ کا پس خوردہ۔ تحفہ۔ خاتمہ کی چیز۔ بزرگ کا عطیہ (بحالت صفت) قلیل تھوڑا سا۔ ذرا سا۔

تبرّکاً ا۔ (ع۔ تابع فعل) بخیالِ برکت۔ برکت لینے کی نیت سے۔ از روئے تبرک لطور برکت۔ (بحالت صفت) قدر قلیل۔ تھوڑا سا۔

تبرّکاً و تیمّناً ا۔ (ع۔ تابع فعل) تبرک و برکت کے طور پر مبارک اور متبرک سمجھ کر

تبرّکات (ع۔ مذ) تبرک کی جمع برکت حاصل کرنے کی چیزیں۔ نشانیاں وہ چیزیں جو بزرگانِ دین کی نشانیاں سمجھ کر رکھی جائیں۔

تبریدہ ا۔ (ع۔ اسم مؤنث و مصدر) ٹھنڈا کرنا۔ ٹھنڈائی۔ ٹھنڈی دوا۔

تبسّم ا۔ (ع۔ اسم مذکر و مصدر) خندۂ زیرِ لب۔ مسکراہٹ۔ وہ ہنسی جس میں لب نہ کھلیں۔

تبصرہ ا۔ (مذ) ریویو۔ تنقید۔ توضیح۔ نثر و نظم کے محاسن و معائب پر نظر ڈالنا۔

تبع تابعین: (ع - بہ اضا) وہ مسلمان جنھوں نے تابعین کو دیکھا یا ان سے ملے ہوں۔

تبلی: (اُر - اسم مونث) توشہ دان۔ توسدان۔ بندوق کے کارتوس رکھنے کا چھوٹا سا بکس۔ پردہ۔ جو ستار یا طنبور کے تونبے پر لگایا جاتا ہے۔

تبعیت: (ع - اسم مونث) تابعداری۔ اتباع۔ پیروی۔ تقلید۔ فرمانبرداری۔

تبغیض: (ع - مو) بغض پیدا کرنا۔ دشمنی ڈال دینا۔

تبلیغ: (ع - اسم مونث و مصدر) پہنچانا۔ کہدینا۔ اصطلاح میں شرعی احکام کا عام لوگوں یا دوسرے مذہب والوں تک پہنچا دینا۔

تبنّی، تبنیت: (ع - مو) گود لینا۔ لے پالک بنانا۔

تبیان: (ع - مذ) بیان کرنا۔ تبنّی بنانا۔ وضاحت کرنا۔ واضح ہونا۔

ت - پ

تپ: (س - اسم مذکر) گرمی۔ حرارت۔ بخار۔ دھونی رما کر گیان دھیان میں لگنا تپسیا روحی یا قلبی عبادت۔

تپ: (ف - اسم مونث) گرمی کا بخار۔ حرارت جو مادہ کے سڑ جانے سے جسم میں پیدا ہو۔

تپ اُترنا: (اُر - فعل) بخار کم ہونا۔ بخار دھیما ہونا۔

تپ چڑھنا: (اُر - فعل) بخار سے بدن کا جلنے لگنا۔ بخار کا جسم پر ظاہر ہونا۔

تپ دق: (فع - اسم مونث) تپ اکوانی۔ وہ بخار جس سے اعضائے رئیسہ میں حرارت غریزی سرایت کر کے بدن کی رطوبت کو سکھا دیتی ہے۔ بڑا آزار۔

تپ لرزہ: (ف - اسم مونث) سردی کا بخار جو۔

تپ نوبت یا تپ نوبہ: (ف - اسم مونث) باری کا بخار۔

تپاک: (ف - اسم مذکر) بے قراری بے تابی۔ دھڑکن جیسے تپاک قلب۔ فرط محبت گرمجوشی۔ گرمی۔ اُبھ بھگت۔ خاطر تواضع عشق۔ اخلاق۔ بے حد محبت۔

تپاں: (ف) گرم بے قرار۔ تڑپنے والا۔

تپانا: (ف - فعل) گرم کرنا۔ تاؤ دینا۔ سونے چاندی وغیرہ کو آگ میں دے کر دیکھا۔ دکھ دینا۔ تکلیف پہنچانا۔ سخت ناراض کرنا۔ جیسے بس مجھے زیادہ نہ تپاؤ۔

تپائی: (اُر - اسم مونث) پنج تین پالوں کی چوکی۔ سہ پائی۔

تپڑ: (ہ - اسم مونث و مذکر) ٹاٹ۔ ٹاٹ کی گدی۔ جس پر دکاندار لوگ بیٹھتے ہیں۔

تپش: (ف - اسم مونث حاصل مصدر تپیدن) گرمی۔ حرارت۔ تمازت۔ سوزش۔ جلن۔ اضطراب۔ بے چینی۔ بے قراری۔

تپسیا، تپشیا: (ہ - اسم مونث) جسم کو تکلیف دے کر عبادت کرنا۔ دھونی رما کر پرستش کرنا۔ نفس کے خلاف کر کے گیان دھیان میں لگنا۔

تپک: (ت - اسم مونث و مذکر) توپ کی تقعقعہ۔

تپک مارنا: (محاورہ) توپ چلانا۔ بہادری کا کام کرنا۔ جرات دکھانا۔

تپکا: (اُر - اسم مونث) پکے ہوئے پھوڑے کی ٹیس۔ راد کی کھوا ہٹے پھوڑے میں پاک کی کھول۔ فرمان۔

تپکنا: (اُر - فعل) زخم میں ٹیس ہونا۔ چبک مارنا۔ ہولیں اُٹھنا۔

تپن: (ہ) جلن۔

تپنا: (ہ - فعل) گرم ہونا۔ جلنا۔ بھڑکنا۔ رعب بیٹھنا۔ جلال بیٹھنا۔ جیسے آجکل انکی حکومت خوب تپ رہی ہے۔ بھاگوان ہونا۔ صاحب نصیب ہونا۔ دھونی رمانا۔ دھونی کے سامنے بیٹھنا۔

تپوبن: (ہ - اسم مذکر) تپسیا کرنے کا بن۔ وہ جنگل جہاں جوگی لوگ جا کر تپ کرتے ہیں۔ ہردوار کے قریب ایک تپوبن کا نام ہے جہاں سنیاسی جوگی جا کر رہتے ہیں۔

تپی یا تپسوی: (ہ - اسم مذکر فاعل بیانے فاعلیت) تپسیا کرنے والا۔ عابد۔ رشی۔

تپیدہ: (ف) تپایا ہوا۔ بڑبڑایا ہوا۔ مضطرب۔ لوٹا ہوا۔ بہت گرم ہو گیا ہو۔

ت - ت

تت: (ہ - اسم مذکر) لب لباب۔ ست۔ روح۔ عطر۔ مغز۔ طاقت۔ کسی چیز کا جوہر ذاتی پونجی۔ راس المال۔ اصل سرمایہ۔ مول۔ نتیجہ۔ پھل۔ ثمر۔ انجام۔ انت۔ انتہا۔ معرفت باریتعالےٰ۔ ذات۔ صفات کی تہ۔ ماہیت خدا۔ سار۔ خبر۔

تتا: (ہ - اسم صفت) گرم تیز گرم۔ جلتا ہوا۔ تند تیز مزاج۔ عصبانی۔ غضبناک۔ جری۔ بہادر۔ شجاع۔

تتا توا: (اُر - اسم صفت بہ ترکیب تشبیہی نجدف) حرف تشبیہ گرم توا سا۔ تانیہ۔ سوزاں۔ لڑاک۔ فسادی۔ جھگڑالو۔

تتبع: (ع - اسم مذکر و مصدر) پیروی۔ نقل۔ ریس۔

تتر بتر: (ہ - اسم صفت) تار تار۔ پریشان۔ الگ الگ۔ متفرق۔ جدا جدا۔

تتری: (ف) تاتاری۔

تتری: (ہ - اسم مونث) بہت غصے والی عورت۔ جہم جلی۔ تیز مزاج۔ نہایت بخیل۔

تتری نے دیا جم جلی نے کھایا، جیب چلی نہ سوا دایا: (ہ - مثل) بڑے سے بڑے کو فائدہ نہ پہنچا۔ کسی نیک کا بھلا نہ ہوا۔ یا ہم ہی فائدہ اٹھانے کے موقع پر پورا کرتے ہیں۔

تتق: (ف) خیمہ۔ پردہ۔ کسی چیز کی عارضی اوٹ۔

تتکال: (ہ - تابع فعل) ترت۔ فوراً۔ اسی وقت۔

تتلانا: (ہ - فعل زبان کا) لکنت کرنا۔ صاف نہ بولنا۔ رک رک کر بولنا یا بات کرنا۔

تتلی: (ہ - اسم مونث) تیتری بھنبیری۔



تتلی

تتمّا: (اُر - اسم مذکر) (عود) وقت۔ دشواری۔ بکھیڑا۔ جھمیلا۔ مشکل۔

تتمّہ: (ع - اسم مذکر) بقیہ۔ باقی ماندہ۔ بچا ہوا۔ کتاب یا عبارت کا وہ حصہ جو اسی کتاب کے متعلق اسی کے آخر میں لگا دیتے ہیں۔ ضمیمہ۔ خاتمہ۔

تتمۂ بیان تحریری: (مذ - تحریری بیان کا ضمیمہ جو عدالت میں داخل کیا جائے۔

تتمۂ وصیت نامہ: (مذ) وصیت نامے کی وضاحتی دستاویز جس میں اس کے مطالب کی توضیح یا ترمیم یا اضافہ کیا جائے۔

تتمے تتمے: (ہ - مذ) (عود) جھگڑے بکھیڑے۔

تتنا: (ہ) اتنا (متروک)

تتو تھمبو: (ہ - مو - عو) روک تھام۔ دم دلاسا۔ بیچ بچاؤ۔ بہلاوا۔ پھسلاوا۔

تتنی ۔ (ہ) ۔ اسم مونث ایک چھوٹا سا لوٹنی دار برتن جس سے بچے پانی پیا کرتے ہیں ۔

تتیا ۔ (ہ) ۔ اسم مذکر ۔ لال رنگ کی بھڑ ۔ ایک قسم کی تیز ڈنگ اور زہردار بھڑ جس کے ڈنک مارنے سے جسم سوج جاتا ہے اور نہایت درد کرتا ہے ۔ (بمجازات صفت) تیز چالاک ۔ پھرتیلا ۔ چرپرا ۔ ذہین ۔

تتیا مرچ ۔ (ہ) ۔ اسم مونث) ایک قسم کی چھوٹی مرچ جس کا رنگ زرد ہوتا ہے ۔ نہایت چرپری ہوتی ہے (صفت میں) تیز چالاک ۔ پھرتیلا ۔ ذہین ۔

ت ۔ ٹ

تٹ ۔ (ہ) ۔ اسم مذکر) ساحل ۔ کنارہ ۔ یہ لفظ عموماً گیتوں میں استعمال ہوتا ہے ۔

ت ۔ ث

تثلیث ۔ (ع) ۔ اسم مونث و مصدر) تین حصوں میں بانٹنا ۔ عیسائیت میں خدا کی وحدانیت کی تین شاخیں یعنی باپ ۔ بیٹا ۔ روح القدس ۔ نجومیوں کی اصطلاح میں تیسرے گھر کے ستارے کا پہلے گھر کو دیکھنا ۔

تثنیہ ۔ (ع) ۔ اسم مذکر) دُگنا ۔ دو کرنا ۔ دُگنا کرنا ۔ وہ صیغہ جس سے دو سمجھے جائیں ۔ جیسے فریقین ۔ طرفین ۔ والدین وغیرہ ۔

ت ۔ ج

تج ۔ (ہ) ۔ اسم مذکر) دارچینی ۔ ایک درخت کی خوشبودار چھال جو لیسدار ہوتی ہے اور دوا کے کام آتی ہے ۔

تجّار ۔ (ع) ۔ اسم مذکر) تاجر کی جمع ۔ سوداگر لوگ ۔

تجارب ۔ (ع ۔ ند) تجربہ کرنا ۔ باہم تجربہ کرنا ۔

تجارت ۔ (ع ۔ اسم مونث) سوداگری ۔ بیوپار ۔ بنج ۔

تجارتی مال ۔ (ع ۔ اسم مذکر) اسباب ۔ سوداگری ۔ سوداگری کا مال ۔

تجاری ۔ (ع) ۔ اسم مذکر) تیسرے دن کا بخار ۔ تیاپ ۔

تجاوز ۔ (ع) ۔ اسم مذکر و مصدر) گزرنا ۔ حد سے بڑھنا ۔ لانگنا ۔ فرق ۔ تفاوت ۔

تجاہل ۔ (ع) ۔ اسم مذکر و مصدر) جان بوجھ کر انجان بننا ۔ اپنے تئیں نادان ظاہر کرنا ۔ ٹالنا ۔ چشم پوشی کرنا ۔

تجاہل عارف ۔ یا ۔ عارفانہ ۔ (ع ۔ اسم مذکر) دیدہ و دانستہ انجان بننا ۔ علم بدیع میں کسی معلوم کو نامعلوم طور پر بیان کرکے اس کی تمیز میں اپنی حیرانی اور ناواقفیت ظاہر کرنا ۔

تجدید ۔ (ع ۔ اسم مونث و مصدر) از سر نو کچھ کام کرنا ۔ نئے سرے سے کسی کام کو کرنا ۔ ایجاد ۔ اختراع ۔

تجربہ ۔ (ع) ۔ اسم مذکر) آزمائش ۔ جانچ ۔ امتحان ۔ پڑتال ۔ ثبوت ۔ دلیل ۔ مشاہدہ کی عمل ۔

تجربہ کار ۔ (ع) ۔ اسم صفت) ہوشیار ۔ واقفکار ۔ ماہر ۔ جہاندیدہ ۔

تجربہ کاری ۔ (ع) ۔ اسم مونث بیائے مصدری) ہوشیاری ۔ مہارت ۔ واقفیت

تجدد ۔ (ع ۔ ند) نیا ہونا بدعت ۔ ایسے تغیرات کا جن سے کوئی چیز بالکل نئی ہو جائے

تجرد ۔ (ع) ۔ اسم مذکر و مصدر) لغوی معنی عریانی ۔ ننگا ہونا ۔ اصطلاحی تنہائی ۔ علیحدگی ۔ خلوت ۔ مجرد رہنا ۔ تک دنیا قطع تعلق ۔ دنیا دی ۔

تجرید ۔ (ع) ۔ اسم مونث و مصدر) عریانی تنہائی ۔ علیحدگی ۔ علم بیان کی ایک صنعت بھی ہے جس میں زوائد کو چھوڑ کر صرف ایک معنی سے غرض رکھتے ہیں ۔

تجزی ۔ (ع ۔ مو) ۔ فرد فرد کرنا ۔ الگ الگ کرنا ۔

تجزیہ ۔ (ع ۔ ند) کسی شے کے اجزا الگ الگ کر دکھانا ۔ مسئلے کے ہر جزو سے جداگانہ بحث کرنا ۔ معاملے کے تمام پہلو الگ الگ واضح کرنا ۔ بات کے ہر جزو کی کیفیت دیانتداری سے کرنا ۔

تجسس ۔ (ع ۔ اسم مذکر و مصدر) تلاش ۔ جستجو ۔ کھوج ۔ کھوج لگانا ۔ تحقیقات ۔ ڈھونڈنا ۔

تجلد ۔ (ع ۔ ند) اصل میں تجلی تھا ۔ فارسی والوں نے تجلد بنا دیا ۔ جیسے تماشی سے تماشہ ۔ اور تمنی سے تمنا ۔

تجلی ۔ (ع) ۔ اسم مونث و مصدر) پرتو ہونا ۔ ظاہر ہونا ۔ روشنی ۔ چمک ۔ نور ۔ جلوہ ۔ جھلک ۔

تجمل ۔ (ع) ۔ اسم مذکر و مصدر) شان و شوکت ۔ ٹھاٹھ باٹھ ۔ دھوم دھام ۔ تنک و شان ۔ احتشام ۔

تجھنا ۔ (ہ) ۔ فعل) چھوڑنا ۔ تیاگنا ۔ کنارہ کرنا ۔ ترک کرنا ۔ طلاق دینا ۔ دست بردار ہونا ۔

تجنیس ۔ (ع) ۔ اسم مونث و مصدر) ہم جنس ہونا ۔ علم بدیع کی اصطلاح میں دو لفظوں کا تلفظ میں متحد اور معنوں میں مختلف ہونا ۔

تجوید ۔ (ع) ۔ اسم مونث و مصدر) حروف کا ان کے مخارج سے ادا کرنا ۔

تجویز ۔ (ع) ۔ اسم مونث و مصدر) جائز سمجھنا ۔ روا رکھنا ۔ رائے ۔ تدبیر ۔ فیصلہ ۔ تعین ۔ بندوبست ۔ انتظام ۔ درستی ۔ غور و فکر ۔ تامل ۔

تجویز اخیر ۔ (ع ۔ اسم مونث) آخری فیصلہ ۔

تجویز ثانی ۔ (ع ۔ اسم مونث) نظر ثانی ۔ فیصلہ کی پڑتال ۔

تجھ یا تج ۔ (ہ) ۔ اسم ضمیر ۔ ضمیر واحد حاضر) تو ۔ تیرے ۔

تجھ سے پھرے تو خدا سے پھرے ۔ (مثل قسم یا ایفائے عہد کے لیے بولتے ہیں) جو تجھ سے پھرے تو کافر ہو ۔

تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو ۔ (مثل) تو اپنی فکر کر ۔ تجھے غیروں سے کیا مطلب ہے ۔ خواہ مخواہ دوسرے کے عیب جوئی کیوں کرتے ہو ۔

تجھ مجھ ۔ (ہ) ۔ تابع فعل) اپنا بیگانہ ۔ ہر ایک ۔ ہر کس و ناکس ۔

تجھے ۔ (ہ) ۔ اسم ضمیر واحد حاضر) حالت مفعولی ۔ تجھ کو ۔

تجہیز ۔ (ع) ۔ مُردے کو دفن کرنے کے لیے تیار کرنا ۔ مُردے کے غسل و کفن کا انتظام کرنا ۔

تجہیز و تکفین کرنا ۔ (محاورہ فعل) مردہ کو کفن وغیرہ دے کر تیار کرکے دفن کرنا ۔ گور کھودنا ۔ مردہ کو گاڑنا ۔ دبانا ۔

تجہیل ۔ (ع ۔ مو) نادان بنانا یا کہنا ۔

ت ۔ چ

تچ ۔ (ہ) ۔ تچنا کا امر ۔

تچانا ۔ (ہ) ۔ فعل) آگ پر رکھنا ۔ سینکنا ۔ پگھلانا ۔ تانا ۔ گرم کرنا ۔

تچنا ۔ (ہ) ۔ فعل) گرم ہونا ۔ سکنا ۔ پگھلنا ۔ تپنا ۔ گداختہ ہونا ۔

تچھڑ ۔ (ہ) ۔ اسم صفت) خالی ۔ تہی ۔ کھوکھلا ۔ اولے ۔ ناکارہ ۔ نکما ۔ بے وقوف ۔ ذلیل ۔ کمینہ ۔ سفلہ ۔

تچھنا ۔ (ہ) ۔ فعل) درست ہونا ۔ زخمی ہونا ۔ لکڑی کے کندے کا پھچیاں اتر کر صاف اور قابل استعمال ہو جانا ۔

ت - ح

تجارُج :- (ع - مذ) مسلمانوں کے علم میراث کے یک اصطلاح چند وارثوں میں سے کسی کا مال متروکہ میں سے کچھ لے کر سارے مال سے دست بردار ہو جانا۔

تجاہُلی :- (ع - مو) بیزاری ظاہر کرنا۔ ڈر۔ پردا۔

تحالُف :- (ع - مذ) فریقین مقدمہ کا باہم حلف اٹھانا۔

تحائف :- (ع - اسم مذکر) تحفہ کی جمع۔ سوغاتیں۔ ہدیے۔ نذرانے۔

تحت :- (ع - اسم مذکر) نیچے کا حصّہ۔ قبضہ۔ اختیار۔ قابو۔ بس (بحالتِ صفت) نیچے تلے۔ زیر۔

تحت الارض (ع - صفت) زمین کے نیچے۔ زمین کے نیچے کا حصّہ

تحت الشعاع :- (ع - مذ) قمری مہینے کے آخری دو یا تین دن جب چاند سورج کے قریب ہونے کے باعث باریک ہو کر سورج کی شعاع کے نیچے آجاتا ہے اور نظر نہیں آتا یہ دن منحوس سمجھے جاتے ہیں

تحت الثرے :- (ع - اسم مونث) زمین کا سب سے نیچے کا طبقہ۔ انتہائی گہرائی۔

تحت اللفظ :- (ع - تابع فعل) حرف بحرف۔ لفظی ترجمہ۔ لفظوں کے معنی بالکل عین ان کے نیچے ہی لکھے ہوئے۔ مرثیہ کو بے راگ کے پڑھنا۔ تجربہ۔ مجرد تنہا۔ دم نقد۔ بھڑا۔

تحت و تصرف میں لانا :- (اُر - محاورہ) قبضہ میں لانا۔ قبضہ و صرف میں لانا۔ کام میں لانا۔

تحتانی :- ابتدائی یا نیچے کی جماعت۔ تحت سے تعلق رکھنے والی پیزدہ حرف جس کے نیچے نقطہ ہو۔

تحت لفظی :- (ع - تابع فعل) دیکھو تحت الفظ۔

تحجر :- (ع - مذ) سختی۔ پتھر کی طرح سخت۔

تحدیث :- (ع - مو) بات کرنا۔ خبر کرنا۔

تحدی :- (ع - مو) للکارنا۔ لڑائی کرنا۔

تحریر :- (ع - اسم مونث و مصدر) آزاد کرنا۔ لونڈی یا غلام کو رہا کر دینا۔ لکھت۔ نوشت۔ دستاویز۔ تمسک۔ وثیقہ۔ لکھنے کا ڈھنگ۔ مضمون نویسی کا انداز خط۔ رقعہ۔ چٹھی۔ ہلکی لکیر۔ ہلکا نقش۔ باریک لکیر جو تصاویر پر کھینچ دیتے ہیں اجرت تحریر۔ لکھائی۔ لکھا ہوا۔ نوشتہ۔

تحریرِ ظہری :- (ع - اسم مونث) پشت کا لکھا ہوا۔ دوسری طرف کی عبارت۔ کسی کاغذ کی پیٹھ پر لکھی ہوئی عبارت۔

تحریص :- (ع - اسم مونث و مصدر) لالچ دلانا۔ حرص دلانا۔ رغبت دلانا۔ ورغلانا اغوا کرنا۔ بہکانا۔ بہکاوا۔ اغوا۔ ترکیب۔

تحریف :- (ع - اسم مونث و مصدر) ایک حرف کی جگہ دوسرا حرف رکھ دینا۔ حالت بدلنا۔ وضع بدلنا۔

تحریک :- (اسم مونث و مصدر) حرکت دینا۔ ہلانا۔ ورغلانا۔ بہکانا۔ کسی بات کو چھیڑنا۔ شروع کرنا۔ برانگیختہ کرنا۔ کوشش۔ سعی۔ جہد و جہد۔

تحسس تحسس :- (اُر - اسم صفت) تہ و بالا۔ تباہ و برباد۔ ویران۔ خراب۔ بستیاں تباہی۔ خرابی۔ بربادی۔ تحسس دل پر غم کی زیادتی کو کہتے ہیں۔ اور تحسس تابع مہمل ہے۔

تحریم :- (ع - مو) حرام کرنا۔ نیت کرنا۔ نیت باندھنے کے وقت پہلی دفعہ ہاتھ اٹھا کر اللہ اکبر کہنا۔

تحسُر :- (ع - مذ) حسرت۔ غم و رنج۔ افسوس۔

تحدید :- (ع - مو) حد لگانا۔ حد باندھنا۔ تیز کرنا۔

تحذیر :- (ع - مو) ڈرانا۔

تحری :- (ع - مو) قبلہ کی طرف رُخ کرنا۔

تحس نحس کرنا :- (اُر - محاورہ) بستیاناس کرنا۔ برباد کرنا۔ بگاڑ دینا۔ خراب کرنا۔

تحسین :- (ع - اسم مونث و مصدر) نیکی سے منسوب کرنا۔ سراہنا۔ تعریف کرنا۔ آفرین۔ مرحبا۔ واہ واہ۔ شاباش۔

تحصیل :- (ع - اسم مونث و مصدر) حاصل کرنا۔ اگاہی کرنا۔ وصول کرنا۔ جمع کرنا اکٹھا کرنا۔ علم سیکھنا۔ کمائی کرنا۔ خراج محصول۔ نفع۔ فائدہ۔ تحصیلدار کی کچہری تحصیل کا دفتر۔

تحصیل حاصل :- (ع - اسم صفت) بے سود بے نفع کام۔ موجودہ چیز کی تلاش۔ سیکھے ہوئے کو سیکھنا۔

تحصیلدار :- (ع - مذ) وصول کرنے والا۔ وہ سرکاری افسر جو کسی علاقے کا لگان وصول کرنے والا۔

تحصیل کرنا۔ تحصیلنا :- (اُر - فعل) اول مصدر مرکب ہے۔ دوسرا اجملی۔ اگاہی کرنا۔ جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ کمانا۔ کھٹنا۔ بٹنا۔

تحفہ جات :- (ف - اسم مذکر) تحفہ کی جمع۔ فارسی قاعدے پر عربی لفظ کی جمع ہے۔

تحفگی :- (ف - اسم مونث بیائے مصدری) خوبی۔ بھلائی۔ بہتری۔ فوقیت۔ عمدگی۔

تحفگی نکلنا :- (اُر - فعل) خوبی نکلنا۔ بھلائی ہونا۔ بہتری نکلنا۔

تحفہ :- (ع - اسم مذکر) ہدیہ۔ سوغات۔ ارمغاں۔ پیش کش۔ انعام۔ (بحالتِ صفت) انوکھا۔ طرفہ۔ عجیب۔ عمدہ۔ بہتر۔ نفیس۔ نادر۔ اچھا۔

تحفہ یا ظرفہ معجون :- (ع - اسم مذکر) عجیب آدمی۔ نرالا شخص۔ مسخرا۔ نقل محفل۔ خوش مسخرا۔ عجیب قسم کا آدمی۔

تحفظ :- (ع - مذ) بچاؤ۔ حفاظت۔ احتیاط۔

تحقیر :- (ع - اسم مونث و مصدر) تحقیقت۔ ذلیل سمجھنا۔ ذلت۔ بے قدری۔ بے حرمتی۔ بے عزتی۔ رسوائی۔

تحقیق :- (ع - اسم مونث و مصدر) تحقیقت معلوم کرنا۔ اصل معلوم کرنا۔ راست صحیح درست۔ ٹھیک۔ سچ۔ تصدیق۔ ثبوت۔ مسلم۔ یقین۔ اعتبار۔ تلاش کھوج۔ جستجو۔ سراغ۔ دریافت۔ جانچ پڑتال۔ امتحان۔ تجربہ۔ چھان بین۔ معتبر۔ پکی بات۔

تحقیقات :- (ع - اسم مونث) تحقیق کی جمع۔ کھوج لگانا۔ جھوٹ سچ کا ثبوت۔ قانونی تفتیش۔

تحکم :- (ع - اسم مذکر) جبری حکومت۔ زور آوری۔ زبردستی۔ دعوے۔ غلبہ۔

تحکم جتانا۔ تحکم کرنا :- (اُر - محاورہ) خواہ مخواہ۔ زبردستی جتانا۔ حکومت جتانا۔ زور آوری ظاہر کرنا۔

تحلیل :- (ع - اسم مونث - مصدر) گھلاوٹ گھلنا۔ اجزا کا حل ہونا۔ بچاؤ۔ ہاضمہ۔

تحلیل کرنا :- (اُر - فعل) پچانا۔ ہضم کرنا۔ گلانا۔ حل کرنا۔ ایک جان کرنا کسی چیز کو پگھلا کر فنا کرنا۔ ڈبلا کرنا۔ لاغر کرنا۔

تحلیل ہونا ۱۔ (اُرد فعل) پچنا۔ ہضم ہونا۔ گلنا۔ گھلنا۔ حل ہونا۔ ایک جان ہونا۔ دُبلا ہونا۔ لاغر ہونا۔ مرجانا۔ دم نکل جانا۔ تمام ہونا۔

تحمّل ۱۔ (ع۔ اسم مذکر و مصدر) برداشت۔ سہارا۔ صبر۔ صبر کرنا۔ برداشت کرنا۔ سمجھائی کرنا۔ سہارنا۔ اٹھانا۔

تحمید ۱۔ (ع۔ مو) حمد کرنا۔ شکر کرنا۔ حمد مجازاً تعریف۔

تحمیق ۱۔ (ع۔ مو) احمق بنانا۔

تحویل ۱۔ (ع۔ اسم مؤنث و مصدر) بھیجنا۔ لوٹنا۔ سپرد کرنا۔ حوالے کرنا۔ امانت۔ دھروہر۔ سرمایہ۔ خزانہ۔ پونجی۔ نجوم کی اصطلاح میں داخل ہونا۔ کسی ستارے کا برج میں آنا۔ علم حساب میں ایک رقم کو دوسری رقم میں لے جانا۔ جیسے روپوں کو پیسوں میں

تحویل دار ۱۔ (عف۔ اسم مذکر۔ مصدر) اچنبھا۔ حیرانی۔ حیرانگی ہونا۔ تعجب۔

تحیات ۱۔ (ع۔ مو) تحیت کی جمع (جو اردو میں مستعمل نہیں ہے) رسول کریم پر درود و سلام۔ بزرگانِ دین پر سلام۔

تحیت، تحیہ ۱۔ (ع۔ مو) سلام۔ سلام کرنا۔ آدابِ تسلیمات۔ دُعا۔ برکت۔

تحیر ۱۔ (ع۔ اسم مذکر۔ مصدر) اچنبھا۔ حیرانی۔ حیرانگی ہونا۔ تعجب۔

ت ۔ خ

تخالُف ۱۔ (ع۔ مذ) باہم مخالف ہونا۔ ایک دوسرے کی مخالفت کرنا۔

تخت ۱۔ (ف۔ اسم مذکر) چوکی۔ بادشاہ کے بیٹھنے کی کرسی۔ سنگھاسن۔ مسند گدی۔ سریر۔ اورنگ۔ دارالسلطنت۔ دارالخلافہ۔ پلنگ۔ چارپائی۔ بڑا کمال عظیم۔ بزرگ۔

تخت بخت ۱۔ (ف) کلمہ دُعائیہ۔ سُہاگ۔ بھاگ۔ راج سُہاگ۔

تخت پر بٹھانا ۱۔ (اُرد فعل) بادشاہ بنانا۔ حکومت دینا۔ حاکم بنانا۔

تخت پوش ۱۔ (ف۔ اسم مذکر۔ ترکیب فاعلی) تخت ڈھانپنے کی چادر۔ تخت کی چادر۔

تخت پڑھنا ۱۔ (اُرد فعل) پلنگ پر جانا۔ چارپائی پر پڑھنا۔ سونا۔ آرام کرنا۔

تخت چھوڑنا ۱۔ (اُرد فعل) بادشاہی چھوڑ بیٹھنا۔ راج تیاگنا۔ سلطنت چھوڑنا۔

تخت رواں ۱۔ (ف۔ اسم مذکر۔ ترکیب فاعلی) ہوادار۔ وہ تخت جس پر بادشاہ سوار ہو کر نکلتا ہے۔ شادیوں میں لڑکوں کے ناھنے کا تخت۔ اُڑن کھٹولا۔

تخت سلیمان یا سلیمانی ۱۔ (ف۔ اسم مذکر) حضرت سلیمان علیہ السلام کے بیٹھ کر چلنے کا تخت جس کو ہوا اُڑا کر لے جایا کرتی تھی۔ سری نگر کے قریب ایک پہاڑ کا نام بھی ہے۔

تخت سے اُتارنا ۱۔ (اُرد فعل) بادشاہی سے معزول کرنا۔ سلطنت چھین لینا۔

تخت طاؤس ۱۔ (اسم مذکر) اس تخت کا نام تھا۔ جسے شاہجہاں نے چھ کروڑ کی لاگت سے بنوایا تھا اور جسے نادر شاہ ۱۷۳۹ء میں ہندوستان سے لوٹ کر ایران لے گیا تھا۔

تخت کا تختہ ہونا ۱۔ (اُرد محاورہ) بادشاہی کا تار و پود بکھر جانا۔ تباہی آجانا۔ بربادی ہونا۔

تخت کی رات ۱۔ (اُرد اسم مؤنث) بیاہ کی رات۔ شب ملوت۔ سہاگ رات۔

تخت گاہ ۱۔ (ف۔ اسم مذکر۔ ظرف) دارالخلافہ۔ بادشاہ کے رہنے کی جگہ۔ راج دھانی۔ دارالسلطنت۔

تخت نشین ۱۔ (ف۔ اسم فاعل۔ مذکر) تخت پر بیٹھنے والا۔ بادشاہ۔ حاکم۔

تخت نشینی ۱۔ (ف۔ اسم مؤنث بیائے مصدری) تخت پر بیٹھنا۔ راج تلک

تختہ ۱۔ (ف۔ اسم مذکر) پٹڑا۔ لکڑی کا چوڑا ٹکڑا۔ چوب پارہ۔ لوح۔ تختی۔ پٹی۔ کاغذ کا تاؤ۔ جہاز کی لکڑی کا ہر ٹکڑا۔ چوکی۔ تپائی۔ بنچ۔ قطعہ زمین مردہ سلانے کا پٹڑا۔ اشتہار لگانے کا بورڈ۔ کیاری۔ چمن۔ چھوٹا سا باغ کا ٹکڑا۔ تالبوت۔ ارتھی۔ طلبار کو سکھانے کا مسطح لکڑی کا ٹکڑا۔

تختہ اُلٹنا ۱۔ (اُرد محاورہ) آباد جگہ کا ویران ہونا۔ شہر اُجڑنا۔ حکومت کو ختم کر دینا۔

تختہ بندی ۱۔ (ف۔ اسم مؤنث بیائے مصدری) لکڑی کے تختوں کی دیوار یا فرش۔ کیاریوں کا باسلیقہ اور باقرینہ ہونا۔

تختہ پُل ۱۔ (ف۔ اسم مذکر) کواڑ کی طرح بند اور کھل جانے والا پل جو خندق کے اُوپر قلعہ میں آنے جانے کے لئے بنا لیا کرتے ہیں۔

تختہ تابوت ۱۔ (ف۔ اسم مذکر) ارتھی۔ جنازہ۔ وہ صندوق یا تختہ جس پر مُردہ کو لے جلاتے ہیں۔

تختہ تباہ ہونا ۱۔ (اُرد محاورہ) شہر کا برباد ہو جانا۔ ملک ویران ہو جانا۔ کھیت یا کیاری وغیرہ کا اُجڑ جانا۔

تختہ تعلیم یا مشق ۱۔ (ف۔ اسم مذکر) لڑکوں کے لکھنے اور مشق کرنے کی پٹی۔ لوح۔ وہ چیز جو بہت زیادہ استعمال میں آوے۔

تختہ گردن ۱۔ (ف۔ اسم مذکر) وہ گھوڑا جو لگام کے اشارے پر نہ مڑے۔ سخت اور موٹی گردن کا گھوڑا

تختہ نرد ۱۔ (ف۔ اسم مذکر) وہ تختہ جس پر نردیں رکھ کر کھیلتے ہیں۔ شطرنج کے جواب میں ایک کھیل کا نام۔

تختہ ہو جانا ۱۔ (اُرد محاورہ) اکڑ جانا۔ سخت ہو جانا۔ جکڑا جانا۔

تختی ۱۔ (اُرد اسم مؤنث بیائے تصغیر) چھوٹا تختہ۔ لوح۔ پٹی۔ تختہ مشق۔ چاندی، عقیق وغیرہ پر کھدا ہوا نقش جو بچوں کے گلے میں دفعیہ نظر بد کے لئے ڈال دیتے ہیں۔ سینہ۔ چھاتی۔ چھب۔ وضع قطع۔ انداز۔ جسم۔ جامہ زیبی۔ کبوتر کے چوڑے سینے کو بھی کبوتر باز تختی ہی کہتے ہیں۔ سکول کے بچوں کو لکھائی سکھانے کا تختہ۔

تخریجہ ۱۔ (ع۔ مذ) کسی حرف لفظ یا فقرے کے اعداد گھٹا کر مادہ تاریخ کو ٹھیک کرنا۔

تخریب ۱۔ (ع۔ اسم مؤنث و مصدر) خرابی۔ تباہی۔ بربادی۔ ویرانی۔ اینٹ بھٹکی کرنا۔ خرابی ڈالنا۔ قلع و قمع کرنا۔

تخریج ۱۔ (ع۔ مو) نکالنا۔ خارج کرنا۔

تخصیص ۱۔ (اسم مؤنث و مصدر) خصوصیت۔ مخصوص کرنا۔

تخطیہ ۱۔ (ع۔ مذ) غلطی کرنا۔ غلطی پکڑنا۔

تخفیف ۱۔ (ع۔ اسم مؤنث و مصدر) کمی۔ اختصار۔ بوجھ ہلکا کرنا۔ خرچ کی کمی۔ افاقہ۔ آرام۔

تخفیف کرنا ۱۔ (اُرد فعل) کمی کرنا۔ گھٹانا۔ خرچ تھوڑا کرنا۔ لگان کم کرنا۔ توڑنا۔ موقوف کرنا۔

تخفیف میں آنا ۱۔ (اُرد فعل) موقوف ہو جانا۔ برخاست ہونا۔ ٹوٹ جانا۔

تخلخل ۱۔ (ع۔ مذ) کھوکھلا پن۔ اصطلاحِ فلسفہ میں کسی جسم کا بڑھ کر گھٹنا۔

تخلص ۱۔ (ع۔ اسم مذکر و مصدر) تفعل۔ چھٹکارا۔ چھٹکارا ہونا۔ بچاؤ۔ بچنا۔ شاعر کا وہ مختصر سا نام جو شعروں میں آتا ہے۔

تخلّف ا۔ (ع) وعدہ خلافی۔
تخلیط ا۔ (ع۔مو) خلط ملط کرنا۔ کلام میں حق کے ساتھ باطل کو مخلوط کرنا۔
تخلیل ا۔ (ع) شرع کی اصطلاح میں وضو کے وقت داڑھی کے بالوں میں انگلیاں ڈالنا۔
تخلیہ ا۔ (ع۔اسم مذکر) خلوت۔ تنہائی۔ اکیلاپن۔ الگانت۔ علیحدگی۔
تخم ا۔ (ف۔اسم مذکر) بیج۔ بیضہ۔ انڈا۔ عاید۔ اولاد۔ نسل۔ گٹھلی۔

تخم

تخم بالنگو۔ یا۔ تخم بالنگا ا۔ (اُرد۔اسم مذکر) تلسی کا بیج۔ ایک قسم کے بیج ہوتے ہیں جو پانی میں ڈالنے سے پھول جاتے ہیں۔ تخم ملنگاں تخم ریحان کے بیج۔
تخم تاثیر صحبت کا اثر ا۔ (اُرد۔مثل) نطفہ اور صحبت کا اثر ضرور رہتا ہے۔
تخم ریحاں ا۔ (ع۔اسم مذکر) نادبو کے بیج۔ تخم ملنگاں کے بیج۔
تخم ریزی ا۔ (ف۔اسم مؤنث بیائے مصدری) بیج بونا۔ بوائی۔ بوارا۔ تخم افشانی
تخم کتان ا۔ (اُرد۔اسم مذکر) السی کا بیج۔ السی۔
تخمہ ا۔ (ع۔اسم مذکر) بدہضمی کی ایک خاص قسم کی قے ہے جو غذا کے فساد سے پیدا ہو جاتی ہے۔ بخلاف ہیضہ کے کہ وہ خلطوں کے فساد سے ہوتا ہے۔
تخمہ نکلنا ا۔ (اُرد۔فعل) کبوتر کے جسم پر پھنسیوں یا مسّوں کا نکلنا۔
تخمیناً ا۔ (ع۔تابع فعل) اندازاً۔ قیاس سے قریب قریب۔ کم و بیش۔
تخمینہ ا۔ (ع۔اسم مذکر) اندازہ۔ بجٹ۔ قیاس۔
تخویف ا۔ (ع۔اسم مؤنث و مصدر) ڈر۔ خوف۔ دھمکی۔ خوف دلانا۔
تخویف مجرمانہ ا۔ (عف) ناجائز دھمکی۔ بدنیتی سے ڈرنا۔
تخیل۔ تخیّل ا۔ (ع۔مو۔ند) خیال۔ قوت متخیلہ۔ معلوم باتوں سے غیر معلوم خیال پیدا کرنے کی قوت۔ قیاس۔ تصوّر۔

ت ـ ر

تد ا۔ (ہ) تب (متروک)
تدابیر ا۔ (ع۔مو۔ند) تدبیر کی جمع۔
تداخل ا۔ (ع۔اسم مذکر و مصدر) ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ گھسنا۔
تدارک ا۔ (ع۔اسم مذکر و مصدر) تفاعل۔ لغت میں گم شدہ چیز کے پانے کو کہتے ہیں۔ تلافی۔ پاداش۔ بدلہ۔ سزا۔ داد رسی۔ تدبیر۔ بندوبست۔ انسداد
تدارک کرنا ا۔ (اُرد۔فعل) سزا دینا۔ تلافی کرنا۔ تیاری کرنا۔ انتظام۔
تدبّر ا۔ (ع۔ند) دور اندیشی۔ کام کے انجام پر غور کرنا۔
تدبیر ا۔ (ع۔اسم مؤنث و مصدر) کسی کام کا انجام و آغاز سوچنا۔ علاج۔ چارہ درمان۔ تجویز۔ بندوبست۔ جتن۔ کوشش۔ فکر و اندیشہ۔ سوچ بچار۔ غور و تامل۔
تدریج ا۔ (ع۔اسم مؤنث و مصدر) درجہ دینا۔ نمبر وار لگانا۔ درجہ بدرجہ۔ تھوڑا تھوڑا۔
تدریس ا۔ (ع۔اسم مؤنث و مصدر) درس دینا۔ سبق پڑھانا۔ تعلیم۔ پڑھائی۔
تدفین ا۔ (ع۔مو) زمین میں دبانا۔ دفن کرنا
تدقیق ا۔ (ع۔مو) بال کی کھال نکالنا۔ غور و فکر سے کسی معاملے کو دیکھنا۔
تدویر (ع۔مو) دائرہ بنانا۔ دائرے کی شکل میں ہونا۔
تدھارا ا۔ (ہ۔اسم مذکر) تین دھاروں کے ملاپ کی جگہ۔ وہ مقام جہاں تین دریا ملے ہوں۔ ایک قسم کا تھوہڑ جس کے تنے پر کانٹوں کی صرف تین ہی قطاریں ہوں
تدوین ا۔ (ع۔اسم مؤنث و مصدر) دیوان جمع کرنا۔ ترتیب دینا۔ تالیف کرنا۔
تدیّن ا۔ (ع۔اسم مذکر۔ مصدر) دینداری۔ پرہیزگاری۔ دیانتداری ظاہر کرنا۔

ت ـ ذ

تذبذب ا۔ (ع۔اسم مذکر) حیرانی۔ اضطراب۔ دو دلا ہونا۔ متردد ہونا۔ شک و شبہ
تذکار ا۔ (اُرد و تلفظ تذکار (ع۔مذ) بیان۔ بیان کرنا۔
تذکرہ ا۔ (ع۔اسم مذکر) ذکر۔ بیان۔ یادداشت۔ یادگار۔ چرچا۔ افواہ۔ تاریخ۔ واقعات کا بیان۔ سرگذشت۔ سوانح عمری۔ وہ کتاب جس میں شاعروں کا حال لکھا جائے۔
تذکیر ا۔ (ع۔اسم مؤنث و مصدر تفصیل) مذکر ہونا۔ مردیت۔ نر ہونا۔ نر پنا ذکر کرنا۔ ذکر الٰہی کرنا۔
تذلّل ا۔ (ع۔مذ) عاجزی کرنا۔ خوشامد۔ اپنے آپ کو حقیر سمجھنا۔
تذلیل ا۔ (ع۔مو) حقیر کرنا۔ ذلیل کرنا۔

ت ـ ر

ترّ ا۔ (ہ۔اسم مذکر) وہ لکڑی جس پر جولاہے بُنتے وقت کپڑا لپیٹتے ہیں۔ وہ بیلن جس پر کوڑہ کناری بُنتے وقت لپیٹتے جاتے ہیں۔
تر ا۔ (ف۔اسم صفت) نم دار۔ گیلا۔ بھیگا ہوا۔ نیا۔ تازہ۔ تر ت کا۔ ہرا۔ رسیلا نرم۔ ملائم۔ ڈھیلا۔ کشادہ۔ فراخ۔ جیسے تر جوتا۔ زیادہ۔ افزوں۔ جیسے یہ کام تر ہے۔ چکنا۔ روغنی۔ مرغن جیسے تر مال۔ دولتمند۔ خوشحال۔ امیر۔ آکڑ۔ اکھڑا ہوا جیسے تر دہن۔ علامت تفضیل جیسے بدتر۔ خوبتر وغیرہ۔ صاف۔ آبدار پاکیزہ۔ خوش۔ عمدہ جیسے تر زبان۔ گاڑھا۔ موٹا۔ دبیز جیسے تر سوت کا کپڑا۔
تربتر ا۔ (ف۔اسم صفت) اس بیچ یائے اتصالی ہے۔ شرابور۔ شرابور۔ گھی ٹپکنا۔ تر اتر انا۔ مرغن۔ خوب گھی والا۔
تر و تازہ ا۔ (ف۔اسم صفت) ڈال کر ٹوٹا۔ تر ت کا اترا۔ تازہ اترا ہوا پھل۔ بارونق آمدار۔ سرسبز و شاداب۔ ہرا بھرا۔
ترا ا۔ (ہ۔اسم مذکر) ایک قسم کا بیج جو سرسوں سے مشابہ ہے جس کا تیل نکالتے ہیں تارا میرا۔
تراب ا۔ (ع۔اسم مؤنث) مٹی۔ خاک۔ غبار۔ گرد۔
تراجم ا۔ (ع) ترجمے۔ ایک زبان سے دوسری زبان میں لائے ہوئے خیالات۔
ترا را ا۔ (اُرد۔اسم مذکر) گھوڑے کی چست۔ کلانچ۔ چھلانگ۔ تیزی۔ چستی۔ ڈینگ غپ۔ شیخی۔ نشہ۔ سرور۔ ترنگ۔
تراضی ا۔ (ع۔مو) باہم راضی ہونا۔ خوشی ہونا۔

تراضی طرفین ا (مو) فریقین کا راضی ہونا۔ دونوں فریقوں کی رضامندی۔

ترارا بھرنا ا (مؤ فعل) تیز دوڑنا۔ کلانچیں مارنا۔ سرپٹ جانا۔ چھلانگیں مارنا۔ فراٹے بھرنا۔ نہایت مشتاق ہونا۔ کسی کام میں نہایت جلدی اور تیزی سے کام لینا۔

ترارا مارنا (اُر۔ محاورہ) ڈینگ مارنا۔ شیخی مارنا۔ غپ ہانکنا۔

ترازو ا (ف۔ اسم مؤنث) تکھڑی۔ میزان۔ تولنے کا آلہ۔ برج میزان۔ ترازو۔

ترازو ہو جانا (اُر۔ محاورہ) تیر کا آر پار ہو کر نکل جانا۔ آدھے تیر کا نشانہ سے باہر رہ کر لگ جانا۔ دو فوجوں کا تعداد میں اس طرح برابر ہونا کہ ایک دوسرے پر غلبہ نہ پا سکے

تراس ا (س۔ اسم مؤنث) پیاس۔ تشنگی۔ پانی کی خواہش (بحالت مذکر) خوف۔

تراسی ا (ع) اسم عدد۔ اسی اور تین۔ ۸۳۔ نوے سے سات کم۔ بیاسی کے بعد کا عدد۔

تراش ا (ف۔ اسم مؤنث) حاصل مصدر از تراشیدن۔ کاٹ۔ کاٹ چھانٹ۔ کتر بیونت۔ کاٹنے کا ڈھنگ۔ تراشنے کا طریقہ۔ ایجاد۔ اختراع۔ قطع و وضع۔ ڈھنگ۔ طرز۔ انداز۔ آرائش۔ بناؤ۔ سنگار۔ تاش یا گنجفہ کا وہ پتہ جو تراشنے کے بعد بچ رہے۔

تراش و خراش (ف۔ اسم مؤنث) وضع و قطع۔ کاٹ۔ چھانٹ۔ طرز۔ ڈھنگ بناؤ سنگار۔ زیب و زینت۔

تراوٹ۔ تراوت ا طراوت۔ ٹھنڈک۔ تازگی۔

تراکم ا (ع۔ مذ) اکٹھا ہونا۔ گھنا ہونا۔

تراکیب (ع۔ مو) ترکیب کی جمع۔ ترکیبیں۔ تدبیریں۔ بندشیں۔ جملوں میں الفاظ کی بندش۔

تراشنا ا (اُر۔ فعل) کاٹنا۔ کترنا۔ چھانٹنا۔ چھیلنا۔ قطع کرنا۔ کاٹ کر صورت گھڑنا۔ تاش اُتارنا۔ ٹانکی لگانا۔ مونڈنا۔ جامت بنانا۔ تاش یا گنجفہ کے پتوں کو تقسیم کرنا۔

تراتا ا (ہ۔ فعل) اُبھارنا۔ تیرانا۔ ڈوبتے کو نکالنا۔ پار لنگھانا۔ گناہوں سے بچانا۔

ترانوے ا (ہ) اسم عدد۔ نوّے اور تین۔ ۹۳۔ سو سے سات کم۔

ترانہ ا (ف۔ اسم مذکر) لغت میں جوان رعنا کو کہتے ہیں۔ اصطلاح میں نغمہ گیت الاپ۔ ایک خاص سُر۔ خاص گیت کا نام بھی ہے۔

تراوش (ف۔ اسم مؤنث) حاصل مصدر۔ از تراویدن۔ ٹپکنا۔ ٹپکاؤ۔

تراوش کرنا (اُر۔ محاورہ) ٹپکنا۔ متر شح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ اشارہ کنایہ سے پایا جانا

تراوش ہونا یا حرکات و سکنات سے پایا جانا۔

تراویح ا (ع۔ اسم مؤنث) ترویحہ کی جمع۔ لغت میں راحت دینا۔ اصطلاح میں نماز نفل کی وہ بیس رکعتیں جو صرف ماہ رمضان ہی میں بعد عشا قبل از وتر پڑھی جاتی ہیں۔ ان میں عموماً سارے مہینے میں سارا قرآن شریف سنا دیا جاتا ہے۔

تراہ ا (ہ) حرف فریاد و ندا۔ پناہ دو۔ رحم کرو۔ فریاد و فغاں۔ پناہ۔ واویلا۔ الامان۔ کرپا کرو۔ دیا کرو۔ (اسم مذکر) ایک شہر کا نام ہے جہاں کی کٹاریں اور تلواریں مشہور ہیں۔

تراہ تراہ کرنا (ہ۔ محاورہ) دیا اور رحم کے لئے پکارنا۔ پناہ پناہ پکارنا۔ پناہ مانگنا الامان الامان کہنا۔ ہائے ہائے کرنا۔ فریاد و فغاں کرنا۔ واویلا کرنا۔

تراہا ا (اُر۔ اسم مذکر بہ ترکیب فاعلی) تین راہوں والا۔ وہ مقام جہاں تین راستے ملتے ہوں۔

تراہی ا (ع۔ اسم صفت بیائے نسبتی) مقام تراہ کی بنی ہوئی تلوار یا کٹار۔

ترائی (اُر۔ اسم مؤنث) بیائے نسبتی منسوب بہ ترسی۔ نمناک زمین۔ تری یا دریا کے کنارے کی زمین۔ کھادر۔ میلہ۔ مرغزار۔ سبزہ زار۔

ترب ا (اُر۔ اسم مذکر) وہ تار جو سارنگی یا ستارہ وغیرہ میں اصل تار کی مدد کیلئے لگاتے ہیں۔

تربت ا (ع۔ اسم مؤنث) لغوی معنی مٹی۔ اصطلاحی قبر۔ گور۔ مزار۔ خانقاہ۔ دھیر۔

تربوز ا (اُر۔ اسم مذکر) (فارسی میں تربُز) بڑا میترا۔ ایک قسم کا عام پھل ہے۔ جس کا گودا سرخ اور میٹھا ہوتا ہے۔

تربہ (ع۔ اسم مذکر) قبرستان۔ گورستان۔ مدفن۔

تربھر (ہ) تر بتر ہونا۔ منتشر ہونا یا کرنا۔

تربھر ہونا (ہ۔ محاورہ) ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ بگڑنا۔

تربھنگا (ہ) ترچھا۔ جھکا ہوا۔

ترپھون (س۔ اسم مذکر) (سرگ۔ پرتھوی۔ پرتال۔ تینوں لوک) مراد اُکل دنیا۔ تمام جہان۔

تربیت (ع۔ اسم مؤنث) پرورش۔ پالن۔ تعلیم۔ تادیب۔ تہذیب۔ تعلیم اخلاق۔

تربیت کرنا (اُر۔ فعل) تعلیم کرنا۔ سکھانا۔ مہذب بنانا۔ پالنا۔ پرورش کرنا۔

تربیدی (ہ) اسم مذکر بیائے فاعلیت) تین وید جاننے والا۔ برہمنوں کی ایک قوم کا نام۔

تربینی (س۔ اسم مؤنث) تین دریاؤں کے ملنے کی جگہ۔ مگر اصطلاح میں صرف الٰہ آباد کو کہتے ہیں۔ جہاں گنگا جمنا اور سرسوتی تینوں دریا ملتے ہیں۔ گنگا جمنا ظاہر اور سرسوتی خفیہ۔ تین درختوں کے ایک جگہ اُگ آنے کو بھی کہتے ہیں۔ یعنی بڑ پیپل اور نیم۔ یہ تینوں درخت بھی تربینی کہلاتے ہیں۔ مگر ایک ہی جگہ میں اُگے ہوں۔

ترپ (انگ۔ مذکر) فوجی رسالہ کا آٹھواں حصہ۔ اسی سواروں کی جماعت۔

ترپال (انگ۔ اسم مذکر) رال چڑھا ہوا ٹاٹ۔ جو بارش کے وقت مال و اسباب پر ڈال دیتے ہیں۔

ترپائی (اُر۔ اسم مؤنث) لڑھیاوں۔ پسوج یا بخیہ کے اُوپر کی سیون۔

ترپائی کرنا (اُر۔ محاورہ) لڑھیانا۔ بخیہ کے اُوپر سلائی کرنا۔

ترپد (ہ۔ مو) تپائی۔

ترپن (اُر۔ اسم مؤنث) ایک قسم کی سلائی جو کنارے پر کپڑے کی کوریں دبانے کو کی جاتی ہے۔

ترپن یا تارپین (اُر۔ اسم مذکر) گندہ بروزے کا تیل جو چیڑ وصنوبر کے درخت سے نکلتا ہے۔

ترپنا (ہ۔ فعل) ترپنا۔ ترپائی کرنا۔ لڑھیانا۔ سلائی کے سرے کو اُلٹ کر سینا۔ پسوج کر موڑ کر سینا۔

ترپولیا (ہ۔ اسم مذکر) سہ درہ۔ وہ جگہ جہاں ایک ہی سمت میں برابر تین دروازے بنے ہوں۔ تاکہ بادشاہوں اور راجاؤں کی سواری بآسانی گزر سکے۔

ترپھلا (ہ۔اسم مذکر) ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ۔ تینوں پھلوں کا مرکب۔ ہرڑ بہیڑا آملہ۔ تین پھل کا چاقو۔

تُرت یا تُرتاً تُرت (ہ۔تابع فعل) فوراً۔ جلدی۔ ابھی۔ اسی وقت۔ تُرنت۔

ترت پھُرت یا تُرتا پھُرتی ۔ (ہ۔تابع فعل) بہت جلد اور پھُرتی سے فوراً۔ کمال تیزی سے۔ بڑی پھُرتی سے۔ (اسم مؤنث) پھُرتی۔ چالاکی۔ طراری۔

تُرتُرا یا تُرتُریا ۔ (واُ۔اسم صفت) تیز۔ چست و چالاک۔ طرار۔ فرّار۔ ہوشیار۔ شوخ۔ اُچپل۔ لسّاں۔ بہت باتیں بنانے والا۔

تَرتَراتا ۔ (واُ۔اسم صفت۔ بہ ترکیب اسم حالیہ) گھی میں غرق۔ بہت گھی والا۔ چک بچا۔

ترتیب (ع۔اسم مؤنث) اپنے اپنے مرتبہ سے رکھنا۔ درجہ بدرجہ رکھنا۔ آرائش۔ انتظام۔ تسلسل۔

ترتیب تہجی ۔ (ع۔اسم مؤنث) حروف ہجا کی ترتیب۔ حروف تہجی کی ترتیب کے موافق۔ الف بے۔ تے کے قاعدہ اور ترتیب کے مطابق۔

ترتیب سے (واُ۔تابع فعل) قرینہ سے۔ ڈھنگ سے۔ سلیقہ سے۔ باقاعدہ سے۔ موقع بموقع۔ درجہ وار۔

ترتیب دینا یا کرنا (واُ۔محاورہ) ملانا۔ درجہ وار رکھنا۔ سلسلہ وار۔ درجہ بدرجہ۔ باقاعدہ۔ باضابطہ۔

ترتیل ۔ (ع۔مو) قرآن شریف کے حروف کو مخارج سے ادا کر کے آہنگی سے پڑھنا۔

تر جانا ۔ (ہ) پار لگنا۔ تیر جانا۔ پیر جانا۔

ترتیب وار (ع۔ف۔تابع فعل) قاعدہ سے۔ سلسلہ وار۔ درجہ بدرجہ۔ باقاعدہ۔ باضابطہ۔

ترجمان (ع۔اسم مذکر) ترجمہ۔ ایک زبان سے دوسری زبان میں مطلب بتانے والا۔ شارح۔ مفسّر۔

ترجمہ (ع۔اسم مذکر) ایک زبان سے دوسری زبان میں ادا کیا ہوا مطلب۔

ترجیح (ع۔اسم مؤنث) زیادتی۔ افزونی۔ فوقیت۔ بہتری۔ برتری۔ فضیلت۔ فضیلت دینا۔ بہتر جاننا۔ فوقیت دینا۔

ترجیح دینا (واُ۔فعل) غلبہ دینا۔ فضیلت دینا۔ دوسرے کو اپنے سے بہتر کرنا یا جاننا۔ فوقیت دینا۔

ترجیح رکھنا (واُ۔فعل) خود کسی سے بہتر ہونا۔ دوسرے پر فضیلت رکھنا۔

ترجیع (ع۔اسم مؤنث) پھیرنا۔ رجعت۔ واپسی۔ بازگشت۔ (نجوم) ستاروں کا اپنی عام حرکت میں واپس آنا یعنی مغرب سے مشرق کی طرف جانا۔

ترجیع بند (عف۔اسم مذکر) بند کو پھر بیان کرنا۔ بند کی طرف رجوع کرنا۔ علم عروض میں ایک ہی مختلف القافیہ ردیف کو چند متحد القافیہ و ردیف اشعار کے بعد بار بار لانا۔ یہ شعر ہر بند کے آخر کے مضمون سے مربوط ہوتا ہے۔

ترچھا ۔ (ہ۔اسم صفت) کج۔ آڑا۔ ٹیڑھا۔ بانکا۔ ایک ریشمی کپڑے کا نام بھی ہے۔

ترچھی نظر یا نگاہ ۔ (واُ۔اسم مؤنث مرکب توصیفی) نگاہ ناز۔ معشوقانہ انداز سے دیکھنا۔ کن انکھیوں سے دیکھنا۔ تیز نگاہ۔ غضب آلود نگاہ۔ نظر قہر۔ نگاہ خشم آلود۔

ترحُم (ع۔اسم مذکر) رحم۔ دیا کرپا۔ مہربانی کرنا۔ ترس۔ خوف خدا۔

ترخیم ۔ (ع۔اسم مؤنث) لغوی دُم کاٹنا۔ اصطلاح۔ علم صرف کے کسی کلمہ کے آخر سے کسی حرف کو گرا دینا۔ جیسے مانند سے مان۔

تَرَدُّد (ع۔اسم مذکر) آمد و رفت۔ سوچ۔ فکر و اندیشہ۔ تشویش۔ پس و پیش۔ اُدھیڑبُن۔ زراعت۔ کھیتی کے لئے کھیت کی تباہی۔

تردید (ع۔اسم مؤنث) رد کرنا۔ کاٹنا۔ منسوخ کرنا۔ کسی بات کا جواب دینا۔

ترس (ف۔اسم مذکر) حاصل مصدر از ترسیدن۔ ڈر۔ خوف۔ خوف خدا۔ رحم دیا۔ درد۔ (بحالت فعل) ترسنا سے صیغہ امر حاضر معروف۔ للچا۔ مشتاق رہ۔

ترس آنا (ہ۔محاورہ)۔ رحم آنا۔ درد آنا۔ دل دُکھنا۔ خوف خدا آنا۔

ترس کھانا (ہ۔محاورہ)۔ رحم کھانا۔ دیا کرنا۔ درد کرنا۔ دل دُکھنا۔

ترسا (ف۔اسم مذکر فاعل بہ الف فاعلیت جیسے داتا۔ لغوی ڈرنے والا۔ خائف۔ اصطلاح میں آتش پرست۔ نصرانی۔ مجازاً معشوق سے مراد لیتے ہیں۔

ترسا ترسا کر دینا (ہ۔محاورہ)۔ شوق دلا دلا کر نہ دینا۔ کم کم دینا۔ خواہش سے کم دینا۔ تھوڑا تھوڑا دینا۔

ترسا ترسا کر مارنا (ہ۔محاورہ) تکلیف دے دے کر مارنا۔ ایک دفعہ ہی کام تمام نہ کرنا۔ رنج دینا۔ للچا للچا کر نہ دینا۔

ترساں (ف۔اسم حالیہ مفید صفت) ڈرتا ہوا۔ خوف کھاتا ہوا۔ خوف زدہ۔ خائف۔

ترسانا (ہ۔فعل) للچانا۔ خواہش دلانا۔ امید دلا کر محروم رکھنا۔ شوق دلانا بھوکا امید دلانا۔ بھڑکانا۔ مشتاق رکھنا۔ بلکانا جیسے پانی کو بھی ترسانے ہیں۔ خواہش سے کم دینا۔ ضرورت کے موافق نہ دینا۔ پیاسا مارنا۔

ترسنا (ہ۔فعل) کسی چیز کا پیاسا بھوکا ہونا۔ خواہاں۔ خواہش میں رہنا۔ دیدہ ہونا۔ کمال مشتاق رہنا۔ ایسی چیز کا خواہاں رہنا جو نہ مل سکے۔ اشتیاق رہنا۔ بھڑکنا۔ محتاج ہونا۔ تنگ ہونا۔ مفلس ہونا۔ جیسے کوڑی کوڑی کو ترسنا ہے۔

ترسُول (ہ۔اسم مذکر) ترشول۔ تین اور سول بمعنی کانٹا سے مرکب ہے۔ لوہے کا تین شاخہ بھالا۔

ترسیل (ع۔اسم مؤنث) روانگی۔ ابلاغ۔ بھیجنا۔ ارسال کرنا۔

ترش (ف۔اسم صفت) کھٹا۔ ناخوش۔ ناراض۔ تند مزاج۔ سخت طبع۔ بے دماغ۔ بد لحاظ۔

ترشرو (ف۔اسم صفت۔ ترکیب توصیفی) مقلوب۔ بے دماغ۔ ناراض۔ مکدّر۔ بد مزاج۔ چڑا چڑا۔ نک چڑھا۔ بد دماغ۔ سخت گیر۔

ترشروئی (ف۔اسم مؤنث بیائے مصدری) بد مزاجی۔ چڑچڑا پن۔ سخت گیری۔

ترشا جانا ۔ (واُ۔فعل) کھٹا ہو جانا۔ کھٹاس آجانا۔

ترشائی (واُ۔اسم مؤنث۔ حاصل مصدر) کھٹاس۔ کھٹائی۔ ترشی۔

ترشح (ع۔اسم مذکر و مصدر) بوندا باندی۔ تقاطر۔ قطرہ قطرہ برسنا۔ ٹپکنا۔ ظاہر ہونا۔ عیاں ہونا۔ نمایاں ہونا۔

ترشح ہونا: (اُر۔محاورہ) (۱) ظاہر ہونا۔ پایا جانا ۔ ٹپکنا ؛
ترشن: (ہ۔ا۔مو) چھیلن ؛
ترشنا: (ہ۔ محاورہ) قلم ہونا۔ چاقو یا چھری وغیرہ سے کٹنا ؛
ترشی: (ف۔ا۔مو) کھٹائی ۔ کھٹاس ؛
ترشیح: (ع۔ا۔مو) شاعری کی ایک صنعت جس میں شعر اس طرح لکھے جاتے ہیں کہ ترتیب وار تمام مصرعوں کے پہلے حرف ملانے سے کوئی نام یا عبارت بن جاتی ہے ؛
ترصّد: (ع۔ا۔مذ) اُمید۔ آس۔ انتظار ۔ اُمید رکھنا۔ گھات لگانا ؛
ترصیع: (ع۔ا۔مو) شاعری کی ایک صنعت۔ جس میں دونوں مصرعوں کے تمام الفاظ بالترتیب ہم وزن ہوتے ہیں۔ جیسے ؎

نام تیرا ہے زندگی میری
کام میرا ہے بندگی تیری

ترطیب: (ع۔ا۔مو) رطوبت پہنچانا۔ مزاج میں تری پیدا کرنا۔ تر کرنا۔
ترغیب: (ع۔ا۔مو) کسی کام کے کرنے پر آمادہ کرنا ۔ رغبت دلانا۔ لالچ دلانا ۔ اغوا۔ بہکاوا۔ جمع: ترغیبات ۔ ۔ شوق خواہش ؛
ترغیب دینا: (اُر محاورہ) لالچ دینا۔ شوق دلانا۔ رغبت دلانا ؛
ترفان: (اُر۔ا۔مذ) ایک تکونی لمبی سی ریتی جس سے بندوق کی نالی اندر سے صاف کی جاتی ہے ؛
ترفع: (ع۔ا۔مذ) (۱) غرور ۔ تکبّر۔ جمع۔ ترفعات (۲) بلندی چاہنا ؛
ترفّہ: (ع۔ا۔مذ) دولت مندی۔ آسودگی۔ خوشحالی ؛
ترقانا: (اُر۔ محاورہ) شق کرنا۔ توڑنا ؛
ترقّب: (ع۔ا۔مذ) اُمید۔ توقع ؛
ترقنا: (اُر۔ محاورہ) بال آنا ۔ پھٹنا۔ شوق ہونا ؛
ترقی: (ع۔ا۔مو) اُونچا ہونا ۔ افزونی اضافہ ۔ آگے بڑھنا۔ جمع: ترقیات بلندی۔ برتری ؛
ترقیٔ اقبال ہو۔ (دعا) اقبال بڑھے! ترقی کرو!
ترقی بخش: (ف۔صف) اضافہ کرنے والا۔ بڑھانے والا ؛
ترقی پانا: (اُر محاورہ) عہدہ بڑھنا۔ درجہ بڑھنا۔ لڑکوں کا اُوپر کی جماعت میں چڑھایا جانا۔ تنخواہ میں اضافہ ہونا ؛
ترقی پذیر: (ع۔ف۔صف) بڑھنے والا۔ ترقی قبول کرنے والا ؛
ترقی پر ہونا: (اُر محاورہ) ترقی کرنا ؛
ترقی پسند: (اصطلاحاً) اشتراکی ۔ اشتمالی ۔ (انگ) آگے بڑھنے والا۔ ترقی کا خواہاں۔ جدید معاشی اور سائنسی نظریات کا حامی۔ قدامت پسند اور رجعت پرست کی ضد ؛
ترقی خواہ: (ف۔صف) ترقی چاہنے والا ؛
ترقی دینا: (اُر محاورہ) تنخواہ بڑھانا ۔ عہدہ یا درجہ بڑھانا ؛
ترقی کرنا: (مو۔مذ) عہدہ بڑھنا۔ مال و دولت زیادہ ہونا۔ کسی امر میں زیادہ واقفیت حاصل کرنا۔ مرتبہ زیادہ ہونا۔ آگے بڑھنا ؛
ترقی یافتہ: (ع۔ف۔صف) ترقی پایا ہوا ؛

ترقیق: (ع۔ا۔مو) پانی کی طرح ہونا۔ ہلکا ہونا۔ پتلا ہونا ؛
ترقیم: (ع۔ا۔مو) تحریر۔ لکھنا۔ تحریر کرنا ؛
ترک: (ع۔ا۔مذ) بھول چوک ۔ دست برداری ۔ چھوڑنا۔ درگزر۔ وہ عبارت، جو لکھنے سے رہ جائے اور حاشیے پر لکھ دی جائے ؛
ترکِ ادب: (ع۔ا۔مذ) بے ادبی۔ بدتہذیبی۔ گستاخی ؛
ترکِ اولیٰ: (ع۔ا۔مذ) اس فعل کا ترک۔ جس کا کرنا افضل ہے ؛
ترکِ حیوانات: (ع۔ا۔مذ) ان چیزوں کا ترک جو حیوانات سے پیدا ہوتی ہیں جیسے گوشت۔ دودھ۔ دہی وغیرہ ؛
ترکِ دُنیا: (ع۔ا۔مذ) خلوت گزینی۔ فقیر ہو جانا۔ دُنیا چھوڑ دینا ؛
ترکِ سلطنت: (ع۔ا۔مذ) تخت چھوڑنا۔ حکومت سے دست بردار ہونا ؛
ترکِ شراب: (ع۔ا۔مذ) شراب نوشی چھوڑ دینا ؛
ترکِ صحبت: (ع۔ا۔مذ) دوستی توڑ دینا۔ قطع تعلق کر لینا ؛
ترکِ عادت: (ع۔ا۔مذ) کسی عادت کو چھوڑ دینا ؛
ترک کرنا: (اُر۔ محاورہ) کسی چیز سے باز آنا۔ قطع تعلق کر لینا۔ الگ ہو جانا۔ چھوڑ دینا۔ تیاگنا ؛
ترک لذات: (ع۔ا۔مذ) عیش و عشرت چھوڑ دینا۔ آرام و آسائش کی چیزیں چھوڑ دینا ؛
ترک لگانا: (اُر محاورہ) اجزا کو ترتیب دینا ؛
ترکِ موالات: (ع۔ا۔مذ) کسی کے ساتھ مل کر کام نہ کرنا۔ عدم تعاون۔ نان کوآپریشن ؛
ترکِ وطن: (ف۔ا۔مذ) ہجرت کرنا۔ اپنا دیس چھوڑ دینا۔ ہجرت ؛
ترک ہونا: (اُر محاورہ) چھوٹ جانا ؛
ترک: (ف۔ا۔مذ) یافت بن نوح کے ایک بیٹے کا نام۔ جس سے کہتے ہیں کہ ترکوں کا سلسلہ چلتا ہے۔ معشوق ۔ سپاہی ۔ بہادر ۔ مسلمان ۔ جمع: اتراک ۔ ترکان ۔ تاتار یا ترکستان کا باشندہ ؛
ترک بچہ: (ف۔ا۔مذ) ترک کا لڑکا۔ حسین نوجوان ؛
ترک تاز: (ف۔صف) سپاہی ۔ لشکری ۔ عسکری ۔ تلنگا ۔ لٹیرا ۔ قزاق ۔
ترک تازی: (ف۔ا۔مو) دوڑ دھوپ ۔ لوٹ مار ۔ تاخت و تاراج حملہ ۔ ہلّہ ۔ دھاوا ۔
ترکِ چین ۔ ترکِ روز ۔ ترکِ روزگار ۔ ترکِ فلک ۔ ترکِ گردوں ۔ ترکِ سیمروز ۔ ترکِ ستمگر: آفتاب ۔ سورج ؛ ظالم معشوق ؛
ترک سوار: (ف۔اصف) مسلمان سپاہی جو گھوڑے پر سوار ہو ؛
ترکاری: (اُر۔ا۔مو) بھاجی ۔ ساگ پات ۔ سبزی (ہندو) گوشت۔ ماس ؛
ترکاری بنانا: (اُر محاورہ) سبزی پکانا۔ گوشت پکانا۔ سبزی کو پکانے کے لیے تیار کرنا ؛
ترکاری چڑھانا: (اُر محاورہ) ترکاری کو بنا کر چولھے پر رکھنا ؛
ترکان: (ف۔ا۔مو) ترک کی جمع ۔ ترک قوم کے لوگ ؛
ترکان چرخ: سات سیارے ۔ زہرہ ۔ مشتری ۔ زحل ۔ عطارد ۔



zodiac

ترکان چرخ

مریخ۔ شمس۔ قمر

تُرکانہ: (ف۔ صف) ترک کی طرح۔ ترکی۔

تُرکانی: (ف۔ ا۔ مو) ایک ڈھیلا ڈھالا کپڑا۔ جو ترک عورتیں پہنتی ہیں۔

ترکتاز: (ع۔ ا۔ مذ) سونٹھ۔ پیپل اور کالی مرچ کا سفوف جو حکیم لوگ ہاضمے کے لیے بناتے ہیں۔

ترکش

ترکی: (س۔ ا۔ مو) نکلا۔ سلائی۔

ترکس: (ق۔ صف) ٹیڑھا۔ اکڑا۔

ترکش: (ف۔ ا۔ مذ) تیر رکھنے کا خول۔ تیردان۔ تیرکش کا مخفف۔ جمع: ترکش ہا۔

تُرکمان: (ف۔ ا۔ مذ) ترکوں کی ایک قوم۔

ترکم ترکا: (اُ۔ ا۔ مو) آن بن۔ ہلنا جلنا موقوف کر دینا۔

ترکن: (ف۔ ا۔ مو) ترک کی بیوی۔ ترک قوم کی عورت۔ (گنوار) مسلمان عورت۔ سپاہی کی جورو۔

تُرکنی: (ف۔ ا۔ مو) وہ عورت جو شاہی محل میں چوکی پہرا دیا کرتی تھی۔ قلماقنی۔

ترکہ: (ع۔ ا۔ مذ) ورثہ۔ میراث۔ جمع: ترکہ جات۔ مُردے کی جائیداد وہ جائیداد، جو انسان مرنے پر چھوڑے۔

ترکہ بٹنا: (اُ۔ محاورہ) جائیداد وارثوں میں تقسیم ہونا۔

ترکہ بلا وصیت نامہ: وہ ترکہ جس کے متعلق مُردے نے کوئی وصیت نہ کی ہو۔

ترکۂ پدری: باپ کا چھوڑا ہوا مال اسباب۔

ترکے میں چھوڑنا: (اُ۔ محاورہ) مُوئے پیچھے مال و جائیداد چھوڑنا۔

ترکی: (ف۔ صف) ترکستان کا گھوڑا۔ غرور تخوت۔ ترکوں کی بولی

ترکی

نحو میں جملے کے ہر لفظ کے متعلق بتانا کہ وہ اسم صفت فعل وغیرہ کیا ہے اور ان کا باہمی تعلق۔ جمع: تراکیب۔

ترکیب بند: (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) نظم کی ایک قسم۔ جس میں ہر بند کا آخری شعر جداگانہ ہوتا ہے۔

ترکیب دینا: (اُ۔ محاورہ) مختلف اجزاء کو ملا کر تیار کرنا۔ ملانا بنانا۔

ترکیب سُوجھنا: (اُ۔ محاورہ) طریقہ خیال میں آنا۔ تدبیر سُوجھنا۔

ترکستان کا بنا ہوا۔ ترکستان کا باشندہ۔ ترکستان کے متعلق یا ترک کے متعلق۔ ملک کا نام۔

ترکی بہ ترکی جواب: (اُ۔ محاورہ) سخت جواب دینا۔ جیسا کوئی کہے۔ ویسا جواب دینا۔

ترکی پٹے۔ تازی (کانپے) کے کان ہوں: (مثل) ایک کو سزا کا دوسروں پر اثر ہو۔

ترکی تمام ہونا: (اُ۔ محاورہ) کچھ نہ باقی رہنا۔ ساری بہادری نکلنا گھمنڈ جاتا رہنا۔

ترکیب: (ع۔ ا۔ مو) بناوٹ۔ ساخت۔ ملاوٹ۔ تناسب کئی چیزوں کو ملا کر ایک چیز بنانا۔ مرکب کرنا۔ تدبیر۔ علاج۔ ڈھنگ۔ طور۔ کسی چیز کے بنانے کا کوئی خاص طریقہ۔ اصطلاح

ترکیب سے چلنا: (اُ۔ محاورہ) کفایت شعاری برتنا۔ خاص اصولوں پر کاربند ہونا۔

ترکیب کرنا: (اُ۔ محاورہ) تدبیر کرنا۔ صورت نکالنا۔ بندوبست یا انتظام کرنا۔ بنانا۔ ملانا۔ مرکب کرنا۔ جملے کے الفاظ کی اقسام اور تعلقات بتانا۔

ترکیب نکالنا: (اُ۔ محاورہ) تدبیر بتانا۔ ڈھنگ نکالنا۔ طریقہ سوچنا۔

ترکیب نکلنا: (اُ۔ محاورہ) طریقہ نکلنا۔ ڈھنگ معلوم ہونا۔

ترکیبی: (ع۔ ف۔ صف) مرکب بنا ہوا۔ ملا ہوا۔ بناوٹی۔ مصنوعی۔ ساختہ۔

تُرکین: (ق۔ صف) تین گنا۔ سہ گنا۔

ترلوک: (س۔ ا۔ مذ) تین عالم۔ آسمان۔ زمین اور پاتال۔ کائنات۔

تُرم: (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا باجا۔ بگل۔ ترئی۔ مُنہ سے بجانے کا وہ آلہ جس میں فوج میں قواعد کا حکم سُنایا جاتا ہے۔

ترم باز خاں: (ہ۔ ا۔ مذ) شیخی باز شخص۔

تُرمتی: (ہ۔ ا۔ مو) باز یا شکرے کی ایک قسم۔

ترمرا: (ہ۔ ا۔ مذ) وہ تارے، جو صدمۂ دماغی یا کمزوری کے باعث آنکھ کے سامنے اُڑتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ جمع: ترمرے۔ چکنائی کا دھبہ، جو پانی یا شوربے پر آجاتا ہے۔

ترمراہٹ: (ہ۔ ا۔ مو) چندھیانا۔

تُرمنڈ: (ق۔ صف) مکار۔ حیلہ باز۔

ترمیم: (ع۔ ا۔ مو) تغیر و تبدل۔ جمع: ترامیم۔ ترمیمات۔ اصلاح۔ درستی۔ مرمت۔ سنوار۔



تیر کمان

تِرنا ۱- (ہ) فعل) کسی چیز کا سطحِ آب پر رہنا اُبھرنا۔ اُوپر آنا۔ ظاہر ہونا۔ مشہور ہونا۔ نمایاں ہونا۔ ترقی پانا۔ مراد کو پہنچنا۔ کامیاب ہونا۔ نجات پانا۔ گزرنا۔ عبور کرنا۔ پار ہونا۔

تُرنج ۱- (ف- اِسم مذکر) چکوترا۔ بجورا۔ ایک قسم کا بڑا نیبو پان کی شکل کے کار چوبی مکڑے جو اکثر شال دوشالوں وغیرہ کے کونوں پر لگایا کرتے ہیں۔

تُرکن ۱- ترک عورت۔ سپاہی کی بیوی۔

تُرکنی ۱- وہ عورت جو شاہی محل کے زنان خانے کی ڈیوڑھی پر پہرہ دیتی ہے۔ سپاہی عورت۔

تُرنجبین ۱- (ف- اِسم مذکر) ایک قسم کی قدرتی شکر جو اونٹ کٹارا کے کانٹوں پر شبنم کی طرح گر کر جم جاتی ہے۔ مسہل میں کام آتی ہے۔

تُرنگ ۱- (ف- اسم مؤنث) موت۔ صدا۔ کمان کے چلنے کی آواز جو تیر چلتے وقت نکلتی ہے۔ تلوار کی جھنکار اور باجے کی جھنکار کو بھی بولتے ہیں۔

تَرنگ ۱- (ہ- اِسم مؤنث) لہر۔ موج۔ اُمنگ۔ جوش طبع۔ خیال۔ تصور۔ وہم۔ خام خیالی۔ شیخی۔ لاف وگزاف۔

تُرنگ ۱- (ہ- اِسم مذکر) گھوڑا۔ اسپ سنسکرت میں ترنگ اور فارسی میں کرنگ کہتے ہیں۔

تُرانگ ۱- (ہ- مذ)۔ گھوڑا۔ غازی۔ مرد۔

تَرنم ۱- (ع- مذ) گانا۔ گنگنانا۔ جمع ترنمات۔

تَروٹ ۱- (ہ- اِسم مؤنث) ایک قسم کا گانا ترانہ کی طرح کا ایک راگ ہے۔

تِرودشی ۱- (ہ- اسم مؤنث) اُجالے اور اندھیرے۔ پاکھ کی تیرھویں تاریخ۔

تِرویدی (ہ- مذ) تین وید جاننے والا۔ وہ برہمن جس نے تین وید پڑھے ہوں۔

تُرہی ۱- (ہ- مو) بگل۔ ترم۔ ایک قسم کی نفیری۔

تردشی ۱- (ہ- اِسم مذکر) اُجالے۔ اور اندھیرے۔ پاکھ کی تیرھویں تاریخ۔

تردیہ (ہ- اِسم مذکر) درخت۔ پیڑ۔ رکھ۔ بردا۔

تَرہ تیزک ۱- (ف- اِسم مذکر) ہالم کا ساگ۔ ایک قسم کا ساگ ہے جس کی چٹنی بنا کر کھاتے ہیں۔

تِری ۱- (ہ- اِسم صفت) تین۔ تین کا۔ تاش کا وہ پتا جس پر تین ملکے ہوتے ہیں۔ تکی۔

تری پھل ۱- (ہ- اِسم مذکر) (دیکھو اطریفل)

تَری ۱- (ف- اِسم مؤنث بیائے مصدری) نمی۔ رطوبت۔ سیل نم۔ بحر۔ سمندر۔

ثُرئی ۱- (ہ- اسم مونث) ایک قسم کی ترکاری کا نام ہے۔ توری۔ سبزی۔ ترساے۔ بگل۔ ترم جو جنگ کے موقع پر یا شادیوں میں بجاتے ہیں۔

ثُرئی کا پھول ۱- (ہ- اِسم مذکر) زرد آنکھیں۔ نہایت ہلکی زردی۔ روپیہ۔ اس طرح خرچ ہو جانا کہ معلوم نہ ہونا۔

تریا ۱- (ہ- اِسم مونث) عورت۔ استری۔ لگائی۔ نار۔ ناری۔

تریا چلتر ۱- (ہ- مذ) مکروہ فریب۔ عورتوں کی چالبازی۔

تریا راج ۱- (ہ- اِسم مذکر) عورتوں کا زور۔ عورتوں کی حکومت۔ عورتوں کا راج۔

تریا ہٹ ۱- (ہ- اِسم مؤنث) عورتوں کی ضد۔ اصرار زناں۔ عورتوں کی اڑ۔

تریاق۔ تریاک ۱- (معرب) (اِسم مذکر) زہر مہرہ۔ ناوزہر۔ ایک خاص قسم کی معجون ہوتی ہے جو شہد اور دیگر ادویات کا مرکب ہے۔ حیوانی زہروں کے لیے از حد ضروری ہے۔ تریاق فاروق یہی ہے۔ اصطلاح میں افیون کو بھی کہتے ہیں۔

تری بری ۱- (اُ) تتر بتر۔ جُدا جُدا۔ منتشر۔

تِریتا ۱- (س- اسم مذکر) اہلِ ہند کا دوسرا جگ جس کی تعداد بارہ لاکھ چھیانوے ہزار برس کی تھی۔ یہ چاندی کا جگ کہلاتا ہے۔

تریٹا ۱- (ہ- اِسم مذکر) پانی کا دھار باندھ کر کسی قدر بلندی سے گرانا۔ ادویات جوشیدہ۔

تریٹا دینا ۱- (ہ- فعل) دوائیوں کو پکا کر ان کا پانی دھار باندھ کر اوپر سے ڈالنا برابر پانی ڈالے جانا۔

تریز ۱- (ہ- اِسم مؤنث) کرتے کی چوڑے مُنہ کی کلی جو چولبغلے کے نیچے لگائی جاتی ہے

تریل ۱- (ہ- مو) مست ہتھنی

تریندا۔ تریندا ۱- (ہ- مذ) جونک یا کیچوا جو چھوٹی مچھلی کے شکار کے لیے کانٹے میں لگاتے ہیں۔

ت - ڑ

تڑا ۱- (ہ- اِسم مؤنث صوت) طمانچہ یا تھپڑ کی آواز۔ صدمے یا ضرب کی آواز۔ چٹاخ۔

تڑاتڑی ۱- (ہ- اِسم مؤنث) جلدی۔ شتابی۔ موت کی کثرت۔ وبائے موت۔ فوراً۔ گھبراہٹ۔ موت کی گرم بازاری۔

تڑاتڑی پڑنا ۱- (ہ- محاورہ) جاری ہونا۔ گھبراہٹ ہونا۔ اضطراب ہونا۔

تڑاتڑی ہونا ۱- (ہ- محاورہ) موت کا بازار گرم ہونا۔ جلدی جلدی مرنا

تڑاپڑ۔ تڑپڑ ۱- (اُ- تابع فعل) جلدی۔ فوراً۔ فی البدیہ جواب۔

تڑاتڑ ۱- (اِسم مؤنث صوت) متواتر۔ پے در پے۔ مارنے کی لگاتار آواز بڑی بڑی بوندیں پڑنے کی آواز۔ جوتیوں یا لکڑی سے مارنے کی آواز۔

تڑاخا ۱- (ہ- مو) کسی شے کی نایابی و قحط۔ شدت کی گرمی یا پیاس۔

تڑاق ۱- (اُ- اِسم مذکر صوت) کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز۔ سنگی توڑنے کی آواز۔ چٹاخ۔

تڑاق پڑاق ۱- (اُ- تابع فعل) برابر۔ لگاتار۔ متواتر۔ جلد جلد۔ تڑاتڑ۔ پڑاپڑ۔ چٹاچٹ۔ چٹاخ پٹاخ۔ رُودررُو۔ آمنے سامنے۔ سامنے ہو کر بے باکانہ ہو کر۔ نڈر ہو کر۔ (بحالت صفت)۔ شوخ طبعہ۔ چلبلا۔ طرار فرار

تڑاقا ۱- (اُ- اِسم مذکر صوت) کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز۔ بوسہ کی آواز۔ چٹاخا۔ حقہ کے دم لگانے کا گڑگڑا۔ چٹخارا۔ ذائقہ کی آواز۔ زور۔ شدت جیسے تڑاقے کا مینہ۔ کی۔ قحط۔ نایابی جیسے اناج کا تڑاقا ہو رہا ہے۔ وہ حسن جس میں بناوٹ نہ ہو۔ حسن خداداد قبول صورتی۔

تڑاقا سہنا ۱- (اُ- محاورہ) فاقہ گزرنا۔

تڑاقا کھا کر گرنا ۱- (اُ- محاورہ) کسی صدمے یا فاقے سے بے ہوش ہو کر گرنا۔ غش کھا کر گرنا۔ شدید صدمہ کھا کر گرنا۔

تڑاقا کھانا:۔ (دُ/ر۔ فعل) کمی ہونا۔ توڑا ہونا۔ ڈٹنا۔ جیسے لاٹھی تڑاقا کھا گئی۔
تڑاق تڑاق:۔ (دُ/ر۔ تابع فعل) جلد جلد۔ برابر ٹوٹنے کی آواز چٹاخ چٹاخ
تڑاقے کا:۔ (دُ/ر۔ اسم صفت) شدت کا زوردار۔ شد و مد کا جیسے تڑاقے کا مینہ۔ چمکدار تڑاقے کی محرم۔ لذیذ۔ مزیدار۔ خوش ذائقہ۔ لذت دار۔ چٹپٹا جیسے تڑاقے کی چٹنی۔
تڑانا:۔ (ہ۔ فعل) زخم میں تیڑ آنا۔ زخم کا چرنے لگنا۔ ورم کے باعث جسم کا پھٹا پڑنا۔
تڑانا:۔ (ہ۔ فعل) چھڑانا۔ علیحدہ کرنا۔ جُدا کرنا۔ توڑ ڈالنا۔ توڑ لینا جیسے باگ تڑانا۔ خُردہ کرنا۔ بھنانا جیسے روپیہ تڑانا۔ قیمت میں کمی کرانا۔ قیمت جھڑانا۔ درخت سے پھل علیحدہ کرانا۔
تڑاؤ، تڑاپا:۔ (ہ۔ مذ) رنگیلا پن۔ خوش پوشاکی۔ تزئین۔ آرائش کا سامان۔ خود پسندی۔ دکھاوا۔
تڑائی:۔ (ہ۔ اسم مؤنث) معاوضہ۔ پھل وغیرہ۔ تڑانے کی اُجرت روپیہ بھنانے کا بھٹہ۔
تڑپ:۔ (ہ۔ اسم مونث۔ حاصل مصدر) بے قراری۔ پھڑک۔ بے چینی۔ تپش۔ گرمی۔ جیسے مضمون کی تڑپ۔ کود پھاند جیسے گھوڑے کی تڑپ۔ کوندنا۔ جلد جلد چمکنا۔ جیسے بجلی کی تڑپ۔ تلملاہٹ
تڑپ اٹھنا:۔ بے چین و بے قرار ہو جانا۔
تڑپا دینا:۔ بے قرار کر دینا۔ ہنسا ہنسا کے لٹا دینا۔
تڑپٹ:۔ (ہ) جلد جلد۔ کسی کے جواب میں بلا تکلف کچھ کہنا۔ بلا تامل بغیر سوچے سمجھے بولنا۔
تڑپڑاہٹ:۔ (دُ/ر۔ مو) دیکھو۔ تڑپ۔
تڑپڑی:۔ (ہ۔ مو) بے چینی۔
تڑپن:۔ (ہ۔ مو) بے چینی۔ اضطراب۔ تڑپ۔
تڑپانا:۔ (دُ/ر۔ فعل) پھڑکانا۔ بے قرار کرنا بے آرام کرنا۔ چین نہ لینے دینا۔ ستانا۔ دق کرنا۔ ترسانا۔ گدانا۔ گدگدانا۔
تڑپتا ہوا:۔ (دُ/ر۔ اسم حالیہ مفید صفت) گرما گرم مضمون۔ موثر۔ بے چین کر دینے والا شعر یا مضمون۔
تڑپنا:۔ (دُ/ر۔ فعل) پھڑکنا بے تاب ہونا۔ بے قرار ہونا۔ لوٹنا۔ تلملانا۔ پھڑپھڑانا۔ اُچھلنا۔ کودنا۔ دھڑکنا۔ بسمل کا ہاتھ۔ پاؤں مارنا نزع کی حالت میں ہاتھ پاؤں دے دے مارنا۔ کمال مشتاق ہونا۔ نہایت آرزومند ہونا۔
تڑپھرانا:۔ (ہ۔ فعل) یعنی تڑپنا۔
تڑکر بولنا:۔ (دُ/ر۔ فعل) نہایت چیخ کر بولنا۔ غصہ سے بولنا۔ خفا ہو کر جواب دینا۔
تڑخنا یا تڑقنا:۔ (دُ/ر۔ فعل) پھٹنا۔ کسی خشک چیز کا پھٹنا۔ شیشہ وغیرہ میں بال آنا۔ زخم کا پھٹا پڑنا۔ بگڑ کر بولنا۔
تڑکا:۔ (ہ۔ اسم مذکر) صبح۔ بھور۔ علی الصباح۔ بگھار۔ کی باتیں کو جلا کر داغ دینا۔
تڑکا ہونا:۔ (ہ۔ محاورہ) سویرا ہونا۔ چاننا ہونا۔ پو پھٹنا۔ صدمہ دماغی سے تارے دکھائی دینا۔ مار کھانا۔ خوب پٹنا۔ دیوار لگنا۔ کچھ نہ رہنا
تڑکنا:۔ (ہ۔ فعل) بگھارنا۔ چھونکنا۔
تڑنا:۔ (ہ) اندازہ ہونا۔ تلنا۔ تولا جانا۔
تڑی:۔ (ہ۔ گنوار۔ اسم مونث) مار۔ ضرب۔ دھونس۔ دم۔ فریب دھوکا جیسے اچھی تڑی دی۔ نقصان۔ خسارہ۔
تڑی دینا:۔ (ہ) فعل۔ دھونس دینا۔ فریب دینا۔ دم دینا۔ بھرا دینا۔ بنانا۔ بے وقوف بنانا۔ اُلو بنانا۔
تڑیانا:۔ (ہ) پر کٹے ہوئے پرندے کا اڑ جانا
تڑیڑا:۔ (ہ) دیکھو۔ تڑیڑ۔ ایک مستعمل۔

ت - ز

تُرک:۔ (ف۔ اسم مؤنث) ضابطۂ فوج۔ ترتیب لشکر۔ انتظام مجلس۔ روزنامچۂ شاہی وہ حالات جو بادشاہ خود اپنے زمانے کی بابت تحریر کرے۔ شان و شوکت۔ لاؤ لشکر۔ ٹھاٹھ باٹھ تجمل۔ دھوم دھڑکا۔
تزکیہ:۔ (ع۔ اسم مذکر) پاک کرنا۔ نجاست و غلاظت دور کرنا۔ صفائی جیسے تزکیہ نفس۔ دل کو پاک کرنا۔
تزلزل: (ع۔ اسم مذکر) ہلچل۔ خرابی۔ گڑبڑ۔ تہلکہ۔ زلزلہ۔ جنبش۔ ارادے یا بیان میں تغیر۔
تزلزل بیانی:۔ (ع۔ ف) بیانات میں لغزش کھانا۔ بیان دیتے وقت کچھ کا کچھ کہہ دینا۔
تزویج:۔ (ع۔ مو) شادی کرنا۔ شادی۔ نکاح۔
تزویج بذریعہ ازدواج قانونی:۔ (ع۔ ف۔ مو) یورپ میں شادی کا طریقہ۔ دُولہا اور دُلہن دونوں گرجا میں جا کر رجسٹر میں اپنا اپنا نام درج کرواتے ہیں۔ یہی اندراج ان کا جائز نکاح نامہ تصور کیا جاتا ہے جب تک یہ نہ ہو شادی جائز قرار نہیں دی جاتی۔
تزویر:۔ (ع۔ اسم مؤنث) مکر و فریب۔ فریب دینا۔ مکر کرنا۔
تزئین:۔ (ع۔ اسم مؤنث) آرائش۔ زیبائش۔ زیب و زینت۔ آراستہ کرنا۔ سجانا۔ زیب و زینت دینا۔

ت - س

تِسع:۔ (ہ۔ اسم مؤنث) تشنگی۔ پیاس عطش۔ خواہش۔ آرزو۔ تمنا۔
تِس:۔ (ہ) اسم اشارہ پرانا ہے۔ اب متروک۔
تِس پر:۔ (ہ۔ تابع فعل) باوجود اس کے پھر بھی۔
تُس:۔ (ہ۔ اسم مذکر) دھان کا ریشہ۔ چاول کے اوپر کا چھلکا۔ عام اناج کا چھلکا۔
تُسار:۔ (ہ۔ اسم مونث) کہر۔ پالا۔ سردی۔ ٹھنڈ۔

تسالا ۱- (ہ - اسم صفت) تین سالہ - تین برس کا - گھوڑے کی عمر کے حساب میں بولتے ہیں -

تسلسُل ۱- (ع - مذ) اس طرح بیان کرنا کہ مطلب صاف ظاہر نہ ہو - بھول چوک اور چشم پوشی سے غلطی ہونا (کرنا - معاف کرنا) -

تساہُل ۱- (ع - اسم مذکر) سستی - سہل انگاری - غفلت - سستی کرنا غفلت کرنا -

تسبی ۱- تسبیح - کیا شیخ کیا برہمن جب عاشقی میں آئے
تسبی کرے فراموش زنّار بھول جائے ۔ آبرو

تسبیح ۱- (ع - اسم مونث) سبحان اللہ - سبحان اللہ کہنا - سو یا ایک سو ایک دانوں کی مالا - ورد - وظیفہ - جیسے تمہارے ہی نام کی تسبیح پڑھتے ہیں - ایک قسم کا پودا جس کے بیج تسبیح کے دانوں کی طرح اور پھول سرخ ہوتا ہے -

تسبیح

تسبیح پھیرنا ۱- (اُر) خدا کو یاد کرنا - مالا جپنا -

تسبیح خواں ۱- (اُر - مذ) عبادت کرنے والا - تسبیح پھیرنے والا -

تسخیر ۱- (ع - اسم مونث) تابع کرنا - مطیع کرنا - فرمانبردار کرنا - قابو میں لانا - جن پاپری کو قید کرنا - کسی کا دل اپنی طرف مائل کر لینا - محاصرہ کرنا - گھیر لینا - عمل روحانیت - حاضرات -

تسطیر ۱- (ع - اسم مونث) لغوی سطر بندی - اصطلاحی تحریر - لکھنا - رقم کرنا -

تسکین ۱- (ع - اسم مونث و مصدر) آرام دینا - تسلی دینا - تشفی دینا - دلاسا - ڈھارس - افاقہ - آرام - صحت - تندرستی -

تسلا ۱- (ہ - اسم مذکر) تانبے یا لوہے وغیرہ کا طشت - پرات - (طشت کا بگاڑ اور تصغیر ہے -

تسلسُل ۱- (ع - اسم مذکر) سلسلہ بندی - لڑی - توالی - لگاتار ہونا - قطار بندی -

تسلُّط ۱- (ع - اسم مذکر) غلبہ - حکومت - قبضہ اور تحت و زیر قابو -

تسلی ۱- (ع - اسم مونث) لغوی معنی خوشی - اصطلاح میں اطمینان ہونا - طمانیت خاطر جمع -

تسلیم ۱- (ع - اسم مونث) سلام کرنا - سپرد کرنا - حوالے کرنا - سونپنا خدا کی رضا پر راضی ہونا - ماننا - قبول کرنا - کورنش - بندگی - ادب - نمسکار -

تسلیم کرنا ۱- (اُر - فعل) ماننا - قبول کرنا - منظور کرنا - ادب بجالانا - بڑے کو سلام کرنا - بندگی کرنا -

تسلیمات ۱- (ع - اسم مونث) تسلیم کی جمع آداب کورنشات - بندگی کرنا - نمسکار -

تسمہ ۱- (ف - اسم مذکر) دوال چرمی - چمڑے کا ٹکڑا جو طول میں زیادہ اور عرض میں بہت ہی کم ہو - سُتلی

تسمہ کھینچنا ۱- (اُر - محاورہ) خاص طریقے سے گلا گھونٹ کر مارنا - پھانسی دینا - مار کر باریک باریک ٹکڑے بنا دینا - مرمریاں کھینچنا -

تسمہ لگا رہنا ۱- (ہ) کسر باقی رہنا -

تسمہ لنگوٹا باندھنا ۱- قلندر ہونا - فقیر کا مرید ہونا -

تسمہ لگانا نہ رکھنا ۱- (اُر - محاورہ) - صاف جواب دینا - دوٹوک جواب دے دینا - تعلق نہ رکھنا - صاف گردن اڑا دینا - لگاؤ ٹک نہ رہنے دینا -

تسمیہ ۱- (ع - مذ) نام رکھنا - بسم اللہ الرحمن الرحیم کہنا -

تسمیہ خوانی ۱- (مو) بسم کی تقریب - (دیکھو بسم اللہ)

تسنین ۱- (ع - مذ) سُنی ہو جانا -

تسنیم ۱- (ع - مو) بہشت کی ایک نہر -

تسُوا ۱- (ہ - اسم مذکر) ڈیڑھ انچ میٹر کا چوبیسواں حصہ -

تسوانسی ۱- (ہ - اسم مونث) بسوانسی کا بیسواں حصہ - چوانسی -

تسوید ۱- (ع - مو) سیاہ کرنا - لکھنا -

تسہیل ۱- (ع - مو) سہل کرنا - آسان کرنا -

ت - ش

تشابُہ ۱- (ع - مذ) دو چیزوں کا باہم شبہ ہونا - مشابہت -

تشبیب ۱- (ع - مو) قصیدے کی تمہید جس میں شاعر عاشقانہ تاثیر و تاثر اور گردش روزگار کے مضمون لکھتا ہے -

تشبیہ ۱- (ع - اسم مونث) مشابہت دینا - تخیل - مانند کرنا - ایک چیز کو دوسری چیز سے مثال دینا -

تشت ۱- (ف - اسم مذکر) بڑی پرات - لگن - تسلا - تھال -

تشت

تشت از بام ہونا ۱- (اُر) راز کھل جانا - مشہور ہو جانا - ظاہر ہونا - بھانڈا پھوٹنا - آشکارا ہونا - مشتہر ہو جانا -

تشت چوکی ۱- (اُر) وہ طشت اور چوکی جو زچہ خانے میں اور امیروں کے باورچی خانے میں رکھا جاتا ہے -

تشتت ۱- بے ایمانی - پریشانی - پراگندگی -

تشتری ۱- (ف - اسم مونث) تصغیر از تشت - چھوٹی رکابی -

تشخص ۱- (ع - مذ) امتیاز - شخصیت پرستی -

تشخیص ۱- (ع - اسم مونث) مقرر کرنا - معین کرنا - قرار دینا - ٹھیرانا - بیماری کا جانچنا - مرض کی جانچ - تحقیق -

تشدُّد ۱- (ع - اسم مذکر) سختی - شدت - زیادتی - جبر کرنا - زیادتی کرنا -

تشدید ۱- (ع - اسم مونث) ایک جنس کے یا قریب المخرج دو حرفوں کو ملا کر پڑھنا حرف مشدّد پر جو علامت لکھی جاتی ہے (یعنی ّ) وہ بھی تشدید کہلاتی ہے -

تشرُّع ۱- (ع - مذ) شرع کی پابندی -

تشریح ۱- (ع - اسم مونث) شرح کرنا - کھول کر بیان کرنا - مفصل کرنا مطلب کھلا کھلا بتانا - وضاحت - جسم انسانی کی بناوٹ کا علم - ساخت انسانی کی تحقیق -

تشریف ا۔ (ع۔) اسم مؤنث، شرف دینا۔ بزرگی بخشنا۔ بزرگی۔ شرف۔ تعظیم۔ عزت۔ عزت کرنا (ف) خلعت پہنانا۔ لباس فاخرہ بخشنا۔ خلعت جو امیر اپنے ملازموں کو امتیاز کے لیے دیتے ہیں۔

تشریف آوری فرمانا ا۔ (اُر۔ محاورہ) بزرگی بخشنا۔ محاورے میں کسی امیر یا بزرگ کا آنا۔

تشریف رکھنا ا۔ (اُر۔ محاورہ) قیام کرنا۔ بیٹھنا۔ ٹھہرنا۔

تشریف لانا ا۔ (اُر۔ محاورہ) آنا۔ قدم رنجہ فرمانا۔

تشریف لے جانا (اُر۔ محاورہ) رخصت ہونا۔ چلے جانا۔ سدھارنا۔

تشریف لے چلنا ا۔ چلنا۔ چلنے کی درخواست۔

تشفی ا۔ (ع۔) اسم مؤنث، لغوی شفا چاہنا۔ اصطلاحی تسلی۔ تسکین۔ ڈھارس۔ اطمینان۔ دلجمی۔ تسلی دینا۔ اُگھائی۔

تشکیک ا۔ (ع۔ ند) شک۔ شک ڈالنا۔

تشنا ا۔ (اُر) اسم مذکر، طعنہ۔ لعنت۔ ملامت۔ بُرا کہنا

تشنا دینا ا۔ (اُر۔ فعل) مہنا دینا۔ طعنہ مارنا۔ لعنت ملامت کرنا۔

تشنج ا۔ (ع۔) اسم مذکر، جکڑ۔ اینٹھن۔ اکڑ جانا۔ پوست یعنی خشکی یا برودت یعنی سردی بادی کی وجہ سے پٹھوں کا کھچ جانا۔

تشنگی ا۔ (ف۔) اسم مونث۔ بیائے مصدری) پیاس۔ عطش۔ تس۔ تسنا۔

تشنہ ا۔ (ف۔) اسم صفت، پیاسا۔ خواہاں۔ نہایت مشتاق۔

تشنہ خون ا۔ (ف۔) اسم صفت، لہو کا پیاسا۔ جانی دشمن۔

تشنہ لب ا۔ (ف۔) اسم صفت، بہت پیاسا۔ ایسا پیاسا جس کے ہونٹوں پر مارے پیاس کے پپڑیاں جم جائیں۔ نہایت مشتاق۔ بہت ہی خواہاں۔

تشنیع ا۔ (ع۔) اسم مونث، بُرا کہنا۔ ملامت کرنا۔ طعنہ (طعن تشنیع بولتے ہیں۔

تشویش ا۔ (ع۔) اسم مؤنث، فکر۔ تردد۔ گھبراہٹ۔ پریشانی۔ پریشان ہونا۔

تشویق ا۔ (ع۔ مو) اکسانا۔ شوق دلانا۔

تشہد ا۔ (ع۔) کلمہ شہادت پڑھنا۔ دوسری اور چوتھی رکعت میں سجدے کے بعد بیٹھ کر تشہد میں پڑھنا۔

تشہیر ا۔ (ع۔) اسم مونث، شہرت دینا۔ مشہور کرنا۔ ڈھنڈورا پیٹنا۔

تشہیر و تشہیری ا۔ (ع۔) منادی کرنا۔ کسی مجرم کو بہت بُری صورت بنا کر بازار میں پھرانا۔

تشہیح ا۔ (ع۔ مو) تسبیح بتانا۔ آپ اپنی تعریف کرنا۔

تشیع ا۔ (ع۔ ند) شیعہ ہونا۔ مذہب شیعی اختیار کرنا۔

ت ۔ ص

تصادم ا۔ (ع۔) اسم مذکر، باہم صدمہ کھانا۔ دھکا دینا۔ ٹکرانا۔

تصانیف ا۔ (ع۔) اسم مؤنث، تصنیف کی جمع۔ تصنیف کی ہوئی کتابیں۔

تصاویر (ع۔ مو) تصویر کی جمع تصویریں۔ فوٹو۔

تصحیح ا۔ (ع۔) اسم مؤنث، صحت کرنا۔ تندرستی کرنا۔ درست صحیح کرنا۔

تصدّق ا۔ (ع۔) اسم مذکر، صدقہ دینا۔ وارنا۔ نثار کرنا۔ قربانی۔ طفیل بدولت۔ ذریعہ۔ صدقہ۔

تصدّق کرنا ا۔ (اُر۔ فعل) وارنا۔ نچھاور کرنا۔ نثار کرنا۔ صدقے کرنا۔

تصدّق جانا (اُر۔ محاورہ) نثار جانا۔ قربان جانا۔

تصدّق ہونا ا۔ (اُر۔ محاورہ) نثار ہونا۔ قربان ہونا۔ واری جانا۔

تصدیع (ع۔) اسم مؤنث، دردِ سر۔ دکھ۔ تکلیف۔ تکلیف دینا۔ تکلیف پہنچانا۔

تصدیعہ ا۔ (ع۔) اسم مذکر، دکھ۔ تکلیف۔ دردِ سر۔

تصدیعہ اٹھانا ا۔ (اُر۔ فعل) تکلیف گوارا کرنا۔ دردِ سر اٹھانا۔

تصدیعہ دینا ا۔ (اُر۔ فعل) تکلیف دینا۔ کام لینا۔

تصدیق ا۔ (ع۔) اسم مؤنث، صداقت۔ سچائی۔ راستی۔ ثبوت۔ اثبات۔ شہادت۔ گواہی۔ (علم منطق میں) تصوّر۔ یا حکم۔

تصدیق کرنا ا۔ (اُر۔ فعل) صحت کرنا۔ شہادت دینا۔ گواہی دینا۔ سفارش کرنا۔ سچ بتانا۔ تائید کرنا۔ ماننا۔ قبول کرنا۔

تصرف ا۔ (ع۔) اسم مذکر، دست اندازی کرنا۔ کوئی کام شروع کر دینا۔ ہیر پھیر۔ ادل بدل۔ قبضہ۔ مداخلت۔ اختیار۔ قابو۔ صرف۔ خرچ۔ کسی بزرگ کی کرامت۔ غبن۔ خیانت۔ تغلب۔

تصرف بیجا کرنا ا۔ (اُر۔ محاورہ) (قانون) غبن کرنا۔ خیانت کرنا۔ خورد بُرد کرنا۔

تصرّفی ا۔ (ع۔) اسم مؤنث، خاصہ کے خلاف وہ کھانا جو نوکروں چاکروں کے لیے تیار ہو۔

تصریح ا۔ (ع۔) اسم مؤنث، مصدروں اور فعلوں کی گردان کرنا۔ ایک حال سے دوسرے حال کی طرف پھرنا۔

تصریف ا۔ (ع۔) اسم مؤنث، کھول کر بیان کرنا۔ تشریح کرنا۔ وضاحت۔ تفصیل۔ تفسیر۔

تصعید ا۔ (ع۔ مو) بلند کرنا۔ علم الادویہ اور سائنس میں کسی مادے کو گیس بنا کر اُٹھانا۔ حرارت کے ذریعے کسی چیز کے بخارات جمع کرنا۔

تصغیر ا۔ (ع۔) اسم مؤنث، چھوٹا کرنا تخفیف۔ چھٹائی۔ کوتاہی خردی۔ اختصار۔ قواعد میں وہ اسم ذات جس میں چھٹائی پائی جائے۔

تصفیہ ا۔ (ع۔) اسم مذکر، صفائی۔ فیصلہ۔ صلح صفائی۔ بیچ بچاؤ۔ واضح کرنا بے باقی۔

تصفیہ حساب ا۔ حساب کی صفائی۔

تصفیہ نامہ ا۔ (اُر۔ ند) فیصلے کی تحریر۔

تصنع ا۔ (ع۔) اسم مذکر، ساخت۔ بناوٹ۔ آراستگی۔ آرائش۔ بناؤ سنگار۔ دکھاوا اوپری نمائش (قانون)۔ مکر۔ جعل۔ دھوکہ۔ تغیر و تبدل۔

تصنیف ا۔ (ع۔) اسم مونث، قسم دار لگانا۔ دل سے کوئی کتاب بنانا۔ طبیعت سے کوئی مضمون لکھنا۔ ایجاد۔

تصوّر ا۔ (ع۔) اسم مذکر، صورت باندھنا۔ دل میں خیال کر لینا۔ دھیان۔ غور۔ مراقبہ۔ علم منطق کی اصطلاح میں کسی چیز کی صورت کا حکم کے

بغیر عقل میں آنا۔

تصوّف ا۔ (ع۔اسم مذکر) نفسانی خواہشات سے پاک ہونا۔ معرفت نفس۔ تزکیہ نفس کا قاعدہ۔ مظاہر شفات کو حق جاننا۔ مذہب صوفیہ۔ یشمینہ پندار۔

تصویر ا۔ (ع۔اسم مؤنث، مصدر بہ معنی مفعول) صورت۔ مورت۔ شبیہ۔ روپ۔ فوٹو۔ نقش۔ خاکہ۔ نہایت خوبصورت۔ نہایت حسین۔

تصویر کھینچنا ا۔ (اُر۔فعل) شبیہ اتارنا۔ مورت بنانا۔ جمع تصاویر۔

تصویر کی حالت ا۔ (اُر۔اسم صفت مرکب) نہایت حسین۔ قبول صورت۔ صاحب جمال۔

تصویر بن جانا۔ تصویر ہو جانا ا۔ (اُر۔محاورہ) ساکت ہونا۔ خاموش ہونا۔ بُت بن جانا۔ بالکل بے حس و ہو جانا۔

تصویر اترنا ا۔ تصویر کھنچ جانا۔

تصویر بنا دینا ا۔ چُپ کرا دینا۔ حیرت میں ڈال دینا۔

تصویر قالی ا۔ خاموش۔ بے حس و حرکت۔

تصویر کا ابر سایہ ا۔ وہ تاریکی جو تصویر کے اعضا میں (شیڈ وغیرہ کی وجہ سے) دکھائی دیتی ہے۔

تصویر کا دوسرا رُخ ا۔ کسی بات کا دوسرا پہلو جو ابھی زیر بحث نہیں آیا۔

تصویر کی حالت۔ تصویر کھنچ دینا ا۔ نہایت حسین مقبول۔

تصویر کھینچ دینا ا۔ کسی چیز کی ہو بہو اصلیت سامنے کر دینا۔

تصویر لگانا ا۔ تصویر کو فریم کر کے دیوار وغیرہ میں نصب کرنا۔

ت - ض

تضاد ا۔ (ع۔مذ) باہم ضد کرنا۔ آپس میں مخالفت ہونا۔ (موسیقی) نظم و نثر کی ایک صنعت جس میں ایسے الفاظ یکجا لاتے ہیں جن کے معنی باہم ایک دوسرے کی ضد ہوتے ہیں۔

تضحیک ا۔ (ع۔اسم مؤنث) ہنسی اُڑانا۔ مذاق کرنا۔ ذلت۔ رسوائی۔ تذلیل۔ توہین۔

تضرّع ا۔ (ع۔اسم مذکر) گڑگڑانا۔ گریہ زاری کرنا۔ نالہ و فریاد۔ رونا پیٹنا۔ خوشامد درآمد۔ منت۔ سماجت۔

تضعیف ا۔ (ع) دوچند کرنا۔ دُگنا کرنا۔

تضمین ا۔ (ع۔اسم مؤنث) ملانا۔ شامل کرنا۔ علم عروض میں کسی دوسرے شاعر کے مضمون یا شعر کو اپنی نظم میں چسپاں کرنا۔ دوسرے کے شعر پر مصرعے لگانا۔

تضییع ا۔ (ع۔اسم مؤنث) ضائع کرنا۔ برباد کر دینا۔ تباہ کر دینا۔

تضیع اوقات ا۔ (ع۔اسم مؤنث) وقت کو گنوانا یا رائیگاں کرنا۔ وقت ضائع کرنا۔ عمر رائیگاں کرنا۔ بیکار کام کرنا۔

ت - ط

تطابق ا۔ (ع۔اسم مذکر) باہم مطابقت کھانا۔ باہم مطابق ہونا۔ مشابہت۔

تطاول ا۔ (ع۔اسم مذکر) دست درازی کرنا۔ لُوٹ مچانا۔ ظلم کرنا۔ تعدی۔

تطبیق ا۔ (ع۔اسم مؤنث) مطابق کرنا۔ مشابہت دینا۔ مشابہ کرنا۔ ملانا۔

تطویل ا۔ (ع۔اسم مؤنث) دراز کرنا۔ لمبا کرنا۔ طوالت۔ لمبائی۔

تطہیر ا۔ (ع۔اسم مؤنث) پاک کرنا۔ طہارت۔ پاکیزگی۔

ت - ظ

تظاہر (ع۔مذ) ہم پشتی کرنا۔ آپس میں مدد کرنا۔

تظلّم ا۔ (ع۔اسم مذکر) ظلم ظاہر کرنا۔ ظلم کی فریاد کرنا۔ فریاد۔

ت - ع

تعارُض ا۔ (ع۔اسم مذکر) ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔ باہم جھگڑنا۔

تعارُف ا۔ (ع۔اسم مذکر) ایک دوسرے کی جان پہچان کرانا۔ شناسائی۔ واقفیت۔ جان پہچان۔

تعاقُب ا۔ (ع۔اسم مذکر) پیچھے جانا یا دوڑنا۔ پیچھا کرنا۔ پیروی کرنا۔

تعاقُب کرنا ا۔ (اُر۔فعل) پیچھا کرنا۔ بھاگنے کے پیچھے جانا۔

تعال ا۔ (ع) بلند۔ عالی مرتبہ۔ سبحان اللہ۔

تعالےٰ ا۔ (ع۔اسم صفت) بلند۔ بلند و برتر۔ اعلےٰ۔ بزرگتر۔ عالی مرتبہ۔

تعالےٰ اللہ ا۔ (ع) کلمہ تعجب ہے۔ لغوی معنی خدا بزرگ ہے۔ اصطلاح میں تعجب۔ حیرت۔ سبحان اللہ۔ واہ واہ کے موقع پر بولتے ہیں۔

تعاون ا۔ (ع۔مذ) مدد۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ مل کر تن بہ امداد۔

تعبد ا۔ (ع۔مذ) بندگی کرنا۔ عبادت کرنا۔

تعبیر ا۔ (ع۔اسم مؤنث) بیان کرنا۔ عبارت میں لانا۔ خواب کا مطلب بتانا۔ نتیجہ خواب ظاہر کرنا۔

تعبیر کرنا ا۔ (اُر۔محاورہ) مراد رکھنا۔ مراد لینا۔ مطلب لینا۔

تعبیہ ا۔ (ع۔مذ) آراستہ کرنا۔ جڑ دینا۔ چھپانا۔ کسی چیز کا کسی چیز میں اس طرح مل جانا کہ معلوم نہ ہو۔

تعجب ا۔ (ع۔اسم مذکر) اچنبا۔ انوکھا۔ تحیر۔ حیرت۔ مزا لینا۔

تعجیل ا۔ (ع۔اسم مؤنث) جلدی۔ شتابی۔ عجلت۔ اضطراب۔ کسی کام میں اس کے وقت سے پہلے جلدی کرنا۔

تعداد ا۔ (ع۔اسم مؤنث) گنتی۔ شمار۔ نمبر۔ مقدار۔ اندازہ۔ تخمینہ۔ رقم۔
تعدّد ا۔ (ع) متعدد ہونا۔ گنتی میں زیادہ ہونا۔ کئی۔
تعدّدِ ازدواج ا۔ (مذ) کئی بیویاں کرنا۔ زیادہ شادیاں کرنا۔ چند زنی۔
تعدّی ا۔ (ع۔اسم مؤنث) حد سے بڑھنا۔ ظلم و ستم۔ جبر و سختی۔ فعل لازم کو متعدی بنانا فعل کا فاعل سے گزر کر مفعول پر واقع ہونا۔
تعدیل ا۔ (ع۔مو) کسی چیز کو دوسری کے برابر کرنا۔
تعدیلِ ارکان ا۔ (مو) ارکانِ نماز کا آہستہ آہستہ ٹھیک ادا کرنا۔
تعدیہ ا۔ (ع۔مذ) روکنا۔ حائل ہونا۔ مزاحمت کرنا۔
تعرّض ا۔ (ع۔اسم مذکر) سامنے آنا۔ آگے آنا۔ مقابلہ کرنا۔ حائل ہونا۔ روکنا۔ مزاحمت۔ روک ٹوک ہونا۔ سدِّراہ ہونا۔
تعریب ا۔ (ع۔مو) کسی غیر زبان کے لفظ کو عربی بنالینا۔ جیسے
تعریض ا۔ (ع۔مو) کنایہ اشارے میں کسی کو چوٹ لگانا۔
تعریف ا۔ (ع۔اسم مؤنث) پہچانا۔ پہچان کرانا۔ واقفیت شناسائی بیان ثنا۔ مدح۔ وصف۔ صفت۔ توصیف۔
تعریف المجہول بالمجہول ا۔ (ع۔تابع فعل) کسی نامعلوم بات کو اس طرح بتانا کہ سمجھ میں نہ آئے۔
تعریف کرتے منہ سوکھتا ہے ا۔ (اُر۔محاورہ) تعریف میں بہت مبالغہ سے کام لینا۔ نہایت عاجزی سے تعریف کرنا۔
تعریف کرتے منہ خشک ہونا ا۔ خوشامد کرنا۔ بہت چڑھانا۔
تعزیت ا۔ (ع۔اسم مؤنث) عزاداری کرنا۔ ماتم پرسی کرنا۔ پرسا دینا۔ غم میں شریک ہونا۔ تسلی دینا۔ صبر دینا۔
تعزیر ا۔ (ع۔اسم مؤنث) سیاست۔ سزا۔ تادیب۔ گوشمالی۔ حد شرعی سے کم سزا دینا۔ کم سے کم چالیس دُرّے لگانا۔ تنبیہ کرنا۔ ڈانٹنا۔
تعزیرات (ع۔مو) تعزیر کی جمع۔ سزائیں۔
تعزیراتِ پاکستان (ع۔مو) حکومتِ پاکستان میں فوجداری قانون کی سزائیں۔
تعزیہ ا۔ (ع۔اسم مذکر) ماتم پرسی۔ حضرت امام حسن و حسین علیہم السلام کی قبروں کی نقل جو محرم کے دنوں میں کاغذوں اور بانسوں سے تیار کرتے اور ماتم داری کی شرائط بجا لاتے ہیں۔
تعزیہ اٹھانا ا۔ تعزیہ کو امام باڑہ یا تعزیہ خانے سے گشت کرانے یا دفن کرنے کے لیے لے جانا۔
تعزیہ اُٹھنا ا۔ تعزیہ اُٹھانے کا فعل لازم۔
تعزیہ ٹھنڈا کرنا ا۔ (اُر۔محاورہ) تعزیہ دفن کرنا۔ کسی بڑے آدمی کو مار ڈالنا۔ کسی امیر کا کام تمام کر دینا۔ دیوالہ ہو جانا۔
تعزیہ دار ا۔ (عف۔اسم مذکر بہ ترکیب فاعلی) وہ شخص جو تعزیہ نکالے۔
تعزیہ داری ا۔ (عف۔اسم مؤنث بیائے مصدری) تعزیہ نکالنا۔
تعزیہ داری لینا ا۔ (ع۔فعل) تعزیہ بنانے کو اپنے اوپر واجب کر لینا۔
تعزیہ رکھنا ا۔ تعزیہ بنا کر امام باڑے میں رکھنا اور عزاداری کرنا۔
تعزیہ نکالنا ا۔ تعزیہ اُٹھانا۔
تعشق ا۔ (ع۔اسم مذکر) اظہارِ الفت۔ چاہ۔ پیار۔ شوق۔ اشتیاق۔
تعصّب ا۔ آرزو۔ تمنا۔ چاؤ۔
(ع۔اسم مذکر) حمایت پشتی۔ مددگاری۔ طرفداری۔ مذہبی حمایت۔ مذہبی پچ۔ جانبداری۔ جانبداری کرنا۔
تعطّل (ع۔مذ) بے کار ہونا۔ خالی ہونا۔
تعطیل ا۔ (ع۔اسم مونث) بیکاری بے شغلی۔ چھٹی۔ خانہ نشینی۔ آرام کا دن۔ فارغ رہنا۔ کام نہ کرنا۔
تعظیم ا۔ (ع۔اسم مونث) بڑا جاننا۔ بزرگ ماننا۔ بزرگی۔ عظمت۔ عزت حرمت۔ تکریم۔ توقیر۔ قدر و منزلت۔ آؤ بھگت۔
تعظیم بجا لانا ا۔ (ا) کسی کی تشریف آوری پر کھڑا ہو جانا۔ کھڑے ہو کر عزت کرنا۔ سلامی اُتارنا۔ نہایت عزت کی جگہ بٹھانا۔
تعظیم کرنا ا۔ (اُر۔فعل) عزت کرنا۔ آداب بجا لانا۔ سلامی اُتارنا۔
تعفّن ا۔ (ع۔اسم مونث) سڑاند۔ بدبو۔ بدبودار ہونا۔
تعقیب ا۔ (ع۔مو) نماز پڑھنے کے بعد وظیفہ کے لیے بیٹھنا۔ وہ دعائیں جو نماز کے بعد پڑھی جائیں۔
تعقید ا۔ (ع۔اسم مونث) لغت میں گرہ دینے کو کہتے ہیں۔ اصطلاحِ عروض میں الفاظ کو بے موقعہ بٹھانا۔ الٹا پلٹا کر بیان کرنا۔ مشکل میں ڈالنا۔
تعلّق ا۔ (ع۔اسم مذکر) علاقہ رکھنا۔ لگاؤ رکھنا۔ میل جول۔ نسبت۔ واسطہ۔ رشتہ۔ سروکار۔ خواہش۔ میلان۔ ملازمت۔ خدمت
تعلّقات (ع۔مذ) تعلق کی جمع۔ واسطے۔ مراسم۔ عزیز داریاں۔
تعلّق خاطر ا۔ (ع۔تابع فعل) دل لگاؤ۔ فکر۔ میلانِ طبع۔ دل کا رجحان۔
تعلّقہ ا۔ (ع۔اسم مذکر) علاقہ۔ ضلع۔ قبضہ۔ تصرف۔ ملکیت۔ جاگیر۔ جائداد۔ زمینداری جمع تعلقہ جات۔ صوبہ کا ایک حصہ۔
تعلّقہ دار ا۔ (عف۔اسم مذکر بہ ترکیب فاعلی) جاگیردار۔ علاقہ دار۔ ضلعدار
تعلّم ا۔ (ع۔مذ) حاصل کرنا۔ علم پڑھنا۔ سیکھنا۔
تعلّی ا۔ (ع۔اسم مؤنث) بلندی۔ بڑی۔ شیخی۔ غرور۔ ڈینگ۔
تعلّی کی لینا ا۔ (اُر۔محاورہ) بڑائی جتانا۔ شیخی بگھارنا۔ غرور کی بات کرنا۔
تعلیق ا۔ (ع۔مو) لٹکانا۔ کسی چیز کو دوسری چیز پر معلق اور موقوف کرنا۔ ایک قسم کا خط جسے خواجہ تاج اصفہانی نے وضع کیا۔
تعلیق میں رہنا ا۔ (اُر) ملتوی رہنا۔ دیر ہوتے جانا
تعلیقہ ا۔ (ع۔اسم مونث) مکان کی ترقی۔ مال و اسباب کی فہرست۔ قرق شدہ اسباب کی فہرست۔
تعلیل ا۔ (ع۔اسم مونث) سبب بیان کرنا۔ وجہ بتانا۔ قواعد میں حروف علت کے باعث تبدیل اعراب کرنا۔
تعلیم ا۔ (ع۔اسم مؤنث) سکھانا۔ علم پڑھانا۔ تربیت۔ تادیب۔ تلقین ہدایت۔ تہذیب۔ ناچنے گانے اور رقص کی مشق۔ خوش خطی کا نمونہ۔ جسے دیکھ کر طالب مشق کرے۔
تعلیم پانا ا۔ (اُر۔فعل) تربیت پانا۔ ہدایت پانا۔ تلقین پانا۔ ناچنا۔ گانا۔ سیکھنا۔ رقص و سرود کی مشق کرنا۔
تعلیم دینا ا۔ (اُر۔فعل) ناچنا گانا سکھانا۔ پڑھانے کی ترکیب کرنا۔
تعلیم لینا ا۔ (اُر۔فعل) ناچنا گانا سیکھنا۔ علم حاصل کرنا۔

تعمق :- (ع - مذ) تہہ کو پہنچنا - غور کرنا -
تعمیر :- (ع - اسم مونث) لغوی معنی پُر کرنا - اصطلاحاً - عمارت بنانا - مرمت کرنا - مکانات بنانا - خالی یا سفید زمین پر عمارت بنانا -
تعمیل :- (ع - اسم مونث) عمل میں لانا - عمل کرنا - حکم بجالانا - فرمانبرداری -
تعمیم :- (ع - مو) عام کرنا -
تعمیہ :- (ع - اسم مذکر) پوشیدگی - چھپانا - معمہ بیان کرنا -
تعوذ :- (ع - مذ) اعوذ باللہ کہنا - شیطان سے خدا کی پناہ مانگنا -
تعویذ :- (ع - اسم مذکر) پناہ - پناہ میں لانا - امان - بچاؤ - حرز - نقش - نقش لکھ کر گلے میں ڈالنا - لوح مزار - قبر کا کوہان - قبر کا پتھر -
تعویذ چاٹنا :- (اُر - محاورہ) ذہن کی ترقی کے لیے کسی نقش کو چوسنا -
تعویذ دھو کر پینا :- تعویذ یا نقش کو رکابی پر لکھ کر زعفران سے لکھ کر یا لکھوا کر دھونا اور دھوون پینا -
تعویذ کرنا :- تعویذ کسی کو لکھ کر دینا - نیز تعویذ کی طرح حرز جاں بنا کر رکھنا -
تعویذ لحد :- (اُر - ا - مذ) طرح مزار - قبر کا پتھر - جو سرہانے نصب ہوتا ہے -
تعویذ و طومار :- (ع - اسم مذکر) گنڈا تعویذ ٹوٹکا - جادو - ٹونا -
تعویذی گوری :- (اُر - اسم مونث) پان کا مربع شکل کا بنایا ہوا بیڑا - چوکور -
تعویذیا :- ایک قسم کا کبوتر جس کے گلے میں سفید پر اس طرح ہوتے ہیں جیسے تعویذ -
تعویق :- (ع - اسم مونث) ڈھیل - دیر - لیت ولعل - تساہل -
تغزل :- (ع - مذ) غزل گوئی - عشق کے مضامین تاثر و تاثیر کے ساتھ نظم کرنا -
تعہد :- (ع - اسم مذکر) عہد نامہ - اقرار نامہ - ذمہ داری لینا -
تعہدار :- (ع - ف - مذ) پٹے دار - اقرار نامہ رکھنے والا -
تعیش :- (ع - مذ) عیش کرنا - سامان عیش مہیا کرنا -
تعین :- (ع - اسم مذکر) ٹھہرانا - مقرر کرنا - معین کرنا - تقرر - قید - روک - انحصار - تصوف کی اصطلاح میں موجودات میں تشخص اور فرق کرنا -
تعینات :- (ع - اُر - اسم مذکر) موجودات عالم میں امتیازات - مقرر - متعین - وہ شخص جو کسی کام پر مقرر کیا جائے -
تعیناتی :- (اُر - اسم مونث) (عوام) تقرری - مقرر کرنا -
تعیین (ع - مو) مخصوص کرنا - تخصیص - مقرر کرنا - تقرر -

ت - غ

تغار :- (ف - اسم مذکر) مٹی کا کونڈا یا ناند - وہ گڑھا جو کمہار بنانے یا چونہ بجھانے کے واسطے بھالی کی شکل بنا لیا جاتا ہے -
تغاری :- (اُر - اسم مونث) مٹی کا وہ برتن جس میں آٹا گوندتے ہیں - کونڈا -
تغافل :- (ع - اسم مذکر) اپنے آپ کو دیدہ دانستہ غافل بنانا - بے خبری - بے التفاتی - بے توجہی - بے احتیاطی - بے پرواہی سستی - تساہل -
تغافل شعار :- (ع - اسم صفت - بہ ترکیب اسم فاعل ترکیبی) بے پرواہ غفلت شعار - آدمی -
تغایر :- (ع - مذ) فرق - ایک دوسرے سے غیر ہونا -
تغذیہ :- (ع - مذ) غذا - غذا دینا - خورش -
تغلب :- (ع - اسم مذکر) غلبہ کرنا - قبضہ کرنا - غلبہ - خیانت -
تغما :- (اُر - اسم مذکر) (صحیح لفظ تُرکی تمغا ہے) نشانی - مہر - میڈل - حسن کارگزاری کا نشان - سکہ - محصول چونگی - تحکم - حکومت -
تغما بٹھانا :- (اُر - محاورہ) تحکم جتانا - سکہ بٹھانا - رعب جمانا -
تغیر :- (ع - اسم مذکر) بدلی - تبدیل کرنا - حالت پلٹنا - انقلاب
تغیر :- (ع - مو) بدل دینا -

ت ف

تف :- (ف - مو) بھاپ - بخارات - دھواں - گرمی -
تف :- (ع - اسم مذکر و مونث) تھوک - لعاب دہن - مُنہ کی رال - لعنت و ملامت - زُجر و تف کلمۂ نفرین و ملامت -
تف ہے تیری اوقات پر :- تیرے اطوار پر لعنت ہے -
تف نہ کرنا :- پرواہ نہ کرنا -
تفاخر :- (ع - اسم مذکر) فخر جتانا - شیخی بگھارنا - ڈینگ مارنا -
تفاریق :- (ع - اسم مونث) تفریق کی جمع - فرق - تدریج - مختلف وقت - جدائیاں - تفرقے -
تفاسیر :- (ع - مذ) واحد تفسیر - تفسیریں -
تفاصیل :- (ع - مذ - مو) تفصیلات - واحد تفصیل -
تفاؤل :- (ع - مذ) فال لینا - نیک شگون لینا - (کرنا - لینا) -
تفاوت :- (ع - اسم مذکر) فرق - فاصلہ - دوری - جدائی - دور کرنا -
تفتہ :- (ف - اسم صفت) سوختہ - بھنا ہوا - جلا ہوا - عاشق -
تفتہ جگر :- (ف - اسم صفت - مرکب بہ ترکیب مفعولی) جگر جلا - دل جلا - آتش عشق کا بھنا ہوا سوختہ جگر -
تفتیح :- (ع) مسامات کا کھلنا - خوب ہاضمہ ہونا (قبض کی ضد)
تفتیش :- (ع - اسم مونث) تحقیقات کرنا - تلاش کرنا - چھان بین کرنا -
تفحص :- (ع - اسم مذکر) (دیکھو) تفتیش -
تفرس :- (ع - مذ) دانائی - قیافے سے پہچان لینا -
تفریح :- (ع - مذ) راحت - خوشحالی - سیر - تماشا -
تفرد :- (ع - مذ) یکتائی - تنہائی - یکتائی -
تفرقہ :- (ع - اسم مذکر) جدائی - پھٹنا - دو چیزوں میں فرق ہونا - مفارقت - علیحدگی پھوٹ - نفاق بیچیر - نااتفاقی -
تفرقہ پڑنا :- (اُر - فعل) جدائی پڑنا - مفارقت ہونا - علیحدگی ہونا - نفاق پڑنا - نااتفاقی ہو جانا -
تفریح :- (ع - اسم مونث) فرحت پہنچانا - خوشی ہونا - راحت دینا -

مزاح - دل لگی - ہنسی مذاق - چہل - ہوا خوری - سیر - دل بہلانا - شگفتگی تازگی - جمع تفریحات -

تفریح طبع :- (ع اسم مذکر) جی پرچاوا - دل بہلاوا - خوشی - فرحت - مزاح - دل لگی - ہنسی - چہل - ٹھٹھول - کھیل -

تفریحاً :- (ع تابع فعل) فرحت کے طور پر - مذاق کے طریقے پر - دل لگی سے - ہنسی سے -

تفریح طبع :- (ف) دل بہلاؤ - دل لگی - خوشی - ہنسی -

تفریس :- (ع - مو) کسی زبان کے لفظ کو فارسی بنالینا -

تفریط :- (ع - مو) کوتاہی - کمی کرنا -

تفریق :- (ع اسم مؤنث) جدائی - فرق - علیحدگی - تفاوت - علم حساب ایک بڑے عدد میں سے چھوٹے عدد کو گھٹا کر باقی نکالنا - تمیز قانون بٹوارہ - بانٹ - بٹائی -

تفسیدہ :- (ف) جلا ہوا - بہت گرم -

تفسیر :- (ع اسم مؤنث) اصل بات کو ظاہر کرنا - تشریح - تفصیل قرآن کریم کی شرح - آسمانی کتاب کی شرح -

تفسیر :- (ا و فعل) کھول کر بیان کرنا - صریح طور پر بیان کرنا -

تفصیل :- (ع اسم مؤنث) علیحدہ کرنا - فصل کرنا - جداجدا کرنا - کھول کر بیان کرنا - تشریح - تفسیر - فہرست - فرد - کیفیت - جمع تفاصیل -

تفصیل وار :- مفصل طریقے سے -

تفضیل :- (ع اسم مؤنث) بزرگی دینا - بڑھانا - فضیلت دینا - ترجیح دینا -

تفضیل بعض :- (ع اسم مؤنث) بعض پر ترجیح دینا - صفت کی وہ قسم جس میں موصوف کو کسی دوسرے موصوف پر ترجیح دی جائے -

تفضیل کل :- (ع اسم مؤنث) سب پر فوقیت دینا - وہ درجہ صفت جس میں موصوف کو سب پر فوقیت دی جائے -

تفضیل نفسی :- (ع اسم مؤنث) ذاتی فضیلت - سادہ صفت - وہ صفت جو کسی میں موصوف سے مقابلہ نہ کیا جائے -

تفضیل کا قائل ہونا :- حضرت علیؓ کو تمام صحابہ پر افضلیت کا قائل ہونا -

تفکر :- (ع اسم مذکر) سوچ - فکر - اندیشہ - فکر کرنا - سوچنا -

تفکہ :- (ع مذ) لطف - میوہ کھانا - مزہ - پھل کھانا

تفقد (ع اسم مذکر) مہربانی - دلجوئی - تلاش - جستجو - کوشش -

تفقہ :- (ع مذ) عقل مند ہونا - علم فقہ جاننا -

تفنگ :- (ف اسم مؤنث) بندوق - گن بان - توپ - وہ بڑا رسل جس میں مٹی یا آٹے کی گولیاں یا چھوٹا سا تیر رکھ کر پھونک کر زور سے چلاتے ہیں -


تفنگ

تفنگ انداز :- (ف - مو) بندوق چلانے والا -

تفنگ کا پیالہ :- بندوق کی وہ جگہ جہاں گھوڑا گرتا ہے -

تفنگ کا توتا :- توڑے دار بندوق کا ایک لوہے کا آلہ جس میں فتیلا رکھ کر بارود کو آگ لگاتے ہیں -

تفنن :- (ع اسم مذکر) رنگ - رنگ کا ہونا - طرح طرح کا ہونا - دل لگی - چہل - شغل - مشغلہ

تفنن طبع :- (ع اسم مذکر) دل لگی کے طور پر - ہنسی کے طور پر - ہنسی مذاق دل لگی -

تفویض :- (ع اسم مؤنث) سپردگی - حوالے کرنا - سونپنا - حوالگی تحویل

تفہم :- (ع - مذ) سمجھنا -

تفہیم :- (ع - مو) سمجھانا - جمع تفہیمات -

ت - ق

تقابل :- (ع اسم مذکر) باہم مقابل ہونا - آمنے سامنے ہونا - مقابلہ - برابری -

تقارب :- (ع اسم مذکر) باہم قریب ہونا - علم عروض میں ایک بحر کا نام ہے -

تقاریب :- (ع - مو) تقریب کی جمع - رسمیں - تہوار -

تقاریر :- (ع - مو) تقریر - لیکچر - واحد - تقریر

تقاضا :- (ع اسم مذکر) خواہش - طلب - مانگ - طلی - تاکید تشدد کام (قانون) دعوے - مطالبہ -

تقاضائے سن - یا - عمر - یا - وقت :- (ع) وقت یا عمر کے موافق حسب موقع - وقت کی ضرورت کے مطابق -

تقاطر :- (ع - مذ) پے در پے - لو ندا باندی -

تقاطع :- (ع اسم مذکر) کٹنا - باہم منقطع ہونا -

تقاوی :- (ع اسم مؤنث) قوت دینا - زور مدد کرنا - وہ روپیہ جو سرکار کی طرف سے زمینداروں کو زراعت کے واسطے بطور امداد قرض دیا جاتا ہے - (تقاوی قرضے)

تقاویم :- (ع - مو) تقویم کی جمع - جنتریاں -

تقبیل (ع - مو) بوسہ لینا - چومنا -

تقدس (ع - مو) متبرک ہونا - پاک ہونا - زہد و تقویٰ -

تقدم (ع) آگے بڑھنا - مقدم ہونا - ترجیح -

تقدمہ (ع) پیش پیش ہونا -

تقدمۃ الجیش (ع) پیشوائے لشکر -

تقدیر :- (ع اسم مؤنث) اندازہ - مقدار - قسمت - بھاگ - نصیب - مقسوم

تقدیر آزمانا :- (اُ محاورہ) قسمت آزمائی کرنا - قسمت کے بھروسے پر کوئی کام کرنا - نصیب کا تجربہ کرنا -

تقدیر الٹنا :- (اُ) نصیب کا یاور نہ ہونا -

تقدیر بگڑنا :- } بداقبالی آنا - بخت برگشتہ ہونا - قسمت خراب ہونا -

تقدیر پلٹنا :- } (اُ دبار آنا - نصیب کا ساتھ نہ دینا -

تقدیر پھر جانا :- (اُ محاورہ) اقبال نہ رہنا - دن پھرنا - بھلے دن آنا - اقبال ہونا -

تقدیر پھوٹ جانا :- (اُ محاورہ) تقدیر کا بگڑ جانا - زبھاگی ہونا - مرتد کا بر خلاف ہو جانا - بری جگہ بیاہی جانا - بُرے کے پلے پڑنا -

تقدیر جاگنا :- (اُ محاورہ) بھلے دن آنا - قسمت کا اچھا ہو جانا -

تقدیر چمکنا:- بخت کا یاور ہونا۔ قسمت جاگنا۔
تقدیر سیدھی ہونا:- قسمت کا ساعد ہونا۔ تقدیر یاور ہونا۔ بات بن جانا۔ اقبال ہونا۔
تقدیر کا بدا:- (اُر۔اسم مذکر) نوشتۂ تقدیر۔ تقدیر کا لکھا۔ جو مقدر میں لکھا ہو۔
تقدیر کا بل:- (اُر۔اسم مذکر) قسمت کا پھیر۔ نگوں بختی۔ مقدر کا بگاڑ۔
تقدیر کا بنا:- (اُر۔اسم مذکر) ساعدت بخت۔ قسمت کی درستی۔
تقدیر کا پلٹا کھانا:- (اُر۔فعل) قسمت اُلٹ جانا۔ نصیب پھر جانا۔
تقدیر کا دامن پکڑنا:- اپنا کام خدا کے سپرد کرنا۔
تقدیر کا دھکا:- آنے والی مصیبتوں کا آنا۔
تقدیر کا سکندر:- بہت خوش قسمت و کامیاب۔
تقدیر کا سو جانا:- (اُر۔محاورہ) نصیبوں کا ناموافق ہونا۔ بدبختی آجانا۔
تقدیر کو سونپنا:- قسمت پر بھروسہ کرنا۔
تقدیر کا کھیل:- (اُر۔محاورہ) قسمت کی بات۔ قسمت کا کام۔ نصیب کا کرشمہ۔
تقدیر کا لکھا:- (اُر۔محاورہ) نوشتۂ ازلی۔ کرم کی ریکھ۔ تقدیری معاملہ۔
تقدیر کا ہیٹا:- (اُر۔محاورہ) بدنصیب۔ قسمت کا کمزور۔ نرِ بھاگا۔
تقدیر کو رونا:- اظہارِ افسوس۔ قسمت کو بُرا بھلا کہنا۔
تقدیر کھل جانا:- شادی ہوجانا۔ خوش قسمت ہوجانا۔
تقدیر کے ہاتھ بات ہے:- قسمت پر دار و مدار ہے۔
تقدیر لڑنا:- (اُر۔محاورہ) تقدیر کا موافق ہونا۔ تقدیر کا سازگار و یاور ہونا۔
تقدیر لوٹ جانا:- (اُر۔محاورہ) تقدیر کا پھر جانا۔ یاور نہ ہونا۔ دغا دے جانا۔
تقدیر والا:- خوش نصیب۔
تقدیری امر:- (ع۔اسم مذکر) شدنی کام۔ نوشتۂ تقدیر۔ ہونی۔ شدنی۔ وہ بات جس میں تدبر کو دخل نہ ہو۔
تقدیس:- (ع۔مو) پاکیزگی۔ مجازاً زہد و تقویٰ۔
تقدیم:- (ع۔اسم مونث) پیش کرنا۔ بجالانا۔ پہل۔ پیش قدمی۔ برتری۔ ترجیح۔
تقرب:- (ع۔اسم مذکر) نزدیکی۔ قرب۔ قربت۔
تقرر:- (ع۔اسم مذکر) مقرر ہونا۔ تعین۔ قیام لگنا۔
تقرری:- (ع۔اسم مونث) تعیناتی۔ مقرر ہونا۔ ملازمت۔ نوکری۔
تقریب:- (ع۔اسم مونث) قریب کرنا۔ نزدیکی۔ ذریعہ۔ سبب۔ باعث۔ ذریعہ۔ موقع۔ رشتہ داروں کے جمع ہونے کا باعث۔ چھوٹی سی شادی۔ ریت۔ رسم۔ مراد۔ مطلب۔ ملاقات کا ذریعہ نکالنا۔ سفارش۔
تقریبات:- موقع و محل۔ اس میں اجتماع کے اسباب۔
تقریباً:- (ع تابع فعل) اندازاً۔ تخمیناً۔ قریب قریب۔
تقریر:- (ع۔اسم مونث) بات چیت۔ گفتگو۔ ذکر اذکار۔ بیان۔ علمی بحث۔ عقلی تکرار بحث و مباحثہ۔ زبانی لیکچر۔ وعظ۔ درس۔
تقریر جھاڑنا یا چھانٹنا:- تقریر کر دینا۔ زوروں میں بڑھ چڑھ کر باتیں کرنا۔
تقریر ملانا:- دلیل لانا۔ بحث کرنا۔ زبردستی جواب پر جواب دیئے جانا۔ (لک) چھوٹے کا بڑے سے روبرو کرنا۔

تقدیر کا پلا بندھ جانا:- تقدیر کا دلچسپ اور بالکل مسلسل ہونا۔
تقریر کرنا:- بیان کرنا۔ حجت کرنا۔ لیکچر دینا۔
تقدیر لانا:- حجت کرنا۔ حجت پیش کرنا۔
تقریری:- (ع۔اسم مونث بیائے نسبتی) صفت ہے۔ زبانی۔
تقریر یا:- (اُر۔اسم صفت) فجتی۔ جھگڑالو۔ باتونی۔ زیادہ گو۔ بواسی۔ یاوہ گو۔
تقریریں چھٹنا:- مستی اور بے فکری میں بحث کرنا۔ مل مل کر باتیں کرنا۔
تقریض / تقریظ:- (ع۔اسم مونث) دوست کی تعریف۔ ساتھی کی تعریف۔ ریویو کسی کتاب پر رائے لکھنا۔ زندہ کی تعریف واہ جھوٹ ہو یا سچ۔
تقسیم:- (ع۔اسم مونث) بٹوارہ۔ بانٹ۔ قسمت۔ حساب کا وہ قاعدہ جو میں ایک عدد کو دوسرے پر بانٹتے ہیں (تفریق متواتر کا دوسرا نام)
تقسیم کرنا:- (اُر۔فعل) بانٹنا۔ حساب کرنا۔
تقسیم ہونا:- (اُر۔فعل) نبٹنا۔ حصہ ہونا۔ حصہ رسدی ملنا۔
تقسیم نامہ:- (بے اضا۔مذ) وہ تحریر جس میں تقسیم جائداد کی تفصیل لکھی ہو۔
تقصیر:- (ع۔اسم مونث) کمی کرنا۔ کوتاہی کرنا۔ قصور کرنا۔ گناہ کرنا۔ جرم کرنا۔ خطا۔ چوک۔ سہو۔ نسیان
تقصیر وار:- (ع۔اسم صفت) گنہگار۔ مجرم۔ قصوروار۔
تقطیر:- (ع۔مو) بوند بوند کرکے پیشاب کا آنا۔ ٹپکاؤ۔
تقطیع:- (ع۔اسم مونث) کاٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ بیت کے اجزا کو بحر کے اجزا کے بالمقابل اس طرح رکھنا کہ ساکن کے مقابلے میں ساکن اور متحرک کے مقابلے میں متحرک آجائے۔ الف۔ بے۔ تے میں حرفوں کا باہم ملا کر سکھایا جانا۔ جیسے۔ بابت۔ جاجت۔ حج وغیرہ۔
تقلید:- (ع۔اسم مونث) پیروی کرنا۔ نقل کرنا۔ کسی کے قدم بقدم چلنا۔ (قانون) جعل۔ فریب۔ دھوکا۔
تقلیل:- (ع۔مو) کم کرنا۔
تقویٰ:- (ع۔اسم مذکر) پرہیزگاری۔ خوفِ خدا۔ خدا سے ڈرنا۔
تقویت:- (ع۔اسم مونث) قوت دینا۔ زور دینا۔ طاقت۔ زور۔ بل مدد ڈھارس۔ تسکین۔ تسلی۔ تشفی۔
تقویم:- (ع۔اسم) جنتری۔ پترا۔ وہ کتاب جس میں سال بھر کی تاریخیں ستاروں کے مقامات اور گرہن وغیرہ کا حال درج ہو۔
تقویم پارینہ:- (ف۔اسم مونث) پرانی جنتری۔ نکمی چیز۔ بیکار چیز جو کارآمد نہ ہو۔ بوڑھی بیوی۔
تقی:- (ع) پرہیزگار۔ خدا سے ڈرنے والا۔ اہلِ تشیع کے بارہ اماموں میں نویں امام کا لقب۔
تقیید:- (ع۔مذ) لغوی قید کرنا۔ اصطلاح میں تاکید اور تنبیہ کو کہتے ہیں۔ پابندی روک ٹوک۔ اردو میں بعض لوگ اسے "تقید" بولتے ہیں۔
تقیہ:- (ع۔مذ) کسی کے خوف سے راز کو دل میں رکھنا۔ دل میں عداوت ہو بظاہر دوستی کا اظہار کیا جائے۔ ڈر کی وجہ سے حق پوشی کرنا۔ شیعہ مسلمانوں کے عقیدے میں کسی ظالم کے ڈر سے حق پوشی۔

ت - ک

تُک ا۔ (ہ۔اسم مذکر) قافیہ۔

تک بندی ا۔ (اُ۔اسم مؤنث بیائے مصدری) قافیہ بندی۔ قافیہ جوڑنا۔ بے معنی اور لغو قافیے باندھنا۔

تُک جوڑنا ا۔ (ہ۔محاورہ) تُک ملانا۔ قافیہ ملانا۔ جھوٹ باندھنا۔ دروغ گوئی کرنا۔

تک۲۔ (ہ۔اسم مونث) بڑی ترازو۔ ڈنڈی۔

تک۲۔ (ہ) حرف جار۔ انتہا کے لیے۔ حروف مغرہ یا عاملیہ میں سے ایک حرف ہے۔ حد۔ انتہا۔ خاتمہ۔ پاس۔ نزدیک۔ قریب جیسے تم تک بھی نہ آیا۔

تِکّا ۲۔ (اُ۔اسم مذکر) گوشت کا ٹکڑا۔ پارہ گوشت کی لمبی بوٹی۔ پتلی بوٹی۔ لونھڑا۔ بیٹا۔ ولد۔ تولد جیسے حرامی تِکّا (فارسی میں تکّہ)۔

تِکّا اُتارنا ا۔ (ہ۔محاورہ) منگل کے دن دوپہر کے وقت گوشت وار کر چیلوں کو کھلانا۔ یہ بچوں کو نظر بد سے محفوظ رکھنے کو کرتی ہیں۔

تِکّا بوٹی کرنا ا۔ (اُ۔محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ درہم برہم کرنا۔ بانٹنا تقسیم کرنا۔ تیا پانچا کرنا۔

تِکّا بوٹی ہو جانا ا۔ (اُ۔محاورہ) ہاتھوں ہاتھ اُڑ جانا۔ صرف ہو جانا تقسیم ہو جانا۔

تکّا لگانا ا۔ کباب لگانا۔ چھیڑنا۔ مرچیں لگانا۔

تکّا لوچنا ا۔ چٹکی لینا۔ چبھتی ہوئی بات کہہ دینا۔

تکّا ۱۔ (اُ۔اسم مذکر) بے بھال کا تیر۔ گھنڈی دار تیر۔ تیر۔ ناوک۔ بان سیدھا۔ عمودار۔

تکّا سا ا۔ (اُ۔اسم صفت بہ ترکیب تشبیہی) تیر سا۔ سیدھا۔ عموداً۔

تکّا سی داڑھی ا۔ وہ بڑی دار طعمی جو رخساروں پر نہ ہو۔

تکّا فضیحتی ا۔ (ہ) تو تو۔ میں میں۔ ذلت و رسوائی۔ تکرار۔ جھگڑا۔

تکالیف ۲۔ (ع۔مذ و ہ) تکلیف کی جمع تکلیفیں۔

تکان ا۔ (اُ۔اسم مونث) تھکاوٹ۔ ماندگی۔ خستگی۔ تھکان۔ سستی۔ کاسل (عضلاتی) پٹھوں کا صدمہ۔ سفر کی تھکن۔

تکان اُتارنا ا۔ (اُ۔محاورہ) سستی دور کرنا۔ آرام لینا۔ تازہ دم ہونا۔ (بازاری) مجامعت کرنا۔

تکان چڑھنا ا۔ (اُ۔محاورہ) تھکنا۔ سستی آنا۔ ہارنا۔

تکبّر ۱۔ (اسم مذکر) دالستہ۔ بڑائی ظاہر کرنا۔ غرور۔ گھمنڈ۔ رعونت۔ مٹروڑ اکڑ۔

تکبیر ۱۔ (ع۔اسم مونث) اللہ اکبر کہنا۔ بزرگ جاننا۔ تعظیماً اللہ کا نام لینا۔ لڑائی یا نماز یا ذبح یا خوف۔ اور تعجب کے وقت اللہ اکبر کہنا۔ جوش میں آکر اللہ کی بڑائی کا ذکر کرنا۔

تکبیر اولےٰ ا۔ (ع۔اسم مونث) نماز کی سب سے پہلی تکبیر جس کو تکبیر تحریمہ بھی کہتے ہیں۔ اول دفعہ امام کے اللہ اکبر کہنے میں شریک ہونا۔

تک تک ۲۔ (ہ۔اسم مونث صوت) بیل کو آگے چلانے کی آواز۔ بیل ہانکنے کی آواز۔

تک تک کرنا ا۔ (ہ۔محاورہ) اٹکس کرنا۔ آرکرنا۔ ٹھولکنا۔ یاد دہانی کرتے رہنا۔

تکتکانا ا۔ کسی کام کا بار بار تقاضا کرنا۔

تکثیر ا۔ (ع۔مو) زیادتی۔ زیادتی کرنا۔

تکدّر ۲۔ (ع۔مذ) مکدر ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ دل میں کشیدگی ہونا۔

تکمہ ۱۔ (اُ۔مذ) بجٹ۔ حساب کا تخمینہ۔

تکرار ا۔ (ع۔اسم مونث) دو تین بار کہنا۔ بار بار کہنا: حجت: بحث۔ ردوکد۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔ ٹنٹا۔ لڑائی۔ علم بدیع میں کسی قافیہ یا مضمون کو دوبارہ لانا۔

تکرار کرنا ا۔ (اُ۔محاورہ) جھگڑنا۔ جھگڑا کرنا۔ اُلجھنا۔ جھگڑ کر سودا خریدنا۔

تکرار نکالنا ا۔ جھگڑا پیدا کرنا۔

تکراری ا۔ (اُ۔اسم صفت بیائے فاعلیت) جھگڑالو۔ جھکی۔ لڑاک۔ حجتی۔

تکریم ا۔ (ع۔اسم مونث) عزت کرنا۔ بزرگی کرنا۔ تعظیم۔ ادب اور آؤ بھگت۔

تکڑا ا۔ (ہ۔اسم مونث) کڑا۔ مضبوط۔ توانا۔ طاقتور۔ زوردار۔ زوردار۔ ہٹا کٹا۔ موٹا تازہ۔ فربہ۔ چست و چالاک۔

تکڑی ا۔ (ہ۔اسم مونث) ترازو۔ میزان۔ تکڑا کی مونث بھی ہے۔

تکڑا ا۔ (ہ۔مذ) مثلث۔ تین مصرعوں کا بند۔

تکڑی ا۔ (اُ۔مذ) تین آدمیوں کا اتفاق۔ تین گھوڑوں کی گاڑی۔

تکذیب ا۔ (ع۔اسم مونث) جھٹلانا۔ جھوٹا بتانا۔ رد و غلط ثابت کرنا۔

تکسیر ا۔ (ع) توڑنا۔ حصے حصے کرنا۔ اعداد کو تعویذ کے خانوں میں اس طرح بھرنا کہ جس طرف سے جوڑیں مجموعہ برابر ہو۔

تکّس ا۔ (اُ۔اسم مذکر) (اصل میں ترکش تھا) پان کا بیڑا رکھنے کا پتا۔ تارگی کی تیلیوں کا مٹھا۔

تکّش ا۔ (اُ۔اسم مذکر) ترکش کا بگڑا ہوا ہے۔ تیردان۔ تیروں کا نوا۔ تیروں کے رکھنے کا خانہ۔

تکفّل ا۔ (ع۔مذ) ذمہ دار ہونا۔ ضامن ہونا۔ کسی کا بار مصارف اپنے سر لینا۔

تکفیل ا۔ (ع۔مو) کفالت کرنا۔ ضمانت دینا۔

تکفین ا۔ (ع۔مو) کفن دینا۔

تکفیر ا۔ (ع۔اسم مونث) کافر کہنا۔ کفر کا فتوے دینا۔

تکّل ا۔ (اُ۔اسم مونث) ایک قسم کا پتنگ۔

تکلا ا۔ (ہ۔اسم مذکر) ڈوک۔ تکوا۔ چرخے کی وہ لوہے کی سلائی جس پر کاتتے کے وقت گڈی بنتی جاتی ہے۔ کابتون بٹ کر چڑھانے کی سلائی۔

تکلے کا گھاؤ ا۔ چھوٹا سا زخم جیسا تکلے کی نوک چبھنے سے ہو جائے۔

تِکلا ا۔ (اُ۔مذ) پتنگ کی وہ ڈور جو ہاتھ کے انگوٹھے اور چھنگلیا پر لپیٹ کر اکٹھا کرتے ہیں۔

تکلّف ا۔ (ع۔اسم مذکر) جان بوجھ کر تکلیف میں پڑنا۔ تکلیف سے کوئی کام کرنا۔ بناوٹ۔ سجاوٹ۔ تصنع۔ آرائش۔ ٹھاٹھ۔ غیرت برتنا۔ غیر رہنا۔ وقت۔

تکلّف برتنا ا۔ (اُ۔محاورہ) ظاہر داری برتنا۔ مغائرت کا سا سلوک کرنا۔

تکلّف بر طرف ا۔ (عف۔تابع فعل) تکلّف دور کر کے۔ تکلیف کے بغیر

بے تکلیف۔ بے حجاب۔ آزادانہ۔ صاف صاف۔ خطا معاف۔

تکلف کا کھانا۔ (اُر۔ اسم مذکر) امیرانہ خوراک۔ قیمتی کھانا۔

تکلف کا مکان۔ (اُر۔ اسم مذکر) سجا ہوا مکان۔ آراستہ و پیراستہ مکان۔

تکلف کرنا۔ (اُر۔ محاورہ) آرائش کھانا۔ آراستہ کرنا۔ حجاب کرنا۔ شرم کرنا۔

تکلف ٹاپ دکھانا۔

تکلم (ت۔ ع۔ مذ) بولنا۔ بات کرنا۔

تکلیف۔ (ع۔ اسم مؤنث) طاقت سے زیادہ کام لینا۔ دکھ۔ درد۔ رنج۔ ایذا۔ مصیبت۔ بپتا۔ تنگی۔ مفلسی۔ وقت شماری۔

تکلیف دینا۔ ایذا دینا۔ کسی سے کسی کے کام کے لیے درخواست کرنا۔

تکلیف کرنا۔ (اُر۔ محاورہ) تکلیف اُٹھانا۔ قدم رنجہ فرمانا۔ چلنا۔

تکلیف مالا یُطاق۔ برداشت سے زیادہ تکلیف۔

تکلے کے بل نکالنا۔ (ہ۔ محاورہ) خوب سیدھا کرنا۔ کجی نکالنا۔ ساری شرارتیں نکال دینا۔ خوب مارنا۔ اچھی طرح ٹھیک کرنا۔

تکملہ۔ (ع۔ اسم مذکر) ضمیمہ۔ خاتمہ۔ وہ مضمون جو پہلے مضمون کو مکمل کر دے۔ تتمہ۔ مکمل ہونا۔

تکمہ۔ (ف۔ اسم مذکر) گھنڈی۔ بٹن۔ گریبان کا حلقہ۔

تکمیل۔ (ع۔ اسم مؤنث) مکمل کرنا۔ پورا کرنا۔ تمام کرنا۔ کمال کو پہنچانا۔

تکمیل تمسک۔ (ع۔ اسم مؤنث) (قانون) شرائط قانونی کے موافق تمسک کا پورا ہونا۔

تکمیلِ رہن۔ (ع۔ اسم مؤنث) رہن کی میعاد ختم ہونا۔ رہن کی میعاد کا پورا ہونا۔

تکنا۔ (ہ۔ فعل) دیکھنا۔ گھورنا۔ ٹکٹکی باندھنا۔ آسرا رکھنا۔ اُمید رکھنا۔ نظر بازی کرنا۔ بدنیتی سے دیکھنا۔ گھورا گھاری کرنا۔ انتظار کرنا۔ راہ دیکھنا۔ دانت رکھنا۔ کسی چیز کے لینے کی نیت رکھنا۔ قبول کرنا۔ اختیار کرنا۔ منظور کرنا۔ جیسے سب کام تھکا تو برا لگا۔

تکنیک (انگ) فنون کا نظریہ۔ ہنرمندی۔ فنی طریق اظہار۔

تکوا۔ (اُر۔ اسم مذکر) ٹھڈا۔ دُولتی۔

تک ودو۔ (ف۔ اسم مؤنث) حاصل مصدر (اصل میں تگ ودو ہے) کوشش۔ جستجو۔ دوڑ دھوپ۔ پیروی۔ فکر۔ تشویش۔ اُدھیڑبن۔

تکونا یا تکونیا۔ (ہ۔ اسم صفت) سہ گوشہ۔ مثلث۔ تکون۔ ترکھونا یا تکھونا۔ مؤنث تکونی

تکوین۔ (ع۔ مو) پیدا کرنا۔ عالم وجود میں لانا۔

تکھارنا۔ (ہ) دلیل سے ثابت کرنا۔ اچھی طرح دریافت کرنا کسی فعل کو تین دفع کرنا۔ تین مرتبہ ہل چلانا۔

تکھڑی۔ (ہ۔ اسم مؤنث) چھوٹی ترازو۔

تکی لگانا۔ (ہ۔ فعل) گھورنا۔

تکیہ۔ (ف۔ اسم مذکر) آرام کی جگہ۔ سرہانے رکھنے کی جگہ۔ فقیر کی رہائش گاہ درویش۔ قبرستان۔ مدفن۔

تکیہ بھرنا۔ تکیے میں روئی وغیرہ رکھنا۔ قبرستان میں جگہ نہ رہنا۔

تکیی۔ (ہ) گھورنا۔ دیر تک دیکھتے رہنا۔

تکینی۔ (ہ۔ مو) چھوٹا تکیہ۔ بہشت چھوٹا گاؤ۔

تکیہ دار۔ (ف۔ اسم مذکر۔ بہ ترکیب فاعلی) قبرستان میں رہنے والا فقیر۔ گورستان کا مجاور۔

تکیہ کرنا۔ (اُر۔ محاورہ) بھروسہ کرنا۔ اعتبار کرنا۔ اعتماد کرنا۔

تکیۂ کلام۔ (فع۔ اسم مذکر) کسی زبان پر چڑھتے ہوئے لفظ کو بار بار بیجا کے موقع بے موقع بولنا۔ سخن تکیہ۔

تکیہ لگانا۔ (ہ۔ محاورہ) دیوار وغیرہ کسی چیز کا سہارا لے کر بیٹھنا۔

تکیے میں ہونا یا پڑنا۔ قبرستان میں دفن ہونا۔

ت - گ

تگ۔ (ف۔ مو) بھاگنا۔ دوڑنا۔ (اردو میں تنہا نہیں ہوتا)

تگ وتاز۔ (مو) دوڑنا۔ بھاگنا۔ دوڑ دھوپ۔

تگ ودو۔ (مو) دوڑ دھوپ۔ تلاش۔ کوشش۔ مزدوری یا نوکری کی جستجو۔ بے فائدہ تردد۔ جلدی جلدی آمد و رفت کرنا۔

تگا۔ (ہ۔ اسم مذکر) تار۔ ڈورا۔ دھاگا۔ تاگا کا مخفف ہے

تگا۔ (اُر۔ اسم مذکر) دودھ پلانی والی دائی کا خاوند (اصل میں تگہ کا بگاڑ ہے۔

تگا۔ (ہ۔ اسم مذکر) برہمنوں کی ایک خاص شاخ کا نام ہے جو دان پن وغیرہ نہیں لیتے۔ بنسلوچن یعنی طبا شیر کو بھی بولتے ہیں۔ مکر کم۔

تگا۔ (ہ۔ اسم صفت) ٹیڑھا۔ خمیدہ۔ کبڑا۔ کجفتار۔

تگاپو۔ (ف۔ اسم مؤنث) حاصل مصدر۔ اس میں و عاطفہ ہے دوڑ۔ دھوپ۔ کوشش بھی۔ جلدی سے آنا جانا۔ نہایت کوشش و جستجو کرنا۔ بیفائدہ تردد۔

تگاور۔ (ف۔ مذ) تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ تیز رفتار گھوڑا۔

تگڈم۔ (اُر۔ مذ) تین پتنگوں کا پیچ۔ تین چیزوں یا آدمیوں کا میل۔

تگڑ۔ (ف۔ مذ) جسیم والا۔

تگڑنا۔ (ہ) حملہ کرنا۔

تگڑی۔ (ہ۔ اسم مؤنث) تاگڑی کا مخفف ہے۔ کمر بند۔ پٹکا۔

تگڑی میرا تگڑمہ۔ (اُر۔ اسم مذکر) کسی چیز کی تیاری کا تخمینہ برآورد۔

تگا۔ (ہ۔ اسم مذکر صفت) تین گنا۔ (اسم مذکر) پاجامہ۔ پرانا۔ میلا یا جامہ یا لنگا۔

تگنا۔ (ہ) لحاف وغیرہ میں ڈورے ڈالے جانا۔ صفت تگائی۔ تگنے کی اجرت

تگنی۔ (ہ۔ اسم مؤنث۔ صفت میں گنی۔ (اسم ذات مؤنث) پرانا۔ میلا کچیلا چھوٹا سا پاجامہ یا لنگا۔ چھوٹا سا گھگھرا۔

تگنی۔ (ہ۔ اسم مؤنث) جھک کر کسی کے اُوپر چڑھ بیٹھنا۔ چڑھی۔ آدمی کی سواری۔ تلاش یا تجسس کا وہ پتا جس پر تین کا نشان ہو۔

تگنیانا۔ (اُر۔ دور دُور تاگے ڈالنا۔ تگنا۔ گدے ڈالنا۔ رضائی لگدنا۔

تگین۔ (ف۔ صفت) بہادر۔ شجاع۔ طاقت ور۔ آگ۔ چھوٹا حوض۔

ت ـ ل

تَل ا۔ (ا۔ اسم مذکر) ٹیلہ۔ نیچے کا حصّہ۔ نشیب تھاہ۔

تل دھار موسل دھار برسنا ا۔ (ا۔ محاورہ) بڑے زور کی بارش ہونا۔

تل کرنا ا۔ (ا۔ فعل) نیچے دبالینا۔ چرالینا۔ غائب کرلینا۔ چھپالینا۔

تل نظر ا۔ (اُرد۔ اسم صفت) نیچے نگاہ رکھنے والا۔ نیچی نظروں سے دیکھنے والا۔ وہ شخص جو اوپر آنکھ اٹھا کر نہ دیکھے۔

تِل ا۔ (ا۔ اسم مذکر) ایک قسم کا بیج ہے جس سے تیل نکلتا ہے۔ کُنجد۔ خال یعنی وہ کالا نقطہ جو کورے جسم یا رخسار پر ہوتا ہے۔ کاجل کا نقطہ آنکھ کی پتلی۔ مردمک چشم۔ رمق۔ ذرہ۔ نہایت کم مقدار جیسے تل بھر محبت درکار ہے۔

تِل برابر ا۔ (اُرد۔ اسم مؤنث) ذرہ بھر۔ ذرا سا۔ بہت ہی کم مقدار۔

تِل بنانا۔ یا۔ لگانا ا۔ (ا۔ فعل) خوبصورتی کے لیے کاجل کی بندی رخسارے یا ماتھے یا پیشانی پر لگانا۔

تِل بندھنا ا۔ (ا۔ فعل) سورج کی کرنوں کا کسی آتشی شیشہ میں سے گزر کر کسی ایک نقطہ پر جمع ہوجانا۔ کسی شے پر تل سا بن کر پڑنا۔

تِل بھُگا ا۔ (ا۔ اسم مذکر) تل کوٹ کر اس میں کھانڈ ملا لیتے ہیں۔ اس کو تل بھگا بولتے ہیں۔

تِل چاٹنا ا۔ (ا۔ محاورہ) مسلمان عورتیں میں یہ دستور ہے کہ دولھا کو وداع کرتے وقت دلھن کے ہاتھ میں کالے تل دے کر چواتی ہیں۔ تاکہ تمام عمر دولھا مطیع رہے۔

تِل چاول لے بال ا۔ (ا۔ اسم مذکر) سیاہ و سفید بال۔ کھچڑے بال۔

تِل چاؤلی ڈاڑھی ا۔ (ا۔ اسم مؤنث) سیاہ و سفید ڈاڑھی۔ کھچڑی ڈاڑھی۔ وہ ڈاڑھی جس میں آدھے بال سفید آدھے سیاہ ہوں۔

تِل چٹا ا۔ (ا۔ اسم مذکر) ایک قسم کا جھینگر۔

تِل چور سو بجر چور ا۔ (ا۔ مثل) چور خواہ تھوڑی چیز چرائے خواہ زیادہ بہرحال وہ چور تو ہے۔

تِل دھرنے کی جگہ نہ ہونا ا۔ (ا۔ محاورہ) جگہ کی تنگی ہونا۔ بالکل جگہ نہ ہونا۔ اسباب کی زیادتی یا چھک کے دانوں کے لیے بولتے ہیں۔

تِل شکری ا۔ (اُرد۔ اسم مؤنث) تل اور شکر سے بنی ہوئی ایک مٹھائی جسے گزک کہتے ہیں۔ پنجابی لچک۔

تِل کٹ ا۔ (ا۔ اسم مذکر) مٹھائی ملا کر کوٹے ہوئے تل۔ تل بھگو۔

تِل کے اوجھل پہاڑ ا۔ (ا۔ مثل) ذرا سے پردے میں کسی بڑی بھاری چیز کا چھپ جانا۔ کسی ادنیٰ چیز کے ظاہر ہونے سے مراد ہوتی ہے۔

تَلا ا۔ (ا) جوتے کا۔ جوتے کا نچلا حصّہ جو زمین پر لگتا ہے۔ پیندا۔

تَلا دینا ا۔ (ا۔ فعل) آگ سے محفوظ رکھنے کے لیے ہانڈی وغیرہ کے نیچے گارا لگانا۔

تِلا ا۔ (اُرد۔ اسم مذکر) پگڑی کا زرین سرا۔ سنہری تار۔ گوٹا۔ زری وغیرہ۔

تَلا ا۔ (ا۔ اسم مذکر) ترازو۔ تکھڑی۔ تکہ۔ پن۔ میزان۔

تلادان ا۔ (ا۔ اسم مذکر) ایک قسم کی خیرات جس میں بادشاہ یا راجا مہاراجہ اپنے جسم کے برابر چاندی سونا۔ چاول۔ گھی اور بیش قیمت چیزیں تول کر غربا اور برہمنوں کو خیرات کردیا کرتے تھے۔

تلابیلی ا۔ (اُرد۔ مو) اضطراب۔ بے قراری۔

تلاتھی ا۔ (مو) ترکاری۔ سبزی۔

تلادانی ا۔ (اُرد۔ مو) سوئی دھاگا رکھنے کا چھوٹا سا جزدان۔

تلازمہ ا۔ (لک۔ تلازما۔ ع۔ ند) مضمون کی رعایت سے ایسے لفظ کا استعمال کرنا جو مضمون سے خاص مناسبت رکھتے ہوں۔

تلاتل ا۔ (س۔ اسم مذکر) زمین کا چوتھا طبقہ۔

تلاش (ت۔ اسم مونث) سعی۔ جستجو۔ کوشش۔ ڈھونڈ یا کھوج سراغ۔ پتہ۔

تلاش کرنا ا۔ (اُرد۔ فعل) ڈھونڈنا۔ کھوج لگانا۔ پتا لگانا۔

تلاش معاش ا۔ (فع) روزی کی فکر۔ روزی ڈھونڈنا۔ جستجوئے روزگار۔

تلاشی ا۔ (ف۔ اسم مؤنث بیائے فاعلیت) تلاش کرنے والا۔ جویندہ ڈھونڈنے والا۔ جھاڑا۔ گم شدہ چیز کے شبہ میں گھر بار کی دیکھ بھال کرنا۔

تلاشی لینا ا۔ (اُرد۔ فعل) جھاڑا لینا۔ ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔

تلاطم ا۔ (ع۔ اسم مذکر) تھپڑ مارنا۔ لہر موج۔ پانی کی تھپیڑیں۔ جوش ولولہ۔

تلافی ا۔ (ع۔ اسم مونث) عوض۔ بدلہ۔ پاداش۔ مکافات۔ بدلہ دینا۔ عوض کرنا۔

تلافی مافات ا۔ (مو) ضائع شدہ امر کا معاوضہ۔

تلملی ا۔ (ا۔ اسم مؤنث) اضطراب۔ گھبراہٹ۔ بے قراری۔ بے چینی تلملاہٹ سے بنا ہے۔

تلاگون کرنا ا۔ (ا۔ محاورہ) لوئی۔ تلی پر کچ کے لگانا۔ اصطلاحی طعنہ مہنہ دینا۔ برا بھلا کہنا۔ طنز وغیرہ کرنا۔

تلاف ا۔ تلامیذ ا۔ (ع) تلمیذ کی جمع۔ شاگرد۔ طالب علم۔

تلانا ا۔ (ف) وزن کرنا۔ برابر کرنا۔ (تلنا کا متعدی)۔

تلاؤ ا۔ (اُرد۔ اسم مذکر) تالاب۔ حوض۔ جوہڑ۔ پوکھر۔ تال۔

تلاوا۔ یا۔ طلایہ ا۔ (اُرد۔ اسم مذکر) فوج کا محافظ دستہ۔ وہ دستہ فوج جو رات کو لشکرگاہ یا شہر کی حفاظت کے لیے پہرا دے۔ شب گرد۔

تلاوا ا۔ (ا۔ اسم مذکر) دھرے کے اوپر لگی ہوئی وہ لکڑی جس پر گاڑی کا تمام بوجھ تلا رہے۔

تِلاوت ا۔ (ع۔ اسم مونث) قرآن شریف پڑھنا۔ پڑھنا۔ مطالعہ کرنا۔

تِلائی ا۔ (ا۔ اسم مونث۔ بیائے مصدری) تیل پلانا۔ مشعل میں کپی میں سے تیل ڈالنا۔ کڑھائی۔ تلنے کا چھوٹا سا برتن۔

تل بیٹھنا ا۔ (ا۔ محاورہ) ہموزن ہوکر بیٹھنا۔ ترازو میں بیٹھنا۔ بادشاہوں یا راجاؤں کا تلادان کرنے کے لیے سالگرہ کے موقع پر سونے چاندی وغیرہ میں تلنے کو ترازو میں بیٹھنا۔ کسی کام کے کرنے کے لیے بالکل مستعد ہوجانا۔ تیار ہوجانا۔

تلبیس ا۔ (ع۔ اسم مونث) لغت میں لباس پہنانا۔ پوستیدہ کرنا۔

اصطلاح میں دغا فریب۔ دھوکہ دینا۔ کیونکہ فریب سے ارادہ کو چھپا لیا جاتا ہے۔

تلبیس سکہ ا۔ (ع۔ اسم مذکر) سکہ بدل کر چلانا۔ قلب سکہ۔

تلبیس لباس ا۔ (ع۔ اسم مذکر) دھوکا دینے کے واسطے سرکاری وردی پہننا۔ سرکاری افسروں کی وردی پہن لینا۔ خراڈ کرنے کے لیے سرکاری لباس پہننا

تلتلی ا۔ (ا۔مو) بلندی سے گرنے والی پانی کی دھار۔

تلتلی چلنا ا۔ دست آنا۔ بار بار دست آنا۔

تلائی ا۔ وزن کرانے یا وزن کرنے کی اجرت۔ نیرتول۔

تلانا ا۔ کھولتے ہوئے گھی یا تیل میں کسی چیز کو پکوانا۔

تلپٹ کرنا ا۔ (ف) اوپر تلے کر دینا۔ تہ و بالا کرنا۔ زیر و زبر کرنا۔ برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔

تلچھٹ ا۔ (ہ۔اسم مونث) دُردِ تہ نشیں۔ گاد۔ وہ چیز جو پانی وغیرہ میں نیچے بیٹھ جایا کرتی ہے۔

تلچھنا ا۔ (ہ۔فعل) بے قرار ہونا۔ تڑپنا۔ بے چین ہونا۔ مضطرب ہونا پریشان ہونا۔

تلچھوں ملچھوں کرنا ا۔ (ہ۔محاورہ) چلبلا پن دکھانا۔ نچلا نہ بیٹھنا۔ بیتابانہ پھرنا۔ مضطرب وار پھرنا۔

تلخ ا۔ (ف۔اسم صفت) کڑوا۔ شیریں کی ضد۔ بدمزہ۔ بدذائقہ۔ ناگوار۔ ناپسند۔

تلخ ابرو ا۔ بددماغ۔

تلخاب یا تلخابہ ا۔ (ند) آنسو۔ کڑوا پانی۔

تلخ زبان ا۔ بدزبان آدمی۔

تلخ کام ا۔ بدکار۔ ناگوار مقصد والا۔

تلخ گفتار ا۔ بدزبان۔

تلخ گوئی ا۔ (مذ۔مو) سخت زبان۔ کھری زبان جو مخاطب کے لیے ناگوار ہو۔ سخت کلامی۔ بدزبانی۔

تلخ وترش ا۔ دُنیا کی محنت ومشقت۔

تلخ ہونا ا۔ کڑوا ہونا۔ ناگوار ہونا۔ ناخوش ہونا۔

تلخی ا۔ صفرے کی زیادتی۔ پت۔

تلخی ا۔ (ف۔اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) کڑواہٹ۔ شدت۔ سختی۔ بدمزگی۔

تلخانا ا۔ (دُ) تلخی دینا۔ برسات کے دنوں میں جہاں ذرا دیر ہوئی آٹے میں سُسریاں پڑ جاتی ہیں۔ تلخانے لگتا ہے۔

تلخیص ا۔ (ع۔مو) خلاصہ۔ خلاصہ کرنا۔

تلڑ ا۔ (ہ۔اسم مذکر) پیٹ۔ شکم۔ ادھ۔ جیسے تلڑ بھرنا۔ قبضہ جیسے روپیہ اس کے تلڑ میں ہے۔

تلڑا ا۔ (ہ۔اسم مذکر۔ بترکیب فاعلی) تین لڑوں والا۔ تین لڑی کا۔ ایک زیور کا نام ہے۔

تلذذ ا۔ (ع۔اسم مذکر) باب تفعل۔ لذت۔ ذائقہ۔ مزہ۔ لطف اٹھانا۔ کیفیت لینا۔

تلسی ا۔ (ہ۔اسم مؤنث) ایک چھوٹی سی خوشبودار جھاڑی کا نام ہے جسے ہندو لوگ متبرک سمجھتے ہیں۔ کرشن جی کی معشوقہ کا نام ہے۔

تلسی دانہ ا۔ (دُ۔ہ۔اسم مذکر) ایک زیور کا نام ہے۔

تلسی دل ا۔ (ہ۔اسم مذکر) تلسی کا پتا۔ برگ ریحان۔

تلطف ا۔ (ع۔اسم مذکر) لطف۔ لطف اٹھانا۔ مہربانی۔ کرم۔ نوازش عنایت

تلف ا۔ (ع۔اسم مذکر) برباد۔ خراب۔ ضائع۔ ہلاک۔ رائگاں۔ فنا۔

تلگراف ا۔ (انگ۔ مذ۔ Telegraph) تار کی خبر۔

تلفظ ا۔ (ع۔اسم مذکر) لفظ کا منہ سے ادا کرنا۔ لہجہ۔

تلقین ا۔ (ع۔اسم مؤنث) سمجھانا۔ نصیحت کرنا۔ تعلیم دینا۔

تلک ا۔ (ہ۔اسم مذکر) ٹیکا۔ قشقہ۔ صندل رولی۔ سیندور وغیرہ کا نشان جو ہندو لوگ پیشانی پر لگاتے ہیں۔ پشواز۔ جامہ۔ ایک قسم کی پرانی زنانہ پوشاک تھی۔ خلعت۔ گدی نشین کی رسم۔ ماتھے پر پہننے کا ایک زیور ٹیکہ دلہن کا باپ جو روپیہ شادی سے پہلے داماد کے گھر بھیجتا ہے۔ جس سے منگنی قرار پا جاتی ہے۔

تلک دھارنا۔ یا تلک دھارن کرنا ا۔ (ہ۔محاورہ) ٹیکا لگانا۔ قشقہ کھینچنا۔

تلک دھاری ا۔ (ہ۔اسم مذکر۔ بیائے فاعلیت) ٹیکا لگانے والا۔ وہ شخص جو روز مرہ بلاناغہ ٹیکا لگائے۔

تلک کرنا۔ تلک لگانا ا۔ (ہ) جرأت کرنا۔ گدی نشینی کرنا۔ منگنی کرنا۔ الوداع۔

تلک ا۔ (ہ۔تابع فعل) (دیکھو تلک) آج کل بہت کم مستعمل ہے۔

تلکی ا۔ (ہ۔اسم مونث) پانی تیل وغیرہ۔ پتلی چیزوں کی دھار۔

تلکی بندھنا ا۔ (ہ۔فعل) دھار بندھنا۔ فوارہ چھوٹنا۔ لوٹنی جاری کرنا۔

تلمذ ا۔ (ع۔مذ) شاگردی۔

تلملانا ا۔ (ہ۔فعل) بے قرار ہونا۔ بے چین ہونا۔ تڑپنا۔ مضطرب ہونا۔ بے تاب ہونا۔ بوکھلانا۔ بولانا۔ گھبرانا۔

تلمیح ا۔ (ع۔اسم مونث) نمک ڈالنا۔ خوش مزہ بنانا۔ علم بیان میں کسی قصے وغیرہ کی طرف کلام میں اشارہ کر جانا۔

تلمیذ ا۔ (ع۔اسم مذکر) شاگرد۔ طالب علم۔ چیلا۔

تلنا ا۔ (ہ۔فعل) کڑھائی میں گھی یا تیل گرم کر کے پکوڑی پکانا۔

تلنا ا۔ (ہ۔فعل) وزن ہونا۔ برابر ہونا۔ آمادہ ہونا۔ پورا ہونا۔ جیسے بادل تلا کھڑا ہے۔ اندازہ ہونا۔ جانچ ہونا۔ اٹکل ہونا۔ جیسے تلوار کا تلا ہوا ہاتھ۔

تلنگ ا۔ (ہ۔مو) ایک راگنی کا نام۔ ایک علاقہ جو تلنگ (مدراس) بھی کہلاتا ہے۔

تلنگا ا۔ (ہ۔اسم مذکر) تلنگانہ کا رہنے والا۔ وہ انگریزی سپاہی جسے انگریزی لباس پہنایا جائے۔ ایک قسم کا کنگوا بھی ہے۔

تلنگنی ا۔ (ہ۔اسم مونث) (مرکب از تل واگنی)۔ ایک قسم کی مٹھائی ہے جو خربوزے کے بیج۔ مرچ سیاہ اور کھانڈ وغیرہ سے بناتے ہیں۔ پہلے بچوں کی جگہ تل ڈالا کرتے تھے۔

تلوا ا۔ (ہ۔اسم مذکر) کف پا۔ ایڑھی اور پنجے کے درمیان کا حصہ پاؤں

کے نیچے کا حصّہ۔

تلوار۱- (ر و- مذ) تل کے لڈو۔

تلوا اچھلانا یا اچھلانا۱- (ہ۔محاورہ) کف پا میں خارش ہونا۔ اس سے لوگ سفر پیش آنے کا شگون لیتے ہیں۔ سفر درپیش ہونا۔ صحرا نوردی چاہنا۔

تلوا نہ ٹکنا۱- ایک جگہ نہ ٹھہرنا۔ جم کر نہ بیٹھنا۔

تلوار۱- (ہ۔اسم مؤنث) شمشیر۔ تیغ۔ سیف۔ لوہے کا ایک خمدار تیز دھار والا ہتھیار۔


تلوار

تلوار آزمانا۱- ضرب شمشیر کا امتحان کرنا۔

تلوار اگلی پڑنا۱- تلوار نکلی پڑنا۔ قتل پر آمادگی۔

تلوار برسنا۱- (اُر۔محاورہ) برابر تلوار چلنا۔ تلوار پر تلوار پڑنا۔ شدت سے تیغ زنی ہونا۔

تلوار بندھنا۱- تلوار باندھنا کا لازم۔

تلوار بند۱- (اُر۔اسم مذکر۔فاعل ترکیبی) تلوار یا تیغزن۔ تلوار باندھے رہنے والا

تلوار پٹ پڑنا۱- تلوار کا ہاتھ خالی جانا۔ تلوار کا اوندھا پڑنا۔

تلوار پرنا چننا۱- دو آدمی ننگی تلوار دونوں طرف سے مضبوط پکڑتے ہیں۔ ایک شخص قبضہ تھامتا ہے اور دوسرا ہاتھ پر بہت سا کپڑا لپیٹ کر نوک پکڑتا ہے۔ ناچنے والا ان دونوں آدمیوں کے شانوں پر ہاتھ رکھ کر اچھلتا ہے۔ اور تلوار کی دھار پر اپنے ٹخنوں کو جنبش دیتا ہے اور تال پر گھنگھرو بجاتا ہے۔

تلوار پر ہاتھ رکھنا۱- (اُر۔محاورہ) تلوار مارنے کی نیت سے قبضے کو ہاتھ لگانا۔ تلوار کے قبضے کو چھونا۔ کی قسم کھانا۔ دشت بہ شمشیر بردن۔

تلوار کا قبضہ چومنا۱- تلوار نکالتے وقت قبضہ کو بوسہ دینا۔

تلوار کا سبزہ۱- جوہر چمکے لوہے یا سپات یا کھڑی کو تاؤ دیتے وقت کا رنگ۔

تلوار تولنا۱- (اُر۔محاورہ) تلوار کو جانچنا تاکہ پورا وار کرے۔ تلوار سنبھالنا۔ تیغ زنی کی نیت کرنا۔

تلوار تو پیٹ پڑی پیچھے کاٹ کر گیا۱- (مثل) بڑے سے تو نہ ہو سکا چھوٹے نے کر دکھایا۔

تلوار چلنا۱- (ہ۔فعل) جنگ ہونا۔ لڑائی ہونا۔ کشت و خون ہونا۔

تلوار چیر جانا۱- آر پار ہو جانا۔ تلوار کا کسی چیز میں اتر جانا۔

تلوار زیب کمر کرنا۱- (ہ۔فعل) کمر سے تلوار باندھنا۔ تلوار سجا کر تیار ہونا۔

تلوار چڑھنا۱- تلوار کی چوٹ جمنا۔

تلوار چمکانا۱- برہنہ تلوار دکھانا۔ تلوار چھوڑنا۔ تلوار مارنا۔

تلوار حمائل کرنا۱- پہلو میں تلوار باندھنا۔

تلوار دکھانا۱- قتل کی دھمکی دینا۔

تلوار سونتنا۱- (ہ۔محاورہ) تلوار کو میان سے باہر نکالنا۔ قتل کا ارادہ کرنا۔

تلوار کا ابر۱- } تلوار کا چھالا۱- } (اُر۔اسم مذکر) بادل کی شکل کے نشان جو تلوار پر نمایاں ہوں۔ آبلہ کی شکل کا نشان جو تلوار پر ہوتا ہے۔

تلوار کرنا۱- بہادری دکھانا۔ تلوار سے مارنا۔

تلوار کا بل۔ یا خم۱- (اُر۔اسم مذکر) تلوار کی کجی۔ خم شمشیر۔ تلوار کا زور۔ تلوار کا ٹھمنڈ۔ تلوار کا تکبر۔ تلوار کا رُخ۔

تلوار کا پانی۱- (اُر۔آب شمشیر۔ تلوار کی چمک اور آبداری۔

تلوار کا پانی پلانا۱- قتل کرنا۔ تلوار سے زخمی کرنا۔

تلوار کا پٹھا۱- (ہ۔اسم مذکر) تلوار کی چوڑی دھار۔

تلوار کا پھل۱- (ہ۔اسم مذکر) قبضہ کے علاوہ باقی ساری تلوار۔ پیکر تیغ۔

تلوار کا دھنی۱- بہادر۔ تلوار باز۔

تلوار کا ڈورا۱- (ہ۔اسم مذکر) دم شمشیر۔ تلوار کی باڑھ۔ تلوار کی دھار۔ وہ ڈور جو تلوار کے میان میں بندھا ہوتا ہے

تلوار کا دونوں باگوں کشادہ۱- (اُر) اچھی تلوار کو پکڑ کر دونوں سرے ملانا۔

تلوار کا کھیت۱- (ہ۔اسم مذکر) میدان جنگ۔ میدان کارزار۔ لڑائی کا میدان۔

تلوار کا گھاٹ۱- (ہ۔اسم مذکر) جہاں سے تلوار میں خم شروع ہو جاتا ہے اس جگہ کو تلوار کا گھاٹ بولتے ہیں۔

تلوار کا گھاؤ بھر جاتا ہے زبان کا نہیں بھرتا۱- (اُر۔مثل) کسی عزیز کی بدزبانی اور بدسلوکی کے موقع پر بولا کرتے ہیں۔

تلوار کا وار } تلوار کا ہاتھ } (ہ۔اسم مذکر) حملۂ شمشیر۔ تلوار کی ضرب۔ شمشیر کا زخم۔ شمشیر کا مارنا۔

تلوار کھینچنا۱- (اُر۔محاورہ)۔ تلوار کو میان سے باہر نکالنا۔ تلوار سونتنا۔ قتل کو تیار ہونا۔

تلوار عرش پر جھولنا۱- بہادری اور تیغ زنی کی شہرت ہونا۔

تلوار کر جانا۱- تلوار میں دھار آتے پڑ جانا۔

تلوار مارے ایکبار۔ احسان مارے بار بار۱- (اُر۔مثل) احسان کی مار تلوار کی مار سے کہیں زیادہ ہے۔ تلوار احسان کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔

تلوار کسنا۱- تلوار کا خم کھانا۔ تلوار جھکا کر جانچنا۔

تلوار کو پتھر چٹانا۱- تیز کرنا۔

تلوار کو کھانا۱- وار سہنا۔

تلوار کے گھاٹ اتارنا۱- تلوار سے قتل کرنا۔

تلوار کی ناپ۱- تلوار کی لمبائی کا وہ نشان جو نوک سے قبضے تک ہوتا ہے۔

تلوار کی آنچ۱- (ہ۔اسم مؤنث) تلوار کے زخم کا مقابلہ۔ گزند شمشیر۔ صدمہ شمشیر۔ تلوار کا سامنا۔

تلوار میان میں کرنا } تلوار میان کرنا } (اُر۔تلوار غلاف میں رکھنا۔ لڑائی ترک کرنا۔ قتل کے ارادے سے باز رہنا۔

تلواروں کی چھاؤں میں۱- (ہ۔تابع فعل) برہنہ شمشیروں کے نیچے۔ میدان جنگ میں۔ تلواروں کی حراست میں۔ تلواروں کے بیچ میں۔

تلوار سے پانی جُدا نہیں ہوتا:۔ خاندانی اور فطری وصف کسی طرح دُور نہیں ہوتا۔

تلوار کے نیچے دم لینے دو:۔ ذرا انتظار کرو جو دم بچے وہی سہی۔ زندگی ایسی پیاری ہے کہ خواہ کیسی ہی تکلیف ہو اُس کا ہر لمحہ اچھا معلوم ہوتا ہے

تلوار کے ہاتھ:۔ چلانے کے طریقے۔

تلوار گری پر جا پھری:۔ (مثل) اِدھر حاکم بُزدل ہوا اور اُدھر رعایا باغی ہوئی۔

تلوار لے بھرنا:۔ قتل کرنے، مارنے پر تیار ہونا۔

تلواروں پر رکھ لینا:۔ بُری طرح تلوار چلانا۔ کسی کو زندہ نہ چھوڑنا۔

تلوانا:۔ (ہ۔ فعل) تلنا کا متعدی ہے۔

تلوالی:۔ (ہ۔ اسم مونث) معاوضہ۔ تولنے کی اُجرت۔

تلوانا:۔ (ہ۔ فعل) تلنا کا متعدی ہے۔

تلوانسا:۔ (ہ۔ اسم صفت) تیل کے رُخ۔ چراغ کو اس طرح رکھنا کہ تیل بتی کے قریب تر رہے۔

تلوریا:۔ (ہ۔ اسم مذکر فاعلی سماعی) تلوار چلانے کا ماہر۔ تلوار کا دھنی۔

تلوّن:۔ (ع۔ اسم مذکر) رنگ بدلنا۔ تبدیل رنگت۔ ایک حالت پر قیام نہ کرنا۔ چھچھورا پن۔ اضطراب۔

تلوّن مزاج:۔ (ع۔ اسم صفت) وہ شخص جس کا مزاج ایک حال پر نہ رہے۔ غیر مستقل طبیعت کا۔

تلوّن مزاجی:۔ (ع۔ اسم مونث بیائے مصدری) بے استقلالی۔ غیر مستقل مزاجی۔

تلوؤں:۔ (ہ) تلوا کی جمع۔

تلووں تلے:۔ تلووں کے نیچے۔ پامال۔

تلوں میں سے تیل نکالنا:۔ (ہ۔ محاورہ)۔ کفایت شعاری میں سلیقہ دکھانا فائدے کی بات کرنا۔

تلوں میں تیل نہ ہونا:۔ (ہ۔ محاورہ)۔ غیر مفید ہونا۔ فائدہ نہ ہونا۔ ردی ہونا۔

تلوں تلے ملیٹنا:۔ (ہ۔ محاورہ) روندنا۔ پامال کرنا۔ تباہ کرنا۔

تلووں سے آگ لگنا:۔ (ہ۔ محاورہ) نہایت غصہ ہونا۔ غضب میں آنا۔ کمال غیظ و غضب کی حالت کا اظہار ہونا۔

تلووں سے آنکھیں ملنا:۔ (ہ۔ محاورہ) تلوؤں کے نیچے آنکھیں رگڑنا۔ نہایت عداوت اور سخت دُشمنی ظاہر کرنا۔ دُشمن کی آنکھیں نکلوا کر پاؤں سے روندنا۔ نہایت عاجزی دکھانا۔ خوشامد کرنا۔ سخت عجز و انکساری کرنا۔

تلووں سے لگنا:۔ (ہ۔ محاورہ) تلوؤں میں اثر کرنا۔ حسد یا رشک ہونا۔ غصہ آنا۔ پیروی کرنا۔ سر ہونا۔ تقلید کرنا۔ عاجزی کرنا۔

تلووں سے لگنا اور سر میں جا کر بجھنا:۔ (ہ۔ محاورہ) سرتاپا جلنا۔ حسد کی آگ سے بالکل جلنا۔ سر سے پانک۔ غصے میں جلنا۔

تلوے:۔ (ہ) تلوا کی جمع۔

تلوے تلے:۔ تلوے کے نیچے پامال۔

تلوے چاٹنا:۔ (ہ۔ محاورہ) نہایت خوشامد کرنا۔ بہت عاجزی کرنا۔

تلوے چھلنی ہو جانا:۔ (ہ۔ محاورہ) کسی کام میں بہت پیرودری کرنا۔ نہایت سعی و کوشش کرنا۔ کسی کام میں بہت پھرنا۔

تلوے دھو دھو کر پینا:۔ (ہ۔ محاورہ)۔ نہایت اطاعت اور فرمانبرداری کرنا۔ بے حد قدر کرنا۔ آنکھوں پر رکھنا۔

تلوے سہلانا:۔ (ہ۔ محاورہ) نہایت خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔ پھلانا۔ پھُلانا۔

تلوے کھجانا یا کھجلانا:۔ (ہ۔ محاورہ) صحرانوردی چاہنا۔ تلوے میں خارش ہونا۔ سفر درپیش ہونا۔

تلوے ملنا:۔ تلوے کی مالش کرنا۔

تلی:۔ (ہ۔ اسم مونث) پیندی۔ پیندا۔ نیچے کا حصہ ہر چیز کا (پنجابی) کف دست۔

تلی:۔ (ع۔ اسم مونث) جولاہے کی کوچی۔

تلی:۔ (ہ۔ اسم مونث) طحال۔ پسز۔ تاپ تلی۔ معدے کے بائیں طرف کے ایک اندرونی عضو کا نام۔ نیز تل جس کا تیل نکالتے ہیں۔

تلے:۔ (ہ۔ اسم صفت) نیچے زیر۔ تحت۔ پائیں۔ ماتحت۔ بس۔

تلے اُوپر:۔ (ہ۔ اسم صفت) زیر و بالا۔ نیچے اُوپر۔ گڈمڈ۔ بے ترتیب متواتر۔ پے در پے۔ لگاتار۔ یکے بعد دیگرے۔

تلے اُوپر کی اُولاد:۔ (اُ۔ اسم مونث) وہ بچے جو ایک دوسرے کے بعد بلا واسطہ پیدا ہوں۔

تلے اُوپر ہونا:۔ (ہ۔ محاورہ) درہم برہم ہونا۔ انقلاب ہونا۔ اضطراب و گھبراہٹ کے معنی میں آتا ہے۔ جی متلانا۔

تلے پڑنا:۔ (ہ۔ فعل) نیچے لیٹنا۔ آگے پڑنا۔ زمین پر سونا۔

تلے تلے دیکھنا:۔ (ہ۔ محاورہ) بچی نظروں سے دیکھنا۔ خفیہ طور چپکے چپکے دیکھنا۔

تلے کا سانس تلے اُوپر کا اُوپر رہنا:۔ (ہ۔ فعل۔ محاورہ) حیران و دم بخود ہونا۔ متحیر ہونا۔ ہکا بکا ہونا۔ حیرت زدہ ہونا۔

تلے کے دانت تلے اُوپر کے اُوپر رہ گئے:۔ مُنہ کھلا کا کھلا رہ گیا حیران ہونا

تلے کی دنیا۔ یا زمین اُوپر ہونا:۔ (ہ۔ محاورہ) انقلاب عظیم واقع ہونا۔ سخت تباہی و بربادی آنا۔

تلیا:۔ (ہ۔ اسم مونث) تالاب کی تصغیر۔ چھوٹا تالاب۔

تلیٹی:۔ (ہ۔ اسم مونث) پیندا۔ تلا۔ دامن کوہ کا فرش۔ تہ زمین نواح اطراف۔ مردے کے کفن کا نیچے والا حصہ۔

تلیجا:۔ (ہ۔ اسم مذکر) چھت کے نیچے ڈاٹ کا وہ حصہ جو ڈاٹ سے کنگنی تک ہوتا ہے۔ محراب سے اُوپر کا حصہ۔

تلے دانی:۔ (اُ۔ اسم مونث) قینچی۔ سوئی دھاگا رکھنے کا جُڑواں سیاہ تھیلی۔

تلیر:۔ (ہ۔ اسم مذکر) ایک چھوٹے سے پرندے کا نام ہے جس کا گوشت نہایت لذیذ ہوتا ہے۔

تلیس:۔ (ع۔ اسم مونث) نرمی۔ نرم کرنا۔ طبی اصطلاح میں طبیعت کو ایسا نرم کر دینا کہ مسہل کے وقت اجابت خوب کھل کر ہو جائے۔

تلیجا:۔ (ہ۔ مذ) معماروں کی اصطلاح میں چھت کی اُڑان۔

تلیندڑو:۔ (ہ) فرمانبردار۔ مغلوب۔

تلیندڑی:۔ (ہ۔ اسم مونث) ہولی کا تیسرا دن۔ ہولی کے بعد کا تیسرا دن۔

ت - م

تم ۱۔ (اُرد۔ اسم ضمیر جمع مخاطب کا صیغہ) تو کی جمع۔ تعظیماً تو کی جگہ بولتے ہیں آپ۔

تم جانو ۱۔ تم ذمہ دار ہو۔ تمھیں واقف ہو۔ تم سمجھو۔

تم ڈال ڈال تو میں پات پات ۱۔ میں تمھاری باتیں خوب سمجھتا ہوں۔

تم رد بھئے ہم چھوٹے ۱۔ عورتیں ناخوشی سے بے پروا ہی ظاہر کرنے کو کہتی ہیں۔

تم کالوٹناک کا پانی تمیں نہ چھوڑوں اپنی بانی ۱۔ ضدی عورت کی نسبت کہتے ہیں چاہے جیسی سزا دو۔ میں اپنی عادت سے باز نہ آؤں گا۔

تم نے اُڑائیں ہم نے بھون بھون کھائیں ۱۔ (مثل) ہم تمھارے بھی اُستاد ہیں۔ تمھاری چال میں نہیں آسکتے۔ ہم نے تمھاری چالاکی تمھارے ہی سر کر دی۔

تم نے کہا ہم نے مان لیا ۱۔ تمھاری بات کا ہمیں اعتبار نہیں۔

تم ہم کو بلاؤ گے تو کیا کھلاؤ گے ۱۔ اس خود غرض کے لیے بولتے ہیں جو ہر طرح اپنا ہی مطلب نکالنے کی سوچے۔

تم سے پھرے تو خدا سے پھرے ۔ (اُرد۔ محاورہ) ایک قسم کی نہایت سخت قسم ہے۔ یعنی جو تم سے بے وفائی کرے وہ خدا سے دور پڑے۔

تم سے خدا پناہ میں رکھے / **تم سے اللہ کی پناہ** (اُرد۔ کہاوت) تم سے خدا بچائے۔ میں تمھارے افعال سے تنگ آکر خدا کی پناہ مانگتا ہوں۔

تماثیل ۱۔ (ع۔ ند) مشابہ ہونا۔

تماثیل ۱۔ (ع۔ ند۔ مو) تمثال کی جمع۔ فرمان شاہی۔ تصویریں۔

تماچہ ۱۔ (اُرد۔ اسم مذکر) تھپڑ۔ لپڑ۔ طمانچہ۔

تماکو ۱۔ (ند) تمباکو کے معنی میں عوام بولتے ہیں۔

تمادی ۱۔ (ع۔ اسم مؤنث) درازی۔ مدت دراز۔ عرصہ۔ دیر۔ سماعت دعوے کی میعاد کا گزر جانا۔ وہ عرصہ جس کے گزر جانے کے بعد نالش کا اختیار نہ رہے۔

تمارض ۱۔ (ع۔ اسم مذکر) دیدہ دانستہ مرض ظاہر کرنا۔ بیماری کا بہانہ بنانا۔

تمازت ۱۔ (ف۔ مو) گرمی۔ شدت کی گرمی۔

تماشا ۱۔ (ع۔ اسم مذکر) باہم پیدل چلنا۔ پاپیادہ سیر کرنا۔ دیدہ نظارہ۔ سیر۔ لطف۔ بہار۔ کھیل۔ بازیچہ اطفال۔ بازیچہ۔ مجمع۔ ہنگامہ۔ میلا ٹھیلا۔ تماشش۔ دکھلاوٹ۔ انوکھی چیز۔ عجیب چیز۔ سوانگ۔ کرتب۔ ٹھٹھا۔ ہنسی۔ دل لگی۔ مذاق۔ مزاح رنگ رلی۔ عیش و عشرت۔

تماشائن جانا ۱۔ ایسی حالت ہو جانا کہ لوگ دیکھنے لگیں۔

تماشابین / تماشبین (عف) سیلانی۔ ہر قسم کی سیر دیکھنے والا۔ عیاش۔ بدکار۔

تماشا خانم ۱۔ (مو) مسخری عورت۔ شہوت پرست عورت۔ انوکھی عورت۔

تماشا دکھانا ۱۔ (اُرد۔ فعل) سیر دکھانا۔ بہار دکھانا۔ سزا دینا۔ مارنا۔ تنبیہ کرنا۔

تماشا دیکھنا ۱۔ (اُرد۔ فعل) سیر دیکھنا۔ کشتی دیکھنا۔ جھڑپ دیکھنا۔

تماشا کرنا ۱۔ (اُرد۔ فعل) روپ بھرنا۔ سوانگ کرنا۔ کرتب دکھانا۔ روپ دھارنا۔ ٹھٹھا کرنا۔ ہنسی اڑانا۔ مخول کرنا۔ مذاق اُڑانا۔

تماشا گاہ ۱۔ (ف۔ اسم مذکر) سیر گاہ۔ جس جگہ بیٹھ کر تماشہ دیکھیں۔ وہ مقام جہاں تماشا ہوتا ہو۔ ناچ گھر۔ تھیٹر۔

تماشا ہونا ۱۔ (اُرد۔ محاورہ) انوکھی بات ہونا۔ مزا ہونا۔ لطف ہونا۔ انوکھا بننا۔ مسخرا ہونا۔

تماشائی ۱۔ (ع۔ اسم مذکر۔ بمائے فاعلیت) سیلانی۔ نظارہ کرنے والا سیر کرنے والا۔ تماشہ دیکھنے والا۔

تماشے کی بات ۱۔ (اُرد۔ اسم مؤنث) انوکھی بات۔ عجیب بات۔ نرالی بات۔ دل خوش کرنیوالی بات۔ مزے کی بات۔ دل لگی کی بات۔

تماکو ۱۔ (اُرد۔ مذ) تمباکو۔ زردہ۔ پان کے ساتھ کھانے کا تمباکو۔

تمام ۱۔ (ع۔ اسم صفت) پورا۔ مجموعہ۔ ثابت سالم۔ کل۔ سب۔ سارا۔ بالکل۔ اخیر۔ آخر۔ ختم۔ تیار۔

تمام عیار ۱۔ (ف) خالص۔ کھرا۔ صفت میں کامل ہونا۔

تمام تر ۱۔ (عف) تفصیل بعض یا مبالغہ۔ مطلق۔ محض۔ بالکل۔

تمام کرنا ۱۔ (اُرد۔ فعل) ختم کرنا۔ پورا کرنا۔ انجام کو پہنچا دینا۔ باقی نہ رکھنا۔ کچھ نہ چھوڑنا۔

تمام وکمال ۱۔ (ع۔ اسم صفت) سب کا سب۔ کل۔ بتمامہ۔ سرتاپا۔ بالکل یک لخت۔ کامل طور سے۔ پورے طور سے۔ کھول کر۔ پوست کندہ۔ صاف صاف۔

تمام ہونا ۱۔ (اُرد) پورا ہونا۔ انجام کو پہنچنا۔ آخر ہونا۔ ختم ہونا۔ مر جانا۔ جاں نکل جانا۔ بند ہو جانا۔ ہو چکنا۔ خرچ ہو جانا۔ گل ہو جانا۔ ٹھنڈا ہو جانا۔ شروع ہونا۔

تمامی ۱۔ (ف۔ اسم مؤنث بیائے مصدری) آخر۔ انجام۔ انت۔ اخیر۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

تمباکو ۱۔ (اُرد۔ اسم مذکر) امریکہ سے آیا ہوا ہے۔ ایک مشہور پودے کا نام ہے جس کے پتے حقہ میں پیتے اور پان میں کھاتے ہیں۔ ہند میں جلال الدین اکبر کے عہد میں آیا۔ اس کے سگریٹ بہت بنتے ہیں۔

تمباکو

تمبو ا۔ (اُ ہند) خیمہ۔ ڈیرا۔

تمبو

تمت ا۔ (ع) ختم ہوئی۔ پوری ہوئی۔

تمتمانا ا۔ (ف۔ فعل) گرمی یا بخار سے چہرہ سرخ ہو جانا۔ چمکنا۔ جگمگا گرم ہونا۔ گرمانا۔ غصے سے چہرہ سرخ ہو جانا۔

تمتماہٹ ا۔ (ف۔ اسم مونث۔ حاصل مصدر) چہرہ کی سرخی۔ چمک دمک گرمی کا اثر۔ آماس۔ سوجن۔

تمتیع ا۔ (ع۔ ند) فائدہ۔ فائدہ حاصل کرنا۔ پھل پانا۔

تمثال ا۔ (ع۔ مو) صورت۔ پیکر۔ تصویر۔ (مذ) فرمان شاہی۔

تمتعات ا۔ جمع تمتع۔ فائدے۔

تمثیل ا۔ (ع۔ اسم مونث) مثال۔ مثال دینا۔ نظیر۔ نظیر بیان کرنا۔ مشابہت۔

تمثیل دینا ا۔ (اُ۔ فعل) مثال دینا۔ نظیر بیان کرنا۔ مشابہت دینا۔

تمجید ا۔ (ع۔ مو) بزرگی۔ اللہ تعالیٰ کی بزرگی۔ بزرگ ماننا۔ بزرگ کرنا۔

تمدن ا۔ (ع۔ مذ) طرزِ معاشرت۔ مل کر رہنے کا طریقہ۔ سوکس ایک علم جس میں آدابِ معاشرت سے بحث کی جاتی ہے۔

تمر ا۔ (ع۔ مو) کھجور۔

تمرد ا۔ (ع۔ اسم مذکر) بغاوت۔ سرکشی۔ نافرمانی۔ حکم نہ ماننا۔ عدول حکمی۔ گستاخی۔ توہین عدالت۔ ضد۔ ہٹ۔ اڑ۔ خودسری۔

تمرہندی ا۔ (ع۔ اسم مونث) املی کا درخت۔ اور اس کا پھل۔

تمرین ا۔ (ع۔ مو) مشق۔ عادی ہونا۔ عادت ڈالنا۔

تمسخر ا۔ (ع۔ اسم مذکر) مسخراپن۔ ظرافت۔ ٹھٹھولی۔ ٹھٹھے بازی ہنسی مخول۔ ٹھٹھی۔

تمسک ا۔ (ع۔ اسم مذکر) لغت میں گرفت پکڑ کو کہتے ہیں۔ اصطلاح میں اقرار نامہ قرض کی سند۔ عہدنامہ وغیرہ۔ مذہب امامیہ کے نزدیک اہلِ بیت اور قرآن مجید سے وابستہ ہو جانا رسولِ اکرمؐ کے بعد ان دو کے سوا اور کسی کو نہ ماننا۔

تمغات ا۔ (ت۔ اسم مذکر) محصول چنگی سوداگری کے مال پر سرکاری لگی ہوئی مہم۔ فرمانِ شاہی۔ عزت کا نشان بلا۔ چپراس۔ سند جاگیر کی سند۔ معافی۔ دماغ۔ علامت۔ سکہ ٹھپا۔ کچپلومہ۔ میڈل۔ طلائی یا نقرئی یا کسی اور دھات کا۔

تمغا ا۔ (ت۔ مذ) فرمانِ شاہی۔ عزت کا نشان۔ عزت کی سند۔

تمغا بٹھانا ا۔ (ف۔ فعل) سکہ بٹھانا۔ حکومت جمانا۔ رعب بٹھانا۔ تحکم جتانا۔

تمکنت ا۔ (ع۔ اسم مونث) قدرت۔ زور۔ طاقت۔ درجہ۔ حکومت عزت۔ مرتبہ دکھانا۔ عزت ظاہر کرنا۔ غرور۔ گھمنڈ۔ نخوت۔ مان نخود۔ ٹیپ ٹاپ۔ دبدبہ۔

تمکنت دکھانا / تمکنت کرنا (اُ۔ محاورہ) اترانا۔ غرور کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔ شیخی دکھانا۔ رعب داب دکھانا۔

تمکین ا۔ (ع۔ اسم مونث) طاقت زور۔ بل۔ قوت۔ عزت وتوقیر جاہ وجلال۔ مرتبہ وعزت۔ کروفر۔ دبدبہ۔ عظمت۔ شکوہ۔

تملق ا۔ (ع۔ اسم مذکر) نرمی۔ ملائمت۔ خوشامد۔ چاپلوسی۔ خوشامد کرنا۔

تملیک ا۔ (ع۔ مو) کسی کو کسی چیز کا مالک بنانا۔

تملیک نامہ ا۔ (مذ) مالک بنانے کی تحریر۔ وصیت نامے کے سوا ہر تحریر۔ جس کے ذریعے سے کسی منقولہ یا غیر منقولہ جائداد کا مالک بنایا گیا ہو۔

تمن ا۔ (ت۔ اسم مذکر) دس ہزار کی تعداد۔ رسالہ۔ پلٹن۔ گروہ۔ سپاہ۔ مرتب۔ سو سو آدمیوں کا فریق یعنی کمپنی۔ ایک سکہ طلائی جو پہلے بیس روپے کا ہوتا تھا اب متروک ہے)

تمن دار ا۔ (ف۔ اسم مذکر) (فاعل ترکیبی) رسالہ دار۔ رسالہ کا کمانڈر۔

تمنا ا۔ (ع۔ اسم مونث) خواہش۔ آرزو۔ امید۔ ہنتی۔ شوق۔ اشتیاق۔

تمنچہ ا۔ (ف۔ اسم مذکر) پستول۔ چھوٹی سی بندوق۔ تفنگچہ۔ چھوٹا سا معشوق

تمنچہ

بچگانہ۔

تمنچہ داغنا ا۔ (اُ۔ فعل) پستول مارنا۔ پستول چلانا۔

تموج ا۔ (ع۔ اسم مذکر) لہریں مارنا۔ لہریں لینا۔ موج زنی۔ تحریک۔ جوش۔ تلاطم۔

تموز ا۔ (مذ) رومیوں کا ایک مہینہ جو جولائی یا اساڑھ کے مطابق ہوتا ہے۔ گرمی کی شدت۔

تمول ا۔ (ع۔ اسم مذکر) دولت مندی۔ امیری۔ مالداری۔

تمہارا ا۔ (ض۔ اسم ضمیر مضاف الیہ) تم سب کا۔ آپ کا۔ تمہارا۔ حضور کا۔

تمہارا سر تمہارا کلیجہ ا۔ کلمہ نفرین۔ جب کوئی شخص کسی کے مزاج کے خلاف کوئی بات کہتا ہے یا پوچھتا ہے تو اس کے جواب میں یہ لفظ کہا جاتا ہے۔

تمہارا سر قرآن ا۔ قسم ہے۔

تمہارے ڈر کے بھی کبھی پاؤں پاگھٹنوں چلیں گے ا۔ تمہارا مزاج بھی کبھی راستی پر آئے۔ تم بھی کبھی سچ بولو گے۔

تمہارے مُنہ کا اُگال ہمارے پیٹ کا اُدھار ا۔ تمہاری ادنیٰ امداد ہمارے لیے کافی ہے۔ تھوڑی سی مدد سے کسی کا کام ہو جانا۔

تمہارے مُنہ میں خاک ا۔ اس سے کہتے ہیں جو کسی کا بُرا چاہے یا حیثیت سے زیادہ مانگے۔

تمہارا مال سو ہمارا مال اور ہمارا مال سو ہمیں ہیں ا۔ (اُ۔ مثل) خود غرض آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں جو دوسرے کا مال تو لے لے اور اپنی باری میں ہنس کر ٹال دے

تمہارا مُنہ کھانڈ سے پُر / تمہارے مُنہ میں گھی شکر (اُ۔ مثل) حسبِ مراد۔ جواب میں یہ دعا دیا کرتے ہیں یعنی خدا تمہاری زبان راست لائے اگر ایسا ہو جائے تو تمہیں خوش کروں گا۔

تمہید ۱۔ (ع۔اسم مؤنث) فرش بچھانا۔ بچھونا۔ کسی مضمون کا آغاز۔ کسی بات کی تقریب اور اس کی اٹھان۔ دیباچہ۔ عنوان۔ مقدمہ۔ آغاز کتب۔

تمہید اٹھانا / تمہید کرنا (اُ۔محاورہ) کسی بات یا مضمون کی تقریب کرنا۔ کسی امر کا ڈول ڈالنا۔ آغاز کرنا۔ ابتدا کرنا۔ شروع کرنا۔ عنوان بنانا۔

تمیز ۱۔ (ع۔اسم مؤنث) جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ شناخت۔ پہچان۔ فرق۔ تفاوت۔ اندازہ۔ جانچ۔ عقل سلیم۔ ہوش۔ سمجھ۔ دانائی۔ (دب۔ اہلیت۔ قاعدہ۔ لیاقت۔ شعور۔ آگاہی۔ خبر۔

تمیز دار ۱۔ (عف۔ بہ ترکیب فاعلی لائق) شعور دار۔ مودب۔ ہوشیار۔

تمہیں ۱۔ (ہ) (یائے مجہول سے) تم کو ہے

غالب ۱۔ مجھ سے پوچھو تمہیں خبر کیا ہے
ہم کے آگے نہ شیکر کیا ہے

تمہیں ۱۔ (ہ) (یائے معروف سے) تم ہی کی بجائے بولتے ہیں۔

ے غالب ہر ایک بات پہ کہتے ہو تم کہ تو کیا ہے
تمہیں کہو کہ یہ اندازِ گفتگو کیا ہے

تمہیں تم ۱۔ ہر جگہ تمہارا ہی دور دورہ ہے۔

تمہیں جانو گے ۱۔ تمہارے حق میں اچھا نہ ہوگا۔ سخت سزا پاؤ گے۔

ے داغ اب کی کچھ منہ سے نکالا تو تمہیں جانو گے۔
داغ پھر تجھ کو نہ کہا جو برابر نہ کہوں۔

ت ـ ن

تُن ۱۔ (ہ۔اسم مذکر) ایک درخت کا نام ہے جس کی لکڑی سرخ سی ہوتی ہے۔ تن کے پھول کو بھی بولتے ہیں جو زرد رنگ کا ہوتا ہے۔ اس سے زرد رنگ بھی رنگتے ہیں۔

تَن ۱۔ (ف۔اسم مذکر) جسم۔ بدن۔ پنڈا۔ دیہہ کایا۔ رنگ۔ ڈیل۔ جثہ۔ سریر۔

تن آسان ۱۔ آرام طلب۔ تن پرور۔

تن آسانی ۱۔ (ف۔اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) آرام طلبی۔ سہل انگاری۔ سستی۔

تن بدن ۱۔ تمام بدن۔

تن بدن ادلا ہونا ۱۔ جسم زیادہ سرد ہونا۔

تن بدن پھونک دینا ۱۔ بدن میں بہت زیادہ حرارت پیدا کر دینا۔

تن بدن کا ہوش نہیں / تن بدن کی خبر نہیں ۱۔ انتہائی مصروفیات ہے۔ ضروریات کی بھی خبر نہیں۔

تن بدن میں آگ لگنا ۱۔ بے حد مشتعل ہونا۔ بہت زیادہ غصہ آنا۔

تن بہ تقدیر ۱۔ جب تقدیر بیکار ہو جاتی ہے۔ اور مجبور ہو کر تقدیر پر

تن پرست / تن پرست } چھوڑ دیتے ہیں۔

تن پرست ۱۔ وہ شخص جو ہمیشہ کھانے پینے اور عیش و عشرت میں لگا رہے۔

تن پرور ۱۔ (ف۔اسم صفت۔ بہ ترکیب فاعلی) آرام طلب۔ خود غرض۔ بندہ شکم۔

تن پیٹ کا مترا ۱۔ (اکر) اچھا کھانے پینے کا شوق۔

تن تنہا ۱۔ (ف۔اسم صفت)۔ اکیلا۔ دم نقد۔ واحد۔ مجرد۔ جریدہ۔

تن تازہ قلندر راجہ ۱۔ تن پرور کی نسبت بولتے ہیں۔

تن درست ۱۔ (ف۔اسم صفت) بھلا چنگا۔ ہٹا کٹا۔ صحیح سالم رہو گا۔ صحت مند۔

تندرستی ۱۔ (مو) سلامتی۔ صحت۔ خیریت۔ آرام۔ عافیت

تن دہ ۱۔ (ف۔اسم صفت) ساعی۔ کوشاں۔ محنتی۔ زحمت کش ہمدرد۔

تن دہی ۱۔ (ف۔اسم مونث بیائے مصدری) سعی۔ کوشش۔ محنت دلسوزی۔

تن دینا ۱۔ (اُ۔فعل) کوشش کرنا۔ سعی کرنا۔ توجہ کرنا۔ متوجہ ہونا۔

تن ڈھانکنا ۱۔ ستر پوشی کرنا۔ معمولی کپڑے پہننا۔

تن زیب ۱۔ (مذ) ایک کپڑا جو نین سکھ قسم کا ململ باریک زیادہ ہوتا ہے۔ ایک قسم کی صدری جو قبا کے نیچے پہنتے ہیں۔

تن سکھی تو من سکھی ۱۔ (ہ) جسم تندرست ہو تو عقل درست رہتی ہے جب کھانے کو ملے گا تو عقل ٹھکانے ہو گی۔

تن کو لگنا ۱۔ (اُ۔محاورہ)۔ دل پر اثر کرنا۔ انگ لگنا۔ جزو بدن ہونا۔ پورے طور پر ہضم ہونا۔

تن گھلنا ۱۔ دُبلا ہونا۔ پتلا ہونا۔ سمارٹ ہونا۔

تن کی تپت بجھانا ۱۔ (ہ) بھوک میں کھانا کھانا۔ اشتہا بجھانا۔ خواہش پوری کرنا۔

تن من ۱۔ (ہ۔اسم مذکر) روح اور جان۔ جسم و جان۔ قالب و روح۔

تن من ایک ہونا ۱۔ (ہ۔محاورہ) گہرا دوست ہونا۔ دلی دوست ہونا۔ دو قالب ایک جان ہونا۔ صحیح صادق ہونا۔ یار غار ہونا۔

تن من سے ۱۔ (ہ۔تابع فعل) جان و دل سے۔ ہر طرح سے۔

تن من مارنا ۱۔ (ہ) اپنے آپ کو مٹانا۔ نفس کشی کرنا۔ نفسانی خواہشات کو زیر کرنا۔ لالچ اور خواہشوں کو چھوڑنا۔ عنایت کوشش کرنا۔ چپ رہنا۔ ضبط کرنا۔ خاموش ہونا۔

تن من وارنا ۱۔ دل و جان سے نثار ہونا۔ جان قربان کرنا۔

تننا ۱۔ (ہ۔فعل) کھینچنا۔ کشیدہ ہونا۔ سیدھا ہونا۔ پھیلنا۔ دراز ہونا۔ پھولنا۔ پھولے جانا۔ جیسے مشک تن گئی۔ اکڑنا۔ اینٹھا سینہ ابھار کر دکھانا۔ کھڑا ہونا۔ گڑنا۔ جیسے خیمہ تن گیا۔ مقدمہ کا طول پکڑنا۔ قید ہونا۔ مقید ہونا۔ پورنا۔ پھیلانا۔ جیسے گوٹا تننا۔

تن و توش ۱۔ بدن اور توانائی۔

تن ۱۔ (ہ۔مو) گھاس جس سے چھپر بناتے ہیں۔

تنا ۱۔ (ہ۔مذ) درخت کا وہ حصہ جو جڑ سے شاخیں نکلنے تک ہوتا ہے۔

تنا تنی ۱۔ (اُ۔مو) اَن بن۔ لڑائی پر آمادہ ہونا۔

تناخوری ۱- (اُرد، اسم مؤنث بیائے مصدری) تنہا خوری کا مخفف ہے
تجرد - تنہا - اکیلے کھانا۔
تنارِیری ۱- (ہ-اسم مؤنث) چند مقررہ الفاظ ہیں جو گانے والے
گانا سیکھنے میں برتتے ہیں - کھراگ - جھگڑا - بکھیڑا - بے لطف
راگ - بے وقت کا گانا۔
تنازُع ۱- (ع - اسم مذکر) باہم جھگڑا کرنا - جھگڑا دنگا - فساد - تکرار - رنجش
بغض - عداوت - ناراضگی۔
تناسُب ۱- (ع - اسم مذکر) باہم نسبت رکھنا - مناسبت ہونا - موزوں
ہونا - باہمی تعلق - آپس موافق ہونا - مطابقت باہمی - خوبصورتی۔
تناسُبِ اعضا ۱- (ع - اسم مذکر) جسم کے تمام اعضا کا ٹھیک اپنے
اپنے انداز اور موقع سے ہونا - اعلےٰ درجے کی خوبصورتی۔
تناسُخ ۱- (ع - اسم مذکر) روح کا ایک جسم سے دوسرے جسم میں
آنا - آواگون - جون بدلنا - چولا بدلنا - بار بار جنم لینا - ہندوؤں کا عقیدہ۔
تناسُل ۱- (ع - اسم مذکر) نسل بڑھانا - باہم اولاد جننا - نسل قائم رکھنا۔
تنافُر ۱- (ع - مذ) نفرت کرنا - دور بھاگنا - ایسے الفاظ کا جمع کرنا جن کا
تلفظ
ہو۔
تنانا ۱- (ہ-فعل) لمبا ہونا - دراز ہونا - کسی صدمہ سے سناٹا - جھنجھنانا -
ورم سے زخم کا پھٹا پڑنا - تڑ جانا۔
تناظر (ع - اسم م) باہم دیکھنا - منظر حالت - تناسب - نسبت۔
تناہُٹ ۱- (ہ) وہ کھچاؤ جو تاننے سے پیدا ہو۔
تناؤ ۱- (ہ-اسم مذکر) (حاصل مصدر) کھینچاؤ - کھنچاوٹ۔
تنادُر ۱- (ف-اسم صفت بر ترکیب فاعل) موٹے جسم والا - قوی
موٹا - مضبوط - قوی مسٹنڈا - تن و توش والا۔
تناول ۱- (ف-اسم صفت) کھانا کھاتا۔
تناول فرمانا - یا کرنا ۱- (اُرد محاورہ) کھانڈ کھانا - نوشِ جان فرمانا - بھوجن
کرنا - طعام کرنا۔
تُنّا ۱- (ف-اسم مذکر) ڈھیلا پاجامہ - تنباں بھی بولتے ہیں۔
تنباکو ۱- (ہ-اسم مذکر) (دیکھو تمباکو) تمباکو، تمباکو، سگریٹ میں استعمال ہونیوالا۔
تنبو ۱- (ہ-اسم مذکر) خیمہ - ڈیرہ - شامیانہ - پال - خرگاہ - نمگیرہ۔
تنبور } (ف-اسم مذکر) ایک قسم کا باجا - جس کو ستار کی طرح
تنبورا } تین تار لگے ہوتے ہیں۔ (۲) اسم مذکر - ایک قسم کا چھوٹا سا
دلھوں ایک باجا۔
تنبورچی ۱- (اُرد اسم مذکر) تنبور بجانے والا۔
تنبول ۱- (ہ-اسم مذکر) پان کا پتا - بیاہ شادی کے موقع پر جو عزیز احباب
وغیرہ حسبِ مقدور نقدی دیتے ہیں اسے بھی تنبول کہتے ہیں۔
نیوتہ۔
تنبول آنا ۱- (ہ-فعل) لگام کے صدمہ سے گھوڑے کے منہ سے خون
لگنا۔
تنبول پینا ۱- (ہ-فعل) پان کا مرکب عرق پینا۔
تنبول دینا ۱- (ہ-فعل) برادری میں شادی کے موقع پر روپیہ دینا۔
تنبولن ۱- (ہ-اسم مؤنث) پنواڑن - پان بیچنے والی عورت۔

تنبولی ۱- (ہ-اسم مذکر) پنواڑی - پان بیچنے والا مرد۔
تنبیہ ۱- (ع-اسم مذکر) نصیحت - عبرت - دھمکی - آگاہی -
خبردار کرنا۔
تنبیانا ۱- تانبے کا رنگ ہو جانا - برسات کی ہوا سے گوٹہ کناری کا
رنگ تانبے کی مانند ہو جانا۔
تنبیا جانا ۱- (ہ-فعل) برسائی ہوا سے گوٹہ کناری کا رنگ تانبے کی
مانند ہو جانا - مانند پڑ جانا - تانبے کے برتن کا کھانا تانبے جیسا ہونا۔
تنبیہ ۱- (ہ-اسم مؤنث) جتلانا - خبردار کرنا - پند نصیحت - عبرت -
تاکید - حکما - سزا - جھڑکی - گھرکی - چشم نمائی - ملامت۔
تُن پھُن ۱- (اُرد-مو) اکڑفوں غصے اور غرور کا انداز - غصے میں بھنی
باتیں کرنا یا ہونا۔
تنت ۱- (ہ-اسم مذکر) ٹھیک - عین وقت - عین موقع - وقت
ضرورت - عین بر محل - آخر - انجام - توڑ - نازک حالت - نازک
وقت۔
تنبا توڑی ۱- (ہ-مو) کسی کا کسی سے غصے کے ساتھ علیحدگی چاہنا۔
تنتر ۱- (ہ-اسم مذکر) ایک شاستر کا نام ہے - منتر - جادو - ٹونا -
ٹوٹکا۔
تنتری ۱- (ہ-اسم مؤنث) گویا - قوال - مطرب گائک - سپردائی - ایک
باجے کا نام - مغنی
تنت کار ۱- (ہ-اسم مذکر) بنجنیا - سارنگیا - ستاریا - ساز بجانے والا۔
تن تن ۱- (ہ-اسم صوت) ستار - سارنگی وغیرہ کی آواز۔
تنتنانا ۱- ستار یا سارنگی کے تار بجانا۔
تنتنا - یا تنتنہ ۱- (اُرد اسم مذکر صحیح طنطنہ ہے - کروفر - شان و شوکت
حکومت - تحکم - غصہ - غضب - طمطراق - قہر۔
تنتنانا ۱- (ہ-فعل) سنسنانا - جھنجھنانا - غصے میں ہونا۔
تنتنے باز ۱- مغرور - نازک دماغ - مغرور۔
تنتناہٹ ۱- (ہ-اسم مؤنث-حاصل مصدر) ورم - سوجن - تکلیف جو
سوزش سے ہو - تپک - جلن۔
تنتا ۱- (مذ) فساد - جھگڑا۔
تنتنی ۱- (ہ-اسم مؤنث بیائے فاعلیت) تن تن کرنے والی - چھوٹا
ستار - ستاری - سارنگی - دوتارا۔
تن جانا ۱- (اُرد سینہ تن لینا - خفا ہو جانا - اکڑ جانا۔
تنجیم ۱- (ع-مو) ستارہ شناسی - علم نجوم کے قواعد کے مطابق
ساعتوں کا دریافت کرنا۔
تنخواہ ۱- (ہ-اسم مؤنث) مہینے کی اجرت - مشاہرہ - ماہر - طلب -
ماہیانہ - وظیفہ
تنخواہ دار ۱- (ف-اسم مذکر بر ترکیب فاعلی) ملازم - نوکر - تنخواہ پانے
والا۔
تنخواہ ذاتی ۱- (ف-اسم مؤنث) بخ کی تنخواہ - اپنی تنخواہ - خاص رقم۔
تند ۱- (ف-اسم صفت) تیز - چرچا - جلا - خونخوار - غضبناک -
غصیل - سخت - کڑا - دو آتشہ شراب یا عرق - سریع الاثر - تلخ - کڑوا۔

تُندخُو (ف۔صفت) بدمزاج۔ بدخُو۔ چڑچڑا۔ جلد ناراض ہونے والا۔
تُندخوئی: (ف۔مو) بدمزاجی۔ تیز مزاجی۔
تُندرفتار: (ف۔صفت) تیز رفتار۔ تیز قدم۔ تیز چلنے والا۔
تُندزبان: (ف۔صفت) جلد جلد بولنے والا۔
تُندفہم: (ف۔صفت) تیز فہم۔ اچھی عقل والا۔
تُندمزاج (ف۔صفت) تیز مزاج۔ معمولی بات پر بھڑک اُٹھنے والا۔
تُند ہونا: (اُر محاورہ) ناراض ہونا۔ غصہ ہونا۔ تیز ہونا۔
تُندور: (اُر۔ا۔مذ) روٹی پکانے کی بھٹی۔ تنور۔
تندور بھرنا (یا ٹٹنا) (اُر محاورہ) پیٹ بھرنا۔ اچھا بُرا کھانا۔
تندور جھونکنا (اُر محاورہ) تندور گرم کرنا۔ تنور میں ایندھن ڈالنا۔
تُندی: (ف۔ا۔مو) چڑچڑاپن۔ سختی غصہ۔ شہوت۔ تیزی۔ بدمزاجی۔
تُندیل: (اُر۔صف) توند والا۔ بڑے پیٹ والا۔
تُنڈا: (ق۔ا۔مذ) ہجوم۔ بھیڑ۔
تُنڈانا: (ق۔مو) لڑنا۔ فساد کرنا۔
تنزّل: (ع۔ا۔مذ) درجہ ٹوٹنا۔ کمی ہونا۔ نقصان۔ زوال۔ گھٹاؤ۔ کمی تخفیف۔ اُتار۔
تنزّہ: (ع۔ا۔مذ) باعصمت ہونا۔ خوشی۔ فرحت۔ جمع۔ تنزّہات۔ سیر۔ تفریح۔ خالص ہونا۔ عیب سے پاک ہونا۔
تنزیل: (ع۔ا۔مو) وحی۔ الہام۔ نازل کرنا۔ اُتارنا۔ قرآن مجید۔ جمع: تنزیلات۔
تنزیہہ: (ع۔ا۔مو) پاکی۔ صفائی۔ بُری باتوں سے دُور رکھنا۔ عیب سے پاک کرنا۔ صاف کرنا۔
تنسیخ: (ع۔ا۔مو) منسوخی۔ منسوخ کرنا۔ باطل کرنا۔
تنصّر: (ع۔ا۔مذ) مذہب عیسوی اختیار کرنا۔
تنصیب: (ع۔ا۔مو) جمانا۔ نصب کرنا۔ لگانا۔ مقرر کرنا (انگ) جمع: تنصیبات۔
تنصیف: (ع۔ا۔مو) دو برابر حصّوں میں تقسیم کرنا۔ دو برابر حصّے کرنا۔
تنظیم (ع۔ا۔مو) شعر کہنا۔ نظم لکھنا، موتی پرونا، درستی کرنا، انتظام کرنا انتظام، بندوبست، ترتیب، منظم، جماعت، انجمن نظم و نسق (امورِ عامہ یا حکومت کا)
تنعّم (ع۔ا۔مذ) ناز و نعمت سے زندگی بسر کرنا، عیش، آرام۔
تنعیم (ع۔ا۔مو) ناز و نعمت سے پالنا۔ عیش و آرام سے رکھنا۔
تنغّص (ع۔ا۔مذ) طبیعت مکدر ہونا۔
تنفّر (ع۔ا۔مذ) نفرت۔ بیزاری۔ کراہت۔ گھن۔
تنفّس (ع۔ا۔مذ) سانس لینا۔ دم لینا
تنفسی (ع۔ف۔صف) سانس سے متعلق
تنقّل (ع۔ا۔مذ) نقل کرنا۔ تھوڑا تھوڑا ٹھونکنا۔
تنقیح (ع۔ا۔مو) کسی چیز کو زوائد اور عیوب سے پاک کرنا۔ خالص کرنا تفتیش۔ تحقیق۔ جھگڑے کا فیصلہ کرنا۔ قانون میں وہ سوال جو امور متنازعہ کو فیصلہ کرنے کے لیے بنائے جاتے ہیں۔ جمع: تنقیحات
تنقیحِ اُمورِ تصفیہ طلب: فیصلہ طلب اُمور کی صفائی و وضاحت
تنقیحِ طلب: جس میں تفتیش کی ضرورت ہو۔ فیصلہ ہونے والا۔
تنقید: (ع۔ا۔مو) جانچ، پرکھ، تمیز، ایسی جانچ۔ جو اچھے بُرے کھرے کھوٹے میں تمیز کرے۔ تبصرہ۔ لقد۔ نکتہ چینی۔
تنقیص (ع۔ا۔مو) کم کرنا، گھٹانا، نقصان۔ کمی، اعتراض۔ نقص نکالنا۔
تنقیہ (ع۔ا۔مذ) صاف کرنا۔ پاک کرنا۔ فیصلہ۔ مقدمات کا فیصلہ کرنا۔ اناج کو بھوسے سے الگ کرنا۔ آنتوں کو صاف کرنا جلاب لینا۔
تنقیہ دماغ: (ع۔ا۔صف) دواؤں سے دماغ کو صاف کرنا۔
تُنک (ہ۔صف) تھوڑا۔ ذرا سا۔ چھوٹا۔
تُنک (ف۔صف) تھوڑا، چھوٹا۔ ذرا سا، کمزور۔ اوچھا، بے حقیقت۔
تُنک ظرف (ف۔ع۔صف) کم ظرف۔ کمینہ، کم حوصلہ اوچھا۔ پیٹ کا ہلکا۔ جسے بات نہ پچے۔
تُنک ظرفی (ف۔ع۔ا۔مو) کم حوصلگی۔ چھچھورا پن۔
تُنک مایہ (ف۔صف) بے حیثیت۔ تھوڑی پونجی والا۔
تُنک مزاج (ف۔ع۔صف) نازک مزاج۔ چڑچڑا۔ زود رنج تندخو۔ تیز مزاج۔
تُنک مزاجی۔ (ف۔ع۔ا۔مو) نازک مزاجی۔ تندخوئی۔ زود رنجی
تِنکا (ہ۔ا۔مذ) سوکھی گھاس کا ٹکڑا، کسی چیز کا چھوٹا سا ٹکڑا (مجازاً) ذرا سی چیز، ہلکا۔ برگ کا۔
تنکا اُتارنا۔ (اُر محاورہ) تھوڑا سا احسان کرنا
تنکا اُتارنا اور چھپر رکھ دینا (مثل) تھوڑا سا احسان کرنا اور اس کے عوض میں بہت کچھ وصول کر لینا۔
تنکا اُتارنے کا احسان ماننا (اُر مثل) ذرا سے احسان کو بہت ماننا
تنکا اِدھر اُدھر ہونا (اُر محاورہ) ذرا سی بے ترتیبی ہونا۔ تھوڑا سا نقصان ہونا۔
تنکا بھی پاس نہ رہنا۔ (اُر محاورہ) بالکل مفلس ہو جانا۔ غریب ہو جانا۔ صفایا ہو جانا۔ کچھ باقی نہ رہنا۔
تنکا بھی نہ توڑ سکنا۔ (اُر محاورہ) نہایت کمزور ہونا۔ کاہل ہو جانا۔ سُست ہو جانا۔
تنکا توڑنا۔ (اُر محاورہ) تھوڑا سا کام کرنا۔
تنکا دانتوں میں (یا پکڑنا) لینا (اُر محاورہ) اطاعت کرنا۔ مغلوب ہونا۔ شکست ماننا، پناہ یا امان مانگنا۔ گڑگڑانا، عاجزی کرنا۔
تنکا سا توڑنا۔ (اُر محاورہ) انکار کرنا۔ دوٹوک جواب دینا۔
تنکا ناک میں (یا پڑنا) ڈالنا (اُر محاورہ) عورتوں کا ناک کے چھید میں تنکا ڈالنا
تنکا نہ توڑنا۔ (اُر محاورہ) کچھ نہ کرنا۔
تنکا نہ رہنا۔ (اُر محاورہ) کچھ پاس نہ رہنا۔ کنگال ہو جانا۔ مفلس ہو جانا
تنکا ہو جانا۔ (اُر محاورہ) بہت دبلا ہو جانا۔

تنکوں کا کھیل۔ (اُر۔ مذ) نکما اور فضول کام۔ کچا کام۔
تنکے اوٹ پہاڑ ہونا۔ (اُر۔محاورہ) ادنیٰ چیز کی اوٹ میں بڑی چیز کا ہونا۔ مشکل چیز کا ذرا سی تدبیر سے حل ہو جانا۔
تنکے (چننا) چننے لگنا (اُر۔محاورہ) بدحواس ہو جانا۔ گھبرا جانا پاگل ہو جانا۔
تنکے چنوانا۔ (اُر۔محاورہ) بدحواس کر دینا، دیوانہ بنا دینا۔
تنکے کا احسان (اُر۔محاورہ) تھوڑا سا احسان۔
تنکے کا احسان بھی بہت ہوتا ہے (اُر۔مثل) تھوڑے سے احسان کا بوجھ بڑا ہوتا ہے۔ تھوڑا سا احسان بھی قابل شکر گزاری ہے۔
تنکے کا احسان ماننا۔ (اُر۔محاورہ) ذرا سے احسان کا بھی شکر گزار ہونا۔
تنکے چنوانا (اُر۔محاورہ) بدحواس کر دینا۔ دیوانہ بنا دینا۔
تنکے کا سہارا۔ (اُر۔محاورہ) تھوڑی سی امداد۔
تنکے کا سہارا نہیں۔ (اُر۔محاورہ) آمدنی کا کوئی ذریعہ نہیں۔
تنکے کا پہاڑ کر دکھانا۔ (اُر۔محاورہ) بات کا بتنگڑ بنانا۔ مبالغہ کرنا
تنکنا (ہ۔مص) خفا ہونا۔ غصے ہونا۔ بے قرار ہونا۔
تنکی (ہ۔ا۔مو) ایک قسم کی میٹھی پتلی روٹی۔
تنگ (ف۔صفت) بچھا ہوا۔ سکڑا ہوا۔ پھنسا ہوا۔ چست کم تھوڑا، محتاج۔ عاجز۔ مغموم۔ غمگین۔ رنجیدہ۔ مشکل، زین کسنے کا چوڑا تسمہ۔ تھیلا، بوری، گھنٹہ، گھڑیال، درہ۔ مانی کا تصویر خانہ۔
تنگ آنا۔ (اُر۔محاورہ) تھک جانا، عاجز آنا۔ مجبور ہونا۔ بیزار ہونا گھبرا جانا۔
تنگ بخت (ف۔صفت) مفلس، نادار۔ بدبخت
تنگ پوش (ف۔صفت) چست کپڑے پہننے والا۔
تنگ تراش ہونا۔ (اُر۔محاورہ) ناراض ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔
تنگ ٹوٹنا (اُر۔محاورہ) گھوڑے کے تنگ کا ڈنڈکڑے ہو جانا۔
تنگ چشم (ف۔صفت) لالچی۔ حریص، کمینہ، بخیل۔ کنجوس۔ کم ظرف، کم حوصلہ۔ اوچھا۔
تنگ چشمی (ف۔ا۔مو) کم حوصلگی۔ اوچھا پن۔ کمینگی۔
تنگ حال (ف۔ع۔صفت) تباہ حال، نادار محتاج۔ مفلس۔ غریب
تنگ حال ہونا (اُر۔محاورہ) نادار ہونا، غریب ہونا۔
تنگ حالی۔ (اُ۔مو) غربت۔ مفلسی، ناداری۔
تنگ حوصلگی (ف۔ا۔مو) پست ہمتی۔ کم ہمتی۔ کم ظرفی، اوچھا پن، کمینگی۔
تنگ حوصلہ (ف۔ع۔صفت) پست ہمتی۔ اوچھا۔ کم ظرف۔
تنگ دست (ف۔صفت) مفلس۔ غریب، محتاج۔ نادار۔
تنگ دل (ف۔صفت) کم حوصلہ، کم ظرف، کمینہ۔ اوچھا۔
تنگ دلی (ف۔ا۔مو) کم حوصلگی۔ کم ظرفی۔ بخل۔
تنگ دوزی (ف۔ا۔مو) باریک سلائی۔
تنگ دہن (ف۔صفت) چھوٹے منہ کا یعنی۔ دہنا۔ مجازاً معشوق۔
تنگ ڈھیلا ہونا (اُر۔محاورہ) گھوڑے کی پیٹی۔ پوری طرح کسی نہ ہونا۔
تنگ روزی۔ (ف۔صفت) مفلس۔ غریب

تنگ رہنا۔ (اُر۔محاورہ) کم آمدنی زیادہ خرچ۔ تنی دست ہونا۔
تنگیر (ع۔ا۔مو) اسم نکرہ بنانا۔ بُری حالت کرنا۔ انجان بنانا۔
تنگ پوشی (ف۔ا۔مو) چست کپڑے پہننا۔
تنگچائی۔ (ق) تنگی۔ سختی۔
تنگ دستی۔ (ف۔ا۔مو) مفلسی۔ ناداری، غربت۔
تنگ پکڑنا۔ (اُر۔محاورہ) گھوڑے کی لگام کو کھچا ہوا رکھنا۔ زچ کرنا۔ عاجز کرنا۔
تنگ کسنا۔ (مص۔مرکب) زین کے تسمے کھینچ کر باندھنا۔ زین اپنی جگہ سے نہ ہلے۔
تنگ گیری۔ (ف۔ا۔مو) ظلم۔ جور۔ ستم۔ زیادتی۔
تنگ زیست (عیش) (ف۔صف) تنگ دست۔ غریب۔
تنگ طلبی۔ (ف۔ا۔مو) زور دے کر مانگنا۔ سختی سے تقاضا کرنا۔
تنگ ظرف۔ (ف۔ع۔صفت) کم ظرف، کم حوصلہ، اوچھا
تنگ فرصت۔ (ف۔ع۔صفت) کم فرصت۔
تنگ کرنا۔ (مص۔مرکب) چست کرنا، ستانا، دق کرنا، مجبور کرنا، عاجز کرنا۔
تنگ معاش۔ (ف۔ا۔مو) تنگ دست۔ کم آمدنی والا۔
تنگنائے۔ (ف۔ا۔مو) قبر، تنگ رستہ، تنگ کوچہ۔
تنگ و تاریک: چھوٹی جگہ جہاں اندھیرا ہو۔
تنگ و رزی۔ (ف۔ا۔مو) کفایت شعاری۔
تنگ وقت (ف۔ع۔ا۔مذ) مشکل کا وقت، ضرورت کا وقت بہت تھوڑا وقت، مصیبت کا وقت۔
تنگ ہاتھ ہونا۔ (اُر۔محاورہ) مفلس ہونا۔ پیسہ پاس نہ ہونا۔
تنگ یاب۔ (ف۔ا۔صفت) کمیاب۔ نادر۔
تنگ۔ (ف۔ا۔مذ) چھوٹے منہ کا برتن، فوج کا ایک دستہ۔
تنگا (ق۔ا۔مذ) غمزدہ۔
تنگا تنگ۔ (اُر) بھینچ کر۔ زور سے بغلگیر (کرنا ہونا کے ساتھ)
تنگہ۔ (ف۔ا۔مذ) ٹنکا کا مقرس۔ دو پیسے
تنگی۔ (ف۔ا۔مو) تھیلا بوری، کم ظرفی (۲) مفلسی۔ غربت۔ ناداری کوتاہی۔ کمی۔ قلت۔ چھوٹا پن۔ مشکل دشواری۔ وقت۔ کنجوسی۔ بخل
تنگی ترشی۔ (ف۔ا۔مو) کفایت شعاری۔ تکلیف کے ساتھ۔
تنگی ترشی سے گزارا ہونا۔ (اُر۔محاورہ) بڑی کفایت شعاری گزارا ہونا۔
تنگی کرنا۔ (اُر۔محاورہ) کنجوسی کرنا۔ تکلیف دینا۔ سختی کرنا، جبر کرنا۔
تنگی کے ساتھ فراخی اور فراخی کیساتھ تنگی لگی ہوئی ہے (مثل) کوئی ہمیشہ امیر یا غریب نہیں رہتا۔ حالت بدلتی رہتی ہے۔ امیری اور غربت کا ساتھ ہے۔
تنگی کئی فراخی آئی۔ (مثل) بُرے دن گئے بھلے دن آئے۔
تنگی و فراخی بدست خود (مثل) تنگی اور فراخی اپنے ہاتھ ہے۔ مذاقاً مخلوق کی نسبت کہتے ہیں
تنگی ہونا۔ (اُر۔محاورہ) آمدن کی کمی ہونا۔ تکلیف ہونا۔
تنگیبانا۔ (اُر۔مص) گھوڑا سرپٹ دوڑانا۔ تنگ کسنا۔
تنور۔ تنورؔ (ع۔ا۔مذ) ایک گول گڑھا۔ جسے گرم کر کے اس میں روٹیاں

پکاتے ہیں۔ ایک گول لمبوترا کچی مٹی کا برتن۔ جسے گڑھے میں لگا کر یا زمین کے اوپر رکھ کر روٹیاں انگریزی طریقے کی ڈبل روٹی کیک مٹھائی وغیرہ بنانے کا بھٹ۔

تنور جھونکنا۔ (اُ محاورہ) تنور گرم کرنا۔ تنور میں ایندھن ڈالنا۔

تنور خانہ (ف۔ا۔مذ) باورچی خانہ۔

تنور سے بچنے کے لیے بھاڑ میں گرے (اُ مثل) تھوڑی مصیبت سے بچنے کے لیے بڑی مصیبت میں پڑے۔

تنور کی سوجھنا۔ (اُ محاورہ) تنور پر جا کر روٹی کھانا۔

تنوع۔ (ع۔ا۔مذ) قسم قسم کا ہونا۔ مختلف رنگ کا ہونا۔ گوناگونی جمع تنوعات۔

تنومند۔ (ف۔صفت) مضبوط بدن، قوی جسم، ہٹا کٹا

تنومندی۔ (ف۔ا۔مو) قوت۔ طاقت، فربہی موٹاپا۔

تنویر۔ (ع۔ا۔مو) روشنی۔ نور، چمک۔

تنوین۔ (ع۔ا۔مو) کسی حرف پر دو زیر یا زیر یا پیش لگانے سے نون کی آواز پیدا کرنا۔

تنہ (ف۔ا۔مذ) جڑ کے اوپر سے شاخیں نکلنے تک درخت کا حصہ درخت کا دھڑ۔ تنا۔

تنہا۔ اکیلا۔ فرد۔ مجرد۔ لاثانی۔ الگ۔ جدا علیحدہ، بے نظیر۔ لاثانی۔ صرف۔ فقط۔

تنہا خوری۔ (ف۔ا۔مو) اکیلے کھا لینا۔

تنہائی۔ (ف۔ا۔مو) جدائی۔ مفارقت۔ اکیلے رہنا علیحدگی۔ گوشہ نشینی۔

تنی۔ ہ۔ا۔مو) حصہ ساجھا۔ ڈوری کسی چیز کے باندھنے یا کسنے کی ڈور۔

تنی رہنا (اُ۔ محاورہ) جھگڑا رہنا۔ دانتا کلکل رہنا۔

تنی میں گانٹھ دینا۔ (اُ محاورہ) یاد رکھنا۔ یادداشت کے لیے بند میں گرہ لگانا۔ منسوب کرنا۔ نسبت کرنا۔ منگنی کرنا۔ سگائی کرنا۔

تنی۔ (ا۔مذ) ایک قسم کا چاول۔

تنیا۔ (ہ۔ا۔مذ) لنگوٹ۔ کپڑے کی دھجی جو رذیل قوموں کے مرد ستر پوشی کے باندھتے ہیں۔

ت - و

تو (ہ) واؤ مجہول کے ساتھ۔ تب۔ پس، الحاصل، حاصل کلام اس حالت میں۔ اس وقت۔ پھر۔

تو بات ہے۔ (متعلق فعل) تب مزہ ہے۔ تب لطف ہے۔

تو بھی۔ باوجود یکہ۔ پھر بھی۔ تاہم۔

تو پھر۔ اس وقت۔ اس حالت میں۔

تو بھی دیکھوں گا، دیکھ تو، بالضرور، یقینی، بے شک۔

تو کیا (متعلق فعل) کچھ نہیں، کچھ مضائقہ نہیں۔ کچھ نقصان نہیں۔

تو کیا ہوتا۔ (متعلق فعل) کسی صورت میں ہوتا۔ کیا شے ہوتا۔ کچھ نقصان نہ ہوتا۔

تو کیا ہوا۔ کچھ نہیں ہوا۔ کچھ فائدہ نہیں ہوا۔

تو۔ (ہ) واؤ معروف کے ساتھ۔ (ف۔ضمیر) حرف خطاب جو ادنیٰ یا کم درجے والے کی نسبت بولا جاتا ہے۔ کبھی پیار اور بے تکلفی سے بولا جاتا ہے۔

تو بھی رانی میں بھی رانی / کون بھرے پن گھٹ پر پانی } (مثل) عورتیں کاہل ملازمہ کو کہتی ہیں یا جہاں سب سست ہوں اور کام نہ کرتے ہوں۔ تو کہتی ہیں۔

تو تڑاق کرنا۔ (اُ محاورہ) زبان درازی کرنا، گالیاں دینا۔ بدزبانی کرنا۔

تو تکار (ا۔مو) بدزبانی۔ گالی گلوچ۔ زبان درازی۔

تو تو (متعلق فعل) پہلا واؤ معروف دوسرا واؤ مجہول خصوصیت کے موقع پر بولتے ہیں۔ جیسے تو تو یہ کام نہ کر۔

تو تو کرنا۔ (اُ محاورہ) تو تڑاق کرنا۔

تو تو میں میں (ا۔مو) گالی گلوچ۔ زبان درازی، بدزبانی، جھگڑا، فساد، لڑائی۔

تو چل میں چل، ایک ایک کر کے کھسکنے یا آنے کے موقع پر کہتے ہیں۔

تو چھوئے (اور) کہ میں موئی۔ (مثل) جھوٹی نزاکت پر طنز ہے۔

تو دیوانی میں جٹھانی، تیرے آگ نہ میرے پانی (مثل) دونوں مفلس اور کنگال ہیں۔

تو ڈال ڈال میں پات پات۔ (مثل) دیکھیے تم ڈال ڈال۔

تو کار زمیں را نکو ساختی کہ با آسمان نیز پرداختی (ف۔مثل) تم نے معمولی کام میں کیا کامیابی حاصل کی، جو اب بڑے کاموں میں ہاتھ ڈال رہے ہو۔

تو کون ہے؟ (استفہامیہ) دخل در معقولات کرنے والے کو تنبیہ۔

تو کو نہ موکو۔ چولھے میں جھونکو۔ (مثل) چیز کو ایسا خراب کرنا کہ کسی کے کام کی نہ رہے۔

تو کہاں اور میں کہاں۔ (مثل) تیرا میرا کیا مقابلہ ہے۔ اگر اعلیٰ سے خطاب ہے تو اپنے تئیں کم تر اور ادنیٰ سے خطاب کرنا کہ کسی کے کام کی نہ رہے۔

تو کھول میرا مکنا میں گھر سنبھالوں اپنا (مثل) جب نئی دلہن گھر کے کاموں میں دخل دینے لگے، تو ساس کہتی ہے۔

تو کیا ہے؟ (اُ محاورہ) تیری کچھ ہستی نہیں۔ تیری حقیقت کیا ہے؟

تو کیوں پیٹ پھاڑتا ہے۔ تو کیوں نہیں مانتا۔ تیرا کیا نقصان ہے۔ تو کیوں ہٹ کرتا ہے۔

تو گدھی کمہار کی تجھے رام سے کیا کام (مثل) تو اپنا کام کر۔ تجھے کسی سے کیا تعلق۔ اسے کہتے ہیں۔ جو باوجود کم لیاقت ہونے کے دوسرے کام میں رائے دے۔ یا ٹانگ اڑائے۔

تو گور کھود مو کو میں گاڑیاں آؤں تو کو (مثل) تو اگر میرا برا چاہے گا تو تیرا ہی برا ہو گا۔

تو مجھ کو تو تجھ کو (مثل) تو میرا ساتھ دے گا تو میں تیرا ساتھ دونگا۔

تو نہیں تیرا بھائی سہی (اُ محاورہ) تو نہیں کرتا تو کوئی اور اس کام کو کریگا۔ اگر تو نے یہ کام نہیں کیا تو تیرے کسی بھائی نے کیا ہو گا۔

تو نہیں جانتا ۔ چلا جا۔ نہیں تو تیرے واسطے اچھا نہ ہو گا۔

تو نہیں مانتا ۔ مان لے! ورنہ تیرے واسطے اچھا نہ ہو گا۔

تو نے کہی میں نے مانی ۔ (مثل) مجھے تمہارا اعتبار نہیں۔

تو نے کی رام جنی ۔ میں نے کیا رام جنا (مثل) بدکار عورت بدکار خاوند سے کہتی ہے۔ چونکہ تو بدکاری کرتا ہے۔ اس لیے میں بھی کرتی ہوں۔

تو ہو اور دُنیا ہو ۔ (کلمۂ دُعا) تو ہمیشہ زندہ رہے۔

تو ہی تو ہے ۔ تیرے سوا اور کوئی نہیں۔ ہر جگہ تو ہی ہے۔ اللہ کو خطاب کرتے ہیں۔

تو ہے اور میں ہوں ۔ اب اور کوئی نہیں۔ اب ایسا بدلہ لوں گا کہ تو بھی یاد کرے۔

توا ۔ (ہ۔ا۔مذ) لوہے کا گول ظرف جس پر روٹی پکاتے ہیں۔ ٹھیکرے کا گول ٹکڑا جیسے حلیم میں تمباکو کے اوپر رکھ کر چلم بھرتے ہیں۔ بڑا لوہے یا شیشے کا گول ٹکڑا جس میں سوراخ ہوتے ہیں اور کنوئیں کی تہ میں رکھا جاتا ہے۔ وہ لوہے کا گول ٹکڑا جیسے پانی گرم کرنے کے لیے حمام یا سقاوے میں لگاتے ہیں۔ اس کے نیچے آگ جلائی جاتی ہے اور یہ گرم ہو کر پانی کو گرم کرتا ہے۔ دریا کی تہ ۔ بے حد سیاہ ۔ بہت کالا۔

توا چڑھا اور جی بڑھا ۔ (مثل) روٹی پکتے دیکھ کر بھوکے کو تسلی ہو جاتی ہے

توا چڑھا بیٹھی مسرانی گھر میں اناج اگن نہ پانی (مثل) ہے تو غریب مگر دکھاوے کو امیرانہ کام کرتی ہے۔

توا چڑھنا (اُ محاورہ) روٹی پکانے کے لیے توے کا چولھے پر رکھا جانا۔ روٹی پکانے کی تیاری ہونا۔

توا سر پر (باندھنا) رکھ لینا ۔ (اُ مثل) سر کی حفاظت کر کے جنگ کے لیے تیار ہونا۔ اپنے تئیں مضبوط و مستحکم ہونا۔

توا لال ہونا ۔ آگ کی تیزی سے توے کا سُرخ ہو جانا۔

توا نہ لغاری کاہے کی بھٹیاری توا کونڈا نہ چلہاری کہے کی نار میں ہوں بھٹیاری (مثل) پاس کچھ نہ ہو اور ظاہر داری بہت ہو تو کہتے ہیں۔

توا ہنسنا ۔ (اُ محاورہ) جلتے توے کے نیچے بہت سا کاجل جمع ہو کر ذرا ذرا سی روشنی کے ذرات سلسلہ وار چمکنے لگتے ہیں۔ اسے عورتیں توے کا ہنسنا کہتی ہیں اور اسے شادی اور رزق کی افزونی کا شگون سمجھتی ہیں۔ (مذاقاً) کالے آدمی کا پان کھا کر ہنسنا۔

توے پر کی بوند، توے کی بوند ۔ (اُ محاورہ) ناپائدار چیز۔ جلد فنا ہو جانے والی۔

تو آب ۔ (ع۔ا۔مذ) توبہ منظور کرنے والا۔ خدائے تعالیٰ۔

توابع ۔ (ع۔ا۔مذ) تابع کی جمع۔ پیرو۔ ملازم۔ ماتحت۔

توا تُر ۔ (ع۔ا۔مذ) پے در پے۔ برابر۔ لگاتار۔ تابڑ توڑ، سلسلہ تسلسل۔

توارث (ع۔ا۔مذ) ورثہ پانا ۔ وراثت۔

توارُد ۔ (ع۔ا۔مذ) باہم ایک جگہ اُترنا۔ دو شخصوں کو ایک ہی مضمون سوجھنا، ایک ہی بیت یا مصرع دو شاعروں کے ذہن میں آنا۔

تواریخ ۔ (ہ۔ا۔مذ) برہمنوں کا ایک فرقہ جس کو تین وید پڑھنے کی اجازت ہے۔

تواریخ : (ع۔ا۔مو) تاریخ کی جمع۔ مہینے کا دن۔ سنوں کا علم۔ قصے تذکرے۔ واقعات۔ واقعات کا علم۔

توازن ۔ (ع۔ا۔مذ) ہم وزن ہونا۔ موازنہ کرنا۔ تناسُب۔

توازن حسابات ۔ فاضلات ادا کر کے جمع اور خرچ کو برابر کرنا۔

توازن درآمد و برآمد ۔ درآمد۔ درآمد اور برآمد کا اعتدال۔

تواضع ۔ (ع۔ا۔مو) خاطر مدارات۔ آؤ بھگت، مہمان داری۔ مہمان نوازی۔

تواضع سمرقندی ۔ (ع۔ا۔مو) جھوٹی خاطر تواضع۔ ظاہر داری کی آؤ بھگت۔

توازن داد و ستد ۔ لین دین کا مقابلہ

تواضع کرنا ۔ (مص۔مرکب) خوش اخلاقی سے پیش آنا۔

توافق ۔ (ع۔ا۔مذ) موافقت۔ مطابقت۔ یک جانی۔ اتفاق۔ میل۔ علم حساب میں ایسے دو اعداد کا تعلق۔ جن کو تیسرا عدد پورا تقسیم کر سکے۔

توالد ۔ (ع۔ا۔مذ) اولاد پیدا کرنا۔

توالد و تناسُل (ع۔ا۔مذ) اولاد پیدا ہونا اور نسل چلنا۔

توالی ۔ (ع۔ا۔مو) متواتر۔ پے در پے۔ لگاتار۔ مسلسل۔

توام ۔ (ع۔ا۔مذ) جڑواں۔ ایک ساتھ سے پیدا شدہ بچے۔

توامال ۔ (ع۔صف) وہ دونوں بچے جو اکٹھے پیدا ہوں۔

توان ۔ (ع۔صف) طاقت۔ زور۔ قوت۔ بل۔ قدرت، ہمت۔

توانا (ف۔صف) زور آور۔ طاقت ور، تنومند۔ ہٹا کٹا۔

توانائے مطلق ۔ قادر مطلق۔ اللہ تعالیٰ۔

توانگر ۔ دولت مند، امیر، مالدار

توانگری (ف۔ا۔مو) دولتمندی۔ امارت۔ مالداری۔

توبرا توبڑہ ۔ توبڑہ ۔ (ف۔ا۔مذ) وہ تھیلا جس میں گھوڑے کو دانہ کھلاتے ہیں۔ (حقارتاً) منہ۔

توبڑہ چڑھائے رکھنا ۔ (اُ محاورہ) ہر وقت منہ پھیلائے رکھنا ہر وقت چیں بجبیں رہنا۔

توبہ (ع۔ا۔مو) استغفار، افسوس، پچھتاوا۔ ندامت، پشیمانی کسی بُرے کام سے باز رہنے کا عہد۔ زنہار۔

توبۃ النصوح (ع۔صف) سچی توبہ۔ مشہور کتاب کا نام۔

توبہ بڑی سپر ہے گنہ گار کے لیے ۔ (مثل) توبہ کرنے سے گنہ گار سزا سے بچ جاتا ہے۔

توبہ ہی بڑی ہے گنہ گار کے لیے: (مثل) توبہ کرنے سے گنہ گار سزا سے بچ جاتا۔

توبہ بلوا دینا (اُ۔ محاورہ) اتنا تنگ کرنا کہ دوسرا پناہ مانگنے لگے دق کرنا۔

توبہ بندے۔ (اُ۔ محاورہ) دق کر ڈالا۔ بہت ستایا (بطور خطاب)

توبہ بھولی جانا۔ (اُ۔ محاورہ) حواس گم ہونا۔ پریشان ہونا۔

توبہ تلا (اُ۔ مذ) شور فغاں۔ واویلا۔ فریاد۔ ہائے وائے۔

توبہ توبہ مچا دینا۔ (حرف ندبیہ) نفرت یا پکا عہد یا مقام عبرت و تاسف پر بولتے ہیں۔

توبہ توڑنا۔ (اُ۔ محاورہ) عہد شکنی کرنا۔ قول و قسم سے پھرنا۔

توبہ ٹوٹ جانا) ٹوٹنا۔ (اُ۔ محاورہ) عہد ٹوٹ جانا۔ قسم ٹوٹ جانا۔

توبہ دھاڑ (کرنا) مچانا۔ (اُ۔ محاورہ) شور و غل مچانا۔ پناہ مانگنا۔ زور شور سے شکوے شکایت کرنا۔

توبہ شکن (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) توبہ توڑنے والا۔ توبہ توڑوانے والا۔

توبہ قبول فرمانا۔ (مص۔ مرکب) گناہ معاف کر دینا۔

توبہ کا در بند ہو جانا۔ (اُ۔ محاورہ) استغفار کرنے کا وقت نہ رہنا یا گزر جانا۔ مسلمانوں کے عقیدے میں قیامت کے شروع ہونے کے بعد توبہ قبول نہ ہوگی۔

توبہ کا دروازہ کھلا ہے۔ (مثل) توبہ ہر وقت قبول ہو سکتی ہے۔

توبہ کرانا۔ (اُ۔ محاورہ) چیں بلوانا۔ عاجز کرنا۔ بڑی بات چھڑوانا۔ معافی منگوانا۔

توبہ کر بندے (اُ۔ مقولہ) جب کوئی غرور کی بات کہے یا سزا پائے تو کہتے ہیں

توبہ کر کے کہنا۔ (اُ۔ محاورہ) خدا سے معافی مانگ کر دعوے یا شیخی کی کوئی بات کہنا۔

توبہ کرنا۔ (اُ۔ محاورہ) گناہ سے باز آنا۔ قسم کھانا، فریاد کرنا۔ کوئی بری بات چھوڑنے کا عہد کرنا۔

توبہ (کرو) کیجیے۔ (اُ۔ مثل) کوئی غرور کا کلمہ کہے یا کسی پر ہنسے یا خلاف مذہب کوئی بات کرے تو کہتے ہیں۔

توبہ ہی بھلی۔ (اُ۔ مثل) عورتیں توبہ کی جگہ بولتی ہیں۔

توبہ ہے۔ (اُ۔ مثل) اب نہیں کروں گا۔ باز آتا ہوں۔

توبیخ۔ (ع۔ ا۔ مو) ملامت۔ جھڑکی۔ سرزنش۔ طنز۔

توپ۔ (ا۔ مو) گولہ چلانے کا آلہ۔ بہت موٹا آدمی۔

توپ بھرنا۔ (مص۔ مرکب) توپ میں گولہ بارود ڈالنا۔

توپ پر رکھنا۔ کسی شخص کو توپ سے اُڑانے کے لیے توپ کے سامنے کرنا۔ یا توپ کے منہ پر باندھ دینا۔

توپ (چلانا) چھوڑنا۔ گولہ مارنا۔ توپ کی بارود کو آگ لگانا۔ گولہ مارنا۔ پاؤنا۔ (مذاقاً) بہت موٹا آدمی یا عورت۔

توپچی۔ (ف۔ صف) توپ چلانے والا۔ گولندار۔

توپ خانہ (ف۔ مذ) وہ جگہ جہاں توپیں رکھی جائیں اور ان کے چلانے والے اور عملہ رہتے ہیں۔

توپ داغنا۔ (اُ۔ محاورہ) توپ چلانا۔

توپ دم (کر دینا) کرنا۔ (اُ۔ محاورہ) توپ کے منہ پر باندھ کر اُڑانا

توپ سے اُڑا دینا۔ (اُ۔ محاورہ) توپ کے منہ پر باندھ کر اُڑا دینا۔

توپ کو بتی دکھانا۔ (اُ۔ محاورہ) توپ کی بارود کو آگ لگانا۔

توپ کے منہ اُڑا دینا۔ (اُ۔ محاورہ) توپ کے منہ پر باندھ کر توپ چلا کر مار ڈالنا۔

توپ کے مہرے۔ مصیبت کے سامنے۔ مصیبت میں۔

توپ لگانا۔ (اُ۔ محاورہ) توپ چلانا۔ توپ کو ایک جگہ نصب کرنا۔

توپ لگنا۔ (اُ۔ محاورہ) توپ چلانا۔

توپ مارنا۔ (اُ۔ محاورہ) توپ چلانا۔

توپوں کی کڑک۔ توپوں کے چلنے کی آواز۔

توپنا (ہ۔ مص) گڑھا بند کرنا۔ زمین میں گاڑنا۔ دفن کرنا، چھپانا، ڈھانپنا۔

توت۔ (ہ۔ ا۔ مذ) ایک درخت۔ اس کا پھل شہتوت۔

توتا۔ (اُ۔ ا۔ مذ) طوطا۔ مٹھو۔ ایک خوش رنگ مشہور پرندہ۔ سکھانے سے کچھ باتیں سیکھ جاتا ہے۔ طفل۔ بچہ جو پیاری پیاری باتیں کرے بھنگ کی لگدی۔ توڑے دار بندوق کا گھوڑا۔

توتا پالنا (اُ۔ محاورہ) کوئی ایسا کام کرنا جس کی وجہ سے کوئی اور کام نہ ہو سکے۔ کوئی بیماری مول لے لینا۔ آتشک یا سوزاک کی بیماری لگا لینا۔

توتا چشم۔ (ا۔ صف) بے مروت۔ بے وفا۔

توتا چشمی۔ (ا۔ مو) بے مروتی۔ بے وفائی۔

توتا سا (بولنا) پڑھنا۔ (اُ۔ محاورہ) بچوں کے بولنے یا پڑھنے کی تعریف میں کہتے ہیں۔

توتے اُڑ جانا (اُ۔ محاورہ) گھبرا جانا۔ حواس باختہ ہو جانا۔ اوسان خطا ہو جانا۔

توتے پڑھانا۔ (اُ۔ محاورہ) ایسے شخص کو پڑھانا جو سخت کند ذہن ہو۔

توتے کو بولنا سکھانا۔

توتے کی سی آنکھیں (بدلنا) پھیرنا۔ (اُ۔ محاورہ) دفعتہً بے مروت ہو جانا۔ بے وفائی کرنا۔ محبت سے منہ موڑنا۔

توتے کی طرح (پڑھنا) یاد کرنا۔ (اُ۔ محاورہ) بے سمجھے بوجھے پڑھنا۔ بے سمجھے بوجھے یاد کرنا۔

توتلا۔ (ہ۔ صف) وہ آدمی جس کی زبان موٹی ہونے کے باعث الفاظ صاف نہ نکل سکیں۔

توتلاپن (ا۔ مذ) زبان موٹی ہونے اور الفاظ صاف نہ نکلنے کا مرض۔ "تتلا کر بولنا۔

توتو (ہ۔ مو) کتے کو بلانے کی آواز، بولنا باتیں کرنا۔ مجازاً زبان (ق)

توتوتی۔ (ہ۔ ا۔ مو) بچوں کو پانی پلانے کی ٹونٹی دار چھوٹی لٹیا۔

توتی۔ (ف۔ ا۔ مذ) ایک چھوٹا سا خوش آواز پرند۔ طوطا۔

توتی (طوطی) بولنا۔ (اُ۔ محاورہ) کسی ہنر یا خوبی کی وجہ سے مشہور ہونا۔ شہرہ آفاق ہونا۔ دور دورہ ہونا۔ اقبال یاور ہونا۔ کسی افسر یا امیر کے پاس رسوخ ہونا۔

توتی کی آواز نقار خانے میں کون سنتا ہے (مثل) بڑے آدمیوں کی رائے کے سامنے چھوٹے آدمیوں کی رائے کو کوئی نہیں پوچھتا۔

توتیا ۔ (ہ۔ا۔مذ) نیلا تھوتھا۔

توتیا ۔ (ع۔ا۔مذ) سرمہ۔ سرمے کا پتھر

توتیا (اُ۔ا۔مذ) توطیہ کا بگڑا ہوا۔ الزام۔ تہمت۔ دوش۔ چھدا۔

توتیا باندھنا۔ توتیا طوفان جوڑنا۔ (اُ محاورہ) الزام لگانا۔

توتیے جوڑنا۔ (اُ محاورہ) الزام لگانا۔

توثیق (ع۔ا۔مو) مضبوطی۔ پختگی۔ مضبوط کرنا۔ تصدیق۔

توثیق کرنا (اُ محاورہ) پکا کرنا۔ مضبوط کرنا۔ تصدیق کرنا۔

توجانا (ہ۔مص) حیوان کا حمل گر جانا۔

توجہ (ع۔ا۔مو) کسی کی طرف منہ کرنا۔ رجحان۔ رغبت۔ میلان رجوع۔ خیال۔ لحاظ۔ مہربانی، عنایت۔

توجہ باطن (ہ۔ا۔مو) دلی توجہ۔ کسی کی اصطلاح نفس کے لیے اُس کے دل پر روحانی اثر ڈالنا۔

توجہ پھرنا۔ (اُ محاورہ) متوجہ ہونا۔ توجہ ہٹا لینا

توجہ رہنا۔ (اُ محاورہ) خیال رہنا۔ مہربانی رہنا۔

توجہ سے دیکھنا۔ (اُ محاورہ) غور سے ملاحظہ کرنا۔

توجہ کرنا۔ (اُ محاورہ) غور سے ملاحظہ کرنا۔

توجہ کی نظر ہونا۔ (اُ محاورہ) مہربانی کی نگاہ ہونا۔ شفقت ہونا، لحاظ کرنا۔

توجہ مبذول ہونا (اُ محاورہ) کسی طرف توجہ کرنا۔ متوجہ ہونا۔

توجہ نہ رہنا۔ (اُ محاورہ) دھیان ہٹ جانا، بے خیالی ہو جانا۔

توجیہہ (ع۔ا۔مو) وجہ بیان کرنا۔ باعث بتانا۔ دلیل لانا۔ دلیل۔ وجہ۔ حلیہ۔ کیفیت۔

توجیہہ نویس (ع۔ف۔ا۔مذ) حلیہ لکھنے والا۔

توحش ۔ وحشت۔ نفرت، وحشت ہونا۔

توحید ۔ (ع۔ا۔مو) ایک ماننا۔ ایک جاننا۔ خدا کے ایک ہونے پر یقین کرنا۔ وحدانیت۔ یکتائی۔

تودہ (ف۔ا۔مذ) ڈھیر۔ انبار۔ پشتہ۔ ٹیلا۔ حد کا مٹی کا نشان یا ڈھیر۔ ہدف۔ نشانہ (تی)

تودہ بندی ۔ (ف۔ا۔مو) حد بندی۔

تودۂ خاک ۔ (ف۔ا۔مذ) مٹی کا ڈھیر۔

تودۂ طوفان (ف۔ا۔مذ) بہت بڑا الزام۔ بہت جھوٹا الزام لگانے والا۔ فتنہ انگیز۔ شریر۔ فسادی۔

تودیع ۔ (ع۔ا۔مو) وداع کرنا۔ رخصت کرنا۔ سپرد کرنا۔ سونپنا۔

تودہ ۔ ہاتھی کے پاؤں کی زنجیر۔

تور ۔ (ت۔ا۔مو) جالی کی پوشش جو پالکی یا پینس پر ڈالتے ہیں۔

تور ۔ (ہ۔ا۔مو) ایک غلہ جس کی دال پکاتے ہیں۔ ارہر۔ روئی۔

تور تیل تاپنا۔ جاڑ مانس ہوا پینا۔ (مثل) اگر روئی۔ تیل اور ایندھن ہو تو جاڑا بڑے آرام سے گزر جاتا ہے۔

تورات ۔ (ع۔ا۔مو) وہ آسمانی کتاب جو حضرت موسیٰؑ پر نازل ہوئی تھی۔

تورع ۔ (ع۔ا۔مذ) زہد۔ پرہیزگاری، اتقا۔

تورہ (ا۔مذ) قانون۔ طریق۔ رسم و رواج۔ دستور العمل (مجازاً) وہ قانون جو چنگیز خاں نے وضع کیا تھا۔ حکم شاہی۔ فرمانِ سلطان۔

تورہ ۔ (ہ۔ا۔مذ) مختلف کھانوں کے خوان، جو امیر لوگ تقریبات کے موقع پر بھیجتے ہیں۔ خوان میں سجے ہوئے قسم قسم کے کھانے امیر۔ نواب۔ وزیر۔ عزور۔ گھمنڈ۔ عزت۔ رتبہ۔ حیثیت

تورہ بندی ۔ مختلف کھانوں کے خوان بھیجنے کی ترکیب۔

تورہ پوش ۔ (ف۔ا۔مذ) بانس کی تیلیوں کا سرپوش، جو تورے کے خوانوں پر رکھتے ہیں۔

تورہ پیٹی ۔ (ا۔مو) مغرور عورت۔ شیخی باز عورت۔

تورہ توڑنا۔ (اُ محاورہ) عزور توڑنا، گھمنڈ نکالنا۔

تورہ جتانا۔ (اُ محاورہ) فخر کرنا۔ عزور کرنا۔ اپنی بڑائی دکھانا شیخی مارنا۔

تورہ ڈھانا۔ (اُ محاورہ) عزور مٹانا۔

تورہ (لگ) جانا) لگنا (اُ محاورہ) عزور کرنا۔ اترانا۔ فخر کرنا۔

تورے والی۔ (اُ محاورہ) مغرور عورت۔

توری ۔ (ہ۔ا۔مو) ایک قسم کی ترکاری۔

توریا (ہ۔ا۔مذ) سرسوں کا بیج یا پودا۔

توریت (ا۔مو) دیکھئے تورات۔

توڑ ۔ (ہ۔ا۔مذ) شکستگی۔ ٹوٹ۔ پھوٹ۔ رد۔ جواب۔ علاج۔ چارہ۔ دفعیہ۔ پانی کے بہاؤ کا زور۔ شگاف۔ درز۔ گولی یا گولے کی توڑنے کی قوت۔ فاصلہ۔ جو تیر یا گولا طے کرے۔ دہی کا پانی۔ وہ رسی جو پالکی یا پینس وغیرہ کے گرد پردے کو اڑانے سے روکنے کے لیے باندھتے ہیں۔ تور۔ چیز کی قیمت کا فیصلہ۔ چکوتا۔

توڑ پہ (اُ محاورہ) ضد پر۔

توڑ پھوڑ) تاڑ ۔ (ا۔مو) ٹوٹ پھوٹ۔ خرابی۔ پائمالی، سازش۔ اغوا۔

توڑ جوڑ ۔ (ا۔مذ) تدبیر۔ سازش۔ داؤ پیچ۔ داؤ گھات۔ کاٹ چھانٹ قطع و برید۔ چال بازی۔ مکاری۔ شرارت۔ دانائی۔ عقل مندی دو آدمیوں میں نا اتفاقی ڈلوا دینے کا طریقہ۔ تراش خراش۔

توڑ جوڑ چلنا ۔ (اُ محاورہ) چال چلنا۔

توڑ جوڑ کا اُستاد (پورا) ہے۔ (اُ محاورہ) بڑا چلتا پرزہ ہے۔ بڑا بدمعاش ہے۔ لڑائی جھگڑا کرا دینے میں اُستاد ہے۔

توڑ (دینا) ڈالنا (اُ محاورہ) توڑنا۔

توڑ کرنا۔ (اُ محاورہ) داؤ کار د کرنا۔ حساب صاف کرنا۔ داؤں کاٹنا۔ جواب رد کرنا۔

توڑ کی صراحی ۔ (ا۔مو) وہ صراحی جس کے حصے الگ الگ ہو جائیں۔

توڑ کے نکل جانا (اُ محاورہ) کسی مضبوط چیز کے آر پار ہونا۔

توڑ لانا۔ (اُ محاورہ) الگ کر لانا۔

توڑ لینا - (اُ محاورہ) الگ کر لینا۔ اپنی طرف کر لینا۔ توڑنا۔

توڑا - (ہ - ا - مذ) کمی۔ قلت۔ قحط۔ نقصان۔ خسارا، ٹوٹا۔ بندوق داغنے کا فتیلہ۔ رسّی کا ٹکڑا۔ ہل کی لمبی لکڑی جس کے دونوں طرف بیل جُتتے ہیں۔ ناچ میں گت کا سلسلہ توڑ کر کوئی اور حرکت کرنا۔ اشرفیوں یا روپوؤں کی تھیلی۔ سونے یا چاندی کی زنجیر، جو گلے میں پہنتے ہیں۔ سونے یا چاندی کی زنجیر، جو پگڑی پر لپیٹتے ہیں۔ ریت کا جزیرہ، جو دریا یا سمندر میں بن جائے۔ توڑنا کا ماضی۔

توڑا پڑنا - (اُ محاورہ) کمی ہونا۔ قحط ہونا۔

توڑا جانا - (اُ محاورہ) ٹوٹنا۔ کم غذا ملنا۔ کم غذا سے طاقت گھٹانا۔

توڑا ڈالنا - (اُ محاورہ) کمی کرنا۔ تنگی دینا۔

توڑا لگنا - (اُ محاورہ) گھاٹا پڑنا۔ خسارہ ہونا۔ نقصان ہونا۔

توڑا مروڑی - (اُ مو) ہاتھا پائی۔ چھینا جھپٹی۔ ملنا۔ دلنا۔ توڑنا۔ مروڑنا۔

توڑنا ہونا - (اُ محاورہ) کمی ہونا۔

توڑے دار بندوق - (ا - مو) وہ بندوق، جو فتیلے کے ذریعے سے چھوڑی جائے۔

توڑے کا مُنہ کھول دینا - (اُ محاورہ) بہت بخشش اور فیاضی کرنا روپیہ لٹانا۔

توڑے لینا - (ا - مو) رقص میں گت کے سلسلے توڑ کر درمیان میں کوئی اور حرکت کر کے پھر گت کے اُسی سلسلے میں مل جانا۔

توڑنا - (ہ - متص) ٹکڑے کرنا۔ شکستہ کرنا۔ جُدا کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ چور چور کرنا۔ پاش پاش کرنا۔ دور کرنا۔ مٹانا۔ گرانا۔ ڈھانا۔ منہدم کرنا۔ بھانجی مارنا۔ کمزور کرنا۔ ہل سے جوتنا۔ ورزش کرنا۔ نفاق ڈالنا۔ لڑائی کرا دینا۔ ازالۂ بکارت کرنا۔ رد کرنا۔ منسوخ کرنا۔ کنویں میں سے اتنا پانی نکالنا کہ ریت آنے لگے پانی بغیر باری کے نکالنا۔ نہر سے پانی لینا۔ قطع تعلق کر لینا۔ پھول وغیرہ چُننا۔ اکٹھا کرنا۔ نقب لگانا۔ (قلعہ) فتح کرنا۔ لے لینا۔ (مُنہ) پھلنا، ایسی بات کہنا کہ مخاطب جواب نہ دے سکے۔ گواہ لا لینا۔ اپنی طرف کر لینا۔ شکستہ کر کے کھولنا۔ چوری کر لینا۔ نقصان پہنچانا۔ دیوالہ نکلوا دینا۔ (روپیہ) بھنانا۔ خورد کرنا۔ (دل) نا اُمید کرنا۔ شکستہ دل کرنا۔ (ہمت) حوصلہ کم دینا۔ موقوف کر دینا۔ (روپے) کم کر دینا۔ تنزل کر دینا۔ تنخواہ میں کمی کر دینا۔ (دانت) ضرب سے توڑ دینا یا نکال دینا کام نہ کرنا۔ (رسم مفت کھانا۔ (قسم وعدہ وغیرہ) پورا نہ کرنا۔ (قانون، رسم وغیرہ) برخلاف ان کے کام کرنا۔ (اعضاء) بہت مارنا۔ (پتھر) سخت مشکل کام کرنا۔ (جان) بہت کام کرنا۔ محنت سے کام کرنا۔ (ٹانگیں) بہت چلنا۔ بہت کام کرنا۔ بل کا کسی بزرگ سے کوزخمی کرنا۔ علم حساب میں بڑی رقم کو چھوٹے اجزاء میں کرنا۔ ٹوٹنا کا متعدی۔

توڑنا پھوڑنا - (اُ محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ شکستہ کرنا۔

توڑنا جوڑنا - (اُ محاورہ) بنانا۔ بگاڑنا۔ سنوارنا۔

توڑنا مروڑنا - (اُ محاورہ) ہاتھا پائی کرنا۔ چھینا جھپٹی کرنا۔ کسی شے کو بل دینا۔ لوہے کے تار کو بل دار کرنا۔

توڑوائی - (ہ - ا - مو) رائی کا پودا۔ رائی کا بیج۔ سرسوں۔ ایک راگنی۔

توڑی - (ہ - ا - مو) رائی کا پودا۔ رائی کا بیج۔ سرسوں۔ ایک راگنی کا نام۔

توڑی - (ہ - ا - مو) گیہوں یا جَو کا بھُس۔ چارہ۔

توزیع - (ع - ا - مو) پراگندہ کرنا۔ بانٹنا۔ جمع بندی۔ فرد لگان۔ حِلیے کا نقشہ۔

توزیع حال - (ع - ا - ف) ہر مہینے کا حساب جس میں ہر مالک کا زر مطالبہ اور تحصیل اور باقی درج ہو۔

توس (انگ ا - مذ) ڈبل روٹی کا پتلا ٹکڑا۔ جسے گھی لگا کر سیکتے ہیں۔

توسدان - (ف - ا - مذ) کار توس رکھنے کا چھوٹا بکس۔ جو سپاہیوں کی کمر سے بندھا رہتا ہے۔

توسّط - (ع - ا - مذ) اعتدال۔ میانہ روی۔ درمیان۔ بیچ۔ ذریعہ۔ وسیلہ۔

توسّل - (ع - ا - مذ) وسیلہ ڈھونڈنا۔ کسی کو بیچ میں ڈالنا۔ ذریعہ۔ سفارش۔ وسیلہ۔

توسَن (ف - ا - مذ) گھوڑا۔ اسپ۔

توسن اڑانا (اُ محاورہ) گھوڑا دوڑانا۔

توسن اڑنا - (اُ محاورہ) گھوڑے کا بہت تیز دوڑنا۔

توسن بھڑکنا - گھوڑے کا ڈر جانا۔

توسن چمکانا - (اُ محاورہ) گھوڑا تیز کرنا۔

توسن چمکنا (اُ محاورہ) گھوڑا تیز ہونا۔ گھوڑے کا ڈر جانا۔

توسن (قلم) کلک - (ف - ا - مذ) قلم کو توسن سے استعارہ کرتے ہیں۔

توسیع - (ع - ا - مو) فراخ کرنا۔ وسعت کرنا۔ کشادہ کرنا۔ وسعت کشادگی۔

توسیع اشاعت - کسی چیز کی اشاعت بڑھانا۔ زیادہ کرنا۔

توسیع زبان - زبان کو وسعت دینا۔ زبان میں نئے الفاظ اور محاورات داخل کرنا۔ زبان کو ترقی دینا۔

توسیع ملازمت - قانونی مدت ملازمت ختم ہو جانے پر کسی خاص ضرورت یا رعایت سے مدت میں اضافہ کر دینا۔

توش - (ف - ا - مذ) طاقت۔ قوت۔ بدن تن۔ ایک وقت کے کھانے کے لیے کافی خوراک۔ اُردو میں تن و توش کی ترکیب سے استعمال ہوتا ہے۔

توشدان - توشہ دان۔ وہ برتن جس میں سفر کی خوراک رکھتے ہیں۔

توشک - (ف - ا - مو) روئی دار بستر۔ گدیلا۔ گبھا۔ نہالی۔

توشک خانہ - وہ مکان جس میں امیروں کی پوشاک اور سامان متعلقہ رہتا ہے۔ وہ جگہ جہاں سامان خانہ داری رہتا ہے۔

توشہ - (ف - ا - مذ) زادِ راہ۔ وہ کھانا۔ جو مسافر ساتھ لے جائے۔ وہ کھانا۔ جو مُردے کے ساتھ لے جاتے ہیں اور

اُسے دفن کرنے کے بعد فقراء میں تقسیم کر دیتے ہیں۔ کسی ولی یا بزرگ کی فاتحہ کا کھانا۔ جو عرس کے دن تقسیم کیا جاتا ہے۔

توشہ خانہ۔ توشے خانہ (ا۔ مذ) وہ مکان جہاں کپڑے اور گھر کا سامان رکھا جائے۔

توشۂ عاقبت ۔ (ق۔ع۔ا۔مذ) آخرت کا سامان۔ اعمال نیک۔

توشے کی روٹی ۔ (ا۔مو) کھانا جو لاش کے دفن کرنے پر تقسیم کرتے ہیں۔

توشیح ۔ (ع۔ا۔مو) آرائش کرنا۔ سجانا۔ علم بیان کی ایک صنعت جس میں شعروں کا پہلا حرف یا مصرعوں کے شروع کا ایک ایک لفظ لینے سے کوئی عبارت بن جائے۔

توصیف (ع۔ا۔مو) وصف کرنا۔ خوبی بیان کرنا۔ صفت خوبی۔

توضیح (ع۔ا۔مو) واضح کرنا۔ کھول کے بیان کرنا۔ شرح وضاحت۔ (قانون) مالگذاری کا نقشہ۔ جمع: توضیحات۔

توضیع (ع۔ا۔مو) رکھنا۔ افسردہ کرنا۔ غمگین کرنا۔ پست کرنا۔ عاجز کرنا۔ غرور ڈھانا۔

توطن (ع۔ا۔مذ) وطن بنانا۔ وطن اختیار کرنا۔

توعل (ع۔ا۔مذ) ایک کام میں بہت لگا رہنا۔ پوری مشق کرنا۔ دُھن لگے۔

توفان (ف۔ا۔مذ) طوفان، شور وغوغا، الزام۔ بہتان۔ جھگڑا۔

توفان شیطان (ف۔ا۔مذ) جھوٹ۔ بہتان۔

توفیر (ع۔ا۔مو) زیادتی۔ بہتات، بچت، باقی۔

توفیق (ع۔ا۔مو) برابر اور موافق کرنا۔ خدا تعالیٰ کا بندے کی خواہش کے موافق نیک اسباب بہم پہنچانا۔ ہدایت۔ رہنمائی۔ خدا کی مہربانی۔ ہمت۔ طاقت۔ حوصلہ۔ جمع: توفیقات۔

توفیق خیر (ع۔ا۔مو) نیک کاموں کی ہمت۔

توفیق ہونا (اُر۔ محاورہ) ہمت ہونا۔ حوصلہ ہونا۔

توقع (ع۔ا۔مو) امید۔ بھروسا۔ آس۔ جمع: توقعات۔

توقف (ع۔ا۔مذ) دیر۔ وقفہ۔ ڈھیل۔

توقیر (ع۔ا۔مو) عزت۔ وقعت۔ تعظیم وتکریم۔

توقیع (ع۔ا۔مو) شاہی دستخط۔ شاہی مہر لگا کر دستخط کرنا۔ شاہی فرمان۔

توقیفی (ع۔ا۔مو) جس میں اوقات یا وقفے کا التزام کیا گیا ہو۔ شرعی اصطلاح، اللہ میاں کی ٹھہرائی ہوئی۔

توکل (ع۔ا۔مذ) بھروسہ کرنا۔ اپنے کام کو کسی کے حوالے کرنا۔ اپنے عجز کا اقرار کرنا۔ کسی کو وکیل بنانا۔

توکل بخدا (ف۔ا۔مذ) خدا پر بھروسہ کرنا۔

توکل پر بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) توکل کر لینا۔ اپنے سب کام خدا پر چھوڑ دینا۔ بیکار بیٹھنا۔ خالی بیٹھنا۔

توکلت علی اللہ ۔ میں نے خدا پر بھروسہ کیا۔ اس وقت بولتے ہیں جب سب کچھ چھوڑ کر، خدا پر بھروسہ کر کے سیر کر لیتے ہیں۔

توکیل ۔ وکیل کرنا۔ کام سپرد کرنا۔ کسی پر کوئی کام چھوڑ دینا۔

تول نول (ہ۔ا۔مذ۔مو) وزن۔ جانچ۔ اندازہ، مقررہ وزن۔ ہم سر برابر (ق)

نول کسنا ہے ۔ (اُر۔ محاورہ) روپیہ وزن میں پورا نہیں۔

تول لینا۔ تولنا ۔ (اُر۔ محاورہ) وزن کرنا۔ آزمالینا۔ جانچ لینا۔ لیاقت اور قابلیت کی جانچ کرنا۔ امتحان کرنا۔ تلوار کو ہاتھ میں لے کر جانچنا۔ محبت کی آزمائش کرنا۔ بات کو اچھی طرح سمجھنا۔

تولا ۔ (ہ۔ا۔مذ) بازار میں تولنے کا کام کرنے والا۔

تولا ۔ (ع۔ا۔مذ) محبت رکھنا۔ محبت۔ الفت۔ پیار۔

تولا ۔ (ہ۔ا۔مذ) بارہ ماشے کا وزن۔

تولا بھر (ہ۔ا۔صف) وزن میں ایک تولا۔

تولا بھر کی آرسی ناتی بوے فارسی } (مثل) ٹھوڑا سا ٹوک کر کے بہت احسان جتانے کے موقع پر کہتے ہیں۔ تعلی یا شیخی کے موقع پر بھی کہتے ہیں۔

تولا ماشہ (ہ۔ا۔صف) غیر مستقل مزاج۔ وہ جو گھڑی میں کچھ گھڑی میں کچھ ہو۔

تولائی (ع۔صف) محبت رکھنے والا شخص۔ شیعوں کا وہ فرقہ جو تبرا نہ کرے۔

تولد ۔ (ع۔ا۔مذ) پیدا ہونا۔ پیدائش۔ جنم۔

تولوال (ہ) بھاری۔ وزنی، جس پر بہت سا ملائی کام ہوا ہو۔ (کپڑا)

تولہ (ہ۔ا۔مذ) دیکھیے تولا۔

تولیا (اُر۔ا۔مذ) لمبا رومال جس سے ہاتھ پونچھتے یا نہا کر بدن خشک کرتے ہیں۔

تولیا

تولیت (حاکم بنانا۔ افسر کرنا۔ سربراہی۔ نگرانی۔ انتظام۔

تولیت نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) ولی بنانے کی تحریر۔

تولید (ع۔ا۔مو) جنانا۔ پیدا کرنا۔ پیداوار۔

تومار ۔ (اُر۔ا۔مذ) دیکھیے طومار۔

تومان ۔ (ف۔ا۔مذ) ایک ایرانی سکہ۔

تومڑا ۔ (ق۔ا۔مذ) خول۔ فقیروں کا برتن جو کدو کو سکھا کر اور اندر سے خالی کر کے بناتے ہیں۔

تومڑی ۔ (ہ۔ا۔مو) ایک ساز جو تونبے کا بناتے ہیں۔ چھوٹا تونبا۔ سوکھے ہوئے تونبے کا فقیروں کا برتن۔ سپیروں کی بین۔ مگر چھ یا گیارہ کی تھونبنی۔ چراغ جو تونبی یا ترئی کا بناتے ہیں۔ ایک قسم کی آتش بازی۔ ایک قسم کی سینگی جو چھوٹے کدو سے بناتے ہیں۔ رسولی۔

تومڑی بھر دے ۔ برابر تن بھر دے۔ فقیروں کی صدا۔

تومنا ۔ (ہ۔مص) رواں رواں جدا کرنا۔ روئی صاف کرنا۔ عیب کھولنا۔ قلعی کھولنا۔

تومیا (ہ-ا-مذ) بہت باریک اور عمدہ کتا ہوا سوت۔
توں تاں کرنا۔ (اُر محاورہ) تو تو مَیں مَیں کرنا۔ گالی گلوچ کرنا لڑنا۔ جھگڑنا۔
تونُ ۔ (ف-ا-مذ) رحم۔ بچہ دان۔ حمام۔ بھاڑ۔ گھوڑا۔
تونا۔ (ہ-مص) جانور کا حمل گرجانا۔
تونبا۔ (ہ-ا-مذ) ایک قسم کا تلخ کدّو۔ جس کا چھلکا بہت موٹا ہوتا ہے اور فقیر سُکھا کر کشکول بناتے ہیں۔
تونبی۔ (ہ-ا-مو) چھوٹا کشکول۔ چھوٹا کدّو۔
تونبی ہاتھ میں لینا۔ (اُر محاورہ) فقیر بننا۔ جوگی بننا۔
توند۔ (ہ-ا-مو) بڑا پیٹ۔
توندا۔ (ہ) توند۔ پیٹ کا اُبھار۔
توندالا۔ توندل۔ توندرو۔ (ہ-صف) بڑے پیٹ والا۔
توتس۔ (ہ-ا-مو) وہ پیاس، جو کسی طرح نہ بجھے۔ دھوپ کی شدت۔
تونسنا۔ (ہ-مص) آفتاب کی گرمی سے بے تاب یا مضمحل ہونا۔ سخت پیاس لگنا۔
تونگر۔ (ف-صف) مالدار۔ دولت مند۔ امیر۔
تونگری۔ (ف-ا-مو) دولت مندی۔ خوشحالی۔
تونگری بدل است نہ بمال۔ (ف-مثل) امیری دل سے ہوتی ہے مال سے نہیں۔
توہم۔ (ع-ا-مذ) وہم۔ وسواس۔ شک۔ گمان۔
توہین۔ (ع-ا-مو) ہتک۔ بے عزتی۔ ذلت۔
توہین عدالت (ع-ا-مو) عدالت کی ہتک۔ کوئی ایسا لفظ حاکم کے سامنے کہہ دینا یا کوئی ایسا کام کرنا جس سے عدالت کی تحقیر پائی جاتی ہو۔
توئی۔ (ہ-ا-مو) کپڑے پر بنی ہوئی ایک قسم کی بیل، جو دوپٹوں وغیرہ کے کنارے پر لگاتے ہیں۔
توی (ہ-ا-مو) بڑا توا۔ جس پر ایک ہی وقت میں بہت سی روٹیاں پک سکتی ہیں۔
توی کی روٹی۔ وہ روٹی۔ جو توی پر پکائی جائے۔
توے کی تیری ہاتھ کی میری۔ (اُر مثل) دوسرے کی جلدی کا اظہار کرنے کے لیے کہا جاتا ہے۔ بہت فائدہ میرا تھوڑا تیرا۔

ت - ہ - ہ

تہ۔ (ف-ا-مو) نچلا حصّہ تلی۔ تھاہ۔ انتہا۔ پیندا۔ تلا۔ پرت نکتہ۔ باریکی۔ کنایہ۔ زمرہ۔ فرش۔ سطح۔ زمین۔ جھلک، جھلک۔ تحریر۔ باریک اور پتلا ورق۔ بنیاد۔ نیچے۔ تلے۔
تہ بازار۔ (ف-ا-مو) بازار کی زمین۔
تہ بازاری۔ (ف-ا-مو) وہ کرایہ جو وہ لوگ دیتے ہیں۔ جن کی دکان بازار میں نہیں ہوتی بلکہ مال زمین وغیرہ پر رکھ کر بیچتے ہیں۔
تہ بہ تہ۔ (ہ-ر تہ میں) ایک کے نیچے ایک تہ۔ طبق در طبق۔ تہ کے اندر تہ۔
تہ بند۔ (ف-ا-مذ) پاجامے کی بجائے باندھنے کا کپڑا۔ دھوتی۔ لُنگی۔
تہ بندی۔ (ف-ا-مو) کتاب کی جزبندی۔ وہ رنگ جو کپڑے کو اصلی رنگ سے پہلے دیتے ہیں۔
تہ پانا۔ (اُر محاورہ) اصلی مطلب کو پالینا۔ حقیقت دریافت کرلینا۔
تہ پوشی۔ (ف-ا-مو) زنانہ پاجامہ، جو سارھی کے نیچے پہنا جاتا ہے۔
تہ پیچ۔ (ف-ا-مو) پگڑی کے نیچے کا کپڑا۔ لبّانہ۔
تہ توڑ دینا، توڑنا۔ (اُر محاورہ) سب کھا جانا۔ کچھ نہ چھوڑنا۔ برتن چاٹ جانا۔ سب کچھ صاف کر دینا۔ کچھ باقی نہ رکھنا۔ تھان کی تہ کھول دینا۔
تہ تیغ کرنا۔ (اُر محاورہ) تلوار سے قتل کرنا۔
تہ (ٹوٹ جانا) ٹوٹنا (اُر محاورہ) مُفلس ہو جانا۔ دیوالہ نکلنا۔ کپڑے سے کا تھان کھل جانا۔
تہ جمانا۔ (اُر محاورہ) ایک چیز کے اُوپر دوسری چیز ملا کر رکھنا اُوپر تلے رکھنا۔ کھانے پر کھانا۔
تہ جمنا۔ (اُر محاورہ) کسی رقیق چیز کے نیچے کے حصّے کا جم جانا۔
تہ خاک۔ (ف-صف) زمین کے نیچے۔
تہ خانہ (ف-ا-مذ) سرد خانہ۔ وہ مکان کے اور سطح زمین کے نیچے بناتے ہیں۔
تہ دار (ف-صف) پیچیدہ۔ مشکل۔ دقیق۔ ظاہر میں کچھ باطن میں کچھ۔
تہ داری (ف-ا-مو) گہرائی۔ دقت۔ مشکل۔ پیچیدگی۔
تہ دام آنا (اُر محاورہ) جال میں پھنسنا۔ پکڑا جانا۔ گرفتار ہونا۔ قابو میں آنا۔
تہ درز۔ (اُر صف) بالکل نیا۔ نیا کپڑا۔ جس کی تہ نہ ٹوٹی ہو۔
تہ دل سے۔ نہایت خلوص سے۔ سچے دل سے۔
تہ دلی: اطمینانِ قلب۔
تہ دیگ، دیگی۔ (ف-ا-مو) کھرچن۔ نیچے کا کھانا جس میں گھی زیادہ ہوتا ہے۔
تہ دینا۔ (اُر محاورہ) کسی چیز کا نیچے اُوپر رکھنا۔ اصلی رنگ سے پہلے ہلکا رنگ دینا۔ استر لگانا۔ کچے پھلوں کو پھوس کی تہ میں رکھنا رکھنا۔
تہ کا۔ (ف-ا-صف) گہرا۔ پیچیدہ۔ مشکل۔ دقت طلب۔
تہ کا سچا (ف-ا-صف) وہ کبوتر جو گھر نہ بھولے۔
تہ کر رکھو۔ (اُر مقولہ) بے غرضی اور بے پروائی کے موقع پر بولتے ہیں۔ رکھ چھوڑو۔ اب نہیں چاہیے۔
تہ کرنا (اُر محاورہ) ٹھیک طور سے لپیٹنا۔ فیصلہ کرنا۔ تصفیہ کرنا چھوڑنا۔ ترک کرنا۔
تہ کو (پانا) پہنچنا۔ (اُر محاورہ) اصل مطلب دریافت کرلینا۔ کسی بات کی حقیقت کو سمجھ جانا۔

تہ لگانا : کپڑے کی تہیں کرنا۔
تہ مارنا : نر کے ساتھ مادہ کو ملانا گھوڑے کا پیاس سے بیمار ہونا۔
تہ کی بات : (اُر۔ اسم مؤنث) انتہا کی بات اصلی بات گہری بات۔
تہ ملانا : (اُر۔ فعل) جوڑا ملانا نر کے ساتھ مادہ کو ملانا۔
تہ نال : (نہ۔ بر اخفا) لوہے کا گول تکمہ جو تلوار کے قبضے کے نیچے لگا رہتا ہے بنام کا وہ حصہ جہاں تلوار کا پھیلا رہتا ہے۔
تہ نشان : (ف) وہ تلوار جس کے قبضے پر چاند کا سونے کے نقش لگا کر قبضے کو سیناب کیا گیا ہو۔
تہ نشین ہونا (اُر۔ محاورہ) نیچے بیٹھ جانا دل میں جم جانا نقش کا لکیر ہونا
تہ نہ ٹوٹنا (اُر۔ محاورہ) کپڑے وغیرہ کا استعمال میں آتا یا بالکل بیتا ہونا۔
تہ و بالا : (ف۔ اسم صفت) زیر و زبر اُلٹ پلٹ۔ تلے کا اُوپر۔ اُوپر کا تلے۔
تہا تہی رکھ چھوڑنا : صرف میں نہ لانا احتیاط سے رکھنا۔
تہ و بالا کرنا (اُر۔ محاورہ) برباد کرنا مسمار کرنا خاک میں ملانا ڈھانا گرا دینا
تھا : (ف۔ فعل ناقص علامت ماضی بعید بود کا ترجمہ
تھاپ : (ہ۔ اسم مؤنث) تھپڑ طمانچہ تھپکی جیسے شیر کی تھاپ طبلہ کی آواز جو دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کی ضرب سے نکلتی ہے۔
تھاپ دینا (ہ۔ محاورہ) طبلہ پر ضرب لگانا ناچ ختم ہونے کی علامت ہے
تھاپ مارنا (ہ۔ محاورہ) شیر کا تھپڑ مارنا پہلوانوں کا اپنی رانوں یا ڈنڑوں پر تھپکی مارنا جو کشتی کے شروع میں کیا جاتا ہے
تھاپا : (ہ۔ اسم مذکر ہے لغوی معنی پاؤں کا نشان اصلاح میں وہ نشان جو سمدھیانے کے لوگ وداع کے وقت سمدھی کی کمر پر لگاتے ہیں یہ رسم ہندو صاحبان میں سے ہے چاک یا گیلی مٹی پر لگایا ہوا کھلیان کا نشان تاکہ چوری معلوم ہو جائے۔ ہلدی اور آٹے کا نشان جو ہندو لوگ شادی کے موقعہ پر گھر کی دیوار پر لگا کر پوجتے ہیں۔
تھاپ پڑنا : طبلہ بجانے والے کا ہاتھ طبلے پر قاعدے سے پڑتا ہے۔
تھاپ لگنا : تھاپ پڑنا۔
تھاپنا : (ہ۔ فعل) گوبر یا تھنا اُوپلے بنانا مورتی پوجنا۔
تھاپنا کی پوجا : چیت مسدی پرواکی خاص پوجا
تھاپنی : (ہ۔ اسم مؤنث) تھپکی طمانچہ کھاروں کا برتن گھڑنے کا اوزار چونہ کوٹنے کا ایک چوبی آلہ کوبہ۔ گوبر کا اُپلا۔
تھال : (ہ۔ اسم مذکر مؤنث) پیتل یا کانسی کا خوان طشت بڑا طباق۔ سینی
تھالا : (ہ۔ اسم مذکر) نیا پودا لگانا کا گڑھا جس میں دوسری جگہ سے لاکر پودا لگاتے ہیں ہر چیز کا پیندا آدمی کے چوتڑ۔
تھالی : (ہ۔ اسم مؤنث کی تصغیر) تشتری تانبے پیتل وغیرہ کی چھوٹی سی رکابی۔ مٹھائی کا خوان۔
تھالی بجنا یا بجانا : (ہ۔ محاورہ) سانپ سے کاٹے کے آگے تھالی بجا کر منتر پڑھنا۔
تھالی پھرنا (ہ۔ محاورہ) اس قدر ہجوم ہونا کہ تھالی پھینکیں تو زمین پر نہ گرنے بلکہ لوگوں کے سروں پر ہی سے جائے۔
تھالی جوڑ : (ہ۔ اسم مذکر) گھوڑا معہ تھالی و سرپوش پانی کو ادب و حفاظت سے پلانے کا سامان جو اکثر امرا کو جہیز میں دیا جاتا ہے۔
تھالی کا بینگن : (ہ۔ اسم صفت) کا بی مذبذب بین بین پالیسی کا بدھنا غیر مستقل مزاج لانیج کے باعث ہر ایک کا طرفدار۔
تھالی پھوٹی تو پھوٹی جھنکار تو سنی : (مثل) بے غیرت کار سوائی کے لیے شرمندہ نہ ہونا مطلب کے لئے تھوڑے نقصان کی پرواہ نہیں کی جاتی۔
تھامنا : (ہ۔ فعل) روکنا یاد رکھنا۔ آڑ لگانا ٹیکن لگانا پکڑ فتار کرنا پکڑنا ہاتھ میں لینا بٹھانا۔ کھڑا کرنا سنبھالنا۔ مدد کرنا پالنا پرورش کرنا سائی لینا۔ بیانہ پکڑنا نظر بند رکھنا۔
تہاں : (ہ۔ تابع فعل) وہاں اس جگہ جیسے جہاں تہاں دیکھو وہی موجود ہے۔
تھان : (ہ۔ اسم مذکر) جگہ۔ مقام استھان۔ مکان۔ ٹھیرنے کی جگہ گھوڑا باندھنے کی جگہ اصطبل۔ آخور گھاس جو گھوڑے کے نیچے بچھا دیتے ہیں مزار۔ درگاہ۔ روضہ کپڑے گوٹے وغیرہ کی معینہ مقدار۔ طاقہ و عدد جیسے ایک تھان اشرفی۔ نسل کھیت۔
تھان کا فرا : (اسم صفت) وہ گھوڑا جو تھان پر شرارت کرے اپنے گھر پر شیر رہنے والا آدمی اپنے کوچہ کا کتا۔
تھان کا سچا : (ہ۔ اسم صفت) وہ گھوڑا یا کبوتر جو اپنی جگہ اور مکان کو ہرگز نہ بھولے ہر جگہ سے اپنی جگہ پر آجانے والا گھوڑا۔
تھان لینا یا تھان میں آنا (محاورہ) گھوڑے کا خاک میں لوٹنا۔
تھان ہے تھان : گھوڑا کھڑا ہو رہا ہو اور یکایک ڈر کر ہنہنائے تو سائیس یہ جملہ کہہ دیتا ہے مطلب یہ ہوتا ہے کہ گھوڑا بدحواسی سے نہ دوڑے۔
تھانگ (ہ۔ مذکر) چوروں کا سکن۔ پتہ۔ کھوج۔ سازش۔ بھید جیسے بے تھانگ چوری نہیں ہو سکتی۔ گھات کی جگہ۔ چوروں کی کمین گاہ
تھانگ لگانا : (محاورہ) پتہ لگانا کھوج لگانا چوری کا مال معلوم کرنا۔
تھانگی : (ہ۔ اسم مذکر۔ بیاے قاعلیت) پتا لگانے والا چوروں کا بھیدی چوروں کا مال لینے والا آگو چوروں کا سردار چوری کا مال برآمد کرانے والا مخبر جاسوس۔
تھانولا (ہ۔ اسم مذکر) درخت کی جڑ کا گڑھا جو پانی دینے اور جڑ میں پانی جمع رکھنے کو بناتے ہیں۔
تھانگ وار (نہ) وہ شخص جو چوری کا مال لے کر چپ چپاپ فروخت کرنے کا عادی ہو۔
تھانہ (ہ۔ اسم مذکر) ظرف پولیس اسٹیشن کوتوالی پولیس کے سپاہیوں کی جگہ۔ بالنسوں کا ڈھیر۔ گاؤں میں زمیندار کا ڈیرہ یا مکان۔
تھانہ بٹھانا (ہ۔ محاورہ) پہرا بٹھانا حراست کرنا چوکی بٹھانا۔
تھانیدار : (اُر۔ اسم مذکر) بہ ترکیب فاعلی پولیس کا سب انسپکٹر چھوٹا کوتوال۔
تھاور (ہ۔ اسم مذکر شنبہ ہفتہ سنیچر کا دن۔
تھانے داری : تھانے کی پولیس افسری سب انسپکٹری کوتوالی۔
تھاؤس (ہ۔ اسم مذکر) صبر تحمل برداشت سمائی۔
تھاہ (ہ۔ اسم مؤنث) کنوئیں دریا سمندر وغیرہ کی تہ کی زمین تہ یاب گہرائی۔ عمق۔ پیندا ٹھکانا انتہا۔ انجام و رک معنی مطلب کا پتہ عندیہ منشا۔
تھاہ پانا (ہ۔ فعل) گہرائی معلوم کرنا انجام دریافت کرنا۔ کنہ سابر بھی اور حقیقت معلوم کرنا۔ منشا پانا عندیہ دریافت کرنا۔
تھاہ ملنا (ہ۔ فعل) ملنا دریا کی گہرائی کا پتہ لگنا انجام ملنا انتہا ملنا۔
تہائی (ہ۔ اسم عدد کسری) تیسرا حصہ ثلث ایک بٹا تین $\frac{1}{3}$ ۔

تھاہ لگانا: پتہ لگانا گہرائی معلوم کرنا۔
تہایت: (ہ) اسم مذکر غیر اجنبی۔ بیگانہ۔
تہ بند: (ف) اسم مذکر لنگی۔ گنگوٹ۔ دھوتی۔ تہمد۔ انگوچھا۔
تھپ جانا: (محاورہ) لگ جانا کسی بات کا اپنے ذمے پڑ جانا۔
تھپڑ: (اسم مذکر) طمانچہ۔ تھاپ۔ لپڑ۔ رہپٹ طبق۔ لیو۔ پرت داد کا چھتا۔ پھنسیوں کا بخرت ایک جگہ نکل آنا پانی کی چھال طلاطم۔ موج تیز ہوا کا صدمہ۔ پنجہ چنگ چنگال چنگل جیسے شیر کا تھپڑ۔
تھپڑ لگانا مارنا: (ہ۔ محاورہ) دھپ جڑنا رہپٹ مارنا طمانچہ رسید کرنا۔
تھپڑی: (ہ۔ اسم مؤنث) تالی دونوں ہتیلیوں کو ملا کر تالی بجانا۔
تھپڑی بجنا یا پٹنا: (ہ۔ محاورہ) خاکہ اڑنا رسوئی ہونا ذلت ہونا تالی پٹنا۔
تھپک: (ہ) (ع) تھپکی دینا۔
تھپک تھپک کر رکھنا: (ہ۔ محاورہ) تھام۔ تھام رکھنا۔ دم دلاسے دے کر روکنا۔ طمع دے کر باز رکھنا۔
تھپکنا: (ہ۔ فعل) بچے کو سلانے کے لئے آہستہ آہستہ تھپکی لگانا سیج سیج ہاتھ مارنا۔ آہستہ آہستہ چوٹ یا ضرب لگانا جیسے چور نہ پہ تھپکی لگانا۔ غصہ فرو کرنا کسی بات کو روکنا تھامنا دبانا۔
تھپکی: (ہ۔ اسم مؤنث) کسی کے ماتھے پر ہتیلی سے ضرب لگانا دشمن کے ہتھیار یعنی تلوار وغیرہ پر اس طرح ہاتھ مارنا کہ وہ اوندھا جا پڑے۔
تھپکی دینا: حریف کے ہتھیار پر اس طرح ہاتھ مارنا کہ ہتھیار اوندھا جا پڑے۔
تھپنا: (ہ۔ فعل) ذمہ لگنا۔ سر ہونا الزام لگنا۔
تھپیڑا: (ہ۔ اسم مذکر) تھپڑ کی تصغیر اور حقارت لپڑ۔ تیز ہوا کا جھونکا۔
تھپیڑ: (ہ۔ اسم عدد) ستر اور تین: ۷۳۔
تہتر کے بیجوں کو پہنچنا: (ہ۔ محاورہ) برباد ہونا۔ تباہ ہونا۔ ستیاناس ہونا۔ تہس نہس ہو جانا۔
تہتک: (ع) اسم مذکر رسوائی۔ ذلت پردہ دری بے آبروئی۔ بے عزتی۔
تھتکارا: (اگر ہو) اسم مذکر تھو تھو لعنت نفرت۔ تھو تھو کرنے کے قابل نام نہ لینے کے قابل (بحالت صفت) نالائق نکما مردود۔ تھتکارا ہوا ملعون لعنت زدہ۔
تھتکارنا: (ہ۔ فعل) تھو تھو کرنا ذرا ذرا تھوکنا نفرت کرنا لعنت بھیجنا توبہ کرنا۔ دھتکارنا حقارت سے نکال دینا جھوٹی قسم یا بھول کے بعد تھو تھو کرنا۔
تھتکاری: (ہ۔ اسم مؤنث) نجیر بیڑی چوڑیل ڈائن۔ بلا چھپکلی چلپاسہ۔
تھتکاریاں: (ہ۔ اسم مؤنث) ہیڑیاں نجیریں جوتیاں۔ بلائیں چوڑیلیں چھپکلیاں
تھرڈ: (انگ: Third۔ اسم صفت) عددی سوم تیسرا تیسرے درجہ والا
تھرڈ کلاس: (Third Class) مسافروں کے بیٹھنے کا ڈبہ تیسرا درجہ لاری اور ریلوے تیسرے درجے کا ڈبہ۔ سینما ہال میں وہ جگہ جو تین قسم کے ٹکٹ (سپیشل اول دوم) والوں سے آگے ہوتی ہے ردی اور معمولی چیز۔ تھتھانا سے کر تھر تھر کانپنا۔
تھتھر: (ہ۔ صفت) کانپتا ہوا۔ لرزاں۔
تھتھراہٹ: (ہ۔ ا۔ مؤ) لرزا۔ کپکپی۔
تھرتھری: (ہ۔ اسم مؤنث حاصل مصدر) لرزہ تپ تو بہ بخار۔
تھرکنا: (ہ۔ فعل) مٹکنا۔ ناچنا۔ تھرکنا پھڑکنا اعضا کو مستوفانہ انداز سے حرکت دینا۔
تھرمامیٹر: (انگ: Thermometer۔ اسم مذکر) حرارت ناپنے کا آلہ مقیاس الحرارت۔
تھرنا: (ف) پانی کی تہ میں گرد وغبار بیٹھ جانا میل کچیل سے پانی صاف ہونا۔
تھرو: (ف۔ اسم مذکر) نہ این کے نیچے کی گدی۔
تھڑا: (ہ۔ اسم مذکر ظرف) جگہ دوکان یا مکان سے آگے کا چبوترہ گدی دوکاندار کے بیٹھنے کی جگہ۔
تھڑدلا: (ہ۔ اسم صفت) بزدل ڈرپوک تھوڑے سے دل کا آدمی خام۔ کمزور۔ کنجوس۔ تنگدل۔ بخیل۔ کم ظرف۔ کم حوصلہ۔
تھڑم تھڑا کرنا: (ہ۔ محاورہ) تھو تھو کرنا لعنت ملامت کرنا دو دو کرنا لعنت کرنا
تھڑی: (ہ۔ اسم مؤنث) کمی۔ توڑ۔ قلت۔ کلمہ نفرین ہونا لعنت ہونا پھٹکار ہونا۔
تھڑنا: (ہ۔ فعل) کمی ہونا توڑا ہونا ختم ہو جانا تمام ہونا سمٹ جانا۔
تہس نہس: (اگر۔ اسم صفت) تہ و بالا۔ زیر و زبر اوپر تلے تباہ۔ برباد اوجڑ۔ ویران۔
تھکا: (ہ۔ اسم صفت۔ صیغہ مفعول) تھکا ہوا۔ ماندہ کوفتہ سست ناچار اکتایا ہوا۔
تھکا: (ہ۔ مذ) ڈلا کوئی جمی ہوئی چیز۔ ڈھیلا۔ جما ہوا دہی۔ ڈھیر بیاندی سونا جو پگھل کر منجمد ہو گیا ہو۔
تھکا اونٹ سرکے کو دیکھتا ہے: (کہ) لاچار آدمی سہارا ڈھونڈتا ہے۔
تھکائیل: (ہ۔ اسم صفت) سست آدمی کام چور جی چھوڑ دینے والا۔
تھکا مارنا: (محاورہ) دق کر دینا عاجز کر دینا ہرا دینا جی چھڑا دینا۔
تھکان: (ہ۔ اسم مؤنث حاصل مصدر) ماندگی کوفتگی۔
تھکانا: (محاورہ) ہرانا دق کرنا مضمحل کرنا بھگانا۔ حیران کرنا پدانا عاجز کرنا۔
تھکاوٹ: (ہ۔ اسم مؤنث حاصل مصدر) دیکھو تھکان۔
تھک کر چور ہونا: (محاورہ) نہایت مضمحل ہو جانا تھکان سے جوڑ جوڑ دکھنا نہایت مشتل ہونا۔
تھکم تھکا: (ہ۔ اسم مؤنث) رسوائی ذلت۔
تھکن: (ہ۔ اسم مؤنث حاصل مصدر) ماندگی کوفت۔
تھکنا: (ہ۔ فعل) محنت سے ماندہ ہونا کوفتہ ہونا عاجز ہونا تواں ہونا سست ہونا مایوس ہونا نا امید ہونا بند ہو نا رک جانا۔ جیسے کاروبار تھکنا۔
تھکتھکانا: (ا) نظر بد سے بچنے کے لئے۔ یا کسی بری بیماری کا نام لینے پر عورتوں کا تھو تھو کرنا۔
تھگلی: (ہ۔ اسم مؤنث) پیوند رقعہ جوڑ ٹکل۔
تھگوانا: (ہ) ذلیل کرانا بے عزت کرانا۔
تھگیل: (ہ۔ مو) قابل نفرت عورت۔
تھگیل ماری: بے غیرت عورت۔
تھگلی: (ق۔ ا۔ مذ) پیوند۔ جوڑ۔
تھگلی لگانا: (محاورہ) جوڑ لگانا پیوند لگانا جہاں پہنچنا ناممکن ہو وہاں چلے جانا۔
تھل: (ہ۔ اسم مذکر) جگہ ٹھور مکان استھان خشک زمین تھل ٹھور زمین ریت کی جگہ۔ شیر کے رہنے کی جگہ۔
تھل بیٹھنا: (ہ۔ فعل) تھکا نے بیٹھنا آرام سے بیٹھنا آرام کرنا

تھل بیڑا : (ہ۔ اسم مذکر) ظرف، جہاد کا لشکر گاہ، بیڑا ٹھہرنے کی جگہ۔
تھل بیڑا لگنا (ہ۔ محاورہ) ٹھکانا لگنا، سہارا ملنا، پتا ملنا۔
تھل تھل : (ہ۔ اسم صفت) اڈھیلا، پلپلا، پولا، نرم، موٹا پھیس۔
تھلتھلانا : (ہ۔ فعل) موٹاپے کے باعث جسم کا ہلنا، موٹے جسم کا تھل تھل کرنا۔
تھلی : (ہ مو) ریگستان کی زمین جس میں آدمی دھنس جائے۔
تھلیا : (ہ مو) مٹی کی تھالی، تھلیاں دھرنا، دانت نکلنے سے پہلے بچوں کے مسوڑوں کا پھولنا۔
تہلکہ (ع۔ اسم مذکر) ہلاکت، موت، بربادی، تباہی، خوف، دہشت، شور، غل، کہرام، آفت، بلا، مصیبت، دھوم۔
تہلکہ پڑنا یا مچنا : (محاورہ) کہرام پڑنا، افراتفری پڑنا، خوف چھانا، آفت آنا، مصیبت نازل ہونا، رونا پیٹنا پڑنا۔
تھم : (ہ۔ اسم مذکر) ستون، کھم، کھمبا، رکن، تھونی، پیل پایہ کے لئے درخت کا تنا۔ ہندو عورتوں کے مندروں پر چڑھانے کی ایک خاص مٹھائی۔ تھمنا سے صیغہ امر حاضر۔
تھم جانا : ٹھہر جانا۔
تھم ہو جانا : پاؤں کا بہت پھول جانا۔
تھما دینا : (اُ) حوالے کر دینا، روک دینا۔
تھما رہنا : باز رکھنا، ملتوی کرنا، ٹھہرانا دینا، پکڑ ٹانا، روکنا۔
تھمانا : (ہ۔ فعل) تھمنا سے متعدی، روکنا، باز رکھنا، ملتوی کرنا، اٹکانا۔
تہمت : (ع۔ اسم مؤنث) الزام، عیب، افترا، بہتان، گمان بد۔
تہمت جوڑنا۔ یا۔ دھرنا۔ یا۔ دینا۔ یا۔ لگانا۔ یا۔ لینا : (اُر۔ محاورہ) کسی کو الزام دینا، عیب لگانا، جھوٹا الزام دینا، برائی سر تھوپنا۔
تہمت کا گھر تہمت کی ٹٹی : (اُر۔ اسم صفت) عیب کی جگہ، بدنامی کا گھر، وہ چیز جس میں بدنامی ہو، ہر ایک کو الزام دینے والا، مقام آدمی یا جگہ۔
تہمتی : (اُر۔ اسم صفت) بیاے فاعلیت، بہتانی، تہمت لگانے والا، عیب سر دھرنے والا۔
تھمڑا : (ہ) موٹا جسم، دُم سُم ستون، وہ نشان جو ستون کی مانند ہو۔
تھمنا : (ہ۔ اسم فعل) رکنا، باز رہنا، ٹھیرنا، تحمل کرنا، صبر کرنا، پیچھے رہنا۔
تھن : (ہ۔ اسم مذکر) گائے بکری وغیرہ کی پستان، چوپایہ کی چوچی، چھاتی، دودھی۔
تھن تھلے کا دودھ : خالص دودھ۔
تہنال : (ف۔ اسم مذکر) تلوار کا پیندا، رہنے کا پیتل، تانبے وغیرہ کا بنام کا حصہ۔
تھنی : (ہ۔ سی) گھوڑے کی بیماری جس سے اُس کی کھال میں کیڑے پڑ جاتے ہیں۔
تہنیت : (ع۔ اسم مؤنث) مبارکبادی، بدھائی، بدھاوا۔
تھنیلا (ہ۔ مذ) دودھ پیتے بچے کی ماں کی بچھاتیاں سوکھ جانا۔
تھو تھو : (ہ۔ اسم صوت) تھوکنے کی آواز، تھوک، بیزاری، نفرت، تنابی۔
تھو تھو : (ہ) کلمہ نفرین، نہایت نفرت ظاہر کرنا، خدا نہ کرے، نوح خدا بچائے۔
تھو تھو ہونا (ہ۔ محاورہ) تھڑی تھڑی ہونا، بدنامی ہونا، رسوائی ہونا۔

تھوا : (ہ۔ اسم مذکر) ڈھیلا، گیلی مٹی کا لوندا، حقارتاً نکما آدمی۔
تھوبڑا : (ہ۔ اسم مذکر) تحقیراً منہ تھوتھی۔
تھوبڑا سجانا : (ہ) فعل حقارتاً منہ بھلانا، روٹھنا، خفا ہونا۔
تھوبڑا تھابڑا : بے ڈول ناک نقشہ کا آدمی۔
تھوپ تھاپ کر دینا : (اُ) مٹا دینا، رفع کر دینا، دبا دینا۔
تھوپنا : (ہ۔ فعل) ٹھونسنا، جمع کرنا، اکٹھا کرنا، بن گھڑے توے پر روٹی ڈال کر تھاپنا، لیپنا، لیپو لگانا، ذمہ ڈالنا، جیسے تہمت تھوپنا، سہارا دینا۔
تھوتڑا : (ہ۔ اسم صفت) کترا ہوا، چوہوں کا کاٹا ہوا، اناج نکما، خراب۔
تھوتڑا پچھوڑنا یا تھوتڑے پچھوڑنا : (محاورہ) نکمی باتیں کرنا، خراب اور بے سود باتیں کرنا، بے فائدہ اور فضول بکواس کرنا۔
تھوتنا یا تھوتڑا : (ہ۔ اسم مذکر) تحقیراً حیوانات کا منہ، منہ، تھوتھنی۔
تھوتنی یا تھوتھنی یا تھوتھڑی : (ہ۔ اسم مؤنث) گھوڑے، اونٹ، گائے، بھینس، بکری، سؤر وغیرہ کا منہ۔
تھوتھنی پھلانا : منہ بنانا، ناراض ہونا، خفا ہونا، روٹھنا۔
تھوتھ (ہ۔ اسم مذکر و مؤنث) کھوکھلا پن، کھوکھ، جوف، خلا، خلوخالی جگہ۔
تھوتھا : (ہ۔ اسم صفت) بالف وصفی، خالی کھوکھلا، اندر سے خالی، بے مغز۔ کند، بے نوک، بن دھار کا، جیسے تھوتھا تیر، طوطیا، نیلا تھوتھا، مہمل، بے کار، فضول، دم کٹا سانپ، دم گلا۔
تھوتھا چنا باجے گھنا : (ہ۔ مثل) ہفت کی شیخی، ناحق کی لاف، کمینہ آدمی بہت شیخی مارتا ہے۔
تھوتھو تھدا (ہ۔ مذ) جب کوئی لڑکا کھیل یا کسی شرط میں ہارنے لگتا ہے اور اُسے کوئی عذر پیش ہوتا ہے تو وہ یہ لفظ کہہ دیتا ہے یعنی اب کے نہیں سے ایک دفعہ اور کھیلوں گا۔ تھوتھو کرنا، نفرت کرنا۔
تھوتھی بات : (ہ۔ اسم مؤنث) بیہودہ بات، بے معنی بات، مہمل بات، لغو بات۔
تھوتھے تیروں سے اُڑانا یا چھاننا : (محاورہ) کند تیروں سے اُڑانا۔ سخت تکلیف دینے اور بری طرح مارنے کی غرض سے کند ہتھیاروں سے قتل کرنا، کند چھری سے ذبح کرنا۔
تہور : (ع۔ اسم مذکر) قوت غضبی کی زیادتی، بے جا دلیری، بہادری، بہت جرأت۔
تھورنا : (ہ۔ فعل) تحقیراً کھانے کو کہتے ہیں، نگلنا، ٹھونسنا، اوجھ بھرنا۔
تھوڑا : (ہ۔ اسم صفت) کم، مذک، قلیل، ذرا سا، کچھ، خفیف، اونے، ذرا۔
تھوڑا بہت : (ہ۔ اسم صفت) کم و بیش، کچھ نہ کچھ، کسی قدر، تھوڑا سا۔
تھوڑا تھوڑا ہونا : (اُر۔ محاورہ) شرمندہ ہونا، دم ہونا، خجل ہونا، پانی پانی ہونا۔
تھوڑا کریں نمازی میاں بہت کریں ڈفالی : (مثل) ممدوح میں کوئی صفت برائے نام ہو اور مصاحب بانس پر چڑھا دیں، تھوڑی سی رہ گئی ہے کنایہ بقیہ زندگی۔
تھوڑا ہی : (ہ۔ اسم حرف نفی) بالکل نہیں، ہرگز نہیں۔
تھوک : (ہ۔ اسم مذکر) ڈھیر، انبار، اکٹھ، یکمشت اکٹھا، روکڑ، نقدی، جمع جماعت، گروہ، جتھا، جمع پیمائی میزان کل، ٹھڈا، یعنی کئی سرحدیں ملنے کی جگہ، مقدار، اندازہ، پیمانہ، سند۔

تھوک بست : (اُرد۔ اسم مؤنث) حد بندی پیمائش کر کے حد باندھنا۔
تھوک بندی (س) اقرار نامہ جو گاؤں کے برابر تقسیم کرنے پر لکھا جاتا ہے۔
تھوک دار : (اُرد۔ اسم مذکر) سرگروہ۔ پٹہ دار۔ اکٹھا بیچنے والا۔ جماعت کا پیشوا۔
تھوک فروش : (اُرد۔ اسم مذکر) اکٹھا بیچنے والا۔ خوردہ فروش کی ضد
تھوک : (ہ۔ اسم مذکر) آب دہاں مُنہ کا لعاب۔ رال۔ کف۔ تُف۔
تھوک اُچھالنا : (ہ۔ محاورہ) بیہودہ بکنا۔ ناحق کی محنت کرنا۔
تھوک بلونا : (ہ۔ محاورہ) بیہودہ بکواس کرنا۔ بے فایدہ گفتگو کرنا۔
تھوک دینا : (س) نفرت کر کے چھوڑ دینا۔ ترک کرنا۔ حاق کرنا۔
تھوک کر چاٹنا : (ہ۔ محاورہ) وعدہ کر کے پھر جانا۔ عہد توڑنا۔ کچھ دے کر واپس لینا۔
تھوک لگانا : (ہ۔ محاورہ) وعدہ کر کے پھر جانا۔ شکست دینا۔ ایک قسم کی گالی بھی ہے۔
تھوک لگا کر رکھنا : (ہ۔ محاورہ) بڑی حفاظت سے رکھنا۔ جوڑ جوڑ رکھنا۔ بخوبی سے جمع کرنا۔
تھوک لگا کر یا تھوک کر چھوڑنا محاورہ۔ ذلیل کر کے چھوڑنا۔ رسوا کر کے ترک کرنا۔ ذلیل و حقیر کر کے ترک کرنا۔
تھوک سے : (س) کلمہ نفرین۔ لعنت ہے تُف ہے
تھوکنا : (ہ۔ فعل) مُنہ کا لعاب پھینکنا۔ لعنت ملامت کرنا۔ بُرا بھلا کہنا نفرت کرنا۔ ذلیل کرنا۔ رسوا کرنا۔ بے عزت کرنا۔
تھوکوانا : (ہ) یواد معدولہ یعنی تھوکنا (س) فعل۔ ذلیل کرانا۔ تھوکنا کا متعدی
تھولی : (ہ۔ اسم مؤنث) میٹھا دیا ہوا۔
تھونی : (ہ۔ اسم مؤنث) کھم کھم ستون
تھوہڑ : (ہ۔ اسم مذکر) ایک قسم کا خاردار درخت جو زہریلا ہوتا ہے اور جس کے پھول رنگ برنگ کے ہوتے ہیں۔ زقوم۔

تھوہڑ

تھئی : (ہ۔ اسم مؤنث) روٹیوں کی جیٹ۔ ڈھیر۔ بہت سی اُوپر تلے رکھی ہوئی روٹیاں۔ تہ بر تہ رکھے ہوئے کپڑے۔
تھئی تھئی : (ہ۔ اسم مؤنث) اصول موسیقی کی آواز۔ تال سم۔ تالی ناچنے گانے کی آواز۔ تھاپ کی آواز۔
تھیٹر : (ان Theatre) تماشہ گھر۔ اداکاری کرنے کی جگہ

تھیٹر

تھیلا : (ہ۔ اسم مذکر) بڑی گول پلہ بڑی تھیلی کو تھیلا۔ گوجھا۔
تھیلا کرنا : (ہ) فعل ہڈی پسلی توڑ کر۔ رکھ دینا لوتھ کر دینا۔
تھیلی : (ہ۔ اسم مؤنث) کیسہ۔ کوتھلی گول جیب۔ بٹوا۔ ایک ہزار روپے کی مقدار یا تھیلی
تھینکس : (انگ۔ اسم مذکر) شکریہ۔ بہت بہت شکریہ۔ (Thanks)
تھینک یو (Thank You) آپ کا شکریہ ہے۔ اظہار تشکر کے لیے بولتے ہیں۔
تھیوا : (ہ۔ اسم مذکر) انگوٹھی میں لگانے کا نگینہ۔
تھیوا گھوونا : نگینے پر کچھ کندہ کرنا۔
تھیوری : (انگ۔ اسم مونث۔ Theory) خیال اندازہ قیاس تصور۔
تہیّہ : (ف۔ اسم) سامان آمادگی۔ تیاری

ت - ۶

تئی : (ہ۔ اسم مؤنث) چوڑی کڑھائی۔ چوڑا تھال جس میں ٹکیہ کے کباب جلیبیاں وغیرہ بناتے ہیں۔
تئیں : (س) حرف رابطہ کو۔ واسطے لئے اپنے ساتھ مستعمل ہے جیسے اپنے تئیں یعنی اپنے آپ کو۔ پہلے سیر کے ساتھ بھی بولتے تھے جیسے اس کے تئیں تیرے تئیں وغیرہ۔ اب متروک ہے البتہ اہل لکھنؤ کا روزمرہ ہے اور اپنے کی بجائے اپنے تئیں بولتے ہیں۔

ت - ی

تیا : (ہ۔ اسم مذکر) تاش کا وہ پتا جس پر تین کا نشان ہوتا ہے۔ نکی چوسر کا وہ داؤں جس میں تین کانے آتے ہیں۔ سو لٹھری میں تین کوڑیوں کا پٹ آنا۔ زکا موٹھ کے کھیل میں گنڈوں کے بعد تین کوڑیوں کا بچ جانا۔ علم حساب میں تین کا پہاڑہ۔
تیا پانچا کرنا تیا پانچہ کرنا : (ہ محاورہ) کسی چیز کے حصے تقسیم کرنا۔ بانٹنا۔ نبڑے لگانا۔ فیصلہ کرنا۔ بیچ ڈالنا۔ کوڑے کرنا۔ فروخت کر ڈالنا۔
تیّار : (ع۔ اسم صفت) لغت میں لہر میں مارنے والا تیز رفتار۔ اصطلاح میں مستعد۔ کام میں آنے کے قابل۔ لائق استعمال۔ آمادہ۔ لیس۔ ٹھیک ٹھاک۔ پورا۔ کامل مکمل پختہ۔ پکا ہوا جیسے پھل تیار ہے۔ موٹا فربہ۔ قوی جثہ بالغ۔ بلوغت کو پہنچا ہوا۔
تیار کرنا (اُرد محاورہ) درست کرنا۔ لیس کرنا۔ موجود کرنا۔ پکانا۔ بلانا۔ سدھانا جیسے گھوڑا تیار کرنا۔ موٹا تازہ کرنا۔ پورا کرنا۔ بنا ہتانا۔ انجام کو پہنچانا۔ جیسے کان تیار کرنا کسنا جوتنا۔
تیار ہونا : (محاورہ) مستعد ہونا آمادہ ہونا موٹا تازہ ہونا پک چکنا عمارت ختم ہو چکنا بن چکنا۔
تیاری : (اُرد اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) آمادگی مستعدی موجودگی آراستگی درستی۔ ترتیب۔ دھوم دھام۔ فہرست آرائش کا سامان۔
تیاگنا : (ہ۔ فعل) ترک کرنا۔ چھوڑنا۔ تجنا۔ دست بردار ہونا۔ ایثار کرنا
تیپچی : (ہ۔ اسم مؤنث) ایک قسم کی لچکی سلائی غلاف بخیہ کھڑا کرنا۔
تیپچی کا نکاح : (اُرد۔ اسم مذکر) بجا نکاح جس میں فوراً طلاق کی نوبت آئے۔
تیتالیس یا تینتالیس : (ہ) اسم عدد چالیس اور تین۔ بیالیس سے سات کم۔

تیتر

تیتر : (ہ۔ اسم مذکر) تیہو۔ ذرّاج۔ ایک پرندے کا نام۔
تیتر کے مُنہ لچھمی : (ہ۔ مثل) دوسرے کے اختیار کی بات قسمت اور تقدیر پر موقوف ہے یہ ایسے موقع پر بولتے ہیں جہاں پر کسی پر قوف

کو ایسے کام کے فیصلے کے لئے منتخب کریں جس کا وہ اہل نہ ہو

تیتیرا : (ہ) - اسم صفت وہ لڑکا یا لڑکی جو تیسرے نمبر پر پیدا یعنی دو کے بعد

تیترا بیٹا راج رجائے تیتری بیٹی بھیک منگائے : (ہ مثل) شگون کے طور کہا جاتا ہے کہ تیسرا بیٹا نہایت خوش قسمت ہوتا ہے اور تیسری لڑکی نہایت بدقسمت۔ ہندوؤں کا عقیدہ ہے۔

تیتری : (ہ) - اسم مونث۔ بیائے تانیث تیتر کی مادہ ایک قسم کی بھنبیری ایک طرح کا پروار خوشرنگ خوبصورت برساتی کیڑا۔ ایک قسم کی دوا جو کے بخار میں دیتے ہیں۔

تی تی : (ا) مرغی سے بلانے کی آواز۔

تیئیس یا تئیس : (ہ) اسم عدد تیس اور تین چالیس سے سات کم۔

تیج : (ہ) - اسم مذکر جاہ و جلال رعب و داب طاقت غضب غصہ جوش سورج کی کرن آفتاب کی روشنی جیسے تیج بھان۔

تیج : (ہ) - اسم مؤنث تیسری تاریخ ہندوؤں کا تہوار جو ساون سدی تیج کو ہوتا ہے اس میں بہنوں بیٹیوں کو گھر بلاتے اور سندھارا بھیجتے ہیں۔

تیج تہوار : (ہ) - اسم مذکر کتنا ایک تہوار تیج عید بقرعید وغیرہ۔

تیجا : (ہ) - اسم مذکر فاتحہ سوم کی رسم پھول چننا بٹھارنی۔

تیج پات : (ہ) - اسم مذکر ایک خوشبودار پتا ساذج - ہندی تیج

تیتر : (ہ) - اسم صفت صحیح تیکھا لغوی تیز بیٹھنے والا مجازاً شوخ شریر چلبلا۔ معشوق طرحدار خوبصورت۔

تیتی : (ا) - اسم صفت صحیح تیکھی تیز۔ شوخ بے حیا سرکش۔ مالزادی عورت فتنہ پرداز۔ تیتا مرغ ذبان دراز خام پارہ۔

تیر : (س) - اسم مذکر دریا کا پاٹ کنارہ دریا۔ پاس پڑوس ہمسایہ نزدیک۔

تیر : (ف) - اسم مذکر بان ناوک خدنگ سہم نکہ سری ایک قسم کا لڑائی کا اوزار ہے جس کو کمان میں رکھ کر چلاتے ہیں شمسی چوتھا مہینہ بجائے صفت اندھیرا۔ تاریک۔ سیاہ۔ سیدھی لکڑی کیکڑی عطارد بدھ طعنہ تشنہ۔

تیر



تیر انداز

تیر انداز : (ف) - اسم فاعل ترکیبی تیر چلانے والا کماندار۔ تیرون قدر انداز۔

تیر اندازی : (ف) - اسم مؤنث بیائے مصدری ناوک فگنی کماندازی قدر اندازی۔

تیر بہ ہدف : (ف) - اسم صفت بے خطا ٹھیک نشانے پر بیٹھنے والا سریع التاثیر۔

تیر بیٹھ جانا : نشانے پر لگ جانا تیر کا جم جانا۔

تیر پھینکنا : بان مارنا۔ ناوک چلانا۔ ناوک افگنی کرنا۔ موثر تدبیر کرنا۔

تیر چھوٹنا : کمان سے تیر نکلنا۔

تیر تکوں پر گزارہ کرنا : (اُر۔ فعل۔ محاورہ) ادھر ادھر پھر کر گزارہ کرنا۔ ادھر ادھر سے حیلہ حوالہ بنا کر روٹی کھانا۔ شکار مار کر کھانا۔

تیر جوڑنا : تیر کمان میں رکھنا تیر مارنے کی تیاری کرنا۔

تیر چلانا : (اُر۔ محاورہ) تیر چھوڑنا یا تیر پھینکنا۔ نشانے پر تیر مارنا (طنزاً) کوئی بڑا کام کرنا جیسے ایسا ہی تیر چلایا تھا۔

تیر حکمی : (ع ف) - اسم صفت وہ تیر جو کبھی خطا نہ کرے۔ شرطیہ نشانے پر لگنے والا تیر۔

تیر ڈوبنا : تیر کا کسی جسم سے اترنا

تیر سا لگنا : (اُر۔ محاورہ) نہایت بُرا سا معلوم ہونا۔ تیر کی طرح چبھنا۔

تیر سحر : صبح کی آہ پُر سوز۔ صبح کاذب کی روشنی۔

تیر سر کرنا : تیر چلانا۔

تیر سہ پہلو : وہ تیر جس کی نوک میں تین پھل ہوتے ہیں۔

تیر قضا : قضا کا حملہ۔

تیر کا خطا ہونا : تیر نشانے پر نہ لگنا۔

تیر کرنا : (اُر۔ محاورہ) چھپا لینا غائب کرنا چھپا لینا دن گزارنا بسر کرنا۔

تیر کمان سے نکلنا : موقع ہاتھ سے نکل جانا۔ تیر کا کمان سے چھوٹ کر چلنا۔

تیر کوّے تیتر : کوّے کو ڈرانے یا بھگانے کی آواز۔ بھاگ کوّے بھاگ تیری طرف تیر چلا۔

تیر کھانا : تیر کا زخم کھانا۔

تیر کی طرح سدھا : آنا ہونا تیز اور سدھا آنا ہونا

تیر گر : (ف) - اسم فاعل ترکیبی تیر بنانے والا تیر ساز۔

تیر لگنا : تیر کا نشانے پہنچنا۔

تیر مارنا : کسی کو تیر کا نشانہ بنانا۔ کوئی بڑا یا عیب کام کرنا۔

تیر مٹھنوں میں دینا : (اُر۔ محاورہ) نہایت دق کرنا۔ تنگ کرنا۔ ناک چنے چبوانا۔

تیروان : (مذ) ترکش

تیر ہدف : (ہ ا ف) کامیاب منزل مقصود پر پہنچنے والا۔

تیر ہوائی : (ف) - اسم صفت وہ تیر جو بغیر ہوا کے رُخ پھینکا یا جائے اور اس کا نشانہ کوئی نہ ہو فضول۔ لغو۔ بیکار غیر مصرف۔

تیر ہو جانا : غائب ہو جانا۔ بھاگ جانا۔ گم بان ہو جانا۔ بسر ہو جانا۔

تیروں سے چھدنا : (ہ) جسم پر جا بجا تیر پڑنا۔ تیروں سے سخت زخمی ہونا۔

تیروں کا مینہ برسانا: بکثرت سے تیر مارنا۔
تیروں کا دستہ: بہت سے تیروں کا مجموعہ۔
تیروں کی بارش: لگاتار بے شمار تیر پڑنا
تیرا : (ہ۔اسم ضمیر مضاف الیہ صیغہ واحد حاضر) دنے کی طرف خطاب کیا جاتا ہے۔
تیرا میرا کرنا (اُر۔محاورہ) غیریت کی باتیں کرنا جھگڑنا غیروں کی طرح لڑنا۔
تیرا میرا منہ : دوسروں کا آسرا۔
تیرا نور اُڑ جائے: دعائے بد تیرے چہرے پر نور نہ رہے تیرا رو پیٹ جانا رہے

تیراک

تیراک : (ہ۔اسم مذکر) تیرنے والا پیراک شناور۔
تیرتا ہی ڈوبتا ہے یا تیراک ہی ڈبویا کرتا ہے: (اُر۔مثل) جس فن میں طاق ہو وہی فن اس کی موت کا سبب ہوا کرتا ہے۔ کیونکہ اُس کام کے کرنے سے خوف نہیں ہوتا۔
تیراکی (اُر۔ہو) تیرنے کا فن شناوری۔
تیراؤ پانی : (ہ۔اسم صفت) تیرنے کے قابل پانی۔
تیرتھ : (ہ۔اسم مذکر) دریا کا گھاٹ۔کنارہ دریا درخت زیارت پاک جگہ۔ ہندوؤں کا وہ مقدس مقام جو دریا کے کنارے ہو۔ یہ ہندوؤں کی قوم۔
تیرتھ جاترا یاترا : (ہ۔اسم مذکر ظرف) زیارت۔
تیرگی : (ف۔اسم مؤنث۔بیائے مصدری) سیاہی اندھیرا دُھندلاپن کالونس کدورت۔دشمنی۔
تیر جانا (ہ) تیرنا دیکھو تیرنا۔
تیرنا (ہ۔فعل) پیرنا شناوری کسی فن میں ماہر کامل ہونا بخوبی مہارت رکھنا۔
تیرہ : (ف۔اسم صفت) سیاہ تاریک تار دُھندلا کالا۔
تیرہ بخت یا تیرہ روزگار : (ف۔صفت مرکب) بدنصیب بدبخت۔
تیرہ : (ہ) اسم عدد دس اور تین ۱۳۔13۔
تیرہ تیزی یا تیراں تیزی : (اُر۔اسم مذکر و مؤنث) صفر کے مہینے کے پہلے تیرہ دن جن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہوئے تھے اور اسی وجہ سے یہ ایام منحوس خیال کیے جاتے ہیں۔صفر کا مہینہ۔
تیرھویں : (ہ۔صفت عددی) ہندوؤں کی ایک رسم ہے کہ مُردے کے تیرھویں دن تیرہ برہمن جمائے جاتے ہیں۔
تیرھواں (ہ) تیرھویں نمبر یا درجے پر۔
تیرھویں صدی : (اُر۔اسم مؤنث) ہجری کی تیرھویں صدی کا زمانہ جسے نہایت منحوس خیال کرتے ہیں کلجگ کا زمانہ۔
تیز : (ف۔اسم صفت) دھار والا بڑھ چڑھ چڑا۔ تلخ تند جلد زود شتاب جیسے تیز رفتار ذہین فہیم چالاک بدمزاج ظالم غضب ناک سینہ زور قوی ممغوط مشرخ شریر بگڑا۔ مہنگا جیسے فلاں چیز کا تیز گرم تنا مقدار سے زیادہ جیسے مرچ تیز ہے دور بین باریک بین جیسے تیز نظر زخم میں لگنے والی یا آنکھ میں لگنے والی دوا۔
تیز پرواز : (ف۔اسم صفت تر کیبی) بہت جلد اڑنے والا۔
تیز دست : (ف۔اسم صفت تر کیبی) جلد جلد کام کرنے والا۔
تیز دستی : (ف۔اسم مونث بیائے مصدری) جلد بازی کرنا بہت جلدی ہاتھ چلانا چالاکی شتابی۔
تیز رفتار : (ف۔اسم صفت تر کیبی) بہت جلدی چلنے والا شتاب رو۔
تیز طبع : ذکی ذہین۔
تیز فہم : وہ شخص جو جلدی سمجھ لے۔
تیز کرنا (اُر۔محاورہ) دھار نکالنا بڑھانا دھر نا طاقت بڑھانا خفا کرنا چڑانا اکسانا۔ بھیڑنا۔غصہ دلانا۔
تیز قلم : زود نویس۔وہ شخص جو جلدی جلدی لکھ لے۔
تیز گوش : دُور کی آواز جلدی سننے والا۔
تیز گام : جلد چلنے والا۔
تیز مزاج : (ف۔اسم تر کیبی) تُند مزاج۔زود رنج غصیلا۔
تیزاب : (ف۔اسم مذکر نہایت تُند عرق۔ایک قسم کا کیمیائی مرکب السیڈ۔تلخ
تیزی : (ف۔بیائے مصدری اسم مؤنث) تُندی تلخی۔چڑچڑاہٹ غضبناکی گرم مزاجی۔سختی ظلم گرمی گرانی۔مہنگا پن۔مانگ خواہش ضرورت جیسے فلاں چیز کی بڑی تیزی ہے۔ کاوٹ لگنے والی دوا کا اثر ماہ صفر۔
تیئیس : (ہ) اسم دس اُوپر بیس ۲۳۔23۔
تیئیس دن یا تیئیسوں دن : (ہ۔تابع فعل ظرف) ہمیشہ مدام آئے دن تمام ماہ۔
تیئیس مارخاں (اُر۔اسم مذکر) بہادر آدمی۔دلاور آدمی۔آئینے خاں طرہ باز خان ترُم خان۔ تلوار مارنے والا۔
تیئیس مارخاں بنے پھرتے ہیں : بڑے بہادر بنے پھرتے ہیں بہت اکڑ فوں کرتے ہیں۔
تیئیسا : (ہ۔اسم صفت و حرف تشبیہ ویا ہی اس طرح کا جیسے کوتیسا
تیئیسرا : (ہ۔صفت عددی ثالث) تیسرے درجہ پر تین سے نسبت رکھنے والا۔
تیئیسرا آنکھوں میں ٹھیکرا : (اُر۔مثل) تیسرا آدمی ہمیشہ مخل صحبت ہوا کرتا ہے۔
تیئیسرا پہر : دوپہر کے بعد کا پہر۔
تیئیسری : تیسرے درجے کی۔مہینے کی تین تاریخ۔
تیئیسرے : تین کی تعداد ظاہر کرتے ہیں جس کا نمبر دو کے بعد ہو
تیئیسرے قافے مُردار بھی ہلال: مجبوری میں روزا روا نہیں رکھا جاتا
تیئیسواں : تیس نمبر کا تیس کے تیس۔
تیئیسواں کلام : (اُر۔اسم مذکر قرآن شریف کے تیسوں پارے۔
تیئیسی : (ہ۔اسم مؤنث) کسی کتاب بحالت صفت تیئیس برس اڈھیر تین برس کی جنتری یا پترہ۔
تیئیسی : معماروں کے ایک اوزار کا نام ہے۔
تیشہ : (ف۔اسم مذکر) لیوڑا۔

تیغ : (ف۔ا) مؤنث) تلوار، شمشیر، کھانڈا، خنجر۔
تیغ بازی : بانک پٹا، تلواروں سے بازی چلانا۔
تیغ بردار : وہ شخص جو ننگی تلوار سے سواری کے ساتھ چلے۔
تیغ بکف : تلوار چلانے پر آمادہ۔
تیغ پناہ : وہ تلوار جس کی کاٹھ توڑ دی گئی ہو جس سے کوئی نہ بچے
تیغ جہازی : بھاری تلوار۔
تیغ دو دستی تیغ دو دم : وہ تیغ جس کے دونوں طرف دھار ہو۔
تیغ دو زبان : وہ تلوار جس کے دو پھل ہوں حضرت علیؓ کی تلوار۔
تیغ زن : تلوار باندھنے والا، تلوار چلانے والا۔
تیغ ستم : ظلم و ستم کا رواج۔
تیغ فلک : ظالم آسمان آفتاب کی تیز کرنیں مریخ ستارہ۔
تیغ کوہ : پہاڑ کی چوٹی۔
تیغ و کفن باندھ کے جانا : لڑنے مرنے پر آمادہ ہو کر نکلنا۔
تیغ ہندی : ہندوستان کی بنی ہوئی تلوار جو بہت اچھی ہوتی ہے
تیغ ہلالی : وہ تلوار جو شکل ہلال کے خمیدہ ہوتی ہے۔
تیغا : (ف۔مذ) تیغ سے بالف تحقیری چھوٹی تلوار دروازے یا محراب کو اینٹ پتھر وغیرہ سے چننے کو بھی تیغا بولتے ہیں کشتی کا ایک داؤں
تیغا کرنا (ا۔مذ۔محاورہ) بند کرنا چن کسی سوراخ یا محراب یا دروازے کو اینٹ مٹی وغیرہ سے بند کرنا۔
تیقن : (ع۔اسم مذکر) یقین کرنا، یقین، یا اہم اعتبار کرنا۔
تیکھا : (ہ۔اسم صفت) تیز، نکیلا، نوکدار، پنیا، تیز دھار والا، موثر، دل میں کھبنے والا، چرپرا، چنچل، تیز مزاج، زود رنج، غصیل، غضبناک، جنگجو، عمدہ اچھا، چوکھا، طرار، بانکا، سجیلا، تیز زبان، تند، تند یا طرار، جوانی میں مست (اسم مذکر) خوبصورت اور جوان آدمی۔
تیکھی : (ہ۔اسم مؤنث) تیکھا کی تانیث، نرچھی، بیڑھی، یا کی الیلی، رعنا، تیز مزاج، اچپل، دھیمی، نرم، نہ بیٹھ گانے کی مدھم آواز۔
تیل : (ہ۔اسم مؤنث) تیور، زنانی پوشاک، زنانہ جوڑا جس میں دوپٹہ انگیہ لنگا ہوتا ہے۔
تیل : (ہ۔اسم مذکر) اصل وہ روغن جو تلوں میں سے نکالا جائے مجازاً تخم ہر روغن سیاہ، چکنائی، روغن۔
تیل پانی کا گلاس : (ہ۔اسم مذکر) وہ گلاس جس میں نیچے پانی اور اوپر تیل بھر کر روشنی کی جائے، کنول۔
تیل پھل : (ہ۔اسم مذکر) وہ ناریل اور تیل جو شادی سے چند دن پہلے دولہا کی طرف سے دلہن کے ہاں بھیجا جاتا ہے۔
تیل جلا و کرنا : پانی میں تیل ڈالنا کہ بادل نکل جائیں۔
تیل پانی پر ڈالنا : عام ساحلی یا شیدوں کا عقیدہ اور ایک رسم۔
تیل تو اتنا کہ (محاورہ) تین منحوس چیزیں جس کا نام لینا گھر سے باہر نکلتے وقت برا مانا جاتا ہے کبھی کبھی مذاق کرنے کے لئے بھی کہتے ہیں
تیل تلوں ہی سے نکلتا ہے : (ہ۔مثل) ہر چیز کا خرچ اور لاگت اسی چیز میں سے نکالی اور اسی پر ڈالی جاتی ہے۔

تیل توا کالا : (ا۔اسم صفت) ایسا کالا جیسے توے کی سیاہی میں تیل مل کر سیاہ رنگ بنایا ہو، کالا حبشی از حد کالا۔
تیل جل چکا : (ا۔محاورہ) النس نکل چکا، ست نکل چکا، نچی سرمایہ نہیں رہا، روح تحلیل ہو گئی۔
تیل جلے گھی جلے تیل : (ہ۔مثل) جلتے جلتے تیل کی کثافت جل کر گھی کا اثر رہ جاتا ہے اور گھی کی چکنائی جل جلا کر اس میں تیل جیسی خرابی پیدا ہو جاتی ہے۔
تیل چیڑھانا : (ہ) نعل دلہن کے بدن پر تیل ہلدی وغیرہ کا بٹنا ملتے ہیں۔
تیل پلاؤ کرنا (محاورہ) بارش کے پانی پر تیل ڈال کر بہانا جس سے بادلوں کے چھٹنے کا شگون لیا کرتے ہیں بچوں کا طریقہ ہے۔
تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو : (ہ۔مثل) تامل کرو سوچو، سمجھو صبر کرو پھر یہ کام کرنا یہ کام بڑی سوچ بچار کے بعد کرنا۔
تیل لگانا : (ہ۔فعل) تیل چیڑھنا، تیل ملنا۔
تیل ماش اتارنا یا رکھانا : (ا۔محاورہ) کسی مسافر کے گھر پر اس کے عزیز کا ایک طباق میں ماش بھر کر اس میں تیل کا کٹورا بھر کر رکھ دیتے ہیں سفر سے آنے والا اس میں اپنا منہ دیکھ کر دو چار دانے ماش کے ڈال دیتا ہے پھر یہ سب تصدق کر دیا جاتا ہے یہ گویا سفر سے مع الخیر آنے کا صدقہ ہے۔
تیل ملنا : (ہ۔فعل) تیل کی مالش کرنا۔
تیل میں ہاتھ ڈالنا : (ہ۔محاورہ) سخت قسم کھانا، زمانہ جاہلیت کی قسم یا یا لفاظ دیگر چور سے اقرار کرانا ہے۔ اس کا طریقہ یہ تھا کہ مشکوک آدمی کو جلتے تیل میں ہاتھ ڈالنے کے لئے کہا جاتا کیونکہ آگ کا کام ہمیشہ جلانا ہے لہٰذا چور ڈر سے مارے اپنے جرم کا اقرار کر لیا کرتا تھا۔
تیل نکالنا : (ہ۔محاورہ) تل وغیرہ پیلنا، کسی چیز میں سے تیل نکالنا، سخت محنت لینا، پسینے پسینے کرنا، جان نکالنا، سست نکالنا۔
تیلری : (ہ۔اسم مؤنث) تیل کا برتن، روغن دان، بارا۔
تیلن : (ہ۔اسم مؤنث) تیلی کی بیوی، تیلی قوم کی عورت، روغن فروش عورت، تیلنی۔
تیلی : (ہ۔اسم مؤنث) سلائی، بیجنے کی تار، سیخ، ناک کا ایک زیور، چھڑا، لونگ۔
تیلی : (ہ۔اسم مذکر) روغن گر، روغن فروش، ایک کام کا نام ہے جس کا پیشہ تیل نکالنا اور بیچنا ہے۔ بحالت صفت نہایت میلا آدمی۔ میلا کچیلا آدمی، غلیظ اور کثیف کپڑوں والا۔
تیلی تنبولی : (ہ۔اسم مذکر) تیلی اور پان بیچنے والی قوم، ذلیل قوم کے آدمی کو کہہ دیتے ہیں۔
تیلی خصم کیا اور پھر بھی رو کھا ہی کھایا : (ہ۔محاورہ) خلاف طبیعت کام بھی کیا اور پھر بھی مراد نہ ملی۔ امیر سے شادی بھی کی اور تنگی اٹھائی
تیلی راجا تیلیا راجا : (اسم مذکر) فقروں کا ایک فرقہ ہے جو تیل مانگ کر اپنے کپڑوں اور سر پر ملا کرتا ہے۔ نہایت ہی میلے کپڑے لیتے والا آدمی۔
تیلی کا بیل : (ہ۔اسم مذکر) وہ شخص جو دن رات محنت سے چکر میں

پھنسا رہے بہت ہی محنت شاقہ کرنے والا۔

تیلی کا بیل کیا جانے جنگل کی سار: (ہ۔ مثل) مقید آدمی آزادی کی قدر نہیں جان سکتا۔

تیلی کا تیل جلے مشعلچی مُفت کڑھے: (ہ۔ مثل) نقصان کسی کا ہو اور غم کوئی کرے۔

تیلی کے بیل کو گھر ہی کوس پچاس (ہ۔ مثل) کمزور اور غریب آدمی کے گھر کی محنت اور وقت ہی ہزار دقتوں کے برابر ہے۔

تیلی کی جورو ہو کے کیا پانی نہائی (ہ۔ مثل) امیر کے خادم ہو کر بھی فائدہ نہ ہو تو پھر کیا موقع ملے گا۔

تیلیا: (ہ۔ اسم صفت بالف فاعلیت تشبیہی) تیل کے رنگ کا چکنا چکنائی والا۔

تیلیا بھیس کرنا: نہایت میلے کچیلے کپڑے پہننا۔

تیلیا پانی: (ہ۔ اسم مذکر) تر مرنے والا اور نہایت کھاری پانی جو پرانے کنوؤں میں اکثر ہو جاتا ہے۔

تیلیا سُرنگ: (ہ۔ اسم مذکر) سیاہی مائل سُرخ گھوڑا۔

تیلیا سہاگہ: (ہ۔ اسم مذکر) ایک قسم کا سہاگہ جو چکنا چکنا ہوتا ہے

تیلیا کاکریزی: (اُر۔ اسم مذکر) سیاہی مائل گہرا ورنگ دار۔

تیلیا کتھا: (ہ۔ اسم مذکر) اندرسے کالا کتھا۔

تیلیا کمیت: (اُر۔ اسم مذکر) ایک طرح کا سیاہی مائل کمیت رنگ کا گھوڑا۔ سیاہی مائل سُرخ۔

تیلیا مسان: (اص) نجیث بھوت وہ روح جو ہندو عقیدے میں جو تیلی کے اندر ہوتی ہے۔

تیلیا مونگیا: سبز مائل بہ سیاہی۔

تیمار: (ف۔ مذ) مریض کی خبر گیری علاج معالجہ اور غم خواری۔

تیمارداری (اُر۔ اسم مؤنث۔ بیا ے مصدری) غمخواری ہمدردی۔ بیمار کی خدمت۔ علاج معالجہ۔

تیمم: (ف۔ مذ) پانی نہ ملنے کی صورت میں وضو کی بجائے دونوں ہتھیلیاں مع انگلیوں کے پھیلا کر مٹی وغیرہ پر مار کر منہ وغیرہ پر پھیرنا (کرنا)

تیمم کرنا: (اُر۔ محاورہ) طہارت کے لیے بیماری یا پانی نہ ملنے کی حالت میں مٹی پر ہاتھ مار کر بہ نیت عبادت وضو یا غسل کرنا۔

تین: اسم عدد دو اور ایک ۳۔

تین بلائے تیرہ آئے دے دال میں پانی: (ہ۔ مثل) اگر مطلوبہ تعداد سے زیادہ آدمی آجائیں تو اسی میں نمٹانا پڑتا ہے۔

تین پانچ: (ہ۔ اسم مؤنث) جھگڑا فساد تکرار۔ پھیرا۔ ٹنٹا پیر تماش فریب دغا۔ مکر۔ چالاکی۔

تین پانچ کرنا (اُر۔ محاورہ) مکر وہ فریب کرنا۔ جھگڑا کرنا فساد کرنا تکرار کرنا

تین پیر بکائن کے میاں باغبان: (ہ۔ مثل) نکمی خوارے کی نسبت بولا کرتے ہیں جو تھوڑی سی چیز پر بہت سا اترائے۔

تین تیرہ: (ہ۔ اسم صفت پریشان متفرق۔

تین تیرہ کرنا: (ہ۔ محاورہ) تتر بتر کرنا۔ پریشان کرنا خستہ خراب کر دینا۔ اُڑا دینا صرف کر دینا۔

تین ٹانگ کی گدھی نو من کی لادی: (ہ۔ مثل) ہر وہاں بولتے ہیں جہاں کوئی طاقت سے زیادہ کام یا فساد کرے۔

تین حرف بھیجنا (اُر۔ محاورہ) ل۔ ن۔ ع لعن بھیجنا۔ لعنت بھیجنا پھٹکارنا۔ پھٹکار کرنا۔ دھتکارنا۔

تین دن قبر میں بھی بھاری: (اُر۔ مثل) مرکر بھی قبر میں تین دن حساب کتاب میں جان کو اضطراب رہتا ہے۔

تین دن کی بادشاہی: رخصتی سے چوتھے تک کا زمانہ مختصر زمانہ اقتدار

تیندوا: (ہ۔ اسم مذکر) ایک درندے کا نام ہے۔ ایک قسم کا چیتا باگھ فارسی میں اس کو پلنگ کہتے ہیں۔



تیندوا

تین راہ: علیحدہ علیحدہ مختلف وضع پر۔

تین کاتے (ہ۔ اسم مذکر) نامرادی۔ ناکامی۔ ناکامیابی سے مراد ہوتی ہے نرد بازی کے پانسوں میں سے ہر ایک پر ایک طرف ایک ایک نقطہ ہوتا ہے جب داؤں میں پانسہ پھینکتے وقت یہ تینوں صفر آن پڑتے ہیں تو یہ سب سے گھٹیا داؤں خیال کیا جاتا ہے لہذا ناکامی مراد لیتے ہیں۔

تین گناہ اللہ بھی بخش دیتا ہے: (اُر۔ مثل) جس شخص نے پہلے کوئی جرم نہ کیا ہو وہ یہ لفظ کہہ کر اپنے قصور کی معافی مانگا کرتا ہے کہ تین گناہ تو اللہ بھی بخش دیتا ہے تم بھی میرا یہ قصور معاف کر دو۔

تین میں نہ تیرہ میں ستلی کی گرہ میں: (ہ۔ مثل) اس آدمی کی نسبت بولتے ہیں جس کی کہیں بھی عزت و پرسش نہ ہو۔

تینوں: (ہ۔ اسم عدد) استغراق کے معنی لیتی ہر سہ۔ پورے تین ہی تین کے تین۔

تیور: (ہ۔ اسم مذکر) بصارت۔ بینائی۔ آنکھ کی روشنی نور نظر۔ مثلاً تیور چل گئے۔ نظر پھرنا۔ انداز و طرز نگاہ تیز کرنا چشم یعنی اندھیرا جو کسی دماغی تکلیف یا آنکھ کے آگے آجانے گرمی کی شدت سے بھی نظر خیرہ ہو جاتی ہے۔ زمانے کے پیرایوں کا جوڑا۔

تیور آنا (محاورہ) آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا۔ سر میں چکر آنا۔

تین چپاتی اور نو بیراتی کھاؤ جورو کم چھوڑ: جب کوئی عورت کسی عورت وغیرہ سے موقع پر کھوٹی کرتی ہے تو عورتیں طنزیہ طور پر کہتی ہیں۔

تیور بگاڑ دینا: غصہ فرد کر دینا۔ دھمکی اور زور نمٹا دینا۔

تیور بوجھنا: (محاورہ) نظر سے ہی دل کا حال جان لینا۔ معلوم کر لینا۔

تیور بدل جانا: (محاورہ) نگاہ کا بے قرار ہونا۔ انداز و طریق نگاہ کا بدل جانا ہے

مردنی ہو جانا۔عدم فحیت کا اظہار کرنا موت کی نشانی ظاہر کرنا۔

تیور بدلنا : قہر کی نگاہ سے دیکھنا۔

تیور بُرے نظر آنا (اُ۔محاورہ) دل میں فرق معلوم ہونا۔دشمن جان ہونا۔ بُرا ارادہ معلوم ہونا۔

تیور بگڑنا یا بگڑ جانا :(ہ۔محاورہ) پتلیوں کا پھر جانا۔موت کی علامت ظاہر ہونا۔نظریں پھر جانا۔نظر سے خفگی اور دشمنی ٹپکنا۔

تیور تاڑ جانا : نگاہ سے نیکی یا بدی پہچان جانا۔

تیور رجلنا (ہ۔محاورہ) نظر خراب ہو جانا۔چمک دار چیز کی تاب نہ لانا۔چکا چوند لگ جانا۔

تیور دیکھنا : طبیعت کا رنگ دیکھنا۔

تیور میلے ہونا :(ہ۔محاورہ) بُرے آثار دکھائی دینا۔نظر سے رنجش و ملال ٹپکنا۔

تیور آنا (ہ۔محاورہ) غش آنا چکرا جانا۔چکر آنا۔سر پھرنا۔ڈگمگانا۔کسی دماغی صدمے سے آنکھوں کے آگے اندھیرا آجانا۔

تیورس : (ہ۔اسم مذکر) آیندہ یا گذشتہ تیسرا برس اس کو تیورس سال بھی کہتے ہیں

تیوری : (ہ۔اسم مؤنث) جبین۔ماتھے کا بل ماتھے کی سکوڑ میں نظر۔نگاہ چتون۔

تیوری بدلنا (ہ۔محاورہ) ناک بھوں

تیوری چڑھانا / **تیوری میں بل پڑنا**] چڑھانا۔خفا ہونا۔آنکھیں بدلنا۔غصے ہونا۔ناراض ہونا۔ماتھے پر بل ڈالنا۔ترشرو ہونا۔

تیوری چڑھنا / **تیوری میں بل پڑنا**] (ہ۔محاورہ) ماتھے میں بل پڑنا۔آزردگی اور خفگی ظاہر ہونا۔ترشروئی ظاہر ہونا۔

تیوری کا بل کھلنا : رنجش مٹنا۔

تیون (ہ۔اسم مذکر) لاؤن۔سالن۔ترکاری۔نان خورش۔چٹنی

تیوہار (ہ۔اسم مذکر) عید۔جشن۔خوشی کا دن۔پرب۔جیسے ہوالی۔دیوالی۔عید۔کرسمس وغیرہ۔

تیوہاری (ہ۔اسم مؤنث) تیوہار کا انعام عیدی۔تیوہار کی خوشی کا کھانا۔رسد وغیرہ جو عزیزوں رشتہ داروں کے ہاں بھیجتے ہیں۔یا ملازموں کو دیا کرتے ہیں۔

تیہا (ہ۔اسم مذکر) تیزی۔جوش۔حرارت۔غصہ۔غضب۔قہر۔خشم۔مثلاً اپنے تیہے میں آپ ہی مری جاتی ہے۔

تیہا آنا / **تیہا کھانا**] غصہ آنا۔ دکھانا۔

تیئس (ہ) اسم عدد۔بیس اور تین۔تیس سے سات کم۔۲۳۔23۔

تیہُو (ف۔مذ) کوّا۔تیتر کی قسم کا ایک چھوٹا سا پرندہ۔لوا۔



توپوں کی اقسام

ط

ط (ہ۔مو) ہندی حروف تہجی کا گیارہواں اور اُردو حروف تہجی کا پانچواں حرف ہے اسے تاے ہندی اور تاے ثقیلہ بھی کہتے ہیں۔ حساب ابجد میں اس کے عدد بھی تائے فوقانی کے برابر یعنی چار سو شمار کئے جاتے ہیں۔

ط - ا

ٹابَر (ہ۔اسم مذکر) خاندان۔ قبیلہ۔ کنبہ۔ چھوٹا سا گھر۔ جھونپڑا (مارواڑ) لڑکا۔ چھوکرا۔ طفل (پورب) جوہڑ۔ چھوٹی سی جھیل۔

ٹاپ (ہ۔اسم مؤنث) گھوڑے کا سُم۔ اسم صوت) گھوڑے کے سم کی زمین پر پڑنے کی آواز۔ تھاپ۔ تالاب یا جوہڑ میں سے مچھلیاں پکڑنے کا کھانچا چار پانی سے پائے کا پنجلا گرہ جو زمین پر ٹکتا ہے۔ پھونس کا جھونپڑا۔ چھپر۔

ٹاپ

ٹاپ دار (ہ۔اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) موٹے سرکا۔ موٹے سر والا۔ آگے سے چوڑا پیچھے سے پتلا۔

ٹاپا (ہ۔اسم مذکر) اس میں الف یکسر بنانے کا ہے منسوب بہ ٹاپ۔ مرغیاں بند کرنے کا کھانچا۔ ایک قسم کی کشتی یا بیڑا حقارتاً گنے کے اس کھیت کو بھی بولتے ہیں جس میں ایکھ کم ہو گنوں کا بھرا کھیت۔

ٹاپا توڑ نکل جانا بے لاگ چل دینا۔ صاف نکل جانا۔

ٹاپا ٹوٹی کرنا (ہ۔محاورہ) ٹٹولنا۔ ڈھونڈنا جستجو کرنا۔ ٹوہنا۔ چھان مارنا۔ ٹپکتے ہوئے مکان کی مرمت کرنا۔

ٹاپا ٹوہیا (ہ۔مو) تلاش۔ جستجو۔

ٹاپتا رہ جانا: اُمید میں رہ جانا۔ انتظار میں رہ جانا۔

ٹاپر (ہ۔اسم مذکر) جھونپڑا۔ چھپر کا گھر۔

ٹاپنا (ہ۔فعل) دانہ پانی وغیرہ کی طلب کے لئے گھوڑے کا اگلے پاؤں کو زمین پر مارنا۔ پاؤں پٹینا۔ کوشش کرنا۔ انتظار کرنا۔ اکاز۔ پھڑنا مضطرب ہونا۔ افسوس کرنا۔ ہاتھ ملنا جیسے دوست چلا گیا میں ٹاپتا رہ گیا۔ پھاندنا جیسے دیواریں ٹاپنا۔ اشتیان میں رہنا۔

ٹاپٹی (ہ۔مو) ایک قسم کا نو میٹر سوتی ریشمی کپڑا۔

ٹاپو (ہ۔اسم مذکر) جزیرہ۔ دیپ۔ وہ خشک زمین جو دریا یا سمندر کے درمیان ہو۔

ٹاٹ (ہ۔اسم مذکر) سن کا بنا ہوا کپڑا۔ لاس۔ کرپاس۔ چنے کے اُوپر کا خول جو پودے کو لگتا ہے۔ ساہوکار کے بیٹھنے کی گدی۔ تپسّرا۔

ٹاٹ باف (ہند) جوتی پر چاندی کے تار ٹانکنے والا۔

ٹاٹ باقی جوتا (اُر۔اسم مذکر) تار بافی کا بگاڑا ہوا ہے) کا مدار جوتا۔

ٹاٹ تپڑ اُکٹنا (ہ۔محاورہ) دیوالہ نکلنا۔ دیوالیہ ہونا۔ کاروبار بند ہونا۔

ٹاٹ کا ٹنگو ٹا نواب سے یاری: امیروں کے سے کام مُفلسی میں۔

ٹاٹ میں مونجھ کا بخیہ (اُر۔مثل) مناسب جگہ مناسب کام ہونا۔ کسی چیز میں اس کے لوازمات کا استعمال کرنا۔

ٹاٹ کی انگیا مونج کی تنی: نہایت غریبی اور مُفلسی کا اظہار۔

ٹارا (ہ۔مذ) طاقتور کبوتر جو دیر تک اڑے۔

ٹارا ٹوک: وزن میں بالکل ٹھیک۔ جو نہ کم ہو نہ پیش۔

ٹارچ (انگ۔مذ۔Torch) مشعل نما سل سے چلنے والی بتی مشعل۔

ٹارچ

ٹال (ہ۔اسم مؤنث) گھاس۔ لکڑی۔ ایندھن وغیرہ کا انبار۔ ڈھیر۔ لوّدہ۔ بھوسے یا لکڑیوں کی دکان گائے بھینسوں وغیرہ کے گلے میں باندھنے کا ایک قسم کا گھنٹا۔ ٹالنا سے حاصل مصدر بمعنی ٹالم لوّل۔ لیت ولعل۔ بہانہ (بصورت فعل) ٹالنا مصدر سے فعل امر۔

ٹال آنا (ہ۔محاورہ) کمی بڑھتی۔ بیچ آنا۔ جس قیمت پر بکے دے آنا۔ دم دلاسا

دیکر کسی کو رخصت کر دینا۔ اپنے ذمہ اُتار دینا۔

ٹال ٹپول۔ یا۔ ٹال مٹول۔ یا۔ ٹال ٹول (ہ۔ اسم مؤنث۔ حاصل بالمصدر) حیلہ۔ بہانہ۔ لیت ولعل۔ حیلہ حوالہ۔

ٹال مٹول وقت کا چور (مث) سست نوکر بہانہ کرکے ٹالنے والا۔

ٹال جانا، درگزر کرنا۔

ٹال دینا، حیلہ بہانہ کر دینا۔

ٹالے سے نہ ٹلنا، کسی جگہ سے جنبش نہ کرنا۔ کسی بہانے کو ٹلنا۔

ٹالا۔ یا۔ ٹالا بالا (ہ۔ اسم مذکر حاصل مصدر۔ الف زائدہ) حیلہ بہانہ۔ حیلہ حوالہ۔ آج کل۔

ٹالا بالا کرنا۔ یا۔ ٹالا بالا بنانا۔ یا۔ ٹال مٹول کرنا (محاورہ) حیلہ بہانہ کرنا۔ ٹال دینا لیت ولعل کرنا۔ دھوکا دیدینا۔ فریب دینا۔ بہانے بتا دینا۔ ٹال دینا الگ کر دینا۔ دفع کرنا۔

ٹالنا (ہ۔ فعل) حیلہ سے پھیر دینا۔ بہانہ بتانا۔ سرکانا علیحدہ کرنا۔ دفع کرنا۔ دیر کرنا۔ گزارنا۔ ضائع کرنا۔ جیسے وقت ٹالنا۔ فریب دینا۔ بہکانا۔ دھوکا دینا۔

ٹالی (ہ۔ اسم مؤنث بیائے تصغیری) چھوٹی گھنٹی جو چوپایوں کے گلے میں باندھتے ہیں (دلالوں کی اصطلاح میں) اٹھنی۔ نصف۔ روپیہ۔ پچاس پیسے۔

ٹانک لوہے مارنا، اندازے پر چلنا۔ اٹکل پر چلنا۔

ٹانٹ پر بال نہ رہنا، مفلس ہو جانا۔

ٹانٹ (ہ۔ اسم مؤنث) آدمی کے سر کی کھوپری۔ تارک سر۔ چندیا۔

ٹانٹ کھجانا (ہ) سر میں کھجلی ہونا۔ سر میں جوتے کھانے کی نیت۔ نقصان اٹھانے کو دل چاہنا۔ خسارے کی نیت ہونا۔

ٹانٹ کے بال اُڑانا (ہ۔ محاورہ) جوتوں دھپوں سے چندیا کے بال اُڑا دینا۔

ٹانٹ گنجی کرنا خوب چانٹے لگانا۔ بھرکس نکالنا۔ سر گنجا کر دینا۔ دیوالیہ نکلوانا۔

ٹانٹ گنجی ہونا (محاورہ) چندیا پر بال نہ رہنا خواہ قرض کے مارے یا جوتوں یا بوجھ کے باعث سر گنجا ہونا۔ مفلس ہو جانا۔ نہایت مقروض ہو جانا۔ اسراف سے تباہ ہو جانا۔

ٹانٹا۔ یا۔ ٹانٹھا (ہ۔ اسم صفت) مضبوط۔ قوی۔ زبردست۔ مستڈا۔ توانا۔ بلی۔ بلونت۔ طنز اً بلا۔ ٹانٹی۔ جھگڑا۔ زبردست۔ قضیہ۔

ٹانٹا مکانا (محاورہ) جھگڑا چکا دینا۔ فیصلہ کرنا۔ بکھیڑا دور کر دینا۔ خرخشہ مٹا دینا۔

ٹانچ (ہ۔ مؤ) تکرار۔ جھگڑا۔ اکڑنا۔ مقابلے پر آنا (کرنا۔ لانا)

ٹانچنا (ہ۔ فعل) مزے سے خراماں خراماں پھرنا۔ اُڑتے پھرنا۔

ٹانڈ۔ یا۔ ٹانڈھ (ہ۔ اسم مؤنث) مچان اسباب رکھنے کے لئے مکان کے اندر کی چھت جو دو کڑیاں رکھ کر بنا لیا کرتے ہیں ڈونگہ یعنی لکڑیوں کا اونچا سا چبوترہ جس پر کھڑے ہو کر زمیندار گوپیا پھینکا کرتے ہیں کھیتوں کی رکھوالی کے لئے بنایا ہوا ڈونچا۔ دیوار میں لگا ہوا نخچہ چبوترا۔ یا زدہ میں پہننے کا کپڑا۔

ٹانڈا (ہ۔ اسم مذکر) قافلہ۔ کارواں۔ سوداگروں کا گروہ۔ بنجارے کا اسباب۔ خاندان۔ کنبہ۔ قبیلہ۔ کنبہ۔ کھیپ۔ سوداگری کا وہ اسباب جو ایک دفعہ لاد کر لے جاتے ہیں مشرقی پنجاب کے ضلع ہوشیار پور کے ایک قصبے کا نام بھی ہے

ٹانڈا لادنا (محاورہ) سامان سفر روانہ ہونا۔ اسباب لادنا۔ ڈیرہ لدنا۔ کوچ ہونا۔ مرنا۔ انتقال کرنا۔

ٹانک (ہ۔ اسم مؤنث) جوہریوں کی اصطلاح میں ۲۴ رتی کا وزن۔ کمان جانچنے کا وزن یعنی ۵ سیر وزن۔ آنک۔ جانچ۔ اندازہ (ہندو) حصہ۔ پتی شراکت۔

ٹانک لینا، (اُ۔ محاورہ) کسی رقم کا رد کر لینا۔

ٹانک (انگ۔ اسم صفت) قوت دینے والی دوا۔ مقوی۔ طاقت دینے والی۔

ٹانکا (ہ۔ اسم مذکر) سلائی۔ سیون۔ سوئی دھاگے کا کپڑے میں سے ایک دفعہ نکلنا۔ دھاتوں کو جوڑنے کا مصالح نیز وہ جوڑ جو مصالح سے لگایا جائے پینے کے لئے جمع کئے ہوئے برساتی پانی کا حوض یا تالاب یا کنواں پیوند جوڑ۔

ٹانکا بھرنا (ہ۔ فعل) سینا۔ پتی بھرنا۔ زخم کو سینا۔

ٹانکا ٹوٹنا (ہ۔ فعل) سیون اُدھڑنا۔ زخم کی سیون کا ٹوٹ جانا۔

ٹانکا جھالنا، کسی برتن یا زیور کو ٹانکے سے جوڑنا۔

ٹانکا کاٹ لینا، ٹانکے کی کھوٹ کے بقدر کاٹ کر زیور کے دام دینا۔

ٹانکا لگانا (ہ۔ فعل) کپڑے یا زخم کو سینا۔ برتن وغیرہ کو جوڑنا۔ پنجابی) نقصان کرنا۔

ٹانکا مارنا (ہ۔ فعل) ٹانکا بھرنا۔

ٹانک رکھنا (ہ۔ محاورہ) یادداشت کے لئے لکھ رکھنا۔ نوٹ کر لینا۔ نتھی کر چھوڑنا۔

ٹانکنا (ہ۔ فعل) سینا۔ دو کپڑوں کو ملا کر ٹانکا بھرنا۔ چسپاں کرنا۔ جوڑنا۔ جھالنا۔ نتھی کرنا۔ دینا۔ داخل کرنا۔ درج کرنا۔ یادداشت لکھنا۔ جوڑ دینا۔ لگانا۔ جیسے عرضی ٹانکنا۔ لٹکانا۔ آویزاں کرنا۔ کھا جانا۔ چٹ کر جانا۔ جھنکار ہونا۔ برتن یا زیور کو جوڑنا۔

ٹانکھ (ہ۔ ا۔ مذ) زمین دوز تالاب جس میں پانی کا ذخیرہ کیا جائے۔

ٹانکی (ہ۔ اسم مؤنث) چھینی۔ سنگ تراشوں کے ایک اوزار کا نام ہے۔ تربوز۔ خربوزہ وغیرہ کی تراش۔ چھید سوراخ۔ لکڑی یا لوہے کا ظرف جس میں پانی بھر کر رکھتے ہیں۔ دندانہ۔ داتا۔ ایک قسم کا پھوڑا دنبل۔ آتشک یا سوزاک کا زخم۔ آرے کا دندانہ۔ خربوزے یا تربوز کی پھانک کاٹ کر معلوم کرنا کہ پھل میٹھا ہے یا نہیں۔

ٹانکی بجنا (ہ۔ فعل) بسولی۔ بجنا۔ عمارت کا چُنا جانا۔ سنگتراشی کا کام ہونا۔ مکان کا ڈھایا جانا۔

ٹانکی لگانا (ہ۔ محاورہ) تراشنا۔ چھید کرنا۔ سوراخ کرنا۔ تراش کر دیکھنا۔

ٹانکے (ہ۔ اسم مذکر) ٹانکا کی جمع۔

ٹانکے اُدھیڑنا (ہ۔ محاورہ) سلائی۔ اُدھیڑنا۔ سیون کھولنا۔ حقیقت ظاہر کرنا۔ قلعی کھولنا۔ شکست دینا۔ ہرا دینا۔ عاجز کر دینا۔

ٹانکے ٹوٹنا (ہ۔ محاورہ) زخم یا کپڑے کی سلائی کھل جانا۔ سلے ہوئے کپڑے کا پرانا ہو جانا۔

ٹانکے دینا۔ یا۔ لگانا (ہ۔ محاورہ) زخم یا جامہ وغیرہ کا سینا۔

ٹانکے ڈھیلے ہو جانا یا ہونا (مث) بدحواسی ہونا۔ ارادے میں سستی یا کمزوری آنا۔

ٹانکے کھلنا (ہ۔ محاورہ) سیون اُدھڑنا۔ سلائی کھل جانا۔ بھید ظاہر ہونا۔

ٹانکے مارنا (ہ۔ محاورہ) موٹی سلائی کرنا۔ جلدی جلدی سینا۔ گھوپنا۔

ٹانگ (ہ۔ اسم مؤنث) لکد۔ لات۔ ران کی جڑ سے پاؤں تک کا عضو۔ حصہ۔

پتی۔ چہارم۔ چوتھائی۔ چوتھائی حصّہ۔

ٹانگ اُٹھا کر موتنا، کتے کی طرح موتنا۔ بد تہذیبی سے۔

ٹانگ اُڑانا: ٹانگ پکڑ کے یا ڈنگری مار کے حریف کو چت کر دینا۔

ٹانگ اَڑانا (د۔ محاورہ) مزاحم ہونا۔ پاؤں پھنسانا۔ دخل دینا۔ کسی کام کے بنتے وقت بیچ میں بولنا۔

ٹانگ برابر (اُ۔ اسم صفت۔ تشبیہی) چھوٹا سا پست قد۔ پستہ۔ جیسے ٹانگ برابر آدمی اُلجھتا ہے بڑوں سے۔

ٹانگ پسار کے سونا (د) بے فکر ہو کے سونا۔ نچنت ہو کر سونا۔

ٹانگ تلے سے یا۔ ٹانگ کے نیچے سے نکالنا (د۔ محاورہ) کسی کو عاجز کرنا۔ نیچا دکھانا۔ مطیع کرنا۔ ہرانا۔

ٹانگ تلے سے نکلنا (د۔ محاورہ) ہار ماننا۔ مطیع ہونا۔ مغلوب ہونا۔ چین بولنا۔

ٹانگ پسار کے لیٹنا: بے فکر سونا۔ لاپروا ہونا۔

ٹانگ توڑ کے بیٹھنا: جم کے بیٹھنا۔

ٹانگ توڑنا (د۔ محاورہ) بے کار کرنا۔ کسی کام کا نہ رکھنا۔ اپاہج کر دینا۔ معطل کرنا۔ کسی زبان کی ذرا سی واقفیت سے اس میں دخل دینا۔

ٹانگ دینا (د۔ محاورہ) لٹکا دینا۔ آویختہ کرنا۔ پھانسی دینا۔

ٹانگ سے ٹانگ باندھ کر بٹھانا (د۔ فعل) پہلو میں بٹھانا۔ پاس سے سرکنے نہ دینا۔

ٹانگ لینا (د۔ محاورہ) ٹانگ پکڑنا۔ کتے کی طرح کاٹنا۔ کتے کا کاٹنا۔ سر ہونا پیچھے پڑنا۔ لٹکا دینا۔ آویزاں کر لینا۔ جیسے سر نیزے پر ٹانگ لیا۔

ٹانگوں میں مُنہ ڈال کے چولھے کے آگے نام لینا کسی کو جلد بلانے کا ایک ٹوٹکا۔

ٹانگن (د۔ اسم مذکر) پہاڑی ٹٹو۔ نہایت تیز رفتار اور پستہ قد ٹٹو۔

ٹانگنا (د۔ فعل) لٹکانا۔ آویزاں کرنا۔ پھانسی دینا۔ پھانسی پر چڑھا دینا۔

ٹانگیں توڑنا (د۔ محاورہ) بہت تھک جانا۔ چلنے سے رہ جانا۔ گٹھیا یا فالج وغیرہ کی بیماری سے ٹانگوں کا بیکار ہو جانا۔

ٹانگیں لینا، جماع کا قصد کرنا۔ ہمبستری کرنا۔

ٹائپ (Type ۔ اسم مذکر) چھاپے کے ڈھلے ہوئے حروف۔ ٹھپا۔

چھاپ۔ اسٹامپ۔ نقشہ۔ وضع۔ نمونہ۔ شکل صورت۔ طرز۔ ڈھنگ۔

ٹائپ رائٹر (Typewriter۔ انگ۔ اسم) ٹائپ کرنے کی مشین۔ ٹائپ کرنے والا۔

ٹائپ بکس (Type Box ۔ انگ۔ اسم) وہ صندوق جس میں مہروں کے حروف وغیرہ رکھتے ہیں۔

ٹائپسٹ (Typist ۔ انگ۔ اسم) ٹائپ کرنے والا۔ وہ شخص جو ٹائپ کرنا جانتا ہو۔

ٹائٹل (انگ) سرورق۔ کتاب کا پہلا ورق جس پر اس کا نام اور قیمت وغیرہ لکھی ہوتی ہے۔ Title

ٹائر (د۔ اسم مذکر) کمزور گھوڑا۔ بودا اسٹنٹو۔ تابع مہمل کی جگہ پر بھی بولتے ہیں۔

ٹائڑی (د۔ اسم مؤنث۔ بیائے تانیث) ٹائر کی مؤنث ہے بودی سی گھوڑی۔

ٹائم (Time ۔ اسم مؤنث) وقت۔ ساعت۔

ٹائم پیس (Time Piece) بڑی گھڑی جو میز پر یا طاق رکھی رہتی ہے۔

ٹائم ٹیبل (Timetable۔ انگ۔ اسم) نقشہ اوقات تقسیم۔ انضباط اوقات۔

ٹائر (Tyre۔ اسم مذکر) موٹر ٹانگے اور بائیسکل وغیرہ کے پہیوں پر لگنے والا ربڑ۔

ٹاؤن (Town ۔ انگ۔ اسم) قصبہ۔ شہر۔

ٹاؤن ڈیوٹی (Town Duty) چنگی کا محصول۔ اجارہ۔

ٹاؤن ہال (Town Hall) پنچایتی مکان۔ شہر کا وہ ہال جس میں میونسپل کمیٹی کے ممبروں کا اجلاس اور شہر کا انتظام ہوتا ہے۔

ٹائیں ٹائیں (د۔ اسم مؤنث) بکواس کائیں کائیں چیں چیں۔ طوطے کی آواز سے لیا ہے۔

ٹائیں ٹائیں فِش (اُ۔ محاورہ) بکواس بہت اور نتیجہ کچھ بھی نہیں

ٹائی (انگ۔ مذ۔ Tie) وہ مثلث (جیسی شکل کا) فیتا جو سوٹ کے ساتھ گلے میں زینت کے لئے باندھتے ہیں۔

ٹائی

ٹ ـ ب

ٹب

ٹب (Tub۔ اسم مذکر) کٹھرا۔ اندر بیٹھ کر نہانے کا لوہے یا لکڑی کا بڑا سا برتن۔ کٹھوتی۔

ٹبّا (د۔ مذ) ٹیلا۔ اُونچی جگہ۔

ٹبر (د۔ اسم مذکر) خاندان۔ کنبہ۔ قبیلہ۔ کنبہ۔ اقربا۔ رشتہ دار۔ کنبے کا خرچ۔ گرہستی کا سامان کنبے کے انتظام کا بوجھ۔ انتظام۔

ٹبّر چلنا (د۔ محاورہ) کنبے کا خرچ پورا ہونا۔ خاندان کا پرورش پانا۔ جیسے ان ہی کے سر پر تو میرا سارا ٹبّر چلتا ہے۔

ٹ ـ پ

ٹپ (د۔ ا۔ اسم مؤنث) بھگی وغیرہ کا سائبان جو بارش یا دھوپ کے وقت کھول لیتے ہیں (اسم صوت) ٹپکنے کی آواز بوند گرنے کی آواز۔ کود پھاند۔

ٹپ سے بول اُٹھنا: بے پوچھے جھٹ بول اُٹھنا۔

ٹپ جانا، پھاند جانا۔ کود جانا۔

ٹپا (د۔ اسم مذکر) فاصلہ۔ ردّ۔ جیسے گولی کا ٹپا۔ ایک قسم کا گیت (دکن) ڈاکخانہ

پوسٹ آفس۔ کود۔ چھلانگ۔ ضلع۔ چکلہ۔ پرگنے کا حصہ۔ موٹی سیون۔ دور دور کا ٹانکا۔ ایک قسم کا ہک۔ کانٹا۔ پالکی لے جانے والوں کی ڈاک چوکی۔ پیڑا۔ جو بادبانوں کے ذریعے سے چلایا جاتا ہے۔

پٹا بھرنا۔ یا۔ ڈالنا۔ یا۔ مارنا (ف) فعل، موٹی سلائی کرنا۔ کوکنا۔ تیپچی بھرنا۔ لنگر ڈالنا بے ترتیبی سے بڑھنا۔

پٹانا (ف) فعل، گولی یا گیند وغیرہ کا ٹکرا کر اچھلنا۔ ٹکرانا۔ چٹخنا۔

پٹانا (ف) فعل، کدانا۔ پھندانا۔ چھلانگیں لگوانا۔

پٹاپٹ (ف) تابع فعل۔ اسم صوت، متواتر۔ پے در پے آنسوؤں کے برابر گرنے کی آواز۔

پٹ پٹ (ف) اسم صوت، ٹپکنے کی آواز۔ آنسوؤں یا پانی کے قطروں کے متواتر گرنے کی آواز۔

پٹس (ف) اسم مؤنث، سہارا۔ وسیلہ۔ دعوے۔ ذرا سا تعلق۔ رسائی۔ تانک جھانک۔

پٹس جمانا / پٹس لڑانا / پٹس لگانا (ف) محاورہ، بنیاد ڈالنا۔ دعوے جمانا۔ تعلق پیدا کرنا۔ مطلب نکالنے کا ڈھنگ ڈالنا۔

پٹک (ف) اسم مؤنث، درد زخم۔ ٹیس۔ چبک (اسم صوت) پانی کرنے کی آواز۔

پٹک پڑنا (از) محاورہ، چکیدہ ہونا۔ رسنا۔ معطر ہونا۔ جلد مائل ہو جانا۔ پھوڑے کا پھوٹ جانا۔ ظاہر ہونا۔ کھل جانا۔ ضبط نہ ہو سکنا۔

پٹک نویس (ف) اسم مذکر۔ بہ ترکیب فاعلی، غلط رپورٹ دینے والا۔

پٹکا (ف) اسم مذکر، تقاطر۔ رساؤ۔ بوند بوند گرنا۔ پکا ہوا آم جو پیڑ پر پک کر آپ گرتا ہے۔ دھبا۔ انگلی سے لگایا ہوا رنگ (بحالت صفت) گرا ہوا۔ جھڑا ہوا۔ چکیدہ۔ اس صورت میں اوصفی ہے۔ جیسے زیب سے زیبا۔

پٹکا پٹکی (ف) اسم مؤنث، حاصل مصدر، بوندا باندی۔ ترشح۔ تقاطر۔ پھوہار۔ پھلوں کا گرنا۔ گاہکوں کا بہت مائل ہونا۔ ایک کے بعد ایک کا مرنا۔ ایک آدھ آدمی کا روز مر جانا (بصورت تابع فعل)، اکا دکا۔ کبھی کبھی۔

پٹکا پڑنا (از) محاورہ، نکلا پڑنا۔ ضبط نہ ہو سکنا۔ کثرت یا زیادتی سے باعث کسی چیز کا بے امادہ ظاہر ہوتے رہنا گرے پڑنا۔ مائل ہو جانا۔

پٹکا لگنا (از) محاورہ، ہونا۔ رسنا۔ چکیدگی شروع ہونا۔ آموں کا درخت سے پک پک کر متواتر گرنا۔

پٹکانا (ف) فعل، پٹکنا سے متعدی ہے۔ بوند بوند گرانا۔ رسانا۔ عرق نکالنا۔ نچوڑنا۔ چوانا۔ تھوڑا تھوڑا پانی ڈالنا۔

پٹکنا (ف) فعل، رسنا۔ قطرہ قطرہ گرنا۔ ترشح ہونا۔ چھننا۔ نچڑنا۔ پھل کا درخت سے پک کر گرنا۔ ظاہر ہونا۔ نمایاں ہونا۔ کسی کی طرف مائل ہونا۔ پھسلنا لڑائی میں زخمی ہو کر گرنا۔ جیسے ان کے تیر سے بڑے بڑے کہا مدار میدان جنگ میں ٹپک گئے۔ ٹیس اٹھنا۔ درد ہونا۔ چبک مارنا۔ پھوڑے کا پک کر پھوٹ بہنا۔

پٹکے کا ڈر (آ) آفت کا خوف۔ رتبے کا خطرہ۔

پٹن (ف) اسم مؤنث، ٹھن۔ ناشتہ تیسرے پہر کا کھانا۔ جو انگریز کھاتے ہیں۔

پٹنا (ف) فعل، کنوار، کودنا۔ پھاندنا۔ چھلانگ مارنا۔ سرپوش سے ڈھکنا جفتی کھانا۔ جوڑا لگنا۔

پٹے لوٹی (ف) اسم مؤنث، تلاش۔ جستجو۔ تجسس۔ ٹٹول۔ ٹوہ ٹوئی۔ کھوج پٹے لوٹیے مارنا، ڈھونڈنا۔ اندھوں کی طرح ٹٹولنا۔

پٹے گانا، بیکار بیٹھے رہنا۔

ٹ - ٹ

ٹٹا (ف) مذ، بڑی ٹٹی۔ قنات۔ اوٹ۔ پردہ (پنجابی) توطہ۔ خصیہ۔

ٹٹ پونجیا (ف) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی، تھوڑی پونجی والا۔ کم سرمایہ والا۔ اوچھی پونجی والا۔ وہ شخص جس کی پونجی لوٹ گئی ہو۔ دیوالیہ۔ چھوٹا سوداگر۔ مجازاً ہر فن کا ناقص اور ادھورا شخص۔

ٹٹر (ف) مذ، بانس کی بڑی ٹٹی۔ دروازہ۔ طنزاً ایسے شخص کی نسبت بولتے ہیں جو کمائے نہ ہو۔ اور گھر والوں پر حکومت جمائے۔

ٹٹروں ٹوں (ف) اسم مؤنث صوت، ٹرٹر کی آواز۔ فاختہ کی آواز (بصورت صفت) تنہا۔ اکیلا۔ دم نقد اپنے دم سے۔

ٹٹری (ف) اسم مؤنث، ٹانٹ۔ ٹٹی کا سہ۔ سر۔ ڈھانچ۔ کھوپڑی۔

ٹٹری گنجی ہونا (ف) محاورہ، دیکھو ٹانٹ گنجی ہونا۔

ٹٹکارنا (ف) فعل، ہانکنا۔ جانوروں کو ٹٹکاری دے کر آگے بڑھانا۔ چلانا۔ ایڑ لگانا۔

ٹٹکاری / ٹٹکار (ف) اسم مؤنث صوت، جانور کو ہنکانے کی آواز۔ صفت کی ٹیپ ٹاپ۔ زبانی جمع خرچ جیسے گاڑی بیل سرکار کے ٹٹکاری یاروں کی۔ اشارہ سیٹی۔ آواز۔

ٹٹکاری پر لگنا (ف) محاورہ، شارہ پر لگنا۔ سیٹی یا آواز پر چلے آنا۔ ہل جانا۔ مانوس ہو جانا۔ آواز پہچاننا۔ آواز پر لگنا۔

ٹٹو (ف) اسم مذکر، چھوٹے قد کا گھوڑا۔ یابو۔ ٹاکن۔ ٹائر۔ بس۔ زور۔ طاقت۔ قابو جی جلتا ہے پر ٹٹو نہیں چلتا۔

ٹٹو بھڑکنا (ف)، سرکشی کرنا۔ شہوت ہونا۔

ٹٹو پار ہونا (ف) محاورہ، (عوام) کام کا انجام پذیر ہونا۔ کامیابی حاصل ہونا۔

ٹٹو سے (ف)، بلا سے۔ پیزار سے۔

ٹٹو کو کوڑا اور نازی کو اشارہ (ف) بے وقوف کو مار کر سمجھانا پڑتا ہے اور سمجھ والا اشارے پر کام کرتا ہے۔

ٹٹوا (ف) ا۔ مذ، ٹٹو کی تصغیر۔ دبلا۔ کمزور۔ اور حقیر ٹٹو۔

ٹٹوانی (ف) اسم مؤنث، اس میں انی علامت تانیث ہے۔ ٹٹو کی مادہ چھوٹے قد کی گھوڑی۔ ٹائری۔

ٹٹول (ف) اسم مؤنث، حاصل مصدر، مس۔ تلاش۔ تجسس۔ جستجو۔ ڈھونڈ۔ ڈھنڈیا۔ آزمائش۔ امتحان۔

ٹٹول دیکھنا (ف) محاورہ، تلاش کر لینا۔ ڈھونڈھ لینا۔ آزمائش کر لینا۔ امتحان کر لینا۔

ٹٹولنا (ف) فعل، اندھیرے میں ہاتھ سے ڈھونڈنا۔ اندھے کا کسی چیز کو مس کر کے دیکھنا۔ ہاتھ پھیرنا۔ چھو کر معلوم کرنا۔ چھونا۔ مس کرنا۔ منشا دریافت کرنا۔ تلاش کرنا۔ کھوج لگانا۔ ٹوہنا۔ آزمانا۔ امتحان کرنا۔ آزمائش کرنا۔

ٹٹولوں (ف) تابع فعل، اندازے سے اٹکل سے۔

ٹٹی (ف) اسم مؤنث، بانس یا سرکنڈوں کا بندھا ہوا چھوٹا سا ٹاٹر۔ آڑ۔ اوٹ۔ پردہ۔ پاخانہ۔ جائے ضرور۔ بیت الخلا۔ بیاہ شادیوں کے موقعہ پر بٹول

وغیرہ کی آرائش جو تخت رواں پر لے جاتے ہیں انگور کی بیل چڑھانے کی چھت یا لکڑی کی چار دیواری۔ شکار کھیلنے کی آڑ جس کو بندوق ساتھ رکھتے ہیں۔

ٹٹی بندھنا: جمع ہو جانا۔

ٹٹی جانا دہ۔ فعل، پہچانے جانا۔ دسا جانا۔

ٹٹی کا آئینہ (اُ۔ اسم مذکر) ایک قسم کا نہایت پتلا شیشہ۔

ٹٹی کی آڑ۔ یا۔ اوٹ۔ یا۔ اوجھل شکار کھیلنا (محاورہ) در پردہ عیب کرنا۔ پوشیدہ طور پر گھوڑے اڑانا۔

ٹٹی لگانا دہ۔ فعل، چک ڈالنا۔ پردہ کرنا۔ قنات کھڑی کرنا۔ اوٹ کرنا۔ بھیڑ لگانا۔ ہجوم کرنا۔

ٹٹی کھڑی کرنا: ٹٹی میں چھید کرنا۔ حجاب اٹھانا۔ فاحشہ ہو جانا۔ کھیل کھیلنا۔

ٹٹیا دہ۔ اسم مؤنث، ٹٹی کی تصغیر۔ چھوٹی ٹٹی تحقیراً بھی بولا کرتے ہیں ٹانٹ کی تصغیر اور تحقیر دونو۔

ٹٹیری دہ۔ اسم مؤنث، ایک پرندے کا نام ہے جس کی آواز پر اس کا نام پڑ گیا یہ اپریل مئی کو اکثر بولتی اور انڈے دیتی ہے۔ ایک کھلونے کا نام بھی ہے جس کو چکر دینے سے یہی آواز نکلا کرتی ہے۔

ٹٹیری سے آسمان نہیں اٹھتا: کمزور اور ناتواں سے اتنا بڑا کام نہیں ہو سکتا۔

ٹ - چ

ٹچا۔ یا۔ ٹوچا۔ یا۔ ٹوچا دہ۔ اسم صفت۔ مذ، کم ظرف۔ تنگدل۔ کم حوصلہ۔ اوچھا۔ نیچی خو۔ نیچا۔ کمینہ۔ بیہودہ۔ نالایق۔ پاجی۔ رذالہ۔ بے عزت۔ اوباش۔ چھچھورا۔ شہدا پنجی (مو)

ٹ - خ

ٹچاٹچ سے دیدے کھلنا (دُو مو) پوری پوری آنکھوں کا کھلی ہونا۔

ٹخ ٹخ دہ۔ اسم مؤنث۔ صوت، ٹک ٹک گدھے اور تحقیراً گھوڑے کے چلانے کی آواز۔

ٹخ ٹخیر (دُو مو) آہستہ چال۔ بوڑھوں کی سی چال۔

ٹخنا یا ٹخنہ (اُ۔ اسم مذکر) شنا لنگ۔ گٹا۔ ایڑی۔ اور پنڈلی کے جوڑ پر اٹھی ہوئی ہڈی۔

ٹ - ڈ

ٹڈا (دہ۔ اسم مذکر) ایک قسم کا پردار کیڑا جو آک کے درخت اور گھاس وغیرہ پر ہوتا ہے۔ بھنگا (بحالت صفت) پتلا دُبلا آدمی۔

ٹڈی

ٹڈی دہ۔ اسم مؤنث، بلخ۔ ایک قسم کا پردار کیڑا جو اکثر کھیتی کو بہت نقصان پہنچاتا ہے۔ اس کا دَل کا دَل آتا ہے اور زراعت کو برباد کر دیتا ہے۔ درختوں چھال تک کو چٹ کر جاتا ہے۔

ٹڈی دَل دہ۔ اسم مذکر، ٹڈیوں کا بڑا گروہ۔ بہت بڑی فوج نہایت بھیڑ بھاڑ۔ جمہور انام۔ انبوہ کثیر۔ مجمع عظیم۔

ٹ - ر

ٹرٹ (دہ۔ اسم مؤنث صوت) مینڈک کے بولنے کی آواز (بحالت صفت) پوچ اور لغو بات۔ ہٹ۔ ضد۔ اکھڑپن۔ عید کے بعد کا میلہ۔ شیخی۔ خودستائی۔ بڑائی۔

ٹرواس (مو) بیہودہ بکواس۔

ٹرواسن (مو) بکواسی عورت۔

ٹرواسی: بکواسی آدمی۔

ٹرہانکنا: شیخی مارنا۔ بکواس کرنا۔

ٹرٹر دہ۔ اسم مؤنث، بک بک۔ جھک جھک۔ گستاخی۔ مینڈک کی آواز۔

ٹرٹرانا دہ۔ فعل، (پورب) بک بک کرنا۔ بکنا۔ حقارتاً رونا۔ بڑبڑانا۔

ٹرٹرا دہ۔ اسم صفت بالف وصفی، اکھڑ۔ بدمزاج۔ سخت گو۔ دکنی۔ شوخ۔ شریر۔ بدذات۔ بکواسی۔ بک بک کرنے والا۔ مغرور۔ اترانے والا۔ گھمنڈی۔

ٹرٹا دہ۔ اسم ذات، دانہ۔ حب۔ بیج۔ دہ اناج جو زیادہ صرف ہو اور برکت نہ رکھتا ہو۔ جیسے باجرا۔ موٹھ۔ جوار وغیرہ۔

ٹرٹا اناج: باجرا۔ موٹھ۔ جوار وغیرہ۔

ٹرٹاین دہ۔ اسم مذکر، بدمزاجی۔ اکھڑپن۔

ٹرافی: انگ۔ مو، انعام دینے کا نشان۔

ٹرافی

ٹرانا دہ۔ فعل، مینڈک کا بولنا۔ بک بک کرنا۔ ٹرٹر کرنا۔ شور وغل مچانا۔ بے سود بولنا۔ گستاخی کرنا۔ شرارت کرنا۔

ٹرانسپورٹ (Transport) (انگ۔ مو) جہاز۔ کشتی۔ باربرداری۔ سامان حمل ونقل۔ لاری۔ اونٹ گاڑی۔ ٹرک۔ ٹانگہ وغیرہ جو مسافروں اور سامان کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائے۔

ٹرائیسکل (انگ۔ مو۔ Tricycle) تین پہیوں کی گاڑی جو پاؤں سے چلاتے ہیں۔

ٹرپھس۔ یا۔ ٹرپھُس دہ۔ اسم مؤنث، شرارت۔ اکھڑپن۔ اکڑفوں۔ بدمزہ خشونت۔

ٹرپھس کرنا (دہ۔ محاورہ) دنگا کرنا۔ اکڑنا۔ شرارت کرنا۔ بدمزاجی کرنا۔

ٹرٹرنگا۔ یا۔ ٹرٹر بنکا دہ۔ اسم صفت، ٹیڑھا بانکا کا بگاڑ ہے، بنج مج۔ ٹیڑھا۔ بانکا۔

خیدہ۔

ٹرکانا } دہ۔ فعل ٹالنا۔ بہانہ کرنا۔
ٹرخانا } حیلہ بالا بتانا۔

ٹرخل (ژ۔مو) ذلیل اور بیہودہ عورت۔ بے تمیز اور نالائق۔ عورت۔ حرام زادی بے وقوف۔ بدکار۔ فاحشہ۔

ٹرخو (ژ۔مو) ناپائدار۔ پوچ اور تھوڑی چیز۔ متبذل عورت۔ بوڑھی۔

ٹرن (Turn۔انگ۔اسم مؤنث) باری۔ نوبت۔ دور۔ چکر۔

ٹرنک (Trunk۔انگ۔اسم مذکر) آلہ۔ لوہے کا ہلکا صندوق۔

ٹرنک کال (Trunk Call۔انگ۔فتح مائل بکسر) کسی دور جگہ ٹیلی فون کرنا۔

ٹرڈو (دنما مینڈک۔ ایک کھلونا جس پر جھلی منڈھ کر پھراتے ہیں۔

ٹرو کاپی (True Copy۔انگ۔مذ) کسی چیز کی ہو بہو نقل کرنا۔

ٹریٹر (Traitor۔انگ۔اسم مذکر) باغی نمک حرام۔ دغاباز۔ بیوفا۔

ٹریڈ (Trade۔انگ۔اسم مؤنث) تجارت۔ سوداگری۔

ٹریڈ مارک (Trade Mark۔انگ۔اسم مذکر) تجارتی نشان۔ مارکہ۔ کسی کارخانے کا اپنا خاص نشان۔

ٹریڈل (Tradle۔انگ۔اسم مؤنث) پاؤں سے چلانے والی مشین جس میں ٹائپ یا بلاک چھاپتے ہیں۔

ٹریر (دہ۔مو) بال۔ درز۔

ٹریژری (Treasury۔انگ۔اسم ظرف) خزانہ۔

ٹریس (Trace۔انگ۔اسم مذکر) کھوج۔ نشان۔ خاکہ۔

ٹریفک (Traffic۔انگ۔مذ) آمدورفت۔ ریل گاڑی پر مال کی آمدورفت۔



ٹریفک

ٹریفک مینجر Traffic Manager۔انگ۔امذ) مال کی آمدورفت کا مہتمم۔ آمدورفت کی حفاظت کرنے والا۔

ٹریم (Tram۔انگ۔امو) بجلی کی طاقت سے چلنے والی ایک قسم کی گاڑی جو سڑک پر ریل کی پٹڑی ڈال کر چلائی جاتی ہے۔

ٹریموے (Tramway) لوہے کی سڑک جس پر ٹرین چلتی ہے

ٹرین (Train۔انگ۔اسم مؤنث) سلسلہ۔ لڑی۔ قطار۔ زنجیر۔ ریل گاڑی۔

ٹرینڈ (Trained۔اسم صفت) ماہر۔ واقف۔ واقف کار۔

ٹریننگ (Training۔انگ۔اسم مؤنث) تعلیم و تربیت۔

ٹریننگ سکول (Training School۔انگ۔اسم مذکر ظرف) وہ مدرسہ جہاں استادوں کو تعلیم و تربیت کے اصول سکھائے جاتے ہیں۔

ٹرائی اینگلز (انگ۔مذ۔ Triangles) تکونے زاویے۔



ٹرائی اینگلز

ٹ ۔ ڑ

ٹرڈو (دہ۔اسم مذکر فاعل سماعی) نقوی ٹرانے والا۔ اصطلاحی مینڈک۔ غوک ایک کھلونے کا نام بھی ہے جس پر جھلی منڈھی ہوتی ہے اسے چکر دینے سے ٹرٹر کی آواز نکلا کرتی ہے۔

ٹیڑھ منہا یا موہا (دہ۔مو) ٹیڑھے منہ کا۔

ٹیڑھ منہی (ٹیڑھے منہ کی۔

ٹ ۔ س

ٹسر (دہ۔اسم مذکر) کچا ریشم۔ ریشم کی ایک ادنےٰ ترین قسم ہے۔

ٹسری (دمو) کچے ریشم کا کپڑا۔

ٹسر ٹسر رونا (دہ۔فعل) زار زار رونا۔ پھوٹ پھوٹ کر رونا۔ بسورنا۔

ٹس سے مس نہ ہونا (دہ۔محاورہ) بالکل۔ حرکت نہ کرنا۔ جنبش نہ کھانا۔ ذرا رحم نہ کھانا۔ گداز نہ ہونا۔ نہ گلنا۔ ذرا نہ سرکنا۔ نہ ہٹنا۔

ٹسر مسر (دہ۔اسم مؤنث۔عوام) ڈھیل تیاری۔ ہچر مچر۔ سستی۔ دقفہ۔ توقف۔

ٹسک (دہ۔اسم مؤنث) چسک۔ ٹیس۔ درد۔ ہول۔

ٹسکا (دہ۔اسم مذکر) بچوں کی کھانسی۔ کھر کھری کی کھانسی۔

ٹسکانا (سرکانا۔ بلانا۔

ٹسکا لگنا (دہ۔فعل) بچوں کو ایسی کھانسی ہونی جس میں کھرکھری سی آواز نکلے۔

ٹسکنا (دہ۔فعل) ہلنا۔ جلنا۔ سرکنا۔ جنبش و حرکت کرنا۔ گلنا۔ گداز ہونا۔ ہولیں اٹھنا۔ درد معلوم ہونا۔ کسکنا۔ متاثر ہونا۔ کسی چیز پر کسی چیز کا اثر ہونا۔

ٹسکنا (دہ۔فعل) (پورب) رونا۔ سبکنا۔ لٹسوے بہانا۔ گریہ کرنا۔ زاری کرنا۔ بسورنا۔

ٹسن (دہ۔اسم مؤنث) شرارت۔ تکرار۔ جھگڑا۔ بے ایمانی۔ پرخاش۔ بکھیڑا۔

ٹسن کرنا۔ یا۔ لانا (دہ۔محاورہ) بے ایمانی کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ شرارت کرنا۔ بے جا زور کرنا۔

لٹسوے بہانا (د۔ محاورہ) آنسو بہانا۔ رونا۔ گریہ کرنا۔ جھوٹ موٹ رونا۔ (شعار تاً)

ٹ - ف

ٹفن (Tiffin انگ۔ اسم مذکر) انگریزوں کا سہ پہر کا کھانا۔ ٹپن۔

ٹفن باسکٹ (Tiffin Basket - اسم مذکر آلہ۔ کھانا رکھنے کا ڈبہ۔

ٹفن کریر (انگ۔ مذ Tiffin Carrier) شستہ دان جو سفر میں ساتھ لے جاتے ہیں۔

ٹ - ک

ٹک (د۔ اسم صفت) ذرا۔ اندک۔ کچھ۔ ذرا سی دیر۔ تھوڑی دیر کے لئے۔

ٹک جیا تو کیا جیا (د۔ مثل) ذرا سی راحت پائی تو کیا پائی۔ ذرا سے آرام کا کیا لطف۔

ٹک سادہ (د۔ اسم صفت) بدریہ حرف تشبیہ۔ ذرا سا۔ یونہی سا۔ واجبی سا۔

ٹکا (د۔ اسم مذکر) دو پیسے۔ تنکہ۔ دو پیسے کا پیسا۔ ادھنی نال وزیر روپیہ۔ دام۔ نقدی۔

ٹکا بھر (د۔ اسم صفت) دو تولے۔ دو پیسے بھر۔ ذرا سا۔ کسی قدر۔ بہت تھوڑا۔

ٹکا پاس نہیں (د۔ فقرہ) مفلس ہے کنگال ہے۔ کوڑی پاس نہیں۔

ٹکا سا جواب دینا (د۔ محاورہ) صاف جواب دینا۔ کورا جواب دینا۔ ترت جواب دے دینا۔ فوراً نہ کر دینا۔

ٹکا سی جان (د۔ اسم مؤنث مذکر) اکیلی جان۔ اکیلا دم۔ دم نقد۔

ٹکانا (د۔ فعل) سہارا لینا۔ روکنا۔ ٹھہرانا۔ مکان یا سرائے میں قیام کرانا۔ جگہ دینا۔ مارنا۔ لگانا جیسے اس نے بھی دو ٹکے خوب زور سے ٹکائے دیئے۔ ادا کرنا۔ جیسے چار کی جگہ دو ہی پیسے ٹکائے۔

ٹکاؤ (د۔ اسم فاعل سماعی مفید صفت) دیرپا۔ پائدار۔ مضبوط (یہ لفظ بواد معروف ہے)

ٹکاؤ (د۔ اسم مذکر) حاصل مصدر سے ٹکنا سے۔ رہائش۔ ٹھیراؤ۔ قیام۔ قرار (یہ لفظ بواد مجہول ہے)

ٹکٹ (انگ۔ اسم مذکر) پرچہ۔ دستاویز۔ اجازت نامہ۔ پاس۔ چپراس۔ پکے دھاگوں کا پتا ریل۔ چیک۔ پتی۔ چندہ۔ اجرت۔ قیمت۔ اسٹامپ۔ ڈاکخانے کے محصول کا اسٹامپ۔ کورٹ فیس کا اسٹامپ۔ ٹیکس۔ محصول۔ جزیہ۔ لگان۔ باچھ۔ مال سوداگری کا خاص محصول۔ وہ کاغذ کا موٹا ٹکڑا جو ریل کا یا جہاز کا کرایہ دینے پر مسافر کو اسٹیشن سے ملتا ہے سینما یا تھیٹر وغیرہ کے داخلے کا پاس جو مقررہ رقم دینے پر ملتا ہے۔ کھیل تماشے مشاعرے۔ نمائش۔ کانفرنس اور دنگل وغیرہ میں داخلے کا پاس جو اعزازی طور پر یا قیمت ادا کر کے ملتا ہے۔ Ticket.

ٹکٹ کٹنا یا کٹانا (د۔ فعل) چلا جانا۔ برخاست ہونا۔

ٹک ٹک (انگ۔ مو) گھڑی کے چلنے کی آواز۔

ٹکٹ کلکٹر (انگ۔ اسم مذکر ریل کے ٹکٹ بانٹنے اور جمع کرنے والا بابو۔

ٹکٹ گھر (د۔ اسم مذکر ظرف) ریل کے ٹکٹ ملنے کی جگہ۔

ٹکٹ لگانا (د۔ فعل) خطوں وغیرہ پر اسٹامپ چسپاں کرنا۔ ٹیکس لگانا۔

ٹکٹکی (د۔ اسم مؤنث) تاک۔ برابر دیکھے جانا۔ گھورنا۔ مجرموں کو سزائے بید دینے یا کوڑے مارنے کے لئے ان کے ہاتھ پاؤں باندھنے کی تپائی۔

ٹکٹکی باندھنا (د۔ محاورہ) برابر دیکھے جانا۔ تاکنا۔ پلک نہ جھپکانا۔ گھورنا۔ آنکھیں لڑانا۔

ٹکٹکی سے باندھنا (د۔ محاورہ) سزائے تازیانہ دینا۔ تپائی سے باندھ کر بید مارنا۔

ٹکٹکی بندھنا (د۔ تذ۔ حنا۔ حیرانی سے کسی کو دیکھتے رہ جانا۔

ٹکٹکی لگانا (د۔ محاورہ) دیکھو ٹکٹکی باندھنا۔

ٹکر (د۔ اسم مؤنث) دھکا۔ صدمہ۔ آسیب۔ ٹھوکر۔ دو چیزوں کا باہم لڑ جانا۔ مقابلہ۔ برابری۔ ہمسری۔ مقابل۔ برابر۔ جوڑ۔ ہمسر۔ نقصان۔ ضرر۔ لوٹا۔ جیسے چار روپے کی ٹکر لگ گئی۔

ٹکر کھانا (د۔ فعل) لڑ جانا۔ مٹ بھیڑ ہو جانا۔ صدمہ اٹھانا۔ نقصان اٹھانا۔ ضرب کھانا۔ چوٹ لگنا۔ بھڑنا۔ لڑنا۔ مقابل ہونا۔ برابر ہونا۔

ٹکر لڑنا (د۔ فعل) سر لڑنا۔ ماتھے سے ماتھا لڑنا۔

ٹکر لینا (مقابلہ کرنا۔ ہمسری کرنا۔

ٹکر مارنا (د۔ فعل) سر مارنا۔ سر کا دھکا دینا۔ ریاکاری کی نماز پڑھنا۔ بے دلی سے نماز ادا کرنا۔ بے فائدہ کوشش کرنا۔ بہت کوشش کرنا۔ سر سے سر لڑانا۔ شک بازی کرنا۔

ٹکرا تا پھرنا (د۔ تلاش کرتے پھرنا۔ ڈانوا ڈول پھرنا۔ ڈھونڈتے پھرنا۔

ٹکرانا (د۔ فعل) ٹکر کھانا۔ لڑ جانا۔ بھڑ جانا۔ ٹکر لگانا۔ ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔ حیران سرگردان پھرنا۔ ڈانوا ڈول پھرنا۔ اندھیرے میں تلاش کرنا۔ ٹٹولنا۔

ٹکڑ (د۔ اسم مذکر) ٹکڑی سے اسم بکرہ ہے موٹی اور سخت روٹی۔

ٹکڑا (د۔ اسم مذکر) ٹوک۔ حصہ۔ جزو۔ پارہ۔ پھانک۔ قطعہ۔ پرچہ۔ ریزہ۔ روٹی کا نوالہ۔ لقمہ۔ روٹی۔ رزق۔ روزی۔ جیسے لگا لگایا ٹکڑا کھونا۔ اچھا نہیں۔

ٹکڑا توڑ کر جواب دینا۔ یا ٹکڑا سا جواب دینا (ر۔ محاورہ) سخت جواب دینا۔ صاف انکار کرنا۔ صاف جواب دے دینا۔ دو ٹوک جواب دینا۔

ٹکڑا دینا (د۔ فعل) روٹی کا ٹکڑا فقیر وغیرہ کو دینا۔ رزق دینا۔ وظیفہ مقرر کر دینا۔

ٹکڑا سا توڑ کے ہاتھ میں دینا (د۔ محاورہ) دو ٹوک جواب دینا۔ سخت جواب دینا۔ بالکل لگی لپٹی نہ رکھنا۔

ٹکڑا مانگنا (د۔ فعل) گداگری کرنا۔ بھیک مانگنا۔

ٹکڑ ٹکر (د۔ لک میں رہے مستعمل ہے) حسرت سے۔

ٹکڑ ٹکڑ دیدم نہ کشیدم (حسرت سے کسی امر کو دیکھ کر خاموش ہو جانا۔

ٹکر ٹکر دیکھنا (شوق یا حسرت کی نگاہ سے دیکھنا۔

ٹکڑ گدا (د۔ تذ۔ اسم مذکر۔ فاعل) بھکاری۔ بھیک مانگنے والا فقیر۔

ٹکڑوں پر پڑا (د۔ محاورہ) غیروں کی کمائی کھانا۔ مفت کی روٹیاں چیرنا۔ بیگانے سہارے پر رہنا۔ پرائی روٹی پر پڑنا۔

ٹکڑے اڑا رفتا (د۔ محاورہ) پرزے اڑانا۔ دھجیاں اڑانا۔ کسی کے جسم کو تلوار وغیرہ سے پارہ پارہ کرنا۔

ٹکڑے اڑانا (پرزے اڑانا۔ کھال اڑانا۔

ٹکڑے پکانا (د۔ سوکھی روٹی یا نان کے ٹکڑوں کو دودھ میٹھا وغیرہ ڈال کر پکانا۔

ٹکڑے توڑنا (اُ۔ محاورہ) کسی کے ہاں معمت کی روٹیاں کھانا۔ پرائی آس رکھنا۔
ٹکڑے کرنا (اُ۔ محاورہ) پرزے کرنا۔ پارہ کرنا۔ بانٹنا۔ حصے کرنا۔
ٹکڑے ٹکڑے کرنا (اُ۔ محاورہ) پارہ پارہ دھجیاں بکھیرنا۔ پاش پاش کرنا۔
ٹکڑی (ہ۔ اسم مؤنث) شیشے یا آئینے کا ٹکڑا۔ کبوتروں یا پرندوں کا غول۔ جھلڑ۔
گروہ۔ جتھا (عوام) کپڑے کا تھان۔ کاتک سُدی پود نماشی کے تھان کا میلہ۔
ٹکڑی (ہ۔ اسم مؤنث) چھوٹی روٹی۔ چکتی۔ قرص۔ ٹکڑ کی تانیث و تصغیر ہے۔
ٹکس (انگ۔ اسم مذکر۔ Tex) ٹیکس۔ محصول۔
ٹک سادہ۔ اسم صفت بہ تشبیہ) ذرا سا۔ تھوڑا سا۔ قدرے۔ اندکے۔ رتی بھر۔
ٹکسال (ہ۔ اسم مذکر ظرف) ٹک بمعنی ٹکہ یا سکہ اور سال بمعنی جگہ سے مرکب ہے)
سکے بننے کی جگہ۔ دار الضرب۔ سکہ خانہ۔ روپے پیسے بنانے کا کارخانہ۔
ٹکسال باہر (اُ۔ اسم صفت) وہ روپیہ جو ٹکسال میں نہ بنا ہو۔ غیر مروج۔ کھوٹا۔
سکہ۔ متروک۔ وہ محاورہ جو اہلِ زبان نہ بولتے ہوں۔ وہ شخص جو کسی فن یا
ہنر میں کسی مستند اُستاد کا شاگرد نہ ہو۔ بے پیرا۔
ٹکسال چڑھنا (محاورہ) کھرا کھوٹا پرکھا جانا۔ ماہر و کامل مانا جانا۔ واجب تسلیم
اُستاد ہو جانا۔ بے حیائی اور گستاخی میں کامل ہو جانا۔
ٹکسال کا کھوٹا (ہ۔ اسم مذکر صفت) کم اصل۔ کمینہ۔ بدذات۔ حرامزادہ۔
ٹکسال میں دھکا لگ جانا (مالی نقصان ہو جانا۔ طنزاً۔
ٹکسالی (ہ۔ اسم مذکر۔ بیانئے فاعلیت) داروغۂ دار الضرب (بحالت صفت)
آزمودہ۔ پاس شدہ۔ رائج الوقت مانا ہوا۔ مستند۔ مسلّم۔
ٹکسالی بات (ہ۔ اسم مؤنث) کھری بات۔ سچی اور پکی بات۔
ٹکسالی بولی۔ یا۔ زبان (اُ۔ تسلیم شدہ زبان فصیح زبان۔ مستعد زبان۔ مانی
ہوئی بات۔
ٹکلی (ہ۔ اسم مؤنث) ماتھے کی بندی۔ ماتھے کا زیور۔ ستارہ۔
ٹکنا (ہ۔ فعل) قیام کرنا۔ مقیم ہونا۔ ٹھہرنا۔ رکنا۔ رہنا۔ تہ نشیں ہونا۔ نیچے بیٹھنا۔
ٹکوانا: مانگنا کا متعدی المتعدی
ٹکنا (ہ۔ فعل) سیا جانا۔ ٹانکا جانا۔ جڑا جانا۔ سوہن یا ریتی کے دندانوں کا تیز
ہونا۔ مٹھے سوہن کا تیز ہوتا۔ سوہاں یا ریتی کے خار نکلنا۔
ٹکور (ہ۔ اسم مؤنث) ضرب۔ چوٹ۔ ہلکا دھکا۔ حقیقت۔ صدمہ۔ گرم چیز سے کسی
عضو جسم کو سینکنا۔ نوبت کی آواز۔ صدائے نقارہ۔
ٹکورا (ہ۔ اسم مذکر) آلہ۔ ڈنکا۔ نوبت کی آواز۔ دوسرے معنی میں اسم صوت ہے۔
ٹکورنا (ہ۔ فعل) سینکنا۔ پوٹلی سے کسی عضو کو گرم کرنا۔ گرمی پہنچانا۔
ٹکھائی (ہ۔ اسم مؤنث بہ ترکیب فاعل سماعی) ٹکے ٹکے پر نخلاں کرانے والی عورت
ادنےٰ درجہ کی رنڈی۔
ٹکی (ہ۔ اسم مؤنث) ٹکیا۔ چھوٹی روٹی۔
ٹکی لگنا (اُ۔ محاورہ) کامیاب ہونا۔ فائدہ حاصل ہونا۔
ٹکیا (ہ۔ اسم مؤنث) چھوٹی روٹی۔ چکتی۔ تمباکو کی گول گتی۔ پپڑی۔ لگدی۔ ماتھا
پیشانی۔ جبیں۔
ٹکیا چوٹی (مو) بد دیانت خادمہ۔
ٹکے (ہ) ٹکا کی جمع۔
ٹکے کی نہاری میں ٹاٹ کا ٹکڑا (ہ کہاوت) سستی چیز میں کوئی نہ کوئی خرابی
ضرور ہوتی ہے۔ ازراں بہ علت۔
ٹکے ٹکے بکنا: بہت کم قیمت ہونا۔ سستا ہونا۔ حقیر چیز۔
ٹکے کی بڑھیا } تھوڑے فائدہ کے لئے
ٹکے کی نوٹکے سر منڈائی } بہت خرچ۔
ٹکے سے گنفنا: سردی سے دانت بجنا۔
ٹکے سیدھے کرنا: کام ٹھیک نہ کرنا۔ اُجرت پوری لے لینا۔ وصول کرنا۔
ٹکے سیر مارے مارے پھرنا: بے وقعت ہونا۔
ٹکے کی اوقات: کم حیثیت۔
ٹکے ٹکے کے آدمی: کم حیثیت لوگ۔
ٹکے گز کی: بہت سستی۔
ٹکے گز کی چال چلنا (ہ۔ اسم مؤنث) میانہ روی۔ کفاعت شعاری سے زندگی
بسر کرنا۔ کمینوں سی چال چلنا۔
ٹکینہ (ہ۔ مذ) ایک قسم کا ہلکا ساٹیکس جو چمڑائی پر لگایا جاتا ہے۔

ٹ - گ

ٹگھلانا (ہ) گلانا۔ پگھلانا۔ پتلا کرنا۔
ٹگھلنا: گلنا۔ پگھلنا (لک)

ٹ - ق

ٹل: (ہ) ٹلنا کا امر۔
ٹلا (ہ۔ اسم مذکر) دھکا۔ ٹکور۔ ضرب۔
ٹلا لو نیسی۔ یا۔ ٹلے لو نیسی کرنا (ای فعل۔ لغوی معنی دھکے لگنا۔ مجازاً تضیع
اوقات کرنا۔ خالی پھرنا۔ حیلہ بہانہ کرنا۔ ناجائز خدمت کرنا۔ بے کار
پھرنا۔ ناجائز کام۔ آوارگی۔ بے فائدہ کام کرنا۔
ٹلانا (ہ۔ فعل "دیکھو ٹالنا")
ٹلمٹلانا (اُ۔ دست آنا۔ آواز کے ساتھ دست آنا۔ بک بک کرنا۔
ٹل جانا (ہ۔ فعل) ہٹ جانا۔ سرک جانا۔ بے جگہ ہو جانا۔ جیسے ناف ٹل جانا۔
چلا جانا۔ علیحدہ ہو جانا۔ گزر جانا۔ نکل جانا۔ غائب ہو جانا۔ مر جانا۔
ٹلکنا (ہ۔ فعل) سج سج چلنا۔ آہستہ چلنا۔ گزرنا۔ مرنا۔ پھل گرنا۔ پھل ٹپکنا۔
ٹلّم (اُ۔ مہمل۔ فضول۔ بے کار۔
ٹلنا (ہ۔ فعل) ٹلانا کا لازم۔ جگہ سے ہٹنا سرکنا۔ الگ ہونا۔ بچنا۔ غائب ہونا۔
چلا جانا۔ گزرنا۔ بیتنا۔ بہانے سے چلا جانا۔ آہستہ آہستہ چلا جانا۔
ٹلو (ہ۔ اسم مذکر) گرہ دار ٹیڑھی لکڑی۔ ٹیڑھی کیکڑی۔ سر مونڈنے کا استرہ
(پورب) خوشامدی۔ چاپلوس۔ (حقارتاً) پست قد۔ چھوٹا سا آدمی۔
ٹلی بلی (ہ۔ اسم مؤنث صوت) بچے کی انگلی ہلا کر چڑانے کی آواز۔ ڈک ٹلی لی
جب بچہ ننگا ہوتا ہے تو چڑاتے ہیں۔
ٹلیں (ہ۔ مو) گیس۔ ریح۔

ٹلیں مارنا (د) زٹل۔ ہانکنا۔ گپیں مارنا۔ چھوٹی باتیں بنانا۔

ٹ - م

ٹما (د) اسم مذکر، باؤلا آدمی۔ ٹھگنا آدمی۔ نہایت پستہ قد آدمی۔ اور کم رو۔

ٹماک۔ یا۔ ٹماخ (د) اسم مؤنث، زنانہ نمود۔ عزور۔ کروفر۔ نخوت۔ شان و شوکت۔ ناؤ نگار۔ ٹیپ ٹاپ۔

ٹمبر (انگ۔مو۔ Timber) تنا۔ عمارت کی لکڑی۔ شہتیر۔

ٹمبر مرچنٹ (Timber Merchant) عمارتی لکڑی کا سوداگر۔ سوداگر چوب عمارتی۔

ٹمپریچر (Temperature) موسم گرمی یا سردی کی کیفیت یا درجہ۔

ٹمپرنس (Temperance) پرہیز۔ پرہیزگاری۔

ٹمپرنس سوسائٹی اعتدال (Temperance Society۔ انگ۔مو) وہ محکمہ یا ادارہ جو نشہ آور اشیاء کے استعمال کی روک تھام کرتا ہے۔

ٹمٹم (انگ۔ اسم مؤنث) دو پہیے کی انگریزی گاڑی جس پر سایہ وغیرہ نہ ہو۔

ٹمٹمانا (د) فعل، کم روشنی دینا۔ جھلملانا۔ چراغ کا بجھنے کے قریب ہونا۔ ستاروں کی سی روشنی دینا۔ قریب المرگ ہونا۔ آنکھوں کے ساتھ ذرا کی ذرا کھولنے کے معنی دیتا ہے۔

ٹمٹماہٹ (د۔مو) جھلملاہٹ۔ ہلکی روشنی۔

ٹ - ن

ٹن (د) اسم مؤنث صوت، گھنٹے یا کسی دھات کے برتن کی آواز۔ ٹنکار۔ جھنکار۔ نمود و نمائش۔ غرور۔ تکبر۔ نخی۔ چمچ۔ طرفداری۔ پاس بخن۔

ٹن (Ton انگ۔ اسم مذکر) ۲۸ من کا وزن ۲۲۴۰ پونڈ کا وزن۔

ٹن (Tin - انگ۔ اسم مذکر) ٹین۔ انگریزی لوہا۔ ایک نرم دھات کا نام ہے لوہے کے نہایت پتلے ملمع دار تختے کا نام۔ ڈبے وغیرہ بنانا کی دھات۔

ٹنا (د) اسم مذکر، بینگن۔ کدو وغیرہ کا نام پھل کے پیندے کی سخت لکڑی۔

ٹنا اندام نہانی کا درمیانی گوشت۔ رنڈی کے بازاریوں کی زبان میں اندام نہانی۔ ڈالی پھل کی شاخ۔

ٹنٹا (د) اسم مذکر، تفیہ۔ جھگڑا۔ راڑ۔ تکرار۔ حجت۔ پرخاش۔ رد و کد۔

ٹنٹا (د) اسم مذکر، بن ہاتھ کا آدمی۔ لنجا۔ ایک ہاتھ کٹا آدمی۔ ایک ہاتھ والا آدمی۔

ٹن ٹن (د) اسم مؤنث صوت، گھنٹے یا دھات کے برتن کی آواز۔

ٹنٹنانا (د) فعل، گھنٹہ بجانا۔ ٹن ٹن کرنا۔

ٹنچ (د) اسم صفت، حقیر کم مایہ۔ کم ظرف۔ بخیل۔ سنگدل۔ خفیف۔ ذرا سا۔ مستعد۔ تیار۔ آمادہ۔

ٹنچ بھڑانا۔ یا۔ ٹنچ لڑانا (د۔ محاورہ) تھوڑے سرمائے سے بڑا کام کرنا۔ تھوڑی پونجی سے خوب کھیلنا۔ اور آہستہ آہستہ جیتنا۔

ٹنچ (د۔ اسم صفت) تیار۔ آمادہ۔ مستعد۔ لیس۔ بخیل۔ سنگدل۔ چالاک۔ ہوشیار۔

ٹنچن۔ یا۔ ٹچن (انگ۔ اسم صفت۔ Attention) اٹینشن سے بگڑا ہے دھیان توجہ۔ غور۔ خیال۔ لیس۔ تیار۔ آمادہ۔ مستعد۔ چالاک۔ ہوشیار۔

ٹنڈ (د۔ اسم مذکر صفت) کٹا ہوا ہاتھ یا ٹہنی۔

ٹنڈ (د۔ اسم مؤنث) بدھنا۔ لوٹا۔ مٹی کا وہ ڈیوا جو رہٹ میں کام دیتا ہے۔

ٹنڈا (د۔ اسم صفت) بن ہاتھ کا۔ ہاتھ کٹا۔ لنجہ۔

ٹنڈا (د۔ اسم مذکر) ایک قسم کی سبز ترکاری ٹینڈسی۔ طنزاً موٹا اور ٹھگنا آدمی۔

ٹنڈر (Tender - انگ۔ مذ) ٹھیکے کی درخواست۔ نرخ کی گزارش۔ مع تخمینہ۔ لاگت۔

ٹنڈوار یا ٹنڈور (د۔مو) لکڑیاں جو مکان کی دیواروں میں چھت کے نیچے چادر باندھنے کے لئے لگاتے ہیں۔

ٹنڈی (د۔ اسم مؤنث) گنوار۔ ناف۔ سونڈی۔ بازو۔ ڈنڈا۔ وہ عورت جس کا ایک ہاتھ ہو۔

ٹنڈیاں (د۔ اسم مؤنث، ٹنڈی کی جمع تانیث) ڈنڈ مشکیں۔ لنجیاں۔

ٹنڈیاں باندھنا / **ٹنڈیاں کسنا۔ یا کھینچنا** (د۔ محاورہ) مشکیں باندھنا۔ مجرم کے ہاتھ یا بازوں کو جکڑنا۔ آجکل ہتکڑیاں لگانا مستعمل ہے۔

ٹنڈیل (اُر۔ اسم مذکر) خلاصیوں کا افسر میٹ۔ داروغہ میگزین۔ قلیوں کا افسر۔

ٹنک (د۔مو) جھنکار۔ سخت آواز۔

ٹنکر (Tanker انگ۔ مذ)

ٹنکر

تیل اور دوسری مائع چیزیں لے جانے والا جہاز۔

ٹنکار (د۔ اسم مؤنث صوت) جھنکار۔ تانت کی آواز۔ غلیل کی آواز۔ دھات کے برتن کی آواز۔

ٹنکارنا (د۔ فعل) بجانا۔ آواز نکالنا۔ روپیہ بجانا۔ کمان کی تانت کو کھینچ کر آواز نکالنا۔ چینی یا مٹی کے برتن کو بجا کر ٹوٹا اور ثابت دیکھنا۔

ٹنکانا ٹانکنا کا متعدی۔

ٹنکائی (مو) ٹانکنے کی اجرت۔

ٹنکنا سیا جانا۔

ٹنکہ (س۔ مذ) وزن ایک سونے کا سکہ جو بعد میں روپیہ ہو گیا۔ پھر ٹکہ اور ٹکسال ہوا۔

ٹنگ (د۔ اسم مؤنث) ٹانگ کا مخفف۔

ٹنگری (د۔ اسم مؤنث) ٹانگ کی تصغیر۔

ٹنگڑی پر اڑانا (د۔ محاورہ) ٹانگ کے داؤں پر گرانا۔ ٹانگ مار کر گرانا۔ اڑنگا مارنا۔ اڑنگا لگانا۔

ٹنگار (د۔مو) تھوڑا تھوڑا کھانا۔ پھل توڑنا۔ ٹھونگنا۔

ٹنگنا (د۔ فعل) لٹکنا۔ پھانسی پر چڑھنا۔ الگنی۔ جس پر کپڑے لٹکائے جاتے ہیں۔

ٹنہایا (د۔ اسم مذکر۔ فاعل سماعی) جادوگر۔ فسونگر۔ ٹونا کرنیوالا۔

ٹُنبا۔ یا۔ ٹیاں (د ۔اسم صفت) پستہ قد۔ باونا۔ ٹھنگنا۔ چھوٹا۔ چھوٹے قد کا۔
ٹُنبا۔ یا۔ ٹُنبیاں طوطا (د) ایک قسم کا چھوٹے قد کا طوطا جو خوب بولتا ہے۔

ٹ ۔ و

ٹوپ (د ۔ا۔ مذ) بڑی ٹوپی جاڑوں میں پہننے کا کنٹوپ۔ خود۔ لڑائی میں پہننے کی لوہے

ٹوپی۔ غلاف۔
پوشش۔ انگشتانہ
ٹوپ

ٹوپا (د ۔اسم مذکر) ٹانکا۔ سیون۔
سلائی ردی دار ٹوپی۔ کنٹوپ۔
ٹوپا بھرنا (د ۔اسم مذکر) ٹانکا لگانا۔ ٹانکا بھرنا۔ سینا۔
ٹوپی (د ۔اسم مؤنث) کلاہ۔ تاج۔ شکاری جانوروں کے منہ پر چڑھانے کی تھیلی بندوق کا پٹاخہ۔ سپارا۔ پھل۔ اُوپر کا خول۔
ٹوپی اُتارنا: ٹوپی کو سر سے ہٹانا۔ دغا سے ٹھگنا۔ آبرو لُٹنا۔ عزت بگاڑنا۔ مال لینا۔ قیمت زیادہ لینا۔
ٹوپی اُترنا: لڑکی کا بالغ ہونا۔
ٹوپی اُچھلنا: لازم بے عزت ہونا۔
ٹوپی اُچھالنا (د محاورہ) خوشی کرنا۔ وجد کرنا۔ خوشی سے کودنا۔ بے عزتی کرنا۔
ٹوپی بدلنا (د۔ محاورہ) کسی کو بھائی بنا لینا۔ نہایت گہری دوستی پیدا کرنا۔
ٹوپی بدل بھائی (اُ۔ اسم مذکر) وہ بھائی جس سے ٹوپی بدل ترد دینی اور دنیوی بھائی بنا لیا ہو۔ پگڑی بدل یار۔ جانی دوست۔
ٹوپی دار بندوق (د۔ اسم مؤنث۔ فاعلی ترکیب وصفی) پٹاخے دار بندوق۔ وہ بندوق جو پٹاخے کے ذریعہ چلے۔ توڑے دار کے خلاف۔
ٹوپی سے بھی مشورہ کرنا چاہئے (د۔ معمولہ) بے مشورہ کوئی کام نہیں کرنا



ٹوتھ پیسٹ

ٹوتھ پیسٹ (Toothpaste۔ انگ۔ مو)
دانتوں کو صاف کرنے والی دواتی دوا
ٹوٹ (د ۔اسم مؤنث) ٹوٹنا سے حاصل مصدر۔ ٹکسٹگی۔ ٹوٹن پھوٹن۔ وہ عبارت یاد رہا ہو افقرہ جو بعد میں درستی کے وقت حاشیہ پر لکھ دیا کرتے ہیں۔
ٹوٹ پڑنا (د۔ فعل) گر پڑنا۔ دل و جان سے کسی کام میں ہمہ تن لگ جانا۔ حملہ کرنا۔ بے جگری سے دھاوا بولنا۔
ٹوٹ پھوٹ (ا مو) چورا۔ چھانٹ ریزہ۔ ریزگی۔
ٹوٹ پھوٹ کر ملنا۔ یا۔ ایک ہو نا (اُ۔ محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے ہو کر مل جانا۔ بالکل ایک جان ہو کر ملنا۔
ٹوٹ جانا (د۔ فعل) شکستہ ہو جانا۔ پھوٹ جانا۔ علیحدہ ہو جانا۔ جدا ہونا۔ جیسے رشتہ داروں کا ٹوٹ جانا۔ بیماری سے لاغر ہو جانا۔ قرض یا تقصان یا اسراف سے تنگ حال ہونا۔ پانی تھم ہو جانا۔ توڑا ہونا۔ کمی ہو جانا۔
قطع تعلق ہونا۔ دشمن ہونا۔ پانی کنوے میں نہ رہنا۔ نہ نکل آنا۔
ٹوٹ کر برسنا۔ یا۔ ٹوٹ ٹوٹ کر برسنا (د۔ فعل) بڑے زور سے برسنا۔ شدت سے برسنا۔ زوردار سازش۔
ٹوٹ کر گرنا (اُ۔ محاورہ) ہجوم کر کے حملہ کرنا۔ چاروں طرف سے گرنا۔ کسی کام کے سر ہو جانا۔
ٹوٹا (د ۔اسم صفت۔ بہ ترکیب مفعولی) شکستہ۔ پھوٹا ہوا۔ ناقص۔ قابلِ مرمت۔ تھکا ماندہ۔ مفلس۔ بے زر۔ کنگال۔ خسران زدہ۔
ٹوٹی (مو) شکستہ۔ ناقص۔
ٹوٹا پھوٹا (د ۔اسم صفت بہ ترکیب مفعولی) دیکھو ٹوٹا۔
ٹوٹا (د ۔اسم مذکر) بانس کا ٹکڑا۔ موم بتی کا بچا ہوا ٹکڑہ۔ نقصان۔ خسارہ۔ خسران۔ کارتوس (ہندو لوگ) کمی توڑا۔ جیسے اس کا ٹوٹا نہیں ہے۔ معاوضہ۔ تاوان۔ ہرجانہ۔ ایک قسم کی آتشبازی۔
ٹوٹا اُٹھانا۔ یا۔ سہنا (د۔ فعل) خسارہ اُٹھانا۔ نقصان اُٹھانا۔
ٹوٹا بھرنا۔ یا۔ دینا (د۔ فعل) تاوان دینا۔ نقصان پورا کرنا۔ معاوضہ دینا۔
ٹوٹا پڑنا (د۔ محاورہ) کمی پڑنا۔ نقصان ہونا۔ خسارہ پڑنا۔ گھاٹا ہونا۔
ٹوٹرو (د۔ اسم مذکر) ایک قسم کا پرندہ جو فاختہ سے پتلا اور چھوٹا ہوتا ہے بھنگ کا فضلہ۔
ٹوٹرو سا (د۔ اسم صفت بہ تشبیہ) اکیلا۔ تنہا۔ واحد۔
ٹوٹرو سا دم (دُ۔ اسم مذکر) اکیلا دم۔ تن تنہا۔ اکیلی جان۔
ٹوٹکا (د ۔اسم مذکر) جادو۔ افسوں۔ ٹونا۔ طلسم۔ سحر۔ جنتر منتر۔
ٹوٹکا کرنا (د۔ فعل) جادو کرنا۔ ٹونا کرنا۔
ٹوٹکا کر کے آنا (د۔ محاورہ) جلدی آ کر فوراً واپس چلے جانا۔ کھڑے کھڑے آنا۔
ٹوٹکا ہونا: جادو ہونا۔ کسی بات کا جندی سے ہونا۔
ٹوٹکوں سے گاجیں نہیں ٹلتی ہیں: معمولی تدبیروں سے بڑے کام نہیں ہوتے۔
ٹوٹکے ہانی (د ۔اسم مؤنث بہ ترکیب فاعلی) جادو کرنے والی۔ جادوگرنی۔ وہ عورت جو ہر ایک کے بچوں پر یا ہر بال بچے والی عورت پر جادو کرتی پھرے۔
ٹوٹنا (د ۔فعل) شکستہ ہونا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ پھوٹنا۔ کسی پر ہجوم کرنا۔ مل کر حملہ کرنا۔ گرنا۔ قائل ہونا۔ جھکنا۔ علیحدہ ہونا۔ جدا ہونا۔ کم ہونا۔ نہ نکل آنا۔ جیسے کنوئیں میں پانی ٹوٹ گیا۔ نہر یا نالی کے اندر سے نکل جانا۔ جیسے نہر کا پانی ٹوٹنا۔ کمی ہونا۔ توڑا ہونا۔ ناتواں ہونا۔ کمزور ہونا۔ مفلس ہونا۔ تنگدست ہونا۔ اُٹھنا۔ شکتی ہونا۔ جیسے بدن ٹوٹنا۔ پھل اُترنا۔ جیسے آم ٹوٹنا۔ بقایا میں رہنا۔ جیسے روپیہ ٹوٹنا۔ نقصان ہونا۔ خسارہ ہونا۔ واقع ہونا۔ وارد ہونا جیسے مصیبت ٹوٹنا۔ تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ موت آنا۔ جیسے ٹوٹی کی بوٹی نہیں۔ چرنا۔ پھٹنا۔ جیسے سونے کے کان ٹوٹ گئے۔
ٹوٹنا پھوٹنا: مسلم نہ رہنا۔ شکستہ ہونا۔
ٹوٹے بال کھونسنا: کنگھی میں جو سر کے بال ٹوٹ کر رہ گئے ہوں۔ انہیں دیوار میں رکھنا۔
ٹوٹے پڑنا: ایک پر ایک کا گرنا۔ بڑے شوق سے کسی کی طرف بڑھنا۔ بوجھ

کے مارے جھکا جانا۔ جیسے آموں کے مارے درخت ٹوٹے پڑتے ہیں۔

ٹوٹی بانھ گل جندرے ا اپنی خراب چیز کو بھی سر چڑھانا۔ اپنے غریب اور معذور بھائی کا بوجھ اُٹھانا۔

ٹوٹی بانھہ گلے پڑنا د۔ محاورہ) دوسرے کا بوجھ اپنے اُوپر پڑنا۔ اپاہج یا کسی عزیز و اقارب کا خرچ اپنے ذمہ پڑنا۔

ٹوٹی کی بوٹی نہیں د۔ مثل) موت کا کوئی علاج نہیں۔ موت کی وارد۔

ٹور د Tour۔ انگ۔ اسم مذکر) سفر۔ گشت۔

ٹوری (انگ۔ مذ۔ Tory) برطانوی پارلیمنٹ کی قدامت پسند جماعت۔

ٹور ا د) اسم صفت۔ بد وضع۔ غیر موزوں ٹھنگنا۔ باؤنا۔

ٹورنامنٹ (Tournament انگ۔) گیند بلا۔ ہاکی وغیرہ۔ کسرتی کھیلوں کا مقابلہ۔

ٹوڑی۔ یا۔ **ٹوڈی** د۔ اسم مؤنث) ایک راگنی کا نام ہے شاہ پرست آدمی۔

ٹوسا د۔ اسم مذکر) ڈوڈا۔ خوشہ۔ آکھ کا پھل۔ جوار باجرے وغیرہ کا خوشہ رائشہ۔ پھوسڑا۔

ٹوسٹ (انگ۔ مذ۔ Tost) ڈبل روٹی کا چوڑا ٹکڑا۔

ٹوک د۔ اسم مذکر) پارہ۔ پارچہ۔ ٹکڑا۔ جزو۔ حصہ۔ (بواؤ معروف ہے)

ٹوک د۔ اسم مؤنث) (حاصل مصدر ٹوکنا سے بواؤ مجہول) نظر بد۔ ممانعت۔ مزاحمت۔ روک۔ تعرض (ان معنوں میں روک کے ساتھ آتا ہے)

ٹوک ٹاک د۔ اسم مؤنث) مزاحمت۔ روکا۔ ٹوکی۔ پوچھ گچھ۔ دیکھ بھال۔

ٹوک لگنا: نظر ہو جانا۔

ٹوک میں آنا د۔ محاورہ) نظر لگنا۔ ہوش میں آنا۔ جیسے بچہ ٹوک میں آ گیا۔

ٹوکرا د۔ اسم مذکر) سبد۔ ڈلا۔ چھابا۔ چھبڑا۔ چھوٹی سی کشتی۔ بجرا۔ ڈونگا۔

ٹوکروں اُترنا:

بکسرت پھولوں یا پھلوں کا تیار ہونا۔

ٹوکری د۔ اسم مؤنث) (بیائے تصغیر و تانیث جھلی۔ ٹوکرے۔ چھبیری۔ چھبڑی۔

ٹوکری د۔ فعل) قلی کا کام کرنا۔ چھبیری اُٹھانا۔ ادنیٰ درجے کا کام کرنا۔

ٹوکرے پر ہاتھ رہنا د۔ محاورہ) بھرم بندھا رہنا۔ عزت رہنا۔ آبرو قائم رہنا۔

ٹوکم ٹاکم (وزن میں کم نہ زیادہ دیکھ ٹاکم ٹوک)

ٹوکم ٹاکا (ہندی) برابر ٹوکسا۔ لڑائی جھگڑے کی بات چیت۔

ٹوکنا د۔ اسم مذکر) کلسا۔ پانی رکھنے کا ایک بڑا پیتلی برتن۔

ٹوکنا د۔ فعل) روکنا۔ مزاحم ہونا۔ پوچھنا۔ دریافت کرنا۔ نظر لگانا۔ حسد کرنا۔ جلنا۔



ٹول

ٹوکی د ہ۔اسم مؤنث) وہ کپڑا جو جاکٹ کے اُوپر لگایا جاتا ہے۔ انگیا کی کٹوریوں کے اُوپر کا کپڑ۔

ٹول (Toll - انگ۔اسم) سڑک کا محصول چنگی۔

ٹوِل (Twill - اسم مذکر) ایک قسم کا کپڑا سُرخ کپڑا قند۔حلوان۔

ٹُول د ہ ۔اسم مذکر) صدمہ۔دھکا۔نطفہ۔گروہ۔جتھا۔جماعت۔گاؤں۔

ٹولز (انگ۔ Tools) کاریگر کے کام کرنے کے اوزار

ٹول کلکٹر Toll Collector - اسم مذکر) محصول وصول کرنے والا۔محصول کرنے والا افسر۔

ٹولا د ہ ۔اسم مذکر) محلہ کوچہ۔سنگریزہ۔روڑا۔پتھر وغیرہ کا ٹکڑا۔بدھی۔نیل۔چوٹ کا نشان۔بڑی کوڑی۔کوڑا۔

ٹولا پڑنا د ہ۔فعل) نیل پڑنا۔ضرب کا نشان ہو جانا۔بدھی پڑنا۔

ٹولی د ہ ۔اسم مؤنث بیائے تانیث) جماعت جتھا۔گروہ۔برا۔غول۔پتھر کی سل۔

ٹوم د ہ ۔اسم مؤنث) گہنا۔زیور۔سنگار۔خوبصورت معشوق۔شکیلہ عورت۔ مالدار عورت۔چالاک۔ہوشیار۔چلتا پرزا آدمی۔

ٹوم ٹام د ہ ۔اسم مؤنث) گہنا پاتا۔زیور وغیرہ۔اکا دکا۔کوئی کوئی۔

ٹوم چھلا د ہ ۔اسم مذکر) ادنےٰ ساز زیور۔جھوٹا موٹا گہنا۔

ٹون د ہ ۔اسم مؤنث صوت) آواز گونج پڑوں۔

ٹونا د ہ ۔اسم مذکر) جادو۔افسوں۔منتر۔طلسم۔سحر۔شادی کے موقعہ کا ایک گیت۔

ٹونا ہائی) جادوگرنی۔

ٹونے ٹوٹکے) گنڈے تعویذ۔جھاڑ پھونک۔

ٹونٹ د ہ ۔اسم مؤنث) پورب) جوپنج۔منقار۔نول۔

ٹونٹی د ہ اسم مؤنث لولہ۔پرنالہ۔لوٹے یا بدھنے کی نلی جس میں سے پانی نکالتے ہیں۔

ٹونڈی د ہ ۔اسم مؤنث) سونڈی۔ناف دہریانہ) گاجر مولی وغیرہ کی نوک۔

ٹونگنا د ہ) ایک ایک دانہ اُٹھا کر کھانا۔تھوڑا تھوڑا کھانا۔

ٹوہ د ہ ۔اسم مؤنث حاصل مصدر ہے۔ٹوہنا سے۔ٹٹول۔تلاش۔تجسس۔دیکھ بھال۔نگہبانی۔

ٹوہ لوہ رکھنا د ہ ۔محاورہ) خبر رکھنا۔نگہبانی رکھنا۔

ٹوہ رکھنا د ہ ۔محاورہ) خیال رکھنا۔تلاش رکھنا۔خبر رکھنا۔

ٹوہ لگانا د ہ ۔محاورہ) کھوج لگانا۔خبر لگانا۔سراغ لگانا۔پتا لگانا۔

ٹوہ لینا۔پتہ لگانا۔عندیہ۔دریافت کرنا۔

ٹوہ میں رہنا (اُر۔محاورہ) تلاش میں رہنا۔عیب جوئی کے درپے رہنا۔

ٹوہا ٹوئی۔یا۔ٹوہا ٹاہی د ہ ۔اسم مؤنث) حاصل مصدر تکرار۔چھان بین دیکھ بھال۔

ٹوہنا د ہ ۔فعل) ڈھونڈنا۔تلاش کرنا۔کھوج لگانا۔ہاتھ ڈالنا۔ہاتھ لگانا۔ چھیڑنا۔جیسے میاں نے ٹوہی گھر بار سے کھوئی۔

ٹوہیا د ہ ۔اسم مذکر) فاعل سماعی۔تلاش کرنے والا۔کھوج لگانے والا۔ جاسوس۔مخبر خبر رساں۔

ٹوئی د ہ ۔اسم مؤنث) نیزہ کی پوری قلم۔جوار وغیرہ کے ٹانڈے کی پوری۔

ٹویاں) دھُند سا بونا۔تھا سا۔ایک قسم کا چھوٹا طوطا یا توتا۔جیسے ٹویاں خود پڑھتا ہے۔

ٹ - ھ

ٹھا د ہ ۔اسم مؤنث) جگہ۔ٹھاون استھان۔مکان۔مقام۔مدھم آواز متوسط آواز میں گانا۔

ٹھاٹ د ہ ۔اسم مذکر) بانس کا چوکھٹا۔پنجر۔ڈھانچا۔فیشن۔طرز۔ڈھنگ سجاوٹ آرائش۔زیب وزینت۔شان وشوکت۔جلوس۔شان۔سواری۔ بٹا بازوں کے کھیلنے کا انداز۔پنیترا۔اسباب۔مال ومتاع۔دھن۔دولت جیسے سب ٹھاٹ پڑا رہ جائے گا۔پرندوں کا پر جھاڑ کر خوشی کرنا۔ستار کی کھونٹی کا درست کرنا۔بہتات۔کثرت۔توڑ کی ضد۔ساز سامان تکلف جیسے ہم فقیری میں بھی امیری ٹھاٹ رکھتے ہیں۔ہنگامہ۔دھوم دھام۔ آرام۔چین۔

ٹھاٹ باٹ سے رہنا) شان وشوکت اور آن بان سے رہنا۔

ٹھاٹ باندھنا د ہ ۔فعل) ڈھانچا قائم کرنا۔ٹٹی باندھنا چپٹے بازوں کا قاعدہ۔ خاص سے کھڑا ہونا۔

ٹھاٹ بدلنا د ہ ۔فعل) نیا انداز بدلنا۔طرز بدلنا۔پنیترا بدلنا۔

ٹھاٹ پڑا رہ جانا) ناکام ہونا۔مجبوری کا وقت آجانا۔ ع نظیر سب ٹھاٹ پڑا رہ جائے گا جب لاد چلے گا بنجارا۔

ٹھاٹ مارنا د ہ ۔محاورہ) موج مارنا۔مزے اُڑانا۔کلف اُٹھانا۔مرغیوں کا پروں کو جھڑ جھڑانا۔

ٹھاٹھیں مارنا) دریا کی لہروں کا زور شور سے بہنا۔

ٹھاڑ د ہ ۔اسم مذکر ڈھانچ۔ٹٹی۔چھتری کبوتروں اور لڑائی کے مرغوں کے رہنے کا جال۔کبوتر خانہ۔دیوالی یا خوشی کے موقع پر روشنی کرنے کی ٹٹی۔

ٹھاڑ بندی د ہ ۔اسم مؤنث) روشنی کی ٹیٹوں کا باندھنا۔

ٹھاٹ پھیلانا) کسی کام کی درستی کا سامان پیدا کرنا۔

ٹھٹھری (ڈنڈو) بانس کا ڈھانچا جو ٹھاڑ سے چھوٹا ہو۔

ٹھاڈا۔یا۔ٹھاڑا د ہ ۔اسم صفت) استادہ۔کھڑا ہوا۔زبردست۔توانا۔طاقتور قوی ہیکل۔قوی جثہ۔

ٹھاڈ ارہنا د ہ ۔فعل) ٹھیرے رہنا سے بگڑا ہوا ہے۔کھڑا رہنا۔ڈٹا رہنا۔

ٹھاڈا مارے اور آگے دھرے } د ہ ۔مثل) زبردست ظلم کرکے فریاد بھی
ٹھاڈا مارے اور رونے نہ دے } نہیں کرنے دیتا۔ظالم کی شکایت نہ ہو سکنے کے موقع پر بولتے ہیں۔

ٹھاری د ہ ۔مو) لاٹھی جو لکڑی پھینکنے والے لڑائی میں ایک دوسرے کے سر پر مارتے ہیں۔

ٹھاکر د ہ ۔اسم مذکر) دیوتا۔ایشور۔دیوتا کی مورت۔سوامی۔مالک۔سردار۔زمیندار راجپوت۔چھتری۔نائی۔حجام۔عزت کا لفظ ہے جیسے حضرت۔جناب وغیرہ۔دولت مند۔امیر۔مالدار جیسے مثل ہے ٹھکائی سے ٹھاکر بنتا ہے۔

ٹھاکر دوارہ (د ۔ اسم مذکر ظرف مکان) دیوا ستھان۔ وہ مقام جہاں ٹھاکر جی کی مورت رہتی ہے۔ مندر۔

ٹھاکر سیوا (د ۔ اسم مؤنث) دیوتا کی پرستش دیوتا کی خدمت۔ جاگیر۔ وقف وہ جاگیر جو مندر کے لئے وقف ہو۔

ٹھال (د ۔ اسم مؤنث، اسم مصدری) فرصت بیکاری بے شغلی۔ نکماپن۔ سوفتہ بیتا۔

ٹھالی (د ۔ اسم صفت) خالی۔ بیکار۔ بے شغل۔ نکما۔ بے روزگار۔

ٹھالی بیٹا تو لے باٹ، بیکاری میں نکمے کام کرنا۔

ٹھاں (د ۔ اسم مذکر صوت) بندوق کی آواز۔

ٹھاں ٹھاں ہونا، یا۔ ٹھائیں ٹھائیں ہونا (د ۔ فعل) لگاتار بندوقیں چلنا۔

ٹھانسنا (د ۔ فعل) ٹھونسنا۔ کھچا کھچ بھرنا۔ دبا دبا کے خوب بھرنا۔ ٹھا ٹھس بھرنا (لوٹی) گھسیڑنا۔ دخول کرنا۔

ٹھاننا (د ۔ فعل) پکا ارادہ کرنا۔ نیت کرنا۔ منصوبہ باندھنا۔ ٹھہرانا۔ سوچنا قرار دینا۔

ٹھاؤں (د ۔ اسم مؤنث) جگہ۔ مقام۔ استھان۔ منزل۔ ٹھور۔ ٹھکانا۔ (اسم ظرف ہے)

ٹھائیں (دا ہو) بندوق کی آواز۔

ٹھٹک (د ۔ مو ۔ حاصل مصدر) پہلو بچانے کی کیفیت۔

ٹھٹک کر چلنا، چوکنے ہو کر یا بچ کر گزرنا۔

ٹھپا (د ۔ اسم مذکر) چھاپ۔ نقش جو ابھرواں ہو۔ سکّہ۔ مہر۔ چھاپنے کا آلہ۔ نقش کرنے کا آلہ۔ ایک قسم چوڑا منقش بادلہ کا بنا ہوا گوٹا۔ لیس۔ سانچا۔

ٹھپا لگانا (د ۔ فعل) سکہ لگانا۔ نقش کرنا۔

ٹھٹ (د ۔ اسم مذکر) ہجوم۔ گروہ۔ بھیڑ مجمع۔ انبوہ۔ اجتماع۔ ازدحام۔

ٹھٹ کے ٹھٹ (د ۔ اسم صفت) گروہ کے گروہ۔ بہت ازدحام۔ بھیڑ بھاڑ۔

ٹھٹھا، یا۔ ٹھٹھا (د ۔ اسم مذکر) ہنسی۔ کھلی۔ مذاق۔ مزاح۔ ٹھٹھول۔ چہل۔ تمسخر۔ استہزا۔ غمزہ۔ نہایت آسان اور سہل کام۔

ٹھٹھا اُڑانا (د ۔ محاورہ) ہنسی اُڑانا۔ مذاق کرنا۔ مخول کرنا۔ چہل کرنا۔ ہنسی ٹھٹھا کرنا } کرنا۔ تمسخر اُڑانا۔ مسخرا بنانا۔

ٹھٹھا لگانا، یا۔ (د ۔ فعل) قہقہہ مارنا۔ کھل کھلا کر ہنسنا۔ چھیڑنا۔

ٹھٹھرنا، یا۔ ٹھٹھرنا (د ۔ فعل) اینٹھنا۔ سردی سے اکڑنا۔ سرد ہونا۔ سردی کے مارے سن ہو جانا۔ درخت یا پودے یا انسان کا بڑھنے سے رہ جانا۔ سکڑنا۔ کانپنا۔ مرجھانا۔ سردی سے لرزنا۔

ٹھٹھکنا } (د ۔ فعل) اچانک رک جانا۔ متعجب ہو کر رک جانا۔ تامل کرنا۔ توقف **ٹھٹھکنا** } کرنا۔ رکنا۔ ٹھیرنا۔

ٹھٹھول، یا۔ ٹھٹھول (د ۔ اسم صفت) خوش طبع۔ ظریف۔ مسخرا۔ ٹھٹھے باز۔ (یہ معنی اسم مصدری) ظرافت۔ تمسخر۔ خوش طبعی۔ مزاح۔ مذاق۔

ٹھٹھولی، یا۔ ٹھٹھولی (د ۔ اسم مؤنث بنائے مصدری (دیکھو ٹھٹھول۔ بہ معنی اسم مصدری۔

ٹھٹھے بازی (د ۔ اسم مؤنث بنائے مصدری) ہنسی۔ مذاق۔ تمسخر۔

ٹھٹھے میں اُڑانا (د ۔ محاورہ) مسخرا بنانا۔ ہنسی میں اُڑانا۔

ٹھیٹھرا، یا۔ ٹھٹھیرا (د ۔ اسم مذکر) پیتل تانبے وغیرہ کے برتن بنانے اور بیچنے والا کسیرا۔ مس گر۔ جوار یا باجرے کی لکڑی پھٹا۔ ٹانڈا۔

ٹھیٹھرے بدلائی (ارشل) دو ہم پیشہ اور ہم فن ہوشیار آدمیوں کا معاملہ برابر کی ٹکر۔

ٹھٹھ آدھ (د ۔ اسم مذکر) کنکوے یا پتنگ کی بیچ کی موٹی پتلی کمچی۔ پیٹھ کی ہڈی۔ (رڑھ۔ کی ہڈی۔ تین یا زیادہ گاؤں کی حد ملنے کی جگہ پر بنا ہوا چبوترہ۔ سرحد۔ سرحد کے نشان کی جگہ۔

ٹھٹھا ٹوٹی (د ۔ اسم صفت، ترکیب بمفعولی مؤنث) کبڑی عورت وہ عورت جس کی کمر جھک گئی ہو۔

ٹھٹھی (د ۔ اسم مؤنث) ٹھوڑی۔ ذقن۔ ٹھوڈی۔ بھنے ہوئے اناج کا وہ دانہ جو کھلا یا خستہ نہ ہوا ہو۔

ٹھٹھی پکڑ پانا } منت
ٹھٹھی میں ہاتھ دینا } سماجت کرنا۔

ٹھٹھی کے نیچے ہاتھ رکھنا، متعجب و حیران ہونا۔

ٹھٹھی پر ہاتھ دھر کے بیٹھنا، فکرمند ہونا۔

ٹھٹھر (د ۔ اسم مؤنث) ٹھنڈ۔ ٹھنکی۔ پالا۔ نہایت سردی۔

ٹھٹھرا (د ۔ اسم مذکر) دیسی اور خراب شراب گھٹیل اور کم نشہ والی شراب انگیتا کے بند۔ کچی اور خراب اینٹ۔ ایک قسم کا گنوارو جوتا۔

ٹھٹھرنا (د) جاڑے مرنا۔ سردی سے سکڑنا۔

ٹھٹھس (د ۔ اسم صفت) ٹھوس۔ پرمغز۔ نگر۔ بھاری۔ پوچھل۔ اٹل۔ جنبش نہ کرنے والا۔ سست۔ کاہل بے جھنکار کا روپیہ۔ مچلا۔ ضدی۔ ہٹیلا۔ (مو) بندوق کی آواز۔ کند ذہن۔ آواز جو منہ سے نکالی جائے۔

ٹھٹھس پن (د ۔ اسم مذکر سم مصدری) بھدا پن۔ ایک جگہ جم جانا۔

ٹھٹھا (د ۔ اسم مذکر) غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ۔ جلوس۔ سواری۔ دھوم۔ جلو۔ ٹھاٹ۔ ناز و ادا۔ ٹھپا۔ سانچا۔ چھاپا۔

ٹھٹھا ٹھٹھس (د ۔ اسم صفت۔ بالف اتصال) کھچا کھچ۔ خوب بھرا ہوا۔ زبر اور پیش دونوں طرح درست۔

ٹھٹھک (د ۔ اسم مؤنث) بھڑک۔ شان و شوکت ناز و ادا۔ حرام معشوقانہ۔ کھانسی کی آواز۔ دھسک۔

ٹھٹھکا (د ۔ اسم مذکر) کھانسی کی آواز تھوڑی تھوڑی کھانسی۔ دھسک۔

ٹھٹھکی (د ۔ اسم مؤنث) پھکی۔

ٹھٹھنا جمع ہونا جیسے پل میں پانی ٹھس گیا۔ اڑ جانا۔ رک جانا۔ اچھی طرح سے پھر جانا۔

ٹھٹھکنا مٹی کے برتن میں ٹھیس سے دراز پڑ جانا۔ دے مارنا۔ گرا دینا۔

ٹھکسکنا (د) بچوں کا سے آواز رونا۔ آہستہ آہستہ رونا۔

ٹھٹھنا (د ۔ فعل) بھرنا۔ سمانا۔ آنا۔ ایک چیز میں دوسری چیز کا بشکل سمانا۔

ٹھٹھوانا (د ۔ فعل) بھروانا۔ گھسڑوانا۔ ٹھنسنا کا متعدی۔

ٹھٹھی (د ہو) گلے کا ایک زیور جس میں کڑیاں اور گھنگرو ہوتے ہیں۔

ٹھکانا (د ۔ اسم مذکر ظرف) منزل جگہ۔ مقام۔ اسٹیشن۔ پتا۔ نشان۔ سراغ رشتہ داری۔ اعتبار۔ بھروسہ۔ ملجا۔ ماوا۔ مرکز۔ موقع۔ جائے وقوع جہان۔ برت حد۔ سرحد۔

ٹھکانا ڈھونڈنا (د ہ) فعل) جگہ تلاش کرنا۔ رہنے کا مکان ڈھونڈنا۔ نوکری تلاش کرنا۔ لڑکی کے لیے بر ڈھونڈنا۔

ٹھکانا کرنا (د ہ) محاورہ) جگہ کرنا۔ موقع تلاش کرنا۔ بیاہ کرنا۔ گھر بسانا۔ بندوبست کرنا۔ انتظام کرنا۔

ٹھکانا لگانا (د ہ) فعل) پتا لگانا۔ سراغ لگانا۔

ٹھکانے (د ہ) اسم مذکر) ٹھکانا کی جمع۔ حروف عاملہ کی صورت میں۔

ٹھکانے چکانا (د ہ) فعل) بیاہ شادی یا کسی بوڑھے کے مرنے پر نوکر چاکر کپڑے وغیرہ کو حسب معمول روپے تقسیم کرنا۔

ٹھکانے کی بات (د ہ) اسم مؤنث معقول بات۔ درست بات۔

ٹھکانے لگانا (د ہ) فعل) اطمینان دلانا۔ تسلی دینا۔ ٹھہرانا یا منزل مقصود اور دعا کو پہنچانا۔ مار ڈالنا۔ ہلاک کرنا۔ کام تمام کرنا۔ جیسے میں نے دشمن کو ٹھکانے لگا دیا۔ خرچ کر دینا۔ اڑا دینا۔ صرف کر دینا۔ کسی کام کو پورا کر دینا۔ انجام کو پہنچانا۔ جیسے محنت ٹھکانے لگی۔ گھر بسانا۔ بیاہ کر دینا۔ موقع پر خرچ کرنا۔ برمحل خرچ کرنا۔ نوکری کرا دینا۔ روزگار کرانا۔ اتارنا۔

ٹھکانے لگنا (د ہ) محاورہ) مدعا حاصل ہونا۔ منزل مقصود کو پہنچنا۔ مراد کو پہنچنا۔ کام آنا۔ ضایع نہ ہونا۔ جیسے بیل کی مٹی ٹھ ے لگ گ مرنا۔ تمام ہونا۔ مارا جانا۔ خاتمہ ہونا۔

ٹھک ٹھک (د ہ۔ مو) لڑائی جھگڑا۔ بک بک۔

ٹھکرا (د ہ۔ مذ۔ مو) ٹھیکرا۔

ٹھکرانا (د ہ) فعل) ٹھوکر مارنا۔ ذلیل سمجھنا۔ حقیر جاننا۔ روندنا۔ پامال کرنا۔

ٹھکرائی (د ہ۔ اسم مؤنث) انی علامت تانیث۔ ٹھاکر کی بیوی۔ بہو۔ بیٹی۔ ٹھاکر قوم کی عورت۔ قزاقنی۔ راہزن عورت۔

ٹھکرائی (د ہ۔ اسم مؤنث مصدری) سرداری حکومت۔ راج جہانبانی۔ جہانداری امیری۔ دولت مندی۔ بندائی۔

ٹھکری (د ہ۔ مو) چھوٹا ٹھیکرا۔ ٹھیکری۔

ٹھکنا (د ہ) فعل) گڑنا۔ اندر گھسنا۔ پٹنا۔ سزا پانا۔ بچھڑنا۔ کشتی کھانا۔ مغلوب ہونا۔ نقصان اٹھانا۔ ضرب پڑنا۔ جیسے دس روپے کی ٹھکی۔ قید میں جانا۔ جیل خانے جانا۔ مقید ہونا۔ عرضی داخل ہونا۔

ٹھگ / ٹھگیا (د ہ۔ اسم مذکر۔ فاعل) ٹھگنے والا۔ دغاباز۔ چور۔ فریبی۔ عیار۔ چالاک۔ رہزن۔ چھلیا۔ راہ مار۔ ایک قوم ہے جن کا کام ہی عیاری ہے۔ یار مار۔ محن کش۔

ٹھگ بدیا (د ہ۔ اسم مؤنث) علم قزاقی۔ مکاری۔ فریب دہی کا علم۔ چالاکی عیاری۔

ٹھگی / ٹھگائی (د ہ۔ اسم مؤنث بجائے مصدری) فریب۔ دھوکا۔ مکر۔

ٹھگایا جانا (د ہ۔ فعل) دھوکے میں آ جانا۔ دھوکا کھانا۔ جل جانا۔ دھوکے میں آ کر کسی چیز خرید لینا۔

ٹھگ لانا، پھرا لانا۔ دھوکہ دے کر لے آنا۔ رہزنی کر لانا۔ جل دیکر کم داموں میں خرید لینا۔

ٹھگ لینا (د ہ۔ فعل) دھوکا دینا۔ غریب یا بھوکے آدمی کو دم دے کر کچھ لے لینا۔ چھل لینا۔ جل دینا۔

ٹھگنا (د ہ) فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ جل دینا۔ دغا کرنا۔ چھلنا۔ موسنا۔ چوری کرنا۔ کسی غیر کو کم داموں میں خرید لینا۔

ٹھگنی (د ہ۔ اسم مؤنث) ٹھگ کی جورو۔ ٹھگ قوم کی عورت۔ قزاقنی۔ راہزن عورت۔ ٹھگنے والی۔ فریب دینے والی مکارہ۔ دغاباز۔

ٹھگوانا (د ہ۔ فعل) فریب دلوانا۔ دھوکا دلوانا۔ فراڈ کرانا۔ کم داموں کی چیز زیادہ داموں کو دلوانا۔

ٹہل (د ہ۔ اسم مؤنث) خدمت۔ سیوا۔ خدمت گاری۔ کام کاج۔ غلامی۔ بندگی۔ (بصورت فعل) صیغہ امر حاضر ٹہلنا سے۔ (بصورت حاصلمصدر) گشت پھیری۔ چہل قدمی۔ آہستہ آہستہ چلنا پھرنا۔ گھوڑے کو آہستہ آہستہ پھرا کر ٹھنڈا کرنا۔ چہل قدمی کرانا۔ پھرانا۔ ٹالنا۔ دفع کرنا۔ رخصت کرنا۔ موقوف کرنا۔ برطرف کرنا۔

ٹہلانا (د ہ) سیر کرانا۔

ٹہل جانا (د ہ۔ محاورہ) چل دینا۔ رخصت ہو جانا۔ چلا جانا۔ بھاگ جانا۔ سرک جانا۔ ہٹ جانا۔ مرجانا۔ انتقال کر جانا۔ مرجانا۔

ٹہلنا (د ہ۔ فعل) آہستہ آہستہ پھرنا۔ چہل قدمی کرنا۔ علیحدہ ہونا۔ رخصت ہونا۔ مرنا۔ انتقال کرنا۔ ہوا کھانا۔ سیر کرنا۔

ٹہلنی / ٹہلوی (د ہ۔ اسم مؤنث) خادمہ خدمت کرنے والی عورت۔ ملازمہ۔ نوکرانی۔ باندی۔ گھر کا کام کاج کرنے والی عورت داسی۔

ٹہلوا (د ہ۔ اسم مذکر فاعل بمعانی) خادم۔ خدمت گار۔ داس۔ غلام۔ بندہ۔ نوکر۔ چاکر۔ سلوک۔

ٹہلوانا (ٹہلنا کا متعدی) نیز نکلوانا۔

ٹھلیا (د ہ۔ اسم مؤنث تصغیر) چھوٹا گھڑا۔ بوچہ گلی۔ پانی رکھنے کی گگری۔

ٹھمری (د ہ۔ اسم مؤنث) ایک قسم کا چھوٹا سا گیت۔ دیوتوں کا گیت۔ افواہ۔ گپ۔ جھوٹی بات۔

ٹھمری اڑانا (د ہ۔ فعل متعدی) گیت گانا۔ گپ اڑانا۔

ٹھمک (د ہ۔ اسم مؤنث) خرام ناز ناچنے کی چال۔ ناز و انداز کی چال۔

ٹھمک ٹھمک کر (د ہ۔ تابع فعل) مٹک مٹک کر۔ خرام ناز سے۔ خرام ناز۔

ٹھمک چال (د ہ۔ مو) رفتار معشوقانہ۔

ٹھمکارہ (د ہ۔ اسم صفت) چھوٹا۔ ٹانا۔ پستہ قد۔ ٹھنگنا۔ کوتہ قد۔

ٹھمکنا (د ہ۔ فعل) خرام کرنا۔ ناز سے چلنا۔ مٹکنا۔

ٹھمکی (د ہ۔ اسم مؤنث) جھٹکانا۔ چھوٹا چھوٹا جھٹکا۔ کنکوے کی ڈور کو اس کے ہوا پر ٹھہرانے کے لئے آہستہ آہستہ ہاتھ سے ہلانا۔

ٹھنا (د ہ۔ اسم مذکر) موٹی اور بڑی شاخ۔ ڈالا۔ گدا۔

ٹھنکار (د ہ۔ مذ) کسی بجنے والی چیز کی آواز جو دوسری کڑی چیز کی ٹھیس لگنے سے ہوتی ہے۔

ٹھننا (د ہ۔ فعل) جمنا۔ جچنا۔ پکا ارادہ ہونا۔ ذہن نشین ہونا۔ قرار پانا۔ ٹھہرنا۔

ٹھنٹھ (د ہ۔ اسم مذکر) سوکھا ہوا درخت یا ڈالا۔ کٹا ہوا ہاتھ یا پہنچا وغیرہ۔

ٹھن ٹھن (د ہ۔ اسم مؤنث صوت) روپے یا گھنٹے یا گھڑیال کی آواز ٹن ٹن۔

ٹھن ٹھن گوپال (د ہ۔ اسم مذکر) بے سمجھے بوجھے گوپال کے نام پر گھنٹی بجانے والا بیوقوف۔ بدھو۔ احمق۔ کچھ نہیں۔ ہیچ خالی۔ ٹھوٹھہ۔

ٹھنٹھنانا (د ہ۔ فعل) گھنٹی بجانا۔ ٹھن ٹھن کرنا۔ دھرنا نامی جگہ موجود رہ کر

کرمزے۔ اُڑانا۔ بجنا۔ کھنکھنا۔ ٹھنکنا۔ جیسے پتیلیاں ٹھنٹھنا رہی ہیں۔

ٹھنڈ ا (دہ۔ مو) سردی۔ خنکی۔ گرمی کا نہ ہونا۔

ٹھنڈا ا (دہ۔ اسم صفت) سرد۔ خنک۔ یخ۔ سرد دل۔ افسردہ دل۔ چپ۔ خاموش۔ نامرد۔ کم شہوت۔ سست۔ بارد۔ بیحرا۔ کاہل۔ متحمل۔ بردبار۔ بے نفس۔ رحمدل۔ عفو۔ کسٹرڈ۔ بے محبت۔ کٹھور۔ سنگدل۔ بزدل۔ مخنث۔

ٹھنڈا پڑنا۔ یا۔ پڑ جانا (دار۔ محاورہ) سرد ہونا۔ خنک ہونا۔ سست ہونا۔ مندا ہونا۔ غصہ فرو ہونا۔ غصہ دھیما ہو جانا۔

ٹھنڈا رکھنا (دہ) فعل۔ خوش رکھنا۔ آرام سے رکھنا۔ راست دینا۔ آسائش پہنچانا۔

ٹھنڈا سانس (دہ۔ اسم مذکر) دم سرد آہ۔

ٹھنڈا کرنا (دار۔ محاورہ) سرد کرنا۔ خنک کرنا۔ بجھانا۔ بڑھانا۔ تبانا۔ جیسے چراغ کو۔ غصہ فرو کرنا۔ توڑنا۔ شکستہ کرنا۔ جیسے چوڑیاں ٹھنڈی کرنا۔ دفن کرنا۔ دبانا۔ گاڑنا۔ گرانا۔ پھینکنا جیسے بوسیدہ۔ قرآن شریف کو ڈبونا۔ غرق کرنا۔ تسلی دینا۔ تسکین دینا۔ دلاسا دینا۔

ٹھنڈا لمع (دُور۔ اسم مذکر) وہ ملی جو آگ کی مدد کے بغیر تیز آب یا برقی آلت سے چڑھایا جاتا ہے۔

ٹھنڈا ہونا (دار۔ محاورہ) سرد ہونا۔ خنک ہونا۔ غصہ دھیما ہونا۔ غصہ دور ہونا۔ مرجانا۔ وفات پانا۔ بجھنا۔ بڑھنا۔ جیسے چراغ۔ افسردہ ہونا۔ دل مرنا۔ ڈوب جانا۔ غرق ہونا۔ خوش ہونا۔ آرام پانا۔ چین پانا۔ شکستہ ہونا۔ دفن ہونا۔ کسی متبرک چیز کا گرنا۔ پھکنا۔ جیسے قرآن مجید یا محامل شریف کا مندا ہونا۔ کساد بازاری ہونا۔ مار جانا۔

ٹھنڈا ہو جانا بے رونق اور آزاد ہونا۔ کسی دشمن کا تکلیف سے دل خوش ہونا۔ ستانا۔ خریدو فروخت کم ہونا۔ مقصد دل حاصل ہونا۔ تازہ دم ہونا۔

ٹھنڈا کر کے کھانا سوچ سمجھ کر اور تدبیر سے کوئی کام کرنا۔ جلتے ہوئے کھانے کو گرمی کم کر کے کھانا۔

ٹھنڈا لوہا گرم لوہے کو کاٹتا ہے (دہ) حلیم اور بردبار آدمی تند مزاج پر غالب آجاتا ہے۔

ٹھنڈائی (دہ۔ اسم مؤنث بیائے مصدری) تبرید۔ وہ دوا جو گرمی کو دفع کرنے کے لئے پی جائے۔ بھنگ۔ بوٹی۔ بجیا۔ لوزہ۔

ٹھنڈک (دہ۔ اسم مؤنث۔ اسم مصدری) سردی خنکی۔ آرام تسلی۔ خوشی۔

ٹھنڈک پڑنا (دار۔ محاورہ) جلن۔ سوزش یا گرمی کا رفع ہو جانا۔ دل کو آرام آنا۔ مراد پوری ہونا۔ کسی بڑے تقنے وغیرہ کا کم ہو جانا۔ غصہ فرو ہونا۔ دشمنی دور ہونا۔ تسلی ہونا۔ صبر آنا۔

ٹھنڈی (دہ۔ اسم صفت مؤنث) ٹھنڈک کی تانیث۔ سرد۔ بارد۔ خنک۔ بتیل۔ خوش و خورم۔ بامراد (اسم مؤنث) چیچک۔ متیلا۔

ٹھنڈی آگ (دہ۔ اسم مؤنث) مراداً برف۔ یخ۔ آب بستہ۔

ٹھنڈی ڈھلنا (دہ۔ محاورہ) چیچک کے دانوں کا مرجھا جانا۔ متیلا کا زور کم ہونا۔ بگ مڑنا۔

ٹھنڈی آگ سے جلانا دھوکہ دینا۔ مل کر مارنا۔

ٹھنڈی پارسائی (دہ۔ اسم مؤنث) ریاکاری۔ دکھاوے کی پرہیزگاری۔

ٹھنڈی کنڑھائی (دہ۔ اسم مؤنث) پکوان کے خاتمہ پر پکے ہوئے گھی کا حلوا بنا کر تقسیم کرنے کی رسم۔

ٹھنڈی گرمیاں (دُور۔ اسم مؤنث) اُوپری محبت۔ ظاہری اُلفت جھوٹی گرم جوشی۔

ٹھنڈی مار (دہ۔ اسم مؤنث) گیہی مار۔ اندرونی سزا جس کا نشان نہ پڑے۔

ٹھنڈی مٹی (دہ۔ اسم مؤنث) کم بڑھنے اور نہ پھیلنے والا جسم۔ دیر میں بالغ ہونے والا آدمی۔ زنانہ۔ زنخہ۔

ٹھنڈی نکلنا (دہ۔ فعل) چیچک نکلنا۔ متیلا کا نمودار ہونا۔

ٹھنڈے (دہ) ٹھنڈا کی جمع اور حروف عاملہ کے عمل سے تغیر شدہ صورت۔

ٹھنڈے پہرے تڑکے۔ سویرے۔

ٹھنڈے پٹیوں (دہ۔ تابع فعل) بطیب خاطر۔ خوشی دل سے۔ خوشی سے آرام سے۔ بے لڑے جھگڑے۔ راستی راستی۔

ٹھنڈے ٹھنڈے (دہ۔ تابع فعل) سویرے سویرے۔ صبح ہی صبح۔ علی الصباح سورج کی گرمی سے پہلے پہلے آرام سے۔ بخیریت۔

ٹھنڈے ٹھنڈے گھر جانا (دہ۔ محاورہ) خوشی خوشی گھر جانا۔ جان سلامت لے کر پہنچ جانا۔ رخصت ہونا۔ دفع ہونا۔

ٹھنڈے سانس بھرنا (دہ۔ محاورہ) کسی کے عشق میں آہ سرد بھرنا۔ افسوس ظاہر کرنا۔ پچتانا۔

ٹھنڈے لوہے بھی کہیں زیادہ عمر ہو جانے سے بچوں کی **پٹنے سے ڈھیلے پڑتے ہیں** اصلاح نہیں ہوتی۔

ٹھنڈے وقت صبح یا شام۔

ٹھنڈیاں (چیچک۔ ماتا۔

ٹھنڈیوں کی باگ مڑنا چیچک کے دانوں کا مرجھا جانا۔

ٹھنکار (دہ۔ مو) طبلے کی آواز۔ ٹھن ٹھن کی آواز۔

ٹھنکانا طبلہ بجانا۔ ٹھن ٹھن کی آواز نکالنا۔

ٹھنکنا (دہ۔ فعل) رونا۔ لاڈ کر کے رونا۔ مالے سے رونا۔ ایں ایں کرنا۔ بچوں کی طرح۔

ٹھنگنا (دہ۔ اسم مذکر) ناٹا۔ پستہ قد۔ کوتہ قامت۔ ٹینا۔

ٹھنگیرا (دہ۔ اسم مؤنث) کسی خشک چیز مثلاً اناج کے بھنے ہوئے دانوں کو شغل کے طور پر ایک ایک کر کے کھانا۔ گزک کی طرح کھانا۔

ٹھنگیرنا (دہ۔ فعل) کسی خشک چیز کو ایک ایک کر کے کھانا۔ پھانکنے کے خلاف۔

ٹھہننا تھمنا (دہ) قرار پانا۔ ٹھہرنا۔ ان بن ہونا۔ جمنا۔ پکا ارادہ ہونا۔

ٹہنی (دہ۔ اسم مؤنث) شاخ۔ شاخچہ۔ ڈالی۔ قلم۔ کنوں گلاس وغیرہ لگانے کی لوہے کی ٹہنی۔

ٹہنی ہلانا (دہ۔ محاورہ) تشنک کے زخم سے مکھیاں اُڑانا۔ آتشک میں گلنا۔ اصل میں نیم کی ٹہنی ہلانے کا مخفف ہے۔

ٹھوٹھ (دہ۔ عوام) اَن پڑھ۔ جاہل۔ بے وقوف۔ بے مغز۔

ٹھوٹ یا ٹھوٹھ (دہ۔ اسم صفت) بے مغز۔ بے وقوف۔ احمق۔ ابلہ۔ مورکھ۔ جاہل۔

ٹھور (دہ۔ اسم مؤنث ظرف) جگہ۔ مقام۔ مکان۔ موقع۔ ٹھکانا۔ سراغ نشان۔ پتہ۔

ٹھور بے ٹھور (دہ۔ تابع فعل) موقع۔ بے موقع۔ جا بیجا۔ کٹھور۔

ٹھور ٹھکانا (دہ۔ اسم مذکر ظرف) جائے۔ رہائش۔ جائے بود و باش۔ مسکن۔ مقر۔

ٹھور رکھنا (دہ۔ محاورہ) اسی جگہ مار ڈالنا۔ جان سلامت نہ لے جانے دینا۔ کھیت

رکھنا۔ جان سے مار ڈالنا۔ بچ کر نہ جانے دینا۔

ٹھوڑی (د) ۔اسم مؤنث) ذقن۔ زنخدان۔ ٹھوڈی۔ ٹھڑی۔

ٹھوڑی پر ہاتھ دھر کر بیٹھنا (د۔ محاورہ) مغموم اور غمزدہ بیٹھنا۔

ٹھوڑی پکڑنا۔ یا۔ **ٹھوڑی میں ہاتھ دینا**، کسی کو ملایم کرنا۔ نرم کرنا۔ غصہ فرو کرنا۔ خوشامد کرنا۔ منت سماجت کرنا۔

ٹھوڑی تارا (د۔ اسم مذکر) کسی حسین کی ٹھوڑی کا قدرتی یا مصنوعی تل۔

ٹھوس (د۔ اسم صفت) پرمغز۔ بگڑ۔ بھاری۔ بوجھل۔ سخت۔ ٹھس۔ بھدا۔ غبی۔

ٹھوسا (د۔ اسم مذکر) ہاتھ کا انگوٹھا۔ ٹھینگا۔

ٹھوکا جانا (د) ٹھوکنا کا لازم۔

ٹھوسا دکھانا (د۔ محاورہ) انگوٹھا دکھانا۔ ٹھینگا دکھانا۔ انکار کرنا۔ ضد کرنا۔ معشوقانہ انداز انکار۔

ٹھوسے سے (د۔ تابع فعل) بلاسے۔ جوتی سے۔ پیزار سے۔ نہایت استغنا کا کلمہ ہے۔

ٹھوکا دینا (د۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں سے دھکا دینا۔ ٹھیلنا۔ جھنجھوڑنا۔ جتانا۔ آگاہ کرنا۔ خبردار کرنا۔ متنبہ کرنا۔ ہوشیار کرنا۔ جگانا۔

ٹھوک بجا کے (د۔ تابع فعل) اچھی طرح دیکھ بھال کے کھرا کھوٹا۔ چھوٹا ٹوٹا دیکھ کے۔ جانچ کے۔ اطمینان کر کے۔ چٹکی لگا کے۔ سوجھ سمجھ کے۔ علانیہ۔

ٹھوکر (د۔ اسم مؤنث) سنگ راہ وغیرہ سے پاؤں کو لگی ہوئی ضرب یا پاؤں کی نوک سے یا پشت پا سے کسی چیز کو قصداً مارنا۔ پاؤں کی ٹکر یا لغزش۔ سنگ راہ کی چوٹ۔ سکندری گھوڑے کی ٹھوکر۔ لات۔ لکد۔ صدمہ۔ ضرب۔ دھکا۔ نقصان۔ ضرر۔ سنگ راہ۔ خراب سڑک۔ جوتا۔ کفش پا۔ پاپوش۔

ٹھوکر اُٹھانا (د۔ محاورہ) صدمہ اُٹھانا۔ نقصان اُٹھانا۔

ٹھوکر پر ٹھوکر اُٹھانا، نقصان پر نقصان اُٹھانا۔ یا ضرر پر ضرر اُٹھانا۔

ٹھوکر دینا، دھوکا دینا۔ تنبیہ کرنا۔ ٹھوکر سے کسی چیز کو ہٹانا۔

ٹھوکر کھانا (د۔ محاورہ) سنگ راہ کی ٹکر کھانا۔ پاؤں پر چوٹ کھانا۔ اُلجھنا۔ اُلجھ کر گرنا۔ صدمہ اُٹھانا۔ ضرب کھانا۔ نقصان اُٹھانا۔ ضرر اُٹھانا۔ بھولنا۔ چوکنا۔ دھوکا کھانا۔

ٹھوکر کھاوے بدھ پاوے (د۔ مثل) نقصان اُٹھا کر آدمی تجربہ کار بنتا ہے۔

ٹھوکر لگانا (د۔ فعل) کسی پڑی ہوئی چیز کو لات مارنا۔ پشت پا مارنا۔

ٹھوکر لینا (د۔ فعل) گھوڑے کا سکندری کھانا۔ اُلجھ کے گرنا۔

ٹھوکر مارنا (د۔ فعل) پشت پا مارنا۔ سر پا مارنا۔ ٹھیس لگانا۔ ٹھوکا دینا۔

ٹھوکروں پر پڑنا (د) کسی کی خدمت اور مار دھاڑ میں رہنا۔ جوتیوں میں رہنا۔ ذلت کی نوکری کرنا۔ یا حقارت سے کہیں رہنا۔

ٹھوکریں کھاتا پھرنا۔ (د۔ محاورہ) مارے مارے پھرنا۔ صدمے اُٹھاتے پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔ خراب و تباہ پھرنا۔ در در نددن میں آنا۔ پامال ہونا۔

ٹھوکریں کھانا (د) لاتیں کھانا۔ صدمے اُٹھانا۔ ذلیل ہونا۔ نقصان۔ پامال ہونا۔ گرنا پڑنا۔ لڑکھنا۔ خراب و خستہ ہونا۔ طعنے مہنے سہنا۔ کثرت سے نقصان اُٹھانا۔ لڑکھڑانا۔ ڈگمگانا۔

ٹھوکریں کھاتے پھرنا: مارا مارا پھرنا۔ صدمے اُٹھاتے پھرنا۔

ٹھوکریں کھلانا یا **ٹھوکریں کھلوانا**: دربدر پھرنا۔ ذلیل کرانا۔

ٹھوکنا (د۔ فعل) ہاتھ یا پیر سے دھکا دینا۔ ہوشیار کرنا۔ خبردار کرنا۔ تنبیہ کرنا۔ آگاہ کرنا۔ جھنجھوڑنا۔ کہنی مارنا۔

ٹھوکنا / ٹھونکنا (دور۔ فعل) گاڑنا۔ میخ وغیرہ کو۔ کوٹنا۔ زدوکوب کرنا۔ مارنا۔ پیٹنا۔ لات مکے سے مارنا۔ کوڑے لگانا۔ عرضی دینا۔ ہتھڑیاں ڈالنا۔ قید کرنا۔ طبلہ پر تھاپ دینا۔ طبلہ بجانا۔ تھپکنا۔ جیسے پیٹھ ٹھوکنا۔ جڑنا۔ لگانا۔ جیسے قفل ٹھوکنا۔ گھسیڑنا۔ دخول کرنا۔ جیسے بنگا ٹھوکنا۔ کھٹکھٹانا۔ کھڑکھڑانا۔

ٹھونٹھ (د۔ مذ) شاخوں اور پتوں کے بغیر درخت کا تنہ۔

ٹھوں ٹھاں (د۔ مو) بار بار کھانسنے کی آواز۔

ٹھونس ٹھانس (د۔ مو) کسی چیز کا کسی چیز میں دبا کر بھرنا۔ کلام میں بھرتی کے الفاظ لانا۔

ٹھونسے دینا (د) فعل۔ ہولیں مارنا۔ آرکر۔ جھنجھوڑنا۔ جھڑجھڑانا۔ جتانا۔ آگاہ کرنا۔ خبردار کرنا۔ (عوام) طعنے دینا۔ مہنے مارنا۔

ٹھونسنا (د۔ فعل) دبا کر بھرنا۔ خوب زور سے بھرنا۔ گھسیڑنا۔ دخول کرنا۔ لگانا۔ کھا جانا۔ تحقیراً۔

ٹھونگ۔ ٹھونگا (د۔ اسم مؤنث و مذکر) چونچ سے مارنا۔ ضرب منقار۔ چونچ منقار۔ لولا۔ پنجے کی انگلی کو دہرا کر کے مارنا۔

ٹھیا کا (د۔ مذ۔ ہندی) قہقہہ۔

ٹھیا (د۔ اسم مذکر) دکاندار کے بیٹھنے کی جگہ۔ استھان مقام۔ حد۔ تودہ۔ ڈھولا۔ ٹھڈا۔

ٹھیٹ (د۔ اسم صفت) ٹھیک۔ نرمل۔ خالص۔ روزمرہ کی بولی۔ اصلی۔

ٹھی ٹھی (د۔ اسم مؤنث صوت) بے تمیزی سے ہنسنے کی آواز۔ ہنسی کی آواز۔

ٹھہرانا (د۔ فعل) روکنا۔ تھامنا۔ ٹھاننا۔ منصوبہ باندھنا۔ قایم کرنا۔ جمانا جیسے پارہ ٹھہرانا۔ ٹھکانا کرنا۔ فروکش کرنا۔ اُتارنا۔ مقرر کرنا۔ قیمت چکانا۔ بھاؤ تاؤ کرنا۔

ٹھہراؤ (د۔ اسم مذکر) قیام۔ استحکام۔ پائداری۔ وقفہ۔ مقام۔ ٹھکانا۔ حاصل مصدر ہے۔

ٹھہرنا (د۔ فعل) رکنا۔ قیام کرنا۔ کھڑا رہنا۔ جمنا۔ منصوبہ ہونا۔ اُترنا۔ مقرر ہونا۔ قیمت چکنا۔ بھاؤ تاؤ طے ہونا۔ فرصت ہونا۔ دیر لگانا۔ وقفہ کرنا۔ درنگ کرنا۔ تامل کرنا۔ سوچنا۔ غم کھانا۔ قرار پکڑنا۔ قرار پانا۔ جیسے نظر نہ ٹھہرنا۔ نیچے بیٹھنا۔ تہ نشیں ہونا۔ اضطراب کم ہونا۔ تسلی ہونا۔ جیسے دل ٹھہرنا۔

ٹھیس (د۔ اسم مؤنث) صدمۂ خفیف۔ دھکا۔ ٹھوکر۔ ٹکر۔ ضرب۔

ٹھیس لگنا (د) دھکا لگنا۔ ٹھوکر کھانا۔

ٹھیسرا (د۔ مذ) طعن۔ طنز کی باتیں۔

ٹھیک (د۔ اسم مؤنث) (بیائے مجہول) فانہ پچڑیک۔ سہارا۔ اڑواڑ۔ تلا۔ پیندی۔ جوتے کی ایڑی۔ کڑاہی کی پیندی کا ہر توا۔

ٹھیک نکلنا (د۔ فعل) سہارا نہ رہنا۔ خراب ہو جانا۔ بے وسیلہ ہو جانا۔ برباد ہو جانا۔

ٹھیک (د۔ اسم صفت) راست۔ صحیح۔ درست۔ بجا۔ موزوں۔ برابر۔ چست۔ ہو بہو۔ بعینہ۔ پورا پورا جوں کا توں۔ جیسا چاہئے۔ تحقیق۔ مقررہ۔ جیسے ٹھیک وقت پر آنا۔ شایاں۔ مناسب عین موقعہ پر۔ باقاعدہ۔ ہموار۔ کامل پورا جیسے وزن میں ٹھیک۔ پتا ٹھکانہ۔ سراغ جیسے اس کا کیا ٹھیک۔ وقت۔ خبر جیسے موت کا ٹھیک نہیں۔ ٹھور۔ ٹھکانہ۔ نسبت جیسے اس کا بھی ٹھیک لگا دو۔ مرضی کے مطابق۔ حد۔ انتہا۔ عین موقع پر۔

ٹھیک آنا (ف۔ محاورہ) فٹ آنا۔ درست آنا۔ کپڑے کا بدن پر یا جوتے کا پیر میں درست آنا۔ برمحل آنا۔ عین وقت پر آنا۔

ٹھیک بنانا (ف۔ محاورہ) سزا دینا۔ تنبیہ کرنا۔ مارنا پیٹنا۔ درست کرنا۔ راہ راست پر لانا۔ سدھارنا۔ کسی کام کے لائق کرنا۔ عاجز کرنا۔ تنگ کرنا۔

ٹھیک ٹھاک (ف۔ تابع فعل۔ اسم صفت) لیس۔ تیار۔ چست۔ ہر طرح سے موزون۔

ٹھیک ٹھاک کرنا (محاورہ) درست کرنا۔ مرمت کرنا۔ ٹھہرانا۔ پختہ کرنا۔

ٹھیک ٹھور (اسم مذکر) مناسب جگہ جیسے اس گھر میں کسی چیز کا ٹھیک ٹھور یہی نہیں جہاں چاہا پھینک دیا۔

ٹھیک ٹھیک (ف۔ صفت) ٹھیک کی تاکیدی صورت ہے بالکل درست۔ صحیح صحیح۔ سچ سچ۔ قریب قریب۔ تقریباً۔

ٹھیکا (ف۔ اسم مذکر) سہارا۔ آرام۔ اجارہ۔ قرارداد۔ کرایہ۔ پٹا۔ اجرت۔

ٹھیکہ (اسم مذکر) بیٹھک۔ مقررنشستگاہ۔ گویے کے ساتھ۔ طبلہ کو خاص طریق سے بجانا۔

ٹھیکا بجانا (ف۔ محاورہ) گویے کے ساتھ۔ اس کی آواز کو سہارا دلانے کے لئے خاص طریق سے طبلہ یا ڈھولک بجانا۔

ٹھیکہ بھرنا: گھوڑے کا اچھلنا کودنا۔

ٹھیکہ لینا: اجارہ لینا۔ ذمہ داری لینا۔ جیسے میں نے تمہاری تعلیم کا ٹھیکہ نہیں لیا۔

ٹھیکا بھینٹ (ف۔ اسم مؤنث) نذرانہ جو ٹھیکہ لینے پر دیا جائے۔

ٹھیکا پٹا (ف۔ اسم مذکر) دستاویز اجارہ۔

ٹھیکا دینا (ف۔ محاورہ) کسی چیز یا گاؤں کا اجارہ پر دینا۔

ٹھیکرا (ف۔ اسم مذکر) مٹی کے برتن کا ٹکڑا۔ ڈھوبرا۔ کڑیل۔ پرانے مٹی برتن کو حقارتاً بولتے ہیں۔ تحقیراً مکان یا جائداد۔ کبھی انکسارا بھی۔ اوزار۔ وسیلہ۔

ٹھیکرا پھوڑنا (ف۔ محاورہ) تہمت لگانا۔ الزام دینا۔ بہتان تھوپنا۔

ٹھیکری (ف۔ اسم مؤنث) ٹھیکرا کی تصغیر۔ مٹی کا توا۔

ٹھیکری کرنا یا ہونا (ف۔ فعل بمعنی) کثرت سے صرف ہونا۔ بیقدری سے خرچ ہونا۔

ٹھیکرے میں ڈالنا: عورتوں کی ایک رسم۔ جب زچہ جچن کر فارغ ہوتی ہے تو اس ٹھیکرے میں جس میں بچہ کی آنول نال وغیرہ کا ٹکڑا ڈالا جاتا ہے تمام کنبے اور رشتے کی عورتیں کچھ نقدی ڈالا کرتی ہیں۔

ٹھیکری کی مانگ: پیدائشی رشتہ۔

ٹھیکی (ف۔ اسم مؤنث) سہارا بوجھ اتار کر آرام لینا۔ ٹھہرنا۔ غلہ کی بوری۔

ٹھیکی لگانا یا لینا (ف۔ فعل) بوجھ اتار کر دم لینا۔ سہارا لینا۔ بوروں میں اناج بھر کر اوپر تلے لگانا۔ انبار لگانا۔

ٹھیکے دار (ف۔ اسم مذکر۔ فاعل بمعنی) ٹھیکہ لینے والا۔ اجارہ دار لائسنس دار۔

ٹھیکیاں لینا: دم لینا۔ پھر دم لے کر چلنا۔ تھوڑا چل کے ٹھہر جانا۔

ٹھیکیں (ف۔ مؤ) بڑی بڑی قلمیں۔

ٹھیلا (ف۔ اسم مذکر) دھکا۔ ریلا۔ ہاتھ سے دھکیلنے کی ایک قسم کی گاڑی۔ اگر بیلوں کے ذریعہ چلتا ہو۔ تو اسے بیل ٹھیلا بولتے ہیں۔

ٹھیلنا (ف۔ فعل) دھکیلنا۔ رملنا۔ ٹھوکا دینا۔ کہنی مارنا۔

ٹھینا (ف۔ ہند۔ لک) طعن و تشنیع۔

ٹھیلی (ف۔ اسم مؤنث) کان کے میل کی گولی۔ کان کا جما ہوا میل۔

ٹھیں ٹھیں (ف۔ مؤ) ہنسی کی آواز۔ بیہودہ ہنسی۔

ٹھینگا (ف۔ اسم مذکر) انگوٹھا۔ ٹھوسا۔ لاٹھی۔ سونٹا۔ خشکہ۔ عضو تناسل۔ ذکر۔

ٹھینگا بجانا (محاورہ) رسوائی ہونا۔ ہنسی اڑنا۔ لڑائی فساد ہونا۔

ٹھینگا دکھانا (ف۔ محاورہ) انگوٹھا دکھانا۔ ٹھوسا دکھانا۔ چڑانا۔ چھیڑنا۔ حاظر میں

ٹھینگے سے (ف۔ تابع فعل) بلا سے۔ پیزار سے کچھ پرواہ نہیں۔

ٹ - ی

ٹی (Tea انگ۔ ند) چائے۔ انگریزی حروف تہجی کا بیسواں حرف۔

ٹی اے (T.A. انگ۔ ند) سفر۔ خرچ۔ بھتہ۔ (ٹریولنگ الاؤنس کا مخفف)

ٹیٹیاں (ف۔ اسم صفت) ننھا سا چھوٹا سا۔ پستہ قد۔ باؤنا۔ ٹھنگنا (بحالت اسم مذکر) ایک قسم کا چھوٹا سا طوطا۔ کیسری کی ضد۔

ٹیبا یا ٹبا (ف۔ اسم مذکر) ٹیلا۔ پہاڑی۔

ٹی بی (T.B. انگ۔ ا) موتی دق۔ تپ دق کے جراثیم۔ (ٹیوبر کلوسس کا مخفف)

ٹیبل (انگ۔ ند Table) میز۔ تپائی۔

ٹیبل کلاتھ (انگ۔ ند۔ Table Cloth) میز پوش۔ میز کی چادر۔

ٹیپ (ف۔ اسم مؤنث) دباؤ۔ داب۔ اوچنا۔ سر اوچی ہے۔ یادداشت کے طور پر کچھ لکھ دینا۔ مسدس کی تیسری بیت اور مثلث و مخمس کی آخری بیت۔ بند۔ گرہ۔ فوج کا دستہ۔ عورتوں کے ماتھے پر پہننے کا ایک زیور۔ چک تسک۔ ضمانت۔ (عورتیں) چوٹی کا عمدہ۔ اعلیٰ۔ چیدہ۔ لڑکے یا لڑکے کی جنم پتری۔

ٹیپ (انگ۔ ند۔ Tape) سوت اور پلاسٹک کی باریک پٹی۔

ٹیپ ریکارڈ (Tape Recorder انگ۔) ریڈیو کے طرز کی مشین جس میں آواز بھری جاتی ہے۔

ٹی پاٹ (Tea Pot انگ۔) چائے دانی۔

ٹیپ ٹاپ (ف۔ اسم مؤنث) بھڑک۔ آرائش۔ زیبائش۔ ظاہری بناوٹ۔ تکلف۔ خودنمائی۔ خود آرائی۔

ٹی پارٹی (Tea Party انگ۔ اسم مؤنث) چائے وغیرہ کا جلسہ۔ تفریحی۔ جلسہ۔

ٹیپنا (ف۔ فعل) دبانا۔ بھینچنا۔ لکھ لینا۔ ٹانک لینا۔ درج یادداشت کر لینا۔ گنجفہ دو پتوں سے ایک پتا جیتنا۔

ٹیٹک منجھا (ف۔ اسم مذکر) جھمیلا۔ الجھاوا۔ دقت۔ دشواری۔ کشمکش۔

ٹی ٹی (T.T. انگ۔ ند) چلتی گاڑی میں دیکھنے والا ریلوے ملازم۔

ٹیچر (Teacher انگ۔ قف) استاد۔ معلم۔ مدرس۔

ٹیر (ف۔ اسم مؤنث) آواز ہانک۔ پکار۔

ٹیر کرنا (ف۔ فعل) گزارنا۔ بسر کرنا۔ کاٹنا۔ بھگتنا۔ جیسے عمر ٹیر کرنا۔

ٹیرا (ف۔ اسم صفت) کج چشم۔ وہ آدمی جس کی نظر ٹیڑھی ہو۔ آنکھوں کی پتلیوں کو چڑھا کر دیکھنے والا۔

ٹیرنا (ف۔ فعل) پکارنا۔ بلانا۔ آواز دینا۔ گزارنا۔ دن کاٹنا۔ بسر اوقات کرنا۔

ٹیرو (ف۔ اسم مذکر) آب نے۔ فوارہ۔ حقہ یا کلی کی وہ نلی جس پر چلم رکھتے ہیں۔

ٹیڑھ (ف۔ اسم مؤنث) کجی۔ خمیدگی۔ اکڑ۔ مروڑ۔ شرارت۔ سرکشی۔ جلالت۔

ٹیڑھ دینا (ف۔ محاورہ) جھکنا۔ لیٹنا۔ حقارتاً سو جانا۔

ٹیڑھی کی لینا (ف۔ محاورہ) شرارت کرنا۔ سرکشی کرنا۔ اکڑنا۔ اینٹھنا۔ بل لانا۔

ٹیڑھی چلنا: فیل لانا۔ مکر کرنا۔

ٹیڑھا (ف۔ اسم صفت) خمیدہ۔ کج۔ ترچھا۔ بانکا۔ جھکا ہوا۔ منحنی۔ منحرف۔ بڑا

ہوا۔ برگشتہ۔ مخالف۔ اکھڑ۔ اُجڈ۔ اجھڑ۔ بنڈا۔ کج۔ بحث۔ الٹی سمجھ کا۔ جاہل۔ کھوجیڑ۔ خفا۔ ناراض۔ شریر۔ بدذات۔

ٹیڑھ نکال دینا: کجی دور کرنا۔ اتنا مارنا پٹنا کہ شرارت بھول جائے۔

ٹیڑھا بانکا (ہ۔ اسم صفت) چھیلا۔ چھیل۔ چھبیلا۔ طرح دار۔ خوبصورت۔ وضعدار۔ سپاہی۔ وضع کا آدمی۔ بہادر۔ طرحدار۔

ٹیڑھا پن۔ یا ٹیڑھ پُنا (ہ۔ اسم مذکر) مصوری کجی۔ نمیدگی۔ مخالفت۔ شرارت۔

ٹیڑھا سوال: پیچیدہ مسئلہ۔

ٹیڑھا جواب: وہ جواب جو خاموشی سے دیا جائے۔

ٹیڑھا نظر آنا: ناراض معلوم ہونا۔

ٹیڑھا وقت: مصیبت کا وقت۔

ٹیڑھا ہونا (ہ۔ محاورہ) کج ہونا۔ خمیدہ ہونا۔ بگڑنا۔ خفا ہونا۔ اکڑنا۔ اینٹھنا۔

ٹیڑھی (ہ۔ اسم صفت مؤنث) نمیدہ۔ بانکی۔ ترچھی۔ اکڑ۔ ضد۔ غرور۔ تکبر

ٹیڑھی آنکھ سے دیکھنا (ہ۔ محاورہ) ترچھی نظر سے دیکھنا۔ دشمنی کی نظر سے دیکھنا۔ نظر بد سے دیکھنا۔ بگڑ کر دیکھنا۔ خفا ہو کر دیکھنا۔

ٹیڑھی آنکھیں کرنا: بُری نگاہوں سے دیکھنا۔ ناراضمندی ظاہر کرنا۔ ناراض ہونا۔

ٹیڑھی نگاہ یا نظر: قہر کی نگاہ۔

ٹیڑھی سیدھی (مو) کڑوی اور نرم باتیں۔

ٹیڑھے: برہم۔ برگشتہ۔ آزردہ۔

ٹیڑھے توے کی روٹی: بڑا مشکل کام۔

ٹیڑھی سُنانا (ہ۔ محاورہ) اکٹا جواب دینا۔ بُرا بھلا سنانا۔ اوٹنگی بوٹنگی بولنا۔

ٹیڑھی کھیر (ہ۔ اسم مؤنث) مشکل کام۔ دشوار امر۔

ٹیڑھے کو گھُن بھی نہیں لگتا (ہ۔ مثل) بُرے کو کوئی دُکھ تکلیف یا پریشانی نہیں ہوتی۔ بُرا آدمی دُنیا میں تکلیف کم پاتا ہے۔

ٹیڑی (ہ۔ اسم مؤنث) نڈی۔ لنج۔

ٹیس (ہ۔ اسم مؤنث) درد۔ چبک۔ ہُول۔ ہُوک۔ کتاب کی جزو بندی۔ شیرازہ۔

ٹیسیں اُٹھنا۔ یا۔ مارنا (ہ۔ محاورہ) بار بار درد اُٹھنا۔ چبک مارنا۔ پھوڑے میں ہُولیں اُٹھنا۔

ٹیسٹ (انگ۔ ند۔ Test) امتحان۔ جانچ۔ معیار۔ آزمائش

ٹیسو (ہ۔ اسم مذکر) ڈھاک کا پھول۔ پلاس کا پھول جس سے ایک قسم کا زرد رنگ نکلتا ہے بچوں کے ایک کھیل جس میں لڑکے دسہرہ کے ایام میں ایک مورت کا سر بنا کر راتوں کو لئے اور گاتے پھرتے ہیں۔ اور دسہرہ کے روز اس کو پھوڑ ڈالتے ہیں۔ ٹیسو راجہ کا گیت۔

ٹیسو کا گیت ٹیسو بنانا: ہنسی اُڑانا۔ ٹیسو کا سوانگ بنا کر نکالنا۔

ٹیک (ہ۔ اسم مونث) اڑواڑ۔ تھونی۔ کھم۔ کھیا۔ تھم۔ پشتی۔ سہارا (پورب) مستقل ارادہ۔ پکا ارادہ۔ عزت آبرو۔ بھرم۔ قول۔ قرار۔ اقرار و مدار۔ انترہ گیت کا وہ ٹکڑا جو بار بار کہا جائے۔ ٹپہ کا شعر۔

ٹیک (ہ۔ مو) جانوروں کی پہچانی۔

ٹیکا (ہ۔ اسم مذکر) تاک تشقہ۔ سیندور یا صندل وغیرہ کا نشان پیشانی پر۔ ایک زیور کا نام جو ماتھے پر عورتیں پہنتی ہیں۔ ولی عہد کو بر۔ تاج اور گدی کا دواش سگائی یا بیاہ کے موقعہ کی ایک ہندوانہ رسم۔ بچوں کے بازو پر چیچک کی احتیاط کے لیئے لاگ لگا کر نشتر سے گودا ہوا زخم۔ سرداری کا نشان۔ شرح۔ تفسیر۔ داغ دھبا۔ راج۔ تلک۔ گدی پر بیٹھنے کی رسم وہ نشان جو سفر یا جاترا کو جاتے وقت ہندو لوگ شگون نیک کے طور پر لگاتے ہیں۔

ٹیکا بھیجنا (ہ۔ محاورہ) نشان بھیجنا۔ نسبت یا منگنی کے وقت مٹھائی وغیرہ بھیجنا۔ سگائی کرنا۔

ٹیکن (ہ۔ اسم مؤنث) سہارا۔ اڑواڑ۔ تھونی۔ مدد۔ سہارا تکیہ گاہ۔ ٹیک۔

ٹیکنا (ہ۔ فعل) رکھنا۔ ٹکانا۔ سہارا لینا۔ داؤں پر لگانا۔ بازی پر رکھنا۔

ٹیکے کا (ہ۔ اسم صفت) مخصوص۔ انوکھا۔ نرالا۔ خاص صفات والا ولیعہد کا حق رکھنے والا۔

ٹیکر ٹیکرا (ہ۔ مذ) ٹک۔ ٹیلا۔ پہاڑ کی ڈھلوان سطح۔ ڈھیر۔

ٹیکری (ہ۔ مو) خراب زمین کا چھوٹا کھیت۔

ٹیکس (انگ۔ مذ۔ Tax) محصول۔

ٹیکسی (انگ۔ مذ۔ Taxi) کرائے کی موٹر کار (ٹیکسی کیب کا مخفف)

ٹیکسٹ بک (انگ۔ مذ Textbook) درسی کتاب وہ کتاب جو کسی نصاب کے لئے مقرر کی جائے۔

ٹیکسٹ بک کمیٹی (Textbook Committee) وہ جماعت جو درسی کتابیں مقرر کرنے پر متعین ہو۔

ٹیکنیکل (Technical۔ ا مو) اصطلاحی۔ پیشے کا۔ صنعتی۔

ٹیکنیکل سکول (انگ۔ مذ۔ Technical School) صنعتی تعلیم کا مدرسہ

ٹیلا (ہ۔ اسم مذکر) تودہ۔ ٹیبا۔ پہاڑی۔ اونچی زمین۔ مٹی پتھر وغیرہ کا انبار۔

ٹیلر (انگ۔ مذ۔ Tailor) درزی۔

ٹیلر ماسٹر (Tailor Master۔ مذ) اُستاد درزی۔

ٹیلیفون (Telephone۔ انگ۔ اسم مذکر) برقی مشین جس سے دور بیٹھے باتیں کر لیتے ہیں

ٹیلیسکوپ (انگ۔ مذ۔ Telescope) دور کی چیزیں دیکھنے والا آلہ۔

ٹیلی گراف (Telegraph۔ اسم مذکر) تار برقی کے ذریعہ خبر رسانی کا تار

ٹیلی گرام (Telegram۔ انگ۔ مذ) ٹیلی ویژن وہ خبر جو تار برقی کے ذریعہ آئی یا گئی ہو۔

ٹیلی ویژن (Television) برقی آلہ یا سٹ جس میں آواز کے ساتھ تصویر بھی آتی ہے

ٹیم (ہ۔ اسم مؤنث) بتی کا گل چراغ کی بتی کا وہ اگلا حصہ جو جل کر سیاہ ہو جائے

ٹیم (Time۔ ا۔ مذ) ٹایم کا بگاڑ ہے وقت۔ ساعت۔

ٹیم (Team۔ ا مو) ہاکی۔ فٹ بال وغیرہ کھیلوں کی جماعت۔

ٹیم ٹام (ہ۔ اسم مؤنث) نمود و نمائش۔ دکھاوا۔

ٹیمی (ہ۔ اسم مؤنث) چنگاری۔ شیخی۔

ٹین (Tin۔ انگ۔ ا) ایک سفید نرم دھات کا نام ہے لوہے کی قلعی کی ہوئی نہایت پتلی چادر۔

ٹیں (ہ۔اسم مؤنث) صوت، طوطے کی آواز کی نقل۔ وہ آواز جو طوطا بولی سے دب کر دفعتہً مرتے وقت مُنہ سے نکالتا ہے۔

ٹیں ٹیں (ہ۔اسم مؤنث) صوت، طوطے کی متواتر آواز۔ بکواس۔ مہمل بات۔

ٹیں ٹیں کرنا (ہ۔محاورہ) طوطے کی طرح بولنا۔ چیں چیں کرنا۔ بڑبڑانا۔

ٹیں ہونا (ہ۔محاورہ) تحقیراً طوطے کی طرح مرنا۔ یکدم مرجانا۔

ٹینٹ (ہ۔اسم مذکر) کریل کا پھل۔ آنکھ کا وہ ابھرا ہوا دانہ جو کریل کے پھل کے برابر ہوتا ہے۔ کپاس کا ڈوڈا۔ روئی کا پھل۔ ڈھینڈا۔

ٹینٹ پکوڑا ہوجانا۔ مُنہ پھُلانا۔ ناراض ہوجانا۔ مُنہ سُوج جانا۔

ٹینٹ (Tent - انگ۔ مذ) شامیانہ۔ تنبو۔

ٹینٹاڑہ۔ مذ) پھلجڑی۔ کریل کا پھل۔ بے سوچے سمجھے بات مُنہ سے نکال دینا۔

ٹینٹوا (ہ۔اسم مذکر) گلا۔ حلق۔ نرخرا نالے۔ کلو۔ گھیٹی۔

ٹینٹوا دبانا (ہ۔محاورہ) گلا گھونٹنا۔ گردن دبانا۔ عاجز کردینا۔ تقاضا کرنا۔

ٹینٹی (ہ۔مو) ایک جنگلی پھل۔

ٹینس (مذ۔انگ Tennis) ایک کھیل جو دو پارٹیوں کے درمیان قد آدم اونچائی پر کھمبوں میں جال لگا کر ربڑ کی گیند اور تانت سے بنے ہوئے بیضاوی بلے سے کھیلا جاتا ہے۔

ٹینک (انگ۔مذ۔Tank) پہیوں کے بغیر چلنے والی ایک قسم کی سطح موٹر کار تالاب۔ حوض۔ لوہے کی بنی ہوئی مؤثر کار جس میں توپیں لگی ہوتی ہیں۔

ٹینکر (انگ۔مذ TANKER) تیل یا مائع وغیرہ لاتے یا لے جاتے والے بحری جہاز۔

ٹینی (ہ۔اسم مذکر) بداصل مرغیوں کی نسل دوغلی مرغیاں (بحالت صفت) پستہ قد۔ بونا۔ ٹھنگنا۔

ٹیو (ہ۔اسم مؤنث) عادت۔ لت۔ علت۔ چسکا۔ دھت۔



ٹینک

ٹیوا (ہ۔اسم مذکر، ہندو) جنم پتری۔ زائچہ۔ عادت۔ چسکا۔ مزا۔

ٹیوب (انگ۔مذ۔Tube) ربڑ کی نلکی۔ ربڑ کی چھوٹی سی نالی۔

ٹیوب ویل (Tube Well) نل کنواں جس سے زمین کے اندر سے پانی نکالتے ہیں۔

ٹیوٹر (انگ۔مذ۔Tutor) اُستاد۔ اتالیق۔

ٹیوشن (انگ۔مو Tuition) گھر پر پڑھائی۔ سکول کی پڑھائی کے علاوہ پڑھائی۔

ٹیوکی (ہ۔اسم مؤنث) (گنوار) چھری کی مٹھوٹی۔

ٹیہلا (ہ۔اسم مذکر) بیاہ کی ہر ایک رسم۔ ریتج۔ تہوار۔ تقریب۔ نیگ انعام شادی۔

ٹیہلا پھیلانا۔ یا۔ پھیرنا (ہ) فعل۔ شادی رچانا۔

ٹی۔وی (انگ۔مذ T.V.) ٹیلی ویژن کا مخفف۔



ث

ث ۔ (ع ۔ اسم مؤنث) فارسی کا پانچواں عربی کا چوتھا اور اردو کا چھٹا حرف ہے اس کو ثائے مثلث کہتے ہیں ۔ ابجد میں اس کے عدد پانچ سو ۵۰۰ ہیں ۔

ث ۔ ا

ثابت (ع ۔ اسم فاعل ۔ مفید صفت) پورا کامل ۔ سارا ۔ درست ۔ قایم مستقل ۔ برقرار ۔ مضبوط ۔ مستحکم ۔ مستند ۔ مصدقہ ۔ گردش نہ کرنے والا ستارہ ۔ تارا ۔

ثابت قدم ۔ عہد پر قایم اور بات پر مضبوط رہنے والا ۔

ثابت قدم کو سب جگہ ٹھاؤں (مثل) درست اور نیک آدمی کو ہر جگہ ٹھکانا مل سکتا ہے ۔

ثابت مہینے ۔ اگہن ۔ پھگن ۔ جیٹھ ۔ بھادوں کہ ان میں اپنے فائدہ کے لئے عمل تعویذ لکھے جاتے ہیں ۔ منقلب مہینے چار ہیں جن میں نقصان دشمن کے لئے دو جنتیں ہیں وہ مہینے جو دونوں طرح کے عمل کرنے کے لئے موزوں ہیں ۔

ثابت نہیں کان بالیوں کا ارمان (مثل) کان نذر و آرائش کا خیال کام کی کی لیاقت نہیں سامان کی شکایت ۔

ثابت قدمی (مو) استقلال ۔

ثابت ہو جانا (اُ ۔ محاورہ) تحقیق ہو جانا ۔ پایہ صداقت کو پہنچ جانا ۔ پورا ہو جانا ۔ ٹوٹی ہوئی چیز کا جڑ جانا ۔

ثاقب (ع ۔ اسم فاعل ۔ مفید صفت) روشن ۔ تاباں ۔ درخشاں ۔ فروزاں چمکدار ۔

ثالث (ع ۔ صفت عددی) تیسرا ۔ تیسرا آدمی ۔ بچولیا ۔ پنچ ۔ ایسیسر ۔

ثالث بالخیر (ع ۔ اسم مذکر) وہ پنچ جو کسی کی رو رعایت نہ کرے ۔

ثالث حضرمی : وہ پنچ جس پر فریقین نے مقدمے کا انحصار کر دیا ہو ۔

ثالثی نامہ (ع ف ۔ اسم مذکر ۔ بہ قلب اضافت) پنچوں کا لکھا ہوا فیصلہ ۔

ثالثی (اُ ۔ اسم مؤنث بیائے مصدری) پنچایت ۔ صلح ۔

ثامن (ع ۔ صفت عددی) آٹھواں ۔ ہشتم ۔

ث ۔ ب

ثانی (ع ۔ صفت عددی) دوسرا ۔ دوم ۔ دوجا (اسم مذکر) نظیر ۔ عدیل ۔ مانند (فاعل مذکر) پلٹنے والا ۔ جنبش دینے والا ۔ حرکت دینے والا ۔

ثانی الحال (ع ترکیب فعل) بعد ازاں ۔ پھر اس کے بعد ۔ من بعد ۔

ثانیہ (ع ۔ اسم مذکر) پل ۔ سیکنڈ ۔ دقیقہ ۔ منٹ کا ساٹھواں حصہ ۔ لحظہ ۔

ثبات (ع ۔ اسم مذکر) قرار ۔ قیام ۔ پائداری ۔ استقلال ۔ مضبوطی ۔ استحکام ۔ وزن ابر کیا کیا گھر کو آیا کھل گیا ∴ بس ثبات بحر دنا کھل گیا ۔

ثبات رائے (ع ۔ اسم مذکر) رائے کی مضبوطی ۔ استقلال رائے ۔ ایک رائے رکھنا ۔

ثبت (ع ۔ اسم مذکر) تحریر ۔ رقم کرنا ۔ نوشت ۔ مہر ۔ نقش ۔ ٹھپہ ۔

ثبت کرنا (اُ ۔ فعل) دستخط کرنا ۔ درج کرنا ۔ لکھنا ۔ مہر کرنا ۔

ثبوت (ع ۔ اسم مذکر) لغت میں اپنی جگہ پر قیام کرنا ۔ استحکام ۔ مضبوطی قیام ۔ دلیل ۔ تحقیق ۔ راستی ۔ ثابت ہو جانا ۔ گواہی سے کسی بات کی تصدیق ہونا ۔

ثبوت استحقاق (مذ) حقدار ہونے کا ثبوت ۔

ثبوت تردیدی (ع ۔ اسم مذکر) وہ ثبوت جو دوسرے کے رد میں ہو ۔

ثبوت ضمنی (ع ۔ اسم مذکر) وہ ثبوت جو ضمن میں ہو جائے ۔ صریح نہ ہو ۔

ثبوت قانونی (ع ۔ اسم مذکر) قانون کے موافق ۔ صداقت کا ثبوت ۔

ثبوت لسانی (مذ) زبانی ثبوت ۔

ثبوت مسل (اُ ۔ مذ) جو مقدمے کے کاغذات سے نکلتا ہے ۔

ث ۔ ر

ثروت (ع۔اسم مؤنث) مال کی کثرت، دولت۔ امیری۔ شان و شوکت۔ اختیار۔ حکومت۔

ثریٰ (ع۔اسم مذکر) لغت میں نمدار مٹی۔ اصطلاح میں زمین کے نیچے کی مٹی کو کہتے ہیں، تحت الثریٰ سے پاتال مراد ہوگی۔

ثریا (ع۔اسم مذکر) پروین۔ جھکا وہ چھ سات ستارے جو باہم متصل واقع ہیں

ثریا جاہ (ع۔اسم صفت) بلند پایہ۔ عالی ہمت۔ عالی رتبہ۔ مغلیہ بادشاہان دہلی کے شہزادوں کے نام ایسے ہوا کرتے تھے جیسے کیوان شکوہ۔ عطارد دمنزلت۔

ث - ع

ثعلب مصری (ع۔اسم مؤنث) ایک پودے کی جڑ جو لومڑی کے خصیوں کے مانند ہوتی ہے۔ طبیب اسے مغلظ و مُبہی لکھتے ہیں۔

ث - ق

ثقات (ع۔ند) معتبر لوگ۔ ثقہ کی جمع۔

ثقالت (ع۔اسم مؤنث) بھاری پن۔ وزنی۔ گرانی۔ بوجھ سختی جو بدہضمی سے ہو۔ لفظ کا ثقیل اور غیر فصیح ہونا۔

ثقل (ع۔اسم مذکر) بوجھ۔ وزن گرانی۔ سختی۔

ثقل سماعت (ند) الفاظ کا غیر فصیح ہونا۔ گراں گوشی۔ بہرا پن۔ کم سننے کی بیماری۔

ثقل (ند) پھوک۔ کھوکھس۔ چبائی ہوئی ہڈیاں وغیرہ۔

ثقل دان (ند) پھوک رکھنے کا برتن جو اکثر کھانا میں دسترخوان پر رکھا جاتا ہے۔

ثقاہت (ع۔مو) ثقہ یعنی قابلِ اعتبار ہونا۔ متانت۔ سنجیدگی۔ متین اور رنجیدہ ہونا۔

ثقلین (ع۔ند) دونوں جہان انسان اور جن۔ زمین آسمان۔

ثقہ (ع۔اسم مذکر) معتبر آدمی۔ وہ شخص جس کے قول و فعل کا اعتبار ہو۔

ثقہ بدمعاش (ع۔ف) وہ شخص جو پرہیزگاروں کی سی صورت بنا کر بدمعاشی کرے۔ انسان صورت شیطان سیرت۔

ثقیل (ع۔اسم صفت مشبہ) بھاری گراں۔ وزنی۔ بوجھل۔ دیر ہضم ناقابلِ ہضم۔

ث - ل

ثلاثی (ع) تین حرفوں کا مجموعہ۔ تین حرفوں کا کلمہ۔

ثلث (ع) عدد کسری۔ اسم مذکر ایک تہائی۔ تیسرا حصہ۔

ث - م

ثم (ع) پھر۔ بعد۔ پیچھے۔

ثم باللہ (قسم کی تاکید۔ سحر

تم باللہ ابھی سب سے کنارا ہو جائے ۔ چھوڑ دیں گھر ترا کوچہ ہمیں پیارا ہو جائے

ثمار (ند) ثمر کی جمع۔ پھل۔

ثمانیہ (ع۔اسم مذکر) عدد۔ آٹھ ہشت ۸۔ 8۔ ستہ ریاضی کا وہ قاعدہ جس میں سات معلوم متناسب عددوں سے آٹھواں نامعلوم عدد دریافت کر لیتے ہیں۔

ثمر (ع۔اسم مذکر) پھل۔ میوہ۔ پیداوار۔ فایدہ۔ نتیجہ۔ نفع۔ بار درخت۔ اولاد۔ مال۔ دولت۔

ثمر امید (اُ صفت) جس چیز کی آرزو ہو۔ جس کی خواہش ہو۔

ثمر بہشت (اُ) آم کی قسم۔

ثمر پانا (اُ محاورہ) پھل ملنا۔ کامیابی حاصل کرنا۔

ثمرہ (ع۔اسم مذکر) بدلہ۔ معاوضہ۔ عوض۔ انجام۔

ثمن (ع۔اسم عدد) عدد کسری۔ آٹھواں حصہ۔ ۱/۸

ثمن (ع۔اسم مذکر) قیمت۔ مول۔ اُجرت۔ طلب نامہ۔ حکم نامہ۔ پُلاؤ۔ عدالتی آخری معنوں میں یہ لفظ غلط العام ہو گیا ہے۔ اصلی لفظ سمن انگریزی ہے جو رواج پڑ گیا سو پڑ گیا۔

ثمین (ع۔صفت) قیمتی۔ ہشت پہلو۔

ث - ن

ثنا (ع۔اسم مؤنث) مدح۔ تعریف۔ توصیف۔ حمد و نعت۔ اُستت۔ جے جے کار۔

ثنا خوان (ف) ثنا گو۔ (ع۔ف۔صفت) تعریف کرنے والا۔ مدّاح

ثنا گر (عف۔اسم مذکر فاعلی۔ سماعی) مداح۔ تعریف کرنے والا۔

اس دُعا پہ تیری کرتا ہے بس آپ ختم سخن
داغ مداح و ثنا خواں و ثنا گر تیرا

ثنیہ (ع۔مو) جوان گائے یا بیل۔ آگے کے دانت۔ گھائی۔

ث - و

ثواب (ع۔اسم مذکر) اچھا بدلہ۔ نیک کام کی جزا۔ عوض۔ بدلہ۔ عذاب کی ضد۔ اردو میں بھلائی اور نیکی کے مضمون میں مستعمل ہے۔

ثواب کمانا (اُ۔ محاورہ) نیکی کمانا۔ نیکی حاصل کرنا۔ بھلائی کا کام کرنا۔

ثواب بخشنا، اپنے نیک کام کا صلہ دوسرے کو ہبہ کرنا۔ فاتحہ درود کا ثواب کسی مردے کو بخشنا۔

ثواب کمانا، نیکی کا کام کرنا۔ بھلائی حاصل کرنا۔ ثواب لوٹنا۔ ثواب کمانا۔

ثواب لینا، ثواب پانا۔ ایک مشہور غار کا نام جس میں آنحضرتؐ مکہ معظمہ سے ہجرت کرنے کے بعد کچھ عرصہ کے لئے مقیم ہوئے تھے۔ ؎

یہ عجیب ماجرا ہے کہ بروز عید قربان
وہی ذبح بھی کرے ہے وہی لے ثواب الٹا

ثواب نہ عذاب کمر ٹوٹی مفت میں (اُ۔ محاورہ) تضیع اوقات اور عمل بے سود کی مثال ہے۔ عبث محنت۔ بے فائدہ کام۔

ثوابت (ع۔ اسم مذکر) ثابت کی جمع۔ غیر متحرک ستارے۔ ایک جگہ قایم رہنے والے ستارے۔

ثوب (ع۔ مذ) لباس۔ پوشاک۔

ثور (ع۔ اسم مذکر) بیل۔ نرگاؤ۔ آسمان کا دوسرا برج جو بیل کی شکل کا ہے۔ برکھ۔

ث - ی

ثیّب (ع۔ صفت) وہ مرد یا عورت جو کنوارا نہ ہو۔

ثیاب۔ (ع۔ اُ۔ مذ) ثوب کی جمع۔ پہننے کے کپڑے۔ لباس۔ پوشاک۔

ثیّبہ (ع۔ اسم مؤنث) بیاہی عورت۔ شادی شدہ عورت۔ زن شوہر دیدہ۔ باکرہ کی ضد۔

ثیوبت (ع۔ (اُ۔ صفت) رنڈاپا۔



ج (ع۔اسم مؤنث) عربی کا پانچواں فارسی کا چھٹا اور اردو کا ساتواں ہندی۔ سنسکرت کا آٹھواں حرف ہے۔ حساب جمل میں اس کے تین عدد فرض کئے گئے ہیں۔

ج - ا

ج (جل جلالہٗ) یا اس کے دوسرے اسماء کے ساتھ لکھتے ہیں جس کا مطلب ہے کہ اس کی شان بلند ہے۔

جا (ف۔اسم مؤنث) جگہ۔ مقام۔ ٹھاؤں۔ ٹھکانا۔ موقع۔ (اردو میں) آکی مذہب۔ بصیغہ امر حل۔ چل دے۔ ہٹ جا۔ چلا جا۔ ؎ انیس
اور کہیئے گا بھی تو ہے آپ کے کہنے کی جا

جا بجا (ف) تابع فعل۔ بیائے اتصال) ہر جگہ۔ جگہ جگہ۔ ہر موقع پر۔ ہر مقام پر۔

جا بیجا (ف۔اسم صفت) موقع بے موقع۔ غلط صحیح۔ بھلا برا۔ مناسب نامناسب

جا بیجا کہنا: برا بھلا کہنا۔

جا ضرور (ف۔اسم مذکر) بیت الخلا۔ پاخانہ۔ ٹٹی۔

جا نشین (ف۔اسم مذکر فاعل بھائی) ولی عہد۔ قایم مقام۔ ٹیکا۔ نائب صفت

جا نماز (ف۔اسم مؤنث) نماز پڑھنے کا فرش۔ مصلّے۔

جا (ف) جانا سے امر، نیز ایک سابقہ جیسے۔

جا اترنا: فروکش ہونا۔ پہنچ جانا۔

جاؤ بھی: بیزاری اور نفرت ظاہر کرنے کا کلمہ۔

جا پڑنا: یکایک جاکر حملہ آور ہونا۔ یکبارگی کہیں پہنچنا۔

جا پہنچنا: جاکر موجود ہونا۔ پہنچ جانا۔ جیسے کہاں سے کہاں جا پہنچے۔

جا پھنسنا: فریب میں آجانا۔ جاکر پھنس جانا۔ اور نہ نکل سکنا۔

جا چکنا: چلے جانا۔ طنزاً کہیں نہیں جائیں گے (بس ہم اسلام آباد جائیں گے۔

جا دھمکنا: پہنچ جانا۔ جا پہنچنا۔

جا رہنا کہیں جاکر ٹھہر جانا۔

جا گرنا: جاکر گر پڑنا۔ خراب لوگوں سے تعلق کرنا۔ جیسے تم بھی کہاں کمینوں میں جا گرے۔

جاب (دانگ، مذ) سامی۔ خدمت۔ متفرق کام جو ادھر اُدھر سے اجرت پر انجام دینے کے لئے ملا ہو۔

جابر (ع۔اسم مذکر۔ فاعل مفید صفت) جبر کرنیوالا۔ ظالم۔ بے انصاف۔ خود سر۔ بااختیار خود مختار۔ سخت حکومت کا بادشاہ۔ نقصان دینے والا۔ ایذا مال کرنے والا۔ ٹوٹی چیز کو جوڑنے والا۔

جا بھڑنا (ف۔محاورہ) جا لڑنا۔ مقابل ہونا۔ سامنا کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ ٹکر لینا۔ روکش ہونا۔ ٹکر کھانا۔ ہم پلہ ہونا۔ روبرو ہونا۔

جا لگنا: ٹھہر جانا۔ پہنچ جانا۔ کسی جگہ پہنچ کر سہارے سے ٹھہر جانا۔ جیسے کشتی کنارے سے جا لگی۔

جا لینا: گرفتار کرنا۔ پیچھے سے بڑھ کر کسی کو جا پکڑنا۔

جا ملنا: جاکر مل جانا۔ سازش کرنا۔

جا نکلنا بے ارادہ پہنچ جانا۔ اتفاقاً کہیں جانا۔ ؎ آتش
پہنچی تیں جا نکلتا ہوں جو یے اس حور جنت کے
حرارہ آتش گل لاتی ہے نار جہنم کا

جاپ (ف۔اسم مذکر) (دگنوار) مویشی کے منہ کا چھینکا۔ ایک قسم کی گھاس۔ جپنا۔ سے حاصل مصدر بھی ہے بمعنی چپ وظیفہ۔ ورد۔ پاٹھ۔ مالا پھیرنا (ہندو دں کا وظیفہ)

جاپا (ف۔اسم مذکر) جننا۔ زچگی۔ زچہ پن۔ زائیدگی۔ زائیدہ۔ جنا ہوا۔ بیٹا۔ بیٹی۔ اولاد۔

جاپان (مذ) چین کے شمال مشرق میں ایک مشہور جزیرہ۔
جات (ہ) ۔اسم مؤنث، جاپا۔ اُولاد۔ بچہ۔ بالک۔ طفل۔ نسل۔ بنس۔ بیل۔ آل۔ نتیجہ۔ پھل۔ ثمر۔ جماعت۔ جتھا۔ گروہ۔ درجہ۔ مرتبہ۔ ذات۔ جنس۔ قسم۔ رقم۔ برن۔ طرز۔ ڈھنگ۔ برادری۔ گوت۔ قوم۔ منت۔ مانتا۔ نذر۔ بھینٹ۔
جات برادری (ہ ز) اسم مؤنث، (ہندو جات پانت۔ قوم۔ خاندان۔ کُنبہ۔ قبیلہ۔ بنس۔ نسل۔ گوت۔
جات پات۔ یا۔ جات پانت (ہ) ۔اسم مؤنث، قوم۔ خاندان۔ نسل۔
جات دینا (ہ) فعل۔ نذر دینا۔ دیوی دیوتا کی بھینٹ چڑھانا۔ مانتا ادا کرنا۔
جات سبھاؤ (ہ) ۔اسم مذکر، قومی اثر۔ قومی عادت۔ خاندانی سیرت۔
جاتا رہنا (ہ) ۔فعل، کھویا جانا۔ گم ہونا۔ غایب ہونا۔ ضایع ہونا۔ بگڑ جانا۔ خراب ہو جانا۔ نکل جانا۔ اسقاط ہونا۔ بالکل دور ہو جانا۔
جاترا (ہ) ۔اسم مؤنث، ہندوؤں کا تیرتھ کو جانا۔ اور اپنے متبرک مقامات کی زیارت کرنا۔ سفر۔ کوچ۔ تیوہار۔ عید۔ زیارت۔ تیرتھ۔ دیوتا کی مورتی کو رتھ میں سواری کے طور پر لے جانا۔
جاتری (ہ) ۔اسم مذکر۔ بمائے فاعلیت، جاترا کو جانیوالا ہندو مسافر زیارت کرنے والا۔ زائر مسافر۔
جاتک (ہ) ۔اسم مذکر، (گنوار) بچہ۔ طفل۔ اُولاد۔ نسل۔ بیٹا۔ بیٹی۔
جانی دُنیا دیکھنا۔ یا۔ دیکھی (ہ) فعل۔ دینا کو فانی یا موت کو سامنے خیال کر کے کسی کام کو ضروری سمجھنا۔ جب کوئی مدت کے بعد ملنے آئے یا متوجہ ہو تو کہتے ہیں۔ جیسے کیا جانی دینا دیکھ لی جو ادھر آ نکلے۔
جاتے جاتے (ہ) جانے کے وقت چلتے چلاتے ؎ دبیر
مجھ کو آواز تو نانا کی سناتے جاتے
اور اک داغ نیا دے گئے جاتے جاتے
جاٹ (ہ) ۔اسم مذکر، ایک زراعت پیشہ قوم کا نام ہے اُجڑ اور اکھڑ آدمی۔
جاٹ کی بیٹی برہمن کے گھر آئی : ادنیٰ ہو کر بڑی عزت پانا۔
جاٹ مراتب جانیے جب تیرھویں ہو جائے بدذات خود شخص گو معدوم ہو جائے پھر بھی اُس کی شرارت کا اندیشہ رہتا ہے۔
جاٹھ (ہ) ۔مذ، کولھو یا گنا پیلنے کی مشین کا دھرا۔
جاجث (ہ) ۔مو، جیم کی تختی جو بچوں کو پڑھائی لکھائی جاتی ہے۔ ج جاجیب جت۔
جاجوتنی (ہ) ۔مو، ایک راگنی۔
جاجم (ت) ۔اسم مؤنث، چھپا ہوا فرش۔ بیل بوٹے دار بنا ہوا فرش کا کپڑا۔ اسے جازم بھی بولتے ہیں۔
جاچک (ہ) ۔اسم مذکر۔ فاعل، امتحان لینے والا۔ ممتحن۔ جانچ کرنے والا۔ جچیا۔ منگتا۔ مانگنے والا کمی کمین جیسے نائی۔ دھوبی۔ بھاٹ وغیرہ۔ بکتری۔ بجانے والا۔ سازندہ۔ ڈوم۔
جاچکی (ہ) ۔اسم مذکر۔ فاعل، جھانجھ بجانے والا۔ وہ لوگ جو بوڑھے کی میت یا برات وغیرہ میں طبلہ سارنگی لے کر گاتے بجاتے چلتے ہیں۔
جادلی کے اور وہی ہتھا وہی کھوڑ (ہ) ۔مثل، خواہ کہیں چلے جاؤ قسمت اور جسم تو وہی رہے گا۔ جو ہے۔

جادُو (ہ) ۔اسم مذکر، ٹونا۔ سحر۔ افسوں۔ منتر۔ طلسم۔
جادُو برحق کرنے والا کافر (ز) ۔مثل، جادو کا اثر ضرور ہے مگر کرنے والا بے ایمان اور کافر ہوتا ہے۔
جادُو اُترنا : جادو کا اثر دور ہونا۔ بہکانے کا اثر زائل ہونا۔
جادو اُلٹ جانا، جادو کا یا تدبیر کا مخالف اثر ہونا۔
جادُو بیان (بغیر اضافہ) جس کا بیان دل پر بہت اثر کرے۔
جادُو جگانا (ہ) ۔محاورہ، جادو کے اثر کو آزما کر دیکھنا۔ کرنے سے پہلے جادو کی آزمایش کر لینا۔
جادُو چلانا } (ہ) ۔محاورہ، سحر کرنا۔ افسون پڑھنا۔
جادُو ڈالنا } ٹوٹکا کرنا۔
جادُو چلنا (ہ) ۔فعل، ٹونے کا موثر ہونا۔ سحر کا کارگر ہونا۔
جادُو کا پُتلا (ہ) ۔اسم مذکر، آٹے سے بنی ہوئی انسان یا حیوان کی وہ مورت جس پر جادوگر جادو کا عمل کرتے ہیں۔ جادوگر۔ دل عاشق کو نگاہ سے مسخر کرنے والا۔ معشوق۔
جادُوگر (ف) ۔اسم مذکر فاعل، ساحر کاریگر۔ سیانا۔ جادو کرنے والا۔
جادُوگرنی (ز) ۔اسم مؤنث، جادوگر کی مؤنث۔ جادو کرنے والی عورت۔ ساحرہ۔
جادُوگری (ف) ۔اسم مؤنث بمائے مصدری، ساحری۔ سحر کاری۔
جادُو وہ جو سر چڑھ کے بولے (ز) ۔مثل، تدبیر وہی جو کارگر ہو جائے۔ تحقیقات وہی جس میں مجرم خود اپنی زبان سے اقبال جرم کرے۔
جادُو بنسی (ہ) ۔اسم مذکر، راجپوتوں کی ایک قوم کا نام ہے جو چندر بنسی کی ایک شاخ ہے۔ سری کرشن جی اسی شاخ میں سے تھے۔
جادہ (ع) ۔اسم مذکر، بیٹا۔ لیک۔ لکیر۔ وہ پتلا رستہ جو لوگوں کی آمد و رفت سے جنگل میں پڑھ جاتا ہے ڈگری۔ ڈگریا۔ ڈگر۔
جادھمکنا (ہ) ۔فعل، جا پہنچنا۔ خود پہنچ جانا۔ موجود ہونا۔ زبردستی جا پہنچنا۔
جاذب (ع) ۔اسم فاعل مذکر، جذب چوسنے والا۔ کھینچ لینے والا۔ سوکھنے والا۔ سیاہی چٹ۔ بلاٹنگ پیپر کا غذ سوختہ۔
جاذبہ (ع) ۔اسم فاعل مؤنث، اعضائے بدنی کی وہ قوت جو اپنے مناسب و موافق مادے کو کھینچتی رہتی ہے چوسنے والی۔ سوکھنے والی۔ کھینچنے والی۔
جار (ع) ۔اسم مذکر، فاعل از جوار، ہمسایہ۔ پڑوسی۔ جر دینے والا۔ زیر یا کسرہ دینے والا۔ کھینچ کر لا ملانے والا۔
جار (ہ) ۔اسم مذکر، آشنا۔ یار۔ عاشق۔
جارجٹ (انگ۔ مو۔ Jarjat) ایک قسم کا باریک ریشمی کپڑا جس کے ڈوپٹے بنائے جاتے ہیں۔
جارنی (ہ) ۔اسم مؤنث، آشنا عورت۔ زانیہ۔ یارانہ والی عورت۔ حرامکارہ۔
جاروب (ف) ۔اسم مؤنث، آلہ اسم و امر کی ترکیب سے جھاڑو۔ سوہنی بہاری۔
جاروب کش (ف) ۔اسم مذکر۔ فاعل، جھاڑو دینے والا۔ خاکروب۔
جاری (ع) ۔اسم فاعل بمعنی صفت، رواں۔ بہتا ہوا پانی۔ چلنے والا۔ نافذ۔ پانی چلتا ہوا۔
جاری (ہ) ۔اسم مؤنث، حرامکاری۔ فسق و فجور۔ جوا۔
جاری ہونا، روان ہونا۔ بہنا۔ مسلسل بریان پر آنا۔ نافذ ہونا۔ ڈگری پر عمل درآمد کی کارروائی ہونا۔ جیسے دو دفعہ ڈگری جاری ہوئی مگر روپیہ وصول نہیں

ہوسکا۔ جیسے اب تو روز نئے حکم جاری ہوتے ہیں۔ ے داغ
جب تک زبان ہے منہ میں جاری ہو نام تیرا

جاریہ (ع۔اسم مؤنث) لونڈی۔ باندی۔ کنیز۔ خادمہ۔ گھر کے کاروبار میں پھرنے والی عورت۔ نیز مسلسل و صدقہ جاریہ)

جاڑ (ہ۔اسم مؤنث) ڈاڑھ (اسم مذکر۔ گنوار) کچی کنوئیوں کے بیچ میں درختوں کی ٹہنیوں کا چکٹ جو پانی کی جھال سے کنوئیں کی دیواروں کو بچاتا ہے۔

جاڑا (ہ۔اسم مذکر) سردی۔ سردی کا موسم۔ زمستان۔ شتا۔ سردی۔ ٹھنکی۔

جاڑا بھیڑا بُری بلا ہے (ہ۔مثل) سردی بڑی آفت ہے۔

جاڑا پڑنا (ہ۔فعل) ٹھنکی۔ سردی ہونا۔ سردی کا زور ہونا۔ سردی کا چمکنا۔

جاڑا چڑھنا (ہ۔محاورہ) سردی لگنا۔ تپ لرزہ کا اثر ہونا۔ کپکپی ہونا۔

جاڑا کھانا: سردی کھانا۔ سردی کا اثر کر جانا۔

جاڑا لگنا: سردی محسوس ہونا۔

جاڑے: (مذ) جاڑوں کی فصل۔

جاڑے کا تپ چڑھنا: تپ لرزہ۔ ڈر سے کانپنا۔ جوڑی آنا۔

جاڑے کی چاندنی: بے لطف بہار۔

جاسوس (ع۔اسم مذکر، فاعل) مخبر۔ بھیدی۔ دوت۔ گوینده۔ شہر خبرا۔ ایک ملک کی خبریں دوسرے ملک میں لے جانے والا۔ خفیہ نویس۔

جاسوسی (ا۔اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) مخبری۔ خفیہ نویسی۔

جاسوسی لینا: سن گن لینا۔

جاکٹ

جاکٹ (ہ۔اسم مؤنث) کمری۔ واسکٹ۔ نیم آستین کرتی۔

جاکڑ (ہ۔اسم مذکر) بندھک۔ دھروڑ۔ پسند تا پسند کے اقرار پر کسی چیز کا خریدنا۔

جاکڑ بہی (ہ۔اسم مؤنث) وہ بہی جس میں شرطی بیری کی یادداشت لکھی جائے زود کڑ کی ضد۔

جاگن (ہ۔مو) لکڑی جس پر کنوئیں اینٹوں کی بنیاد رکھتے ہیں

جاگی ہنڈی والی مُنڈی (ہ) جو دیتا ہے اس کی اطاعت کی جاتی ہے جس کا کھائیں گے اسی کا گائیں گے۔

جاگ (ہ۔اسم مؤنث) حاصلمصدر جاگنا سے۔ بیداری بے خوابی۔ ہوشیاری۔ جیسے جاگ ہو جانے پر چور بھاگ گئے۔ رت جگا۔ شب بیداری۔ ہنون۔ یگ۔ رات کی پوجا۔ جامون۔

جاگ اُٹھنا۔ یا جاگ پڑنا (ہ۔فعل) بیدار ہو جانا۔ چونک اُٹھنا۔ سوتے سے اُٹھ بیٹھنا۔ ہوشیار ہو جانا۔

جاگتی جوت (ہ۔اسم مؤنث) ظاہر کرامات صاف اور نمایاں معجزہ۔

جاگتے کی لکیا اور سوتے کا کنٹرا (ہ۔مثل) ہوشیار شخص۔ فایدہ اُٹھاتا ہے اور غافل نقصان۔

جاگتے رہنا: نہ سونا۔ بیدار رہنا۔ جیسے چوکیدار کی آواز جاگتے رہو۔

جاگرن (ہ۔اسم مؤنث) شب بیداری۔ رت جگا۔

جاگنا (ہ۔فعل) بیدار ہونا۔ نیند سے اُٹھنا۔ ہوشیار ہونا۔ چوکنا ہونا۔ متنبہ ہونا۔

جاگے گا سو پائے گا سوئے گا سو کھوئیگا (ہ۔مثل) ہوشیاری سے کامیابی اور غفلت سے نقصان ہوگا۔

جاگہ (ہ۔مو) جگہ (اردو میں متروک ہے)

جاگی (ہ۔مو) بندوق کا فتیلہ

جاگیر (ہ۔اسم صفت) جاگنے والا۔ شب بیدار۔ ہوشیار۔ چوکنا۔

جاگیر (دکر۔اسم مؤنث) (اصل میں جائے گیر تھا) وہ قطعہ زمین جو سرکار کی طرف سے انعام ملے۔ پرگنہ۔ معافی۔ تعلقہ۔ زمینداری۔

جاگیردار (ف۔اسم مذکر۔ فاعل سماعی) مالک جاگیر۔ تعلقہ دار۔ زمیندار۔

جال (ہ۔ف۔اسم مذکر) پھندا۔ دام۔ فریب مکر۔ دھوکا۔ جادو۔ طلسم۔ پرتلہ۔ پھکا۔ کھڑکی۔ دریچہ۔ سوراخدار۔ جالی دار۔ سلسلہ دار۔

جال پھیلانا (ا۔محاورہ) دام گستردن کا ترجمہ۔ مکر و فریب کا ڈھنگ ڈالنا۔

جال بچھانا } دھوکا کرنا۔

جال لگانا } فریب بازی۔

جال

جال ڈالنا (ا۔محاورہ) دریا میں جال پھینکنا۔

جال پھینکنا } فریب کرنا۔

جال کرچ (ہ۔اسم مؤنث) پیٹی اور تلوار معہ پرتلہ۔

جال تاننا: کسی کو پھنسانے کے لئے فریب کرنا۔

جالا

جال دار: پھندے دار۔ جالی کا۔ حلقے دار۔

جال مارنا جال کے ذریعے کوئی چرند پکڑنا۔ فریب دینا۔ فریب میں لانا۔

جال میں شکار پڑنا: دقت ڈالنا۔

جالیا (ا۔ف) جال باز۔ فریبی۔

جال میں پھنسانا (ا۔محاورہ) کسی شکار کو دام میں یا انسان کو فریب میں لانا۔

جالا (ہ۔اسم مذکر) وہ سفید اور کاغذ سی جھلی جو مکڑی اپنے منہ کے لعاب سے انڈوں کے اوپر لگا دیتی ہے۔ یا وہ چند تار جو عنکبوت تنتی ہے۔ آنکھ میں پیدا شدہ سفید جھلی۔ پھولا۔ بھوسہ باندھنے اور لے جانے کا سن کا بنا ہوا خانہ دار یا ردان۔ جالی۔ جس میں گھسیارے گھاس باندھتے ہیں۔

جالی (ہ۔اسم مؤنث) خانہ دار کپڑا۔ یا کوئی اور چیز۔ چھیدہ دار چیز۔ مشبک چیز۔ حلقہ دار۔ شے۔ کشیدہ۔ کڑھا ہوا کپڑا۔ جس میں بہت سے خانے ہوں۔ بان یا سن کا وہ کپڑا جس میں گھسیارے گھاس باندھتے ہیں۔ آم کی کیری کا وہ پردہ جو گٹھلی پڑنے سے پہلے پیدا ہو کر پھر اسی کی گٹھلی بن جاتی ہے۔ حیوانات کے اُوجھ کے اُوپر کی چربی دار جھلی یا پردہ جس میں بچہ لپٹا ہوا ہوتا ہے۔ جال نقاب۔ بنا ہوا پردہ جو بالوں یا منہ پر ڈال لیتے ہیں چھینکا جو مویشیوں کے منہ پر لگا دیتے ہیں (عوام صنعت) فریبی دغا باز۔ اصل کے خلاف مصنوعی۔ بعلی۔

جالی

جالی کاڑھنا۔ یا نکالنا (ہ۔فعل) کشیدہ نکالنا۔ جالی کا کام کرنا۔ کپڑے یا بابر ٹیٹ پر کچھ دستکاری کرنا۔

جالی لوٹ۔ یا۔ لوٹ جالی (ہ۔اسم مؤنث) ایک باریک جالی دار انگریزی کپڑا

جالیا (دکر۔اسم مذکر۔ فاعل سماعی) جعل ساز۔ فریبی۔ مکار۔

جالینا (ہ۔فعل) پکڑ لینا۔ قابو کر لینا۔ جا پکڑنا۔ تھام لینا۔

جالینوس (یونان کے ایک حکیم کا نام۔ ماہر طبابت۔

جام دف - اسم مذکر، پیالہ۔ کٹورا۔ قدح۔ ساغر۔ گلاس۔ شراب پینے کا برتن۔ علاقہ خراسان کے ایک شہر کا نام ہے۔ جہاں کے ملا عبدالرحمٰن صاحب جامی مشہور ہیں۔

جام

جام پیما (بغیر اضافہ) شراب خور۔
جام پیمائی: صفت۔
جام جم۔ یا۔ جام جمشید دف - اسم مذکر، جمشید کا پیالہ۔ جو فارس کے حکیموں نے بنایا تھا۔ اس کے ذریعہ سے ہفت آسمان کا حال اور ان کے ذریعے ہر سوال کا جواب اور انجام حسب ہدایات نجوم معلوم ہو جایا کرتا تھا۔ اسی کو جام جہاں نما بھی کہتے ہیں۔ ایک تاریخ کی اور ایک حساب کی مشہور کتاب کا نام بھی ہے۔
جام جہاں نما دف - اسم مذکر، وہی جام جم۔ روشنی کا وہ مینار جس کی روشنی میں جہاز سمندر میں راستہ معلوم کرتے ہیں۔
جام چڑھانا (اُر۔ محاورہ) قدح نوشی کرنا۔ شراب کا پیالہ پینا۔
جام چلنا: شراب کا دور چلنا۔
جام صحت پینا (اُر۔ محاورہ) کسی بڑے آدمی کی تندرستی کا گلاس پینا۔ انگلستان کا دستور ہے کہ اپنے دوستوں یا حاکموں وغیرہ کی صحت و کامیابی کے لئے خاص یا عام جلسوں میں جام شراب پیتے ہیں اور اسے جام صحت کہتے ہیں۔
جام دہ - اسم مذکر، پہر دن رات کا آٹھواں حصہ۔ تین گھنٹہ کا عرصہ۔ تخم۔ بیج۔ نطفہ اولاد۔ نسل۔ پوت۔ فرزند۔ بیٹا۔ ابن جیسے لونڈی کا جام۔
جامد دع - اسم صفت، جما ہوا۔ پتھر۔ اصطلاح صرف میں وہ لفظ جو کسی لفظ سے نہ بنا ہو اور نہ اس سے اور کوئی لفظ بنا ہو۔
جامدانی (اُر۔ اسم مؤنث) اصل لفظ جامہ دانی تھا۔ کپڑوں کی پیٹی۔ چمڑے کا صندوق جس میں پہننے کے کپڑے رکھتے ہیں۔ ایک قسم کے کڑھے ہوئے پھولدار کپڑے کا نام۔
جامع دع - اسم فاعل مفید صفت، جمع کرنے والا۔ شامل۔ حاوی۔ تمام۔ کل سب۔
جامع مسجد دع - اسم مذکر، جمعہ مسجد۔ وہ مسجد جس میں بہت سے لوگ جمع ہوں۔
جامعیت (مو) کسی چیز کا جامع و مکمل ہونا۔
جامن (دہ - اسم مؤنث) ایک اودے رنگ کے ترش پھل اور اس کا درخت۔ وہ چیز جسے دودھ میں ڈال کر دہی جماتے ہیں۔
جاموس دع۔ مذ، بھینسا۔
جاموں: دہی جمانے کی چھاچھ یا دہی۔
جامہ دف - اسم مذکر، کپڑا۔ لباس۔ پوشاک۔ پشواز۔ پیراہن۔ ایک قسم کا گھیردار چوغہ نما لباس جو درباری اور امرا پہنا کرتے ہیں۔
جامۂ احرام (دمذ) وہ لباس جس کو حاجی لوگ حج میں مقررہ مقام پر پہنچ کر پہن لیتے ہیں۔
جامہ پہن لینا: کسی کا مداح ہونا۔ کسی کی ہمہ تن طرفداری کرنا۔
جامہ دان: (دمذ) چمڑے کا صوٹ کیس۔
جامہ زیب دف - اسم صفت بہ ترکیب فاعلی، وہ آدمی جس پر ہر لباس پھب جائے۔ اور بھلا معلوم ہو۔
جامہ سے باہر ہو جانا (اُر۔ محاورہ) خودی میں نہ رہنا۔ آپے سے باہر ہو جانا۔
جامہ میں پھولا نہ سمانا (اُر۔ محاورہ) نہایت خوش ہونا۔ خوشی کے مارے آپے میں نہ رہنا۔
جامے سے نکلا پڑنا: نہایت اترانا۔
جامے سے نکل جانا: جامے سے باہر ہونا۔ اپنے آپ میں نہ رہنا۔
جامہ قطع کرنا: کسی صفت یا عیب میں کامل کرنا۔
جامے میں ہونا: اپنے حواس میں رہنا۔
جامہ دار دف - اسم مؤنث، ایک قسم کی پھولدار چھینٹ یا اوڑنی پھولدار چادر۔
جان دہ - اسم مؤنث، جاننا سے حاصلمصدر واقفیت۔ آگاہی۔ علمیت۔
جان بوجھ کر دہ - تابع فعل، عمداً۔ دیدہ دانستہ۔ ارادۃً۔ قصداً۔
جان پہچان دہ - اسم مؤنث۔ حاصلمصدر، واقفیت۔ آشنائی۔ ملاقات (بحالت صفت)، واقف کار۔ ملاقاتی۔ اس صورت بترکیب مفعولی ہے یعنی جانا پہچانا ہوا۔
جان کر انجان بننا: تجاہل عارفانہ کرنا۔
جان نہ پہچان بڑی خالہ سلام } دور۔ مثل۔ ذرا سی آشنائی پر نہایت گہرا
جان نہ پہچان میں تیرا مہمان } تعلق جتانے اور خواہ مخواہ اظہار بیباک کے توقع پر بولا کرتے ہیں۔
جان ہار دہ - اسم فاعل مفید صفت مذکر، مرنے جوگا۔ جانے والا۔ جینے کی باتیں نہ کرنے والا۔ قابل مرگ۔ چلن ہار۔
جان دہ - اسم مؤنث، روح۔ جی۔ پران۔ دم۔ حیات۔ زندگی۔ آتما۔ بل۔ زور۔ طاقت۔ شکتی۔ ست۔ ہمت۔ عطر۔ لب لباب۔ انس۔ آرائش۔ زیبائش جیسے کھٹائی آلو کی جان ہے تعظیم اور پیار کا کلمہ جیسے ابا جان۔ معشوق جانی۔ من موہن۔ نور نظر۔ لخت جگر۔ آنکھ کا تارا۔
جانانہ: معشوق۔ محبوب۔ پیارا۔
جان آنا دہ - فعل، طاقت آنا۔ توانائی آنا۔ پنپنا۔ تازگی آنا۔ رونق حاصل ہونا۔ خوشی حاصل ہونا۔ جیسے تمہیں دیکھ کر جان آگئی۔
جان اٹکنا: دم نکلتے نکلتے کہیں رک جانا۔
جان اڑی رہنا: بدحواسی اور اضطراب ہونا۔ بہت پریشان ہونا۔
جان الجھنا: جان کا مصیبت میں پڑنا۔
جان باز دف - اسم فاعل مذکر، جان قربان کرنے والا۔ سپاہی۔ دلیر بے باک جفاکش محنتی۔ اولوالعزم۔
جان بازی دف - اسم مؤنث بیائے مصدری، دلیری۔ جفاکشی۔ اولوالعزمی۔ محنت۔ بے باکی۔ جان جوکھوں۔
جان بازی کرنا: جان پر کھیلنا۔ دلیری کرنا۔ جرات کرنا۔ جان جوکھوں میں ڈالنا۔
جان بچانا: کسی کو موت یا مصیبت سے بچانا۔
جان بچی لاکھوں پائے (دور۔ محاورہ) زندہ رہنا ہی بڑی دولت اور نعمت ہے۔
جان بحق ہونا: مرجانا۔
جان بخشی دف - اسم مؤنث بیائے مصدری، معافی۔ عفو۔ آمرزش۔ رہائی۔ نجات۔ خلاصی۔ مکتی۔ درگزر۔
جان بر ہونا (دور۔ فعل) جان سلامت لے جانا۔ جیتا بچ جانا۔

جان بری (مو) سلامتی۔ پیچھا چھوٹنا۔
جان بلب دت۔ اسم صفت بہ ترکیب حرف جار، نزع کی حالت میں۔ جان کنی میں۔ قریب مرگ۔
جان بیچنا: کسی اُمید پر وہ کام کرنا جس میں جان کا خطرہ ہو۔
جانا پانا: تروتازہ ہونا، پہننا۔ رونق پانا۔ قوت پانا۔ حوصلہ ہونا۔
جان پر آسمان ٹوٹنا: سخت آفت میں پھنسنا۔ اچانک مصیبت میں آجانا۔
جان بے کل ہونا (از۔ محاورہ) دل بے چین ہونا۔ مضطرب ہونا۔ پریشان ہونا۔
جان پر بننا (از۔ محاورہ) جان پر مصیبت آجانا۔ سخت تکلیف ہونا۔ جان ہلاکت میں آنا۔ مصیبت وارد ہونا۔
جان پر کھیلنا (از۔ محاورہ) جان کو جوکھوں میں ڈالنا۔ اپنے آپ کو ہلاکت کے موقع میں لے جانا۔
جان پر نوبت آنا: جان خطرے میں ہونا۔ شدید آفت میں پھنسنا۔
جان پڑنا دو، فعل۔ کسی میں روح پڑنا۔ خوش ہونا، مسرور ہونا۔ تروتازہ ہونا۔
جان توڑ کرنا (دُور۔ تابع فعل) نہایت محنت سے۔ بڑی مشقت سے۔ ہمہ تن مصروف ہوکر۔
جان جاں (یہ اضافی) بہت پیارا معشوق۔
جان جانا، عاشق ہونا۔ مرجانا۔ واقف ہوجانا۔ گھبرائے جانا۔ بیحد مضطرب۔
جان جوکھوں (دُور۔ اسم مؤنث) خطرہ۔ ہلاکت۔ مہلکہ۔ اندیشہ۔ خوف۔ ڈر۔
جان چرانا (از۔ محاورہ) کسی کام سے پہلو تہی کرنا۔ جی چھپانا۔ گریز کرنا۔
جان چھڑکنا (مو) جان دینا۔ فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔
جان چھڑانا (دُور۔ فعل) جان بچانا۔ نجات پانا۔ کسی کو مار ڈالنا۔ قتل کردینا۔
جان چھوڑنا، پیچھا چھوڑنا۔ جان چھوٹنا۔ نجات ملنا۔
جان دار دت۔ اسم فاعل۔ سماعی صفت) حیوان۔ ذی روح۔ طاقتور۔ زور آور مضبوط۔ ہٹا کٹا۔ قوی۔ چالاک۔ پھرتیلا۔
جان دریغ کرنا: جان پیاری کرنا۔
جان دو بھر ہونا (از۔ محاورہ)۔ جان بھاری ہونا۔ زندگی سے بیزار ہونا۔
جان دینا (از۔ محاورہ) مرنا۔ جان تسلیم کرنا۔ جان سونپنا۔ جان قربان کرنا۔ جان نثار کرنا۔ نہایت بخل کرنا۔ از حد مسک ہونا۔ زندگی بخشنا۔ جلانا۔
جان ستاں: جان لینے والا۔ جانسوز۔
جان سن ہوگئی: سہم جانا۔
جان سولی پر ہونا: جان خطرے میں رہنا۔ بہت مصیبت میں پھنسا ہونا۔ کسی بات کا دھڑکا ہونا۔
جان سے بیزار ہونا: جان سے تنگ ہونا۔ موت کا خواہاں ہونا۔ زندگی سے بیزار ہونا۔
جان سوکھنا۔ محاورہ) دم خشک ہونا۔ غم و اندیشہ میں غرق ہونا۔ خوف سے بے حس و حرکت ہونا۔ دم نکلنا۔ مرنا۔ دل کڑھنا۔ ناگوار گزرنا۔
جان فدا کرنا: نہایت بخل کرنا۔ جلانا۔ خودکشی کرنا۔ جلانا۔ حد سے زیادہ چاہنا۔ پیار کرنا۔
جان سے دور (دُور۔ محاورہ) کسی مرے ہوئے آدمی کا اپنے زندہ عزیزوں سے تشبیہ ذکر کرتے وقت یہ کلمہ بولا کرتے ہیں۔
جان سے گزرنا۔ یا۔ جانا۔ یا۔ گزر جانا (دُور۔ مرنا۔ فنا ہونا۔ پران چھوڑنا۔ فوت ہونا۔ جی دینا۔
جان سے مارنا (دُور۔ فعل) مار ڈالنا۔ قتل کردینا۔ ہلاک کردینا۔
جان سے نکلنے لگنا (دُور۔ فعل) سخت تکلیف گزرنا۔ روح کو صدمہ گزرنا۔ جان پر صدمہ پہنچنے لگنا۔
جان سے ہاتھ دھو بیٹھنا (از۔ محاورہ) زندگی سے نا اُمید ہوجانا۔ زیست سے مایوس ہونا۔ مرنے پر تیار ہوجانا۔
جان تصدق کرنا: دوسرے کو بچانے کے لئے اپنی جان پر کھیل جان۔ جان نثار کرنا۔
جان عشق ہونا: کسی پر فریفتہ ہونا۔
جان فزا: خوشی بڑھانے والا۔
جان فشانی کرنا (از۔ محاورہ) جان چھڑکنا۔ جان نثاری کرنا۔ محنت و مشقت کرنا۔ پلنا۔ از حد کوشش کرنا۔ زور مارنا۔ جان توڑ کر کام کرنا۔
جان کا بیری۔ یا۔ لاگو۔ یا۔ لیوا (دُور۔ اسم صفت) دشمن جان۔ جانی دشمن۔ ملک الموت۔ قابض ارواح۔ عدو حاسد بدخواہ۔
جان کا ٹکڑا (دُور۔ اسم مذکر) جگر پارہ۔ لخت جگر۔ آرام دل۔ معشوق۔
جان کا جنجال (دُور۔ اسم مذکر) بار خاطر۔ دو بھر۔ بکھیڑا۔ وبال جان۔
جان کا روگ۔ یا **عذاب** (دُور۔ اسم صفت) زندگی کو بدمزہ کرنے والا۔ عیش و آرام میں مخل ہونے والا۔
جان کا عذاب دند، جان کا جنجال۔
جان کا کھٹکا: ہلاکت کا اندیشہ۔
جان کا کیا بھروسہ: زندگی کا کیا اعتبار۔
جان کاہ دت۔ اسم فاعل صفت) جان گداز۔ جان گھلانے والا۔ جان گھٹانے والا۔
جان کاہی: (صفت۔ مو)
جان کا لاگو ہونا: کسی کے پیچھے پڑنا۔ قتل کے درپے ہونا۔
جان کا لیوا: جان کا دشمن۔
جان کام آنا: کسی خدمت میں جان جانا۔
جان کندنی۔ یا۔ **جان کنی** دت۔ اسم مؤنث۔ بائے مصدری) نزع کی حالت۔ موت کے وقت سانس کا اکھڑ جانا۔ دم توڑنے کی۔ عذاب۔ عقوبت۔ تکلیف۔ دکھ۔
جان کو آجانا: بہت غصہ ہونا۔
جان کو جان نہ سمجھنا (از۔ محاورہ) جان کا خیال نہ کرنا۔ جان کو عزیز نہ جاننا۔
جان کو رونا دو، فعل۔ بددعا دینا۔ کسی سے تکلیف اُٹھا کر اسے کوسنا۔ صبر کر بیٹھنا۔
جان کو کلپانا: دیکھو جان کو رونا۔
جان کھانا۔ یا۔ **جان کو کھانا** (از۔ محاورہ) تنگ کرنا۔ ستانا۔ دق کرنا۔ تکلیف دینا۔ بہت سی باتیں کرنا۔ بیزار کرنا۔
جان کھپانا: فکر کرنا۔ بہت مشقت اُٹھانا۔
جان کھونا (دُور۔ فعل) ہلاک ہونا۔ مرنا۔ جان دینا۔
جان کی امان (دُور۔ اسم مؤنث) معافی۔ عفو۔ تقصیر۔ نجات۔ رہائی۔ جان بخشی۔

جان کے برابر رکھنا (اُ۔ محاورہ) جان کی سی قدر کرنا۔ جان سے الگ نہ کرنا۔
جان کی پڑی ہے: جان کے لالے پڑے ہیں جان جانے کی فکر ہے۔
جان کے لالے پڑنا (اُ۔ محاورہ) زیست سے نا اُمید ہونا۔ زندگی کی تمنا نہ ہونی۔ زندگی کی آرزو نہ کرنی۔
جان کے پیچھے پڑنا: جان لیوا ہونا۔ بُری طرح دُشمن ہونا۔ جان کے پیچھے عذاب لگانا۔ جھگڑا۔
جان کی جان گئی اور ایمان کا ایمان گیا (دُ۔ مثل) نہ دین کے رہے نہ دُنیا کے۔ ہر طرح کا نقصان ہو گیا۔
جان گداز: جان لینے والا۔ جان گھلانے والا۔
جان گداز آواز: وہ آواز جس میں درد بھرا ہو۔
جان گدازی: (صفت۔ مو)
جان گنوانا: جان گھلانا۔ فکر و تردد کرنا۔
جان گھلنا: فکر و تردد سے جان کا مضمل ہونا۔ جان کو فت میں ہونا۔
جان گنوانا: جان کھونا۔
جان لبوں پر آنا: بہت دق ہونا۔ قریب مرگ ہونا۔
جان لڑانا: دل سے کوشش کرنا۔ جان دینے پر مستعد ہونا۔
جان لہرانا: طبیعت کا مائل ہونا۔ طبیعت میں خوشی آنا۔
جان لیوا: جان کا خواہاں۔
جان لینا (دُ۔ فعل) ہلاک کرنا۔ قتل کرنا۔ مارنا۔ عاجز کرنا۔ تنگ کرنا۔ دق کرنا۔ ستانا۔ جیسے تم نے تو ہماری جان ہی لے لی۔
جان مار کر کام کرنا (اُ۔ محاورہ) نہایت محنت اور کوشش سے کام کرنا۔ بڑی مشقت سے کسی کام کو کرنا۔ دل لگا کر بڑی محنت سے کام کرنا۔
جان مارنا (اُ۔ محاورہ) محنت کرنی۔ کوشش و جانفشانی کرنی۔ از حد مشقت اُٹھانا۔ عاجز کرنا۔ ستانا۔ تنگ کرنا۔ دق کرنا۔ پران لینا۔
جان من (ف) لغوی معنی میری جان۔ مجازاً معشوق۔ محبوب۔ چاہتی بیوی یا فرزند کے لئے بولا جاتا ہے۔
جان میں جان آنا (اُ۔ محاورہ) تسلی پانا۔ اطمینان حاصل ہونا۔ خوشی ہونا۔ خوف سے بچنا۔ تسکین حاصل ہونا۔ تقویت پانا۔
جان نثار (ف۔ اسم صفت مشبہ بترکیب فاعلی) جان فدا کرنے والا۔ جان قربان کرنے والا۔ جان باز۔ وہ مردہ جو بڑی سختی سے جان دے۔
جان نثاری (ف۔ اسم مؤنث بیائے مصدری) جان بازی۔ جانفشانی۔ محنت کشی۔ خیر خواہی۔ جفاکشی۔ تندہی۔
جان نکلنا (اُ۔ محاورہ) مرنا۔ دم نکلنا۔ پران دینا۔ فوت ہونا۔ وفات پانا۔ کسی پر عاشق ہونا۔ شیدا ہونا۔ سخت تکلیف اُٹھانا۔ جفاکشی کرنا۔ مصیبت سہنا۔
جان نواز: جان کی نوازش کرنے والا معشوق۔ نیز جان کا پیدا کرنے والا اللہ تعالیٰ۔
جان ہار: جان پر کھیلنے والا۔ جس کی باتوں سے یہ ظاہر ہو کر یہ جینے کا نہیں۔
جان و مال کو رونا (اُ۔ محاورہ) کسی کی جان اور مال پر ملال کر نذر رنج کرنا۔
جان ہلاک کرنا (دُ۔ محاورہ) بہت زیادہ فکر ہونا۔ زیادہ محنت مشقت کرنا۔
جان ہکان کرنا (اُ۔ محاورہ) ستانا۔ دق کرنا۔ تکلیف دینا۔ دُکھ دینا۔ ہلاک کرنا۔ اپنی جان کو یا دوسرے کی جان کو۔
جان ہے تو جہان ہے (دُ۔ مثل) زندگی کے ساتھ ہی دنیا کی ہر چیز کا لطف ہے۔
جانی: پیارا۔ معشوق۔ پیار سے ابا۔ اماں وغیرہ کے بعد بڑھاتے ہیں جیسے ابا جانی وغیرہ۔
جانا (ف۔ فعل) سدھارنا۔ رخصت ہونا۔ چلنا۔ روانہ ہونا۔ گزرنا۔ بیتنا۔ ٹلنا۔ ہونا۔ جیسے دن گئے۔ چھوٹنا۔ جدا ہونا۔ الگ ہونا۔ جیسے چڑی جائے دمڑی نہ جائے۔ بیماری وغیرہ دُور ہونا۔ دفع ہونا۔ ضایع ہونا۔ گم ہونا۔ جیسے جس کا جائے وہی چور کہلائے۔ گزرنا۔ اُترنا۔ جیسے مال جانا۔ مرنا۔ گزر جانا۔ فوت ہونا۔ جیسے اُن کے اُوپر تلے دو بچے گئے۔ خیال کرنا۔ پروا کرنا۔ جیسے اس کی بات پر نہ جانا ہٹا۔ سرکنا۔ جیسے جاؤ یہاں سے۔ کٹنا۔ قلم ہونا۔ جیسے سر جائے گا پر بات نہیں جائے گی۔
جانا بوجھا (ف۔ مذ) جس سے اچھی طرح واقفیت ہو۔
جانی بوجھی (مو)
جاناں (ف۔ اسم مذکر) جان کا مزید علیہ۔ معشوق۔ پیارا جانی۔ یار۔ محبوب۔ دلبر۔
جانب (ع۔ اسم مؤنث) ظرف۔ طرف۔ سمت۔ رخ۔ پہلو۔
جانب دار (عف۔ اسم فاعل ترکیبی) طرفدار۔ حمایتی۔ مددگار۔ معاون۔ پکچ کرنے والا۔ پشت و پناہ۔ ساتھی۔
جانب داری (عف۔ اسم مؤنث بیائے مصدری) پکچ۔ طرفداری۔ مدد۔ حمایت۔ رعایت۔ ساتھ۔
جانب کار: جانا بوجھا۔
جانبین (ع۔ اسم مذکر) جانب کی جمع تثنیہ۔ طرفین۔ فریقین۔ دونوں طرف۔ دو طرف
جاننا (جانا۔ ہ۔ مذ) آل اولاد (جو رو نہ جاننا اللہ میاں سے ناتا)
جانچ (ہ۔ اسم مؤنث) حاصل مصدر جانچنا سے۔ اندازہ۔ قیاس۔ تخمینہ۔ پڑتال۔ اٹکل پر کھ۔
جانچنا (ہ۔ فعل) پرکھنا۔ پڑتال کرنا۔ اندازہ لگانا۔ تاڑنا۔ تولنا۔ معلوم کرنا۔ دریافت کرنا۔
جانگل (ہ۔ مذ) تیز مچھلی کھانے والا ایک پرندا۔
جانگلو (ہ) (اسم صفت) وحشی۔ جنگلی۔ غیر مہذب۔ ناشائستہ۔ اُجڈ۔ احمق۔ انکھڑ۔
جانگھ (ہ۔ اسم مؤنث) ران۔ زانو۔ ساتھل۔
جانگھیا (ہ۔ اسم مذکر) گھٹنا۔ چھوٹا پاجامہ۔ جو صرف رانوں تک رہے۔
جاننا (ہ۔ فعل) واقف ہونا۔ آگاہ ہونا۔ پہچاننا۔ معلوم کرنا۔ تمیز کرنا۔ اعتبار کرنا۔ بھروسا کرنا۔ فیاض بننا۔ جیسے اگر آپ کو تکلیف پہنچے تو میں جانوں۔ مانوں۔ تسلیم کرنا۔ فرض کرنا۔ جیسے تم جانے بے وقوف تھی۔
جانور (ف۔ اسم مذکر بہ ترکیب فاعلی) جاندار۔ ذی روح۔ حیوان۔ کیڑا مکوڑا۔ ڈھور ڈنگر۔ چوپایہ۔ چرندہ۔ پرندہ۔ درندہ۔ وحشی (بحالت صفت) احمق بیوقوف۔ گدھا۔ الو۔
جانے (ہ۔ تابع فعل) (پکے) جیسے۔ گویا۔ فرض کر لو۔ تسلیم کر لو۔ جیسے جانے ہم بادشاہ ہیں۔

جاوتری (د۔ مو) جائفل کا پھل۔
جانے دو (د۔ محاورہ) نہ روکو۔ چلنے دو۔ باز آؤ۔ معاف کرو۔ درگزر کرو۔ خیال نہ کرو۔
جانے کے لچھن (د۔ محاورہ) مرنے کی علامت۔ نیست و نابود ہونے کے نشان۔ بُرے آثار۔
جاؤ بیٹھو (د۔ محاورہ) اپنا کام کرو۔ کام میں مشغول ہو جاؤ۔ اپنے کام سے لگو۔ ہٹ جاؤ۔ بیٹھے رہو۔ چُپ رہو۔ خاموش رہو۔
جاؤ بھی
جاؤ خشکہ کھاؤ، تمہارا ایسا منہ نہیں کہ یہ چیز ملے۔
جاؤ دیوتا دکھن وہی کرم کے لچھن (د۔ محاورہ) کہیں جاؤ قسمت سب جگہ ساتھ ہے۔
جاوید (ف۔ اسم صفت) ہمیشہ۔ مدام۔
جاودال (ف۔ اسم صفت) دایم۔ نت۔ سدا۔ قدیم۔
جاودانی (ف۔ اسم مؤنث۔ بیائے مصدری یا نسبتی) قدامت۔ ہمیشگی۔ ازل سے ابد تک۔
جاہ (ف۔ اسم مؤنث) رُتبہ۔ مرتبہ۔ عزت۔ درجہ۔ شکوہ۔ شان شوکت۔ عظمت۔ بزرگی۔ رعب و داب۔ دبدبہ۔ رفعت۔ شان۔
جاہ و جلال (فع۔ اسم مذکر) شان و شوکت۔ رعب و داب۔ جبروت دبدبہ۔ شکوہ و رفعت۔
جاہ و حشم (فع۔ اسم مذکر) لاؤ لشکر۔ ٹھاٹ۔ حشمت۔ کروفر۔ رفعت و منزلت۔ دولت۔ عزت۔ اقتدار۔
جاہ و منصب (فع۔ اسم مذکر) قدر و منزلت۔ درجہ۔ رتبہ۔ مرتبہ۔
جاہ و منزلت
پایہ۔ عہدہ۔ جلال۔ شان۔
جاہل (ع۔ اسم فاعل مذکر۔ مفید صفت) نادان۔ اناڑی۔ مورکھ۔ ان پڑھ۔ ناخواندہ۔ بے علم۔ وحشی۔ ناہنجار۔ اُجڈ۔ کزہ۔ ناتراش۔ اکھڑ۔ بے ادب۔ گستاخ۔
جاہل فقیر شیطان کا ٹٹو (ا ُ مثل) جاہل فقیر پر شیطان سوار ہوتا ہے لاعلمی کے باعث جدھر چاہا لے گیا۔
جاہلیت (ع۔ جاہل۔ نیز وہ زمانہ جو اسلام سے پہلے تھا۔
جائے (ف۔ اسم مؤنث) جگہ۔ ٹھاؤں۔ مقام۔ مکان۔ ٹھور۔ ٹھکانا۔ وسعت گنجایش۔ موقع۔
جائے اُستاد خالی است (ف۔ مثل) اُستاد کی جگہ خالی ہے اُستاد پھر بھی اُستاد ہے۔ کوئی شخص اگر کوئی عمدہ تجویز بتائے تو وہاں یہ مثل بولتے ہیں گویا ہم آپ کے شاگرد ہیں۔ اب آپ کی ہی کسر باقی ہے۔
جائے تنگ است مردماں بسیار (ف۔ مثل) چھوٹی مجلس اور بہت سے آدمی تنگ جگہ اور کثرت مجمع کے موقع پر بولتے ہیں۔
جائے دم زدن (دم مارنے کا موقع۔ گھڑی بھر کا عمل۔
جائے سے۔ جائے سیر (ا ُ ر۔ اسم صفت) بذریعہ حرف جر مناسب۔ واجب۔ بجا۔ واقعی۔ درست۔ ٹھیک۔ ٹھکانے پر۔ درست طور سے۔
جائے ضرور (ا ُ ر۔ اسم مذکر) بیت الخلا۔ پاخانہ۔ ٹٹی۔
جائے لاکھ رہے ساکھ (د۔ مثل) لاکھ کا گھر ٹوٹ پڑ جائے تو پروا نہیں ہے مگر اعتبار بنا رہے۔
جائے ماجرا (مو) جرم واقع ہونے کی جگہ۔
جائی (د۔ اسم مؤنث) دختر۔ بیٹی۔ دھی۔ لڑکی۔ پُتری۔
جایا (د۔ اسم مذکر) پسر۔ بیٹا۔ پوت۔ پُتر۔ لڑکا۔ فرزند۔ خلف۔ ولد۔
جائیا (د۔ اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) جانے والا۔ مرنے جوگا۔ جانہار۔ شریر۔ بدذات۔ ہوشیار۔ چالاک۔ تیز فہم۔ ذکی جینے کی باتیں نہ کرنے والا۔
جائداد (ف۔ اسم مذکر بہ ترکیب مفعولی) ملکیت مال و اسباب۔ جاگیر۔ پونجی۔ پیدا وار۔ کھڑی فصل۔ چیز بست۔
جائداد آبائی (فع۔ اسم مؤنث) قدیمی وراثت۔ باپ دادا کی جاگیر۔
جائداد غیر منقولہ (فع) وہ جائداد جو جگہ نہ بدل سکے جیسے زمین۔ مکان سکونتی وغیرہ۔ قانونی اصطلاح ہے۔
جائداد مکفولہ (فع۔ اسم مؤنث بقانون) وہ جائداد جو ضمانت میں رہن کر دی جائے آر لیتی رن رکھی ہوئی جائداد۔
جائداد منقولہ (فع۔ اسم مؤنث) قانون۔ وہ جائداد جسے ایک جگہ سے اُٹھا کر دوسری جگہ لے جا سکیں۔ جیسے مال اسباب۔ غلہ وغیرہ۔ چیز بست۔ ذاتی اور نج کی جائداد۔
جائز (ع۔ اسم فاعل مفید صفت) روا۔ بجا۔ درست۔ واقعی۔ ٹھیک۔ واجب مناسب۔ مباح۔ مطابق شرح۔ موافق۔ قانون۔ حسب ضابطہ۔ شاستر کے مطابق۔ (قانون) اصلی۔ صلبی۔ حقیقی۔ سگا۔ مستند۔ ماننے کے قابل۔ قابل منظوری۔
جائز رکھنا (ا ُ ر۔ فعل) ہاتھ تسلیم کرنا۔ منظور کرنا۔ روا رکھنا۔ مباح سمجھنا۔ حلال جاننا۔
جائز وارث (ع۔ اسم مذکر) وہ وارث جو وراثت کا صحیح حقدار ہو۔ اصلی بیٹا۔ والد الحلال۔
جائز ولی (ع۔ اسم مذکر بقانون) یتیموں کا محافظ۔ کورٹ آف وارڈس۔
جائزہ (ع۔ اسم مذکر۔ لغوی معنی صلہ۔ بدلہ۔ انعام۔ نیک بدلہ۔ صحت کی لکیر۔ پڑتال کی علامت۔ مقابلہ۔ جانچ۔ پڑتال۔ حاضری۔ گنتی۔ شمار۔
جائزہ دینا (ا ُ ر۔ فعل) جارح دینا۔ سنبھلوانا۔ حساب کتاب دینا۔
جائزہ دیکھنا: جانچ کر لینا۔ آزمائش کر لینا۔
جائزہ دینا (ا ُ ر۔ محاورہ) حساب کتاب کی جانچ پڑتال کروانا۔
جائزہ گیری (ا ُ ر) دوبارہ از سر نو کام شروع کرنا۔
جائزہ لینا (ا ُ ر۔ فعل) موجودات لینا۔ پڑتال کرنا۔ جانچنا۔
جائی جوئی (د۔ اسم مؤنث) ایک قسم کی چینلی۔ ایک قسم کی آتشبازی۔
جائیسی (د۔ صفت نسبتی منسوب بہ جائس ملک محمد جائسی سے مراد ہے جو ہندی فارسی کا بہت بڑا شاعر ہو گزرا ہے شیر شاہ کے زمانہ میں ۹۴۷ھ میں موجود تھا۔ پدماوت کی مثنوی کا مصنف اور سورٹ راگنی کا موجد بھی ہے۔

ج - ب

جب (د۔ تابع فعل) جس وقت۔ ہر گاہ۔ تب۔ جد۔ حرف۔ شرط بھی ہے۔ اور

اسم بوصول بھی۔ درحالیکہ کے قابل۔ قابل منظوری۔

جبّار (ع) زبردست۔ ظلم۔ بزرگ۔ اللہ تعالیٰ کا ایک نام۔ جبر یا سختی کرنیوالا

جب تک جیناتب تک سینا، عمر بھر دُکھ بھرنا اور کمانا۔

جب تک بچہ روتا نہیں ماں دودھ نہیں دیتی؛ بے وقت کچھ نہیں ملتا۔

جب کمر میں زور ہوتا ہے تب ہی خُدا میاں بیٹا دیتے ہیں؛ بغیر محنت کچھ نہیں ملتا۔

جب آنکھ بند کرلی پیچھے کچھ ہی ہو (ہ۔ مثل) جب خود مرگئے بعد میں کچھ ہوتا رہے۔

جب پار اُترے تو جُوں ماردی (اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص کسی کام کے لئے منت مانے اور جب کام پورا ہو جائے تو اس کی نیت بدل جائے۔ پھر مانی ہوئی منت کی شے اللہ کی راہ میں دے دے اور اس طرح دل کو تسلی دے لے کہ بس منت پوری ہوگئی۔

جب تک۔ جب تلک (ہ تابع فعل جس وقت تک۔ تاوقتیکہ۔

جب تک رکابی میں بھات۔ تب تک میرا تیرا ساتھ (ہ۔ مثل) خود غرض آشنا کی بابت بولتے ہیں۔ جو صرف مطلب کے یار ہوتے ہیں۔

جب تک دم ہے۔ تب تک غم ہے (ہ۔ مثل) زندگی میں انسان بے غم نہیں ہوسکتا۔

جب تک سانس تب تک آس (ہ۔ مثل) مرتے وقت تک اُمید رہتی ہے

جب دانت نہ تھے تب چنے تھے جب دانت ہوئے تو چنے نہیں (ہ۔ مثل) جب تک اولاد نہ تھی خوشحال تھے اب جو اولاد ہوئی تو تنگی آگئی۔ جب صحت تھی تو دولت نہیں تھی اب دولت ہے صحت نہیں

جب اُتار لی لوئی تو کیا کرے گا کوئی
جب سر سے اُتار لی پھر کیا غم
(ہ۔ مثل) جب خود بے حیا بن گئے تو پھر کسی کی کیا پرواہ۔ بے حیا کا کوئی کیا کرسکتا ہے۔

جب مُنہ لگی چاٹ تو سوجھی حلوائی کی ہاٹ (ہ۔ مثل) چٹورے آدمی کو ہمیشہ اپنے چسکے کا ہی خیال رہتا ہے۔

جب ہاتھ میں لیا کانسا۔ تو روٹیوں کا کیا سانسا (ہ۔ مثل) جب مانگنے پر نیت دھرلی تو روٹیوں کی کیا کمی۔ جب بے غیرتی اختیار کرلی تو روٹیاں بہت۔

جب تو؛ اس لئے تو۔ پھر تو۔

جب کہ؛ جس وقت۔

جب ہی (ہ تابع فعل) فوراً۔ اسی وقت۔ اسی گھڑی۔ اسی دم۔

جب کہیں جاکے؛ بڑی دقت سے ؎ بحر
برسوں گھورا ہے روئے تاباں کو ؎ جب کہیں جاکے آنکھ ٹھہری ہے

جب نہ تب؛ وقت بے وقت بارہا۔ اکثر۔ ہمیشہ۔ غیر محدود زمانہ۔

جب ہم جانتے؛ لُطف تو جب تھا۔

جبھی (جب ہی کا مخفف۔ اسی وقت۔ اس کے بعد ؎ عالم
مطلب دل ابھی ابھی کیئے ؎ فرق تعیل ہو جبھی کیئے

جبھی تو؛ اسی لئے تو۔ اسی لئے۔

جبر (ع۔ اسم مذکر) زیادتی۔ سختی۔ زبردستی۔ سینہ زوری۔ ظلم وستم۔ جوروجفا۔ رقم بھرنا۔ پٹی باندھنا۔ کمی اور ٹوٹے کا پورا کرنا۔ جیسے جبر نقصان۔

(علم حساب) کسروں کا اختصار کرنا۔ کرنا۔ ڈنڈ۔

جبر اُٹھانا (دُور۔ فعل) سختی جھیلنا۔ مصیبت اُٹھانا۔ دُکھ سہنا۔

جبر کرنا (دُور۔ فعل) زبردستی کرنا۔ دبانا۔ تنگ کرنا۔ مجبور کرنا۔ ستانا۔

جبر نقصان (ع۔ اسم مذکر) نقصان پورا کرنا۔ نقصان کا معاوضہ۔ ڈنڈ بھرنا۔

جبر و تعدّی (ع۔ اسم مؤنث) زبردستی ظلم وستم جوروجفا۔ سینہ زوری۔

جبر و مقابلہ (ع۔ اسم مذکر) علم ریاضی میں ایک صیغہ کا نام ہے جس میں علامات اور حروف کے ذریعہ عمل کیا جاتا ہے اور مقادید معلومہ کے ذریعہ مقادیر مجہولہ دریافت کرتے ہیں۔

جبراً (ع۔ تابع فعل) زبردستی سے۔ سختی کے طور پر۔ ظلم سے۔ قہراً۔

جبراً و قہراً (ع۔ تابع فعل) چاروناچار۔ مجبوراً۔ جس طرح ہوسکے۔ اسی طرح۔

جبراً لے لینا (اُ۔ محاورہ) زبردستی چھین لینا۔ ناحق لے لینا۔

جبریہ (زبردستی سے۔ ایک اسلامی فرقہ جس کے عقیدے میں انسان فاعل مجبور ہے۔ جس کے اختیار میں کچھ نہیں۔

جبروت (ع۔ اسم مذکر) عظمت۔ بزرگی۔ تکبر۔ جلال آسمانی کی حالت۔ صفات الٰہیہ۔

جبرئیل (ع۔ مذکر) ایک مشہور اور مقرب فرشتہ کا نام جو رسولوں پر وحی لے کر آیا کرتا تھا جسے روح الامین بھی کہتے ہیں۔ چار مقرب فرشتوں میں سے ایک فرشتے کا نام ؎

جبڑا (ہ۔ اسم مذکر) کلہ۔ چانہ۔ فک۔ وہ جگہ جہاں دانتوں کی قطاریں لگی ہوتی ہیں۔

جبل (ع۔ اسم مذکر) پہاڑ۔ کوہ۔ جمع۔ جبال۔

جبلی (ع۔ اسم مذکر۔ بیائے نسبتی) پہاڑی۔ کوہی۔ پہاڑ کی چیز۔

جبلت (ع۔ اسم مؤنث) فطرت۔ خلقت۔ پیدائش۔ قدرت۔ حقیقت۔

جبلی (ع۔ اسم صفت۔ بیائے نسبتی) خلقی۔ پیدائشی۔ طبعی۔ قدرتی۔ اصلی۔

جبن (ع۔ اسم مذکر) بزدلی۔ کم ہمتی۔ ترس۔ ڈر۔ خوف۔ ڈرپوک پن۔ نامردی۔ دودھ پہاڑ کراس میں سے نکالا ہوا سفید مادہ۔

جبن چھانا (دُور۔ فعل) خوف چھانا۔ ڈر بیٹھنا۔ نامردی چھانا۔

جبّو (ہ۔ مو) زبان۔ عموماً بچوں کے لئے مستعمل ہے اور ڈانٹ ڈپٹ کے وقت بولتے ہیں۔

جُبّہ (ع۔ اسم مذکر) چوغہ۔ جامہ۔ ایک قسم کا ردمی اور عربی لمبا لباس جو عالم لوگ پہنتے ہیں۔

جبہہ (ع۔ اسم مذکر) پیشانی۔ ماتھا۔ جبین۔ ناصیہ۔

جبہہ سا (منت کرنے والا۔ سجدہ کرنے والا۔ ادب سے جھک کر حاضر ہونے والا۔ خوشامد کرنے والا۔

جبہہ سائی (ع ف۔ اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) ماتھا رگڑنا۔ منت سماجت کرنا۔ ناک رگڑنا۔

جبھا (ہ۔ اسم مذکر) حوصلہ۔ دلیری۔ بہادری۔ رعب وادب۔ دبدبہ۔ زبردستی۔

جبیا (ہ۔ اسم مؤنث) جیب کی تصغیر ہے اور حقارت بھی۔ زبان۔ للو۔

جبین (ف۔ اسم مؤنث) ماتھا۔ پیشانی۔ جبّہ۔ ناصیہ۔

جبین سا (جبین فرسا۔ صفت) ماتھا رگڑنے والا۔

جبین فرسائی۔ ناک رگڑنا۔ منت سماجت کرنا۔ خوشامد کرنا۔

ج - پ

جپ (ہ) - اسم مؤنث، تسبیح ہلانا۔ مالا پھیرنا۔ پوجا پاٹ کرنا۔ جپنا۔ خدا کو یاد کرنا۔ عبادت الٰہی کرنا۔ جادو۔ منتر۔ افسوں۔ (ہندوؤں کا ورد)

جپ کرانا کسی مطلب یا مراد یا بیمار کی تندرستی کے لئے منتر پڑھوانا یا پوجا پاٹ کرانا۔

جپا کرنا بار بار کہنا۔ مالا پڑنا۔ بار بار پڑھنا۔ یاد کرنا۔

جپ جی (ہ) - اسم مؤنث، سکھوں کی ایک مقدس کتاب کا نام ہے۔

جپ تپ (ہ) - اسم مؤنث، پوجا پاٹ۔ عبادت و ریاضت۔ عبودیت۔ مجازاً تکالیف و دکھ۔ جیسے میں نے تیرے بڑے جپ تپ سے۔

جپ کرنا (ہ) فعل۔ کسی مطلب کے لئے منتر پڑھوانا۔ پوجا پاٹ کرانا۔

جپ مالا (ہ) - اسم مؤنث، سمرنی۔ سمرن۔ پوجا پاٹ کرنے کی مالا تسبیح۔

جپنا (ہ) - فعل، مالا پھیرنا۔ تسبیح ہلانا۔ خدا تعالیٰ کا نام لینا یا رٹنا۔ بار بار کہنا۔ ورد کرنا۔

جپنی (ہ) - اسم مؤنث، تسبیح۔ سمرن۔ ورد وظیفہ۔ رٹ۔ اس میں یائے فاعلی ہے

ج - ت

جت (ہ) - مو، جہاں۔ جس جگہ فتح کیا ہوا۔ کامیابی

جت (ہ) - اسم مؤنث، تجرید۔ مجرد رہنا۔ ترک لذات۔ تقوے۔

جتاساری۔ جتاری (ہ) - اسم مؤنث۔ (مرکب از جتا بمعنی جکی و ساری بمعنی راگ) چکی کا راگ۔ یعنی وہ راگ جو عورتیں چکی پیستے وقت گایا کرتی ہیں۔

جتانا / جتلانا (ہ) - فعل، آگاہ کرنا۔ خبردار کرنا۔ مطلع کرنا۔ متنبہ کرنا۔ خبردار کرنا۔ ہوشیار کرنا۔ بتانا۔ کان کھولنا۔ یاد دلانا۔ ایما کرنا۔ رہنمائی کرنا۔ تاکید کرنا۔ ہوش میں لانا۔

جتانا / جتوانا (ہ) - فعل، غلبہ دلانا۔ غالب کرانا۔ شکست دلانا۔ اور ہرانا کی ضد۔

جتانا (ہ)، جوتنا کا متعدی۔

جتاؤ، جوتنے کے قابل۔

جتائی، (مو) کھیت کا جوتنا۔

جتن (ہ) - اسم مذکر، تدبیر۔ تجویز۔ بندوبست۔ علاج دوا۔ محنت و مشقت کرتوت۔ فعل۔ رنگ ڈھنگ۔ سنسار۔ دنیا۔ جیسے اسی کا نام سچا ہے۔ سب جتن جھوٹا ہے مکر و فریب۔ استقلال۔ سعی و کوشش۔

جتنا (ہ) - اسم موصول (مقداری) جس قدر۔ جو کچھ۔ سارا۔ تمام۔ کل۔

جتنا چھانو اتنا ہی کر کرا (ہ) مثل، جتنا وہم کرو گے اتنے نقص نکلتے چلے آئیں گے

جتنا چھوٹا اتنا ہی کھوٹا / جتنا اوپر سے اتنا ہی نیچے ہے (ہ) مثل، پست قد۔ دشمن اور چالاک آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں کہ اسے چھوٹا نہ سمجھو یہ بڑا چالاک اور سخت موذی ہے۔

جتنا گڑ ڈالو اتنا ہی میٹھا ہوتا ہے (ہ)، جتنا خرچ کرو گے اتنا ہی کام اچھا اور زیادہ ہوگا۔

جُتنا (ہ) - فعل، بیلوں وغیرہ کا ہل وغیرہ میں لگنا۔ پلنا۔ مشغول ہونا۔ بھرانا۔ لڑنا۔ مقابل ہونا۔ ٹھل کرنا۔ خدمت کرنا۔ کوشش کرنا۔ محنت کرنا۔

جتنی (ہ) - اسم مذکر۔ صفت بیائے فاعلیت، جتن کرنے والا۔ مدبر۔ ہوشیار۔ چالاک۔

جُتنی (ہ) - اسم مؤنث، بالوں کی وہ رسی جو مال کے ٹکاؤ کے لئے چرخے کی پنکھڑیوں کے کنارے پر باندھتے ہیں۔

جتنی (ہ) - اسم موصول مقداری، جتنا کی تانیث۔

جتنی چادر دیکھئے اُتنے ہی پاؤں پھیلایئے (ہ) مثل، اپنی حیثیت اور آمدنی کے موافق خرچ کرنا چاہیئے۔

جتنی دیگ اُتنی کھرچن، جتنا ظرف ہوگا اس کے مطابق قول و فعل ہوگا جیسا گھرانا ہوگا ویسی باتیں ہوں گی۔ جتنا گڑ ڈالو گے اتنا ہی میٹھا ہوگا۔

جتنے (ہ) - اسم موصول مقداری، جتنا کی جمع۔

جتنے دم اتنے ہی غم (ہ) مثل، جتنی زندگی اتنی ہی تکلیف۔ یا جتنی عیالداری زیادہ اتنی فکر زیادہ رہتی ہے۔

جتنے مُنہ اتنی باتیں (ہ) مثل، ہر ایک آدمی کی رائے الگ ہوتی ہے۔

جتھا (ہ) - اسم مذکر، منڈلی۔ گروہ۔ جماعت۔ ٹولی۔ ابتوہ۔ بھیڑ۔ انبوہ۔ سرمایہ۔ پونجی جیسے جمع جتھا سب لٹا دیا۔ ایکا۔ اتفاق۔ طاقت۔ زور۔ بل۔

جتھا باندھنا (ہ) - محاورہ، اتفاق کرنا۔ جماعت بنانا۔ ایکا کرنا۔

جتی (ہ) - اسم صفت بیائے فاعلیت، جت والا۔ تارک لذات نفسانی۔ سنت۔ جوگی۔

جتی ستی (ہ) - اسم صفت بیائے فاعلیت، نیک مجرد۔ پارسا۔ پرہیزگار۔ دنیا سے بے تعلق۔ مجرد۔ تارک الدنیا۔

جُتیانا (ہ) - فعل، جوتیاں مارنا۔ جوتی سے خبر لینا۔ پیٹنا۔ مارنا۔

ج - ٹ

جٹ (ہ) - اسم مذکر، جاٹ کا مخفف ہے۔

جُٹ (ہ) - اسم مؤنث، جوڑا۔ جفت۔ جُگ۔ دو متحد آدمی یا چیز۔ ہمسر۔ ثانی۔ نظیر۔

جُٹ ملنا، ہم زبان ہو جانا۔ ہم خیال ہو جانا۔

جٹا (ہ) - اسم مؤنث، گندھے ہوئے بال۔ چوٹی۔ گیسو۔ بڑی ڈاڑھی۔ رستا۔ لمبی رسی۔ جڑ۔

جٹا دھاری (ہ) - اسم صفت، لمبے لمبے بالوں والا۔ دراز گیسو۔ آدمی۔ جوگی۔ سنیاسی۔ شیوجی کے چیلوں کو بھی پہلے کہتے تھے۔ (اسم مذکر) شیوجی۔ مہیش۔ مہادیو۔ پرانا سانپ جس کے سر پہ بال ہوں۔ مارکنڈہ۔ زعفران۔ کیسر

جُٹا بانسی (ہ) - اسم مؤنث، پالھڑ۔ سنبل الطیب۔

جُٹنا (ہ) - فعل، بھڑنا۔ لڑنا۔ گتھنا۔ جڑنا۔ گتھنا۔ چمٹنا۔ ہم بستر ہونا۔ مجامعت کرنا۔

پیوند ہونا۔ سازش کرنا۔ چمٹنا۔ لپٹنا۔ سر ہونا۔ پیچھے پڑنا۔
جُٹانا (د ہ) جُٹنا کا متعدی۔
جٹوار (ع۔ مذ) جاٹوں کا محلہ۔ جاٹوں کے رہنے کی جگہ۔ جاٹوں کا علاقہ۔
جٹھانی (د ہ) اسم مؤنث، جیٹھ کی بیوی۔ خاوند کے بڑے بھائی کی بیوی۔
جُٹھ دینا (د ہ) جھوٹی باتیں بنانا۔
جُٹی (د ہ) اسم مؤنث (ہندو) سوکھے تمباکو کی گڈی۔ روٹیوں کی تھئی۔ روپوں پیسوں کی بیڑی۔ پاس پاس۔ پیوستہ۔ ملی ہوئی۔
جُٹی بھویں (د ہ) اسم مؤنث، ابروئے پیوستہ۔ جڑواں بھویں۔ آتش عاشقوں سے اپنے وہ جٹی بھویں ٹیڑھی ہوئیں۔
اہلِ قبلہ سے پھرا منہ کعبے کی محراب کا
جُٹی بٹی (د ہ) اسم مؤنث (ہندو) جڑی بوٹی۔

ج - ث

جُثّہ (ع) اسم مذکر، تن۔ جسم۔ بدن۔ انگ۔ کاٹھی۔ جسم کی ساخت۔ لاش۔ نعش۔ جسامت۔ انگلیٹ جسامت۔

ج - ج

جج (Judge انگ) اسم مذکر، منصف فیصلہ کرنے والا۔ قاضی۔ مفتی۔ حاکم عدالت۔ مبصر۔ پرکھنے والا۔

جج

ججی (ج کا عہدہ۔ ججی کچہری۔ جج کا عہدہ۔
ججمان (د ہ) اسم مذکر، گھر کے واسطے پانڈوں کو نوکر رکھنے والا۔ جگہ کرنیوالا۔ وہ شخص جس پر نائی برہمن وغیرہ برت کا حق رکھتے ہوں۔ مخدوم۔ مربی۔ آسامی۔
ججمانی (د ہ) اسم مؤنث، وہ روپیہ جو ججمان برہمن نائی وغیرہ کو دے۔ وہ جگہ جہاں پرت ہو۔
ججھُ (د ہ) اسم مذکر، جدھ۔ بدھ۔ لڑائی۔ معرکہ عظیم۔ رن۔ جنگ جدال۔ کارزار۔

ج - چ

جچّا (د ہ) اسم صفت، بترکیب مفعولی، اندازہ لگایا ہوا۔ پورا۔ درست۔ صحیح۔ ٹھیک۔ جیسے قیاس میں آیا ہوا۔ تلوار کا جچا تلا ہاتھ (بصورت اسم مؤنث) (ہندو) زچہ کا بگاڑا ہوا۔ وہ عورت جس کے بچہ پیدا ہوا ہو۔
جچا گیریاں (د ہ) اسم مؤنث (دعوت) وہ گیت جو بچہ خانے میں گائے جاتے ہیں۔
جچنا (د ہ) تلنا۔ انکنا۔ اندازہ ہونا۔ آزمایا جانا۔ امتحان ہونا۔ قیمت لگنا۔ وقعت ہونا۔ ثابت ہونا۔ یقین کو پہنچنا۔ مشخص ہونا۔
جچی تلی۔ یا۔ جچا تلا (د ہ) اسم صفت، مؤنث و مذکر، ٹھیک۔ درست۔ صحیح۔ تولی ہوئی۔ تجربہ اور امتحان کے موافق۔ بالکل ٹھیک۔

ج - ح

جحیم (ع۔ مذ) دوزخ سے امیر
ہم مست اپنی دھن میں تجھے کیا جانے حشر میں
کس سمت کو جناب کدھر کو جحیم تھا۔

ج - د

جدّ (ع) اسم مذکر، دادا۔ باپ کا باپ۔ اجداد کا واحد۔ جدّہ کا۔
جدّ (ع) اسم مؤنث، کوشش۔ سعی۔ دوڑ دھوپ۔ سرگرمی۔ اپائے۔ محنت۔
جدّوجہد (ع) اسم مؤنث، کوشش۔ سعی۔ محنت و مشقت۔
جُدا (ف) اسم صفت، الگ۔ نیارا۔ علیحدہ۔ نرالا۔ مختلف۔ بچھڑا ہوا۔
جُدا جُدا (ف) صفت مؤکدہ (تابع فعل) الگ الگ۔ نیارا نیارا۔ علیحدہ علیحدہ۔ تفصیل وار۔
جُدا کرنا (ف) (ترکیب فعل) الگ کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ ہٹانا۔ کاٹنا۔ توڑنا۔ نفاق ڈالنا۔ نکالنا۔
جُدا گانہ انتخاب (ف) تابع فعل، الگ علیحدہ۔ ایک طرف۔ کسی مجلس قانون ساز میں کسی فرقے کے نمائندوں کا اس فرقے کے ووٹوں سے انتخاب ہونا۔
جدائی (ف) اسم مؤنث، (بائے مصدری) علیحدگی۔ بچھوپا۔ بچھوڑا۔ تفرقہ۔ مفارقت۔
جدل (ع) اسم مؤنث، لڑائی۔ جنگ۔ معرکہ۔ کارزار۔ رزم۔
جدال (ع۔ مذ) جنگ کرنا۔ لڑنا۔
جدّت (ع۔ مذ) تازہ ہونا۔ اختراع۔ جدید ہونا۔ نئی بات۔
جدوار (ع۔ اسم مؤنث) فرنسی۔ ایک زہر دور کرنے والی جڑ۔
جدول (ع) نہر۔ نالی۔ روش۔ وہ سرخ یا سیاہ لکیریں جو صفحے کے اختتام پر کھینچی جاتی ہیں۔
جدول کش (ف۔ مذ) کتاب وغیرہ کے صفحوں پر خط کھینچنے کا آلہ۔
جدّھ (د ہ) اسم مذکر، دیکھو جُجھ۔
جدّہ (ع۔ مؤ) دادی یا نانی۔ سعودی عرب کی مشہور بندرگاہ کا نام۔
جدھر (د ہ) تابع فعل، جس طرف۔ جہاں جہاں۔ کہیں۔ جس مقام پر۔
جدھر تدھر (د ہ) تابع فعل، جہاں تہاں یہاں وہاں۔
جدھر سینگ سمائے (د ہ) (ترکیب) جدھر بھاگنے کا موقع ملے۔
جدھر رب اُدھر سب (د ہ) جس پر خدا مہربان ہو۔ اس پر سبھی مہربان ہوتے ہیں۔ جدھر خدا تعالےٰ ہو جائے اُدھر سب ہو جاتے ہیں۔
جدی (ع) اسم مذکر، لغوی معنی بکرا۔ برغالہ۔ اصطلاح میں وہ آسمانی برج جو برغالہ کی شکل کا ہے اور ہندی میں مکر کہلاتا ہے۔ نیز قطب شمالی کے

قریب ایک ستارہ ہے۔ خط استوا سے ۲۳½ درجے جنوب کی طرف۔ ایک فرضی خط بھی جو منطقہ حارہ کی جنوبی حد ہے۔

جَدّی دع۔ اسم صفت۔ بیائے نسبتی) باپ دادا کی۔ آبائی۔ موروثی۔ پشتینی۔ ایک دادا کی اولاد۔

جدید دع۔ اسم مؤنث) بروزن فعیل۔ نیا۔ تازہ۔ کل کا۔ حال کا۔ ترت کا۔ اب کا۔

جدیدیت (دع۔ مو) نیاپن۔ جدید ہونے کی کیفیت۔

ج - ذ

جُذام دع۔ اسم مذکر) کوڑھ۔ فساد خون کی ایک بیماری کا نام ہے جس میں ہاتھ پاؤں کی انگلیاں گر جاتی ہیں۔

جُذامی دع۔ اسم صفت مذکر بیائے نسبتی) کوڑھی۔ کوڑھ والا۔ مجذوم۔

جَذب دع۔ اسم مذکر) کھینچ۔ کشش۔ سوکھنا۔ چوسنا۔

جذب کرنا (دُ، فعل) کھینچ کرنا۔ سوکھ لینا۔ چوس لینا۔ پی جانا۔ لبھانا۔ اپنی طرف مائل کرلینا۔

جذب مقناطیسی (مقناطیس پتھر کی سی کشش۔

جذبات دع۔ اسم مذکر) جذبہ کی جمع ہے۔

جذبات دلی دعف۔ اسم مذکر) دلی خواہشیں۔ دلی ولولے۔ دلی کشش۔

جذبات طبعی دعف۔ اسم مذکر) قدرتی ولولے۔ قدرتی خواہشیں۔

جذبہ دع۔ اسم مذکر) کشش قلبی۔ شوق۔ اشتیاق۔ دلی توجہ۔ غصہ۔ غضب۔ کڑوھ۔ جوشِ دل ایک دم کھینچ لینا۔

جَذر دع۔ اسم مذکر) جڑ۔ مول۔ اصل۔ علم حساب میں دوسرے درجہ کا گھٹاؤ۔ یعنی کسی عدد کو کسی نفسہ ضرب دینے سے جو رقم بنتی ہے۔ وہ مجذور اور عدد اس رقم کا جذر کہلاتا ہے جیسے 3 جذر ہے 9 کا (3×3 = 9)

جذرُ الکعب دع۔ اسم مذکر) علم حساب میں تیسرے درجہ کا گھٹاؤ۔ اگر کسی عدد کو کسی نفسہ تین دفعہ ضرب دیں تو وہ عدد اس حاصل ضرب کا جذرُ الکعب کہلائیگا۔

جذر ناطق دع۔ مذ) کسی رقم کا وہ جذر جو معلوم ہوسکے۔

ج - ر

جر دع۔ اسم مذکر) کشش۔ کھچاؤ۔ زیر۔ کسر۔

جرِ ثقیل دع۔ اسم مذکر) وہ علم یا آلہ جن کے وسیلے سے بھاری بوجھ بآسانی اٹھالیں۔ چرخیوں کا علم۔ بل بتا دیا۔ کرین۔ بوجھ اٹھانے کی مشینیں۔ دشوار کام

جِرّا دف۔ مذ) ایک قسم کا شکرا۔ باز نر۔

جِراب (دِ، اسم مؤنث) موزہ (اصلی لفظ جوراب) ہے۔

جرأت دع۔ اسم مؤنث) دلیری۔ مردانگی۔ چالاکی۔ بہادری۔ حوصلہ۔ دلاوری۔ بے باکی۔ شجاعت۔

جراثیم دع۔ اسم مذکر) جرم کی جمع۔ کیڑے بیماری اور وبا وغیرہ کے کرم چھوٹے کیڑے ہر چیز میں موجود ہوتے ہیں اور نظر نہیں آتے۔ وہ کیڑے جو بیماری پھیلاتے ہیں۔

جرّاح دع۔ اسم مذکر) صیغہ مبالغہ از جرح مفید برائے پیشہ۔ بہت زخم لگانے والا چیرا دینے والا۔ جراحت یا زخم کا علاج کرنے والا۔ فصاد۔ سرجن۔

جراحتی (دو) جراح کا مؤنث۔

جراحت دع۔ اسم مؤنث۔ حاصل مصدر) زخم۔ گھاؤ۔ ریش۔ چیر۔

جراحی دع۔ اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) فصادی۔ زخموں کے علاج کرنے کا پیشہ۔ چیر پھاڑ۔ ڈاکٹری سرجری۔

جرار دع۔ اسم صفت مبالغہ) ایک بڑا بھاری لشکر۔ انبوہ کثیر بہادر۔ سورما۔ جنگی۔ جنگ جو۔ دلاور۔ یلغنے والا۔ تیز رفتاری سے روکنے والا۔

جرائد دع۔ اسم مذکر) جریدہ کی جمع۔ اخبارات۔ دفتر۔ ہتنا۔ اکیلے۔

جرائم دع۔ اسم مذکر) جریمہ کی جمع۔ بہت جرم۔ قصور۔ گناہ۔ دوش۔ خطائیں۔ پاپ۔ کھوٹ۔

جرثومہ دع۔ مذ) نہایت تاریک خوردبینی کیڑا جو بیماری پیدا کرنے کا سبب ہوتا ہے۔

جرح دع۔ اسم مذکر) زخم گھاؤ۔ (قانون) اعتراض۔ گرفت۔ عذر۔ جواب۔ دلیل۔

جرح کرنا: وہ سوالات جو فریق ثانی کی طرف سے گواہ کی صداقت جانچنے کے لئے کئے جائیں۔ بحث۔ ردوقدح۔ اعتراض کرنا۔ ردوقدح کرنا۔ بحث کرنا۔

جرح کے سوالات: گواہ یا فریق سے وکیل کے وہ سوالات جو اس کے بیان کو مجروح کرنے کے لئے جائیں۔ جرح استعمال عام ہے۔

جَرَس دع۔ اسم مذکر) گھنٹا۔ گھڑیال ٹال

جرس

جرثومہ دع۔ مذ) گھونٹ

جرگہ دف۔ مذ) گروہ۔ مجلس آدمیوں کا حلقہ

جرم دع۔ اسم مذکر) جسم۔ تن۔ دھڑ۔ دیہ۔ بدن۔ نورانی جسم۔ جسم لطیف۔

جُرم دع۔ اسم مذکر) چارہ۔ گریز۔ علاج۔

جرم دع۔ اسم مذکر) قصور۔ گناہ۔ دوش۔ پاپ۔ کھوٹ۔ خطا۔

جرمانہ دع۔ اسم مذکر) ڈنڈ۔ تاوان۔ گنہگاری۔ مالی سزا۔

جرمانہ بھرنا (اُ، فعل) تاوان ادا کرنا۔ ڈنڈ بھرنا۔ تاوان دینا۔

جرمانہ کرنا (اُ، فعل) ڈنڈ لینا۔ مالی سزا دینا۔

جرمن (انگ۔ مذ German) جرمنی کا باشندہ۔ جرمنی کی زبان۔ جرمنی کا بنا ہوا۔

جرمن سلور (German Silver - انگ۔ مو) ایک سفید مرکب دھات۔

جرمنی (Germany - انگ۔ ا۔ مو) فرانس کے شمال میں ایک مشہور ملک۔

جرنل (انگ۔ مذ۔ JOURNAL) روزنامچہ۔ روزانہ اخبار۔

جرنلسٹ (انگ۔ مذ۔ Journalist) اخبار نویس۔

جرو اد۔ اسم مؤنث) جورو کی تصغیر۔ بیوی۔ عورت۔ استری۔ زن۔ ناری۔

جُرّہ (ف۔ مذ) باز کا نر۔

جرہ

جری (ع۔ اسم صفت۔ ترکیب فاعلی) دلیر۔ دلاور۔ دل چلا۔ من چلا۔ سورما۔ بہادر۔ شجاع۔

جُری۔ یا۔ جر (ع۔ اسم مؤنث) ہلکا بخار۔ دائمی بخار۔ پرانا تپ۔

جریان (ع۔ اسم مذکر) بہاؤ۔ روانی۔ ایک مشہور مرض کا نام ہے جس میں پیشاب کے بعد یا پہلے دھات گرتی ہے اس مرض میں منی پتلی ہو جاتی ہے اور جلد جلد احتلام ہونے لگتا ہے۔

جریب (یونانی۔ مو) لفظ گریک کا معرب ہے زمین ناپنے کا خاص پیمانہ برصغیر پاک ہند کی ساٹھ اور انگریزی کی پچیس گز کی زنجیر چوبیں گٹھے کی ہوتی ہے عصا۔ چوبدستی لاٹھی۔ چاندی کے خول والی شاہی چوبداروں کی لاٹھی یا لکڑی۔ شاہی جلوس میں ہاتھی کے پیچھے ریشم کی ڈوری پڑی ہوتی تھی دربان اسے ہاتھ پر لپٹتا جاتا تھا۔ جب کوس پورا ہو جاتا دربان ایک جھنڈی لے کر بادشاہ کو مجرا کرتا۔ جس سے یہ مراد ہوتی تھی کہ کوس بھر سواری آئی۔ اس ریشم کی ڈوری کو جریب کہتے تھے۔

جریب ڈالنا (مرکب فعل) زمین ناپنا۔ جریب کے ذریعہ زمین کی پیمائش کرنا۔

جریب کش (ف۔ اسم مذکر) جریب کھینچنے والا۔

جریح (ع۔ صفت مشبہ بمعنی مفعول) مجروح۔ زخمی۔ گھایل۔ زخم خوردہ۔

جریدہ (ع۔ اسم مذکر۔ صفت) تنہا۔ اکیلا۔ مجرد۔ واحد۔ مجازاً اخبار۔ دفتر۔

جریدین (ع۔ مو) وہ دو ہری چھوٹی شاخیں جن پر روئی لپیٹ کر مردے کی دونوں نتھنوں کی طرف رکھتے ہیں۔

جریمانہ (ع۔ اسم مذکر) (دیکھو جرمانہ)

ج - ڑ

جڑ (ف۔ اسم مؤنث) بیخ۔ مول۔ بُن۔ اصل بنا۔ بنیاد۔ مبدا۔ جڑ اقول۔

جڑ اکھیڑنا۔ یا کاٹنا (محاورہ) بیخکنی کرنا۔ استیصال کرنا۔ بنیاد مٹانا۔ ملیامیٹ کرنا۔

جڑ پکڑنا (فعل) جمنا۔ جماؤ۔ پکڑنا۔ مضبوط ہونا۔

جڑ بیخ، جڑ بنیاد۔ جڑ پیٹر۔ یا۔ جڑ مول (اسم مذکر) بیخ و بُن۔ از سر تا بُن۔ بیخ و بنیاد۔

جڑ بنیاد سے (محاورہ) جڑ سے۔ بالکل سرے ہی سے۔

جڑ پاتال تک پہنچ گئی ہے (محاورہ) بہت مضبوط ہو گیا ہے۔

جڑ سے بیر تک (محاورہ) بزرگوں سے یاری۔ دشمنی اولاد سے اخلاص۔ افراد سے خلوص۔ جماعت سے دشمنی۔

جڑ سے اکھاڑنا۔ یا۔ اکھڑنا (محاورہ) درخت کو جڑ سمیت زمین سے الگ کرنا۔ معدوم کر دینا۔

جڑ کاٹنا (ف) غارت کرنا۔ ڈھانا۔ نیست و نابود کرنا۔ منہدم کرنا۔

جڑاؤ (ف۔ اسم مذکر) مرصع۔ جواہرات سے جڑا ہوا۔

جڑائی (مو) جواہرات جڑوانے کی اجرت۔

جڑاؤ (ف۔ اسم مؤنث) سامانِ سرما۔ جاڑوں کے کپڑے۔ گرم کپڑے۔

جُڑائی (ف۔ مو) کسی چیز کو جڑوانے کی مزدوری۔

جُڑنا (ف۔ فعل) ملنا۔ پیوستہ ہونا۔ پیوند لگنا۔ چپکنا۔ چسپاں ہونا۔ شریک ہونا۔ شامل ہونا۔ جمع ہونا۔ میسر ہونا۔ جیسے روٹی جُڑ گئی تو کھالی۔ جُتنا۔ گاڑی وغیرہ میں بیل لگنا۔

جَڑنا (ف۔ فعل) کسی چیز کا کسی چیز میں بٹھانا۔ پچی کرنا۔ کوفت کرنا۔ وصل کرنا۔ جوڑنا۔ ملانا۔ مارنا۔ لگانا جیسے دھول جڑنا۔ چغلی کھانا۔ بگویا کرنا۔ شکایت کرنا۔ جیسے ایک ایک کی چار چار جڑ دیتی ہیں۔ ناش کرنا۔ عرضی ٹھونکنا۔

جُڑواں (ف) دو چیزیں جو آپس میں ملی ہوئی ہوں۔ ایک ماں کے دو بچے جو اکٹھے پیدا ہوں۔

جڑی (ف۔ اسم مؤنث) جڑ وہ دوا جو کسی درخت کی جڑ ہو۔ مرچی کھند کی جڑ جو سانپ کے کاٹے پر تریاق کا اثر رکھتی ہے

جڑی بوٹی (ف۔ اسم مؤنث) کسی درخت کے وہ جڑ پتے جو دوا میں کام آتے ہیں۔

جڑیا (ف۔ اسم مذکر) مرصع ساز۔ زیورات میں جواہرات جڑنے والا۔ نگینہ آشنا۔

جڑیلا (اسم مذکر صفت) جڑدار۔ وہ شلغم یا مولی جس میں
جڑیلی (اسم مؤنث صفت) جڑیں نکل کر سخت ہو گئی ہو۔

ج - ز

جز (ف۔ تابع فعل) حرف استثنا۔ سوائے۔ بدوں۔ علاوہ۔ ماسوا۔ بن۔ چھٹ۔ (بصورت اسم مذکر) پارہ۔ ٹکڑا۔ حصہ۔ آٹھ ورق یا سولہ صفحات کا مجموعہ۔

جزا (ع۔ اسم مؤنث) پھل۔ بدلہ۔ عوض۔ تلافی۔ نتیجہ۔ پاداش۔ صلہ۔ انتقام۔ نیکی کا بدلہ۔ سزا کی ضد۔

جزاک اللہ (ع) کلمہ دعائیہ۔ اللہ تجھے نیک صلہ دے۔ شاباش۔ مرحبا۔

جزائر (ع۔ اسم مذکر) جزیرہ کی جمع۔ بہت سے ٹاپو۔

جزبز (ف) آزردہ۔ ناراض۔

جزبز ہونا (محاورہ فعل) پیچ تاب۔ تنگ ہونا۔ دق ہونا۔ آزردہ ہونا۔ خاک بھوں چڑھانا۔

جزر (ع۔ اسم مذکر) جوار بھاٹا۔ چاند کی کشش سے سمندر کے پانی کا اتار چڑھاؤ۔ مدکی ضد۔

جزع (ع۔ مو) بے قراری۔ بے صبری۔

جزع فزع (مو) گریہ و زاری۔

جزم (ع۔ اسم مذکر) مضبوط۔ پکا۔ مصمم۔ اٹل۔ کسی حرف کو ساکن کرنا۔ تیز علامت سکون۔

جزو (ع۔ اسم مذکر) حصہ۔ ٹکڑا۔ پارہ۔ ریزہ۔ کاغذ کے سولہ صفحے کا مجموعہ یا ۸ ورق

جزو بدن ہونا (محاورہ) کسی خوراک کا بخوبی ہضم ہو کر صرف بدن ہونا۔ الگ لگنا۔

جزو بندی (ف۔ اسم مؤنث بسائے مصدری) کتاب کے اجزا کو ڈور سے سینا۔
جزو دان (عف۔ اسم مذکر) آلہ۔ بستہ۔ تھیلی۔ جس میں کتاب رکھی جائے۔
جزورس۔ یا۔ جزرس (عف۔ اسم مذکر صفت بہ ترکیب فاعلی) کفایت شعاری۔ صرفہ کرنے والا۔ بخیلی۔ کنجوسی کرنے والا۔ کم خرچ۔ نکتہ رس۔ زود فہم۔ ذکی۔ ہوشیار۔
جزورسی (عف۔ اسم مؤنث بسائے مصدری) کفایت شعاری۔ کنجوسی۔ بخیلی۔ صرفہ۔ سوچ سمجھ کر کم سے کم خرچ کرنا۔
جزو کل (ع۔ تابع فعل) بالکل۔ تمام۔ سارا۔ پورا۔ سب۔ سرتاسر۔
جزو لا یتجزیٰ (ع۔ اسم مذکر) ناقابل تقسیم حصہ۔ وہ باریک چیز جس کے جزو نہ ہو سکیں۔
جزو لاینفک: وہ حصہ جو علیحدہ نہ ہو سکے۔
جزئی۔ جزوی (ع۔ اسم صفت بسائے نسبتی) ذرا سا۔ تھوڑا سا۔ منسوب بہ جزو۔ حقیر۔ ادنیٰ۔ ہیچ۔ قلیل۔ چھوٹا۔
جزویات۔ جزئیات (ع۔ اسم مذکر) فروعات۔ افراد۔ حصے۔ چھوٹی چھوٹی باتیں۔ کلیات کی ضد۔
جزیرہ (ع۔ اسم مذکر) ٹاپو۔ دیپ۔ وہ قطعہ زمین جو دریا یا سمندر میں اس طرح واقع ہو کہ چاروں طرف سے پانی محیط ہو۔


جزیرہ

جزیرہ نما (عف۔ اسم مذکر) جزیرہ کی طرح نظر آنے والا۔ جزیرہ سا۔ ٹاپو سا وہ قطعہ زمین جس کے تین طرف سمندر اور ایک طرف خشکی ہو۔
جزیہ (ع۔ اسم مذکر) محصول۔ خراج فوجی خدمت سے بچنے کا ٹیکس وہ ٹیکس جو نوشیروان کے وقت میں فوجی خدمت کے صلہ میں لیا جاتا تھا۔ پھر اسلام کی حکومت میں جو ٹیکس غیر مسلموں سے بطور معاوضہ نگہبانی لیا جاتا تھا۔ آتش

حسن کافر کو کیا ہم نے مطیع اسلام
بوسہ خال لیا جزیہ لیا کافر سے

اس کی مقدار تین روپے سالانہ سے انیس روپے سالانہ تک تھی۔ مگر بچے۔ عورتیں بوڑھے اور مذہبی پیشوا مستثنیٰ تھے۔

ج - س

جس (ہ۔ اسم مذکر) مشہرت۔ نام۔ ناموری۔ آبرو۔ عزت۔ ساکھ۔ اعتبار۔ بڑائی۔ نیکی۔ ثواب۔ بھلائی۔ جیسے پونجی۔ ساہوکار کی جس کوئی کرے۔ لیاقت۔ قابلیت۔ گن۔ وصف ذاتی۔ طاقت۔ قدرت۔ شکتی۔ اثر۔ تاثیر۔ جیسے آج کل کسی چیز میں جس نہیں۔
جس (ہ۔ اسم موصول کی علامت) وہ۔ جو۔ اس۔ جونسا۔
جس برتن میں کھائیں اُسی میں چھید کریں
جس ہانڈی میں کھائیں اُسی میں چھید کریں
جس ڈالی بیٹھیں اُسی کی جڑ کاٹیں (ہ۔ مثل) یعنی جس سے پرورش پائیں اُسی کو نقصان پہنچائیں۔ محسن کش۔ نمک حرام شخص کی نسبت بولا کرتے ہیں۔
جس پاس (ع۔ جس کے پاس عصا ہو) انیس
جس پاس عصا ہو اُسے موسیٰ نہیں کہتے
جس تس: یگانہ بیگانہ۔ اعلیٰ ادنیٰ۔ برا بھلا۔ ہر درجے کا۔ ہر قسم کا۔ ہر ایک۔
جس پر (ہ۔ تابع فعل) تو بھی۔ تب۔ بعد ازاں۔ پھر۔ پھر بھی۔
جس تن لگے وہی تن جانے (ہ۔ مثل) جس کو دکھ ہو وہی اس کی تکلیف کو جانتا ہے دوسرے کو کیا خبر ہے دکھ کا اندازہ صاحب درد ہی لگا سکتا ہے۔
جس دن کھیل بتاسے برسے تھے (مخاطب کی انتہائی حماقت اور ناسمجھی کا اظہار کرنے کے لئے کسی چیز کا پتہ ان لفظوں میں بتاتے ہیں۔
جس راہ نہ چلنا اس کے کوس کیا گننا: جس بات سے غرض نہیں اس کی فکر بیکار ہے۔
جس طرح ہو سکے: ہر طرح اور ہر طریق سے۔ جس قدر۔ جتنا۔ ضرور بالضرور۔
جس ٹہنی پر طوطا بیٹھا وہ ٹہنی بھی جھک گئی۔ یا۔ نیو گئی (ہ۔ مثل) اپنی نحوست کے اثر کو دوسرے تک پہنچ جانے کے وقت بولا کرتے ہیں۔ یعنی جس کی پناہ لی وہ بھی مغلوب اور عاجز ہو گیا۔
جس کا بنیا یار اُس کو دشمن کیا درکار (ہ۔ مثل) بنئے کی مطلب پرستی۔ اور خود غرضی کی بابت بولتے ہیں۔ جو بنئے کی دوستی پر بھروسہ کرے اُسے دشمن کی کیا ضرورت ہے اس کو تو وہی لوٹ لے گا۔
جس کا دے اس کا کھیلے: خرچ کے بغیر کچھ نہیں بنتا۔
جس کا کام اُسی کو ساجے۔ یا۔ چھابے اور کرے تو ٹھینگا باجے (ہ۔ مثل) جو شخص کسی کام کو کرتا ہو وہی اس کو کر سکے گا۔ دوسرا کرے گا تو انگشت نما ہو گا۔
جس کا کھائیے ان پانی اس کی کیجے آبادانی: جس سے فائدہ پہنچے اُس کی تعریف کی ہی جاتی ہے۔
جس کے پاؤں نہ جانے بوائی وہ کیا جانے پیر پرائی: جس کو خود تکلیف نہیں پہنچی وہ دوسرے کی تکلیف کو کیا جانے گا۔
جس کے لئے چوری کی وہی کہے سے چور: جس کی خاطر بدنام ہوئے وہی ملزم ٹھہراتا ہے احساس فراموشی کی حد ہے۔
جس کے سر پر ہتھیار اُس کا کیا اعتبار: ہینگ والے جانور کا کچھ بھروسہ نہیں ہوتا۔
جس کو رکھے سائیاں اُسے مار نہ سکے کوئی (ہ۔ مثل) جس کو خدا بچائے اُسے کوئی نہیں مار سکتا۔
جس کی دیگ اُسی کی تیغ (ہ۔ مثل) جو کھانا دے گا۔ اُسی کے نام کی تلوار چلیگی۔ یعنی بادشاہ کے لئے رعیت مرتی ہے۔
جس کی تیغ اُسی کی دیگ
جس کی لاٹھی اُسی کی بھینس } (ہ۔ مثل) زبردست آدمی کا ہر چیز پر قبضہ ہو جاتا ہے۔
جس کی لاٹھی اُس کی بھینس: زبردست جو چاہے چھین لے۔

جس کی گود میں بیٹھنا اس کی داڑھی کھسوٹنا: محسن کو ستانا۔
جس کے پاس نہیں پیسا وہ بھلا مانس کیسا: ساری عزت روپے کی ہے۔
جس کے پیشے میں بان وہ بڑا شیطان: مثل گاڑیبان، نیلبان وغیرہ شرارتی ہوتے ہیں۔
جس کے چار بھتیا ماریں دھول چھین لیں روپیا جس کے ساتھی زیادہ ہوں اُس کا بہت رُعب ہوتا ہے۔
جس کی کوٹھی میں دانے اُس کے پاگل بھی سیانے (ہ۔ مثل) دولت بیوقوف کو عقلمند بنا دیتی ہے۔
جس کے مُنہ میں چاول ہوتے ہیں وہی چبا چبا کر باتیں کرتا ہے۔
جس کے دولت ہوتی ہے وہی اِتراتا ہے جس کے گھر کھانے کو ہوتا ہے وہی اطمینان کی باتیں کرتا ہے۔
جس کے ناک پر پیسا اس کا نخرہ کیسا (ہ۔ مثل) جسے قیمت دے دی پھر اُس کا احسان کیا۔
جس کے نہیں پھٹی بوائی وہ کیا جانے پیڑ پرائی (ہ۔ مثل) کیا آدمی کو دُکھ کا کیا اندازہ۔ خوشحال کو غربت کا کیا پتہ۔
جس کے ہاتھ ڈوئی اُسی کا سب کوئی (ہ۔ مثل) کھانا دینے والے یا تقسیم کرنے والے کی سب خوشامد کرتے ہیں
جس نے اپنی پگڑی اُتار دی وہ دوسرے کی اُتارنے سے کب ڈرتا ہے (ہ۔ مثل) جسے اپنی آبرو کی پرواہ نہیں اُسے دوسروں کو بے عزت کرنے میں کیا تامل ہے۔
جسامت (ع۔ اسم مؤنث) جسیم ہونا، موٹاپا۔ ڈیل ڈول۔ فربہی دل۔ طول عرض۔ عمق۔
جست (ع۔ اسم مؤنث) ایک دھات کا نام روح طوطیا۔ جستا۔
جست (ف۔ اسم مؤنث) چھلانگ۔ قلانچ۔ زقند۔ کود۔ پھلانگ۔ چوکڑی۔
جست بھرنا (ف۔ فعل) چھلانگ مارنا۔ چوکڑی بھرنا۔ زقند لگانا۔
جست وخیز: اچھل کود۔ چوکڑی۔
جستجو (ف۔ اسم مؤنث) حاصل مصدر از جستن۔ ڈھونڈ ڈھانڈ۔ ٹٹول۔ تلاش۔ کھوج۔
جستہ جستہ (ف) کم کم۔ کہیں سے کہیں۔
جسٹس (انگ۔ مذ۔ Justice) جج۔ اعلیٰ جج۔ بڑی عدالت کا جج۔ انصاف۔
جسیم (ع۔ اسم مذکر) بدن۔ تن۔ ڈیل سریر۔ کایا۔ دیہ۔ پنڈا۔
جسمانی (ع۔ اسم صفت) بدنی۔ جسم کے متعلق۔ مادی۔ اس میں اتنی مفید نسبت ہے۔
جسمی (ع۔ اسم صفت بیائے نسبتی) شخصی۔ بدنی۔ کایا کے متعلق۔
جسوسنی (دکن۔ اسم مؤنث) (صحیح یسونی) یساول کی مؤنث۔ چوبدارنی۔ شاہی محلوں میں خبر خیر پہنچانے والی عورت۔
جسیم (ع۔ اسم صفت) فربہ۔ موٹا۔ تن و توش والا۔
جسے پی چاہے وہی سوہاگن (ہ۔ مثل) جو مالک کا پیارا وہی سب کا پیارا۔
جسے دیکھ تاب نہ آئے وہی شوہر مجھے بیاہنے آئے (ہ۔ مثل) دشمن سے معاملہ ہونا نہایت دُکھ دیا کرتے ہے قابلِ نفرت سے رغبت نہیں ہوا کرتی۔
جس نے بیٹی دی اس نے کیا رکھا: اُولاد سے کوئی چیز پیاری نہیں ہوتی۔ جس نے اُولاد دے دی اس نے جانو سب کچھ دے دیا۔

ج - ش

جشن (ف۔ اسم مذکر) شادی۔ مہمانی۔ مجلس۔ عیش و نشاط۔ عید۔ خوشی کی محفل نیوہار۔ لہر بہر۔ تاریخ تخت نشینی کا جلسہ یا مجلس اس رسم کا بانی جمشید تھا۔ عید کا جلسہ یا ہجوم۔
جشن اُڑانا (اُڑ۔ محاورہ) مزے اُڑانا۔ عیش کرنا۔ لُطف اُٹھانا۔
جشن طلائی (ف۔ ا۔ مذ) وہ جشن جو پچاس سال کے بعد ہو۔
جشن سیمیں (ف۔ ا۔ مذ) وہ جشن جو پچاس سال کے بعد منایا جائے۔
جشن منانا (دُور۔ فعل) ناچ رنگ اور عیش و نشاط میں مشغول ہونا۔ خوشی منانا۔ گل چھرّے اُڑانا۔

ج - ع

جعد (ع۔ مذ) بالوں کی لٹ۔ چوٹی۔ گھنگرو والے بال۔ گندھے ہوئے بال۔
جعفر (ع۔ مذ، ندی) چھوٹا دریا۔ بنی عامر کے پدر قبیلہ کا نام۔ بارہ اماموں میں سے ایک کا نام۔ ایک مشہور کیمیا گر کا نام۔ خربوزہ۔
جعفری (ع۔ مذ) خلیفہ ہارون الرشید کا وزیر۔
جعفر طیار (ع۔ مذ) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا صاحب۔
جعفری (ع۔ اسم مؤنث بیائے نسبتی) جعفر سے نسبت رکھنے والا۔ زرد۔ خالص کندن۔ طلا۔ کھرا سونا۔ ایک قسم کا زرد گیندے کا پھول۔ مجازاً مطلق زرد۔ ایک قسم کا حقیر جو فرش پر نہیں گرتا۔ فرقۂ شیعہ امامیہ جو حضرت جعفر صادقؒ کو چھٹا امام مانتا ہے۔
جعل (ع۔ اسم مذکر) لغوی معنی بنانا۔ بدلنا۔ تبدیل۔ تقلیب۔ اصطلاح میں نقلی چیز پر اصلی چیز کا دعوے کرنا۔ مکر۔ فریب۔ دھوکا۔ بناوٹ۔ پاکھنڈ۔ جھوٹ۔
جعل بنانا۔ یا۔ کرنا (دُور۔ فعل) جھوٹا کاغذ بنانا۔ جھوٹے دستخط بنانا۔ جھوٹا مقدمہ کھڑا کرنا۔ فریب بنانا۔
جعل ساز (عف۔ اسم مذکر) بترکیب فاعلی) فریبی۔ مکار۔ دھوکے باز۔ شریر۔ بدمعاش۔
جعلسازی (عف۔ اسم مؤنث بیائے مصدری) مکاری۔ دھوکے بازی۔ شرارت۔
جعلی (ع۔ اسم صفت بیائے نسبتی) بناوٹی۔ مصنوعی۔ نقلی۔ باطل۔ قلبی۔ کھوٹی فریبی۔ مکار۔ چھلیا۔ دغاباز۔ شریر۔ جھوٹا سکہ۔ جھوٹے دستخط۔
جعلی دستاویز: بناوٹی دستاویز۔
جعلیا: دھوکے باز۔ جعل بنانے والا۔

ج - غ

جغادری، جگادری: تجربہ کار۔ بہت پرانا۔
جُغرات دف۔ مذ، دہی۔
جغرافیہ (یونانی لفظ جیوگرافی کا معرب ہے) اسم مذکر۔ بیان زمین۔ وہ علم جس میں زمین کی خشکی تری اور دیگر طبعی حالات بیان کئے جاتے ہیں۔
جغرافی (دا۔ ف) علم جغرافیہ لینے والا۔
جغرافیائی: جغرافیہ کے متعلق۔
جغرافیائی امتیاز: وہ فرق جو شخصیتوں میں اُن کا وطن مختلف ہونے کی وجہ سے کیا جائے۔ وطنی یا صوبائی تعصب۔
جغرافیکل ریڈر (ڈر) اسم مؤنث، وہ کتاب جس میں علم جغرافیہ کی اصطلاحات اور دیگر امور کا بیان ہو۔

ج - ف

جَفا دف۔ اسم مؤنث، ظلم وستم۔ جور وتعدی۔ سختی۔ ان بیاؤ۔
جَفا کفا دف۔ اسم مؤنث، ظلم وستم۔ جور وسختی۔ مصیبت۔ کشٹ۔ سختی۔
جَفا کفا اُٹھانا (ا۔ محاورہ) سختی سہنا۔ مصیبت جھیلنا۔ کشٹی بھوگنا۔
جفاکش دف۔ اسم صفت، شبہ فاعلی۔ سختی جھیلنے والا۔ زحمت کش۔ محنتی۔
جُفت دف۔ اسم مذکر، جوڑا۔ زوج۔ جوڑ۔ جوٹ۔ جوڑا علم حساب میں وہ عدد جو دو پر پورا تقسیم ہو جائے۔ ہمسر ثانی۔ نظیر۔ جوتی کا جوڑا۔
جُفت سازی: مجیرا بجانا۔ جوتے بنانے کا پیشہ۔ موچی کا کام۔
جُفتک دف۔ مذ، چکوا چکوی کا جوڑا۔
جُفتہ دف۔ اسم مذکر، لغت میں خمیدگی۔ مجازاً شکن۔ سلوٹ۔ چنٹ۔ کنجلک جنیو۔ جھری۔ بال جو اکثر جواہرات اور شیشے وغیرہ میں آجاتا ہے۔ شگاف۔ دھبہ۔ کلنک۔
جُھنجھنے (ڈر۔ اسم مذکر) جھنجھنہ کی جمع۔ سلوٹیں۔ شکنیں۔ جھرّیاں۔
جُھنجھنے پڑنا (ا۔ محاورہ) سلوٹ پڑنا۔ شکن پڑ جانا۔ دھلے ہوئے کپڑے کا تار تار ہونا۔ عزت میں فرق آنا۔ شان میں فرق آنا۔
جُفتی دف۔ مو، (مادہ کا باہم ملنا جانوروں کا جفت ہونا۔ نر کا مادہ پر چڑھنا۔
جفا پیشہ۔ جفا جو۔ جفا کار۔ جفاگستر: ظلم ستم گار۔ مجازاً معشوق۔
جفتی کھانا دہ۔ ل) جفت ہونا۔ جانوروں کا اپنی مادہ سے ملنا۔ جڑنا۔ جماع کرنا۔
جفر دع۔ مذ، غیب کے حالات معلوم کرنے کا ایک علم۔

ج - ق

جق جق دف۔ مو، بے معنی شور وغوغا۔

ج - ک

جکڑ (دہ) جکڑنا کا امر۔
جکڑ بند دہ۔ اسم صفت، کسا ہوا۔ کھنچا ہوا۔ تنا ہوا۔ مضبوط اور تنگ بندھا ہوا۔ گنٹھیلا۔ وجع المفاصل۔
جکڑنا دہ۔ فعل، کسنا۔ جوڑنا۔ کھینچ کر کس کر باندھنا۔ مشکیں باندھنا۔ اینٹھنا۔ اکڑنا۔ سخت ہو جانا۔ جیسے زکام سے چھاتی جکڑ گئی۔ ہتھکڑی لگانا۔
جکڑ جانا (ا۔ اکڑنا۔ سخت ہو جانا۔ اینٹھ جانا۔ کس کر باندھا جانا۔
جکڑی دہ۔ اسم مؤنث، قصہ کہانی۔ گیت۔ کشتی کے داؤں پیچ۔ کشتی سخت پکڑ۔
جکڑی لگانا دہ۔ فعل، کشتی کرنا۔ کشتی میں سخت پکڑنا۔ حریف کو بھینچنا۔

ج - گ

جگ دہ۔ اسم مذکر، عالم۔ جہان۔ دنیا۔ سنسار۔ جگت (بصورت اسم مؤنث) مخلوق۔ خلقت۔ لوگ۔ خدائی۔ ہَون۔ ہوم۔ پوجا۔ ضیافت۔ لوگ۔ راجاؤں کے جشن کی ایک رسم دعوت۔ مہانداری۔ مہمانی۔
جگ بیتی: دُنیا جہاں کی سرگزشت۔
جگ کی ماں جہاں کی خالہ: وہ عورت جو گھر گھر پھرتی ہے۔
جگ جتنا دہ۔ فعل، ہرا دینا۔ مغلوب کرنا۔ عاجز کرنا۔ تھکا مارنا۔ مٹانا۔
جگ دینا یا کرنا دہ۔ فعل، غربا کو کھانا کھلانا۔ دعوت دینا۔ جشن مہاراجگی۔
جگ ہنسائی دہ۔ اسم مؤنث، رسوائی ذلت۔ شماتت۔ بدنامی۔
جگ (Jug) اسم مذکر، گڑوا۔ لوٹا۔ دودھ رکھنے کا برتن۔ جھجھ مراری۔
جُگ دہ۔ اسم مذکر، زمانہ۔ عہد۔ مُدت۔ وقت۔ قرن۔ عمر۔ اتفاق میل جول۔ چوسر میں دو نردوں کا ایک ہی خانے میں اکٹھا بیٹھنا۔ ہمیشہ۔ سدا۔ پیڑھی۔ پشت۔ قدیم ہندوؤں کے چار سازش فرض کئے ہوئے زمانوں میں سے ایک زمانہ (یعنی ست جُگ۔ ترتیا جُگ۔ دوآپر جُگ۔ کل جُگ)
چوگٹہ بُننے والا یا جولاہا تاروں کے جدا رکھنے کے لئے تانے میں ڈال دیتا ہے۔
جُگ پھوٹا اور نرد دوئی: نا اتفاقی سے شیرازہ ابتر ہو جانا۔
جُگ پھوڑنا۔ جُگ توڑنا: چوسر کی دو گوٹوں کو جدا جدا کر دینا۔ پھوٹ ڈلوا دینا۔
جُگ ٹوٹنا دہ۔ فعل، میل بکھرنا۔ نفاق ہونا۔ اتفاق جاتا رہنا۔ جدائی ہو جانا۔
جُگ ٹوٹا اور نرد ماری گئی: دیکھو جُگ پھوٹا اور الخ۔
جُگ جُگ دہ۔ تابع فعل، ہمیشہ۔ سدا۔ مدام۔ دائم۔ تا ابد۔
جُگادرنی دہ، اسم صفت لغوی معنی زمانہ سے آدر دیا گیا۔ مجازاً بہت پرانا

قد آور آدمی یا حیوان، پرانا گرگ۔ کہن سالہ۔ بہت پرانا اور قد آور۔

جُگا جگا کر رکھنا (ف) فعل۔ سنبھال۔ سنبھال کر رکھنا۔ احتیاط سے رکھنا۔ جوڑ جوڑ کر رکھنا۔

جُگالی (ہ۔ مو) حیوانات کا اپنے چارے کو معدے میں سے نکال کر منہ میں چبانا۔

جُگالنا (ہ۔ اسم مؤنث) حیوانات کا اپنے چارہ کو معدہ سے منہ میں لاکر دوبارہ چبانا۔ مارسی نشخوار۔

جُگان (ہ۔ اسم مذکر) دھلے ہوئے کپڑوں کی گٹھڑی بالادی۔ کپڑوں کے جوڑے۔

جگانا (ہ) فعل بیدار کرنا۔ نیند سے اُٹھانا۔ ہوشیار کرنا۔ خبردار کرنا۔ آگاہ کرنا۔ روشن کرنا۔ پھیکے یا ہلکے حرفوں پر قلم پھیرنا۔ چمکانا۔ جیسے قسمت جگادی۔

جگت (ہ۔ اسم مذکر) دُنیا۔ سنسار۔ جہان عالم۔ دہر۔ زمانہ (بصورت اسم مؤنث) کنوئیں کی منڈیا چبوترہ یا چوڑی دیوار۔ لب چاہ۔

جگت اُستاد } (اُ۔ اسم مذکر) اُستاد زمانہ۔ بڑا کاریگر۔ مسلّم اُستاد۔
جگت گرو } سب سے مانا ہوا اُستاد۔ مسلم الثبوت اُستاد۔

جگت سیٹھ (ہ۔ اسم مذکر) بڑا بھائی۔ ساہوکار۔ زمانہ کا مالدار۔ بہت بڑا مالدار۔ امیر آدمی۔ دولت مند۔

جگت سیٹھ کا سالا (ہ۔ اسم مذکر) گالی ہے، بڑے بھاری دولت مند کا رشتہ دار۔

جُگت (ہ۔ اسم مؤنث) چترائی۔ حکمت۔ دانائی۔ تدبیر رائے۔ جتن۔ تجویز۔ توڑ جوڑ۔ تدبیر کرتب۔ چالاکی۔ مرضی۔ موافقت۔ صلاح۔ ضلع۔ لطیفہ۔ تجنیس۔ قافیہ۔ تک۔ ذو معنی۔ بذلہ۔ ذو معنین بات۔ راز۔ بھید۔ دلیل۔ راہ و رسم۔ تلازمہ۔

جُگت باز (ف۔ اسم مذکر) صفت بترکیب فاعلی بذلہ سنج۔ لطیفہ گو۔ مدبر۔ صاحب تدبیر۔ پولیٹیکل چالوں سے واقف آدمی۔

جُگت بازی (ف۔ اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) لطیفہ گوئی۔ ضلع بازی۔ بذلہ سنجی۔

جُگت رنگ (لطیفہ گو۔ بذلہ سنج۔

جُگت لگانا (ہ۔ محاورہ) توڑ جوڑ بٹھانا۔ تدبیر لڑانا۔ موقع نکالنا۔ راہ و رسم پیدا کرنا۔

جُگت لڑنا تک ملانے میں مقابلہ تک ملنا۔ تلازمہ میں بات چیت کرنا۔

جُگت ملانا (ہ۔ محاورہ) مطلب گانٹھنا۔ باتیں بنانا۔ ساز باز کرنا۔

جگمگا (ہ) جگمگانا کا امر چمکنا کا ورق۔ پنی۔ جھلل۔

جگمگانا (ہ) چمکنا۔ جھلکنا۔ ٹمٹمانا۔

جگمگاہٹ (ہ۔ صفت۔ مو) چمکنا۔ روشنی۔ ٹمٹماہٹ

جگر (ف۔ اسم مذکر) اعضائے رئیسہ میں سے ایک عضو۔ مخزن خون۔ کلیجہ۔ کلیجی۔ مراداً۔ دل۔ چت۔ من۔ جان۔ جی۔ پران۔ گری۔ مغز گودہ۔ ست جوہر۔ بیٹا۔ فرزند۔ پیارا۔ لاڈلا۔ عزیز۔ سمت۔ حوصلہ۔ بہادری۔ چھاتی۔ گردہ۔ مردانگی۔ تاب و طاقت۔ قدرت۔ مقدور۔ مجال۔

جگر آب ہونا جگر نرم ہونا۔ جگر پانی پانی ہونا۔

جگر افگار شکستہ دل۔

جگر اُچھلنا صدمہ ہونا۔ خوف طاری ہونا۔

جگر بند (ف۔ اسم مذکر) دل۔ تلی۔ پھیپھڑے اور کلیجے کا مجموعہ۔ مراداً جگر پارہ۔ فرزند۔ بہت پیارا۔ جان۔ نور چشم۔

جگر پاش پاش ہونا رنج و غم سے کلیجے کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

جگر پر پتھر رکھ لینا دل کڑا کر لینا۔ ضبط و صبر کر لینا۔

جگر پر چھریاں چلنا بہت پریشان ہونا۔ نہایت بے چین ہونا۔

جگر پر موگری پڑنا دلی صدمہ ہونا۔

جگر پر رکھنا بے قراری میں کلیجہ تھام لینا۔ دوسرے کی تکلیف محسوس کرنے کی طرف توجہ دلانے کے لئے کہتے ہیں جیسے اپنے جگر پر ہاتھ رکھ کے دیکھو۔

جگر پک جانا جگر کباب ہونا۔ ضبط و صبر سے تاب نہ رہنا۔

جگر پھٹنا بہت رنج ہونا بہت ناگوار گزرنا۔

جگر تفتہ بہت غمگین جس کا دل بھن گیا ہو۔

جگر تھام کے بیٹھ جانا ضبط صبر کی کوشش کرنا۔ نہایت بے تاب ہو جانا۔

جگر ٹکڑے ہونا بہت رنج یا صدمہ ہونا۔

جگر جلنا افسوس ہونا۔ غصہ آنا۔

جگر جگر ہے اور دگر دگر ہے بہر حال اپنا ہی اور غیر غیر۔ مدعا یہ کہ غیر کبھی یگانہ نہیں ہو سکتا۔

جگر چاک ہونا دلی صدمہ ہونا۔ بہت زیادہ صدمہ۔

جگر خراش جگر کو تکلیف دینے والی بات۔

جگر دو ٹکڑے ہونا دلی صدمہ ہونا۔

جگر دوز مہلک چیز دل میں اثر کرنے والی بات۔

جگر دیکھنا حوصلہ دیکھنا۔

جگر سراہنا تاب و عمل کی تعریف کرنا۔

جگر سوز ہمدرد۔

جگر سے دھواں اُٹھنا کمال صدمہ ہونا۔

جگر کاٹنا کھلانا جس سے کلیجہ کٹ کر خون ہو جائے۔

جگر کاوی (مو) محنت جانفشانی۔

جگر کرنا حوصلہ کرنا۔

جگر کو دیکھو دلیری اور حوصلہ دیکھو۔ صبر و تحمل دیکھو۔

جگر کی چوٹ (مو) صدمہ جان کا۔

جگر گوشہ (ف۔ اسم مذکر بقلب اضافت) جگر کا ٹکڑا۔ پیارا عزیز۔

جگر لہو کرنا یا ہونا ہمت توڑ دینا یا ٹوٹ جانا۔

جگر مسوس لینا صدمے کی شدت میں جگر تھام لینا۔

جگر منہ کو آنا یا چلنا بے حد ایذا یا صدمہ ہونا۔

جگر ناسور ہونا جگر پر ایسا صدمہ ہونا جو کبھی کم نہ ہو۔

جگر ہل جانا بہت غم ہونا۔ ڈر جانا۔

جگرا (اُ۔ اسم مذکر) (عو) حوصلہ۔ ہمت۔ جرأت۔ دلیری۔ کلیجہ۔ دل گردہ۔

جگر جگر کرنا (ہ) فعل۔ چمکنا۔ جگمگانا۔

جگری (ف۔ اسم صفت بیائے نسبتی) دلی۔ اندرونی۔ جگر سے نسبت رکھنے والا۔ صادق۔ سچا۔ گہرا۔ پیارا۔ سچا۔ جیسے جگری دوست۔

جگری داغ (ف۔ اسم مذکر) لاعلاج صدمہ۔ لاعلاج مصیبت۔ بال جو کسی

جواہر میں ہو۔
جگری دوست : گہرا دوست۔ دلی دوست۔ پیارا دوست۔
جُگل (ہ) ۔اسم مذکر، جوڑا۔ زوج۔ جفت۔ دو۔
جگمگانا (ہ) ۔فعل، چمکنا۔ جھلکنا۔ روشن ہونا۔ تاباں ہونا۔ ڈلکنا۔ جگر جگر کرنا۔
جگمگاہٹ (ہ) ۔اسم مؤنث، حاصل مصدر۔ چمک دمک۔ جھلک۔ روشنی۔ تابش۔ رونق۔ آبداری۔ تجلی۔ جلوہ۔
جگمگ جگمگ کرنا (ہ) ۔فعل، چمکنا۔ دمکنا۔ روشن ہونا۔ درخشاں ہونا۔
جگنا : جاگنا (عوام کا روزمرہ ہے)
جُگنو (ہ) ۔اسم مذکر، کرم شب تاب۔ پٹیجنا۔ گلے میں پہننے کی جُگنی۔
جُگنی (ہ) ۔اسم مؤنث، گلے میں پہننے کا ایک زیور۔ جُگنو۔
جگہ (ہ) ۔اسم مؤنث، ٹھور، مقام۔ مکان۔ ٹھکانا۔ محل۔ موقع۔ گنجائش۔ سمائی۔ عہدہ۔ منصب۔ اسامی۔ نوکری۔ بجائے۔ مثل۔ مانند۔ جیسے۔
جگہ جگہ (ہ) تابع فعل، ہر جگہ۔ ہر جا۔ ہر موقع پر۔ سب جگہ۔
جگہ چھوڑنا (ہ) ۔فعل، مقام چھوڑنا۔ نوکری یا عہدہ دینا۔ رہنے کو گھر دینا۔ پرے ہٹنا۔ سرکنا۔ ہٹ جانا۔ لکھتے لکھتے کاغذ میں سفیدی چھوڑ دینا۔ نوکری یا علاقہ چھوڑنا۔
جگہ دینا : ٹھہرانا۔ بٹھانا۔ عہدہ دینا۔ نوکری رکھنا۔ رہنے کو مکان دینا۔ زمین دینا۔
جگہ رکھنا یا رہنا : گنجائش رکھنا یا رہنا۔
جگہ سے : ٹھیک۔ دُرست۔ بجا۔ قابل تسلیم۔ برمحل۔ موقع سے۔
جگہ ملنا : گنجائش۔ نوکری ملنا۔
جگہ ہونا : نوکری ہونا۔ سمائی۔ موقع۔
جگہر (ہ، مو) جاگ۔ بیداری۔
جگی جگی (ف) ٹھڈی میں ہاتھ لگا کر کچھ سوال کرتے یا معافی مانگتے وقت کا کلمہ عورتیں مباشرت میں لذت کے وقت کہتی ہیں۔ ؎ انیس

ہے ہے جگی جگی میری اس بات کو تو مان
گرمی کے مارے ناک میں آئی ہے مری جان

ج - ل

جُل (ہ) ۔اسم مذکر، فریب۔ دھوکا۔ دم۔ جھانسا۔ دغا۔ مکر۔ فطرت۔ شرارت۔
جُل باز (دُر) ۔اسم مذکر، ترکیب فاعلی، فریبی۔ دم باز۔ عیار۔ مکار۔ پاکھنڈی۔ شریر۔ دھوکے باز۔ حیلہ باز۔
جُل دینا : یا۔ کھیلنا (ہ) ۔محاورہ، ٹھگنا۔ چھلنا۔ دھوکا دینا۔ فریب کھیلنا۔ دم جھانسہ دینا۔ بالا بتا دینا۔ دغا دینا۔
جُل میں آنا : دھوکا کھانا۔ دم۔ فریب میں آنا۔
جل (ہ) ۔اسم مذکر، پانی۔ آب۔ ماء۔
جل پان (ہ) ۔اسم مذکر، ناشتہ۔ تھوڑا سا کھانا پینا۔
جل پری : سمندری حیوان جس کا اُوپر کا حصہ سینے تک عورتوں کا اور نچلا حصہ مچھلی کے نچلے حصے کی طرح ہوتا ہے۔
جل ترنگ (ہ) ۔اسم مذکر، ایک طرح کا باجہ جو پیالیوں میں پانی بھر کر تیلیوں سے بجاتے ہیں۔ پانی کی لہر۔ موج۔ ہکورا۔
جل تُرئی ۔یا۔ جل توری (ہ) ۔اسم مؤنث، مچھلی۔ ماہی۔ مچھی۔
جل تھل (ہ) ۔اسم مذکر، بحر و بر۔ تری و خشکی۔
جل تھل ایک ہونا (اُر۔ محاورہ)، کثرت سے بارش ہونا۔ پانی ہی پانی نظر آنا۔
جل تھل بھرنا ۔یا۔ بھر دینا : جمع ہونا۔ بہت زیادہ پانی کا برسنا ؎ امیر

اک آن میں جب بھر دے جل تھل تو میں سمجھا
واقف تری رحمت سے کیا سب کو گھٹانے

جل جوکنی (ہ) ۔اسم مؤنث، جونک زلو۔ چیل۔ زغن جلتے تن۔ بدمزاج۔
جل کر (ہ) ۔اسم مذکر، محصول آب۔ مچھلیاں پکڑنے کی جگہ کا محصول۔ بحری آمدنی۔ سنگھاڑوں یا کنول وغیرہ کے تالابوں کا لگان۔
جل کا (ہند) جونک۔
جل کاگ یا کوّا (ہ۔ ند) آبی کوّا۔
جل ککڑ ۔یا۔ ککڑی (ہ) ۔اسم مذکر، مرغ آبی۔ پانی کا پرندہ۔ جلانو۔ بدمزاج غصیل۔
جل کی مچھلی جل ہی میں بھلی (ہ) ۔مثل، ہر شخص کا گزارہ اپنی قوم میں ہو سکتا ہے۔
جل (ہ) جلنا کا امر۔
جل مانس (ہ) ۔اسم مذکر، مرد آبی۔ پانی کا آدمی۔
جلا (ع) ۔اسم مؤنث، صفائی۔ آبداری۔ آب۔ صیقل۔ چمک دمک۔ رنگ روپ۔ رونق۔ زندگی۔
جلا دینا ۔یا۔ کرنا (ہ) ۔محاورہ، رونق دینا۔ آب دینا۔ چمکانا۔ اُجالنا۔ زندگی بخشنا۔ جیسے عیسیٰؑ کے معجزوں نے مُردے جلا ہیں۔
جلا کار۔ جلا ساز (ع) ۔اسم مذکر، ترکیب فاعلی، صیقل گر۔ اُجالنے والا۔
جُلاب (دُر) ۔اسم مذکر، گلاب کا معرب ہے مسہل کا جزو اعظم ہونے کی وجہ سے مجازاً مسہل پر بولنے لگ گئے۔ دست آور دوا۔ مسہل۔ سزا دینے کے معنی میں بھی آتا ہے۔
جُلاب لینا (دُر) ۔فعل، مسہل کی دوا پینا۔ دست آور دوا کھانا۔
جلا بلا ۔یا۔ جلا بھُنا (ہ) ۔اسم صفت، بہ ترکیب مفعولی، غضبناک۔ سوختہ۔ افروختہ۔ مغموم۔ رنجیدہ خاطر۔ تند مزاج۔ غصیل۔
جُلابی (دُر) ۔اسم مذکر، مسہل لینے والا۔
جُلا پا (ہ) ۔اسم مذکر، جلنا سے حاصل مصدر۔ رنج۔ غم۔ آزردگی۔ جلن۔ سوگ۔ اندوہ۔ ملال۔ رشک و حسد۔ جیسے سوکن کا جلاپا۔ بغض و عداوت۔
جلاتن (ہ) ۔اسم صفت، بدمزاج۔ جھلا۔ غضبناک۔ تند مزاج۔ حاسد۔ رشک کرنے والا۔ مغلوب الغضب۔
جلا جلا کر مارنا ۔یا۔ خاک کرنا (اُر۔ محاورہ) تنگ کر کے مارنا۔ غصہ دلا دلا کر ہلاک کرنا۔ ستا کر مارنا۔ از حد دق کرنا۔
جلاجل (ع۔ ند) دف۔ دائرہ۔ جھانجھ۔
جلا جھل ۔یا۔ جلا جھلی (دُر۔ صفت) چمکدار ہونا۔
جُل (ع۔ ند۔ مو) گھوڑے۔ اُونٹ وغیرہ کے اُوپر ڈالنے کا کپڑا۔
جل جلالہ (ع) اس کی عظمت اور بزرگی بڑی ہے اس کا مختف ہے اللہ تعالیٰ

ء کی صفت کے طور پر اس کے نام کے ساتھ بولتے ہیں۔

جلّ تو جلال تو۔ آئی بلا کو ٹال تو (اردو شل) عوام کسی مصیبت یا آفت کے وقت بولتے ہیں طنزاً اس شخص کے آنے کے موقع پر بولتے ہیں جس سے جان چھڑانا مقصود ہو۔

جلّ (ع) بزرگ۔ بڑا۔ (اصل میں یہ ماضی مطلق ہے یعنی بڑا ہوا)

جلّاد (ع۔ اسم مذکر مبالغہ) لغوی معنی کھال کھینچنے والا۔ درّے مارنے والا۔ مجازاً قاتل۔ سفاک۔ بیرحم۔ سنگدل۔ بے درد۔ تند مزاج۔ غضبناک۔ غصیل۔

جلّادنی (مو۔ صفت)

جلّاد فلک (ع۔ اسم مذکر) مریخ۔ منگل۔ ایک آتشی ستارے کا نام ہے۔

جلادت (ع۔ اسم مؤنث) بہادری۔ جرأت۔ دلیری۔ دلاوری۔ شجاعت۔ چستی۔ چالاکی۔

جلادی (دکن۔ اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) بیرحمی۔ بیدردی۔ قصائی پنا۔

جلال (ع۔ اسم مذکر) بزرگی۔ عظمت۔ بڑائی۔ شان و شوکت۔ رعب و داب۔ غصہ۔ کرودھ۔ تیزی۔ تحتی۔ تندی۔ صاحب قدرت۔ سید جلال لکھنوی کا تخلص ہے۔ جو اردو میں بے نظیر شاعر گزرے ہیں۔

جلالت (ع) بزرگی۔ عظمت۔

جلالی (ع۔ اسم صفت مؤنث۔ بیائے نسبتی) وہ صفت الٰہی جس میں شان غضب کا اظہار ہو۔ جمالی کی ضد۔ درویشوں کا ایک فرقہ منسوب بہ سید جلال الدین بخاری۔ کل شمسی مہینوں کا نام۔ بعض کے نزدیک صرف فروردین ہی سے مراد ہے صاحب جلال۔ خوفناک۔ غضبناک۔

جلالیہ (دکن۔ اسم مذکر) سید جلال بخاری کو ماننے والا فقیر۔

جلاّ میری (دکن) لڑکوں کا ایک کھیل جسے اُڑان جھلاّ بھی بولتے ہیں۔

جلانا (دہ۔ فعل) زندہ کرنا۔ روح ڈالنا۔ زندگی بخشنا۔ جان ڈالنا۔ طراوت۔ بخشنا۔ تر و تازگی دینا۔ موت سے بچانا۔ مرنے نہ دینا۔ دھات کے کشتے کو پھر اصلی حالت پر لانا۔

جلانا (دہ۔ فعل) بالنا۔ آگ لگانا۔ سلگانا۔ بھڑکانا۔ آگ دینا۔ لو کا لگانا۔ غصہ دلانا۔ غضبناک کرنا۔ دق کرنا۔ ستانا۔ تنگ کرنا۔

جلاوطن (ع۔ اسم صفت) دیس سے نکالا ہوا۔ شہر بدر (بصورت اسم) دیس نکالا۔ ہجرت۔ بن باس۔

جلاوطن کرنا (دکن۔ فعل) دیس نکالا دینا۔ شہر بدر کرنا۔ کالے پانی بھیجنا۔

جلاوطنی (ع۔ اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) بن باس۔ ہجرت۔ دیس نکالا۔

جُلاہا (دکن۔ اسم مذکر) جامہ باف۔ نور باف۔ کپڑا بننے والا۔ پانی کے ایک سیاہ رنگ کیڑے کا نام ہے (بحالت صفت) احمق۔ مورکھ۔ نادان۔ بیوقوف۔ اوت۔

جلب (ع۔ مذ) حاصل کرنا۔

جلب منفعت (مذ) نفع حاصل کرنا۔

جلن بجھنا (محاورہ) جل کر خاک ہو جانا۔ راکھ ہو جانا۔ مجسم ہو جانا۔

جِلد (ع۔ اسم مؤنث) کھال۔ چمڑا

جلد

پوست۔ چرم۔ چام کتاب کا پٹھا۔ کتاب کی سلائی وغیرہ۔ پوتھی۔ پشک۔ کتاب۔ کتاب کا حصہ۔

جِلد ساز۔ یا۔ جلد گر (ف۔ اسم مذکر) کتاب کی جلد بنانے والا۔ دفتری۔

جِلدی (کھال سے تعلق رکھنے والی بیماری وغیرہ۔

جَلد (ف۔ تابع فعل) ترت۔ فوراً۔ جھٹ پٹ۔ شتاب۔ بلا توقف۔

جلد باز (ف۔ اسم مذکر۔ فاعل سماعی) تاؤلا۔ بے موقع جلدی کرنے والا۔ شتابی کرنے والا۔ زود کار۔ شتاب کار۔

جلدی (ع۔ اسم مؤنث بیائے زائدہ) شتابی۔ تاؤلی۔ پھرتی۔ چستی۔ سرعت گھبراہٹ۔

جلدی پڑنا: کسی کام میں گھبراہٹ ہونا۔

جلدی کام شیطان کا (ر) مثل۔ جلدی میں کام بگڑ جاتا ہے۔

جلد و دت۔ مذ) انعام۔ نیک بدلہ۔

جلسہ (ع۔ اسم مذکر) نشست۔ اجلاس۔ بیٹھک۔ محبت۔ ملاقات۔ سبھا۔ مجلس محفل۔ دعوت۔ ضیافت۔ مہمانی۔ تاج رنگ کی مجلس۔

جلسہ استراحت: نماز میں دوسرا سجدہ کر کے بیٹھنا۔

جل مرنا (دہ۔ فعل) حسد سے جل جانا۔ کسی کی بھلائی دیکھ نہ سکنا۔ حسد کرنا۔

جلق (ع۔ مذ) ہاتھ کی مدد سے منی نکالنا (لگانا۔ مارنا)

جلقی: وہ شخص جسے جلق کی عادت ہو۔

جلن (دہ۔ اسم مؤنث حاصل مصدر جلنا) سے سوزش۔ تپش۔ جلنے کی حالت۔ حسد۔ رشک۔ کینہ۔ دشمنی۔ عداوت۔ غصہ۔ خشم۔

جلنا (دہ۔ فعل) بلنا۔ آگ لگنا۔ سلگنا۔ روشن ہونا۔ جھلسنا۔ بھننا۔ داغ لگنا۔ راکھ ہونا۔ حسد کرنا۔ ناراض ہونا۔ جلن ہونا۔ تیکنا۔ مرچ وغیرہ تیز سے زبان کا جھلبھلانا۔ چرپراہٹ ہونا۔ دل شکستہ ہونا۔ غم میں گھلنا۔ نباتات کا نہایت سردی سے سوکھ جانا۔

جلندر۔ جلندھر (دہ۔ اسم مذکر) (جل بمعنی پانی اور دھر بمعنی جوش و ابال سے مرکب ہے (دیکھو استسقا) استسقا کی بیماری۔

جلو (ت۔ اسم مؤنث) باگ۔ لگام۔ کوتل۔ گھوڑا۔ ٹھاٹ۔ زینت۔ سواری کا ٹھاٹ۔ تجمل۔ شان و شوکت۔ ہمراہی۔ معیت۔

جلوخانہ (تف۔ اسم مذکر) ظرف۔ صحن۔ انگنائی۔ چوک۔ ڈیوڑھی۔ شاہی دروازے کے سامنے کا میدان۔

جلوہ دار (تف۔ اسم فاعل سماعی) مصاحب۔ ہمنشین۔ ہمرکاب۔ نوکر چاکر خادم۔

جلو ریز: سبک عنان۔ ہلکی باگ سے گھوڑا دوڑائے ہوئے۔ وہ شخص جو گھوڑے کی باگ پکڑ کر ساتھ چلے۔

جلوت (ع۔ مو) خلوت کی ضد۔ مجمع۔ جہاں تنہائی نہ ہو۔

جلوس (ع۔ اسم مذکر) نشست۔ بیٹھک۔ تخت نشینی۔ راج تلک۔ راج گدی۔ شاہانہ شوکت۔ کروفر۔ تجمل۔ امیروں اور بادشاہوں کی سواری۔

جلوسی (ع۔ اسم صفت بیائے نسبتی) تخت نشینی سے منسوب۔ شاہی جلوس کے ملازم۔

جلوں کو جلانا: دیکھو جلانا۔

جلوہ (ع۔ اسم مذکر) نمودار ہونا۔ دیدار۔ نظارہ سامنے آنا۔ تجلی۔ نور۔ چمک۔

جلوہ دکھانا (اُ۔ محاورہ) کسی خاص طرز سے اپنے آپ کو ظاہر کرنا۔ نظارہ دینا۔
جلوہ گر ہونا (اُ۔ محاورہ) ظاہر ہونا۔ نمودار ہونا۔ بادشاہوں کا تشریف لانا۔
جلی (ع۔ اسم صفت) روشن۔ آشکار۔ ظاہر۔ نمایاں۔ عیاں۔ پرگھٹ۔ پرکار۔ موٹا لکھا ہوا خط۔ ممتاز۔ خفی کی ضد۔
جلیبا (ہ۔ اسم مذکر) شہتوت۔ توت۔ بڑی جلیبی۔
جلیبی (ہ۔ اسم مؤنث) ایک قسم کی مٹھائی جو کڑاہی میں تل کر شیرے میں ڈبوئی جاتی ہے۔
جلے پاؤں کی بلی (ہ۔ محاورہ) ہرزہ گرد۔ عورت۔ وہ عورت جسے پھرنے کے سوا اور کوئی کام نہ ہو۔ آوارہ گرد۔ مضطرب۔ بیقرار۔
جلے پر نمک چھڑکنا۔ یا۔ لگانا (ہ۔ محاورہ) رنج پر رنج دینا۔ ستائے ہوئے کو ستانا۔ جلے کو جلانا۔
جلے پھپھولے پھوڑنا (ہ) فعل۔ حسد نکالنا۔ بدلہ لینا۔ دل کا بغض ظاہر کرنا۔ عداوت نکالنا۔
جلے تن (اُ۔ دعو) اسم صفت (دیکھو جلا تن)
جلیسری (ہ۔ مو) لوہاروں کی ناند، جس میں لوہے کو ٹھنڈا کرتے ہیں۔
جلی کٹی کہنا (ہ) فعل۔ بُرا کہنا۔ بدی کرنا۔ دشمنی اور حسد کی باتیں کرنا۔ کسی کے خلاف کہنا۔
جلیس (ع۔ اسم صفت۔ مشبہ مذکر) ہمنشین۔ مصاحب۔ ساتھی۔ رفیق۔ ہمراہی۔ پاس بیٹھنے والا۔
جلی کٹی (ہ۔ مو) طنز و تشنیع۔ عداوت والی گفتگو۔
جلیل (ع۔ اسم صفت۔ مشبہ مذکر) بزرگی والا۔ بزرگ۔ بڑا۔ کلاں۔ عظیم۔ اعلیٰ۔ افضل۔ خدا تعالیٰ کا صفاتی نام۔
جلیل القدر (ع۔ اسم صفت) عالی مرتبہ۔ بڑا معزز۔ بڑی شان والا۔
جلیلہ (ع۔ مو) جلیل کا مونث بڑا بزرگ۔ اونچا۔

ج - م

جم (ف۔ اسم مذکر) بڑا بادشاہ جب یہ لفظ نگین۔ وحش و طیر۔ دیو۔ پری انگوٹھی وغیرہ کے ساتھ استعمال ہو تو جب جام۔ بزم۔ جشن۔ شراب۔ پیالہ وغیرہ کے ساتھ بولا جائے تو مراد ہوتے ہیں اور سید وغیرہ کے ساتھ آئے تو شاہ اسکندر مراد ہوتا ہے جب آئینہ مراد لیا جاتا ہے۔ ہندوؤں کے روزمرہ میں موت کا فرشتہ نیز وہ آدمی جس کے پاس آنا بھی اچھا محسوس نہ ہو۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کا نام۔ شاہ ایران کا نام۔
جم جاہ (ف۔ اسم صفت) بڑے مرتبے والا۔ جمشید بادشاہ جیسے مرتبے والا۔ بڑا سخی۔
جم (ہ۔ اسم مذکر) (ہندو) دھرم راج۔ پاتال کا راجہ۔ ملک الموت۔ موت۔ قضا۔ ناگوار طبع آدمی جو پاس سے نہ ہٹے۔ توام۔ جوڑواں۔ جڑواں۔
جم جم سے: جم جم۔ طنزاً۔ ماشاء اللہ۔
جم جم جیو (دعا)
جمی جم: انہیں کہتا عورتیں منحوس جانتی ہیں۔ اس لئے نہیں کے معنی میں اکثر بھی جم کہتی ہیں۔ جیسے خان صاحب کے گھر میں جمی جم ہیں۔
جم جانا: چپک جانا۔ جیسے کاغذ جم گیا۔ سخت ہو جانا۔ جیسے پانی جم گیا۔ رنگت قائم ہو جانا۔ جیسے مستی کی دھڑی جم گئی۔
جم بیٹھنا: پیوست ہو جانا۔ جیسے چول سے چول جم بیٹھی۔
جم دوت (ہ۔ اسم مذکر) ملک الموت۔ پیک اجل۔ موت کا فرشتہ۔
جم دیا (ہ۔ اسم مذکر، ہندو) جم دیوتا کے نام کا چراغ۔ جو دیوالی سے دو دن پہلے جلایا کرتے ہیں۔
جم راج (ہ۔ اسم مذکر) جم لوک کا بادشاہ تحت الثرے کا بادشاہ۔ پاتال کا راجہ۔
جم کا سندیسہ (ہ) موت کا پیغام۔
جم ہو جانا (ہ) فعل۔ موت کی طرح ٹلنے کا نام نہ لینا۔ پیچھا نہ چھوڑنا۔ قضا سے مبرم بن جانا۔
جماد (ع۔ اسم مذکر) غیر ذی روح اشیا۔ بے جان چیزیں۔ اینٹ پتھر وغیرہ۔ وہ زمین جس پر پانی نہ برسے۔ قحط سالی۔ خشک سالی۔ بخیل۔ کنجوس۔ سخت زمین۔
جمادات (ع۔ مذ) غیر ذی روح۔ دھات۔ بے جان چیز جیسے اینٹ پہاڑ۔ پتھر وغیرہ واحد "جماد"۔
جمادی الاوّل (ع۔ اسم مذکر) عربی۔ قمری۔ یعنی اسلامی ہجری سال کا پانچواں مہینہ۔
جمادی الآخر یا۔ جمادی الثانی۔ یا۔ الثانیہ: (ع) عربی قمری اسلامی ہجری کا چھٹا مہینہ۔
جمار (ع۔ مذ) حاجیوں کا حج میں مقررہ مقام پر سنگریزے پھینکنا۔ محسن گرتے ہیں ٹوٹ کر ستارے ؛ ہیں رمی جمار کے اشارے۔
جماع (ع۔ مو) مجامعت۔ مباشرت۔ مرد کا عورت سے صحبت کرنا۔ بھوگ۔
جماعت (ع۔ اسم مؤنث) گروہ۔ آدمیوں کا جتھا۔ ہجوم۔ بھیڑ۔ انبوہ۔ فریق۔ فرقہ۔ غول۔ ٹولی۔ مجلس۔ سبھا۔ سلسلہ۔ پرا۔ غازیوں کی قطار۔ درجہ۔ رتبہ۔ جیسے مدرسے کی جماعت۔ مراد نماز جماعت۔ جیسے کیا جماعت ہو چکی۔
جماعت سے کرامات (اُ۔ محاورہ) اتفاق میں برکتیں ہیں۔ اتفاق سے سب مشکلیں حل ہو جاتی ہیں۔
جمعگی (اُ۔ اسم مؤنث) دراصل جمعگی ہے یعنی جمعہ کے دن سے نسبت رکھنے والا۔ ہفتہ کا خرچ۔ جیب خرچ۔ جمعراتی۔ مسلمانوں میں دستور تھا کہ جمعہ کے دن بچوں کو جیب خرچ دیا کرتے تھے۔ جمعہ کا طفلانہ یا ملاّجی کا وظیفہ جو جمعہ کو لوگ دیتے ہیں۔
جمال (ع۔ اسم مذکر) حسن۔ خوبصورتی۔ جوبن۔
جمال گوٹہ (ہ۔ مذ) پتے کی شکل کا گرم خشک اور نہایت دست آور پھل۔ حب السلاطین یا حب الملوک۔
جمالیات: فن حسن بینی۔ فنون لطیفہ۔
جمالی (ع۔ اسم صفت نسبتی) نوری۔ شان رحمت کی تجلی منسوب بہ جمال الٰہی وہ اسم جو جلالی نہ ہو (بصورت اسم مذکر) ایک قسم کا سرا۔ خربوزہ۔ صوفیوں کی اصطلاح میں نباتات۔ پیاز۔ لہسن وغیرہ بودار چیزیں۔ ترک جمالی سے یہی مراد ہے۔

جمانا (ف) فعل، منجمد کرنا۔ بستہ کرنا۔ جیسے برف جانا دہی جمانا) ترتیب سے لگانا۔ قایم کرنا۔ ٹھہرنا۔ اکھاڑنا کے خلاف۔ چسپاں کرنا۔ جوڑنا۔ آمادہ کرنا۔ راضی کرنا۔ رکھنا۔ دھونا۔ جیسے سلفہ جمانا۔ جمع کرنا۔ فراہم کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ جیسے اکھاڑا جمانا۔ لگانا۔ شروع کرنا۔ جیسے کام جمانا۔ ٹھہانا۔ ٹھانا۔ جیسے دل میں جمانا۔ ذہن نشین کرنا۔ ردہ رکھنا۔ چنائی پر چنائی کرنا۔ ڈھیر لگانا۔ انبار کرنا۔

جمانا (ف) مصدر، کھانا کھلانا۔ ضیافت کرنا۔

جماؤٹ (مو) کسی چیز کا دوسری چیز میں بخوبی نسب ہونا۔

جماؤ (ف) اسم مذکر، حاصل مصدر، بستگی۔ انجماد۔ جمنے کی قابلیت بھیڑ۔ ہجوم۔ قیام۔ ٹھہراؤ۔ پختگی۔ استحکام۔ لیس۔ چیپ۔

جماؤ (ف) جمنے کے قابل۔ پائدار۔ مضبوط۔ پکا۔

جماہنا (ف) جماہی۔ لینا۔

جماہی، جمائی۔ یا۔ جمائی لینا (ف) اسم مؤنث، سستی اور خمار کی حالت میں منہ کھول کر سانس لینا۔

جمبیری (ف۔ مذ) ایک قسم کا لیموں۔

جم جم (ظ۔ تابع فعل) عورتیں۔ ہمیشہ۔ مدام۔ سدا۔ نت۔ خدا کرے۔ خدا مبارک کرے ضرور۔ سلامتی اور اقبال کے ساتھ۔ بالضرور۔ درحقیقت۔

جم جنوائی ہو کر بیٹھنا (ف) خوب جم کر بیٹھنا۔ چمٹ جانا۔

جم خانہ (انگ۔ مذ Gymkhana) جمخانہ۔ کھیل گھر۔ کھیلنے کی جگہ۔ شرفا اور حکام کے کھیلنے کی جگہ۔

جمدھر (ف۔ اسم مذکر) ایک قسم کی چھری۔ خنجر۔ ایک طرح کا بادامی کاغذ۔

جمشید (ف۔ مذ) ایران کا مشہور بادشاہ۔

جمع (ع۔ اسم مذکر) کل۔ تمام۔ اکٹھا۔ میزان۔ چند رقموں کا مجموعہ۔ سرمایہ۔ دولت پونجی۔ زرنقد۔

جمع (ع) گروہ۔ فراہم۔ واحد اسم کی جمع جو ایک سے زیادہ کے لئے بولی جاتی ہے۔ لاگت۔ پیداوار۔ محاصل آمدنی۔ بہی کا وہ حصہ جس میں آمدنی لکھی جاتی ہے خاطر کے استعمال کریں تو اطمینان۔

جمعبندی (ع۔ ف۔ اسم مؤنث) فردلگان۔ قرار۔ جمع۔ تقسیم۔ لگان۔

جمع کرنا (ع۔ ف فعل) اکٹھا کرنا۔ بٹورنا۔ سمیٹنا۔ ڈھیر کرنا۔ گودام میں رکھنا۔ جوڑ لگانا۔ میزان دینا۔ اگاہنا۔ وصول کرنا۔ سپرد کرنا۔ حوالہ کرنا۔ امانت رکھنا۔ فرد حساب میں وصول لکھنا۔

جمع والا (ع۔ اسم مذکر فاعل) دولت مند۔ پونجی والا۔ سرمایہ دار۔ مہاجن۔ ساہوکار۔

جمع الجمع (اس اسم کی جمع جو خود کسی واحد کی جمع ہو جیسے فروعات۔ یہ فرع کی جمع ہے جو خود فرع کی جمع ہے۔

جمع سنگین (ف۔ مو) سخت لگان۔ دو متضاد چیزوں کا یکجا ہونا۔

جمع کرنا (ع۔ ف) ایک جگہ کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ وصول کرنا۔ میزان دینا۔ امانت رکھنا۔ تحویل میں دینا۔ حساب میں وصول لکھنا۔

جمع خرچ (ع۔ اسم مذکر) آمد و خرچ۔ مداخل و مخارج۔ کلہم۔ تمام۔

جمع ہونا (ع۔ ف فعل) فراہم ہونا۔ اکٹھا ہونا۔ سمٹنا۔ وصول ہونا۔

جمعدار (ع۔ ف۔ اسم مذکر) جماعت کا افسر۔ سردار جماعت۔ چند سپاہیوں کا افسر۔

جمعداری (ع۔ ف۔ اسم مؤنث) بیائے مصدری، جمعدار کا عہدہ۔ جماعت یا گروہ کی افسری۔

جمعرات (ع۔ اسم مؤنث) شب جمعہ۔ پنجشنبہ کا دن۔ برہسپت۔ ویروار۔ جمعہ سے ایک دن پہلے کا روز۔

جمعراتی (ع۔ اسم مؤنث) وہ جیب خرچ جو لڑکوں کو ملتا ہے۔ مکتبی ملاؤں کا پیسہ۔ پاٹ شالا کے پنڈت اس کو اتواری کہتے ہیں۔

جمعراتی ٹکا: وہ ٹکا جو جمعرات کے دن مکتب کے میاں جی کو دیا جاتا تھا۔ عیدی۔ عید بقر کی قسم کا نذرانہ اور عطیہ ہوتا تھا۔ جو عام لوگ ایک ٹکہ دیا کرتے تھے۔ مراد معین امداد جو حقیر ہو۔

جمعراتی سیّد (ع۔ مذ) بناوٹی سیّد۔ جو جمعرات کی فاتحہ کی روٹیوں کا حقدار بن جانے کے لئے سیّد بن گیا ہو۔

جمعہ (ع۔ اسم مذکر) شکروار۔ یوم۔ آدینہ۔ پنجشنبہ کے بعد کا دن۔ نماز جمعہ کو بھی مراداً کہدیتے ہیں۔

جمعہ جمعہ آٹھ دن (اُ) چند روز۔

جمعہ کو نکاح ہفتہ کو طلاق (ع۔ مثل) اس وقت بولتے ہیں جب بہت جلد پھوٹ پڑ جائے۔

جمعہ کے ڈبو آنکھیں کھولو: اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی چالاک شخص کسی سادہ لوح کو ٹھگ لے۔ اور وہ بے چارہ ہاتھ ملتا رہ جائے۔

جمعیّت (ع۔ اسم مؤنث) فراہمی۔ اکٹھا ہونا۔ روہ مجمع۔ انبوہ۔ فوج۔ لشکر۔ اطمینان۔ تسکین۔ دلجمعی۔ تسلی۔ تشفی۔

جمعیت خاطر (ع۔ اسم مؤنث) دل جمعی۔ تشفی۔ تسلی۔ آسودگی۔ خاطر۔ بے فکری۔ اطمینان یا تسکین دل۔

جم غفیر (ع۔ اسم مذکر) (جم بمعنی انبوہ۔ غفیر بمعنی کثیر) انبوہ کثیر۔ بڑا جمگھٹ۔ بھاری ہجوم۔

جمگھٹ۔ یا۔ جمگھٹا (ف) اسم مذکر) بھیڑ۔ انبوہ۔ ہجوم۔ بہت بڑا مجمع۔ بڑی دیوالی کی آخری رات (کو جواریوں کا ہجوم)

جمل (ع۔ اسم مذکر) حروف ابجد کے اعداد کا حساب۔ جس سے ماہ تاریخ نکالتے ہیں۔

جمل (ع۔ مذ) اونٹ۔ شتر۔ ناقہ۔ ایک لڑائی کا نام جو حضرت علیؓ اور حضرت عائشہ صدیقہؓ کے درمیان ہوئی تھی۔

جملگی (ع۔ ف۔ اسم مؤنث) تمامی۔ عمومیت (بصورت صفت) تمامی۔ کلہم۔ کل۔ سب۔ سارے۔ سارے کے سارے۔ میزان۔

جملہ (ع۔ اسم صفت) تمام۔ سب۔ کل۔ میزان کل۔ کلموں کا مجموعہ۔ فقرہ۔ کلام۔

جملہ معترضہ (ع۔ اسم مذکر) وہ جملہ جو کسی دوسرے جملہ کے دو اجزا کے درمیان واقع ہو۔ بات میں بات۔ خارج از بحث ذکر۔

جمنا (ف۔ فعل) منجمد ہونا۔ اکٹھا ہونا۔ ٹھیرنا۔ قایم ہونا۔ اگنا۔ زمین سے نکلنا۔ چپکنا۔ چسپاں ہونا۔ مضبوط ہونا پکا ہونا۔ مستحکم ہونا۔ رکنا۔ بات ذہن نشین ہونا۔

جمنا ہندوستان کے ایک مشہور دریا کا نام جس کے کنارے پر دہلی متھرا آگرہ وغیرہ شہر واقع ہیں۔

جمناسٹک (انگ۔مو۔GYMNASTIC) ورزش، کھیل، اُچھل کود۔
جمُوٹ (ہ۔اسم مؤنث) (پورب، کنوئیں کی بنیاد۔ رسم بنیاد چاہ۔
جمُود (ع۔ مصدر) جم جانا۔ کام رُک جانا۔ زبردستی التوا۔ تعطل پیدا ہونا۔
جموگا (ہ۔ مذ) مرگی۔ ایک مرض جس میں منہ سے کف نکلتا ہے اور آدمی بے قابو ہو کر گر پڑتا ہے۔
جموگدار (ہ۔ مذ) قرق امین قرقی کا پیادہ۔
جمہور (ع۔اسم مذکر) عام لوگ۔ سب لوگ۔ تمام۔ اُمرا و زرا و عوام۔
جمھانا (ہ) دیکھو "جماہنا"
جمھائی (ہ) دیکھو "جماہی"
جمہورانام (ع۔ اسم مذکر) دُنیا کے عام لوگ۔ سب آدمی۔ تمام لوگ۔
جمہوری سلطنت (اُر۔اسم مؤنث) وہ سلطنت جہاں کا بادشاہ مطلق العنان نہ ہو۔ لوگوں کے نمایندوں کی حکومت۔
جمیع (ع۔اسم صفت) سب۔ تمام۔ کل۔ سارے کے سارے۔
جمیل (ع۔اسم صفت مذکر) خوبصورت۔ حسین۔ سُندر۔ خوب۔ نیک۔
جمیلہ (ع۔اسم صفت مؤنث) خوبصورت عورت۔ حسینہ۔ شکیلہ۔

ج - ن

جن (ہ۔ مذ) آدمی۔ شخص۔ متنفس۔
جن (ع۔اسم مذکر) بھوت۔ دیو۔ پریت کی وہ قسم جو آگ سے پیدا کی گئی ہے۔ ہمزاد۔ روح۔ عفریت۔ غضب۔ سخت آدمی۔ کڑا اور پکا آدمی ضدی اور سرکش آدمی۔ جس کی جمع تعظیم کے موقع پر اکثر و بیشتر واحد کے لئے بھی مستعمل ہے۔
جن اُتارنا (اُر۔ عبارہ) بھوت کو قابو کرنا۔ کسی کے سر سے بھوت پریت وغیرہ کے آسیب کو دور کرنا۔ کسی کے غصّے کو ٹھنڈا کرنا۔
جن اُترنا فعل لازم۔
جن جھاڑنا آسیب دفع کرنے کا منتر پڑھنا۔
جن چڑھنا (اُر۔ محاورہ) آسیب کا اثر ہو جانا۔ غصّہ چڑھنا۔ ضد چڑھنا۔
جن سوار ہونا دھن رہنا۔ خبط رہنا۔
جن کا سایہ آسیب کا اثر۔
جن شیشے میں اُتارنا جن کو قابو میں کرنا۔ شریر ماضدی کو ڈھنگ پر لانا۔
جنیہ جن کا مؤنث کہتے ہیں۔
جنی خط یا تحریر وہ خط جو گھسیٹ ہونے کی وجہ سے پڑھا نہ جائے۔ لکھنؤ والے اسے "جناتی خط" کہتے ہیں۔
جنا (ہ۔اسم مذکر۔ مفعول) جنا ہوا۔ پیدا شدہ۔ نطفہ۔ تخم جیسے حرام کا جنا آدمی۔ مرد۔ شخص۔ متنفس جیسے ایک جنا آ جائے۔
جناب (ع۔اسم مؤنث) درگاہ۔ آستانہ۔ آپ۔ حضرت۔ قبلہ۔ صاحب۔ حضور۔ خود بدولت۔
جناب اقدس (ع۔اسم مذکر) حضور والا۔ حضور عالی۔ عالیجناب۔
جناب عالی (ع۔اسم مذکر) خداوند نعمت۔ حضرت سلامت۔ عالیجناب۔
جَنابت (ع۔اسم مؤنث) آلودگی۔ ناپاکی۔ نجاست۔ سوتے یا جاگتے میں منی نکلنے کی وجہ سے غسل کی ضرورت پیدا ہونا۔
جِنّات (ع۔اسم مذکر) جن کی باقاعدہ جمع۔ بہت سے بھوت پریت وغیرہ۔
جَنازہ (ع۔اسم مذکر) لاش۔ لوتھ۔ مردہ جسم۔ تابوت میّت۔ ارتھی۔ بوان۔
جنازہ اُٹھانا جنازہ کو دفن کے لئے لے جانا۔
جنازہ رواں (مذ) گھوڑا۔
جنازے کی نماز وہ نماز جو مسلمان جنازے پر دفن کرنے سے پہلے پڑھتے ہیں۔
جناں (ع۔ مذ) بہشت۔ جنّت۔ سے امیر

جناں لاکھ آراستہ ہو مگر
مدینے کے گلشن کو پاتا نہیں

زیادہ تر ادیبوں اور شاعروں نے اسے مؤنث مانا ہے۔
جنازہ نکلے / جنازہ دیکھے (اُر) دعائے بد اور قسم کے موقعہ پر بولا کرتے ہیں۔ مردہ دیکھے میّت نکلے۔ مرے۔ مر جائے۔
جنانا یا جنوانا (ہ۔ فعل) پیدا کرنا۔ بچہ کو پیٹ سے نکالنا۔ دائی کا عورت کے پیٹ میں سے بچہ باہر نکالنا۔
جنائی (ہ۔اسم مؤنث۔ بیائے فاعلیت) جنانے والی عورت۔ دائی۔ قابلہ۔ جنانے کی اُجرت۔
جُنُب (ع۔ مذ) جو شخص جنابت سے نجس ہو۔ (دیکھو جنابت)
جُنباں (ف) ہلنے والا۔
جنابہ (ع۔ مذ۔ رعایت) طرفداری۔ حمایت۔
جنابہ داری حمایت۔ طرفداری۔
جُنبش (ف۔اسم مؤنث) حاصل مصدر از جنبیدن۔ حرکت۔ گردش۔ چال۔ رفتار۔ ہلنا جلنا۔ چیل کی طرح کا شکاری جانور۔
جُنبش دینا (اُر۔ فعل) حرکت دینا۔ ہلانا جھنجھوڑنا۔
جَنّت (ع۔اسم مؤنث) بہشت۔ خلد۔ فردوس۔ سُرگ۔ سُربُر۔ بیکنٹھ۔ دوزخ کی ضد۔
جَنّت نصیب کرے (اُر) دعائے خیر۔ خدا کرے بہشت ملے۔
جنتر منتر (س۔اسم مذکر) آلہ۔ کل۔ اوزار۔ راچھ۔ آلۂ جرثقیل۔ ایک طرح کا باجا۔ بین۔ افسوں۔ جادو۔ ٹونہ۔ ٹوٹکا۔ تعویذ۔ گنڈا۔ ایک قسم کا برتن جس سے مہوس لوگ روغن و عرق نکالتے ہیں۔
جنتر منتر (س۔اسم مذکر) بازی گری۔ نظر بندی۔ سحر سازی۔ شعبدہ بازی۔ مکاری۔ فریب۔ دھوکا بازی۔ وہ اُونچا مکان جس میں نجومی لوگ بیٹھ کر ستاروں کی گردش معلوم کرتے ہیں۔
جنتری (ہ۔اسم مؤنث) تارکشوں کے تار کھینچنے کا ایک سوراخدار آلہ۔ تقویم پترا۔ حساب یکسالہ۔ شعبدہ باز۔ جادوگر۔
جنتری میں کھینچنا تار کو جنتری میں ڈال کر پتلا یا باریک کرنا۔ شریر کو راہ پر لانا۔
جنتو (ہ۔اسم مذکر) جیو۔ جانور۔ پرانی۔ حیوان۔ رینگنے والے جانور حشرات الارض۔

جنتی (ع۔اسم صفت) بہشتی۔ سرگی۔ بہشت میں رہنے والا۔ مرحوم۔ مغفور۔ سرگباشی۔ نیک آدمی۔ بھلا آدمی۔ سیدھا۔ سادہ آدمی۔ بھولا۔ بھالا۔

جنتی (ہ۔اسم مؤنث) مان۔ مادر۔ ماتا۔ اماں۔ والدہ۔ جنتی۔ تار کھینچنے کا اوزار۔ لوہے کا سورا خدار آلہ۔

جنٹلمین (ا) GENTLEMAN۔انگ۔اسم مذکر) شریف آدمی۔ بھلا مانس۔

جنجال (ہ۔اسم مذکر) بلا۔ آفت۔ مصیبت۔ وبال۔ عذاب۔ پیتا۔ دکھ۔ مشکل۔ دقت۔ دشواری۔ پریشانی۔ حیرانی۔ سراسیمگی۔ بکھیڑا۔ جھگڑا۔

جنجال میں پڑنا۔ یا۔ پھنسنا (اُ) مصیبت میں گرفتار ہونا۔ عذاب میں پڑنا۔ مشکل میں پڑنا۔

جنجالی (ہ۔اسم مذکر) بکھیڑیا۔ جھگڑالو مزاحم۔

جنچنا (ہ) دیکھ جچنا۔

جنددرا (ہ۔اسم مذکر۔ فعل) تالا۔ ایک آلہ جس سے مٹی اکٹھی کر کے کیاریاں بناتے ہیں۔

جندرے ڈھیلے ہونا (اُ۔ محاورہ) کل پرزے ڈھیلے ہونا۔ سست ہونا۔ کاہل ہونا۔

جندڑی (ہ۔اسم مؤنث) جان کی تصغیر جس میں تحقیر کے معنی مضمر ہے۔ جان روح۔ آتما۔

جندڑی پر ستم توڑنا: بہت ظلم وستم کرنا۔

جندڑی کا وبال پڑنا: جان کا صبر پڑنا۔

جندڑی گنوانا: جان دینا۔

جنڈ (ہ۔اسم مذکر) ایک جنگلی درخت کا نام ہے جسے سانگر کہتے ہیں۔ اس کی پھلیوں کا اچار ڈالتے ہیں۔

جنرل (General۔انگ۔ا۔مذ) بڑا فوج کا افسر اعلیٰ۔ عام حاکم جیسے گورنر جنرل۔

جنرل پوسٹ آفس (General Post Office) بڑا ڈاک خانہ۔

جنس (ع۔اسم مؤنث) چیز۔ شے۔ اسباب۔ سودا۔ سوداگری کا اسباب۔ نوع۔ قسم۔ جماعت۔ اناج۔ غلہ۔ پیداوار۔ زیور۔ گہنا۔ تذکیر وتانیث۔ منطق کے اعتبار سے وہ کلی جس کے تحت کئی اور عام نام ہوں جیسے کتاب کہ اس کے تحت حساب کی کتاب۔ ادب کی کتاب۔ انگریزی کی کتاب اور جو ایک قسم کی کئی چیزوں کے لئے بولے جاتے ہیں۔

جنس خانہ (ع۔ف۔اسم مذکر) گودام۔ کوٹھڑی۔ مال گھر۔ مودی خانہ۔

جنس وار (عف۔اسم مذکر) قسم وار۔ تفصیل وار۔ پٹواریوں کی گرداوری کا نقشہ جو وہ ہر شماہی تحصیل میں داخل کرتے ہیں۔

جنسیت (ع۔اسم مؤنث) ہم قسم ہونا۔ یکسان ہونا۔ ایک میل ہونا۔

جنکشن (Junction۔انگ۔اسم مذکر) دو یا دو سے زیادہ شاخیں آکر ملتی ہوں وہ مقام جہاں ریل کی دو یا زیادہ ریلوں کو مقام اتصال۔

جنگ (ہ۔اسم مذکر) پشتارہ۔ گٹھڑ۔ بنڈل۔ مجموعہ۔ بیاض۔ جیسے ان کی غزلوں کے جنگ پر نظر پڑی۔

جنگ (ف۔اسم مؤنث) لڑائی۔ رن۔ جدھ۔ معرکہ۔ مدزم۔ کارزار۔ جدل۔ نبرد پیکار۔ عداوت۔ دشمنی۔ کینہ۔ بیر۔

جنگ آزمودہ (ف۔اسم صفت بترکیب مفعولی) دلیر۔ بہت سی لڑائیوں میں رہ چکنے والا۔ لڑائی کی گھاتوں سے واقف۔

جنگ آور (ف۔اسم صفت بترکیب فاعلی) لڑنے والا۔ لڑائی پر چڑھنے والا۔

جنگا مشتی (مو) مار کٹائی۔ دھینگا مشتی۔

جنگجو (ف۔اسم صفت بترکیب فاعلی) لڑاکا۔ جھگڑالو۔ تکراری آدمی۔

جنگ زرگری (ف۔اسم مؤنث) جھوٹ موٹ کی لڑائی۔ دشمن کو دھوکا دینے کے لئے بلا عداوت اور مصلحت کی لڑائی۔ سازشی لڑائی۔

جنگ سر کرنا: لڑائی جیتنا۔

جنگاہ (مو) میدان جنگ۔

جنگ کرنا (اُ۔ فعل) لڑنا۔ جھگڑنا۔ لڑائی کرنا۔

جنگ وجدل (ف۔اسم مذکر) لڑائی۔ جھگڑا۔ لڑائی بھڑائی۔ کھٹا پٹی۔ ٹنٹا۔ دنگا فساد۔

جنگل (ف۔اسم مؤنث) میدان۔ جھاڑی۔ نخلستان۔ صحرا۔ بیابان۔ ریگستان۔ بنجر اور ویران جگہ۔ چراگاہ۔ چوپایوں کے چرنے کی زمین۔ بادشاہی شکارگاہ۔ درختوں کی کثرت کی جگہ۔

جنگل کا آدمی (اُ۔اسم مذکر) بن مانس۔ بندر۔ وحشی آدمی۔ صحرائی آدمی۔ غیر مہذب ناشائستہ۔

جنگل جلیبی (مو) لینڈی۔ گوہ۔ خشک پاخانہ۔

جنگل جانا (دیہات میں جہاں پاخانے نہ بنے ہوں) ٹٹی جانا۔ پاخانے جانا۔

جنگل کا تیتر: سخت ڈرپوک۔

جنگل میں منگل ہونا (اُ۔ محاورہ) ویرانے میں آبادی یا رونق ہونا۔ جنگل میں عیش وعشرت کا سامان موجود ہونا۔

جنگل میں مور ناچا کس نے دیکھا (اُ۔ مثل) غیر ملک یا پردیس میں سخاوت کی تو کس کام کی۔ عزت وہی جو اپنے وطن میں ہو۔

جنگل ہو جانا (اُ۔ محاورہ) بستی کا ویران ہو جانا۔

جنگلا (اُ۔اسم مذکر) جھنڈ۔ گھنا۔ جنگل۔ کٹہرا۔ اُجاڑ۔ احاطہ۔ باڑ۔ جالی۔ ویرانہ اور غیر آباد جگہ۔ دوپٹے وغیرہ پر گوٹہ کناری کا حاشیہ۔ مختلف رنگوں کے بیل بوٹے۔ ایک دھن، چار دیواری۔ ٹٹی وہ لکڑی یا لوہے کی سلاخیں جو صحن وغیرہ کے گرداگرد لگا دیتے ہیں۔

جنگلا

جنگلی (اُ۔اسم صفت بیائے نسبتی) دشتی۔ وحشی۔ صحرائی۔ بھڑکنے والا۔ بدکنے والا۔ خودرو۔ قدرتی۔ آپ ہی اُگا ہوا۔ گنوار۔ اُجڈ۔ ناشائستہ غیر مہذب جاہل۔ بے تمیز۔ نامانوس۔ اُجاڑ۔

جنگلی سؤر (اُ۔اسم مذکر) خوک صحرائی۔ موٹا اور بدصورت آدمی۔ بعض عورتیں صرف جنگلی یا جنگل والا بھی بولتی ہیں۔

جنگی (ف۔اسم مذکر۔ بیائے نسبتی) قابل جنگ۔ شجاع۔ بہادر دلیر لڑاکا سپاہی۔ لشکری۔ سورما (بحالت صفت) فوجی۔ ملٹری جیسے جنگی افسر۔ بڑا۔ عظیم۔ کلان۔ فراخ۔ موٹا طویل وعریض۔ لمبا چوڑا۔ بہت بڑا۔ جیسے بڑا جنگی جہاز۔

جنگی بیڑا (دُور۔ اسم مذکر) لڑائی کے جہازوں کا سلسلہ۔



بحری فوج اور سامان سے لدے ہوئے جہاز۔ بحری فوج۔

جنگی پرنالہ (دُور۔ اسم مذکر) وہ پرنالہ جس کی دھار دور گرے۔ ٹھنی پرنالے کی ضد۔

جنگی جہاز (دفع۔ اسم مذکر) لڑائی کا جہاز، بہت بڑا جہاز۔

جنگی فوج (دفع۔ اسم مؤنث) لڑائی کی فوج، بڑی فوج۔

جنگی لاٹ (دُور۔ اسم مذکر) سپہ سالار، کمانڈر انچیف۔ فوج کا سب سے اعلیٰ افسر۔ لارڈ۔

جنم (وہ۔ اسم مذکر) ولادت۔ پیدائش۔ نسل۔ بنیاد۔ اصل۔ خلقت۔ فطرت ہندوؤں کے نزدیک روح کا ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا۔ عمر۔ زندگی۔ حیات۔ عادت۔ خصلت۔ خُو۔

جنم اشٹمی (وہ۔ اسم مؤنث) بھادوں کے اندھیرے پاکھ کا آٹھواں دن جس دن سری کرشن جی کی پیدائش ہوئی۔ کرشن جی کی سالگرہ کا دن۔

جنم اندھا (وہ۔ اسم مذکر) پیدائشی اندھا۔ کور مادرزاد۔ مادرزادنا بینا۔

جنم بگاڑنا (محاورہ) دھرم بگاڑنا۔ ایمان خراب کرنا۔ گناہ میں زندگی بسر کرنا۔ زندگی خراب کر لینا۔ عادت بگاڑنا۔

جنم بگڑنا ایمان میں فرق آنا۔ بیوہ ہونا۔ زندگی برباد ہونا۔

جنم بھر: عمر بھر۔

جنم بھوم۔ جنم بھومی۔ جنم استھان (وہ۔ اسم مذکر ظرف) پیدائش کی جگہ۔ زادبوم۔ مولد۔ وطن۔ دیس۔

جنم پتری۔ یا۔ جنم پترا (وہ۔ اسم مؤنث) زائچہ۔ تقویم۔ لگن کنڈلی۔

جنم پٹا (دمذ) عمر کا اقرار نامہ۔

جنم جلا۔ یا۔ جنم جلی (وہ۔ اسم صفت بہ ترکیب مفعولی) پیدائشی بدنصیب بداختر۔ بدطالع۔ منحوس۔ شوم۔ نگوڑا۔ بیچارہ۔ مصیبت زدہ۔ ذرا سا۔ قلیل۔ بہت تھوڑا۔ بہت ہی کم جیسے جنم جلا سودا۔

جنم جنم (وہ۔ اسم صفت) ہمیشہ۔ نت۔ سدا۔ مدام۔ تناسخ۔ اواگون۔

جنم دن (وہ۔ اسم مذکر) یوم پیدائش۔ روز۔ ولادت۔ سالگرہ کا دن۔

جنم ڈبونا گناہ کرنا۔ تبدیل مذہب کرنا۔

جنم روگی (وہ۔ اسم صفت) دائم المریض۔ سدا روگی۔ جنم کا دکھیا۔ پرانا بیمار۔

جنم سدھرنا اچھی حالت ہونا۔

جنم کنڈلی (وہ۔ اسم مؤنث) زائچہ خرد۔ چھوٹی جنم پتری۔ لگن کنڈلی۔

جنم کے اندھے نام نین سکھ (وہ۔ مثل) ناقابل ہونے کی صورت میں ناموری کی مثال۔

جنم لینا (وہ۔ فعل) پیدا ہونا۔ دنیا میں آنا۔ اعتقاد ہنود۔ تناسخ۔ اواگون۔ ایک قالب سے دوسرے قالب میں آنا۔ (ہندوؤں کا عقیدہ)۔

جنم میں تھوکنا ذات بنیاد پر لعنت ملامت کرنا۔ سخت عیب لگانا۔

جنم مرن (وہ۔ اسم مؤنث) (ہندو عورتیں) ہمیشہ کی موت۔ موت ابدی۔

جنم نہ دیکھا بور یا پسنے آئی کھاٹ (وہ۔ مثل) غریبی میں بڑوں کی تعلق کرنا۔

جنمی: پیدائشی۔

جننا (وہ۔ فعل) بچہ دینا۔ بیانا۔ پیدا کرنا۔ پیٹ سے بچہ نکالنا۔

جننگ فیکٹری (Ginning Factory) روئی سے بنولے الگ کرنے کا کارخانہ اور مشین۔

جنوا سا (وہ۔ اسم مذکر ظرف) دودھ اور برات کے ٹھہرانے کا مکان۔

جنوانسا۔ یا۔ جوانسا (وہ۔ اسم مذکر) ایک خاردار پودا جسے اکثر اونٹ کھاتے ہیں اور گرمی میں لوگ خس کی ٹٹیوں کی جگہ بھی لگاتے ہیں۔

جنوائی۔ یا۔ جوائی (وہ۔ اسم مذکر) داماد۔ بیٹی کا خاوند۔ خویش۔ دشمن۔ مار آستین۔ بغلی دشمن۔ بیٹی کی گالی بھی ہے جو نہایت سخت سمجھی جاتی ہے۔

جنوری (انگ۔ مذ۔ January) سن عیسوی کا پہلا مہینہ۔

جنوب (ع۔ اسم مؤنث) شمال کی ضد۔ گوشہ۔ دکھن۔ قطب شمالی کے عین نیچے کی طرف کا ملک۔

جنون (وہ۔ اسم مذکر) دیوانگی۔ سودا۔ باؤلاپن۔ خبط۔ مالیخولیا۔ جوش۔ غصہ۔ خشم۔ غلط کام کی دھن۔ عشق۔

جنون آنا (دُور۔ فعل) غصہ آنا۔ حسرت و افسوس آنا۔

جنون اچھلنا جنون کا دورہ ہونا۔ خبط ہونا۔ کسی چیز کی انتہائی دھن۔

جنون چڑھنا (دُور۔ فعل) پاگل ہونا۔ غصہ چڑھنا۔ طیش آنا۔ دیوانہ ہونا۔

جنونی (ع۔ اسم صفت بہ نسبتی فاعلیت) جنون والا۔ پاگل۔ دیوانہ۔ غضبناک۔ باؤلا۔ سفاک۔ غضیل۔

جنہیں (وہ۔ اسم ضمیر موصول۔ جن کو۔ جن لوگوں کو۔ جس کسی کو۔

جنی (ع۔ اسم مذکر بہ نسبتی فاعلیت) نخۂ جن کا عامل۔ بھوت پریت اتارنے والا۔ سیانا۔ عامل۔ اوجھا۔ جادوگر اور ساحر۔

جنی۔ یا۔ جنائی خط (دُور۔ اسم مذکر) بدخط۔ وہ خط جو پڑھا نہ جائے۔ شکستہ خط۔ گھسیٹا ہوا خط۔

جنی (وہ۔ اسم مؤنث) جنا کی مؤنث۔ لگائی۔ تریا۔ بیٹی۔ لڑکی۔ (بحالت صفت) جنی ہوئی۔ پیدا شدہ۔ سیلی۔ گوئیاں۔

جنیا (اُر) جانی کی تصغیر۔ جان من۔ میری جان۔ عزیز۔ بہت پیارا۔

جنیت (وہ۔ اسم مؤنث) برات۔

جنید (وہ۔ اسم مذکر) بغداد کے ایک مشہور ولی کامل کا نام۔ فرقہ جنیدیہ انہیں کی طرف منسوب ہے۔

جنین (وہ۔ اسم مذکر) وہ بچہ جو ابھی ماں کے پیٹ میں ہو۔ پیٹ کا بچہ۔ لوتھڑا۔

جنیو (وہ۔ اسم مذکر) زنار۔ بدھی کی طرح ڈالا ہوا۔ برہمنوں کھتریوں وغیرہ کے گلے کا دھاگا جو اہرات کی آڑی سیدھی لکیر۔ جرم سنگ۔ بال جو ذبیحے وغیرہ میں اس کے ٹوٹنے سے آجاتا ہے

جنیو کا ہاتھ (وہ۔ اسم مذکر) پٹے یا تلوار کا ترچھا ہاتھ۔ یعنی ضرب جو حریف کی چھاتی پر لگاتے ہیں ؎ شعور

کافر نے جو لگایا جنیو کا ایک ہاتھ
وہ زخم تازہ عزت زنار ہو گیا

جنیوا (لاطینی - Geneva - اسم مذکر) سوئٹزرلینڈ کے ایک بڑے مشہور شہر کا نام ہے جہاں کی گھڑیاں مشہور ہیں۔

ج - و

جَو (ع - مذ) ہوا یا خلا۔ آسمان اور زمین کے بیچ کا فاصلہ۔

جو (اُر - مذ) جو کوئی۔ جو شخص۔ جو کوئی۔ جو نسا۔ اگر۔ بالغرض۔ بشرطیکہ جیسے جو تم آئے تو یہ کام ہو جائے گا۔ ۴ انیس

اس عہد کے لائق جو اگر ہیں تو وہی ہیں
جیسا ۴ جلال۔ قول ان کا ہے جو چاہا کیا تیری ادا نے
جس وقت ۴ اپنے جامے سے وہیں ہو گئے باہر لاکھوں
گھر سے پوشاک پہن کر وہ جو باہر آیا

جو (ہ - اسم موصول) جو شخص۔ جو کوئی۔ جو نسا۔ اگر۔ بشرطیکہ۔ بالفرض۔ جس قدر جتنے۔ جو لوگ۔

جو جو (ہ تابع فعل) ہر کوئی۔ ہر چیز۔ ہر شخص۔ جون جون سا۔

جَو جو (ف وہ) ذرا ذرا۔ رتی رتی۔ جیسے حساب جو بخشش سو سو۔

جو کہ (ہ) حرف شرط۔ چونکہ۔ اگرچہ۔

جو ہو (ہ - تابع فعل) جو کچھ ہو۔ کچھ ہی ہو۔ جسقدر۔ جتنا جیسے جو ہو سو لے آؤ۔

جو ہو سو ہو (ہ - تابع فعل) ہر چہ باد آباد۔ کچھ ہی کیوں نہ ہو۔

جو ہیں (ہ - تابع فعل) جبکہ فوراً۔ جس وقت کہ۔ جس لمحہ کہ۔

جَو (ف - اسم مذکر) ایک غلہ کا نام۔ شعیر۔ مقدار قلیل۔ قدرے۔ اندکے۔ ذرا سا۔ اینچ کا تیسرا حصہ۔

جو آگ کھائے گا انگارے بگے گا: جو برا کام کرے گا اس کو نتیجہ بھگتنا پڑے گا۔

جو بندھ گیا سو موتی (مثل) جو کچھ بھی ہو گیا سو اچھا ہو گیا۔

جو بولے سو گھی کو جائے (مثل) جو شخص تدبیر بتائے وہی اُسے انجام تک پہنچائے۔

جو بوؤ گے وہی کاٹو گے: جیسا کرو گے ویسا بھرو گے نتیجہ عمل کے مطابق ہوتا ہے۔

جو پہلے مارے سو میری (مثل) موقع ہاتھ سے نہ دینا چاہیئے۔

جو جاگے سو پائے (مثل) ہوشیار رہنے والا فائدہ اُٹھاتا ہے

جو سنچری کھائے وہی روزہ رکھے (مثل) جو فائدہ اُٹھائے وہی تکلیف بھگتے۔

جو سر اُٹھا کر چلے گا وہی ٹھوکر کھائے گا (مثل) جو غرور کرے گا ذلت اُٹھائے گا۔

جو فروش گندم نما (ف - اسم صفت) دغاباز۔ فریبی۔ دھوکا دینے والا۔ ریاکار۔ دکھاوے کی عبادت کرنے والا۔ وہ شخص جو کہے کچھ کرے کچھ۔ جس کا ظاہر باطن یکساں نہ ہو ۴ محسن

بہ ترغیب ابلیس بے ہودہ کوشش
دغا باز گندم نما جو فروش

جو کوب (ف - اسم صفت - ترکیب مفعولی) نشیبی۔ موٹا موٹا کٹا ہوا۔ دردرا۔

جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں (ہ - مثل) جو گپیں ہانکتے ہیں اُن سے کوئی کام نہیں ہوتا۔

جو من میں بسے سو پسینے دسے (ہ - مثل) جو بات دل میں ہوتی ہے وہی خواب میں دکھائی دیتی ہے

جو ماں سے زیادہ چاہے سو پھاپھا کٹنی کہلائے (ہ - مثل) ماں سے زیادہ محبت سراسر بناوٹ اور دھوکہ ہے۔

جو میرے نہیں سو راجہ کے نہیں (مثل - دعو) جو شخص ہمارا نہ ہو گا وہ راجہ کا بھی نہیں ہو سکتا۔

جَوا (ہ - اسم صفت بالف نسبتی - منسوب بہ جو) بہت چھوٹی چیز۔ لسن کی ہر پوتھی۔ کار چوبی کام میں ایک طرح کا کشیدہ۔

جوا کھار (ہ - مذ) جوا کو جلا کر اس کی خاک سے نکالا ہوا شورہ۔

جَوا مرچ (ہ) چھوٹی مرچ۔

جوا ہڑ (ہ - مو) چھوٹی ہڑ۔

جوا

جُوا (ہ - اسم مذکر) وہ لکڑی جس میں گاڑی یا ہل کے بیلوں کو جوتتے ہیں

جُوا (ہ - اسم مذکر) قمار۔ داؤں بازی۔ نرد بازی۔ شطرنج بازی۔

جُوا چور (ہ - اسم صفت مذکر) جواری جو اپنا داؤں جیت کر چلتا بنے یا کھسک جائے۔

جُوا ڈال دینا: ہمت ہار نا۔ تھک جانا۔

جُوا کھیلنا (ہ - فعل) داؤں لگانا۔ قمار بازی کرنا۔ نفع کی اُمید پر کسی غیر اطمینانی کام میں کچھ لگا دینا۔

جواب (ع - اسم مذکر) سوال کی ضد۔ سوال کا حل۔ خط کا جواب۔ پیام کا جواب۔ بات کا اُتر۔ اُتر۔ پاسخ۔ مقابل۔ جوڑ ثانی۔ نظیر مثل۔ رد۔ تردید۔ کلام کا رد۔ عوض۔ بدلہ۔ جزا۔ پاداش۔ موقوفی۔ معزولی۔ برطرفی۔ علیحدگی۔ جوڑا۔ جفت۔ انکار۔ نامنظوری۔

جواب الجواب (ع - اسم مذکر) جواب کا جواب۔ اُتر کا اُتر۔

جواب باصواب (ع - اسم مذکر) مناسب اور عمدہ جواب۔ معقول جواب۔ بہتر جواب۔ حسب مراد جواب۔

جواب پانا۔ یا۔ ملنا (ع - فعل) موقوف ہونا۔ برطرف ہونا۔ سزا یا بدلہ پانا۔ سزا ملنا۔ انکار ہونا۔

جواب پڑھنا (ع - فعل) سوز خوانی میں گیت یا مرثیہ کے پہلے مصرعے کو دہرانا۔

جواب ترکی بہ ترکی (ف - مثل) جیسا کہو گے ویسا سنو گے۔ جیسا کوئی کہے ویسا ہی اس کا جواب۔

جواب تک نہ دینا: کسی کے بولنے یا خط لکھنے پر بات تک نہ کرنا ناراض ہونا۔

جواب جاہلاں باشد خموشی (ف - مثل) بات نہ ماننے والے جاہلوں کو جواب دینے سے خاموشی بہتر ہے۔ عاقل جاہلوں کے منہ نہیں لگتے۔

جواب دعوے (ہ - اسم مؤنث - قانون) مدعا علیہ کا تحریری جواب یا دعوے کا قانونی جواب کرے۔ جو مدعا علیہ لکھ کر داخل کرے۔

جواب دِہ (عف.) (اسم صفت) (قانون) ذمہ دار۔ ضامن۔ قابلِ باز پُرس۔
جواب دہی (عف.) (اسم مؤنث بیائے مصدری) (قانون) مواخذہ۔ باز پُرسی بکفالت۔
جواب دہی کرنا (اُر۔ محاورہ) قانون۔ مواخذہ کرنا۔ دعوے کا جواب دینا۔ باز پُرس کرنا۔
جواب دِہ ہونا (اُر۔ محاورہ) ذمہ دار ہونا۔ جیسے تمہیں اس بات کا جواب دینا ہوگا۔ جیسے ہاتھ پاؤں نے جواب دے دیا۔ مقابلے میں کچھ کہنا۔
جواب دینا (اُر۔ محاورہ) اُتر دینا۔ پاسخ دینا۔ تردید کرنا۔ کفیل ہونا۔ باز پُرس کرنا۔ جیسے تمہیں اس بات کا جواب دینا پڑے گا۔ موقوف کرنا۔ معزول کرنا۔ خارج کرنا۔ چھوڑنا۔ ترک کرنا۔ جیسے طاقت نے جواب دے دیا۔ گستاخی یا بے ادبی کرنا۔ جیسے نوکر نے آقا کو خوب جواب دئے۔ انکار کرنا۔ نامنظور کرنا۔ نہ ماننا۔
جواب وسوال (ع.) اسم مذکر) بحث مباحثہ۔ تکرار۔ حجت۔ مناظرہ۔ گفت وشنید۔ جھگڑا۔ مقابلہ۔ تعرض۔ بحثا بحثی۔
جواب شافی (ع.) اسم مذکر) تسلی بخش جواب۔ ٹھیک جواب۔ پورا جواب۔
جواب صاف (ع.) اسم مذکر) بالکل انکار۔ صاف انکار۔ مطلق انکار۔
جواب طلب (ع.) اسم صفت) قابلِ باز پُرس۔ قابلِ مواخذہ۔ مشتبہ۔ شکوک۔ قابلِ دریافت۔ رسید طلب۔ وہ بات یا خط جس کا جواب تائید اً مانگا گیا ہو۔
جواب طلب کرنا (اُر۔ محاورہ) باز پُرس کرنا۔ مواخذہ کرنا۔ سبب پوچھنا۔ شک وشبہ دور کرنا۔ باعث دریافت کرنا۔ وجہ دریافت کرنا۔
جواب قطعی (ع.) اسم مذکر) پورا پورا جواب (دیکھو جواب صاف) انکار مطلق۔
جواب کرنا (اُر۔ محاورہ) جرح کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ مباحثہ کرنا۔
جواب ملنا: انکار ہونا۔ برطرف ہونا۔ بدلہ ملنا۔ موقوف ہونا۔ مکافات ملنا۔
جواب ہونا (اُر۔ محاورہ) موقوف ہونا۔ انکار ہونا۔ سزا ملنا۔ جوڑ ہونا۔ ہمسر ہونا۔ مقابل ہونا۔
جوابی (ع.) اسم مذکر بیائے فاعلیت) وہ شخص جو سوز خوانی یا گانے میں مرثیہ کا پہلا مصرع ہر بند کے تمام ہونے پر دہراتا ہے۔ مقابل۔ مثنیٰ۔ نظیر۔ فریق ثانی۔ طرف ثانی۔ مخالف۔ حجتی۔ تکراری۔ مقابل۔ نظیر۔ مدعا علیہ۔ جھگڑالو۔ وہ خط جس میں جواب دینے کے لئے بھی کارڈ بھیجا جائے۔
جواد (ع.) داتا۔ سخی۔ خدا تعالیٰ کا اسم مبارک۔


جوار

جوار (ہ.) اسم مؤنث) ایک قسم کا غلہ۔ چری کا بیج مکئی۔ سمندر کا اُتار۔ جزر کے خلاف۔
جوار بھاٹا (ہ.) اسم مذکر) سمندر کے پانی کا اُتار چڑھاؤ۔ جو چاند کی کشش سے روزمرہ ہوتا ہے۔ مدوجزر۔
جوار (ع.) مذ) ہمسائگی۔ پڑوس۔ قرب جیسے جوار رحمت میں جگہ پائے۔
جوارش (معرب) اسم مؤنث) گوارش کا معرب ایک خوش ذائقہ ہاضم اور مقوی معدہ مرکب دوائی کا نام معجون کی ضد۔
جوارح (ع.) مذ) آدمی اور شکاری جانور کے ہاتھ پاؤں۔ زبان اور دوسرے اجزاء۔
جواری (ہ.) اسم مذکر) قمار باز۔ جوا کھیلنے والا۔ بازی لگانے والا۔ ہار جیت والا۔
جواری ڈھنڈاری (ہ.) اسم مذکر) شہدا۔ لچہ۔ بدمعاش۔ بدچلن۔ پانچوں عیب شرعی۔ بداطوار۔
جَوَاری (ہُ۔ اسم مؤنث) ستار کی گھوڑی۔ ستار کی کھرچ۔ وہ ڈور جو ستار یا طنبور کے اُوپر لگا ہوتا ہے۔ اور جس پر سروں کا اُونچا کرنا موقوف ہے۔
جَواسا: دیکھو جواسا۔
جواز (ع.) مذ) اجازت۔ جائز ہونا۔
جواسیس (ع.) مذ) جاسوس کی جمع۔ بہت سے جاسوس۔
جوالا دس۔ اسم مؤنث) شعلہ۔ لَو لپٹ۔ بھبکا۔ جوت۔ آتش۔ آگ۔ نار۔ تیزی۔ تندی۔ آتش عشق۔ سوز محبت۔ درگا۔ دیوی اُس دیوی کا نام جسکا استھان کانگڑے میں ہے۔
جوالا مکھی (ہ.) اسم صفت) آتش۔ دہان۔
(۲) اسم مذکر) کوہ آتش فشاں۔ وہ پہاڑ جس کے دہانے سے آگ کے شعلے نکلتے ہوں۔
جوالہ (ہ.) مذ) جولانی کرتا ہوا۔ بھڑکتا ہوا۔
جوان (ف.) اسم صفت) نوعمر۔ نوخیز۔ کم سن۔ پختہ۔ پٹھا۔ مضبوط۔ قوی۔ نیا۔ تازہ۔ بہادر۔ دلیر۔ (اسم مذکر) برنا۔ گبرو۔ بالغ۔ بالغہ۔ سیانی۔ سیانا۔ بہادر سپاہی۔ طاقتور سپاہی۔ لڑکا۔ چھوکرا۔ لونڈا۔
جوان بخت (ف.) اسم صفت۔ بترکیب فاعلی) نصیبے والا۔ کامران۔ اقبالمند بھاگوان۔ بختاور۔ خوش نصیب۔ خوش قسمت۔ خاندان مغلیہ کے آخری بادشاہ بہادر شاہ کے ولی عہد کا نام۔
جوان جہاں (بہ اضا) پوری جون پر۔ خوب جوان۔
جوان سال: تازہ جوانی پر۔ نیا جوان۔
جوان سالی (مو) نوعمری۔
جوان صالح (ع.) اسم مذکر) نیک بخت۔ جوان۔ جوانی کی عمر میں گناہ سے بچنے والا۔ نیک چلن۔ پرہیزگار۔
جوان عید (ہ.) وہ عید جس کا چاند انتیسویں کو نظر آئے۔
جوان مرد (ف.) اسم صفت) سخی کریم۔ داتا۔ فیاض۔ دھرماتما۔ فراخدل۔ عالی ہمت۔ بلند ہمت۔ بلند حوصلہ۔ شجاع۔ بہادر۔ سورما۔ غازی۔
جوان مردی (ف.) اسم مؤنث بیائے مصدری) سخاوت۔ فیاضی۔ بہادری۔ شجاعت۔ تہور۔ عالی ہمتی۔ بے باکی۔ دلیری۔ جرأت۔ دریادلی۔
جواں مرگ، یا جوانہ مرگ (ف.) اسم صفت) جوان موت مرنے والا۔ عالم شباب میں مرجانے والا دعائے بد، جائیا۔ جانہار۔ مرنے جوگا۔
جوامع (ع.) مذ۔ جامع کی جمع۔ تمام۔ کل۔ یونیورسٹیاں۔ وہ کلام جس کے الفاظ کم اور مطالب کثیر ہوں۔
جوانی (ف.) اسم مؤنث بیائے مصدری) شباب۔ برنائی۔ صغرسنی۔ اوائل عمری۔ بلوغت۔
جوانی اُٹھنا (ہ.) محاورہ) آغاز شباب ہونا۔ بلوغت کا ظاہر ہونا۔ مدھ میں
جوانی اُبھرنا بھرنا۔ قد نکالنا۔ تن وتوش بہم پہنچانا۔ گدرانا۔

جوانی چڑھنا (اُر۔ محاورہ) جوانی کا زوروں پر ہونا۔ بستی پر آنا۔ بلوغت کو پہنچنا۔

جوانی دیوانی (دُور کہاوت) جوانی میں آدمی نشیب و فراز نہیں سوچتا۔ جوانی میں آدمی دیوانہ ہوتا ہے۔

جوانی خاک کر دینا: بہار شباب ہی میں خود کو مٹا دینا۔

جوانی ڈھلنا (اُر۔ محاورہ) عالم شباب کا۔ زوال ہونا۔ شباب اُترنا۔ جوبن
جوانی اُترنا کا کم ہو جانا۔ عمر سے اُترنا۔

جوانی کا پھل (دُور۔ اسم مذکر) راحت۔ شباب۔
جوانی کا سُکھ جوانی کا چین و آرام۔ نشاط شباب۔

جوانی کا سُکھ دیکھے (اُر۔ محاورہ) دعائے نیک اپنی جوانی سے بہرہ ور رہو جوانی کا عیش نصیب ہو۔

جوانی کا عالم (دُور۔ اسم مذکر) جوانی کے دن۔ جوانی کی حالت۔ جوانی کا ابھار۔

جوانی کی اُمنگ (مو) جوش۔ جوانی۔ جوانی کی ترنگ۔

جوانی کی نیند (دُور۔ اسم مؤنث) گہری نیند۔ جوانی کی گہری اور بے خبری کی نیند۔

جوانب (ع۔ مذ) جانب کی جمع۔ اطراف۔ طرفیں۔

جواہر (ع۔ اسم مذکر) جوہر کی جمع۔ قیمتی پتھر۔ ہیرا۔ گوہر۔ من۔ نگ۔ لعل و زمرد و یاقوت وغیرہ۔

جواہرات (ع۔ اسم مذکر) جواہر کی جمع الجمع ہے۔



جواہر خانہ (عف۔ اسم مذکر) وہ شاہی مکان جس میں بادشاہی جواہرات رکھے رہتے ہیں۔ توشہ خانہ۔ زیور خانہ۔

جواہر نگار (ف۔ اسم صفت) مرصع۔ جڑاؤ۔ خوشخط۔ خوش رقم۔ عمدہ خوبصورت تحریر والا۔

جواہر میں تولنا: بہت قدر و قیمت کرنا۔

جُوائن (انگ۔ مو۔ Join) ملنا۔ ملانا۔ جوڑنا۔

جوائنٹ (انگ۔ مذ۔ Joint) جوڑ۔ ملاوٹ۔ مددگار۔ ایک کے ساتھ دوسرا ملا ہوا

جُوائنٹ سٹاک کمپنی (انگ۔ مذ۔ Joint Stock Company) مشترکہ سرمایہ کی تجارتی کمپنی۔

جُوائنٹ سیکرٹری (انگ۔ مذ Joint Secretary) سیکرٹری کا مددگار معاون۔

جُوائنٹ مجسٹریٹ (انگ۔ مذ) ماتحت حاکم۔ ہم پلہ۔

جُوبلی (انگ۔ مو۔ Jubilee) وہ تہوار جو یہودی قوم اپنی آزادی اور واپسی وطن کی یادگار کے طور پر ہر پچاس سال کے بعد مناتے ہیں وہ جشن جو حکومت اپنی پچیس سالہ یا پچاس سالہ یا ساٹھ سالہ یادگار کے طور پر مناتی ہیں ۲۵ سالہ جوبلی کو سلور جوبلی (چاندی) کی جوبلی پچاس سالہ کو گولڈن جوبلی اور ۶۰ سالہ کو ڈائمنڈ جوبلی (ہیرے کی جوبلی) کہتے ہیں۔

جوبن (ہ۔ اسم مذکر) اُٹھتی جوانی۔ عنفوان شباب۔ چڑھتی جوانی۔ خوبصورتی۔ حسن و جمال۔ شباب کی کیفیت و بستی کا عالم۔ حالت۔ ہیئت۔ جیسے سبزے کا جوبن دل کو بھاتا ہے بہار۔ رونق۔ موج۔ لہر۔ پھبن۔ چھاتی۔ کچ۔ پستان۔ چوچی۔ سبزہ۔ ہریاول۔ طراوت۔ تروتازگی۔ شادابی۔

جوبن اُبھرنا۔ یا۔ اُمنڈنا (ہ۔ محاورہ) جوانی۔ ابھرنا۔ چھاتیاں۔ اُٹھنا یا اُبھار پیدا ہونا۔

جوبن اُٹھنا: جوبن انگنا۔

جوبن برسنا: رونق چھا جانا۔

جوبن پر آنا (ہ۔ محاورہ) جوانی پر آنا۔ بہار پر آنا۔ پھلنا پھولنا۔ سرسبز ہونا۔

جوبن پھٹ پڑنا (ہ۔ محاورہ) حسن و جمال میں کمال زیادتی ہونا۔ خوبصورتی کا بہت بڑھنا۔

جوبن ٹپکنا (ہ۔ محاورہ) خوبصورتی کا بہت بڑھنا۔

جوبن چمکانا: جوبن کا ابھار دکھانا۔

جوبن دکھانا: جوانی کی بہار دکھانا۔ غرور جوانی میں اکڑ کر چلنا۔

جو بندھ گیا سو موتی جو رہ گیا سو پتھر (ہ۔ مثل) جو درست اور کارآمد ہو گیا وہی اچھا ورنہ ردی۔

جوبن ڈھلنا (ہ۔ محاورہ) جوانی ڈھلنا۔ حسن و جمال میں فرق آنا۔ حسن و جمال کا عالم نہ رہنا۔

جوبن سے ڈھلنا: بہار نہ رہنا۔ جوانی سے اُترنا۔

جوبن کا (ہ۔ اسم صفت) بہار کا۔ مزے دار پرلطف۔ لذیر۔ خوش مزہ۔

جوبن کی ماتی (ہ۔ اسم صفت مؤنث) مدماتی۔ سرشار جوانی۔ بدمست عورت۔ مستی میں بھری ہوئی۔ جوانی میں بھری ہوئی۔

جوبن لٹنا: بہار لٹنا۔ چھاتیوں کا ملا دلا جانا۔

جوبن نکالنا (ہ۔ فعل) بلوغت کو پہنچنا۔ بہار پر آنا۔ خوبصورتی پر آنا۔

جوت (د) ۔اسم مؤنث) روشنی۔ اُجالا۔ چمک۔ تابش۔ نور۔ آنکھ کی بینائی۔ نظر۔ قوت۔ باصرہ۔ نگاہ۔ رونق۔ جلو۔ جیسے ہوت کی جوت ہے۔ شعلہ۔ لو۔ لاٹ۔ جیسے چراغ کی جوت۔ جھلک۔ چمک۔ چراغ دیا۔ دھن۔ دولت۔ نقدی۔ مال۔ روح۔ آتما۔ پران۔ جیسے جوت میں جوت سمانا۔ یعنی روح میں روح کامل جانا۔ (یہ لفظ بواؤ مجہول ہے)

جوت بتی کرنا۔ یا۔ جوت جگانا۔ یا۔ جوت چڑھانا (د۔ محاورہ) بھگتوں کی اصطلاح ہے۔ کسی سیانے کا چراغ جلا کر اپنے دیوتا کو بُلانا۔ موکلوں کی حاضرات کرنا۔ چراغ روشن کرنا۔

جوت (د۔ اسم مؤنث) جوتنا سے حاصل مصدر۔ تردد کاشتکاری۔ ہل چلانا۔ کھیتی۔ کھیتی باڑی۔ زراعت۔ جوتی ہوئی زمین۔ قبضہ۔ کاشت۔ لگان جو کاشت کار دیتا ہو۔ (اسم مذکر۔ بیلوں کے گلے کا تسمہ جس سے جُوا بار ہتا ہے۔ آبپاشی کے لوٹکرے یعنی ڈال کے دستے کے پاس کی رسی۔ دکان کا اسباب۔ ترازو کی ڈس (یہ لفظ بھی بواؤ مجہول ہے)

جوت دینا: گھوڑے یا بیل کو گاڑی میں لگا دینا۔ کسی کام میں ہمہ تن لگا دینا۔

جوت جمع (د۔ اسم مؤنث) لگان۔ پڑتہ۔ وہ روپیہ جو کاشت کار سرکار میں داخل کرے۔ محاصل۔

جُوت (د۔ اسم مذکر) جوتے کا اسم مکبر۔ بڑا جوتا۔ لڑائی۔ دنگا۔ فساد۔ تنبیہہ۔ سرزنش۔

جوت برسنا: (د۔ محاورہ) جوتیاں پڑنا۔ سزا ملنا۔ تنبیہہ ہونا۔

جوت پڑنا۔ یا۔ لگنا (د۔ محاورہ) دعوے کے خلاف جواب پانا۔ احسان سر ہونا۔

جوت چلنا (د۔ محاورہ) لڑائی ہونا۔ فساد ہونا۔ دنگہ مُشتی ہونا۔

جوتا (د۔ اسم مذکر) اسم فاعل سامی۔ جوتنے والا۔ مزارع۔ کاشت کار۔ مالی۔ ہل جوتنے والا۔ اسامی۔ کسان۔ (بازاری) مباشر۔ ہمبستر ہونے والا۔ (یہ بواؤ مجہول ہے)

جوتا (د۔ اسم مذکر) دیوار کی حد فاصل۔ بیلوں کی گردن کا تسمہ گردن کے پاس کے پٹھے۔



جوتے

جوتا (د۔ اسم مذکر) کفش۔ پاپوش۔ نقصان۔ گھاٹا۔ ظنزاً۔ بھاری احسان اور سلوک کو بھی کہتے ہیں۔

جوتا اُٹھانا (د۔ محاورہ) جوتا لے کر مقابلہ کرنا۔ گستاخی کرنا۔ اطاعت کرنا۔ تابعداری کرنا۔ حکم ماننا۔ نہایت فرمانبرداری کرنا۔ (لغات اضداد میں ہے)

جوتا اُچھلنا۔ یا۔ چلنا (د۔ محاورہ) جوتوں سے لڑنا۔ جوتی پیزار ہونا۔ جاہلانہ لڑائی ہونا۔ بدتہذیبی کی لڑائی ہونا۔

جوتا برسنا (د۔ محاورہ) خوب جوتیاں لگنا۔ خوب لڑائی ہونا۔ جوتیوں کی سلامی ہونا۔

جوتا لگنا (د۔ محاورہ) جوتے کی چوٹ لگنا۔ نقصان ہونا۔ ٹوٹا آنا۔ شرمندگی ہونا۔ خجالت ہونا۔

جوتا چھپانا: ایک رسم شادی کے موقع پر سالیاں دولھا میاں کا جوتا چھپا لیتی ہیں۔ اور کچھ لے کر واپس دیتی ہیں۔

جوتا مارنا (د۔ محاورہ) ملامت کرنا۔ طعنہ دینا۔ احسان کر کے شرمندہ کرنا۔ نیک سلوک کر کے ممنون کر دینا۔

جوتاؤ (د۔ اسم صفت) بواو معدور یعنی جُتاؤ۔ جوتنے کی قابل زمین۔ قابل کاشت۔

جوتاؤ (د۔ اسم صفت) بواو معدولہ۔ دیکھو جوتاؤ۔

جوتے (د۔ اسم مذکر) جوتا کی جمع۔ بہت سی جوتیاں۔

جوتے سے آنا } (د۔ محاورہ) جوتیاں سے خبر لینا۔
جوتے سے خبر لینا }

جوتے لگانا۔ جوتے مارنا۔

جوتے کا یار (د۔ اسم مذکر) جوتے کے ذریعے کام دینے والا شخص۔ زبردستی سے کام دینے والا آدمی۔ خوف اور دہشت سے کام دینے والا آدمی۔

جوتے کاری (د) جوتے سے خبر لینا۔ خوب مارنا۔

جوتی اُچھلنا: چلنا۔ رسوائی ہونا۔

جوتی (د۔ اسم مؤنث) پیزار۔ کفش۔ پاپوش۔

جوتی پر جوتی چڑھانا۔ (د۔ محاورہ) لفظی معنی ظاہر۔ سفر کا تسلسل نکلنا۔ سفر کی خال نکلنا

جوتی پر روٹی رکھ دینا (د۔ محاورہ) حقارت سے روٹی دینا۔ نہایت ذلت اور قدری سے کھانا پانی دینا۔

جوتی پر۔ یا۔ جوتی کی نوک پر مارنا: (د۔ محاورہ) ٹھکرانا۔ ذلیل اور ہیچ سمجھنا۔ نہایت ادنےٰ چیز خیال کرنا۔ پروا نہ کرنا۔ نفرت ظاہر کرنا۔ خاطر میں نہ لانا۔

جوتی پہنانا (د۔ فعل) دوسرے شخص کو جوتی خرید کر دینا۔ غیر کے پاؤں میں جوتی ڈالنا۔

جوتی پہننا: فعل لازم۔

جوتی پیزار۔ یا۔ جوتی پیزار (د۔ اسم مؤنث) جوتم جوتا۔ مار کٹائی۔ لڑائی ڈنگا۔ جھگڑا۔ تلنڈا۔ دھول دھپا۔

جوتی چھپائی (د۔ اسم مؤنث) دعوتیں۔ وہ رقم جو دولھا کی سالیاں اس کے وداع کرنے کے وقت اس کی جوتیاں چھپا کر اس سے لیتی ہیں۔

جوتی چور (د۔ اسم مذکر فاعل) لوگوں کی جوتیاں چرا کر بیچ ڈالنے والا۔ جوتیوں کا چور۔

جوتی خور۔ یا۔ جوتی خورا (د) (اسم مذکر۔ فاعل) وہ شخص جسے پٹنے کی عادت ہو۔ بے غیرت۔

جوتی سے یا جوتی کی نوک سے (د۔ تابع فعل) بلا سے۔ کچھ پروا نہیں۔ نہایت حقارت کے وقت بولتے ہیں۔

جوتی کاری (د) (اسم مؤنث۔ بیاسے مصدری) مار پیٹ۔ جوتیوں سے خبر لینا۔ یا مارنا۔

جوتی کے برابر نہ سمجھنا (د۔ محاورہ) کچھ حقیقت نہ سمجھنا۔ بالکل خاطر میں نہ

لانا۔ ہیچ اور ناچیز سمجھنا۔ حقیر سمجھنا۔

جوتی کی مار: جوتیوں سے مارنا۔

جوتیاں (مو) جوتی کی جمع۔

جوتی کے تلے سے ناک کاٹ لینا: خوب ذلیل کرنا۔

جوتیاں اٹھانا۔ یا۔ سیدھی کرنا (د، فعل) کسی کامل یا بڑے آدمی کی خدمت کرنا۔ نوکری بجانا۔ تربیت میں رہنا۔ کسی آدمی کی خدمت کرنا۔ نہایت عجز ظاہر کرنا۔

جوتیاں بغل میں دبانا۔ یا۔ مارنا (د۔ محاورہ) جوتیوں کو بغل میں چھپانا دبے پاؤں بے آہٹ نکل جانا۔

جوتیاں چٹخاتے پھرتے (اُر۔ محاورہ) آوارہ گردی کرنا۔ ہرزہ گرد ہونا۔ باد ہوائی پھرنا۔ بکمّا پھرنا۔ خراب و خستہ پھرنا۔

جوتیاں سیدھی کرنا اعظمت کرنا۔ تعظیم کرنا۔ خدمت کرنا۔ عقیدت سے جوتیوں کو سیدھی کرنا۔

جوتیاں کھانا (د۔ محاورہ) جوتیوں پٹنا۔ طعنے مہنے سہنا۔ بُرا بھلا سننا۔ ذلت اُٹھانا۔

جوتیاں گانٹھنا (د۔ محاورہ) جوتیوں کی مرمت کرنا۔ حقیر و ذلیل پیشہ۔
جوتیاں سی گانٹھنا اختیار کرنا (ر) (د) فعل۔ بہت بڑی سلائی کرنا۔ بُری طرح سے سینا۔

جوتیاں مارنا (د۔ محاورہ) سزا دینا۔ مہنے طعنے دینا۔ ذلیل و خوار کرنا۔

جوتیوں سمیت آنکھوں میں بیٹھنا (د۔ محاورہ) بڑی گستاخی سے کسی سچی بات کا انکار کرنا۔ زبردستی جھٹلانا۔ آنکھوں میں خاک ڈالنا۔

جوتیوں سے لگی ہوئی ہے: مطیع ہے ساتھ ساتھ پھرتی ہے۔

جوتیوں کا صدقہ (دُر۔ محاورہ) اظہار ممنونیت کے وقت انکسار کے طور پر کہا کرتے ہیں۔ سب کچھ آپ کے طفیل ہے۔ آپ کی بدولت ہے۔

جوتیوں میں دال بٹنا (د۔ محاورہ) آپس میں جھگڑا ہونا۔ نفاق پڑنا۔ پھوٹ پڑنا۔ مار کٹائی ہونا۔ دانتا کلکل ہونا۔

جوتیوں میں ڈال دینا: ذلیل کرنا۔ خاطر میں نہ لانا۔

جوتی (د) اسم مؤنث۔ (بواؤ مجہول) ترازو کی ڈس۔ پلڑے باندھنے کی رسّی۔

جوتڑی (د) اسم مؤنث (جوڑ یا۔ جائفل کا پھل۔

جوتش (د) اسم مذکر و مؤنث (علم نجوم۔ علم ہیئت۔ رمل۔ پنجتر اور گرہ جاننے کا شاستر۔

جوتشی (د) اسم مذکر۔ (یائے فاعلیت) علم جوتش جاننے والا۔ منجم ستارہ شناس رمال۔ نجومی۔

جوتنا (د) فعل) بیلوں یا گھوڑوں کو ہل گاڑی وغیرہ میں لگانا۔ ساتھ لگانا۔ مصروف کرنا۔ جیسے کام میں جوتنا۔ زمین باہنا۔ تردد کرنا۔ کاشت کرنا۔ بونا۔ راضی کرنا۔ اپنی مرضی پر لے آنا۔ جیسے آج ان کو بھی جوت لیا۔

جوٹ (د) اسم مذکر (جوڑ جفت۔ جوڑی ہمسر۔ نظیر۔ برابر کا۔ ہم پلہ۔ مقابل۔ ثانی۔ ساتھی۔ رفیق۔ ہم رتبہ۔ ہم شکل۔ ہم جثہ۔ بیلوں کی جوڑی۔

جوٹ باندھنا (د۔ محاورہ) جوڑ لگانا۔ ہم قدم اور ہم عمر سے جوڑا لگانا۔

جوڑا ملانا۔

جوٹی۔ یا۔ **جوٹیا** (د) اسم مذکر (ساتھی۔ معاون۔ مددگار۔ جوڑ۔ کنویں کے بیل ہانکنے والا۔

جوٹ (انگ۔ ند۔ Jute) سن۔ سن کا پودا۔ پٹ سن۔

جھوٹھا۔ جوٹھا (د) اسم مذکر صفت۔ پس خوردہ مستعمل۔

جوجھنا (د) فعل) لڑنا۔ مار پیٹ کرنا۔ خانہ جنگی کرنا۔ لڑائی میں مارا جانا۔ قتل ہونا۔ ہتھیار سنبھالنا۔ سخت کوشش کرنا۔ بڑی محنت کرنا۔ محنت شاقہ کرنا۔

جوجو (دُر) اسم مذکر) ایک فرضی ڈراؤنی اور مہیب چیز جس سے بچے کو ڈراتے ہیں۔ ہوّا۔ ہاڑ۔ مہیب شخص۔

جود (د ع) اسم مذکر) بخشش۔ سخاوت۔

جودت (د ع۔ اسم مؤنث) تیز رفتاری۔ تیزی۔ چالاکی۔ ذہن کی تیزی۔ ذکاوت۔ تیز فہمی فراست۔ طبیعت کی تیزی۔

جودھا (د) اسم مذکر صفت) بہادر شجاع۔ پہلوان۔ دلیر۔ سورما۔ رستم صفت سپاہی۔ لشکری (بواو مجہول ہے)

جوڈیشل (Judicial۔ انگ۔ تابع فعل) عدالتی۔ حاکمی۔ حاکمانہ۔ شرعی۔ دیوانی صغیر۔ فوجداری سے تعلق رکھنے والی۔

جوڈیشل اختیارات (دُر۔ اسم مذکر فوجداری۔ اختیارات۔ دیوانی اختیارات۔

جوڈیشل کارروائی (د) اسم مؤنث دیوانی اور فوجداری کارروائی۔

جور (د ع) اسم مذکر) ظلم۔ ستم۔ جفا۔ جبر۔ زبردستی۔ بیرحمی۔ سختی۔ درشتی۔

جورس پروڈنس (Jurisprudence) علم اصول قانون۔

جورو (د) اسم مؤنث) بیوی۔ زوجہ۔ استری۔ گائی۔ بہو۔ اہلیہ۔ غیر عورت۔ ایک قسم کی گالی۔ جیسے فلانے کی جورو۔

جورو خصم کی لڑائی دودھ کی سی ملائی (د۔ مثل) میاں بیوی کی شکر رنجی میں بھی ایک قسم کا لطف ہوتا ہے۔

جورو کا غلام (دُر) اسم مذکر۔ زن مرید۔ جورو کا غلام۔ جورو کا تابع۔

جورو کا مرید: زن مرید۔ جورو سے ڈرنے والا۔

جورو کا مزدور: زن مرید۔ بیوی کے اشارے پر چلنے والا۔ بیوی کا فرمانبردار۔

جورو نہ جانا اللہ میاں سے ناتا: مجرد شخص کی نسبت جس کے آل اولاد نہ ہو بولتے ہیں (یہاں جانا کا تلفظ جاتا ہے)

جورو کا بھائی (د) اسم مذکر) سالا۔ خسر پورہ۔ غیر کے لئے ایک قسم کی گالی۔

جوری (د) اسم مؤنث) ہلکا اور خفیف۔ بخار۔ تپ لرز۔ (بواؤ معدولہ)

جوڑ (د) اسم مؤنث) جفت۔ ہمسر۔ مقابل۔ ساتھی۔ رفیق۔ ہم قد۔ ہم شکل۔ بند۔ گرہ گانٹھ۔ بنجوگ۔ لگن۔ میزان۔ کل۔ مقدار۔ جمع۔ فریب۔ پھل۔ داؤں۔ پیچ۔ بہتان۔ افترا۔ جیسے دشمن نے مجھ پر یہ جوڑ بنایا ہے۔ مثبت۔ منفی کی ضد۔ ایک ہی سلسلہ اور رنگ کے برتن جیسے تھالی جوڑ۔ مرثیہ خوانوں کی جماعت۔ ایک قسم کی جھلی۔ آمیزش۔ ملاپ۔ جیسے میل جوڑ۔ فرضی قصہ۔ افسانہ۔ ایک قسم کے پھلے۔ پور۔ پوروا۔ عضو۔ پیوند۔ سیون۔ ٹانکا سے

ظفر ہم جو اچھے نصیبوں کے ہوتے
یہ کیوں جوڑ ہم پر رقیب کے ہوتے

جوڑ باز: چالاک۔ مفتری۔
جوڑ باندھنا دہ۔ (فعل) دو برابر کے پہلوانوں کو کشتی کے لئے مقرر کرنا۔ جوڑ لگانا۔
جوڑ بٹھانا دہ۔ (محاورہ) چوں بٹھانا۔ جوڑ ملانا۔
جوڑ بند (دُر) (اسم مذکر) بندش۔ جوڑ۔ عضو۔
جوڑ بندھنا: کسی کام پر دو آدمیوں کا مقرر ہونا۔ تدبیریں ہونا۔ دو پہلوانوں کا کشتی کے واسطے طے ہونا۔
جوڑ پھڑکنا: ایک مُرغ کا دوسرے مُرغ سے یا ایک بٹیر کا دوسرے بٹیر سے لڑانا۔
جوڑ دار (دُر) (اسم صفت) جوڑا ہوا۔ پیوند لگا ہوا۔ جوڑ والا۔
جوڑ توڑ دہ۔ (اسم مذکر) ساز باز۔ تجویز۔ داؤں۔ پیچ۔ بندش۔ حکمت۔ فریب۔ جل۔ تھل۔ دھوکا۔ ترکیب۔ چالاکی۔ خجگت۔
جوڑ توڑ کرنا دہ۔ (فعل) تجویز کرنا۔ فریب کرنا۔ چالاکی کرنا۔ مجگت بنانا۔ کسی کے خلاف ساز باز کرنا۔ سازش کرنا۔
جوڑ جوڑ (دہ۔ اسم مذکر) ہر عضو۔ ہر بند۔ بند بند۔ عضو عضو۔
جوڑ جوڑ کے دھرنا: بڑی محنت اور زحمت سے روپیہ جمع کرنا۔
جوڑ جوڑ کے مر جانا: کنجوسی سے دولت جمع کرنا۔ دولت سے فائدہ نہ اٹھانا۔ (حسرت کے موقع پر)
جوڑ چلنا دہ۔ (فعل) تہمت دھرنا۔ بہتان لگانا۔ داؤں چلانا۔
جوڑ کا دہ۔ (اسم صفت) برابر کا۔ ہم پایا۔ ہم مرتبہ۔
جوڑ کو جوڑ ملنا دہ) (فعل) جیسے کو تیسا ملنا۔
جوڑ لگانا دہ۔ (فعل) جوڑ باندھنا۔ جوڑ لگانا۔ میزان دینا۔ ٹوٹل لگانا۔ حساب جوڑنا۔ پیوند لگانا۔ تھگلی لگانا۔ گانٹھنا۔ جوگڑنا۔ ٹانکنا۔
جوڑ مارنا دہ۔ (محاورہ) فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ چال چلنا۔ بہتان دھرنا۔ تہمت دینا۔ عیب لگانا۔
جوڑا دہ۔ (اسم مذکر) جُفت۔ دو چیزیں۔ ہتا۔ ہمسر۔ میاں بیوی۔ نر و مادہ۔ مقابل کا۔ برابر کا۔ ہمراہی۔ ساتھی۔ رفیق۔ پوری پوشاک۔ لباس جیسے کپڑوں کا جوڑا۔ جوتا۔ پاپوش۔ خلعت۔ مہوسوں کی اصطلاح میں آدھا تابنا اور آدھی چاندی ملا کر کھوٹی چاندی یا اسی طرح کا کھوٹا سونا۔ (بحالت صفت) دوسرا ثانی۔
جوڑا بنانا دہ۔ (محاورہ) کھوٹی چاندی یا کھوٹا سونا بنانا۔ پوری پوشاک تیار کرنا۔ جوتا بنانا۔ چوڑیاں تیار کرنا۔
جوڑا بڑھانا دہ۔ (محاورہ) پوشاک قمتاً رنا۔ کپڑے اُتار کر رکھنا۔
جوڑا بنا رہے: میاں بیوی سلامت رہیں۔
جوڑا دہ۔ (اسم مذکر) سر کے بالوں کا جٹا۔ بالوں کی وہ گرہ جو عورتیں اکٹھا کر کے گدی پر دے دیتی ہیں۔ مونجھ کی بٹی ہوئی رسی۔ بلبل کی کلغی یا چوٹی۔ پگڑی کا پچھلا حصہ۔
جوڑا باندھنا دہ۔ (فعل) سر کے بالوں کو اکٹھا کر کے پیچھے گرہ دے لینا۔
جوڑا کھولنا دہ۔ (فعل) بالوں کا جٹا کھولنا۔
جوڑنا دہ۔ (فعل) ہاتھ پاؤں رسی سے کس دینا۔ کس کر باندھنا۔ جکڑنا (بلاؤ معروف ہے)
جوڑنا دہ۔ (فعل بلاؤ مجہول) پیوستہ کرنا۔ چسپاں کرنا۔ پیوند لگانا۔ سینا۔ چپکانا۔ ایک کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ فراہم کرنا۔ جمع کرنا۔ جیسے روپیہ جوڑنا۔ میزان دینا۔ ٹوٹل لگانا۔ جوڑ لگانا۔ گننا۔ شمار کرنا۔ پس انداز کرنا۔ بچت کرنا۔ بچا بچا کر رکھنا۔ شعر کرنا۔ تصنیف کرنا۔ جیسے گیت جوڑنا۔ جوتنا۔ جوایا ساز کندھے پر رکھنا۔ جلانا۔ روشن کرنا۔ جیسے دیا جوڑنا۔ دوستی کرنا۔ یارانہ گانٹھنا۔ جیسے اس سے جوڑی اس سے توڑی۔ جتھا باندھنا۔ گروہ بنانا۔ نتھی کرنا۔ شامل کرنا۔ لگانا۔ دھرنا جیسے بہتان جوڑنا۔
جوڑوال دہ۔ (اسم مذکر) توام۔ وہ دو بچے جو ایک ساتھ پیدا ہوئے ہوں۔
جوڑی دہ۔ (اسم مؤنث) برابر کے دو شخص یا دو چیزیں جیسے گھوڑے کی جوڑی۔ بیلوں کی جوڑی۔ دو ہرنوں کی جوڑی۔ بہنوں کی جوڑی۔ لمبے کی جوڑی۔ دو بیویاں۔ طبلہ کے ساتھ بجانے کا منجیرا۔ مگدر یعنی کسرت کے لئے ہلانے کی موگریاں۔
جوڑی بھی رہے: دیکھو "جوڑا بنا رہے"۔
جوڑی دار (دُر) (اسم مذکر) ترکیب فاعلی، ساتھی۔ رفیق۔ پہراچوکی والوں میں سے ہر ایک۔
جوڑی والا دہ۔ (اسم مذکر فاعل) رقاصہ کے پیچھے طبلہ یا منجیرا بجانے والا۔
جوڑی کے کبوتر دہ۔ (مادہ کبوتر جو ایک ڈبے میں بند کئے جائیں۔
جوڑی ہلانا دہ۔ (فعل) مگدر ہلانا۔ موگریاں پھیرنا۔
جوز (دع۔ اسم مذکر) جائفل۔



جوز بویہ (مذ) جائفل۔
جوز خراسانی (مذ) اخروٹ
جوز ہندی (مذ، ناریل کا مغز۔
جوزا دہ۔ (اسم مذکر) متھن۔ راس۔ آسمان پر تیسرے بُرج کا نام جو پشت جڑواں۔ ننگے دو لڑکوں کی شکل کا بنایا جاتا ہے۔
جوسرا اُٹھا کر چلے گا دہی ٹھوکر کھائے گا۔ (دُر مثل) جو غرور کرے گا وہی ذلیل ہوگا۔
جوش (ف۔ اسم مذکر۔ حاصل مصدر از جوشیدن) اُبال۔ اُپھان۔ کھد بُد۔ چھیڑ۔ ہیجان۔ دھن۔ ولولہ۔ شورش۔ حرارت۔ موج۔ ترنگ۔ زور۔ تندی۔ تیزی۔ حدت۔ وفور۔ کثرت۔ سرگرمی۔ زیادتی۔ بدمستی۔ شہوت۔ کام دیو۔ غضب۔ غصہ۔ جھانخ۔ حمایت۔ پشتی۔ تعصب۔ دینی غیرت کا ولولہ۔ غلبہ۔ شوق۔ اشتیاق۔ جذبہ۔ جلال۔ جنون۔ مذہبی حرارت۔ دیوانگی۔ محبت الٰہی کی فراوانی۔ حلقہ۔ چھلا۔

جوش آنا دُور۔فعل، اُبال آنا۔ کھد بدانا۔ غصہ آنا۔ طیش آنا۔ ولولہ آنا۔ لہر آنا۔
جوش پر ہونا: زوروں پر ہونا۔
جوش جوانی دف۔ اسم مذکر، جوانی کی ترنگ۔ جوانی کی تیزی۔ جہل جوانی۔
جوش و خروش دف۔ اسم مذکر، شور و غل۔ غل غپاڑا۔ گو بخ۔ گرج۔ غصہ۔ غضب۔ طیش۔ کڑک۔
جوشِ خون دف۔ اسم مذکر، خون کی زیادتی۔ کثرتِ خون۔ پدری و مادی محبت یا برادرانہ اُلفت۔ نسبی حرارت۔ برادرانہ جوش۔ خون میں حرارت کی زیادتی۔
جوشِ دہن دف۔ اسم مذکر، منہ پھٹنا۔ مُنہ آنا۔
جوش دینا دُور۔فعل، اُبالنا۔ کھولانا۔ اونٹانا۔
جوش کھانا۔ یا۔ مارنا دُور۔فعل، اُبلنا۔ کھولنا۔ اونٹنا۔ زیادتی ہونا۔ غصے ہونا۔
جوش میں آنا دہ۔ فعل، برانگیختہ ہونا۔ طیش میں آنا۔ آگ بگولا ہونا۔ ورم ہو جانا۔ سوج جانا۔ لہرانا۔ غصہ میں آنا۔ ولولہ اُٹھنا۔
جوش ہونا: زور ہونا۔ ولولہ ہونا۔
جوش میں لانا: بھڑکانا۔ چھڑانا۔ اُبھارنا۔ غصہ دلانا۔
جوشاندہ دف۔ اسم مذکر، اونٹی۔ کاڑھا جوش دی ہوئی دوا جو نرلے میں پلائی جاتی ہے۔
جوشش دف۔ اسم مؤنث، حاصل مصدر از جوشیدن (دیکھو جوش، اُبال، ہیجان ولولہ۔
جوشن دف۔ اسم مذکر، ہون نسبتی منسوب بہ جوش بمعنی حلقہ۔ زرہ بکتر۔ چار آئینہ۔ چلتہ۔ ایک قسم کا بازو بند زیور۔
جوشی (ہ) برہمنوں کی ایک ذات۔
جوُع (ع) اسم مؤنث، بھوک۔ گرسنگی۔ اشتہا۔ کھانا کھانے کی تمنا۔
جوُع البقر (ع۔ اسم مؤنث) ایک بیماری کا نام جس میں بھوک بہت لگتی ہے لغوی معنی گائے کی بھوک۔ ہر وقت کھاتے رہنا۔
جوُع الکلب (مو) کتے کی بھوک۔ بہت کھانا۔ بہت کھانے کی بیماری۔
جوَف (ع۔ اسم مذکر) پرچھی کا زخم جو پیٹ کے اندر لگے۔ غار۔ گڑھا۔ شکم۔ پیٹ۔ ہر ایک چیز کا اندرونی خلا۔ کھوکھلاپن۔ شگاف۔
جوُق (ت۔ اسم مذکر، گروہ۔ بھیڑ۔ جماعت۔ ہجوم۔ طائفہ پرا۔ جتھا۔ پرندوں کا جھُنڈ۔ غول۔ جھنڈ۔
جوُق جوُق۔ یا جوُق در جوُق (ت۔ تابع فعل، گروہ گروہ۔ پرے کے پرے۔ بہت بہت سے۔
جوکھ (ہ۔ اسم مؤنث، حاصل مصدر ہے جوکھنا سے۔ جانچ۔ پرکھ۔ شناخت۔ اندازہ۔ کسوٹی۔ پرکس دیکھنا۔ تول۔ وزن۔ دھڑا۔ بوجھ۔ مقدار جیسے تول جوکھ (فقط تول کے ساتھ استعمال کرتے ہیں)
جوکھنا (فعل) تولنا۔ وزن کرنا۔ جانچنا۔ امتحان کرنا۔ کسنا۔
جوکھوں یا جوکھم (ہ۔ اسم مؤنث) اندیشہ۔ خطرہ۔ خوف۔ ڈر۔ خدشہ۔ قیمتی اشیا۔ نقدی وغیرہ۔ ہمہ۔ نقصان۔ خسارہ۔ آفت۔ مصیبت۔ شامت۔
جوکھوں اُٹھانا (ہ) خسارہ اُٹھانا۔ ٹوٹا اُٹھانا۔ گھاٹا بھرنا۔ نقصان سہنا۔ یا برداشت کرنا۔
جوکھوں کا کام دُور۔اسم مذکر، خوف و اندیشہ کا کام۔ خسارہ و ضرر کا کام۔
جوکھوں میں پڑنا (ہ۔ محاورہ) خطرہ میں پڑنا۔ آفت میں پڑنا۔
جوگ (ہ۔ اسم مذکر، ستاروں کا ملنا۔ سنجوگ۔ قران۔ لگن۔ میل۔ جوڑ۔ سُبھ گھڑی۔ نیک۔ ساعت۔ سعید۔ گیان۔ دھیان۔ ضرر پہنچ جاتا ہے۔ پرمیشور کی طرف دل لگانا۔ تپسیا۔ نفس کشی۔ ریاضت۔ زہد۔ فقیری۔ کفارہ۔ ایک دائرے کے بہت سے ٹکڑے جو منطقۃ البروج سے ناپے جاتے ہیں وہ شخص جس کے نام کی ہنڈی کی جائے۔ موقع۔ وقت۔ شایاں۔ لائق زیبا۔ مناسب۔ ٹھیک۔ درست (تابع فعل، طرف۔ سمت۔ جانب۔ از روئے (یہ لفظ بواد مجہول ہے)
جوگ سادھنا (ہ۔ فعل، دم کشی کرنا۔ حبس دم کرنا۔ رشیوں کی طرح عبادت و ریاضت میں دن گزارنا۔
جوگ لینا (ہ۔ فعل، دنیا سے کنارہ کش ہونا۔ تارک الدنیا ہونا۔ فقیری اختیار کرنا۔ سنت بننا۔ بیراگ لینا۔ جوگی بننا۔
جوگا (ہ۔ اسم صفت بالف فاعلیت، مناسبت والا۔ یعنی مناسب۔ شایاں۔ قابل۔ موزوں۔ مطابق۔ ٹھیک۔ دُرست۔ بروقت۔ برمحل۔ موقع کا۔ (بصورت اسم مذکر) افیون کا فضلہ۔ جو گھوٹنے کے بعد نکلتا ہے مُسَلِ افیون۔
جوگر جتنے ہیں وہ برستے نہیں (ہ۔ مثل) سخی خوردوں سے کام نہیں ہوتا۔
جوگن (ہ۔ اسم مؤنث، جوگی کی تانیث۔ جوگی کی بیوی۔ فقیرنی۔ سادھنی۔ سنتنی۔
جوگنی (ہ۔ اسم مؤنث، بھوتنی۔ دیوی۔ درگا۔ گوری۔ پارتی۔ بھدر کالی وغیرہ ۶۴ جوگنیاں مشہور ہیں) دیوی کی پوجا میں رہنے والی صورت۔ منازل قمر کی روحیں۔ جوگ جاننے والی عورت۔ وہ روحیں جن کے اختیار میں اچھے اور بُرے وقت ہوتے ہیں۔ رجال الغیب۔ ہندوں کا عقیدہ
جوگی (ہ۔ اسم مذکر، بسیائے فاعلیت) جوگ کمانے والا۔ سادھ۔ سنت۔ عابد۔ زاہد۔ رشی منی۔ پجاری۔ مجاور۔ جادوگر۔ ساحر۔ شعبدہ باز۔ سنیاسی۔ ہندو فقیر۔
جوگی کس کے میت (ہ۔ کہاوت) فقیر کسی کے دوست نہیں ہوتے ؎ میرحسن
مسافر سے کرتا ہے کوئی بھی پیت
مثل سچ ہے جوگی ہوئے کس کے میت
جوگی جوگی لڑیں کھپروں کا نقصان: بڑوں کی تکراریں چھوٹوں کو نقصان
جوگیا (ہ) اسم مؤنث، منسوب بہ جوگی، سُرخی۔ مائل رنگ۔ کیسر دار رنگ۔ زرد رنگ ایک قسم کا کبوتر۔ ایک قسم کی قمری۔ ایک راگنی کا نام بھی ہے۔
جوگیوں کا ڈانڈ بیراگیوں کے سر (ہ۔ مثل) خطا کوئی کرے جرمانہ کوئی بھرے کسی کی چٹی کوئی ادا کرے۔
جولان (ف۔ مو) بواو مجہول۔ اسم مؤنث۔ بیڑی مجرم کے پاؤں میں ڈالنے کی زنجیر۔ ہتھکڑی کی ضد۔ جیسے پا بجولاں۔
جولاں (ع۔ اسم مذکر) بفتح جیم۔ کود پھاند۔ گھوڑے کی دوڑ۔
جولاں کرنا (ہ) دوڑانا۔ کودوانا۔ گھوڑا دوڑانا۔ کارہ دینا۔
جولانی (ع۔ اسم مؤنث) گھوڑے کی دوڑ۔ پیاٹا۔ تیزی۔ چالاکی۔ سرعت۔ جلدی۔ تیز رفتاری۔ چستی۔ پھرتی۔ اُمنگ۔ ولولہ۔ جوش۔ جوانی۔ تیزی طبع۔ ذکاوت۔ فراست۔ تیز فہمی۔
جولانیوں پر آنا دُور۔فعل، جوش میں آنا۔ زوروں پر آنا۔ تیزی پر آنا۔
جولاہے کی مسخری ماں بہن کے ساتھ (ہ۔ مثل) سفلہ اور کمینہ

آدمی بزرگوں کے ساتھ ہی سنخر کیا کرتا ہے۔

جولائی (July۔انگ) انگریزی سال کا ساتواں مہینہ جو ۳۱ دن کا ہوتا ہے۔

جون (June۔انگ۔اسم مذکر) انگریزی سال کے چھٹے مہینے کا نام جو تیس دن کا ہوتا ہے۔

جُوں (د ہ) حرف تشبیہ۔مانند۔مثل۔نظیر کی طرح۔جیسا۔بصورت۔اسم مؤنث۔ پیس۔بالوں یا کپڑے میں عفونت۔جسم یا میل کے باعث پیدا شدہ کیڑے

ب
جُوں

جُوں کی چال (د ہ۔اسم مؤنث) نہایت سُست رفتار۔بہت آہستہ چال۔

جُوں کے مارے گدڑی نہیں چھوڑی جاتی ادنےٰ تکلیف کے لیے بڑا نقصان نہیں کرتے

جُوں پڑنا: جوں کا سر یا کپڑوں میں پیدا ہو جانا۔

جوئیں دیکھنا: ناخن یا کسی سخت چیز پر رکھ جوئیں مارنا۔وقت ضائع کرنا۔ دیر لگانا۔بخوست پھیلانا۔

جُوں مُونہا (د ہ۔اسم صفت) غریب صورت۔فطرتی۔پاکھنڈی۔

جونسا (د ہ۔اسم موصول) جو کوئی۔جو شخص۔ عام طور پر جون۔کون اور جونسا۔ کونسا کے جواب میں بولتے ہیں جیسے کون سا پھل لاؤں؟ جونسا پسند ہو۔

جُون (د ہ۔اسم مؤنث) جنم۔پیدائش۔ولادت۔برن۔تناسخ۔اواگون۔زمانہ۔ وقت۔عرصہ۔کال۔بدتی۔جسمی۔

جُون بدلنا۔یا۔پلٹنا (د ہ۔محاورہ) کایا بدلنا۔چولا بدلنا۔ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا۔حالت بدلنا۔دُبلا موٹا ہونا۔ترقی یا تنزل پانا۔

جون پور کا قاضی (مذ) نادان۔احمق۔بیوقوف۔

جُون پوری کرنا (اُ۔محاورہ) زندگی بسر کرنا۔دن پورے کرنا۔دن کاٹنا۔دن گزارنا۔

جونا (د ہ۔اسم مذکر) گھاس یا لکڑیوں کا گٹھا باندھنے کے لئے گھاس یا بان کی بٹی ہوئی رسّی۔گھاس یا بان کی رسی جس سے برتن مانجھتے ہیں۔

جونا یا جونان (د ہ۔مذ) دعوت۔ضیافت۔شادی بیاہ۔زمین جو بیج ڈالنے کے لیے تیار ہو۔

جُوں تُوں (د ہ۔تابع فعل) بہرحال۔بہرصورت جس طرح ہو سکا۔کسی نہ کسی طرح سے منت سماجت سے۔خوشامد سے۔

جُوں تُوں کرکے (د ہ۔تابع فعل) کسی نہ کسی طرح سے۔بڑی مشکل سے۔بعد دقت خدا خدا کرکے۔بمشکل تمام۔

جُوں جُوں (د ہ۔تابع فعل) جس قدر جہاں تک۔جیسے تک۔

جونڈری۔جونڈی۔جونری (د ہ۔مو) ایک قسم کا انار جوار۔

جونرے بھونرے میں پلنا: لاڈ پیار میں پرورش پانا۔ناز و نعمت۔

جونک (د ہ۔اسم مؤنث) خاص قسم کا کیڑا۔زلو۔زلوچہ۔وہ پانی کا کیڑا جو فاسد خون نکالنے کے لئے جسم پر لگاتے ہیں (بازاری) کسبی رنڈی۔فاحشہ عورت۔

جونک ہو کے لپٹنا۔یا۔چمٹنا (د ہ۔محاورہ) اس طرح چمٹنا کہ چھوٹنا مشکل ہو۔

جُوں کا تُوں } (د ہ۔تابع فعل) ویسے کا ویسا بعینہٖ۔بجنسہٖ۔برقرار۔اصلی
جوں کی تُوں } حالت پر دبحالت صفت۔تمام۔پورا۔کامل۔پُھوتا۔

جونکیں (د ہ۔مو) جونک کی جمع۔کیڑے۔

جونکیں لگوانا (د ہ۔فعل) جونکوں کے ذریعہ فاسد خون نکلوانا۔کیڑیاں لگوانا۔

جونہیں۔یا۔جوں ہی (د ہ تابع فعل) جس وقت۔فوراً۔اسی وقت۔

جونی (د ہ۔مو) ترازو کی رسّی۔جس کو ڈنڈی میں دونوں طرف باندھتے اور اسی میں پلے لٹکاتے ہیں۔

جونیر (Junior۔انگ۔امذ) چھوٹا۔ادنےٰ رتبے۔مدت اور تنخواہ وغیرہ کے لحاظ سے مؤخر ہو۔

جونچی (د ہ۔مو) گیہوں یا جو کی ایک بیماری۔

جُوہار (د ہ۔اسم مذکر) بواد معدولہ۔ٹھاکروں کا سلام۔جینیوں کی رام رام۔ باہمی سلام۔

جوہر (معرب۔اسم مذکر) (گوہر کا معرب) قیمتی پتھر۔نگ۔من جیسے لعل و یاقوت ہیرا وغیرہ۔اصل چیز۔خلاصہ۔عطر۔لُب لباب وہ شے جو بذات خود قائم ہو اور اپنے پائے جانے میں کسی دوسرے جسم وغیرہ کی محتاج نہ ہو (رنگ وغیرہ کی مثل نہ ہو جو وجود میں جسم کا محتاج نہ ہو۔غرض کی ضد۔قایم بالذات شے۔تلوار یا فولاد کے وہ نقش اور چمک جن سے اس کی عمدگی ظاہر ہوتی ہے جیسے عوار کی آب و تاب۔خاصیت۔گن صفت۔خوبی۔ہنر۔کمال۔لیاقت۔استعداد۔بھید۔راز۔پردہ جیسے جوہر کھلنا۔چالاکی۔چترائی۔کارستانی۔آئینے کی آب و تاب اور تڑپ کسی چیز کا پنجوڑ۔وہ لکیریں جو اچھی لکڑی میں نمایاں ہوتی ہیں خودکشی کرنا۔قتل ہو جانا۔راجپوتوں کی ایک رسم جب وہ لڑائی میں چاروں طرف سے گھر جاتے تو اپنے اہل و عیال کو قتل کرکے خود لڑ کر جان دے دیتے تھے۔

جوہر دار: چمک دار۔صاحب جوہر۔تلوار جیسے عمدہ جوہر رکھنے والی لکڑی۔

جوہر اُڑانا: کسی خاص ترکیب سے کسی چیز کے اجزائے لطیف جُدا کرنا۔

جوہر دکھانا (د ہ۔فعل) کمال دکھانا۔ہنر دکھانا۔خوبی ظاہر کرنا۔کرتب دکھانا۔ چالاکی دکھانا۔خباثت نفسی ظاہر کرنا۔کونک دکھانا۔

جوہر فرد (ف۔اسم مذکر) جوہر یکتا۔مراد اُوہانِ محبوب۔

جوہر کرنا (د ہ۔فعل) جوہر نما سے بنایا گیا ہے۔جان لینا۔قتل کرنا۔خودکشی کرنا۔اپنی جان پر کھیل جانا۔اپنے آپ کو مار ڈالنا۔قدیم بہادر راجپوتوں کی رسم تھی۔کہ تمام دنیاوی مال و تعلقات ضایع کرکے دشمن پر ٹوٹ پڑتے تھے۔

جوہر کھلنا۔یا۔کھل جانا (د ہ۔فعل) ہنر ظاہر ہو جانا۔کمال اور خوبی کا نمایاں ہونا۔تلعی کھلنا۔بھید کھلنا۔

جوہری (ع۔اسم مذکر) بیائے فاعلیت جوہر فروش۔پرکھیا۔نقاد۔جانچو۔ شناسا۔جوہر شناس۔پرکھنے والا۔

جوہڑ (د ہ۔اسم مذکر) بارانی تالاب۔جھیل۔ڈابر۔تال۔ڈیرا۔چھپڑ۔

جوہنا (د ہ۔فعل) ٹٹولنا۔دیکھنا۔انتظار کرنا۔جانچنا۔لوہنا۔امتحان کرنا۔

جوہی۔یا۔جوئی (د ہ۔اسم مؤنث) جنگلی چنبیلی۔ایک قسم کی آتشبازی۔ایک قسم کا کھیتی کا کیڑا۔

جوے (ہ) - اسم مؤنث، (گنوار) بیوی۔ زوجہ۔ جورو۔ گھر والی۔
جوجو۔ یا۔ جویاں۔ جوئندہ (ف - اسم مذکر) فاعل: تلاش کرنے والا۔ ڈھونڈنے والا کھوجی۔
جویں (ف) جوکی بنی ہوئی۔
جوئبار (ف۔ مذ) وہ بڑی نہر جو کئی نہروں سے ملکر بنتی ہو۔ نہروں کی جگہ وہ مقام جہاں بہت سی نہریں ہوں۔
جوئندہ (ف) ڈھونڈنے والا۔ تلاش کرنے والا۔
جوینده یا بندہ، جو ڈھونڈتا ہے پاتا ہے کوشش کا پھل ضرور ملتا ہے۔
جوئے (ف - اسم مؤنث) ندی۔ نالہ۔ نہر
جوئے خانہ (دُوَ - اسم مذکر) قمار خانہ۔ جُوا کھیلنے کی جگہ۔ جوئے بازی کا مکان۔
جوئے شیر (ف۔ مو) وہ نہر جو فرہاد نے شیریں کے حکم سے پہاڑ کاٹ کر شہر تک نکالی تھی۔

ج - ھ - ہ

جھابا (ہ - اسم مذکر) گھی یا تیل رکھنے کا چمڑے کا ٹوٹی دار برتن۔ چمڑے کا بنا ہوا وہ گول خوان جس میں آٹا چھانتے ہیں۔ روشنی کا جھاڑ۔ تولا۔ ڈال سینچنے کی باری۔ لکڑی کی ٹوکری۔ سنگ منہ کی ٹوکری۔
جھابڑ (ہ - اسم مؤنث) گنوار۔ دلدل دلدلی ٹین (بصورت اسم مذکر) جھابڑا بڑے بڑے بالوں والا چوڑے چہرے کا شیر۔ مجازاً آدمی جثہ آدمی۔ بڑا وجیہ اور موٹا شخص۔
جھابڑ جھلا (ہ - اسم صفت) بدشکل۔ بدہیبت۔ بدنما آدمی۔ ڈھیلا ڈھالا۔ سست۔
جھاپ (ہ) پردہ۔ اوٹ۔
جھاپا (ہ) سنگ منہ کی کوٹھڑی۔
جھاجھا (ہ) پتلی بھنگ۔
جہات (ع - مذ۔ مو) دونوں طرح جہت کی جمع۔ سمتیں۔ اطراف۔ اسباب۔ وجود
جہاد (ع - اسم مذکر) کوشش کرنا۔ سعی وجہد کرنا۔ شرائط اسلام بند کر دینے پر صرف دین کی خاطر جان ومال سے کفار کے ساتھ لڑنا۔ بشرطیکہ وہ بھی اہل اسلام کے ساتھ لڑیں۔ دین کی حمایت کے لئے ہتھیار اُٹھانا۔
جہادِ اصغر (ع - اسم مذکر) (صوفیوں کی اصطلاح) کفار کے ساتھ لڑنا۔ تلوار یا کسی اور ہتھیار کے ذریعے کنارے لڑنا۔
جہادِ اکبر (ع - اسم مذکر) (باصطلاح صوفیاں) نفس کشی کرنا۔ ریاضت سخت۔
جہاد بالسیف (ع) ہتھیاروں سے دین کی خدمت میں جنگ کرنا۔
جہاد بالقلم (ع) تصانیف سے کفار کے رد میں کتابیں اور مضامین لکھنا۔
جھارا (ہ - اسم مذکر) پتلی چھنی ہوئی بھنگ کا مقطر پانی۔ چھاج یا چھلنا۔ جس میں گندم وغیرہ چھان کر چنے علیحدہ کرتے ہیں مویشی وغیرہ کے پاؤں پر دوائیاں پکا کر گرم گرم پانی سے ٹکور کرنا۔
جھارا دینا (ہ - فعل) دوائیاں پکا کر ان کے گرم گرم پانی سے مویشیوں کی زخم خوردہ ٹانگ کی ٹکور کرنا۔
جھارنا (ہ - فعل) چھاننا۔ رونا۔ ٹکورنا۔

جھاری (ہ - اسم مؤنث) ایک لمبی نالی والی ٹوٹنٹی دار صراحی۔
جھاڑ (ہ - اسم مذکر) جھنکار۔ کانٹوں کا درخت۔ جھاڑی۔ جھڑ۔ بیری یا اس کا سوکھا ہوا درخت۔ ہر وہ چھوٹا درخت جس میں کانٹے اور پتے بہت ہوں۔ امیروں کے مکانوں میں زینت اور زیبائش کے لئے لٹکایا ہوا بلور یا آبگینہ کا فانوس۔ ایک قسم کی آتشبازی۔ پنج شاخہ۔ شعل۔ قطار۔ باتوں کا سلسلہ جو دیر تک رہے۔ جھگڑا۔ جنجال۔
جھاڑ باندھنا (ہ - محاورہ) تار باندھنا۔ لگاتار کچھ کہے جانا۔
جھاڑ بنسا نا (ہ) فعل۔ لڑائی مول لینا۔ جھگڑا مول لینا۔
جھاڑ بوٹے (مذ) بیل بوٹے۔
جھاڑ جھاڑ
جھاڑ پھاڑ (ہ - اسم مذکر) خارج از بحث بات۔ فضول بات۔ بات کا بتنگڑ۔
جھاڑ جھنکاڑ (ہ - اسم مذکر) نہایت گھنگا اور خاردار پودا۔ بہت سی شاخوں کا درخت۔ خاردار درختوں کا جھنڈ۔ شکستہ خط۔ لپٹنے والا۔ سر ہونے والا۔ جھاڑ کا کاٹنا۔
جھاڑ سے چھوٹا پہاڑ میں اٹکا (ہ) ایک آفت سے بچا تو دوسری میں پھنس گیا۔
جھاڑ کا اِزار بند (دُوَ - اسم مذکر) بڑے بڑے پھندنوں والا ایک قسم کا اِزار بند۔
جھاڑ کا کاٹنا (ہ - اسم مذکر صفت) لڑاکا۔ جنگجو۔ وہ شخص جس سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو۔
جھاڑ کے پر نکالنا: کثرت سے پر نکالنا۔
جھاڑ کھنڈ (مذ) جنگل۔ ویرانہ۔
جھاڑ ہو کر لپٹنا (ہ - محاورہ) جھاڑ کی طرح لپٹنا۔ جونک کی طرح چمٹنا۔ سر ہونا۔ لپ ہونا۔
جھاڑا (ہ - اسم مذکر) تلاشی۔ تجسس۔ کوڑا کرکٹ (گنوار) پاخانہ۔ براز۔ گوہ منتر پڑھ کر پھونکنا۔
جھاڑا پھونکی۔ یا۔ جھاڑ پھونک (ہ - اسم مؤنث) جنتر منتر۔ افسوں۔ دم کرنا۔ کچھ پڑھ کر جھاڑنا۔ ہتھ پھیری۔ ٹونا۔ گنڈا۔ تعویذ۔ بازیگری۔ مکاری۔ شعبدہ بازی۔ ظریف لکھنوی

عشق جن بن کے جو لپٹا تو یہ چھوٹا مجھ سے
کسی پری خوان نے نہیں آن کے جھاڑا پھونکا

جھاڑا پھرنا: پاخانہ کرنا۔
جھاڑا لینا (ہ - فعل) تلاشی لینا۔ کپڑے لتے اُتروا کر دیکھنا۔
جھاڑو پوچھ (ہ - اسم مؤنث) صفائی۔ جھاڑنا۔ پونچھنا سے حاصل مصدر ہے۔
جھاڑ پانی (دُوَ - اسم مؤنث) بالکل بیباق۔ رہا سہا۔ بچا کھچا۔
جھاڑ دینا (ہ) صاف کرنا۔ اس طرح دینا کہ کچھ نہ بچے۔ مارنا۔ جیسے برتن وغیرہ

آج میں نے اس پر ایک ہاتھ جھاڑ دیا۔ نکالنا جیسے تمہارا سارا غصہ جھاڑ دوں گا۔

جھاڑ لینا (ہ) صاف کر لینا۔ بُہار لینا۔ برتن وغیرہ سے کسی چیز کا اس طرح لینا کہ کچھ نہ بچے۔ آسانی سے وصول کر لینا۔
جھاڑ جانا (ہ - محاورہ) کھا جانا۔ کھا کر صاف کر دینا۔ سب کچھ چٹ کر جانا۔ اُڑا جانا۔

جھاڑن (ہ ۱ اسم مذکر و مؤنث) جھاڑنے کا کپڑا۔ تولیہ۔ صفائی کا رومال۔ صافی
ڈسٹر جیسے وہ چیز جو جھاڑنے سے نکلے (بصورت مؤنث) چھلنی۔ غربال
کوڑا کرکٹ۔ ریزہ۔ پوچھن۔ جھڑن۔

جھاڑن پوچھن (ہ ۱ اسم مؤنث) وہ چیز جو جھاڑنے پونچھنے سے نکلے۔ وہ بچہ
جس کے بعد اور بچہ پیدا نہ ہوا۔ اخیر کا بچہ۔

جھاڑنا (ہ۔ فعل) صاف کرنا۔ گرد و غبار دور کرنا۔ جھاڑو دینا۔ بہارنا۔ پونچھنا
درخت سے پھل گرانا۔ پھل توڑنا۔ جھٹکنا۔ پھٹکنا۔ لگانا۔ مارنا۔ جڑنا۔
جیسے تلوار کا ہاتھ جھاڑنا۔ دم کرنا۔ پھونکنا۔ چقماق سے آگ پیدا کرنا۔
پرچھرانا۔ کریز بیٹھنا۔ سرزنش کرنا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔ ٹھیک بنانا۔
دھتکارنا۔ ذلیل و خفیف کرنا۔ کسی کے پاس سے سب کچھ لے لینا۔

جھاڑنا جھٹکنا (ہ۔ فعل) جھاڑو بہارو دینا۔ گرد و غبار صاف کرنا۔ جو ملے
کسی کے پاس سے سب کچھ لے لینا۔

جھاڑو (ہ ۱ اسم مؤنث) جاروب۔ بہاری۔ سوہنی۔ دنبالہ دار ستارہ۔ دمدار ستارہ

جھاڑو پھیرنا (ہ۔ محاورہ) صفایا ہونا۔ بربادی ہونا۔ کچھ نہ رہنا۔

جھاڑو پھیرنا۔ یا۔ پھیر دینا (ہ۔ محاورہ) صفایا کر دینا۔ سب کچھ چرا لے جانا۔
اُجاڑنا۔ تباہ کرنا۔ لوٹ لینا۔ غارت کر دینا۔

جھاڑو تارا (ہ۔ اسم مذکر) دنبالہ دار ستارا اور مدار ستارہ۔

جھاڑو دبانا عورتوں کا خیال ہے کہ ایسا کرنے سے آندھی رک جاتی ہے

جھاڑو دینا (ہ۔ محاورہ) صفائی کرنا۔ بہارنا۔ جاروب کشی کرنا۔ لوٹ کر لے جانا۔
دھڑی دھڑی کر کے لوٹ لینا۔ سب چٹ کر جانا۔ تھالی خالی کر دینا۔

جھاڑو مارنا (ہ۔ محاورہ) نفرت ظاہر کرنا۔ تنفر ظاہر کرنا۔

جھاڑی (ہ ۱ اسم مؤنث) چھوٹا خاردار درخت۔ جھڑ بیری کے درخت۔ بن
جنگل۔

جھاڑی بونی کا بیر (ہ۔ اسم مذکر) جنگلی چھوٹے چھوٹے سُرخ سُرخ بیر۔

جہاز (ع۔ اسم مذکر)

لغت میں گھر کے مال و اسباب لادنے والی بہت بڑی کشتی جو بحری سفر کے لئے بناتے ہیں ہوا میں اڑنے والی چیل کی شکل کی گاڑی (بحالت صفت) بہت بڑا نہایت وسیع و فراخ۔ (ہوائی جہاز۔ بحری جہاز)

جہاز کا جہاز (اُ۔ اسم صفت) بہت ہی بڑا نہایت ہی فراخ اور وسیع۔

جہاز کا لنگر کرنا، جہاز کا ٹھہر جانا۔

جہاز کا کوا (اُ۔ اسم مذکر) وہ کوا جو جہاز کے ساتھ ہولے اور سمندر میں بیٹھنے کی جگہ نہ ملنے کے سبب جہاز کے اردگرد ہی اڑتا رہے۔ وہ شخص جسے ایک جگہ کے سوا ٹھور ٹھکانا نہ ملے۔

جہازی (ع۔ اسم مذکر) خلاصی۔ ملاح۔ جہاز چلانے والا۔ جہاز کے سوار۔ جہاز
میں بیٹھنے والے (بحالت صفت) بحری سمندری۔ جیسے جہازی فوج۔

جہازی ڈاکو (اُ۔ مذ) وہ لوگ جو اپنی کشتیاں یا جہاز لا کر مسافروں کا جہاز
لوٹ لیتے ہیں۔

جھاگ (ہ۔ اسم مذکر) کف۔ پھین۔ وہ سفید سفید بلبلے جو پانی کے جوش سے
یا آدمی کے منہ سے نکلتے ہیں۔

جھاگ لانا (ہ۔ فعل) کف لانا۔ غصہ کے مارے منہ سے تھوک اڑانا۔

جہال (ع۔ مذ) جاہل کی جمع۔

جھال (ہ۔ اسم مؤنث) چمڑ چراہٹ۔ تیزی۔ جلن۔ جیسے مرچ کی جھال۔ دھات
کا جوڑ ٹانکا۔ جھلی۔ بڑا اور چوڑا ٹوکرا۔ لہر موج۔ ہلکورا۔ ترنگ۔ طلاطم۔
جھل آگ۔ نہر یا دریا کی لہر۔ تھوڑی سی بارش۔ خواہش جماع جو عورتوں
کو ہو۔

جھالا (ہ ۱ اسم مذکر) وہ زور کا چلتا ہوا مینہ جو کہیں برسے اور کہیں نہ۔ عورتوں
کے کانوں کا ایک خاص زیور جو صرف موتیوں کی چند لڑیاں ہوتی
ہیں اشارہ ایما۔ سین۔

جہالت (ع۔ اسم مؤنث) بے علمی نادانی۔ ناواقفیت۔ بیوقوفی۔ اُجڈپن۔

جھالر (ہ۔ اسم مؤنث) پھلوے کرن، پھندنے حاشیہ۔ کنارہ۔ مقیش یا ریشم کے
تار یا سوت کے دھاگے میں پروئے ہوئے موتی جو آرائش کے لئے
دوپٹے۔ رومال۔ مسند۔ چھتری وغیرہ کے گرد لگاتے ہیں چننے ہوئے کپڑے
کے کنارے۔

جھالردار (اُ۔ اسم صفت) پلے دار۔ وہ چیز جس میں جھالر لگی ہو۔

جھالرا (ہ۔ اسم مذکر) روپیوں کی بنی ہوئی ہیکل بڑا چوڑا کنواں۔ جھرنا۔ باؤلی
گنوار (ہندو) عورتوں کا وہ ہار جس میں روپے پروتی ہیں اور ہیکل
کی طرح پہنتی ہیں۔

جھالنا (ہ۔ فعل) دھات کو ٹانکا لگانا۔ برتن جوڑنا۔ زیور میں مصالح سے
جوڑ لگانا۔ پانی کو برف یا شورے اور نمک میں لگا کر ٹھنڈا کرنا۔

جھام (ہ۔ اسم مذکر) ایک قسم کا بڑا پھاوڑا جو کنوئیں کی کوٹھی کے گلانے کے
کام آتا ہے یا ایک قسم کا لوہے کا چرس جس سے کنوئیں کا مٹی نکالتے
ہیں۔

جھامر (ہ۔ مذ) سوئیاں اور تکلے تیز کرنے کی سل (مؤنث) دلدل۔ سراب۔

جہان (ف۔ اسم مذکر) کھنڈ۔ زمین۔ دھرتی۔ تمام ملک۔ جگ۔ دینا۔ سنسار۔

جہاں (ہ) جس مقام پر۔ جس وقت۔ جس گھڑی۔ ؎ ناسخ

رنگ چہرے کا یاں بدلنے لگا
آنکھ تیری جہاں ذرا بدلی

جہاں پناہ (ف۔ اسم مذکر) بادشاہ۔ سلطان۔ راجا۔ وہ حاکم جس کی پناہ
میں دنیا ہو۔

جہاں جائے بھوکا وہیں پڑے سوکھا (ہ۔ مثل) بدبخت کی قسمت
ہر جگہ ساتھ رہتی ہے۔

جہاں جہان و ہاں پروہت (ہ۔ مثل) بڑے آدمیوں کے ساتھ
متعلقین بھی ضرور ہوں گے۔ آقا کے ساتھ خادم ضرور۔

جہاں جہاں (ا) جا بجا۔ جس جس جگہ۔ جگہ جگہ۔

جہاں چار باسن (برتن) ہونگے ضرور کھڑکیں گے (ہ۔ مثل) گھر میں

اگر بول چال ہو جائے تو رفع رنج کے وقت کہا کرتے ہیں یعنی بے جان مٹی کے چار برتن بھی کھڑک جاتے ہیں۔ یہ تو جاندار ہیں۔ جہاں مجمع ہوتا ہے وہاں تکرار بھی ہوتی ہے۔

جہاں دائی ہاتھ دھوئے وہاں قربان کروں ؛ ذلیل کرنے کے لیے بولتے ہیں۔

جہاں دولھا وہاں برات ؛ آدمی اپنے سردار ہی کے ساتھ رہتا ہے۔

جہاندیدہ دف۔ اسم صفت۔ ترکیب مفعولی) دنیا میں پھرا ہوا۔ تجربہ کار۔ پختہ کار۔ آزمودہ کار۔

جہاندیدہ بسیار گوید دروغ (ف۔ مثل) تجربہ کار بہت جھوٹ بھی بولتا ہے۔

جہاں دیکھی تواپرات وہیں گنوائی ساری رات جہاں دیکھے توا پرات وہیں گاوے ساری رات (ہ۔ مثل) خود غرض اور ذلیل آدمی اور پتلو آدمی اپنے فائدے کو دیکھتا ہے۔

جہاں رُوکھ نہیں وہاں آرنڈ ہی روکھ ہے (ہ۔ مثل) جہاں عمدہ چیز میسر نہ ہو۔ وہاں بری چیز ہی غنیمت ہے۔

جہاں سَو وہاں سَوا سو (ہ۔ مثل) جہاں سودے کر کام نہ بنے وہاں کچھ اور زیادہ دے کر کام نکال لینا چاہیئے۔

جہاں سوئی نہ جائے وہاں موصل گھسیڑنا ؛ بہت جھوٹ بولنا۔

جہاں کا مُردہ وہیں گڑتا ہے ؛ جہاں کا جھگڑا ہو وہیں ختم ہوتا ہے۔

جہاں کا نسا وہیں بجلی کا سا نسا (ہ۔ مثل) جہاں مال ہوگا وہیں چور اچکا۔

جہاں گڑ ہوگا وہاں مکھی بھی ضرور ہوگی (ہ۔ مثل) نفع رساں اور لذیذ چیز پر اس شے سے فایدہ اور لذت اُٹھانے والے بہت سے جمع ہو جائیں گے۔ کامل کو شاگرد بہت۔ رشی منی کے چیلے بہتیرے۔

جہاں گڑھا ہوتا ہے وہی پانی مرتا ہے ؛ جہاں نقص ہوتا ہے وہیں اعتراض چسپاں ہو جاتا ہے۔

جہاں گل ہوگا وہاں خار ضرور ہوگا۔ جہاں پھول وہیں کانٹا۔ (دُکھ سُکھ کے ساتھ دُکھ یا دکھ کے ساتھ سُکھ لازمی ہے۔

جہاں مرغا نہ ہوگا وہاں اذان نہ ہوگی ؛ جہاں مرغ نہیں بولتا کیا وہاں صبح نہیں ہوتی۔

جہاں ملّا نہیں وہاں کیا سویرا نہیں ہوتا (ہ۔ مثل) کسی کے نہ ہونے سے دنیا کے کام بند نہیں ہو جاتے۔

جہاں تک (ہ۔ تابع فعل) جب تک۔ تا بمقدور۔ حتی الامکان۔

جہاں تہاں (ہ۔ تابع فعل) اِدھر اُدھر ہر جگہ۔

جہاں کہیں (ہ۔ تابع فعل) جس جگہ۔ جس مقام پر۔

جہاں کی تہاں (ہ۔ تابع فعل) کہیں کی کہیں بے موقع بے جگہ۔ جیسے جہاں کی تہاں چیزیں رکھ دیتا ہے۔ اِسی جگہ۔ اِسی مقام پر۔ وہیں کی وہیں۔ جیسے کیسی بے تمیز ہو۔ اب تک دوات جہاں کی تہاں ہی پڑی ہے۔

جہاں نشیب ہوگا وہی پانی مرے گا ؛ جہاں کچھ نقص ہوگا اُسی کی لوگ گرفت کریں گے۔

جہاں ننانوے گھڑے دودھ کے ہونگے وہاں ایک گھڑا پانی کا کیا جانا جائے ؛ امیروں میں غریبوں کی کیا پوچھ۔

جھانپ (ہ۔ اسم مذکر) بانس کا بڑا اخوان پوش۔ توڑہ پوش۔ بانس کا ٹوکرا بگی کی بٹ۔ چوکھٹ کے آگے کا چھوٹا سا سائبان۔ جھنجی کوڑی۔ اُوپر سے لوٹی ہوئی کوڑی۔ حجاب۔

جھانپل (ہ۔ اسم مؤنث) ایک کالا سا بڑا چالاک پرندہ۔ کال۔ کلچی۔

جھانپنا (ہ۔ فعل) ڈھانکنا۔ چھپانا۔ غلاف چڑھانا۔ پوشندہ کرنا۔

جھانپو (ہ۔ اسم مؤنث) ایک چڑیا کا نام جو دم کو اکثر تھرکاتی رہتی ہے۔ کال چڑیا۔ دھوبن چڑی۔ جماع کی ازحد خواہاں عورت۔ چھنال۔ فاحشہ۔

جھانٹ (ہ۔ مو) زیر ناف کے بال (کنایۃً) ادنیٰ اور بے حقیقت چیز۔ کم حقیقت آدمی۔

جھانٹ برابر ؛ بہت چھوٹا۔

جھانٹ کی جھٹلی ؛ نہایت ہی کم حیثیت۔

جھانٹیں مونڈنا ؛ زیر ناف کے بال صاف کرنا۔

جھانٹیں اُکھاڑنا ؛ کچھ کر نہ سکنا۔ پشیمان کرنا۔

جھانجھ (ہ۔ اسم مؤنث) جھونجل۔ غصّہ۔ تہر۔ تیزی۔ تندی۔ بے قراری۔ بے صبری۔ بے تابی۔ بڑا مجیرا جو طاسے اور ڈھول کے ساتھ بجایا جاتا ہے۔ خواہش۔ شہوت۔

جھانجھ لانا (ہ۔ فعل) فیل لانا۔ تکرار کرنا۔ جھگڑا کرنا۔

جھانجن ؛ یا۔ جھانجر (ہ۔ اسم مؤنث) پاؤں میں پہننے کا ایک آواز دار زیور۔

جھانجی (ہ۔ اسم مؤنث) ٹیسو کے ایام میں لڑکیوں کے ایک کھیل کا نام جس میں وہ ایسیس مانگتی ہیں جھانجی کا گیت۔

جھانجھیں (ہ۔ مو) ایک قسم کا پاؤں کا زیور۔

جھان (ہ۔ اسم مذکر) دھوکا فریب۔ دغا۔ حیلہ۔ دم۔ چھل۔ جل۔

جھان دینا ؛ یا۔ بتانا (ہ۔ فعل) جل دینا۔ بُنا دینا۔ دھوکا دینا۔

جھانسا (ہ۔ مذ) حیلہ۔ جل۔ دھوکہ۔ بُتا۔

جھانسا بتانا ؛ یا۔ دینا؛ بُتا دینا۔ دھوکہ دینا۔

جھانسیا (ہ۔ اسم مذکر۔ ترکیب فاعل) دھوکے باز۔ فریبی۔ دمباز۔ چھلیا۔

جھانسے میں آنا (ہ۔ محاورہ) دھوکے میں آنا۔ دم میں آنا۔ فریب کھانا۔

جھانک (ہ۔ اسم مؤنث) دزدیدہ نظر۔ تاک (جھانکنا سے حاصلمصدر)

جھانک تاک ؛ خیال۔ تدبیر۔ غور۔ دزدیدہ نظر سے دیکھنا۔

جھانکا جھونکی (ہ۔ اسم مؤنث) تاک جھانک۔ دیکھا دیکھی۔

جھانکڑ (ہ۔ اسم مذکر) جھاڑی خاردار درخت۔ ڈیلا۔ پتلا۔ لاغر۔

جھانکنا (ہ۔ فعل) چھپ کر دیکھنا۔ دزدیدہ نظر سے دیکھنا۔ کھڑکی یا دروازہ سے دیکھنا۔ ذرا کی ذرا جانا۔ جا کر پھرنا۔

جھانکی (ہ۔ اسم مؤنث) نظارہ۔ دید بازی۔ لیلا۔ نمایش۔ سوانگ۔ تماشا۔ روزن۔ سوراخ۔ رخنہ۔ چھید۔

جھانگیری (اُ۔ اسم مؤنث) ہاتھ کا ایک جڑاؤ زیور۔ لاکھ یا پنچ کی چوڑی جو جہانگیر بادشاہ کی ایجاد ہے۔

جھانواں (ہ۔ اسم مذکر) کھردری اینٹ یا پتھر وغیرہ جس سے پاؤں یا بدن

کا میل اُتارتے ہیں سنگ یا آدے یا پزادے میں پگھل کر قائم چھٹی اور جڑی ہوئی انیں اور رکھ۔

جھانولی (ہ) اسم مؤنث، چھپکی۔ آنکھ کا اشارہ۔ غمزۂ چشم۔ ناز و انداز والی گردشِ چشم۔ ذرا سا دیکھنا۔ نازہ ادا رعشوہ۔ فریب۔ گرم ہوا۔

جھانولی باز (ہ) اسم مذکر، ترکیب فاعلی، کرشمہ ساز۔ نخرے باز۔ عشوہ گر۔ چھلیا۔

جھانولی دینا (ہ۔ محاورہ) آنکھ کی جھپکی دینا۔ غمزہ کرنا۔ جھلک دکھا کر چھپ جانا، معشوق کی نظر سے دیکھنا۔ ناز بھر نگاہ ڈالنا۔

جھاؤ (ہ) اسم مذکر، ایک درخت جو دریا کے کنارے ہوتا ہے جس کی ٹوکریاں بناتے ہیں۔ درخت گز۔

جھائیاں پڑنا، چہرے پر کلف پڑنا۔ منہ پر داغ دھبے پڑنا۔

جھائیاں، کلف۔ چہرے کے دھبے۔ جھائیں کی جمع ۔ صفی

بیوی سے شادی ہیں کہ کرے پھر مقابلہ
اوّل مٹائے ماہ فلک منہ کی جھائیاں

جھائیں، داغ دھبے جو منہ پر ہوں۔

جھائیں (ہ) اسم مؤنث، عکس۔ پرچھائیں۔ سایہ۔ سورج کی شعاع پڑنے سے شیشے یا کسی صاف چیز کا عکس۔ کلف۔ چھیپ۔ چہرے کے داغ آئینہ کی قلعی اُترنے سے اس میں جو نشان ہو جاتا ہے۔ وہ بھی زنگ آئینہ۔ داغ دھبے جو منہ پر ہوں۔

جھائیں جھپّا (ہ) اسم مذکر، جھلک دکھا کر جلدی چھپ جانا۔ مجازاً فریب دینا۔ دھوکہ دے کر۔ جھانسا۔ چھل جل۔

جھائیں مائیں (ہ) اسم مؤنث، بچوں کا ایک کھیل۔

جھائیں جھائیں (ہ) اسم مؤنث، کائیں کائیں۔ جھک جھک۔ بک بک بمعنی شور۔

جھائیں جھائیں ہونا، فضول بک بک کرنا۔ لڑائی۔ دنگا فساد ہونا۔ آرزو اس کی گلی میں آڈٹے آرزو اب ٹہیں گے کیا

اس سے ہو چاہے تو نکار اس سے ہو چاہے جھائیں جھائیں

جھبّا (ہ) اسم مذکر، گیھا۔ پھندنا۔ گچھا۔ آویزا۔ پھلوا۔

جھبڑا (ہ) اسم مذکر، بڑے بڑے بالوں والا کتا۔ مجازاً بڑے بالوں والا آدمی جس نے بے تکے بال بڑھا رکھے ہوں۔

جھپ (ہ) اسم صفت، جلدی، فوراً۔ فی الفور۔ بلا توقف۔

جھپا جھپ، جلدی جلدی۔

جھپ جھپ (ہ) اسم صفت، جھٹ پٹ۔ جلد جلد۔ بڑی جلدی۔

جھپاک (ہ) تیزی سے۔ جلدی سے۔

جھپاک جھپاک، لپک کر۔ جلد جلد۔

جھپ کھانا (ہ۔ فعل)، تپنگ یا کنکوے کا جلدی سے پیندی کے بل گرنا۔

جھپاکا (ہ) اسم مذکر، جلدی۔ فوراً۔ شتابی۔

جھپاکا مارنا (ہ) جلدی سے کام کرنا۔

جھپاک سے (ہ) تابع فعل، جلدی سے۔ تُرت۔ تُرت پھرت۔

جھپان (ہ) اسم مذکر، ایک قسم کی عماری یا پالکی، جو پہاڑوں میں مروج ہے۔

جھپانا (ہ)، پتنگ کا اُلٹ جانا۔ جھپ کھانا۔

جھپانا (ہ)، شرمندہ کرنا۔

جھپّائی (ہ) اسم مذکر، بمائے فاعلیت، جھپان اُٹھانے والا کہار۔ مزدور۔

جھپٹ (ہ) اسم مؤنث، جھپٹنا سے حاصلمصدر۔ زد۔ جلدی کا حملہ۔ دوڑ۔ رقند۔ چھلانگ۔ چھین جھپٹ سے کشاکش۔ اینچا کھینچی مراد ہوتی ہے۔

جھپّا یا جھپٹا

جھپٹا (ہ) اسم مذکر، بھوت پریت وغیرہ کا اثر۔ آسیب۔ سایہ جن و پری۔

جھپٹا (ہ) اسم مذکر، چیل یا شیر کا جلدی سے حملہ کر کے کسی چیز کو لے جانا۔ پنجہ۔ چنگل۔

جھپٹا مارنا (ہ۔ فعل)، چنگل مارنا۔ چیل کا جلدی سے کسی چیز کو اُچک لیجانا۔

جھپٹانا (ہ۔ فعل)، جلدی سے اُڑا لینا۔ جلدی چلانا۔ تیز دوڑانا۔

جھپٹنا (ہ۔ فعل)، حملہ کرنا۔ حربہ کرنا۔ دوڑنا۔ جلد چلنا۔ لپک کر چلنا۔ جھپنا۔ اُچک لینا۔ ہاتھ مارنا۔ چھین لینا۔

جھپک (ہ) اسم مؤنث، جھپکنا سے حاصلمصدر۔ پلکوں کا باہم ایک دفعہ لگنا۔ حیا۔ شرم۔

جھپکنا (ہ۔ فعل)، آنکھوں کا بند ہونا اور کھلنا۔ پلکوں کا باہم ٹکرانا۔ شرمندہ ہونا۔ حجاب کرنا۔ خوف کھانا۔ ڈرنا۔ جھپنا۔ نیند آجانا۔ غنودگی۔

جھپکی (ہ) اسم مؤنث، حاصلمصدر از جھپکنا بزیادتی بائے تحتانی۔ نیند۔ غنودگی۔ ذرا کی ذرا صورت دکھانا۔ ذرا سی دیر کے لئے آنا۔ جھلک۔

جھپٹ کھانا، دھکا لگنا۔ ہلکی چوٹ کھانا۔

ہر کام پہ ڈگتا ہے قدم راہ وفا میں
کھائے ہے جھپیٹ ایسی کہ سنبھلا نہیں

جھپیٹ (ہ) اسم مؤنث، دوڑ دھکا۔ تاخت۔ حملہ۔ زد۔ جن بھوت یا پری کا سایہ۔ صدمہ۔

جھپیٹ میں آنا (ہ۔ محاورہ) زد میں آنا۔ دھکا کھا کر گرنا۔ بھوت پریت سے ٹھکرایا جانا۔ صدمہ پہنچنا۔ دوڑتی ہوئی چیز کی زد میں آنا۔

جھپٹا (ہ) اسم مذکر، سایہ جن و پری کا سایہ۔ جادو کا اثر۔ جھپیٹ۔

جھپیٹے میں آنا، بھوت پریت کا سایہ ہونا۔ صدمہ پہنچ جانا۔ ضرب لگ جانا۔

جیسے تلوار کا وار تھا۔ تو کسی اور پر مگر وہ جھپیٹے میں آگیا۔

جھپیٹے میں لانا، قابو میں لانا۔ زد میں لانا۔ قبضہ میں کر لینا۔ زیر اثر لانا

جہت (ع۔ اسم مؤنث) طرف۔ سوئے۔ جانب۔ سمت۔ وجہ۔ باعث۔ سبب۔ جہات، جمع جہت۔

جھٹ (ہ۔ تابع فعل) (دیکھو جھپ)،

جھٹ پٹ (ہ۔ تابع فعل) بہت جلد۔ تُرت ہی۔ جلد تر۔ شتاب۔ تُرت پھرت۔

جھٹال دینا (ہ)، جھوٹا کر دینا۔ تھوڑا سا کھا لینا۔ جیسے حلوا کو

جھٹال لینا، چکھ لینا۔ جیسے منہ کے ساتھ استعمال کرتے ہیں۔

جھٹالنا (ہ۔ فعل) جھلانا۔ جھوٹا کرنا۔ جھوٹا بنانا۔ چکھ کر یا کھا کر اُچھوتا نہ رہنے دینا۔

جھٹ پٹا (ہ) ۔اسم مذکر، صبح یا شام کی سیاہی دونوں ملنے کا سماں۔ غروب کا وقت۔

جھٹک (ہ۔ مذ) جھٹکنا۔

جھٹک جانا: دبلا ہو جانا۔

جھٹک لینا: چھین لینا۔ دبا لینا۔

جھٹکا (ہ) ۔اسم مذکر، صدمہ، جنبش، ٹکر۔ آفت۔ مصیبت۔ شرع اسلام کے خلاف تلوار کے ایک ہی ہاتھ میں ذبح کیا ہوا جانور۔

جھٹکا اُٹھانا (ہ) ۔فعل، صدمہ اُٹھانا۔ مصیبت سہنا۔ ٹکرانا۔ نقصان اُٹھانا۔

جھٹکا دینا (ہ)، فعل۔ جھاڑنا۔ صدمہ دینا۔ جھٹکنا۔

جھٹکا کھانا (ہ۔ محاورہ)۔ غیر ذبیحہ جانور کھانا۔ صدمہ اُٹھانا۔ آفت زدہ ہونا ٹکرانا۔ ٹھوکر کھانا۔ آپس میں لڑ جانا۔

جھٹکنا (ہ) ۔فعل، جھاڑنا۔ کپڑے وغیرہ کو زور سے ہلانا۔ صدمہ دینا۔ دُبلا ہونا۔ لاغر ہونا۔

جھٹکے کا مال (ہ۔ اسم مذکر) چوری کا مال۔ ڈاکے کا مال۔

جھٹل (ہ ۔تابع فعل) جھوٹ موٹ۔ سچل کی ضد۔ جیسے جھٹل کھیلنا۔

جھٹلانا (ہ) ۔فعل، جھوٹا ثابت کرنا۔ تکذیب کرنا۔ باطل کرنا۔ جھٹلانا۔ بے عزت کرنا۔

جھٹیل (ہ) ۔اسم مؤنث مستعمل، ہر ایک کی جھوٹی کی ہوئی عورت۔ بدکار عورت۔

جھجاؤ (ہ۔ مذ) لمبا چوڑا پہننے کا کپڑا۔

جھجھر (ہ ۔اسم مذکر) مٹی کی ٹھلیا۔ دہلی کے قریب ایک قصبہ کا نام۔

جھجھری (ہ) چھوٹا جھجھر۔

جھجھک (ہ ۔اسم مؤنث، حاصل مصدر جھجکنا سے۔ بدک۔ شرم۔ وحشت رمیدگی۔ چونک۔ روک ٹوک۔ اٹک۔ ڈر خوف۔

جھجھک نکلنا (ہ) ۔فعل، خوف دور ہونا۔ مانوس ہونا۔ رکاوٹ اور اٹک جاتی رہنا۔

جھجکنا (ہ) ۔فعل، رکنا۔ بدکنا۔ شرم کرنا۔ وحشت سے بھاگنا۔ ڈرنا۔ خوف کھانا۔

جھجھو جھو (اُ) پالنا۔ جھلانے والیاں یا دونوں گھٹنے سینے کی طرف جھکا کے بچوں کو جھلانے والے یہ کلمے کہتے ہیں۔ مرد ہوں یا عورتیں۔

جہد (ہ ۔اسم مؤنث) کوشش۔ سعی۔ طاقت۔

جہد جہید: دوڑ دھوپ۔ حد سے زیادہ کوشش۔

جھڈو (ہ ۔اسم مذکر، صفت) بے حیا۔ بے وقوف۔ احمق۔ ناکارہ۔ حقارتاً۔ بوڑھا۔ جھڑوس۔ نکما۔

جھر جھرا اکا (ہ ۔اسم مؤنث، صوت) کپڑے یا کاغذ کے دفعتہً پھٹ جانے کی آواز۔ بچہ کو چڑانے کی آواز۔

جھر بیر، جھر بیری (اوّل مذ دوم مؤ) جنگلی بیر اور اُس کی جھاڑی۔

جھر جھرا (ہ ۔اسم صفت) بہت باریک کپڑا۔ جس کے تار فاصلے سے ہوں جھونا۔

جھرجھری (ہ ۔اسم مؤنث) بخار چڑھنے سے پہلے کا لرزہ۔ کپکپی۔ لرزہ۔

جھرکٹ (ہ ۔اسم صفت، مرجھایا ہوا۔ پژمردہ بے رونق۔ جھاڑی کا تابع مہمل۔ جیسے جھاڑی جھرکٹ۔

جھرمٹ (ہ ۔اسم مذکر) بھیڑ۔ انبوہ۔ ہجوم۔ گروہ۔ عورتوں کا حلقہ بکل۔ دوپٹے دوشالے یا چادر وغیرہ میں لپٹنا۔ درمیع۔ سڑک کوٹنے کا آلہ۔

جھرمٹ مارنا (محاورہ)، حلقہ باندھ کر جانا۔ جمع ہو کر جانا۔ اکٹھا ہو کر جانا بکل مارنا۔

جھرنا (ہ ۔اسم مذکر ظرف) آبشار۔ پانی جھرنے کی جگہ۔ پانی کی چادر۔ پانی صاف کرنے کی چھلنی۔ حلوائیوں کا سوراخدار کفگیر۔ ایک قسم کی بڑی چھلنی ٹپکتے پانی کا چشمہ۔

جھرنا (ہ) ۔فعل، ٹپکنا۔ رسنا۔ چونا۔ بہنا۔ جلدی ہونا۔

جھرنا (ہ) ۔فعل، مرجھانا۔ زوال پانا۔ کمزور ہونا۔ سوکھنا۔ دُبلا ہونا۔ رونق نہ رہنا۔ حسد یا بیماری کے سبب زرد و ناتواں ہونا۔ جیسے داتا پن کرنے نخیل جھرجھر مرے۔

جھروکا (ہ ۔اسم مذکر) کھڑکی۔ دریچہ۔ روشندان۔ سیرگاہ۔ تماشاگاہ۔ وہ چھوٹی سی شہ نشین۔ جس میں بادشاہ یا راجہ رانیاں بیٹھ کر سیر کرتی ہیں۔

جھروکا درشن (ہ ۔اسم مذکر) دہلی کے لال قلعہ کی وہ کھڑکیاں جو باغ اور دربار کی طرف بنے ہوئے ہیں۔ جو شاہی سیرگاہ تھیں۔

جھری (ہ ۔اسم مؤنث) درز۔ شگاف۔ سوراخ۔ رخنہ۔ پانی کا گڑھا جس میں اِدھر اُدھر سے کر پانی جمع ہو جائے۔

جھری (ہ ۔اسم مؤنث) شکن۔ سلوٹ جو بڑھاپے میں کھال کے ڈھیلا ہونے سے پڑ جاتی ہیں۔

جھریاں (ہ ۔اسم مؤنث) جھری کی جمع۔ شکنیں۔ سلوٹیں۔

جھریاں پڑنا (ہ ۔فعل) چین پڑنا۔ شکن پڑنا۔ مرجھا کر نشان پڑ جانا۔

جھڑ (ہ ۔اسم مذکر) متواتر بارش۔ (بصورت مؤنث) فعل کا پردہ یا کھٹکا۔ آنسوؤں کی جھڑی۔ باتوں کا سلسلہ۔

جھڑ بدلی (ہ ۔اسم مؤنث) وہ بدلی جو بہت سی جھڑی لگائے۔ جھڑی کی بدلی۔ ساون کی بدلی۔

جھڑ بیری (ہ ۔اسم مؤنث) وہ جھاڑی جس میں بیر لگتے ہیں۔ جنگلی بیر کنار دشتی۔

جھڑ بیری کا کانٹا (ہ ۔اسم مذکر) اصلی معنی ظاہر لڑاک آدمی۔ جھاڑ ہو کر لڑنے والا آدمی۔

جھڑ پکنا: پک کر جھڑ جانا۔ بوڑھا ہو کر ناکارہ ہو جانا۔

جھڑا (ہ)، تمام۔ بالکل۔

جھڑا جھڑ (ہ ۔تابع فعل) مسلسل۔ متواتر۔ پے در پے۔ یکثرت۔

جھڑاک، جھڑاکا (ہ ۔اسم مذکر) جھڑپ۔ ہلکی سی لڑائی۔ کسی کام کا جلدی سے کرنا۔ فوراً چھوٹنا۔ دو دو چونچیں۔ زور کی بارش۔ جھڑی (بصورت اسم صوت) بال یا گھاس بھارنے کی آواز۔

جھڑپ (ہ ۔اسم مؤنث) چھیڑ۔ ہلکی سی لڑائی۔ جھڑاکا۔ صدمہ باہمی۔ تیزی۔ تندی۔ جوش۔ گرمی۔ غصہ۔ جیسے بس دیکھ لی آپ کی جھڑپ۔ لو شعلہ۔ لاٹ۔

جھڑپانا (ہ ۔فعل) پرندوں کو لڑانا۔ دو دو چونچیں کرانا۔ دو آدمیوں کو باہم لڑانا۔

جھڑپنا (ہ ۔فعل) مرغوں کا باہم لڑنا۔ لڑنا۔ جھگڑنا۔

جھڑ جھڑانا (د) ۔ فعل، جنبش دینا۔ ہلانا۔ پھٹپھٹانا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔ دھمکانا۔ خیر لینا۔ لتاڑنا۔ جھنجھوڑنا۔

جھڑ جھڑاہٹ (صفت۔ مو)

جھڑک (د) ۔ مو، جھڑکنا کا امر۔ دھمکی۔ خفگی۔ شگون۔ جھٹکا۔ ڈانٹنا

جھڑکنا (د) ۔ فعل تنبیہ کرنا۔ ملامت کرنا۔ دھتکارنا۔ دھمکانا۔ جھاڑنا۔ گھرکنا۔ ڈانٹنا۔

جھڑکی (د) ۔ اسم مؤنث، حاصل مصدر ہے۔ جھڑکنا سے۔ زجر و توبیخ۔ لعنت ملامت۔ سخت بات۔ ڈانٹ ڈپٹ۔ سرزنش۔

جھڑکی دینا (د) ۔ فعل، تنبیہ کرنا۔ برا بھلا کہنا۔

جھڑکیاں (د) ۔ مو، جھڑکی کی جمع گھرکیاں۔

جھڑکیاں پڑنا (د) ۔ محاورہ، مورد عتاب ہونا۔ لتاڑ پڑنا۔ دھتکار پڑنا۔

جھڑن (د) ۔ اسم مؤنث، جھاڑنے کا حاصل کھرچن۔ تچھٹ۔ نفع۔ سود۔ آمد جیسے روپیہ کا جوں کا توں پڑا ہے صرف جھڑن سے گزارا قات ہو رہی ہے۔

جھڑنا (د) ۔ فعل، گرنا۔ ٹپکنا۔ بچنا۔ بچ رہنا۔ فائدہ ہونا۔ بچت ہونا۔ قیمت دینا لینا۔ کوڑا کرکٹ صاف ہونا۔ جھاڑو دیا جانا۔ انزال منی ہونا۔ آنا۔ دم ہونا۔ منتر پھونکا جانا۔ جیسے سود سے سات روپے جھڑے۔

جھڑوانا (د) ۔ فعل، جھڑنا سے متعدی المتعدی ہے۔ گروانا۔ درخت سے پھل اتروانا۔ گرد و غبار صاف کروانا۔ دم کروانا۔ انزال کرانا۔ منی نکلوانا۔ بچوانا۔ نفع دلوانا۔

جھڑونا (مذ) وہ پھل جو آخر فصل تک شاخ میں لگا رہے۔

جھڑوتے، خربوزے کا پھل جو آخر فصل تک شاخ سے لگا رہے۔

جھڑوس (د) ۔ اسم مذکر، بوڑھا۔ پیر۔ فرتوت۔ بوبک۔ بے حمیت و بے غیرت۔ دیوث۔

جھڑی (د) ۔ اسم مؤنث، وہ بارش جو بجلی اور کڑک کے بغیر متواتر اور آہستہ آہستہ برسے آنسوؤں کا تار (بندھنا۔ لگنا)

جھڑی بندھنا۔ یا۔ لگنا (د) ، فعل۔ لگاتار مینہ برسنا۔ متواتر بارش ہونا۔

جھڑیل (د) ، پچر۔ پوچ۔

جھک (د) ، جھکنا کا امر۔

جھک جھک (د) ۔ اسم صفت، صاف۔ چمکدار۔ تاباں۔ روشن۔ (اسم مؤنث، جنون۔ دیوانگی۔ بک بک۔ زٹر۔ بکواس۔ زٹل۔ ہرزہ درائی۔ واہیات بات۔ بکھیڑا۔ کھٹے کے غلے کی سی یوعہ جوش۔ کرودھ۔

جھک جھوری (د) ۔ مو، چھین جھپٹ۔ شرارت۔ ہنسی مذاق۔ ہاتھا پائی۔

جھک مارنا (د) ۔ محاورہ، بیہودہ بکنا۔ یاوہ گوئی کرنا۔ بکواس کرنا۔ لغو باتیں کرنا۔ برا کام کرنا۔

جھلی (ہندی) مجنون۔ بہت بکنے والا۔

جھکا جھک (د) ۔ اسم صفت بالف اتصال، خوب روشن۔ نہایت چمکدار درخشاں۔ تاباں۔ صاف۔ اجلا۔ بزمل۔ مصفا۔ چمکیلا۔ مصفا۔

جھکانا (د) ۔ فعل، مغالطہ دینا۔ چھکی دینا۔ پھراتا۔ دکھاتا۔ حیران کرنا۔ ستانا۔ سراسیمہ کرنا۔ رلانا۔ (جیسے گھر جھکانا)

جھکانا (د) ۔ فعل، خمیدہ کرنا۔ نیچا کرنا۔ خم کرنا۔ دوہرا کرنا۔ سرنگوں کرنا۔ ہاتھ نیچا کر کے دینا۔ شست باندھنا۔ نشانہ جمانا۔ جیسے بندوق جھکانا۔ بات کا رخ کرنا۔ طعنہ دینا۔ جیسے اس نے ایک ادھر بھی جھکائی۔ رشوت دینا۔ جیسے دس روپے جھکائے تب سرخرو ہوئے۔

جھکاؤ (د) ۔ اسم مذکر، خمیدگی۔ خم۔ رجحان۔ توجہ۔ رخ۔ یہ دونوں جھکانا جھکاوٹ (د) ۔ اسم مؤنث، سے حاصل مصدر ہیں۔

جھکائی (د) ۔ اسم مؤنث، بسلسلۂ مصدری، مغالطہ۔ چھکی۔

جھکائی دینا (د) ۔ محاورہ، مغالطہ میں ڈالنا۔ چھکی دینا۔

جھک پڑنا: متوجہ ہونا، کسی طرف مائل ہونا۔ جھک جانا۔

جھک کر سلام کرنا (د) ۔ فعل، نہایت ادب سے سلام کرنا۔ طنزاً سلام کرنا۔ شرارت میں استاد ماننا۔

جھک کر ملنا: فروتنی سے پیش آنا۔ عجز و انکسار سے ملنا۔

جھکڑ (د) ، اسم مذکر، سخت ہوا یا تند کا طوفان۔ اندھیاؤ۔

جھکڑا (د) ۔ مذ، بڑا آب خورہ۔ منہ کھلا پانی کا برتن۔

جھکڑ چلنا: تند ہوا کا چلنا۔ ہوا کا طوفان۔

جھک جھور، جھیلنا (د) ، توڑا مروڑی۔ نوچا نچی۔ دھینگا مشتی۔ چھینا جھپٹ (کنایۃً) مصیبتیں جھیلنا پریشانی اٹھانا۔

جھکنا (د) ۔ فعل، خمیدہ ہونا۔ خم ہونا۔ نیچا ہونا۔ دوہرا ہونا۔ مڑنا بل کھانا فروتن ہونا۔ متواضع ہونا۔ نیند سے آنکھیں بند ہونا۔ مشغول ہونا۔ متوجہ ہونا۔ دینا۔ خیرات کرنا۔ صرف ہونا۔ خرچ ہونا۔ آگ میں گرنا۔

جھکندن (د) ۔ اسم مؤنث، جھک جھک۔ تکرار۔ عذاب جان۔

جھکور (د) ۔ اسم مؤنث، ہوا کی لہر۔ ہلورا۔ خسارہ۔ نقصان۔ ضرر۔ ٹوٹا۔ شامت۔ آفت و بال۔

جھکولا (د) ۔ اسم مذکر، لہر۔ ترنگ۔ موج۔ ہلکورا۔ پانی کا زور سے آنا۔ غوطہ لگانا۔ ہاتھ ڈال کر پانی ہلانا۔ جھالنا۔ ؎ داغ

ساقی نہ میرے دل کو جلا آتش تر سے
شورے میں صراحی کو جھکولا نہیں جاتا

جھکولنا (د) ۔ فعل، دھونا۔ صاف کرنا۔ پانی ڈالنا۔ ڈبکی مارنا۔ غوطہ لگانا۔

جھکولے کھانا / جھکولے لینا (د) ۔ محاورہ، ہلکورے لینا۔ موجیں مارنا۔ لہریں مارنا۔ کبھی پانی میں ڈوبنا کبھی ابھرنا۔ ڈوبنا۔ اچھلنا۔ زمانے کا گرم و سرد آزمانا۔

جھگڑا (د) ۔ اسم مذکر، بکھیڑا۔ حجت۔ محضہ۔ ٹنٹا۔ فساد۔ خصومت۔ تفیہ۔ حجت۔ خرخشہ۔ خلجان۔ نزاع۔ کھٹا پٹی۔

جھگڑا پاک ہونا۔ یا۔ چکنا (از محاورہ) فساد۔ رفع ہونا۔ نزاع دور ہونا۔ فیصلہ ہونا۔ تصفیہ ہونا۔ مر جانا۔ فوت ہونا۔ موت آجانا۔

جھگڑا چکانا (د) ۔ محاورہ، فیصلہ کر لینا۔ قضیہ دور کرنا۔ فساد رفع کرنا۔ فرق مباین کرنا۔ مار ڈالنا۔ تعلقات دنیاوی سے چھڑا دینا۔ ؎ امانت

جھگڑا چکا لیتے ہیں آج اپنا غیر سے
یا ہم رہیں زمانے میں یا مدعی رہے۔

جھگڑالو (د) ۔ اسم مذکر فاعل، لڑاکا۔ فسادی۔ شریر۔ حجتی۔ تکراری۔ جنگجو۔ مفسد۔

جھگڑنا (د) ، لڑنا۔ فساد کرنا۔ شرارت کرنا۔ دنگا کرنا۔ بحث کرنا۔ حجت کرنا۔ دلیل

لانا۔ تکرار کرنا۔ ضد کرنا۔ ہٹ کرنا۔ اڑنا۔ زیادہ مانگنا۔

جھگڑے کی تین جڑ۔ زن۔ زمین۔ زر۔ (دُر۔ شل) فساد کا باعث اکثر یہی تین چیزیں ہیں۔

جھل (ہ) ۔اسم مؤنث غصہ۔ خفگی۔ طیش۔ کدورت۔ کرودھ۔ عتاب۔ حسد۔ رشک۔ جلن۔ خواہش۔ جماع۔ زیادتی شہوت۔ آگ کی تیزی۔

جھل ہائی } (ہ) ۔اسم مؤنث فاعل) غصیل۔ بدمزاج۔ حاسدہ۔ پرشہوت۔
جھلی } چھنال۔ جماع کی بہت خواہش رکھنے والی۔

جھل ہایا: بدمزاج۔ غصے ور۔ شہوت پرست۔

جھل (ع ۔اسم مؤنث) اناڑی پن۔ جہالت۔ نادانی۔ بے خبری۔ ناواقف۔ اکڑ پن۔ جاہلانہ ضد۔ لفظی تکرار۔ بحث سے رشک

ہو جاتے ہیں دانستہ صغائر بھی کبائر
اس علم سے تو جہل مسائل بہت اچھا

جُہلا (ع) جاہل کی جمع۔

جہل مرکب: ایک مرض نفس جس میں انسان علم نہ ہونے کے باوجود اور یہ بھی جانتے ہوئے کہ وہ علم نہیں رکھتا اپنے آپ کو عالم خیال کرتا ہے

جھلی اُجڈ۔ احمق۔ سفیہ۔

جہول (ع) اجہل۔ گم نام۔ بہت نادان۔

جھلا (ہ ۔اسم مذکر) پاگل۔ دیوانہ۔ مجنون۔ غصیل۔ بدمزاج۔ بڑا ٹوکرا۔ چھابا۔

جھلا بور (ہ ۔اسم صفت) زرق برق۔ چمکتا۔ دمکتا۔ تاباں۔ درخشاں۔ چمکدار۔ چمکیلا۔ طوفان۔ طغیانی۔ چڑھاؤ۔

جھلا جھل (ہ ۔اسم صفت) چاندی سونے کی چمک نہایت تیز روشن۔ درخشندگی۔

جھلانا (ہ ۔فعل) جھوٹا دینا۔ جھولے میں ٹھاکر حرکت دینا۔ ہلانا۔ لیت و لعل کرنا۔ کسی کام میں آج کل کرنا۔ ٹالنا۔ وعدہ خلافی کرنا۔ جھوٹی اُمید دلانا۔

جھلارا۔ جھلاری (ہ) جھاڑی کی طرح کنجان۔

جھلانا (ہ ۔فعل) غصہ میں ہونا۔ خشناک ہونا۔ جلن ہونا۔ ٹیس مارنا۔ کسی چوٹ کا دیر تک صدمہ رہنا۔ سنسنانا۔ ٹپکنا۔

جھلجھل (ہ ۔مو) پتنگ کی دُم۔

جھلجھلاہٹ (ہ ۔اسم مؤنث) جھلجھلانا سے حاصل مصدر۔ چڑچڑاہٹ تیزی سوزش۔ جلن۔

جھلجھلانا (ہ ۔فعل) سوزش کرنا۔ جلن کرنا۔ دیر تک تیزی رہنا۔ چمکنا دمکنا۔ جھنانا۔ سنسنانا۔

جھل جھلی سی: ہلکی سی خفیف تپ۔ ہلکا بخار۔

جھلڑ (ہ ۔اسم مذکر) پرندوں کا غول۔ پرا۔ جتھا۔ جُھنڈ۔

جھلسا (ہ ۔اسم مذکر) شعلہ۔ لو۔ لاٹ۔ لُو کا لگا۔ لگوڑا۔ بدنصیب۔ آتشبازی سے جلا ہوا۔

جھلسا دینا } (ہ ۔فعل) لُو کا لگانا۔ جلانا۔
جھلسا لگانا } آگ لگانا۔ آگ دینا۔

جھلسا لگنا: لازم۔ آگ لگنا۔ جل جانا۔ جھلس جانا

جھلسا لگے (دعو) آگ لگے۔ تباہ ہو جائے۔

جھلسنا: جلنا۔ آگ لگنا۔ جلانا۔ پھونکنا۔ کچھ دے کر راضی کرنا۔ رشوت دینا۔ ناراضی سے دینا۔ چٹانا۔ بحالت ناراضی رخصت کرنا۔ بیاہنا۔ گھر سے نکالنا۔

جھلک (ہ ۔اسم مؤنث) رونق۔ چمک۔ تابش۔ روشنی۔ اوپ۔ روپ۔ جلوہ۔ عکس۔ آب و تاب۔ عکس۔ مشابہت۔ دور سے پانی کی چمک

جھلکا (ہ ۔اسم مذکر) روشنی۔ پرتو۔ عکس۔ جلوہ۔ جھلک۔

جھلکنا (ہ ۔فعل) چمکنا دمکنا۔ روشن ہونا۔ کوندنا۔ جلوہ دکھانا۔ عکس ظاہر ہونا۔ جھمجھمانا۔

جھلکی (ہ ۔اسم مؤنث) رونق۔ چمک۔ ذرا سی خودنمائی۔ جھلک کی تصغیر ہے

جھلکی دکھانا۔ یا۔ جھلک دکھانا (ہ) فعل جلوہ دکھانا۔ تجلی دکھانا۔ جھانکی دکھانا۔

جھلم (ہ ۔اسم مؤنث) ایک قسم کی زرہ۔ جو جنگی آدمی لڑائی کے وقت منہ پر ڈال لیتے ہیں۔

جہلم (ہ ۔اسم ظرف) پاکستان کے ایک مشہور دریا۔ شہر اور ضلع کا نام۔

جھلمل (ہ ۔اسم مؤنث) جگمگاہٹ۔ پانی کی چمک۔ ستاروں کی کم کم چمک۔ پانی پر چراغوں کا عکس پڑنے کی کیفیت۔

جھلمل جھلمل کرنا: جگمگانا۔ جھلملانا۔

جھلملانا (ہ ۔فعل) جھلکنا۔ لہرانا۔ دھندلکی سی روشنی دینا۔ چراغ یا تارے کا تھوڑا تھوڑا چمکنا۔

جھلمل (ہ ۔اسم مؤنث) چلمن۔ چک۔ جھری دار پردہ یا کواڑ۔ کان کا ایک زیور۔ دھیمی روشنی۔ ہلکی سی روشنی۔

جھلنا (ہ ۔فعل) پنکھا ہلانا۔ ہوا کرنا۔ جڑنا۔ پیوند لگنا۔ ٹانکا لگنا۔ جیسے برتن کا جھلنا۔ برف یا شورے وغیرہ میں پانی ٹھنڈا کرنا۔ مکھیاں اُڑانا۔ مگس رانی کرنا۔

جھلنگا (ہ ۔اسم مذکر) ٹوٹی ہوئی چارپائی۔ نیز وہ بان جو بُنا کا بُنا چارپائی میں سے نکال لیں۔ لاغر۔ دُبلا۔ کمزور۔ پتلا۔

جھلوانا (ہ ۔فعل) پنکھا کرنا۔ مکھیاں اُڑوانا۔ تانبے وغیرہ کے برتنوں میں ٹانکا لگوانا۔

جھلی (ہ ۔اسم مؤنث) غشا۔ پردہ۔ پلیٹ کے اندر باریک اور چربی دار پردہ آنکھ کا جالا۔ (بحالت صفت) نہایت پتلا۔ بہت باریک۔ پوست پیاز سا۔ کاغذ سا۔

جھلی (ہ ۔اسم مؤنث) خشمناک عورت۔ غصیل عورت۔ دیوانی۔ پگلی۔ بدمزاج۔ بڑا ٹوکرا۔ جھانا۔

جھما جھم (ہ ۔اسم مؤنث۔ صوت) مینہ کے برسنے کی آواز۔ گوٹہ کناری کی چمک۔ چھما چھم ناچنے کی ضد۔

جھما دینا (ہ) مست کر دینا۔ وجد میں لانا۔

جھما کا (ہ ۔اسم مذکر) (پورب) دھڑاکا۔ دھماکا۔ موسلا دھار مینہ۔ چمک تابش۔ روشنی۔

جھم جھم (ہ ۔اسم مذکر) مینہ کے برسنے کی آواز۔ چھم چھم۔ رم جھم۔ چمکیلا۔ چمکدار۔

جھم جھماتا (ہ ۔اسم صفت ترکیب معطوفی) چمکتا۔ دمکتا۔ گوٹہ کناری سے جھلکتا ہوا۔ جگمگ جگمگ کرنا۔

جھم جھماتا (د) ۔فعل، چمکنا ۔ روشن ہونا۔ جھلکنا۔ جھلک مارنا۔
جھمک (د) ۔اسم مؤنث، جھلک۔ چمک۔ رونق۔
جھمکانا (د) ۔فعل، چمکانا۔ جھلکانا۔ روشن کرنا۔ چمک دکھانا۔
جھمکا (د) ۔اسم مذکر، گچھا۔ جھنڈ۔ خوشہ۔ پروین۔ عقد ثریا۔ وہ ستارے جو آسمان پر اکٹھے نظر آتے ہیں۔ کانوں کا ایک زیور۔
جھمکا (د) ۔مذ، انبوہ۔ بھیڑ۔
جھمکڑا (د) ۔اسم مذکر، تجمل۔ شان و شوکت۔ کروفر۔ چمک دمک۔ جھمک سے اسم مکبر ہے (بحالت صفت، چمک دمک، خوبصورتی۔ تجلی۔ دیدار معشوق۔ جلوہ۔
جھمکنا (د) ۔فعل، چمکنا جھلکنا
جھموڑا (د) ۔اسم مذکر، بہت گھنے اور لمبے بالوں والا حیوان۔ ترچھ۔ نھرس۔ ڈھیلے ڈھالے کپڑوں والا بچہ۔ ایک قسم کا بھورا ریچھ۔ بازیگروں کے ساتھ کا لڑکا۔
جھمیل (د) ۔اسم مؤنث، دیر۔ اٹکاؤ۔ تامل۔ بکھیڑا۔ جھگڑا۔ دوستی۔ آشنائی۔
جھمیلا (د) ۔اسم مذکر، بکھیڑا۔ جھگڑا۔ ناحق فساد۔ (جھمیل سے مذکر ہے)
جھمیلیا (د) ۔اسم مذکر۔ فاعل، جھگڑالو۔ فسادی۔ بکھیڑا ڈہند۔
جھن (د) ۔اسم مؤنث، صوت، تھالی وغیرہ کے بجنے کی آواز۔ جھنکار۔ تلوار کے گرنے کی آواز۔
جھنا (د) دور دور بنا ہوا کپڑا۔ (مذ) ایک قسم کی باریک ململ۔
جھنانا (د) کسی عضو کے بے حس و حرکت ہو جانے سے ایک خاص کیفیت پیدا ہونا۔ شقے ہونا۔
جھنبیل (د) بے ہودہ۔ بے وقعت۔
جھنجھلانا (د) ۔فعل، خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ چڑچڑانا۔ غضبناک ہونا۔
جھنجلانا
جھنجھلاہٹ (صفت، مؤ) غصہ۔ خفگی۔ ناراضگی۔
جھنجوٹی (د) ۔اسم مؤنث، پہاڑی قوموں کے ایک گیت اور ایک راگنی کا نام باہمی تکرار۔
جھنجھوڑنا (د) ۔فعل، کسی کے ہاتھ یا پاؤں کو ہلانا۔ بیدار کرنے کی خاطر زور سے ہلانا۔ جگانا۔ بیدار کرنا۔ دانتوں سے پکڑ کر جھٹکے دینا۔ ہوشیار کرنا۔ خبردار کرنا۔ تنبیہ کرنا۔
جھنجھٹ (د) ۔اسم مذکر، جھگڑا۔ فساد۔ دنگا۔ قضیہ۔ بحث۔ تکرار۔ حیرانی۔ دقت۔ بکھیڑا۔ الجھیڑا۔ حجت۔
جھنجھٹیا (د) ۔اسم صفت مذکر فاعل، فسادی۔ لڑاکا۔ لڑاکا۔ جھگڑالو۔ زود رنج۔
جھنجھری (د) ۔اسم مؤنث، ہوراخ دار۔ یا جالیدار توا۔ جو کوئلوں کے چولہے میں رکھ کر چھن کر گرتے رہنے کو لگا دیتے ہیں۔
جھنجھرکا (د) ۔مذ، صبح کا اول وقت جب پو پھٹ چکی ہو۔
جھنجھن (د) ۔اسم مؤنث، صوت، دھات کے برتن کے کھڑکنے کی آواز (بصورت اسم مذکر۔ بیوقوف۔ سست۔ کاہل۔ گوبر گنیش۔
جھنجھن (د) ۔اسم مؤنث، ایک قسم خودرو پودا جو چرلوں کے کھیتوں میں اگ آتا ہے۔ جن کو پیس کر بیلوں کا مصالح بناتے ہیں۔ نہایت تلخ اور زہر ہم چیز ہے
جھنجھنا (د) ۔اسم مذکر، بچوں کا کھلونا۔ جس کے اندر بجنے کے لئے کنکر وغیرہ ڈال دیا کرتے ہیں۔
جھنجھنانا (د) ۔فعل، چھنکارنا۔ بجنا۔ سنسنانا۔ بھنبھنانا۔
جھنجھناہٹ (د) ۔اسم مؤنث، حاصلمصدر۔ جھنکار۔ سنسناہٹ۔
جھنجھنی (د) ۔اسم مؤنث، بیڑی۔ جولان۔
جھنجی
جھنجھی (د۔ا۔مو) ٹوٹی کوڑی، پھوٹی کوڑی۔ چھیدوالی کوڑی۔ وہ عورت جس کی ناک پچکی یا بیٹھی ہوئی ہو۔ کھتریوں کا ایک فرقہ جن کا نکاس جھنی وال علاقہ دیپالپور ملتان ڈونڑن سے ہے
جھنجھیارہ (مو) وہ ہنڈیا جس میں ہندو لڑکیاں کنوار کے شروع میں چراغ روشن کر کے گھر گھر لئے پھرتی اور مانگتی ہیں۔
جھنڈ (د) ۔اسم مذکر، غول گروہ۔ جمگھٹا۔ بھیڑ۔ انبوہ۔ ایک دوسرے کے پاس پاس اُگے ہوئے بہت سے درخت، درختوں کا ذخیرہ۔ گھاس کا پولا مٹھا۔ منڈل۔ بڑے بڑے گھنے بال۔
جھنڈ کے جھنڈ (د) ۔اسم مذکر، گروہ کے گروہ۔ غول کے غول۔ پرے کے پرے ٹھٹ کے ٹھٹ۔
جھنڈا (د) ۔اسم مذکر، نشان علم۔ باڈا۔ بیرق۔ بھیرا۔ نیزہ۔
جھنڈا اکھڑا کرنا، یا۔ گاڑنا (د۔ محاورہ) لوگوں کے فراہم یا فوج کے جمع کرنے کو نشان گاڑنا۔ نشان فتح نصب کرنا۔ کامیابی حاصل کرنا۔ فتح کرنا۔ کسی قلعے یا شہر پر اپنی حکومت کا نشان گاڑنا۔ قبضہ کرنا۔
جھنڈا گاڑنا (د۔ محاورہ) کسی مقام کو فتح کر لینا۔ اپنی جوانمردی کی یادگار چھوڑ جانا۔ قبضہ کر لینا۔ سکہ بٹھانا۔ اپنی حکومت میں لے آنا۔ مسخر کرنا۔
جھنڈ بابرا۔ جھنڈ بابڑو (د) ۔اسم مذکر، وہ بچہ جس کے بال بہت بہت لمبے ہوں جیسے شیر ببر کے۔
جھنڈولا (د) ۔اسم مذکر۔ ترکیب فاعلی، جھنڈولا۔ نوزائیدہ بچہ جس کے سر پر بال ہوں۔ گھونگھرالے بالوں والا۔
جھنڈے پر چڑھانا (د۔ محاورہ) دنیا میں بدنام کرنا۔ عیب لگانا۔ بدنام کرنا۔ الزام لگانا۔ مشہور کرنا۔ شہرت دینا۔ مراسیوں کے گڑا باندھنے سے لیا گیا ہے۔
جھنڈے پر چڑھنا۔ یا۔ چڑھانا (د۔ محاورہ) رسوا ہونا۔ بدنام ہونا۔ مشہور ہونا۔ مشتہر ہونا۔
جھنڈے تلے کا (د) ۔اسم مذکر صفت، چھنٹا ہوا۔ چیدہ۔ نہایت چالاک۔ تجربہ کار۔ شریر۔ مشہور۔ بدمعاش۔ اعلےٰ درجہ کا غنڈا۔
جھنڈے تلے کی دوستی (د۔ محاورہ) لشکر کی دوستی۔ چند روزہ دوستی راہ کی دوستی۔ حمام کی ملاقات۔ اتفاقی دوستی۔
جھنڈولا (د) ۔مذ، نوزائیدہ بچہ جس کے سر پر پیٹ کے بال ہوں۔ یا سر پر سے بال نہ اترے ہوں۔
جھنڈولا۔ حلقہ کئے ہوئے بال گھونگھر والے بال۔
جھنڈوے بال (د) ۔وہ سر کے بال جو کثرت سے ہوں اور حلقہ کئے ہوئے ہوں۔
جھنڈی (د) ۔اسم مؤنث، جھنڈا کی تانیث کپڑا لگی ہوئی چھڑی۔ چھوٹا سا نشان بیرق۔
جھنڈی (د) ۔اسم مؤنث، وہ کھونٹیاں یا جڑیں جو پودے کاٹنے کے بعد کھیتوں میں رہ کر پھوٹ آتی ہیں۔ گنے بکینی۔ جوار۔ یا سرکنڈے وغیرہ کی جڑ۔

وہ کنڈے جن میں حلقے پڑے ہوئے ہوں۔

جھنک دہ۔ اسم مؤنث صوت، گھنگرو وغیرہ کے بجنے کی آواز۔ چھنکار۔ چھن چھن۔

جھنکٹ دہ۔ اسم مذکر، موٹا پھونس۔ درخت کی خشک اور نہایت ہی پتلی شاخ۔

جھنکار دہ۔ اسم مؤنث صوت، چینی یا شیشے کے برتن کے ٹوٹنے کی آواز۔ کانسی کے برتن، تلوار جھانج اور زنجیر وغیرہ کی آواز۔ تلوار پازیب یا چھاگل کی آواز۔

جھنکاڑ دہ۔ مذ، جھاڑ۔ بے پتوں کا درخت۔

جھنگا دہ، جھلنگا کا بگڑا ہوا۔

جھنکار دہ۔ اسم مؤنث حاصل مصدر ہے کوک، چیخ، مور یا جھینگر کی آواز، نوٹ کی ٹھکور۔ الاپ۔ جھولے کے گیتوں کی گونج۔

جھنکارنا دہ۔ فعل، کوکنا۔ مور یا جھینگر کا آواز سے بولنا۔ خوش الحانی سے گانا۔ نغمہ سرائی کرنا۔

جہنم دع۔ اسم مذکر، گہرا کنواں۔ چاہ عمیق۔ تحت الثریٰ۔ دوزخ۔ نرک وہ مقام جہاں گناہ گار حشر کے بعد رکھے جائیں گے اور ہمیشہ آگ میں جلیں گے۔

جہنم میں پڑے یا جائے (ارذل) دعائے بد ہے نہایت نفرت کے وقت۔ بولتے ہیں دفع ہووے۔ چولھے میں گرے۔

جہنمی دوذ، اسم صفت بیائے فاعلیت، دوزخی۔ ناری۔ دوزخ میں جانے کے کام کرنیوالا۔

جھنوان دہ۔ مذ، ایک قسم کا عمدہ چاول۔

جھنوانا دہ، آگ کا مرجھا جانا۔

جھوا دہ۔ مذ، بڑا ٹوکرا جو جھاڑ کی شاخوں سے بناتے ہیں۔

جھوت دہ۔ اسم مؤنث، نہایت تنگ گلی۔ وہ گلی جس میں دونوں طرف کے پرنالے گرتے ہوں۔

جھوتر ادہ۔ اسم مذکر، بلواہ معروف اسر کے بے ترتیب بال۔ بن دھوے بال۔

جھوترے دہ۔ اسم مذکر بلواؤ معروف، جھوترا کی جمع ہے۔ سر کے بال چونڈا۔ بے ترتیب اور بن دھوئے بال۔

جھوٹ دہ۔ اسم مذکر، سچ کی ضد۔ دروغ۔ ناراست۔ کذب۔ غلط۔ چھل۔ فریب۔ دھوکا۔ کھوٹ۔ بہانہ۔ مکر۔

جھوٹ اڑانا: جھوٹ بولنا۔ جھوٹی خبر مشہور کرنا۔

جھوٹ بنانا دہ۔ محاورہ، تہمت دھرنا۔ بہتان باندھنا۔ سچ کے خلاف بات گھڑ لینا۔

جھوٹ بولنا دہ۔ فعل، دروغ گوئی کرنا۔ خلاف بیانی کرنا۔ غلط کہنا۔

جھوٹ پکڑنا دہ۔ فعل، جھوٹ ثابت کر دینا۔ جھوٹ کی گرفت کرنا۔ جھوٹ کا پتہ لگا لینا۔

جھوٹ جاننا دہ۔ فعل، اعتبار نہ کرنا۔ باور نہ کرنا۔ خلاف جاننا۔

جھوٹ سچ دہ۔ اسم مذکر، دروغ آمیز راستی۔ الٹی سیدھی بات۔ دروغ۔ دروغ مصلحت آمیز۔

جھوٹ مسچ لگانا دہ۔ محاورہ، چغلی کھانا، بدنیت کرنا۔ برائی کرنا۔ بدگوئی کرنا۔

جھوٹ کا پتلا دہ۔ اسم مذکر، مفید صفت، بالکل جھوٹا۔ سر سے پاؤں تک جھوٹا۔ دروغ مجسم۔ جھوٹ کی پوٹ۔

جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے دہ۔ مثل، جھوٹ کو قیام وثبات نہیں ہوتا۔ جھوٹ نہیں چلتا۔

جھوٹ کے پل باندھنا دہ۔ محاورہ، نہایت جھوٹ بولنا۔ جھوٹ پر جھوٹ بولنا

جھوٹ کی پوٹ (ہو)، سراسر جھوٹ۔ بالکل غلط۔

جھوٹ کے بادل باندھنا: جھوٹ کے پل باندھنا۔

جھوٹ کے دفتر دوذ، اسم مذکر، افسانے داستانیں، کہانیاں۔

جھوٹ موٹ دہ۔ اسم مذکر، موٹ۔ تابع مہمل۔ غلط ملط۔ دروغ۔ مذاقاً۔

جھوٹ / جوٹن دہ۔ اسم مؤنث، سنسکرت کے لفظ جشٹ سے بنا ہے پس خوردہ۔ اُلش۔ بچا ہوا کھانا۔ کسی کے آگے کا بچا ہوا کھانا۔

جھوٹ کی ناؤ نہیں چلتی: جھوٹ سے کام نہیں چلتا۔

جھوٹ کوٹ دہ۔ اسم مذکر، کوٹ تابع موضوع پس خوردہ۔ بچا کھچا کھانا۔ آگے کا اُٹھایا ہوا۔

جھوٹا دہ۔ بواؤ مجہول۔ اسم مذکر، بھینس کا نر۔ بھینسا۔ جنبش۔ جھوکا۔ دھکا۔ عورتوں کے سر کے لمبے بال، لٹیں۔ نیند کا ہچکولا۔ غنودگی سے گرنا پڑنا۔ طنزاً موٹا آدمی۔

جھوٹا دہ۔ بواؤ معروف، اسم صفت، کاذب۔ دروغگو۔ سچا کی ضد۔ لپاٹی۔ بے ایمان۔ مکار۔ چھلیا۔ فریبی۔ ناقص۔ کھرا کی ضد۔ کھوٹا، مصنوعی، نقلی جیسے جھوٹا گوٹا۔ نکما۔ بے کار۔ جیسے ہاتھ کا جھوٹا ہونا مستعمل۔ پس خوردہ۔ اُلش۔ اچھوتا کی ضد۔

جھوٹا بٹ۔ یا۔ پیمانہ دوذ۔ اسم مذکر، کم وزن باٹ۔ کمتی پیمانہ۔

جھوٹا بنانا یا کرنا، دروغ گو ٹھہرانا۔ وعدہ خلافی کرا دینا۔

جھوٹا پڑنا دہ۔ محاورہ، دروغگو ٹھہرنا۔ وعدہ خلاف ہونا۔ کسی عضو یا اوزار کا نکما اور بے کار ہو جانا۔ یا کام سے رہ جانا۔ جیسے اس کا ہاتھ جھوٹا پڑ گیا۔

جھوٹا جوڑا دہ۔ اسم مذکر، کھوٹا جوڑا۔ چوڑیوں کا یا جوتے یا دلمن کی پوشاک کا وہ جوڑا جس میں جھوٹا مصالح لگے۔

جھوٹا کاغذ دوذ، اسم مذکر، بنایا ہوا تمسک۔ جعل سازی کا کاغذ۔ جعلی دستاویز۔

جھوٹا کام دہ۔ اسم مذکر، جھوٹے مصالح کا زردوزی وغیرہ کا کام۔

جھوٹا کوٹا دہ۔ اسم صفت، پس خوردہ۔ اُلش۔ آگے کا بچا ہوا کھانا۔

جھوٹا کھاتے ہیں میٹھے کے لالچ دہ۔ مثل، فائدے کے لئے تکلیف بھی اُٹھاتے ہیں۔ فائدے کی خاطر قابلِ نفرت چیز بھی کھائی جاتی ہے۔

جھوٹا لپاٹی دہ۔ اسم مذکر، نہایت کاذب گپی۔ بہت ہی دروغگو۔ دغاباز۔ مکار۔

جھوٹا موتی دمذ، مصنوعی موتی۔

جھوٹا نگ دمذ، شیشے کا نگ۔ جھوٹا نگینہ۔

جھوٹا وعدہ دمذ، دہ وعدہ جو پورا نہ ہو۔

جھوٹا ہونا، وعدہ خلاف ہونا۔ دروغگو ٹھہرنا۔ کسی عضو یا اوزار کا نکما ہونا۔

جھوٹا ونہ یا جھوٹا ننا، جھوٹا بنانا کسی کھانے کو ہاتھ ڈال کر چکھنا اور اسے جھوٹا کر دینا۔

جھوٹی: جھوٹ بولنے والی۔ خلاف واقع خبر یا بات۔
جھوٹی خبر (مو) افواہ۔ غلط خبر۔
جھوٹی زبان دینا: جھوٹا وعدہ دینا۔
جھوٹی بھبکی: جھوٹی خبر۔ جھوٹی تہمت اڑانا۔ ہانکنا کہنا)
جھوٹی قسم (دُر) اسم مؤنث) غلط گواہی۔ حلف دروغی۔ سوگند دروغ۔
جھوٹی گواہی (دُر) اسم مؤنث) غلط گواہی۔ بن دیکھے گواہی۔ حلف دروغی۔
جھوٹی نالش (دُر) اسم مؤنث) خواہ مخواہ کی نالش۔ بے سبب نالش جھوٹا دعوے۔
جھوٹے کو حد تک } جھوٹے کے لئے عذر کی گنجائش۔ باقی نہ چھوڑنا جھوٹے
گھر تک پہنچا دینا } کو دل میں قائل کر دینا۔
جھوٹے کے منہ تیتیں گو: اپنی صفائی کے واسطے بولتے ہیں۔
جھوٹے کے آگے تیتر روے: جھوٹے کے سامنے سچے کی بات نہیں چلتی۔
جھوٹے کے منہ میں بو آتی ہے: جھوٹے کی مذمت میں کہتے ہیں۔
جھوٹے منہ: نمائش سے۔ بغیر ناشتے کے ظاہر داری سے۔
جھوٹی مہندی (مو) اتری ہوئی مہندی۔ استعمال کی ہوئی مہندی۔
جھوٹے وعدے: ایسے وعدے جو کبھی وفا نہ ہوں۔ وعدہ ہائے دروغ۔
جھوٹوں کا بادشاہ (دُر) اسم مذکر) بہت ہی جھوٹا۔ جھوٹوں کا سردار۔ کذاب۔
جھوٹوں منہ نہ چھوانا } دہ) فعل۔ نام کو بھی نہ پوچھنا۔ بالکل بات تک
جھوٹوں نہ پوچھنا } نہ پوچھنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ ظاہری روادار تک بھی نہ کرنا۔ بھول کر بھی نہ پوچھنا۔ دینا سازی بھی نہ کرنا۔ اوپر کے دل سے بھی متوجہ نہ ہونا۔
جھوٹے نوچنا۔ یا۔ کھسوٹنا دہ۔ بواد مجہول فعل) سر کے بال نوچنا۔ بال کھسوٹنا۔
جھوٹے ہاتھ سے کتا نہ مارنا (از۔ محاورہ) پرلے درجے کا بخیل اور مسک ہونا۔ مکھی چوس ہونا۔
جھوجھا دہ۔ بواد مجہول۔ اسم مذکر) سلمانوں کے ایک فرقہ کا نام ہے (پوربی) معدہ او جھ۔ موٹا آدمی
جھوجھرا دہ۔ اسم مذکر۔ صفت) شکستہ۔ ٹوٹا ہوا۔ بال آیا ہوا۔ ٹوٹا پھوٹا۔
جھوجھرا (دہ) بال پڑا ہوا۔ برتن جس کے اجزاء باہم پیوستہ نہ ہوں۔
جھوجھرو دہ۔ اسم مذکر) اونٹ کا من بھاتا کھاجا ایک قسم کا جنگلی پودا۔
جھوجھری آواز (دُر۔ اسم مؤنث) ٹوٹے ہوئے برتن کی سی آواز۔
جھوجھرے لٹکنا (دہ) دیا سلائی میں زیادہ جھول پڑنا۔
جھوڑ دہ۔ اسم مذکر) جھنڈ کا اشباع۔ جھونڈ اور جھونڈ سے بگڑا جھوڑ ہوا۔ جھاڑی۔ جھانکڑ۔ جھنڈ۔
جھوڑ دہ۔ اسم مؤنث) لڑائی جھگڑا۔ تکرار۔ ضد۔ حجت۔ بحث۔ کھانے یا آم یا گنے کو ایک مرتبہ بیٹھ کر پیٹ بھر کھا لینا۔
جھوڑ لگانا دہ۔ فعل) ڈٹ کر کھا لینا۔ پیٹ بھر کھا لینا۔ لڑائی کرنا۔
جھوک دہ۔ اسم مؤنث) خمیدگی۔ خم۔ کجی۔ دھکا۔ ہچکولا۔ ریلا۔ غنظ۔ پینک۔ جیسے نشہ کی جھوک۔ ترازو کے ایک پلڑے کا جھکنا۔ تول۔ وزن۔ ہر وزنی چیز کے بوجھ کا جھکاؤ اور دباؤ۔
جھوک دینا: ترجیح کر ڈالنا۔
جھوک سنبھالنا دہ۔ محاورہ) ہچکولے کو سہنا۔ کسی لمبی چھڑی یا بانس کی لچک کو روکنا۔
جھوک مارنا دہ۔ محاورہ) کم تولنا۔ ڈنڈی مارنا۔
جھوکا } دہ۔ اسم مذکر) ہوا کا ریلا۔ ہوا کی ٹکر۔ ہوا کا دھکا۔ نیند کا ہچکولا۔
جھونکا } جھوٹا۔ غنودگی کا جھونٹا۔
جھوکنا } دہ۔ فعل) ڈالنا۔ پھینکنا۔ کوڑا کرکٹ وغیرہ بھاڑ میں ڈالنا تنور یا
جھونکنا } بھاڑ میں ڈالنا۔ ڈالنا۔ بھاڑ گرم کرنا۔ برباد کرنا۔ دے ڈالنا۔ جیسے سارا روپیہ اسی کام میں جھوک دیا بے پروا کے پلے باندھنا۔ بری جگہ شادی کر دینا۔ جیسے لڑکی کو بری جگہ جھوک دیا۔ ہلاکت میں ڈالنا۔ خطرہ میں ڈالنا۔ جیسے اس نے اس کام میں جان تک جھوک دی۔
جھول دہ۔ بواد مجہول) ڈھیلا پن۔ ٹھکن۔ سلوٹ۔ سئے ہوئے کپڑے کی ناہمواری۔ ہاتھی کا سیدھا نہ چلنا۔ ہاتھی کی رفتار کا جھٹکا۔ ملمع۔ گلٹ۔ ایک دفعہ جننا۔ ایک دفعہ کئی بچوں کا جننا۔ مرغی کا جھول۔ کتیا کا جھول)
جھول جھال دہ۔ اسم مذکر) ڈھیل ڈھال۔ التوا۔ دیر۔ وقفہ۔ جھگڑا ٹنٹا۔ بحث۔ تکرار۔
جھول آئی (مو) بھینس یا گائے بیانے کے قریب ہوئی۔
جھول چڑھانا دہ) فعل۔ ملمع کرنا۔ خول چڑھانا۔ گلٹ کرنا۔
جھول ڈالنا: بچہ جننا۔ ٹھکن ڈالنا۔
جھول نکالنا دہ۔ محاورہ) پیچے نکالنا۔ مرغی کا پیچے دینا۔ کپڑے کی ڈھیل درست کرنا۔
جھول نکلنا: لازم۔
جھول ٹھہرانا: مرغی کے نیچے انڈے رکھنا۔
جھول دہ۔ بواؤ معروف۔ اسم مؤنث) پوشش حیوانات جل۔ ہاتھی یا بیل۔ کتے کے اوپر ڈالنے کا کپڑا۔ ڈھیلی ڈھالی بدنما پوشاک۔
جھولا دہ۔ بواؤ معروف) جھولنے کی رسی جس پر بیٹھ کر جھوٹے لیتے ہیں ہنڈولا۔ (دلک) پنگھوڑا (جھولنا۔ ڈالنا۔ پڑنا)

جھولا

جھولا دہ۔ بواؤ مجہول۔ اسم مذکر) تھیلا سا۔ ڈھیلا۔ فالج۔ رعشہ۔ ادھرنگ۔ ہاتھ کا اشارہ۔ لوپا گرم ہوا کا اثر۔ بانات یا چمڑے کا بنا ہوا بندوق کا غلاف۔ سپاہیوں وغیرہ کا سامان رکھنے کا تھیلا۔
جھولا ازدگی (مو) پالے وغیرہ کے باعث میتھی یا زراعت وغیرہ کا مارا جانا۔
جھولا مار جانا دہ۔ فعل) بیکار ہو جانا۔ نکما ہو جانا۔ سست ہو جانا۔ فالج ہونا۔ ادھرنگ ہو جانا۔
جھولنا دہ۔ محاورہ) جھونٹے لینا۔ پینگ چڑھانا۔ لٹکنا۔ جھوٹے وعدوں پر امیدوار رہنا۔ پرارسنا۔ آویزاں ہونا۔ ایک ہی کام میں اٹکا رہنا۔
جھولنا دہ۔ اسم مذکر) جھولا کی تصغیر ہے۔ مخرجی۔ تھیلا۔ تھیلی۔ دامن کی جھولی

فقیروں کے آٹا دانے مانگ کر رکھنے کی تھیلی۔ پہلو کا گوشت۔ کوک کا گوشت۔

جھولی دہ۔ بواؤ مجہول۔ اسم مؤنث، جھولا کی تانیث و تصغیر ہے۔ بغلی تھیلی۔ خُرجی۔ دامن کی گودی جو کسی چیز کے لینے کے لئے پھیلائی جائے۔ سبز رنگ کا کپڑا جس کی تھیلی بنا کر محرم کے دنوں میں بچوں کے گلے میں ڈال دیتے ہیں۔

جھولی چھوڑنا دہ۔ محاورہ) بدن کا ڈھیلا پڑ کر دونو پہلوؤں کا گوشت لٹک جانا علامت پیری۔

جھولی دار دُر۔ اسم صفت بترکیب فاعلی بڑے پیٹ والا حیوان۔ دوہرے بدن کا بیل وغیرہ حیوان۔

جھولی ڈالنا دہ۔ محاورہ)۔ دریوزہ گری کو تیار ہونا۔ بھیک، فقیری کا سامان کرنا مانگنے کا سامان لے کر کھڑا ہونا۔

جھُوم جھُوم کر (دہ۔ تابع فعل) لہرا لہرا کر۔ ہل ہل کر جھُول جھُول کر۔ غلبہ کے ساتھ گھر کر غنودگی سے۔

جھُومر دہ۔ اسم مذکر، ماتھے پر پہننے کا ایک زیور۔ ایک قسم کا ناچ۔ ایک طرح کا گہنا، گروہ۔ جھنڈ۔ جھرمٹ۔ مجمع۔

جھُومر کا چاند: وہ چاند جو جھُومر زیور میں لگا ہو۔

جھُومنا دہ۔ فعل، مستی یا نیند کی حالت میں جھونٹے لینا۔ اونگھنا۔ لٹکنا۔ جھکنا۔ لڑکھڑانا۔ ڈگمگانا۔ سرہلانا۔ عالم سرور و وجد میں جنبش کرنا۔ ہاتھی کی سی چال چلنا۔ اکٹھا ہونا۔ جمع ہونا۔ جیسے بادلوں کا جھُومنا۔

جھُونا دہ۔ بواؤ مجہول۔ اسم مذکر، ایک قسم کی باریک دھوتر۔ چھدرا۔ چھدرا بنا ہوا کپڑا۔ اعلیٰ قسم کی چھالیا۔ عمدہ قسم کا ناریل۔

جھونا دہ۔ بواؤ مجہول۔ فعل، بیان کرنا۔ کھڑا رونا۔ آغاز کرنا۔ شروع کرنا۔ پینا جیسے چکی جھونا۔ لگانا۔ مارنا۔ جڑنا۔ جیسے ایک بار ہی لٹھ جھو۔ دیا۔ ایک قسم کے چاول (پنجابی دھان)

جھونپڑا دہ۔ اسم مذکر، چھپر کا گھر۔ کُٹیا۔ پھُونس کا مکان۔ چھوٹا سا مکان۔

جھونپڑی دہ۔ اسم مؤنث، جھونپڑا کی تصغیر و تانیث۔ چھپر کی چھوٹی سی کُٹیا۔

جھونپڑی

جھونٹرے دہ۔ مذ۔ مو، ریشے۔ پھوسڑے۔

جھونٹا دہ۔ اسم مذکر، پینگ۔ جھولے کی حرکت۔ عورت کے سر کے بال۔ بھینسا۔ بھینس کا بچہ۔ بھینس کا سانڈ۔

جھُونٹا دہ۔ مذ، "دیکھو جھُوٹا"

جھونٹم جھانٹا لڑنا مو، لڑائی میں ایک دوسرے کے سر کے بال پکڑ کر کھینچنا اور مارنا۔

جھُونٹے دند، عورتوں کے سر کے بال۔

جھُونٹے کھسوٹنا: سر کے بال نوچنا۔

جھونٹیاں، جھونٹا کی تصغیر۔

جھونٹا دینا دہ۔ فعل، جھلانا۔ جھُولے کو ہلانا۔ دھکا دینا۔

جھونٹا لینا دہ۔ فعل، جھولنا، پینگ چڑھانا۔

جھونٹے پکڑنا دہ، بڑی ذلت سے سر کے بال پکڑنا۔ بال نوچنا۔

جھُونج دہ۔ اسم مذکر، کھجلی۔ خارش۔ کھاج۔ خواہش۔ مزا۔ چسکا۔ (پورب) گھونسلا۔ آشیانہ۔

جھونج مارنا دہ۔ محاورہ)۔ کھجلی ہونا۔ خارش ہونا۔ کھاج ہونا۔

جھُونجل دہ۔ اسم مؤنث، جھنجلانا سے حاصل مصدر۔ غصہ۔ خشم۔ غضب کرودھ۔ خفگی۔

جھونجل اُتارنا دہ۔ محاورہ) غصہ اُتارنا۔ بغض نکالنا۔ جل کر بدلہ لینا۔ عداوت نکالنا۔

جھونجل آنا دہ۔ محاورہ) غصہ آنا۔ طبیعت جلنا۔ خفا ہونا۔

جھُونجھ دہ۔ مو، چل۔ جھانجھ (ہندوؤں کا روزمرہ ہے)

جھونک دہ۔ اسم مؤنث۔ بواؤ مجہول، خمیدگی۔ خم۔ ترازو کے پلڑے کا نیچا ہونا۔ اونگھ۔ غنودگی۔ بار۔ بوجھ۔

جھونکا دہ۔ اسم مذکر، (دیکھو جھوکا)

جھونکنا دہ۔ فعل، سینگ مارنے کے لئے بیل کا آنا۔ بیل کا سینگ مارنے کے لئے دوڑنا۔

جھونکا جھونک، کسی چیز کا کسی چیز میں کثرت سے بار بار ڈالنا۔ روپیہ اُڑانا۔

جھونکے آنا دہ۔ محاورہ) غنودگی یا نشے کے باعث سر کا بار بار جھکنا۔ ہوا کے ہلکے ہلکے تھپڑے آنا۔

جھُونکے چلنا، تیز ہوا کا چلنا۔

جھونکے چلے آنا، نیند کا غلبہ ہوا جانا۔

جھونکے کھانا، لغزش کرنا۔

جھونکنا دہ، بھٹی میں آگ ڈالنے والا۔ جھاڑ کو گرم کرنے والا۔

جھیپ دہ۔ مو، شرمندگی (مٹانا۔ مٹنا)

جھیپ چڑھنا، شرمندگی ہونا۔

جھینپا جھینپنا دہ۔ فعل، شرمانا۔ لجانا۔ آنکھ چرانا۔

جھیر دہ۔ اسم مذکر، بیائے مجہول، چشمہ۔ سوتا۔ دہانہ۔ کنواں۔ باؤلی۔ گڑھا۔ غار۔ اندھا کنواں۔ خشک کنواں جس میں کبوتر رہتے ہیں۔

جھیر جھیر دہ۔ اسم صفت، پارہ پارہ۔ ٹکڑے ٹکڑے۔ پرزے پرزے۔

جہیز دہ۔ اسم مذکر، اسباب۔ سامان۔ وہ سامان جو بیٹی کو شادی کے وقت بیکے سے دیا جاتا ہے۔

جہیز میں آنا (دہ۔ محاورہ) بیکے سے ملنا۔ ماں باپ کے گھر سے آنا اپنے دعوے کی چیز ہونا۔

جھیل دہ۔ اسم مؤنث)

جھیل

تالاب۔ پانی کا وہ قطعہ جو چاروں طرف خشکی سے گھرا ہوا ہو۔ دلدل۔ نیچی زمین قیمت کا وہ حصہ جو مدھم یا نرم آواز سے کہا جائے۔

جھیلنا دہ۔ فعل، سہنا۔ برداشت کرنا۔ اُٹھانا۔ پچانا۔ ہضم کرنا۔ مصیبت گوارہ کرنا۔

جھیلنی (ہ۔اسم مؤنث) ایک طرح کا لڑیدار زیور جو کانوں کے زیورات کا بوجھ سہارنے کو سر کے بالوں میں اٹکا لیتے ہیں

جھیلنی دینا (ہ۔محاورہ) بچہ پیدا ہوتے وقت زچہ کو ایک خاص ترکیب سے جنبش دینا۔

جھینکنا (ہ۔فعل) رونا۔ گریہ وزاری کرنا۔ دکھڑا بیان کرنا۔ افسوس کرنا۔ پچھتانا۔ غم کرنا۔ رنج کرنا۔ ماتم کرنا۔ پیٹنا۔ (بصورت اسم مذکر) شکوہ شکایت۔ گریہ۔ پیٹنا۔ دکھڑا۔

جھینگا (ہ۔اسم مذکر) ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔



جھینگا

جھینگر (ہ۔اسم مذکر) ایک قسم کا برساتی کیڑا جس کی مونچھیں بڑی بڑی ہوتی ہیں۔ اکثر دیوار پر رہتا ہے اور کپڑوں کو چاٹ جاتا ہے۔ جیسے جھینگر کا چاٹ جانا اور جھینگر لگنا۔



جھینگر

ج - ۶

جئی (ہ۔اسم مؤنث) ایک قسم کا چھوٹا جَو۔

ج - ی - ے

جے (ہ۔اسم مؤنث) فتح۔ نصرت۔ جیت۔ خوشی۔ شادمانی۔ خرمی۔ نشاط۔ سلامتی۔ ترقی۔ زیادتی۔ بڑھوتری۔ مرحبا۔ شاباش۔ کیا کہنا ہے۔ کیا بات ہے۔ جے ہو۔ فتح ہو۔ بول بالا ہو ؎

صرف زنّار ہی کیا ہے اے شوق
بول دی ہم نے تو بوں کی جے بھی

جے پتر (ہ۔اسم مذکر) فتحنامہ۔ فیصلہ۔ ڈگری۔

جے جے کار، یا۔ جے جے کارا (ہ) اوّل مؤنث۔ دوم مذکر) فتح و نصرت خوشی و قہری۔

جے جے کار رہیں (ہ) دعائے خیر۔ اقبال بنا رہے سلامت رہو۔ فتحمند رہو۔ فتح نصیب ہو۔ بامراد کامیاب رہو۔

جے (ہ۔اسم صفت) مقدار۔ جس قدر۔ جتنے۔

جی (ہ) حرف ایجاب۔ ہاں۔ بلے۔ جناب۔ حضرت۔ صاحب۔ درست ہے۔ بجا ہے۔ ایک طرح کا کلمہ تعظیم جو اسم کے آخر میں لگا دیتے ہیں۔ جیسے باجی۔ میاں جی۔ ذی بدل۔ زندہ باد (کلمہ دعائیہ) ضرور۔ بے شک۔ (طنزاً) کسی سوال کے جواب میں "جی ہاں" کہتے ہیں کبھی طنز سے ہاں۔ بے شک جیسے "جی ہاں ایک پان بنائیے" یعنی "آپ بھی اس قابل ہیں"

جی (انگ) انگلش حروف تہجی کا ساتواں حرف۔

جی کہو جی کہلاؤ (ہ۔کہاوت) دوسروں کا ادب کرو گے تو اپنا ادب کراؤ گے۔ صاحب کہو گے صاحب کہلاؤ گے۔

جی (ہ۔اسم مذکر) جان۔ روح۔ دم۔ زلیست۔ دم۔ پران۔ پرانی۔ سانس۔ زندگی۔ عمر۔ دل۔ قلب۔ طبیعت۔ خواہش۔ ہردہ۔ ہیا۔ آپ۔ اپنا نفس۔ خود۔ ذات۔ شخصیت۔ جرأت۔ دلیری۔ بہادری۔ مردانگی۔ جانور حیوان۔ ذی روح۔ (اسم صفت) بھولا بھالا۔ کم گو۔ کم سخن۔

جی اُٹھانا (ہ) فعل۔ توجہ اُٹھانا۔ بیزار ہونا۔ رغبت نہ رکھنا۔ دل اُچاٹ ہونا۔

جی آجانا (ہ) فعل۔ دل آنا۔ عاشق ہونا۔ دل مائل ہونا۔ ؎ میر حسن

آ گیا جی کسی پہ جی ہی تو ہے
لگ گئی آنکھ آدمی ہی تو ہے

جی اُٹھنا (ہ۔محاورہ) دل اُچٹنا۔ طبیعت نہ لگنا۔ زندہ ہو جانا۔ جان پڑ جانا سیر و تماشے کو جی چاہنا۔

جی اُچاٹ ہونا۔ جی اُچٹ جانا۔ یا۔ اُچٹنا (ہ۔محاورہ)۔ کسی کام پر دل نہ لگنا۔ دل بیزار ہونا۔

جی اچھا ہے: بیمار کی مزاج پرسی کے موقع پر بولتے ہیں۔

جی اُداس ہونا (ہ۔محاورہ) دل پریشان ہونا۔ دل پژمردہ ہونا۔ دل نہ لگنا۔

جی اُڑا جانا (ہ۔محاورہ)۔ دل بیزار ہونا۔ دل درہم برہم ہونا۔ یا اکتا جانا۔ گھبرا جانا۔

جی اُکتانا (ہ۔فعل) دل برداشتہ ہونا۔ دل گھبرا جانا۔ جی میں نفرت آجانا۔

جی اُلٹ جانا: پاگل ہونا۔ دیوانہ ہونا۔

جی اُلٹنا (ہ۔محاورہ)۔ دل گھبرانا۔ دل پریشان ہونا۔

جی اُلجھنا: دل گھبرانا۔

جی اندر سے بیٹھا جانا: طبیعت کا گرا جانا۔

جی اُوپر نیچے ہونا: متلی ہونا۔ گھبرانا۔

جی باغ باغ ہونا: دل خوش ہونا۔

جی بٹنا (ہ۔فعل) دل بہلنا۔ دل پیچھے پڑنا۔ خیال کا دوسری طرف لگ جانا۔

جی بجھانا } افسردہ کرنا۔ ہمت توڑ دینا۔
جی بجھ جانا } لازم۔

جی بچنا: جان سلامت رہنا۔

جی بحال ہونا: طبیعت درست ہونا۔

جی برا کرنا (ہ۔محاورہ) قے کرنا۔ اُگلنا۔ روکرنا۔ ناراض کرنا۔ رنجیدہ کرنا۔

جی برا ہونا: لازم۔

جی بڑھانا (دہ محاورہ) دلیری دینا۔ حوصلہ بڑھانا۔ دلیر کرنا۔ دلاسا دینا۔
جی بڑھنا (دہ محاورہ) ہمت بڑھنا۔ حوصلہ ہو جانا۔ دل تازہ ہو جانا۔ خوش ہونا۔
جی بکھرنا۔ یا۔ بکھرا جانا۔ یا۔ جی بگڑ جانا (دہ محاورہ) جی متلانا۔ متلی ہونا۔ غش آنا۔ حالت خراب ہو جانا۔ دل بیٹھنا۔
جی بند ہونا (دہ محاورہ) دل رکنا۔ طبیعت نہ چاہنا۔ بیزار ہونا۔ کبیدہ خاطر ہونا۔
جی بھاری کرنا (دہ محاورہ) غمناک ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ دل پر بوجھ ڈالنا۔ ناراض ہونا۔ رنگین

مجھ کو روتا دیکھ کر بولی دو اغیار سے نہ کر
تیرے صدقے ہو کے میں مرجاؤں جی بھاری نہ کر

جی بھٹکنا (دہ محاورہ) خواہاں ہونا۔ مشتاق ہونا۔ دل کا کسی چیز کو ڈھونڈنا۔
جی بھر آنا (دہ محاورہ) رحم آنا۔ آنسو آجانا۔ رونا آنا۔ دل اُمنڈ آنا۔
جی بھر بھرانا: بار بار قریب بہ گر ہونا۔ دل میں نہایت درد پیدا ہونا۔
جی بھر جانا (دہ محاورہ) اُکتا جانا۔ دل سیر ہو جانا۔ خوب اچھی طرح سیر ہو جانا۔
جی بھر کر (دہ: تابع فعل) سیر ہو کر۔ حسب خواہش۔ بخوبی۔
جی بہلانا (دہ محاورہ) دل خوش کرنا۔ جی پرچانا۔ دل کو اور طرف لگانا۔ رنج و کلفت کو رفع کرنا۔
جی بہلنا (دہ محاورہ) دل کا اور طرف متوجہ ہونا۔ دل خوش ہونا۔ دل لگنا کسی کام میں طبیعت کا مشغول ہو جانا۔
جی بیٹھا جانا (دہ محاورہ) دل کا نڈھال ہونا۔ دل کا گرا جانا۔ مایوس ہونا۔
جی چلا بیٹھنا: ہمت کر جانا۔
جی چلا جانا: طبیعت کا نڈھال ہوئے جانا۔
جی چلانا: رغبت کرنا۔ جرأت کرنا۔ خواہش کرنا۔ ہمت کرنا۔
جی پانی کرنا (دہ محاورہ) دل موم کرنا۔ نہایت نرم کرنا۔ سخت محنت کرنا۔ زحمت اُٹھانا۔
جی پر بن جانا: صدمہ ہونا۔ روحانی دکھ پہنچنا۔
جی پر کھیلنا (دہ محاورہ) جان جوکھوں میں ڈالنا۔ جان پر کھیلنا: خطرناک کام کرنا۔
جی پڑا ہونا: کسی کا دھیان ہونا۔
جی پڑنا (دہ محاورہ) زندہ ہو جانا۔ روح پڑنا۔ بچہ میں روح پڑنا۔ کیڑے پڑنا۔ کرم پڑنا۔
جی پلا دینا: ہمت دق کرنا۔
جی پک جانا (دہ محاورہ) دل دکھ جانا۔ آزار رسیدہ ہو جانا۔ عاجز اور تنگ ہو جانا۔
جی پکڑا جانا (دہ محاورہ) دل میں شبہ پڑنا۔ ماتھا ٹھنکنا۔
جی پکڑ لینا (دہ محاورہ) رنج یا صدمہ کی تاب نہ لانا۔ کلیجہ پکڑ لینا۔
جی پگھلنا: میلان خاطر ہونا۔ دل آنا۔
جی پھٹ جانا: دل میں فرق آنا۔ محبت نہ رہنا۔ ناراض ہونا۔ دل بیزار ہونا۔

جی پھر جانا (دہ محاورہ) نفرت ہو جانا۔ بیزار ہو جانا۔ اُکتا جانا۔
جی پھسلنا (دہ محاورہ) غش ہونا۔ دل آنا۔ دل مائل ہونا۔
جی پیچھے پڑنا (دہ محاورہ) جی بہلنا۔ دل کا مشغول ہونا۔ دل بٹنا۔
جی پھیکا ہونا (دہ محاورہ) دل کا کسی چیز سے متنفر اور بیزار ہونا۔
جی ترسنا (دہ محاورہ) دل کا مشتاق ہونا۔ جی للچانا۔ دل کا آرزومند ہونا۔
جی ٹوٹ جانا (دہ محاورہ) شکستہ خاطر ہونا۔ رنج پہنچ جانا۔ مایوس ہو جانا۔
جی ٹھکنا (دہ محاورہ) حوصلہ ہونا۔ تسلی ہونا۔ خاطر جمع ہونا۔
جی ٹھنڈا ہونا (دہ) دل خوش ہو۔ جی راضی تسلی ہونا۔ دل کی ہوس نکلنا۔
جی جائے گھی نہ جائے: جان جائے مگر روپیہ صرف نہ ہو۔
جی جان سے فدا۔ یا۔ قربان۔ یا۔ نثار ہونا (دہ محاورہ) نہایت شیدا و والہ ہونا۔
جی جانتا ہے (دہ: فقرہ) جی کو خبر ہے دل ہی واقف یا باخبر۔ دل ہی پر صدمہ ہے بیان سے باہر ہے۔
جی جلانا (دہ۔ محاورہ) غم دینا۔ دل میں آگ لگانا۔ غصہ دلانا۔ رشک و حسد دلانا۔ ستانا۔ چھیڑنا۔
جی جلانا (دہ محاورہ) لازم۔ غصہ آنا۔ نہایت رنج پہنچنا۔ رشک و حسد ہونا۔
جی جی نکال لینا: اچھا اچھا چھانٹ لینا۔
جی چاہنا (دہ محاورہ) دل للچانا۔ دل کا مائل ہونا۔ کسی چیز پر راغب ہو جانا۔
جی چاہے (دہ: تابع فعل) اگر دل میں خواہش ہو اگر مرضی ہو۔
جی چرانا۔ یا۔ جی چھپانا (دہ) فعل۔ دم چرانا۔ پہلو تہی کرنا۔ حیلہ جو ہونا۔ عاشق کا دل لے لینا۔ عاشق کے دل کی چوری کرنا۔
جی چلا (دہ۔ اسم صفت بترکیب فاعلی) دلیر بہادر۔ من چلا۔ سورما بیر بہوٹا دلوانہ۔ مجنون۔ پاگل۔ سخی۔ داتا۔ فیاض۔ بلند حوصلہ۔
جی چلنا (دہ محاورہ) خواہش ہونا۔ رغبت ہونا۔ ارادہ ہونا۔ جنون ہونا۔ دل کا قابو میں نہ رہنا۔
جی چھوٹنا (دہ محاورہ) بددل ہونا۔ ناامید ہونا۔ ہمت نہ رہنا۔ عاجز ہونا۔ بزدلی آجانا۔ جرأت نہ رہنا۔
جی چھوڑ دینا: ہمت ہار جانا۔
جی چھوڑنا (دہ محاورہ) پران تجنا۔ مرنا۔ انتقال کرنا۔ بے ہمت ہونا۔
جی دار (دہ۔ اسم صفت) دل چلا۔ من چلا۔ بہادر۔ جری۔ سخت۔ مضبوط۔ جاندار۔
جی دان (دہ۔ اسم مذکر) لغوی سماوت جان۔ مجازاً جان بخشی۔ موت کے حکم سے رہائی۔
جی دوڑانا: ارادہ ہونا۔ رغبت ہونا۔
جی دھکر پکڑ ہونا: کسی کام میں ہچکچانا۔ اندیشہ لگا ہونا۔
جی دکھانا (دہ محاورہ) پوشیدہ طور پر رنج پہنچانا۔ تکلیف دینا۔ صدمہ پہنچانا۔
جی دھڑکنا (دہ محاورہ) دل کا پتنا۔ خوف و اندیشہ ہونا۔ افسوس آنا۔ دل کا دھڑکنا۔
جی دھک دھک ہونا (دہ محاورہ) خوف و اندیشہ سے دل کانپنا۔ دل دھڑکنا۔ خوف طاری ہونا۔
جی دینا: جان دینا۔ پیار کرنا۔

جی ڈالنا: زندگی بخشنا۔ روح پھونکنا۔
جی ڈہلنا (محاورہ) خوف کھانا۔ جی ڈرنا۔ جی دھڑکنا۔
جی ڈوبنا (محاورہ)۔ دل نڈھال ہونا۔ غش چلا آنا۔ دل کا بے قابو ہونا۔
جی ڈھیا جانا
جی رُکنا (محاورہ)۔ دم گھبرانا۔ دل کا حاضر نہ ہونا۔ دل نہ ملنا۔ دل منقبض ہونا۔ انقباض خاطر ہونا۔
جی رکھنا (محاورہ) دلداری کرنا۔ خوش کرنا۔ حوصلہ رکھنا۔ جرأت دار ہونا۔
جی سائیں سائیں کرنا: غشی کے آثار ظاہر ہونا۔
جی سنسنا نا (محاورہ)۔ ناتوانی اور کمزوری سے دل خراب ہونا۔ دل پریشان ہونا۔ رعب یا خوف سے دل بیٹھنا۔
جی سے اُتر جانا (محاورہ)۔ بے قدر ہو جانا۔ نظروں سے گر جانا۔ قابلِ نفرت ہو جانا۔ بے قرار ہو جانا۔
جی سے جانا (محاورہ) مر جانا۔ دم نکل جانا۔
جی سے جی ملنا: باہم دوستی اور تعاون ہونا۔
جی کرنا (محاورہ) جرأت کرنا دلیری کرنا۔ ہمت کرنا۔ کسی چیز کو دل چاہنا رغبت ہونا۔ جی چاہنا۔ من چاہنا۔
جی کڑا کرنا: ہمت کرنا۔
جی کُڑھنا (محاورہ) غمزدہ ہونا۔ دل میں درد ہونا۔ ہمدردی سے رنج ہونا۔ متاسف ہونا۔
جی کا بخار نکلنا: دل کی بھڑاس نکلنا۔ رونے یا غصے ہونے سے دل کا اندرونی رنج کم ہونا۔
جی کا جنجال (ہند) دل کا روگ۔ دل کے لئے مصیبت۔
جی کُڑھانا: دل رنجیدہ کرنا۔ دل کو رنج دینا۔ افسوس کرنا۔ متاسف ہونا۔
جی کو لگنا (محاورہ) بات کا دل پر اثر ہونا۔ بھانا۔ پسند ہونا۔ دل کو بھلا معلوم ہونا۔ دل کو چوٹ لگنا۔
جی کو مارنا (محاورہ) ترک لذت کرنا۔ حق مارنا۔ دل کی خواہشوں کو ضبط کرنا۔ من مارنا۔
جی کھپانا (محاورہ) سخت شاقہ کرنا۔ محنت کرنا۔ جان لڑانا۔ جان دینا۔ جان توڑ کر کام کرنا۔ دکھ دینا۔
جی کھٹا ہونا (محاورہ) دل بیزار ہونا۔ نفرت ہونا۔ متنفر ہونا۔
جی کھرا کھوٹا ہونا: بے ایمان ہو جانا۔ نیت میں فرق آنا۔
جی کھلنا (محاورہ) طبیعت کا خوش ہونا۔ شرم و حجاب دور ہونا۔ بے باک ہونا۔ حوصلہ ہونا۔ بے دھڑک ہونا۔
جی کھول کر (تابع فعل) بخوبی۔ آزادانہ۔ بکثرت۔ بے دریغ۔ بے تامل خاطر خواہ۔ افراط سے۔
جی کی امان چاہنا یا مانگنا (محاورہ) جان بخشی چاہنا۔ عرض مطلب سے پیشتر ادباً اور تعظیماً بولتے ہیں جس سے انکساری مراد ہوتی ہے
جی کی جی میں رہنا (محاورہ) دل کی حسرت کا دل ہی میں رہ جانا۔ آرزو پوری نہ ہونا۔ ارمان کا پورا نہ ہونا۔
جی گرا جانا (محاورہ) دل کا بیٹھا جانا۔ طبیعت میں سستی اور ناتوانی کا اثر نمودار ہونا۔

جی گھبرانا (محاورہ) دل کا پریشان ہونا۔ دل نہ لگنا۔ توحش ہونا۔
جی گنوانا (محاورہ) دل برباد کرنا۔ جی کھونا۔ جان دینا مرنا۔ عاشق ہونا محبت کرنا۔
جی گھبرانا: پریشان خاطر ہونا۔ دل نہ لگنا۔ حققان ہونا۔
جی لبھانا (محاورہ) دل مائل کرنا۔ دل موہنا۔ ترغیب دینا۔ دل پھسلانا۔ تالیف۔ تلوب کرنا۔ جادو یا خوبصورتی سے کسی کو اپنی طرف مائل کر لینا۔ کسی کو خوش کرنا۔
جی لڑانا۔ یا۔ لڑا دینا (محاورہ) ساری توجہ سے مصروف ہو جانا۔ جان کھپانا۔ نہایت کوشش اور محنت کرنا۔ ہمہ تن مصروف ہو جانا۔
جی لگانا (محاورہ) دل کو متوجہ کرنا۔ دل کا مشغول کرنا۔ جی بہلانا۔ عشق کرنا۔ کسی طرف دل کو مائل کر لینا۔ توجہ سے کام کرنا۔ عاشق ہونا۔
جی لگنا (محاورہ)۔ جی بہلنا۔ دل مشغول ہونا۔ عاشق ہونا۔ دل آنا۔ عشق ہونا۔ دل چسپی ہونا۔
جی لُٹنا (محاورہ)۔ دل کا غارت ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔
جی لبھانا (محاورہ)۔ دل کا کبھی اِدھر کبھی اُدھر۔ دل کا مائل ہونا۔ آرزو مند ہونا۔
جی لُوٹنا (محاورہ) دل چھین لینا۔ دل کو راغب کر لینا۔ عاشق کرنا (بواؤ معروف)
جی لوٹنا (محاورہ)۔ بواؤ مجہول۔ دل تڑپنا۔ دل کا بے تاب ہونا۔ سخت مشتاق ہونا۔ جی لہرانا۔ دل للچانا۔ دل کا از حد آرزو مند اور متمنی ہونا۔

رشک — جی لوٹتا ہے تپ دم تیغ یار پر
مشکل نہ ہوگا مجھ کو گزرنا صراط سے

جی متلانا (محاورہ) دل بیزار ہونا۔ طبیعت کا قے کی طرف رجوع ہونا۔
جی مارنا
جی مرجانا (محاورہ) خواہش کو ضبط کرنا۔
یا مرنا
جی مرجانا (محاورہ) طبیعت پژمردہ ہو جانا۔ نہایت افسردہ و مردہ ہو جانا۔
جی مسّی ہونا: اُنگ نہ رہنا۔
جی تلملانا: افسوس آنا یا ہونا۔
جی ملنا (محاورہ) دل کا متوافق ہونا۔ ہم خیال ہونا۔ یکدل ہونا۔ ہم منشا ہونا۔
جی میں آنا (محاورہ) خیال آنا۔ کسی خیال کا دل میں گزرنا۔ خواہش کرنا۔ ارادہ ہونا۔
جی میں بیٹھنا
جی میں گھر کرنا (محاورہ) دل میں کھبنا۔ دل میں گھر کرنا۔ دل میں جمنا۔ دل میں اثر کرنا۔
جی میں ٹھاننا (اُر۔ محاورہ) ارادہ کرنا۔ قصد کرنا۔
جی میں جگہ ہونا (اُر۔ محاورہ) عزت ہونا۔
جی میں جل جانا (اُر محاورہ) رشک کرنا۔ حسد کرنا۔
جی میں جی آنا (محاورہ)۔ دم میں دم آنا۔ جان میں جان آنا بسلی و تشفی ہونا۔ امید جان ہونا۔ بچنا۔ ہمت بڑھنا۔ ہوش و حواس ٹھیک ہونا۔

؎ شیر علی افسوس۔ یکایک وہ رشک پری آ گیا
عزیز و میرے جی میں جی آ گیا

جی میں جی ڈالنا (محاورہ) کسی سے بہت الفت کر لینا۔ دوسرے کے دل

کو اپنا سا بنا لینا۔ یقین دلانا۔ نشنے کرانا۔ اپنی بات دوسرے کے سچے طور سے دل نشیں کرانا۔

جی میں ڈالنا (دہ۔ محاورہ) دل میں خیال لانا۔ دل میں اتارنا۔ اثر پیدا کرنا۔

جی میں رکھنا (دہ محاورہ) چھپا کر رکھنا۔ خفیہ کرنا۔ پوشیدہ رکھنا۔ راز ظاہر نہ کرنا۔ عداوت رکھنا۔ کینہ رکھنا۔ قبضہ رکھنا۔ کسی بات کا دل میں رکھنا۔

جی میں کھبنا۔ یا۔ گڑنا۔ یا۔ بیٹھنا (دہ محاورہ) بات کا دل میں اثر کرنا۔ دل میں چبھنا۔ دل میں گھستا۔

جی نڈھال ہونا (دہ۔ محاورہ)۔ دل پریشان ہونا۔ مضمحل ہونا۔ افسردگی ہونا۔ جی نکلنا۔

جی نکلنا (دہ۔ محاورہ) دم نکلنا۔ مرنا۔ ہلاک ہونا۔ مفتوں ہونا۔ عاشق ہونا۔ بہت خوف ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ جی ہارنا۔

جی چھوڑ دینا: ہمت ہارنا۔ کسی کام سے عاجز ہو کر باز رہنا۔

جی وارنا (دہ) فعل۔ جان قربان ہونا۔ تصدق ہونا۔ قربان ہونا۔

جی ہٹ جانا: نفرت ہو جانا۔

جی ہارنا (دہ۔ محاورہ) جی چھوڑنا۔ ہمت ہارنا۔ کسی کام سے عاجز ہو کر اس سے باز رہنا۔

جی ہلنا: دل کا ترس یا خوف سے کانپنا۔

جی ہوا ہو جانا۔ یا۔ جی ہوا ہونا (دہ محاورہ)۔ رُوح کا قالب سے نکل جانا دم نکلنا۔ جان فنا ہونا۔

جی ہونٹوں پر آنا (دُر محاورہ) نزع کی حالت ہونا۔ دم آخر۔

جی بھی بھاگتا ہوگا۔ (دُر محاورہ) دل میں ہی سمجھتے ہوں گے۔

جی ہونا (دُر۔ محاورہ) خواہش یا ارادہ ہونا۔ زندگی باقی ہونا۔

جی ہے تو جہان ہے: دُنیا کا ہر لطف زندگی کے ساتھ ہے۔

جی ہی جی میں باتیں کرنا (دہ محاورہ)۔ آپ ہی آپ باتیں کرنا۔ دل ہی دل میں خیال پکانا۔

جی او سی (انگ: G.O.C.) جنرل آفیسر کمانڈنگ کا مخفف۔ چھاؤنی کا سب سے بڑا افسر

جی پی۔ او (انگ۔ ند۔ G.P.O.) جنرل پوسٹ آفس کا مخفف۔ شہر کا سب سے بڑا ڈاکخانہ۔

جے (ہ۔ مو) جتنے۔ جس قدر۔ تعداد ظاہر کرنے کے لیے)

جے پتر (ہ۔ مذ) فتح نامہ۔ ڈگری۔

جے جے ونتی (ہ۔ مو) ایک راگنی جو موت کے وقت گائی جاتی ہے۔

جیا (ہ۔ اسم مذکر) جی کی تصغیر۔ جان۔ دل۔ پران۔ (اسم مذکر) پیارا۔ جانی محبوب۔ عزیز۔

جیا کرنا (دہ) زندگی بسر کرنا۔ زندہ رہنا۔
زندگی زندہ دلی کا نام ہے مُردہ دل خاک جیا کرتے ہیں۔

جیا گریفی (Geography - اسم مذکر) جغرافیہ۔ زمین کا بیان۔

جیالوجی (Geology - انگ۔ اسم مذکر) علم طبقات الارض۔ وہ علم جس سے زمین کے بیرونی طبقات کی ساخت و ماہیت کا حال معلوم ہوتا ہے

جیب (ہ۔ اسم مؤنث) کیسہ۔ تھیلی۔ دہن۔ گریبان۔ سینہ۔ پیراہن۔ قبضہ۔ قابو۔ تھیلی جو قمیض یا کوٹ وغیرہ میں سینے پر دامن میں کچھ رکھنے کے لئے لگاتے ہیں۔

جیب خرچ (دُر۔ اسم مذکر) روزمرہ کے لئے رکھا ہوا خرچ۔ بالائی خرچ پاکٹ منی۔

جیب کترا (دُر۔ اسم مذکر فاعل) جیب کترنے والا۔ اُچکا۔ کیسہ بُر۔ عیار۔ بدمعاش۔

جیب گھڑی (دُر۔ اسم مؤنث) جیب میں رکھنے کی چھوٹی گھڑی۔ پاکٹ واچ۔

جیب میں پڑا ہونا (دُر۔ محاورہ) قابو میں ہونا۔ قبضہ میں ہونا۔

جیب میں پڑے ہیں۔ یا۔ پڑے رہتے ہیں: خاطر میں نہیں لاتا۔ کوئی وقعت نہیں رکھتے۔

جیب میں نہیں کھلی کی ڈلی۔ چھیلا پھرے گلی گلی (دُر۔ مثل) بھوکے ننگے اور اور آوارہ گرد کی نسبت بولتے ہیں فاقہ مست ہیں اور آوارگی نہیں چھوڑتے۔

جیب۔ یا۔ جیبھ (ہ۔ اسم مؤنث) زبان۔ لسان۔ للو۔

جیب چلنا: زبان چلنا۔ مُنہ چلنا۔ بہت کھانا۔

جیب نکالنا (دہ محاورہ) زبان نکالنا۔ زبان کھینچنا۔ گرمی یا کام کی زیادتی سے عاجز ہونا۔ بے ہودہ پن سے بات کرنا۔

جیب کے تلے جیب ہونا (دہ محاورہ) بودی غلط بات کرنا۔ ایک بات پر قائم نہ رہنا۔

جیبی (ہ۔ اسم صفت بنائے نسبتی) جیب سے تعلق رکھنے والی چیز جیسے جیبی رومال۔ یعنی چھوٹا رومال۔

جیبی رومال: چھوٹا رومال جو جیب میں رکھا جاتا ہے۔

جیبی کتا (اُں) ایک نہایت چھوٹی نسل کا کتا۔

جیبی۔ یا۔ جیبھی (ہ۔ اسم مؤنث بنائے نسبتی) زبان صاف کرنے کا آلہ لگام کا ایک حصہ۔ دریا یا ندی کے پانی کا پہلا کف دار حصہ جو طغیانی کے وقت سب سے پہلے آتا ہے

جیت (ہ۔ اسم مؤنث) ہار کی ضد۔ فتح۔ فتحمندی۔ کامیابی۔ نفع۔ فائدہ۔ بیش غلبہ۔ فوقیت۔ برتری۔

جیت لینا: فتح کرنا۔ لے لینا۔

جیت گڑھ (دہ۔ فعل) وہ مقام جہاں سے کسی شہر کو فتح کیا ہو۔ فتح گڑھ۔

جیت ہونا (دہ۔ فعل) فتح ہونا۔ غلبہ ہونا۔ نفع ہونا۔ اوت ہونا۔

جیتا (ہ۔ اسم صفت) حیات والا۔ زندہ۔ جاندار۔ زیادہ۔ بیش جیسے ذرا جیتا کپڑا پھاڑو۔

جیتا جاگتا (ہ۔ اسم صفت) زندہ و سلامت۔ صحیح و سالم۔ تندرست۔

جیتا جھوٹ اکھلا جھوٹ۔
جیتا چرڑا : جاندار گوشت۔
جیتا رہنا ف۔ فعل، زندہ و سلامت رہنا۔
جیتا سو ہارا۔ ہارا سو مرا ف۔ مثل، مقدمہ بازی میں جو شخص جیت جائے وہ درحقیقت ہارنے کے برابر ہے اور ہارنے والا تو گویا مر گیا۔
جیتا گاڑھنا ف۔ فعل، زندہ آدمی کو قبر میں دبا دینا۔
جیتا لہو ف۔ اسم مذکر، تازہ خون جو ابھی بدن میں سے نکلا ہو۔
جیتا ناخن: وہ ناخن جو کاٹنے کے قابل نہ ہو۔ گوشت سے چپٹا ہوا ہو۔
جیتنا ف، فتح کرنا۔ سرکرنا۔ زیر کرنا۔ غالب آنا۔ بازی لے جانا۔
جیتے جی ف۔ تابع فعل، عمر بھر۔ تمام عمر۔ تاحین حیات۔ تابزندگی۔ حالت زیست میں۔
جیتے جی مرنا۔ یا۔ مرجانا ف۔ محاورہ، تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ زندگی میں ہی مرنے کے برابر ہونا۔
جیتے جی مٹی میں ملنا: عاجزی اور انکساری کو اپنا شعار بنا لینا۔
جیتی جاگتی: دیکھو جیتا جاگتا۔
جیتے کا چارہ: وہ زندہ کیڑا جو مچھلی کو پکڑنے کے لئے استعمال کرتے ہیں
جیتی مکھی نگلنا۔ یا۔ کھانا ف۔ محاورہ، جان بوجھ کر مصیبت یا آفت میں پھنسنا۔ دیدہ دانستہ تکلیف و اذیت سہنا۔
جیتی مکھی نہیں نگلی جاتی ف۔ کہاوت، دیدہ دانستہ نقصان نہیں اٹھایا جاتا۔
جیٹ طیارہ (انگ۔ مذ، Jet) ایک خاص ہوائی جہاز۔
جیٹھ۔ یا۔ جیٹ ف۔ اسم مذکر، خاوند کا بڑا بھائی۔ ہندی سال کا دوسرا مہینہ۔ اور بکرمی سنہ کا تیسرا مہینہ جو ۱۵ جون سے ۱۵ مئی تک ہوتا ہے۔ روٹیوں کی تھئی۔ اوپر تلے رکھے ہوئے برتنوں کا سلسلہ۔ آغوش۔
جیٹھ کے بھروسے پیٹ ف۔ مثل، مشکل اور اہم کام غیروں کے بھروسے پر نہیں ہوا کرتا۔
جیٹھا ف۔ اسم صفت بالف نسبتی یا فاعلی، جیٹھ کے مہینے کی پیدائش۔ پہلوٹھی کا بچہ۔ وہ بچہ جو سب سے پہلے پیدا ہو۔ سب سے بڑا سب سے اونچا۔ سب سے بلند۔
جیٹھی امو۔
جیگڑ۔ جیگڑھ ف۔ مو، ٹھلیا۔ پانی کا گھڑا۔
جیگڑ بھرنا: ایک ہندوانہ رسم جس میں ہندو عورتیں جیٹھ کے مہینے میں برہمنوں کے یہاں ثواب کے لئے پانی بھرتی ہیں۔ اسے جیگڑ بھرنا کہتے ہیں۔
جیٹھانی ف۔ اسم مؤنث، جیٹھ کی بیوی۔ خاوند کے بڑے بھائی کی بیوی۔
جیجا ف۔ اسم مذکر، بہنوئی۔ بہن کا خاوند (ہندوؤں کا روزمرہ)
جیجی ف۔ اسم مؤنث، بہن۔ خواہر۔ ہمشیرہ۔ پھاتی۔ چوچی۔ پستان۔
جیجی پینا ف۔ فعل، دودھ پینا۔ پستان چوسنا۔ بچے کے لئے مخصوص ہے
جیحون دف، ایک مشہور دریا جو بلخ کے قریب ہے۔
جید وع۔ اسم صفت، خوب۔ عمدہ۔ کھرا۔ نیک۔ مضبوط۔ طاقتور۔ زبردست۔
جید الکیموس: مراد بہترین جزو بدن سے

ذوق ہضم کا اس قدر معدے نے پہنچایا بہم
جید الکیموس ہے جو حلق سے اتری غذا

جیسا ف۔ اسم موصول تشبیہی۔ تابع فعل، جس میں معنی شرط بھی پائے جاتے ہیں۔ ویسا کا نقیض جیسے (جیسا کہو گے ویسا سنو گے)، جس طرح، جس طرح کا۔ جس صورت کا۔
جیسا تیسا ف۔ تابع فعل، جس طرح کا۔ جس قسم کا۔
جیسا چاہو ف۔ تابع فعل، جس قسم کا درکار ہو۔ جس طرح کا مطلوب ہو۔ حسب خواہش۔
جیسا چاہیئے ف۔ تابع فعل، جیسا چاہو۔ قابل تعریف۔ بخوبی۔ من مانا۔ حسب دلخواہ۔ قرار واقعی۔
جیسا دیس ویسا بھیس ف۔ مثل، جہاں رہنا ہو وہیں کے طریقے اختیار کرنے چاہئیں۔
جیکٹ (انگ۔ مؤ، Jacket) غلاف۔ کرتی۔ صدری۔
جیکال (انگ۔ Jackal) شغال۔ سیار۔ گیدڑ۔ نیز وہ جو دوسروں کے لئے رذیل کام کرے۔
جیسا راجہ ویسی پرجا ف۔ مثل، رعیت عام طور پر بادشاہ کی راہ و روش کی پیروی کیا کرتی ہے۔
جیسا کرو گے ویسا بھرو گے ف۔ مثل، نیکی کا بدلہ نیک اور بدی کا بدلہ بد ملے گا۔
جیسا کہ ف۔ تابع فعل، جس طرح کہ۔ بموجب۔ مطابق۔
جیسا منہ ویسا تھپڑ جیسی ذات ویسی بات ف۔ مثل، جو آدمی جس قابل ہو۔ اس سے ویسا ہی سلوک ہوتا ہے۔
جیسی، جیسا کا مؤنث۔ جنس طرح۔
جیسے ف۔ تابع فعل، اسم موصول (دیکھو جیسا) ویسے کی ضد۔
جیسے کنتھا یا پیا گھر رہے ویسے رہے پردیس ف۔ مثل، نکھٹو خاوند کا پاس رہنا اور پردیس میں جانا برابر ہے۔
جیسے کا تیسا: جوں کا توں ہو بہو۔ برے کو برا ہی جواب دینا چاہیئے۔
جیسے کو تیسا ف۔ مثل، ہر فرعونے را موسے۔
جیسی ف۔ تابع فعل، جیسا کی تانیث۔ جس طرح۔ جس طرح کی۔
جیسی روح ویسے فرشتے (دو۔ مثل) جس طرح کا نیک یا بد آدمی ہو ویسے ہی فرشتے دکھائی دیتے ہیں یعنی نیک کو نیک اور بد کو بد۔ جیسی نیت ویسا ہی پھل۔
جیسی کرنی ویسی بھرنی (مثل، جیسا کرو گے ویسا نتیجہ پاؤ گے۔
جیش (ع۔ مذ، "جیوش"۔ جمع لشکر۔
جیشٹھا ف۔ مذ، چاند کا اٹھارھواں نچھتر جس میں تین ستارے شامل ہیں۔ بیچ کی انگلی۔
جیغہ وت ۔ اسم مذکر، ایک مرصع زیور جو پگڑی میں باندھا جاتا ہے۔ کلغی


جیک

جیک (انگ۔ کلمہ تحقیر Jack) مردک۔ چھوکرا۔ گنوار۔ پیسیں اوپر اٹھانے والا آلہ۔
جیل ف۔ اسم مؤنث بیائے مجہول قطار۔

صف۔ پرا۔ لار۔ ڈار۔ ایک زنجیر میں بندھے ہوئے قیدیوں کی قطار۔ سلسلہ زنجیر۔ ہولی کی گوبر کی پھرکیاں جن کا ہار بناتے اور ہولی کی آگ میں جلاتے ہیں۔

جیل (Jail۔ انگ۔ اسم مذکر) قید خانہ۔ مجلس زنداں۔

جیل خانہ (وہ) اسم مذکر) قید خانہ۔ زندان۔

جیلر (Jailer انگ۔ اسم مذکر) داروغہ زندان۔ افسر قید خانہ۔

جیلس (انگ۔ مذ۔ Jealous) رشک کرنے والا۔ حاسد۔ شکی۔ بدظن۔

جیلی (وہ۔ اسم مؤنث) گھاس وغیرہ اکٹھا کرنے کا تین شاخہ آلہ۔ اوجھ کے اُوپر کی چربی دار جھلی۔

جیلی (انگ۔ مذ۔ Jelly) رُب عموماً ایک خاص قسم کا بکری کے پائچوں کا کھانا۔ پھلوں اور میووں سے بھی جیلی بنتی ہے۔

جیمنا (وہ۔ فعل) (ہندو) کھانا نوش کرنا۔ تناول کرنا۔ رشوت لینا۔ گھوس لینا۔

جین یا جینی (س۔ اسم مذکر) بوڑھا آدمی۔ بڈھا پیر فرتوت۔ سراوگیوں کے مذہب کا نام جس میں ویدوں کو نہیں مانا جاتا۔ جین مت کا پیرو۔

جینا (وہ۔ فعل) زندہ رہنا۔ خوشی منانا۔ مزے اڑانا۔ جیسے اپنی خوشی جینا ہے۔ عمر کاٹنا۔ زندگی بسر کرنا۔ (بصورت اسم مذکر) حاصل مصدر کا کام دیتا ہے۔ زیست زندگی۔ حیات۔ جیسے جینا مشکل ہوگیا۔ اسم فاعل کے معنی میں بھی مستعمل ہے یعنی جینے والا۔ عمر والا۔ جیسے خدا جیتا جاگتا بٹادے۔

جینے کے لالے پڑنا جینے کی آس نہ رہنا۔

جینی (وہ۔ اسم مذکر) بسائے نسبتی، جین مت والا۔ سراوگی۔

جیو (وہ۔ اسم مذکر) (دیکھو جی) جان۔ زندہ۔ جانور۔ روح۔ معشوق۔

جیو آتما (وہ۔ اسم مؤنث) روح۔ جان۔ پران۔ الیشور پرماتما کے سوا باقی تمام جاندار ذی روح (ہندو کا روزمرہ ہے)

جیوٹ (وہ۔ اسم صفت) جی دار۔ بہادر شجاع۔ مردانہ۔ جری۔ دلیر۔

جیوری (Jury۔ انگ۔ اسم مؤنث) ججوں کی عدالت۔ مجلس ثالثان پنجوں کی عدالت جو جج کی ساتھ کام کرتی ہے اور جس کی رائے سے اتفاق یا اختلاف جج کی رائے پر منحصر ہے۔

جیوڑا (وہ۔ اسم مذکر) جی کی تصغیر۔ دل۔ جان۔ پران۔ معشوق۔ دلبر۔ جانی محبت سے جان کو بھی بولتے ہیں کیڑوں کو دینے کا اناج۔

جیوڑی (وہ۔ اسم مؤنث) رسی۔ ڈور۔ ڈوری۔

جیون (وہ۔ مذ) پیمائش زمین۔ زندگی۔

جیول (انگ۔ مذ۔ Jewel) جواہر۔ نگ۔ قیمتی پتھر۔ زیور۔ گہنا۔ نیز پیار کا لفظ لال۔



جیول

جیول باکس (انگ۔ مذ۔ Jewel Box) جواہرات رکھنے کا ڈبہ۔

جیولر (انگ۔ مذ۔ Jeweler) جوہری۔

جیولری (انگ۔ مذ۔ Jewelery) جواہرات۔

جیونار (وہ۔ اسم مذکر) ضیافت۔ دعوت۔

جیومیٹری (Geometry۔ اسم مؤنث) وہ علم جس میں زمین کی سطح خطوں۔ زاویوں کے متعلق بحث ہوتی ہے علم مساحت۔ اقلیدس۔ ریاضی کی شاخ۔



جیومیٹریکل ڈرائنگ اشکال

جیومیٹریکل ڈرائنگ (Geometrical Drawing)

ڈرائنگ کا وہ حصہ جس میں اشکال ہندسی سے بحث ہوتی ہے۔

جیے ہو (وہ) دعا ہے (ہندو) فتح ہو۔ بول بالا ہو۔ اقبال بلند ہو۔

چ

چ (ف - اسم مؤنث) فارسی حروف تہجی کا ساتواں اور اُردو کے حروف ہجا کا آٹھواں حرف ہے حساب جمل میں اس کے عدد (ج) کے برابر یعنی ۳ شمار ہوتے ہیں۔

چ - ا

چا (ہ - ا - مذ) چاؤ۔ چاہ۔

چاب (ہ - اسم مؤنث - عو) تل چاول اور شکر جو کسی عزیز کے سفر سے واپس آنے پر سینیوں میں لگا کر بھیجے جاتے ہیں۔ بچہ پیدا ہونے کے وقت عورتیں اکثر گھی بجاتی ہیں۔ ان میں کچھ مٹھائی وغیرہ تقسیم کی جاتی ہے۔ یہ چاب کہلاتی ہے۔ مندر کا چڑھاوا لے جانے والے کو بھی کہتے ہیں آواز یا پاؤں کی آہٹ (بصورت فعل) صیغہ امر حاضر جانا سے۔

چابک (ف - اسم مذکر) تازیانہ۔ قمچی۔ سانٹا۔ کوڑا۔

چابک

ہنٹر (بحالت صفت) چالاک، تیز۔ چست۔ پھرتیلا۔

چابک دست (ف - اسم صفت۔ بترکیب فاعلی) وہ شخص جو ہاتھ کے کام کا چالاک ہو۔ ہنرمند۔ دستکار۔ پھرتیلا۔

چابک سوار (ف - مذ - اسم صفت) بہت عمدہ سوار۔ گھوڑے پر خوب چڑھنے والا۔ گھوڑوں کو سدھانے والا سوار۔ گھوڑا پھیرنے والا سوداگر اسپ۔

چابک سواری (مؤ) چابکی (مذ) تیزی۔ چستی۔ چالاکی۔ گھوڑے سدھانے کا ہنر

چابنا (ہ فعل۔ دگوار) چبانا۔ کھانا۔ دانتوں کے لئے خاص کر، دانتوں سے کسی سخت چیز کو نچلنا۔ یا پیسنا۔

چاپڑا (بغدا)

چابی (ہ - ؤ - اسم مؤنث) کنجی۔ کلید۔ تالی۔

چاپ (ہ - مؤ) پاؤں کی آہٹ۔ رفتار پاؤں کی آواز (داغ - مذ)

چابیاں

گوشت کا خاص طرح سے بھنا ہوا ٹکڑا۔

چاپٹ (ہ - اسم مؤنث) چوکر۔ پھوننسی۔ ملے کے وہ ٹکڑے جو پیسنے سے رہ جائیں۔ نمدار اور سیلے ہوئے اناج کی پھوننسی۔ بور۔

چاپلوسی (ف - اسم مؤنث) خوشامد۔ بیجا تعریف۔ میٹھی میٹھی باتوں میں کسی کی تعریف۔

چاتر (ہ - اسم صفت) چیتے سے اشتباع ہے۔ ہوشیار۔ دانا۔ عقلمند۔ چالاک عیار۔ مکار۔ فریبی۔ ہنرمند۔ باسلیقہ۔ بہادر۔ جری۔ شجاع۔ چار۔

چاتر تو بیری بھلا مور کھ بھلا نہ میت (ہ - مثل) دانا دشمن، نادان دوست سے اچھا ہے۔

چاٹ (ہ - اسم مؤنث) چاٹنا سے حاصل مصدر۔ ذائقہ۔ سواد۔ مزا۔ چسکا۔ عادت۔ لت۔ دھت۔ پکا۔ گزک وغیرہ مزیدار چیز جو زبان کا ذائقہ درست کرے۔

چاٹ لگنا یا۔ پڑنا (ہ محاورہ) سواد پڑنا۔ چسکا پڑنا۔ عادت پڑ جانا۔ شوق لگنا۔

چاٹ پر لگانا کسی کو مزہ سے آگاہ کرنا۔ رفتہ رفتہ عادت ڈلوانا۔

چاٹنا (ہ - فعل) کسی پتلی اور رقیق چیز کو زبان یا انگلیوں سے اٹھانا۔ کھانا۔ مزہ لینا۔ چٹ جانا۔ جیسے ان کے چاٹے تو درخت بھی ہرے نہیں ہوتے۔ ۔ ۔ ضمیم

جلوہ پکارتا ہے کہ نور خدا یہ ہے ۔ یوسف بھی ہونٹ چاٹ رہے ہیں مزہ یہ ہے

چاٹ جانا سب کھا جانا۔ زبان سے چاٹ کر سب صاف کر جانا۔ اڑا جانا۔

چاٹ دینا لالچ دینا۔

چاٹی (ہ - اسم مؤنث) مٹی کا ایک قسم کا بڑا سا برتن۔ دودھ کی بڑی ہانڈی۔

چاٹیا (ہ) شخص جو کسی چیز کی لذت پائے ہوئے ہو۔

چاچا (ہ - اسم مذکر) باپ کا چھوٹا بھائی۔ چچا۔ عمو۔ عم۔

چاچی (ہ - اسم مؤنث) ہندوؤں کا روزمرہ۔ باپ کے چھوٹے بھائی کی بیوی۔ چچی۔ چچا کی بیوی۔

چادر (ف - اسم مؤنث) بڑا اوڑھنا۔ بڑا اور چوڑا اور موٹا دوپٹہ مزاروں اور قبروں پر چڑھانے کی پھولوں کی ردا۔ لوہے اور ٹین کے بہت بے چوڑے پترے۔ پانی کی چوڑی دھار۔

چادر اُتارنا دو، فعل۔ عورت کو بے پردہ کرنا۔ عزت اُتارنا۔
چادر پڑنا : پوشیدہ ہونا۔
چادر سونا : اطمینان سے زندگی گزارنا بے فکر ہو کر سونا۔
چادر جوڑا دُور۔ اسم مذکر، دوہری چادر، دوشالہ۔ دوہری شال۔
چادر چڑھانا دُور۔ فعل، کسی بزرگ کے مزار پر کپڑے یا پھولوں کی چادر ڈالنا۔
چادر چھوّل دُور۔ اسم مذکر، بچوں کے ایک کھیل کا نام لڑکے دو گروہوں میں بٹ جاتے ہیں پھر ایک گروہ والے اپنی طرف کے کسی لڑکے کو چادر میں چھپا دیتے ہیں دوسرے گروہ والوں سے اس کا نام پوچھتے ہیں اگر ٹھیک بتا دیا تو وہ اسے جورو بنا کر لے جاتے ہیں اور اس گروہ کے سب لڑکے اُس گروہ کی چڈیاں لیتے ہیں جس کا یہ لڑکا ہوتا ہے۔
چادر چھت دُور۔ اسم مؤنث، کپڑے کی چھت۔ چھت گیری۔
چادر ڈالنا۔ یا۔ اُڑھنا۔ یا۔ اُڑھانا دو، فعل۔ ہندوؤں اور سکھوں میں بیوہ کے ساتھ شادی کرنے کا طریقہ۔ مردے پر شال ڈالنا۔ اُڑھنا ڈالنا۔
چادر سے باہر پاؤں پھیلانا محاورہ، بساط سے باہر کام کرنا۔
چادر بلا نالا ار۔ محاورہ، لڑائی میں کسی سے مغلوب ہو کر پناہ مانگنا۔ فریاد کرنا۔ مغلوب فوج کا پناہ چاہنا۔ لڑائی روکنے کی علامت ظاہر کرنا۔
چادر ہے تو پاؤں پھیلائے یا پسارے دُور۔ مثل، آمدنی کم خرچ زیادہ۔
چادر ا دُور۔ اسم مذکر، چادر سے اسم مکبر ہے بڑی چادر۔ مردانہ چادر۔ بڑی چادر۔ چھوٹی چاندنی۔ بڑا اور چوڑا دوپاٹ کا دوپٹہ۔
چار دف۔ اسم عدد، چہار کا مخفف دو۔ اور دو پانچ سے ایک کم۔ چوکٹ۔ گنڈا۔ (دلال)، پھوک۔
چار ابرو ، معشوق جس کا سبزہ آغاز ہو۔
چار ابرو کا صفایا دُور۔ اسم مذکر، ڈاڑھی مونچھیں۔ بھویں۔ اور سر کے منڈوا دینے سے مراد ہے۔ بھدرا۔
چار اجساد یا چار ارکان دفع۔ اسم مذکر، اربع عناصر۔ خاک۔ پانی۔ آگ۔ ہوا۔
چار انگل کا پرچہ یا پُرزہ دند، رقعہ۔ خط۔ چھوٹا سا پرچہ۔
چار آدمی دو۔ اسم مذکر، دو چار بھلے مانس آدمی۔ پنچ۔
چار آنکھیں کرنا ار۔ محاورہ، سامنے آنا۔ مقابل ہونا۔ ملنا۔ زیادہ سمجھ آنا۔ زیادہ واقف ہونا۔ جیسے علم سے آدمی کی چار آنکھیں ہو جاتی ہیں۔
چار آئینہ دف۔ اسم مذکر، ایک قسم کی زرہ جس میں لوہے کی چار تختیاں سینے اور پشت پر ڈالنے کے لیے ہوتی ہیں۔
چار باغ دف۔ اسم مذکر، مربع باغ۔ چوکھونٹا۔ باغ۔ وہ رومال یا شالی جس کے کونوں پر رنگ برنگ پھول بنے ہوتے ہوں۔ اس نام کے تین باغوں کا پتہ ہے ایک اصفہان ایک دہلی اور ایک لکھنؤ میں جسے نواب آصف الدولہ نے بنوایا تھا اب بڑا اسٹیشن ہے جسے چار باغ کا اسٹیشن کہتے ہیں۔

چار بالش۔ یا۔ بالشت دف۔ اسم مذکر، اُمرا کی پشت کا تکیہ۔ گاؤ تکیہ۔
مند سے بحر
خاک میں وہ چار بالشت حکومت مل گیا
چار تختوں کے تلے دار اہے کیکاؤس ہے
چار بند دف۔ اسم مذکر، پیٹھ کے چاروں جوڑ۔ پیٹھ کا نیچے اُوپر دائیں بائیں کا حصہ۔ تعلقات دینا دی سے بھی مراد ہے
چار بند کی فصیدیں لینا : وہ فصد لینا جس میں پشت کے چاروں طرف کی رگوں کا خون نکل جائے۔
چار بیتی : رُباعی۔
چار بیسی دعو، جیسے یہ آم چار بیسی ہیں۔ اسّی
چار پارچے کا خلعت ، وہ خلعت جس میں چار قیمتی کپڑے دئے جائیں۔
چار پاپخ دُور۔ اسم مذکر، عذر۔ حیلہ۔ حجت۔ (لانا اور کرنا کے ساتھ مستعمل ہے۔
چار پایہ دف۔ اسم مذکر، چار پاؤں والا جانور۔ ڈنگر۔ ڈھور۔
چار پائی دُور۔ اسم مؤنث، منجی۔ کھاٹ۔ پلنگڑی۔ جنازہ۔ لاتھی۔ لاش۔ نعش زخمی۔ گھائل۔ مجروح۔
چار پائی پر پڑنا دو، فعل۔ بیمار ہونا۔ صاحب۔ فراش ہونا۔ چار پائی پر لیٹنا۔
چار اُنگلیاں سر پر نہ رکھنا ، سلام تک نہ کرنا۔ سلام نہ کرنا۔
چار پائی والا ، کھٹمل۔
چار پہر دن ، (رات، پھر دن (رات)
چار پائی سے بیٹھ لگ جانا یا۔ لگنا ار۔ محاورہ، حالت بیماری میں کھاٹ پر پڑے پڑے پیٹھ میں زخم ہو جانا۔ سخت بیماری میں مبتلا ہونا۔
چار پائی کے بان توڑنا : ہر وقت پلنگ پر پڑے رہنا۔ کاہل اور سست ہونا۔
چار پائی میں کان نکل جانا۔ یا۔ نکلنا ار۔ محاورہ، چار پائی کا اونچا نیچا ہو جانا۔ بھیگ کر چار پائی میں خم آجانا۔
چار پیر دف۔ اسم مذکر، زاہدوں کے سلسلے کے چار بانی بزرگ۔ یعنی امام حسنؓ۔ امام حسینؓ۔ حسن بصریؒ۔ بکیل ابن زیاد۔
چار پیسے دُور۔ اسم مذکر، دولت۔ روپیہ۔ زر۔
چار پیسے والا ، مالدار۔
چار پیسے کے لئے ، معمولی زخم کے لئے۔
چار تار دُور۔ اسم مذکر، چند جوڑے۔ چار کپڑے۔ چار گنے۔ چند زیور۔
چار تال دُو۔ اسم مذکر، چوتالہ۔ طبلہ کے ساز میں ایک تال کا نام۔
چار تخم دُور۔ اسم مذکر، خرفہ۔ اسپغول۔ بالنگو۔ اور تخم ریحان سے مراد ہے۔
چار تکبیر ار۔ اسم مذکر، نماز جنازہ جو مسلمان مردے پر پڑھی جاتی ہے۔
چار تک ، چار قدم۔
چار ٹوک دُور۔ اسم مذکر، چوکھنڈا۔ چار ٹکڑے والا۔ چار پھانک۔
چار جامہ دف۔ اسم مذکر، زین کی طرح گدی دار پوشش جو گھوڑے پر ڈالکر سوار ہونے کے کام آتی ہے۔
چار جامہ کسنا ، گھوڑے پر زین رکھنا۔ کسی کام کے لئے مستعد اور لیس ہونا۔

چار جائی ؛ فاحشہ عورت۔ کسبی۔

چار چالے (اُر) اسم مذکر) بیاہ کے بعد دولھا دلہن کے رشتہ داران کو ایک ایک مرتبہ گھر بلاتے ہیں اس رسم کو چار چالے کہتے ہیں۔

چار چاند لگانا (اُر۔ محاورہ) مرتبہ اور عزت بڑھانا۔ دوبالا رونق دینا۔ آنکھوں پر بٹھانا۔

چار چاند لگنا (اُر۔ محاورہ) عزت اور مرتبہ بڑھنا۔ توقیر زیادہ ہونا۔ عالی رتبہ ہونا۔ حسن کا دوبالا ہونا۔

چار چشم (دُر۔ اسم صفت) بے مروت۔ گستاخ۔ بے وفا۔ طوطا چشم۔

چار چوٹ کی مار (دُر۔ اسم مؤنث) (عو) ضرب شدید۔ لکڑی۔ لاٹ۔ مکّے۔ دھپّے کی مار۔ بہت سخت مارنا۔ ہاتھ پیر۔ لکڑی کوڑے سے مارنا۔

چار حرف بھیجنا (اُر۔ محاورہ) تعدی۔ لعنت بھیجنا۔ بیزاری ظاہر کرنا۔

چار خانہ (ف۔ اسم مذکر) ایک قسم کے کپڑے کا نام۔ لکیر دار کپڑا جس کی لکیروں سے چار خانے پیدا ہوں۔

چار دانت (د) چوپایوں کی عمر شباب سے مراد ہوتی ہے۔

چار دانگ (ف) چاروں طرف۔ مجازاً تمام عالم۔ ساری دنیا۔ اکثر دنیا کی صفت میں زیادتی اور تاکید کے لئے ہیں۔

چار دن (دُر۔ اسم صفت) چند روز۔ تھوڑے دن۔

چار دن کی بادشاہت ؛ چند روزہ عیش یا بہار۔

چار دن کی بہار (اُر۔ محاورہ) تھوڑے دنوں کی رونق۔ ناپائدار چیز۔ ناپائدار حسن۔ ناپائداری۔

چار دن کی چاندنی (اُر۔ محاورہ) چند یوم کی خوشی اور خرمی۔ چند دن کی دولت۔ چند روزہ عیش و آرام ناپائدار حسن۔

چار دن کی چاندی پھر اندھیری رات (دُر۔ مثل) چند روز کا عیش اور پھر وہی مصیبت۔ چند روزہ آرام اور پھر وہی تکلیف۔ جیسے چاندنی چند راتیں پھر اندھیرا ہو جاتا ہے اسی طرح عیش و آرام بھی ناپائدار ہے۔

چار دہ ؛ چودہ۔ پندرہ سے ایک کم۔

چار درہم ؛ چودہ۔

چار دہ معصوم ؛ فرقہ امامیہ کے عقیدے مطابق رسول کریمؐ حضرت فاطمہؑ اور بارہ امام جو گناہ اور عیب سے بری ہیں۔ ؎ جرأت

جرأت کا حال خلق کو معلوم ہو گیا
چاروں پہ لطف چاردہ معصوم ہو گیا

چار دیوار (مذ) کسی رقبے یا احاطے کے چاروں طرف کی دیواریں۔

چار دیواری (دُر۔ اسم مؤنث) شہر کی فصیل۔ گھر کا احاطہ۔ شہر پناہ۔

چار زانو بیٹھنا (دُر۔ فعل) آلتی پالتی مار کر بیٹھنا۔ میز نشست سے بیٹھنا

چار لیست ؛ وہ چار چار مصرعوں کے بند کی نظم جس میں سوز شن، فراق کے مضامین عموماً ہوتے ہیں اور باغوں میں بجا کر گائی جاتی ہے

چار سالہ (ف۔ اسم مذکر) چار برس کی عمر کا جانور۔ چار دانت کا جانور۔

چار سو بیس (مو) جعل سازی۔

چار شنبہ (ف۔ اسم ظرف) بدھ وار۔ بدھ کا دن۔ یوم عطارد۔ اربعاء۔

چار ضرب (ع۔ اسم مذکر) صوفیائے کرام کے ایک ذکر کا نام ہے ڈاڑھی مونچھوں سر اور بھوؤں کے بالوں کا کٹوا دینا۔ چار ابرو کا صفایا۔ نہایت ہوشیار اور چالاک آدمی۔

چار طرف (ع۔ اسم مذکر) چار دانگ۔ چار سُو۔ ہر طرف۔ ہر جانب۔

چار طوفان (ع۔ اسم مذکر) وہ چار مشہور طوفان جو چار پیغمبروں کی اُمت پر اُن کی بد دعا سے نازل ہوئے۔

چار عنصر (ع) موجودات عالم کے چار اصل اجزا۔ آگ۔ ہوا۔ مٹی پانی۔

چار قدم (ف۔ ا۔ مذ) تھوڑا فاصلہ۔ بہت نزدیک۔

چار قل (ع۔ اسم مذکر) قرآن شریف کے آخری پارے کی چار سورتیں۔ جو قل کے لفظ سے شروع ہوتی ہیں یعنی سورۂ کافرون۔ سورۂ اخلاص۔ سورۂ خلق اور سورۂ ناس۔

چار کھونٹ (دُر۔ اسم مؤنث) چار طرف۔ چار سُو۔ ہر جانب۔ ہر طرف۔

چار کانے (دُر۔ اسم مذکر) چوسر بازوں کی اصطلاح۔ یعنی ایک نرد کے دو نقطے باقی دو کا ایک ایک نقطہ داؤں میں آنا۔

چار کے کاندھے پر جانا۔ یا۔ چڑھنا (اُر۔ محاورہ) مرنا۔ جنازہ نکلنا۔ ارتھی پر جانا۔ مرنے کے بعد چار آدمیوں کے کندھے پر جانا۔

چار گام۔ یا۔ چار گامہ (ف) تیز رفتار گھوڑا اسپ بادرفتار۔

چار گرد سے کا آدمی ؛ جھوٹ۔ بہادر۔

چار گنا ؛ چوگنا۔

چار مذہب (مذ) اہل سنّت و جماعت کے چار فرقے حنفی۔ حنبلی۔ شافعی۔ مالکی

چار مغز (ف۔ اسم مذکر) تربوز۔ خربوزہ۔ خیارین اور کدو کے مغزوں کو کہتے ہیں جو اکثر دواؤں اور ٹھنڈائیوں میں استعمال کئے جاتے ہیں۔

چار منزل (ع۔ اسم مؤنث) صوفیوں کی اصطلاح میں قربِ الٰہی کے چار درجے شریعت۔ طریقت۔ حقیقت اور معرفت۔

چار موج یا چار موجہ ؛ چوطرفہ سیلاب۔ بادر۔

چار میخا کرنا (ف۔ محاورہ) چاروں ہاتھ پاؤں باندھ کر سزا دینا۔ دونو ہاتھوں اور دونوں پاؤں میں میخیں گاڑ کر سزا دینا۔

چار میں بیٹھنا ؛ محفل میں عزیزوں میں بیٹھنا۔

چار میں رسوا کرنا یا ہونا ؛ عزیزوں میں ذلیل کرنا یا ہونا۔

چارپا (دُر۔ اسم مذکر) چوپایہ۔ بیل۔ اُونٹ۔ گھوڑا وغیرہ۔ کمہار گدھے کو کہتے ہیں۔

چار ہاتھ پاؤں (دُر۔ اسم مذکر) دونو ہاتھ اور دونو پاؤں۔

چار ہاتھ پاؤں ؛ قوت و امکان آخیر ہونا۔ جیسے تمہارے بھی تو چار ہاتھ پاؤں ہیں۔ کما کھاؤ۔

چار ہاتھ جگہ۔ یا۔ زمین (دُر۔ اسم مؤنث) قبر۔ دفن ہونے کی جگہ۔ تھوڑی سی زمین۔

چار ہاتھ ؛ اندازے کی پیمائش ظاہر کرنا۔

چار میں ہانڈی پکنا ؛ راز کھل جانا۔ بات پرچہ میگوئیاں ہونا۔

چار ہاتھ پاؤں سب کے ہیں ؛ قوت پر گھمنڈ کرنے والے کے جواب میں۔

چار ہاتھ کی زبان ہونا ؛ زبان دراز ہونا۔

چاروں چولوں سے برابر ہونا ؛ ہر لحاظ سے ٹھیک اور بہت موٹا ہونا۔

چاروں خانے چت ہونا (ا ر۔ مقولہ) شکست کھانا۔ پوری طرح پچھڑ جانا
چارمت: علم موسیقی کے چار بڑے ارکان۔
چار یار دف۔ اسم مذکر) حضرت رسول کریمؐ کے چار مصاحب یا چار خلیفہ یعنی حضرت ابوبکرؓ۔ حضرت عمرؓ۔ حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ مجازاً چند اصحاب۔ چند دوست۔
چاریاری دف۔ اسم مذکر۔ بیائے فاعلیت) چار یاروں کو ماننے والا فرقہ یعنی سنی۔ اہل سنت والجماعت۔ کلہ کا روپیہ جو اکبر اور جہانگیر کے وقت میں بنا تھا۔ (بیائے مصدری) اسم مؤنث۔ دوستی ہونا۔ مصاحبت۔
چارا دہ۔ اسم مذکر) گھاس۔ کربی چری وغیرہ جو جانوروں کو کھلاتے ہیں۔
چارج (انگ۔ مو۔ Charge) سپردگی سامان۔ جو تحویل میں ہو۔
چارج دینا۔ یا۔ لینا: وہ سامان جو سپردگی میں دے دینا یا لینا۔
چارج کرنا یا۔ ہونا: آگے بڑھنا۔ حملہ کرنا۔
چارنا چار دف۔ تابع فعل) مجبوراً۔ زبردستی۔ جبراً قہراً۔
چاروں (دہ۔ اسم صنعت) مفید استغراق۔ ہر چہار۔ چار کے چار۔
چاروں خانے چت گرنا (دہ) اس طرح گرنا۔ کہ دونو ہاتھ اور پاؤں برابر پھیل جائیں۔ حیران و ششدر رہ جانا۔ بالکل پچھڑ جانا۔ بحث میں بند ہونا۔ یا ہار جانا۔
چارہ دف۔ اسم مذکر) تدبیر۔ علاج۔ مدد۔ تجویز۔ درستی۔ بہتری۔ بھلائی۔ صلاح۔ نیز وہ گھاس وغیرہ جو جانوروں کے لئے بنائی جائے۔
چارہ جوئی دف۔ اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) علاج چاہنا۔ فریاد۔ نالش۔ استغاثہ کرنا۔
چارہ ساز دف۔ اسم مذکر۔ بترکیب فاعلی) کام بنانے والا۔ کام درست کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ۔ حکیم۔ معالج۔ طبیب۔ بید۔
چارہ سازی۔ یا۔ **چارہ گری** دف اسم مؤنث بیائے مصدری) علاج تدبیر۔ تجویز۔ مدد۔
چاشت دف۔ اسم مذکر ظرف) پہر دن چڑھے کا وقت سورج نکلنے اور دوپہر کے درمیان کا وقت۔ حاضری۔ صبح کا کھانا۔ ناشتہ۔
چاشنی دف۔ اسم مؤنث) ذائقہ۔ مزہ۔ سواد۔ شربت کا تار پت۔ قوام۔ تھوڑی سی ملاوٹ۔ مٹھاس کے اندر کی کھٹاس۔ چکھنے کے قابل چیز۔
چاشنی دار کھٹ مٹھا۔
چاشنی گیر دف۔ اسم مذکر۔ بترکیب فاعلی) داروغۂ باورچی خانہ۔ خانساماں۔ بکاول۔
چاق (ت۔ اسم صفت) مضبوط۔ توانا۔ تندرست و چالاک۔ ہوشیار۔
چاق چوبند (دگر۔ اسم صفت) آٹھوں گانٹھ کمیت۔ مضبوط۔ موٹا۔ تازہ۔ توانا۔ چست و چالاک۔ تندرست۔ بھلا چنگا۔ پھرتیلا۔
چاقو دف۔ اسم مذکر) آلہ۔ چھوٹی سی بند ہونے والی چھری۔ قلم تراش۔
چاک دف۔ اسم صفت) پھٹا ہوا۔ تراشیدہ۔ کٹا ہوا۔ چرا ہوا۔ دریدہ۔ (اسم مذکر) آستین یا دامن کا کھلا ہوا حصہ۔

چاک کرنا (دگر۔ فعل) چیرنا۔ دریدہ کرنا۔ پھاڑنا۔ پرزے کرنا۔
چاک (ہ۔ اسم مذکر) آلۂ کمہار کا چرخ جس پر وہ برتن بناتے ہیں۔ کنوے کی چرخی مصری جمانے کا گول برتن۔ گڑ بنانے کا کچی مٹی کا گول برتن۔ کواڑ کی درز کھلیان پر چھاپا لگانے کا آلہ۔
چاک کی طرح پھرنا (دگر۔ محاورہ) چرخ کی طرح گردش کرنا۔ بہت پھرنا۔ گھومنا۔
چاک دینا: پھاڑنا۔ چیرنا۔ ٹکڑے کرنا۔
چاک کی طرح پھرنا: گھومنا۔ گردش کرنا۔
چاک (Chalk۔ اسم مؤنث) کھریا۔ کھریا مٹی۔
چاکر دف۔ اسم مذکر) نوکر کا نوکر۔ مجازاً نوکر۔ ملازم۔ خدمت گار۔ اہل کار۔
چاکری دف۔ اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) ملازمت۔ نوکری۔ خدمت گاری۔
چاکری میں آکری کیا (دہ۔ مثل) نوکری میں غرور اور اکڑ نہیں چلتی۔
چاکسو (دہ۔ اسم مذکر) ایک دوائی کا نام۔ جو پیس کر آنکھوں میں ڈالی جاتی ہے۔
چاکلیٹ (انگ۔ مذ۔ Chocolate) ایک قسم کی انگریزی مٹھائی جو بچے اور عورتیں بہت کھاتے ہیں۔ عام طور پر اس کا رنگ کتھی ہوتا ہے۔
چاکی (دہ۔ اسم مؤنث) پٹہ بازوں کی اصطلاح میں اس ضرب کو کہتے ہیں کہ حریف کے سر پر گتکا پھرا کر خالی جگہ پر مارتے ہیں۔ چکی۔ آسیا۔
چال (دہ۔ اسم مؤنث) رفتار۔ روش۔ رویہ۔ طور۔ طرز۔ چوسر یا شطرنج کے مہروں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کو بھی چال ہی کہتے ہیں۔ دھوکا۔ فریب۔ عادت۔ بھاؤ۔ گھوڑے کی رفتار۔
چال اڑانا: انداز کی نقل اتارنا۔
چال باز: عیار۔ فریبی۔ چالاک۔ ہوشیار۔
چال بازی (مو) عیاری۔ چالاکی۔ فریب۔
چال بتانا: فریب دینا۔
چال پڑنا۔ یا۔ **پڑ جانا** (دہ۔ محاورہ) دھوکا یا فریب کارگر ہو جانا۔ تدبیر بن پڑنا۔
چال چوکنا: تدبیر بھولنا۔ غلطی کرنا۔ تدبیر میں۔
چال چلن (دہ۔ اسم مذکر) حاصل مصدر۔ عادت۔ بھاؤ۔ طریقہ۔ روش۔ طرز۔ انداز۔
چال چلنا (دہ۔ محاورہ) فریب دینا۔ برتاؤ کرنا۔ پیش آنا۔ سلوک کرنا۔
چال دکھانا (دہ۔ محاورہ) قدم دکھانا۔ روانہ ہونا۔ چلنا۔ گھوڑی وغیرہ کا تیز چلنا۔
چال ڈھال (دہ۔ اسم مذکر) طرز و طریقہ روش۔ گفتار و کردار۔
چال میں آنا: جھانسے میں پھنسنا۔ دھوکے میں آنا۔
چالا (دہ۔ اسم مذکر) رخصت۔ روانگی۔ نئی دولھن کا سسرال سے پہلی دفعہ یکے میں جانا۔ مہورت۔ رجال الغیب کے حساب سے سفر کرنے کا اچھا دن۔
چالا دیکھنا (ہ۔ محاورہ) مہورت دیکھنا۔ نجوم کی رو سے وقت سفر مقرر کرنا۔
چالاک دف۔ اسم صفت) پھرتی باز۔ کام میں ہوشیار۔ جلد باز۔ تیز رفتار۔

عیار۔ مکار۔ فریبی۔ دھوکے باز۔ ذہین۔

چالاکی (مو) ہوشیاری۔ جلدبازی۔ تیزی۔

چالاکی کرنا (اُ۔ محاورہ) عیاری یا بدیانتی کرنا۔ دھوکا دینا۔ فریب کرنا۔

چالان (ہ۔ اسم مذکر) بھیجی ہوئی چیزوں کی فہرست۔ رسید۔ روپے کی رسید۔ پرچک۔ ملزم کو سپاہیوں کے ہمراہ حاکم کے پاس بھیجنا کسی شخص کے جرم کی معمولی دیکھ بھال کے بعد پولیس کا اسے عدالت سپرد کرنا۔ راہداری کا پروانہ۔ روئداد۔ ایک محکمہ سے دوسرے محکمہ کو روانگی۔

چالی (ہ۔ مو) بانس کی تیلیوں کا ٹھاٹھر۔ گھوڑے کا زین۔ شریر۔ چال باز۔ نیز بمبئی میں منزل عمارت کے معنی ہیں شریہ۔

چالیا (ہ۔ اسم صفت۔ ترکیب فاعلی) چال کرنے والا۔ فریبی۔ چالباز۔ دھوکے باز۔

چالیس (ہ) اسم عدد۔ چل۔ ۴۰۔ ۴۰

چالیس سیر (ہ۔ اسم مذکر) تیس اور دس۔ ایک من۔ (متروک)

چالیس سیرا (ہ۔ اسم صفت۔ ترکیب فاعلی) پورا۔ ٹھیک چالیس سال کے یعنی ۱۹۴۰ء بکرمی کا قحط۔ بھاری۔ وزنی۔ درست۔

چالیس سیرا اوت (ہ۔ اسم صفت) نہایت بے وقوف۔ بالکل احمق۔ پورا احمق۔

چالیس سیری تول (ہ) پوری تول۔ من کا پورا وزن۔

چالیسا (ہ۔ اسم مذکر۔ فاعل) چالیس برس کی عمر کا۔ چالیس پہلوانوں کو پچھاڑنے والا جوان ۱۹۴۰ء بکرمی کا قحط۔ چالیس دوائیوں کے ایک مشہور چورن کا نام۔

چالیسواں (ہ۔ اسم صفت ترتیبی) وہ شے جس پر چالیس کی گنتی ختم ہو۔ چہلم۔ مردے کے سوا مہینے کی فاتحہ۔ منسوب بہ چالیس۔ حضرت امام حسینؓ کا چہلم جو ۲۰ صفر کو ہر سال فرقہ امامیہ مناتا ہے۔

چام (ہ۔ اسم مذکر) چمڑا۔ کھال۔

چام پیارا نہیں کام پیارا ہے (ہ۔ کہاوت) خوبصورتی کی نسبت کام کی زیادہ قدر ہے۔

چام کے دام (ہ۔ اسم مذکر) چمڑے کا روپیہ۔ نظام سقہ کے سونے کی کیل والے چمڑے کے روپیہ کی طرف اشارہ ہے جو اس نے ہمایوں بادشاہ کو بچانے کے صلہ میں نصف روز کی حکومت میں رائج کیا تھا۔

چام کے دام چلانا (محاورہ) نہایت جبر و زبردستی کرنا۔

چانپ (ہ۔ اسم مؤنث) بندوق کا وہ حصہ جس کے ذریعہ سے کندہ اور نال باہم ملے ہوتے ہیں مصنوعی دانتوں کی کمانی۔ کمان۔ شکنجہ۔

چانپیں چڑھانا ایک قسم کی سزا جس میں بندوق کی چانپیں مجرم کے کان میں لٹکا دیتے ہیں۔

چانٹا (ہ۔ اسم مذکر) طمانچہ۔ تھپڑ۔ دھول۔

چاند (ہ۔ اسم مذکر) ماہ۔ ماہتاب۔ قمر۔ ڈھال کی پھلی۔ مہینا۔ جیسے صفر کا چاند ختم ہو گیا۔ مہینے کا آخیر دن۔ ہلال نما زیور کا نام۔ تاج بمٹ۔ پیارا خوبصورت بیٹا۔ حیوانات کی پیشانی کا سفید ٹیکا۔ نشانہ۔ ہدف۔ چاند تاری کا نشان (خوبصورت اسم مؤنث) چندیا کا گھوپڑی۔

چاند بھر (ا پورا مہینہ۔

چاند بھر جانا مہینہ ختم ہونا۔

چاند پر خاک ڈالے نہیں پڑتی (ہ۔ مثل) اچھوں کو کلنگ نہیں لگ سکتا۔ بھلے آدمی برے نہیں ہو سکتے۔ ہنر چھپائے سے نہیں چھپتا۔

چاند تارا (ہ۔ اسم مذکر) پھولدار سلمہ۔ ایک قسم کا کنکوا جس پر رنگین کاغذ کا چاند اور ستارے بنا کر چپکا دیتے ہیں۔ ایک قسم کا زیور پاکستانی جھنڈے کا نشان۔ عورتوں کا ایک زیور جو وہ ماتھے پر لگاتی ہیں

چاند چڑھنا (ہ۔ محاورہ) چاند کا بلند ہونا۔ طلوع ماہ کا ہونا۔ ہلال کی نمود ہونی۔ عزۃ نظر آنا۔ ایام حیض کا مہینہ گزر جانا۔ حمل ٹھہرنے کی علامت ہونا۔ طنزاً بڑی غلطی یا چوک ہو جانا۔ مہینے کی تنخواہ چڑھنا۔

چاند چڑھے کل عالم دیکھے (ہ۔ مثل) ظاہر بات تمام دنیا پر روشن ہو جاتی ہے۔ ظاہر بات چھپ نہیں سکتی۔

چاند رات (ہ۔ اسم مؤنث) شب ماہ۔ شب ہلال۔ نیا چاند نمودار ہونے کی رات۔

چاند سا مکھڑا۔ چاند سی صورت (ہ۔ اسم صفت) چاند سا منہ نہایت خوبصورت چہرہ۔

چاند سورج (ہ۔ اسم مذکر) سونے یا چاندی کے ایک زیور کا نام ہے۔ جو سورج اور چاند کی شکل کا بنا کر عورتیں چوٹی میں لٹکا لیتی ہیں۔

چاند کا ٹکڑا (ہ۔ اسم مذکر) مہ پارہ۔ نہایت جمیل و شکیل آدمی۔

چاند کا کنڈل بیٹھنا۔ چاند کا کنڈل مارنا (محاورہ) چاند کا اپنے گرد اگرد ہالہ بنانا۔ ماہ کا ہالہ نشیں ہونا۔ بارش ہونے کی علامت۔

چاند کا کھیت کرنا (ہ۔ محاورہ) طلوع ماہ ہونا۔ چاند کا افق سے نکلنا۔ چاند ابھرنا۔ چاند کی روشنی کا خوب نمایاں ہونا۔

چاند کدھر سے نکلا جب کوئی عزیز یا دوست اچانک آجائے۔

چاند کو گہن لگنا (محاورہ) خسوف ماہ ہونا۔ چاند اور سورج کے بیچ میں زمین کا آجانا۔ حسن کو عیب لگنا۔ بہت خوبیوں کے ساتھ کوئی عیب بھی ہونا۔ خوبصورت کا بدصورت سے پالا پڑنا۔

چاند گرہن۔ یا۔ چاند گہن (ہ۔ اسم مذکر) خسوف۔ چاند اور سورج کے درمیان جب زمین کا کرہ آپڑتا ہے۔ تو چاند پر زمین کا سایہ آجانے کے باعث چاند بالکل سیاہ ہو جاتا ہے۔ یہی گرہن ہے۔

چاند ماری (ہ۔ اسم مؤنث) نشانہ بازی۔ ہدف نشانہ۔ نشانہ کی مشق۔

چاندن (مو) چاندنی رات کے پندرہ دن۔

چاندنا۔ یا۔ چاننا (ہ۔ اسم مذکر) دن چڑھنا۔ روشنی کا نمایاں ہونا۔ اُجالا پاکھ۔ رونق۔ زیبائش۔ سفید بازوں والا کبوتر۔ ہر رنگ کا کبوتر جس کا گردن اور سینہ سفید ہو اور پر بھی کچھ سفید ہوں۔

چاندنا (ہ۔ فعل) مال و اسباب سب لے جانا۔ کچھ باقی نہ چھوڑنا۔

چاندنا۔ یا۔ چاننا ہو جانا (ہ۔ محاورہ) رونق ہو جانا۔ اُجالا ہونا۔ روشنی کا نمودار ہو جانا۔ گھر کا بالکل مٹ جانا۔ دماغی چوٹ سے آنکھوں کے آگے تارے چھوٹنا۔ آنکھوں میں گم شدہ بینائی کا واپس آجانا۔

چاندنی۔ یا۔ چاننی (ہ۔ اسم مؤنث) چاند کی روشنی۔ ایک قسم کے سفید پھول کا نام۔ سفید فرش۔ دری کے اوپر بچھانے کی سفید چادر۔

چاندنی اترنا چاند کی روشنی کا بلندی سے اتر کر پستی کی طرف آنا۔

چاندنی چوک (ہ) - اسم مذکر ظرف، دہلی ایک مشہور بارونق بازار کا نام۔
چاندنی چھٹکنا (ہ - محاورہ) چاندکی روشنی کا پھیلنا۔ چاندنی کھلنا۔
چاندنی دیکھنا (ہ - محاورہ) چاندنی رات کی سیر کرنا۔ باغ دریا کی سیر کو چاندنی رات میں نکلنا۔
چاندنی رات (ہ) - اسم مؤنث، شبِ ماہتاب وہ رات جس میں تمام رات چاند کی روشنی رہے۔
چاندنی کا اثر: زخم ہرا رہنا۔ زخم کا اچھا نہ ہونا ؎ ناسخ

آگیا ہے رات کیا وہ ماہ کامل خواب میں
چاندنی کا ہے اثر زخم دل بیتاب میں

چاندنی کا پھول (مذ) ایک قسم کا سفید پھول۔
چاندنی کا کھیت کرنا (اُر - محاورہ) چاندنی کا زمین پر پھیلنا۔ ہر طرف چاندنی کا پھیلنا۔ چاندنی کی چادر بچھنا۔
چاندنی مارنا - یا - مرجانا (اُر - محاورہ) چاندی کا اثر ہونا۔ چاندنی کے اثر سے فالج ہو جانے یا جھولا مارنے کو بھی کہتے ہیں (چاندنی کی مرطوب ہوا کے باعث آدمی یا گھوڑے وغیرہ کا زخم دیر میں مندمل ہوتا ہے ؎ ممنون

چاندنی مار گئی جو دل مجروح کو رات
عکس انداز یہ کس کا رخ پرنور ہوا

چاندہ (ہ) - اسم مذکر، چھپر کا پاکھا۔ پیمایش کا وہ خاص مقام جس کے ذریعہ سے حد بندی کی جاتی ہے۔ بھارت کے ایک شہر کا نام۔
چاندی (ہ) - اسم مؤنث، سیم۔ نقرہ۔ رویا۔ زیور اور روپیہ وغیرہ بنانے کی دھات۔ مال دولت۔ دھن دولت۔ نفع۔ فائدہ۔ بہت کامیابی
چاندی خانہ (ہ - اسم مذکر - ظرف) امیروں کے گھروں میں سناروں کے زیور بنانے کی جگہ۔
چاندی کا پہرا (ہ) - اسم مذکر، اقبال مندی کا زمانہ۔ دھن دولت کا زمانہ۔
چاندی کا تار (ہ - اسم مذکر) تحقیراً چاندی کا زیور۔ وہ تار جو چاندی سے کھینچا جاتا ہے۔ حقارتاً نقرئی زیور۔
چاندی کا جوتا - یا - جوتی مارنا (ہ - محاورہ)۔ روپیہ کے زور سے کسی کو شرمندہ کر دینا۔
چاندی کا ورق (ہ) - اسم مذکر، چاندی کا نہایت ہی باریک پترا جو اکثر کھانے کی چیزوں پر لگاتے ہیں۔
چاندی کر دینا (ہ - محاورہ)۔ تمباکو کا دم لگا کر اس کو بالکل راکھ کر دینا۔ سُلفہ کو اس طرح کھینچنا کہ بالکل راکھ ہو جائے۔
چاندنی کی جوتی (مو) رنتوت۔
چاندی کی ریت نہیں، سونے کی توفیق نہیں (ہ - مثل)، نہ یہ کر سکتے ہیں نہ وہ۔ ہر طرح مجبور ہیں، کچھ نہ دینے کے بہانے۔ کچھ نہیں دیں گے۔
چاندی ہونا (ہ - محاورہ)۔ جل کر راکھ ہو جانا۔ کامیابی ہونا۔ گھر سے ہونا۔ بہت فائدہ ہونا۔
چانڈو (ہ) چنڈو۔
چانس (انگ - مذ) تاش کے پتوں کا ایک کھیل۔ Chance

چانس (انگ Chance) - نمبر موقع درباری۔ اتفاق۔ امکان۔ احتمال
چانسلر Chancellor - اسم مذکر، یونیورسٹی کا اعلیٰ عہدہ دار۔
چانک (ہ) اسم مذکر، چاک۔ تھاپ۔ اناج پر ٹھپا لگانے کی لکڑی۔ جھاڑا پھونکنی کا حلقہ کھینچنا جو درد کے چاروں طرف ہوتا ہے۔
چانگلا (ہ - اسم صفت) توانا۔ بھلا چنگا۔ طاقتور۔ ہوشیار۔ تیز۔ چالاک۔ خوشحال۔ گھوڑے کے ایک رنگ کا نام۔
چانول - یا - چاول (ہ) - اسم مذکر، کسی چھلکے دار تخم کا مغز۔ برنج جو ایک طرح کا سفید رنگ کا غلہ ہوتا ہے۔ گری مغز۔ جیسے کنگنی کے چاول رتی کا آٹھواں حصہ۔
چاول چبوانا، مشتبہ لوگوں سے چوری کا مال برآمد کرانے کی ترکیب۔ (ایسے لوگوں کو کچھ پڑھ کر چاول چبواتے ہیں۔ اور اُن سے کہتے تھے کہ چوری کی ہے تو منہ سے چوری کا آٹا اُڑنے لگے گا۔
چاؤ (ہ) اسم مذکر (عورتیں) لاڈ۔ پیار۔ محبت۔ اُلفت۔ خوشی۔ شوق۔ تمنا۔ آرزو۔ تازہ۔ نخرہ۔ ارمان۔
چاؤ چوچلا (ہ) - اسم مذکر، لاڈ۔ پیار۔ ناز و نخرہ۔
چاؤ میں آنا، بہت خوش ہونا۔ مزے میں آنا۔
چاؤ نکالنا (ہ - محاورہ) ولولہ پورا کرنا۔ حسرت پوری کرنا۔ ارمان نکالنا۔
چاؤش (ت) نقیب۔ چوبدار ؎ انیس

چاؤش یہ دیتے تھے صدا دبدم آگے
سربازو بڑھے جاؤ قدم با قدم آگے

چاؤں چاؤں (دُور - اسم مؤنث) بیفائدہ شور چاہیں چاہیں، چاں چاں
چاؤں چاؤں کر کے پیچھے پڑنا (محاورہ)۔ شور و غل مچا کر درپے ہونا۔
چاہ (ف) - اسم مذکر ظرف، کنواں۔ گڑھا۔ غار۔ جیسے چاہ ذنخب۔
چاہِ بابل (ف) - اسم مذکر، شہر بابل کا کنواں جس میں کہتے ہیں کہ ہاروت ماروت دو فرشتے قید ہیں۔ یہ شہر قدیم عراق میں تھا۔ اب برباد ہو چکا ہے
چاہِ رستم (ف) - اسم مذکر، وہ کنواں جسمیں رستم کو اسکے بھائی شغاد نے مکر و فریب سے گرا کر قتل کر دیا۔
چاہِ زیبا، مکر و فریب۔
چاہِ سیماب، پالے کی کان کے قریب ایک کنواں کھودتے ہیں جس میں پارہ جمع ہوتا ہے۔
چاہِ عبغب، وہ گڑھا جو بعض لوگوں کی باچھوں کے پاس پڑتا ہے یہ حسن سمجھا جاتا ہے۔
چاہِ ذقن - یا - چاہِ زنخداں (اسم مؤنث) ٹھوڑی کا گڑھا۔
چاہ کن را چاہ در پیش (ف - مثل) ستانے والا خود بھی ستایا جاتا ہے جیسا کرو گے ویسا بھرو گے۔
چاہ نخشب (ف) - اسم مذکر، حکیم عطا بن مقنع کا کنواں جس میں سے بزور سحر چاند نکالا تھا جو چار فرسنگ تک روشنی پہنچاتا تھا۔ نخشب ترکستان کا شہر ہے۔
چاہ یوسف - یا - چاہ کنعاں (ف) - اسم مذکر، وہ کنواں جس میں حضرت یوسفؑ کو ان کے بھائیوں نے گرایا تھا۔ نواح شام میں طبریہ کے قریب واقع ہے۔


چاول

چاہ (ہ) اسم مؤنث شوق۔ محبت۔ آرزو۔ خواہش۔ تمنا۔ ضرورت۔ طلب۔ دوستی۔ عشق۔ پیار۔ اُلفت۔

چاہت (مؤ) محبت۔ پیار۔ خواہش۔ عشق۔ طلب۔ رغبت۔

چاہت کی نوکری کیجے اُن چاہت کا نام نہ لیجے (ہ مثل قدر دان کی خدمت کرو اور بے قدروں کے پاس بھی نہ پھٹکو۔

چاہنا (ہ۔ فعل) خواہش کرنا۔ مانگنا۔ درخواست کرنا۔ پیار کرنا۔ اُلفت کرنا۔ دوستی کا طالب ہونا۔ قبول کرنا۔ پسند کرنا۔ مائل ہونا۔ رغبت کرنا۔

چاہنا (ہ۔ اسم مؤنث) حاصل مصدر کے معنی میں ہے خواہش۔ طلب۔ ضرورت۔ جیسے ہمیں اس کی چاہنا نہیں ہے۔

چاہنے کے نام سے گدھی کھیت کھانا چھوڑ دیتی ہے (جس سے عشق ہو اگر اسے عشق کا پتہ چل جائے تو غرور سے پیش آنے لگتا ہے۔

چاہو۔ یا۔ چاہے (ہ) حرف تردید خواہ خواہی۔ جیسا مرضی میں آئے۔

چاہی (ف۔ اسم مؤنث) بیائے فاعلیت ہو زمین جس کی آبپاشی کنوئیں سے ہوتی ہو۔

چاہے اِدھر کی دُنیا اُدھر ہو جائے (کتنا ہی انقلاب آجائے پرواہ نہیں۔

چاہے سو ہو (کچھ مانگے ملے جو ہو سو ہو۔

چاہتیا (مؤ۔ اسم صفت مذکر) لاڈلا۔ دلپسند۔ پیارا محبوب۔

چاہتی (ہ۔ اسم صفت۔ مؤنث) لاڈلی۔ پیاری۔ محبوبہ۔ دل پسند عورت۔

چاہے (ہ۔ اسم فعل) باید شاید۔ مطلوب ہے۔ واجب ہے۔ لازم ہے۔

چائے (ف۔ اسم مؤنث) ایک قسم کے درخت کے پتے جنہیں قہوے کی طرح اُبال کر پیتے ہیں۔

چائے دانی (مؤ۔ مؤنث) چائے ڈالنے والا برتن۔

چائے دانی

چائے پانی (مؤ۔ اسم مذکر) ہلکی یا معمولی ضیافت۔ صبح کے وقت کی انگریزوں کی دعوت۔ صبح کے وقت کی چائے اور معمولی ناشتہ۔

چائے پوچی (مؤ۔ اسم مؤنث) چائے پکانے کا برتن۔ چائے دانی۔

چائیں چائیں (مؤ۔ اسم مؤنث صوت) بیہودہ شور و غل۔ چڑیوں کی آواز۔ کائیں کائیں۔ بکواس (ہ۔ مو) بچوں کا کھیل۔ آپس میں ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر یا خود ہی دونوں ہاتھ پھیلا کر مسلسل چکر لگاتے ہیں۔

چ - ب

چبا چبا کر باتیں کرنا (محاورہ)۔ دانستہ طنز آمیز باتیں کرنا۔ طعنے مہنے دینا۔ تکلف کی باتیں کرنا۔ شیخی مارنا۔ غرور کے ساتھ اکڑ اکڑ باتیں کرنا۔

چبانا (ہ۔ فعل) دانتوں سے کسی چیز کو پیسنا۔ جگالنا۔ دانتوں سے کچلنا۔

چبا جانا (کھا جانا کہتے کہتے رک جانا۔ بات کا رُخ پلٹ جانا۔ سخت غذا کو دانتوں سے کچل ڈالنا۔

چبا ڈالنا (کاٹ کھانا۔

چبانا (ہ۔ فعل) چبھونا۔ کسی نوکدار چیز کو جسم میں گھسیڑنا۔

چبنا (فعل لازم۔

چبڑ چبڑ (ہ۔ اسم مؤنث) صوت کہ کے پانی یا دودھ وغیرہ چاٹنے کی آواز۔ بک بک۔ بکواس۔ یاوہ گوئی۔

چبڑ چبڑ باتیں کرنا (بے سوچے سمجھے گفتگو کرنا۔

چبک (ہ۔ اسم مؤنث) حاصل مصدر درد۔

چبکا (پیڑ۔ ہُول۔ ٹیس۔

چبکنا (ہ۔ فعل) ہُولیں اُٹھنا۔ ٹیس مارنا۔ زخم میں درد سخت ہونا۔

چبلا (ہ۔ اسم صفت) چھچھورا۔ مسخرا۔ کم عقل۔ بلّا۔ بے لیاقت۔ سفلہ۔ بے تمیز۔ طفلانہ باتیں کرنے والا۔

چبلاپن (ہ۔ اسم مؤنث) سفلہ پن۔ چھچھورپن۔ بچوں کی سی طبع۔ مسخرا پن۔

چبلی (مو) شریر۔ مسخری۔

چبھانا (ہ۔ چبھونا) کسی نوکدار کو جسم کے اندر گھسیڑنا۔

چبنا۔ یا۔ چبھنا (ہ۔ فعل) گڑنا۔ کسی نوکدار چیز کا جسم میں گڑ جانا۔ خلیدہ ہونا۔ کھٹکنا۔ دل پر اثر کرنا۔ دل کو لگنا۔ ناگوار گزرنا۔

چبنی (ہ۔ مو) وہ ہڈی جو چبائی جا سکے۔

چبنی ہڈی (ہ۔ اسم مؤنث) چبانے کے قابل ہڈی۔ کُرکُری ہڈی۔ بھربھری اور پتلی ہڈی۔

چبھن (ہ۔ مو) کھٹک۔ درد (ہونا)

چبھن بات (ایسی بات جو دوسرے کے دل میں ناگوار گزرے۔

چبھتی ہوئی (چبھتی بات۔

چبھونا۔ یا۔ چبونا (ہ۔ فعل) (دیکھو چبانا)

چبوترا (ہ) اسم مذکر۔ چوترا۔ اونچی جگہ خواہ مستطیل ہو یا مربع۔ بڑا تھانہ۔ کوتوالی۔

چبوڑ (ہ۔ اسم مؤنث) حجت۔ بیہودہ گو۔ بکواسی۔

چبینا (ہ۔ اسم مذکر) چبانے کے قابل غلہ۔ بھنا ہوا اناج۔ کوئی چیز جو چبائی جائے (مذ) وہ پیسے جو مزدوروں وغیرہ کو دوپہر کے وقت پینے وغیرہ چبانے کے لئے دئے جاتے ہیں۔

چبینی (ہ۔ اسم مذکر) خشک خوراک۔ وہ مٹھائی جو ہندوؤں میں براتیوں کو دولہا والوں کی طرف سے ناشتے کے طور پر دیا کرتے ہیں۔

چ - پ

چپ (ہ۔ اسم مؤنث) ہٹ۔ اصرار ضد۔ شرم۔ جھجک۔ ندامت۔

چپ (ف۔ اسم صفت) بائیں طرف۔ اُلٹے ہاتھ کی طرف۔ بایاں۔ اُلٹا۔

دو زنگا۔ (بصورت اسم مذکر) بایاں ہاتھ۔ اُلٹا ہاتھ۔ کھبا ہاتھ۔
چپ و راست (ف۔ اسم مذکر) دائیں بائیں۔ ادھر اُدھر۔
چپ (ہ۔ اسم مؤنث) حاصل مصدر۔ خاموشی۔ سکوت۔ مُنہ سے نہ بولنا۔ بہت کم بولنا (بحالت صفت) خاموش۔ گم صُم۔ گنگ۔ مُنہ سے نہ بولنے والا۔
چپ چاپ، یا چپ چپاتے (ہ۔ تابع فعل) آہستہ سے۔ خاموشی سے چپکے چپکے۔ خفیہ۔ پوشیدہ طور سے۔
چپ چپ، یا چپ گپ (ہ۔ اسم صفت) کم گو۔ خاموش۔ دم بستہ۔ (بصورت تاکید فعل) خاموش رہ مت بولو۔
چپ چھنال (ہ۔ کار عورت۔ مرتب عورت) خفیہ چھنالا کرنے والی۔
چپ سادھنا (ہ۔ فعل) خاموشی اختیار کرنا۔ کم گو ہو جانا۔
چپ ناندھنا ساکت ہونا۔ دم بخود ہونا۔
چپکا خاموش۔
چپکی (مو) خاموشی۔
چپ کرنا (ہ۔ فعل) بولنے سے روکنا۔ خاموش کرنا۔ چُپ ہونا۔
چپ کی داد خدا دیتا ہے (ضرب مثل) صبر کا اجر خدا سے مل جاتا ہے۔
چپ لگانا (ہ۔ محاورہ) سکوت اختیار کرنا۔ ساکت رہنا۔ بُت بنانا۔ دم بستہ کر دینا۔ دم بخود کر دینا۔
چپ ہونا (اُ۔ محاورہ) خاموش ہونا۔ جواب نہ بن پڑنا۔ بول نہ سکنا۔
چپا (ہ۔ اسم مذکر) چار اُنگل جتنا ناپ۔ چار اُنگل جگہ۔ ذرا سی جگہ۔ چار بالشت۔ چوڑی جگہ۔
چپا (ہ۔ مذ) کاغذ کا چھوٹا ٹکڑا۔ کاغذ کا چھوٹا سا پُرزہ۔
چپا بھر (ہ۔ تابع فعل) بہت تھوڑی سی جگہ۔
چپا چپا (ہ۔ تابع فعل) ذرا ذرا جگہ۔ گلی گلی۔ کوچہ کوچہ۔ ادنے سے ادنے جگہ۔
چپاتی (ہ۔ اسم مؤنث) نہایت پتلی روٹی کے زور سے بڑھائی جاتی ہے اور توے پر پکائی جاتی ہے۔
چپاتی ساپیٹ (ہ۔ اسم مذکر) کس سے لگا ہوا اور چپلا پیٹ۔
چپانا (ہ۔ فعل) شرمندہ کرنا۔ نادم کرنا۔ شرمانا۔ شرم دلانا۔
چپت (ہ۔ اسم مذکر) دھول۔ چانٹا۔ تھپڑ جو سر پر مارا جائے۔
چپت باز (ہ) چنٹی۔ لڑنے والی عورت۔
چپت دھرنا۔ لگانا۔ مارنا (ہ۔ فعل) تھپڑ مارنا۔ چانٹا لگانا۔
چپٹا (ہ) چوڑا چکلا پچکا اور بیٹھا ہوا۔ وہ شخص جس کی ناک بیٹھی ہوئی ہو بندوق کی گولی یا کوئی گول شے جو دباؤ سے چوڑی ہو گئی ہو۔
چپٹی (چپٹا کا مؤنث۔ تیز طبقازنی ایک عورت کا کوئی چیز عضو تناسل کی جگہ باندھ کر دوسری عورت سے جماع کرنا لڑنا اور کھیلنا کے ساتھ، اندر کو بیٹھی ہوئی چیز۔
چپٹنا (ہ۔ اسم صفت) چوڑا۔ چکلا۔ پہن بیٹھے ہوئے پیندے کا لپٹنا۔ چپکنا۔
چپٹانا (ہ) لپٹا لینا۔ چپکا دینا۔
چپچپا (ہ) چیپ دار۔ چپکنے والا۔ لیس دار۔

چپچپانا (ہ۔ فعل) لیسدار ہونا۔ چپکنا۔ چیپ دار ہونا۔
چپچپاہٹ (ہ۔ اسم مؤنث) حاصل مصدر۔ چیپ۔ لیس۔ چپک۔ لزوجت۔
چپخ سا منہ نکل آنا منہ کا سست جانا۔ بہت دُبلا ہو جانا۔
چپرا (ہ۔ اسم صفت) انکار کرنے والا۔ مکر جانے والا۔ زبردستی سے۔ خواہ مخواہ۔ دھینگا دھینگی سے۔ جیسے دیکھا بھالا تو کچی چپرا سیدھ ہو لے۔
چپراس (ف) سپاہی ہونے کا تمغہ جو پیتل میں کھدا ہوتا ہے اور پیٹی یا پٹکے میں لگایا جاتا ہے۔ چپ و راست یعنی امیروں کے دائیں بائیں رہنے والا سے جکڑا ہوا ہے، چوڑی دھجی۔
چپراسی (ہ۔ اسم مذکر۔ بسائے فاعلیت) چپراس والا۔ سپاہی۔ قاصد۔ ہرکارہ۔
چپرانا (ہ۔ فعل) جھٹلانا۔ جھوٹا بنانا۔ جھوٹا کرنا۔
چپرنا (ہ۔ فعل) ضد کرنا۔ کہیں جا کر نہ آنے کی ہٹ کرنا۔ اکڑ خاں بن جانا۔ خفیہ ہونا۔ پوشیدہ ہونا۔ چلے جانا۔
چپر مزاحم ہے زبردستی لپٹنا۔ ناحق دھینگا دھینگی کرتا ہے۔
چپڑ (ہ۔ اسم مؤنث) صاف شدہ لاکھ۔ لک۔ مغسول۔ عمدہ دھوئی سنواری لاکھ۔
چپڑا (ہ۔ اسم صفت) سیل کی بیماری والا۔ چندھا۔ وہ شخص جس کی آنکھوں میں ہر وقت کیچڑ بھری رہے۔
چپڑی (مو)
چپڑ چپڑ (ہ۔ اسم مؤنث صوت) کتے کے پانی وغیرہ پینے کی آواز۔
چپڑ خندی (اُ۔ اسم مؤنث) آوارہ گرد بازاری عورت۔ کمینی عورت۔ سفلی عورت۔ ہرزگرد۔
چپڑ غٹو (اُ۔ اسم صفت) بدمعاش۔ اسیر بلا۔ گرفتار آفت۔ غٹ پٹ۔ گتھم گتھا۔
چپڑ قناتیا (اُ۔ اسم صفت) کمینہ۔ سفلہ۔ آوارہ گرد۔ بیہودہ۔ عاشق بے زر۔ مفت خورہ۔ کنگال خوشامدی۔
چپڑنا (ہ۔ فعل) گھی لگانا۔ چرب کرنا۔ چکنا کرنا۔ روغن کرنا۔ پالش کرنا۔ عیب چھپانا۔ عیب پوشی۔ خوشامد کرنا۔
چپڑی (ہ۔ اسم مؤنث) صفت۔ گھی لگائی ہوئی روٹی۔ مُرغن روٹی۔ روغنی۔ وہ روٹی جس پر گھی چپڑا ہوا ہو۔
چپڑی اور دو دو (ہ۔ محاورہ) عمدہ چیز بھی اور زیادہ بھی کامیابی اور پھر عمدگی کے ساتھ اچھی اچھی اور بہت سی۔
چپڑی چکنی خوشامدانہ۔
چپقلش (ف۔ اسم مؤنث) جھگڑا۔ لڑائی۔ بکھیڑا۔ تکرار۔ راڑ۔ ٹنٹا۔ بک بک۔ جگہ کی تنگی۔ بھیڑ بھاڑ۔ ہجوم۔ انبوہ ؎ اختر

ایک تم اور لاکھ غمزۂ و ناز
بزم میں چپقلش بلا کی ہے

بعض لوگ اس کے لام پر فتحہ پڑتے ہیں ؎ داغ

ہوئی لوگوں میں چپقلش کیا کیا
رہی آپس میں کش مکش کیا کیا

چپکا (ہ۔ اسم صفت) خاموش۔ ساکت۔ مکار۔ فریبی۔

چپک (ہ، مو) چپچپاہٹ۔ چپ۔ لیس۔
چپک ہونا: میٹھا میٹھا درد ہونا۔ جیسے رات سے پیٹ میں چپک ہو رہی ہے۔
چپکانا (ہ۔ محاورہ) چسپاں کرنا۔ چٹانا۔ لئی وغیرہ سے جوڑنا۔ تعلق پیدا کرنا۔ نوکری پر لگانا۔
چپک جانا: یسدار چیز سے جڑ جانا۔ چسپاں ہو جانا۔ نوکری سے لگ جانا۔ آشنائی ہو جانا۔ لپٹ جانا۔
چپکن (ہ۔ اسم مؤنث) بالا برکا انگرکھا۔ خدمت گاروں کا ساکوٹ۔ ایک قسم کی قبا کا نام۔
چپکن چنوانا: چپکن کی آستینوں پر املی کے چپے سے شکنیں ڈلوانا۔
چپکنا (ہ۔ فعل) چسپاں ہونا۔ چمٹنا۔ جڑنا۔ نوکر ہونا۔ اُلجھنا۔ پھنسنا۔ آنکھ لگنا۔
چپکی (ہ۔ اسم مؤنث) سکوت۔ خاموشی۔ گھنّی۔
چپکی سادھنا (ہ۔ فعل) خاموشی اختیار کرنا۔ گھنّی سادھنا۔
چپل (ہ۔ مو) ایک قسم کا سلیپر۔
چپنا (ہ۔ فعل) جھینپنا۔ شرمندہ ہونا۔ خجل ہونا۔ چُپ ہونا۔ خاموش ہونا۔
چپنی (ہ۔ اسم مؤنث) ہانڈی کا مٹی کا ڈھکنا۔ گلی۔ سرپوش۔ ڈھکن۔ گھنٹے کی ہڈی
چپنی بھر پانی میں ڈوب مرنا (ہ۔ محاورہ) نہایت ہی شرمندہ ہونا۔ غیرت اور شرم دلانے کے موقع پر بولا کرتے ہیں۔
چپنی چاٹ کر گزران کرنا (ہ۔ محاورہ) نہایت غریبی میں صبر و قناعت سے گزارہ کرنا۔ جوٹے اسی پر کفایت کرنا۔
چپو (ہ۔ اسم مذکر) کشتی کھینے کا ڈانڈا۔
چپوٹا (ہ۔ مو) دھپ چانٹا۔
چپوٹی (ہ۔ اسم مؤنث) چھوٹی سی پرانی ٹوپی۔ گھٹیا ٹوپی۔ ادنی ٹوپی۔
چپی (ہ۔ مو) کاغذ کا چھوٹا سا ٹکڑا۔
چپّی (ہ۔ مو) خاموشی۔
چپّی (ہ۔ اسم مؤنث) آہستہ آہستہ ہاتھ پاؤں کو دبانا۔ مالشِ اعضاء۔
چپّی کرنا (ہ۔ فعل) ہاتھ پاؤں دبانا۔ مالش کرنا۔
چپے جتنی کوٹھڑی میاں محلے دار (ہ۔ کہاوت) تھوڑی پونجی پر اترانے اور کم ظرف کی کم ظرفی کے اظہار کے موقع پر بولا کرتے ہیں۔
چپیٹ (ہ۔ مو) خفیف چوٹ۔ چپیٹ۔ زد۔ دھکا۔ جھڑپ۔ بلائے ناگہانی نقصان۔ چوٹ کا تابع محل۔
چپیڑ (ہ۔ اسم مؤنث) ہاتھ کی ضرب۔ تھپڑ۔ دھول۔ دھکا۔ بلائے ناگہانی۔ ناگہانی آفت۔ نقصان۔ خسارہ۔ ٹوٹا۔
چپیکنا (ہ۔ فعل) چٹانا۔ چپکانا۔ سر منڈھنا۔ ذمہ لگانا۔ باوجود عدم لیاقت۔ نوکر کرا دینا۔ منڈھنا۔

چ - ت

چت (ہ۔ اسم صفت) پیٹھ کے بل۔ پٹ کی ضد۔ سینے کے رُخ۔ کشتی کا ایک کرتب۔ جس میں حریف کی پشت اور گدی زمین سے ملا دیتے ہیں۔ خیال دھیان۔
چت بھی میری پٹ بھی میری ٹیاں میرے باپ کا: ہر طرح سے فائدہ رہنا۔
چت پٹ (مو) ایک قسم کی شرط میں کسی چیز کے چت پٹ (سیدھی یا الٹی) کرنے پر بازی لگائی جاتی یا ہار جیت ہوتی ہے۔
چت گرانا (ہ۔ فعل) پچھاڑنا۔ پیٹھ کے بل گرانا۔ شکست دینا۔ ہرانا۔
چت لیٹنا (ہ۔ فعل) پیٹھ کے بل پڑنا۔
چت ہونا (ہ۔ فعل) ہارنا۔ شکست کھانا۔ پچھڑنا۔ پشت کے بل لیٹ جانا۔ مرنا۔ جان سے جانا۔ نشے میں بے ہوش ہونا۔
چت پٹ ہر طرح سے اپنی: ہر صورت سے اپنا ہی فائدہ۔
چت بٹا: خیال بٹانا۔ دھیان بٹانا۔ دل ڈانواں ڈول ہونا۔
چت پڑنا: پیٹھ کے بل لیٹ جانا۔
چت (ہ۔ اسم مؤنث) نظر۔ چتون۔ نگاہ۔ توجہ۔ عقل۔ سمجھ۔ سُرت۔ ہوش۔ گیان۔ تمیز۔ شعور۔ یاد۔ یادداشت (بصورت اسم مذکر) حافظہ۔ دل۔ من جی۔ ہردہ۔ ہیا۔
چت بھنگ ہونا (ہ۔ محاورہ) اوسان خطا ہونا۔ عقل گم ہو جانا۔ گھبرا جانا۔ مضطرب ہو جانا۔
چت پر چڑھنا / چت چڑھنا (ہ۔ محاورہ) دھیان پر چڑھ جانا۔ ہر دم خیال میں رہنا۔ دل میں سما جانا۔ اُلفت ہونا۔ بھا جانا۔ پسند آجانا۔
چت چور (ہ۔ اسم مذکر فاعل) دل چرا لینے والا۔ دلربا۔ من موہن۔
چت دھرنا (ہ۔ محاورہ) دھیان کرنا۔ توجہ کرنا۔ خیال کرنا۔
چت سے اُتر نا (محاورہ) توجہ نہ رہنا۔ ناپسند ہونا۔ یاد نہ رہنا۔ خیال سے نکل جانا۔ حقیر ہونا۔ دل سے گر جانا۔
چت میں بیٹھنا (ہ۔ محاورہ) گھٹ میں سمانا۔ نظروں میں جم جانا۔ دل میں ہر دم خیال رہنا۔ خاطر میں سمانا۔
چتا (ہ۔ اسم مؤنث) مردہ لاش کو جلانے کے لئے لاش کے چاروں طرف چنا ہوا لکڑیوں کا ڈھیر (ہندوؤں کا روزمرہ)
چتا پنڈ (ہ۔ اسم مذکر) چاول اور دودھ کا پنڈ جو تیسرے روز دریا میں بہاتے ہیں جسے توشۂ آخرت خیال کرتے ہیں۔ ارتھی کے ساتھ جو کے آٹے کے گولے جو دریا برد کئے جاتے ہیں۔
چتا چُننا (ہ۔ فعل) مُردے کو جلانے کے لئے لکڑیوں کا ڈھیر لگانا۔
چتا میں بیٹھنا (ہ۔ محاورہ) ستی ہونے کے لئے مُردہ لاش کے ساتھ بیٹھنا۔
چتانا (ہ۔ فعل) یاد دلانا۔ ہوشیار کرنا۔ اشارہ کرنا۔ عبرت لانا۔ اطلاع دینا۔ نصیحت کرنا۔ خوف دلانا۔
چتر (ہ۔ اسم مذکر) ایک قسم کی بڑی چھتری جو بادشاہوں یا سادھوؤں کے سر پر رہتی ہے۔ بڑی چھتری۔ چھاتا۔ چھتر۔ یہ لفظ چھتر سے مقرس ہے۔ سر کے چھوٹے چھوٹے بال۔
چتر (ہ۔ اسم صفت) دانا۔ ہوشیار۔ لائق۔ چالاک۔ چاتر۔ مکار۔
چترائی (ہ۔ اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) دانائی۔ ہوشیاری۔ چالاکی۔ عیاری۔ ہنرمندی۔

چترنگ (ہ۔اسم مذکر) چار رنگ کی فوج۔ وہ فوج جس میں ہاتھی گھوڑے سوار اور پیادے شامل ہوں۔ شطرنج کا پرانا ہندی نام۔ ایک قسم کا گیت۔

چترنی (ہ۔مو) نازک عورتوں کی چار قسموں میں سے ایک۔

چتکبرا / **چتلا** (ہ۔اسم صفت) ابلق۔ چتلا۔ داغدار۔ سفید اور سیاہ رنگ کا۔ یا سُرخ اور سیاہ یا سُرخ اور سفید رنگ کا۔

چتلی (مو)

چتون (ہ۔مو) نظر۔ تیوری نگاہ۔

چتون بنانا: قہر کی نگاہ سے دیکھنا۔

چتون پر میل آنا: ناگوار ہونا۔

چتون پھرنا: نگاہ کا قہر آلود ہونا۔

چتون چڑھانا (ہ۔محاورہ) غضب آلود نظر سے دیکھنا۔ تیوری چڑھانا۔

چتون کہے دیتی ہے (ہ۔محاورہ) بیان کرنے کی ضرورت نہیں۔ طرز نگاہ اور انداز نظر سے ہی ظاہر ہے۔

چتھا (ہ۔اسم مذکر) زخمی اور شکست خوردہ۔ بٹیر جس کو حریف نے مجروح کر دیا ہو۔

چتھا (ہ۔ند۔صفت) بنانا۔ ہونا۔ پٹا ہوا۔ ہارا ہوا بٹیر (آدمی)، ذلیل۔

چتھا بنانا: کسی شخص کی اس کے روبرو تضحیک کرنا۔ فضیحت کرنا۔ ذلیل کرنا۔

چتھاڑ (ہ۔مو) ذلت۔ خواری (ہونا۔ کرنا)

چتھاڑنا (ہ۔فعل) چیرنا۔ پھاڑنا۔ پارہ پارہ کرنا۔ دھجی دھجی اڑانا۔ ذلیل کرنا۔ رسوا کر دینا۔

چتھڑا یا **چیتھڑا** (ہ۔اسم مذکر) دھجی پرزہ۔ پرانے کپڑے کا ٹکڑا۔ گودڑ۔

چتھڑے اڑانا: کسی کے پرزے کرنا۔

چتھڑے لگانا (ہ) فعل۔ پرانے پھٹے کپڑے پہننے پھرنا۔ گودڑیا فقیر بنے پھرنا۔

چتھڑے لگ جانا: غریب و مفلس ہو جانا۔

چتھل (ہ۔اسم صفت) مخولیا۔ ٹھٹھے باز۔ ظریف۔ خوش طبع۔ مسخرا۔

چتھل بازی (ہ۔اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) ظرافت۔ خوش طبعی۔ مسخرہ۔ ٹھٹھے بازی۔

چتی (ہ۔اسم مؤنث) ننھا سا دھبہ۔ داغ۔ بندی۔ پکنے کا نشان۔ ایک قسم کا سانپ۔

چتی پڑنا (ہ۔محاورہ) روٹی کا پختہ ہونا۔ پکنے کا نشان ظاہر ہونا۔ روٹی پکنا۔ روٹی سینکنا۔ لال لال بندکیاں پڑنا۔

چتی دار (دُر۔اسم صفت۔ بترکیب فاعلی) داغدار۔

چتیرا (ہ۔ند) تانبے اور چاندی کے میلے برتن مل کر صاف کرنے والا شخص۔

چ - ٹ

چٹ (ہ۔تابع فعل) اسی وقت۔ فوراً۔ فی الفور۔ ترت۔ چٹ منگنی پٹ بیاہ۔ وہ نشان جو گرمی یا آتشک کی وجہ سے جسم پر پڑ جائے۔ کسی سخت چیز کے دفعتہً ٹوٹنے کی آواز۔

چٹ پٹ (ہ۔تابع فعل) بہت جلد۔ فی الفور۔ ترت۔ یکایک۔ ناگاہ۔ دفعتہً چوڑیوں کے ٹوٹنے کی آواز۔ اسی وقت۔

چٹ پٹ ہونا (ہ۔محاورہ) فوراً مر جانا۔ دفعتہً مرنا۔ یکایک مر جانا۔ ناگہانی موت مرنا۔

چٹ پٹ (ہ۔اسم صوت) انگلیوں کے چٹخنے کی آواز۔

چٹ پٹ بلائیں لینا (ہ۔محاورہ) فرط الفت اس طرح بلا گرداں ہونا کہ انگلیوں کی متواتر آواز نکلے۔

چٹ کر جانا (ہ) سب کھا جانا۔ ہضم کر جانا۔ پی جانا۔ مار لینا۔

چٹ کرنا: دولت تباہ کرنا۔ کھانا اڑانا۔ رغبت سے کھانا۔

چٹ پٹ چوڑیاں ٹوٹنا (ہ۔محاورہ) مسلسل اور پے در پے چوڑیوں کا ٹوٹنا۔

چٹ روٹی پٹ دال (ہ۔مثل) ہر کام فوراً تیار۔ سب سے مہنگا۔

چٹ منگنی پٹ بیاہ (ہ۔مثل) منگنی اور بیاہ دونوں کا دفعتہً ہو جانا۔ ارادہ کے ساتھ ہی کام کا نتیجہ ظاہر ہو جانا۔ فوری تجویز کا نتیجہ۔ جلدی ہی ظاہر ہو جانا۔

چٹ (ہ۔اسم مؤنث) کاغذ یا کپڑے کی دھجی۔ کاغذ کا پرچہ۔ کاغذ کی پرچی جو دوائی کی شیشیوں یا کتابوں کی پشت پر لگا دیتے ہیں۔ ورزش کرنے والوں کا لنگوٹ۔

چٹا (ہ۔اسم صفت مذکر) اُجلا۔ گورا۔ سفید۔ برف جیسا (اسم مذکر) سکہ چاندی کا۔ روپیہ۔

چٹا (ہ۔اسم مذکر) الزام۔ تہمت۔ بہتان۔ ڈنڈ خواہ مخواہ کا بہتان۔

چٹا (ہ۔اسم مذکر) چیلا۔ گرو کا شاگرد۔ پاٹ شالا کا طالب علم۔ اینٹوں کا ڈھیر۔

چٹاپٹی (ہ۔اسم مؤنث) تڑتا۔ پھرتی۔ دھڑا دھڑی۔ مار امار۔ موت برموت عام دہا۔ ایک قسم کا تاش کا کھیل۔

چٹاچٹ (ہ۔اسم مؤنث) پے در پے۔ انگلیوں کے چٹخنے کی آواز۔

چٹاخ یا چٹاک (دُر۔اسم مؤنث صوت) لکڑی کے ٹوٹنے یا انگلیوں کے چٹخنے کی آواز (تابع فعل) فوراً۔ فی الفور۔ اسی وقت۔

چٹاخ پٹاخ (دُر۔تابع فعل) تڑاتڑ۔ تڑاق۔ پڑاق۔

چٹاخا یا چٹاکا (ار۔اسم مؤنث صوت) نرم لکڑی کے ٹوٹنے کی آواز یا بلائیں لینے کی آواز (بحالت صفت، شدت۔ کثرت۔ جیسے چٹاخے کی پیاس یا گرمی۔

چٹان (ہ۔اسم مؤنث) بڑا اور چوڑا پتھر۔ پتھر کی بڑی سی سل۔ پتھریلی زمین۔

چٹانا (ہ۔فعل) چاٹنا کا متعدی۔ بچے یا بیمار کو شربت یا شہد وغیرہ ذرا ذرا کر کے کھلانا۔ رشوت دینا۔ (طنزاً) کسی کو بہت مال دیتے رہنا لوہے کو پتھر یا سان پر رگڑنا۔

چٹائی (ہ۔اسم مؤنث) گھاس یا کھجور کے پتوں کا بنا ہوا فرش۔ بوریا۔ حصیر۔ صف۔

چٹ پٹ (ہ) متفرق خرچ۔ کم قیمت دوائیں جو تجربہ کار مائیں بیمار اور بچوں کو دیتی ہیں۔

چٹ پٹ ہو جانا: متفرقات میں خرچ ہو جانا۔
چٹ پٹا (ہ۔اسم صفت) مزیدار، کرارا، خوب نمک مرچ مصالحہ دار، چٹکیلا۔
چٹخارا (مذ۔اسم مذکر، صوت) کسی خوش ذائقہ چیز کا مزا لینے سے جو آواز زبان اور تالو کے ملنے سے نکلتی ہے۔ مجازاً مزا، لطف۔
چٹخارے بھرنا (ہ۔محاورہ) خوب مزے لینا، ہونٹ چاٹنا، کسی مزیدار چیز کا مزہ لینا۔
چٹخارے کا بھرتا (مذ۔اسم مذکر) نہایت مزیدار بھرتا، چٹ پٹا بھرتا۔
چٹخارے کا سالن (مذ۔اسم مذکر) چٹ پٹا اور مزے دار سالن، تیز نمک مرچ اور مسالن۔
چٹخانا یا چٹکانا (ہ) انگلیوں یا کسی اور چیز کی آواز نکالنا۔ اچٹانا علیحدہ کرنا۔ چھوڑنا، ترک کرنا۔ جیسے اس نے ملازمت چٹخا دی۔
چٹخنا یا چٹکنا (ہ۔فعل) آگ پر کسی چیز کا گر کر آواز دینا۔ جیسے ہر مل چٹخ گئی۔ خفا ہونا۔ بگڑنا، چلدینا، کڑکنا، کلی کا کھلنا۔
چٹخ جانا: ان بن ہونا۔ دل میں میل آجانا۔ فوراً جدا ہونا، بگڑ جانا۔
چٹخ کر بات کرنا یا بولنا (ہ۔محاورہ) خفا اور ناراض ہو کر بات کرنا۔ ترفکر بولنا، کڑک کر بات کرنا۔ غصے سے بات کرنا۔
چٹخنا (ہ۔اسم مذکر) تھپڑ چانٹا، دھول دھپا۔
چٹخنا لگانا یا لگانا (ہ۔فعل) چانٹا لگانا۔ دھول جمانا۔ تھپڑ مارنا۔
چٹر پٹر (مذ۔صوت) بھاڑ میں چنوں کے کھلنے کی آواز۔
چٹر پٹر بولنا: بیباکی کے ساتھ جلدی جلدی باتیں کرنا۔ گستاخی اور بے شرمی سے بیباکانہ باتیں کرنا۔
چٹک (ہ۔اسم مؤنث، صوت و حاصل مصدر) کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز۔ جلدی، تیزی، بھڑک، آرائش، سجاوٹ، چمک، دمک، کلی کے کھلنے کی آواز۔
چٹک جانا (ہ۔فعل) ٹوٹ جانا، ترخ جانا، پھوٹ جانا، تڑق جانا۔ بال پڑ جانا۔
چٹک مٹک (ہ۔اسم مؤنث) شان و شوکت، آرائش و زیبائش، غرور، نخوت، نخرہ، کر و فر۔
چٹک مٹک سے بیٹھنا (ہ۔محاورہ) ناز و نخرے سے بیٹھنا۔ بن سنور کے بیٹھنا۔
چٹک مٹک کر چلنا (محاورہ) اکڑ کر نزاکت سے چلنا۔ اترا کر چلنا۔
چٹکا (ہ۔اسم مذکر) چسکا، زبان کا مزا، چاٹ، چٹخارا۔
چٹکا (ہ۔اسم مذکر) بڑی چٹکی۔ لپ بھر آٹا، لپ بھر کے کوئی چیز۔
چٹکار (ہ) جانوروں کے ہنکانے کی آواز، چٹخارا۔
چٹکاری (مو)
چٹکانا: دیکھو چٹخانا۔
چٹکلا (ہ۔اسم مذکر) دلچسپ فقرہ، لطیفہ، مزیدار بات، ذرا سی پر تاثیر دوا، عجیب چیز، نادر شے، پر لطف بات۔
چٹکلا چھوڑنا (ہ۔فعل) شگوفہ چھوڑنا، نئی بات بیان کرنا، طلسم دکھانا۔
چٹکلا سا (ہ۔اسم صفت) نہایت دلبند، بہت دلچسپ، دلآویز۔
چٹکنا (ہ۔فعل) پھول یا ساگ وغیرہ کو اوپر اوپر سے توڑنا، مٹھی بھرنا۔ سانپ کا کاٹنا، ڈسنا۔
چٹکنا (ہ) تڑکنا، پھٹنا، رنگ اڑنا، ناراض ہو کر باتیں کرنا، جھنجھلانا۔
چٹکنی (ہ۔اسم مؤنث) دروازہ روکنے کی چیز پرند پکڑنے کی کل جو پنجرے میں لگاتے ہیں۔
چٹکی (ہ۔اسم مؤنث) دو انگلیوں میں پکڑ کر گوشت کو مسلنا، مٹھی بھر چیز، چکٹا، بندوق کے پیالے کا سرپوش، کنگرے دار بنا یا ہوا گوٹا، لچکا، گوکھرو وغیرہ پاؤں کی انگلیوں میں پہننے کا ایک زیور، کپڑا چھاپنے کا طریقہ۔ انگوٹھے اور بیچ کی انگلی ملا کر بجانے کی آواز، سفوف جو انگوٹھے اور اس کے پاس والی انگلی کو ملا کر اٹھائیں، کپڑے کا وہ حصہ جسے رنگنے کی غرض سے باندھ دیتے ہیں پوشاک اور لنیں کی مروڑ۔
چٹکی بجاتے میں (ہ۔تابع فعل) فوراً، ذرا سی دیر میں۔ پلک مارتے میں، آن کی آن میں۔ جمائی آتے وقت چٹکی بجانے کی ہندوانہ رسم۔
چٹکی بجانا (ہ۔فعل) انگوٹھے کو بیچ کی انگلی سے ملا کر بجانا۔ جمائی آتے وقت منہ کے آگے چٹکیاں بجانا ایک رسم ہے۔ (ہندوانہ)
چٹکی بھرنا یا لینا (ہ۔محاورہ) دو انگلیوں میں پکڑ کر گوشت کو مسلنا۔ آٹا یا ذرا سا سفوف دو انگلیوں میں اٹھانا۔ چلتی ہوئی بات کہنا چھیڑنی بات کہنا۔
چٹکی پر چڑھانا: روپیہ پر رکھنا۔
چٹکی لگانا (ہ۔محاورہ) روپیہ پر رکھنا۔ (بزاز) کپڑے کو انگلیوں سے پھاڑنا۔ بدمعاشی سے جیب کترنا۔ پتے کا پیالہ سا بنانا۔ پتے کو موڑ کر اس میں بندش لگانا۔
چٹکی لینا (ہ۔محاورہ) چٹکی بھرنا۔ تکلیف پہنچانا۔ چٹکی کے اشارے سے کسی بات کو منع کرنا۔ روکنا۔
چٹکی پر لینا: کپڑے کو کاڑھنے کے لیے خاص طرح سے پکڑنا۔
چٹکیوں میں اڑانا (ہ۔فعل) باتوں باتوں میں ذلیل کرنا، ہنسی میں اڑانا۔ ٹھٹھے میں اڑانا، خاطر میں نہ لانا۔ ناپسند کرنا۔ روپے کو چٹکی پر رکھ کر انگوٹھے سے اس طرح اڑانا کہ آواز نکلے پہلے روپیہ جانچنے کا یہی عام طریقہ تھا۔
چٹکیوں میں کام کرنا (ہ۔محاورہ) کسی کام کو بہت ہی جلدی کرنا۔ آناً فاناً کام کر لینا۔
چٹکیلا (ہ۔اسم صفت مذکر مرکب فاعلی) بھڑک دار، بھڑکیلا، شوخ رنگ مزیدار، خوش ذائقہ۔ چٹ پٹا، مصالحہ دار، کرارا۔
چٹکیلی دھوپ (ہ۔اسم مؤنث) چلچلاتی دھوپ، تیز اور گرم دھوپ۔
چٹلا (ہ۔اسم مذکر) چوٹی کے نیچے لگانے کا سونے یا چاندی کا گچھا سا۔ جو ہندو عورتیں چوٹی کے نیچے لگا لیتی ہیں۔ لمبے لمبے بالوں کا بنا ہوا چٹا جو سر میں لگاتی ہیں۔ پنجابی چونڈا۔
چٹنی (ہ۔اسم مؤنث) چاٹنے کی چیز۔ وہ چیز جس میں سبز دھنیا، نمک مرچ، اور ترش چیز سرکہ وغیرہ ملا کر پیس لیتے ہیں۔
چٹنی کرنا یا کر ڈالنا (ہ۔محاورہ) کچل ڈالنا۔ بری طرح پیس ڈالنا۔ آسانی سے مار ڈالنا جٹ پٹ کھا جانا۔ چٹنی کی طرح چاٹ لینا۔
چٹنی ہونا (محاورہ) جلدی ختم ہو جانا۔ ناکافی ہونا۔ جلدی سے کھا جانا۔

چٹوا (ہ۔ مذ) بچوں کا ایک کھلونا۔
چٹوانا (ہ۔ فعل) چاٹنے کا متعدی۔ دھار بندھوانا۔ تلوار وغیرہ کی باڑھ رکھوانا۔ سان پر دھروانا۔
چٹور (ہ۔ اسم صفت) چاٹو۔ چٹو۔ وہ آدمی جسے زبان کا سواد ہو یا چسکا۔ کھاؤ۔ اڑاؤ۔
چٹورا پن۔ یا چٹورپن (ہ۔ اسم مذکر۔ اسم مصدری) چٹوروں کی سی عادت زبان کا مزہ یا چسکا۔ اڑاؤپن۔
چٹورا (ہ۔ اسم مذکر بواؤ معروف) چاٹی سے اسم مکبر ہے غلہ وغیرہ بھرنے کا کچی مٹی کا بنا ہوا مٹکا۔ مجاز اً بڑی چاٹی۔
چٹوری زبان دولت کا زیان: جسے زبان کا چسکا ہو۔ وہ دولت مند نہیں ہو سکتا۔
چٹھا (ہ۔ اسم مذکر) خون کے جوش کا داغ جو بدن پر پڑ جایا کرتا ہے نادر و نفیس چیز۔
چٹھا پڑنا (ہ۔ فعل) جلد پر خون کی خرابی سے سیاہ یا سرخ داغ پڑنا۔
چٹھا (ہ۔ اسم مذکر) بل قبض الوصول۔ تنخواہ کی کتاب۔ چندے یا روزنامچے کی کتاب۔ حساب جمع و خرچ روزانہ لین دین کی کتاب۔ مقسوم۔ وہ روپیہ جو ماہ بماہ کسی کام کی یا تنخواہ میں دیا جائے۔
چٹھا بانٹنا (ہ۔ فعل) مزدوری۔ تنخواہ یا اجرت وغیرہ تقسیم کرنا۔
چٹھا باندھنا (ہ۔ محاورہ) بل تیار کرنا۔ جمع خرچ کی فہرست تیار کرنا۔ قبض الوصول بنانا۔ لین دین کے حساب کی فرد تیار کرنا۔ موجودہ اسباب کی فرد بنانا۔
چٹھا بٹنا (ہ۔ فعل) تنخواہ یا اجرت تقسیم ہونا۔
چٹھی (ہ۔ اسم مؤنث) خط۔ رقعہ۔ مراسلہ۔ پتری۔ پاتی۔ رقعہ۔ لاٹری۔ قرعہ۔ کاغذ کا ٹکڑا جس پر قیمت وغیرہ لکھ کر تھان میں رکھ دیتے ہیں۔ یادداشت کی چٹ۔ ہنڈی چک۔ سند۔ سارٹیفکیٹ۔ نیکنامی۔ اور کارگزاری کی سند۔
چٹھی پڑنا۔ یا۔ ڈلنا (ا۔ محاورہ) کسی چیز پر قرعہ اندازی ہونا۔ لاٹری پڑنا۔
چٹھی رساں (ہ۔ اسم مذکر۔ فاعل) خط بانٹنے والا۔ ڈاکیا۔ ہرکارہ۔ پیک۔
چٹھی کرنا (ہ۔ فعل) کسی کے نام پر ہنڈی لکھنا۔ ہنڈی کرنا۔
چٹھی نویس (ہ۔ اسم فاعل مذکر) خط لکھنے والا۔ کسی چیز کے منگانے کی چٹھی کرنے والا (اسم مؤنث) وہ لکھنے والی جو امیروں کے ہاں نوکر ہوتی ہے۔
چٹخارے مٹھے اعمدہ اور لذیذ کھانے۔
چٹخارے مٹھوں کا مزا پڑنا (ہ۔ محاورہ) زبان کا مزا پڑنا۔ چٹورا ہو جانا۔ مزیدار کھانوں کی چاٹ پڑ جانا۔
چٹی (ہ۔ اسم مؤنث) تاوان۔ جرمانہ۔ ڈنڈ۔ خسارہ۔ نقصان۔ خسارہ۔ ٹوٹا۔ ضرر۔ صرف اٹھاؤ۔ وہ نقدی جو کسی کو بھر دی جائے۔
چٹی بھرنا } (ہ۔ محاورہ) جرمانہ ادا کرنا۔ تاوان دینا۔ ڈنڈ بھرنا۔ ڈنڈ ڈالنا۔
چٹی دھرنا } تاوان بھرنا۔ نقصان اٹھانا۔ جرمانہ دینا۔ زبردستی کی وجہ سے کچھ دینا۔
چٹی (ہ۔ اسم مؤنث) لال کی ماؤ۔ نیار بحالت صفت) گوری چیز۔ اجلی سفید
چٹیا (ہ۔ اسم مؤنث) چوٹی کی تصغیر۔ وہ بالوں کی چند یا جو ہندو عام طور پر سب اور مسلمان جاہل منت کے طور پر رکھ لیا کرتے ہیں۔
چٹیانا (ہ۔ فعل) کاٹنا۔ ڈسنا۔ زخم دینا۔ گھائل کرنا۔ کچلنا۔
چٹیا یا ہوا (ہ۔ اسم صفت۔ بترکیب مفعولی) زخمی۔ زخم رسیدہ۔ مجروح۔ گھائل۔
چٹے بٹے (ہ۔ اسم مذکر) چھوٹے بچوں کے ایک قسم کے کھلونے۔ مداریوں کے تماشا دکھانے کے چھوٹے چھوٹے گولے اور گولیاں۔
چٹے بٹے لڑانا (ہ۔ محاورہ) لڑائی جھگڑا کرنا۔ شعبدہ بازی دکھانا۔ لگائی بجھائی کرنا۔
چٹیل (ہ۔ اسم صفت) صاف۔ کف دست۔ میدان۔ وہ میدان جس میں کوئی سایہ دار درخت وغیرہ نہ ہو۔ ہموار و یکساں میدان۔
چٹیل میدان (ہ۔ اسم مذکر ظرف) صاف میدان۔ بے درخت میدان۔ بیابان۔
چٹیل } (ہ۔ اسم صفت) زخمی۔ زخم رسیدہ۔ مجروح۔
چٹیلا } گھائل۔ صدمہ پہنچا ہوا۔
چٹیلا کرنا (ہ۔ فعل) زخمی کرنا۔ کسی پر چوٹ لگانا۔
چٹیلنا (ہ۔ فعل) زخمی کرنا۔ کاٹنا۔ ڈسنا۔ گھائل کرنا۔ مجروح کرنا۔ کچلنا۔

چ - ج

چچی (ہ۔ مؤ) ننھے بچوں کی زبان جو صاف الفاظ ادا نہ کر سکتے ہوں۔ مٹھائی اور شیرینی وغیرہ۔

چ - چ

چچا (ہ۔ اسم مذکر عمو۔ چاچا۔ باپ کا چھوٹا بھائی۔ بزرگ۔ استاد۔
چچا بنا کے۔ یا۔ کر کے چھوڑنا (ہ۔ فعل) اچھی طرح قرار واقعی سزا دے کے چھوڑنا۔ خوب بدلا لے کے اور درست بنا کے چھوڑنا۔
چچا بنانا (ہ۔ محاورہ) درست کرنا۔ ٹھیک بنانا۔ پوری سزا دینا۔
چچازاد بھائی (ہ۔ اسم مذکر) چچا کا بیٹا۔ بھائی چچیرا بھائی۔ باپ کے بھائی کا بیٹا۔
چچڑی (ہ۔ اسم مؤنث) ایک قسم کا خون پینے والا کیڑا جو اکثر گائے بھینس وغیرہ کے جسم پر چمٹا رہتا ہے۔
چچڑی ہو کر چمٹنا (محاورہ) سر ہونا۔ پیچھا نہ چھوڑنا۔ چم چڑ ہونا۔
چچکارنا (ہ۔ فعل) پیار کرنا۔ پچکارنا۔
چچکاری (مؤ) پیار کی آواز۔ چمکاری۔
چچوڑنا (ہ۔ فعل) گوشت یا ہڈی کو چوسنا۔ پکے کا چھلیتوں کو چوسنا۔
چچی (ہ۔ اسم مؤنث) چچا کی بیوی۔ زوجہ عم۔
چچیا ساس (ہ۔ اسم مؤنث) بیوی کی چچی۔ خاوند کے چچا کی بیوی۔ پتیس۔
چچیا سسرا (ہ۔ اسم مؤنث) خاوند کا چچا۔ بیوی کا چچا۔ پتیسرا۔
چچیرا (ہ۔ اسم مذکر) چچا کا بیٹا۔ چچازاد۔ عموزاد۔

چچیری (مو) چچا کی بیٹی۔ چچازادی۔
چچینڈا (ہ۔ اسم مذکر) لکڑی کی طرح کی ایک لمبی سبز ترکاری۔

چ - خ

چخ (ف۔ اسم مؤنث) جھگڑا۔ راڑ۔ ٹنٹا۔ تکرار۔ بحث۔ بکواس۔ شور وغل۔ فساد جو بغیر زدوکوب کے ہو۔ (چلنا)
چخ چخ (ہ۔ تابع فعل) بکواس۔ بک بک۔ جھک جھک۔ لفظی تکرار۔
چخ چخ (ہ۔ مو) ایک قسم کا خنجر۔ دو چپٹی لکڑیوں کی جوڑی جو اکثر لوگی ایک ایک ہاتھ میں جوڑی ملا کر بجاتے ہیں۔
چخ چخ چولا لڑائی کے بیڑوں کے لڑنے کی آواز۔
چخاچخ (مو) لڑائی میں تلواریں مارنے کی آواز۔
چخے (ہ) کلمہ نفرین۔ چل دور ہو۔ پرے ہٹ۔ منہ نہ دکھا۔ دفع دفان۔
چخنا (ہ۔ اسم مذکر فاعل) بکواسی۔ جھکی۔ حجتی۔ تکراری۔ جھگڑالو۔ بلی۔
چخوانا (اُر) چخنا کا متعدی۔

چ - د

چُداس (ہ۔ مو) عورت کی خواہش جماع۔
چُدانا: عورت کا مرد سے جماع کرانا۔ لگوانا۔
چدر (ہ۔ اسم مؤنث) چادر کا مخفف۔
چدریا (ہ۔ اسم مؤنث) چادر کی تصغیر بالحقارت۔
چدو (ہ۔ مو) فاحشہ عورت۔
چدوانا: کسی عورت کا مرد سے مجامعت کرانا۔

چ - ڈ

چُڈا (ہ۔ اسم مذکر) ران کی جڑ۔ جانگھ کی جڑ۔ مخنہ آدمی۔ بھڑوا۔
چڈا (ہ) چڑا۔ گنجشک نر۔
چڈا گلنجر (اُر۔ اسم صفت) ہنجڑہ۔ احمق۔ بھڑسال۔ نقل مجلس۔
چڈو (ہ) فاحشہ۔ قحبہ۔ چھنال۔
چڈھا (ہ) بُن ران۔ ران کے اُوپر کا جوڑ۔
چڈھی (ہ۔ اسم مؤنث) پیٹھ کی سواری۔
چڈھی توڑنا (ہ۔ فعل) پیٹھ کی سواری لینا۔ پشت پر چڑھنا۔
چڈھی چڑھانا (ہ۔ فعل) پیٹھ پر لینا۔ پیٹھ پر سواری دینا۔
چڈھی چڑھنا (ہ۔ فعل) پیٹھ پر سوار ہونا۔
چڈھی دینا (محاورہ) پیٹھ کی سواری دینا۔ اغلام کرانا۔ لواطت کرانا۔
چڈھی گانٹھنا: قبضہ کر لینا۔ کسی کو مجبور و بے بس کر دینا۔

چ - ر

چرّ (ہ۔ اسم مؤنث۔ صوت) کسی چیز کے پھٹنے کی آواز۔ جھر۔ وہ جگہ جہاں دریا میں ریت جم جاتی ہے بڑا چولھا۔ چوپایوں کے لئے ہاضم دوا۔
چرُ (ہ۔ اسم مؤنث۔ صوت) سوکھے پتوں وغیرہ کے مڑنے اور ٹوٹنے وغیرہ کی آواز۔ جھرّیاں پڑنا۔ مرجھا کر چھوٹا سا ہو جانا۔ انسان یا حیوان کے لئے سوکھا جس کے بدن پر ہڈیاں ہی ہڈیاں رہ گئی ہوں۔
چرمُر ہونا (ہ۔ فعل) ٹوٹ پھوٹ کر ریزہ ریزہ ہو جانا۔ مرجھا کر ذرا سا ہو جانا۔ جھرّیاں پڑ جانا۔
چرّانا (ہ) نہ کاغذ یا کپڑا پھٹنے کی آواز۔
چراغ (ف۔ اسم مذکر) دیا۔ دیپک۔ لمپ۔ شمع۔ بلب۔ وہ برتن جس میں تیل بتی ڈال کر جلائیں۔ بیٹا۔ لعل۔ فرزند۔ لڑکا۔ رونق۔ روشنی۔ چاندنا۔ گھوڑے کا پچھلے پاؤں کے بل کھڑا ہونا۔ (چراغ پا)
چراغ بتی کرنا (ہ۔ فعل) چراغ جلانا۔ روشنی کا سامان کرنا۔ روشنی کرنا۔
چراغ بتی کا وقت (اُر۔ اسم ظرف مذکر ظرف) مغرب کا وقت۔ شام کا وقت۔
چراغ بڑھانا۔ یا۔ بجھانا
چراغ ٹھنڈا کرنا۔ یا۔ خاموش کرنا
چراغ گل کرنا۔ یا۔ چراغ کو ہاتھ دینا۔ یا۔ مارنا } (ہ۔ محاورہ) دیا بجھانا۔ اندھیرا کرنا۔ روشنی کو بند کرنا۔ چراغ کو پھونک مارنا۔
چراغ بجھنا۔ یا۔ بڑھنا (ہ۔ فعل) چراغ کا خاموش ہو جانا۔
چراغ پا ہونا (اُر۔ محاورہ) گھوڑے کا سیدھا کھڑا ہو جانا۔ گھوڑے کا پچھلے پاؤں پر کھڑا ہو جانا۔ الف ہو جانا۔ اکھڑنا۔ خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔
چراغ بجری: لازم۔
چراغ تلے اندھیرا (ہ۔ محاورہ) غیروں کو فیض اور اپنے محروم رہیں۔
چراغ جلانا (ہ۔ فعل) دیا جلانا۔ چراغ روشن کرنا۔ دیوار نکالنا۔
چراغ جلنا (اُر۔ محاورہ) دیا جلنا۔ شام ہونا۔ فروغ پانا۔ جیسے کالے کے آگے چراغ نہیں جلتا۔
چراغ جلے (اُر۔ اسم ظرف زمان) شام کے وقت جھٹ پٹے وقت۔ سورج چھپے۔
چراغ دان (ف۔ اسم مذکر) ڈیوٹ۔ فتیل سوز۔ شمع دان۔

چراغ دکھانا (اُر۔ فعل) روشنی دکھانا۔
چراغ روشن کرنا (اُر۔ محاورہ) دیا جلانا۔ دیا بالنا۔
چراغ روشن مراد حاصل (ف) دعائیہ فقرہ ہے۔ بامراد رہو۔ خانہ آباد رہے۔ مرادیں بر آئیں۔
چراغ زیر دامن (مجاز آمردہ۔ مرا ہوا۔
چراغ سحری ہونا (دفع۔ اسم صفت) صبح کا چراغ ہونا۔ قریب مرگ ہونا۔ مرنے کے قریب ہونا۔ کوئی دم کا مہمان ہونا۔
چراغ صبح ہونا } آخری وقت ہونا۔

چراغ سے پھول جھڑنا (اُر۔محاورہ) چراغ سے جلتے وقت جو تیل ٹپکتا ہے اس سے نیک شگون لیا کرتے ہیں چراغ کا گل افشاں ہونا۔

چراغ تربت: چراغ جو قبر پر جلایا جائے۔

چراغ سے چراغ جلتا ہے (اُر۔محاورہ) ایک بزرگ سے دوسرے کو فیض پہنچنا۔ ولی سے ولی بننا۔ ایک فیاض کو دوسرے سے فیض ملنا۔

چراغ کا بننا (اُر۔محاورہ) دیکھو چراغ سے پھول جھڑنا۔

چراغ کے نیچے اندھیرا ہونا (د)، فعل۔ اوروں کو فائدہ پہنچانا اور اپنوں کو محروم رکھنا۔ عادل حاکم کے قرب میں ظلم ہونا۔ روشن دلوں سے بے خبری کا وقوع میں آنا۔

چراغ گل پگڑی غائب (دُر۔د) کہاوت ہو قع ملا اور مال اُڑایا۔ غافل پایا اور مال چرایا۔

چراغ گل کرنا (اُر۔محاورہ) دیا بجھانا نیست و نابود کر دینا۔ نام لیوا اور پانی دیوا تک نہ چھوڑنا۔ رونق کھونا۔

چراغ گور (د۔اسم مذکر) وہ دیا جو کسی قبر یا مزار پر جلایا جاتا ہے۔

چراغ لیکر ڈھونڈنا (اُر۔محاورہ) کسی کی تلاش۔ نہایت محنت اور کوشش سے کرنا۔

چراغ میں بتی پڑنا (ہ۔محاورہ) چراغ جلنا۔ شام کا وقت ہونا۔

چراغ میں بتی پڑی لاڈو میری تخت چڑھی (اُر) سرِ شام سے سو جانے والے کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

چراغ ہو جانا (ہ۔محاورہ) چراغ بجھ جانا۔ آدمی کا مر جانا۔

چراغ دُر (اسم مذکر) نذرانہ۔ پیسہ۔ حبشی کا بچہ۔ فقرا اور آزاد لوگ بولتے ہیں۔

چراغاں (ف۔اسم مذکر) دیپ مالا۔ روشنی۔ بہت سے چراغوں کا روشن کرنا۔

چراغی (دُر۔اسم مؤنث) وہ نقدی جو کسی بزرگ کے مزار یا مسجد پر چراغ جلانے کے واسطے یا نذر دینے والے بزرگ کو دی جائے۔ مجازاً نذرانہ بھینٹ پیشکش۔

چراغی چڑھانا (اُر۔محاورہ) بھینٹ چڑھانا۔ نذرانہ دینا۔ مزار پر نقدی چڑھانا۔

چراکارے کند عاقل کہ باز آید پشیمانی (ف) عقلمند ایسا کام نہیں کرتا جس سے ندامت اُٹھانی پڑے۔

چراگاہ (ف۔اسم مؤنث ظرف) چرا بمعنی چرنا یا چارہ اور گاہ بمعنی جگہ۔ ڈنگروں ڈھوروں کے چرنے چگنے کی جگہ۔ بیڑ۔ جنگل۔ سبزہ زار۔

چرانا (ہ۔فعل) گھاس کھلانا۔ ڈنگروں کو جنگل میں لے جا کر سبز گھاس کھلانا۔ دھوکا اور فریب دینا۔ بیوقوف بنانا۔

چرانا (ہ۔فعل) چوری کرنا۔ چھپانا۔ بچانا۔ جیسے آنکھ چرانا۔ چوسنا۔ سوکھنا۔ جذب کر لینا۔ جیسے بوند چرانا یعنی نطفہ جذب کر لینا۔

چرانا (ہ) زخم کا ترخنا۔ زخم کا پھٹنا۔ ملنر آپیدا ہوا۔ جیسے آپ کو یہ شوق چرایا ہے۔

چراند (ہ۔اسم مذکر ظرف) چراگاہ۔ بیڑ۔ جنگل۔ چرنے کی جگہ۔

چراند (ہ۔اسم مؤنث) چمڑے۔ بال۔ ہڈی۔ روغن وغیرہ کے جلنے کی بدبو بدمزاج آدمی۔

چراند (ہ۔اسم صفت) بدبودار۔ بدمزاج۔ تیز مزاج۔ چراند کا لبا ہوا۔

چراند امزاج (دُر۔اسم صفت) چڑچڑا مزاج۔ بیمار کا سا مزاج۔

چراند ا ہونا (ہ۔محاورہ) ناراض ہونا۔ بدمزاج ہونا۔ بات بات پر بگڑ جانا۔

چراؤ (ہ۔اسم مذکر) لکڑی چیرنے کا نشان۔ نشگاف۔ پھٹاؤ۔

چرائی (ہ۔اسم مؤنث) لکڑی چیرنے کی اُجرت۔

چرائی (ہ۔اسم مؤنث) مویشی چرانے کی اُجرت مویشیوں کو گھاس کے لئے جنگل بھیجنا۔

چرائتا (ہ۔اسم مذکر) ایک قسم کی کڑوی لکڑیاں سی دوائی۔ جو مصفی خون اور دافع بخار سودا دی ہوتی ہے۔

چرب (ف۔اسم صفت) چکنا۔ روغنی۔ موٹا۔ فربہ۔ جسیم۔ غالب۔ تیز زیادہ۔

چرب زبان (ف۔اسم صفت) تیز زبان۔ گویا۔ چکنی چپڑی باتیں کرنے والا لسان۔ فریبی۔ چالاک۔ خوشامدی۔

چربانک۔ یا۔ چربباک (دُر۔صفت) عیار۔ شوخ۔ نڈر۔ نیخوف۔ چالاک۔ بیباک۔ ہوشیار۔

چربانک دیدہ (دُر۔اسم صفت) شوخ چشم۔ دیدہ دلیر۔ نڈر عورت۔

چوبراک (دُر۔اسم صفت) چالاک۔ عیار۔ بے باک۔ ہوشیار۔

چربہ (ف۔اسم مذکر) کاغذ وغیرہ کو چکنا کر کے کسی چیز کی ہو بہو نقل اُتارنا۔ خاکہ۔ دودھ کے اُوپر کی ملائی۔

چربہ اُتارنا (اُر۔محاورہ) ہو بہو نقل اُتارنا۔ خاکہ اُتارنا۔ کسی کا انداز اپنی ذات میں پیدا کرنا۔ انداز یا ڈھنگ اُڑانا۔ طرز سیکھنا۔

چربی (ف۔اسم مؤنث) پیہ۔ روغن۔ چکنائی۔ جسم کی چکنائی۔ خون اور رطوبت سے پیدا شدہ ایک سفید مادہ۔

چرپرا (ہ۔اسم صفت) چٹ پٹا۔ چٹخارے دار۔ تیز۔ تند۔

چرپری (ہ)

چرپرانا (ہ۔فعل) ٹیس مارنا۔ تیزی کرنا۔ مرچیں لگنا۔ خشکی کے باعث زخم کا پھٹنا یا تڑخنا۔

چرپراہٹ (ہ۔اسم مؤنث) مرچ کی جلن۔ جھال۔ تیزی۔ جلن۔ دشمنی۔ حسد۔

چرپوز (ف۔اسم صفت) بیہودہ۔ لغو۔ پوچ۔ لچر۔ کمینہ۔ بے وقوف۔ سفلہ۔

چرتر (س۔اسم مذکر) عادت۔ مزاج۔ بھاؤ۔ قصہ۔ کہانی۔ فسانہ۔ چالاکی۔ ہوشیاری۔ ہنر۔ گن۔ کرتب۔

چرتی (ہ۔اسم مؤنث) برتی کی ضد۔ چرت نہ رکھنے والا۔ چالبازی۔ چھل بٹے۔ عورتوں کا مکر و فریب۔

چرٹ (دُر۔مذ) سگار۔

چرجانا (ہ) کھانا۔ رگ رگ میں سرایت کر جانا۔ جیسے انہیں مغربی وضع چر گئی۔ سبزہ۔

چرچ (انگ۔مذ۔Church) گرجا۔ کلیسا۔ عیسائیوں کا معبد۔

چرچا (ہ۔اسم مذکر) گفتگو۔ ذکر۔ افواہ۔ تذکرہ۔ بحث۔ شہرہ۔ صلاح

چرچا کرنا (ہ۔فعل) کسی کا ذکر کرنا۔ تذکرہ کرنا۔ شہرت دینا۔

چرچا ہونا (ہ۔فعل) شہرہ ہونا۔ بات پھیلنا۔ بڑا ذکر مشہور ہونا۔

چرچینا (ہ۔مذ) بھونا ہوا غلہ جسے غریب کھاتے ہیں۔

چرچٹا (ہ۔اسم مذکر) ایک خاردار بوٹا جس کی بالیں چمٹ جایا کرتی ہیں۔

چرچر (ہ۔اسم مؤنث ہوت) نئی جوتی کی آواز۔ لکڑی ٹوٹنے کی آواز۔

چرچرانا (ہ۔فعل) زخم میں جلن ہونا۔ درد ہونا۔ زخم کا درد کرنا۔ سوزش کرنا۔ چٹکنا۔ لکڑی کا ٹوٹ کر آواز دینا۔ چارپائی وغیرہ کا بولنا۔

چرچراہٹ (ہ۔حاصل مصدر) جلن۔ درد۔ سوزش۔ تنک مزاجی۔ آواز۔

چرچر (ہ۔مؤ) تیتر کی آواز۔

چرچنا (ف) پہچان لینا۔ سمجھ جانا۔ خیال کرنا۔ دھیان کرنا۔ سوچنا

چرخ (ف۔ اسم مذکر) آسمان پھرنے والا۔ پہیا۔ چاک۔ چرخی۔ دوری۔ آسمان فلک۔ گردوں۔ گردش۔ چکر۔ پھیرنا بنے کے برتن صاف کرنے کا ایک آلہ۔ کشیرہ یا اُونی کپڑا چڑھا کر درست کرنے کی لکڑی۔ ایک قسم کا شکرہ۔ کمہار کا چاک۔ لگڑ بھگا۔ ایک درندے کا نام ہے ہنڈولا۔

چرخ انداز (ا) تیر انداز۔ کماندار۔

چرخ پوجا (دُ۔ اسم مؤنث) ہندوؤں کے ایک مشہور تماشے اور رسم کا نام۔

چرخ چڑھانا (دُ۔ فعل) تانبے وغیرہ کے برتنوں کو خراد پر چڑھانا۔ سان پر رکھنا۔

چرخ چڑھنا (دُ۔ فعل) خراد پر چڑھنا۔ صاف ہونا۔

چرخ چلنا، کنویں کی چرخی کا رسّی کی حرکت سے پھرنا۔

چرخ کھانا (دُ۔ فعل) گھومنا۔ تاؤ کھانا۔ دھات کا پگھل کر پانی ہونا۔ گردش کرنا۔

چرخ چوں۔ یا۔ چرک چوں (دُ۔ اسم مؤنث صوت) گاڑی یا کنویں کے چلنے کی آواز۔ مجازاً دھیمی آواز۔ آہستہ چال۔ سبک رفتار۔

چرخ مارنا، چکر مارنا۔ حرکت کرنا۔



چرخہ

چرخہ (ف۔ اسم مذکر) آلہ۔ اس میں ہ نسبتی ہے منسوب بہ چرخ۔ سوت کاتنے کا آلہ۔ یکا۔ ٹھیلا۔ ڈھیرا۔ ایک قسم کا ناتج۔ وہ مرد یا عورت جس کے بڑھاپے کے باعث انجر پنجر ڈھیلے ہو گئے ہوں۔ پنجر ڈھانچ۔ ڈھانچہ۔ اعضائے جسم۔ پرانی اور کمزور گاڑی۔

چرخل (اُ) بڈھا کھوسٹ۔

چرخہ پونی (دُ۔ اسم مؤنث) چرخہ اور اُس کے کاتنے کا سامان۔ عورت کا کام۔ زنانہ ہنر۔

چرخہ پونی کرنا (مو) چرخہ کاتنا۔ چرخہ کات کر گزر بسر کرنا۔

چرخہ کاتنا (دُ۔ فعل) چرخے کا کام کرنا۔ سوت کاتنا۔ چرخے کے ذریعہ دھاگے بنانا۔

چرخہ ہو جانا (ا۔ محاورہ) نہایت کمزور ہو جانا۔ پیر و نحیف ہو جانا۔

چرخہ ہل جانا اعضائے بدن کا سست اور ڈھیلا پڑ جانا۔ کام کے لائق نہ رہنا۔

چرخے کی مال، وہ موٹا ڈورا جو چرخے میں پٹے کا کام دیتا ہے۔ اور تکلے کو گھماتا ہے دُبلا۔ کمزور۔ خستہ حال شخص۔

چرخی (ف۔ اسم مؤنث بیائے نسبتی) روئی کو بنولوں سے الگ کرنے کا آلہ۔ اوٹنی۔ ایک قسم کی آتشبازی۔ گھرنی۔ کنوئیں سے پانی کھینچنے کا پہیا پھرکی۔ بھونی۔ یا ولہ ڈور یا دغیرہ لپیٹنے کا آلہ۔

چرز (مذ) ایک قسم کا جنگلی پرندہ۔

چرس (دہ۔ اسم مذکر) ایک قسم کا نشہ جس کو تمباکو کی طرح پیتے ہیں۔ چمڑے کا بنا ہوا ایک بہت بڑا ڈول جو زمین کی آبپاشی کے کام آتا ہے۔

چرسیا (دہ۔ مذ) چرس پینے والا۔ چرس بیچنے والا۔ اور کھینچنے والا۔

چرس (دہ۔ اسم مؤنث) فرش یا کپڑے کی شکن۔ جھری۔ سلوٹ۔ چنت۔ بٹ۔ چین۔

چرسا (دہ۔ اسم مذکر) بھینس یا گائے بیل کا رنگا ہوا پکا چمڑا۔ چمڑے کا بڑا ڈول۔

چرسا بھر زمین (دُ۔ اسم مؤنث) تھوڑی سی زمین صرف اتنی زمین جس میں بھینس یا گائے وغیرہ بیٹھ سکے۔

چرسا کھینچنا، بہت مارنا۔ مارتے مارتے کھال اُتارنا۔

چرسی (دہ۔ اسم مذکر۔ بیائے فاعلیت) چرس کا نشہ کرنے والا۔ چرس پینے والا۔ بار لینے والا۔ چرس کو کنوئیں میں سے نکالنے اور ڈالنے والا۔

چرسی یا رکس کے دم لگایا اور کھسکے (دہ۔ مثل) خود غرض اور مطلبی آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

چرسیا (دہ۔ اسم مذکر۔ بترکیب فاعلی) چرس کا نشہ کرنے والا۔ چرس پینے والا۔

چرغ (دہ۔ اسم مذکر) تیندوا یا لگڑ بھگا درندہ۔ ایک شکاری پرندہ مثل بازو شکرہ۔

چرغم چرغم کرنا (دہ۔ محاورہ) کھسر پھسر کرنا۔ چخ چخ کرنا۔ بک بک کرنا۔

چرغنی (مو)

چرغینا (دُ۔ اسم مذکر) نیچ آدمی۔ سفلہ یا ادنیٰ آدمی۔ کمینہ شخص۔

چرک (ف۔ اسم مذکر) میل۔ کثافت۔ میل کچیل۔ لید۔ گوبر۔ غلاظت۔ ریم۔ پیپ۔ زادہ۔

چرکا (دُ۔ اسم مذکر) تلوار وغیرہ کا ہلکا سا زخم۔ چیر۔ زخم۔ گھاؤ۔ لوہے کی کسی چیز کو تیا کر اس سے داغ دینا۔ نقصان۔ خسارہ۔ گھاٹا۔

چرکا دینا (دُ۔ محاورہ) زخم لگانا۔ نقصان پہنچانا۔ داغ دینا۔ جلانا۔ لوہا گرم کر کے ہلکا سا زخم پہنچانا۔

چرکٹا (دہ۔ اسم مذکر۔ فاعل) ہاتھی کا چارہ کاٹنے والا۔ مہاوتوں کا خدمت گار۔ کمینہ۔ ادنیٰ۔

چرک دھانس (دہ۔ اسم مؤنث) آئے دن کا روگ۔ ہر روز کی بیماری۔ مرض کا کچھ نہ کچھ بقیہ۔ خلل۔ مرض۔ جھگڑا۔ ٹنٹا۔ راڈ۔

چرکنا (دہ۔ فعل لازم) تھوڑا تھوڑا بھگنا۔ ذرا بھگنا۔ ذرا سا برا نکلنا۔ بولنا۔ چھچھانا۔ گپ ہانکنا۔

چرکا کھانا، نقصان برداشت کرنا۔ ہلکا سا زخم کھانا۔

چرکنا (دہ۔ فعل) بولنا۔ ریز کرنا۔ چھچھانا۔

چرکین (ف۔ اسم صفت) پلید۔ میلا۔ بخس۔ غلیظ۔ شیخ باقر علی ساکن لکھنؤ کا تخلص جو نہایت غلیظ اور بخس گو شاعر تھا۔

چرم (ف۔ اسم مذکر) پوست۔ چمڑا۔ کھال۔ چام۔

چرمی (ا) چمڑے کا بنا ہوا۔

چرمر (دہ۔ اسم صفت) مرجھایا ہوا۔ سوکھ کر چورا چورا ہوا ہوا۔ بوڑھا۔ لاغر۔ دُبلا۔

چرمیں (ف۔ اسم صفت) چمڑے کا بنا ہوا۔ اس میں ہ نسبتی ہے۔

چرن (س۔ اسم مذکر) پاؤں۔ پیر۔ قدم یا پاؤں۔ مجازاً جوتی تھم۔

چرن برادر (دُ۔ اسم مذکر۔ فاعل) جوتی بردار۔ جوتیاں اُٹھانے والا۔ خادم کفش بردار۔

چرن چھونا (دہ۔ فعل) پیروں پڑنا۔ قدم لینا۔ خدمت کرنا۔

چرن لینا (د) قدم کو ہاتھ لگانا۔ پیروں پڑنا۔ قدم لینا۔
چرنا (د) فعل، گھاس کھانا۔ چگنا۔ کھانا۔ پرورش پانا۔ اسم مذکر کی صورت میں گھٹنا۔ اونچا اور چھوٹا سا پاجامہ۔
چرنا (د) فعل، لکڑی کا دو ٹکڑے ہونا۔ پھٹنا۔ دریدہ ہونا۔ ترکھنا۔
چرنا (د) اسم مذکر، ایک قسم کے باریک سوت جیسا سفید رنگ کا کیڑا۔ جو بچوں کے پیٹ میں معدے کی خرابی سے پڑ جاتے ہیں۔
چرند۔ چرندہ (ف) اسم مذکر فاعل۔ قیاسی، چرنے والا حیوان۔ چگنے والا چوپایہ۔ مویشی
چرندم خورندم کھانے پینے کا مشغلہ۔
چرندم خورندم کر جانا، خورد برد کر جانا۔ کھا جانا۔
چرمر، جوتے کی خاص آواز۔
چرمرا جانا، کسی نازک چیز کا فنا ہونا۔ کملانا۔ بہت شکنیں پڑنا۔
چروانا (د) فعل، چرانا کا متعدی ہے چوری کرنا۔
چروانا (د) فعل، لکڑیاں دو ٹکڑے کرانا۔
چروانا (د) فعل، متعدی چرانا کا۔ مویشیوں کو چرائی پر بھیجنا۔
چرواہا، یا۔ چروایا (د) اسم مذکر فاعل، گوالا۔ گڈریا۔ مویشیوں چرانے والا۔
چرونجی (د) اسم مؤنث، ایک مشہور میوے کا نام ہے۔
چرہی (د) مو، چوپایوں کا دانہ پانی رکھنے کا بڑا برتن۔
چری (د)، جوار کے پودے باجرے یا مکئی کے ہرے پودے کو بھی بعض اوقات بولدیتے ہیں۔
چرنی (د) مو، جانوروں کو دانہ کھلانے کا ٹوکرا۔
چرنے (د) مذ، بچوں کے پیٹ کے کیڑے جو معدے کی خرابی سے پڑ جاتے ہیں۔
چرنے لگنا، بہت ناگوار گزرنا۔
چروا (د) مذ، بڑی ہانڈی۔

چ - ڑ

چڑ۔ یا۔ چڑھ (د) اسم مؤنث، ناگوار طبع۔ ناخوشی۔ کھجاوٹ۔ کھج۔ کھی۔ نفرت۔
چڑ ہونا، نفرت ہونا۔
چڑھ نکالنا (د) محاورہ، کھجانا۔ نفرت کرنا۔ غصہ دلانا۔ چھیڑ نکالنا۔
چڑ (د) مو، چٹخنے کی آواز۔ لکڑی وغیرہ کے پھٹنے کی آواز جیسے چھت کی لکڑیاں چڑ چڑ بولنے لگیں۔
چڑا (د) اسم مؤنث، کنجشک فرد۔ چڑیا کا نر۔
چڑانا (د) فعل، کسی بات کی نقل سے کسی غصہ دلانا۔ کھجانا۔ چھیڑنا۔ منہ بنا کر غصہ دلانا۔
چڑ بڑ (د) مو، بکواس۔ بڑبڑانا۔
چڑ بڑ چڑ بڑ کرنا (د) فعل، بکواس کرنا۔ بک بک کرنا۔ بڑبڑانا۔
چڑ چڑ (د) اسم مؤنث، صوت، چٹخنے کی آواز۔ کڑ کڑ۔ بک بک۔
چڑ چڑا (د) اسم مؤنث، صوت، جلے تیل یا گھی کی کڑاہی میں پانی کے چھینٹے پڑنے کی آواز۔

چڑ چڑا (د) اسم صفت، تنک مزاجی۔ بدخو۔ کج خلق۔ تیز مزاج۔
چڑ چڑانا (د) فعل، جلتے تیل یا گھی کی کڑاہی میں پانی پڑ کر آواز نکلنا۔ بگڑنا۔ خفا ہونا۔ بیماری یا مفلسی وغیرہ سے تیز مزاج ہونا۔
چڑنا (د) فعل، خفا ہونا۔ بگڑنا۔ کھجنا۔ ناراض ہونا۔
چڑوے (د) اسم مذکر، گیلے بھنے ہوئے دھان کو کوٹ کر چپٹے بنائے ہوئے چاول جو عموماً دسہرے کے دنوں میں کھاتے ہیں۔ (ہندوؤں کی رسم)
چڑھ (د) مو، اونچی زمین۔
چڑھ آنا، حملہ کرنا۔ چڑھائی کرنا۔
چڑھا پری (مو)، لاگ۔ ڈانٹ۔
چڑھا جانا، پورا پی جانا۔
چڑھا دینا، عزت دینا۔ مغرور کر دینا۔ جیسے لگام گھوڑے کو چڑھا دو۔
چڑھ چڑھاہٹ (مو)، حاصل مصدر۔ گراں کر دینا یعنی قیمت چڑھا دینا۔ سوار کر دینا۔ غصیلا پن۔ بدمزاجی۔
چڑھانا (د) فعل، نیچے سے اوپر لے جانا۔ لادنا۔ سوار کرنا۔ اونچا کرنا۔ بلند کرنا۔ اتارنا کی ضد۔ پینا۔ نوش کرنا۔ نذر کرنا۔ نذر، منت وغیرہ کسی بزرگ کے مزار پر لا کر رکھنا۔ پیوند وغیرہ لگانا۔ ذمہ لینا۔ جیسے قرض ذمہ چڑھا لینا۔
چڑھاؤ، کشتی کا کرایہ لینے والا۔
چڑھاؤ (د) اسم مذکر، حاصل مصدر از چڑھانا۔ جوش۔ طغیانی۔ عروج۔ ترقی۔ دریا کے پانی کے آنے کا رخ۔ یعنی وہ رخ جدھر سے پانی آتا ہے۔ باڑی۔ پیشگی روپیہ۔ جو کاریگر اپنے ذمہ رکھ لیں۔
چڑھاؤ اتار، جوار بھاٹا۔
چڑھاوا (د) اسم مذکر، حاصل مصدر از چڑھانا۔ بھینٹ۔ نذر۔ بچایا۔ وہ زیور جو منگنی کے وقت دولھا کی طرف سے دولھن کو پہنایا جاتا ہے۔ شادی سے پہلے دولھا والوں کی طرف بھیجے ہوئے کپڑے زیور وغیرہ۔ بڑھاوا۔ دم دلاسا۔ تسلی۔ برائے منگنی۔
چڑھاؤ بڑھاؤ دینا (د) محاورہ، نشیب و فراز سمجھانا۔ دم دلاسا دینا۔ اونچ نیچ سمجھانا۔ نرمی سے فریب دینا۔ تعریف کر کے آسمان پر چڑھانا۔
چڑھائی (د) اسم مؤنث، اونچائی۔ بلندی۔ حملہ۔ دھاوا۔ یورش۔
چڑھتا (د) اسم صفت بترکیب مفعولی، عروج پاتا ہوا۔ ترقی کرتا ہوا۔ جوش سے آتا ہوا۔ زوروں پر آتا ہوا جیسے چڑھتا جوبن۔ چڑھتی جوانی۔ چڑھتا چاند۔
چڑھ بننا (د) فعل، بن آنا۔ حسب مراد ہو جانا۔ کام کا درست اور خاطر خواہ ہو جانا۔
چڑھتے اترتے، کسی قدر کم و بیش۔
چڑھتی جوانی، شباب۔ آغاز۔
چڑھتے چاند، مہینے کا ابتدائی حصہ۔
چڑھنا (د) فعل، نیچے سے اوپر جانا۔ بلندی پر جانا۔ صعود کرنا۔ اٹھنا۔ ترقی کرنا۔ طغیانی پر آنا۔ حملہ کرنا۔ دھاوا کرنا۔ اڑنا۔ پرواز کرنا۔ مہنگا ہونا۔ آواز کا بلند ہو جانا۔ ڈھول وغیرہ کا تن جانا۔ سانس کا پھول

جانا۔ کسی دیوی۔ دیوتا پر قربان ہونا۔ سوار ہونا۔ نذر ہونا۔ مہارت ہونا۔ جیسے ہاتھ چڑھنا۔ ذمہ ہونا۔ قرض وغیرہ کا نام و پتہ وغیرہ کا دفتر میں لکھا جانا۔ دماغ پر تمباکو وغیرہ کا اثر ہو جانا۔ کچہری عدالت میں جانا۔ روانہ ہونا۔ جانا۔ نظر میں سما جانا۔ ناراض ہونا روٹھنا۔ خفا ہونا۔

چڑھ مار گولر پکے: مطلب حاصل ہے پورا اقابو حاصل ہے۔

چڑھواں۔ یا۔ چڑھانواں (ہ۔ اسم صفت) کھڑی ایڑی کی جوتی۔ مردانہ جوتی۔

چڑھوانا: چڑھانا کا متعدی۔ المتعدی۔

چڑھی بارگاہ (مو) کامل عروج۔ بہت بلند مرتبہ۔

چڑھی گنگا اترنا: بڑا کام کرنا۔

چڑھے چاند: مہینے کا شروع۔

چڑھے چاک چاہے سو اُتار لو: اعتبار کے وقت سبھی کچھ ہوتا ہے۔

چڑھی (ہ۔ اسم مؤنث) وہ لات جو کسی بھاگتے کو اُچھل کر ماری جائے۔

چڑھی ہونا: کسی بات کا دل میں جما ہونا۔ زور کا نشہ۔

چڑھیت (ہ۔ اسم صفت۔ بترکیب فاعلی) بہت چڑھنے والا شہ سوار سواری کرنے والا۔

چڑھیا (ہ۔ اسم مذکر) دوسرے شخص کے گھوڑے کا نوکر سوار۔

چڑی (ہ۔ اسم مؤنث) چڑیا۔ گنجشک۔ پرند۔ پرندہ۔

چڑی

چڑی کبوتر: کبوتر صیدی کے کبوتروں میں بار بار جاتا ہے تو اس کے جانے کو چڑھی کھانا کہتے ہیں۔

چڑی مارنا۔ یا۔ دینا (ہ۔ فعل) اُچھل کر لات مارنا۔ لات مارنا۔

چڑی مار (ہ۔ اسم مذکر فاعل) صیاد۔ پرندوں کو پکڑنے والا۔ چڑیاں پکڑنے والا۔

چڑی مار ٹولا (ہ۔ اسم مذکر) گزری۔ وہ مقام جہاں قسم قسم کے جانور بکتے ہیں۔

چڑیا (ہ۔ اسم مؤنث) پرندہ۔ گنجشک مادہ۔ بیٹھنے میں آزاد۔ بند ڈالنے کی جگہ۔ چھپر کے ستون یا کھاروں کی لاٹھی کے اُوپر کی کڑی جو سہارا دینے کے لئے آڑا سوراخ کر کے لگا دیتے ہیں۔ انگیا کی وہ سیون جو کٹوریوں کو باہم ملاتی ہے۔ پردار گیند۔

چڑیا چن گن (مو) پرند۔ طیور۔

چڑیا خانہ / چڑیا گھر (ہ۔ اسم مذکر ظرف) وہ مکان یا جگہ جہاں قسم قسم کے پرند اور جانور رہتے ہیں۔

چڑیا کا: چڑیا والا (ہ) ایک ذاتی۔ احمق۔

چڑیا کا دودھ (ہ۔ اسم مذکر) ناممکن بات۔ نایاب چیز۔

چڑیا کی جیب مانڈے کا پھولا: اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جس کی خوراک بہت کم ہو۔

چڑیا کے چھنانے میں پکڑا جانا (ہ) مثل، خواہ مخواہ کی ناگہانی آفت میں مبتلا ہونا۔ ناحق کی مصیبت اور عتاب میں پڑنا۔

چڑیا نوچن (ہ۔ اسم مذکر) بوٹیاں توڑنا۔ سخت تکلیف۔ تھوڑا تھوڑا نوچنا۔ عذاب تکلیف۔

چڑیل (ہ۔ اسم مؤنث) ڈائن۔ بھوتنی۔ بھتنی۔ میلی کچیلی عورت۔ بدصورت بدشکل۔ خبیث عورت۔

چڑیوں کے جھنڈ (ہ۔ اسم مذکر) جھلڑ۔ چڑیوں کا غول۔ بہت سی چڑیوں کا جھلڑ۔

چ - س

چس (ہ) چسنا کا امر۔

چسا (ہ) چسنا کا ماضی اور امر۔

چسانا (ہ۔ فعل) پلانا۔ چوسڑوانا۔ چوسڑا دینا۔ (دودھ چسانا)

چسپاں (ف۔ اسم صفت) چپکا ہوا۔ چسپیدہ۔ مناسب۔ ٹھیک۔ موزون۔ زیبا۔ مطبق۔

چسپاں کرنا (ہ۔ فعل) چپکانا۔ لگانا۔ اشتہار وغیرہ۔

چسپیدگی (مو)

چست (ف۔ اسم صفت) چالاک۔ پھرتیلا۔ تنگ۔ کھچا ہوا۔ موزون۔ ٹھیک۔ متحکم۔ مضبوط۔ پائدار۔ محکم۔

چسنہ (ہ۔ اسم مذکر) بکری کے بچے کا معدہ جس میں پیا ہوا دودھ رہتا ہے۔ پنیر مایہ۔

چس جانا (ہ) انگیا کا مسک جانا۔ کسی کپڑے کا تنگ ہونے کی وجہ سے پھٹ جانا۔ پچڑ جانا۔ بہت دبلا ہو جانا (تھا دو دن کی بیماری چس گیا)

چستی (ف۔ ہ۔ اسم مؤنث بیائے مصدری) چالاکی۔ پھرتی۔ درستی۔ موزونی۔

چسک (ہ۔ اسم مؤنث) ہلکا ہلکا درد۔ خفیف سا درد۔ گوٹے اطلس وغیرہ کی گوٹ جو سنجاف یا مغزی کے آگے لگاتے ہیں۔

چسکا (ہ۔ اسم مذکر) سواد۔ مزہ۔ چٹورپن۔ چاٹ۔ عادت۔ لت۔ دھت۔ شوق و ذوق۔

چسکنا (ہ۔ فعل) میٹھا میٹھا ہلکا ہلکا درد ہونا۔ پرانی چوٹ میں کسک ہونا۔

چسکی (ہ۔ اسم مؤنث) گھونٹ۔ سڑک۔ افیون یا پوست کا خلاف معمول گھونٹ۔

چسکی لگانا (ہ۔ فعل) کش۔ جرعہ۔ سڑکی لگانا۔ پی جانا۔ اتار جانا۔ افیون پینا۔

چسنا (ہ۔ فعل) چوسنا کا لازم۔ پیا جانا۔ طاقت کا تباہ ہو جانا۔ پچڑ جانا۔ غرق لگ جانا۔ (بصورت اسم) مذکر: بچوں کے چوسنے کا کھلونا۔

چسنی (ہ۔ اسم مؤنث) بچوں کے چوسنے کا کھلونا۔ دودھ پلانے کی شیشی کا نپل۔

چسوانا: چسانا۔

چ - ش

چشتی (ف) حضرت خواجہ معین الدین اجمیری کے سلسلے کا مرید مسلمانوں

میں ایک برگزیدہ خاندان کا نام۔ چشت کا باشندہ۔
چشتیہ (ف) جمع۔
چَشمک (دُو اسم مؤنث) وہ کھانا جو باورچی لوگ تقریبوں کے موقع پر اپنے واسطے بطور حصہ دَورے میں بھر کر صاحب تقریب کے گھر سے لیجاتے ہیں۔
چَشمک (وہ۔ اسم مؤنث) ٹمکا۔ رمز۔ جھپکی۔ جھانولی۔ اشارہ چشم۔ تنکر رنجی ناراضگی۔ عینک۔ چشمہ۔



چَشم (ف۔ اسم مؤنث) آنکھ۔ نین۔ دیدہ۔ آس۔ اُمید۔ توقع۔
چشم بددُور (ف) فقرہ دعائیہ۔ بُری نظر دور رہے نظر نہ لگے۔ تعریف وتحسین کا کلمہ۔ طنزاً کسی کی مذمت میں بھی بولتے ہیں۔
چشم براہ: منتظر۔ انتظار کرنے والا۔
چشم پوشی (ف۔ اسم مؤنث بیائے مصدری) آنکھ چُرانا۔ دیکھکر ٹال جانا۔
چشم داشت (مو) آس۔ بھروسہ۔ اُمید۔
چشم زخم (مذ) نقصان جو نظر لگنے سے کسی مرغوب شے کو پہنچے۔
چشم زدن: لحہ بھر۔ طرفۃ العین۔
چشم نمائی (ف۔ اسم مؤنث بیائے مصدری تنبیہ۔ ملامت۔ جھڑکی۔
چشم وابرو: انداز۔ اندازے۔
چشم وچراغ (ف۔ اسم مذکر) نور چشم۔ آنکھ کی پتلی۔ نہایت پیارا عزیز روشنی چشم۔
چشمک: (مو) آنکھ کا اشارہ۔ انقباض۔ تنکر رنجی۔
چشمک زنی کرنا (اُ۔ فعل) طعنہ دینا۔ چھیڑنا۔ آوازہ کسنا۔
چشمہ (ف۔ اسم مذکر) منسوب بہ چشم۔ پانی نکلنے کی جگہ۔ پانی کی سوت۔ تالاب۔ جوہڑ۔ غدیر۔ عینک۔
چشمہ زار یا چشمہ ساز: وہ جگہ جہاں بہت سے چشمے ہوں۔
چشمۂ حیواں } (مذ) آب حیات (کنایۃً)
چشمۂ خضر } معشوق کا منہ۔

چ - غ

چُغا (ت۔ مذ) عبا۔ جُبّہ۔
چغتائی (ت۔ مذ) چغتا بن چنگیز خاں کی نسل سے۔

چُغد (ف۔ اسم مذکر) ایک قسم کا چھوٹا سا اُلو۔ کوتری۔ بوم۔
چُغل (ف۔ اسم مذکر) لاو اُلترا۔ نمام۔ غماز۔ چغلیاں اور بدگوئیاں کرنے والا۔ گٹی۔ کنکر جو چلم کے نےزانے میں رکھ کر اُوپر سے تمباکو رکھتے ہیں۔
چُغل خور (ف۔ اسم مذکر۔ فاعل) نمام۔ لاو الترا۔ غماز۔ اسی طرح رائج ہو ہو گیا۔ مگر ترکیب غلط ہے کیوں کہ چغل خور چغلی کھانے والے کو کہتے ہیں۔ غیبت کرنے والا۔
چُغل خوری (مو) لترا پن۔ نمامی۔ غمازی۔
چُغلی (ف۔ اسم مؤنث) غیبت۔ کسی کی بُرائی ظاہر کرنی۔ سخن چینی۔
چُغلی کھانا: غیبت کرنا۔ بدی کرنا۔ غمازی کرنا۔

چ - ف

چُفتی (دُو۔ اسم مؤنث) چپٹی لکڑی۔ جس کے ذریعہ سے سیدھی لکیریں کھینچتے ہیں۔ چوبی مسطر۔ پٹڑی۔ لکیریں کھینچنے کا رُول۔

چ - ق

چق (ت۔ اسم مؤنث) چک۔ چلمن۔ بانس یا سرکنڈے کی تیلیوں کا پردہ۔
چقاچق (دُو۔ مو) بدن پر متواتر تیروں اور تلواروں کے پڑنے کی آواز۔
چقر (ف) چشمہ۔ جوہڑ۔ ڈابر۔ بڑا گڑھا۔

پانی پہ لوٹتا ہوں میں دیوانہ دشت میں
پانی کی جا لہو سے ہیں چقر بھرے ہوئے

چقماق یا چقمق (ت اسم مؤنث) آگ نکالنے کا پتھر جس پر لوہے وغیرہ کی ضرب مار کر آگ کی چنگاریاں نکالتے ہیں۔
چقندر (ف۔ اسم مذکر) شلغم کی طرح کی جڑ۔ جو نہایت سرخ ہوتی ہے۔ اور پکانے میں آتی ہے۔

چ - ک

چک (ہ۔ اسم مذکر) قطعہ زمین۔ زمین کا جھگڑا۔ پٹی کاشت۔ جھگڑا تنازعہ
کھٹیک یعنی، سند وقصاب۔ پھیر۔ جماؤ۔ دودھ کی دہی وغیرہ کا جم جانا۔
چک بندی (اُ۔ اسم مؤنث) زمین کی حد بندی۔ کشتوار۔ پیمایش کی آسانی کے لئے حد بست کے نقشے کے اندر کئی مناسب حصے کرنا۔
چک پھیری (مو) باندھ کر پھرنا۔ وہ گردش جو دائرے میں ہو۔
چک پھیری: بار بار آنا۔ چکر لگانا۔
چک تراشی: زمین کے الگ الگ قطعات کرنا۔
چک بند ھنا (ہ۔ فعل) کسی چیز کا بافراط یا بکثرت ہونا۔ پھیر پڑنا۔
چُک (ہ۔ اسم مؤنث) دھکا۔ لچکا۔ لچک۔ جھٹکا۔ درد کمر جو اعضا کے بیجا ہونے سے ہوتا ہے۔
چک آنا: کمر میں جھٹکا آنا۔
چُک جانا: چک آنا۔ پٹھوں کے اِدھر اُدھر ہو جانے۔ درد کمر۔

چک (انگ۔ اسم مذکر) نقدی ملنے کا پرچہ۔ ہنڈی جو کسی بنک وغیرہ کے نام لکھی جائے۔ کاغذ۔ زر۔ (بصورت اسم مؤنث) چلمن۔ چق۔

چکّا (ہ۔ اسم مذکر) مربع یا گول چیز پیمائش کے لئے کسی چیز کا ڈھیر (بحالت صفت) جما ہوا۔ منجمد۔ جیسے دہی کا چکّا۔

چکّا باندھنا (ہ۔ فعل) پیمائش کے لئے اینٹوں یا پتھروں کا اونچا چوکور ڈھیر لگانا۔ چکا چاک۔ تیل یا گھی میں تر بتر۔

چکا چک (ہ۔ اسم مؤنث صوت) تلواروں کے متواتر پڑنے کی آواز۔ (بصورت اسم صفت) تر بتر۔ تیل یا گھی میں خوب ڈوبا ہوا۔ شوربور۔ لت پت

چکا چوند۔ یا۔ چکا چوندی (ہ۔ اسم مؤنث) تیز اور زیادہ روشنی کے باعث آنکھ کا جھپک جانا۔ تعجب۔ حیرت۔ متعجب ہے انیس

ان چاند سے چہروں کا جو ہے عکس زمیں پر
خورشید چکا چوند ہے واں عرش بریں پر

چکا چوند آنا یا لگنا آنکھوں کے آگے روشنی کے باعث اندھیرا آنا۔ بعضوں نے چکا چوند دینا بھی کہا ہے ؎ رشک دے چکا چوند تیری شکل کا نظارہ اگر
دیکھنا شکل اجل کا مجھے مشکل ہو جائے

چکا دہی (مذ) جما ہوا دہی۔

چکارا (ہ۔ اسم مذکر) ایک قسم کا نہایت چالاک اور چھوٹا سا ہرن۔ چھوٹا مرگ۔ چھوٹی سارنگی ایک قسم کا دوتالا۔

چکارا

چکاری (مذ) مچھر کی طرح ایک کیڑا۔ شکاری چاقو۔

چکان (ہ۔ گاڑھی بھنگ یا افیون۔

چکانا (ہ۔ فعل) نمٹانا۔ بے باق کرنا۔ فیصلہ کر دینا۔ قیمت مقرر کرنا۔ مول کر لینا۔ ختم کرنا۔ پورا کرنا۔ بیباق کرنا۔

چکائی دینا (ہ۔ فعل) فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ نظر بچانا (آج کل مستعمل نہیں)

چکاوک (ف۔ مذ) چنڈول۔

چک بچک (ہ۔ اسم صفت) تیل یا گھی میں تر بتر۔ ڈوبا ہوا۔ شوربور۔

چک پھیری (ہ۔ اسم مؤنث) چکر باندھ کر دائرہ میں پھرنا۔

چکت (ہ۔ مو) کسی کو دانتوں سے کاٹنا (بھرنا) منہ سے بوٹی بھرنا۔

چکت مارنا (ہ۔ فعل) بکٹا مارنا۔ دانتوں سے کاٹ کھانا۔ دانت مارنا منہ مارنا۔

چکتا (ہ۔ اسم مذکر) بڑا اور گول دھبا۔ گول نشان۔ گوشت کا ٹکڑا۔ دانتوں کے کاٹے کا نشان (بھرنا اور ڈالنا مارنا کے ساتھ مستعمل ہے)

چکتی (ہ۔ اسم مؤنث) قرص۔ ٹکیا۔ دنبہ کی چوڑی دم کی چکی۔ گول چیز صابون کا چوڑا چمڑے کا گول ٹکڑا۔ کاسۂ سر۔

چکٹ۔ چکٹا (ہ۔ اسم صفت) میلا۔ غلیظ۔ از حد چکٹا ہوا۔ چپچپا۔ چکناہٹ اور میل سے بھرا ہوا۔ جما ہوا۔

چکٹ۔ یا۔ چکٹا یا چکٹی (ہ۔ اسم مذکر) مٹھی بھر۔ پنجہ بھر۔ مٹھی مٹھی۔

چکٹنا (ہ۔ فعل) چکنا ہو کر چپکنے لگنا۔ چپچپانے لگنا۔ میلا ہونا۔ کثیف ہونا۔ غلیظ ہونا۔

چکچکا (ہ) روشن۔ چمکیلا۔ (لک) تیل یا گھی میں تر بتر۔

چکچکانا (دمص۔ مح) لڑکی نے سر میں اس قدر تیل چپکچپا کر ڈوپٹے میں چکتا لگ گیا۔ بہت زیادہ تیل میں تر بتر۔

چکچکی (ہ۔ اسم مؤنث) دو چپٹی لکڑیاں جو اکثر جوگی ایک ہاتھ میں لے کر بجاتے اور مانگتے پھرتے ہیں۔ ایک قسم کا خنجر۔

چکچک لونڈے کھانا۔ یا۔ چکھنا (ہ) گھی میں تر بتر نوالے کھانا۔

چک چوہی (ہ۔ مو) چمڑے کا ایک کھلونا۔

چکدڑیا (ہ۔ مذ) جس داڑھی کے بال متفرق اور تھوڑے تھوڑی کے نیچے ہوں۔

چکر (ہ۔ اسم مذکر) دائر۔ حلقۂ گول۔ احاطہ۔ گرداب۔ بھنور۔ گردش۔ گھیر۔ گھیری۔ گول سڑک۔ لوہے کا ایک گول آہنی حلقہ جو سکھوں کے ایک خاص فرقے کے پاس پگڑی میں رہتا ہے۔ حیرت۔

چکر آنا (ہ) سر گھومنا۔ غش آنا۔ سر گھومنا۔

چکر باندھنا (ہ۔ فعل) اس طرح گردش دینا کہ دائرہ بندھ جائے۔

چکر کرنا: پھیرے کرنا۔

چکر کھانا (ہ۔ فعل) گھومنا۔ گردش کرنا۔ پھرنا۔ بکا بگارہ جانا۔

چکر کاٹنا: بار بار آنا جانا۔ پھیر کھانا۔

چکر لانا (ہ) فساد اٹھانا۔ شرارت کرنا۔ فتنہ برپا کرنا۔

چکر گھنی (لک) چکر کھانا۔ گردش۔ بہت زیادہ چلنا دوڑنا۔

چکر لگانا (ہ۔ فعل) گھومنا۔ گرد پھرنا۔ گردش کرنا۔ منڈلانا۔

چکر میں آنا (ہ۔ فعل) مصیبت میں پھنسنا۔ پھیر میں آنا۔ گردش میں آنا۔

چکر میں ڈالنا (ہ۔ فعل) بکھیڑے میں ڈالنا۔ راہ راست سے بہکانا۔ ہوش بھلانا۔ راستہ بھلانا۔ حواس باختہ کرنا۔ مصیبت اور سختی میں ڈالنا۔

چکرانا (ہ۔ فعل) چکر کھانا۔ گھبرانا۔ سر گھومنا۔ غش کھانا۔ مصیبت میں پڑنا۔ چکر کھانا۔

چکرا دینا: پریشان کرنا۔

چکر مکر (دُ۔ اسم مذکر) دغا۔ دھوکا۔ فریب۔ دم۔ جھانسا۔ حیلہ۔ بہانہ۔

چکر مکر دیکھنا: اِدھر اُدھر دیکھنا۔

چکریا (ہ۔ اسم مذکر۔ فاعل) چاکری پیشہ کرنے والا۔ نوکری پیشہ۔

چکڑی (ہ۔ اسم مؤنث) ایک طرح کی زرد رنگ کی لکڑی۔ جس کی اکثر کنگھیاں بنتی ہیں۔

چکس (ہ۔ اسم مذکر) پرندوں کو بٹھانے کی لکڑی۔ بلبل کا اڈا۔

چکّل (ہ۔ اسم مذکر) کسی پودے کو مٹی سمیت ایک جگہ سے دوسری جگہ اٹھانا۔

چکلا (ہ۔ اسم صفت) چوڑا۔ گول۔ چپٹا۔ عریض۔

چکلا (ہ۔ اسم مذکر) دانہ دلنے کی بغیر کرنڈ کی چکی۔ لکڑی یا پتھر کا گوا تختہ جس پر پوریاں۔ روٹی۔ پھلکے وغیرہ بیلتے یا مصالحہ پیستے ہیں۔ ضلع صوبہ۔ جاگیر ضلع کا کوئی حصہ۔ علاقہ۔ رنڈیوں کے رہنے کا محلہ۔

چکلا بندی (دُ۔ اسم مؤنث بیائے مصدری) حد بندی۔ حدی بست۔ بند و بست۔

چکلے دار (دُ۔ اسم مذکر فاعل) ناظم۔ صوبہ دار۔ جاگیر دار۔ رنڈیوں کے محلے کا چودھری۔

چکلی (مو) چرخی۔ صندل رگڑنے کا چھوٹا سا گول پتھر۔

چکما۔ یا۔ چکمہ (دہ۔ اسم مذکر) دھوکا۔ فریب۔ مکر۔ جُل۔ نقصان۔ خسارہ۔ ایک قبیل کا نام بھی ہے۔

چکمہ اُٹھانا (ہ۔فعل) نقصان اُٹھانا۔ ٹوٹا۔ بھرتا۔ خسارہ بھرنا۔ فریب کھانا۔ دھوکا کھانا۔

چکما دینا (ہ۔فعل) فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ ضرر پہنچانا۔

چکمہ کھانا (ہ۔فعل) فریب میں آجانا۔ حریف سے دھوکا کھانا۔

چکماک۔ چکمک (مو) دیکھو "چقماق"

چکن (ف) ایک طرح کا بیل بوٹے دار کپڑا۔ ایک قسم کا کشیدہ۔ سوئی کا کام۔ سوئی کے بنائے ہوئے پھول۔ بوٹوں والا کپڑا۔

چکن دوز (دُوز۔اسم مذکر فاعل) کشیدہ کا کام کرنے والا۔ چکن کار۔ کپڑے پر چکن بنانے والا۔

چکن دوزی (مو) چکن بنانے کا کام۔

چکن کاڑھنا کپڑے پر مہین اور نازک کام کرنا۔ تاگے سے چھید کر چھوٹی چھوٹی پتیاں بنانا۔ تلق

بہار گلشن داغ جنوں ہے دید کے قابل
چکن کاڑھی ہے وحشت نے ہمارے دامن دل پر

چکن (انگ۔چوزہ۔ مرغی کا بچہ۔ مرغ مجازاً مرغ کا سالن۔ Chicken

چکنا (ہ۔اسم صفت) روغنی۔ تیلیا۔ چرب۔ چربی دار۔ فربہ۔ موٹا۔ پھسلنا۔ رپٹوال۔ پھسلنے والا۔ چکدار۔ صاف۔ ستھرا۔ وارنش کیا ہوا۔ بے شرم۔ بے حیا۔ رونق دار۔ خوبصورت۔ مجلا۔

چکنا چپڑا (ہ۔اسم صفت) صاف ستھرا چھیل چھبیلا۔ خوش پوش۔ بناٹھنا۔ خوش لباس۔

چکنا دیکھ پھسل پڑے (ہ۔مثل) خوبصورت دیکھ کے فریفتہ ہو گئے یا مر گئے۔ دولت دیکھ کے جی للچا گیا یا رجھ گئے۔

چکنا گھڑا (ہ۔اسم صفت) بے حیا۔ بشرم۔ بے غیرت۔ جس پر نصیحت اثر نہ کرے۔

چکنا گھڑا بوند پڑی پھسل ڈھل گئی (ہ۔مثل) نہایت بے غیرت ہے لاکھ لعنت ملامت کرو اثر ندارد۔

چکنا منہ پیٹ خالی (ہ۔کہاوت) منہ پر رونق اور پیٹ بھوکا۔

چکنا منہ سب چاہتے ہیں (ہ۔مثل) خوشحال کی سب جگہ عزت ہوتی ہے۔

چکنے گھڑے پر بوند نہیں ٹھہرتی (ہ۔مثل) بے عزت نرمندہ نہیں ہوتا۔

چکنا (ہ۔فعل) قیمت طے ہونا۔ بھاؤ ٹھہرنا۔ میثاق ہونا۔ حساب صاف ہونا۔ قضیہ دفع ہونا۔ جھگڑا فیصل ہونا۔ ختم ہونا۔ بڑنا۔ نبکیا۔ کسی فعل کے اتمام کے لئے امر کے صیغے کے بعد اضافہ کرتے ہیں۔ جیسے آپچکے جا چکے ہو چکی۔

چکنانا کسی چیز پر روغن لگانا۔

چکنا چور (ہ۔اسم صفت) ٹکڑے ٹکڑے۔ پارہ پارہ۔ ریزہ ریزہ۔ تھکا ماندہ مضمحل۔

چکنا چور کرنا (ہ۔فعل) تھکا مارنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ تیل میں ڈبو دینا۔

چکناوٹ۔ یا۔ چکناہٹ (ہ۔اسم مؤنث۔ اسم مصدری) صفائی۔ چکنائی۔ خوبصورتی۔ (فصحا چکناوٹ نہیں بولتے)

چکنائی (ہ۔اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) ذہنیت۔ چربی۔ روغن۔ تیل۔ گھی۔

چکنی (ہ۔اسم صفت مؤنث) روغنی۔ مرغن۔ چربی دار۔ پھسلنی۔ لیس دار۔ ایک قسم کی چھالیہ۔

چکنی باتیں (ہ۔اسم مؤنث) پُرلطف باتیں۔ مزیدار باتیں۔ خوشامد کی باتیں۔

چکنی چپڑی باتیں (ہ۔اسم مؤنث) دلفریب باتیں۔ بامزہ باتیں۔ خوشامدانہ باتیں۔ خوش آیند گفتگو۔

چکنی ڈلی (ہ۔اسم مؤنث) ایک قسم کی چھالیہ۔ جسے کچی کو دودھ میں پکا کر خشک کر لیتے ہیں۔

چکنی مٹی (ہ۔اسم مؤنث) لیسدار مٹی۔ پینے کے کام میں آنے والی مٹی۔

چکنے مُنہ کو سبھی چومتے ہیں (ہ۔مثل) امیر کی سبھی خوشامد کرتے ہیں۔ خوبصورت کی ہر جگہ قدر و منزلت ہوتی ہے۔

چکنیا (ہ۔اسم صفت۔ بترکیب فاعلی) بانکا چھیلا۔ چھبیل چھبیلا۔

چکو (پ۔اسم مذکر) چاکو کا مخفف ہے چھوٹا چاقو۔ قلمتراش۔

چکوا چکوی (ہ۔اسم مؤنث) سرخاب کا جوڑا۔ چکاوک۔ ایک آبی پرندے کا جوڑا کہتے ہیں۔ دن کو تو ساتھ ساتھ رہتے ہیں لیکن رات کو الگ الگ ہو جاتے ہیں۔

چکھا دینا (ہ) کھلا دینا۔ سزا دینا۔ (مزہ کے ساتھ)

چکھا چکھی کرنا: تھوڑا سا چکھ لینا۔ ذرا سا کھا لینا۔

چکوتا (ہ۔اسم مذکر) فیصلہ۔ چکتا۔ بیباق۔ نرخ کا تصفیہ۔ ایک بیماری کا نام بھی جو زانو کے نیچے پھنسیوں کی صورت میں ظاہر ہوتی ہے۔ اور پھر تمام ٹانگ پھل جاتی ہے۔

چکوترا (ہ۔اسم مذکر) لیمو اور نارنگی کے پیوند سے بنا ہوا ایک پھل ہوتا ہے۔

چکور (ہ۔اسم مذکر و مؤنث) کبک۔ پہاڑی تیتر۔ چاند کا عاشق ہے اس کے نیچے اور چونچ سُرخ اور گلے میں طوق ہوتا ہے۔

چکھانا (ہ۔فعل) ذائقہ دکھانا۔ کھلانا۔ نوش کرانا۔ چاشنی دکھانا۔ سواد دکھانا۔ مارنا

چکھ ڈالنا: کھا ڈالنا۔ بالکل کھا جانا۔ روپیہ اُڑا دینا۔

چکھنا (ہ۔فعل) چکھانا کا لازم۔ مزہ لینا۔ نوش کرنا۔ لذت اُٹھانا۔ ذائقہ دیکھنا۔ سزا دینا۔ (مزہ چکھانا)

چکھوتی (ہ۔مو) لذیز کھانا۔

چکھوتیاں (ہ۔اسم مؤنث) لذیذ اور مزیدار کھانے۔ چٹخارے۔ چکنی چوپڑی۔

چکھی (ہ۔اسم مؤنث) چکھوتی۔ چاٹ۔ چٹخارہ۔ بٹیروں کا کھانا دانہ۔ کسی کا مال کھا جانا۔

چکّی (ہ۔اسم مؤنث) آٹا پیسنے یا دانہ دلنے کا آلہ۔ آسیا۔ گھٹنے کی ہڈی: بجلی۔

چکّی پیسنا (ہ۔فعل) چکّی چلانا۔ آٹا پیسنا۔ مصیبت جھیلنا۔ وظیفہ پڑھنا۔

چکی جھونا (ہ۔فعل) چکّی شروع کرنا۔ چکّی چلانا۔ دکھڑا بیان کرنا۔ مصیبت دہرانا۔ اپنی بیتی کہنا۔

چکی رہا (ہ۔اسم مذکر فاعلی) چکی کو اوزار سے گودنے والا۔ چکی میں دندانے بنانے والا۔ چکی کو کھردرا کرنے والا۔

چکی رہانا (ہ۔فعل) چکی کو کھردرا کرنا۔ چکی کو گودنا۔

چکی کا پاٹ (ہ۔اسم مذکر) چکی کا ہر حصہ، پڑہ۔ زبردست کا دباؤ۔ (بحالت صفت) وعدہ خلاف۔ اقرار سے پھر جانے والا۔
چکی کا کھونٹا (ہ۔اسم مذکر) چکی کا ہتا۔ دستہ۔ چکی چلانے کا ڈنڈا۔
چکی کی مانی (ہ۔اسم مؤنث) وہ کیل جس پر چکی پھرتی ہے۔ خطب دھروتارا۔
چکئی (ہ۔اسم مؤنث) پھرکی۔ ایک گول کھلونا۔ لکڑی کا۔ جس سے بچے کھیلا کرتے ہیں۔ مجازاً گول۔ مدور۔
چکئی آلو (ہ۔اسم مذکر) گول شکرقند۔ گول آلو۔
چکی دیکی (مو) بچوں کی زبان میں کسی چیز کا ختم ہو جانا۔
چکیدہ (ف۔اسم صفت بترکیب مفعولی) پکا ہوا۔ مقطر۔ چوہوا۔ پیدا شدہ۔

چ - گ

چگ (ہ) چگنا کا امر۔
چگ ڈھیا (ہ۔اسم صفت) چھوٹی سی داڑھی۔
چگا (ہ) چگنا کی ماضی۔ چگانا کا امر۔
چگانا (ہ۔فعل) جانوروں کو گھاس کھلانا۔ پرندوں کو دانہ دنکا کھلانا۔
چگنا (ہ۔فعل) چگانا کا لازم۔ جانوروں کا گھاس کھانا۔ پرندوں کا دانہ چننا۔
چگل، ترکستان کے ایک شہر کا نام۔ جہاں کے باشندے نہایت حسین ہوتے ہیں۔
چگو (ہ) ٹھوڑی کے نیچے چند بالوں والی ڈاڑھی۔
چگونہ (ف) کیسا۔ کیا۔ کس طرح۔ کس حالت میں۔ کس قسم کا۔
چگائی (مو) دانہ چرانے کی اُجرت۔
چگونگی (ف۔مو) کیفیت۔
چگی (ہ۔اسم صفت) چھوٹی سی چیز۔ ذرا سی۔ ننھی سی۔ چٹکی بھر۔

چ - ل

چل (ہ۔اسم مؤنث) کھاج۔ خارش۔ کھجلی۔ مستی باہ۔ شہوت۔ بے کلی۔ بے چینی۔ اضطراب بے قراری۔ کام دیو۔ ہاتھ پاؤں کا برابر حرکت کرتے رہنا۔
چل اُٹھنا: شہوت ہونا۔ کھجلی ہونا۔
چل بجھانا: خواہش مٹانا۔ کھجانا۔
چل بانی: شوخ و شریر عورت۔ ست عورت۔
چل (ہ) چلنا مصدر سے فعل امر جو اظہار نفرت۔ یا ادائے ناز کے وقت معشوقوں کی زبان پر آتا ہے ہٹ۔ ہٹ پرے۔ پرے ہو۔ لمبا بن۔ دور ہو۔ چپت ہو۔ پڑنا مصدر کے ساتھ ابتری۔ پراگندگی۔ جیسے آپ کے چلتے ہی سب میں چل پڑ گئی۔ فرق۔ لغزش۔ ڈگمگاہٹ۔ نیز کلمہ اختلاط جو انتہائی گرم جوشی سے زبان پر لاتے ہیں۔
چل بے (ہ۔محاورہ) نفرت اور خفگی کے اظہار کے لئے ناز سے بولتے ہیں۔

جرأت۔ اگر کچھ حرف مطلب اس پر پروسے میں کہتا ہوں
تو وہ منہ پھیر کر کہتا ہے چل بے تجھ کو سودا ہے

چل بسنا (ہ۔فعل) مرنا یا مر جانا۔ جہاں سے اُٹھ جانا۔ گزر جانا۔
چل پڑنا: روانہ ہونا۔
چل پھر: چالاکی۔ تلوار کی گردش۔
چل جانا: پھٹ جانا۔ بسر ہونا۔ مسک جانا۔ ان بن ہو جانا۔ گزر جانا۔ ہو جانا۔ کام دینا۔ جیسے یہ کپڑا شاید چھ ماہ بھر چل جائے۔
چل چخ۔ چل چخے۔ چل دُور (دُور۔ محاورہ) چل ہٹ۔ دور ہو۔ چلا جا۔ چپت ہو۔ لمبا بن۔ دفع رفاں۔
چل دینا: فوت ہو جانا۔ کافور ہو جانا۔
چل کھڑا ہونا: بیٹھے بیٹھے معاً چل دینا۔
چل نکلنا (ہ۔محاورہ) حد سے بڑھ جانا۔ اترا جانا۔ غرور میں آجانا۔ آگے نکلنا۔ سبقت لے جانا۔ بڑھ جانا۔ روانہ ہونا۔ چل پڑنا۔ گستاخ و بے ادب ہو جانا۔
چل ہوا بن۔ چل ہوا ہو / چل ہوا کھا (دُور۔ محاورہ) چل رخصت ہو۔ ہوا کھا۔ چلتا بن۔ چمکتا پھرنا نظر آنا۔
چلا (ہ۔اسم مذکر) پگڑیوں کا کلابتونی بنا ہوا پلا۔ تلہ دار کنارہ (یہ لفظ طلا سے بگڑا ہے) وہ میٹھی خمیری روٹی جو آٹا پتلا کر کے کڑھائی میں تلی جائے۔ پوڑا۔
چلا چلی (ہ۔اسم مؤنث) موت کی گرم بازاری وبا کی شدت۔ ہل چل۔ روانگی۔ سفر کی تیاری۔
چل نہ سکوں میرا کدن نام: طاقت سے زیادہ دعویٰ کرنے والے بچے کی نسبت بولتے ہیں۔
چل لونڈی میں آتا ہوں (ہ۔فعل) جب کوئی شخص اپنی آرائش کی کوئی چیز دکھا کر اس کے اشارے سے کوئی بات کرے۔ اس موقع پر بولتے ہیں۔
چل نہ سکوں میرے بارہ نخرے: بے محنت کیے حقدار۔
چل پون: شور و غل۔ بچوں کا مل کر چیخنا پکارنا۔
چلانا (ہ۔فعل) شور و غل مچانا۔ شور کرنا۔ چیخنا۔ غوغا کرنا۔ رونا۔ گریہ زاری کرنا۔ فریاد کرنا۔ غصہ سے چیخنا۔ اظہار غضب کرنا۔
چلانا (ہ۔فعل) چلنا کا متعدی۔ روانہ کرنا۔ ہانکنا۔ چھیڑ۔ جاری کرنا۔ بہانا۔ کاروبار جاری کرنا۔ کام کو رونق دینا۔ کام نکالنا۔ بندوبست کرنا۔ گھسیٹنا۔ اندر کرنا۔ کام میں لانا۔ استعمال کرنا۔ جیسے کھوٹا روپیہ چلانا روپیہ سود پر دینا۔ اُدھار دینا۔ قرض دینا۔ نکالنا۔ رخصت کرنا۔ بڑھانا۔ پھیلانا۔ یاد گار رکھنا جیسے نام چلانا۔ کپڑے کے تاروں کو جدا کر دینا۔
چلاؤ (ف۔اسم مذکر) نمکین۔ خشکہ چاول۔ بن گوشت کا پلاؤ۔
چل بچل (ہ۔اسم صفت) بے موقع۔ بے جا۔ بے جگہ۔ (بحالت اسم مؤنث) غلطی۔ چوک۔ خطا۔ علیحدگی۔ حرکت۔ جنبش۔ جدائی۔ ابتری۔
چل بچل ہونا (ہ۔فعل) بے جگہ ہونا۔ بگڑنا۔ ابتر ہونا۔ خراب ہونا۔ جیسے مجلس میں چل بچل پڑ گئی۔
چلبل (ہ۔مو) کتے کے بچے کی آواز۔ بچوں کی گھبرائی ہوئی آواز۔

چُلبُلا (دُور، اسم صفت) بے چین۔ بے کل۔ آرام سے نہ بیٹھنے والا۔ شوخ۔ مزاح۔ زندہ دل۔ کھلاڑی۔
چُلبُلی (مو) صفت۔
چلبلاہٹ۔ چلبلاپن (مو) نہ بے قراری۔ شوخی۔ چنچل پن
چلپاسہ (ف۔ مو) چھپکلی۔
چلتا (وہ۔ اسم صفت بترکیب مفعولی) جاری۔ بہتا ہوا۔ رواں۔ مروج۔ چالاک۔ بھاگتا ہوا۔ کارگر۔ پُراثر۔ جیسے چلتا تعویذ۔
چلتا پُرزہ (دُور۔ اسم مذکر) بڑا چالاک۔ فتنہ انگیز۔ فسادی۔ متفنی۔
چلتا سماں (مذ) بڑھاپے کا زمانہ۔
چلت پھرت (وہ۔ اسم مؤنث) جنبش۔ گردش۔ حرکت۔ پھرتی۔ چالاکی رفتار۔ رقص۔
چلتّر (وہ۔ اسم مذکر) مکر و فریب۔ دھوکا۔ چھل بٹا۔ چال۔ چرتر۔ رنگین

مجھ کو باتوں میں یہ اُڑاتی ہیں
پھر چلتّر مجھے دکھاتی ہیں

چلتّر بازی (دُور۔ اسم مؤنث) چالاکی دھوکا۔ فریب بازی۔
چلتہ (ف۔ اسم مذکر) زرہ بکتر۔ لڑائی کے وقت پہننے کی ایک پوشاک کا نام (فارسی چل تہ)
چلتے بیل کے آر چبھونا: چلتے کام میں روڑا اٹکانا۔ کام کرنے والے کو روکنا۔
چلتے پھرتے: اِدھر اُدھر آتے جاتے ہرتے پھرتے۔
چلتے پھرتے نظر آؤ (دُور، محاورہ) جاؤ رخصت ہو۔ چال دکھاؤ۔
چلتے چلتے: روانہ ہوتے وقت۔ عین جانے کے وقت۔
چلتے چور لنگوٹی لابھ (وہ۔ محاورہ) بہت نقصان ہونے پر جو مل جائے وہی غنیمت ہے۔
چلتی۔ یا۔ ڈھلتی پھرتی چھاؤں (وہ۔ مثل) دُنیا کی بے ثباتی۔ ناپائداری علم و دولت کے موقع پر بولتے ہیں۔
چلتی کا نام گاڑی ہے (وہ۔ مثل) جب تک کام درست رہے تب ہی تک نام ہے جب تک کام چلتا رہے اُسی وقت تک اطمینان ہے۔
چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا (وہ۔ محاورہ) بنتے بناتے کام میں خرابی ڈالنا۔ ہوتے ہوتے کام میں مزاحم ہونا۔
چلتی ہوا سے لڑنا (وہ۔ محاورہ) نہایت بدمزاج ہونا۔ خواہ مخواہ لڑائی کرنا۔ خریدنا۔
چلچل (وہ۔ اسم مؤنث) ابرک۔ ابرق۔ بھوڈل۔ طلق۔ ایک کانی جوہر کا نام ہے۔ (بصورت اسم صوت) گھڑی اور چھچھوندر کے چلتے وقت بولنے کی آواز۔
چلچلاتی دھوپ (وہ۔ مو) سخت تیز دھوپ۔
چلچلانا (وہ۔ فعل) چیخ کر بولنا۔ رونا۔ فریاد کرنا۔ دھوپ کا تیز ہونا۔ سخت گرمی پڑنا۔ چیل کا بولنا۔ بے فائدہ شور و غوغا کرنا۔
مچلچلانا (وہ) جماع کرانے کو دل چاہنا۔ کھجلانا۔
چل چلاؤ (وہ۔ اسم مذکر) چلا چلی۔ روانگی۔ سفر۔ کوچ۔ مرنا۔ گزرنا۔
چلڑ (وہ۔ اسم مذکر) جُوں۔ پیش۔ ڈینگر۔
چلغوزہ (وہ۔ اسم مذکر) ایک مقوی دماغ میوہ ہے درخت صنوبر کا پھل۔
چلک (وہ۔ اسم مؤنث) تابش۔ روشنی۔ چمک۔ دمک۔ جھلک۔
چلکا (وہ۔ اسم مذکر) روپیہ۔ چاندی کا سکہ (دکھنی والے بولتے ہیں)
چلکتا ہُوا (وہ۔ اسم صفت۔ بترکیب مفعولی) چمکتا ہوا۔ روشن۔ مجلا۔ صاف چمکدار۔
چلکنا (وہ۔ فعل) روشن ہونا۔ چمکنا۔ درخشاں ہونا۔ تابش دکھانا۔ دمکنا۔ ریت کا چمکنا۔
چلم (وہ۔ اسم مؤنث) سرقلیان۔ آگ اور تمباکو رکھنے کا ظرف جسے حقہ پر رکھ کر دم لگاتے ہیں۔
چلم بردار (دُور۔ اسم مذکر) حقہ پلانے والا۔ نوکر۔ ملازم۔ حقہ۔
چلم پینا (دُور۔ فعل) تمباکو پینا۔ غیر گوت یا غیر ذات ہونے کے سبب حقہ پر سے چلم اُتار کر پینا۔ تمباکو پینا۔ چرس یا گانجہ پینا۔
چلم تمباکو (دُور۔ اسم مذکر) تھوڑا سا تمباکو۔ تمباکو کا ایک سلفہ۔
چلم چٹ (وہ۔ اسم مذکر) بے غیرت۔ کنجوس۔ چلم تک پی جانے کا ارادہ رکھنے والا۔ حقے کا لتیا۔ حقہ کا سخت عادی۔
چلموں پر آگ رکھنا۔ یا۔ چلمیں بھرنا (وہ۔ محاورہ) حقے بھر بھر کر پلانا۔ یا۔ پینا۔ حقہ پلانے کی خدمت کرنا۔ سیوا کرنا۔ ٹہل کرنا۔ فرمانبردار رہنا۔
چلمچی (ف۔ اسم مؤنث) سلفچی۔ سلیچی۔ طشت۔ ہاتھ منہ دھونے کا برتن۔ جو ایک خاص وضع کا بنا ہوتا ہے اور اس کے سرپوش میں چھید ہوتے ہیں۔
چلمن (وہ۔ اسم مؤنث) چق۔ چک۔ تیلیوں کا بنا یا ہوا پردہ۔
چلن (وہ۔ اسم مذکر) حال۔ رفتار۔ روش۔ چال۔ طریقہ۔ ڈھنگ۔ طرز۔ رسم۔ ریت۔ رواج۔ عادت۔ سبھاؤ۔ کفایت شعاری۔ جزرسی۔ جیسے چلن کا آدمی۔
چلن سے چلنا (وہ) فعل۔ کفایت شعاری سے خرچ کرنا۔ جزرسی کرنا۔ بھلا مانس۔ رہنا۔ نیک معاش رہنا۔
چلن ہار (وہ۔ اسم صفت۔ بترکیب فاعلی) چلنے کے قابل۔ چلنے والا۔ رحمتی۔ مرنے جوگا۔ مرنہار۔ پاور رکاب۔ مسافر۔ کوچ کو تیار۔
چلن ہونا: روانہ ہونا۔
چلنا (وہ۔ فعل) حرکت و جنبش کرنا۔ روانہ ہونا۔ کوچ کرنا۔ روپیہ پیسہ وغیرہ کا رواج پانا۔ مروج ہونا۔ سفر کرنا۔ جاترا کو جانا۔ بہنا۔ جاری ہونا۔ رواں ہونا۔ نکلنا۔ بکنا۔ کپڑے وغیرہ کا پھٹنا۔ دریدہ ہونا۔ دال۔ سالن وغیرہ کا بسنا۔ سڑنا۔ پھسلنا۔ گرنا۔ قدیم رہنا۔ مشہور ہونا۔ جیسے نام چل رہا ہے۔ اُبھرنا۔ بڑھنا۔ جیسے اب تو یہ شاخ بھی چل گئی۔ آغاز ہونا۔ شروع ہونا۔ جیسے آم ابھی نہیں چلے۔ رنجش ہونا۔ باہم لڑائی ہونا۔ کتاب وغیرہ کا پڑھا جانا۔ خوب کام دینا۔ جیسے سیا ہی خوب چلتی ہے۔ توپ یا بندوق وغیرہ کا چھوٹنا۔ تلوار تیر کا رواں ہونا۔ پائدار ہونا۔ دیر تک قایم رہنا۔ جیسے یہ کپڑا خوب چلا۔ کارگر ہونا۔ پُراثر ہونا۔ جیسے یہ تعویذ خوب چلتا ہے۔ پیالے اور جام کی گردش۔ بات وغیرہ کا آغاز ہونا۔ جیسے ذکر چل گیا۔ ٹہلنا۔ چہل قدمی کرنا۔
چلنی (وہ۔ مو) چھلنی۔

چلّو (ہ۔اسم مذکر) ہاتھ کو اس طرح موڑنا کہ جس میں کوئی پتلی چیز ٹھہر جائے تھوڑا۔ جیسے چلو بھر پانی۔

چلّو بھر (ہ۔تابع فعل) تھوڑا سا۔ قلیل۔ مقدار چلّو جتنا۔

چلّو بھر پانی میں ڈوب مرنا: حد درجہ کا شرمندہ ہونا۔

چلّو میں اُلّو ہونا (ہ، محاورہ) فعل۔ ذرا سی تیز شراب۔ یا تند بھنگ میں بے ہوش ہونا۔

چلّو میں سمندر نہ آنا یا سمانا (ہ، محاورہ) کوزے میں دریا نہ سمانا۔ اوچھے سے بڑا کام نہ سنبھلنا۔

چلّوؤں: بہت زیادہ۔

چلّوؤں رونا (ہ، محاورہ) بکثرت رونا۔ زار زار رونا۔ آٹھ آٹھ آنسو رونا۔

چلّوؤں لہو پینا (ہ، محاورہ) بہت ستانا۔ اچھی طرح ذبح کر کے بہت سا لہو پینا۔ خوب ستانا۔ محبوب پٹنا۔ بری طرح مارنا۔

چلّوؤں لہو خشک ہونا: نہایت رنج و صدمہ ہونا۔

چلوا (ہ، مو) ایک قسم کی مچھلی۔

چلوا (ہ۔مذ) ایک قسم کی جوں۔

چلوانا (ہ) چلنا کا متعدی المتعدی۔

چلوانا: چلانا کا متعدی۔

چلوانس (ہ، مو) چلاہٹ۔ اتم الصبیان کی بیماری میں بچے کی چلاہٹ (گلنام)

چلون (مو) چلمن۔

چلّہ (ف۔اسم مذکر۔ بہ بائے نسبتی) منسوب بہ چل یعنی چل۔ چالیس دن کا عرصہ چالیس دن کی وظیفہ خوانی۔ چالیس دن کا عمل۔ وہ مقام جہاں چلّہ کشی کی جائے۔ تاگا یا کلاوہ یا ڈورا جو نشست کے طور پر کسی مقدس مقام پر باندھا جائے۔ زہ کا چالیسویں دن نہانا۔ کمان کی تانت۔

چلّہ باندھنا (اُ) منت ماننا۔ مراد ماننا۔

چلّہ چڑھانا (اُ۔فعل) کمان کو زہ کرنا۔ تانت کو کھینچ کر کمان کے گوشہ میں باندھنا۔

چلّہ کھینچنا (اُ) چالیس روز تک کوئی عمل کرنا یا وظیفہ پڑھنا۔

چلّہ کا جاڑا: موسم سرما میں چالیس دن کی سخت سردی جو پوس ماگھ میں پڑتی ہے۔

چلی چلی لی ماکھو آئیں (ہ۔کہاوت) پھیلتے پھیلتے۔ بات دُور تک پھیل۔ گئی لڑکوں کا ایک کھیل۔

چلیپا (ت۔اسم مؤنث) سولی۔ صلیب دار۔ عیسائی عموماً ایک صلیب سونے یا چاندی کی بنوا کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی یاد تازہ کرنے کے لئے صلیب کو چلیپا گلے میں لٹکاتے ہیں کیوں کہ ان کے خیال کے مطابق حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو سولی دی گئی تھی۔ اسی کہتے ہیں۔

چلے چلنا (ہ۔فعل) متواتر چلتے رہنا۔ برابر چلے جانا۔ سفر کرتے رہنا۔ کہیں نہ ٹھہرنا۔

چ - م

چم (ہ۔اسم مذکر) چام کا مخفف۔ چمڑا۔ چرم۔ کھال۔ پوست۔

چمڑا چم (اُر) چمکدار۔

چمڑا چم کرنا: خوب چمکنا۔

چمار (ہ۔اسم مذکر) چم اور آر کا مرکب ہے۔ یعنی چمڑا نکالنے اور بنانے والا موچی۔ چرم دوز۔ چرم ساز۔ چمڑنگ (بحالت صفت) کمینہ۔ نیچ۔ سلفہ۔ غلیظ۔ گندا۔ میلا۔

چمار چودس (ہ۔اسم مؤنث) چماروں کا تہوار۔ چماروں کی عید۔ کم ظرفی کے باعث تھوڑی سی خوشی پر اترا جانا۔

چمار کو چمڑے کا سکہ: جیسا آدمی ویسا انعام۔

چماروں کو عرش پر بھی بیگار دار غریب۔ کنگال کی ہر جگہ کم بختی ہے۔

چمار کا نام جگ جتن: برعکس۔ نہند نام۔ زنگی کافور۔ ادنیٰ کو اعلیٰ سمجھنا۔

چماری (ہ۔اسم مؤنث) چمار کی مؤنث۔ چمار کی بیوی۔ نیلوفر کے پھول کا وہ زیرہ جو اپنی اصلی سے گر گیا ہو۔ بجائے زردی کے سیاہی پکڑ گیا ہو۔

چمالی (ہ۔مذ) شراب پلانے والا ساقی۔

چمبک (ہ۔اسم مذکر) مقناطیس۔ چمک۔

چمبرلین (انگ۔مذ Chamberlain) کسی امیر یا بادشاہ کے امور خانہ داری کا منتظم۔

چمپا (ہ۔اسم مذکر) ایک درخت جس کا پھول سفیدی مائل زرد اور نہایت مست خوشبودار ہوتا ہے ؎ داغ

دل کی کلی نہ تجھ سے کبھی اے صبا کھلی
چمپا کھلی، گلاب کھلا موتیا کھلی!

چمپا کلی (ہ۔اسم مؤنث) گلے کے ایک زیور کا نام۔

چمپت بننا (ہ۔فعل) چلا جانا۔ رفوچکر ہونا۔ جلدی سے چلا جانا۔

چمپو (لا۔مو) بڑی کشتی۔

چمپئی (ہ۔اسم صفت بیائے نسبتی) سنہری رنگ کا سفرلے یا چمپا کی رنگت کا۔

چمپینزی (انگ۔مذکر) بوزنہ۔ افریقہ کا لنگور جو انسان کے مشابہ ہوتا ہے

۸۱ ب چم پینزی

چمٹا (ہ۔اسم مذکر) آلہ۔ دست پناہ۔ آگ پکڑنے کا اوزار۔ یا آلہ۔

چمٹی (مو) چھوٹا چمٹا۔

چمٹانا (ہ۔فعل) چپکانا۔ چسپاں کرنا۔ سر کرنا۔ پیچھے لگانا۔ لپٹانا۔

چمچیر (ہ۔اسم صفت) چمچڑی کی طرح چمڑے سے چمٹ جانے والا۔ سرہو

جاننے والا۔ پہچانا۔ چھوڑنے والا۔

چمچ (ہ مو) بڑی چونچ والی سفید چڑیا۔

چمچہ



چمچے

(ف۔ اسم مذکر) آلہ ڈوئی۔ دودھ وغیرہ پتلی چیز پینے کا اوزار۔

چمچی (ہ مؤ۔ اسم مؤنث۔ بیائے تصغیری) چھوٹا چمچہ۔ چونہ کتھا لگانے کا آلہ۔

چمر (ہ۔ اسم مذکر) چمار کا مخفف۔

چمرگدی (ہ۔ مو) ایک قسم کا چھوٹا بگلا۔

چمر توحید (اُن صوفیوں کی اصطلاح ادنےٰ درجہ کی توحید جو کم فہم اور جاہل وحدت الوجود کی حقیقت سمجھے بغیر ہمہ اوست کے قائل ہوں

چمر جلا باد (ہ۔ اسم مذکر) گولی۔ چمار جولاہا۔ مومن جلاہے کی ضد۔

چمریا۔ چمارن کی تصغیر۔ میلی ذلیل۔ لڑکی لڑکیوں کے لئے کلمۂ نفرت۔

چمرخ (ہ مؤ۔ اسم مؤنث) چمڑے یا موٹھ کی پتلی سی چیز کے اندر نکلا پھرتا ہے۔ (بحالت صفت) پتلی۔ لاغر۔ دبلی۔ کمزور عورت۔

چمرڈھینگ (ہ۔ مذ) کرگس۔ گدھ۔

چمرس (ہ۔ اسم مذکر) جوتی کے چمڑے کا زخم۔

چمڑا (ہ۔ اسم مذکر) پوست۔ کھال۔ چام۔ ادھوڑی۔ جانوروں کی کھال (بحالت صفت) سخت گلنے کے ناقابل۔ نہ ٹوٹنے کے قابل۔

چمڑی (ہ۔ اسم مؤنث) چمڑے کی تصغیر۔ کھال پوست۔

چمڑی جائے دمڑی نہ جائے (ہ۔ مثل) سخت کنجوس۔ ایسے بخیل کی نسبت بولا کرتے ہیں جو پیسہ دینے کی جگہ جسمانی سزا بھگتنے کو تیار ہو۔

چمڑی اُتارنا۔ یا۔ چمڑی لینا (ہ۔ محاورہ) مار کر کھال اُڑا دینا۔

چمقل ہے (بے وقوف ہے۔

چمک تھپر (ہ۔ مو) جھلک۔ روشنی۔ کھٹرک۔ بڑھتا ہوا درد۔ ہول۔

چمک چاندی۔ یا۔ چمک چانی (ہ۔ اسم مؤنث) وہ عورت جو خوب بنی ٹھنی رہتی ہو۔

چمک دار (ہ۔ اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) روشن معمور چمکیلا۔ درخشاں۔

چمک دمک (ہ۔ اسم مؤنث) جھلک۔ زیب و زینت۔ سجاوٹ۔

چمک پتھر (ہ۔ اسم مذکر) مقناطیس۔ آہن رُبا۔

چمکارنا (ہ۔ فعل) دلاسا دینا۔ پیار کرنا۔ پچکارنا۔ گھوڑے وغیرہ تھپکنا۔

چمکاری دینا (ہ۔ ہونٹوں سے آواز نکال کر دُور سے کسی کو پیار کرنا۔

چمکارا (ہ۔ اسم مذکر) چمک۔ کرن۔ روشنی۔ تابش۔ جھلک۔ جیسے دھوپ کا چمکارا۔

چمکانا (ہ۔ فعل) صیقل کرنا۔ آب دینا۔ بھڑکانا۔ روشن کرنا۔ گھوڑے کو دوڑانا۔

چمکنا (ہ۔ فعل) چمکانا کا لازم۔ روشنی دینا۔ کوندنا۔ درخشاں ہونا۔ رونق پانا۔ چلا جانا۔ مشہور ہونا۔ نام پانا۔ زیب و زینت حاصل کرنا۔ دمکنا۔ جگمگانا۔ بھڑکنا۔ بدکنا۔ لونا۔ بلند ہونا۔ عروج پکڑنا۔ ترقی پر ہونا۔ زور پر ہونا۔ لڑائی ہونا۔ جیسے ان کی باہم خوب چمک رہی ہے۔ خفا ہونا۔ غصہ ہونا۔ دوڑنا۔ فراٹا بھرنا۔ گھوڑے کا خوب بھاگنا۔ بکثرت خرید و فروخت ہونا۔ جیسے کپڑے کی تجارت خوب چمک رہی ہے مٹکنا۔

چمکو (ہ۔ اسم مؤنث بہ ترکیب فاعلی) چھنال۔ فاحشہ۔ بدکار۔ چنچل۔ شوخ لڑاکا۔ جھگڑالو عیار۔

چمکول (ہ۔ اسم صفت بہ ترکیب مفعولی) چمکتا ہوا۔ روشن۔ درخشاں۔ تاباں۔

چمکی (ہ۔ اسم مؤنث) جھوٹا کام۔ جھوٹا مقیش۔ جھوٹا سلمے ستارے کا کام۔

چمکی کا دستہ (خالص ستاروں کی بیل جس میں گوکھرو نہ ہو۔ ناسخ

فکر پڑتی ہے کسی کی اے فلک تیرے ستاروں پر
قبائے یار میں جس روز سے چمکی کا دستہ ہے

چمگادڑ (ہ۔ اسم مذکر) پسرہ۔ ایک پرندہ کا نام ہے جو رات کو اُڑتا ہے اور دن کو گھروں کی چھتوں میں شکار رہتا ہے۔ دن کی روشنی سے متنفر ہے۔

چمگادڑ

چمگادڑ کے گھر مہمان آئے / ہم بھی لٹکیں تم بھی لٹکو جیسا میزبان ہوگا ویسی ہی مہمان کی آؤ بھگت اور عزت ہوگی۔

چمل۔ چملا۔ چملی (ہ) غریبوں اور فقیروں کا چھوٹا سا پیالہ۔

چمن (ف۔ اسم مذکر) منسوب بہ چم یعنی ٹہلنے کے قابل جگہ سبزہ کیاری۔ گھر کے اندر کا باغیچہ۔ نہایت آباد اور خوش وضع شہر۔

چمنی (انگ۔ مو۔ Chimney) لوہے یا شیشے کی نالی۔ دودکش۔ فانوس۔


چمنی

چمورائی (ہ۔ اسم مؤنث) بچوں کے ایک کھیل کا نام۔

چموٹا (ہ۔ مذ) چمڑے کا وہ ٹکڑا جس پر نائی استرا صاف کرتے ہیں۔ دبلا پتلا بیوقوف۔

چموٹی (ہ۔ مونث) چمڑے کی پٹی جو قیدیوں کے پاؤں میں زنجیر کی رگڑ سے بچنے کے لیے لگا دیتے ہیں۔

چمیگوئیاں (دکھ۔ مو) گپ شپ۔ شوخیاں۔ کسی پر آپس میں فقرہ چینی۔

چ - ن

چنا (ہ۔ اسم مذکر) نخود۔ بوٹ۔ ایک مشہور اناج۔

چننا (ہ) جمع کرنا۔ سمیٹنا۔ چھانٹنا۔ پسند کرنا۔ لینا۔ تعمیر کرنا۔ عمارت بنانا۔ ترتیب وار لگانا۔ سجانا۔ سلیقہ سے رکھنا۔ چکنا۔ دانہ دنکا اٹھانا۔ کپڑوں میں چنت ڈالنا۔ پھٹکنا۔ بنانا۔

چنار (ف۔ اسم مذکر) ایک بہت بڑے درخت کا نام ہے۔ جس کے پتے

پنجہ شکل کے اور پتیاں سُرخ ہوتی ہیں اور اکثر اوقات اس میں خود بخود آگ لگ جایا کرتی ہے (و) مہندی لگانے کا طریقہ جس میں ہاتھ پاؤں پر نقش و نگار رہتے ہیں۔

چُنا مُنا (ا مذ) بچوں کی زبان میں چھوٹا سا۔

چُناں وچُنیں (ف) اشارہ نظمی (چوں آں وچوں ایں) ایسا ویسا اِس طرح اُس طرح۔ زباندرازی۔ نکتہ چینی۔ عیب نقص۔ ذکر۔ چرچا۔ بحثا بحثی۔

چُنانچہ (ف) مثلاً۔ جیسا کہ۔ جس طرح پر اس طور سے۔

چُنائی (ا مؤ) عمارت کی صناعت۔ عمارت چُننے کی مزدوری معماروں کی مزدوری (و) مہین کپڑوں میں مکھنے ڈالنے کی اکبرت۔

چنبر (ف۔ اسم مذ) گردہ۔ حلقہ۔ سرپوش۔ محیط و حال۔ گھیرا۔ نام۔ آسمان کا دور۔ چلم کا ڈھکنا۔ گردن کی ہنسلی۔

چُنبک (ف۔ مذ) مقناطیس۔

چنبل (ا) ایک مشہور ندی جو دریائے جمنا میں آکر گرتی ہے۔ بھک منگے کا پیالہ۔ چلم کا سرپوش۔ داد کی قسم کی ایک بیماری۔

چنبلی۔ یا چنبلی (و۔ اسم مؤنث بیائے نسبتی) ایک چوڑا پیالہ جو لگن سے مشابہ ہوتا ہے۔

چنبیلی (و۔ اسم مؤنث) ایک مشہور خوشبودار پھول کا نام۔ یاسمن زرد اور سفید دو قسم کا ہے۔

چنبیلی چاؤ میں آئی (و۔ مثل) مُنہ لگی۔ گستاخ یا بے ادب لونڈی یا عورت سر چڑھی۔

چنبیلی چاؤ میں آئی لڑکے بالے ساتھ لائی (و۔ مثل) مُنہ لگا یا خانہ یا سلفہ سر چڑھ گیا۔

چنپئی (و۔ مو) چپا کلی سا زرد مائل بہ سفیدی۔ سنہری۔ چہرہ کا رنگ جس میں سنہری آب ہو۔

چُنٹ (و۔ اسم مؤنث) شکن۔ سلوٹ۔ کپڑے وغیرہ کی چین۔

چنتا (و۔ اسم مؤنث) فکر اندیشہ۔ خوف۔ خطرہ۔ ڈر۔ سوچ بچار۔ تامل۔ ہندوؤں کا روزمرہ ہے۔

چُنٹ (و۔ مو۔ ک) دیکھو چنٹ۔

چنچل (و۔ اسم صفت) شوخ۔ چُست و چالاک۔ بے چین۔ بے قرار۔ تُرتُریا۔ نچلا نہ بیٹھنے والا۔

چنچنانا (و۔ اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) بدمزاج چیں بچیں کرنے والا۔ چڑچڑا۔

چنچنانا (و۔ فعل) بچے کا رونا چیں بچیں کرنا۔ بدمزاج ہونا۔ بکھڑنا۔

چنچنی (مو) باریک آواز۔ بچوں کی آواز۔

چن چن کے نام رکھنا (و۔ محاورہ) چھانٹ چھانٹ کے نام رکھنا۔ ہر بات پر طعنہ دینا۔ بُرا کہنا۔

چنچنے (و۔ اسم مذکر) چرمنے۔ کرم شکم۔ باریک سُوت کے کپڑے جو بچوں کے مقعدے میں پیٹ کے بگاڑ سے پڑ جاتے ہیں۔

چنچنے لگنا (و۔ فعل) مرچیں لگنا۔ ناگوار گزرنا۔

چند (ف۔ اسم صفت محدود) قلیل۔ تھوڑے۔ کسقدر۔ کتنے۔ کئی۔

چند بار (ا) کئی مرتبہ۔

چند روزہ (ف۔ اسم صفت) ناپائدار۔ فانی۔ عارضی۔ بے ثبات۔

چندہ (و۔ اسم مذکر) چاند کا مخفف۔

چندا (و۔ اسم مذکر) چاند کی تصغیر۔ پیار سے چاند۔ ماہ۔ مہ۔ مہتاب۔ مور کی دُم کا چاند۔ مکان کے دروازے کے پاس کی دیوار۔

چندا ماموں (و۔ اسم مذکر) بچے چاند کو کہتے ہیں۔ نیز ماں باپ بھی بچے کو بہلانے کے لئے چاند کو اس نام سے پکارتے ہیں۔

چنداں (ف۔ تابع فعل) اتنے اسقدر۔ اتنی۔ ایسی۔ اتنی دیر۔ کچھ۔

چند انکہ (ا) جتنا۔ جس قدر۔

چندر دس (ا۔ اسم مذکر) چاند۔ مہتاب۔ مہ۔ ماہ۔ قمر۔ مور کی دم کا چانہ۔

چندر بنسی (و۔ اسم مذکر) چاند کے خاندان کا راجپوتوں کی مشہور شاخ اور خاندان کا نام جس میں پانڈو اور کورو ہوئے تھے۔

چن چن کے (و) چھانٹ چھانٹ کے۔ تلے اُوپر۔ ایک ایک کر کے ترتیب سے۔ قاعدے سے۔

چندرگلا (و۔ اسم مذکر) چاند کے قطر کا سولھواں حصہ۔ مندر کی مورتوں کے سر پر تاج نما زیور کا نام۔

چندرما۔ یا چندرماں (و۔ اسم مذکر) چاند۔ ماہ۔ مہ۔ مہتاب۔ قمر۔ ہندوؤں کا روزمرہ۔

چندہار۔ یا۔ چندن ہار (و۔ اسم مذکر) گلے میں پہننے کا ایک قسم کا ہار۔

چندرا (و۔ اسم صفت) منحوس۔ بدبخت۔ نرہاگ۔ بے نصیب۔ کم بخت۔ وہ شخص جس کی کھوپری پر بال نہ ہوں۔

چُندرانا (و۔ فعل) جھٹلانا۔ تجاہل عارفانہ کرنا۔ جان بوجھ کر جھوٹا ثابت کرنا۔ شرارت سے بات کو ٹالنا۔

چندراول (و۔ اسم مذکر) آشنا۔ ساتھی۔ آشنا۔

چندن (و۔ اسم مذکر) صندل۔ صندل کا درخت۔ صندل کی لکڑی جو خوشبودار ہوتی ہے۔ ہندوؤں کے ماتھے پر ملی ہوئی صندل کا نشان۔

چندن کی چٹکی بھلی گاڑی بھرانہ کاٹھ (و۔ مثل) عمدہ چیز تھوڑی مقدار میں بہت سی خراب چیز سے بہتر ہے ذرا سا صندل ایندھن کی گاڑی سے اچھا ہے۔

چندوا (و۔ اسم مذکر) ٹوپی کے اُوپر کا حصہ۔ گول ٹوپی کے اُوپر کا گرہ۔

چندہ (ا۔ اسم مذکر) حصہ۔ بانٹ۔ تقسیم۔ وہ روپیہ جو بہت سے لوگوں سے جمع کر کے کسی کام میں لگایا جائے۔

چندھا (و۔ اسم صفت) وہ شخص جس کی آنکھیں روشنی کی تاب نہ لا سکیں۔ سیل کی بیماری والا۔ پلک جھپڑا۔ شپرہ چشم۔ بامنی کھانا۔

چندھیانا (و) تیز روشنی کے باعث آنکھیں جھپکنا۔ حیرت زدہ ہونا۔ گھبرا جانا۔ آنکھوں کی کمزوری کے سبب آنکھیں بند سی کر کے دیکھنا۔

چندی (و۔ اسم مؤنث) ٹکڑا۔ حصہ۔ بھاگ۔ ذرا ذرا۔ معنی در معنی۔ باریکی بال کی کھال جیسے ہندی کی چندی سمجھانا۔

چندماری (و۔ مو) ایک پرند جس کی چونچ گردن اور پاؤں لمبے ہوتے ہیں اور چونچ کے نیچے ایک تھیلی ہوتی ہے۔

چندیا (و۔ اسم مؤنث) کھوپڑی۔ سر۔ سر کا اور اُوپر کا حصہ۔ چھوٹی سی روٹی۔

پکے ہوئے آٹے کی ٹکیا جو بڑھاتے وقت رہجاتی ہے۔

چندیا پر بال نہ چھوڑنا (محاورہ) لوٹ لوٹ کے کھا جانا کھوپری پر بال تک نہ رہنے دینا۔ کنگال کر دینا۔ مفلس بنا دینا۔

چندیا پر سوار ہو جانا: سر پر مسلط ہونا۔ بُری طرح پیچھے پڑنا۔

چندیا سے پرے ہٹ (اُ محاورہ) دور ہو۔ پاس سے ہٹ۔ سر کے اُوپر سے الگ جا کر کھڑا ہو۔

چندیا مونڈنا (محاورہ) سر مونڈنا۔ لوٹ کر کھا جانا۔ سخت سزا دینا۔ دغا سے روپیہ کھا جانا۔ عورت کو سر مونڈنے کی سزا دینا۔

چندیا کھجانا (محاورہ) سر کھجانا۔ جوتیاں کھانے کو جی چاہنا۔ شامت آنا۔

چندے (اُ) کچھ دیر۔ کچھ روز۔ کچھ دیر۔

چندے آفتاب چندے ماہتاب (مُر۔ محاورہ) عورتوں کی خوبصورتی کی تعریف میں بولا جاتا ہے۔ یعنی حسن و جمال اور چمک دمک میں سورج اور چاند سے بڑھ کر ہے۔ بہت خوبصورت۔

چُن دینا (ف) انتخاب کرنا۔ ترتیب دینا۔ بند کر دینا۔ تعمیر کر دینا۔

چُن لینا چھانٹ لینا۔

چُن ڈالنا نکال ڈالنا۔

چنڈال (ہ۔ اسم صفت) نیچ۔ کمینہ۔ ادنےٰ ذات کا آدمی۔ بدنصیب۔ مسک۔ بخیل۔ منحوس۔

چنڈال بال (ہ۔ اسم مذکر) ایک بڑا بال جو ماتھے پر ہوتا ہے۔ جسے منحوس سمجھتے ہیں۔

چنڈالنی (ہ۔ اسم مؤنث) چنڈال کی تانیث۔ کمینی۔ بدبخت۔ منحوس۔ عورت۔ ضدن۔ سفلی۔

چنڈاول (ہ۔ اسم مذکر) لشکر کا آخری دستہ۔ یا فوج۔ ہراول کی ضد۔ سنتری پاسبان۔ چوکیدار۔ پہرے والا۔

چنڈو (ہ۔ اسم مذکر) ایک طرح کا نشہ جو افیون کو پانی میں پکا کر بنایا جاتا ہے اور حقہ کی طرح پیا جاتا ہے۔

چنڈو باز (مُر۔ اسم مذکر فاعل) چنڈو پینے کا عادی۔ چنڈو کا نشہ پینے والا۔ زرد رنگ کا آدمی۔

چنڈول (ہ۔ اسم مؤنث) ایک خوش الحان چڑیا سے بڑے اور تاجدار پرندے کا نام ہے۔ بیہودہ آدمی۔ بے وقوف شخص۔ سکھیاں۔ ڈولا۔ ایک زنانہ سواری سے کہار اُٹھاتے ہیں۔ ایک مٹی کا کھلونا۔

چُنسری (ہ۔ اسم مؤنث) رنگ برنگ کا زنانہ۔ دوپٹہ۔ چونری۔ چونریا۔

چُنگ (ہ۔ اسم مؤنث) کمر کا جھٹکا۔ ایک طرح کی بیٹر بھی ہے جو گرمی میں نکلتی ہے۔

چنگ (مُر۔ اسم مؤنث) ایک طرح کا کنکوا جس کو رات کے وقت غبارہ کی طرح ایک گیند روشن کر کے اُڑاتے ہیں۔ گجفہ کی ایک بازی کا نام۔ چنگ۔ سوزش مشابہ پیشاب تکلیف سے آنے کی بیماری۔

چنگ (ف۔ اسم مذکر) ایک باجے کا نام۔ آدمی یا جانور کا پنجہ۔

چنگا (ہ۔ اسم صفت) اچھا۔ تندرست۔ طاقتور سورما۔ (اکثر بھلا کے ساتھ مستعمل ہے)

چنگا بنانا: عاجز کرنا۔ حیران کرنا۔ سزا دینا۔

چنگا سے مگر تنگا: مالدار ہے مگر کنجوس یا بہت جبور رس۔

چنگاڑ / **چنگی** (ہ۔ اسم مؤنث) انگاری۔ اخگر۔ شرارہ۔ آگ کا پتنگا۔ لوگوں کو رنجیدہ کرنے والی بات۔ ناراض کرنیوالا کلام۔

چنگاری جھڑنا آگ سے پھول جھڑنا۔

چنگاری چھوڑنا (ہ۔ محاورہ)۔ فتنہ انگیزی کی بات کرنا۔ رنجیدہ بات کرنا۔ آگ لگانا۔ لڑائی کرانا۔ فساد چھوانا۔

چنگاری۔ یا۔ چنگی ڈالنا (ہ۔ محاورہ) آگ لگانا۔ فساد کرنا۔ فتنہ برپا کرنا۔ لڑائی کرانا۔ لڑائی کا باعث بننا۔ جھگڑا اُٹھانا۔

چنگاریاں چھوٹنا (محاورہ) آگ کی پٹیں اُٹھنا۔ آگ کے شرارے نکلنا۔ نہایت غصہ اور غضب کا اظہار ہونا۔ خونخواری برسنا۔ بہادر اور خونخوار شخص کی صفت میں بولتے ہیں جیسے مونچھوں سے چنگاریاں چھوٹنا۔

چنگال (ف۔ مذ) درندوں اور شکاری پرندوں کا پنجہ۔

چُنگل (ف) آدمی یا جانور کا پنجہ۔ مٹھی۔ ہاتھ۔

چنگھاڑ (ہ۔ اسم مؤنث) چیخ۔ چلا کر آواز دینا۔ زور کی آواز۔ ہاتھی یا دیو کی آواز۔

چنگنا (ہ۔ مذ) چوزہ۔ مرغی کا بچہ۔

چنگھاڑ مارنا (ہ۔ فعل) ڈراؤنی آواز نکالنا۔ ہاتھی یا دیو کا چیخ مارنا۔

چنگھاڑنا (ہ۔ فعل) ہاتھی کا گرجنا۔ ہاتھی کا چیخ مارنا۔ دھاڑنا۔ مہیب آواز نکالنا۔ مور کا جھنکارنا۔ مور کا بولنا۔

چنگھوٹیاں (ہ) بچوں یا نئے سیکھنے والوں کے ٹیڑھے لکھے ہوئے حروف۔

چنگی (ہ۔ اسم مؤنث) چنگاری۔ شرارہ۔ اخگر۔ آگ کا پتنگا۔ رنجیدہ بات۔

چنگی (ہ۔ اسم مذکر) چٹکی بھر۔ ذرا سا۔ ٹیکس محصول جو باہر سے آنے والی اشیاء پر شہروں میں لیا جاتا ہے۔

چنگیر (ہ۔ اسم مؤنث) پھولوں کی ٹوکری۔ پھول رکھنے کا خوان خوبن۔ کامسر پوش۔

چنگیری (ہ۔ اسم مؤنث) روٹیاں رکھنے کی ٹوکری۔ ایک قسم کی پھیلی ہوئی بیٹھک دار ٹوکری۔ گندم کی تیلیوں کی ٹوکری کا کھڑا کنارہ۔

چُننا (ہ) جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ جیسے سارا سامان ایک جگہ چُن دو۔ عمارت اُٹھانا دیوار بنانا۔ سلیقے سے رکھنا۔ چگنا۔ ترتیب دینا۔ دانہ اُٹھانا۔ کپڑے میں چنت ڈالنا۔ پھٹکنا۔ صاف کرنا۔ جیسے اناج چُننا۔ پسند کرنا۔ اخذ کرنا۔ انتخاب کرنا۔

چُنندہ (اُ۔ اسم مذکر۔ فاعل) تیاسی چُننے والا (بمعنی مفعول) چیدہ منتخب۔ اچھے سے اچھا۔ چوٹی کا۔ نہایت عمدہ۔ چُنا ہوا۔

چنگ (ہ۔ اسم مؤنث) سوزش۔ بول۔ حرقت۔ بول۔ پیشاب۔ تکلیف اور جلن سے آنے کی بیماری۔ پیشاب کی جلن۔

چُنواں (ہ) چنا ہوا۔ گندے میدان سے چُنا ہوا گوبر۔

چنوانا (ہ۔ فعل) چُننا کا متعدی۔ بنوانا۔ اکٹھا کروانا۔ تعمیر کروانا۔ بھروانا۔ چنت ڈلوانا۔

چُنوٹی (ہ۔ مو) پان کا چونا رکھنے کا برتن۔

چنور (ہ۔ اسم مذکر) مورچھل۔ چونری۔ سترا گائے کی دم کے بالوں کا گچھا جو

امیروں کے پاس مکھیاں اُڑانے کے لئے ہوتا ہے مگس ران۔
چنبر (ہ۔اسم مؤنث) علامت۔نشان۔خط وخال۔اشارہ۔کنایہ۔شناخت۔
چُنّی (ہ۔اسم مؤنث) یاقوت سرخ رنگ کا ٹکڑا جو موتیوں کے ساتھ نتھ میں ڈالتے ہیں۔لاڑی۔
چُنّی مُنّی (مو) بچوں کی زبان میں بہت چھوٹی سی۔
چُنیا (ہ۔مو) چھوٹا موتی۔
چُنیا بیگم (مو) انیون۔
چنے چبالو یا شہنائی بجالو: دو کام ساتھ نہیں ہو سکتے۔
چنے سے بھُن رہے ہیں: آدمی چٹ پٹ مر رہے ہیں۔
مُچنیا بطخ (ہ۔اسم مؤنث) ایک قسم کی چھوٹی اور خوبصورت چتیوں دار بطخ۔
چنیا گوند (ہ۔اسم مذکر) ڈھاک کا گوند۔
چنے کا مارا مرنا (محاورہ) ذرا سی چوٹ سے مرنا۔یا مر جانا۔
چنے کے ساتھ گھن بھی پس گیا (دُور۔محاورہ) قصوروار یا مجرم کے ساتھ بے گناہ کی بھی شامت آگئی۔
چُنیں: ذرا۔ایسا۔ایسے۔اس طرح۔
چنیں چنا: مین میکھ نکالنا۔حیل وحجت کرنا۔

چ - و

چو (ہ) اسم عدد چہار۔اربع۔مگر مرکبات استعمال ہوتا ہے جیسے چوکور، چوپہ
چوّا (ہ۔اسم مذکر) گنجفہ یا تاش کا چار لفظوں والا ورق۔چار چیزوں کا ڈھیر۔
چوالیس (ہ) اسم عدد۔چالیس اور چار چہل وچار ۴۴۔یا پچاس سے چھ کم۔
چوانا (ہ۔فعل) پکانا۔
چواؤ (ہ۔اسم مذکر) حاصل مصدر ہے پکاؤ۔رساؤ۔نچوڑ۔
چوب (ف۔اسم مؤنث) لکڑی۔کندہ۔سونٹا۔شامیانے یا خیمہ کی لکڑی۔باجا بجانے کی لکڑی۔آنکھ کی چوٹ۔
چوبا (ہ۔اسم مذکر) کیل۔کھونٹا۔میخ۔ایک قسم کے میٹھے چاول۔
چوبے (متھرا (ہندوستان) کا برہمن۔
چوبا (ہ۔اسم مذکر) چاروں ویدوں کا عالم۔برہمن۔متھرا کے برہمنوں کی ایک قوم۔چترویدی۔
چوبارا (ہ۔اسم مذکر) چار دروازوں والا مکان کے اوپر کا کمرہ جس کے چاروں طرف دروازے یا کھڑکیاں ہوں۔
چوبارے ہو جانا: ہر طرح فائدہ ہونا۔
چوبائی (ہ۔اسم مؤنث) چاروں طرف ہوا۔چوطرفی ہوا۔
چوبچہ (دُور۔اسم مذکر) اصل میں چاہ بچہ تھا۔چھوٹا حوض۔حوضہ۔گندے پانی کا گڑھا۔وہ چھوٹا حوض جس میں روپیہ وغیرہ جمع کیا جاتا تھا۔
چوب چینی (ف۔اسم مؤنث) ایک دوا کا نام۔تُخمِ عباسی کی جڑ۔
چوبدار (ف۔اسم مذکر فاعل سماعی) عصا بردار۔نقیب۔سونٹا بردار۔دربار شاہی کا نقیب جن کے ہاتھوں میں سونے چاندی کے منڈھے ہوئے ڈنڈے ہوتے ہیں۔
چوبدستی (ف۔اسم مؤنث) ہاتھ کی لکڑی۔چھڑی۔
چوبر دنا: ہٹا کٹا۔موٹا۔
چوبرسی (ہ۔اسم مؤنث) ہندوؤں کی ایک رسم ہے جو مردے کے چار سال بعد کرتے ہیں۔
چوبغلا (دُور۔اسم مذکر) کُرتے انگرکھے یا چوغے کی بغل کے نیچے کا حصہ۔
چوبندی (ہ۔اسم مؤنث) نعلبندی۔خراج۔
چوبندی باندھنا: نعل بندی کرنا۔
چوبندی جکڑنا یا کسنا: مجرم کے ہاتھ پاؤں باندھنا۔
چوبولا (ہ۔اسم مذکر) چار مصرعوں کا گیت۔ہندی زبان کا ایک گیت۔
چوبی (ہ۔اسم صفت بیائے نسبتی) لکڑی کا بنا ہوا۔
چوبیس (ہ) اسم عدد۔چار اور بیس۔بست وچہار۔۲۴۔یا ۲۵ تیس سے چھ کم۔
چوبیسا (ہ۔اسم مذکر) چوبیس گاؤں کا پرگنہ۔ایک قسم کا تعویذ۔چوبیس کا نقش۔
چوپایہ (ف۔اسم مذکر) چار پاؤں کا جانور۔چار پایہ جیسے گدھا بیل۔گھوڑا وغیرہ۔
چوپایہ ہو گیا: گھر والا ہو گیا۔
چوپال (ہ۔اسم مؤنث) بیٹھک نشستگاہ۔گاؤں کا پنچایتی مکان۔
چوپالا (مذ) دیکھو چوپہلا۔
چوپائی یا **چوپئی** (ہ۔اسم مؤنث) ہندی کی رباعی۔چار مصرعوں کی نظم۔
چوپان (ف۔مذ) گڈریا۔چرواہا۔
چوپٹ (ہ۔اسم صفت) چاروں طرف سے کھلا۔چاروں دروازے کھلے ہوئے۔فراخ۔نابینا۔اندھا۔سوردامن۔جاہل مطلق۔ویران۔تباہ۔برباد۔
چوپٹ کرنا (ہ) نعل۔اُجاڑنا۔ویران کرنا۔لوٹنا۔غارت کرنا۔
چوپٹ ہونا (ہ) ناکام ہونا۔بکھر جانا۔تباہ ہو جانا۔کچھ یاد نہ رہنا۔برباد ہونا۔
چوپڑ (ہ۔اسم مؤنث) نردبازی۔چوسر پچیسی۔بساطِ چوسر۔چوسر کی بساط چار کونہ ہوتی ہے۔چوسر کا وہ کپڑا جس پر نرد یا رکھتے ہیں۔
چوپڑ کا بازار (ہ۔اسم مذکر ظرف) وہ بازار جس کے چاروں طرف دوکانیں ہوں چار سو بازار۔چار رستوں کا بازار۔
چوپہلا (ہ۔اسم مذکر) ایک قسم کا ڈولا۔محافہ۔
چوپہلا (ہ۔اسم مذکر صفت) چار پھل والا چاقو۔وہ چاقو جس کے چار کارد ہوں۔چار پہیوں کی گاڑی۔
چوپہل (ہ۔اسم صفت) مربع۔چار پہلو۔(اسم مؤنث) چوڑی اینٹ۔
مچوت (ہ) عورت کی شرمگاہ۔فرج۔
چوت مرانی (مو) زانیہ۔فاحشہ۔قحبہ گانی۔
چوتیا (ہ) بے وقوف۔احمق۔
چوتیا شہید (ہ) شخص جو کثرت جماع کرتا ہو۔
چوتارا (ہ۔اسم مذکر) چار تار کا بنا یا ہوا اکپڑا۔ایک باجے کا نام۔باجے کے ایک اوزار کا نام۔
چوتالا (ہ۔اسم مذکر) طبلہ بجانے کا ایک طریق۔چار ضرب۔ایک قسم کا گیان بھی ہے۔
چوترا (ہ۔اسم مذکر) (دیکھو جیوترا)

چوترا بنانا (محاورہ) اینٹ سے اینٹ بجانا۔ مسمار کرنا۔ ڈھانا۔
چوتڑ (ہ۔اسم مذکر) کولا۔ پٹھا۔ سرین۔ کفیل۔
چوتہ ۔ چار تہوں کا۔
چوتڑ بجانا ۔ بغلیں بجانا۔ خوش ہونا۔
چوتڑ پیٹنا یا پیٹ لینا ۔ نہایت خوش ہونا۔ بہت افسوس کرنا۔
چوتڑ دکھانا ۔ بھاگ جانا۔ پیٹھ دکھانا۔ بے شرمی سے بھاگنا۔
چوتڑوں پر پیاز کٹرنا ۔ فریب دینا۔ سامنے دھوکا دینا۔
چوتڑوں پر پیاز کٹروانا ۔ چونا لگوانا۔ دھوکا دینا۔
چوتڑوں پر کھانا ۔ بے غیرتی کی مار کھانا۔ نہایت بے غیرتی سے شکست کھانا۔
چوتھ (ہ۔اسم مؤنث) ہر ایک پاکھ کی چوتھی تاریخ۔ آمدنی کی چوتھائی جو مرہٹے خراج کے طور پر لیا کرتے تھے۔ چوتھا حصہ۔ چاریک۔ ربع۔
چوتھا (ہ۔اسم صفت) عددی۔ چہارم۔ رابع۔ میت کے چوتھے یا تیسرے دن کی رسم۔ سوم۔ تیجا۔
چوتھائی (ہ۔اسم مؤنث) چوتھا حصہ۔ ربع۔
چوتھی (ہ۔اسم مؤنث) چوتھے کی تانیث۔ بیاہ کی ایک رسم جو ساچق کے چوتھے یا کہیں کہیں تیسرے روز ہوتی ہے جس میں دلہن مع دولہا اپنے میکے آتی ہے۔
چوتھی کا جوڑا (ہ۔اسم مذکر) وہ قیمتی جوڑا جو ساچق کے دن چوتھی کے نام سے دیا جاتا ہے جس کو دلہن چوتھی کے دن پہنتی ہے۔ سخت لڑائی کرنا۔ تمسخر آمیز استعارہ۔ (ہندوؤں کی رسم)
چوتھی کھیلنا (ہ۔فعل) چوتھی کے دن دولہن کے گھر جا کر چھڑیوں اور بیوں وغیرہ سے کھیلنا۔ اُن چیزوں کو ایک کا دوسرے پر پھینکنا۔
چوتھے پانچویں (ہ۔تابع فعل) گاہ بگاہ۔ کبھی کھار۔ گاہے گاہے بھولے بھٹکے۔ بھولے چوکے۔
چوتہی (ہ۔اسم مؤنث) ایک قسم کا سوتی بستر جس کو چار تہ کر کے بچھاتے ہیں۔
چوتھیا (ہ۔اسم مذکر) چوتھے روز کا بخار۔ نمبردار۔ زمیندار۔
چوٹ (ہ۔اسم مؤنث) صدمہ۔ ضرب۔ مار۔ کوفت۔ دکھ۔ درندے جانور کا حملہ دار۔ طعن۔ تشنیع۔ جوڑ۔ جوٹ۔ مقابل۔ ثانی نظیر۔ جیسے برابر کی چوٹ ہے خواہش۔ آرزو۔ عشق و محبت۔ داؤں گھات۔ چال۔ پیچ۔ نقصان۔ ضرر۔
چوٹ آنا (ہ۔فعل) صدمہ پہنچنا۔ ضرب آنا۔ طعنہ مارنا۔ آواز کسنا۔
چوٹ اُبھرنا (ہ۔فعل) درد کا دوبارہ ظاہر ہونا۔ صدمہ کا از سر نو دکھنا۔
چوٹ بچانا (ہ۔فعل) دشمن یا حریف کا وار خالی دینا۔ دشمن کی ضرب سے بچنا۔
چوٹ چلنا (ہ۔محاورہ) وار چلنا۔ حملہ کرنا۔ طعنہ دینا۔ طنز کرنا۔ دو حریفوں کا باہم وار چلنا۔ باہم لڑنا۔ وار کرنا۔
چوٹ کرنا (محاورہ) کاٹنا۔ ڈسنا۔ ضرب مارنا۔ وار کرنا۔ داؤں کرنا۔ طعنہ دینا۔
چوٹ کھانا (ہ۔فعل) صدمہ اٹھانا۔ مار کھانا۔ پٹنا۔ زخمی ہونا۔
چوٹ لگنا (ہ۔محاورہ) ضرب لگنا۔ صدمہ پہنچنا۔ اثر ہونا۔ عشق ہونا۔ پھانس لگنا۔
چوٹا (ہ۔اسم مذکر۔ فاعلی۔ سماعی) چور۔ دزد۔ اچکا۔ اٹھائی گیرا۔

چوٹی (ہ۔اسم مؤنث) سر کے بال۔ چونڈا۔ جعد۔ گندھے ہوئے بال عورتوں کے سر کے بال۔ پہاڑ کی سب سے اونچی جگہ۔ قلہ۔ کوہ پرندے کی کلغی۔ بڑا سردار۔ سرغنہ۔ اونچا۔ بلند۔ منتخب۔ چیدہ۔ سب سے اوّل۔ گٹھ کتری۔ وہ عورت جسے نظر بچا کر مال چرا لینے کی لت پڑی ہو۔
چوٹی رکھنا (ہ۔فعل) سر پر منت کے بال رکھنا۔
چوٹی کا (ہ۔اسم صفت) سب سے اول۔ اول درجہ کا۔ عمدہ۔ بڑھیا۔ چھٹا ہوا۔
چوٹی کٹ (ہ۔مذ) جو شخص قابو میں ہو۔ غلام۔
چوٹی کرنا۔ یا۔ کنگھی چوٹی کرنا (ہ۔فعل) بال سنوارنا۔
چوٹی گوندھنا ۔ بال گوندھنا۔
چوٹی والا (ہ۔اسم مذکر) بھتنا۔ ہمزاد۔ سایہ۔ بلا۔
چوٹی ہاتھ ہونا (ہ۔محاورہ) قابو ہونا۔ بس میں ہونا۔ بھوتنے کا قابو میں ہونا۔
چوٹی (ہ۔اسم مؤنث) چوٹا کی تانیث۔ چور عورت۔ چورنی۔ عیارہ۔
چوٹی کٹیا جلیبیوں کی رکھوالی (ہ۔مثل) خائن کا دیانت داری کے کام پر مقرر ہونا۔
چوچر (ہ۔اسم مذکر۔ صفت) بیوقوف۔ بدھو۔ بھوندو۔ کم دودھ دینے والی گائے۔
چوچلا۔ یا۔ چونچلا (ہ۔اسم مذکر) پیار۔ اخلاص۔ ناز نخرہ۔ لاڈ۔
چوچلا بگھارنا (ہ۔فعل) ناز و انداز کرنا۔ نخرے کرنا۔
چوچل ہائی (ہ۔اسم مؤنث) نازک مزاج نخرے والی۔ اترانے والی۔
چوچل یا (ہ۔اسم مذکر) لاڈلا۔ نخرے والا۔
چوچند (ہ۔اسم صفت) چار گنا۔ چوگنا۔ چار چند۔
چوچی (ہ۔اسم مؤنث) عورت کا تھن۔ پستان۔ چھاتی۔ چھچی۔ عورت کے پستان کا اگلا حصہ۔
چوچی پتا (ہ۔اسم صفت) نادان۔ بے تمیز۔ بے عقل۔ بچہ دودھ پیتا۔
چوچی پینا (ہ۔فعل) دودھ پینا۔ آنچل منہ میں ڈالنا۔
چوحدی (ہ) چاروں حدیں۔ حد بندی کی چوطرفہ دیوار۔
چودنا (ہ) ہم بستر ہونا۔ جماع کرنا۔ مجامعت کرنا۔
چودانی (ہ۔اسم مؤنث) موتیوں کے چار دانوں والا کان میں پہننے کا ایک زیور۔
چودس (ہ۔اسم مؤنث) چاند کی چودہ تاریخ۔ ہندی مہینے کے پرباکھ کی چودھویں۔
چودہ (ہ) اسم عدد۔ چار اور دس۔ چہاردہ ۱۴۔ ۱۵ بیس سے چھ کم۔
چودہ بدیا (ہ۔اسم مؤنث) ہندی کے چودہ علم۔ یعنی چار وید۔ چھ انگ دھرم۔ پیمانسا۔ نیاے۔ پُران۔
چودہ بدھان (ہ۔اسم مذکر) چودہ علموں کا عالم۔ بڑا فاضل۔ پختہ کار۔ تجربہ کار۔ نہایت قابل اور لائق پنڈت۔
چودہ خانوادے (ہ۔اسم مذکر) زاہدوں اور عارفوں کے چودہ خاندان۔ جو چار پیروں سے نکلے ہیں۔
چودہ طبق (سات تلے زمین اور سات طبق آسمان ۔ آتش آنکھوں کو کھول اگر تو دیدار کا ہے بھوکا
چودہ طبق سے باہر نعمت نہیں ہے کوئی

چودہ طبق روشن ہونا، عقل و فراست میں زیادتی ہو جانا، عقل مند ہونا۔
چودہ معصوم، فرقہ امامیہ کے نزدیک آنحضرتؐ، فاطمہؑ اور بارہ امام ملکر چودہ ایسے برگزیدہ افراد ہیں جن سے کوئی گناہ کبھی سرزد نہیں ہوا۔
چودھ (د ہ۔ مو)، شاہی زمانہ کا ایک عہدہ۔
چودھراہٹ، یا **چودھرایت** (د ہ۔ اسم مؤنث۔ اسم مصدری)، چودھری۔ چودھراہٹ کا عہدہ، نمبرداری، سرداری، چودھری بننے کا حق۔
چودھری (د ہ۔ اسم مذکر)، نمبردار، ہم پیشہ لوگوں کا بڑا سردار۔ افسر، میر محلہ، میر بازار، جگال کے زمینداروں کا خطاب۔
چودھری ہو یا روجب کام نہ دے ایسی تیسی میں جاؤ، بڑا شخص جب کام نہ آئے تو اس کی بڑائی بیکار ہے۔
چودھوال، چودھویں نمبر کا، چودہ سے نسبت رکھنے والا۔
چودھویں (د ہ۔ اسم صفت)، چہاردہم چودہ سے نسبت رکھنے والا۔
چودھویں رات (د ہ۔ اسم مؤنث)، شب چہاردہم چاند کی رات جس میں وہ پورا ہو جاتا ہے۔
چودھویں رات کا چاند (د ہ۔ اسم مذکر)، ماہ کامل، بدر ماہ تمام۔ پورنماشی کا چاند (بصورت صفت)، نہایت خوبصورت، ماہ رو، مجازاً معشوق۔
چور (د ہ۔ اسم مذکر۔ فاعل چوٹنا)، دزد، سارق، غاسور، چھپا زخم۔ مہندی لگانے کے بعد جو سفیدی رہ جاتی ہے۔ دزد حنا۔ موم بتی کی ایک طرف جو گھل گئی ہو۔ پوشیدہ سوراخ۔ چھت کا سوراخ۔ بدگمانی، بدظنی، خوف، خطرہ، اندیشہ، کھلاڑی کا چھپایا ہوا گنجفہ کا پتا۔ پوشیدہ، خفیہ، در پردہ (بحالت صفت)، جھوٹا۔ دزد دغلو۔ فریبی۔ دغا باز۔
چور اُچکا (د ہ۔ اسم صفت)، چور بھی اور ٹھگ بھی۔ چور ٹھگ وغیرہ۔
چور اُرد (مذ)، ماش کا وہ دانہ جو پکنے میں گلنے سے رہ جائے۔
چور اُچکا چودھری غنڈی رن پردھان (د ہ۔ مثل)، زمانے کا انقلاب ہے کمینے اور سفلے عروج پا رہے ہیں۔ کسی پر عیب آدمی کے جھگڑے میں غالب رہنے کے وقت بولتے ہیں۔
چوراکاری (مو)، چوری۔ چوری کی شہرت۔
چور جاتے رہے کہ اندھیاری، بدکار موقع پاکر ضرور بدکاری کرتے ہیں۔ نہ ہی چور دنیا سے غائب ہوں گے نہ تاریکی۔
چور چرواوے اور گردن ہلاوے، برا کام کرکے مکر جانے والے کی نسبت بولتے ہیں۔
چور بالو (د ہ۔ اسم مذکر)، چہلا، دلدل، ریگ، سراب، رواں۔
چور بدن (د ہ۔ اسم مذکر)، وہ بدن جس کی موٹائی معلوم نہ ہو، پوشیدہ موٹائی۔
چور بٹھانا (محاورہ)، اندیشہ ہونا، بدگمانی ہونا، بدظنی ہونا۔
چور پر تمور پڑنا (محاورہ)، چور کے گھر میں چوری ہو جانا، ٹھگوں کا ٹھگنا۔
چور پیٹ (د ہ۔ اسم صفت)، نامعلوم حمل، وہ پیٹ جس کا حمل معلوم نہ ہو، مداریوں کے کرتب دکھانے کا دو پیٹا لوٹا۔
چوپہرہ (د ہ۔ اسم مذکر)، خفیہ پہرہ، پوشیدہ چوکیداری، پاسبانی۔
چور پیسا (د ہ۔ اسم مذکر)، پیسا جو خاک میں گر کر مشکل سے ملا کرتا ہے۔
چور تالا (د ہ۔ اسم مذکر)، بے معلوم قفل، بھنسی تالا۔
چور لیک (د ہ۔ اسم مذکر)، چور راستہ، خفیہ راستہ۔

چور و چیتر (د ہ۔ اسم مذکر)، آپ ہی چور اور خود ہی شاہد۔ چور بھی اور کوتوال بھی۔
چور چکار (د ہ۔ اسم مذکر)، چور ٹھگ۔ اُچکا، چور بدمعاش۔
چور چوری سے جائے ہیرا پھیری سے نہ جائے (د ہ)، بدعادت چھوٹا نہیں کرتی۔ بری عادت نہیں بدلتی۔
چور خانہ (د ا۔ اسم مذکر)، صندوقچہ کا خفیہ خانہ۔ پنجرے کے اندر کا خانہ، خلوت گاہ، خلوت خانہ۔
چور دبیج، تلوار سے کھیلنے والوں کی اصطلاح، حریف کا میدان سے اکثر پیچھے ہٹنا اور تلوار اور ڈھال کو اُدھر لے جاکر دشمن پر وار کرنا۔
چور دروازہ (د ا۔ اسم مذکر)، وہ راستہ یا دروازہ جو عام لوگوں کو معلوم نہ ہو۔ خفیہ دروازہ۔
چور راستہ (د ہ۔ اسم مذکر)، غیر مشہور راستہ۔ نامعلوم راستہ، خفیہ راستہ۔
چور زمین (د ہ۔ اسم مؤنث)، دلدلی زمین۔ دلدل۔ دھساؤ۔
چور سے کہے چوری کر ساہ سے کہے تیرا گھر لُٹا (د ہ۔ مثل)، اُس آدمی کی نسبت بولتے ہیں جو خود ہی نقصان کرائے اور خود ہی ہمدردی جتائے۔ دونوں طرف مل جانے والا آدمی۔
چور کھڑکی (د ا۔ اسم مؤنث)، پوشیدہ دریچہ، غیر مشہور کھڑکی۔
چور کا بھائی گٹھ کترا (د ہ۔ مثل)، برے کا ساتھی برا۔ بد کا ساتھی بد۔
چور کا شاہد چراغ (د ا۔ مثل)، جب کوئی بھیدی بھید کھول دے۔ اس وقت بولا کرتے ہیں۔
چور کا مال سب کوئی کھائے چور کی جان اکارت جائے (د ہ۔ مثل)، برے سے فائدہ تو کوئی اُٹھا لیتا ہے۔ مگر اس کی مصیبت میں ہمدرد کوئی نہیں بنتا۔ برے کو سوا حضر کے کچھ فایدہ نہیں ملتا۔
چور کچہری (مو)، محکمہ سراغ رسانی، خفیہ پولیس۔ وہ عدالت جو خفیہ طور پر بدمعاشوں کا انسداد کرے۔
چور کو چور ہی پہچانے۔ یا۔ **چور کو چور ہی سوجھتا ہے** (د ہ۔ مثل)، جیسے کو تیسا ہی تاڑتا ہے۔ اور ہر شخص دوسرے کو اپنے جیسا ہی سمجھتا ہے۔
چور کی ڈاڑھی میں تنکا (د ہ)، کمادت، عیب دار کو ہمیشہ کھٹکا رہتا ہے۔ چور چوری کی بات کو اپنے ہی اوپر لے جاتا ہے۔
چور کی ماں کو ٹھی میں سر دے اور روئے، یا۔ **سر دے کر روتی ہے** (د ہ۔ مثل)، برے کا بھیدی دل ہی دل میں کڑھتا ہے۔ چور کی ماں چھپ کر بھڑاس نکالتی ہے۔ کسی کے سامنے کیا کہے۔
چور کے پاؤں میں کانٹے تیرے پاؤں میں گھونگرو، بچوں کی لوری جس میں تیرے کی جگہ بچے کا نام بھی لیتے ہیں۔
چور کے گھر کے مور یا چور کے گھر گٹھ کٹا، چالاک کو دغا دینے والے کی نسبت بولتے ہیں۔
چور گٹھری لے گیا بے گاربوں کو چھٹی ہوئی، کاہل کے لئے بلا سے نجات ہو جاتے۔ چاہے نقصان ہی کیوں نہ ہو۔
چور منڈلی (مو)، بچوں کا ایک کھیل جس میں وہ ایک کنکر گوہر کے کسی

ڈھیر میں چھپا دیتے ہیں۔ جو اسے ڈھونڈ پاتے وہ سارا گوبر لے جاتا ہے۔

چور اور سانپ کے پیر کہاں (ہ۔ محاورہ) چور میں استقلال نہیں ہو سکتا۔ ذرا سی آہٹ سے بھاگ جاتا ہے۔

چور گلی (ہ۔ اسم مؤنث) خفیہ راستہ۔ پوشیدہ کوچہ۔ میانی یعنی وہ کپڑا جو پاجامہ میں دونوں رانوں کے بیچ میں ہوتا ہے۔

چور گیا کہ اندھیر (ہ۔ مثل ابدی) کے مواقع بہت ہیں۔ بدکار آدمی موقع پاکر ضرور بدی کرتے ہیں۔ چور اور اندھیرا کا ہمیشہ ساتھ ہے۔

چور محل (د) (ہ) بیوی جو بیاہتا نہ ہو حرام عورت۔ سنکوحہ کی ضد۔

چور مونگ۔ یا۔ اُرد (ہ۔ اسم مذکر) وہ کڑکوا نگ یا اُرد جو گلتی نہیں۔

چور ہٹیا (ہ۔ اسم مذکر فاعل) چوروں کا مال خرید لے والا دکاندار۔

چور (ہ۔ اسم مذکر) ریزہ ریزہ ٹکڑا۔ تھکا ہوا۔ عاجز۔ بدست بے ہوش۔ مدہوش۔ سرشار۔

چور بھور ہونا: متحیر یا چوکس ہونا۔

چور چور ہونا: ریزہ ریزہ ہو جانا۔

چورا (ہ۔ اسم مذکر) ریز ریزہ۔ سفوف۔

چورا کرنا (ہ۔ فعل) ریزہ ریزہ کرنا۔ پیسنا۔ کوٹنا۔ خوب مارنا۔ زدوکوب کرنا۔

چوراسی (ہ) اسم عدد۔ اسی اور چار۔ ہشتاد و چہار۔ ۸۴۔ ۸۴۔

چوراسیا (ہ۔ اسم صفت) چوراسی سال کی عمر کا (بحالت اسم مذکر) برہمنوں کی ایک قوم۔

چورانوے۔ یا۔ چورانویں (ہ) اسم عدد۔ نوے اور چار۔ نود و چہار۔ ۹۴۔ ۹۴۔

چوراہا (ہ۔ اسم مذکر) وہ مقام جہاں سے چاروں طرف کو رستہ جاتا ہو۔ چوک۔

چورس (ہ۔ اسم صفت) چوکور۔ ہموار۔ مربع۔ مسطح۔

چورسانا (ہ۔ فعل) ہموار کرنا۔ مسطح کرنا۔ چوکور بنانا۔ صاف کرنا۔

چورسائی (ہ۔ اسم مؤنث۔ علم مصدر) برابری۔ ہمواری۔ یکسانیت۔

چورما (ہ۔ اسم مذکر) ملیدہ۔ روٹی کو گھی اور سیٹھا ڈالکر خوب ملا ہوا۔

چورن (ہ۔ اسم مذکر) ایک قسم کا سفوف جو بدہضمی رفع کرنے کو کھاتے ہیں۔ پھنکی۔

چورنا (ہ۔ فعل) ٹکڑے ٹکڑے کرکے کسی پتلی چیز دودھ وغیرہ میں ڈبونا۔

چورنگ (د) (ہ۔ اسم مذکر) اشق۔ شمشیر۔ وہ چیز جس پر تلوار کا ہاتھ صاف کریں۔ ایک ہی وار میں چار ٹکڑے کرنا۔ تلوار کی ضرب۔ تلوار کا وار۔ تلوار کا ہاتھ۔

چورنگ کاٹنا (د) (ہ۔ فعل) تلوار کے ایک ہی وار میں چار ٹکڑے کرنا۔ ضرب شمشیر سے ٹکڑے ٹکڑے اُڑا دینا۔

چوری (ہ۔ اسم مؤنث) گھی اور سیٹھا ملا کر چورا کی ہوئی روٹی۔ روٹی کا ملیدہ۔ چورما۔

چوری (ہ۔ اسم مؤنث بیائے مصدری) سرقہ۔ دزدی۔ پردہ جیسے مجھ سے کیا چوری ہے۔

چوری اور چترائی (ہ۔ محاورہ) ایک تو چوری کرنا۔ دوسرے حیلہ بازی جتانا۔

چوری اور سرزوری / چوری اور سینہ زوری } (د) (ہ۔ کہاوت) ایک تو قصور کرنا پھر اکڑنا بھی۔ اپنے قصور پر نادم نہ ہونا۔ اُلٹا دوسروں کو قصوردار ٹھہرانا۔

چوری چوری۔ یا۔ چوری چھپے۔ یا۔ چوری سے (ہ۔ تابع فعل) در پردہ۔ خفیہ طور سے۔ چھپے چھپے۔

چوری کا گڑ میٹھا (ہ۔ کہاوت) مفت کا اور حرام مال سب کو پیارا لگتا ہے۔

چوری لگانا: چوری کا الزام لگانا۔

چوڑا (ہ۔ اسم صفت) فراخ۔ کشادہ۔ وسیع۔ چکلا۔ عریض۔

چوڑا (ہ۔ اسم مذکر) ہاتھی دانت یا لاکھ یا چاندی کی چوڑیوں کا جوڑا۔ ایک قسم کا زیور۔

چوڑا (ہ۔ اسم مذکر) بواد مجہول) پیشاب۔ گوبر وغیرہ ملی ہوئی کیچڑ (بصورت صفت) گیلا۔ سیلا۔ بہت غلیظ۔ بھیگا ہوا۔

چوڑا ہو جانا: تباہ ہو جانا۔ برباد ہو جانا۔

چوڑا کر دینا (ہ۔ فعل) سخت میلا کر دینا۔ نہایت غلیظ کرنا۔ گیلا کرنا۔ بھگو دینا۔

چوڑھا پن۔ ند۔ چمار۔ خاکروب۔ رذیل۔ کمینہ۔

چوڑھی (د) (ہ) چوڑھے کی بیوی۔ خاکروبن۔ بھنگن۔

چوڑان (ہ۔ اسم مؤنث۔ اسم مصدری) چوڑائی۔ عرض۔ پہنائی۔ فراخی۔ وسعت۔

چوڑانا (ہ۔ اسم مؤنث) پھیلانا۔ فراخ کرنا۔ وسیع کرنا۔ کشادہ کرنا۔

چوڑاؤ (ہ۔ اسم مذکر) پھیلاؤ۔ پاٹ۔ عرض۔ فراخی۔

چوڑائی (ہ۔ اسم مؤنث) دیکھو چوڑان۔

چوڑی (ہ۔ اسم مؤنث) سونے چاندی لاکھ وغیرہ کے حلقے جو سہاگن عورتیں ہاتھوں میں پہنتی ہیں۔ دست برنجن۔ پیچ کا ہر حلقہ جو کسی پرزے میں کٹا ہوتا ہے۔ پیچ جو کسی پرزے میں کٹے ہوں ان میں سے ہر ایک کو چوڑی کہتے ہیں۔ چینی وغیرہ کانچ کی اشیا کا بال یعنی شکن۔ جو ٹوٹنے سے پڑ جاتا ہے (بحالت صفت) نہایت نازک اور بودی چیز جو معمولی ضرب سے ٹوٹ جائے۔

چوڑی کی مثال۔ یا۔ مانند (د۔ اسم صفت) نہایت نازک۔ بودا۔

چوڑیدار (ہ۔ اسم مذکر) ایک قسم کا دھاری دار کپڑا۔

چوڑی دار پائجامہ (د۔ اسم مذکر) تنگ موری کا سلوٹوں والا پاجامہ۔

چوڑیاں (ہ۔ اسم مؤنث) چوڑی کی جمع۔

چوڑیاں بڑھانا (محاورہ) چوڑیاں اُتارنا۔

چوڑیاں پہننا (محاورہ) ہاتھوں میں چوڑیاں ڈالنا۔ مرد ہو کر نامردی اختیار کرنا۔ شادی کرنا۔ نکاح ثانی کرنا۔

چوڑیاں پہنانا (ہ۔ محاورہ) بیوہ عورت کی شادی کرنا۔

چوڑیاں ٹھنڈی کرنا (ہ۔ محاورہ) خاوند کے مر جانے پر یا لڑائی میں تغیظ غضب کھا کر چوڑیاں توڑنا۔ (ان دو موقعوں کے سوا یہ کام فال بد ہے)

چوزہ (د۔ اسم مذکر) مرغی کا بچہ۔ پٹھا۔ نوعمر اور خرد سال لڑکا۔ جوان (عنا لڑکی پٹھیا۔

چوزہ باز (د۔ اسم مؤنث) نوجوانوں سے زیادہ رغبت رکھنے والی عورت لونڈوں سے فعل بد کرنے والی کسبی۔

چوسٹھ۔ یا چونسٹھ (ہ) اسم عدد۔ ساٹھ اور چار۔ سعت و چہار۔ ستر سے چھ کم۔ ۶۴۔ ۶۰+۴۔

چوسر (ہ۔ اسم مؤنث) نرد بازی۔ چوپڑ پچیسی۔ بساط جس پر نردیں یا گوٹیں رکھتے ہیں۔

چوسر باز (دُ) اسم مذکر فاعل) چوپڑ کا کھلاڑی۔

چوسنا (ہ۔ فعل) چوڑنا۔ جذب کرنا۔ دودھ پینا۔ نچوڑنا۔ عرق نکال لینا۔ سوکھنا۔ ہونٹوں سے دبا کر کسی شے کا مزہ لینا۔ اس طرح کہ دانت نہ لگیں۔

چوس ڈالنا: پوری طرح جذب کر لینا۔ بالکل چوس لینا۔

چوسنی: دیکھو چسنی۔

چوغہ (دُ۔ اسم مذکر) جبہ۔ لبادا۔ عبا۔ ایک قسم نہایت تہذیب کا لباس۔

چوغہ

چوک (ہ۔ اسم مؤنث) حاصل مصدر چوکنا سے۔ بھول۔ قصور۔ غلطی خطا۔ سہو۔ ایک قسم کا کھٹا ساگ لیموں سے بنی ہوئی ایک کھٹی چیز۔ ترش۔ نہایت کھٹا۔

چوک

چوک (ہ۔ اسم مؤنث) مربع۔ میدان۔ وہ بڑا بازار جس میں چار طرف سے راستے ہوں۔ صحن۔ انگنائی۔ سامنے کے چار دانت۔ خواہ اوپر کے خواہ نیچے کے۔ ایک زیور کا نام بھی ہے جو سر پر پہنتی ہیں۔

چوکا (ہ۔ اسم مذکر) ہندوؤں کے روٹی کھانے اور پکانے کا مقام۔ چار مساوی اور یکساں ہم جنس چیزوں کی تعداد۔ اگلے چار دانتوں کی لڑی۔ سنگ مرمر کی چوکور سل۔ مربع سل۔ مربع پتھر۔

چوکا (ہ۔ اسم مذکر) ایک قسم کا کھٹا ساگ (بصورت فعل) چوکنا سے ماضی مطلق۔

چوکر (ہ۔ اسم مذکر) چوکھر۔ بھوسی۔ گیہوں کے آٹے۔

چوکڑ (ہ) اسم صفت۔ نہایت اچھا۔ عمدہ۔ اعلیٰ۔ نادر۔

چوکڑی (ہ۔ اسم مؤنث) ہرن کی کلانچ۔ چاروں پیر جوڑ کر ہرن کی چھلانگ۔ چار گھوڑوں کی بگھی۔ حد۔ حد بست۔

چوکڑی بھرنا (ہ۔ فعل) زعفند لگانا۔ چھلانگ مارنا۔ ہرن کا کلانچیں مارنا۔

چوکڑی بھول جانا (ہ۔ محاورہ) گھبرا جانا۔ جوش جاتا رہنا۔ سٹ پٹا جانا۔

چوکس (ہ۔ اسم صفت) ہوشیار۔ خبردار۔ چوکر۔ مڑتا۔ پسرد۔ حوالے تول۔ دل میں پورا۔ کل لورن۔

چوکس رہنا (ہ۔ فعل) ہوشیار رہنا۔ خبردار رہنا۔ اچھی طرح نگہبان رہنا۔

چوکسی (ہ۔ اسم مؤنث) بیانے مصدری ہوشیاری۔ خبرداری۔ نگہبانی۔ احتیاط۔

چوکنا (ہ۔ اسم صفت) چار کانوں والا۔ مجاز آنہایت ہوشیار۔ خبردار۔

چوکنا (ہ۔ فعل) غلطی کرنا۔ خطا کرنا۔ بھول جانا۔ سہو ہونا۔ نشانے پر نہ بیٹھنا۔ نشانہ نہ لگنا۔

چونکنا۔ یا چونکنا (ہ۔ فعل) نیند میں اچھل پڑنا۔ متوحش ہونا۔ ڈرنا۔ خوف کھانا۔ پدکنا۔ بھڑکنا۔

چوکور (ہ۔ اسم صفت) مربع۔ چوگوشہ۔ چوبرس۔ مذاقاً موٹا آدمی۔ فربہ اندام۔

چوکھا (ہ۔ اسم صفت) کھرا بے کھوٹ۔ بے میل۔ بے غش۔ اچھا۔ خوب۔ بھلے کا ترجمہ۔ نادر۔ عمدہ۔ کھرا۔ خالص۔ اصل۔ صاف۔ پسندیدہ۔

چوکھٹ (ہ۔ اسم مؤنث) دروازہ کی چار لکڑیاں۔ جن میں کواڑ لگاتے ہیں۔ چوب آستانہ۔ دہلیز۔ عتبہ۔

چوکھٹا (ہ۔ اسم مذکر) ڈھانچا۔ تصویر یا قطعہ وغیرہ کا فریم۔ آئینہ کا گھر۔

چوکھونٹ (ہ۔ اسم ظرف) چاروں طرف۔ چودیس۔ دُنیا۔ عالم۔ (تابع فعل) ہر طرف۔ ہر سو۔

چوکھونٹا (ہ۔ اسم صفت) چوپہل۔ چار۔ گوشہ۔ مربع۔

چوکی (ہ۔ اسم مؤنث) چھوٹا سا تخت۔ کرسی۔ پہرا۔ پاسبانی۔ اسٹیشن۔ پڑاؤ۔ خدمت۔ سیوا۔ نوکری۔ باری۔ نوبت دار۔ قوالوں کا گروہ۔ گلے کے ایک سنہری زیور کا نام۔ موکل۔ پیر۔ جادو ٹونا۔ نذر نیاز۔ بھینٹ۔ کسبی کا امیروں کے پاس شب باشی کو جانا۔ رکاب داروں کا گروہ۔ نوبت بجانے والوں کی نوبت کا وقت (لک) پیشاب گھر۔ جیسے حضور چوکی پر ہیں۔

چوکی بٹھانا (ہ۔ محاورہ) پہرا بٹھانا۔ نگہبانی کرنا۔ حراست میں لینا۔ محافظ بٹھانا۔ جادو کرنا۔ پیر بٹھانا۔ موکل مقرر کرنا۔

چوکی بھرنا (ہ۔ محاورہ) باری باری جاگنا۔ نوچندی جمعرات کو قبرستان میں جاکر دعا مانگنا۔ گھر میں یا کسی قبر پر قوالی کرانا۔ باری باری پہرہ دینا۔ بھینٹ چڑھانا۔ نیاز دلوانا۔

چوکی پر جانا (ہ۔ فعل) امرا کا پاخانے میں جانا۔ صحت خانے میں جانا۔

چوکی پر بیٹھنا: پہرہ ہونا۔

چوکی جانا (ہ۔ فعل) طرچی پر جانا۔

چوکی خانہ (دُ۔ اسم مذکر) لوگوں کی امرا کے پاس حاضر ہونے کی جگہ۔

چوکی دینا (ہ۔ فعل) پہرا دینا۔ نگہبانی کرنا۔ کرسی دینا۔ کرسی پر بٹھانا۔

چوکیدار (دُ۔ اسم مذکر) پاسبان۔ نگہبان۔ پہریدار۔ محافظ۔ نگران۔

چوکیدارا (دُ۔ اسم مذکر) چوکیداری کا ٹیکس۔ چوکیدار کی نوکری کی اُجرت۔

چوکیداری (دُ۔ اسم مؤنث) پاسبانی۔ حفاظت۔ چوکیداری کی نوکری۔ حفاظت کا ٹیکس۔

چوگا (ہ۔ اسم مذکر) پرندوں کی خوراک۔ دانہ۔

چوگان۔ یا چوغان (ف۔ اسم مذکر) گیند کا بلا۔ پولو کا کھیل جو گھوڑوں پر سوار ہو کر کھیلتے ہیں۔ نقارے کی چوب۔ نلی کا ڈنڈا۔ وہ ڈنڈا جو سر کی طرف سے کم ہو۔

چوگانی۔ یا چوغانی: وہ گھوڑا جو چوگان بازی میں خوب دوڑے۔

چوگڑا (ہ۔ مذ) خرگوش۔

چوگڈا (ہ۔ اسم ظرف) وہ مقام جہاں چار گاؤں کی حد ملتی ہے۔

چوگڈی (ہ۔ اسم مؤنث) جانوروں اور پرندوں کو پکڑنے کی کل جو بانس کی تیلیوں سے بناتے ہیں۔

چوگرد (دُ۔ تابع فعل) گرداگرد۔ چاروں طرف۔ آس۔ پاس۔

چوگلا (دُ۔ اسم صفت) چار پتیوں کا پھول۔ گل چار برگ۔

چوگنا (ہ۔اسم صفت) چار چند۔
چوگوشیا (دُ۔اسم مذکر) چار گوشہ والی ٹوپی۔ ایک قسم کا ترکی گھوڑا۔
چوگھڑا (ہ۔اسم مذکر) چار خانے والا بکس۔ بچوں کے ایک کھلونے کا نام بھی ہے۔ ساچق کی آرائش کی وہ ٹھلیاں جو میوے سے بھر کر ایک ایک تختہ پر چار چار رکھتے ہیں۔ الائچی۔
چول (ہ) وہ چھید جس میں کواڑ پھرتا ہے لکڑی کا وہ سرا جو دوسری لکڑی میں داخل کیا جاتا ہے۔ قفل۔ جوڑ بند۔
چولا (ہ۔اسم مذکر) بدن۔ جسم۔ تن۔ ایک پوشاک کا نام جو دلھن کو برات کے دن پہناتے ہیں۔ چولی۔ انگرکھے کا اوپر کا حصہ۔
چولا بدلنا (ہ۔فعل) قالب بدلنا۔ ایک جسم سے دوسرے جسم میں جانا۔
چولا چھوڑنا (ہ۔محاورہ) پران چھوڑنا۔ مرنا۔ انتقال کرنا۔ قالب چھوڑنا۔
چولائی (ہ۔اسم مؤنث) ایک قسم کا ساگ۔ لال ساگ۔ اس کے بیج کو بھون کر لڈو بناتے ہیں۔
چولھا (ہ۔اسم مذکر) آتشدان آگ کے رہنے کی جگہ۔ ہنڈیا پکانے کی جگہ۔


چولھا

چولھا پھونکنا (حقارتاً یا غصہ سے) چولھا گرم کرنا۔ آگ سلگا کر روٹی پکانا۔
چولھے آگ نہ گھر طے پانی (ہ۔کہاوت) نہایت مفلس اور کنگال کی نسبت بولتے ہیں۔ نہایت افلاس۔
چولھے میں پڑے یا۔ چولھے میں جائے (ہ۔محاورہ) آگ لگے۔ خاک میں ملے۔ اجڑ جائے۔ ہمیں اس سے سروکار نہیں۔
چولی (ہ۔اسم مؤنث) انگرکھے کے دامن سے اوپر کا حصہ۔ انگیا۔ اوپر کے دھڑ کا حصہ۔
چولی دامن کا ساتھ (ہ) لازم۔ ملزوم۔ ہمیشہ ساتھ رہنے والے دو آدمی۔ قدیمی ساتھ۔
چولیں ڈھیلی ہونا (ہ۔محاورہ) کام کی زیادہ چلنے پھرنے سے تھک کر چور چور ہونا۔
چومادہ (ہ۔اسم مذکر) بوسہ۔ پپی۔ مٹھی۔
چوماچاٹی (ہ۔اسم مؤنث) بوس وکنار ناز و نیاز۔ اختلاط۔
چومتے ہی گال کاٹنا (ہ) ابتدا کرتے ہی نقصان پہنچایا۔
چوماسہ (ہ۔اسم مذکر) ظرف زمان۔ برکھا رُت۔ برسات کے چار مہینے۔ موسم برسات۔
چوم چاٹ کے چھوڑنا (ہ۔محاورہ) کام نکال کر چھوڑ دینا۔ بے قابو چیز کو سلام کر کے اس سے باز آنا۔ ہاتھ اٹھانا۔ اپنے قابو اور تصرف سے باہر چیز کو بوسہ دے کر اس کے حصول سے باز آنا۔ سلام کرنا۔
چومکھ (ہ۔اسم مذکر) وہ چراغ جس کی چار بتیاں چاروں طرف روشن ہوں۔ چار بتی کا چراغ خواہ دھات کا ہو یا آٹے مٹی وغیرہ کا۔
چومکھا جلانا (ہ۔محاورہ) منت کا چراغ جلانا۔ نذر کا دیا جلانا۔
چومکھا (ہ۔اسم صفت) چار منہ کا (اسم مذکر) چار بتی کا چراغ۔ پٹا بازی کا وہ ہاتھ جو چار طرف اس طرح پھرایا جائے کہ حریف کا داؤں نہ لگے۔ وہ پھکڑ باز جو اکیلا چار کو جواب دے۔
چومکھی (ہ۔اسم مؤنث) ایک درخت کے بیج کا نام۔ ہندوؤں کی ایک دیوی کا نام۔
چومنا (ہ۔فعل) بوسہ لینا۔ کسی بزرگ کے مزار کو ادب سے منہ لگانا۔ بوسہ لینا۔ پیار کرنا۔ چکھنا۔
چومنا چاٹنا (ہ) پیار کرنا۔ لتو پتو کرنا۔ تعظیم کرنا۔ خوشامد کرنا۔
چومنزلا (دُ۔اسم مذکر) چار منزل کا مکان۔ چار درجوں والا مکان۔
چومیخا کرنا (دُ۔فعل) اوندھا یا چت لٹا کر چاروں ہاتھ پاؤں میخوں سے باندھ کر سزا دینا۔
چون (ف) حرف شرط جب۔ حرف تشبیہ۔ جیسا۔ مانند۔ مثل۔
چون (ہ۔اسم مذکر) آٹا۔ آرد۔ چونہ۔
چوں کا بھی حاکم برابر ہوتا ہے ادنیٰ با اختیار سے ڈرنا چاہئے۔
چون کر ڈالنا (ہ) پیس ڈالنا۔
چوں ہو جانا (ہ) آٹا ہو جانا۔ گل جانا۔
چوں چاں (ہ) پرندوں کے بچوں کی آواز۔
چوں (ہ۔اسم مؤنث صوت) آواز۔ گوز۔ چڑے کا آواز۔
چوں نہ کرنا (ہ۔فعل) تکرار و حجت۔ آواز تک نہ نکالنا۔ اُف تک نہ کرنا۔ خاموش رہنا
چوں و چرا (ہ) بحث تکرار۔ اگر مگر۔ حیلہ بہانا کرنا۔
چون (ہ۔اسم عدد) پچاس اور چار۔ پنجاہ و چہار ساٹھ سے چھ کم ۵۴، ۵۷۔
چونا (ہ۔اسم مذکر) قلعی۔ سفیدی۔ آہک۔ کوئلوں میں پکایا ہوا پتھر یا کنکر (بحالت صفت) تیز و تند کھٹاس (بحالت فعل) ٹپکنا چھت سے بوند بوند پانی گرنا۔ رسنا پھل کا پک کر آپ سے آپ زمین پر گرنا۔ حیض کا خون آنا۔
چونا پھرنا (دیوار پر) چونے کی قلعی ہونا۔
چونا پھیرنا (متعدی)۔
چونا لگانا یا لگنا کسی کو زک دینا یا زک پہنچنا۔
چونے والیاں (خاص قسم کے گانے والی عورتیں۔ جواب تقریباً نہیں ہیں۔ وہ ڈومنیاں جو بچہ پیدا ہونے کے موقع پر آتی ہیں۔
چونپ (ہ۔اسم مؤنث) چاؤ۔ شوق۔ خواہش۔ امنگ۔ برجھاوا۔ ضد۔ ہٹ سونے کی کیل جو اکثر ہندو بچات کی غرض سے دانتوں میں لگاتے ہیں ہوشیاری۔ چالاکی۔ فکر۔ چوکنا پن۔
چونپ لگانا (ہ) ورغلانا۔ اُبھارنا۔
چونپ دینا (ہ۔فعل) بڑھاوا دینا۔ کسی کام کے لئے آمادہ و تیار ہونا۔
چونپنا (ہ۔فعل) ہوشیار رہنا۔ متفکر رہنا۔ متوحش ہونا (بحالت اسم مؤنث) ہوشیاری۔ چالاکی۔
چونترا (ہ۔اسم مذکر) (دیکھو چبوترہ)
چونتیس (ہ) اسم عدد۔ تیس اور چار۔ سی و چہار چالیس سے چھ کم ۳۴، ۳۷۔
چونے پرنی (چونے والی)۔
چونچ (ہ۔اسم مؤنث) پرندوں کا منہ۔ منقار۔ لول۔ نوک۔ سر زبان۔ جھپٹ۔ باتوں کی طراری یا تیزی۔ لقلقی جھگڑا۔ جیسے دو دو چونچیں ہو گئیں۔

چوچخ سنبھالو (د۔ محاورہ) بدزبانی نہ کرو، چپ رہو۔ زبان روکو، زبان سنبھالو۔
چوچخ مارنا (د۔ فعل) ٹھونگ مارنا۔ بیہودہ بکنا۔ زبان سے واہیات بولنا۔ واہی تباہی زبان سے نکالنا۔
چوچنچال (د۔ اسم صفت) ہوشیار، متعد، چالاک۔ دانا، سیانا۔ سمجھدار۔
چوچنچلا (د۔ اسم مذکر) ناز و نخرہ۔ عشوہ و ادا۔ ناز و کرشمہ۔
چوں چوں (د۔ اسم مؤنث) صوت چڑیوں کی آواز۔ گاڑی کے چلنے کی آواز۔ جوتے کے مڑنے کی آواز۔ ایک کھلونے کا نام جو کھینچنے سے اسی طرح کی آواز دیتا ہے۔
چوندھ (د۔ اسم مؤنث) خیرگی چشم۔ آنکھ کا روشنی کی برداشت نہ کرنا۔
چوندھیانا۔ یا۔ چندھیانا (د۔ فعل) خیرگی چشم ہونا۔ چمکدار یا زیادہ روشن کے دیکھنے کی تاب نہ لانا۔ آنکھ جھپک جانا۔ گھبرا جانا۔ حیران ہو جانا۔ ؎ ناسخ

وہ اشک حور جب رخسار تاباں کھول دیتا ہے
ملائک اپنی آنکھیں چوندھیا کر بند کرتے ہیں

چونڈا (د۔ اسم مذکر) سر کے بالوں کا جوڑا۔ سر کے بال۔ بالوں کی چوٹی۔ پرندوں کے وہ چند پر جو سر پر اُبھرے ہوتے ہیں۔ کچا کنواں۔ پرندوں کی کلغی۔
چونڈا دھوپ میں سفید نہیں کیا (ع ورت) ناتجربہ کار نہیں ہے۔
چونڈے پر ڈولا اچھلنا (د۔ محاورہ) سوکن بننا۔ سوکن بن کر آنا۔
چونر (د۔ اسم مؤنث) چنری۔ گنواری رنگ برنگ کا رنگا ہوا دوپٹہ۔
چونری نکل گیا۔ چنوری کی طرح گھنی اور لمبی داڑھی کا تمسخر۔ مذاقاً اڑانا۔
چونڑی (د۔ اسم مؤنث) (دیکھو چنڑی)
چونڑی (د۔ اسم مؤنث) مگس راں۔ مورچھل۔ کھجیاں جھلنے کا کھجور کی ٹہنی کا پنکھا۔
چونسٹھ (د۔ اسم عدد) ساٹھ اور چار۔ شصت و چہار۔ ستر سے چھ کم۔ ۶۴۔ ۶۰۔
چونسٹھ کھمبا (د۔ اسم مذکر) دہلی کی دو مشہور عمارتیں ہیں۔ ایک مرزا عزیز کوکہ کا مدفن جو حضرت خواجہ نظام الدین اولیاؒ کے مزار کے قریب میں ہے۔ دوسری ترکمان دروازے کے باہر خراب پڑی ہے۔
چونک (د۔ اسم مؤنث) وحشت۔ بھڑک۔ رمیدگی۔ چمک۔ جھجک۔ چونپ۔
چونکانا۔ جگانا۔ ہوشیار کرنا۔
چونک اٹھنا / چونک پڑنا (د۔ فعل) گھبرا کر ایک دم جاگ اٹھنا۔ سوتے سوتے اچھل پڑنا۔ ہوشیار ہو جانا۔ چوکنا ہو جانا۔ بدک جانا۔ متعجب ہونا۔ غفلت سے ہوشیار ہونا۔
چونکنا (د۔ چونک پڑنا۔ سوتے سوتے جاگ اٹھنا۔ بدکنا۔ جاگنا۔ بیدار ہونا۔ چوکنا ہونا۔ حیرت زدہ ہونا۔ ہکا بکا ہونا۔
چونکہ (ف۔ حرف شرط) کیونکہ اس لئے کہ۔ اس واسطے کہ۔ اس لئے کہ۔
چونگا (د۔ اسم مذکر) خوشامد درآمد۔ چاپلوسی۔ لتو پتو۔ فریب۔ نلوا۔ بانس کا نلوا۔ کھوکھلا بانس۔
چونگے باز (ا ف) چرب زبانی سے چیزیں لینے کا عادی۔
چوں و چرا (ف۔ اسم مذکر) بحث۔ تکرار۔ حیل و حجت۔ ردوکد۔ جرح و قدح۔
چوگلا (د۔ مذ) خول دار بانس یا بین وغیرہ کا ڈبہ جس میں کاغذات ہوں۔ کر رکھ لیتے ہیں۔
چوئی (د۔ اسم مؤنث) وہ موٹا آٹا جو دال دلنے میں نکلتا ہے۔ دال کا برادہ۔
چوئی بھوسی کھا کر گزر کرنا۔ تنگی سے گزر اوقات کرنا۔
چوئی بھی کسے مجھے گھی سے کھاؤ (ہ) نیچ اور کمینہ آدمی بھی بڑوں میں برابری کی شمولیت کا مدعی ہے۔ قابلیت سے بڑھ کر تعظیم کا طالب ہے۔
چوئی (د۔ اسم مؤنث) چار آنے کی قیمت کا چاندی کا سکہ۔ روپے کا چوتھا حصہ یا چوتھائی حصہ۔ پاؤلا۔ پاؤلی۔ نئے پچیس پیسے۔
چوہے والیاں (د۔ اسم مؤنث) ایک طرح کی ڈومنیاں جو بچہ پیدا ہونے میں ناچنے گانے آتی ہیں۔

چوہا (د۔ اسم مذکر) موش۔ موسا۔ نک کا سوکھا ہوا رینٹ۔ نک کا سیل پانی میں شرابور آدمی۔ چوہا
چوہا بل میں سماتا نہیں دم سے باندھا چھاج (د۔ مثل) اپنی تو گزرتی نہیں دوسرے کا بار سر پر لے لیا۔
چوہا کنی (د) ایک قسم کی گھاس جس کی پتیاں چوہے کے کان جیسی ہوتی ہیں۔
چوہان (د۔ مذ) راجپوتوں کی ایک ذات کا نام۔
چوہرا (د۔ اسم مذکر) چار تہ کا۔ چار تہوں والا۔
چوہتر (د) (اسم عدد۔ ستر اور چار۔ ہفتاد و چہار۔ اسی سے چھ کم۔ ۷۴۔ ۷۰۔
چوہٹا (د۔ اسم مذکر ظرف) چوک۔ وہ بازار جس کے چار طرف راستے ہوں۔ چار دکانوں کی جگہ۔
چوہڑا (د۔ اسم مذکر) خاکروب۔ بھنگی۔ حلال خور۔ (دیکھو چوڑھا۔
چوہڑی (د۔ اسم مؤنث) چوہڑا کی تانیث۔ بھنگن۔ حلال خوری۔ خاکروبن۔ (دیکھو چوڑھی۔



چوہی (د۔ اسم مؤنث بر پ) چوہا کی تانیث چہیا۔
چوہیا (د۔ اسم مؤنث) (دیکھو چوہی)
چوہیا سے دانت (د۔ اسم مذکر) چھوٹے چھوٹے دانت۔ چوہی
چوہے دان (مذ) چوہا کا پنجرہ۔
چوہے کا بچہ بھی نہیں (د) کہاوت) نا کو بھی اولاد نہیں بے اولاد ہے۔
چوہے کے ہاتھ ہلدی کی گرہ لگی (د) بھی پنساری بن بیٹھا (د۔ مثل) اوچھا اور کم ظرف آدمی۔ تھوڑی سی پونجی ہاتھ لگنے پر اترانے لگ جاتا ہے اور اپنا ثانی کسی کو نہیں سمجھتا۔
چوہے دنتی (د۔ اسم مؤنث) عورتوں کے ہاتھ میں پہننے کے ایک زیور کا نام ہے۔ جس کے دندانے چوہے کے دانتوں جیسے ہوتے ہیں۔ کٹکن۔
چوہے کا جنابل ہی کھودتا۔ یا۔ ڈھونڈتا ہے (د) ہر ایک آدمی اپنی اصل پر ہی جاتا ہے عاقبت گرگ زادہ گرگ شود۔
چوئیں مویں (د) بیتلا دبلا آدمی۔
چویا (د۔ اسم مذکر) سطح آب۔ دریا کے کنارے کے پاس کا وہ گڑھا جس میں پانی جھر جھر کر ٹھہر جائے۔ مال کا چھلکا۔ کچی املی۔

چ - ہ - ھ

چہ (ف) حرف استفہام۔ کیا۔ اردو میں ایسے موقع پر بولتے ہیں جب کسی پر اعتراض کرنا مقصود ہو۔ اس اعتراض میں قائل کی طرف سے مبالغت اور انکار کے معنی مضمر ہوتے ہیں۔ جیسے آپ نے میری طرف سے دو ہزار روپیہ کا پکا وعدہ کر لیا۔ یعنی چہ؟

چہ خوش (ف) کلمۂ طنز۔ کیا بات ہے کیا خوب۔ واہ واہ کیا کہنے۔

چہ خوش چرا نباشد (ف) کلمۂ طنز۔ کیا کہنے۔ ہاں۔ کیوں نہ ہو بے شک اسی قابل ہے۔

چہ داند بوزنہ لذات ادرک: نااہل کمال کا ہرگز قدردان نہیں ہوتا۔

چہ نسبت خاک را با عالم پاک: چھوٹے کا بڑے سے کیا مقابلہ۔

چہ معنی دارد (فع) کیا سبب ہے کیا وجہ ہے۔ کیا باعث ہے۔

چہ (ف) اسم مذکر ظرف چاہ مخفف ہے۔ کنواں۔ گڑھا۔ پل کے دونو پرے۔

چھ (ہ) اسم عدد۔ شش۔ تین اور تین دس سے چار کم۔ ۶-۵۔

چھاپ (ہ۔ اسم مؤنث) ٹھپا۔ مہر۔ علامت۔ نشان۔ چندن لگانے کا دھات کا چھاپہ۔

چھاپ لگانا (ہ۔ فعل) ٹھپا لگانا۔ مہر لگانا۔

چھاپا۔ یا۔ چھاپہ (ہ۔ اسم مذکر) ٹھپا۔ مہر۔ ہندوؤں کا تیر تھوں میں جا کر کندھے اور بازوؤں پر لگوایا ہوا نشان۔ چھاپنے کا آلہ۔ چھپا ہوا مطبوعہ۔ شب خون تجارت کے مال کا نشان جو محصول ادا ہو جانے کی علامت ہے۔ تصویر۔ نقشہ۔ صورت۔ سانچا ڈھالنے کا حرف کھلیان پر ٹھپا لگانے کا آلہ۔ چاک مطبع۔ چھاپہ خانہ۔

چھاپا مارنا (ہ۔ فعل) شب خون مارنا۔ رات کو خفیہ طور پر حریف پر حملہ کرنا۔

چھاپنا (ہ۔ فعل) نقش کرنا۔ شائع کرنا۔ مہر لگانا۔ طبع کرنا۔ مشہور کرنا۔ بیاہ کی رسم۔ رسم میں مکان کی دیواروں کو صندل کے نشانات سے سجانا۔

چھاپے خانہ (ہ و ف اسم ظرف مکان) مطبع۔ کتابیں چھاپنے کا کارخانہ۔

چھاپے خانے والا (ہ و ف اسم مذکر) مالک مطبع۔ چھاپے خانے کا مالک۔ منیجر مطبع یا منتظم مطبع۔

چھاتا (ہ۔ اسم مذکر) چھتری سے اسم مکبر بڑی چھتری۔ بڑا سینہ۔ سینہ کشادہ۔ چھاتی سے اسم مکبر ہے بڑی چوڑی چھاتی۔

چھاتی (ہ۔ اسم مؤنث) سینہ۔ چوچی۔ پستان۔ جرأت۔ حوصلہ۔ دل۔ دلیری مضبوطی۔ استقلال۔ فیاضی۔ سخاوت۔ استحکام۔

چھاتی بھر آنا (ہ محاورہ) آنسو بھر آنا۔ محبت مادری سے چھاتی میں دودھ اتر آنا۔ رونے کو تیار ہونا۔ چھاتی کا گوشت سے پُر ہونا۔ رحم آنا۔ ترس آنا۔

چھاتی بھر جانا (ہ۔ فعل) گھوڑے کے سینے میں خون کا جمع ہو جانا۔

چھاتی پر بال ہونا: شجاعت۔ مردانگی اور مروت کا ہونا۔ سینے پر بالوں کا ہونا۔

چھاتی پتھر بن جانا۔ یا۔ ہو جانا (محاورہ) رحم نہ رہنا۔ دل کا سخت ہو جانا۔

چھاتی پر پتھر رکھنا (ہ۔ محاورہ) دل سخت کر لینا۔ غم کو پاس نہ آنے دینا۔ صبر کرنا۔

چھاتی پر پھرنا (محاورہ) ہر وقت یاد رہنا۔ ہر دم خیال میں رہنا۔

چھاتی پر چڑھ کر ڈھائی چُلو لہو پینا (محاورہ) جان سے مار ڈالنا۔ سخت سزا دینا۔

چھاتی پر دھر کر لے جانا (ہ۔ محاورہ) دھن دولت کو اپنے ساتھ قبر میں لے جانا۔ کنجوسی کرنا۔

چھاتی پر سانپ پھر جانا (ہ محاورہ) حسرت ہونا۔ رنج ہونا۔ افسوس کرنا۔ رشک کرنا یا آنا۔

چھاتی پر سانپ لوٹنا (ہ۔ محاورہ) رنج اور صدمہ گزرنا۔ حسرت آنا۔ رشک آنا۔

چھاتی پر سل دھرنا: صبر کرنا۔ آدمی کو ٹٹا کر اس کے سینے پر بوجھ رکھ دینا زمانۂ قدیم میں مجرموں کو اس قسم کی سزا دی جاتی تھی۔

چھاتی پر مونگ دلنا (ہ محاورہ) رشک دلانا۔ غیرت دلانا۔ سزا دینا۔ عذاب دینا۔ آتش غیرت سے جلانا۔ بیوی کے سامنے گھر میں دوسری عورت لا کر رکھنا۔

چھاتی پک جانا (ہ محاورہ) چوچی پک جانا۔ زخم ہو جانا۔ تکلیف یا غم سہتے سہتے عاجز آ جانا۔ عاجز ہو جانا۔ نزلہ سے سینہ میں درد ہونا۔

چھاتی پکڑ کر رہ جانا (ہ۔ محاورہ) دل ہی دل میں غم و افسوس کر کے بیٹھ رہنا۔ کسی رنج پر اُف تک نہ کرنا۔ بڑی برداشت اور تحمل سے صبر کرنا۔

چھاتی پھٹنا (ہ۔ محاورہ) دل پر بڑا بھاری صدمہ گزرنا۔ کسی بات سے سخت صدمہ ہونا۔ سینہ کا شق ہو جانا۔ کسی کے مال و دھن پر رشک کرنا۔ جلنا حسد کرنا۔

چھاتی پیٹنا (ہ۔ محاورہ) ماتم کرنا۔ رونا۔ سینہ کوبی کرنا۔ غصہ ظاہر کرنا۔ غصہ میں سینہ کوٹنا۔ حسد ظاہر کرنا۔ کسی کی دولت پر جلنا۔ بہت رنج و افسوس کرنا۔

چھاتی تلے رکھنا (ہ محاورہ) ہر دم پاس رکھنا۔ ہر وقت سامنے رکھنا۔ جان کے برابر رکھنا۔ آنکھوں سے اوجھل نہ ہونے دینا۔ اپنی بغل میں رکھنا۔ اپنے ساتھ رکھنا۔

چھاتی ٹھکنا (ہ۔ محاورہ) ہمت باندھنا۔ بھروسہ ہونا۔ حوصلہ ہونا۔ تسلی ہونا۔ یقین ہونا۔ اطمینان ہونا۔

چھاتی ٹھنڈی کرنا (ہ محاورہ) دل خوش کرنا۔ دشمنی نکال کر خوش ہونا۔ دل ٹھنڈا کرنا۔ بغض نکالنا۔ ارمان پورا ہونا۔

چھاتی جلانا (ہ۔ محاورہ) رنج دینا۔ رشک دینا۔ حسد دلانا۔ دل جلانا۔

چھاتی جلنا (ہ۔ محاورہ) سینہ میں جلن ہونا یا سوزش۔ حسد رشک یا غم سے جلنا۔ بدہضمی سے ڈکاریں آنا۔

چھاتی چھلنی ہو جانا (ہ۔ محاورہ) غم یا صدموں کے باعث سینہ کا داغ داغ اور دل کا پاش پاش ہو جانا۔

چھاتی دبانا: بچے کا دودھ پینا۔

چھاتی دھڑکنا دہ - فعل، خوف چھانا۔ دل کانپنا۔ دل پر صدمہ گزرنا۔

چھاتی دینا دہ۔ فعل، بچے کو دودھ پلانا۔

چھاتی سراہنا دہ۔ محاورہ، تحمل اور بُردباری کی تعریف کرنا۔ صدر رحمت کرنا۔ آفرین کہنا۔ سے داغ

اے لالہ گو فلک نے دیے تجھ کو چار داغ ؛ چھاتی مری سراہ کہ اک دل ہزار داغ

چھاتی سے لگانا دہ، فعل، پیار کرنا۔ گلے سے لگانا۔ جوش محبت سے سینہ سے چمٹانا۔ تسلی دلاسہ دینا۔ اطمینان دلانا۔

چھاتی سے لگا کر رکھنا (ہ - محاورہ)۔ بہت پیار سے اپنے پاس رکھنا۔ جان کے برابر رکھنا۔

چھاتی سے پتھر ٹلنا دہ۔ محاورہ) بار خاطر۔ ہٹ جانا۔ دل کا بوجھ دور ہو جانا۔ بیٹی کا بیاہا جانا۔

چھاتی کا اُبھار دہ۔ فعل، عورت کی چھاتیوں کا بلوغت کے وقت اُبھر آنا۔

چھاتی کا پتھر، یا پہاڑ دہ۔ اسم صفت) خلاف یا مخالف طبع۔ ناگوار خاطر۔ بار خاطر۔

چھاتی کا پھوڑا دہ۔ اسم مذکر، وبال جان خلاف طبع۔ وبال گردن۔ جان کا عذاب۔ بار خاطر۔

چھاتی کا جم دہ۔ اسم مذکر، ملک الموت۔ قابض ارواح۔ فرشتہ موت۔ ناگوار طبع۔ بار خاطر دہ آدمی جو پاس سے نہ ہلے۔

چھاتی کوٹنا دہ۔ فعل، ہماتم کرنا۔ سینہ کوبی کرنا۔ کسی کی دولت پر رشک سے جلنا۔

چھاتی کے کواڑ دہ۔ اسم مذکر، چھاتی کے دونو پہلو۔ دائیں بائیں اطراف۔

چھاتی کے کواڑ کھلنا یا کھولنا دہ۔ محاورہ) سینہ چاک ہونا۔ سینہ شق ہونا۔ ایک دم چیخ نکلنا۔ بے تحاشا چیخ پڑنا۔ دل سے کثافت دردی دور ہونا سینہ روشن ہو جانا۔ آئینہ دل کو زنگ کدورت سے پاک کرنا۔ خلوص سے ملنا۔

چھاتی گرم کرنا دہ محاورہ) دلربا سے ہمکنار ہونا۔ تسلی ہونا۔ اطمینان کرنا۔

چھاتی مسلنا دہ۔ فعل) چھاتی مروڑنا۔ چھاتی دبانا۔ چھاتی ملنا۔

چھاتی مسوسنا دہ محاورہ) دل پکڑ کر رہ جانا۔ صدمہ اُٹھانا۔ افسوس کرنا۔ صدمہ دینا۔ رنج دینا۔ دل دکھانا۔

چھاتی گھونسہ مار کر رہ جانا، دیکھو چھاتی پکڑ کے رہ جانا۔

چھاتی نکال کر چلنا دہ۔ محاورہ) اترا کر یا اکڑ کر چلنا۔ سینہ تان کر چلنا۔ پہلوانوں کی چال چلنا۔ سینہ کو اُبھار کر چلنا۔

چھاج دہ۔ اسم مذکر) آلہ غلہ پھٹکنے کا اوزار۔ غلہ افشاں۔ بگھی کے آگے کا وہ حصہ جس کے نیچے کوچوان کے پاؤں اور اُوپر گھوڑے کی راس رہتی ہے۔

چھاج تو بولے سو بولے چھلنی بھی بولی جس میں ستر چھید دہ۔ مثل) جو خود عیب دار ہو وہ بے عیب کی برابری نہیں کر سکتا۔

چھاج سی داڑھی دہ۔ اسم مؤنث) بڑی اور چوڑی ڈاڑھی۔

چھاج میں ڈال کر چھلنی میں اڑانا بات کا بتنگڑ بنانا۔ اُلٹا کام کرنا۔ کسی کی رسوائی کرنا۔

چھاجوں پانی پڑ گیا؛ بڑی شرمندگی اٹھائی۔ بہت مینہ برسنا۔

چھاجوں مینہ برسنا دہ۔ محاورہ) بکثرت بارش ہونا۔ موسلا دھار برسنا۔

چھاچھ دہ۔ اسم مؤنث) کھٹا، چھلا ہوا، ہوا یا گھی نکالا ہوا۔ دودھ یا دہی وہ کھٹا سفید دودھ جو گھی گرم کرنے کے بعد نیچے رہ جاتا ہے۔

چھاچھ چھپک گئی ؛ بات یا کام بگڑ گیا۔

چھاڈنا / **چھاڑنا** دہ۔ فعل، (دگنوار) ترک کرنا۔ اُلٹی کرنا۔ چھوڑنا۔ ترک کرنا۔

چہار (ف) اسم عدد۔ چہار۔ اربع دس سے چھ کم ۴ - یا۔

چہار چند دف - اسم صفت) جو چند۔ چوگنا۔

چہار شنبہ دف - اسم مذکر) بدھ وار۔ بدھ کا دن۔

چہارم دف، صفت عددی۔ چوتھا۔ چوتھائی حصہ۔

چھاڑ۔ یا۔ چاڑ دہ۔ اسم مؤنث) دریا کا کنارہ۔ کڑا اڑا، پتھر یا بڑا سا ڈھیلا۔

چھاک دہ۔ اسم مذکر) سیدے کے بڑے بڑے سہال جو شادی میں جایا کرتے ہیں۔

چھاگل دہ۔ اسم مؤنث) مشکیزہ۔ چھوٹی سی مشک۔ پکھال۔ سفر میں پانی رکھنے کا مٹی کا برتن۔ جھانجن۔ جلخال۔ پاؤں میں پہننے کا ایک زیور، جس کے نیچے گھنگرو لگے ہوتے ہیں۔

چھال دہ۔ اسم مؤنث) درخت کا اُوپر کا بگل۔ درخت کے اُوپر کا پوست۔ چھلکا۔ اولوں کی بوچھار۔

چھالا دہ۔ اسم مذکر) چھلکا۔ تنخالہ۔ آبلہ۔ شیشے یا تلوار کا داغ۔ وہ نشان جو ہرن کی پیٹھ پر بیٹھنے کی وجہ سے پڑ جاتا ہے۔

چھالا پڑنا دہ۔ فعل) آبلہ ظاہر ہونا۔ چھالا اُٹھنا۔ تنخالہ نمودار ہونا۔

چھالیا دہ۔ اسم مؤنث) سپاری۔ پھال۔ ڈلی۔

چھاں دہ۔ اسم مؤنث) چھاؤں۔ سایہ۔ ظل۔ پرچھائیں۔ شربت چھاننے کی صاف۔

چھانا دہ۔ فعل) پاٹنا۔ پھونس یا کھپریل وغیرہ کی پوشش کرنا۔ سایہ کرنا۔ اندھیرا کرنا۔ بادلوں کا ہجوم کرنا۔ غالب ہونا۔ طاری ہونا۔ گھرنا۔ محیط ہونا۔ جیسے ابر چھا گیا۔

چھان بین۔ یا۔ چھان بنان چھان پھٹک دہ۔ اسم مؤنث) تجسس۔ تحقیقات۔ دریافت۔ کھوج۔ پتہ۔ سراغ۔ دیکھ بھال۔

چھان پر پھونس نہیں، مفلسی و تہی دست۔

چھان ڈالنا۔ چھان مارنا، تلاش کر لینا۔ ڈھونڈ لینا۔ چھلنی کر دینا۔ بیندھ ڈالنا۔ کسی کی جستجو میں چپہ چپہ دیکھ ڈالنا۔ میز چھان ڈالنا۔

چھانٹ دہ۔ اسم مؤنث۔ حاصل مصدر) فضلہ، بچھڑے۔ کترن۔ انتخاب۔ برچیدگی کتر بیونت۔ طرز۔ تراش۔ وضع قطع۔ کتر بیونت کا اندازہ۔

چھانٹ لینا دہ۔ فعل) چن لینا۔ انتخاب کر لینا۔ قطع کر لینا۔ تراش لینا۔ کتر لینا۔ کاٹ لینا۔ پسند کرنا۔ اختیار کرنا۔

چھانٹن۔ یا۔ چھنٹن دہ۔ اسم مؤنث) وہ چیز جو چھانٹنے سے بچ جائے۔ فضلہ کترن جھاڑن۔

چھانٹنا دہ۔ فعل) چننا۔ انتخاب کرنا۔ اخذ کرنا۔ پسند کرنا۔ اختیار کرنا۔ کاٹنا کترنا۔ بیونتنا۔ قطع کرنا۔ قلم کرنا۔ درخت کی شاخیں کاٹنا۔ سر کے بال کاٹنا۔ اُلٹی کرنا۔ قے کرنا۔ باتیں بنانا۔ طنز کرنا۔ الگ کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ تلوار سے قتل کرنا۔ مار ڈالنا۔

چھاند دہ۔ اسم مؤنث) باگ ڈور۔ پگا۔ پچھاڑی۔ ٹیڑھے یا لنگ پاؤں والا۔

کج قدم۔

چھاندا (ہ۔اسم مذکر) حصّہ۔ نخرہ۔ بھاگ۔ بھاجی۔ مال۔ روپیہ۔ پیسہ۔

چھانس (ہ۔اسم مؤنث) چھین۔ بھوسی۔ بھوُر۔ کوڑا۔ مٹّی اور دانہ۔

چھان ڈالنا / **چھان مارنا** (ہ۔فعل) ڈھونڈنا۔ کرلانا۔ تلاش کرلینا۔ کسی کی جستجو میں چپہ چپہ دیکھ ڈالنا۔ شک کرنا۔ سوزن زدہ کردینا۔ چھلنی کر دینا۔

چھاننا (ہ۔فعل) چھلنی کے ذریعہ آٹا چھاننا۔ چھلنی میں سے آٹا نکالنا۔ رُلنا۔ صاف کرنا۔ نتھارنا۔ شربت وغیرہ۔ امتحان کرنا۔ جانچنا۔ پرکھنا۔ پڑتالنا۔ دیکھنا۔ تحقیقات کرنا۔ کھوج لگالنا۔ خوب تلاش کرنا۔ چپہ چپہ ڈھونڈنا۔ تیروں سے بدن چھلنی کردینا۔ جھال ڈالنا۔

چھاؤں (ہ۔اسم مؤنث) سایہ۔ ظل۔ پرتو۔ پرنوا۔ کرن۔ روشنی جیسے تاروں کی چھاؤں سے بڑی سی مشابہت۔

چھاؤنی (ہ۔اسم مؤنث) چھاؤں کرنے کی چیز۔ کپڑا۔ سپاہیوں کی بارکیں۔ فوجی کیمپ۔ فوج کی قیامگاہ۔ لشکرگاہ۔ فوج کا مسکن۔

چھاؤنی چھانا / **چھاؤنی ڈالنا** (ہ۔محاورہ) لشکرگاہ بنانا۔ کیمپ ڈالنا۔ فوج رکھنا۔ قیام کرنا۔ چھپر یا کھپریل ڈالنا۔ مسکن بنانا۔

چھائی (ہ۔مؤ) اخلاط کی گرمی سے منہ پر پھیلی ہوئی سیاہی۔

چھائیاں (ہ۔اسم مؤنث) کلف۔ سیاہ داغ۔ جو آدمی کے چہرے پر پڑ جاتے ہیں۔

چھائیں پھوئیں (ہ۔تابع فعل) خدا نہ کرے۔ خدا بچائے۔ خدا پرے ہی رکھے۔ یہ کلمہ عورتیں عموماً کسی بچے سے بچنے کے موقع پر بولتی ہیں۔

چھائیں (ہ۔اسم مؤنث) غائب ہوجانا۔ چھپ جانا۔ چکر لگا لگا کر کھیلنے کا بچوں کا ایک کھیل بھی ہے چپ چپان۔

چھایا (س۔اسم مؤنث) سایہ۔ چھاؤں۔

چھب (ہ۔اسم مؤنث) زیب وزینت۔ آرائش۔ زیبائش۔ معشوقانہ نازانداز خوبصورتی۔ اعضا کی بناوٹ۔ انداز جسم۔ بدن کی ساخت۔ رعب وضع قطع۔

چھب تختی (اُ۔اسم مؤنث) جسم اور بدن کی خوبصورتی۔ سینے کی خوبی بدن اور جسم کی خوش وضعی۔

چھب گٹھری میں اور صورت طباق میں رنگ وروپ عمدہ خوراک سے اور عزت آبرو عمدہ پوشاک سے ہے۔

چھبڑا (ہ۔اسم مذکر) چھیبا۔ چھایا۔ چوڑا ٹوکرا۔

چھبڑی (مو)

چھبتی (ہ۔اسم مؤنث) (دلالوں کی اصطلاح میں) پیسہ۔ فلوس۔

چھ بُندکیا (ہ۔اسم مذکر) ایک نہایت زہریلے جانور کا نام ہے جس کی پیٹھ پر چھ داغ ہوتے ہیں یہ "چھ بندا" بھی کہلاتا ہے اور اس کا کاٹا سانپ سے بھی جلد مرتا ہے۔

چھبیس (ہ) اسم عدد بیس اور چھ بست وشش۔ تیس سے چار کم۔ ۲۶۔ 26۔

چھبیلا (ہ۔اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) حسین وجمیل۔ چھب والا۔ خوش وضع۔ وجیہ۔ خوش انداز۔

چھپ (ہ۔اسم مؤنث) صوت پانی کی آواز۔ پانی میں ہاتھ یا پاؤں مارنے کی آواز۔

چھپ چھپ (ہ۔اسم مؤنث) پانی پر ہاتھ مارنے کی آواز۔ منہ پر پانی ڈالنے کی آواز۔

چھپ گر کی سبزی (درزی کے بند سناد کی کھٹائی ٹالم ٹول اور بہانے۔

چھپا (ہ۔اسم صفت ترکیب مفعولی) مخفی۔ پوشیدہ۔ گپت۔ نامعلوم۔ چھپا ہوا۔

چھپا رستم / **چھپے رستم** (ہ۔اسم مذکر) مخفی کامل۔ فن آدمی۔ اپنے فن میں اُستاد کامل۔ مگر لوگوں میں ظاہر نہ ہو۔ بڑا شریر۔ نہایت بدمعاش۔

چھپاکا (ہ۔اسم مذکر) پانی کے منہ پر ڈالنے کی آواز۔ تریڑا۔ چھینٹا۔

چھپا رکھنا پوشیدہ رکھنا۔

چھپانا (ہ۔فعل) پوشیدہ کرنا۔ ڈھانپنا۔ ڈھانکنا۔ ڈھانک لینا۔ پردہ کرنا۔

چھپاؤ پوشیدگی۔

چھپائی (ہ۔اسم مؤنث) چھاپنے کی اُجرت۔ طبع کرائی کی مزدوری۔

چھپٹی (ہ۔اسم مؤنث) چوب ریزہ۔ لکڑی کی وہ چھیلن جو کام بناتے وقت نکل جایا کرتی ہے۔ پتلا۔ دُبلا۔ لاغر۔

چھپّر (ہ۔اسم مذکر) پھونس کا سائبان۔ پھونس کی چھت۔ بوجھ۔ بھار۔ ڈابر۔ برساتی۔ پانی کی جھیل۔ برساتی کا گڑھا۔ بڑی داڑھی سو دو سو کبوتروں کا اڑتا ہوا غول۔

چھپّر پر پھونس نہیں نقارہ ڈیوڑھی پر (مثل) مفلس اور قلاش ہوکر بھی نمود ونمایش ظاہری کا خیال ہے۔

چھپّر بند (اُ۔اسم مذکر فاعل) چھپّر بنانے والا۔ سائبان چھاتے والا۔

چھپّر پر پھونس نہ ہونا (ہ۔فعل) نہایت کنگال اور تنگ حال ہونا۔ مفلس ہونا۔

چھپّر پر رکھنا (ہ۔محاورہ) طاق پر رکھنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ الگ کرنا۔ چھوڑ دینا۔

چھپّر پھاڑ کر دینا (ہ۔محاورہ) بے محنت کئے دولت دیدینا۔ از غیب سے دینا۔ گھر بیٹھے دولت دینا۔

چھپّر

چھپّر چھانا (ہ۔محاورہ) چھپّر ڈالنا۔ چھپّر بنانا۔

چھپّر رکھنا (ہ۔محاورہ) بار احسان رکھنا۔ بوجھ رکھنا۔ الزام رکھنا۔

چھپّر کھٹ (ہ۔اسم مذکر) مسہری دلہن کا پلنگ۔ امیروں کے سونے کا چھتری دار پلنگ۔

چھپکا (ہ۔اسم مذکر) پانی کا بہت بڑا چھینٹا۔ دو لکڑیوں میں بنا ہوا کبوتر پکڑنے کا بڑا سا جال۔ ایک قسم کا زیور جسے عورتیں بالوں میں باندھکر ماتھے پر لٹکاتی ہیں۔ پگلائی ہوئی رانگ کا چوڑا ٹکڑا۔ کنڈی میں لگانے کا لوہے کا چوڑا سا پترا۔ کہاروں کی اصطلاح میں پانی سے بھرا گڑھا۔

چھپکا قدم۔

چھپّر اُٹھالیا بہت شور یا غل مچانا

چھپّر پر پھونس نہ ہونا نہایت مفلس ہونا۔ از حد تنگ حال اور تنگ دست ہونا۔

چھپکلی

چھپکلی (ہ۔اسم مؤنث) ایک جانور جو اکثر دیواروں پر رہتا ہے اور مکھیاں وغیرہ کھاتا

سے چلبلاسہ۔ دُبلی پتلی عورت۔

چھپن (ہ) اسم عدد۔ پنجاہ و شش۔ پچاس اور۔ ساٹھ سے چار کم۔ ۵۶، ۵۶

چھپنا (ہ) فعل، مخفی ہونا۔ پوشیدہ ہونا۔ بچنا۔ آنکھ بچانا۔ چاند سورج وغیرہ کا مغروب ہونا۔ پردہ کرنا۔ اوٹ کرنا۔

چھپنا (ہ) فعل، طبع ہونا۔ مہر لگنا۔ عکس اُترنا۔ نقش و نگار بنانا۔

چھت (ہ) اسم مؤنث، سائبان۔ سقف۔ کوٹھا۔ بام۔ چھت گیری پٹاؤ۔

چھت بندھنا (ہ) فعل، چھایا رہنا۔ ابر محیط رہنا۔

چھت پٹنا، یا **چھت پڑنا** (ہ) فعل، مکان کے اُوپر سقف کا چھا جانا۔

چھت بیلی (ہ) سینہ زوری۔

چھت لگانا، چھت کی جگہ اُوپر کپڑا تاننا۔ چھت کی کڑیوں پر رنگین کپڑا لگانا۔

چھت ہونا، چھت سے پانی ٹپکنا۔

چھتا (ہ) اسم مذکر، پٹا ہوا راستہ۔ جانا ہوا مہاں کی مکھیوں اور بھڑوں کا گھر خانہ زنبور۔ ہجوم۔ گروہ۔ دادیا پھٹیاں جو پاس پاس نکلی ہوں۔ گھاس کا پھیلاؤ جس کی جڑ ایک ہی ہو۔

چھتیس اُڑنا بہت تعریف ہونا۔ بہت داد ملنا۔

چھتر (ہ) اسم مذکر، بڑا چھاتا۔ بادشاہوں کے سر کی چھتری۔ چتر شامیانہ، پناہ کی جگہ۔

چھتراؤ (ہ) اسم مذکر، پراگندگی۔ تتر بتر ہونا۔ انتشار۔

چھتر جانا (ہ) محاورہ، درخت کا بہت پھیلاؤ پر ہونا۔ جوگی یا راجہ کے سر پر بڑے چھتر کا سایہ ہونا۔

چھتر (ہ) اسم مذکر، ٹوٹی ہوئی جوتی۔ جوتی کے لیترے۔

چھتر پلاؤ ہونا (ہ)، باہم لڑائی ہونا۔ جوتیوں سے آپس میں لڑنا۔ گالی گلوچ ہونا۔

چھتر لگنا (ہ)، جوتیاں پڑنا۔ سخت ندامت اُٹھانا۔ پھٹکاریں پڑنا۔

چھتری (ہ) اسم مؤنث، چھوٹا چھاتا۔ بارش اور دھوپ سے بچاؤ کی چیز جو سر پر تان لیتے ہیں۔ کبوتروں کے بیٹھنے کا ٹھکانہ۔ ایک قسم کا گنبد دار محل۔ ڈولی کے اُوپر کا ٹھڑا۔ ہندوؤں کی ایک قوم کا نام۔ سر کے گھنے اور لمبے بال۔ وہ مکان جہاں کسی ہندو جوگی یا راجہ وغیرہ کی ہڈیاں دفن ہوں۔ بڑے درخت کا گنبد نما بہت سا پھیلاؤ۔

چھت گیری (رور) اسم مؤنث، وہ کپڑا یا لکڑی جو چھت کے نیچے مٹی وغیرہ کے گرنے کے لئے لگا دیا کرتے ہیں۔ چادر چھت۔ لکڑ چھت پوشش سقف۔

چھتل (ہ)، چلتر۔ دھوکا بازی۔

چھتل باز، دھوکہ دینے والا یا والی۔

چھتیانا (ہ) فعل، بندوق کو چھاتی سے لگا کر شست باندھنا۔

چھتیس (ہ)، اسم عدد۔ چھ اور تیس۔ سی و شش چالیس سے چار کم۔ ۳۶، ۳۶۔

چھتیسا (ہ)۔ اسم صفت بہ ترکیب فاعلی، چھتیس ہنر جاننے والا۔ نہایت ہنرمند۔ تجربہ کار۔ تمام عیوب و ہنر سے واقف۔

چھتیسی (ہ)۔ اسم مؤنث، چھتیسا کی تانیث۔ چالاک۔ عیار۔ تمام عیب و ہنر سے واقف اوباش وضع عورت یا نہایت ہوشیار عورت۔

چھٹ (ہ)، حرف۔ استثنا۔ ماسوائے۔ سوائے۔ بجز۔ جدا۔ علیحدہ۔

چھٹ (ہ)۔ اسم مذکر صفت، چھوٹا کا مخفف ہے۔

چھٹ بھیا (ہ)۔ اسم مذکر، کم درجہ کا آدمی۔ چھوٹا دکاندار۔ نیچ قوم کا۔

چھٹ پن، یا **چھٹ پنا** (ہ)۔ اسم مذکر، خردی لڑکپن۔ بچپن۔ طفولیت۔ طفلی۔

چھٹ، یا **چھٹھ** (ہ)۔ اسم مؤنث، ہر پاکھ کی چھٹی تاریخ۔

چھٹا (ہ)، صفت نسبتی۔ چھ سے تعلق یا نسبت رکھنے والا۔ ششم۔ جس کا نمبر پانچ کے بعد ہو۔

چھٹانک (ہ)۔ اسم مؤنث، پانچ تولہ۔ سیر کا سولھواں حصہ۔ پانچ تولے کا بٹہ۔ چھٹانکی باٹ ۶۲ گرام۔ (اب متروک ہے)

چھٹانک دھنیا گل برگ کو بھی دورسل، کم سرمایہ پر بہت شیخی مارنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔

چھٹانک چون چوبارہ رسوئی: تھوڑی سی بات اور بڑا انتظام یا دکھاوا۔

چھٹاون (ہ)۔ ند، پھٹکن۔

چھٹکا (ہ)۔ اسم صفت، مؤنث، ہندو، چھوٹا خورد۔ کلاں کی ضد۔

چھٹکا (ہ)۔ اسم مذکر، پنیں کا منقش و رنگین پردہ۔

چھٹکی: چھوٹی۔

چھٹا پانا (ند)، خوردی۔ چھٹپن۔

چھٹکارا (ہ)۔ اسم مذکر، نجات۔ طلاق۔ خلاصی۔ رہائی۔ رستگاری۔ فرصت۔ مہلت۔

چھٹکانا (ہ)، پراگندہ۔ پھیلانا۔

چھٹکنا (ہ)۔ فعل، پھیلنا۔ پراگندہ ہونا۔ بکھرنا۔ تاروں کا روشنی دینا۔ چمکنا۔

چھٹنا (ہ)۔ فعل، صاف ہونا۔ مواد۔ ملبہ وغیرہ نکلنا۔ گھٹنا۔ دبلا ہونا۔ چٹنا جانا۔ درخت وغیرہ کا قلم ہونا۔ قطع ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ جدا ہونا۔

چھٹنا (ہ)، فعل، آزاد ہونا۔ برطرف ہونا۔ موقوف ہونا۔ بچنا۔ باقی رہنا۔ بیٹ چلنا۔ دست لگنا۔ سست ہونا۔ ڈھیلا پڑ جانا۔ نکلنا۔ جاری ہونا۔ بندوق چلنا۔ سر ہونا۔ چلنا۔ روانہ ہونا۔ خلاص ہونا۔

چھٹوانا (ہ)۔ فعل، چھٹنا کا متعدی المتعدی ہے۔ جدا کرانا۔ رہا کرانا۔ موقوف کرانا۔

چھٹوتی (ہ)۔ اسم مؤنث، رعایت۔ کمی۔ تخفیف (ب)، چھوٹ۔

چھٹولا (ہ)۔ مذ، وہ لباس جو عورتیں بچہ پیدا ہونے کے زمانے میں پہنتی ہیں۔

چھٹھ (ہ۔ یو) ہندی مہینے کے ہر پاکھ کی چھٹی تاریخ۔

چھٹی (ہ)۔ صفت نسبتی، مؤنث، چھ سے نسبت رکھنے والی۔ تاریخ ششم بچہ پیدا ہونے کے بعد چھٹے دن کی رسم۔ زچہ کے پاس چھٹے دن آنے والی اشیاء مثلاً کھلونے۔ کھچڑی۔ جوڑا۔ طشت۔

چھٹی کا دودھ یاد آنا (ہ، محاورہ)، سخت مصیبت کے دنوں میں ایام عیش و نشاط کا خیال آنا۔

چھٹی کا راجا (ہ)۔ اسم مذکر، خاندانی امیر یا نوٹوں کا امیر اصل میں اس امیر کو کہتے ہیں جس کے پیدا ہونے پر نانا کے گھر سے بے حد دولت آئے۔

چھٹی کا کھایا پیا نکلنا (ہ۔ محاورہ) پچھلے عیش و آرام کی کسر نکل جانا۔ سارا عیش و آرام جاتا رہنا۔

چھٹی کے پوتڑے اب تک نہیں سوکھے (ہ۔ مثل) ابھی ناتجربہ کار اور بچے ہو۔ عقل کے کچے ہو۔

چھٹی نہ ستوانسا امیر الامرا کا نواسہ: بے ہمتی اور اس پر ترنگ۔

چھٹی نہانا: بچہ ہونے کے چھ دن بعد کا غسل۔

چھٹی (ہ۔ اسم مؤنث) تعطیل۔ فرصت موقوتی۔ برطرفی۔ مرنا۔ انتقال۔ نقالوں کا چٹکلہ۔ لطیفہ۔

چھٹی دینا (ہ۔ فعل) اجازت دینا۔ موقوف کرنا۔ تعطیل دینا۔ بچوں کو مکتب سے چھوڑنا۔

چھٹی ملنا (ہ۔ فعل) رخصت ملنا۔ اجازت پانا۔ موقوف ہونا۔ برخاست ہونا۔

چھٹی ملی یا ہوئی (ہ۔ محاورہ) خوب بچے چلو فراغت ہوئی۔

چھٹے چھماہے (ہ۔ تابع فعل) گاہ بگاہ۔ گاہے گاہے کبھی کبھار بھولے بھٹکے سے۔

چھٹیّا (ہ۔ مذ) ایک قسم کا نمک۔

چھٹیاں (ہ۔ اسم مؤنث) نقالوں کے چٹکلے اور لطیفے۔ مذاقیہ باتیں۔

چھجّا (ہ۔ اسم مذکر) چھت کا وہ بڑھاؤ جو دھوپ یا بارش کی بوچھاڑ کی چھت کے لئے لگایا جاتا ہے۔ برآمدہ۔ برانڈہ۔ انگریزی ٹوپی کا اگلا حصہ۔

چھجانا (ہ۔ فعل) پسیجنے کا متعدی۔ کم کرنا۔

چھچھڑا نا (ہ۔ اسم مذکر) غشائے گوشت۔ گوشت کا نکما اور پتلا حصہ (بحالت صفت) لڑ بڑا۔ لجلجا۔

چھچھکارنا (ہ۔ فعل) ملامت کرنا۔ کتے شکارنا۔ کتے کو پیچھے لگانا۔

چھچھلا (ہ) کم گہرا۔ وہ ظرف جو بہت کم گہرا ہو۔

چھچھلی: کم گہری تشتری۔ گول ٹھیکری۔ جسے زور سے پانی میں مارتے ہیں۔ اور جب تک قوت کا اثر باقی رہتا ہے پانی میں نہیں ڈوبتی۔

چھچھلتی ہوئی: دوسری چیز کو چھو کر گزرتی ہوئی۔ سرسری۔

چھچھلنا: کسی چیز کا دوسری کے اوپر سے چھوتے ہوئے گزر جانا۔

چہچہا (ہ۔ اسم مذکر) پرندوں کی خوشی کی آواز خوش الحانی۔ خوش آوازی۔

چہچہا (ہ۔ اسم صفت) سرخ رنگ جو نہایت شوخ ہو۔

چہچہا نارنگ: سرخ شوخ رنگ۔

چہچہانا (ہ۔ فعل) خوشی اور خوش الحانی سے بولنا۔ راگ گانا۔ چہکنا۔

چھچھانا (ہ۔ فعل) سرخی لپکنا۔ نہایت شوخ سرخ ہونا۔ شوخی برسنا۔

چہچہاہٹ (مو) نغمہ سرائی۔ نوا سنجی۔

چھچھوں میں گزرنا: عیش و عشرت میں بسر ہونا۔ ؎ شوق عیش و عشرت میں کٹتی تھی اوقات
چھچھوں میں گزرتے تھے دن رات

چہچہے کرنا: شوق میں آکر پرندوں کا بولنا۔

چھچھورا (ہ۔ اسم صفت) بچوں کی سی عادت والا۔ لتڑا۔ پیٹ کا ہلکا۔ کمظرف کمینہ۔ سفلہ۔ اوچھا۔

چھچھورپن یا چھچھورا پن (ہ۔ اسم مذکر) سفلہ پن۔ کمینگی۔

چھچھوندر (ہ۔ اسم مؤنث) کور موش ایک قسم کا چوہا جو رات کو نکلتا ہے اس کے بدن سے سخت بدبو آتی ہے ایک قسم کی آتشبازی۔ اِدھر اُدھر لڑائی کرانے والی۔

چھچھوندر

چھچھوندر کے سر میں چنبیلی کا تیل (مثل) کمینہ اور عالی مرتبہ آدمی ادنےٰ اور اتنا بڑا مرتبہ۔

چھچھوندر چھوڑنا (ہ) شگوفہ چھوڑنا۔ نئی بات گھڑ کے کہنا۔ آتشبازی کی چھچھوندر کو آگ لگانا۔

چھچھی (مو) بچوں کا پیشاب یا پاخانہ۔

چھدا (ہ۔ اسم مذکر) بہتان۔ الزام۔ تہمت۔ گلہ۔ شکوہ۔ بار۔ احسان۔ بہانہ۔

چھدا اُتارنا (ہ۔ اسم مذکر) الزام دھونا۔ گلہ اُتارنا۔ شکوہ رفع کرنا۔ احسان اُتارنا۔ جلدی سے آکر چلا جانا۔ سر سے بوجھ اُتارنا۔

چھدا دھرنا۔ یا۔ رکھنا (ہ۔ اسم مذکر) بہتان لگانا۔ الزام دینا۔

چھدرا (ہ۔ اسم صفت) چھید دار۔ فرق۔ فرق۔ فاصلے فاصلے سے گھنا کی ضد۔

چھدرا کر چلنا (ہ۔ فعل) ٹانگیں چوڑے میں کر کے چلنا۔ ٹانگوں کو فرق سے رکھ کر چلنا۔ ختنہ والے یا آتشک والے کی طرح (ہ) چلنا۔

چھدام (ہ۔ اسم مذکر) دمڑی۔ پیسے کا چوتھا حصہ (مذاب متروک)

چھدنا (ہ۔ فعل) بندھنا۔ سوراخ دار یا زخمی ہونا۔ مجروح ہونا۔ چبھنا۔

چھدے مدے (اسم مذکر) پیار کا کلمہ ہے جو ماں اپنے ننھے بچے کو خوش ہو کر کہا کرتی ہے۔

چھرّا (ہ۔ اسم مذکر) لوہے یا سکے کی چھوٹی چھوٹی گولیاں جو بندوق میں چلاتے ہیں۔ سنگریزہ۔ روے جو گھنگرو میں ڈالتے ہیں۔

چھرّا چلنا (ہ۔ محاورہ) سنگریزوں کی بوچھاڑ ہونا۔ تبرا کرنا۔ گالیوں وغیرہ کا پے در پے پڑنا۔

چھرّا کھانا: چھرّے کی چوٹ کھانا۔

چھُرا (ہ۔ اسم مذکر) بڑا چاقو۔ چھوٹی تلوار۔ کارڈ۔

چہرہ (ہ۔ اسم مذکر) مُنہ۔ مکھڑا۔ صورت۔ خسارہ۔ سامنے کا رُخ۔ مُہرا۔ حلیہ۔ خط و خال۔

چہرہ اُترنا (ہ۔ فعل) مُنہ اُترنا۔ صورت کا مرجھانا۔ شرمندہ ہو جانا۔

چہرہ اُتارنا: خد و خال کا نقشہ۔

چہرہ بگاڑنا (ہ۔ فعل) بدصورت بنا دینا۔ ایسا مارنا کہ صورت بگڑ جائے۔

چہرہ بگڑنا: چہرے کی شکل بگڑ جانا۔ ناپسندیدگی کے آثار چہرے پر نظر آنا۔

چہرہ بنانا (ہ) مُنہ بنانا۔ مُنہ چڑانا۔

چہرہ تمتمانا (ہ۔ فعل) گرمی یا بخار سے چہرہ سُرخ ہو جانا۔

چہرہ پرداز۔ چہرہ کشا: صورت گر۔ صورت دکھانے والا۔

چہرہ پر مہتاب چھٹنا یا ہوائیاں اُڑنا: ہکا بکا ہو جانا۔ چہرہ زرد پڑ جانا۔

چہرہ تھیکا ہونا: چہرے پر بے رونقی ہونا۔

چہرہ شاہی روپیہ (ہ۔ اسم مذکر) چہرے دار۔ روپیہ۔ سرکاری روپیہ جس

پر بادشاہی چہرہ بنا ہوا ہو۔
چہرہ زرد ہونا: رنج یا مصیبت یا خوف وغیرت یا ضعف سے چہرہ کا رنگ پیلا پڑ جانا۔
چہرہ صاد ہونا: دفتر شاہی میں نام لکھا جانا۔
چہرہ کٹنا: برطرف ہونا۔ برخاست ہونا۔
چہرہ لکھا جانا: دفتر میں ملازم ہونا۔
چہرہ لکھنا: بھرتی ہونا۔
چہرہ مہرہ: خدوخال شکل صورت۔
چہرہ نکلنا: نوکری سے برطرف ہونا۔
چہرے کی لینا: مثہ بنانا۔
چہرہ ہونا (د۔ محاورہ) فوج میں بھرتی ہو جانا۔ فوج میں نام لکھا جانا۔
چھُری (د۔ اسم مؤنث) چھوٹا چھرا۔ کرنک چاقو جو بند نہ ہو سکے۔
چھُری بند بھائی (د۔ اسم مذکر) قصائی بھائی بوچڑ۔ ہم پیشہ آدمی۔
چھُری بھری کٹاری (د۔) کہاوت) دشمن۔ دشمن سب برابر۔ مصیبت کوئی بھی اچھی نہیں ہے نقصان دہ چیزیں سب بُری ہیں۔
چھُری بھونکنا (د۔ محاورہ) چھُری مارنا۔ چھُری گھیٹرنا۔ چھُری گھونپنا۔ سخت نقصان۔
چھُری پڑنا: چوری معلوم کرنا۔ یا کسی کو نقصان پہنچانے کے لئے چھُری پر کچھ دعائیں پڑھنا۔ خاص قسم کا عمل۔
چھُری پھیرنا (د۔ محاورہ) ذبح کرنا۔ گلا کاٹنا۔ قتل کرنا۔ حلال کرنا۔ تکلیف دینا۔ آزار پہنچانا۔
چھُری تلے دم لینا (د۔ محاورہ) مصیبت سہنا۔ تکلیف برداشت کرنا۔ صبر کرنا۔ ٹھہرنا۔ تامل کرنا۔
چھُری تیز رہنا (د۔ محاورہ) مارنے کو تیار رہنا۔ ظلم و جور جاری رہنا۔
چھُری تیز کرنا (د۔ محاورہ) چھُری پر آب چڑھانا۔ لوہا تیز کرنا۔ دھمکانا سزا دینا۔ قابو چلانا۔
چھُری تیز ہونا (د۔ محاورہ) بس چلنا۔ قابو چلنا۔ لوہا تیز ہونا۔
چھُری چلنا (د۔ محاورہ) چھریوں سے مار کٹائی ہونا۔ ان بن رہنا۔ رنج پہنچنا۔ صدمہ پہنچنا۔
چھُری دکھانا یا دینا: قتل کرنا۔ ذبح کرنا۔
چھُری کٹاری (د۔ اسم مؤنث) وہ لڑائی جس میں چھری کٹاری تک نوبت پہنچ جائے۔ سخت دشمنی۔ جانی دشمنی۔ کھٹا پٹی۔
چھُری کٹاری رہنا (د۔) باہم اَن بن رہنا۔ کھٹا پٹی رہنا۔ ہر دم لڑتے رہنا۔
چھُری کٹاری ہونا (د۔) فعل۔ سخت عداوت ہونا۔ لڑائی جھگڑا ہونا لڑائی جھگڑے کی باتیں ہونا۔
چھُری مارنا (د۔ محاورہ) خنجر بھونکنا۔ چھُری گھونپنا۔ زخمی کرنا۔ گھائل کرنا۔ بُری بات کہنا۔ ناگوار بات کرنا۔
چھریرا (د۔ اسم صفت) لاغر۔ دبلا پتلا۔ اکہرا بدن۔ ہلکا پھلکا جسم۔
چھریری (د۔)
چھریوں کا غسل دینا (د۔ محاورہ) بھاری سزا دینا۔ چھُریاں مارنا۔ زخمی کرنا۔ چھریوں سے قتل کرنا۔ لہو لہان کرنا۔

چھڑ (د۔ اسم مؤنث) پتلا اور لمبا بانس۔ نیزہ۔ علم کی چوب۔ نیزے کی چوب۔ وہ پتلا یا لمبا بانس جس سے آم توڑتے ہیں یا جس سے مچھلی کا شکار کھیلتے ہیں۔
چھڑا (د۔ اسم صفت مذکر) اکیلا۔ تنہا۔ مجرد۔ ناکتخدا۔ (اسم مذکر) پاؤں کا ایک قسم کا زیور۔ پاؤں کی چوڑی کان کا ایک موتیوں کا زیور۔
چھڑانا (د۔ فعل) چھوڑنا کا متعدی۔ رہا کرانا۔ آزاد کرانا۔ جدا کرانا۔ علیحدہ کرانا۔ ترک کرانا۔ نوکری سے موقوف کرانا۔ پھندا کھولنا۔
چھڑائی (د۔ اسم مؤنث) معاوضہ رہائی کا عوضانہ۔ چھڑنے کی اُجرت۔ کنکوا اڑانے کے وقت دوسرے کے ہاتھ سے ڈور چھڑوانا۔ وہ نقدی جو چڑیمار کو دے کر پرندے چھڑواتے ہیں۔
چھڑک کر بیچتا ہے: اپنی چیز کی جھوٹی تعریف کرتا ہے۔
چھڑکاؤ (د۔ اسم مذکر) حاصل مصدر آبپاشی پانی کا زمین پر چھڑکنا۔
چھڑکائی (د۔ اسم مؤنث) معاوضہ۔ پانی چھڑکنے کی اُجرت۔
چھڑکنا (د۔ فعل) آبپاشی کرنا۔ زمین پر تھوڑا پانی چھڑک کر اُسے تر کرنا۔ تصدیق کرنا۔ قربان کرنا۔ رنگ ڈالنا۔
چھڑکوانا (د۔ فعل) چھڑکنا کا متعدی المتعدی۔
چھڑنا (د۔ فعل) شروع کرنا۔ آغاز کرنا۔ بجنا۔ ابتدا کرنا۔
چھُڑنا (د۔ فعل) اوکھلی میں غلہ ڈال کر موسل سے کوٹنا۔ غلہ صاف کرنا۔ لاتوں سے دوسرے کو مارنا۔
چھڑنگ چڑھ گئی: قدر ہو گئی۔
چھڑوانا (د۔ فعل) کسی دوسرے شخص سے کسی کو چھڑوانا۔ غصہ دلانا۔ چھیڑ خانی کرنا۔
چھُڑوانا (د۔ فعل) رہائی دلانا۔ (دیکھو چھڑانا) رہا کرنا۔ جدا کرنا۔
چھڑی (د۔ اسم مؤنث) چوبدستی۔ پتلی لکڑی۔ بید۔ کسی بزرگ کے نام پر بنائی ہوئی جھنڈی۔ چوتھی کھیلنے کی چھوتوں کی لچی گوکھرو اور چکلی وغیرہ کی سیدھی ٹکن جو عورتیں اکثر پاجامے وغیرہ میں ٹانک لیا کرتی ہیں (بحالت صفت) تنہا۔ اکیلی۔ مجرد۔
چھڑی سواری (دُر۔ اسم صفت) دم نقد تن تنہا۔ جریدہ۔ بیک بینی دو گوش۔
چھڑے (د۔) پاؤں کا ایک زیور۔
چھڑے یا چھڑی چھٹانک (د۔ اسم صفت) تنہا۔ اکیلی۔ جریدہ۔ بیکدوش۔ دم نقد۔ بے اسباب و سامان۔
چھڑیلا (د۔) ایک خوشبودار دوا۔
چھڑیوں کا میلا (د۔ اسم مذکر) وہ میلا جو کسی بزرگ کی جھنڈیوں کے نام سے کیا جاتا ہے۔ جیسے مدار کی چھڑیاں۔
چھُڑا (د۔ (دیکھو چھوہڑا)
چھکا (د۔ اسم مذکر) اینٹوں یا پتھروں کا فرش جو صحن یا چھت پر لگایا جاتا ہے۔ لوکا جھلسا۔ داغ۔ آگ سے جلانا۔ لوکا لگانا۔ فرش لگانا۔
چھکا دینا۔ یا۔ لگانا (د۔ فعل) آگ سے جلانا۔ لوکا لگانا۔ فرش لگانا۔
چھک: چھکنا کا امر۔
چھکا (د۔ اسم مذکر) چھ سے نسبت رکھنے والا۔ تاش یا گنجفہ کا وہ پتا جس پر

چھ نقطے ہوں. پاسے کا چھ نقطے والا داؤں.
چھکا چھک (ہ) - اسم صفت) بدمست. سرشار. نشہ میں چور. سیر. رجا ہوا.
چھکا دینا (ہ) - فعل) سیر کر دینا. غنی اور بے پروا کر دینا.
چھکانا: سیر کرنا. بھر دینا. کھلانا. خوب شراب پلانا. کھلا پلا کر آسودہ کر دینا.
چہکارنا (ہ) - فعل) چہچہانا. چہچہا کرنا. لکھنؤ میں چہچہانا بولتے ہیں. پرندوں کا خوشی سے نغمہ سرائی کرنا.
چھکڑا (ہ) - اسم مذکر) گڈا. وہ چیز جس کے اکثر پنجر ڈھیلے ہوں. اسباب لادنے کی گاڑی.
چھکنا (ہ) - فعل) جی بھر کے کھا پی لینا. سیر ہو کر کھانا. خوب رج جانا.
چہکنا (ہ) - فعل) چہچہانا. خوش الحانی سے بولنا. زمزمہ یا نوا سنجی کرنا۔ اس صدا میں پنکھڑیاں جیسے پھول میں
بلبل چہک رہا تھا ریاضِ رسول میں
چھکے چھوٹنا (محاورہ) گھبرا جانا. حواس باختہ ہونا. عقل زائل ہو جانا.
چھل (ہ) - اسم مؤنث) دیوار کی چند گری ہوئی اینٹیں. دیوار کا گرا ہوا حصہ
(اسم مذکر) مکر فریب. دھوکا. دم. جھانسا. جل. عیاری. چلتر.
چھل بٹا. یا بٹے (ہ) - اسم مذکر) فریب. دھوکا. دم. مکر و خدع.
چھل بل (ہ) اسم مذکر) فعل دھوکا دینا. فریب دینا. عیاری کرنا.
چھل بل کرنا. یا چھل کرنا (ہ) - محاورہ) دھوکا دینا. فریب دینا. عیاری کرنا.
چُھل (ہ) - اسم مؤنث) مزاح. ہنسی. دل لگی. مسخراپن. زندہ دلی. خوش مزاجی. ٹھٹھول.
چھل باز (ہ) اسم صفت) ظریف. مسخرا. زندہ دل. خوش طبع. خوش مزاج.
چہل (ف) اسم عدد. چالیس. ۴۰ - ۵ ؎
چہل ابدال (ف) - اسم مذکر) وہ چالیس پاک آدمی جن کو حق تعالےٰ نے نظام عالم کے قیام اور دیکھ بھال کے لئے مقرر کیا ہے نیز فقر کا ایک نہایت بڑا درجہ اور رتبہ کہیں نہ کہیں موجود ہوتے ہیں اور جب ان میں سے کوئی چل بستا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی جگہ دوسرا پیدا کر دیتا ہے. دنیا انہیں کی برکت سے قائم ہے.
چہل چراغ (ف) - اسم مذکر) ایک طرح کا پیتل کا جھاڑ جس میں چالیس چراغ جلتے ہیں اور وہ فرش پر رکھا جاتا ہے.
چہل قدمی کرنا (ہ) - فعل) سیر کرنا. ہوا کھانا. ٹہلنا. مٹر گشت کرنا چالیس قدم تک چلنا.
چہل کاف (ہ) ایک دعا کا نام. جس میں چالیس کاف ہیں.
چھلا (ہ) اسم مذکر) وہ زمین جہاں دلدل اور کیچڑ زیادہ ہو. خلاب. کیچڑ دار زمین (بحالت صفت) گیلا. چوڑا. غلیظ جیسے پنکے نے موت موت کے بچھونا چھلا کر دیا.
چھلے کی بھینس (مجہول) آدمی. موٹا آدمی جسے بلند شوار ہو.
چھلا (ہ) - اسم مذکر) کنڈلی. حلقہ. انگشتری. مندری. کلاتون یا ریشم کے گول. گول نشان جو نیچے پر ڈالے جاتے ہیں دیوالی کے موقعہ پر ایجروں کے گانے کے نرالا آفقرے. گھر کی دیوار جو ایک طرف سے پکی دوسری جانب سے کچی ہو. وہ جل کے چند قطرے جو کسی بوتل میں لیموں وغیرہ کا عرق بھر کے اسے بچانے اور محفوظ رکھنے کے خیال سے ڈال دیتے ہیں.
چھلا دھو کر اٹھانا (ہ) محاورہ) مست کا چھلا پاک کر کے رکھ دینا. تا مراد بر آنے پر للہ دیا جائے.
چھپلا چھپول (ہ) - اسم مذکر) شوخ طبع لوگوں کا ایک مذاقیہ کھیل ہے.
چھلا نشانی کا (ہ) - اسم مذکر) سونے یا چاندی کا چھلا جو یادگار کے طور پر کسی کو دیں. یا کسی سے لیں.
چھلانگ (ہ) - اسم مؤنث) زغند جست پھلانگ. کود. کلانچ. چوکڑی.
چھلانگ مارنا. یا. چھلانگنا (ہ) - فعل) اچھل جانا. زغند لگانا. کود جانا.
چھلاوا (ہ) - اسم مذکر) فاعل) چھل دینے والا. آسیب. غول. بیابانی. بھتنا. شعبدہ باز. طلسم دکھانے والا. وہ روشنی جو رات کو اکثر برسات میں کسی جنگل یا قبرستان میں چلتی پھرتی نظر آتی ہے.
(بحالت صفت) شوخ و طرار. معشوق. چلبلا آدمی.
چھلاوا کھیلنا (ہ) - فعل) شہاب کا ادھر ادھر جانا. چھلاوے کا دوڑا پھرنا.
چھلبدار (ہ) اسم مذکر) پڑھائی. ایک طرح کے ڈوم جو دائرہ یا ڈھول بجا کر پیروں کے گن گاتے ہیں اور گانا انہیں تمام عمر بھی نہیں آتا.
چھل پلانا (ہ) - فعل) بازار میں پھر کر کٹورے بجا بجا کر پیاسوں کو پانی پلانا.
چھلبچھل (ہ) - ہو) زور سے موتنے کی آواز.
چھل پھل (ہ) - اسم مؤنث) آبادی کی کثرت. گھما گھمی. آبادی کی گنجانی. خوشی زندہ دلی. ہنسی. ٹھٹھول.
چھلچھلانا (ہ) - فعل) چھل چھل موتنا. پانی چھوڑنا. پیشاب کرنا. اترانا. اکڑنا.
چلبچھلا آدمی (کم ظرف).
چھلچھل موتنا. زور سے پیشاب کرنا.
چھلکا (ہ) - اسم مذکر) چھال. بکل. پوست. کھال.
چھلکانا (ہ) - فعل) لبالب بھر کر پھر جنبش دیکر گرانا. ڈھلکانا. بھری ہوئی چیز کو حرکت دے کر گرانا.
چھلک (ہ) - ہو) پانی کا لبالب ہو کر گرنا.
چھلکتا ہوا (ہ) - اسم صفت بہ ترکیب مفعولی) بھرا ہوا. لبالب. لبریز.
چھلکنا (ہ) - فعل) ڈھلکنا. لبریز ہو کر ٹپکنا. نیچے گرنا. باہر نکلنا. کناروں کی اصطلاح میں ذرا خالی گھڑے کو پورا لبالب. پر کو ذرا خالی کرنا.
چھلکنا (ہ) - فعل) بلا ارادہ یا اور کسی سبب سے پیشاب نکل جانا. پانی چھوڑنا عورت کا موتنا.
چھلکیوں موتنا (ہ) - محاورہ) چلوؤں موتنا. ڈر کے مارے پیشاب نکلنا. بہت سا موتنا. از حد رعب میں آنا. عاجز آنا. فرمانبردار ہونا.
چہلم (ف) - اسم صفت نسبتی منسوب بہ چہل) چالیسواں. میت کے سوا مہینے مرحوم کو ثواب پہنچانے کی رسم شہدائے کربلا کا چالیسواں جو ہر سال محرم سے چالیس دن بعد کیا جاتا ہے. ؎ ذوق
عبث جان منتظر ہونٹوں پہ ہے وہ شوخ کب آیا
اگر چہلم کو بھی آیا تو ہم سمجھیں گے اب آیا

چھلنا (د) ۔فعل، فریب دینا۔ ٹھگنا۔ دھوکا دینا۔ مکر کرنا۔ جُل دینا۔ دم دینا۔ پھسلانا۔ (بحالت اسم مذکر) بڑی چھلنی۔ بانگی۔ جھارا۔

چھلنا (د) ۔فعل، کسی چیز کی کھال اُتر جانا۔ چمڑا اکھڑنا۔ خراشیدہ ہونا۔ چینٹ آنا۔

چھلنی (د) ۔اسم مؤنث، چھاننے کا آلہ۔ غربال۔

چھلنی میں ڈال چھاج میں اُڑانا (محاورہ) رسوا کرنا۔ بات کا بتنگڑ بنانا۔ مشہور کرنا۔ ذرا سی برائی بڑھا کر بیان کرنا۔

چھلنی ہوجانا (د) ۔فعل، سُوراخ سُوراخ ہو جانا۔ بندھ جانا۔ جگہ جگہ سے پھٹ جانا۔

چھلو (د) بے وقوف۔ طفلانہ۔ لڑکپن کا۔

چھلوری (د) ۔اسم مؤنث، چھالا کی تصغیر یا تحقیر۔ وہ چھوٹا چھالا جو انگل یا ناخن کے اندر ہو جاتا ہے اور چیرا دئے بغیر راضی نہیں ہوتا۔ انگل بڑا

چھلے کا گل (دُور۔ اسم مذکر) وہ داغ جو محبت جتانے کی غرض سے معشوق کا چھلا لال کرکے اپنے جسم پر لگاتے ہیں۔

چھلیا (د) ۔اسم صفت بہ ترکیب فاعلی، چھل لینے والا۔ فریبی۔ مکار۔ جُل باز۔ دھوکے باز۔

چھلی چھلیا (دمو۔ لک) آنکھ مچولی۔ اس طرح کہ ایک بچہ آنکھیں بند کرتا ہے اور سب بچے چھپ جاتے ہیں اور چھپ کر اُس کو چور پکارتے ہیں "آجاؤ" چور سب کو چھونا چاہتا ہے اور وہ سب ڈھیا کو چھونے کی کوشش کرتے ہیں۔

چھما (د) ۔اسم مؤنث، معافی۔ درگزر۔ خطا بخشی۔ لغوی معنی ہیں۔ مجازاً کرپا۔ دیا۔ رحم۔ کرم۔ مرحمت۔ مہربانی۔ سمائی۔

چھما کرنا (د) ۔فعل، دیا کرنا۔ کرپا کرنا۔ رحم کرنا۔ مرحمت کرنا۔ سمائی کرنا۔

چھم چھم (د) ۔اسم مؤنث صوت، مینہ کے آہستہ آہستہ برسنے کی آواز۔ گھنے کی آواز۔ گھنگرو بجنے کی آواز۔ جھنکار۔

چھما چھم ناچ ہونا، خوب ناچ ہونا۔

چھم چھمانا، ناز سے چلنا۔ چھم چھم کی آواز دینا۔

چھیڑ میگوئیاں (دُور۔ اسم مؤنث) نکتہ چینیاں۔ طعنے۔ طعنے کی باتیں۔ لاڈ پیار کی باتیں۔ نخرا تلا۔ ناز و انداز کی باتیں۔

چھن (د) ۔اسم مذکر صوت، جلتے توے پر پانی کی بوند پڑ جانے کی آواز۔ گھنگرو کی آواز۔ روپے کی جھنکار۔ بجری۔ سنگریزہ۔ کنگن کی خاص قسم جو ہاتھوں میں پہنتے ہیں۔ ایک قسم کے تک جو دو لعاب دلھن کے میکے میں سنا کر انعام لیتا ہے۔ تلنے کی آواز۔ کڑ کڑاتے تیل میں کسی چیز کے پڑنے کی آواز۔ پائل وغیرہ بجنے۔ کہنے کی آواز۔

چھن چھن، روپے کی آواز۔ لوہے کی زنجیر کی آواز۔

چھناک (دمو) گرم چیز پر پانی پڑنے کی آواز۔

چھن (د) ۔اسم مؤنث، پل۔ لمحہ۔ ثانیہ۔ سکنڈ۔

چھنا (د) ۔اسم مذکر بکبر، بڑی چھلنی۔ غربال کلاں۔

چھن چھناہٹ (دمو) روپے اشرفی وغیرہ کی آواز۔ لوہے کی زنجیر کی آواز۔

چھننا (د) زبردستی لے لیا جانا۔

چھن (د۔مو) گھی داغ ہونے کی آواز۔ گھنگرو بجنے کی آواز۔

چھن چھناہٹ (دمو) وہ آواز جو گوشت یا پیاز داغ ہونے سے نکلتی ہے۔

چھننا (د) ۔فعل، کسی چیز کا چھلنی میں سے نکلنا۔ چھانا جانا۔ سوراخ سوراخ ہونا۔ چھید چھید ہو جانا۔ تیروں یا گولیوں سے بدن کا بندھ جانا۔ شک ہو جانا۔ جنگ ہونا۔ لڑائی ہونا۔ آپس میں بگاڑ ہونا۔ مقدمہ کی خوب تحقیق و تفتیش ہونا۔ چاند یا سورج کی روشنی کا درخت کے پتوں میں گزرنا۔ روشنی۔ شمع یا نور مہ کا باہر نکلنا۔

چھنا کا (د) ۔اسم مذکر صوت، ٹھنا کا۔ جھنکار۔ دولت کی آواز۔ روپے کی آواز۔

چھنال (د) ۔اسم مؤنث صفت، نہایت چالاک اور عیار عورت۔ خراب اور فاحشہ عورت۔ اوباش و بدکار عورت۔ فاجرہ بے شرم۔ بے حیا بیباک۔ مکار عورت۔ شہوت پرست عورت۔ زانیہ۔ شوخ۔

چھنال پن یا چھنال پنا یا چھنا، عورت کی بدکاری۔ شہوت پرستی بے شرمی۔

چھنالا کرنا، زنا کرنا۔ کسب کمانا۔ عورت کا حرام کاری کرنا۔ بدکاری کرنا۔

چھنٹاؤ (د) ۔اسم مذکر، چھانٹ۔ کترن۔ چھٹن۔ فضلہ۔

چھنٹنا (د) ۔فعل، علیحدہ ہونا۔ انتخاب ہونا۔ بدن کا دُبلا ہونا۔ کنواں وغیرہ صاف ہونا۔ ملبہ نکلنا۔

چھنٹل (دمو) باقی بچی ہوئی خراب چیز جس میں اچھا حصہ چھانٹ لیا گیا ہے

چھچھنانا (د) ۔فعل، چھن چھن کی آواز نکلنا۔ چھنکار ہونا۔

چھند (د) ۔اسم مذکر، مکر و فریب۔ جعل و دغا۔ دھوکا۔ دوسرے کی تصنیف کو اپنی تصنیف ظاہر کرنا۔ ایک خاص قسم کے اشعار اشلوک۔ وزن بحر۔ گانے کے سُر۔ مطالب۔ بیان معنی۔

چھند بند (دُور۔ اسم مذکر) مکر و فریب۔ چالاکی۔ عیاری۔ فند۔

چھند چور (د) ۔اسم مذکر، تصنیف کا چور۔

چھند مانترا (د) ۔اسم مذکر، تقطیع۔ اوزان۔ بحور۔ وزن۔ شعر۔

چھنرا (د) ۔اسم مذکر، زنا کار۔ زانی۔ بدکار۔ عیاش۔ شہدا۔ لچہ۔ شرابی۔

چھنکارنا (د)، دوا کو آگ پر نیم گرم کرنا۔

چھنکنا (د)، ناک پاک کرنا۔

چھنک جانا (د)، بارود کم ہونے کے باعث آتشبازی کا نہ چھٹنا۔

چھنگا (د) ۔اسم مذکر، چھ انگلیوں والا آدمی۔ چھ انگلیوں والا۔

چھنگلی۔ یا۔ چھنگلیا (د) ۔اسم مؤنث، ہاتھ پاؤں کی سب سے چھوٹی انگلی۔

چھنلا (د) ۔اسم مذکر، چھنرا۔

چھنکوانا (د)، چھینکنا متعدی المتعدی۔

چھن مُن۔ یا۔ چھنن مُنن (د) اسم مؤنث، بگھارے جانے یا تلے جانے کی آواز۔

چھُن مُن ہوگیا، چٹ پٹ خرچ ہوگیا۔

چھنوانا (د) ۔فعل، چھیننا کا متعدی۔

چھنوانا (د) ۔فعل، چھاننے کا متعدی۔

چھنی (د)، صافی جس میں دوا وغیرہ چھانی جائے۔

چھُو (دہ۔اسم مذکر) الفت۔ محبت۔ مہربانی۔ رحم۔ الطاف۔ عفو۔ خفگی۔
چھُو ہونا (دہ۔فعل) خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔
چھُو } (دہ۔اسم مذکر) دم کرنا۔ کچھ پڑھ کر پھونکنا۔
چھوچھا } منتر۔ جادو۔ دم۔
چھو بنٹا یا۔ ہو جانا، چھُو ہونا (اُر۔محاورہ) رخصت ہونا۔ چلتا بننا۔ ہوا ہونا۔ کافور ہونا۔ رفوچکر ہونا۔ احمق ہونا۔
چھُو بنانا (دہ۔فعل) (دیکھو چھُو بننا)
چھُو چھُو بنانا (دہ۔محاورہ) احمق بنانا۔
چھُو کرنا (دہ۔فعل) دم کرنا۔ دعا پڑھ کر پھونکنا۔
چھُو منتر (دہ۔اسم مذکر) کچھ پڑھ کر پھونکنا۔ دم کرنا۔ چھو بمعنی دم اور منتر بمعنی جادو سے مرکب ہے۔
چھُوا چھُو (دہ۔اسم صفت مؤنث) دھوبیوں کے کپڑے دھونے کی آواز۔
چھوارا۔ یا۔ چھہارا (دہ۔اسم مذکر) ایک قسم کی بڑی سوکھی کھجور۔ چھرما۔
چھوارا بیر (دہ۔اسم مذکر) ایک قسم کا سُرخ رنگ لمبا اور نہایت میٹھا بیر۔
چھُوانا (دہ۔فعل) چھونا کا متعدی بھی ہے اور مزید علیہ بھی۔ لگانا۔ مس کرنا۔
چھُوپ چھاپ (دہ۔مو) دیوار کا رخنہ بند کرنا۔
چھوپا (دہ) ترمٹی جس سے دیوار کا رخنہ بند کرتے ہیں۔
چھوپنا (دہ) گیلی مٹی چڑھانا۔ گیلی مٹی دیوار وغیرہ پر تھوپنا۔ کچی دیوار کی مرمت کرنا۔
چھُوت (دہ۔اسم مؤنث) ناپاکی۔ نجاست۔ پلیدی۔ پرچھاواں۔ ناپاک آدمی۔ کا سایہ۔ چھواؤ۔ مس۔ متعدی بیماری۔
چھُوت اُتارنا (دہ۔فعل) ناپاک آدمی کے سایہ کا دفعہ کرنا۔ پرچھانویں۔ کا علاج کرنا۔ منتر سے اچھا کرنا۔ یہ لفظ بواؤ مجہول بھی مستعمل ہے
چھُوت جھاڑنا (دہ) فعل۔ (دیکھو چھوت اُتارنا)
چھُوٹ (دہ۔اسم مؤنث) آزادی۔ مخلصی۔ رہائی۔ نجات۔ رستگاری۔ چھٹکارا۔ فرصت۔ مہلت۔ کمی۔ تخفیف۔ قیمت میں کمی۔ گالی گفتار۔ بے تکلفانہ جھڑک۔ طلاق۔ مستثنیٰ۔ وہ مقام جہاں سے کبوتروں کے چھوڑنے کی شرط بدی ہو۔
چھُوٹ پڑنا، عکس پڑنا سے امیر
فلک پر عقد ثریا نہ عقد پروں ہے
پڑی ہے چھوٹ اسی آبدار سہرے کی
چھُوٹ لڑنا (دہ۔فعل) پھری گتکے کے یا فن چوب بازی کے کسی کامل فن اُستاد سے ہتھیاروں کے ساتھ مقابلہ کرنا اور اس کا سب کو جواب دینا۔ گالی گفتار کرنا۔ گالی گلوچ کرنا۔ ذوق
نگاہ ناز اس کی عاشق سے
چھوٹ کس کس مزے سے لڑتی ہے
چھُوٹ ہونا (دہ۔فعل) فرصت ہونا۔ وقت ہونا۔ پھکڑ بازی ہونا۔ بے تکلفانہ مزاح ہونا۔ چوب بازی میں آزادی سے پھری گتکوں سے لڑنا۔
چھوٹا (دہ۔اسم صفت) کوتاہ۔ تنگ۔ اوچھا۔ کوچک۔ صغیر۔ خورد۔ قد یا عمر میں کم۔ کمتر۔ کہتر۔ تھوڑا۔ کم۔ قلیل۔ ادنےٰ۔ اعلےٰ کی ضد۔ ارذل۔ کمینہ۔ پنج چھوٹا چلا۔ دسویں بیسویں اور مہینے کے غسل جو زچہ کو دئے جاتے ہیں۔
چھوٹا سب سے کھوٹا، چھوٹے قد کا آدمی بڑا شریر ہوتا ہے۔
چھوٹا صاحب (مذ) اعلیٰ افسر کا نائب۔ بڑے افسر سے چھوٹا افسر۔
چھوٹا کپڑا (دہ۔اسم مذکر) انگیا۔ عورتوں کا سینہ بند۔
چھوٹا مُنہ بڑی بات (دہ۔کہاوت) اپنی حیثیت اور لیاقت سے بڑھکر بات کرنا۔ حوصلہ سے زیادہ کام۔ حوصلہ سے بڑھ کر بات۔
چھوٹتے ہی، اسی وقت۔ فوراً۔
چھوٹنا (دیکھو "چھٹنا") نیز کھلنا۔ رسّی تڑانا۔ چاند کا گہن سے نکلنا۔ گھوڑے کا گھوڑی پر چڑھنا۔ بچنا۔ جیسے تمہارے مُنہ سے چھوٹنا مشکل ہے۔
چھوٹی الائچی (دہ۔اسم مؤنث) سفید الائچی۔ ہیل خورد۔
چھوٹی اُمت (دُر۔اسم مؤنث) نیچ قوم۔ ذلیل۔ کمینے لوگ۔ اخیر زمانہ کی اولاد موجودہ زمانے کی نسل۔ حال کی اولاد۔
چھوٹی سی بچھیا } خطا تھوڑی
بہت ہی ہتنیا } سزا بہت۔
چھوٹے گاؤں سے ناطہ کیا؟ (دہ کہاوت) جس گاؤں کو ترک کر دیا ہو پھر وہاں رشتہ داری کیسی۔ جس جگہ تعلق ہی نہ رہا ہو پھر اس سے معاملات سے کیا واسطہ۔
چھُو چھک (دہ۔اسم مؤنث و مذکر) زچہ خانے کی ایک رسم کا نام ہے۔ چھٹی۔
چھُو چھُو (دہ۔اسم مؤنث) عورتیں، بچوں کے پوتڑے دھونے والی عورت۔ وہ لڑکی جو لڑکیوں کی خدمت کے لئے مقرر ہو۔ دائی کھلائی۔
چھُو چھُو بتا دی ٹال دیا۔ بہانہ کر دیا۔ ناکام ٹال دیا۔
چھورا (دہ۔مذ) چھوکرا۔ نوکر کا لڑکا۔
چھوڑانا (دہ) دیکھو چھڑانا۔
چھوڑ آنا، کسی چیز کو کسی جگہ چھوڑ کر خود چلے آنا سے۔ ناسخ
بسکہ اری دشت غربت میں ہمارے ساتھ ہے
چھوڑ آئے کوچہ جاناں میں ہم آرام کو
چھوڑنا (دہ۔فعل) تیاگنا۔ ترک کرنا۔ رد کرنا۔ آزاد کرنا۔ نجات دینا۔ رہا کرنا بخشنا معافی دینا۔ بندوق چلانا۔ توپ سر کرنا۔ بچانا۔ محفوظ رکھنا۔ جیسے جڑ چھوڑ کر کاٹنا۔ واگزا کرنا۔ نوکری سے علیحدہ ہو جانا۔ استعفا دینا۔ طلاق دینا۔ قطع تعلق کر دینا۔ دوسری جگہ جا رہنا۔ ہجرت کرنا۔ ہاتھ جھٹکنا۔ علیحدہ کرنا۔ کتے وغیرہ کو شکار پر دوڑانا۔ تخلیہ کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ مکان خالی کرنا۔ باقی رکھنا۔ بچا رکھنا۔ لڑھکانا۔ جاری کرنا۔ پانی بہانا۔ گھوڑے کو گھوڑی پر چڑھانا۔
چھوڑ بی بی چوہا لنڈورا ہی بھلا، مجھ تم سے جو نقصان پہنچا سو پہنچا اب میری جان چھوڑ دو۔
چھوڑ دیا گاؤں تو کیا لینا ناؤں (دہ۔مثل) جب کسی سے تعلق ہی قطع کر لیا تو پھر اس کا ذکر ہی کیوں کرنا۔ بے تعلق کا ذکر ہی فضول۔
چھوکرا (دہ۔اسم مذکر) لڑکا۔ مرد۔ غلام۔ چیلا۔ داس۔ مرید۔ نادان۔ ناتجربہ کار۔
چھوکری (دہ۔اسم مؤنث) لڑکی۔ چھوری۔ دختر کوچک۔ باندی۔ لونڈی۔ کنیز۔
چھولداری (دُر۔اسم مؤنث) سپاہیوں کے رہنے کا چھوٹا سا خیمہ۔ پال۔

راونی چھوٹا سا ڈیرہ) خیمہ
چھولنا (ف) چھلکا اتارنا۔ کسی بند خول میں دانہ نکالنا۔
چھولنی (ف۔ مو) کھرپی۔
چھونا (ف۔ فعل) ہاتھ لگانا۔ مس کرنا۔ ٹوہنا۔ چھیڑنا۔ گود میں لینا۔ جیسے دائی بچے کو کسی وقت چھوتی بھی نہیں۔
چھونا (ف۔ اسم مذکر/پورب) بچہ۔ طفل۔ لڑکا۔ جانور کا بچہ۔
چھونہ جانا / بالکل نہ ہونا۔
چھونچھا (ف) ہر خالی چیز۔ مفلس۔
چھونچی (مو) سوئیوں کی نلی۔ نرکل کی نلی۔
چھونک (ف۔ اسم مذکر) بگھار۔ داغ۔ تڑکا۔
چھونکنا (ف۔ فعل) بگھارنا۔ دال وغیرہ کو داغ دینا۔ گھی داغ کرنا۔ تڑکنا۔
چھوئی موئی (ف۔ اسم مؤنث) ایک بوٹی کا نام ہے جس کے پتے آدمی کا ہاتھ لگتے بلکہ سایہ تک پر جانے سے مرجھا جاتے ہیں۔ لجوئی۔ لاجونتی لجونتی (بحالت صفت) نہایت نازک۔ موم کی جان۔
چھہتر (ف) اسم عدد۔ ستر اور چھ۔ ہفتاد و شش۔ ۷۶۔ 76۔
چھے (ف۔ اسم مؤنث) نقصان بربادی۔ شکست جیسے رام کی بے۔ راون کی چھے۔
چھئی (ف۔ مو) ایک پرندہ۔
چھی (ف۔ اسم مؤنث) کلمۂ نفرت۔ تف۔ تھوہ۔ گرہ۔ بُراز۔ خراب۔ برا۔ چھینکنے کی آواز۔ چھینک کی نقل۔
چھی چھی (ف) کلمۂ تنفر۔ نہایت برا۔ خراب۔ نکما۔ بچے کا گوہ۔ بُراز۔
چھی چھی پھرنا۔ یا۔ کرنا (ف) فعل۔ بچے کا ہگنا۔ پیخانہ پھرنا۔
چھیاسٹھ (ف) اسم عدد۔ ساٹھ اور چھ۔ ستر سے چار کم۔ شست و شش۔ ۶۶۔ 66
چھیاسی (ف) اسم عدد۔ اسی اور چھ۔ نوے سے چار کم ہشتاد و شش ۸۶۔ 86
چھیالیس (ف) اسم عدد۔ چالیس اور چھ۔ پچاس سے چار کم چہل و شش۔
چھیانوے (ف) اسم عدد۔ نوے اور چھ۔ سو سے چار کم۔ نود و شش۔ ۹۶۔ 96
چھیپ (ف۔ اسم مؤنث) چھائیں۔ داغ۔ دھبا۔ وہ کم سفید دھبے جو فساد خون سے منہ پر پڑ جاتے ہیں ایک قسم کا میوہ۔ مچھلیاں پکڑنے کی چھڑ۔
چھیپی (ف۔ اسم مذکر و مؤنث) کپڑا چھاپنے والا۔ کپڑا بدھی چھڑی۔ جس سے کبوتر اڑاتے ہیں۔ چھے پی۔
چھیتا (ف۔ اسم صفت بہ ترکیب مفعولی) چاہا ہوا۔ عزیز۔ پیارا۔ محبوب۔ جانی معشوق۔
چھیتنا (ف۔ فعل) (متعدی) مارنا۔ پیٹنا۔ کوٹنا۔ زدوکوب کرنا۔ ڈنگ مارنا۔ ڈانٹنا۔
چھیتی (ف۔ اسم مؤنث) چھیتا کی تانیث۔ پیاری۔ محبوبہ۔ معشوقہ۔ چاہیتی۔
چھیج (ف۔ اسم مؤنث) حاصل مصدر۔ نقصان۔ زوال۔ وہ کمی جو کسی چیز کے بار بار اٹھانے رکھنے سے ہو جاتی ہے۔
چھی جانا (ف) فعل کسی سوراخ کا پھٹ جانا۔ چھید کا بہ جانا۔ جیسے کان چھی گیا۔
چھیجنا (ف) فعل) گھٹنا۔ زوال آنا۔ کم ہو جانا۔ جان سے جانا۔ مرنا۔ خراب ہونا۔ ضائع ہونا۔ تلف ہونا۔ اترنا۔ ہٹنا۔ بچہ کا مرنا۔ بار بار اٹھانے رکھنے اور سوکھنے سے کمی ہونا۔
چھید (ف۔ اسم مذکر) سوراخ۔ رخنہ۔ گڑھا۔ بل۔
چھیدنا (ف۔ فعل) سوراخ کرنا۔ بندھنا۔ بل بنانا۔
چھیدی مولی خوب بیٹھتی / علیحدہ اور بے شرکت کام اپنی پسند کا ہوتا ہے۔
چھیچھڑا / یا۔ چھیچھڑا (ف۔ اسم مذکر) (دیکھو چھیچھڑا)
چھیچھر (ف۔ اسم مؤنث) آدمیوں کی کمی۔ ہجوم کا زوال۔ ہجوم کا کم ہونا بھیڑ کی ضد ہے۔
چھیڑ (ف۔ اسم مؤنث) حاصل مصدر۔ مساس پرسنگ۔ چھونا۔ ہنسی۔ مخول۔ چھیڑ خانی۔ دل لگی۔ ٹھٹھول۔ نوکا چوکی۔ رنج فساد۔ کاوش۔ چڑانے کی بات۔ چھیڑ۔ کمراب سے تار وغیرہ ہلانا۔ نشتر سے رگ کھولنا۔
چھیڑ خانی (ف۔ اسم مؤنث) ٹھٹھا۔ ہنسی۔ مخول۔ رنگ۔ مخالفت۔ فساد۔ چھیڑ چڑانے کی بات۔ دل لگی۔ کاوش۔ اشتعال طبع۔
چھیڑ چھاڑ (ف۔ اسم مؤنث) حاصل مصدر۔ مذاق۔ ہنسی۔ طعن۔ بات چیت خط و کتابت۔ لڑائی بھڑائی۔
چھیڑ نکالنا (ف۔ فعل) چڑ نکالنا۔ کسی کو رنج دلانے والی بات کہنا۔
چھیڑنا (ف۔ فعل) مس کرنا۔ ہاتھ لگانا۔ چھونا۔ گدگدی کرنا۔ خفا کرنا۔ چڑانا۔ رنجیدہ کرنا۔ بھڑکانا۔ گھوڑے کو دوڑانا۔ مہمیز کرنا۔ تیز کرنا ہنسی کرنا مذاق کرنا۔ دل لگی کرنا۔ بات چیت کرنا۔ ذکر چلانا۔ کوئی بات یاد دلانا تنگ کرنا۔ ستانا۔ دق کرنا نشتر چبھونا نشتر لگانا۔ نشتر سے زخم کو چیرنا بجانا۔ مضراب سے حرکت دینا۔ شروع کرنا۔ ابتدا کرنا۔ گیت گانا۔ الاپنا۔
چھیڑ نکالنا (ف) طعنہ زنی کرنا۔ چڑ نکالنا۔
چھیک (ف۔ اسم مذکر) چھید۔ سوراخ۔ رخنہ۔ بل۔ گڑھا۔ (بیائے مجہول ہے)
چھیل (ف۔ اسم صفت) چھیلا کا مخفف ہے۔ بانکا جوان۔ رنگیلا آدمی۔ چکنیا رسیلا۔ خوش پوش آدمی۔ خوش وضع شخص۔
چھیل پن (ف۔ اسم مذکر) بانکپن۔ رنگیلا پن۔
چھیل چکنیا (ف۔ اسم صفت) بانکا۔ ترچھا۔ تیکھا۔ رنگیلا۔
چھیل چھبیلا (ف۔ اسم مذکر) رنگیلا آدمی۔ ایک قسم کی خوشبودار گھاس جس سے کپڑے رنگتے ہیں۔
چھیلا (ف۔ اسم مذکر) (دیکھو چھیل)
چھیلا پھرے گلی گلی جیب میں نہیں کھل کی ڈلی (ف۔ مثل) بھوکا۔ بنگالی کنگال ہو کر ظاہری ٹیپ ٹاپ رکھنے والے کو کہا کرتے ہیں۔ اتے پتے خاک نہیں مگر دکھاوا برطوں کا۔
چھیلن (ف۔ مو) تراشہ۔ جو کچھ چھیلنے سے نکلے۔
چھیلنا (ف۔ فعل) کھال اتارنا۔ چھلکا اتارنا۔ کھرچنا۔ خراش کرنا۔ کھلی کرنا حرف اڑانا۔ چک کرنا۔
چھیلی / یا۔ چھیری (ف۔ اسم مذکر) گوسفند۔ بکری۔ بزّہ۔ برغالہ۔ (گنوار بولتے ہیں)
چھیمی (ف۔ مو) پھلی۔ خطا ہوتے ہی سزا ملنا۔
چھینا (ف۔ فعل) سوراخ کا بہہ جانا۔ کان وغیرہ کے سوراخ کا پھٹ جانا۔ سوراخ کا بہہ جانا۔
چھیننا (ف۔ فعل) زبردستی اچک لینا۔ جھٹک لینا۔ جھپٹا مارنا۔ غضب کرنا۔ پرایا حق زبردستی لے لینا۔ دولت یا جائداد دبا بیٹھنا۔

چھینا جھپٹی (د) ۔اسم مؤنث) زبردستی چھیننا۔ جھپٹنا۔ نوچ گھسوٹ لینا۔
چھینا چھانی کھینچا تانی۔ نوچا کھسوٹی۔ جلدی سے کوئی چیز دوسرے سے اُچک لینا۔
چھین جھپٹ

چھینٹ (د) ۔اسم مؤنث) نقارہ بوند۔ ایک قسم کا بیل بوٹے دار کپڑا۔ داغ دھبہ۔ ڈریس۔ رنگین چھپا ہوا کپڑا۔

چھینٹا (د) ۔اسم مذکر) چھپکا۔ پانی کا چلو۔ خفیف سا مینہ۔ طعنہ۔ آوازہ۔ نوکا نوکی۔ چنڈو کا ایک دم۔ مدک کا دم۔ فریب۔ دھوکا۔ مکر۔

چھینٹا پڑنا۔ یا ہونا (د) ۔فعل) ہلکی سی بارش ہونا۔ خفیف سا مینہ برسنا۔

چھینٹا دینا (د) ، فعل) چلو بھر پانی پھینکنا یا چھڑکنا۔ چیچک مُرجھانے پر نیچے پر سونے کا پانی چھڑکنا۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ لالچ دینا۔ طمع دینا۔

چھینٹا کھانا ، فریب کھانا۔

چھینٹے چلنا (د) ۔محاورہ) پانی کے کنارے بیٹھ کر دو شخصوں کا باہم پانی سے
چھینٹے لڑنا لڑنا۔ طعنے دینا۔ آوازے کسنا۔ دھوکے دینا۔ دم دینا۔ دو بدو سوال و جواب کرنا۔ باہم مقابلہ کرنا۔

چھینٹے دینا ، فریب دینا۔ اکسانا۔ باتیں بنانا۔

چھینک (د) ۔اسم مؤنث) ناک کی آواز جو نزلے یا سلاہٹ کے باعث نکلے۔

چھینک ہونا (د) ۔فعل) چھینک آنا۔ عطسہ ہونا۔ شگون بد ہونا۔

چھینکتے ہی ناک کٹی (کہاوت متعدی) غلطی ہوتے ہی سزا ملی۔

چھینکا (د) ۔اسم مذکر) وہ جالی یا شکن جو کھانا رکھنے کے لئے چھت میں لٹکا دیتے ہیں نیز وہ جالی جو چوپایوں کا منہ بند کرنے کو منہ سے باندھ دیتے ہیں۔ آم یا پھل توڑنے کی جالی۔

چھینکنا (د) ۔فعل) بمصور۔ عطسہ لینا۔ ناک کی خراش کی وجہ سے ہوا کا زور سے ناک سے نکلنا۔

چھین لینا یا چھیننا (د) ۔فعل) زبردستی لے لینا۔ جھپٹ لینا۔ دبا بیٹھنا۔ مار لینا۔ غضب کرنا۔

چھیوا (د) ۔مذ) ایک قسم کا میٹھا دہی۔

چھینی (د) ۔اسم مؤنث) آلہ لوہا کاٹنے کا اوزار۔ کھائی۔ ٹانکی۔


چھینی

چ - ی

چ (ف۔ لاحقہ) اسم صفت۔ بنانے کا لاحقہ جیسے دیگ سے دیگچی مشعل سے مشعلچی۔
چیاں (د) ۔اسم مذکر) املی کا بیج۔ تخم۔
چیاں سا۔ یا چیاں سی (د) ۔اسم صفت) ذرا سا۔ ذرا سی۔ چھوٹا۔ چھوٹی سی۔

چیپ (د) ۔اسم مذکر) لاسا۔ لیس۔ چپکنے والی چیز۔ رطوبت لزجہ۔ زخم کی پیپ۔
چیپڑ (د) ۔اسم مذکر) آنکھ کی رطوبت۔ آنکھ کا میل کچیل۔

چیپ دار (د و ، اسم صفت) چپکتا ہوا۔ لیس دار۔
چیپ (انگ۔ مذ۔ CHEAP) ارزاں اور غلیظ (د) چینی یا تام چینی کے برتن کی کرچ۔
چیپڑ بہنا (د) آنکھوں سے ڈھیڈ جاری رہنا۔
چیپلین (انگ۔ مذ۔ CHAPLAIN) پادری۔ عیسائی مذہب کا مولوی۔
چیپنا (د) ۔فعل۔ بیائے مجہول) جوڑنا۔ چپکانا۔ سر منڈھنا۔ سر تھوپنا۔ کسی ملازمت پر لگا دینا۔ نوکر رکھا دینا۔
چیپی (د) ۔اسم مؤنث) کاغذ کا پیوند۔ کاغذ کی پتری۔ یا دھجی جو چپکائی جائے۔
چیت (د) ۔اسم مذکر) ہندی سال کا مہینہ مطابق مارچ اپریل سن عیسوی۔ چیت کے گیت۔
چیتا (د) ۔اسم مذکر۔ بیائے مجہول) حافظہ۔ ذہن۔ فہم۔ خیال۔ عقل۔ سمجھ۔ گیان دینے والا۔ جنانے والا۔ تمنا۔ شوق۔ آرزو۔ خواہش۔

چیتا (د) ۔اسم مذکر۔ بیائے معروف) بوز ایک پیلی کمر اور چتیوں دار کھال والا درندہ۔

چیتا

چیتل (د) ۔اسم مذکر) ایک قسم کا جنگلی شکار کا جانور جو ہرن کی قسم سے ہے ایک قسم کا موٹا چتکبرا سانپ۔
چیتنا (د) ۔فعل۔ بیائے مجہول) ہوشیار ہونا۔ دگنا سمجھ میں آنا۔ خیال کرنا۔ چوکنا۔
چیتنا (د) ۔فعل۔ بیائے معروف) برتن وغیرہ کو منقش کرنا۔ چتاں ڈالنا۔ لتھڑنا۔ خواہش کرنا۔ چاہنا۔
چیتھڑا (د) ۔اسم مذکر) لت کپڑے کا ٹکڑا۔ لیرا۔
چیتھڑے لگنا (د) ۔فعل) غریبی مفلسی کے باعث ثابت کپڑے نہ پہن سکنا۔
چیٹک (مو۔ د۔ فعل) لگن۔ لو۔ دھن۔ لَے۔ شوق۔ اشتیاق۔
چیچا (د۔ مذ) فرج کے اندر کا اُبھرا ہوا گوشت۔
چیچڑی (د۔ مو) کیڑا جو اکثر کتے۔ گائے۔ بھینس وغیرہ کے بدن میں چمٹ جاتا ہے۔
چیٹک لگنا (د) ۔محاورہ) لگن۔ لگنا۔ لو لگنا۔ دل لگی ہونا۔ دھن لگنا۔ لاگ ہونا۔
چیچک (د) ۔اسم مؤنث) سیتلا۔ ماتا۔
چیچک رو (د و ، اسم صفت) سیتلا کا منہ داغ۔ جس کے منہ پر چیچک کے داغ ہوں۔
چیچک اور کسی نکل کر رہتی ہے ، دونوں کے نکلنے کا یقین ہے۔
چیخ (د و ، اسم مؤنث) خوف یا تکلیف کی حالت میں زبان سے نکلی ہوئی فریاد شور دار آواز۔ چنگھاڑ۔ کوک۔ درد کی آواز۔ رولا۔ سخت آواز۔ چلانے کی آواز۔
چیخ اُٹھنا (د و ، فعل) چلا اُٹھنا۔ بول جانا۔ رو پڑنا۔ بول اُٹھنا۔ عاجز آجانا۔
چیخ مارنا (د و ، فعل) شور و غل کرنا۔ رولا ڈالنا۔ ہنگامہ برپا کرنا۔ گھر سر پر اٹھا لینا۔
چیخ چاخ مچنا (د و ، فعل) غل شور پڑنا۔ پکار پڑنا۔ رولا ہونا۔
چیخ چہاڑا مچانا۔ یا۔ **چیخم دھاڑ مچانا** (د و ، فعل) ہنگامہ برپا کرنا۔ رولا ڈالنا۔ شور و غل مچانا۔
چیخنا (د و ، فعل) شور کرنا۔ غل مچانا۔ چلانا۔ ڈھاڑنا۔ کلکاری مارنا۔

چیدہ (ہ) اسم صفت۔ ترکیب مفعولی) چنا ہوا۔ منتخب۔ پسندیدہ۔ عمدہ۔ برگزیدہ۔
چیدہ چیدہ (ف) اسم صفت) عمدہ عمدہ۔ اچھے اچھے۔
چیر (ہ) اسم مؤنث) شگاف۔ درز۔ کپڑے کی دھجی۔ کپڑے کی پٹی۔ دوپٹہ۔
چیر آنا: شگاف ہو جانا۔
چیر جانا: شق ہو جانا۔ زخم آجانا۔
چیرا (ہ) اسم مذکر) زخم۔ نشتر کا شگاف۔ ایک قسم کی رنگین پگڑی۔
چیرا بند (ہ) اسم صفت) چیرا باندھنے والا۔ پگڑی باندھنے والا۔ دوشیزہ۔ باکرہ۔ کنواری۔
چیرا دینا یا لگانا (ہ) فعل) نشتر سے زخم کو پھاڑنا۔ زخم میں شگاف ڈالنا۔ شگاف دینا۔
چیر پھاڑ (ہ) اسم مؤنث) عمل جراحی۔ کاٹ۔ کوٹ۔ فن تشریح۔
چیرنا (ہ) فعل) عمل جراحی کرنا۔ پھاڑنا۔ کاٹنا۔ شگاف دینا۔ کسی کا مال چرا لینا۔ تختے وغیرہ کاٹنا۔ تراشنا۔
چیرو (ہ) اسم مؤنث) سرخ رنگ کا کپاسوت جو ولایت سے آتا ہے۔
چیرہ (ہ) اسم مذکر) ایک قسم کی منقش رنگدار پگڑی۔
چیئرز (Chair) اسم مذکر) ہرے۔ لعو ہائے آفرین۔ واہ واہ۔
چیئرمین (Chairman) انگ۔ اسم) صدر۔ صدر مجلس۔ پریذیڈنٹ۔ پردھان۔
چیری (ہ) اسم مؤنث) چیر کی تصغیر و تانیث کپڑے کی دھجی۔ کترن۔
چیری لگانا (ہ) فعل) بھیڑ بکری کے تھنوں پر گوبر سان کر دھجیاں لپیٹنا۔ تاکہ بچہ دودھ نہ چونگھ لیں۔
چیری یاں لگانا
چیری (ہ) اسم مؤنث) کنیز۔ کنیزک۔ باندی۔ لونڈی۔ خادمہ۔ جائے مجہول ہے۔
چیرے بند (ہ) اسم مذکر) پگڑی والا۔ چیرہ باندھنے والا۔ حکیم۔ طبیب۔ معالج۔ بید۔
چیڑ (ہ) اسم مؤنث) ایک درخت کا نام ہے۔ درخت صنوبر۔
چیز (ف) اسم مؤنث) شے۔ جنس۔ بست۔ بستو۔ گہنا۔ زیور۔ جواہرات۔ راگ۔ گیت۔ حیثیت۔ حقیقت۔ اصل شیرینی مٹھائی۔ امانت۔
چیزبست (ہ) اسم مؤنث) اثاثہ۔ اسباب۔
چیزی (ہ) اسم مؤنث) بچے) شیرینی۔ مٹھائی۔ خوش ذائقہ شے۔
چیز نہ رکھی اپنی چوروں گالی دے خود حفاظت نہ کی چور کی کیا خطا۔ قصور۔
چیس (ہ) اسم مؤنث) درد۔ پیڑ۔ ٹیس۔
چیستان (ف) اسم مؤنث) پہیلی۔ بجھارت۔ معما۔
چیف (Chief) ا۔ ند) افضل۔ اعلیٰ۔ بڑا سردار۔
چیف جسٹس (Chief Justice) اسم مذکر) اعلیٰ جج صدر الصدور۔ بڑا جج
چیف کورٹ (Chief Court) اسم مذکر) عدالت عالیہ۔ بڑی کچہری۔
چیفس کالج (Chiefs College) انگ۔ اسم مذکر) امرا و نواب زادوں کی تعلیم گاہ۔ بڑے بڑے امیروں کے بچوں کے پڑھنے کا مدرسہ۔
چیف منسٹر (Chief Minister) وزیر اعظم۔
چیکٹ (ہ) اسم مذکر) تیل کا۔ چراغ کی گاد۔ تیل کے باعث سیاہ اور چکتی ہوئی مٹی (بحالت صفت) کالا کلوٹا۔
چیکٹ اتروائی (ہ) وہ جوڑا جو بہن کی بیٹی کی شادی کے دوسرے دن بہن کے پہلے کپڑے اتروا کر بھائی کی طرف سے پہنایا جاتا ہے۔
چیل (ہ) اسم مؤنث) رخن۔ ایک تنکرے اور بازی کی قسم کے پرندے کا نام ہے۔
چیل انڈا چھوڑتی ہے ایسی گرمی ہے کہ اس کی تاب نہ لا کر چیل انڈا سوتے سیتے چھوڑ بھاگتی ہے۔
چیل جھپٹا (ہ) اسم مذکر) چیل کی طرح کسی چیز کو اچک لے جانا۔
چیل چلھور (ہ) اسم مؤنث) چیل کو بلا کر گوشت کھلانے کی آواز۔ بچوں کے ایک کھیل کا نام۔
چیل کا بچھا (ہ) چیل کا بچہ۔ احمق۔
چیل کی طرح منڈلاتے پھرنا: کمال خواہش ہونا۔ کسی چیز کی خواہش میں بے تاب ہونا۔
چیل کا موت (ہ) عفاریت۔
چیل کے گھونسلے میں ماس کہاں (ہ) کہاوت) فضول خرچ کے پاس روپیہ کہاں۔
چیلا (ہ) اسم مذکر) جلانے کی لکڑی کا ٹکڑا۔
چیلا (ہ) اسم مذکر۔ جائے مجہول) مرید۔ پیرو۔ غلام۔ داس۔ خدمتی۔ خادم۔ ٹہلوا۔ ٹہل کرنے والا۔ درویشوں کا خادم۔
چیلی (مو) مریدنی۔ داسی۔ خدمت گار عورت۔
چیلک (ہ) مو) نظری کرنے کی علامت۔ وہ نشان جو کسی لفظ وغیرہ کے ناپسند ہونے پر اور نظری کرنے کی یادداشت کے لئے بناتے ہیں۔
چیلو (ہ) اسم مذکر) زرد آلو۔ آڑو سے مشابہ ایک پہاڑی میوہ۔
چیلھڑ (ہ۔ مو) چیلوا۔
چیلنج (انگ۔ ند۔ Challenge) مقابلہ کی دعوت دینا۔
چیلی چاپڑ (د) مرید۔ شاگرد۔ معتقد۔
چیلوں کو دینا (ہ محاورہ) (عورتیں) نہایت غصے کے باعث مجرم کا گوشت کاٹ کر چیلوں کو کھلانا۔ بڑی تکلیف سے مارنا۔ اظہار غیظ و غضب سخت کرنا۔
چیمبر آف کامرس (Chamber of Commerce) بڑے تاجروں کی غلہ۔
چین (Chain) زنجیر۔ لڑی۔ گھڑی کی زنجیر۔
چین (ہ) اسم مذکر) آرام۔ سکھ۔ راحت۔ کل۔ آسودگی۔ عیش۔ اطمینان۔
چین (ف) اسم مؤنث) بل۔ سلوٹ۔ یکن۔ جھری۔ چنت۔
چین ابرو۔ یا۔ چیں بہ جبیں ہونا (ہ محاورہ) ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ تیوری چڑھانا۔ تیوری پر بل ڈالنا۔ ترشرو ہونا۔
چیں (ہ) اسم مؤنث۔ صوت) چڑیا کی آواز۔
چیں بولنا (محاورہ) عاجز ہونا۔ ہار ماننا۔ شکست کھانا۔ مات کھانا۔
چیں چیڑ کرنا (ہ) فعل) تکرار کرنا۔ جھگڑا کرنا۔
چیں چیں (ہ) اسم مؤنث) غل۔ شور۔ چوں چوں۔ تکرار لفظی۔ بحث مباحثہ پرندوں خصوصاً چڑیا یا اس کے بچے کے پکڑا جانے کے وقت رونے کی آواز۔
چیں چیں کرنا (ہ محاورہ) غل مچانا۔ رونا۔ تکرار کرنا۔

چیل



ح (ج۔اسم مونث) عربی کا چھٹا، فارسی کا آٹھواں اور ا، ب، ت کا نواں حرف ہے۔ حساب جمل یا ابجد میں اس کے عدد آٹھ شمار کیے جاتے ہیں۔ جائے حطی کے نام سے بھی موسوم ہے۔

ح - ا

حاتم (ع۔اسم مذکر) حاتم طائی۔ ملک عرب کے صوبہ یمن کے قبیلہ طے میں ایک نہایت فیاض اور سخی ہو گزرا ہے۔ مجازاً ہر سخی کریم۔ فیاض۔ عالی حوصلہ اور بہادر شخص کی صفت میں آتا ہے۔

حاتم کی گور پر لات مارنا (اُر۔محاورہ) نہایت۔ سخاوت کرنا۔ حاتم کو بھی سے اتفاقیہ سخاوت ہو جانا۔

حاجب (ع۔مذ) پردہ دار۔ دربان۔ نگہبان۔ ڈیوڑھی پر رہنے والا افسر یا محافظ۔ پاسبان۔ داروغہ، محل سرا۔

حاجت (ع۔اسم مونث) چاہ۔ ضرورت، اُمید۔ خواہش۔ آرزو۔ غرض مطلب۔ التجا۔

حاجت رفع کرنا (اُر۔محاورہ) ضرورت پوری کرنا۔ مطلب نکالنا۔ پہنچانے جانا۔

حاجت روا کرنا۔ حاجت روائی کرنا (اُر۔محاورہ) کسی کی ضرورت پوری کر دینا۔ مطلب برآری کرنا۔ کسی کا کام پورا کر دینا۔

حاجت مشاطہ نیست روئے دلآرام را حقیقی وصف کو نمائش اور تصنع کی ضرورت نہیں ہے۔

حاجت مند (ف۔اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) مراد مند۔ خواہاں، ضرورت والا۔ غرض مند۔ غریب۔ محتاج۔ مفلس۔ کنگال۔

حاجتی (اللہ ہو۔بیائے نسبتی) غریب۔ محتاج۔ ضرورت والا۔ وہ برتن جو بیمار کے پیشاب، پاخانہ لینے کے لیے ہوتا ہے۔ تاکہ بیمار کو اٹھنے بیٹھنے کی تکلیف نہ ہو۔

حاجی (ع۔مذ۔فاعل) حج کرنے والا۔ وہ شخص جو بیت اللہ کا حج کر آیا ہو۔

حاجی الحرمین (ع۔مذ) مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ۔ دونوں جگہ کا حاجی۔ پورا حاجی۔

حادث (ع۔مذ۔فاعل) نو پیدا شدہ۔ نیا۔ فنا ہونے والا۔ زوال پذیر۔ قدیم کی ضد۔ مخلوق سے مراد ہے۔

حادثہ (ع۔مذ۔بیائے تانیث) نئی بات۔ واردات۔ وقوعہ۔ صدمہ۔ سانحہ۔ دردناک واقعہ۔ گردش زمانہ۔

حادہ (ع۔اسم مذکر بہ ترکیب وصفی) وہ زاویہ جو قائمہ سے چھوٹا ہو۔ منفرجہ کی ضد۔

حاذق (ع۔مذ۔فاعل) دانا۔ کامل۔ ماہر۔ زیرک۔ اپنے فن میں یکتا۔ اُستاد تجربہ کار (حکیم کی صفت میں آتا ہے)۔

حارّ (ع۔ا۔صفت) حرارت رکھنے والا۔ گرم۔ گرمی کرنے والا۔

حاروتی (اللہ۔اسم صفت) سرکش۔ دنگئی شریر۔ نافرمان۔

حارح (اللہ۔مذ۔فاعل) جرح کرنے والا۔ مزاحم۔ سدِّ راہ ہونے والا۔ معترض

حاسد (ع۔اسم مذکر۔فاعل) حسد کرنے والا۔ دشمن۔ بدخواہ۔ سرکش کینہ ور۔

حاشہ (ع) محسوس کرنے کی قوت۔ جمع حواس۔

حاشا (ع) حرف تردید و انکار۔ ہرگز نہیں۔ بناہ۔ الامان (استثنا)۔

حاشا باللہ۔ حاشا للہ۔ یا حاشا رحمان۔ (ع) کلمۂ انکار۔ لغوی معنی خدا اس کام سے دُور رہے۔ اصطلاحی۔ خدا کی پناہ۔ خدا نہ کرے۔ ہرگز نہیں ہم کبھی نہ کریں گے۔ قسم کھانے اور لاعلمی کے مواقع پر بولتے ہیں۔

حاشا وکلا (ع) حرف تردید۔ قسمیہ۔ انکار کے وقت بولا کرتے ہیں۔ اور عدم واقفیت اور لاعلمی کے موقعہ پر بھی۔ ہرگز نہیں۔

حاشیہ (ع۔مذ) کنارہ۔ سنجاف۔ گوٹ۔ شرح جو کسی کتاب کے متن کے باہر لکھی جاوے۔ نوٹ۔ فٹ نوٹ۔

حاشیہ چڑھانا (ہ۔محاورہ) گوٹ لگانا۔ کسی کتاب پر شرح یا تفسیر لکھنا۔ بات بڑھانا۔ مبالغہ سے بیان کرنا۔ اپنی طرف سے نمک مرچ لگانا۔

حاشیہ چھوڑنا (اُر۔محاورہ) حاروں طرف سے کاغذ چھوڑ دینا۔ گردہ چھوڑنا۔ متن کے چاروں طرف گنجائش رکھ دینا۔

حاشیہ لکھنا: حاشیہ چڑھانا۔ سبقت لے جانا۔ اضافہ کرنا۔

حاشیہ نشین (مذ) مصاحب۔ پاس اٹھنے بیٹھنے والا۔

حاشیے کا گواہ (مذ) وہ شخص جس نے بطور گواہ کسی دستاویز کے کنارے پر دستخط کیے ہوں۔

حاصل (ع۔مذ۔فاعل) کسی چیز کا نتیجہ۔ بقیہ۔ نقدی۔ آمدنی۔ محصول۔ بکری۔ پیداواری۔ منافع۔ فائدہ۔ پھل۔ مطلب۔ نتیجہ۔ خلاصہ۔ فصل کی پیداوار۔

حاصل تفریق (ع۔مذ) وہ رقم جو منہا کرنے کے بعد باقی رہے۔

حاصل تقسیم (ع۔مذ) خارج قسمت۔ وہ رقم جو تقسیم کر کے حاصل ہو۔

حاصل جمع (ع۔مذ) میزان۔ مجموعہ۔ ٹوٹل۔

حاصل ضرب (ع۔مذ) وہ رقم جو ضرب دینے سے حاصل ہو۔

حاصل کرنا (ک۔فعل) پانا۔ بہم پہنچانا۔ کمانا۔ کھٹنا۔ پیدا کرنا۔ جمع کرنا۔

حاصل کلام (ع۔تابع فعل) القصہ۔ الغرض۔ خلاصہ کلام۔ خلاصہ مطلب

حاصل مصدر۔ مصدر کے معنوں کی کیفیت یا اثر۔ مثلاً ہنسنا کا حاصل مصدر ہنسی۔ گھبرانا کا گھبراہٹ وغیرہ۔

حاصل نہ حصول (اُر۔مذ) لغو۔ بے فائدہ۔ فضول۔ کام نہ کاج۔

حاصل ہونا (اُر۔فعل) پانا۔ وصول ہونا۔ ہاتھ لگنا۔ فائدہ ہونا۔

حاضر (ع۔مذ۔فاعل) سامنے۔ پیش۔ رو۔ سنمکھ۔ موجود۔ تیار۔ آمادہ۔

حاضر باش (ف۔فاعل ترکیبی) موجود۔ رہنے والا۔

حاضر باشی (ف۔اسم مونث بیائے مصدری) موجود رہنا۔ حاضر رہنا۔

حاضر جواب (ع۔اسم صفت۔ بہ ترکیب فاعلی) فوراً جواب دینے والا۔ بات سمجھنے ہی۔ معقول جواب دینے والا۔

حاضر رہنا (اُر۔فعل) پاس رہنا۔ کھڑا رہنا۔ موجود رہنا۔

حاضر ضامنی (اسم مونث۔ اُر) کسی شخص کو عدالت میں موجود کر دینے کی ضمانت۔

حاضر کرنا (اُر۔فعل) بلا کر لانا۔ موجود کرنا۔ دینا۔ سامنے دھرنا۔

حاضر میں حجت نہیں غیب کی تلاش نہیں (اُر۔کہاوت) جو موجود ہے وہ لیجئے آپ کی نذر ہے۔ لا کر دینے کا وعدہ و اقرار نہیں۔

حاضر ناظر۔ موجود اور دیکھنے والا۔

حاضر ہونا (اُر۔فعل) موجود ہونا۔ سامنے ہونا۔ آنا۔

حاضرات (ک۔اسم مونث) بھوت پریت اور بدروحوں کے جمع کرنے کا جلسہ جو عامل لوگ کیا کرتے ہیں۔

حاضرات کرنا (اُر۔فعل)۔ بھوتوں وغیرہ کو بلا کر کسی پوشیدہ بات یا حال کو دریافت کرنا۔

حاضری (ع۔اسم مونث بیائے مصدری) حاضر ہونا۔ موجودگی۔ بھتی یعنی وہ کڑوا کھانا یا نقد روپیہ جو میت والوں کو رشتہ داروں کی طرف سے دیا جائے۔ انگریزوں کا صبح کا کھانا یا ناشتہ۔ کباب۔ شیرمال۔ حلوہ وغیرہ شہدائے کربلا یا حضرت عباسؓ کی فاتحہ کا کھانا۔

حاضری لگانا (اُر۔فعل) گننا۔ شمار کرنا۔ موجودات لینا۔ جائزہ لینا۔

حاضری دینا (اُر۔فعل) صاحب لوگوں کو صبح کا کھانا کھلانا۔ میت کے گھر کچھ نقدی یا کھانا دینا۔ موجودات دینا۔

حاضری کھانا (اُر۔فعل) ناشتہ کھانا۔ صبح کا کھانا۔ ملوے مرگ کھانا۔

حاطہ (اُر۔مذ) دیواروں میں گھری ہوئی جگہ (اصل لفظ احاطہ ہے)

حافظ (ع۔اسم مذکر فاعل) حفاظت کرنے والا۔ محافظ۔ نگہبان۔ خبرگیر۔ قرآن شریف از بر رکھنے والا۔ اندھوں کا لقب۔ اندھا۔ سور داس۔

حاضری اصالتاً (مو) خود عدالت میں حاضر ہونا۔

حافظ حقیقی (ع۔اسم مذکر) اصلی نگہبان۔ خدا تعالےٰ

حافظہ (ع۔اسم مذکر) یاد رکھنے کی قوت یادداشت۔ افعالِ حس کو دماغ میں محفوظ رکھنے کی قوت۔

حاکم (ع۔اسم مذکر۔ فاعل) حکومت کرنے والا۔ سردار۔ فرمانروا۔ بادشاہ۔ آقا۔ ملک۔ نمبردار۔ زمیندار۔

حاکم بالا (عف) اسم مذکر۔ خدا۔ خداوند تعالےٰ۔ بڑا حاکم۔ اللہ جل۔

حاکم اعلیٰ (ع۔اسم مذکر) بڑا حاکم۔ اعلیٰ افسر۔ بادشاہ۔ راجہ۔

حاکم جوں کا بُرا ہوتا ہے: حاکم کتنا ہی کمزور ہو مگر زبردست ہوتا ہے۔

حاکم کی آنکھ نہیں ہوتی کان ہوتے ہیں۔ افسر خوشامدیوں کی رائے پر عمل کرتے ہیں خود سوچ بچار نہیں کرتے۔

حاکم کے تین شخصے کے نو۔ چپڑاسی کا حق افسر سے زیادہ ہوتا ہے۔ کہ ہر روز اس سے سابقہ پڑتا ہے۔

حاکم ہارے منہ پر مارے۔ افسر کی ہار بھی جیت ہے۔

حاکم وقت (ع۔اسم مذکر) موجودہ وقت کا حاکم۔ فرمانروائے حال۔

حاکمانہ (عف۔اسم صفت) حاکم کے طور پر۔ مثل حاکم (انہ حرف تشبیہ کے لیے)۔

حاکمی (اُر۔اسم صفت) بیائے مصدری۔ حکومت۔ بادشاہی۔ سرداری۔ چودھرایت۔

حال (اسم مذکر ع) موجودہ زمانہ۔ موجودہ وقت۔ کیفیت۔ حالت۔ گت۔ حیثیت۔ طریقہ۔ طور۔ ڈھنگ۔ جذبہ۔ محبت الٰہی کا جوش۔ ذکر۔ احوال۔ طاقت۔ تاب و تواں۔ اب۔ اس وقت۔ فی الحال۔

حال آبادی (مو) جو زمین ابھی مزروعہ بنائی گئی ہو۔ جو آبادی ابھی ہوئی ہو۔

حال آنا (اُر۔فعل) وجد آنا۔ رقت طاری ہونا۔ کیفیت ہونا۔

حال آنکہ۔ یا حالانکہ (عف۔تابع فعل) باوجودیکہ۔ درحالیکہ۔

حال سے بے حال ہونا (اُر۔فعل) حالت بگڑنا۔ اچھی حالت سے بری ہو جانا۔ حیثیت بگڑنا۔

حال کھل جانا (اُر۔فعل) بھید یا راز کا ظاہر ہونا۔ قلعی کھل جانا۔ گت بننا۔ سزا پا جانا۔

حال کھیلنا۔ (اُر۔فعل)۔ وجد میں آنا۔ راگ سن کر ہوق کرنا۔ تڑپنے لگنا

حال و قال۔ بے خودی۔ بیان عشق

حال کا نہ قال کا۔ روٹی چمچے دال کا۔ نکمے کی نسبت بولتے ہیں۔

حال میں قال دہی میں موسل۔ بے محل دخل در معقولات کرنے کی نسبت بولتے ہیں۔

حال گیا احوال گیا دل کا نہ خیال گیا۔ (اُر۔مثل) حالت خراب ہو گئی۔ برباد ہو گئے مگر بدعادت نہ چھوٹی

حالات (ع۔اسم مذکر) حال کی جمع ہے۔

حالت (ع۔اسم مونث) جان۔ طاقت۔ سہارا۔ گت۔ درجہ۔ کیفیت۔ چگونگی۔

حالتِ موجودہ (عف۔اسم مونث) اس وقت کی کیفیت۔ اب کی حالت۔

حالتِ نزع۔ (ع۔اسم مونث) جان توڑنے کی کیفیت۔ جان کنی کا وقت

حالی (ع۔اسم مذکر بیائے نسبتی) اسعدی ہند خواجہ الطاف حسین رئیس پانی پت کا تخلص ہے جنہوں نے نیچرل شاعری کی بنیاد ڈالی۔ حال کا۔ وقتی۔ سکۂ رائج الوقت۔

حالی موالی ۔ساتھی۔ ہم نشین۔ ہم صحبت۔

حامد ۔ تعریف کرنے والا۔ حمد کرنے والا۔

حامض ۔کھٹا۔ ترش۔

حامل (ع۔اسم مذکر فاعل) بوجھ اٹھانے والا۔ کوئی چیز اٹھا کر لے جانے والا۔ جیسے حامل رقعہ۔ حامل وحی۔

حاملہ (ع۔اسم مؤنث فاعل) پیٹ والی عورت۔ باردار۔ پیٹ میں بچہ والی عورت۔

حامی (ع۔اسم مذکر فاعل) حمایت کرنے والا۔ مددگار۔ معاون۔ نگراں۔ نگہبان۔

حامی بھرنا (اُرد۔فعل) اقرار کرنا۔ وعدہ دینا۔ ارادہ کرنا۔ ہمت کرنا دلاسا دینا۔ طاقت دینا۔

حامی کار (اُرد۔اسم مذکر) کسی کام کا مددگار۔ حمایتی۔ اقرار کرنے والا۔

حاوی (ع۔اسم مذکر۔فاعل) گھیرنے والا۔ ہونے والا۔ عائد۔ قابو کرنے والا۔ کسی فن میں کامل۔ ماہر جیسے یہ کلرک افسر پر حاوی ہے۔ چھا جانے والا۔

حائل (ع۔اسم مذکر۔فاعل) بیچ میں آنے والا۔ روکنے والا۔ آڑ۔ منع کرنے والا۔ مانع۔ باز رکھنے والا۔

ح - ب

حُبّ (ع۔اسم مؤنث۔) پیار۔ اُنس۔ محبت۔ پریم۔ پریت۔ آشنائی۔ دوستی۔ توفیق۔ مرضی۔ آرزو۔

حُبّ الوطن (ع۔اسم مؤنث) وطن کی محبت۔

حُبّ کا عمل (اُرد۔اسم مذکر) وہ عمل یا منتر جس سے باہم اُلفت و محبت پیدا ہو جائے۔ موہنی منتر۔

حَبّ ۔(ع۔اسم مذکر و مونث) دوا کی گولی۔ دانہ۔ تخم۔ بیج۔

حباب ۔(ع۔اسم مذکر) پانی کا بُلبُلا۔ ہاتھ میں پہننے کا ایک زیور بھی ہے۔ روشنی کے باریک کنول۔ شیشے کے گولے۔ ناپائیدار چیز۔

حباب آسا۔ یا۔ حباب سا (اُرد۔اسم صفت) ناپائیدار۔ فانی باریک۔ پتلا۔ ذراسا۔ تاؤ بھاؤ۔

حَبیذہ (مونث) کلمہ تحسین و آفرین۔

حَبس (ع۔اسم مذکر) بند۔ قید۔ قید خانہ۔ زندان۔ امس۔ گھومن۔ گھٹاؤ۔

حَبس بے جا (عف۔تابع فعل) ناجائز بندش۔ کسی کو زبردستی مکان میں بند کرنا۔ جو قانوناً جُرم ہے۔

حَبسِ دوام (عف۔اسم مذکر)۔ دمہ۔ ضیق النفس۔ دم روکنا۔ دم کو قابو کرنا۔ ہندو فقراء کا ایک عمل ہے۔ عمر قید۔

حبسِ دوام بعبور دریائے شور (عف۔اسم مذکر) ہمیشہ کی قید۔ ساری عمر کی قید جو کالے پانی جا کر بھگتنی پڑتی تھی۔

حبش (ع۔اسم مذکر) حبشیوں کا ملک۔ زنجبار۔ سوڈان۔ افریقہ کا ملک

حبشن (ع۔اسم مونث) حبش کی رہنے والی عورت۔ شاہی محل کی چوکیدارنی کالی کلوٹی۔

حبشی (ع۔اسم مذکر۔ بیائے نسبت) حبش کا رہنے والا۔ زنگی۔ کالا آدمی یا غلام۔ سیاہ۔ کالا کلوٹا۔

حبشی سوہن حلوا (اُرد۔اسم مذکر)۔ ایک طرح کا سیاہ رنگ کا سوہن حلوا۔

حَبل المتین (مونث) مضبوط رسّی۔ محکم وسیلہ۔ معتبر ذریعہ۔

حَبل الورید (مونث) شاہ رگ۔

حُبُوب (ع۔اسم مذکر)۔ حَب کی جمع ہے۔ بمعنی دانے۔ گولیاں۔

حَبّہ (ع۔اسم مذکر) غلہ کا دانہ۔ دانہ۔ ذرا ذرا سا۔ مقدار قلیل۔ رتی۔

حَبّہ بھر (اُرد۔اسم صفت) چاول جتنا۔ ذرا سا۔ رتی بھر۔

حَبیب (ع۔اسم مذکر) بمعنی محبوب۔ پیارا۔ دوست۔ معشوق۔ پریم۔

ح - ت

حتیٰ ۔(ع۔حرف عطف) یہاں تک۔ اس قدر۔ جہاں تک۔ جب تک

حتیٰ المقدور۔ حتیٰ الامکان۔ حتیٰ الوسع (ع۔تابع فعل) مقدور بھر۔ جہاں تک طاقت ہے۔ جہاں تک ممکن ہے۔ تا بمقدور

حتمی (مضبوط۔ مستحکم۔ مصمم۔

ح - ج

حج (ع۔اسم مذکر۔) لُغت میں ارادہ کرنا۔ اصطلاح میں کعبہ کے طواف کا عبادت کی نیت سے ارادہ کرنا اور شرائط طواف ادا کرنا۔ نویں ذی الحج کو مقام عرفات میں پہنچنا۔

حج اکبر (ع۔اسم مذکر) بڑا حج۔ وہ حج جو جمعہ کے دن ہو۔ اس کے علاوہ باقی ایام کے حج، حج اصغر کہلاتے ہیں۔

حج کرنا (اُرد۔فعل) بہ نیت عبادت با شرائط مقررہ خانہ کعبہ کا طواف کرنا۔

حج کا حج بنج کا بنج (مثل) نیک کام بھی اور نفع بھی۔
حج کا سا ارادہ (معمولی ساخیال)۔
حجاب (ا۔ اسم مذکر) پردہ۔ اوٹ۔ آڑ۔ چلمن۔ شرم وحیا۔ لاج۔ لحاظ۔
حجاب اُٹھنا۔ حجاب ٹوٹنا (ا۔ فعل) لاج نہ رہنا۔ شرم اُٹھنا۔ پردہ دور ہونا۔ روک نہ ہونا۔
حجاب آنا۔ شرم آنا۔
حجاب کرنا۔ شرم لحاظ کرنا۔ پردہ کرنا۔
حُجّاج (مذ) حاج کی جمع۔ حاجی لوگ
حجام (ع۔ اسم مذکر) نائی۔ موتراشس۔ بال مونڈنے والا۔ اُستاد۔ خلیفہ۔

حجام

حجّام کے آگے سب کا سر جھکتا ہے۔ بعض کام ہر شخص کو مجبوراً کرنے پڑتے ہیں۔
حُجامت (ہ۔ اسم مونث) بال کٹنے۔ مونڈنے۔ درستی خط۔ سر مونڈنا۔
حجامت بنانا۔ (اُ۔ محاورہ) سر مونڈنا۔ ٹھکنا۔ لوٹ لینا۔
حجامت بننا۔ (اُ۔ محاورہ) سر منڈنا۔ ٹھکائی کھا جانا۔ لٹ جانا۔
حجّامی۔ (ع۔ اسم مونث) بال مونڈنے کا کام۔ پیشۂ حجامت سازی سر مونڈنے کا کام۔
حُجّت (ع۔ اسم مونث) بحث۔ تکرار۔ جھگڑا۔ دلیل وبرہان۔
حجت کرنا (لہ فعل) بحث کرنا۔ لڑنا۔ جھگڑنا۔ تکرار کرنا۔
حجت نکالنا۔ (لہ فعل) اعتراض کرنا۔
حجتی۔ (اُ۔ اسم صفت بیائے فاعلیت) جھگڑالو۔ جھگی۔ تکرار کرنے والا۔
حجَر (ع۔ اسم مذکر) پتھر۔ سنگ۔
حجر اسود (ع۔ اسم مذکر) ایک مقدس پتھر کا نام جس کو حج کا طواف کرتے وقت اہل اسلام بوسہ دیتے ہیں۔ کیونکہ یہ حضرت آدمؑ کی یادگار ہے۔ اس پتھر کا رنگ سیاہ ہے۔
حُجرہ (ع۔ اسم مذکر) کوٹھڑی۔ مسجد کی کوٹھڑی۔ علیحدہ بیٹھ کر یادخدا کرنے کا خلوت خانہ۔
حُجرہ بھی حجرہ بھی۔ تنہائی وبے گانگی کے ساتھ عزت۔
حجم۔ (ع۔ اسم مذکر) موٹائی۔ جسامت۔ ضخامت۔

ح - د

حَدّ (ع۔ اسم مونث) کنارہ۔ سرحد۔ انتہا جیسے حد ہوگئی۔ تعریف۔ اقلیدس کے مقررہ اصول۔ شرعی اصطلاح میں مجرم کی سزا۔ روانہ ہونے کی جگہ۔ احاطہ۔ گھیرا۔ باڑا۔ بہت۔ بسیار۔ نہایت۔
حدّ باندھنا۔ یا۔ حدبست کرنا۔ (اُ۔ فعل) حدبندی کرنا۔ سرحد معین کرنا یا مقرر کرنا۔
حدّ بلوغ (مو) بالغ ہونے کی عمر۔
حدّ بلوغ کو پہنچنا۔ حدّ بلوغت کو پہنچنا (لہ فعل) جوان ہونا۔ جوانی کو پہنچ جانا۔ سیانا ہونا۔ بالغ ہونا۔
حدّ سے بڑھنا۔ (اُ۔ محاورہ)۔ اپنی حیثیت سے باہر کام کرنا۔ ساکھ سے باہر ہونا۔
حدّ جاری کرنا۔ یا ہونا۔ شرعی سزا۔
حدّ سے زیادہ۔ یا۔ بڑھکر۔ (اسم صفت)۔ ات گت۔ بہت ہی نہایت ہی۔ انتہا سے زیادہ۔ بے انتہا۔
حدّ فاصل۔ دو چیزوں کو جدا کرنا۔
حدّ کا درجہ۔ (اُ۔ اسم مذکر) انتہائی درجہ۔ آخری درجہ۔ زیادہ سے زیادہ۔
حدّ کرنا (اُ۔ محاورہ)۔ ایسی بات کرنا جس سے زیادہ بالکل ناممکن ہو۔
حدّ کے اندر (اُ۔ تابع فعل) بگڑیں۔ سرحدیں۔ احاطہ میں۔
حدّ نہ رہنا۔ (لہ فعل) انتہا ہوجانا۔ آخری درجہ ہونا۔ انتہا نہ رہنا۔
حداثتِ سن: (مو) لڑکپن۔ بچپن۔ نوجوانی۔
حداد: جیل کا داروغہ۔ لوہا۔
حِدّت: (مو) تیزی۔ تندی۔ گرمی۔
حدیث: (مذ) وضو ٹوٹ جانا۔
حدقہ۔ (مذ) آنکھ کا حلقہ۔
حُدوث (مذ) نیا پیدا ہونا۔ (قدیم کی ضد)۔
حُدود: (ع۔ اسم مؤنث) حد کی جمع (لکھنؤ میں مذکر اور دہلی میں مونث)
حُدودِ اربعہ: (ع۔ اسم مؤنث) چاروں طرفیں۔ چاروں سمتیں یعنی شمال جنوب۔ مشرق۔ مغرب۔
حدود شرعی۔ شرعی سزائیں۔
حدیث (ع۔ اسم مؤنث) نئی بات۔ مجاز آبات۔ کلام۔ گفتگو۔ رسول مقبولؐ کے قول وفعل کی خبر۔ ذکر۔ بیان۔ حکایت۔ خبر۔ پیغام تواریخ۔
حدیث سمجھنا۔ بالکل سچ سمجھنا۔
حدیث کھینچنا۔ (اُ۔ محاورہ) توبہ کرنا۔ عہد کرنا۔ تارک ہونا۔ اقرار کرنا۔
حدید۔ لوہا۔
حدیقہ (ع۔ اسم مذکر) باغ کی چاردیواری۔ حدود چمن۔ حکیم ثنائی کی مثنوی کا نام بھی۔
حدائق (ع) جمع حدیقہ

ح - ذ

حذاقت - (مو) دانائی - مہارت - زیرکی ۔
حَذَر (ع - اسم مذکر) ڈر - خوف - پرہیز - انکار - پناہ - بچاؤ - اجتناب
حَذف (ع - اسم مذکر) نکالنا - الگ کرنا - دُور کرنا - لفظ سے حرف یا عبارت سے لفظ کٹ دینا - جیسے بیچارہ سے بچارہ ۔
حذف کرنا - (اُرد - فعل) کم کرنا - نکال ڈالنا ۔

ح - ر

حُرّ (مذ) آزاد - جمع احرار جو کسی کا غلام نہ ہو ۔
حِرا (ع - موم) مکہ کے قریب مشہور پہاڑ جہاں پیغمبر خدا صلعم عبادت کرتے تھے - وہاں پر پہلے پہل آپ پر وحی نازل ہوئی تھی ۔
حَرارَت - (ع - اسم مونث) گرمی - تسخیر - جوش - غصہ - کرودھ - بخار - تپ - حدت ۔
حرارت غریبی (ع - ا - مو) بیرونی حرارت، غیر طبعی حرارت ۔
حرارت ہو جانا ہلکا بخار ہو جانا، جسم گرم ہو جانا ۔
حرارت دین - (ع - اسم مونث) - دینی جوش - مذہبی تیزی ۔
حرارت غریزی - (ع - اسم مونث) فطری گرمی - اصل حرارت - جسم کی وہ حرارت - جس پر انسانی زندگی کا دار و مدار ۔
حرارہ (اسم مذکر - ع) تیزی - تُندی - غضب یا شوق کا غلبہ - جوش - گرمی ۔
حرارہ لانا - یا - لینا - (اُرد - فعل) خفگی دکھانا - غصہ ظاہر کرنا - زور دکھانا - تیزی دکھانا ۔
حِراسَت (لا - اسم مؤنث) - نگہبانی - سپردگی - نگرانی - حوالات ۔
حِراسَت میں رہنا - حوالات میں رہنا - نگہبانی میں رہنا ۔
حَراف (ع - اسم صفت) - باتونی - مکار - فریبی - گستاخ - عیار معشوق - چالاک عورت ۔
حَرافہ (لک) حرّاف - (عو) گالی ۔
حَرام - (ع - اسم صفت) خلاف شرع - ناجائز - غیر مباح - ناپاک - پلید - نجس - بدکاری - زنا - چھنالا ۔
حرام خور - حرام کھانا - (عف - اسم مذکر فاعل) مُردار کھانے والا - نمک حرام - مُفت خور - رشوت خور - بے وفا - بے مروت بے دیدہ ۔
حرام چالیس گھڑے کر ڈوبتا ہے - بدکاری کا اثر دُور دُور تک پہنچتا ہے ۔
حرام خوری (عف - اسم مونث بیائے مصدری) نمک حرامی - بے مروتی - بے وفائی - بدذاتی ۔
حرام زادہ - حرام کا - (عف - اسم مذکر - مفعول) وہ شخص جو بے نکاح پیدا ہوا ہو - ولدالزنا - (حالت صفت) فسادی - شریر - دنگئی - بدذات ۔
حرام زادی - (عف - اسم مونث بیائے تانیث) وہ عورت جو ماں سے پیدا ہو گئی ہو - مجازاً - شریر - بدذات - چالاک - فتنہ پرور ۔
حرام زادے کی رسّی دراز ہے - بدکار جلدی نہیں مرتا - بدکاری کی سزا مل کر رہتی ہے - مگر دیر میں ۔
حرام کار (عف - اسم مذکر - فاعل جار) - بدکار - زناکار - زانی ۔
حرامکاری - (عف - اسم مونث بیائے مصدری) جاری) زنا زناکاری - بدکاری ۔
حرام کا مال - (اُرد - اسم مذکر) ناجائز مال - رشوت یا حرام کی کمائی - مُفت کا مال ۔
حرام کر دینا - (اُرد - محاورہ) بدمزہ کر دینا - بے کر دینا - تلخ کر دینا ۔
حرام کا مال گلے میں اٹکے - ناجائز کمائی بُری طرح ضائع ہوتی ہے ۔
حرام کرنا - (لا - فعل) زنا کرنا - بدکاری کرنا - جاری کرنا ۔
حرام مغز (عف - اسم مذکر) ریڑھ کی ہڈی - یا پیٹھ کے مہروں کے اندر کا گودا جس کا کھانا ناجائز ہے ۔
حرام کر دینا - ناگوار کر دینا - تلخ کر دینا ۔
حرام کو ٹھے پر پکارتا ہے - بُری بات اپنے آپ شہرت پا جاتی ہے ۔
حرام موت مرنا - (اُرد - محاورہ) خودکشی کرنا - بن آئی مرنا - زہر کھا کر یا کسی اور طرح اپنی جان دے دینا جو جائز نہیں ۔
حرام ہونا - دشوار ہونا - ناجائز ہونا - جیسے ان مصائب و آلام نے زندگی حرام کر دی ہے ۔
حرام ہو جانا (اُرد - محاورہ) تلخ ہونا - ناگوار ہونا ۔
حرامی (ع - اسم مذکر - بیائے نسبت) چور - وزد (بحالت صفت) شریر - حرام زادہ - بدذات - حرام کا جنا ہوا - ولدالزنا ۔
حرامی پلا (اُرد - اسم مذکر) حرام کا جنا - حرام کی اولاد - حرام کا بچہ - شریر - فسادی ۔
حرامی موت - (اُرد - اسم مذکر) ولدالزنا - لنطفہ حرام - شریر - فتنہ انگیز ۔
حرب - (مو) لڑائی - جنگ ۔
حِربا - (مذ) گرگٹ ۔
حَربہ - (ع - اسم مذکر) سلاح جنگ - ہتھیار - چڑھائی - دھاوا - جست - جھپٹا ۔
حَربہ کرنا - (اُرد - فعل) حملہ کرنا - دھاوا کرنا - وار کرنا - مارنے کا ارادہ کرنا ۔
حربے ضربے - (اُرد - تابع فعل) ہر دفعہ - ہر بار - بار بار - ہر گھڑی - ہر دم - ہر آن ۔

حرج (ع۔ اسم مذکر) سختی۔ تنگی۔ نقصان۔ دیر۔ کمی۔ وقفہ۔ تضیع اوقات۔

حرج مرج (ع۔ اسم مذکر) نفع نقصان۔ دیر سویر۔ دنگا فساد۔ بلوا بکھیڑا۔ (بڑی ح سے غلط ہے)

حرز۔ (ع۔ اسم مذکر) پناہ کی جگہ۔ ماوٰے۔ مامن۔ تعویز۔ جنتر گنڈا۔

حرص: (ع۔ اسم مونث) لالچ۔ طمع۔ لوبھ۔ آز۔ خواہش۔ رغبت آرزو۔ ہوس۔

حرصا حرصی۔ (اُر۔ تابع فعل) ریس۔ دیکھا دیکھی۔ دوسرے کو دیکھ کر آپ بھی وہی کام کرنا۔

حرصی۔ (اُر۔ اسم مذکر فاعل بیائے فاعلیت) لوبھی۔ لالچی۔ حریص طامع۔

حرف۔ (ع۔ اسم مذکر) لغوی کنارہ۔ طرف۔ دھار۔ پہاڑ کی چوٹی۔ اصطلاحی انچھر۔ زبان بننے کی آوازیں۔ مثلاً۔ الف۔ ب۔ ت وغیرہ۔ لفظیات۔ سخن۔ عیب۔ نقص۔ خرابی۔ طنز۔

حرف اٹھانا۔ (اُر۔ محاورہ) حرف کھرچ دینا۔ پڑھنا۔ شناخت کرنا۔ عیب دور کرنا۔

حرف آنا۔ (اُر۔ محاورہ) الزام لگنا۔ داغ لگنا۔ کچھ لکھنا پڑھنا آنا۔ حرف شناسی ہو جانا۔ حرفوں کا معلوم ہونا۔

حرف اٹھنا۔ مبتدی کو حرف کی شناخت ہونا۔ حرف کا مٹ جانا۔ جیسے اب تو کچھ کچھ آپ کے بچے سے حرف اٹھنے لگے۔

حرف بحرف۔ (ع۔ تابع فعل) لفظ بلفظ۔ ایک ایک حرف کر کے۔ بالکل۔ ہو بہو۔ حرفاً حرفاً

حرف بنانا (اُر۔ محاورہ) حرفوں کو درست کرنا۔ چھاپے کے پتھر پر حرف سنوارنا۔ حرف کھودنا۔ جعل سازی کرنا۔ خط بدل جانا

حرف پکڑنا۔ (اُر۔ محاورہ) غلطی پکڑنا۔ عیب نکالنا۔ بدر نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ ٹوکنا۔

حرف شناس۔ (عف۔ اسم مذکر۔ فاعل) حروف تہجی کو پہچاننے والا۔ ابجد خواں۔

حرف گیری۔ (عف۔ اسم مونث بیائے مصدری) عیب جوئی۔ نکتہ چینی۔ عیب گیری۔

حرف لانا۔ (اُر۔ محاورہ) الزام دھرنا۔ عیب رکھنا یا لگانا۔ نقص نکالنا۔

حرف نہ اٹھ سکنا (اُر۔ محاورہ) پڑھ نہ سکنا۔ مبتدی سے پڑھا نہ جانا۔ پڑھنے سے لاچار ہو جانا۔

حرفت۔ (ع۔ اسم مونث) پیشہ۔ کسب کاریگری۔ ہنر۔ گن۔ عیاری مکاری۔ چالاکی۔ ہتھکنڈا۔

حرفہ (ع۔ اسم مذکر) پیشہ۔ دستکاری۔ صنعت۔ کسب، ہنر۔ کاری گری۔

حرقت۔ (امو) سوزش۔ جلن۔

حرکت۔ (ع۔ اسم مونث) رفتار۔ چال۔ جنبش۔ ہلنا جلنا۔ مقابل سکون

بے قراری۔ اضطراب۔ اعراب یعنی۔ زیر زبر اور پیش۔ کرتب کام۔ فعل۔ عمل۔ کردار۔ نامناسب کام۔ ناپسندیدہ بات۔ خطا۔ قصور۔ پاپ۔ گناہ۔ جرم۔ عصیاں۔ نقصان۔ حرجہ۔ دیر وقفہ۔ روک۔ سفر۔ کوچ۔ چلت پھرت۔ آمد و رفت۔ جماع صحبت داری۔

حرکت دینا۔ (اُر۔ فعل) ہلانا۔ گردش دینا۔ جنبش دینا۔ زیر۔ زبر پیش دینا۔

حرکات۔ جمع حرکت۔ لکھنؤ میں مذکر دہلی میں مونث۔

حرکت کرنا۔ (اُر۔ فعل) چلنا پھرنا۔ ہلنا جلنا۔ جنبش کرنا۔ قصور کرنا۔ نامناسب کام کرنا۔ نقصان کرنا۔ ہرج کرنا۔ دیر کرنا۔ جماع کرنا۔ کوئی کام ایسا کرنا۔ جو شان کے خلاف ہو۔ وقفہ ہونا۔ ہلکا سا بخار ہونا۔ کسل ہونا۔

حرکت ہونا۔ قصور ہونا۔ ہلنا۔ دیر۔

حَرَم (ع۔ اسم مذکر) احاطہ۔ کعبہ شریف کی چار دیواری۔ گھر کی بیوی۔ شریف گھرانوں کی عورتیں۔ اندرون خانہ۔ (بصورت مؤنث) منکوحہ بیوی۔ بیوی بنائی ہوئی۔ کنیز یا باندی۔ لونڈی۔ باندی۔ خادمہ۔

حَرَم سرائے۔ (عف۔ اسم مونث ظرف) زنانخانہ۔ امرا کی بیگمات اور حرموں کے رہنے کا مکان۔

حرمان (مذ) ناامیدی۔ محرومی۔

حُرمت (ع۔ اسم مونث) آبرو۔ عزت۔ پت۔ بڑائی۔ توقیر۔ قدر و منزلت۔ شرعی اصطلاح۔ حرام ہونا۔ حلال کی ضد

حُرمت اُتارنا (اُر۔ محاورہ) دیکھو آبرو اُتارنا۔

حُرمت کرنا۔ (اُر۔ محاورہ) عزت کرنا۔ تعظیم و تکریم سے پیش آنا۔ آؤ بھگت کرنا۔ آدر کرنا۔

حُرمت لینا (اُر۔ محاورہ) آبرو لینا۔ عزت بگاڑنا۔ گستاخی کرنا۔

حُرمت والا۔ (اُر۔ اسم مذکر فاعل مفید صفت) معزز۔ ذی عزت عزت دار۔ شریف ساکھ والا۔ دیانت دار معتبر۔ رئیس۔

حَرَمزدگی (اُر۔ اسم مونث بیائے مصدری) شوخی۔ شرارت۔ بدذاتی۔ عیاری۔ چالاکی۔

حرمین شریفین۔ (مذ) کعبۃ اللہ اور جناب رسول مقبول کا روضہ مبارک مدینہ منورہ۔

حُروف۔ (ع۔ اسم مذکر) حرف کی جمع۔

حریر۔ (ع۔ اسم مذکر) ریشم کا کپڑا۔ ریشم۔ ریشمی کپڑا۔

حریرہ۔ (ع۔ اسم مذکر) کھانڈ اور میدے کو ملا کر پتلا سا بنا لیتے۔ لذیذ پینے کی چیز۔

حریری۔ (ع۔ اسم صفت) ریشم کا۔ ریشمیں۔ ریشمی۔ باریک اور دبلا پتلا آدمی۔

حریص۔ (ع۔ اسم صفت) لالچی۔ طامع۔ کنجوس۔ لوبھی۔ حاسد۔ پیٹو۔ کھاؤ۔ حرصی۔ مقلد۔ ریس کرنے والا۔ دیکھا دیکھی کام کرنے والا۔

حریف۔ (ع۔ اسم مذکر) ہم پیشہ۔ ایک ہی کام کرنے والا۔ دشمن۔ بدخواہ

چالاک - ہوشیار - ہم نبرد - ہمتا - ہمسر
حریم - (مذ) خانہ کعبہ کا گرد اگرد - گھر کی چار دیواری - گھر - مکان -
سب دل کا طواف کر رہے ہیں
یہ گھر ہے حریم ناز کس کا ! !

ح - ز

حزب - (مذ) گروہ - جتھا - ورد کا حصہ - جیسے دلائل الخیرات کا پہلا حزب ختم ہو گیا -
حزب الاحرار - (مذ) لبرل پارٹی - آزادوں کی جماعت -
حزب التعمال - (مذ) مزدوروں کی جماعت پبر پارٹی -
حزب المستبدین - (مذ) کنسرویٹو پارٹی - قدامت پسند جماعت -
حزب اللہ - (مذ) مومنین - اللہ والوں کی جماعت -
حزم - (مذ) تامل اندیشی - خبرداری - احتیاط - مستعدی -
حزن - (ع - اسم مذکر) غم و رنج - دکھ درد - رنج و ملال -
حزین - (ع - اسم صفت) غمناک - رنجیدہ - دکھیارہ - دردمند - ملول
حزین آواز - دردناک آواز

ح - س

حس - (ع - اسم مؤنث) - جاننے اور معلوم کرنے کی قوت - قوت ادراک - حرکت - جنبش - حواس کی واحد -
حس مشترک - (ع - اسم مؤنث) عام عقل - وہ قوت جو حواس خمسہ کے بہم پہنچائے ہوئے علم کو قبول کر لیتی ہے - اس کا مقام پیشانی کے جوف میں ہے -
حساب - (ع - اسم مذکر) شمار - گنتی -
کسی حساب میں جب ہم نہیں تو روز حساب
ہمارے جرم و گناہ کا حساب کیا ہوگا - (اختر)
علم ریاضی - چیزوں کا تناسب - بھاؤ - قاعدہ - طرز - ڈھنگ - جیسے یہ کیا حساب ہے - لین دین باہمی معاملہ - ہمارا حساب اسی دکاندار سے ہمیشہ رہتا ہے - نزدیک - رائے - بدھ - میزان ملاقات - پوشیدہ محبت - پرت - پھیلاوٹ - حال - کیفیت چلن - رویہ - طریقہ -
آیا جو موسم گل تو یہ حساب ہوگا
ہم ہوں گے یار ہوگا جام شراب ہوگا
حساب بے باق کرنا - (اُر - فعل) لین دین کا فیصلہ کرنا - حساب چکانا - قرضہ - بالکل ادا کر دینا - قرضہ سے بالکل سبکدوش ہو جانا -
حساب بجو بخشش سو سو - (اُر - مثل) معاملہ ذرا ذرا بالکل طور پر

سطے ہونا چاہیئے - انعام یا معافی چاہے جس قدر دے دو -
حساب میں ذرا سی بھی مروت نہیں ہونا چاہیئے -
حساب جوڑنا - (اُر - فعل) جمع کرنا - میزان دینا - مختلف رقوم کو یکجا کرنا - جمع کرنا -
حساب جوں کا توں کنبہ ڈوبا کیوں - (اُر - مثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب تمام ظاہری تدابیر اور قرائن تو درست ہوں - لیکن نقصان ہو جانے کی کوئی وجہ سمجھ میں نہ آئے -
حساب دوستاں در دل - (فا - مثل) دوستوں کا حساب دل ہی دل میں ہوا کرتا ہے - جو آگیا سو آگیا جو دے دیا سو دے دیا - تکرار نہیں ہوتا -
حساب دار - (اُر - اسم مذکر فاعل) بنک میں روپیہ جمع کرنے والا - یا کسی دکان میں روپیہ جمع کرنے والا - یا حساب رکھنے والا -
حساب دینا - (اُر - فعل) چارج دینا - حساب سمجھانا - حساب سپرد کرنا - ذمہ پڑنا -
حساب رکھنا - (اُر - فعل) - درج کرنا - لین دین کی فہرست بنا لینا - ربط رکھنا - آشنائی رکھنا -
حساب سے - (اُر - تابع فعل) نزدیک - لیکھے طور سے - انداز سے
حساب سے باہر - (اُر - اسم صفت) بے حد - بے انتہا - بہت - ان گنت لاتعداد -
حساب کتاب - (اُر - اسم مذکر) لین دین - لیکھا جوکھا - میل ملاپ - ربط ضبط -
حساب کرنا (اُر - محاورہ) لین دین - گننا - قرض چکانا - حساب سمجھانا - بے باق کرنا -
حساب لڑنا (اُر - محاورہ) آنکھ لڑنا - آشنائی ہونا - ربط ہونا -
حساب لگانا - (اُر - محاورہ) حساب پھیلانا - آشنائی قائم کرنا - یاری گانٹھنا -
حساب میں جمع کرنا - کھاتے میں چڑھانا - یہی کھاتے میں درج کرنا -
حسابوں - رائے میں (ان کے حسابوں یہ بات ہونے والی نہیں -
حسابی - (اُر - اسم صفت - بیائے فاعلیت) حساب دان - ماہر حساب (بصورت اسم مونث) حساب کی بات - قاعدے اور طریقے کی بات
حُسّاد - (عربی) حاسد کی جمع
حسّاس - بہت سریع الحس - بہت محسوس کرنے والا -
حسام - (مو) شمشیر تیز - تلوار -
حسّان - (مذ) بڑا عقلمند - بہت اچھا - حضرت حسان بن ثابت انصاری رضؓ جو عرب کے مشہور شاعر اور مداح رسولؐ تھے -
حَسَب - (ع - تابع فعل) - مطابق - موافق - بموجب -
حَسَب اتفاق - (ع) اتفاقاً - ناگاہ - ناگہاں - اچانک -
حَسَب ارشاد - **حَسَب الحکم** - (ع - تابع فعل) حکم کے موافق - حسب الحکم - کہنے کے مطابق -
حسب توفیق - (ع - تابع فعل) حیثیت کے مطابق - بساط کے مطابق - سردھا کے موجب -

حسبِ حال ۔ (ع ۔ تابع فعل) ٹھیک موقع کے موافق ۔ برمحل ۔ حالت کے مطابق ۔

حسبِ ذیل ۔ (ع ۔ تابع فعل) مندرجہ ذیل ۔ نیچے لکھے ہوئے کے مطابق ۔

حسبِ ضابطہ ۔ **حسبِ قاعدہ** ۔ (ع ۔ تابع فعل) باقاعدہ طور پر قاعدے موافق ۔

حسبِ فرمائش ۔ کہنے کے مطابق ۔

حسبِ مراد ۔ (ع ۔ تابع فعل) مراد کے موافق ، خواہش اور آرزو کے موافق ۔

حسبِ معمول ۔ (ع ۔ تابع فعل) دستور کے مطابق ۔ روزانہ کی طرح ۔

حسبِ مقدور ۔ **حسبِ قدرت** ۔ (ع ۔ تابع فعل) مقدور بھر ۔ حتی الامکان ۔ حیثیت کے موافق ۔

حسبِ منشا ۔ (ع ۔ تابع فعل) آرزو اور خواہش کے موافق ۔ اپنی مرضی کے مطابق ۔

حَسَب ۔ (ع ۔ اسم مذکر) نسل ۔ سلسلہ خاندان ۔ نسب کی ضد ۔ دولت کی عزت ۔ دینی بزرگی ۔ ماں کی طرف کا سلسلہ ۔ سلسلہ مادری ۔

حسب و نسب ۔ یا ۔ **حسب نسب** ۔ (ع ۔ اسم مذکر) نسب پدری ۔ سلسلہ یعنی ماں باپ دونوں کی طرف کا خاندان ۔ نانا دادا کا خاندان ۔

حَسَد ۔ (ع ۔ اسم مذکر) جلن ۔ رشک ۔ عداوت کینہ ۔ کسی کی دولت و مرتبہ کا زوال چاہنا ۔

حسد رکھنا ۔ (اُر ۔ فعل) جلنا ۔ کسی کی دولت دیکھ کر کڑھنا ۔ درپے نقصان ہونا ۔

حسرت ۔ (ع ۔ اسم مؤنث) کسی چیز کے نہ ملنے کا افسوس ۔ ارمان پشیمانی ۔ آرزو ۔ شوق ۔

حسرت آنا (اُر ۔ محاورہ) افسوس آنا ۔ تاسف کھانا ۔

حسرت برسنا ۔ **حسرت ٹپکنا** (محاورہ) حسرت و افسوس نمایاں ہونا ۔ افسوس اور ارمان کی مجسم شکل دکھائی دینا ۔

حسرت بھرا ۔ (اُر ۔ اسم صفت بہ ترکیب مفعولی) پُر شوق ۔ پُر رنج پُر تاسف ۔

حَسَن ۔ (ع ۔ اسم صفت) بھلا ۔ اچھا ۔ خوب ۔ نیک ۔ (بطور اسم مونث) خوبی ۔ عمدگی ۔ خوبصورتی ۔ (اسم مذکر) حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کے بڑے صاحبزادے حضرت امام ثانی ابو محمد رضؓ کا نام نامی ہے ۔ ماہ محرم میں آپ کا ماتم اور سوگ بھی آپ کے چھوٹے بھائی سید الشہداء حضرت امام حسینؓ کے ساتھ کیا جاتا ہے (بصورت مذکر) میر غلام حسن دہلوی ۔ مصنف مثنوی بدر منیر کا تخلص ۔

حسنات ۔ (مذ) حسن کی جمع ۔ نیکیاں ۔

حسنہ ۔ (مذ) نیکی ۔

حسنی ۔ حضرت امام حسنؓ کی اولاد ۔

حُسن ۔ (ع ۔ اسم مذکر) بھلائی ۔ عمدگی ۔ خوبی ۔ خوشنمائی ۔ خوبصورتی ۔ خوش حالی ۔ دلربائی ۔ جمال ۔ رونق ۔ جوبن ۔ بہار ۔

حُسن انتظام ۔ (ع ۔ اسم مذکر) خوبی انتظام ۔ خوش انتظامی ۔

حُسن تدبیر ۔ (ع ۔ اسم مذکر) تدبیر کی خوبی ۔ خوش تدبیری ۔ اچھی تدبیر و مشورہ ۔

حُسن تعلیل ۔ کلام کی ایک خوبی جس میں شاعر ایک واقعی اور حقیقی بات کا ایک دلچسپ خیالی سبب بیان کرتا ہے جیسے ؎

پیا پیاسی جو تھی سیاہ خدا تین رات کی ۔ انیس ۔
ساحل سے سر پٹکتی تھی موجیں فرات کی ۔

حُسن دان ۔ (مذ) ننھی سی پٹاری ۔

حُسن ڈھلنا ۔ حُسن میں زوال آنا ۔

حُسن صبح (مذ) بدن کا سرخ و سفید رنگ ہونا ۔

حُسن طلب ۔ (ع ۔ اسم مذکر) نہایت عمدہ اور لطیف اشارے سے مانگنا ۔

حُسن ظن ۔ (ع ۔ اسم مذکر) نیک خیال ۔ اچھا گمان ۔

حُسن محفل ۔ (ع ۔ اسم مذکر) مجلس کا سنگار نینی ۔ حقہ ۔ قلیان ۔ پیچوان

حُسنِ مطلع ۔ (ع ۔ اسم مذکر) اصطلاح عرض ۔ غزل یا قصیدے کے مطلع کے بعد کا شعر ۔ دوسرا شعر ۔

حُسن دان ۔ (اُر ۔ اسم مذکر) کہ ۔ چھوٹا سا گمٹی دار پاندان ۔ آرامدان

حُسَین ۔ (ع ۔ اسم مذکر) حُسن کی تصغیر ۔ امام ثالث ابو عبداللہ حضرت سیدنا حسینؓ ابن علی کرم اللہ وجہہٗ کا اسم شریف ہے جنہوں نے دسویں محرم ۶۱ھ بروز جمعہ میدان کربلا میں شہادت پائی ۔ ہر سال محرم میں ان کی یاد تازہ کی جاتی ہے ۔

حُسین (ع ۔ اسم صفت) خوب صورت ۔ شکیل ۔ حسن والا ۔ جمیل وجیہہ ۔ شکیلہ ۔ من موہنی صورت ۔

حُسین بند ۔ (ع ۔ اسم صفت) ۔ بچوں کو پہنانے کی چاندی کی دو بے نگینہ انگوٹھیاں جن کے بیچ میں چاندی کی زنجیر بھی ہوتی ہے اور عاشورہ کے دن پہناتے ہیں ۔

حُسینہ ۔ (مو) خوب صورت عورت ۔

ح - ش

حَشر ۔ (ع ۔ مذکر) لغوی معنی ۔ اٹھنا ۔ اصطلاحی معنی ۔ قیامت ۔ روز حساب ۔ شور و غل ۔ غوغا ۔ فتنہ ۔ آفت ۔

حشر برپا کرنا ۔ (اُر ۔ محاورہ) قیامت ڈھانا ۔ شور مچانا ۔ کہرام مچانا ۔

حشر ڈھانا (اُر ۔ محاورہ) آفت برپا کرنا ۔

حشر ٹوٹنا (اُر ۔ محاورہ) نہایت خفا ہونا ۔ قیامت برپا کرنا ۔ اودھم مچانا ۔ تہلکہ مچانا ۔ آفت ڈھانا ۔

حشر ٹوٹنا (اُر ۔ محاورہ) خفگی ہونا ۔ آفت ٹوٹنا ۔

حشرات ۔ (ع ۔ اسم مذکر) غل ۔ شور ۔ ہنگامہ ۔ خوف و مصیبت ۔ حشرات

چھوٹے چھوٹے کیڑے جو زمین میں سوراخ کر کے رہتے ہیں۔ برساتی کیڑے۔

حشرات الارض (ع۔ اسم مذکر)۔ زمینی کیڑے۔ موذی کیڑے۔ کیڑے مکوڑے۔ برساتی کیڑے

حشری۔ گھوڑے کا ایک عیب۔ گھوڑا وہ گھوڑا جو اور گھوڑوں کے ساتھ مل کر نہ رہے۔

حشری باغی۔ (اُر۔ اسم مذکر)۔ اتفاقی۔ سرکش۔ وہ باغی جو اوروں کی دیکھا دیکھی بغاوت پر کھڑا ہو جائے۔

حشری گھوڑا۔ (اُر۔ اسم مذکر) دنگئی گھوڑا۔ سرکش گھوڑا جو دوسرے گھوڑوں کے ساتھ مل کر نہ رہے۔

حشفہ۔ (مذ) سر ذکر۔ آلۂ تناسل کی سپاری۔

حشم۔ (مذکر) خدمتگار لوگ۔ نوکر چاکر۔

حشیش۔ (مو) سوکھی گھاس۔ بھنگ کے پتے۔

حشیشین: قرامطۂ سندھ۔ بھنگ پینے والے ایک گروہ کا نام۔

ح - ص

حصار۔ (ع۔ اسم مذکر)۔ قلعہ۔ گوبھ۔ کوٹ۔ گھیرا۔ احاطہ۔ چاردیواری شہر پناہ۔ وہ خط جو جن وغیرہ کو قابو کرنے کا عمل پڑھنے والی کچھ دعائیں پڑھ کر اپنے گرد کھینچتے ہیں تاکہ عمل کے دوران میں انہیں کوئی مؤکل آزاد نہ پہنچا سکیں۔

حصار باندھنا (اُر۔ محاورہ) قلعہ باندھنا۔ چاروں طرف سے گھیر لینا۔ چاردیواری کھڑی کر دینا۔ جادو یا دعا کے ذریعہ چاروں طرف کی روک کر دینا۔ جن وغیرہ کا عمل۔ پڑھتے وقت خاص دعائیں پڑھ کر اپنے گرد حلقہ بنانا۔

حصر۔ (مذ) انحصار۔ احاطہ۔

حصص: (مذ) حصہ کی جمع۔

حصن۔ (مذ) جائے پناہ۔ قلعہ۔

حصن حصین۔ (مذ) مضبوط قلعہ۔ (ایک دعاؤں کی کتاب کا نام)

حصول۔ (ع۔ اسم مذکر) حاصل۔ فائدہ۔ نفع۔ سود۔ مطلب۔ نتیجہ

حصہ۔ (ع) ٹکڑا۔ بخرہ۔ بانٹ۔ تقسیم۔ جزو کتاب۔ علاقہ۔ سررشتہ درجہ۔ کرہ۔ کونہ۔ گوشہ۔ مخصوص شے۔

حصہ بخرہ۔ (اُر۔ اسم مذکر) بھاجی۔ کھانے پینے کی چیز کا حصہ۔ میل ملاپ

حصہ ترا نہائی، تنا بڑا برتن کیوں لائی۔ حق تھوڑا۔ مطالبہ زیادہ کا

حصہ داری۔ (اُر۔ اسم مونث بیائے مصدری) زمینداروں کی شراکت۔ کشتِ زمین کی پتی۔ ساجھا۔

حصہ رسد۔ رسدی۔ (عف۔ تابع فعل) حصہ کے موافق تقسیم سے جتنا جتنا حصے میں آئے۔ بانٹ کے موافق۔

حصہ کرنا۔ حصہ لگانا۔ (اُر۔ فعل)۔ بانٹنا۔ تقسیم کرنا۔ ٹکڑے کرنا یا ہم پتی کرنا۔ ڈھیریاں لگانا۔

حصے دار۔ (اُر۔ اسم مذکر فاعل) شریک۔ ساجھی۔ شریک دہ یا کشت

حصیر۔ (ع۔ اسم مذکر) بوریا۔ چٹائی۔ ٹاٹ۔

حصین۔ مضبوط قلعہ۔ استوار۔

ح - ض

حضر۔ (مذ) سفر کی ضد۔ کسی ایک جگہ کا مقام۔

حضرت۔ (ع۔ اسم مذکر) نزدیکی۔ درگاہ۔ قرب۔ جناب۔ حضور۔ قبلہ۔ تعظیم و عزت کا لقب۔ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم، دینی پیشواؤں کے نام کے شروع میں حرف تعظیم۔ سلام علیک۔ تسلیم وغیرہ کی جگہ بھی بولتے ہیں۔ (بصورت صفت) طنزاً شریر۔ بدذات۔ چالاک۔ بے ڈھب چلتا پرزہ۔

حضرت سلامت۔ (ع۔ اسم مذکر) جناب عالی۔ حضور عالی۔ قبلہ یار دوست۔ (یہ لفظ تعظیماً بھی بولتے ہیں۔ اور برابر والوں کو بھی کہہ دیتے ہیں)۔

حضرت فاطمہ کی جھاڑو پھرے۔ (دعائے بد) (عو) تباہ ہو جائے کوئی نہ رہے۔ کچھ نہ رہے۔

حضور۔ (ع۔ اسم مذکر) موجودگی۔ حاضری۔ غیبت کی ضد۔ جناب عالی مخدوم۔ حضرت۔ قبلہ۔ خداوند۔ دربار۔ مجلس۔ اجلاس۔ سامنے۔ رو برو۔ روبرو۔ روئے در روئے۔

حضرات۔ (ع۔ اسم مذکر) حضرت کی جمع۔ بزرگ۔ مخدوم۔ مجمع سے خطاب کرنے کا لفظ۔ نیز چند بزرگوں کا ایک ساتھ نام لینا ہو ان کا القاب۔

حضور والا۔ (ع۔ اسم مذکر) حضور اقدس۔ جناب عالی۔

حضوری۔ (ع۔ اسم مونث بیائے مصدری) حاضری۔ حاضر باشی۔ قربت۔ نزدیکی۔ دوری کی ضد (بحالت صفت) دربار شاہی بادشاہی اجلاس۔

حضیض۔ (مذ) گڑھا۔ پستی۔ نشیب (سد کے لیے دیکھئے گانا) کسی سیارے یا چاند کا وہ نقطہ جو مدار پر سورج یا زمین سے زیادہ سے زیادہ فاصلے پر ہو۔

ح - ط

حطام (ع) ہو) کوئی ٹوٹی پھوٹی چیز کوڑا کرکٹ۔

حطب (ع) ایندھن۔ تہمت۔ الزام

حطیم۔ (ع) کعبۃ اللہ کا وہ پتھر جو مابین رکن و زمزم و دیوار خانہ کعبہ بجانب مغرب ہے۔ پچھلے سال کا پودا۔

ح - ظ

حظ (ع - اسم مذکر) لطف - لذت - مزہ - ذائقہ - ثمرہ - خوشی - انبساط قسمت کی یاوری - بخت آوری - یاوری بخت - بہرہ - بہرہ مندی نصیب - حصہ - قسمت -

حظ اٹھانا - (اُرد - فعل) مزہ اُڑانا - لذت پانا - لطف اُٹھانا - عیش کرنا مزے لوٹنا - موج مارنا -

حظائظ - **حظوظ** - (ع) حظ کی جمع - مزے - لطف - خوشیاں -

حظ خلاف وضع فطری - (ع - مذ) قدرتی قاعدے کے خلاف لذت اٹھانا - یعنی لڑکے یا حیوان سے جماع کرنا -

حظ نفسانی - (ع - اسم مؤنث بیائے نسبتی) نفس کی خوشی - حیوانی خوشی -

حظیرہ - (ع - مذ) بھیڑ بکریوں کی باڑ - مقبرہ کا گنبد - قبرستان کی چار دیواری -

حظیرۃ القدس - وہ مقام جہاں فرشتے اور اُونچے درجے کے انسانوں کی روحیں اکٹھی ہو کر انسانی معاشرے میں انقلاب عظیم کا فیصلہ کرتے ہیں -

ح - ف

حف - اُڑتے وقت پرندوں کے پروں کی آواز - کسی چیز کا بیکار ہو جانا - زمین کی گھاس کا خشک ہو جانا -

حف نظر - (اُرد) چشم بد دُور - حف بمعنی واپس ہو جانے - نظر بمعنی نظر - یعنی تیری نظر واپس ہو جائے - نظر بد ادھر ہی رہے - کسی کی تعریف سے پہلے یہ لفظ زبان سے نکالتے ہیں

حُفّاظ - (ع - مذ -) واحد حافظ - نگہبانی کرنے والا - وہ گروہ جنہیں قرآن مجید حفظ ہو -

حِفاظت - (ع - اسم مونث -) بچاؤ - سلامتی - نگرانی - پاسبانی نگہبانی -

حِفاظت خود اختیاری - ذاتی خبرداری -

حِفظ - (ع - اسم مذکر) زبانی - ازبر - یاد - پاس لحاظ - ادب - حفاظت محافظت -

حِفظِ صحت - (ع - اسم مذکر) صحت کی حفاظت - تندرستی کا بچاؤ قاعدوں کا بیان جن سے صحت کی حفاظت ہوتی ہے -

حِفظِ امن - (مذ) قائم رکھنا -

حِفظ پڑھنا - بے دیکھے پڑھنا -

حِفظ ماتقدم - (ع - اسم مذکر) پیش بندی - کسی کام کا پہلے ہی سے بچاؤ -

حِفظ کرنا - (ع - مو) ازبر کرنا - یاد کرنا - زبانی یاد کرنا -

ح - ق

حق - (ع - اسم مذکر) خدا - اللہ تعالےٰ - سچ - راست - راستی - لائق - واجب - ثابت - قائم - سچا - ٹھیک - دُرست - فرض - ڈیوٹی - ذمہ داری - انصاف - نیاؤ - جائز - مباح - صلہ بدلہ - معاوضہ - حصہ - اُجرت - نیگ - انعام - مزدوری - استحقاق - وعدے -

حقّا - (ف - تف) خدا کی قسم - سچ ہے - دُرست ہے - سچ سچ - انصاف کے طور پر - حق کے طور پر -

حق ادا کرنا - (اُرد - فعل) ڈیوٹی بجا لانا - فرض ادا کرنا - کسی کام کو ویسا ہی کرنا - جیسے کرنا چاہیے تھا - نوکری، خدمت بجا لانا -

حق ادا نہ ہونا - بدلہ پورا نہ ہونا -

حقِ آسائش (مذ) آسائش کا وہ حق جس کی رو سے کسی کا کوئی ہمسایہ اپنے ملک یا زمین پر کوئی ایسا فعل نہیں کر سکتا جس سے دوسرے کے آرام میں خلل پڑے -

حقِ آسائش متوجہ - (ع - ف - مذ) وہ حق جس کی رو سے کسی ملک یا زمین پر کوئی فعل کیا جا سکتا ہے -

حقِ ارجاعِ نالش - (مذ) نالش اور استغاثہ دائر کرنے کا حق ہے

حقِ السعی - **حق المحنت** - کوشش کی فیس - محنت کی اُجرت

حق اللہ - **حق پاک ذات اللہ** - (اُرد - فقرہ) اللہ حق ہے - اور اس کی ذات تمام عیبوں سے پاک ہے (طوطوں کو یہ الفاظ سکھاتے ہیں -

حق بجانب ہے - سچائی اور حق پر ہے -

حق پرست - (عف - اسم مذکر فاعل) خدا کو پوجنے والا - خدا کو ماننے والا - عبادت گزار - سچا آدمی - جو تابع حق ہو -

حق تعالےٰ - (ع - اسم مذکر) خدائے عزوجل - بزرگ و برتر خدا -

حق پر لڑنا - سچ کے لیے لڑنا - استحقاق پر جھگڑا کرنا -

حق تلفی - (ع - اسم مؤنث بیائے مصدری) کسی کا حق ضائع کر دینا - پرایا حق مارنا - ظلم اور بے انصافی کرنا -

حق ثابت کرنا - (اُرد - فعل) اپنا استحقاق تسلیم کرانا - دعوے کا ثبوت بہم پہنچانا -

حق حق کرنا - (اُرد - فعل) انصاف کرنا - عدل کرنا - خدا کا نام لینا شراب کا شیشے میں سے نکلتے وقت قل قل کی آواز دینا -

حق حق کہنا - انصاف کرنا - توبہ کرنا - خدا کا نام لینا - بہت بھوک لگنے کی جگہ -

حق حیران رہنا ۔ ہکا بکا رہنا ۔
حق رہ جانا ۔ حیران رہ جانا ۔
حق رفاقت ۔ دوستی کا حق ۔
حق رسی ۔ (عف ۔ اسم مؤنث بیائے مصدری) نیاؤ ۔ عدل ۔ داد انصاف ۔
حق سرکار (ع ۔ اسم مذکر) باج ۔ محصول ۔ خراج ۔ زربالگذاری ۔
حق سرہ ۔ عارفوں کا نعرہ ۔ اللہ کی ذات حق ہے ۔ ہ
حقانی، حقانیت ۔ حق سے منسوب ۔ سچائی ۔
حق شفعہ یا شفع ۔ (ع ۔ اسم مذکر) پڑوس اور ہمسائیگی کا حق ۔ ملحقہ جائیداد کے خریدنے کا استحقاق ۔
حق شناس ۔ (عف ۔ اسم صفت) قدردان ۔ منصف ۔ جوہر شناس ۔
حق سے راضی خدا ہے ۔ (اُر ۔ جملہ) راستی اور سچائی سے خدا خوش ہے ۔
حق کو پہنچنا (اُر ۔ محاورہ) انصاف کو پہنچنا ۔ انصاف کرنا ۔ سچ کو دریافت کرنا ۔
حق کو حلال کرا ایک دن میں ہزار کر ۔ نیکی زیادہ سے زیادہ کرو ۔
حق گزار ۔ حق کو ادا کرنے والا ۔
حق گو ۔ (صفت) انصاف پسند ۔ سچی بات کہنے والا ۔
حق لینا ۔ (اُر محاورہ) واجبی حصہ پانا ۔ ورثہ یا محنانہ لینا ۔ مال اُڑنا ۔ جائداد وبالینا ۔
حق مُرور ۔ راستہ چلنے کا حق ۔
حق میں ۔ بارے میں ۔ موافق ۔
حق ناحق ۔ (اُر ۔ تابع فعل) خواہ مخواہ ۔ بے سبب ۔ بلاوجہ ۔ یونہی ۔
حق نام اللہ کا ۔ (اُر ۔ محاورہ) سچا تو نام اللہ کا ہی ہے ۔
حق نمک ادا ہونا ۔ (اُر ۔ محاورہ) نوکری اور نمک خواری کا حق ادا ہونا ۔
حق ہونا ۔ (اُر ۔ محاورہ) سچ ہونا ۔ راست ہونا ۔ مرنا ۔ دنیا سے گزر جانا انصاف ہو ۔ نیاؤ ہونا ۔
حقارت ۔ (ع ۔ اسم صفت) بے عزتی ۔ بے آبروئی ۔ ذلت ۔ خواری خفت ۔ سبکی ۔
حقارت کی نظر سے دیکھنا ۔ (اُر محاورہ) دوسرے کو ذلیل جان کر توجہ نہ کرنا ۔ خاطر میں نہ لانا ۔
حقائق ۔ (مذ) حقیقت کی جمع ۔ دیکھو حقیقت ۔
حقنہ ۔ (ع ۔ اسم مذکر) پچکاری ۔ کسی دوائی کی بتی یا پچکاری جو پاخانہ آنے کی خاطر سفرے میں چڑھائی جاتی ہے ۔
حقنہ کرنا ۔ (اُر فعل) سفرے میں پچکاری یا بتی چڑھانا تاکہ پاخانہ آجائے ۔
حقوق ۔ (ع ۔ اسم مذکر) حق کی جمع ۔
حقوق العباد ۔ ایک انسان کا دوسرے انسان پر حق یا ذمہ داری
حقہ ۔ (ع ۔ اسم مذکر) ڈبا ۔ جواہرات وغیرہ رکھنے کی ڈبیا ۔ درج ۔ کلیاں پیچوان کا پیالہ جس میں تلیاں لگا کر تمباکو بھر کر پیتے ہیں ۔

حقہ باز ۔ (عف ۔ اسم مذکر ناعل) مداری ۔ بھان متی ۔ بہت حقہ پینے والا ۔
حقہ بجاتا ۔ (اُر ۔ فعل) بکثرت حقہ پینا ۔ حقہ بلونا ۔ حقہ گڑگڑانا ۔
حقہ بردار ۔ (عف ۔ اسم مذکر ناعل) حقہ بھرنے ۔ حقہ اٹھانے والا حقہ ساتھ لے چلنے والا ۔
حقہ بھرنا ۔ (اُر ۔ فعل) چلم پر آگ رکھ کر حقہ تیار کرنا ۔ حقہ پر آگ رکھنا ۔
حقہ پانی بند کرنا ۔ حقہ پانی گرا دینا ۔ (اُر ۔ محاورہ) ذات سے اتار دینا ۔ برادری سے خارج کرنا ۔ ذلیل اور مجبور کرنا ۔
حقہ تازہ کرنا ۔ (اُر ۔ محاورہ) حقے کا پانی بدلنا اور نیچے وغیرہ کو تر کرنا ۔
حقیت ۔ (ع ۔ اسم مونث) ملکیت ۔ حق ۔ حصہ داری ۔ جائداد ۔
حقیر ۔ (ع ۔ اسم صفت) ادنی ۔ چھوٹا ۔ لاغر ۔ دبلا پتلا ۔ نحیف البدن بے قدر ۔ خوار ۔ اوچھا ۔ خفیف ۔ سبک ۔ ناچیز ۔ کمینہ ۔
حقیر جاننا ۔ (اُر ۔ فعل) ناچیز سمجھنا ۔ کمینہ سمجھنا ۔ ذلیل وخوار جاننا ۔
حقیقت ۔ (ع ۔ اسم مونث) اصل ۔ جڑ ۔ بنیاد ۔ ماہیت ۔ کیفیت ۔ چگونگی ۔ حال ۔ بساط ۔ حیثیت ۔ سرگزشت ۔ ماجرا ۔ صداقت راستی ۔ سچ ۔ بھید ۔
حقیقت امر ۔ اصل بات
حقیقت کھل جانا (اُر ۔ محاورہ) کیفیت ظاہر ہونا ۔ قلعی کھل جانا مزا آجانا ۔ بھید کھل جانا ۔ تمام حال معلوم ہو جانا ۔ بھید ظاہر ہو جانا ۔
حقیقت نہ ہونا ۔ اصلیت نہ ہونا ۔ سچ اور پوچ ہونا ۔
حقیقۃً ۔ واقعی ۔ دراصل ۔ درحقیقت ۔
حقیقی ۔ (ع ۔ اسم مونث بیائے نسبتی منسوب بہ حقیقت ۔ اصلی سگا ۔ اپنا ۔ اپنی ۔ سگی ۔
حقیقی بھائی ۔ (اُر ۔ اسم مذکر ماں جایا بھائی ۔ سگا بھائی ۔ برادر حقیقی ایک ماں باپ کا دوسرا یا تیسرا وغیرہ بیٹا ۔

ح - ک

حک (ع ۔ اسم مذکر) مٹانا ۔ کھرچنا ۔ تراشنا ۔ چھیلنا ۔ دور کرنا ۔ کسی چیز کو دوسرے سے ملنا ۔
حکاک (ع ۔ اسم مذکر) ۔ مہرے کھودنے والا ۔ مُہرکن ۔ مُہر پر حروف بنانے والا ۔ نگینہ ساز ۔
حکام ۔ (ع ۔ اسم مذکر) حاکم کی جمع ۔ دیکھو حاکم ۔
حکایت ۔ (ع ۔ اسم مونث) ۔ کہانی ۔ داستان ۔ قصہ ۔ بات ۔ حدیث
حکایتاً یا حکایتہً ۔ (ع ۔ تابع فعل) قصے کے طور پر ۔ کہانی کے طور پر بطور ذکر ۔ تذکرۃً ۔
حکایتی ۔ (بات بات پر بحث کرنے والا ۔ حجتی ۔
حکم ۔ (ع ۔ اسم مذکر) پنچ ۔ ثالث ۔ انصاف کرنے والا ۔ جج

فیصلہ کرنے والا۔
حِکَم ۔ حکمت کی جمع ۔ حکمتیں ۔ دانائی کی باتیں ۔
حُکم ۔ (ع ۔ اسم مذکر) فرمان ۔ آگیا ۔ ارشاد ۔ شرعی ۔ فیصلہ ۔ فتویٰ قانونی فیصلہ ۔ منطق ۔ ایسی دلیل جس سے قائل ساقط ہو جائے سرداری ۔ فرمانروائی ۔ حکومت ۔ اجازت ۔ رخصت ۔ تاش یا گنجفہ کا وہ پتا جو سب سے پہلے ڈالتے ہیں ۔ جھگڑے کا فیصلہ زبردستی ۔ سختی ۔ سزا ۔ سیاست ۔
حُکم اُٹھانا ۔ (اُر ۔ محاورہ) حکم ماننا ۔ گنجفہ میں سر لینے کے واسطے حکم کا پتا ڈالنا ۔
حُکم امتناہی ۔ (مذ) عدالت کا حکم ۔ جو عدالت جاری کرتی ہے ۔
حُکم انداز ۔ (عف ۔ اسم مذکر فاعل) کامل بے انداز ۔ نشانہ بازی کا ماہر بے خطا نشانہ کارنے والا ۔ کہہ کر نشانہ لگانے والا ۔
حُکم بجالانا (اُر ۔ محاورہ) کہا ماننا ۔ تعمیل ارشاد کرنا ۔
حُکم بردار ۔ (عف ۔ اسم مذکر فاعل) کہا کرنے والا ۔ فرمانبردار ۔ حکم ماننے والا ۔ جمعیۃ اقوام کے ماتحت کسی دوسرے ملک پر حاکمانہ اقتدار رکھنے والی حکومت ۔
حُکم برداری ۔ (اُر ۔ مو) جنگ عالمگیر اوّل ۱۸-۱۹۱۴ء کے بعض مفتوحہ ممالک کا وہ انتظام جس کے تحت ان ملکوں کو برطانیہ ۔ فرانس اطالیہ وغیرہ کے ماتحت اسی شرط پر کر دیا گیا تھا کہ جب وہ اپنا انتظام خود کرنے کے قابل ہو جائیں تو ان میں ذمہ دارانہ حکومت قائم کر دیں
حُکم التفساخ (مذ) کسی سابق حکم کو منسوخ کرنے کا حکم ۔
حُکم بجالانا ۔ (اُر ۔ فعل) کہا ماننا ۔ تعمیل ارشاد کرنا ۔
حُکم جاری کرنا ۔ (اُر) حکم صادر کرنا ۔ ڈونڈی پٹوانا ۔ اشتہار دینا
حُکم چلانا ۔ (اُر ۔ محاورہ) بیٹھے بیٹھے حکم دیئے جانا ۔ حکومت کرنا ۔ سختی کرنا ۔ جبر کرنا ۔
حُکم حاکم مرگ مفاجات ۔ (ف ۔ مقولہ) حاکم کا حکم فوراً جاری ہو جاتا ہے ۔ جی چاہے یا نہ چاہے ۔ فی الفور ماننا پڑتا ہے حاکم کا حکم قہراً یا جبراً ماننا ہی پڑتا ہے ۔
حُکم دینا ۔ (اُر ۔ فعل) ارشاد فرمانا ۔ کام فرمانا ۔ فتویٰ صادر کرنا ۔ اجازت دینا ۔ اشتہار دینا ۔ فیصلہ کرنا ۔
حُکمران ۔ (مذ) فرمانروا ۔ بادشاہ ۔
حُکمرانی ۔ (عف ۔ اسم مونث بیائے مصدری) سلطنت ۔ حکومت بادشاہی ۔ فرمانروائی ۔
حُکم ظہری ۔ (ع ۔ اسم مذکر) کاغذ یا رپورٹ کی پشت پر لکھا ہوا حکم پشتی حکم ۔
حُکم قطعی (ع ۔ اسم مذکر) حکم اخیر ۔ اخیری فیصلہ ۔ حکم ناطق ۔
حُکم کرنا ۔ (اُر ۔ فعل) سختی کرنا ۔ ارشاد فرمانا ۔ اجازت دینا ۔ حکم چلانا ۔
حُکم گشتی ۔ (اُر ۔ اسم مذکر بیائے فاعلیت) پھرنے والا حکم ۔ سرکلر ۔ وہ حکم جو بہت سی جگہوں میں بھیجا جاوے ۔
حُکم لگانا ۔ (اُر ۔ محاورہ) دفعہ لگانا ۔ حد لگانا ۔ سنجیدہ رائے ظاہر کرنا ۔ دعوے جمانا ۔ پہلے سے کام کے نتیجہ کا فیصلہ کر دینا ۔
حُکم مُطلق ۔ (ع ۔ اسم مذکر) عام حکم ۔ قطعی حکم ۔ اخیری حکم ۔
حُکم ناطق ۔ قطعی حکم ۔
حُکمنامہ ۔ (عف ۔ اسم مذکر) تحریری حکم ۔ وہ فرمان جو جج کی طرف سے لکھا جائے ۔
حُکماء ۔ (ع ۔ اسم مونث) حکیم کی جمع ۔ دیکھو حکیم ۔
حِکمت (ع ۔ اسم مونث) عقل ۔ دانائی ۔ ہر شے کی حقیقت معلوم کرنے کا علم (یعنی طبعی ریاضی ۔ الٰہی) بیدک ۔ طب ۔ علاج معالجہ ۔ مطلب ۔ ڈھنگ ۔ غرض ۔ تدبیر و ترکیب ۔
حِکمت سے ۔ عاقبت اندیشی ۔ ترکیب سے ۔ احتیاط سے
حکمت عملی ۔ (ع ۔ اسم مونث) تہذیب الاخلاق اور سیاست مدن کی واقفیت ۔ وہ علم جس معاشیات کے حال سے بحث کی جاتی ہے ۔ سوکس ۔ دوراندیشی ۔ چالاکی ۔ ہوشیاری ۔ پالیسی توڑ جوڑ ۔
حِکمت ایزدی ۔ (ع ۔ مو) خدائی حکمت جس کے باعث ساری کائنات کا کارخانہ چل رہا ہے ۔
حِکمت بالغہ ۔ (ع ۔ مو) کامل حکمت ۔
حِکمت کاملہ ۔ ۔ خدائی حکمت ۔
حِکمت کرنا ۔ (اُر ۔ فعل) تدبیر کرنا ۔ دانائی کرنا ۔ طبابت کرنا ۔ ڈاکٹری یا طبابت کا پیشہ کرنا ۔
حِکمتِ مدنی ۔ (ع ۔ اسم مونث بیائے نسبتی) سیاست مدن کے انتظام ۔ انتظامات شہری ۔ شہری نظام کے قاعدے ۔
حِکمتی ۔ (اُر ۔ اسم صفت بیائے فاعلیت) چالاک فلسفی ۔ ہوشیار ۔ چالاک ۔
حکومت ۔ (ع ۔ اسم مونث) فرمانروائی ۔ حکمرانی ۔ راج ۔ سلطنت سختی ۔ زبردستی ۔ اختیار ۔ بس ۔
حکومت آزاد ۔ (مو) خود مختار حکومت ۔
حکومت آمرانہ ۔ شخصی حکومت ۔
حکومت جمہوری ۔ (مو) رعایا کی حکومت ۔ وہ حکومت جس میں کوئی بادشاہت نہ ہو ۔ بلکہ ایک شخص کو صدر بنا کر خود رعایا سبھی کچھ کرتے ہیں ۔ عوام کی منتخبہ حکومت
حکومت شخصی ۔ (مو) شخصی حکومت ۔ شاہی حکومت ۔ جس میں بادشاہ خود مختار ہوتا ہے جو چاہتا ہے کرتا ہے ۔
حکومت جتانا ۔ (اُر ۔ محاورہ) تیزی دکھانا ۔ جبر کرنا ۔ زبردستی کرنا ۔ رتبہ دکھانا ۔
حُکمی ۔ (ع ۔ اسم صفت بیائے فاعلیت) بے خطا ۔ ٹھیک نشانے پر ۔ شرطی ۔ ضروری ۔ ہمیشہ ۔ مدام ۔ فرمانبردار ۔ محکوم ۔ فرماں پذیر
حُکمی بندہ ۔ (عف ۔ اسم مذکر) تابع ۔ مطیع ۔ فرمانبردار ۔
حکمی دوا ۔ (ع ۔ اسم مونث) مجرب اور سریع الاثر دوا ۔ تیر بہدف ۔ شرطی دوا ۔
حَکیم ۔ (ع ۔ اسم صفت مذکر) دانا ۔ عقلمند ۔ ہوشیار ۔ محقق فیلسوف فلسفی ۔ بید ۔ ڈاکٹر طبیب ۔

حکیم اوروں کی دوا کرے اپنی نہ کرے ۔ دوا کی بدمزگی سے ڈرتا ہے اوروں کو سمجھائے اور خود نہ کرے ۔ خود را فصیحت دیگراں را نصیحت ۔

حکیم کو قارورہ سے لاج ۔ (اُر۔ مثل) کسی کام کرنے والا کو اپنے کام سے کیا شرم اور نفرت ۔ پیشہ ور اپنے پیشے سے شرم کرے گا تو پچھتائے اور نقصان اُٹھائے گا ۔

حکیمی ۔ (اُر۔ اسم صفت بیائے مصدری) ڈاکٹری ۔ طبابت ۔ ویدک

ح - ل

حل ۔ (ع ۔ اسم مذکر) کھولنا ۔ سلجھانا ۔ کسی مسئلے کی حقیقت کا انکشاف ۔ عقیدہ کشائی ۔ مشکل بات کو آسان کرنا ۔ تحلیل ہونا ۔ ملنا ۔ گھٹائی ۔ پسائی ۔ حساب کا سوال نکالنا ۔

حل کاری ۔ سونا چاندی کو محلول کر کے پھول پتی یا دیگر نقوش بنانا ۔

حل کرنا ۔ (اُر۔ فعل) ۔ آسان کرنا ۔ عقدہ کشائی کرنا ۔ انکشاف کرنا ۔ کھولنا ۔ سلجھانا ۔ اجزا علیحدہ کرنا ۔ پیسنا ۔ کھرل کرنا ۔ ملانا ۔ حساب کا حساب نکالنا ۔ سوال کا عمل کر کے جواب تک پہنچانا ۔ معمہ یا پہیلی بوجھنا ۔

حل وعقد ۔ (مذ) ادھیڑ بن ۔ انتظام ۔

حلاج ۔ (مذ) دُھنیا ۔ مشہور و معروف صوفی منصور کا لقب ۔ روئی دھننے والا

حلال ۔ (ع ۔ اسم صفت) جائز ۔ مباح ۔ روا ۔ درست ۔ حرام کی ضد ۔ ذبیحہ ۔ ذبح کیا ہوا جانور ۔ شرعاً و قانوناً ۔ حسب شرع ۔ حسب قانون ۔ شرع کے موافق ۔

حلال تھوڑا حرام بہت ۔ جائز اور پاک مال کم اور ناجائز بہت ۔ ایمانداری میں برکت اور بے ایمانی میں خسارہ ۔ ان معنوں میں حلال میں حرکت، حرام میں برکت مستعمل ہے ۔

حلال خور ۔ (اُر۔ اسم مذکر فاعل) حلال کی مزدوری کھانے والا ۔ محاورہ بھنگی ۔ مہتر ۔

حلال زادہ ۔ شریر ۔

حلال کا ۔ (اُر۔ اسم صفت) ولد الحلال ۔ وہ بچہ جو منکوحہ ماں سے پیدا ہو ۔ جائز طریقے سے حاصل کیا ہوا ۔

حلال کرنا ۔ (اُر۔ فعل) ذبح کرنا ۔ شریعت کے موافق چھری پھیرنا ۔ کاٹنا قتل کرنا ۔ مارنا ۔ پیٹنا ۔

حلال کر کے کھانا (اُر۔ محاورہ) محنت کر کے کھانا ۔ خوب کام کر کے مزدوری لینا ۔ بُری طرح مارنا ۔ سخت پیٹنا ۔ جائز طور پر کھانا ۔

حلال میں حرکت حرام میں برکت (مثل) الٹی بات ۔ زمانہ کی الٹی بات ۔ انقلاب زمانہ ۔ دیانتدار تکلیف اٹھاتے ہیں، بے ایمان مزے اڑاتے ہیں ۔

حلالی ۔ نکاحی عورت کی اولاد ۔

حلاوت ۔ (ع ۔ اسم مونث) مٹھاس ۔ لذت ۔ مزا ۔ ذائقہ ۔ راحت شیرینی ۔

حلب ۔ (مذ) ملک شام کا ایک شہر جہاں کے اُونٹ بہت مشہور ہیں ۔

حلت (ع ۔ مو) حلال ہونا ۔ روا ہونا ۔ مباح ہونا ۔ جائز ہونا ۔ حرمت کی ضد ۔

حلف ۔ (ع ۔ اسم مذکر) قسم ۔ سوگند ۔ عہد و پیمان ۔

حلف اُٹھانا ۔ (اُر۔ فعل) قسم کھانا ۔ سوگند کھانا ۔ قرآن اُٹھانا ۔ گنگا جلی اُٹھانا ۔ مذہبی کتاب کی قسم کھانا ۔

حلجان ۔ (مو) شادی کے بعد گھر کی بی بی کا سب مہمانوں سے پیسے اکٹھے کر کے پوریاں، قیمہ ۔ ساگ پکانا ۔ اور سب کو تقسیم کرنا ۔

حلف دروغی ۔ (عف ۔ اسم مونث بیائے مصدری) جھوٹی قسم جھوٹی سوگند ۔

حلف دینا ۔ (اُر۔ فعل) قرآن یا گنگا جلی اُٹھوانا ۔ قسم دینا ۔

حلفاً ۔ (اسم صفت ع) قسمیہ طور پر ۔ قسم کے طور پر ۔

حلق ۔ (ع ۔ اسم مذکر) گلا ۔ ٹینٹوا ۔ گلو ۔ نار ۔ گردن ۔ منہ ۔ زبان ۔

حلق بند کرنا (اُر۔ محاورہ) زبان بند کرنا ۔ خاموش کرنا ۔ منہ پکڑنا ۔ بولنے نہ دینا ۔

حلق پر چھری پھیرنا (اُر۔ محاورہ) حلال کرنا ۔ ذبح کرنا ۔ مار ڈالنا ۔ قتل کرنا ۔ ظلم کرنا ۔ جبر کرنا ۔ زبردستی کرنا ۔ ستم کرنا ۔

حلق تک بھرنا ۔ بہت زیادہ کھا لینا ۔

حلق خشک ہونا ۔ بار بار پیاس لگنا ۔ بہت چیخنا ۔ گلا سوکھ جانا

حلق دبانا (اُر۔ محاورہ) گلا گھونٹنا ۔ ٹینٹوا دبانا ۔ بات کرتے روک دینا ۔

حلق کا بند ہو جانا ۔ مریض کا جاں بلب ہونا ۔ کھانا پینا بولنا بند ہو جانا ۔

حلق کا کوا لٹک آنا ۔ ایک بیماری جس میں تالو کے آخر کا گوشت حلق کے سرے پر آجاتا ہے ۔

حلق میں پانی ٹپکانے والا ۔ وارث، خبر گیر نہ رہے ۔ بدعا سب سب مر جائیں ۔

حلق کا دربان ۔ (اُر۔ اسم مذکر) ۔ ماں کو کچھ نہ کھانے دینے والا بچہ ۔ کھانے کا مانع ۔

حلق کا نہ تالو کا یہ مال میاں لالو کا ۔ (اُر۔ کہاوت) کھایا نہ پیا یوں ہی کتوں کو دے کر خراب کر دیا ۔ بدتمیزی سے کھانے پر بولتے ہیں ۔

حلق میں نوالہ پھنسنا (اُر۔ محاورہ) کسی عمدہ چیز کے کھاتے وقت اپنے بچے یا دوست کا دھیان آجانا ۔

حلقوم ۔ (ع ۔ اسم مذکر) گلو ۔ گلا ۔ نائے ۔ ٹینٹوا ۔ مقتل ۔ سینے اور گلے کے بیچ کا گڑھا ۔ گلے کا گھنگرو ۔

حلقہ ۔ (ع ۔ اسم مذکر بیائے نسبتی) منسوب حلق ۔ احاطہ ۔ گھیرا ۔ مجلس منڈلی ۔ لکڑی یا لوہے کا گول کنڈا ۔ سانپ کی کنڈلی ۔ چاند کا ہالہ کھنڈی کا گھر ۔ تکمہ ۔ علاقہ ۔ ضلع ۔ حد حکومت ۔

حلقہ باندھنا ۔ (اُر۔ فعل) چار طرف سے گھیر لینا ۔ گھیرا ڈالنا ۔

حلقہ بگوش ۔ (عف ۔ اسم مذکر) غلام ۔ فرمانبردار ۔ (ایران میں دستور

تھا۔ کہ غلاموں کے کان میں حلقہ ڈال دیا کرتے تھے۔

حلقہ ڈالنا (ا ر) حصار باندھنا۔ گھیرا ڈالنا۔ چاروں طرف سے روک دینا

حلقے کا ماتم ۔ حلقہ بنا کر بائیں ہاتھ کو برابر والے کی کمر کے داہنے پہلو رکھنا اور سب آہستہ آہستہ چکر کھا کر سینہ زنی کرنا۔ یہ ماتم بہت بڑا ہوتا ہے۔

حِلم ۔ (ع۔ اسم مذکر) نرمی۔ بردباری۔ ملائمت ہونا یا کرنا۔ نرم طبعی کسی کی سزا میں نرمی کرنا۔

حلوا ۔ (ع۔ اسم مذکر) میٹھا۔ میٹھی چیز۔ نرم مٹھائی۔ موہن بھوگ۔ نرم مال۔ ملائم چیز۔ وہ میٹھی چیز جو روے کو گھی میں بھون کر قوام میں بنانے سے بنتی ہے۔

حلوا خانون ۔ (اُر۔ اسم مونث) حلوا خور بیگم۔ اختو بختو۔ کاٹھ کی پتلیاں۔ جن کا تماشا کیا کرتے ہیں۔

حلوا خوردن را روے باید ۔ (ف۔ مثل) عزت کے لیے لیاقت اور شرافت درکار ہے۔

حلوا سمجھنا (اُر۔ محاورہ) کسی کام کو بالکل آسان اور سہل سمجھنا۔ کسی کو نرم سمجھنا۔ کمزور جاننا۔ ناچیز سمجھنا۔

حلوا کھائے ۔ (اُر) قسم سخت۔ ہمیں مرا ہوا دیکھے۔ ہماری بھتی کھائے۔

حلوا نکل جانا (اُر۔ محاورہ) کنگال اور بدحال ہونا۔

حلوان ۔ (اُر۔ اسم مذکر) بھیڑ۔ یا۔ بکری کا دودھ پیتا بچہ۔ نرم گوشت ایک کپڑے کا نام۔

حلوائی ۔ (اُر۔ اسم مذکر بیائے فاعلیت) حلوا بنانے اور بیچنے والا مٹھائی فروش۔ شیرفروش۔

حلوائی دیوانہ ہوگا تو پھر پھر لڈوا پیتے ہی کو مارے گا ۔ پاگل پن میں بھی اپنا خیال رہتا ہے۔ خد سے زیادہ غرض کا بندہ اور بہت ہوشیار۔

حلوائی کی دکان اور دادا جی کی فاتحہ ۔ حلوائی کی دکان اور نانا جی کی فاتحہ ۔ (اُر۔ مثل) پرائے مال کو بے دریغ خرچ کرنے یا غیر کے مال کو سمجھ کر صرف کرنے کے موقعہ پر بولا جاتا ہے۔

حلوائے بے دود ۔ (ف۔ مذ) پیڑ پر پکا ہوا میوہ۔ قدرتی حلوہ۔ نرم چارہ۔ شیریں میوہ۔

حلوائے مرگ ۔ (مذ) حاضری بھتی۔ موت کا حلوا۔

حلوائے مغزی ۔ (مذ) ایک قسم کا حلوا جس میں پستہ اور بادام زیادہ ڈالے جاتے ہیں۔

حلوائے مقراض ۔ (مذ) ایک قسم کا حلوا جن میں بہت باریک میوے کتر کر ڈالتے جاتے ہیں۔

حلوے مانڈے سے کام رکھنا ۔ (اُر۔ فعل) ہر حالت میں اپنے مطلب کو مقدم جاننا۔ اپنا بھلا چاہے کوئی مرے یا جیے۔

حُلّہ ۔ جامہ۔ جُبّہ۔ یمن کی پوشاک۔ چادر۔ بہشتی لباس۔

حُلیہ ۔ (ع۔ اسم مذکر) زیور۔ گہنا۔ خلقت۔ خدوخال۔ چہرہ صورت۔

حُلیہ بنانا یا بگاڑنا ۔ حالت بدلنا۔ سزا دینا۔

حَلیف ۔ (ع۔ مذ) اتحادی۔ حلفاء جمع۔

ح - م

حِمار ۔ (ع۔ مذ) خر۔ گدھا۔ احمق۔

حماقت ۔ (ع۔ اسم مونث) بے وقوفی۔ نادانی۔ احمق پن۔

حَمّال ۔ (ع۔ اسم مذکر فاعل) مبالغہ یا پیشہ۔ پانڈی۔ مزدور۔ بوجھ اٹھانے والا۔ باربردار۔

حمام ۔ (ع۔ اسم مذکر ظرف) نہانے کی جگہ۔ گرم آبگرمایہ۔

حمام کرنا ۔ (اُر۔ فعل) نہانا۔ غسل کرنا۔ اشنان کرنا۔

حمام کی لنگی ۔ (اسم مونث۔ اُر) ہر شخص کے استعمال میں آنیوالی چیز۔ رنڈی۔ کسبی۔ بازاری عورت۔ بیسوا۔

حمام میں سب ننگے ۔ اس فعل کی نسبت بولتے ہیں جس میں اکثر آدمی مبتلا ہوں۔

حمامی ۔ (ع۔ اسم مؤنث بیائے فاعلیت) حمام والا۔ نہلانے والا۔ نائی۔ حجام۔

حمایت ۔ (ع۔ اسم مونث) طرفداری۔ مدد۔ امداد۔ نگہبانی۔ محافظت سایہ۔

حمایت کرنا۔ حمایت لینا۔ حمایت میں لینا ۔ (اُر۔ فعل) کسی کی مدد کرنا۔ طرفداری کرنا۔ پشتی کرنا۔ حامی بننا۔ مددگار بننا۔

حمایتی ۔ (ع۔ اسم مذکر بیائے فاعلیت) مددگار۔ حامی۔ معاون۔ طرفدار۔ مدد۔

حمایتی کی گھوڑی عراقی کے لات مارتی ہے ۔ (اُر۔ مثل) جس کا کوئی مددگار ہو وہ ادنی ہو کر بھی بڑوں کا مقابلہ کر بیٹھتا ہے۔

حمایتی کا ٹھٹو ۔ (اُر۔ اسم مذکر) دوسرے کی مدد پر کام کرنے والا۔ دوسرے کے بل پر کودنے والا۔

حمائل ۔ (ع۔ اسم مونث) گلے میں لٹکانے کی چیز چھوٹی مستطیع کا قرآن شریف۔

حمد ۔ (ع۔ اسم مونث) خدا کی تعریف۔

حمرا ۔ سرخ رنگ کی۔

حمرت (ع) سرخی۔

حُمق ۔ (ع۔ اسم مونث) بے وقوفی۔ نادانی۔ حماقت۔ احمق پن

حمل ۔ (ع۔ اسم مونث) بوجھ۔ بار۔ پیٹ۔ گربھ۔ بچہ جو پیٹ میں ہو۔ آسمان پر ایک برج کا نام بھی۔ جو مینڈھے کی شکل کا ہے۔ جب آفتاب اس میں ہوتا ہے تو بہار آتی ہے۔

حمل اسقاط ہونا ۔ (اُر۔ فعل) پیٹ گرنا۔ گربھ چھن جانا۔ لوہ جانا۔ قبل از وقت بچہ تولد ہونا۔

حَمل رہنا ۔(مؤ۔فعل) پیٹ رہنا۔پیٹ میں بچہ پڑنا۔
حَمل گرانا ۔(مؤ۔فعل) اسقاط گرانا۔پیٹ گرانا۔
حَملہ ۔(ع۔اسم مذکر) ہلا۔دھاوا۔یورش۔چڑھائی۔حربہ۔وار۔چوٹ
حَملہ آور ۔(عف۔اسم مذکر۔فاعل) دھاوا۔چڑھائی کرنے والا۔
حَملہ کرنا ۔(مؤ۔فعل) دھاوا کرنا۔یورش کرنا۔حربہ کرنا۔وار چلانا۔
حَموضت (ع۔مو) کھٹائی۔ترشی۔کڑواہٹ۔
حَمیت (ع۔مو) غیرت۔شرم۔ننگ۔
حَمید ۔خوب۔تعریف کی ہوئی شے۔اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔
حمیدہ ۔(مو) تعریف کے قابل۔پسندیدہ۔جیسے آپ کے خصائل حمیدہ کہاں تک بیان کئے جائیں۔
حُمیرا (ع۔مو) سرخ رنگ کی۔
حمیم ۔(مذکر) دوست۔رشتہ دار۔گرم۔گرم وسرد پانی۔گرمیوں کی بارش۔موسم گرما کا درمیانی حصہ۔

ح ۔ ن

حِنا ۔(ع۔اسم مونث) مہندی۔
حِنا بندی ۔(عف۔اسم مونث بیائے مصدری) مہندی کی رسم جو ساچق سے ایک دن پہلے مسلمانوں میں کی جاتی ہے۔
حِنا کا چور ۔ہاتھ میں سفید جگہ جہاں مہندی نہ لگی ہو۔
حنّان ۔اللہ تعالےٰ کا نام۔بخشنے والا۔رحمت والا۔
حنّانہ ۔رونے والا۔
حنبلی ۔(ع) سنی مسلمانوں کا وہ گروہ جو اپنے چوتھے امام حنبلؒ کا پیرو ہے۔اس فرقے کا ایک فرد۔امام حنبل کا پیروکار۔
حِنائی ۔(ف۔اسم صفت بیائے نسبتی) گیروا رنگ۔مہندی کا سا رنگ۔مہندی سے رچا ہوا۔زردی مائل سرخ رنگ۔
حِنائی کاغذ ۔ایک قسم کا کاغذ۔
حنظل ۔(ع۔اسم مذکر) اندرائن کا پھل۔پھر پھیندوا۔تماں
حنجرہ ۔(ع۔مذکر) حلق۔گلا۔نرخرہ۔
حنفی ۔سنی مسلمانوں کی وہ جماعت جو امام اعظم حضرت ابوحنیفہؒ کی پیرو۔امام اعظمؒ کا پیروکار۔
حنوط ۔(ع۔مذکر) مختلف خوشبوؤں کا مرکب جو مردے کو محفوظ کرنے کے لیے ملا جاتا ہے۔
حنیف ۔(ع۔ص) مذہب میں سچا اور مضبوط پکا مسلمان۔باطل سے حق کی طرف مائل ہونے والا۔(جمع حنفاء) ملت ابراہیم کا پیرو
حنیفیت ۔(ع۔مو) حضرت ابراہیمؑ کا مسلک اور مذہب جس پر اسلام قائم ہے۔

ح ۔ و

حوا (ع۔اسم مونث) حضرت آدمؑ کی بیوی۔بنی آدم کی ماں (بحالت اسم مذکر) کالے چہرے اور لمبے دانتوں والا ڈراؤنا بھوت جو فرضی ہے۔بچوں کو ڈرانے کے لیے بجوجو کی جگہ بولتے ہیں۔
مگر اس کی صحیح املا چھوٹی "ہ" سے ہے۔ہُوا۔
حواجب ۔(مذ) حاجب کی جمع۔دربان۔
حوادث ۔(مذ) حادثہ کی جمع۔مصیبتیں۔حادثے۔
حواری ۔(اسم مذکر) مسیح کے مددگار۔دوست۔حضرت عیسیٰؑ کے اصحاب۔حضرت مسیحؑ کے شاگرد۔مصاحب (اچھے معنوں میں نہیں بولا جاتا)
حواس (ع۔اسم مذکر) حاسہ کی جمع۔مدرکہ۔قوتیں۔جو حس کرتی ہیں پانچ ظاہر اور پانچ باطنی۔اندریاں۔محسوس کرنے کی طاقتیں۔ہوش۔اوسان۔بدھ۔بدھی۔فہم۔سمجھ۔عقل۔
حواس باختہ ۔(ف۔اسم صفت بہ ترکیب مفعولی) ہکا بکا۔گھبرایا ہوا۔بے اوسان۔جس کے حواس بجا نہ ہوں۔مخبوط الحواس
حواس پکڑنا ۔ہوش میں آنا۔
حواس خمسہ ۔پانچوں حواس ظاہری۔باصرہ (آنکھ) سامعہ (کان) شامہ (دماغ) ناک۔لامسہ (ہاتھ) ذائقہ (زبان)
حواس پر سے صدقہ دینا ۔(اُر۔محاورہ) ہوش درست۔عقل بتانا۔عقل کی خبر لینا۔
حواشی ۔(مذ) حاشیہ کی جمع۔
حواصل ۔(ع۔اسم مذکر و مونث) ایک سفید آبی پرندہ ہے جس کا پوٹا بہت بڑا ہوتا ہے۔
حوالات ۔(اُر۔اسم مونث) حوالت سے بگڑا ہے۔سپردگی۔تحویل۔حراست۔قید۔وہ مکان جس میں مجرموں کو تحقیقات مقدمہ تک رکھا جاتا ہے۔
حوالات کرنا۔حوالات میں دینا ۔(مؤ۔فعل) نظر بند کرنا۔نگرانی میں رکھنا۔قید کرنا۔نظر بندی میں رکھنا۔
حوالہ (ع۔اسم مذکر) تحویل۔سپردگی۔نشان پتہ۔کسی امر کی اقوال اساتذہ سے تصدیق۔
حوالہ دار۔حوالدار ۔(اُر۔اسم مذکر فاعل) وہ سپاہی۔افسر جس کی سپردگی میں کچھ آدمی ہوں۔چند سپاہیوں کا افسر۔
حوالی ۔(ع۔اسم مونث) آس پاس۔گرد ونواح۔قریب۔قرب وجوار۔
حوالی موالی ۔(ہمراہی۔دوست۔ساتھی۔
حوالے کرنا ۔(اُر۔فعل) سپرد کرنا۔دینا۔پکڑانا۔
حوائج ۔(مذ) حاجت کی جمع۔حوائج ضروریہ۔پاخانہ کی حاجت۔پیشاب۔
حوت ۔(ع۔اسم مونث) مچھلی۔ماہیے کلاں (بصورت اسم مذکر) آسمان کا بارہواں برج۔جو مشتری کا گھر ہے۔
حور (ع۔اسم مونث۔حورا کی جمع) سیاہ بالوں اور پتلیوں والی۔ہر گوری چٹی عورت۔خوب صورت۔جمیلہ۔شکیلہ۔نہایت حسین عورتیں جو بہشت میں نیکوں کی خدمتگار ہوں گی۔
حور کا بچہ ۔(اسم صفت) نہایت حسین۔پری زاد۔پری جمال۔

حَوصلہ ۔(ع ۔اسم مذکر) پرندہ کا پوٹا ۔معدۂ مرغاں ۔دلیری ۔جرأت ہمت ۔مقدور ۔سمائی ۔بردباری ۔ارمان ۔آرزو ۔ہوس ۔

حَوصلہ نکالنا ۔(اُرد ۔محاورہ) ہوس نکالنا ۔ارمان پورے کرنا ۔بڑی ہمت کرنا ۔خوب خرچ کرنا ۔جی کھول کر صرف کرنا ۔

حَوض ۔(اسم ۔مذکر) ظرف ۔پانی جمع کرنے کی جگہ ۔تالاب ۔ہودہ ممتن ۔حاشیہ کے اندر کا میدان ۔

حَوضہ ۔(ہودہ ۔ہاتھی کی عماری ۔ہودج ۔

حَوض بھرے فوارہ چھوٹے ۔(اُرد ۔مثل) ہودج ۔آمدنی ہو تو خرچ بھی ہونا ہے ۔

حَوکنی ۔(ہو ۔د ع) کم عقل ۔احمق ۔

حَویلی ۔(اُرد ۔اسم مونث ظرف) چار دیواری کا مکان ۔مجلسرا پختہ اور بڑا مکان ۔عالی شان گھر

ح ۔ ی

حَی ۔(ع ۔ص) زندہ ۔خدا تعالیٰ کا صفاتی نام ۔

حَیا ۔(ع ۔اسم مونث) شرم حجاب ۔لاج ۔لحاظ ۔غیرت ۔

حَیادار ۔حیامند ۔(اُرد ۔اسم صفت) غیرت مند ۔شرم دار شرمیلا ۔شرمیلی ۔نیک بخت ۔

حَیا آنکھوں سے دھو ڈالنا ۔دیدہ ذلیل ہو جانا ۔

حَیا والا اپنی حیا سے ڈرا بے حیا جانے مجھ سے ڈرا ۔(اُرد ۔مثل) جب کسی رذیل کے مقابلے میں کوئی شریف خاموشی اختیار کرے ۔اس وقت بولا کرتے ہیں ۔

حَیات ۔(ع ۔اسم مونث) زندگی ۔جان ۔روح ۔پران ۔زیست

حَیاتِ مستعار ۔(ع ۔اسم مونث) مانگے کی زندگی ۔بے ثبات زندگی ۔فانی عمر ۔چند روزہ زندگی ۔عرفانی ۔ناقابل اعتبار زیست غریبانہ گزارہ ۔معمولی گزران ۔

حَیاتین ۔(ع ۔ہو) وٹامنز ۔غذا کے حیات بخش جوہر ۔تحلیل کے لحاظ سے حیاتین کی دو اقسام ہیں ۔پہلی وہ جو پانی میں حل ہو جاتی ہے ۔دوسری وہ جو روغن یا چربی میں حل ہونے کے قابل ہیں ۔پہلی میں وٹامن بی ۔اور سی ۔دوسری میں ۔اے ڈی اور ای ۔

حَیثیت ۔(ع ۔اسم مونث) جعلی مصدر ہے ۔مقدور ۔بساط ۔استعداد ۔مالیت ۔دولت ۔ملکیت ۔عزت ۔آبرو ۔

حَیثیتِ عرفی ۔(ع ۔اسم مونث) ظاہری ۔عزت مانی ہوئی ۔آبرو بنی ہوئی ۔شہرت ۔ساکھ ۔ورد ۔سوسائٹی ۔اعتبار ۔

حَیدر ۔(مذ) حضرت علی کا لقب ۔شیر ۔

حَیران ۔(ع ۔اسم صفت) متحیر حیرت زدہ ۔دنگ ہکا بکا پریشان ۔

حَیرانی ۔(ع ۔اسم مونث ۔یائے مصدری) تحیر ۔حیرت پریشانی تعجب ۔

حَیرت ۔(ع ۔اسم مونث) اچنبھا ۔تعجب ۔حیرانی ۔اچرج ۔سکتے کی حالت ۔ہچک رہنا ۔

حَیرت زدہ ۔(ف ۔ص) بھونچکا ۔حیران ۔ہکا بکا ۔

حَیض بَیض ۔(ع ۔اسم مونث) حیض بمعنی گراہی بیض بمعنی تنگی و سختی رد و کد ۔تکرار ۔سمجھا بجھی ۔لڑائی جھگڑا ۔جنگ وغوغا قیل وقال ۔

حَیز ۔(حد و مکان ۔ہر چیز کا ۔اصلی مرجع ۔مرکز ۔

حَیزہ ۔مخنث ۔

حَیض ۔(ع ۔اسم مذ) طمث ۔عورتوں کو آنے والا ماہواری خون ۔کپڑے ایام ماہواری ۔

حَیض کا کپڑا ۔(اُرد ۔اسم مذکر) حیض کی گدی ۔حیض صاف کرنے کا کپڑا ۔نہایت ذلیل ۔قابل نفرت ۔سخت بے قدر ۔

حَیضی ۔یا حیضی سچہ (اُرد ۔اسم مذکر) حرام کا ۔حرامی ۔شریر ۔دنگئی ۔حرام زادہ ۔

حَیف ۔(ع ۔اسم مذکر) ہائے ۔دریغ ۔افسوس ۔ظلم ۔زبردستی جور و ستم ۔جبر و تعدی ۔

حَیل ۔(ع ۔مذ) حیلہ کی جمع ۔

حِیلہ ۔(ع ۔اسم مذکر) فریب ۔مکر ۔بہانہ ۔دھوکا ۔چل ۔کام ۔نوکری روزگار ۔

حِیلہ باز ۔حیلہ ساز ۔حیلہ گر ۔(عف ۔اسم مذکر فاعل) مفید صفت ۔مکار ۔بہانہ جو ۔چالاک ۔فریبی ۔دھوکے باز ۔

حِیلہ حوالہ ۔(ع ۔اسم مذکر) آلا ۔بالا ۔لیت ولعل ۔ٹال مٹول ۔

حِیلے حوالے کرنا ۔ٹال مٹول کرنا ۔فریب کرنا ۔

حِیلے رزق بہانے موت ۔(اُرد ۔مثل) رزق اور موت کسی نہ کسی سبب پر منحصر ہے ۔

حِیلہ کرنا ۔(اُرد ۔فعل ۔) بہانہ کرنا ۔روزگار کرنا ۔کام اور پیشہ کرنا

حِین ۔(اسم مذکر ۔ظرف) وقت ۔ہنگام ۔زمانہ ۔عرصہ ۔آن ۔ویلا

حِینِ حیات ۔(ع ۔اسم مونث) جیتے جی زندگی بھر ۔عمر بھر ۔تمام عمر ۔

حَیوان ۔(ع ۔اسم مذکر) لغوی معنی ۔زندگانی ۔مجازاً جانور ۔جاندار ذی روح ۔بہائم ۔(بحالت صفت) نادان ۔بے وقوف ۔وحشی جنگلی ۔

حَیوانِ مطلق ۔(ع ۔اسم صفت) پورا پورا حیوان ۔حیوان آزاد ۔بے سلیقہ حیوان ۔یا جانور ۔لپشو ۔ڈنگر ۔بالکل اُجڈ ۔

حَیوانِ ناطق ۔(ع ۔اسم صفت) ۔بولنے والا جانور ۔آدمی ۔انسان ۔بشنش ۔

حَیوانِ ناہق ۔(ع ۔اسم صفت (پنجابی کھوتا ۔) گدھا ۔خر ۔

حَیوانی ۔(ع ۔اسم صفت بیائے مصدری) انسانی کی ضد ۔شیوانی نفسانی ۔بہیمی ۔عامل لوگ گوشت اور حیوان سے نکلی ہوئی چیز یعنی گھی دودھ کے استعمال سے مراد لیتے ہیں ۔

حَیوانیت ۔(ع ۔اسم مونث ۔اسم مصدری ۔وحشت ۔وحشی پن ۔بے شرمی ۔بے حیائی ۔نادانی ۔بے وقوفی ۔جہالت ۔حیوان ہونے کی خاصیت ۔

حَیَّ علی الصلوٰۃ (ع) اذان کا ایک جملہ ۔نماز کے لیے جلدی آؤ ۔

حی و قیوم لایموت (ع ۔مذکر) قائم رہنے والا ۔نہ مرنے والا اللہ تعالیٰ ۔

خ

خ ۔ (خے) (ع ۔ اسم مونث) عربی کا ساتواں ۔ فارسی کا نواں ۔ اردو ۔ ا ۔ ب ۔ ت کا دسواں حرف ہے ۔ حساب جمل یا ابجد میں اس کے عدد ۶۰۰ فرض کئے گئے ہیں ۔ خائے معجمہ کے نام سے بولی اور لکھی جاتی ہے ۔ حلقی حرف ہونے کی وجہ سے اس کی آواز حلق سے نکلتی ہے ۔

خ ۔ ا

خاء ۔ (ف ۔ مو) گندے پانی کا گڑھا ۔

خاتِم ۔ (اسم مذکر ۔ ع) ختم کرنے والا ۔ اخیر یا انجام کو پہنچا دینے والا ۔

خاتَم ۔ (ع ۔ اسم مونث) انگوٹھی ۔ انگشتری ۔ مُندری ۔ مُہر ۔ چھاپ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب ۔ اسی مناسبت سے کہ آپ کی پشت مبارک پر مُہرِ نبوت ثبت تھی ۔ انجام کو پہنچا دینے والا ۔

خاتَمُ الانبیاء (ع) ۔ اسم مذکر ۔ آخری رسول ۔ آخری نبی ۔ تمام نبیوں کی نبوت کو ختم کر دینے والا ۔ آخری پیغمبر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے مراد ہے ۔

خاتم المرسلین (ع) تمام نبیوں کی نبوت ختم کرنے والا ۔ آخری پیغمبر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ۔

خاتم بندی ۔ (عف ۔ اسم مونث ۔ بائے مصدری ۔) ہاتھی دانت اونٹ کی ہڈی یا لکڑی وغیرہ پر گلکاری کرنا اور چھپتوں میں لگانا تختہ بندی ۔ جڑاؤ ٹ کا کام ۔ (خاتم کاری)

خاتم سلیمان ۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی جس پر اسم اعظم کندہ تھا ۔ اور اس کی برکت سے تمام مخلوقات (جن و انس و وحوش و طیور) آپ کے پیرو تھے

خاتمہ ۔ (ع ۔ اسم مذکر) انجام ۔ نتیجہ ۔ اخیر ۔ موت ۔ رحلت ۔ انتقال وہ عبادت جو کتاب کے ختم کرنے پر لکھی جائے ۔

خاتمہ بالخیر ۔ (ع ۔ اسم مذکر) نیک انجام ۔ بہتر اخیر ۔ انجام بخیر حسن خاتمہ کی دعا ۔ مرتے وقت ایمان کی سلامتی کے ساتھ دنیا سے گزر جانا ۔

خاتمہ ہونا ۔ (لازم فعل) تمام ہونا ۔ ہو چکنا ۔ مر جانا ۔ گزر جانا ۔

خاتمہ بالخیر ہونا ۔ انجام بخیر ہونا ۔

خاتون ۔ (ت ۔ اسم مونث) بیگم ۔ بی بی ۔ لیڈی ۔ رانی ۔ ملکہ ۔ امیر گھر کی عورت کا لقب ۔ امیر زادی ۔

خاتونِ جنت ۔ (فع ۔ اسم مونث) جنت کی شہزادی ۔ حضرت فاطمۃ الزہرہ رضی اللہ عنہا کا لقب ہے ۔ جو حضرت رسول کریم کی صاحبزادی اور حضرت علیؓ کی زوجہ تھیں ۔

خاتونِ عرب ۔ (مو) کعبہ شریف ، بیت اللہ شریف ، حضرت فاطمہؓ کا لقب ۔

خاتونِ فلک ۔ (ت ۔ ع ۔ مذ) سورج ۔ چاند ۔ زہرہ ۔

خادِم ۔ (ع ۔ اسم مذکر ۔ فاعل) خدمت کرنے والا ۔ خدمت گار نوکر ۔ ٹہلوا ۔ سیوک ۔ کسی درگاہ کا مجاور ۔ پیر کا مرید ۔ پجاری ۔ متکلم اپنے لیے انکسار آ کہتا ہے ۔

خادمِ درگاہ ۔ (عف ۔ اسم مذکر) مجاور ۔ درگاہ کی خدمت کرنیوالا ملازم آستانہ ۔

خار ۔ (ف ۔ اسم مذکر) کانٹا ۔ پھانس ۔ سول ۔ مرغ کے پاؤں کا کانٹا جو ٹخنے سے اوپر نکلتا ہے ۔ حسد ۔ رشک ۔ داڑھی داڑھی کے بال ۔ ناگوار ۔ دوبھر ۔

خارِ بست ۔ خار بند ۔ کانٹوں کی باڑھ ۔

خارپشت (ف ۔ اسم مذکر) ساہی ۔ ایک کانٹے دار جنگلی جانور کترنے والے جانوروں میں سے ہے ۔ جنگلی خاردار چوہا ۔ پیٹھ کھجانے کا لوہے کا پنجہ ۔

خارپشت

خارخار ۔ (ف ۔ اسم صفت) بکثرت ۔ بہت بے چینی ، پریشانی ، بیکلی ۔ بے حد غم و حسد کے لیے آتا ہے ۔

خاردار ۔(ف ۔اسم صفت بہ ترکب فاعلی) کانٹے دار ۔داڑھی والا کانٹوں والا ۔

خار کھانا ۔(لا ۔فعل) جلنا ۔حسد کرنا ۔دشمنی اور عداوت کرنا

خار گزرنا ۔یا ۔لگنا ۔یا ۔ہونا ۔(لا ۔فعل) بُرا لگنا ۔کھٹکنا ۔ناگوار معلوم ہونا ۔رشک ہونا ۔جلن ہونا ۔

خار و خس یا ۔خاشاک ۔(ف ۔اسم مذکر) کوڑا کرکٹ ۔

خارا ۔(ف ۔اسم مذکر) سخت پتھر ۔نیلا پتھر ۔

خارا شگاف ۔پتھر میں شگاف ڈالنے والا ۔

خارج ۔(لا ۔اسم صفت فاعل بہ معنہ مفعول) نکلا ہوا ۔نکالا ہوا ۔باہر ۔مخروج ۔دور ۔علیحدہ ۔علاوہ ۔

خارج از اختیار ۔اختیار سے باہر ۔

خارج از عقل ۔(عف ۔تابع فعل) مقید صفت ۔احمق ۔نادان ۔بے عقل ۔عقل کے خلاف ۔گاؤدی ۔

خارج از بحث ۔(عف ۔تابع فعل) بحث سے باہر ۔بحث سے الگ ۔ناقابل سماعت ۔حد سماعت سے باہر ۔

خارج قسمت (ع ۔اسم مذکر) مقسوم کو مقسوم علیہ پر تقسیم کرنے سے جو عدد حاصل ہو ۔اسے خارج قسمت کہتے ہیں ۔حاصل قسمت ۔

خارج کرنا ۔(لا ۔فعل) نکال دینا ۔دور کرنا ۔علیحدہ کر دینا (قانوناً) مقدمہ کو ڈسمس کر دینا ۔مقدمہ کو ناقابل سماعت سمجھنا ۔

خارج ہو ۔نکلنا ۔باہر ہونا ۔جدا ہونا ۔مقدمے کا ڈسمس ہونا ۔

خارجہ ۔(ع ۔اسم مذکر) خارج شدہ ۔باہر کا ۔داخلہ کی نقیض ۔داخلے کی ضد ۔خارجی (جیسے زاویہ) ۔

خارجی ۔(ع ۔اسم مذکر ۔بیائے فاعلیت) مذہب سے خارج شدہ بے ایمان ۔دین اسلام سے باہر ۔مسلمانوں کا وہ فرقہ جنہوں نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو خلیفہ برحق نہیں مانا اور ان سے باغی ہو کر لڑے ۔

خارش یا خارِشت ۔(ف ۔اسم مونث) کھاج ۔کھجلی ۔ایک سوداوی مرض ۔جس سے تمام جسم کھجل جاتا اور کھجلاتا ہے ۔

خارشی ۔(کھجلی والا ۔وہ شخص جسے خارش ہو ۔

خارشی کتا محلے کی جھول ۔(لا ۔مثل) بدصورت مگر خوش لباس آدمی کو کہا جاتا ہے ۔

خارق عادت ۔معجزے اور کرامات ۔عادتوں کے خلاف ۔

خازن ۔(ع) خزانچی ۔

خارستانی (لا ۔مذ) کبوتر کا ایک رنگ ۔فقط جیسے خاص آپ ہی کے پاس ہے ۔یہ خاص اردو ہے ۔منظور نظر ۔پیارا ۔محبوب ۔عزیز ۔چاہیتا ۔مرغوب ۔

خاص بازار ۔(عف ۔اسم مذکر ظرف) شاہی بازار ۔وہ بازار جو بادشاہوں کے درود وقت کے سامنے ہو ۔دہلی کے ایک بازار کا نام ۔

خاص بردار ۔(عف ۔اسم مذکر فاعل) بندوقچی سپاہی ۔سواری کے آگے کندھے پر بندوقیں رکھ کر چلنے والے سپاہی ۔

خاص تحصیل (ع ۔اسم مذکر) وہ تحصیل جس میں حاکم ضلع یا افسر صوبہ کا اجلاس ہوتا ہے ۔

خاص تراش ۔(ف ۔اسم مذکر فاعل) بادشاہوں اور امیروں کا نائی یا حجام ۔بادشاہوں اور امیروں کی حجامت بنانے والا ۔

خاص خاص لوگ ۔(لا ۔اسم مذکر) معزز لوگ ۔رئیس لوگ ۔منتخب آدمی ۔اولیاء اللہ ۔

خاص کر ۔(لا ۔تابع فعل) خصوصاً ۔بالخصوص ۔

خاصگی ۔(مذکر) رسالدار ۔بادشاہ اور امراء کا مصاحب ۔خزانچی ۔(مونث) مالک کی مدخولہ لونڈی ۔ہر عمدہ چیز ۔

خاص نویس ۔(عف ۔اسم مذکر) سچ کا منشی ۔ذاتی منشی ۔پرائیویٹ سیکریٹری ۔

خاص و عام ۔(ع ۔اسم مذکر) ادنےٰ و اعلےٰ ۔تمام ۔سب ۔امیر و غریب ۔چھوٹے بڑے ۔

خاصا ۔(لا ۔اسم ظرف بالف وصفی) اچھا ۔خوب خوش ۔موزوں ۔بُرا نہ بھلا ۔متوسط ۔درمیانی ۔

خاصّہ ۔(اسم مذکر ۔لا) عادت ۔خو ۔بان ۔خصلت ۔

خاصا رہا ۔یا ۔خاصے رہے ۔(لا ۔) فقہ صفت ۔اچھا نکلا ۔خوب رہا ۔سوہنا نکلا ۔

خاصہ ۔(لا ۔اسم صفت) امیروں اور بادشاہوں کا کھانا ۔یا ان کی سواری کا گھوڑا ایک قسم کا کپڑا جو سفید سوت کا ہوتا ہے ۔

خاصدان ۔(لا ۔اسم مذکر ظرف) گلوداں ۔گلوریاں رکھنے کا برتن جو گنبد نما ہوتا ہے ۔

خاصی ۔(لا ۔اسم صفت ۔بیائے نسبتی) اچھی ۔عمدہ ۔بھلی ۔میانہ بُری نہ بھلی ۔متوسط درجے کی ۔امرا و حکام کی خاص بندوق ۔(موم) زنانی ۔

خاصی پیاری ۔(لا ۔اسم مؤنث) زنانی ۔زنخہ ۔عورتوں کی باتیں کرنے والا مرد ۔جان صاحب ۔بی جی ۔بنو جان ۔

خاصیّت ۔(ع ۔اسم مؤنث) مزاج ۔طبع ۔خصلت ۔خو ۔بان ۔عادت ۔تاثیر ۔اثر ۔وصف ۔گن ۔

خاطِر ۔(ع ۔اسم مذکر فاعل) لغوی ۔دل میں گزرنے والا خیال ۔مجازاً دل ۔سرہ ہیا ۔من ۔جگر ۔کلیجہ ۔قصد ۔ارادہ ۔چت ۔وصیان ۔مرضی ۔خوشی ۔پاس ۔لحاظ ۔تواضع ۔آؤ بھگت ۔طبیعت ۔لحاظ ۔لیے ۔واسطے ۔ظرف داری ۔پاسداری ۔

خاطر آشفتہ ۔پریشان خاطر ۔

خاطر آزردہ ۔ناراض ۔دل آزردہ ۔رنجیدہ ۔کبیدہ خاطر ۔ملول ۔

خاطر جمع ۔(ع ۔اسم مونث) تسلی ۔اطمینان ۔دل جمعی ۔تسکین ۔

خاطر خواہ ۔(عف ۔تابع فعل) موافق طبع ۔حسب منشا ۔حسب دلخواہ

خاطر داری ۔(عف ۔اسم مؤنث بیائے مصدری) تواضع ۔آؤ بھگت مہمان نوازی ۔

خاطر میں آنا ۔خاطر میں گزرنا ۔(اُر ۔محاورہ) دل میں خیال آنا ۔نظر چڑھنا ۔جچنا ۔رفعت ہونا ۔دل میں گزرنا ۔ارادہ ہونا ۔

قصد ہونا۔
خاطر میں نہ لانا۔(اُر۔ محاورہ) دھیان نہ کرنا۔ توجہ نہ کرنا۔ عزت نہ کرنا۔ بات نہ پوچھنا۔
خاطر نشان ہونا۔(اُر۔ اسم مؤنث) تسلی ہونا۔ اطمینان ہونا دل جمعی ہونا۔ تسکین ہونا۔ خاطر جمع ہونا۔ دل میں بیٹھ جانا۔
خاطر ہونا۔(اُر۔ فعل) آؤ بھگت ہونا۔ مدارات ہونا۔ تعظیم ہونا تعریفاً۔ ہٹنا۔ مار کھانا۔
خاقان۔(ت۔ اسم مذکر) بڑا بادشاہ۔ سلطان پہلے چین اور ترکستان کے بادشاہوں کا لقب تھا۔ اب ہر ایک کو کہہ دیتے ہیں۔
خاک۔(ف۔ اسم مؤنث) گرد۔ دھول۔ مٹی۔ خمیر۔ راکھ۔ خاکستر بھبوت۔ بھسم۔ زمین۔ دھرتی۔ ارض۔ کچھ۔ ذرا ہیچ۔ کچھ نہیں بالکل نہیں۔ کیا ہے۔ بے وقعت۔ کسطرح۔ کس لیے۔
خاک اُڑانا۔(اُر۔ محاورہ) گرد اُڑانا۔ بدنام کرنا۔ آوارہ پھرنا۔ سوگ کرنا
خاک اُڑاتے پھرنا یا بیٹھنا۔ تباہ آوارہ پھرتے۔
خاک انداز۔(مذ) کوڑا ڈالنے کا برتن۔
خاک بازی۔(مو) کھیل کود۔
خاک برسنا۔(اُر فعل) ریت برسنا۔ ویرانی برسنا۔ دھول اُڑانا ریت اُڑانا۔
خاک بسر۔(ف۔ اسم صفت) پریشان حال۔ بدحال۔ خستہ و خراب۔ سوگ وار۔
خاک پا۔(مو) پاؤں کے نیچے کی مٹی۔
خاک پاک۔ کربلا کی مٹی۔ قبر حضرت امام حسینؓ کا غبار یا مٹی۔
خاک پھانکنا۔(اُر محاورہ) آوارہ پھرنا۔ جھوٹ بولنا۔ بہتان لینا
خاک پیتھر کیا۔ کچھ بھی نہیں۔
خاک تودہ۔(ف۔ اسم مذکر) مٹی کا ڈھیر۔ چاندی کا ڈھانچا آماجگاہ
خاک چاٹ کر بات کہنا۔ خاک چاٹ کر کہنا۔(اُر محاورہ) نہایت عجز و انکسار سے کہنا۔ دعوے کی بات کو عاجزی اور نرمی سے کہنا۔
خاک تودہ بنا دیا۔ جو برائی ہوئی میرے سر تھوپ دی۔
خاک چھاننا۔(اُر۔ محاورہ) تلاش اور جستجو۔ بے حد سفر کرنا۔ ملک بہ ملک پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔ تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔
خاک دان۔(مذ) دنیا۔ مٹی اور کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ۔
خاک دھول۔(مو) کچھ نہیں۔
خاک ڈالنا۔(اُر محاورہ)۔ دبانا۔ چھپانا۔ مخفی کرنا۔ توجہ نہ کرنا۔ خیال نہ کرنا۔ عیب پوشی کرنا۔
خاک سر پر اڑانا۔ یا۔ ڈالنا۔(اُر۔ محاورہ) رونا۔ پیٹنا۔ ماتم کرنا افسوس کرنا۔

خاک سیاہ ہو جانا۔(اُر۔ محاورہ) راکھ ہو جانا۔ جل کر خاکستر ہو جانا۔ تباہ ہو جانا۔ برباد ہو جانا۔
خاک سے پاک کرنا۔ حقارت سے بلندی تک پہنچانا۔ ذلیل سے عزیز۔
خاک شفا۔(ف۔ اسم مونث) تندرست کرنے والی مٹی۔ شہدائے کربلا کے مدفن کی خاک۔ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کی مٹی۔
خاک کا پتلا۔(اُر۔ اسم مذکر) آدمی۔ انسان۔ مشت خاک۔
خاک کا پیوند ہونا(اُر۔ محاورہ) خاک میں ملنا۔ مرنا۔ زمین میں دفن ہونا۔
خاک کرنا(اُر۔ محاورہ) اُجاڑنا۔ تباہ کرنا۔ جلا کر راکھ کرنا۔ کچھ نہ کرنا۔
خاک لے ڈالنا۔ یا۔ خاک تک لے ڈالنا۔(اُر۔ محاورہ) کسی کے گھر بہت سے بھیرے کرنا۔
خاک ملا۔(اُر۔ اسم صفت) ترکیب مقلوبی) خاک میں ملا ہوا۔ مری لیا۔ مرن جوگا۔ تباہ حال۔ خانہ خراب۔
خاک میں ملانا۔(اُر۔ محاورہ) تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ ویران کرنا۔ اُجاڑنا مٹانا۔ پامال کرنا۔ خراب کرنا۔
خاک میں مل جائے۔(اُر۔ فقرہ) مرجائے۔ دفن ہو جائے۔ گڑ جائے
خاک نہ دھول بکائن کے پھول۔(اُر۔ مثل) کام کے نہ کاج کے مفت کے خانشی۔ بالکل نکمّا اور بے کار ہے۔ شیخی ہی شیخی ہے۔ کچھ بھی نہیں۔
خاک نہیں۔(اُر۔ اسم صفت)۔ کچھ نہیں۔ بالکل نہیں۔ ذرا نہیں خالم خالی۔ کنگال قلاش۔
خاک ہیں۔(اُر۔ اسم صفت) کچھ بھی نہیں۔ ہیچ ہیں۔
خاک ہو جانا۔(اُر۔ محاورہ) گل کر مٹی ہو جانا۔ بوسیدہ ہو جانا۔ نقش کشی کرنا۔ فوت ہونا۔
خاکا۔ خاکہ۔(اُر۔ اسم مذکر) پنسل یا چاک وغیرہ سے بنایا ہوا نقشہ کا نشان۔ چربہ۔ نقشہ۔ ڈھانچا۔
خاکا اُتارنا۔(اُر۔ فعل) کچا نقشہ بنانا۔ مسودہ بنانا۔ نقل اُتارنا چربہ اُتارنا۔
خاکا اُڑانا۔(اُر۔ محاورہ) نقل اُتارنا۔ رسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔ ذلیل کرنا ڈھنگ اُڑانا۔ ہنسی کرنا۔ مذاق اُڑانا۔ مخول کرنا۔
خاک روب، خاکروب،(ف۔ اسم مذکر فاعل) مہتر۔ چوہڑا بھنگی حلال خور۔
خاکسار۔(ف۔ اسم مذکر۔ صفت بترکیب تشبیہی) مثل خاک۔ فروتن۔ متواضع۔ منکسر۔ عاجز۔ علامہ مشرقی کی جماعت کا نام۔
خاکساری۔(ف۔ اسم مونث بیائے مصدری) فروتنی۔ انکساری عاجزی۔ عزیزی۔
خاکستر۔(ف۔ اسم مونث) راکھ۔ بھبوت۔ جلی ہوئی چیز کی بھبوت
خاکسی۔(اُر۔ اسم مونث) خوب کلاں۔ ایک نہایت باریک تخم کا نام ہے

خاکش بدہن ۔ اُس کے مُنہ میں خاک ۔ کسی نے کوئی بات کہی تو اس کے متعلق کہتے ہیں ۔ اُس کا ستیاناس ہو ۔
خاکم بدہن ۔ میرے مُنہ میں خاک ۔ جب اپنے مُنہ سے بدشگونی یا بُری بات نکل جائے تو کہتے ہیں ۔

خاکنائے ۔ (ف ۔ اسم مونث) خشکی کے دو بڑے قطعوں کو ملانے والا ۔ خشکی کا ایک تنگ سا قطعہ (خاک بمعنی مٹی نائے بمعنی گردن ۔ گردن زمین ۔)

خاکنائے

خاکی ۔ (ف ۔ اسم صفت بیائے نسبتی) خاک کا بنا ہوا ۔ خاک کی پیدائش گرد آلود ۔ مٹیالا ۔ خاک کے رنگ کا ۔ سپاہیوں کی وردی ۔ فقیروں کا ایک فرقہ ۔ جو خاکی شاہ کا مرید ہے ۔
خاکی انڈا ۔ (اُر ۔ اسم مذکر) وہ انڈا جو حیض کئے بغیر مرغی خاک میں لوٹ کر دیدے ۔ حرامی بن باپ کا ۔ حرامی پلّا ۔
خاکشی ۔ (ف ۔ مو) خاکستر ۔ خوب کلاں ۔ ایک خودرَو گھاس کا باریک بیج ۔ اردو میں "س" سے مستعمل ہے ۔
خاگینہ ۔ (ف ۔ اسم مذکر) اس میں بیتہ برائے نسبت اور خاگ بمعنی انڈا) پکے ہوئے انڈے انڈوں کا سالن تلے ہوئے انڈے اور کترا ہوا پیاز ملا کر قیمہ کی طرح پکا ہوا سالن ۔
خال ۔ (ع ۔ اسم مذکر) تل ۔ سیاہ نقطہ جو قدرتی طور پر چہرے یا بدن پر ہو دو رنگا رنگ کبوتر ۔ مصنوعی تل ۔ کاجل کا بنایا ہوا تل ۔ جو نازنین چہرے پر بنایا کرتے ہیں ۔ ماموں ۔ ماں کا بھائی ۔
خال خال ۔ (اُر ۔ تابع فعل) بعض بعض ۔ کم کم ۔ اکّا دکّا ۔ کوئی کوئی ۔
خال جو بڑھا مستا ہوا ۔ ہر چیز حد سے بڑھ کر بدنما ہو جاتی ہے ۔
خالص ۔ (ع ۔ اسم صفت) صاف ۔ کھرا ۔ نرل ۔ بے غش ۔ بے ملاپ ۔ بے ملاوٹ ۔
خالصہ ۔ (ع ۔ اسم صفت) سرکاری زمین جس میں کسی کا حق نہ ہو ۔ (پنجاب) عنفوانِ سکھ ۔ سردار ۔ عام سکھ ۔ سکھوں کی فوج ۔ سکھوں کی حکومت ۔
خالصے لگانا (اُر ۔ محاورہ) بیچ کھوچ کر برابر کر ڈالنا ۔ اُڑانا ۔ برباد کر دینا خاک سیاہ کر دینا ۔
خالصے لگنا (اُر ۔ محاورہ) ضبط ہونا ۔ لاوارث قرار پا کر سرکاری ملکیت میں داخل ہو جانا ۔ تلف ہونا ۔ ضائع جانا ۔ برباد ہونا ۔
خالق ۔ (ع ۔ اسم مذکر فاعل) پیدا کرنے والا ۔ آفرینندہ ۔ سرجن ہارا خدا لے ۔
خالو ۔ (اُر ۔ اسم مذکر) خالہ کا خاوند ۔ ماں کی بہن کا خاوند ۔
خالہ ۔ خالا ۔ (ع ۔ اسم مونث بہائے تانیث) ماں کی بہن ۔ ماؤسی خالو کی بیوی ۔ (پ) ماسی ۔

خالہ جایا ۔ خالہ جائی ۔ (اُر ۔ اسم مذکر) خالہ کا بیٹا یا لڑکا ۔ موسیرا بھائی ۔ خالہ کی بیٹی ۔ موسیری ۔
خالہ زاد ۔ خالہ کی اولاد ۔
خالہ زاد بھائی ۔ یا ۔ **خالہ زاد بہن** ۔ (اُر ۔ اسم مذکر) خالہ جایا ۔ خالہ کا بیٹا ۔
خالہ کی خل بچی ۔ حقارۃً خالہ کی بیٹی ۔
خالہ جی کا گھر ۔ (اُر ۔ اسم صفت) سہل کام ۔ آسان کار ۔ وہ مقام جس پر بآسانی دعوے ہو سکے ۔ اپنی جگہ ۔
خالہ خلعتی دال پکائی ڈھلڈھلی ۔ مہمان داری نہ کی ۔
خالہ خلیچہ یا خلیچی ۔ کسی شخص کو خاص کر خالہ زاد بھائی کو حقارت سے کہتے ہیں ۔
خالہ کا دم اور کواڑوں کی جوڑی ۔ کس مپرسی کا عالم ۔ تنہائی ۔
خالی ۔ (ع ۔ اسم صفت) بھرا کی ضد ۔ تہی ۔ ریتا ۔ کھوکھلا ۔ صرف ۔ اکیلا تنہا ۔ بیکار ۔ نکما ۔ بے روزگار ۔ غیر آباد ۔ بے دخل ۔ غیر مقبوضہ سُونا (سیجالت اسم مذکر) عورتیں ۔ چاند کا گیارہواں مہینہ ۔ ذی قعدہ کے مہینہ کو کہتے ہیں ۔
خالی پھرنا ۔ محروم واپس آنا یا جانا ۔
خالی پیٹ ۔ نہار مُنہ ۔
خالی پیٹ کٹاری مارنا ۔ بھوک کی حالت میں لڑنا ۔
خالی جانا ۔ (اُر ۔ فعل) نشانہ پر نہ لگنا ۔ گولی نہ لگنا ۔ بندوق کا نشانہ خطا ہونا ۔
خالی دینا ۔ (اُر ۔ فعل) حریف کا وار بچانا ۔ وار نہ لگنے دینا ۔ توڑ کرنا
خالی سے بیگار بھلی ۔ (اُر ۔ مثل) بے مشغل سے مُفت کام کرنا بھی بہتر ہے ۔
خالی کا چاند ۔ یا ۔ مہینہ ۔ (اُر ۔ اسم مذکر) ذی قعدہ کا چاند ۔ قمری گیارہواں مہینہ ۔
خالی کرنا ۔ (اُر ۔ فعل) تہی کرنا ۔ ریتا کرنا ۔ بندوق چھوڑنا ۔ مکان سے اسباب یا قبضہ اُٹھا لینا ۔
خالی گھر دیوانی بیوی ۔ بے حیا ۔ بے عصمت گھر والی سے خطرہ ہے ۔
خالی ہاتھ ۔ (اُر ۔ اسم صفت) نادار ۔ کنگال ۔ مُفلس ۔ بیت عریب ۔
خالی ہاتھ آنا جانا ۔ پھر آنا یا جانا یا پھرنا ۔ بغیر لیے دیئے آنا جانا
خالی خریطی پوری فضیحتی ۔ جیب جیب میں کچھ نہیں ہوتا تو ذلت ہی ہوتی ہے ۔
خالی خولی ۔ بے کار ۔ خالی ۔ بلاسبب ۔
خام ۔ (ف ۔ اسم صفت) کچّا ۔ پختہ کی ضد ۔ خالص ۔ کھرا ۔ جیسے سیم خام بودا ۔ کمزور ۔ ناتجربہ کار ۔ نیند ۔ سربستہ ۔ جیسے لوتل کا منہ خام کر دو ۔
خام پارہ ۔ یا ۔ خمپارہ ۔ (اُر ۔ اسم صفت) رہکلہ ۔ گردہ ۔ ایک قسم کی چھوٹی توپ ہوتی ہے ۔ کچی ٹوٹی ہوئی عورت ۔ چھنال ۔ بدکارہ عورت ۔ فاحشہ ۔
خام خیالی ۔ (ف ۔ اسم مونث بیائے مصدری ۔) جھوٹا خیال وہم غلط گمان ۔

خام کرنا (لڑکا) بند کرنا۔ ٹلا نکالنا لگانا۔ اسلاک کر بلا ندی کا منہ بند کرنا۔
خام کار ۔ گنہگار۔ غلط کار۔
خام کو کام سکھا لیا کرتا ہے (لڑکا مثل) کام کرنا۔ ناتجربہ کار کو تجربہ کار بنا دیتا ہے۔ ناواقف آدمی تجربے سے مشاق ہوتا ہے۔
خاموش ۔ (ف۔ اسم صفت) چپ۔ ساکت۔ دم بخود۔ مجازاً فکرمند۔
خاموشی ۔ (ف۔ اسم مونث بیائے مصدری) سکوت۔ چپ رہنا دم بخود ہونا۔
خامہ ۔ (ف۔ اسم مذکر) قلم۔ کلک۔
خامہ فرسا ۔ لکھنے والا۔
خامہ فرسائی ۔ (مو) لکھنا۔
خامی ۔ (اسم مونث بیائے مصدری) کچا پن۔ کمی۔ نقص۔ خرابی۔ ناتجربہ کاری۔
خان ۔ (ف۔ اسم مذکر) رئیس۔ سردار۔ امیر۔ پہلے صرف شاہان تاتار کے لیے تھا۔ پٹھانوں کا لقب۔ ٹوم۔ اور خانساماں کا خطاب
خان بہادر یا۔ خان صاحب ۔ (ف۔ اسم صفت) عزت کا خطاب ہے جو برطانیہ سرکار کی طرف سے ملتا تھا۔ کسی صلے یا عہدے کے لحاظ سے۔
خان خاناں ۔ (ت۔ اسم مذکر) سرداروں کا سردار۔ امیروں کا امیر مرزا عبدالرحیم ولد بیرم خاں کا خطاب جو اکبری نورتن میں سے تھا۔ مغلیہ حکومت میں سپہ سالار کا لقب ہوتا تھا۔
خاں خاناں کھانے میں بطانہ ۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص پوشیدہ طریق سے کسی پر احسان کرے۔
خاندان ۔ (ف۔ اسم مذکر) گھرانا۔ پرورار۔ منس۔ نسل۔ گوت کیٹم۔ قبیلہ۔ کنبہ۔
خاندانی ۔ (ف۔ اسم مونث بیائے نسبتی شریف) اچھے خاندان کا۔ اچھی نسل کا نیسی۔ قدیمی رئیس یا شریف۔
خانساماں ۔ (ف۔ اسم مذکر) گھر کا سامان کرنے والا۔ داروغہ میر سامان امیر لوگوں کو کھانا کھلانے والا نوکر۔ خدمتگار۔
خانقاہ ۔ (معرب۔ ت۔ اسم مونث۔ مرکب از خانہ وگاہ) درویشوں اور مشائخ کے رہنے کی جگہ۔ مقبرہ۔
خانگی ۔ (ف۔ اسم صفت بیائے نسبتی) گھریلو۔ گھر کا۔ منسوب بہ خانہ
خانگی جھگڑا ۔ (لڑکرا اسم مذکر) گھر کا بکھیڑا۔ خانگی فساد۔ باہمی تکرار۔ آپس کا جھگڑا
خانم ۔ (ف۔ اسم مونث) خان کی تانیث۔ اعلیٰ خاندان کی عورتوں کا لقب امیرزادی۔ بیگم۔ پٹھان قوم کی عورت۔ پٹھان کی بیوی۔
خانماں ۔ (ف۔ اسم مذکر) خان بمعنی گھر و مان بمعنی اسباب سے مرکب ہے اسباب خانہ گھر کا سامان۔ اثاثہ۔ اثاث البیت۔
خانماں برباد۔ یا۔ خانماں تباہ سیاہ خانماں خراب ۔ (ف۔ اسم صفت۔) تباہ و برباد آدمی۔ برگشتہ۔
خانوادہ ۔ (ف۔ اسم مذکر) خان اور زادہ بمعنی پیدا سے مرکب ہے فقیروں کا سلسلہ۔ مشائخ اور درویشوں کا وہ خاندان۔ جس سے انہیں توسل ہو۔ ایک گھر کے لوگ۔ ایک خاندان کے آدمی۔ ایک ہی بزرگ کی اولاد۔
خانہ ۔ (ف۔ اسم مذکر ظرف) گھر۔ مکان۔ ظریہ۔ کابک۔ گھونسلا۔ صندوق۔ یا۔ صندوقچہ وغیرہ کے اندر کا گھر۔ چوسر۔ یا شطرنج کے مہرے کا گھر۔ کسی چیز کے رکھنے کا گھر۔ جیسے گھڑی خانہ۔
خانہ آباد۔ یا۔ خانہ آباداں ۔ (ف) کلمہ دعائیہ۔ گھر بھرا رہے۔ بھرپور گھر۔ خوش مسرور۔
خانہ آباد دولت زیادہ ۔ (ف) دعائیہ فقرہ۔ گھر آباد۔ اور دولت بڑھتی رہے۔ تم اپنے گھر خوش رہو ہم اپنے گھر خوش ہیں۔
خانہ باغ ۔ (ف۔ اسم مذکر) قلب اضافت۔ بستان سرا۔ حدیقہ چاردیواری کے اندر کا باغ۔
خانہ بدوش (ف۔ اسم صفت) پریشان۔ آوارہ۔ آج کہیں کل کہیں وہ لوگ جو گھر بسا کر نہ رہیں۔ بے ٹھکانہ قوم وہ قوم جو گھر ساتھ لیے پھرتے ہیں۔
خانہ برانداز ۔ گھر بار اجاڑ دینے والا۔ کنایۃً۔ معشوق سے
گل پھینکے ہے غیروں کی طرف اور ثمر بھی
اے خانہ برانداز چمن کچھ تو ادھر بھی
سودا
خانہ بربادی ۔ (ف۔ اسم مونث بیائے مصدری) گھر یا خاندان کی تباہی۔ عورت یا سرپرست کے مرجانے پر کہا کرتے ہیں۔
خانہ پری ۔ (ف۔ اسم مونث بیائے مصدری) نقشہ بھرنا۔ سرکاری مقررہ نقشوں کو پر کرنا۔
خانہ تلاشی ۔ گھر کی تلاشی۔ کوئی چیز ڈھونڈنے کے لیے سارا سامان الٹ پلٹ کر دینا۔
خانہ جنگ ۔ (ف۔ اسم صفت۔ ترکیب فاعلی) گھر میں لڑائی رکھنے والا۔
خانہ جنگی ۔ (ف۔ اسم مونث بیائے مصدری) آپس کی لڑائی۔ دنگا فساد باہمی۔ گھر کی لڑائی۔ جھگڑا۔
خانہ خدا ۔ (ف۔ اسم مذکر) مسجد۔ معبد۔ عبادت گاہ۔ مندر۔ شوالہ
خانہ خراب ۔ (ف۔ اسم مذکر صفت) آوارہ گرد۔ ہرجائی۔ اجڑا پجڑا تباہ و برباد۔ ویران۔ رنڈوا شخص جس کی بیوی مر چکی ہو۔ بدوضع
خانہ خرابی ۔ (ف۔ اسم مونث بیائے مصدری) گھر کی بربادی۔ ویرانی۔ تاس۔ ستیاناسی۔
خانہ خمار ۔ (فع۔ اسم مذکر) شراب خانہ۔ بھٹی۔ شراب بننے یا پکنے کی جگہ۔
خانہ داری ۔ (ف۔ اسم مونث بیائے مصدری) گھر بار کا کام کاج گھر کے معاملات۔ انتظام خانہ۔
خانہ داماد ۔ (ف۔ اسم مذکر) گھر جنوائی۔ داماد کو فرزندی میں لے کر اپنے ہی گھر رکھا ہوا۔
خانہ زاد ۔ (ف۔ اسم مذکر) پرستارزادہ۔ وہ غلام جو گھر کا پیدا شدہ ہو۔ لونڈی کا بچہ۔

خانہ ساز ۔(ف۔اسم صفت بترکیب فاعلی) معمار۔گھر بنانے والا (بترکیب مفعولی) گھر کی بنی ہوئی دوا۔وہ دوا جو خود گھر میں بنائی گئی ہو

خانہ شماری ۔(ف۔اسم مونث بیائے مصدری) گھروں۔مکانوں اور آدمیوں کو گننا۔مکان شماری۔

خانہ کوچ ۔گھر بار کے ساتھ سفر۔

خانہ نشین ۔(ف۔اسم صفت) بے کار۔معطل۔پردہ نشین۔ گوشہ نشین۔گھر میں بیٹھنے والا۔

خاور ۔(ف۔اسم مذکر) خراساں۔مشرق۔پورب۔بعض دفعہ مغرب کے معنی میں بھی بولتے ہیں۔سورج۔

خاوند ۔(ف۔اسم مذکر) شوہر۔خصم۔پتی۔گھر والا۔آقا۔صاحب۔ مالک۔میاں۔صاحب خانہ۔

خاوند سلامت ۔کلمہ دعائیہ۔جناب عالی۔حضرت۔سلامت۔

خاوند کرنا ۔(اُر۔فعل) بیوہ کا نکاح ثانی کرنا۔عورت کا اپنے آپ شوہر کر لینا۔

خاوندی ۔(ف۔اسم مونث بیائے مصدری) بندہ پروری۔بندہ نوازی۔پروردش۔عنائت۔

خائف ۔(ع۔اسم مذکر۔فاعل) ڈرنے والا۔خوف زدہ۔ڈرپوک۔ ترساں۔

خائن ۔(ع۔اسم مذکر۔فاعل) خیانت کرنے والا۔چور۔بددیانت۔

خایہ ۔(ف۔اسم مذکر) انڈا۔بیضہ۔خصیہ۔فوطہ۔عضو تناسل۔ ذکر۔

خایہ بردار ۔(ف۔ہو) چاپلوس۔خوشامدی۔

خایہ باشد ہونا ۔مٹ جانا۔غائب ہو جانا۔برباد ہونا۔

خ ۔ ب

خباثت ۔(ع۔اسم مونث) گندگی۔گندا پن۔ناپاکی۔پلیدگی۔ شرارت۔بدباطنی۔

خبث (ع۔اسم مذکر) گندگی۔پلیدی۔بدباطنی۔

خبث الحدید ۔لوہے کا میل۔

خبجبے ۔(اُر) بازو۔

خبر ۔(ع۔اسم مونث) واقفیت۔اطلاع۔سند لیا۔آگاہی۔پاتی پیغام۔شہرت۔افواہ۔پتا۔نشان۔سراغ۔کھوج۔حدیث نبوی۔خبر مرگ۔ہوش۔اوسان۔سمجھ۔عقل۔شدھ بدھ

خبر آنا ۔(اُر۔فعل) اطلاع آنا۔ستاونی آنا۔

خبر اڑانا ۔(اُر۔محاورہ) جھوٹی بات مشہور کرنا۔بھوائی اڑانا۔افواہ اڑانا۔

خبر پر خبر دینا ۔پے در پے خبر دینا۔متواتر اطلاع دینا۔

خبر بھی ہے؟ ۔الزام دینے کے لیے کہتے ہیں تم نہیں جانتے۔

خبر پڑنا ۔(اُر۔محاورہ) حقیقت معلوم دینا۔اصلیت ظاہر ہونا۔ سمجھ میں آنا۔

خبردار ۔(ف۔اسم فاعل مذکر) صفت) آگاہ۔واقف۔ہوشیار۔ چوکنا۔چوکس۔مخبر۔جاسوس۔خبر رساں۔(حرف تنبیہ) بچو ہرگز۔زنہار۔جیسے خبردار۔پاؤں سنبھال کے رکھنا سانپ پڑا ہے۔

خبرداری ۔(اسم مونث بیائے مصدری) احتیاط۔ہوشیاری۔نگرانی نگہبانی۔

خبر رسان ۔(ف۔اسم مذکر فاعل) فاصلہ ایلچی۔دوت۔پیغامبر ہرکارہ۔سند لیسا لے جانے والا۔پیک

خبر کو بھیجنا ۔(اُر۔محاورہ بیمار پرسی۔بیمار کی خبر منگانا۔مزاج پرسی کو بھیجنا۔

خبرگیر ۔(ف۔اسم مذکر فاعل) سپاہی۔جاسوس۔محافظ۔نگہبان معاون۔اطلاع رکھنے والا۔مددگار۔فوجی رسد وغیرہ کی خبر رکھنے والا۔

خبرگیری ۔(ف۔اسم مونث بیائے مصدری) نگہبانی۔ہوشیاری۔ اعانت۔مدد۔سلوک۔

خبر لگانا ۔(اُر۔فعل) سراغ لگانا۔پتا لگانا۔ٹھکانہ معلوم کرنا۔

خبر لینا ۔(اُر۔محاورہ) مدد کرنا۔اعانت کرنا۔دستگیری کرنا۔پوچھنا دریافت کرنا۔دیکھنا۔نظر رکھنا۔درست کرنا۔ٹھیک کرنا۔ سزا دینا۔

خبر نہ ہونا ۔(اُر۔محاورہ) پروا نہ کرنا۔خیال نہ کرنا۔بے ہوش ہونا۔ غوطہ میں رہنا۔واقف نہ ہونا۔چپ ہونا۔گھنی سادھنا۔ اطلاع نہ ہونا۔

خبیر (اُر۔اسم مذکر۔صیغہ صفت) واقف، جاننے والا۔اطلاع دینے والا۔خبر دینے والا۔خدائے تعالے کے اسمائے صفاتی میں سے ایک صفاتی اسم۔علیم۔عالم الغیب۔

خبیط ۔(ع۔اسم مذکر) لغت میں عقل کا دیوانگی سے مل جانا۔مجازاً مجنوں۔سودا۔دیوانگی۔

خبط اچھلنا ۔(اُر۔فعل) مجنوں ہونا۔سودا ہو جانا۔دل چل جانا۔

خبطی ۔(ع۔اسم مذکر بیائے فاعلیت) پاگل۔دیوانہ۔سودائی۔ بدحواس۔بے وقوف۔حواس باختہ۔

خبیث ۔(ع۔اسم مذکر صفت) پلید۔گندا۔نجس۔ناپاک۔شریر بدباطن آدمی۔بھوت

خ ۔ ت

خُتک ۔(ف۔اسم مذکر) سونٹا۔گدکا۔ٹلوا۔ٹھینگا۔انگوٹھا۔ خنکا سے اسم صغیر۔

خُتکا (اُر۔اسم مذکر) خُتک کا اسم مکبر ہے۔موٹا سونٹا۔گدکا۔ٹلوا ٹھینگا۔انگوٹھا۔بھنگ گھوٹنے کا آلہ۔عضو مخصوص۔

خُتکی ۔ خُتکا کی تصغیر ۔ بازاری لوگ عضو تناسل مراد لیتے ہیں ۔
ختم ۔ (ع ۔ اسم مذکر) انجام ۔ اخیر ۔ انتہا ۔ مکمل ۔ تمام ۔ ائت ۔ قرآن شریف کے تمام ہونے کی رسم ۔ فاتحہ ۔ قل ۔ نذر و نیاز ۔
ختم کرنا ۔ (اُرد فعل) تمام کرنا ۔ مکمل ہونا ۔ قل ہونا ۔ انجام کو پہنچانا ۔ نبیڑنا نمٹانا ۔ قرآن شریف کو تمام کرنا ۔ فاتحہ دلوانا ۔ نیاز دلوانا ۔
ختم ہونا ۔ (فعل ۔ اُرد) تمام ہونا ۔ نبیڑنا ۔ نمٹنا ۔ قرآن شریف پورا ہونا ۔ فاتحہ ہونا ۔ مرجانا ۔ دنیا سے گزر جانا ۔ ہو چکنا ۔
خُتن ۔ (مذ) ترکستان کا ۔ ایک علاقہ جہاں کا مُشک مشہور ہے ۔ تاتار کا دارالخلافہ ۔
خُتنہ (ع ۔ اسم مذکر) سُنّت مسلمانوں کا ایک دستور ۔ جس میں بچوں کے عضو تناسل کا زائد چمڑا کاٹا جاتا ہے ۔ جو مُنہ پر ہوتا ہے ۔

خ ۔ ٹ

خُٹا ۔ (مذ) خایہ ۔ عضو تناسل ۔
خٹے سہلانا (بازاری) چاپلوسی ۔

خ ۔ ج

خجالا ۔ (اُرد) بے ہودہ ۔ بکواسی ۔ یاوہ گو
خجلہ ۔ یاوہ گو ۔ بکواسی ۔
خجالت ۔ (ع ۔ اسم مونث) حیا ۔ شرم ۔ شرمندگی ۔ لاج ۔ ندامت ۔ عیرت ۔ انفعال
خجستہ ۔ (ف ۔ اسم صفت) مبارک ۔ ہمایوں ۔ مسعود ۔ فرخندہ ۔ برکت والا ۔ یمن والا ۔
خجل ۔ (ع ۔ اسم صفت) شرمندہ ۔ باحیا ۔ شرمسار ۔ شرمناک ۔ شرمیلا ۔ پشیمان ۔
خجلت زدہ ۔ (ف ۔ ص) شرمندہ

خ ۔ چ

خچر ۔ (ا ۔ اسم ۔ مذکر ۔ مونث) استر ۔ قاطر ۔ وہ دوغلہ جانور جو گدھے اور گھوڑی کے ملاپ سے پیدا ہو ۔ (عموماً یہ لفظ مادہ کے لیے بولا جاتا ہے ۔
خچرا ۔ (ا ۔ اسم مذکر) استر نر ۔ قاطر نر ۔ زخچر ۔
خچ سے ۔ (اُرد) فوراً انگلی وغیرہ چاقو سے کٹ جانے کے موقع پر بولتے ہیں ۔

خ ۔ د

خد (ع ۔ مذ) رخسار ۔ گال ۔ چہرہ

خُدا ۔ (ف ۔ اسم مذکر ۔ فاعل) اللہ تعالےٰ ۔ خداوند ۔ مالک ۔ آقا ۔ بھگوان پرمیشر ۔ نارائن ۔ مرکبات کے آخر میں مثلاً ناخدا ۔ کتخدا ۔
خُدا اُٹھا لے ۔ (اُرد) دعائے بد ۔ خُدا موت دے ۔ خُدا فنا کردے مار ڈالے ۔
خُدا بچھڑی رات نہ کرے ۔ لڑائی رات کرے ۔ خُدا کسی کا فراق نہ دے ۔
خُدا اُس کا سہرا دکھائے ۔ (اُرد) دعا ۔ (عورتیں) خُدا اُس کا بیاہ دکھائے ۔ خُدا اس کو دولھا بنا کر دکھائے ۔
خُدا بخشے ۔ (اُرد) دعائے مغفرت ۔ کسی مردہ کا ذکر کرتے وقت پہلے یہ کلمہ کہا کرتے ہیں ۔
خُدا پر چھوڑ دینا (اُرد ۔ محاورہ) خُدا پر بھروسہ کرکے بیمار کا علاج ترک کردینا تو کل پر بیٹھنا ۔
خُدا پرست ۔ (ف ۔ اسم صفت بترکیب فاعلی) عابد ۔ زاہد ۔ بھگت خُدا کی عبادت کرنے والا ۔
خُدا ترس ۔ (ف ۔ اسم صفت ۔ بترکیب فاعلی) رحمدل ۔ دیالو ۔ دیا کرنے والا ۔ دیادان ۔
خُدا جانے ۔ (اُرد ۔ تابع فعل) خبر نہیں ۔ کچھ معلوم نہیں ۔ واللہ اعلم ۔ خُدا کو خبر ہے ۔
خُدا جھوٹ نہ بُلوائے ۔ کوئی غیر معمولی بات کرنے سے پہلے کہتے ہیں ۔
خُدا چاہے ۔ (اُرد ۔ فقرہ) انشاء اللہ تعالےٰ ۔ اگر خدا کی مرضی ہوئی تو ۔
خُدا حافظ ۔ (فع) کلمۂ دُعا ۔ رخصت کرتے وقت کسی عزیز کو یا ایک دوسرے کو کہا کرتے ہیں ۔ فی امان اللہ ۔ اللہ بیلی ۔ اللہ نگہبان ۔ اللہ کی حفاظت میں سونپنا ۔
خُدا خُدا کرکے ۔ (اُرد ۔ تابع فعل) بدستواری ۔ بمشکل تمام ۔ بدقت بسیار ۔
خُدا خُدا کرنا ۔ (اُرد ۔ محاورہ) خدا کا نام لینا ۔ اللہ اللہ کرنا ۔ عبادت کرنا ۔ توبہ توبہ کرنا ۔ بار آنا ۔ ترک کرنا ۔ اجتناب کرنا ۔
خُدا خُدا کرو ۔ (اُرد ۔ محاورہ) توبہ توبہ کرو ۔ جھوٹ نہ بولو ۔ خدا سے ڈرو اس کام کو ترک کردو ۔
خُداداد ۔ (ف ۔ اسم صفت بترکیب مفعولی) خُدا کی دی ہوئی چیز ۔ عطائے الٰہی ۔ عطیہ الٰہی ۔ امداد غیبی ۔ وہ چیز جو خدا نے دوسروں کی مدد کے لیے دی ۔
خُدا خیر کرے ۔ اندیشے کے محل پر اکثر بولتے ہیں ۔
خُدا دکھائی دینا ۔ (اُرد ۔ محاورہ) خدا کا خوف آنا ۔ خُدا نظر آنا ۔ خُدا کو سونپنا ۔ خدا حافظ ۔
خُدا کو ایک دن مُنہ دکھانا ہے ۔ مرنا ہے ۔ اچھائی یا برائی کرتے وقت بولتے ہیں ۔
خُدا کو کیا جواب دوگے ۔ تنبیہ کے موقع پر بولتے ہیں ۔ عمل بد سے روکنے کے لیے ۔
خُدا کو کیا مُنہ دکھاؤ گے ۔ (روز جزا کا خیال کرو ۔ قیامت میں اعمال بد کے ساتھ کیسے جاؤ گے ۔
خُدا دیتا ہے تو چھپر پھاڑ کر ۔ (اُرد ۔ مثل) خدا کی عنایت کسی سبب کی محتاج

نہیں۔ وہ بے سبب بھی جب چاہے دے دیتا ہے۔
خُدا رکھتے ہیں (اُر۔ محاورہ) سچ کہتے ہیں۔ خُدا کو جانتے ہیں۔ ہمارا بھی خُدا ہے۔ ہمیں بھی خوفِ خُدا۔
خُدا دے کھانے کو بلا جائے کمانے کو ۔ مُفت ملے تو محنت کیوں کا ہلوں کی کہاوت یا ان پر طنز۔
خُدارا ۔ خُدا کے لیے۔
خُدا رسیدہ ۔ ولی۔ پرہیزگار۔ نیک
خُدا رکھے ۔ کلمۂ دعائیہ ہے۔ کسی زندہ بچے یا کسی غایب آدمی کا ذکر کرنے سے پہلے یہ کلمہ فالِ نیک اور دعا کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔
خُدا درمیان ہونا ۔ خُدا کی مرضی سے ہونا۔ خُدا کا فیصلہ۔
خُدا سر پر دو سینگ دے وہ بھی سے جاتے ہیں ۔ جو غیبی مصیبت آتی ہے بھگتنی پڑتی ہے۔
خُدا سلامت رکھے ۔ (اُر۔ دعائیہ) خُدا زندہ رکھے (طنزاً مدح کی جگہ ذم کے موقعہ پر بھی بولا کرتے ہیں۔
خُدا سمجھے (اُر) دعائے بد۔ خُدا اس کا بدلا دے۔ خُدا اُس کو سزا دے
خُدا سے پھرنا کافر ہونا۔
خُدا سے ڈرو ۔ (اُر۔ کلمہ) خطاب۔ خُدا سے توبہ کرو۔ جھوٹ نہ بولو۔ خُدا کا خوف کرو۔ بُرے کاموں سے باز آؤ۔
خُدا سے کیا پانا ۔ (اُر۔ محاورہ) بدی کا بدلہ ملنا۔ خُدا کا قہر نازل ہونا۔
خُدا سے لڑنا ۔ (اُر۔ محاورہ) زبردست سے مقابلہ کرنا۔ اپنی شامت آپ لانا۔
خُدا سے لَو لگانا (اُر۔ محاورہ) خُدا کی طرف خیال ہونا۔ جان کنی کی حالت ہونا۔
خُدا شکر خورے کو شکر ہی دیتا ہے ۔ (اُر۔ محاورہ) خُدا ہر شخص کو اس کی ضروریات کے مطابق دے دیتا ہے۔ وہ ہر ایک کی خبر لیتا ہے۔
خُدا کا دیا سر پر ۔ (اُر۔ مثل) ہر حالت میں صبر و شکر کا دم ہے۔ ہر مصیبت کو جو خُدا کی طرف سے آئے برداشت کرنا ہی پڑتا ہے۔
خُدا کا قہر ٹوٹے ۔ (اُر۔ محاورہ) بددعا۔ آسمانی بلا نازل ہو۔
خُدا کا غضب آوے ۔
خُدا کا گھر ۔ (اُر۔ اسم مذکر) مسجد۔ معبد۔ عبادت گاہ۔ عبادت خانہ۔
خُدا کا نام ۔ (اُر۔ محاورہ) توبہ کرو۔ سچ کرو۔ خدا کو یاد کرو۔ خُدا سے ڈرو۔
خُدا کو مان ۔ (اُر۔ تابع فعل) خُدا کے واسطے۔ خُدا کو حاضر جان کر۔
خُدا کو یاد کرنا ۔ (اُر۔ تابع فعل) خُدا کا نام لینا۔ مصیبت میں خُدا کو پکارنا۔ خُدا سے توفیق۔ خُدا کی درگاہ سے امیدوار ہونا۔
خُدا کھوئے ۔ (اُر) دعائے بد۔ خُدا نا پیدا کرے۔ خُدا غارت کرے خُدا تباہ کرے۔
خُدا کی باتیں خُدا ہی جانے ۔ (اُر۔ مثل) خُدا کے گھر کی کسی کو خبر نہیں اپنی کہیں وہ خود ہی جانتا ہے۔

خُدا کے پاس جانا ۔ (اُر۔ محاورہ) مرنا۔ انتقال کرنا۔ دنیا کو چھوڑ جانا
خُدا کی پناہ ۔ (اُر۔ کلمہ عبرت) اللہ بچائے۔ معاذ اللہ۔ خدا اپنی امان میں رکھے
خُدا کی چوری نہیں تو بندے کی کیا چوری ۔ (اُر۔ کہاوت) گستاخ اور مُنہ پھٹ لوگوں کا مقولہ ہے۔ یعنی جب خدا سے شرم نہ کی تو بندوں سے پھر کیا شرم۔
خُدا کی دین ۔ (اُر۔ اسم مذکر) عطیہ الٰہی۔ خُدا کی عنایت۔ خُدا کی بخشش۔
خُدا کی راہ کا سودا ۔ (اُر۔ اسم مذکر) ثواب کا کام۔ عند اللہ۔ کسی کام کے کرنے پر بولتے ہیں۔
خُدا کی سنوار ۔ (اُر۔ دعا) ہے۔ تجھے خُدا ہدایت دے۔ درست کرے سزا دے۔
خُدا کی شان ۔ یا۔ قدرت ۔ (اُر۔ تعجب کا کلمہ ہے) خُدا کی حکمت۔ اللہ کی صنعت۔
خُدا کے گھر جانا ۔ (اُر۔ محاورہ) مرنا۔ انتقال کرنا۔ اس دنیا سے سدھارنا
خُدا کے گھر سے پھرنا ۔ خدا کے ہاں سے پھر کر آنا۔ (اُر۔ محاورہ) بڑی سخت مہلک بیماری سے نجات پانا۔ مر کر بچنا۔
خُدا کی لاٹھی میں آواز نہیں ہوتی ۔ (اُر۔ کہاوت) غیب کی سزا خبر کر کے نہیں آتی۔ خدا کی پکڑ ناگہانی اور سخت ہوتی ہے۔
خُدا کی ماری ۔ (اُر۔ اسم صفت مونث) آفت زدہ۔ مصیبت میں گرفتار
خُدا کسی کو آحسن نہ دے ۔ کہ اپنا کچھ کھجائے۔ (اُر۔ مثل) خدا کمینہ کو اختیار نہ دے۔ معیوب سو طاقت نہ دے۔ خدا کم حوصلہ اور کم ظرف آدمی کو ذی اختیار نہ کرے۔
خُدا لڑائی رات کرے بکھیڑا نہ کرے ۔ (اُر۔ مثل) لڑائی وغیرہ کا خوف نہیں مگر خدا بکھیڑا نہ لائے۔ (فراق کی مصیبت نہ دکھائے) غم فراق کی مصیبت میدان جنگ سے بھی زیادہ سخت ہے۔
خُدا لگتی کہنا ۔ (اُر۔ حق بات کہنا۔ انصاف کی کہنا۔ طرف داری نہ کرنا۔ سچ کہنا۔
خُدا مارے یا چھوڑے ۔ کچھ ہی ہو۔ ہر چہ باداباد۔
خُدا معلوم ۔ نہ جانے اللہ معلوم۔
خُدا مہربان جگ مہربان ۔ یا۔ **خُدا مہربان تو کُل مہربان** ۔ (اُر۔ مثل) عنایت ہو تو تمام دنیا خیر خواہ بن جاتی ہے۔ جس کا رب اُسی کے سب جدھر رب اُدھر سب۔
خُدا نخواستہ ۔ خُدا نہ کرے ۔ (اُر۔ محاورہ) خُدا ایسا نہ کرے۔ مبادا ایسا نہ ہو۔
خُدا واسطے کا بیر ۔ یا۔ دشمنی ۔ (اُر۔ اسم مذکر۔ مونث) ناحق کی دشمنی۔ للہی لغض۔
خُدا واسطے بلی بھی چوہا نہیں مارتی ۔ (اُر۔ مثل) ہر شخص اپنے فائدے کے لیے کام کرتا ہے۔ خدا کے لیے کوئی بھی کام نہیں کرتا۔
خُدا واسطے ۔ ناحق۔ بے سبب۔
خُدا ہی خُدا ہے ۔ مشکل ہے۔ اُمید نہیں شاید۔
خُدا ہے ۔ اللہ ہے۔ خُدا حافظ۔

خُدّام - (ع - مذ) خادم کی جمع - خدمت کرنے والا - ملازمین -
خُدایا - (ف - ندا!) اے خدا! یا الٰہی! یا اللہ!
خُدایا آنا - (لا - فعل) کمال مصیبت میں گرفتار ہونا - شانِ خداوندی کا جلوہ نظر آنا -
خُداوند - (ف - اسم مذکر ترکیب فاعلی) آقا - صاحب - مالک -
خُداوندزادہ - (ف -) رئیس کا بیٹا - صاحبزادہ -
خُدائے مجازی - (فع - اسم مذکر) بادشاہِ وقت - حاکمِ وقت -
خُدائی - (ف - اسم مؤنث بیائے نسبتی) خلقت مخلوق - دنیا خلق اللہ - جہان - شان و عظمت الٰہی - خاوندی -
خُدائی خراب خُدائی خوار - (لا - اسم مذکر) آوارہ - خرابانی - خانہ خراب - سرگشتہ - ذلیل - رسوا - واہی تباہی - آوارہ گرد - زمانہ بھر کا آوارہ -
خُدائی خوار گدھے سوار - (لا بمثل) آوارہ گرد - ہمیشہ ذلیل اور رسوا ہوا کرتا ہے - خراب و خستہ - آوارہ سرگردان -
خدائی رات - (لا - اسم مؤنث) رت جگا - جس میں نذر و نیاز کی جاتی ہے
خدائی کا جھوٹا - (اُر - محاورہ) زمانہ بھر کا جھوٹا - نہایت کذاب بہت دروغ گو - مکار - فریبی - دغاباز -
خدائی کا دعوے کرنا (اُر - محاورہ) غرور کرنا - تکبر کرنا - فرعون بے سامان بننا -
خدائی بھر کا فوجدار - لڑاکا ہر معاملہ میں دخل دینے والا -
خدشہ - (ف - اسم مذکر) فکر - فکر - اندیشہ - خوف - خطرہ - شبہ - شک - خراش -
خُدکا - (لا - اسم مذکر) خُتکا - گدکا - سونٹا - ٹلوا - بھنگ گھوٹنے کا سونٹا
خُدا لگاں - (ف - مذ) مالک - آقا - خداوند - شہنشاہ -
خِدْع - (ع - مذ) فریب دینا -
خدم - (ع - مذ) خادم کی جمع - نوکر چاکر -
خدمات - (ع - مو) خدمت کی جمع - کارگزاریاں -
خِدمَت - (ع - اسم مؤنث) سیوا - ٹہل - نوکری - چاکری - ملازمت کام کاج - کار متعلقہ - سامنے - روبرو - پاس -
خِدمَت سے عظمت ہے - (لا بمثل) کارگزاری سے ہی درجہ ملا کرتا ہے - محنت کے ساتھ کام کرنے میں ہی کامیابی کا راز چھپا ہوا ہے
خدمت کرنا - (لا - فعل) نوکری کرنا - ٹہل کرنا - سیوا کرنا - خبر لینا - مارنا پیٹنا - گت بنانا -
خدمتگار - (عف - اسم مذکر فاعل ترکیبی) نوکر - سیوک - خادم - خدمتی -
خدمتگاری - (عف - اسم مؤنث بیائے مصدری) ملازمت - نوکری پیشہ - سیوا - ٹہل - پیشہ زراعت -
خدمت گزار - (ف - اسم مذکر فاعل) کارگزار - نوکر - خدمت ادا کرنے والا - اہلکار - ملازم -
خدمتی - (ف - اسم مذکر بیائے فاعلیت) نوکر - ملازم - ٹہلوا - سیوک -
خدنگ - (ف - اسم مذکر) ایک نہایت مضبوط درخت کا نام ہے جس کی لکڑی سے اکثر تیر بناتے ہیں - اسی وجہ سے تیر کے معنی میں مستعمل ہو گیا - ایک قسم کا چھوٹا تیر - مطلق تیر
خدیجہؓ - (ع - مو) حضور رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ کا نام
خدیو - (ف - اسم مذکر) خداوند - آقا - مالک - بادشاہانِ مصر کا لقب - مطلق بادشاہ - اردو میں بفتح اوّل مستعمل ہے -

خ - ذ

خذف - (ع - مو) سفال - ٹھیکرہ -
مُخذما صفا دع ما کدر - (ع) کسی مجموعے میں جو اچھا ہو وہ اختیار کرو جو برا ہو اسے چھوڑ دو - معقول بات کرو بری بات ترک کر دو -

خ - ر

خرَ - (ف - اسم مذکر) گدھا - کھوتا - حمار - (اسم مکبّر) کی علامت بمعنی بڑا عظیم - جیسے خرگاہ - بڑا خیمہ -
خر خوش نہ خاوند خوش - نالائق اور نکما آدمی ہے -
خرِ دجّال - (ف - اسم مذکر) دجال کی سواری جس پر سوار ہو کر خروج کریگا -
خرد ماغ - (فع - اسم مذکر) بے وقوف - خارج از عقل - مغرور - متکبر - گھمنڈی -
خرد ماغی - (فع - اسم مؤنث) غرور گھمنڈ تکبر - بے وقوفی
خرِ عیسےٰ - (فع - اسم مذکر) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی سواری کا گدھا -
خرِ عیسےٰ اگر بمکہ رود، چوں بیاید ہنوز خر باشد - تربیت سے نااہل کی اصلاح نہیں ہو سکتی -
خرگاہ - (ف - اسم مذکر) بڑی جگہ - مجازاً خیمہ شاہی بڑا خیمہ -
خرمست - (مذکر) بدمست - متوالا - بے پرواہ - خاقہ مست -
خرمستی - (ف - اسم مذکر) گدھے کی سی مستی - بڑی مستی - بدمستی - شہوت پرستی - کودھاند -
خروار - (مذ) گدھے کا بوجھ - بارِ خر -
خراب - (ع - اسم صفت) ویران - تباہ - اُجڑا ہوا - برباد - نکما - بُرا خستہ - پریشان - ضائع - اکارت - تلف -
خراب حال - (ع - اسم صفت بترکیب فاعل ترکیبی) بری حالت والا پریشان حال والا - بدحال -
خراب خستہ - اتاج سستہ - (نہایت تباہ حالی - اور مفلس آدمی -
خراب کرنا - (اُر - محاورہ) ویران کرنا - اُجاڑنا - برباد کرنا - نکما کرنا - ضائع کرنا - حیران کرنا - بگاڑنا - کسی غیر عورت سے کالا منہ کرنا - زنا کرنا - حرام کرنا -
خراب ہونا (اُر - محاورہ) اُجڑنا - ویران ہونا - برباد ہونا - بگڑنا - حیران ہونا - کسی کے فعل بد ہونا - آوارہ ہونا - بدچلن ہونا - مفت کا سفر کرنا -

خرابات ۔(ع ۔اسم مونث) خراب کی جمع ۔ویرانیاں وغیرہ ۔جوئے خانہ شراب خانہ ۔فحش کاری کا اڈہ ۔بیت خانہ ۔

خراباتی ۔(ف ۔اسم مذکر بمعنائے فاعلیت) شراب خور ۔شرابی ۔جوئے باز ۔جواری ۔

خراب ۔(ع ۔اسم مذکر بمعنائے نسبتی) کھنڈر ۔اوجڑ جگہ ۔ویران مکان ۔اصطلاح محکمہ مال میں) نکمی اور خراب فصل ۔

خرابی ۔(ع ۔اسم مونث بمعنائے مصدری) تباہی ۔بربادی ۔ویرانی ۔مشکل وقت ۔برائی ۔بدی ۔بگاڑ ۔

خرابی کا دھاڑا ۔خرابی کے لچھن ۔

خرابہ ۔(مذ) کھنڈر ۔ویران مکان ۔مجازاً قید خانہ ۔

خراٹا ۔(اُرد ۔اسم مذکر) وہ آواز جو اکثر بلغمی مزاجوں کے حلق سے سوتے وقت نکلتی ہے ۔خرخر ۔

خراٹے لینا ۔یا ۔**خراٹے بھرنا** ۔(اُرد ۔فعل) سوتے میں خرخر کرنا ۔بے خبر ہو کر سونا ۔

خراج ۔(ع ۔اسم مذکر) مالگزاری ۔باج ۔ملک کی آمدنی ۔لگان ۔محاصل ملک زمین کا محصول ۔

خراج گزار ۔یا ۔**خراجی** ۔(ف ۔اسم مذکر فاعل) باجگزار ۔محصول ادا کرنے والا ۔ماتحت راجہ یا رئیس ۔نواب یا بادشاہ ۔

خراد ۔(ف ۔اسم مذکر) آلہ (جو پی خراد سے لیا گیا ہے) لکڑی یا لوہے کو صاف اور گول بنانے کا آلہ ۔


خراد

خراد پر چڑھنا ۔**خراد پر اُترنا** (اُرد ۔محاورہ) سنورنا ۔درست ہونا کام کے قابل بن جانا تجربہ کار ہونا ۔زمانہ کا نشیب و فراز ۔دیکھ لینا چھیلنا ۔زمانے کا سرد و گرم دیکھنا ۔

خرادی ۔(اُرد ۔اسم مذکر بمعنائے فاعلیت) خراد کا کام کرنے والا کاریگر ۔

خراش ۔(ف ۔اسم مونث) (حاصل مصدر از خراشیدن) ۔رگڑ ۔چھیلن کھجلی ۔کھاج ۔

خرادی مرادی ۔(اُرد ۔اسم صفت بمعنائے فاعلیت) اپنی مراد اپنی غرض سے مطلب رکھنے والا ۔خود غرض ۔

خراطین ۔(ع ۔مذ) کیچوے جو پیٹ میں پڑ جاتے ہیں اور پائخانہ کے ساتھ نکلتے ہیں ۔زمین سے موسم برسات میں نکلتے ہیں ۔

خرافات ۔(ع ۔اسم مونث) خرافت کی جمع ۔بیہودہ باتیں ۔واہیات باتیں ۔بکواس ۔گالی گلوچ ۔ہنسی کی باتیں ۔

خرافات بکنا (اُر ۔محاورہ) واہی تباہی بکنا ۔گالی گلوچ دینا ۔مسخرا پن کرنا ۔

خرافت ۔(اسم مونث) بے ہودہ بات ۔واہی تباہی کلام ۔ہنسی گالی گلوچ ۔

خرام ۔(ف ۔اسم مذکر حاصل مصدر از خرامیدن) ناز و انداز ملائم اور نرمی کی چال ۔رفتار ناز ۔مٹک چال ۔

خراماں خراماں چلنا (اُر ۔محاورہ) مٹک مٹک کر چلنا ۔ناز و انداز سے چلنا ۔آہستہ چلنا ۔ناز دکھانا ۔

خرانٹ ۔(اُرد ۔اسم صفت) تجربہ کار بوڑھا ۔پیر جہاندیدہ ۔گرگ باراں دیدہ ۔

خربزہ ۔یا ۔**خربوزہ** ۔(ف ۔اسم مذکر ۔مرکب از خر بمعنی بڑا ۔ہ بزہ بمعنی میوہ شیریں) ایک بڑے خوشبودار پھل کا نام ۔سردہ ۔

خربوزہ چھری پر گرے یا چھری خربوزے پر ۔تو خربوزے کا ضرر ۔کمزوری کی سرطرح شامت آتی ہے ۔

خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے ۔(اُرد ۔مثل) صحبت کا اثر ضرور ہوتا ہے ۔آدمی کو آدمی دیکھ کر ضرور ڈھنگ کرلیتا ہے ۔

خربوزہ چاہے دھوپ کو ۔آم چاہے مینہ ۔ناری چاہے زور ۔مالک چاہے نہ ۔ہر ایک کو کوئی خاص چیز پسند ہے ۔

خرچ ۔(ع ۔اسم مذکر) صرف ہونا ۔باہر نکلنا ۔خرچ ۔صرف ۔آمد کی ضد ۔لاگت ۔

خرچی ۔(ف ۔اسم مونث) جھولا ۔بیگ ۔زنبیل ۔وہ تھیلی جو ٹٹو کی پیٹھ پر ضروری اسباب لادنے کو باندھ دیتے ہیں ۔خرجیں ۔

خرچ (اُرد ۔اسم مذ) آمد کی ضد ۔صرف ۔لاگت ۔آمد کی آمد ۔روپیہ ۔زر

خرچ اُٹھانا ۔(اُرد ۔فعل) روپیہ بر تنہ روپیہ صرف کرنا ۔حساب کتاب رکھنا ۔

خرچ بالائی ۔(اُرد ۔اسم مذکر) مقررہ خرچ کے علاوہ ۔مقررہ خرچ سے زیادہ ۔اوپر کا خرچ ۔

خرچ دینا ۔(اُرد ۔فعل) روزینہ بانٹنا ۔مزدوری دینا ۔خرچ کے لیے پیشگی روپیہ دینا ۔

خرچنا ۔(اُرد ۔فعل) صرف کرنا ۔بیاہ شادی وغیرہ پر دینا ۔روپیہ کام میں لانا ۔استعمال کرنا ۔خرچ کرنا ۔روپیہ اُٹھانا ۔

خرچ روزمرہ ۔روز کا حساب ۔روزانہ خرچ ۔

خرچہ ۔(اُرد ۔اسم مذکر) زر صرف شدہ ۔مقدمہ کا صرف ۔لاگت ۔صرف ۔

خرچہ دلانا (اُر ۔محاورہ) مدعی یا مدعا علیہ کو مقدمہ کا خرچ از روئے انصاف جو قانوناً جائز ہو دلانا ۔

خرچہ عدالت ۔(فع ۔اسم مذکر) مقدمہ کا خرچہ ۔

خرچی ۔(زنا کی اُجرت ۔

خرچنگ ۔(ف ۔مذکر) کیکڑا ۔

خرخر ۔(ف ۔مو) خراٹے کی آواز ۔وہ آواز جو سوتے میں آدمی کے منہ سے نکلتی ہے ۔وہ آواز جو گلا کٹنے کے وقت مقتول کے حلق سے نکلتی ہے

خرخرا - (اُ) کھرپرا - وہ آلہ جس سے گھوڑے کو کھجاتے ہیں -
خرخشہ - (ف - اسم مذکر) لڑائی جھگڑا - بکھیڑا - دنگا - فساد -
خرد - (ف - اسم صفت) چھوٹا - کم سن - کم عمر - کم قدر - کم جسامت بزرگ کی ضد -
خردبین - (ف - اسم مذکر) آلہ ترکیب فاعلی - وہ آلہ جس سے باریک سے باریک چیز بھی دکھائی دیتی ہے - چھوٹی چیز کو بڑا دکھانے والا شیشہ -
خردسال - (ف - اسم صفت) کم سن - چھوٹی عمر کا - یا نا طفل - بچہ
خردسالی - (ف - اسم مؤنث - بیائے مصدری) کم سنی - صغر سنی - بچپن - لڑکپن -
خرد - (ف - اسم مؤنث) عقل - سمجھ - دانائی - بدھ -
خردمند - (ف - اسم صفت بترکیب فاعلی) دانش مند - عقل مند - سمجھدار - عقل والا - دانا - بدھوان -
خردمندی - (ف - اسم مؤنث - بیائے مصدری) عقل - عقلمندی - دانائی - سمجھ - بدھوانی -
خردہ - (ف - اسم مذکر) حصہ - پارچہ - ٹکڑا - جزو - جھڑن - چھٹن - ریزہ ریزگاری - روپے کے حصے - بیع - فروخت - بکری - نقطہ باریکی عیب - نقص -
خردہ بین - (ف - اسم مذکر فاعل ترکیبی) نکتہ چین - عیب جو - برائی دیکھنے اور نکالنے والا - باریک بین -
خردہ بینی - (ف - اسم مؤنث - بیائے مصدری) عیب جوئی - نکتہ چینی - باریک بینی
خرداد (ف - مذ) ششمی سال کا تیسرا مہینہ -
خردل - (ع - مو) رائی - سرسوں -
خردہ فروش - (ف - اسم فاعل ترکیبی) پرچونیا - پھیری پھر کر بیچنے والا - تھوک فروش کی ضد - بساطی -
خردہ کرنا - (لا مفعول) روپیہ بھنانا - روپیہ توڑانا - فروخت کرنا -
خردہ گیری - (ف - اسم مؤنث - بیائے مصدری) عیب جوئی - نکتہ چینی -
خردی - (ف - اسم مؤنث - بیائے مصدری) چھٹائی - چھوٹاپن - بزرگی کی ضد -
خرس - (ف - مذکر) ریچھ - بھالو -
خرطوم - (ع - مو) ہاتھی کی سونڈھ -

خرطوم

خرف - (ع) بوڑھا کھوسٹ - وہ شخص جو پیرانہ سالی سے بدحواس ہو گیا ہو -
خرفہ - (ع - اسم مذکر) ایک سیاہ بیج جس کو ٹھنڈائی میں ڈالتے ہیں - اس کے پودے کا ساگ بنا کر کھاتے ہیں -
خرق عادات - (ع - مذ) کرامت اور معجزہ - عادت اور قانون قدرت کے خلاف انوکھی بات -
خرق التیام - پھٹنا اور پھر باہم ملنا - فلسفے کی اصطلاح -
خرقہ - (ع - اسم مذکر) گدڑی - پیوند لگا ہوا کپڑا - پرانا کپڑا - درویشوں کا لباس -
خرقہ پوش - (عف - اسم مذکر - فاعل ترکیبی) گدڑی پہننے والا - درویش صوفی -
خرقہ پہنانا یا پہننا - کسی مرشد کا خلافت دینا - پانا -
خرگوش - (ف - اسم مذکر) گدھے سے کانوں والا - بلی جتنا تیز رفتار جانور ہوتا ہے - سسا یا ساہا (پنجابی)

خرگوش

خرم - (ف - اسم صفت) خوش - شاد - پرسن - شاداب - تروتازہ -
خرما - (ف - اسم مذکر) چوہارا - چھوہارا - خشک کھجور - بالوشاہی کی طرح ایک مٹھائی -
خرمست - (ف - اسم صفت) متوالا - بدمست - بے پرواہ - فاقہ مست -
خرمستی - (ف - اسم مؤنث - بیائے مصدری) بدمستی - بے پروائی - فاقہ مستی -
خرمن - (ف - اسم مذکر) کھلیان - انبار غلہ - بھوسہ وغیرہ سمیت انبار کا ڈھیر -
خرمہرہ - (ف - اسم مذکر) کوڑی - پشیز - ادنیٰ سکہ - سکھ - کوڑا ناقوس - جیسے ایک خرمہرہ بھی پاس نہیں رہا -
خرمی - (ف - اسم صفت - بیائے مصدری) خوشی - طرب - انبساط فرحت شادمانی -
خروج - (ع - اسم مذکر) برآمد - باہر نکلنا - نکاس - حکومت وقت کے خلاف بغاوت - فتنہ - شورش - حملہ -
خروس - (ف - اسم مذکر) مرغا - ککڑ - مرغ -
خروش - (ف - اسم مذکر) حاصل مصدر از خروشیدن - غل - غپاڑہ شور و غوغا -
خریج - (ع - اسم مؤنث) (یقال) مختلف - متفرقات - روپیہ کا تراوڑ -
خرید - (ف - اسم صفت - حاصل مصدر از خریدن) مول قیمت - لاگت - (بصورت صفت) خریدی ہوئی - مول لی ہوئی - خریدکردہ -
خرید و فروخت - (ف - اسم مؤنث حاصل مصدر) لین دین - بیع و شرا - لینا بیچنا -
خرید کے مول - (لا - اسم مذکر) کی قیمت - اصل قیمت یا لاگت پر -
خریدار - (ف - اسم مذکر - فاعل ترکیبی) گاہک - مشتری - مول لینے والا - جوان -
خریداری - (ف - اسم مؤنث - بیائے مصدری) گاہکی - بکری -
خریدنا - (لا مفعول) مول لینا - بسا ہنا -
خریطہ - (ع - اسم مذکر) کیسہ - تھیلی - امیروں کے نام سرکاری مراسلہ یا مراسلہ کا لفافہ - نقشہ -

خریطہ

خریطی ۔ (اُر۔ اسم مونث) تھیلی ۔ تلے دانی ۔ چھوٹی تھیلی ۔
خریف ۔ (ع ۔ اسم مونث) ساؤنی ۔ وہ فصل جس میں دھان زیری یا مکئی، جوار وغیرہ پیدا ہوتی ہے ۔ اساڑھ سے کاتک کا زمانہ خزاں ۔ وہ موسم جب آفتاب برج میزان میں آتا ہے ۔

خ - ز

خز ۔ (ف ۔ اسم مذکر) ریشم ۔ ریشم کا کپڑا سوت ۔ ابریشم ۔
خزادہ ۔ خوزادہ ۔ (ف ۔ مذ) سردار ۔ صاحب زادہ ۔ امیر کا لڑکا خواجہ زادہ کا مخفف ۔
خزادی ۔ خوزادی ۔ (مو) شہزادی ۔
خزف ۔ (ف ۔ مو) ٹھیکری ۔ سفال ۔
خزاں ۔ (ف ۔ اسم مذکر) پت جھڑ درختوں کے پتے جھڑ جانے کا موسم سردیوں کا موسم ۔ بے رونقی ۔ زوال ۔ بے روپی ۔
خزاں آنا ۔ (اُر ۔ محاورہ) زوال آنا ۔ حسن نہ رہنا ۔ موسم بہار کا جانا ۔
خزانچی ۔ (ف ۔ اسم مذکر فاعل ترکیبی) گنجینہ دار ۔ روکڑیا ۔ تحویلدار فوطہ دار ۔ خزانہ میں روپیہ کا ذمہ دار ۔
خزانہ ۔ (ف ۔ اسم مذکر) گنج ۔ کنز ۔ گنجینہ ۔ مال ۔ گھر ۔ مخزن ۔ کنز ینک ۔ ذخیرہ ۔ گودام ۔ کوٹھا ۔ کھتا ۔ کوٹھیار ۔ پانی کا ذخیرہ تا دیر رکھنے کی جگہ ۔ (مجازاً) روپیہ ۔ مال و دولت ۔ نقدی ۔
خزائن ۔ (مذ) جمع خزانہ
خزینہ ۔ (مذ) خزانہ ۔ مخزن ۔ کسی چیز کے جمع کرنے کا مقام ۔

خ - س

خس ۔ (ف ۔ اسم مذکر و مؤنث) سوکھی گھاس ۔ گھاس پھوس ۔ کوڑا کرکٹ ۔ ایک خاص قسم کی گھاس کی خوشبودار جڑیں ۔ پاہتی کی جڑیں ۔ اس کی ٹٹیاں بنا کر گرمی کے دنوں میں دروازوں میں لگا دیتے ہیں ۔
خس خانہ ۔ (ف ۔ اسم مذکر ظرف) خس کی راوٹی سرد خانہ ۔ وہ مکان جو خس کی ٹٹیوں سے گرمی کے دنوں میں امیر لوگ بناتے ہیں ۔
خس کم جہاں پاک ۔ (ف ۔ مثل) کسی نالائق اور نکمے آدمی کے مرنے یا پٹے جانے پر بولتے ہیں یعنی دنیا سے کوڑا اٹھا تو اور صاف ہوگئی ۔
خس و خاشاک ۔ (ف ۔ اسم مذکر) کوڑا کرکٹ ۔ گھاس پھوس ۔ برا بھلا ۔
خسارہ (ع ۔ اسم مذکر) نقصان ۔ ضرر ۔ ٹوٹا ۔ کسر ۔ گھاٹا ۔
خساست ۔ نالائقی ۔ کمینہ پن ۔
خسانده ۔ (ف ۔ اسم مذکر مفعول) بھیگی ہوئی دوا کا مقطر پانی ۔ نقوع ۔ جوشاندہ کی ضد ۔
خس پوش ۔ (ف ۔ مو) وہ شے جو گھاس پھوس سے چھپا دی جائے ۔

خستیت ۔ (ع ۔ اسم مونث) کمینگی ۔ بخل ۔ بخیلی ۔ کنجوسی ۔
خستگی ۔ (ف ۔ اسم مونث بیائے مصدری) شکستہ حالی ۔ بدحالی ۔ زخمی ہونا ۔ ریخ ۔ کلفت ۔ بھربھرا ہونا ۔ خستہ اور نرم غریبی افلاس ۔ ناداری ۔ کنگالی ۔
خستہ (ف ۔ اسم صفت ترکیب مفعولی) زخمی ۔ گھائل ۔ رنجیدہ دلگیر ۔ بھربھرا ۔ بدحال ۔ پریشان ۔ مفلس ۔ غریب ۔ کنگال ۔ خوبانی کی گری جو بادام کی شکل ہوتی ہے ۔ گٹھلی سے پھل کی جیسے آم خربوزہ
خستہ حال ۔ (اُر ۔ اسم صفت ترکیب فاعلی) خراب حال ۔ بدحال پریشان حال والا ۔
خستخانہ ۔ (ف ۔ مو) گرمیوں میں امیروں کے رہنے کا مکان جس میں ٹھنڈک کے لیے خس کی ٹٹیاں لگی ہوتی ہیں ۔
خستہ دل ۔ (ف ۔ اسم مذکر صفت) دل شکستہ ۔ ضرب خوردہ دل والا ۔ عاشق ۔
خستہ رواں (ف ۔ صفت) پریشان ۔ آزردہ دل ۔ دل شکستہ ۔ رنجیدہ ۔ ناخوش
خسر ۔ (ف ۔ اسم مذکر) سسر ۔ بیوی یا خاوند کا باپ ۔
خسران ۔ (ع ۔ مو) نقصان ۔ ٹوٹا ۔ زیان
خسرپوره ۔ (ف ۔ اسم مذکر) سالا ۔ جورو یا بیوی کا بھائی ۔ برادر نسبتی ۔
خسرو ۔ (ف ۔ اسم مذکر) سیاوش کے بیٹے کا نام ۔ (مجازاً) ہر ایک بادشاہ ۔ خوش شکل ۔ خوبرو ۔ خوبصورت ۔ خواجہ ابوالحسن بن امیر سیف الدین محمود ملقب بہ طوطی ہند کا تخلص بھی ہے ۔
خسره (اُر ۔ اسم مذکر) گاؤں کے کھیتوں کی فہرست ، کھیت بہی پرچہ کاہ ماری
خسک ۔ (ف ۔ مو) کانٹے ۔ گوکھرو ۔
خسوف ۔ (ع ۔ اسم مذکر) چاند گرہن ۔ زمین میں دھنس جانا ۔
خسیس ۔ (ع ۔ اسم صفت) کنجوس ۔ بخیل ۔ تنگدل ۔ کمینہ ۔ فرومایہ زبون ۔ نالائق ۔ ننگ ۔ نالائق

خ - ش

خشت ۔ (ف ۔ اسم مونث) اینٹ ۔ چھوٹا تیزہ ۔
خشتک (ف ۔ اسم مونث) پاجامے کا رومال ۔ میانی ۔ رومالی ۔ چولبلا ۔ چھوٹی اینٹ ۔ چڑیا ۔ گھٹنے کی چپنی
خشخاش ۔ (ف ۔ اسم مونث) پوست کے دانے ۔ تخم افیون ۔ چاول کا آٹھواں حصہ ۔
خشخیت ۔ (اُر ۔ مو) (عوام) دیکھو خشتک ۔
خشخش ۔ (اُر ۔ اسم مونث) خشخاش کا مخفف ۔
خشخش برابر ۔ (اُر ۔ اسم صفت) ذرا سا ۔ پوست کے دانے جتنا ۔
خشک ۔ (ف ۔ اسم صفت) سوکھا بے آب ۔ روکھا ۔ کج خلق بدخلق ۔ صرف ۔ فقط ۔ کوڑ مغز ۔ نا سمجھ ۔
خشک دماغ ۔ یا ۔ **خشک مغز** ۔ (ف ۔ اسم صفت ترکیب فاعلی)

دیوانہ۔ مجنون۔ پاگل۔ احمق۔ کوڑھ مغز۔ گاؤدی۔

خُشک سالی ۔ (ف۔ اسم مونث بیائے مصدری) قحط۔ کال بارش کے بر محل اور حسب معمول نہ ہونے کا سال۔ قحط کا سال۔ قحط سالی۔

خُشک ہونا ۔ (لازم فعل) سوکھا۔ رطوبت اور تری نہ رہنا۔ کھرنک ہونا۔

خُشکہ (ف۔ اسم مذکر) پھیکے ابلے ہوئے چاول۔

خشکہ کھاؤ ۔ (لازم) جب کوئی مجہول شخص کسی معلوم کام میں دخل اندازی کرے تو حقارت بولتے ہیں۔ جیسے جاؤ۔ رخصت ہو۔

خُشکہ کھاؤ پنیر کے ساتھ ۔ (لازم) رخصت ہو۔ چلو ہٹو۔ اپنی راہ لو۔ خود کی کھاؤ اور خود مزے سے کھاؤ۔

خشکی ۔ (ف۔ اسم مونث بیائے مصدری) سوکھاپن۔ سکھاوٹ روکھاپن۔ قحط۔ پلیتھن (بیائے فاعلیت) روکھا۔ بدخلق۔ کج خلق۔ کوڑھ مغز۔

خشم ۔ (ف۔ مذ) غصہ

خشمگین : (ف) غصہ سے بھرپور۔

خشمناک ۔ (ف) غصے والا۔ غصہ ور۔

خشوع ۔ (ع۔ مذ) گڑگڑانا۔ عاجزی۔

خشونت ۔ (ع۔ مو) ریاضت۔ دشمنی۔ تندی۔ سختی۔ نفرت غصہ۔

خ ص

خصائص ۔ (مو۔ مذ) عادتیں۔ خاصیتیں۔

خصائل ۔ (ع۔ اسم مونث) خصلت کی جمع۔ خصلتیں۔ عادتیں

خصلت ۔ (ع۔ اسم مونث) عادت۔ سبھاؤ۔ خو۔ سیرت۔ مزاج

خصم ۔ (ع۔ اسم مذکر) بیری۔ دشمن۔ بدخواہ۔

خصم (لازم اسم مذکر) شوہر۔ خاوند۔ پتی مالک۔ آقا۔

خصم کٹی یا خصم روئی ۔ (مو) بیوہ۔ رانڈ۔ ایک قسم کا کوسنا کہ تو اپنے خاوند کا ماتم کرے۔

خصم جورو کی لڑائی کسی کو نہ بھائی ۔ گھر کی تباہی کسی کو پسند نہیں۔

خصم کا کھائے بھتیا جی کا گیت گائے ۔ (لازم مثل) دے کوئی اور نام ہو کسی کا۔ خرچ خصم کا ہو اور شہرت بھائی صاحب کی۔

خصم کرنا (لازم) اپنے لیے خود خاوند کو تلاش کر لینا۔ اپنا بیاہ آپ کرنا

خصم کیا برا کیا۔ کر کے چھوڑ دیا اس سے برا کیا ۔ یا تو غلطی کر نا نہ تھی کی اور مذکر کیا بہت برا کیا یعنی ایک سے ایک بڑا عیب موجود ہے

خصوص (لازم اسم مذکر) خاص۔ خاص کام۔ بڑا لاین۔ خصوصیت

خصوصاً ۔ (ع۔ تابع فعل) خاص کر علی الخصوص۔ از بس کہ کے۔

خصوصیت (ع۔ اسم مونث) خاص بات۔ تاخیر۔ اثر۔ ذاتی تعلق دوستی۔ خاص ہونا۔ اخلاص۔ اختلاط۔ میل ملاپ۔

خصومت ۔ (ع۔ اسم مونث) دشمنی۔ بیر۔ کینہ۔ عداوت۔ بغض فساد۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔

خصومات ۔ (ع) خصومت کی جمع

خصی (ع۔ اسم مذکر) بدھیا۔ اختہ۔ فوطے نکالا ہوا جانور نامرد زنخہ۔ مخنث۔ ہیجڑا۔ خواجہ سرا۔

خصی پرنالہ ۔ (لازم اسم مذکر) دیوار کے اندر کا پرنالہ جس کا پانی دور جا کر گرے۔ جنگی پرنالہ کے خلاف۔ دیوار کے اوپر چلنے والا پرنالہ

خصیہ ۔ (ع۔ اسم مذکر) فوطہ۔ خایہ۔ انڈ۔ بیضہ۔

خصیہ برداری یا خصیے سہلانا ۔ خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا

خصیوں میں تانت باندھ دینا ۔ سخت سزا دینا۔

خ ض

خضاب ۔ (ع۔ اسم مذکر) رنگ۔ گلگونہ۔ خصوصاً۔ وسمہ۔ مہندی اور تیل کا رنگ۔

خضاب کرنا۔ یا۔ لگانا ۔ (لازم فعل) وسمہ کرنا۔ سفید بالوں کو تیل وغیرہ لگانا۔ بال سیاہ کرنا۔ بال رنگنا۔

خضر ۔ (ع۔ اسم مذکر) ایک پیغمبر کا نام۔ جنہوں نے سکندر کے ساتھ آب حیات کے چشمہ پر جا کر وہ پانی پیا جس سے وہ ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ لوگ دریا اور صحرا کا راہنما مانتے ہیں۔ مجازاً۔ رہبر رہنما۔

خضر ملے۔ یا۔ خضر مل گئے ۔ (لازم محاورہ) پورے رہبر مل گئے۔ کام بن گیا۔ آمید پوری ہوگئی۔ مراد حاصل ہوئی۔

خضر اور خضر ۔ دونوں طرح یہ نام بولا جاتا ہے۔

خضوع ۔ (ع۔ مذ) دل کا عاجزی کرنا۔ پر رقت دل کی کامل توبہ (دیکھو خشوع) گڑگڑانا۔ عاجزی۔

خ ط

خط (ع۔ اسم مذکر) چٹھی۔ نوشتہ۔ تحریر۔ سند۔ تمسک۔ رسید رقعہ۔ لکیر۔ لائن۔ ہاتھ کا لکھا ہوا۔ دستخط۔ نشان۔ علامت اصلاح۔ حجامت۔ چہرہ کا نقشہ۔

خطِ آزادی ۔ (عف۔ اسم مذکر) غلام کو آزاد کر دینے کا نوشتہ آزادی کا خط۔ رہائی کی سند۔

خطِ استوا ۔ (ع۔ اسم مذکر) وہ فرضی خط جو زمین کو شمالاً جنوباً دو برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہوا اور شرقاً غرباً کھچا ہوا مانتے ہیں جب سورج اس پر آتا ہے تو دن رات برابر ہوتے ہیں۔

خط آنا ۔ یا ۔ نکلنا ۔ (اُر ۔ محاورہ) ڈاڑھی کا سبزہ آغاز ہونا ۔ ڈاڑھی کا نمودار ہونا ۔ نامہ آنا ۔ چٹھی آنا ۔

خط بگڑنا ۔ (اُر ۔ محاورہ) حجامت درست نہ بننا ۔ خط کی حالت میں فرق آنا ۔ بدخط ہونا ۔ خوشخط نہ رہنا ۔

خط بھر آیا ۔ نوجوانی ہے ڈاڑھی نکل آئی ۔

خط بنانا ۔ (اُر محاورہ) حجامت بنانا ۔ رخسارے کے بال لینا ۔ اصلاح بنانا ۔ خوشخطی کی مشق ۔

خطِ پیشانی ۔ نوشتۂ تقدیر

خط ترائش ۔ حجام ۔ نائی ۔

خطِ تقدیر ۔ (ع ۔ اسم مذکر) نوشتہ تقدیر ۔ قسمت کا لکھا ۔ تقدیر کی ریکھا ۔

خطِ تواَم ۔ (ف) ایک قسم کی تحریر جس میں دو صفحوں پر عبارت تحریر کرتے ہیں ۔ ایک صفحہ میں اُوپر کے دائرے دوسرے پر نیچے کے پھر دونوں کو ملا کر پڑھتے ہیں ۔

خطِ جدی ۔ (ع ۔ اسم) وہ فرضی خط جو خطِ استوا سے ۲۳½ درجہ جنوب کی طرف مانا گیا ہے ۔ جب آفتاب اس پر پہنچتا ہے تو شمالی طرف دن چھوٹا اور رات بڑی ہوتی ہے ۔ اور موسم سرد ہو جاتا ہے ۔ اس سے جنوب میں سورج کبھی نہیں جاتا ۔

خط دار ۔ (ف ۔ اسم صفت ۔ ترکیب فاعلی) دھاری دار ۔ دھاریوں والا ۔ لکیردار

خط رکھنا ۔ یا ۔ رکھوانا ۔ ڈاڑھی رکھنا ۔ خط نہ بنوانا ۔

خطِ ریحان ۔ ابن مقلہ کے ایجاد کردہ خطوط میں سے ایک خط جسے گزاربھی کہتے ہیں ۔ جس میں حروف کے پیٹ میں پھول اور بیلیں بناتے ہیں ۔

خطِ سبز ۔ (ف) ڈاڑھی ۔ مونچھوں کے ہلکے بال جو روئیں معلوم ہوتے ہیں جو سفید رو اور خوبصورت چہروں پر اچھا معلوم ہوتا ہے ۔

خطِ سرطان ۔ (ع ۔ اسم مذکر) وہ فرضی خط جو خط استوا سے ۲۳½ درجہ شمال کی طرف مانتے ہیں ۔ سورج جب اس پر آتا ہے تو شمالی حصہ زمین میں گرمی زیادہ اور جنوبی حصہ سردی ہوتی ہے اس سے شمال کی طرف سورج نہیں بڑھتا ۔

خطِ سرمہ ۔ (دنبالہ چشم ۔ سرمہ کا نشان ۔

خط سنوارنا ۔ خوش خطی آنا ۔ لکھاوٹ کا اچھا ہونا ۔

خطِ شعاع ۔ سورج کی کرنیں ۔

خطِ شکستہ ۔ ایک قسم کی تحریر جو نستعلیق کے برخلاف گھسیٹ کر لکھی جاتی ہے ۔

خطِ عمود ۔ یا ۔ **خطِ عمودی** (ع ۔ اسم مذکر) سیدھا خط ۔ دو نقاط کا سب سے کم درمیانی فاصلہ ۔ وہ لکیر جو دو برابر کے زاویے پیدا کرے ۔ زاویہ قائمہ بنانے والا خط ۔

خطِ غبار ۔ (ع ۔ ف ۔ اسم مذکر) ایک قسم کا خط جو الگ الگ کاغذوں پر لکھا جاتا ہے ۔ دونوں کاغذوں کو باہم ملا لو تو حروف پڑھے جاتے ہیں ورنہ ایک غبار سا معلوم ہوتا ہے ۔ اور پڑھنے میں نہیں آتا ۔

خطِ غلامی لکھنا ۔ لکھ دینا ۔ (فرمانبرداری و شکست کا اقرار کرنا (متعدی بھی شامل ہے)

خط کترنا ۔ قینچی سے ڈاڑھی مونچھوں کے بال کاٹنا ۔

خط کش ۔ (وہ سودا جو بیچنے والے کو پھر واپس نہ ہو سکے ۔ جا کر کی ضد ۔ نیز مسطر جس سے لکیر کھینچتے ہیں ۔

خطِ متوازی ۔ (ع ۔ اسم مذکر) وہ خط جن کا درمیانی فاصلہ ہر جگہ برابر رہے

خطِ مستقیم ۔ (ع ۔ اسم مذکر) سیدھا خط ۔ سیدھی لکیر ۔

خطِ محور ۔ زمین کا وہ فرضی خط جو اس کے مرکز سے گزر کر محیط کے دونوں طرف پہنچتا ہے اور جس کے گرد زمین روزانہ گردش کرتی ہے ۔ محور کے دونوں سرے قطبین کہلاتے ہیں)

خطِ منحنی ۔ (ع ۔ اسم مذکر) ٹیڑھا خط ۔ سیدھے خط کی ضد ۔

خطِ مشکیں ۔ سبزۂ خط ۔

خطِ نسخ ۔ (ع ۔ اسم مذکر) خواجہ عماد الدین کی ایجاد ہے ۔ عربی کے چھ طرز تحریر میں سے ایک طرز ۔ جس کی خوبی نے پہلی طرزوں کو مات کر دیا ۔ (عربی کا موجودہ خط)

خطِ نستعلیق ۔ (ع ۔ اسم مذکر) وہ ایرانی خط جو خط نسخ اور تعلیق کو ملا کر نکالا گیا ہے ۔ یہ بہت آسانی سے پڑھا جا سکتا ہے

خط و کتابت ۔ (ع ۔ اسم مونث) چٹھی ۔ پتری مراسلت

خطا ۔ (ع ۔ اسم مونث) ۔ بھول چوک ۔ سہو ۔ قصور ۔ تقصیر ۔ گناہ جرم غلطی ۔

خطا کار ۔ (ف ۔ فاعل) گنہگار

خطا کرنا ۔ (اُر ۔ فعل) گناہ کرنا ۔ قصور کرنا ۔ جرم کرنا ۔ بھول جانا ۔

خطاوار (عف ۔ اسم صفت ترکیب فاعلی) مجرم ۔ گنہگار ۔ قصوروالا ۔

خطا ہونا ۔ (اُر ۔ فعل) غلطی ہونا ۔ گناہ ہونا ۔ بھول ہونا ۔ جرم ہونا ۔

خطائے بزرگاں گرفتن خطا است ۔ بزرگوں پر اعتراض کرنا سراسر بے ادبی ہے ۔ خطا ہے ۔

خطاب ۔ (ع ۔ اسم مذکر) کسی کی طرف متوجہ ہو کر کلام کرنا ۔ مخاطب کر کے گفتگو کرنا ۔ عزت کا لقب جو حاکموں کی طرف سے رکھا جائے ۔ طنزاً بڑا نام رکھنے کو بھی کہتے ہیں ۔ سامنے ہونا ۔ عیب کی ضد ۔ حضور ۔ غصہ ۔ عتاب ۔

خطابت ۔ (مو) تقریر ۔ خطبہ پڑھنا ۔

خطاب دینا ۔ (اُر ۔ فعل) وصفی نام رکھنا ۔ بادشاہ یا حکام کی طرف سے ۔

خطاط ۔ (ع ۔ اسم فاعل) خوشنویس ۔

خطامہ ۔ (ع ۔ اسم مونث) بدکار ۔ قصہ ۔ یہی لفظ بگڑ کر قطامہ ہو گیا ہے ۔

خُطبہ ۔ (ع ۔ اسم مذکر) وہ حمد و نعت اور وعظ و نصیحت جو لوگوں کو مخاطب کر کے سنائی جائے ۔ ایڈریس ۔ کتاب کا دیباچہ ۔ سبب تالیف کتاب ۔ نماز جمعہ و عیدین پر خدا کی حمد و بادشاہ کی تعریف سنانا ۔

خطبہ پڑھا جانا (اُر۔ محاورہ) وعظ کرنا۔ کسی بادشاہ کا نام اور اُس کی حکومت تسلیم کر کے لوگوں کو مطلع کرنا۔

خطر ۔(ع۔اسم مذکر) اندیشہ۔ڈر۔خوف۔آفت۔مشکل۔

خطرا ۔(اُر۔اسم مذکر) خاطر کی تصغیر حقارت دل۔خیال جیسے اب وہ کسے خطرے میں لاتے ہیں۔

خطرہ ۔(اُر۔اسم مذکر۔بجائے تانیثی) جوکھوں۔ڈر۔وسواس۔اندیشہ خدشہ۔خوف۔

خطرے میں ڈالنا ۔(اُر۔فعل) جوکھوں میں پھنسانا۔مصیبت میں ڈالنا۔ہلاکت میں ڈالنا۔

خطرے میں نہ لانا ۔(اُر۔محاورہ) حقیر جاننا۔خاطر میں نہ لانا۔کچھ نہ سمجھنا۔قدر و منزلت نہ جاننا۔بات نہ ماننا۔

خطمی ۔(ع۔اسم مونث) گل خیرو۔

خطوط ۔خط کی جمع۔

خطوط وحدانی ۔(مذکر) بریکٹ جس کی شکل یہ ہوتی ہے ( )

خِطّہ ۔(ع۔اسم مذکر) قطعہ۔علاقہ۔وہ زمین جس کے گرد اگرد تعمیر عمارت کے لیے خط کھینچ دیں۔ملک۔سرزمین۔زمین کا گھرا ہوا حصہ۔

خطّی ۔خط کی طرف منسوب۔لکیر کی طرح سیدھا۔ایک قسم کا نیزہ۔

خطیب ۔(ع۔اسم مذکر) خطبہ پڑھنے والا۔وعظ سنانیوالا۔مخاطب کرنے والا۔

خطیر ۔(ع۔اسم مذکر صفت) بہت بڑا۔کثیر۔زیادہ۔نہایت۔

خ ۔ ف

خِفا ۔(ع۔مو) پوشیدگی۔پوشیدہ ہونا۔

خَفا ۔(اُر۔اسم صفت) ناراض۔آزردہ۔برہم۔غضبناک۔

خفا ہونا ۔(اُر۔فعل) ناراض ہونا۔غصے ہونا۔برہم ہونا۔

خُفّاش ۔(ع۔مذ) چمگادڑ۔



خفاش

خِفّت ۔(ع۔اسم مونث) ہلکاپن۔سبکی۔خجالت۔شرم۔ذلت۔

خفت اُٹھانا ۔(اُر۔فعل) شرمندہ۔بےعزت ہو جانا۔ذلت اُٹھانا۔

خفتان ۔(مو۔ف) زرہ۔ایک قسم کا جبّہ۔

خفتہ (ف) غافل۔سویا ہوا۔

خفتہ را خفتہ کے کند بیدار ۔غافل غافل کی اصلاح ہرگز نہیں کر سکتا۔

خفقان ۔(ع۔اسم مذکر) دھڑکن۔دل کا اُچھلنا۔ایک بیماری کا نام۔جس میں دل کی حرکت بڑھ جاتی ہے۔جنون۔سودا۔مالیخولیا وحشت۔

خفقان ہونا ۔(اُر۔فعل) دل دھڑکنا۔دل گھبرانا۔وحشت ہونا۔سودائی ہونا۔

خفگی ۔(ف۔اسم مونث بیائے مصدری) غصہ۔ناخوشی۔ناراضگی رنجش۔

خفی ۔(ع۔اسم صفت) پوشیدہ۔خفیہ۔چھپا ہوا۔باریک۔مہین خط۔جلی خط کی ضد۔

خفیف ۔(ع۔اسم صفت) ہلکا۔سبک۔ذلیل۔خوار۔رسوا اوچھا۔کم ظرف۔بے قدر۔کم۔تھوڑا۔

خفیف ہونا ۔(اُر۔ف) شرمندہ ہونا۔ذلیل ہونا۔نادم ہونا۔خجل ہونا۔ہلکا ہونا۔کم قدر ہونا۔

خفیفہ ۔(ع۔اسم مونث بیائے نسبت وتانیث) منسوب بہ خفیف چھوٹا۔خورد۔محکمہ جچی۔جیسے سنجاست خفیفہ عدالت خفیفہ مطالبات خفیفہ وغیرہ۔

خفیہ ۔(ع۔اسم صفت) گپت سپت۔چھپا ہوا۔پوشیدہ۔درپردہ۔

خفیہ پولیس ۔(اُر۔اسم مذکر) محکمہ سراغرسانی۔جس کی ڈیوٹی۔درپردہ خبر لگانے اور رپورٹ کرنا ہے۔

خفیہ خبر ۔(اسم مونث) پوشیدہ خبر۔مخفی خبر۔

خفیہ کارروائی کرنا ۔(اُر۔فعل) درپردہ کام کرنا چھپے چھپے کام کرنا۔

خفیہ نویس ۔(عف) اسم مذکر فاعل ترکیبی) مخبر۔جاسوس۔پوشیدہ خبریں دینے والا جاسوس۔

خ ۔ ل

خَلا ۔(ع۔اسم مذ) جگہ۔زمین سے اوپر وہ خط جہاں کشش ثقل کا اثر نہیں ہوتا

خلا باز ۔(اُر) خلا میں سفر کرنے والا۔

خلا ملا ۔(ع۔اسم صفت) ملا جلا۔خلط ملط کا مخفف ہے۔کھلا ملا۔بڑی گہری دوستی اور میل جول کے موقع پر بولتے ہیں۔

خلاص ۔(ع۔اسم مذکر) چھوٹا ہوا۔رہا۔آزاد۔فارغ۔انزال۔

خلاص ہونا ۔بچہ جننے سے فراغت ہونا۔انزال ہونا۔

خلاصہ ۔(ع۔اسم صفت) وسیع چوڑا کشادہ۔کھلا ہوا۔اور دور۔چیدہ۔برگزیدہ۔چنا ہوا۔پاک صاف۔جمل۔مختصر۔لب لباب۔اصل۔عطر۔ست۔اختصار۔

خلاصہ کرنا (اُر۔محاورہ) اختصار کرنا۔کم کرنا۔انتخاب کرنا۔چھانٹنا۔ظاہر کرنا۔کھولنا۔تشریح کرنا۔فراخ کرنا۔صاف صاف کہنا۔

خلاصی ۔(اُر۔اسم مونث) رہائی۔آزادی۔نجات۔رستگاری چھٹکارا (بصورت اسم مذکر) خیمہ لگانے والے۔توپ خانے یا جہاز کے کارندے۔

خِلاف ۔(ع۔اسم صفت) لغت میں پیچھے ہٹ کر کھڑا ہونا۔وفاق کی ضد۔اُلٹا۔ناموافق۔برعکس۔نقیض۔(بصورت اسم مذکر) جھوٹ۔دروغ۔حریف۔مقابل۔ضد۔

خلاف بیانی ۔(اُر۔اسم مونث) دروغ گوئی۔حلف دروغی۔خلاف سررشتہ۔خلاف ضابطہ۔خلاف قانون۔خلاف وضع (عف اسم صفت) بے ضابطہ۔بے قاعدہ۔رواج کے برخلاف۔

خلاف شرع ۔(ع۔اسم صفت) شریعت کے برخلاف قانونِ محمدی کے برعکس۔
خلاف طبع ۔(ع۔اسم صفت) طبیعت کے برعکس۔مزاج کے برعکس یا ناموافق۔
خلاف عدالت ۔(پیش نماز یا عالم دین کے ایسے فعل کو بازاری کہتے ہوں جیسے بازار میں روٹی وغیرہ کھانا۔
خلاف عقل ۔(ع۔اسم صفت) عقل کے برعکس۔بعید از عقل۔ دانش مندی کے خلاف۔
خلاف قیاس ۔(ع۔اسم صفت) ناممکن۔عقل کے خلاف۔
خلاف کہنا ۔(اُرد۔فعل) جھوٹ بولنا۔اُلٹی گواہی دینا۔طبیعت کے خلاف بات کہہ دینا۔
خلاف ورزی (مو) خلاف کرنا۔اصول کو توڑنا۔
خلاف ورزی باسرکار ۔(ع۔ف۔مو) سرکار کا اقتدار قبول نہ کرنا اور اس سے سرکش ہونا۔
خلاف وضع ۔(ع) رسم ورواج کے خلاف
خلاف وضع فطری ۔(ع) اغلام۔لونڈے بازی۔
خلاف ہونا ۔(اُرد۔فعل) دعوے دار ہونا۔دشمن ہونا۔مدعی ہونا۔
خلافت ۔(ع۔اسم مؤنث) جانشینی۔نیابت۔قائم مقامی۔ولی عہدی خلیفہ کا عہدہ۔(بادشاہ۔نبی۔مشائخ۔یا درویش کے قائم مقام ہونے پر بولتے ہیں۔
خلافتِ راشدہ ۔سچی خلافت۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد حضرت ابوبکرؓ۔حضرت عمرؓ۔حضرت عثمانؓ۔حضرت علیؓ کا دورِ حکومت۔
خلافتِ عباسیہ ۔بنی عباس کے زمانہ کی حکومت۔
خلاق ۔(ع۔مذ) خدائے تعالیٰ پیدا کرنے والا۔
خلال ۔(ع۔اسم مذ) دریبان (مجازاً۔دانت کریدنے کا تنکا) دانت کریدنے کا آلہ۔گنجفہ کی بازی میں مات کو کہتے ہیں۔
خلال دینا ۔گنجفے میں مات دینا۔
خلال کرنا ۔(اُرد۔فعل) دانت کریدنا۔مات دینا۔
خلال لینا ۔(اُرد۔فعل) مات لینا۔ہار ماننا۔
خلائق ۔(ع۔اسم مونث) جمع خلق۔مخلوقات۔دنیا۔پرتھی۔پرتھوی۔ خلقت۔
خُلّت ۔(ع۔مو) محبت۔دوستی۔سیز خوراک
خلجان ۔(ع۔اسم مذکر) تردد۔خلش۔تفکر۔وسواس۔فکر۔اندیشہ چنتا۔
خلخال ۔(ع۔اسم مونث) پازیب۔پایل۔پائجن۔
خلخل۔خلغول۔خلخلہ ۔(اُرد۔اسم صفت) ڈھیلا۔ڈھالا۔
خُلد ۔(ع۔اسم مونث) بہشت۔فردوس۔جنت۔
خلد آشیاں ۔بہشتی۔جنتی۔بہشت میں سکونت رکھنے والا تعظیماً بڑے بڑے متوفی نوابوں یا بزرگوں کو کہتے ہیں۔
خلش (ف۔اسم مونث حاصل مصدر از خلیدن) چبھن۔کھٹک۔ خلیدگی۔دشمنی۔جھگڑا۔مناقشہ۔خصومت۔
خِلط ۔(ع۔اسم مذکر) آمیزش۔مزاج۔ملی ہوئی چیز۔مرکب چیز۔ چاروں خلطوں یعنی صفرا۔سودا۔بلغم۔خون میں سے ہر ایک خلط ہے
خلطِ مبحوث ۔(ع) بے فائدہ الجھاؤ۔بحث کو کہیں سے کہیں پہنچا دینا۔
خلط ملط ۔(ع۔اسم صفت) گڈمڈ۔گھال میل۔گھلا ملا۔ملا جلا۔ مختلف۔
خلطہ ۔(اُرد۔اسم مذکر) تھیلی۔خریطہ کا بگاڑ ہے۔
خِلعت ۔(ع۔اسم مذکر) لباس۔جوڑا۔کپڑا۔جو بادشاہ یا امراء کسی کو انعام کے طور پر دیتے ہیں۔کم از کم تین پارچہ کا عطیہ۔(لغت میں اپنا لباس اُتار کر دوسرے کو بخشنا۔
خِلعت پہنانا یا دینا ۔عطیہ پوشاک دے کر عزت بڑھانا۔پوشاک عطا فرمانا۔انعام دینا۔
خِلعت ملنا ۔لباس یا پوشاک انعام میں ملنا۔
خُلع ۔(ع۔مذکر) عورت کا مہر کے عوض طلاق لینا۔
خَلف ۔(ع۔اسم مذکر) جانشین۔پیچھے رہنے والا۔مراداً فرزند۔نیک و صالح پسر۔سعادت مند بیٹا۔وارث۔حق دار۔مستحق۔
خلف الصدق (ع۔مذ) فرمانبردار بیٹا۔سچا وارث۔
خُلفا ۔(ع۔اسم مذکر) خلیفہ کی جمع۔
خلفائے راشدین (ع۔اسم مذکر) ہدایت والے خلفا۔رسول اللہ صلعم کے چاروں خلفا۔حضرات۔ابوبکرؓ و عمرؓ و عثمانؓ و حیدرؓ سے مراد ہے
خلفائے عباسیہ ۔(ع۔اسم مذکر) حضرت عباس کی اولاد کے خلفا جو بغداد میں ہوئے ہیں۔یعنی ہارون رشید۔مامون رشید وغیرہ
خُلق ۔(ع۔اسم مذ) خو۔عادت۔خصلت۔خوش مزاجی۔مروت۔ ملنساری۔نیک عادت۔
خُلق محمدی ۔(ع۔اسم مذکر) حضرت محمد رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق۔نہایت بے مثل۔اخلاق لاثانی۔اخلاق۔
خُلق والا ۔(اُرد) باسم مذکر فاعل) بااخلاق۔ملنسار۔خوش خلق۔
خَلق۔خِلقت ۔(ع۔اسم مونث) آفرید۔آفرینش۔پیدا شدہ اشیاء دنیا۔خلقت۔مخلوق۔نوع انسان۔آدم زادہ
خُلق کا خالق کس نے بند کیا ہے ۔(اُرد۔مثل) لوگوں کی زبان کوئی روک نہیں سکتا۔
خلقت ۔(ع۔اسم مونث) سرشت۔خمیر۔فطرت۔پیدائش۔آفرینش۔
خِلقی ۔پیدائشی۔فطری۔
خلل ۔(اُرد۔ع۔اسم مذکر) رخنہ۔سوراخ۔درز۔دراڑ۔خسارہ۔نقصان بگاڑ۔اختلاف۔ابتری۔بدہضمی۔پیٹ کا بگاڑ۔جن وپری کا اثر آسیب۔بیماری۔دکھ۔روگ۔
خلل آنا ۔(اُرد۔فعل) فرق آنا۔فتور پڑنا۔رخنہ پڑنا۔
خلل انداز ۔(عف۔اسم مذکر فاعل ترکیبی) جھگڑالو۔فسادی۔فتنہ پرداز مزاحم۔بدتراہ۔
خلل دماغ ۔(عف۔اسم مذکر) دماغ کی خرابی۔مالیخولیا۔سودا۔

سودا - دیوانگی - جنون -

خُلو - (ع - مذکر) خالی ہونا - (خلوئے معدہ)

خلّو - (اُر - مذکر) مسخرا - احمق -

خلوت - (ع - اسم مونث) علیحدگی - تنہائی - گوشہ نشینی - خلوت کی ضد - مکان کا غیر سے خالی ہونا - تنہائی کی جگہ - خالی جگہ - سونے کا کمرہ - پوشیدگی -

خلوت کرنا - (اُر - فعل) مکان کو غیروں سے خالی کرنا - تنہا ہونا -

خلوت کے وقت - (اُر - اسم ظرف مذکر) تنہائی کے وقت - علیحدگی میں ملاقات کے وقت -

خلوت گاہ - (ف - اسم مذکر ظرف مکان) تنہائی کی جگہ - سونے کا کمرہ

خلوت گزیں - خلوت نشین - تنہائی میں بیٹھنے والا -

خلود - (ع - مذکر) ہمیشگی -

خلوص - (ع - اسم مذ) صفائی - پاکیزگی - سادگی - سچی دوستی - خالص دوستی - سچی محبت - وفاداری - راستی - سچائی - صفائی راستبازی

خلوص نیت - (ع - اسم مونث) - نیت کی صفائی - پاک نیتی - صفائی ارادہ -

خلیا ساس - (اُر - اسم مونث) ساس کی بہن - موسمی ماؤسی جی -

خلیج - (ع - اسم مونث) - سمندر کا وہ حصہ - جو دور تک خشکی کو کاٹتا ہوا چلا جائے جیسے خلیج فارس - کھاڑی - نہر - ندی - شاخ - دریا راس کی ضد -

خلیرا بھائی - (اُر - اسم مذکر) موسیرا بھائی - موسیرا - ماسی کا بیٹا - خالہ جایا -

خلیط - (اُر - اسم مذکر) تھیلا - تھیلی (صحیح خریطہ ہے)

خلیطی - (اُر - اسم مونث بیائے تصغیر و تانیث) خریطی - تھیلی گھر والی - جورو - زن - بیوی

خلیفہ - (ع - اسم مذکر) پیچھے آنے والا - پیغمبر کا نائب - قائم مقام ولی عہد - ٹیکا - جانشین - نائب - بادشاہ - مانیٹر - اُستاد کا نائب - حجام - نائی - ادنیٰ پیشہ ور آدمی - میاں جی جو مکتب میں بچوں کو پڑھاتے ہیں - ؎

مکتب صبح ازل کا ہے خلیفہ انسان
پھر کرے کون اگر یہ خلافت نہ کرے (ذوق)

خلیق - (ع - اسم صفت) خوش خلق - اچھے سبھاؤ والا - ملنسار - خوش مزاج -

خلیل - (ع - اسم صفت) سچا دوست - دوستی کا پورا حق ادا کرنیوالا -

خلیل اللہ - (ع - اسم مذکر) اللہ کا دوست - حضرت ابراہیمؑ کا لقب -

خ - م

خَم - (ف - اسم مذکر) کجی - ٹیڑھا پن - جھکاؤ - زلف کا بل - پیچ و تاب زلف

خَم ٹھونکنا - (اُر - محاورہ) بازوؤں اور ڈنڈوں پر اس طرح ہاتھ مارنا کہ جس سے حریف جان لے کہ یہ اب کشتی کو تیار ہے - پٹھے ٹھونکنا - ڈنڈ بیجانا - لڑنے کے لیے تیار ہو جانا -

خم و چم - (ف - اسم مذکر حاصل مصدر ہم رفتار ناز - رفتار زنانہ خرام ناز - مٹک چال - معشوقانہ چال -

خمدار (ف - اسم صفت بترکیب فاعلی) ٹیڑھا ترچھا - بانکا - کج - خمیدہ پیچدار -

خُم - (ف - اسم مذکر) مٹکا - شراب کا مٹکا - ہانڈی - گھڑا یا سبو جیسا

خمیر - جوش - گنجہ میں کھیل کے پتے جو چھپا لیے جاتے ہیں -

خُم اُٹھنا - (اُر - فعل) خمیر اُٹھنا - سر کا جوش آجانا -

خُم افلاطون - وہ مٹکا جس میں افلاطون کو اس کے کہنے سے بند کیا گیا -

خُم خانہ، خُم کدہ - (ف - اسم مذکر ظرف) مے خانہ - شراب خانہ - بھٹی - خرابات - وہ جگہ جہاں شراب پکتی یا کشید کی جاتی ہے -

خُمار - (ع - اسم مذکر) شراب کا نشہ - مستی - سرور - نشے کا اتار - بقیہ مستی - نیند کا زور - ساونگھ - غنودگی -

خمّار - (ع) شراب بیچنے والا - بہت شراب پینے والا -

خُمار آلودہ - خُمار آلود - (عف) اسم صفت بترکیب مفعولی - شراب کے نشہ میں متوالا - نشہ میں چور - مست - سرشار مخمور

خُمار توڑنا - (اُر - نشے کے اُتار کی تکلیف رفع کرنے کو پھر تھوڑی سی پی لینا -

خمپارہ (اُر - اسم صفت) خام پارہ کا محرف ہے چھنال - بدکار - کچی ٹوٹی ہوئی -

خماسی - (ع) پانچ حرفوں کا لفظ -

خُمیر - (ع - مو) شراب -

خُمرا - (اُر - اسم مذکر) فقیروں کا ایک خرقہ پوش رہنے والا - ایک چھوٹے سے پرندے کا نام بھی ہے -

خُمس - (ع - اسم صفت) - پانچ - پنج ۵ - 5

خُمُس - (ع - صفت عددی) پانچ واں حصہ - پنجم - 1/5

خمسہ - (ع - اسم صفت بیائے نسبتی) منسوب خمس - پانچ پانچ نظم کی کتابوں کا مجموعہ جیسے خمسہ نظامی - سہ کرہ وغیرہ سے بنی ہوئی چٹنی (لذیذ قسم کی چٹنی)

خموش - (ف) خاموش کا مخفف - چپ - چپکا

خموشی - (مو) خاموشی کا مخفف - چپ چپ ہونے کی علامت فکر و تردد کی حالت -

خمول - (ع - مذ) گمنامی -

خمیازہ - (ف - اسم مذکر) بدنی اعضا کو جھکانا - اور حرکت دینا یعنی انگڑائی - غلبہ خواب یا کاہلی کی علامت - بدلہ - عوض - مکافات تاوان - رنج - تکلیف - افسوس

خمیازہ اٹھانا، بھرنا، بھگتنا، کھینچنا (اُر - محاورہ) نقصان اٹھانا

رنج اُٹھانا۔ ضرر اُٹھانا۔ ڈنڈ بھرنا۔ مصیبت اُٹھانا۔ پچھتا۔ پشیمان ہونا۔ معاوضہ دینا۔ قصور کی سزا بھگتنا۔ بدلہ پانا۔ پاداش سہنا یا۔ جھیلنا۔

خمیدہ ۔(ف۔ اسم صفت بترکیب مفعول) کبڑا جھکا ہوا۔ ٹیڑھا۔

خمیدگی ۔(ف۔ اسم مونث بیائے مصدری) کبڑاپن۔ جھکاؤ۔ ٹیڑھاپن۔

خمیرا ۔(ع۔ اسم مذکر) جوش۔ ابال۔ گندھے ہوئے آٹے کو سڑا کر پھلانا۔ فطرت۔ سرشت۔ ترکیب۔ بناوٹ۔ آمیزش۔ مزاج۔ ترکیب۔ عناصر۔ مٹی۔ جسم بننے کی مٹی۔

خمیر اُٹھنا ۔(اُ۔ فعل) جوش آنا۔ اُبلنے لگنا۔ خمیر تیار ہونا۔ پھول جانا۔ جاگ آجانا۔ خمیر سے آٹے کا روٹی پکانے کے قابل ہوجانا

خمیر بگڑنا ۔ خمیر کھٹا ہونا ۔(اُ۔ فعل) ترکیب میں فرق آجانا۔ شامت آجانا۔ شامت آنا۔ خرابی آنا۔ آٹے کا زیادہ کھٹا ہوجانا۔ خمیر کا ترشی پر آجانا۔

خمیر میں ہونا ۔ سرشت میں ہونا۔ فطرت میں ہونا۔

خمیرہ ۔(ع۔ اسم مذکر) ایک قسم کا خوشبودار پینے کا تمباکو۔ خمیر اُٹھا تیار کی ہوئی چیز۔ مصری یا کھانڈ میں پکائی ہوئی دوا جیسے خمیرہ بنفشہ، خمیرہ گاؤزبان وغیرہ۔

خمیری ۔(ع۔ اسم صفت مونث بیائے نسبتی) وہ روٹی جو خمیر اُٹھا کر پکاتے ہیں۔ فطیری کی ضد۔

خ ـ ن

خُنّا ۔(ع۔ اسم مذکر) فحش۔ بے ہودہ۔ مغز۔ دماغ۔ تکبر۔ باطل۔ بیوقوف مرد۔ بدمزاج مسخری عورت۔ بوچڑ۔

خُنّا بھکنا ۔(اُ۔ محاورہ) دماغ پھرنا۔ اترانا۔ تکبر کرنا۔ غرور کرنا۔

خُنّا ہونا ۔(اُ۔ محاورہ) غرور ہونا۔ دماغ ہونا۔ متکبر و مغرور ہونا۔

خنازیر ۔(ع۔ مذ) خنزیر کی جمع۔ سؤر۔ کنٹھ مالا۔ گلٹیاں جو گلے میں ہوجاتی ہیں۔

خُناس ۔(ع۔ اسم مذکر) شیطان۔ لعین۔ روح بد۔ سرکش دیو (بحالت صفت) بہکانے والا۔ مردود۔ شریر۔ حرامزادہ۔

خُناق ۔(ع۔ اسم مذکر) گلے کی ایک بیماری کا نام۔

خُنثےٰ ۔(ع۔ اسم مذکر) وہ شخص جس میں عورت اور مرد دونوں کی علامتیں پائی جائیں۔ مرد نما عورت۔ ہیجڑا۔ مخنث۔ خوجہ۔

خنجر ۔(ف۔ اسم مذکر) جمدھر۔ پیچھو۔ ایک قسم کا چھرا۔



خنجر

خنجر بیگ ۔(ف۔ اسم مذکر) ایک قسم کا مہلک پھوڑا ہوتا ہے جو اکثر پیٹھ کے پیچھے کی طرف نکلتا ہے اور دکھائی نہیں دیتا۔ اس کا مریض بچتا نہیں۔

خنجری ۔(اُ۔ اسم مونث) ایک ریشمی کپڑے کا نام۔ جوگیوں کے بجانے کی ڈفلی۔

خندق ۔(معرب کندہ۔ اسم مونث) کھائی۔ قلعہ یا شہر کے گرد حفاظت کے لیے کھدی ہوئی زمین۔ غار۔ گڑھا۔ کھوہ۔

خندہ ۔(ف۔ مذ) ہنسی۔

خندۂ برق ۔ بجلی کا کوندنا۔

خندہ رو۔ یا۔ خندہ پیشانی ۔(ف۔ اسم صفت بترکیب فاعلی) ہنس مکھ۔ خوش و خرم رہنے والا۔

خندۂ ساغر۔ خندۂ جام۔ خندۂ مے۔ خندۂ شراب۔ خندۂ شیشہ۔ خندۂ صراحی۔ خندۂ مینا ۔(مذ) قلقل کی آواز جو انڈیلتے میں صراحی سے نکلتی ہے۔

خندۂ سوگند ۔ پستہ قد۔ فسادی ہوتا ہے۔

خندہ ریش ۔ وہ شخص جس پر لوگ ہنسیں۔

خندی ۔(اُ۔ مو) بے ہودہ ہنسنے والی عورت۔ بدکار عورت۔ فاحشہ

خنزیر ۔(ع۔ اسم مذ) سؤر۔ جنگلی سؤر۔

خُنک ۔(ف۔ اسم صفت) ٹھنڈا۔ سرد۔ یخ۔ برف۔ بارد۔

خُنکی ۔(ف۔ اسم صفت مونث بیائے مصدری) ٹھنڈک۔ ٹھنڈ۔ سردی۔ برودت۔

خنگ ۔(ف۔ اسم مذکر) گھوڑا۔ نقرہ گھوڑا۔

خُنگا ۔(اُ۔ اسم صفت) موٹا تازہ۔ قریہ اندام۔ ہٹا کٹا۔ مُسٹنڈا۔

خُنگڑا ۔(اُ۔ اسم صفت) خنگا کی تصغیر ہے۔

خُنیا ۔(ف۔ اسم مذکر) نغمہ۔ راگ۔ سرود۔ ڈومنی۔ میراثن۔ گانے بجانے والی۔

خُنیاگر ۔ مطرب۔ گویا۔

خُنیاگری ۔(مو) گانے کا پیشہ۔ گویا ہونا۔

خ ـ و

خُو ۔(ف۔ اسم مونث) خصلت۔ عادت۔ سبھاؤ۔ سیرت۔ بان۔

خُو پڑنا ۔(اُ۔ محاورہ) عادت پڑنا۔ بان پڑنا۔ دھت لگنا۔ لت پڑنا۔

خُو ڈالنا ۔(اُ۔ محاورہ) عادت اختیار کرنا۔ عادی ہونا۔ لت لگا لینا۔

خواب ۔(ف۔ اسم مذکر حاصل مصدر از خفتن) نیند۔ سپنا۔ رویا۔ وہ بات جو انسان خواب میں دیکھے۔ خیال۔ تصور۔ ماجرا۔ روئداد۔

خواب آلودہ ۔(ف۔ اسم صفت) اُنیندا۔ نیند میں بھرا ہوا۔ خمار میں بھرا۔

خواب پریشان۔ یا۔ خواب آشفتہ ۔(ف۔ اسم مذکر) ڈراؤنا سپنا متوحش خواب۔

خواب خرگوش ۔(ف۔ اسم مذکر) مدہوشی۔ بے خبری۔ غفلت کی نیند۔

خواب دیکھنا - یا - ہونا (ا - محاورہ) سپنا دیکھنا - سوتے میں کوئی بات دیکھنا -

خواب کی باتیں - (اُرد - اسم مؤنث) دہی باتیں - خیالی باتیں بے بنیاد باتیں -

خواب گاہ - (ف - اسم مؤنث) سونے کا کمرہ - خلوت گاہ -

خواب وخیال - (فع - اسم مذکر) بھولی ہوئی باتیں - سپنے کی مایہ - وہم وگمان بے اصل باتیں -

خواجہ - (ف - اسم مذ) آقا - گھر کا مالک - صاحب - سردار - توران میں سیدوں کا لقب ہے - ہیجڑا - خواجہ سرا - خصی غلام مخنث -

خواجہ سرا - (ف - اسم مذ کر بلفوی معنی گھر کا مالک - مجازاً وہ خصی غلام جو گھر میں آجا سکے - نامرد - مخنث - ہیجڑا -

خواجہ تاش - ایک آقا کے دو نوکر -

خواتین - (ف - مو) خاتون کی جمع - بیگمات - عورتیں -

خواجگان - (ف - مذ) خواجہ کی جمع -

خواجہ معین الدین کا چاند - یا - مہینا **خواجہ جی کا چاند - خواجمندین** (اُرد - اسم مذ) عورتوں کا چھٹا فتری مہینہ ماہ جمادی الآخر - خواجہ صاحب کے عرس

خوار - (ف - اسم صفت) رسوا - ذلیل - آوارہ - پریشان - سرگردان - بے اعتبار

خواری - (ف - اسم مؤنث بیائے مصدری) آوارگی - پریشانی - رسوائی - فضیحت -

خواستگار - (ف - اسم صفت بہ ترکیب فاعلی) امیدوار - خواہاں - طالب - متمنی طلبگار -

خواستگاری - (ف - اسم مؤنث) درخواست - خواہش - پیغام شادی - منگنی کی درخواست تمنا - طلبگاری -

خواص - (ع - اسم مذ) خاص کی جمع - عام کی ضد - اثر - عادت - خاصیت خاصہ کی جمع - اعلےٰ درجہ کے نوکر - ملازمان خاص - خاص لوگ - ممتاز ملازمین - مصاحب - جلیس - ندیم - ہم صحبت -

خواص - (اُرد - اسم مذ) اثر - طبیعت - عادت - سبھاؤ - مزاج خاصیت تاثیر -

خواصی - (ع - اسم مو - بیائے مصدری) خدمتگاری - نوکری - ملازمت مصاحبت - ہم نشینی (بصورت اسم مذکر) اعلےٰ درجہ کا ملازم - (اسم مؤنث) ہاتھی کے ہودج کے پیچھے کی جگہ - عماری کی پچھلی نشست انگیا کا وہ جوڑ جو بغل کی طرف ہوتا ہے -

خواصی میں بیٹھنا - (اُرد - فعل کہی) بادشاہ یا امیر کے پیچھے سواری میں بیٹھنا -

خواصیں - (اُرد - اسم مو) سہلیاں ہمجولیاں - وہ ملازم عورتیں جو امیر زادیوں کے ساتھ رہا کرتی ہیں -

خوان - (ف - اسم مذ) کھانا لانے اور لیجانے کا برتن - سینی - کشتی - تھال طشت چنگیر دستر خوان - سفر -

خوان پڑا خوان پوش پڑا - کھول کے دیکھو تو آدھا بڑا
خوان پاک خوان پوش پاک - کھول کے دیکھو تو خاک ہی خاک
(اُرد - مثل) ظاہر داری بہت مگر اندر کچھ نہیں - اونچی دکان پھیکا پکوان - ڈھول کے اندر پول

خوان پوش - (ف - اسم مذ) تھال کے ڈھکنے کا کپڑا - خوان کو چھپانے کا کپڑا -

خوانچہ - (ف - اسم مذ) چھوٹا خوان - سینی - تھال چھوٹا - وہ خوان جسمیں پکی ہوئی چیزیں رکھ کر پھیری والے بیچتے ہیں - بیچنے والے کو خوانچے والا کہتے ہیں

خوانچہ اُٹھانا - یا - لگانا - (اُرد - فعل) تھال میں رکھ کر بیچتے پھرنا -

خواندہ - (ف - اسم صفت بہ ترکیب مفعولی) پڑھا لکھا - تعلیم یافتہ - بلایا ہوا - طلب کیا ہوا -

خوان سامان - (ف - اسم مذ - فاعل) کھلانے پلانے کا سامان کرنے اور رکھنے والا - خدمتگار - میر ساماں - امیر آدمیوں کو کھانا کھلانے والا - بیرا -

خوانین - (ف) خان کی جمع -

خواندگی - (ف) پڑھائی پڑھنا -

خواہ - (ف) حرف ترویہ - یا - یا تو - چاہو - چاہے - خواہش - چاہ - جیسے (خواہ مانو یا نہ مانو ہم سمجھائیں گے ضرور - سادات کے طور پر استعمال کرتے ہیں

خواہاں - (ف - اسم مذکر حالیہ مفید صفت) چاہنے والا - طالب - خواہش مند آرزومند -

خواہ مخواہ (ف) ناچار - زبردستی - مجبوراً - چار و نچار، ناگزیر -

خواہ نخواہ یونہی - لاجرم - لابد - جبراً قہراً - طوعاً و کرہاً -

خواہر - (ف - اسم مو) بہن - ہمیشہ - بھینا -

خواہش - (ف - اسم مو) حاصل مصدر از خواستن چاہت - چاہ - آرزو - تمنا چاؤ - رغبت - شوق - مرضی - اچھا - مطلب - مقصد - مدعا -

خواہش مند - (ف - اسم صفت) طالب - خواہاں - آرزومند - شائق -

خواہی نخواہی - (اُرد - تابع فعل بیائے نوادر) ناچار - جبراً قہراً - زبردستی خواہ مخواہ -

خوب - (ف - اسم صفت) بھلا - اچھا - عمدہ - ستھرا - سوہنا - سوہنی - سندر - سہانا - حسین - نفیس - من بھاتا - پیارا - محبوب - زیبا - پسندیدہ - جیسے (خوب آؤ بھگت کی - خوب خبری وغیرہ -

خوب خبر لی - (اُرد) اچھی طرح ڈانٹا - بہت غصہ کیا -

خوبرو - (ف - اسم صفت) سندر - پریرو - شکیل - خوبصورت - خوش شکل -

خوبصورت - (ف - اسم صفت) سندر - ملاک - پری چہرہ -

خوبصورتی - (ف - اسم مونث بیائے مصدری) حسن - سندرپن - خوش اندامی

خوبانی - (ف - اسم مؤنث) زرد آلو - ایک میوے کا نام ہے - جس کے اندر بادام کے مشابہ گری نکلتی ہے -

خوبکلاں - (اُرد - اسم مو) فاکسی - ایک بیج کا نام ہے - جو دافع بخار ہے -

خوبو - (اُرد - اسم مونث) سبھاؤ - عادت - سیرت - خصلت رویہ - برتاؤ حال چال -

خوبی - (ف - اسم مو - بیائے مصدری) بھلائی - عمدگی - خوبصورتی - ستھراؤ - حسن - لطف - بڑائی - شرف - جوہر - گن -

خوخیانا - ہیبکی دینا - چیخنا - ناراض ہونا - بندر یا بچہ کا چیخنا -

خوجہ - (اُرد - اسم مذ) خصی غلام - مخنث - ہیجڑا - زنارا -

خود - (ف - بوال وبجہول معروف - اسم مذ) لڑائی کے وقت پہننے کی لوہے کی ٹوپی -

خود - (ف - بواؤ معدولہ - تابع فعل) بذات خاص - آپ - ذات - یہ نفس نفیس -

خود آرائی - (ف - اسم ہو) - بیائے مصدری - بناؤ سنگار - اپنے آپکو بنانا سنوارنا -

خود بخود - (ف - تابع فعل) آپ ہی آپ - بن کہے - بن بلائے - بے چھیڑے -

خود بدولت - (ف - تابع فعل) حضور عالی جناب معالی - آپ بذات خاص بہ نفس نفیس -

خود بیں - (ف - اسم صفت ترکیب فاعلی) متکبر - مغرور - گھمنڈی -

خود بینی - (ف - اسم مونث بیائے مصدری) تکبر - غرور - گھمنڈ - فخر -

خود پرست - (ف - اسم صفت - ترکیب فاعلی) مغرور - متکبر -

خود پرستی - (ف - اسم مونث - بیائے مصدری) خود بینی - غرور - تکبر -

خود پسند - (ف - اسم صفت - ترکیب فاعلی) خود رائے - دوسرے کی نہ سننے والا - مغرور -

خود پسندی - (ف - اسم مونث بیائے مصدری) مغروری - سرکشی - خود رائی -

خود رائے - (ف - اسم صفت ترکیب فاعلی) کسی کی نہ ماننے والا - خود مختار - اپنی رائے پر کام کرنے والا -

خود رائی سے - (اُردو تابع فعل) سرکشی سے - خودسری سے - اپنی عقل سے - اپنے آپ سے -

خود دار - رکھ رکھاؤ والا - صابر - ضبط کرنے والا - حرکات لغو سے محفوظ رہنے والا -

خود داری - رکھ رکھاؤ - ضبط - حرکات لغو سے دور رہنا -

خود رفتہ - (ف - اسم صفت ترکیب مفعولی) آپے سے باہر - بیخبر - بیخود - بیہوش -

خود رفتگی - (ف - اسم ہو - بیائے مصدری) بیخبری - بے خودی - بیہوشی - مدہوشی -

خود رَو - (ف - اسم صفت ترکیب مفعولی) آپ اگا ہوا - آپ اگا ہوا سبزہ -

خود ستائی - (ف - اسم ہو بیائے مصدری) اپنی تعریف آپ کرنا - اپنے منہ میاں مٹھو -

خود سر - (ف - اسم صفت) سرکش - ضدی - ہٹیلا - خود پسند - خود رائے -

خود سری - (ف - اسم ہو - بیائے مصدری) ضد - ہٹ - سرکشی - استغنا - خود پسندی -

خود غرض - (ف - اسم صفت - ترکیب فاعلی) اپا پنتی - اکل کھرا - اپنے مطلب کا یار - مطلبی -

خود غرضی - (ف - اسم مونث بیائے مصدری) خود مطلبی - اپا دھاپی - اپنی اپنی -

خود کاشت - (ف - اسم صفت ترکیب مفعولی) وہ زمین جسے ملک خود بوئے - آپ بونے والا -

خود کردہ را علاج نیست - اپنے کئے کا علاج نہیں -

خود کشی - (ف - اسم ہو - بیائے مصدری) اپنے آپ کو خود مار ڈالنا - قتل نفس -

خود مختار - (ف - اسم صفت ترکیب فاعلی) با اختیار - آزاد - خود رائے -

خود مختاری - (ف - اسم ہو بیائے مصدری) آزادی - مطلق العنانی - با اختیاری - اپنی مرضی -

خود منڈا - اسم صفت ہند - بالغ مفعولی - بے پیرا - بے اُستادا -

خود نما - (ف - اسم صفت ترکیب فاعلی) مغرور - متکبر - گھمنڈی -

ایھائی -

خود نمائی - (ف - اسم ہو - بیائے مصدری) غرور - تکبر - گھمنڈ - ایھان - نمائش - طمطراق - خود پسندی - اوچھاپن - خود بینی -

خودی - (ف - اسم ہو - بیائے مصدری) اپنا آپ - ذات - آتما - خودسری - خود رائی - خود غرضی - غرور - نخوت - خود پسندی - تکبر - نمود - خودستائی -

خودی اور خدائی میں بیر ہے - (اُردو مثل) غرور خدا کو نہیں بھاتا - غرور ضرور ٹوٹتا ہے -

خورد و نوش - (ف - اسم مونث) حاصل مصدر - از خوردن و نشیدن - دانا پانی - کھانا پینا -

خوراک - (ف - اسم مونث) حاصل مصدر - از خوردن - کھانے کی چیز - غذا - خورش کھانا - بھوجن - روزینہ - راتبہ - کھاجا - چارہ - سفر خرچ بھتا - خورد بمعنی کھانا - ادراک کا نسبت سے مرکب ہے -

خوراکی - (ف - اسم ہو) روزینہ - وظیفہ - کھانے پینے کی چیز -

خورد و برد - (ف - اسم ہو) حاصل مصدر - از خوردن و بردن - کھانا اڑانا - بددیانتی - غبن - خیانت - بیجا تصرف - رشوت -

خورد برد کرنا - (اُردو فعل) خیانت کرنا - غبن کرنا - تغلب - کھا جانا -

خوردنی - ہو - کھانے کی چیز - خورش -

خوردہ - دیکھو خرد - کھایا ہوا

خورش - (ف - اسم مونث) حاصل مصدر از خوردن - خوراک - کھاجا - بھوجن - غذا -

خورشید - (ف - اسم مذ) (خور بمعنی سورج شید بمعنی روشن) سورج - آفتاب - شمس - ہور -

خورندہ - (ف - اسم فاعل قیاسی) کھانیوالا - کھاؤ - پیٹو - فضول خرچ - اڑاؤ -

خوش - (ف - اسم صفت) شاد - خرم - مسرور - مگن - راضی تندرست - چنگا - تروتازہ - سرسبز - بامراد - عمدہ - اچھا - امیر

خوشا بخت وہ رنج دیں آکے ہم کو
نہ پوچھے کوئی شادمانی ہماری

خوش آب - آبدار -

خوش آمدید - خیر مقدم - استقبال کے الفاظ -

خوش اسلوب - (فع - اسم صفت فاعلی) خوبصورت - خوش وضع - عمدہ طرز کا -

خوش اسلوبی - اچھا ڈھنگ اور طرز طریقہ -

خوش وضع - اچھے طریقے والا - خوب - دل پسند -

خوش اقبال - (فع - اسم صفت فاعلی) نیک نصیب - خوش قسمت - اچھی قسمت والا - بامراد -

خوش الحان - (فع - اسم صفت ترکیب فاعلی) خوش گلو - اچھی آواز والا - سُریلا -

خوش الحانی - (فع - اسم ہو - بیائے مصدری) خوش آوازی - سُریلا پن -

خوش انتظامی - (فع - اسم ہو - بیائے مصدری) عمدہ بندوبست - خوش نظمی -

خوش باش - (ف - اسم صفت ترکیب فاعلی) اپنی خوشی سے رہنے والا - عارضی سکونت رکھنے والا - ہر وقت بخوشی رہنے والا -

خوش بُو ۔ (ف ۔ سو) اچھی باس ۔ اچھی بو ۔ مہک ۔ سگندھ ۔
خوشبودار ۔ (ف ۔ اسم صفت تبرکیب فاعلی) عمدہ ۔ خوشبو والا ۔ اچھی باس ۔ سگندھی ۔
خوش بیان ۔ (ف اسم صفت) اچھی تقریر والا ۔ شیریں کلام ۔ فصیح ۔
خوش بیانی ۔ (ف اسم مو ۔ بیائے مصدری) فصاحت ۔ شیریں کلامی ۔
خوش پوشاک ۔ (ف ۔ اسم صفت تبرکیب فاعلی) عمدہ لباس والا ۔ سفید پوش ۔ خوش لباس ۔
خوش تقریر ۔ (فع ۔ اسم صفت تبرکیب فاعلی) عمدہ تقریر کرنے والا ۔ خوش بیان ۔ شیریں کلام ۔
خوش حال ۔ (فع ۔ اسم صفت تبرکیب فاعلی) اچھے حال میں رہنے والا بالغیب ۔ توانگر ۔ امیر ۔ اسودہ ۔
خوش خبر ۔ (فع ۔ اسم صفت تبرکیب فاعلی) اچھی خبر لانے والا ۔ نیک فال کے لئے بھوزے کو کہا کرتے ہیں ۔
خوش خبری ۔ (ف ۔ اسم مو ۔ بیائے مصدری) بشارت ۔ مژدہ نوید ۔ خبر خوش ۔
خوش خرام ۔ (ف ۔ اسم صفت تبرکیب فاعلی) آہستہ رو ۔ اچھی چال والا ۔ خوش رفتار ۔
خوش خرامی ۔ دلپسند رفتار ۔
خوش خط ۔ (فع ۔ اسم صفت تبرکیب فاعلی) عمدہ لکھا ہوا ۔ عمدہ لکھنے والا ۔ خوش نویس ۔ خوش قلم ۔
خوش خلق ۔ (فع ۔ اسم صفت تبرکیب فاعلی) اچھی عادت والا ۔ بامروت خلیق ۔ اچھے نبھاؤ والا ۔
خوش خوان ۔ (ف ۔ اسم صفت تبرکیب فاعلی) بلا وظیفہ پڑھنے والا طالب علم اچھا پڑھنے والا ۔
خوش خواں کا سودا ۔ اپنی مرضی کا کام ۔
خوش خوراک } (ف ۔ اسم صفت تبرکیب فاعلی) عمدہ اور مزیدار کھانا
خوش خورا } کھانے والا ۔ خوش گزران ۔
خوش خیال ۔ (ف ۔ اسم مذکر) عمدہ خیالات والا شاعر ۔ اچھا ناثر و ناظم ۔ خوش فکر شاعر ۔ عمدہ خیال والا مصنف ۔
خوش دامن ۔ (اردو ۔ اسم مؤ) ساس ۔ عورت یا مرد کی ماں ۔ خاوند یا بیوی کی ماں ۔
خوش دل ۔ (ف ۔ اسم صفت تبرکیب فاعلی) شاداں مگن ۔ غمناک نہ رہنے والا ۔
خوش ذائقہ (فع ۔ اسم صفت تبرکیب فاعلی) مزیدار ۔ لذیذ ۔ خوش مزہ ۔ خوشگوار ۔
خوش رفتار (ف ۔ اسم صفت تبرکیب فاعلی) خوش خرام ۔ اچھی چال والا ۔ سبک رفتار ۔ نازک خرام ۔
خوش فعلی ۔ صفت ۔ مذاق ۔ چسک (جانور کے لئے مستعمل ہے ۔)
خوش فکر ۔ خوش خیالی ۔ اچھے شعر کہنے والا ۔
خوش رنگ (ف ۔ اسم صفت تبرکیب فاعلی) سماؤ نارنگ ۔ شوخ رنگ والا ۔ اچھا اور چمکیلا رنگ ۔

خوش رہو ۔ (دعائیہ الفاظ ۔ خوش رہو اگر ہم کو قدر پرانوں کی نہیں ۔ ڈھونڈلیں گے اجی ہم بھی کوئی سرکار نئی ۔
خوش رہے ۔ طنز سے بے پروائی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں ۔ ؎ انکر
کچھ بھی تو پروا نہیں ناصح کو اب
خوش رہے بے جا جو خفا ہو گیا
خوش زبانی ۔ (ف ۔ اسم مؤنث بیائے مصدری) خوش کلامی ۔ خوش بیانی ۔
خوش سلیقہ ۔ (فع ۔ اسم صفت تبرکیب فاعلی) اچھے سلیقے والا ۔ سگھڑ سہذب ۔ تعلیم یافتہ ۔ صاحب ہنر ۔ گن والا ۔ گنی ۔ خوش خو ۔ نیک خصلت ۔
خوش طالع ۔ (فع ۔ اسم صفت تبرکیب فاعلی) قسمت کا دھنی ۔ نیک نصیب والا اچھی تقدیروں والا ۔
خوش طبع ۔ (فع ۔ اسم صفت تبرکیب فاعلی) اچھی طبیعت والا ۔ زندہ دل ۔ ظریف ۔ مخولیا ۔ دل لگی باز ۔ ہنسی باز ۔ بامذاق آدمی ۔
خوش طبعی ۔ (فع ۔ اسم مو ۔ بیائے مصدری) دل لگی ۔ ظرافت ۔ مذاق ہنسی ٹھٹھا ۔
خوش طینت ۔ نیک خصلت ۔
خوش عیار ۔ (ف ۔ مذ) (گھوڑا)
خوش عنان ۔ (فع ۔ اسم صفت تبرکیب فاعلی) اشارہ پر کام کرنیوالا گھوڑا ۔ اصیل گھوڑا ۔ بے شر گھوڑا ۔ خوش لگام ۔
خوش غلاف ۔ (ف ۔ اسم صفت تبرکیب فاعلی) ذرا سے اشارے پر غلاف سے نکل آنیوالی تلوار ۔ خود بخود میان سے نکل پڑنے والی تلوار ۔ وہ عورت جسے کسی سے انکار نہ ہو ۔ ازار بند کی ڈھیلی ۔ فحبر ۔
خوش قد ۔ (فع ۔ اسم صفت تبرکیب فاعلی) اچھے قد والا ۔ لمبا سے قد والا ۔ خوش قامت ۔
خوش قطع ۔ (فع ۔ اسم صفت تبرکیب فاعلی) خوش انداز ۔ خوش وضع ۔ خوش اندام ۔ خوش لباس ۔
خوش وقتی ۔ آرام ۔ خوشی ۔ آسودہ حالی ۔ خوش نصیبی
خوش قلم ۔ (فع ۔ اسم صفت تبرکیب فاعلی) خوشنویس ۔ اچھا لکھنے والا ۔ صاف اور عمدہ کاغذ ۔
خوش کرنا ۔ (اردو ۔ فعل) راضی کرنا ۔ مگن کرنا ۔ آمد کرنا ۔ تسلی کر دینا ۔ تشفی کر دینا ۔
خوش گام ۔ (ف ۔ اسم صفت تبرکیب کرنا) تیز رو ۔ تیز رفتار ۔ قدم باز گھوڑا ۔
خوش گپ ۔ (ف ۔ اسم صفت تبرکیب فاعلی) لسان ۔ چرب زبان ۔ زٹل باز خوش گفتار
خوش گپیاں ۔ (مو) ہنسی مذاق کی باتیں ۔
خوش گزران (اسم صفت تبرکیب فاعلی) مزے سے زندگی بسر کرنے والا ۔ اچھی بسر اوقات کرنے والا ۔
خوش گلو (ف) دیکھو خوش الحان ۔ اچھی آواز والا ۔
خوش گو (ف) شیریں بیان ۔
خوش گفتار (ف اسم صفت تبرکیب فاعلی) شیریں کلام ۔ خوش بیان ۔ خوش تقریر ۔

خوشگوار ساف - اسم صفت بتر کیب فاعلی) مزیدار - خوش ذائقہ - دل پسند کھانا - لذیذ - مزیدار -

خوش نصیب - (ع) - اسم صفت بتر کیب فاعلی) بھاگوان - بختاور - خوش اقبال - صاحب نصیب - اچھی قسمت والا -

خوش نصیبی - (ف - اسم مؤ - بیائے مصدری) خوش قسمتی - حسن اتفاق - سجوگ -

خوش نما - (ف - اسم صفت بتر کیب فاعلی) دلچسپ - خوبصورت - موزون - مزین -

خوش نمائی - (ف - اسم مؤ - بیائے مصدری) دلچسپی - خوبصورتی - موزونیت - بھڑک -

خوشنویس - (ف - اسم صفت بتر کیب فاعلی) عمدہ لکھنے والا - خوشخط -

خوش نہاد - نیک طبیعت -

خوش وخرم - (ف - اسم صفت) دل شاد - شاداں - شادماں - آنند - مگن -

خوش وقت - (ع - اسم صفت بتر کیب فاعلی) کامراں - آنند - خوشحال - خرسند -

خوش ہونا - (اُر - فعل) مگن ہونا - آنند ہونا - شاد ہونا - ہنسنا - کھیلنا -

خوشامد - (ف - اسم مؤ) چاپلوسی - جھوٹی تعریف - بڑھاوا - چڑھاوا -

خوشامد درآمد - چاپلوسی - خوشامد کرنا -

خوشامد سے آمد ہے - (اُر کہاوت) خوشامد سے پیسے اور روپے آتے ہیں -

خوشامد ہر کرا گفتی خوش آمد - (ف - مثل) تعریف جسکی بھی کروگے پسند آئیگا کریگا -

خوشامدی - (ف - اسم مذکر بیائے فاعلیت) خوشامد کرنیوالا - چاپلوس - چپڑ قناتیا -

خوشنود - (ف) راضی - خوشی -

خوشنودی - (ف - اسم مؤ) خوشی خرمی - رضامندی - خورسندی -

خوشہ - (ف - اسم مذکر) بال - سنبلہ - گھنا - بیتا - گچھا -

خوشہ چین - (ف - اسم صفت فاعلی) سیٹے چننے والا - گری پڑی بالیں اٹھانے والا - محاجا - آوے کا خادم - مفلس - کنگال - بچا کھچا کھانیوالا -

خوشہ چینی - (ف - اسم مؤ - بیائے مصدری) بالیں اٹھانا - بھوسے چننا -

خوشہ چننا یا چگنا (اُر - محاورہ) گری پڑی بالیں اٹھالینا - کمینہ کام کرنا پس خورد کھانا -

خوشی - (ف - اسم مؤ - بیائے مصدری) سرور - انبساط - نشاط - شادی - طرب -

خوشی خوشی - (اُر - تابع فعل) نہایت شوق سے - بڑے چاؤ سے - مشتاقانہ -

خوشی کرنا - (اُر - محاورہ) جشن کرنا - جلسہ کرنا - خوشی ہونا - اُلفت کرنا - شادی منانا

خوض - (ع - اسم مذ) لغت میں میں غوطہ مارنا - اندر گھسنا - مجازاً سوچ - فکر - غور -

خوف - (ع - اسم مذ) اندیشہ - خطرہ - ڈر - بھے - ہول - ہراس - دہشت -

خوف کا مکان - (اُر - اسم مذ) بھوت پریت کی جگہ - منحوس مکان - ڈر کی جگہ -

خوفناک - (ف - اسم صفت ترکیبی) ڈراؤنا - مہیب - ہیبت ناک - بھیانک -

خوک - (ف - اسم مذ) سؤر - خنزیر

خوگر - (ف - اسم صفت ترکیبی) عادی - لتیا دھتیا - جسکو کسی بات کی عادت پڑ جائے -

خوگیر - (ف - اسم مذ) تحمل زین - تہرو - کپڑے یا نمدے کی گدی جو گھوڑے کی پیٹھ پر کاٹھی کے نیچے رکھتے ہیں تاکہ پسینہ جذب ہو اور پیٹھ نہ چھلے -

خوگیر کی بھرتی - (اسم مؤ) ردی اور بیکار چیزیں - نکما اسباب - خراب چیزیں - نالائق - ناکس اور کمینے آدمیوں کا ہجوم -

خول - (اُر - اسم صفت) ٹھوتھا - کھوکھلا - پولا - (بحالت اسم مذکر) چھلکا - اوپر کا غلاف -

خول چڑھانا - (اُر - فعل) پترا چڑھانا - غلاف چڑھانا - لفافہ کرنا -

خولدار - وہ چیز جسکا بیچ کا حصہ خالی ہو -

خولنجان - (ف - اسم مو) قولنجن - کلیجن - پان کی جڑ -

خون - (ف - اسم مذ) لہو - رکت - قتل - خونریزی - رنج - ہلاکت -

خون آلودہ - (ف - اسم صفت بتر کیب معنوی) خون میں لتھڑا ہوا - لہولہان -

خون آنکھوں میں اترنا - غصے کے مارے آنکھوں کا سرخ ہو جانا - غصہ آنا - کسی کو دیکھ کر غضبناک ہو جانا -

خون بگڑنا - (اُر - محاورہ) خون کا خراب ہونا - فساد خون ہونا - کوڑھ ہونا - شامت آنا - بدنصیبی ہونا -

خون بہا - (ف - اسم مذ) وہ روپیہ جو مقتول کے خون کے بدلے میں اس کے وارثوں کو دیا جاتا ہے - دیت -

خون بہانا - (اُر - فعل) خون گرانا - خون نکالنا - قتل کرنا -

خون چلانا - کشت وخون کرنا -

خون پینا - (اُر - محاورہ) خون چوسنا - لہو پینا - ذبح کرنا - قتل کرنا - سخت سزا دینا - تنگ کرنا - دق کرنا - جان لے ڈالنا -

خون پانی ایک کرنا - خون کو پانی کیطرح بہانا -

خون پانی ہونا - بے حد تکلیف ہونا -

خون تھوکنا - (اُر - محاورہ) لہو کی قے کرنا - سخت صدمہ برداشت کرنا - فصل ہو جانا -

خون جگر پینا یا کھانا (اُر - محاورہ) غصہ کھانا - پیچ وتاب کھانا - رنج اٹھانا - سخت محنت کرنا -

خون خیر - (ف - ا - مو) قتل وغارت - خون کرنا -

خون خرابا - (اُر - اسم مذ) مار دھاڑ - کشت وخون - قتل وغارت -

خون خشک ہونا - (اُر - محاورہ) خوف چھانا - دم خشک ہونا -

خونخواری - (سو) ظلم وستم -

خون خوار - (ف - اسم صفت بتر کیب فاعلی) ظالم - جلاد - لہو پینے والا - سفاک - خونریز - خون پینے والا -

خون چاٹنا - (تلوار کے لئے) خون آلودہ ہونا -

خون چٹانا - ہتھیار یا چھری کو لہو میں بھرنا -

خون چکاں - جس سے لہو ٹپک رہا ہو -

خون چھپنا یا چھپانا - قتل چھپنا یا چھپانا -

خون چھلکنا (چھلک آنا) - گوشت سے خون کا ابھر کر جلد پر دکھائی دینے لگنا

خُون خرابا (ف۔ا۔مذ) کشت وخون۔خون ریزی۔خون خچر
خُون خشک ہونا (اُر۔محاورہ) دم خشک ہونا۔خوف چھانا سہم جانا۔ڈر جانا۔خوف سے دُبلا ہو جانا۔
خُونخوار (ف۔صف) خون پینے والا۔ظالم۔جلاد۔ستمگر۔خونریز
خُونخواری (ف۔ا۔مو) ظلم وستم۔بے رحمی۔قتل۔
خُون دامن سے نہ چھوٹنا (اُر۔محاورہ) قتل کا الزام قائم رہنا۔
خُون دل پینا۔(اُر۔محاورہ) اندر ہی اندر غم کرنا۔غصہ کھانا۔پیچ وتاب کھانا۔نہایت افسوس کرنا۔
خُون دوڑنا (اُر۔محاورہ) خون کا حرکت کرنا۔خون رگوں میں پھرنا۔
خُون رُلانا (اُر۔محاورہ) انتہا سے زیادہ رُلانا۔خون کے آنسو رُلانا۔بہت ستانا۔
خُون رونا (اُر۔محاورہ) بہت رونا، اتنا رونا کہ آنسوؤں کی جگہ خون نکلنے لگے۔
خُون ریز (ف۔صف) خون بہانے والا۔قاتل۔خونی۔
خُون ریزی (ف۔اُر۔مو) کشت وخون۔جنگ وجدل۔قتل وغارت۔لڑائی۔
خُون سر پر چڑھنا۔(اُر۔محاورہ) خون سر پر سوار ہونا۔کسی کے قتل پر آمادہ ہونا۔کسی کے مار ڈالنے پر تُل جانا۔
خُون سر پر چڑھ کر بولتا ہے (اُر۔مثل) قتل چھپا نہیں رہتا۔
خُون سر پر لینا۔(اُر۔محاورہ) قتل کا الزام لینا۔
خُون سفید ہونا۔(اُر۔محاورہ) مہر ومحبت نہ رکھنا۔محبت جاتی رہنا۔
خُون سوار ہونا۔(اُر۔محاورہ) قتل پر آمادہ ہونا۔
خُون کا پیاسا۔(ف۔صف) جان کا لاگو۔جانی دشمن۔تشنہ خُون۔
خُون کا جوش۔(اُر۔مذ) وہ محبت جو خُون کے رشتہ سے عزیزوں، رشتہ داروں میں ہوتی ہے۔
خُون کا بدلہ خُون۔(اُر۔مقولہ) جیسی خطا ویسی سزا، قصاص۔
خُون کا دریا۔(اُر۔مذ) بہت خون ریزی۔
خُون کا دورہ۔(اُر۔مذ) خون کا جسم میں گردش کرنا۔خون کا چکر۔دوران خون۔
خُون کا عوض۔(اُر۔مذ) قصاص۔خون کا بدلہ
خُون کرنا۔قتل کرنا۔
خُون کبوتر (اُر۔مذ) کبوتر کے خون جیسی شراب۔سُرخ۔نہایت سُرخ۔
خُون کی بُو آنا (اُر۔محاورہ) کشت وخون کی علامت ظاہر ہونا۔ دشمنی کی علامت ظاہر ہونا۔
خُون کے گھونٹ پینا۔(اُر۔محاورہ) غم وغصہ کو برداشت کرنا۔ بڑے ضبط سے کام لینا۔
خُون گردن پر ہونا۔(اُر۔محاورہ) قتل کا ذمہ دار ہونا۔قتل کرنا۔
خُون گردن پر سوار ہونا۔(اُر۔محاورہ) ہاتھ دھو کر کسی کی جان لینے پر درپے ہونا۔
خُون گرفتہ (ف۔صف) اجل رسیدہ۔قتل کرنے کے قابل۔
خُون گشتہ (ف۔صف) خون میں ڈوبا ہوا۔ناکام۔
خُون لگا کے شہیدوں میں داخل ہونا۔(مثل) ادنے اعمل سے بڑے درجے کا طالب ہونا۔
خُون لینا (اُر۔محاورہ) قصد کرنا۔
خُون مِلنا (اُر۔محاورہ) ایک خاندان یا کنبے سے ہونا۔
خُون مُنہ کو لگ جانا (لگنا) (اُر۔محاورہ) مزا پڑ جانا۔
خُون میں لگانا (اُر۔محاورہ) کثرت سے خون نکلنا۔زیادہ زخمی ہونا۔
خُون نکلوانا۔(اُر۔محاورہ) فصد کھلوانا۔
خُون ہلکا ہونا۔(اُر۔محاورہ) عورتیں اس بچے کے متعلق کہتی ہیں جس کو بُری نظر لگ جائے۔خون دیکھ کر گھبرا جانا۔
خُون ہونا۔(اُر۔محاورہ) زخمی ہونا، مجبور ہونا، رنجیدہ ہونا، قتل ہونا۔
خُونناب۔خونابہ۔(ف۔ا۔مذ) خالص خُون، خُون کے آنسو۔پانی ملا ہوا خُون، لال، سُرخ۔
خونابہ فشانی۔(ف۔ا۔مو) خون کے آنسو برسانا، خون رونا۔
خونی۔(اُر۔صف) وہ جس نے کسی کو مار ڈالا ہو۔قاتل، سفاک، ظالم، جلاد۔
خُونی دست۔(اُر۔مذ) لہو کے دست۔خونی پیچش۔
خونین۔(ف۔صف) خون آلود۔سُرخ، لال۔
خوید۔(ف۔ا۔مو) ہرے جَو یا گیہوں۔
خویش۔(ف۔صف) قریب کا۔رشتہ کا۔اپنا۔خود آپ۔داماد۔جوائی۔
خویش واقارب (ف۔ا۔مذ) قریبی رشتہ دار۔
خویشاوند (اُر۔ق۔ا۔مذ) خویش واقارب۔

خ - د

خہے (ف۔کلمہ تحسین) واہ۔مرحبا۔آفرین۔سبحان اللہ۔زہے۔

خ - ی - ے

خیابان۔(ف۔ا۔مذ) پھلواڑی۔کیاری۔باغ کے درمیان سے گزرتا ہوا راستہ۔
خیار۔(ع۔ا۔مذ) کھیرا۔ککڑی، خیر کی جمع۔نیک لوگ۔
خیارین۔(ع۔ا۔مذ) خیار کا تثنیہ۔کھیرے ککڑی دونوں کو کہتے ہیں۔
خیاط (ع۔ا۔مذ) کپڑے سینے والا۔درزی۔
خیاطی (ع۔ا۔مذ) درزی کا پیشہ۔
خیال (ع۔ا۔مذ) تصور، وہ صورت جو آدمی بے داری میں تصور کرے۔یا خواب میں دیکھے۔فکر۔اندیشہ۔دھیان، غور وخوض۔سمجھ۔رائے۔منشا۔ارادہ۔توجہ۔التفات، وہم، گمان، ایک راگ کا نام۔مضمون۔پاس، لحاظ۔ا۔جمع۔خیالات۔
خیال آنا۔(اُر۔مقولہ) کچھ یاد آنا۔

خیال باطل: (ع۔صف) جھوٹا خیال۔
خیال باندھنا: (اُر۔محاورہ) تصوّر کرنا، منصوبہ باندھنا۔ سوچنا۔ کسی بات کا برابر خیال کرنا۔
خیال بندی: (ع۔ف۔ا۔مو) سلسلہ خیالات۔ خیالی تصویر۔ سوچ۔
خیال پر چڑھنا: (اُر۔محاورہ) یاد آنا کسی بات کا یاد رہنا۔ ذہن نشین ہونا۔
خیال پڑنا۔ (اُر۔محاورہ) خیال ہونا۔ یاد آنا۔ شبہ گزرنا۔
خیال چھوڑنا (اُر۔محاورہ) کسی دھیان کو ترک کرنا۔
خیال خام: (ف۔مذ) کچا خیال۔ بیہودہ خیال۔ وہ خیال جس کے پورا ہونے کی اُمید نہ ہو۔
خیال دوڑنا۔ (اُر۔محاورہ) یکایک خیال کسی امر کی طرف جانا۔
خیال رکھنا۔ (اُر۔محاورہ) دھیان رکھنا۔ نہ بھولنا، یاد رکھنا۔ لحاظ رکھنا۔ توجہ رکھنا۔ کسی کام کی فکر رکھنا۔
خیال سے اُتر جانا۔ (اُر۔محاورہ) یاد سے اُتر جانا۔ بھول جانا۔ فراموش کر دینا۔
خیال سے باہر۔ (اُر۔ف) دُور از خیال۔ جو سمجھ میں نہ آسکے۔
خیال فاسد۔ (ف۔ا۔مذ) بُرا خیال، بے ہودہ خیال۔
خیال کرنا (اُر۔محاورہ) سوچنا۔ فکر کرنا، قیاس کرنا۔ لحاظ کرنا۔ دھیان کرنا۔
خیال میں نہ لانا۔ (اُر۔محاورہ) دھیان میں نہ لانا۔ پروا نہ کرنا۔ کچھ نہ سمجھنا۔ نہ ڈرنا۔
خیالی (ف۔صف) وہمی۔ قیاسی۔ ظنی۔
خیالی پلاؤ پکانا (اُر۔محاورہ) ایسی باتیں سوچنا جو ممکن نہ ہوں۔
خیام (ع۔ا۔مو) خیمہ بنانے والا۔ خیمہ دوز۔ ایک مشہور فارسی شاعر کا تخلص۔
خیانت (ع۔ا۔مو) دغا۔ دھوکا، غبن۔ تغلّب۔ بد دیانتی بے ایمانی۔ امانت میں چوری۔
خیانت مجرمانہ (قانون) وہ خیانت جو سرکاری جرم میں داخل ہو۔ اس مال کو دبا لینا جو کسی نے بطور امانت رکھا ہو۔
خیبر۔ (ع۔ا۔مذ) حجاز کے ایک قلعہ کا نام جسے حضرت علیؓ نے فتح کیا تھا۔ پاکستان اور افغانستان کو ملانے والا پہاڑی راستہ۔
خیبر شکن (ع۔ف۔ا۔مذ) قلعہ خیبر کے فاتح حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔
خیر (ع۔ا۔مو) نیکی۔ بھلائی۔ اچھائی۔ برکت۔ سلامتی۔ تندرستی۔ عافیت، طنزاً ٹھیک۔ بجا۔ درست۔
خیر الامور اوسطہا (ع۔مثل) ہر کام کا اوسط بہتر ہوتا ہے ہر کام میں میانہ روی بہتر ہوتی ہے۔
خیر الانام (خیر البشر) مخلوقات میں سب سے بہتر۔ بہترین انسان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے القاب۔
خیر النساء (ع۔مو) عورتوں میں سب سے بہتر حضرت فاطمہؓ کا لقب۔
خیر الوراء (ع۔مذ) بہترین مخلوق۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب۔
خیر اندیش (ع۔ف۔صف) بھلائی چاہنے والا، خیر خواہ۔ بہی خواہ۔
خیر باد (کلمہ رخصت) خدا حافظ۔ اللہ بیلی۔
خیر باد کہنا۔ (اُر۔محاورہ) رخصت کرنا، کسی چیز کو ترک کرنا، چھوڑ دینا۔
خیر باشد: خیر تو ہے؟ خیر ہے؟ کسی کو گھبرایا ہوا دیکھ کر کہتے ہیں۔ نجاہل عارفانہ یا شکایت دوستانہ کے موقع پر بھی استعمال کرتے ہیں۔
خیر باشد کدھر کرم کیا۔ خیر تو ہے۔ کیونکر آنا ہوا (اُر۔محاورہ) کیا راستہ بھول گئے۔ خلاف عادت آنے کا سبب کیا ہے۔
خیر برکت۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) برکت۔ خوشحالی۔
خیر تو ہے۔ (کلمہ تعجب) دیکھیے خیر باشد۔
خیر جو ہوا سو ہوا (اُر۔مقولہ) اچھا ہوا۔ اب پچھلی باتوں کو چھوڑو۔ صلح کے بعد اگر کوئی فریق شکایت کرے تو کہتے ہیں۔
خیر چاہنا۔ (اُر۔محاورہ) بھلائی یا سلامتی چاہنا۔
خیر خبر۔ (ع۔ف۔ا۔مو) اچھی خبر، نیک خبر، خیریت۔ خیر و عافیت۔ خیر سلاّ۔
خیر خواہ۔ (ع۔ف۔صف) بھلائی چاہنے والا۔ خیر اندیش۔ بہی خواہ۔
خیر خواہی۔ (ع۔ف۔ا۔مو) بھلائی چاہنا۔ بہتری چاہنا۔ خیر اندیشی۔
خیر سگالی (ع۔ف۔ا۔مو) بھلائی سوچنا۔
خیر سلاّ (عربی خیر و صلاح سے بگڑا ہوا ہے۔ خیریت۔ خیر و عافیت۔ مزاج پرسی۔
خیر سے۔ خیر و عافیت سے۔ صحیح و سلامت، طنزاً، ماشاء اللہ۔
خیر سے کٹنا۔ خیر سے گزرنا۔ (اُر۔محاورہ) سلامتی سے بسر ہونا۔
خیر گزرنا۔ خیر ہونا۔ (ا۔محاورہ) آفت سے بچنا (ناگہانی صدمے یا حادثے سے بچنے کے موقع پر بولتے ہیں)
خیر گزری۔ (اُر۔محاورہ) آفت سے بچ جانے پر کہا جاتا ہے۔
خیر مانگنا۔ (اُر۔محاورہ) سلامتی چاہنا۔ بھلائی چاہنا، توبہ کرنا۔ مغفرت چاہنا۔
خیر مقدم (ع۔ا۔مذ) استقبال، وہ کلمہ جو کسی بزرگ یا عالی مرتبہ کے تشریف لانے کے وقت کہا جاتا ہے خوش آمدید۔ آپ کا آنا مبارک بہت اچھے آئے۔
خیر منانا (اُر۔محاورہ) بھلائی چاہنا۔ سلامتی چاہنا۔ دعائے نیک کرنا۔
خیر و عافیت۔ (ع۔ا۔مو) خیر سلاّ۔ خیریت۔ سلامتی۔ تندرستی۔
خیر ہے خیر تو ہے (کلمہ تعجب) اس جگہ بولتے ہیں جب کوئی بے محل یا بے وقت کوئی کام کرتا ہے۔
خیرات۔ (ع۔ا۔مو) خیر کی جمع۔ نیکیاں۔ بھلائیاں، صدقہ۔ دان۔
خیرات خانہ۔ محتاج خانہ، لنگر خانہ۔
خیرات داخل۔ خیرات میں شامل۔ مثل خیرات کے، صرف بیجا۔
خیرات دافع آفات ہے: (اُر۔مقولہ) صدقہ بلاؤں کو دُور کرتا ہے۔
خیرات دینا۔ (اُر۔محاورہ) خدا کی راہ میں دینا۔ صدقہ دینا۔ دان دینا۔
خیرات کے ٹکڑے اور بازار میں ڈکار (اُ مثل) مانگ مانگ کر گزر بسر کرے اور اس پر شیخیاں مارے اس کے متعلق کہتے ہیں۔
خیراتی۔ (ف۔صف) خیرات سے منسوب۔ مفت کا۔
خیرہ۔ (ف۔مو) آنکھوں کے آگے اندھیرا۔ (صف) حیران۔ پریشان

بے شرم۔ گستاخ، بے فائدہ۔ بے وجہ۔

خیرگی (ف۔ا۔مو) چکاچوند، آنکھوں کے سامنے اندھیرا آجانے کی کیفیت، بے حیائی۔ شوخ چشمی۔

خیرالامم (ع۔مو) بہترین اُمت۔ اُمت مسلمہ۔

خیرُو (ف۔ا۔مذ) خطی۔

خیرہ (ف۔صف) تاریک، بے حیا، شوخ چشم، حیران و پریشان۔

خیرہ چشم (ف۔صف) جس کی آنکھ میں چکاچوند ہو۔ چندھیایا ہوا۔ شوخ چشم۔ بے حیا۔ گستاخ۔ حیران۔ پریشان۔

خیرہ سرِ انگاہ (ف۔صف) بے باک، سرکش، شوخ، گستاخ، مغرور، بیہودہ۔

خیرہ سری (ف۔ا۔مو) بے باکی، سرکشی، شوخی، گستاخی، بے حیائی۔

خیریت (ع۔ا۔مو) نیکی، بھلائی۔ تندرستی، سلامتی، صحت۔

خیز (ف) فارسی مصدر خاستن کا امر۔ اُٹھ۔ اُٹھنا۔ کودنا۔ دوڑنا۔ جست لگانا، اُٹھانا۔ پیدا کرنا۔ چھلانگ۔ پیدا کرنے والا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے حیرت خیز۔ مردم خیز وغیرہ۔

خیزاں (ف۔صف) اُٹھا ہوا۔ کھڑا ہوا۔ نکلتا ہوا۔

خیزش۔ خیزی (ف۔ا۔مو) اُٹھنا۔ کودنا، مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے فتنہ خیزی (+ مجاز اعضو تناسل کی استادگی)

خیساندہ (ف۔ا۔مذ) دوا جو بھگو کر پی جائے۔

خیط (ع۔مذ) دھاگا۔

خیط الابیض (ع۔مذ) سفید دھاگا، صبح کا اُجالا

خیط الاسود۔ (ع۔مذ) سیاہ دھاگا، شام کے بعد کی تاریکی۔

خیف : (ع۔مذ) باپ کی جانب سے سوتیلا بھائی۔

خیفا : (ع۔ا۔مو) نظم یا نثر میں ایک لفظ نقطہ دار اور دوسرا بغیر نقطہ کے لانا۔ وہ گھوڑی جس کی ایک آنکھ نیلی اور ایک سیاہ ہو۔

خیل : (ع۔ا۔مذ) گروہ۔ جماعت، بہت سے سوار، بہت سے گھوڑے، گھوڑوں کا گلہ۔

خیل خیل (ع۔مذ) گروہ۔ گروہ۔ جماعت جماعت۔

خیل خانہ (ق۔ا۔مذ) خاندان۔ ہجوم۔

خیلا (اُر۔صف) لغو۔ بے ہودہ۔ احمق۔ بے وقوف۔

خیلا بنانا (اُر۔محاورہ) بے وقوف بنانا۔

خیلا پانیخا (اُ۔مو) پھوہڑ عورت۔

خیلاپن (پنا) بے سلیقگی۔ بے وقوفی، حماقت۔ نادانی۔ پھوہڑپن۔

خیلے (ف۔صف) بہت زیادہ۔

خیم (ع۔مذ) خیمہ کی جمع۔

خیمہ (ع۔ا۔مذ) تنبو۔ ڈیرہ۔ خرگاہ۔

خیمہ ازرق (ع۔ا۔مذ) نیلا خیمہ۔ آسمان۔

خیمہ استادہ ہونا (اُر۔محاورہ) خیمہ کھڑا ہونا۔ خیمہ لگانا۔

خیمہ دوز (ع۔ف۔مذ) تنبو سینے اور بنانے والا۔ خیام۔

خیمہ زن (ع۔ف۔صف) خیمہ لگانے والا۔

خیمہ گاہ (ع۔ف۔ا۔مذ) لشکر گاہ۔ ڈیرا۔ پڑاؤ۔ کیمپ۔

خیمے ڈال دینا (اُر۔محاورہ) اُتر پڑنا، چھاؤنی چھا دینا۔

خیول (ع۔مذ) خیل کی جمع۔ دیکھیے خیل۔

د

دال۔ اسم مؤنث، (۱) عربی کا آٹھواں، فارسی کا دسواں، اُردو کا گیارہواں اور ہندی کا اٹھارہواں حرف ہے۔
(۲) حساب جمل میں اس کے چار عدد فرض کئے گئے ہیں۔

د - ا

داب (ہ۔ اسم مؤنث) بوجھ۔ زور۔ دباؤ۔ مطبع والوں کی اصطلاح میں کاغذ کا ایک دفعہ چھپنا۔ پیچ۔ گھماؤ۔ ایک دفعہ کل سے نکالنا۔ (ف) قاعدہ۔ دستور۔ آداب۔

داب چوک (اُر۔ اسم مؤنث) داب کی غلطی۔ جب چھاپتے وقت کسی کاغذ کا کوئی حصہ پتھر پر ٹھیک نہ بیٹھے اور خالی رہ جائے تو اُسے داب چوک بولتے ہیں۔

داب (ع۔ اسم مذکر) طرز۔ ڈھنگ۔ طریقہ۔ طور۔ عادت۔ خصلت۔ خو (عجب۔ دبدبہ۔ شان و شوکت۔

داب سلطنت (ع۔ اسم مذکر) طرز سلطنت۔ قواعد حکومت۔ طرزِ حکومت۔

داب صحبت (ع۔ اسم مذکر) علم مجلس۔ شائستگی۔ تہذیب۔ حق دوستی۔

دابا دینا (اُر۔ فعل) بخار میں پسینہ آنے کی غرض سے بیمار کو لحاف اوڑھانا۔ سردی کے موقعہ پر گرم کپڑا اوڑھانا۔ جڑ پھوٹنے کے لئے بیل کو دبانا۔

داب بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) مار لینا مال۔ کسی کا حق نہ دینا۔ ملک یا جائداد کا غصب کر لینا۔ چڑھ بیٹھنا۔ سواری کسنا۔ دبوچ لینا۔

داب دینا (اُر۔ محاورہ) اگاڑنا۔ دفنانا۔ دفن کرنا۔ چھپا دینا۔ مخفی کر دینا۔

داب رکھنا (اُر۔ محاورہ) پکڑ لینا۔ دبوچ رکھنا۔ روپیہ مار لینا۔ کسی چیز کو روک رکھنا۔

داب لینا (اُر۔ محاورہ) دبوچنا۔ بھینچ لینا۔ قابض ہونا۔ مغلوب کرنا۔ عاجز کرنا۔ مار لینا۔ غصب کرنا۔ جائداد کو بے ایمانی سے اینٹھ لینا۔

دابنا (اُر۔ فعل) ہاتھوں کے زور سے کسی چیز کو نیچے بٹھانا۔ دبانا۔ چپی کرنا مٹھیاں بھرنا۔ بھینچنا۔ دبوچنا۔ گاڑنا۔ دفن کرنا۔ داب ناجائز۔ زبردستی۔ بے جا دباؤ۔

داتا (ہ۔ اسم مذکر فاعل) دینے والا۔ سخی۔ کریم۔ فیاض۔ رازق۔ خدا۔ سائیں۔ فقیر۔ درویش۔

داتا پُن کرے کنجوس جُھر جُھر مرے (ہ۔ کہاوت) سخی خیرات کرتا ہے۔ بخیل حسد سے مرا جاتا ہے۔

داتا داتا مر گئے رہ گئے مکھی چوس (ہ۔ مثل) فیاض لوگ مر گئے، بخیل رہ گئے۔

داتا دان دے بھنڈاری کا پیٹ بھرے
داتا دان کرے بھنڈاری کا پیٹ پھوٹے } (ہ۔ مثل) سخی سخاوت کرتا ہے بخیل حسد سے مرا جاتا ہے۔

داتا کے تین گُن، دے دلوائے دے کے چھین لے (ہ۔ مثل) خدا کے تین وصف ہیں۔ دیتا ہے، دلاتا ہے اور پھر واپس چھین بھی لیتا ہے۔

داتا کی ناؤ پہاڑ چڑھے (ہ۔ مثل) سخی کبھی نامراد نہیں رہتا۔ اس کی سب مشکلیں آسان ہو جاتی ہیں۔

داتری (ہ) فصل کاٹنے کا اوزار



داتری

داخل (ع۔ اسم مذکر) داخل۔ اندر آنے والا۔ شامل۔ اندر پہنچا ہوا۔ گھسا ہوا (ر تابع فعل) اندر۔ برابر۔ مقابل۔ مساوی۔ ذوقی ؎

دوبارہ ہم کو کبھی بھول کر نہ خط لکھنا
یہ شرط ہے مرے خط کے جواب میں داخل

داخل خارج ہونا (اُر۔ فعل) محکمہ مال میں ایک شخص کا ملکیت سے خارج اور دوسرے کا نام اس کی جگہ دفتر میں لکھا جانا۔ پہلے کی جگہ دوسرا مالک قرار دیا جانا۔

داخل دفتر کرنا (اُر۔ فعل قانون) فائل کرنا۔ رسل میں شامل کرنا۔ نتھی کرنا۔ رفع دفع کرنا۔ کسی بات کو دبا دینا۔ کارروائی سے بغیر کسی مقدمہ کے کاغذات کو دفتر کے حوالے کر دینا۔

داخل کرنا (اُرد۔ مثل) گھسیڑنا۔ اندر کرنا۔ شامل کرنا۔ ملانا۔ سوچنا۔ سپرد کرنا۔ نام لکھوانا۔ درج کرانا۔ بھرتی کرنا۔ نوکر رکھنا۔ سرکاری خزانہ میں روپیہ جمع کرنا۔ درآمد کرنا۔ پہنچانا۔

داخلہ (ع۔اسم مذکر) باریابی۔ کسی دربار یا مقام یا مرتبہ یا درجہ میں شامل ہونا۔ سپردگی۔ حوالگی۔ خزانے میں زرِ مالگذاری داخل کرنے کا حکمنامہ نام داخل کرنے کی فیس۔ اُجرت۔ سپردگی۔

داخلی (ع۔اسم مؤنث۔ بیائے نسبتی) کسی پاک جگہ یا مقبرے وغیرہ میں داخل ہونے کا دن۔
باریابی۔ شامل شدہ۔ اندرونی۔ اندر کی۔ ملحقہ

داد (ہ۔اسم مذکر) پھنسیوں کا چھتہ جو خون کی خرابی سے جسم پر نکل آتا ہے۔ اس میں خارش بہت زیادہ ہوتی ہے۔ گنج۔
گنج کی بیماری۔

داد (ف۔اسم مؤنث) تحسین و آفرین۔ شاباش۔ عدل۔ انصاف نیاؤ۔ فریاد۔ نالش۔ دُہائی۔ جیسے پاگل کے مارے کی داد نہ فریاد۔ سزا۔ پاداش۔ بدلہ۔ عوض۔ معاوضہ۔

دادبخش (ف۔ص) عادل۔ منصف۔

دادبیداد (ف۔مؤ) فریاد۔ واویلا۔

دادیانہ (اُرد۔فعل) انصاف کو پہنچنا۔ تعریف کا مستحق ہونا۔

دادچاہنا (اُرد۔فعل) انصاف چاہنا۔ نیاؤ چاہنا۔ تحسین چاہنا۔ تعریف چاہنا۔

دادخواہ (ف۔اسم مذکر۔فاعل) فریادی۔ نالشی۔ مستغیث۔ مدعی دعوے دار۔

دادخواہی (ف۔اسم مؤنث۔بیائے مصدری) نالش۔ فریاد۔ استغاثہ۔ دعوے۔

داددہی، دادگستری (ف) انصاف کرنا۔ داد سُننا۔ داد دینا۔

داودہش (ف۔اسم مؤنث) حاصل مصدر از دادن۔ دُینا۔ خیرات۔ جود و سخا۔ فیاضی۔ سخاوت۔ دان پُن۔

دادینا (اُرد۔فعل) انصاف کرنا۔ نیاؤ کرنا۔ کسی کی تعریف کرنا تحسین و آفرین کرنا۔

دادرسی (ف۔اسم مؤنث) لین دین۔ معاملہ۔ چارہ سازی۔ حق رسی باہمی حساب کتاب۔

دادِستد (ف۔اسم مؤنث) لین دین۔ معاملہ۔ باہمی حساب کتاب۔

دادفریاد (ف۔اسم مؤنث) دہائی تہائی۔ واویلا۔ نالش۔ استغاثہ۔

دادکو پہنچنا (اُرد۔فعل) انصاف پانا۔ دوسرے کا انصاف کرنا۔ فریاد سُننا۔ اپنے ہنر و کمال کی تعریف سُن کر خوش ہونا۔ محنت کا صلہ پانا۔ واہ واہ ہونا۔

دادلینا (ہ) انصاف چاہنا کسی سے اپنے ہنر و کمال کی تعریف کرانا۔

دادنہ فریاد (اُرد۔محاورہ) ظلم۔ اندھیر۔ عدم توجہی۔ پوچھ نہ ہونا۔ ناشنوائی۔

دادا (ہ۔اسم تذکیر) باپ کا باپ۔ جد۔ پتامہ۔ بنگالی بڑے بھائی کو کہتے ہیں۔ جاٹ اور گوجر برہمن اور حجام کو۔ گنوار بڑی عمر والے بوڑھے کو۔ بڑے میاں۔ بڑے صاحب۔ گرو۔ اُستاد۔

دادس (ہ۔اسم مؤنث) ودیا ساس۔ ساس کی ساس۔ دادیں۔

دادسرا (ہ۔اسم مذکر) سسرے کا باپ۔ ودیا خسر۔
دادس کا خاوند۔

دادنی (ف۔اسم مؤنث۔بیائے قابلیت) دینے کے قابل۔ باقی قرض۔ پیشگی۔

دادی (ہ۔اسم مؤنث) جدہ۔ باپ کی ماں۔ والد کی والدہ۔

دادر (ہ۔اسم مذکر) مینڈک۔ غوک

دادرا (ہ۔اسم مذکر) تلت کی لے کا ایک قسم کا گیت۔ گیدا۔

دار (ف۔اسم مؤنث) سُولی۔ وہ نوک دار لکڑی جس سے مجرم کی جان لیتے ہیں۔ پھانسی۔

داربست (ع) لکڑی وغیرہ کی پاڑ جس پر بیٹھ کر معمار کام کرتے ہیں۔ انگور یا کسی بیل کے چڑھانے کا ٹٹیا یا کھونٹا۔

دار پر چڑھانا (اُرد۔فعل) پھانسی دینا۔ سُولی پر چڑھانا۔

دار (ع) اسم مذکر ظرف۔ گھر۔ خانہ۔ محلہ۔ سرائے۔ مقام۔

دارالاقامۃ (ف) ہوٹل۔ بورڈنگ ہاؤس۔

دارالامارت } (ع۔اسم مذکر) پایۂ تخت۔ راجدھانی۔
دارالامارہ }

صدر مقام۔ بادشاہ یا حاکمِ اعلےٰ کے رہنے کا مقام۔ دارالخلافہ۔

دارالامن (ع۔اسم مذکر) امن کا گھر۔ امن کی جگہ۔ وہ ملک جہاں امن و چین ہو۔

دارالبقا یا دارالآخرت (ع۔اسم مذکر) قائم رہنے والا جہاں۔ دوسرا جہاں۔ دارالجزاء۔ آخرت کا گھر۔ عالم آخرت۔

دارالبوار (ع۔ف) خرابی اور ہلاکت کا گھر۔

دارالحرب (ع۔اسم مذکر) لڑائی کا مقام۔ ایسا ملک جہاں لڑائی ہو۔ اسلام میں یہ اُس وقت جائز ہے جب اس کے مذہبی احکام میں مداخلت ہو۔

دارالحکومت۔ دارالخلافہ۔ دارالملک۔ دارالسلطنت } (ع۔اسم مذکر) پایۂ تخت صدر مقام

دارالسلام (ع) بہشت۔ سلامتی کا گھر۔

دارالشفاء (ع۔اسم مذکر) شفاخانہ۔ ہسپتال۔ ہوسپیٹل۔

دارالضرب (ع۔اسم مذکر) ٹکسال۔ سکے وغیرہ بننے کا مقام۔

دارالطلباء (ع۔ف) بورڈنگ ہاؤس۔

دارالعلوم (ف) مدرسہ۔ کالج۔ یونیورسٹی۔

دارالعمل (ف) وہ جگہ جہاں کھوٹا کھرا روپیہ پرکھا جاتا ہے۔ دُنیا۔ عمل کی جگہ۔

دارالمکافات } (ع۔اسم مذکر) مقام سزا و جزا۔ بدلہ ملنے کا گھر۔
دارِمکافات } دُنیا۔

اس دارِ مکافات میں سُن اے غافل
بیدار کرے گا آج، کل پائے گا (حالی)

دارالنعیم (مذ) بہشت۔

دارا (ف۔اسم مذکر) ایران کے ایک مشہور بادشاہ کا نام جسے دارا بھی کہتے ہیں۔

سکندر سے لڑتا ہوا بھی مارا گیا تھا۔ (لغت میں) لکھنے والا۔ حاکم۔

داراب ۔(ف۔ مذ) قدیم ایران کے بہمن۔ بادشاہ کا بیٹا۔

دارائی۔ (اُرد۔مو) توپ کھینچنے کی رسی۔

دارائی ۔(ف ۔اسم مؤنث بیائے مصدری) حکومت۔ محافظت نگہبانی۔ ایک ریشمی کپڑا۔ دریائی۔

دارچینی (ف۔اسم مؤنث) ایک درخت اور اُس کی چھال کا نام ہے۔ تج۔

دارِ فلفل (ع ۔اسم مؤنث) دیکھیے فلفل دراز۔

دارکش (ف ۔اسم مذ) سُولی پر چڑھانے والا جلاّد۔

دارُو۔ (ف۔اسم مؤنث و مذکر) دوا ۔ اوکھد ۔ بارُود۔ شراب مے۔ علاج معالجہ۔ درماں

دارُوے بیہوشی (ف) وہ دوا جسے سُونگھا کر بیہوش کر دیتے ہیں۔ کلوراخارم۔

دارُو درماں۔ یا۔ **دارُو درمن** (ف ۔اسم مذکر) علاج معالجہ۔

داروغہ (ف ۔اسم مذکر) نگراں۔ محافظ۔ منصرم، متہتم۔ کوتوال۔ انسپکٹر پولیس۔ تھانیدار۔ کسی جماعت کا سردار۔ سپاہیوں کا افسر۔

داروغۂ آبکاری (اُرد۔اسم مذکر) نشے والی اشیا کی نگرانی رکھنے والا۔

داروغۂ پولیس (اُرد۔اسم مذکر) کوتوال۔ وہ افسر پولیس جس کے سپرد شہر کا انتظام اور کوتوالی کا کام ہو۔

داروغۂ توپخانہ (ف ۔اسم مذکر) میر آتش۔ توپخانے کا افسر۔

داروغۂ جیل خانہ (اُرد۔اسم مذکر) میر بار۔ وہ شخص جو امیروں کے پاس دیوانخانے جانے کی اجازت دے۔ جیل خانہ کا بڑا افسر

داروغۂ صفائی (ف ۔اسم مذکر) شہر کی صفائی کا نگراں۔ صفائی کا افسر۔

داروغائی (اُرد۔اسم مؤنث بیائے مصدری) نگرانی۔ نگہبانی۔ محافظت انتظام۔ حکومت۔ افسری۔

داروگیر (ف۔مو) مواخذہ۔ پرسش۔ پکڑ دھکڑ۔ جنگ۔ معرکہ۔

دارومدار (ف ۔اسم مذکر حاصل مصدر از داشتن۔ انحصار۔ ٹھہراؤ۔ اقرار۔ موقوف۔ فیصلہ۔ تصفیہ۔

دارین (ع ۔مذ) دنیا و عقبیٰ۔ دونوں جہاں۔

داڑھ (ہ ۔مو) دیکھو ڈاڑھ۔

داری (ہ ۔اسم مؤنث) باندی۔ لونڈی۔ جیسے لڑائی میں جیت کر لائے ہوں۔ حرم۔

داس (ہ ۔اسم مذکر) خدمتی۔ خادم۔ نوکر۔ غلام۔ چیلا۔

داسا۔ یا۔ **داسہ** (ہ ۔اسم مذکر) وہ لکڑی کا لمبا ٹکڑا یا پتھر کی سل جسے دیوار پر رکھ کر اُوپر سے کڑیاں ڈالتے ہیں یا ستونوں کے نیچے یا اُوپر دُھرا دھر لگاتے ہیں۔ خصوصاً لکڑی کا وہ ٹکڑا جو زینے کے اگلے حصے پر لگا ہوتا ہے۔

داستان (ف ۔اسم مؤنث) کہانی۔ حکایت۔ قصہ۔ روایت۔ نقل سرگزشت۔ لمبا قصہ۔

داستان گو (ف۔اسم مذکر فاعل) قصہ خوانی۔ وہ شخص جس کا پیشہ امیروں کو قصے سنانے کا ہو۔

داستانہ یا دستانہ (ف۔اسم مذکر) دستانہ۔ ہاتھ کی پوشش کا نام جو عموماً سردیوں میں پہنتے ہیں۔ وہ چمڑا جسے میر شکار اپنے ہاتھ بازو وغیرہ شکاری پرند بٹھانے کو پہن لیتے ہیں۔ تاکہ پنجے اور خار ہاتھ میں نہ چبھیں۔

داشت (ف۔مو) خبر گیری۔ نگرانی۔

داشت کرنا۔ خبر گیری کرنا۔

داشتہ (ف ۔اسم صفت۔ترکیب مفعولی) رکھی، ہوئی چیز۔ بچا کر رکھی چیز۔ ناجائز بیوی۔

داشتہ آید بکار اگرچہ باشد سرمار۔ (ف ۔مثل) رکھی چیز کام آ ہی جاتی ہے۔ خواہ سانپ ہی کا سر کیوں نہ ہو۔

داعی (ع) بلانے والا۔ دعا کرنے والا۔ سبب۔ ذریعہ۔ محرک۔

داعیہ (ع ۔اسم مؤنث بیائے تانیث) دعویدار عورت۔ دعوے کرنے والی۔ نالش۔ دعوے۔ استغاثہ۔ درخواست۔ خواہش۔

داغ (ف ۔اسم مذکر) دھبا۔ چتی۔ نشان۔ عیب۔ کلنک کا ٹیکا۔ زخم کا نشان۔ جلے کا نشان۔ زخم۔ گھاؤ۔ رنج۔ صدمہ۔ کسی عزیز کے مرنے کا غم۔ رشک۔ حسد۔ فصیح الملک نواب مرزا خاں شاگرد ذوق و اُستاد حضور نظام حیدرآباد کا تخلص۔ جن کی تاریخ وفات داغ نواب ۲۳ھ میرزا ۱۳ھ ہے۔

داغ اُٹھانا (اُرد۔فعل) صدمہ و رنج اُٹھانا۔

داغ بیل (اُرد۔اسم مؤنث) بیلچہ سے لگایا ہوا۔ سڑک یا روش یا مکان کی دیوار کی بنیاد کا نشان۔

داغ پہ داغ (اُرد۔تابع فعل) صدمہ پر صدمہ۔ بہت سے صدمے۔

داغ جگر (ف ۔اسم مذکر) زخم جگر۔ دل کا داغ۔ جگر کا گھاؤ۔

داغ دار (ف ۔اسم مذکر فاعل ترکیبی) دھبہ والا۔ کہیں کہیں سے گلا ہوا پھل۔ معیوب۔ عیب دار۔

داغ دینا (اُرد۔فعل) رنج دینا۔ صدمہ پہنچانا۔ جلانا۔ لُوکا لگانا۔ داغنا۔ کسی چیز کو گرم کر کے اس کا نشان ڈالنا۔ مُردے کو جلانا۔

داغ کرنا۔ (اُرد۔فعل) کڑا کرنا۔ بگھارنا۔ جلانا۔ گل دینا۔

داغ کھانا (اُرد۔فعل) گل کھانا۔ رنج اُٹھانا۔ دُکھ سہنا۔ حسد کرنا۔ حسد سے جلنا۔

داغ لگانا۔ (اُرد۔فعل) عیب لگانا۔ گل دینا۔ بدنام کرنا۔ کلنک لگانا۔

داغ لے جانا (اُرد۔محاورہ) کسی بات کا رنج مرتے ہوئے ساتھ لے جانا۔

داغا جانا (اُرد) لوہے سے نشان کیا جانا۔ توپ یا بندوق چلایا جانا۔

داغنا (اُرد۔فعل) چرکا دینا۔ جلا کر گل دینا۔ گرم لوہے سے نشان ڈالنا توپ یا بندوق چھوڑنا۔ توپ سر کرنا۔

داغ نکلے (کوسنا) جل کر نکلے۔ پھوٹ نکلے۔

داغ ہونا۔ رنج ہونا۔ صدمہ ہونا۔ جل کر زخمی ہونا۔ بگھارا ہونا۔

داغی (ف ۔اسم مذکر بیائے فاعلیت) داغدار۔ جلایا ہوا۔ عیبی عیب دار۔ معیوب۔ سزایافتہ۔ قید بھگتا ہوا۔ شرمندہ۔ احسان

منہ۔ کنونڈا ؛
دافع (ع) دفعہ کرنے والا
دافعہ۔ وہ قوت جو انسان کے جسم میں غذا کا خون بننے کے بعد کھوکھس کو نکال دیتی ہے۔
داکھ (ہ۔ اسم مؤنث) کشمکش۔ ایک قسم کا انگور۔
دال (ع۔ اسم مؤنث) دلے ہوئے چنے۔ ماش۔ مونگ اُرد وغیرہ جو سالن کے طور پر پکائے جاتے ہیں۔ زخم کا انگور۔ کھرنڈ۔ انڈے کی زردی۔ آتشی شیشہ کا وہ عکس جس سے آگ لگ اٹھتی ہے۔ وہ زردی جو پرندے کے بچے کی باچھوں میں ہوتی ہے ؛
دال بندھنا (اُر۔ فعل) زخم کا انگور یا کھرنڈ بندھنا۔ آتشی شیشہ کا عکس ہونا۔ شعاعوں کا ایک نقطہ پر جمع ہو جانا ؛
دال جوتیوں میں بٹنا (اُر۔ فعل) جھگڑا پڑنا۔ نااتفاقی ہونا۔ لڑائی ہونا۔
دال چپاتی (اُر۔ اسم مؤنث) دال پھلکا۔ بچوں کو ڈرانے کا فرضی نام
دال چُپو ہونا (اُر۔ فعل) دو پہلوانوں کا باہم باہم لپٹ کر زمین پر گرنا گھتم گتھا ہونا لپٹنا۔ لپٹ ہونا۔
دال دلیا (ہ۔ اسم مذکر) غریبانہ روٹی۔ غریبانہ خوراک۔ غریبوں کا سا کھانا۔ ماحضر اوسط درجہ کی وجہ معاش ؛
دال روٹی (ہ۔ اسم مؤنث) غریبانہ خوراک اوسط درجہ کی روزی۔
دال روٹی سے خوش (اُر۔ تابع فعل) آسودہ حال۔ امیر آدمی۔ کھاتا پیتا ؛
دال روٹی کھاتے ٹوٹا پڑے تو بھاڑ میں جائے۔ (ہ۔ مثل) کفایت شعاری اور احتیاط سے بسر کرنے میں بھی نقصان ہو تو ہوا کرے ؛
دال گلنا (اُر۔ فعل) دال کا گداز ہونا۔ یل جانا۔ پک جانا۔ باریاب ہونا۔ مراد کو پہنچنا۔ کامیاب ہونا۔ دخیل ہونا۔ دسترس ہونا ؛
دال میں کچھ کالا۔ یا۔ کالا کالا ہونا (اُر۔ فعل) کسی کی طرف سے کچھ شبہ گزرنا۔ بدگمان ہونا۔ بدظنی ہونا ؛
دال موٹھ والا (ہ۔ اسم مذکر) بھنی ہوئی دال بیچنے والا۔ کم حیثیت ذلیل آدمی ؛
دال نہ گلنا (اُر۔ فعل) پہنچ نہ ہونا۔ باریابی نہ ہونا۔ کامیاب نہ ہونا دخل نہ پانا۔
دالان (اُر۔ اسم مذکر) بڑا اور لمبا کمرہ جس میں سہ درہ لگاتے ہیں یا محراب دار دروازے بنائے جاتے ہیں۔
دالان در دالان (اُر۔ اسم مذکر) دُہرا دالان آگے پیچھے دو برابر کے کمرے ؛
دائم (ع) ہمیشہ رہنا۔ ہمیشہ رہنے۔ اُردو میں اکیلا استعمال نہیں ہوتا۔ بلکہ دائم ظلہٗ۔ دائم ظلہٗ کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ بہ القاب عموماً خطوں اور عرضیوں میں صاحب کے بعد لکھا جاتا ہے۔

دائم ظلہٗ (والد صاحب قبلہ دام، اقبالہٗ)
دائم ظلہٗ۔ آپ کا سایہ ہمیشہ برقرار رہے۔
دائم لطفہٗ: آپ کی عنایت ہمیشہ باقی رہے۔
دام (ہ۔ اسم مذکر) مڑی۔ چھدام۔ کوڑی۔ گنڈا۔ چار کوڑیاں۔ مول قیمت۔ نرخ۔ بھاؤ۔ نقدی۔ زر نقد۔ دولت۔
دام اُٹھنا (ہ۔ فعل) کسی چیز کا فروخت ہو جانا۔ دام کھرے ہونا۔ لاگت حاصل ہونا ؛
دام بھر پانا (اُر۔ فعل) قیمت وصول ہو جانا۔ حساب بیباق ہو جانا۔ روپیہ وصول ہونا ؛
دام بھرنا (اُر۔ فعل) قیمت دینی آنا۔ تاوان دینا۔ ڈنڈ بھرنا ؛
دام پٹ جانا : قیمت وصول ہونا۔ قیمت طے ہونا۔
دام چکانا (اُر۔ فعل) نرخ کرنا۔ مول کرنا۔ قیمت مقرر کرنا۔ قیمت طے کرنا۔ مول دید ینا۔ قیمت بالکل ادا کر دینا
دام دام (اُر۔ تابع فعل) کوڑی کوڑی۔ پیسہ پیسہ۔ سب قیمت۔ کل مول۔
دام دینا (اُر۔ فعل) قیمت دینا۔ مول ادا کرنا۔
دام دینے آگئے (اُر۔ محاورہ) تاوان بھرنا پڑا۔ قیمت دینی آگئی۔
دام کرنا (اُر۔ فعل) بیچنا۔ فروخت کرنا۔ کوڑے کرنا۔
دام کھرے کرنا (اُر۔ محاورہ) بیچ کر نقدی کر لینا۔ قیمت وصول کر لینا۔ لاگت وصول کرنا ؛
دامے درمے قدمے سخنے : روپے پیسے۔ ہاتھ پاؤں یا زبانی امداد کے موقع پر اکثر بولتے ہیں۔
دام (ف۔ اسم مذکر) جال۔ پھندا۔ گھاس۔ کھانے والے چوپائے جانور۔ دو کی ضد۔ دواؤں کی تول میں مقررہ بات ؛
پختہ دام۔ ۱۸ ماشہ اور خام ۱۲ ماشہ کا ہوتا ہے۔
اُمرا و سلاطین کے مناصب اخراج ملک میں روپے کا چالیسواں یا بیسواں حصہ۔ ۱۸ یا ۲۱ ماشے کا سکہ۔ مکر۔ فریب۔ دھوکا ؛
دام بچھانا : شکار کے پھنسانے کا جال بچھانا ؛
دام میں آنا : فریب میں آنا ؛
دام میں پھنسنا : جال میں آنا۔ گرفتار ہونا ؛
دام میں لانا (اُر۔ محاورہ) جال میں پھنسانا۔ قابو میں لانا۔ پھندے میں لانا۔ بس میں کرنا۔ مکر و فریب میں لانا ؛
دام یار : صیاد ؛
دام وں ڈھیر : مال کمایا یا جان دی ؛
داماد (ف۔ اسم مذکر) لغوی معنی نیا دولھا۔ اصطلاح جنوائی۔ خویش شوہر دختر ؛
دامان (ف۔ اسم مذکر) دامن۔ کوٹ وغیرہ کا وہ حصہ جو نیچے دامن لٹکتا رہتا ہے۔ ذیل۔ آنچل۔ کنارہ۔ لب۔ حاشیہ تلیٹی۔ پہاڑ کے پیچھے کی زمین ؛
دامن (ف۔ اسم مذکر) دامان۔ جہاز کا پال ؛

دامن اٹک جانا : مائل ہوجانا۔ پھنس جانا۔ گرفتار ہوجانا۔
دامن اُٹھا کر چلنا / دامن اُٹھا لینا } (اور محاورہ) دامن سمیٹ کر چلنا۔ آنچل اونچا کرکے چلنا۔ آنچل سنبھال کر چلنا۔
دامن پر فرشتے نماز پڑھیں : اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی شخص کی نیکی اور پاک دامنی کی بہت زیادہ تعریف کرنا مقصود ہو۔
دامن پکڑنا (اور محاورہ) مانگنا۔ تقاضا کرنا۔ روکنا۔ مزاحم ہونا۔ سر ہونا پناہ لینا۔ حمایت میں آنا۔ نگراں ہونا۔ حفاظت کرنا۔ نگہبانی کرنا۔
دامن پھیلانا (اور محاورہ) آنچل پھیلانا۔ گودی لینا۔ دعا مانگنا۔ خدا سے التجا کرنا۔ بھیک مانگنا۔ گداگری کرنا۔
دامن تر ہونا : قصوروار ہونا۔ گناہ گار ہونا۔
دامن تلے چھپانا۔ یا ڈھانکنا۔ یا ڈھکنا : (محاورہ) پناہ میں لینا۔ حمایت میں لینا۔ عیب پوشی کرنا۔ پرورش کرنا۔ پالنا۔ حفاظت میں لینا۔ بیٹی دینا۔ بیٹی کا بیاہ کر دینا۔
دامن جھاڑ کر اُٹھنا۔ یا کھڑا ہونا : (اور محاورہ) کسی معاملہ یا تلاشی سے نجات پانا۔ پاک اور آزاد ہوکر کھڑا ہونا۔ دنیاوی تعلقات سے چھوٹنا۔
دامن جھاڑنا : تعلقات سے آزاد ہونا۔ خالی ہاتھ ہونا۔ دامن سے گرد و غبار جھاڑنا۔
دامن جھٹکنا (اور محاورہ) دامن چھڑانا۔ انکار کرنا۔ نامنظور کرنا۔ ہٹ جانا۔ سرک جانا۔ الگ ہوجانا۔ علیحدہ ہوجانا۔ پیچھا چھڑانا۔
دامن چھڑانا (اور محاورہ) نجات پانا۔ خلاصی پانا۔ پیچھا چھڑانا۔ بھاگنا رفوچکر ہونا۔
دامن چلنا : دامن کا چاک ہونا۔
دامن دار : چوڑا۔ چکلا عام طور پر زخم کے لیے مستعمل ہے۔
دامن سے لگنا / یا آ لگنا } (اور محاورہ) متعلقین میں سے ہونا۔ زیر سایہ ہونا حمایت میں ہونا۔ آسرے پر ہونا۔
دامن کوہ ا ف۔ اسم مذکر) پہاڑ کی تلیٹی۔ پہاڑ کے بالکل متصل کا وسیع میدان۔
دامنگیر (ف۔ اسم مذکر فاعل ترکیبی) سر ہونیوالا۔ دامن پکڑنیوالا۔ مدعی۔ دعویدار۔ دادخواہ۔ مزاحم۔ معترض۔
دامنگیر ہونا : (اور محاورہ) سر ہونا۔ پیچھا کرنا۔ دعویدار ہونا۔ مدعی بننا مزاحم ہونا۔ تنگ کرنا۔ ستانا۔ عاجز کرنا۔ تکلیف دینا دُکھ دینا۔
دامنی (ف۔ اسم مؤنث بیائے نسبتی) زین پوش۔ گھوڑے کے پٹھوں پر ڈالنے کی چوڑی چادر جو دامن کو پسینہ سے بچانے کے لیے ڈالا کرتے ہیں۔ ایک پاٹ کی چوڑی چادر جو عورت کے جنازے پر ڈالتے ہیں۔ اوڑھنی۔ سر پر پہننے کے ایک زیور کا نام۔
دامنی (ہ۔ اسم مؤنث) بجلی۔ برق۔ صاعقہ (بصورت اسم مذکر) شاعر۔ کبیشیر۔
داموں کا رُوٹھا باتوں سے نہیں مانتا (ہ۔ مثل) روپے کا کام خالی باتوں سے نہیں چلتا۔
دان (ہ) اسم مذکر) خیرات۔ صدقہ۔ خیرات۔ بھیک۔ جہیز عطا بخشش۔
دان پُن (ہ۔ اسم مؤنث)۔ صدقہ۔ خیرات۔ لنگر۔ سدابرت۔
دان وِتار (ہ۔ اسم صفت) سخی۔ کریم۔ فیاض۔ جواد۔ دریادل۔ لکھ داتا۔
دان وِتاری (ہ۔ اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) سخاوت۔ کرم۔ فیاضی۔ دریادلی۔
دان دہیز (ہ۔ اسم مذکر) (دان جہیز کا بگاڑ) وہ اشیا جو لڑکی کو جہیز میں دیا جائے۔
دان (ف) کلمہ ظرف لاحقہ ہے۔ جگہ۔ مکان۔ مقام۔ خانہ کے معنی دیتا ہے جیسے شمعدان۔ قلمدان۔ نمکدان۔ اُگالدان۔ پاندان۔
دانی : (مرکبات میں) مقام۔ جگہ وغیرہ کے معنی دیتا ہے۔ اور چھوٹی چیز کے لیے بولا جاتا ہے۔ جیسے تلے دانی۔ سُرمہ دانی وغیرہ۔
دانا (ف۔ اسم صفت ترکیب فاعلی) جاننے والا۔ عالم۔ حکیم۔ دانندہ عاقل۔ زیرک۔ گیانی۔ بُدھ وان۔ ہوشیار۔ چتر۔ سیانا۔ عمر رسیدہ بوڑھا۔
دانایاں : جمع
دانا بینا (ف۔ اسم صفت ترکیب فاعلی) عاقل و ہوشیار۔ تجربہ کار۔ وکارآزمودہ۔ عقلمند۔ فہمیدہ آدمی۔
دانا / دانو } (ہ) اسم مذکر) جن بھوت پریت۔ دیو۔ عفریت۔ بسیار خور۔ پیٹو۔ نہ رہنے والا۔
دانائی (ف۔ اسم مؤنث بیائے) ہوشیاری۔ دانشمندی۔ عقلمندی چترائی۔ زیرکی۔ شعور۔



دانت

دانت (ہ۔ اسم مذکر) دندان۔ سن۔ چبانے یا کاٹنے کا استخوانی عضو۔ میل۔ خواہش۔ رغبت۔ میلان۔ طبع۔ قصد۔ ارادہ۔ دندانہ۔ دانتا۔
دانت اُکھاڑنا۔ یا اُکھیڑنا (ہ۔ فعل) دانتوں کو مسوڑوں میں سے

نکال لینا۔ دانت توڑنا۔ دانتوں کی سزا دینا۔ عاجز کرنا۔

دانت بٹھا دینا: عاجز کر دینا۔

دانت بجانا (ہ۔ فعل) مصنوعی دانت لگانا۔ ہڈی یا سیپ کے دانت گھڑنا۔

دانت بنوانا (ہ فعل) مصنوعی دانت لگوانا۔

دانت بھینچنا (ہ۔ فعل) دانت دبانا۔ دانت پیسنا۔

دانت بیٹھنا یا بیٹھ جانا: (محاورہ) دانت دبانا۔ دانت یا مرگی میں دانتوں کا جکڑا جانا۔ دانت بستہ ہو جانا۔ بیہوش ہو جانا۔ اوسان خطا ہونا۔ جیسے ان کی دلاوری سے دشمن کے دانت بیٹھ گئے۔

دانت پر رکھنا (لگ) چکھنا۔ ذائقہ معلوم کرنا۔ زبان پر رکھنا۔

دانت پر نہ رکھا جانا (ہ۔ محاورہ) ترشی یا نمک کی زیادتی کے باعث طبیعت کو ناگوار گزرنا۔ بدذائقہ ہونا۔ بدمزا ہونا۔ سخت بے لطف چیز۔

دانت پر مسل نہ ہونا (ہ۔ محاورہ) مفلس اور قلاش ہونا۔ کنگال ہونا۔ کوڑی پاس نہ ہونا۔

دانت پیسنا / دانت کچکچانا } (اُ۔ محاورہ) دانت چبانا۔ نہایت غصے میں ہونا۔ جھلانا۔ کسی کو غصہ دکھلانا۔ ذلیل کرنے کی نیت رکھنا۔

دانت تلے اُنگلی دبانا (ہ۔ محاورہ) متاسف ہونا۔ افسوس کرنا۔ تاسف کرنا۔ تعجب کرنا۔

دانت توڑنا / دانت جھاڑنا } (ہ۔ محاورہ) دانت نکالنا۔ دانت اُکھاڑنا۔ عاجز کرنا۔ کام کا نہ رکھنا۔

دانت تھے تو چنے نہ پائے چنے ملے تو دانت گنوائے (ہ کہاوت۔ بے اختیاری کے وقت مراد بر آنے کے موقعہ پر بولتے ہیں۔ جب دولت تھی اولاد نہ تھی۔ اولاد ہوئی دولت نہ رہی۔

دانت ٹوٹنا / دانت جھڑنا } (ہ۔ محاورہ)۔ دانتوں کا گر جانا۔ شکستہ ہو جانا۔ دودھ کے دانت گر جانا۔ بڑھاپے سے دانت جھڑ جانا۔ پوپلا ہونا عاجز ہونا۔ مات ہونا۔

دانت ٹوٹے کھُر گھسے بیٹھے پوچھ تلے / ایسے بوڑھے کو کون باندھے بھینس دے } جب آدمی ضعیف اور بوڑھا ہو جاتا ہے۔ تو خدا کے سوا اس کا ساتھ کوئی نہیں دیتا۔

دانت دکھانا (ہ۔ محاورہ) ڈرانا۔ مشکل پیش کرنا۔ دقت میں ڈالنا۔ عظمت ظاہر کرنا۔

دانت دیکھنا (اُ۔ محاورہ) حیوانات کی عمر شناخت کرنا۔ عمر جانچنا۔

دانت رکھنا (اُ۔ محاورہ) تاک میں رہنا۔ گھات میں رہنا۔ ارادہ رکھنا۔ قصد رکھنا۔ بدلہ لینے کو تیار رہنا۔ عوض و انتقام کا ارادہ رکھنا۔

دانت سلسلانا (ہ۔ فعل) دانتوں کا چسکنا۔ دانت دُکھنا۔ دانتوں کا درد کرنا۔

دانت سے دانت بجنا (ہ۔ فعل) سردی سے جسم میں کانپنی چڑھ کر دانتوں کا باہم ٹکرانا۔ سخت سردی لگنا۔

دانت کاٹی روٹی کھانا (اُ۔ محاورہ) نہایت محبت کرنا۔ ایک جان دو قالب ہونا۔

دانت کرکرے کرنا (اُ) غصے سے دانت پیسنا۔ سخت خفا ہونا۔

دانت کرکرانا: سوتے میں دانتوں کا آواز دینا۔

دانت کرکرے ہونا (ہ۔ محاورہ) کرکرا پٹ کے سبب دانتوں کا کام نہ کرنا۔ عاجز ہونا۔ زک اُٹھانا۔ شکست کھانا۔

دانت کریدنے کا تنکا نہ رہنا (اُ۔ محاورہ) بالکل لُٹ جانا۔ تمام مال و اسباب چرایا جانا۔ مال و اسباب پر جھاڑو پھرنا۔ دمڑی دمڑی کر کے ٹوٹنا۔

دانت کڑکڑانا: سوتے میں دانت کرانا۔ سردی سے دانتوں کا بجنا۔

دانت کھٹے کرنا (اُ۔ محاورہ) دانتوں کو کُند کر دینا۔ کام کے نہ رکھنا۔ عاجز کرنا۔ ہرانا۔ تھکانا۔ جی چھڑانا۔ بھگا دینا۔ مات کرنا۔

دانت کھٹے ہو جانا (ہ۔ محاورہ) دانت کُند ہو جانا۔ ترشی کے باعث دانتوں کا کام سے رہ جانا۔

دانت لگانا (ہ۔ محاورہ) دانت کا زخم پہنچانا کاٹنا۔ میلان کرنا۔ رغبت کرنا۔ کسی چیز کی خواہش کرنا۔ دانت چبھونا۔ دانت سے چبھونا۔

دانت لگنا (ہ۔ محاورہ) زخم پہنچنا۔ رغبت ہونا۔ جبڑا بند ہو جانا۔

دانت مارنا (ہ۔ محاورہ) کاٹنا۔ قبر کی بھرنا۔ کسی چیز کو قابو میں لانا۔

دانت نکالنا / دانت نکوسنا } (اُ۔ محاورہ) دانت اُکھاڑنا۔ پھونسڑے سے نکل آنا۔ بچے کا دانت نمایاں ہونا۔ دانت اُبھارنا خوف یا دہشت سے مُنہ پھاڑنا۔ عجز ظاہر کرنا۔ منت سماجت کرنا۔ بیہودہ طور پر ہنسنا بے موقع ہنسنا۔

دانت نہ لگانا (اُ۔ محاورہ) بونی نگل جانا۔ ہڑپ کر جانا۔ ٹمک جانا ثابت نگل جانا۔ کسی چیز کو ادنےٰ سمجھ کر حلق میں اُتار جانا۔

دانت ہونا (ہ۔ محاورہ) ارادہ ہونا۔ رغبت ہونا۔ گھات ہونا دل ہونا۔ عداوت ہونا۔ جان کا لاگو ہونا۔ دشمنی ہونا۔ ارادۂ قتل ہونا۔ ذلیل کرنے کا ارادہ ہونا۔

دانتا (ہ۔ اسم مذکر) دندانہ۔ خار۔ جھگڑا۔ ہر وقت کی لڑائی۔ ٹنٹا قضیہ۔ مناقشہ۔ کنگھی یا پہیے کا دندانہ۔

دانتا برسنا (ہ) فعل۔ جھگڑا ہونا۔ فساد رہنا۔ قضیہ رہنا۔ تکرار جاری رہنا۔

دانتا برسے گھر پڑے کھانڈا برسے رن پڑے (ہ۔ مثل) تکرار اور فساد کا اثر گھر پر پڑتا ہے اور تلوار کا اثر جنگ پر۔ گھر میں خانہ جنگی کے موقعہ پر بولا کرتے ہیں۔

دانتے پڑ جانا: دندانے پڑ جانا۔ دھار گر جانا۔

دانتا کلکل (ہ۔ اسم مؤنث) آئے دن کا جھگڑا۔ ہر وقت کا فساد۔ روزانہ ٹنٹا۔ ہر دم کا قضیہ۔ باہمی مناقشہ۔ دنگا فساد۔ بحثا بحثی۔ عیب جوئی۔

دانتوا: (ہ۔ مذ) جھگڑے کے پچھلے حصے کی وہ جگہ جہاں اکثر اسباب رکھتے ہیں۔

دانتن۔یا۔دانتن۔یا۔دتون (ہ۔اسم مؤنث) مسواک۔دانت صاف کرنے کی لکڑی۔

دانتو (بواؤ معروف۔اسم مذکر) بڑے بڑے دانتوں والا۔ بڑدنتا۔

دانتو (بواؤ مجہول۔اسم مؤنث) بڑے بڑے دانتوں والی عورت بڑدنتی۔ وہ عورت جس کے دانت آگے نکلے ہوئے ہوں۔

دانتوں (ہ۔اسم مذکر) دانت کی جمع۔ بصورت عمل۔حروف عاملہ۔

دانتوں انگلی کاٹنا (ہ۔محاورہ) افسوس کرنا۔تاسف کرنا۔ متحیر ہونا۔

دانتوں پر ہونا (ہ۔فعل) بچے کے دانت نکلنے کو ہونا۔ دانت نکلنے کے قریب ہونا۔

دانتوں پسینا آنا (ہ۔فعل) کسی مشکل کام کے کرنے سے تھک جانا۔ عاجز آنا۔

دانتوں چڑھنا (ہ۔محاورہ) نظر لگنا۔ ہونس میں آجانا۔ ٹوک میں آجانا۔

دانتوں زمین پکڑنا (اُلٹ۔محاورہ) مضبوط پکڑنا۔ بڑی تنگی اور افلاس سے گزارنا۔مصیبت کے دن بمشکل کاٹنا۔

دانتوں سے اُٹھانا (ہ۔محاورہ) بڑی قدر اور تعظیم کے ساتھ اُٹھانا دانتوں سے چُننا۔

دانتوں سے نہیں کھلتا: بہت مشکل ہے۔

دانتوں سے ہاتھ کاٹنا (ہ۔محاورہ) اظہار غضب کے لیے اپنا ہاتھ خود ہی کاٹ کر اس کا دفعیہ کرنا۔ ہاتھ پر چھونچل اُتارنا نہایت افسوس کرنا۔کمال تاسف کرنا۔چڑانے کی غرض سے مُنہ میں ہاتھ دبا کر کھا جانے کا اشارہ کرنا۔

دانتوں میں داڑھیاں دبانا: غیظ میں ہونا۔

ع دانتوں میں دلیران عرب داڑھیاں دابے (انیس)

دانتوں میں اُنگلی دبانا یا دینا (ہ۔محاورہ) متحیر وحیران ہونا۔ کمال افسوس وتاسف کرنا۔ منع کرنا۔ روکنا۔ باز رکھنا۔

دانتوں میں تنکا لینا یا پکڑنا / دانتوں میں تنکا دابنا (ہ۔محاورہ) نہایت عجز ظاہر کرنا۔ جان کی امان چاہنا۔ یہ ظاہر کرنا کہ ہم تمہارے سامنے گوڈیں۔

دانتوں میں زبان یا جیب ہونا (اُلٹ۔محاورہ) دشمنوں میں گھرا رہنا۔ دشمنوں کے نرغے یا ہجوم میں رہ کر سلامت رہنا۔

دانتی (ہ۔اسم مؤنث) دانتوں کا چوکا۔ تیسی۔ درانتی۔ گھاس کاٹنے کا آلہ۔ ہنسیا۔

دانتی لگنا (ہ۔فعل) دانت بھچ جانا۔ جبڑا اور ہونا۔ درانتی سے زخم پڑجانا۔

دانتیا (ہ۔اسم مذکر) ربہ کا نمک جو اکثر دغا باز دوکاندار پینے کا تمباکو تیز کرنے کے لیے کام میں لاتے ہیں۔ دانتوں کا منجن۔

داند (ہ۔مو) سپاہیوں کا غریب رعایا پر ظلم۔ شریر لڑکوں کی کودپھاند عورتیں اکثر بولتی ہیں مطلق ظلم کے معنی ہیں

دانست (ف۔اسم مؤنث حاصل مصدر از دانستن۔دانش۔ واقفیت۔سمجھ۔بدھ۔ادراک۔فہم رائے۔

دانستہ (ف۔تابع فعل مفید صفت۔مفعول) جان بوجھ کر۔ سمجھ بوجھ کر۔

دانش (ف۔اسم مؤنث حاصل مصدر از دانستن۔علم۔سمجھ۔عقل۔ ادراک۔فہم۔ذہن۔

دانش مند (ف۔اسم مؤنث حاصل تمیر کیب فاعلی) علم جاننے والا۔عقلمند سمجھدار۔ہوشیار۔عالم۔فاضل

دانشمندی (ف۔اسم مؤنث بیائے مصدری) دانائی۔عقل۔سمجھ۔ فہم وفراست۔

دانگ (ف۔اسم مؤنث) چھ رتی کا وزن مثقال۔ یا درہم کا چوتھا حصہ۔کسی چیز کا چھٹا حصہ۔ٹکڑا۔طرف۔سمت۔جانب۔اطراف۔

دانوں (ہ۔اسم مذکر) باری۔دار۔دفعہ۔نوبت۔چال۔فریب دھوکا۔

دانوری (ہ۔مو) وہ رسی جس سے غلہ اُڑاتے وقت بیل باندھے جاتے ہیں۔

دانہ (ف۔اسم مذکر) اناج۔غلہ۔ان۔بیج۔تخم۔روا۔اونا۔تسبیح کا دانہ چاول۔چھوٹی پھنسی۔وہ چھوٹے چھوٹے سنگریزے جن کی جنبش سے گھنگرو بجتے ہیں۔چیچک کا آبلہ۔

دانہ اُگلنا (اُلٹ۔فعل) پرندوں کا مُنہ سے دانہ نکالنا۔ کھایا ہوا دانہ پوٹے سے باہر نکالنا۔

دانہ بدلنا (اُلٹ۔فعل) پرندوں کا باہم ایک دوسرے کو اپنے مُنہ کا دانہ کھلانا۔

دانہ بدلی (اُلٹ۔اسم مؤنث) کبوتروں کا باہم ایک دوسرے کو اپنے منہ کا دانہ کھلانا۔نہایت محبت ظاہر کرنا۔

دانہ بندی (اُلٹ۔اسم مؤنث) کنکوت۔کنکوتی۔ کھڑی کھیتی کو آنکنا۔ کچی پیمایش۔

دانہ بھرانا (اُلٹ۔فعل) پرندوں کا اپنے بچوں کو چوگا دینا۔

دانہ پانی (اُلٹ۔فعل) ان جل۔آب وخورش۔آب وہوا۔ اقامت۔ بود وباش۔

دانہ دار (ف۔اسم صفت فاعلی) روے دار۔ جیسے دانہ دار گھی۔

دانہ دانہ پر مُہر ہونا (اُلٹ۔محاورہ) جو دانہ جس کی قسمت کا ہو اُس کو مل جانا۔

دانہ دُنکا (اُلٹ۔اسم مذکر) تھوڑا سا دانہ۔ ایک آدھا دانہ۔ٹکڑے گرا پڑا دانہ

دانہ دینا یا ڈالنا (اُلٹ۔فعل) دانہ بکھیرنا۔گھوڑے بیل یا کبوتروں وغیرہ کو دانہ کھلانا۔

دانہ زد (اُلٹ۔فعل۔اسم مذکر) دانہ دانہ پر سخل کرنا۔ نہایت بخیل۔کنجوس ممسک۔

دانہ نہ گھاس پانی چھ چھ وقت / دانہ نہ گھاس کھر پرا تین تین بار اس آدمی کی نسبت بولتے ہیں جو خاطر داری بہت کرے مگر دے

دلائے ہاتھ سے کچھ نہیں۔

دانہ نہ گھاس گھوڑے تیری آس (مثل) دیتا دلاتا کچھ نہیں۔ مفت میں کام لیتا ہے۔

دانیال : (مذ) ایک مشہور پیغمبر جن کی طرف ایک فالنامہ منسوب ہے۔

؎ بلا سے گر دانیال کا سا نہیں ہے اپنے فالنامہ!
ہم اپنے نقطوں سے داغ دل ہی کی فال دولت دیکھیں گے

داوا (ف۔مذ) انّا کا خاوند۔ دودھ پلائی کا شوہر۔ کوکا۔

داوا (ف۔مذ) خدا تعالےٰ۔ منصف۔ بادشاہ یا حاکم۔

داور محشر (مذ) قیامت کے دن۔ انصاف کرنے والا۔ یعنی خدا تعالےٰ

داوری (ف۔مو) حکومت۔ انصاف۔

داؤ (اُ۔اسم مذکر) شطرنج یا جوئے وغیرہ کی چال۔ (یہ لفظ بواؤ مجہول ہے) ؛

داؤ (ہ۔اسم مذکر) کرشن جی مہاراج کے بڑے بھائی کا نام۔ تاؤ۔ بڑا بھائی ؛

داوا (ہ۔اسم مذکر) دایہ کا شوہر۔ تگا آنا کا خاوند۔ انگد ؛

داؤد (ع۔اسم مذکر) عبرانی لفظ داؤد بمعنی محبوب وعزیز یعنی محبوب الٰہی ایک مشہور ومعروف پیغمبر کا نام جو بادشاہ ونبی اللہ دونوں تھے۔ کتاب زبور آپ پر ہی اُتری۔ آپ کا معجزہ تھا کہ لوہا آپ کے ہاتھ میں موم ہو جاتا تھا۔ جس طرح چاہتے موڑ لیتے تھے۔ زرہ بنانا آپ ہی کی ایجاد ہے۔ آپ کی آواز نہایت سُریلی تھی۔ جب آپ لحن سے زبور پڑھتے تو سب پر وجد کی کیفیت طاری ہو جاتی تھی حضرت سلیمانؑ آپ ہی کے فرزند رشید تھے ؛

داؤدی (اُ۔اسم مذکر بیائے نسبتی) ایک زرد رنگ کے پھول کا نام ہے۔

داؤدی۔یا۔داؤدخانی (اُ۔اسم صفت۔بیائے نسبتی) منسوب بہ داؤدخاں۔ سفید گیہوں۔ گندم سفید ؛

داؤں۔یا۔دانوں (ہ۔اسم مذکر) وار۔ بازی نوبت۔ گھات۔ موقع۔ قابو۔ بس۔ بازی۔ چال۔ مکر۔ فریب۔ کشتی کا پیچ۔ پاسہ۔ قرعہ۔ ہنسیا۔ یعنی ایک قوسی شکل کا چھرا جو پہاڑی گورکھیوں یا عربوں کے پاس ہوتا ہے ؛

داؤں آنا } (ہ۔فعل) حسب مراد پاسہ پڑنا۔
داؤں پڑنا } وار آنا۔ باری آنا ؛

داؤ پر چڑھانا (ہ۔محاورہ) کشتی کرتے وقت حریف کو پیچ پر چڑھانا۔ داؤ پھیر لینا۔ قابو میں لانا۔ بس میں کر لینا ؛

داؤں پھینکنا : تدبیر کرنا۔ بازی کی کوڑیاں پھینکنا۔

داؤں پر رکھنا (ہ۔محاورہ) بازی پر لگانا۔ شرط پر رکھنا۔ کشتی کرتے وقت پیچ پر دھرنا ؛

داؤں پیچ (اُ۔اسم مذکر) داؤ گھات۔ مکر وفریب دم جھانسا۔ چال کشتی ؛

داؤں تاکنا۔یا۔لگانا (ہ۔محاورہ) تاک لگانا۔ گھات لگانا۔ موقعہ دیکھنا گھات میں بیٹھنا ؛

داؤں دینا یا کرنا (ہ۔محاورہ) فریب دینا۔ جل دینا۔ ٹھگنا۔ پیچ کرنا۔ چھل کرنا۔ گھات لگانا ؛

داؤں کھیلنا (ہ۔محاورہ) دھوکا دینا۔ فریب کرنا۔ چال بازی کرنا۔

داؤں لگانا : موقع دیکھنا۔ قابو پانا۔

داؤں لگنا : موقع ملنا۔ غالب آنے کا موقع ملنا۔

داؤں میں آنا (محاورہ) فریب سے قابو میں آجانا۔ بس میں آجانا ؛

داونا (ہ۔فعل) دائیں چلانا۔ گاہنا۔ کھلیان دلنا۔ کھلیان کے دانے نکالنا ؛

داؤنی (ہ۔اسم مؤنث) ایک زیور کا نام ہے۔ جو عورتیں ماتھے سے اُوپر پہنتی ہیں اور ماتھے کے عین بیچ میں ٹیکا ہوتا ہے۔ ٹیکا داؤنی مشہور ہے ؛

داہ (ہ۔مو) مُردے کو جلانا۔ رشک وحسد۔

داہ دینا ۔ مُردے کی لاش میں آگ دینا۔

داہنا (ہ) اسم مذکر۔ دایاں۔ راست۔ یمین ؛

داہنے ہاتھ کھایا حرام ہے (اُ۔کلمہ قسم ہے۔) (عورتیں) ایک سخت قسم ہے۔ یعنی اگر یہ کام نہ کرو تو جو کچھ تم دائیں ہاتھ سے کھاؤ وہ تم پر حرام ہے ؛

داہنے ہاتھ کو (ہ۔تابع فعل) دائیں طرف کو اندھے کی راہنمائی کے لئے بولتے ہیں ؛

دائی (اُ۔اسم مؤنث) دایہ۔ جنائی۔ قابلہ۔ بچہ جنانے کا کام کرنے والی عورت۔ انّا پلائی۔ دودھ پلانے والی۔ خادمہ۔ ملازمہ۔ آنکھ مچولی کے کھیل میں چور کی آنکھیں بند کرنے والا لڑکا۔ بحالت صفت دینے والا۔ کرنے والا۔ جیسے سکھ دائی ؛

دائی پلائی (اُ۔اسم مؤنث) انا۔ دودھ پلانے والی عورت۔ دایہ ؛

دائی جانے اپنی ہائی (اُ۔مثل) ہر شخص اپنا سا حال جانتا ہے۔ دائی کو جننے والی کی تکلیف کی کیا خبر ؛

دائی جنائی (اُ۔اسم مؤنث) قابلہ۔ دایہ۔ بچہ جنانے والی ؛

دائی چنبیلی کے گھر مرزا موگرا (اُ۔مثل) اُس شخص کی نسبت طنزاً بولا کرتے ہیں جو کمینے گھر پیدا ہو کر عالی خاندان ہونے کی شیخی بگھارے ؛

دائی دائی تیرے ساتوں بھائی (ہ۔فقرہ) آنکھ مچولی میں جو لڑکا چور بننے سے بچ جاتا ہے تو خوش ہو کر یہ فقرہ بولا کرتا ہے یعنی دائی کے ساتوں بھائی سلامت رہیں ؛

دائی دوا والے : ادنیٰ قوم کے ملازم۔

دائی سے پیٹ چھپانا (محاورہ) واقف راز سے کسی بات کا پردہ کر کے جھوٹا ہو جانا ؛

دائی سے پیٹ نہیں چھپتا } (اُ۔مثل) محرم راز سے کوئی راز پوشیدہ
دائی کے آگے پیٹ نہیں چھپتا } نہیں رہ سکتا۔ تجربہ کار ہر ایک پوشیدہ بات کو تاڑ لیتا ہے ؛

دائی کے سر پھول پان (اور مثل) نیکی بدی سب دائی کے سر ہر بہتان بیچارے غریب و بے زبان کے سر ؛

دائی گیری (اور اسم مؤنث بیائے مصدری) (دایہ گری کا بگاڑ ہے) جنائی کا کام کرنے والی ؛

دایاں (ہ - اسم مذکر) داہنا - داہنی طرف - یمین - راست ؛

دایاں بولنا - یا - دائیں بولنا (محاورہ) تیتر کا دائیں ہاتھ کی طرف بولنا جو چوری کو جاتے ہوئے چوروں کے فال نیک خیال کیا جاتا ہے ؛

دائجا (ہ - اسم مذکر) جہیز - دہیز - کیناداں - حصہ ہبہ ؛

دائر (ع - اسم مذکر فاعل) پھرنے والا - دورہ کرنے والا - قانون زیر تجویز - درپیش ؛

دائر کرنا (اور فعل) جلانا - درپیش کرنا - سلسلہ شروع کرنا ؛

دائرہ (ع - اسم مذکر) چکر - کنڈل - حلقہ - منڈلی - مجلس - وہ شکل مسطح جو مرکز دار محیط سے گھری ہو - خانقاہ - ڈیرہ - ڈفلی - جنگ - دفوں کی گولائی ؛

دایک (س - اسم مذکر) دینے والا - دائی جیسے سکھ دائک ؛

دائم الحبس (ع - اسم مذکر) جنم قید - عمر قید ؛

دائم الخمر (ع - اسم صفت) ہمیشہ شراب پینے والا - شرابی - نشہ باز - مخمور ؛

دائم المرض } (ع - اسم صفت) جنم کا روگی ہمیشہ بیمار
دائم المریض } رہنے والا ؛

دائما (ع) ہمیشہ -

دائمی (ع - اسم صفت بیائے نسبتی) مدامی - سدا کا ہمیشہ کا - دوامی - جنم کا ؛

دائن (ع - اسم مذکر فاعل از دَین) قرضخواہ - لین دار - قرض دینے والا ؛

دائیں (ہ - اسم مؤنث صوت) توپ یا بندوق کے متواتر چلنے کی آواز - دنادن ؛ دھنادھن ؛

دائیں (ہ - اسم مؤنث) کئی بیلوں کو غلہ گاہنے کے واسطے ایک ساتھ جوتنا - بیلوں کی جوڑ - ہمسر - ہم عمر - برابر - مساوی ؛

دائیں چلانا (ہ - فعل) اناج گاہنا - کھلیان پر بیلوں کو پھیرنا - پیری پر بالوں کو چلانا ؛

دائیں دار - یا - دائیں کا (ہ - اسم صفت) برابر کا - ہم رتبہ -

دائیں (ہ - اسم صفت) دہنی طرف - جانب راست بید ہے ہاتھ کی طرف -

دائیں بائیں (اور تابع فعل) ادھر اُدھر - چپ و راست - سیدھے کھسکے ؛

دائیں بائیں دے کر نکل جانا - دھوکا دیکر نکل بھاگنا ؛

دائیں بائیں دیکھنا (ہ - فعل) ادھر ادھر دیکھنا - ہوشیار ہونا - چوکنا ہونا - خبردار ہونا ؛

دائیں بائیں کرنا (ہ - فعل) ادھر اُدھر کر دینا - چھپا دینا - غائب کرنا ؛

دائیں بائیں کے ہیں : برابر کے ہیں -

دایہ (ف - اسم مؤنث) بچے کی پرورش کرنیوالی انا - پلائی - کھلائی - خادمہ - ماما ؛

دایہ گری (ف - اسم مؤنث) دایہ کا پیشہ - کار دایہ - جنائی کا فن -

د - ب

دُبّ (ع - مذ) ریچھ - خرس ؛

دُبّ اصغر : دُب اکبر (مذ) قطب شمالی کے قریب چند ستاروں سے نبات النعش انہیں کا نام ہے چھوٹی کو دُب اصغر بڑی کو دُب اکبر کہتے ہیں - ترکیب پاکر جو ریچھ کی سی دو صورتیں بن گئی ہیں -

دُبّا (ہ - اسم مذکر) داؤں - گھات - کمین - ڈبکی - غوطہ - ایکھ - موتیا - چنبیلی وغیرہ کی شاخوں کو دوسری جگہ لگانے کے لیے کسی جگہ دبا دینا - اس جگہ کو بیچ سمیت دبا بولتے ہیں - پنجابی داب ؛

دُبا مارنا (ہ - محاورہ) گھات لگانا - دبکی مارنا - چھپ رہنا - دشمن یا شکار کی گھات میں بیٹھنا ؛

دُب آنا (ہ) آگے بڑھ آنا - بڑھ آنا - کسی قدر داب ماننے لگنا ؛

دبا بیٹھنا - یا - لینا (ہ فعل) قبضہ کر لینا - غصب کر لینا - دبوچ لینا - زبردستی مال مار لینا ؛

دبا جانا : مغلوب ہو جانا ؎

اللہ اللہ اے گرانبارِ غم بعد فنا
کہ مری خاک سے آندھی بھی دبی جاتی ہے

دبا ڈالنا : کچل ڈالنا - کسی بات کو چھپا دینا -

دبا دبایا : دبا ہوا -

دبا دینا : روک دینا - فرو کر دینا ؛

دبا رہنا : مغلوب رہنا - کسی چیز کی آڑ میں چھپا رہنا ؛

دبا کر (ہ - تابع فعل) زور سے - زبردستی سے - بخوبی جبر - حکومت سے - جبر سے ؛

دَبّاغ (اسم مذکر) مبالغہ - کھٹیک - چمڑا رنگنے والا - چمڑا پکانے والا ؛

دَبّاغت (ع - مو) چمڑا کمانا ؛

دبانا (ہ - فعل) گاڑنا - دفن کرنا - زبردستی قبضہ کرنا - پرایا حق مارنا - عاجز کرنا - تنگ کرنا - بھگانا - شکست دینا - تعاقب کرنا - بیج بونا - بیج کو زمین کے اندر رکھنا - بھینچنا - دبوچنا - چپی کرنا - مٹھیاں بھرنا - زور ڈالنا - دباؤ ڈالنا - نقصان دینا - بھرنا - ٹھونسنا - چھپانا - مخفی کرنا -

وہ خریدار ہی دل کے نہ ہوئے کیا کیجئے
ہم بھی کچھ دیتے دیتے کچھ ان کو بھی دبا ہی دیتے

دباؤ (ہ - اسم مؤنث حاصل مصدر) بوجھ - زور - غلبہ - بھار - اُلار کے خلاف - خوف - دہشت - ٹور - اندیشہ - حکم - تحکم - زور - احتیاط - لحاظ خیال - زبردستی - ظلم - تعدی (دباؤ معروف) اسم صفت

بوجھل۔ بھاری ؛ ؎ معروف
یہ تو بتلا مجھے گر اس کا نہیں تجھ کو دباؤ
غیر کے سامنے کیوں اتنا دبا جاتا ہے
دب جانا ، مغلوب ہوجانا۔ کسی چیز کے نیچے آجانا ؛
دَباؤ ماننا (اُ۔ فعل) زور ڈالنا۔ بوجھ ڈالنا۔ عاجز کرنا ؛
دَباؤ ماننا (اُ۔ فعل) ڈر ماننا۔ حکم ماننا۔ لحاظ۔ ماننا ؛
دَبدَبہ (ع ۔ اسم مذکر) لغوی معنی ڈھول یا ٹاپ کی آواز۔ اصطلاحی
ٹیپ ٹاپ۔ شان وشوکت۔ رعب وداب۔ کروفر۔ شان و
شکوہ ؛
دبدبہ بٹھانا۔ (اُ۔ محاورہ) رعب جمانا۔ خوف زدہ کرنا
دُبدُھا (ہ ۔ اسم مؤنث) شک وشبہ۔ شش وپنج۔ ہچر مچر (دو۔ بڈھا
سے مرکب ہے۔ گھبراہٹ۔ پریشانی۔ وہم۔ وسوسہ
دُبدُھا میں دونو گئے مایا ملی نہ رام (ہ ۔ مثل) شک میں دونو طرف
سے رہ گئے نہ دنیا کے ہوئے نہ دین کے ؛
دُبُر (ہ ۔ اسم مؤنث) پشت۔ پیچھا۔ مجازاً۔ مقعد۔ سُفرہ ؛
دَبَرُو گھُسّرو (ہ ۔ اسم صفت) ڈرپوک۔ بودا۔ کم ہمت۔ ڈرا کل۔
بزدلا ؛
دَبستان : (ف ۔ ند) مکتب۔ مدرسہ ؛
دبکا (ہ ۔ ند) چوہوں کے مارنے کا آلہ جو مٹی سے چکی کے پاٹ کے مشابہ
بناتے ہیں ؛
دبکانا (ہ ۔ فعل) چھپانا۔ لگانا۔ کپڑے میں چھپانا۔ ڈرانا۔ دھمکانا ؛
دَبک جانا : چھپ جانا ؛
دبکائی (مو) تار کشوں کی اُجرت۔ دبکنے کا کام ؛
دَبکنا (ہ ۔ فعل) چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔ روپوش ہونا۔ دبکی مارنا۔ ڈرنا۔
خوف کھانا۔ خوف کرنا۔ منہ پھیر لینا۔ سونے چاندی کے تاروں
کو کوٹ کر چورا کرنا ؛
دبک بیٹھنا۔ یا۔ دبک جانا (ہ ۔ فعل) مخفی یا روپوش ہوجانا۔
دبکی لگا جانا۔ چھپ جانا۔ غائب ہونا ؛
دَبکی (ہ ۔ اسم مؤنث) کسی جانور کا زمین میں چھپ جانا۔ روپوشی۔ گھات
کمین۔ داؤں ؛
دَبکی لگانا (ہ ۔ فعل) چھپ جانا۔ گھات لگانا۔ گھات میں بیٹھنا ؛
دَبکیا (ہ ۔ اسم مذکر فاعل) سونے چاندی کے تار دبکنے والا۔ تار چپٹا کرنے
والا یا ولہ بنانے والا ؛
دبکیر (ف ۔ اسم مذکر فاعل (اصل میں دُبیر گرتھا) کپا بنانے والا۔ ڈھال
بنانے والا۔ سپر ساز۔ لکڑی کے برتن بنانے والا۔
دُبلا (ہ ۔ اسم صفت) ماڑا۔ پتلا۔ لاغر۔ کمزور۔ نحیف۔
ضعیف ؛
دُبلاپن یا۔ دُبلاپن (ہ ۔ اسم مذکر کیفیت) ماڑاپن۔ لاغری۔ کمزوری۔
دُبلا پتلا (ہ ۔ اسم صفت) ہلکے بدن کا۔ ہلکا پھلکا۔ چھریرا ؛
دُبلی (ہ ۔ اسم صفت مؤنث) ماڑی۔ پتلی۔ لاغر۔ کمزور۔ نحیف البدن

دَبنا (ہ ۔ اسم) بوجھ کے نیچے آنا۔ دفن ہونا۔ گڑنا۔ مغلوب ہونا۔
شکست کھانا۔ سکڑنا۔ سمٹنا۔ ہٹنا۔ بچنا۔ راستہ دینا۔
تنخواہ رکنا۔ چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔ لحاظ کرنا۔ خیال کرنا۔ عجز و
انکسار کرنا۔ بھچنا۔ پسنا۔ شرمانا۔ کنیانا۔ پیچھے آنا۔ اندر
آنا۔ رفع دفع ہونا۔ دور ہونا ؛
دَبنگ (اُ۔ اسم صفت) موٹا تازہ۔ فربہ۔ مسٹنڈا۔ ہٹا کٹا۔
زبردست۔ سخت دل۔ بیرحم ؛
دَبنگا (اُ۔ اسم صفت مذکر۔ بالت زائدہ) دبنگ۔ مسٹنڈا۔
فربہ۔ طاقتور زبردست ؛
دَبنگی (اُ۔ اسم صفت بیائے تانیث) مسٹنڈی ہٹی کٹی۔ زوراور
عورت ؛
دَبّو : ڈر سے دباؤ ماننے والا۔ دبنے والا۔
دَبّو دیکو کرنا (ہ۔ محاورہ) رفع دفع کرنا۔ کسی معاملہ کو دبا دینا۔ کسی بات کو
چھپا دینا ؛
دَبوچنا (ہ) پکڑ لینا۔ بھینچنا۔ دبانا ؛ قابو میں لانا۔ بس میں کرلینا ؛
دُبہ۔ (ف ۔ اسم مذکر) کپا ؛
دُبُور (ع ۔ مو) پچھوا ہوا۔ باد صبا۔ بادنسیم
دُبونسہ (اُ۔ ند) کوٹھڑی۔ جہاز کا زنانہ کمرہ ؛
دَبّی : دیکھو دبی دبّی ؛
دبھاسا (ہ ۔ اسم مذکر) ترجمان۔ مترجم۔ ایک زبان سے دوسری زبان
میں ترجمہ کرنیوالا ؛
دَبی بلی چوہوں سے کان کٹواتی ہے (ہ ۔ مثل) زبردست کو مجبور
ہوکر کمزور کا حکم ماننا پڑتا ہے۔ زور آور مغلوب ہوکر کمزور کا تابع
ہوجاتا ہے۔
دبے پاؤں (ہ ۔ تابع فعل) آہستہ آہستہ۔ آہٹ کے بغیر۔ چپکے چپکے
سے چوری سے ؛
دبے پر چیونٹی بھی کاٹ کھاتی ہے (ہ ۔ مثل) تنگ آکر کمزور بھی
حملہ کر بیٹھتا ہے ؛
دَبیر (ف ۔ اسم مذکر) منشی۔ کاتب۔ مضمون نگار۔ انشا پرداز۔ مرزا
سلامت علی کا تخلص جو اردو کے شاعر اور مرثیہ گو تھے ؛
دَبیز (ف ۔ اسم صفت) موٹا۔ گاڑھا۔ گندہ۔ دل دار۔ سنگین۔
دبی زبان سے کہنا (اُ۔ محاورہ) آہستہ سے کچھ کہنا۔ بے توجہی سے بات
کرنا۔ شرماشرمی کچھ اقرار کرنا۔ آہستگی سے کچھ یونہی اقرار کرنا ؛
دبے مُردے اکھاڑنا۔ پرانے قصے دہرانا ؛
دَبیل (ہ ۔ اسم صفت) زبردست۔ مغلوب۔ ماتحت۔ دبنے والا ؛
زیرفرمان۔ زیرحکم۔ کمزور۔ بودا۔ کنوڈا۔ عیب دار۔ عیبی عیبوں کے
باعث دبنے والا۔ اپنے عیبوں کی شرم سے کنیانے والا ؛

د ۔ پ

دپٹ (اُ۔ مو) دپٹنا کا امر مودٹ۔ کھڑکی۔ جھپٹ۔ حملہ
دپٹانا : تیز چلنا۔

دپٹنا: گھرکی دینا۔ تیز چلنا ؛

د - ت

دت: (ہ) دیا ہوا۔ عطا کیا ہوا۔ ہبہ کیا ہوا۔

دُت (ہ) کلمہ تحقیر۔ کتے کو ہنکانے کی آواز۔ بہت دُور۔ دُور ہو۔ الگ ہٹ۔ دُور۔ پرے ؛

دُت تیری کی (ہ) کلمہ حقارت۔ ہٹ تیری کی ؛

دُتکا: (مو) دھتکار۔ جھڑکی۔ پتانا کے ساتھ۔ ملامت۔ لعنت ؛

دُتکار (اُر۔اسم صفت مؤنث) لعنت۔ ملامت۔ جھڑکی۔ دھتکار ؛

دُتکارنا (ہ فعل) دھتکارنا۔ جھڑکنا۔ گھرکنا۔ لعنت ملامت کرنا۔ کتے یا نالائق آدمی کو نکالنا ؛ ؎ انشا

کوئی بھونکے ناحق جو کتے کی طرح
تو دُتکار دیجے اُسے کہہ کے دُت

دُتّو: (ہ۔مو) وہ دوہرا روئی دار کپڑا جو بچوں کے سینے کی حفاظت کے لیے بطور صدری بنایا جاتا ہے۔

دَتون: (ہ۔مو) دانت صاف کرنے والا برش۔ مسواک ؛

د - ج

دَجّال (ع۔اسم مذکر) جھوٹا۔ کاذب۔ مکار۔ فریبی۔ کذاب مسلمانوں کے عقائد کے مطابق ایک بہت بڑے یہودی کا لقب جو آخر زمانے میں پیدا ہوگا۔ اور لوگوں کو گمراہی میں ڈالے گا۔ سونا۔ طلا۔ زر۔ جوہر دار تلوار۔ تیز آنکھ۔ چشم کو بھی کہتے ہیں ؛

دَجَل: (ع۔مذ) جھوٹ مکر و فریب

دجلہ: (ع۔مذ) عراق کا مشہور دریا ؛

د - چ

دُچت دُچتا: (ہ۔مذ) دودلا۔ متذبذب

دُچھنا: (ہ۔اسم مؤنث صفت) دکشنا۔ ہدیہ۔ تحفہ۔ سوغات۔ نذرانہ۔ بھینٹ۔ تشکرانہ۔ محنتانہ۔ انعام۔ مزا۔ اُجرت ؛

د - خ

دُخان (ع۔اسم مذکر) دھواں۔ دُور۔ بخار۔ بھاپ۔ سٹیم ؛

دُخان (ع۔اسم صفت بیانیہ تشبیہی) وہ چیزیں جو دھوئیں یا بھاپ کے زور سے چلتی ہیں۔ دودی ؛

دُخت (ف۔اسم مؤنث) دختر کا مخفف لڑکی۔ بیٹی۔ دھی۔ یہ لفظ تنہا مستعمل نہیں ؛

دُخت رز: شراب ؛

دُختر (ف۔اسم مؤنث) لڑکی۔ دھی۔ بیٹی ؛

دُختر رَبیبہ (ع۔اسم مؤنث) سوتیلی لڑکی۔ گیٹرا لڑکی ؛

دُختر رز (ف۔اسم مؤنث) انگوری شراب۔ شراب ؛

دَخل (ع۔اسم مذکر) پیداوار۔ آمدنی۔ اندر آنا۔ داخلہ۔ درآمد ہونا۔ رسائی قبضہ۔ پہنچ ممکن۔ امکان۔ جیسے کیا دخل جو یہ کام ہو جائے۔ دست اندازی۔ مزاحمت۔ مہارت۔ واقفیت۔ شد بود۔ قوت۔ اختیار

دَخل بیجا (عف۔اسم مذکر) (قانون) کسی کے مکان میں بلا اجازت چلا جانا۔ ناجائز مداخلت۔ کسی کی ملکیت پر قبضہ کر لینا ؛

دَخل پانا (اُر۔فعل) راہ پانا۔ پہنچ ہونا۔ رسائی ہونا۔ باریاب ہونا۔ زمین پر قبضہ پانا ؛ قابض ہونا۔ گذر ہونا۔ آمد و رفت ہونا ؛

دَخل در معقولات (عف۔اسم مذکر) کسی بات میں خواہ مخواہ دخل دینا۔ لوگوں کی بات میں بولنا۔ بیچ میں بولنا ؛

دَخل دہانی (اُر۔اسم مؤنث بیائے مصدری) قبضہ دلانا۔ قابض کرانا ؛

دَخل دینا (اُر۔فعل) بیچ میں بولنا۔ روک دینا۔ بیچ میں پڑنا۔ سد راہ ہونا ؛

دَخل کرنا (اُر۔فعل) قبضہ کرنا۔ قابض ہونا۔ قابو میں کرنا۔ تصرف کر لینا ؛ دبا لینا ؛

دَخل نامہ: (مذ) قابض ہونے کا سرکاری حکم۔ قبضے کی سند یا پروانہ دخل، یابی ؛ پہنچ۔ رسائی۔ قبضہ۔ تصرف ؛

دَخمہ (ف۔مذ) مردوں کو دفن کرکے کا تہہ خانہ۔ صندوق جس میں مردے کو سونپتے ہیں۔ مجازاً مقبرہ۔ وہ گوشت جو اونٹ کے منہ سے مستی کے وقت نکلتا ہے ؛

دُخول: (ع۔اسم مذکر) دخل گزر۔ رسائی۔ گھسیڑنا۔ داخل ہونا۔ گھسنا خروج کی ضد۔ فرج یا جائے مخصوصہ میں گھسیڑنا۔

دُخول کرنا (اُر۔فعل) داخل کرنا۔ اندر کرنا ؛ گھسیڑنا۔ پرونا۔ چبھونا ؛

دُخول ہونا (اُر۔فعل) داخل ہونا۔ اندر جانا۔ گھسیڑنا۔ گھسنا ؛

دَخیل (ع۔اسم صفت) باریاب۔ کسی کے کاروبار میں داخل دینے والا۔ قابض۔ متصرف۔

دَخیل کار: (عف۔اسم صفت) سربراہ کار۔ کاروبار میں دخل دینے والا۔ قابض۔ مصاحب۔ شریک راسے۔ نیز وہ کاشتکار جس کو حق قبضہ داری حاصل ہو ؛

دَخیل ہونا (اُر۔فعل) سربراہ ہونا۔ کسی کے کاروبار۔ مزاج پر قابو رکھنا۔ مصاحب ہونا۔ شورے اور رائے وغیرہ میں شریک ہونا ؛

د - د

دَد (ف۔اسم مذکر) درندہ۔ پھاڑنے والا جانور۔ گوشت خور جانور۔ جیسے شیر و گرگ وغیرہ ؛

دد و دام: درندے اور دوسرے جانور ؛

دَدا (اُر۔اسم مؤنث) بچوں کو کھلانے والی نوکر عورت۔ کھلائی۔ بچوں کو پالنے اور کھلانے والی باندی ؛

دوری: (ہ۔مو) کچا ناج خاص کر جو۔

دُودوڑا - (ہ - اسم مذکر) چوڑے چوڑے والے جو مچھر کے کاٹنے یا خون کے جوش سے جلد پر دانہ آیا کرتے ہیں - دادی تصغیر ہے ؛

دُودھ (ہ - اسم مذکر) دودھ - شیر - دہی -

دُودھار (ہ - مو) دُودھ دینے والی گائے یا بھینس وغیرہ ؛

دُودھڑ (ہ - مو) دوطرفہ کارروائی - تذبذب -

دُودھاری گائے کی دولائیں بھلی } محسن اور مفید چیز کی دو ایک بُری باتیں بھی سہ لی جاتی ہیں - (ملک میں دودھیلی)

دُودھی (ہ اسم مونث ایک قسم کی بوٹی جس کے توڑنے سے دودھ نکلتا ہے یہ ہندوستان میں اس کے دُودھ سے عورتیں خال بناتی ہیں - ایک قسم کا پرت دار پتھر - چوچی - پستان - چھاتی ؛

دُودھیال (ہ - ندوسو) دادا کا گھر - دادا کا کنبہ ؛

دُودھیل } (ہ - اسم صفت) بہت دُودھ دینے والی ؛
دُودھیلن }

دُودھیل گائے کی دولائیں بھی بھلی ؛ (اُردو مثل) بہت سے فائدے کی موجودگی میں تھوڑی سی تکلیف کی کچھ پروا نہیں ہوا کرتی ؛

دُودیا خسر (اُردو اسم مذکر) دادسرا - بیوی یا خاوند کا دادا ؛

دُودیا ساس : بیوی کی دادی - شوہر کی دادی -

دُودیا سُسرا : بیوی یا شوہر کا دادا ؛

د - ر

دُر - (اُردو کلمہ نفرت وحقارت - دُور کا مخفف دُور ہونا - دفع ہو - چلا جا - پرے ہٹ - نکل چلدے ؛

دُر دُر پھٹ پھٹ کرنا (ہ - اسم مونث) نفرت ظاہر کرنے کے لیے بولا کرتے ہیں - لعنت ملامت کرنا - دُھتکار - دُھتا بتانا - چھی چھی کرنا ؛

دُر دُرانا - نکال دینا -

دُر دُر کرنا : نفرت کرنا - نکال دینا ؛

دُر دُر ہونا (اُردو محاورہ) دُھتکار پڑنا - نکالا جانا - نفرت ہونا ؛

دُر موئے (ع) ہٹ کمبخت مونث کے لیے در موتی ؛

دُر ہونا : دفع ہو - چل ہٹ ؛

دُر - (ع - اسم مذکر) موتی - مروارید - گوہر - جوہر - کان میں پہننے کا ایک خوبصورت زیور ؛

دُرافشاں : خوش بیاں - موتی بکھیرنے والا ؛

دُرافشانی : (ف - اسم مونث بیائے مصدری) خوش بیانی - شیریں کلامی فصاحت - موتی بکھیرنے - گوہر افشانی ؛

دُرِ بچہ (اُردو اسم مذکر) ایک موتی والا کان میں پہننے کا گوشوارہ - مُرکی ؛

دُرِ خوش آب (ف - اسم مذکر) نہایت عمدہ چمکدار موتی - نہایت آبدار موتی - عمدہ اشعار ؛

دُرشاہ وار - یا - شہوار (ف - اسم مذکر) بادشاہوں کے لائق موتی بہت بڑا موتی - اس میں دار کلمہ - قابلیت ہے ؛

دُرِ ناسُفتہ : (ف - اسم مذکر) ان بندھا موتی بن سوراخ کا موتی - بحالت صفت) دوشیزہ لڑکی - کنواری -

دُرِ نایاب : بے مثل موتی - فرزند -

دُرِ نجیف (ف - اسم مذکر) بلور کی طرح سفید وشفاف چمکدار پتھر کا نام ہے جس میں کچھ سیاہ بال معلوم ہوتے ہیں - یہ بال حضرت علیؓ سے منسوب اور قابل تعظیم سمجھے جاتے ہیں - نجیب الطرفین - شریف نجیب - اصلی سید - سندی سید ؛

دُرِ یتیم - (ع - اسم صفت) دُرِ یکتا - وہ بڑا موتی سیپی کے اندر سے اکیلا ہی نکلے نہایت قیمتی موتی ؛

دُرِ یک دانہ : دُرِ یتیم - دُرِ یکتا ؛

دُرِ یکتا - (ف - اسم صفت) دیکھو دُرِ یتیم ؛

دُر - (س - اسم صفت) بُرا - خراب - نجس ؛ منحوس - بد - مشکل - بُرا خراب بخت - دشوار ؛

دُر بچن (ہ - اسم مذکر) بُری بات - کھوٹی بات - بد لگام - مُنہ پھٹ - دریدہ دہن ؛

دُربل (ہ - اسم مذکر) کمزور - ناتوان - غریب ؛

دُرجن (ہ - اسم مذکر) شریر - دشمن - بدخواہ - بُرا آدمی - بد آدمی ؛

دُرگت (ہ - اسم مونث) بدحالی - بُرا احوال - پتلا حال بُرا انجام ؛

دُرگت کرنا یا بنانا (ہ - محاورہ) بُرا حال کرنا - بُری گت کرنا - بُری بات کرنا ؛

دُرگند (ہ - اسم صفت) بدبُو - بُو سے بد - تعفن عفونت ؛

دُرلب - (س - اسم صفت) دُرلبھ کا مخفف ہے - ناممکن - الحصول - ناممکن -

دُرمتی (ہ - اسم صفت) کوڑھ مغز - نادان - بُری سمجھ کا - احمق بیوقوف ؛

دَر - (ف - اسم مذکر) دروازہ - دوارہ - چوکھٹ (حرف جر) میں - درمیان - اندر - بیچ ؛ بھیتر - تحسین کلام کے لیے زائد بھی آجاتا ہے -

دَربان : سنتری - چوکیدار ؛

دَر بدر یا - دَر بہ دَر (ف - تابع فعل) دَر دَر - ہر ایک کے گھر اور دروازے پر جانے اور پھرنے والا آوارہ سرگشتہ ؛

دَر بست : تمام - بالکل ؛

دَر دَر : گھر گھر - ہر دروازے اور ہر گھر دَر بدر پر ؛

دَر بدر خاک بسر : (اُردو اسم صفت) سرگشتہ - آوارہ سرگرداں ؛

دَر دَر مارا پھرنا } (اُردو محاورہ) تباہ و برباد پھرنا - سرگشتہ و حیران
در بدر مارا پھرنا } پھرنا - خراب و خستہ پھرنا - بے حال تباہ پھرنا ؛

دَر دَر مانگنا : ہر دروازے پر سوال کرنا۔ ہر گھر پر بھیک مانگنا۔

دُرا (ف - ند) گھنٹی۔ جرس۔ اُردو میں مرکبات کے استعمال بمعنی استعمال ہوتا ہے :-

دراڑ - یا - دڑاڑ (ہ - اسم مؤنث) شگاف - تریڑ - رخنہ درز ؛

دراز - (ف - اسم صفت) لمبا - طویل (ا - مو) الماری یا میز کا لمبا خانہ جو باہر کھینچ آجائے ؛

درازدست : (ف) ظالم

درازدستی (ف - اسم مونث بیائے مصدری) زبردستی - جبر - ظلم - مارنے کی عادت ؛

درازقد (فع - اسم صفت) لمبے قد کا - قدآور - بانس بلینڈا - ڈانگ ڈول۔

درازگوش - (ف - اسم صفت) لمبے لمبے یا بڑے بڑے کانوں والا - بڑکنا - (اسم مذکر) خرگوش - سسّا ؛

دراز ہونا (اُر - محاورہ) لمبا ہونا - لیٹنا - پاؤں پھیلانا - استراحت کرنا ؛

درازی (ف - اسم مؤنث - بیائے مصدری) طوالت - لمبائی ؛

دَر : (حرف ربط) میں - اندر - جنس - نوع - قسم - مکرر الفاظ کے درمیان اکثر کے معنی دیتا ہے - جیسے صحرا در صحرا ؛

دَرآمد : (مو) اندر آنا - وہ مال جو کسی اور ملک سے آئے ؛

دَر آمد ہونا (اُر - فعل) آجانا - آپہنچنا - داخل ہونا - اندر آنا ؛

دَر آمد برآمد (ف - اسم مونث) آمد و رفت آجانا - موسم بدلنے کے دن - درآمد برآمد کے دن - ملک کے اندر اور باہر جانے والی چیزیں۔

دَر آنا (اُر - فعل) پہنچنا - داخل ہونا - کسی چیز کا دوسری چیز کے اندر سمانا اٹنا ؛ ؎ لطافت

سینکڑوں تیر نظر جب تیرے در آئیں گے
رحم فوراً دل مشتاق کے بھر آئیں گے

دَراں (ف) پھاڑنے والا ؛

دَرّانا (ہ - اسم صفت) بے خوف و خطر - بیدھڑک - منہ اُٹھائے - سدھا - بن پوچھے - بلا اجازت ؛

دُرانا - (ہ - فعل) پوشیدہ رکھنا - چھپانا ؛

دَرانتی (ہ - اسم صفت) ہنسیا - گھاس یا کھیت کاٹنے کا قوس نما آلہ ؛


درانتی

دَرانتی پڑنا - (ہ - محاورہ) کھیتوں کی کٹائی شروع ہونا ؛ فصل کٹنے لگنا ؛

دَر انداز (ف - اسم مذکر - فاعل ترکیبی) دو شخصوں میں لڑائی کرا دینے والا - لاوالسترا - غماز - چغلخور - بدگو - غیبت کرنے والا ؛

دَر اندازی - (ف - اسم مونث بیائے مصدری) چغلخوری - غمازی - بدگوئی - لسترابن ؛

دُرّانی (ف - اسم مذکر) پٹھانوں کے ایک قبیلہ کا نام - احمد شاہ دُرّانی کی قوم - یہ کان میں موتی رکھتے ہیں ؛

دَرا ہم : (ع - مذ) درہم کی جگہ ؛

درایت : (ع - مو) عقل - دانش - تصدیق جیسے (اس خبر کی درایت بھی کرلی ہے) ایک علم کا نام جس میں روایت کی پرکھ کے اصول سے بحث کی جاتی ہے ؛

دُراؤ - (اُر - اسم مذکر) نفاق - بیگانگی - جدائی - دوئی ؛

دَرب - (اُر - اسم مذکر) نفاق - روگڑ - نقدی ؛

دَربار (ف - اسم مذکر) بایت - دربارہ - نسبت - کارن باعث - مقدمہ - معاملہ۔

دَربار - (ف - اسم مذکر ظرف) بارگاہ - آستانہ - درگاہ - بادشاہوں اور اُمراء کی مجلس یا محفل جشن شاہی عدالت - اجلاس شاہی حضوری - حاضری - حاضر باشی خدمت امرتسر میں سکھوں کا ایک مشہور تیرتھ ؛ ؎ آتش

عشق کا قصہ کہیں گے ہم حضور شاہ حسن
وقت شب دربار اگر اپنا مقرر ہو گیا

دَربار خاص - (فع - اسم مذکر) خلوتی مجلس - اجلاس خاص - وہ دربار میں عام لوگوں کو آنے کی اجازت نہ ہو ؛

دَربار دلالی (مو) حاضر باشی - کسی کے ہاں خوشامد کے لیے جانا۔

دَربار داری - (اُر - اسم مونث بیائے مصدری) حاضر باشی - بادشاہ یا امرا کے ہاں روانہ آنا ؛

دَربار عام (فع - اسم مذکر ظرف) وہ دربار یا اجلاس جس میں عام لوگ جا سکیں - عدالت عامہ ؛

دَربار کرنا : (اُر - محاورہ) بادشاہوں یا اُمرا و شرفا سے سلام لینا - کچہری کرنا - عدالت کرنا ؛

دَربار لگنا (اُر - محاورہ) ملازموں وغیرہ کا حاضر دربار ہونا - ہجوم ہونا - بھیڑ لگنا ؛

دَربارہ (ف - تابع فعل) (دیکھو درباب) ؛

دَرباری (ف - اسم مذکر بیائے فاعلیت) سلام کرنے والے - مصاحب - ندیم - ہمنشیں دربار سے نسبت رکھنے والے - وہ لوگ جن کو دربار میں جگہ ملے ؛

دَرباری پوشاک (ف - اسم مونث) لباس دربار - شاہی مجلس میں جانے کا لباس ؛

دَربان (ف - اسم مذکر - فاعل ترکیبی) محافظ در - ڈیوڑھی بان - پہرے دار - چوکیدار ؛

دَرویست - یا - درنسبت (ف - اسم صفت) محفوظ - حفاظت میں - غیر کے دخل کے بغیر ؛

دَربہشت (اُر - اسم مونث) ایک قسم کی مٹھائی - شیرینی ؛

دَرپردہ (ف - اسم صفت) غائبانہ - پیٹھ پیچھے - خفیہ - پوشیدہ - مخفی - مبہم ؛

درپن (س - اسم مذکر) شیشہ - آئینہ - آرسی (درپنی)

درپے (ف - تابع فعل) پیچھے - پیروی - تلاش میں - لاگو - خواہاں ؛

دَرپے آزار ہونا (ہ) فعل۔ ستانے کے لیے داؤ میں رہنا۔ تکلیف یا ضرر پہنچانے کی فکر میں رہنا۔

دَرپے جان ہونا (محاورہ) پیچھا کرنا۔ تعاقب کرنا۔ لاگو ہونا۔ سر ہونا۔ سُراغ لگانے کی سرتوڑ کوشش کرنا۔

دَرپیش (ف) تابع فعل) سامنے۔ آگے۔ روبرو۔ پیشی میں۔

دَرپیش کرنا (اُر۔ محاورہ) سامنے کرنا۔ آگے رکھنا۔ پیش کرنا۔

دَرپیش ہونا (اُر۔ محاورہ) پیشی میں ہونا۔ سامنے ہونا۔ آگے ہونا۔

دَرج (ع۔ ند) لکھنا۔ رجسٹر میں چڑھانا فہرست میں داخل کرنا۔

دَرج کرنا (اُر۔ فعل) لکھنا۔ داخل کرنا۔ کسی رجسٹر میں نام چڑھانا۔ فہرست میں داخل کرنا۔

دُرج (ف۔ ند) ڈبہ۔ صندوقچہ۔ زیور یا جواہرات کا ڈبہ۔

دَرجن (انگ۔ اسم مذکر) بارہ چیزوں کا مجموعہ ایک ہی جنس اور وضع کی بارہ چیزیں۔

دَرَجہ (ع۔ اسم مذکر) لغت میں سیڑھی کا سب سے اُوپر کا ڈنڈا۔ اُوپر کی سیڑھی۔ مجازاً پایہ۔ رُتبہ۔ منزلت۔ پایٹگاہ۔ عہدہ۔ منزل۔ حصّہ کھن۔ کمرہ کوٹھڑی۔ دائرے کا ۳۶۰ حصّہ منٹ۔ دقیقہ۔ جماعت۔ کلاس۔ گت۔ حالت۔ بار۔ دفعہ۔ نوبت۔ عزت توقیر و قدر جیسے آپ کو خدا تعالےٰ نے بڑا درجہ دیا ہے۔

دَرجہ بدَرجہ (ع۔ تابع فعل) سیڑھی بہ سیڑھی۔ رفتہ رفتہ۔ تدریجاً۔ بتدریج۔ ترتیب وار۔ سلسلہ وار۔ رُتبہ کے موافق۔

دَرجہ توڑنا (اُر۔ فعل) عہدہ گھٹانا۔ رُتبہ کم کرنا۔ تنزل کرنا۔

دَرجہ وار (عف۔ تابع فعل) جماعت وار۔ رُتبہ کے موافق۔ سلسلہ وار۔

دَرحقیقت (ع۔ تابع فعل) جماعت۔ اصل میں حقیقت میں بے شک۔ بے شبہ۔

دَرخت (ف۔ اسم مذکر) پرچھ۔ رُوکھ۔ پیڑ۔ شجر۔ بروا۔ تَرور۔ بوٹا۔ پیڑ۔ نہال۔

دَرخشاں (ف۔ اسم صفت۔ صیغہ اسم حالیہ) چمکدار۔ چمکیلا۔ روشن تاباں۔

دَرخواست (ف۔ اسم مؤنث حاصل مصدر) اِلتجا۔ استدعا۔ عرضی۔ عرضداشت۔ خواہش۔ ارداس۔ سوال۔ گذارش۔ آرزو۔ تمنا۔ التماس۔

دَرخواست دینا (اُر۔ فعل) عرضی دینا۔ سوال دینا۔ کسی چیز کی تمنا ظاہر کرنا۔

دَرخور (ف) سزاوار۔ لائق۔ دخل رسائی۔ جیسے آپ کو ان کے مزاج میں بہت بڑا درخور ہے۔

دُرد (ف۔ اسم مؤنث) تلچھٹ۔ گاد۔

دَرد (ف۔ اسم مذکر) تکلیف۔ پیڑ۔ دُکھ۔ ترس۔ رحم۔ دریغ افسوس۔ ٹیس۔ سوز و گداز۔

دَرد اُٹھنا (اُر۔ فعل) پیڑ ہونا۔ چیخ مارنا۔ ہوک اُٹھنا۔

دَرد آمیز (ف۔ اسم صفت۔ ترکیب فاعلی) دردناک۔ سوز و گداز سے پُر۔ پُراثر۔ رُلانے والا۔

دَرد آنا (اُر۔ فعل) ترس آنا۔ رحم آنا۔ دریغ آنا۔ افسوس ہونا۔

دَرد انگیز (ف۔ اسم صفت۔ ترکیب فاعلی) دَرد پیدا کرنے والا۔ دل پر اثر پیدا کرنے والا۔ جانگداز۔ رُلانے والا۔

دَرد بٹانا شریک غم ہونا۔

دَردِ دل (ف۔ اسم مذکر) دُکھڑا۔ رنج و غم۔ دلی صدمہ۔ دُکھ تکلیف۔

دَردِزہ (ف۔ اسم مذکر) جننے کا درد۔ بچہ پیدا ہوتے وقت کی تکلیف۔

دَردسر / **دَردسری** (ف۔ اسم مذکر) سر کا دَرد۔ تکلیف۔ عذاب۔ دقت۔ مشکل۔ محنت بلاوجہ کی زحمت اور مصیبت۔

دَردسر لینا یا دَردسری لینا۔ یا سر دَردی لینا۔ یا دَردسر مول لینا (اُر۔ محاورہ) باپ خریدنا۔ تکلیف مول لینا۔ عذاب سر لینا۔ اپنی جان کو خود مصیبت میں ڈالنا۔

دَرد شریک (اُر۔ اسم صفت) غمخوار۔ ہمدرد۔ دُکھ کا ساتھی۔ شریک رنج و غم۔

دَرد کرنا (اُر۔ محاورہ) پاس کرنا۔ افسوس کرنا۔ تکلیف دینا۔ دُکھ دینا۔ افسوس کرنا۔ چسکنا۔

دَرد کھانا / **دَرد لگنا** (اُر۔ محاورہ) ترس کرنا۔ رحم کھانا۔ افسوس کرنا۔ غم کھانا۔ دردزہ ہونا۔

دَردمند (ف۔ اسم صفت فاعلی) دُکھیا۔ دُکھیارا۔ دُکھی۔ مصیبت زدہ۔ آفت زدہ۔ ہمدرد۔ غمخوار۔ شریک غم۔ رحمدل۔ دیالو۔

دَردمندی (ف۔ اسم مؤنث۔ بیاسے مصدری) ترس۔ خوف خدا۔ رحمدلی۔ غمخواری۔

دَردا (ف) آہ۔ ہائے۔ افسوس۔

دَردرا (ہ۔ اسم مذکر) دانہ دار۔ دلا ہوا۔ جو کوب۔ نیم کوفتہ موٹا پسا یا کٹا ہوا۔

دَرز (اُر۔ اسم مؤنث) باریک جھری۔ شگاف۔

دَرزن (اُر۔ اسم مؤنث) درزی کی بیوی کپڑا سینے والی عورت مغلانی۔

دَرزی (اُر۔ اسم مذکر) کپڑا سینے والا۔ خیاط۔

دَرزی کی سوئی کبھی ناٹ میں بھی کھو اب میں (اُر۔ مثل) آدمی کو اپنے کام سے شرم نہیں کرنی چاہیے۔ زندگی میں کبھی کرنا ہی پڑتا ہے۔ انسان کی حالت یکساں نہیں رہتی۔

دَرس (ع۔ اسم مذکر) سبق۔ لیسن۔ پاٹ۔ وعظ۔ پند۔ مذہبی نصائح۔

دَرس دینا (اُر۔ فعل) سبق پڑھانا۔ پڑھانا۔ وعظ کرنا۔

دَرس کہنا (اُر۔ فعل) نصیحت کرنا۔ وعظ سنانا۔ کتھا کہنا۔ کتھا بانچنا۔

دَرس تدریس (عذ) پڑھنا۔ پڑھانا۔

دَرَس ، ہ۔ اسم مذکر، درشن۔ نظارہ۔ دیدار۔ زیارت۔

دُرُست ۔ (ف۔ اسم صفت) ٹھیک بجا۔ واقعی۔ صحیح۔ موزون۔ چست۔ تندرست۔ بھلا چنگا۔

دُرُست کرنا : ٹھیک کردینا۔ گوشمالی کرنا۔

دُرُست فرمانا : صحیح کہنا۔

دُرُست کرنا (اُر۔ محاورہ) ٹھیک کرنا۔ بل نکالنا۔ سزا دینا سنوارنا۔ تادیب کرنا۔

دُرُستی (ف۔ اسم مونث بیائے مصدری) اصلاح۔ مرمت۔ ترمیم۔ سزا۔ گوشمالی۔ صحت۔

دُرُشت (ف۔ اسم صفت) بے رحم۔ سخت بدخلق۔ کج خلق۔ کرخت۔ تند۔ تیز۔ کھردرا۔

دُرُشتی (ف۔ اسم مونث بیائے مصدری) بے رحمی۔ سختی۔ بدخلقی سختی۔ کج خلقی۔ ناہمواری۔

دَرشَٹ (س۔ اسم مونث) نگاہ۔ نظر۔

درشٹانت (س۔ اسم مذکر) نظیر۔ مثال۔ نمونہ تمثیل۔ مثال۔

دُرفش کاویانی ۔ (ف۔ اسم مذکر) کاوہ لوہار کا جھنڈا۔ کاوہ لوہار نے اپنے بیٹے کے قتل کا بدلا ضحاک تازی سے لینے کے لیے اپنی دھونکنی کو جھنڈے کی طرح اونچا کرکے لوگوں کو اس کے خلاف جمع کیا۔ چڑھائی کی فتح پائی۔ پھر فریدون کو بادشاہ بنایا۔ وہ جھنڈا نہایت متبرک سمجھا گیا۔

دَرشَن ، (س۔ اسم مذکر) نظارہ۔ دیدار۔ دید۔ زیارت۔ ملاقات ہندوؤں کی چھ مشہور کتابوں میں سے ہر ایک کو درشن بولتے ہیں۔ چھ درشن یہ ہیں۔ یوگ شاستر نیائے شاستر۔ سانکھ شاستر۔ ویشیشک شاستر۔ پوروامیمانسا۔ اوتر میمانسا۔

دَرشَن دینا (ہ۔ فعل) دیدار دکھانا۔ ملاقات کرنا۔ دیدار پانا۔

دَرشَنی ہنڈی (ہ۔ اسم مونث) وہ ہنڈی جس کا روپیہ فوراً دیکھتے ہی مل جائے۔ (بازاری لوگ) نہایت خوبصورت دلربا عورت۔

دَرصورت (ع۔ تابع فعل) دراں حالت۔ اس صورت میں۔ درحالت

درعمل کوش ہر چہ خواہی پوش } اعمال چاہیئے پوشاک چاہے کیسی ہو۔

دِرع

دِرع (ع۔ مذ) زرہ بکتر۔

دِرع پوش : زرہ بکتر پہننے والا۔

دِرعہ (ع) گز۔ دو ہاتھ یا تین فٹ کا پیمانہ۔ کپڑا ناپنے کا آلہ۔ (عربی لفظ ذراع کا بگاڑ)

دَرک (ع۔ اسم مذکر) معلومات۔ واقفیت۔ عقل۔ سمجھ۔ دریافت۔ تمیز۔ داخل۔ مداخلت۔

درکانا (اُر۔ بال) ڈالنا۔

دَرک دینا (اُر۔ فعل) کسی بات کے بیچ میں بولنا پڑنا۔ دخل دینا۔ مزاحمت کرنا۔

دَرکار ۔ (ف۔ اسم صفت۔ ترکیب فاعلی) ضرور، حاجت۔ خواہش مطلوب۔

دَرکار خیر حاجت ہیچ استخارہ نیست ۔ (ف۔ مثل) نیک کام میں سوچنے کی ضرورت نہیں۔ نیک کام کو بہت جلدی شروع کر دینا چاہیئے۔

دَرکنار ۔ (ف۔ تابع فعل، مفید صفت) الگ۔ علیحدہ۔ جدا۔ سوا۔ ایک طرف۔

دُرگا (ہ۔ اسم مونث) کالکا بھوانی۔ کالی مائی۔ ہندوؤں کی دیوی بھوانی۔

دُرگت (اُر۔ مو) پتلا حال۔ بری قطع جو گستاخی یا دست درازی سے بنا دی جائے۔ بڑی گت (بنانا کرنا)

دَرگاہ (ف۔ اسم مونث) دربار۔ آستانہ۔ کچہری۔ عدالت۔ بادشاہی دربار۔ شاہی محل۔ خانقاہ۔ کسی بزرگ کا مزار۔ مقبرہ مٹھ۔ مندر۔ عبادتگاہ۔

دَرگزر (مو) چشم پوشی۔ معافی۔ معافی کرنا۔

دَرگزر کرنا (اُر۔ محاورہ) معاف کرنا۔ ٹالنا۔ چشم پوشی کرنا۔ اغماض کرنا۔ بھالنا۔ چھوڑنا۔

دَرگزرنا (اُر۔ محاورہ) باز آنا۔ چھوڑنا۔ معاف کرنا۔ عفو کرنا۔

دَرگزرے : باز آئے۔ چھوڑا۔

درگور (اُر۔ دعائے بد) (عورتیں) قبر میں جائے۔ مرے۔ مرجائے۔ غارت ہو۔ نوح۔ خدا نہ کرے۔

ذوق
بعد مردن آ چکے رونے کو سن کر گور دور
جیتے جی ہی کہتے ہو صورت نہ دی درگور، دور

دِرَم ۔ یا۔ **دِرہَم** ۔ (اسم مذکر) (پہلا عربی دوسرا فارسی) چونی کے برابر چاندی کا ایک سکہ ۱/۲ ۳ ماشہ کا وزن۔ فقہ میں متھیلی کے گہراؤ برابر چوڑا سکہ۔ نقدی۔ روپیہ

دَرماں (ف۔ اسم مذکر) چارہ۔ علاج۔ معالجہ۔ دوادارو۔ اوکھد چارہ کار

دَرماندگی (ف۔ اسم مونث بیائے مصدری) تھکان۔ عاجزی۔ لاچاری۔ مجبوری۔ شامت۔ مصیبت۔ آفت۔

دَرماندہ (ف۔ اسم مذکر) مصیبت زدہ۔ بیچارہ۔ لاعلاج۔ شامت کا مارا۔ آفت زدہ۔

درماہ (مذ) تنخواہ۔ ماہوار طلب۔ ماہانہ۔

دُرمٹ (ہ۔ مذ) کنکر کوٹنے کا آلہ۔

دَرمَن (ف۔ اسم مذکر) درماں کا مخفف ہے۔ علاج معالجہ۔ دوادارو۔

دَرمیان (ف۔ تابع فعل) بیچ میں۔ اندر۔ مابین۔ (بصورت اسم مذکر) بیچ۔ وسط۔ منجھ۔

درمیان دینا۔ یا۔ کرنا (محاورہ) ضامن دینا۔ کفیل بنانا۔ بیچ میں ڈالنا۔

دَرمیانی: (اُرد۔ اسم صفت بیاسے نسبتی) بیچ کا۔ متوسط۔ بچولنا۔ ثالث اندرونی۔

درند } (ف۔ اسم مذکر فاعل قیاسی) پھاڑنے والا۔ چیرنے پھاڑنے والا۔ جانور۔ (شیر چیتا وغیرہ)
درندہ }

دِرَنگ (ف۔ اسم مونث) دیر۔ وقفہ۔ ڈھیل۔ توقف۔ سستی۔ تساہل۔ تاخیر۔

دِرَو (ف۔ مذ) کٹائی۔ فصل کاٹنا۔

دَرولیست: (ف) تمام۔ انتظام۔ بالکل۔

دَروازہ (ف۔ اسم مذکر) ڈیوڑھی۔ در۔ پٹ۔ پھاٹک۔ باب۔ داخل ہونے کی جگہ۔

دَروازہ بند کرنا } (اُرد۔ فعل) پٹ بھیڑنا۔ دروازہ کے کواڑ بند کرنا۔
دَروازہ بھیڑنا } کنڈی لگانا۔ کنڈی دینا۔

دَروازہ کھولنا: کنڈی۔ کواڑ کھولنا۔



دروازے

دَروازے کی مٹی لے ڈالنا: (اُرد۔ فعل) دروازے پر بار بار۔ بہت سے پھیرے کرنا۔ سخت تقاضا کرنا۔

دُرُود (ف۔ مو) رحمت و برکت۔ استغفار۔ دعا سلام۔ تسبیح اصطلاحاً وہ تحفہ خدا اور دعا سلام وغیرہ جو رسول مقبولؐ کا نام آتے ہی طلب رحمت کے طور

(دُرود شریف)
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ
پر پڑھی جاتی ہے۔

دُرُوغ (ف۔ مذ) جھوٹ۔ بہتان۔ کذب۔ افترا۔ بہتان۔

دُرُوغ پر گردن راوی: اس وقت بولتے ہیں۔ جب بیان کرنے والا سچ یا جھوٹ ہونے کی ذمہ داری۔ بیان کنندہ کے سر ڈالے

دُروغ حلفی (اُرد۔ مو) (قانون) جھوٹی قسم۔ قانون کے خلاف جھوٹ بولنا۔

دُرُوغ کو فروغ نہیں: (اُرد۔ مثل) جھوٹ کبھی پھلتا پھولتا نہیں۔ جھوٹے کی قدر نہیں ہوتی۔

دُرُوغگو را حافظہ نباشد: (ف۔ مثل) جھوٹ کے پاؤں کہاں۔ بناوٹی باتیں۔ یاد نہیں رہا کرتیں۔

دُرُوغگو یم بر رود عمے تو: (ف۔ مثل) دیدہ دلیر اور گستاخ جھوٹے کے لیے بولتے ہیں۔

دُروغگوئی: (ف۔ اسم مو۔ بیائے مصدری) جھوٹ بولنا۔ کذب۔ جھوٹی قسم۔

دُروغ مصلحت آمیز بہ از راستیٔ فتنہ انگیز: (ف۔ مثل) خرابی روکنے والا جھوٹ فساد ڈالنے والے سچ سے بہتر ہوتا ہے۔

دَرویش: (ف۔ مذ) دراویز کا بگاڑ ہے) بھکاری۔ گداگر۔ فقیر۔ سائل۔ سالک۔ خدا رسیدہ۔ غریب۔ مسکین۔ کنگال۔

دَرویشانہ (ف۔ صفت۔ ابہ تشبیہی) فقیروں جیسی۔ فقیروں کی طرح۔

دَرویشی (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) گدائی۔ فقیری۔ مفلسی۔ مسکینی۔

درّہ (ع۔ مذ) اصل میں دُرّہ مشہور ہے) تازیانہ۔ چمڑے کا چابک شرعی محتسب کا سزا دینے کا چمڑے کا نسخہ۔

درّہ (ف۔ مذ) دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ۔ گھاٹی۔

دِرہم (ع۔ مذ) (دیکھو درم)

دَرہم (ف صفت تتر بتر۔ اُلٹ پلٹ تہ و بالا۔ زیر و زبر۔ گڑبڑ۔

دَرہم برہم (ف۔ صفت) تہ و بالا۔ اُلٹ پلٹ۔ خفا۔ ناراض۔ گڑبڑ۔ منتشر ہونا یا کرنا۔ دَرہم ہونا۔ غصہ ہونا۔

دَرہم برہم ہونا: تیز ہونا۔ خفا و ناراض ہونا۔ پراگندہ ہونا۔

دَرہمی (ف۔ مو) پراگندگی۔ بے ترتیبی۔

درہم ہونا: غصہ ہونا۔

دُرّی (ہ۔ مو) گنجفہ یا تماش بین۔ دولتمان والا پتا۔ دُکی۔

دَرّی (ہ۔ مو) شطرنجی۔ ایک سوتی کپڑے کا موٹا فرش۔

دَرِی: (ف۔ مو) فارسی زبان کی سات زبانوں میں سے ایک زبان کا نام۔ جو خاص فارسی اور درہ نشین لوگوں کی زبان ہے۔

دَریا: (ف۔ مذ) بحر۔ سمندر۔ ندی۔ بارہ مہینے بہنے والا بہت ہی بڑا نالہ۔ رود۔ پانی کی وہ دھار جو پہاڑ یا جھیل سے نکل کر خشکی پر بہتی ہوئی کسی دوسرے دریا میں جا ملے۔

دَریا اُترنا: (اُرد۔ دریا کا پانی کم ہونا۔ دریا گھٹنا۔ آنسوؤں کا تھم جانا۔ طوفان غم کا گھٹ جانا۔

دَریا بار: (ف۔ ص) بڑا دریا۔ جزیرہ۔ تمناک۔ سخی۔ صاحب فیض۔ جواد۔

دَریا برآمد (اُرد۔ اسم مونث) وہ زمین جس کو دریا نے اپنا رخ بدلنے کے باعث چھوڑ دیا ہو۔ دریا رد۔

دَریا بُرد: (اُرد۔ مو) وہ زمین جو دریا کی طغیانی سے پانی میں ڈوب گئی ہو۔

دریا بُرد کرنا یا ہونا: (اُرد۔ محاورہ) دریا میں ڈوب جانا۔ کسی زمین کو دریا کا بہالے جانا۔

دَریا پر جانا اور پیاسے آنا (اُرد۔ فعل محاورہ) بڑے درجہ کی بدقسمتی

اور بدنصیبی سے مراد ہے۔

دریا چڑھنا : (اُ۔ فعل) دریا کا طغیانی پر آنا۔ دریا میں چڑھاؤ ہونا۔

دریا دل (ف۔ صفت بتر کیب فاعلی) سخی۔ فیاض کریم۔ بڑے حوصلہ کا آدمی۔ جواد۔ دان داتا۔ داتا۔

دریا دلی : (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) سخاوت۔ فیاضی۔ جودت۔

دریا کا پھیر کس نے دیکھا : عقلمند کی بات سمجھنا مشکل ہے۔

دریا میں رہنا مگرمچھ سے بیر : (اُ۔ مثل) جہاں رہنا سہنا ہو۔ وہیں کے لوگوں سے بگاڑنا۔ افسر یا حاکم کے ساتھ بگاڑ رکھنا۔

دریا کو کوزے میں بند کرنا : (اُ۔ محاورہ) ناممکن کام کرنا۔ محال کو انجام دینا۔ طویل بیان کو چند فقروں میں ادا کر دینا۔

دریا کو ہاتھ سے روک لینا : ناممکن کام کر دکھانا۔

دریا میں عریضہ ڈالنا : اللہ تعالےٰ کے نام حضرت خضرؑ یا حضرت امام مہدیؑ کے ذریعے درخواست لکھ کر دریا میں مخصوص دعا پڑھنے کے بعد ڈالنا۔

مدتوں قلزم اشک میں ہے نامہ میرا
دیتے ہیں عریضہ جس طرح دریا میں

دریائے شور : (ف۔ اسم مذکر) سمندر کا لا پانی۔ نمکین پانی کا دریا۔

دریائی (ف۔ صفت بیائے نسبتی) منسوب بہ دریا۔ دریا کا۔ بحری۔ آبی۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔ پتنگ کو ہوا میں دور تک لیجا کر چھوڑنا۔

دریائی آدمی (ف۔ مذ) جل مانس۔ آدمی کی شکل کا بحری جانور۔ دریا میں رہنے والا آدمی۔

دریائی گھوڑا

دریائی گھوڑا : (اُ۔ مذ) دریا میں رہنے والا گھوڑے سے جانور۔

دریائی نارجیل (اُ۔ مذ) سمندری ناریل۔ ہیضہ میں کام آنے والی ایک دوا ہے۔

دریافت : (ف۔ مو) حاصل مصدر۔ جانچ۔ پہچان۔ جستجو۔ ٹوہ۔ پوچھ گچھ۔

دریاؤ : (اُ۔ مذ) ندی۔ بحر۔ پانی کی وہ دھار جو پہاڑ یا جھیل سے نکل کر خشکی پر بہکر سمندر میں جا گرے۔ یا کسی بڑے دریا میں جا ملے۔

دریبا۔ یا۔ دریبہ (ہ۔ مذ) پالوں کا بازار۔ پنواڑیوں کا محلہ۔

دریتی (ہ۔ مو) چھوٹی چکی جس میں دانہ ریزہ ریزہ ہوجاتا ہے۔

درے لی : منہ پھٹ۔ گستاخ۔

دریچہ (ف۔ مذ) درکار اسم مصغر ہے چھوٹا دروازہ۔ کھڑکی۔ عرف۔ موکھا۔

دریچہ

دریخانہ (اُ۔ مذ) بادشاہوں کا دربار۔ درگاہ۔

دریدہ (ف۔ اسم صفت بتر کیب مفعولی) پھٹا ہوا۔ چیرا ہوا۔

دریدہ دہن (ف۔ صفت مرکب) منہ پھٹ۔ زبان کا چھوڑا۔ زبان دراز۔ گستاخ

دریز۔ یا۔ دریس (اُ۔ مذ) ایک قسم کی باریک چھینٹ۔ لیس۔ تیار آراستہ پیراستہ : باترتیب۔ ہموار۔ مسطح۔ چوکس۔ ہوشیار کیل کانٹے سے لیس۔

دریسی کرنا : (اُ۔ فعل) (لشکری) ہموار کرنا۔ برابر کرنا۔ ناہموار زمین کو یکساں کرنا۔

دریغ (ف۔ مذ) افسوس۔ حسرت۔ غم۔ پشیمانی۔ پچھتاوا۔ تامل۔ بخل۔ مضائقہ۔

دریغ رکھنا / **دریغ کرنا** : (اُ۔ فعل) افسوس کرنا۔ کنجوسی کرنا۔ بخل کرنا۔

دریں صورت : اسم مذکر میں۔ اس صورت میں۔

دریوزہ (ف۔ مذ) بھیک۔ گداگری۔ گدائی۔

دریوزہ گر : (مذ) گداگر۔ بھیک منگا۔ فقیر۔

دریوزہ گری (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) بھیک مانگنا۔ گدائی کرنا۔ گداگری۔

د ـ ڑ

ڈراڑ (ہ۔ مو) دیکھو دراڑ۔

ڈربا (ہ۔ مذ) مرغیوں یا کبوتروں کا گھر۔ کابک۔ کابوک۔

ڈربڑانا (ہ۔ فعل) جھوٹا بنانا۔ جھوٹا۔ ٹھہرانا۔ دھمکانا۔ خوف دلانا۔ جھڑکنا۔ دبانا۔ مغلوب کرنا۔

ڈربے ڈربے کرنا (ہ۔ فعل) مرغیوں کو خانہ خانہ کہکر ڈربے میں بند کرنا۔

ڈرچنا (ہ۔ مصدر) دبا دبا کر بھرنا۔ ٹھونس ٹھونس کر بھرنا۔

ڈرڈر (ہ۔ اسم۔ مذ) سخت بے وقوف۔ نالے یا دریا کا سیلاب کی حالت میں ہونا۔

ڈرکنا (ہ۔ فعل) کھانا۔ چٹ کرنا۔ نوش کرنا۔ اڑا جانا۔ بہت بارش کے باعث بیج کا نہ اگنا۔

ڈرہرہ (ہ۔ مو) جو کی شراب۔ بیئر شراب۔

ڈرنگے لگانا (ہ۔ فعل) دوڑنا۔ بھاگنا۔ کدکنا۔ کھروں سے کدکڑے لگانا۔

ڈرڈوکنا (ہ۔ فعل) شیر کا بولنا۔ گرجنا۔ دہاڑنا۔ سانڈ یا سجار کا بولنا۔

ڈرھ منڈا (اُ۔ داڑھی منڈانے والا۔

ڈرفیصل۔ ڈرھیاں (اُ۔ بڑی داڑھی والا۔

ڈریڑا (ہ۔ اسم۔ مذ) زور کا مینہ۔ دریا کے بہاؤ کا زور۔ زور کی رو۔ مینہ کا جھالا۔ ؎ اثر لکھنوی

معاذ اللہ یہ خونی ڈریڑے
کہ خود انسانیت زیر و زبر ہے

د ـ ز

دزد (ف۔ مذ) چور۔ سارق۔

دُزد جنا (فع۔ مذ) مہندی کا چور۔ وہ سفیدی جو مہندی لگانے میں چھوٹ جاتی ہے۔

دزدی (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) چوری۔ سرقہ۔

دُزدیدہ نظر یا نگاہ: کن انکھیوں سے دیکھنے والا۔

د - س

دَس (ہ) عدد عشر نو اور ایک ۱۰ دہ۔ دو پنجے۔

دس آئے دس گئے: دُنیا میں ایک آتا ہے ایک جاتا ہے آنے جانے کا سلسلہ برابر لگا رہتا ہے۔

دس باتیں بنانا: بُرا بھلا کہنا۔

دس بیس: چند۔ دس پانچ۔

دس پانچ: چند۔

دس کماتے تھے بیس کھاتے تھے برسات بعد گھر کو آتے تھے: بڑے خراج۔ دولت مند۔ فضول خرچ تھے۔ بے فکرے

دس طرح کی باتیں: مختلف قسم کی باتیں۔

دس دیں گے دس دلا دیں گے / دس کا دینا ہی کیا } دینا نہ لینا باتوں میں خاطر جمع کر دی۔

دس کے دو کہنا: زیادہ تعداد کو بہت کم ظاہر کرنا۔

دس گھرا: لڑکیوں کا ایک کھیل۔

دس گھر مانگنا: اِدھر اُدھر بھیک مانگنا۔

دس میں: مجمع میں۔

دس بکتوں میں ایک ناک والا بھی نکٹا ہو جاتا ہے / بے غیرتوں میں غیرت والا بدنام ہو جاتا ہے بُروں میں اچھا بھی بدنام ہو جاتا ہے۔

دس جنے کی لاٹھی اور ایک جنے کا بوجھ: (ہ) مثل۔ بہت سے آدمی ملکر ایک آدمی کی پرورش بخوبی کر سکتے ہیں۔ دس آدمی اگر اپنی لاٹھیاں اٹھوائیں تو ایک جنے کا بوجھ بن جاتا ہے۔

دس گز یا دس ہاتھ کی زبان: (مو) نہایت زبان دراز۔ بدزبان۔

دِسا۔ یا۔ دِشا۔ (د۔ مو) طرف جانب۔ سمت۔ ٹٹی۔ پاخانہ۔ جنگل فراغت۔ باہر۔

دِسا جانا: (ہ فعل) جنگل جانا۔ پیخانہ جانا۔ جھاڑے جانا۔ ٹٹی جانا۔

دِسَا (ہ۔ مو) کیفیت۔ حالت۔ (مذ) بیتوں کی ایک قوم کا نام۔

دُسَا۔ یا۔ دُسّہ۔ یا۔ دُھسّا (ہ۔ مذ) ایک اونی کپڑا۔ اونی چادر۔

دساتیر (ع۔ مذ) دستور کی جمع۔ قاعدے قانون۔ طریقے۔ رسمیں روشنیں۔ امیر۔ وزیر۔ گدی نشیں۔ ارکان دولت۔ رخصت اجازت۔

دساتیر (ف۔ مذ) پارسیوں کی مذہبی کتاب۔ زردشتیوں کے پیشوا۔

دِساسُول (ہ۔ مذ) مردان غیب۔ رجال الغیب۔ یعنی وہ فرضی اور غائب وجود۔ جو دنیا کے دائرے میں حرکت کرتا رہتا ہے۔ اور جدھر وہ واقع ہو۔ اُدھر احکام نجوم کے موافق سفر کرنا۔ سخت منحوس خیال کیا جاتا ہے۔

دُساؤ (ہ۔ ا۔ مذ) ایک پنج ہندو قوم جو سُور پالتی ہے۔ حقیر کام کرنے والی قوم۔

دِساور۔ (ہ۔ مذ) پردیس۔ غیر ملک میں جانے والا۔ اقلیم وہ نظام جہاں پر چیز بکثرت فروخت کے لیے جمع کریں۔

دِساور آنا: (ہ) فعل۔ باہر سے سوداگری کا مال۔ کسی شہر یا ملک میں داخل ہونا۔ یا چڑھانا۔

دساور بھرنا (اُر۔ محاورہ) مال باہر بھیجنا۔ دوسرے ملکوں کو مال روانہ کرنا۔

دساور چڑھنا (ہ فعل مالی تجارت کا دوسرے ملک میں جانا۔ مال بھرنا۔ دساور کو مال بھیجنا یا ولانا۔

دِساوَری (ہ۔ اسم صفت۔ بیائے نسبتی) باہر جانے والا مال۔ باہر سے آنے والا مال۔ ایک قسم کا عمدہ پان۔ ایک طرح کا کبوتر۔

دُساور کی مانگ ہونا (اُر۔ محاورہ) ممالک غیر سے کسی چیز کی مانگ ہونا۔

دِساوَری مال: (اُر اسم مذ) بھرتی کا مال۔ باہر جانے والا مال۔ باہر سے آنے والا مال۔

دَسینا (اُر۔ مذکر) آلہ۔ (اصل میں دست پناہ تھا) چمٹا۔ آگ پکڑنے کا آلہ۔ آتش گیر۔

دَست (ف۔ مذکر) ہاتھ۔ کر۔ پنجہ۔ ید۔ طاقت قدرت۔ غلبہ۔ قابو۔ فتح۔ باری۔ نوبت۔ دفعہ۔ (ہندی اسم مذکر) اجابت طبع یعنی ردی مادہ کا باری باری دفع ہونا۔ اسہال۔ پتلا پیخانہ۔ شکاری پرندوں کی تعداد کا معینہ لفظ جیسے یک دست بُرہ پوری چیز۔ تمام بالکل۔

دست آزما (ف۔ صفت) ہاتھ کو آزمانے والا۔ تجربہ کار۔

دست آزمائی: (ف۔ ا۔ مو) مشق تجربہ۔

دست آشنا (ف۔ صفت) بچولیا۔ درمیان میں پڑنے والا۔

دست آموز (ف۔ اسم صفت ترکیب مفعولی) ہاتھوں کا سدھایا ہوا۔ پالتو۔ گھریلو۔

دست آنا: (اُر فعل) جلاب لگنا۔ اسہال۔ آنا۔ پیٹ چلنا۔ سوھنی سنگرہنی۔

دست آور (ف۔ صفت) دست لانے والی دوا۔

دست انداز: (ف۔ اسم صفت۔ فاعلی) خلل ڈالنے والا۔ مخل۔ مزاحم۔

دست اندازی: (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) دخل۔ دخل دینا مداخلت۔ مزاحمت۔

دست آور: (ف۔ اسم صفت تبرکیب فاعلی) دست لانے والی دوا۔ مسہل۔ جلاب۔

دست آویز / دستاویز: (ف۔ مو) ترکیب مفعولی) تمسک۔ وثیقہ۔ قبالہ۔ نوشتہ۔ عہد نامہ۔ اقرار نامہ۔

دست بدست / دست بدستی: (ف۔ تابع فعل) ہاتھوں ہاتھ۔ فوراً۔ بہت جلدی شتابانی۔ غالب

سلطنت دست بدست آئی ہے
جام جم خاتم جمشید نہیں

دست بخیر: ہاتھ پیر کی چوٹ کا ذکر کرتے ہوئے خواہ اپنی پرائی چوٹ ہو یا جیسے دوسرے کی پہلے ہی جملے میں یہاں زخمی ہوئے۔ تو کیسے سخت کہ دست بخیر گھٹنے کی پیٹی پر گولی بیٹھی (توبۃ النصوح)

دست برد: (ف۔ مو۔ مصدری) غلبہ۔ غبن۔ خیانت۔ لوٹ۔ غارت۔

دست برد کرنا: (اگر۔ محاورہ) غبن کرنا۔ مال مارنا۔ لوٹنا۔ چرانا۔ اڑا رنا۔

دست بردار ہونا: (اگر۔ محاورہ) ہاتھ اٹھانا۔ چھوڑ دینا۔ تجنا۔ ترک کرنا۔ باز آنا۔

دست بستہ: (ف۔ تابع فعل) ہاتھ باندھ کر ہاتھ جوڑ کر۔

دست بقچہ۔ یا دست بغچہ: (ف۔ ت۔ مذ) بقچی۔ چھوٹی گٹھڑی۔ جو ہر دم ساتھ رہے۔

دست بند: (ف۔ مذ) کلائی کا ایک زیور جس میں موتی یا جواہرات ہوتے ہیں۔

جو خط لکھا تو بھیج دے یار اپنے ہاتھ کا
بنواؤں دست بند نگار اپنے ہاتھ کا
(نظیر)

دست بندھک: (اگر۔ مو) امانت۔ دھروڑ۔ گروی۔ گرو۔ رہن۔

دست بوس ہونا: (اگر۔ فعل) ہاتھ چومنا۔ ہاتھوں کو بوسہ دینا۔

دست بوسی کرنا: تسلیم بجالانا۔

دست دوبارہ: (اگر۔ فعل) ہاتھوں کھنا۔ سربلند ہونا۔ جیتا ہونا۔ کسی کے ہاتھ پر بیعت کرنا۔

دست پاچہ ہونا: سٹ پٹانا۔

دست پاک: (ف۔ اسم۔ مذ) ہاتھ صاف کرنے کا کپڑا۔ تولیہ۔ انگوچھا۔

دست چالاک: (ف۔ اسم صفت مرکب) چور۔ آنکھ بچا کر چرانے والا۔ چرانے والا۔

دست چالاکی: (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) چوری۔ ہاتھ کی چالاکی۔ داؤں کی پھرتی۔ ہاتھ کی صفائی۔ خانہ جنگی۔ دو آدمیوں کی لڑائی۔

دست خط۔ یا۔ دستخط: (ف) اپنے ہاتھ کا لکھا۔ العبد۔ اپنے ہاتھ کا نشان۔

دست خطی۔ یا دستخطی: (ف) اسم صفت۔ بیائے نسبتی) دستخط کیئے ہوئے ہاتھ کا لکھا ہوا۔

دست خود دہان خود گر نہ خوری زیان خود۔ (ف) مثل مختار ہو کر نہ کھانا اپنا ہی نقصان کرنا ہے۔ سب کچھ ہوتے نہ کھائے تو کسی کا کیا ہرج ہے۔

دست دراز: (ف۔ اسم صفت فاعلی) ہاتھ۔ چالاک۔ ہتھ چھٹ مارنے کی عادت والا۔ چور۔ چالاک۔ عہد شکن۔ جو ہر کسی کو مارے پیٹے۔ بڈر۔ ظالم۔

دست درازی: (ف۔ مو) بیائے مصدری۔ چوری۔ چالاکی۔ مار بیٹھنے کی عادت۔ مار پیٹ۔ زیادتی۔ لوٹ مار۔ ظلم۔ عہد شکنی

دسترس / دستری: (ف۔ یو) حاصل مصدر۔ پہنچ۔ رسائی۔ قدرت۔ طاقت۔ قابو۔ قبضہ۔ امیری۔ مقدور۔ حیثیت سے

قدموں تک اس کے ہوئی دسترس
حنا دست افسوس ملتی رہی

دست شفا: (ف۔ اسم صفت) صحت بخشنے والا ہاتھ۔

دست غیب: وہ آمدنی جو کسی ظاہری وسیلے کے بغیر غیب سے حاصل ہو۔ حرام کی کمائی۔

دست فروش: (مذ) چیزیں ہاتھ میں لیکر فروخت کرنے والا شخص۔ خوردہ فروش۔

دست قدرت: (ف۔ اسم صفت) استعارہ قدرت کا ہاتھ۔ طاقت۔ شکتی۔ ستیاناس۔ سامرتھ۔ بس۔ قابو۔ غلبہ۔ مقدور۔

دست قلم۔ یا۔ دست و قلم: (ف۔ اسم صفت) خواندہ۔ لکھا پڑھا۔ تعلیم یافتہ۔

دست کار۔ یا۔ دستکار: (ف۔ مذ تبرکیب فاعلی) ہاتھ کا کاریگر۔ ہنرمند۔

دست کاری۔ یا۔ دستکاری: (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) کاریگری۔ ہنرمندی۔

دست گرداں: (ف۔ اسم صفت فاعلی) سرراہ بکتی ہوئی چیز۔ لکاؤ مال۔ ہاتھ۔ ادھار۔ مستعار۔ قرض۔ بغیر تحریر کے۔ زبانی اقرار پر ادھار۔

دست گرداں دینا: (ف) فعل۔ قرض دینا۔ مستعار دینا۔

دست گرفتہ: (ف۔ اسم صفت تبرکیب مفعولی) مدد کیا گیا۔ جس کی مدد کی گئی ہو۔

دست گیر۔ یا دستگیر: (ف۔ مذ۔ فاعل ترکیبی) مددگار۔ معاون۔ حامی۔

دستگیری: (ف۔ بیائے مصدری۔ اسم مونث) امداد۔ معاونت

حمایت رہ۔

دست لگنا (اُر۔ فعل) اسہال جاری ہونا۔ متواتر یا لگاتار دست آنا۔

دست مال (ف۔ مذ) آلہ بترکیب اسم و امر۔ جلیبی رومال ہاتھ کا رومال و بحالت اسم صفت بترکیب مفعولی) ہاتھ سے ملی دلی چیز۔ مستعمل چیز۔ پرانی بوسیدہ۔ میلی کچیلی شے۔

دست نگر (ف۔ صفت بترکیب فاعلی) ہاتھ تکنے والا۔ محتاج مفلس۔ تنگدست۔

دست و گریبان ہونا (اُر۔ محاورہ) گتھم گتھا ہونا۔ چمٹ جانا لڑنا۔ پٹ جانا۔

دستا (اُر۔ مذ) سنجاف۔ حاشیہ لوہے کا گول اوزار جو کوٹنے کے کام آتا ہے۔ جست۔

دستار (ف۔ مو۔ بترکیب مفعولی) بلفظ آر۔ پگڑی۔ چیرا۔ منڈاسا۔ عمامہ۔ سر پیچ۔

دستار بند (ف۔ مذ۔ فاعلی ترکیبی) چیرا بند۔ پگڑی باندھنے والا۔

دستارِ فضیلت (فع۔ مو) فاضل ہو جانے کی پگڑی۔ بزرگی کی پگڑی۔

دستانہ (ف۔ مذ) ہاتھ میں پہننے کا بنا ہوا کپڑا۔ ہاتھ کا موزہ۔ ہاتھ پر پہننے والا لوہے کی زرہ۔ تلوار کا قبضہ۔

دسترخوان (اُر۔ مذ) کھانا کھانے کا کپڑا۔ میز کی چادر۔ کھانا کھانے کی چادر۔

دسترخوان بچھانے میں سو عیب نہ بچھانے میں ایک عیب (اُر۔ مثل) کھانا نہ دینے میں صرف بخل کا عیب لگیگا مگر کھلانے میں سو نقص نکلیں گے۔ کھلانے سے نہ کھلانا بہتر۔

دسترخوان بڑھانا (اُر۔ محاورہ) دسترخوان سمیٹنا۔ دسترخوان اکٹھا کرنا۔ فال نیک۔

دسترخوان کا توبہ توبہ کرنا: جب دسترخوان پر کھانا چنا رکھا ہو اور کوئی نہ بیٹھے تو اس وقت یہ کہا جاتا ہے۔

دسترخوان بچھانا: دعوت کرنا۔ مہمان بلانا۔ دسترخوان کو کھولنا اور پھیلانا۔

دسترخوان کی بلی / **دسترخوان کی مکھی** (اُر۔ محاورہ) وہ بلی۔ جو کھانے کے وقت آموجود ہو۔ کام چور آدمی۔ بڑی چگ آدمی۔ خوشامدی۔ ہر وقت دسترخوان پر شریک ہو کر کھانے والا۔

دستک: (ف۔ مو) تالی۔ ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ کواڑ پر ہاتھ مارنا کنڈی کھڑکانا۔ دروازہ کھٹکھٹانا۔ بلانا۔ دھونس ٹیکس۔ محصول۔ زمانداری کا پروانہ۔ حکم نامہ۔ سمن۔ وارنٹ۔ کمیشن۔ قرقی

دستک آنا، قرقی آنا۔

دستک دینا (اُر۔ فعل) کنڈی کھڑکانا۔ پکارنا۔ تالی بجانا۔

دستک باندھنا۔ یا دھونس باندھنا (اُر۔ محاورہ) ناحق کا خرچ بڑھا لینا۔ مفت کا خرچ لگا لینا۔

دستک پیادہ: (مذ) وہ چپڑاسی۔ جو مالگذاری وصولی کرنے۔ قرقی کرنے اور سمن یا وارنٹ کی تعمیل کرنے جاتا ہے۔

دستک لگانا: (اُر۔ محاورہ) ٹیکس لگانا۔ گر لگانا۔ محصول لگانا۔ سمن دروازے پر چسپاں کرنا۔

دستکی: (ف۔ مو۔ بیائے تصغیر) میر شکاروں کا دستانہ۔ یادداشت بازوں کا دستانہ۔ یادداشت کی چھوٹی سی کتاب۔ پاکٹ بک۔

دستگاہ (ف۔ مو) قدرت۔ مقدرو۔ دسترسی۔ طاقت۔ لیاقت مال اسباب۔

دستگی: (اُر۔ مو) وہ چمڑے کا تسمہ جو تلوار کے ساتھ لٹکتا رہتا ہے۔ تلوار کا پیڑا۔

دستور: (ف۔ مذ) دست اور دور سے مرکب) ڈھنگ۔ رواج۔ طریقہ طرز۔ آئین۔ قاعدہ۔ قانون۔ عادت۔ روش۔ رسم۔ وزیر۔ منتری۔ مدار المہام۔

دستور العمل: (فع۔ مذ) قانون۔ قاعدہ۔ طریقہ۔ ہدایت نامہ۔ دیوان اعلیٰ۔ منتری۔ مدار المہام۔ وزیر۔ کسی انجمن یا جماعت وغیرہ کے قوانین و قواعد۔

دستور باندھنا / **دستور جاری کرنا** (اُر۔ محاورہ) قاعدہ مقرر کرنا۔ رواج دینا قانون ٹھہرانا۔ عادت ڈالنا۔ معمول باندھنا۔

دستوری (اُر۔ مو) کمیشن۔ دلالی۔ فیس۔ اجازت۔ رخصت۔ وزارت۔ منتری پن۔

دستوری کا نکال گیا: سزا پالی۔

دستہ: (اسم مذکر۔ بیائے نسبتی) منسوب بہ دست۔ تلوار یا چھری کا قبضہ مونٹھ۔ نبٹیا۔ آدمیوں کا گروہ۔ فوج کا حصہ گارد۔ قبا یا کوٹ وغیرہ پر لگانے کی گھنڈیاں۔ چپراس۔ کاغذ کے چوبیس تختے۔ رم کا بیسواں حصہ۔ ڈنڈ۔ سونٹا۔ حقہ۔ پھولوں کا بنا ہوا گلدستہ۔ اوزار کو پکڑنے والا لکڑی کا مونٹھ۔

دستی (ف۔ اسم صفت۔ بیائے نسبتی) ہاتھ سے نسبت رکھنے والی چیز۔ فلیتہ۔ مشعل۔ ہاتھ کا شمعدان۔ چھوٹا دستہ۔ چھوٹا قبضہ۔ کشتی کا ایک داؤں۔ ہر وقت ہاتھ میں رہنے والا چھوٹا سا قلمدان۔ دیوالی کا تحفہ یا دسہرے کے دن کا تحفہ جو راجہ مہاراجہ ملازموں کو دیتے تھے۔

دستیاب (ف۔ صفت بترکیب فاعلی) میسر ہونے والی چیز۔ مل جانے والی شے۔ ہاتھ لگ جانے والی شے حاصل ہونے والی۔

دستیاب ہونا (اُر۔ محاورہ) ملنا۔ ہاتھ لگنا۔ بہم پہنچنا۔ حاصل ہونا۔

دسہرا کے (اُر۔ مذ) مکر۔

دسہرا کے بولنا: پہلے کہے ہوئے کے خلاف کہنا۔

دسمال (اُر۔ مذ) اصل دست مال) برتن صاف کرنے کی صافی۔ نہایت

میلا کپڑا برتن پر پہننے کا کپڑا ؛

دِسمبر (انگ۔ مذ۔ December) انگریزی سال کا بارھواں مہینہ جو ۳۱ دن کا ہوتا ہے ؛

دُسوکھا (ہ۔ مذ) پرندوں کا پر پرواز ؛

دُسوٹھن (ہ۔ مذ) لڑکا پیدا ہونے کی خوشی کی دعوت۔ دعوت تولید پسر بچہ پیدا ہونے کا دسویں دن کا نہان ؛

دِستا (ہ۔ فعل) دکھائی دینا۔ نظر آنا۔ سوجھنا ؛

دُسواں (ہ۔ اسم صفت عددی) دس سے منسوب۔ دہم۔ دسویں کی فاتحہ۔ دسواں حصہ ؛

دُسوں (ہ) عدد۔ استغراقی۔ دس کے دس۔ پورے دس ؛

دُسواں انگلیاں دسوں چراغ (و محاورہ) ہر انگلی علیحدہ ہنر کی روشنی سے چراغ کی طرح منور ہے۔ ہنرمند بیوی۔ سگھڑ بیوی سلیقہ والی بی بی ؛

دسوں دِشا (ہ۔ مو) جہات عشرہ یعنی شمال۔ جنوب۔ مشرق۔ مغرب۔ سحت۔ فوق۔ اور چاروں گوشے ؛

دُسوں دوار (ہ۔ مذ) جسم انسانی کے دس دروازے۔ یعنی دونوں آنکھیں۔ دونوں کان۔ دونوں نتھنے۔ مُنہ۔ ناف۔ مقعد۔ پیشاب گاہ ؛

دسویں ؛ (ہ۔ مو) دہم۔ دس تاریخ ؛

دُسہرا ؛ (ہ۔ اسم مذکر) جیٹھ سعدی دسویں کا گنگا اشنان۔ اسوج سدی دسویں کا بہت بڑا تیوہار۔ جس میں ہندو پوجا پاٹ کرتے اور راجہ رامچندر جی کی راون راجہ لنکا پر فتح پانے کی خوشی مناتے اور لیلا رچاتے ہیں۔ راون کے مرنے کا دن۔ دس سر والا ؛

د ۔ ش

دِشا۔ (س۔ مو) (دیکھو دسا)

دشت پیما ؛ جنگل بیاباں میں پھرنے والا ؛

دشت پیمائی ؛ (مص) جنگلوں میں پھرنا ؛

دشت نورد ؛ جنگلوں میں پھرنے والا ؛

دَشت نوردی (ف۔ اسم مو) بیائے مصدری۔ جنگل اور بیابان میں پھرنا۔ صحرانوردی ؛

دُشٹ (س) بُرا۔ خراب۔ چنڈال۔ بدذات۔ شریر۔ بد۔ ظالم پاپی۔ بدکار۔ بے رحم۔ کھوٹا۔ سخت دل ؛

دُشمن (ف۔ مذ) مرکب از دشت بمعنی بد دشٹ بمعنی دل) بیری۔ بدخواہ۔ عدو۔ حریف۔ مخالف۔ رقیب ؛

دُشمن جانی ؛ (ف۔ مذ) سخت دشمن۔ جان کا لاگو۔ جان لیوا ؛

دُشمن چراغ پا (دُن) ٹھوکر لگتے وقت۔ عورتیں دُعا دیتی ہیں ؛

دشمن اگر قوی است نگہبان قوی تر است] دشمن اگر سخت ہے تو خوف کس چیز کا اللہ تعالےٰ نگہبان ہے

جو اس سے بھی کہیں زیادہ قوی ہے۔

دُشمن چہ کند چو مہربان باشد دوست ؛ (ف۔ مثل) اگر دوست مہربان ہو تو دشمن کی کوئی بات چل ہی نہیں سکتی ؛

دُشمن زیر پا (ف) کلمہ دعائیہ۔ نئی جوتی پہنتے وقت یہ الفاظ بولے جاتے ہیں ؛

دُشمن سوئے نہ سونے دے ؛ (اور محاورہ) دشمن سے ہر وقت تکلیف ہی پہنچتی ہے۔ نہ خود چین لیتا ہے۔ نہ دوسرے کو لینے دیتا ہے ؛

دُشمن کہاں ؟ بغل میں (اور کہاوت) اپنا ہی دشمن ہوا کرتا ہے۔ دشمن پاس ہی کے آدمی ہوا کرتے ہیں۔

دُشمن نتواں حقیر و بیچارہ شمرد (ف۔ مثل) دشمن سے ہمیشہ چوکس رہنا چاہیئے خواں وہ کیسا ہی کمزور کیوں نہ ہو ؛ خدا سب کو محفوظ رکھے۔ یہ دکھ کسی کو نہ ہو۔ دشمن کو کمزور مت جانو۔

دُشمن کے کان بہرے ؛ خدانخواستہ کی جگہ بولتے ہیں ؛

دُشمن مدعی (عر) دشمن مدعی تو کھائے جاتے ہیں) ؛

دشمن کی گلی کیوں گئے تھے] دوست کی خاطر ناگوار بات بھی گوارا اپنا دوست کروی تھا] کرنی پڑتی ہے ؛

دُشمنوں کے من کا چینتا ہوا (عر) دشمنوں کی مراد برآئی۔ (محاورہ)

دُشمنوں کے یا دُشمنوں کو ؛ (اور محاورہ) اس کو یا اس کے وغیرہ۔ جب کسی عزیز کی بیماری وغیرہ کا ذکر کرتے ہیں تو عورتیں بیماری وغیرہ کو اس کے بجائے اس کے دشمنوں کی طرف منسوب کرتی ہیں جیسے اس کے دشمنوں کو بخار آتا ہے ؛

دشمنوں میں ایسے رہیئے جیسے دانتوں میں زبان] (اور مثل) دشمنوں میں ملے ہوئے اور پھر الگ بچے ہوئے رہنا چاہیئے ؛

دُشمنی (ف اسم مونث بیائے مصدری۔ بیری ہونا۔ بیر۔ لاگ عداوت۔ مخاصمت۔ مخالفت۔ بدخواہی۔ خصومت ؛

دشمنی نکالنا ؛ دشمن سے بدلہ لینا۔ دشمن کو تکلیف دینا ؛

دُشنام (ف۔ مو) (مرکب از دُش بمعنی بد اور نام بمعنی اسم) گالی۔ گالی گلوچ ؛

دُشنہ (ف۔ مذ) کٹاری۔ خنجر ؛

دُشوار (ف۔ اسم صفت) (مرکب۔ اردش بمعنی بد اور وار کلمہ نسبت) مشکل۔ کٹھن ؛ دوبھر ؛

دُشوار گزار (ف۔ ص) وہ مقام جہاں سے گزرنا مشکل ہو ؛

دُشواری (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) دقت۔ سختی۔ ناگوار۔ ہار خاطر ؛

دُشواری پڑنا (اور) مشکل پڑنا۔ دقت پڑنا ؛

د ۔ ع

دعا (ع۔ اسم مونث) التماس۔ استدعا۔ درخواست۔ عرض۔ منتر۔ وظیفہ۔ افسوں۔ مناجات طلب مغفرت یکی۔ بھلائی۔ اسیس۔ اشیرواد۔

دُعا اُلٹنا : دُعا کا مخالف اثر ہونا ۔
دُعا دو ہمدھانوں کو نہیں پھرتی دو دو دانوں کو } جن کے سہارے سے گزرتی ہے ان کو دُعا دو ۔
دُعا دینا : (اُر۔ فعل) کسی کے واسطے خدا تعالیٰ سے بھلائی مانگنا۔ اشیرباد کہنا۔ اسیس دینا ۔
دعا کرنا } (اُر۔ محاورہ) نیکی چاہنا۔ خدا سے التجا کرنا۔ مزاج پرسی کے وقت جواب میں دعائے خیر کا طالب ہونا ۔
دعا مانگنا }
دعا لگنا (اُر۔ محاورہ) دُعا کا اثر ہوجانا۔ مراد برآنا ۔ اُمید برآنا۔ اُمید پوری ہوجانا ۔
دُعا لینا : (فعل) کسی کو خوش کر کے اس سے اسیس لینا ۔ بھلائی لینا ۔
دُعائے خیر : (ع ۔ مو) نیک دُعا۔ اچھی دُعا۔ نیکی کی دُعا۔ بھلی ۔ نکاح ۔ فاتحہ۔ ایصال ثواب ۔
دُعائے دولت (ع ۔ مو) کسی کی اقبالمندی یا ترقی دولت کی مراد خدا تعالےٰ سے مانگنا ۔
دُعائیہ : (ع ۔ صفت نسبتی) منسوب بہ دُعا۔
دَعوت : (ع ۔ مو) بلاوا ۔ طلبی ۔ ضیافت ۔ کھانے کے لیے بلانا ۔ کسی عمل (ورد) کو تعداد معینہ کے مطابق پڑھانا ۔

آہ کا اپنی قتیلہ نہیں کسی رات جلا
عمل حُب کی بہت ہم نے بھی دعوت دی ہے

دَعوت اسلام دینا ۔ یا ۔ کرنا ۔ (اُر۔ فعل) اسلام لانے کی درخواست کرنا۔ گمراہی سے راہ راست کی طرف بُلانا ۔
دَعوتِ سمرقند (عف ۔ مو) ظاہری صلاح ۔ سمرقند والوں کی سی ضیافت ۔ ایک دن پُرتکلف کھانا دوسرے دن فاقہ ۔
دَعوتِ جنگ (عف ۔ مو) الٹی میٹم لڑائی کا چیلنج اشتہار جنگ ۔ لڑائی کا بلاوا ۔
دَعوتِ شیراز (عف ۔ مو) بے تکلفی کی دعوت ۔ ماحضر طعام کی ضیافت ۔ سادہ کھانا ۔
دَعوت قبول کرنا : ضیافت منظور کرنا ۔
دَعوت کے لقمے : دوسرے کے یہاں کا کھانا ۔
دَعوت ولیمہ (ع ۔ ا۔مو) ضیافتِ شادی ۔ نکاح کے بعد کی ضیافت ۔
دعوا ۔ دعویٰ (ع ۔ مذ) خواہش ۔ مانگ ۔ درخواست ۔ مطالبہ ۔ استغاثہ ۔ نالش ۔ استحقاق ۔ عزور ۔
دعویٰ اُٹھنا ، دعویٰ کا جواب ہونا ۔
دعویٰ پیش جانا : دعویٰ میں کامیاب ہونا ۔
دعویٰ باندھنا (اُر۔ محاورہ) شرطیہ کسی کام کے کرنے کا دعوے کرنا ۔
دعویٰ جمانا (اُر۔ محاورہ) قبضہ جمانا ۔ اپنی ملکیت ظاہر کرنا ۔ دلیل قائم کرنا ۔ مقدمہ جمانا ۔ حق جتانے والا ۔
دعویٰ دار } (ف ۔ مذ) مدعی ۔ نالشی کرنا ۔ فریادی ۔ مستغیث
دعویدار } دشمن ۔ رقیب ۔ حق جتانے والا ۔
دعویٰ کرنا (اُر۔ محاورہ) مطالبہ کرنا ۔ نالش کرنا ۔ حق طلب کرنا ۔ درخواست کرنا ۔
دعوئے مہر (ع ۔ مذ) کابین کا دعوے عورت کے نکاح کے وقت جو روپیہ مقرر کیا جائے اس کا دعوے کرنا ۔

د ۔ غ

دَغا : (ف ۔ ا۔مو) فریب ۔ دم ۔ مُنبا ۔ جل ۔ جھانسا ۔ مکر ۔ دھوکا ۔
دَغاباز : (ف ۔ ا۔مذ) مکار ۔ چھلیا ۔ فریبی ۔ ٹھگ ۔ دھوکے باز ۔ جعل ساز ۔
دَغابازی : (ف ۔ ا۔مو) بیائے مصدری ۔ دم بازی ۔ مکاری ۔ بے ایمانی ۔ جعل سازی ۔
دَغا دینا ۔ یا کرنا : (اُر۔ فعل) دم دینا ۔ دھوکا دینا ۔
دَغا کھانا : فریب میں پھنس جانا ۔ دھوکا اُٹھانا ۔
دَغدغا : (اُر۔ ا۔مذ) قمقمہ ۔ چھوٹی سی قندیل کنول ۔ دکدگا (بحالت صفت) روشن چمکتا ہوا ۔ چمکدار ۔ دہکتا ہوا ۔
دَغدغانا : (اُر۔ فعل) چمکنا ۔ دہکنا ۔ روشن ہونا ۔ سرخ ہونا ۔ لال ہونا ۔
دَغدغاہٹ : (اُر۔ ا۔مو) حاصل مصدر چمک دمک ۔ سُرخی لالی ۔
دَغدغہ : (ع ۔ مو) ڈر ۔ کھٹکا ۔ خدشہ ۔ تشویش ۔ خوف ۔ گدگدی ۔ دھکڑ پکڑ ۔
دَغل : (ف ۔ مو) کھوٹ ۔ فریب ۔ مکر ۔ عیب ۔ فساد ۔
دَغل فصل : (اُر۔ مو) فریب ۔ چالاکی ۔ مکر ۔ مکاری ۔
دَغنا (اُر۔ فعل) بندوق یا توپ کا چلنا ۔ چھوٹنا ۔ سر ہونا ۔ گل دیا جانا ۔ چھاپ لگنا ۔ کسی چیز کو گرم لوہے سے چھاپ لگنا ۔ چرکا لگنا ۔ دہکنا ۔
دغیلا (اُر۔ اسم صفت) جھتے والا ۔ چوٹ لگا ہوا پھل ۔ عیب دار کنوڈا ۔ ناقص ۔ داغدار ۔ چنی دار ۔ دھوکے باز ۔ مکار ۔

د ۔ ف

دُف (ع ۔ ا۔مذ) ڈفلی ۔ لکڑی کا ایک حلقہ جس کے مُنہ پر ایک کھال منڈھی ہوتی ہے اور ہاتھ سے بجایا جاتا ہے اور بعض میں جھانجھ لگا دیتے ہیں ۔

دَف (ع ۔ مذ) جوش ۔ چڑھاؤ ۔ (دف) پتا ۔ تیزی ۔ غصہ ۔ زہر ۔
دُف مرنا : (اُر۔ محاورہ) غصہ ڈھیلا ہونا ۔ تیزی دُور ہوجانا ۔ جوش کم ہونا ۔ زہر کا دُور ہونا ۔ پتا مرنا ۔
دُف نواز (ف) ڈفلی بجانے والا ۔

دَفاتر: (ف۔ اسم) دفتر کی جمع ہے۔
دفالی (اُردو۔ ا۔ مذ) پڑھائی۔ دف بجانے والا۔ دفالچی۔ دُفالیہ۔
دفاں: (اُردو۔ مذ) دُور۔ دفع۔ دفعاں۔
دفان ہونا: (اُردو۔ فعل) دُور ہونا۔ نکلنا۔ دفع ہونا۔ مُنہ کالا کرنا۔
دَفائر: (ع۔ ف) دفتر کی جمع۔
دَفائن: (ع) دفینہ کی جمع۔ خزانے جو زمین میں گڑے ہوئے ہوں۔
دَفتر: (ف۔ مذ) حساب وغیرہ کا مجموعہ۔ کچہری کاغذات کا مجموعہ، طویل کہانی۔ طومار۔ بڑا بھاری خط۔ طویل قصہ۔ محکمہ۔ آفس۔ سررشتہ۔ رجسٹر۔ مجموعہ۔ اشعار۔ کاپی۔ بہی۔ محکمے کے کاغذات
دفتر اُلٹنا: تلاش کرنا۔ شور و شر کرنا۔
دفتر برہم ہونا: رونق اور بہار ختم ہوجانا۔ بالکل اُلٹ پلٹ ہونا۔ کاغذات کا بے ترتیب ہونا۔
دفتر تہ کرنا: مختصر کرنا۔ دفتر ختم کرنا۔
دفتر چڑھانا: شہرت دینا۔ مشہور کرنا۔ ؎
یارب مدعی پہ کھلے مدعا مرے
فقرے میں آکے یار نہ دفتر چڑھا
دفتر کے: بہت سی کتابیں۔
دفتر کھول دیا: حقیقت بھید ظاہر کردیا۔
دفتر گاؤخورد ہونا: تمام کارخانہ درہم برہم ہونا۔
دفتری: (ف۔ مذ۔ بیائے فاعلیت) دفتر دفتر کے کاغذات درست کرنے اور جلد بنانے والا۔
دفتی (ف۔ مو) کاغذ یا کتاب رکھنے کا پٹھا۔
دفتر قلیہ (اُردو۔ مذ) خراب پکا ہوا قلیہ۔
دفع (ع۔ مو) دُور کرنا۔ ہٹانا۔ پرے کرنا۔
دفع الوقتی (اُردو۔ مو) ٹال مٹول۔ وقت گزاری۔
دفعتہً (ع) یکبارگی۔ ایک مرتبہ۔ یکایک۔ فوراً۔
دفعہ (ع۔ مو) ایک بار۔ نوبت۔ جمع دفعات۔
دفعہ دار: (اُردو۔ مذ) سپاہیوں کے گروہ کا سردار۔
دفعہ دخل کرنا: (اُردو۔ محاورہ) اعتراض کا جواب دینا۔
دفعہ غم: (ع۔ مذ) غم بھلانا۔ غم کو دُور کرنا۔
دفعہ عائد کرنا: کوئی جرم لگانا۔
دفعہ ہونا: (اُردو۔ محاورہ) دُور ہونا۔ رخصت ہونا۔ زائل ہونا۔ جاتے رہنا۔
دفعیہ: (ع۔ مذ) تدبیر۔ علاج۔ تدارک۔ توڑ۔
دفن: (ع۔ مذ) زمین میں چھپانا۔ گاڑنا۔
دفنانا: (اُردو۔ مذ) مُردے کو زمین میں دفنانا۔
دَفین: (ع) زمین میں گڑی ہوئی پوشیدہ چیز۔
دفینہ: (ع۔ ا۔ مذ) زمین میں گڑی ہوئی پوشیدہ چیز۔ خزانہ۔

د ـ ق

دِق: (ع) باریک۔ ایک مشہور بیماری کا نام جس میں آدمی بالکل دُبلا ہوجاتا ہے۔ ہر وقت حرارت رہتی ہے۔ اور معمولی کھانسی بھی آتی ہے
تنگ۔ عاجز۔ آزردہ۔
دِق کرنا: چھیڑنا۔ ستانا۔ تنگ کرنا۔ حیران کرنا۔
دِق ہونا: (اُردو۔ محاورہ) تنگ ہونا۔ دِق کے مرض میں مبتلا ہونا۔
دَق: (ع) کُوٹنا۔ پیسنا۔
دَقاق: (ع۔ مذ) کوٹنے والا۔ دھوبی۔ آٹا بیچنے والا۔ پیسنے والا اور باریک کرنے والا۔ شیخ ابوعلیؒ ایک بزرگ کا لقب جو آٹا بیچتے تھے۔
دِقت: (ع۔ مذ) باریکی۔ دشواری۔ تنگی۔ مشکل۔
دِقت پسند: (ا) مشکل بات کو پسند کرنے والا۔
دِقت طلب: (ع) مشکل۔ دشوار۔ قابل غور۔ توجہ طلب۔
دقیانوس: (ع) فارس کا ایک ظالم۔ بُت پرست بادشاہ جس کے خوف سے اصحاب کہف شہر چھوڑ کر پہاڑ کے غار میں چھپے تھے۔ نہایت پرانا۔ بہت بوڑھا۔ (دقیانوسی۔ منسوب بہ دقیانوس)
دقیق: (ع۔ مذ) باریکی۔ مہین آٹا۔ مشکل (جمع دَقاق) کومل۔ نازک۔ کٹھن
دَقیقہ: (ع۔ مذ) لمحہ۔ منٹ۔ گھنٹے کا ساٹھواں حصہ۔ نکتہ۔ باریکی۔ (جمع دقائق) کسر۔
دَقیقہ رَس: (عف) باریک بیں۔ تیز فہم۔ تیز طبع۔ ہوشیار۔ زیرک
دقیقہ فرو گزاشت نہ کرنا: کسر نہ چھوڑنا۔ سخت کوشش کرنا۔ سب کچھ کہا دینا۔

د ـ ک

دک: (اُر۔ مو) وسعت۔ کشادگی۔
دُکان: (ع۔ مو) سودا بیچنے کی جگہ (جمع دکانیں) فارسی اور اُردو میں بغیر تشدید کاف مستعمل ہے بات۔ ہٹی۔ ہاٹ۔
دُکان بڑھانا: دکان بند کرنا۔
دُکان چلنا: خوب بکری ہونا۔ خریداری ہونا۔
دُکان دار: تاجر۔ دوکان کا مالک۔
دُکان داری کی باتیں کرنا: (اُر) چرب زبانی کی باتیں کرنا۔
دُکانچہ: (ف) چھوٹی دکان۔
دَکشنا: (س۔ مو) نذر یا انعام جو برہمن کو دیا جائے۔
دکن: (ہ۔ مذ) جنوب کی سمت۔ جنوبی ہندوستان۔
دُکھ: (ہ۔ مذ) تکلیف۔ رنج۔ بیماری۔ بلا۔ درد۔
دُکھ بسانا: دُکھ مول لینا۔
دُکھ: (مو) دقت۔ مشکل۔ دقت کا بگڑا ہوا۔
دُکھڑا: (ہ۔ مذ) پیسے کا چوتھا حصہ۔ دمڑی چھدام (متروک)
دُکھ: (ہ۔ مذ) تکلیف۔ رنج۔ بیماری۔ بلا۔ درد۔

دُکھ اُٹھانا (اُ۔محاورہ) تکلیف اُٹھانا۔ مصیبت بھرنا۔ بیماری بھگتنا ایذا پانا۔

دُکھ بھریں بی فاختہ کوے انڈے کھائیں (مثل) مصیبت کوئی کرے فائدہ کوئی اور اُٹھائے۔

دُکھ بسرانا (اُ۔محاورا) رنج وغم بھلانا۔

دُکھ سُکھ (ہ) رنج وخوشی۔ غم وشادی۔

دُکھ ساگر (ہ۔مذ) مصیبت کا گھر۔

دُکھ دَرد: مصیبتیں۔ آفتیں۔

دُکھ درد کا شریک: ہم درد۔ غم گسار۔

دُکھ کا مارا: مصیبت

دُکھ ہرتا: دُکھ دور کرنے والا۔ غم کو مٹانے والا۔

دُکھ ہرن: دُکھ دُور کرنے والا۔

دکھانے کے دانت: نمائشی باتیں۔

دکھاوا: (ہ۔مذ) نمود۔ نمائش۔ تکلف۔ بناوٹ۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ۔ ظاہر ہونا۔ نمودار ہونا۔

دکھاوٹ: (ہ۔مو) نمود نمائش۔ ظاہرداری۔

دِکھاؤ: (اُ۔مذ) دُور کی چیز کا نظر آنا۔ سامنا ہونا۔ دیدار۔ خوش نما۔

دُکھتی رگ: اخلاقی کمزور۔ دلی حساس۔

دُکھڑا (ہ) آفت۔ مصیبت۔ بپتا۔ بلا۔

دکھلاوا: (ہ۔مذ) نمائش۔ بناوٹ۔ تکلف۔ دکھاوا۔

دکھن (ہ۔مو) جنوبی سمت۔ (دکن) جنوب۔

دُکھیا (ہ۔مو) دردمند۔ رانڈ۔ بیوہ عورت۔ دُکھیاری (مذکر دُکھی۔ دُکھیارا)

د - گ

دُگاڑا: (ہ۔مذ) جوڑا۔ دو چیزیں۔ دو نال بندوق۔

دُگانہ: (ف۔مذ) دوگانہ کا مخفف۔ شکرانہ کی نماز کی دو رکعت۔ جڑواں۔ دوہری چیز۔ وہ عورت جو کسی دوسری عورت سے چپٹی لڑتی ہو۔

دُگدگ: (ف) دانت کڑکڑانے کی آواز۔

دِگر: (ف) دوسرا۔ غیر۔ ایک بار اور۔

دِگرگوں: (ف) دوسری طرح۔ متغیر۔ اور ہی طرح۔

دُگلا: (اُ۔ف) لبادہ۔ روئی دار انگرکھا۔ اوورکوٹ۔

دُگلہ: (ف) سپاہیوں کی مشہور قبا۔

دُگن: (ہ۔مو) دُگنی آواز۔ دوسری آواز لگانا۔ موسیقی میں دوسرے درجہ کی آواز۔ دُون۔

دُگنا: دوچند۔ دُونا۔ (دوگنا)۔ دوہرا۔

د - ل

دَل: (ہ۔مذ) موٹائی۔ بڑا لشکر۔ پتا۔ ڈھیر۔ انبوہ۔

دَل بادل: (اُ) بہت گہرا بادل۔ بہت بڑی فوج۔

دَل بندھنا: (اُ۔محاورا) پھوڑے پھنسی کی جسامت بڑھنا۔ فوج کا اکٹھا ہونا۔

دَل دار: (اُ) موٹا۔ دبیز۔

دَل دینا: (اُ۔محاورہ) سخت صدمہ پہنچانا۔

دِل (ف۔مذ) قلب۔ من۔ جی۔ خواہش۔ ضمیر۔ کلیجہ۔ حوصلہ۔ جرأت دلیری۔ ہمت انسانی جسم کا ایک اندرونی عضو۔ رغبت۔ خوشی۔ ہوس۔ رُخ


دِل

دِل آب ہونا: نرم دل ہونا۔

دِل اُٹھنا: سیر وتماشے کی اُمنگ ہونا۔ جی نہ لگنا۔ برداشتہ خاطر ہونا۔

دِل اُچاٹ ہونا: جی اُکتا جانا۔

دِل اداس ہوجانا: افسردہ خاطر ہونا

دِل آہن ہونا: (اُ۔محاورا) دل سخت ہونا۔

دِل افتادہ (ف) پُردل شکستہ خاطر۔

دُلار: (ہ۔مذ) محبت۔ پیار۔ لاڈ۔ ناز۔

دُلار ا: (ہ۔مذ) پیارا۔ لاڈلا (مؤنث دُلاری)

دِلارا: (ف) عزیز۔ پیارا۔ معشوق۔

دِلآرام: (ف۔مذ) معشوق۔ پیارا۔ دِل کو آرام پہنچانے والا (دلارام)

دِل آزار (ف) ظلم۔ دِل دکھانے والا۔ دِل آزاری ظلم۔ ایذارسانی۔

دِل آزردہ: (ف) رنجیدہ۔ غمگین۔ ناراض۔

دِلاسا (ف۔مذ) سہارا۔ تسکین۔ تشفی۔ تسلی۔

دِل افگار (ف) زخمی دل والا۔ نامراد عاشق۔ غمگین۔ رنجیدہ

دَلال (ع۔مذ) راستہ بتانے والا۔ سودا کرانے والا۔ دلوث۔ آڑھتیا۔ بھڑوا۔ کٹنا۔ کمیشن ایجنٹ۔

دِلال: (ع) ناز۔ نخرہ۔ (جمع دل)

دَلالت: (ع۔مو) ہدایت۔ رہنمائی۔ ثبوت۔ نشان۔

دَلالہ: (ع۔مو) رہنما۔ عورت۔ کٹنی۔

دَلالی: (ع۔مو) دلالہ یا دلال کا حق۔ دستوری دلال۔ یا دلالہ پن۔ آڑھت۔ بکوائی کا حق۔

دَلاک: (ع) بدن ملنے والا۔ نائی۔ حجام۔

دِلاور: (ف) شجاع۔ بہادر (دلاوری)۔ بہادری۔ جرأت۔

دِلاوری: (ف) شجاعت۔ بہادری۔ دلیری۔

دِلآویز: (ف) دل پسند۔ مرغوب۔
دلائل: (ع) دلیلیں۔ دلیل کی جمع۔ کسی کو باتوں سے منانا۔
دلائی: (ہ۔ مو) ہلکی رضائی۔ بغیر روئی کی دوہر۔
دِل آجانا عاشق ہونا۔ مائل ہونا۔ دل پھنسنا۔
دل اُمنڈ آنا۔ رو دینا۔ دِل بھر آنا۔
دِلبادہ (ہ۔ مذ) چمڑیل۔ لڑائی کے پرند سے کو تیار کرنا۔ لڑائی والا پرندہ۔
دِلبادل (اڈ) ایک بڑے خیمہ کا نام۔
دِلبر (ف) معشوق۔ دلربا۔ دل لے لینے والا۔
دِل بُرا کرنا، ناخوش ہونا۔ دِل کھٹا ہوجانا۔
دِل بڑھانا، ہمت دلانا۔ داد دینا۔ تعریف کرنا۔ دلیر بنانا۔
دِلبستگی (ف) تسکین۔ دِل کا لگنا۔ جی بہلنا۔
دِل بہار (اڈ) خوش نما۔ رنگ کی ایک قسم۔
دِل بھر بھرانا: لالچ آنا۔ طمع پیدا ہونا۔ شوق ہونا۔
دِل بھرنا، مطمئن ہونا۔ اطمینان کر لینا۔
دِلبند: (ف) مراد فرزند۔ لڑکا۔ پیارا۔ بیٹا۔
دِلپذیر: (ف) دیکھو (دلآویز۔ دل پسند۔
دِل پسیجنا: رحم آنا۔ رقت ہونا۔ ترس کھانا۔ سخاوت پر آمادہ ہونا۔
دِل پک جانا: سخت کلامی سے دل اُکتا جانا۔
دِل پھر جانا، محبت کے عوض نفرت پیدا ہوجانا۔
دِل تنگ: (ف) کنجوس۔ بخیل۔ ملول۔ ناخوش۔
دِل توڑنا: مایوس کر دینا۔ بے تعلق ہوجانا۔
دِل ٹٹولنا: ٹوہ لینا۔ مرضی معلوم کرنا۔
دِل جلا (اڈ) عاشق۔ فریفتہ۔
دِلجمعی: (اڈ۔ مو) اطمینان۔ بے فکری۔ تسلی۔
دِلجو: (ف۔ مو) لذیذ۔ پیارا۔ محبوب۔
دِل چھوڑنا: ہمت ہارنا۔ تھک جانا۔
دِلچسپ (ف) دل پسند۔ مرغوب۔ خوبصورت۔
دِل چلا: (اڈ) بہادر۔ دلیر (من چلا) جوان مرد۔
دِل خراش (ف) دل کو چھیلنے والی۔ تکلیف پہنچانے والی چیز۔ رنج پہنچانے والا۔
دِلخواہ (ف) مرضی کے موافق۔ پسندیدہ۔
دِلدادہ (ف) فریفتہ۔ عاشق۔ (جمع دلدادگان)
دلدار (اڈ) جس کا دل موٹا ہو۔ سخی۔ معشوق۔
دِلدّر (ہ۔ مذ) افلاس۔ تنگی۔ نحوست۔ گندگی۔
دلدّر پار ہونا، عزت بنی رہنا۔ مفلسی دُور ہونا۔ افلاس دُور ہونا۔ تنگی جاتی رہنا۔
دلدّری مفلسی اور غربت۔
دُلدُل: (ع۔ مذ) مقوقس بادشاہ کا مادہ خچر جس کو اُس نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں ہدیۃً بھیجا تھا آپ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو دے دیا تھا۔
دُلدُل سوار: (اڈ) حضرت علیؓ کا لقب۔
دَلدَل (ہ۔ مو) نرم اور کیچڑ والی زمین جس میں پیر دھنس جائیں۔
دَلدَل میں پھنس جانا، مصیبت میں پڑجانا۔ کیچڑ میں پھنسنا۔
دِلدوز (ف) دل میں گھسنے والا۔ پسندیدہ۔
دِل دینا، عاشق ہونا۔
دِلدہی (ف) دلبری۔ ڈھارس (اں جانفشانی۔ تن دہی۔ محنت و مشقت۔
دِل ڈوبنا، غشی طاری ہونا۔ گھبرانا۔
دِلرُبا: (ف) دیکھو دلبر۔ (دلربائی دلبری، معشوقیت) دل لے جانے والا۔
دِل رکھنا: بات مان لینا۔ رنجیدہ نہ کرنا۔ اُمید بر لانا۔
دِل زدہ (ف) غمزدہ۔ افسردہ دل۔ غم رسیدہ۔
دِلستان (ف) محبوب۔ معشوق۔ دلربا۔
دِل سرد ہونا: ولولہ اور جوش ختم ہونا۔ جی بھر جانا۔
دِل سے دھواں اُٹھنا: رنج و غم سے آہ نکلنا۔
دِل سے گرانا، نظروں سے گرانا۔ بے وقعت کرنا۔
دِلسوز، غمخوار۔ دردمند۔ دل گداز۔ درد انگیز۔ ہمدرد۔ سرگرم۔ پُرجوش۔
دِلسوزی: (ف) خیر خواہی۔ ہم دردی۔ غم خواری۔ دل کا جلنا۔
دِلشاد (ف) خوش و خرم۔ مگن۔
دِل شکستہ (ف) رنجیدہ۔ غم زدہ۔ خوش باش۔
دِل شکنی (ف) رنجیدہ کرنا۔ دِل توڑنا۔
دِلفریب (ف) فریفتہ کرنے والا۔ دل کو لبھانے والا۔ من موہن۔ خوبصورت۔
دِلفگار: (ف) زخمی دل۔ مُراد عاشق۔ بزدل۔ محزون۔
دِل ڈانواں ڈول ہونا: تذبذب ہونا۔ کسی بات پر قائم نہ رہنا۔
دُلق: (ع۔ مو) فقیروں کا لباس۔ گدڑی۔
دلک: (ع) کلمہ۔ رگڑنا۔
دِل کا بخار نکالنا: غصہ اُتارنا۔ رو کر یا کسی کو کہہ کر اندرونی رنج دفع کرنا۔
دِل کا دو دو ہاتھ اُچھلنا: نہایت درجہ کا اضطراب و گھبراہٹ ہونا۔
دِلکش: (ف) دل چسپ۔ خوش نما۔ مرغوب۔
دِلکشا: (ف) فرحناک۔ وسیع۔ روشن۔ کھلا ہوا۔
دِل کو لگ جانا: اثر پذیر ہونا۔ دل پر چوٹ کھانا۔
دِل کھو جانا، بدحواس ہوجانا۔ گھبرا جانا۔
دِل کھلنا: ڈر نکلنا۔ جھجک جاتی رہنا۔
دُلکھنا: (ہ) بات کاٹنا۔ اعتراض کرنا۔ منع کرنا۔
دُلکی: (ہ۔ مو) گھوڑے کی ایک قسم کی تیز چال۔
دِل کی حسرت نکالنا، خواہش بر لانا۔ دل کا ارمان پورا کرنا۔
دِل کی دل ہی میں رہ جانا: خواہش پوری نہ ہونا۔
دِل کی پھانس: دل کی چبھن۔ چبھک۔

دِل کی گرہ : (اُ) دلی رنجش۔ رنج۔ شکوہ شکایت
دِل کی لاگ : محبت۔ عاشقی ؛
دل کے پھپھولے توڑنا : جلی کٹی باتیں کرنا۔ بُرا بھلا کہہ کر دل کا غصہ نکالنا بدلہ لینا۔ زہر اُگلنا۔ درد دل ظاہر کرنا۔
دِل کردہ : (اُ۔ مذ) جرأت۔ مجال۔ طاقت۔ برداشت ؛
دِلگرمی : (ف) محبت۔ مدد ؛
دلگیر : رنجیدہ۔ مغموم۔ سوگوار۔ غم گین ؛
دِل لگی : (اُ) ہنسی مذاق۔ دلدستی۔ شغل۔ چہل ؛
دل لگی باز : (اُ) مسخرہ۔ ظریف ؛
دِل لہرانا : دل میں اُمنگ پیدا ہونا۔ طبع و خواہش ہونا۔ دل خوش کرنا۔ دل خوش ہو جانا۔
دِل لینا : عندیہ لینا۔ منشا دریافت کرنا۔ اپنا عاشق بنا لینا۔ مائل کرنا منشا دریافت کرنا۔
دل مارنا : خواہش روکنا۔ کسی سے صبر کرنا ؛
دل مُردہ ہو جانا : افسردہ دل ہونا۔ خواہش جاتی رہنا۔ کسی کام کو دل نہ لگنا
دِل مسوسنا : (اُ) صدمہ کی وجہ سے چُپ چاپ ہونا۔ دل ہی دل میں رنج و غم ضبط کرنا ؛
دِل مِلنا : محبت پیدا ہونا۔ یک دلی ہونا ؛
دِل ملول : (اُ) رنجیدہ۔ غم گین ؛
دُملہ (ف ۔ ا۔مذ) سالن کی ایک قسم۔ پنیر والا دودھ ؛
دِل میں ٹھان لینا : پختہ ارادہ کر لینا ؛
دل میں چبھ جانا : پسند آجانا۔ کسی بات کا دل پر اثر کر جانا ؛
دل میں چٹکیاں لینا : پوشیدہ طور سے بے چین کرنا۔ ستانا۔ دل پر اثر کرنا۔ شوق پیدا کرنا ؛
دل میں فرق آنا : دل میں شبہ پڑنا ؛ دل میں بدگمانی پیدا ہونا۔ گمان گزرنا۔ اعتبار اُٹھنا۔ شکر رنجی ہونا ؛
دل میں کانٹا سا کھٹکنا : ناگوار طبع ہونا۔ گراں خاطر ہونا۔ دل میں کسی طرف سے دھڑکا لگا رہنا۔
دل میں گھر کرنا : کسی کی خدمت کر کے اُس کے دل کو لبھانا۔ دوست بنانا ؛
دُلنا : (اُ) ہولنا پیسنا۔ دال بنانا اور وڑا کرنا ؛
دلنشین ہونا : (اُ) دل میں بیٹھنا۔ موثر ؛
دَلود (ع ۔ ا۔مذ) دلو۔ آسمان کا ایک برج ؛
دِل والا : سخی۔ فیاض۔ بہادر۔ شجاع۔ حوصلہ والا ؛
دِلوانا : سپرد کرنا۔ قرض نکلوا دینا ؛
دل و جان : (ف) پیارا محبوب ؛
دل و دماغ : (ف ۔ ا۔مذ) عقل۔ ہوش۔ علم ؛
دلو کا دس سیرا : بیجا دخل دینے والا ؛
دلہا : (ہ ۔ ا۔مذ) کوڑ کے پیچے کا بڑا ٹکڑا ؛
دُلہا : (ہ ۔ ا۔مذ) نوشہ۔ جس کی شادی ہو۔

دِل ہاتھ میں لینا : کسی کو اپنا مطیع بنانا ؛ تسلی دینا ؛
دِل ہٹ جانا : نفرت ہو جانا۔ رغبت نہ رہنا ؛
دِل ہل جانا : دِل پر صدمہ پہنچنا۔ دِل میں رحم آنا ؛
دُلوائی : (ہ) دُلنے کی اُجرت
دلوک : (ع) سورج کا ڈھلنا۔ غروب ہونا ؛
دلہاث : (ع ۔ا۔مذ) شیر ؛
دُلہن : (ہ ۔ا۔مو) سہاگن (عروس) بنی وہ عورت جس کی شادی ہو رہی ہو۔
دِلّی : (ہ ۔ا۔مو) بھارت کا دارالسلطنت ایک مشہور شہر کا نام۔ (دہلی)
دِلی : (ف ۔ مو) پکا۔ خالص۔ گہرا قلبی ؛
دِلّی دور ہے : (اُ۔ مثل) منزل دُور ہے ؛
دِلی کا روڑا : (اُ) بہت چالاک آدمی ؛
دِلی میں رہ کر بھاڑ ہی جھونکا ہے : (اُ۔ مثل) لائقوں میں بیٹھ کر بھی نالائق رہنا ؛
دُلیا : (ہ ۔ا۔مذ) دُلا ہوا اناج ؛
دَلیر : (ف) بے خوف۔ دل چلا۔ نڈر ؛
دلیرانہ (ف) بہادرانہ۔ گستاخانہ۔ بیباکانہ ؛
دلیری (ف ۔ مو) بہادری۔ چالاکی۔ جرأت ؛
دلیل (ع ۔ مو) رہنما۔ حجت۔ ثبوت۔ ادلہ۔ (دلائل (جمع۔ وجہ)
دلیل کامل : (ف ۔ مو) پورا ثبوت ؛
دلیل ناقص : پوری بات ؛ کمزور بات ؛
دُلیل : (اُ۔ مو) فوجی سپاہیوں کی قواعد۔ سزا ؛
دلیل بولنا : کھڑا رہے یا چلنے اور قواعد کرنے کی سزا ملنا ؛

د ۔ م

دُم : (ف ۔ مو) پُونچھ۔ دُنبالہ۔ پچھلگو۔ انجام ؛
دَم : (ف ۔ مذ) سانس۔ پھونک۔ فریب (ع) خون (دما۔ جمع) (دُمُ) جان (ہ) دُعا۔ جادو منتر کی پھونک (اُ) دھوکا۔ بھالنسا۔ سختی کش۔ مکر۔ زندگی۔ ذات۔ طاقت۔ قوت۔ زور۔ مضبوطی۔ خوشی۔ فرحت۔ بلند حوصلگی۔ فریب۔ دغا۔ (دمک۔ فسوں۔ الوالعزمی۔ شیخی۔ گھمنڈ۔ خانہ۔ وطن
دَم آجانا : (اُ۔ محاورہ) جان آجانا۔ زندگی پیدا ہونا ؛
دم آب (ہ ۔ ا۔مذ) پانی کا گھونٹ۔ تھوڑا سا پانی
دَم آفرین (ف ۔ مذ) موت کا وقت۔ آخری سانس ؛
دَم اٹکنا : نزع کا وقت ہونا۔ سانس کا پھیپھڑے میں آکر رک جانا۔ جان نکلنا ؛
دُم الاخوین (ع ۔ا۔مو) سُرخ رنگ کا گوند جو رنگنے اور دوا کے کام آتا ہے (حالیس خون ہے) ؛
دِمانت (ع) نرمی۔ ہمواری ؛

دُما دُم : (ف) پے در پے ؛ دمیدم ۔ متواتر ۔
دُمار : (ع) ہلاکت ۔ ہلاکی ؛
دِماغ : (ع) مغز ۔ بھیجا ۔ فہم ۔ تکبر ۔ غرور ۔ عقل و سمجھ ۔ ہوش و حواس ۔ جمع ادمغہ ؛



دِماغ آسمان پر ہونا : متفکر و مغرور ہونا ؛
دِماغ پریشان کرنا : طبیعت کو مکدر کرنا ۔ حواس باختہ کرنا ؛
دِماغ تازہ ہونا : دماغ کو آرام ملنا ؛
دِماغ چل جانا : سڑی ہو جانا ۔ اترا جانا ؛



دماغ

دِماغ دار مغرور ۔ متکبر ؛
دِماغ درست ہو جانا : غرور و گھمنڈ ختم ہو جانا ۔ غصہ اُتر جانا ؛
دِماغ کرنا : اِترانا ۔ خاطر میں نہ لانا ۔ غرور کرنا ؛
دِماغ کی گرمی اُتار دینا : گھمنڈ اور غرور مٹا دینا ۔ جوش ٹھنڈا کر دینا ؛
دماغ میں خلل ہونا : اپنے آپ کو بڑا سمجھنا ۔ پاگل ہونا ؛
دَمامہ (ف ۔ مذ) نقری ۔ بڑا نقارہ ۔ دھونسا ؛
دَمان : (ف) پھنکارنے والا ۔ جوشیلا ۔ غصہ میں بھرا ہوا ۔ تیز چلنے والا ؛
دَمانک : (ہ ۔ مو) ایک قسم کی بندوق جو گھوڑے پر بیٹھ کر چلائی جاتی ہے ؛
دَمباز (ف) مکار ۔ دغاباز ؛
دَم بخود : (ف) خاموش ۔ متحیر ؛
دَمبدم : (ف) ہر وقت ۔ گھڑی ۔ گھڑی ؛
دَم بازی : (ف ۔ مذ) دھوکہ بازی ۔ مکاری و دغابازی ؛
دَم پخت : (ف ۔ مو) دیگ یا دیگچی کا منہ بند کر کے بھاپ روک کر پکایا ہوا کھانا ؛
دَم پھڑکنا : فریفتہ ہونا ۔ کمال خواہش سے بے تاب ہونا ۔ مضطرب ہونا ؛
دَم پر چڑھانا : فریب میں پھنسانا ۔ دھوکے میں آجانا ۔ دغابازی کرنا دھوکہ دینا ؛
دَم توڑنا : جان دینا ۔ مرنا ۔
دَم جتانا : (اُ ۔ ہندو) اپنے تئیں مردہ ظاہر کرنا ؛
دَم روک لینا : پہلوتہی کرنا ۔ ٹالنا ۔ کام کرنے سے کترانا ؛
دُم پر چھلا : (اُ ۔ مذ) دُنبالہ ۔ ساتھ رہنے والا ؛
دُمچی (اُ) ساز میں گھوڑے کی دُم کا تسمہ ؛ جمع دُمچیاں ؛
دَم خم : (اُ) زور و طاقت ۔ قوت ؛
دَم خنجر : (ف ۔ مذ) خنجر کی دھار ؛
دَم دار : (ف) دُم والا ۔ مضبوط ؛
دَم داعیہ (اُ ۔ مذ) حوصلہ ۔ دعویٰ ؛
دَم دلاسا (اُ) تسلی ۔ جھانسا ؛
دَم دھاگہ : (اُ ۔ مذ) فریب دھوکہ ۔ جھانسا ؛
دَمدمہ (ف ۔ ہندی) مورچہ قلعہ جو ٹیلوں میں مٹی بھر کر بنایا جائے (مورچال) نقارہ ۔ ڈھول ۔ چاپلوسی ؛
فریب ۔ (ع) زلزلہ ۔ غصہ ۔ عذاب ؛
دَم دینا : مرجانا ۔ فریب دینا ۔ فریفتہ ہونا ۔ کھانے کو منہ آنچ پر رکھنا ۔
دَمڑی : (ہ ۔ ہندو) پیسے کا چوتھائی حصہ ۔ چھدام (متروک)
دَمڑی دَمڑی : کوڑی کوڑی ؛
دَمڑی کا : بہت کم قیمت کا ۔ معمولی ؛
دَمڑی کی بڑھیا ٹکا سر منڈائی (ہ ۔ مثل) اصل کی قیمت کم اور خرچہ زیادہ ؛
دَمڑی نہ جائے چاہے چمڑی جائے : (مثل) مال خرچ نہ کرنا پڑے اور کام ہو جائے چاہے اُس میں جان چلی جائے ؛
دَمڑے : (ہ ۔ مذ) دام ۔ روپے ؛
دَمساز : (ف) دوست ۔ موافق ۔ ساتھی ؛
دَم سحر : (ف ۔ مذ) صبح کا وقت ؛
دَم سولی پر ہونا : (اُ ۔ محاورا) بہت پریشان ہونا ۔ جان کو خطرہ ہونا ؛
دَم شماری : (ف ۔ مو) مرتے وقت کے سانس گننا ؛
دِمشق (ع) ایک مشہور شہر جو ملک شام کا دار الخلافہ ہے ۔ (مشتاق بن نمرود یا دمشق نمرود کے غلام نے اسے بسایا تھا ؛
دَمع : (ع) آنسو بہانا ۔ (دمعہ) آنسو ۔ جمع دموع ہے ؛
دَم عیسیٰؑ : (ع ۔ مذ) حضرت عیسیٰؑ کی پھونک جس سے مُردہ زندہ ہو جاتا تھا ۔ صحت بخش جان ڈالنے والا ؛
دَمک : (ہ ۔ ہندو) چمک ۔ روشنی ۔ گرمی ۔ تمتماہٹ ؛
دَمکڑا : (ہ) چمڑے کا گول ٹکڑا جو تکلے میں لگایا جاتا ہے ؛
دَم قدم کی برکت : (اُ ۔ مو) جان کی سلامتی ۔ فقیروں کی دُعا ؛
دَم کش : (ف) گانے میں گانے والے کی موافقت کرنے والا اور مدد دینے والا (آس دینے والا) ؛
دَم کشی : (ف) گانے والے کی آواز کو مدد دینا ؛

دَمکنا : (ہ) چمکنا۔ جھلکنا۔ تاباں ہونا۔
دُمدم گاڑ : (ف) بڑا کوڑا۔ نفیری۔ قرنا۔
دُمل : (ع۔ مذ) پھوڑا۔ (جمع دمامیل) ہے۔
دَم لینے کی فرصت نہیں : (اُ۔ مو) بہت کم فرصت ہونا۔
دم مارنے کی جگہ نہیں : (اُ۔ محاورا) کچھ بس نہ چلنا۔ کچھ کہا نہیں جاتا۔
دِمَن (ع۔ا۔مذ) کوڑا کرکٹ کا ڈھیر (دمنہ واحد ہے)
دمنا (ہ) چمکنا۔ لوہے کا ملائم ہونا۔
دَمنہ (ع) ایک گیدڑ کا نام جس کا قصہ کلیلہ دمنہ کتاب میں ہے۔ مجازاً بڑا۔ مکار۔ حیلہ گر۔
دَموی : (ع) منسوب بہ دم یعنی خونی مزاج والا۔
دَمہ : (ف۔ا۔مذ) دھونکنی۔ پھکنی (ل) سانس کی بیماری (ضیق النفس)
دَمہ دَم کے ساتھ : (ہ مثل) دَمہ کا مرض مرتے دم تک نہیں جاتا۔
دَمی : (ف) چھوٹا حقہ۔ گڑگڑی۔
دَمیدگی : (ف۔ا۔مو) ہوا کا چلنا۔ پھولوں کا کھلنا۔ شاخوں کا نکلنا۔ خوشبوؤں کا پھیلنا۔ خارش۔ مہاسے۔
دَمیدن : (ف) پھولنا۔ اُگنا۔ جوش مارنا۔
دمیدہ ہ : (ف) کھلا ہوا۔ پھوٹا ہوا۔ کھلنے والا۔
دَمیم : (ع) بدصورت۔ بدشکل

د - ن

دَن : (ہ۔ا۔مو) پٹاخہ۔ بندوق یا توپ کی آواز۔
دِن : (ہ۔مذ) روز۔ صبح۔ وقت۔ یوم۔ زمانہ۔
دِن آنا : موت کا وقت آنا۔ حیض آنا۔ رُت آنا۔
دِن بدن : روز بروز۔ ہر روز۔ رفتہ رفتہ۔
دِن پورے کرنا : زندگی مشکل سے گزارنا۔
دِن پھرنا : اچھے دن آنا۔ خوش حال ہونا۔
دِن دِکھانا : (اُ۔ محاورا) خوشی کا موقع نصیب کرنا۔
دِن دونا رات چوگنا : بہت زیادہ۔ زیادہ ہی زیادہ ہ۔
دِن دیکھا نہ رات : (اُ۔ محاورا) وقت بے وقت کا خیال نہ کرنا۔
دن سیدھے ہونا : فارغ البالی ہونا۔ بھلے دن آنا۔
دِن عید رات شب برات : رات دن عیش و نشاط۔
دِن کڑا ہونا : (اُ۔ محاورا) مصیبت کا زمانہ ہونا۔
دِن کو اُوتی اُونی رات کو چیتھڑا پونی : بغیر موقع کام کرنا۔
دِن کو تارے نظر آنا : بہت تیز نظر ہونا۔ بہت مشکل پیش آنا۔ سخت تاریکی ہونا۔
دِن کی کہی رات کی پوچھی : (اُ۔ مثل) بے تکی بات جواب میں کہنا۔
دِن گننا : انتظار کرنا۔
دِن منانا : یادگار کے طور پر خوشی منانا۔
دِن ہوا ہونا : اچھا وقت گزر جانا۔
دن ہو گئے (اُ۔ محاورہ ہ) کافی مدت ہو گئی۔ بہت زمانہ گزر گیا۔
دن کو سوئے روزی کھوئے : (ہ مثل) جو دن کو کام نہ کرے اُس کی روزی تنگ۔
دَن : (ع) مٹھور۔ لمبا۔ مٹکا جو بغیر گاڑے ٹھہر نہ سکے (جمع دُنان ہے) نژق۔
دُنّا : (ہ) موٹا۔ مضبوط۔ لمبا۔ بڑا۔ نڈر۔
دُناءت : (ع۔مو) کمینہ پن۔ کنجوسی۔ پست ہمتی۔
دُنادُن : (اُ) بندوق اور توپ وغیرہ کے پے در پے چھٹنے کی آواز۔
دُنب : (ف۔مو) چوپایوں کی دُم۔
دُنبال : (ف) کسی چیز کا پچھلا حصہ۔ جانوروں کی دُم۔
دُنبالہ : (ف۔ا۔مذ) کسی چیز کا پچھلا حصہ۔ سرمہ کی وہ لکیر جو گوشہ چشم سے۔ خوبصورتی کے لیے بڑھا دیتے ہیں۔ زیریں کشتی یا جہاز وغیرہ کا پچھلا حصہ اس میں ہ زائد ہے۔ تشبیہ کے لیے ہے۔ دُم پچھیا۔
دُنبالہ دار : (ف) گچھے دار۔ دُم دار۔
دُنبل : (ف۔ا۔مذ) پھوڑا۔ پھنسی (ع۔ دُمل)
دُنبہ : (ف۔ا۔مذ) چکی۔ وہ بھیڑ یا مینڈھا جس کی دُم پر چکی ہو۔
دُنابیل : (ہ۔ا۔مذ) قوی۔ مضبوط۔
دُنتیلا : (ہ) بڑے بڑے دانتوں والا۔
دُند : (ہ۔مذ) بڑا نقارہ۔ غل۔ اندھیر۔ ظلم۔
دُند مچانا : (اُ) شور و غل کرنا۔ ظلم ڈھانا۔
دُندان تیز کرنا : لالچ کرنا۔ حرص کرنا۔
دُندان ساز : (ف۔ا۔مذ) مصنوعی دانت بنانے والا۔
دُندان دراز : (ف) لالچی۔ حریص۔
دُندانہ : (ف۔ا۔مذ) دانتا۔ دانت کے مشابہ۔
دُندان شکن جواب دینا : سخت جواب دینا۔ منہ توڑ جواب دینا۔
دُندناتا : (ہ) مزے اُڑانا۔ عیش کرنا۔
دُنڈار س (اُ۔مذ) مختلف رنگوں میں رنگے ہوئے کپڑے کا نام۔
دُنس : (ع) میلا۔ کچیلا۔ جمع ادناس۔
دُنڈ مُنڈ سے : سر اور بازوؤں کی کوشش۔
دُنکا : (ہ۔ا۔مذ) اناج کا دانہ۔ تحقیراً بولتے ہیں۔
دُنگ : (ف) حیران۔ متحیر۔ احمق۔ ششدر۔
دُنگ چور : (اُ) غمگین۔ رنجیدہ۔
دُنگا : (ہ۔مذ) جھگڑا۔ فساد۔ شرارت۔ لڑائی۔
دُنگل : (ف۔مذ) کھاڑا۔ کشتی لڑنے کی جگہ۔ مجمع۔
دُنگل مارنا : کشتی جیتنا۔ فتح پانا۔
دُنوں کا پھیر : (اُ۔ محاورا) قسمت کا چکر۔ گردش زمانہ۔ حیض کا گھٹنا بڑھنا۔
دِونڈا : (ہ۔ا۔مذ) ایک مرض جس میں دِن کو کم دکھائی دیتا ہے۔

دَنی : (ع) نالائق۔ کمینہ۔ (مؤنث دَنیہ)

دُنیا (ع۔مو) سنسار۔ عالم۔ جہان۔ کرۂ ارض۔ کائنات۔ جائداد

دُنیا اِدھر کی اُدھر ہوجانا : انقلاب عظیم ہونا۔

دُنیا اندھیر ہوجانا : غم سے کچھ نہ سوجھنا۔ سخت گھبرا جانا۔

دُنیا بہ اُمید قائم (مثل) انسان امید پر زندگی بسر کرتا ہے۔

دُنیا پرست (ف) کنجوس۔ بخیل۔ دُنیا دار۔

دنیا پر لات مارنا : (اُر۔محاورا) دُنیا کو ترک کر دینا۔ گوشہ نشین ہونا۔

دُنیا داری : (ف۔مو) ملنساری۔ ریاکار۔ رشتہ داری۔ کنبہ۔ خانہ داری۔

خانہ داری : دُنیا کے دھندے۔ تعلقات۔ ملنساری۔ میل جول۔

دُنیا دیکھنا تجربہ کار ہونا۔

دُنیا ساز : ظاہر داری کرنے والا۔

دُنیا سازی : (اُر۔مو) بناوٹ۔ نمائش کی باتیں کرنا۔

دُنیا کا ابھی کیا دیکھا : (اُر۔محاورا) کم عمر ہے۔ ناتجربہ کار۔

دُنیا ومافیہا : (ع۔مذ) دُنیا اور جو کچھ اس میں ہے۔

دُنیا سے بے ثبات : یہ عالم فانی ہے۔

دنیا سے دنی : کمینی دنیا۔

دُنیوی (ع) دُنیا سے منسوب۔ دُنیا کا۔

د - و

دَو (ع) جنگل۔ بیابان (ف) ایک اور ایک کا مجموعہ۔

دَو : (ف۔مو) دوڑنا۔ دوڑنا۔

دو (ف) ایک اور ایک کا مجموعہ۔ جوڑا۔ جفت جدا۔ غیر۔ الگ

دُوآ (ف۔مذ) دوجا۔ دوسرا۔ دوستان والا تاش کا پتہ۔ دُکی۔ دو کا ہندسہ۔

دَوآبہ : (ف) دو دریاؤں کے درمیان کی زمین یا علاقہ۔

دَوات (ع۔مذ) لکھنے کا ظرف جس میں روشنائی رکھتے ہیں۔

دوآتشہ : تیز شراب۔ تیز و تند۔

دوآتشہ پلانا : (اُر۔محاورا) غصہ دلانا۔ اشتعال دلانا۔

دوآشیانہ : ایک قسم کا خیمہ جس میں دو کمرے ہوتے ہیں۔

دو بادشاہ دراقلیمے نہ گنجند / دو درویش در گلیمے نہ گنجند (ف۔مثل) ایک ملک میں دو بادشاہ ہوں۔ تو ہمیشہ لڑائی جھگڑا رہتا ہے مگر دس فقیر ایک گدڑی میں سو جاتے ہیں۔

دُواج : (ع) (دواج۔ دَوَاج) لحاف۔ قبا۔

دَوادَو : (ف) متواتر دوڑنا۔ کوشش۔

دَوادَشی : (ہ۔مو) بر یا کھ کی بارہویں تاریخ بڑھتے اور گھٹتے چاند کی بارہویں رات۔

دَوادَوش : (ف) دھوڑ دھوپ۔ کوشش۔

دُوار : (ع) سر چکرانے کا مرض۔ گردش کرنے والا۔

دُوازدہ : (ف) بارہ ۱۲۔ ۱۲۔ دس اور دو۔

دوازدہ امام (مع) فرقہ اثنا عشریہ کے بارہ امام حضرت علیؓ۔ امام حسنؓ امام حسینؓ۔ امام زین العابدینؒ۔ امام محمد باقرؒ۔ امام علی نقیؒ۔ امام جعفر صادقؒ۔ امام موسیٰ کاظمؒ۔ امام حسن عسکریؒ اور امام مہدیؒ۔

دوازدہ مقام : (ف۔مذ) گانے کے بارہ پردے موسیقی کی اصطلاح۔

دُواسپہ : (ف) دو گھوڑوں کی ڈاک۔ دو گھوڑوں کی سواری کنایہ ہے۔ جلدی۔ تیزی اور سرعت سے۔

دَواعی : (ع) وجوہات۔ اسباب۔ داعیہ کی جمع ہے۔ علامات۔

دَوال : چند۔ تھوڑے۔ دو تین۔

دَوال : (ف) چمڑے کا تسمہ۔ نقارہ کی موٹے تسمہ کی جوب۔ (دُوال) تلوار۔

دِوالہ نکلنا : (اُر) قرض ادا کرنا۔ مفلس کا ثبوت دینا۔

دِوالی : (ہ۔مو) کاتک کے چودھویں دن ہندوؤں کا مشہور تہوار جس میں چراغاں کرتے ہیں اور لچھمی کی پوجا کرتے ہیں۔ بادلہ کا چوڑا تار۔

دِوالیہ : (ہ۔مذ) مفلس۔ تنگدست۔ جس کا دوالہ نکلنے کی وجہ سے کاروبار بند ہو۔

دَوام : (ع۔مذ) ہمیشگی۔ مداومت۔ معاونت۔

دَوامی : (ف) ہمیشہ کے لیے۔

دَوامی بندوبست : زمین کی مالگزاری کے انتظامات جو ہمیشہ کے لیے کر دیے جائیں۔

دَوامی پٹا : (اُر۔مذ) ایسا اجارہ جو ہمیشہ کے لیے ہو۔

دَوال : (ف) دوڑتا ہوا۔ دُوڑتی۔ بھاگتا ہوا۔

دوال : (ف) دوڑتا ہوا۔ بھاگتا ہوا۔ حیراں سرگرداں۔

دوانہ : (اُر۔مذ) سودائی۔ پاگل۔ مجنوں۔ بے وقوف۔ دیوانہ۔ احمق۔

دُوانی : (اُر) دو آنے کا سکہ۔ روپے کا آٹھواں حصہ۔ اب یہ سکہ نہیں چلتا۔

دَوادین : (ع) دیوان کی جمع بمعنی کتاب۔ دفتر۔

دَواہی : (ع) داہیہ کی جمع حوادثات۔

دَوائر : (ع) دائرہ کی جمع۔ حلقہ۔ گھیرا۔

دَوائی : (ف) دوا کا مزید علیہ۔

دُوب : (ہ) باریک۔ نرم عمدہ سفید گھاس۔

دو باتوں میں : چند فقروں میں۔

دوبارہ : (ف) دوسری مرتبہ۔ مکرر۔

دوبالا : (ف) دُگنا۔ دوچند۔ دُونا۔

دوبول پڑھانا : نکاح پڑھانا۔

دُوبدُو : (ف) سامنے۔ مقابل (رُوبرو)

دوبیتی : (اُر۔مو) رُباعی۔

دوبھر : (ہ) ناگوار۔ مشکل۔ سخت۔

دوپایہ : (ف۔مذ) دو پائے یا دو پیر والا۔

دوپٹا : (اُر۔مذ) دو پاٹ کی چوڑی چادر۔ عورتوں کے سر پر اوڑھنے کا کپڑا۔ اوڑھنی۔ پٹکا۔

دوپٹا بدلنا : بہنا پاکرنا۔
دوپشتہ کرنا : (اُ) ایک رُخ چھاپ کر اُس کے پُشت پر چھاپنا۔
دوپلڑی : (اُ) چھوٹی دوپلوں کی ٹوپی (دوپلی)
دوپہر : (اُ) دن کا درمیانی وقت۔ بارہ بجے۔
دوپہریا : (اُ) پھول کی ایک قسم جو دوپہر کو پھولتا ہے۔
دوپیازہ : (ف۔ مذ) وہ گوشت جس میں دو مرتبہ پیازہ ڈالی جائے ایک مرتبہ تل کر دوسرے کو پھر ویسے ہی گوشت کے ساتھ۔
دوپیکر : (ف) بُرج جوزا جس کو عربی میں توماں کہتے ہیں۔ دورنگا۔
دوتا : (ف) جھکا ہوا۔ ٹیڑھا۔ کبڑا (ہ) سفیر۔
دوتارا : (ف) ستار کی طرح کا ایک باجا جس میں دو تار ہوتے ہیں۔ (دوتارا)
دوتاہ : (ف) دُگن (دوچند) دُونا۔
دوتہی (ہ) موٹا کپڑا جو دوہرا کر کے بستر کی طرح بچھایا جائے۔
دُوتن (اُ۔مو) دلالہ۔ کٹنی۔ سوکن۔ مخالف۔ مُچغل خور عورت۔
دوٹوک : (ا) دوٹکڑے۔ صاف۔ کھرا۔ فیصلہ کن۔
دوٹوک جواب دینا : صاف انکار کرنا۔
دُوج (ہ) چاند کی دوسری اور ستر ھویں تاریخ۔
دوجہان (ف۔ا۔مذ) دین و دنیا۔ دنیا و آخرت۔
دوجیبہا (ف۔ا۔ہ) دو زبانوں والا۔ بدعہد۔ منافق۔
دوجورو کا خصم چوسر کا پانسا : (اُ۔مثل) دو بیویوں والا ہمیشہ تکلیف میں رہتا ہے۔
دوچار : (ف) مقابل۔ ملاقات (اُ) چند۔ دو تین۔
دوچار گھڑی رات ہے : سحری کے وقت
دوچار ہاتھ رہ جانا : بہت کم فاصلہ رہ جانا۔
دوچار ہونا : (ہ) آمنا سامنا ہونا۔ مقابل ہونا۔
دوچت (ہ) پریشان۔ مضطرب۔ یکسوئی نہ رکھنے والا۔ متذبذب۔
دوچشمی : بدرے چہرے کے عکس والی تصویر (مخلوط) (ہ)
دوچلو : تھوڑا سا۔ ذرا سا۔
دوچلتا : (ف۔ہ) دودلا۔ پریشان۔
دوچند : دُگنا۔ دوہرا۔
دوچوبہ : (ف) دو چوبوں کا خیمہ۔
دُوحہ : (ع) بڑا درخت۔ جمع دُوح۔ ادواح۔
دوحرف : مختصر۔ تھوڑا سا۔
دوحرف بھیجنا : (اُ۔محاورا) لعنت بھیجنا۔ نفریں کرنا۔
دوحرفی : دو حرف والا لفظ۔ بہت مختصر۔
دوخت (ف۔ا۔مو) سلائی۔ سیون (دوختن مصدر)
دوخصمی : دو خاوند والی عورت۔
دُود : (ف) دھواں۔ رنج و غم (ع) کیڑے (واحد دودہ۔ جمع دود۔ دیدان)
دودستی : (اُ۔مو) کُشتی کے ایک پیچ کا نام۔ جس میں دونوں ہاتھوں سے مقابل کو پکڑ کر گھسیٹتے ہیں دو ہاتھ کا تلوار کا وار۔

دُودکش (ف) دھواں نکلنے کا روزن (دود آہنگ چمنی دھواں نکلنے کا سوراخ)



دُودکش

دودل راضی تو کیا کرے گا قاضی : (اُ۔مثل) فریقین کی رضامندی ہو تو حاکم کیا کر سکتا ہے۔
دودلہ (ف) دہی۔ شکی۔ تذبذب۔ متردد۔
دودمان (ف) قبیلہ۔ خاندان۔ کنبہ۔ نسل۔ قوم۔
دودِن (ف۔اُ۔مذ) قلیل عرصہ۔ تھوڑا سا زمانہ
دو دن بہار دس دن پت جھڑ (اُ۔مثل) عیش کم تکلیف زیادہ۔
دو دِن کا مہمان (ف۔اُ) عارضی فانی۔ ناپائیدار۔ مرنے کے قریب۔
دو دِن کی چاندنی : عارضی فائدہ۔ چند روزہ حُسن۔
دو دِن نہ کٹنا : (اُ۔محاورا) جلد مر جانا۔ جوان مر جانا۔
دو دو ہاتھ کرنا : لڑائی کرنا۔ آزمائش کے لیے تھوڑی سی لڑائی کرنا۔
دُودھ (ہ۔مذ) کسی چیز کا گاڑھا۔ سفید عرق۔ (ع۔لبن۔ شیر)
دُودھ اُدھاری : (ہ) دودھ پر گزارہ کرنے والا۔
دُودھ بخشنا : دودھ پلانے کا حق معاف کرنا۔
دُودھ بھائی : رضاعی بھائی۔ دودھ شریک۔
دُودھ بڑھائی : (اُ۔مو) بچوں کا دُودھ چھڑانے کی رسم۔
دُودھ بھی دیا تو مینگنوں بھرا : (ہ۔مثل) کسی سے مشکل سے چیز لینا وہ بھی خراب ملے۔
دُودھ پلائی : (اُ۔مو) دایہ۔ دولھا کو ملنے والی نقدی۔
دُودھ بھری کٹوریاں : (اُ۔مو) دودھ بھری چھاتیاں۔
دُودھ پیتا : شیر خوار۔ ننھا۔ نادان۔
دُودھ پوت : (اُ۔مذ) دھن دولت۔ آل اولاد۔
دُودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک کر پیتا ہے : (اُ۔مثل) کسی چیز سے ڈرا ہوا ہر شکل چیز سے بھی ڈرتا ہے۔ ڈرپوک۔
دُودھ کا دودھ پانی کا پانی : (اُ۔مثل) سچ اور جھوٹ الگ الگ۔ پورا پورا انصاف۔
دودھ کا سا اُبال : جلد سرد ہونے والا غصہ یا جوش۔
دُودھ کی بُو منہ سے آنا : (اُ۔محاورہ) بچہ اور ناتجربہ کار۔
دُودھ کی مکھی کی طرح نکال دینا : بے دخل کر دینا۔ الگ کر دینا۔ نکال دینا۔
دُودھ پلتے رو رہے : (اُ۔مذ) سود کے روپے۔
دُودھ کی مکھی کس نے چکھی : (اُ۔مثل) خراب چیز کو کوئی استعمال نہیں کرتا۔
دودھ کے دانت : بچوں کے دانت۔ ناسمجھ۔
دُودھ موت کرنا : (اُ۔محاورہ) بچے کی پرورش۔ اور خدمت کرنا۔

دُودھوں نہاؤ پُوتوں پھلو : دُعا ۔ ہمیشہ دولت اور اولاد میں کھیلتی رہو ؛

دودھارا : (ف ۔ مذ) دوہری دھار والی تلوار دریا سے دو شاخوں کے نکلنے کی جگہ ؛ دو شاخ والا ؛

دُودھ موت کرنا : (اُ محاورا) بچے کی پرورش اور خدمت کرنا ؛

دُودھنگ (مو) چمنی ۔ دھواں نکلنے کا روزن ۔ جو گھروں میں بنایا جاتا ہے ؛

دُودھی : (ہ) ایک بوٹی جس سے دُودھ نکلتا ہے ۔ چھاتی دُودھ والی ۔

دُودھیا (ہ) دُودھ سے بھرا ہوا ۔ رسیلا ۔ خوب سفید چٹا ۔ کچا سبز ہرا دودھ کے رنگ کا ؛

دُودھیل : (ہ) دُودھ دینے والی ؛

دُودھیل گائے کی لاتیں بھی بھلی : (مثل) جس شخص سے فائدہ ہو اس کی کڑوی باتیں بھی سننی پڑتی ہیں ؛

دَور : (ع ۔ا ۔مذ) چکر ۔ گردش ۔ گھیرا (و) چال ۔ رفتار ۔ حکومت ۔ سلطنت ۔ کنارہ ۔ حاشیہ ۔ باری ۔ نوبت ۔ زمانہ ۔ تغیر ۔ تبدل ۔ روش ۔ حافظہ کا قرآن شریف حفظ کرنا ۔ محیط ۔ پھیلاو ۔

دُور (ف) فاصلہ ۔ جدائی ۔ بعید ۔ علیحدہ ۔ پرے ۔ دشوار

دُوراز حال : (ف ۔ ع) اب سے دُور ۔ خدا نہ کرے خدا محفوظ رکھے ؛

دُوراز کار : (ف) مخالف ۔ مرضی کے خلاف ۔ مطلب سے دُور بیکار ؛

دُورافکار : مطلب سے دور ۔ بے کار ۔

دُور افتادہ : بہت دُور ۔ فاصلے پر ؛

دَوران (ع) گردش ۔ چکر (ف) دوران سر ۔ سر کا چکرانا ۔ زمانہ ۔ وقت ۔ عمر ؛

دُوراندیش (ف) سوچ ۔ سمجھ کر کام کرنے والا ؛

دُوراندیشی (ف ۔ مو) سوچ بچار ۔ دانائی ۔ عقل مندی ۔ دُور بینی ؛

دُوراہا (اُ مو) دور راستہ والی جگہ ؛

دُور بار : (ف) اللہ نہ کرے ۔ آپ سے دُور خدا نخواستہ ۔ زمانہ ۔ بیڑا ۔

دُور باش : (ف ۔ مذ) وہ دو شاخہ نیزہ جس کو نقیب بادشاہ کی سواری کے آگے لے کر چلتا ہے ۔ اس کی چوب جواہر سے جڑی ہوتی ہے ؛ اس کو دیکھ کر لوگ سامنے سے ہٹ جاتے ہیں ۔ دُور ہو ؛



دُوربین : (ف) دُور کی چیزوں کو دیکھنے کا آلہ ۔ دُوراندیش ؛

دُور بینی : سمجھ داری ۔ عقل مندی ؛

دُورخا (اُ) دوزخ والا جو دونوں طرف ہو ؛

دُور پہنچنا (اُ محاورا) دُور چلا جانا : بلند پروازی ۔ باریک بات سوچ میں آنا ۔ دُور اندیشی ؛ حسب نسب کو گالی دینا ۔ شہرت ہونا ؛

دُور چلنا : (اُ) دوزخ کا باری باری ملنا ۔ ہر ایک کو شراب باری باری ملنا ۔

دُورخی : (اُ) وہ تصویر جس کے دونوں رُخ نظر پڑیں ۔ گمان ۔ منافقانہ بات ؛

دُودویک (اُ مو) ڈانٹ ڈپٹ ۔ دھتکار ؛

دُوردست : (ف) وہ مقام جہاں پہنچنا مشکل ہو ۔ نہایت دُور ؛

دُور دراز : (ف) بہت دُور ۔ بہت فاصلہ ؛

دُور دُور : (اُ) دُور ہو ۔ نفرت کا کلمہ ؛

دُور دُور پہنچنا : شہرت ہونا ۔ دُور کی سوچنا ؛

دَور دَورہ : (اُ) حکومت ۔ عمل ۔ دخل ؛

دُوررس : بلند خیال ۔ سمجھ دار ۔ عقل مند ؛

دُورسا (اُ ۔ معر) دو قسم کا ملا ہوا تمباکو ۔ خمیر ملا ہوا ؛

دُورکا : بعید ۔ دُور کا رشتہ دار ؛

دُور کی بات : نکتہ ۔ باریک بات ؛

دُور کی سوجھنا : کوئی باریک بات خیال میں آنا ؛

دُور کی صاحب سلامت : معمولی واقفیت ؛

دُور کی کوڑی لانا : نئی بات کرنا ؛

دُور کی ہانکنا : (اُ محاورا) شیخی مارنا ۔ ڈینگ مارنا ؛

دُور کے ڈھول سہانے : (مثل) دُور کی سُنی ہوئی بات اچھی معلوم ہوتی ہے ۔ کسی چیز کی تعریف سنی ہو پر وہ اچھی نہ نکلے ؛

دورنگ : (ف) منافق (اُ) دورنگا ۔

دورنگی : (اُ) دغابازی ۔ مکاری ۔ مغائرت ؛

دورویگی : (ف) نفاق ۔ منافقت ؛

دورویہ : (ف) دوطرفہ ۔ دورُخا ۔ دورنگا ۔ دوزبان ۔ منافق)

دَورہ : (ع ۔ا ۔مذ) گشت ۔ گردش ۔ کسی چیز کے گرد پھرنا ۔ چھوٹا مرتبان ؛ چکر ۔ باری ۔ نوبت شراب کا دَور ؛

دور ہی سے سلام کرنا : (اُ محاورا) بیزار ہونا ۔ پنانا نگنا ۔ کسی سے بچنا ؛

دَورہ سپرد کرنا : (اُ محاورا) مقدمہ سیشن سپرد ہونا یا کرنا ؛

دُوری (ف ۔ مو) فاصلہ ۔ فرق ۔ جدائی ؛

دَوری نظام : (اُ) ایسا نظام جو زمان اور مکان کے بُعد فاصلہ سے متعلقہ سائنسی حقائق پر مبنی ہو ؛

دوڑ (ہ ۔ مو) چڑھائی ۔ حملہ ۔ کوشش ۔ پہنچ ۔ رسائی ؛

دوڑ دوڑ جانا : (اُ) بار بار ۔ گھڑی گھڑی جانا ؛

دوڑ دھوپ (ہ ۔ مو) تلاش ۔ محنت ۔ مشقت ؛

دوڑ چلے نہ گر پڑے : (اُ ۔ مثل) رنڈ چکر ہونا ۔ بھاگ جانا ؛

دَوڑاک : (ہ ۔ مذ) بہت دوڑنے والا ؛

دوز : (ف) سینے والا ۔ چھیڑنے والا ؛

دوزانو بیٹھنا : (اُ) گھٹنوں کے بل ادب سے بیٹھنا ؛

دوزخ : (ف ۔ مذ) عذاب کی جگہ ۔ پیٹ ۔ شکم ؛

دوزخ بھرنا : پیٹ بھرنا ؛

دوزخ کا گندہ : (ف۔مذ) بہت بڑا گنہ گار۔
دوزخ کی آنچ : (اُر۔مؤ) آتشِ جہنم۔ تیز آگ۔
دوزخ کی لگی : (اُر۔ محاورا) پیٹ کی فکر۔
دوزخی : (ف) جہنمی۔ پاپی۔ گناہگار۔
دوزی : (ف۔مو) سینا۔ چھیدنا۔
دوس : (ف) کھلیان (ع) یمن کے ایک قبیلہ کا نام۔ (ہ) بالضم قصور۔ جرم۔ الزام (دوش) عیب۔
دوسالی : (اُ) وہ زمین جس میں فصلیں ہوں۔
دوسالہ : (ف۔مذ) دو برس کا۔ دو برس سے بوئی ہوئی زمین۔
دوست : (ف۔مذ) خیرخواہ۔ پیارا۔ معشوق یار۔ آشنا۔ محبوب
دوست دار : خیرخواہ۔ ہمراز۔
دوست نما دشمن : ظاہر میں دوست باطن میں دشمن۔
دوستانہ (ف۔مذ) دوستی۔ محبت۔ یارانہ۔ پیار۔
دوستدار : (ف) خیرخواہ۔ ہمراز۔ مشفق۔
دوستداری : (ف) خیرخواہی۔ دوستی۔ اتحاد۔
دوستکام : (ف) دوستوں کے موافق جس کا مطلب پورا ہو۔
دوستی (ف۔مو) یارانہ۔ آشنائی۔
دوستی کا دم بھرنا : (اُر۔ محاورا) اپنے آپ کو دوست ظاہر کرنا۔ ہمدرد بننا۔
دوسری : (ف) نفاق۔ منافقت۔
دوسخنے : (ف۔مذ) ایسے دو مصرعے جن کا جواب ایک ہو۔
دوسری بات : (ہ۔امو) اور بات۔ جماع۔ ہمبستری۔ زنا۔
دوسیرا : (اُ) اجنبی۔ غیر۔ دیگر۔ دوم۔ ثانی۔ پہلے کے بعد
دوسوتی : (اُ) دوہرے سوت کا بُنا کپڑا۔
دوسیری : (ہ۔مو) دوسیر کا باٹ)
دوشس : (ف۔امذ) مونڈھا۔ کندھا۔ گزشتہ رات۔ (ہ) عیب الزام۔
دوشا : (ف) دودھ دوہنے جانے والے جانور۔
دوشاب : (ف) انگور یا چھوہارے کا رس جس پر ایک رات گذر چکی ہو (دوش آب)
دوشاخہ : (ف) دوشاخ والا۔ دوشاخ کی لکڑی جس کو گردن پر رکھ کر شکنجہ کی طرح سے سزا دیتے ہیں۔ دوشاخ کا درخت۔
دوشالہ : (ف۔امذ) دوشال کا جوڑا۔ اعلیٰ درجہ کی چادر۔ قرد۔
دوش بدوش : (ف) ساتھ ساتھ۔ کندھے سے کندھا ملا کر برابر برابر۔
دوشنبہ : (ف۔مذ) پیر کا دن۔ (سوموار)
دوشندہ : (ف) دوہنے والا۔ (مصدر) دوشیدن۔
دوشیزگی : (ف۔مو) کنوارپن۔ کنوارپنا۔
دوشیزہ : (ف۔امو) کنواری۔ باکرہ۔
دوطرفہ : (ف) دونوں طرف۔ دو رویہ۔

دوعملی : (اُر۔مو) بدانتظامی۔ دو شخصوں کی حکومت۔
دوغ : (ف) مٹھا۔ گھی نکالا ہوا۔ دودھ۔
دوغزلہ : (اُ۔مذ) ایک بحر اور ایک ہی ردیف اور قافیہ کی دو غزلیں۔
دوغلا : (اُ) جس کے ماں باپ ایک قوم کے نہ ہوں۔ کمینہ۔ کم ذات۔ دونسلا۔
دوغلی بات : (اُر۔مو) دو رُخ والی بات۔
دوفٹا : (اُر۔مذ) دو فٹ کا پیمانہ۔
دوفصلی : (اُ) فصل میں دو مرتبہ پھلنے والا درخت سال میں دو مرتبہ بوئی جانے والی زمین۔ دو قسم کی باتیں۔
دوک : (ف) چرخے کا نکلا (دوکدان۔ ف۔ چرخا) دوسالہ بچھڑا۔
دوکال (اُر۔مذ) بُرا وقت۔
دُوطعنا : (ہ) عیب لگانا۔ بُرا کہنا۔ بات کاٹنا۔ طعنہ دینا۔ الزام دینا۔
دوقدم آگے ہونا : سبقت لے جانا۔
دوکوڑی کا : بے وقعت۔ ذلیل۔ گھٹیا۔
دوگن : (اُر۔مو) دوگنی آواز۔ موسیقی میں دوسرے درجے کی آواز دُون۔
دوگونہ : دو قسم کا۔ دونوں گال۔
دوگھڑی : تھوڑی دیر۔
دول : (ع۔مذ) دولت کی جمع۔ بہت سی حکومتیں۔
دولائی (ہ۔امو) دھن۔ مال۔
دُولاب : (ع) گراری۔ رہٹ۔ چرخ۔ ذخیرہ۔ (دولابی) نعمت خانہ۔ بھول بھلیاں۔ دھوکہ۔ دغا۔ ڈھول سوداگری۔ ذیابیطس
دَولت : (ع۔مو) نصیب۔ اقبال۔ مال۔ نقدی۔ سلطنت حکومت۔ جمع۔ دُول ہے۔
دَولت اندھی ہوتی ہے : (اُر۔محاورا) شکل و شباہت دیکھ کر عقل اور دولت نہیں آتی۔
دَولت پناہ : (ف) سلطنت کو محفوظ رکھنے والا۔
دَولتِ حُسن : (اُ) خوبصورتی۔
دَولت خداداد : خدا کا دیا ہوا ملک۔
دَولت خانہ : (ف۔امذ) امیروں اور بادشاہوں کا مکان۔ (محل سرائے دولت سرائے)
دَولت ڈھلتی چھاؤں (مثل) دولت آنی جانی چیز ہے۔
دَولت عظمیٰ : (ف) بڑی سلطنت
دَولت سرا : (اُر۔مذ) بادشاہ یا امیر کا گھر۔
دَولت لٹے کوئلوں پر مُہر : (اُر۔مثل) جائز خرچ میں کفایت شعاری اور بے جا خرچ پر بے دریغ روپیہ خرچ کرنا۔
دَولت مدار : (ف) دولت پر انحصار کرنے والا۔
دَولت مند : (ف) مال دار۔ امیر۔ دولت مندی۔ امیری۔ مال داری

سال داری۔ روپے پیسے والا)۔
دَولتی جھاڑنا (ف) پچھلی دونوں ٹانگیں اٹھا کر جانور کا لات مارنا۔
دولڑا : (ا) دولڑوں والا۔ دولڑی کا ہار یا مالا وغیرہ۔
دُولھا : (ہ ۔ا۔مذ) وہ شخص جس کی شادی ہو رہی ہو۔ نوشاہ۔ شوہر
دُولھن (ہ ۔ا۔مو) وہ عورت جس کی شادی ہوئی ہو۔ عروس۔
دُولھا بھائی (ہ) بہنوئی۔ بہن کا شوہر۔
دُوم : (ف) دوسرا۔ دیگر۔ ثانی۔
دُومٹ (ہ) رتیلی زمین، جس میں کھر یا مٹی شامل ہوتی ہے۔
دُون (ا) شیخی۔ تیز گت یعنی اونچے سُر کی آواز۔ آگ۔ آنچ۔ پیاس۔ گرمی۔ جلن۔ جوش۔ (ع) سوا۔ غیر۔ تھوڑا۔ نزدیک۔ نیچے۔ زیر (ف) کمینہ۔ پاجی۔ حقیر۔ ذلیل (جمع دونان)
دُون کی اُڑانا۔ شیخی مارنا۔ خود نمائی۔
دُون (ف) حقیر۔ کمینہ۔
دُون ہمت (ف) کم ہمت۔ پست ہمت۔
دُونا (ہ) دوچند۔ یا دُگنا۔ زیادہ۔ دوہرا۔
دُونا (ہ ۔ا۔مذ) پتوں کا بنا ہوا نیاز کی شیرینی رکھنے کا پتوں کا پیالہ۔
دُونا چڑھنا : مزار پر پھول کا چڑھاوا چڑھنا۔
دُونا دینا : حضرت علیؓ اور حضرت فاطمہؓ کی نیاز دینا۔
دُونگرا (ہ ۔ا۔مذ) زور کی بارش۔
دُونگڑی (ہ) برسات میں ابتدائی خوب زور کی بارش (دونگڑا)۔
دونوں (ا) ہر دو۔
دونیم (ف) کسی چیز کے برابر دو ٹکڑے۔
دَہ (ف) دس۔
دَہ دُنیا ستر آخرت : (ف۔ مثل) نیک نام کا صلہ دنیا میں دس گنا آخرت میں ستر گنا۔
دوورقی (ا۔مو) دو ورق کی چھوٹی کتاب۔ عورت کی شرم گاہ۔
دوہا (ہ ۔ا۔مذ) دو مصرعوں کا ہندی شعر۔
دوہاجو (ہ) شوہر جس نے بیوی کے مرنے کے بعد دوسری شادی کی ہو۔
دوہائی (ہ ۔مو) شور و غوغا۔ دادخواہی۔ استغاثہ۔
دوہائی مُہائی مچانا : امداد کے لیے کسی کو پکارنا۔
دوہائی دینا : کسی کا نام لے کر فریاد کرنا۔
دوہتا (ہ ۔مذ) بیٹی کا بیٹا۔ نواسا۔
دوہتڑ (ہ) دونوں ہاتھوں کی مار۔
دوہر : (ہ) دوہری چادر۔ دُلائی۔
دوہرا : (ہ) دوگنا۔ دوچند۔ موٹا سپاری کا ٹکڑا یا پھال۔
دوہرانا : (ف) دوبار کہنا۔ بار بار پڑھنا۔ دوبار کرنا۔
دوہی (ہ ۔ا۔مو) وہ زمین جس کی مالگذاری معاف کر کے دینی اداروں کی دی جائے۔
دوہنا : (ف) تھن سے دودھ نکالنا۔
دُوئی (ف۔مو) دوہونا۔ وحدت کی ضد۔
دُوئی کا پردہ اُٹھنا : ایک ہو جانا۔ غیریت مٹ جانا۔

دُولیست (ف) دوسو (۲۰۰)

د - ہ - ھ

دِہ : (ف ۔ مذ) دادن مصدر کا صیغہ امر۔ اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بناتا ہے اور دینے والے کے معنی دیتا ہے جیسے تکلیف دِہ۔
دَہ (ف) دس (۱۰)۔
دَہ چند : دس گنا۔
دِہ : (ف ۔ مذ) گاؤں۔ قریہ۔ بستی۔ (جمع دیہات)
دہ چند (دس گنا)۔
دہ سندی۔ گاؤں کی مال گزاری کی مکمل تفصیل۔
دہ یک (ف ۔ مذ) ایک بٹا دس، ملک کی آمدنی کا دسواں حصہ خراج۔
دھار (ا۔مذ) ماہ محرم۔ سنہ ہجری کے شروع ہونے کا مہینہ۔ پہلا قمری مہینہ۔ محرم کا مہینہ۔ مہینے کے پہلے دس دن۔
دھا (ہ ۔ا۔مذ) سُر۔ لَے۔ ترانہ اُمنگ۔ پہلا سُر دودھ پلانے والا۔ ہندی اُردو کا حرف تہجی۔ ہندی راگ کا چھٹا جُز جیسے۔ سا رے گا ما پا دھا نی۔ دودھ پلانے والی۔
دھا بھائی (ہ ۔ مذ) دودھ بھائی برادر رضاعی۔
دھابا (ہ مذ) کچی چھت۔ کچا کوٹھا یا مکان۔ ناتجربہ کاروں کا بنایا ہوا مکان۔ عام رسوئی گھر۔ باورچی کی دکان۔
دَھابلی : (ہ ۔ ا) کبوتروں کے رہنے کا ڈربہ
دھاپ (ہ ۔مو) میل بھر فاصلہ وہ فاصلہ جو آدمی ایک سانس دوڑ کر طے کر سکے۔
دھاپنا (ہ ۔فعل) عاجز ہونا۔ تھکنا۔ ہارنا۔ رجنا۔ سیر ہونا۔ چھکنا۔
دھات (ہ ۔فعل) فلزات۔ جیسے تانبا۔ لوہا۔ رانگ۔ قلعی۔ سونا، چاندی وغیرہ وہ کانی مادے جو پگھل سکتے ہوں۔ منی۔ آب پشت۔ نطفہ کا پانی۔ مذی۔ ردی۔
دھات پُشٹ (ہ ۔ مذ) دھات یعنی منی کو گاڑھا کرنے کی دوائی، مغلظ منی۔
دھات چھَن (ہ ۔ مو) جریان۔ سیلان منی۔ دھات بہنا۔
دہات۔ یا۔ دیہات (ف ۔ مذ) عربی قاعدے سے فارسی لفظ دِہ کی جمع۔ بہت سے گاؤں۔
دہاتی۔ یا دیہاتی (ف ۔ مذ بیائے فاعلیت و نسبتی) گاؤں کا رہنے والا منسوب بہ دِہ۔
دھار (ہ ۔مو) خط۔ لکیر۔ رقیق اور پتلی چیز کا فوارہ۔ تلوار خنجر کی باڑھ۔ آب شمشیر و خنجر۔ پانی کا بہاؤ۔ تھوہڑ کی دھار۔ گائے بھینس وغیرہ کے تھنوں سے نکلنے والی دودھ کی تار۔
دھار باندھنا (ہ ۔ محاورہ) سحر یا افسوں کے زور سے تلوار یا چھری وغیرہ کی دھار کو کند کر دینا۔ جادو سے ہتیار کی کاٹ کو روک

دینا۔

دھار پر مارنا۔ یا۔ دھار مارنا (ہ۔ محاورہ) ہیچ سمجھنا۔ ردّی خیال کرنا۔ پروانہ کرنا۔ پیشاب کی دھار مارنا۔ کسی چیز پر پیشاب کرنا۔

دھار چھوٹنا۔ زور سے دھار نکلنا۔

دھار چڑھنا (ہ۔ محاورہ) گنگا یا جمنا جی پر منّت ماں کر دودھ کی دھار ڈالنا۔

دھاردار (واؤ۔ مو صفت تبر کیب فاعلی) تیز باڑھ والا۔

دھار رکھنا۔ (ہ۔ فعل) تیز کرنا۔ باڑھ رکھنا۔ چھری کو پتھر پر تیز کرنا۔

دھار دھورا (مذ) چشمے کے جاری ہونے سے بنی ہوئی حد۔

دھار لینا۔ (ہ۔ محاورہ) تھنوں میں سے دودھ کی دھار مُنہ میں لینا۔ مُنہ میں دودھ کی دھار چھوڑنا۔

دھار نکالنا۔ (ہ۔ فعل) دودھ دوہنا۔ دودھ نکالنا۔ دودھ کاڑھنا۔

دھارا (ہ مو) چشمہ۔ دہانہ۔ سوتا۔ سوت۔ آبشار۔ جھرنا۔ پانی پینے کی جگہ۔ سلسلہ کوہ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ قلہ کوہ۔

دھارم دھار رونا / **دھاروں دھار رونا** } ایسا رونا کہ تار نہ ٹوٹے۔ بہت زیادہ رونا۔

دھارمک (ہ) ہندوؤں کا روزمرہ۔ مذہبی۔ مذہب سے تعلق رکھنے والی بات۔

دھارن (ہ۔ مو) رکھا ہُوا۔ نگہداشت رکھاؤ۔ تول۔ خاص وزن۔ جیسے سبزی یا میوہ کی ایک دو دھارن۔ ہاضمہ کی ایک دوا کا نام

دھارن کرنا۔ (ہ۔ فعل) قبول کرنا۔ اختیار کرنا۔ تولنا۔ زیب تن کرنا۔

دھارنا۔ (ہ۔ فعل) قبول کرنا۔ اختیار کرنا رکھنا۔ کسی عضو پر گرم پانی کی دھار ڈالنا۔ پرورش کرنا۔ پالنا۔ سنبھالنا۔ پکڑنا۔

دھاری (ہ۔ مو) خط۔ لکیر۔ ریکھا۔ رکھنے والا۔ دھونے والا۔

دھاری دار (واؤ۔ مو صفت۔ تبر کیب فاعلی) خط دار۔ وہ کپڑا جس میں سیدھی سیدھی لکیریں ہوں۔

دھاڑ (ہ۔ مو) مجمع۔ ہجوم۔ گروہ۔ چوروں کا جتھا۔ کثرت اولاد۔ جلدی۔ اشد ضرورت۔ بے قراری۔ اردو میں مار دھاڑ کی ترکیب میں مستعمل ہے۔

دھاڑ پڑنا۔ (ہ۔ محاورہ) ڈاکوؤں کے گروہ کا حملہ کرنا۔ جلدی پڑنا۔ شتابی ہونا۔

دھاڑ کی دھاڑ (ہ۔ تابع فعل) مجمع۔ گروہ در گروہ۔ ہجوم کا ہجوم۔ سارا جتھا۔ جم غفیر

دھاڑا مارنا۔ حملہ کرنا۔ دھاوا کرنا

دھاڑ پڑنا (واؤ۔ محاورہ) چوروں کے گروہ کا حملہ آور ہونا۔ جلدی ہونا

دھاڑا (ہ۔ مذ) لوٹ۔ مالِ غنیمت۔ لوٹ کا مال۔ زبردستی۔

دھاڑا لگنا۔ (ہ۔ محاورہ) مال غنیمت ہاتھ آنا۔ مُفت کا مال ملنا۔ لوٹ ہاتھ آنا۔ بہت سستا خرید لینا۔ گھر بے ہو جانا۔

دھاڑا (ہ۔ مذ) حال۔ حالت۔ درجہ۔ لت۔ دُرگت۔ بُرا درجہ۔

دھاڑی (ہ۔ مذ) ایک دن کی مزدوری۔ یومیہ اُجرت۔ ایک دن کا روزینہ جو کسی کو کہیں سے ملتا ہے۔

دھاڑی (ہ۔ مذ) نامی چور۔ بڑا لٹیرا۔ ڈاکو۔ چوروں کے جتھے کا ایک آدمی

دھاڑے بھرنا (ہ۔ محاورہ) مصیبت اُٹھانا۔ بُرے حال سے زندگی بسر کرنا سخت۔ تکلیف اُٹھانا۔ افلاس اور مفلسی میں دن گزارنا۔ سخت وقت سہنا۔

دھاڑنا (ہ۔ فعل) شیر کا بولنا۔ ڈر ڈکنا۔ غرّانا۔ گونجنا۔ غُل مچانا۔ شور کرنا۔ چلانا۔ بچوں کا سخت آواز سے رونا۔

دھاڑیں مارنا۔ چلا کر زار و زار رونا چیخنا۔ واویلا کرنا۔

دھاک (ہ۔ مو) رُعب داب۔ خوف دہشت۔ ڈر۔ ہیبت۔ دبدبہ۔ جاہ و جلال۔ شہرت۔ ادائی۔ دھوم دھام۔

دھاک بندھنا (ہ۔ محاورہ) شہرت ہونا۔ رُعب بیٹھنا۔ رُعب ہونا۔

دھاکا (ہ۔ مذ) رنج۔ فکر۔ صدمہ۔ ڈر۔ خوف۔ رُعب۔ دبس۔ دہائی۔ عشر۔ دم فریب۔

دھاکا بیٹھنا (ہ۔ محاورہ) خوف یا صدمہ میں آجانا۔ دہشت بیٹھنا۔

دھاکے دینا (ہ۔ محاورہ) ڈرا دے دینا۔ خوف دلانا۔ دم دینا۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔

دھاگا (ہ۔ مذ) تاگا۔ سوت کا ڈورا دم۔ فریب۔ دھوکا۔

دھاگا پرونا (ہ۔ فعل) سوئی کے ناکے میں تاگا پرونا۔

دھاگا دینا (ہ۔ فعل) فریب دینا۔ دم دینا۔

دھاگا ڈالنا (ہ۔ فعل) رضائی وغیرہ میں تنگنے ڈالنا۔

دھام (ہ۔ مذ) گھر۔ جگہ۔ استھان تیرتھ جاترا زیارت کے قابل جگہ۔ بہشت

دھامن (ہ۔ مذ) ایک قسم کا بہت لمبا سانپ جو اکثر گائے بھینسوں کی ٹانگوں کو جکڑ کر دودھ پی جاتا ہے۔

ایک قسم کا بانس۔ ایک عمدہ گھانس قاعدہ۔ پیک دوت،

دھان (ہ۔ مو) بندوق یا توپ کی آواز مجازاً بڑی آواز۔

دھان (ہ۔ مذ) چھلکے سمیت چاول۔ شالی۔ چاولوں کا پودا۔

دھان پان (ہ۔ صفت) لغوی معنی دھان کے پیڑا اور پان کے پتے جیسا مجازاً۔ نازک۔ پتلا دُبلا۔ لاغر۔ نازک بدن۔

دھاں (ف۔ مذ) مُنہ۔ دہن۔ مُکھ۔ مُکھڑا۔ سوراخ۔ روزن۔ چھید۔ شگاف۔

دھانا (ہ۔ فعل) دوڑنا۔ دوڑنا بھاگنا۔ چل دینا۔ روانہ ہونا۔ کوشش کرنا سعی کرنا۔ عبادت کرنا۔ یاد خدا کرنا۔ نام جپنا۔ رٹنا۔

دھان پان (ہ) دُبلا پتلا۔ نازک اندام۔

دھانا (ہ۔ فعل) چتا میں رکھنا۔ جلانا۔ پھونکنا۔ دَاہ دینا۔

دھاندل (ہ۔ مذ) بے ایمانی مکر۔ فریب۔ حیلہ۔ جھگڑا۔ ٹنٹا۔ رولا گڑبڑ۔

دھاندل باز (واؤ۔ ہ۔ مذکر فاعل ترکیبی) مکار فریبی بے ایمان۔ حیلہ باز

دھاندلی (ہ۔ مذ) بیاتے فاعلیت) جھگڑا۔ بے ایمانی۔ فریب۔ ناحق کام

دھانس (ہ۔ مو) تمباکو یا مرچ وغیرہ کی تیز بو جس سے کھانسی اُٹھے۔ ہلکی کھانسی۔ کم کم صرفہ۔

دھانسنا (ہ۔ فعل) پیل۔ گھوڑے وغیرہ کا کھانسنا۔

دھانسی (ہ۔ اسم مؤنث) گھوڑے کی کھانسی۔

دھانک (ہ۔ مذ۔ فاعل) تیر انداز۔ کماندار۔ ایک پہاڑی قوم کا نام۔ وہ سپاہی جو ہر وقت تیر کمان سے لیس رہے۔

دھانگڑ (ہ۔ مذ) ایک قوم کا نام ہے۔ جس کا کام تالاب کنوئیں کھودنے

کا ہے۔

دہانہ (ف۔ مذ) منہ۔ دہن۔ مگھ۔ دریا کے سمندر وغیرہ میں جا گرنے کی جگہ
مشک کا منہ۔ نالی۔ موری۔ موری بدررو۔ لگام کا وہ حصہ جو گھوڑے
کے منہ میں رہتا ہے۔ لگام۔

دھانۂ فرنگ۔ ایک قسم کا سبز رنگ پتھر۔

دہانہ کھولنا۔ (ہ۔ فعل) مشک کا منہ کھولنا۔ پانی چھوڑنا۔ پیشاب کرنا۔

دھانی (ہ۔ اُ۔ مؤنث۔ بیاتے نسبتی۔ صفت) زردی مائل۔ سبز رنگ۔
ہلکا سبز۔ دھان بونے کی زمین۔ ایک قسم کے چاول۔

دَھاوا (ہ۔ مذ) بڑا حملہ۔ یورش۔ چڑھائی۔ چکر۔ گرداوری۔ ایک قسم
کا درخت جو رنگنے کے کام آتا ہے اور جس کے پھولوں کو گل
دھاوا کہتے ہیں۔

دھاوا کرنا (ہ۔ محاورہ) زور شور سے چڑھائی کرنا۔ حملہ کرنا۔ یورش کرنا۔

دھاوا مارنا (ہ۔ محاورہ) لمبا سفر طے کرنا۔ چڑھے چلے جانا۔ چکر لگانا۔

دھاو دھاؤ کرم کا لکھا سو پاؤ (ہ۔ مثل) کوشش کئے جاؤ اور مراد
حاصل کرلو۔

دھاوے سو پاوے۔ (ہ۔ مثل) جو عبادت کرے سو خدا کو پائے۔ جو بندہ
یا بندہ۔

دھائے۔ یا۔ دھائی۔ (ہ۔ مو) دایہ۔ انا۔ دودھ پلانے والی عورت۔

دَہائی (ہ۔ مو) دس کے عدد کا درجہ دس کی تعداد۔ جیسے ایک دہائی۔

دُہائی (ہ۔ مو) فریاد۔ واویلا۔ دا درسی دا دبیداد۔

دھائے پوجنا (ہ۔ محاورہ) باز آنا۔ ترک کرنا۔ دور سے سلام کرنا۔

دَھائیں (ہ۔ مو) صوت۔ دھان دھوں۔ توپ کی آواز۔

دھائیں دھائیں (ہ اسم۔ صوت مؤنث) توپوں کی متواتر آواز۔ پرنالوں
کے پانی کے زور سے گرنے کی آواز۔

دھائیں دھائیں کرنا۔ اپنی کہی جانا۔ دوسرے کی نہ سننا۔

دھائیں سے۔ دن سے دھوں سے۔

دَھبا (ہ۔ مذ) داغ۔ ٹیکا۔ نشان عیب کلنک۔

دَھبا پڑنا۔ (ہ۔ مذ) داغ لگنا۔ نشان پڑنا۔

دَھبا دینا۔ دھبا نمایاں کرنا۔

دَھبا لگانا۔ (فعل) عیب لگانا۔ کلنک لگانا۔ بدنامی دینا۔

دَھب دَھب۔ (ہ۔ ا۔ مؤنث) بھدے اور موٹے آدمی کے پیروں
کی آواز۔

دُھبلا۔ یا۔ دَھگلا (ہ) عورتوں کا ڈھیلا ڈھالا تہ بند۔ گھگرا۔ لہنگا۔
بدقطع اور بے وضع پاجامہ

دَھپ (ہ۔ مذ) دھول۔ تھپڑ۔

دَھپا (ہ۔ مذ) طمانچہ۔ چانٹا۔ نقصان۔ ضرر۔ خسارہ۔ ٹوٹا۔ گھاٹا۔

دَھپنا دھپ مارنا۔

دھپاڑ کا۔ (دوڑ کا تابع) دوڑ۔

دھپیانا۔ چانٹے مارنا۔

دھپے جانا۔ دھپوں سے مارا جانا۔

دھپا لگنا۔ (ہ۔ فعل) تھپڑ لگنا۔ نقصان ہونا۔ ٹوٹا پڑنا۔ گھاٹا ہونا۔

دَھت۔ (ہ۔ مذ) عادت۔ سبھاؤ۔ بان۔ خراب۔ اور بد عادت رنڈی۔
اسم صوت) ہاتھی کے چلانے اور ہمت دلانے کی آواز۔

دَھت پڑنا۔ یا۔ لگنا۔ (ہ۔ فعل) لت لگنا۔ عادت بد پڑ جانا۔ بان پڑنا۔

دَھت۔ یا۔ دُت (ہ۔ ا۔ صفت) مخمور نشہ میں چور۔ بدمست۔ دھتا۔
دھتکار۔

دَھتا۔ (ہ۔ مذ) ٹال مٹول۔ حیلہ بہانہ۔ مکر فریب۔ دھوکا۔

دھتا بتانا۔ (ہ۔ فعل) دھوکا دینا۔ جل دینا۔ فریب دینا۔

دُھتکار (مو) لعنت ملامت۔

دُھتکارنا۔ (ہ۔ فعل) نکالنا۔ لعنت ملامت۔ ملامت کرنا۔ ہنکانا۔ درکارنا۔

دھتورا۔ (ہ۔ مذ) ایک خاردار زہریلے پودے کا نام ہے۔

دھتورِیا۔ (ہ) ٹھگوں کا وہ فرقہ جو مسافروں کو دھتورا دیکر لوٹ لیتا ہے۔

دُھتیا۔ (ہ۔ مذ۔ فاعل) دھت والا۔ عادی۔ لیتا۔ چھوٹی دھوتی۔ دھنیا۔

دُھنیا پرشاد۔ ہندو دھوتی باندھنے والے کو مزاحاً کہتے ہیں۔

دِھنگڑ (ہ۔ ا۔ صفت) موٹا تازہ۔

دِھینگ } زبردست۔ مسٹنڈا۔ گنوار۔
دِھینگڑا } کالٹھ

دَھج (ہ۔ مذ۔ مؤنث) طرز۔ روش۔ ڈھب۔ انداز۔ ڈھنگ۔ وضع۔
صورت۔ شکل۔ مور کی دُم۔ تلوار کے داؤ جیسے امر دھج علی دھج۔

دھج بدلنا۔ لباس بدلنا۔ طرز بدلنا۔ صورت بدلنا

دھج لگانا۔ نئی وضع پیدا کرنا۔

دھجی۔ (ہ۔ ا۔ مو) لیر۔ چیتھڑا۔ کترن۔ کاغذ یا کپڑے کی لمبی کترن۔

دھجا (ہ۔ ا۔ مؤنث) برق۔ جھنڈی۔ جھنڈے کا پھریرا۔ جھنڈا۔ علم۔ نشان
روپ۔ دھجی۔ کترن۔

دھجی ہو جانا۔ بیماری کے باعث زرد یا سفید رنگ نکل آنا

دھجیاں اڑانا } (ہ۔ محاورہ) پارہ پارہ کرنا۔
دھجیاں لینا } ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنا۔ ذلیل کرنا۔ رسوا کرنا۔ شرمندہ کرنا
عیب چینی کرنا۔ اعتراض کرنا۔

پھاڑتا۔ اپنا گریباں مرے آگے وہ
اگر دھجیاں قیس کی میں چاک گریبان لیتا
برق۔

دھجیاں اُڑنا۔ لازم

دھجیاں بکھیر دینا۔ توہین کرنا۔ افشائے راز کرنا۔ اُدھیڑ دینا۔ منتشر کر دینا

دھجیاں کرنا۔ بُرزے بُرزے کر دینا۔

دھجیاں لگانا۔ پھٹے ہوئے کپڑے پہننا۔

دَھجیلا (ہ۔ ا۔ صفت فاعلی ترکیب) سجیلا۔ خوش اندام۔ وضع دار۔ جامہ زیب
خوش قطع۔ دھجیر (مو) دھجی۔

دَھچکا۔ (ہ۔ مذ) صدمہ۔ دھکا۔ جھٹکا۔ ہچکولا۔ نقصان۔ خسارہ۔

دھچکا اُٹھانا۔ یا۔ لگنا۔ (ہ فعل) نقصان اُٹھانا۔ صدمہ اُٹھانا۔ ٹوٹا پانا

دَہر (ہ۔ مذ) دیناسذ مانہ۔ وقت۔ جگ سماں۔

دَھر (ہ) حرف تخصیص۔ اُردو میں انحصار اور انفراغ کے معنی دیتا ہے
جیسے دھر گھسیٹنا (بصورت اسم مؤنث) ناف۔ نل (پنجابی دھنی)

دُہرا (اُلٹہ مذ) دوچند جیسے دُہرا حصّہ) دوتہہ کا رجیسے دہرا کپڑا) پتنگ کا ایک پیچ۔ سپاری کا ٹکڑا۔
دُہرا بدن۔ موٹا بدن۔
دُہرا تہرا۔ دوچند سہ چند۔ دُگنا۔ تگنا۔
دُہرا دُہرا۔ دو۔
دُہرا جانا یا ہو جانا عبادت کو بار بار پڑھ جانا۔ جُھک جانا (جیسے ہاتھ دہرا ہو گیا۔ خمیدہ ہو جانا۔ دُونا ہو جانا۔
دُھر (ہ) مذ۔ ابتدا۔ ازل۔ ابد۔ شروع۔ انتہا۔ بُعد۔ خاص۔ مخصوص۔ (بصورت اسم مؤنث) چھکڑے کی وہ لوہے کی سُلاخ جس پر پہیا گھومتا ہے۔
دُھرا (ہ۔ مذ) دُھر کی تذکیر۔ محوّر۔ حد۔ پہیا پھرنے کا لٹھ۔ زمین کا وہ قرضی اور وہمی خط جس کے گرد زمین کی اپنی حرکت متصوّر کی گئی ہے
دُھرا دُھر۔ (ہ۔ تابع فعل) اس سرے سے اُس سرے تک۔ ازابتدا تا انتہا
دُھر پکڑ۔ (مو) گرفتاری۔
دَھر دَھر پھُولو (دُعا) دولت بڑھے۔
دُھر دربار ہوں پہنچ گیا۔ جہاں جانا یا جو کرنا تھا کر گیا۔
دُھر سے۔ ابتدا سے۔ جڑ بنیاد سے۔
دُھر سے دُھر تک ابتدا سے انتہا تک۔
دُھر کا۔ چوٹی کا۔ اعلیٰ درجے کا۔
دُھر کی (ہ۔ ا۔ صفت) ازلی۔ ابدی۔ تقدیری۔ تقدیر کی۔
دُھر کی کربلا (مذ۔ مو) کربلائے معلّیٰ۔
دُھر کی ٹوٹی نہیں جڑتی۔ تقدیر کی بگاڑی نہیں سنورتی
رنگین۔ اس موت سے چلتا ہے بس کس کا رے لوگو
جوڑی نہیں جاتی ہے ٹوٹی ہے اگر دُھر کی
دِہرا۔ (ہ۔ مذ) شوالہ۔ مندر۔ تنجانہ۔ تبکدہ۔
دھرا جانا (ہ۔ فعل) پکڑا جانا۔ گرفتار ہونا۔ قید ہونا۔
دھرا جاتے نہ اُٹھایا جائے۔ بہت پیچ دار ہے۔
دھرا دُھکا (ہ۔ مذ۔ مفعول) رکھا ہوا۔ چھپا ہُوا۔ بچا کھچا۔
دھرا رہنا۔ معطّل ہونا۔ رکھا رہنا۔ بیکار رہنا۔ بے سود ہونا۔
دھرا رہتا ہے (ہ۔ محاورہ) بالکل بے فائدہ ہے۔ فضول ہے۔ نکما ہے
دھرا کیا ہے۔ کیا خاص بات ہے، کچھ موجود نہیں۔ کچھ حکمت باقی نہیں۔
دُہراؤ (مذ) اعادہ۔
دُہری سواری۔ ڈولی یا پنیس میں دو شخص کا سوار ہونا۔
دُہرانا (ہ۔ فعل) اعادہ کرنا۔ دوبارہ کہنا۔ روایت کرنا۔ ذکر چلانا، دہرا کرنا۔ پھرنا۔ دور کرنا۔ ازسرِنو پڑھنا۔ گرفتار ہو جانا۔ کسی آفت میں مبتلا ہونا۔
دھرا رہے گا۔ یا دھرا رہے۔ (ہ۔ محاورہ) کسی کام نہ آئے گا۔ بے فائدہ ہے
دُھرپد یا دھرپت (ہ۔ ا۔ مو) ایک قسم کا ہندی راگ۔ تراننہ ۳۲ ارکان والی ہندی بحر۔
دَھرانا۔ کسی کے پاس کچھ امانت رکھنا۔ کسی کا مقروض ہونا دھرمی کا مستعدی
دَھراؤ نا۔ وہ عورت جس کی دوسری شادی ہوئی ہو۔ دوسری شادی۔
دھرانا۔ ڈرانے والی بات کسی سے کہنا۔ دھمکی دینا۔
دُھرتیا۔ (ہ۔ مذ) متی کاٹا۔ کٹوتی۔ بٹا۔ کمیشن۔ ڈسکونٹ۔
دھرتی (ہ۔ ا۔ مؤنث) زمین۔ اراضی۔ پرتھمی۔ دنیا جہان۔
دھرتی باہنارہ (فعل) زمین جوتنا۔ زمین میں ہل چلانا۔ تردکرنا۔
دھرتی کا پھُول (ہ۔ مذ) کھمبی۔ سانپ کی چھتری۔ پرانی لکڑی کا وہ چھتا جو برسات کے دِنوں پھوٹ آتا ہے۔ نیا نواب۔ نو دولت۔ مینڈک سوک۔
دُھر دُھر جلنا۔ (ہ۔ فعل) تیزی سے جلنا۔ خوب شعلے دے کر جلنا۔ شعلہ افروز ہونا۔
دَھر دھمکنا۔ (ہ۔ فعل) آموجود ہونا۔ جلد چلے آنا۔ لپکنا۔ دوڑنا۔
دھر رکھنا (ہ) چھپا رکھنا۔ تھام لینا۔ روک لینا۔
دھر کے دوڑنا۔ زور سے مروڑنا۔
دھر کے کسنا۔ سخت پکڑنا۔
دھر لینا۔ رکھ لینا۔ متواتر حملہ کرنا سخت ملامت کرنا۔ قائل معقول کرنا۔
دھر کار۔ (ہ۔ اسم مؤنث) لعنت۔ پھٹکار۔ دُر کار۔
دَھرم۔ (ہ) مذ (ہندو) ایمان عقیدہ فرض۔ اعتقاد۔ مذہب۔ پنتھ مذمت انصاف۔ عدل۔ راستی۔ نیکی۔ پناؤ۔
دَھرم اُپدیش (ہ۔ مذ) مذہبی وعظ۔ دینی نصیحتیں۔ اخلاق، ادب۔
دَھرم اُپدیشک (ہ۔ مذ۔ فاعل) واعظ۔ ناصح۔ مذہب کا پرچار کرنیوالا۔
دَھرم آتما (ہ۔ اسم صفت) سخی۔ کریم النفس۔ فیاض۔ فیض رساں۔
دَھرم ارتھ۔ (ہ۔ مذ) براہ خدا۔ مال وقف۔ خیراتی۔ روپیہ یا چیز۔
دھرم اوتار (ہ۔ ا۔ صفت) مقدس پاک۔ معصوم۔ پوتر۔ مبرّا۔
دھرم بگاڑنا۔ (ہ۔ فعل) دین کھونا۔ ایمان کھونا۔ مذہب خراب کرنا۔
دَھرم چاری۔ (ہ۔ ا۔ صفت) دھرم والا۔ نیک صالح۔ دیندار۔ پاکدامن پارسا۔ عفیف۔ دھرمی۔ نیک بخت۔
دَھرم دھکا۔ (ہ۔ مذ) وہ صدمہ جو دین کے باعث پہنچے۔
دَھرم راج۔ (ہ۔ مذ) عادل سلطنت۔ منصف بادشاہ۔
دَھرم ریت۔ (ہ۔ مذ) مذہبی رسم۔ رسوم مذہب۔
دَھرم سالا۔ (ہ۔ مذ۔ ظرف) مسافر خانہ۔ خانقاہ۔
دَھرم سبھا۔ یا۔ دَھرم سماج۔ (ہ۔ مذ۔ ظرف) دینی مجلس۔ دینی انجمن۔
دَھرم سے (ہ۔ تابع فعل) ایماناً۔ حق الامر قسمیہ طور پر۔
دَھرم شاستر (ہ۔ مذ) فقہ ہندو۔ ہندوؤں کی فقہ کی کتابیں۔
دَھرم کرنا۔ (ہ۔ فعل) نیک کام کرنا۔ نیکی حاصل کرنا۔
دَھرم کوئی کھوسے دھن کوئی پائے۔ یا لے۔ (ہ۔ مثل) ایمان کسی کا جاتے اور فائدہ کوئی اُٹھاتے۔
دَھرم گیانی۔ (ہ۔ اسم مذ۔ فاعل) بیباتے۔ فاعلیت۔ عالم دین۔ فقیہ۔
دَھرم لگتی کہنا۔ (ہ۔ فعل) انصاف کی کہنا۔ خدا لگتی کہنا۔
دَھرم مورت۔ یا۔ مورتی۔ (ہ۔ مذ) ایمان مجسّم۔ مجسّم انصاف۔
دَھرم مُول۔ (ہ۔ مذ) اصول مذہب۔
دُھرما دھرمی۔ (ہ۔ اسم مؤنث) قول و اقرار قسما قسمی۔ عہد و پیمان۔
دَھرن۔ (ہ۔ اسم مؤنث) زمین۔ ارض۔ دھرتی پرتھمی۔ بچہ دان۔ رحم۔ حمل

رہنے کی جگہ۔ ناف۔ فلا۔ شہتیر۔ بلّی۔ آواز کا اُتار چڑھاؤ۔

دَھرن ٹلنا۔ یا۔ ڈگنا (ہ۔ فعل) رحم کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔

دَھرنا۔ (ہ۔ فعل) رکھنا۔ قائم کرنا۔ ٹکانا۔ بٹھانا۔ جمانا۔ گرو رکھنا۔ رہن کرنا بصورت اسم مذکر) ڈھٹی۔ دستک۔

دَھرنا دَھرایا ہے۔ امانت یا قرضہ ہے۔ رحیسے جاؤ روپے نہیں دیتے کوئی تمہارا دھرنا دھرا ہے۔

دَھرنا دینا۔ (ہ۔ محاورہ) ڈھئی دے کر بیٹھ رہنا۔ جم کر بیٹھنا۔ قرضخواہ کی طرح جم جانا۔

دَھروا دینا۔ گرفتار کرادینا۔ رکھوا دینا۔

دَھروٹا۔ (ہ۔ مذ) ہندو لڑکی کی دوسری شادی۔

دُھرو۔ (ہ۔ مذ) قطب تارا۔ قطب۔ مانی۔ کیلی۔ چکی پھرنے کی کیل۔ زمین کا وہ نقطہ جو شمال اور جنوب پر ساکن ہے۔

دُھروڑ۔ یا۔ دُھرو ہڑ (ہ۔ مذ۔ مؤنث) امانت کا مال۔ مال محوّلہ۔ ودیعت کی چیز تحویل۔

دُھری۔ (ہ۔ مو) محور۔ لوہے کی وہ سُلاخ جس پر پہیا پھرتا ہے۔ کیلی۔ مانی۔

دُھرّے اُڑانا (ہ۔ محاورہ) سخت مارنا۔

دُھرّیاں اُڑانا زدوکوب کرنا۔ بُری طرح پیٹنا۔ دُرّے لگانا۔ چابک مارنا ذلیل وخوار کرنا۔

دُہری بات (ہ۔ مو) پہلودار بات۔ دورُخی بات۔ ذومعنی بات۔

دُہرم۔ پتنگ کا دُہرا پیچ۔

دَہریہ۔ (ع۔ مذ۔ فاعلی) منکر خدا۔ ملحد۔ لامذہب۔ وہ شخص جو زمانہ کو ہی خدا تصوّر کرے۔ اللہ کو نہ ماننے والا۔

دھڑ۔ (ہ۔ مذ) بدن۔ جسم۔ تن۔ پیکر۔ لوتھ۔ نعش۔ لاشہ۔ جسم بے سر۔

دھڑ ٹوٹنا۔ (ہ۔ اسم صفت ترکیب بمفعولی) گیڑا۔ کوزپشت۔ کمر ٹوٹا۔

دھڑ رہجانا (ہ۔ فعل) فالج ہو جانا۔ جسم کا حرکت سے رہ جانا۔ حرکت نہ کرسکنا

دھڑ دھڑ (ہ) کواڑوں کے متواتر بجنے کی آواز۔

دھڑا (ہ۔ مذ) دس سیر کا باٹ۔ گروہ۔ جتھا۔ جماعت۔ وزن۔ پانچ سیر کا وزن

دھڑی۔

دھڑا باندھنا۔ (ہ۔ محاورہ) جتھا باندھنا۔ دوگروہ ہونا۔ تہمت لگانا۔ پاسنگ کرنا کسی چیز کا وزن برابر کرنا۔

دھڑا کرنا۔ (ہ۔ فعل) کسی خالی چیز یا برتن کے وزن کے برابر کوئی چیز ڈال کر ترازو کے دونوں پلڑوں کو برابر کرنا۔

دھڑا دھڑ (ہ۔ تابع فعل) کسی چیز کے برابر گرنے یا پٹنے کی آواز بے درپے متواتر۔

دھڑا دھڑی۔ سب لے جانا۔

دھڑا دھڑی کا ماتم۔ وہ ماتم جس میں سینہ کوبی زیادہ ہو۔

دھڑ دھڑانا۔ ڈھول بجانا۔ زور سے پیٹنا۔ کسی چیز سے دھڑ دھڑ کی آواز نکالنا

دھڑاکا۔ (ہ۔ مذ) دھماکا۔ بندوق یا زور کے پٹنہ یا زور کے گوز کی آواز۔

دھڑاکے سے۔ (ہ۔ تابع فعل) پھرتی سے جلدی سے۔

دھڑام۔ (ہ۔ مذ۔ مؤنث) صوت کسی بھاری چیز کے پانی میں گرنے کی آواز۔ پانی میں کودنے کی آواز۔

دھڑام سے (ہ) زور سے۔ آواز کے ساتھ

دھڑ دھڑ جلنا۔ شعلہ دیکر تیزی سے جلنا۔

دھڑگ۔ (ہ۔ مو) تڑپ۔ پتاک۔ دھڑکن۔ اضطراب۔ بے قراری۔ ڈر خوف۔

دھڑکا (ہ۔ مذ) دل کی دھڑکن۔ اختلاج قلب۔ خفقان۔ خوف اندیشہ۔ ڈر۔

دھڑکن۔ (ہ۔ اسم۔ مؤنث) تڑپ۔ بیقراری۔ اضطرابی۔ اختلاج قلب۔ ہولِ دل۔

دَھڑکنا (ہ۔ فعل) تڑپنا۔ بیقرار ہونا۔ دل کا اُچھلنا۔ دہلنا۔ خوف کھانا۔ ڈرنا۔

دھڑلّا (ہ۔ مذ) ہجوم۔ بھیڑ۔ ازدحام۔ گروہ۔ لوگوں کا مجمع۔ علانیہ کوئی کام کرنا۔ بے باکی۔ بے خوفی۔ علانیہ طور پر کوئی کام کرنا۔

دھڑی (ہ۔ اسم۔ مؤنث) پنسیری۔ پانچ سیر کا باٹ۔ پانسو روپے مستی کی اشتہار یکمشت۔ ریکھا۔ دس سیر وزن۔

دھڑی بھرنا۔ (ہ۔ فعل) وزن کرنا۔ تولنا۔

دھڑی جمانا۔ (ہ۔ فعل) ہونٹوں پر مستی کی تہ جمانا مستی لگانا۔ مستی ملنا۔

دھڑی دُھڑی کرکے لُوٹنا۔ (ہ۔ محاورہ) بالکل تباہ و برباد کرنا۔ صفایا کردینا۔

دُھڑلّے (ہ۔ مو) بکثرت۔ بافراط۔ بہت۔ بڑی خوبی سے بہت اچھی طرح۔

دُھس (ہ۔ مذ) دمدمہ۔ پشتہ۔ گڈھی۔ قلعہ کے گرد کا پشتہ۔ قلعہ۔ گڑھ۔

دُھسّا (ہ۔ مذ) شال۔ طوس۔ ایک قسم کی نہایت گرم اونی چادر

دَھسان۔ یا۔ **دھس** (ہ۔ مو) دھنسنے کی جگہ۔

دَھسانا۔ (ہ۔ فعل) کیچڑ یا دلدل میں پھنسانا۔ اندر گھسیڑنا۔ ٹھونسنا۔

دَھسک (ہ۔ مو) کھانسی۔ ہلکی کھانسی۔ دھانس۔

دِھسکا۔ (ہ۔ مذ) کھانسی۔ دھانس۔

دَھسنا۔ یا۔ **دھنسنا**۔ (ہ۔ فعل) دلدل میں گھسنا۔ ڈوبنا۔ پھنسنا داخل ہونا

دِہش۔ (ف۔ مؤ) بخشش (عام طور پر داد کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ جیسے داد دہش

دَہشت۔ (ف۔ اسم۔ مؤنث) خوف۔ ڈر۔ بھے۔ خطرہ۔

دَہشت انگیز۔ (ف۔ اسم۔ صفت ترکیب فاعلی) خوفناک۔ ڈراؤنا۔ خطرناک۔ مہیب۔ بھیانک۔

دَہشت زدہ (ف۔ اسم۔ صفت ترکیب مفعولی) ڈرا ہوا۔ سہما ہوا۔ خوف کا مارا۔

دَہشت کھانا۔ (ف۔ فعل) ڈرنا۔ خوف کھانا۔ دہلنا۔ رُعب میں آنا۔

دَہشت ناک۔ (ف۔ ا۔ صفت ترکیب فاعلی) ڈراؤنا۔ بھیانک خوفناک۔ دہشت انگیز۔

دِہقان (معرب وہ گان۔ اسم مذکر) زمیندار۔ کنوار۔ مالک دیہاتی۔ اُجڈ ساکن وہ

دہقانی۔ (معرب اسم۔ صفت بیائے نسبتی منسوب بہ دہقان۔ دیہاتی، کنواری۔ اُجڈ۔ بحالت اسم مذکر) کنوار۔ دہقان۔

دَھک ا (ا-مو) چھوٹی جوں لیکھ سے بڑی جُوں۔ حیرت۔ دِل کا دھڑکا۔
دُھک (ہ) اسم مؤنث) شرم۔ حیا۔ انگارے کی دمک۔
دَھکا۔ (ہ-مذ) صدمہ۔ ہچکولا۔ ریلا۔ آفت۔ بلا۔ حادثہ۔ نقصان ضرر۔
دَھکا دینا۔ (ہ-فعل) دھکیلنا۔ ہچکولا۔ دینا۔ صدمہ پہنچانا۔ آفت لانا۔
دَھکا شیطان کا (اُ-محاورہ) شیطان کی مار۔ شیطانی اغوا۔ ضلالت۔
دَھکا لگنا۔ (اُ-محاورہ) صدمہ پہنچنا۔ نقصان ہونا۔ مار پڑنا۔ لعنت ہونا۔ آفت آنا۔
دَھکا کھانا۔ (ہ-محاورہ) نقصان اُٹھانا۔ صدمہ سہنا۔ آوارہ پھرنا۔
دَھکا پیل۔ (ا-مو) ریلا پیلی۔ دھکم دھکا۔ بہت بھیڑ۔
دَھکا پیلی کرنا (ہ-فعل) ریلنا۔ دھکیلنا۔
دَھک دَھک کرنا۔ (ہ-فعل) دھڑکنا۔ تڑپنا۔ بیقرار ہونا۔ خوف کے مارے۔ دل کا کانپنا۔
دَھک سے ہو جانا۔ (محاورہ) حیرت۔
دَھک سے رہ جانا۔ زدہ ہو جانا۔ متحیر ہو جانا۔
دھکدھکی۔ دھکدکی (ہ-اسم مؤنث) (پورب) دیکھو دگدگی۔
دُھکڑ پکڑ (ا-مو) بیقراری۔ اضطراب۔ دھڑکن۔ تردد۔ تذبذب پس وپیش۔ کشمکش و پیچ۔ امید و بیم۔ خوف ورجا۔
دھکّم دھکّا (ہ-مذ) ریلا پیلی۔ بھیڑ کی وجہ سے دھکوں کی کثرت۔ دھکّے۔ دھکّے پہ دھکّا۔ دھکا پیل۔
دَہکنا (ہ-فعل) آگ جلنا۔ شعلہ زن ہونا۔ آگ بھڑکنا۔ بدن گرم ہونا سُلگنا۔ بھلسنا۔ روشن ہونا۔ چمکنا۔
دَھکیلنا (ہ-فعل) ریلنا۔ ٹھیلنا۔ دھکا دینا پیچھے سے دھکا دینا۔
دُہل (ع-مذ) نقارہ۔ دھول۔
دَہلا (ہ-اصفت) تاش یا گنجفہ کا وہ پتا جس پہ دس نشان ہوتے ہیں
دَہل (ہ-مو) گھبراہٹ تردّد۔
دَہلانا۔ یا۔ دَہلا دینا (ہ-فعل) دَہلنا کا متعدی۔ ڈرا دینا۔ خوف دلانا چونکا دینا۔
دُھلانا۔ یا۔ دُھلوانا (ہ-فعل) دھونا سے متعدی۔ صاف کرانا۔ پاک کرانا۔ دھوبی سے کپڑے وغیرہ صاف کرانا۔ سُنار سے زیور کی میل صاف کروانا۔
دُھلائی۔ یا دُھلوائی (ہ-اسم مؤنث) معاوضہ۔ کپڑوں کے دھونے کی اُجرت۔
دہل پڑنا۔ یا۔ دہلنا (ہ-فعل) رُعب میں آجانا۔ خوف زدہ ہو جانا۔ خوف کھا جانا۔ ڈر جانا۔
دہلی۔ (ہ-ا-مو) بعض عوام دہلیز۔ چوکھٹ۔ آستانہ کے معنی میں بولتے ہیں۔ راجہ دہلو کے بسائے ہوئے شہر کا نام۔ ہندوستان کا پایہ تخت۔
دُھلیا مٹیا کرنا۔ (ہ-محاورہ) کسی جھگڑے پر خاک ڈالنا۔ بات دبانا۔ جھگڑا لو۔ بات دبانا۔
دہلیز۔ (ف-اسم مؤنث) چوکھٹ۔ آستانہ محلہ دہلی۔
دہلیز چومنا قدم بوس ہونا۔
دہلیز کا کتّا (محاورہ) ہر وقت دروازے پر پڑا رہنے والا کتا۔ مجازاً طفیلی آدمی
گرد گھما پھرنگو۔
دہلیز کی مٹی نہ ڈالنا۔ متواتر تقاضا کرنا۔ کثرت سے آنا۔
دہلیز نانگھنا یا لانگنا یا اُلانگنا۔ ایک گھر سے دوسرے گھر جانا۔ دروازے سے باہر قدم رکھنا۔
دہلیز کے پگے سے بیر نہیں جاتا۔ (اُ-محاورہ) بیوقوفانہ حرکتوں سے دشمنی نہیں جاتی۔
دہلیز نہ جھانکنا (محاورہ) کبھی گھر نہ آنا جانا۔ دروازے تک بھی نہ آنا
دہم (ہ-اسم) صفت حیرت زدہ۔ افسردگی۔ ہوا بندی۔ حبس۔ نہ جھک۔
دہم ہونا (ہ-محاورہ) ہوا بندی ہونا۔ گرمی زیادہ ہونا۔ حیران ہونا۔ دسواں حقہ دسواں نبرا۔
دہم (ف-اسم-صفت عددی) دسواں یا عشر۔ دسویں درجہ کا۔ محرم کی دسویں تاریخ۔ عشرۂ محرم۔
دھم (ہ-اسم مؤنث صوت) دھما کا۔ گرنے کی آواز کودنے کی آواز
دھم سے کودنا۔ یا۔ گرنا۔ (ہ-فعل) زور سے زمین پر گرنا۔
دھما چوکڑی۔ (ہ-اسم مؤنث) اُچھل کود۔ کودا پھاند۔ غل غپاڑا۔ اودھم۔ شور و غل۔ بچوں کا اُچھلنا کودنا۔
دھما دھم۔ (ہ-اسم مؤنث صوت) متواتر گرنے کودنے کی آواز۔ پیٹنے کی آواز۔
دھماکا (ہ-مذ صوت) بندوق کی آواز۔ توپ کی آواز۔ صدمہ۔ تصادم ہاتھی پر لادنے کی توپ۔ دیوار گرنے کی آواز۔ پتھر۔ بندوق۔
دھمال (ہ-ا-مؤنث) اُچھل کود۔ قلندر فقیروں کا رقص۔ تصادم شور و غل دھوم دھام۔ ایک قسم کا راگ۔
دھمال کرنا۔ یا۔ کھیلنا۔ (ہ-فعل) قلندر فقیروں کا ایک خاص طرز سے کودنا۔ اُچھلنا۔ شور و غل مچانا۔ دھما چوکڑی مچانا۔
دھمالیا۔ یا۔ دھمالیہ۔ (اُ-مذ۔ فاعل) دھمال کھیلنے والا فقیر۔ آگ میں کود جانے والا۔
دھمک (ہ-اسم مؤنث) پیروں کی آواز۔ آہٹ۔ دھمکا۔ صدمہ۔ ہلکی آواز۔ وہ صدمہ جو کسی سخت آواز سے دل و دماغ کو پہنچتا ہے
دھمکا (ہ-مذ صوت) بندوق توپ وغیرہ کی آواز۔ صدمہ۔ تصادم۔
دھمکانا (ہ-فعل) ڈرنا۔ خوف دلانا۔ ڈانٹنا۔ گھرکنا۔ سرزنش کرنا۔
دھمکنا۔ (ہ-فعل) صدمہ پہنچنا۔ درد ہونا۔ سر میں ہولیں اُٹھنا۔ ہوک اُٹھنا۔ دھمکنا ڈھمکنا۔ ٹیس ہونا۔ جنبش کرنا۔ حرکت کرنا۔
دھمکی (ہ-اسم مؤنث حاصل مصدر) دہشت۔ ڈراوا۔ خوف۔ ڈانٹ ڈپٹ گھرکی۔
دھمکی دینا۔ (ہ-فعل) ڈرانا۔ تہدید کرنا۔ خوف دلانا۔ ڈراوا دکھانا۔
دھمکی میں آنا۔ (ہ-فعل) ڈر جانا۔ رُعب میں آجانا۔ خوف مان جانا۔
دھمکو۔ (ہ-ا-مذ) مُکّا۔ گھونسا۔ ہڑبھیج۔ صدمہ۔ آسیب۔
دھن (ہ-ا-مؤنث) دھیان۔ خیال۔ تصور۔ توجہ۔ شوق۔ لو۔ لگن۔ سرگرمی۔ لت۔ دھت۔ عادت۔ ہوا۔ پون۔ باد۔ سُر۔ لے۔ راگ گیت۔ خواہش۔ گھبراہٹ۔ تیز درد۔

دُھن لگنا۔ (ہ) فعل بدھیان لگنا۔ قصور ہونا۔ خیال جمنا۔ لو لگنا۔ لگن لگنا۔
دُھن رف۔ مذ) دھان کا مخفف ہے۔ مُنہ۔ مکھ۔ مُکھڑا۔
دُھنِ تیغ (مذ) تلوار کی دار۔
دُھنِ دریدہ۔ مُنہ پھٹ
دُھنِ زخم۔ زخم کے شگاف۔
دُھنِ سگ بہ لقمہ دوختہ بہ۔ اس موقع پر استعمال کرتے ہیں جب کسی شخص کو اس ایذا سے بچنے کے لئے کچھ دے دیں۔
دُھنی ہ۔ مذ وہ برتن جس میں دودھ رکھا جاتا ہے۔
دُھن۔ (ہ۔مذ) مویشی۔ چوپائے گائے بھینس وغیرہ۔ قسمت نصیبا۔ مال و دولت۔ جانداد۔ راس۔ منڈل۔ راس۔ چکر۔ توپ کی آواز۔ آخرین۔ مرحبا۔ صد۔ رحمت۔ برج قوس۔ کمان۔ دھنس کا مخفف بھی ہے۔
دُھن بھاگ۔ یا۔ نصیب (لفظ نشاط) زہے قسمت۔ زہے نصیب۔ خوش نصیبی۔ شاباش۔ صد رحمت۔ مرحبا۔ طنزاً بدنصیبی۔ دُھن ہے۔ آفرین ہے (طنزاً یہ کیا کیا)
دُھن سے (ہ۔ تابع فعل) توپ کی آواز کی نقل۔ جیسے توپ دُھن سے چل گئی۔
دُھنار (ہ۔مذ) دُھنیا۔ روئی دُھننے والا۔
دُھننا۔ (ہ۔فعل) روئی۔ صاف کرنا۔ روئی پیٹنا۔ دُھنکنا۔ پیٹنا۔ مارنا۔ سزا دینا۔ بجانہ۔ ضرب لگانا۔ ٹپکنا۔ دے مارنا۔ نصیحت دینا۔
دُھنا دینا۔ (ہ فعل) ڈھٹی دینا۔ دھرنا دینا۔ جم کر بیٹھ رہنا۔
دُھناسری (ہ اسم۔ مؤنث) مالکوس راگ کی ایک راگنی کا نام۔ کشتی کا ایک داؤ
دُھناسیٹھ (ہ۔مذ۔ مفید صفت) نہایت دولتمند۔ مالدار۔ امیر۔ جگت سیٹھ مفسد۔ سرکش۔ فسادی۔ سینہ زور۔ شہ زور۔
دُھنتر (ہ۔مذ۔ مفید صفت) نہایت۔ دولتمند امیر۔ مالدار۔ ایک حکیم کا نام۔ زبردست۔ زور آور۔ سرکش۔
دُھنتری نکل جانا۔ شیخی اور غرور مٹ جانا۔
دُھند۔ (ہ۔ا۔مؤنث) نظر کی کمی۔ دُھندلاپن۔ ایک مرض جس سے آنکھوں کی روشنی میں فرق آجاتا ہے کمزور۔
دُھند ماندھا کے ساتھ لاجاتا ہے جیسے اندھا دھند۔
دُھندا۔ (ہ۔اسم۔ صفت) اندھا کا مرادف۔ نابینا۔
دُھندا۔ (ہ۔مذ) کام۔ کاج۔ کاروبار۔ مصروفیت۔ پیشہ۔ ہنر۔ مکر۔ فریب۔
دُھندکار (ہ۔مذ) اندھیرا۔ تاریکی۔ دھوئیں کی سیاہی کی کثرت۔
دُھندلا (ہ۔ا۔صفت فاعلی) دُھند والا تاریک۔ بے نور۔ تیرہ۔ غیر شفاف گدلا۔ دھواں۔ سا۔ کم چمک کا۔ مانند۔ غبار آلودہ۔ مٹا مٹا نقش۔
دُھندلا دکھائی دینا۔ (ہ۔فعل) کم نظر آنا۔ صاف دکھائی نہ دینا۔
دُھندلانا۔ (ہ) دھاندلی کرنا۔ دھوکا کرنا۔
دُھندلکا۔ (ہ۔ا۔مذ) سویرا۔ علی الصباح۔ جب کچھ تاریکی باقی ہو۔ مُنہ اندھیرا۔ نور کا تڑکا۔ مغرب کی سیاہی۔ سواد شام۔
دُھندے (ہ۔مذ) مکر و فریب۔ حیلے دھوکے۔
دُھندے (ہ۔مذ) کام کاج۔ مکر فریب کید۔ حیلے۔ دھوکے۔ مکاریاں۔
دُھنّا۔ (ہ) دیکھو دُھرنا (ایک کا تلفظ لک)
دُھندے کرنا۔ (ہ۔فعل) مکر و فریب کرنا۔ دھوکے کرنا۔ حیلہ سازی کرنا۔
دُھندے یا دیں۔ (ہ۔محاورہ) مکر اور فریب یا دیں۔ نہایت مکار اور حیلہ باز ہے۔
دُھنک (ہ۔ا۔مؤنث) کمان۔ قوس۔ دھنش۔ قوس قزح۔ تیلا گوٹا۔ ایک قسم کی اوڑھنی۔ وہ رنگیلی کمان جو آسمان پر بارش کے بعد نظر آتی ہے۔
دُھنک دھاری۔ (ہ۔مذ۔ بیائے فاعلیت) کماندار تیر و کمان سے مسلح آدمی۔
دُھن کُٹا۔ (ہ مذ۔ فاعل۔ بالف فاعلیت) دھیان کوٹنے والا۔
دُھن کُٹی (ہ۔ا۔مؤ) دھان کوٹنے کا آلہ۔ اوکھلی اور موسل۔ ایک چھوٹا کیڑا۔ وہ شخص جو بہت پٹتا رہے۔
دُھن کُٹی کرنا۔ (ہ فعل) دھان کوٹ کر خوب پیٹنا۔ بھرکس نکالنا۔ پلیتھن نکالنا۔
دُھنکنا۔ (ہ فعل) روئی صاف کرنا۔ روئی دُھننا۔ بری طرح مارنا۔
دُھنکنی۔ (ہ۔ا۔مؤنث) روئی دُھننے کی کمان۔ روئی صاف کرنے کا محراب نما آلہ
دُھنکیا (ہ۔ اسم مذ) روئی دُھننے کا پیشہ کرنے والا
دِھنگتا۔ یا۔ دھنگتا نا (ہ۔ا۔ اسم۔ مؤنث سا مذ) دھینگا مشتی۔ زبردستی زور آزوری۔ جبر و تشدد۔
دُھنی (ہ اسم صفت بیائے فاعلیت) دولتمند۔ دھن والا۔ مالدار۔ صاحب اقبال خوش نصیب۔ کامل اُستاد۔ کسی فن میں پوری پوری واقفیت رکھنے والا کسی چیز کو حد کمال تک انجام دینے والا (بات کا دُھنی) خاوند۔ مالک آقا۔ شوہر۔ پتی۔ خصم۔ گھر والا۔
دُھنیا (ہ۔مذ) کشنیز۔ ایک خوشبودار پودا جس کے پتے سالن میں ڈالتے ہیں۔
دُھنیا (ہ۔مذ) نداف۔ دھنا۔
دُھنیت (ہ۔ا۔مؤ) چکنائی۔ چربی۔ روغن۔ چکناہٹ۔
دُھنیے کی کھوپڑی میں پانی پلانا (ہ۔محاورہ) پیاسا مارنا۔ تنگ کرنا۔ نہایت عاجز کرنا۔ از حد دق کرنا۔ ترسانا۔ دشوار کام کا حکم دینا۔
دُھنیے ہاتھ کا کھانا حرام ہے (ہ۔محاورہ) نہایت سخت قسم ہے۔ یعنی اگر یہ کام نہ ہوا تو جو کچھ تم نے دائیں ہاتھ سے کھایا ہے وہ تم پر حرام ہے۔
دُھوہ (ہ۔مذ) ایک درخت کا نام جس کی لکڑی جلاتے ہیں۔ لوہے کا حلقہ جو پہیوں پر چڑھایا جاتا ہے۔
دُھواں (ہ۔مذ) دود۔ دخان۔ بخار۔ ہوائی۔ وہ کالے کالے کثیف بخارات جو کسی چیز کے جلاتے وقت اُٹھتے ہیں۔
کالا۔ سیاہ۔ نیلا۔ کبود۔ (کلمہ تعریف مفید صفت) غضب۔ آفت۔ ستم۔ بلا۔ برائے کثرت و زور۔ از حد۔ آراستہ پیراستہ۔ پری۔ حور۔ خوبصورت
دُھنوانا۔ کسی چیز میں دھوئیں کی سیاہی آجانا۔
دُھواں اُٹھانا (ہ فعل) دھوئیں کا اوپر چڑھنا۔ آگ سلگنا۔ آہ نکالنا۔
دُھواں بکھیر دیا۔ لاچار کر دیا۔ برا دیا۔
دُھواں دُھار (ہ۔ا۔صفت) دخانی پُر دود۔ بہت کالا۔ نہایت سیاہ۔ غضب۔ ستم۔ آفت خیز۔ چمکیلا۔ بھڑک دار۔ چالاک ہوشیار۔ بھبھو کا خوبصورت۔ بے شمار۔ بے اندازہ۔ بہت۔ برہم۔ غضبناک۔
دھواں جانا (دھوانا)۔
دُھواں چھوڑنا۔ سگریٹ یا حقے یا انجن کے دھوئیں کو کسی طرف پھینکنا۔

دُھواں دھار برسنا (محاورہ) زور شور سے برسنا۔ چھاجوں پانی پڑنا۔
دُھواں دھار گھٹا (ف۔اسم مؤنث) کالی گھٹا۔ گہری گھٹا۔ زور شور کا بادل۔
دُھواں دھار ہونا (ف۔محاورہ) تاریکی چھا جانا۔ اندھیرا گھپ ہو جانا۔
دُھواں دینا۔ (ف۔فعل) تیل یا کسی کے جلنے سے دُھواں نکلنا۔
دُھواں نکلنا (ف۔فعل) سُلگنا۔ جلنا۔ دُھواں اُٹھنا۔
دُھواں رمنا۔ (دُھواں بھر نا نیز دیکھو دُھوئیں)
دُھواں گھٹنا۔ کسی بند مکان میں دُھواں جمع ہو جانا۔
دُھوانسا۔ یا دھوانسا (ف۔مذ) دُھواں رچا ہوا کھانا۔ دُودا آلود۔ جما ہوا دُھواں دُھوئیں کے جمے ہوئے بخارات۔ دُھوئیں کی سیاہی۔ وہ کھانا جس میں دُھواں رچ گیا ہو۔
دھوانسا جانا۔ یا ہونا (ف۔فعل) دُھوئیں میں رچ جانا۔ دُھوئیں میں بھر جانا۔
دھوپ (ف۔مذ) شوپ۔ دھلاوٹ دھونا سے حاصل مصدر ہے۔
دھوپ پڑنا۔ (ف۔فعل) دھویا جانا۔ شوپ پڑنا۔
دھوبن (ف۔اسم مؤنث بنون تانیث) دھوبی کی بیوی۔ کپڑے دھونے والی عورت۔ ایک چڑیا۔
دھوبی (ف۔مذ) کپڑے دھونے والا۔ درخت شو۔ گاذر۔
دھوبی پاٹ } (ف۔مذ) کپڑے دھونے کی سل یا تختہ۔ کشتی کے ایک
دھوبی پٹڑا } داؤ کا نام جس میں حریف کو کمر پہ لاد کر دے مارتے ہیں۔
دھوبی پر بس نہ چلے گدھیا کے کان کاٹے (ف۔مثل) غصہ ہمیشہ کمزور پر اُتارتے ہیں۔ زبردست کے سامنے کچھ پیش نہیں جاتی۔
دھوبی کا چھیلا (ف۔صفت) بیگانے مال پر اُتارنے والا۔ دور نگا، غیر موزوں لباس والا۔
دھوبی کا چھیلا۔ آدھا اُجلا آدھا میلا۔ (ف۔مثل) غیروں کا لباس ہمیشہ ناموزوں ہوتا ہے۔
دھوبی کا کتا (ف۔مذ) ادھر کے نہ اُدھر کے۔ بے سروپا آدمی۔ آوارہ گرد۔
دھوبی کا کتا گھر کا نہ گھاٹ کا۔ (ف۔مثل) آوارہ گرد شخص کی نسبت بولا کرتے ہیں۔ محض نکما اور بے کار آدمی۔ جس آدمی کا کوئی ٹھکانا نہ ہو۔
دھوبی کے گھر پڑے چور وہ نہ لُٹا لُٹے اور۔ (ف۔مثل) پرایا مال لُٹانے والے پر بولتے ہیں۔ کسی کے ذریعے نقصان ہونا۔
دُھوپ (ف۔اسم۔مؤنث) سُورج کی روشنی۔ چمک سورج کی گرمی ایک قسم کی خوشبو جو ہندو لوگ پوجا کے وقت جلاتے ہیں۔
دُھوپ چڑھنا (ف۔فعل) سُورج نکلنا۔ دن چڑھنا۔
دُھوپ چھاں۔ یا دُھوپ چھاؤں۔ (ف۔اسم۔مؤنث) ایک قسم کا ریشمی کپڑا روشنی اور سایا۔
دُھوپ دان۔ یا۔ دُھوپ دانی (ف۔اسم مؤنث) ظرف اوّل مذکر دوم مؤنث۔ دُھوپ یا خوشبودار چیزیں جلانے کا برتن۔
دُھوپ دینا۔ یا دکھانا۔ (ف۔فعل) دُھوپ میں کسی کو سکھانا۔ خشک کرنا دُھوپ لگانا۔ خوشبو کا دُھواں دینا۔
دھوپ گھڑی (ف) ایک قسم کی گھڑی جس پر سورج کی روشنی پڑنے اور سائے گھٹنے بڑھنے سے وقت معلوم ہو یہ گھڑی مقامی وقت بتلاتی ہے

دُھوپ کھانا۔ یا۔ لینا۔ (ف۔فعل) دُھوپ میں رکھنا۔ دُھوپ میں گرم ہونا۔
دُھوپ میں بال۔ یا۔ سیر۔ یا۔ چونڈا سفید کرنا۔ (ف۔محاورہ) ناواقفی میں عمر گزار دینا۔ حالت اور ناتجربہ کاری میں زندگی بسر کرنا۔ بڑھاپے تک تجربہ کار نہ ہونا۔
دُھوپ نکلنا (ف۔فعل) سُورج کا ابر یا اُفق سے نمودار ہونا۔ سُورج نکلنا۔
دھوپ میں چنوا دوں گا۔ کانوں میں سرسوں گا۔ بچوں کو مزاحیہ تنبیہ۔
دُھوت۔ یا۔ دُھت (ف۔اسم مؤنث۔ صوت) کتے کو ہنکانے یا ہٹانے کی آواز جیسے دُور ہو۔ ہٹ۔
دُھوتر (ف۔اسم مؤنث) ایک دیسی موٹا اور چھدرا کپڑا۔
دُھوتو۔ (ف۔مذ) بگل۔ ترم۔ نرسنگھا وغیرہ جو منہ سے بجاتے ہیں۔
دھوتی (ف۔اسم مؤنث) لمبی باریک تہبند۔ سادھی۔ لنگی
دھوتی بندہ (اُ۔اسم مذ۔ فاعل ترکیبی) دھوتی باندھنے والا۔ مجازاً۔ ہندو بنیا۔ بقال۔
دھوڑا ہل گیا۔ طاقت ختم ہو گئی۔ پہلی کی سی حالت نہیں۔
دھور۔ (ف۔مذ) ایک قسم کی فاختہ
دُھورا۔ (ف۔مذ) ایک قسم کی پسی ہوئی خشک دوا جو زخم پر چھڑکی جاتی ہے۔
دُھورے (ف۔اسم ظرف تابع فعل) پاس۔ قریب۔ نیڑے۔ متصل۔
دُھورے دھارے (ف۔تابع فعل) آس پاس۔ نیڑے ٹیڑے۔ قرب جوار۔
دُھوشا۔ (ف) ٹھانسنا۔ ٹھونسنا۔
دھوک (اُ۔اسم مؤنث) کلابتوں بُننے کی سلائی روک بمعنی تکلا سے بگڑا ہے۔
دھوکا۔ (ف۔مذ) فریب جُل چھل۔ حیلہ۔ مکر۔ دغا۔ مغالطہ۔ غلط فہمی۔
دھوکا اُٹھانا۔ (ف) دھوکا کھانا۔
دھوکا دھڑی۔ (ف۔مؤ) حلف دروغی فریب بازی۔
دھوکا دہی } (ف۔اسم مؤنث بیائے مصدری)
دھوکا دینا } حلف دروغی۔ فریب بازی۔ فریب دینا۔
دھوکا کھانا۔ (ف۔فعل) چُوکنا۔ فریب میں آنا۔ غلطی کرنا۔
دھوکر چھلا۔ یا۔ پیسہ اُٹھانا۔ (ف۔فعل) منت ماننا۔ نذر ماننا۔
دھوکے۔ (ف۔مذ) دھوکا کی جمع۔
دھوکے باز۔ (اُ۔اسم صفت۔ ترکیب فاعلی) مکار۔ فریبی۔ چھلیا۔
دھوکے کی ٹٹی۔ (ف۔اسم مؤنث) فریب میں لانے والی چیز۔ وہ ٹٹی جس کی اوٹ میں شکاری شکار کھیلتے ہیں۔ دکھاوے کی چیز۔ نازک اور بودی چیز
دُھول۔ (ف۔اسم مؤنث) گرد۔ غبار۔ خاک مٹی۔ ریت۔ راکھ خاکستر۔
دُھول اُڑانا۔ (ف۔فعل) گرد اُڑانا۔ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔ آوارہ پھرنا۔ کوشش کرنا خرچ کرنا۔
دُھول جھاڑنا۔ (ف۔فعل) گرد جھاڑنا۔ مارنا۔ پیٹنا۔ جوتے سے خبر لینا۔
دُھول کی رسی بٹنا۔ (ف) فعل۔ بیفائدہ محنت کرنا۔ ناممکن بات کی کوشش کرنا۔
دُھول۔ (ف۔مذ) تھپڑ۔ چانٹا۔ دھپا۔ ٹوٹا۔ نقصان۔ جوار کا پھننٹا جسے گنے کی طرح چوستے ہیں۔ کھیت کی صاف فاختہ۔
دھول جمانا۔ دُھول جڑنا۔ (ف۔فعل) تھپڑ مارنا۔ طمانچہ لگانا۔
دھول دھپا۔ (ف۔مذ) چانٹا۔ زور کا تھپڑ۔
دھول کھانا۔ (ف۔فعل) دھپا کھانا۔ چانٹا کھانا۔

دُھول لگنا رہ۔فعل، تھپڑ لگنا۔ نقصان ہونا۔ خسارہ پڑنا۔
دُھولا (ہ۔ا۔صفت) سفید۔ چٹا۔ ابیض۔
دُھولا پڑنا (ہ) فعل۔خوف۔ یا صدمہ کے مارے زرد ہو جانا۔
دُھولا پن (دلی) سفیدی۔
دُھولیا (ار۔ا۔صفت) سفید پوش۔ سفید بالوں والا۔
دُھولیا پیر (اُر۔مذ) لڑکوں کا ایک فرضی پیر۔
دُھولیا پوت۔ (لڑکوں کا کھیل) کہ ایک کو ملزم بناتے ہیں وہ اپنی برأت کے لئے دوسرے کی ہتھیلی میں مٹی رکھوا کر بیچ میں تنکا کھڑا کر دیتا ہے۔ پھر اُسے مُنہ سے اُٹھانے کی کوشش کرتا ہے۔ وہ لڑکا اس کے مُنہ میں مٹی بھر دیتا ہے۔
دُھوم (اُر۔ا۔مو) شہرت۔ دھاک۔ آوازہ۔ شور وغل۔ ہنگامہ آرائی۔ افواہ۔ خبر۔
دُھوم دھام } (ہ۔ا۔مؤنث) شان وشوکت بھیڑ بھڑکا۔ شہرت۔ دھاک
دُھوم دھڑکا } (ہ۔ا۔مذ) آوازہ۔
دُھوم مچانا۔ رہ۔فعل) شور کرنا۔ غل مچانا۔ دُہائی دینا۔ فریاد کرنا۔
دُھومک دھیّا۔ (ہ۔مذ) واویلا۔ شور وغل۔
دُھوں دُھوں (ہ۔ا۔مونث۔صوت) توپ کی آواز
دُھوں دھوں کار (ہ۔ا۔صفت) اندھیرا گھُپ۔ دھوئیں کی کثرت زور کی بارش۔ گھُر کی زیادتی۔
دُھون رہ۔مذ) بیس سیر کا وزن آدھا من بیس کلو وزن۔
دھونا (ہ۔ا۔مذ) رال۔ ایک قسم کا آتش گیر گوند۔
دھونا رہ۔فعل) صاف کرنا۔ پاک کرنا۔ پانی سے صاف کرنا۔ دور کرنا۔ زائل کرنا
دھونتال (ہ۔ا۔مونث صفت) جلد کام کرنے والی عورت۔ قوی۔ دلیر بھبوط۔
دُھونس۔ (ہ۔ا۔مؤنث) خوف ڈر۔ دھمکی۔ زبردستی۔ فریب۔ دھوکا۔ لگان۔
دصول ہونے کے بعد کا جبری خرچ جو زمینداروں سے لیا جاتا ہے۔
دُھونس دینا۔ رہ۔فعل) دھمکی دینا۔ رُعب جمانا۔ فریب دینا۔
دُھونسا۔ رہ۔مذ) بڑا نقارہ۔ دمامہ۔
دُھونسا کھانا۔ رہ فعل) شامت آنا۔ کمبختی آنا۔ مصیبت میں پھنسنا۔
دُھونسنا۔ رہ۔فعل) کسی چیز کو دبا کر خوب بھرنا۔ ٹھونسنا۔ مارنا پیٹنا۔ سینگوں سے ٹکر مارنا۔ برتنا۔) استعمال کرنا۔
دھونسیا۔ رہ۔مذ۔ فاعل) فریبی۔ مکار۔ مالگذاری وصول کرنے والا اور اپنا خرچ مالگذار سے لینے والا۔
دھونکنی
دُھونکنا رہ۔فعل) آگ کو ہوا پہنچانا۔ آگ جلانا۔
دُھونکنی۔ (ہ۔ا۔مؤنث) آلہ۔ وہ کھال جس سے لوہار آگ دھونکتے ہیں۔
دُھونی۔ (ہ۔اسم مؤنث) ہندو فقرا کی تپسیا کی آگ کا ڈھیر۔ کسی چیز کو جلا کر دُھواں لینا۔
دُھونی جگانا۔ یا۔ رمانا۔ یا لگانا۔ رہ۔فعل) تپ کرنا۔ تپسیا کرنا۔ فقیر ہو۔ بیٹھنا۔ کسی جگہ آگ جلا کر جوگیوں کی طرح ہو بیٹھنا۔

آتش ارادہ عرش اعظم کا ہے آہ میچکاسی کو
دَرِ فریاد رس پہ چل کے اب دھونی رمانی ہے

دُھونی لینا۔ رہ۔فعل) دُھواں لینا۔ بخور لینا۔
دُھوون رہ۔مذ) وہ پانی جس میں کوئی چیز دھوئی گئی ہو۔ دُھلی ہوئی چیز کا پانی
دھویا دھایا۔ (ہ۔اسم۔صفت ترکیب۔ مفعولی) صاف ستھرا۔ بے غیرت بے حیا۔ سادہ لوح پاکباز۔
دھویا دیدہ (اُر۔ا۔صفت) بدلحاظ بے شرم بے غیرت بے حیا۔ شوخ چشم۔
دھوئیں۔ (ہ) دُھواں کی جمع۔
دھوئیں اُڑانا۔ (محاورہ) ٹکڑے اُڑانا۔ دھجیاں اُڑانا جلا کر خاک سیاہ کر دینا۔ برباد کر ڈالنا۔
دھوئیں بکھیرنا۔ (محاورہ) بحث میں شکست دینا نکتہ چینی کرنا۔ خوب گت بنانا۔
دھوئیں کے بادل اُڑانا۔ (محاورہ) لغو اور بے بنیاد بات کرنا۔
دَہے۔ (ہ۔مذ) محرم کے دس دن۔ ایام عاشورہ تعزیے جیسے آج دہے اُٹھیں گے۔
دَہی رہ۔مذ۔ دمؤنث) جما ہوا دُودھ۔
دہی بڑے (مذ) ایک قسم کا کھانا۔ دہی میں ماش کی دال کے تلے ہوئے بڑے ڈال کر بناتے ہیں۔
دہی دہی کرنا۔ کسی امر پوشیدہ کا جابجا اظہار کرتے پھرنا۔
دَہی مچھلی۔ جس وقت کوئی گھر سے بہ ارادہ سفر نکلتا ہے۔ تو عورتیں شگون نیک خیال کر کے یہ کلمہ بولتی ہیں۔
دَہینڈی۔ دہی رکھنے کا مٹی کا برتن
دھی (پ۔اسم۔مؤنث) لڑکی۔ بیٹی۔ دختر۔
دھیان۔ (ہ۔مذ) سوچ۔ خیال۔ تصوّر۔ مُراقبہ۔ توجہ۔ لحاظ۔ غور۔ توبہ۔
دھیان بٹانا۔ رہ۔فعل) خیال کو دوسری طرف کرنا۔ دوسری طرف توجہ لگانا۔
دھیان دینا۔ یا۔ لگانا۔ رہ۔فعل) توجہ کرنا۔ کان لگانا۔ غور کرنا۔ کسی کام کو دل لگا کر کرنا۔
دھیان سے رہ۔تابع فعل) خیال سے غور سے توجہ سے۔ توبہ سے۔
دھیان سے اُترنا۔ رہ۔فعل) خیال سے اُترنا یا بھول جانا۔ یاد نہ رہنا۔
دھیان کرنا (رہ۔فعل) غور کرنا۔ سوچنا۔ سمجھنا۔ توجہ کرنا۔ خیال کرنا۔ مُراقبہ کرنا۔
دھیانا۔ رہ۔مذ) داماد یا داماد کے درجہ کے لوگ۔ بیٹی یا بہن کی نرینہ اولاد۔
دھیان میں آنا۔ رہ۔فعل) یاد آنا۔ ذہن پر چڑھ جانا۔
دھیان میں نہ لانا۔ (رہ۔فعل) پروا نہ کرنا۔ توجہ نہ کرنا۔ خیال نہ کرنا۔
دِھیانگی (رہ۔اسم مؤنث) ایک دن کی اُجرت یومیہ مزدوری۔ دہاڑی۔
دھیانی۔ (رہ۔اسم۔ مؤنث) بیٹی۔ بھتیجی وغیرہ جیسے دھی دھیانی۔ خدا سے کو لگانے والا صاحب تصوّر جیسے گیانی دھیانی۔
دِھیجو۔ (ہ) پہلی بیوی کے مرنے پر دوسرا نکاح کرنے والا (رک) دُھاجو۔
دِھیر۔ (ہ۔اسم مؤنث) صبر۔ تحمل۔ ہمت۔ استقلال۔ دلیری۔ حوصلہ۔
دِھیرا۔ (رہ۔مذ۔ فاعل) دِھیما۔ نرم مزاج۔ متحمل۔ آہستہ کام کرنے والا آہستہ رو۔
دِھیر اکرنا۔ نرم باتوں سے کسی کا غصّہ اُتارنا۔
دِھیرج۔ (رہ۔ا۔مؤنث) صبر۔ تحمل۔ استقلال۔ استقامت ہمت۔ مُستعدی مضبوطی۔ حوصلہ۔ آہستگی۔
دِھیرج دھرنا۔ رہ۔فعل) صبر کرنا۔ حوصلہ کرنا تحمل کرنا۔ ٹھہرنا۔
دِھیرے } (رہ تابع فعل) آہستہ
دِھیرے } ہلکے ہلکے۔ دِھیمے دِھیمے۔ سمجھ سمجھ۔ تدریج۔ درجہ بدرجہ۔
دَھیز۔ (اُر۔مذ) (عوام) جہیز۔
دھیلا۔ رہ۔مذ) آدھا پیسہ۔ آدھیلا۔ اب رائج نہیں۔
دھیلی۔ (ہ۔اسم مؤنث) آدھا روپیہ نصف روپیہ۔ اٹھنی۔ نئے پچاس پیسے۔
دھیما۔ (ہ۔اسم مؤنث) آہستہ۔ نرم۔ سُست۔ مدھم۔ ہلکا۔ کم آواز باجہ۔
دُھیمی (ہ۔مو) آہستہ آواز۔ نرم مدھم آواز۔

دِھیما کرنا۔ (ہ) نرم کرنا۔ سُست کرنا۔ غصہ دبانا۔ ٹھنڈا کرنا۔ زور گھٹانا۔

دِھیمر (ہ۔ مذ) مچھوا۔ کہار۔ کالا کلوٹا۔

دھیلن ڈھوکڑ / اللہ میاں کے نوکر (ہ۔ مثل) آزاد اور خودسر کی نسبت بولتے ہیں۔

دِھیلن ڈھوکڑی۔ (مو) زبردستی۔ خودسری۔

دھینگ / دھینگا (ہ۔ ا۔ صفت) مُسٹنڈا۔ موٹا تازہ آدمی۔ بدمعاش عورت کا آشنا۔ مضبوط۔ قوی۔ طاقتور۔ موٹا۔

دِھینگا دِھینگی۔ (ہ۔ ا۔ مؤنث) زبردستی۔ زور سے جبر سے دست درازی۔

دِھینگا مُشتی (ہ۔ اسم مؤنث) کشتی۔ ہاتھا پائی۔ گھونسے مکے کی لڑائی۔

دِھینگڑ (ہ۔ مذ) دھینگ کی تصغیر۔

دِھینور۔ (ہ۔ مذ) مچھوا۔ کہار۔ ماہی گیر نہایت کالا۔ کالا کلوٹا۔ سیاہ حبشی۔

دِھیوت۔ (ہ۔ مذ) ساتوں سُروں میں سے ایک سُر۔

د - ء

دَئی۔ (ہ۔ مذ) خدا۔ دیوتا (مو) نذر۔ تحفہ

دَئی مارا۔ (ہ) بدقسمت۔ خدا کا مارا (مذ) بدنصیب آدمی۔

د - ی

دِیا۔ (ہ۔ مذ) آلہ۔ چراغ۔ دیوا۔

دِیا۔ (ہ) دینا کی ماضی۔ بخشا ہوا۔ دیا ہوا نظر داغ سب کچھ ہمارے پاس ہے اللہ کا دیا کیا۔ (ہ۔ اسم۔ مؤنث) مہربانی۔ عنایت۔ کرپا۔ ترس۔ خوفِ خدا۔ ہمدردی بخشش۔ عطا۔

دِیا بتی کرنا۔ (ہ۔ فعل) چراغ جلانا۔ **دِیا سلائی**

دِیا سلائی۔ (ہ۔ ا۔ مؤنث) چراغ یا دیا جلانے کی تیلی۔ جس کے سرے پر گندھک وغیرہ لگی ہوتی ہے۔ لڑائی کو بڑھانے والی عورت۔

دَیا ونت۔ (ہ۔ اسم صفت) مہربان۔ رحم دل۔

دِیار۔ (ع۔ مذ) دار کی جمع۔ گھر۔ خانہ۔ ملک بلاد۔ شہر۔

دِیارا۔ (ہ۔ ا۔ مذ) زمین۔ برآمد۔ دریا برآمد۔ وہ زمین جو دریا کے ہٹ جانے سے نکلے۔

دَیال۔ (ہ۔ ا۔ مذ) سخی بخشش کرنے والا۔

دِیالو۔ (ہ۔ مذ۔ فاعل) مہربان۔ ہمدرد۔ معطی بخشش کرنے والا بہت سخی۔ رحیم۔ (ہندوؤں کا روزمرہ)

دِیالسا (ہ۔ مفعول۔ مذکر) راہ خدا میں دیا ہوا۔ نیکی۔ بھلائی۔ جیسے کچھ دیالسا ہی آگے آگیا ہے۔

دِیانت۔ (ہ۔ ا۔ مؤنث) دینداری۔ ایمانداری۔ سچائی۔ راستی صدق۔ امانت۔ تدین۔

دیانت دار۔ (ع۔ ف۔ اسم صفت۔ ترکیب) صادق۔ سچا امین۔ ایماندار دھرمی۔ راست باز۔

دِیانت داری۔ (ع۔ ف۔ اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) سچائی۔ ایمانداری۔ صداقت۔

دِیبا (ف۔ مذ) اطلس ایک باریک اور نقش والا ریشمی کپڑا۔

دِیبا جہ۔ یا۔ دِیباچہ (ع۔ ا۔ مذ) لغوی چہرہ۔ مجازاً تمہید کتاب سرنامہ، مقدمۂ کتاب۔ آراستہ کرنا۔ سجانا۔

دِیبی (ہ۔ اسم مؤنث) رانی۔ ملکہ۔ دیوتا کی تانیث۔ دیوتا کی استری۔ دیوی۔ درگا دیوی کالکا دیوی وغیرہ (ہندوؤں کا روزمرہ ہے۔

دیبی اپنے دن بھرے سے لوگ مانگیں پرچا۔ (ہ۔ مثل) پیر خود ہی مصیبت اٹھا رہے ہیں۔ اور مرید مرادیں مانگتے ہیں۔

دِیپ (ہ۔ مذ) ٹاپو جزیرہ اس اسم مذکر) چراغ۔ چمک۔ روشنی۔ آگ۔ چھوٹی دیوالی۔ ایک راگ کا نام بھی ہے۔

دِیپ مالا۔ (ہ۔ مو) چراغوں کی قطار۔ چراغاں۔

دِیپک (س۔ مذ) چراغ۔ روشنی۔ چمک۔ شمع۔ ایک راگ کا نام جس کے گانے کی تاثیر سے کہتے ہیں کہ آگ لگ جاتی ہے۔ ایک قسم کی آتشبازی۔

دِیَت (ع۔ مو) خوں بہا۔ شرعی طور پر خون کے عوض میں جرمانہ۔ (لینا۔ دینا)

دیجُور (ف) اندھیرا۔ اندھیری رات۔

دِیدار (ف۔ مذ۔ حاصل مصدر) درشن۔ نظارہ۔ صورت۔ چہرہ جلوہ۔

دِیدار (اسم مؤنث حاصل مصدر از دیدن نظارہ۔ نگاہ نظر۔ نظارہ۔ دیدار روشن

دید شنید۔ واقفیت۔ وہ جس سے واقفیت ہو۔

دِید نہ شنید (ف۔ مذ) حاصل مقدر۔ مفید صفت۔ دیکھا نہ سُنا۔ نرالا انوکھا۔ نایاب

دِیدار (ف۔ مذ) حاصل مصدر۔ درشن۔ نظارہ۔ صورت۔ چہرہ۔ جلوہ

دِیدار بازی (ف۔ ا۔ مؤنث۔ بیائے مصدری) گھورا گھاری۔ دیکھ بھال۔ تاک جھانک۔ نظارہ بازی۔

دِیدار بازی رب راضی۔ (ف۔ مقولہ) عام تاک جھانک میں گناہ کبیرہ سرزد نہیں ہوتا۔

دِیدار (اُر۔ اسم صفت فاعلی) قابل دید۔ خوبصورت۔

دِیداری (شکیل۔ وجیہ۔ توانا۔ اچھی صورت شکل کا۔

دِیدہ (ف) مذ۔ آنکھ۔ آنکھ کا ڈھیلا۔ چشم بینن۔ دلیری بے باکی۔ جرأت حوصلہ۔

دِیدہ بازی (مو) نظر بازی۔

دِیدہ بڑا ہے۔ ڈھیٹ ہے۔

دِیدہ بہہ جانا۔ دیدے کا بیٹھ جانا۔

دِیدہ پھٹ جانا۔ حیرت سے دیکھتا جاتا۔ نڈر اور بے باک ہو جانا۔

دِیدہ پھٹا ہونا (اُر۔ محاورہ) گستاخ ہونا۔ بے باک ہونا۔

دِیدہ پھٹی (اُر۔ صفت) بڑی بڑی اور بے رس آنکھوں والی۔

دِیدۂ جوہر۔ (ف۔ مذ) وہ حلقے جو تلوار کی آب میں نظر آتے ہیں۔

دِیدہ پھنال۔ شوخ۔ نڈر۔

دِیدہ دلیر / دِیدہ دلیل (اُر۔ اسم۔ صفت) بے باک۔ دلیر۔ نڈر۔ شوخ چشم۔

دِیدہ دھوئی بے غیرت بے حیا بے شرم۔

دِیدہ درائی (ف۔ اسم مؤ) دلیری۔ بے باکی۔ بے لحاظی۔

دِیدہ دیکھنا۔ حوصلہ و ہمت دیکھنا۔

دیدہ ریزی (ف۔ اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) آنکھوں پر زور ڈالنا بہت کام لینا۔ ایسا باریک کام کرنا جس میں آنکھوں پر زور ڈالنا پڑے۔ مینا کاری۔

دیدوں کی صفائی (اُر۔ اسم مؤنث) بے شرمی۔ بے غیرتی بے باکی۔ نڈرپن۔

دیدوں گھٹنوں کے آگے آنا (اُر۔ فعل) کسی کو آزار پہنچانے کی سزا دیدوں گھٹنوں سے پانا۔ } میں خدا کیطرف سے اندھا یا لنگڑا ہوجانا۔

دیدوں کی قسم (مو) آنکھوں کی قسم دیدوں میں چربی چھا جانا۔

دیدوں میں چربی چھا جانا (اُر۔ ترکیب) وفراز سوجھنا۔

دیدہ نہ لگنا۔ یا۔ دیدہ نہ ٹکنا (اُر۔ فعل) توجہ نہ کرنا۔ دل نہ لگانا۔ دھیان نہ کرنا۔

دیدہ ودانستہ (ف۔ اسم۔ صفت بترکیب مفعولی) جان بوجھ کر۔ معلوم ہونے کے باوجود۔

دیدہ ور۔ صاحب نظر۔ دانا وبینا۔ گہری نظر رکھنے والا۔

دیدہ ہرجائی ہونا۔ نڈر ہونا۔

دیدے پتھ ہونا (محاورہ) بالکل نہ دکھائی دینا۔ اندھا ہونا۔ نظر نہ آنا۔

دیدے الٹ جانا۔ نزع کی حالت میں ہونا۔

دیدے بدلنا۔ مروت نہ کرنا۔ بے رخی اختیار کرنا۔

دیدے بھر آنا۔ آنسو آجانا۔

دیدے پھاڑ کر دیکھنا۔ یا۔ گھورنا۔ (اُر۔ محاورہ) گھور کر دیکھنا۔ غور سے دیکھنا۔ آنکھیں کھول کر دیکھنا۔

دیدے دھنس جانا۔ حلقے پڑ جانا۔ آنکھیں بیٹھ جانا۔

دیدے کا پانی ڈھل جانا (اُر۔ محاورہ) بے غیرت وبے حیا ہوجانا۔

دیدے مٹکانا (اُر۔ محاورہ) آنکھیں چمکانا۔ آنکھوں کو حرکت دینا۔

دیدے نکالنا (اُر۔ محاورہ) غصہ کی نظر سے دیکھنا۔ غصہ ظاہر کرنا۔ آنکھیں دکھانا۔

دیر۔ (ف۔ مذ) مندر۔ بت خانہ۔ گرجا۔ جمع ادیار۔

دیر (ف۔ مو) وقفہ۔ تاخیر۔ عرصہ۔ توقف۔

دیر آشنا (اُر۔ صفت) مدت کے بعد بے تکلف ہونے والا شخص۔

دیر آید درست آید (ف۔ صفت) جو کام آہستہ اور سہولت سے ہو وہ اچھا اور درست ہوتا ہے۔

دیرا۔ (ہ۔ مذ) خیمہ۔ چھوٹا مکان۔ رہنے کی جگہ۔ ڈیرا۔

دیرپا (ف) مضبوط۔ پائیدار۔ مستحکم۔ مضبوط۔

دیرکہن (ف) دینار دیر مسدس)

دیرمان (ف) پائیدار۔ باقی۔

دیرطینا (ف) آسمان۔

دیرینہ (ف) پرانا۔ قدیمی۔ تجربہ کار۔ کہنہ۔ بوڑھا۔

دیس (ہ۔ مذ) وطن۔ ملک (دیش) دیسی۔ وطنی۔ اپنے ملک کا ولایت راگ کا نام

دیس بدیس پھرنا (اُر۔ محاورہ) سیر وسیاحت کرنا۔ مارا مارا پھرنا۔

دیس چوری پردیس بھکشا (اُر۔ مثل) وطن میں وضع داری رکھنے کے لیے چوری تک آمادہ ہوجانا۔ پردیس میں بھیک مانگنے میں عار نہ ہونا۔

دیس نکالا ملنا۔ جلاوطن کیا جانا۔ شہر بدر کرنا۔

دیسا (ہ۔ مذ) مردے کی سال بسال یادگار۔ برسی۔

دیسی (ہ) وطنی۔ ملک کی پیدا شدہ چیز۔ ملکی۔

دیشب۔ (ف) گزشتہ رات۔

دیک (ع۔ مذ) دیکہ) مرغ۔ خروس۔

دیکھ بھال (ہ۔ مو) جانچ پڑتال۔ تلاش۔ جستجو (دیکھا بھالی) تیمارداری نگرانی۔

دیکھ ڈالنا (ہ) پڑھ کر ختم کر دینا۔ پڑھ لینا۔

دیکھ کر جینا (اُر۔ محاورہ) بہت محبت کرنا۔ بہت چاہت کا اظہار کرنا۔

دیکھا (ہ) آزمایا ہوا۔ دیکھنا کا ماضی۔ یہ دیکھ لیا کسی کو کسی بات سے منع کرنا اگر کرے تو نتیجہ برا نکلے تو کہتے ہیں۔

دیکھ جائے گا (اُر۔ محاورہ) پھر غور کیا جائے گا۔ کوئی پروا نہیں۔

دیکھا دیکھی (اُر) ایک دوسرے کو دیکھ کر بیس سے کوئی کام کرنا۔

دیکھا نہ بھالا (اُر) دیدہ نہ شنید۔ جان نہ پہچان۔

دیکھا نہ سنا (اُر) بلاثانی۔ عجیب۔ بے نظیر۔ انوکھا۔

دیکھتے دیکھتے (ہ) آنکھوں کے سامنے۔ آن کی آن میں۔ آناً فاناً۔

دیکھی آنکھوں مکھی نہیں نگلی جاتی (اُر۔ مثل) جان بوجھ کر نقصان نہیں اٹھایا جاتا۔

دیکھا بھالا (ہ) تجربہ کیا ہوا۔ آزمایا ہوا۔

دیکھا بھالی (ہ۔ مو) تلاش۔ جستجو۔ دیدہ بازی۔ تیمارداری۔ نگرانی۔

دیکھنا (ہ) معائنہ کرنا خیال رکھنا۔ تلاش کرنا۔ مشاہدہ کرنا۔ آزمانا۔ سوچنا۔ آگاہ کرنے کا حکم۔ آزمانا۔ جانچنا۔ لحاظ کرنا۔ خبردار کرنا۔ بدلہ لینا۔

دیکھنے کی ہونا (تماشا) اور بے کار ہونا۔

دینا بھلا نہ باپ کا، بیٹی بھلی نہ ایک (اُر۔ مثل) قرض اور بیٹی اچھے نہیں ہوتے۔

دینے کے ہزاروں ہاتھ (اُر۔ مثل) اللہ ہزاروں حیلوں سے دیتا ہے۔

دیگ (ف۔ مذ) تانبے کا بڑا پتیلا۔

دیگ کی کھرچن بھی بہت ہے (مثل) بڑی مقدار میں سے بچا یا بہت ہوتا ہے۔

دیگچہ (ف۔ مذ) چھوٹی دیگ۔ چھوٹا پتیلا۔

دیگچی (ف۔ مو) پتیلی۔ ہانڈی۔ دیگ۔

دیگیں کھنکنا (اُر۔ محاورہ) کھانا پکنا۔ دیگیں چڑھنا۔

دیگ دان (ف۔ مذ) چولہا۔

دیگر۔ (ف) دوسرا اور غیر۔ غیر۔

دیکیم۔ (ع) ایک ملک کا نام۔ عبدالرشید دیلمی مشہور خطاط گزرے ہیں۔ تیتر۔

دیم (ف۔ مذ) چہرہ۔ روشنی۔

دیمک (ہ۔ مو) ایک قسم کی سفید چیونٹی۔

دین (ع۔ مذ) قرض۔ اُدھار (جمع دُیُون)

دِین (ع۔ مذ) مذہب۔ دھرم۔ ایمان۔ آخرت جمع اَدیان (ہ) غریب۔ محتاج۔ عاجز۔

دین۔ (ہ۔ مذ) دادہش بخشش۔ عنایت۔

دین حنیفی (ع) حضرت ابراہیمؑ کا دین۔ دینِ اسلام۔

دینا۔ (ہ) عطا کرنا۔ بخشنا۔ حوالہ کرنا۔ نذر کرنا۔ مارنا۔ لگانا۔ بند کرنا۔

دینار (ع۔ مذ) عرب ممالک میں سونے کا سکہ دوِنّار۔ جمع دنانیر

دینا دلانا۔ دادہش بخشش۔ انعام۔

دینارِ سُرخ (ع۔ ف۔ ا۔مو) اشرفی سونے کا سکہ۔

دین دُنیا سے جانا۔ دونوں جہاں کو خیرباد کہنا۔

دین مُعجّل۔ (ع) قرضہ عندالطلب۔

دینِ مُؤجل (ع) جس کا کوئی وقت مقرر نہ ہو۔

دینی۔ (ع) مذہبی یا دین سے متعلق۔

دینی بھائی (اُرد مذ) ہم مذہب۔ ہم مسلک۔

دیو۔ (ف۔ا مذ) بھوت۔ قوی ہیکل پہلوان (مؤنث دیونی) (ہ) دیوتا مقدس بزرگ خدا کا اوتار۔ سادہ لوح (مؤنث دیوی)

دیوپیکر۔ بھاری جسم والا۔ دیو کی مانند۔

دیوزاد (ف۔ اسم صفت) دیو کا بیٹا۔ بلند قامت پہلوان۔

دیوناگری (ہ۔مو) سنسکرت رسم الخط۔

دِیوا۔ (ہ۔ا مذ) دیا۔ چراغ۔

دِیوار۔ (ف۔ا مو) پردہ۔ اوٹ۔ نابینا۔ حد۔ رکاوٹ۔ پختہ پردہ۔

دیوار بن جانا۔ بے حس و حرکت ہو جانا۔ اندھا بن جانا۔ دیوار تیار ہو جانا۔

دیوار بیچ۔ پڑوس۔ بہت قریب۔

دیوارِ چین (ف) ملک چین کے اندر مشہور دیوار جو شمال میں واقع ہے۔

دیوارِ فقہ (اُرد۔مو) تاتار اور ختای کی سرحد پر ایک آہنی دیوار جس سے ہنسنے کی آواز آتی ہے۔ ایک روایتی دیوار جس کے متعلق کہتے ہیں جو اس کے اُوپر سے نیچے دیکھتا ہے ہنسنے لگتا ہے جو وہاں جاتا ہے وہ بھی ہنسنے لگتا ہے۔ سدِ سکندری۔

دیوار کے بھی کان ہوتے ہیں۔ (مثل) راز کی بات اکیلے میں بھی آہستہ کہنی چاہیے۔

دیوار گیری (اُرد) وہ چراغ یا لیمپ جو دیوار پر لٹکا کر روشن کیا جائے۔

دیواریں چاٹنا۔ بمشکل تمام گزر اوقات کرنا۔

دیوالہ (ہ۔ اُرد مذ) بیوپاری کا قرضہ نہ ادا کر سکنے کا اعلان مُفلسی۔

دیوالہ نکالنا (اُرد۔ محاورہ) قرض ادا نہ کرنے کا اعلان کر دینا۔ مُفلس ہو جانا۔

دیوالی (ہ۔ا مو) دیپ مالا۔ چراغاں۔ ہندو کا مشہور تہوار۔

دیوالیہ (ہ۔ا مذ) وہ شخص جس کا دیوالیہ نکل گیا ہو۔ مفلس۔ غریب۔ ٹٹ پونجیا۔

دیوان (ع۔ مذ) دوان کچہری۔ عدالت۔ دربار۔ وزیر۔ افسر مال۔ رکن۔ سلطنت (جمع دواوین) لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ شاہی دربار۔

دیوانِ اعلیٰ (ع۔ فا) وزیر اعظم۔ تمام غزلیات کی مکمل کتاب۔

دیوان تن (ف۔ مذ) بخشی۔ دیوان تنخواہ کا مخفف۔

دیوان پن (ہ۔ مذ) جنون۔ سودائی۔ جمادانی۔

دیوانِ خاص (ع۔ مذ) خاص لوگوں کا دربار۔ دیوان۔ عام۔ عام دربار۔

دیوانِ خالصہ (ع) معتمد الدولہ۔ سرکاری دفتر کا محافظ۔

دیوان خانہ (ف) نشست گاہ۔ ڈرائنگ روم۔

دیوانگی (ف) پاگل پن۔ دیوانہ پن۔ بے وقوفی۔

دیوانہ (ف) سڑی۔ سودائی۔ پاگل۔ مجنون (مؤنث دیوانی)

دیوانہ بنانا۔ کسی کو اپنا عاشق و شیدا بنانا۔ پاگل بنانا۔ پریشان کرنا۔

دیوانہ بکار خویش ہوشیار (مثل) دیوانہ اپنے مطلب کے لیے ہوشیار ہوتا ہے۔

دیوانی (ف۔مو) وزارت۔ دیوان کا عہدہ (ججی) وہ عدالت جہاں مقدمات فوجداری کے علاوہ زمین کے مقدمات زر قرض، داد و ستد کی نالش کی جائے۔

دیوانی آدمی کو دیوانہ کر دیتی ہے (اُرد مثل) دیوانی مقدمہ انسان کو بہت پریشان کرتا ہے۔ اس مقدمہ کا فیصلہ بہت وقت لیتا ہے۔

دیوانے کی بڑ (اُرد مثل) مہمل بات۔ بکواس۔

دیوانی (ف) پگلی عورت۔

دیوانی ہانڈی (اُرد۔مو) مختلف بے میل بکی ہوئی ترکاریوں کی ہانڈی۔

دیو باد۔ (ف) آندھی کا بگولا۔

دیوتا (ہ۔ا مذ) اوتار۔ فرشتہ بزرگ نیز بھولا شخص۔ طنزاً مکار فریبیا۔ ناگ۔ سانپ۔

دیوٹ (ہ۔ مذ) چراغ دان۔ شمع دان۔ سیاہ فام آدمی۔ کالا کلوٹا۔

دُیوث (ع۔ مذ) بے شرم بھڑوا جو شخص اپنی بیوی سے کسب کرائے اور اس کے افعال قبیحہ سے چشم پوشی کرے، بے حمیت، بے حیا۔

دیودار (ف۔مذ) ایک پہاڑی درخت اور اس کی لکڑی۔

دیور (ہ۔ مذ) شوہر کا چھوٹا بھائی۔

دیورانی (ہ۔مو) دیور کی بیوی۔

دیوزاد (ف) کنایۃً قوی ہیکل گھوڑا۔

دیوساز (ف) دیو کی طرح کا۔

دیول (ہ۔ مذ) چھوٹا مندر۔

دیولاخ (ف) دیوؤں کے رہنے کی جگہ۔

دیومار (ف۔ا۔مذ) اژدہا۔

دیو مردم (ف۔ اُرد۔مذ) بن مانس۔ شریر آدمی۔

دیوی (ہ) رانی۔ ایک پودے کا نام (دیوتا کی تانیث) دیبی کنواری۔ عزت دار عورت، پاک باز عورت۔

دِیہ (ہ۔مو) جسم۔ تن۔ بدن۔

دیہہ۔ (ف) گاؤں (جمع۔ دیہات۔ دیہات)

دیہات (ف) گاؤں بستی۔

دیہات خالصہ (ف) سرکاری گاؤں۔

دیہی۔ (ف) گاؤں کا رہنے والا۔

دیہیم۔ (ف) شاہی تاج (مکٹ)

ڈ

اُردو حروف تہجی کا بارھواں، ہندی کا چوبیسواں حرف ہے۔
دال کی طرح اس کے عدد بھی حساب جمل میں چار مقرر ہیں ؛

ڈ - ا

ڈاب (ہ۔مو) لمبی گھاس کی ایک قسم جس کا بان بٹا جاتا ہے (کس) کچی ناریل۔ پوتلا۔ چمڑے کا کمر بند ؛

ڈابر : (ہ۔مو) بھیل۔ چھوٹا نالاب۔ ہاتھ دھونے کا برتن۔ نشیب جہاں پانی اکٹھا ہوتا ہے ؛

ڈبک : (ہ۔مذ) کنوئیں کا تازہ پانی ؛

ڈانی : (ہ۔مو) سوراخ یا کسی چیز کا دسواں حصہ جو فصل کاٹنے والے کو دیا جاتا ہے ؛

ڈاٹ (ہ۔مو) سوراخ یا کسی چیز کا منہ بند کرنے کا کاک۔ محراب کی بھرتی ؛

ڈاٹ (Dote) نقطہ۔ ایضاً ؛

ڈاٹنا (ہ) بند کرنا۔ ڈاٹ لگانا۔ منع کرنا۔ ٹھونسنا۔ زیب تن کرنا ؛

ڈارک (Dark) تیرہ۔ اندھیرا۔ سیاہ ؛

ڈاڑھ (ہ۔مو) دیکھو داڑھ
موٹے دانت ؛

ڈاڑھ گرم کرنا : رشوت لینا
کچھ مفت میں کھانا ؛

ڈاڑھ نہ لگانا : مال ہضم کر جانا۔ بے چبائے نگل جانا ؛

ڈاڑھ

ڈاڑھیں مار کر رونا (ہ) بچکیاں لے لے کر رونا ؛

ڈاڑھا (ہ۔مذ) لمبی اور بڑی ڈاڑھی۔ باہر کو نکلا ہوا دانت۔ انیٹوں کی ایک دوسرے میں بٹنے کی جگہ ؛

ڈاڑھی : (ہ۔مو)
چہرے کے بال ؛

ڈاڑھی بیٹ میں ہونا : کم سنی میں عقل مند ہونا ؛

ڈاڑھی

ڈاک (ہ۔مو)
خطوط کا محکمہ۔ پٹاخانہ۔ متواتر سلسلہ۔ ڈاک گھر۔ ڈاک خانہ۔ (پوسٹ آفس)

ڈاک بٹھانا : چوکی بٹھانا۔ سرکاروں کی آمد و رفت کا جاری رہنا ؛

ڈاک : (انگ۔ا۔مو۔Dock) گودی۔ بندرگاہ ؛

ڈاک بنگلا : (ا) سرکاری مسافر خانہ ؛

ڈاک چوکی : (ہ۔مو) جس مقام پر ایک ہرکارہ دوسرے کو چٹھیاں دے۔ گھوڑوں کی بدلی کا مقام ؛

ڈاک خانہ (اُ۔ا۔مذ) پوسٹ آفس۔ ڈاک گھر۔ ڈاک اکٹھی کرنے کی جگہ ؛

ڈاک گاڑی (ہ۔مو) ریل گاڑی جس میں ڈاک جاتی ہے جس کی رفتار بہت تیز ہوتی ہے ؛

ڈاکا (ہ۔ا۔مذ) ڈاکوؤں کا حملہ۔ چار سے زیادہ چوروں کا مل کر دھاوا ؛ قزاقوں کا دھاوا۔ غارت گری۔

ڈاکا ڈالنا : لوٹ کر لے جانا ؛



ڈاک یارڈ

ڈاک یارڈ (انگ۔ا۔مو) Dockyard
بندرگاہ کے قریب جہاز مرمت کرنے کی جگہ ؛

ڈاکٹر (انگ۔ا۔مذ۔Doctor)
طبیب۔ بید۔ علامہ۔ فاضل۔ عالم وغیرہ ؛

ڈاکٹر

ڈاکٹرانی: (اُ-ا-مو) علاج کرنے والی عورت؛
ڈاکٹری: (اُ-ا-مو) ڈاکٹر کا پیشہ؛
ڈاکنا: (ف) قے کرنا۔ استفراغ ہونا؛
ڈاکو: (ہ-ا-مذ) لٹیرا۔ رہزن۔ قزاق۔ پیٹو؛
ڈاکومنٹ (Documentary) پروانہ۔ حکم نامہ۔ دستاویز؛
ڈاکیا: (ہ-ا-مذ) ہرکارہ۔ چٹھی رساں؛
ڈاکیٹ (انگ-Docket) خلاصہ۔ حکم؛
ڈال: (ہ-ا-مو) ٹہنی۔ شاخ۔ آبپاشی کا ڈول۔ تلوار کا پھل ڈالنا کا امر۔
ڈال دینا: پھینک دینا۔ گرا دینا۔ متوجہ کر دینا؛ لگا دینا؛
ڈال کا پکا: پکا ہوا پھل؛
ڈالا: (ہ-ا-مذ) موٹی شاخ۔ ٹہنا؛
ڈالر: (انگ-ا-مذ-Dollar) امریکہ کا سکہ؛
ڈال کا ٹوٹا: (ہ-ا-مذ) تازہ پھل۔ عمدہ پھل۔ بے عیب۔ الوکھا؛
ڈالنا: (ف) گرانا۔ پھینکنا۔ اندر داخل کرنا۔ جمع کرنا۔ حمل گرانا؛
ڈالی (ہ-مو) پھولوں کا ہدیہ۔ تحفہ۔ شاخ؛

ڈالی

ڈانٹ ڈپٹ (ہ) دھمکی۔ جھڑکی۔ ڈراوا؛
ڈانڈ (ہ-ا-مذ) ناؤ کھینے والا؛
ڈانڈا: (ہ-ا-مذ) سرحد۔ کشتی کھینے کی لکڑی۔ چپو؛
ڈانڈی: (ہ-ا-مو) کشتی کھینے والا ملاح۔ مانجھی۔ پہاڑی سواری کی ایک قسم جس میں دونوں طرف لکڑی اور بیچ میں دری لگی ہوتی ہے؛
ڈانس: (ہ) بڑے مچھر کی ایک قسم؛
ڈانس: (انگ-مذ-Dance) انگریزی ناچ؛
ڈانسر: (انگ-مذ-مو-Dancer) رقاص۔ رقاصہ۔ ناچنے والی؛
ڈانک: (ہ) نگینے کے نیچے کا سنہرا یا روپہلا ورق جو چمک کے لیے لگایا جاتا ہے؛
ڈانگ: (ہ-مو) پہاڑ کی اونچی چوٹی۔ چھلانگ۔ لاٹھی۔ ڈنڈا
ڈانواں ڈول (ہ) پریشان۔ آوارہ۔ مذبذب۔ سرگرداں۔ ڈگمگاتا ہوا۔
ڈانوں ڈول پھرنا: آوارا اور بیکار پھرنا۔ مارے مارے پھرنا؛
ڈانوں ڈولی: (ہ-مو) سرگشتگی۔ پریشان خاطر؛
ڈاؤن: (انگ Down) نیچے۔ تلے۔ نشیب؛
ڈاہ: (ہ) جلن۔ حسد۔ کینہ۔ دشمنی۔ عداوت؛
ڈائجیسٹ Digest - (مذ) خلاصہ۔ مجموعہ۔ مضامین۔ انتخاب؛
ڈائریکٹ (انگ-Direct) سیدھا۔ راست۔ مستقیم؛
ڈائریکٹ ایکشن (انگ-مذ- Direct Action) راست اقدام۔ عملی احتجاج؛
ڈائریکٹر: (انگ-مذ-Director) منتظم۔ اعلیٰ افسر؛
ڈائریکٹری: (انگ-ا-مو-Directory) دستور العمل۔ کانون اور باشندوں وغیرہ کے حالات کی کتاب۔ ٹیلی فونوں کے نمبروں والی کتاب؛
ڈائری: (انگ-مو-Diary) روزنامچہ روزمرہ کی یادداشت۔ روزمرہ کی نوٹ بک؛
ڈائس: (Dias) چبوترا۔ شہ نشین؛
ڈائل: (انگ-ا-مذ-Dial) حلقہ۔ گھڑی وغیرہ کا چہرہ؛ ٹیلی فون کا نمبر ملانے کا حلقہ یا چکر۔

(ڈائل)

ڈائلاگ: (انگ-ا-مذ-Dialogue) مکالمہ۔ گفتگو

ڈائمنڈ

ڈائمنڈ: (انگ-ا-مذ-Diamond) ہیرا۔ تاش کی ایک بازی؛
ڈائمنڈ جوبلی: (انگ-مذ- Diamond Jubilee) ساٹھ سالہ جشن؛
ڈائن: (ہ) کٹنی۔ مکار۔ جادوگرانی۔ بدصورت۔ ظالم عورت؛

ڈائنمو: (Dynamo-ا-مو) برقی رو پیدا کرنے والا آلہ؛
ڈائنامیٹ (Dynamite) اڑا دینے والی طاقت ور چیز؛
ڈائننگ روم: (Dining Room) کھانا کھانے کا کمرہ۔ ہال۔ دالان؛
ڈایاگرام: (ا-مذ- Diagram) ہندسہ۔ شکل۔ خاکہ۔ نقشہ؛
ڈایامیٹر: (Diameter-ا-مذ) قطر۔ دائرہ۔ وسط کا خط؛

ڈ - ب

ڈبا: (ہ-ا-مذ) بڑی ڈبیا۔ کپا؛
ڈباؤ: (ہ) قد سے گہرا پانی؛
ڈبکی: (ہ) غوطہ (ڈبی)
ڈبل: (انگ-Double) دوچند۔ دُگنا۔ دوسرا۔ موٹا۔ دو پرت کا۔
ڈبل روٹی: (اُ) خمیر کی موٹی روٹی۔ نان پاؤ؛
ڈبل مارچ: (انگ-Double March) کوچ کی قواعد کے مطابق تیز چلنا؛
ڈب میں کرنا: قبضہ میں کرنا۔ لے لینا؛

ڈبو (ا مذ) لوہے کا بڑا چھپر۔
ڈبونا (ف) پانی میں غرق کرنا۔ غوطہ دینا۔ تباہ کرنا۔ بگاڑنا۔
ڈبیا (ا مؤ) چھوٹا ڈبا۔ چھوٹی سی صندوقچی۔

ڈ - پ

ڈپارٹمنٹ (Department - ا مذ) علاقہ۔ محکمہ۔ عہدہ۔ سررشتہ۔
ڈپازٹ (Deposit - انگ۔ ا مذ) امانت۔ جمع۔
ڈپٹ (ف مؤ) حملہ۔ دوڑ۔ دھمکی۔ جست۔ گھوڑے کی دوڑ
ڈپٹانا (ف) گھوڑا دوڑانا۔
ڈپٹنا (ف) تیز دوڑنا۔ غصہ ظاہر کرنا۔
ڈپٹی (Deputy - ا مذ) نائب۔ مددگار
ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ (انگ ا مذ) (Deputy Superintendent انگ۔ ا مذ) ضلعی حاکم۔ پولیس کا نائب۔
ڈپٹی کمشنر (Deputy Commissioner) ضلع کا افسر اعلیٰ۔ وہ افسر جو کمشنر کے ماتحت ہو۔
ڈپلوما (انگ مذ Diploma) سند۔ سند، دستاویز۔ تمغہ۔ اعزازی۔

ڈپلومیسی (انگ۔ ا مؤ Diplomacy) عملی۔ جوڑ توڑ۔ فن سفارت۔ سیاسی حکمت
ڈپلیکیٹ (انگ۔ ا مؤ Duplicate) نقل۔
ڈپو (ا مذ Depot) کارخانہ۔ بڑی دکان۔ گودام کوٹھی۔
ڈپوٹیشن (انگ مذ Deputation) وفد۔ جماعت جو کسی خاص کام کے لیے بھیجی جائے۔

ڈ - ٹ

ڈٹ جانا (ف) جم کر بیٹھ جانا۔ مقابلہ پر تیار ہو جانا۔
ڈٹنا (ف) جرأت و بہادری سے کسی مقام پر قائم ہو جانا۔ رکنا۔ مقابلہ کرنا۔
ڈٹھیارا (ف ا مذ) آنکھوں والا۔ بینا۔

ڈ - چ

ڈچز (انگ ا مؤ Duchess) رئیسہ۔ ڈیوک کی بیوی۔

ڈ - ر

ڈر (ف۔ مذ) خوف۔ خطرہ۔ اندیشہ۔
ڈرکر (ف) خوف سے۔ خوف کے مارے۔
ڈراپ (انگ مذ Drop) قطرہ۔
ڈراپ سین (انگ۔ مذ Drop Scene) پردہ گرنا۔
ڈرافٹس مین (انگ۔ ا مذ Draftsman) نقشہ نویس۔
ڈراما (انگ۔ ا مذ Drama) ناٹک۔ نقل تماشا۔ تمثیل
ڈرانا (ف) خوف دلانا۔ دھمکی دینا۔
ڈراوا (ف ا مذ) دھمکی۔ خوف۔ دہشت۔
ڈراؤنا (ف) بھیانک۔ خوف ناک۔
ڈرائنگ (انگ۔ ا مؤ Drawing) نقشہ کشی۔
ڈرائنگ رُوم (ا مذ Drawing Room) معمولی کمرہ۔ ملاقات کا کمرہ۔ دیوان عام۔

ڈرل

ڈرائیور (انگ۔ مذ Driver) ہانکنے اور چلانے والا۔ گاڑی بان۔ گاڑی چلانے والا۔
ڈرپوک (ف) بزدل۔ بودا۔ کم ہمت
ڈرگسٹ (انگ۔ مذ Druggist) دواساز۔ عطار۔ دوا فروش۔
ڈرل (انگ مؤ Drill) کثرت مشق فوجی تربیت۔ قواعد۔
ڈرل (انگ۔ مذ) سوراخ کرنے والا آلہ۔
ڈرم (انگ۔ ا مذ Drum) ڈھول۔
ڈریس (انگ۔ ا مذ Dress) پوشاک لباس۔ پوشش۔


ڈرم

ڈریسر (انگ۔ ا مذ Dresser) زخموں کی مرہم پٹی کرنے والا۔

ڈریسنگ رُوم Dressing Room کپڑے پہننے کا کمرہ۔

ڈریں لومڑی سے نام دلیر خان (ا کہ مثل) شہرت کے برعکس۔ بزدلی اور خوف۔

ڈ - س

ڈسپنسری

ڈس (ف) ترازو کی ڈوری جس میں پلڑے باندھے جاتے ہیں۔
ڈسپنسری (انگ۔ ا مؤ Dispensary) دواخانہ۔ دوا کے ملنے کی جگہ۔ ڈسپنسر

ڈِسپیچ (انگ۔ا۔مذ۔ Despatch) روانگی۔ارسال؛
ڈِسٹرکٹ (انگ۔ا۔مذ۔District ضلع؛
ڈِسچارج: (انگ۔ا۔مذ۔Discharge) موقوف کردینا۔چارج سے لینا؛
ڈِس کاؤنٹ (انگ۔ا۔مذ۔Discount) کٹوتی۔کمیشن۔بٹّا؛
ڈِسمس (انگ۔مو۔ Dismiss) برطرف۔معزول۔خارج؛
ڈسنا (ف) کسی زہریلے جانور یا سانپ کا کاٹنا؛

ڈ ۔ ش

ڈِش (انگ۔ا۔مو۔Dish) رکابی۔قاب۔تھالی۔کھانا۔طعام۔ خاص کھانا۔
ڈِش انٹینا (انگ۔ا۔مذ۔Dish Antenna) ٹی وی سے غیر ملکی پروگرام دیکھنے کا جدید ایریل۔
ڈشمن (س۔ا۔مذ) جان کا دشمن۔برا۔بدکردار۔

ڈ ۔ ف

ڈف (اُر۔ا۔مذ) (ع۔دف)
ڈفلی یا چھوٹا دف؛
ایک قسم کا جھلّی چڑھا باجا۔

(ڈف)

ڈفالی (اُر۔ا۔مذ) ڈفلی بجانے والا؛
(ڈفالچی)۔ایک قوم کا نام (ہ۔ڈھپالی)؛
ڈفلی (اُر۔ا۔مو) دف۔ڈھولک۔چھوٹا دف
ڈفر (انگ۔ا۔صفت۔Duffer) نالائق۔بے وقوف۔بے کار۔نالائق۔
ڈیفنس (انگ۔مو Defence) حفاظت۔پناہ۔جواب تحریری یا زبانی؛

ڈ ۔ ک

ڈک: (ہ۔ا۔مذ) مکّا۔گھونسلا؛
ڈک: (انگ۔ا۔مذ۔Duck) جہاز کا تختہ؛
ڈک: (انگ۔ا۔مو۔Duke) بط۔بطخ؛

ڈک

ڈکار (ہ۔ف۔آروغ) معدہ کی ہوا جو منہ سے خارج ہو؛
ڈکار جانا: ہضم کرجانا۔مارلینا۔خیانت برتنا۔غبن کرلینا؛
ڈکشنری (انگ۔ا۔مو۔Dictionary) لغت۔فرہنگ۔قاموس۔
ڈکٹیٹر (انگ۔ا۔مو۔Dictator) امر مطلق۔مطلق العنان حکمران؛
ڈکٹیشن (انگ۔ Dictation) املانویسی۔عبارت نویسی؛
ڈکریا (ہ۔ا۔مو) بہت بوڑھی عورت؛
ڈکیتی (ہ۔ا۔مو رہزنی۔قزاقی (ڈکیت۔لٹیرا)؛
ڈکوسنا (ہ) غصّا عنٹ پٹی جانا؛
ڈکیت (ہ۔مذ) لٹیرا۔رہزن۔ڈاکو؛

ڈ ۔ گ

ڈگ (ہ۔ا۔مذ) قدم۔رفتار۔لمبا قدم؛
ڈگن (ہ۔ا) مچھلی پکڑنے کی ہانس؛
ڈگنا (ف) پاؤں کا لغزش کرنا۔پھسلنا۔بے جگہ ہونا۔
ڈگڈگی (ہ۔مو) مداریوں کی ڈفلی۔ڈگ ڈگ۔ڈونڈی۔ڈھنڈورا۔کھنجری۔
ڈگر (ہ۔مو) سڑک۔راستہ۔راہ۔روش؛
ڈگری (انگ۔ا۔مو۔Degree) کامیابی۔سند۔درجہ۔منزل؛ مرحلہ؛جیت۔فتح؛
ڈگمگانا (ہ) کانپنا۔لڑکھڑانا۔لرزنا۔ہلنا۔ڈولنا۔کانپنا۔لڑکھڑانا۔

ڈ ۔ ل

ڈل (ہ۔مو) گردہ۔کشمیر میں ایک جھیل کا نام۔سوکھا کنواں۔دستہ
ڈل (انگ۔مذ۔ Dull) سست۔احمق۔کند۔بے لطف؛
ڈلا (ہ۔مذ) ٹکڑا۔ڈھیلا (موئث۔ڈلی) بڑا ٹکڑا۔
ڈلیا (ہ۔مو) ٹوکری)
ڈلیوری (انگ۔مو۔Delivery) تقسیم۔سپردگی۔وضع حمل۔تفویض؛

ڈ ۔ م

ڈمبل (انگ۔ا۔مذ۔Dumble) ورزش کرنے کے گولے؛
ڈمرو (ہ) دیکھو ڈگڈگی؛
ڈمی (انگ۔ا۔مذ۔Dummy) جھوٹ موٹ کا پلندہ۔اخبار یا کتاب کا نمونہ۔

ڈ ۔ ن

ڈنڈ: (ہ۔مذ) جرمانہ۔تاوان۔(ڈانڈ۔ڈانڑ) بازو۔کسرت کی ایک قسم۔ (ڈنڑ)
ڈنڈوت (ہ۔اطاعت۔بندگی۔سلام۔سجدہ۔آداب۔ایک شہر کا نام؛
ڈنٹسٹ (انگ۔ا۔مذ۔Dentist) مصنوعی دانت بنانے والا دندان ساز
ڈنٹل ہاسپٹل: (انگ۔ا۔مذ۔Dental Hospital) دانتوں کے علاج کی جگہ۔
ڈنڈی (ہ۔مو) قبضہ۔دستہ۔ترازو کی لکڑی جس میں دونوں پلڑے لگائے جاتے ہیں۔ڈنڈھل۔تنگ راستہ۔عضو تناسل؛
ڈنڈی مار (ہ) دغاباز۔کم تولنے والا؛
ڈنڈیا (ہ) بازار کی آمدنی وصول کرنے والا؛
ڈنک (ہ۔ا۔مذ) زہریلے جانوروں کا کاٹنا؛ (ف۔انجکشن)
ڈنک مارنا۔(اُر۔محاورہ) زہریلے جانور کا ڈنگ مارنا نقصان پہنچانا۔
ڈنکا: (ہ۔ا۔مذ) نقارہ۔ڈھول بجانے کی لکڑی۔عروج۔شہرت؛

ڈنکنی (ہ۔مو) ڈائن۔ جھگڑالو۔ لڑاکا عورت

ڈنکے کی چوٹ علانیہ۔ علی الاعلان؛

(ڈنکا)

ڈ - و

ڈوب: (ہ۔مذ) ڈبکی۔ ایک مرتبہ کسی چیز میں ڈبونا۔ غوطہ۔ غشی۔ تباہ برباد

ڈوبنا: (ہ) غرق ہونا۔ غائب ہونا۔ برباد و تباہ ہونا؛

ڈور: (ہ) سن یا سوت کی پتلی رسی (ڈوری) پتنگ اڑانے کی ریل یا تاگا۔ رشتہ۔ مضبوط دھاگہ؛

ڈورا: (ہ۔مذ) تاگا۔ تار۔ لکیر۔ آنکھوں کی سرخ لکیریں۔ دنبالہ چشم یعنی سرمہ کی لکیر جو گوشہ چشم سے باہر تک خوب صورتی کے لیے لگاتے ہیں؛

ڈور پر لگانا: ڈھب پر لگانا۔ راہ پر لانا۔ مانوس کرنا۔ ہلانا۔ سدھانا؛

ڈورو (ہ۔مذ) ایک قسم کا باجا۔ ڈگڈگی؛

ڈورے ڈالنا: پھانسنا مائل کرنا۔ لحاف میں تاگے ڈالنا۔ محبت کرنا

ڈوری (ہ۔مو) دھاری دار باریک کپڑا۔ کتوں کا محافظ۔ رسی۔ دھاگہ

ڈوکنا (ہ) تے کرنا۔ روکنا۔ چوسنا۔ قے کرنا۔ یکدم بہت سے پانی پی جانا؛

ڈوگر: (ہ۔مذ) ذات کا نام؛

ڈوگرا: (ہ۔مذ) راجپوت قوم جو کشمیر میں آباد ہے؛

ڈول: (ہ۔مذ) لوہے یا چمڑے کا کنوئیں سے پانی بھرنے کا برتن؛

ڈول: (ہ۔مذ) ڈھنگ۔ صورت۔ نمونہ۔ وضع۔

ڈولا: (ہ۔مذ) میانہ؛

پالکی کی ایک قسم (سکھپال) زنانہ سواری۔ (ڈولی)

(ڈولا)

ڈولا اچھلنا: غیر مرد سے آشنائی کرنا؛

ڈولا دینا: غریب کا امیر کو لڑکی دینا۔ روپے لے کر لڑکی کی شادی کرنا

ڈولا لگانا: دولھا کے گھر دلھن کو رخصت کرنا۔ وداع کرنا؛

ڈولچی (ہ۔مو) ڈول کی تصغیر۔ چھوٹا ڈول؛

ڈولفن: (انگ۔مذ) مچھلی کی مشہور قسم؛ Dolphin

ڈولفن

ڈولنا (ہ) ہلنا۔ جلنا۔ مارے مارے پھرنا؛

ڈولنا (ہ۔ا۔مو) گھڑنا۔ ڈول بنانا۔ ڈھانچہ تیار کرنا؛

ڈولی (ہ۔مو) ایک قسم کی خالص زنانہ سواری۔ محافہ

ڈوم (ہ۔مذ) گانے بجانے والی ایک نیچ قوم؛

قوال (مونث۔ ڈومنی) بھنگی۔ میراثی؛

ڈوم پنا (ہ۔مو) ڈوم کا پیشہ۔ خوشامدی۔ چاپلوسی۔ بے حیا خوشامد کرنے والا؛

ڈومنی (ہ۔ا۔مو) ایک چڑیا کا نام (بھنگن) ڈوم کی بیوی؛

ڈونڈی (ہ۔مذ) (ڈھنڈورا) منادی تشہیر

ڈونگا (ہ۔مذ) چھوٹی کشتی؛

(بجرا۔ ڈونگی) پانی بھرنے اور نکالنے کا ڈنڈی دار چھوٹا برتن ڈوئی (ڈونگا)

ڈوئٹ (انگ۔مو۔ Duet) دوگانہ۔ گانا جسے دو آدمی مل کر گائیں؛

ڈوئل (انگ۔مو۔ Duel) جھگڑا ختم کرنے کے لیے دو آدمیوں کی لڑائی



ڈوئل

تلوار یا پستول سے)۔

ڈون (ا۔مو۔ Dawn) سویرا۔ طلوع۔ آفتاب کا نکلنا؛

ڈونگر (ہ۔مذ) اونچی زمین۔ پہاڑ؛

ڈونگر پھل (ہ۔مذ) ایک مکھ۔ گھاس کا پھل جو گھوڑوں کو کھلایا جاتا ہے؛

ڈوی (ہ۔مو) لکڑی کا چمچہ (ڈوا۔ ڈوبا)؛

ڈویژن (انگ۔ Division) درجہ۔ حصہ۔ علاقہ۔ فوج کا حصہ؛

ڈویژنل (انگ۔مو۔ Divisional) علاقے کے متعلق۔ حلقہ؛

ڈ - ھ

ڈھابا (ہ۔مذ) اولتی۔ پرچھتی۔ جال۔ مرغوں کو بند کرنے کا ٹاٹ یا؛

ڈھاٹا (ہ۔مذ) ڈاڑھی چڑھانے میں چہرہ کے چاروں طرف کی کپڑے کی پٹی۔ مردے کا منہ باندھنے کا کپڑا؛

ڈھاٹی (ہ۔مو) بجائے لگام کے گھوڑے کے منہ میں دینے کا کپڑا۔ پھندا۔ پھانسی؛

ڈھارس: (ہ۔مو) تسلی۔ دلاسا۔ ہمت۔ جرأت۔ آسرا۔ صبر۔ سہارا؛

ڈھارس بندھنا: ہمت قائم ہونا۔ دل مضبوط ہونا۔ مطمئن ہونا؛

ڈھاڑی (ہ۔امذ) میراثی۔ ڈوم۔

ڈھاک (ہ) بڑے پتوں والے ایک درخت کا نام جس میں پھل نہیں ہوتے خوش نما سُرخ پھول ہوتے ہیں۔ ڈر۔ خوف۔

ڈھاک کے تین پات (مثل) ہمیشہ ایک حال میں رہنا۔ سدا مفلس نظر آنا۔

ڈھال (ہ) آثار۔ نشیب



ڈھال

پستی۔ تلوار اور تیر کے روکنے کا آلہ۔ (سپر، شمل۔ مانند۔

ڈھالنا (ہ) پگھلا کر کسی دھات کو سانچے میں ڈھالنا۔ ٹھانا۔ ارزاں بیچنا

ڈھالو (ہ) ترچھا (ڈھلوان۔ ڈھالواں)

ڈھانا (ہ) گرانا (ظلم ڈھانا غضب ڈھالنا۔

ڈھانچ (ہ۔مذ) (ڈھانچا) خاکہ۔ چوکھٹا۔ قلب

HUMAN SKELETON

ڈھانچا

ڈھانچا (ہ۔مذ) انسانی جسم کا پنجر یا کسی چیز کا باہر والا حصہ۔ خاکہ۔ قلب۔ ڈول۔

ڈھانکنا (ہ) ڈھانپنا۔ ڈھکنا) چھپانا۔ پردہ ڈالنا۔ اوڑھنا۔

ڈھائی (ہ) (اڑھائی) دو اور آدھا ۲½۔

ڈھائی گھڑی کی آنا: یکدم موت آنا۔ بہت جلد مر جانا۔

ڈھائی چلو لہو پینا: کسی کا بدلہ لے کر غصہ ٹھنڈا کرنا۔

ڈھائی دن کی بادشاہت: نوشہ بننا۔ تھوڑے دن عروج رہنا۔

ڈھب (ہ۔امو) ڈھنگ۔ چالاکی، موقع۔ عادت

ڈھب پر چڑھنا: ہتھے چڑھنا۔ قابو میں آنا۔ قبضہ میں آنا۔

ڈھبری (ہ۔امو) بولٹ کسنے کا چوڑی دار پیچ۔

ڈھٹ (ہ) کڑا۔ مضبوط۔ سنگین کپڑا۔

ڈھٹائی (ہ۔مو) شوخی۔ گستاخی بے شرمی۔

ڈھچر (ہ۔مذ) ڈھانچہ۔ کمزور۔ بوڑھا۔ کباڑہ۔

ڈھرّا (ہ۔مذ) راستہ۔ ہر وقت چلنے کا راستہ۔

ڈھرّے پر چلنا: کسی خاص طریقے پر عمل کرنا۔

ڈھکنا (ہ۔امذ) چھپانا۔ ڈھکن۔ چپنی۔ سرپوش (ڈھکنی)

ڈھکبس (ہ۔امو) تشفی۔ پیاس۔

ڈھکوسلا (ہ۔مذ) (ڈھوکا) فضول اور بیکار بات۔ بے قرینہ بات۔

ڈھکوسنا (ہ) کلمہ تحقیر بہت کھانا۔

ڈھکی (ہ۔امو) شکار یا کسی اور کام کے لیے خیمہ۔ بیٹھنا۔

ڈھکیلنا (ہ۔امو) پیچھے سے ریلنا۔ دھکا۔

ڈھلان (ہ۔امو) ڈھالو۔ میلان خاطر۔ رجحان۔ ڈھال۔ نشیب۔ نیچی زمین۔

ڈھلائی (ہ) ڈھلوانے کی اُجرت۔

ڈھلتی پھرتی چھاؤں: ایسی حالت جو یکساں نہ ہو دولت اور صحت ہمیشہ نہیں رہتی۔

ڈھلتی رہنا: رات دن شغل مے نوشی کرنا۔

ڈھل جانا: درست ہو جانا۔ زوال آجانا۔

ڈھلکا (ہ۔امذ) آنکھ سے پانی بہنے کی بیماری۔

ڈھلکانا (ہ۔امذ) ڈگمگانا۔ پس و پیش کرنا۔

ڈھلمل یقین: (اُ) متلون مزاج آدمی۔ ضعیف الاعتقاد۔ ایمان کا کچا۔

ڈھلنا (ہ) گھٹنا۔ اُترنا۔ بہنا۔ سانچے میں بننا۔

ڈھلوان: پھسلواں۔ سلامی۔ ترچھا۔

ڈھڈی (ہ۔مو) خنجری۔ ترچھا۔ ڈھلی۔

ڈھنا (ہ) گرنا۔ غارت ہونا۔

ڈھنگ (ہ۔مذ) طریقہ۔ چال چلن۔ سلیقہ۔ عادت۔

ڈھول (ہ) باجے کی ایک قسم۔

ڈھول ڈھماکا (ہ۔مذ) دُھوم دھڑکا۔ باجا گاجا

ڈھولا (ہ۔امذ) کھیت اور زمین کی سرحد دکھانے کا نشان۔ احمق آدمی۔

ڈھولا (ہ۔امذ) پنجابی میں عاشق۔ پنجابی میں عشقیہ گیت۔ پیارا۔ محبوب۔

ڈھولک (ہ۔مو) (ڈھونکی) چھوٹا ڈھول۔

ڈھولی (ہ۔امو) عموماً دو سو پان کی تعداد۔

ڈھونا (ہ) ایک جگہ سے دوسری جگہ اٹھا کر لے جانا۔ بوجھ اٹھانا۔

ڈھوسچا (ہ۔امذ) ۲½ کا پہاڑا۔

ڈھونڈ ڈھانڈ (ہ۔مو) تلاش۔ جستجو۔ کھوج۔

ڈھونگ (ہ۔امذ) مصنوعی باتیں۔ مکر۔ فریب۔ دغا۔

ڈھونگی (ہ۔صفت) ڈھونگ رچانے والا۔ مکار۔

ڈھئی دینا (ہ) ڈھنا دے کر بیٹھنا۔ اُڑ جانا۔ دھرنا دے کر بیٹھ جانا۔

ڈھیّا (ہ) اڑھائی سیر کا باٹ۔ (وزن) پاس کا گاؤں۔

ڈھے پڑو (ہ) بے حیا۔ بے غیرت۔ دوسروں کے گھر رہنے والا۔

ڈھیٹ (ہ) ضدی۔ اڑیل۔ بے باک۔ شوخ۔ (ڈھیٹھ)

ڈھیر: (ہ۔مذ) انبار۔ تودہ۔ اٹالہ۔ بہ کثرت۔

ڈھیرا (ہ) کج آنکھ والا۔ جو ایک چیز کو دو دیکھے۔ موٹی جوں۔ جمع کا نشان۔

ڈھیر ہو جانا: مٹ جانا۔ گر پڑنا۔ منہدم ہو جانا۔ تھک جانا۔ انبار لگ جانا۔

ڈھیری (ہ۔مو) کسی چھوٹی چیز کا انبار۔ بھینگی عورت۔ جائیداد میں حصہ۔

ڈھیل (ہ۔مو) تاخیر۔ دیر۔ سستی۔ بے پروائی۔

ڈھیلا (ہ۔مذ) کاہل۔ سست (موٹ۔ ڈھیلی) فراخ۔ کشادہ (مٹی کا بڑا ڈلا۔ ف۔ کلوخ)

ڈھیلا ہو جانا: چست نہ رہنا۔ غصہ فرو ہو جانا۔ شہوت جاتی رہنا۔

ڈھیل دینا: پہلوتہی کرنا۔ بے پروائی برتنا۔ مہلت دینا۔

ڈھینڈا (ہ۔امذ) بڑا پیٹ۔ گل۔ بدنما پیٹ۔

ڈِھینڈس (ہ۔مذ) پیٹھے کی طرح گول کدّو کی ایک قسم ؛

ڈِھینک (ہ۔مذ) بڑا سا گدھ ؛

ڈِھینکا (ہ۔امذ) کولھو کی۔لکڑی۔سارس۔کلنگ ؛

ڈِھینکلی (ہ۔ا۔مو) پانی کھینچنے کی لکڑی۔آب کش۔قلابازی۔دھان کوٹنے کا آلہ۔

ڈھینکا

ڈِھینکا (ہ۔امو) پانی کھینچنے کی لمبی لکڑی۔آڑ ہی سیون۔قلابازی۔دھان کوٹنے کی لکڑی کا آلہ (ڈھینکی) ؛

ڈ - ی

ڈے (انگ۔مذ۔Day) دن۔یوم۔روز ؛

ڈی۔ایس۔پی (D.S.P مذ) ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس۔نائب افسر اعلیٰ ؛

ڈیبیٹ (انگ۔ا۔مذ۔Debate) مباحثہ۔تکرار ؛

ڈیپارٹمنٹ (انگ۔ا۔مذ۔Department) محکمہ شاخ ؛

ڈیٹ (انگ۔Date) تاریخ ؛

ڈے ٹائم (انگ۔Day Time) دن کا وقت ؛

ڈیڈ (انگ۔ا۔مذ۔Dead) مُردہ۔میت۔

ڈیڈ لیٹر آفس (انگ۔ا۔Dead Letter Office) ڈاک کا وہ دفتر جس میں واپسی اور گم شدہ چٹھیاں پتہ دے کر کاتب کے پاس پہنچائی جاتی ہیں پتہ نہ ہونے کی حالت میں انھیں جلا دیا جاتا ہے ؛

ڈیڈی (انگ۔ا۔مذ۔Daddy) باپ والد۔ابا۔

ڈیڈیکیٹ (انگ۔ا۔مذ۔Dedicate) کتاب کسی کے نام منسوب کرنا۔

ڈیڈیکیشن (انگ۔ا۔مذ۔Dedication) نذرانہ۔کتاب کا سرنامہ وغیرہ کا لکھنا۔ہدیہ۔نذر۔انتساب نامزدگی۔

ڈیر (انگ صفت۔Dear) پیارا۔عزیز۔القاب کے طور پر لکھتے ہیں ؛

ڈیر سر (انگ۔Dear Sir) عزیز من۔

ڈیرا (ہ۔امذ) تنبو۔خیمہ۔خرگاہ۔قیام گاہ۔مکان جو زمیندار گاؤں میں ٹھہرنے کے لیے بنا لیتے ہیں۔عارضی طور پر ٹھہرنے کا مکان ؛

ڈیرا ڈالنا (اُ ف ہ) پڑنا۔خیمہ ڈالنا۔چھاؤنی ڈالنا ؛

ڈیرا کرنا (اُ ف) رہنا۔اُترنا۔فروکش ہونا۔ٹھہرنا ؛

ڈیری (انگ۔ا۔مو۔Dairy) دودھ اور مکھن بنانے کا کارخانہ ؛

ڈیری فارم (انگ۔Dairy Farm) ڈیری کے مویشی پالنے کی زمین۔دودھ دینے والے جانوروں کی جگہ۔

ڈیرے دار (ہ) ڈیرے کا مالک۔خوشحال طوائف

ڈیڑھ (ہ) ایک اور آدھا (۱½)

ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنانا ؛ (اُ ف) شرکت پسند نہ کرنا۔سب سے الگ رائے رکھنا۔اپنے طور پر الگ کام کرنا۔

ڈیڑھ آنچھ ؛ (اُ ف) جادو کے بول ؛

ڈیڑھ بگاڑن میاں باغ میں (ہ) تھوڑی سی پونجی پر اترانا ؛

ڈیڑھ پایا پاؤ (اُ ف) چھے چھٹانک۔ایک پاؤ۔دو چھٹانک ۳۷۵ گرام۔ مذاقاً

ڈیڑھ پاؤ چون (اُ ف) تھوڑا سا کام اور چوبارے رسوئی بہت بڑا پیمانہ ؛

ڈیڑھ چلو پانی پینا ؛ (اُ ف) دیکھو ڈھائی چلو لہو پینا ؛

ڈیڑھ گرہ ؛ (اُ ف) ایک گرہ اور پھندا۔وہ گرہ جو بآسانی کھل جائے ؛

ڈیڑھ ہاتھ یا گز کی زبان (اُ ف) بدزبان۔گستاخ۔زبان درازی

ڈیزائن (انگ۔ا۔مذ۔Design) نقشہ۔خاکہ نقش و نگار۔

ڈیزائنر (انگ۔ا۔مذ۔Designer) خاکہ تیار کرنے والا۔نقشہ کش ؛

ڈی۔سی (انگ۔D.C.) ڈپٹی کمشنر۔ضلع کا بڑا افسر ؛

ڈیسک (انگ۔ا۔مذ۔Desk) لکھنے کی میز۔صندوقچہ نما الماری ؛



ڈیسک

ڈیسیمل (انگ۔Decimal) علامت۔اعشاریہ ؛

ڈیفنس (انگ۔ا۔مذ۔Defence) بچاؤ۔مدافعت۔حفاظت مقابلہ

ڈیگ (ہ) آگ کا بلند شعلہ ؛

ڈیکلریشن (انگ۔ا۔مذ۔Declaration) اشتہار۔اظہار۔اعلان اخبار یا رسالہ کا اجازت نامہ۔

ڈیگریڈ (انگ۔Degrade) تنزلی۔کمی درجہ ؛

ڈیلر (انگ۔مذ۔Dealer) تقسیم کرنے والا بیوپاری ؛

ڈیل (ہ) حصّہ۔کاٹھی۔جسم۔جسامت۔پاؤں کی اُنگلیوں کی وہ گانٹھ جو جوتی کی رگڑ سے پیدا ہو جاتی ہے ؛

ڈیلٹا (انگ۔مذ۔Delta) دریا کے سمندر میں گرنے کی جگہ ؛

ڈیل ڈول (ہ) شکل و صورت۔قد و قامت ؛

ڈیلی (انگ۔Daily) روزانہ۔روزنامہ اخبار ؛

ڈیلی گیٹ (انگ۔Delegate) قاصد۔ایلچی۔سفیر۔مختار۔مندوب ؛

ڈیلٹا

ڈیلی میل (انگ۔Daily Mail) روزانہ کی ڈاک ؛

ڈیمریج (انگ۔ا۔مذ۔Demurrage) وقت مقررہ سے تاخیر کرنے

کا محصول۔



مختلف اقسام کے ڈیم

ڈیم (انگ۔مذ۔ Dam) پشتہ۔ بند۔

ڈیمانسٹریشن: (انگ) Demonstration مظاہرہ۔

ڈیمانسٹریٹر (Demonstrator۔ انگ۔ا۔مذ) مثال اور تجربے کے ذریعے عملی تعلیم دینے والا۔

ڈیم فول: (انگ۔Damn Fool) پاجی۔ گدھا۔ نالائق۔ احمق۔

ڈیموکریٹ: (انگ۔ Democrat) جمہوری۔ جمہوریت پسند

ڈیموکریسی (انگ۔ا۔مو۔ Democracy) جمہوری مملکت۔ جمہوریت۔

ڈیمانڈ: (انگ۔ا۔ Demand) مطالبہ۔ سوال۔ مانگ۔

ڈینامائیٹ: (انگ۔ Dynamite) خطرناک بارود جس سے پہاڑ وغیرہ اُڑائے جاتے ہیں۔

ڈین: (انگ۔ا۔مذ۔ Dean) بڑے گرجے کا افسر اعلیٰ۔ بڑا پادری۔ یونیورسٹی کے شعبہ کا صدر۔

ڈینٹسٹ (انگ۔ا۔مذ۔ Dentist) دانت بنانے والا۔ دندان ساز۔

ڈینگ: (ہ۔مو) شیخی۔ بڑائی۔ تعلّی۔

ڈینگ ہانکنا۔ لینا۔ مارنا (محاورہ) شیخی مارنا۔ بگھارنا۔ اترانا

ڈینگا (ہ) بڑبولا۔ شیخی خورا۔ لاف زن۔

ڈیو (انگ۔Due) لازم۔ ضروری۔ بقایا۔

ڈیوٹی (انگ۔مو۔ Duty) خدمت۔ فرض۔ محصول۔

ڈیوڑھا (ہ) ایک اور آدھا (۱½) ڈیڑھ کا پہاڑا۔ انٹر کلاس۔

ڈیوڑھی: (ہ۔ا۔مو) آستانہ۔ دہلیز۔ مکان میں داخل ہونے کا حصہ۔ چھوٹا حصہ۔

ڈیوڑھی دار (ہ) دربان۔ پہرے والا۔

ڈیوڑھی بند ہونا (محاورہ) دربار شاہی یا کسی امیر کے سامنے بازیابی نہ پا سکنا۔ ڈیوڑھی پر روک دیا جانا۔

ڈیوک (انگ۔ا۔مذ۔ Duke) نواب۔ سب سے بڑے درجہ کا امیر۔

ڈیہ (ہ) کھنڈروں کا ٹیلا۔

ڈیری (ہ۔ انگ۔مو) دلالی۔ زبین

ڈھانچا

ڈسپنسری



ڈھال

ڈریس

ز

عربی کا نواں، فارسی کا گیارہواں اور اردو کا تیرھواں
حرف ہے۔ حساب جمل میں اس کے ۷۰۰ عدد مقرر ہیں

ذ ۔ ا

ذابح (ع) ذبح کرنے والا۔ حلال کرنے والا۔
ذات (ع ہ ہو) مالک۔ صاحب۔ ہر چیز کی اصل اور اس کی حقیقت۔ (ذوات جمع) قوم۔ مادہ۔ روح۔ وجہ۔ عزت۔ آبرو۔ حیثیت۔
ذات البُروج (ع) آٹھواں آسمان۔ کرسی۔
ذاتُ البین (ع) درمیانی شخص۔ معاملہ۔ مقدمہ۔ جو دو آدمیوں کے درمیان ہو۔
ذاتُ الجنب (ع۔ مذ) پہلو یا پسلی کا درد۔
ذاتُ الرّیہ (ع۔ مذ) نمونیا۔ پھیپھڑے کا ورم۔
ذات الشمال (ع) بائیں ہاتھ والے وہ گنہگار مراد ہیں جن کے بائیں ہاتھ میں قیامت کے دن اعمال نامے ہوں گے۔
ذاتُ الصدر (ع۔ مذ) سینہ کا درد۔ ورم سینہ۔
ذاتُ العماد (ع) بلند عمارتوں اور ستونوں والا۔ باغ ارم مراد ہے۔ جس کو قوم عاد نے بنایا۔
ذات بحت (ع) مراد خدا تعالیٰ سے (بحت صرف)
ذات باہر (ذات سے نکالا ہوا۔
ذات پات (ا) قوم۔ نسلی۔ (ذات گوت)
ذات شریف (ا) چالاک۔ بدذات۔ بے باک۔ مفسد۔ بڑے حضرت۔ شریر (لنترانی)
ذات میں بٹا لگنا۔ نسل میں عیب لگنا۔
ذاتی (ع) حقیقی۔ اصلی۔ (ا) نجی۔ اپنا۔ خانگی۔
ذاتیات (ا ہو) خاندانی امور۔ نجی امور۔
ذاکر (ع) ذکر کرنے والا۔ خدا کی یاد کرنے والا۔
ذائب (ع) گلنے اور پگھلنے والا۔

ذ ۔ ب

ذُباب (ع) مکھی۔
ذُبالہ (ع) چراغ کی بتی۔ فتیلہ (جمع ذُبال)
ذبح (ع۔ مذ) چھری سے حلال کرنا۔ خون بہانا۔
ذُبول (ع) لاغری۔ دُبلاپن۔ پژمردگی۔
ذبیح اللہ (ع) حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کا لقب ہے۔ اللہ کے راہ میں ذبح کیا ہوا۔
ذبیحہ (ع) شرعی طریقہ سے ذبح کیا ہوا جانور۔ (ذبح)

ذ ۔ خ

ذخار (ع) طویل و عریض۔ لمبا چوڑا۔
ذخائر (ع۔ مذ) ذخیرہ کی جمع۔
ذُخر (ع) رکھ چھوڑنا۔ جمع کرنا۔
ذخیرہ (ع۔ ا۔ مذ) (ذُخرہ) جمع ذخائر۔ رکھی ہوئی چیز۔ خزانہ۔ پونجی۔
ذخیرہ اندوزی (ع۔ ا۔ صفت) اشیاء کا ذخیرہ کر لینا۔ چیزوں کو بہت زیادہ تعداد میں جمع کرنا۔

ذ ۔ ر

ذرا (ا) تھوڑا۔ ایک لمحہ۔ کم۔ کچھ۔
ذرا ذرا تھوڑا تھوڑا۔ کل۔ تمام۔
ذرائع (ع) ظاہر۔ پراگندہ۔
ذائقہ (ع۔ مذ) لذت۔ چکھنے کی قوت۔ مزہ۔

ذراسا ۔ تھوڑا سا ۔ چھوٹا سا ؛
ذراسا مُنہ نکل آنا ؛ بیماری یا خوف سے چہرہ اُتر جانا ؛
ذرات ۔ (ع ۔ ا ۔ مذ) ذرہ کی جمع ۔
ذِراع ؛ (ع ۔ ا ۔ مذ) ہاتھ ۔ اُنگلیوں سے کہنی تک (ذرع جمع) ہاتھ کا گز ؛
ذرائع ؛ (ع ۔ مذ) ذریعہ کی جمع ؛
ذروہ (ع) چوٹی ۔ پہاڑ کی بلندی ۔ کنگرہ ۔ جمع ذُرِیٰ ۔
ذرّہ (ع ۔ مذ) چیونٹی ۔ بہت باریک اور چھوٹے ریزے جو سورج کی روشنی کے ساتھ روشن دان میں دکھائی دیتے ہیں ۔ تھوڑا ۔ کم ؛ (ذرات ۔ جمع) ریزہ ۔ جَو کا سواں حصّہ ؛
ذرّہ بین (اُردو مذ) وہ آلہ جس سے ذرات کی شناخت کی جاتی ہے ۔
ذرّہ (صفت ۔ ذرہ ور) (ع ۔ ف ۔ صفت) بے وقعت ۔ ناچیز ؛
ذرّہ بھر ؛ تھوڑا سا ۔ ذرا سا ؛
ذرّہ بے مقدار بے وقعت چیز ؛
ذرّے کو آفتاب بنانا ؛ کم حیثیت کو اعلیٰ درجہ پر پہنچانا ؛
ذری ؛ (اُردو) ذرا ۔ تھوڑی ؛
ذرّیت ؛ (ع ۔ ا ۔ مو) اولاد ۔ نسل (ذراری ۔ جمع)
ذریعہ ؛ (ع ۔ ا ۔ مذ) وسیلہ ۔ واسطہ ۔ تعلق ۔ وجہ ۔ جمع ۔ ذرائع ۔ موقع ۔ سبب
ذریعہ نکالنا ؛ وسیلہ پیدا ہونا ؛

ذ ۔ ق

ذِقن ؛ (ع ۔ ا ۔ مذ) زنخدان ۔ ٹھوڑی ۔ (ذقان ۔ جمع)

ذ ۔ ک

ذکا (ع) سورج ۔ آفتاب ؛
ذکا (ع) (ذکاوت) ذہانت ۔ فراست ۔ تیزی طبع ؛
ذکاوت (ع ۔ ا ۔ مو) دانائی ۔ تیز فہمی ؛
ذکر (ع ۔ ا ۔ مذ) زبان سے یاد کرنا ۔ بیان ۔ یادِ خدا ؛ چرچا ۔ جمع اذکار ۔ تذکرہ ۔ بیان سے باہر ؛
ذکر چھیڑنا ؛ بات چیت ہونا ۔ بات کی ابتداء ؛
ذکرِ جمیل ؛ (ف ۔ مذ) تذکرہ جو نیکی کے ساتھ کیا جائے ؛
ذکرِ حبیب ؛ معشوق کی باتیں ۔ معشوق کا تذکرہ ؛
ذکرِ خیر ؛ (ف ۔ مذ) نیکی کے ساتھ تذکرہ کرنا ؛
ذکرا ؛ (ع) دل اور قلب سے یاد کرنا ؛
ذکور ؛ (ع) عضو تناسل (ہ ۔ لنگ) نر (ذکر ۔ جمع) فولاد ؛
ذکور ؛ (ع ۔ مذ) ذکر کی جمع ۔ بہت سے مرد ؛
ذکی (ع) ذہین ۔ تیز فہم ۔ جمع اذکیا ؛
ذکیہ (ع) تیز فہم عورت ۔ ہوشیار عورت ؛

ذ ۔ ل

ذَلّ (ع) ذلت ۔ خواری ۔ (ذِل ۔ نرمی)
ذلاقت (ع) فصاحت ۔ تیزی زبان ؛
ذلالت (ع ۔ ا ۔ مو) ذلت ۔ رُسوائی ۔ توہین ۔ کمینہ پن ؛
ذِلّت (ع ۔ ا ۔ مو) رسوائی ۔ بے عزتی ۔ خواری ؛
ذلّت اُٹھانا ؛ ذلیل و خوار ہونا ۔ شرمندہ ہونا ؛
ذلُول (ع) مطیع ۔ تابع فرمان ؛
ذلیل (ع) رسوا ۔ حقیر ۔ بے عزت ؛

ذ ۔ م

ذَمّ (ع ۔ ا ۔ مو) ہجو ۔ بُرائی ۔ مذمت ۔ جمع ذُموم ؛
ذمام (ع ۔ ا ۔ مو) عنان ۔ لگام ۔ باگ ڈور ؛
ذِمّہ (ع ۔ ا ۔ مذ) عہد ۔ ضمانت ۔ امانت ۔ پناہ ؛ سپردگی ۔ جمع ذمم ؛
ذِمّہ دار ؛ ضامن ۔ کفیل ۔ جوابدہ ۔ فرض شناس ؛
ذِمّہ داری ؛ (اُردو ۔ مو) ضمانت ۔ کفالت ۔ فرض شناس ۔ جوابدہی ۔ حامی بھرنا ؛
ذِمّی (ع ۔ ا ۔ مذ) وہ اہل کتاب جو اپنے جان و مال اور عزت و آبرو کی حفاظت کے لیے بادشاہ اسلام کو جزیہ دیں ؛
ذمیم (ع) بُری چیز (ذمیمہ) جمع ذمائم ؛

ذ ۔ ن

ذَنب (ع ۔ ا ۔ مذ) گناہ ۔ قصور ۔ جرم ؛
ذنب (ع ۔ ا ۔ مو) پونچھ ۔ دُم ؛
ذنوب (ع ۔ ا ۔ مذ) ذنب کی جمع گناہ ؛

ذ ۔ و

ذُو (ع ۔ مذ) مالک ۔ صاحب ۔ خداوند ؛
ذُوایہ (ع) گیسو (ذوائب ۔ جمع)
ذُوارلبعۃ الاضلاع (ع) چار اضلاع والی شکل ؛
ذُوالاحترام ؛ (ع) عزت والا ۔ صاحب احترام ؛

ذُوالذناب (ع) دُم دار ستارہ ۔ دُم والا۔
ذُواضعاف اقل : دو یا دو سے زیادہ اعداد پر پورا پورا تقسیم ہو سکنے والا چھوٹے سے چھوٹا عدد (ضعف)
ذُوالجلال (ع) بزرگی والا۔ مراد خدا تعالیٰ۔
ذُوالجناح (ع) ایک بڑے کاہن اور جادوگر کا نام جو اپنے مُنہ پر کپڑا ڈالے رہتا تھا۔
ذُوالفقار : (ع) حضرت علیؓ کی تلوار کا نام ۔ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عطا فرمائی۔
ذُوالجناح : (ع) حضرت امام حسینؓ کا گھوڑا جس کی شبیہ محرم میں شیعہ فرقہ نکالتا ہے۔
ذُوالقرنی (ع) سکندر کا لقب ہے ۔ گیسو والا۔
ذُوالقرنین (ع) سکندر کا لقب ہے ۔ دو گیسو والا۔ دو سینگوں والا ۔
ذُوالمنن : (ع) احسانوں والا۔ مراد خدا تعالیٰ۔ اللہ تعالیٰ کی صفت
ذوالنون (ع) حضرت یونس علیہ السلام کا لقب نون بمعنی مچھلی۔ آپ سات روز تک مچھلی کے پیٹ میں رہے تھے۔
ذُوالنورین (ع ۔ صفت) دو نوروں والا حضرت عثمانؓ کا لقب کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دو بیٹیاں یکے بعد دیگرے ان کے نکاح میں آئیں۔
ذوق (ع ۔ مذ) چکھنا (ف) لذت ۔ ذائقہ (ا) شوق ۔ کیفیت ۔ دہلی کے استاد شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ اردو کے مشہور شاعر کا تخلص۔
ذوقِ سلیم (ع) کسی چیز سے لطف اندوز ہونے یا سمجھنے سمجھانے کا صحیح ملکہ۔
ذُوفنون (ع) کئی علوم و فنون جاننے والا۔
ذُومعنیین (ع) وہ بات جس کے دو پہلو یا دو معنی نکلتے ہیں۔ اس معنی میں ذو معنی کہنا غلط ہے۔)
ذوناب (ع) درندے جانور۔ شیر۔ چیتے۔ بھیڑیے وغیرہ۔ (دانت والے)
ذوی (ع ۔ مذ) مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ اور "ذو" کے معنی دیتا ہے۔
ذوی الارحام (ع) وہ رشتہ دار جو ترکے کے مستحق نہیں۔
ذوی الفرائض (ع) وہ رشتہ دار جن کا ترکہ مقرر ہے۔

ذ ۔ ہ

ذہاب (ع) جانا۔ گزرنا۔ چھوڑنا۔
ذہانت (ع ۔ اسم) ذہن کی تیزی۔ فوراً سمجھ جانے کا ملکہ۔
ذہب (ع ۔ مذ) سونا (ف ۔ مذ) جمع اذہاب۔
ذہبیات (ع) سونے کی بنی ہوئی اشیاء

ذہن (ع ۔ مذ) عقل کی تیزی۔ سمجھ۔ حافظہ (جمع اذہان)
ذہن سے اُتر جانا ۔ بھول جانا۔ دھیان میں رہنا۔
ذہن کُند ہونا ۔ غبی ہونا۔
ذہن کھلنا ۔ عقل تیز ہونا۔
ذہن نشین ۔ دماغ میں بات ڈالنا۔ یاد رکھا ہوا۔ سمجھ میں آیا ہوا۔
ذہنی (ع) دماغ کے متعلق۔ دماغ۔
ذہنیت (ع ۔ اسم) طبیعت کا رجحان۔ مزاج۔
ذہول (ع ۔ ا ۔ مذ) (ذہولت) فراموشی۔ غفلت۔
ذہین (ع) تیز فہم۔ ہوشیار ۔ دانائی ۔ زیرکی۔

ذ ۔ ی

ذی (ع ۔ ا ۔ مو) ذو کی طرح ۔ ایک صورت۔
ذیابیطس (ع ۔ مذ) پیشاب کے ساتھ شکر آنے کی بیماری۔
ذی استعداد ۔ قابل ۔ لائق ۔ امیر ۔ دولت مند۔
ذی اقتدار ۔ حکومت والا ۔ حاکم۔
ذی جاہ ۔ مرتبے والا ۔ حاکم۔
ذی حس ۔ جاندار ۔ احساس کرنے والا۔
ذی خرد ۔ عقل مند ۔ دانا ۔ سمجھ دار۔
ذی رُتبہ ۔ عہدہ دار ۔ افسر ۔ حاکم۔
ذی شاہ ۔ شان والا۔
ذی شعور سمجھ دار ۔ عقل مند ۔ ہوشیار۔
ذی ہوش سمجھ دار ۔ چالاک ۔ ہوشیار۔
ذی الحجہ (ع) (بقرعید کا مہینہ) اسلامی قمری بارہواں مہینہ۔ (ذوالحجہ)
ذی القعدہ (ع) اسلامی قمری گیارہواں مہینہ (ذوالقعدہ)
ذی رُوح (ع) جاندار ۔ انسان ۔ حیوان۔
ذی سلم (ع) ایک مقام کا نام (سلم) خاردار درخت۔
ذیل (ع ۔ ا ۔ مذ) دامن ۔ نیچے کا حصہ۔ جمع (ذیول ۔ اذیال)
ذیل دار (اُ) گاؤں میں سرکاری عہدہ دار۔
ذیل میں : تحت ۔ نیچے۔
ذیلی (ف) ضمنی ۔ ماتحت۔
ذیلی حاشیہ (ع ۔ ا ۔ مذ) پائے ورق پر لکھی ہوئی عبارت
ذیلی عنوان (اُ ۔ مذ) مضمون کی فرعی سُرخی۔
ذیلی دفعہ ۔ قانون کی ضمنی دفعات۔
ذیلی قواعد (ع ۔ ا ۔ مذ) قوانین کی مزید وضاحت کے لیے چھوٹے بڑے قاعدے
ذیلی متن (اُ) ماتحت متن۔



(ع۔مؤنث) عربی کا دسواں فارسی کا بارہواں اردو کا چودھواں اور ہندی کا ستائیسواں حرف ہے۔ حساب جمل میں اس کے ۲۰۰ عدد قرار دیے گئے ہیں ؛

ر ۔ ا

را (ف) کو۔ علامت مفعول (بطور لاحقہ مستعمل ہے)

راب (ہ۔مو) پتلے گڑ کی ایک قسم۔ لیکھ کا پکا ہوا گاڑھا رس۔ پتلا اور بھربھرا گڑ۔ گنے کا رس ؛

رابح (ع) نفع دینے والا ؛

رَابِر (انگ۔مذ۔Robber) راہزن۔ ٹھگ۔ ڈکیت ؛

رابڑی (لہ۔مو) خوب گاڑھا دودھ ؛

رابطہ (ع۔ا۔مذ) ربط دینے والا۔ لگاؤ۔ تعلق۔ رشتہ (مذکر۔ رابط جمع رَوَابِط ؛

رابع (ع) چوتھا ؛

رابعاً (ع) چوتھی بار ؛

رابعہ (ع) چوتھی چیز۔ بصرہ کی ایک پارسا عورت کا نام جو کہ اپنے باپ کی چوتھی بیٹی تھیں ؛ (مذکر۔ رابع۔ چوتھا)

رَاپٹر (ہ۔ا۔مو) بنجر زمین ؛

رَابیہ (ع) بلند زمین۔ ٹیلا۔ جمع ربی ؛

رانپی (ہ) (راپنی) چمڑا تراشنے چھیلنے اور صاف کرنے کا اوزار۔ کھرپی ؛

رات (ہ) تاریکی۔ شام۔ مغرب۔ (ف۔ شب)

رات بھاری ہونا (تکلیف اور مصیبت میں) تمام رات مبتلا ہونا ؛

رات بھر مچھیائی اور ایک بچہ بیاہی (مثل) فائدہ کم ہونا۔ محنت زیادہ کرنا ؛

رات تھوڑی کہانی بہت (مثل) کام زیادہ ہو اور فرصت نہ ہو ؛

رات گئی بات گئی (مثل) کم عمری یا مصیبت میں مبتلا ہونا۔ موقع نکل جانے کے بعد کچھ نہیں ہو سکتا ؛

رات نہ پکڑانا (ہ) رات ہونے سے پہلے مرجانا ؛

راتب (ع۔ا۔مذ) ہر روز کی خوراک گھوڑے کی خوراک۔ روزینہ۔ وظیفہ۔ راشن۔

راتب باندھنا۔ معمول مقرر کر لینا ؛

راتب خور (اُر) وظیفہ خور ؛

راتب بھاری ہونا۔ بڑی تکلیف اور مصیبت پڑنا ؛

راٹھور (ہ۔ا۔مذ) راجپوتوں کی ایک ذات ؛

راج: (ہ۔ا۔مذ) معمار۔ عمارت بنانے والا۔ سلطنت۔ حکومت۔ زمانہ۔ عمل داری۔ دور۔ اختیار۔ گورنمنٹ۔ سرکار۔ وقت۔

راجا (ہ۔ا۔مذ) بادشاہ۔ فیاض۔ نیک۔ سخی ؛

راج بنسی (ہ) راجہ کے خاندان کا۔ بھولا بھالا ؛ راجپوتوں کی ایک قوم۔ سانپ ؛

راج بہا (ہ۔ا۔مذ) (راجباہ) چھوٹی نہر ؛

راج پاٹ (ہ۔مذ) حکومت۔ بادشاہت۔ سلطنت ؛

راجپوت (ہ) راجپوت شہزادہ۔ چھتری۔ ایک بہادر قوم کا نام ؛

راج پھوڑا (ہ۔ا۔مذ) بڑا پھوڑا جو اکثر پیٹھ پر ہوتا ہے۔ اس سے آدمی نہیں بچتا۔

راجح (ع) غالب۔ بہتر۔ فائق ؛

راج تلک (ہ۔ا۔مذ) بادشاہت کا ٹیکا۔ راج گدی ظاہر کرنے کے لیے راج دربار (ہ۔ا۔مذ) شاہی دربار ؛ لگاتے ہیں۔

راج ڈنڈ (ہ۔ا۔مذ) سرکاری جرمانہ ؛

راج روگ (ہ۔ا۔مذ) کوڑھ۔ مہلک بیماری۔ عمارت بنوانے کی لت۔

راج دلاری (ہ) (راجکماری) شہزادی ؛

راج دھانی (ہ۔ا۔مو) پایۂ تخت۔ دارالخلافہ ؛ دارالسلطنت ؛

راجع (ع) واپس ہونے والا۔ پھرنے والا ؛

راج کمار (ہ۔ا۔مذ) راجا کا بیٹا۔ کنور۔ راجپوت ؛

راج کماری (ہ۔ا۔مو) راجا کی بیٹی۔ شہزادی ؛

راج کوی (ہ) درباری شاعر ؛

راج گدی (ہ۔ا۔مو) تخت شاہی ؛

راج گرو (ہ۔ا۔مذ) بڑا گرو۔ راجا کا مرشد ؛

راجل (ع) پیدل (رجلہ جمع ہے) ؛
راج پٹتک (ہ-ا-صفت) سیاسی۔
راج نیتی (ہ-مو) سیاست۔ نظام حکومت ؛
راج ہٹ (مثل) راجا۔ بچہ۔ عورت اور فقیر جو خیال میں آیا کرتے ہیں۔ کسی کی بات نہ ماننا ؛

راج ہنس

راج ہنس۔ (ہ-امذ) ایک قسم کی مُرغابی
راجائی (ہ-ا-مو) سلطنت۔ بادشاہی۔ حکومت۔
راجی (ع) اُمیدوار۔
راجھ (ہ-مذ) جلاہوں کی دندانے دار کنگھی۔ بڑھئی اور معماروں کا اوزار ؛
راچھس (ہ-امذ) ناپاک رُوح۔ ایک دیو کا نام سرکش لوگ۔ بھوت پریت
راح (ع) شراب۔ خوشی ؛
راحت (ع-مو) آرام۔ آسائش۔ آسودگی۔ فرار۔ سکھ
راحت جان، (اُ) بیوی۔ بچے۔ معشوق۔ دِل خوش کرنے والا ؛
راحتی، (ف-امو) وضو کا برتن ؛
راحم (ع) رحم کرنے والا ؛
راحل (ع-ا-مذ) کوچ اور سفر کرنے والا ؛
راحلہ (ع-امذ) سواری کا جانور۔ سواری ؛
راد (ہ-امذ) پیپ مواد۔ زخم کا پکا ہوا زرد پانی ؛
راد (ف) بہادر۔ سخی ؛
راد (ع) ردّ کرنے والا۔ روکنے والا ؛
رادِع مٹانے والا۔ روکنے والا ؛
رادِفہ (ع) پیچھے آنے والی (مذکر۔ رادف) قیامت کے دِن دوسری دفعہ کی صور کی پھونک ؛
رادھا (ہ-امو) کرشن جی کی ایک پیاری گوپی کا نام۔ مجازاً۔ قدرت۔ فطرت
رادھا کو یاد کرنا: نا اُمید اور مایوس ہو جانا۔ اپنا کام کرو ہمیں پروا نہیں۔
رادی (ف-امو) شجاعت۔ عقلمندی۔ سخاوت ؛
رار (ہ-امو) شور غل۔ جھگڑا۔ فساد ؛
راڑیا (ہ) ضدی لڑکا۔ ضدی فقیر ؛
راز (ف-امذ) بھید (رازداری۔ بھید چھپانا)
رازداں (ف) بھید جاننے والا۔ گہرا دوست ؛
رازِ سربستہ (ف-امذ) نہایت ہی چھپا ہوا راز جو کسی پر افشا نہ ہو ؛
رازق: (ع) رزق دینے والا۔ خدا تعالیٰ ؛
رازنہاں: خفیہ بھید۔ رازِ سربستہ ؛
رازونیاز (اُ) عاشق و معشوق کی باتیں۔ خلوص۔ عجز و نیاز ؛
رازی (ف-امذ) شہر رے سے منسوب ؛
راس (ع-امذ) سر۔ چوٹی۔ خشکی کا وہ حصہ جو پانی میں دُور تک چلا جائے۔ ایک بُرج کا نام (ف) گھوڑے کی لگام۔ موافق۔ مفید۔ رستہ سردار۔ فرد ؛
راس الجدی (ع-امذ) وہ نقطہ جس پر آفتاب کے پہنچنے سے سردی کا موسم شروع ہوتا ہے ؛
راس السرطان، موسم گرما شروع ہونے کا نقطہ۔ خطِ سرطان
راس آنا (اُ) موافق آنا۔ موزوں ہونا ؛
راس بٹھانا (اُ) متبنیٰ کرنا۔ گود لینا ؛
راس چکر، منطقۃ البروج۔ بارہ برجوں کا دائرہ جو گردش کے خط سے ۸ درجے تک پھیلا ہوا ہے ؛
راس المال (ع) اصلی پونجی۔ سرمایہ ؛
راس لیلا (ہ-امو) کرشن جی اور اُن کی گوپیوں کا کھیل ؛
راست (ف) دُرست۔ ٹھیک۔ سیدھا۔ موسیقی کا ایک مقام (راستی۔ سچائی۔ ایمان داری)
راست باز، (ف) راست گو۔ ایمان دار۔ سچا ؛ راست بازی۔ ایمانداری۔ دیانت داری۔
راست رَو: سیدھا چلنے والا۔ ایماندار ؛
راست گفتار (اُ) سچ بولنے والا۔ صاف گو ؛
راست معاملہ: جو لین دین میں صاف ہو ؛
راستہ (اُ) طریق۔ راہ۔ قاعدہ۔ سڑک ؛
راستہ بنانا، راستہ دکھانا۔ ہدایت کرنا۔ ٹال دینا ؛
راستہ دیکھنا: انتظار کرنا ؛
راستہ ناپنا: چلے جانا۔ تھوڑی دیر کے لیے آنا ؛
راستی (ف-امو) سچائی۔ ایمان داری ؛
راستی موجب رضائے خداست: خدا سچائی سے خوش ہوتا ہے ؛
راسخ (ع) مضبوط۔ دیرپا۔ پکا۔ (ج جمع رواسخ)
راسخ الاعتقاد (مضبوط۔ عقیدے والا۔ مضبوط ایمان کا
راسو (ف) نیولا۔ مشہور جانور۔
راسی (ع-صفت) اوسط نسل کا گھوڑا۔ بے پروا۔ معمولی۔
راس ذنب (ع)

راسو

آسمان پر اژدہے کی طرح ایک شکل کا نام جس کے ایک طرف کو راس اور دوسری کو ذنب کہتے ہیں انہیں کی وجہ سے کسوف و خسوف ہوتا ہے ؛
راسیہ (ع) مضبوط (جمع راسیات۔ رواسی)
راشن (ف-ا-مذ) غلے کا انبار۔ تودہ ؛
راشد (ع) سیدھا راستہ پانے والا ؛
راشن (انگ-ا-مذ۔ Ration) فوجی خوراک۔ رسد۔ راتب۔ مقررہ مقدار جو ایک بار ملے۔
راشن ڈپو (انگ-ا-مذ۔ Ration Depot) راشن کی دُکان ؛
راشن کارڈ (انگ-ا-مذ) راشن لینے کا پروانہ۔ وہ پروانہ جس میں راشن کی مقدار اور کارڈ والے کا نام و پتہ درج ہو۔
راشی (ع) رشوت دینے والا عموماً رشوت خور یعنی مرتشی کے معنی میں مستعمل ہے ؛

راصد (ع) منجم - نجومی - جمع رُصّد ؛
راضی (ع) شاد - خوش (اُر) صابر و شاکر تن دُرست -
(جمع - رضاۃ)
راضی برضا - خدا کی مرضی کو تسلیم کرنے والا ؛
راضی بنانا - مارنا - پیٹنا - دُرست کرنا ؛
راضی خوشی : ٹھیک ٹھاک - تن دُرست -
رضامندی سے ؛
راضی نامہ (اُر) (صلح نامہ) فریقین کے فیصلے کی تحریر -
باہمی فیصلہ ؛
راعی (ع ۱-مذ) نگہبان - چرواہا (جمع رعاۃ)
راغ (ف +مذ) جنگل - پہاڑ کا دامن - سبزہ زار ؛
راغب (ع) خواہش مند - مائل ؛
رافت (ع) مہربانی - نرمی ؛
رافضی (ع) رافضہ وہ گروہ جو اپنے سردار سے الگ ہو جائے اور اس کو چھوڑ دے - وہ پیروان حضرت علیؓ جنھوں نے جنگ جمل میں آپ کا ساتھ چھوڑ دیا تھا - جمع روافض - طنزاً شیعوں کو کہتے ہیں ؛
رافع (ع) بلند کرنے والا - رفع یعنی پیش دینے والا ؛ آگے بڑھانے والا ؛
(جمع روافع)
راقب (ع ۱-مذ) لکھنے والا - کاتب ؛
راقم (ع ۱-مذ) لکھنے والا - کاتب ؛
راقم الحروف (ع) اس کا لکھنے والا - تو لیسندہ
راکب (ع ۱-مذ) سوار - شہسوار (جمع رکبان)
راکٹ (انگ ۱-مذ - Rocket) گول اور مخروطی شکل کا خود-
کار
بم بان - ہوائی
راکد (ع) ٹھہرنے
والا - پانی جو
جاری نہ ہو ؛
(جمع - رکدہ) ؛


راکٹ

راکشر (ہ ۱-مو) خریف کی فصل کے کام آنے والی زمین کم درجہ کی
زمین ؛
راکشس (س ۱-مذ) وحشی آدمی - شیطان - بدروح -
رائع (ع) جھکنے والا - جمع رکّع - رکوع کرنے والا ؛
راکھ (ہ ۱-مو) جلی ہوئی چیز کا بھبھوت - بھبوبل - خاکستر ؛
راکھ سر پر ڈالنا : سخت غم کا اظہار ؛
راکھی (ہ ۱-مو) حفاظت کا ڈورا - جس کو ہندو خاص دنوں میں
کلائی پر باندھتے ہیں - (رکھڑی)
راگ (ہ ۱-مذ) لے - نغمہ - سُر - گیت - گانا ؛
راگ الاپنا : راگ گانا - اپنی ہی کہے جانا ؛
راگ رنگ : (ہ ۱-مذ) رنگ رلیاں - عیش و عشرت - کھیل تماشا ؛

راگنی (ہ ۱-مو) (راگ کی مؤنث) گل راگوں کی چھتیس راگنیاں ہیں ؛
راگ کے ہر شعبے کا نام - بدکار عورت - گیت ؛
راگ مالا - راگ کے اصولوں کی کتاب - لمبا قصّہ -
راگی (ہ ۱-مذ) رام چندر کی کامیابی اور لڑائی کی نقل جو دسہرے میں ہوتی ہے -
رال (ہ ۱-مذ) منہ کا لعاب جو بچوں اور بوڑھوں کے منہ سے بہتا ہے -
چیڑ کا گوند - تھوک ؛
رال بہنا - منہ سے لعاب نکلنا - لالچ کرنا ؛
رال ٹپکنا - منہ سے رطوبت کا نکلنا - عاشق ہونا ؛ لالچ کرنا ؛
رام (ف) (ہ) فرمانبردار (تابع دس) پرمیشر - راجہ رام - چندرجی ہندوؤں کے
ساتویں اوتار - مطیع ؛ فرمانبردار ؛
رامائن (ہ) رام چندرجی کے حالات زندگی کی زریہ نظم کی کتاب جس کو
بالمیک جی نے سنسکرت میں لکھا تھا اس کے بعد تلسی
داس نے ہندی بھاشا میں ترجمہ کیا ہے ؛
رام بھجن (ہ ۱-مذ) رام کی تعریف کے اشعار ؛
رام پھل (ہ ۱-مذ) ترش شریفہ کی ایک قسم جو رام چندرجی کو بہت پسند
تھا ؛
رام تروئی (ہ ۱-مو) کدو کی ایک قسم - گھیا ؛
رامج (ع) نیزے والا ؛
رام دانہ ایک قسم کا دانا جو پانی میں پیدا ہوتا ہے ؛
رام رام (ہ) ہندوؤں کا سلام - توبہ توبہ ؛
رام نام جپنا پرایا مال اپنا : (مثل) اوپر سے نیک بننا باطن میں بے ایمانی -
رام رس : ذوق الٰہی - نمک ؛
رام کہانی (ہ ۱-مو) رام چندر کا طویل قصّہ مجازاً ؛
طویل سرگزشت - رامائن - اپنا فسانہ غم ؛
رام کی مایا - خدا کے کھیل - قدرت - فطرت ؛
رام کی مایا کہیں دھوپ کہیں چھایا (مثل) خدا اپنی مرضی سے کسی کو
خوشی کسی کو غم دیتا ہے ؛
رام کلی : (ہ) ایک راگنی کا نام ؛
رام لیلا (ہ ۱-مو) رام چندر کی کامیابی اور لڑائی کی نقل جو دسہرے میں
ہوتی ہے ؛
رام ملائی جوڑی ایک اندھا ایک کوڑی (مثل) دونوں ایک
جیسے بدمعاش ؛
رام نومی (ہ ۱-مذ) ہندوؤں کا مشہور تہوار جو رام چندرجی کی پیدائش کی
یادگار میں چیت کے اُجالے پاکھ کے نویں دن منایا جاتا ہے ؛
رامانندی (ہ ۱-مذ) ہندو فقیروں کا گروہ ؛
رامش (ف - مو) آرام - آسائش - خوشی - تفریح - استراحت - خوشی میں گانا
سروں کا میل - صلاح مشورہ - ہم بازی - مسرت -
رامشگر (ہ) مطرب - گویّا - ڈوم ؛
رامی (ع - مذ) تیر انداز - پتھر مارنے والا - تہمت لگانے والا - رمات ؛
ران (ف ۱-مو) (زانو یا گھٹنے کے اُوپر کا حصّہ ؛
رانا (ہ ۱-مذ) چھوٹا راجا - راجپوتوں کا ایک فرقہ ؛

رانجھا (ہ۔مذ) ہیر کا عاشق۔ پنجاب کے مشہور قصہ کا ہیرو۔ ہیر وارث شاہ نے لکھی تھی اور رانجھا اس کا ہیرو تھا۔

رانبھنا (ہ) گائے کا چلانا یا چیخنا؛

رانده (ف) نکالا اور دھتکارا ہوا (مردود)

راندۂ درگاہ: گھر سے نکالا ہوا۔ دربار سے دھتکارا ہوا شخص۔ معتوب مردود؛

رانڈ (ہ) عورت جس کا شوہر مر گیا ہو۔ (بیوہ)

رانڈا (ہ۔مذ) افتادہ۔ بنجر زمین۔ وہ آدمی جس کی بیوی مر گئی ہو۔ رانڈوا

رانڈ کا سانڈ (ہ مذ) بے پروا بے باک شخص بیوہ ماں کا بیٹا؛

رانگ (ہ۔ا۔مذ) ایک نرم دھات۔ عمدہ سیسہ جس سے قلعی کی جاتی ہے۔ (رانگا)

رانگا (ہ) قلعی۔

رانگڑ (ہ۔ا۔مذ) راجپوتوں کی نومسلم قوم؛

رانگ ہو جانا۔ راضی ہو جانا۔ نرم پڑنا۔ غصہ دور ہو جانا۔

رانی (ہ۔ا۔مؤ) ملکہ۔ شہزادی۔ راجہ کی بیوی۔ ہندو عورتوں کا خطاب۔

رانی کو کون کہے گا ڈھک۔ بڑے آدمیوں کو غلطی کرنے سے کون ٹوکے۔

رانی خاں کا سالا۔ (خفارتاً) متکبر۔ زبردست۔

راؤ: (ہ۔ا۔مؤ) شہزادہ۔ ہندوؤں کا لقب۔ سرکاری خطاب؛

راؤتی (ہ۔ا۔مؤ) چھوٹا زمیندار۔ چھوٹا تعلقہ دار۔ بالاخانہ؛

راؤل (ہ۔ا۔مذ) شور۔ غوغا۔ جھگڑا۔ فساد؛

راولا (ہ۔ا۔مذ) لنکا کا مشہور راجہ جو ستیا جی کو پھسلا لے گیا تھا رام چندر جی کے ہاتھ سے مارا گیا؛

راوند (ہ) مسہل کی ایک دوا کا نام (ریوند راسی کا امالہ ہے)

راوغ: (ف) (غاباز۔ مکار؛

راوق: (ع) مجازاً صاف شراب؛

راوی (ع۔ا۔مذ) قصہ بیان کرنے والا۔ ناقل (مؤ رخ) سیراب کرنے والا؛ شہر لاہور کے کنارے پاکستان کے ایک دریا کا نام؛

راویہ (ع۔مؤ) روایت کرنے والی۔ اونٹ جس پر پانی لدا ہو۔ پانی کی مشک۔ سیراب کرنے والی۔

راہ (ف) راستہ۔ ڈھنگ۔ طریقہ ڈھب۔ فرض۔ مطلب۔ درہ گزر۔

راہ گزار؛

راہب (ع۔ا۔مذ) گوشہ نشین۔ زاہد۔ دنیا ترک کرنے والا۔ (جمع رُہبان)

راہبہ (ع۔ا۔مؤ) عیسائی تارک الدنیا عورت؛

راہ بر (ف) راہنما) راہ بتانے والا رہبر اور رہنما)۔ ہادی

پر لگانا۔ اپنے ڈھب پر لے آنا؛

راہ پڑے جانیے یا باہ پڑے جانیے (مثل) آدمی کی اصلیت ہم سفر ہونے پر یا واسطہ پڑنے پر معلوم ہوتی ہے؛

راہ پیما (ف۔ا۔مذ) راہ رو۔ راستہ چلنے والا مسافر؛

راہ چلتا (ف۔ا۔مذ) راہ گیر۔ مسافر؛

راہ خرچ (ف) سفر خرچ۔ زادِ راہ۔ بھتا۔

راہدار (ف) سڑک کا رکھوالا۔ چوکی دار۔ سڑک کا محصول لینے والا؛

راہداری (ف۔مؤ) راہ کا محصول۔ چوکی داری؛

راہداری کا پروانہ (ف۔مذ) راستہ سے گزرنے کے لیے حاکم کی تحریر (پاسپورٹ) راستے پر چلنے کا پروانہ

راہ راہ جانا: نیک چال چلن رکھنا۔ سیدھے راستے جانا۔ درمیانہ راستہ اختیار کرنا؛

راہ رَو (ف) مسافر۔ سیاح (راہ گیر۔ راہی)

راہزن (ف) قزاق۔ لٹیرا۔ ڈاکو؛

راہ سے بے راہ ہونا: سیدھا راستہ چھوڑ کر دوسری راہ چلنا۔ گمراہ ہونا؛

راہ کھوٹی کرنا۔ چلنے میں دیر لگانا۔ چلتے کام میں روڑا اٹکانا؛

راہ کی بات (ف۔مؤ) (کنایتہً) واجبی بات۔ سخن شائستہ

راہ گیر (ف) مسافر؛ رستہ چلنے والا؛

راہ لگانا۔ راہنمائی کرنا۔ ڈھنگ پر لانا؛

راہ مار (ف۔مذ) لٹیرا۔ قزاق؛

راہ میں آنکھیں بچھانا: بہت زیادہ عزت و تکریم کرنا؛

راہن (ع) گرو اور رہن رکھنے والا؛

راہ ناپنا۔ کہیں جا کر جلد واپس چلے آنا۔ کھڑے کھڑے واپس آنا؛

راہ نما۔ ہادی۔ راہبر۔ راہ بتانے والا؛

رہوار (ف۔مذ) گھوڑا۔ گھوڑے کی چال؛

راہ و رسم (ف۔مؤ) میل جول۔ ربط ضبط۔ صاحب سلامت؛

رائٹ (انگ۔ Right) درست۔ ٹھیک؛

رائٹر (انگ۔ا۔مذ۔ Writer) لکھنے والا۔ کاتب۔ محرر۔ کلرک مصنف؛

رائج (ع) جاری۔ عام۔ چلتا؛

رائج الوقت۔ زمانے کا دستور یا فیشن۔ جاری شدہ سکہ؛

رائج کرنا (ف) جاری کرنا۔ رواج دینا۔

رائحہ (ع۔ا۔مذ) بو۔ خوشبو؛

رائفل (انگ۔ا۔مؤ۔ Rifle) انگریزی بندوق کی ایک قسم۔ کارتوسی بندوق: ایک نالی بندوق میں گولی چکر کھا کر نکلتی ہے؛



رائفل

رائفل کی اقسام

رائق (ع) جاری پانی۔ صاف اور شفاف۔
رائگاں (ف) اکارت۔ بے فائدہ۔ ضائع۔
رائلٹی (انگ۔ ا۔مو۔ Royalty) معاوضہ۔ مصنف یا کان کا معاوضہ جو ناشر یا ٹھیکیدار ادا کرے۔
راؤ (ہ۔ا۔مذ) راجا کا بیٹا۔ کنور۔ شہزادہ۔ ہندوؤں کے لیے سرکاری خطاب
راونڈ (انگ۔ ا۔مذ۔ Round) دَور۔ پھیرا۔ چکر۔ دائرہ۔ گرداگرد۔ ہر طرف۔
راونڈ اباؤٹ (انگ۔ مو۔ Round About) گاڑیوں کے چکر کاٹ کر جانے والا مقام۔ چکر۔ چوک۔ گھیرا۔ حلقہ
رائی (ہ۔ا۔مو) سرسوں کی قسم (ع) خردل و خردلہ۔
رائی بھر۔ تھوڑا سا قلیل۔
رائی کا پہاڑ بنانا: بات کو بڑھا چڑھا کر بیان کرنا۔ بہت مبالغہ کرنا۔
رائے: (ع۔ا۔مو) تجویز۔ مشورہ۔ دانائی۔
رائے بہادر (لق) ہند و معزز عہدہ دار یا رئیس کا حکومت کی طرف سے خطاب۔
رائے دہندہ۔ ووٹ دینے والا۔ رائے دینے والا۔
رائے زنی (ف۔مو) اظہار رائے کرنا۔
رائے عامہ (ع۔ف۔ ف۔مذ) عوام کی رائے۔ عوام کا خیال۔
رای العین (ع) آنکھوں سے دیکھنا۔ آنکھوں کے سامنے۔
رایت (ع) جھنڈا۔ نشان (جمع رایات)

ر ۔ ب

ربّ (ع۔مذ) پالنے والا۔ مالک۔ خدا تعالیٰ۔
ربّ الارباب: تمام پالنے والوں کا پالنے والا۔
ربّ العالمین: تمام جہانوں کا پالنے والا۔ کل عالم کا پروردگار۔
رُبا (ف) لے جانے والا (لاحقہ) چھیننے والا۔
ربا (ع۔ا۔مذ) سود۔ زیادہ ہونا۔ بڑھنا۔
رباب (ع۔ا۔مذ) سارنگی۔ مشہور باجے کی قسم۔
رباح (ع) آنحضرتؐ کے ایک غلام کا نام۔
اندلس کا ایک مشہور قلعہ۔ سود۔
رباط (ع) سرائے۔ مسافر خانہ۔
رِباط (ع) کس کر باندھنے کی چیز (جمع رُبُط)
رَباعی (ع۔ا۔مو) سات برس کا اونٹ۔ سامنے کے چار دانت دو اوپر کے دو نیچے کے۔
رُباعی (ع۔مو) چار مصرعوں کی نظم جس کا پہلا دوسرا اور چوتھا مصرعہ ہم قافیہ ہوتا ہے (چوبولا، چوپائی) چار حرفوں کا کلمہ (رباعیات جمع)
ربانا (اُر۔مذ) جھابنجھ لگا ہوا ایک قسم کا چھوٹا دف۔
رَبّانی (ع) خدا رسیدہ۔ بزرگ۔ رب کی جانب منسوب۔
رَبح (ع) تجارت کا فائدہ۔ نفع۔ سود۔
رُبدہ (ہ۔ا۔مذ) گاڑھی کیچڑ۔
رَبڑ (انگ۔ ا۔مذ۔ Rubber) اصل لفظ ربر ہے۔ ایک درخت کا پکا ہوا دودھ جس کو جما کر کام میں لاتے ہیں۔ بہت سی چیزوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ حرف مٹانے کی چیز
رَبڑ (ہ۔مو) بے ثمرہ محنت۔ مُفت کی تھکاوٹ۔ تکان۔
رُبڑ (ہ۔ا۔مذ) قصاب۔ بوچڑ۔ قصائی۔
رَبڑی (ہ۔ا۔مو) گاڑھے دودھ کی لپسی۔ دیکھو رابڑی۔
رَبط (ع۔ا۔مذ) تعلق۔ لگاؤ۔ بندش۔ علاقہ۔
ربط و ضبط (ع) میل ملاپ۔ آمد و رفت۔
ربط ہونا۔ مشق و عادت ہونا۔ تعلق ہونا۔ آشنائی ہونا۔
ربطی (اُر۔ا۔مو) جوڑ۔ تعلق (مرکبات میں جیسے بے ربطی)
رُبع (ع) چوتھائی پاؤ چوتھا حصہ۔
رُبع مسکون (ع) زمین کا چوتھائی حصہ جس پر انسانوں کی آبادی ہے۔
رَبع (ع) مکان۔ محلہ۔ سرائے۔
رَبع شداد (ع) باغ ارم مراد ہے۔
ربن (انگ۔ ا۔مذ۔ Ribbon) فیتہ۔ پتلی لمبی پٹی جو عورتیں سر پر باندھتی ہیں۔
رَبّنا (ع) اے ہمارے پروردگار۔
ربّ النوع (ع) نباتات اور حیوانات میں سے ہر نوع کی پرورش اور حفاظت کا فرشتہ۔
ربوبیت (ع۔ا۔مو) خدائی۔ پروردگاری۔
ربوٹ (انگ۔ مذ۔ Robot) ایک مشینی مددگار

ربوٹ

رَبوہ (ع۔ مذا۔ اونچی زمین (مراد) بیت المقدس صنع جھنگ میں مرزائیوں کا بسایا ہوا شہر۔
رُبودگی (ف۔مو) بیماری کی غفلت۔
رَبیب (ع۔ا۔مذ) پہلے شوہر کا لڑکا۔ سوتیلا لڑکا۔
رَبیبہ (ع۔ا۔مو) پہلے شوہر کی لڑکی۔ شوہر ثانی کی ربیبہ ہے۔
رَبیع (ع۔ا۔مو) موسم بہار۔ چیت بیساکھ کا زمانہ۔ اکتوبر نومبر کی فصل جو مارچ اور اپریل میں کاٹی جاتی ہے۔
ربیع الآخر (ع) عربی سال کا چوتھا مہینہ (ربیع الثانی)

ربیع الاوّل (ع) قمری سال کا تیسرا مہینہ (ربیع الاولیٰ)

ر - پ

رپ رپ۔ تیز چلنے کی آواز۔ جلدی سے کسی چیز کو کاٹنے کی آواز۔
رپٹ (ہ) پھسلن۔ پھسلاہٹ (ل) اطلاع۔ خبر (رپورٹ)
رپٹ (انگ۔ہ۔مو۔ Rivot) کابلگاڑ) موٹی۔ ٹوپی والا کیل۔
رپٹنا (ہ) پھسلنا۔
رپلی (ہ۔امو) روپیہ کی تصغیر حقارت کے لیے۔
رپورٹ (Report) کسی واقعہ کی پولیس کو اطلاع اور اس کی خبر (رپٹ)
رپورٹر (انگ۔ا۔مذ۔ Reporter) اطلاع کرنے والا۔ خبرنگار۔ نامہ نگار (اخبار کا)
رپہلی (ہ) روپے کے رنگ کا (سفید)
رپیہ (ہ۔امذ) سو پیسے کا سکہ۔

ر - ت

رت (ہ۔امو) رات کا مخفف۔
رت (ہ) موسم۔ زمانہ۔ فصل۔ عورت کے ماہواری کے ایام۔ جانوروں کے جنسی کا موسم۔
رت بدلنا۔ موسم کا بدلنا۔
رتا (ہ۔امذ) گندم کے بور کو لگنے والا کیڑا۔
رتالو (ہ) اردی کی طرح ایک جڑ کا نام۔
رتبہ (ع۔امذ) مرتبہ۔ درجہ۔ عہدہ۔ پایہ۔ عزت۔ حرمت۔ قدر منزلت
رتبہ دار: صاحب حیثیت۔ ممتاز۔ مرتبے والا۔
رت جگا (ہ) شب بیداری۔ خوشی میں رات بھر جاگنا۔ (رت (رات کا اور جگا جاگنے کا مخفف ہے)
رتق و فتق (ع) باندھنا۔ کھولنا۔ انتظام۔ بندوبست۔
رتن (ہ) قیمتی پتھر۔ جواہرات۔ پنچوڑ۔ ست۔ منی۔ دھات۔ لطف۔ آنکھ کی پتلی۔ عطر۔ خلاصہ۔ جوہر۔
ریتنا (ہ) سوہن سے رینتا جانا۔ ریتی سے رگڑا جانا۔
رتن پاک (ل) اعلیٰ جواہر۔
رتن جوت (ہ) ایک پودے اور اس کے پھل کا نام جو آنکھوں کے لیے مفید ہے۔
رتن دیپ: جواہرات جڑا چراغ۔
رتوا (ہ) سرخ کیڑا جو گیہوں اور جو وغیرہ کے پودوں میں لگ جاتا ہے۔
رتوانا (ہ) ریتی سے صاف کرانا۔
رتوندی (ہ۔امو) آنکھ کی ایک بیماری جس میں رات کو دکھلائی نہیں دیتا (شبکوری)
رتوندھیا (ہ۔مو) رتوندھی کا مریض (شب کور)
رتھ (ہ۔مذ۔مو) ایک قسم کی دیسی عمدہ گاڑی۔ قلعہ۔ کوٹ۔ حصار
رتھ بان (ہ) گاڑی چلانے والا۔
رتی (ہ) گھونگچی۔ ماشہ کا آٹھواں حصہ۔ بھاگ۔ نصیب۔ قسمت۔ قلیل۔ ذرہ آٹھ چاول کا وزن۔ قلیل مقدار۔ تقدیر۔
رتی بھر: بہت قلیل۔ ذرا سا۔
رتی چمکنا۔ نصیب جاگنا۔ قسمت یاور ہونا۔
رتی رتی (ہ) ذرا ذرا۔ ایک ایک حبہ بالکل۔
رتی ریزہ۔ مفصل۔ ذرا ذرا سا۔ کل۔
رتیلا (ہ) ریت کا ملا ہوا۔

ر - ٹ

رٹ (ہ۔امو) کسی بات کی تکرار۔ بار بار کیے جانا۔
رٹنا (ہ) بار بار کہنا۔ حفظ یاد کرنا۔
رٹ لگنا۔ کسی بات کو بار بار کہتے رہنا۔
رٹ (انگ۔ا۔مو۔ Writ) عدالت کا حکمنامہ۔ عدالت کا پروانہ۔
رٹرننگ آفیسر (Returning Officer انگ۔مذ) انتخابات کرانے والا افسر۔

ر - ث

رث (ع) پرانا۔ بری حالت (جمع رثاث)
رثیت (ع) تاج کا گوشوارہ۔ پرانی چیز

ر - ج

رج (ہ۔امو) ریت۔ بالو۔ پھولوں کا زیرہ۔ کولدی۔ ایام حیض
رجا (ع) کنارہ۔ جانب۔
رجاء (ع۔مو) امید۔ بھروسا۔ آس۔
رجا پنجا۔ پیٹ بھرا ہوا۔ آباد۔ امیر۔
رجا کیا جانے بھوکے کی سار (مثل) امیر کو غریب کی تکلیف کا احساس نہیں۔
رجال (ع۔امذ) لوگ۔ رجل کی جمع۔ بہت سے مرد۔
رجال الغیب (ع۔مذ) غیب کے لوگ۔ جوگی۔
رجائی (ع) پرامید۔ تصویر کا روشن پہلو دیکھنے والا۔
رجائیت (ع۔امو) اچھے خیالات رکھنا۔ امید اور آرزو سے پر۔

ہونا۔

رَجَب (ع) قمری ساتواں مہینہ۔ اسلام میں جنگ و جدال کی ممانعت ہے۔

رُجحان (ع۔ا۔مذ) جھکنا۔ مائل ہونا۔ فوقیت۔

رَجز (ع۔مو) علم عروض کی ایک بحر کا نام جس میں مستفعلن آٹھ مرتبہ آتا ہے۔ وہ اشعار جو عرب میں لڑائی کے وقت فخریہ اظہار بڑائی کے لیے پڑھے جاتے تھے۔

رِجز (ع) پلیدی۔ گندگی۔ عذاب (رجس)

رجسٹر (انگ۔ا۔مذ۔ Register) بہی۔ کتاب۔ حاضری۔ روزنامچہ۔

رجسٹرار (انگ۔ا۔مذ۔ Registrar) رجسٹری کرنے والا۔ درج رجسٹر کرنے والا۔

رجسٹرڈ (انگ۔ا۔مذ۔ Registered) رجسٹری شدہ۔ رجسٹر میں درج کیا ہوا۔

رجسٹری (انگ۔مو۔ Registry) داخلہ۔ فہرست میں درج کرنا۔

رجسٹریشن (انگ۔مو۔ Registration) رجسٹری کرانا۔ درج رجسٹر کرنا۔

رَجعت (ع مو) واپسی۔ لوٹنا۔ عورت کو طلاق رجعی کے بعد پھر عدت کے زمانے ہی میں اپنی زوجیت میں لانا۔

رَجعت قہقری (ع۔ا۔مو) اُلٹے پاؤں چلنا۔ سابقہ حالت کی طرف لوٹنا۔

رجکٹ (Reject۔ انگ۔ا۔مذ) رد کرنا۔ نامنظور کرنا۔ ترک کرنا۔

رِجل (ع) پیر۔ پاؤں۔ جمع اَرجل۔

رَجل (ع) بالغ۔ جمع رِجال۔ مرد۔

رجلہ (ع) خرفے کا ساگ۔

رَجم (ع) سنگ سار کرنا۔ پتھر مارنا۔ نصرت۔

رجمنٹ (انگ۔ا۔مو۔ Regiment) فوج کے سوجوانوں کی جماعت۔

رَجنا (ہ) سیر ہونا۔ پیٹ بھرنا۔

رَجواڑہ (ہ۔ا۔مذ) ہندو راجہ کی عملداری۔ حکومت۔

رُجوع (ع۔ا۔مو) اپیل۔ رجعت۔ واپسی۔ نظرثانی۔ لوٹانا۔ مرنا۔ حائل ہونا۔ رُجوع کرنا، کسی کی جانب مائل ہونا۔ مڑنا۔ پلٹ جانا۔ کسی کے پاس جانا۔ عدالت میں دعویٰ کرنا۔

رُجوع ہونا۔ متوجہ ہونا۔ پیش ہونا۔

رُجولیت (ع۔ا۔مو) مردمی۔ قوت باہ (رجوت)

رجھانا (ہ) خوش کرنا۔ لبھانا۔ مائل کرنا۔

رَجوم (ع۔ا۔مذ) پتھر مارنے اور چلانے والا۔

رُجوم (ع۔ا۔مذ) آسمان سے شعلے کی طرح آنے والے ستارے۔ ٹوٹے ہوئے ستارے۔ شہاب۔

رَجیع (ع۔ا۔مذ) لوٹائی ہوئی چیز۔ گوبر۔ انسان کا گوہ۔ مجالی۔

رَجیم (ع) سنگ سار کیا ہوا۔ مردود۔ پتھر مارا ہوا۔

ر ـ چ

رُچ (ف۔مو) خواہش۔ رغبت۔

رچانا (ہ) بسانا۔ معطر کرنا۔ رونق دینا۔ مقرر کرنا۔

رچتا پچتا۔ خوش گوار۔ ہضم ہونے والی شے۔

رِچھا (ہ) نگہبانی۔ سرپرستی۔ مہربانی۔ حمایت۔ مدد۔ امن۔ چین۔ آرام

ر ـ ح

رَح (ع) رحمۃ اللہ علیہ کا مخفف ہے۔

رَحا (ع) درجی۔ چکی۔

رَحل (ع۔ا۔مو) منزل۔ مسکن۔ کوچ کرنا۔ سامان اونٹ کا پاون (جمع رحال) لکڑی کی دو تختوں کی بنی ہوئی مخصوص چیز جس پر قرآن مجید رکھ کر پڑھتے ہیں۔

رِحلت (ع۔ا۔مو) روانگی۔ کوچ۔ انتقال۔ موت۔

رِحم (ع۔ا۔مذ) بچہ دان (زناں) جمع ارحام۔

رَحم (ع) مہربانی۔ بخشش کرنا۔ (ا) ہمدردی۔ نرمی۔ ترس۔

رَحمہ (ا) چاول کا کچا آٹا یا حلوا۔ جو نیاز کے لیے شکر ڈال کر بنایا جاتا ہے۔

رحم دل۔ مہربان۔ ہم درد۔

رحمان۔ (ع) مہربانی کرنے والا۔ خدا تعالیٰ کا صفاتی نام۔ (رحمٰن)

رَحمت (ع) مہربانی۔ بخشش (ا) بارش۔ درود و سلام۔

رحمت حق بہانہ می جوید (مثل) اللہ کی رحمت بہانہ تلاش کرتی ہے۔

رَحیق (ع۔ا۔مو) خالص شراب۔ خوشبو۔

رَحیل (ع۔ا۔مذ) کوچ۔ سفر۔ کوچ کرنا۔

رَحیم (ع) مہربانی کرنے والا۔ خدا کا صفاتی نام۔ (جمع رحما)

ر ـ خ

رُخ (ف۔ا۔مذ) چہرہ۔ منہ۔ گال۔ طرف۔ جانب۔ ایک فرضی جانور کا نام (ا) کنارہ۔ شطرنج کا ایک مہرا۔ توجہ۔ سامنا۔ رُجحان۔ آگاہ۔

رُخ بدلنا، رکھائی کرنا۔ نگاہ پھیر لینا۔ بے مروت ہو جانا۔ منہ نہ لگانا سمت بدلنا۔ دوسری طرف ہو جانا۔

رُخ کرنا۔ متنبہ کرنا۔ توجہ کرنا۔ لوٹنا۔ منہ کرنا۔ پھرنا۔

رُخاء (ع) نرمی۔ سستی۔ فراخی۔ عیش (رخاوٹ ڈھیلاپن۔ سستی۔)

رُخام (ع) نرم اور سفید پتھر۔ سنگِ مرمر۔
رُخت (ف۔ا۔مو) سامان۔ اسباب۔ پوشاک۔ لباس۔ ہیئت۔ اثاثہ۔ جوتی کا چمڑا۔ ٹھاٹ۔ دھج۔
رُختِ سلامی۔ درباری لباس۔
رُختِ عروس۔ جہیز۔
رُخسار۔ (ف۔ا۔مذ) گال (رخسارہ)
رُخش (ف۔امذ) سفید اور سُرخ رنگ کا گھوڑا۔ رُستم کا گھوڑا۔ کہر۔ چمکدار ہر گھوڑا۔
رختِ سفر باندھنا: سفر کی تیاری کرنا۔
رخشاں (ف) چمکتا ہوا۔ روشن۔ چمکنے والا۔
رخص (ع) نرم۔ نازک۔ ارزانی۔
رُخصت (ع۔امو) ارزانی۔ اجازت۔ چھٹی۔ روانگی۔ جمع رُخص۔ مُہلت۔ منظوری۔ مرداع۔ جنازہ اُٹھنے کا وقت۔
رُخصتِ اتفاقی (اُ۔مو) وہ چھٹی جو کسی ملازم کو کسی ناگہانی موقع پر دی جائے۔ غیر مقررہ رُخصت۔
رُخصتِ رعایتی (اُ۔مو) مقررہ چھٹی جو سال بھر میں ہر ملازم کو ملتی ہے۔
رُخصت کرنا۔ اجازت دینا۔ روانہ کرنا۔ ٹالنا۔
رُخصتانہ (ف۔ا۔مذ) امیر آدمی کی طرف روانگی پر نقد رقم ملنا۔
رُخصتی (اُ) دُلہن کی روانگی کا روپیہ۔ سلامی۔ چھٹی پر۔
رُخنہ (ف۔ا۔مذ) دیوار کا سُوراخ۔ شگاف۔ کنایتہً۔ جھگڑا فساد۔ نزاعت۔ خلل۔ فتنہ۔ تلوار کا نشان۔ نقص۔ عیب۔
رُخنہ اندازی (ف۔مو) مزاحمت۔ تعرض۔ خلل۔
رُخنہ پڑنا۔ خلل پڑنا۔ جھگڑا پڑنا۔ عیب نکلنا۔ رکاوٹ پڑنا۔ بھانجی مارنا۔
رُخنہ نکالنا۔ شک پیدا کرنا۔ نکتہ چینی کرنا۔
رُخو (ع) نرمی۔ سستی۔
رُخوہ (ع) نرمی سستی۔ ایک درد کا نام جس سے اعضاء سُست ہو جاتے ہیں۔
رُخیص: (ع) ارزاں۔ سستا۔

ر ـ د

رَدّ (ع۔امذ) لوٹانا۔ واپس کرنا۔ پھیر دینا۔ نہ ماننا۔ تردید۔ توڑنا
رَدّبلا۔ مصیبت دُور ہونا۔
رَدِّعمل۔ جوابی عمل۔ اُلٹ عمل کرنا۔
رَدّوبدل (ع) تغیر و تبدل۔ اُلٹ پلٹ۔
رَدّوبدل دیکھنا۔ (انقلاب دیکھنا)
رَدّوقدح (ع) بحث۔ تکرار۔ حجت۔
رَدّا (اُ) دیوار کی ایک چنائی کے بعد دوسری چنائی۔
رِدا (ع) چادر۔ عبا۔ جمع ارادیہ۔
رَدّا کھدوا (اُ۔امذ) کمینہ۔ حقیر۔ نکما۔ خراب۔ برادری سے نکالا ہوا۔
ردِاپوش (ف) کنایۃً زاہد۔ فقیر۔
رداءت (ع) ردّی ہونا۔ خراب ہونا۔
ردف (ع) سوار کے پیچھے بیٹھنا۔ کسی کے پیچھے پیچھے جانا۔
رَدّی (ع) خراب۔ فاسد۔ ناکارہ۔ نکما۔ بیفائدہ۔ بد۔ غلط مستعمل ہے (ل) خراب کاغذ۔ استعمال شدہ۔
رَدِیف (ع۔امو) سوار کے پیچھے بیٹھنے والا۔ مصرعوں کے آخر کا مکرر آنے والا لفظ۔ پچھلی فوج۔
رَدیف وار (ع۔ف) ابجد کے حساب سے ترتیب وار۔ حروف تہجی کی ترتیب سے۔

ر ـ ذ

رَذالپن، (اُ۔امذ) کمینگی۔ ہاجی پن۔
رَذالت (ع۔امو) کمینہ پن۔ نالائقی۔
رَذالہ (ع) کمینہ۔ بدذات۔ شریر (غلط مستعمل ہے)۔ لُچہ۔ کم ذات بدمعاش بے شرم۔
رَذالہ مست ہوا خدا کو بھول گیا (مثل) کمینہ آدمی امیر ہو جائے تو خدا کو بھول جاتا ہے۔
رَذیل (ع) کمینہ۔ نالائق (جمع رُذلا)
رَذیلت (ع) نالائقی۔ کمینگی (رذیلہ۔ جمع رذائل)

ر ـ ڑ

رڑکنا (ہ) کھٹکنا۔ چبھنا۔
رڑکنا (ہ) گڑگڑانا۔
رڑیانا (ہ) مُفت خوشامد کرنا۔

ر ـ ز

رَز (ف۔امذ) انگور اور اُس کی بیل۔
رزّاق (ع) رزق دینے والا۔ خداتعالیٰ کا نام۔
رزّاقی (اُ) رزاق۔ ی۔ رزق رسانی۔
رزانت (ع) مضبوطی۔ آہستگی بھاری پن۔ سنکھ۔ بوجھل پن۔
رزائی (اُ) روئی دار بڑی دُلائی (رضائی)
رزرو ڈ (انگ صفت Reserved) مخصوص جس کو دوسرے لوگ استعمال

نہ کر سکیں۔

رزلٹ (انگ Result) امتحان کا نتیجہ۔ انجام۔

رزق (ع۔ا۔مذ) روزی۔ خوراک۔ وظیفہ۔ اناج۔ (جمع ارزاق)

رزق اُڑ جانا۔ غریب ہو جانا۔ کھانے کو میسر نہ ہو۔

رزق کا کیڑا۔ انسان۔ اناج کھانے والا۔

رزق ہے نہ موت۔ بڑا بدقسمت انسان۔

رزم (ف۔ا۔مو) لڑائی۔ جنگ۔ معرکہ (رن)

رزم گاہ (ف۔ا۔مو) لڑائی کا میدان۔

رزم و بزم۔ میدان جنگ اور عیش و عشرت کی محفل۔

رزمہ (ف) کپڑوں کا گٹھر۔ جمع رزم۔

رزمیہ (ف) جنگ سے متعلق۔ لڑائی کا بیان۔

رزولیوشن (انگ۔مو۔ Resolution) تجویز ارادہ۔ عزم۔

رزیڈنٹ (انگ۔ مذ Resident) سرکاری نمائندہ جو ریاست میں گورنمنٹ کی طرف سے مقرر ہو۔

رزیڈنسی (Residency) سرکاری نمائندوں کے رہنے کی جگہ۔

رزین (ع) گرانمایہ۔ بھاری بھرکم۔ آہستہ۔ (ف) استوار۔ مضبوط۔

ر - س

رس (ف) پہنچ۔ پہنچنے والا۔

رس (ہ۔ا۔مذ) جوہر۔ ست۔ شیرینی۔ گنے کا عرق۔ رقیق چیز۔ نچوڑ۔ ذائقہ۔ منی۔ لطف۔ آواز کی نرمی۔ نشیلا پن۔ لوچ۔

رسا (ف) پہنچنے والا۔ صاحب کمال۔

رسّا (ہ) موٹی رسی۔

رس اُترنا۔ گھوڑے کی سم سے مواد کا پانی نکلنا۔

رسالت۔ (ع) پیام پہنچانا۔ سفارت۔

رسالدار۔ (ا۔مذ) فوج کے سواروں کا افسر۔ (رسالداری۔ رسالہ کی افسری۔ رسالدار کا عہدہ۔

رسالہ (ع۔ا۔مذ) چھوٹی کتاب۔ مکتوب۔ آٹھ سو یا ایک ہزار سواروں کی جماعت۔ ماہواری پرچہ۔ جمع رسائل۔

رسان (ف۔ا۔مو) آہستگی۔ نرمی۔

رسال (ف) پہنچانے والا۔

رسا دل۔ (ہ۔ا۔مو) گنے کے رس اور چاول کی کھیر۔

رسائل۔ (ع۔ا۔مذ) رسالے۔ رسالہ کی جمع۔

رسائن (ہ۔مذ) کیمیا۔ اکسیر۔ پارہ یا کوئی اور دھات مار کر بنائی ہوئی دوا۔

رسائی (ف۔ا۔مو) پہنچ۔ دخل۔ ربط ضبط۔ واقفیت۔ یاریابی۔

رسائنی (س۔مذ) کیمیاگر۔

رس بھری (ہ) مزے دار۔

رس بھری

رس دار، انگریزی شربت کی ایک قسم۔ ایک شیریں مزے دار پھل۔

رس ٹپکنا۔ جوش جوانی میں بھرنا۔ دودھ ٹپکنا۔

رسپانڈنٹ (انگ۔ مذ Respondent) مدعا علیہ۔ جواب دہ۔ وہ شخص جس کے خلاف اپیل دی جائے۔

رسپکٹ (انگ۔ Respect) عزت۔ عزت کرنا۔

رُستاخیز (ف۔ا۔مو) قیامت۔ حشر (مستخیز)

رُستگار (ف) چھٹکارا اور رہائی پانے والا۔

رُستگاری (ف۔ا۔مو) رہائی۔ نجات۔

رُستم (ف۔ا۔مذ) فارس کا ایک مشہور بہادر پہلوان۔ مجازاً زبردست۔ بہادر۔

رستم خاں (ا) بہادر۔ زبردست۔ شیخی مارنے والا۔

رستمی (ف۔ا۔مو) مردانگی۔ بہادری۔ جرأت۔ زبردستی۔ زور آوری۔

رستم کی گور پر لات مارنا۔ بہادری کا جھوٹا دعویٰ کرنا۔

رستہ یا راستہ یا رستا (ف۔ا۔مذ) راہ۔ قطار۔ صف۔ سڑک۔ شارع عام۔ قاعدہ۔ آئین۔ قانون۔ طریقہ۔ طرز۔ روش۔ وضع۔

رستہ بتانا یا بتلانا (ا) راستہ بتانا۔ راہنمائی کرنا۔ طریقہ سکھانا۔ ڈھنگ بتانا۔ ٹالنا۔ رخصت کرنا۔ دھتا بتانا۔

رستہ بند ہونا۔ راستے میں روک ہونا۔

رستہ بہکانا یا بھلانا (ا) گمراہ کرنا۔ منزل مقصود سے برخلاف راہ بتانا۔ غلط راستے پر ڈالنا۔

رستہ بھولنا۔ اتفاقاً کسی کے یہاں جانا (جیسے آج کہاں رستہ بھول گئے) راہ غلط کرنا۔

رستہ پانا۔ تدبیر ہاتھ آنا۔ چلنے کا راستہ ملنا۔

رستہ پر لگنا یا لگانا۔ ہو جانا۔ راہ راست یا ہدایت پر کر دینا۔

رستہ پھرنا (راہ کا موڑنا۔ راہ کا مڑنا۔

رستنی (ف) اگنے والی چیز سبزہ وغیرہ۔

رستہ پکڑو۔ رستہ لو (ا۔ محاورہ) ہوا کھاؤ۔ چلتے پھرتے نظر آؤ۔ جاؤ چلے جاؤ۔

رستہ پھٹنا۔ ایک راستے سے دوسرا راستہ نکلنا۔

رستہ دیکھنا۔ انتظار کرنا۔

رستہ روکنا۔ یا رستہ گھیر کر کھڑا ہونا یا رستہ گھیرنا۔ (ا) چلنے نہ دینا۔ مزاحم ہونا۔ سد راہ ہونا۔

رستہ کاٹ کے چلنا یا کاٹ کر جانا یا رستہ کترانا۔ (ا) رستہ چھوڑ

کر غیر رستے چلنا۔ نظر بچا کر چلنا۔
رستہ لینا۔ ہوا کھاؤ کی جگہ۔ چلتے ہونا۔
رستہ ناپنا۔ بہت چلنا۔ واپس چلے جانا۔
رستے میں جواب دینا (اور) اُدھر میں انکار کرنا۔ ٹھکانے پر پہنچنے سے پہلے ہی چھوڑ دینا۔
رستے لگانا۔ طریقہ بتانا۔ راہ سے لگانا۔
رسد (ف۔ا۔مو) خوراک۔ بھوجن۔ زادِ راہ۔ فوج کا راشن۔ ذخیرہ خوراک جو فوج یا قافلے کے ساتھ ہو۔ لائق۔ مناسب۔ جنس۔ غلہ۔ نصیب۔ حصہ بخرا۔ قسمت۔ بھاگ۔
رسد رسانی (ف۔ا۔مو) کسی جگہ یا دستہ فوج کو سامان خوراک پہنچانا۔
رسد پہنچانا۔ فوج یا لشکر میں سامان خوراک پہنچانا۔
رسکوک (جوہریوں کی اصطلاح) چھوٹا موتی۔
رسم (ع۔ا۔مو) لغوی معنی نشان۔ نقش۔ نوشت۔ تحریر۔ مجازی۔ دستور۔ قاعدہ۔ آئین۔ قانون۔ تنخواہ۔ طلب ماہانہ۔ عادت۔ قانون۔ چال چلن۔ طریقہ طور۔ رواج۔ اُجرت۔ محنانہ۔ علم منطق میں۔ کسی چیز کے اوصاف عرضیات کے ساتھ۔ ایک کھیل کا نام بھی ہے۔
رسم اٹھانا (ہ) رواج اور عادت کے خلاف کرنا۔
رسم الخط (اضا) کسی حرف یا لفظ کے لکھنے کا طریقہ۔
رسم الملہر: شاہی مُہر کی فیس۔
رسم ورواج۔ (مذ) قاعدہ۔ دستور۔
رسم وراہ (مذ) قاعدہ میل جول۔ ڈھنگ۔ دستور۔ ربط ضبط۔
رسمیات (مو) رسمیں۔
رسمیا (ہ۔مذ) پانی وغیرہ سے یا پسینے سے تر۔ گیلا۔
رسمی (مو) رسما کی تانیث۔
رسمیانا (ہ) انگڑائی لینا۔ نازسے اینڈنا
رسماہ (ع۔ف) برتاؤ۔ سلوک۔ طریق۔ میل جول۔
رسمی (ع) صفت بیائے نسبتی۔ معمولی عام۔ متوسط درجے کا۔ باقاعدہ۔ دوسرے نمبر کا۔
رسن (ف۔ا۔مو رسّی)۔
رسن باز: نٹ۔ جو رسیوں پر تماشا دکھاتا ہے۔
رسنا (ہ۔فعل) ٹپکنا۔ چونا۔ خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ غصے ہونا۔ تراوش ہونا۔
رُسنا (ہ۔ا۔مو) جیبھ۔ زبان۔ بلّو۔ ذائقہ۔ سواد۔ چسکا۔ (بصورت فعل) آرام سے رہنا۔ مزے سے بسنا۔ آباد رہنا۔ خوش گزران کرنا۔ موافقت ہونا۔
رسنا بسنا (اور) پھلنا پھولنا۔
رسنا بسنا نصیب ہونا (محاورہ) رہنا سہنا۔ پھولنا پھلنا نصیب ہو۔ خدا خوش و خرم رکھے۔ خدا بھرا پُرا رکھے۔ پھولو پھلو۔ شاد و آباد رہو۔

رُسوا (ف) بدنام بے عزت۔ ذلیل۔ خوار۔ بے غیرت۔
رُسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔ ذلیل کرنا۔
رُسوا ہونا۔ خوار ہونا۔ بے عزت ہونا۔
رُسوائی (ف۔ا۔مو) بدنامی۔ بے عزتی۔ ذلت۔ فضیحت۔
رسوت (ہ۔ا۔مو) ایک کڑوی دوائی کا نام جو آنکھوں کی بیماری میں کام آتی ہے۔
رُسوخ۔ رسوخیت (ع۔ا۔مذ) مضبوطی۔ استواری۔ جماؤ۔ استقلال۔ قیام۔ رسائی۔ پہنچ۔ اعتبار اثر۔ مداخلت۔
رسول (ع۔ا۔مذ) بھیجا ہوا۔ خدا کی طرف سے بھیجا ہوا قاصد۔ پیغمبر۔ ایلچی۔ راہنما۔ ہادی۔ نامہ بر۔
رسول زادی۔ سیدانی۔ جنابہ۔ فاطمہ (رضؓ)
رسول شاہی (اور۔ مذ) آزاد گروہ فقیروں کا ایک گروہ جس کا بانی رسول شاہ فقیر ہوا ہے۔
رسولی (ہ۔ا۔مو) گلٹی۔ وہ گلٹی جو فضول مواد سے پیدا ہوتی ہے۔ ایک قسم کی تبوڑی۔
رسوم (ع۔ا۔مو۔مذ) رسم کی جمع۔ نشان نقش۔ تنخواہ۔ مشاہرہ۔ ماہانہ۔ سرکاری خرچہ۔ مقررہ فیس۔ محنانہ۔ بھینٹ نذرانہ۔ آئین۔ قوانین۔ عادتیں۔ حق زمینداری۔
رسوم عدالت (ع۔ا۔مو) سرکاری خرچہ۔ اسٹامپ۔ کورٹ فیس۔
رسوئی (ہ۔ا۔مو) کھانا۔ بھوجن۔ طعام۔ خوراک۔ باورچی خانہ۔ چوکہ۔ کھانا پکانے کی جگہ۔
رسوئی کا دھی رسائن ہے (ہ۔کہاوت) کھانا پکانے کا مسالہ بھی ایک قسم کا کیمیا ہے۔
رسوئی بنانا۔ یا۔ کرنا (ہ۔فعل) کھانا پکانا۔ طعام تیار کرنا۔
رسوئی جمنا (ہ) فعل۔ کھانا کھانا۔ بھوجن کرنا۔ تناول فرمانا۔
رسوئیا (ہ۔ا۔مذ) کھانا پکانے والا باورچی (ہندوؤں کا روزمرہ ہے)
رسّی (ہ۔مو) نیجو۔ موٹی ڈوری۔ سانپ۔ ناگ۔ سوفٹ کا لمبا پیمانہ۔ لمبی عمر۔
رسّی بٹنا۔ رسّی کو بل دے کر تیار کرنا۔
رسّی جل گئی پر بل نہیں جلا یا گیا۔ یا کھلا (ہ۔مثل) کنگال اور محتاج ہو گئے مگر غرور اور اکڑ نہیں گئی۔
رسّی دراز کرنا۔ چشم پوشی کرنا۔ مہلت دینا۔ ڈھیل دینا۔
رسّی دراز ہونا (اور) رسی لمبی ہو جانا۔ عمر دراز ہونا۔ لمبی عمر ہونا۔
رسّی ڈھیلی چھوڑنا (ہ) خود مختار کر دینا۔ آزادی دینا۔ چشم پوشی کرنا۔ جرم سے اغماض کرنا۔
رسّی کا سانپ بنانا (اور۔ محاورہ) مبالغہ کرنا۔ غلط بات کو فروغ دینا۔
رسیاں توڑ انا۔ آزادی چاہنا۔ سخت گرفت سے بھاگنے کی کوشش کرنا
رسیا (ہ۔ اسم صفت بترکیب فاعلی) رس لینے والا۔ لطف اٹھانے والا۔

وضعدار۔ دھگڑا۔ مستنڈا۔ شوقین۔ رسیلا۔ خوبصورت جوان۔ خوشرو،

رسید (ف۔ا۔مو) حاصل مصدر از رسیدن۔ پہنچ۔ کسی چیز کے وصول ہونے کی دستخطی تحریر۔ وصولیابی کا اقرار۔ خبر۔ پتا۔ سُراغ۔ رسائی دخل۔

رسید دینا۔ وصولیابی کا کاغذ لکھ دینا۔

رسید کا ٹکٹ: وہ ٹکٹ جو رسید پر چسپاں کیا جاتا ہے۔

رسید کرنا۔ (اُر۔ محاورہ) مارنا۔ لگانا۔ جڑنا۔ جیسے فوراً چانٹا رسید کیا۔

رسید نہ دینا (اُر۔ محاورہ) خبر نہ لگنے دینا۔ پتہ تک نہ بتانا۔ پتا نہ دینا۔ سُراغ نہ دینا۔

رسیدہ (ف) انتہا کو پہنچا۔ کمال پہ پہنچا ہوا۔ بالغ۔ جواں شدہ تبلا۔

رسیدہ بود بلائے ولے بخیر گذشت (ف۔ مثل) مصیبت تو آئی تھی مگر ٹل گئی۔

رسیلا (ہ۔ا۔مو) رس والا میٹھا۔ خوش ذائقہ۔ لذیذ۔ شیریں۔ پُر لذت رسیا۔ بانکا۔ وضعدار۔ رنگیلا۔ چھبیلا۔ چھیلا۔

رسیلی (ہ۔مو) رس دار۔ وضعدار۔ بانی۔ رنگیلی۔

رسیلی آنکھ یا آنکھیں (ہ۔ا۔مو) خوبصورت آنکھیں، نشیلی آنکھ۔ مخمور آنکھیں، مست آنکھ، چشم مخمور۔ رسیلے نین۔

رسیلی بولی: بچوں، عورتوں یا بعض خوبیوں کی دلکش آواز۔ دلوں میں تاثیر کرنے والی آواز۔

رسیور (انگ۔ا۔مذ۔ Receiver) ٹیلی فون کا وہ حصہ جسے گھنٹی بجنے کے بعد اُٹھا کر کان سے لگاتے اور پیغام سنتے ہیں۔ وہ شخص جس کے سپرد عدالتی حکم سے دیہات کی تحصیل وصول کرنا۔ اور حساب داخل کرنا کیا جائے۔

ر ـ ش

رشتہ (ف۔ا۔مذ) مفعول از رشتن۔ سوت کاتا ہوا تاگا۔ تاگا۔ ڈورا مجازاً لڑی۔ سلک۔ برادری۔ قربت تعلق۔ خاندانی سلسلہ۔ ترتیب۔ نسل۔ خاندان۔ ایک بیماری کا نام ہے جس میں ایک زخم میں سے ایک تاگا سا باریک کیڑا نکلتا ہے۔ نارو۔

رشتہ دار (ف۔ا۔مذ) قرابتی۔ برادری کا بھائی۔ متعلقین متعلق۔ بھائی بند۔

رشتہ داری (ف۔مو) قربت۔ برادری۔ تعلق۔ خوشی۔

رشتہ کرنا۔ (اُر۔ فعل) تعلق پیدا کرنا۔ نسبت کرنا۔ نکاح کرنا۔ بیاہ کرنا۔

رشتہ ناتا (اُر۔ا۔مذ) میل ملاپ قرابت۔ میل جول۔ بھائی بندی۔

رشک (ف۔ا۔مو) جلن۔ حسد۔ ڈاہ۔ عداوت۔ دشمنی۔ رقابت۔ ہم پیشہ ہونے کا حسد۔ شرم۔ حیا۔ عزت۔

رشک حور یا پری یا یوسفؑ (ف۔ا۔اسم صفت) نہایت حسین۔ اتنا خوبصورت جس کے حسن پر حور و پری و حضرت یوسفؑ کو بھی رشک آئے۔

رشوت (ع۔ا۔مو) ناجائز نذرانہ زبردستی لینا۔ فرض منصبی ادا کرنے میں سرکاری تنخواہ کے علاوہ عوام سے روپیہ لینا۔ گھونس۔

رشوت خور۔ یا۔ رشوت خوار (ع۔ا۔مذ) فاعل ترکیبی۔ رشوت لینے والا۔

رشوت ستانی (اُر۔ا۔مو) بیائے مصدری۔ گھونس لینا۔ ناجائز طریقہ سے روپیہ لینا۔

رشوت کھانا۔ یا لینا۔ (اُر۔ فعل) غیر واجب روپیہ لینا۔ ناجائز اُجرت لینا۔

رشی۔ یا۔ رشی منی (س۔ا۔مذ) سادھو۔ سنت۔ خدا پرست۔ ریاضت کرنے والا۔ جوگی۔ درویش۔

رشید (ع) نیک۔ ہدایت یافتہ۔ مہذب۔ تربیت یافتہ۔

ر ـ ص

رصاص۔ (ع۔ا۔مذ) رانگ۔ سیسہ۔ قلعی۔ ٹین

رصاصہ۔ (ع۔ا۔مو) بندوق کی گولی

رصد (ع۔ا۔مذ۔ ظرف) ستاروں کی گردش دیکھنے کا مینار۔ جنتر منتر چبوترا۔ چوکتر ا۔

رصد بندی (ع۔ا۔مو) مشاہدہ سیارگان۔

رصد گاہ (عف۔ا۔مذ) جنتر منتر۔ ستاروں کی گردش دیکھنے کی جگہ۔

ر ـ ض

رضا (ع) رضی اللہ عنہ کا اختصار۔ اللہ اُن سے راضی ہو۔

رضا (ع۔ا۔مو) خوشی۔ مرضی۔ مہلت۔ اجازت۔ رُخصت۔ چھٹی رُخصت معہ تنخواہ۔ فرلو۔ شیعہ حضرات کے ایک امام کا نام بھی ہے جو آٹھویں امام اور علی رضاؑ سے موسوم ہے۔

رضاکار۔ اپنے آپ کو خدمتِ قوم کیلئے پیش کرنے والا۔

رضا بہ قضا (ف۔ مثل) تقدیر پر راضی ہونا۔

رضا جُو (صفت فاعلی) دوسرے کی خوشنودی جاننے والا۔

رضا مند (ف۔ا۔صفت) راضی۔ خوشی اجازت دینے والا۔ منظور کنندہ۔

رضامندی (ع۔ا۔مو۔ بیائے مصدری) خوشنودی خوشی۔ مرضی۔ منظوری۔

رضا ہونا (فعل) مرجانا۔ مرنا۔ انتقال کرنا۔

رضاعت (ع۔مو) دودھ پلانا۔ شیرخواری۔ بچوں کو دودھ پلانے کا زمانہ۔ یعنی دوسال۔

رضائی (ع۔صف) دو بچے جنہوں نے ایک عورت کا دودھ پیا ہو۔

رضاعی بھائی (اُر۔ا۔مذ) کوکا۔ دودھ شریک بھائی۔

رضائی ۔ (اُر۔ا۔مو) دیکھو رزائی۔

رضوان ۔ (ع۔ا۔مذ) بہشت کا دربان داروغہ بہشت۔

رضوی۔ رضویہ (ع) صفت نسبتی) امام علی رضاؑ سے نسبت رکھنے والا۔

رضی (ع۔صف) پسندیدہ۔ خوشنود۔

رضی اللہ عنہ (ع۔کلمہ دعا) کلمہ دعا جو صرف صحابہ اکرام کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اللہ ان سے راضی ہو۔

رضیع ۔ (ع) دودھ شریک بچہ۔

رضیا بالقضا ۔ (ع۔مقولہ) ہم اللہ کے حکم پر راضی ہوئے۔

ر ۔ ط

رطب (ع۔مو) تازہ کھجور۔ ترکھجور۔ تازہ۔ نرم۔ گیلا۔

رطب اللسان مداح۔ تر زبان۔ بہت تعریف کرنے والا۔

رطب ویابس (ع۔اسم صفت) تر وخشک۔ نیک و بد۔ بُرا بھلا۔

رطل (ع۔ا۔مذ) آدھ سیر کا وزن۔ آدھ سیر کا باٹ۔ جام شراب۔

رطوبت (ع۔مو) تری۔ نمی۔ سیل۔

ر ۔ ع

رعایا (ع۔ا۔مو) (رعیت کی جمع) جس کی حفاظت کی جائے۔ کسی حاکم کے ماتحت رہنے والے لوگ۔

رعایت (ع۔ا۔مو) لحاظ۔ طرفداری خیال۔ پچ۔ نگہبانی۔ پاس۔ خیال۔

رعایتی (ع۔ا۔مذ) (بیائے فاعلیت) الحاظ کیا گیا۔ سفارشی۔ آوردہ۔ جس کے کچھ لحاظ کیا جائے۔

رعب (ع۔ا۔مذ) ڈر۔ خوف۔ شان وشوکت۔ دھاک۔ جاہ و جلال۔

رعب داب (ع۔ا۔مذ) شان وشوکت دبدبہ۔ کروفر۔ تجمل و جلال۔

رعب دار (عف۔ فاعل سماعی مذکر) ڈراؤنا۔ مہیب۔ خوفناک بھیانک۔

رعد (ع۔ا۔مذ) بجلی کا کڑکا۔ کڑک گرج۔ گڑگڑاہٹ۔ آواز جو ابر سے پیدا ہوتی ہے۔

رعدویرق ۔ بجلی اور کڑک۔

رعشہ (ع۔ا۔مو) لرزہ۔ کانپنی۔ کپکپی۔ تھرتھراہٹ۔ ایک بیماری ہے جس سے ہاتھ پاؤں خود بخود کانپنے لگ جاتے ہیں۔

رعنا (ع۔صف) بن سنور کر رہنے والا۔ بناؤ سنگار کرنے والا۔ خوبصورت۔ بانکا۔ سجیلا۔ زیبا۔ خوش نما۔ چالاک۔ ہوشیار دورنگا۔ ایک پھول کا نام بھی ہے جو اندر سے سرخ اور باہر سے زرد ہوتا ہے۔

رعنائی (ع۔ا۔مو۔ بیائے مصدری) بانکپن۔ خود آرائی۔ خوبصورتی۔ خودنمائی۔ زیبائش۔

رعونت (ع۔ا۔مو) غرور۔ تکبر۔ اکڑ۔ گھمنڈ۔ سرکشی۔ شیخی۔

رعیت (ع۔ا۔مو) (رعایت کیا گیا۔ لحاظ کیا گیا۔ محکوم لوگ جو کسی حاکم کے زیر فرمان ہوں۔

ر ۔ غ

رغبت (ع۔ا۔مو) خواہش۔ میلان۔ چاہت۔ شوق۔ توجہ۔ پیار۔ رجحان۔ توجہ۔ چاؤ۔

رغبت دلانا کسی چیز کی طرف مائل کرنا۔

رغبت کرنا (اُر۔ فعل) خواہش کرنا۔ مائل ہونا۔ شوق کرنا۔ محبت کرنا۔

رغم (ع۔ا۔مذ) نفرت۔ حقارت۔ اردو میں علی الرغم مستعمل ہے۔

ر ۔ ف

رف (انگ۔صف ۔ Rough) کھردرا۔ نامکمل کاٹ چھانٹ کیا ہوا مسودہ۔ نا ملائم۔ ابتدائی انداز کے پر بنی۔

رفاقت (ع۔ا۔مو) ساتھ۔ سنگت۔ ہمراہی۔ محبت۔ دوستی۔ میل جول۔ میل ملاپ۔ خیر خواہی۔ نمک حلالی۔ وفاداری۔ ہمدردی۔

رفاقت کرنا (اُر۔ فعل) ساتھ رہنا۔ ہمدردی کرنا۔ خیر خواہی۔ وفاداری برتنا۔

رفاہ (ع۔مو) آرام۔ آسائی۔ تن آسانی۔ راحت۔ چین۔ اطمینان۔ تسلی۔ نیچ۔ بھلائی۔ بہبودی۔ بہتری۔

رفاہ عام یا خلق۔ یا خلائق (ع۔ا۔مو) عام لوگوں کی بھلائی۔ سب کے کام آنے اور آرام پہنچانے والی چیز یا بات۔

رفاہی (اُر۔صف) عوام کی بھلائی کے متعلق امور۔

رفاہیت (ع۔ا۔مو) خوشی۔ بھلائی۔ آرام۔ راحت۔ چین۔ بہبودی۔ سکون۔ بہتری۔ اچھائی۔

رَفت (ف) مصدر رفتن (جانا) کا ماضی مطلق۔ چلتا۔ روانگی۔

رَفت گزشت (ف ا مو) حاصل مصدر گئی گزری بات۔ لیت و لعل ٹال مٹول۔

رَفت گزشت کرنا۔ (اُرد۔ فعل) آیا گیا کرنا جانے دینا معاف کرنا۔ خیال نہ کرنا۔

رَفتار اُڑانا۔ (اُرد۔ محاورہ) چال یا وضع کی نقل کرنا۔

رَفتار و گفتار (ف۔ مو) حاصل مصدر۔ چال چلن۔ طور طریق۔ چال ڈھال۔

رَفتگان (ف۔ا۔مذ) گئے ہوئے یا مرے ہوئے لوگ۔

رَفتہ رَفتہ (ف۔ صف) ترکیب مفعولی۔ آہستہ آہستہ۔ سہج سہج ہولے ہولے۔ بتدریج۔

رَفرف (ع۔ا۔مذ) اسرافیل علیہ السلام کے مقام کا نام ہے نیز ایک سواری ہے جس پر رسول مقبول معراج کی رات کو سدرۃ المنتہیٰ سے خدائی دربار تک تشریف لے گئے تھے۔

رَفض (ع۔ا۔مذ) چھوڑنا۔ اختلاف۔ رافضی ہونا۔

رَفع (ع۔ا۔مذ) اُٹھانا۔ اونچائی۔ بلندی۔ اُٹھان۔ چھوڑنا۔ باز رہنا۔ موقوفی۔ دور کرنا۔ ضمہ۔ پیش۔

رَفع حاجت۔ پیشاب پاخانہ کرنا۔

رَفع یدین۔ نماز میں تحریمہ کہتے ہوئے دونوں ہاتھ اُٹھانا۔

رَفع دفع کرنا۔ (اُرد۔ فعل) دور کرنا۔ ہٹانا۔ مٹانا۔ دبانا۔ معاف کرنا۔ باز رہنا۔

رِفعت (ع۔ا۔مو) اونچائی۔ بلندی۔ زیادتی۔ برتری۔ درجہ۔ پایہ بزرگی۔ شان۔ عزت۔ رتبے کی بلندی۔

رَفق (ع۔ا۔مو) نرمی۔ مہربانی۔

رَفل (اُرد۔ا۔مو) ایک قسم کی بندوق نہایت باریک مل۔ Riffle

رَفو (ع۔ا۔مذ) کپڑے کو دھاگوں سے اس طرح مرمت کرنا کہ بہت کم معلوم ہو۔ پھٹے ہوئے گرم کپڑے کی مرمت ایک خاص قسم کی دھاگوں کی سلائی۔

رَفو چکر ہونا (اُرد۔ محاورہ)۔ چلدینا۔ بیک بینی دو گوش بھاگ جانا۔ چلا جانا ہوا ہو جانا۔ حیران و سرگرداں ہونا۔

رَفو کرنا (اُرد۔ فعل) کپڑے کے سوراخ کو دھاگوں سے پیوند لگانا۔ مرمت کرنا۔

رَفو گر (عف۔ مذ فاعل) رفو کرنے والا۔ شال دوشالوں وغیرہ کو رفو کرنے والا۔

رَفو گری (عف۔ مو) پیشے مصدری۔ رفو کا کام۔ رفو کا پیشہ۔

رفیدہ (ع۔ا۔مذ) تنور میں روٹیاں لگانے کی پھونس بھری ہوئی گول گدی کا یوک۔ گول اور بدوضع پگڑی۔

رَفیع (ع۔ صف) اونچا۔ بلند۔

رَفیع الشان۔ بڑی شان یا رتبے والا۔

رَفیق (ع۔ا۔مذ) ساتھی۔ ہمراہی۔ مددگار۔ دوست۔ خیر خواہ مصائب۔ جلیس۔ ہمنشیں۔

ر ۔ ق

رقابت (ع۔ا۔مو) لغوی معنی نگہبانی۔ حفاظت۔ مجازاً دشمنی۔ عداوت۔ شراکت۔

رَقاص (ع۔ا۔مذ) ناچنے والا شخص۔ گھڑی کا پیرنگ۔ گھنٹے کا ٹکن۔

رقاصہ۔ (ع۔ا۔مو) ناچنے والی عورت۔

رِقاع (ع۔ا۔مذ) رقعہ کی جمع۔ ایک قسم کا طرز تحریر۔

رقبہ (ع۔ا۔مذ) لغوی معنی کھاد۔ اصطلاحی گاؤں کے متعلق زمین۔ احاطہ۔ گھیرا۔ کھیت وغیرہ کے طول کو عرض میں ضرب دینے سے جو مقدار حاصل ہو گردن۔ ناڑ۔ گلو۔

رِقت (ع۔ا۔مو) نرمی۔ ملائمت مجازاً رونا۔ نالہ وزاری۔ گریہ۔ ترس رحم۔ دردمندی۔ ہمدردی دھات کا پتلاپن۔ منی کا پتلا ہونا۔ حال۔ وجد۔ دل بھر آنا۔

رقت آنا یا ہونا۔ (اُرد۔ فعل) دل بھر آنا۔ حال آنا۔ وجد آنا۔

رقت انگیز۔ رقت طاری کرنے والی بات۔

رقت طاری ہونا۔ دل بھر آنا۔

رقت منی (ع۔ا۔مو) منی کا پتلا ہونا۔ دھات کا پتلا ہونا۔

رَقص (ع۔ا۔مذ) کودنا۔ اُچھلنا۔ ناچنا۔ ناچ۔ راگ کے تال و سُر کے مطابق حرکت کرتا ہے۔

رقاص

(رقاص)

رَقص و سرود (ع۔ مذ) ناچ رنگ۔ راگ رنگ۔ گانا بجانا۔

رقص بسمل۔ ذبح کئے ہوئے جانور کا تڑپنا۔

رقص کناں (ف) ناچتے ہوئے۔

رَقطا (ع۔ا۔مو) کلام کی ایک صفت تحریر جسمیں ایک حرف منقوطہ اور ایک غیر منقوطہ لاتے ہیں۔

رقعات (ع۔ا۔مذ) رقعہ کی جمع خطوط۔

رُقعہ (ع۔ اسم مذکر) کاغذ کا پرچہ۔ پرزہ۔ دھجی۔ چیتھڑا۔ کاغذ کا لکھا ہوا ٹکڑا۔ خط۔ چٹھی۔ شادی یا کسی تقریب پر بلانے کا اطلاعنامہ۔ منگنی کے لیے شجرۂ نسب لکھ کر دلہن کے گھر جانے والا کاغذ۔

رَقم (ع۔ اسم۔ مو) تحریر۔ خط۔ نوشت۔ مہر۔ نقش۔ نشان۔ چھاپا۔ عدد ہندسہ روپیوں کے لکھنے کی پکی نشانیاں۔ جیسے ۱۔۲۔۳۔ چالاک۔ ہوشیار آدمی جنس۔ قسم۔ ڈھنگ۔ طور۔

مال۔ دولت۔ جوکھوں۔ جوکھوں کی چیز۔ جواہرات۔ نگینہ۔ مالدار آدمی دولت مند۔ زیور۔ گہنا پانا۔ روپیہ پیسا۔ دولت۔ مال۔

رقم کرنا (اُ۔ فعل) تحریر کرنا۔ لکھنا۔ نوشتہ کرنا۔

رقمطراز (ف) لکھنے والا۔ محرّر (جمع رقوم)

رقیب (ع۔ا۔مذ) نگہبان۔ محافظ۔ ہم پیشہ۔ حریف۔ ایک معشوق کے عاشقوں میں سے کوئی ایک۔

رقیق (ع۔صف) نرم۔ ملائم۔ پتلا۔ پانی جیسا۔ باریک۔

رقیق القلب (ع۔ا۔مذ) نرم دل۔ رحمدل۔ ترس کھانے والا۔ نرم دل والا آدمی۔

رقیمہ (ع۔ا۔مذ) عربی والے موئث۔ بولتے ہیں۔) لکھا ہوا۔ تحریر۔ رقعہ خط۔ چٹھی۔

ر ۔ ک



رکابی

رکاب

رکاب (ع۔مو) وہ لوہے کے دو حلقے جو زین کے دونوں طرف لٹکتے رہتے ہیں اور سواران میں پاؤں ٹکایا کرتا ہے۔ تھالی۔ رکابی۔ طباق۔ پیالہ۔

رکاب دار (عف۔مذ) فاعل۔ رکاب پکڑ کر سوار کرانے والا۔ رکاب تھامنے والا۔ شاہی سواری کے ساتھ کھانا لے کر چلنے والا ملازم خاصہ بردار۔ ایک مجسم کے باورچی۔ نہایت ماہر اور مشتاق خانساماں۔ رکابیوں میں کھانا۔ پکنے اور خوبی سے رکھنے والا خانساماں۔

رکاب دوال (عف۔مو) رکاب کا تسمہ۔ رکاب کا چمڑا۔

رکابی (ف۔ا۔مو) تھالی۔ طشتری۔

رکابی مذہب (اُ۔مو) لیمونچوڑ۔ ہر دیگی چمچہ۔ طامع۔ حریص۔ کھانے پر وین دھرم تک بدل ڈالنے والا۔ خوشامدی۔ چاپلوس۔

رکان (ہ۔ا۔مو) ڈھنگ۔ طرز۔ قاعدہ۔ قانون۔ طریقہ۔

رکاؤ (ہ۔ا۔مذ) حاصل مصدر۔ روک نفرت۔ مزاحمت۔ تعرض۔ صدراہ۔ اٹکاؤ۔

رکاوٹ (ہ۔ا۔مو) حاصل مصدر۔ روک۔ ممانعت۔ مزاحمت۔ تعرض

رکت (س۔مذ) خون۔ لہو۔

رکت چندن (ہ۔مذ) (ہند فا سرخ۔ چندن۔ صندل سرخ۔

رک رک کر (ہ۔ تابع فعل) گھٹ گھٹ کر۔ مکث سے۔ ہچکا کر۔ تتلا کر۔

رکشا (ہ۔ا۔مو) امان۔ پناہ۔ حفاظت۔ راکھی۔ بچاؤ۔ نگہبانی۔

رکشا بندھن (ہ۔مو) راکھی باندھنے کی رسم۔ سلونو کا تیوہار۔

رکشا کرنا (ہ۔فعل) نگہبانی کرنا۔ حفاظت کرنا۔ بچانا۔

رکعت (ع۔مو) جھکاؤ۔ خمیدگی۔ نماز کا رکن۔ نماز کا آدھا یا تہائی یا چوتھا حصہ۔

رکن (ع۔ا۔مذ) ستھم ستون۔ کارندہ۔ کام کا سربراہ۔ کسی جماعت کا ممبر۔ باہر کا حصہ۔ کونہ۔ زاویہ (جمع ارکان)

رکن سلطنت (ع۔امذ) سلطنت کے اُمرا و وزرا۔

رکن یمانی۔ کعبہ شریف کے رکنوں میں سے ایک رکن۔

رکن الاولہ۔ امیر۔ وزیر۔

رکن رکین۔ بڑا رکن۔ مضبوط رکن۔

رکنا (ہ۔ا۔ف) ٹھہرنا۔ اٹکنا۔ تھمنا۔ کشیدہ ہونا۔ خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ تتلانا۔ لکنت کرنا۔ ٹھٹکنا۔ باز رہنا۔ شش و پنج میں ہونا۔ قائل کرنا۔ جمنا۔ ڈٹنا۔ معمور ہونا۔ پُر ہونا۔

رکنیت (ع۔مونث) رکن ہونا۔ ممبری۔

رکوع (ع۔مذ) جھکاؤ۔ عاجزی سے جھکنا۔ نماز میں قیام کے بعد دونو گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر جھک جانا۔

رکھ۔ جنگل وہ جنگل جس سے لکڑی کاٹنے پر پابندی ہو۔

رُکھ (ہ۔امذ) درخت۔

رُکھائی (ہ۔ا۔مو) حاصل مصدر۔ رُوکھاپن۔ بداخلاقی۔ بے مروتی۔ بغرض انکار۔ بے وفائی۔ اعراض۔ انکار۔

رکھ رکھاؤ (ہ۔مو) حفاظت۔ دیکھ بھال۔

رکھنا (ہ۔ف) دھرنا۔ لگانا۔ بچانا۔ پاسبانی کرنا۔ جوڑنا۔ اکٹھا کرنا۔ دفن کرنا۔ نصب کرنا نطفہ ڈالنا۔ قرض دار ہونا۔ حوالہ کرنا۔ نذر کرنا۔ ٹالنا۔ نزدی نہ ہونے دینا۔ سپرد کرنا۔ موقوف کرنا۔ چھوڑنا۔ داخل کرنا۔ روکنا۔ ٹھہرانا۔ لگانا۔ مارنا۔ انڈے دینا۔ شرط لگانا۔ بازی لگانا۔ برتن میں ڈالنا۔ سمانا۔ پرورش کرنا۔ پالنا۔ قبول کرنا۔ چرانا۔ خیانت کرنا بھینٹ چڑھانا۔ برتن میں ڈالنا۔ محبت کرنا۔

رکھوا اس منقولے پہ دار و مدار نو نقد اچھے نہ تیرہ اُدھار (اُ۔مثل) جو چیز فوراً مل جائے وہ اُس چیز سے اچھی ہے جو اگرچہ بہتر ہی ہو۔ لیکن اسکا محض وعدہ کیا جائے۔

رکھوالا (ہ۔امذ) فاعل۔ محافظ۔ نگہبان پہرے دار۔ چوکیدار۔ سنتری۔ چوکسی کرنے والا۔

رکھوالی (ہ۔ا۔مو) چوکسی۔ چوکیداری۔ نگہبانی۔ پہرہ۔ چوکیداری کی تنخواہ۔

رکھوانا (ہ۔فعل) رکھنا کا متعدی دھروانا۔ جمع کروانا بچوانا۔ دفن کروانا۔ قبر میں اُتروانا۔ قبضہ کروانا۔ پکڑوانا۔ نذر کروانا۔ قید کروانا۔ ترقی رکوانا۔ لینا۔ پرورش کروانا۔

رکھی (ہ۔مذ) (دیکھو رکشی)۔

رکیبی (اُ۔ا۔مو) رکابی کا پیالہ تھالی۔ طشتری۔ صحنک۔ چھوٹا طباق۔

رکیک (ع۔صف) ناتواں۔ کمزور۔ سست۔ دبلا پتلا۔ حقیر۔ ذلیل۔ ادنیٰ۔

رکین (ع۔صف) سنجیدہ۔ متین۔ مضبوط۔

ر - گ

رَگ (ف-ا مو) ناڑی۔ نس۔ نبض۔ خون کے دورہ کرنے کی نلیاں بٹھا۔ عَصَب۔ ڈورا۔ تار۔ دھاگا۔ نسل۔ ذات۔ اصل خاندان۔ اولاد۔ آنکھ کا ڈورا۔ پھول یا پتے کا ریشہ۔ ضد۔ ہٹ۔ اصرار۔ رکان۔ ڈوری۔ باگ۔

رگ اُتر نا (اُ۔ف) ضد اُترنا۔ ہٹ نہ رہنا۔ غصہ جاتا رہنا۔ انتڑی کا فوطے میں آجانا۔ فتق کی بیماری ہونا۔

رگ پٹھے سے واقف ہونا (اُ۔ محاورہ) خاندان اور حد سے باخبر ہونا۔ اصل نسل اور بنیاد سے واقف ہونا۔ مزاج اور عادت کو جاننا۔

رگ پھڑکنا (اُ۔ محاورہ) کسی شدنی امر سے واقف ہونا۔ کسی ہونے والے کام کے آثار معلوم ہوجانا۔

رگ جان (ف۔ مو) شاہ رگ۔ شریان۔ تمام جسم میں خون پہنچانے والی رگ۔

رگ جان سے قریب ہونا۔ بہت نزدیک ہونا۔ اللہ تعالیٰ کی تعریف

رگ حمیت۔ غیرت کا جوش۔

رگ رگ سے واقف ہونا۔ پوری طرح جاننا۔

رگ وپے۔ رگ پٹھا۔

رگ وریشے میں پڑا ہونا۔ کسی شخص میں کسی بری خصلت کا بہت زیادہ ہونا۔ گھٹی میں پڑنا۔

رگ چڑھنا (اُ) ضد چڑھنا۔ غصہ آجانا۔ نسچل جانا۔ ہٹ کرنا اکڑنا۔

رگ دار (ف۔ اسم صفت) ریشہ دار نسیل۔ بیل۔ نسیلا۔

رگ دبنا (اُ۔ محاورہ) کل ہاتھ میں ہونا۔ ڈرنا قابو کرنے کا ڈھب جانا رکان ہاتھ میں ہونا۔

رگ و ریشہ (ف۔ا۔مذ) رگ پٹھا۔ خو بو عادت و سبھاؤ۔ ذات نیباد۔ اصل نسل۔

رگڑ (ہ۔ا مو) ہلکا زخم۔ خفیف سی کھڑینچ۔ چھلن۔ دو چیزوں کے باہم ٹکرانے یا لڑنے سے پڑ جانے والا نشان۔ خراش۔

رگڑ رگڑ کر۔ مل مل کے۔

رگڑ کھانا۔ رگڑ لگنا۔ گھسّا کھانا۔

رگڑا (ہ۔ا۔مذ) گھسّا۔ خراش۔ بھنگ کا گھوٹا۔

رگڑا جھگڑا (ہ۔ا۔مذ) فساد۔ فتنہ۔ لڑائی۔ بحث مباحثہ۔ ٹنٹا۔

رگڑنا (ہ۔ فعل) گھسنا۔ ملنا۔ پیسنا۔ گھوٹنا۔ صاف کرنا۔ چھیلنا۔ کھال اُتارنا۔ متحرک کرنا۔ حرکت دینا۔ آہستہ آہستہ ملنا سنانا۔ حیران کرنا۔

رگ وید۔ یا **رگ بید** (س۔مذ) چاروں ویدوں میں سب سے پہلا وید۔ ہندوؤں کی چار مذہبی کتابوں میں پہلی کتاب۔

رگی۔ **رگیلا**۔ **رگیلی** (اُ۔ صفت) ضدی۔ ہٹیلا۔ سرکش۔ فسادی بدذات۔ متفنی۔ موٹے موٹے تاروں کا کپڑا۔ موٹی رگوں کا بان۔

رگید (ہ۔مو) پیچھا۔ تعاقب۔

رگیدنا (ہ۔ فعل) بھگانا۔ تعاقب کرنا۔ استعمال میں لانا۔ کام میں لانا۔ رگڑنا۔ تنگ کرنا۔ حیران کرنا۔

رگیدنا (ہ۔ فعل) بھگانا۔ تعاقب کرتا استعمال میں لانا۔ کام میں لانا۔ رگڑنا۔ تنگ کرنا۔ حیران کرنا۔

رگیدرگاد کر (ہ۔ تابع فعل) مار پیٹ کر گھیر گھار کر۔ رگڑ رگڑ کر حاجت روائی کرکے۔ کسرت کرا کر۔

رگیں مرنا (ہ۔ فعل) نامرد ہونا۔ سست ہونا۔ رجولیت نہ رہنا۔

ر - ل

رَلا (ہ۔ا۔مذ) ملاوٹ۔ آمیزش۔ ملاوٹ۔ خالص کی ضد۔ بکھیڑا۔ جھمیلا بھوُل۔ مغالطہ۔

رَلا مِلا۔ ملا جُلا۔ خلط ملط۔

رَلا پڑنا (ہ محاورہ) حساب میں مغالطہ پڑنا۔ بھوُل پڑنا۔ رل مل جانا۔ بکھیڑا پڑنا۔ جھمیلا ہونا۔

رَلا ڈالنا (ہ۔ محاورہ) بکھیڑا ڈالنا۔ جھگڑا ڈالنا۔ ملاوٹ کرنا۔ ملا دینا۔

رُلانا (ہ۔ فعل) ملانا۔ آمیز کرنا۔ شامل کرنا۔ گڑبڑ کرنا۔

رُلانا (ہ۔ مص) رونا کا متعدی۔ تنگ کرنا۔ دق کرنا۔

رُل مل کر رہنا (ہ۔ فعل) آپس میں پیار۔ محبت سے رہنا اُنس اور اُلفت رکھنا۔ مل جل کر رہنا۔

رُلنا (ہ۔ فعل) ملنا۔ شامل ہونا۔ آمیز ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔ گڑبڑ ہونا۔

رُلنا (ہ۔ فعل) گم ہونا۔ تباہ ہونا۔ رولنا کا لازم۔ پھٹکا جانا۔ صاف ہونا۔ چھٹنا۔ کسی چیز کا اُوپر اُوپر سے لیا جانا۔

رَلیاں (اُ۔ا مو) خوشی۔ رنگ کے ساتھ بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے۔

ر - م

رِم (Ream) کاغذ کے بیس دستوں کا بنڈل۔ چار سو اسی یا پانچسو تختوں کا بنڈل۔

رَم (ف۔ا۔مذ) بھاگڑ۔ جدائی۔ نفرت ڈر کر بھاگنا۔ نفرت وحشت۔

رم (Rum) گڑ کی شراب۔ ایک قسم کی مقطر شراب۔

رَمّال (ع۔ا۔مذ) فاعل مبالغہ۔ رمل کا علم جاننے والا۔ جوتشی۔

رَمانا (ف) فعل، پھیرنا۔ گھمانا۔ پھرچانا۔ کام میں لانا۔ استعمال کرنا۔ لگانا کھونا۔ گنوانا۔

رَمبھانا (ف) فعل، گائے کا بولنا بھینس کا ڈکرانا۔

رَمتا جوگی (ہ۔ا۔مذ) مسافر فقیر۔ درویش سیلانی۔ سیاح۔ پھرتا پھرتا جوگی۔

رِم جھم (ہ) تابع فعل، بارش کی خفیف آواز۔ چھم چھم۔

رَمَد (ع۔ا۔مذ) آنکھ کی ایک بیماری کا نام جس سے آنکھ میں سُرخی رہتی ہے کلکرے۔ رودہے۔

رَمز (ع۔ا۔مو) آنکھ بھوں وغیرہ کا اشارہ۔ غنج دولال۔ غمزہ۔ عشوہ۔ اشارہ کنایہ۔ سینا سینی۔ سین۔ مراد مفہوم۔ بات کا اصل مطلب۔ ذومعنی بات۔ پہلودار بات۔ علامت۔ نشان۔ معاملہ۔ بات۔ مخفی بات۔ آوازہ۔ طعنہ مہنہ۔ ستر۔ بھید نکتہ۔ پہیلی۔ چیستان۔ ٹوکا ٹاکی نوک جھوک۔

رَمز آمیز اشارہ ملی ہوئی۔ طنزیہ کلام

رَمز چلنا۔ یا۔ رَمزی چلنا (اُ۔ محاورہ) ٹوکا ٹوکی ہونا۔ نوک جھونک ہونا۔ طعنہ مہنہ دیا جانا۔

رَمزی باتیں (اُ۔اسم۔مو) بھید کی باتیں۔ نکتہ کی باتیں۔ مہنے طعنے کی باتیں۔

رَمز مارنا۔ یا۔ رَمز پھینکنا (ہ محاورہ) بھید کی باتیں کہنا۔ اشارہ کنایہ کرنا۔

رَمضان (ع۔ا۔مذ) لغوی معنی جلانے والا۔ مسلمانوں کا نواں قمری مہینہ۔ روزوں کا مہینہ۔ ماہ صیام۔ گناہ جھڑنے کی وجہ سے اس کا یہ نام رکھا گیا۔

رَمضان کے نمازی۔ چند روزہ نمازی۔

رَمضان کے نمازی محرم کے سپاہی (مثل) ظاہردار۔

رَمق (ع۔ا۔مو) سسک۔ تھوڑی سی جان۔ رہی سہی جان۔ آخری سانس ذرا ذرا سا دم۔ کچھ اثر۔

رَمل (ع۔ا۔مذ) ایک علم کا نام ہے جس کے ذریعہ غیب کی بات بتاتے ہیں۔ عروض کی ایک بحر کا نام ہے جس کا وزن آٹھ بار فاعلاتن ہے۔ لغوی معنے ریت۔

رَمنا (ف) فعل، گھومنا۔ سیر کرنا۔ سمانا۔ بسنا۔ لتو ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ راہ پڑنا۔ مقیم ہونا۔ سبزہ زار۔ روزگار۔

رَمنا یا رَمنہ (ہ۔ا۔مذ) سبزہ زار۔ مرغزار۔ چراگاہ۔ ہرنوں کے رہنے کی جگہ۔ شکارگاہ۔ وہ مقام جہاں بادشاہ لوگ شکار کے لیے وحشی جانور چھوڑ دیتے ہیں۔

رَموز (ع۔ا۔مو) رمز کی جمع۔

رَموز عاشقان عاشق بداند (مثل) ہم پیشہ ہی بات کو اچھی طرح سمجھتے ہیں۔

رَموز مملکت خویش خسروان دانند۔ ملک کی بہتری کے راز بادشاہ ہی سمجھتے ہیں۔

رَمی (ع۔ا۔مذ) کوئی چیز پھینکنا۔

رَمیدگی (ف) بھاگنا۔ تنفر۔ وحشت۔

رَمیم (ع۔صف) گلی ہوئی۔ پرانی۔ بوسیدہ۔ بودی۔ کہنہ۔

ر ـ ن

رَن (ہ۔ا۔مذ) لڑائی۔ جنگ۔ معرکہ۔ کارزار۔ گھمسان کی لڑائی۔ جنگ عظیم میدان جنگ۔ لڑائی کا کھیت۔ مقتل جنگل ویرانہ۔ آبلہ۔ داغ۔ اسم مونث۔ عورت۔ بیوی۔ استری۔ ملکہ۔ رانی۔

رَن بَن۔ جنگل۔ بیابان۔

رَن بولنا (ہ محاورہ) میدان جنگ سے آواز نکلنا۔ قتل گاہ سے آواز آنا۔

رَن بہادر (اُ۔اسم صفت) میدان۔ جنگ کا دھنی۔ بہادر سردار دل کا خطاب بہادر جنگ۔

رَن پڑنا (ہ محاورہ) لڑائی چھڑنا۔ جنگ ہونا۔ جیدھ پڑنا۔

رَن جیت (ہ۔ا۔مذ) فاعل۔ فاتح۔ منظفر۔ منصور۔ فتحمند۔

رَن (انگ۔ا۔مو) دوڑ۔ جھپٹ۔ لپک۔ کرکٹ والے بولا کرتے ہیں۔ کرکٹ کے کھیل میں دوڑنا۔ Run

رَن آؤٹ۔ کھلاڑی کا ایک وکٹ سے دوسری وکٹ تک دوڑتے ہوئے آؤٹ ہوجانا۔ Run Out

رَنباس۔ یا۔ رنواس (ہ۔مو۔مذ) ہندو رانیوں کے رہنے کا مکان راجہ کا زنانخانہ۔ محلسرے شاہی۔

رَنج (ف۔ا۔مذ) دُکھ۔ پیڑ۔ درد۔ بیماری۔ تکلیف۔ ملال۔ اندوہ۔ غم۔ ماتم۔ سوگ۔ کرودھ۔ غصب۔ غصہ۔ پچھتاوا۔ افسوس۔

رَنج اُٹھانا۔ صدمہ برداشت کرنا۔

رَنج پہنچانا۔ اذیت دینا۔ ملول کرنا۔

رَنج سہنا۔ رَنج برداشت کرنا۔

رَنج و محن (ف۔ا۔مذ) مصیبت۔ دُکھ۔ درد۔ تکلیف۔

رَنج ہونا (اُ۔ فعل) غم ہونا۔ افسوس ہونا۔ خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔

رَنجش (ف۔ا۔مو) حاصل مصدر از رنجیدن۔ اَن بن۔ بگاڑ۔ ناراضگی غم۔ غصہ۔

رَنجک (ا۔مو) وہ بارود جو بندوق یا توپ کے پیالے میں آگ دینے کے واسطے رکھی جاتی ہے۔ بھڑکی۔ اعواء۔ تحریک چورن۔ سفوف۔

رَنجک اُڑانا (ہ محاورہ) توپ یا بندوق کے پیالے کی بارود میں آگ لگانا۔ فلیتہ دینا۔ بتی دینا۔ چمکانا۔ روشن کرنا۔ (بازاری) پادمانا۔ پھسی لگانا۔ کور اُڑانا۔

رَنجک چاٹ جانا (ہ محاورہ) رنجک کا جل کر رہ جانا۔ توپ یا بندوق کا نہ چلنا۔

رَنجور (ف۔صف) بیمار۔ افسردہ
رَنجوری۔ بیماری۔ روگ؛
رَنجیدگی (ف۔ا۔مو۔ بیاے مصدری دیکھو رنجش)؛
رَنجیدہ (ف۔ا۔صف) تبرکیب مفعولی۔ مغموم۔ غم زدہ۔ دُکھی۔ آزردہ اُداس۔ خفا۔ ناراض۔ دلگیر۔ ناخوش؛
رَنجیدہ خاطر (ف۔اسم صف) دل دُکھیارا۔ دُکھیا۔ دُکھی۔ ناراض۔ دل آزردہ؛
رِند (ف۔اند) شرعی باتوں سے عملاً انکار کرنے والا۔ آزاد۔ منکرِ شریعت۔ غیر شرع کام کرنے والا۔ بھنگی۔ شرابی۔ متوالا۔ لُچا۔ بدوضع۔ لفنگا۔ بے دین۔ کافر۔ دہریہ؛ بدمذہب؛
رِندمذہب۔ یا رِندمشرب (ف۔اند) صفت تبرکیب تشبیہی۔ اوباش۔ بدوضع۔ مُشہدا۔ آزاد؛
رَند (اُر۔اند) وہ موکھے اور سوراخ جو قلعہ کی دیوار یا شہر کی فصیل میں دشمن پر اندر سے گولیاں چلانے کے لیے رکھ لیا کرتے ہیں؛
رِندانہ (ف۔ا۔صف۔ تبرکیب تشبیہی رند کی طرح۔ آزادانہ۔ بدوضع۔ شہدا۔ لُچا؛
رُندنا (ہ فعل) رُندا جانا۔ کچلا جانا۔ پامال کیا جانا۔ روندن میں آنا۔
رَندنا (ہ۔فعل) لکڑی کو رَندہ سے صاف کرنا۔ رندہ کیا جانا؛
رَندہ (ف۔ا۔مذ) آلہ از رندیدن۔ لکڑی صاف کرنے کا اوزار۔ لکڑی ہموار کرنے کا آلہ؛



رَندہ

رَندہ پھیرنا۔ لکڑی چھیلنا؛
رِندھنا (ہ فعل) پکنا۔ کھانا تیار ہونا اُبلنا؛
رُندھنا (ہ فعل) پسنا۔ روندن میں آنا۔ پامال ہونا۔ اُمنڈنا۔ بھر آنا۔ مصروف ہونا؛
رُندھیر (ہ۔ا۔صف) دلیر۔ بہادر۔ شجاع۔ سورما۔ لڑائی میں مستقل رہنے والا؛
رِندی (ف۔ا۔مو۔ بیاے مصدری، رندپن۔ رند کا کام۔ بدکاری۔ مذہبی؛
رَنڈ (ہ۔مو) رانڈ عورت (مذکر) رنڈ کا درخت۔ دھڑ۔ جسم بے سر؛
رَنڈاپا (ہ۔ا۔مذ) بیوہ پن۔ بدھواپن۔ بیوہ ہونے کا زمانہ بے شوہری؛
رَنڈسالا (ہ۔مذ) رنڈاپے کا جوڑا۔ ماتمی لباس؛
رُنڈمُنڈ (ہ۔ا۔مذ) صفا چٹ۔ بھدا کئے ہوئے چار ابرو کا صفایا کئے ہوئے؛
رَنڈوا (ہ۔مذ) وہ مرد جس کی بیوی مرگئی ہو۔ مرد بے زوجہ۔ تحقیراً کورا۔ بن بیاہا۔ پست ہمت۔ کم حوصلہ کام چور۔
رَنڈوا بیل جی کا جلایا (ہ۔مثل) بے حوصلہ آدمی دل ہی دُکھاتا ہے کسی کا کام نہیں ہوتا؛
رَنڈوا بھنڈوا (ہ۔مذ) نگوڑا گھر۔ گھوڑا۔ خانہ خراب؛
رَنڈی (ہ۔ا۔مو) (رانڈی کا بگاڑ) عورت۔ زن۔ استری۔ کسبی بیسوا۔ کینچنی ناچنے والی۔ رقاصہ۔ فاحشہ۔ بازاری عورت؛
رَنڈی باز، عیاش۔ تماش بین؛
رَنڈی کا جوبن رکابی میں (اُر۔مثل) جو خرچ کرے لطف اٹھائے۔
رَنڈی کا یار سدا خوار (اُر۔مثل) رنڈی کا یار ہمیشہ مفلس رہتا ہے۔
رَنڈیا (ہ۔ا۔مو) رنڈی کی تحقیری تصغیر ہے۔ بیوہ۔ مصیبت زدہ۔ دُکھیارن۔
رنرزاپ (انگ۔مذ Runner-up) کھلاڑی جو آخری مقابلے میں پہنچ کر ہار جائے؛
رَنگ (ف۔ا۔مو) رنگت۔ روپ۔ بَرن۔ فام۔ لون۔ خون لہو۔ خمار نشہ۔ ناچ۔ راگ۔ گانا بجانا۔ عیش وعشرت۔ کھیل کود۔ لطف مزہ شغل۔ مشغلہ۔ طرز۔ روش۔ انداز۔ ڈھنگ طور۔ طریقہ ہمسر جوڑ۔ رونق؛ دھوم دھام۔ حال۔ حالت۔ کیفیت درجہ۔ بہار۔ جوبن۔ ہنسی مذاق۔ چہل۔ تماشا کی ہر ایک بازی کا نام۔ تماشا بیسر سماں چرچا۔ گونج۔ رونق وارنش خوبصورتی۔ چمک قسم۔ قانون مثل۔ مانند۔ نظیر۔ خوشی۔ خوش حالی۔ خرمی؛
رَنگ اُڑ جانا۔ یا اُڑنا۔ یا رنگ اُترنا (محاورہ) رنگت کا جاتا رہنا خوف یا غم وغیرہ سے رنگ زرد ہو جانا۔ رونق نہ رہنا۔ رنگ فق ہو جانا؛
رَنگ اُکھڑنا (ہ محاورہ) کسی محفل میں سماں نہ بندھنا۔ بدمزگی ہونا۔ مزا کرکرا ہونا۔ رنگ نہ جمنا؛
رَنگ آمیزی (ف۔مو۔ بیاے مصدری) رنگ کا کام۔ نقاشی۔ مصوری عبارت آرائی؛
رَنگ آنا (اُر۔ محاورہ) رنگ چڑھنا۔ رنگ پکڑنا۔ رونق آنا۔ نکھرنا۔ خوبصورتی بڑھنا؛
رَنگ بدلنا (اُر۔ محاورہ) رنگ پلٹنا۔ رنگ اُڑنا۔ حال بدلنا۔ ڈھنگ اور طرز بدلنا۔ کایا پلٹنا۔ بگڑنا۔ خفا ہونا۔ ناراض ہونا؛
رَنگ بَرَنگ کا (اُر۔ تابع فعل) طرح طرح کا۔ بھانت بھانت کا۔ ہر قسم کا۔ گوناگون؛
رَنگ بندھنا (اُر۔ محاورہ) رنگ پکڑنا۔ رونق ہونا۔ آراستہ ہونا۔ سجاوٹ ہونا؛
رنگ بھرپا (اُر۔مذ) مصور۔ نقاش۔
رنگ بھنگ کرنا۔ (اُر۔ محاورہ) مزہ کرکرا کرنا۔ لطف بگاڑنا۔
رَنگ بے رنگ ہونا۔ حالت خراب ہو جانا؛
رَنگ پاشی (ف۔مو۔ بیاے مصدری) رنگ کھیلنے کی رسم جو ہولی سے اگلے دن ہوتی ہے؛

رنگ پر آنا (اُر۔ محاورہ) چہرہ پر آنا۔ بہار پر آنا۔ رونق پر آنا۔ تیز ہونا۔ زوروں پر آنا۔

رنگ پر ہونا : رونق پر ہونا۔ پُر بہار ہونا۔

رنگ پکڑنا (اُر۔ محاورہ) رنگ آنا۔ رنگ چڑھنا۔ رنگ آنا۔ رنگین ہونا۔ چمکنا۔ تر و تازگی حاصل کرنا۔

رنگ پھیرنا۔ رنگ کرنا۔

رنگ پھیکا ہونا یا پڑنا (اُر۔ محاورہ) اُداس ہونا۔ محرم یا غیرت سے رنگ فق ہونا۔ بے تکلف ہونا۔

رنگ ٹپکنا (اُر۔ محاورہ) نور برسنا۔ روشنی جھلکنا۔ رنگ رِسنا ٹپکنا۔

رنگ جل جانا (محاورہ) خون کے سیاہ ہو جانے سے چہرے پر سیاہی چھا جانا۔ رنگ سانولا ہو جانا۔

رنگ جمانا (اُر۔ محاورہ) رنگ چڑھانا۔ رنگنا۔ بنیاد ڈالنا۔ ڈھب لگانا۔ رونق پکڑنا۔ بڑھنا۔ زینت پانا۔ رنگ گٹھنا۔ سماں بندھنا۔ آنکھوں میں کھُبنا۔ بھلا لگنا۔ سمانا۔ رنگ کی نرد کو خاطر خواہ کرنا۔

رنگ چڑھانا (محاورہ) رینی چڑھانا۔ رنگ نکالنے کی خاطر کسوم کو بھگو کر چڑھانا۔ رنگین کرنا۔ رنگنا۔ روغن کرنا۔ وارنش کرنا۔ رونق دار کرنا۔ سماں باندھنا۔ اپنا سا بنانا۔ اپنا مذہب اختیار کرانا۔ خدا شناسی کا مزا ڈالنا مخمور کرنا۔ کیفی بنانا۔

رنگ چڑھنا (اُر۔ محاورہ) رینی چڑھنا۔ رنگ قبول کرنا۔ رنگا جانا۔ رونق پر آنا۔ رنگ چمکنا۔ وارنش ہونا۔ معرفت میں رنگین ہونا۔ ہمرنگ ہونا۔ مخمور ہونا۔ نشیلا ہونا۔

رنگ چوکھا آنا۔ گہرا رنگ آنا۔

رنگ دگرگوں کرنا۔ خراب کیفیت پیدا کرنا۔ رنگ بدلنا۔

رنگ دار (ع۔ صف) فاعلی۔ رنگیلا چمکیلا۔ رنگین۔ رنگا ہوا۔

رنگ دکھانا یا۔ دکھلانا (اُر۔ محاورہ) غضب ڈھانا۔ آفت لانا۔ فتنہ برپا کرنا۔ بہار دکھانا۔ جوبن دکھانا۔ عیب لانا۔ بدعادت کا ظاہر کرنا۔ شعبدہ بازی دکھانا۔ جوہر دکھانا۔ ہنر ظاہر کرنا۔

رنگ دیکھنا (اُر۔ محاورہ) حالت دیکھنا۔ سیر کرنا۔ بہار دیکھنا۔ نتیجہ پر نظر ڈالنا۔ موقع دیکھنا۔ نرخ دیکھنا۔ کیفیت دیکھنا۔

رنگ دینا (اُر۔ محاورہ) رنگ کر دینا۔ بہار دکھانا۔ لطف دینا۔ مزہ دینا۔

رنگ ڈھنگ (اُر۔ مذ) چال چلن برتاؤ۔ سلوک۔ عادت۔ سبھاؤ۔ خصلت۔ حالت۔ کیفیت۔

رنگ رچانا (اُر۔ محاورہ) شادی رچانا۔ شادی کا کام شروع کرنا۔ رنگین کرنا۔

رنگ رچنا۔ رنگ کا بخوبی اثر کرنا۔

رنگ رس (ع۔ا۔مذ) خوش طبعی۔

رنگ رلیاں (ع۔ا۔ہ) عیش و نشاط۔ فرحت۔ سکھ۔ چین۔ ہنسی خوشی۔ مزہ۔ لطف۔ چہل۔ مذاق۔ حرکتیں۔ باتیں۔ کھلاڑیاں۔

رنگ رسیا (ع۔ مذ۔ صفت) عیشی پٹھا رنگیلا۔ عیش پرست۔ عیاش۔

رنگ روپ / **رنگ روغن** (مذ) آب و نان۔ چمک دمک۔ چہرا مہرا۔ خط و خال۔ حلیہ۔

رنگ ریز (ف۔ مذ) کپڑے رنگنے والا۔ نیلگر۔

رنگ زرد ہونا / **رنگ سفید ہونا** / **رنگ فق ہونا** / **رنگ کٹنا** (اُر۔ محاورہ) خون خشک ہونا۔ خوف یا غیرت یا بیماری کی وجہ سے چہرے کی سُرخی کا جاتا رہنا۔ کسی صدمے یا تکلیف یا خوف یا نزالت سے رنگ سفید ہو جانا۔

رنگ ساز (اُر۔ ا۔مذ) فاعل۔ رنگ کرنے والا۔ وارنش کرنے والا۔ نقاش۔ مصور۔ کیمیا گر۔ رنگ بنانے اور تیار کرنے والا۔

رنگ کاٹنا (اُر۔ محاورہ) رنگ دُور کرنا۔ کسی دوائی یا لٹھائی سے رنگ اُڑا دینا۔ حریف کے رنگ کی نرد کو مارنا۔ کسی کے جمے ہوئے اختیار کو اُٹھا دینا۔

رنگ کرنا (اُر۔ محاورہ) رنگنا۔ رنگ چڑھانا۔ رنگ پھیرنا۔ سفید بالوں کو خضاب سے سیاہ کرنا۔ خوشی میں بسر کرنا۔ خوشی منانا۔ جشن اُڑانا۔ مزے لُوٹنا۔

رنگ کھیلنا یا **ڈالنا** (ہ۔ محاورہ) ہولی کھیلنا۔ خوشی کے موقعہ پر آپس میں ایک دوسرے پر رنگ پھینکنا۔

رنگ کھلنا۔ چہرے پر یا کسی چیز پر رنگ نکھرنا۔

رنگ لانا (اُر۔ محاورہ) رنگ پکڑنا۔ رنگین ہونا۔ ناراض اور خفا ہونا۔ بگڑنا۔ نیا نیا روپ دکھانا۔ نئی نئی باتیں ظاہر کرنا۔ فساد ڈالنا۔ فتنہ برپا کرنا۔ واویلا کرنا۔ شور مچانا۔ مزا چکھانا۔ تماشا دکھانا۔ سزا دینا۔ گُل کھلانا۔ فریب ظاہر کرنا۔ دق کرنا۔ ستانا۔ اپنی اصل پر آنا۔ بدی ظاہر کرنا۔ ناز کرنا۔ خوشنمائی ظاہر کرنا۔

رنگ لینا۔ (محاورہ) اپنا سا کر لینا۔ اپنے پنتھ میں داخل کرنا۔ اپنے مذہب میں ملا لینا۔ ہمرنگ بنانا۔

رنگ مارنا۔ (اُر۔ محاورہ) حریف کے رنگ کی نرد مارنا۔ بازی جیتنا۔ حریف پر غالب آنا۔

رنگ ماند ہونا۔ رنگ پھیکا ہونا۔

رنگ محل۔ (ف) عیش کا گھر۔ امیروں اور بادشاہوں کے عیش منانے کا مکان۔ عشرت محل۔

رنگ ملنا۔ میل کھانا۔ یکساں ہونا۔

رنگ مٹانا۔ (اُر۔ محاورہ) بے رونق کر دینا۔ مذہبی جوش مٹا دینا۔

رنگ میں بھنگ ہونا۔ (محاورہ) خوشی میں غمی ہو جانا۔ لطف اور مزہ نہ رہنا۔ خوشی میں خرابی آنا۔

رنگ میں ڈوبنا۔ (اُر۔ محاورہ) عیش و نشاط میں غرق ہونا۔ شراب عرفان مستغرق ہونا۔ عارف کامل ہونا۔

رنگ نکالنا (اُ۔محاورہ) نکھرنا۔ صاف ہونا۔ جوبن پر آنا۔ رنگ بنانا۔ رنگ ٹھہرانا۔ جوبن نکالنا۔ رنگ روغن اور چمک دمک ظاہر کرنا۔ تس نکالنا۔

رنگ نکھرنا (اُ۔فعل) رنگ صاف ہونا۔ رنگ پر رونق آنا۔ جوبن بڑھنا۔ رنگ سُرخ و سپید ہونا۔

رنگ ہے (اُ۔محاورہ) شاباش ہے۔ آفرین ہے۔ مرحبا۔

رنگ (ہ۔ مذ) رانگ کا مخفف قلعی۔ رانگا۔

رنگ (انگ۔ا۔مذ۔ Ring) دائرہ گنڈی چکر۔ انگوٹھی۔

رنگ لیڈر (انگ۔مذ۔Ringleader) سرغنہ۔ باغیوں کا سرکردہ۔

رنگ رلیو۔ رونق۔ عیش و عشرت۔

رنگا رنگ (ف۔صفت) بالف الصال رنگ برنگ۔ طرح طرح کے رنگ کا مختلف رنگ کا۔

رنگا ہوا (ف۔صفت) ترکیب مفعولی۔ رنگین۔ عارف کامل۔ باخبر۔ داکر شاغل۔

رنگائی رنگوائی (اُ۔امو) معاوضہ۔ رنگوانے کی اُجرت۔

رنگت (اُ۔امو) چہرے کا رنگ۔ رنگ۔ روپ۔ حالت کیفیت کپڑے کے اُوپر کا رنگ۔

رنگت آنا۔ رنگ پکڑنا۔ رنگا جانا۔

رنگترہ (اُ۔اسم مذکر) سنترا۔ سنگترہ ایک قسم کی بڑی نارنگی۔ نارنج۔

رنگروٹ (انگ۔مذ۔ Recruit) سے بگاڑا ہوا ہے۔ نیا بھرتی کیا ہوا سپاہی نو آموز۔ بلندی۔

رنگنا (اُ۔فعل) رنگ کرنا۔ رنگ چڑھنا۔ عارف بنانا۔ ہمرنگ کرنا۔ اپنا سا بنانا۔

رنگوانا یا رنگانا (اُ۔فعل) رنگ کروانا۔ رنگت چڑھوانا۔

رنگیلا (اُ۔صفت۔ترکیب فاعلی) رنگ والا۔ رنگین۔ بانکا۔ خوش پوش۔ زندہ دل۔ عیاش۔

رنگین (ف۔صفت) بن نسبتی۔ رنگا ہوا۔ رنگیلا۔ رنگ دار۔ خوش طبع۔ سجا ہوا۔ سرخ رنگ گلرنگ۔ رنگ برنگ کا۔

رنگین ادا (ف۔اسم صفت فاعلی) نئے نئے انداز اور نئی نئی وضع نکالنے والا۔ طرحدار۔ خوش ادا۔

رنگین مزاج (ف۔صفت فاعلی) ہنس مکھ۔ خوش مزاج۔ زندہ دل۔ رنگیلا۔ خوش طبع۔

رنگینی (ف۔مو۔ بیائے مصدری) بناؤ سنگار۔ آرائش۔ آرائش زیبائش۔ بھڑک۔ بانکپن۔ چھبیلا پن۔ خوش طبعی۔ تلون۔ بے استقلالی۔

رنگینیٔ سخن۔ رنگین کلامی۔

رننگ کمنٹری (انگ۔ا۔مذ) (Running Commentary) فی البدیہہ آنکھوں دیکھا حال بیان کرنا

رن وے (انگ۔مذ۔ Runway) ہوائی جہازوں کے اُترنے اور چڑھنے کی جگہ۔

ر ۔ و

رُو (اُ۔مذ) پانی کا بہاؤ۔ سیل۔ سیلاب۔ دھار۔ جوش۔ غصہ۔ دُھن خیال۔ بھیڑ۔ لشکر۔ فوج۔ انبوہ۔

رُو (ف۔اسم مذکر و مونث) چہرا مُکھڑا۔ رُخ۔ شکل صورت۔ سامنا۔ آگاہ۔ سبب۔ وجہ۔ باعث۔ رعایت۔ لحاظ۔ اُمید۔ تمنا۔ لساط۔

رَو (ف۔صفت) مصدر رفتن کا اسم فاعل بھی آنے والا جیب کہ خود رَو۔

رُوبرو۔ آمنے سامنے۔ مقابل۔

رُوبکار (مذ) عدالتی حکم۔ پروانہ۔

رُوبہ صحت صحت کی طرف مائل۔

رُوبل (روسی) روس کا ایک سکہ۔ Rouble

رُوبوٹ (انگ۔ا۔مذ۔Robot) کل کا آدمی مشینی آدمی۔ مشین کا بنا ہوا آدمی۔

رُوپوش (ف۔صف۔ ترکیب فاعلی) منہ چھپائے ہوئے۔ پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔ بھاگا ہوا۔ مفرور۔

رُوپوش ہونا (اُ) چھپا لگنا۔ غائب ہونا۔ فرار ہونا۔ مخفی ہونا۔

رُوپوار (اُ۔صفت۔ فاعلی) خوبصورت وجیہ جوان۔ شکیل۔ وضعدار۔ معزز۔ ممتاز۔

رُوداد مقدمہ۔ عدالت کی کاروائی۔

رُودار۔ خوبصورت شکیل۔

رُو در رُو کسی کے رُوبرو۔ کسی کے منہ پر۔

رُورعایت (ف۔امو) پیچ طرفداری۔ لحاظ۔ پاسداری۔ پاس خاطر۔

رُوسیاہ (ف۔صفت فاعلی) کالے منہ والا۔ گنہگار۔ عاصی۔ ذلیل۔ بے عزت۔ کم بخت۔ بدنصیب۔ نالائق۔

رُوسیاہ ہونا (اُ۔محاورہ) کلنک کا ٹیکا لگنا۔ بدنام ہونا۔ رسوا ہونا۔ ذلیل ہونا۔

رُوسیاہی (ف۔امذ۔ بیائے مصدری) بدنامی۔ رسوائی۔ ذلت۔ داغ۔

رُوشناس (ف۔مذ) آشنا۔ واقف۔ جان پہچان والا۔

رُوشناسی (ف۔امو۔ بیائے مصدری) ملاقات۔ واقفیت۔ جان پہچان۔ صاحب سلامت۔ علیک۔ سلیک۔

رُوکش (ف۔ فاعل۔ سماعی) شرمندہ کرنے والا۔ مقابل۔ ثانی۔ ہمسر۔ نظیر۔ مشابہ۔

رُوکش ہونا (اُ۔فعل) رُوبرو ہونا۔ سامنے ہونا۔ مقابل ہونا۔ شرمندہ کرنا۔

رُوگرداں (ف۔صفت ترکیب فاعلی) اکتا ہوا۔ منہ پھیرنے والا۔ منہ

موڑ لینے والا۔ لوٹا ہوا۔
رُوگردانی۔ (مو) انحراف۔ مُنہ پھیر لینا۔
رُومال (ا۔ مذ) مُنہ پونچھنے کا کپڑا۔ تلوار کا پھل۔
رُومال جھلنا۔ ہوا دینے یا مکھیاں اُڑانے کے لیے رومال ہلانا۔
رُومالی۔ (مو) اوڑھنی۔ میانی کا کپڑا جانگیا۔ وہ سہ گوشہ کپڑا جو ورزش کے وقت پہنتے ہیں مگدر کی ایک ورزش۔ گلوبند۔ ایک قسم کا کبوتر۔
رُومالی سوّیاں۔ بہت باریک سویاں۔
رُونما۔ جو مُنہ دکھائے۔
رُوئے زمین۔ زمین کی سطح۔
رُوئے سخن۔ بات کا رُخ۔
رُویش بیش حالش مپُرس (مثل) صورت دیکھنے سے حال ظاہر ہے۔ دریافت کرنے کی ضرورت کیا۔
رُونمائی (ف۔ مو۔ بیاے مصدری) سلامی۔ وہ نقدی جو دُلہن کا مُنہ دیکھ کر اس کے خاوند کی رشتہ دار عورتیں دیا کرتی ہیں۔
رَوا (ہ۔ مذ) سوجی۔ بارود کا دانہ چاندی یا سونے کا ذرہ۔ ریت کا ذرہ۔ دانہ۔ ذرہ۔ مصری یا گُڑ کا دانہ۔ رُونا چھرا جو جھانجھن وغیرہ میں بجنے کے لیے لگاتے ہیں۔
رَوا۔ (ف۔ صف) جائز۔ مباح۔ درست ٹھیک۔ حلال۔ رائج۔ مروج جاری۔
رَوا جاننا۔ یا سمجھنا (اُ۔ فعل) جائز ماننا۔ حلال جاننا۔ درست سمجھنا۔
رَوادار (ف۔ صفت۔ فاعلی) ساتھی قبول کرنے والا۔ خیر خواہ۔ ہوا خواہ خواہاں۔ لاگو۔
رَوادار نہ ہونا (اُ۔ فعل) ساتھی نہ ہونا۔ طرفدار نہ ہونا۔ تعلق نہ رکھنا۔ خواہاں نہ ہونا۔
رَوا رکھنا (اُ۔ فعل) جائز رکھنا۔ قبول کرنا۔ ماننا۔ مناسب جاننا۔
رَوابط (ع۔ ا۔ مذ) تعلقات۔ رابطے کی جمع۔
رَواج (ع۔ ا۔ مذ) ریت۔ رسم۔ قاعدہ قانون۔ ضابطہ۔ معمول عام طریقہ یا دستور (بحالت صفت) رسمی۔ معمولی۔ مروج۔ چلن کے موافق۔
رَواج پانا۔ یا پکڑنا۔ یا پڑنا (اُ۔ فعل) جاری ہونا۔ چلن ہونا۔ رسم پڑنا۔ رائج ہونا۔
رَواج دار (ف۔ اسم صفت۔ فاعلی) رسمی معمولی۔ چلن کے موافق۔ مروج۔
رَواج دینا (اُ۔ فعل) جاری کرنا۔ رسم ڈالنا۔ پھیلانا۔
رَواج ملک (ع۔ ا۔ مذ) ملک کا دستور قانون ملکی۔ ملک کا چلن۔
رَواروی (ف۔ ا۔ مو) جلدی۔ شتابی۔ بڑبڑاہٹ۔ گھبراہٹ۔ سرسری۔ ہل چل۔ بھاگڑ۔
رواس (ہ۔ مو) رونے کی خواہش دل کا رونے کی طرف راغب ہونا۔
رُواسا۔ یا رُوانسا (ہ۔ مذ۔ فاعل) رونے کے قریب رونے والا بے حد رنجیدہ۔ نہایت ناراض۔
رُواسن (ہ۔ مذ) ایک درخت کا نام جس کے بیج اور پتے اکثر دوا میں پڑتے ہیں۔
رُوال (ہ۔ مذ) چاندی یا سونے کا ذرہ۔ روا۔
رُواں (ہ۔ مذ) رونگٹا۔ باریک بال۔ نرم نرم بال۔ پشم۔ پشمینہ۔ باریک پشم تر کاری یا پھل کے اُوپر کا باریک خار۔
رُواں اُترنا (ہ۔ فعل) بال گرنا۔ بال جھڑنا۔ بال اُترنا۔
رُواں بدلنا (ہ۔ فعل) کینچلی جھاڑنا۔ جانور کا بال جھاڑنا۔ رونگ گرانا۔ پر پرزے جھاڑنا۔
رُواں رُواں دعا دیتا ہے۔ (اُ۔ محاورہ) نہایت متشکر گزار ہوں۔ بال بال سے دُعا نکلتی ہے۔
رُواں رُواں کانپنا (اُ۔ محاورہ) نہایت ڈرنا۔ تھر تھر کانپنا۔ جسم میں لرزہ ہونا۔
رُواں میلا نہ ہونا (محاورہ) بال بیکا نہ ہونا۔ ذرا تکلیف نہ ہونا۔ کسی طرح کا رنج یا صدمہ نہ پہنچنا۔
رَواں (ف۔ صفت) بصیغہ اسم حالیہ جاری۔ بہتا ہوا۔ تیز۔ بُرّاں۔ معنی کے بغیر کتاب کا پڑھنا۔ چلنا۔ رخصت۔ موجودہ۔ چلتا ہوا۔
رَواں دَواں پھرنا (اُ۔ محاورہ) آوارہ پھرنا۔ نکما پھرنا۔ مارا مارا پھرنا۔ آوارہ گرد ہونا۔ خراب و خستہ پھرنا۔ بیکار پھرنا۔
رَواں ہونا (اُ۔ فعل) جاری ہونا۔ تیز ہونا۔ زبان پر چڑھنا مشق ہونا۔ روانہ ہونا۔ چلنا بننا۔
رُوئیں دار وہ چیز جس میں روئیں ہوں۔
رُوانسا (ہ۔ صفت) رونے پر آمادہ۔
رَوانگی (ف۔ ا۔ مو) روانہ ہونا۔ ارسال۔ چالان۔
رَوانگی چھٹی (ف۔ ا۔ مو) راہ داری کا پروانہ۔
رَوانہ ہونا (اُ۔ فعل) بھیجا جانا۔ سدھارنا۔ رخصت ہونا۔ مرجانا۔ وفات پانا۔ فوت ہونا۔
رَوانی (ف۔ مو) بیاے مصدری۔ بہاؤ۔ تیزی۔
رَوانی (ف۔ مو) پورا کرنا۔ نافذ کرنا۔ مرکبات میں جیسے حاجت روائی۔
روایت (ع۔ ا۔ مو) پرانا ذکر۔ قصہ۔ سرگذشت۔ بیان۔ ذکر۔ حکایت۔ اظہار کسی بات کی نقل۔
روایات (ع۔ ا۔ مو) روایت کی جمع۔
رُوباہ (ف۔ مو) لومڑی۔ بزدل۔
رُوباہ بازی (ف۔ مو۔ بیاے مصدری) مکاری۔ فریب بازی۔ دھوکہ بازی۔
رُوبراہ (ف۔ صفت۔ ترکیب فاعلی) درست اصلاح شدہ۔ تیار مستعد لیس۔ کمربستہ۔
رُوبرو (ف۔ تابع فعل) سامنے۔ مقابل۔ پیش رُو۔ آمنے سامنے۔
رُوبرو کرنا۔ (اُ۔ فعل) سامنے کرنا۔ مقابل کرنا۔ سپرد کرنا۔ ہاتھ پکڑنا۔ پردہ اٹھانا۔ صورت دکھانا۔ پیش کرنا۔ حاضر کرنا۔

رُوبرو لانا (اُرد۔فعل) پیش کرنا۔ آگے لانا۔ حاضر کرنا۔ سامنے لانا۔
رُوبکار (ف۔اسم۔مذ) پروانہ عدالت۔ فیصلہ عدالت۔ پیشی۔ سامنا۔
رُوبکاری (ف۔مو۔بیائے مصدری) پیشی مقدمہ۔ مقدمہ کی کارروائی۔
روبل (روسی۔مذ) روس کا سکہ۔
روبوٹ (انگ۔مذ) مشین کا بنا ہوا آدمی۔
روبیٹھنا۔ (اُرد۔فعل) کھو بیٹھنا۔ اکارت کر دینا۔ ضائع کر دینا۔ ناامید ہونا۔ مایوس ہونا۔
رُوپ (ہ۔ا۔مذ) حسن۔ خوبصورتی۔ جوبن۔ صورت شکل چہرا مہرا۔ منہ مکھڑا طور ڈھنگ۔ وضع۔ جوانی۔ تصویر۔ مورت۔ رونق۔ آب و تاب چمک دمک۔ جلوہ۔ تجلی۔ سوانگ۔ روپا یعنی چاندی کا مخفف۔ بھیس۔
رُوپ بدلنا (ہ۔فعل) بھیس بدلنا۔ شکل صورت اور وضع قطع کا تغیر کرنا۔
رُوپ بگاڑنا۔ (ہ۔فعل) بدشکل کر دینا۔ چہرہ بگاڑنا۔ بے رونق کرنا۔
رُوپ بنانا یا بھرنا (ہ۔فعل) جوبن سنوارنا۔ حُسن بنانا۔ صورت بدلنا۔ سوانگ بھرنا۔ ہیئت درست کرنا۔ شکل و صورت ٹھیک کرنا۔
رُوپ بدلنا۔ بھیس بدلنا۔
رُوپ بھرنا سوانگ بھرنا۔ صورت بدلنا۔
رُوپ رس (ہ۔ا۔مذ) چاندی کی کسی چیز کا نظارہ۔ دیدار۔ نقرہ۔ نذر۔ سیم۔
رُوپ رس (ہ۔ا۔مذ) کشتہ نقرہ۔ چاندی کشتہ۔
رُوپ دکھانا (ہ۔فعل) دیدار دکھانا۔ درشن دینا۔ شکل دکھانا۔
رُوپ روئے کرم کھائے } (مثل۔ہ) بدنصیب حسین مصیبت
رُوپ روئیں بھاگ کھائیں } بھرتے ہیں اور خوش قسمت بدصورت عیش و عشرت کرتے ہیں۔
رُوپ وان یا رُوپ ونت (ہ۔صفت۔فاعلی) حسین۔ خوبصورت۔ سُتھرا۔ سوہنا۔
رُوپ ونتی (ہ۔ا۔مو) حسینہ۔ جمیلہ۔ خوبصورت۔ سوہنی۔
رُوپا (ہ۔ا۔مذ) چاندی۔ سیم۔ نقرہ۔ زیورات بنانے کی ایک سفید قیمتی دھات۔ چھوندر۔
روپڑنا (ہ۔فعل) ناراض ہونا۔ بسورنے لگنا۔ روانسا ہو جانا۔ رونکھا ہو جانا۔
رُوپلی (ہ۔مو) حقارتاً روپیہ۔
رُوپنا (ہ۔ا۔مو) منگنی۔ نسبت منگنی کا نشان۔
رُوپہلا (ہ۔ا۔مذ) صفت نسبتی } منسوب بہ روپیہ۔ چاندی کا۔ سفید
رُوپہلی (ہ۔ا۔مو) صفت نسبتی } نقرئی۔
رُوپے (ہ۔ا۔مذ) روپیہ کی جمع۔ بہت سے روپئے۔
رُوپے والا۔ (ہ۔ا۔مذ) فاعل۔ دولتمند۔ امیر۔ مالدار۔
رُوپے کو رُوپیہ کماتا ہے۔ روپیہ خرچ کرنے سے اور روپیہ وصول ہوتا ہے۔

رُوپے کے چار آنے، سخت گھاٹا پڑنا۔
رُوپیا۔ یا رُوپیہ (ہ۔ا۔مذ) چاندی کا بنا ہوا ایک سکہ۔ سولہ آنے کی برابر گیارہ ماشہ وزنی چاندی ۱۰۰ پیسے کے برابر۔
رُوپیہ بھنانا۔ یا تڑوانا۔ یا خردہ کرانا۔ روپیہ کو ریزگاری میں بدلنا۔
رُوپیہ پیسا (ہ۔ا۔مذ) دھن دولت مال و زر۔
رُوپیہ پر تھن بار بار۔ آدمی پر تھن ایکبار (ہ۔مثل) روپے کو بار بار اور آدمی کو ایک ہی دفعہ آزمانا کافی ہوتا ہے۔
رُوپیہ پیسا۔ ہاتھ کی میل ہے (اُرد۔مثل) دولت قابل قدر چیز نہیں
رُوپیہ ٹھیکری یا کنکریاں کرنا۔ یا۔ کر دینا۔ (ہ۔محاورہ) فضول خرچی یا بیماری میں بکثرت روپیہ خرچ کر ڈالنا۔ اسراف کرنا۔
روتی صورت (اُرد۔صفت۔ترکیب مفعولی) ہر وقت اداس اور غمناک آدمی۔ غم کی تصویر۔
روتے کیوں ہو صورت ہی ایسی ہے (اُرد۔مثل) پیدائش سے ہی دُکھیا پیدا ہونے منحوس صورت ہے۔
روتے گئے موئے کی خبر لائے (اُرد۔کہاوت) جس بدشگونی سے گئے تھے ویسی بدخبر لائے۔ بادلِ ناخواستہ کام کرنے والے کی نسبت حقارتاً بولا کرتے ہیں۔
روٹ یا۔ روٹا (ہ۔ا۔مذ) بڑی روٹی موٹی روٹی۔
روٹری کلب (انگ۔مذ) ایک فلاحی انجمن جس کی شاخیں دنیا کے بہت سے ممالک میں ہیں۔ Rotary Club
رُوٹھا (ہ۔صفت۔ترکیب مفعولی) ناراض۔ خفا۔ آزردہ۔ رنجیدہ۔
رُوٹھا راٹھی (ہ۔مو) ان بن۔ شکر رنجی۔ رنجیدگی۔ آزردگی۔
رُوٹھنا (ہ۔فعل) ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ کشیدہ خاطر ہونا۔ بگڑنا۔ آزردہ ہونا۔
رُوٹھے کو منانیئے پھٹے کو سلائیے (ہ۔مثل) صلح اور اتحاد رکھنا بہرحال بہتر ہے۔
روٹی (ہ۔ا۔مو) نان۔ چپاتی۔ پھلکا۔ ان۔ اناج۔ رزق۔ مُردے کے چہلم کا کھانا۔
روٹی اُڑجانا۔ رزق کی تنگی ہو جانا۔
روٹی بنانا (ہ۔فعل) (ہندو) رسوئی کرنا۔ روٹی پکانا۔
روٹی پر روٹی رکھ کر کھانا۔ (ہ۔فعل) بافراغت اور آسودگی سے کھانا۔
روٹی پونا (ہ۔فعل) روٹی پکانا۔ رسوئی بنانا۔
روٹی دینا (ہ۔فعل) کھانا کھلانا۔ دعوت دینا۔ کھانا دینا۔ پالنا۔
روٹی دال سے خوش۔ آسودہ حال۔
روٹی کا مارا (ہ۔مذ۔صفت مفعولی) کنگال۔ بھوکا۔ فاقہ زدہ۔
روٹی کپڑا (ہ۔ا۔مذ) کھانے پہننے کا خرچ۔ نان و نفقہ۔
روٹی کرنا (ہ۔فعل) روٹی پکانا۔ دعوت دینا۔ ضیافت کھلانا۔
روٹی کو رونا (ہ۔محاورہ) بھوکوں مرنا۔ روٹی کی تلاش کرنا۔ روٹی نہ ملنے کا افسوس۔

کرنا۔
روٹی والا (ہ۔ مذ۔ فاعل) نانبائی۔ روٹی پکانے اور بیچنے والا۔
روٹیاں توڑنا۔ یا اُدھیڑنا (ہ محاورہ) دوسرے کے سر کھانا۔ مفت کی روٹیاں کھانا۔
روٹیاں لگنا (ہ محاورہ) تنور میں روٹیاں پکنا۔ اوچھے کا فراغبالی پر اترانا۔ تنگی کے زمانہ کو بھول کر غرور کرنا۔ پیٹ بھرنا۔ شامت یا بدبختی آنا۔
روٹیوں پر پڑنا (ہ۔ محاورہ) دوسرے کے گھر روٹی کے لالچ پر رہنا۔ دوسرے کی روٹیوں پر رہنا۔ طفیلی بننا۔
روٹیوں کا مارا (ہ۔ صفت) مفلوک بھوکا۔ کنگال۔ فاقہ زدہ (بصورت تابع فعل) کھانے کی وجہ سے روٹیوں کے باعث۔ روٹیوں کے سبب سے۔
روٹین (Routine) معمول کا کام۔ روز کا کام۔ دستور۔ قاعدہ۔ ضابطہ۔
رُوجی۔ روجیاں (ہ۔ مذ) وہ کیڑے جو پرندے کے پروں میں پیدا ہوتے ہیں۔
رُوح (ع۔ ا۔ مو) جان۔ پران۔ آتما۔ امر الٰہی۔ طبیوں کے نزدیک لطیف بخارات جو زندگی کا باعث ہیں۔ دل۔ من۔ قلب۔ نیت۔ اندرونی خواہش۔ سست۔ لب لباب۔ عطر۔ خلاصہ۔ جوہر۔ تازگی۔
رُوح افزا (عف۔ صفت۔ فاعلی) تازگی بڑھانے والا۔ فرحت بخش۔ مفرح۔
رُوح الامین (ع۔ مذ) جبرائیل علیہ السلام کا لقب ہے۔ امانت دار روح۔
رُوح القدس (ع۔ ا۔ مذ) پاک روح مسلمان حضرت جبرائیل کو اور عیسائی حضرت عیسےٰ کو سمجھتے ہیں۔
رُوح اللہ (ع۔ ا۔ مذ) حضرت عیسےٰ علیہ السلام کا لقب۔
رُوح بھٹکنا (اُ۔ فعل) روح کا مشتاق ہونا۔ کسی کے دیدار یا ملاقات کو بہت جی چاہنا۔ روح کا آمد و رفت رکھنا۔ منڈلانا۔
رُوح پرواز کرنا۔ (اُ۔ محاورہ) جان نکلنا۔ خوف سے دم نکلنا۔ جان ہوا ہو جانا۔ رعب چھانا۔
رُوح پھونکنا۔ کسی چیز میں جان ڈالنا۔ رونق دینا۔
رُوح فرسا۔ روح کو تباہ کرنے والا۔ خوفناک۔
رُوح کانپنا۔ یا۔ تھرانا (اُ۔ محاورہ) ڈرنا۔ خوف کھانا۔ ہیبت الٰہی سے دل لرزنا۔
رُوح کھینچنا (اُ۔ محاورہ) عطر نکالنا۔ ست نکالنا۔ جوہر نکالنا۔ جان قبض کرنا۔
رُوح نکالنا (محاورہ) مار ڈالنا۔ روح قبض کرنا۔ دم نکالنا۔ عطر کھینچنا ست نکالنا۔
رُوح و رواں (ہ) وہ شخص جس پر کسی کام کا مدار ہو۔
رُوحی فداک۔ میری روح تجھ پر فدا ہو۔ رسول خدا کے لیے کہا جاتا ہے
رُوحانی (ع۔ صفت) نسبتی۔ روح سے نسبت رکھنے والی چیز۔ پاک صاف۔ مقدس۔ تازہ۔
رُوحانیت (ع۔ ا۔ مو) روحی قوت یا خاصیت۔
رُود (ف۔ ا۔ مذ) ندی۔ نہر۔ نالا۔
رُود بار۔ وہ مقام جہاں سے بہت سی نہریں جاری ہوں۔ پانی کا وہ بڑا حصہ جو عموماً آبپاشی سے بچ رہتا ہے اور دریا سمندروں کو ملاتا ہے۔ (جیسے رُود بار انگلستان۔
رُوداد (ف۔ ا۔ مو) ترکیب مفعولی۔ حالت۔ حقیقت۔ کیفیت۔ مقدمہ کی مسل۔ روبکار۔ سرگزشت۔
رُوداد مقدمہ (ف۔ ا۔ مو) عدالت کی کارروائی۔ مقدمہ کی کیفیت۔
رُودہ (ف۔ ا۔ مذ) انتڑی ساز کی تانت۔ بیل یا درخت کی شاخ۔
رو رو دینا (ہ) عاجز آجانا۔ نہایت پریشان ہونا۔
رو رو کے کاٹنا (ہ) مصیبت کے ساتھ گزارنا۔ بمشکل بسر اوقات ہونا۔
رو دینا (اُ۔ فعل) رونے لگنا۔ آنسو ڈبڈبانا۔ دل تھوڑا کرنا۔ ہمت ہارنا۔ جی چھوڑنا۔ ہار ماننا۔ پیچ اٹھنا۔ کسی چیز کا جلد نکما ہو جانا۔ پائدار نہ ہونا۔
روڈ (انگ۔ ا۔ مو۔ Road) سڑک۔ راستہ۔ شارع عام۔
روڈ (انگ۔ مذ) ساڑھے پانچ گز کا پیمانہ۔ جریب۔ ایکڑ کی چوتھائی۔ بتیس بیسوے۔
روڈا (ہ۔ صفت) سر منڈا۔ گھوٹ موٹ سر کرایا ہوا۔ منڈے سر والا۔
رو رو کے (ہ۔ تابع فعل) بڑی مشکل سے۔ بصد وقت۔ نہایت مصیبت سے۔ پیٹ پیٹ کے۔
روڑا (ہ۔ ا۔ مذ) اینٹ کا ٹکڑا۔ پتھر کا ٹکڑا۔ سنگریزہ۔ مشرقی پنجاب میں کھتریوں کا مستعمل برتن۔ اونے۔ ٹھوکروں میں آنے والا۔ پرانا باشندہ۔ مزاحم سد راہ۔
رُوڑھا (ہ۔ صفت) بڑا ہوا۔ مستعمل گندا۔ میلا۔ گستاخ بے ادب بے ڈول۔ ان پڑھ۔ اُجڈ۔ اکھڑ۔ کھردرا۔ نہایت کج خلق۔ روکھا خشک طبع بے تمیز۔
رُوڑھا پھوڑا (ہ۔ صفت) گندا۔ میلا۔ بے تمیز۔ بد سلیقہ۔
رُوڑھی (ہ۔ مو۔ صفت) رُوڑھا کی مونث۔ اسم جامد۔ غیر مشتق۔
روڑی (ہ۔ ا۔ مو) روڑا کی تانیث۔ سڑکوں پر بچھانے اور کوٹ کر پکا کرنے کے لیے اینٹ۔ پتھر وغیرہ کے ٹکڑے۔ سنگریزہ۔
روز (ف۔ مذ) ظرف زمان۔ دن۔ یوم وار۔ تاریخ۔ تنخواہ۔ روزینہ مزدوری۔ اجرت۔ یومیہ۔ مرنے کا دن۔ تاریخ وفات۔ سدا۔ نت۔ ہمیشہ۔ سر روز۔ سورج۔ آفتاب۔
روز استفتاح۔ خوشی کا دن۔ رجب کی پندرہ تاریخ۔
روز افزوں (ف۔ صفت۔ فاعلی) دن بدن زیادہ۔ دن دونا۔ روز افزوں ترقی۔ آئے دن زیادہ۔
روز الست۔ وہ دن جب خدا اور انسان کے درمیان معاہدہ ہوا تھا۔

روزانہ اف۔ تابع فعل) ہر روز۔ نت ہمیشہ۔ سدا۔ یومیہ۔
روزینہ۔
روز بٹنا (اُر۔ فعل) مزدوری تقسیم ہونا۔ اُجرت ملنا۔ چٹھا بٹنا۔
روز بد دکھانا۔ پریشانی میں ڈالنا۔
روز بروز اف، صفت بیائے اتصال دن بدن۔ ہر روز۔
روز پسیں (ف۔ مذ) عمر کا آخری دن قیامت کا دن۔
روز جزا۔ یا۔ روز داد (ف۔ مذ) انصاف کا دن۔ قیامت کے دن سے مراد ہے۔
روز جنگ (ف ا مذ) دھاوے کا دن۔ لڑائی کا دن۔ روز میدان۔ جدھ وار۔
روز حشر۔ یا قیامت۔ یا حساب (ع۔ ا۔ مذ) دُنیا کے فنا ہونے اور اس کے دوبارہ پیدا ہونے اور اپنے اپنے عملوں کے حساب دینے کا دن۔
روز روز (اُر۔ اسم صفت) ہر روز، ہمیشہ۔ آئے دن۔ مدام۔ دائم۔
روز سیاہ (ف۔ مذ) روز بد۔ مصیبت کا دن۔
روز سیاہ دیکھنا (مصیبت میں مبتلا ہونا۔
روز روشن (ف ا مذ) عین دن میں۔ دن دھاڑے۔ چمکتے دن میں۔
روز شمار (ف ا مذ) حساب کتاب کا دن۔ قیامت کا دن۔
روز و شب (ف ا مذ) دن رات۔ رات دن۔ ہمیشہ۔ سدا۔ نت۔
روز قیامت (ف۔ مذ) دیکھئے روز حشر۔
روز ولادت (ف۔ مذ کر) پیدا ہونے کا دن۔ دُنیا میں آنے کا دن۔ پیدائش کا دن۔ جنم تتھ۔ سالگرہ۔
رُوزگار (ف ا مذ) وقت۔ زمانہ۔ عالم۔ دُنیا۔ جہان۔ مدت۔ عرصہ نوکری۔ ملازمت۔ کام دھندا۔
رُوزگار اور دشمن بار بار نہیں ملتا یا پھنستا (اُر۔ مثل) وقت اور موقع کبھی کبھی ملا کرتا ہے۔ ہاتھ سے جانے نہ دینا چاہئے۔ شاید دوبارہ ملے یا نہ۔
رُوزگار پیشہ (اُر۔ مذ) نوکری پیشہ۔ چاکری کا کام کرنے والا۔ نوکری کا ہی کام کرنے والا۔
رُوزگار چمکنا (اُر۔ محاورہ) قسمت کا یاور ہونا۔
رُوزگار چھوٹنا (اُر۔ محاورہ) روزگار جاتا رہنا۔
رُوزگار کرنا (اُر۔ محاورہ) نوکری کرنا۔ ملازمت کرنا۔ تجارت کرنا۔ دھندا کرنا۔
رُوزگار لگنا (اُر۔ محاورہ) نوکر ہونا۔ کام سر لگنا۔ مزدوری لگنا۔
روزمرّہ (ف۔ صفت) ہر روز۔ ہمیشہ بلا ناغہ۔ آئے دن بحالت اسم مذکر۔ بول چال۔ بات چیت۔ اصطلاح۔ نکیہ کلام۔
روز محشر۔ (ف۔ مذ) روز حساب۔ قیامت کا دن۔
روزنامچہ (ف۔ ا۔ مذ) روز کا حساب کتاب لکھنے کی کتاب۔ روزانہ رپورٹ۔
روزنامہ (ف۔ ا۔ مذ) ہر روز کا اخبار۔ وہ اخبار جس میں ہر روز کی خبریں ہوں۔
روزہ (ف۔ ا۔ مذ) فاقہ صبح صادق سے غروب آفتاب تک کھانے پینے سے رُکنا۔
روزہ کشائی۔ (ف ا مؤ) افطاری۔ روزہ کھلائی کی تقریب۔
روزہ کھانا (اُر۔ محاورہ) روزہ کے دنوں میں کوئی روزہ نہ رکھنا۔
روزہ کھولنا (اُر۔ محاورہ) روزہ افطار کرنا۔ بندش توڑنا۔ دن پچھیے پر کھانا پینا۔
روزہ خور (ف ا مذ) روزہ نہ رکھنے والا۔
روزی (ف ا مؤ) ہر روز کی خوراک روٹی۔ اَن۔ رزق۔ ملازمت۔ نوکری روزگار۔
روزی بڈارنا (اُر۔ ا مذ) فاعل۔ رزق کو لات مارنا۔ نکھٹو۔ نکمّا۔ ناشکرا۔ دشمن رزق۔
روزی رساں (ف۔ مذ۔ فاعل ترکیبی) روزی پہنچانے والا۔ رزّاق۔ رازق۔ پروردگار۔
روزی کا ٹھیکرا (اُر۔ مذ) روزی کا ذریعہ۔
روزی کی مار (اُر۔ محاورہ) روزی کی تکلیف۔
رُوزینہ (ف ا مذ) روزمرہ کا خرچ۔ یومیہ مزدوری۔ روزنداری۔ ماہانہ تنخواہ۔ وظیفہ۔ پنشن۔ مشاہرہ۔ علوفہ۔
رُوزینہ دار (ف + مذ) فاعل ترکیبی تنخواہ دار۔ مزدور۔ وظیفہ خوار۔
روزے بخشوانے گئے تھے نماز گلے پڑی (اُر۔ مثل) ایک آفت سے بچنے کی کوشش کی تھی دوسری میں پھنسے۔
روزے خور خدا کا چور۔ (اُر۔ مثل) جو شخص روزے نہیں رکھتا وہ خدا کا گنہگار ہے۔
روزے رکھیں نہ نماز پڑھیں سحری بھی نہ کھائیں تو کافر ہو جائیں۔ (اُر۔ معقولہ) نفس پرستوں کا مقولہ ہے۔
رُؤسا (ع۔ مذ) رئیس کی جمع۔ سردار لوگ بڑے بڑے آدمی۔ عمائد۔
رُوستا (ف ا مذ) کسان۔ زمیندار۔ گاؤں کا رہنے والا۔
رُوسٹانا (ہ۔ فعل) روٹھنا۔ خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔
رَوِش (ف ا مؤ۔ حاصل مصدر از رفتن) چال۔ رفتار۔ ڈھنگ۔ طرز۔ طریقہ۔ طور۔ باغ کی پٹڑی۔ چمن میں چلنے پھرنے کا رستہ۔
رَوِش باندھنا (اُر۔ محاورہ) باغ کی پٹڑی بنانا۔
رَوشن (ف۔ صفت) چمکیلا۔ چمکتا ہوا۔ چمکدار۔ تابان۔ درخشاں مجلّا۔ کھلا۔ فراخ۔ کشادہ۔ ظاہر۔ پرگھٹ۔ عیاں۔ واضح۔
رَوشن بھر۔ (ف۔ صفت) جسکی نظر بہت تیز ہو۔ تیز نظر۔
رَوشن تاب۔ (ف۔ صفت) چمکنے والا۔ درخشاں۔
رَوشن جبیں۔ (ف۔ صفت) حسین۔ خوبصورت۔
رَوشن جمال۔ (ف۔ صفت) خوبصورت چہرے والا حسین۔
رَوشن چراغ۔ (ف ا مذ) ایرانی موسیقی کا ایک راگ۔
رَوشن چوکی (اُر۔ مؤ) نوشہ کے ساتھ چلنے والے باجے والوں کی جماعت۔
رَوشندان (ف ا مذ) طرف۔ دھواں نکلنے یا روشنی آنے کا سوراخ تابدان۔
رَوشن دماغ (ف ا مذ) فاعل ترکیبی نہایت سمجھدار۔ ذہین۔ عالی دماغ۔ فنوار۔ ناس۔
رَوشن ضمیر (ف۔ صفت۔ ترکیبی) گیانی۔ زود فہم۔ صاحب کشف دانا۔ ماہر۔ اہل دل۔ عارف۔ خدا شناس۔

رَوشن گھر (ف۔ صفت) نیک۔ طینت۔
رَوشن کرنا (فعل) چمکانا۔ اُجاگر کرنا۔ جلانا۔ بالنا۔ جیسے چراغ وغیرہ۔ ظاہر کرنا۔ پرگھٹ کرنا۔
روشنائی (ف۔ مو) لکھنے کی سیاہی۔ مداد۔ مستی۔ تجلی۔ نور۔ شعاع کرن۔
روشنی (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) چمک دمک۔ نور، تجلی۔ رونق۔ زیبائش آبادی جیسے انہی کے دم کی روشنی ہے۔ جوت۔ بینائی بصیرت۔ نور چشم۔
رَوضہ (ع۔ مذ) باغ۔ باغیچہ۔ گلشن۔ تربت۔ بزرگوں کا مقبرہ۔ آستانہ۔
رَوضہ خواں (عف۔ مذ) فاعل مرثیہ خواں۔ مرثیہ پڑھنے والا۔
رَوضۂ رضوان (ع۔ مذ) بہشت کے دار وغے یعنی رضوان کا باغ۔ جنت فردوس۔ سرگ۔ بہشت۔
رَوغن (ف۔ مذ) کسی چیز کا چکنا عرق۔ گھی۔ مکھن۔ مسکہ۔
رَوغن تلخ (ف۔ مذ) کڑوا تیل۔ سرسوں کا تیل۔ روغن سیاہ۔
رَوغن داغ۔ ایک قسم کا کوچھا جس میں گھی یا تیل گرم کرتے ہیں۔
رَوغن زرد (ف۔ مذ) گھی۔ مکھن۔ مسکہ۔
رَوغن قاز (ف۔ مذ) راج ہنس کی چربی۔ بطخ کی چربی۔
رَوغن قاز ملنا (محاورہ) چکنا۔ چاپلوسی کرنا۔ خوشامد کرنا۔ زمانہ سازی کرنا۔ یار بنانا۔ دوستی گانٹھنا۔ شیشے میں اتارنا۔ یارانہ جوڑنا۔
رَوغن گنجد۔ تلی کا تیل۔ مٹھا تیل۔
رَوغن نفت۔ مٹی کا تیل۔
روغنی (ف۔ صفت۔ بیائے نسبتی یا فاعلی) چکنا چکنی۔ چپڑا ہوا۔ تیلیا۔ روغن دار وارنش کیا ہوا۔
روغنی روٹی (اسم مو) گھی والی روٹی۔ وہ روٹی جو آٹے میں گھی ڈال کر پکائی جائے۔
روک (ہ۔ مذ) نقدی۔ روکڑ۔ نقد روپیہ۔ نوٹ (بصورت حاصل مصدر اسم مونث) ممانعت۔ مزاحمت۔ آڑ۔ مناہی۔ رکاوٹ۔ اٹک اٹکاؤ۔ انسداد۔ تعرض۔ بندش۔ بندی۔ احاطہ۔ احاطہ بندی۔ بند۔ بچاؤ۔
روک تھام (ہ۔ مو حاصل مصدر) روک رُکاؤ۔ بند و بست۔ سرسری بچاؤ۔ انسداد۔ پوچھ گچھ۔
روک ٹوک (ہ۔ مو) بندی۔ مزاحمت۔ ممانعت۔ اٹکاؤ۔ مناہی۔ ٹھہرا لینا۔
روک رکھنا (ہ۔ فعل) ٹھہرا لینا۔ فائدہ کی غرض سے کسی مال کی فروخت نہ کرنا باز رکھنا۔
روک کے یا روک روک کے (ہ۔ تابع فعل) تھام تھام کے۔ احتیاط سے۔ ٹھہر ٹھہر کے۔
روکا (ہ۔ مذ) گنوار۔ زور کی آواز۔ للکار۔ ہانک۔ پکار۔
روکا دینا یا مارنا (ہ۔ فعل) زور سے آواز دے کر بلانا۔ ہانک مارنا۔ للکارنا۔

روکڑ۔ یا۔ روکڑی (ہ۔ مو) نقد۔ نقد روپیہ۔ زر نقد۔ دھن۔ دولت موجودہ روپیہ۔
روکڑ بکری (ہ۔ مو) نقد بکری۔ وہ بکری جو نقد ہوئی ہو۔
روکڑ بہی (ہ۔ مو) نقد روپے کے حساب کی کتاب۔ آمدنی کی کتاب۔
روکڑیا (ہ۔ مذ۔ فاعل) نقد روپیہ رکھنے والا۔ خزانچی۔ تحویلدار۔
رُوکن (ہ۔ مذ) رُونگا۔ اُوپر۔ علاوہ کسی چیز کی وہ مقدار جو کوئی چیز خرید نے کے بعد بلا قیمت اُوپر سے لیں (پنجابی جھونگا)
روکنا (ہ۔ فعل) اٹکانا۔ ٹھہرانا۔ بند کرنا۔ گھیرنا۔ مانع آنا۔ باز رکھنا۔ منع کرنا۔ بات بھرنا۔ معمور کرنا۔ چھپانا۔ ڈھانکنا۔ مخفی کرنا۔ باڑ لگانا۔ پردہ کرنا۔ احاطہ کرنا۔ سنبھالنا۔ قابو میں لانا۔ سہارنا۔ اُٹھانا۔ تھام رکھنا۔ نہ دینا۔ بچاؤ کرنا۔ وار بچانا۔ معاملہ ہاتھ سے نہ جانے دینا۔ منقرر کرنا۔ سگائی کرنا۔ نسبت کرنا۔ دیر میں دینا۔ بات کاٹنا۔ معاملہ قابو سے نہ جانے دینا۔ راستہ بند کرنا۔ پچھیڑنا۔ راستے میں پکڑنا۔ قبضہ کرنا۔ قبضہ جما لینا۔ پھانسنا۔ الجھانا حفاظت کرنا۔ بچانا۔ ساکن کرنا۔ بے حرکت کرنا۔
رُوکھ۔ (ہ۔ مو) درخت۔ پیڑ۔ نباتیہ دار درخت شجر۔
رُوکھا (ہ۔ صفت) چکنائی سے خشک۔ سوکھا۔ بن گھی کا بلا روغن۔ سادہ۔ کھردرا۔ بے رس۔ بے مذاق۔ بے لطف۔ خشک دماغ آدمی۔ بے درد۔ بے رحم۔ سخت دل۔ بدخلق۔ کڑوا۔ پھیکا۔ بے نمک مرچ مصالحہ وغیرہ۔ اکھڑ۔ بے لگاؤ۔
رُوکھاپن (ہ۔ مذ) کج خلقی۔ بداخلاقی۔ اکھائی۔
رُوکھا جواب (مذ) صاف انکار۔
رُوکھا سوکھا / رُوکھا پھیکا / رُوکھا آنولا (ہ۔ صفت) بے سالن کا۔ برا بھلا۔ دال دلیا جیسا کیسا۔ پسند۔ ناپسند۔ مرغوب۔ عزیبانہ۔ کھانا۔
روکھائی (ہ۔ صفت فاعل) رُوکھ کھانے والی۔ لکڑی کھودنے کا اوزار نہانی۔ نہان۔
رُوکھائی (ہ۔ اسم مو بیائے مصدری) بدخلقی۔ بے مروتی۔ بے وفائی۔ کھنکشی۔ ناہمواری۔ کھردراپن۔ سختی۔ رُوکھاپن۔ خشکی۔ پیوست بے دردی۔ سرد مہری۔ بے اعتنائی۔ بے پروائی۔
رُوکھی۔ (ہ۔ صفت) رُوکھا کی تانیث۔
رُوکھی روٹی۔ (مو) وہ روٹی جس کے ساتھ سالن نہ ہو۔
رُوکھی رُوکھی باتیں۔ جن باتوں سے رنجش ظاہر ہو۔
رُوکھی سوکھی۔ بری اور خراب غذا۔
روکے روٹی مانگنے والا (ہ۔ مذ) بچہ۔ کم سن۔ چھوٹی عمر کا۔ ننھا بچہ ماں باپ پر ناز کرنے والا۔
روگ (ہ۔ مذ) دکھ۔ درد۔ بیماری مرض۔ وبا۔ مری۔ عیب۔ برائی۔ خرابی۔ نقص۔ رد و بدل۔ فتنہ فساد۔ وبال۔ جنجال۔
روگ پالنا۔ یا۔ لگا لینا (محاورہ) جھگڑے میں پڑنا۔ جنجال خرید لینا۔

بکھیڑے میں پڑنا۔ دائم المریض رہنا۔
روگ راج (اُ۔ا۔مذ) بیماریوں کا سردار۔ تپدق۔ بڑا آزار۔
روگ کا گھر یا۔ روگ کی جڑ (ہ۔مذ۔مو) بیماری کا سبب۔ دُکھ کی پوٹ۔
روگ کا گھر کھانسی اور لڑائی کا گھر ہانسی (مثل) بیماریوں کی جڑ کھانسی اور لڑائی کا سبب ہنسی اور دل لگی ہوتی ہے۔
روگ لگنا۔ یا لگ جانا (ہ۔فعل) کسی مرض کا پیچھے لگ جانا بیمار ہونا۔ جھگڑا لگنا۔ لت پڑنا۔ عادی ہونا۔
روگی یا روگلا یا روگیا یا روگیلا (ہ۔مذ۔فاعل) بیمار۔ ہر وقت بیمار رہنے والا۔ رنجور۔ سقیم۔ دُکھیا۔ جھگڑالو۔ کوڑھی۔ فسادی۔ جذامی۔
رَول (ہ۔مو) غل۔ شور۔ غوغا۔ شورش۔ گتھی میں بھول۔ کھیل چیند۔ بے قاعدگی۔ ابتری۔
رول (ہ۔ا۔مو۔ بواؤ مجہول بروزن مول) رولنا سے حاصل مصدر ہے۔ موٹی رولی ہوئی چیز۔ چھٹن۔ خراب اور بڑی بڑی چھالیہ جو اچھی میں سے چھانٹ کر عزیزوں کے پاس بیچ ڈالتے ہیں۔ ناقص کٹی ہوئی۔
رول (Roll) فرد یادداشت۔ فرد اسامی دار۔ نوکروں کے ناموں کی فرد۔
رُول (انگ۔ا۔مذ) دستور۔ قاعدہ۔ قانون۔ ضابطہ۔ اصول۔ کتاب کے حاشیہ کی لکیریں۔ لکیریں کھینچنے کا گول ڈنڈا۔ مسطر۔ Role
رَولا (ہ۔ا۔مذ) شور و غل۔ روکا۔ غل غپاڑا۔ دہائی تہائی۔ جھگڑا۔ دنگا۔ ہل چل۔ کھلبلی۔
رَولا ڈالنا۔ کرنا۔ مچانا (ہ۔فع) غل مچانا۔ شور کرنا۔ روکا دینا۔ ہل چل ڈالنا۔ بغاوت کرنا۔
رُولر (Ruler) جدول کش۔ بیلن۔ جدول کی لکیریں کھینچنے کا ڈنڈا۔
رولن (ہ۔مو۔ حاصل مصدر) وہ چیز جو رولنے کے بعد بچ جائے۔ چھٹن۔
رولنا (ہ۔فعل) پھٹکنا۔ جُدا کرنا۔ چھانٹنا۔ کمانا۔ حاصل کرنا۔ صاف اور ہموار کرنا۔ زندہ کرنا۔ چکنانا۔ بٹورنا۔ فراہم کرنا۔ جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔
رُولنگ (انگ۔مذ) سطروں کا نشان۔ قانونی نظیر۔ قطعی فیصلہ۔ رائے۔ فیصلہ۔ Ruling
رَولی (ہ۔ا۔مو) ایک خشک اور سُرخ رنگ کی چیز جس کا ہندو یا لوگ تلک ٹیکا لگاتے ہیں۔
رُوم (ہ۔ا۔مذ) روں۔ رونگٹا۔ رواں۔ نرم بال۔ ایک مشہور مُلک کا نام بھی ہے۔
رُوم (Room) کمرہ۔ کوٹھڑی۔ بازنطینی عیسائی مملکت۔ ایشائے کوچک
رُومال (ف۔ا۔مذ) آلہ تنظیف ناصلی منہ پونچھنے کا کپڑا۔ تولیا۔ انگوچھا۔ دست مال۔
رُومال پر رومال بھگونا (اُ۔محاورہ) بہت رونا۔ زار و قطار رونا۔
رومالی (اُ۔ا۔مذ) چھوٹی لڑکیوں کے اوڑھنے کا دوپٹہ۔ اوڑھنی۔ پہلوانوں کے کسرت کرتے وقت باندھنے کا کپڑا۔ کاچھا۔ کچھ۔ گلے باندھنے کا کپڑا۔ گلوبند۔ کام کرتے وقت عورتوں کا سر پہ باندھنے کا کپڑا۔
رومالی سوّیاں (اُ۔مو) وہ باریک سویاں جنہیں رومال میں باندھ کر اُبلتے پانی میں ڈال کر فوراً نکال لیتے ہیں اور وہ پک جاتی ہیں۔
رُومان (انگ۔مذ) ادب کی ایک صنف عشق و محبت کی داستان۔
رومن (انگ۔صفت) روم کا باشندہ۔ Roman
رومن یا کرٹ (انگ) انگریزی حروف میں اردو وغیرہ لکھنے کا طریقہ۔
رومن کیتھولک (انگ) عیسائیوں کے ایک فرقے کا نام ہے جو پاپائے روم (یورپ) کو حضرت عیسیٰؑ کا جانشین مانتا اور اس کی پیروی کرتا ہے۔
رَونا (ہ۔مذ) گھنگرو کے اندر کے دانے جسے پردلن کو اپنے گھر لانا۔
رونا (ہ۔فعل) آنسو بہانا۔ گریہ کرنا۔ زاری کرنا۔ گلہ شکوہ کرنا۔ بُری طرح پڑھنا۔ کریہہ آواز سے پڑھنا۔ بسورنا۔ رونی شکل بنانا۔ غم اور سوگ کرنا۔ ہاے واویلا کرنا۔ صدمہ اُٹھانا۔ مصیبت بھرنا۔ دُکھڑا بیان کرنا۔ افسوس کرنا۔ پچتاوا کرنا۔ کڑھنا۔ ذکر پھیلنا۔ اظہار ہونا۔
رونا پیٹنا } (ہ۔فعل) گریہ زاری کرنا۔ آہ و واویلا کرنا۔ ماتم کرنا۔
رونا دھونا } کہرام مچانا۔
رونا (ہ۔مذ) حاصل مصدر کے معنی میں غم۔ افسوس۔ اندیشہ۔ فکر۔ آنسو۔ اشک۔ فغاں۔ فریاد۔ مصیبت۔ سختی۔ نوحہ۔ ماتم۔ ملاپ۔ رنج۔ تاسف۔ پچتاوا۔
رونا پڑنا (ہ۔فعل) ماتم ہونا۔ کہرام مچنا۔ کسی صدمے یا حادثے کے سبب سے آہ و بکا کرنا۔
رونا پیٹنا = گریہ و زاری کرنا۔ ماتم کرنا۔
رونا دھونا = بہت رونا۔
رونا رُلانا = خود رونا اور دوسروں کو رُلانا۔
رَوند (اُ۔مو) رات کی گشت سپاہیوں یا چوکیداروں کا رات کو پھرنا۔
رَوند گشتی (انگ۔ا۔مذ) بیائے فاعلیت رات کو گشت والا دستہ۔
رَوند ڈالنا (ہ۔فعل) پاؤں کے نیچے مل ڈالنا۔ مسل ڈالنا۔ پامال کر دینا۔
رَوندن (ہ۔ا۔مو۔ حاصل مصدر) پامالی۔ کھوندن۔ پیروں سے کچلا جانا۔
رَوندنا (ہ۔فعل) پامال کرنا۔ کھوندنا۔ پیروں سے کچلانا۔ پامال کرنا۔
رُوں رُوں (ہ۔اسم مؤنث صوت) بچہ کے رونے کی آواز۔ سارنگی اور ہٹ کی آواز۔
رُونق (ع۔ا۔مو) خوبصورتی۔ چمک دمک۔ رُوپ۔ آب و تاب۔ تازگی۔ بحالی۔ طراوت۔ دھوم دھام۔ شان و شوکت۔ آرائش۔ سجاوٹ۔ زیب و زینت۔ آبادی۔ چہل پہل۔ بہار۔ جوبن۔ لطف۔

رَونق آجانا۔ آب وتاب پیدا ہوجانا۔
رَونق افروز (ع۔صف۔و بند) فاعل) رونق بڑھانے والا۔ بڑے آدمیوں کی تشریف آوری پر بولتے ہیں۔ بڑوں کا آنا۔
رَونق افروز ہونا (اُر۔ محاورہ) کسی سردار حاکم یا بادشاہ کا تشریف لانا۔ جلوہ افروز ہونا۔
رَونق افزا (ع۔ صفت۔ فاعلی) رونق افروز دیکھو۔
رَونق محفل محفل کی بہار۔ کنایتہً حقہ۔
رونق دار (ع۔صفت۔ فاعلی) خوبصورت۔ آراستہ۔ آباد۔ معمور۔ چہل پہل کا۔
رُونگ (ہ۔ا۔مذ) رُواں رُول۔ رونگٹا۔ رُوم پشم۔ نرم اور ملائم بال، بال کی جڑ۔
رُونگ رُونگ میں بسنا (ہ۔محاورہ) روئیں روئیں میں سمانا۔
رُونگٹا (ہ۔ا۔مذ) رونگ کی تصغیر۔ رُواں۔ روم۔ رونگ۔ رومٹا۔
رُونگٹے کھڑے ہونا۔ (ہ۔محاورہ) ڈر یا رعب یا سردی کے باعث جسم کے روؤں کا ابھر آنا۔ ڈرنا۔ سہم جانا۔ کانپنا۔ حیران ہونا۔ چونکنا۔ ڈر کے مارے نہایت مشوش ہونا۔
رُوئداد (ہ۔ا۔مذ) پروانہ راہداری۔ اجازت نامہ۔ پیادہ ہرکارہ عورتوں کا کام کاج کرنے والا چھوکرا۔ چوکیدار۔ وہ کاغذ جس پر دال کا محصول چیزوں کا نام اور لانے والے کا نام درج ہو۔
رونے سے روزی نہیں ملتی (اُر۔ محاورہ) افسوس کرنے سے دولت نہیں ملتی۔
رونی صورت۔ یا شکل (اُر۔ صفت) ہر وقت مغموم۔ ہمیشہ اندوہناک۔ غم کی تصویر۔
رونے کو تھی سی اتنے میں آگیا بھائی (ہ۔ مثل) رونے کو تو پہلے ہی تیار تھی حمایتی آنے پر اور بھی پھوٹ پڑی۔ سہارا دیکھا اور زیادہ حل مچادیا۔
رونے کا مقام۔ افسوس کرنے کا موقعہ۔
رونی صورت۔ ایسی شکل جس سے رونا ہوا معلوم ہو۔
رُوہانسا۔ (ہ۔صفت) رونے پر آمادہ۔
رُوہانسی۔ (ہ۔صفت) روہانسا کا مونث۔
روہو (ہ۔مو) ایک قسم کی چھلکے دار مچھلی۔
روہیلا۔ (ہ۔مذ) پٹھانوں کی ایک ذات۔
رُوئی۔ (ہ۔ا۔مو) پنبہ۔ بن بنولوں کے کپاس۔ صاف شدہ کپاس (بصورت صفت) ملائم۔ نرم۔ گدگدا۔
رُوئی تونا (اُر۔ فعل) ہاتھوں سے روئی کے ریشوں کو سیدھا کرنا۔
رُوئی دھنکنا۔ تار تار کرنا۔
رُوئی دار (اُر۔ صفت فاعل) روئی بھرا ہوا۔ وہ کپڑا جس میں روئی پڑی ہوئی ہو۔
رُوئی دُھنا۔ یا دُھنکنا (ہ۔ فعل) روئی کو تانت سے صاف کرنا روئی کے ریشوں کو الگ الگ کرنا۔
رُوئی سا۔ یا روئی کی طرح تُوم ڈالنا (ہ۔ محاورہ) خوب خبر لینا۔ بہت مارنا پیٹنا۔ دھجیاں اڑانا۔ سارے عیوب کھول کے دھر دینا۔ بڑوں کو پن ڈالنا۔
رُوئی کا پہل۔ دھنکی ہوئی روئی کا حصہ جو ہاتھ سے چوڑا کیا گیا ہو۔
رُوئی کا سا گالا (ہ۔ اسم صفت۔ بترکیب تشبیہی) نہایت نرم۔ ملائم اور سفید۔
رُوئی کا گالا (ہ۔ا۔مذ) روئی کا بڑا سا گولا یا پھایا۔ گورھا۔ صاف کی ہوئی روئی کا پھاہا۔ سفید سر والے آدمی یا بوڑھی عورت کی تشبیہ۔
رُوئی کی طرح دھننا (کنایتہً) خوب مارنا۔ خوب پیٹنا۔
رُوکے (ف۔ا۔مو) رُو۔ چہرا۔ منہ۔ رُخ۔ باعث۔ سبب۔
رُوئے سخن (ف۔ مذ) بات کا رخ۔ بات کا خطاب۔ توجہ اور دھیان۔
رُویا (ع۔ مذ) خواب۔ سپنا۔ جو بات خواب میں دیکھی جائے۔
رویائے صادقہ (ع۔ا۔مذ) سچا خواب وحی کی ایک قسم۔ ایک کتاب کا نام۔
رُویاں (ہ۔ا۔مذ) لکھنؤ) رُواں۔ رونگ۔ بن موئے۔ بدن کے بال۔
رویت (ع۔ا۔مذ) دیدار۔ شکل نظر آنا۔ صورت دکھائی دینا۔
رویت ہلال (ع۔ا۔مذ) نئے چاند کا دیدار۔ پہلی رات کے چاند کا دیکھنا۔
رُوئیداد (ف۔مو) روداد۔ واقعہ حالت۔ سرگذشت۔
رُوئیدار (اُر۔ اسم صفت۔ بترکیب فاعلی) دانہ دار۔ بھربھرا۔ خستہ۔
روئیدگی (ف۔ا۔مو۔ بیائے مصدری) سبزی اُگنا۔ نباتات کا نمو۔
روئیدہ (ف۔ ہ) اُگا ہوا۔ نمو یافتہ۔
رُوئیں (ف۔مو) کانسی۔ دھات کا۔ پیتل یا کانسی کا آخری دو معنوں میں صفت نسبتی کا ہے۔
رُوئیں (ہ۔ا۔مذ) رؤں کی جمع۔ رونگٹے۔
رُوئیں تن۔ دھات کا بنا ہوا۔ اسفندیار کا لقب جس کے جسم پر تیر و تلوار کارگر نہ ہو۔
رویش بہ بیں حالش میرس (ف۔ مثل بحال تو صورت ہی سے ظاہر ہے۔ پوچھنے کی کیا ضرورت۔
ریویو (انگ۔ مذ) نظر ثانی۔ دیکھ بھال کسی کتاب کے عیب صواب پر رائے تنقید۔ تقریظ۔ Review

رُویا ۔ (ع ۔ ا۔مذ) خواب ۔ سپنا ؛
رویائے صادقہ ۔ سچا خواب ؛
رویت ۔ دیدار ۔ نظارہ ؛
رویت ہلال ۔ پہلے دن کے چاند کا نظر آنا ؛
رویّہ (ف ۔ ا۔مذ) دستور ۔ قاعدہ ۔ طریقہ ۔ چال چلن ۔ برتاؤ ۔ ریت ۔ رسم ۔ طور ۔ طریق روش ۔ سررشتہ ۔ ڈھنگ معمول ؛
رَوِی (ع ۔ ا۔مو) قافیے کا سب سے پچھلا بار بار آنے والا حرف ۔

ر ـ ہ

رَہ (ف ۔ ا۔مذ) راہ کا مخفف ہے ۔ رستہ ؛
رِہا (ف ۔ صفت ۔ تبر کیب فاعلی) از رہیدن آزاد ۔ چھوٹا ہوا ۔ بری خلاص ۔ نجات یافتہ چھٹکارا پایا ہوا ؛
رِہا کرنا (اُ۔ فعل) بری کرنا ۔ چھوڑنا ۔ قانونی اصطلاح میں جس ملزم پر ثبوت جرم پورا نہ پایا جائے اس کا چھوڑ دینا ؛
رہا جانا ۔ (اُ۔ فعل) برداشت ہونا ۔ سہار ہونا ۔ چھوٹا جانا جیسے مطلب رہا جاتا ہے ؛ چکی کا پیسنے کے قابل ہو جانا ؛
رَہا سَہا (ہ ۔ صفت ۔ تبر کیب مفعولی) بچا کھچا ۔ باقیماندہ ۔ رشتہ دار ۔ مؤاجبتا ۔ رشتے ناتے کا مددگار حامی ۔ خبر گیراں ؛
رَہانا (ہ ۔ فعل) چکی ۔ یا سل یا کونڈی وغیرہ کو کھُردرا کرانا ؛
رَہاؤ (ہ ۔ لواؤ مجہول اسم مذکر) وقفہ ۔ اکساؤ ۔ ٹھیراؤ رہنا سے حاصل مصدر ہے) ؛
رَہاؤ (ہ ۔ ا۔مذ) وقفہ ۔ ٹھہراؤ ۔ لگاؤ ؛
رہاؤ (ہ ۔ لواؤ معروف اسم مذکر فاعل ۔ مفید صفت ۔ پر پا ۔ مضبوط ۔ مستحکم ؛
رہائی (ف ۔ مو ۔ یائے مصدری) چھٹکارا ۔ آزادی ۔ خلاصی ۔ نجات
رہائی دینا (اُ۔ فعل) چھوڑنا ۔ آزادی دینا ۔ نجات بخشنا ؛
رہائش (ف ۔ ا۔مو) } سکونت قیام ۔ بود و باش ۔ مسکن
رہاس (رہاست (اُ۔) } گھر ٹھکانا ؛ ماوا ۔ ملجا ؛
رُہبان ۔ (ع ۔ ا۔مذ) راہب کی جمع ؛
رَہبانیت (ع ۔ ا۔مو) دنیا ترک کر دینا ؛
رَہبر ۔ (ف ۔ ا۔مذ) فاعل ترکیبی ۔ رستہ دکھانے والا ۔ ہادی ۔ راہنما ؛
رَہبری (ف ۔ ا۔مو ۔ یائے مصدری) ہدایت ۔ راہنمائی ۔
رَہ پڑنا ۔ (ہ ۔ مض) رہ جانا ؛
رَہ تو سہی ۔ (اُ۔ ۔ تہدیدی جملہ) ٹھہر تو جا ۔ صبر کر ۔ کھڑا رہ ۔ تھم جا ۔
رَہَت (ہ ۔ ا۔مذ) رہنا ۔ قیام ۔ ٹھہرنا ۔
رَہٹ (ہ ۔ ا۔مذ) ہرٹ ۔ ٹھونی ۔ چرخ کنوئیں میں سے پانی نکالنے کا ہنڈولا ؛
رَہٹ لگانا ۔ (ہ ۔ فعل) کنوئیں پر چرخ رکھنا ۔ اصطلاح میں بکثرت آنا جانا آنے جانے کا تار باندھنا ؛
رَہٹی ۔ (ہ ۔ ا۔مو) قسط ۔ قرضہ وغیرہ کا حصہ کچھ معمول باندھ کر ادا کرنا ؛
رَہٹی باندھنا ۔ (ہ ۔ فعل) قسط مقرر کرنا ۔ معمول باندھنا ۔ قرضہ کو متفرق قسطوں میں ادا کرنا ؛
رَہٹی جانا ۔ (ہ ۔ فعل) ایک رقم کو کئی دفعہ قسطوں میں دینا ؛
رَہ جانا ۔ (ہ ۔ فعل) ٹھہر جانا ۔ ساتھ نہ آنا ؛ قیام کرنا ۔ عاجز ہو جانا ۔ تھک جانا ۔ دیر کرنا ۔ پیچھے ٹھہرنا ۔ باقی رہنا ۔ بچ رہنا ۔ ناکامیاب ہونا ۔ ناتمام رہنا ۔ نامکمل رہنا ۔ حمل ٹھہرنا ؛
رَہ ۔ (ہ ۔ صیغہ امر ۔ ٹھہر ۔ کھڑا ہو ۔ صبر کر ۔ انتظار کر ؛
رَہ رہی گنیا میری آس ۔ میں آؤں گا کاتک ماس (ہ ۔ مثل) ٹال مٹول اور ٹیت دغل اور لمبے وعدے کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں یعنی میری امید پر ٹھہرے رہنا ۔ میں تو چھ مہینے میں آؤنگا ؛
رَہ رہ کے ۔ رہ رہ کر (ہ ۔ تابع فعل) ٹھہر ٹھہر کے ۔ گھڑی گھڑی ۔ بار بار ۔ پچتا پچتا کے ؛
رَوہڑو ۔ (ہ ۔ ا۔مذ) بچوں کو کھڑا ہو کر چلنا سکھانے کا گاڑی
رہزن ۔ (ف ۔ ا۔مذ) فاعل ۔ ڈاکو ۔ لٹیرا ۔ قزاق ۔ دھاڑوی ۔
رہزنی (ف ۔ اسم مو ۔ یائے مصدری) ڈکیتی ۔ دھاڑ مارنا ۔ بٹماری ۔ قزاقی ؛
رَہَس ۔ (ہ ۔ ا۔مذ) خوشی ۔ چہل پہل ۔ دل لگی ۔ دل بہلاوا ۔ دل بہلانے کی چیز یا بات ؛
رَہکلا (ہ ۔ مذ) چھوٹی توپ ۔ گھڑ چڑھی ۔ بھنور کلی ۔ توپ رکھنے کی گاڑی ؛
رہگزر ۔ (ف ۔ ا۔مذ) ظرف تبر کیب اسم و امر ۔ رستہ چلنے کی جگہ یعنی رستہ سڑک ۔ شارع عام ؛
رَہن (ع ۔ ا۔مذ) دھونا ۔ گرو ۔ گروی ۔ کفالت ۔
بندھک
رَہن اراضی ۔ زمین کا گروی رکھنا ؛
رَہن انتفاعی ۔ وہ گرو جس میں فائدہ اٹھانے کی صورت ہو ؛
رَہن در رَہن (ع ۔ ا۔مذ) گرو در گرو ۔ کسی شخص کا کوئی چیز رہن لے کر دوسرے کے پاس رہن کر دینا ؛
رَہن متعادی ۔ مقرر مدت تک کا گرو ؛
رَہن مطلق ۔ دست بندھک ؛
رَہن نامہ ۔ (اُ۔ مذ) تمسک ۔ کفالت نامہ ۔ کسی چیز کے رہن رکھنے کی بات جو تحریر اسٹامپ پر لکھ کر دی جاتی ہے ؛
رہنا ۔ (ہ ۔ فعل) بسنا ۔ ٹکنا ۔ اٹکنا ۔ ٹھہرنا ۔ دیر تک کام دینا ۔ پائدار ہونا ۔ خوب چلنا ۔ چھوٹنا ۔ باقی رہنا ۔ مرد کا عورت کے پاس یا عورت کا مرد کے پاس شب باش ہونا ۔ ادا ہونا ۔ ذمہ ہونا ۔ برقرار رہنا ۔ گنا جانا ۔ حساب میں آنا ۔ شمار ہونا ۔

بسر ہونا۔ گزرنا۔ جیسے سردی سے ہاتھ پاؤں رہ گئے۔ چلنا۔ پار لیسانا جیسے سدا کسی کی رہی ہے۔ کھڑا رہنا۔ قائم رہنا۔ جیسے مکان تو گر گیا چوکھٹ رہ گئی۔ جیسے بھات بن رہا جائے پیا بن رہا نہ جائے

رہنا سہنا۔ گزر بسر کرنا۔

رہن سہن رہ۔ا۔مذ) زندگی بسر کرنے کا طریقہ۔

رہنے دینا رہ۔مص) رکھ چھوڑنا۔ ہاتھ نہ لگانا جانے دینا۔

رہنما ف۔ا۔مذ فاعل ترکیبی رستہ دکھلانے والا۔ ہادی۔ مرشد۔ رہبر۔

رہنمائی ف۔ا۔مو۔ بیائے مصدری) ہدایت۔ رہبری۔ ارشاد۔

رہنمول ف۔ا۔مذ۔ فاعل ترکیبی) رہنما۔ پیش رو۔ سردار قافلہ۔

رہنے نہ دینا رہ۔فعل) رکھنے نہ دینا۔ جانے نہ دینا۔ چپ نہ رہنا۔ پیچھا نہ چھوڑنا۔ قائم نہ ہونے دینا۔

رہوار ف۔ا۔مذ) صفت ترکیب حروف قابلیت۔ رستے کے لائق۔ مجازاً قدمباز گھوڑا۔ تیز گھوڑا۔

رہے مسعود کے۔ انڈے دے محمود کے (اُر۔مثل) کھائے پیئے کہیں فائدہ پہنچائے کسی کو۔ گن میٹ اور احسان فراموش آدمی کی نسبت کہا کرتے ہیں۔

رہے نام اللہ کا (اُر۔محاورہ) خدا ہی قائم رہے گا۔ اور سب اشیا فانی ہیں۔ کسی کے مرنے پر تہ کے رواں کے وقت بولا کرتے ہیں۔

رہیں جھونپڑوں میں خواب دیکھیں محلوں کے (اُر۔مثل) مفلسی میں امیری کا جوش و ولولہ رکھنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

رئیس۔ (ع۔صفت) گردی رکھی ہوئی شے۔ مرہون تابع۔ ماتحت۔

رہین منت۔ احسان مند۔ ممنون۔ شکر گزار۔

ر ۔ ء

رؤسا۔ (ع۔ا۔مذ۔ رئیس کی جمع۔ امیر لوگ۔ سردار۔

رؤف۔ (ع۔صفت) محبت مہربان۔ خدا کا صفاتی نام۔

رئی۔ (ہ۔ا۔مو) مدھانی۔ بلونی۔

رئیس۔ (ع۔ا۔مذ) سردار۔ فرمانروا۔ دولتمند۔

رئیسہ (ع) شہزادی۔ مالدار عورت۔

ر ۔ ی ۔ ے

رے۔ یا۔ ری (ہ) حرف ندا۔ رے یا اری کا مخفف ہے۔ بے تکلفی کی حالت میں بولتے ہیں۔ جیسے اللہ دے۔ اللہ رے

ریا (ع۔ا۔مو) ظاہرداری۔ دکھلاوا۔ فریب۔ مکر۔ دھوکا۔ پیچ کی بات۔ زمانہ سازی۔

ریاکار (عف۔مذ۔ فاعل ترکیبی) منافق۔ ظاہر کچھ باطن کچھ۔ زمانہ ساز۔

ریاکاری (عف۔مو۔ بیائے مصدری) مکاری۔ فریب۔ نفاق۔ دھوکہ دہی۔

ریاح (ع۔ا۔مو) ریح کی جمع۔ بائی۔ معدہ کی ہوا۔ گوز۔ باد۔

ریاحین۔ (ع۔ا۔مذ) ریحان کی جمع۔ خوشبودار پودے کی قسم۔

ریاست (ع۔ا۔مو) راس بمعنی سر سے اسم مصدری ہے۔ سرداری۔ افسری۔ حکومت۔ عملداری۔ امیری۔ بلندی ہمتی۔ عالی حوصلگی۔

ریاست بے سیاست نہیں ہوتی (اُر۔مثل) حکومت کے لیے انتظام اور رعب ہونا لازمی ہے۔

ریاست جمہوری (ع۔ا۔مو۔ بیائے نسبتی) پنچایتی حکومت۔ ایسی سلطنت جس میں رعایا کو اپنا نمائندے خود منتخب کرنے کا اختیار حاصل ہو۔ ایسی حکومت میں لوگ اپنا حاکم خود ہی چنتے ہیں اور اُس کا نام پریذیڈنٹ یا صدر مجلس یا میر مجلس یا وزیر اعظم رکھتے ہیں۔

ریاض (ع۔ا۔مذ) روضہ کی جمع۔ بہت سے باغ (اردو میں) محنت مشقت کام۔

ریاض کر کے کھانا۔ (اُر۔فعل) محنت مزدوری سے کما کر کھانا۔ قوت بازو سے کمائی کر کے کھانا۔

ریاضت (ع۔ا۔مو) محنت۔ مشقت۔ سختی۔ پرہیزگاری۔ نفس کشی۔ ورزش۔ کسرت۔ کوئی کام کرنا۔ پیشہ وری۔ مزدوری۔

ریاضت کش (عف۔ا۔مذ۔ فاعل ترکیبی) محنتی۔ محنت کرنے والا۔ سختی سہنے والا۔

ریاضتی (ہ۔مذ۔ بیائے فاعلیت) محنتی۔ جفاکش۔ تپسی۔ جوگی۔ سنیاسی۔ رشی منی۔ مرتاض۔

ریاضی (ع۔ا۔مو۔ بیائے نسبتی) محنت سے تعلق رکھنے والے کام۔ حکمت کے تین علموں میں سے ایک علم کا نام ہے وہ علوم عقلی جو بظاہر مادے کے محتاج ہیں۔ جیسے علم ہندسہ۔ علم عدد۔ نجوم۔ موسیقی۔ جبر و مقابلہ۔ جر تقیل۔ علم مناظرہ وغیرہ۔ یہ سب ریاضی میں داخل ہیں۔

ریاضی دان۔ (عف۔مذ) ریاضی جاننے والا۔

ریاضیائی (ع۔صف) ریاضی کے متعلق۔

ریائی (ع۔مذ۔ بیائے فاعلیت) مکار۔ فریبی۔ دھوکے باز۔

ریب۔ (ع۔مذ) شک شبہ اردو میں لفظ لا کے ساتھ مستعمل ہے۔

ری پبلک۔ (انگ۔ا۔مو۔ Republic) جمہوری مملکت۔

ریپورٹر (انگ۔مذ) فاعل۔ اطلاع دینے والا۔ خبر دینے والا۔ مخبر۔ نامہ نگار۔

ریت۔ یا۔ ریتا (ہ۔مذ۔مو) بالو۔ دریا کی ریت اور چھوٹے چھوٹے کنکر۔ ریگ۔ سراب۔

ریت آنا۔ (ہ۔ف) پیشاب میں ریت کے ذروں کا آنا۔ پیشاب میں پتھر کا چورا سا آنا۔

ریت۔ ریت رسم (ہ۔ بیائے معروف اسم مونث) رسم۔ طریقہ

رواج ۔معمولی عام ۔طور طریق ۔شرح لگان ۔ پڑیہ ۔ بیوپار ۔ لین دین ۔ پہاڑی لوگ روپیہ دے کر عورت لینے کو ریت کہتے ہیں ۔عورتوں کی وہ خاص رسمیں جو نکاح کے بعد یا وداع کے وقت دولہا دولہن کے ساتھ برتی جاتی ہیں ؛

ریتا (ہ ۔ بیائے معروف ۔ اسم صفت) خام ننھی ۔خالی ہاتھ ۔ سونا ۔ محروم ؛

ریتلا ۔یا ریتل (اُرد ۔ا ۔مذ) ریت والا ۔ ریگ دار ؛

ریتلی (ہ ۔مو) ریت والی ۔ بنجر زمین ۔ غیر مزروعہ زمین ۔ بھوڑ ؛

ریتنا ۔ (ہ ۔فعل) ریتی سے رگڑنا ۔ گھسنا ۔ صاف کرنا ۔ چلا کرنا ۔ چکنانا ۔ رندہ کرنا ۔ ریگ مال کرنا ۔ نکھارنا ۔ مجلا کرنا ؛

ریتی (ہ ۔مو) ریتنے کا آلہ ۔ سوہن ۔ سوہان ۔

ریتلی زمین جو دریا کے کنارے ہوتی ہے ۔ دریا کی باریک ریت کو بھی ریتی بولتے ہیں ۔ دریا کنارے کی زمین ؛

ریتی

ریتیلا (ہ ۔ا ۔مذ ۔صفت) کرکرا ۔ ریتلا ۔ بالوکا ۔ بھربھرا ؛

ریٹ (انگ ۔ مذ ۔ Rate) نرخ ۔ بھاؤ ۔ شرح ؛

ریٹائرڈ (انگ ۔صفت ۔ Retired) کنارہ کشی ۔ سبکدوشی ۔ ملازمت سے پنشن یافتہ ۔ گوشہ نشین ؛

ریٹائرمنٹ (انگ ۔مو ۔ Retirement) ملازمت سے سبکدوش کیا ہوا ۔ فراغت ؛

ریٹھا (ہ ۔ا ۔مذ) صفت درخت اور اس کے پھل کو کہتے ہیں جس سے ادنی ریشمی کپڑے اور بال وغیرہ صاف ہوتے ہیں ۔ اس کے اندر سے کالی کالی گولیاں نکلا کرتی ہیں ؛

ریجھ (ہ ۔مو) خواہش ۔ رغبت ۔ اچھا ۔ چاہت ۔ شوق ۔ عادت خوخصلت ؛

ریجھنا ۔ (ہ ۔فعل) مائل ہونا ۔ عاشق ہونا ۔ فریفتہ ہونا ۔ شیدا ہونا ۔ راغب ہونا ؛

ریچھ

ریچھ ۔ (ہ ۔ا ۔مذ) خرس ۔ بھالو ؛

ریچھنی (ہ ۔ا ۔مو) ریچھ کی مونث ۔ ریچھ کی مادہ ؛

ریح (ع ۔ا ۔مو) ہوا ۔ پون ۔ باد ۔ گوز ۔ پاد ۔ ریاح ؛

ریحان (ع ۔ا ۔مذ) تلسی کی قسم کا ایک خوشبودار پودا ۔ نازبو ۔ بالنگو ۔ بمالت اسم مونث) تخم ریحاں ۔ ایک خوشبودار گھاس کا نام ۔ گلاب کے سوا باقی تمام پھول ۔ ایک خاص طرح کے خط کو بھی کہتے ہیں ؛

ریخ (اُرد ۔ بیائے مجہول ۔ اسم مونث) لکیر دھاری ۔ دانتوں کے بیچ کی گوشت کی دھاری ۔ مستی کی کالی لکیر ۔ جڑ ۔ بنیاد ۔ اصل ۔ چول ۔ شگاف ۔ درز ؛

ریخ میں میخ لگانا (محاورہ) ۔ شگاف میں کیل جڑنا ۔ نہایت معقول بات کرنا ۔ باون تولے پاؤ رتی بات کہنا ۔ ٹھیک ٹھیک کام کرنا ؛

ریختہ (ف ۔صفت) ترکیب مفعولی ۔ ٹپکا ہوا ۔ گرا ہوا ۔ بے ساختہ نکلا ہوا ۔ پکا ۔ مستحکم ۔ مضبوط ۔ پریشان ۔ پراگندہ ۔ گرا پڑا ۔ منتشر (بصورت اسم مذکر) استرکاری کا مصالحہ ۔ چونہ قلعی ۔ پختہ مکان ۔ اردو زبان کے شعر (اسی وجہ سے اردو زبان کو بھی ریختہ کہتے ہیں ؛

ریختی ۔ (اُرد ۔ا ۔مو) ریختہ کی مونث ۔ اردو نظم جو عورتوں کی بولی میں کہی جائے ۔

ریخیں (اُرد ۔ا ۔مو) ریخ کی جمع ۔ درزیں ۔ شگاف ۔ چولیں ؛

ریخیں ڈھیلی ہونا (اُرد محاورہ) جوڑ جوڑ ہل جانا ۔ تھک جانا ۔ مایوس ہو جانا ؛ (لکھنؤ) دہشت اور ڈر کے سبب بدحواس اور بے طاقت ہو جانا ۔

ریداس (ہ ۔ا ۔مذ) مشہور بھگت اور گیانی شخص جو چماروں کے ایک فرقہ کا موجد گزرا ہے ؛

ریداسی (ہ ۔ا ۔مو) بیائے نسبتی ۔ منسوب بہ ریداس ۔ ریداس کا مقلد اور پیرو فرقہ ؛

ریڈ ۔ (انگ ۔صف ۔ Red) سرخ ۔ ریڈ کراس

ریڈ کراس (Red Cross) انجمن صلیب احمر ۔ ایک فلاحی جماعت ؛

ریڈ کریسنٹ ۔ (Red Crescent Society) سوسائٹی انجمن ہلال احمر ایک فلاحی انجمن جو حادثات میں رضا کارانہ خدمت سرانجام دیتی ہے ؛

ریڈر ۔ (انگ ۔ مذ ۔ Reader) پڑھنے والا ۔ ناظر ۔ مثل خواں ؛

ریڈنگ روم (Reading Room) مطالعہ گاہ ۔ دار المطالعہ ؛

ریڈی میڈ ۔ (Ready Made) بنی بنائی تیار چیز ؛

ریڈیم (انگ ۔مو ۔ Radium) ایک قیمتی دھات ؛

ریڈیو (انگ ۔ مذ ۔ Radio) نشری آلہ ۔ لاسلکی پیام ۔ بے تار کا پیغام ؛

ریڈیو سیٹ (Radio Set) ڈبہ جس میں ریڈیو کی مشین لگی ہوتی ہے ؛

ریڑھ ۔ (ہ ۔ا ۔مو) پیٹھ کی ہڈی ۔ کمر کی درمیانی ہڈی ۔ استخوان ۔ پشت

ریز (ف ۔مو) حاصل مصدر از ریختن ۔ چھپا ہٹ ۔ نغمہ سرائی ۔ راگ گانا ۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے اشک ریز

ریزرو (انگ ۔اسم صفت ۔ Reserve) مخصوص ۔ عام کی ضد ؛

ریز کرنا (فعل) خوشی سے آپس میں چھپانا ۔ ناز و انداز کرنا ۔ نخرے کرنا

ریزر ؛ (Razor ۔ انگ ۔ مذ) استرا ؛



ریزر

ریزروائر ؛ (انگ ۔ مذ) تالاب ۔ ذخیرہ آب ۔

ریزش (ف ۔ا ۔مو) حاصل مصدر ۔ زکام ۔ نزلہ ۔ ناک سے پانی بہنے کی بیماری ؛

ریزگاری ۔ (اُرد ۔ا ۔مو) روپے کے حصے ۔ دونی چونی ۔ پیسے پیسیں پیسے ۔ پچاس پیسے وغیرہ بھان ؛

ریزگی ۔ (اُرد ۔ا ۔مو) خردہ ۔ ریزگاری چھٹکن ۔ روپن ۔ کھرچن ۔ قصائی کی چھانٹ کترن ؛

رزولیوشن (انگ ۔ مذ ۔ Resolution) تجویز ۔ ارادہ ۔ منشا ۔ وضاحت ۔ تصریح ۔ قرارداد ۔

ریزہ (ف۔ا۔مذ) ٹکڑا۔ پرزہ۔ بھورا۔ قطعہ۔ پارچہ۔ بچہ۔ نوعمر
ریزہ چینی۔ (مو) ٹکڑے چننا؛
ریزہ ریزہ۔ ٹکڑے ٹکڑے؛
ریزہ قلم۔ قلم کا تراشہ؛ پارچہ۔ عمدہ اور خوبصورت صندوق؛
ریزیڈنٹ (انگ۔ا۔مذ) رہنے والا۔ مقیم۔ سالن۔ رئیس۔ شاہی وکیل جو غیر ریاست میں رہے؛ Resident
ریزیڈنسی (انگ۔ا۔مو) گھر۔ مقام ٹھکانہ۔ رزیڈنٹ کے رہنے کی جگہ اور محکمہ؛ Residency
رئیس (ع۔مذ) سردار۔ امیر۔ چودھری۔ مقدم۔ حاکم۔ نواب۔ راجہ۔ رہنے والا۔ باشندہ۔ ساکن؛
ریس (ہ۔مو) برابری۔ ہم چشمی۔ رقابت۔ رشک۔ حرص۔ لالچ۔ ہوگا؛
ریس (انگ۔مو۔Race) کسی چیز کی دوڑ؛

ریس

ریس بھلی ہوتس بری (ہ۔مث) رشک اچھی چیز اور حسد بری بات؛
ریسٹ (Rest۔ انگ۔ا۔مذ) آرام۔ بیند۔ استراحت
ریسٹ ہاؤس (مذ۔Rest House) قیام گاہ۔ ڈاک بنگلہ؛
ریسٹورنٹ (انگ۔ا۔مذ۔Restaurant) ہوٹل طعام خانہ۔
ریسیاں (ف۔ا۔مو) پیچ۔ رسی) ڈوری؛
ریسیور۔ Receiver (انگ۔مذ) آواز وصول کرنے والا آلہ۔ ٹیلیفون کا وہ آلہ جس سے آواز سنائی دیتی ہے۔ جائیداد کا سرکاری
ریش (ف۔ا۔مذ) ڈاڑھی۔ مرد کے چہرے کے بال۔ خط۔ نگران۔
ریش قاضی (ف۔مو) قاضی کی ڈاڑھی۔ بھنگ یا شراب چھاننے کی صافی؛
ریشا بیل (ف۔ا۔مذ) بڑی اور لمبی ڈاڑھی والا۔ دراز ریش؛
ریشخند (ف۔ا۔مذ) ٹھٹھا۔ مخول ہنسی۔ کھلی تمسخر۔ وقت کی ہنسی؛
ریشن (ف۔ بیاۓ مجہول۔ اسم مذکر) گھاؤ۔ زخم۔ جراحت؛
ریشم (ف۔ا۔مذ) ابریشم کا مخفف ہے۔ پٹ۔ پتامبر۔ ابریشم۔ لسر۔ مخ؛
ریشم کی گانٹھ۔ یا۔ گرہ (ا۔مو) مشکل سے کھلنے والی گانٹھ مضبوط گرہ۔ لاینحل عقدہ یا مسئلہ؛
ریشم کے پٹھے (ف۔ا صفت) نہایت نرم۔ از حد ملائم؛
ریشمی یا ریشمیں (ف۔ اسم صفت بیاۓ نسبتی) ریشم کا بنا ہوا۔ حریری۔ لسری؛
ریشہ (ف۔ا۔مذ) سوت۔ تار۔ پٹھا۔ عصب۔ نس۔ رگ۔ ریشہ ٹیڑا۔
ریشہ دار (ف۔ صفت۔ ترکیب فاعلی) چھوٹے ریشے دار۔ نس دار۔ رگ دار۔ وہ چیز جس میں سوت سا نکلے؛
ریفارمر (انگ۔ا۔مذ) فاعل۔ اصلاح کرنے والا۔ مصلح۔ درست کرنے والا؛ Reformer
ریفریشمنٹ (انگ۔ا۔مذ) تفریح۔ تازگی تروتازہ ہونے کے لیے کچھ کھانا پینا؛ Refreshment
ریفریشمنٹ روم (انگ۔مذ) تفریح طبع کے لیے کچھ کھانے پینے کی قہوہ خانہ۔ ہوٹل؛ Refreshment Room
ریفری (انگ۔مذ) پنچ خصوصاً کھیلوں کا؛ Referee
ریفریجریٹر (انگ۔ا۔مذ) ایک برقی الماری جس میں چیزیں ٹھنڈی رہتی ہیں اور گلنے سڑنے سے محفوظ رہتی ہیں؛


Refrigerator

ریفیوجی (انگ۔ا۔مذ) مہاجر سیاسی یا مذہبی تشدد کے باعث غیر ملک میں پناہ لینے والا۔ Refugee
ریکارڈ (انگ۔مذ) یادداشت۔ مسل۔ اندراج؛ Record
ریکارڈ کیپر (انگ۔مذ۔Record Keeper) محافظ دفتر؛
ریکھ۔ یا ریکھا (ہ۔ا۔مو) لکیر۔ دھاری۔ تحریر۔ نشان۔ خط۔ قسمت کا لکھا۔ بخت۔ نصیب۔ بھاگ؛ نوشتہ تقدیر؛
ریکھ بھیگنا (ہ۔ فعل) چہرہ پر سبزۂ خط کا آغاز ہونا۔ مسیں بھیگنا؛
ریکھا گنت (ہ۔ا۔مو) (ہندو) تحریر اقلیدس؛
ریگ۔ (ف۔ا۔مو) ریت۔ بالو۔ سراب؛
ریگ رواں۔ (ف۔ا۔مو) بہتی ریت۔ اڑنے والی ریت۔ چور بالو؛
ریگ زار۔ (مذ) ریگستان؛
ریگ مال۔ ا۔مذ) ایک قسم کا کھردرا کاغذ جس سے لکڑی یا دھات کو صاف کرتے ہیں۔
ریگ ماہی۔ (ف۔ مو) ریت کی مچھلی۔ سقنقور۔ سانڈے کی قسم کی مچھلی؛
ریگستان۔ (ف۔ا۔مذ) ظرف مکان ریت کا ملک۔ بھوڑ؛


ریگستان

ریل (Rail) ریلوے لائن لوہے کی پٹڑی جس میں ریل گاڑی چلتی ہے۔ لوہے کی سڑک۔ اصطلاح میں ریل گاڑی کو بھی کہتے ہیں؛
ریل۔ (Reel) پھرکی۔ جس پر سوت یا تاگے لپٹے ہوں پیچک؛



ریلا (ہ۔ا۔مذ) رو۔ پانی کا چڑھاؤ طغیانی۔ سیلاب۔ پانی کی دھار

دھکا۔ ٹھیلا۔ ہل چل ؛

ریل پیل (ہ۔مو) دھکم دھکا۔ دھکا پیل۔ بھرمار۔ بہتات۔ کثرت۔ زیادتی ؛

ریل پیل کرنا (ہ۔فعل) انبار لگانا۔ ڈھیر لگانا۔ بکثرت فراہم کرنا ؛

رِیلنا (ہ۔مص) دھکیلنا۔ سرکانا۔ دوڑانا۔

ریلوے (انگ۔ا۔مذ۔Railway) ریل کی سڑک۔ ریلوے کا محکمہ

ریم (ف۔مو) رادھ۔ پیپ۔ پاک جو زخم میں سے نکلتی ہے ؛

ریمارک (انگ۔مذ۔Remark) رائے۔ خیال۔ کیفیت ؛

ریمائنڈر (انگ۔مذ۔Reminder) یاددہانی کے طور پر لکھا ہوا خط یا درخواست وغیرہ۔ تاکید۔

رَین (ہ+مو) رات۔ شب۔ لیل۔ راتری ؛

رَین بسیرا (ہ+مذ) رات گزارنا۔ رات کاٹنا۔ رات کا آرام۔ شب باشی ؛

رِیں رِیں (ہ۔مو) صوت۔ رُوں روں۔ بچوں کے رونے یا سارنگی یا ہارمونیم کی آواز ؛

رینٹ (ہ۔ا۔مذ) ناک کی غلاظت۔ سفید لیس دار مادہ جو ناک سے نکلتا ہے ؛

رینج (انگ۔ا۔مذ۔Range) قطار۔ صف۔ سلسلہ۔ چاندماری کا میدان مار۔ فاصلہ

رینجر (انگ۔ا۔مو۔Ranger) سوار۔ (سوار فوج)

رِیندھنا (ہ۔فعل) پکانا۔ اُبالنا۔ کھانا تیار کرنا ؛

رینڈیئر (انگ۔ا۔مذ) ایک خاص قسم کا برفانی ملکوں کا ہرن جو برف پر خوب دوڑتا ہے۔ برفانی گاڑی کے آگے جوتتے ہیں۔

رینک (ہ۔ا۔مو) ایک قسم کا باریک کپڑا۔ تن زیب۔ ململ۔ شبنم

رِینکار (ہ۔مو) جانور کی آواز ؛

رِینکنا (ہ۔فعل) گدھے کا بولنا۔ گدھے کی بولی بولنا۔ ہینچو ہینچو کرنا ؛

رِینگٹا (ہ۔ا۔مذ) گدھی کا بچہ۔ جانور کا دُبلا پتلا چھوٹا سا بچہ ؛

رِینگنا (ہ۔ بیائے مجہول۔فعل) کیڑوں وغیرہ حشرات الارض کا چلنا۔ پیٹ کے بل گھسٹ گھسٹ کر چلنا ؛ آہستہ آہستہ چلنا مری چال چلنا ؛

رِینگنی (ہ۔ا۔مو) عرق النساء ایک خاص درد کا نام ہے جو چڑوں سے اٹھ کر ٹخنوں تک جا پہنچتا ہے

رَینی (ہ۔ا۔مو) کسم کا رنگ چوانا۔ کسی چیز کو پانی میں بھگو کر اُس کا عرق ٹپکانا (لکھنؤ) وہ سدھایا ہوا جانور جو رات کو بولے۔ پنجاب میں سونے چاندی کی ڈلی۔ چاندی وغیرہ کو پگھلا کر ٹھنڈا کرنے کا آوزار ؛

رَینی چڑھنا (ہ۔فعل) کسم کا رنگ کے واسطے لٹکایا جانا۔ رنگ چڑھنا۔ حیض آنا ؛

رَینی ٹپکنا۔ کسم سے رنگ ٹپکنا۔

رَینی چڑھانا۔ بھیگے ہوئے کسم کو رنگ نکالنے کے لیے کپڑے میں رکھ کر لٹکانا ؛

رَینی راس آنا (ہ۔فعل) رنگ ٹھیک نکلنا۔ کام درست ہونا۔ محنت ٹھکانے لگنا ؛

رے واوزبرروہو (ارہ محاورہ) چل دور ہو۔ ہوا کھاؤ۔ ہوا ہو۔ رفع ہو ؛

ریوالور (انگ۔ا۔مذ۔Revolver) کئی فیر کا پستول۔

ریوڑ (ہ+مذ) بھیڑ۔ بکری کا گلہ۔ بکریوں کا غول ؛

ریوڑ

ریوڑی (ہ۔مو) وہ مٹھائی جو گڑ یا کھانڈ کے قوام سے بناتے ہیں اور اس پر تل لگا دیتے ہیں ؛

ریوڑی کے پھیر میں آنا۔ پڑنا۔ (ہ۔مثل) کسی لالچ سے بلا میں پڑنا۔ طمع کے باعث مصیبت میں پھنسنا ؛

رِیول (ہ۔ا۔مذ) خانگی کبوتروں کا جنگل میں جا کر چگنا ؛

ریوند۔ یا ریوند چینی (ف) ایک دست آور دوا کا نام ہے ؛

ریویو (انگ۔مذ) تقریظ۔ تبصرہ۔ کسی کتاب کے عیب و صواب پر رائے زنی۔ تنقید۔ معائنہ افواج ۔ Review

ریونیو (انگ۔ا۔مذ۔Revenue) مالیہ۔ محاصل۔ لگان۔ پڑتہ ؛

رِیہ (ہ۔ بیائے مجہول۔اسم مونث) ایک قسم کی شور دار مٹی۔ کھاری مٹی جو اکثر شکر صاف کرنے یا کپڑے دھونے اور صابن بنانے کے کام آتی ہے ؛

رِیہڑ (ہ۔مذ) بنجر اراضی جس میں رِیہ ہو ؛

رِیہو (ہ۔ا۔مو) ایک قسم کی کالے پروں والی مچھلی جسے روہو بھی بولتے ہیں ؛



رن وے

ریڈیو



ریفریجریٹر

رکشا



ریوالور



رائفل

Rifles



ریلوے ٹریک (ریل)

ڑ

ڑ (ہ - اسم مؤنث) اُردو اور ہندی زبان کا پندرھواں حرف ہے۔ یہ حرف چونکہ نہایت ثقیل ہے۔ لہٰذا کسی لفظ کے شروع میں نہیں آتا۔

ز

ز (ع - اسم مذکر) اُردو کا سولھواں، فارسی کا تیرھواں اور عربی کا گیارھواں حرف ہے۔ حساب جمل میں اس کے عدد سات فرض کئے گئے ہیں۔ اس کو زائے معجمہ یا زائے منقوطہ بھی کہتے ہیں۔

ز - ا

زا (ف) زائیدہ کا مرخم ہے۔ جنا ہوا۔ پیدا شدہ۔ زائیدن کا امر بھی ہے اور مرکبات میں اسم فاعل کے معنی بھی دیتا ہے۔ جیسے فتنہ زا یعنی فتنہ پیدا کرنے والا۔

زاج سفید (ف) مذ۔ پھٹکڑی۔

زاجر (ع) جھڑکنے والا۔

زاد۔ یا۔ زادہ (ف۔ اسم مذ) جنا ہوا جنا۔ پیدا شدہ بیٹا۔ لڑکا۔ پسر۔

زاد (ع۔ اسم مذ) راستے کا توشہ۔ راستے کا خرچ۔

زادبوم (ف۔ اسم مؤ) ظرف۔ جنم بھوم۔ پیدائش کی جگہ۔ دیس۔ وطن۔

زادِ راہ (عف۔ اسم مذ) راستے کا توشہ۔ خرچ راہ۔

زادِ سفر (ع۔ ف) زادِ راہ۔ راستے میں سفر خرچ۔ راہ کا توشہ۔

زادِ عقبیٰ (ع - مذ) وہ عمل جو آخرت میں کام آئے۔

زادہ (ف۔ حرف) جنا ہوا۔ پیدا شدہ بیٹا۔

زادی (ف۔ اسم مؤ۔ بیائے تانیث) جنی۔ جنی ہوئی۔ جیسے امیر زادی۔ دختر لڑکی۔

زار (ف۔ مذ) علامت ظرف مکان۔ جگہ۔ ستھان۔ مقام۔ تھاؤں۔ مکان کثرت و افراط۔ نالہ۔ فریاد۔ رونا پیٹنا۔ ذلیل۔ رسوا۔ خوار۔ روس کے بادشاہ کا لقب بھی تھا۔ لاغر۔ دُبلا۔ پتلا۔ نحیف۔

زار بہ زار (اُردو محاورہ) بہت رونا۔

زار زار۔ یا۔ زار و قطار رونا (اُردو فعل) بہت رونا۔ آٹھ آٹھ آنسو رونا۔

زار نالی (ف مو) فریاد۔ آہ و فغاں۔

زار و زبوں (ف۔ صفت) خراب۔ خستہ۔ غمگین۔

زار و نزار (ف صفت) دُبلا پتلا۔ نہایت کمزور۔ لاغر و نحیف۔

زارینہ (انگ۔ امو) رُوس کی ملکہ کا خطاب تھا۔

زاری (ف۔ مو حاصل مصدر زاریدن۔ رونا۔ پیٹنا۔ گریہ۔ نالہ۔ عجز۔ عاجزی۔

زاغ

زاغ (ف۔ مذ) کوّا۔ کاگ۔ کلاغ۔ کمان کا گوشہ۔ کالے رنگ کا ایک راگ کا نام۔

زاغ آبی (ف۔ مذ) جل کوّا۔ پن ڈبّی۔ جل کاگ۔ ایک غوطہ مارنے والا پرندہ ہے۔

زاغ چشم (ف۔ صفت) نیلی آنکھوں والا۔

زاغ کمان (ف۔ مذ) کالے سینگ کے بنے ہوئے کمان کے گوشے۔

زاغ کوئی (ف۔ مذ) پہاڑی کوّا۔

زال (ف) بوڑھا۔ سفید بالوں والا۔ پھوس۔ بڈھا۔ (بصورت اسم مذکر) رُستم کے باپ کا نام تھا جس کے بال پیدائشی سفید تھے بڑھیا عورت۔

زال زمانی (ف۔ مذ) کنایتہً دُنیا جو بہت قدیم ہے۔

زال کوزہ پشت (ف۔ مذ) جھکی ہوئی کمر والی بڑھیا۔ آسمان۔

زانو (ف۔ا) جوڑ گھٹنا۔ ران۔ آسن۔ جانگھ۔
زانو پوش (ا۔ مر۔ فاعل) وہ کپڑا جو امیر لوگ کھانا کھاتے وقت زانو پر ڈال لیتے ہیں تاکہ چھینٹ وغیرہ سے کپڑے خراب نہ ہوں۔
زانو پیٹنا (ا۔ فعل) نہایت ماتم ظاہر کرنا۔ افسوس کرنا۔ رنج والم کا اظہار کرنا۔
زانی (ع۔ و۔ مذ) زنا کار مرد۔ بدکار آدمی۔ بدراہ۔ فاسق۔ فاجر۔
زانیہ (ع۔ امؤ۔ صیغۂ تانیث۔ فاعل) بدکار عورت۔ حرامکار عورت۔ زنا کار عورت۔
زانو بہ زانو (ف) متعلق فعل۔ زانو سے زانو ملا کر بیٹھنا۔
زانوئے ادب تہ کرنا (اُر۔ محاورہ) شاگرد ہونا۔ مؤدب ہونا۔
زاویہ (ع۔ امذ) کونہ گوشہ۔ کھونٹ۔ ٹکڑ۔ اقلیدس میں کسی خاص نقطہ پر جہاں دو خط آکر باہم ملیں۔ پیدا شدہ کونہ۔
زاویۂ نگاہ (ع۔ مذ) وہ زاویہ آنکھ سے زمین تک کھینچا جائے۔ سوچنے کا انداز۔ اندازِ فکر۔
زاہد (ع۔ امذ۔ فاعل) پرہیزگار۔ زہد اور محنت کرنے والا۔ عابد۔ ریاضت کش۔
زاہد خشک: ریاکار۔ منافق۔ وہ زاہد جسے دنیا کی کسی بات کا شوق نہ ہو۔
زاہق: بھاگنے والا۔ مفرور۔ تیز۔ مضبوط۔ خشک۔
زائچہ (ف۔ امذ) جنم پتری۔ لگن کنڈلی۔ وہ کاغذ جو نجومی لوگ کسی مولود کی پیدائش کے وقت بناتے ہیں۔ اس میں وقت۔ تاریخ۔ ماہ۔ سنہ ولادت اور تمام عمر کے نیک و بد حالات درج ہوتے ہیں۔ رمل کی شکلیں۔
زائچہ بنانا۔ یا۔ کھینچنا (اُر) لگن کنڈلی کھینچنا۔ جنم پتری بنانا۔
زائد (ع۔ فاعل مفید صفت) زیادہ فضول۔ فالتو۔ بچا ہوا۔ بہت بڑھا ہوا۔
زائد الوصف (ع۔ صفت) تعریف سے زیادہ۔ تعریف سے باہر۔
زائر (ع۔ اسم فاعل مذکر) زیارت کرنے والا۔ جاتری۔ حاجی۔ حج کو جانے والا۔
زائل (ع۔ اسم فاعل مذکر) کم ہونے والا۔ زوال پذیر۔ تلف ہونے والا۔ ضائع ہونے والا۔
زائیدہ (ف۔ مفعول) جنا ہوا۔ پیدا شدہ۔

ز ۔ ب

زبان (ف۔ اسم مؤنث) جیبھ۔ لسان۔ للّو۔ بولی۔ بھاکا۔ بول چال۔ گفتگو۔ بیان۔ قول۔ اقرار۔ وعدہ۔ عہد۔ پیمان۔
زبان اُٹھنا (اُر) زبان کا حرکت کرنا۔ بات کرنا۔ زبان سے بات نکلنا۔
زبان اقرار سے پھر جانا۔ وعدے سے پھرنا۔
زبان آب گوہر سے دھوئی ہونا (اُر۔ محاورہ) زبان اور کلام فصیح کرنا۔ (کنایتہً) نہایت پاکیزہ۔
زبان آلودہ ہونا (اُر۔ محاورہ) زبان پر کسی بات کا آنا۔ بات کرنا۔
زبان آشنا ہونا (اُر۔ محاورہ) زبان کا خوگر ہونا۔
زبان آور (ف۔ اسم مذکر فاعل ترکیبی) شاعر خوش بیان۔ فصیح و بلیغ۔ شیریں زبان۔ طرار۔
زبان بدلنا۔ یا۔ پھیرنا۔ پلٹنا (اُر۔ محاورہ) اقرار کر کے پھر جانا۔ وعدے سے انکار کرنا۔ کہہ کر نہ کرنا۔
زبان بدلنے سے کوچہ بدلنا بہتر ہے (اُر۔ مثل) وعدہ وفا نہ کرنے سے نقصان اُٹھانا بہتر ہے۔
زبان بریدہ (ف۔ صفت) چپ۔ خاموش۔
زبان بگاڑنا (اُر۔ محاورہ) زبان خراب کرنا۔ زبان پر لغو اور بیہودہ الفاظ جاری کرنا۔
زبان بگڑنا (اُر۔ محاورہ) زبان گندی ہونا۔ گالی گلوچ سے کلام کرنا۔ گالی گفتار کی عادت ہونا۔
زبان بند (ف۔ اسم مذکر فاعل ترکیبی) دشمنوں اور بدگویوں کی زبان روکنے کا تعویذ۔
زبان بند ہونا (اُر۔ محاورہ) بات کرنے سے عاجز ہونا۔ چپ ہونا۔ کسی کے رعب یا حکم کے مارے بات نہ کر سکنا۔ جادو یا تعویذ کے زور سے کسی کے خلاف نہ کہہ سکنا۔ زبان اینٹھ جانا۔
زبان بندی (ف۔ اسم مؤنث بیائے مصدری) خاموشی۔ سکوت۔ چپ رہنا۔ (قانون) گواہی شہادت۔ حلف نامہ۔ حلف۔ قسم۔
زبان پر دھرنا۔ یا۔ رکھنا (محاورہ) چکھنا۔ ذائقہ دیکھنا۔ زبان لگا کر دیکھنا۔ تھوڑا سا کھانا۔
زبان پر لانا (اُر۔ محاورہ) کہنا۔ بیان کرنا۔ ظاہر کرنا۔ منہ سے کہنا۔
زبان پکڑنا (اُر۔ محاورہ) عیب پکڑنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ بولنے سے بند کرنا۔ زبان روکنا۔ بات کی نقل کرنا۔ جو بڑے کہیں اسی طرح بچوں کا کہنا۔
زبانِ پہلوی (ف۔ ا۔ مذ) قدیم ایرانی زبان جس میں ژند و اوستا لکھی ہوئی ہیں۔
زبان تالو سے لگانا (اُر۔ محاورہ) چپ ہو جانا۔
زبان تتلانا (اُر۔ فعل) ہکلا ہونا۔ زبان کا لکنت کرنا۔
زبان تڑاق پڑاق چلنا۔ زبان تڑ تڑ چلنا (اُر۔ محاورہ) زبان جلدی جلدی چلنا۔ باتوں کا تار باندھ دینا۔
زبان تلے زبان ہونا۔ زبان کے نیچے زبان ہونا (محاورہ) قول کا پاس نہ ہونا۔ ایک بات پر قائم نہ رہنا۔ تلوّن مزاجی ہونا۔
زبان توڑنا (اُر۔ محاورہ) بہواس کرنا۔ بیہودہ بکے جانا۔ خلاف مرضی یا بے قاعدہ بات کرنا۔
زبان ٹوٹنا (اُر۔ محاورہ) زبان کا صاف ہونا۔ بچے کی زبان کا درست ہونا۔ صاف بولنے لگنا۔
زبان جنے ایک بار ماں جنے بار بار (اُر۔ مثل) زبان کا اقرار ایک ہی دفعہ ہوتا ہے۔
زبان چاٹنا (اُر۔ محاورہ) چٹخارے بھرنا۔ اچھی چیز کھا کر دیر تک مزے لیتے رہنا۔
زبان چرب ہونا (اُر۔ محاورہ) زبان تیز ہونا۔
زبان چلانا (اُر۔ محاورہ) بولنا۔ کہہ اُٹھنا۔ بہت بولنا۔ تڑاق پڑاق بولنا۔ مسلسل باتیں کرنا۔ زبان درازی کرنا۔ گالی دینا۔ گندی بات کہنا۔
زبان چلنا (ف) فعل۔ جلدی جلدی بولنا۔ فوراً بول اُٹھنا۔ بڑبڑانا۔

گالیاں دینا۔ کھانا نوش کرنا۔ بولنا۔ بات کرنا۔ بکنا۔ بکواس کرنا۔

زبانِ حال (فع۔ اسم مؤنث) ظاہری حالت۔ اپنی حالت سے بولے بغیر ظاہر کرنا۔

زبانِ خلق کو نقارۂ خدا سمجھو (ف۔ مثل) جو بات عوام میں مشہور ہو جائے وہ ہو کر رہتی ہے۔

زبانِ خامہ (ف۔ ا۔ مذ) قلم کا وہ حصہ جس میں شگاف دیتے ہیں۔

زبان داب کے۔ یا۔ دبا کے کچھ کہنا (اُر) آہستہ سے کچھ کہنا۔ دبی زبان سے بات کر جانا۔ چپکے سے کہہ جانا۔

زبان دان (ف۔ اسم مذکر فاعل) کسی زبان کو بخوبی جاننے والا۔ زبان کا ماہر۔ شاعر۔ عالم فاضل۔ فصیح و بلیغ آدمی۔ بہت سی زبانیں جاننے والا۔

زبان دانی (ف۔ اسم مؤنث بیائے مصدری) علم زبان کی بخوبی آگاہی اور اس کا کمال۔

زبان دانتوں تلے دابنا (اُر۔ محاورہ) کچھ کہہ کر پچھتانا۔ افسوس کرنا۔

زبان دانتوں سے کاٹنا (و۔ محاورہ) سخت دیوانہ ہونا۔

زبان دراز (ف۔ اسم صفت فاعلی) منہ پھٹ۔ گستاخ۔ زیادہ گو۔ بدگو۔ دلیر۔ بے باک۔ بدلگام۔ گالی گلوچ بکنے والا۔ پاجی۔

زبان درازی (ف۔ اسم مؤنث بیائے مصدری) بدلگامی۔ بے باکی۔ گستاخی۔ بیہودہ گوئی۔ فحش بیانی۔

زبان دس گز کی ہونا (اُر۔ محاورہ) گستاخ ہونا۔ بے باک ہونا۔

زبان دینا (اُر۔ محاورہ) اقرار کرنا۔ عہد و پیمان کرنا۔ قول ہارنا۔ بچن ہارنا۔

زبان رُکنا (اُر۔ محاورہ) کہہ نہ سکنا۔ ہکلانا۔ کہتے کہتے رُک جانا۔ بُرا بھلا کہنے سے باز رہنا۔

زبان روکنا (اُر۔ محاورہ) بُرا کہنے سے منع ہونا یا کرنا۔ خاموش ہونا یا کرنا۔ کہتے کہتے رک جانا یا روک دینا۔

زبان زد ہونا (اُر۔ محاورہ) مشہور عام ہو جانا۔ ہر ایک کی زبان پر ہونا۔ پھیلنا۔

زبان سمجھنا (اُر۔ فعل) کسی زبان یا بولی سے واقف ہونا۔ غیر زبان کی بات سمجھ لینا۔

زبان سنبھال کر بات کرنا۔ یا بولنا (اُر۔ محاورہ) سوچ سمجھ کر بات کرنا۔ سنجیدگی اور متانت سے عمدہ اور اچھی بات کرنا۔ پاس ادب سے بولنا۔

زبان سنبھالنا۔ یا۔ چونچ سنبھالنا (اُر۔ محاورہ) چپ رہنا۔ زبان کو روکنا۔ خاموش رہنا۔ زبان کو قابو میں رکھنا۔

زبان سنبھالیئے (اُر۔ محاورہ) بدزبانی نہ کیجئے۔

زبان سوکھنا (ع۔ محاورہ) پیاس کے غلبہ سے زبان کا خشک ہونا۔ بول نہ سکنا۔ زبان خشک ہونا۔

زبان سے اُف نہ کرنا (اُر۔ محاورہ) شکایت نہ کرنا۔ تکلیف کا اظہار نہ کرنا۔

زبان سے پھول جھڑنا (اُر۔ محاورہ) نہایت اعلیٰ زبان میں گفتگو کرنا۔ طنزاً۔ غیر معقول فضول باتیں کرنا۔

زبان سے خندق پار (اُر۔ کہاوت) زبان ہی کی بہادری۔ نری شیخی ہی شیخی۔

زبان سینا (اُر۔ محاورہ) خاموش رہنا۔ منہ سے بات نہ کرنا۔ چپ رہنا۔ گھنی سادھنا۔

زبان سے نکالنا (و۔ فعل) زبان پر لانا۔ بیان کرنا۔ کہنا۔ تلفظ کرنا۔

زبان شیریں ملک گیری / **زبان مٹھی ملک بانکا** (اُر۔ مثل) میٹھی زبان اور عمدہ باتوں سے سب اپنے ہو جاتے ہیں اور بدزبانی سے اپنے بھی دشمن بن جاتے ہیں۔

زبان طعن کھولنا (اُر۔ محاورہ) لعن طعن کرنا۔

زبان قال (فع۔ اسم مؤنث) اظہارِ بیان۔ زبان سے گفتگو کر کے حال بتانا۔

زبان کا مچھوڑا۔ یا۔ پھوہڑا (اُہ) زبان کا گندہ۔ زبان دراز۔ بدزبان۔ بدلگام۔ گالی گلوچ بکنے والا۔

زبان کا چسکا (اُہ۔ اسم مذکر) زبان کا چٹخارا۔ زبان کا مزا۔ لذیذ چیزوں کے کھانے کی عادت۔

زبان کا میٹھا (اُر۔ اسم مذکر صفت) شیریں کلام۔ خوشامدی۔ میٹھی چھری۔

زبان کرنا (اُر۔ محاورہ) (عورتیں) بدزبانی کرنا۔ زبان درازی کرنا۔ اقرار کرنا۔ وعدہ کرنا۔

زبان کو منہ میں رکھنا (اُر۔ محاورہ) زبان کو قابو میں رکھنا۔ بے موقعہ بات نہ کرنا۔

زبان کو کوا لے گئی (اُر۔ محاورہ) زبان کو چیل لے گئی۔ گونگا بن گیا۔ بول ہی نہیں سکتا۔ گھنے آدمی اور جواب نہ دینے والے کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

زبان کھلوانا (اُر۔ محاورہ) بدزبان، گستاخ اور دلیر بنانا۔ گالیوں پر اُتارنا۔

زبان کھولنا (اُر۔ محاورہ) بُرا بھلا کہنا۔ جھڑکنا۔ بات کا بڑھا کر کہنا۔ کلام کو طول دینا۔ جو منہ میں آنا سو کہہ دینا۔ بات کرنا۔ شکوہ کرنا۔ گلہ شکایت کرنا۔ عیب نکالنا۔ اعتراض کرنا۔ زبان درازی کرنا۔

زبان کھینچنا (اُر۔ محاورہ) گدی کے پیچھے سے زبان نکالنا۔ زبان کاٹنے کی سزا دینا۔

زبان کی لوچ۔ لچک (اُر۔ ا۔ مؤنث) لب و لہجہ۔

زبان کے مزے۔ یا۔ چٹخارے لینا (اُر۔ محاورہ) لذت اُٹھانا۔ ذائقہ لینا۔ ہونٹ چاٹنا۔

زبان کے آگے خندق نہیں (اُر۔ محاورہ) کوئی کسی کی زبان نہیں بند کر سکتا۔

زبان کے نیچے زبان (اُر۔ محاورہ) ایک بات پر قائم نہ رہنا۔

زبان کیلنا (اُر۔ محاورہ۔ جادو یا منتر سے کسی کی زبان یا منہ بند کر دینا۔

زبان گدی سے کھینچنا (اُر۔ محاورہ) زبان جڑ سے نکال دینا۔ (پرانے زمانے کی ایک سزا)۔

زبان گھس جانا (اُر۔ محاورہ) زبان تھک جانا۔ کہتے کہتے زبان رک جانا۔ نزاکت کے مارے زبان تھک جانا۔ دعا اور عاجزی کرتے کرتے زبان تھک جانا۔

زبان گیر (ف۔ صفت) جاسوس۔ معترض۔ مجرز
زبان گیری (ف۔ ا۔ مو) جاسوسی کرنا۔ گرفت کرنا۔ اعتراض کرنا۔
زبان لڑ کھڑانا (اُر۔ محاورہ) زبان پھسلنا۔ لکنت کرنا۔ خوف یا رُعب سے زبان قابو میں نہ رہنا۔
زبان ملانا (اُر۔ فعل) بولنا چالنا۔ کہنا سُننا۔ باتیں کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ برابری کرنا۔ جواب دینا۔
زبان مُنہ میں رکھنا (اُر۔ محاورہ) زبان والا ہونا۔ بولنے کی طاقت رکھنا۔ قابلِ گویائی ہونا۔
زبان میں۔ یا۔ زبان پر کانٹے پڑنا (اُر۔ محاورہ) پیاس کے غلبہ سے زبان کا خشک اور کھردرا ہونا۔
زبان میں قفل لگانا (اُر۔ محاورہ) خاموشی اختیار کرنا۔
زبان میں لگام نہیں (اُر۔ محاورہ) بہت مُنہ پھٹ ہے گستاخ ہے۔ بدتمیز ہے۔
زبان نکالنا (اُر۔ محاورہ) دیکھو زبان کھینچنا۔ زبان درازی کرنا۔ بدزبانی کرنا۔ بکنا۔ لغو باتیں کہنا۔
زبان نکلنا۔ یا۔ نکل پڑنا (اُر۔ فعل) پیاس کا غلبہ ہونا۔ کسی صدمہ سے زبان کا مُنہ سے باہر آنا۔
زبان نہ رکنا (اُر۔ محاورہ) بولے جانا۔
زبان ہارنا (اُر۔ محاورہ) بچن ہارنا۔ قول ہارنا۔ اقرار کرنا۔ وعدہ کرنا۔
زبان ہکلانا (اُر۔ محاورہ) زبان میں لکنت ہونا۔
زبان ہلانا (اُر۔ محاورہ) بولنا۔ کہنا۔ بات کرنا۔ مانگنا۔ سوال کرنا۔ پوچھنا۔ درخواست کرنا۔
زبان ہی ہاتھی چیڑھاوے زبان ہی سر کٹواوے (ف۔ مثل) زبان ہی سے آدمی کی عزت ہوتی ہے اور زبان ہی سے ذلت۔
زبانِ یارِ من ترکی و من ترکی نمی دانم (ف۔ مثل) جب کسی کی بات سمجھ نہ آئے تو کہتے ہیں۔
زبانہ (ف۔ اسم مذکر) شعلہ۔ لَو۔ آگ کی لپٹ۔
زبانی (ف۔ اسم صفت بیائے نسبتی) منسوب بہ زبان۔ مُنہ سے کہی ہوئی۔ تقریر۔ بلا تحریر۔ روایتی۔ سماعی۔ سُنی سُنائی۔ ظاہری۔ اوپری۔ بناوٹ کی۔ بناوٹی (منسوب بہ زبانہ) دوزخی۔ جہنمی۔ ناری۔
زبانی امتحان (اُر۔ اسم مذ) وہ امتحان جو زبانی لیا جائے۔ تقریری امتحان۔
زبانی پڑھنا۔ یا۔ مُنہ زبانی پڑھنا (ا۔ فعل) بن دیکھے پڑھنا۔ حفظ پڑھنا۔
زبانی تکے (اُر۔ ا۔ مذ) اوپری باتیں۔ گپ بازی۔
زبانی جمع خرچ کرنا (اُر۔ محاورہ) صرف حساب ہی حساب کرنا۔ دینا لینا کچھ بھی نا۔ خیالی پلاؤ پکانا۔
زبانی حساب (اُر۔ اسم مذ) ذہنی حساب۔ تقریری حساب۔ پہاڑوں اور گروں کے ذریعے سے دل ہی دل میں لکھے بغیر حساب۔
زبدہ (ع۔ اسم صفت) چنا ہوا۔ منتخب۔ عطر۔ خلاصہ۔ چیدہ۔ مکھن۔ مسکہ۔
زبر (ف۔ اسم صفت) اوپر والا۔ اونچا۔ غالب۔ طاقتور۔ بھاری۔ بوجھل۔ گراں۔ اَزبر کا تخفف بھی ہے (بصورت اسم مذکر) اوپر کی حرکت یعنی فتحہ (ا) آدھے الف کی آواز۔
زبر ہونا (اُر۔ محاورہ) غالب ہونا۔ فتح پانا۔ بھاری ہونا۔ حفظ ہونا۔ زبانی یاد ہونا۔
زبرجد (ع۔ اسم مذکر) ایک قسم کا زمرد۔ زردی مائل سبز رنگ کا جواہر پتا۔
زبردست (ف۔ اسم صفت) طاقتور۔ بلی۔ بلوان۔ بلونت۔ توانا۔ قوی۔ شہزور۔ مضبوط۔ بڑا لائق۔ امیر۔ مالدار۔ ذی مقدور۔ سینہ زور۔ جابر۔ ظالم۔
زبردست سب کا جنوائی (اُر۔ مثل) زبردست سب کا حاکم۔ طاقتور کا سب حکم مانتے ہیں۔
زبردست کا ٹھینگا سر پر (اُر۔ مثل) زبردست کی ماننی ہی پڑتی ہے۔ اس کے سامنے زور نہیں چلتا۔
زبردست کی جورو سب کی دادی (اُر۔ مثل) زبردست کے متعلقین بھی بڑے ہی سمجھے جاتے ہیں۔
زبردست کے بیس بسوے (اُر۔ مثل) زبردست ہمیشہ غالب ہی رہتا ہے جو چاہے کرے۔
زبردست مارے اور رونے نہ دے (اُر۔ مثل) زبردست کے آگے پیش نہیں چلتی۔
زبردستی (ف۔ اسم مؤنث بیائے مصدری) سینہ زوری۔ جبر۔ تشدد۔ خلاف مرضی کوئی کام کرنا۔ چھین جھپٹ کر۔ بے وجہ۔ بے سبب۔ یونہی۔
زبردستی کرنا (اُر۔ فعل) زیادتی کرنا۔ زور آوری کرنا۔ جبر کرنا۔ تشدد کرنا۔
زِبس (ف۔ حرف) از بس کا مخفف۔
زَبور (ع۔ اسم مؤ) کتاب۔ نوشتہ۔ بھجن۔ زمزمہ۔ وہ کتاب آسمانی جو حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی۔
زبوں (ف۔ اسم صفت) عاجز۔ غریب۔ ذلیل۔ لاچار۔ بُرا۔ تباہ۔ نحس۔ منحوس۔
زبونی (ف۔ اُر۔ مؤ) خرابی۔ تباہی۔ کمزوری۔ بے عزتی۔

ز - پ

زپ (انگ۔ ا۔ مؤ۔ Zip) زنجیری جو عام طور کپڑوں یا تھیلوں میں لگائی جاتی ہے۔
زپاٹا (اُر۔ ا۔ مذ) اُڑتے وقت پرندوں کے پروں کی آواز۔

ز - ٹ

زَٹّل (اُر۔اسم مؤنث) بیہودہ اور لغو بات۔ گپ ؛
زَٹّل قافیہ (اُر۔اسم مذکر) واہی تباہی۔ گپ شپ۔ بے اصل بات۔ غیر معتبر بات ؛
زَٹّل مارنا (اُر۔ محاورہ) جھوٹی باتیں بکنا۔ واہی تباہی بکنا۔ بے اصل باتیں کرنا ؛
زَٹّل ہانکنا (اُر۔ محاورہ) گپ مارنا۔ شیخی بگھارنا۔ شیخی مارنا۔ جھوٹی سچی باتیں بنانا ؛
زَٹّلی (اُر۔اسم مذکر بیائے فاعلیت) گپ ہانکنے والا۔ واہی تباہی بکنے والا ؛

ز ۔ ج

زُجاج۔ زُجاجہ (ع۔ ا۔ مذ) آبگینہ۔ شیشہ۔ کانچ۔ شیشے کا گلاس، پیالہ یا بوتل ؛
زَجر (ع۔اسم مذ) جھڑک۔ جھڑکی۔ ڈانٹ ڈپٹ۔ روک۔ دھمکی۔ ملامت۔ تنبیہہ ؛
زَجر و توبیخ (ع۔ اسم مؤ) جھڑکنا۔ دُھتکارنا۔ ڈانٹ ڈپٹ۔ لعنت ملامت ؛

ز ۔ چ

زچ (اُر۔اسم صفت) تنگ۔ عاجز۔ لاچار۔ دق۔ بے بس۔ (بصورت اسم مؤنث) شطرنج میں جب شہ دینے کے بغیر مہرے کی چال کا کوئی گھر نہ رہے تو زچ کہتے ہیں۔ جب شہ دینے کے بعد ایسا موقع ہاتھ آئے تو اسے مات بولتے ہیں ؛
زچ کر دینا (اُر۔ محاورہ) عاجز کر دینا۔ تنگ کر دینا۔ مجبور کر دینا۔ مات کر دینا ؛
زچہ (ف۔ اسم مؤ) نئی جنی ہوئی عورت۔ وہ عورت جس نے ابھی بچہ جنا ہو۔ زن نوزائیدہ ؛
زچہ خانہ (ف۔اسم مذکر ظرف) زچہ کا گھر۔ وہ مکان جہاں عورت نے بچہ جنا ہو۔ زچہ کے متعلق چالیس روز تک کی رسوم اور کاروبار ؛
زچہ رانی (اُر۔اسم مؤ) زچہ کا خطاب ہے ؛
زچہ گیریاں (اُر۔اسم مؤ) زچہ خانہ کے گیت جن میں بچے اور اُس کی ماں کی تعریف ہوتی ہے ؛
زچگی (ف۔ ا۔ مؤ) زچہ ہونے کی حالت ؛

ز ۔ ح

زُحَل (ع۔ اسم مذ) سنیچر۔ ایک ستارہ کا نام ہے۔ جس کا مقام ساتواں آسمان اور رفتار نہایت سُست اور تاثیر نہایت منحوس سمجھی جاتی ہے ؛
زَحمت (ع۔ اسم مؤ) تکلیف۔ دُرد۔ رنج۔ سختی۔ مصیبت۔ محنت۔ مشقت ؛
زَحمت کش (عف۔صفت) زحمت اُٹھانے والا۔ تکلیف برداشت کرنے والا ؛
زَحیر (ع۔ ا۔ مؤ) پیچش۔ مروڑ ؛

ز ۔ خ

زخّار (ع۔اسم مذکر صفت) مبالغہ۔ چڑھا ہوا۔ طغیانی پر آیا ہوا۔ لبالب۔ نہایت بھرا ہوا ؛
زَخارِف (ع۔ ا۔ مذ) زُخرف کی جمع۔ کیڑے جو پانی پر اُڑتے ہیں۔ جہاز۔ زرق۔ برق۔ ساز و سامان۔ پانی کے رستے ؛
زُخرُف (ع۔ ا۔ مذ) خوبصورتی۔ سجاوٹ۔ زینت۔ ایسی گفتگو جس میں تشبیہیں اور استعارات استعمال کئے جائیں۔ مبالغہ۔ جھوٹ ؛
زَخم (ف۔ مذ) گھاؤ۔ ناسور۔ ریش۔ خسارہ۔ نقصان۔ چوٹ۔ ضرر ؛
زَخم بھرنا۔ یا۔ بھر جانا (اُر۔فعل) گھاؤ کا اچھا ہو کر برابر ہو جانا۔ نقصان کا معاوضہ ملنا ؛
زَخم پر نمک چھڑکنا (اُر۔ محاورہ) کاٹے پر لون لگانا۔ دُکھ میں دُکھ دینا۔ مرے کو مارنا۔ جلے کو جلانا۔ رنج پر رنج دینا ؛
زَخم تازہ کرنا (اُر۔ محاورہ) نیا زخم لگانا۔ نیا صدمہ پہنچانا۔ پرانا رنج یاد دلانا ؛
زَخم دینا۔ یا۔ مارنا (اُر۔ محاورہ) زخمی کرنا۔ گھائل کرنا۔ صدمہ یا ضرر پہنچانا۔ نقصان پہنچانا ؛
زَخمِ دِل (ف۔ ا۔ مذ) غم۔ رنج ؛
زَخم کاری (ف۔ اسم صفت بیائے فاعلی) گہرا زخم۔ ناقابلِ سلامتی زخم۔ مہلک زخم ؛
زَخم کھانا (اُر۔ محاورہ) زخم اُٹھانا۔ مجروح ہونا۔ صدمہ اُٹھانا۔ نقصان اُٹھانا ؛
زَخم ہرا کرنا (اُر۔ محاورہ) زخم تازہ کرنا۔ گھاؤ کو پھر تازہ کرنا۔ گزشتہ صدمہ کو از سرِ نو یاد دِلانا۔ صدمہ پہنچانا۔ رنج دلانا ؛
زخموں پر نمک پاشی کرنا (اُر۔ محاورہ) سخت تکلیف دینا۔ رنج پر رنج دینا ؛
زَخم ہرا ہونا (اُر۔ محاورہ) زخم کا از سرِ نو تکلیف دینا۔ گزشتہ مصیبت یاد آ کر پھر سے رنج ہونا ؛
زخمہ (ف۔ ا۔ مذ) وہ آلہ جس سے ساز بجائیں۔ مضراب۔ نقارے کی چوب ؛

زخمی (ف۔اسم صفت بیائے فاعلیت) گھائل۔ مجروح۔ چوٹ کھایا ہوا۔
زخمی کرنا (اُر۔فعل) زخم پہنچانا۔

ز - د

زد (ف۔مؤ) زدن سے حاصل مصدر ہے۔ مار۔ نشانہ۔ چوٹ۔ صدمہ۔ ضرب۔ نقصان۔ خسارہ۔
زد پر ہونا (اُر۔فعل) ٹھیک نشانہ کی جگہ پر ہونا۔ مار پر ہونا۔
زد پڑنا (اُر۔فعل) گھاٹا پڑنا۔ نقصان ہونا۔ ٹوٹا پڑنا۔
زدوکوب (ف۔مؤ حاصل بالمصدر) مار پیٹ۔ مار کٹائی۔ جوتی پزار۔ گتھم گتھا۔ ہاتھا پائی۔ لپاڈگی۔
زدہ (ف۔صفت بترکیب مفعولی) مارا ہوا۔ ضرب رسیدہ۔ مصیبت کا مارا۔ مفلوک الحال۔ کمزور۔ گلا ہوا۔ بوسیدہ۔ بودا۔ صرف قواعد میں ساکن حرف۔
زدہ حال (رفع۔صفت) خستہ حال۔ پریشان حالت والا۔ تباہ حال والا۔ غمگین۔ غمناک۔ سوگوار۔ مصیبت کا مارا۔

ز - ر

زر (ف۔مذ) سونا۔ کُندن۔ طلا۔ روپیہ پیسہ۔ دھن۔ دولت۔ پھول کے اندر کا زرد رنگ کا زیرہ۔ سونے چاندی کا تار۔ کلابتو۔
زر اصل (ف۔مذ) مول۔ سرمایہ۔ وہ روپیہ جو قرض دیا جائے۔
زر افشاں (ف۔صفت) چمکیلا۔ سنہری چھپا ہوا کاغذ۔ سونا یا دولت لٹانے والا۔
زر افشانی (ف۔ا۔مو) زر افشاں کا اسم کیفیت۔ دولت لٹانا۔ روپیہ عطا کرنا۔
زر باف (ف۔اصفت) زربفت بنانے والا۔
زر باقی (ف۔ا۔مذ) وہ روپیہ جو وصول ہونے سے باقی رہ گیا۔
زربفت (ف۔مذ بترکیب معنوی) زری۔ دیبا۔ کمخواب۔ تمامی۔ کلابتو سے بنا ہوا ایک قسم کا کپڑا۔
زر بل نہ زور بل (اُر۔مثل) نہ روپیہ ہے نہ طاقت۔
زر بیعانہ (ف) سائی۔ وہ روپیہ جو سودا پختہ کرنے کو بائع کو دیا جائے۔ یہ قیمت فروخت کا کچھ جزو ہوتا ہے۔ (پنجابی۔ بیانہ)
زر پرست (ف۔صفت) لالچی۔ بخیل۔
زر پھیلایا۔ یا۔ کاربن آیا (اُر۔مثل) روپیہ خرچ کرنے سے کام ہو جاتا ہے۔
زر پیشگی (ف۔ا۔مذ) وہ روپیہ جو کسی چیز یا محنت کے عوض پہلے ہی دیا جائے۔
زر خرید (ف۔مذ مفعول صفت) خریدہ ہوا۔ روپیہ دے کر خریدا ہوا۔ ذاتی خریدا ہوا۔
زر خیز (ف۔مذ ظرف) مفید صفت۔ پیداوار کی زمین۔ سیراب و شاداب زمین۔ سیر حاصل زمین۔
زردار (ف۔صفت۔ فاعلی) مالدار۔ امیر۔ دھن والا۔ روپے والا۔
زردار کا سودا ہے بے زر کا خدا حافظ (اُر۔مصرعہ) سودا امیر کا غریب کا اللہ بیلی۔
زردوز (ف۔مذ صفت فاعلی) کارچوب۔ زری کا کام کرنے والا۔
زردوست (ف۔صفت فاعلی) روپیہ کو عزیز رکھنے والا۔ بخیل۔ طامع۔ حریص۔ لالچی۔
زرِ ڈگری (ف۔ا۔مذ) ڈگری کا روپیہ۔ وہ رقم جس کی ڈگری ہوئی ہو۔
زر رہن (ف۔ا۔مذ) گروی کا روپیہ۔
زرِ سُرخ (ف۔ا۔مذ) خالص سونا۔ کُندن۔ طلا۔
زرِ سفید (ف۔ا۔مذ) چاندی۔ سیم۔ نقرہ۔
زر ضامنی (ف۔ا۔مو) ضمانت کا روپیہ۔
زر فاضل (ف۔ا۔مو) فالتو روپیہ۔ زائد روپیہ۔
زرِ قرض (فع۔مذ) قرض کا روپیہ۔
زرِ قلب (فع۔مذ) کھوٹا روپیہ۔ کھوٹا سونا۔ ملاوٹ کا سونا۔
زر کا جوتا / زر کی پیزار (اُر۔ا۔مذ / مو) چاندی کا جوتا۔ کامدار جوتا۔ رشوت۔
زرکوب (ف۔مذ فاعل) ورق ساز۔ چاندی سونا کوٹ کر ورق بنانے والا۔
زرکوبی (ف۔ا۔مو بیائے مصدری) ورق سازی۔
زر کے آگے زور نہیں چلتا (اُر۔مثل) روپے والے کے سامنے طاقتور آدمی کچھ نہیں کر سکتا۔
زرگر (ف۔ا۔مذ فاعل) سُنار۔ زیورات گھڑنے والا۔
زرِ گل (ف۔ا۔مذ) پھول کے اندر کا زرد رنگ کا زیرہ۔
زرگیا زردی چھائی۔ زر آیا سُرخی آئی (اُر۔مثل) نقصان ہونے سے چہرہ زرد پڑ جاتا ہے۔ روپیہ ہے تو منہ پر سُرخی آجاتی ہے۔
زرِ لگان / زرِ مالگذاری (اُر۔ا۔مذ) ہل پڑنا۔ زمین کا سرکاری خراج۔ مالیہ۔ زر مالگذاری۔ وہ رقم جو زمینداروں سے ہر فصل میں قسط کے طور وصول ہو کر دافعل خزانہ ہوتی ہے۔
زرِ مبادلہ (فع۔ا۔مذ) وہ سکہ جس کے ذریعے بین الاقوامی تجارت ہوتی ہے۔
زرِ مطالبہ (فع۔ا۔مذ) سرکاری روپیہ۔ بقایا واجب الادا۔
زرِ منافع (فع۔ا۔مذ) نفع کا روپیہ۔ فائدہ کا روپیہ۔ سود۔ بیاج۔
زرناب (ف۔ا۔مذ) خالص سونا۔ کنایتہً آفتاب۔
زرنگار (ف۔صفت) وہ چیز جس پر سنہری نقش بنے ہوئے ہوں۔ سونے کا ملمع کیا ہوا۔
زرنگاری (ف۔صفت) دیکھئے زرنگار جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

زرنیست عشق ٹیڑھیں (اُر۔ مثل) مفلسی میں عشق نہیں ہو سکتا۔ مفلسی میں محبت کا مزہ نہیں آتا۔

زر ہے تو گھر ہے نہیں تو کھنڈر ہے (اُر۔ مثل) روپیہ پیسہ ہو تو گھر اچھی حالت میں نظر آتا ہے۔ نہیں تو کھنڈر بن جاتا ہے۔

زرنقد (فع۔ا۔مذ) وہ روپیہ جو کسوٹی کاٹ کر لیا جائے۔ روکڑ۔

زراعت (ع۔ا۔مؤ) کھیتی۔ کشت کاری۔ بونا جوتنا۔ کھڑی فصل۔

زراعت پیشہ (عف۔ا۔مذ۔فاعل) کسان جوتا۔ زمیندار۔ کاشتکار۔ مزارع۔

زراعت کرنا (اُر۔فعل) کھیتی باڑی کرنا۔ بونا۔ جوتنا۔ کاشتکاری کرنا۔

زرافہ (ع۔ا۔مذ۔ Giraffe) شتر گاؤ۔ لمبی گردن والا ایک افریقی جانور۔

زرافہ

زرائن (ف۔ا۔مذ) زیور۔

زربان (ف۔صفت) بوڑھا۔ کنایۃً حضرت ابراہیمؑ

زربافت (ف۔ا۔مذ۔ترکیب مفعولی) سونے کے تاروں کا بنا ہوا کمخواب (ترکیب فاعلی) کمخواب بننے والا۔

زربافی (ف۔مو۔بیائے نسبتی) تار بافی۔ سنہرا۔ بیائے مصدری۔ کمخواب بننے کا کام۔

زرد (اُر۔صفت) پیلا۔ سنہرا۔ اصفر۔

زردآلو (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا آڑو۔

زرد پڑنا (اُر۔فعل) خوف یا بیماری وغیرہ کے باعث چہرا پیلا ہو جانا۔

زرد چوب (ف۔ا۔مو) ہلدی۔

زرد رُو (ف۔صفت بترکیب فاعلی) شرمندہ۔ شرمسار۔ خجل۔ خجالت زدہ۔

زرد رُو ہونا (اُر۔فعل) شرمندہ ہونا۔ شرمسار ہونا۔

زرد روئی (ہ۔مو۔بیائے مصدری) شرمندگی۔ شرمساری خجالت۔

زرد شت ۔ یا۔ **زرتشت** (ف۔ا۔مذ) آتش پرستوں کا پیغمبر۔

زردک (ف۔مذ) گاجر۔ گزر۔

زردہ (ف۔مذ) زرد رنگ کا گھوڑا۔ صفرا۔ پت۔ انڈے کی زردی میٹھے زرد رنگ کے چاول۔ پان میں کھانے کا تمباکو۔ زرد کوڑی۔

زرد ہونا ۔ یا۔ **ہو جانا** (اُر۔فعل) شرمندگی یا رنج یا عشق یا طول مرض سے رنگ زرد پڑ جانا۔ خون خشک ہو جانا۔ شرما جانا۔ خوف یا رعب میں آجانا۔

زردی (ف۔مو۔بیائے مصدری) زرد رنگ۔ پیلا رنگ۔ انڈے کی زردی۔ مرض یرقان۔ پھولوں کے اندر کا ریزہ۔ اشرفی۔ پونڈ۔

زرشک (ف۔ا۔مذ) کشمش سے مشابہ۔ ایک پھل جو ترش اور شیریں دو قسم کا ہوتا ہے۔

زرغل (اُر۔صفت) خراب۔ نکما۔ ناکارہ۔ کمزور۔ ناتوان ضعیف۔

زرق برق ۔ یا۔ **زرق و برق** (فع۔آصفت) ٹیپ ٹاپ۔ کروفر۔ شان و شوکت۔ چمکیلا۔ بھڑک دار۔ آراستہ۔ سجا ہوا۔

زرقا (ع۔ا۔مو) وہ عورت جس کی آنکھیں نیلی اور سبز ہوں۔

زرقطونا (ف۔ا۔مذ) ہلدی۔ ایک پودے کے بیج۔

زرگری (ف۔مؤ۔بیائے مصدری) سُنار کا پیشہ۔ ایک خاص اپنی بنائی ہوئی زبان کا نام۔

زرگری جنگ (اُر۔مو) بناوٹ کی لڑائی۔ جھوٹ موٹ کی لڑائی۔

زرہ (ف۔ا۔مو) چلتہ۔ جوشن۔ بکتر۔ لوہے کے چھلّوں سے بنی ہوئی لڑائی کی ایک پوشاک۔ لوہے کی تاروں کا کُرتا۔

زرہ

زرہ بکتر (اُر۔ا۔مذ) لوہے کا کُرتا۔ لڑائی کا لباس

زرہ پوش (ف۔مذ۔) چلتہ پہننے والا۔ بہادر سپاہی۔

زری (ف۔ا۔مو۔بیائے نسبتی) سونے کا۔ سونے کا تار۔ سونے کا ملمع کیا ہوا چاندی کا تار۔ کلابتونی کپڑا۔ بادلہ۔ تاش۔ بتای۔ غرہ۔

زریں کلاہ (ف۔ا۔مذ) جس کے سر پر سنہری ٹوپی ہو۔ بادشاہوں کی تعریف میں کہتے ہیں۔

زری گوٹے والا (اُر۔فذ) پرانا گوٹا خریدنے والا۔

زریں (ف۔صفت) بیش قیمت۔ سنہری۔ سنہرا۔ سونے کا۔

ز ۔ ڑ

زڑ (ہ۔مو) بکواس۔ بیہودہ بکنا۔ یاوہ گوئی۔ بے فائدہ کلام کی طوالت۔ بڑ۔

زڑ مارنا ۔ یا۔ **ہانکنا** (اُر۔محاورہ) بکواس کرنا۔ بڑ ہانکنا۔ بڑ مارنا۔ یاوہ گوئی کرنا۔ بیہودہ اور بے فائدہ بکے جانا۔

زڑی (ہ۔مذ۔بیائے فاعلیت) بکواسی۔ بک بک کرنے والا۔ یاوہ گو۔ ایک ہی قسم کی باتیں بکتے رہنے والا۔ کلام کو طول دینے والا۔

ز ۔ ش

زشت (ف۔صفت) بُرا۔ بھونڈا۔ بدشکل۔ بدصورت۔

زشت خُو (ف۔صفت) بدخصلت۔ بدمزاج۔

زشت رُو (ف۔صفت) بدشکل۔ بُری صورت والا۔

زشت سیرت (ف۔صفت) بدتمیز۔ بدچلن۔

ز ۔ ع

زعفران (ع۔ا۔مو) کیسر۔ ایک قسم کا زرد رنگ کا خوشبودار پھول۔

زعفران زار (ف۔ا۔مذ) وہ مقام جہاں زعفران یا زعفرانی

رنگ کثرت سے ہو ؛

زعفران کا کھیت (اُر۔ مذ) کیسر کی کیاری۔ ہنسانے والا مقام۔ ایسی جگہ جہاں خود بخود جوش مسرت سے ہنسی آجائے ؛

زعفران کا کھیت دیکھ آنا (اُر۔ محاورہ) بہت ہنسنا۔ بہت خوش ہونا ؛

زعفرانی (ع۔ صفت بیائے نسبتی) کیسری رنگ۔ پیلا۔ زرد۔ زعفران کے رنگ کا ؛

زعم (ع۔ مذ) گمان۔ خیال۔ ظن ؛

زعما (ع۔ صفت) دیکھئے زعیم جس کی یہ جمع ہے۔ اُمرا۔ لیڈر۔ سردار

زعیم (ع۔ ا۔ مذ) وکیل کار۔ سردار۔ لیڈر ؛

ز ۔ غ

زغن (ف۔ ا۔ مذ۔ مو) چیل۔ غلیواز ؛

زغند (ف۔ ا۔ مو) چھلانگ۔ چوکڑی۔ جست۔ کود پھاند ؛

ز ۔ ف

زفاف (ع۔ مو) مکلاوہ۔ دلہن کی اپنے دولہا کے گھر روانگی۔ ہمبستری۔ سہاگ کی رات۔ تخت کی رات ؛

زفیر (ع) } (مو) سیٹی بجانا۔ سیٹی دینا۔ دو انگلیوں کو منہ میں
زفیل (ف) } رکھ کر بجانا۔ کبوتروں کو اُڑانے کی آواز ؛

زفیل دینا (اُر۔ فع) سیٹی بجانا۔ سیٹی دینا ؛

زفیلنا (اُر۔ مصدر) منہ سے سیٹی کی آواز نکالنا ؛

ز ۔ ق

زقند (ف۔ ا۔ مو) چھلانگ۔ چوکڑی۔ کود پھاند ؛

زقوم (ع) تھوہر ؛

ز ۔ ک

زک (اُر۔ مو) شرمندگی۔ خفت۔ ندامت۔ ذلت۔ ہار۔ شکست۔ نقصان۔ خسارہ ؛

زک اُٹھانا۔ **زک پانا** (اُر۔ محاورہ) ہار ماننا۔ نقصان اُٹھانا۔ شرمندگی اُٹھانا ؛

زک دینا (اُر۔ محاورہ) ہرانا۔ شکست دینا۔ شرمندہ کرنا۔ ذلیل و رسوا کرنا ؛

زک کھانا (اُر۔ محاورہ) ذلیل ہونا۔ خفیف ہونا۔ شرم اُٹھانا۔ شکست کھانا ؛

زکام (ع۔ مذ) ریزش۔ نزلہ۔ وہ سردی کی بیماری جس میں ناک بہے ؛

زکام ہونا (اُر۔ محاورہ) نزلہ ہونا ؛

زکا (ع۔ ا۔ مو۔ صف) بڑھنا۔ افزوں ہونا۔ امیر۔ دولتمند ؛

زکاوت (ع۔ مو) دیکھو ذکاوت ؛

زکریا (ع۔ اند) حضرت سلیمانؑ بن داؤد کی نسل سے ایک پیغمبر کا نام ہے ؛

زکوٰۃ (ع۔ امو) پاک کرنا۔ پاکیزگی۔ مال کا چالیسواں حصہ جو سال بھر کے بعد راہِ خدا میں دیا جائے ؛

زکی (ع۔ صفت) ذہین۔ دانا (دیکھو ذکی) ؛

ز ۔ ل

زُلال (ع۔ صفت۔ مذ) نتھرا ہوا پانی۔ صاف اور شیریں پانی۔ ٹھنڈا اور میٹھا پانی۔ دراصل ایک سفید دو انگل لمبے برفانی کیڑے کا نام ہے۔ جس کو مرنے کے بعد پانی میں ڈالنے سے پانی سرد ہو جاتا ہے ؛

زلزلہ (ع۔ اند) بھونچال۔ لرزہ۔ جنبش۔ ہالن ڈولن۔ ہل چل۔ کھلبلی۔ تہلکہ ؛

زلزلہ پڑ جانا (اُر۔ محاورہ) کھلبلی مچنا۔ ہل چل پڑنا۔ تہلکہ مچ جانا ؛

زلف (ع۔ امو) لغوی معنی۔ رات کا پہلا حصہ۔ فارسی والے اصلاحاً بالوں کی لٹ جو کنپٹی کے اُوپر سے چھوڑ کر حلقہ کی طرح بنا لیتے ہیں گیسو۔ کاکل ؛

زلف

زلف پریشاں (ف۔ ا۔ مو) بکھرے ہوئے بال ؛

زلف تابدار (ف۔ ا۔ مو) گھونگریالے بال ؛

زلف رسا (ف۔ صفت) زلف جس میں بہت سے بل ہوں ؛

زلفی۔ یا۔ **زلفی زنجیر** (اُر۔ مو) وہ کنڈیاں جو کواڑوں میں اس غرض سے لگائی جاتی ہیں کہ کواڑ چولے سے اُتر نہ سکیں۔ یہ کواڑ اور چوکھٹ کے درمیان ہوتی ہیں ؛ (بیائے نسبتی ہے) ؛

زلفیاں (اُر۔ مو) زلفی کی جمع۔ زنجیریں ؛

زلّہ (ع۔ مذ) لپس خوردہ۔ آگے سے بچا ہوا کھانا۔ کسی کے لئے اُٹھا کر رکھا ہوا کھانا ؛

زلّہ رُبا (عف۔ مذ) جوٹھا کھانے والا۔ مراد خوشہ چین ؛

زلّہ رُبائی (عف۔ مو بیائے مصدری) خوشہ چینی۔ جوٹھا کھانا ؛

زلیخا (ع۔ مو) عزیز مصر کی بیوی جو حضرت یوسف علیہ السلام پر عاشق ہوئی تھی ؛

زلیخا پڑھی پر یہ نہ جانا عورت ہے یا مرد (اُر۔ مثل) ان

لوگوں کے متعلق کہتے ہیں جو بے سوچے سمجھے پڑھتے ہیں ؛

ز - م

زمام (ع۔ا۔مو) باگ۔ باگ ڈور۔ نکیل ؛

زمان (ع۔ ا ۔ مذ) زمانہ۔ ساعت۔ ہنگام۔ عرصہ۔ مدت۔ دنیا۔ عالم ؛

زمان و مکان (ع۔ ا ۔ مذ) TIME AND SPACE وقت اور جگہ۔ کل کائنات ؛ کل دُنیا۔

زمانہ (ف۔ا۔مذ) آسمانی حرکت کا اندازہ۔ وقت۔ سماں۔ ہنگام۔ دنیا۔ عالم۔ دَہر۔ دُنیا کے لوگ۔ مخلوق۔ جگ۔ جہان۔ عرصہ۔ مدت۔ وقفہ۔ میعاد۔ عہد۔ راج۔ حکومت۔ موسم۔ رُت۔ فصل۔ جمع از منہ ؛

زمانہ اُلٹ پلٹ ہونا (اُر۔ محاورہ) زمانہ اُلٹ جانا۔ انقلاب آجانا ؛

زمانہ بھر (اُر۔ تابع فعل) تمام دُنیا۔ سارا جہان ؛

زمانہ پھر جانا (و محاورہ) زمانہ بدل جانا۔ زمانہ اُلٹ جانا۔ لوگوں کا اپنے خلاف اور دشمن ہو جانا ؛

زمانہ دیکھنا (محاورہ) تجربہ حاصل کرنا۔ دُنیا میں پھرنا۔ دُنیا کو دیکھ ڈالنا ؛

زمانہ ساز (ف۔ صفت) مطلب کا یار۔ خود غرض۔ ہوا کے رُخ رہنے والا ؛

زمانہ سازی (ف۔ موبیائے مصدری) خوشامد۔ خود غرضی۔ ظاہر داری ؛

زمانۂ عدّت (فع۔ ا ۔ مذ) وہ میعاد جس میں عورت طلاق لینے یا رانڈ ہونے کے بعد دوسرا خاوند نہ کر سکے ؛

زمانہ کا لہو سفید ہونا (اُر۔ محاورہ) آپس میں محبت نہ رہنا۔ محبت کا دُنیا سے اُٹھ جانا ؛

زمانہ کا موافق ہونا (اُر۔ محاورہ) اقبال یاور ہونا۔ قسمت مددگار ہونا۔ نصیب اچھے ہونا ؛

زمانہ گرگٹ کی طرح رنگ بدلتا ہے (اُر۔ مثل) وقت کبھی کچھ ہوتا ہے کبھی کچھ ؛

زمانہ ماضی (فع۔ ا ۔ مذ) گزرا ہوا زمانہ ؛

زمانہ مستقبل (فع۔ ا ۔ مذ) آنے والا زمانہ ؛

زمانے کا انقلاب (اُر۔ محاورہ) زمانہ بدلنا۔ ہلچل ہونا ؛

زمانے کا رنگ دیکھنا (اُر۔ محاورہ) دنیا کے حالات کا خیال رکھنا ؛

زمانے کی ہوا بگڑنا (اُر۔ محاورہ) دوستوں کا دشمن ہو جانا۔ لوگوں کے خیالات خراب ہو جانا۔

زمبور (ہ۔ مذ) لوہے کا اُوزار ؛

زمبور

زُمُرّد (ع۔ا۔مذ) ایک سبز رنگ کے قیمتی پتھر کا نام ہے۔ سبزہ۔ جواہر سبز پنا ؛

زُمُرّدیں (ف۔ صفت) سبز۔ ہرا۔ رنگت میں زمرد جیسا ؛

زُمرہ (ع۔ مذ) جتھا۔ گروہ۔ جماعت۔ ساتھی۔ ہمراہی۔ بھیڑ۔ فوج ؛

زُمزُم (ع۔ا۔مذ) بیت اللہ کے کنویں کا نام۔ دیکھیے آبِ زم زم

زمزمہ (ع۔ا۔مذ) راگ۔ نغمہ۔ سُر۔ لَے۔ ترانہ۔ گیت جو آتش پرست آگ کی پوجا کے وقت سُریلی آواز سے گاتے ہیں ؛

زمزمی (ع۔ا۔مو) آبِ زمزم رکھنے کا برتن ؛

زمستان (ف۔ مذ۔ ظرف) جاڑا۔ سردی۔ موسم سرما ؛

زمہریر (ف۔ مذ۔ ظرف) کرۂ ہوائی کا وہ طبقہ جو نہایت سرد ہے۔ سخت سردی۔ بہت جاڑا۔ دوزخ کے ایک طبقہ کا نام بھی ہے۔ جس میں سردی کا عذاب ہوگا۔ لغوی معنی سرد کر دینے والا ؛

زمین (ف۔ا۔مو) (زم بمعنی خشکی و ین کلمہ نسبت سے مرکب ہے) دھرتی۔ بھوم۔ بھومی۔ دُنیا۔ جہان۔ عالم۔ تختہ۔ خطّہ۔ مُلک۔ ولایت۔ دیس۔ مٹی۔ خاک۔ دُھول۔ غزل کی ردیف قافیہ اور بحر۔ جڑ۔ بنیاد۔ نیو۔ عورت اولاد کی ماں۔ کاغذ یا کپڑے کی اصل تہ یا اصل رنگ۔ طبقہ۔ تلا ؛

زمین اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) زمین کا اجارہ پر دیا جانا۔ زمین کا ٹھیکے پر بولا جانا۔ سرسبز ہونا ؛

زمین اُفتادہ (ف۔ صفت) وہ زمین جو کاشت نہ کی گئی ہو ؛

زمین آسمان ایک کر دینا (اُر۔ محاورہ) چھان مارنا۔ تلاش کرنا۔ جستجو میں کوئی جگہ باقی نہ چھوڑنا ؛

زمین آسمان کا فرق (اُر۔ مذ) بہت بڑا فرق۔ نہایت فرق ؛

زمین آسمان کے قلابے ملانا (محاورہ) بہت باتیں بنانا۔ جھوٹی سچی باتیں بہت بنانا۔ شیخی مارنا۔ لاف زنی کرنا ؛

زمین بلند ہونا (اُر۔ محاورہ) غزل کی زمین کا سخت اور مشکل ہونا ؛

زمین بوس ہونا (محاورہ) سلام کرنا۔ حاضر خدمت ہونا۔ زمین چومنا۔ آستان بوسی کرنا۔ سجدۂ زمین کرنا ؛

زمین بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) زمین کا نیچے دب جانا۔ نیچے دھنس جانا ؛

زمین پامال ہونا (اُر۔ محاورہ) ایک بحر اور ردیف و قافیہ میں پہلے سے بہت سی غزلیں ہونا ؛

زمین پاؤں کو لگنا (اُر۔ محاورہ) کثرت آمد و رفت کی وجہ سے کسی راستہ کا مشاق ہونا۔ کسی زمین پر چلنے کی عادت ہو جانا ؛

زمین پر پاؤں نہ رکھنا (اُر۔ محاورہ) بہت اترانا۔ نہایت غرور کرنا۔ زمین کو اپنے پاؤں رکھنے کے قابل نہ جاننا۔ بڑھ کر چلنا۔ بے حد متکبر ہونا ؛

زمین پر پاؤں نہ ہونا (اُر۔ محاورہ) غرور کرنا ؛

زمین پست ہونا (اُر۔ محاورہ) بحر، ردیف اور قافیہ کا اچھا نہ ہونا ؛

زمین تلے اُوپر کر دینا (اُر۔ محاورہ) انقلاب برپا کر دینا۔ ہلچل مچا دینا ؛

زمین پر چڑھنا یا۔ زمین چڑھنا (اُر۔ محاورہ) گھوڑے کا دن بدن

تیز رفتاری میں مشاق ہونا۔ دوڑ دھوپ میں روز بروز بڑھتے جانا ؛

زمین پکڑنا (اُر۔ محاورہ) کسی جگہ سے نہ ہلنا۔ جم کر بیٹھ رہنا۔ جم جانا۔ کسی جگہ رہنے پر اصرار کرنا ؛

زمین پھٹ جائے اور میں سما جاؤں (اُر۔ مثل) زندگی سے نفرت اور نہایت شرمندگی کے وقت بولا کرتے ہیں کہ اس جینے سے مرنا بہتر ہے ؛

زمین دار (ف۔ صفت) زمین کا مالک۔ حاکم۔ سردار ؛

زمین دار کی جڑ ہری (اُر۔ مثل) زمین دار ہمیشہ خوشحال رہتا ہے ؛

زمینداڑہ (اُر۔ ا۔ مذ) زمیندار کا حق۔ گاؤں وغیرہ ؛

زمینداری (ف۔ ا۔ مو) دیکھئے زمیندار جس کا یہ اسم کیفیت ہے ؛

زمینداری پٹا (اُر۔ ا۔ مذ) ایک تحریر جس میں سرکار زمینداری کے حقوق عطا کرتی ہے ؛

زمینداڑنی (اُر۔ ا۔ مذ) زمیندار کی عورت۔ کسان کی بیوی ؛

زمین دکھانا۔ یا۔ **دکھلانا** (اُر۔ محاورہ) گرا دینا۔ پٹکنا۔ پچھاڑنا۔ نیچا دکھانا۔ دے مارنا ؛

زمین دوز (ف۔ صفت بترکیب مفعولی) زمین کے نیچے۔ مجازاً وہ کنواں جس کی منڈیریں زمین سے اُوپر نہ ہوں۔ زمین میں دھنسا ہوا وہ خیمہ جس کے چاروں طرف کا کپڑا ہوا کے دباؤ کے واسطے زمین میں دبا دیا کرتے ہیں ؛

زمین دیکھنا (اُر۔ محاورہ) نیچا دیکھنا۔ شرمندگی اٹھانا۔ ذلیل ہونا۔ قے کرنا۔ اُلٹی کرنا ؛

زمین سخت آسمان دُور ہے (اُر۔ مثل) جان بیزار مرنے کو تیار ہوں۔ مگر دفعتہً نہ تو زمین میں دھنس سکتا ہوں نہ آسمان تک پہنچ سکتا ہوں۔ دونوں طرح مصیبت ہے ؛

زمین سے پڑا پانا (اُر۔ محاورہ) مفت مل جانا۔ بے محنت ملنا۔ راہ چلتے مل جانا ؛

زمین غیر مزروعہ (فع۔ مو) بنجر زمین۔ وہ زمین جو بوئی جوتی نہ جائے ؛

زمین کا پاؤں تلے سے نکل جانا۔ یا۔ **سرک جانا** (اُر۔ محاورہ) حواس ٹھکانے نہ رہنا۔ کسی صدمے یا حادثے کی خبر سن کر کانپ جانا۔ تھرّانا۔ بے حواسی سے پاؤں کا ڈگمگا جانا ؛

زمین سر پر اُٹھا لینا (اُر۔ محاورہ) بہت شور و غل کرنا ؛

زمین سے پیٹھ لگانا (اُر۔ محاورہ) پہلوان کا کسی دوسرے پہلوان کو چت گرا دینا ؛

زمین شعر سنگلاخ ہونا (اُر۔ محاورہ) شعر کا بحر اور وزن مشکل ہونا ؛

زمین شور سنبل بر نیارد (ف۔ مثل) شور والی زمین میں گھاس نہیں اگتی۔ بُرے آدمی سے کبھی نیکی کی اُمید نہیں ہو سکتی ؛

زمین کا پیوند ہو (اُر) دعائے بد۔ مر جائے۔ قبر میں چلا جائے۔ دفن ہو جائے ؛

زمین کا گز (اُر۔ مذ) ہمیشہ سفر۔ سیاحت میں رہنے والا۔ بہت چلنے پھرنے والا۔ سیاح ؛

زمین کا گز ہو جانا۔ یا۔ **بننا** (اُر۔ محاورہ) دنیا جہان کو چھان مارنا۔ بہت جہاں گردی کرنا ؛

زمین کھا گئی کہ آسمان / **زمین کھا گئی یا آسمان** (اُر۔ محاورہ) کسی دفعتہً غائب اور گم ہو جانے والی چیز کی نسبت بولا جاتا ہے ؛

زمین کی پوچھنا آسمان کی کہنا (اُر۔ محاورہ) بے تکی بات کہنا۔ سوال کچھ جواب کچھ ؛

زمین کی طنابیں کھینچ دینا (اُر۔ محاورہ) فاصلہ کم کر دینا۔ مسافت کم کر دینا ؛

زمین قند (ف۔ ا۔ مو) ایک قسم کی ترکاری۔ ارقسم کچالو ؛

زمین گیر (ف۔ صفت) وہ جو اپنی جگہ سے جنبش نہ کر سکے۔ زمین پر گرا ہونا۔ جھکا ہوا۔ بوڑھا۔ اپاہج ؛

زمین مزروعہ (فع۔ مو) کھیتی باڑی کے قابل زمین۔ بوئی جوتی زمین ؛

زمین میں سمانا (اُر۔ محاورہ) دھرتی میں گڑنا۔ غیرت و شرم کے مارے زمین میں گڑنے کی آرزو کرنا ؛

زمین میں گڑنا۔ یا۔ **گڑ جانا** (اُر۔ محاورہ) سخت شرمندہ ہونا۔ شرم کے مارے پانی پانی ہو جانا۔ زمین میں دھنس جانا ؛

زمین ناپنا (اُر۔ محاورہ) سفر کرنا۔ آوارہ پھرنا ؛

زمین و آسمان کا فرق ہونا (اُر۔ محاورہ) بہت فرق ہونا ؛

زمین ہلا دینا (اُر۔ محاورہ) ہل چل مچا دینا۔ تہ و بالا کر دینا ؛

ز ۔ ن

زَن (ف۔ مو) استری۔ عورت۔ جورو۔ بیوی۔ زوجہ۔ اہلیہ ؛

زَن زمین زر تینوں لڑائی کا گھر (اُر۔ مثل) دولت، زمین اور عورت تینوں سے دُنیا میں جھگڑے پیدا ہوتے ہیں ؛

زَن مُرید (فع۔ مذ) جورو کا غلام۔ عورت کے کہنے پر چلنے والا۔ بیوی کا حکم ماننے والا ؛

زنِ مدخولہ (فع۔ مو) گھر میں ڈالی ہوئی عورت۔ وہ عورت جسے ماں باپ نے بیاہ کر نہ دیا ہو اور نہ خود کسی سبب سے اُس نے نکاح کر لیا ہو۔ نکاحی عورت۔ داشتہ۔

زنِ منکوحہ (فع۔ مو) بیاہتا بیوی۔ باقاعدہ نکاح کر کے لائی ہوئی عورت ؛

زن و شو (ف۔ ا۔ مذ) زن و شوہر کا مخفف ؛

زن و فرزند (ف۔ ا۔ مذ) بیوی بچے ؛

زن (ف لاحقہ فاعل) فارسی مصدر "زدن" سے صیغہ امر جو کسی اسم کے پیچھے آ کر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور مارنے والے کے معنی دیتا ہے۔ جیسا کہ شمشیر زن۔ تیغ زن ؛

زنا (ع۔ ا۔ مذ) جاری۔ حرامکاری۔ بدکاری۔ کسی غیر عورت سے صحبت کرنا ؛

زنا بالجبر (ع۔ ا۔ مذ) زبردستی حرام کرنا۔ کسی عورت سے اس کی مرضی

بغیر حرامکاری کرنا۔

زناکار (عف۔صفت فاعلی) جار۔ حرامکار۔ بدکار۔ زانی۔ فاجر۔ فاسق۔ زنا کرنے والا۔

زناکاری (عف۔مو۔بیائے مصدری) حرامکاری۔ زنا۔ فسق و فجور۔

زناٹا (ہ۔مذ صوت) کسی چیز کے زور سے ہوا چیرتے ہوئے جانے کی آواز۔ سائیں۔ سنسناہٹ۔

زناخ (اُر۔مو) مرغ یا کبوتر کے سینہ کی دو شاخی ہڈی (زنخ کی مشابہت سے یہ نام ہوا)۔

زناخی (اُر۔مو۔بیائے فاعلیت) دہلی کی قلعہ والیوں کا دستور تھا کہ وہ باہم اس قسم کے رشتے اور بہناپے کر کے ایک دوسری کو خطاب کرتی تھیں۔ سہیلی گوئیاں۔

زنار (ف۔مذ و مو) جینو۔ وہ تاگا جو ہندو لوگ آڑا ترچھا گلے میں ڈالا کرتے ہیں۔

زنار بند۔ زنار دار (ف۔اُ۔مذ) جنیو پہننے والا۔ برہمن۔ دوجنما یعنی ہندوؤں کی تین اونچی ذاتیں۔ برہمن، چھتری اور ویش۔

زنان خانہ (ف۔ا۔مو) عورتوں کا مکان۔ حرم سرا۔

زنانہ (ف۔ا۔مذ) عورتوں جیسا۔ زنخہ۔ ہیجڑا۔ مخنث۔ عورتوں کی سی حرکتیں کرنے والا آدمی۔ بھانڈ۔ پردہ نشین عورتوں کے رہنے کا مکان۔ حرم سرائے۔ پردہ (بحالت صفت) نامرد۔ ڈھیلا۔ سست۔ بزدل۔

زنانہ کرانا (اُر۔محاورہ) پردہ کرانا۔ مردوں کو ہٹا دینا۔ ہیجڑا بنانا۔

زنانی (اُر۔مو) عورت۔ استری۔ زن۔

زنبیق (ع۔ا۔مذ) نرگس کی قسم کا ایک سفید رنگ کا پھول جو دھتورے کے پھول سے مشابہ ہوتا ہے۔

زنبور (ف۔ا۔مذ) بھڑ۔ مکھی۔ سنسی کی طرح کا ایک اوزار۔ جس کا منہ گول ہوتا ہے۔ سنڈاسی۔ چھوٹی توپ۔

زنبور خانہ (عف۔ا۔مذ) بھڑوں کا چھتا۔

زنبورچی (ف۔ا۔مذ) زنبور چلانے والا۔ توپچی۔ برقنداز۔ سپاہی۔ بندوقچی۔

زنبورک (ف۔ا۔مو) چھوٹی توپ۔

زنبیل (ف۔ا۔مو) کچکول۔ گداگروں کی جھولی۔ بھیک مانگنے کی کشتی۔ چپپی۔ کاسۂ گدائی۔ عمرو عیار کی جھولی۔ جس میں زمانہ بھر کی چیزیں رکھ لیا کرتا تھا۔ بٹوا۔

زنبیل

زنجبیل (ع۔ا۔مو) سونٹھ۔ جنت کی ایک نہر کا نام۔

زنجبیل العجم (ع۔ا۔مو) ہینگ کے پودے کی جڑ۔

زنجبیل الثعلب (ع۔ا۔مو) کچلہ۔

زنجیر (ف۔مو) کنڈی۔ سنگل۔ بیڑی۔ لڑی توڑا۔ گلے کی زنجیر۔ فیل کے تعداد کے ساتھ اس کا سر لفظ آتا ہے۔


زنجیر

زنجیر ڈالنا (اُر۔فعل) بیڑیاں ڈالنا۔ بیڑی پہنانا۔ قید کرنا۔

زنجیر کھٹکھٹانا۔ یا۔ مارنا (اُر۔فعل) گنڈی کھڑکانا۔ دستک دینا۔ بلانا۔

زنجیرا (اُر۔مذ) لڑی۔ سلسلہ۔ توڑ۔ ہار۔ کنٹھی۔ حلقہ دار کشیدہ لہریا۔

زنجیری (ف۔صفت بیائے فاعلیت) ایک قسم کی زنجیر دار گولی یا گولہ۔

زنخ۔ یا زنخدان (ف۔مو) ٹھوڑی۔ ٹھوڈی۔ ذقن۔

زنخا (اُر۔مذ) وہ آدمی جو عورتوں کی سی باتیں اور حرکات و سکنات کرے۔ زنانڑا۔ ہیجڑا۔ نچنیا۔ بھانڈ۔ بزدل۔ نامرد۔ نازک کمر۔ پتلی کمر والا۔

زنخدان (ف۔ا۔مو) ٹھوڑی۔

زنخ زن (ف۔صفت) خندہ زن۔

زندان (ف۔مذ۔ظرف) قید خانہ۔ جیل خانہ۔ محبس۔ بندی خانہ۔ سجن۔

زندگانی (ف۔ا۔مو) عمر۔ زندگی۔ زیست۔ حیات۔

زندگی (ف۔ا۔مو) (دیکھو زندگانی) اس میں ی مصدری ہے۔

زندگی بخش (ف۔صفت) زندگی دینے والا۔ عطا کرنے والا۔

زندگی بھاری ہونا (اُر۔محاورہ) جینا دوبھر ہونا۔

زندگی بھر (اُر۔تابع فعل) جیتے جی۔ تمام عمر۔ حین حیات۔

زندگی تلخ ہونا (اُر۔محاورہ) جینا دوبھر ہونا۔ جینے کا لطف نہ رہنا۔

زندگی حباب ہے (اُر۔مقولہ) زندگی ناپائیدار ہے۔ فانی ہے۔

زندگی سے تنگ آنا (اُر۔محاورہ) جینے سے بیزار ہونا۔ زندگی سے خفا ہونا۔

زندگی سے ہاتھ اٹھانا۔ یا۔ دھونا (اُر۔محاورہ) جینے کی امید نہ رکھنا۔ جینے سے ناامید ہونا۔

زندگی کا جام پینا (اُر۔محاورہ) کسی کی یاد میں شراب یا شربت کا پیالہ پی کر اس کی سلامتی کی دعا مانگنا۔ کسی جلسے میں اپنے عزیز یا حاکم وغیرہ کی درازیٔ حیات کی دعا کرنا۔

زندگی کا فور ہونا (اُر۔محاورہ) مرجانا۔

زندہ (ف۔فاعل قیاسی مفید صفت) جیتا۔ ذی حیات۔ ذی روح۔ خوش۔ تازہ۔ جاگتا۔

زندہ باش (ف۔دعائیہ فقرہ) جیتا رہ۔ سلامت رہ۔ مرحبا۔ آفرین۔ شاباش۔

زندہ جاوید (ف۔صفت) ہمیشہ کے لئے زندہ۔ نہ مرنے والا۔

زندہ داران شب (ف۔ا۔مذ) جو راتوں کو جاگتے ہیں۔ چوکیدار۔

زندہ درگور ہونا (اُر۔محاورہ) موت سے پہلے مرنا۔ جیتے جی مرنا۔ نہایت تکلیف میں ہونا۔

زندہ دل (ف۔ا۔صفت) خوش طبع۔ خوش مزاج۔ دل لگی والا۔ ظریف۔ باحوصلہ۔

زندہ دلی (ف۔مو۔بیائے مصدری) دل لگی۔ ظرافت۔ چہل۔ مردہ دلی کی ضد۔

زندہ رہنا (اُر محاورہ) سلامت رہنا۔ جیتا رہنا۔ سرسبز رہنا۔ پھلنا۔ پھولنا ؛

زندیق (ع۔ ا۔ مذ) پارسی۔ مجوسی۔ آتش پرست۔ کافر۔ بے دین ؛

زندیقی (ع۔ ا۔ مو) دیکھئے "زندیق جس کا یہ اسم کیفیت ہے" ؛

زنگ (ف۔ ا۔ مذ) لوہے کا میل۔ جر۔ کدورت۔ گھنگرو۔ گھنٹہ ٹالی۔ افریقہ کے ایک ملک کا نام ؛

زنگ آلود۔ یا۔ آلودہ (ف۔ صفت۔ مفعولی) زنگ خوردہ۔ مورچہ کا کھایا ہوا۔ کھنڈا۔ کُند ؛

زنگ لگنا (اُر فعل) جر لگنا۔ مورچہ لگنا ؛

زنگار (ف۔ ا۔ مذ) تانبے کا جر۔ تانبے کا کساؤ۔ نیلا تھوتھا ؛

زنگاری (ف۔ صفت بیائے نسبتی) زنگار کے رنگ کا۔ سبز ہرا ؛

زنگولہ (ف۔ ا۔ مذ) گھنٹا۔ گھنگرو۔ جرس۔ ٹال ؛

زنگی (ف۔ مذ صف بیائے نسبتی) زنگبار کا باشندہ۔ حبشی ؛

زنگی کی سیاہی کسی صورت نہیں جاتی (اُر۔ مثل) پیدائشی عیب کسی طرح دُور نہیں ہوتا ؛

زنگی ہڑ (اُر۔ امو) چھوٹی ہڑ۔ کالی ہڑ۔ ہلیلہ سیاہ ؛

زنند جامۂ ناپاک گاز اں برسنگ (ف۔ مثل) عیب دار کا عیب دُور کرنے کے لئے سختی کی ضرورت ہوتی ہے ؛

زنہار (ف۔ تابع فعل۔ حرف تاکید نفی) ہرگز نہیں۔ بالکل نہیں۔ پناہ۔ بچاؤ ؛

ز - و

زوّار (ع۔ ا۔ مبالغہ) بہت زیادہ زیارت کرنے والا۔ زائر۔ یاتری

زوّار (ع۔ صفت) زائر کی جمع ہے ؛

زوال (ع۔ مذ) کمی۔ گھٹاؤ۔ اُتار۔ ادبار۔ بدبختی۔ تنزل۔ کامیابی

زوال پذیر (عف۔ صفت) گھٹنے والا۔ تغیر قبول کرنے والا ؛

زوال کا وقت (اُر۔ مذ) تیسرا پہر۔ دھوپ ڈھلنے کا وقت۔ گھٹتی کا وقت۔ دوپہر کے بعد کا وقت ؛

زوال ماہ (عف۔ مذ) چاند کا پورا ہونے کے بعد گھٹنا۔ اندھیرا پکھ ؛

زوائد (ع۔ ا۔ صفت) زائد کی جمع۔ زیادہ فضول۔ فالتو ؛

زواہر (ع۔ صفت) دیکھئے زاہر جس کی جمع ہے۔ چمکدار۔ روشن۔ بلند ؛

زوج (ع۔ ا۔ مذ) جوڑا۔ جُفت۔ جفت۔ خاوند۔ جورو۔ وہ عدد جو دو پر پورا تقسیم ہو سکے ؛

زوج الزوج (ع۔ ا۔ مذ) وہ عدد جو دو پر پورا تقسیم ہونے کے بعد پھر دو پر پورا تقسیم ہو سکے ؛

زوج الفرد (ع۔ مذ) وہ عدد جو جفت اور طاق یعنی دو اور تین دونوں پر بٹ سکے۔ جیسے ۶۔ ۱۲۔ ۱۸ ؛

زوجہ (ع۔ امو) جورو۔ بیوی۔ استری۔ گھر والی۔ اہلیہ ؛

زوجہ مطلقہ (ع۔ ا۔ مو) وہ بیوی جسے طلاق دے دی گئی ہو ؛

زوجیّت (ع۔ امو) جوڑا ہونا۔ بیوی بننے کا حق۔ نکاح۔ بیاہ۔ عقد ؛

زوجیت میں لانا (اُر محاورہ) بیوی بنانا۔ جورو بنانا۔ نکاح میں لانا ؛

زوجین (ع۔ ا۔ مذ) میاں بیوی دونوں ؛

زود (ف۔ صفت) جلدی۔ شتابی۔ تاؤلی۔ ابھی ؛

زود آشنا (ف۔ صفت) جلدی یار بن جانے والا۔ جلدی گھل مل جانے والا ؛

زود پشیمان (ف۔ صفت) جلد پچھتانے والا ؛

زود رنج (ف۔ صفت م) بہت جلد خفا ہو جانے والا۔ تیز مزاج۔ جلے تن۔ تنک مزاج ؛

زود رس یا۔ زود فہم (ف۔ صفت) بات کی تہ کو جلدی پہنچ جانے والا۔ تیز فہم۔ ذکی۔ بہت جلدی سمجھ جانے والا ؛

زود نویس (ف۔ صفت) جلد جلد لکھنے والا۔ تیز قلم آدمی ؛

زور (ع۔ امذ) جھوٹ۔ دروغ۔ دغا۔ فریب۔ مکر۔ (یہ بواؤ معروف ہے) ؛

زور (ف۔ بواؤ مجہول مذ) بل۔ طاقت۔ قوت۔ توانائی۔ حکم۔ حکومت۔ زبردستی۔ جبر۔ غلبہ۔ زیادتی۔ کثرت۔ بہتات۔ کوشش۔ سعی۔ قیامت کا۔ غضب کا۔ بے ڈھب۔ ظلم وستم۔ سختی۔ انوکھا آدمی۔ ایک عجیب شخص۔ طرفہ مجون۔ نرالے ڈھب کا۔ قابو۔ بس۔ قدرت۔ اختیار۔ خوب۔ عمدہ۔ اچھا ؛

زور آزمانا (اُر) زور کا امتحان کرنا۔ طاقت دکھانا۔ قوت ظاہر کرنا۔ بل دکھانا ؛

زور آزمائی (ف۔ مو بیائے مصدری) طاقت دکھانا۔ کشتی۔ بل ظاہر کرنا ؛

زور آنا (اُر فعل) طاقت بڑھنا۔ قوت زیادہ ہونا۔ طاقتور ہونا۔ توانا ہونا ؛

زور آور (ف۔ صفت) بلی۔ قوت دار۔ طاقتور۔ قوی۔ بلوان۔ بلونت ؛

زور آوری (ف۔ مو بیائے مصدری) طاقت۔ بل۔ توانائی۔ زبردستی ؛

زور بادشاہ داؤں وزیر (اُر۔ مثل) طاقت تدبیر سے افضل درجہ رکھتی ہے۔ بادشاہ جیسی طاقت وزیر جیسی دانائی ؛

زور بازو سے (اُر تابع فعل) اپنی طاقت سے۔ قوت بازو سے۔ اپنی محنت سے ؛

زور پر (اُر۔ تابع فعل) کمال پر۔ زیادتی پر۔ ترقی پر ؛

زور توڑنا (اُر۔ محاورہ) گھمنڈ توڑنا۔ قوت زائل کرنا ؛

زور پر چڑھنا (اُر۔ محاورہ) دباؤ پڑنا۔ بوجھ پڑنا۔ طاقت صرف ہونا۔ مجبور کیا جانا ؛

زور جتانا۔ یا۔ دکھانا (اُر۔ محاورہ) طاقت ظاہر کرنا۔ دباؤ ڈالنا۔ حکومت دکھانا ؛

زور چلانا (اُر) زبردستی یا رُعب سے کوئی کام لینا۔ بل دکھانا۔

حکومت چلانا ؛
زور چلنا (اُر۔ محاورہ) دباؤ پڑنا۔ حکم چلنا۔ بس چلنا۔ قابو چلنا ؛
زوردار (ف۔ صفت) بلوان۔ بلونت۔ بلی۔ طاقتور۔ قوی۔ مضبوط ؛
زور دکھانا (اُر۔ محاورہ) طاقت دکھانا۔ غرور کرنا ؛
زور دینا (اُر۔ فعل) دباؤ ڈالنا۔ بوجھ ڈالنا۔ کسی لفظ کو زیادہ زور سے ادا کرنا۔ سخت کرنا۔ زور بڑھانا۔ قوت دینا۔ مدد دینا۔ حمایت کرنا۔ تاکید کرنا۔ مجبور کرنا۔ ناچار کرنا ؛
زور ڈالنا (اُر۔ محاورہ) دبانا۔ مجبور کرنا۔ تنگ کرنا۔ طاقت دکھانا۔ مدد کرنا۔ دباؤ ڈالنا ؛
زور سے (ا۔ تابع فع) جلدی سے۔ تیزی سے۔ طاقت سے۔ سختی سے۔ بمشکل۔ بشدت۔ کثرت سے۔ بلند آواز سے ؛
زور شور (ف۔ مذ) تیزی۔ شدت۔ چڑھاؤ۔ طغیانی ؛
زور شور سے (اُر۔ تابع فعل) دھڑلے سے۔ دھوم سے۔ شان و شوکت سے۔ جوش و خروش کے ساتھ۔ بڑی طاقت کے ساتھ ؛
زور شور کا (اُر۔ صفت) بھاری۔ گھنگھور۔ نہایت شدت کا۔ پُرجوش ؛
زورِ طبع (ف۔ ا۔ مذ) نئے مضامین۔ نئے خیالات پیدا کرنے کی طاقت ؛
زور ظلم (ف۔ ا۔ مذ) سختی۔ زبردستی۔ زیادتی۔ جبر و قہر ؛
زورِ قلم (فع۔ ا۔ مذ) لکھنے کی طاقت۔ تحریر کا زور ؛
زور کرنا (اُر۔ فعل) زور لگانا۔ طاقت آزمانا۔ کوشش و سعی کرنا۔ دو پہلوانوں کا آپس میں داؤ پیچ کرنا۔ پڑھنا۔ ترقی کرنا ؛
زور کے آگے ضرب نہیں چلتی (اُر۔ مثل) طاقتور پر معمولی چوٹ اثر نہیں کرتی ؛
زور لگانا (اُر۔ محاورہ) اپنی ساری طاقت خرچ کرنا۔ آگے کو بڑھانا۔ ہاتھ لگانا۔ ہمت کرنا۔ مدد کرنا۔ کوشش کرنا۔ سعی کرنا۔ مجامعت کرنا ؛
زور مارنا (اُر۔ محاورہ) اپنا سا رابل دیکھ پانا۔ نہایت کوشش کرنا ؛
زور میں آنا۔ یا۔ بھرنا (ا۔ فعل) جوانی یا جوبن میں بھرنا۔ طاقت میں مکمل ہونا ؛
زور نکالنا (اُر۔ محاورہ) طاقت گھٹانا۔ کمزور کرنا۔ کسی ناتواں پر طاقت آزمائی کرنا ؛
زور نہ ظلم عقل کی کوتاہی (اُر۔ مثل) بے عقل آدمی عموماً ظالم ہوتے ہیں۔ کسی کی سختی سے نقصان نہیں پہنچتا بلکہ اپنی بے وقوفی سے ؛
زورق (ف۔ ا۔ مو) چھوٹی کشتی۔ ایک ٹوپی جو درویش پہنتے ہیں ؛
زورا زوری (اُر۔ مو۔ بیائے مصدری) دھینگا مشتی۔ زبردستی۔ جبراً ؛
زوروں پر آنا۔ یا۔ ہونا (اُر۔ محاورہ) طاقتور ہونا۔ طاقت میں بھرنا۔ شدت پر ہونا۔ بکثرت ہونا۔ جوانی یا جوبن میں بھرنا۔ موٹا تازہ ہونا۔ غرور کرنا۔ تکبر کرنا۔ آگے بڑھنا۔ زیادہ ہونا ؛
زوف ہے (اُر۔ محاورہ) لعنت ہے۔ تھو ہے۔ تف ہے ؛
زوفا (ع۔ مذ) ایک قسم کی دوائی اور اس کے پھول کا نام ہے۔ جس کا شربت بنایا جاتا ہے ؛

ز - ہ

زہ (ف۔ مو) کنارہ۔ منڈیر۔ کمان کا چلّہ۔ جننا۔ بچہ دینا۔ وضع حمل ہونا۔ واہ وا۔ شاباش۔ مرحبا ؛
زہ کرنا (اُر۔ فعل) کمان کا چلّہ چڑھانا۔ دیوار کی کانس بنانا ؛
زہ گیر (ف۔ ا۔ مذ) سینگ یا ہڈی کی بنی ہوئی انگوٹھی جیسی ایک چیز جس کو انگوٹھے پر پہن کر تیر چلاتے ہیں ؛
زُہد (ع۔ مذ) پرہیزگاری۔ پارسائی۔ تقویٰ ؛
زُہّاد (ع۔ ا۔ مذ) دیکھئے زاہد جس کی یہ جمع ہے ؛
زہاد (ف۔ ا۔ مو) شرمگاہ۔ پیڑو ؛
زہر (ف ا۔مذ) لیس۔ سم۔ وہ شے جس کے کھانے سے جاندار مر جائے۔ کڑوا۔ تلخ۔ برا۔ ناگوار۔ خلاف طبع۔ غصہ۔ خشم۔ بدذائقہ۔ بے لطف۔ بدمزہ۔ مہلک چیز۔ ہلاک کر دینے والا۔ مُضر ؛
زہر اُگلنا (اُر۔ محاورہ) منہ سے زہر نکالنا۔ مجازاً طعنے دینا۔ برا بھلا کہنا۔ فساد کی باتیں زبان پر لانا۔ بدلہ لینا۔ غصہ نکالنا۔ بدگوئی کرنا۔ بہکانا۔ کسی بات کے شروع ہونے پر اُس کے بالکل برخلاف رائے دینا ؛
زہر آلود۔ یا۔ زہر آلودہ (ف۔ صفت بترکیب مفعولی) زہر ملا۔ لیس بھرا۔ زہر کا بھرا ہوا۔ زہر میں بجھایا ہوا ؛
زہر آب (ف۔ ا۔ مذ) زہر کا پانی۔ لیس ملا پانی۔ زہر گھلا ہوا پانی ؛
زہر آشام (ف۔ صفت) زہر پینے والا۔ جو زہر میں بجھا ہوا ہو ؛
زہر آگیں (ف۔ صفت) زہر آلود۔ زہر ملا ؛
زہر باد (ف۔ ا۔ مذ) خناق۔ انتڑیوں کی خشکی کے سبب سے گلے کا خشک ہو جانا۔ کنٹھ روگ۔ ایک خطرناک مرض جو ہاتھی گھوڑے وغیرہ کے فوطہ پر ہوتی ہے۔ بادخایہ۔ سانس کے راستہ سے سرایت کرنے والا زہر ؛
زہر چھٹکنا (اُر۔ فعل) زہر پھیلنا۔ زہر چڑھنا۔ زہر کا تمام بدن میں اثر کروانا۔ (بصورت متعدی) زہر پھیلانا۔ زہر چڑھانا ؛
زہر خند (ف) غصہ اور شرمندگی میں ہنسنا ؛
زہر دار (ف۔ صفت بترکیب فاعلی) زہر ملا۔ لیس بھرا۔ سمی ؛
زہر دینا (اُر۔ فعل) زہر کھلانا۔ زہر سے مارنا ؛
زہر قاتل (فع۔ صفت) مار ڈالنے والا زہر۔ زہر ہلاہل۔ مہلک زہر ؛
زہر کا پتلا (اُر۔ صفت) بہت مفسد۔ بہت شریر ؛

زہر کرنا۔یا۔کر دینا (اُر۔ محاورہ) کڑوا کر دینا۔ تلخ کر دینا۔ بدمزہ کر دینا۔ ناگوار کرنا۔ کھانے میں نمک اندازے سے زیادہ ڈال دینا ؛

زہر کھانا (اُر۔ محاورہ) کوئی جان نکل جانے والی چیز کھا لینا۔ مرنا۔ جان دینا۔ کسی پر عاشق ہونا۔ دشمنی کرنا۔ عداوت کرنا۔ بَیر رکھنا۔ حسد رکھنا۔ رشک وحسد سے مرنا۔ جلنا ؛

زہر کی چھری (اُر۔ صفت) زہریلا۔ بس کی گانٹھ۔ فتنہ انگیز۔ شہد کی چھری کی ضد ؛

زہر کے گھونٹ پینا (اُر۔ محاورہ) دل ہی دل میں بل کھانا۔ بس گھولنا۔ مجبور ہو کر غصے کو ضبط کرنا۔ اندر ہی اندر جلنا۔ کُڑھنا ؛

زہر کے گھونٹ نگلنا (اُر۔ محاورہ) تلخ چیز کو حلق سے اُتارنا۔ غصہ ضبط کرنا ؛

زہر گھولنا (اُر۔ محاورہ) فتنہ وفساد کی باتوں سے فضا خراب کرنا۔

زہر کے گھونٹ ہونا (اُر۔ محاورہ) تلخ ہونا۔ ناگوار گزرنا ؛

زہر کی گانٹھ (اُر۔ صفت) بس کی گانٹھ۔ نہایت فسادی۔ فتنہ انگیز ؛

زہر لگنا (اُر۔ محاورہ) بے حد بُرا معلوم ہونا۔ سخت ناگوار گزرنا۔ بُرا لگنا ؛

زہر مار کرنا (اُر۔ محاورہ) غم یا غصہ کی حالت میں مجبوراً کھانا۔ بے دلی سے کھانا ؛

زہر معلوم ہونا (اُر۔ محاورہ) بُرا لگنا ؛

زہر مہرہ (ف۔ مذ) بس مار۔ تریاق۔ ایک قسم کا پتھر ہوتا ہے، جو زہر کو چوس لیتا ہے۔ موسم گرما میں بچھوؤں کو ٹھنڈک دینے کا ایک سبز پتھر ؛

زہر مہرہ خطائی (ف۔ مذ) شہر خطا کا زہر مہرہ۔ جو نہایت عمدہ اور خوش رنگ ہوتا ہے ؛

زہر میں بجھانا (محاورہ) زہر کے پانی میں بجھاؤ دینا۔ زہر آلود کرنا۔ بس ملانا ؛

زہر میں بجھا ہوا (اُر۔ صفت مفعولی) زہر آلود۔ وہ ہتھیار جس کا زخم کبھی اچھا نہ ہو۔ فسادی ؛

زہر ہتھیلی پر رکھا ہو بے کھائے نہیں مرتا (مثل) کوئی کام کئے بغیر سزا نہیں مل سکتی ؛

زہر ہلاہل (ف۔ ا۔ مذ) مہلک زہر ؛

زہر ہونا۔یا۔ ہو جانا (اُر۔ محاورہ) کڑوا ہونا۔ تلخ ہو جانا۔ نمک بہت پڑ جانا۔ بُرا ہونا۔ باعث تکلیف ہونا ؛

زہر ہے (اُر۔ محاورہ) مہلک زہر ہے۔ نقصان دہ ہے۔ کڑوا ہے۔ تلخ ہے۔ بدمزہ ہے ؛

زہرا (ع۔ مو) زرد رنگ کا۔ زرد رنگ۔ حضرت فاطمہؓ کا لقب ؛

زہرہ آب ہونا (اُر۔ محاورہ) خوف زدہ ہونا۔ حوصلہ پست ہونا ؛

زہرہ (ہ۔ مو) ایک ستارے کا نام ہے جو تیسرے آسمان پر ہے مگر سو کھیاس کو زہرہ فاختہ فلک۔ لولو۔ فلک اور ناہید بھی کہتے ہیں۔ ایک خوبصورت عورت کا نام ہے۔ جس پر ہاروت وماروت عاشق ہو کر مبتلائے عذاب الٰہی ہو گئے ؛

زہرہ جبیں (ف۔ صفت) زہرہ کی سی پیشانی والا۔ خوب صورت۔ ماہرو ؛

زہرہ (ف۔ مذ) پتّا۔ ایک اندرونی عضو کا نام ہے۔ جس میں زرد اور نیلے رنگ کا کڑوا پانی بھرا ہوتا ہے اور ہر جاندار کے جگر سے چمٹا رہتا ہے۔ حوصلہ۔ ہمت۔ دلیری۔ جگر۔ گردہ۔ کلیجہ ؛

زہرہ گداز (ف۔ صفت) سخت تکلیف دہ ؛

زہرہ آب ہونا (اُر۔ محاورہ) رُعب چھانا۔ رُعب اور خوف طاری ہونا۔ نامردی چھانا ؛

زہرہ پھٹنا (اُر۔ محاورہ) خوف سے جگر ٹکڑے ہونا۔ رُعب چھانا۔ دل دھڑکنا۔ متحیّر ہونا۔ حیرت میں رہنا۔ جلنا۔ حسد کرنا ؛

زہریلا / زہریلی (ہ۔ مذ۔ صفت) بس بھرا ؛
(ہ۔ ا۔ مو) زہردار۔ شریر۔ فتنہ انگیز

زہریلی آب وہوا (ف۔ ا۔ مو) وہ آب وہوا جو مضر صحت ہو ؛

زہے قسمت (اُر۔ کلمہ تحسین) خوش بختی سے۔ اچھی قسمت سے ؛

ز ۔ ی

زیادتی۔ زیادتی (ف۔ مو بیائے مصدری) کثرت۔ بہتات۔ شدت۔ افراط۔ زبردستی۔ جبر۔ ظلم ؛

زیادتی کرنا (اُر۔ فعل) زبردستی کرنا۔ سختی کرنا۔ جبر کرنا ؛

زیادہ (ف۔ صفت) بہت۔ افزوں۔ بیش۔ بڑھا ہوا۔ فالتو۔ فاضل۔ سوا ؛

زیادہ تر (ع۔ ا۔ صفت) بہت زیادہ بیشتر۔ سوا۔ فالتو۔ فاضل ؛

زیادہ جی کر کیا عاقبت کے بورے سمیٹو گے (اُر۔ مثل) بہت بوڑھا ہونے کے باوجود زندہ رہنے کی خواہش کرے تو طنزاً کہتے ہیں ؛

زیادہ حدِ ادب (ف۔ دعائے خاتمہ) اکثر حکام کو عرضیہ یا عرضی لکھ چکنے کے بعد اخیر پر بطور خاتمہ لکھ دیا کرتے ہیں۔ یعنی اب میں حد ادب پر اس کو ختم کرتا ہوں ؛

زیادہ خیریت ہے (اُر) خاتمہ خط۔ باقی خیریت۔ آگے خیریت ؛

زیادہ ستائی (ف۔ مو بیائے مصدری) (قانون) سرکاری اجازت یا قانون سے زیادہ لینا۔ معمول سے زیادہ لے لینا۔ زیادہ طلبی ؛

زیادہ سَر (ف۔ صفت) خود پسند۔ مغرور۔ متکبّر۔ وہ جو ایسا کام کرے جو ختم نہ ہو سکے ؛

زیادہ سے زیادہ (اُر۔ تابع فع) بہت سے بہت۔ حد کا درجہ ؛

زیادہ طلبی (فع۔ ا۔ مو) زیادہ مانگنا ؛

زیادہ کرنا (اُر۔ محاورہ) بڑھانا۔ پہلے سے زیادہ کر دینا۔ دستر خوان

اُٹھانا۔ پوشاک اُتارنا۔ کم کرنا ؛
زیادہ گو (ف۔ ا۔ صفت) بکواسی۔ پرگو۔ جھوٹا۔ دروغگو ؛
زیادہ گوئی کرنا (اُر۔ فعل) بکواس کرنا۔ بات کو بڑھا کر بیان کرنا۔ مبالغہ کرنا۔ فضول بکنا۔ بڑ ہانکنا ؛
زیادہ مٹھائی میں کیڑے پڑتے ہیں (اُر۔ مثل) زیادہ بے تکلفی کا نتیجہ رنج ہوتا ہے ؛
زیارت (ع۔ ا۔ مو) کسی متبرک جگہ کا دیکھنا۔ جانا۔ حج۔ مقدس جگہ کا نظارہ۔ مقبرہ۔ مزار۔ آستانہ۔ درگاہ۔ پرستش گاہ ؛
زیارت بزرگاں کفارہ گناہ (اُر۔ مثل) بزرگوں کی زیارت سے گناہ معاف ہو جاتے ہیں ؛
زیارت کرنا (اُر۔ فعل) کسی مزار یا مقدس بزرگ کا نظارہ کرنا۔ بزرگ سے ملنا ؛
زیارت گاہ (ف۔ ا۔ مو) مقدس جگہ۔ درگاہ۔ آستانہ۔ متبرک مقام ؛
زیاں (ف۔ مذ) نقصان۔ خسارہ۔ ٹوٹا۔ گھاٹا۔ ضرر ؛
زیاں کار (ف۔ صفت) نقصان دینے والا۔ مُضر ؛
زیاں کاری (ف۔ ا۔ مو) دیکھئے زیاں کار جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ نقصان پہنچانا
زیب (ف۔ ا۔ مو) زینت کا مترادف سجاوٹ۔ سوبھا۔ سنگار۔ خوبصورتی۔ رونق ؛
زیب آغوش ہونا (اُر۔ محاورہ) معشوق کا بغل میں ہونا ؛
زیب تن کرنا (اُر۔ فعل) کسی کپڑے یا زیور کو بدن پر سجانا یا پہننا ؛
زیب دینا (اُر۔ فعل) سجاوٹ دینا۔ بھلا لگنا۔ خوشنما ہونا۔ موزوں ہونا۔ کھلنا ؛
زیب و زینت (ف۔ مذ) بناؤ سنگار۔ سجاوٹ۔ ٹھاٹھ باٹ۔ آرائش و زیبائش۔
زیبا (ف۔ صفت با۔ ف فاعلی) زیب دینے والا۔ بھلا۔ سوہنا۔ سندر۔ خوبصورت۔ لائق۔ مناسب ؛
زیبائش (ف۔ ا۔ مو حاصل مصدر) سجاوٹ۔ خوبصورتی۔ آرائش۔ زینت ؛
زیبائی (ف۔ ا۔ مو) خوبی۔ خوشنمائی۔

زیبرا

زیبرا (انگ۔ ا۔ مذ۔ Zebra) گدھے کی قسم کا ایک جانور اس کے بدن پر دھاریاں ہوتی ہیں۔
زیبق (ع۔ ا۔ مذ) پارہ۔ سیماب ؛
زیبندہ (ف۔ ا۔ مذ) زیب دینے والا۔ بھلا لگنے والا ؛
زیتون (ع۔ ا۔ مذ) ایک درخت کا نام ہے۔ جس کے بیجوں کے روغن کو زیت کہتے ہیں ؛
زیٹ (اُر۔ ا۔ مو) یاوہ گوئی۔ جھوٹ۔ بکواس ؛
زیٹک (اُر۔ صفت) کوتاہ قد۔ بے حمیت ؛
زید (ع) ایک فرضی نام۔ مشہور صحابی کا نام

زیر (ف۔ ا۔ مو) دھیمی آواز۔ نیچا سُر۔ مدھم آواز ؛
زیر (ف۔ ا۔ مو) جر۔ کسرہ۔ آڑی لکیر جو حرف کے نیچے لکھ دیا کرتے ہیں۔ (بحالت صفت) نیچے۔ تحت۔ کم طاقت۔ کمزور ؛
زیر افگن (ف۔ ا۔ مذ) چھوٹا قالین۔ غالیچہ۔ بستر۔ ایک سُر کا نام
زیر انداز (ف۔ مذ۔ مفعول ترکیبی) جُوتے کے نیچے رکھا ہوا کپڑا یا چمڑا۔ تاکہ فرش خراب نہ ہو۔ غالیچہ ؛
زیر بار (ف۔ ا۔ صفت بترکیب مفعولی) بوجھ میں دبا ہوا۔ مقروض۔ قرضدار ؛
زیر بار ہونا (اُر۔ فعل) قرضدار ہونا۔ قرض کے نیچے دبنا ؛
زیر باری (ف۔ موبیائے مصدری) قرضداری۔ دَینداری ؛
زیر بند (ف۔ ا۔ مذ) وہ تسمہ جو گھوڑے کی پیٹھ کے نیچے باندھا جاتا ہے۔ گھوڑے کا تنگ ؛
زیر بند مارنا۔ یا۔ لگانا (اُر۔ محاورہ) تسمہ سے خبر لینا۔ کوڑے مارنا۔ چابک مارنا ؛
زیر پائی (اُر۔ ا۔ مو) ایک قسم کی زنانی جوتی ؛
زیر تجویز (ف۔ تابع فعل) کسی معاملہ کو غور و فکر کے لئے رہنے دینا۔ زیر حکم ؛
زیر جامہ (ف۔ ا۔ مذ) وہ کپڑا جو گھوڑے کی پیٹھ پر ڈال کر کاٹھی کستے ہیں۔ وہ لباس جو پوشاک کے نیچے پہنا جاتا ہے ؛
زیر حکومت (ف۔ تابع فعل) رعیّت۔ حکم کے تابع۔ فرمانبردار ؛
زیر دست (ف۔ صفت بترکیب فاعلی) کمزور۔ مُفلس۔ غریب۔ ناتواں۔ نادار۔ کنگال۔ ماتحت۔ تابع ؛
زیر سایہ (ف۔ تابع فعل) پناہ میں۔ حمایت میں۔ قریب۔ پاس نیچے ؛
زیر کرنا (اُر۔ فعل) دبانا۔ قابو میں لانا۔ مغلوب کرنا۔ ماتحت کرنا ؛
زیر لب (ف۔ صفت) آہستہ بات۔ پوشیدہ کہنا ؛
زیر مشق (ف۔ ا۔ مذ) لکھنے کی مشق کرتے وقت کاغذ کے نیچے رکھنے کا چکنا یا وصلی ہاتھوں پر چڑھا ہوا۔ رواں۔ زیر نظر۔ بڑا کام دینے والا مفعول ؛
زیر نظر (ف۔ صفت) نگاہ میں۔ حراست میں ؛
زیر و بم (ف۔ صفت) نشیب و فراز (آواز کا)۔ نیچا اونچا سُر ؛
زیر و زبر (ف۔ صفت) تہ و بالا۔ تلے اوپر۔ درہم برہم۔ اُلٹ پلٹ۔ تتر بتر۔ کسرہ اور فتحہ۔
زیر و زبر کرنا (اُر۔ محاورہ) تباہ و برباد کرنا۔ اُلٹ پلٹ کرنا۔ خراب خستہ کرنا ؛
زیرہ (ف۔ ا۔ مذ) ایک خوشبودار باریک بیج کا نام ہے جو اکثر گرم مصالحہ میں پڑتا ہے۔ پھول کے اندر کا باریک باریک رُواں ؛
زیرہ سفید (ف۔ ا۔ مذ) سفید رنگ کا زیرہ ؛
زیرہ سیاہ (ف۔ ا۔ مذ) کالے رنگ کا باریک زیرہ ؛

زِیرک (ف۔ صفت) دانا۔ عقلمند۔ ہوشیار۔ سمجھ دار۔

زِیرکی (ف۔ ا مو) بیائے مصدری) عقلمندی۔ دانائی۔ ہوشیاری۔ چترائی۔

زیروں سے شیر ہوتے ہیں (اُر۔ مثل) بچوں سے بڑے اور ادنے سے اعلیٰ ہوتے ہیں۔

زیریں (ف۔ تابع فعل) ۔ نیچے کا۔ تلے کا۔ پائیں۔

زِیست (ف۔ ا مو) حاصل مصدر۔ از زیستن۔ زندگی۔ جینا۔ عمر۔ حیات۔

زِیست بھاری ہونا (اُر۔ محاورہ) زندگی ناگوار ہونا۔

زِیست کے دن بھرنا (اُر۔ محاورہ) زندگی کے دن پورے کرنا۔

زِیست مشکل پڑنا۔ (ا۔ فعل) زندگی دشوار ہونا۔ جینا دوبھر ہونا۔

زیغ (ف۔ ا۔ مو) کجی۔ ٹیڑھ۔ پھر جانا۔

زِیل (ف۔ ا۔ مو) چیخ کی آواز۔ بچوں کی آواز۔ باریک آواز۔

زین (ع۔ ا۔ مذ) زیب و زینت۔ خوبصورتی۔ سجاوٹ۔

زِین (ف۔ ا۔ مذ) کاٹھی۔ چارجامہ۔ سرج پالان۔ کجاوہ۔ ترکن۔

زِین پوش (ف۔ ا۔ مذ) فاعل ترکیبی۔ زین کے اوپر ڈالنے کا کپڑا۔ غاشیہ۔

زِین دھرنا۔ یا کسنا (اُر۔ فعل) گھوڑے پر کاٹھی رکھنا۔ چارجامہ کسنا۔

زین خاں (اُر۔ مذ) عورتوں کے ایک فرضی جن کا نام ہے اکبر بادشاہ کے کوکہ اور سپہ سالار کا نام بھی تھا۔

زِین زِپٹ (اُر۔ ا۔ مو) یاوہ گوئی۔ بکواس۔

زِین ساز (ف۔ صفت) زین بنانے والا۔

زِین سواری (ف۔ ا۔ مو) گھوڑے پر سوار ہونا۔

زِینت (ع۔ ا مو)۔ آرائش۔ زیبائش۔ سنگار۔ سوبھا۔ سجاوٹ۔ خوبصورتی۔ رونق۔ خوشنمائی۔

زِینت دینا (اُر۔ محاورہ) سجانا۔ مزین کرنا۔

زِینت پہلو (ف۔ صفت) بیوی۔ معشوق۔ ہم نشین۔ بھائی۔

زِینت ہونا (اُر۔ محاورہ) سجنا۔ سجاوٹ کا موجب ہونا۔

زینہ (ف۔ ا۔ مذ۔ بمائے تشبیہی) مشابہ زین مجازاً سیڑھی۔ (پنجابی پوڑی)

زِنہار (ف) حرف تنبیہ۔ ہرگز۔ کبھی یہ تاکید نفی میں آتا ہے۔ پناہ۔ بچاؤ۔

زیور (ف۔ مذ۔ فاعل ترکیبی) (زیب و زینت سجانے والا) گہنا۔ ٹوم۔ رقم بناؤ سنگار۔ آرائش و زیبائش۔ سجاوٹ کی چیز۔

زیور بڑھانا (اُر۔ محاورہ) زیور اتار ڈالنا۔

زیور توڑنا (اُر۔ محاورہ) خاوند کی موت پر زیور ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔

زیور سے گوندنی کی طرح لدا رہنا۔ (اُر۔ محاورہ) بہت زیادہ زیور پہنے رہنا۔



زرافہ

زریب



ژ

ژ (ف۔ مو) فارسی کا چودھواں اور اردو کا سترھواں حرف ہے عربی میں نہیں آتا نہ ہندی میں آتا ہے حساب جمل میں اس کے عدد ز کی طرح سات فرض کئے گئے ہیں ؛

ژ ۔ ا

ژاژ (ف۔ا۔مذ) اونٹ کٹارا۔ ایک کانٹوں دار جھاڑی جسے اونٹ بہت کھاتا ہے۔ بیہودہ بات۔ لغوبات ؛

ژاژخائے (ف۔ا۔مذ۔صفت تبرکیب فاعلی) بکواسی۔ بیہودہ گو۔ بکی ؛

ژاژخائی (ف۔مو۔ بیائے مصدری) بکواس۔ بک بک۔ بیہودہ گوئی ؛

ژالہ (ف۔ا۔مذ) اولہ۔ پتھر۔ پالا۔ کہر ۔ پنجابی گڑا ؛

ژالہ باری (ف۔مو۔ بیائے مصدری) اولوں کی بارش۔ اولے پڑنا ؛

ژالہ زدگی (ف۔صفت) اولوں کی بارش۔ اولوں سے پہنچا ہوا نقصان۔

ژ ۔ ر

ژرف (ف۔ا۔مو) گہرا۔ عمیق ؛

ژرف نگاہ۔ (ف۔صفت) گہری نظر والا۔ معاملے کی تہہ تک پہنچ جانے والا۔

ژرف نگاہی۔ (ف۔ا۔مو) دیکھئے ژرف نگاہ۔ جسکا یہ اسم کیفیت ہے۔ گہری نظر ؛

ژ ۔ ن

ژند (ف۔ا۔مذ) پرانی گدڑی۔ پھٹا کپڑا۔ بزرگ۔ ڈراؤنا۔ ہیبت ناک۔

زند قشت کے زمانے کی بہت پرانی فارسی زبان۔ زند قشت کی ایک کتاب کا نام جسے آتش پرست آسمانی کتاب خیال کرتے ہیں ؛

ژندگی (ف۔ا۔مو) پرانا پن۔ قدامت۔ کہنگی ؛

ژندہ (ف۔ا۔مذ) گدڑی۔ پیوند لگا ہوا کپڑا۔ پرانا خرقہ ؛

ژ ۔ و

ژولیدہ (ف۔صفت) مفعولی۔ الجھے ہوئے۔ پریشان۔ درہم برہم۔ بکھرے ہوئے۔ تتر بتر ؛

ژولیدہ بیاں (فع۔صفت) جس کی تقریر یا تحریر الجھی ہوئی ہو ؛

ژولیدہ حال (فع۔صفت) مفعولی۔ خستہ حال۔ برے حال والا۔ تباہ حال۔ پریشان حال ؛

ژولیدہ مُو (ف۔صفت) مفعولی۔ بکھرے بالوں والا۔ الجھے بالوں والا۔ پراگندہ۔ بال۔

ژ ۔ ی

ژیاں (ف۔صفت) غضبناک۔ تند خو سخت غصے والا۔ بپھرا ہوا۔ درندہ جانوروں کی صفت میں اکثر اور شکاری پرندوں کے لیے بہت کم آتا ہے ؛

س

س۔ ع۔ اسم مذکر، اردو کا اٹھارہواں فارسی کا پندرہواں۔ عربی کا بارہواں حرف ہے۔
اُسے سین مہملہ یا غیر منقوط بھی کہتے ہیں۔ حساب ابجد میں اس کے ساٹھ (۶۰) عدد مقرر ہیں۔

س - ا

سا۔ (ر) حرف تشبیہ مانند، مثل۔ جیسا۔ برابر۔ مطابق۔ مشابہ۔ کثرت مقدار کے لئے بھی آتا ہے۔ جیسے جیسں ساہ گویا۔ (۵) موسیقی کا پہلا سُر۔

ساباط۔ (ع)۔ ا۔ (مو) چھتی ہوئی گلی۔ چھتا۔ دو مکانوں کو ملانے والی چھت۔

سابَر۔ (ع)۔ اسم مذکر)
بارہ سنگا۔ بارہ سنگے
یا ہرن کی کھال کا سفید یا
زرد رنگ کا چمڑا۔ نقب
لگانے کا آلہ۔ سابل

سابر

سابح۔ (ع)۔ ا۔ مذ) تیرنے والا۔
تیز رفتار گھوڑا۔

سابع (عدد ترتیبی) ہفتم۔ ساتواں۔ جمع۔ سابعون

سابق (ع۔ اسم فاعل۔ مفید۔ صفت) بڑھنے والا۔ سبقت لے جانے والا
اگلا۔ اول۔ اگلے وقت کا۔

سابق الذکر۔ (ع۔ اسم صفت) جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہو۔ مذکورہ بالا۔

سابق دستور۔ (ع۔ صف) قدیم دستور کے مطابق۔

سابقہ (ع۔ اسم صفت) اگلے زمانے کا۔ اگلا۔ پہلا۔ (بحالت اسم مذکر)
قدیم جان پہچان۔ اگلی ملاقات۔ معاملہ۔ واسطہ (بصورت اسم مؤنث)
پہلی بیوی۔ اگلی بیوی۔

سابقہ پڑنا۔ (ر۔ فعل) واسطہ پڑنا۔ معاملہ پڑنا۔ کام پڑنا۔ تعلق ہونا۔ واقفیت ہونا

سابن۔ (ہ) اسم مذکر صابُن۔ یا صابن۔

سابن کے مول پڑنا (اُر۔ محاورہ) بہت سی جوتیاں پڑنا۔ کثرت سے پٹنا۔

سابو تاڑ (انگ۔ ا۔ مذ) مخرب۔ شرارت انگیزی۔

سابُودانہ (ہ۔ ا۔ مذ) ساگودانہ۔

سات۔ (ہ) اسم عدد۔ ہفت، چھ اور ایک کا مجموعہ۔ ۷۔ ز۔

سات پانچ (ہ۔ اسم صفت) دو چار۔ چند تھوڑے سے۔ چند آدمی (بحالت اسم مؤنث) چالاکی۔ دغا فریب۔ مکر و فریب۔

سات پردوں میں چھپا کر رکھنا۔ (اُر۔ محاورہ) نہایت نگہبانی کرنا۔ ہوا تک نہ لگنے دینا۔ بحال حفاظت اور احتیاط سے رکھنا۔

سات پانچ کی لاٹھی ایک جنے کا بوجھ، (اُر۔ مثل) کئی آدمیوں کی تھوڑی تھوڑی مدد سے ایک کا کام بن جاتا ہے۔

سات پانچ مل کیجئے کام ہمارے جیتے نہ آوے لاج۔ (ہ۔ مثل) اصلاح مشورے سے کام کیا جائے۔ تو ناکامی کی صورت میں بھی شرمندگی نہیں اُٹھانی پڑتی۔

سات پیڑھی۔ (ہ۔ ا۔ مو) سات پُشت۔

سات پُشت (ر۔ اسم مؤنث) سات پیڑھی، آخر کی سات پُشتیں۔

سات توڑوں سے منہ کالا کرنا۔ (اُر۔ محاورہ) انتہا کمال نفرت ہے۔ سات توڑوں کی سیاہی سے کر منہ کالا کرنا۔ بات نہ پوچھنا۔ نکال دینا۔

سات دفعہ صدقے اُتارنا۔ (اُر۔ محاورہ) صدقے کی چیز کو سات دفعہ سر کے گرداگرد پھیرنا۔ قربان کرنا۔

سات دھار ہو کر نکلنا۔ (اُر۔ محاورہ) چھوٹ چھوٹ کر نکلنا۔ دستوں کے رستے نکلنا۔ سات زخم پڑ کر نکلنا۔ ہضم نہ ہونا۔

سات سمندر۔ (ر۔ اسم مذکر) کل دنیا کے سمندر۔

سات روپیہ اور یہ نمود۔ (اُر۔ مثل) تھوڑی تنخواہ اور شیخی اسقدر۔ چھوٹی حیثیت کا آدمی بڑائی کی ڈینگیں مارے تو کہتے ہیں۔

سات سکمی کالی۔ ایک قسم کا چھوٹا پرندہ جس کے ساتھ سات مادہ چڑیاں رہتی ہیں۔

سات سنگار (ر۔ اسم مذکر) عورتوں کی سات آرائشیں جیسے مہندی لگانا سرمہ لگانا۔ مسی لگانا۔ پان کھانا۔ سر گوندھنا۔ زیور پہننا۔ افشاں چننا۔

سات سو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی۔ (اُر۔ مثل) بہت سے گناہ کر کے اب نیکیوں کا ارادہ کیا ہے۔

سات سہاگنوں کا ہاتھ لگوانا، سات سہاگنوں کو کھلانا۔ (ر) فعل۔ فال نیک کے لئے سات زندہ خاوند والیوں سے بیاہ کا جوڑا سلوانا یا ان کو منّت کا کھانا کھلوانا۔

سات سہیلیوں کا جھمکا (اُر۔ اسم مذکر) سات چھوٹے چھوٹے ستاروں کا گچھا۔ خوشہ پروین عقدِ ثریا۔

سات پھیرے (ہ۔ مذکر۔ ہندو) نکاح۔ عقد۔ زوجیت۔ وہ سات چکر جو آگ کے گرد شادی کے وقت دولھا دولھن کو دیتے ہیں۔ یا مندر کے گرد کئے جاتے ہیں۔

سات ہاتھ ہاتھی سے ہٹے پانچ ہاتھ سنگھاڑ سے بیس ہاتھ ناری سے اور تیس ہاتھ ستوار سے۔ (اُر۔ مثل) سینگ والے بیل اور ہاتھی سے دُور رہنا چاہیئے۔ مگر عورت سے ان سے بھی دُور اور شرابی سے بہت ہی دُور رہنا چاہیئے۔

سات ماموؤں کا بھانجا۔ (اُر۔ اسم مذکر) کُنبے بھر کا لاڈلا بچہ۔

ساتا روہن۔ (ہ۔ اسم مؤنث) سات بھیڑیوں کا گروہ۔ کئی بھیڑیوں کا مجمع جس سے شکار کا جانبر ہونا محال ہے۔

ساتوں (ہ) اسم عدد استغراقی۔ پورے سات۔

ساتوں ہاتھوں لینا (ہ۔ محاورہ) نہایت شوق سے لینا۔ بڑے اشتیاق و محبت سے لینا۔

ساتوں۔ یا ساتویں (ہ۔ اسم صفت مذکر)
ساتویں (ہ) اسم صفت مؤنث ہفتم } سات سے نسبت رکھنے والا ساتویں درجہ کا۔ سابع لے:

ساتویں آسمان پر مزاج ہونا۔ (ہ۔ محاورہ) نہایت غرور ہونا بہت اترانا بڑا گھمنڈ ہونا۔

ساتھ (ہ۔ اسم مذکر) سنگت۔ ہمراہی، جماعت گروہ۔ منڈلی۔ شرکت۔ ساجھا میل ملاپ (بصورت تابع فعل) ایک ہی جگہ، ایک ہی وقت۔ باہم باہمدگر۔

ساتھ تو ہاتھ کا دیا ہی چلتا ہے۔ (اُر۔ مثل) عاقبت میں خیرات ہی کام آئے گی۔

ساتھ دینا۔ (ہ۔ فعل) مدد دینا۔ حمایت کرنا۔ رفاقت کرنا۔ بنا نہنا۔

ساتھ رہنا۔ (ہ۔ فعل) ایک جگہ رہنا۔ اکٹھا رہنا۔ ہمراہ رہنا۔ عورت کا مرد سے آشنائی رکھنا۔

ساتھ کا کھیلا۔ (ہ۔ اسم مذکر مفعولی) وہ شخص جس کے ساتھ بچپن میں کھیلتے رہے ہوں۔ لنگوٹیا۔ بچپن کا دوست۔

ساتھ لگے پھرنا۔ یا۔ لگا پھرنا۔ یا لگا جانا۔ (ہ) ساتھ ساتھ پھرنا۔ ہمراہ رہنا۔ پیچھے پیچھے پھرنا۔

ساتھن (ہ۔ اسم مؤنث) ساتھ والی عورت سہیلی۔ رفیقہ۔ ساتھی کی مؤنث ہے

ساتھی (ہ۔ اسم مذکر فاعل) ساتھ والا۔ ہمراہی رفیق۔ شریک۔ ساجھی۔

ساٹا۔ (ہ۔ اسم مذکر) اَدلا بدلا۔ عوض معاوضہ باہم مبادلہ۔ ٹھنڈی کا آپس میں لین دین۔

ساٹھ (ہ) اسم عدد۔ تین بیسی۔ شصت ۶۰۔ ۵۰۔

ساٹھ گاؤں بکری چر گئی۔ (اُر۔ مثل) بہت نقصان ہوا۔ بہت خسارہ ہوا۔

ساٹھا۔ (ہ۔ اسم مذکر فاعل) ساٹھ برس کی عمر کا۔ شصت سالہ۔

ساٹھا پاٹھا۔ (ہ۔ اسم مذکر) مرد یا ہاتھی ساٹھ برس تک جوان رہتا ہے جس آدمی کے قویٰ ساٹھ برس کی عمر میں اچھے ہوں اس کو کہتے ہیں

ساٹھا سو پاٹھا بیسی سو کھیسی (اُر۔ مثل) مرد ساٹھ برس کی عمر میں بھی جوان ہوتا ہے۔ اور عورت بیس برس کی عمر میں ڈھل جاتی ہے۔

ساٹھن۔ (انگلو۔ لفظ سٹین کا بگاڑ ہے۔ اسم مذکر) ایک قسم کا دبیز ریشمی کپڑا۔ اطلس۔ تافتہ۔

ساٹھی } (ہ۔ اسم مؤنث) ایک قسم کے سُرخ رنگ موٹے چاولوں کا
سٹھی } پودا جو بشرط بارش ساٹھ دن کے اندر پک کر تیار ہو جاتا ہے۔

ساج (ف۔ اسم مذکر) آبنوس کی لکڑی یا ساگوان کی لکڑی۔ صیقل کرنے کا پتھر توتیا۔

ساجن یا۔ سجّن (ہ) اسم مذکر خاوند۔ شوہر خصم۔ مالک۔ پتی۔ جانی۔ دلبر معشوق حاکم۔ امیر۔ سردار۔ نواب۔ راؤ۔ ٹھاکر۔ خداوند تعالےٰ۔ رام۔ کرتار۔

ساجنا (ہ۔ فعل) زیب دینا۔ بن پڑنا۔ سجنا۔

ساجھا (ہ۔ اسم مذکر) شراکت۔ تجارت یا کسی اور کام میں باہم شرکت ہونا بانٹ حصہ۔ بانٹنا۔ پتی۔

ساجھا بھلا نہ باپ کا اور تاؤ بھلا نہ تاپ کا۔ (اُر۔ مثل) شراکت کسی کی بھی اچھی نہیں ہوتی۔ گرمی بخار کی بھی برداشت نہیں ہوتی۔

ساجھا جورو خصم کا ہی بھلا۔ (اُر۔ مثل) خاوند بیوی کی شراکت ہی بہتر ہے۔

ساجھی۔ (ہ۔ اسم مذکر فاعل بیائے فاعلیت) ساجھا کرنے والا۔ حصہ دار۔ پتی دار۔ شریک۔

ساجھی ساجھی مل گئے جھوٹے پڑے بیٹھ۔ (اُر۔ مثل) شریک آپس میں ایک ہو گئے درمیان میں آنے والوں کو خفت اُٹھانی پڑی۔

ساجھے کی ہانڈی چوراہے میں پھوٹتی ہے۔ (ہ۔ مثل) حصہ داری کے کاموں میں جھگڑا ضرور ہو جاتا ہے۔

ساجھے کے چنے دُکھی آنکھ چاہتے پڑیں۔ (اُر۔ مثل) شراکت کا کام ہر حالت میں کرنا چاہیئے۔ شراکت کا نقصان اُٹھانا ہی پڑتا ہے۔

ساچق۔ (ت۔ اسم مؤنث) بُری۔ وہ معمولی رسم جو دولہا دولھن کی طرف سے شادی سے ایک دن پہلے ادا کی جاتی ہے۔ جس میں نقل۔ مہندی۔ سوہاگ پڑا مصری وغیرہ دولھن کے ہاں بھیجا جاتا ہے۔

ساحت۔ (ع۔ اسم مذکر) صحن۔ آنگن۔ میدان۔ دلیر۔

ساحر۔ (ع۔ اسم مذکر فاعل) جادو کرنے والا۔

ساحرہ (ع۔ اسم مؤنث فاعل بیائے تانیث) جادوگرنی۔

ساحل۔ (ع۔ اسم مذکر فاعل) دریا یا سمندر کا کنارہ۔

ساخت۔ (ف۔ اسم مؤنث) حاصل مصدر از۔ ساختن۔ بناوٹ، بندش۔ طرز ترکیب ڈول، بنائی ہوئی بات۔ مکر۔ فریب حیلہ۔

ساختگی۔ (ہ۔ ا۔ مذ) بناوٹ۔

ساختہ۔ (ف۔ اسم صفت بترکیب مفعولی) بنایا ہوا۔ مصنوعی۔ جھوٹا۔ جعلی۔ نقلی۔

ساختہ پرداختہ۔ (ف۔ اسم مذکر مفعول) کیا کرایا۔ عمل درآمد۔ قول و فعل۔ بنایا سنوار۔ آراستہ پیراستہ۔ کرتوت، کیا دھرا۔

سادات۔ (ع۔ اسم مؤنث) سید کی جمع الجمع ہے۔ بہت سے سید۔ سیدوں کی قوم۔ وہ لوگ جو حضرت علیؓ کی اولاد اور حضرت فاطمہؓ کے بطن سے ہوں۔

سادگی } (ف۔ اسم مؤنث، بیائے مصدری) سیدھا پن۔ صفائی۔
سادہ پن } صاف دلی۔ راستبازی۔ بھولا پن۔ ناسمجھی۔ بے تکلفی۔

سادہ۔ (ف۔ اسم مذکر صفت) کورا بن لکھا۔ صاف۔ بے ہنر۔ بے سلیقہ۔ بھولا بھالا۔ بن ڈاڑھیا۔ صاف چہرے والا۔

سادہ رُو۔ (ف۔ اسم صفت) بن ڈاڑھیا۔ صاف چہرے والا۔

سادہ دل۔ (ف۔ اسم صفت) صاف دل والا۔ بے کپٹ۔ بے ریا۔ بے کینہ۔ بے وقوف۔

سادہ دِلی۔ (ف۔ اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) صفائی۔ صاف دلی۔ بے تکلفی۔

سادہ کار۔ (ف۔ اسم صفت فاعلی) وہ سُنار جو عمدہ اور سبک کام کرنے والا ہو۔

سادہ کاغذ۔ (اُ۔ اسم مذکر) کورا کاغذ۔ بن لکھا کاغذ۔ بے مُہر کا کاغذ۔ وہ کاغذ جس پر اسٹامپ کی مہر نہ ہو۔

سادہ لَوح۔ (فع۔ اسم صفت) مورکھ۔ نادان۔ بے وقوف۔

سادہ لوحی۔ (فع۔ اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) مورکھ پن۔ نادانی۔ بیوقوفی۔

سادہ مزاجی۔ (ف۔ اسم مؤنث) سادگی۔ بے تکلفی۔ صاف دلی۔

سادہ وضع } (فع۔ اسم صفت) ٹیپ ٹاپ کے بغیر آدمی۔ اول سے
سادہ طور } آخر یکساں رہنے والا آدمی۔

سادھ۔ (ہ۔ اسم صفت) نیک، مہاتما۔ پرہیزگار۔ پارسا۔ متقی۔ سنت۔ جوگی۔ بیراگی۔ فقیر۔ درویش۔

سادھارن۔ (ہ۔ اسم صفت) سیدھا سادہ۔ صاف۔ اصلی۔ قدرتی۔ نرمل۔ بے ریا۔ سہل۔ آسان۔ رسمی۔ معمولی۔ درمیانے درجے کا۔ الفافی۔ عارضی۔ برابر۔ مقابل۔ رائج۔ ثانی (بحالت تابع فعل) ترمی۔ آسانی سے

سادھن۔ (س۔ ا۔ مذ) جتن۔ علاج۔ تدبیر۔ کسی کام کا کرنے والا۔ پورا۔ نباہ۔ تعمیل۔ اہتمام، استعمال۔ عادت۔ سبھاؤ۔ عبادت۔ بندگی۔ پرستش۔ جوگ۔ دُرستی۔ اصلاح۔

سادھنا۔ (ہ۔ فعل) سادھن کرنا۔ ثابت کرنا۔ پورا کرنا۔ بنانا۔ دُرست کرنا۔ ٹھیک ٹھاک کرنا۔ مشق کرنا۔ تیراندازی کی مشق کرنا۔ سکھانا۔ تعلیم کرنا۔ پڑھانا پلانا۔ عادت ڈالنا۔ خو کرنا۔ تولنا۔ وزن۔ تھامنا۔ سنبھالنا۔ قابو میں رکھنا۔ اصلاح کرنا۔ سدھارنا۔ راستہ کرنا۔ بنانا۔

سادھنی۔ (ہ۔ اسم مونث۔ بیائے تانیث) سادھ کی مونث۔ پارسا عورت۔ سادھنے کا آلہ۔ گنیا۔ کونیا۔

سادھو۔ (ہ۔ اسم صفت) سنت پارسا۔ پرہیزگار۔ سچا۔ دھرمی ہستی۔ پاک صاف۔ صاف دل۔ جوگی۔ بے ریا۔ سیدھا سادا (بصورت اسم مذکر) بھلا مانس مرد آدمی۔ کشمیری قوم کے خاص فرقہ کا نام ہے۔

سادھو بچہ۔ (اُ۔ اسم مذکر غیر جی) مکار۔ چالاک۔ کشمیریوں کی ایک قوم کا نام ہے لوگوں کو دیدہ دلیری بھیس بدل کر دھوکا دینے کی وجہ سے یہ نام ہو گیا ہے۔

سادھو کا دین نہ مادھو کا لین۔ (ہ۔ مثل) ہر شخص سے معاملہ صاف ہے۔ کسی کا کچھ لینا دینا نہیں۔

سادھو کو کیا سواد سے گڑ نہیں بتاشا ہی سہی۔ (اُ۔ مثل) ان لوگوں پر طنز ہے جن کو اگر ایک چیز نہ ملے تو اس سے بہتر مانگتے ہیں۔

سادھو ہو کر دیوے بتاسہ اس کو جانوں پیٹ کا کتا۔ (اُ۔ مثل) جو شخص درویش ہو کر فریب دے وہ درویش نہیں لالچی ذلیل ہے۔

سادی۔ (اُ۔ اسم مونث صفت) کوری۔ صاف۔ سفید بغیر زری وغیرہ کے خالص نرمل۔ بیساختہ۔ بھولی بھالی۔ صاف دل۔ یک رنگ۔ اندر باہر سے یکساں بے وقوف۔

سار۔ (ہ۔ اسم مذکر) پاسہ۔ چوسر یا پچیسی کھیلنے کی کوڑیاں۔ رس۔ عرق۔ شیرہ۔ قدر قیمت۔ نچوڑ۔ شطرنج کی بساط۔ اعتبار۔ پرتیت۔ لوہا۔ آہن۔

سار جاننا۔ (ہ۔ فعل) عزت کرنا۔ قدردانی کرنا۔ کیفیت جاننا۔ حقیقت معلوم کرنا۔

سار پرائی پیڑ کی جانے انجان۔ (ہ۔ مثل) ناواقف آدمی۔ دوسرے کے درد کی حقیقت کو معلوم نہیں کر سکتا اور اس کی قدر و منزلت نہیں سمجھتا۔

سارا۔ (اسم صفت) تمام۔ کُل۔ پورا۔ کامل۔

سارا جہان سر پر اُٹھا لینا۔ (اُ۔ محاورہ) بہت شور کرنا۔ بہت غل کرنا۔

سارا دھن جاتا دیکھے تو آدھا دیجئے لُٹا (اُ۔ مثل) اگر سب کچھ ضائع ہو رہا ہو تو نصف بھی بچا لینا چاہیئے۔

سارا کھیل تقدیر کا ہے۔ (اُ۔ مثل) تقدیر کا لکھا ہوا پورا ہو کر رہتا ہے۔

ساربان۔ (ف۔ اسم مذکر صفت) سار یعنی اونٹ بان۔ کلمہ محافظت۔ سانڈنی سوار۔ شتر سوار۔

سارتھی۔ (س۔ اسم مذکر فاعل) رتھ بان۔ گاڑیبان۔ بدرقہ۔ اگوا۔ ہادی۔

سارجنٹ (Sergeant)۔ سرنگروٹوں کو سکھانے۔ حوالدار۔ جمعدار۔

سارٹیفکیٹ (Certificate)۔ سند۔ پروانہ۔ خوشنودی کی چٹھی۔ چال چلن کی چٹھی۔

سارس۔ (ہ۔ اسم مذکر) کلنگ۔ کلک۔ کونج۔ ایک لمبی ٹانگوں والا آبی پرندہ جو ہمیشہ اپنے جوڑے کے ساتھ رہتا ہے۔

سارس کی سی جوڑی } (ہ۔ اسم صفت۔ تبرکیب تشبیہی) ہر وقت ساتھ
سارسوں کی سی جوڑی } ساتھ رہنے والے دوست یا بھائی۔

سارق۔ (ع۔ اسم فاعل) چور۔ دزد۔

سارنا۔ (ہ۔ فعل) پورا کرنا۔ اتمام پر پہنچانا۔ ختم کر دینا۔ گزارہ کرنا۔ کفایت کرنا۔ سُرمہ لگانا۔ آنکھوں میں کاجل ڈالنا۔ گوٹا بُننے والوں کا گلے میں سے تار نکالنا۔

سارنگ۔ (ہ۔ اسم مذکر) دیپک راگ کی ایک راگنی کا نام۔ ایک قسم کا سانپ مور۔ طاؤس۔ بادل۔ ابر۔ مور کی آواز۔ کوک۔ دھنش۔ دھنک۔ کمان آسمان کی قوس قزح۔ بھڑ۔ تتیا۔ شہد کی مکھی۔ چنگ۔ سارنگی۔

سارنگ چھتہ چھیڑنا۔ (اُ۔ محاورہ) کسی کو چھیڑ کر اپنے سر بلا لینا۔

سارنگی۔ (ہ۔ اسم مونث) ایک قسم کے ساز کا نام ہے۔ جس میں تاروں کی جگہ نائنت اور بال ہوتے ہیں۔

سارنگیا۔ (ہ۔ اسم مذکر فاعل) سارنگی بجانے والا۔

ساری۔ (ع۔ صفت) اثر کرنے والی (ہ) کل۔ تمام۔ سب پوری۔

ساری خدائی ایک طرف جورو کا بھائی ایک طرف۔ (اُ۔ مثل) زن مرید۔

ساری دیگ میں ایک ہی چاول دیکھتے ہیں۔ (اُ۔ مثل) تھوڑے سے

بہت کا حال معلوم ہو جاتا ہے۔

ساری رات ممیائی اک بچہ لائی۔ (ہ۔ مثل) محنت تو بہت کی مگر فائدہ بہت ہی کم ہوا۔

ساری رات زلیخا پڑی مگر یہ معلوم نہ ہوا کہ زلیخا مرد تھی یا عورت (اُر۔ مثل) بہت سمجھانے کے باوجود جس کی سمجھ میں بات نہ آئے اُس کے متعلق کہتے ہیں۔

ساری عمر بھاڑ ہی جھونکا۔ (اُر۔ مثل) عمر بھر فضول کام کرتے رہے۔

سارے جہان کا چھٹا ہوا۔ (اُر۔ محاورہ) نہایت لچا۔ بہت شہدا۔ بے حد چالاک۔ عیار۔

سارے دن اُونی اُونی رات کو چرخہ پُونی۔ (اُر۔ مثل) بیوقوف کام کرنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔ کام کا وقت گنوا کر بے وقت کام کرنا۔

ساڑھ ستی۔ (ہ۔ اسم مذکر) زحل۔ (سینچر کا ساڑھے سات برس کا دورہ۔ زحل کا ہار ہوئیں۔ پہلے اور دوسرے گھر میں متواتر چکر۔ بدبختی۔ نحوست۔ گردش ایام۔

ساڑھ ستی آنا یا چڑھنا۔ (ہ۔ فعل) بُرے دن آنا۔ نحوست آنا۔ ساڑھے سات برس تک سینچر کا گرہ میں آنا۔

ساڑھو یا ساڈھو۔ (ہ۔ اسم مذکر) سالی کا خاوند۔ ہم زلف۔

ساڑھی۔ (ہ۔ اسم مونث۔ بیائے نسبتی) اساڑھی کا مخفف ہے۔ فصل ربیع وہ فصل جو اساڑھ کے مہینے میں اٹھائی جاتی ہے۔ گیہوں، جَو چنے وغیرہ کی فصل۔

ساڑھے۔ (ہ۔ اسم صفت۔ عدد کسری) آدھا نصف جیسے ساڑھے پانچ۔ یعنی پانچ اور آدھا۔

ساڑی یا ساری۔ (ہ۔ اسم مونث) ایک طرح کی لمبی دھوتی۔ ہندو عورتوں کے باندھنے کی چادر۔ جیسے آدھی باندھنی اور آدھی اوڑھنی ہیں

سانہ۔ (ف۔ اسم مذکر) حاصل مصدر از ساختن۔ سامان۔ تیاری۔ باجا جیسے سارنگی



ساز

وغیرہ میں ملاپ۔ لڑائی وغیرہ کے ہتھیار۔ ناچنے اور گانے کا سامان یکے بگھی اور گھوڑے کا سامان (بحالت صفت) موافق۔ ہم طبع۔

ساز باز۔ (اُر۔ اسم مذکر۔ حاصل مصدر) سازش۔ ایکا۔ موافقت۔

ساز باز کرنا۔ (اُر۔ فعل) سازش کرنا۔ ہمراز ہونا۔ ایک ہونا۔ ایکا۔

سازِ سفر۔ (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) سفر کا سامان۔

ساز و برگ (ف۔ ا۔ مذ) اسباب۔ درستی۔ ترتیب۔ تیاری۔

ساز و یراق (ف۔ ا۔ مذ) سامان جنگ۔ مال و اسباب۔

سازش۔ (ف۔ اسم مونث) خلاف قانون تال میل کسی کے خلاف باہمی اتفاق

سازشی۔ (ف۔ اسم مذکر۔ بیائے فاعلیت) سازش کرنے والا۔

سازگار۔ (ف۔ اسم صفت۔ تبرکیب فاعلی) موافق۔ مبارک۔ راس۔ راست۔ مصلح۔

سازگاری۔ (ف۔ اسم مونث۔ بیائے مصدری) موافقت۔ نباہ۔ موافق رہنا۔

سازو سامان۔ (ف۔ اسم مذکر) مال و اسباب۔ تیاری۔ مستعدی۔ درستی۔

سازندہ۔ (ف۔ اسم مذکر۔ فاعل) ساز بجانے والا) طبلچی۔ سارنگیا وغیرہ

ساس (Sauce۔ مذکر) سالن۔ لاون۔ چٹنی۔

ساس بہو کی لڑائی سر کو پھوڑ میری ہمسائی۔ (اُر۔ مثل) دوسروں کے جھگڑے میں دخل دینے سے اپنا ہی نقصان ہوتا ہے۔

ساس بہو کی لڑائی کرے پڑوسن ہاتھا پائی۔ (اُر۔ مثل) کسی کے جھگڑے میں خواہ مخواہ دخل دینا۔

ساس چھوٹی بہو بڑی۔ (اُر۔ مثل) وہاں بولتے ہیں جہاں چھوٹے بڑوں کے کان کترتے ہیں۔

ساس پان۔ (انگ۔ اسم مذکر) دستی کڑچھا۔ ایک قسم کی پتیلی۔

ساس۔ (ہ۔ اسم مونث) بیوی یا خاوند کی ماں۔ خوشدامن یا خوشدامن۔

ساس سے توڑ بہو سے ناتا۔ (ہ۔ مثل) دو رشتہ داروں میں سے ایک کے ساتھ عداوت دوسرے سے دوستی۔

ساس کا پوت۔ (ہ۔ اسم مذکر) خاوند۔ شوہر۔ کنتہ۔ پتی۔ سوامی۔

ساس گئی گاؤں بہو کہے میں کیا کیا کھاؤں۔ (ہ) جب کوئی پوچھنے والا نہ ہو جو جی میں آئے کرو۔

ساعت۔ (ع۔ اسم مونث) گھڑی۔ گھنٹہ۔ پل۔ لحظہ۔ لمحہ۔ منٹ۔ تھوڑی سی دیر۔

ساعت ساز۔ (ع۔ ف۔ صرف) گھڑیوں کی مرمت کرنے والا۔

ساعد۔ (ع۔ اسم مذکر و مونث) کلائی پہنچا۔ ہاتھوں کا کہنی تک کا حصہ بازو۔

ساعی (ع۔ اسم مذکر۔ فاعل از سعی) کوشش کرنے والا۔ کوشاں۔

ساغر۔ (ع۔ اسم مذکر) کٹورا۔ پیالہ۔ جام۔ کاسہ۔ گلاس۔ شراب کا پیالہ۔

ساغر

ساغر چلنا۔ (اُر۔ فعل) شراب کا دور جاری رہنا۔

ساغری۔ (اُر۔ اسم مونث) گھوڑے کی مقعد۔ مجازاً سفرہ انسان۔

ساق۔ (ع۔ اسم مونث) پنڈلی۔ گھٹنے اور ٹخنے کے بیچ کا حصہ۔ ساگ کا ڈنٹھل۔ درخت کا تنا۔

ساقط ہونا۔ (اُر۔ فعل) حمل اسقاط۔ حمل گرنا۔ شعر کا بحر یا وزن سے جدا رہنا۔

ساقی (ع۔ اسم مذکر۔ فاعل) پلانے والا۔ شراب پلانے والا۔ معشوق محبوب۔ صنم۔

ساقن۔ (اُر۔ اسم مونث) وہ عورت جو بازاری لوگوں کو حقہ۔ بنگ۔ چرس پلاتی ہے۔

ساکت (ع۔ اسم فاعل از سکوت) (مفید صفت) چپ۔ دم بخود۔ خاموش۔ سناٹا۔

ساکٹ۔ (Socket۔ انگ۔ مذ) کسی چیز کا خانہ یا گھر۔

ساکٹ

ساکن۔ (ع۔ اسم فاعل۔ مفید صفت) ٹھہرنے والا۔ ٹھہرا ہوا۔ غیر متحرک۔ باشندہ۔ متوطن۔ (حرف و نحو کی اصطلاح) وہ حرف جس پر جزم ہو۔

ساکنین۔ (ع) ساکن کی جمع۔ باشندے رہنے والے۔ باسی۔ گرامر میں وہ حرف جس پر جزم ہو۔

ساکھ (ہ۔ اسم مؤنث) بھرم۔ پرتیت۔ اعتبار۔ عزت۔ وقار۔ گواہی۔ شہادت سند۔ فصل۔ سماں۔ رُت۔ موسم۔ تیار فصل۔ ثمرہ۔ حاصل۔

ساکھ جانا (ہ۔ فعل) اعتبار نہ رہنا عزت جانا۔ بات جانا۔ بھروسہ نہ رہنا۔

ساکھ دار۔ (اُر۔ صفت) قرضہ ادا کرنے کی طاقت رکھنے والا۔

ساکھ سونا پریت پیتل۔ (اُر۔ مثل) اعتبار سے جو کام ہو جاتا ہے محبت سے نہیں

ساکھا۔ (ہ۔ اسم مذکر) ٹہنی ڈالی۔ ڈال کلیں۔ گھمسان کی لڑائی۔ جنگ و جدل جُدھ۔ گواہ کی گواہی۔ اتفاق۔ یک جہتی۔

ساکھا پڑنا۔ (ہ۔ فعل) بڑی بھاری لڑائی ہونا۔ گھمسان کا رن پڑنا۔ تکرار ہونا۔

ساکھا ڈالنا (ہ۔ فعل) تکرار کرنا۔ لڑائی ڈالنا۔ فساد مچانا۔ لڑنا۔

ساکھنا۔ (ہ۔ فعل) گائے کا حاملہ ہو جانا۔ گائے کا سانڈ سے مل جانا۔

ساکھی۔ (ہ۔ اسم مؤنث۔ بیائے فاعلیت) ساتھ کھیلنے والی لڑکی۔ کھیل میں شریک ہونے والی سکھی۔

ساکھی کی لڑائی۔ (اُر۔ ا۔ مو) زوردار لڑائی۔ آن بان کی لڑائی۔

ساگ۔ (ہ۔ اسم مذکر) سبزی۔ بھاجی۔ ترکاری۔ بنا سپتی۔

ساگ پات۔ (ہ۔ اسم مذکر) ترکاری۔ بقولات۔

ساگ کھائے اوجھ بڑھے۔ مانس کھائے مانس۔ (ہ۔ مثل) ترکاریاں کھانے سے بدن پھولتا ہے اور گوشت کھانے سے بدن میں طاقت آتی ہے۔

ساگ میں شرو اچھو ہڑ مُڑوا (اُر۔ مثل) ایسی عورت جس کو معمولی کھانا پکانا بھی نہ آئے۔

ساگر۔ (ہ۔ اسم مذکر) سمندر۔ بحر۔

ساگڑ (ہ۔ اسم مذکر۔ فاعل) بہت ساگ کھانے والا۔ حقارتاً۔ مالی۔ سینی۔

ساگو دانہ۔ (اُر۔ اسم مذکر) ساگو کے درخت سے بنا ہوا نہایت لطیف سفید دانہ جو بیماروں کو کھلایا کرتے ہیں۔ بعض حکیم غلہ کی قسم بتاتے ہیں۔

ساگون۔ (ہ۔ اسم مذکر) ایک قسم کی نہایت مضبوط لکڑی۔

سال۔ (ہ۔ اسم مذکر) ایک قسم کا پہاڑی درخت جس کی لکڑی نہایت مضبوط ہوتی ہے۔ چھید۔ سوراخ۔ کانٹا۔ شول۔ جگہ۔ مکان۔ ہندی مکتب۔ دیسی مدرسہ۔ گیڈر۔ ایک قسم کی مچھلی۔ چول۔

سال۔ (ف۔ اسم مذکر ظرف) برس۔ سمت۔ سنہ۔ عمر۔

سال بسال۔ (ف۔ اسم مذکر) ہر سال۔ ہر برس۔ سالانہ۔

سال بھاری ہونا۔ (اُر۔ محاورہ) سال منحوس ہونا۔ سال بھر تکلیف میں گزرنا۔

سال بھر میں سنجی شوم برابر ہو جاتے ہیں۔ (اُر۔ مثل) سنجی جلد بخیل دیر سے خرچ کرتا ہے۔ آخر میں دونوں کا خرچ برابر ہی ہوتا ہے۔

سال تمام۔ (ف۔ اسم مذکر) پورا سال۔ مکمل برس۔ اخیر سال۔

سال تمامی۔ (ہ۔ ا۔ مو) سالانہ رپورٹ۔

سال حال یا سال رواں۔ (ف۔ اسم مذکر ظرف) موجودہ سال۔ اس برس۔

سال خوردہ۔ (ف۔ اسم صفت تبرکیب مفعول) پرانا۔ بوڑھا۔ کہنہ۔ تجربہ کار۔ زمانہ دیدہ۔

سال شمسی۔ (ع۔ ا۔ مذ) سورج کی چال پر حساب کیا ہوا سال۔ سنکرانتی سال۔

سال فصلی۔ (ع۔ اسم مذکر۔ بیائے نسبتی) خراج وصول کرنے کا سال۔

سال قمری۔ (ع۔ اسم مذکر۔ بیائے نسبتی) چاند کی چال پر شمار کیا ہوا سال۔

سال کبیسہ۔ (ف۔ اسم مذکر) لونڈ کا سال۔ تیرہ مہینوں والا سال۔

سال گذشتہ۔ (ف) پچھلا برس۔

سال گرہ۔ (ف۔ اسم مؤنث) برس گانٹھ۔ جنم دن۔ رشتہ عمر۔

سال وار۔ (ف۔ تابع فعل) ہر سال۔ سال بسال۔ ہر برس۔

سالا یا سالہ۔ (ہ۔ اسم مذکر) بیوی کا بھائی۔ ایک سخت گالی بھی ہے۔

سالار (ف۔ اسم مذکر) سردار۔ افسر۔ کپتان۔ راہنما۔

سالارِ جنگ۔ (ف۔ اسم مذکر) جنگی لارڈ۔ فوجی افسروں کا خطاب۔

سالارِ قافلہ (اسم مذکر) قافلہ کا سردار۔

سالار قوم۔ (ع۔ اسم مذکر) قوم کا سردار۔ چودھری۔ سرگروہ۔ سرغنہ۔

سالانہ یا سالیانہ۔ (ف۔ اسم صفت) سال سے نسبت رکھنے والا۔ برسی۔ سال بسال کا وہ وظیفہ یا جاگیر جو سال کے اخیر پر آئے۔

سالک۔ (ع۔ اسم مذکر۔ فاعل) راہ راست چلنے والا۔ پابند شریعت۔ فقیر۔ زاہد۔ خدا دوست۔

سالگ رام۔ (س۔ اسم مذکر) (سال بمعنی درخت اور گرام بمعنی جگہ سے مرکب ہے) سال کے درختوں کی جگہ۔ ایک پہاڑ کا نام ہے۔ جس کے خاص طرز کے پتھروں کو ہندو لوگ وشن جی کا اوتار سمجھ کر پوجتے ہیں۔

سالم (ع۔ اسم مذکر۔ فاعل) پورا۔ ثابت۔ مکمل۔ سارا۔ صحیح سلامت۔ محفوظ۔

سالمہ۔ (ع۔ اند) دو یا دو سے زیادہ عناصر کے جوہروں کے مرکب کا چھوٹے سے چھوٹا ذرہ۔ Molecule

سالن۔ (گنہ۔ اسم مذکر) ترکاری۔ لاون۔ روٹی کے ساتھ کھانے کی نمکین ترکاری۔

سالنا۔ (ہ۔ فعل) چھید کرنا۔ چول نکالنا۔ چول کھودنا۔ کاٹنا۔ سالن کا مزید علیہ الف آخر زائدہ۔

سالو (ہ۔ اسم مذکر) ایک قسم کا سُرخ کپڑا۔ لال قند۔ سُرخ ململ۔

سالوتری۔ (س۔ اسم مذکر) گھوڑوں اور چوپایوں کا حکیم۔

سالویشن آرمی۔ (انگ۔ ا۔ مو) مکتی فوج۔ عیسائیوں کی مذہبی جماعت۔

سالہ۔ (ف۔ اسم صفت بیائے نسبتی) سال سے نسبت رکھنے والا۔ جیسے چار سالہ وغیرہ۔

سالہا سال۔ (ف۔ تابع فعل) مدتوں۔ برسوں۔

سالی۔ (ہ۔ اسم مؤنث) بیوی کی بہن۔ خواہر زن۔ خواہر نسبتی

سامان۔ (ف۔ اسم مذکر) اسباب۔ چیز۔ بست۔ تیاری۔ سرانجام۔ ہتھیار۔ اوزار۔ راچھ۔

سامان بندھنا۔ (اُر۔ محاورہ) کسی چیز کی درستی کا بندوبست ہونا۔ تیاریاں ہونا۔

سامانِ عیش۔ (ف۔ اسم مذکر) امن چین کے لوازمات۔

سامان میں آنا (اُر۔ محاورہ) ہوش میں آنا۔ مزاج درست ہونا۔ آپے میں آنا۔ ٹھنڈا ہونا۔ قابو میں آنا۔

سامُدرک۔ (س۔ اسم مؤنث) علم قیافہ۔ ہاتھ پاؤں کی لکیروں کا علم۔

سامراج۔ (ہ۔ ا۔ مذ) وہ نظام حکومت جو نوآبادیات پر اپنا تسلط برقرار رکھنے کے لیے قائم کیا جائے۔

سامراجی ۔ (ہ۔صف) سامراج سے منسوب ۔ زبردستی کی حکومت ۔
سامرتھ ۔ (ہ۔اسم مونث) طاقت ۔ قوت ۔ زور ۔ شکتی ۔ گنجائش ۔ سمائی ۔ رسائی ۔ پہنچ ۔
سامرتھی ۔ (ہ۔اسم مذکر۔بیائے فاعلیت) قوی ۔ زور آور ۔ بلونت ۔ بلوان ۔ بلی ۔
سامری ۔ (ع۔اسم مذکر) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے کے ایک جادوگر کا نام ہے ۔
سامری فن ۔ (عف۔اسم صفت) مجازاً ۔ جادوگر ۔ فسوں ساز ۔
سامع ۔ (ع۔اسم مذکر۔فاعل) سُننے والا ۔ قاری کی ضد ۔ جمع سامعین ۔
سامعہ ۔ (ع۔اسم مونث۔فاعل بیائے تانیث) سُننے کی قوت ۔
سامک ۔ (ہ۔اسم مذکر) ایک غلہ کا نام ہے ۔ جو ساون کے مہینے کی ایک گھاس سے نکلتا ہے ۔
سامگری ۔ (ہ۔اسم مونث) سامان ۔ اسباب ۔
سامنا ۔ (ہ۔اسم مذکر) مقابلہ ۔ لڑائی ۔ رُوبرو ۔ سن مکھ ۔ آگا ۔ برابری ۔ گستاخی ۔ ملاقات ۔ مقابل ۔ ملنا ۔ مُٹھ بھیڑ ۔ آگا ۔
سامنا کرنا ۔ (ہ۔فعل) مقابلہ کرنا ۔ رُوبرو کھڑا ہوجانا ۔ گستاخی کرنا ۔ برابری کرنا ۔
سامنا ہونا ۔ (اُر۔محاورہ) مقابلہ ہونا ۔ روبرو ہونا ۔ ملاقات ہونا ۔ بے پردگی ہونا ۔
سامنے ۔ (ہ۔تابع فعل) مقابل ۔ رُوبرو ۔ آگے ۔ موجودگی میں ۔ ہوتے ہوئے جیسے باپ کے سامنے بیٹے کی کیا چلتی ہے ۔ سیدھا ۔ سیدھ میں ۔ مُنہ در مُنہ ۔
سامنے آنا ۔ (ہ۔فعل) رُوبرو ہونا ۔ مقابل ہونا ۔ مُنہ دکھانا
سامنے پڑنا ۔ (ہ۔محاورہ) مقابل ہونا ۔ روک کے مزاحم ہونا ۔
سامنے ٹھہرنا ۔ (اُر۔محاورہ) مقابل ہونا ۔ مقابلہ کرنا ۔
سامنے دھر لینا ۔ (ہ۔محاورہ) آگے دھر لینا ۔ آگے آگے لے چلنا ۔ گرفتار کر لینا ۔ لے چلنا ۔
سامنے کا ۔ (ہ۔تابع فعل) آگے کا ۔ روبرو کا ۔ (بحالت صفت) مقابل کا ۔ برابر کا ۔ (بحالت اسم مذکر) دشمن ۔ مدعی ۔ حریف ۔
سامنے کی بات ۔ (ہ۔اسم مونث) روبرو کا ذکر ۔ موجودگی کا حال ۔ زندگی کا بیان ۔
سامنے کی چوٹ ۔ (اُر۔اسم) مقابلے کی مار ۔ کھلی چوٹ ۔ کھلم کھلا طعن طنز ۔
سامنے ہونا ۔ (ہ۔فعل) رُوبرو ہونا ۔ مقابل ہونا ۔ پردہ نہ کرنا ۔ ظاہر ہونا ۔ مقابلہ کرنا ۔ لڑنا ۔ گستاخی کرنا ۔ لڑائی مانگنا ۔ الٹی میٹم دینا ۔ ٹوکنا ۔ دنگل میں اُترنا ۔
سامی ۔ (ہ۔اسم مذکر) سوامی کا مخفف ہے ۔ خاوند ۔ میاں ۔ پتی ۔ شوہر ۔
سان ۔ (ہ۔اسم مونث) دھار تیز کرنے کا گرنڈ کا پتھر ۔ پتھری ۔ سنگ صیقل ۔
سان پر چڑھانا یا رکھنا ۔ لگانا ۔ (محاورہ) باڑھ رکھنا ۔ سان پر دھار تیز کرنا ۔
سان پر چڑھانا ۔ (ہ۔محاورہ) سان پر دھار تیز ہونا ۔ دھار رکھی جانا ۔
سان دھرنا ۔ (ہ۔فعل) تیز کرنا ۔ باڑھ رکھنا ۔
سان گمان ۔ (اُر۔مذ) خیال ۔ وہم و خیال ۔ فکر و اندیشہ ۔ اشارہ کنایہ ۔
سانبھر ۔ (ہ۔اسم مونث) ہندوستان میں ایک جھیل ہے جو جے پور کے علاقے میں ہے ۔ (اسم مذکر) ایک قسم کا نمک جو جھیل سانبھر میں سے نکلتا ہے ۔

سانپ ۔ (ہ۔اسم مذکر) ناگ ۔ مار ۔


سانپ

اژدر ۔ اژدھا ۔ افعی ۔ رینگنے والا زہریلا کیڑا ۔
سانپ اور چور دبے پر چوٹ کرتا ہے ۔ (ارمقولہ) سانپ اور چور جب بچاؤ کی کوئی صورت نہ ہو تو حملہ کرتے ہیں ۔
سانپ بچھو سمجھنا ۔ (اُر۔محاورہ) موذی خیال کرنا ۔ باعث ایذا سمجھنا ۔
سانپ بھی مرے اور لاٹھی بھی نہ ٹوٹے ۔ (اُر۔مثل) دشمن بھی مر جائے اور نقصان بھی نہ ہو ۔
سانپ چھاتی پر پھرنا یا لوٹنا ۔ (ہ۔محاورہ) سخت صدمہ گزرنا ۔ دل پر کمال چوٹ لگنا ۔ نہایت افسوس کرنا ۔ پچھتاوا آنا ۔ بے چین ہونا ۔ دشمک سے جلنا ۔
سانپ سونگھ جانا ۔ (اُر۔محاورہ) سانپ کا ڈس لینا ۔ کاٹ کھانا ۔ سانپ کا زہر چڑھنا ۔ زہر کے مارے بیہوش ہوجانا ۔ مرجانا ۔ خاموش ہوجانا ۔
سانپ تو نکل گیا مگر رستہ بُرا پڑا ۔ (ہ۔مثل) آفت سے تو بچ گئے مگر شگون بد ہوا ۔
سانپ کا بچہ سپولیا ۔ (ہ۔مثل) بُرے کی اولاد بھی بُری ۔
سانپ کا کاٹا ۔ (ہ۔اسم صفت۔ترکیب مفعولی) سانپ کا ڈسا ہوا ۔ مارگزیدہ ۔
سانپ کا ٹارسی سے ڈرتا ہے ۔ (ہ۔مثل) جو شخص ظالم سے تکلیف اُٹھا لے وہ اس کی شبیہہ سے بھی ڈرا کرتا ہے ۔ مصیبت زدہ ذرا سے صدمے سے ڈر جاتا ہے ۔
سانپ کا کاٹا سوئے اور بچھو کا کاٹا روئے ۔ (ہ۔مثل) مارگزیدہ کو غشی طاری ہوتی ہے اور بچھو کے کاٹے ہوئے پیڑ اور درد زیادہ ہوتا ہے ۔
سانپ کا سر ہی کچلا کرتے ہیں ۔ (ہ۔مثل) موذی کو زندہ نہیں چھوڑتے ۔ شریر کی شامت ہی آیا کرتی ہے ۔
سانپ کا منکا ۔ (ہ۔اسم مذکر) سانپ کا منکا جس کی نسبت مشہور ہے کہ جس کے پاس ہو اُسے خوشحال بنا دیتا ہے ۔
سانپ کے پاؤں پیٹ میں ہوتے ہیں ۔ (ہ۔مثل) بد ذات کی بدی ظاہر نہیں ہوتی ۔
سانپ کے سانپ پاؤں نہایا عمان ۔ (ہ۔مثل) موذی کا دوست موذی ۔
سانپ کی سی کینچلی جھاڑنا ۔ (ہ۔محاورہ) پرپرزے نکالنا ۔ خوب نکھرنا ۔ صاف ستھرا بننا ۔ بیماری سے صحت یاب ہونا ۔
سانپ کی سی لہر ۔ (ہ۔محاورہ) سانپ کی سی حرکت ۔ سانپ کے کاٹے کا سا اثر ۔
سانپ کی لیکر ۔ (ہ۔محاورہ) سانپ کے چلنے کا نشان جو زمین پر پڑ جاتا ہے ۔ سانپ کی کینچلی کا نشان ۔
سانپ کے مُنہ میں ۔ (ہ۔محاورہ) جان جوکھوں میں ۔ خطرناک جگہ میں ۔ معرض خطر میں ۔
سانپ کے مُنہ میں چھچھوندر نگلے تو اندھا اُگلے تو کوڑھی ۔ (ہ۔مثل) ہر طرح سے نقصان ہی نقصان ۔ نہ کئے بنتی ہے نہ چھوڑے ۔
سانپ کے نیچے کا بچھو ۔ (ہ۔محاورہ) نہایت ظالم آدمی سے مراد ہوتی ہے ۔ وہ بچھو جس نے سانپ کے نیچے پرورش پائی ہو ۔

سانپ مرے نہ لاٹھی ٹوٹے۔ (ہ۔ مثل) کام ہو جائے اور نقصان نہ ہو دشمن تو مر جائے اور اپنے آپ کو نقصان نہ پہنچے۔

سانپ نکل گیا لکیر پیٹا کرو۔ (ہ۔ مثل) موقع کھو کر اب پچھتایا کرو۔ ضائع شدہ چیز پر افسوس کرنا بے فائدہ ہے۔

سانپ نہیں جو مٹی چاٹ کر رہیں۔ (ہ) ہر شخص اپنی ہی خوراک کھا سکتا ہے۔ دوسرے کی نقل نہیں کر سکتا۔

سانپ والا۔ (ہ۔ اسم مذکر فاعل) سپیرا۔ سانپوں کا کھلاڑی۔

سانپا۔ (ہ۔ اسم مذکر) ماتم۔ مردے کا سوگ۔ نوحہ سراپ۔ بد دعا۔ کوسنا۔ گریہ زاری۔ شیون و شین۔

سانپا پڑنا۔ (ہ۔ محاورہ) کہرام مچنا۔ ماتم پڑنا۔

سانپا کرنا۔ (ہ۔ محاورہ) ماتم کرنا۔ نوحہ کرنا۔ بین کرنا۔ گریہ زاری کرنا۔

سانپا لاہوری۔ (ہ۔ اسم صفت) بڑا بھاری ماتم۔ لاہور کے قدیم کھتریوں کا عرصہ دراز تک کا ماتم۔

سانپن۔ (ہ۔ اسم مؤنث) سانپ کی مادہ۔ ناگن۔ بالوں کی لمبی لکیر جو گھوڑے کے کندھے کی جڑ میں یا بعض آدمیوں کی پشت پر ہوتی ہیں۔ منحوس خیال کی جاتی ہے۔

سانپوں کی سبھا میں جیبھوں کی لپالپ۔ (ہ۔ مثل) بروں کے برے ہی کام۔ موذی انسان جہاں اکٹھے ہوں گے۔ نقصان کرنے والی۔

سانپنے جانا۔ (ہ۔ محاورہ) ماتم و نوحہ کے لیے جانا۔ شریک ماتم ہونا۔

سانپنے کی تیل۔ (ہ۔ اسم مؤنث) ماتم کا لباس۔ عمدہ لباس۔ عمدہ کپڑے جو ماتم میں پہن کر عورتیں جایا کرتی ہیں۔ عمدہ لباس۔ تہوار کا لباس۔ قیمتی لباس۔

سانتھل۔ (ہ۔ اسم مونث) ران۔ جانگھ۔ زانو سے اوپر کی ٹانگ۔

سانٹ یا سانٹھ۔ (ہ۔ اسم مونث) گانٹھ۔ گرہ۔ سازش۔ میل ملاپ۔ منصوبہ۔ ایکا۔ اتفاق۔ ربط ضبط۔ دشمنی۔ عداوت۔ کدورت۔

سانٹ لگانا۔ (ہ۔ فعل) سازش کرنا۔

سانٹ ملانا۔ رسی کے دو سروں کو گرہ کے بغیر جوڑنا۔ بے معلوم

سانٹ مارنا۔ جوڑنا۔ شرط مارنا۔ شرط باندھنا۔

سانٹ لینا۔ (اُر۔ محاورہ) سازش کر کے کسی کو اپنے ساتھ ملا لینا۔ گانٹھ لینا۔

سانٹنا۔ (ہ۔ مصدر) جوڑ لگانا۔ ساتھ ملانا۔ چپکانا۔ منسلک کرنا۔

سانٹے کی سگائی۔ (ہ۔ ا۔ مذ) بدلے کا رشتہ۔

سانٹے کی سگائی سیدھے تیل کی مٹھائی سیدھے۔ (ہ مثل) تبادلے کی شادی اور تیل کی مٹھائی ایک برابر ہیں۔ دونوں رشتے بے تکلف ہیں۔

سانٹا۔ (ہ۔ اسم مذکر) چابک۔ چمڑے کا تسمہ۔ بندھی ہوئی لکڑی۔ تازیانہ۔ کھپچی۔ آلہ۔ آنکس۔

سانجھ۔ (ہ۔ اسم مؤنث۔ گنوار) شام۔ سورج ڈوبنے کا وقت۔ جھٹ پٹا۔ شراکت۔ دوستی۔

سانجھ سویرے۔ (ہ۔ اسم مؤنث) صبح۔ شام۔

سانجھی۔ (ہ۔ اسم مؤنث) لڑکیوں کے ایک تیوہار کا نام ہے ہندوؤں کی عورتیں دسہرے کے دنوں میں مناتی ہیں۔ ایک قسم کی دیوی۔

سانچ۔ (ہ۔ اسم مذکر) سچ۔ راستی۔ راست۔ صحیح۔ درست۔ سچا۔ واقعی۔

سانچ کو آنچ نہیں یا سانچ کو کیا آنچ۔ (ہ۔ مثل) سچ کو تکلیف نہیں۔ ایمان کو نقصان نہیں۔

سانچ کہے سو مارا جائے۔ جھوٹ کہے سو لڈو کھائے۔ (اُر۔ مثل) سچ بولنے والے کو مصیبت برداشت کرنی پڑتی ہے اور جھوٹ بولنے والا مزے سے گزارتا ہے۔

سانچا۔ (ہ۔ اسم مذکر۔ گنوار) سچا۔ راست گو کے معنی میں بولتے ہیں۔ قالب۔ ڈھانچا۔ کھلوئے اور مشین کے پرزے وغیرہ ڈھالنے کا اوزار۔ رحم۔ بچہ دان۔ کوکھ۔

سانچے۔ (ہ۔ اسم مذکر) سانچا کی جمع۔ حروف عاملہ کے آنے سے لفظ سانچا کی تبدیل شدہ صورت۔

سانچے کی سچی۔ (ہ) وہ عورت جسے ہر دفعہ پہلے ہی جماع میں حمل ہو جائے۔

سانچے میں ڈھالنا۔ (ہ محاورہ) قالب میں ڈھال کر بنانا۔ خوبصورت اور عمدہ بنانا۔ سڈول اور خوش وضع بنانا۔

سانچے میں ڈھل جانا۔ (اُر۔ محاورہ) خود کو حالات کے مطابق بدل لینا۔

سانحہ۔ (ع۔ اسم مذکر) واقعہ۔ حادثہ۔ صدمہ۔ کسی بری خبر کا ظہور۔

سانڈ۔ (اُر۔ مذ) جوڑ۔ عضو۔ بند۔ سوراخ۔

سانڈنا۔ (اُر۔ مصدر) باندھنا۔

سانڈی۔ (اُر۔ صرف) جال کا خانہ یا پھندا دیوانہ۔

سانڈ۔ (ہ۔ اسم مذکر) وہ بیل یا گھوڑا یا گدھا جو بچہ کشی کے واسطے مخصوص کیا جائے۔ مجازاً جسیم اور موٹا تازہ آدمی۔

سانڈا۔ (ہ۔ اسم مذکر) گو کی قسم کا ایک جانور۔ جس کا تیل گنٹھیا کے لیے مفید ہے۔

سانڈنی۔ (ہ۔ اسم مذکر) اونٹنی۔ شتر مادہ۔ سواری کی تیز رفتار اونٹنی یا اونٹ۔

سانڈنی سوار۔ (اُر۔ اسم مذکر) اونٹ پر سوار ہو کر ڈاک لے جانے والا۔ شتر سوار۔ تیز رفتار اونٹنی پر ڈاک لے جانے والا۔ قاصد۔ نامبر۔

سانڈے کی اولاد۔ (اُر۔ صف) بہت کم کھانے والا۔ بہت کم خوراک۔

سانڈیا۔ (ہ۔ اسم مذکر) گوتا بننے کی مشین اونٹ کا بچہ۔ بوتا۔

سانس۔ (ہ۔ اسم مذکر و مونث) دم۔ پھونک۔ نفس۔ دمہ کی بیماری۔ درز۔ شگاف۔ بھاپ۔ جیسے دیگ کا سانس بند کرنا۔ چھ تک ایک لخت گننے کو بھی بولتے ہیں۔

سانس اڑنا۔ (ہ۔ محاورہ) دم رکنا۔ مرنے کے قریب ہونا۔ آخری دم لینا۔

سانس اکھڑنا۔ (ہ۔ محاورہ) سانس قابو میں نہ رہنا۔ سانس کے سلسلہ میں فرق آنا۔ دم اکھڑنا۔

سانس اوپر کو چڑھنا۔ (اُر۔ محاورہ) نزع کا عالم۔

سانس بھرنا۔ (ہ۔ محاورہ) آہ کرنا۔ ہائے کرنا۔ دم چڑھنا۔ ہانپنا۔ عمر کے چند باقی سانس۔

سانس پورے کرنا۔ (اُر۔ محاورہ) زندگی کے دن پورے کرنا۔ زندگی کی امید نہ ہونا۔

سانس پھولنا۔ (ہ۔ فعل) دم چڑھنا۔ ہانپنا۔ دمہ کا مرض ہونا۔

سانس ٹوٹنا۔ (ہ۔فعل) دم ٹوٹنا۔ سانس کے تواتر میں فرق آنا۔
سانس چڑھنا۔ (ہ۔فعل) دم پھولنا۔ تھکنا۔ بیدم ہونا۔
سانس رُکنا۔ (ہ۔فعل) دم بند ہونا۔ گلا بیٹھنا۔
سانس سینے میں اٹکنا۔ (اُر۔محاورہ) سانس رُک جانا۔ نزع کا عالم ہونا۔
سانس کا روگ۔ (ہ۔اسم مذکر) دمہ۔ ضیق النفس۔
سانس کے ساتھ آس ہے۔ (ہ۔مثل) جب تک دم میں دم ہے۔ اس وقت تک اُمید باقی ہے۔
سانس لینا۔ (ہ۔فعل) دم بھرنا۔ سانس کھینچنا۔
سانس نہ نکالنا۔ (ہ۔محاورہ) دم نہ مارنا۔ اُف نہ کرنا۔ چُپ رہنا۔
سانسا۔ (ہ۔اسم مذکر) سوچ بچار۔ چنتا۔ فکر۔ اندیشہ۔ خدشہ۔ ڈر۔ خطرہ۔ خوف۔
سانسا بھلانہ سانس کا اور بان بھلانہ کانس کا۔ (ہ۔مثل) فکر دم بھر کی بھی بُری ہوتی ہے اور تیر گھاس کی بھالی بھی خطرناک ہوتی ہے۔
سانسا چڑھنا۔ (ہ۔محاورہ) فکر دامنگیر ہونا۔ سوچ پیدا ہونا۔
سانسا کرنا۔ (ہ۔محاورہ) اندیشہ کرنا۔ فکر کرنا۔
سانسی۔ (ہ۔اسم مذکر) ایک مشہور خانہ بدوش جرائم پیشہ قوم کا نام ہے۔
سانک۔ (ہ۔اسم مؤنث) شاخ۔ ٹہنی۔ (بحالت اسم مذکر) نیزہ۔ بھالا۔ برچھی۔
سانکل۔ (ہ۔اسم مؤنث) کنڈی۔ زنجیر۔ سنگل۔
سانگ یا سوانگ۔ (ہ۔اسم مذکر) بہروپ۔ بھیس۔ جھانکی۔ کھیل۔ تماشہ۔ راس لیلا۔ ناچ۔ فریب۔ شعبدہ۔ کرتب۔ مخول۔ ٹھٹھا۔ مزاح۔
سانگ بنانا۔ (ہ۔فعل) نقل کرنا۔ رُوپ بھرنا۔ ہنسی اُڑانا۔ رسوا کرنا۔
سانگ بھرنا۔ فریب بنانا۔ دھوکا دینا۔
سانگ دکھانا۔ (ہ۔محاورہ) تبدیل وضع کرنا۔
سانگ کرنا۔ (ہ۔محاورہ) تماشا کرنا۔ بکھیڑا کرنا۔ جھگڑا کرنا۔
سانگ لانا۔ (اُر۔محاورہ) مکر کرنا۔ شعبدہ بازی کرنا۔ جھگڑا نکالنا۔
سانگ مچانا۔ (ہ۔محاورہ) کھیل کرنا۔ تماشا کرنا۔ مسخرا پن کرنا۔
سانگ آنسے۔ (ہ۔اسم مذکر) (دلال) ایک آنہ۔ گنڈا۔
سانگر۔ (ہ۔اسم مذکر) جنڈ کی پھلی جس کا اکثر اچار ڈالتے ہیں۔
سان گمان۔ (ہ۔اسم مذکر) خواب و خیال۔ وہم و گمان۔
سانگی یا سوانگی یا سانگڑا۔ (ہ۔اسم مذکر۔ فاعل بیائے فاعلیت) سانگ بھرنے والا مسخرا۔ بھانڈ۔ بہروپیا۔ نقال۔ (بحالت مؤنث) گاڑی کے اگلے حصے کا رسیوں سے بنا ہوا بیٹر۔ گاڑی بان کے بیٹھنے کی جگہ۔ گاڑی کا جُوا۔ ماچی کی ضد ہے۔
سانن۔ (ہ۔اسم مؤنث) ثانی کی تانیث۔ ساہنی کی بیوی۔ سانی قوم کی عورت۔
ساننا۔ (ہ۔فعل) گوندھنا۔ ملنا۔ مسلنا۔ گارا کرنا۔ داغ لگانا۔ عیب لگانا۔ عیب میں شریک کرنا۔ جُرم میں شامل کرنا۔ پھانسنا۔ لینا۔ بھرنا۔ آلودہ کرنا۔
ساناں۔ (ہ۔اند) ایک قسم کا چاول۔
سانوٹا۔ سانوٹھا۔ (ہ۔اسم صفت) ہوشیار۔ چوکس۔ چوکنا۔ خوب لیس۔ تیار۔ آمادہ۔ مستعد۔
سانوٹا ہو جانا۔ (ہ۔فعل) چوکس اور ہوشیار ہو جانا۔ تیار ہو کر سامنے آنا۔ دم لے کر ٹھیک ہو جانا۔
سانولا یا سانورا۔ (ہ۔اسم صفت) سبزہ رنگ۔ نمکین۔ ملیح۔ سیاہی مائل سانولا۔ سری کرشن جی کا لقب۔ سیام۔
سانولا رنگ۔ (اُر۔اسم مذکر) سیاہی مائل رنگ۔ ملیح رنگ۔ سبزہ رنگ۔ گندمی۔
سانولا سلونا۔ (ہ۔اسم صفت) نمکین۔ نمک والا۔ گندمی رنگ والا۔ فالسی۔
سانولی۔ (اُر۔صف) دیکھئے سانولا جس کی یہ تانیث ہے۔ نمکین صورت عورت۔
سانولیا۔ (ہ۔اسم مذکر) کرشن جی کا لقب ہے جو ناگ کے پھونک سے کالے پڑ گئے تھے۔
سان نہ گمان۔ (اُر۔تابع فعل) خبر نہ سار۔ وہم نہ گمان۔ ناگاہ۔ اچانک۔ یکایک۔
سانی۔ (ہ۔اسم مؤنث) بھوسہ اور کھلی ملا ہوا چارہ۔ کُٹی جو گایوں، بھینسوں کو کھلاتے ہیں۔ (بحالت مذکر) کاشتکاروں کی ایک قوم۔ مالی۔ باغبان۔
ساؤ۔ (ہ۔اسم صفت) بھلا مانس۔ سیدھا۔ سپوت۔ عزیز۔ مسکین۔ نرم دل۔ متحمل۔ (بحالت اسم مذکر) برائی۔ دولہا کے ساتھ آنے والے لوگ بھائی بند۔ رشتہ دار۔ گوتی۔
ساؤ کھ۔ (اُر۔اسم مؤنث) جنوب۔ دکھن۔ اُتر کی ضد۔
ساؤدھان۔ (ہ۔اسم صفت) چوکس۔ سُرتا۔ ہوشیار۔ خبردار۔ آمادہ۔ مستعد۔ تیار۔ لیس۔
ساؤڑیا سوڑ۔ (ہ۔اسم مؤنث) سُوتک۔ نفاس۔ زچہ خانے کی ناپاکی۔
ساون۔ (ہ۔اسم مذکر) ہندی سال کا چوتھا قمری مہینہ۔ برسات کا دوسرا مہینہ جو پندرہ جولائی سے ۱۵ اگست تک ہوتا ہے۔
ساون بھادوں۔ (ہ۔اسم مذکر) برسات کے مہینوں کے نام ہیں۔ جن میں بارش بکثرت ہوتی ہے۔ باریک باریک جالیوں والا مکان۔ ایک قسم کی آتش بازی کا نام بھی ہے۔
ساون کے اندھے کو ہرا ہی سوجھتا ہے۔ (ہ۔مثل) مُفلسی میں امیری کے زمانے کا حوصلہ نہیں جاتا۔ اپنی حالت کے مطابق۔ سب
ساون کی بھرن۔ (اُر۔ا۔مو) ساون کی زور دار بارش۔
ساون کی جھڑی۔ (ہ۔اسم مؤنث) وہ بارش جو کئی روز تک متواتر ہوتی رہے۔
ساون کے جھالے۔ (اُر۔اند) ساون کے مہینے کی وہ زوردار بارش جو جلد ختم ہو جائے۔
ساون ہرے نہ بھادوں سوکھے۔ (ہ۔مثل) ہمیشہ یکساں رہنا۔ سدا ایک ہی طرز پر رہنا۔
ساونت۔ (ہ۔اسم صفت مذکر) سورما۔ بہادر۔ دلیر۔ جوانمرد۔ جوہر۔ شجاع۔
ساونتی۔ (ہ۔ا۔مو) دیکھئے ساونت۔ جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ساونی۔ (ہ۔اسم مؤنث۔ بیائے نسبتی) فصل خریف جس میں چاول۔ مکئی۔ باجرہ وغیرہ اجناس پیدا ہوتی ہیں۔ ساون کے مہینے میں کھلنے والے ایک پھول کا نام۔ سندھارا یعنی وہ پھول مٹھائی وغیرہ جو دولہا کے گھر سے دولہن والوں کے ہاں بھیجتے ہیں۔
ساہ۔ (ہ۔اسم مذکر) بیوپاری۔ بنجارا۔ سوداگر۔ تاجر۔ مہاجن۔ سیٹھ۔ ساہوکار۔ نیا۔ بقال۔ دوکاندار۔ صراف۔ بھلا مانس۔ شریف۔ عزت کا لقب یا خطاب (بحالت صفت) کھڑا۔ دیانتدار۔ چور کی ضد۔

ساہ کے سوائے کم بخت کے دُونے ۔(ہ۔مثل) ساہوکار تو صرف سوائے بنانے کی کوشش کرتا ہے۔ بدبخت دوگنے بنانے کی کوشش کرتا ہے۔

ساہا (ہ۔اسم مذکر) وقت۔ سما۔ فصل۔ ہندوؤں کی شادی کے دن جن میں بیاہ کا سنجوگ ہوتا ہے۔ قصابوں کی اصطلاح میں بکری کا نر بچہ۔

ساہا چمکنا۔ (ہ۔فعل) بہت سی شادیوں کا ہونا۔

ساہل یا ساہُول۔ (ہ۔اسم مذکر) لٹکن۔ لوہے یا پتھر وغیرہ کا ایک کُنڈے دار گولا جس سے معمار لوگ دیوار کی سدھائی قائم رکھتے ہیں۔ پنسال

ساہُو۔ (ہ۔اسم مؤنث) دوست۔ خیر خواہ۔ مربی۔ سوداگر۔ دیانت دار۔

ساہُوکار۔ (ہ۔اسم مذکر دیکھو ساہ) لین دین کرنے والا۔ سود کھانیوالا۔ سود پر روپیہ قرض دینے والا۔

ساہُوکارا۔ (ہ۔اسم مذکر بالف طرفیت) ساہوکاروں کا بازار۔ لین دین کی جگہ۔ ساہوکارپن۔ صراف کا پیشہ۔ ایکس چینج۔

ساہُوکاری۔ (ہ۔اسم مؤنث بیائے مصدری) بنج بیوپار۔ لین دین۔ سوداگری۔ تجارت۔ نیک نامی۔ شرافت۔ دیانت داری۔

ساہی۔ (ہ۔اسم مؤنث) سیہہ۔ خاردپشت ایک جانور کا نام ہے جس کی پیٹھ پر نکلے اور دُمنہ سور جیسا ہوتا ہے۔

سائی۔ (ہ۔اسم مؤنث) بیعانہ۔ پیشگی۔ پیش داد۔ کسی چیز کی قیمت یا اجرت ٹھہرا کر اس کی فروخت کو روک دینے کے لیے جو روپیہ وغیرہ پہلے دیا جاتا ہے۔ کیڑے بُننے والی مکھی۔

سائی بُجانا۔ (ہ۔محاورہ) (رقاصہ) اس کے گھنگھرو جس کی سائی لی ہو۔

سائی دینا۔ (ہ۔محاورہ) بیعانہ دینا۔ قیمت مقرر کر کے کچھ پیشگی دینا۔

سائبان۔ (ہ۔اسم مذکر) اصل سایہ بان بمعنی محافظ سایہ) چھپر۔ چھجہ۔ برآمدہ۔ شامیانہ۔ نمگیرہ۔

سائڈ۔ (انگ۔مؤ۔ Side) طرف۔ پہلو۔ جانب۔

سائد۔ (ع۔صفت) سردار۔ سربراہ۔

سائر۔ (ع۔اسم فاعل مفید صفت) سیر کرنے والا۔ پھرنے والا۔ تمام۔ کل۔ سب۔ سارا۔ بچا ہوا۔ باقی۔ بقیہ۔ بچنگی۔

سائر خرچ۔ (اُ۔اسم مذکر) متفرق خرچ۔ عارضی خرچ۔ دفتروں کا بالائی صرف۔

سائرن۔ (انگ۔مذ۔ Siren) ایک آلہ جس سے بلند آواز پیدا ہوتی ہے۔ بھونپو۔

سائز۔ (انگ۔مذ) Size۔ قد۔ قامت۔ ڈیل۔ ڈول۔ جسامت۔ ناپ کپڑے وغیرہ کا۔

سائفن۔ (انگ۔مؤ۔ Siphon) اُونچے برتن سے نیچے والے برتن میں پانی گرانے والی نالی۔ کسی دریا کے نیچے سے نالا یا نہر کا گرانا۔


Siphon
سائفن

سائیس۔ (اُ۔اسم مذکر) گھوڑے کی خدمت کرنے والا نوکر۔ گھوڑے کا محافظ۔

سائیسی۔ (اُ۔اسم مؤنث) گھوڑے کی خدمت کرنے کا کام یا پیشہ۔ گھوڑے کی حفاظت۔

سائیسی علم دریا ہے۔ (اُ۔مثل) طنز کے طور پر کسی سائیس کا مقولہ ہے جو سائیسی کو بھی بہت بڑا علم سمجھتا تھا۔

سائل۔ (ع۔اسم فاعل مذکر) سوال کرنے والا۔ پوچھنے والا۔ مانگنے والا۔ اُمیدوار۔ مدعی۔

سائلہ۔ (ع۔ا۔مؤ) سوال کرنے والی۔ دعویٰ کرنے والی۔ مانگنے والی۔ درخواست دینے والی۔

سائلات۔ (ع۔ا۔مؤ) بہنے والی چیزیں مثلاً شراب۔ عرق۔ وغیرہ۔

سائنس۔ (انگ۔اند) وہ علم جس کی بنیاد تجربات اور مشاہدات پر ہو۔

سائنسدان۔ (انگ۔اند) سائنس جاننے والا۔ سائنس کا ماہر۔

سائیں۔ (ہ۔اسم مذکر) خُدا۔ ایشور۔ رب۔ مالک۔ پتی۔ خصم۔ شوہر۔ درویش۔ فقیر۔ عارف۔ منگتا۔ گداگر۔ بھکاری۔ فقرا کا تکیہ کلام۔

سائیں بابا۔ سائیں داتا۔ سائیں موٹے۔ (اُ۔اسم مذکر) کامل۔ فقیروں کا خطاب۔ پیر و مرشد۔

سائیں کا دربار۔ (اُ۔اسم مذکر) خُدا کی کچہری۔ بارگاہ الٰہی۔

سائن بورڈ Sign Board پتے کا تختہ۔ اشتہار لگانے کا تختہ۔ تختۂ اعلان۔

سائیں سائیں۔ (ہ۔اسم مؤنث۔ بیائے مجہول) ہوا کے چلنے کی آواز۔ سرسراہٹ۔ سنسناہٹ۔

سائیں سائیں کرنا۔ (ہ۔فعل) ہوا کا سرسرانا۔ ہوا کا چلنا۔ خوفناک معلوم ہونا

سائیں سُوتا۔ (ہ۔تابع فعل) صحیح سلامت۔ بھلا چنگا۔ جیتا جاگتا۔

سایہ۔ (ف۔ اسم مذکر)

سایہ

چھاؤں۔
چھایا۔
پرچھائیں۔
ظلّ۔ پناہ۔ آڑ۔
بچاؤ۔ حمایت۔ مدد۔ پُشتی۔ جن بھوت وغیرہ کا اثر۔ پرچھاواں۔ صحبت کا اثر۔ دھوپ کے اثر کے مطابق مصوّروں کی چھوڑی ہوئی تصویر کی سیاہی اور شیڈ وغیرہ۔

سایہ اُترنا۔ (ہ۔محاورہ) جن بھوت وغیرہ کا اثر زائل ہو جانا۔

سایہ افگن۔ (ف۔صف) سایہ ڈالنے والا۔

سایۂ بالِ ہُما۔ (ف۔اند) زمانۂ قدیم کے لوگوں کا خیال تھا کہ ہُما کے سایہ پڑنے سے انسان بادشاہ بن جاتا ہے۔ (کنایۃً) مبارک چہرہ۔

سایہ بن کر ساتھ رہنا۔ (اُ۔محاورہ) ہر وقت ہمراہ رہنا۔ کسی وقت جُدا نہ ہونا۔

سایہ پروردہ۔ (ف۔اسم صفت۔ ترکیب مفعولی) لاڈ کا پلا ہوا۔ کسی کی حمایت میں پلا ہوا۔ گھر کا پلا ہوا۔ غلام۔ خانہ زاد۔ ناتجربہ کار۔

سایہ پرورد۔ (ف۔صف) لاڈلا۔ خانہ زاد۔

سایہ پوش۔ (ف۔اند) چھتری۔ باغ۔

سایہ پڑنا۔ (اُ۔محاورہ) پرچھاواں پڑنا۔ دوسرے کی خُو بُو کا اثر ہو جانا۔ عکس پڑنا۔

سایۂ خُدا۔ (ف۔اسم مذکر) خُدا کا سایہ۔ بادشاہ۔ ظلّ الٰہی۔

سایہ دار۔ (ف۔ اسم صفت ترکیب فاعلی) چھایا والا چھاؤں والا درخت۔
سایۂ عاطفت۔ (ف۔ امذ) مہربانی کا سایہ۔ حمایت۔
سایہ گستر۔ (ف۔ صف) مہربان۔ حامی۔ مددگار۔ سایہ دار۔
سایہ ہونا یا ہو جانا۔ (اُر۔ محاورہ) صحبت کا اثر ہونا۔ مہربانی ہونا۔ آسیب زدہ ہونا۔ جن بھوت وغیرہ کا خلل ہونا۔
سائے۔ (اُر۔ اسم مذکر) سایہ کی جمع۔ حروف عاطہ کے آنے سے سایہ کی بدلی ہوئی شکل۔
سائے تلے آنا۔ (اُر۔ محاورہ) کسی کی پناہ یا حمایت میں آنا۔ سرن لینا۔
سائے سے بھاگنا یا بھڑکنا۔ (اُر۔ محاورہ)۔ نہایت بدکنا۔ بہت ہی ڈرنا۔ نہایت متنفر ہونا۔
سائے میں آنا (اُر۔ محاورہ) آسیب زدہ ہونا جن بھوت وغیرہ کا خلل ہونا۔ حمایت اور پناہ میں آنا۔
سائے میں بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) آرام سے لیٹ جانا۔ آرام سے بیٹھنا چھاؤں میں بیٹھ جانا۔ تکلیف نہ اٹھانا۔

س - ب

سَبّ (ع۔ ا۔ مذ) گالی دینا۔ برا بھلا کہنا۔ گالی گلوچ۔ لعنت ملامت۔
سَبّ و شتم (ع۔ ا۔ مذ) لعن طعن کرنا۔ برا بھلا کہنا۔ گالی گلوچ۔
سب (اُر۔ صف) کل۔ تمام۔ سارا۔ مکمل۔ کامل۔ پورا۔ ہر قسم کا ہر طرح کا۔ کل شے۔ تمام چیز۔
سب اپنے کہو بیگانی: (اُر۔ مثل) اس لیے کہتے ہیں کہ بہو دوسرے خاندان کی بیٹی ہوتی ہے۔
سب ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے ہیں (اُر۔ مثل) سب ایک ہی خاندان اور نسل کے ہیں۔ سب کی حالت اور صفات یکساں ہیں۔
سب بات کھوٹی پہلے دال روٹی (اُر۔ مثل) پیٹ کی فکر سب سے پہلے۔
سب توڑیں میرا رب نہ توڑے (ہ۔ مثل) سب مجھے دُر کار دیں۔ مگر خدا مجھ سے نفرت نہ کرے۔
سب دن چنگے تہوار کے دن ننگے (ہ۔ مثل) بے ضرورت تو سب دن چنگے عید کے دن ننگے بناؤ سنگار کر کے رہنا مگر ضرورت کے وقت سب کچھ نہ ہونے سے شرمندہ ہونا۔
سب دھان بائیس پسیری (ہ۔ مثل) سب یکساں۔ سب کو برابر کر دینا۔ بُرے بھلے کی کوئی تمیز نہیں۔
سب سے بڑی بھوک۔ (اُر۔ مقولہ) بھوک مٹانے کے لیے سب کچھ کرنا پڑتا ہے۔
سب سے بھلا کسان کھیتی کرے اور گھر رہے۔ (اُر۔ مثل) زراعت کو تمام پیشوں پر ترجیح حاصل ہے۔
سب سے بھلی چپ۔ (ہ۔ مثل) خاموشی میں کوئی جھگڑا فساد نہیں ہو سکتا۔
سب کا سب (ہ۔ تابع فعل) بالکل۔ تمام کا تمام۔ سر سے پاؤں تک۔
سب کاموں میں پوری، کوئی نہ کہے لنڈوری۔ (ہ۔ مثل) ہنرمند کے تمام ظاہری عیوب ہیچ ہو جاتے ہیں۔ ظاہری برائیوں پر ہنر کی خوبی غالب ہے۔
سب کچھ۔ (ہ۔ تابع فعل) ہر ایک چیز۔ ہر ایک اسباب۔ تمام مال و متاع۔
سب کو ایک ہی لاٹھی ہانکنا (اُر۔ مثل) بلا لحاظ ہر ایک سے یکساں برتاؤ کرنا۔
سب کہنے کی باتیں ہیں۔ (اُر۔ مثل) سب بناوٹ کی باتیں ہیں۔ اصلیت کچھ نہیں۔
سب کے دیکھتے (ہ۔ تابع فعل) سب کے سامنے علانیہ۔ کھلم کھلا۔
سب کی چوٹی بہے۔ (اُر۔ مثل) شرارت میں سب سے بڑھی ہوئی ہے۔
سب Sub۔ (انگ۔ مذ) ماتحت۔ گماشتہ۔ نائب۔ پیشکار۔
سب آرڈینیٹ (Subordinate۔ مذ) ماتحت۔ ملازم۔
سب انجنیئر (Sub Engineer۔ ا۔ مذ) افسر تعمیر کا نائب میر عمارت کا ماتحت۔ چھوٹا انجنیئر۔
سب انسپکٹر۔ (Sub Inspector۔ ا۔ مذ) نائب۔ ناظر۔ نائب مہتمم۔ نگران کار کا ماتحت۔
سب اوورسیر۔ (Sub Overseer۔ ا۔ مذ) نائب پیمائش کنندہ۔ نائب مہتمم۔
سب اوفس (Sub Office) دفتر ماتحت مفصلات کا ڈاک خانہ۔
سب پوسٹ ماسٹر (Sub Post Master۔ مذ) وہ افسر جس کے ماتحت محکمہ ڈاک کا سب آفس ہو۔
سب ڈویژن۔ (Sub Division۔ ا۔ مذ) ظرف۔ ضلع کا ایک حصہ۔
سب رجسٹرار۔ (Sub Registrar۔ ا۔ مذ) رجسٹرار کا نائب۔
سَبّابہ۔ (ع۔ ا۔ مو) انگوٹھے کے پاس کی انگلی۔ انگشت شہادت۔
سُباس۔ (ہ۔ ا۔ مو) خوشبو عطر۔ پھلیل (مرکب از س مضموم۔ بمعنی عمدہ اور باس بمعنی ہو)۔
سباق۔ (ع۔ ا۔ مذ) سبقت لے جانے کی کوشش دوڑ میں آگے بڑھنا۔ علم حساب کی عبارت۔
سبب۔ (ع۔ مذ) لغوی معنی رسّی) مجازاً سامان۔ چیز بست۔ وجہ۔ باعث۔ واسطہ۔ کارن۔ علت۔ تقریب۔ ذریعہ۔ وسیلہ۔ محبت۔ دلیل۔ وہ چیز جو دو چیزوں کو ملائے۔ پیوند۔ جوڑ (علم عروض کی اصطلاح) کلمہ دو حرفی۔ (فلسفے کی اصطلاح) وہ چیز جس سے دوسری چیز کا وجود حاصل ہو۔
سبب کھلنا (اُر۔ محاورہ) وجہ ظاہر ہونا۔
سبت (ع۔ امذ) آرام کا دن۔ ہفتہ یہودیوں کی عبادت کا دن۔
سبحان اللہ (ع) کلمہ تعجب و کلمہ تحسین و آفرین۔ لغوی معنی میں خدا تعالیٰ کو

پاکی کے ساتھ یاد کرنا۔
سبحان تیری قدرت : (اُر۔مو) تعجب اور تحمل کے موقع پر بولتے ہیں۔ تیری قدرت کا کیا کہنا ہے۔ کالے تیتر کی بولی بھی یہی ہے۔
سُبحان ربّنا (ع۔صفت) پاک ہے ہمارا پروردگار۔
سُبحہ (ع۔ا۔مو) تسبیح۔ سمرن سمرنی۔ مالا۔
سُبحہ گرداں (ع۔صفت) تسبیح پڑھنے والا۔
سَبد (ف۔ا۔مذ۔مو) ٹوکرا۔ ٹوکری۔ نذر کی ڈالی۔
سبدھی (ہ۔صفت) بیائے فاعلیت گیانی۔ بدھوان۔ عقلمند۔ تیز فہم۔
سبز (ف۔صفت) ہرا۔ کچا۔ تر و تازہ۔ خشک کی ضد ہے۔
سبز باغ دکھانا۔ (اُر۔محاورہ) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ جھوٹے وعدے دے کر پھسلانا۔
سبز بخت۔ (ف۔صفت) فاعلی۔ صاحبِ نصیب۔ خوش اقبال نیک بخت۔
سبز بختی۔ (ف۔ا۔مو) سبز بخت کا اسم کیفیت ہے۔ نیک بختی خوش اقبالی۔ خوش نصیبی۔
سبز پھوڑا۔ (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا کبوتر جس کے سبز پروں کے بیچ میں سفید پر ہوتے ہیں۔
سبز شیرازی۔ (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا شیرازی کبوتر۔
سبز طاق۔ طشت۔ طاوس (ف۔ا۔مذ) کنایۃً آسمان۔
سبز پوش۔ (ف۔صفت) سبز لباس والا۔ زاہد۔ ماتمی۔
سبز قدم۔ (ف۔صفت) بدبخت منحوس۔ چندرا۔ نامبارک۔ نربھاگ۔ وہ شخص جس کا آنا مبارک نہ ہو۔ بلکہ تکلیف اور خرابی کا موجب ہو۔
سبز ہونا۔ (اُر۔ف) ہرا ہونا۔ تر و تازہ ہونا۔ پھلنا پھولنا۔ شاداب ہونا۔ روزی پکڑنا۔ جمنا۔
اعلےٰ مرتبہ پر پہنچنا۔
سبزہ۔ (ف۔مذ) ہریاول۔ تر و تازگی بناسپتی۔ روئیدگی۔ نباتات۔ عورتوں کے کان کا سبز گُنبدا۔ ایک قسم کا جو سرزمرد بھنگ۔ سبزی۔ وہ گھوڑا جس کا رنگ سفید مائل بہ سیاہی ہو۔
سبزہ آغاز۔ (ف۔ا۔مذ) نوجوان نوخیز۔ ڈاڑھی نکلنی شروع ہونے کا وقت۔
سبزہ بیگانہ۔ (اُر۔محاورہ) جنگلی جڑی بوٹیاں۔
سبزہ خوابیدہ۔ (ف۔ا۔مذ) وہ سبزہ جو روندا جائے بالکل ٹیڑھا ہو جائے۔
سبزہ رنگ۔ (ف۔صف) سانولا۔ سلونا۔ گندمی رنگ۔
سبزہ روندنا۔ (اُر۔محاورہ) سبز گھاس پر پھرنا۔ باغ میں پھرنا۔ سیر باغ کرنا۔
سبزہ زار (ف۔ا۔مذ) سبزہ کی جگہ۔ چراگاہ۔ سرا جنگل۔ گھاس کا تختہ۔ جہاں دُور دُور تک ہری گھاس اگی ہوئی ہو۔
سبزی (ف۔ا۔مو) بیائے مصدری۔ ہریاول۔ ترکاری۔ بقولات۔ بناسپتی۔ ساگ پات۔ بھنگ جو ایک نشہ دار پتی ہوتی ہے۔
سبزی فروش۔ (ف۔فاعل ترکیبی) ترکاری بیچنے والا۔ کنجڑا۔ بھنگ بیچنے والے کو بھی کہتے ہیں۔
سبزی منڈی۔ (اُر۔مو) وہ مقام جہاں ساگ پات اور ترکاریاں بکتی ہوں۔ ترکاری بکنے کی جگہ۔
سبسکرائبر Subscriber۔ (انگ۔ا۔مذ) فاعل۔ چندہ دینے والا۔
سِبط (ع۔ا۔مذ) بیٹی کی اولاد۔ آل اولاد۔ نبیرہ۔ نواسا۔ نسل۔ کُنبہ۔ کُٹم۔ قبیلہ۔
سِبطین (ع۔ا۔مذ) سبط کا تثنیہ۔ کنایۃً۔ حضرت امام حسنؓ و حضرت امام حسینؓ جو نواسہ رسول اللہ صلعم تھے۔
سبع ( ) سات۔ ہفت۔ ۷۔7۔
سبع سیارہ (ع۔ا۔مذ) ثریا۔ سات سیاروں کا جھمکا۔ مریخ۔ مشتری۔ زحل۔ زہرہ۔ عطارد۔ شمس۔ قمر۔
سبق (ع۔ا۔مذ) آگے بڑھنا۔ سبقت۔ تعلیم۔ درس۔ پاٹ۔ نصیحت۔ پند۔ اُپدیش۔ سزا۔ عبرت۔ گوشمالی۔
سبق پڑھانا۔ (اُر) تعلیم دینا۔ تنبیہ کرنا۔ بہکانا۔
سبق دینا۔ (اُر) دھوکا دینا۔ عبرت دلانا۔
سبق لینا۔ (اُر) پڑھنا۔ عبرت حاصل کرنا۔ نصیحت سیکھنا۔ نصیحت پکڑنا۔
سبقت۔ (ع۔ا۔مو) پہل۔ آگے بڑھنا۔ پیش قدمی۔ بڑھوتری۔ فوقیت۔ بزرگی بڑائی۔
سبق رواں ہونا۔ (اُر۔محاورہ) (دیکھئے سبق "برزبان ہونا")
سبقت کرنا۔ (اُر۔محاورہ) آگے جانا۔ پیشقدمی کرنا۔ آگے بڑھنا۔ پہل کرنا۔ غالب آجانا۔ فوقیت لے جانا۔
سبقت لے جانا۔ (اُر۔محاورہ) غالب آنا۔ بڑھ جانا۔ آگے بڑھ جانا۔ فوقیت حاصل کرنا۔
سُبک۔ (ف۔صفت) ہلکا۔ خفیف۔ نازک۔ باریک۔ کم ظرف بے عزت۔ بے تعلق۔ چست و چالاک۔ تیز۔ جتی۔ آزاد۔ بے تعلق۔
سُبک بار۔ (ف۔صفت) ہلکا پھلکا۔ وہ شخص جس کے سر پر بوجھ کچھ نہ ہو۔
سُبک تاز۔ (ف۔صفت) تیزی سے حملہ کرنے والا۔ چالاک۔ تیز رفتار گھوڑے کی صفت۔
سُبک دست۔ (ف۔صفت) جلدی کام کرنے والا۔ پھرتیلا۔ ہاتھ چالاک۔ نفاست والا ہاتھ۔
سُبک دستی۔ (ف۔مو بیائے مصدری) پھرتی۔ چالاکی۔ تیز دستی۔
سُبکدوش۔ (ف۔صفت) ہلکا پھلکا۔ آزاد۔ مجرد۔ بری الذمہ فارغ۔

سُبک روح (ف۔ ع۔ صفت) مطمئن۔ مسرور۔ خوش۔ لطیف۔
سُبک سیر (ف۔ صفت) تیز چلنے والا۔ تیز رفتار۔
سُبک سر (ف۔ صفت) اوچھا۔ کم حوصلہ۔ کم ظرف۔ احمق۔
سُبک ہونا۔ (اُ۔ محاورہ) ہلکا ہونا۔ آزاد ہونا۔ حقیر ہونا۔ نظروں سے گرنا۔ خفیف ہونا۔
سُبکنا۔ (ہ۔ فعل) بچے کا روتے وقت سسکیاں لینا۔ ہچکیاں لینا۔
سُبکی۔ (ہ۔ مو) حاصل مصدر۔ رونے وقت اوپر کا سانس جھٹکے سے لینا۔ سسکی۔
سُبکی۔ (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) ہلکاپن۔ خفت۔ ذلت۔ رسوائی۔ بے غیرتی۔ شرم کی بات۔ صفائی۔ ستھرائی۔ نزاکت۔
سُبکیاں لینا۔ (ہ۔ محاورہ) ہچکیاں لینا۔ ہچکیاں لے کر رونا۔
سَبَل (ع۔ ا۔ مذ) آنکھ کی ایک بیماری کا نام ہے جس میں پپوٹے اُلٹ جاتے ہیں۔ آنکھیں سُرخ رہتی ہیں۔ بغل گند۔ بامنی۔ آنکھ کا جالا۔ موتیا بند۔
سُبُل۔ (ع۔ ا۔ مذ) سبیل کی جمع ہے طریقے۔ ذریعے۔ طرز زندگی۔ قاعدے۔
سِبّل۔ (ہ۔ ا۔ مذ) نقب لگانے کا آلہ۔ پھالی۔ برمہ۔
سَبُو۔ (ف۔ ا۔ مذ) گھڑا۔ ٹھلیا۔ گردا۔ چوکر۔ مٹکا۔
سُبُوچہ۔ (ف۔ ا۔ مذ) سبو کی تصغیر ہے۔ چھوٹا گھڑا۔ گردا۔ بدھنا۔
سبُوس۔ (ف۔ مو) بھوسی۔ چوکر۔
سَبُوسہ۔ (ف۔ ا۔ مو) سکری۔ سر کے بالوں کی خشکی۔
سُبھ۔ (س۔ صفت) مبارک۔ نیک۔ اچھا۔ خوشنما۔ سعید۔
سُبھ گر (ہ۔ ا۔ مذ) مبارک۔ ستارہ۔ اچھی گھڑی۔ طالع نیک اچھی ساعت۔ اچھا وقت
سُبھ گھڑی (ہ۔ ا۔ مو) مبارک گھڑی۔ ساعت سعید۔ نیک گھڑی۔
سُبھ لگن (ہ۔ ا۔ مذ) اچھے ستاروں کا میل۔ قران السعدین۔
سبھا (ہ۔ ا۔ مو) مجلس۔ محفل۔ انجمن۔ بزم۔ سوسائٹی۔
سبھا پتی (ہ۔ ا۔ مذ) میر مجلس۔ صدر جلسہ۔ سرپنچ۔ پریذیڈنٹ۔
سبھاسد۔ (ہ۔ ا۔ مذ) شریک جلسہ۔ مجلسی۔
سبھا کی چوکی ڈومنی اور ڈال کا چوکا بندر برابر (اُ۔ مثل) ڈومنی جو محفل میں تال سُر سے چوک جائے اور بندر جو کبھی نہ پکڑ سکے۔ سنبھل نہیں سکتے۔ جو لوگ کام دھیان سے نہیں کرتے نقصان اُٹھاتے ہیں۔
سُبھاگ (س۔ ا۔ مذ) خوش نصیبی۔ اقبال مندی۔
سُبھاؤ (ہ۔ ا۔ مذ) خو۔ عادت۔ خصلت۔ سیرت۔ اچھی عادت۔ عمدہ خصلت۔ ڈھنگ۔ قاعدہ۔ سلوک۔ برتاؤ۔
سُبیتا یا سُبھیتا۔ (ہ۔ ا۔ مذ) فرصت۔ مہلت۔ چھٹکارا۔ اطمینان۔ تسلی۔ فائدہ۔ افاقہ۔ امن۔ چین۔ سکھ۔ خلوت۔ تنہائی۔
سَبیل (ع۔ ا۔ مذ) راستہ۔ طریقہ۔ طور۔ صورت۔ بندوبست۔ تدبیر۔ پو۔ پیاؤ۔ شہدائے کربلا کی یاد لوگوں کو پانی پلانا۔ سبیل پلانا۔ (اُ۔ فعل) ایام محرم میں بلا معاوضہ و بلا قیمت پانی پلانا۔
سبیل کرنا۔ (اُ۔ فعل) طور نکالنا۔ رستہ نکالنا۔ بندوبست کرنا۔ تدبیر کرنا۔
سبیل لگانا۔ (اُ۔ فعل) پیاؤ لگانا۔ شربت دودھ۔ پانی وغیرہ پلانا۔ وقف کر دینا۔ پیاسے لوگوں کے لیے پانی کا انتظام کرنا۔

س - پ

سپّا (ہ۔ مذ) نشانہ۔ ڈھنگ۔ ٹھپس۔ ٹپہ۔ زد۔ فاصلہ۔ کھوج۔ پتہ۔ سُراغ۔ سیپ کا نصف ٹکڑا۔
سپّا لڑانا (ہ۔ محاورہ) ڈھنگ ڈالنا۔ ٹھپس جمانا۔ آشنائی پیدا کرنا۔ موافقت کرنا۔ دل لگی پیدا کرنا۔ آنکھ لگنا۔
سپّا لگانا۔ یا۔ مارنا۔ (ہ۔ محاورہ) نشانہ لگانا۔ نشانہ پر مارنا۔ آنکھ لگانا۔ واقفیت بنا لینا۔ جال ڈالنا۔ جال میں پھنسانا۔
سپاٹ۔ (ہ۔ صفت) ہموار۔ مسطح۔ برابر۔ یکساں۔ چورس چٹیل۔ ایسی سطح جو اونچ نیچ کے بغیر ہو۔
سپاٹا۔ (ہ۔ ا۔ مذ) تیز دوڑ۔ جھپٹ۔ طرارہ۔ سیر تماشا جیسے سیر پیالے کو گئے ہیں۔
سپاٹا بھرنا۔ یا لگانا۔ یا۔ مارنا۔ (ہ۔ فعل) طرارہ بھرنا۔ دوڑ لگانا۔ پرندے وغیرہ کا اُڑ جانا۔ دور تک بھاگے چلے جانا۔
سپاٹا دار (اُ۔) تیز دوڑنے والا۔ طرارہ بھرنے والا۔
سپارا۔ (ہ۔ ا۔ مذ) حنتف۔ سر ذکر۔
سپارہ۔ (ف۔ ا۔ مذ) سی پارہ کا مخفف ہے۔ قرآن شریف کا تیسواں حصہ۔ پارۂ قرآن
سپاری۔ یا سپاری۔ (ہ۔ ا۔ مو) چھالیا۔ فوفل۔ پھال۔
سپاس۔ (ف۔ مو) شکریہ۔ منت۔ شکر۔ اظہار احسانمندی۔
سپاس گزاری۔ (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) شکر گزاری۔ شکریہ ادا کرنا۔ کسی نعمت کا اقرار کرنا۔
سپاس نامہ۔ (ف۔ ا۔ مذ) باضافت مقلوب۔ تحریری شکریہ ایڈریس۔
سپاہ۔ (ف۔ ا۔ مو) فوج۔ لشکر۔ کٹک۔
سپاہ گری۔ (ف۔ ا۔ مو۔ بیائے مصدری) سپاہ کا کام۔ فوجی پیشہ۔ سپاہ گری کے تیس فن ہیں۔ (اُ۔ مثل) سپہ گری بہت مشکل ہے۔
سپاہی۔ (ف۔ ا۔ مذ) بیائے فاعلیت لشکری۔ پیادہ۔ فوجی آدمی۔ جنگی لوگ۔ پولیس کانسٹیبل۔ سنتری۔
سپاہی کو ڈھال دھرنے کی جگہ چاہیئے۔ (اُ۔ مثل) سپاہی کو ذرا سا موقع ملے تو کام بنا لیتا ہے۔
سپاہی کی جورو ہمیشہ رانڈ۔ (اُ۔ مثل) سپاہی اپنی بیوی کے پاس

بہت کم رہتا ہے ؛
سپاہی کی روٹی سر بیچے کی ۔ (اُر۔ مثل) سپاہی کی کمائی جان کو خطرے میں ڈال کر حاصل ہوتی ہے ؛
سپاہیانہ (ف۔ مذ) انہ مفید تشبیہ۔ سپاہیوں کی طرح ۔ دلیرانہ چستی کے ساتھ ؛
سپر (ف۔ مو) ڈھال ۔ بھری ۔ پناہ ۔ آڑ ۔ روک ؛
سپر انداز (ف۔ صفت) وہ شخص جو ڈھال پھینک دے اور ہار مان لے ؛
سپر پھینکنا ۔ یا ۔ ڈالنا (اُر۔ فعل) ہتھیار ڈالنا ۔ عاجز ہونا ۔ مغلوب ہونا ؛
سپر زر و جواہر سے بھر دینا ۔ (اُر۔ محاورہ) بہت انعام واکرام دینا ؛
سپر ہونا (اُر) آڑ ہونا ۔ آڑے آنا ۔ سامنے ہو جانا ۔ دیوار بننا ؛
سپر کی اوجھڑ لگانا (اُر۔ محاورہ) سپر سے چوٹ لگانا ۔ سپر سے دھکیل دینا ؛
سپر منہ پر لینا (اُر۔ محاورہ) حفاظت کیلئے ڈھال اُٹھانا ؛
سپرد (ف۔ مو) حاصل مصدر از سپردن ۔ حوالہ ۔ سونپنا ۔ امانت ۔ تحویل ۔ تفویض ؛
سپرد کرنا (اُر۔ فعل) حوالے کرنا ۔ سونپنا ۔ امانت رکھنا ۔ حراست کرنا ۔ نظر بند کرنا ؛
سپردگی (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) نظر بندی ۔ حوالگی ۔ تفویض ۔ حراست ۔ حوالات ؛
سپردم بتو مایۂ خویش را تو دانی / **حساب کم و بیش را** (ف۔ مقولہ) ایسے موقع پر کہتے ہیں جہاں کوئی کام دوسرے کے سپرد کیا جائے ۔ خدا سے دعا کرتے وقت کہتے ہیں ؛
سپردا ۔ یا سپردائی (ہ۔ مذ) ناچنے والی کے ساتھ طبلہ سارنگی بجانے والے ڈوم ۔ بھڑوے ۔ سازندے ۔ ڈھاڑی ؛
سپرنٹنڈنٹ (Superintendent ۔ انگ۔ مذ) محافظ ۔ نگہبان ۔ نگران ۔ مہتمم ۔ منتظم ۔ ناظر ۔ داروغہ ۔ سربراہ کار ۔
سپروائزر (Supervisor ۔ انگ۔ مذ) نگہبان ۔ داروغہ ۔ نگران ؛
سپریم کورٹ (Supreme Court ۔ انگ۔ اسم) وہ عدالت جہاں ملک کے قانون کے مطابق مقدمات کا فیصلہ ہو ۔ صدر عدالت سب سے اعلیٰ عدالت ۔
سپلائی (Supply ۔ انگ۔ مو) رسد ۔ ذخیرہ فراہمی ۔
سپلیمنٹ (Supplement ۔ انگ۔ مذ) زائد ضمیمہ ؛
سپلیمنٹری ریڈر ۔ (انگ۔ مو) وہ کتاب جو مقررہ لازمی کورسوں کے علاوہ زائد پڑھائی جائے ؛ Suplementary Reader
سپستان (ف۔ مذ) سپستان کا مخفف ہے ۔ بوجہ مسنا بہت بے نام ہوا ۔ سوڑا ۔ لسلسا ؛
سپنا ۔ (ہ۔ مذ) خواب ۔ رویا ۔ سوتے میں جو کچھ نظر آئے ۔ خیال ۔
سپند (ف۔ مذ) ہرمل ۔ ایک قسم کا کالا بیج ہے ؛

سپوت : (ہ۔ ا۔ مذ) اچھا بیٹا ۔ لائق بیٹا ۔ فرمانبردار لڑکا ۔ فرزند رشید ۔ سعادت مند یا فرماں بردار بیٹا ۔
سپوتوں کے کپوت (ہ۔ مثل) نیکوں کی اولاد بد اور بدوں کی اور کپوتوں کے سپوت اولاد نیک بھی ہوتی ہے ؛
سپوتی (ہ۔ مو) بیائے تانیث نیک اور سعید اولاد والی ۔ سات بیٹوں والی عورت ؛
سپوتی روئے کو کوں کو نپوتی روئے پوتوں کو (اُر۔ مثل) اولاد والی روٹیوں کے ٹکڑوں کے لیے روتی ہے بے اولاد اولاد کے لیے روتی ہے دنیا میں مطمئن کوئی نہیں ؛
سپورٹس (Sports ۔ انگ۔ ا۔ مذ) کھیل ۔ تفریحات
سپورن (ہ۔ صفت) سارا ۔ تمام ۔ کل ۔ مکمل ۔ بھرپور ۔ بھرا ہوا ۔ معمور ۔
سپولیا (ہ) سانپ کا تازہ نکلا ہوا بچہ ؛
سپہ (ف۔ مذ) سپاہ کا مخفف ہے ؛ فوج ۔ لشکر ۔ کٹک ؛
سپہ سالار (ف۔ ا۔ مذ) بقلب اضافت فوج کا سردار ۔ جرنیل ۔ کماندار ۔ کمانڈر انچیف ۔ جنگی لاٹ ؛
سپہ گری ۔ (ف۔ ا۔ مو ۔ بیائے مصدری) سپاہی کا کام ۔ بہادری ۔ چستی ؛
سپہر ۔ (ف۔ مذ) آسمان ۔ اکاس ۔ فلک ۔ چرخ ۔ گردوں ؛
سہ پہر (ف۔ ا۔ مذ) تیسرا پہر ؛
سپھل ۔ (ہ۔ صفت) پھل دار ۔ اچھا پھل ۔ عمدہ نتیجہ ۔ مفید ۔ فائدہ مند ۔ زرخیز ۔ شاداب ۔ نازل ۔ مُجدہ ؛
سپیچ (Speech ۔ انگ۔ ا۔ مو) تقریر ۔ گفتگو ۔ بیان ۔ لکچر ؛
سپید (ف۔ صف) سفید ۔ دھولا ۔ چٹا ۔ اُجلا ۔ گورا ۔ سادہ ۔ بن لکھا ۔ کورا ؛
سپید و سیاہ کرنا ۔ (اُر۔ محاورہ) سیاہ و سفید کرنا ۔ بُرا خواہ بھلا کرنا ؛
سپیدہ ۔ (ف۔ مذ) پھونکا ہوا سُرمہ جیسے آنکھوں اور دارنش میں ڈالتے ہیں ۔ صبح کی روشنی
سپیدۂ سحری (ف۔ صفت) وہ اُجالا جو طلوع آفتاب سے پہلے
سپیدی ۔ (ف۔ ا۔ مو ۔ بیائے مصدری) سفیدی ۔ قلعی پتھر کا پھونکا ہوا چونہ ۔ دھولاپن ۔ روشنی ۔ اُجالا ۔ نور جوت ؛
سپیڈ (انگ۔ ا۔ مو Speed) رفتار
سپیڈ و میٹر (انگ۔ مو Speedometer) وہ گھڑی جو گاڑی وغیرہ کی رفتار بتائے ۔ آلہ رفتار پیما ؛

(سپیڈ و میٹر)

سپیرا (ہ۔ ا۔ مذ) سانپ رکھنے والا ۔ سانپ پکڑنے والا ۔ سانپ کو کھلانے والا ۔ سانپ کا تماشا کرنے والا ۔ مارگیر ؛
سپیشل (انگ۔ ا۔ مذ۔ Special) خاص مخصوص ۔
سپیشلسٹ (انگ۔ ا۔ مذ۔ Specialist) ماہر خصوصی ۔ اپنے کام کا ماہر
سپیکر (Speaker ۔ انگ۔ ا۔ مذ) مقرر ۔ پارلیمنٹ کا صدر

س - ت

سَت (ہ-ا-مذ) بجا۔ درست۔ واقعی۔ سچ۔ صحیح۔ ایمان۔ دھرم۔ زور۔ طاقت۔ بل۔ قوت۔ قُدرت۔ سکت۔ سچ صدق۔ جیسے رام نام ست ہے۔ رس۔ عرق۔ عطر۔ جوہر خلاصہ۔ لب لباب۔ اصل جڑ۔ روح جیسے ست گلو۔ پاکدامنی پرہیزگاری۔ عصمت وعفت۔ مضبوطی۔ پختگی؛

سَت بچن (اپ-ا-مذ) بجا ہے۔ درست ہے۔ ٹھیک ہے؛

سَت بچن کا نوکر ہونا (ہ-محاورہ) ہانجی کا نوکر ہونا۔ ہاں میں ہاں ملانے والا ہونا۔ خوشامد کا بندہ ہونا؛

سَت بچنا۔ یا۔ سَت بچنیا (ہ-مذ-فاعل) ہاں میں ہاں ملانے والا۔ خوشامدی؛

سَت پر چڑھنا (ہ-محاورہ) پاکدامنی میں پکا ہونا۔ ستی ہونے کو جی چاہنا؛

سَت پر رہنا (ہ-محاورہ) دھرم پر مضبوط رہنا۔ سچ کو نہ چھوڑنا۔ قول نہ ہارنا؛

سَت چھوڑنا۔ یا۔ چھوڑ دینا۔ (ہ-محاورہ) ہمت ہار دینا۔ بے حوصلہ ہو جانا۔ قول سے پھر جانا؛

سَت ڈگنا (ہ-محاورہ) دھرم میں فرق آجانا۔ دوسرا مذہب اختیار کرنا ہمت ٹوٹ جانا۔ جان بگاڑنا۔ پاکدامنی میں فرق آنا؛

سَت سیتا (ہ-صفت) نہایت پارسا۔ ستونتی۔ نہایت پاکدامن۔ عورت۔ پارسا عورت؛

سَت سری اکال (ہ-مذ) سکھوں کا سلام یا نعرہ۔ خدا سچا ہے؛

سَت کی باندھی (ہ-صفت) ایمان پر مستحکم۔ سَت پر قائم۔ بات کی پکی؛

سَت نکل جانا (ہ-محاورہ) طاقت کا نکل جانا۔ طاقت کا رہنا۔ ہار جانا۔ تھک جانا۔ دھن دولت نہ رہنا؛

سَت ہار دینا۔ یا۔ ہار جانا۔ (ہ-محاورہ) تھک جانا۔ بوڑھا ہو جانا۔ ہمت ہار دینا؛

سَت (ہ-صف) سچائی۔ دوستی۔ صحت۔ درستی۔ تہذیب اصیل۔ کھرا۔ اصلی۔ حقیقی؛

سَت بادی (ہ-ا-مذ) سچا آدمی۔ فلاسفر۔ حکیم؛

سَت بھاؤ (ہ-تابع فعل بمفید صفت) ٹھیک ٹھیک۔ سچا سچا۔ راستی پر سچ پر۔ راست کرداری پر؛

سَت پتر (ہ-ا-مذ) حقیقی بیٹا۔ صلبی فرزند۔ اپنے نطفے کا بیٹا؛

سَت جُگ (ہ-مذ) ستیا کا زمانہ۔ سب سے پہلا زمانہ۔ ہندوؤں کے دانادں کے مقرر کردہ چار زمانوں میں سے سب سے پہلا زمانہ جس کی میعاد ستر ہ لاکھ اٹھائیس ہزار سال کی تھی۔ کھرا زمانہ۔ اُوپر کی ساتویں دنیا؛

سَت (ہ-اسم عدد) سات کا مخفف ہے۔ ہفت۔ ۷-7؛

سَت بیجھڑا (ہ-صفت) سات اناجوں کا ملا ہوا غلہ۔ رُلا ملا۔ گڈمڈ دوغلا۔ مخلوط النسل۔ مختلف ترکاریوں کا سالن؛

سَت پُوتی (ہ-مو) سات پوتوں کی ماں۔ بہت سی اولاد والی؛

سَت چھوڑ دینا (اُر-محاورہ) ہمت ہار دینا۔ حوصلہ پست ہونا؛

سَت خصمی (اُر-مو) ایک گالی ہے۔ وہ عورت جو یکے بعد دیگرے سات خصم کر چکی ہو؛

سَت کھنا۔ یا۔ سَت کھنڈا۔ (ہ-ا-مذ) ظرف۔ سات منزلہ مکان؛

سَت لڑا (ہ-صف) سات لڑی کا ہار یا رسا؛

سَت ماسام (ہ-مذ) حمل کے ساتویں مہینے کی رسم؛ **ستوانسا**

سَت منزلہ (اُر-ا-مذ) سات کھنڈ کا مکان۔ سات درجے اُوپر تلے والا مکان۔ نہایت اُونچا مکان؛

سَت نجا (ہ-صف) سات ملے ہوئے اناج۔ ست بیجھڑا۔ رُلا ملا۔ دوغلا۔ مخلوط النسل؛

سُت (ہ-ا-مذ) بیٹا۔ پوت۔ پُتر۔ لڑکا بھارت میں بولتے ہیں؛

سُتا (ہ-ا-مو) بیٹی لڑکی۔ پتری۔ خواہش۔ تمنا۔ اچھا جی چاہنا؛

سُتّا (ہ-ا-مذ) ناش یا کنجفے کا وہ پتا جس پر سات نشان ہوں۔ پاسے کے سات حصے۔ پچیسی کی سات چت کوڑیاں؛

سِتار (ف-ا-مذ) ستار کا مخفف ہے۔ طنبورے کی قسم کا ایک ساز ہے؛

ستار

سِتار باز (ف-ا-مذ-فاعل ترکیبی) ستار بجانے والا۔ ستار کا شوقین؛

سِتار بازی (ف-مو-بیائے مصدری) ستار بجانے کا شوق۔ اشتیاق ستار؛

سِتّار (ع-ا-مذ) پردہ پوش۔ عیب چھپانے والا۔ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام؛

سِتارہ (ف-ا-مذ) تارہ۔ نجم۔ کوکب۔ کرم ریکھ۔ طالع۔ بھاگ۔ نصیب۔ پرالید۔ راس۔ برج۔ نشان۔ ٹیکا۔ گھوڑے کی پیشانی کا سفید دھبا۔ لول گول چاندی سونے وغیرہ کے قرص جو جوتیوں ٹوپیوں وغیرہ میں لگاتے ہیں۔ ایک قسم کی آتش بازی۔ جمع ستارگان؛

سِتارہ بلند ہونا۔ (اُر-محاورہ) ستارے کا اونچا ہونا۔ اقبال یاور ہونا۔ قسمت بلند ہونا؛

سِتارہ بھاری ہونا۔ (اُر-محاورہ) نحوست کا زمانہ ہونا؛

سِتارہ پیشانی (ف-صفت) وہ منحوس گھوڑا جس کی پیشانی پر ستارہ

برابر سفید ٹیکا ہو۔

ستارہ چمکنا (ہ۔ف) تصیبا جاگنا۔ دن پھرنے۔ تارے کا روشن و تابان ہونا۔

ستارہ چشم (ف۔صف) ستارے جیسی آنکھوں والا۔

ستارہ شناس (ف۔مذ۔ترکیب فاعلی) نجومی۔ منجم۔ جوتشی۔ اختر شناس۔

ستارہ کی گردش (اُ۔مو) قسمت کا چکر۔ تقدیر کا پھیر۔ ادبار۔ نحوست۔

ستارہ گردش میں ہونا۔ (اُ۔محاورہ) قسمت کا بگڑ جانا۔ ادبار و بد اقبالی کا سامنا ہونا۔

ستارہ ملنا (اُ۔محاورہ) راس کامل جانا۔ موافقت ہونا۔ طبیعت کا ملنا۔

ستارہ بھاری ہونا (اُ۔محاورہ) منحوس ستاروں کا اثر ہونا۔

ستاری۔ یا ستالی (ہ۔امو) آلہ چمڑے میں چھید کرنے کا چمڑوں اور موچیوں کا ایک اوزار۔

ستاریا (اُ۔صفت) ستار بجانے والا۔

ستاسی۔ (ہ۔اسم عدد) سات اور اسّی ۸۷۔

ستانا۔ (ہ۔فعل) دق کرنا۔ تنگ کرنا۔ عاجز کرنا۔ تکلیف دینا۔ آزار دینا۔

ستانوے (ہ۔اسم عدد) نوے اور سات ۹۷۔

ستاور۔ (ہ۔امو) ایک دوا کا نام ہے۔ بزر یدان۔

ستاون۔ (ہ۔اسم عدد) پچاس اور سات ۵۷۔

ستائیس۔ (ہ۔اسم عدد) بیس اور سات ۲۷۔

ستائیس۔ (ف۔امو) حاصل مصدر از ستودن۔ سراہنا۔ تعریف صفت۔ توصیف۔

ستتر۔ (ہ۔اسم عدد) سات اور ستر ۷۷۔

ستر۔ (ع۔مذ۔مو) پردہ۔ حجاب۔ اوٹ۔ پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔ معنی مستور۔ شرمگاہ۔ پردے کی جگہ۔

ستر۔ (ع۔اسم عدد) سات دہائیاں۔ دس سَتّے۔ ۷۰۔ مجازاً بمعنی کثرت بہتات۔ سینکڑوں۔

سترکان بہتر جھول۔ (ہ۔محاورہ) نہایت ٹیڑھا اور جھول دار کپڑا۔

ستر اہتر ا (ہ۔صفت) پیرانہ سال۔ بہت بوڑھا جس کی عقل بڑھاپے کے سبب جاتی رہے۔ پیر فرتوت۔

سترگ (ف۔صفت) بزرگ۔ بڑا۔ کلاں۔

سترمک (ف۔مذ) شطرنج۔ ایک قسم کا پودا۔

سترون۔ یا **ستروں** (ہ۔امو) (ہندو) وہ رسم جو میت کے سترہ روز بعد برتی جاتی ہے۔ ہر مہینے کی سترہ تاریخ۔

سترھواں (ہ۔امو) سفتہ وہ چیز جس کا نمبر سترہ ہو۔

سترہی (ہ۔مو) دلالوں کی اصطلاح میں دو روپے کو کہتے ہیں۔

ستری بہتری (ہ۔مو) وہ بڑھیا جس کی زیادہ عمر کی وجہ سے عقل جاتی رہے۔

ستری بہتری باتیں (ہ۔امو) بڑی بوڑھیوں کی سی باتیں۔ بے سروپا باتیں۔

ستل (ہ۔مذ) زمین کا تیسرا طبقہ۔

ستلی (ہ۔امو) سن کی باریک ڈوری (دلال) بیس بیس روپے۔

ستم (ف۔مذ) ظلم۔ تکلیف۔ جور و جفا بیداد۔ تعدی۔ غضب۔

ستم آباد (ف۔مذ) ستم کی جگہ دینا۔

ستم اٹھانا (اُ۔محاورہ) ستم برداشت کرنا۔

ستم ایجاد۔ (ف۔صفت) ترکیب فاعلی۔ موجد ستم۔ نہایت ظالم جس نے ظلم کی بنیاد ڈالی ہو۔

ستم توڑنا۔ (اُ۔محاورہ) ستانا۔ تکلیف دینا۔ ظلم کرنا۔

ستم ٹوٹنا (اُ۔محاورہ) سختی آنا۔ ظلم ہونا۔ آفت آنا۔ مصیبت پڑنا۔ غضب آنا۔

ستم ٹوٹے (اُ) دعائے بد۔ غضب پڑے۔ آفت آئے۔ مصیبت میں گرفتار ہو۔

ستم جھیلنا (اُ۔محاورہ) ظلم سہنا۔

ستم دیدہ / **ستم رسیدہ** (ف۔اسم صفت ترکیب مفعولی) وہ شخص جس پر ظلم ہوا ہو۔ مظلوم دکھیا۔ ستایا ہوا۔

ستم اڈھانا۔ (اُ۔محاورہ) آفت توڑنا۔ سخت ظلم کرنا۔ غضب کرنا۔ کوئی انوکھا کام کرنا۔

ستم شعار (ف۔صف) ترکیب فاعلی ظلم کا عادی۔ جفا کا خوگر۔ وہ شخص جس نے ظلم کا ہی جامہ پہن رکھا ہو۔

ستم ظریف (ف۔صف) ظرافت اور ہنسی کے پردے میں ظلم کرنے والا۔

ستم ظریفی (ف۔امو) ظرافت کے پردے میں ظلم۔

ستم کرنا (اُ۔محاورہ) ظلم کرنا۔ غضب کرنا۔ قابل افسوس کام کرنا۔ کوئی نئی بات کرنا۔

ستم کشتہ۔ (ف۔صفت) جو ظلم سے مر جائے۔

ستم کیش (ف۔صف) ظالم۔ جفا کار۔ آسمان کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ تکلیف دینے والا۔ ستانے والا۔

ستم کیا ہے (اُ۔محاورہ) غضب کیا ہے۔ عجیب کام کیا ہے۔ نئی ایجاد کی ہے۔

ستمگار۔ یا **ستمگر** (ف۔اسم صفت فاعلی) ظالم۔ دکھ دینے والا۔ لوگوں کو ستانے والا۔

ستم ہونا۔ (اُ۔محاورہ) بُرا ہونا۔ غضب ہونا۔ نئی بات ہونا۔ ظلم ہونا۔ سختی ہونا۔ آفت و مصیبت کا نازل ہونا۔ رنج ہونا۔ ملال ہونا۔ انوکھا آدمی ہونا۔ نہایت چالاک و عیار آدمی ہونا۔

ستمبر۔ (Septembre۔انگ۔مذ) انگریزی سال کا نواں مہینہ۔

ستمی (ہ۔مو) چاندی کی ساتویں تاریخ۔

ستن (ہ۔مذ) سکتن کا مخفف۔ ہالیجامہ۔

ستنا (ہ۔فعل) کھپنا۔ سمٹنا۔ صاف ہونا۔ خالی ہونا۔ سوکھنا۔ نوچا جانا۔

جیسے درخت کے پتے سٹ گئے۔

سُتنا - یا سُتھنا (ہ-ا-مذ) پیجامہ ازار۔ تنگ پاجامہ۔ تحقیراً بچوں کا پاجامہ۔

سُتو (ہ-ا-مذ) بھنے ہوئے اناج کا آٹا۔

سُتو باندھ کر پیچھے پڑنا (ہ-محاورہ) نہایت پیچھے پڑنا۔ سر ہو جانا۔

سُتو من متوکب گھوسے کب کھائے۔ کھچڑی من کھچڑی جھٹ پکائی جھٹ کھائی چل میرا بھائی (ا ر - مثل) غلط بات کو سچ کر دکھانا۔

ستوا سنکرانت (ہ - مو) وہ تیوہار جس میں ہندو صاحبان ستو بنا کر برہمنوں کو تقسیم کرتے ہیں۔ سورج کے برج حمل میں داخل ہونے کا دن۔

سُتوان (ہ - صفت - مفعولی) سُتی ہوئی - پتلی - نازک۔

سُتوان ناک (ہ - مو) نازک ناک پتلی ناک - خوبصورت ناک۔

سُتوانا (ہ - محاورہ) صاف کروانا۔ پچھڑوانا۔ ملوانا۔ جیسے پیٹ ستوانا۔

ستوانسا (ہ - مذ) سات مہینے کا بچہ۔ ست ماہا - حمل کے سات مہینے کی ایک رسم۔

ستودہ (ف - صف) جس کی تعریف کی جائے۔ قابل تحسین۔ قابل تعریف سنا گیا۔

ستودہ اخلاق (ف - ا-مو) قابل تعریف عادتوں والا۔

ستودہ صفات (ف - صفت) وہ جس میں قابل تعریف خوبیاں ہوں۔

ستون (ف-مذ) تھم - کھم - کھمبا - رکن - بنیاد - ٹھونی۔

ستون

ستونِ سیفنہ (ف - ا-مذ) ستول - کشتی کا بلا جس پر بادبان چڑھاتے ہیں۔

ستونِ فقار (ف - ا-مذ) ریڑھ کی ہڈی۔

ستونتا (ہ - صفت - مذ) ست والا - ستیا والا - صادق - سچا - راستگو بھلامانس - شائستہ - نیک - مہذب - نیک چلن - پارسا۔

ستونتی (ہ-ا-مو) پارسا عورت - باعفت - پرہیزگار عورت۔

ستھرا (ہ - صفت) صاف - پاک - اچھا - خوب - نیک - اجلا - نرمل - کھرا۔

ستھرا شاہی (ہ - مذ) ستھرا شاہ سے نسبت رکھنے والا۔ ستھرا شاہ گورو نانک صاحب کا ایک چیلا تھا جس سے یہ پنتھ چلا ہے۔

ستھرانا (ہ - فعل) بکھیرنا - بچھانا - فرش کرنا - پھیلانا - کاٹ کر ڈھیر لگانا۔

ستھراؤ (ہ-ا-مذ) صفایا - لاشوں کے ڈھیر - قتل عام - بہت سی عمارتوں کا یکجا پڑنا۔

ستھراؤ کرنا (ہ - محاورہ) کشتوں کے پشتے لگانا۔ فصل کو کاٹ کر پیچھے ڈالتے جانا - کھیت ڈالنا - مُردوں کا ڈھیر لگانا۔

ستھرائی (ہ-ا-مو) حاصل مصدر - صفائی - نفاست - پاکیزگی - عمدگی - بھاڑو - بہارو - اجلاپن۔

ستھرائی پھیرنا (ہ - محاورہ) جھاڑو دینا - برباد کرنا - لوٹ کر لے جانا۔

ستھرائی دینا (ہ - محاورہ) جھاڑو دینا - جاروب کشی کرنا۔

ستہ (ع - اسم عدد) چھ - شش - حساب کا وہ قاعدہ جس **ستہ تناسبہ** میں پانچ معلوم رقموں سے مجہول مقدار معلوم کر لیتے ہیں۔ بار بار اربعہ جانا نہیں پڑتا۔

ستھن (ہ - مذ) پاجامہ - ازار - شلوار۔

ستھنی (ہ-ا-مو) ستھن کی تانیث تحقیری۔

ستھیا - یا ستیا (ہ-ا-مذ) آنکھوں کا حکیم جو سرمہ یا انجن سے علاج کرے۔ **سیہ** - حکیم - آنکھیں بنانے والا۔

ستی (ہ - مو) ست والی عورت - پاکدامن - عورت - ساتھ دینے والی - وفادار - وہ عورت جو خاوند کی لاش کے ساتھ زندہ جل مرے۔

ستی ست پر ہونا (ہ - محاورہ) قریب بہ مرگ ہونا - جاں بلب ہونا - درد یا صدمہ سے قریب بہ ہلاکت ہونا۔

ستی مٹھ (ہ-ا-مذ) ستی عورت کی ہڈیوں یا جگہ پر بنایا ہوا مکان۔

ستیا (ہ - مو) راستی - سچائی - صدق - دھرم - ایمان۔

ستیاپن / پنا (س - ا-مذ) سچ بولنا - تصدیق - سودے کی مضبوطی۔

ستیاناس جانا (محاورہ) برباد ہونا - ٹوٹنا پھوٹنا - ایمان جانا۔

ستیاناس کرنا (ہ محاورہ) برباد کر ڈالنا - اُجاڑنا - تباہ کر دینا - نقصان پہنچانا - ڈھانا - منہدم کرنا - بدچلن کرنا۔

ستیاناسی (ہ - مو) ایک درخت کا نام ہے جس میں کانٹے بہت ہوتے ہیں، جس کے پھول کا زیرہ خارش کے کام آتا ہے۔

ستیاناسی کی جڑ (ہ-ا-مو) جھگڑا اٹھانے والا۔

ستیز / ستیزہ (ف-ا-مو) لڑائی - جنگ۔

ستیہ گرہ (س-مذ) سچا عہد - پکا اقرار - سچا مقابلہ - درست اعتراض - خاموش مقابلہ - حکومت کے خلاف پرامن تحریک

س - ٹ

سٹ (ہ-ا-مذ) لاگ لپٹ - سازش - میل جول - تدبیر - ڈھب - جگت - ناجائز تعلق - آنٹ ساٹ۔

سٹ لڑانا (ہ - محاورہ) جگت لگانا - میل جول پیدا کر لینا - آنکھ لگانا - گانٹھنا - آشنائی کرنا - یارانہ کرنا۔

سِٹ (Set) مجموعہ۔ دستہ۔ اکٹھ گروہ۔ چند چیزوں کا مجموعہ۔

سٹّا (ہ-ا-مذ) جوار کا خوشہ۔ مکئی کا بھٹا۔ شراکت۔ بٹائی کا اقرار نامہ۔

سَٹّا (ہ-امذ) سودا۔ بیوپار۔ تحریری اقرار نامہ۔ ضمانت نامہ۔ منڈی۔ زراعت۔ دوستی۔ محبت۔ ایک قسم کا جوا۔

سٹّا بٹا (ہ-امذ) سازش میں میل ملاپ۔ اٹ سٹ۔ دو شخصوں کا باہم ادلے بدلے کا رشتہ۔ فریب۔ مکر۔ دغا۔ فن۔

سٹاسٹ } (ہ-مو) متواتر چابک یا کوڑے پڑنے کی آواز متواتر۔
سٹاسٹ } جلدی جلدی۔ لگاتار۔ مسلسل۔

سٹاف (Staff - انگ-ا-مذ) محکمہ کے ملازموں کا مجموعہ۔ کسی سررشتہ کے تمام ملازم۔ لاٹھی۔ ڈنڈا۔ عصا۔

سٹاک (ہ-مو) چھڑی مارنے کی آواز۔

سٹاک (Stock-انگ-مذ) ذخیرہ۔ گودام۔ مال۔

سٹاک ایکسچینج Stock Exchange حصص کی خرید و فروخت اور تجارتی لین دین کا ادارہ۔

سٹاک بک (Stock Book - ا-مو) مال کی تفصیل درج کرنے کی کتاب۔ مال کی فہرست۔

سٹامپ Stamp - ا-مذ) ٹکٹ۔ اشٹام۔ سرکاری کاغذ جس پر مہر لگی ہوتی ہے۔

سٹ پٹانا (ہ-محاورہ) گھبرانا۔ حیران ہونا۔ حواس باختہ ہونا۔ متفکر ہونا۔ مضطرب ہونا۔

سٹپٹائے پھرنا (ہ-محاورہ) گھبرایا ہوا پھرنا۔ مارا مارا پھرنا۔ حیران و پریشان پھرنا۔

سٹر پٹر (ہ-امو) ذرا ذرا سے کام چھوٹے موٹے کام بے چینی۔ اضطراب بے قراری۔

سٹر پٹر پڑنا (ہ-محاورہ) اضطراب ہونا۔ بے چینی ہونا۔ بدحواسی ہونا۔ حیران ہونا۔

سٹر پٹر کرنا (ہ-محاورہ) بے کار پھرنا۔ حیران پھرنا۔ چھوٹے موٹے کام کرتے پھرنا۔ بکھیڑا کرتے پھرنا۔

سٹرلنگ (Sterling-انگ-ا-مذ) انگلینڈ کے سکے کا نام۔ پونڈ سٹرلنگ۔ سونے کا سکہ۔

سٹریچر (انگ-مذ-Stretcher) بیمار کے لیے ڈولی۔ بیمار کو اٹھانے جانے کا تختہ۔


سٹریچر

سٹریٹ (انگ-ا-مو - Street) گلی۔ سڑک۔

سٹک (ہ-ا-مو) پتلی عورت۔ چھریرے بدن کی عورت۔ پتلی چھڑی۔ پتلا سا چھڑ۔ چھوٹا پیمانہ۔

سٹک جانا (ہ) جلدی چلانا۔ جلدی سے چلا جانا۔ چپکے سے کھسک جانا۔ کافور ہو جانا۔ فرار ہو جانا۔

سٹکنا (ہ-محاورہ) بھاگ جانا۔ کھسک جانا۔ رفو چکر ہو جانا۔ چمپت ہو جانا۔

سٹل، یا سٹلّا (ہ-مو-دوسرا-مذکر) بیہودہ بات۔ لغو بات۔ بڑ۔ دیوانگی کی بات۔ جھوٹ بات۔

سٹلّا جوتا (ہ-امذ) بڑا یا پیچھے سے پھٹا ہوا جوتا۔

سٹلو (ہ-مو) جھگی عورت۔ بیہودہ عورت۔ پھوہڑ بے سلیقہ عورت۔

سٹل ہانکنا (ہ-محاورہ) فضول اور لغو باتیں کرنا۔ جھوٹ موٹ باتیں گھڑنا۔

سٹنا } (ہ-محاورہ) گٹھنا۔ مل جانا۔ سازش کرنا۔ چپکنا۔ جڑنا۔
سٹھنا } چپاں ہونا۔

سٹنٹ (انگ-ا-مذ-Stunt) عیاری۔ دھوکا۔ کارنمایاں۔ وہ کام جس سے اپنا کمال دکھانا مقصود ہو۔

سٹوڈنٹ (Student - ا-مذ) طالب علم۔ پڑھنے والا متعلم۔

سٹور (Stor - انگ-ا-مذ) ذخیرہ۔ گودام۔

سٹھ (ہ-اسم عدد ساٹھ کا مخفف (بحالت صفت) جاہل۔ مورکھ۔ احمق۔ بیوقوف۔

سٹھ جانا (ہ-محاورہ) پیرانہ سری کے باعث حواس میں فرق آجانا۔ بڑھاپے سے بیوقوف ہونا۔ گٹھ جانا۔ مل جانا۔

سٹھورا (ہ-مذ) سخت حلوایا پنجیری جو زچہ کو کھلاتے ہیں۔ (سونٹھ سے بنایا ہوا لفظ ہے)۔

سٹھی (ہ-امو) ایک قسم کے موٹے چاول اور ان کا پودا جو ساٹھ دن میں بشرط بارش تیار ہو جاتا ہے۔

سٹھیانا (ہ-فعل) ساٹھ برس سے اوپر کی عمر کا ہو جانا۔ بڑھاپے سے بیوقوف ہونا۔

سٹھنی (ہ-مو) وہ گالیاں جو سمدھنیں شادی کے وقت ایک دوسرے کو دیتی ہیں۔

سِٹی (ہ-امو) عقل۔ اوسان۔ سمجھ گیان ہوش۔ نفری۔ تیز اور باریک آواز۔

سٹی بھولنا۔ یا گم ہونا (ہ-محاورہ) ہوش اڑنا۔ عقل جاتے رہنا۔ اوسان خطا ہونا۔

سِٹی (City-انگ-ا-مو) شہر۔

سِٹیا (ہ-امو) غصہ کی حالت میں حقارتاً بیٹی بیٹا کو بولتے ہیں۔

سٹیٹ (State - انگ-ا-مو) ظرف۔ ریاست۔ مملکت

سٹیڈیم (Stadium) کھلاڑیوں کے کھیلنے


سٹیڈیم

سٹیج کی جگہ؛ سٹیج (انگ۔مذ) Stage پچھوترہ۔ ناچنے کی جگہ؛

سٹیج

سٹیشن (انگ۔ا۔مذ) Station ریل گاڑیوں اور بسوں کے آنے جانے کی جگہ؛



سٹیشن

سٹیشنری (انگ۔ا۔مو) Stationery لکھنے پڑھنے کا سامان۔ کاغذ۔ قلم۔ دوات۔ سیاہی وغیرہ؛

سٹینڈرڈ (انگ۔ا۔مذ) Standard معیار۔ قابلیت کا درجہ۔

سٹیمر (انگ۔ا۔مذ) Steamer بحری جہاز (خاص سمندری جہاز)

سٹیمر

سٹیل (انگ۔ا۔مذ) Steel فولاد۔ سپات۔ نہایت سخت قسم کا لوہا۔ فولادی قلم۔

سٹینوگرافر (انگ۔ا۔مذ) Stenographer مختصر نویس

س - ج

سج (ہ۔ا۔مو) شکل۔ وضع۔ انداز۔ ہیئت۔ صورت؛

سج دھج (ہ۔ا۔مو) بناؤ سنگار۔ شکل وصورت۔ زیب وزینت؛

سجا (ہ۔ا۔مذ۔صفت) داہنا۔ دایاں۔ سیدھا۔ یمین راست؛

سجات (ع۔صف) نیک ذات؛

سجادہ (ع۔ا۔مذ) نماز پڑھنے کا فرش۔ جائے نماز۔ مصلے۔ آسن۔ پیروں اور درویشوں کی گدی۔ بزرگان دین کی گدی؛

سجادہ نشین (ع۔ف۔ا۔مذ) فاعل ترکیبی۔ پیر یا مرشد کی گدی پر بیٹھنے والا۔ قائمقام خلیفہ؛

سجادہ نشینی ہونا۔ (اُر۔ فعل) پیر کی گدی پر بیٹھنا۔ خلیفہ ہونا؛

سجادہ نشینی (ع ف۔ا۔مو) دیکھئے سجادہ نشین جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ خلیفہ ہونا۔ خلافت کی گدی پر بیٹھنا؛

سجاف (ہ۔مو) سنجاف کا مخفف ہے۔ چوڑی گوٹ۔ حاشیہ؛

سُجان (ہ۔صفت) عالم۔ دانا۔ عاقل۔ ہوشیار۔ چاتر۔ فطرتی عیار؛

سُجانا (اُر۔ فعل) پھلانا۔ ورم کر دینا۔ گپا بنا دینا؛

سَجانا (اُر۔ فعل) آراستہ کرنا۔ سنگار کرنا۔ ترتیب سے لگانا؛

سجاوٹ۔ (ہ۔مو) حاصل مصدر۔ آراستگی۔ زیب وزینت۔ سنگار۔ آرائش ترتیب؛

سجدہ (ع۔ا۔مذ) متھا ٹیکنا۔ سر جھکانا۔ ڈنڈوت۔ بندگی۔ عبادت نماز کا رکن جس میں ماتھا۔ ناک کہنیاں گھٹنے اور انگلیاں زمین پر ٹیکی جاتی ہیں؛

سجدۂ سہو (ع۔ا۔مذ) وہ دو سجدے جو نماز میں کسی واجب کے کم یا زیادہ ہو جانے پر کئے جاتے ہیں؛

سجدۂ شکر (ع۔ا۔مذ) کسی مراد کے پورا ہونے یا نعمت کا حق ادا کرنے کو خدا کے سامنے زمین پر سر رکھ کر عجز کرنا؛

سجدہ کرنا۔ (اُر۔ فعل) متھا ٹیکنا۔ سر جھکانا؛

سجدہ گاہ۔ (عف۔ا۔مذ) متھا ٹیکنے کی جگہ۔ خاک شفا جس پر شیعہ لوگ سجدہ کرتے ہیں۔ سجدہ کرنے کی جگہ۔

سجدہ گزار۔ (ع۔ف۔صفت) سجدہ کرنے والا۔ عبادت گزار؛

سجع (ع۔ا۔مذ) خوش آواز پرندوں کا چہچہانا۔ موزوں اور مقفیٰ کلام۔ خصوصاً وہ مصرعے جن میں کسی کا نام آجائے؛

سجع متوازن (ع۔ا۔مذ) دو لفظوں کی وزن اور اعداد حروف میں موافقیت مگر حرف روی میں مخالفت ہو جیسے مراتب اور اسم؛

سجع متوازی۔ (ع۔مذ) دو لفظوں کے حرف روی۔ وزن اور اعداد حروف سب موافق ہوں۔ جیسے خبر اور اثر؛

سجع مطرف۔ (ع۔مذ) دو لفظوں کے حرف روی۔ موافق مگر وزن اور اعداد حروف مخالف ہوں۔ جیسے اطوار و وقار؛

سجل۔ (ہ۔صفت) عمدہ اچھا۔ درست سجا ہوا۔ خالص۔ کھرا۔ آراستہ پیراستہ؛

سِجل۔ (ع۔مذ) عدالت کا حکم۔ رجسٹر۔ تمسک۔ عدالتی مہر؛

سجن (ہ۔ا۔مذ) ساجن کا مخفف) بھلا مانس۔ نیک۔ اچھا۔ خاوند۔ پتی شوہر۔ پیارا۔ معشوق۔ دلربا۔ من موہن۔ دوست

سِجن (ع۔ا۔مذ) قید خانہ۔ جیل خانہ

سجنا (ہ۔ف) پھبنا۔ زیبا ہونا۔ آراستہ و پیراستہ ہونا۔ ٹھیک ہونا۔ درست ہونا۔ مرتب ہونا۔ ڈھنگ سے لگنا۔ (بصورت متعدی) سجانا۔ موزوں کرنا۔ زیب تن کرنا۔ زیب سر کرنا؛

سجنی (ہ۔ا۔مو) ساجن کی تانیث۔ سکھی۔ سہیلی۔ معشوق۔

پیاری ؛

سجوانا (اُر۔ فعل) سجنا کا متعدی ۔ آراستہ کرانا ۔ موزون کرانا ۔ ٹھیک کرانا ؛

سُجُود (ع ۔ ا ۔ مذ) سجدہ کی جمع ؛

سُجھانا (ہ ۔ ف) دکھانا ۔ جتانا ۔ معلوم کرنا ۔ بتانا ۔ سکھانا ۔ واقف کرنا ؛

سجھائی دینا (ہ ۔ فعل) دکھائی دینا ۔ نظر آنا ۔ خیال میں گزرنا ؛

سجی (ہ ۔ مو) ایک قسم کے کھار کا نام ہے ۔ جس سے کپڑے دھوتے ہیں ؛

سُجیلا (ہ ۔ صفت) بانکا ۔ آراستہ پیراستہ ۔ خوبصورت ۔ خوش وضع ۔ وضعدار ؛

سجین (ع ۔ ا ۔ مذ) دوزخ کی ایک گھاٹی ؛

س ۔ چ

سچ (ہ ۔ صفت) صحیح ۔ ٹھیک ۔ درست ۔ ہاں بے شک بجا ۔ واقعی ؛

سچ بولنا ۔ آدھی لڑائی مول لینا ہے (ہ ۔ مثل) سچ بات لڑائی کا باعث ہو جاتی ہے ؛

سچ کا زمانہ نہیں (اُر ۔ کہاوت) سچ کہنے سے نقصان اُٹھانا پڑتا ہے ۔ سچ کا کوئی اعتبار نہیں ؛

سچ کہنا اور سُکھی رہنا (ہ ۔ مثل) سچ بول کر آدمی آرام سے رہتا ہے ؛

سچ مچ (ہ ۔ تابع فعل) واقعی ۔ یقیناً ۔ بالکل صحیح ۔ ہو بہو ۔ بعینہٖ بے کم و کاست ؛

سچ ہے (ہ ۔ محاورہ) بجا ہے ۔ درست ٹھیک ہے ۔ بزرگوں کا کہنا درست ہے ؛

سچّا (ہ ۔ صفت) راستگو ۔ درست ۔ ٹھیک ۔ کھرا ۔ بے کھوٹ ۔ خالص ۔ اچھوتا ۔ نرمل ۔ تازہ ۔ ایماندار ۔ بے ریا ۔ مخلص ۔ جواہر ؛

سچا موتی (ہ ۔ مذ) صحیح معاملہ ۔ کھرا حساب کتاب ۔ صحیح کاروبار ؛

سچائی (اُر ۔ مذ) راست بازی ۔ دیانت داری ۔ راست گوئی ۔

سچا جائے روتا آئے جھوٹا جائے ہنستا آئے (ہ ۔ کہاوت) ۔ جھوٹے کسی نہ کسی طرح کام نکال ہی لیتے ہیں ؛

سچا جوڑ چلنا (اُر ۔ محاورہ) موثر چال چلنا ؛

سچا جوڑا (ہ ۔ مذ) چوڑیوں یا کپڑوں کا وہ جوڑا جس میں سلمے ستارے کا کام ہوا ہو ۔ کھرا کا مدار جوتا ؛

سچا ہاتھ (ہ ۔ مذ) معاملہ کی صفائی ۔ لین دین کا کھرا پن ۔ دیانتداری ؛

سچا لین دین کا کھرا ؛

سچکنا ارا ۔ (فعل) غور و فکر کرنا ۔ متردد ہونا ۔ ہچکچانا ۔ اندیشہ کرنا ؛

سچل (ہ ۔ صفت) اصل اصل ۔ ٹھیک ٹھیک ۔ بالکل درست ۔ مکمل کی ضد ۔ بصورت اسم مذکر ۔ جوئے کا اصل کھیل ۔ ہار جیت کا جوا ؛

سچیت (ہ ۔ مذکر) ہوشیار ۔ چوکنا ۔ چالاک ۔ قانع ؛

سچیتے جانا ۔ (ہ ۔ فعل) یاخانے جانا ؛

سچی (ہ ۔ صفت ۔ مو) راست ۔ ٹھیک بجا ۔ درست ۔ راستباز ۔ راستگو ۔ کھری ۔ نرمل ۔ بے کھوٹ ؛

سچی ہانک بولنا (اُر ۔ محاورہ) سچی بات کہنا جو بے موقع ہو ؛

سچے مر گئے جھوٹوں کو تپ بھی نہ آئی (اُر ۔ مثل) دنیا میں سچوں ہی کو نقصان پہنچتا ہے جھوٹ بولنے والوں کا کچھ نہیں بگڑتا ؛

س ۔ ح

سَحاب (ع ۔ مذ) بادل ۔ گھٹا ۔ میگھ ۔ ابر ؛

سُحاف (ع ۔ ا ۔ مذ) تپ دق ۔ پھیپھڑوں کا سوجنا ۔

سِحر (ع ۔ ا ۔ مذ) جادو ۔ ٹونا ۔ افسوں ۔ منتر ؛

سِحر بیان (ع ۔ ف ۔ مذ) وہ شخص جس کی گفتگو نہایت متاثر ہو ۔ جادو بیان ۔ فصیح شاعر ؛

سِحر چل جانا ۔ (اُر ۔ فعل) باتوں کا اثر پڑ جانا ۔ جادو کا اثر ہو جانا ۔ جادو کا چل جانا ؛

سِحر حلال (ع ۔ ف ۔ مذ) کلام فصیح و موزوں ۔ شعر گوئی ۔ نظم ۔ دلکش اور عمدہ کلام شیرازی کی مشہور نظم ؛

سِحر زدہ (ع ۔ ف ۔ صفت) جس پر جادو کا اثر ہو گیا ہو ؛

سِحر سازی ۔ (ع ۔ ف ۔ مذ) جادو گر ؛

سِحر سامری ۔ (ع ۔ ف ۔ مذ) سامری کا سا جادو ۔ جس نے اپنی چالاکیوں سے بنی اسرائیل کو حضرت موسےٰؑ کے دین سے گمراہ کر دیا تھا ؛

سِحر سنج (ف ۔ صفت) جسے جادو کا تجربہ ہو ۔

سِحر طراز ۔ (ف ۔ صفت) جادوگر ؛

سِحر طرازی ۔ (ف ۔ امو) دیکھئے سحر طراز جسکا یہ اسم کیفیت ہے ۔ مسحور کر دینا ۔ جادو سا کر دینا ۔

سَحَر (ع ۔ امو) صبح کا وقت ۔ بھور ۔ تڑکا ۔ صبحدم ۔ فجر ۔ صبح ۔ روز روشن ؛

سحر آگیں (ف ۔ صفت) جادو بھرا یا جادو بھری ؛

سحر آمیز (ف ۔ صفت) وہ کام جو مسحور کر دے ۔ مرغوب ؛

سحر بیانی (ف ۔ ا ۔ مو) جادو بیانی ۔ خوش بیانی ۔ موثر تقریر کرنا ؛

سحر جگانا (اُر ۔ محاورہ) (جادو کی مشق کرنا

سحر پکڑنا (اُر ۔ محاورہ) صبح تک زندہ رہنا ۔ صبح کرنا ۔

سحر خیز (ع ۔ ف ۔ مذ) صبح کے وقت تڑکے سے اُٹھنے والا ۔ عابد ۔ چور ۔ اُٹھائی گیرا ۔ اُچکا ؛

سحرگاہ (ع۔ف۔ا۔مو) صبح سویرے۔ علی الصبح۔
سحرگاہی (ع۔ف۔صف) صبح کے وقت کی۔
سحرگہی (عف۔ مذ۔مو) رمضان کے دنوں کا وہ کھانا جو رات کے تین چار بجے تک صبح روزہ رکھنے کے واسطے کھا لیتے ہیں۔
سحور (ع۔ مذ۔ مو۔) سحری کی جمع۔ رمضان میں صبح صادق سے پہلے پہلے کا کھانا۔
سحری (ا۔ مو۔ مذ) دیکھو سحرگہی۔

س - خ

سخا۔ یا۔ سخاوت (ع۔ مذ۔ مو) دان۔ بخشش۔ فیاضی۔ خیرات۔
سخاوت میں عیب (اُر مثل) سخاوت عیب کے تابنے کے لیے کیمیا ہے۔ سخاوت آدمی کے عیب کو چھپاتی ہے۔
سخت (ف۔ مذ۔ مو) کڑا۔ نا ملائم۔ دُرشت۔ بھاری۔ سنگین پکا۔ مشکل۔ کٹھن۔ تنگ۔ ناگوار طبع۔ اجیران۔ گراں۔ بے رحم۔ سنگ دل۔ نہایت بیحد۔ بخیل۔ کنجوس۔ بہ شدت۔ بکثرت۔ بغایت۔
سخت جان (ف۔ صفت) بے رحم۔ سنگدل۔ وہ آدمی یا جانور جس کی جان مشکل سے نکلے۔ بے حیا زندگی والا۔ سخت بے حیا۔ بے حد بے غیرت۔ نہایت جفاکش۔ مصیبت اور مشقت جھیلنے والا۔
سخت جانی (ف۔ ا۔مو) جان مشکل سے نکلنا۔ جفاکشی۔
سخت سُست کہنا (اُر محاورہ) بُرا بھلا کہنا لعنت ملامت کرنا جھڑکنا۔ بدزبانی کرنا۔ لتاڑنا۔ پھٹکارنا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔
سخت زبان (ف۔ صفت) بدزبان۔
سخت گیر (ف۔صفت) ظالم۔ جو معمولی بھول پر بھی سخت سزا دے۔
سخت لگام (ف۔صفت) منہ زور اور سرکش گھوڑا۔
سخت مشکل پڑنا (اُر محاورہ) کوئی دشواری پیش آنا۔ دقت اور دشواری آجانا۔
سختی (ف۔ مذ۔مو) بیائے مصدری۔ کڑاپن۔ مضبوطی۔ پختگی استقلال۔ دشواری۔ دقت۔ بیرحمی۔ سنگدلی۔ بدمزاجی۔ اکھڑپن۔ نہایت تاکید۔ تندی۔ تیزی۔ تنبیہ۔ ڈانٹ۔ تنگی۔ افلاس۔ مصیبت۔ بپتا۔ دُکھ۔ درد۔ دار۔ نرمی کی ضد۔
سختی سے پیش آنا (اُر محاورہ) بیرحمی کا سلوک کرنا۔ بدمزاجی دکھانا۔
سختی کرنا (اُر فعل) ظلم کرنا۔ تنبیہ کرنا۔ زیادتی کرنا۔ ستانا حکومت جتانا
سخن (ف۔ مذ۔ مو) بات۔ کلام۔ گفتگو۔ گفتار۔ قول۔ بچن۔ شعر نظم گیت۔
سخن پرور (ف۔ صفت فاعلی) اپنی بات کی پچ کرنے والا ضدی۔ ہٹیلا۔ ہٹ دھرم۔ متعصب۔
سخن پروری (ف۔ مذ۔ مو) بیائے مصدری بات کی پچ۔ ضد۔ ہٹ۔ تعصب۔
سخن چین (ف۔ اسم صفت فاعلی) اِدھر کی اُدھر کہنے والا۔ لاڈلترا چغلخور۔ نمام۔
سخن دان یا سخن سنج یا سخنور (ا۔ صفت تبرکیت فاعلی) شعر کہنے والا۔
سخندانی۔ یا۔ سخنوری (ف۔ مذ۔ مو) بیائے مصدری۔ شاعری خوش بیانی۔ فصاحت۔
سخن دریں است (ف۔ محاورہ) اس میں کچھ شبہ یا کلام ہے۔
سخن دینا (اُر فعل) قول دینا۔ وعدہ کرنا۔ قرار کرنا زبان دینا۔
سخن ڈالنا (ا۔ فعل) کسی بات کا ذکر چھیڑنا۔ سفارش کرنا۔ انکار کرنا۔ منظور نہ کرنا۔ سوال پوچھنا۔ مانگنا۔ دریافت کرنا۔ درخواست کرنا۔
سخن رس۔ یا سخن فہم (ف۔ صفت فاعلی) بات کی تہ کو پہنچنے والا۔ بات کو تاڑ جانے والا۔ سیانا۔ چتر۔ دانا۔ ہوشیار زیرک تیز فہم۔
سخن ساز (ف۔ مذکر صفت فاعلی) شاعر۔ خوش تقریر۔ باتیں بنانے والا مکار۔
سخن سازی (ف۔ اسم مونث بیائے مصدری) شاعری۔ فصاحت باتوں کی چالاکی۔ جوڑ توڑ۔ بندش۔ دنیا سازی۔ لسانی۔
سخن شناس (ف۔ اسم صفت فاعلی) بات کو پرکھنے والا۔ نقاد سخن۔ قدردان۔
سخن طراز (ف صفت) سخن آرا۔ شاعر۔
سخن فروش (ف۔ صفت) خوشامدی شاعر۔
سخن فہم (ف صفت) بات سمجھنے والا۔ قدردان سخن شعر سمجھنے والا۔
سخن کا پورا (اُر صفت) اقرار سچا۔ بات کا پکا۔ ثابت قدم مستقل۔
سخن انہوں پر ڈالئے جو ہنس سکس رکھیں مان (لا مثل) سوال ان سے کرنا چاہیے جو ہنسی خوشی پورا کریں۔
سخن گستر (ف صفت) فصیح۔ بلیغ۔ شاعر۔ باتیں بنانے والا۔ اعتراض کرنے والا۔
سخن گو۔ یا۔ سخن ور (ف۔ اسم مذکر) شاعر۔ فصیح۔ خوش بیان۔
سخن گوئی مشکل نہیں سخن فہمی مشکل ہے (اُر مثل) شعر کہنا آسان ہے مگر شعر کا مطلب سمجھنا مشکل ہے
سخن مرداں جان/جانے دارد (ف۔ مثل) مردوں کا قول پکا ہوتا ہے۔ چاہے جان چلی جائے۔
سخن ور (ف۔ اسم) فصیح و بلیغ۔ شاعر۔ مقرر۔ عالم۔
سخن وری (ف۔ صفت) شاعری۔ فصاحت و بلاغت۔

سخی (ع۔صف) داتا۔ فیاض۔ خدا کی راہ پر دینے والا۔ پن دان کرنے والا۔ دریا دل فراخ حوصلہ۔ دھرماتما ؛
سخی دے اور شرمائے بادل برسے اور گرمائے (اُر۔مثل) داتا اور سخاوت کرنیوالا آدمی دے کر احسان نہیں جتایا کرتا۔ بادل برستا ہے اور گرجتا ہے۔
سخی سے شوم بھلا جو ترت دے جواب (اُر۔مثل) انتظار میں رکھنے سے صاف انکار کر دینا بہتر ہے ؛
سخی سخاوت سے پھلتا ہے بعد و عداوت سے جلتا ہے (اُر۔مثل) سخی ہمیشہ خوش رہتا ہے اور دشمن ہمیشہ جلتا رہتا ہے ؛
سخی کا بیڑا پار ہے (اُر۔کہاوت) سخی کی مشکل ہمیشہ آسان ہو جاتی ہے برکریاں کا رہا دشوار نیست ؛
سخی کا بیڑہ پار اور شوم کی مٹی خراب (اُر۔مثل) سخی کامیاب رہتا ہے اور بخیل لوگوں کی نظروں میں گرا رہتا ہے ؛
سخی کا خزانہ کبھی خالی نہیں ہوتا (اُر۔مقولہ) سخی کے پاس ہمیشہ روپیہ رہتا ہے ؛
سخی کا سر بلند موذی کی گور تنگ (اُر۔مقولہ) فیاض آدمی کی ہمیشہ عزت ہوتی ہے اور موذی ہمیشہ تکلیف میں رہتا ہے ؛
سخی کی کمائی میں سب کا ساجھا (اُر۔مثل) سخی سب کو دیتا ہے ؛
سخی کی ناؤ پہاڑ چڑھے (اُر۔مثل) سخی بہت کامیاب رہتا ہے ؛
سخی اور شوم کا لیکھا سال میں برابر ہو جاتا ہے۔
(اُر۔مثل) سخی دے دلا کر اور کھا پی کر۔ بخیل جوڑ کر اور چوری کرا کے سال بھر میں برابر ہو جاتے ہیں۔

س - د

سُدّا (ع۔امو) روک۔ دیوار۔ اوٹ۔ پردہ مانع۔ دو چیزوں کے درمیان حائل چیز ؛
سُدّ باب (ع۔امو) کسی بات کی قطعی مخالفت (افعال) بند ہو جانا۔ کرنا۔ کر دینا۔
سُدّ راہ ہونا (اُر۔فعل) روک ہونا۔ مزاحم ہونا مانع آنا۔ بارج ہونا ؛
سُدّ رمق ہونا (اُر۔فعل) تھوڑا سا ہونا۔ ذرا ذرا دم آنا۔ کوئی کوئی سانس آنا ؛
سُدِّ سکندر۔ یا۔ سُدِّ یاجوج (ع۔امونث) سکندر کی بنائی ہوئی وہ دیوار جو علاقہ ترکستان میں اس نے یاجوج ماجوج کے روکنے کو بنائی تھی۔
سدا (س۔تابع فعل) ہمیشہ۔ ثبت۔ مدام۔ ہر وقت۔ متواتر۔ زمانہ قدیم ؛
سُدا برت (ا۔اسم مذکر) لنگر۔ اناج یا روٹی کی روزانہ خیرات روزانہ عام خیرات ؛
سدا بہار (اُر۔صفت) ہمیشہ سر بلند رہنے والا درخت۔ بارہ ماہ سایہ ایک سبزی کا نام ہے جسے کل سدا بہار بھی کہتے ہیں۔
سدا پھل (ا۔صفت) ہمیشہ پھلوں سے لدا رہنے والا درخت۔ ہمیشہ پھل لانے والا درخت ہر سال پھلنے والا درخت ؛
سدا دن ایک سے نہیں رہتے (اُر۔مثل) زمانہ ہمیشہ بدلتا رہتا ہے کبھی آرام کبھی تکلیف ؛
سدا دکھی بنجارہ نام (اُر۔مثل) نامور دن نام ؛
سدا دور دورہ یہ رہتا نہیں گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں ؛
(اُر مثل) موقع ملنے پر فائدہ اٹھانا چاہیئے ؛
سدا رہے نام اللہ کا (اُر۔مثل) دنیا کی ہر چیز فانی ہے صرف خدا کی ذات ہی دائم ہے ؛
سدا سہاگ (ا۔امذ) ایک پھول کا نام ہے ؛
سدا سہاگن (ا۔امو) وہ عورت جس کا خاوند ہمیشہ اس کے پاس رہے فقیروں کا ایک فرقہ جو چوڑیاں اور زنانہ رنگین لباس وغیرہ پہنے رہتے ہیں۔ ایک قسم کی چڑیا کا نام ہے۔ کسبی میسوا۔ قحبہ جو کبھی رانڈ نہیں خیال کی جاتی ؛
سُدا گلاب (اُر۔مذ) ایک قسم کا سُرخ گلاب جو بارہ مہینے پھول دیتا ہے چینی گلاب ؛
سدا میاں گھوڑے ہی تو خریدا کرتے تھے (اُر۔مثل) طنزاً اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو غربت میں امیروں کی طرح باتیں کرے ؛
سدا نام سائیں کا (اُر۔مثل) سدا رہے نام اللہ کا ؛
سداب (ف۔مذ) طاقت۔ قوت۔ اسپند۔ ایک قسم کی گھاس ؛
سدا مت (ا۔صفت) پرانے۔ سلف۔ قدیم۔ اگلے زمانے کا ؛
سدا مت کا۔ یا سے (ا۔تابع فعل) قدیم سے۔ اگلے زمانے سے بہت ؛
سدانا (ف۔اُر۔مثل) مکر و فریب ہمیشہ بار ور نہیں ہو سکتا۔ کاغذ کی ناؤ کی طرح جلدی گل کر خراب ہو جائیگا ؛
سُدّاں (ا۔تابع فعل) سمیت۔ ساتھ سنگ۔ سمیت۔ مع۔ گیل۔ ساتھ ہی ساتھ ؛
سُدّہ (ع۔امذ) گانٹھ۔ گرہ۔ گٹھلی۔ وہ غلیظ مادہ جو انتڑیوں یا رگوں میں گرہ بندھ کر بیٹھ جاتا ہے ؛
سِدّھ (ا۔صفت) سب گنوں پورا کامل۔ تجربہ کار۔ آراستہ۔ سجا ہوا۔ لیس۔ تیار۔ عالم۔ فاضل۔ زاہد۔ رشی۔ منی۔ رکھی۔ پکا۔ مضبوط۔ سنگین بھگت۔ دھرماتما معصوم۔ پاک بے گناہ۔ سادھو۔ صحیح۔ سالم۔ بھلا جگا۔ قانونی۔ شرعی۔ جادوگر۔ ولی۔ عارف۔ غیب دان ؛
سِدّھ کرنا (ا۔فعل) پورا کرنا۔ انت کو پہنچانا۔ انجام دینا۔ منجر کرنا ؛
سُدھ (ا۔امو) یاد داشت۔ حافظہ یاد۔ چیتا۔ سُرت۔ خبر۔ آگاہی۔ ہوش ہوشیاری چیتی۔ چوکسی۔ توجہ رغبت سوجھ بچار۔ فکر۔ سمجھ۔ عقل ادراک۔ گیان۔ دھیان ؛

سُدھ بدھ (ا۔ا۔مو) عقل۔ سُرت۔ ہوس وحواس۔ عقل وشعور۔ خبر سار ؛
سُدھ بُدھ لینا (ا۔ محاورہ) خبر رکھنا۔ نگراں۔ حال رہنا۔ خبر گیری کرنا ؛
سُدھ بُدھ نہ رہنا (ا۔ محاورہ) کچھ خبر نہ رہنا۔ عقل نہ رہنا۔ ہوش وحواس کھوئے جانا
سُدھ بسرنا۔ یا بھولنا (ہ۔ فعل) خبر نہ رہنا۔ ہوش نہ رہنا
سُدھ رکھنا (ہ۔ فعل) خیال رکھنا۔ دھیان رکھنا۔ چوکسی رکھنا ؛
سُدھ لینا (ا۔ فعل) خبر لینا۔ دھیان رکھنا۔ خیال رکھنا۔ خبر گیری کرنا ؛
سُدھارنا (ہ۔ فعل) سنوارنا۔ سجانا۔ ٹھیک کرنا۔ درست کرنا بھیک بنانا۔ سزا دینا ؛
سِدھارنا (ہ۔ فعل) رخصت ہونا۔ جانا۔ وداع ہونا۔ روانہ ہونا۔ دُنیا سے رخصت ہونا۔ مرنا۔ انتقال کرنا۔ دُنیا سے چل بسنا ؛
سِدھارو (ہ۔ محاورہ) رخصت ہو۔ چلو۔ چلے چلو چلے جاؤ۔ آگے چلو ؛
سُدھرنا (ہ۔ فعل) ٹھیک ہونا۔ درست ہونا۔ صحیح ہونا۔ سیدھا ہونا۔ تیار ہونا ؛
سُدھانا (ہ۔ فعل) میل دور ہونا۔ صاف ہونا ڈھلنا۔ نرمل ہونا ؛
سَدھنا (ہ۔ فعل) ٹھیک ہونا۔ درست ہونا جانور کا ملنا۔ رستے پر لگنا۔ تعلیم پانا ؛
سُدھوانا (ہ۔ فعل) چاندی سونے وغیرہ کا صاف کرانا میل دُور کرانا ؛
سِدھوانا (ہ۔ فعل) دُرست کرانا۔ جانور خصوصاً گھوڑے کو دُرست کرانا سکھوانا ؛
سِدّھی (ہ۔ صفت) صفائی والا۔ مکمل۔ کامیابی۔ صفائی ؛
سُدی (س۔ا۔مو) اترتے چاند کا وقت، قمری مہینے کا دوسرا حصہ۔
سُدیس / سُدیش (ہ۔ا۔مو) ایک ہی ملک کا ایک ہی جگہ کا۔ ملک۔ وطن ؛
سُدیسی / سُدیشی (ہ۔ا۔مو) اپنے ملک کا۔ دیسی۔ ملکی ؛

س - د

سُڈول (ہ۔ صفت) مرکب از سُ بمعنی خوش۔ عمدہ۔ ڈول بمعنی وضع) خوش وضع۔ خوبصورت۔ باہم متناسب الاعضا نہایت موزوں ؛
سُڈھور۔ یا۔ سُڈھورا (ہ۔ا۔مذ۔مو) سات قسم کا پکوان جو دلہن کے میکے سے آتا ہے۔ اس سے دلہن کی گود بھری جاتی ہے۔
سِڈیشن (انگ۔مو) بادشاہ وقت کی مخالفت۔ دُشمنی۔ بغاوت ؛
Sadition

س - ر

سَر (ا۔ا۔مذ) چشمہ۔ حوض۔ جوہڑ۔ تالاب جھیل۔ ناوک۔ تیر۔ بان۔ پانی۔ جل۔ آب سر کنڈا۔ نرسل۔ کانا۔ بجالت صفت) بدبُرا آدمی ؛
سَرُوں کے نر۔ نروں کے سَر (ا۔ مثل) بُردں کی اولاد اچھی اور اچھوں کی بُری ہوتی ہے۔ انگلا نڈ کا امریکا تک۔
سَر۔ (Sir۔مذ) جناب۔ حضور والا۔ گورنمنٹ کی طرف سے ایک معزز خطاب ؛
سُر۔ (س۔ا۔مذ) مالک۔ آقا۔ فرشتہ۔ دیوتا۔ پیغمبر۔ الشعور۔ خدا۔ سورج آفتاب۔ خورشید۔
سُرپُر (ا۔ا۔مذ) فرشتوں کے رہنے کی جگہ۔ اندر لوک۔ بہشت جنت ؛
سُر (ا۔مذ) سانس۔ آواز۔ الحان۔ تال سے۔ راگ۔ آہنگ۔ مکھا۔ مکتی کانر۔ گنجفہ بازوں کی اصطلاح میں بازی کے آغاز کو سُر کہتے ہیں۔ خبر۔ آگاہی ؛
سُر بدّیا (ا۔ا۔مو) علم موسیقی۔ گانے کا علم ؛
سُر ملانا (ہ محاورہ) آواز ملانا۔ ساز کو سُر کے مطابق کرنا۔ تال ملانا ؛
سِر (ا۔ا۔مو) سَر۔ سیس۔ کپال۔ کھوپری۔ چوٹی۔ قلہ۔ ذرہ۔ مالک۔ آقا سردار۔ اوّل۔ آغاز ابتدا۔ شروع ؛
سِر اُتارنا (اُر۔ محاورہ) سر کاٹنا۔ گردن اُڑانا۔ چلنا۔ غرور سے چلنا۔ متکبرانہ چلنا ؛
سر اُٹھانا (محاورہ) سر اُونچا کرنا۔ سر اُبھارنا۔ شور مچانا۔ دھوم مچانا۔ فساد مچانا ستانا۔ سر نکالنا۔ بغاوت کرنا۔ سرکشی کرنا۔ ضد کرنا۔ اترنا۔ گھمنڈ کرنا شرارت کرنا۔ جھگڑا۔ مقابل ہونا ؛
سر اُٹھانے کی فرصت نہ ہونا (محاورہ) بالکل فرصت نہ ہونا۔ نہایت مدیم الفرصت ہونا ؛
سر اُڑانا۔ یا۔ اُڑا دینا۔ (ہ۔ فعل) سر قلم کرنا سر تن سے الگ کر دینا ؛
سر اُلانا (اُر۔ محاورہ) سر اُٹھانا۔ سر اونچا کرنا ؛
سر آنا (محاورہ) بھوت پریت وغیرہ کا سر پر کھیلنا۔ مقابل ہونا۔ سر پر وار کرنا ؛
سر آنکھوں پر (ہ۔ تابع فعل) بسر وچشم۔ بڑے شوق سے۔ دل وجان سے منظور ؛
سر آنکھوں پر بٹھانا (محاورہ) نہایت قدر کرنا۔ بڑی تعظیم بجالانا۔ کمال عزت اور آؤ بھگت کرنا ؛
سر آنکھوں سے (ہ۔ تابع فعل) بسر وچشم۔ نہایت شوق سے۔ بڑی خوشی سے ؛
سر اُونچا کرنا (محاورہ) سربلند کرنا۔ سرخرو کرنا۔ معزز ومتاز فرمانا۔ عزت بخشنا۔
سر اوندھا کرنا۔ یا۔ سر اوندھانا (ہ۔ فعل) کثرت غم والم سے سر نہ اُٹھانا سر نیچا کرنا۔
سر باندھنا (ہ۔ فعل) سر گوندھنا۔ چوٹی کرنا سر کا نشانہ باندھنا ؛
سر بڑا سردار کا پیر بڑا گنوار کا (مثل) سر بڑے سرداروں کے پیر بڑے گنواروں کے (ہ۔ مثل) عقلمند کا سردار جاہل گنوار کے پاؤں بڑے ہوا کرتے ہیں ؛
سر بھاری ہونا (ہ۔ فعل) درد سر ہونا۔ سر گھومنا۔ زکام وغیرہ کے باعث سر کا بوجھل ہو جانا ؛

سر پہنچنا (ف۔ محاورہ) جان کو کھوں میں ڈالنا۔ جان دینا۔ سر پر کھیل جانا۔
سر پیگار ہونا (اُر۔ محاورہ) ناپسندیدہ کام ذمے ہونا۔
سر پاؤں۔ یا۔ سر پیر (ف۔ تابع فعل) ابتدا انتہا۔ آغاز و انجام۔ اتا پتا۔ ٹھور ٹھکانا۔
سر پاؤں پر دھرنا (ف۔ محاورہ) پاؤں پکڑنا۔ منت سماجت کرنا۔ عاجزی کرنا۔
سر پاؤں نہ ہونا (ف۔ محاورہ) اتا پتہ نہ لگنا۔ ابتدا و انتہا معلوم نہ ہونا۔
سر ٹیک کے مرنا (ف۔ محاورہ) سخت کوشش کرتے کرتے تھک جانا۔ سر پھوڑ کے مرنا۔
سر ٹپکنا۔ یا۔ ٹپکنا (ف۔ فعل) سر کو دے دے مارنا۔ سر دھننا۔ سر ٹکرانا۔ بے چین ہونا۔ سر مارنا۔ نہایت سمجھانا۔ بہت منت سماجت کرنا۔ ہاتھ ملنا۔
سر پر (ف۔ تابع فعل) نزدیک ہی۔ بالکل قریب نہایت نزدیک۔ ذمہ سر۔
سر پر آپڑنا (ف۔ محاورہ) سر ہونا۔ ذمہ پڑنا۔ وارد ہونا۔
سر پر آپہنچنا (ف۔ فعل) نہایت قریب آجانا۔ بالکل نزدیک یا سامنے آجانا۔
سر پر اُٹھا لینا (ف۔ محاورہ) بڑی عزت و تعظیم کرنا۔ شور و غل مچانا۔ شرارت اور فتنہ برپا کرنا۔
سر پر اجل کا کھڑا ہونا (اُر۔ محاورہ) موت کا قریب ہونا۔
سر پر اجل کا سنسنا (اُر۔ محاورہ) موت کے آثار نمایاں ہونا۔
سر پر اجل یا قضا کھیلنا (اُر۔ محاورہ) موت کا وقت قریب آنا۔ گنتی آنا۔ شامت آنا۔
سر پر آچڑھنا (ف۔ محاورہ) سر ہو جانا۔ پیچھے پڑ جانا۔ مقابلے کو کھڑا ہو جانا۔
سر پر احسان کرنا۔ یا۔ دھرنا (اُر۔ محاورہ) جتا کے ساتھ بھلائی کرنا۔ احسان مند بنانا۔
سر پر احسان رہ جانا (اُر۔ محاورہ) احسان کا بدلہ نہ ہونا۔
سر پر اللہ کا کلام لینا (اُر۔ محاورہ) قرآن کی قسم کھانا۔
سر پر آرا یا آرے چلنا (اُر۔ محاورہ) جان پر بننا۔ ہلاکت میں پڑنا۔
سر پر آرے چل گئے تو بھی مدار ہی مدار رہ (مثل) جان پر بن گئی مگر بات وہی کی وہیں رکھی۔
سر پر آنا (ف۔ محاورہ) قریب تر آجانا۔ لگ بھگ آجانا۔ بھوت پریت یا کسی پیر فقیر کا سر پہ آکر کھیلنا۔
سر پر بلا آنا (اُر۔ محاورہ) مصیبت آنا۔
سر پر بلا نازل ہونا (اُر۔ محاورہ) مصیبت آنا۔
سر پر بٹھانا (ف۔ محاورہ) نہایت تعظیم و تکریم سے پیش آنا۔ اونچا بٹھانا۔ بہت عزت کرنا۔
سر پر بننا (ف۔ محاورہ) مصیبت میں پھنسنا۔ بپتا میں گھرنا۔ آفت میں مبتلا ہونا۔
سر پر بھوت سوار ہونا (اُر۔ محاورہ) آسیب ہونا۔ پاگل ہونا۔ بدحواس ہونا۔ سخت ناراض ہونا۔
سر پر پاؤں رکھ کر اُڑ جانا / سر پر پاؤں رکھ کر بھاگ جانا (ف۔ محاورہ) بہت جلد بھاگنا یعنی سیدھ ہو کر بھاگ جانا۔ نہایت بیتاب اور بیقرار ہو کر بھاگ جانا۔
سر پر پاؤں رکھنا (ف۔ محاورہ) ہوا ہونا۔ کافور ہونا۔ سر چڑھنا۔ پیچھے پڑنا۔ سر ہونا۔
سر پر پریاں کھیلنا (اُر۔ محاورہ) پریوں کا سایہ ہونا۔
سر پر پگڑی نہیں گلال ڈالنے آیا (اُر۔ مثل) جو اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام کرے اس کے متعلق کہتے ہیں۔
سر پر پٹکا ہونا (ف۔ محاورہ) سرسبز ہونا۔ عزت پانا۔ کسی کام کا کسی پر منحصر ہونا۔ کسی ناموری کا تاج ہونا۔ راج تلک ہونا۔ حقدار اور وارث ہونا۔
سر پر پہاڑ گرنا (اُر۔ محاورہ) دفعتاً مصیبت آپڑنا۔
سر پر ٹھلی پھرنا (اُر۔ محاورہ) بہت بھیڑ ہونا۔
سر پر جن چڑھنا (اُر۔ محاورہ) غصہ میں بھرنا۔ ضد پر قائم ہونا۔ بھوت پریت کا سر پہ آنا۔
سر پر جن سوار ہونا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے سر پر بھوت سوار ہونا۔
سر پر جن کھیلنا (اُر۔ محاورہ) آسیب کا سر پہ کھیلنا۔
سر پر جنون سوار ہونا (اُر۔ محاورہ) دیوانہ ہونا مجنون ہونا۔
سر پر جوتی ہاتھ میں روٹی (اُر۔ مثل) چاہے بے عزتی ہو کھانے کو مل جائے۔
سر پر چھت اُٹھا لینا (اُر۔ محاورہ) بہت شور مچانا۔
سر پر چڑھانا۔ یا۔ چڑھا لینا (ف۔ محاورہ) نہایت عزت سے رکھنا مصاحب اور یار بنا لینا۔ منہ لگانا۔ سر پہ اُٹھانا۔ گستاخ بنانا۔ بے باک اور نڈر کرنا۔
سر پر خاک اُڑانا (اُر۔ محاورہ) ماتم کرنا۔ رونا پیٹنا۔ افسوس کرنا۔ غم اور سوگ ظاہر کرنا۔
سر پر خون چڑھنا۔ یا۔ سوار ہونا (اُر۔ محاورہ) جان لینے پر تیار ہونا۔ قتل پر کمربستہ ہونا۔ ہتیا پر اُتر آنا۔
سر پر خون لینا (اُر۔ محاورہ) قتل عام کا جرم اپنے ذمہ لینا۔ ہتیا کرنا۔ کسی کو جان سے مار ڈالنا۔
سر پر دست شفقت رکھنا (اُر۔ محاورہ) مہربانی کرنا۔ پناہ میں لینا۔
سر پر دھمال ہونا (ف۔ محاورہ) سر پہ شور و غل ہونا۔ کثرت شور سے دماغ پریشان ہونا۔
سر پر دھرنا۔ یا۔ سر دھرنا (ف۔ محاورہ) ذمہ لینا۔ لگانا۔ سر پر تھوپنا۔
سر پر ڈھول بجنا (اُر۔ محاورہ) قریب ہی بہت شور ہونا۔
سر پر رکھنا (اُر۔ محاورہ) ذمہ لینا۔ تھوپنا۔ نہایت تعظیم کرنا۔ سر پر اُٹھانا۔ سر پر بوجھ لینا۔ نہایت مقدس جاننا۔ ادب تعظیم کرنا۔
سر پر سایہ رکھنا (اُر۔ محاورہ) زندہ رکھنا۔ زندہ رہنا۔ سلامت رکھنا۔
سر پر سوار ہونا (اُر۔ محاورہ) ساتھ نہ چھوڑنا۔ ہر وقت ساتھ رہنا۔
سر پر سیخ سوار ہونا۔ (اُر۔ محاورہ) نخوست پڑنا۔ شامت آنا۔
سر پر سودا چڑھنا (اُر۔ محاورہ) ضبط ہونا۔ دھن ہونا۔
سر پر صدقے اتارنا (اُر۔ محاورہ) قربان کرنا۔

سر پر شیطان چڑھنا (اُ۔ محاورہ) غصہ چڑھنا۔ ضد چڑھنا۔ ہٹ ہونا۔ غرور ہونا ؛

سر پر کالی ہانڈی رکھنا (ا۔ محاورہ) بدنامی یا رسوائی اختیار کرنا۔ بدنامی لینا ؛

سر پر چھپر رکھنا (ا۔ محاورہ) سر پر بھاری بوجھ رکھنا۔ احسان میں دبانا۔ مرہون منت کرنا۔ ذمے ڈالنا۔ الزام دھرنا ؛

سر پر کفن باندھنا۔ یا۔ باندھے رہنا۔ (اُ۔ محاورہ) ہر وقت مرنے کو تیار رہنا۔ ہر وقت جان دینے پر تلا رہنا۔ موت کے بعد کا سامان ساتھ رکھنا ؛

سر پر کھڑا ہونا (ا۔ محاورہ) پاس موجود ہونا۔ قریب رہنا۔ سامنے رہنا ؛

سر پر گھر یا زمین وغیرہ اُٹھانا (ا۔ محاورہ) شور و غل مچانا اودھم مچانا ؛

سر پر لینا (ا۔ محاورہ) ذمے لینا۔ سر پر سہنا۔ برداشت کرنا ؛

سر پر نہ رہنا (ا۔ محاورہ) کسی بزرگ یا مربی کا اپنے اوپر نہ رہنا مربی کا مر جانا۔ سر سے اُتر جانا۔ چھاتی پر نہ رہنا۔ موجود نہ رہنا ؛

سر پر وارنا (ا۔ محاورہ) قربان کرنا۔ نثار کرنا۔ نچھاور کرنا۔ تصدق کرنا ؛

سر پر ہاتھ پھیرنا (ا۔ محاورہ) بزرگوں کی سی شفقت کرنا۔ پیار کرنا چمکارنا۔ دلاسا دینا ؛

سر پر ہاتھ دھر کے یا سر پکڑ کے رونا (ا۔ محاورہ) نہایت پچھتانا۔ سخت پشیمان ہونا۔ بہت ہی افسوس کرنا۔ قسمت کو رونا۔ از حد رنج والم کرنا ؛

سر پر ہاتھ دھرنا۔ یا۔ رکھنا (ا۔ محاورہ)۔ کسی کا مددگار ہونا۔ حمایتی بننا۔ معاون ہونا۔ سرپرستی اختیار کرنا۔ کسی کے سر کی قسم کھانا ؛

سر پر ہونا (ا۔ محاورہ) حامی و مددگار ہونا۔ مربی ہونا۔ ذمہ پڑنا۔ سر ہونا ؛

سر پڑنا (اُ۔ محاورہ)۔ ذمہ پڑنا۔ سر ہونا۔ حصے میں آنا ؛

سر پڑے کا سودا (اُ۔ محاورہ) لاچاری کا معاملہ۔ مجبوری کی بات ؛

سر پکڑ کر بیٹھنا (ا۔ محاورہ)۔ غم و رنج۔

سر پکڑ کے رہ جانا۔ صورت ظاہر کرنا غمزدہ اور سوگوار بن کے بیٹھ رہنا ؛

سر پکڑنا (ا۔ محاورہ) سہارا دینا۔ مدد کرنا۔ تسلی دینا۔ کسی بات کی نہ کو پہنچنا ؛

سر پھٹنا۔ یا۔ پھٹا جانا (ا۔ فعل) نہایت سخت درد سر ہونا۔ سر پھوٹنا۔ ضرب لگنا ؛

سر پھرانا (اُ۔ محاورہ) بکواس سے سر میں درد کرنا۔ مغز پریشان کرنا۔ سر کھانا ؛

سر پھرا ہے (ا۔ محاورہ) کمبختی آئی ہے۔ شامت نے گھیرا ہے۔ شامت آئی ہے ؛

سر پھر جانا (اُ۔ محاورہ) دوران سر ہونا۔ سر میں چکر آنا۔ دماغ خراب ہو جانا ؛

سر پھرنا (اُ۔ محاورہ) سر میں درد ہونا۔ چکرانا۔ شامت آنا۔ کمبختی آنا۔ دماغ میں فتور آنا ؛

سر پھوٹنا (اُ۔ محاورہ) سر کا لکڑی پتھر وغیرہ سے ٹوٹنا۔ سر شق ہونا۔ مار پیٹ ہونا۔ سخت سر درد ہونا ؛

سر پھوڑ کر لینا۔ یا سر چیر کر۔ یا سر توڑ کر لینا (اُ۔ محاورہ) زبردستی لینا۔ مار کر لینا۔ ڈرا دھمکا کر لینا ؛

سر پھوڑنا (اُ۔ محاورہ) سر کے ٹکڑے کرنا۔ سر توڑنا۔ افسوس اور غم سے اپنے آپ کو ہلاک کرنا۔ لڑنا۔ لڑنے کو تیار ہو جانا۔ بحث تکرار کرنا۔ کریا کرم کرنا۔ اپنا سر خود ہی زخمی کرنا ؛

سر پھیرنا (اُ۔ محاورہ) انکار کرنا۔ کہنا نہ ماننا۔ حکم عدولی کرنا۔ سرکشی کرنا ؛

سر پیٹنا (اُ۔ محاورہ) غصے کے مارے سر میں چوٹیں لگانا۔ غم کرنا۔ ماتم کرنا۔ پلاپ کرنا۔ افسوس کرنا۔ تلملانا۔ دونوں ہاتھوں سے سر میں دوہتڑ مارنا ؛

سر پیر نہ ہونا (اُ۔ محاورہ) مہمل ہونا۔ بیہودہ بات ہونا جس کا آغاز ہو نہ انجام ؛

سر پیر ہونا (اُ۔ محاورہ) ابتدا اور انتہا ہونا ؛

سر تو نہیں پھرا (ا۔ محاورہ) پاگل اور دیوانے تو نہیں ہو گئے شامت تو نہیں آئی۔ عقل میں فتور تو نہیں آگیا ؛

سر توڑ کوشش کرنا (اُ۔ محاورہ) بہت سخت کوشش کرنا۔ بے حد مشقت کرنا ؛

سر تھام لینا (ا۔ فعل) پچھتانا۔ افسوس کرنا۔ پشیمان ہونا ؛

سر ٹکرانا (اُ۔ محاورہ) سر دے دے مارنا۔ سر پھوڑنا۔ سجدے کرنا بڑی کوشش کرنا ؛

سر جانا (اُ۔ محاورہ) نبھ جانا۔ نباہ ہونا۔ گزارہ ہونا۔ بالکسر، جان جانا۔

سر کٹنا۔ الزام آنا۔ ذمے لگنا گوز نکلنا۔ ریح خارج ہونا ؛

سر جوڑ کر بیٹھنا (اُ۔ محاورہ) نہایت محبت سے مل کر بیٹھنا۔ اتفاق اور اختلاط سے بیٹھنا۔ باہمی تجاوری اور دردمندی سے مل کر باتیں کرنا ؛

سر جوڑنا (ا۔ محاورہ) جمع ہونا۔ یکا کرنا اتفاق کرنا۔ باہم رشتہ کرنا۔ متفق ہونا۔ باہم سازش کرنا۔ مل بیٹھنا۔ یکا کرنا۔ مشورہ کرنا ؛

سر جھاڑ منہ پہاڑ (ا۔ تابع فعل) دیوانوں کی طرح۔ وحشیانہ۔ بری شکل میں۔

ہیبت ناک اور ڈراؤنی شکل میں چڑیل کی صورت ؛

سر جھاڑنا (ا۔ محاورہ) کنگھی کرنا ؛

سر جھکانا (ا۔ محاورہ) سر نیچا کرنا۔ عاجزی اور انکسار کرنا۔ شرم و حیا یا غیرت سے گردن نیچی کر لینا۔ فرمانبردار اور مطیع ہونا ؛

سر جھکنا (ا۔ محاورہ) شرم و حیا سے گردن نیچی ہونا۔ سر نیچا ہونا ؛

سر چپکنا (ا۔ محاورہ) ذمہ ڈالنا۔ سر کرنا۔ سر منڈھنا ؛

سر چڑھا (ا) صفت ترکیب مفعولی) گستاخ بے ادب۔ بے باک نڈر۔ لاڈلا ؛

سر چڑھانا (ا محاورہ) نہایت گستاخ بنا دینا منہ لگانا۔ مغرور ہونا۔ متکبر ہونا۔ سر کو قربان کرنا۔ کسی دیوی دیوتا کے آگے سر کاٹ کے نذر دینا ؛

سر چڑھ کر (ا تابع فعل) ڈنکے پڑکر۔ سر پر آکر۔ از خود ظاہر ہوکر ؛

سر چڑھنا (محاورہ) ذمہ ہونا۔ قرض ہونا۔ ضد کرنا۔ اصرار کرنا۔ سرکشی کرنا ؛

سر چڑھے کا یا سر چڑھ کر بولنا (ا محاورہ) جن بھوت کا سر پر آکر کھیلنا۔ از خود ظاہر ہونا۔ چھپائے نہ چھپنا ؛

سر چلا جانا (ا محاورہ) درد کے مارے سر کا گرا پڑنا۔ بوجھل ہونا۔ قابو میں نہ رہنا۔ جان جانلدرد کی سخت شدت ہونا ؛

سر چوٹ (ا صفت دعورتیں) مرضی کے خلاف۔ سخت ناگوار۔ چڑ۔ نفرت کا باعث۔ لطف۔ مزہ۔ چٹک ؛

سر چیرنا (ا محاورہ) سر پھوڑنا۔ زبردستی کرنا۔ سر ہونا۔ لڑنا۔ جھگڑنا۔ ضد کرنا۔ ہٹ کرنا۔ مصر ہونا ؛

سر خالی کرنا (ا محاورہ) شور و غل سے دماغ خالی کرنا ؛

سر خوش (ف۔ صفت فاعلی) آسودگی آرام و عیش کے بہت سے سامان والا۔ خوشحال ؛

سر دکھانا (ا فعل) سر میں سے جوئیں نکالنا جوئیں دکھانا ؛

سر دکھنا (ا فعل) سر میں درد ہونا۔ سر پھرنا۔ سر میں چکر آنا ؛

سردھرا۔ یا۔ سردھرو (ا امذ) والی۔ وارث۔ بڑا۔ بوڑھا۔ سرپرست آقا۔ حاکم ؛

سر دھننا (ا محاورہ) سر پیٹنا۔ نہایت تکلیف یا صدمے کی حالت میں سر دے دے مارنا۔ سر کو ہلانا۔ افسوس کرنا۔ ماتم یا نوحہ کرنا۔ راگ وغیرہ کا مزا لینا اور نہایت سرور و شغف کی وجہ سے سر کو ہلانا ؛

سر دھن لینا (ا محاورہ) بہت آزردہ ہونا بیزار ہونا ؛

سر دھونا (ا فعل) سر کے بالوں کو نکھارنا۔ بال صاف کرنا ؛

سر دینا (ا محاورہ) سر قربان کرنا۔ جان دینا۔ مرنا۔ سر نثار کرنا ؛

سر دینے کو حاضر ہیں (ا محاورہ فقرہ) جان دینے کو موجود ہیں۔ مرنے کو موجود ہیں ؛

سر دیواروں سے ٹکرانا (ا محاورہ) بہت گھبرانا ؛

سر ڈوب (ا صفت مفعولی) شرابور۔ لت پت۔ سر سے پاؤں تک عرق ؛

سر ڈھانکنا۔ یا۔ ڈھکنا (محاورہ) سر پر کوئی کپڑا لینا۔ کنوارپن اتارنا۔ چیرا توڑنا ؛

سر ڈھکی (ا امث) بیاہ شادی۔ گونا ازالہ بکر ؛

سر رنگنا۔ یا۔ لال کرنا (ا محاورہ) لہو لہان کرنا۔ سر پھوڑنا۔ سر سے خون جاری کرنا ؛

سر رہنا (ا محاورہ) سر سلامت رہنا۔ جان کا صحیح و سالم رہنا۔ کسی کام کے پیچھے پڑا رہنا ؛

سر زانو پر جھکانا (ا۔ محاورہ) سخت افسوس میں ہونا ؛

سر زور (ا۔ صفت) سرکش۔ نافرمان ؛

سر سجدے میں من بدیوں میں (ا۔ مثل) ظاہر نیک باطن خراب ؛

سر سفید ہونا (ا محاورہ) بڑھاپا آنا۔ علامت پیری ظاہر ہونا پختہ کار ہونا۔ بوڑھا ہونا۔ مرنے کا ڈر ہونا۔ عیب یا الزام لگنا۔ مورد طعن ہونا ؛

سر سلامت ہے تو بہت مل جائیں گے (ا۔ مثل) زندہ رہے تو بہت کچھ ملیگا ؛

سر سلامت ہے تو پگڑی پچاس (ا۔ مثل) جیتے رہے تو بہت کچھ مل جائیگا۔ کسی نقصان ہونے پر کہتے ہیں ؛

سر سکھانا (ا۔ فعل) بال سکھانا۔ سر دھوکر بالوں کی نمی کو دور کرنا ؛

سر سہرا ہونا۔ یا۔ رہنا (ا محاورہ) عزت اور سرداری کی علامت ہونا۔ کسی بات کا کسی آدمی پر منحصر ہونا۔ بدنامی یا نیک نامی کا ہونا ؛

سر سہلانا (ا محاورہ) سر پر ہاتھ پھیرنا۔ پیار کرنا۔ چمکارنا ؛

سر سہلائے بھیجا کھائے (ا۔ محاورہ) پیار کرتا جائے اور تکلیف سخت پہنچاتا جائے۔ دوست نما دشمن کے لیے بولتے ہیں ؛

سر سے اُترے بال گو میں جاؤ یا موت میں (ا۔ مثل) جس بات کو چھوڑ دیا پھر اُس سے کیا مطلب ؛

سر سے بلا ٹالنا (ا محاورہ) تکلیف سے نجات پانا۔ روگ ٹالنا۔ پاپ کاٹنا۔ مجبوراً کوئی کام کرنا ؛

سر سے بوجھ اُترنا۔ یا۔ ٹلنا (ا محاورہ) قرض سے نجات حاصل ہونا۔ بیٹا بیٹی کے بیاہ سے فارغ ہونا۔ بے دل سے کوئی کام کرنا ؛

سر سے پانی گزرنا۔ یا۔ گزر جانا (ا محاورہ) قرضہ کا نہایت زیادہ ہو جانا۔ کام کا قابو سے باہر ہو جانا۔ مصیبت اور دکھ کا بڑھ کر ناقابل برداشت ہو جانا ؛

سر سے بوجھ باندھنا (ا۔ محاورہ) کوئی بلاوجہ اپنے ذمے خرچ لینا، مفت کی ذمہ داری اُٹھا لینا ؛

سر سے پانی اُوپر ہو جانا (ا محاورہ) قرضہ کا نہایت زیادہ ہو جانا۔ کام کا قابو سے باہر ہو جانا۔ مصیبت اور دکھ کا بڑھ کر ناقابل برداشت ہو جانا، انتہا ہو جانا، آخری حد تک پہنچ جانا ؛

سر سے پانی اُونچا ہونا (ا۔ محاورہ) کسی امر کا انتہا کو پہنچ جانا ؛

سر سے پاؤں تک (ا تابع فعل) شروع سے آخر تک۔ از سر تا پا۔ ابتدا سے انتہا تک ؛

سر سے پاؤں تک آگ لگنا / سر سے پاؤں تک لگنا (ا محاورہ) نہایت برافروختہ ہونا۔ سخت غصہ آنا غصے میں جل بھن جانا ؛

سر سے پہاڑ ٹلنا (ا۔ محاورہ) مصیبت رفع ہو جانا ؛

سر سے چلنا (ا محاورہ) نہایت تعظیم کے باعث سر کو پاؤں بنا کر چلنا سر کے بل چلنا۔ بہت ہی تعظیم و تکریم کرنا۔ بڑی عزت کرنا ؛

سر سے سودا ہے (ا۔ محاورہ) سر کے ساتھ پگڑی ہے۔ بزرگ کے ساتھ خاندان ہے۔ افسر کے ساتھ ماتحت ہیں ؛

سر سے سایہ اُٹھنا (ا۔ محاورہ) کسی بزرگ کا مر جانا ؛

سر سے صدقے اُتارنا (دُر۔ محاورہ) سر پر وارنا ؛
سر سے کفن باندھنا (ف۔ محاورہ) جان پر کھیلنا۔ جان ہتھیلی پر رکھنا۔ سر بکف ہونا ؛
سر سے کھیل جانا (ف۔ محاورہ) جان دے بیٹھنا۔ جان سے دست بردار ہونا۔ مرنے پر تیار ہونا ؛
سر سے کھیلنا (ف۔ محاورہ) سر پہ بھوت پریت کا آنا۔ جنات کے سایہ کے اثر سے سر کا ہلنا ؛
سر سے کنواں کھودنا (ف۔ محاورہ) محال اور ناممکن کام کرنا۔ سخت مشکل کام انجام دینا ؛
سر سے بیگار ٹلنا (دُر۔ محاورہ) ناپسندیدہ کام کرنے سے بچ جانا ؛
سر سے دے مارنا (ف۔ محاورہ) عزت دے کر ذلیل کر دینا۔ پٹخ دینا ؛
سر سے سر جوڑنا (۔ محاورہ) جھرمٹ مارنا۔ سازش کرنا۔ باتیں پیار سے کرنا۔ صلح کرانا۔ صلاح مشورہ کرنا
سر سے گزر نا (ف۔ محاورہ) جان سے ہاتھ دھونا۔ سر دے دینا۔ زندگی کی پرواہ نہ کرنا ؛
سر سے لگنا (ف۔ محاورہ) جل مرنا۔ غصے یا حسد کے مارے جل جانا نہایت برافروختہ ہونا ؛
سر سے مارنا (ف۔ محاورہ۔ ناپسند چیز کو واپس کرنا۔ نفرت یا کراہت سے کسی چیز کو پھیر دینا۔ اُٹھا کر پھینک دینا۔ غصے کے سبب سے کوئی چیز ہٹا دینا ؛
سر سینگ ہونا (ف۔ محاورہ) کسی خاص نشانی کا موجود ہونا۔ سر پر خاص علامت کا ظاہر ہونا ؛
سر سے وبال اُترنا (دُر۔ محاورہ) کسی جھگڑے مصیبت یا قضیے سے رہائی ہونا ؛
سر عذاب لینا (دُر۔ محاورہ) کسی مشکل کام کو اپنے ذمے لینا۔ کوئی گناہ کا کام کرنا ؛
سر فدا کرنا (دُر۔ محاورہ) کسی کے لیے مرنا۔ کسی کی حمایت میں جان دینا ؛
سر قلم کرنا (دُر۔ محاورہ) سر کاٹنا۔ قتل کرنا ؛
سر کا بال گھر کی کھیتی (دُر۔ مثل) جب چاہا بڑھا لیا جب چاہا کاٹ لیا ؛
سر کا بوجھ اُترنا (ف۔ محاورہ) قرض سے سبکدوش ہونا۔ فرض منصبی سے نجات پانا ؛
سر کا بوجھ پاؤں پر آنا ہے (دُر۔ مثل) بڑوں کی مصیبت چھوٹوں پر آتی ہے ؛
سر کا پسینہ پاؤں پر آنا (دُر۔ مثل) سخت محنت کرنا۔ محنت شاقہ برداشت کرنا ؛
سر کا چھدا اُتارنا (دُر۔ محاورہ) احسان اُتارنا۔ شکوہ یا گلا رفع کرنا ؛
سر کا لا منہ بالا (دُر۔ مثل) جوانی میں رُعب اور ہیبت ہوتی ہے ؛
سر کا نہ پاؤں کا (ف۔ صفت تبرکیب اضافی) سر نہ پیر۔ اوّل نہ آخر۔ بے سر و پا ؛
سر کا نہ سوا دکا (ف۔ صفت۔ تبرکیب اضافی) بدمزہ۔ بدذائقہ بے تمیزی کا بد سلیقہ ؛
سر کٹا (ف۔ صفت تبرکیب مقبولی) وہ شخص جس کا سر نہ ہو۔ بن سرا ؛
سر کرنا (ف۔ محاورہ) فتح کرنا۔ ذمہ کرنا۔ سر منڈھنا چوٹی کرنا۔ آخری تین معنی میں سر بالکسر ہے ؛
سر کو آنا (ف۔ محاورہ) لڑنے کو آنا۔ کھانے کو دوڑنا۔ پیچھے پڑنا۔ سر ہونا ؛
سر کورے اُسترے سے مونڈنا (دُر۔ محاورہ) تمام مال و متاع لوٹ لینا۔ بغیر پانی سوکھے اُسترے سے مونڈنا ؛
سر کھا (ف۔ نفرت کا کلمہ ہے) جا۔ دُور ہو وغیرہ ہو۔ جہنم میں پڑ (لفظ اپنے کے ساتھ آئیگا) ؛
سر کھانا (ف۔ محاورہ) مغز کھانا۔ دماغ پریشان کرنا۔ دماغ چاٹنا ؛
سر کھپ (ف۔ صفت تبرکیب فاعلی) سر کھپا دینے والا۔ جاں نثار۔ بہادر بے خوف۔ نڈر ؛
سر کھپانا (ف۔ فعل) مغز مارنا۔ دماغ کھپانا۔ سخت کوشش کرنا۔ سر مارنا ؛
سر کھجانا (ف۔ محاورہ) سر میں خارش ہونا۔ کھاج اُٹھنا۔ مجازاً شامت آنا پٹنے کی خواہش ہونا۔ مار کھانے کو جی چاہنا ؛
سر کھجانے کی فرصت نہ ہونا (دُر۔ محاورہ) بہت مصروف ہونا۔ زیادہ مشغول ہونا ؛
سر کھینچنا (محاورہ)۔ بلند ہونا۔ اُونچا ہونا۔ بھڑکنا۔ طول پکڑنا۔ بڑھ جانا ؛
سر کیساتھ ہے (ف۔ محاورہ) جان کے ساتھ ہے۔ دم کے ساتھ وابستہ ہے ؛
سر کی سوں یا۔ سر کسوں (ف) کلمہ قسم۔ سر کی قسم۔ سر کی سوگند ؛
سر کی ٹلی جان پر آئی (دُر۔ مثل) ایک طرف سے مصیبت ٹلی دوسری طرف سے آئی ؛
سر گاڑی پیر پہیہ کرنا (ف۔ محاورہ) نہایت تگ و دو سے کوئی کام کرنا۔ سر پاؤں کی محنت سے کرنا ؛
سر گالا منہ بالا (ف۔ کہاوت) بڑھاپے میں نادانوں کی سی حرکت۔ سر تو سفید ہو گیا مگر منہ پر جوانی برس رہی ہے ؛
سر گریبان میں ڈالنا (ف۔ فعل) فکر یا شرم سے سر جھکا لینا۔ سر نیچا کر لینا ؛
سر گنجا کرنا (ف۔ محاورہ) مار مار کر سر کے بال اُڑا دینا۔ بے حد مارنا۔ گنجال کر دینا۔ لوٹ کر کھا جانا ؛
سر گوندھنا (محاورہ) چوٹی کرنا۔ سر کرنا۔ سر کے بال باندھنا ؛
سر گھٹنوں میں دینا (دُر۔ محاورہ) شکستہ دل ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ شرمندہ ہونا۔
سر گننا (ف۔ محاورہ) الزام دھرا جانا۔ پٹنا۔ ذمے لگنا ؛
سر لینا (ف۔ محاورہ) ذمے لینا۔ سر اُتارنا۔ جان لینا ؛
سر مارنا (ف۔ محاورہ) سمجھانا۔ مغز مارنا۔ چلانا بھونکنا۔ حیران ہونا۔ سر پٹکنا۔ بُری چیز کو پھیرنا۔ نہایت کوشش کرنا۔ تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا۔

شور وغل کرنا۔ ذمے ڈالنا۔ سر کرنا ؛
سر مٹکانا (اُر۔ محاورہ) طنز سے سر ہلانا ؛
سر مغزن کرنا۔ کسی کام میں زیادہ بکواس کرنا ؛
سر مُنڈا (ہ۔ صفت ترکیب مفعولی) وہ شخص جس کے سر کے بال مُنڈے ہوئے ہوئے ہوں۔ قلندر ؛
سر مُنڈاتے ہی اولے پڑے (ہ۔ مثل) شروع سے ہی کام بگڑ گیا۔ کسی کام کے شروع کرتے ہی خرابی یا نقصان ہو جانے کے موقع پر بولتے ہیں۔ افتاد ہی۔ خراب ہوئی ؛
سر مُنڈانا (ہ۔ محاورہ) سر کے بال اُتروانا۔ حجامت بنوانا۔ جوگ لینا۔ جوگی بننا۔ قلندر کا مرید ہونا۔ بھدر کرانا۔ دھوکے میں آکر لُٹ جانا۔ ٹھگایا جانا ؛
سر مُونڈا (ہ۔ اند۔ نگوڑا۔ موا ؛
سر مونڈی (ا۔ ما۔ بو۔ نگوڑی۔ موئی۔ بدنصیب۔ کم بخت ؛
سر میلا ہونا (ہ۔ محاورہ) حیض کے باعث ناپاک ہونا۔ کپڑوں سے ہونا ؛
سر میں بال ہونا (ہ۔ محاورہ) طاقت قدرت ہونا۔ گنجائش ہونا ؛
سر میں تکبر بھرا ہونا (اُر۔ محاورہ) مغرور ہونا ؛
سر میں خاک ڈالنا (اُر۔ محاورہ) ماتم کرنا۔ سوگ کرنا۔ سر ننگا کرنا۔ غم ور نج کرنا ؛
سر میں خناس سمانا (اُر۔ محاورہ) مغرور کرنا۔ تکبر کرنا۔
سر نوانا (ہ۔ محاورہ) سر جھکانا۔ عاجزی کرنا ؛
سر نہوڑانا (اُر۔ مصدر مرکب) سر جھکانا
سر نہ پیر یا سر نہ پاؤں (ہ۔ تابع فعل) اتا نہ پتہ۔ شروع نہ اخیر ابتدا نہ انتہا ؛
سر ہلانا (ہ۔ محاورہ) سر کو جنبش دینا۔ ماننا۔ تسلیم کرنا۔ قبول کرنا۔ انکار کرنا۔ ناکر دینا۔ افسوس کرنا۔ عجوت پریت کا سر پر آکر کھیلنا ؛
سر ہونا (ہ۔ محاورہ) درپے ہونا۔ تعاقب کرنا۔ چمٹا گلے کا ہار ہونا کسی کام میں بہت ہی مصروف ہونا۔ ذمہ ہونا۔ گلے پڑنا۔ رٹنا۔ جھگڑنا۔ اپنا بوجھ دوسرے کی گردن پر رکھنا ؛
سَر (ف۔ اند) سر۔ کھوپڑی۔ منڈیا۔ چوٹی۔ پھننگ۔ لوک۔ کلس۔ سردار۔ نائیک۔ سالار لشکر۔ زور۔ قوت۔ اُوپر۔ بالا۔ ابتدا۔ شروع طرف۔ جانب۔ تاش یا گنجفہ کا پتا۔ درجہ میں بڑھا چڑھا۔ جیسے بادشاہ۔ یکہ وغیرہ اندر۔ بیچ میں جیسے سر بازار۔ سر مجلس وغیرہ خیال۔ جیسے سر بادشاہی نداری ؛
سر آغاز (ف۔ اند) عنوان۔ عبارت کی پیشانی ؛
سر آور (ف۔ صفت) برگزیدہ۔ سردار۔ حاکم
سر اجلاس (ف۔ تابع فعل) بھری کچہری میں حاکم کے روبرو ؛
سر افراز / فراز (ف۔ صفت) معزز۔ عالی مرتبہ ؛
سر افگندہ (ف۔ صفت) سر جھکائے ہوئے۔ شرمندہ۔ پریشان ؛
سر انجام (ف۔ صفت) تکمیل۔ خاتمہ۔ نتیجہ۔ انتظام۔ بندوبست
سر انگشت (ف۔ اند) انگلی کا پھول۔ انگلی کا اوپر کا حصہ ؛
سر باز (ف۔ صفت فاعلی) جان پر کھیل جانے والا شورما۔ سورمیر بہادر ؛
سر بازار (ف۔ تابع فعل) عام لوگوں میں عین بازار میں سب کے سامنے۔ علانیہ ؛
سر بالیں (ف۔ اند) سرہانے۔
سر بام (ف۔ تابع فعل) کوٹھے کی چھت یا منڈیر یا چھجے پر ؛
سر برآوردہ (ف۔ صفت) بڑا بزرگ۔ سردار۔ افسر ؛
سر بزانو (ف۔ صفت) سر زانو پر رکھے ہوئے۔ سوچ وبچار میں۔ متفکر نادم ؛
سر بستہ (ف۔ صفت۔ ترکیب مفعولی) سر بندھا ہوا۔ مخفی۔ پوشیدہ۔ چھپا ہوا ؛
سر بسر (ف۔ تابع فعل) بالکل۔ تمام۔ سارا۔ اِس سرے سے اُس سرے تک۔ برابر مساوی ؛
سر بفلک (ف۔ صفت) بہت اُونچا ؛
سر بکف (ف۔ صفت) سر ہتھیلی پر رکھے ہوئے جان دینے پر آمادہ ؛
سر بلند (ف۔ صفت ترکیب فاعلی) اونچا۔ اعلےٰ۔ ممتاز معزز ؛
سر بلندی (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) عزت۔ اقبالمندی۔ فخر ؛
سر بمُہر (ف۔ صفت ترکیب فاعلی) بذریعہ حرف جر۔ مہر لگا ہوا۔ بند۔ مقفل ؛
سر پرست (ف۔ صفت فاعلی) مددگار۔ خبرگیر۔ نگہبان۔ محافظ ؛
سر پنچ (ہ۔ اند) پنچوں کا سردار۔ میر مجلس۔ پریذیڈنٹ ؛
سر پوش (ف۔ اند) آلہ۔ ڈھکنا چپنی۔ ڈھکن توڑہ پوش ؛
سر پیچ (ف۔ اند) پگڑی کے اُوپر باندھنے کا ایک طلائی کپڑا ؛
سر تابی (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) نافرمانی۔ بغاوت۔ حکم عدولی۔ سرکشی حرامی ؛
سر تاپا (ف۔ تابع فعل) اوّل سے آخر تک بالکل۔ سربسر ؛
سر تاج (ع۔ اند) سرکا تاج۔ مجاز آقا۔ مالک۔ خاوند۔ پتی ؛
سر تسلیم خم کرنا (اُر۔ محاورہ) حکم ماننا۔ راضی برضا ہونا ؛
سر چلانا (اُر۔ فعل) تلاش۔ یا گنجفہ کا پتا پھینکنا۔ داؤں چلنا ؛
سر چشمہ (ف۔ اند) منبع۔ پانی کے نکلنے کی جگہ ؛
سر حد (ع۔ مو) کنارہ انتہا حد فاصل ؛
سر خط (ع۔ اند) تمسک۔ کرایہ نامہ۔ بیعنامہ وغیرہ ؛
سر خیل (ف۔ اند) سردار۔ سرگروہ۔ خاندان کا سردار۔ سرغنہ ؛
سر دست (ف۔ تابع فعل) اسوقت۔ ابھی۔ بالفعل۔ فوراً۔ فی الحال عنقریب موجود ؛
سر دفتر (ف۔ اند) میر منشی۔ اہلکاروں کا سرگروہ ؛
سر راہ (ف۔ تابع فعل) راستے میں۔ سڑک پر۔ راہ میں ؛
سر رشتہ (ف۔ اند) مطلب۔ مدعا۔ تدبیر۔ محکمہ۔ ڈیپارٹمنٹ ؛
سر رشتہ دار (ف۔ صفت۔ فاعلی) میر منشی۔ ہیڈ کلرک ؛

سرزمین (ف۔ا۔مو) ملک۔ خطہ۔ زمین۔ ولایت ؛
سرسبز (ف۔صفت) ہرا بھرا۔ تروتازہ۔ شاداب۔ کامیاب۔ مبارک ؛
سرزنش (ف۔ا۔مو) بُرا بھلا کہنا۔ ملامت ؛
سرشار (ف۔صفت) نشے میں چُور۔ لبریز۔ چھلکتا ہوا ؛
سرزور (ف۔صفت ترکیب فاعلی) طاقتور۔ زبردست۔ سرکش ؛
سرِشام (ف۔مو) شام کا وقت جھٹ پٹا۔ وقت۔ مغرب۔ سانجھ ؛
سرغنہ (ف۔صفت) سرگروہ۔ سردار ؛
سرفراز (ف۔صفت فاعلی) معزز۔ ترقی یافتہ۔ ممتاز ؛
سرفراز کرنا (اُ۔محاورہ) سربلند کرنا۔ معزز بنانا۔ ترقی دینا۔ ازالہ بکر کرنا ؛
سرقلم کرنا (اُ۔فعل) سر کاٹنا۔ گردن اُڑانا۔ سر اُڑانا ؛
سرکردہ (ف۔صف) ممتاز۔ معزز۔ سنایاں۔ حاکم۔ افسر ؛
سرکش (ف۔صفت فاعلی) مغرور۔ باغی نافرمان ؛
سرکشی (ف۔ا۔مو۔ بیائے مصدری) غرور۔ بغاوت۔ نافرمانی حکم عدولی ؛
سرکوبی (ف۔ا۔مو۔ بیائے مصدری) سزا۔ گوشمالی۔ تادیب۔ سرکچلنا
سر کی قسم (رُ۔مو) سر کی سوگند۔ نہایت سخت قسم ہے، جو اپنی نسبت یا اپنے عزیز کی نسبت کھاتے ہیں ؛
سرگذشت (ف۔ا۔مو) حاصل مصدر۔ ماجرا۔ آپ بیتی۔ حال داستان۔ کہانی۔ برتانت۔ تذکرہ ؛
سرگراں (ف۔صفت) نشہ کے خمار والا۔ مخمور۔ خمار آلودہ۔ ناراض۔ خفا۔ برہم۔ مغرور۔ متکبر۔ اترانے والا ؛
سرگرانی (ف۔مو۔ بیائے مصدری) سر بھاری ہونا۔ خمار۔ دردسر۔ سر کی تکلیف۔ بخ۔ خفگی۔ غم و افسوس ؛
سرگرداں (ف۔ا۔صفت ترکیب مفعولی) آوارہ۔ سرگشتہ۔ حیران پریشان ؛
سرگرم (ف۔صفت ترکیب فاعلی) محنتی چالاک۔ مستعد۔ جوشیلا۔ تند۔ تیز ؛
سرگرمی (ف۔مو۔ بیائے مصدری) چالاکی۔ مستعدی۔ آمادگی۔ تندی۔ تیزی ؛
سرگروہ (ف۔ صفت فاعلی) سردار۔ جماعت۔ پنچ۔ چودھری۔ سرغنہ۔ باغیوں کا سردار ؛
سرگزار (ف۔صفت) جانثار۔ جان قربان کرنے والا ؛
سرگشتہ (ف۔صفت مفعولی) بھٹکا ہوا آوارہ۔ حیران۔ پریشان ؛
سرگشتگی (ف۔ا۔مو) حیرانی۔ پریشانی۔ دیوانگی۔ مصیبت۔ بلانصیبت ؛
سرگوشی (ف۔ا۔موث بیائے مصدری) کانا پھوسی۔ کھسر پھسر۔ کان میں بات کہنا۔ غیبت۔ مخفی۔ برائی ؛
سرمحفل (ف۔ مذ) مجلس کے روبرو۔ سب کے سامنے ؛
سرگنا (اُ۔فعل) ذمہ لگنا۔ سر تھپنا ؛
سرمست (ف۔صفت ترکیب فاعلی) مدہوش۔ شرابی۔ متوالا۔ بدمست۔ بے حد مخمور ؛
سرمغزی (ف۔ا۔مو۔ بیائے مصدری) بک بک۔ بکواس۔ بیہودہ گوئی۔ مغز زنی ؛
سرٹکھ ہونا (اُ۔محاورہ) سامنے ہونا۔ مقابل ہونا۔ روبرو ہونا۔ سُنمکھ ہونا ؛
سرمو (ف۔صفت ترکیب تشبیہی) بال کی نوک جتنا۔ ذرا سا۔ رائی بھر ؛
سرنامہ (ف۔مذ) عنوان۔ مکتوب الیہ کا پتہ اور نشان جو خط پر لکھتے ہیں ؛
سرنگوں (ف۔ اسم صفت مفعولی) سر کے بل۔ شرمندہ۔ خجل۔ اُوندھے منہ ؛
سرنو (ف۔ تابع فعل) نئے سرے سے۔ دوبارہ شروع سے ؛
سرنوشت (ف۔مو) تقدیر کا لکھا۔ بھاگ۔ قسمت۔ نصیب۔ قضا ؛
سرورق (ف۔ا۔مذ) کتاب کا پہلا ورق ؛
سر ہونا (اُ۔ محاورہ) فتح ہونا۔ بندوق چلانا ؛
سروسامان (ف۔مذ) اسباب ضروریہ۔ لوازمات۔ ساز و سامان ؛
سروکار (ف۔مذ) (سر بمعنی خواہش کار بمعنی کام) تعلق۔ خواہش۔ معاملہ۔ واسطہ لگاؤ۔ بحث و تکرار ؛
سرا۔ یا۔ سرائے (ف۔ا۔مو) گھر خانہ۔ مکان۔ حویلی۔ مسافروں کے اُترنے کی جگہ۔ دھرم سالہ ؛
سِرا (ا۔مذ) کنارہ۔ کور۔ نوک۔ ابتدا۔ آغاز۔ انتہا۔ آخر ؛
سراب (ع۔مذ) ریت کا کلہ زمین میں عین دوپہر کے وقت موسم گرما میں دھوپ کا انعکاس جو پانی کی طرح لہریں مارتا معلوم ہوتا ہے۔ جو نظر کا دھوکہ ہوتا ہے۔ مرگ ترشنا۔ نمائش آب۔ دھوکا ہی دھوکہ معدوم سا بود۔ گم ؛
سراپ (ہ۔مذ) بددعا۔ کوسنا۔ پھٹکار۔ دیوی دیوتا یا کسی مرد کامل کی بددعا ؛
سراپا (ف۔ا۔مذ۔ بالف) استیعاب۔ سر سے پاؤں تک۔ اوّل سے آخر تک۔ تمام و کمال ؛
سراپردہ (ف۔ا۔مذ) ظرف باضافت مقلوب شاہی خیمہ۔ پردہ کی اُونچی قنات جو خیمہ کے گرد لگایا کرتے ہیں ڈیرہ۔ گھر کا پردہ ؛
سراٹا (ہ۔مذ) تیز ہوا کی آواز ؛
سراج (ع۔مذ) آلہ۔ دیوار۔ دیا۔ چراغ۔ روشنی۔ سورج ؛
سراج (ع۔مذ) کاٹھی بنانے والا۔ زین ساز ؛
سراچہ (ف۔مذ) سرا کی تصغیر بہ معنی عظمت۔ بڑا خیمہ۔ ایک بانس کا خیمہ۔ کھانچہ ؛
سراچے کا بانس (ف۔ا۔مذ) بہت لمبے قد کا آدمی۔ دراز قد۔ طویل القامت ؛
سرادھ (ا۔مذ) کناگت۔ اسوج کے مہینے میں برہمنوں وغیرہ کو دان پن دینے اور کھانا وغیرہ کھلانے کی رسم۔ ہندوؤں کی رسم ؛
سراسر (ف۔ تابع فعل) بالف الصال: یک قلم تمام۔ بالکل یک لخت ؛
سراسری (ف۔ تابع فعل) بالکل مختصر طور پر۔ یوں ہی جلدی سے عدالت جنیہ۔ چھوٹی چھوٹی ناشیں سننے کی عدالت ماتحت پر نگرانی کا ایک زیور۔ مختصر اختیارات کی عدالت ؛

سراسری اختیارات (ف۔ا۔مذ) خفیف سے اختیارات۔ مختصر سے اختیارات ؎

سراسری دیکھنا (اُ۔ فعل) یوں ہی سراسری سی نظر ڈالنا۔ اجمالی طور خطہ کرنا ؎

سراسری نالش (ف۔ا۔مو) چھوٹا مقدمہ اور نئے دعوے چھوٹی نالش ؎

سراسیمہ (ف۔ صفت) ہکا بکا۔ حیران و پریشان۔ گھبرایا ہوا۔ بیقرار۔

سراسیمہ اور آسیمہ بمعنی شوریدہ و پریشان سے مرکب ہے ؎

سراسیمگی (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) حیرانی۔ پریشانی۔ آشفتگی ؎

سُراغ (ت۔مذ) کھوج۔ پتا۔ پاؤں کا نشان۔ پیٹر۔ ٹھکانا۔ تلاش۔ جستجو ؎

سُراغ رساں (ف۔ا۔مذ۔ فاعل ترکیبی) کھوجی۔ پتہ لگانے والا۔ تلاش کرنے والا ؎

سُراغ رسانی (ت۔ف۔ا۔مو) دیکھئے "سراغ رساں"، جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ فن جاسوسی، کھوج لگانے کا فن

سُراغ لگانا (اُ۔ فعل) تلاش کرنا۔ پتا لگانا۔ کھوج لگانا ؎

سُراغ لینا (اُ۔ فعل) تلاش کرنا۔ کھوج لگانا۔ ٹھکانا۔ معلوم کرنا۔ منصوبہ اور منشا معلوم کرنا ؎

سُراغی (اُ۔مذ) کھوجی۔ ٹھانگی ؎

سُراگائے یا **گھوڑ** (ا۔ا۔مو) جنگلی گائے۔ بن کی گائے۔ بنتی گائے۔

سرآمد (ف۔ا۔صفت) پورا۔ کامل۔ برگزیدہ۔ ممتاز۔ بہتر۔ ختم کرنے والا ؎

سرانا (ف۔ فعل) ٹھنڈا کرنا۔ سرد کرنا۔ رسیلا کرنا۔ غرق کرنا۔ ڈبو دینا ؎

سرانجام (ف۔ مذ) آخرکار۔ انجام کار۔ تکمیل۔ انتظام۔ بندوبست۔ سامان ؎

سراندیپ (ا۔مذ) طرف۔ جزیرہ لنکا یا سیلون جو بحر ہند میں واقع ہے۔ اس کا پرانا نام سنگل دیپ یعنی زنجیروں کا جزیرہ ہے جو سیدھا ہونے کے باعث پڑ گیا ؎

سراوگ (ا۔ا۔مذ) سننے والا۔ مہاویر بدھ مذہب یا جین مت کا پیرو۔ جینی۔ جین مت والا ؎

سراوگی (ا۔مذ۔ بیائے فاعلیت) جین مت کا متقلد۔ بدھ مذہب کا ماننے والا ؎

سراہنا (ا۔ فعل) تعریف کرنا۔ ستایش کرنا۔ حمد و ثنا کرنا۔ داد دینا۔ قدر کرنا۔ خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا ؎

سرائے کی بھٹیاری (اُ۔ ا۔مو) گالیاں بکنے والی عورت ؎

سرائے محمود (ف۔ع۔ا۔مو) بہشت ؎

سرائے ہفت پردہ (ف۔ا۔ا۔مو) کنایتہ آسمان ؎

سرایت کرنا (اُ۔ فعل) اثر کر جانا۔ تاثیر کرنا۔ گھس جانا۔ سما جانا۔ جذب ہونا۔ نفوذ کرنا

سُرب (ف۔مذ) اسرب کا مخفف ہے۔ سیسہ جو ایک قسم کا جست ہے ؎

سُرب (س۔ صفت) تمام۔ سب۔ کُل۔ سارا ؎

سُرب شکتیمان (س۔ا۔مذ) پوری طاقت والا۔ قادر مطلق۔ خدا تعالیٰ ؎

سرب گنگا (س۔ا۔مو) نہایت پتلی دال۔ بالکل پانی سا دال یا سالن ؎

سرب گھن (ا۔ا۔مذ) پورا گھن۔ چاند یا سورج کامل ؎

سربر ہونا (اُ۔ محاورہ) مقابل ہونا۔ برابری ہونا ؎

سربراہ (ف۔ا۔مذ۔ فاعل) انتظام کرنے والا۔ منتظم۔ گماشتہ۔ ایجنٹ ؎

سربھنگی (ا۔ا۔مذ۔ بیائے فاعلیت) سرب انگی۔ ہر شخص کی چیز یا ہر چیز کھا لینے والا۔ ہندو فقیروں کا ایک فرقہ جو مُردار اور نجاست تک کھانے سے بھی پرہیز نہیں کرتا ؎

سرپ (س۔مذ) ناگ۔ سانپ۔ مار۔ افعی۔ کپٹی۔ کینہ رکھنے والا ؎

سرپٹ (ا۔ مو) گھوڑے کی نہایت تیز دوڑ ؎

سرپٹ دوڑانا (اُ۔ محاورہ) گھوڑے کو نہایت تیز دوڑانا۔ بگ ٹٹ دوڑانا۔ بے دھڑک۔

سرپھوکا دہ (ا۔مذ) ایک قسم کی گھاس جو دواؤں میں مستعمل ہے ؎

سُرت (ہ۔مذ) ہوش۔ دھیان۔ خیال۔ ہوشیاری۔ حافظہ۔ چیتا۔ سُدھ۔ یاداشت۔ عقل۔ سمجھ

سُرتا (ہ۔ صفت۔ بالف فاعلیت) ہوش والا۔ چتر۔ چالاک۔ چاتر۔ چوکنا۔ ذہین۔ ذکی ؎

سرتا برتا (ہ۔مذ) (عورتیں) خرچ سفر۔ حصہ۔ بخرہ۔ انتظام۔ سرانجام ؎

سرتابی (ف۔ مو) سرکشی۔ نافرمانی۔ عدولی حکمی ؎

سرتاپن (ہ۔ا۔مذ) چالاکی۔ چوکنا پن۔ (سُرتا کا اسم کیفیت ہے ؎

سرتاسر (ف) صفت تمام۔ کل۔ سب کا سب ؎

سرجانا (اُ۔ مصدر) پیدا کرنا۔ بنوانا ؎

سرجری (ف۔ Surgery۔انگ۔ ا۔مو) جراحی۔ چیر پھاڑ ؎

سرجن (Surgeon۔انگ۔ا۔مذ۔ جراح۔ ڈاکٹر حکیم ؎

سُرجن (س۔ا۔مذ) شریف آدمی۔ بھلا مانس۔ جنٹلمین ؎

سُرجن ہار (ا۔ا۔مذ۔ فاعل سماعی) پیدا کرنے والا۔ خالق۔ کرتار بنانے والا ؎

سرجی / **سرجون** (ا۔ا۔صفت) سرسبز۔ شاداب۔ سرسبز رہنے والا۔ پائدار۔ مضبوط۔ ہرا بھرا۔ لازوال۔ فرحت بخش۔ روح بخش۔ روح افزا ؎

سرچارج (انگ۔ ا۔مذ) زائد رقم۔ بجلی کی فاضل

سرچشمہ (ف۔ مذ ظرف) سوتا۔ منبع۔ پانی نکلنے کی جگہ۔ آبشار ؎

سُرخ (ف۔ صفت) لال۔ احمر رتی مائے کا آٹھواں حصہ ؎

سُرخ باد۔ یا بادہ (ف۔ا۔مذ) ایک بیماری کا نام ہے ؎

سُرخ بید (ف) ایک درخت کا نام ہے۔

سرخپوش (ف۔ صف) سُرخ لباس والا۔ بیدمولا۔ درمنوں بھی کہتے ہیں ؎

سُرخ و سفید ہونا (اُ۔ محاورہ) گورے رنگ پر سُرخی کا نمایاں ہونا۔ موٹا تازہ اور تندرست ہونا ؎

سُرخ ہونا (اُ۔ محاورہ) لال ہونا غصے میں بھر جانا۔ میوے کا پک جانا ؎

سُرخاب (ف۔ا۔مذ) ایک آبی پرندے کا نام ہے۔ چکوا۔ کابل کے

قریب ایک دریا کا نام بھی ہے۔ یزدجرد کے بیٹے کا نام ہے جو ایک نامی پہلوان تھا ؛

سُرخاب کا پر لگنا۔ یا۔ نکلنا۔ یا۔ ہونا (اُر۔ محاورہ) دولت پر مغرور و متکبر ہونا۔ کوئی عجیب و نادر بات ہونا۔ نایاب اور نادر ہونا ؛

سُرخرُو۔ یا۔ سُرخ رُو (ف۔ صفت فاعلی) لال مُنہ والا۔ کامیاب خوش و خرم۔ بری الذمہ ؛

سُرخ فیتہ (ف۔ امذ) دفتری طوالت۔ خواہ مخواہ کی بین میخ ؛

سُرخرُو ہونا (اُر۔ محاورہ) کامیاب ہونا۔ بری الذمہ ہونا۔ وعدہ وفا ہونا ؛

سُرخی مائل (ع) صفت فاعلی) لال سا لالی لئے ہوئے سُرخی لئے ہوئے ؛

سرد (ف۔ا صفت) ٹھنڈا۔ ستیل۔ خُنک۔ سُست۔ ڈھیلا۔ نامرد۔ مندا۔ دھیما۔ بے رونق۔ بے مزا۔ بے لُطف ؛

سرد بازار ہونا (اُر۔ محاورہ) بے رونقی ہونا۔ خرید و فروخت کم ہونا۔ بازار کا مندا ہونا ؛

سرد پُونو (اُر۔ مو) ماہ ستمبر کی آخری تاریخ۔ جس سے سردی کا آغاز خیال کیا جاتا ہے ؛

سرد جنگ (ف۔ امذ) زبانی جنگ۔ سیاسی جنگ۔ ایک دوسرے کے خلاف پراپیگنڈا ؛

سرد چینی (اُر۔ مو) ایک دوائی کا نام ہے کبابہ چینی۔ کباب چینی ؛

سرد خانہ (ف۔ امذ) وہ ٹھنڈا مکان جس میں چیزیں خراب نہیں ہوتیں ؛

سرد و گرم دیکھا ہوا (اُر۔ صفت مفعولی) آزمودہ کار۔ تجربہ کار۔ نشیب و فراز جاننے والا ؛

سرد گرم جھیلنا (اُر۔ محاورہ) انقلاب زمانہ کا تجربہ کار ؛

سرد و گرم زمانہ چشیدہ (ف۔ صفت) تجربہ کار۔ دُنیا کے نشیب و فراز سے واقف ؛

سرد مزاج (ع۔ صفت فاعلی) سرد مزاج والا۔ مُردہ دل۔ بے مہر۔ سُست۔ سہل نگار ؛

سرد مہر (ف۔ صفت۔ فاعلی) کم محبت والا۔ بیوفا۔ بے مروت۔ سخت دل۔ بے محبت ؛

سرد مہری (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) بے مہری۔ بے مروتی بیوفائی۔ سنگدلی۔ بے محبتی۔

سرد ہو جانا یا ہونا (اُر۔ فعل) ٹھنڈا ہو جانا۔ گرمی نہ رہنا۔ مر جانا۔ جان باقی نہ رہنا۔ ڈر جانا۔ سہم جانا۔ متحیر ہو جانا۔ بے رونق ہو جانا۔ ماند پڑنا۔ مدھم ہونا ؛

سردا / سرداہ (ف۔ امذ) ظرف۔ زمین کھود کر ٹھنڈا پانی رکھنے کا گڑھا مجازاً تہ خانہ۔ قبر۔ دخمہ ؛

سردار (ف۔ امذ) سرگروہ۔ افسر۔ حاکم۔ سردغنہ۔ چودھری۔ امیر ؛

سردارنی (ف۔ مو) سردار کی بیوی ؛

سرداری (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) افسری۔ حاکمی۔ امیری چودھراہٹ۔

سردست (ف۔ متابع فعل ہونا) لگتے ہاتھ۔ فی الحال۔ الحال۔ اسوقت ؛

سردفتر (ف۔ امذ) دفتر کا سردار۔ ہیڈ کلرک سے بڑا ایک عہدہ ہے۔ سررشتہ دار ؛

سردل (ف۔ مذ) سردر کا بگاڑ ہے چوکھٹ کے اُوپر کی لکڑی جس میں کواڑ کی بالائی چول رہتی ہے۔ چوکھٹ کے اُوپر کا پٹاؤ ؛

سردوال (ف۔ مو) مُہری۔ نکتہ۔ پوری پٹا۔ لگام ٹکانے کا چمڑا جو گھوڑے کے مُنہ پر چڑھایا جاتا ہے ؛

سردھاوا (ف۔ مو) توفیق۔ مقدور۔ سامر تھ خواہش۔ اچھا۔ ساکھ۔ بھروسہ۔

سردہ (ف۔ امذ) خربوزے کے خاندان کا ایک میٹھا پھل۔

سردی (ف۔ امو) خشکی۔ ٹھنڈ۔ ٹھنڈک۔ سیت۔ جاڑا۔ جاڑے کا موسم زکام۔ ریزش۔ نزلہ ؛

سردی پہنچنا (اُر۔ محاورہ) سردی کا اثر ہونا ؛

سردی چڑھنا (اُر۔ محاورہ) لرزے سے بخار ہونا ؛

سردی کا مارا پنپتا ہے اور ان کا مارا نہیں پنپتا۔ (اُر۔ مثل) سردی کا مارا بچ جاتا ہے فاقوں کا مارا نہیں بچتا ؛

سردیانا (اُر۔ مصدر) سردی کھا جانا۔ مضمحل ہو جانا ؛

سرسنگار (ع۔ا۔ مذ) ایک باجے کا نام ؛

سردئی (اُر۔ مو۔ بیائے نسبتی) سردے کا رنگ کا نہایت ہلکے سبز رنگ کا ؛

سررشتہ (ف۔ا۔ مذ) دھاگے سرا۔ مطلب۔ معاملہ۔ مدعا۔ محکمہ۔ دفتر۔ عدالت۔ دستور۔ طریقہ۔ رسم۔ رواج۔ تدبیر۔ چارہ۔ تعلق میل ملاپ ؛

سررشتہ دار (ف۔ مذ۔ فاعل ترکیبی) دیسی زبان کی مسلیں لکھنے والا۔ منشیوں سردفتر۔ میر منشی۔ دیسی زبان کے دفتر کا سپرنٹنڈنٹ ؛

سررشتہ کا حکم (اُر۔ مذ) قانونی حکم۔ معمولی کارروائی۔ معمولی حکم ؛

سررشتہ مال (ف۔ مذ) زمین کا لگان داخل کرنے کا محکمہ۔ خراج زمین کے حساب کتاب کا دفتر ؛

سررُو (اُر۔ مو) سرا روے کا مخفف رگ قیفال۔ وہ رگ جس کی فصد کرنے سے سر اور چہرے کا خون آتا ہے ؛

سرزد ہونا (اُر۔ فعل) ظاہر ہونا۔ صادر ہونا۔ واقع ہونا۔ ظہور میں آنا ؛

سرزمین (ف۔ مو) زمین۔ دھرتی۔ ملک۔ ولایت (زمین کا مزید علیہ ہے) ؛

سرزنش (ف۔ مو) جھڑکار۔ ملامت۔ بھلا بُرا کہنا۔ ڈانٹ ڈپٹ۔ مار سزا ؛

سرزنی (اُر۔ مو۔ بیائے مصدری) کوشش سعی۔ سر مارنا۔ تگ و دو ؛

سرزور (ف۔ مو۔ فاعلی) باغی۔ نافرمان۔ گمراہ۔ سرکش۔ منحرف ؛

سرزوری (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) بغاوت۔ نافرمانی۔ سرکشی۔ انحراف گمراہی ؛

سرس (ا۔ امذ) ایک درخت کا نام ہے۔ پنجابی۔ سہوں ؛

سرسام (ف۔ امذ) ورم دماغ (سر یعنی دماغ اور سام بمعنی ورم) ایک بیماری کا نام ہے ؛

سرسائی (ا۔مو) کثرت۔ بہتات زیادتی۔ افراط۔ مربع کرم کا پیمانہ ساڑھے چار میٹر۔ مربع رقبہ۔ نمی۔ رطوبت۔ تری۔ سیل ؛
سرسبزی (ف۔مو۔ بیائے مصدری) ہریادل۔ تازگی۔ طراوت برکت۔ ترقی۔ عروج ؛
سرستی (ا۔امو) یک ندی کا نام ہے۔ ایک دیوی کا نام بھی ہے علم وہنر کی دیوی۔ زبان۔ راگ ؛
سرستی کابل (ا۔اسم۔مذ) علم کی دیوی کا زور علم غیب کی خبر ؛
سرسر (ا۔امو) سانپ یا ہوا کے چلنے کی آواز ؛
سرسرانا (ا۔فعل) سانپ یا کیڑے وغیرہ کا رینگنا۔ ہوا کا لہرانا ہوا کا سائیں سائیں کرنا۔ پکنے کی آواز ؛
سرسراہٹ (ا۔مو۔ حاصل مصدر) سانپ یا کیڑے کے رینگنے کی آواز۔ ہوا کی سنسناہٹ ؛
سُرسُری (ا۔مو) ایک سُرخ رنگ کا کیڑا جو اناج میں لگ جاتا ہے آتشبازی کی چھچھوندر ؛

سرسوں

سرسوں (ا۔امو) (دیکھو سرستی) ؛
سرسوں (ا۔امو) ایک قسم کا تیلدار بیج ہوتا ہے۔ جس کا تیل نکالا جاتا ہے ؛
سرسوں پھولنا (ا۔محاورہ) سرسوں کے پودے میں پھول آنا۔ مجازاً زردی ہی زردی نظر آنا ؛
سرسوں آنکھوں میں پھولنا (ا۔محاورہ) کسی کیفیت کا آنکھوں میں سمانا۔ خوشی وخوشی کا ظاہر ہونا۔ کوئی کیفیت نظر پڑنا ؛
سرسوں ہتھیلی پر جمانا (ا۔محاورہ) ہتھیلی پر سرسوں جمانا (یا وہ مستعمل ہے) کسی کام کو نہایت جلدی کرنا۔ پلک جھپکتے میں کوئی کام انجام دینا ؛
سرشار (ف۔صفت) (مرکب از سر و شار بمعنی رکھنے) لبالب بھرا ہوا۔ سرپرپُر۔ بھرپُور۔ مست۔ بدمست۔ خمار آلودہ مخمور۔ مغرور۔ گھمنڈ ؛
سرشام (ظ) تابع۔ دن چھپتے ہی۔ آغاز شام شروع مغرب وقت غروب آفتاب ؛
سرشت (ف۔امو) پیدائش۔ خلقت نیچر۔ خو۔ طبیعت۔ خصلت عادت۔ مزاج۔ خاصیت۔ مرکبات میں مشابہ سرشت۔ بدسرشت۔
سرشک (ف۔امذ) قطرہ۔ آنسو۔ اشک ؛
سرطان (ا۔امذ) کیکڑا۔ ایک پانی کا کیڑا کرک راس برج کا نام۔ ایک بیماری کا نام۔ تکلیف دہ سلک پھوڑا۔
سرعت (ظ۔امو) تیزی۔ جلدی۔ شتابی چستی۔ چالاکی۔ پھرتی۔ تادل ؛
سرغنہ (ف۔مذ) قوم کا سردار۔ سرگروہ بڑا۔ بزرگ۔ کلاں۔ کبیر۔ فسادیوں کا پیشوا ؛
سرف (ع۔مذ) بیہودہ خرچ۔ فضول خرچ۔ زائد خرچ ؛
سرفدا کرنا (ا۔ محاورہ) جان قربان کرنا ؛

سرفراز (ف۔ا۔صفت) ترکیب فاعلی۔ سرفراز کا مخفف ہے۔ اعلے معزز۔ ممتاز سربلند ؛
سُرفہ (ع۔اسم مذ) کھانسی۔ کھُرکھری۔ سعال ؛
سرقہ (ع۔مذ) چوری۔ ذردی ؛
سرقہ بالجبر (ع۔مذ) ڈاکا۔ زبردستی کی چوری۔ راہزنی ؛
سرقفلی (ف۔امذ) کسی مکان کا تالا کھلوانے کے لیے پیشگی کرایہ ؛
سرقلم کرنا (ا۔ محاورہ) سر کاٹنا۔ گردن مارنا ؛
سرکار (ف۔امو) بادشاہی دربار۔ کچہری۔ عدالت۔ درگاہ۔ سردار۔ میر۔ رئیس۔ آقا۔ والی۔ حکومت۔ سلطنت گورنمنٹ۔ راج۔ بصورت اسم مذکر) جناب حضور۔ حضرت۔ کئی ضلعوں کا علاقہ۔ صوبہ کسی کام کا مہتمم۔ سربراہ کار۔ معشوق۔ دلبر۔ دلربا۔ کارخانہ۔ دار نظامت۔ راجدھانی ؛
سرکار دربار چڑھنا (ا۔محاورہ) فریادی ہونا۔ نالش کرنا۔ مدعی بننا۔ کچہری میں نالش کرنے جانا ؛
سرکاری (ف۔صفت بیائے نسبتی) سرکار کا۔ شاہی۔ گورنمنٹی۔ رئیس یا آقا سے منسوب ؛
سرکاری آسامی (ا۔مو) منظوری کی نوکری۔ وہ نوکری جس کی تنخواہ شاہی خزانے سے دی جاتی ہے ؛
سرکاری کاغذ (ف۔مذ) سٹامپ ٹکٹ والا کاغذ۔ ٹکٹ۔ پرامسری نوٹ۔ بانڈ۔
سرکاری وظیفہ (ف۔مذ) پنشن۔ گورنمنٹ کی طرف سے ملنے والا وظیفہ ؛
سرکانا (ا۔فعل) ایک طرف سے دوسری طرف گھسیٹ کر رکھنا۔ ہٹانا۔ جُدا کرنا۔ الگ کرنا۔ اُڑا دینا۔ ملتوی کرنا۔ تاریخ آگے بدل دینا۔ چھپانا۔ جیسے مال سرکا دیا ؛
سرکرنا (ا۔فعل) جیتنا۔ فتح کرنا۔ شکست دینا۔ تسخیر کرنا۔ شروع کرنا۔ نکالنا۔ کھولنا۔ جیسے قلعہ سر کر لیا۔ چھوڑنا۔ بندوق توپ وغیرہ چلانا۔ ڈھے ڈالنا۔ زبردستی۔ چپکنا۔ تاش گنجفہ وغیرہ میں حریف سے پتا جیتنا ؛
سرکش (ف۔صف) نافرمان۔ باغی۔ مغرور ؛
سرکشی (ف۔امو) بغاوت۔ نافرمانی ؛
سر ہونا (ا۔فعل) فتح ہونا۔ قابو میں آجانا قلعہ وغیرہ کا کھل جانا بند وغیرہ چھوٹنا۔ قبضے میں آنا۔ مسخر ہونا۔ بازی پتے جیتنا ؛
سرکلر (Circular) گشتی حکم۔ وہ کاغذ جس پر کسی امر کی بابت ہدایت لکھ کر جا بجا بھیجا جائے ؛
سرکل (Circle) دائرہ۔ حلقہ۔ صوبہ۔ احاطہ ؛
سرکنا (ا۔فعل) الگ ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ ہٹ جانا۔ نکلنا۔ کھسکنا۔ چل دینا۔ غائب ہونا۔ اُٹھ جانا۔ پرے چلا جانا۔ مقدمہ کی تاریخ کا ملتوی ہونا۔ رخصت ہونا۔ ٹلنا جُگنا ؛
سرکنڈا (ا۔امذ) کانا۔ نرسل۔ سرنے ؛
سرکوب (ف۔صفت) سر کچلنے والا ؛
سرکوبی (ف۔امو) سر کچلنا۔ سزا دینا ؛

سرکہ (ف۔مذ) کھٹا عرق۔ گڑھا۔ شربت یا گنے انگور وغیرہ کا رس جسے سڑا کر خمیر اُٹھا لیتے ہیں ؛

سر کی (ہ۔ا۔مو) کانوں یا تلیوں کی چک جو گاڑیوں یا مکان کے دروازوں پر دھوپ اور بارش کے بچاؤ کے لیے ڈال رکھتے ہیں ؛

سرگ (ہ۔ا۔مو) بہشت۔ جنت۔ اندرلوک۔ بیکنٹھ۔ آسمان۔ سرپہر فلک ؛

سرگباشی (ہ۔اسم مذکر فاعل) بہشت میں رہنے والا۔ جنتی۔ مرحوم۔ آنجہانی۔ جنت مکانی۔ فردوس مکانی

سرگباشی یا سرگباش ہونا (ہ۔فعل) مرنا۔ انتقال کرنا۔ وفات پانا ؛

سرگزشت (ف۔ا۔مو) واردات۔ ماجرا۔ کیفیت۔ قصہ۔ داستان حکایت ؛

سرگرم (ف۔صفت) مستعد۔ پُرجوش۔ محنتی ؛

سرگرمی (ف۔ا۔مو) کوشش۔ دوڑ دھوپ۔ سعی و کاوش محنت مستعدی ؛

سرگروہ (ف۔امذ) سردار۔ سرخیل۔ سرغنہ ؛

سرگریبان میں ڈالنا (ف۔محاورہ) شرمندہ ہونا ؛

سرگشتگی (ف۔ا۔مو) حیرانی پریشانی۔ آفت۔ نحوست ؛

سرگشتہ (ف۔صفت) حیران۔ بھٹکا ہوا۔ دیوانہ ؛

سرگوشی (ف۔ا۔مو) کانا پھوسی۔ چغلی۔ غیبت ؛

سرگم (ہ۔ا۔مو) راگ کا سُر۔ راگ کے ساتوں سروں کا نام ؛

سرگن (ہ۔ا۔مذ) حمد۔ اوصاف الٰہی۔ نعت۔ دیوتاؤں کی تعریف کے بھجن۔ نرگن کی ضد ؛

سرگین (ف۔امذ) گائے۔ بھینس وغیرہ کا گوبر ؛

سرل (ہ۔صفت) سیدھا درخت جس پر چڑھنا نہایت مشکل ہو۔ محاورہ سچا ایماندار۔ دھرماتما۔ بھولا۔ سادہ پے پکٹ سہل۔ آسان۔ ایک خوشبودار لکڑی کا نام بھی ہے ؛

سرلا (ہ۔ا۔صفت) بالغ زائد یا فاضل۔ لمبا۔ سیدھا۔ سمی ؛

سرما (ف۔ا۔مذ) جاڑا۔ سردی کا موسم زمستان ؛

سرمائی (ف۔مؤ۔ بیائے نسبتی) جاڑے کا۔ سردیوں کا، جاڑے کا کپڑے

سرمائی (ہ صف) سرمے کے رنگ کی۔ سرمے کی ؛

سرمایہ (ف۔مذ) مول۔ جمع۔ پونجی مذاصل۔ باعث۔ سبب۔ دھن دولت۔ وہ اشیاء جو دولت کی پیداوار میں مدد دے سکیں

سرمایۂ ناز (ف لمذ) وہ چیز جس پر ناز کیا جا سکے۔

سرمد (ع صفت) ہمیشہ۔ ہموار۔ پیوستہ جس کی ابتدا انتہا نہ ہو ہست ازل۔ مجذوب۔ دلی کے ایک مشہور مجذوب کا تخلص ہے ؛

سُرمہ (ف۔امذ) انجن۔ کاجل۔ کجل۔ (بحالت صفت) نہایت باریک پیس کر سرمہ کر دیا ؛

سُرمہ آگیں (ف۔صف) سرمہ لگی ہوئی آنکھ۔

سُرمہ دان یا سُرمہ دانی (ف) پہلا اسم مذکر۔ دوسرا اسم مؤنث۔ سُرمہ رکھنے کا چھوٹا سا ظرف ؛

سُرمہ درگو (ف۔صفت) چپ۔ خاموش۔ ناقابل گفتار ؛

سُرمہ دینا (ہ۔محاورہ) آنکھوں میں سُرمہ لگانا۔ انجن سارنا ؛

سُرمہ ڈھلکنا (ف۔محاورہ) سُرمہ پھیلنا ؛

سرمۂ چشم (ف۔صف) کنایۃً۔ عزیز۔ پیارا ؛

سُرمہ سا (ف۔صفت) سُرمہ کی مانند۔ بہت باریک ؛

سُرمہ کرنا (ہ۔محاورہ) باریک پیسنا۔ میدہ سا کر دینا ؛

سُرمہ کھا بیٹھنا (ہ۔محاورہ) چُپ ہو جانا۔ گھنی سادھ لینا۔ خاموشی اختیار کر لینا ؛

سُرمگین، سُرمگیں / سرمہ آلود (ف۔صفت) سُرمہ لگی ہوئی۔ وہ آنکھیں جن میں سُرمہ لگایا ہوا ہو۔

سُرمئی (ف۔صفت بیائے نسبتی) سُرمہ کے رنگ کا سُرخی مائل۔ نیلا ؛

سُرمے کا ڈورا (ف۔امذ) سُرمے کی لکیر جو آنکھوں کے اندر کھینچتے ہیں ؛

سُرمے کی تحریر (ف۔مؤ) سُرمہ کی لکیر جو آنکھ کی پلک پر آجاتی ہے ؛

سُرمے کی قلم (ف۔مؤ) پنسل ؛

سرن (ہ۔ا۔مو) پناہ کی جگہ۔ آسرے کی جگہ۔ پناہ گاہ۔ ملجا و ماوا ؛

سرن لینا (ہ۔فعل) پناہ میں آنا۔ آسرے کی جگہ اختیار کرنا ؛

سرنا (ہ۔فعل) کافی ہونا۔ وافر ہونا۔ گزرنا۔ مر کٹنا۔ بسر ہونا۔ جیسے مجھے اس میں نہیں سرنا۔ نکلنا۔ خارج ہونا۔ جیسے ہاؤ سرنا ؛

سُرنا (ف۔ا۔مو) سورنائے سے مخفف ہے خوشی کی بانسری۔ وہ نفیری جو بیاہ شادی خوشی کے موقعوں پر روشن چوکی کے ساتھ بجائی جاتی ہے ؛

سرنا (ہ۔ا۔مو) دریا سے پار اترنے کو ہوا سے پھلائی ہوئی مشک ؛

سرنائی (ف۔امذ۔ بیائے نامیت) نفیری بجانے والا ؛

سرنام (ہ۔صفت) مشہور آدمی۔ نامی نام آور۔ نامزد۔ نامور ؛

سرنام کرنا (ہ۔فعل) مشہور کرنا۔ شہرت دینا۔ ڈونڈی پیٹنا۔ مشتہر کرنا ؛

سرنج (انگ۔ مو Syringe) ٹیکہ لگانے والی۔ نالی اور سوئی پچکاری ؛

سُرنگ (ہ۔مو) زمین دوز راستہ نقب۔ زمین کے نیچے بنایا ہوا راستہ سُرخ رنگ (بصورت اسم مذکر) لال رنگ کا گھوڑا ؛ نالی میں بارود بھر کر دشمنوں کو یا پہاڑ کو اڑاتے ہیں۔

سُرنگ اڑانا (ہ۔محاورہ) نقب میں بارود بھر کر آگ دینا ؛ مذاقاً گوز مارنا ؛

سرو (ف۔ع۔امذ) ایک خوبصورت مخروطی شکل کے درخت کا نام ہے۔ شمشاد۔ منوبہ مجازاً معشوق کا قد۔ معشوق ؛

سرو آزاد (ف۔امذ) وہ سیدھا سرو جس کو پھل کبھی نہ آئے اور شاخیں سیدھ ہوں ؛

سرو اندام (ف۔صف) جس کا بدن سرو کی طرح سڈول اور سیدھا ہو ؛

سرو بالا / بلند (ف۔صف) سیدھے قد والا (مجازاً) معشوق ؛

سرو چراغاں (ف۔امذ) سرو کی شکل پر بنایا ہوا شیشے کا جھاڑ ؛

سرو چمن / خراماں / رواں (ف۔صف) کنایۃً۔ معشوق ؛

سرو ناز (ف۔امذ) وہ سرو جس کی شاخیں چاروں طرف مائل ہوں کنایۃً) معشوق ؛

سروسہی (ف۔اند) بالکل سیدھا سرو مجازاً معشوق ؛
سروقد۔ یا۔ قامت (ف۔ع۔صفت فاعلی) سیدھے قد والا۔ خوبصورت جوان ؛
سُروالی (ا۔ہ) ایک کالے چمکدار چکنے بیج کا نام ہے جو دوائیوں میں پڑتا ہے ؛
سروپ (ا۔صفت) اچھے روپ والا۔ خوبصورت۔ حسین۔ سُندر ؛
سَروپ (ا۔ہ۔ند) روپ۔ رنگ۔ ڈول۔ طرز۔ وضع۔ ڈھنگ مثل۔ مانند ؛
سَروتا (ا۔اند) چھالیا کترنے کا آلہ گنڈیر کرنے کا اوزار ؛
سَروج (س۔اند) جھیل کا بیٹا) نیلوفر ؛
سُرود (ف۔اند) راگ۔ نغمہ۔ گیت۔ ایک باجے کا نام سخن۔ بات ؛
سَرور (ف۔اند) سردار۔ امیر۔ حاکم۔ بادشاہ ؛
سُرور (ف۔ند) خوشی۔ فرحت۔ شادی۔ ہلکا نشہ۔ خفیف ساخمار ؛
سُرور جمنا (ر۔ محاورہ) خمار چڑھنا۔ آنکھوں میں مستی چھلکنا ؛
سَرورِ کائنات (ع۔ف۔صفت) سردار دوعالم۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خطاب ؛
سروس (Service۔ انگ۔ا۔ہ) نوکری۔ ملازمت۔ خدمت ؛
سروس بک (Service Book) نوکری کی کتاب۔ کتاب مدت خدمت ؛
سروش (ف۔اند) حضرت جبرائیل کا نام ہے۔ خوش خبری لانے والا۔ پیغام لانے والا۔ فرشتہ۔ ملک ؛
سروشِ غیب (ف۔ا۔اند) غیب کا فرشتہ۔ آسمانی آواز ؛
سروِلا (ہ۔ا۔ند) مٹھائی کی ایک قسم
سرویر Surveyor۔انگ۔اند) فاعل۔ پیمائش کرنے والا۔ ناظر گرداور پیمائش
سروے (رنگ۔اند۔Survey) جائزہ۔ پیمائش۔ ناپ۔

سرویر

سروہی (ا۔اند) کوہ آبو کی ایک ریاست کا نام ہے۔ جہاں کی تلوار مشہور ہے مطلق تلوار کے معنی میں بھی آیا ہے ؛
سرہانہ (ا۔اند) سر رکھنے کی جگہ۔ تکیہ۔ بالیں ؛
سرہنگ (ف۔ا۔اند) سپاہی۔ فوج کا افسر (سر بمعنی سردار اور ہنگ بمعنی فوج سے مرکب ہے۔ بہادر۔ من چلا۔ جوان ؛
سرے سے (ہ۔تابع فعل) اوّل سے شروع سے۔ ابتدا سے ؛
سرے کا (ہ۔تابع فعل) پہلا۔ شروع کا۔ اوّل کا۔ کنارے کا ؛
سرے ہی کی بھیڑ کافی (ر۔ مثل) شروع سے یا اوّل ہی سے بگاڑ ؛
سَری (ہ۔ا۔ہ) تیر کا کزن۔ انی بغیر تیر کی لکڑی۔ لوہے وغیرہ کی سیدھی سلاخ ؛
سری (ہ۔ا۔ہ) (دیہہ جانور کا سر۔ بھیڑ بکری وغیرہ کا سر (ہندو) لچھمی کا نام۔ دولت و اقبال کی دیوی۔ ایک عزت کا خطاب حضور جناب ؛
سری پائے (ہ۔اند) ذبح کے کیئے ہوئے جانور کے پاؤں اور سر ؛
سری پھل (ہ۔ا۔اند) ناریل۔ ناریجیل مہرائی ؛
سری راگ (ہ۔ا۔اند) چھ راگوں میں سے راگ کا نام جو سردی میں بعد از دوپہر گایا جاتا ہے ؛
سری گنیشائے نمہ (ہ) (ہندو) سری گنیش کی تعریف اسے بجائے بسم اللہ ہندو لوگ ہر کتاب کے شروع میں لکھتے ہیں۔ کسی کام کے آغاز کا متبرک کلمہ ؛
سری حضور۔ یا۔ سری مہاراج (ہ۔ند) حضور اقدس۔ جناب عالی خداوند نعمت۔ جہاں پناہ۔ حضور والا ؛
سریا (ا۔ہ) دھات کی وہ سلاخ جس سے کوئی چیز بنائی جائے ؛
سریا پان (ر۔ا۔ہ) آفتابی چھتری ؛
سُریت (ا۔ہ) گھر میں ڈالی ہوئی باندی۔ حرم۔ خاصگی ؛
سری ٹیک (ہ۔ا۔اند) کشتی کے ایک داؤں کا نام ہے۔ ثم۔ عجز۔ خوشامد ؛
سریر (ہ۔ند) بدن۔ تن۔ جسم۔ وجود۔ دیہہ کایا۔ پنڈا ؛
سریر بندھک (ہ۔ند) پرغمال۔ اوّل۔ کفالت میں کسی بیٹے یا عزیز کو دینا ؛
سریر دھارن کرنا (ہ۔محاورہ) کسی قالب میں آنا۔ جسم پکڑنا۔ زخم بھرنا انگور بندھنا ؛
سریر (ہ۔اند) تخت۔ گدی۔ پاٹ۔ راج۔ پاٹ۔ سنگھاسن ؛
سریر آرائے (ف۔صفت فاعلی) تخت کو سجانے والا۔ تخت نشین تخت پر بیٹھنے والا ؛
سریش (ف۔ا۔ہ) جانوروں کے پٹھوں سے بنائی ہوئی ایک لیسدار چیز جس سے لکڑی کے پرزے جوڑے ہیں بصورت صنعت نہایت لیسدار۔ چیپ دار۔ چپک جانے والا ؛
سریع (ہ۔صفت) جلدی کرنا والا۔ تیز (بصورت اسم مونث) علم عروض کی ایک بحر کا نام ؛
سریع التاثیر (ع۔صفت) جلدی اثر دکھانے والی دوا۔ زود اثر ؛
سریع الحرکت / سریع السیر (ع۔صفت) بہت جلدی چلنے والا۔ جلد جلد حرکت کرنے والا ؛
سریع الزوال (ع۔صف) جلد زائل ہونے والا ؛
سریع الفہم (ع۔صفت) بہت جلد کسی بات کو تاڑ لینے اور سمجھ جانے والا ؛
سریع الہضم (ع۔صفت) جلد ہضم ہونے والی غذا۔ زود ہضم۔ جلدی پچ جانے والی ؛
سُریلا (ہ۔صفت تبرکیب فاعلی) رسیلے گلے والا۔ خوش الحان خوش گلو ؛
سُریلا پن (ہ۔ا۔اند) خوش آوازی۔
سُریلی (ا۔صفت۔مو) رسیلی آواز والی۔ سردار۔ موزوں لے والی ؛
سُریمن (ف۔اند) چوتڑ۔ پٹھا دیہ بیاسے۔ معروف دنون ملفوظی ہے) ؛

سریس (پ ا مو) پنجاب والے سر کو مونث تصور کر کے اس کے جمع سریں بناتے ہیں۔ یہ لفظ بیائے مجہول و نون غنہ ہے ؛

س - ڑ

سڑ (ہ ا مو) باؤلا پن۔ جنون۔ دیوانگی پگلاپن۔ خبط ؛
سڑ چھوٹنا۔ یا۔ لگنا (ہ۔ فعل) خبط ہونا۔ سودا ہونا۔ جنون ہونا ؛
سڑا (ہ۔ صفت بہ ترکیب مفعولی) بسا ہوا۔ کھٹا ہوا ہوا۔ بدبو والا۔
سڑا (ہ۔ اصفت) سڑیلا۔ دیوانہ۔ پاگل۔ سودائی۔ خبط۔ احمق
سڑا پا ولا (ہ صفت) پاگل۔ دیوانہ۔
سڑاسڑ (ہ۔ تابع فعل) مچھی یا چابک کے جلدی جلدی لگاتار مارنے کی آواز لگاتار ضرب ؛
سڑاک (ہ۔ مو۔ صوت) رسی یا چابک مچھی وغیرہ کے لگنے کی آواز۔ جلد تیزی سے
سڑاک دینی یا سڑاک دلیسی (ہ۔ تابع فعل) جلدی سے۔ تیزی سے۔ فوراً ؛
سڑانا (ہ۔ فعل) بدبو پیدا کرنا۔ خمیر اٹھانا۔ گلانا۔ بوسیدہ کرنا۔ ڈال رکھنا۔ رکھ چھوڑنا ؛
سڑاند / سڑاہند (ہ۔ امو) بدبو۔ تعفن۔ عفونت۔ گندگی ؛
سڑاندا / سڑاہندا (ہ۔ صفت بہ ترکیب فاعلی) بدبودار گندہ متعفن بودا۔ بوسیدہ۔ خراب ؛
سڑپ سڑپ (ہ۔ مو۔ صوت) کسی پتلی اور رقیق شے کو جلدی جلدی پینے کی آواز۔ چسکی۔ کش ؛
سڑپا (ہ۔ مذ) چسکی۔ ایک ہی دفعہ پینے کی آواز ؛
سڑپا لگانا۔ یا۔ مارنا (ہ۔ فعل) کسی پتلی چیز دودھ وغیرہ کو ایک ہی سڑپنا۔ یا۔ سڑپ پینا دفعہ پی جانا۔ ایک ہی دفعہ جلدی سے کھا جانا سڑکنا۔ پینا۔ سڑپے لگانا ؛
سڑسڑی (ہ۔ امو) مٹی کا چھوٹا سا حقہ ؛
سڑک (ہ۔ ا صفت) فوراً۔ جلدی۔ شتابی۔ زود و تر۔ ؛
سڑکس (ہ۔ امو) شاہی رستہ۔ شاہراہ۔ شارع عام۔ (عربی لفظ شارع کا بگاڑ ہے ؛
سڑک پھانسی (ہ۔ مو) اصل میں سڑک پھانسی کا بگڑا ہوا ہے سڑکنی گرہ۔ پھانسا ؛
سڑک نیند (ہ۔ امو) گہری نیند ؛
سڑکنا (ہ۔ فعل) نگل جانا۔ سڑپ کر جانا۔ ایک دم نگل جانا۔ میان سے تلوار سونتنا ؛
سڑکی (ہ۔ امو) کنکوے کی ڈور کو دفعتہً ڈھیل دینا۔ چھکا دینا ؛
سڑن (ہ۔ صفت۔ مو) باؤلی۔ پگلی۔ دیوانی۔ سودائن۔ احمق۔ بے وقوف ؛
سڑنا (ہ۔ فعل) خمیر ہونا۔ متعفن ہونا۔ کھٹا ہونا۔ بدبودار ہونا۔ گلنا بوسیدہ ہونا ؛
سڑی (ہ۔ ا صفت۔ مذ) سودائی۔ پاگل۔ باؤلا۔ دیوانہ۔ خبطی۔ احمق۔ بے وقوف ؛
سڑیکل (ہ۔ ا۔ صفت) غلیظ۔ گندا۔ خراب۔ نکما۔ دچڑچڑے مزاج کا آدمی۔ پنجابی) ؛

س - ز

سزا (ف۔ امو) مناسب۔ موافق۔ مطابق۔ نیکی اور بدی کا بدلہ۔ مگر اردو میں صرف بدی کے بدلے کو سزا اور نیکی کے بدلے کو جزا بولتے ہیں۔ قصاص۔ سیاست۔ قید۔ جرمانہ۔ ڈنڈ۔ حرجانہ۔ تاوان ؛
سزا بھگتنا (ا۔ محاورہ) کئے کا بدلہ پانا ؛
سزا پانا (ا۔ محاورہ) قید بھگتنا۔ کرنی بھرنا۔ کئے کو پہنچنا۔ پٹنا۔ مار کھانا ؛
سزا دینا (ا۔ محاورہ) مارنا۔ پیٹنا۔ گوشمالی کرنا۔ قید کرنا ؛
سزاوار (ف۔ اصفت) بذریعہ حرف لیاقت۔ لائق۔ عوض۔ مستوجب قابل۔ مناسب۔ لازم۔ زیبا۔ موزوں۔ واجب۔ مستحق ؛
سزایاب۔ سزایافتہ (ف۔ صفت بہ ترکیب مفعولی) سزا پائے ہوئے۔ قابل سزا ؛
سزایافتگی (ف۔ امو) سزایافتہ کا اسم کیفیت ہے ؛
سزائے تازیانہ (ف۔ امو) کوڑے کی سزا۔ چابک مارنے کی سزا ؛
سزائے جسمانی۔ یا۔ بدنی (ف۔ امو) بیائے نسبتی۔ مار پیٹ۔ زدوکوب ؛
سزائے حبس دوام بعبور دریائے شور (ف) کالے پانی کی سزا۔ عمر قید۔ انگریزوں کے زمانے میں سزا کے طور پر بحر ائرانڈمان بھیجنا۔
سزائے سنگین (ف۔ مو) نہایت سخت۔ سزا۔ کٹھن سزا ؛
سزائے قتل یا موت (ف۔ امو) جان نکالنے کی سزا۔ کٹھن سزا ؛
سزاول (ت۔ مذ) سرکاری روپیہ وصول کرنے والا۔ محصل۔ تحصیلدار ؛
سزاولی (ف۔ امو) سزاول کا عہدہ ؛

س - س

سُسّا (ہ۔ امذ) خرگوش۔ سہا ؛
سُست (ہ۔ صفت) چست کی ضد۔ دیر میں کام کرنے والا۔ آلکسی۔ عاجز۔ کمزور۔ ناتواں۔ کم طاقت۔ ڈھیلا ؛
سُست اعتقاد (ف۔ ع۔ صفت) ضعیف الاعتقاد۔ اعتقاد کا کچا ؛
سُست پیماں (ف۔ صف) وعدے کا کچا ؛
سُست رَین (ف۔ امو) کسی شعر کا ردیف اور قافیہ موزوں نہ ہونا ؛
سُست قدم (ف۔ ع۔ صفت) دھیمی چال چلنے والا ؛
سُست ہونا (ا۔ فعل) کاہل ہونا۔ اداس ہونا۔ غمگین ہونا۔ کم قوت۔

ڈھیلا ہونا۔ کم رفتار ہونا ؛

سستا (ہ) ۔صفت) کم قیمت۔ گھٹیا۔ ارزاں ؛

سستا روئے بار بار مہنگا روئے ایک بار:
(ہ ۔مثل) خراب چیز سستے داموں خرید کر ہر وقت افسوس ہی کرنا پڑتا ہے، اچھی چیز پر صرف ایک دفعہ ہی زیادہ پیسے دیتے وقت افسوس آیا کرتا ہے ؛

سستا لگانا (اُر۔ محاورہ) کم قیمت پر فروخت کرنا ؛

سستانا (ہ ۔فعل) آرام لینا۔ سہارا لینا۔ ٹھہرنا۔ تازہ دم ہونا۔ فوت پانا ؛

سستا مولا (ہ۔ا صفت) گھٹیا۔ کم قیمت کا۔ کم قد۔ کم قیمت پر بیچنے والا۔ ارزاں فروش ؛

سستی (ہ۔ صفت ہو) کم قیمت۔ ارزاں ؛

سستی بھیڑ کی ٹانگ اُٹھا کر دیکھتے ہیں (اُر۔ مثل) سستی چیز ہو تو خرید تے وقت بہت زیادہ جانچ پرکھ کرتے ہیں ؛

سستی دکان (اُر۔ مو) وہ دوکان جہاں چیزیں ارزاں بکتی ہوں ؛

سستی (ف ۔ اسم مو۔ بیائے نسبتی) آلکسی ڈھیلا پن۔ نامردی ؛

سستی توڑنا۔ یا۔ اتارنا (ہ ۔فعل) انگڑائی لینا ؛

سستی مفلسی کی ماں ہے (اُر۔ مثل) کاہلی کرنے والا غربت کا شکار ہو جاتا ہے۔

سستے چھوٹنا (اُر۔ محاورہ) تھوڑی سی تکلیف یا سزا میں خلاصی ہو جانا۔ تھوڑی سی سزا بھگت کر نجات پانا ؛

سسٹم (انگ ۔ا۔ مذ۔ System) طریقہ۔ اصول۔ نظام

سسر۔ یا۔ سسرا۔ یا۔ سسرہ (ہ ۔ا مذ) خاوند کا باپ۔ بیوی کا باپ۔ ایک گالی ؛

سسرال (ہ ۔ا مذ) سسرے کا گھر۔ میکے کی ضد۔ خاوند یا بیوی کے رشتہ داروں کا کنبہ۔ خسر خانہ (اس میں آل مفید ظرفیت ہے ؛

سسرال کا کتا (اُر۔ محاورہ) سسرے کی روٹیوں پر پڑا رہنے والا داماد ؛

سسرالیا (اُر۔ صفت) سسرال سے متعلق ؛

سسکارنا۔ یا۔ سسکارنا (ہ ۔فعل) بچے کو منہ کی آواز سے پیشاب کرانا۔ کتے کو کسی کے پیچھے لگانا۔ پھسکانا۔ جھپٹانا ؛

سسکاری (ہ ۔ مو) کتے کو جھپٹانے کی آواز۔ سسکی ؛

سسکاری بھرنا (ہ ۔فعل) تکلیف سے سس کرنا۔ سسکی بھرنا ؛

سسک سسک کر دم دینا۔ یا۔ نکلنا (ہ۔ محاورہ) بڑی تکلیف سے جان نکلنا۔ تھوڑا تھوڑا کر کے دم نکلنا۔ یک لخت جان نکلنا ؛

سسکنا (ہ ۔فعل) سسکنا۔ ذرا ذرا سا سانس لینا۔ جان کنی میں ہونا۔ موت کی ہچکیاں لینا۔ کچوسی کرنا۔ سجل کرنا۔ جان نکلنا۔ کوڑی کوڑی پر مرنا ؛

سسکی (ہ ۔ا مو) ٹھنڈی سانس۔ آہ سرد۔ سسکی۔ کسی تکلیف یا سردی کے باعث زبان بھینچ کر آواز نکالنا ؛

سسکیاں بھرنا (ہ۔ محاورہ) لمبے لمبے سانس لینا۔ مزے میں آکر یا درد کے مارے سسکاریاں بھرنا ؛

سسّی (ہ۔ مو) پنجاب کی ایک مشہور معشوقہ عورت کا نام ہے جس پر پنوں عاشق تھا ؛

س - ش

سشن (Session ۔ ا۔ مذ۔ اجلاس۔ جلوس۔ عدالت۔ کچہری۔ عدالت فوجداری ؛

سشن جج (Session Judge ۔ ا۔ مذ فوجداری کے سنگین مقدمات کا فیصلہ کرنے والا حاکم۔ ضلع کی عدالتوں کی اپیل سننے والا ؛

س - ط

سطح (ع۔ مو) ہر چیز کا بالائی حصہ جو نظر آئے۔ ہموار جگہ۔ وہ چیز جس میں طول و عرض ہو مگر عمق بالکل نہ ہو۔ بام چھت۔ کوٹھا ؛

سطح آب (ف۔ امو) پانی کا بالائی حصہ۔ پانی کی چادر ؛

سطح زمین (ع۔ف۔ امو) فرش زمین۔ روئے زمین۔ تختہ زمین ؛

سطح مائل (ع۔مو) سلامی سطح۔ ترچھی سطح ؛

سطح مستوی (ع) ہموار سطح۔ برابر سطح۔ چورس جگہ ؛

سطح مرتفع (ع ۔امو) پتھریلی اور اونچی زمین ؛

سطر (ع۔مو) قطار۔ لکیر۔ ریکھا۔ تحریر بسلسلہ۔ لکھنا۔ خط کھینچنا ؛

سطوت (ع۔مو) دبدبہ۔ شان و شوکت۔ رعب داب ؛

س - ع

سعادت (ع۔ امو) نیکی۔ نیک بختی۔ اقبالمندی۔ بھلائی۔ نحوست کی ضد ؛

سعادت دارین (ع۔ امو) دونوں جہان کی بھلائی دنیا و آخرت کی نیک بختی ؛

سعادت مند (عف۔ صفت فاعلی) نیک بخت۔ خوش اقبال۔ بھلا آدمی۔ سپوت۔ وفادار۔ خدمتگزار۔ نمک حلال ؛

سعادت مندی (عف صفت بیائے مصدری) نیک بختی۔ وفاداری ؛

سعال (ع۔ امو) کھانسی ؛

سعالہ (ع۔ مذ) جنگل کے بھوت ؛

سعتر (ع۔ امذ) ایک قسم کی گھاس جو دواؤں میں کام آتی ہے ؛

سعد (ہ ۔صفت) نیک۔ بھلا۔ مبارک۔ برکت والا۔ ستارے کا اچھا اثر۔ خوش اقبالی۔ نحس کی ضد ؛

سَفَرَین (ع۔ا۔مو) دو مبارک ستارے (اس میں یَن تثنیہ کا ہے ؛

سَعِید (ع۔ صفت) نیک بخت۔ مبارک۔ اچھا۔ بھلا۔ سپوت ؛

سَعی (ع۔مو) دوڑ دھوپ۔ تگ و دو۔ کوشش۔ جدوجہد۔ سرگرمی۔ پیر دوڑی۔ محبت ؛

سعی بین الصفا والمروہ (ع۔ امو) حج کے موقع پر صفا اور مروہ کے درمیان دوڑنا ؛

سعی الاحاصل (ع۔ امو) بے نتیجہ کوشش ؛

سعی کرنا (اُرد۔ فعل) کوشش کرنا۔ دوڑ دھوپ کرنا۔ محنت کرنا۔ سفارش کرنا ؛

س - ف

سفارت (ع۔امو) ایلچی گری۔ وکالت۔ پیغام پہنچانے کا کام ؛

سفارت خانہ (ع۔ف۔امذ) کسی حکومت یا ملک کے سفیر کا دفتر جو کسی دوسرے ملک میں ہو ؛

سفارتی (ع۔صفت) سفارت سے متعلق

سِفارِش (ف۔مو) حاصل مصدر از سپاردن۔ حوالہ کرنا۔ سپرد کرنا۔ مدد۔ سہارا۔ کسی شخص کو کسی کے سپرد کرنا۔ بھلائی کی باتیں کہنا۔ شفاعت۔ وسیلہ ؛

سِفارِش کرنا (اُرد۔ فعل) شفاعت کرنا۔ وسیلہ کردینا۔ رسائی کرنا۔ پہنچانا۔ کسی نسبت دوسرے شخص کے پاس بھلائی کی باتیں کہنا ؛

سِفارِشی (ف۔صفت بیائے فاعلیت) وسیلہ والا۔ جس شخص کی سفارش کی جائے ؛

سِفارِشی ٹٹو (اُرد۔امذ) وہ شخص جس نے سفارش کے باعث ملازمت پالی ہو۔ بے ہنر۔ نالائق ؛

سَفّاک (ع۔صفت) بصیغہ مبالغہ نہایت خونریز۔ بے رحم۔ قاتل۔ خونی سنگدل۔ ظالم ؛

سَفّاکی (ع۔ف۔امونث۔ بیائے مصدری) خونریزی۔ بیرحمی۔ ظلم۔ بے دردی ؛

سِفال (ع۔امو) ٹھیکری۔ اوام وغیرہ کے اوپر کا خول۔ ٹھیکرا ؛

سِفال گر (ع۔ف۔صفت) مٹی کے برتن بنانے والا۔ کمار ؛

سِفالہ (ف۔امذ) مٹی کا ٹوٹا ہوا برتن ؛

سِفالی (ع۔ف۔صف) مٹی سے بنا ہوا ؛

سفاہت (ع۔امو) کمینہ پن۔ بے وقوفی ؛

سِفت (ف، اسم صفت) گاڑھا۔ موٹا۔ دبیز۔ مضبوط۔ پکا ؛

سفت بھی ہو مفت بھی ہو بڑے پتھے کا بھی ہو۔ (اُرد۔ مثل) خودغرض اور مطلبی آدمی کی نسبت کہا کرتے ہیں۔ ساری باتیں حسب دلخواہ ہوں یعنی کپڑا موٹا بھی ہو۔ بڑے عرض کا بھی ہو۔ اور سستا بلکہ مفت بھی مل جائے ؛

سَفَر (ع۔ مذ) کوچ۔ روانگی۔ چلا۔ مسافرت۔ سیاحت جاترا ؛

سَفرِ آخرت (ع۔ امذ) دنیا سے کوچ۔ مرجانا۔ انتقال ؛

سَفر اور سفر میں ایک نقطہ کا فرق ہے۔ (اُرد۔ مثل) سفر میں بہت تکلیف ہوتی ہے۔ سفر دوزخ کا نمونہ ہے۔ پرانے زمانے کا مقولہ۔

سَفر خرچ (اُرد۔ مذ) رستے کا خرچ۔ بھتا۔ الاؤنس ؛ T.A

سَفر کرنا (اُرد۔ فعل) روانہ ہونا۔ کوچ کرنا۔ مسافرت کرنا۔ جاترا کرنا۔ مرنا۔ دُنیا سے گزر جانا ؛

سَفرنامہ (ف۔امذ) روزنامچہ ؛

سفر دائی (اُرد۔ مذ) دُوم۔ مراسی سا۔ زندہ سا۔ زندہ دُھاڑی۔ سنگتی۔ اصل سپردائی ؛

سَفر مینا (اُرد۔امو) سُرنگ لگانے اور راستہ وغیرہ درست کرنے والی پلٹن ؛

سُفرہ (ع۔ مذ) دسترخوان (ف) اسم مونث۔ دُبر۔ مقعد۔ کراہت اور نفرت کے باعث پہلے عربی لفظ کو سفرہ بالفتح یعنی دسترخوان پڑھتے اور بولتے ہیں ؛

سَفری (ف۔صفت بیائے نسبتی) سفر کی چیز۔ سفر کے وقت کا سامان۔ ہلکی شے ؛

سُفسطہ (ع۔امذ) وہمیات۔ وہم پر مبنی فلسفہ ؛

سُفَل (ع۔مو) چھوک۔ تلچھٹ۔ فضلہ پتی۔ نیچان ؛

سُفل دان (ع۔ف۔امذ۔ ظرف) ہڈی دانی۔ امیروں کے دسترخوان کا وہ برتن جس میں کھانا کھاتے وقت ہڈی وغیرہ فضول اشیا ڈالتے جاتے ہیں ؛

سِفلگی (ع۔ف۔مو۔ بیائے مصدری) سفلہ پن۔ کمینگی۔ کمینہ پن۔ پاجی پن ؛

سِفلہ (ف۔صفت) کمینہ۔ رذیل۔ پاجی۔ کمظرف۔ چھچھورا۔ اوچھا۔ نالائق ؛

سِفلہ پرور (ف۔صفت بترکیب فاعلی) نالائقوں کو دوست رکھنے والا ؛

سِفلہ پروری (ف۔امو) دیکھئے "سفلہ پرور"، جسکا یہ اسم کیفیت ہے کمینہ پن۔ رذالت۔ چھچھورا پن ؛

سفلی (ع۔صفت بیائے نسبتی) ادنے۔ کم درجہ کا۔ علوی کی ضد ؛

سِفلی عمل یا جادو (اُرد۔امذ) منتر یا جادو جس میں شیطان یا ارضی روحانیت سے مدد طلب کی جائے۔ شیطانی عمل ؛

سُفُوف (ع۔امذ) پھنکی۔ برادہ۔ چورن۔ کٹی پسی دوا۔ پوڈر

سفید (ف۔صفت) اُجلا۔ چٹا۔ گورا۔ سادہ۔ کورا کاغذ۔ خوف زدہ خائف۔ سہما ک۔ گھبرائے کی ایک بازی خوف زدہ۔ ہراساں۔

سفید پڑ جانا (اُرد۔ محاورہ) ہوائیاں اُڑنے لگنا۔ چہرے کا رنگ خوف یا غم کے باعث اُڑ جانا۔ مُنہ فق ہو جانا ؛

سفید پوش (ف۔امصفت بترکیب فاعلی) اجلا رہنے والا۔ بھلا مانس۔ شریف طبع

سفید پوشی (ف۔امو) شرافت۔ اُجلا پن (سفید پوش کا اسم کیفیت ہے ؛

سفید کرنا (اُرد۔ فعل) (بھوسی) تابنے کو سنکھیا وغیرہ کی لاگ سے

چاندی کو رنگت کا کرنا۔ جوڑا بنانا ؛
سفید و سیاہ (ف۔ا۔صفت) بھلا برا۔ نیک و بد۔ بھلائی برائی ؛
سفیدہ (ف۔ا۔مذ) پھکے ہوئے جست کا پھول جو اکثر آنکھوں میں لگاتے ہیں۔ ایک قسم کا پودڑ۔ آم کی قسم کا ایک درخت
سفیدۂ سحر (سپیدۂ سحر ف۔ع۔مذ) صبح کی روشنی۔
سفیدی (ف۔ا۔مو۔ بیائے مصدری) صبح کی روشنی۔ دیواروں پر پھیرنے کا سفید چونہ۔ قلعی ؛
سفیدی آنا (ف۔فعل) بڑھاپا آنا۔ بوڑھا ہونا۔ بال سفید ہونا ؛
سفیدی پھیرنا۔ یا۔ کرنا (ف۔فعل) دیواروں پر سفید چونہ پھیرنا۔ قلعی کرنا ؛
سفیر (ع۔مذ) ایلچی۔ قاصد۔ پیک۔ دوت۔ وکیل۔ میانجی ؛
سفینہ (ع۔مذ) کشتی۔ ناؤ۔ کتاب اشعار بیاض۔ طلبی کا سمن۔ اطلاعنامہ ؛
سفیہ (ع۔صفت) بیوقوف۔ نادان۔ کم عقل۔ بدھو ؛

س - ق

سقا (ع۔مذ) پانی پلانے والا۔ بہشتی۔ ماشکی۔ کہار۔ پنیارا۔ پانی لانے والا ؛
سقاشاہی (ف۔ا۔مو) تھوڑے دن کی حکومت یا عارضی اقتدار وہ عارضی حکومت جو نظام سقے نے شہنشاہ ہمایوں کو خیر ڈوبنے سے بچانے کے صلے میں حاصل کی تھی ؛
سقاوہ۔ یا۔ سقابہ (ع۔مذ) طرف۔ پانی رہنے کی جگہ۔ پانی کا چھوٹا سا حوض جو اکثر غسل خانوں میں بنا دیا کرتے ہیں ؛
سقائی (ف۔ا۔مو) سقا کا کام ؛
سقر (ع۔مذ) دوزخ۔ جہنم۔ نرگ ؛
سقط (ع۔مذ) گھوڑے گدھے وغیرہ کا مر جانا۔ چوپایہ کی موت ؛
سقف (ع۔مذ) چھت۔ کوٹھا۔ بام۔ شامیانہ ؛
سقفی (ع۔صفت) چھت والا شتیر ؛
سقم (ع۔مذ) عیب۔ خرابی۔ نقص۔ بیماری۔ دکھ۔ علت ؛
سقمونیا (یونانی۔ا۔مذ) ایک نہایت کڑوی اور دست آور دوائی کا نام ہے۔ ایک قسم کا گوند۔
سقن۔ یا۔ سقنی (ف۔ا۔مو) سقا کی مونث۔ پنیاری۔ پانی بھرنے والی سقے کی بیوی ؛
سقنقور (یونانی۔ا۔مذ) گوہ کی شکل کا ایک جانور سانڈا۔ ریگ ماہی ؛
سقوط (ع۔ا۔مذ) خطا کرنا۔ گر پڑنا۔ کمر یا وزن کے خلاف کسی لفظ کا آجانا۔ جنگ ہارنا۔
سقے کی بادشاہی (ف۔مو) چند روزہ دولت۔ تھوڑی دیر کی حکومت۔ نظام سقے کی طرف اشارہ ہے ؛
سقیم (ع۔صفت) بیمار۔ ردگی۔ دکھیا۔ علیل۔ عیبی ؛
سقیم الحال (ع۔صفت) کمزور۔ ناتواں۔ تباہ حال۔ مریض مفلس۔ کنگال ؛

س - ک

سکار (ہ۔مو) علی الصبح۔ پو پھٹے تڑکا (سکال یعنی اچھا وقت کا بگاڑ ہے) ؛
سکارا (ہ۔مو) ہنڈی کی نیس ؛
سکارنا (ہ۔فعل) قبول کرنا۔ ماننا۔ تسلیم کرنا۔ اوٹنا۔ ذمہ لینا ؛
سکارے (ہ۔مذ) صبح۔ سویرے۔ تڑکے۔ دن نکلے۔ پو پھٹے۔ کل فردا ؛
سکالرشپ (Scholarship) تعلیمی وظیفہ۔ طالب علم کا وظیفہ ؛
سکان (ع۔مذ) پتوار۔ کشتی کا دنبالہ۔ ساکن کی جمع بھی ہے۔ رہنے والے۔ بسنے والے ؛
سکاؤٹ (Scout۔مذ) ایک عالم گیر جماعت جس کا مقصد لڑکوں میں خدمت خلق کا جذبہ پیدا کرنا ہے ؛
سکت (ہ۔ا۔مذ۔مو) طاقت۔ زور قوت۔ بوتا۔ توانائی۔ بل۔
سکتر (انگ۔ا۔مذ) سیکرٹری کا بگڑا ہوا ہے۔ منشی۔ دبیر۔ دیوان۔ میر منشی ؛ ناظم۔ معتمد۔ سیکرٹری کا مہتمد۔
سکتہ (ع۔ا۔مذ) ایک دماغی بیماری کا نام ہے جس میں انسان مردہ کی طرح بے حس و حرکت ہو جاتا ہے۔ مرض بیہوشی۔ مرگی۔ غشی۔
شعر کے وزن کی نامور دنی۔ لفظ کے آخر میں ساکن پڑھے جانے والی ہاے ہوز جیسے آمدہ ؛
سکتہ پڑنا (ف۔محاورہ) شعر کی روانی میں وقفہ پڑنا۔ وزن ٹوٹنا کسی لفظ کا بحر سے جدا ہونا ؛
سکتہ کا عالم (ف۔تابع فعل) بیہوشی کی نوبت۔ مقام حیرانی۔ حسرت اور سنسانی کی حالت ؛
سکٹ (ع۔مذ) مشکل۔ کٹھن۔ سخت۔ نزع کی حالت۔ چکڑا ؛
سکٹ چوتھ (ہ۔ا۔مو) سری گنیش۔ جی کے جنم کا دن ؛
سکرا (ہ۔مذ) ایک چمکدار ستارے کا نام ہے زہرہ۔ ناہید۔ جمعہ کا دن۔ سکردار ؛
سکر (ع۔مذ) خمار۔ نشہ۔ مستی۔ بے ہوشی ؛
سکر (ا۔مو) شکر چینی۔ کھانڈ۔ گنو۔ لوتے ہیں ؛
سکرات (ع۔مو) (سکرہ کی جمع) بیہوشیاں۔ مستیاں۔ جانکنی کی تکالیف۔ موت کی سختیاں ؛
سکرانت (س۔ا۔مو) سورج کا ایک برج سے دوسرے برج میں جانا ؛
سکڑ (ہ۔صفت) دوری رشتہ کے اظہار کا لفظ ہے۔ جیسے سکڑ دادا۔ سکڑ نانا وغیرہ ؛
سکڑا (ہ۔صفت) تنگ۔ بھچا ہوا۔ سمٹا ہوا۔ چوڑا کی ضد ؛

سکڑا کونا (ہ۔ا۔مذ) زاویہ حادہ ؛
سکڑ دادا (ہ۔مذ) دادا کا دادا ؛
سکڑنا (ہ۔فعل) سمٹنا۔ بھچنا۔ تنگ ہونا۔ کنجوسی کرنا۔ کنارہ کرنا۔ کانپنا۔ اینٹھنا۔ شکن پڑنا۔ تشنج ہونا۔ ٹھٹھرنا ؛
سکڑنانا (ہ۔مذ) پردانا کا باپ ؛
سکڑی (ہ۔صفت مؤنث) تنگ۔ بھچی ہوئی۔ چوڑی کی ضد ؛
سکڑی پڑنا (ہ۔فعل) سخت وقت پڑنا۔ دشواری آنا مصیبت پیش آنا ؛
سکڑی گھاٹی (ہ۔ا۔مو) دشوار گزار راستہ۔ دو پہاڑوں کے درمیان کا تنگ راستہ ؛
سکشا (ہ۔ا۔مو) سکھانا۔ پڑھانا۔ سیکھ۔ پند و نصیحت۔ وعظ ؛
سکل (س۔صفت) تمام۔ کُل۔ ہر ایک۔ سمپورن۔ سگرا ؛
سکنا (ہ۔فعل) قابل ہونا۔ لائق ہونا۔ ممکن ہونا۔ کوانستن کا ترجمہ ہے ؛
سکنات (ع۔ا۔مذ) دیکھئے سکنت کی جمع ہے ؛
سکنت (ع۔ا۔مو) ٹھہراؤ۔ سکون۔ حرکت کی ضد ؛
سکنا (ہ۔فعل) تپنا۔ بریاں ہونا۔ پکنا۔ تپنا۔ گرم ہونا دھوپ یا آگ میں ؛
سکنجبین (معرب۔ا۔مو) اصل میں سرکہ و انگبین سے مرکب سرکہ یا نیبو کے عرق سے بنایا ہوا شربت ؛
سکندر (یونانی) یونان کے ایک مشہور اور فاتح بادشاہ کا نام ہے جسے انگریزی میں الگزینڈر کہتے ہیں۔ کنایتاً خوش نصیب
سکندری (ا ف۔صفت نسبتی) منسوب بہ سکندر۔ سکندر کی بنائی ہوئی۔ گھوڑے کی ٹھوکر ؛
سکندری کھانا (ف۔ا۔مذ) گھوڑے کا ٹھوکر کھانا۔
سکندریہ (ف۔ا۔مذ) مصر کے مشہور شہر کا نام۔
سکنڈ Second (انگ۔ا۔مذ) ثانیہ۔ لمحہ۔ پل۔ منٹ کا ساٹھواں حصہ۔ دوسرا۔ ثانی۔ دُوم ؛
سکنہ (ع۔مذ) ساکن کی جمع ہے۔ غیر متحرک باشندے۔ وہ حروف جن پر کوئی حرکت نہ ہو ؛
سکنہ (ع۔مذ) سکون کی جگہ۔ مکان ؛
سکوٹر (انگ۔ا۔مذ۔Scooter) چھوٹے پہیوں والا موٹر سائکل
سکور (انگ۔ا۔مذ۔Score) کھلاڑی کا کھیل میں حاصل کردہ نمبر۔ کوڑی
سکوت (ع۔مذ) چپ۔ خاموشی ؛
سکورہ (ہ۔مذ) بوا ڈ مجھول۔ مٹی کا پیالہ کاسۂ گلی ؛
سکول (انگ۔مذ) مدرسہ۔ مکتب۔ پڑھنے کی جگہ ؛ School
سکون (ع۔مذ) آرام۔ ٹھہراؤ۔ اطمینان۔ تسلی۔ قرار۔ جزم۔ ساکن حروف کی علامت ؛
سکونت (ع۔ا۔مو) رہائش۔ بود و باش۔ قیام۔ مکان۔ رہنے کی جگہ ؛
سکونت پذیر ہونا (اُر۔فعل) رہ پڑنا بود و باش اختیار کرنا۔ رہائش اختیار کرنا ؛
سکونیات (ع۔ف۔اند) اصطلاح طبعیات۔ وہ علم جس میں اجسام کی حالت سکون کے متعلق بحث کی جاتی ہے ؛
سکھ (ہ۔مو) شاگرد۔ چیلا۔ مرید۔ گورو نانک صاحب کا معتقد۔ نانک پنتھی ؛
سکہ (۔اند) ٹھپا۔ نقش کیا ہوا۔ ڈھلا ہوا سونا چاندی جو ملک میں رواج پائے۔ بادشاہی مہر۔ حکم۔ حکومت۔ طرز۔ طریقہ۔ روش۔ قاعدہ قانون ؛ (اُر) رعب داب۔
سکہ بٹھانا (ہ۔فعل) حکم چلانا۔ سکہ جاری کرنا۔ اپنے نام کا روپیہ چلانا۔ حکم بٹھانا ؛
سکہ بند (اُر۔صف) سچا۔ پختہ۔ معیاری ؛
سکہ بنانا (ہ۔فعل) سکہ۔ ڈھالنا۔ چوری سے کوئی سکہ تیار کرنا ؛
سکہ چہرہ شاہی (اُر۔مذ) بادشاہ کی تصویر والا سکہ۔ انگریزی روپیہ ؛
سکہ رائج الوقت (ع۔مذ) وہ سکہ جو ملک میں چل رہا ہے۔
سکہ زن (صف۔ا۔مذ) فاعل ترکیبی۔ ٹکسالیہ۔ سکے ڈھالنے والا ؛
سکہ قلب۔ یا۔ جعلی (ع۔مذ) کھوٹا سکہ۔ شاہی ٹکسال میں نہ بنا ہوا سکہ۔ جھوٹا سکہ۔ ناجائز اور خلاف قانون بنا ہوا سکہ ؛
سکہ کہنا (اُر۔ محاورہ) نیا سکہ جاری ہونے پر اس کی تعریف میں شعر کہنا ؛
سکھ (ہ۔ا۔مو) آرام۔ چین۔ راحت۔ امن و امان۔ دُکھ کی ضد تندرستی ؛
سکھدائی (ہ۔ناعل۔مذ) آرام پہنچانے والا۔ راحت رساں۔ آرام دینے والا ؛
سکھ سینت کا سب کوئی ساتھی (ہ۔مثل) آرام اور دولت کے وقت کے سب رفیق ہوتے ہیں ؛
سکھ نیند (ہ۔مو) چین کی نیند۔ خواب نوشیں۔ خواب راحت ؛
سکھ میں رب کو یاد کرے تو دُکھ کاہے کو ہو (اُر۔مثل) راحت کے زمانے میں خدا کو یاد کیا جائے تو تکلیف نہیں ہوتی ؛
سکھا شاہی (اُر۔ا۔مو) سکھوں کی عملداری جس میں ظلم و ستم اور بے انصافی کا دور دورہ تھا ؛
سکھانا (ہ۔فعل) خشک کرنا۔ کسی کو نہایت انتظار میں رکھنا۔ دیر لگانا۔ بٹھائے رکھنا ؛
سکھانا (ہ۔فعل) کسی طریقہ یا ڈھب پر لگانا۔ تعلیم دینا۔ تربیت کرنا۔ پڑھانا۔ ترغیب دینا۔ ورغلانا۔ بہکانا۔ ہمت بڑھانا۔ حوصلہ دلانا ؛
سکھانا پڑھانا (ہ) تعلیم دینا۔ ورغلانا۔ بہکانا۔ بدگمان کرنا۔ تعلیم و تربیت کرنا ؛
سکھائے پوت دا بار نہیں جاتے (اُر۔مثل) اپنی عقل نہ ہو تو دوسرے کی عقل سے کام نہیں چلتا ؛
سکھائے میں آنا (اُر۔محاورہ) کسی کے بہکاوے میں آنا ؛
سکھپال (ہ۔ا۔مو) آرام دہ پالکی۔ زنانہ پالکی۔ ڈولہ۔ مہد ؛

سُکھ تلا (ہ) ا.مذ) پاتابہ۔ چمڑے کا ٹکڑا جو جوتے کے اندر رکھ لیا کرتے ہیں ؛

سُکھ درشن (ہ۔مذ) ایک بوٹی کا نام ہے جس کے پتوں کا پانی دافع درد گوش ہے ؛

سُکھی۔ یا۔ سُکھیا (ہ) ا.صفت) ترکیب۔ فاعلی۔ آرام والا۔ آسودہ۔ خوش۔ مطمئن۔ تندرست ؛

سُکھی رہو (ہ) دعا و ہندو فقرا یا برہمن کا مقولہ ہے۔ خوش رہو۔ تندرست رہو۔ آرام سے رہو ؛

سکھی (ہ۔ا.مو) لغوی۔ مددگار۔ معاون۔ دوست۔ مجازاً۔ سہیلی۔ ہم عمر عورت یا لڑکی۔ سدا سہاگن فقیروں کا گروہ جو زنانہ لباس رکھتا ہے۔ زنخہ۔ ہیجڑا ؛

سُکیڑنا (ہ۔فعل) جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ فراہم کرنا۔ جھاڑ دینا۔ صاف کرنا ؛

سُکیڑیا (ہ۔فعل) بھینچنا۔ تنگ کرنا۔ چست کرنا۔ سمیٹنا۔ اکٹھا کرنا۔ پھیلانا کی ضد ؛

سکیلا (ہ۔بیائے مجہول۔ اسم مذکر) ایک قسم کی تلوار۔ سیف شمشیر۔ تلوار ؛

سکیل (Scale) پیمانہ۔ سکیم۔

سکیم (Scheme۔ ا.مو) تجویز۔ مصلحت۔ منصوبہ

سکین (ع۔ ا.مو) چھری۔ چاقو ؛

سکین

سکینت / سکینہ (ع۔ا.مو) سکون۔ آرام ؛

س - گ

سگ (ف۔ا.مذ) کتا ؛

سگ

سگ باش برادر خورد مباش (ف) مثل) چھوٹے بھائی کی کچھ توقیر نہیں ہوتی ؛

سگ بازاری (ف۔ا.مذ) عام کتا۔ جو بازاروں رستوں میں پڑا رہتا ہے ؛

سگ تازی (ف۔ا.مذ) شکاری کتا۔ عربی نسل کا کتا ؛

سگ حضوری بہ از برادر دوری (ف) مثل) پاس رہنے والے ادنے آدمی کی بھی رعایت کرنی پڑتی ہے ؛

سگ دیوانہ (ف) باؤلا کتا۔ ہڑکایا۔ بدمزاج ؛

سگ زرد برادر شغال (ف) مثل) جیسا یہ ویسا وہ ؛

سگا (ہ۔صفت) خاص۔ حقیقی۔ ایک باپ کا۔ اپنا۔ یگانہ داماد۔ جنوائی۔ خویش۔ بیٹی کا خاوند۔ ایک ہی گاؤں کے رہنے والے ؛

سگا بھائی (ہ۔ا.مذ) حقیقی بھائی۔ ایک ماں باپ کی اولاد ؛

سگار (انگ۔ ا.مذ) بڑا سگریٹ جو تمباکو کا پتا لپیٹ کر بنایا جاتا ہے۔ چرٹ ؛

سگارت / سگارٹ (ہ۔مو) اپنایت۔ خویشی رشتہ۔ ناتہ۔ یگانگت۔ قرابت ؛

سگارے (ہ۔فعل) متعلق۔ صبح کو۔ علی الصبح ؛

سگال (ف۔ لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر سگالیدن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل۔ ترکیبی بنا دیتا ہے اور اندیشہ کرنے والے یا چاہنے والے کے معنی دیتا ہے۔ جیسا کہ خیر سگال یا بد سگال ؛

سگنل

سگالی (ہ۔مو) نسبت۔ منگنی۔ قرابت داری

سُگندھ (ہ۔مو) خوشبو۔ مہک ؛

سگنل (Signal ۔ ا۔ مذ۔ اشارہ۔ وہ نشان جس سے ریل گاڑی کے آنے کا پتہ چلتا ہے ؛

سگنلر (Singular ۔ ا۔ مذ۔ فاعل تار بابو۔ ٹیلیگراف۔ کلرک۔

سُگھڑ (ہ) صفت۔ سلیقہ والی۔ تمیز دار۔ کاریگر۔ ہنرمند۔ ہنردار۔ دانشمند ؛

سُگھڑاپا۔ یا۔ سُگھڑاپن (ہ۔مذ) ہنرمندی۔ تمیز داری۔ دانائی ہوشیاری۔ چترائی ؛

سگھا (ہ۔مذ) اناج کا ڈھیر۔ تودۂ غلہ ؛

س - ل

سِل (ہ۔ا.مو) ایک بیماری کا نام ہے۔ تپ دق ؛

سِل (ہ۔ا.مو) مصالحہ پیسنے کا پتھر۔ عمارتوں میں لگانے کا پتھر تپلا اور چوڑا ٹکڑا ؛

سل بٹا (ہ۔ا.مذ) چوڑے پتھر کا ٹکڑا اور لمبا پیسنے کا بٹا ؛

سِلا (ہ۔ا.مذ) خوشہ۔ سٹہ۔ سنبلہ۔ بالیں جو نہایت خشک ہو کر کھیت میں گر پڑتی ہیں ؛

سِلا چگنا (ہ۔فعل) بالیں چگنا۔ خوشہ چینی کرنا ؛

سِلا ہار۔ یا۔ سِلے ہار (ہ۔مذ۔ فاعل ترکیبی) سلا چگنے والا۔ خوشہ چین ؛

سِلا جیت (ہ۔ا.مذ) ایک رقیق مادے کا نام ہے جو پتھر سے نکلتا اور بطور دوائی استعمال ہوتا ہے ؛

سِلاح (ع۔ا.مذ) لڑنے کے ہتھیار۔ اوزار ؛

سِلاح بند (ع۔ا.صفت) ہتھیار لگانے والا۔ مسلح۔ پانچوں ہتھیاروں سے لیس ؛

سِلاح خانہ (ع۔ا.مذ۔ ظرف) ہتھیار گھر۔ قورخانہ۔ میگزین۔ زرہ خانہ ؛

سِلاح ساز (ع۔ مذ۔ فاعل) ہتھیار بنانے والا۔ زرہ گر۔ زرہ فروش ؛

سِلاح شور / سلحشور (ف۔صف) بہادر سپاہی۔ ہتھیار بند سپاہی۔ میگزین کا داروغہ ؛

سَلاخ (اُر-مو) سیخ - سلائی - لوہے یا دھات کی چھڑی ٭
سلاخی گندھک (اُر- ا-مو) اصطلاح کیمیا) وہ گندھک جو سلاخوں کی شکل میں ہو -
سَلاد (انگ-ا-مذ Salad) کچے ساگ اور ترکاریوں کا کچرا ٭
سَلاست (ع-ا-مو) عام فہمی - روانی - سادگی - صفائی - نرمی - ملائمت آسانی - سہولت ٭
سَلاسَتِ زُبان (عف-ا-مو) فصاحت - شیریں زبانی - نرم کلامی ٭
سَلاسِل (ع-ا-مو) سلسلہ کی جمع - بیڑیاں - زنجیریں - لڑیاں ٭
سلاطین (ع-ا-مذ) سلطان کی جمع - بہت سے بادشاہ - قیصر ٭
سلام (ع-ا-مذ) کورنش - بندگی - ڈنڈوت آداب - تسلیم - بس اب رخصت ہے - جایئے خاتمہ نماز - تعریظا مایوسی - نا اُمیدی ٭
سلام پھیرنا (اُر- فعل) نماز کے خاتمہ پر دائیں بائیں منہ پھیر کر السلام علیکم ورحمتہ اللہ کہنا - نماز ختم کرنا ٭
سلام پیام - یا - سلام پیغام (اُر-محاورہ) منگنی کی بابت ذاکرا ذکار - سگائی کی نسبت بات چیت ٭
سلام دینا (اُر- محاورہ) رخصت کرنا - وداع کرنا - الگ کرنا - چھوڑ دینا - شکریہ ادا کرنا - زبانی رسید دینا ٭
سلام رُوستائی بے غرض نیست (ف - مثل) سلام کرنے والوں کا عموماً کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے ٭
سلام روستائی بے غرض نیست (ف - مثل) مطلبی آدمی اور ضرورت مند کا آنا بے سبب نہیں ہوتا ٭
سلام طلب (ع - مذ) سلام کا خواہاں سلام کا متمنی - سلام چاہنے والا ٭
سلام شوق (ع-ا-مذ) محبت اور اشتیاق کا سلام -
سلامٌ علیکم (ع) خطاب وندا - تم پر سلامتی ہو - تم سلامت رہو - خدا تمہیں سلامت رکھے - واحد اور جمع دونوں جگہ مستعمل ہے ٭
سلام کرائی (اُر-مو) وہ نقدی جو دولہن کے رشتہ دار دولہا کی رخصت کے وقت دیتے ہیں - سلامی ٭
سلام کر کے چلنا (اُر- محاورہ) ناراضگی
سلام کر چلنا اور خفگی سے رخصت ہونا ٭
سلام کرنا (اُر- محاورہ) ماتھے یا سینے یا سر پر ہاتھ رکھنا - آداب بجا لانا - ڈنڈوت کرنا - رام رام - رخصت ہونا - چلنا وداع ہونا - باز آنا - معافی چاہنا - چھوڑنا - خدا حافظ کہنا - خیر باد کہنا - ماننا - قبول کرنا - ہار مان لینا - کسی کو اپنے سے زیادہ کامل فن اُستاد تسلیم کرنا ٭
سلام کروانا (اُر- ا-مو) سلامی - وہ رقم جو رخصتی کے وقت دولہا کے سلام کرنے پر دلہن والوں کی طرف سے دی جاتی ہے
سلام لینا (اُر) سلام کا جواب دینا - سلام قبول کرنا ٭
سلامِ نیاز (ع - ف - مذ) عاجزی کا سلام ٭

سلام سے (اُر- محاورہ) چھوڑ دیا - ترک کیا - باز آئے - معاف رکھئے - خدا بچائے ٭
سلامت (ا-صفت) صدمہ اور آفتوں سے بری - محفوظ - بچا ہوا صحیح - تندرست زندہ - قائم (اُر) اسم صفت - پورا - کامل صحیح سالم (بصورت) اسم مونث سلامتی - امن - اطمینان - بخیر و عافیت ٭
سلامت رو (عف - اصفت) ترکیب فاعلی - کم خرچ - کفایت شعار چین سے چلنے والا - مدبر - منتظم ٭
سلامت روی اختیار کرنا (اُر- محاورہ) میانہ روی سے زندگی گزارنا - اوسط درجہ پر رہنا - بڑھ کر نہ چلنا - نیک چلنی اختیار کرنا ٭
سلامتی (ف-ا-مو) امن - حفاظت - بچاؤ - خیریت - خیر و عافیت صحت تندرستی (عربی مصدر کے آخر میں یائے فارسی مصدری لگا دی ہے) ٭
سلامتی کا جام پینا (اُر- فعل) کسی حاکم یا بادشاہ کی صحت اور زندگی کے جلسہ کے وقت یادگار کے طور پر شراب پینا ٭
سلامی (ع-ا-مو) بیائے مصدری ہڑائی - سلام - ہتھیار اُٹھا کر سلام کرنا مجرا - سپاہیانہ سلام - توپوں یا بندوقوں کے فیر سے تعظیم بجا لانا - شلک چھوڑنا - نذرانہ - تحفہ - ڈھلوان (بصورت یائے فاعلیت) سلام کرنے والا - مجرئی ٭
سلامی اُتارنا (اُر- فعل) کسی بادشاہ یا حاکم اعلیٰ کی آمد کے وقت توپوں یا بندوقوں کے چھوڑنے سے تعظیم بجا لانا - توپوں سے سلامی کا اظہار کرنا -
سلامی ہونا (اُر- فعل) ڈھلوان ہونا - ترچھا ہونا - ڈھالو ہونا - کسی بادشاہ یا حاکم اعلےٰ کی تشریف آوری کی توپیں چھوٹنا - دولہا کی سلام کرائی کی رسم ادا کرنا ٭
سُلا دینا (ا-فعل) بچے کو بہلا کر سلا دینا - زہر دے کو مار ڈالنا - گلا گھونٹ دینا ٭
سُلانا (ا-فعل) بچہ کو تھپک کر نیند دلوانا - دفن کرنا - گاڑنا - قبر میں رکھنا ٭
سِلانا (ا-فعل) سینا کا متعدی ہے - سرد کرنا - دروازے کے دونوں کواڑوں پر لوچا کا پانی ڈالنا - سلوانا - بخیہ کرانا ٭
سلائی (ا-مو) (حاصل مصدر) معاوضہ - سینا یعنی سینے کا کام سیوں ٹانکا - دوخت - سینے کی اجرت - سلوانے کی مزدوری ٭
سَلائی (ا-ا-مو) آلہ - سرمہ لگانے کی گول اور پتلی سلاخ - سُرمچو - عمل جراحی میں پیشاب لانے یا دوا لگانے کی سیخ - نلی بگڑی کے اندر رکھنے کی پتلی سینک - ٹاٹ سینے کا سُوا - دیا سلائی کی تیلی ٭
سلائی پھیرنا (ا-فعل) اندھا کرنا - نابینا کرنا - گرم سلائی سے اندھا کرنا ٭
سَلَب (ع-مو) نفی بے جانے یا مٹانے کا عمل کشش - جذب - اخذ ٭
سَلبی (ع - صفت) دیکھئے سلب سے منسوب منفی ٭
سلیپٹ (ا-اصفت) چورس - صاف مسطح - ہموار - سپاٹ - نپٹ

اندھا۔ انگریزی سلیپر کا بگاڑ۔ بن ایڑی جوتی ریل کی سڑک پر لائن بچھانے اور ڈالنے کے لیے لکڑی کے چورس تختے

سلیپچی۔ یا سلیفی (اُر۔مو) چلمچی۔ ہاتھ دھونے کا برتن ؛

سُلٹا۔ یا سُلٹا ہوا (ا۔صفت تبرکیب مفعولی) بھگتا ہوا۔ تجربہ کار آزمودہ کار۔ خرانٹ ؛

سُلٹانا (ہ۔فعل) بھگتنا۔ آپس میں نمٹنا۔ باہم طے کرنا۔ سمجھنا ؛

سُلجھانا (ہ۔فعل) جُدا کرنا۔ کھولنا۔ فیصلہ کرنا۔ حل کرنا۔ تشریح و توضیح کرنا ؛

سُلجھاؤ۔ یا سُلجھاوا (ہ۔مذ۔حاصل مصدر) فیصلہ۔ تشریح عقدہ کشائی۔ وضاحت ؛

سُلجھا ہوا / سُلجھایا (اُر۔صف) تجربہ کار۔ آزمودہ کار ؛

سُلجھنا (ہ۔فعل) آسان ہونا۔ حل ہونا۔ کھلنا۔ فیصلہ ہونا تشریح ہونا۔ نمٹنا ؛

سِلح (ع۔ا۔مذ) لڑائی کا اوزار۔ ہتھیار۔ آلہ جنگ ؛

سِلح پوش (ف۔ا۔صفت) ہتھیار لگانے والا۔ بہادر سپاہی ؛

سِلح خانہ (ع۔ف۔صفت) اسلحہ خانہ۔ ہتھیار رکھنے کا کمرہ ؛

سَلخ (ع۔ا۔مذ) قمری مہینے کا آخری دن۔ کھال اُتارنا۔ کھال کھینچنا۔

سَل رچنا (ہ۔فعل) خودکشی کرنا۔ ماتم کرنا۔ گھر کا بندوبست کرنا۔

سَلَس (ع۔ا۔مذ) نرمی۔ آسانی ؛

سَلسال (ع۔صفت) شفاف۔ میٹھا پانی ؛

سَلسلانا (ہ۔فعل) سرسراہٹ ہونا۔ جوں وغیرہ کا رینگنا۔ نرم نرم گُدگدی ہونا ؛

سلسلاہٹ (ہ۔مو۔حاصل مصدر) خارش کھجلی۔ گدگدی ؛

سَلسَل بول (ع۔مذ) پیشاب کا قطرہ۔ قطرہ آنا۔ ذیابیطس۔ ایک بیماری کا نام ؛

سَلسبیل (ع۔ا۔مو) بہشت کی ایک نہر۔ خوشگوار چیز۔ نہر ؛

سِلسلہ (ع۔ا۔مذ) بیڑی۔ زنجیر۔ صف۔ بیس۔ نسل۔ خاندان۔ ترتیب درستی۔ شجرہ۔ کرسی نامہ ؛

سِلسلۃ الذہب (ع۔ا۔مذ) سونے کی زنجیر۔ سنہری زنجیر۔ (کنایتاً) لائق فائق لوگوں کا گروہ ؛

سِلسلہ جاری کرنا (اُر۔محاورہ) ہمیشہ کے لیے کسی کام کی بنیاد ڈالنا۔ آغاز کرنا۔ شروع کرنا ؛

سِلسلہ جُنبان (ع۔ف۔صفت) تحریک کرنے والا۔ بات نکالنے والا ؛

سِلسلہ چلنا (اُر۔محاورہ) کسی بات کا شروع ہونا کسی بات کا تسلسل ؛

سِلسلہ نکلنا (اُر۔محاورہ) آغاز ہونا۔ طریقہ پیدا ہونا۔ تعلق نکل آنا ؛

سِلسلہ وار (ع۔ف۔ا۔صفت) ترتیب وار۔ قطار وار۔ درجہ بدرجہ ؛

سُلطان (ع۔ا۔مذ) راجہ بادشاہ۔ حاکم۔ فرماں روا۔

سُلطانہ (ع۔مو۔بیائے تانیث) رانی۔ شہزادی۔ ملکہ ؛

سُلطانی (ع۔مو۔بیائے مصدری) سلطنت۔ حکومت۔ بادشاہی ؛

سَلطَنت (ع۔مو۔مصدری) بادشاہی۔ حکومت۔ راج۔ عملداری ؛

سلطنت بٹھنا (اُر۔محاورہ) عملداری قائم کرنا ؛

سلطنت جمہوری (ع۔مو) وہ حکومت جس میں رعایا اپنا پریذیڈنٹ یا حاکم کا خود انتخاب کرے ؛

سلطنت شخصی (ع۔مو) خودمختار بادشاہ کی حکومت۔ مطلق العنان حکومت ؛

سلطنت متحدہ (ع۔مو) ملی ہوئی سلطنت۔ چند ملے ہوئے صوبوں کی حکومت ؛

سَلَف (ع۔صفت) اگلا۔ گزشتہ۔ اب سے پہلے کا۔ سابقہ۔ اگلے لوگ بزرگان گذشتہ

سلف گورنمنٹ (انگ۔ا۔مو) اپنی حکومت آپ کرنی خودمختیاری ؛

سُلف (اُر۔مذ) سودا کا مرادف۔ چیز بست۔ سامان۔ اسباب۔ (یہ لفظ سودا کے ساتھ مخصوص ہے۔ تنہا نہیں آتا) ؛

سُلفا۔ یا سُلفہ (اُر۔مذ) ایک دفعہ چلم میں بھرنے کی تمباکو کی مقدار یا چرس کی مقدار ؛

سُلفا کر ڈالنا (اُر۔محاورہ) جلا کر راکھ کر ڈالنا۔ خاکستر کر دینا۔ دولت برباد کر دینا ؛

سلفر Sulphur (انگ۔ا۔مذ) گندھک۔ کبریت ؛

سِلک (ع۔مذ۔مو) لڑی۔ ہار۔ تاگا۔ دھاگا۔ رشتہ۔ قطار۔ لائن۔ ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ پرونا ؛

سِلک بندی (ع۔ف۔ا۔مو) مالگذاری کی روزانہ آمدنی کا حساب جس کو مہینے کے آخر میں جمع کر کے میزان لگاتے ہیں ؛

سَلگ (ہ۔صفت) پورا کامل۔ تمام لگاتار۔ برابر۔ ایک سرے سے دوسرے سرے تک ؛

سُلگانا (ہ۔فعل) آگ جلانا۔ آگ بالنا۔ بھڑکانا۔ روشن کرنا جلانا فساد ڈالنا ؛

سُلگنا (ہ۔فعل) آگ کا بھڑکنا۔ روشن ہونا۔ جلنا۔ تنگ ہونا۔ غم یا حسد سے جلنا ؛

سَلَم (ع۔مو) پیشگی قیمت۔ بیانہ۔ تقادی۔ پیشگی ؛

سلما (ہ۔مذ) چاندی یا سونے کے چمکیلے تار۔ بادلہ۔ مقیش ؛

سلنا (ہ۔فعل) چھدنا۔ سوراخ ہونا۔ بندھنا (متعدی) زخم دینا۔ کوچے لگانا ؛

سِلنا (ہ۔فعل) سیا جانا۔ دوختہ ہونا ؛

سلنڈر (انگ۔ا۔مذ) Cylinder

سلنڈر Cylinder

مائع چیزوں کو ڈالنے والا برتن ؛

سلو (انگ۔ بواؤ۔ مجہول۔ صفت) آہستہ سُست۔ مدہم۔ دھیما کم رفتاری ٭ Slow

سلَو (ہ۔ بواؤ معروف۔ اسم مذکر) چمڑے کا ڈورا جو سلائی گھٹائی کے کام آتا ہے۔ کٹا ہوا چمڑا۔

سلُوا / سلوی (ع۔ امذ) ایک قسم کا بٹیر ٭

سلوائی (اُر۔ا۔ مو) سلوانے کی مزدوری ٭

سلوتری (ہ۔ اسم مذکر) گھوڑوں کا ڈاکٹر بیطار ٭

سلوٹ (ہ۔ اسم مؤنث) شکن۔ ہل۔ چین۔ جھرّی ٭

سلور Silver۔انگ۔ا۔مو) چاندی۔ سیم۔ نقرہ سفید تانبا سفید گلٹ دار رنگ۔ سفید ملمع والی رنگت ٭

سُلوک (ع۔ اسم مذکر) راستہ چلنا۔ رستہ راہ۔ طریقہ۔ برتاؤ۔ رویہ۔ راہ خدا جوئی۔ صلح۔ دوستی۔ لاپ۔ نیکی۔ بھلائی۔ خیر خواہی۔ بخشش۔ عطا۔ سخاوت ٭

سلونا (ہ۔ اسم صفت مذکر) نمک والا۔ نمکدار۔ نمکین۔ چٹ پٹا ٭

سلونوں (ہ۔ اسم مؤنث و مذکر) ہندوؤں کے ایک تیوہار کا نام ہے جو ساون کے مہینے میں ہوتا ہے۔ راکھی پونو۔ رکھشا بندھن ٭

سلونی (ہ۔ اسم صفت۔ مو) نمکین چیز ٭

سلیح۔ یا۔ سلیج (ہ۔ مو) سالے کی بیوی۔ سالے کی جورو ٭

سِلی (ہ۔ا۔مو) اُسترا اور چاقو وغیرہ تیز کرنے کی پتھری۔ سان۔

سلی (ہ۔ مو) موٹا تختہ درخت کے تنے کا تختہ۔ موٹا پٹڑا۔ مرغابی بھوسہ۔ رلا ہوا اناج ٭

سلیبس (ر Syllabus۔انگ۔ امذ) نصاب ٭

سلیپر (انگ۔ا۔مو) کھلی جوتی۔ ہلکی جوتی ریل کی سڑک یا مکان کی چھت وغیرہ پر بچھانے کا لکڑی کا موٹا تختہ۔ پٹنے کا مال Slipper ، Sleeper



سلیٹ

سلیٹ۔ Slate۔ا۔مو) پتھر کی تختی ٭ بچوں کے لکھنے کی چیز۔ تختہ۔

سلیس (ع۔ا۔صفت) عام فہم۔ نرم۔ ہموار۔ صاف ٭

سلیطہ (ع۔ا۔صفت) تیز زبان عورت۔ زبان دراز عورت ٭

سلیقہ (ع۔ا۔مذ) تمیز۔ شعور۔ لیاقت۔ سمجھ ٭

سلیم (ع۔صفت) درست۔ ٹھیک۔ صلح پسند آدمی۔ نرم مزاج بردبار۔ تندرست۔ عاقل ٭

سلیم الطبع (ع۔صفت) نرم دل۔ متحمل مزاج۔ فہیم۔ عقل مند ٭

سلیمان (ع۔ا۔مذ) بنی اسرائیل میں سے ایک مشہور پیغمبر کا نام ہے جو شام میں ہوئے ہیں۔ اُن کی حکومت آدمیوں کے علاوہ جنوں پریوں وغیرہ تمام مخلوق پر تھی ٭

سلیمانی (ع۔ صفت بیائے نسبتی) ایک قسم کا دورنگا چکدار پتھر کا منکہ۔ سیاہ و سفید رنگ ٭

سلیمانی ٹوپی (اُر۔ امو) ایسی ٹوپی جسے سر پر اوڑھنے سے انسان دوسروں کی نظروں سے چھپ جائے۔ مگر اُسے ہر ایک دکھائی دے ٭

سلیمو (ہ۔ا۔مو) بندریا کا فرضی نام مجازاً بدسلیقہ۔ پھوہڑ ٭

س - م

سم (ہ۔ مذ) نال اور سُر کی آواز۔ برابر۔ پورا۔ کامل ٭

سُم (ہ۔ا۔مذ) گھوڑے اور گدھے کا پیر گھوڑے کی ٹاپ۔ پوڑ۔ ناخن ٭

سُم ڈوبنا (اُر۔ محاورہ) سخت لڑائی میں گھوڑوں کے سُم خون میں تر ہونا ٭

سُم لینا (ہ۔ فعل) گھوڑے کا ٹھوکر کھانا۔ سکندری کھانا ٭

سَمّ (ع۔ مذ) زہر۔ بس۔ چھید۔ سوراخ ٭

سَمّ الخیاط (ع۔ امذ) سوئی کا ناکہ ٭

سَمّ الفار (ع۔ مذ) چوہوں کا زہر۔ سنکھیا۔ ایک قسم کے زہر کا نام ٭

سَمّ قاتل (ع۔ مذ) زہر ہلاہل۔ فوراً ہلاک کر ڈالنے والا زہر ٭

سَما (ع۔ا۔مذ) فلک۔ آسمان۔ اکاش۔ امبر ٭

سَما۔ یا۔ سماں (ہ۔ مذ) وقت زمانہ۔ ساعت سُکال۔ موقع محل۔ رُت۔ موسم۔ فصل۔ اچھی فصل۔ ارزانی۔ سستاپن تماشا۔ سیر۔ کیفیت۔ حالت۔ عالم۔ بہار۔ رونق۔ لُطف۔ کثرت۔ بہتات۔ سال۔ برس۔ سمت۔ آرائش۔ طرف۔ سمت ٭

سماں باندھنا (ہ) کیفیت پیدا کرنا۔ رنگ جمانا۔ ناچ رنگ کی کیفیت میں محو ہونا ٭

سَمائت (س۔ صفت) پُورا۔ کامل۔ مکمل۔ پورا ہونا

سما جانا (ہ۔ فعل) بس جانا۔ بیٹھ جانا۔ جم جانا۔ بھر جانا ٭

سَماج (س۔ مو) سوسائٹی۔ سبھا۔ انجمن۔ گروہ۔ ٹولی۔ جتھا ٭

سَماجت (ع۔ مو) خوشامد۔ چاپلوسی۔ منت ٭

سماجی (س۔ا۔مذ) بیائے فاعلیت) سماج کا ممبر۔ ڈوم۔ ڈھاڑی پیروائی ٭

سَما چار (س۔ مذ) خبر۔ اطلاع۔ واقفیت حالت۔ روئداد۔ خبر و عافیت۔

سَما دھ (س۔ مذ) گڑھا۔ غار۔ قبر ہندو جوگیوں اور راجاؤں کی ہڈیاں دفن ہونے کی جگہ ٭

سمادھ لینا (اُر۔ محاورہ) جوگیوں۔ سنیاسیوں کا جیتے جی دفن ہو جانا۔ دم سادھ کر کچھ مدت کے لیے زمین میں گڑ جانا ٭

سمادھ لگانا (اُر۔ محاورہ) سانس روکنا جس دم چلہ کھینچنا ٭

سمادھان (س۔ا۔مذ) مذہبی تعصب۔ مراقبہ۔ گیان دھیان۔ سوال کا جواب ٭

سَمارُوغ (ف۔ امذ) گرمتا۔ گھمبی ٭

سَمارو ک (ف۔ اند) کبوتر ؛
سَماع (ع۔ مذ) سُننا۔ راگ سُننا۔ ناچ۔ رنگ گانا بجانا۔ حال۔ وجد ؛
سماعت (ع۔ مو۔ حاصل مصدر) سُنوائی۔ شنوائی ؛
سماعت کے قابل (اُ۔ مذ۔ صفت) سُننے کے قابل۔ حاکم کی توجہ کے لائق ؛
سماعی (ع۔ صفت) سُنا ہوا۔ نقلی۔ روایتی۔ سینہ بہ سینہ ؛
سَماق (ع۔ مذ) ایک قسم کا سنگ مرمر ؛
سماکھا (ہ۔ مذ۔ فاعل) بینا۔ آنکھوں سے دیکھنے والا ؛
سَمان (ہ۔ صفت) مانند۔ برابر۔ نظیر۔ ثانی۔ جیسا۔ مشابہ ؛
سمانا (ہ۔ فعل) پُورا آنا۔ بیٹھنا۔ جم جانا۔ پُر ہونا۔ گنجائش ہونا۔ رچنا۔ بسنا۔ جچنا۔ پسند آنا۔ مدنظر ہونا ؛
سماوار (ف۔ اند) پانی گرم کرنے کا دہرا برتن ؛
سماوی (ع۔ صفت بیائے نسبتی) آسمانی اُوپر کی۔ ازغیبی ؛
سمائی (ہ۔ مو) حاصل مصدر۔ گنجائش۔ وسعت۔ برداشت۔ تحمل حوصلہ ؛
سماد (س۔ ا۔ مو) گفتگو۔ بات چیت۔ بول چال۔ سوال جواب۔ کہانی۔ قصّہ کتھا۔ خبر اطلاع۔ سندیسا ؛
سَمبت (ہ۔ مذ) سال۔ سنہ۔ برس۔ راجہ بکرماجیت کا ایجاد کردہ ہندی سال ؛
سَمبل (اُ۔ اند) زیر سنکھیا ؛
سَمبَندھ (ہ۔ مذ) نسبت۔ تعلق۔ ناتہ۔ رشتہ۔ کنبہ۔ قبیلہ۔ میل ملاپ۔ راہ رسم۔ قافیہ۔ ٹنک۔ گوت۔ برادری ؛
سَمبندھی (ہ۔ صفت بیائے فاعلیت) رشتہ دار۔ قرابتی۔ متعلقین۔ ناتہ دار ؛
سَمبَندھی پتر (ہ۔ ا۔ مو) نسب نامہ۔ کرسی نامہ۔ شجرۂ نسب ؛
سَمپَت (ہ) بہبودی۔ بہتری۔ خوشحالی۔ فارغ البالی۔ ترقی جاہ جلال ؛
سَمپٹ (ہ۔ مو۔ مذ) کیمیاگروں کا دوائیوں کو آنچ دینے کا تانبے یا لوہے وغیرہ کا برتن ؛
سَمپٹی (ہ۔ مو) پوجا کا چندن رکھنے کی سونے کی کٹوری ؛
سَمپُورن (ہ۔ صفت) کامل۔ پُورا۔ مکمل۔ تمام۔ سارا۔ ثابت۔ از سر تا پا ؛
سَمت (ع۔ ا۔ مو۔ ظرف) پہلو۔ رُخ۔ جہت۔ راہ۔ راہ راست۔ رشد ؛
سَمت اُلراس (ع۔ مو) سر کی طرف۔ اُوپر۔ ترقی کا کمال۔ اوج۔ بلندی ؛
سَمٹ / سمٹن (ہ۔ ا۔ مو) شکن۔ سکڑن۔ اکٹھا کرنے کا فعل ؛
سمٹ جانا (ہ۔ فعل) سکڑ جانا۔ اکٹھا ہونا۔ چھوٹا ہو جانا۔ کم ہونا۔ مر جانا۔ رخصت ہونا ؛
سمٹانا (ہ۔ فعل) سکڑنا۔ اکٹھا ہونا۔ رخصت ہونا۔ مرنا ؛
سمٹانا (اُ۔ مصدر) دیکھئے سمٹنا۔ جس کا یہ متعدی ہے ؛

سَمجھ (ہ۔ مو) فہم۔ عقل۔ گیان۔ دانائی۔ ادراک ؛
سمجھ آنا (اُ۔ محاورہ) ہوشیار ہونا۔ عقل آنا۔ سیانا ہونا ؛
سمجھ اُڑ جانا (اُ۔ محاورہ) عقل جاتی رہنا۔ عقل ماری جانا ؛
سمجھ اُلٹی ہونا (اُ۔ محاورہ) عقل پھر جانا۔ دماغ اُلٹنا ؛
سمجھ اوندھی ہونا (اُ۔ محاورہ) دیکھئے سمجھ اُلٹی ہونا ؛
سمجھ بُوجھ (ہ۔ مو) فہم و فراست۔ جان بوجھ۔ دانائی ؛
سمجھ پر پتھر پڑیں (ہ۔ محاورہ) یہ سمجھ برباد ہو۔ ایسی عقل چولہے میں پڑے ؛
سمجھ دار (اُ۔ صفت تبرکیب فاعلی) ہوشیار۔ دانا۔ سیانا۔ عقل مند ؛
سمجھ کا پھیر (اُ۔ مذ) ناسمجھی ؛
سمجھانا (ہ۔ فعل) سمجھانا۔ ذہن نشین کرنا۔ دل میں بٹھانا۔ نصیحت کرنا۔
سمجھانا بجھانا (اُ۔ مصدر مرکب) اُونچ نیچ دکھانا۔ عقل دینا ؛
سمجھنا (ہ۔ فعل) جاننا۔ بوجھنا۔ سیکھنا۔ دل میں بٹھانا۔ بدلہ لینا۔ ذہن نشین ہونا۔ مارنا پیٹنا۔ سزا دینا۔ سوچنا۔ فکر کرنا۔ خیال کرنا۔ ماننا۔ قبول کرنا۔ فہم کرنا۔ ہوشیار کرنا ؛
سمجھے (ہ) کلمہ برائے استفہام۔ خیال میں آیا؟ جان لیا؟ دیکھا؟ ہوش آیا ؛
سمجھنے والے کی موت ہے (اُ۔ مقولہ) عقل مند کو بڑی مشکلوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے ؛
سمجھوتا یا سمجھوتی (ہ۔ مذ۔ مو) سمجھ لینا۔ ٹھہر لیا ہوا۔ مقررہ سازش ؛
سمُدّا (ہ۔ صفت) سارا۔ تمام۔ کامل پُورا ؛
سمُدّر (س۔ ا۔ مذ) سمندر۔ بحر۔ ساگر ؛
سَمدھن (ہ۔ مو) (سمبندھن کا بگڑا ہوا) دولہا دولہن کی مائیں اور دیگر رشتہ کی عورتیں آپس میں سمدھن کہلاتی ہیں ؛
سَمدھی (ہ۔ ا۔ مذ) دُولہا دولہن کا باپ۔ سمدھن کا خاوند ؛
سَمدھیانہ یا۔ سَمدھیانا (ہ۔ اسم۔ مذ) دولہا دولہن کا گھرانا۔ سمدھی کا خاندان۔ سمدھی کا گھر ؛
سُمرن (ہ۔ مو) یاد خدا۔ چینی۔ تسبیح مالا۔ ورد۔ وظیفہ ؛
سُمرنا (ہ۔ فعل) مالا پھیرنا۔ تسبیح کرنا۔ یاد خدا کرنا۔ رام سمجھنا۔ رٹنا ؛
سُمرنی (ہ۔ ا۔ مو) چھوٹی سی تسبیح۔ چھوٹی سی مالا ؛
سم سِم (ع۔ اند) گنجد۔ تل۔
سمع (ع۔ اسم۔ مذ) کان۔ گوش۔ کرن۔ سننے کی قوت ؛
سمع خراشی (ع۔ ف۔ ا۔ مو) کان کھانا۔ دماغی تکلیف دینا ؛
سمک (ع۔ ا۔ مو) مچھلی۔ ہندو عقیدے کے مطابق وہ مچھلی جس کی پیٹھ پر زمین رکھی ہوئی ہے ؛
سمک ملابہ سما (اُ۔ متعلق فعل) زمین سے آسمان تک ؛
سمگلر (انگ۔ ا۔ مذ Smuggler) غیر قانونی مال لانے لے جانے والا۔
سمن (ف) مو۔ چنبیلی۔ سہ برگہ۔ یاسمین۔
سمن اندام۔ سمن بر (ف صفت فاعلی) گورا چٹا
سمن (انگ۔ اند) بلاوا۔ اطلاع نامہ۔ طلبی کا پروانہ۔ عدالت کا پروانہ ؛
سمنانا (ہ۔ فعل) رسنا۔ کسی رقیق چیز پانی وغیرہ کا بالکل آہستہ آہستہ

برتن کے مسامات سے باہر آنا۔ چونا ؛
سَمَند (ف۔ا۔مذ) زردی مائل گھوڑا۔ محض گھوڑا ؛
سَمَندَر (ف۔ا۔مذ) ایک آتشی کیڑے کا نام ہے جو آگ کے اندر پیدا ہوتا ہے ؛
سُمَندَر (ہ۔ا۔مذ) ساگر۔ بحر۔ دریائے اعظم۔ بحر محیط ؛
سُمَندَر بلونا / سُمَندَر چھان مارنا / سُمَندَر چھاننا (ہ۔محاورہ) نہایت کوشش اور سعی کرنا۔ بڑی جستجو کرنا۔ از حد تلاش کرنا ؛
سُمَندَر بہانا (اُر۔ محاورہ) علمی نکتے بیان کرنا۔ عالمانہ باتیں یا تقریر کرنا ؛
سُمَندَر پار اُتارنا (ہ۔محاورہ) جلاوطن کرنا۔ کالے پانی بھیجنا بمنزلے عبور دریائے شور دینا ؛
سُمَندَر پھل (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا پھل جو دوا میں کام آتا ہے ؛
سُمَندَر جھاگ (ہ۔ا۔مذ) کف دریا۔ سمندر کی وہ پھین جو کناروں پر جم جم کر خشک ہو جاتی ہے اور دوائیوں میں کام آتی ہے ؛
سُمَندَر سوکھ (ہ۔ا۔مذ) ایک دوا کا نام ہے ؛
سُمَندَر میں رہ کر مگرمچھ سے بیر (اُر۔مثل) ایک جگہ رہ کر وہاں کے سربراہ سے مخالفت ؛
سَمنک (ہ۔ا۔مو) نشاستہ۔ گیہوں کی گری جو اُبال کر نکالی جاتی ہے ؛
سَمُوچا (ہ۔صفت) پورا۔ کامل۔ تمام۔ سب سارا ؛
سَمُور (ع۔ا۔مذ) لومڑی کی قسم کے ایک جانور کا نام ہے جس کی باریک پشم والی نرم اور سیاہی مائل سُرخ کھال کو بھی سمور ہی بولتے ہیں اس کھال سے پوستین بناتے ہیں ؛
سموسا (اُر۔مو) مثلث نما تلا ہوا پکوان، جس کے اندر قیمہ یا ترکاری یا میٹھا بھر کر تلتے ہیں ؛
سَمُوم (ع۔ا۔مو) زہریلی ہوا۔ لُو۔ گرم ہوا ؛
سَمونا (ہ) فعل ملانا۔ رُلانا۔ ٹھنڈا اور گرم پانی ملانا۔ دو مختلف مزاج اشیا ملا کر متعدل بنانا ؛
سمویا ہُوا (ہ۔صفت) شیر گرم۔ نیم گرم۔ کنکنا۔ گرم اور ٹھنڈا ملا ہوا پانی۔ دوغلا۔ دولسلا۔ مخلوط النسل ؛
سمیات (ع۔ا۔مذ) زہریلی چیزیں ؛
سَمیّت (ع۔ا۔مو) زہریلا پن۔ زہر کا اثر ؛
سمے۔ یا۔ سمیں (ہ۔مذ) وقت۔ ساعت۔ رُت۔ فصل۔ موسم۔ موقعہ ؛
سمیت (ہ۔تابع فعل) ساتھ۔ اکٹھے ملکر۔ مع۔ ہمراہ ؛
سمیٹ (ہ۔مو) قابض دوا جو زچگی کے بعد عورتوں کے لیے دائیاں استعمال کرتی ہیں۔ اکھٹا کرنا تنگی ؛
سمیٹا سمیٹی (ہ۔مو۔ حاصل مصدر) اکٹھا کرنا۔ جمع آوری۔ فراہمی دولت۔ گھسیٹنا۔ چھینا۔ چھٹی ؛
سمیٹنا (ہ۔فعل) جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ ڈھیر کرنا۔ روپیہ جمع کرنا۔ پیسہ رولنا۔ تنگ کرنا۔ پشت کرنا۔ سکیڑنا۔ انجام کو پہنچانا۔ نبیڑنا۔ نمٹانا۔ ختم کرنا ؛

س - ن

سِن (ع۔ مذ) عمر۔ سال۔ عمر کی مقدار ؛
سِن بلوغ۔ یا۔ سِن بلوغت (ع۔ مذ) سمجھ کی عمر۔ جوانی کی عمر۔ سِن تمیز یا۔ سِن شعور / شباب کی عمر ؛
سِن رسیدہ (ع۔ف۔ صفت تبرکیب مفعولی) بوڑھا۔ سالخوردہ۔ پیر۔ ضعیف ؛
سِن ڈھل جانا (اُر۔ محاورہ) جوانی ختم ہو جانا ؛
سَن (ہ۔ مذ) ایک پودے کا نام ہے۔ جس کی چھال کے ریشے سے رسیاں بناتے ہیں) ؛
سَن (ہ۔ا۔مو۔ صوت) کسی چیز کے زور سے جانے کی آواز۔ جیسے گولی سن سے نکل گئی ؛
سَن سے (اُر۔ متعلق فعل) جلدی سے۔ زناٹے سے ؛
سَن سے نکل جانا (اُر۔ محاورہ) جلدی سے نکل جانا ؛
سَن سَن (ہ۔ مو۔ صوت) ہوا کی آواز۔ سناہٹ۔ سخت سردی پہنچنے سے ہاتھ پاؤں کی کپکپاہٹ۔ جھرجھری ؛
سَن سَن کرنا (ہ۔ فعل) سردی سے ٹھٹھرانا۔ جھرجھری لینا ؛
سَن سے (ہ۔ تابع فعل) زناٹے سے۔ جلدی سے۔ زور (؟) ؛
سَن (انگ۔مذ) سورج۔ آفتاب۔ بیٹا۔ پسر۔ فرزند ؛ Sun Son
سُن (ہ۔ صفت) بے حس۔ بے ہوش۔ بے حرکت۔ بے خبر۔ خاموش گنگ۔ ٹھنڈا۔ نہایت سرد (کیا لت فعل) سُننا سے فعل امر ؛
سُن رے ڈھول بہو کے بول (اُر۔ مثل) جس سے وعدے کر کے پورے نہ کئے جائیں وہ طنزاً یہ مثل کہتا ہے ؛
سُن سنا چکنا (اُر۔ محاورہ) کہہ سُن چکنا۔
سُن کے پی جا (اُر۔ محاورہ) برائی سُن کے جواب نہ دینا ؛
سُن کرنا (ہ۔ فعل) بے حس و حرکت کرنا۔ دوا یا مار سے جسم کو بے حس کر دینا۔ خاموش کرنا۔ محو کرنا۔ جیسے اس کے راگ نے سب کو سُن کر دیا ؛
سُن ہو جانا۔ یا۔ ہونا۔ بے حس و حرکت ہونا۔ ٹھنڈ سے ٹھٹھر جانا۔ بھولا مار جانا۔ دھک سے رہ جانا۔ مزے سے مدہوش ہو جانا۔ حیرت میں ہو جانا ؛
سُنا بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) بُرا بھلا کہہ بیٹھنا۔
سُنا دینا (اُر۔ محاورہ) مطلع کر دینا ؛
سَنا۔ یا۔ سَنا مکی (ع۔ مو) ایک دست آور پودے اور اس کے پتوں کو کہتے ہیں جو مکہ سے آتی ہے ؛

سُننا (ہ - فعل) گوندھا جانا۔ آلودہ ہونا۔ بھر جانا۔ لتھڑ جانا مٹی یا آٹے وغیرہ میں پانی کا ملنا ؛

سُننا (ہ - فعل) کانوں سے آواز معلوم کرنا۔ توجہ کرنا۔ غور کرنا۔ کان دھرنا۔ دھیان لگانا ؛

سُنا اَن سُنا کرنا۔ یا سُنی اَن سُنی کرنا (ہ۔ محاورہ) کسی بات کو سُن کر ٹال دینا ؛

سناتن (ہ - صف) قدیم۔ قدیمی۔ پرانا۔ ہمیشہ کا۔ پکا مضبوط ؛

سناتن دھرم (ہ - ا مذ) قدیم ہندو مذہب جو مورتی کی پوجا کا قائل ہے۔

سناٹا (ہ۔ مو۔ صوت) دریا کے چڑھاؤ کا شور۔ ہوا کے زور سے چلنے کی آواز۔ زور کی بارش کی آواز۔ پرندے کے پَر کی آواز خوفناک اور ڈراؤنی آواز۔ حیرانگی۔ اچنبھا۔ سُنسان۔۔ خاموشی۔ چُپ چاپ۔ ہو کا عالم۔ خوف۔ دہشت۔ ڈر ؛

سناٹا آنا (ہ - فعل) ڈر معلوم ہونا۔ ڈر لگنا۔ خوف طاری ہونا ؛

سناٹا کر رہ جانا (ہ۔ محاورہ) حیران ہو جانا۔ گھبرا جانا۔ ہوش نہ رہنا۔ دیوانہ و سنسان ہونا ؛

سناٹے سے / **سناٹے کا** (ہ - تابع فعل) زور سے۔ شدت سے۔ تیزی سے جلدی سے۔ زور دار ؛

سناٹے سے برسنا (اُر۔ محاورہ) زور سے برسنا۔ موسلا دھار پانی پڑنا ؛

سناٹے میں آنا (اُر۔ محاورہ) حیرت میں ہونا۔ ڈر جانا ؛

سُنا چاہنا (ہ - محاورہ) گالیاں کھانے یا بُرا بھلا سننے کا خواہشمند ہونا۔ جیسے دیوانے کو نہ چھیڑو کیا کچھ سُنا چاہتے ہو ؛

سُنار (ہ۔ مذ۔ فاعل) سونا چاندی کے زیور بنانے والا۔ زرگر ؛

سُنار اپنی ماں کی نتھ سے بھی چُراتا ہے (اُر۔ مثل) سُنار چوری اور بے ایمانی سے باز نہیں آتا ؛

سُنار کی کھٹالی اور درزی کے بند (ہ - مثل) سُناروں اور درزیوں کی ٹال مٹول اور لیت و لعل کے موقع پر بولتے ہیں۔ سُنار کو کھٹالی کا اور درزی کو بند لگانے کا بہانہ مدت ٹالنے کے لیے کافی ہے ؛

سُنار کی کھٹ کھٹ اور لہار کی ایک چوٹ / **سُنار کی ایک چوٹ لہار کی** (ہ - مثل) کمزور کی سو ضربیں زبردست کی ایک ضرب کا بھی مقابلہ نہیں کر سکتیں ؛

سُنارن (ہ - مو - بیائے تانیث) سنار کا پیشہ۔ سنار کی عورت۔ سُنار کی جورو ؛

سُنانا (ہ - فعل) کان میں ڈالنا۔ کہنا۔ خبردار کرنا۔ گالیاں دینا۔ طعنہ مارنا۔ قاری بننا۔ کسی سامنے پڑھنا یا گانا ؛

سُنائی یا **سنائی دینا** (ہ - مو) پہنچ۔ سماعت۔ فریاد رسی۔ دخل ؛

سُنائی پڑنا (اُر۔ محاورہ) کان میں آواز پڑنا ؛

سُنبل (ع - مذ) ایک خوشبودار گھاس کا نام۔ جیسے بالچھڑ اور جٹا ماسی بھی بولتے ہیں ؛

سُنبل الطیب (ع - مذ) بالچھڑ ؛

سُنبلہ (ع - مذ) خوشہ۔ بال۔ سِٹّا۔ آسمان کے چھٹے بُرج کا نام جو لڑکی کی صورت کا ہے ؛

سنبوسہ (ف - مذ) دیکھو سموسا۔ ایک تکونہ پکوان ؛

سُنبہ (ف - مذ) آلہ۔ سنبیدن مصدر سے۔ برما۔ سوراخ کرنے کا آلہ۔ توپ۔ بندوق میں بارود یا گولہ وغیرہ رکھ کر اُوپر سے ٹھوکنے کا گز ؛

سنبھالا (ہ۔ مذ) وہ افاقہ جو بیمار کو موت کے نزدیک معلوم ہوا کرتا ہے ؛

سنبھالا لینا (ہ) بیمار کا مرنے سے پہلے افاقہ معلوم کرنا۔ مرنے سے نمود صحت ہونا ؛

سنبھالنا (ہ - فعل) تھامنا۔ روکنا۔ مدد کرنا۔ بگڑے کام کو درست کرنا گرنے نہ دینا۔ ہاتھوں پر لینا۔ تیمارداری کرنا۔ اُٹھانا۔ قائم رکھنا۔ برقرار رکھنا۔ گننا۔ شمار کرنا۔ چارج لینا۔ پڑتال کرنا۔ قابو میں رکھنا ؛

سنبھالو (ہ - ا مذ) ایک درخت کا نام ہے۔

سُن بھری (ہ - ا مو) جھولا۔ لقوہ۔ فالج ؛

سنبھل سنبھل کر (ہ - تابع فعل) بن بن کر۔ ٹھہر ٹھہر کر۔ تکلیف سے۔ دم لے لے کر۔ رُک رُک کر۔ احتیاط سے۔

سنبھلنا / **سنبھل جانا** (ہ - فعل) رُکنا۔ تھمنا۔ گرنے سے بچنا۔ ٹھہرنا۔ قائم رہنا۔ برقرار رہنا۔ خبردار ہونا۔ افاقہ ہونا۔ آرام ہونا۔ درست ہونا۔ عبرت پکڑنا ؛

سنبھلو (ہ - محاورہ) ہوش پکڑو۔ خبردار ہو جاؤ۔ تیار ہو جاؤ ؛

سُنپات (س - مذ) ایک بیماری کا نام ہے جو تین خلطوں کے بگڑنے سے پیدا ہوتی ہے اور جس سے سارا جسم بے سود ہو جاتا ہے ؛

سُنپارا (اُر - ا مذ) سپیرا ؛

سنپولیا (ہ - ا مذ) سانپ کا بچہ۔ سانپ کی تصغیر ؛

سنپیرا (ہ - ا مذ - فاعلی) سانپ پالنے اور کھلانے والا۔ سانپ کا کھلاڑی ؛

سنت (ہ - مذ - صفت) سادھو۔ سادھ جوگی۔ زاہد پارسا۔ پرہیزگار۔ خدا پرست۔ صالح۔ متقی۔ جتی ستی ؛

سنت آدمی ہے (ہ - محاورہ) سیدھا سادہ ہے۔ بھولا بھالا ہے۔ نیک آدمی ہے ؛

سُنّت (ع - ا مو) راہ۔ طریقہ۔ چلن۔ عادت۔ دستور۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کا عمل اور فعل۔ ختنہ۔ مسلمانی ؛

سُنّت آبائی (ع - مو - بیائے نسبتی) باپ دادا کا طریقہ۔ کل کی ریت جدّی رسم ؛

سُنّت ابراہیمی (ع - ا مو) حضرت ابراہیم علیہ السلام کا طریقہ۔ ختنہ۔

سُنّت کرنا (اُر - فعل) ختنہ کرنا۔ مسلمانی کرنا ؛

سنتاپ (س - مذ) گرمی۔ تپش۔ جلن۔ دُکھ۔ درد۔ عذاب۔ بپتا۔ سوچ۔ فکر ؛

سنتاپی (س - صفت - بیائے فاعلیت) دُکھیارا۔ مصیبت زدہ۔ آفت کا مارا ؛

سنتان (س ا۔ مذ) بال بچے۔ لڑکے بالے اولاد۔ نسل۔ جنس ؛
سنترا۔ یا۔ سنگترا (ہ۔ مذ) نارنگی کی قسم کا ایک پھل ؛
سنتری (انگ۔ ا۔ مذ) پہرا دینے والا۔ چوکیدار۔ سپاہی۔ پاسبان ؛
سنتوش۔ سنتوکھ (س۔ ہ۔ واؤ مجہول۔ مذ) صبر۔ قناعت۔ تسلی۔ دھیرج ؛ صبر۔ استقلال ؛
سنتوکھی (ہ۔ مذ۔ بیائے فاعلی) سابر۔ قانع۔ مطمئن ؛
سنٹر (انگ۔ مذ) مرکز ؛ Centre۔
سنٹرل (انگ۔ صفت) مرکزی۔ درمیانی۔ وسطی ؛ Central
سنٹی (ہ۔ مو) چھڑی۔ چھچی۔ بید۔ پتلی شاخ ؛
سنج (ف۔ لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر سنجیدن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور وزن کرنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے سخن سنج ؛
سنجاب (ف۔ مذ) چوہے سے بڑا ایک جانور ہوتا ہے جس کی کھال کی پوستین بناتے ہیں ؛

سنجاب

سنجاف (ہ۔ مو) حاشیہ۔ کنارہ گوٹ۔ چوڑی اور آڑی مغزی اسم بلد کر آدھا سرخ آدھا سفید یا سبزہ گھوڑا ؛
سنجافی گنجا (ا۔ صفت) وہ گنجا جس کے سر میں چاروں طرف گنج اور بیچ میں بال ہوں ؛
سنجوگ (ہ۔ مذ) میل ملاپ۔ ملاقات۔ دوستی۔ موقع۔ اتفاق۔ اتفاقیہ ملاقات واقعہ۔ حادثہ۔ قسمت۔ نصیب۔ بھاگ۔ تقدیر ؛
سنجوگی (ہ۔ صفت بیائے فاعلی) دوہرا۔ جڑا ہوا۔ ملا ہوا۔ دوسرا پنجرا جس میں نر و مادہ تیتر کے لیے دو علیحدہ علیحدہ خانے ملے ہوتے ہیں ؛
سنجھا (ہ۔ مو) سنسکرت کے لفظ سندھیا کا بگاڑ ہے۔ شام کا وقت جھٹ پٹا۔ شام کی پوجا ؛
سنجھا بتی کرنا (ہ۔ فعل) دیا بتی کرنا۔ شام کا چراغ جلانا ؛
سنجھا پھولنا۔ یا۔ سانجھ پھولنا (ہ۔ فعل) شام کی شفق کا نمودار ہونا ؛
سنجھلا (ہ۔ صفت) منجھلے سے چھوٹا تیسرے نمبر کا ؛
سنجیدگی (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) متانت۔ وقار۔ وقعت بھاری بھرکم پن ؛ بردباری۔
سنجیدہ (ف۔ صفت تبرکیب مفعولی) تلا ہوا۔ موزوں۔ پورا اترنا۔ باوقار۔ بھاری بھرکم۔ متین۔ باوقار۔ ٹھیک درست۔
سنچری (انگ۔ ا۔ مو) Century صدی۔ سو۔ کرکٹ میں سوائی ؛
سند (ع۔ ا۔ مو) لغوی پیٹھ لگا کر بیٹھنے کی چیز۔ مجازاً وثیقہ۔ بھروسہ کرنے کی چیز۔ مناسبت۔ دلیل۔ ثبوت۔ پاس۔ سرٹیفکیٹ دستاویز۔ تمسک۔ اجازت نامہ۔ گواہی نامہ۔ معتبر۔ قابل اعتبار۔ سرکاری رجسٹری ؛
سند لیاقت۔ یا۔ فضیلت (ع۔ ا۔ مو) علم یا ہنر کا سرٹیفکیٹ ؛
سند معافی (ع۔ ا۔ مو) کسی زمین کا خراج معاف ہونے کا فرمان جاگیر کی سند ؛
سند و راثت (ع۔ مو) وارثت مانا جانے کا فرمان ؛
سند پکڑنا (اُ۔ محاورہ) دلیل میں پیش کرنا ؛
سند جاننا (اُ۔ محاورہ) معتبر جاننا ؛
سند خوں بہا (ع۔ ف۔ مذ) وہ تحریر جس کے ذریعے قاتل کی جائیداد مقتول کے وارثوں کے نام منتقل کر دی جائے ؛
سند کارگزاری (ع۔ ف۔ ا۔ مو) کارکردگی کی تصدیق ؛
سند لانا (اُ۔ محاورہ) ثبوت میں پیش کرنا ؛
سند ہے (اُ۔ محاورہ) درست ہے دلیل دینے کے قابل تسلیم ہے ؛
سند یافتہ (ع ف۔ مو۔ صفت تبرکیب مفعولی) پاس شدہ۔ وہ آدمی جس کے پاس کسی امر کا سرٹیفکیٹ ہو ؛
سند اُدھار (ع۔ تابع فعل) سند کے طور پر تمثیل کے طور پر ؛
سندان (ف۔ ا۔ مو) اہرن۔ نہائی۔ وہ لوہے کا مربع بٹا جس پر لوہار لوگ گرم لوہا رکھ کر کوٹتے ہیں ؛

سندان

سُندر (ہ۔ صفت) خوبصورت حسین۔ شکیل۔ جمیل ؛
سُندرس (ہ۔ مذ) ایک قسم کے زرد گوند کا نام ہے فارسی والے سندروس بواؤ مجہول بولتے ہیں ؛
سُندری (ہ۔ مو) جمیلہ۔ شکیلہ۔ خوبصورت عورت۔ جہاز بنانے کی لکڑی۔ سنار کا ٹھاٹ درست کرنے کے پتیل کے حلقے۔ سروں کے پردے ؛
سندلی (اُ۔ ا۔ مو) لکڑی کی وہ چیز جس پر جوتے اور کپڑے رکھے جاتے ہیں ؛
سندور۔ یا۔ سیندور (ہ۔ مذ) ایک سرخ رنگ کی دھات کا نام ہے ؛
سندوریا (ہ۔ صفت) سرخ۔ لال سیندور کے رنگ کا ؛
سندھ (ہ۔ مذ) سمندر۔ دریا۔ پاکستان کے سب سے بڑے ایک دریا کا نام ہے دریائے اٹک بھیروی راگ کی ایک راگنی کا نام ؛
سندھارا (ہ۔ مذ) وہ مٹھائی اور عمدہ چیزیں جو ساون کے مہینے میں دلہن کے گھر بھیجا کرتے ہیں ؛
سندھیا (ہ۔ مو۔ مذ) صبح۔ دوپہر اور شام کے وقت کی پوجا۔ دن اور رات کے ملنے کا وقت ؛
سندیسا (ہ۔ مذ) پیغام۔ خبر۔ خوشخبری۔ بشارت ؛
سندیہ / سنسا (ہ۔ مذ) شک۔ شبہ۔ گمان۔ ظن۔ سوچ۔ بچار۔ فکر۔ غم۔ اندیشہ ؛
سنڈ۔ یا۔ سنڈا (ہ۔ صفت) سانڈ۔ کا معنف وغیرہ۔ موٹا بھدا کٹا۔ زور آور۔ قوی ہیکل ؛
سنڈاس (ہ۔ مذ) طہارت خانہ یا پیخانہ۔ جائے ضرور۔ اصطلاح میں وہ پیخانہ جسے خاکروب مکان کے باہر سے کائیں۔ اور اوپر کی چھت سے ایک چوڑے سوراخ کے ذریعے اس کی نجاست گرتی ہو ؛
سنڈاسی (ہ۔ مو) سنسی۔ گرم لوہا وغیرہ پکڑنے کا آلہ۔ دست پناہ چمٹا ؛
سنڈامسنڈا (ہ۔ صفت) بہت موٹا بھدا کٹا۔ توانا۔ زور آور۔ موٹا تازہ ؛

سنڈے (انگ بیائے مجہول۔ اسم مذکر) اتوار کا دن۔ یک شنبہ ؛
سنڈیکیٹ (انگ۔مو) جماعت منتظمان مدارس۔ متحدہ طور کاروبار کرنا۔
سنسار (ہ۔ا۔مذ) دُنیا۔ جہاں۔ عالم۔ جگت۔ پرتھوی کائنات ؛
سُنسان (ہ۔صفت) اُجاڑ۔ ویران۔ غیر آباد۔ ہو کا مکان۔ خاموش۔ چُپ چاپ۔ فال۔ اداس۔ ڈراونا۔ ہیبت۔ خوفناک ؛
سنسکرت (س۔مو) مقدس۔ پاک۔ عمدہ۔ افضل۔ مکمل اور پوری زبان اصطلاحًا ویدوں اور شاستروں کی پاکیزہ شُستہ زبان ؛
سنسر (انگ۔ا۔مذ۔ Censor) احتساب۔ کسی بات سے روکنے والا۔ محتسب
سنسنانا (ہ۔فعل) سن سن کرنا۔ بھنبھنانا۔ لرزنا۔ کانپنا۔ تھرتھرانا۔ سکتے کا عالم ہونا۔ کسی چیز کا زور سے گزر جانا۔ زناٹے سے جانا ؛
سنسناہٹ / سنسنی (ہ۔مو۔ حاصل مصدر) مٹی کے کورے برتن میں پانی پڑنے سے سُوں سُوں کی آواز۔ ضعف طاری ہونے کے وقت کی حالت۔ سکتہ کا عالم۔ ناتوانی کے علامت کا اظہار۔ غشی کا عالم۔
سنسنی چھوٹنا (ہ۔ف۔ محاورہ) ضعف طاری ہونا ؛
سنسنی خیز (ہ۔ف۔صفت) سنسنی پیدا کرنے والا ؛
سنک (ہ۔مذ) ناک کی غلاظت۔ ریٹ ؛
سنک (ہ۔مذ) سودا۔ جنون خبط۔ مالیخولیا ؛
سنکارا ہوا (ہ۔صفت مفعولی) اُبھارا ہوا۔ اُکسایا ہوا۔ زور میں بھرا ہوا۔ اشارہ کیا ہوا ؛
سنکار دینا یا سنکارنا (ہ) اشارہ کر دینا۔ اُکسا دینا۔ سین مارنا۔ اُبھارنا۔ زور میں بھرنا۔ برآشفتہ کر دینا۔ غصے میں بھر دینا ؛
سنکٹ (ہ۔مذ) بپتا۔ مشکل۔ مصیبت شامت۔ بلا۔ دُکھ کے ساتھ اس کا مرادف ؛
سنکرانت (ہ۔مو) سُورج کے نئے گھر میں آنے کا دن۔ آفتاب کے بُرج بدلنے کا زور۔ پہلی تاریخ۔ اہل ہنود کے ایک تیوہار کا نام بھی ہے ؛
سنکل یا سنگل (ہ۔ا۔مو) زنجیر۔ کنڈی ؛
سنکلی یا سنگلی (ہ۔ا۔ص) گلے میں پہننے کا چاندی کا توڑا یا زنجیر ؛
سنکلپ (س۔ا۔مذ) پن۔ دان۔ خیرات۔ نذر نیاز۔ منت۔ مینوت۔ نیم ارادہ ؛
سنکلپ کرنا (ہ۔فعل) پن دان کرنا۔ خیر خیرات دینا۔ منت ادا کرنا ؛
سنکنارہ (ہ۔فعل) ناک سے غلاظت نکالنا۔ ناک صاف کرنا۔ ناک میں سے سنک نکال ڈالنا ؛
سنکوچ (س۔ا۔مذ) شرم۔ حیا۔ لحاظ۔ وسواس۔ ڈر۔ دھڑکا۔ افسوس دریغ ؛
سنکونا (ہ۔مو) ایک درخت کا نام جس سے کونین بنتی ہے دیسی کونین ؛
سنکھ (ہ۔مذ) گھونگا۔ کوڑا۔ ناقوس۔ جس کو ہندو لوگ پوجا جنگ یا مردے کے آگے بجاتے ہیں۔ زیور۔ گہنا۔ علم حساب میں۔ سو پدم کا ایک سنکھ ہوتا ہے یعنی سو لاکھ کروڑ ؛
سنکھنی (ہ۔مو) لمبے قد کی خوبصورت عورت نہ بہت موٹی نہ بہت پتلی۔ عورتوں کی چار قسموں میں سے ایک قسم
سنکھیا (ہ۔ا۔مو) ایک قسم کا کافی زہر۔ سم الفار۔ سُنکل کھار ؛
سنگ (ف۔ا۔مذ) پتھر۔ حجر۔ وزن۔ بوجھ۔ وقار۔ تمکین ؛
سنگ آستاں / سنگِ آستانہ (ف۔ا۔مذ) دہلیز کا پتھر۔ دروازے کی چوکھٹ کا پتھر ؛
سنگِ اسود (فع۔مذ) وہ کالا پتھر جو کعبہ کی دیوار میں نصب ہے جس کو مسلمان مقدس سمجھ کر بوسہ دیتے ہیں ؛
سنگ آمد و سخت آمد (ف۔ محاورہ) ایسی مشکل پڑی کہ اس کے بغیر گزارہ ہی نہیں۔ یہ مشکل کام چارونا چار کرنا ہی پڑا ؛
سنگِ آہن رُبا (ف۔مذ) مقناطیس۔ لوہا اُٹھانے والا پتھر ؛
سنگ بار (ف۔صفت) پتھر برسانے والا ؛
سنگ بصری (فع۔ا۔مذ) بصرے سے آیا ہوا ایک پتھر جو دوا میں کام آتا ہے ؛
سنگِ پا (ف۔مذ) پاؤں رگڑنے کا پتھر۔ چھانواں ؛
سنگ پارس (ف۔ا۔مذ) پارس کا پتھر ؛

سنگ پُشت (ف۔ا۔مذ) کچھوا ؛ سنگ پشت
سنگتراش (ف۔ا۔مذ) فاعل۔ پتھر کاٹنے والا۔ پتھر کا کام کرنے والا ؛
سنگ تربت (ف۔ا۔مذ) وہ پتھر جو قبر پر لگایا جاتا ہے ؛
سنگِ جراحت (فع۔ا۔مذ) زخم کو بھرنے والے ایک پتھر کا نام ہے۔ سیل گھڑی ؛
سنگ چٹانا (اُر۔ محاورہ) پتھر پر رگڑنا۔ دھار تیز کرنا ؛
سنگ خارا (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا نیلے رنگ کا سخت پتھر ؛
سنگ دل (ف۔صفت مرکب فاعلی) سخت دل والا۔ بے رحم کٹڑا۔ ظالم ؛
سنگدانہ (ف۔ا۔مذ) پرندے کا معدہ۔
سنگ راہ (ف۔مذ) راستہ میں پڑا ہوا پتھر۔ ٹھوکر۔ سدراہ۔ مانع۔ روک ؛
سنگریزہ (ف۔ا۔مذ) کنکر۔ روڑی۔ بجری ؛
سنگسار (ف۔ا۔مذ) وہ شرعی سزا جس میں آدمی کو آدھا زمین میں گاڑ کر سر پر پتھر مار مار کر مار ڈالتے ہیں پتھراؤ ؛
سنگسار کرنا (فعل) پتھر مار مار کر مار ڈالنا ؛
سنگ ساز (ف۔مذ۔ فاعل ترکیبی) پتھر گھڑنے اور درست کرنے والا۔ پریس کی پلیٹوں پر اغلاط لگانے والا۔
سنگِ سماق (فع۔ا۔مذ) ایک قسم کا نہایت سخت اور سفید پتھر ؛
سنگِ سُرخ (ف۔ا۔مذ) سُرخ رنگ کا پتھر جو نرم ہوتا ہے ؛
سنگِ سُرمہ (ف۔) وہ پتھر جس کا سُرمہ بناتے ہیں ؛
سنگ سُلیمانی (ف۔ا۔مذ) وہ سفید و سُرخ پتھر جس کی درویش لوگ مالا بنا کر گلے میں ڈالتے ہیں ؛

سنگ سینہ (ف۔ صفت) چھاتی کا پتھر۔ نہایت ناپسند۔ نہایت ناگوار ؛

سنگلاخ (ف۔ا۔مذ) ظرف۔ پتھریلی اور پہاڑی زمین۔ سنگستان۔ بحالت صفت۔ سخت۔ دشوار۔ مشکل ؛

سنگِ لوح } (فع۔ا۔مذ) قبر کے سرہانے کا پتھر۔ جس پر مُردہ کی
سنگِ مزار } تاریخ وفات۔ نام یا کوئی مقدس عبارت لکھ کر لگاتے ہیں۔ قبر کی تختی۔ تعویذ قبر ؛

سنگِ مثانہ (فع۔ا۔مذ) آدمی کے پیشاب گاہ کی پتھری ؛

سنگِ مرمر (فع۔ا۔مذ) ایک قسم سفید اور نرم پتھر ؛

سنگِ مقناطیس (فع۔ا۔مذ) وہ پتھر جو لوہے کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے ؛

سنگ موسلے (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا کالا خوبصورت پتھر ؛

سنگ یشب (فع۔ا۔مذ) سبز رنگ کا پتھر جس کی ہول دلی بناتے ہیں۔ یا تختی بنا کر گلے میں ڈالتے ہیں۔

سنگ (ہ۔ تابع فعل) ہمراہ۔ ساتھ۔ مع (بحالت اسم) ہمراہی۔ رفاقت۔ صحبت ؛

سنگ لینا (ہ۔ فعل) ساتھ لینا۔ ہمراہ لینا ؛

سنگار۔ یا۔ سنگھار (ہ۔ مذ) آرائش۔ سجاوٹ۔ زیب وزینت۔ زیور ؛

سنگار دان (اُر۔مذ۔ظرف) وہ ظرف جس میں عورتیں سامان آرائش یعنی کنگھی۔ سرمہ۔ مسی۔ آئینہ وغیرہ رکھا کرتی ہیں ؛

سنگار کرنا } (ہ۔ فعل) سجانا۔ بنانا۔ آراستہ کرنا۔
سنگار نا } بناؤ کرنا۔ آرائش کرنا ؛

سنگت (ہ۔مو) ہمراہ۔ صحبت۔ رفاقت۔ ہمنشین۔ جماعت۔ منڈلی۔ ٹولی۔ جتھا۔ ڈیرہ۔ خانقاہ۔ دھرم شالا ؛

سنگترا (پرتگالی۔ا۔مذ) رنگترا۔ سنترا۔ بڑی اور میٹھی نارنگی۔ تشبیہاً گول اور چھوٹی پستان ؛

سنگتی (ہ۔ا۔مذ۔ بیائے فاعلیت) ساتھی۔ ہمراہی۔ رفیق ؛

سنگتیا (ہ مذ۔ فاعل) رقاصہ کے ساتھ رہنے والا۔ سازندہ ؛

سنگر (ف۔ مذ) دمدمہ۔ صندق۔ کھائی مورچہ وہ پشتہ جو فوج کی حفاظت کے لیے بناتے ہیں ؛

سنگرام (س۔ا۔مذ) جنگ۔ رن۔ جنگ ؛

سنگرینی یا سنگرہنی (ہ۔ا۔مو) ایک بیماری کا نام ہے جس میں بدہضمی سے کھانا ان ہضم نکل جاتا ہے۔ سوءہضمی

سنگرنا (ہ) لازم ہے سنگارنا سے۔ بننا۔ سنورنا۔ سجنا۔ آراستہ ہونا ؛

سنگل (اُر۔ا۔مذ Signal) ریلوے کا وہ کھمبا جو ریلوں کا آنا جانا بتاتا ہے۔ انگریزی لفظ کا بگڑا ہوا۔

سنگل (انگ۔ صفت Single) ایک واحد تنہا۔ پتوں کے ترپ کا ایک کھیل اکہرا۔ کرکٹ میں ایک رن کی ہٹ ؛

سنگم (ف۔ مذ) وہ جگہ جہاں دریا ملیں۔ دو آدمیوں کا میل ؛



سنگل

اجیرن۔ گرانی ؛

سُنگن (ہ۔ مو) خبر۔ خفیہ۔ بات۔ پوشیدہ خبر۔ کنسوئی۔ کسی بات کا پتہ دینا ؛

سُنگن لینا (ہ) فعل۔ کسی بات کا بھید معلوم کرنا۔ چھپ کر سُننا۔ خفیہ راز معلوم کرنا ؛

سنگوٹی (ہ۔ا۔مو) بیلوں کے سینگوں کا غلاف یا پیتل چاندی وغیرہ کا خول جو خوبصورتی کے لیے چڑھا دیا کرتے ہیں۔ گائے ہرن کا چھوٹا سینگ۔

سنگھ (ہ۔ا۔مذ) شیر۔ اسد۔ راجپوتوں چھتریوں اور سکھوں کے نام کا ایک جزو آسمان کا بُرج اسد۔ نبض۔ ناڑی۔ دیوی کا رتھ (بحالت صفت) بہادر۔ زور آور ؛

سنگھاڑا (ہ۔ا۔مذ) ایک مثلث نما خاردار پھل کا نام جو تالابوں میں ہوتا ہے اس کا پھول گل نیلوفر کی طرح دوائیوں میں کام آتا ہے پھل کھانے میں ؛

سنگھاسن (ہ۔ا۔مذ) تخت۔ سریر۔ راج گدی (سنگھ یعنی بہادر اور آسن یعنی جگہ ؛

سنگھاسن بتیسی (ہ۔ا۔مو) ایک کتاب کا نام ہے جو راجہ بھوج کے زمانے میں تصنیف ہوئی۔ اس میں بتیس پریوں اور ایک تخت کا ذکر ہے ؛

سُنگھانا (ہ۔ فعل) سونگھنا کا متعدی دوسرے کی ناک میں خوشبو وغیرہ دینا ؛

سنگھٹن (ہ۔ا۔مو) تصادم۔ مجمع۔ گٹھ جوڑ۔ اتحاد۔ میل ؛

سنگی (ہ۔ا۔مذ) بیائے فاعلیت۔ ساتھی۔ ہمراہی۔ رفیق ؛

سنگیت (اُر۔س۔ا۔مذ) ایسا گانا جسے بہت سے آدمی آواز ملا کر گائیں۔ ساز اور رقص کے ساتھ گانے کا فن ایسا تماشا جس میں ناچ گانا ہو۔

سُنگین (ف صفت)

سنگین مع سنگ

پتھر کا بنا ہوا۔ وزنی۔ بھاری بوجھل۔ سخت۔ مضبوط۔ ٹھوس۔ مکرہ ایک حکومتی لوک دار چھری جو سپاہی لوگ بندوق کے منہ پر چڑھا لیتے ہیں ؛

سنگین جرم (ف۔ا ند) سخت قصور۔ بھاری گناہ ؛
سنگین سزا (ف۔ا مو) بھاری سزا۔ سخت سزا ؛
سنگینی (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) سختی۔ مضبوطی۔ پائداری۔ وزن گرانی ٹھوس پن ؛
سنمکھ (ہ۔ صفت) مقابل۔ سامنے۔ روبرو۔ کھلم کھلا ؛
سنوار (ہ۔ مو) حاصل مصدر سنوارنا سے۔ درستی۔ اصلاح۔ سجاوٹ۔ ترمیم۔ جیسے مار پیچھے سنوار ہوتی چلی آئی ہے عورتیں تحریضاً لعنت اور پھٹکار ؛
سنوارنا (ہ۔ فعل) سدھرنا۔ درست ہونا۔ ترتیب سے لگنا۔ بننا پورا ہونا ؛
سنو تو سہی (اُر۔ محاورہ) ٹھہرو تو۔ بات تو کرو۔ صبر تو کرو۔ خیال تو کرو۔ سوچو تو۔
سنون (ع۔ ا ند) دانتوں کا منجن ؛
سنہ (ع۔ ند) سال۔ برس۔ سمت ؛
سنہ رواں (عف۔ ا ند) موجودہ سال۔ یہ سال جواب چل رہا ہے ؛
سنہ عیسوی (ع۔ ند) وہ شمسی سال جو حضرت عیسےٰؑ کی پیدائش سے شروع ہوتا ہے ؛
سنہ ہجری (ع۔ ند) وہ قمری سال جو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہجرت مدینہ سے شروع ہوتا ہے ؛
سنہرا سنہری (ہ۔ صفت) سونے کے رنگ کا۔ پہلی کی صند۔ زرین۔ طلائی زرد رنگ۔ پیلا رنگ ؛
سنی (ع۔ ند) مسلمانوں کا اہل سنت والجماعت فرقہ ؛
سنیاس (س۔ ا ند) ترک۔ تیاگ۔ قطع تعلق۔ جوگ۔ فقیر۔ ہندو دھرم کا چوتھا آشرم ؛
سنیاسی (س۔ ا ند۔ فاعل) تارک الدنیا جوگی۔ فقیر۔ آزاد فقیروں کی ایک جماعت ؛
سنیچر (ہ۔ ند) ساتواں کرہ۔ ساتواں ستارہ۔ زحل۔ جمعہ کے بعد کا دن۔ شنبہ۔ نحوست۔ بدنصیبی۔ ادبار ؛
سنیچر آنا (ہ۔ محاورہ) طالع میں زحل ستارے کا آنا۔ ادبار آنا۔ بُرے دن آنا۔ بڑی گھڑی آنا۔ بُرا ستارہ آنا۔ گردش کے دن آنا ؛
سنیچر اترنا (اُر۔ محاورہ) نحوست دور ہونا۔ بدنصیبی ختم ہونا ؛
سنیچر سوار ہونا (اُر۔ محاورہ) چکر میں پڑنا۔ گھومتے پھرتے رہنا۔ گرفتار ہونا ؛
سنیما (انگ۔ Cinema ہ) ایجاد جس میں تصویریں ایک پردے پر بولتی اور حرکت کرتی ہوئی نظر آتی ہیں ؛
سنیہ (ہ۔ ند) پیار۔ محبت۔ لگن۔ پریت۔ پریم۔ الفت مہر ؛
سنیہی (ہ۔ ند۔ فاعل بیائے فاعلی) پیارا۔ محب۔ دوست۔ چاہنے والا۔ عاشق۔ محبت کرنے والا ؛

س - و

سو (ف۔ ا مو) طرف۔ جانب۔ سمت ؛
سوء (ع۔ ا صفت) برا۔ بد۔ نکما۔ نکھد۔ خراب (بحالت اسم مؤنث) بدی۔ خرابی۔ بلا ؛
سوءِ ظن (ع۔ ند) بدگمانی۔ خیال باطل۔ برا گمان ؛
سوءِ ہضمی (ع۔ مو) بدہضمی۔ پیٹ کی خرابی۔ گرانی ؛
سو (ہ۔ اسم عدد) سینکڑا سے۔ پانچ بیسی صد ۱۰۰ ؛
سو باتوں کی ایک بات (اُر۔ ا مو) نہایت معقول بات تجربے کی بات ؛
سو بسوے (ہ۔ تابع فعل) بالضرور۔ یقیناً۔ لامحالہ۔ بے شک۔ غالباً ؛
سو جان سے عاشق ہونا (ہ) فعل۔ نہایت۔ فریفتہ ہونا۔ بالکل محو ہونا ؛
سو جان سے صدقے / سو جان سے قربان / سو جان سے نثار (اُر۔ محاورہ) ہر طرح سے قربان نہایت خوشی میں آکر یہ فقرہ بولا کرتے ہیں۔ یعنی اگر سو جانیں بھی مجھے ملیں تو وہ بھی قربان کردوں ؛
سو جتن کرنا (ہ۔ محاورہ) بہت علاج کرنا۔ نہایت کوشش کی۔ بہت ہی تدبیریں کیں ؛
سو چھپائیں (ہ۔ محاورہ) کئی طرح پوشیدہ رکھیں۔ ہر چند چھپائیں ؛
سو حیلے ہزار بہانے (اُر۔ محاورہ) تدبیریں بہت ہیں ؛
سو دن چور کی ایک دن ساہو کی (ہ۔ کہاوت) ہمیشہ ایک ہی شخص کی نہیں چلا کرتی۔ چور ہمیشہ چوری کر کے سالم نہیں جا سکتا۔ کبھی پکڑا بھی جاتا ہے ؛
سو سر کا ہونا (ہ۔ محاورہ) ایک زبردست عقلمند کا سو پر غالب ہونا۔ نہایت زبردست ہونا۔ ثابت قدم یا اٹل ہونا۔
سو سنار کی نہ ایک لوہار کی (ہ۔ کہاوت) کمزور کی سو چوٹیں زبردست کی ایک چوٹ کے برابر بھی نہیں ہوتیں۔ طاقتور کے آگے کمزور کی کوشش بے فائدہ ہے ؛
سو سو (ہ۔ تابع فعل) بہا۔ زیادہ۔ بکثرت۔ نہایت ہی ؛
سو سو بل کھانا (اُر۔ محاورہ) بہت زیادہ غصے ہونا ؛
سو سو کوس بھاگنا (ہ۔ محاورہ) بہت دور بھاگنا۔ الگ رہنا۔ پرے رہنا ؛
سو سو گھڑے پانی کے پڑنا (ہ۔ محاورہ) نہایت شرمندہ ہونا بہت ہی خجل ہونا۔ ندامت و شرم و حیا کی کثرت سے پسینہ میں غرق ہونا۔ پانی پانی ہونا ؛
سو سو من کے پاؤں ہونا (اُر۔ محاورہ) گھبراہٹ کی وجہ سے چل نہ سکنا ؛
سو سو نام دھرنا (ہ۔ محاورہ) بہت نکتہ چینی کرنا۔ نہایت ہی عیب

کانا۔ نقص بیان کرنا ؛
سو سیانے ایک مت (اُ۔ مثل) سب عقلمندوں کی رائے ایک ہی ہوگی۔ ذرا تفاوت نہ ہوگا ؛
سو غلاموں گھر سُونا (اُ۔ مثل) اولاد نرینہ کے بغیر ہزار غلاموں کے ہوتے بھی گھر خالی لگتا ہے۔ بیٹا ایک ہی بقائے نسل کے لیے کافی ہے۔ غلام ہزار ہو تو بھی کچھ نہیں ؛
سو کے سوا سے (ہ۔ تابع فعل) پچیس فیصدی ؛
سو گز پھاڑیں ایک گز نہ واریں (ہ۔ مثل) ظاہر دار اور ریاکار کی نسبت بولا کرتے ہیں یعنی بظاہر تو محبت جتائیں مگر موقع نقصان کے وقت الگ ہو جائیں ؛
سو مارے ننانوے سے بھول جائے (اُ۔ مثل، اس قابل ہے کہ برابر مار پڑتی رہے ؛
سو نکٹوں میں ایک ناک والا نکو (ہ۔ کہاوت) سو بدوں میں ایک نیک نہایت ہی بُرا خیال کیا جاتا ہے، وجہ یہ ہے کہ اس کا قدردان کوئی نہیں ہوتا۔ سب اس کو بُرا ہی کہتے ہیں ؛
سو آ۔ یا۔ سویا (ہ۔ مذ) نہایت باریک پتی والا خوشبودار ساگ کا نام ہے جو پالک کے ساتھ پکایا جاتا ہے ؛
سَوا (ہ۔ عدد کسری مفید صفت) ایک اور اس کا چوتھا حصہ۔ ایک صحیح ایک بٹا چار ؛ ۱¼
سوا نیزے پر سورج آنا (اُ۔ محاورہ) نہایت گرمی پڑنا قیامت آنا۔ آگ برسنا ؛
سُوا (ہ۔ مذ) بڑی اور موٹی سوئی۔ ٹاٹ اور بوریاں وغیرہ سینے کی سوئی۔ جوار گیہوں وغیرہ غلہ کی بال کا نکوا یعنی سانٹا سا۔ سبز طوطا جس کی چونچ نہایت سُرخ ہو ؛
سوا (ع) حرف استثنا۔ علاوہ۔ بجز۔ بغیر (بحالت صفت) زیادہ فائق ؛
سوا نیزے پر سورج آنا (اُ۔ محاورہ) آثار قیامت نمودار ہونا۔ سخت گرمی پڑنا ؛
سواد (ہ۔ مذ) مزا۔ ذائقہ۔ لذت۔ لطف خوبی۔ خوشی۔ محبت۔ پسریت (بحالت صفت) لذیذ۔ خوش ذائقہ۔ جیسے آج کھانا بڑا سواد بنا ہے ؛
سَوَاد (ع۔ مذ) سیاہی۔ کالک۔ رنگ کی سیاہی۔ گرد و نواح۔ جیسے سواد شہر آس پاس۔ ذہن۔ ملکہ۔ دل کا کالا نقطہ ؛
سوادِ اعظم (ع۔ مذ) اکثریت۔ غالب حصہ کثیر تعداد۔ بڑا شہر ؛
سوادِ خط (ع۔ مذ) انداز تحریر ؛
سُوار (ف۔ مذ) سب آر کا مخفف اور بگاڑ ہے۔ گھوڑ چڑھا۔ پیادہ کی ضد۔ (بحالت صفت) چڑھا ہوا۔ مست۔ متوالہ رسالے کا نوکر ؛
سُوار ہونا (اُ۔ محاورہ) ڈولی یا گاڑی وغیرہ میں بیٹھنا۔ چڑھنا۔ سوار جانا۔ سدھارنا۔ رخصت ہونا۔ آسن جمانا ؛
سوار تھی (ہ۔ صفت بیائے فاعلیت) خود غرض۔ مطلبی۔ سوارتھ بمعنی مطلب اور بائے فاعلیت سے مرکب ہے ؛
سواری (ف۔ اسم صفت) گھوڑے پر چڑھنے کا کام۔ سوار ہونے کی چیز یعنی گھوڑا۔ گاڑی وغیرہ۔ جلوس۔ ہمرکاب۔ سوار شدہ کشتی کے ایک داؤں کا نام ہے ؛
سواری اُتروالو (اُ۔ کلمہ ندا) کہاروں کی آواز ہے جب وہ سواری لے کر مکان میں پہنچتے ہیں ؛
سواری آنا (اُ۔ محاورہ) تشریف لانا۔ عورت کا ڈولی وغیرہ میں بیٹھ کر آنا ؛
سواری کُشتا (اُ۔ فعل) کشتی میں حریف کو دبا بیٹھنا ؛
سواگت (س۔ مذ) خوش آمدید۔ استقبال۔ سلام و آداب ؛
سُوال (ع۔ مذ) درخواست۔ طلبی۔ مانگ۔ پوچھ۔ التجا۔ آرزو۔ بنتی۔ نوید۔ عرض۔ ارداس۔ گزارش۔ بھیک کی درخواست ریاضی میں امتحاناً دریافت ؛
سُوال از آسماں جواب از ریسماں (ف۔ مثل) سوال کچھ اور جواب کچھ ؛
سوال پورا کرنا دینا (اُ۔ محاورہ) مانگنے والے کو چیز دیدینا ؛
سُوال جرح (ع۔ مذ) قانون، دلیل توڑنے والا سوال گرفت کا سوال ؛
سوال حل کرنا (اُ۔ محاورہ) عقدہ کشائی کرنا۔ مشکل کو کھولنا ؛
سُوال دیگر جواب دیگر (ف۔ مثل) سوال کچھ جواب کچھ ؛
سُوالات (ع۔ مذ) سوال کی جمع ؛
سُوامی (ہ۔ مذ) مالک۔ آقا۔ دھنی۔ پربھو۔ پتی۔ خاوند۔ خصم۔ شوہر۔ راجہ۔ بادشاہ۔ پیر۔ گرو۔ مُرشد۔ سنیاسی۔ جوگی حضور۔ جناب عالی ؛ حضرت۔
سوانا۔ یا۔ سوانہ (ہ۔ مذ) کنارہ۔ ڈول۔ بینڈھ۔ انت۔ جنگل۔ مزروعہ زمین ؛
سوانح (ع۔ مذ) سانحہ کی جمع۔ واقعات۔ حادثات۔ حوادث۔ روئیداد۔ حوالات۔ وحشتناک باتیں۔ ناگوار واقعات ؛
سوانح عمری (ع۔ مذ) کسی شخص کی زندگی کے حالات۔ تذکرہ۔ لائف۔ سرگذشت ؛
سوانح نگار (ع۔ مذ) اخبار نویس۔ وقائع نگار۔ نامہ نگار ؛
سوانگ (ہ۔ مذ) نقل۔ شعبدہ۔ تماشا۔ کھیل۔ کرتوت ؛
سوانگ بھرنا (اُ۔ محاورہ) فریب دینا۔ بھیس بدلنا ؛
سوانگ لانا (اُ۔ محاورہ) رُوپ بھرنا۔ نقل کرنا۔ راگ گانا۔ رنگ لانا۔ فیل مچانا ؛
سوانگی۔ یا۔ سوانگیا (ہ۔ مذ۔ فاعل) سوانگ بھرنے والا۔ مکار۔ شعبدہ باز۔ فریبی ؛
سُوا ہا (ہ۔ مذ) ایک کلمہ جو دیوتاؤں پر بھینٹ چڑھانے کے وقت بولتے ہیں ؛

سُواہا کرنا (ف۔ محاورہ) جلا کر بھینٹ دینا جلا کر راکھ کرنا۔ سہم کرنا۔ اُڑا لینا۔ خیانت کرنا۔ غصب کرنا ؛

سوائے (ح) حرف استثنا۔ علاوہ۔ بجز۔ زیادہ۔ فالتو۔ اُوپر پیش ؛

سوایا (ف) اسم عدد کسری۔ ایک صحیح ایک بٹا چار ایک اور چوتھائی ۱¼ (بحالت صفت) زیادہ بڑھا ہوا۔ زیادہ ؛

سُولس بسنا (ف۔ محاورہ) اچھی طرح بسنا۔ پھلنا پھولنا۔ چین آرام سے رہنا۔ سرسبز و شاداب ہونا ؛

سُوبھا (ف۔ مو) سجاوٹ۔ آرائش خوبصورتی بناؤ بانٹ۔ رونق۔

سوپ (انگ۔ ا۔ مذ) صابن۔ Sope

سوت (ف۔ بروزن مجہول۔ اسم مونث) سوتا۔ پانی کا چشمہ۔ منبع۔ دھار۔ نکاس۔ نکلنے کی جگہ۔ مصدر۔ دریا کی شاخ جو کسی اور طرف بہ نکلے ؛

سوت جاری ہونا (ف۔ فعل) چشمہ جاری ہونا ؛

سُوت (ف۔ بروزن معروف۔ اسم مذکر) تاگا۔ ریشم۔ وہ باریک سا تار جو ترکاری کی بیلوں میں ہوتا ہے۔ سیدھا خط۔ سیدھ دیکھنے کا ڈورا۔ سُوکا سولھواں حصہ ؛

سوت باندھنا (ف۔ محاورہ) سیدھا خط ڈالنا۔ نشانہ باندھنا۔ شست باندھنا۔ سیدھ باندھنا ؛

سوت کے بنولے ہو جانا (ف۔ محاورہ) بنا ہوا کام خراب ہو جانا ؛

سوت نہ کپاس کولی سے لٹھم لٹھا (ف۔ مثل) آغاز کے بغیر ہی نتیجہ پر لڑنا۔ جھگڑنا خواہ مخواہ کا جھگڑا ؛

سوت یا سوتن۔ یا۔ سوکن (ف۔ مو) ایک شوہر کی دو بیویاں آپس میں سوکن کہلاتی ہیں۔ پہلی عورت پر جو دوسری بیوی لائی جائے سوکن ہوتی ہے ؛

سوت بھلی سوتیلا بُرا (ف۔ مثل) سوکن کی نسبت اُس کی اولاد زیادہ خطرناک ہوتی ہے ؛

سوت پر سوت اور جلا پا (ف۔ کہاوت) ایک تو دشمن موجود تھا دوسرا اور آ گیا اب مصیبت اور تکلیف اور زیادہ ؛

سوت کا لانا جیتے جی کا جلانا (مثل) دوسری جورو کا لانا پہلی کو زندہ درگور کرنا ہے ؛

سوتا (ف۔ بروزن مجہول۔ مذ) چشمہ۔ سوت۔ کھاڑی۔ چشمہ۔ (بحالت صفت) سوتا ہوا۔ خفتہ ؛

سوتا پا (ف۔ مذ) دو سوکنوں کے درمیان فطری دشمنی ؛

سوتا سنسار جاگتا پاک پروردگار (اُ۔ مثل) رات کا سنسان ہونا۔ وہ کلمہ جو داستان گو داستان سنانے سے پہلے کہتے ہیں ؛

سُوتک (اس۔ مذ) بچہ پیدا ہونے کے وقت کی ناپاکی ؛

سُوتنا (ف۔ فعل) نچوڑنا۔ صاف کرنا۔ ڈور پر مانجھا چڑھانا۔ پتے وغیرہ کمسوٹنا۔ میان سے تلوار کھینچنا۔ چوسنا۔ جذب کرنا ؛

سوتواں۔ ستواں ناک (اُ۔ امو) پتلی ناک۔ پتلی اور خوبصورت ناک

سُوتی (ف۔ صفت بیائے مصدری) سُوت کا۔ سُوت کا بنا ہوا۔

سوتی جھڑپ یا راڑ جگانا (ف۔ محاورہ) گئے گزرے فساد کو نئے سرے سے اُٹھانا۔ فتنہ۔ بیدار کرنا ؛

سوتے جاگتے مُنہ دیکھنا (ف۔ محاورہ) ہر وقت توقع رکھنا۔ اُمید رکھنا۔ تمنا رکھنا ؛

سوتے نتنے جگانا (اُ۔ محاورہ) دبے ہوئے جھگڑے کو تازہ کرنا ؛

سوتے نصیب جاگنا (اُ۔ محاورہ) اقبال یاور ہونا۔ تباہی کے بعد اچھے دن آنا ؛

سوتیلا (ف۔ صفت تبریکب فاعلی) سوکن کا بیٹا۔ سگے کی ضد ؛

سوتے مُردے جگانا (اُ۔ فعل) نہایت شور و شر مچانا قیامت برپا کرنا۔ شور و غل برپا کرنا ؛

سُوجا (ف۔ مذ) آلہ برما سوراخ کرنے کا آلہ۔ سوا۔ بڑی سوئی ؛

سوجانا (اُ۔ فعل) نیند آجانا۔ سُن ہو جانا۔ خون کی حرکت بند ہو جانا ؛

سُوجن (ف۔ مو) حاصل مصدر ہے۔ سوجنا سے۔ ورم۔ آماس ؛

سُوجنا (ف۔ فعل) سُوجن چڑھنا۔ ورم ہونا۔ آماس ہونا۔ پھولنا غصے یا بدمزاجی سے مُنہ پھلائے رہنا ؛

سُوجنا پھولنا (اُ۔ محاورہ) متورم ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ غصہ میں آنا ؛

سُوجھ (ف۔ مو) حاصل مصدر ہے۔ سُوجھنا سے۔ فکر۔ سمجھ۔ بُوجھ۔ عقل۔ بینائی۔ نظر۔ جوت ؛

سُوجھ بُوجھ (ف۔ مونث) عقل۔ سمجھ۔ دُور بینی۔ دُور اندیشی ؛

سُوجھتا۔ یا۔ سُوجھتا بُوجھتا (ف۔ مذ۔ مفعول) فکر۔ اندیشہ۔ صلاح و مشورہ بند و بست۔ انتظام۔ مطلب۔ ڈھنگ۔ مقصد۔ مصلحت۔ بہتری ؛

سُوجھتا اپنا کرنا (ف۔ محاورہ) اپنا سُوجھتا کرنا۔ بکثرت بولتے ہیں) اپنی مصلحت کا کام کرنا۔ انتظام کرنا۔ بند و بست کرنا۔ دور اندیشی کرنا۔ اپنی بہتری سوچنا ؛

سُوجھتا کرنا (ف۔ محاورہ) فکر کرنا۔ تدبیر کرنا۔ سوچنا ؛

سُوجھنا (ف۔ فعل) دکھائی دینا۔ نظر پڑنا۔ ظاہر ہونا۔ معلوم ہونا۔ خیال آنا۔ سمجھ میں آنا ؛

سُوجی (ف۔ مو) روا۔ گیہوں کی گری۔ سوئی۔ سوزن ؛

سُوچ (ف۔ مو) طہارت۔ پاکی استنجا۔ آبدست۔ صفائی ؛

سوچ (ف۔ مو۔ مذ) فکر۔ اندیشہ۔ غم و الم۔ رنج۔ غور۔ دھیان توجہ ؛

سوچ بچار (ف۔ مذکر و مونث) فکر و اندیشہ۔ سوچ فکر۔ سوچ سمجھ۔ غور و فکر ؛

سوچ سمجھ (ف۔ اسم مونث) سوچ بچار۔ غور و فکر ؛

سوچ کرنا } سوچنا } (ف۔ فعل) فکر کرنا۔ غور کرنا۔ سمجھنا۔ چنتا کرنا۔ اندیشہ کرنا۔ غم کھانا۔ خوض کرنا۔ مراقبہ کرنا۔ دھیان

لگانا۔ انجام بینی کرنا۔ ذہن نشین کرنا ؛
سوچنا (ہ۔فعل) طہارت کرنا۔ استنجا کرنا۔ آبدست کرنا۔ پانی لینا ؛
سوچی پتر (س۔ا۔مذ) صحت نامہ۔ فہرست مضامین ؛
سوختہ (ف۔ا۔مو۔حاصل مصدر از سوختن۔ جلن۔ سوزش۔ سوختگی ؛
سوختہ کرنا (اُر۔محاورہ) جلانا۔ غبا کرنا۔ بیکار کرنا ؛
سوختگی (ف۔ا۔مو۔بیائے مصدری) جلن۔ سوزش۔ رنج۔ تکلیف۔ جلایا۔ غم۔ صدمہ۔
سوختنی (ف۔ا۔مو۔بیائے تابلیت) جلنے کے قابل جلنے جوگا۔ جلانے کے لائق ؛
سوختہ (ف۔صفت مفعولی) جلا ہوا۔ جھلسا ہوا۔ مصیبت زدہ۔ افسردہ۔ چہ مُردہ۔ دم کیا ہوا۔ اُپلیریا۔ گجھا ہوا کوئلہ وغیرہ جس میں جلدی آگ لگ جاتی ہے۔ بلاٹنگ پیپر کا غذ جاذب۔ سیاہی چٹ ؛
سوختہ بال (ف۔صفت) بے بس (جس کے پر جل چکے ہوں)
سوختہ بخت (ف۔صفت) بدقسمت۔ بدنصیب ؛
سوختہ پا (ف۔صفت) جلد چلنے والا۔ تیز قدم ؛
سوختہ تن / سوختہ جگر (ف۔صفت) جان جلا۔ دل جلا (کنایتاً) عاشق ؛
سوختہ ساماں (ف۔صفت) جس کا سب کچھ جل گیا ہو۔ تباہ و برباد ؛
سُود (ہ۔ا۔مذ) بنیوں کی ایک قوم جو اکثر پہاڑی اضلاع میں زیادہ پائی جاتی ہے (ف۔مذ) قرض دیئے ہوئے روپے پر نفع۔ بیاج، بھلائی، بہتری
سُود مند (ف۔امذ) مفید۔ فائدہ مند ؛
سوداء (ع۔مذ) کالا۔ سیاہ۔ چار خلطوں میں سے ایک خلط کا نام۔ بلغم سوختہ۔ دیوانہ پن۔ جنون۔ مالیخولیا۔ خیال۔ وہم۔ وھیان محبت۔ عشق۔ پریم۔ چیز نفیس اسباب۔ سامان خرید و فروخت۔ مول تول۔ بیوپار۔ معاملہ۔ مرزا محمد رفیع مرحوم کا تخلص ہے ؛
سودا اُچھلنا (اُر۔محاورہ) جوش جنون ہونا۔ خفقان کا زور ہونا۔ پاگل پنا بڑھنا ؛
سودا بک جانا (اُر۔محاورہ) کچھ پاس نہ رہنا۔ حسن جاتا رہنا۔ نامرد ہو جانا ؛
سودا بگاڑنا (اُر۔محاورہ) طے شدہ معاملہ خراب کرنا ؛
سودا پلٹنا (اُر۔محاورہ) سودا نہ بننا۔ قیمت طے ہو کر چیز کا واپس ہو جانا ؛
سودا ٹھیرنا / سودا پٹنا (اُر۔محاورہ) قیمت چکنا۔ معاملہ طے ہونا۔ بھاؤ تاؤ مقرر ہو لینا ؛
سودا نہ ہونا (اُر۔محاورہ) قیمت طے نہ ہونا۔ معاملہ نہ بننا ؛
سودا سلف (اُر۔مذ) چیز بست۔ کھانے پینے وغیرہ کی چیز خرید و فروخت کرنے کی بازاری چیز ؛
سوداگر (ف۔ا۔مذ۔فاعل) بیوپاری۔ مہاجن تاجر ؛
سوداگری (ف۔ا۔مو۔بیائے مصدری) بیوپار۔ تجارت۔ لین دین ؛
سودائی (ع۔مذ۔بیائے فاعلیت) سڑی۔ پاگل۔ مجنوں۔ جنبلی۔ احمق ؛
سوداوی (ع۔صفت۔بیائے نسبتی) سودا کی خلط کی زیادتی والا۔ غمگین ؛
سوداوی مزاج (ع۔مذ) وہ آدمی جس کے مزاج میں سودا کی خلط زیادہ ہو ؛
سُودر (ہ۔مذ) ہندوؤں کی چوتھی ذات جو خدمت وغیرہ کا کام کرتی ہے نیچ قوم جیسے نائی۔ دھوبی۔ چمار۔ لوہار۔ وغیرہ ؛
سُودھا (ہ۔صفت) سیدھا۔ صاف۔ سچا۔ راست گو۔ سادہ دل۔ بھولا بھالا ؛
سُودھن (ہ۔مذ) تہذیب۔ شائستگی۔ پاکیزگی۔ درستی۔ اصلاح ؛
سُودھنا (ہ۔فعل) میل کچیل نکال ڈالنا۔ صاف کرنا۔ پاک کرنا۔ چاندی سونے میں سے کھوٹ دُور کرنا ؛
سُودھی (اُر۔مذ۔فاعل) پاک۔ صاف۔ عمدہ۔ مقدس۔ کھرا۔ سچا۔ اُجلا۔ نفیس۔ بہت اچھا ؛
سُودی (ف۔ا۔صفت بیائے فاعلیت) بیاج پر روپیہ۔ وہ روپیہ جو بیاج پر لیا جائے ؛
سُودیشی (ہ۔صف) اپنے دیس کا۔ ملکی ؛
سوڈا Soda (انگ۔ا۔مذ) ولایتی پانی۔ سوڈے کی لاگ سے مشین میں بنا ہوا پانی ؛ Soda Water
سوڈے کا جوش / اُبال (اُر۔امذ) وقتی جوش۔ عارضی جوش ؛
سوڈھی (ہ۔ا۔مذ) چھتریوں کی ایک قوم کا نام ہے۔ جو اپنے تئیں گورو نانک صاحب کی اولاد بتاتے ہیں ؛
سُور (ہ۔صفت) سُورما۔ بہادر۔ دلیر۔ غازی مرد۔ شجاع ؛
سُور بیر (ہ۔صفت) جوانمرد۔ بڑا بہادر۔ جودھا۔ بڑا سُورما ؛


سور

سُوَر۔ یا۔ سُوَر (ہ۔ا۔مذ) بد۔ گراز جانور فوک۔ خنزیر (صفت میں) (حرام زادہ) نہایت شریر اور ایک نہایت بُری گالی ؛
سُور گھنٹا (ہ۔ا۔مذ) سُور کا جنا۔ سُور کا بچہ ؛
سُور (ف۔ا۔مذ) خوشی۔ شادی و شادمانی۔ جشن۔ گھوڑے، خچر یا اُونٹ کا سیاہی مائل خاکی رنگ۔ سُرخ اور لال رنگ ؛
سُور (س۔ا۔مذ) عالم۔ فاضل۔ پنڈت سُورج۔ آفتاب، سہرسوں ؛
سور داس (ہ۔ا۔مذ) نابینا۔ ایک بڑے فاضل شاعر اور گویے کا نام ہے۔ یہ نابینا تھا۔ اس لیے تعظیماً ہر اندھے کو ہندو سورداس کہہ دیتے جیسے مسلمان حافظ کہہ دیتے ہیں ؛

سُورا۔ یا۔ سوہرا (ہ) مذ سُسرا سُسر ؛
سُوراج (س۔ا۔مذ) اپنا راج۔ حکومت۔ خود اختیاری۔ ہوم رول ؛
سُوراخ (ف۔ا۔مذ) چھید۔ رزن۔ بل۔ رخنہ۔ درز۔ دراڑ۔ جھری نتھنہ۔ دہان۔ موگھا۔ موری۔ مسام۔ گھر خانہ ؛
سُورت (ع۔ا۔مذ) قرآن شریف کا کوئی حصہ۔ باب۔ صحیح۔ سورۃ) ہے ؛
سُورت (ہ۔ا۔مذ) ہندوستان کے ایک بڑی بندرگاہ اور شہر کا نام ہے۔ جو صوبہ مہاراشٹر میں ہے ؛
سُورٹھ (ہ۔ا۔مو) کھاج مٹھاس کی ایک راگنی کا نام ؛



سورج

سُورج (ہ۔ا۔مذ) آفتاب۔ مہر۔ شمس۔ خورشید۔ دھوپ
آفتاب کی روشنی ؛
سُورج بنسی (ہ۔ا۔مذ) راجپوتوں کا ایک ذات ہے جو اپنے آپ کو سُورج کی اولاد بتاتے ہیں۔ جو راجہ رامچندر جی کے بزرگوں میں ہوا ہے ؛
سُورج خاک ڈالنے سے نہیں چھپتا (اُ۔مثل) ظاہر بات کا چھپانا مشکل ہوتا ہے ؛
سُورج ڈوبنا (ہ۔فعل) آفتاب کا مغروب ہونا۔ سُورج کا چھپنا ؛
سُورج سنسار (ہ۔ا۔مذ) نظام شمسی ؛
سُورج کو چراغ دکھانا (ہ۔فعل) سیانے کو عقل بتانا۔ نادان کو حکمت سکھانا۔ فضول اور عبث کام کرنا ؛
سُورج گرہن۔ یا۔ سورج گہن (ہ) کسوف چاند کا زمین اور سُورج کے درمیان حائل ہو کر سُورج کی روشنی کو زمین پر نہ آنے دینا ؛
سُورج منڈل۔ یا۔ سورج گرد (ع۔مذ) سورج کی ٹکیہ۔ قرص خورشید ؛
سُورج منڈل (ہ۔اسم مونث) نظام شمسی۔ سُورج۔ سنسار ؛
سُورج مکھی (ہ۔ا۔مو) ایک قسم کا نہایت زرد رنگ کا پھول جو اپنا رُخ سُورج کی طرف رکھتا ہے۔ آفتاب پرست ؛
سُورگ (س۔ا۔مذ) اندر لوک۔ بہشت۔ جنت۔ دیوتاؤں کے رہنے کی جگہ ؛
سُورما (ہ۔صفت) بہادر۔ شجاع ؛
سُورما جنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا (ہ۔مثل) اکیلا بہادر بہت سے لوگوں پر غالب نہیں آسکتا ؛
سُورن (ہ۔ا۔مذ) سونا۔ کنچن۔ ایک قیمتی زرد رنگ کی دھات ہے جس سے زیور بناتے ہیں ؛
سُورن کی کایا (ہ۔ا۔مو) سونے جیسا جسم۔ خوبصورت بدن۔ حسین و جمیل۔ نہایت خوشنما جسم ؛
سُورنجان (ف۔ا۔مو) ایک جڑی کا نام ہے۔ جسے جنگلی سنگھاڑا بھی کہتے ہیں ؛
سُورنی (ہ۔ا۔مو) خنزیر کی مادہ۔ مجازاً۔ بہت سے بچے دینے والی عورت ؛
سُورہ (ہ۔ا۔مذ) دیکھو سُورت بمعنی پارہ قرآن ؛
سُوڑ (ہ۔ا۔مو) گدڑی۔ لحاف۔ رضائی ؛
سُوڑ۔ یا۔ سُوہڑ (ہ۔ا۔مونث) نفاس۔ بچہ پیدا ہونے کی ناپاکی ؛
سُوڑنا (ہ۔فعل) قہر سے مارنا۔ چابک مارنا۔ کوڑے مارنا ؛
سوز (ف۔ا۔مذ) حاصل مصدر از سوختن۔ جلن۔ سوزش۔ تپش۔ سوختگی دُکھ۔ درد۔ رنج۔ غم۔ سوگ۔ مرثیہ پڑھنے کا ایک خاص ڈھنگ۔ منشی محمد میر ولد میر ضیاء الدین کا تخلص ہے ؛
سوزخواں (ف۔صفت) طرز اور لے سے مرثیہ پڑھنے والا ؛
سوز و ساز (ف۔ا۔مذ) رنج و راحت ؛
سوز و گداز (ف۔ا۔مذ) رنج آمیز کیفیت رقت انگیز حالت ؛
سوزاک (ف۔ا۔مذ) حرقت البول۔ ایک بیماری کا نام ہے جس میں پیشاب جلن سے آتا ہے ؛
سوزش (ف) اسم مصدری از سوختن۔ جلن۔ سوختگی ؛
سوزن (ف۔اسم آلہ) سوئی۔ کپڑے سینے کا اوزار ؛
سوزن کار (ف۔صف) کڑھائی کرنے والا سوئی کا کام کرنے والا ؛
سوزنی (ف۔ا۔مو) ایک قسم کا روئی دار بستر جس میں نگندوں کی جگہ پھلدار سلائی ہوتی ہے ؛
سُوس (ع۔ا۔مذ) مٹھی۔ خوک آبی۔ ایک قسم کا مگرمچھ۔ گھڑیال ؛
سوسائٹی (انگ۔ا۔مو) انجمن۔ مجلس۔ منڈلی۔ سماج۔ لوگوں کی صحبت
سُوسلا (ف۔ا۔مذ) پھونس یا کانوں وغیرہ کا بندھا ہوا مٹھا۔ شہید کی مکھیوں کی شہد کے چھتوں پر سے ہٹانے کا دھواں پہنچانے کا کوچلا ؛
سوسلا رہنا (ہ۔فعل) سو رہنا۔ پڑ رہنا۔ سلا یہاں تابع مہمل ہے ؛
سُوسمار (ف۔ا۔مذ) گوہ۔ ایک جنگلی جانور کا نام ؛
سوسن (ف۔ا۔مو) ایک آسمانی رنگ کے خوبصورت پانچ پنکھڑیوں والے پھول کا نام ؛

سوسن

سوسنی (ف۔ا۔مو) صفت بیائے نسبتی آسمانی۔ نیلگوں ؛
سوسی (ہ۔ا۔مو) ایک قسم کا رنگین دھاریدار کپڑا ؛
سوشل Social) مخفف معاشرتی۔ تمدنی ؛
سوشلسٹ (انگ۔ا۔مو) ایک اعتدال پسند فلسفہ حیات جس کا یہ دعوے ہے کہ دنیاوی بود و باش میں امیر و فریب کا فرق کیوں ہے ؛ اجتماعیت۔ سماجہ۔ شرکت ؛ Socialist

سوشلزم (انگ۔ امو) ایک معاشی اور معاشرتی نظریہ جس میں وسائل پیداوار اجتماعی یا سرکاری ملکیت میں ہوتے ہیں۔ اشتمالیت ؛ Socialism

سوغات (ت۔ امو) عمدہ چیز۔ نرالی چیز۔ تحفہ۔ ہدیہ۔

سُوفار (ف۔ ا۔ مذ) سوئی کا ناکا۔ تیر کی پٹلی۔ تیر کا وہ حصہ جو چلہ پر رکھا جاتا ہے۔ پیکان کے مقابل۔ تیر کے گز کا دوسرا سرا ؛

سُوفتہ (اُ۔ ا۔ مذ) فرصت۔ مہلت۔ مرض کی کمی۔ افاقہ۔ ہندی لفظ سیتا کا بگاڑ ؛

سُوفسطائی (یونانی۔ ا۔ مذ) خدا کے منکر اور وہم پرست حکماء کا گروہ ؛

سُوفسطائیت (ع۔ ا۔ مذ) سوفسطائی کا طریقہ یا مسلک ؛

سُوق (ع۔ ا۔ مذ) بازار ؛

سُوقیانہ (ع۔ ف۔ صفت) بازاری۔ عوام کا ؛

سُوک (ہ۔ ا۔ مذ) زہرہ ستارہ۔ ناہید لوئے فلک ؛ جمعہ۔

سوک (ہ۔ ا۔ مو) سوکن کا مرخم ہے ؛

سُوکا (ہ۔ ا۔ مذ) پلاؤ لا۔ روپے کا چوتھا حصہ ؛

سوکا (ہ) بواؤ مجہول۔ صفت مذکر خشک سالی۔ امساک باراں۔ اولوں کی ماری فصل ؛

سوکا پڑنا (ہ۔ فعل) قحط پڑنا۔ خشک سالی پڑنا ؛ کال پڑنا۔

سوکنا (ہ۔ بواؤ مجہول۔ فعل) جذب کر جانا۔

سوکھنا پی لینا۔ چڑھا جانا ؛

سُوکھا (ہ۔ صفت۔ مذ) خشک۔ بے نم۔ بلا رطوبت۔ گیلا کی ضد۔ پتلا دُبلا۔ لاغر۔ روکھا پن سلاون کا۔ خشک تمباکو۔ بھنگ۔ بنگ ؛

سُوکھا ٹالنا (ہ۔ فعل) نامراد واپس کرنا۔ خشک جواب دیدینا۔ صاف انکار کر دینا ؛

سُوکھا ٹھنٹھ (ہ۔ ا۔ مذ) خشک شدہ استادہ درخت۔ بغیر شاخوں کا درخت بے پتوں کا درخت ؛

سُوکھا جواب (ہ۔ ا۔ مذ) کورا جواب۔ خشک جواب۔ صاف انکار ؛

سُوکھا لگنا (ہ۔ فعل) لاغر و کمزور ہو جانا۔ تپدق ہو جانا۔ سل کی بیماری لاحق ہونا ؛

سُوکھا سہما (اُ۔ صفت) دُبلا پتلا۔ لاغر۔ نحیف ؛

سُوکھ کر کانٹا ہو جانا (ہ۔ فعل) نہایت لاغر ہونا

سُوکھ کر قاق ہو جانا } بہت ہی دُبلا ہو

سُوکھ کر بدھ ہو جانا } جانا ؛

سُوکھ کر تُفاق لگنا کمزور و ناتواں ہو جانا۔ سوکھ کر تنکا ہو جانا ؛

سُوکھنا (ہ۔ فعل) بواؤ معروف خشک ہونا۔ سُکڑنا۔ دُبلا ہونا۔ دیر لگنا۔ جیسے بیٹھا بیٹھا سُوکھ گیا۔ بے نم و رطوبت ہونا ؛

سُوکھے اُسترے سے سر منڈوانا (اُ۔ محاورہ) بغیر پانی لگائے سر منڈوانا کہ تکلیف زیادہ ہو ؛

سُوکھے ٹکڑوں پر کوّے اُڑانے (رُ۔ مثل) تنخواہ تھوڑی اور کام ذلیل۔ کم تنخواہ پر ذلت کا کام ہونا ؛

سُوکھے ٹکڑوں پر کوّوں کی مہمانی (رُ۔ کہاوت) ناداری کی حالت میں سخی کی نمود۔ غریبی میں سخی ؛

سُوکھے دھانوں پر پانی پڑنا (اُ۔ محاورہ) از سر نو زندگی حاصل کرنا۔ جان پڑ آنا۔ مراد بر آنا۔ آب رفتہ بجو آمدن کا ترجمہ ہے ؛

سُوکھے ساون نہ روکھے بھادوں (ہ۔ کہاوت) بیشبہ بے فیض ہر وقت۔ یکساں کنگال ؛

سُوکھے گھاٹ اُتارنا (اُ۔ محاورہ) مایوس رکھنا۔ ناامید رکھنا۔ بالکل ٹال دینا ؛

سُوکھی (ہ۔ صفت۔ مو) خشک چیز۔ روکھی۔ دُبلی پتلی۔ لاغر۔ کمزور ؛

سُوکھی چنائی کرنا (اُ۔ محاورہ) پانی پیئے بغیر کھانا کھانا۔ کھانا کھاتے وقت پانی نہ پینا ؛

سُوکھی سُنانا (ہ۔ محاورہ) صاف انکار کرنا ؛

سُوکھی میخ گھسیڑنا (اُ۔ محاورہ) زک دینا ؛

سُو کی ایک بات کہنا (اُ۔ محاورہ) مختصر سی بات کہنا۔ نہایت مختصر مگر کام کی بات کہنا ؛

سوگ (ہ۔ ا۔ مذ۔ بواؤ مجہول) ماتم۔ غم و الم۔ مصیبت۔ فکر۔ سوچ چنتا۔ سیاپا۔ بلاپ۔ مُردے کا ماتم ؛

سوگ اُتارنا (ہ۔ فعل) ماتم دور کرنا۔ سوگ اُٹھانا ؛

سوگوار (ف۔ ا۔ مذ) فاعل۔ مغموم۔ غم زدہ۔ غمگین۔ ماتمی ؛

سوگند (ف۔ ہ۔ مو) قسم۔ سوں۔ اقرار۔ عہد۔ حلف ؛

سوگی (ف۔ بواؤ مجہول۔ صفت بیائے فاعلی) غم دار۔ غمزدہ۔ غمگین۔ مغموم۔ ماتمی ؛

سُول (ہ۔ ا۔ مو) کانٹا۔ خار۔ برچھی۔ تیر کی لوک۔ درد شکم۔ پیٹ کا درد۔ چبھن ہول۔ ترسُول ؛

سِوَل (Civil۔ انگ۔ صفت) انتظامی۔ مالی۔ دیوانی۔ سنجیدہ۔ مہذب۔ بھلا مانس ملنسار۔ تعلیم یافتہ۔ ملٹری۔ یعنی فوجی کی ضد ؛

سِوِل جج (Civil Judge۔ انگ۔ مذ) دیوانی مقدمات کا فیصلہ کرنے والا حاکم۔ لین دین اور باہمی معاملات کے فیصلے کرنے والا۔ منصف۔ قاضی ؛

سول سٹیشن (Civil Station۔ انگ۔ مذ۔ ظرف) آبادی کا وہ حصہ جہاں سول افسر رہتے ہوں ؛

سِوِل سرجن (Civil Surgeon۔ انگ۔ مذ) وہ سرکاری ڈاکٹر جو ہر ضلع کے ہسپتالوں کا نگران ہوتا ہے ؛

سِوِل سروس (Civil Service۔ انگ۔ مو) ملازمت کی ایک شاخ

سول کورٹ (Civil Court۔ انگ۔ مو) عدالت دیوانی۔ لین دین کے مقدمات سننے والی عدالت ؛

سول میرج (Civil Marriage۔ انگ۔ امو) عدالتی شادی ؛

سول لسٹ (Civil List۔ انگ۔ مو) ملکی ملازموں کی فہرست جس میں مقدار تنخواہ اور عرصہ ملازمت وغیرہ درج ہوتا ہے ؛

سول نافرمانی (انگ۔ امو) حکومت کے احکام کی تعمیل سے بلا تشدد

انکار ؛

سول وار (Civil War) ایک قوم کے مختلف طبقوں کی لڑائی ؛

سولہ (ہ) ۔ بواؤ مجہول ۔ اسم عدد) دس اور چھ شانزدہ ۔ ۱۶ ؛

سولہ سنگار (ہ ا مذ) تمام عورتوں کی اعلیٰ درجے کی جسمانی سجاوٹ کا نام ۔ جو پورے درجے کی سجاوٹ سمجھی جاتی ہے ۔ مثلاً کنگھی ۔ سُرمہ ۔ مسی ۔ مہندی ۔ کاجل ۔ کمربند ۔ گہنا ۔ کپڑا ۔ چوڑی چھلے وغیرہ ؛

سولھواں (ہ ۔ صفت عدد) سولہ سے نسبت رکھنے والا ۔ سولہ کے نمبر کا ؛

سُولی (ہ ا مو) دار ۔ پھانسی ؛

سُولی پر جان ہونا (ہ ۔ محاورہ) سخت تکلیف میں ہونا ۔ بڑی مصیبت میں گرفتار ہونا ؛

سُولی پر چڑھانا (ہ ۔ محاورہ) پھانسی پر چڑھانا دار پر کھینچنا ۔ سخت تکلیف دینا ۔ تنگ کرنا ۔ نہایت دق کرنا ؛

سُولی کا ٹکڑا کھانا / **سُولی پر کی روٹی کھانا** (ہ ۔ محاورہ) بڑی جان جوکھوں یا سخت مصیبت کی روٹی کھانا ۔ جان بچنے کی روٹی کھانا ؛

سولی پر نیند آجاتی ہے (ہ ۔ محاورہ) نیند وہ بلا ہے کہ مصیبت اور خطرہ کی بھی پرواہ نہیں کرتی ۔ مصیبت کی جگہ بھی آجاتی ہے ؛

سُولی پر لٹکنا (ہ ۔ محاورہ) نہایت مصیبت میں اوقات گزرنا ؛

سُولی چڑھانا ۔ یا ۔ سُولی دینا (ہ ۔ فعل) پھانسی دینا ۔ پھانسی پر لٹکا کر مارنا ۔ جان لینا ؛

سُوم (ہ ۔ صفت) کنجوس ۔ بخیل ۔ مسک شوم ۔ بدبخت ؛

سُوم کے گھر میں گنّا پڑا جانے نہ جانے دے (ہ ۔ کہاوت) کنجوس کے نوکر بھی نہ آپ فائدہ اُٹھائیں نہ دوسرے کو اُٹھانے دیں ؛

سُوم (س ۔ بواؤ مجہول) چاند ۔ قمر ۔ ماہ ۔ ماہتاب ۔ چندرماں ۔ ایک بوٹی کا نام ۔ ملک الموت ؛

سومتی ۔ یا سوم وتی یا سموتی ماوس (ہ ۔ مو) بھارت کا ایک مشہور میلہ جو تمانبیر کے مقام پر لگتا ہے ۔

سوکھن (تذکیر ۔ صفت) خوش نما ۔

سوموار (ہ ۔ مذ) چاند کا دن ۔ پیر کا دن ۔ دوشنبہ ؛

سوم (رف ۔ صفت عددی) تیسرا ۔ ثالث ۔ تیسرے دن کی فاتحہ تیجا ؛

سومنات (س ۔ ا مذ) ہندوستان کا مشہور بت خانہ جسے محمود غزنوی نے فتح کیا ۔ مجازاً ۔ بت خانہ ۔

سون (ہ ۔ مو) سونے کا مختلف قسم ۔ عمدہ ۔ اقرار ۔ حلف ؛

سُون (ہ ا مو) خاموشی ۔ چُپ ۔ سانس ۔ دم نفس ؛

سُون کھینچنا / **سُون کی لینا** (ہ ۔ محاورہ) چُپ رہنا ۔ خاموشی اختیار کرنا ۔ دم کو روکے رکھنا ۔ چُپ سادھنا ۔ خاموش ہو رہنا ؛

سونا (ہ ا مذ) ایک قیمتی ۔ وزنی زرد رنگ کی دھات کا نام ہے ۔ طلا ۔ کندن ۔ کچن ۔ سورن ؛

سونا اچھالتے چلے جاؤ (ہ ۔ کہاوت) نہایت عدل اور امن کی تعریف میں کہا کرتے ہیں ؛

سونا جانے کسے آدمی جانے بسے (ہ ۔ کہاوت) سونا کسوٹی پر رگڑنے سے اور آدمی پاس رہنے سے پہچانا جاتا ہے کہ کھرا ہے یا کھوٹا ؛

سونا چھوئے مٹی ہوتا ہے (ہ ۔ مثل) کمال بدبختی اور بداقبالی ہے ۔ یعنی نحوست پرلے درجے کی ہے ۔ ہر بات کا اُلٹا اثر ہوتا ہے ؛

سونا چاندی (ہ ۔ مو) مال ۔ دولت ۔ پیسہ وغیرہ ؛

سونا چاندی آگ میں ہی پرکھے جاتے ہیں (اُ ۔ مثل) انسان کی خوبی مصیبت کے وقت ہی معلوم ہوتی ہے ؛

سونا چڑھانا (اُ ۔ محاورہ) کسی دوسری دھات پر سونے کا ملمع کرنا ؛

سونا گندہ (ہ ۔ صفت) بیگرا سونا ۔ خالص کندن ۔ کچن سا ۔ صاف سونا ۔ کھری نسل کا ۔ اعلےٰ خاندان کا ۔ پاک صاف ۔ بالکل معصوم ؛

سونا (ہ ۔ فعل) نیند لینا ۔ آنکھ لگنا ۔ آرام کرنا ۔ سمبتر ہونا ۔ مرنا ۔ ملک عدم کو جانا ؛

سونا سوگند ہوجانا (ہ ۔ محاورہ) نیند نہ آنا ۔ نیند لینا ۔ قسم میں داخل ہوجانا ۔ بالکل نہ سونا ؛

سونا سنار کا اُبھرن سنار کا (اُ ۔ مثل) مشہور ہے کہ سنار زیورات میں بہت سا کھوٹ ملا دیتے ہیں اس طرح سونا سب سنار کے پاس ہی رہ جاتا ہے ؛

سُونا (ہ ۔ بواؤ معروف ۔ اسم صفت ۔ مذ) خالی ۔ اکیلا ۔ تنہا ۔ ریتا ۔ تہی جیسے سونا گھر ۔ بحالت تانیث ۔ اس کا الف یائے معروف سے بدل جائیگا ۔ جیسے سُونی بستی ؛

سُونا گھر بھڑوں کا راج (ہ ۔ مثل) جب کوئی لائق نہ ہو تو بڑوں کا زور ہوجاتا ہے ؛

سُونا ہوجانا (ہ ۔ فعل) خالی ہوجانا ۔ بے رونق ہوجانا ۔ سنسان ہوجانا ؛

سونا مکھی (ہ ا مو) ایک دوا کا نام ہے ؛

سونپنا (ہ ۔ فعل) حوالے کرنا ۔ سپرد کرنا ۔ چارج دینا ۔ امانت رکھنا کسی کے اعتبار پر چھوڑنا ؛

سونٹا (ہ ۔ بواؤ مجہول مذ) ڈنڈا ۔ بلم ۔ عصا ۔ جریب ؛

سونٹا سے ہاتھ (ہ ا مذ) ننگے ہاتھ ۔ چوڑیوں سے خالی ہاتھ ۔ (عورتیں کہا کرتی ہیں) ؛

سُونٹھ (ہ ا مو) خشک ادرک ۔ زنبیل ۔ نادر چیز ۔ عمدہ چیز ۔ حقیر چیز ؛

سُونٹھ بسانا (ہ ۔ محاورہ) کوئی قیمتی چیز خریدنا ۔ زچہ خانے کی چیزیں خریدنا ؛

سُونٹھ کی ناس لینا / **سونٹھ کے لڈو کھانا** (ہ ۔ محاورہ) چُپ سادھنا ۔ خاموش ہونا ۔ برداشت کرنا ۔ تحمل کرنا ۔ گونگے کا گڑ کھانا ۔ سخت برداشت کرنا ۔ خاموشی اختیار کرنا ۔

سُونٹھ پانی (ہ۔اند) زیرے وغیرہ کا ترش پانی۔ کاسنی کا ہاضم سونٹھ پانی ؛

سونٹھ پیچیری (ہ۔اِ۔مو) زچہ خانے کی مقوی اور عمدہ خوراک جو سونٹھ۔ گھی میدہ ملاکر خشک بناتے ہیں ؛

سونٹھ سی نگلنا۔ یا سونٹھ نگلنا۔ سونٹھ ہو رہنا (ہ۔فعل) مدہ یا چوٹ کو برداشت کرنا۔ تحمل کرنا۔ خاموش ہو رہنا۔ چپ ہو رہنا۔ ضبط کر کے بیٹھ رہنا ؛

سونٹھیا (اُ۔اِ۔مو) (کتابیۃ) بنجیل ؛

سونٹے سے (ہ۔تا۔ع فعل) بلا سے ٹھینگے سے۔ کیا پروا ہے ؛

سونٹے کو سونٹا لگانا (اُ۔ محاورہ) بدصورت کو اچھا لباس پہنانا ؛

سونجھنا (ہ۔ بوا ؤ مجہول و معدولہ۔ اسم مذکر) ایک درخت کا نام ہے جس کی پھلیاں لمبی لمبی رخ بادی کے لیے اور گوند کمر کی مضبوطی کے لیے کھاتے ہیں۔ (سو ہانجنا پنجابی) ؛

سوندھا (ہ۔ بوا ؤ مجہول۔ صفت) کورے برتن یا مٹی کی سی خوشبو والا۔ خوشبودار۔ آگ میں بھنا ہوا پھل۔ خوشبو۔ مہک۔ ایک مرکب خوشبو کا مصالحہ ؛

سوندھاپن۔ یا سوندھاہٹ (ہ۔ مذ۔ مؤ) موتازے بھنے ہوئے چنوں کی سی۔ یا کوری مٹی کی سی خوشبو ؛

سوندھانا (ہ۔ فعل) ملانا۔ گوندھنا۔ متھنا۔ دھونے کے واسطے کپڑوں کو ملنا ؛

سوندھی (ہ۔ بوا ؤ مجہول۔ مو) پکی کچری سیندھ۔ چھوٹی قسم کی پھونٹ (کمالت صفت) کوری مٹی کی خوشبو والی چیز ؛

سوندھی (ہ۔ مو) ریبہ جس سے دھوبی میل کاٹتے ہیں۔ کھار۔ سجی کپڑے بھگونے کی بڑی ناند۔ (یہ لفظ بوا ؤ معروف ہے) ؛

سونڈا (ہ۔ مو) ہاتھی کی ناک۔ خرطوم۔ ہاتھی کا ہاتھ ؛

سونڈا (ہ۔ مو) ایک لمبی ناک والا کیڑا جو چنوں کے سبز پودوں اور ٹاٹوں کو کھا جاتا ہے۔ بڑی سی ناف۔ بڑھی ہوئی ناف ؛

سونڈکا (ہ۔ مذ) مدد۔ کمان۔ بار برداری کے جانوروں کی کاٹھی۔ زین ؛

سونڈی (ہ۔ مو) چنوں کو لگ جانے والا کیڑا۔ ناف۔ ٹونڈی۔ شراب کھینچنے والا ؛

سوں سوں کرنا (ہ۔ فعل) ناک سے سانس لینا۔ ہانپنے کی آواز ؛

سونف (اُ۔ مو) ہادیان۔ ایک مشہور دوا کا نام ؛

سونگھار (ا۔مذ) مالف فاعلیت۔ بوگیر۔ شکاری کتا۔ مجازاً جاسوس بھیدی۔ کھوجی ؛

سونگھنا (ہ۔ فعل) بو لینا۔ مہک معلوم کرنا۔ باس لینا ؛

سونگھنی (ہ۔ا۔مو) ہلاس۔ تسوار۔ باس بٹہ ؛

سونے پر سہاگہ ہونا (اُ۔ محاورہ) کسی خوبی میں بڑھ کر ہونا ؛

سونے سے گھڑاوٹ مہنگی۔ یا۔ سونے سے گھڑائی مہنگی (ہ۔ مثل) اصل قیمت سے مزدوری زیادہ۔

سونے میں پیلی اور موتیوں میں سفید ہو (ہ) دعائے خیر عورتیں بکثرت (ردجواہرات کا گنا بننے ؛

سونے میں سہاگہ موتیوں میں دھاگا (اُ۔ مثل) سونا سہاگے سے جلا پاتا ہے موتی پروئے جانے سے خوبی کے بڑھانے کا باعث ہوتا ہے ؛

سونے میں سہاگا۔ یا۔ سونے پر سہاگا (اُ۔ محاورہ) ہامث آرائش و جلا۔ سریع التاثیر۔ مجازاً ایماندار نوکر۔ تیر بہدف کام ؛ دونق پر رونق۔ نفع پر نفع۔ خوبی پر خوبی۔

سونے میں ہاتھ ڈالوں کو مٹی ہو جائے (اُ۔ مثل) بدقسمت ہونا ؛

سُونی (ہ۔ صفت مو) سونا کی تانیث خالی۔ ریتی۔ ویران۔ سنسان ؛

سونیا (ا۔مذ) فاعل۔ فال بیان کرنے والا۔ شگون بتانے والا۔ کاہن پیشگو فالیا۔ سادنیا کا مخفف ہے ؛

سونیارہ (بوا ؤ مجہول۔ مذ) فاعل۔ راکھ میں سے دھو کر نکالنے والا۔ نیاریا ؛

سوہارہ (بوا ؤ معروف صفت) سرخ قرمزی۔ بھیروں راگ کی ایک راگنی۔ لوطا ؛

سوہان (ف۔ بوا ؤ مجہول اسم مذکر) ریتی لکڑی

سوہن صاف کرنے کا خار دار آلہ ؛

سوہانِ رُوح (ف۔ مذ) روح کو دکھ دینے والا۔ تکلیف دہ۔ آزار رساں ؛ ناگوار خاطر۔

سوہلا (ہ۔ بوا ؤ مجہول۔ مذ) تعریف کا گیت۔ دیوی دیوتا کی تعریف کا گیت ؛

سوہرا (ہ۔ا۔مذ) سُسرا۔ سوہرا۔ خسر ؛

سوہنا (ہ۔ا۔مذ۔ بوا ؤ مجہول) سجنا۔ زیب دینا۔ اچھائی دکھائی دینا۔ موزوں ہونا۔ (کمالت اسم مذکر) خوبصورت۔ عمدہ۔ سجیلا۔ موزوں ؛

سوہنی (ہ۔ بوا ؤ معروف۔ مو) جھاڑو۔ جاروب۔ بہاری (بوا ؤ مجہول) صفت مو) خوبصورت عورت۔ سندرتا۔ پنجاب کی ایک معشوقہ کمہارن ساکن گجرات کا نام بھی ہے جو مہینوال کی معشوقہ تھی ؛

سوہی۔ یا۔ سوئی (ہ) حرف جزا ضمیر۔ وہی جو ہی۔ ویسا ہی ؛

سوئی (ہ۔ بوا ؤ معروف) کپڑے سینے کا اوزار

سوزن۔ ترازو کا کانٹا۔ زبان ترازو۔ پودے یا اناج کی روئیدگی کی نوک کانٹا۔ خار۔ گھڑی یا کمپاس وغیرہ سوئی جو متحرک ہوتی ہے۔

سوئی کا (بھالا) پھاوڑا ہو جانا (ا۔ محاورہ) بات کا بتنگڑ بن جانا۔

سوئی کے ناکے سے اونٹ نکالنا (اُر۔محاورہ) ناممکن بات کر دکھانا۔
سوئی کے ناکے میں سے سب کو نکالنا دانائی دکھانا۔ قدرت کے زور کا اظہار کرنا۔ سلیقہ دکھانا ؛
سوئی کے ناکے سے خدائی کو نکالنا

سُوء (ع۔اند) برائی۔ خرابی۔ بدی۔ بیماری ؛
سُوءِ اتفاق (ع۔اند) بُرا اتفاق۔ موقع کی خرابی ؛
سوءِ ادب (ع۔اند) بے ادبی۔ گستاخی ؛
سوءِ ظن (ع۔اند) بدگمانی۔ بُرا خیال ؛
سوءِ مضم (ع۔اند) بدہضمی۔ پیٹ کی خرابی ؛
سویاؤ (اُر۔مذ۔واؤ مجہول) ایک خوشبودار ساگ کا نام ہے جسے پالک کے ساتھ پکاتے ہیں (صفت سویا ہوا۔ خوابیدہ ؛
سویا اور چوکا (ہ۔مثل) غافل ہوا اور دھوکا کھایا۔ غفلت کی اور خطا کھائی ؛
سویا سو کھویا جاگا سو پایا (اُر۔مثل) غافل رہنے والا نقصان اُٹھاتا ہے اور ہوشیار رہنے والا نفع حاصل کرتا ہے ؛
سُویاں (ہ۔اِ۔مؤ) سویاں۔ ایک قسم کی خوراک کا نام ہے ؛
سویاں جھیلنا (ہ۔فعل) بیویوں کو سو کھنے کے لیے پھیلانا ؛
سُوید (ع۔اِ۔مذ) وہ نقطہ سیاہ جو دل پر ہے ؛
سویر (ہ۔صفت) اول۔ پہلے۔ اول وقت۔ اویر کی ضد ؛
سویرا (ہ۔صفت۔مذ) اول وقت۔ صبح تڑکا۔ طلوع آفتاب سے پہلا وقت۔ دن۔ روز ؛
سُویمبر۔ یا۔ سوامبر (ہ۔اِ۔مذ) ہندوؤں کی وہ رسم معروف جس میں لڑکی اپنے لیے اپنا بر خود انتخاب کرلے۔ سویم بمعنی خود اور بر بمعنی خاوند سے مرکب ہے ؛
سُویمبر رچنا (ہ۔فعل) انتخاب شوہر کی مجلس منعقد کرنا ؛
سُویمبرا (ہ۔اِ۔مؤ) خاوند انتخاب کرنے والی لڑکی ؛
سویوں اناج پرونا (ہ۔محاورہ) سخت بخل کرنا۔ نہایت کنجوسی کرنا ؛

س - ہ

سہ (ف) ہم عدد۔ تین۔ ثلاث۔ ۳ ؛
سہ اساسی (اُر۔صفت) اصطلاح کیمیا۔ لوہے سے فولاد تیار کرنے کا سہ بارہ عمل ؛
سہ برگہ (ف۔اِ۔مذ) تین پنکھڑیوں کا پھول۔ ٹوپیوں پر بنائی ہوئی پتی ؛
سہ پہر (ف۔اِ۔مؤ) تیسرے پہر کا وقت ؛
سہ چند (ف) عدد ضعفی۔ تین گنا۔ تگنا ؛
سہ شنبہ (ف۔اِ۔مذ) اتوار سے تیسرا دن یعنی منگل کا دن منگل وار ؛
سہ کرّر (ف۔تابع فعل) تیسری دفعہ تیار تیسری مرتبہ ؛
سہ ماہی (ف۔فعل) سال کا چوتھا حصہ تین مہینے کا عرصہ۔ ہر تیسرا مہینہ ؛
سہ منزلہ (رفع۔مذ) تین درجوں والا مکان اُوپر نیچے تین کھنڈ کا مکان ؛
سُہاتا (ہ۔صفت۔ترکیب مفعولی) مرغوب طبع۔ دل پسند۔ من بھاتا۔ پیارا۔ کنکنا۔ شیر گرم۔ نیم گرم ؛
سَہار (ہ۔مؤ) حاصل مصدر سہانا سے۔ برداشت۔ تحمل۔ سمائی۔ صبر ؛
سَہارا (ہ۔اِ۔مذ) بھروسہ۔ وسیلہ۔ مدد۔ آسرا۔ اُمید۔ توقع۔ تقویت آڑ۔ ٹیکن ؛
سَہارا پانا (ہ۔فعل) تقویت پانا۔ مدد پانا ؛
سَہارا دینا۔ یا۔ لگانا (ہ۔محاورہ) مدد دینا۔ سنبھالنا۔ روکن ٹیک لگانا۔ حمایت کرنا ؛
سَہارا تکنا۔ یا۔ ڈھونڈنا (ہ۔محاورہ) مدد ڈھونڈنا۔ وسیلہ تلاش کرنا ؛
سَہارا لینا (ہ)۔ وسیلہ دیکھنا ؛
سَہارنا (ہ۔فعل) برداشت کرنا۔ تحمل کرنا۔ سہنا۔ تھامنا۔ روکنا۔ گوارا کرنا ؛
سُہاگ (ہ۔اِ۔مذ) خوشحالی۔ خوش نصیبی۔ اقبالمندی۔ عورت کے لیے خاوند کی حیات کا زمانہ۔ پیار۔ اخلاص۔ محبت موافقت۔ لاڈ چاؤ۔ ایک خاص قسم کے گیت کا نام بھی ہے۔ ایک عطر کا نام ہے۔ سو بمعنی اچھا اور بھاگ بمعنی نصیب سے مرکب ہے۔ سامان آرائش یعنی نتھ۔ چوڑی وغیرہ ؛
سُہاگ اُترنا (ہ۔محاورہ) بیوہ ہونا۔ رانڈ ہونا۔ نتھ اُترنا۔ چوڑیاں ٹوٹنا ؛
سُہاگ بھاگ (ہ۔اِ۔مذ) شوہر کا پیار۔ خاطر و مدارات۔
سُہاگ بھاگ ارزانی چولہے آگ نہ گھڑے پانی (اُر۔مثل) خاطرداری بہت لینا دینا کچھ نہیں ؛
سُہاگ بھری (اُر۔صفت) عورت جو خاوند کی پیاری ہو۔
سُہاگ پڑا (ہ۔اِ۔مذ) خوشبودار چیزوں والا نہایت خوبصورت پڑا جو بری کے دن دلہن کے گھر لے جاتے ہیں ؛
سُہاگ رات (ہ۔اِ۔مؤ) بیاہ کی پہلی رات۔ دولہا دولہن کی ہمبستری کی پہلی شب۔ شب زفاف ؛
سُہاگ گھوڑی (ہ۔مؤ) شادی کے گیت ؛
سُہاگ کہر (ہ۔مؤ) خوشگوار ہوا۔ صبح کی ہوا۔ نسیم صبا ؛
سُہاگا (ہ۔اِ۔مذ) تنکار۔ ایک قسم کے کھار کا نام جس سے سونا چاندی پگھلانے اور نکھارنے کا کام لیا جاتا ہے ہاضم ہوتا ہے۔ کھیت کی مٹی ہموار کرنے کا پٹیرا۔ جندرا ؛
سُہاگن (ہ۔مؤ) سو بمعنی خوشی بھاگ بمعنی نصیب سے مرکب ہے اور ن تانیث کا ہے۔ خاوند والی۔ شوہر دار وہ عورت جس کا خاوند زندہ ہو ؛
سُہاگن کا بچہ پچھواڑے کھیلتا ہے (ہ۔مثل) سہاگن کے بچے کا مرنا کیا؟ کیونکہ شوہر زندہ ہے۔

میاں بیوی سلامت ہیں اور بہت بچے ہو جائیں گے یہ مرنا نہیں بلکہ غائب ہونا ہے ؛

سُہال (ا۔ا۔مذ) ایک قسم کی نہایت خستہ اور میٹھی تلی ہوئی روٹی ؛

سُہالی (ا۔مو) سہال کی تصغیر و تانیث خستہ میٹھی تلی ہوئی پکوری ؛

سُہالگ (ا۔ا۔مذ) ہندوؤں کے بیاہ کا مبارک زمانہ۔ سہاگ۔ سہ بمعنی ساتھ اور لگن بمعنی جوگ ؛

سُہالگ چمکنا (ا۔فعل) خوب شادیاں ہونا۔ بکثرت بیاہ ہونا ؛

سُہالی (ا۔مو) پوری، کچوری، پراٹھا، کھانا، تلی ہوئی کچوری کھانا۔ سسرال کی گالیاں کھانا ؛

سہام (ع۔ا۔مذ) تیر۔ بان۔ خدنگ۔ جھے۔ ٹکڑے ؛

سُہانا۔ یا۔ سُہاؤنا (ا۔صفت) خوشگوار۔ گوارا۔ من بھانا۔ خوبصورت دل پسند۔ سوہنا۔ نیم گرم۔ گنگنا (بحالت فعل) بھانا۔ پسند آنا۔ پیارا لگنا۔ مرغوب ہونا۔ بھبنا ؛

سہانا سایہ ڈھلنا (ا۔فعل) سرِ شام کا وقت۔ دونوں وقت ملنا۔ جھٹ پٹا ہونا ؛

سہاول (ا۔مذ) (دیکھو ساہل)؛

سہائے (ا۔ا۔مذ) مدد۔ سہارا۔ حمایت۔ یاوری۔ معاون۔ مددگار۔ یار و۔ ؛

سہائے کرنا (ا۔فعل) مدد کرنا۔ سہارا دینا۔ بچانا۔ آڑے آنا ؛

سہائی (ا۔ا۔مذ۔ بیائے فاعلیت) مددگار۔ معاون۔ یاور۔ حمایتی ؛

سہائنا (ا۔ا۔مو) (دیکھو سہائے)

سہتا سہنا (ا۔صفت) سہارنے کے لائق۔ قابل برداشت ؛

سہج (ا۔ا۔مذ) آہستہ آسان۔ سہل۔ ہولے سے ؛

سہج پکے سو میٹھا ہو (دار۔مثل) آہستہ اور اطمینان کا کام بہتر ہوتا ہے ؛

سہج سہج یا سہج سے (ا۔تابع فعل) آہستہ آہستہ۔ آرام سے۔ سہل سے ؛

سہج بیں (دار۔متعلق فعل) نرمی سے۔ آسانی سے ؛

سہر / سہرہ (ع۔ا۔مذ) ایک مرض جس میں نیند نہیں آتی۔ جاگتے رہنے کی مرض۔ بے خوابی۔ بیداری ؛

سہرا (ا۔ا۔مذ) وہ پھولوں یا موتیوں کی لڑیاں جو بیاہ کے روز دولہا کے سر پر باندھتے ہیں۔ وہ نظم جو شادی کے موقعہ پر سہرا باندھتے وقت شاعر پڑھا کرتے ہیں ؛

سہرا بندی (ا۔ف۔امو) سہرا باندھنے کی رسم ؛

سہرا بندھائی (دار۔امو) سہرا باندھنے کا لاگ جو بہنوئی کو ملتا ہے ؛

سہرا چڑھانا (دار۔محاورہ) لوحِ مزار پر سہرا لٹکانا ؛

سہرا گانا (دار۔محاورہ) سہرے کے اشعار گا کر پڑھنا ؛

سہروردی (ف۔صفت) فقرا کا گروہ اہل طریقت کا وہ سلسلہ جو شیخ شہاب الدین سہروردی سے منسوب ہے۔

سہنسر (اسم عدد) ہزار۔ الف ایک سو کا دس گنا ؛

سہل (ع۔صفت) نرم اور ہموار زمین۔ اصطلاح میں نرم۔ آسان ؛

سہل انگار (ع ف۔صفت بترکیب فاعلی) آسان۔ سمجھنے والا۔ غافل کاہل ؛

سہل انگاری (ع ف۔مو بیائے مصدری) غفلت۔ سستی۔ کاہلی۔ حیلہ حوالی ؛

سہلانا (ا۔فعل) آہستہ آہستہ ہاتھ سے گدگدانا۔ خوشامد کرنا۔ پچکارنا چمکارنا ؛

سہم (ف۔ا۔مذ) ڈر۔ خوف۔ ترس۔ بیم۔ بھے ؛

سہم جانا (ا۔فعل) ڈر جانا۔ خوف کھا جانا ؛

سہما (ا۔ف۔صفت بالف فاعلیت) ڈر والا۔ خوف زدہ۔ ترساں ہیبناک ؛

سہما سہما (ا۔صفت تکراری تاکیدی) خائف۔ ڈرتا ڈرتا ؛

سہمنا (ا۔فعل) ڈرنا۔ خوف کھانا ؛

سہنا (ا۔فعل) برداشت کرنا۔ سہارنا۔ جھیلنا۔ صبر کرنا ؛

سہو (ع۔مذ) بھول۔ چوک۔ غلطی۔ لغزش۔ غفلت ؛

سہواً (ع۔تابع فعل) بلا ارادہ۔ بھولے سے۔ غفلت سے۔ بھول کر ؛

سہولت (ع۔مو) آسانی۔ نرمی۔ آسودگی ؛

سہی۔ یا۔ سئی (ا۔تابع فعل) ٹھیک۔ بجا۔ درست۔ منظور۔ قبول مان لیا۔ مانا۔ فرض کیا۔ شرط کے لیے جیسے آؤ سہی۔

سہی شام (ا۔تابع فعل) سرِ شام کا بگاڑ ؛

سہیل (ع۔مذ) ایک نہایت چمکدار ستارے کا نام ہے جس کے طلوع سے ملک یمن میں چمڑا خوشبودار ہو جاتا ہے اور حشرات الارض تمام مر جاتے ہیں ؛

سہیلی (ا۔مو) ساتھن۔ سکھی۔ آلی۔ بہنیلی۔ مصاحبہ۔ رفیقہ۔ سہ بمعنی ساتھ اور آلی بمعنی رفیقہ سے مرکب ہے ؛

س ۔ ی ۔ ے

سے۔ سیہہ یا ساہی (ا۔امو) خار پشت۔ ایک جنگلی جانور کا نام ہے جس کی تمام پیٹھ اور جسم پر سفید اور سیاہ تکلے سے کانٹے ہوتے ہیں ؛

سی (ف۔ا۔عدد) تین۔ دھائی۔ ۳۰ ؛

سی پارہ (ف۔ا۔مذ) قرآن شریف کا ہر تیسواں حصہ ؛

سی آئی ڈی (انگ۔مذ۔C.I.A.) پولیس کا تفتیش جرائم کا شعبہ

سی۔ آئی۔ ڈی۔ C.I.D. محکمۂ خفیہ پولیس۔

سی پورٹ (انگ۔مو Sea Port) بندرگاہ۔

سی ا۔ مو۔ صوت، کسی جانور کے کاٹنے یا دفعتہً کسی نوک دار چیز کے چبھ جانے یا پچکی بھرنے کی تکلیف سے جو آواز منہ سے نکلتی ہے ؛

سی سی کرنا (اُ۔ محاورہ) مرچوں کی تیزی یا تکلیف کے باعث سی سی کی آواز منہ سے نکالنا ؛

سی لینا (اُ۔ محاورہ) سینا۔ سلائی لینا ؛

سے (ہ۔ بیائے مجہول) حرف جار۔ ستی۔ نے وغیرہ۔ ابتدا۔ سبب۔ علت۔ معیت آلہ۔ مدد وغیرہ کے معنی دیتا ہے ؛

سَے (ہ۔ عدد) سو۔ صد۔ دس دہائیاں ؛

سَیّاح (ع۔ صفت مفید مبالغہ) بہت سیر کرنے والا۔ پھرنے والا۔ مسافر جاتری۔ راہی ؛

سیاحت۔ سیّاحی (ع۔ مو) اسم مصدری از سیاح۔ سفر مسافرت۔ سیر ؛

سِیادَت (ع۔ مو) سرداری۔ پیشوائی۔ بزرگی۔ سیدوں کی قوم حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اولاد ؛

سیار۔ یا۔ سیال (ہ۔ اِمذ) گیدڑ۔ شغال ؛

سیار سنگی (ہ۔ امو) گیدڑ کی ہڈیوں کا ڈھانچہ جس کی ہڈی کے متعلق خیال



سیّارہ

ہے کہ جس کے پاس یہ ہو اُس پر کوئی حربہ اثر نہیں کرتا ؛

سیّار (ع۔ صفت مبالغہ) بہت سیر کرنے والا۔ تیز چلنے والا۔ بہت پھرنے والا ستارہ۔ گردش کرنے والا ستارہ ؛

سَیّار (ع۔ ا۔مذ) ثابت کی ضد۔ بہت گردش کرنے اور پھرنے والا ستارہ ۔ جمع سیارگان ؛

سِیاست (ع۔ مو) حکومت۔ سلطنت۔ انتظام ملک۔ ملکی بندوبست سزا تنبیہ۔ مار پیٹ۔ رُعب و داب۔ خوف۔ سخت گیری ؛

سِیاستِ مُدُن (ع۔ ا۔مو) نظام شہری بود و باش کا انتظام ؛

سِیاق (ع۔ مذ) حساب کے قاعدے علم حساب۔ طرز۔ ڈھنگ۔ ترکیب ؛

سِیاقِ عبارت یا کلام (ع۔ مذ) طرز کلام۔ عبارت کی روانی۔ کلام کا ڈھنگ ؛

سِیاق و سباق (ع۔ ف۔ ا۔مذ) مضمون کا اپنے ماقبل سے ربط تسلسل ؛

سیّال (ع۔ صفت مبالغہ) بہت بہنے والی۔ جاری۔ رواں۔ رقیق۔ پتلی ؛

سَیالا (ہ۔ ا۔مذ) جاڑے کا موسم۔ موسم زمستان۔ سرما۔ سیت ؛

سیام (ہ۔ صفت) سیاہ۔ کالا (سنسکرت۔ مذ) سری کرشن جی کا لقب کالی کوئل۔ ایک راگنی کا نام ہے۔ چین اور برہما کے درمیان ایک ملک کا نام ؛

سَیام بَرَن (ہ۔ ا۔مذ) کالا رنگ۔ کالی رنگت والا۔ سری کرشن جی کی سی رنگت والا ؛

سیّاں (ہ۔ مذ) بالم۔ پیا۔ خاوند۔ خصم۔ شوہر۔ سوامی۔ مالک ؛

سیّاں بھئے کوتوال اب ڈر کاہے کا (ہ۔ مثل) جان پہچان کے بااختیار ہونے سے ڈر جاتا رہتا ہے ؛

سِیان (ہ۔ ا۔مذ) دانائی۔ ہوشیاری۔ زیرکی۔ چالاکی۔ فطرت ؛

سِیان پت یا سِیان پن (ہ۔ مذ۔ مو) چترائی۔ دانائی۔ عیاری۔ ہوشیاری۔ زیب۔ دھوکا۔ کنجوسی۔ بخیلی ؛

سِیانا (ہ۔ صفت۔ بالف فاعلیت) عالم۔ گیانی۔ سجان۔ دانا۔ زیرک۔ سمجھدار۔ مکار۔ قریبی جیسے سیانا کوا۔ حکمتی۔ ڈھب کا خرانٹ۔ تجربہ کار۔ چتر۔ چاتر۔ چالاک۔ تاڑو۔ تاڑ باز۔ بالغ۔ جوان۔ یا ناکی ضد۔ عامل۔ سفلی علم والا۔ مولانا۔ تعویذ گنڈا کرنے والا۔ حکیم۔ طبیب۔ وید ؛

سِیانا کوا گوہ کھاتا (ہ۔ مثل) حد سے زیادہ ہوشیار دھوکا کھاتا ہے ؛

سِیاہ (ف۔ صفت) کالا۔ سفید کی ضد۔ علامت اسم بجز۔ از حد۔ نہایت۔ جیسے سیاہ مست۔ منحوس۔ چندرا۔ اُلٹا جیسے سیاہ بخت ؛

سِیاہ باطِن } (فع۔ مذ۔ صفت ترکیب
سِیاہ دِل } فاعلی) عاصی۔ گنہگار۔ سنگدل۔ ظالم۔ کینہ توز۔ منافق ؛

سِیاہ بخت (ف۔ صفت) بدقسمت۔ بدنصیب ؛

سِیاہ تاب (ف۔ صفت) وہ چیز جس کی سیاہی میں چمک ہو ؛

سِیاہ چشم (ف۔ صفت) شکاری۔ نامہربان ؛

سِیاہ خانہ (ف۔ ا۔مذ) تاریک گھر۔ قید خانہ ؛

سیاہ دست (ف۔صفت) کنجوس۔ بخیل ؛
سیاہ رُو (ف۔صفت) کالے مُنہ والا۔ سوا۔ بے عزت۔ بدنام ؛
سیاہ زبان (ف۔صفت) وہ شخص جس کی بد دُعا جلد اثر کرے ؛
سیاہ پوش ہونا (اُ۔فعل) سوگ کرنا۔ ماتم میں ہونا۔ ماتمی لباس پہننا ؛
سیاہ سفید کرنا (اُ۔فعل) کارمختار ہونا۔ کسی کام کے حسن و قبح کا پورا پورا اختیار رکھنا۔ چاہنا سو کرنا ؛
سیاہ فام (ف۔صفت) کالا کلوٹا ؛
سیاہ کار (ف۔صفت) بدکار۔ فاسق۔ فاجر۔ پاپی۔ اپرادھی ؛
سیاہ گوش (ف۔ند) بن بلاؤ۔ جنگلی بلا۔ ایک جانور کا نام ہے ؛
سیاہ مست (ف۔صفت) مبالغہ۔ بدمست۔ نہایت نشہ میں۔ سخت متوالہ نشے میں چُور ؛
سیاہا (ا۔ند) بھوت پریت۔ جن۔ پری۔ دیو ؛
سیاہیہ (ف۔ند۔بہائے نسبت) منسوب بہ سیاہ۔ کچا روزنامچہ۔ بہی کھاتہ ؛
سیاہیہ بہی (ا۔مو) روزنامچہ جس میں روزانہ آمد و خرچ کا حساب درج کرتے ہیں ؛
سیاہیہ دکھانا (اُ۔فعل) فوج کی کل تعداد ظاہر کرنا۔ جائزہ دینا۔ موجودات دینا ؛
سیاہیہ کرنا (اُ۔محاورہ) کچے کھاتے میں لکھنا۔ روزنامچے میں درج کرنا ؛
سیاہیہ موجودات (فع۔ند) روزمرہ کے آمد و خرچ کے حساب کا رجسٹر ؛
سیاہیہ نویس (ف۔ند۔فاعل) محاسب۔ کھاتے میں درج کرنے والا ؛
سیاہیہ ہونا (اُ۔محاورہ) دیکھئے سیاہ کرنا ؛
سیاہی (ف۔مو۔بہائے مصدری) کالک۔ روشنائی۔ لکھنے کی چیز۔ کاجل اندھیرا۔ تاریکی ؛
سیاہی چٹ (اُ۔ند۔فاعل) بلاٹنگ پیپر۔ کاغذ جاذب۔ کاغذ سوختہ ؛
سیاہی فالیز (اُ۔ند) نکمے اور بیکار سے مراد ہے ؛
سیاہی نے دبایا ہے (اُ۔محاورہ) کالی کالی اشیاء خواب میں دیکھنے اور ڈرنے کے اظہار کے وقت کہا کرتے ہیں جس میں انسان بالکل بیخود ہوتا ہے ؛
سیب یا سیو (ف۔ند) ایک سُرخ و سفید خوشنما شیریں اور لذیذ میوے کا نام ہے ؛
سیب زنخدان (ف۔ا۔ند) خوبصورت اور خوشنما ٹھوڑی ؛
سیپ (ا۔ا۔ند) سیپی۔ صدف۔ ایک سمندری کیڑے کا غلاف ہے جس کے اندر سے موتی نکلتے ہیں۔ تپل گھنٹی والا ایک قسم کا آم۔ پرندوں کی ایک بیماری کا نام ؛
سیپ کے بوتام (اُ۔ند) وہ بٹن یا گھنڈیاں جو سیپ سے بنتی ہیں ؛
سیپی (اُ۔مو) سیپ کی تصغیر ؛
سیپی سا مُنہ نکل آنا (ہ۔فعل) نہایت لاغر ہو جانا۔ چہرے کا پتلا پڑ جانا۔ گالوں کی ہڈیاں نکل آنا ؛
سیت (ہ۔بہائے مجہول۔ اسم مذکر) پُل۔ بند۔ پُشتہ۔ تودہ۔ ٹاپو (بحالت صفت) سفید۔ دھولا۔ ابیض ؛
سیت (ہ۔مو) بیاے معروف۔ پسینہ۔ عرق۔ پسینو۔ جاڑا۔ زمستان۔ سرما۔ جاڑے کے دن۔ اوس۔ شبنم۔ کہر۔ مٹھا چھاجھ۔ ٹھنڈ۔ خنکی۔ سردی۔ (بحالت صفت) ٹھنڈا۔ کاہل۔ سُست ؛
سیتا (س۔مو) راجہ جنگ کی بیٹی اور دوسری رامچندر جی کی رانی کا نام ہے جانکی جی۔ ہل کی پھالی جس سے زمین کھدتی ہے (بحالت صفت۔ پاکدامن۔ پارسا۔ ست والی۔ باعصمت ؛
سیتا پتی (ہ۔ند) سیتا جی کے خاوند سری رامچندر جی سے مراد ہے ؛
سیتا پھل (ہ۔ند) ایک عمدہ اور خوش ذائقہ پھل کا نام ہے۔ شریفہ۔ مٹھا گیا ؛
سیتاستی (ہ۔صفت) سیتا جیسی عفیفہ۔ سیتا جیسے ست والی۔ پاکدامن نہایت پارسا۔ پتی برتا بیوی ؛
سیتل (ا۔صفت) ٹھنڈا۔ خنک۔ سُست۔ ڈھیلا (مو) ایک قسم کی بید جس سے بوریئے بنتے ہیں ؛
سیتل پاٹی (ہ۔ا۔مو) ایک قسم کی نرم چٹائی جو سیتل گھاس سے بنائی جاتی ہے ؛
سیتل چیر (ہ۔مو) ٹھنڈا کپڑا۔ ایک قسم کا کپڑا جو آگ سے محفوظ ہے ؛
سیتل چینی (ہ۔مونث) کباب چینی۔ سرد چینی ؛
سیتلا (ہ۔مو) چیچک ماتا۔ ایک دیوی۔ سیتلا کی مالک پھپھولے والی ؛
سیتلا کا کھا جانا (ہ۔ند) کنایۃً شیر خوار بچے جو چیچک سے مر جاتے ہیں ؛
سیٹ (انگ۔ا۔مو۔Seat) بیٹھک۔ نشست۔ بیٹھنے کی جگہ ؛
سیٹ (انگ۔ا۔مذ۔Set) قائم۔ مستقل۔ جما ہوا۔ ڈرامے وغیرہ کا منظر ؛
سیٹلائیٹ ٹاؤن (Satellite Town) شہر کے ساتھ بسائی گئی بستی ؛
سیٹھ (ہ۔ند۔بہائے مجہول) صراف۔ دھن کا دیوتا۔ دھنوان۔ تھوک فروش۔ سوداگر۔ بیوپاری۔ ایک عزت کا خطاب ہے ؛
سیٹھ کیا جانے صابن کا بھاؤ (اُ۔مثل) جس شخص کو کسی چیز سے تعلق نہ ہو وہ اس کی قدر کیا جانے ؛
سیٹھا (ہ۔صفت بیائے معروف) بے نمک مرچ۔ بے مزہ پھیکا بے لذت۔ کمزور۔ ضعیف۔ میٹھا کی ضد ؛
سیٹھی (ہ۔صفت۔مو) بدمزہ۔ بے نمک۔ پھیکی ؛
سیٹی (ہ۔ا۔مو) مُنہ کی باریک آواز۔ پرندوں کی آواز۔ اشارہ پیسے کی سی آواز ؛

سیٹی باز (اُر۔ا۔مذ) فاعل ترکیبی۔ سیٹی بجانے والا ؛

سیج ا۔مو۔ بیائے مجہول) بچھونا۔ بستر چارپائی۔ پلنگ ؛

سیج چڑھنا ا۔ فعل) پلنگ پر چڑھنا۔ ہمخواب ہونا۔ ہمبستر ہونا ؛

سیج سجانا ا۔ فعل) پلنگ کو بچھونوں وغیرہ سے آراستہ کرنا۔ بستر بچھانا ؛

سیج سہاگ (اُر۔ا۔مذ) شادی کا پلنگ جس پر دُلھا دُلھن پہلی رات سوئیں ؛

سیج کی مکھی بھی بُری ا۔ محاورہ) سوکن اگر مکھی جیسی حقیر و ناچیز بھی ہو تو وہ بھی ناگوار معلوم ہوتی ہے ؛

سیج گاڑی ا۔مو) تانگہ وضع کی گاڑی جس میں چار آدمی بیٹھ سکتے ہیں ؛

سیج لگانا (اُر۔ محاورہ) سیج بچھانا ؛

سینچنا ا۔ فعل) پانی دینا۔ کھیتی یا باغ میں پانی دینا۔ آبپاشی کرنا ؛

سیخ (ف۔امو) سلاخ۔ کباب بھوننے کی لوہے کی سلاخ ؛

سیخ اُتارنا (اُر۔ محاورہ) کباب تیار ہوجانے پر آگ سے سیخ ہٹانا ؛

سیخ پا ہونا (اُ۔ فعل) گھوڑے کا سیدھا الف ہوجانا۔ یا تیز دوڑنا ؛

سیخ پر لگانا (اُر۔ فعل) کباب بھوننا۔ کباب لگانا ؛

سیخچہ (ف۔ مذ) سیخ کی تصغیر ہے چھوٹی سیخ ؛

سیخیا کباب (اُ۔مذ) سیخ پر بھونے ہوئے کباب ؛

سَید (ع۔ مذ) سردار۔ پیشوا۔ امام۔ مجازاً حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل یعنی حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مراد ہے ؛

سیدانی (اُ۔امو) سید کی بیوی۔ قوم سید کی عورت ؛

سیدزادی (اُر۔امو) سید کی بیٹی ؛

سیدھ (ا۔مو) راستی۔ شست۔ نشانہ۔ سامنے۔ ٹیڑھ کی ضد ؛

سیدھ باندھنا ا۔ فعل) نشانہ باندھنا۔ شست لگانا ؛

سیدھ میں (اُر۔ متعلق فعل) بالکل سامنے ایک خط پر ؛

سیدھا ا۔ صفت بالف فاعلی) راست۔ ٹیڑھا کی ضد۔ عمودوار۔ کھڑا۔ صاف دل آدمی۔ بھولا مالا۔ سچا۔ غریب مسکین۔ دایاں دست راست۔ موافق۔ مددگار۔ جیسے سیدھے دل ایماندار۔ آسان کام۔ سہل سوال ؛

سیدھا آنا (اُر۔ محاورہ) سامنے سے آنا۔ مقابلہ کرنا ؛

سیدھا بنانا / **سیدھا کرنا** (اُر۔ محاورہ) درست کرنا۔ سزا دینا۔ راہ راست پر لانا۔ تربیت کرنا۔ ادب سکھانا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔ کجی نکالنا ؛

سیدھا بننا (اُر۔ محاورہ) راہ راست پر آنا کجی نکالنا۔ ٹھیک ہوجانا۔ جان بوجھ کر اپنے آپ کو ناواقف ظاہر کرنا ؛

سیدھا سادہ یا سیدھا سادھا ا۔ صفت) بھولا مالا۔ بے تکلف سادہ وضع ؛

سیدھا گھر خُدا کا ا۔ مثل) ناکامی اور تنگی میں خدا بہت جلد یاد آتا ہے ؛

سیدھا گھر کا راستہ لینا (اُر۔ محاورہ) فوراً چلے جانا ؛

سیدھا مسلمان (اُر۔ صفت) بھولا مالا ؛

سیدھا ہاتھ ا۔ مذ) دایاں ہاتھ۔ دست راست ؛

سیدھا ا۔ مذ) کچی خوراک۔ رسد۔ خشک چیزیں مثلاً آٹا دال۔ نمک مرچ۔ چاول۔ میٹھا۔ گھی وغیرہ تمام سامان خوراک جو بن پکائے دیا جائے ؛

سیدھا دینا ا۔ فعل) کچی خوراک دینا ؛

سیدھے مُنہ بات نہ کرنا (اُر۔ محاورہ) غرور اور تکبر کے باعث رُخ کرکے بات نہ کرنا۔ بات کی طرف توجہ تک نہ کرنا ؛

سیدھی ا۔ صفت مو) بہت ٹھیک۔ درست ؛

سیدھی آنکھ ا۔امو) داہنی آنکھ۔ مہربانی اور عنایت کی نظر ؛

سیدھی آنکھ نہ بھانا (اُر۔ محاورہ) سخت ناپسند ہونا ؛

سیدھی اُنگلیوں گھی نہیں نکلتا ا۔ مثل) ہر کام راستی اور سیدھائی سے نہیں نکلتا گھی جیسی نرم چیز بھی اُنگلیاں ٹیڑھی کئے بغیر نہیں نکلتا ؛

سیدھی باتوں کا اُلٹا جواب (اُر۔ محاورہ) نرمی کی باتوں کا ٹیڑھا جواب ؛

سیدھی چال چلنا ا۔ فعل) سیدھی راہ چلنا۔ سلامتی کی روش اختیار کرنا ؛

سیدھی سُنانا / **سیدھیاں سُنانا** (اُر۔ محاورہ) گالیاں دینا۔ فحش کہنا۔ صاف صاف کہنا۔ لاڈ لپیٹ نہ رکھنا۔ صاف اور کھلی سُنانا آزادانہ گالیاں دینا ؛

سیدھی سیدھی بات (اُر۔ محاورہ) وہ گفتگو جس میں پیچدار باتیں نہ ہوں ؛

سیدھے سبھاؤ (اُر۔ متعلق فعل) صاف طور پر۔ ایمانداری سے ؛

سَیر (ع۔مو) ہوا خوری۔ پھرنا۔ چہل قدمی۔ تفریح۔ گلگشت۔ تماشا۔ مزہ۔ لطف۔ میلہ۔ تماشائی۔ ہنسی۔ مذاق۔ ٹھٹھا۔ مطالعہ کتاب جو بن بہار ؛

سیر (ف۔ بیائے مجہول صفت) رجا ہوا۔ بھرا ہوا۔ پُر۔ گرسنہ کی ضد بے پروا۔ مطمئن۔ بیزار۔ متنفر۔ جیسے اس کام سے میرا دل سیر ہوگیا ؛

سَیر بین (ف۔ صفت) سیر دیکھنے والا۔ نظارہ دیکھنے والا ؛

سیر چشم (ف۔ صفت ترکیب فاعلی) بے پرواہ۔ قناعت کرنے والا۔ باحوصلہ آسودہ حال ؛

سیر حاصل (ف ع۔ صفت فاعلی) شاداب زرخیز۔ اچھی پیداوار کی زمین ؛

سیر را نم گرسنہ نہ باشد (ف۔ مثل) رجے ہوئے کو بھوکے کی کیا خبر۔ امیروں کو غریبوں کی پروا نہیں ہوتی ؛

سیر غزل (ف۔ امو) وہ غزل جس میں بہت سے شعر ہوں ؛

سیر ہونا (اُر۔ محاورہ) رجا۔ چھکنا۔ پیٹ بھرنا۔ بیزار ہونا۔ متنفر ہونا۔ بے پرواہ ہونا ؛

سیر (ع۔ بیائے مفتوح۔ مو) سیرت کی جمع۔ خصلتیں۔ عادتیں۔ علم تاریخ۔ گزشتہ لوگوں کے حال کا بیان ؛

سیر (ہ۔ بیائے مجہول۔ ند) سولہ چھٹانک یا اسی روپے بھر کا وزن۔ ایک کلو وزن کے قریب ؛

سیر کو سوا سیر موجود ہے (اُر۔ مثل) ہر زبردست سے غالب تر اور بھی ہوتا ہے۔ ہر فرعون نے را موسےٰ ؛

سیر کی ہانڈی میں سوا سیر پڑا اور اُبل پڑا (ہ۔ کہاوت) اوچھا اور کمینہ آدمی امیر ہو کر آپنے آپ سے باہر ہو جاتا ہے ؛

سیر میں پنسیری کا دھوکا (اُر۔ مثل) تھوڑی رقم میں بڑا غبن ؛

سیر میں پونی بھی نہیں (ہ۔ مثل) مطلوبہ مقدار کا کم سے کم حصہ بھی موجود نہیں ؛

سیر (ف۔ بیائے معروف۔ ند) لسن (پنجابی تھوم) ؛

سیر (ہ۔ مو) شراکت۔ حصہ داری۔ کاشتکاری۔ وہ زمین جس کو خود مالک یا موروثی لے کاشت کیا ہو (یہ لفظ بیائے معروف ہے ؛

سیر جوتا (ہ۔ ند۔ فاعل) اپنی زمین کو آپ بونے جوتنے والا۔ زمیندار ؛

سیری (ہ۔ ا۔ ند) شریک۔ شامل حصہ دار۔ کاشتکاری کا ساجھی ؛

سیرا (ہ۔ ا۔ ند) پتلا حلوا۔ گڑ کا پتلا شیرہ جو تمباکو میں ڈالا جاتا ہے ؛

سیراب (ہ۔ بیائے مجہول۔ صفت) سیر اور آپ سے مرکب ہے۔ پانی سے بھرا ہوا۔ لبریز۔ شاداب۔ تروتازہ۔ سیر حاصل زرخیز ؛

سیرت (ع۔ ا۔ مو) عادت۔ خو۔ خصلت۔ بان۔ سبھاؤ۔ گن۔ سبھاؤ لت ؛

سیروا (ہ۔ بیائے مجہول۔ ند) پلنگ کی چوکھٹ کی سرہانے یا پائنتی کی طرف کی لکڑی ؛

سیری (ف۔ ا۔ مو۔ بیائے مصدری) پوری۔ آسودگی۔ تسلی۔ اطمینان نفرت بیزاری۔ بے پروائی ؛

سیڑھ (ہ۔ ا۔ مو) سیلابہ۔ تری۔ نمی۔ وہ ندی یا نالہ جس سے پاس کی زمین کی آبپاشی کی جاوے ؛

سیڑھی (ہ۔ ا۔ مو) زینہ۔ نردبان۔ وسیلہ۔ پیڑی۔ سلم۔ ذریعہ۔ درجہ۔ ڈگری۔ گریڈ

سیڑھی

سیڑھی سیڑھی چڑھنا (ہ۔ محاورہ) درجہ بدرجہ۔ ترقی کرنا۔ بتدریج مرتبہ پانا ؛

سیزن (Season - ا۔ ند) موسم۔ رُت۔ فصل ؛

سیس (ہ۔ ند) سر۔ مونڈ۔ کپال۔ کھوپڑی۔ راس۔ فرق ؛

سیس پھول (ہ۔ ا۔ ند) ایک زیور کا نام ہے۔ خاوند۔ پتی۔ شوہر خصم ؛

سیس نوانا (ہ۔ فعل) سر جھکانا۔ ادب کرنا۔ تعظیم و تکریم کرنا۔ سجدہ کرنا۔ حکم ماننا ؛

سیسا۔ یا۔ سیسہ (ہ۔ ا۔ ند) سیکا۔ رانگ۔ اسرب۔ بندوق کی گولیاں بنانے کی دھات ؛

سیسا پلانا (ہ۔ محاورہ) کسی چیز کو وزنی / مضبوط کر دینا ؛

سیسر (ہ۔ ا۔ ند) کمان کی تانت۔ کمان کا چلہ تاش کے ایک کھیل کا نام ؛

سیس ناگ (ہ۔ ا۔ ند) سانپوں کا بادشاہ۔ پتال کا راجہ۔ بڑا راجہ ؛

سیف

سیف (ع۔ ا۔ مو) تلوار۔ تیغ شمشیر۔ لمبی تلوار کو کہتے ہیں ؛

سیف تو پٹ پڑی تھی مگر نیچہ کام کر گیا (اُر۔ کہاوت) معتبروں سے تو کچھ نہ بن سکا مگر ایک چھوٹے ادنےٰ شخص سے کام نکل گیا ؛

سیف زبان (ع۔ صفت۔ فاعلی) تیز زبان والا۔ مقبول دعا والا بزرگ۔ ولی اللہ۔ اعلےٰ پایہ کا شاعر جس کی بات اور کلام میں اثر ہو ؛

سیفہ (ف۔ ا۔ ند) آلہ۔ جلد سازوں کا کاغذ کاٹنے کا آلہ۔ تلوار کا ٹکڑا ؛

سیفی (ع۔ ا۔ مو۔ بیائے نسبتی) تلوار سے نسبت رکھنے والا۔ وہ جلالی اسم جو تاثیر میں تلوار کا اثر رکھتا ہو۔ زود اثر کلام۔ جادو ٹونا سراپ۔ بد دعا ؛

سیفی اُلٹ جانا / پڑنا (اُر۔ محاورہ) سیفی کا اپنی ہی تباہی کا باعث ہونا ؛

سیک یا سینک (ہ۔ ا۔ ند۔ بیائے مجہول) گرمی تپش۔ حرارت۔ تکور۔ تزیڑا۔ تغول ؛

سیکرٹری (Secretary - ا۔ ند) میر منشی۔ دیوان۔ سکتر ؛ متعلقہ **سیکرٹریٹ** (انگ۔ ند۔ Secretariat) سیکرٹری کا دفتر۔ کسی صوبے کے عمال کا صدر مقام یا دفتر کی عمارت ؛

سینکڑا۔ یا۔ سیکڑا (ہ) عدد۔ تلو۔ صد۔ سجالت صفت۔ فی صد ؛

سینکڑوں سُنانا (اُر۔ محاورہ) گالیاں دینا۔ بُرا بھلا ؛

سینکڑوں گھڑے پانی پڑ جانا (ہ۔ محاورہ) نہایت پشیمان ہونا۔ بہت ہی نادم و شرمندہ ہونا ؛

سیکنا۔ یا۔ سینکنا (ہ۔ فعل) گرمائی پہنچانا آگ یا دھوپ سے گرم کرنا۔ گرم پانی سے تر ٹرے دینا۔ روٹی۔ چولہے میں پکانا۔ چارہ جوئی کرنا۔ مددگار تلاش کرنا۔ بھوننا جیسے کباب سینکنا۔

سیکنڈ (Second انگ۔ا۔مذ) ایک منٹ کا ساٹھواں حصہ۔ ثانیہ۔ دوسرا۔ دوم۔ گھڑی میں سیکنڈ ظاہر کرنے والی سوئی ؛

سیکنڈ ہینڈ (Second Hand انگ۔ صف) پرانا۔ استعمال شدہ۔

سیکھ (ہ۔ا۔مو) صلاح۔ مشورہ۔ نصیحت۔ پند۔ سیکھنا سے حاصل مصدر حلیم ؛

سیکھ دینا (ہ۔ محاورہ) صلاح دینا۔ مشورہ دینا۔ نصیحت کرنا۔ چراغ کی بتی اُکسانا ؛

سیکھ اسی کو دیجئے جا کو سیکھ سہائے دیجئے باندراں جو بنے کا گھر جائے (ا ر مثل) سیکھ نہ نصیحت اسی کو کرنی چاہیے۔ جس کو نصیحت اچھی معلوم ہو۔ بندر کو احمق کو نصیحت نہیں کرنی چاہیے بندر کو نصیحت کرنے پر اس نے اُلٹا بسے کا گھر اجاڑ دیا تھا ؛

سیکھڑ (ہ۔ صفت فاعلی) نوآموز۔ مبتدی۔ علم شروع کرنے والا ؛

سیکھنا (ہ۔ فعل) پڑھنا۔ تعلیم پانا۔ کچھ حاصل کرنا۔ دوسرے کی عادت یا روش اختیار کرنا۔ چراغ کی بتی کو اُوسکانا کرنا ؛

سیل (ہ۔ بیائے مجہول) برچھا۔ بھالا۔ نیزہ۔ علم۔ بلم۔ ایک قسم کا لوہے کا گولہ۔ بمب کا گولہ۔ آغاز خط۔ سبزہ نوجوان کی مونچھیں۔ سیولیوں کا پچھا ؛

سیل کیما (ف۔ا۔مذ) پانی کا بہاؤ ناپنے کا آلہ ؛

سیل کا گونڈا (ہ۔ا۔مذ) سیر و آغاز ہونے کی خوشی کا سیولیوں کا کھانا ؛

سیل کا گولہ (ہ۔ا۔مذ) بم کا گولہ۔ بارود اور آتشگیر مادوں اور چھرّیوں وغیرہ کا گولہ ؛

سیل (ع۔ا۔مذ۔مو) پانی کا ریلا۔ سیلاب۔ طوفان۔ طغیانی۔ لہر ؛

سیل (ہ۔ بیائے معروف اسم مونث) تری۔ نمی۔ شرم حیا۔ ٹھنڈک۔ سردی۔ عادت۔ سجاوٹ۔ پاکی۔ پاکدامنی۔ عفت۔

سیل (انگ۔ا۔مو Sale) بکری۔ فروخت ؛

سیل جانا (ہ۔ فعل) نمدار ہو جانا۔ مرطوب ہو جانا ؛

سیل گرم (ا ر۔ صفت) نیم گرم (شیر گرم کا بگاڑ ہے) ؛

سیل ونت (ہ۔ صفت) صالح۔ پاکدامن پارسا۔ قانع۔ صابر بردبار ؛

سیلا (ہ۔ صفت فاعلی) نمدار۔ ٹھنڈا۔ خشک۔ سرد۔ بھیگا۔ تر۔ گیلا ؛

سیلا کر کے کھانا (ہ۔ محاورہ) جلدی نہ کرنا۔ نرمی سے کام نکالنا۔ ٹھنڈا کرنا ؛

سیلا (ہ۔ بیائے مجہول۔ مذ) ایک قسم کا چاول جو دھان کو اُبال کر نکالتے ہیں۔ عمامہ۔ پگڑی۔ ایک طرح کی ریشمی چادر ؛

سیلاب (ف۔ا۔مذ) پانی کی رو۔ طوفان آب۔ پانی کا ریلا ؛

سیلاب چی (ا ر۔ مذ) چلمچی۔ سلفچی۔ لگن۔ منہ ہاتھ دھونے کا برتن ؛

سیلانی (ف۔ا۔مو۔ بیائے مصدری) تری۔ نمی۔ نم۔ رطوبت۔ کھاد کی زمین۔ ترائی ؛

سیلانی (ا ر۔ صفت بیائے فاعلیت بہت سیر کرنے والا۔ سیر کا شوقین۔ پھرنے والا ؛

سیلان (ع۔ امذ) کسی رقیق چیز کا بہنا جاری ہونا ؛

سیلان الرحیم (ع۔ امذ) عورتوں کے رحم سے پانی آنے کی بیماری ؛

سیلانی جیوڑا (ہ۔ صفت) وہ شخص جو ایک جگہ نہ ٹکے۔ موجی۔ لہری۔ سیر کا شوقین

سیل کھڑی (ہ۔ا۔مو) سنگ جراحت زخموں پر چھڑکنے کا ایک قسم کا بھربھرا پتھر ؛

سیلانا (ہ۔ فعل) نم۔ پگھل جانا۔ مرطوب ہو جانا۔ مناک ہو جانا۔ گیلا ہونا ؛

سیلی (ہ۔ بیائے اوّل مجہول۔ مو) سیاہ بالوں یا ریشم کی ڈوری جو گلے میں پہنتے ہیں۔ جالی۔ جال۔ پیٹ اور سینے کے بالوں کی سیدھی لکیر ؛

سیم (ہ۔ بیائے مجہول۔ مو) ایک قسم کی ترکاری۔ سبزی جس کی پھلیاں پکاتے ہیں ؛

سیم (ف۔ بیائے معروف) چاندی۔ نقرہ۔ روپا۔ دولت۔ پیسہ۔ روپیہ وغیرہ ؛

سیم اندام۔ سیم بر۔ سیم بدن۔ سیم تن (ف۔ا۔صفت) چاندی کے سے جسم والا۔ مراد معشوق۔ گورا چٹا۔ خوبصورت ؛

سیما (ف۔ امذ) پیشانی۔ چہرہ۔ بدن کا رنگ ؛

سیماب (ف۔ا۔مذ) پارہ۔ ایک رقیق دھات کا نام ہے۔ (بحالت صفت) بیقرار۔ بے تاب ؛

سیمابی (ف۔ صفت) پارے کے رنگ کا۔ کبوتروں کا سفید رنگ جس میں پیلے یا سبزی کی جھلک ہو ؛

سیمرغ (ف۔ا۔مذ) کوہ قاف کے ایک قدآور پرند کا فرضی نام۔ عنقا ایک حکیم کا نام بھی ہے ؛

سیمرغ

سیمیں (ف۔ا۔صفت) یمن نسبتی۔ چاندی کا نقری۔ روپہلی ؛

سین (Scene) نظارہ۔ تماشا۔ پردہ۔ تماشا گاہ ؛

سین (ہ۔ا۔مو) اشارہ چشم۔ آنکھ کا اشارہ۔ رمز۔ نشان۔ علامت ؛

سینا (ہ۔ فعل) ٹانکا لگانا۔ دوختہ کرنا۔ رفو کرنا۔ جوڑنا۔ ملانا۔ (بحالت مذ۔ سیون۔ سلائی۔ دوخت۔ ٹانکا (سنسکرت میں۔ مذ) فوج لشکر۔ سپاہ ؛

سینا پتی (س۔ا۔مذ) سپہ سالار۔ سالار لشکر۔ فوج کا کمانڈر ؛

سینا (ہ۔ بیائے مجہول۔ فعل) انڈوں کو گرمی پہنچانا۔ انڈوں پر بیٹھنا پوچنا۔ پرستش کرنا ؛

سینا بینی یا سینا مینی (ہ۔ا۔مو) باہم اشارہ بازی۔ رمز و کنایہ ؛

سینت (ہ۔ فعل) مفت۔ بن داموں لیو۔ نہی۔ خواہ مخواہ۔ ناحق ؛

سینتالیس (ہ) عدد۔ چالیس اور سات۔ چہل و ہفت۔ ۴۷ ؛

سینتیس (ہ) اسم عدد۔ تیس اور سات سی و ہفت۔ ۳۷ ؛

سینچنا (ہ۔ فعل) کھیت میں پانی دینا۔ آبپاشی کرنا۔ پانی بلانا ؛

سیندنا (ا ر۔ مصدر) پانی نکالنا ؛

سیندور (ہ۔ا۔مذ) (دیکھو سندور) ؛

سینہ‌دور کھانا ف۔ فعل) آواز بند کر لینا۔ خاموش ہونا۔ گھسہ کھانا۔ چپ ہو رہنا۔ گلا بند ہو جانا۔ گلا بیٹھ جانا ؛

سیندھ (ا۔مو) کوٹھل۔ چوری کرنے کے لیے دیوار میں سوراخ کرنے کا آلہ۔ نقب زنی۔ پھاڑ ؛

سیندھ کٹ جانا (اُر۔ محاورہ) نقب زنی کے ذریعے مال نکل جانا ؛

سیندھ لگانا (اُر۔ محاورہ) نقب زنی کرنا۔ دیوار وغیرہ میں چوری کے لئے سوراخ کرنا ؛

سیندھا (ا۔ہند) پہاڑی اور کانی نمک جو سفید۔ سیاہ اور گلابی رنگ کا ہوتا ہے ؛

سیندھی (ا۔مو) جنگلی کھجور کا رس ؛

سیندی تاڑی۔ پکی کچری ؛

سینک (ا۔مو) جھاڑو کی تیلی خلال۔ دانت کریدنی۔ تنور کا گز ؛

سینک سڑپے (ا۔ہند) فضول خرچی۔ صرف بیجا۔ اسراف (یہ لفظ اکثر لکھنے میں آیا ہے) ؛

سینک سڑپے تو لالہ جی کے ساتھ گئے اب تو دیکھو اور کھاؤ (اُر۔ مثل) اب پہ (ا) سے بھی زیادہ کفایت شعاری کرنی ہوگی ؛

سینکیا (ا۔صفت فاعلی) دھاریدار۔ خط دار کپڑا۔ چوڑیا۔ ڈوریا ؛

سینگ

سینگ (ا۔ہند) چوپایوں کے سر کا شاخہ۔ شاخ حیوانات۔ خاص فخر جیسے اس کے سر میں کیا سینگ ہیں ؛

سینگ سمانا (ا۔محاورہ) پناہ ملنا۔ آرام پانا۔ گزارہ ہونا۔ محفوظ جگہ پانا ؛

سینگ کٹا کر بچھڑوں میں ملنا (ا۔محاورہ) بڑوں کا بچوں کی صحبت میں شریک ہونا۔ سیانا ہو کر بچوں کی سی باتیں کرنا ؛

سینگ مارنا (اُر۔ محاورہ) کسی جانور کا سینگ سے حملہ کرنا ؛

سینگڑا (ا۔ہند) بارود رکھنے کا سینگ جو نمی کی حفاظت کے لیے ہوتا ہے۔ سینگ کا بنا جو منہ سے بگل کی طرح بجایا جاتا ہے۔ بڑا سینگ۔

سینگڑی (ا۔مو) ببول کی پھلی یا پھل ؛

سینگنا (ا۔ فعل چوری کا مال شناخت کر لینا۔ چوری کے مویشی پہچان لینا ؛

سینگوٹی یا سینگوٹی (ا۔مو) سینگ کی تصغیر ہے ببلوں کے سینگوں کا خول سینگوں کا غلاف پتیلی ہرن کے سینگ کا بنا ہوا ہتھیار ؛

سینگی (ا۔مو) ایک قسم کی مچھلی۔ سوراخ کیا ہوا سینگ جو رفع درد کے لیے انسان کے بدن پر لگاتے ہیں ؛

سینگیاں کھینچنا، لگانا (اُر۔ محاورہ) مریض کے جسم پر پچھنے لگا کر سینگی کے ذریعے خون چوسنا ؛

سینہ (ف۔ا۔ہند) چھاتی۔ گردن سے نیچے اور پیٹ کے اوپر کا حصہ ؛

سینہ ابھار کر چلنا، سینہ نکال کر چلنا (اُر۔ اکڑ کر چلنا۔ تن کر چلنا۔ اترا کر چلنا۔ غرور سے چلنا ؛

سینہ افگار (ف۔ صف) زخمی سینے والا۔ کنایتہً۔ رنجیدہ۔ عاشق ؛

سینہ بند (ف۔ا۔ہند) انگیا۔ ایک پوستین جو چھاتی کو گرم رکھتی ہے۔ گھوڑے کی پیٹی۔ بچوں کی چھاتی پر رال روکنے کا کپڑا ؛

سینہ بہ سینہ (ف۔ تالع فعل) خاندانی راز۔ نسلاً بعد نسل راز کی بات۔ چھاتی سے چھاتی ملی ہوئی ؛

سینہ پر سل دھرنا (اُر۔ محاورہ) چھاتی پر پتھر دھرنا۔ سخت تکلیف میں مبتلا کرنا ؛

سینہ پیٹنا (اُر۔ محاورہ) ماتم کرنا ؛

سینہ جلنا (اُر۔ محاورہ) دل پر صدمہ ہونا ؛

سینہ چاک ہونا (اُر۔ محاورہ) صدمہ کے مارے چھاتی کا پھٹا جانا۔ سخت صدمہ ہونا ؛

سینہ زن (ف۔ اسم فاعل ترکیبی) محرم میں ماتم کرنے والا۔

سینہ کوب ماتمی ؛

سینہ زور (ف۔ صفت) زبردست۔ سرکش ؛

سینہ زوری (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) زبردستی۔ سرکشی۔ سختی ؛

سینہ سپر (ف۔ فاعل ترکیبی) مقابل ہو کر لڑنے والے۔ سامنے ہو کر جنگ کرنیوالا۔ آڑے آنے والا۔ میدان میں ڈٹا رہنے والا ؛

سینہ سپر کرنا (اُر۔ محاورہ) لڑائی میں ڈٹ کر لڑنا۔ مقابل ہونا۔ سامنے ہو کر لڑنا ؛

سینہ سپر ہونا (اُر۔ محاورہ) مقابل ہو کر بلا کا نشانہ بننا۔ دلیری سے آفات جھیلنا ؛

سینہ سوز (ف۔ صفت) رنجیدہ۔ خاطر ؛

سینہ سوزی (ف۔ا۔مو) رنج و غم ؛

سینہ سیاہ (ف۔ صفت فاعلی) بدباطن۔ لپٹی۔ سیاہ دل ؛

سینہ شق ہونا (اُر۔ محاورہ) سخت صدمہ ہونا ؛

سینہ کاوی (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) سخت محنت۔ محنت شاقہ بڑی کوشش۔ نہایت جدوجہد ؛

سینہ کوٹنا (اُر۔ فعل) ماتم کرنا۔ چھاتی پر دوہتڑ مارنا ؛

سینہ کھول کر تلوار کے پاس جانا (اُر۔ محاورہ) بہت دلیر ہونا ؛

سینے پر پتھر رکھنا (اُر۔ محاورہ) صبر کرنا۔ برداشت کرنا ؛

سینے پر ہاتھ رکھنا (اُر۔ محاورہ) دل کو تسلی دینا ؛

سینے میں سانس نہ سمانا (اُر۔ محاورہ) ہانپنا۔ دم اکھڑنا ؛

سینے سے لگانا (اُر۔ محاورہ) پیار کرنا۔ چھاتی سے لگانا۔ محبت ظاہر کرنا ؛

سینی (ف۔ا۔مو) طشت۔ خوان۔ تانبے پیتل وغیرہ کا خوان ؛

سینیارٹی (انگ۔ا۔مذ۔Seniority) فضیلت۔فوقیت۔تقدم۔پرانا ہونے کی خصوصیت
سینیٹ (انگ۔ا۔مذ۔Senate) ایوان بالا۔مجلس قانون ساز۔
سینیٹر (انگ۔ا۔مذ) سینیٹ کا ممبر۔ایوان بالا کا ممبر۔Senator
سینیئر۔بڑا۔اعلےٰ۔برتر۔عمر عہدے یا رتبے میں بڑا۔Senior
سیو (اُردو۔بیائے مجہول) سیب۔ایک میٹھا پھل۔ایک مٹھائی کا نام بھی ہے۔
سیوا (س۔مو) خدمت۔ٹہل۔حفاظت۔نگہداشت۔ملازمت۔نوکری۔
سیواری (ہ۔ا۔مذ) سیوا رگھاس سے صاف کی ہوئی شکر۔
سیوتی (ہ۔ا۔مو) ایک قسم کا سفید گلاب۔جنگلی گلاب۔نسترن
سیئات (ع۔ا۔مو) برائیاں۔سیئہ کی جمع۔
سیئہ (ع۔ا۔مذ) برائی۔بدی۔گناہ



سٹو
سیونگ مشین
سرنج

سیلوڑا (ہ۔ا۔مذ) جین مت کا سادھو۔جو اپنا مُنہ باندھے رکھتے ہیں۔
سیلوگ یا سیوک (ہ۔ا۔مذ) نوکر۔ٹہلوا۔خادم۔داس۔خدمتگار۔
سیمبُون (ہ۔مو) دوخت۔سلائی۔ٹانکا۔کھوپڑی کا چوڑ۔دونوخصیوں یا ان کے نیچے کی ملی ہوئی جگہ۔
سیونگ بنک (Saving Bank) بچت کا روپیہ رکھنے امانت رکھنے کا خزانہ امانتاً روپیہ رکھنے کا ادارہ۔یا کوٹھی۔
سیہ (ف۔اسم صفت) سیاہ کا مخفف ہے۔کالا۔نجس۔بد۔
سیہی (ہ۔یائے اوّل مجہول وثانی معروف۔اسم مؤنث) خارپشت سیہ۔ایک جانور جس کے تمام بدن پر کانٹے ہوتے ہیں۔


سیف
سکوٹر
سیف

س

ش (ع - مذ) فارسی کا سولھواں اور اُردو کا اُنیسواں اور عربی کا تیرھواں حرف ہے۔ حساب جمل میں اس کے عدد تین سو شمار ہوتے ہیں۔

ا - ش

شابّ (ع.ا.مذ) جوان۔ سترہ اور ستائیس سال کی درمیانی عمر کا آدمی۔ گبرو ؛

شاباش } (ف) شادباش اور شادباشی کا مخفف ہے۔
شاباشی } کلمۂ تحسین۔ واہ۔ وا۔ مرحبا۔ آفرین۔ خوش رہ۔ جیتا رہ۔
لفظ شاہی فارسی میں شاد کے معنی میں آتا ہے ؛

شابالا۔ یا **شہ بالا** (اُر۔ مذ) دولہا کا نائب۔ دولہا کے آگے بیٹھنے والا۔

شاپ (Shop - انگ۔مذ۔ظرف) دوکان۔ ہاٹ۔ ہٹّی۔ خردہ فروشی کی دوکان ؛

شاپ کیپر (Shopkeeper - انگ۔مذ۔فاعل) دوکاندار۔ خوردہ فروش۔ سوداگر۔ تاجر ؛

شاتم (ع۔صفت) گالی دینے والا۔ بُرا بھلا کہنے والا ؛

شاٹ گن (انگ۔ا۔مو - Shotgun) وہ بندوق جس میں چھرّہ چلایا جائے۔ ؛

شاخ (ف۔اِمو) شاخ۔ ٹہنی۔ سینگ۔ ٹکڑا۔ پارہ۔ دریا۔ یا چشمے سے نکالی ہوئی نہر۔ رجہا۔ نالا۔ دھارا۔ خلل۔ خرابی۔ نقص۔ عیب۔ کمان کی لکڑی۔ جھگڑا۔ ٹنٹا۔ پنج۔ ایک قسم کا پکوان۔ نسل۔ اولاد۔ سینگی۔ پچھنا۔

شاخ حنظل سے انگور ملنا ناممکن (اُر۔مقولہ) بُرے کام کا اچھا نتیجہ نہیں ہوتا ؛

شاخ دار (ف۔فاعل ترکیبی) ٹہنی دار۔ سینگ دار ؛

شاخ در شاخ (ف۔صفت) پیچیدہ۔ اُلجھا ہوا۔ بات میں بات ؛

شاخ در یا (ف۔اصفت) دریا کا وہ حصہ جو دھارے سے جُدا ہو کر دوسری طرف بہے

شاخ زعفران (فع۔صفت) نادر بات۔ نایاب بات۔ انوکھا۔ طنزاً۔ کبر و نخوت۔ مغرور۔ خود بین ؛

شاخ سار (صفت) بہت سے ٹہنیوں والا۔ درختوں کا جھنڈ ؛

شاخ غزال۔ یا۔ **آہو**۔ (ف۔اِمو) ہرن کا سینگ۔ تیر اندازی کی کمان۔ پہلی رات کا چاند۔ کنٹھا۔ ؛

شاخ لگانا (اُر۔ فعل) قلم لگانا۔ درخت کا پیوند لگانا۔ سنگی لگانا۔

شاخ نبات (ف۔ا۔مو) مصری کے کوزے کی وہ ٹکڑی جو کوزہ بنانے کے لیے اس کے آبخورے میں لگا دیتے ہیں۔ گنا۔ شکر ؛

شاخ نکالنا (اُر۔ محاورہ) سینگ نکالنا۔ نقص نکالنا۔ عیب جوئی کرنا ؛

شاخچہ (ف۔مذکر) شاخ سے اسم تصغیر۔ چھوٹی ٹہنی۔ ذرا نقص۔ ؛

شاخسانہ } (اُر۔ف۔مذ) مرکب از شاخ و شانہ۔ رخنہ۔ عیب۔ خرابی۔
شاخشانہ } فتنہ و فساد۔ جھگڑا۔ بحث۔ دلیل۔ شک و شبہ۔ ڈھکوسلا۔

شاخسانہ کھڑا کرنا (محاورہ) جھگڑا نکال کھڑا کرنا۔ فساد اُٹھانا۔ فتنہ برپا کرنا ؛

شاخیں (اُر۔مو) شاخ کی جمع ؛

شاخیں لگانا۔ یا **کھینچنا** (اُر۔فعل) سینگیاں لگانا۔ سینگیاں تڑوانا ؛

شاد (ف۔صفت) خوش و خرم۔ بے غم۔ خوشحال ؛

شاد باش (ف) کلمۂ دُعائیہ۔ خوش رہو۔ شاباش۔ آفرین ؛

شاد باید زیستن ناشاد باید زیستن (ف۔مثل) زندگی اچھی ہو یا بُری۔ گزارنی پڑتی ہے ؛

شاد کام (ف۔صفت) کامیاب۔ خوشحال ؛

شاداب (ف۔صفت) سرسبز۔ ہرا بھرا۔ تر و تازہ۔ سیراب ؛

شادابی (ف۔مو۔ بیائے مصدری) تر و تازگی۔ ہریاول۔ طراوت۔ سرسبزی ؛

شاداں و فرحاں (ف۔صفت) خوش خوش۔ مگن ؛

شاد مان (ف۔ صفت) خوش۔ خوشحال۔ خوش و خرم ؛

شارٹ ہینڈ (انگ۔ا۔مذ) مختصر نویسی ؛

شادی (ف۔مو) خوشی۔ عید۔ تیوہار۔ بیاہ۔ بواہ۔ بچوں کو ڈرانے کا ایک فرضی نام ہے۔ مگر بی شادی بولتے ہیں ؛

شادی خانہ آبادی (ت۔ا۔مو) بیاہ کر کے گھر آباد کرنا ؛

شادی خانہ آبادی (ت۔ اُرُ۔مو) بیاہ کرکے گھر آباد کرنا ؛
شادی رچانا (اُرُ۔فعل) بیاہ کے کاروبار کرنا۔ کسی خوشی کی تقریب کا سامان کرنا ؛
شادی مبارک (فع۔ محاورہ) عروسی یا ولادت مولود کے وقت مبارکباد کی جگہ بولتے ہیں ؛
شادی مرگ (ف۔مذ) ایسی موت جو بے حد خوشی سے واقع ہو ۔ خوشی کی موت ؛
شادی مرگ ہونا (اُرُ۔فعل) فرطِ مسرت و انبساط سے موت کا آجانا ؛
شادیانہ (ف) خوشی کا باجہ۔ بیاہ کے وقت کا راگ ۔ خوشی کے نقارے۔ مبارکباد ؛
شادیانہ بجانا (اُرُ۔ محاورہ) خوشی کی نوبت بجانا۔ فتح کا نقارہ بجانا۔
شاذ (ع ۔صفت) اکیلا۔ تنہا رہا ہوا۔ مفرد۔ نادر۔ کم۔ کمیاب ۔ عجب۔ انوکھا۔ بے قاعدہ۔ خلاف قانون ۔
شاذ و نادر (ع۔ تابع فعل) اتفاقاً۔ گاہے گاہے۔ کبھی کبھار ؛
شار (ف۔ا۔مذ) پانی کا گرنا۔ مرکبات میں جیسے۔ آبشار۔ سرشار ؛
شارِب (ع۔ صفت) پینے والا۔ جمع۔ شاربین۔ شوارب ؛
شارِح (ع۔مذ۔ فاعل) شرح لکھنے والا۔ کھول کر بیان کرنے والا ؛
شارِع (ع۔مذ۔ فاعل) ۔ سڑک۔ بڑا رستہ۔ دین کا رستہ بتانے والا۔ لوگوں کو راہِ دین کی تعلیم دینے والا ؛ صاحبِ شرع ۔ فقیہہ۔ عالم۔ فاضل ؛
شارِع اِسلام (ع۔ا۔مذ) حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مُراد ہے ؛
شارِع عام (ع۔ا۔مذ) عام راستہ عام لوگوں کے چلنے پھرنے کی سڑک ۔ شاہراہ ؛
شارک (ف) (اُرُ۔مذ۔مو) مینا ایک پرندہ ؛
شارک (انگ۔ا۔مو ← Shark) شارک

شارک

ایک خطرناک مچھلی جو آدمی کو بھی کھا جاتی ہے ؛
شاستر (س۔ا۔مذ۔مکر) فقہ ہنود۔ ہندوؤں کے عقائد کی کتاب۔ منوجی کا بنایا ہوا قانون۔ دستور۔ قاعدہ۔ حکم۔ فرمان ۔
شاستری (ہ۔مو) بیائے نسبتی۔ زبانِ سنسکرت۔ شاستروں کی زبان۔ (بیائے فاعلیت) شاستر جاننے والا۔ پنڈت ۔ عالمِ ہنود۔ کا ایک درجہ۔ سنسکرت کا عالم فاضل۔ سنسکرت پڑھا ہُوا ؛
شاشہ (ف۔ا۔مذ) حاصل مصدر۔ از شاشیدان۔ پیشاب۔ مُوت۔ مُوتر ؛
شاطِر (ع۔صفت) عیار۔ چالاک۔ شوخ و شنگ۔ بیباک۔ دلاور ۔ شطرنج باز۔ شطر بمعنی دور کرنا ہے۔ اسم فاعل ہے ۔
شاعر (ع) فاعل از شعر۔ ناظم۔ نظم کہنے والا۔ شعر کہنے والا۔ کبیشور کوی ؛
شاعرانہ تخیل (ع۔صفت) شاعروں جیسے خیالات۔ مبالغہ آمیز خیالات ؛
شاعرہ (ع۔ صفت) عورت شاعر ؛
شاعری (ع۔مو) بیائے مصدری۔ شعر گوئی۔ مبالغہ کرنا۔
شاغل (ع۔ اسم فاعل) از شغل مفید۔ صفت مصروف متوجہ۔ خدا کا ذکر کرنے والا ؛
شافع (ع) فاعل از شفاعت۔ گناہ بخشوانے والا۔ سفارش کرنے والا۔ اصطلاح میں رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مبارک سے مُراد ہے ؛
شافع روزِ جزا (ع۔صفت) جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مُراد ہے۔
شافعی (ع۔ا۔مذ) اہلِ سُنّت کے چار اماموں میں سے ایک امام کا نام ہے۔ امام شافعیؒ کے مذہب کا پیرو ؛
شافہ (ع۔ا۔مذ) دوا میں لت کرکے زخم میں رکھی ہوئی رُوئی کی بتی ؛
شافی (ع۔ صفت) فاعل۔ از شفا۔ آرام دینے والا۔ صحت بخش۔ شفا دینے والا۔ ٹھیک دُرست۔ بجا۔ واقعی بیدھا۔ صاف ؛
شافی جواب (ع۔ا۔مذ) ٹھیک جواب۔ پُورا جواب۔ ساکت جواب ؛
شافیٔ مطلق یا حقیقی (ع۔مذ) پُوری شفا بخشنے والا۔ اصلی صحت دینے والا۔ مُراد خُدائے تعالےٰ ؛
شاق (ع۔صفت) دشوار۔ بھاری۔ دُوبھر۔ مشکل۔ کٹھن۔ ناگوار۔ مکروہ ؛
شاق گزرنا (اُرُ۔ فعل) بُرا معلوم دینا۔ ناگوار ہونا۔ بارگزرنا ۔ ؛
شاقہ (ع۔صفت) منسوب بہ شاق۔ دُوبھر۔ بھاری۔ مشکل۔ کٹھن ؛
شاقول / شاقُول (ع۔ا۔مذ) معماروں کا ساہول جس سے دیوار کی سدھائی دیکھی جاتی ہے ؛
شاکر (ع) فاعل۔ از شکر۔ مفید صفت۔ شکر کرنے والا۔ شکر گزار۔ احسان ماننے والا ؛
شاکر کو شکر موذی کو تحرّط (اُرُ۔کہاوت) شکر گذار آدمی کو خدائے تعالےٰ ہمیشہ خوشحال رکھتا ہے اور موذی کو تکلیف کے بدلے تکلیف پہنچ جاتی ہے ؛
شاکرِ نعمت (ع۔مذ) نعمت کا شکر گزار ؛
شاکل (ع۔ا۔مذ) مشابہت۔ سفیدی جو کانوں اور کنپٹی کے درمیان ہوتی ہے ؛
شاکی (ع۔ فاعل) از شکایت۔ شکایت کرنے والا۔ فریادی۔ بدگو۔ غیبت کرنے والا۔ ہتھیار پہننے والا ؛

شاگرد (ف۔مذ) مرکب از شاہ و گرد۔ خدمتی۔ خدمتگار۔ ٹہلوا۔ طالب علم۔ چیلا۔ بالکا۔ مرید۔ نوکر۔ ملازم۔ امیدوار۔ ایپرنٹس۔ سائیس۔

شاگرد پیشہ (اُر۔مذ) نچ کا نوکر۔ خانساماں اوپر کا کام کاج کرنے والے آدمی ؛

شاگرد رشید (فع۔ا۔مذ) لائق شاگرد۔ ہدایت یافتہ چیلا۔

شاگرد رفتہ رفتہ بہ اُستادی رسید (ف۔مثل) شاگرد آہستہ آہستہ اُستاد کے برابر ہو جاتا ہے۔

شاگرد قہر اُستاد غضب (ف۔مثل) ایک سے ایک بڑھ کر ظالم ؛

شاگردی (ف۔مو۔بیائے مصدری) چیلاپن۔ طالب علمی۔ کام سیکھنا

شال (ہ۔ف۔ت۔ا۔مو) اون یا ریشم کی چادر ؛

شال باف (ف۔ا۔مذ) ترکیب فاعلی۔ شال بننے والا یا پشمینہ باف ؛

شالی (س بت۔ف۔مذکر) دھان۔ چاول۔ چاول کا بیج اور پودا۔

شام (ہ۔مو) لوہے۔ پیتل وغیرہ کا چھلا۔ جو لاٹھیوں اور اوزاروں پر لگایا کرتے ہیں ؛

شام (ف۔ا۔مؤنث) سانجھ۔ سورج ڈوبنے کا وقت۔ وقتِ مغرب ؛

شامِ اودھ (اُر۔مو) اودھ علاقہ لکھنؤ میں شام کی سیر کا نظارہ قابل دید اور مشہور ہے۔ اسی طرح صبح بنارس مشہور ہے ؛

شام پھولنا (اُر۔محاورہ) شفق پھوٹنا۔ مغرب کے وقت سُرخی کا نمودار ہونا ؛

شام غریباں یا شام غریبی (ف۔مو) مسافروں کی شام جو مایوسی اور تنہائی کے باعث وحشتناک ہوتی ہے۔ مفلسی اور مصیبت کی شام۔ گیارھویں محرم کی شام۔

شام کا بھولا صبح گھر آئے تو اسے بھولا نہیں کہتے (اُر۔مثل) وقت مقررہ سے پیچھے وعدہ وفا کرنے والا بیوفا نہیں کہلا سکتا ؛

شام کا صبح کرنا (اُر۔محاورہ) رات کاٹنا۔ ساری رات جاگتے رہنا ؛

شام کلیان (اُر۔مذ) شام کا راگ ؛

شام کی صبح کرنا (اُر۔محاورہ) سخت مصروفیت کے باعث دن اور رات کا فرق معلوم کرنا ؛

شام کے مردے کو کب تک روئیے (اُر۔کہاوت) عمر بھر کے جھگڑے کی شکایت کب تک کریئے۔ ہمیشہ کے دُکھ کی شکایت ہی کیا ؛

شام گھات (اُر۔مو) پٹے بازوں کی اصطلاح۔ حریف کے مقابلے میں اسی طرح وار کرنا جس طرح وہ کرے ؛

شام و سحر (ع ظرف زمان) سانجھ سویرے۔ ہر وقت۔ دونوں وقت ؛

شام و سحر کرنا (اُر۔فعل) حیلے حوالے کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ بہانے بنانا ؛

شام (ہ۔س۔صفت) سری کرشن جی کا لقب ہے۔ سیاہ۔ کالا۔ کلوٹا ؛

شام کرن (ہ۔مذ) کالے کانوں والا ؛

شام (سریانی۔ا۔مذ) ایک ملک کا نام ہے جس کو ارم اور سریہ بھی کہتے ہیں ؛ بیت المقدس اسی کے جنوب میں ہے ؛

شام کی پوچھنا سحر کی کہنا (اُر۔محاورہ) بے تکا جواب ؛

شاما (ہ۔ا۔مؤنث) ایک نہایت خوش آواز چڑیا کا نام ہے جو کالے شامہ رنگ کی ہوتی ہے ؛

شامپین (انگ۔ا۔مو۔ Champagne) عمدہ انگوری۔ شراب ؛

شامت (ع۔ا۔مو) بدبختی۔ سختی۔ نحوست۔ بدقسمتی۔ آفت۔ مصیبت

شامت اعمال (ع۔مو) کئے کی سزا۔ کرتوت کا بدلہ۔ گناہوں کی سزا ؛

شامت آنا یا شامت کا سر پر کھیلنا۔ (اُر۔محاورہ) بُرے دن آنا۔ مصیبت کا سامنا ہونا ؛

شامت اعمال ما صورتِ نادر گرفت (ف۔مثل) ہمارے گناہ کی سزا نے نادر کی صورت اختیار کی۔ یہ فقرہ نظام الملک نے اس وقت کہا تھا جب نادر شاہ کی طرف سے اہل دہلی پر ظلم و ستم برپا ہوا۔

شامت زدہ
شامت کا مارا
شامت کا گھیرا
(اُر۔صفت) بدنصیب۔ بدقسمت۔ کم بخت۔ کمبختی کا مارا ؛

شامت کی مار (اُر۔مو) تقدیر کی خرابی۔ بدنصیبی۔ قسمت کا لکھا۔ بدحالی ؛

شامت میں پھنسنا (اُر۔محاورہ) مصیبت میں مبتلا ہونا۔ آفت میں پھنسنا ؛

شامتیں کہہ کر تھوڑا آتی ہیں۔ (اُر۔مقولہ) مصیبتیں اطلاع دیکر نہیں آتیں ؛

شامل (ع۔فاعل۔مفید صفت) اکٹھا۔ شریک۔ ملا ہوا ؛

شامل حال ہونا (اُر۔فعل) شریک ہونا۔ ملنا۔ ہر امر میں شریک ہونا۔ شریک حال رہنا ؛

شامل کرنا (مص۔مرکب) ملانا۔ شریک کرنا۔ جوڑنا۔ لگانا۔

شامل مسل (اُر۔صفت) مقدمے کے کاغذات کے ساتھ نتھی کیا ہوا۔

شاملات (اُر۔مو) شامل کی جمع ہندی ساخت۔ حصہ داری۔ سانجھا۔ سانجھی زمین۔

شاملاتی (اُر۔صفت) مشترکہ ؛

شامہ (ع۔ا۔مو) سونگھنے کی قوت ؛

شامی (ع۔ا۔صفت۔بیائے نسبتی) ملک شام کا باشندہ۔ شام کی بنی ہوئی چیز ؛

شامی کباب (اُر۔ا۔مذ) گوشت کو معہ مصالحہ اُبال کر کوٹ کر تلی ہوئی ٹکیاں ؛

شامیانہ (اُر۔ا۔مو) ایک قسم کا خیمہ ؛ کپڑے کا سائبان۔ نمگیر ؛

شان (ع۔صفت) جلال۔ دبدبہ۔ مرتبہ۔ عزت۔ قدر و منزلت۔ طاقت۔ قوت۔ جیسے خدا کی شان۔ آن۔ انداز۔ صورت۔ شکل۔ ہیئت۔

شان الٰہی۔ شان خدا۔ شان حق۔ (اُر۔صفت) خدا کی قدرت یا طاقت ؛

شان برسنا (اُر۔محاورہ) عظمت و شوکت ظاہر ہونا ؛

شان چوٹا (اُر۔مذ) دوسرے کا انداز اُڑا لینے والا۔ متکبر اور مغرور آدمی۔

شانِ خط (فارسی۔مو) تحریر کا انداز۔ لکھنے کا طریقہ ؛

شان دار (ف۔صفت) بترکیب فاعلی والی رتبہ۔ باعظمت۔ بارعب دھوم دھام کا۔ خوشنما۔ بھڑکدار۔ چمکدار ؛

شان دکھانا۔ (اُر۔محاور) رُعب ظاہر کرنا۔ عظمت دکھانا۔ دبدبہ ظاہر کرنا۔

شان شوکت یا شان وشوکت (ع۔مو) بھڑک۔ دھوم۔ دھام عظمت وجلال۔ رُعب وداب۔ طمطراق۔ کروفر۔ ٹھاٹھ باٹھ۔

شان گھٹنا (اُر۔محاورہ) عزت میں فرق آنا ؛

شان عبودیت (ع۔ اُر۔مو) بندگی کی شان۔ بندہ ہونے کی خوبی ؛

شان گمان (اُر۔ا۔مو) خیال۔ وہم وخیال۔ فکر واندیشہ۔ اشارہ کنایہ۔

شان گھٹنا (اُر۔محاورہ) عزت میں فرق آنا۔ عظمت کم ہونا۔

شان میں بٹا لگنا (اُر۔فعل) عزت کم ہونا۔ بے عزتی ہونا۔ ذلیل ہونا۔

شان میں جھٹکے پڑنا (اُر۔فعل) عزت وحرمت میں فرق آنا۔

شانِ نزول (ع۔مو) کسی قرآنی آیت کے اترنے کا موقع۔ نازل ہونے کا سبب ؛

شانہ (ف۔ا۔مذ۔کر) کنگھا۔ کنگھی۔ مونڈھا۔ کندھا۔ کندھے کی ہڈی کھو

شانہ اُتر جانا (اُر۔محاورہ) کاندھے کی ہڈی کا اپنی جگہ سے ٹل جانا۔ خلع۔

شانہ بیں (ف) فال دیکھنے والا۔ فالیا۔ شگونیا۔

شانہ پھڑکنا (اُر۔فعل) کندھا پھڑکنا۔ جس سے کسی دوست کی ملاقات کا شگون لیا کرتے ہیں۔

شانہ سے شانہ چھلنا (اُر۔محاورہ) نہایت بھیڑ ہونا۔ بہت ہجوم کے باعث کھوے سے کھوا چھلنا ؛

شانہ ہلانا (اُر۔محاورہ) سوتے کو جگانا۔ کھوا ہلا کر بیدار کرنا۔ اکڑنا۔ غرور کرنا ؛

شاور (انگ۔ا۔مو) فوارہ جو غسل خانوں میں لگا ہوتا ہے Shower ؛

شاہ (ف۔ا۔مذ) بادشاہ۔ سلطان۔ فقیروں کا لقب۔ سیدوں کے نام کے ساتھ مخصوص لفظ۔ شطرنج کا ایک مہرہ۔ اسم مکبر کی علامت۔ جیسے شاہ برگ۔ شہتیر۔ شاہراہ۔ اصل۔ جڑ۔ آقا۔ مالک ؛

شاہ بانہ (ف۔ا۔مذ) ایک سفید رنگ کا شکاری پرندہ۔ شاہین۔ بڑا باز ؛

شاہ بلوط (فع۔ا۔مذ۔کر) ایک قسم کا نہایت بہترین بلوط ہے۔ سیتا پساری ؛

شاہ بیت (ف۔ا۔مو) قصیدہ۔ یا غزل کا بہترین شعر۔

شاہ پر (ف۔مذ۔کر) پرندے کا سب سے بڑا بازو۔ جو اڑنے کا کام دیتا ہے ؛

شاہ تمرہ (ف۔ا۔مذ) ایک مصفی خون دوا کا نام ہے۔ پت پاپڑا۔

شاہ تیر (ف۔ا۔مذ) بڑی کڑی۔ شہتیر

شاہ خانم (اُر۔مو) بڑے گھر کی عورت۔ طنزاً کہا کرتے ہیں ؛

شاہ خاور (ف۔ا۔مذ) کنایۃً۔ سورج۔ مشرق کا بادشاہ ؛

شاہدرہ (ف۔مذ) وہ آبادی یا گاؤں جو شاہی محل یا قلعے کے نیچے یا سامنے واقع ہو۔

شاہ دریا (ف۔مذ) وہم پرست لوگوں کے خیال کے مطابق۔ ایک فرضی جن کا نام ہے ؛

شاہ راہ (ف۔ا۔مذ) بڑی سڑک۔ شارع عام ؛

شاہ رگ (ف۔ا۔مذ) رگ جان۔ بڑی رگ جو گردن سے گزرتی ہے۔

شاہ زادہ (ف۔ا۔مذ) کنور۔ فرزند۔ راج کمار۔ بادشاہ کا بیٹا۔

شاہ زادی (اُر۔مو) بیائے تانیث۔ راج کماری۔ بادشاہ کی بیٹی۔ بیگم۔ رانی۔ سلطانہ۔ بادشاہی نسل کی عورت۔ گل نیلوفر کا زرد زیرہ (شہزادی)

شاہ سوار (اُر۔مذ) بڑا سوار۔ اعلیٰ درجے کی سواری جاننے والا ؛

شاہکار (ف۔ا۔مذ) سب سے بڑا کارنامہ فن پارہ ؛

شاہ گام (ف) گھوڑے کی ایک خاص رفتار کا نام ہے۔ تیز قدم ؛

شاہ لولاک (ف۔ا۔مذ) جناب رسالتمآب پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم۔

شاہ مرداں (ف۔مذ) حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا لقب۔

شاہ مرداں کی لاڑیاں (اُر۔مو) گاجریں۔ زردک۔

شاہ مشرق (ف۔ا۔مذ) کنایۃً آفتاب۔

شاہ مغرب (ف۔ا۔مذ) کنایۃً ہلال۔ پہلی رات کا چاند ؛

شاہ نامہ (ف۔ا۔مذ) بادشاہوں کے ذکر کی کتاب۔ تاریخ سلاطین فارسی۔ شاعر فردوسی کی بنائی ایک کتاب کا نام خاص ہے۔

شاہ نائے۔ یا شہنائی (ف۔ا۔مذ) بڑا بگل۔ نرسنگا۔ نفیری۔

شاہ نشین یا شہ نشین (ف) بادشاہ کے بیٹھنے کی جگہ۔ مکان کا باہر نکلا ہوا بیٹھنے کے کام کا برآمدہ ؛

شاہ وار (ف۔صفت) بادشاہوں کے لائق۔ نہایت عمدہ اور نفیس چیز ؛

شاہانہ (ف۔صفت۔ بترکیب تشبیہی) بادشاہوں جیسا۔ عمدہ۔ اعلیٰ درجہ کا (بحالت اسم مذ) شادی کا جوڑا۔ شام کا گیت۔ شام کا وقت ؛

شاہانہ جوڑا (ف۔ا۔مذ) دولہا کا سرخ جوڑا۔ بادشاہوں جیسا لباس ؛

شاہانہ خراج (ف۔ا۔مذ) نازک طبیعت ؛

شاہد (ع۔ا۔مذ) فاعل۔ گواہ۔ شہادت دینے والا۔ حاضر ؛

شاہد (ف۔ا۔مذ) معشوق۔ صاحب حسن۔ خوبصورت لڑکا یا مرد۔ دلبند۔ دلربا ؛

شاہد باز (ف۔فاعل ترکیبی) حسینوں سے محبت رکھنے والا ؛

شاہدی (ع۔مو۔ بیائے مصدری) گواہی۔ اظہار۔ شہادت ؛

شاہنشاہ یا شہنشاہ (ف۔ا۔مذ) بہ قلب اضافت۔ بڑا بادشاہ۔ بادشاہوں کا بادشاہ۔ مہاراجہ۔ ادھیراج۔ خاقان۔ سلطان ؛

شاہی (ف۔صفت۔ بیائے نسبتی ومصدری) سرداری۔ حکومت۔ بادشاہت۔ شاہانہ۔ بادشاہوں کے لائق۔ ؛

شاہین (ف۔ا۔مذ) ایک سفید رنگ کا شکاری پرندہ۔ ترازو کی موٹھ۔ تولنے کے کانٹے کی سوئی۔ زبانہ۔ ترازو۔

شایان (ف) حالیہ مفید صفت از شائستن۔ لائق۔ موزوں۔ مناسب۔ قابل۔ عمدہ۔ نفیس۔ روا۔ جائز۔ واجب ممکن ؛

شائبہ (ع۔ا۔مذ) آمیزش ملاوٹ۔ آلودگی۔ شبہ۔ لاگ۔ لگاوٹ ؛

شاید (ف) کلمۂ شک۔ مضارع از شائستن۔ مگر۔ غالباً۔ زیبا۔ لائق۔ ظن غالب۔

شاید و باید (ف۔ تابع فعل) جیسا چاہیے ہر طرح شایاں اور زیبا ہے۔ نہایت عمدہ۔

شائستگی (ف۔ا مو۔ بیائے مصدری) تہذیب۔ لیاقت۔ قابلیت اخلاق۔ انسانیت۔ خوش خلقی۔ زیبائش ؛

شائستہ (ف۔ صفت بترکیب مفعولی) لائق۔ زیبا۔ موزوں۔ مناسب۔ مہذب۔ تربیت یافتہ۔ خوش خلق۔ سلیقہ دار سُگھڑ اچھا۔ بہتر۔ عمدہ ؛

شایع (ع۔ فاعل مفید صفت) پرگھٹ۔ ظاہر۔ پھیلا ہوا۔ مشہور کیا ہوا۔ ؛

شایع کرنا۔ (اُرد۔ فعل) پھیلانا۔ مشتہر کرنا۔ چھاپنا۔ اشتہار دینا ؛

شائق (ع۔ا۔ مذ) فاعل از شوق۔ شوق رکھنے والا۔ شوقین خواہشمند۔ خواہاں۔ متمنی۔ پرشوق ؛

شائگاں (ف۔ صفت) وہ چیز جو بادشاہوں کے لائق ہو۔ (مو) بیگار۔ قافیہ کا عیب ؛

شایاں (ف۔ صفت) لائق مناسب موزوں۔ زیبا۔

شاید (ف۔ کلمۂ شک۔) غالباً ممکن ہے۔

ش ـ ب

شب (ف مو) رات۔ رین۔ راتری۔ لیل۔ روز کی ضد۔

شب اسریٰ (ف۔ صفت) معراج کی رات ؛

شب افروز (ف۔ صفت) رات کو روشن کرنے والا۔ جگنو۔ چاند۔

شب انتظار (ف۔ ا۔ صفت) وہ رات جو کسی کے انتظار میں کٹے۔

شب باش (ف۔ا۔مذ) فاعل۔ رات کی رات رہنے والا۔ مقیم۔ منزل نشین

شب باش ہونا (اُرد) قیام کرنا۔ بسرام کرنا۔ رات گزارنا۔

شب باشی (ف۔ا۔ مو) دیکھئے شب باش جس کا یہ اسم کیفیت ہے

شب بخیر (ف۔ کلمہ دعائیہ) رات خیر سے گزرے۔ گڈ نائٹ۔

شب برات (ف۔ا۔مو) مرکب از شب بمعنی رات و برات بمعنی حصہ مسلمانوں کے تیوہار کا نام جو چودھویں شعبان کو منایا جاتا ہے ؛

شب بیدار (ف۔ فاعل) رات کو اُٹھنے والا۔ رات کو اُٹھ کر عبادت کرنے والا۔ رات بھر جاگنے والا۔

شب تار یا تاریک (ف۔ صفت) اندھیری رات ؛

شب چاردہ (ف۔ ا۔ مو) چودھویں رات۔

شب چراغ (ف۔مذ) باضافت۔ مقلوب۔ ایک ہیرے کا نام جو رات کے وقت چراغ کا کام دیتا تھا۔

شب خوابی (ف۔ا۔مونث بیائے مصدری) رات کو پہن کر سونے کے کپڑے۔ لباس شبینہ۔ رات کا سونا ؛

شب خون (ف۔ا۔مذکر) بقلب اضافت۔ رات کا دھاوا۔ رات کی لڑائی۔ چھاپہ۔ رات کے وقت بے خبری کا دھاوا۔

شب دیگ (ف۔ا۔مذکر) شلغم اور گوشت جو رات بھر خاص ترکیب سے پکتے ہیں ؛

شب ویز / شب رنگ (ف۔ا۔مذ) سیاہ رنگ کا گھوڑا۔ مُشکی گھوڑا کالا گھوڑا ؛

شب رو (ف۔ا۔مذ) چور۔ چوکیدار جو رات کو پہرہ دے۔ نیک آدمی رات کو چلنے والا ؛

شب زفاف (ف۔ مو) سہاگ کی رات تخت کی رات۔ دُلہا دُلہن کی پہلی رات۔

شب سُرخاب (ف۔ا۔ مو) جُدائی کی رات۔ سرخاب کا جوڑا جو رات کو پہنا جاتا ہے

شب ظلمات (ف۔ا۔ مو) سخت تاریک رات ؛

شب عاشورہ (ف۔ مذ) محرم کی نویں رات جس کی صبح کو امام حسینؓ شہید ہوئے ؛

شب قدر (ف۔ا۔مو) قدر و منزلت والی رات۔ رمضان کے مہینے کی ستائیسویں رات ؛

شب کور (ف۔ مذ۔ فاعل) رتوندیا۔ وہ آدمی جسے رات کو دکھائی نہ دے ؛

شب گوں (ف۔ صفت) سیاہ کالا ؛

شب گیر (ف۔ صفت) وہ جو رات کو جاگتا رہے۔ جھینگر جو رات کو بولتا ہے ؛

شب ماہ (ف مو) چاند رات۔ وہ رات جس کی شام کو ہلال نظر آئے ؛

شب یلدا (ف۔ مو) اندھیری رات۔ شب تار۔ بڑی رات۔ منحوس رات ؛

شب ماندہ (ف۔ صفت) باسی۔ رات کا بچا ہوا۔

شباب (ع مذ) جوانی۔ گبرو پن۔ آغاز۔ شروع۔ ہر چیز کی ابتدا ؛

شباب پھٹ پڑنا (اُرد محاورہ) جوانی کا زور ہونا ؛

شباب بھرنا (اُرد محاورہ) جوانی دوبارہ آنا ؛

شباب کے دِن (اُرد۔ ا۔مذ) جوانی کا زمانہ ؛

شبانہ روز (ف متعلق فعل) شب و روز ؛

شباہت (ع۔ا مو) مانند ہونا۔ ملتا جلتا۔ جسم و صورت کی مطابقت ؛

شبد (س۔ا۔مذ) بول۔ بچن۔ بھجن۔ آہٹ۔ آواز۔ صدا۔ بانگ۔

شبد چور (ہ۔ا۔مذ) مضمون چرانے والا۔

شبد شاستر (ہ۔ا۔مذ) قواعد زبان۔ علم صرف و نحو ؛

شبد کوش (ہ۔ا۔مو) لغت ڈکشنری ؛

شبستان (ف۔ مذ ظرف) خوابگاہ۔ سونے کی جگہ۔ اُمرا کا خلوت خانہ ؛

شبّر (ع۔ا۔مذ) حضرت حسنؓ کا لقب ؛

شبرا (ع۔ا۔مذ) بالشت ؛

شبکا (اُرد۔ ا۔ مذ) شگاف۔ جو کپڑے یا دیوار وغیرہ میں ہو۔

شبکہ (ف مذکر) لوہے جست وغیرہ کی تاروں کا جال۔ لوہے کا جال ؛

شبنم (ف۔ا مو) اوس۔ تریل۔ ایک قسم کا نہایت باریک اور سفید کپڑا ؛

شبّو (ف مذ) ایک سفید رنگ اور بھینی بھینی خوشبو والا پھول

شبہ (ع۔مذ) شک۔ گمان۔ بھرم۔ دُبدھا۔ وہم۔ وسواس ؛

شبہ کرنا (اُرد محاورہ) شک کرنا۔ بدگمانی ؛

شبہ گزرنا (اُرد۔ محاورہ) شک ہونا ؛

شبہ ہٹانا (اُرد محاورہ) شک دُور کرنا ؛

شبہ ہونا۔ گمان گزرنا۔ احتمال ہونا ؛

شبینہ (ف۔ صفت) رات کا باسی۔ حافظ قرآن کا رمضان کی کسی ایک رات میں پورا قرآن تراویح میں ختم کرنا

شبینہ (ف صفت) مرکب نسبتی۔ رات کا بچا ہوا۔ باسی شب بیداری جو لوگوں سے کرائی جائے ؛

شبیہہ (ع۔ا مونث) شکل و صورت۔ تصویر۔

ش - پ

شپ (ع۔ا۔ف) صفت۔ جلدی۔ زود۔ شتابی ؛

شپ (انگ۔مو) بحری۔ جہاز ؛ Ship

شپا (ہ ۔ا۔مذ) تیراندازوں کا نشانہ یا ہدف ؛

شپاشپ (ف۔اصوت) پے در پے متواتر تیروں کی آواز چاٹنے یا پینے کی آواز ؛

شپپر یا شپر (ف۔ا۔مو) چمگادڑ ؛

شپرۂ چشم (ف۔صفت) سورج کی روشنی میں آنکھیں بند رکھنے والا ؛

ش - ت

شتا (ع ۔ا۔مذ) جاڑا۔ سردی کا موسم ؛

شتاب (ف۔تابع فعل) فوراً۔ فی الفور۔

شتابی جلدی۔ جھٹ پٹ ؛

شتر (ف۔مذ) اونٹ۔ جمل

شتربان (ف، مذ۔ فاعل) اونٹ پالنے والا۔ ساربان ؛

شتر بے مہار (ف۔صفت) بے نکیل اونٹ۔ مجازاً آزاد۔ بدلگام ناشائستہ ؛

شتر سوار (ف۔ا۔مذ) سانڈنی سوار اونٹ پر ڈاک لے جانے والا قاصد ؛

شتر غمزہ (ف۔ا۔مذ) ناموزوں نخرہ۔ فضول چوچلے۔ بیجا ناز۔ فریب۔ دھوکا ؛

شتر کینہ (ف۔ا۔مذ) دلی عداوت۔ سخت دشمنی۔ جانی بیر ؛

شتر گاؤ۔ یا شتر گاؤ پلنگ (ف۔ا۔مذ) براعظم افریقہ کے ایک حیوان کا نام ہے جسے زرافہ کہتے ہیں ؛

شتر گربہ (ف ۔ا۔مذ) دو نا موافق یا بے جوڑ چیزیں۔ اصطلاح شعر میں ایک ہی چیز کو تعظیم اور تحقیر کے ساتھ بیان کرنا ؛

شتر مرغ (ف۔ا۔مذ) عرب اور افریقہ کے صحراؤں میں ایک بڑا پرندہ۔ جس کی ٹانگیں اور گردن لمبی لمبی یہ اڑ نہیں سکتا دوڑتا بہت تیز ہے ؛

شتر مرغ

شتر نال (ف۔مو) ایک چھوٹی قسم کی توپ جو اونٹ پر لادی جا سکتی ہے ؛

شتری (ف۔ا۔مذ۔ بیائے نسبتی) اونٹ کے رنگ کا بادامی کپڑا اونٹ پر رکھ کر بجانے کا نقارہ۔ دھونسہ ؛

شتم (ف ۔ا۔مو) گالی گلوچ ؛ دشنام۔

ش - ج

شجاع (ع صفت) دل چلا۔ بہادر۔ دلیر۔ سورما۔ سورہیر۔ دلاور ؛

شجاعت (ع۔ا۔مو) دلیری۔ دلاوری۔ بہادری ؛

شجر (ع۔ا۔مذ) درخت۔ پیڑ۔ پودا ؛

شجر طور / کلیم (ع ۔ا۔مذ) وادیٔ ایمن میں کوہ طور کے نزدیک ایک درخت جس پر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے تجلی دیکھی تھی۔

شجر ممنوعہ (ع ۔ا۔ مذ) بہشت کا وہ درخت جس کے قریب جانے سے حضرت آدم علیہ السلام کو منع کیا گیا تھا ؛

شجرہ (ع۔ا۔مذ) کرسی نامہ۔ نسب نامہ۔ سلسلۂ خاندان۔ وہ کاغذ جس میں وارث اول کو جڑ قرار دے کر کل اولاد کو ترتیب وار درج کر دیتے ہیں۔ کھیت کا نقشہ ؛

شجرہ قلعہ اٹھانا (اِ محاورہ) بستر باندھ کر چلنے کی تیاری کرنا ؛

شجرہ نسب (ع۔ا۔مذ) سلسلۂ نسب۔ نسب نامہ ؛

شجیع (ع ۔صفت) دلیر۔ بہادر ؛

ش - ح

شحم (ع۔مو) چربی۔ فربہی۔ موٹائی۔ گودا۔ مغز۔

شحامت (ع ۔ا۔مو) موٹاپا۔ فربہی

شحنہ (ع ۔ا۔مذ) کوتوال۔ پولیس انسپکٹر۔ شہر کا محافظ ؛

شحیم (ع۔صفت) موٹاپا۔ فربہ ؛

ش - خ

شخص (ع ا۔مذ) آدمی کا بدن۔ جسم۔ وجود۔ انسان ؛

شخص ثالث (ف ۔ا۔مذ) وہ شخص جو فریقین میں فیصلہ کرائے ؛

شخص غیر (ف۔ا۔ مذ) اجنبی آدمی ؛

شخصی (ع۔صفت۔ بیائے نسبتی) منسوب بہ شخص واحد۔ ایک آدمی سے متعلق ؛

شخصی حکومت (ع۔مو) وہ حکومت جس میں بادشاہ کو اختیار مطلق حاصل ہو۔ جمہوری حکومت کی ضد ؛

شخصیت (ع۔ا۔مو۔ بیائے مصدری) آدمیت۔ ذات۔ انسانیت۔ شرافت۔ بزرگی۔ وقعت۔ عزت و حرمت ؛ غرور

شخصیت جتانا (ف فعل) تکبر کرنا۔ غرور و گھمنڈ کرنا۔ شیخی مارنا۔ ڈینگ مارنا ؛

شخصیت بگھارنا (لہ فعل) لاف زنی کرنا۔ اترانا۔ اپنا آپ دکھانا۔

ش - د

شدُد (ف۔ فعل ناقص بمعنی حاصل مصدر آمد و رفت۔ کسی کا کام کا آغاز۔ ابتدا۔ شروع ؛

شُدآمد (ف ۔ ا۔مو) میل جول۔ آمد و رفت۔ راہ رسم۔ رسم و رواج ؛

شُدبُد (ف۔ا۔مو) حاصل مصدر از شدن و بودن۔ کسی کام کی تھوڑی سی مہارت۔ حرف شناسی۔ تھوڑی سی واقفیت ؛

شُدبُد ہونا (اُرد۔فعل) تھوڑی سی واقفیت۔ قدرے قلیل جاننا ؛

شِدّ (ع ۔مو) سختی۔ مضبوطی۔ استحکام۔ استواری ؛

شدّومدّ (ع ۔مو) دھوم۔ دھام۔ ٹھاٹ باٹ ؛

شدّا (اُرد۔اسم) جھنڈا۔ علم یا نشان جو محرم میں تعزیوں کے ساتھ نکالے جاتے ہیں ؛

شدّاد (ع ۔مذ) ملک ارم و مصر کے ایک مشہور بادشاہ کا نام ہے ؛ جس نے خدائی کا دعویٰ کیا تھا۔ باغ ارم اسی نے بنوایا تھا ؛

شدائد (ع ۔اسم) جمع شدیدہ۔ تکلیفیں سختیاں ؛

شِدّت (ع ۔ا۔مو) سختی۔ تکلیف تنگی۔ تیزی جوش۔ زیادتی۔ کثرت۔ جبر۔ زبردستی۔

شدُنی (ف۔ا۔مو۔ بیائے قابلیت) ہونی۔ ہونے والی۔ بات ممکن۔ ہو نہار۔ اتفاقی بات۔

شدّہ (ع ۔اسم) علم وہ جھنڈا وہ نشان جو محرم میں شہدائے کربلا کی یاد میں تعزیوں کے ساتھ نکالا جاتا ہے ؛

شدُہ شدُہ (ف۔ تابع فعل) آہستہ آہستہ۔ رفتہ رفتہ ہوتے ہوتے ؛

شُدھ (ہ ۔صفت) پاک۔ پوتر۔ صاف۔ خالص۔ نرمل ؛

شدیدالعقاب (ع ۔ مذ) سزا میں سخت ؛

شدیدُالعداوت (ع صفت) سخت دشمنی رکھنے والا ؛

شدیدالعمل (ع ۔ا۔مذ) سختی کرنے والا ؛

ش - ذ

شذرہ (ع ۔ا۔مذ) پراگندہ۔ منتشر۔ بکھری ہوئی چیز ؛

ش - ر

شرّ (ع ۔ مذ۔مو) شرارت۔ بدی۔ فساد۔ خرابی۔ جھگڑا۔ دنگا ؛

شر اُٹھانا یا کرنا (اُرد۔فعل) جھگڑا اُٹھانا۔ فساد ڈالنا۔ بکھیڑا پیدا کرنا۔ فساد کی ابتدا کرنا۔

شرا (ع ۔مذ) خرید و فروخت۔ مول۔ تول کرنا۔ بیع کی ضد ؛

شراب ارغوانی (ع ۔ا۔صفت) سُرخ رنگ کی شراب ؛

شراب اُڑانا (اُرد۔محاورہ) خوب شراب پینا ؛

شراب خانہ (ع ۔ف ۔ مذ) وہ جگہ جہاں شراب بکے یا بنے ؛

شراب خوار (ف ۔ مذ۔ فاعل) شراب پینے والا۔ شرابی۔ مے نوش ؛

شراب دو آتشہ (ف ۔مو) دو دفعہ آگ دیکر بنائی ہوئی۔ شراب ؛

شراب طہُور (ع ۔مو) وہ پاک اور بے نشہ شراب جو بہشتیوں کو ملے گی ؛

شراب کھینچنا۔ کشید کرنا (اُرد۔محاورہ) شراب نکالنا۔ شراب تیار کرنا ؛

شراب مقطر (ع ۔ا۔مو) ٹپکائی ہوئی شراب ؛

شراب وکباب (ع ۔ ا۔مو) شراب مع لوازم ؛

شراب بور (اُرد۔صفت) تر بتر۔ کتھڑ پتھڑ ؛

شرابور ہو جانا (ہ ۔ فعل) تر ہو جانا۔ بالکل بھیگ جانا ؛

شرابی (ف ۔ مذ۔ فاعل بیائے فاعلیت) شراب پینے والا۔ مے نوش ؛ متوالا مے نوش۔

شراپ (ہ ۔مو) بددعا۔ سراپ ؛

شرّاٹا (اُرد۔مذ۔صوت) ہوا کا سناٹا۔ شور و غل کی آواز۔ زور کی آواز ؛

شرادھ (ہ ۔ا۔مذ) کریا کرم۔ مُردوں کے نام پر برہمنوں کو اسوج کے مہینے میں اعلیٰ اعلیٰ کھانے کھلانا ؛

شرارت (ع ۔مو) فساد۔ خرابی۔ بُرائی۔ بدی۔ کھوٹ۔ بدذاتی۔ شوخی۔ چالاکی۔ دنگا۔ سرکشی۔ تجلی۔ شرارہ ؛

شرار (ع ۔ مذ) آگ کا پتنگا پارۂ آتش۔ چنگاری۔ انگاری ؛

شرارتاً (ع ۔تابع فعل) شرارت سے۔ شیطنت سے ؛

شرارہ (ع ۔ مذ) آگ کا پتنگا۔ پارۂ آتش۔ چنگاری۔ انگاری ؛

شرارجستہ (ف ۔ اسم) اُڑی ہوئی چنگاری ؛

شرافت (ع ۔مو) بزرگی۔ بھلمنسائی۔ شریف پن۔ آدمیت۔ انسانیت ؛

شراکت (ع ۔مو) ساجھا۔ پتی۔ حصّہ داری۔ شاملات۔ دُشمنی۔ عداوت بیر (صحیح لفظ شرکت سے بگڑ گیا ہے ؛

شراکت نامہ (ف ۔ا۔مذ) شرکت۔ وہ دستاویز جس میں ساجھے کی کیفیت شرائط درج ہوں ؛

شرائط (ع ۔مو) شرط کی جمع) شرطیں ؛

شرائع (ع ۔ا۔مو۔مذ) شریعت کی جمع)

شرائین (ع ۔مونث) شریان کی جمع۔ کودنے والی رگیں جسم میں خون پہنچانے والی رگیں ؛

شرُب (ع ۔ مذ) پینے کے قابل۔ قابل نوش جیسے اکل و شرب ؛

شربت (ع ۔ مذ) پینے کی چیز۔ کھانڈ۔ گھلا ہوا میٹھا پانی۔ دوائیوں کا شیرہ ؛

شربت پلانا (اُرد۔فعل) کھانڈ گھلا ہوا پانی نوش کرانا۔ ایک رسم کا نام بھی ہے جو نکاح کے بعد ادا کی جاتی ہے ؛

شربت پلائی (اُرد۔مو) وہ نقدی جو دولہن کے نائی کو نکاح کے بعد شربت پلانے کے بدلے دی جاتی ہے۔ جمام کا رخصتانہ۔ لاگ ؛

شربت کے پیالے پر نکاح پڑھا دینا/کر دینا (اُرد۔محاورہ) غریبوں کی طرح سادگی سے نکاح کر دینا ؛

شربت کے گھونٹ پلنا (اُر۔محاورہ) کسی ناگوار اور تلخ بات کو خوشی اور نرمی سے سہنا۔ سختی اُٹھانا ؛

شربتی (ف۔صفت۔ بیائے نسبتی) کسی قدر سُرخی مائل۔ ہلکا زرد رنگ شربت کے رنگ کا۔ ایک نہایت باریک اور عمدہ کپڑے کا نام بھی ہے۔ ایک قسم کے عمدہ بڑے بڑے فالسے۔ ایک قسم کا میٹھا لیموں رسیلا۔ رس سے بھرا ہُوا ؛

شربہ (ع۔ا۔مذ) ایک قسم کی چھوٹی مشک۔ تھالا۔ تالاب۔ پانی کی وہ مقدار جو سیرابی کے لیے کافی ہو۔ ؛

شربتاوا (اُ۔ر۔ا۔مذ) ایک قسم پھلجڑی ؛

شرح (ع۔مو) تفسیر۔ حاشیہ۔ کھول کر بیان کرنا۔ مفصل بیان۔ نرخ ؛

شرح آبپاشی (ع۔ف۔ا۔مو) آبیانہ۔ پانی دینے کا نرخ ؛

شرح بندی (لُ۔مو) نرخ نامہ۔ بھاؤ مقرر کی ہوئی فہرست ؛

شرح خوراک گواہاں (لُ۔ا۔مو) گواہوں کی خوراک کا نرخ ؛

شرح سُود (ع۔مو) بیاج کا دَر۔ بیاج کا نرخ ؛

شرح کرنا (لُ۔فعل) تفسیر بیان کرنا ؛

شرح لکھنا / شرح کہنا حاشیہ چڑھانا۔ کھول کر بیان کرنا۔ مفصل بیان کرنا۔

شرح لگان (لُ۔مو) خراج کا نرخ۔ زمین کا پٹہ ؛

شرح وبسط (ع۔ا۔مو) تفصیل کے ساتھ۔ کھول کر۔

شرر (ع۔ا۔مذ) آگ کی چنگاری۔ مولوی عبدالحلیم صاحب لکھنوی کا تخلص ؛

شرر باز / ریز / فشاں (ف۔صفت) چنگاریاں برسانے والا۔ وہ جس سے آگ کی چنگاریاں نکلتی ہوں ؛

شرزا (اُ۔ر۔مذ) شیر۔ ببر۔ تیندوا ؛

شرزہ (ف۔صفت) غصّے میں بھرا ہوا۔ مہیب۔ خوفناک ؛

شرط (ع۔صفت) موافق ہوا۔ جدھر جانا ہو اس کے موافق و معاون ہوا ؛

شرط (ع۔مو) قول و قرار۔ عہد و پیمان۔ بازی۔ داؤ۔ دفعہ۔ قاعدہ۔ مناسب۔ جیسے شرط انصاف یہی ہے ؛

شرط باندھنا۔ یا۔ کرنا۔ یا۔ لگانا (لُ۔فعل) بازی لگانا۔ بازی بدنا۔ ذمہ لینا۔ ذمہ دار بننا ؛

شرطی (ع۔صفت بیائے فاعلی) شرط والی۔ شرط کی گئی۔ اقراری۔ ضرور۔ بے شک ؛

شرطیہ (ع۔صفت) ضرور۔ بے شک بے شبہ۔ اقراری طور پر۔ از روئے شرط ؛

شرع (ع۔ا۔مو) سیدھا راستہ۔ طور طریقہ۔ قانونِ محمدیؐ جو قرآن کے مطابق ہے۔ آئین۔ مذہب ؛

شرع پر چلنا (اُ۔محاورہ) شریعت کا پابند رہنا۔ اسلام کے قاعدے برتنا۔ دھرم شاستر کے موافق عمل کرنا ؛

شرع کے خلاف کرنا۔ (لُ۔محاورہ) قانونِ اسلام کے خلاف کوئی بات کرنا ؛

شرع محمدیؐ (لُ۔محاورہ) قانونِ محمدی۔ دینِ اسلام کا طریقہ ؛

شرع محمدیؐ نکاح پڑھنا (اُ۔محاورہ) قانونِ اسلام کے مطابق سادہ نکاح کرنا ؛

شرع میں رخنہ ڈالنا یا نکالنا (اُ۔محاورہ) مذہب میں بدعت پیدا کرنا۔ شرع میں کوئی نئی بات داخل کر کے خرابی ڈالنا ؛

شرع میں شرم کیا (اُ۔محاورہ) جو بات جائز ہو۔ اس میں شرم کرنا بے سُود ہے ؛

شرعًا (ع۔تابع فعل) از روئے شرع۔ شرعی طور پر۔ قانونِ اسلام کے موافق ؛

شرعًا و عُرفًا (ع۔متعلق فعل) قاعدے قانون اور رسم و رواج کے مطابق ؛

شرعی (ع۔صفت بیائے فاعلیت) شریعت کے مطابق۔ شرع کا پیرو ؛

شرف (ع۔مذ) بزرگی۔ مقام بلند۔ بلندی۔ شرافت۔ خاندانی۔ بڑائی۔ ترجیح۔ عمدگی۔ برتری کسی ستارے کا اپنے اصلی بُرج میں آجانے کا فخر ؛

شرفِ باریابی (ف۔ع۔ا۔مذ) کسی کی خدمت میں حاضر ہونے کا فخر یا عزت ؛

شرف لے جانا (اُ۔محاورہ) بڑھ جانا۔ سبقت لے جانا ؛

شرفِ خدمت۔ یا ملازمت (ع۔ا۔مو) خدمت میں حاضر ہونے کا فخر۔ حاضرِ خدمت ہونے کی بزرگی۔

شرفیاب (عف۔ا۔مذ۔ فاعل ترکیبی) بزرگی پانے والا۔ اعزاز یافتہ ؛

شرفیاب ہونا (لُ۔فعل) خدمت کی عزت حاصل ہونا ؛

شرف ہونا (اُ۔محاورہ) عزت ملنا۔ فخر حاصل ہونا۔ بزرگی پانا ؛

شرق (ع۔مذ) سُورج نکلنے کی جگہ۔ مشرق۔ یورپ ؛

شرقی (ع۔صفت بیائے فاعلیت و نسبتی) مشرق۔ مشرقی۔ مشرقیا سے نسبت رکھنے والا۔ مشرق کا ؛

شرقی علوم (ع۔ا۔مذ) مشرقی علوم۔ جو ایشیا میں رائج ہے ؛

شرک (ع۔ا۔مذ) خدا کی ذات و صفات میں کسی اور کو اس جیسا ماننا۔ کفر کرنا ؛

شرک جلی (ع۔ا۔مذ) ظاہری اور علانیہ شرک ؛

شرک خفی (ع۔ا۔مذ) پوشیدہ شرک۔ جیسے آدمی کو حاجت روا سمجھنا ؛

شرکا (ع۔ا۔مذ) شریک کی جمع ؛

شرکت (ع۔ا۔مو) ساجھا۔ شمولیت۔ شراکت۔ ساتھ ؛

شرکت منظور ہونا (اُ۔محاورہ) ساتھ دینے کا ارادہ کرنا ؛

شرم (ف۔ا۔مو) لاج۔ حیا۔ غیرت۔ خیال۔ لحاظ ؛

شرم حضوری (ف۔ا۔مو) سامنے ہونے کی شرم۔ آنکھ دیکھے کا لحاظ ؛

شرم رکھنا (لُ۔محاورہ) آبرو بچانا۔ لاج رکھنا۔ عزت بچانا ؛

شرم رہ جانا (اُ۔محاورہ) آبرو رہنا۔ بات رہ جانا۔ عزت قائم رہنا ؛

شرم سے آنکھیں جھکانا (اُ۔محاورہ) حیا سے آنکھیں نیچی کرنا ؛

شرم سے پانی پانی ہونا (اُ۔محاورہ) شرمندگی کے مارے پسینے پسینے ہونا۔ نہایت شرمندہ ہونا ؛

شرم کا مقام ہے (اُ۔محاورہ) غیرت کی بات ہے ؛

شرفا (ع۔ا۔مذ) شریف کی جمع ؛

شرم سے ڈوب مرنا (اُ۔محاورہ) شرم کی وجہ سے پانی کے میں کود کر جان دیدینا۔ سخت شرمندہ ہونا ؛

شرم کی بات (لُ۔مو) افسوس کی بات قابلِ شرم بات۔ لاج اور غیرت کی بات ؛

شرم کی بھونت بھوکی مرے (لُ۔کہاوت) جو دُھن کھانے میں شرم کرے گی وہ ہمیشہ بھوکی ہی رہے گی۔ مطلب یہ ہے کہ بہت شرمیلا آدمی ہمیشہ نقصان اُٹھاتا ہے ؛

شرم والے کے چھوٹے کرم (اُر۔مثل) شرم کرنے والا محروم رہتا ہے ؛
شرم ہی شرم میں کام تمام ہُوا (اُر۔مثل) لحاظ یا مروت میں نقصان اُٹھایا ؛
شرمانا (اُر۔فعل) لجانا۔ شرمندہ ہونا۔ خجل ہونا۔ نادم ہونا۔ (بصورت متعدی) دُوسرے کو شرمندہ کرنا۔ ذلیل کرنا۔ ندامت دلانا ؛
شرما شرمی (اُر۔ا۔مو) حیا۔ شرم۔ طوعاً و کرہاً ؛
شرماؤ یا شرمالو (اُر۔صفت۔ بترکیب فاعلی) شرم و حیا کرنے والا۔ لاجونت ؛
شرمسار (ف۔صفت۔ بترکیب فاعلی) بمعنی صاحبِ شرم۔ حیادار۔ شرمگیں۔ شرمندہ ؛
شرمساری (ف۔مو۔ بیائے مصدری) شرمندگی۔ لاج۔ شرم۔ انفعال ؛
شرمندگی (ف۔ا۔مو۔ بیائے مصدری) از شرمندہ۔ شرم۔ حیا۔ لاج۔ ندامت ؛
شرمندہ (ف۔صفت فاعلی) شرم کرنے والا۔ نادم۔ حیاوالا منفعل ؛
شرمندۂ احسان (فع۔مذ۔صفت) احسان میں دبا ہوا۔ احسان سے شرمگین ؛
شرمندہ تعبیر (ف۔صفت) جس کی کوئی تعبیر ہو ؛
شرمندہ صُورت (فع۔صفت) وہ شخص جس کی شکل و صورت سے حیا ٹپکے۔ حیادار شکل والا ؛
شرمندہ معنی (ف۔صفت) بامعنی۔ جس کے معنی ہوں ؛
شرمیلا (اُر۔صفت۔ فاعلی) شرماؤ۔ شرم والا ؛
شرنار بھقی (ہ۔صفت) پناہ گزین۔
شروا (لہ۔ا۔مذ) شوروا۔ یعنی شور بار کا بگاڑ ہے ؛
شروع (ع۔مذ) لغت میں کسی کام میں پڑنا۔ مجازاً ابتدا۔ آغاز۔ اول ؛
شروعات (ع۔ا۔مو) شروع کی جمع مگر اردو میں واحد مستعمل ہے ؛
شریان (ع۔ا۔مو) کودنے والی رگ۔ لال رگ جس کے ذریعہ خون جسم میں پہنچتا ہے ؛
شریر (ع۔ا۔صفت) دنگئی۔ شرارتی۔ شرارت کرنے والا۔ فسادی۔ مکار۔ نٹ کھٹ۔ چالاک۔ عیار۔ پاپی۔ کھوٹا۔ سرکش ؛
شریر (س۔ا۔مذ) بدن۔ جسم ؛
شریعت (ع۔ا۔مو) دینی قانون۔ طریقہ۔ رستہ۔ ظاہر کی صفائی ؛
شریف (ع۔صفت) عالی خاندان۔ بزرگ۔ بھلا مانس۔ مہذب۔ اشراف ؛
شریف زادہ (عف۔صفت) اشراف کا بیٹا۔ بڑا خاندانی ؛
شریف الطرفین (ع۔صفت) جو ماں اور باپ کی طرف سے شریف و نجیب ہو ؛
شریف النفس (ع۔صفت) شریف۔ طبع۔ نیک طبیعت ؛
شریف قوم (ع۔ا۔مذ) سردارِ قوم۔ قوم کا سردار ؛
شریف و رذیل (ع۔صفت) اعلیٰ۔ ادنیٰ۔ بڑا چھوٹا نیک و بد ؛
شریفہ (اُ۔مذ) ایک چھوٹا اور میٹھا پھل ہے۔ جسے سیتا پھل بھی کہتے ہیں۔ یہ لفظ شری پھل یعنی مقدس پھل سے بگڑا ہوا ہے ؛
شریک (ع۔صفت) شامل۔ ملا ہوا۔ حصہ دار۔ پتی دار۔ مددگار۔ ساتھی۔ رفیق۔ رشتہ دار۔ ہمراہی۔ دوست۔ سا بھی ہم قوم۔ دشمن۔ عدو۔ حریف ؛
شریک جہات (ع۔ا۔صفت) زندگی کے غم اور خوشی میں شامل۔ (کنایتہً) میاں۔ بیوی ؛
شریک شجمی (ع۔ا۔مذ) ایک دادا کی اولاد۔ وراثت کے حقدار ؛

ش - ڑ

شڑپا (ہ۔مذ) دیکھو سڑپا ؛
شڑپے لگانا یا مارنا (ہ۔محاورہ) بہت بہت سا پینا۔ اندھوں کی طرح کھانا ؛

ش - س

شست (ہ۔ا۔مذ) انگوٹھا۔ ترانگشت۔ زہ گیر۔ مضراب۔ مچھلی پکڑنے کا کانٹا۔ نشانہ۔ سیدھ۔ ہدف ؛
شست باندھنا۔ یا لگانا (اُ۔فعل) سیدھ باندھنا۔ نشانہ باندھنا۔ تاک لگانا ؛
شستر (س۔ا۔مذ) آلہ۔ لڑائی کا ہتھیار۔ یعنی تلوار وغیرہ۔ سلاح ؛
شستر دھاری (س۔صفت۔ فاعلی) ہتھیار لگانے والا مسلح۔ ہتھیار بند ؛
شستر سالہ (س۔مذ۔ظرف) اسلحہ خانہ۔ میگزین ؛
شستگی (اُ۔ا۔مو) دھلا ہُوا ہونا۔ الفاظ کی سلاست ؛
شست وشو (ف۔صفت حاصل مصدر از شستن) نہانا دھونا۔ نہا دھو کر جسم کو صاف رکھنا ؛
شستہ (ف۔صفت۔ بترکیب مفعولی) دھویا۔ دھایا۔ صاف۔ ترمل۔ پاک صاف ؛

ش - ش

ششُش (ف۔مذ) پھیپھڑا ؛
شش (ف۔ا) عدد۔ چھ۔ ۶ ؛
شش پہلو (ف۔صفت) چھ کونا۔ مسدس۔ چھ گوشہ ؛
شش جہت (فع۔مو) چھ طرفیں۔ یعنی شمال۔ جنوب۔ مشرق۔ مغرب۔ تحت۔ فوق۔ مراد کل دنیا۔ تمام عالم۔ سارا جہان ؛
شش دانگ (ف۔صفت) تمام۔ پورا کل۔ سارا ؛
شش دانگ عالم (ف۔ا۔مذ) تمام دنیا۔ سارا جہان ؛
شش عید کے روزے (اُ۔مذ) ماہ شوال کے شروع چھ روزے رمضان کے بعد کے مہینے کے چھ روزے ؛
شش روز (ف۔ا۔مذ) دُنیا کی پیدائش کے چھ دن۔ دُنیا کی پیدائش کے چھ ادوار ؛

ششدر (ف-ا-مذ) چھ دروازے کا مکان حیران و پریشان۔ ہکا بکا ؛
ششم (ف-ا-مو) چھٹا ؛
شش ماہی (ف-صفت) نصف سال۔ چھ ماہی چھٹے مہینے ؛
شش و پنج (ف-ا-مذ) فکر۔ اندیشہ۔ سوچ بچار۔ تامل۔ برباد ہو جانے کے قریب والی چیز۔ جوئے بازوں کا پاسہ۔ جوا ؛
شش (اُ-مذ) وہ آواز جس کے ذریعے کتے سے کسی پر حملہ کرایا جائے ؛
ششکار (ہ-ا-مو) شش کہہ کر کتے کو کسی شکار پر دوڑانا ؛
ششکارنا (ہ-مصدر) شش کہہ کر کتے کو شکار پر دوڑانا ؛

ش - ط

شطّ العرب (ع-ا-مذ) عراق کا دریا جو دجلہ اور فرات کے ملنے سے بنتا ہے ؛
شطّاح (ع-صفت) بے حیا۔ بے شرم۔ بدچلن۔ بے ہودہ گو عورت ؛
شطح (ع-ا-مذ) شریعت کے خلاف بکواس۔ بے حیائی ؛
شطرنج (معرب چترنگ-ا-مو) ایک امیرانہ کھیل کا نام ہے۔ جس سے عقل۔ فکر۔ تصور اور حافظہ کو بہت ترقی ہوتی ہے۔ اس میں ۳۲ مہرے اور ۶۴ خانے ہوتے ہیں ؛
شطرنج باز (ف-مذ-فاعل ترکیبی) شطرنج کا کھلاڑی۔ شاطر ؛
شطرنجی (ف-مو) مختلف قسم کے غلوں کی روئی۔ دری۔ ایک قسم کا سوتی فرش ؛
شطل (ق-ا-مذ) ایسا جواری جو کھیل میں شریک نہ ہو۔ لیکن جوئے کی رقم کا حصہ دار ہو۔ جوا کھلانے والا ؛

ش - ع

شعار (ع-مذ) لغت میں جسم میں ملے ہوئے کپڑے کو کہتے ہیں۔ جیسے بنیان وغیرہ۔ اصطلاح میں لباس۔ دستور۔ عادت۔ طور طریقہ طرز۔ روش۔ مرکبات کے آخر میں بھی مستعمل ہے جیسے شعائر ؛
شعاع (ع-مو) سورج کی کرن۔ روشنی۔ چمک۔ روشنی کا عکس ؛
شعب (ع-ا-مذ) دراڑ۔ گھاٹی۔ غار۔ پہاڑی سڑک کا راستہ۔ خاندان۔ قبیلہ ؛
شعبان (ع-ا-مذ) شب برات کا مہینہ عربی قمری مہینوں میں سے آٹھواں مہینہ ؛
شعبدہ (ع-مذ) وہ کھیل جو جادو اور مکر و فریب سے متعلق ہو۔ نظربندی چھل۔ فریب۔ دھوکا ؛
شعبدہ باز یا شعبدہ گر (ف-مذ-فاعل) بازی گر۔ مکار۔ فریبی۔ دھوکے باز۔ مداری۔ حیرت انگیز تماشے دکھانے والا ؛
شعبدہ بازی (ف-مو-بیائے مصدری) فریب۔ مکاری۔ جادوگری دھوکا ؛
شعبدہ بنانا (اُ-محاورہ) شرارت کرنا۔ دھوکا دینا۔ کرتب دکھانا ؛
شعبدہ دکھانا (اُ-محاورہ) کرتب دکھانا ؛
شعبہ (ع-ا-مذ) فرقہ۔ گروہ۔ شاخ۔ ٹہنی۔ ٹکڑا۔ حصہ۔ راگ کی شاخ۔ راگنی۔ نہر میں سے نکالی ہوئی نہر۔ رجبہا۔ راجباہا ؛
شعر (ع-ا-مذ) لغت میں جاننا۔ دریافت کرنا۔ اصطلاح میں موزوں و مقفّیٰ۔ بالقصد کلام کو کہتے ہیں۔ بیت۔ نظم۔ چھند۔ گیت ؛
شعر بننا (اُ-محاورہ) شعر کہے جانا ؛
شعر تر (عف-مذ) پُرلطف شعر۔ پاکیزہ شعر۔ رنگین اور عمدہ شعر ؛
شعر خواں (اُ-مذ) شعر پڑھنے والا۔ سنانے والا ؛
شعر خوانی (عف-مونث بیائے مصدری) شعر پڑھنا ؛
شعر ڈھل جانا (اُ-محاورہ) شعر کا بے ساختہ بے کوشش بے موزوں ہو جانا ؛
شعر گفتن بہ زور و شعر بود لیک فہمیدن بہ از گفتن بود (ف-مقولہ) شعر کہنا موتی پرونے سے اچھا ہے۔ مگر ان سمجھنا کہنے سے بھی بہتر ہے ؛
شعر گوئی (عف-مو-بیائے مصدری) شاعری۔ شعر کہنا۔
شعراء (ع-مذ) شاعر کی جمع کوی لوگ ؛
شعریٰ (ع-مذ) دو مشہور ستاروں کے نام ؛
شعشعہ (ع-ا-مذ) سورج کی کرن۔ روشنی۔ نور کی چمک ؛
شعر کہنا (اُ-فعل) نظم لکھنا۔ شعر بنانا۔ شعر گھڑنا۔ کلام موزوں کرنا ؛
شعلہ (ع-ا-مذ) چمک۔ جوت۔ درخشندگی۔ لو لاٹ۔ لپٹ۔ آگ۔ غصہ۔ غضب ؛
شعلہ آتش (عف-ا-مو) آگ کی لپیٹ ؛
شعلہ آشام (عف-صفت) جلنے والا۔ مجازاً شراب پینے والا ؛
شعلہ آہ (عف-مذ) آہ کی گرمی ؛
شعلہ اٹھنا (اُ-محاورہ) آگ لگنا۔ آگ بھڑکنا۔ لاٹ اٹھنا۔ غصہ آنا۔ جلن اٹھنا ؛
شعلہ افشاں / بار (عف-صفت) شعلہ برسانے والا ؛
شعلہ بھبوکا (اُ-صفت) گورا چٹا۔ نہایت خوبصورت۔ غضبناک۔ خشمناک۔
شعلہ بھبوکا ہونا (اُ-محاورہ) برافروختہ ہونا۔ غضبناک ہونا۔ غصے سے لال ہو جانا۔ لال پیلا ہونا۔
شعلہ بھڑکانا (اُ-محاورہ) فساد کو ہوا دینا ؛
شعلہ بیان (عف-صفت) تیز زبان مقرر ؛
شعلہ تاک (ف-ا-مذ) کنایتہً انگوری شراب ؛
شعلہ تر (عف-ا-مذ) کنایتہً شراب ؛
شعلہ جام (عف-ا-مذ) کنایتہً شراب ؛
شعلہ جوالہ (ع-مذ) گرد اگرد پھرنے والا شعلہ۔ جلتی ہوئی بینٹی کا چکر ؛
شعلہ خو (ع-مذ) تند خو۔ تیز مزاج۔ بدمزاج معشوق ؛
شعلہ رُو (عف-مذ) حسین۔ نہایت خوبصورت معشوق ؛
شعلہ رخ / عذار (عف-صفت) سرخ اور دہکتے ہوئے چہرے والا۔ معشوق ؛
شعلہ دروں (ع-ف-ا-مذ) اندرونی آگ۔ دل کی تپش ؛
شعلہ زا (عف-صفت) شعلہ پیدا کرنے والا ؛
شعلہ غم (عف-ا-مذ) غم کی آگ ؛
شعور (ع-مذ) جاننا۔ دانائی۔ تمیز۔ عقل۔ سمجھ۔ دانائی۔ سلیقہ۔ واقفیت ؛

شعُور پکڑنا (اُ۔فعل) تمیز سیکھنا۔ ہوش سنبھالنا۔ ہوشیار ہونا ؛
شعُور دار (عف ۔ صفت) ترکیب فاعلی) سمجھدار۔ تمیزدار ہُنرمند۔ ہوشیار ؛

ش - غ

شغال (ع ۔ا۔مذ) گیدڑ ؛
شغب (ع ۔ا۔مذ) شور و غل ؛
شغف (ع ۔ امذ) رغبت۔ لگاؤ۔ دلچسپی ؛
شغل (ع ۔ا۔مذ) کام کاج۔ عدیم الفرصتی۔ دل لگی۔ کھیل کود۔ خدا کا دھیان۔ تصوّر۔ خیال ؛
شغل کرنا (اُ۔فعل) کسی کام میں مصروف ہونا۔ کھانا پینا تفریح طبع میں مشغول ہونا ؛

ش - ف

شفا (ع ۔ا۔مو) تندرستی۔ صحت ؛
شفاخانہ (عف ۔ا۔مذ) ہسپتال۔ بیماریوں کا علاج ہونے کی جگہ ؛
شفاعت (ع ۔ا۔مو) بیچ بچاؤ۔ درمیان میں پڑنا۔ سفارش۔ گناہوں کی معافی کی سفارش ؛
شفاعت کنندہ۔ شفاعت گر (ع ۔ ف ۔ صفت) شفاعت کرنے والا ؛
شفاف (ع ۔ا۔صفت) نہایت صاف چیز جس کے آر پار نظر آسکے۔ جیسے شیشہ۔ صاف۔ اُجل۔ ترمل ؛
شفت (ع ۔ امذ) ہونٹ۔ لب ؛
شفتالو (ف ۔ا۔مذ) ایک قسم کا بڑا آڑو ؛
شفتالو (ف ۔ا۔مذ) کبوتر کا ایک رنگ ؛
شفتل (اُ۔صفت) نالائق۔ بدکار۔ بیہودہ۔ قحبہ۔ نابکار ؛
شفٹ (انگ ۔ا۔مو ۔ Shift) مزدوروں کی چوکی ؛
شفعہ (ع ۔ا۔مذ) ہمسائیگی۔ ہمسائیگی کا حق۔ گھر یا زمین کی ہمسائیگی۔
شفق (ع ۔ا۔مو) صبح اور شام کی سُرخی۔ نہایت خوبصورت سُرخ و سفید ؛
شفق پھُولنا (اُ۔فعل) شام کی سُرخی نمایاں ہونا۔ خوب اچھی طرح سے سُرخی کا ظاہر ہونا ؛
شفقت (ع ۔مو) ترس۔ نرمی۔ پیار محبت۔ ہمدردی۔ مہربانی لُطف ؛
شفقی (ع ۔صفت) شفق سے متعلق۔ شفق کی مانند ؛
شفیع (ع ۔ا۔مذ۔ فاعل) گناہ بخشوانے والا۔ سفارش کرنے والا۔ آڑے آنے والا ؛
شفیعُ الاُمم (ع ۔ا۔مذ) اُمتوں کی شفاعت کرنے والا۔ حضرت محمد صلعم کا لقب ہے ؛
شفیع جار (ع ۔ امذ) وہ شفعہ کا حق رکھنے والا جو پڑوس میں ملکیت رکھتا ہو ؛
شفیعِ محشر (ع ملذ) حشر میں سفارش کرنے والا۔ رسُول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب ہے ؛
شفیق (ع ۔صفت) دیالو۔ کرپالو۔ مہربان۔ ہمدرد۔ عنایت فرمائے ؛

ش - ق

شق (ع ۔صفت) پھٹا ہوا۔ شگاف دار ؛
شق القمر (ع ۔ امذ) حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا معجزہ۔ جس میں چاند کو دو ٹکڑے کر دیا تھا ؛
شق ہونا۔ (اُ۔فعل) پھٹنا۔ شگاف پڑنا ؛
شِق (ع ۔ا۔مو) پارہ۔ ٹکڑا۔ حصّہ۔ جزو۔ آدھا۔ نصف حصّہ ؛
شق نکلنا (اُ۔فعل) وقت پیش آنا۔ جھگڑا نکلنا ؛
شقاق۔ (ع ۔ امذ) نفاق۔ مخالفت۔ دشمنی ؛
شقاقل (ع ۔ا۔مو) حنظل کا جز ؛
شقاوت (ع ۔ا۔مو) سنگ دلی۔ بدبختی ؛
شقہ (ع ۔ا۔مذ) وہ رقعہ جو بادشاہ اپنے امراء کو کسی ضروری امر کی بابت لکھیں۔ بادشاہی مہر یا دستخطوں والی چٹھی جو کسی امیر کے نام جائے۔ برابر والوں یا کم رُتبہ اشخاص کے نام دوستانہ خط ؛
شقی (ع ۔صفت) بدبخت۔ بے نصیب ؛
شقیقہ (ع ۔ا۔مذ) کن پٹی۔ کان اور پیشانی کے درمیان کا نرم اور ملائم حصّہ۔ دردِ نیم سر۔ آدھا سیسی ؛

ش - ک

شک (ع ۔ا۔مذ) شُبہ۔ بھرم۔ وسواس۔ دُبدھا۔ گمان۔ ظن۔ یقین کی ضد ؛
شک ڈالنا (اُ۔فعل) شُبہ پیدا کرنا۔ گمان کرنا ؛
شک رفع کرنا۔ نکالنا۔ مٹانا (اُ۔محاورہ) گمان مٹانا۔ شُبہ دور کرنا ؛
شک کرنا (اُ۔فعل) گمان کرنا۔ شُبہ کرنا ؛
شک ظاہر کرنا (اُ۔محاورہ) شُبہ کرنا ؛
شک گزرنا (اُ۔محاورہ) شُبہ ہونا ؛
شکار (ف ۔امذ) جاندار کے مارنے کا ارادہ۔ صید۔ نخچیر۔ بندوق یا تیر وغیرہ سے پکڑا یا مارا ہوا جانور۔ اسامی سونے کی چڑیا۔ مفت کا مال۔ گوشت۔ لحم ؛
شکار آنا (اُ۔محاورہ) شکار ہاتھ لگنا۔ شکار پھنسنا ؛
شکار افگن (عف ۔امذ) وہ شکاری جو بیچنے کے لیے شکار کرے ؛
شکار باز (عف ۔امذ) وہ شکاری جو شوقیہ شکار کرے ؛
شکار بند (ف ۔مذ۔ فاعل) فتراک وہ تسمہ جو گھوڑے کی کمر کے قریب شکار یا ضروری سامان باندھنے کے لیے لگا ہوتا ہے ؛

شکار کھیلنا (اُر۔ فعل) جانوروں کو مارنا۔ صید مارنا ؛
شکار کے وقت کیا ہگائی (اُر۔ مثل) اشد ضرورت اور کام کے وقت کاہلی یا حیلہ بہانہ کرنے کے وقت بولا کرتے ہیں ؛
شکارگاہ (ف۔ا۔مو) ظرف۔ صیدگاہ شکار کھیلنے کی جگہ۔ رمنا ؛
شکار ہونا (اُر۔محاورہ) کسی جانور کا مارا جانا۔ عاشق ہونا۔ جال میں پھنسنا۔ قابو میں آنا ؛
شکار ہاتھ آنا / لگنا (اُر۔محاورہ) شکار کا جانور ملنا۔ پھنسنا۔ قابو آنا۔ مُفت دستیاب ہونا۔ بدمعاشوں کے شکنجے میں آنا ؛
شکاری (ف۔ا۔مذ۔ بیائے فاعلیت) شکار کرنے والا۔ صیّاد۔ شکار سے نسبت رکھنے والا ؛
شکاری جانور (ف۔ا۔مذ) شکار کرنے والا جانور۔ وہ پرندہ یا درندہ جو شکار کرے ؛
شکاری کتا (اُر۔ا۔مذ) شکار میں مدد دینے والا کتا۔ شکار مارنے یا پکڑنے والا کتا ؛
شکاری کتا شیر سے مُنہ نہیں پھیرتا (اُر۔مثل) تجربہ کار آدمی مشکل کاموں سے نہیں ڈرتا ؛
شکال (ف۔مذ) وہ عیب دار گھوڑا جس کے تین پاؤں سفید اور چوتھا کسی اور رنگ کا ہو ؛
شکایت (ع۔ا۔مو) الاہنامہ۔ گلہ۔ شکوہ۔ مرض۔ بیماری۔ فریاد۔ دادخواہی۔ بُرائی۔ بدی۔ غیبت ؛
شکایت رفع کرنا (اُر۔محاورہ) دُکھ دور کرنا۔ گلہ اُتارنا۔ مُرادپوری کرنا۔ کام بنانا ؛
شکایت آمیز (عف۔صفت) شکایت سے بھرا ہُوا۔ جس میں شکایت پائی جائے ؛
شکایت کرنا (اُر۔فعل) گلہ کرنا۔ دُکھڑا رونا۔ فریاد کرنا۔ برائی کرنا۔ غیبت کرنا ؛
شکایتی (ع۔صفت) شکایت کرنے والا۔ جو شکایت کرنے کا عادی ہو ؛
شکیتی (س۔ا۔مو) طاقت۔ قوت۔ بل۔ زور۔ قوت ؛
شکنجہ (س۔مذ) چھٹا سیارہ۔ جمعہ۔ جمعہ کا دن۔ زہرہ۔ لوئے فلک ؛
شکر (ع۔ا۔مونث) احسان مندی۔ احسان ماننا۔ منعم کی تعریف کرنا۔ سپاس ؛
شکر کرنا یا بجالانا (اُر۔فعل) احسان ماننا۔ سپاس گزاری کرنا ؛
شکر گزار (عف۔صفت) فاعلی۔ احسان مند۔ شاکر۔ ممنون۔ نمک حلال ؛
شکر گزاری (عف۔مو۔بیائے مصدری) احسانمندی۔ ممنونیت۔ حق شناسی ؛
شکر یا شکر (ف۔ہ۔مو) کھانڈ۔ بُورا۔ چینی۔ مصری۔ قند۔ نبات ؛
شکر آمیز (ف۔صفت) میٹھا۔ قند ملا ہوا ؛
شکر پارہ (اُر۔مذ) ایک قسم کی مٹھائی جو مربع شکل کی ٹکڑیاں سی ہوتی ہیں ؛
شکر تری (ف۔مو) سُرخ کھانڈ۔ کوری کھانڈ ؛
شکر خند / خندہ (ف۔صفت) تبسم۔ مُسکراہٹ ؛
شکر خورا (اُر۔مذ) ایک چھوٹے سے خوشرنگ پرندے کا نام ہے جو مٹھاس بڑے شوق سے کھاتا ہے۔ مجازاً مال کھانے والا ؛
شکر سے مُنہ بھرنا (اُر۔محاورہ) کسی خوشخبری کے شکریے میں مٹھائی کھلانا ؛
شکر رنجی (ف۔مونث۔ بیائے مصدری) اَن بَن۔ رُکاوٹ۔ ذرا سی ناراضگی۔ معمولی سی رنجش جو کبھی کبھی دوستوں میں ہو جایا کرتی ہے ؛
شکر قند (لُغا۔مو) مولی کی طرح کی ایک قسم کی میٹھی جڑ جسے اُبال کر یا بالوئیں بھون کر کھاتے ہیں۔ اصل میں شکر بمعنی میٹھا اور قند بمعنی جڑ ؛
شکر گفتار (ف۔صفت) شیریں سخن۔ شیریں زبان ؛
شکر لب (ف۔صفت) شیریں ہونٹوں والا۔ میٹھا بولا معشوق ؛
شکرانا (اُر۔مذ) وہ خشکہ جس میں کھانڈ اور گھی ڈال کر کھلائیں ؛
شکرانہ (اُر۔مذ) شکریہ۔ احسان مندی۔ منت۔ کسی کام کے بدلے کچھ دینا ؛
شکرم (اُر۔مو) ایک قسم کی گاڑی ؛
شکرہ (اُر۔مذ) باز کی قسم کا ایک شکاری پرندہ۔ ایک قسم کا باشہ ؛
شکرہ پالنا (اُر۔محاورہ) مفت کا خرچہ باندھنا۔ کسی پر بھروسہ لینا ؛
شکری (ف۔مو) ایک قسم کا نہایت شیریں بڑا افالسہ ؛
شکست (ف۔مو) شکستن سے حاصل مصدر۔ ٹوٹ پھوٹ۔ زک۔ ہار ہزیمت۔ کمی۔ نقصان۔ گھاٹا۔ زیان ؛
شکست فاش (ف۔مو) کھلی شکست جس میں کسی کو کلام نہ ہو ؛
شکست و ریخت (ف۔مو) حاصل مصدر) ٹوٹ پھوٹ۔ گری پڑی ؛
شکست ہونا یا کھانا (اُر۔محاورہ) ہار ہونا۔ بھاگنا۔ پسپا ہونا۔ مات ہونا ؛
شکستگی (ف۔مو۔بیائے مصدری) از شکستہ۔ ٹوٹ پھوٹ ؛
شکستہ (ف۔صفت۔ترکیب مفعولی) ٹوٹا پھوٹا۔ گرا پڑا۔ وہ خط جو گھسیٹ کر بے قاعدہ لکھا جائے ؛
شکستہ حال (فع۔صفت) خستہ حال تباہ حال۔ آفت کا مارا۔ مصیبت زدہ ؛
شکستہ حالی (فع۔مو۔بیائے مصدری) تباہ حالی۔ تباہی۔ پریشانی۔ مصیبت بپتا۔ آفت ؛
شکستہ خاطر۔ شکستہ دل (فع۔صفت) غمناک۔ غمگین۔ رنجیدہ دل۔ خستہ خاطر ؛
شکستہ خط (فع۔ا۔مذ)۔ ایک قسم کا خط جو نستعلیق کے خلاف گھسیٹ کر لکھا جاتا ہے ؛
شکل (ع۔مو) چہرہ۔ صورت۔ ہیئت۔ رنگ ڈھنگ۔ وضع۔ مانند۔ مثل طور طریقہ۔ ڈھب۔ ڈول۔ نقشہ۔ انداز۔ قسم۔ جنس۔ نوع۔ بُت۔ مورت مورتی۔ موقع۔ تدبیر۔ حالت۔ گت۔ اُقلیدس کی اصطلاح میں شکل وہ ہے جو ایک حد یا کئی حدوں سے گھری ہوئی ہو ؛
شکل بدلنا (اُر۔محاورہ) بھیس بدلنا۔ صورت بگاڑنا ؛
شکل بگاڑنا (اُر۔محاورہ) چہرے کو نہایت بدزیب کر دینا۔ اس قدر مارنا کہ صورت نہ پہچانی جائے۔ چہرے کو بدہیئت بنانا ؛
شکل بنانا (اُر۔محاورہ) نقل کرنا۔ مُنہ بنانا۔ خاکہ کھینچنا۔ کسی صورت کا اختیار کرنا ؛
شکل بھوت کی سی نام ایلیلے خاں (اُر۔مثل) نام کا صفات کے خلاف ہونا ؛
شکل پر تڑھنا (اُر۔محاورہ) شکل دیکھ کر عاشق ہونا ؛
شکل تو دیکھو (اُر۔محاورہ) طنزاً۔ قابلیت تو دیکھو۔ لیاقت تو دیکھو مُنہ تو دیکھو ؛
شکل چڑیلوں کی مزاج پریوں کا (اُر۔محاورہ) اس بدصورتی پر اتنا غرور ؛
شکل حماری (ع۔ا۔مو) اقلیدس کے پہلے مقابلے کی بلیسویں شکل جو اس قدر آسان ہے کہ جو اسے بھی نہ سمجھے وہ گدھا ہے ؛
شکل دوائری (ف۔ا۔مو) گول شکل ؛

شکل نکالنا (اُر۔ فعل) تدبیر سوچنا۔ اُپائے کرنا۔ تدبیر نکالنا۔ موقع سوچنا۔ صورت نکالنا ؛

شکل وشمائل (ع۔ا۔مو) صُورت وسیرت۔ خوبصورتی۔ رنگ وروپ ؛

شکم (ف۔ا۔مذ) پیٹ۔ جھوجھ۔ بطن۔ اوجھ ؛

شکم بند / شکم پرور } (ف۔صفت) بڑا پیٹو۔ کھاؤ۔ پیٹو۔ حریص۔ لالچی ؛

شکم سیر (ف۔صفت) آسودہ۔ پیٹ بھرا۔ رجا ہوا۔ بھرپور ؛

شکم سیر ہوکر کھانا (اُر۔محاورہ) پیٹ بھر کر کھانا ؛

شکمی (ف۔صفت بیائے نسبتی) جنم کا۔ پیدائشی۔ مادرزاد۔ مادرزُنی نج کا۔ بطور خود ؛

شکمی کاشتکار (اُر۔مذ) اجارہ دار۔ اسامی۔ وہ کاشتکار جو بونے جوتنے میں شریک ہوا اور سرکاری کاغذات میں اِس کا نام نہ ہو ؛

شِکن (ف۔مذ حاصل مصدر شکستن۔ بل سلوٹ چُنٹ۔ جھول۔ گنجلک ؛

شکن ڈالنا (اُر۔محاورہ) بل ڈالنا۔ نشان ڈالنا۔ کاغذ موڑ کر نشان کرنا ؛

شکنجہ (ف۔ا۔مذ) مجرموں کی ٹانگیں کس دینے کی مشین۔ جلد سازوں کے ایک اوزار کا نام۔ عذاب۔ دُکھ۔ سخت سزا۔ روئی دبانے کی کل ؛

شکنجۂ آبی (ف۔ا۔مذ) پانی کی داب سے روئی کا حجم کم کرنے والی مشین۔ ہرا ماپریس۔

شکنجے میں کھینچنا (اُر۔فعل) سخت تکلیف دینا۔ بہت تنگ کرنا۔ نہایت دق کرنا ؛

شکوا (ع) } (ا۔مذ) شکایت۔ گلہ۔
شکوہ (ف) } (یہ لفظ بواؤ مفتوح ہے) ؛

شِکوہ گزاری (ف۔مو۔ بیائے مصدری) دوستانہ گلہ گزاری۔ اُلاہنا دینا ؛

شِکوہ مند (اُر۔ا۔مذ) شکوہ کرنے والا۔ گلہ کرنے والا ؛

شِکوہ (ف۔ بواؤ مجہول۔ا۔مذ) رُعب وداب۔ شان وشوکت۔ دکھاوٹ ؛

شکیب یا شکیبائی (ف۔ا۔مذ) صبر۔ آرام۔ تحمل۔ سنتوکھ۔ بردباری۔

شکیل (اُر۔صفت۔ا۔مذ) خوبصورت۔ خوش شکل۔ وضعدار ؛

شکیلہ (اُر۔مونث۔صفت) حسینہ۔ جمیلہ۔ خوبصورت عورت ؛

ش - گ

شگاف (ہ۔ا۔مذ) جھرّی۔ دراڑ۔ درز۔ قلم کے بیچ کا چراؤ ؛

شگاف دینا۔ یا لگانا (اُر۔محاورہ) قلم کو چیرنا۔ زخم کو نشتر سے چیرنا۔ چیرا لگانا۔

شگال (ف۔مذ دیکھئے شغال) گیدڑ ؛

شگفت (ف۔صفت) خوش۔ شاد۔ مسرور۔ کھلا ہوا (مو) تفریح۔ مسرت ؛

شگفتگی (ف۔مو۔ بیائے مصدری) پھول کا کھلنا۔ سرسبزی۔ شادابی۔ خوشی۔ فرحت ؛

شگفتہ (ف۔صفت بترکیب مفعولی) کھلا ہوا۔ خوش۔ بخوش۔ راضی خوشی۔ خوش وخرم ؛

شگفتہ خاطر (ف۔صفت۔) خوش مزاج۔ خوش دل ؛

شگفتہ رو (ف۔صفت) ہنس مُکھ۔ خندہ پیشانی ؛

شگفتہ طبع / مزاج (ف۔صفت) خوش بشاش۔ خوش مزاج ؛

شگن یا شگون (ف۔ہ۔مذ) فال۔ نیک نذرانہ۔ نقد۔ نیگ۔ منگنی یا نسبت کی رسم ؛

شگنیا (ہ۔مذ فاعل۔) نجومی۔ جوتشی۔ فالیا ؛

شگوفہ (ف۔ا۔مذ) پھول کی کلی۔ غنچہ۔ بن کھلا پھول۔ کسی انوکھی یا عجیب بات کا ظہور۔ چٹکلہ ؛

شگوفہ

شگوفہ پھوٹنا یا پھولنا (اُر۔فعل) پھولوں کا کھلنا۔ انوکھی بات نکلنا۔ ناگہانی امر پیش آنا۔ فتنہ کھڑا ہونا ؛

شگوفہ چھوڑنا (اُر۔محاورہ) } کوئی نئی بات بیان کرنا۔ فتنہ یا فساد کی بات
شگوفہ کھلانا } کرنا۔ فتنہ اُٹھانا۔ فتنہ انگیز بات اُٹھانا ؛

شگوفہ کاری (ف۔ا۔مو) منونہ گل کاری۔ پھول پتی بنانا ؛

شگون (ف۔ا۔مذ) شگن۔ فال۔ نیک فال ؛

شگون کرنا (اُر۔محاورہ) بات ٹھیرانا۔ نسبت کرنا۔ نیک وقت میں کسی کام یا رسم کو شروع کرنا ؛

شگون لینا (اُر۔محاورہ) مبارک گھڑی دیکھنا۔ فال لینا ؛

شگون منانا (ف۔محاورہ) اچھی بُری بات کو دیکھنا۔ شگن بچارنا۔ مبارک و منحوس ساعت کا یقین کرنا ؛

شگونیا (اُر۔ا۔مذ) نجومی۔ فالیا۔ رمّال۔ جوتشی۔

شگون ہونا (اُر۔محاورہ) اچھی فال نکلنا۔ کسی کام کا نیک گھڑی میں شروع کیا جانا۔ منگنی یا نسبت کی رسم ادا ہونا ؛

ش - ل

شل (ع۔صفت) ہاتھ پاؤں سے لنجا ہونا۔ سُن ہونا۔ بے کار ہوجانا۔ ہاتھ پاؤں کا رہ جانا۔ شست۔ تھکا۔ ماندہ ؛

شل ہوجانا (اُر۔مصدر مرکب) جسم کے کسی عضو کا کسی بیماری یا عارضہ کی وجہ سے بے حس وحرکت ہوجانا۔ تھک جانا ؛

شلجم یا شلغم (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کی ترکاری کا نام ہے جو مولی کی قسم سے ہے ؛

شلجمی (ف۔صفت بیائے نسبتی) شلجم سے منسوب۔ شلجم۔ شلغم کے رنگ کا۔ شلغم جیسا ؛

شلجمی آنکھیں (اُر۔ا۔مو) بڑی بڑی آنکھیں۔

شلک یا شلق (ت۔مو) لوہوں یا بندوقوں کی باڑ جو خوشی یا سلامی کے وقت چھوڑی جاتی ہے تشبیہاً گولہ۔ باد ؛

شلک اُڑانا (اُر۔محاورہ) باڑ چھوڑنا۔ بندوق یا توپ چلانا۔ سلامی اُتارنا۔ شگوفہ چھوڑنا۔ گپ اُڑانا۔ فتنہ کی بات کہہ دینا۔ گولہ مارنا۔ پادہ مارنا ؛

شلنگ (انگ۔ مذ۔ Shilling) چاندی کا ایک سکہ ہے پونڈ کا بیسواں حصہ۔ انگلستان کا ایک سکہ۔ پونڈ اور شلنگ کو اشاریہ نظام میں بدل دیا گیا ہے۔

شلنگ (ف۔ا۔مذ) ڈگ۔ جست۔ زغند۔ کود۔ چھلانگ ؛

شلنگ بھرنا (اُر۔محاورہ) چھلانگ مارنا۔ کودنا۔ بیٹھک لگانا۔ کودنا۔ ڈگ بھرنا۔ جست لگانا۔ چوکڑی بھرنا ؛

شلنگا (لہ۔ا۔مذ) دُور دُور کا ٹانکا۔ لوٹ پا۔

شلنگے بھرنا (اُر۔محاورہ) لوٹ پے لگانا۔ دُور دُور ٹانکے بھر کر سینا۔ موٹی سلائی کرنا ؛

شلوار (ف۔مذ) شل اور وار۔ کلمہ نسبت سے مرکب ہے۔ یعنی ران سے نسبت رکھنے والا۔ جانگیا۔ گھٹنا۔ تبان۔ پاجامے کے نیچے پہننے کا کپڑا ؛

شلوک (س۔مذ) چھند۔ شعر۔ دوہا۔ مصرعہ۔ نظم۔ بیت۔ کبت ؛

شلوکہ (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا کرتہ۔ روئی دار کمری یا نیم آستین سینہ بند۔

شلغم یا شلجم (ف۔مذ) گوشت کے شوربے میں پکے ہوئے پتلے چاول۔ پتلی کھچڑی۔ نہایت گلے ہوئے چاول ؛

شلینہ یا شلیتا (ف۔ا۔مذ) خیمہ تہ کر کے رکھنے کا ٹاٹ کا بڑا سا تھیلا ؛

شلیتے میں میخ نہ رکھیے۔ لشکر میں شیخ نہ رکھیے (اُر۔مثل) میخ تھیلے کو پھاڑ دیتی ہے اور شیخ جنگ کے موقع پر بزدلی دکھاتا ہے ؛

ش - م

شماتت (ع۔ا۔مو) کسی کے نقصان پر خوش ہونا۔ خندہ زنی ؛

شمار (ف۔ا۔مذ) حاصل مصدر از شمردن۔ گنتی۔ تعداد۔ حساب۔ اندازہ۔ تخمینہ۔ جانچ ؛

شمار سے باہر یا زیادہ (لہ۔تابع فعل) بے شمار۔ ان گنت۔ لاتعداد۔ بے حساب ؛

شمار میں نہ لانا (اُر۔محاورہ) کچھ نہ سمجھنا۔ پرواہ نہ کرنا ؛

شمار کرنا (لہ۔فعل) گننا۔ جانچنا۔ حساب لگانا ؛

شمار کنندہ (ف۔مذ۔فاعل) حساب کی اصطلاح میں کسر کا اُوپر کا عدد جو مخرج سے اُوپر لکھا ہوتا ہے۔ شمار کرنے والا۔ گننے والا ؛

شمارہ نویس (ف۔ا۔مذ) حساب کرنے والا شخص (اکاؤنٹنٹ)

شمارہ (ف۔ا۔مذ) رسالہ یا اخبار وغیرہ کا کوئی پرچہ ؛

شماریات (ف۔اُر۔مو) اعداد و شمار کا علم۔ Statistics)

شماس (ع۔مذ) آفتاب کی پرستش کرنے کا والا۔ گبر ترسا۔ قوم ترسا کا پجاری یا سردار۔ موحد۔ طریقۂ آفتاب پرستی ؛

شمال (ع۔مو) بایاں ہاتھ۔ دست چپ۔ اُتر۔ خصلت۔ عادت۔ طبیعت۔ جمع شمائل ؛

شمال رُو۔ یا شمال رُویہ (ف۔مذ) وہ مکان جس کا دروازہ اور رُخ شمال یعنی اُتر کی طرف ہو ؛

شمالی (ع۔صفت۔ بیائے نسبتی) منسوب بہ شمال۔ اُتر کا۔ اُتر والا ؛

شمامہ (ع۔ا۔مو) خوشبو۔ خوشبو کی گولیاں ؛

شمائل (ع۔مذ) شمیلہ کی جمع خصلتیں۔ عادتیں۔ شکل کا مرادف بھی ہے ؛

شمائم (ع۔ا۔مو) خوشبوئیں۔ شمیمہ کی جگہ ؛

شمر (ع۔ا۔مذ) یزید کی فوج کا وہ سردار جس نے حضرت امام حسین علیہ السلام کو شہید کیا۔ مجازاً ظالم مردود بے رحم۔ لعنتی ؛

شمردگی (ف۔صفت۔ا۔مو) گننا۔ شمار کرنا ؛

شمردہ (ف۔صفت) گنا ہوا۔ شمار کیا ہوا۔

شمس (ع۔ا۔مذ) سورج۔ آفتاب ؛

شمس الثقلین (ع۔لہ) انسانوں اور جنوں کا سورج مراد پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم۔

شمسہ (ع۔مذ۔بیائے نسبتی) وہ گول سنہری چاند جو کلس میں لگاتے ہیں وہ گول یا چپٹے کلابتوں اور یا زر یا حلقے جو تسبیح میں ڈال لیا کرتے ہیں ؛

شمسی (ع۔صفت۔بیائے نسبتی) منسوب بہ شمس۔ سورج کا۔ آفتاب کا۔ جیسے نظام شمسی ؛

شمشاد (ف۔ا۔مذ) سرو کی قسم کے ایک سیدھے اور خوش قد درخت کا نام ہے ؛

شمشان (س۔ا۔مذ) مسان۔ ہندوؤں کی مُردے جلانے کی جگہ ؛

شمشو (اُر۔ا۔مذ) چاول یا دال کو پانی میں ڈال کر تہہ میں بیٹھے کنکر چننے کا عمل ؛

شمشیر (ف۔مو) مرکب از شم بمعنی ناخن شیر۔ مثل ناخن شیر۔ تیز و خم دار۔ تلوار۔ تیغ ؛

شمشیر

شمشیر اُترنا (اُر۔محاورہ) تلوار کا جسم میں گھسنا ؛

شمشیر برہنہ / شمشیر بکف (ف۔صفت) وہ جو لڑنے پر تیار ہو ؛

شمشیر زن (ف۔صفت) تلوار باز ؛

شمع (ع۔مو) موم بتی۔ چربی کی بتی۔ موم خالص ؛

شمع انجمن (عف۔مو) وہ شمع جو مجلس میں روشن کی جائے۔ صدر محفل۔

شمع دان (عف۔مذ۔ظرف) بتی دان۔ وہ چیز جس میں لگا کر موم بتی جلاتے ہیں ؛

شمع رُو۔ (عف۔صفت۔ترکیب فاعلی) روشن چہرے والا۔ مراد معشوق حسین ؛

شمع سحری (عف۔مونث) صبح کا چراغ گل ہونے کے قریب۔ قریب بزوال ؛

شمع کا رُو پشت برابر ہے (اُر۔مثل) صاف باطن اور روشن ضمیر۔ آگے پیچھے یکساں ہیں ؛

شمع کافوری (عف۔مو) نہایت سفید اور اُجلی موم بتی ؛

شمع کشتہ (ف۔صف) بجھی ہوئی شمع ؛

شمع گل کرنا (لہ۔محاورہ) شمع بڑھانا۔ شمع کا بجھانا ؛

شمع مُردہ یا چراغ مُردہ (ف۔اول مو۔دوم مذ) بجھا ہوا چراغ۔ بجھی ہوئی شمع ؛

شمع محفل (ع۔ف۔ا۔مو) وہ جس سے محفل کی رونق ہو۔ معشوق ؛

شملہ (ف۔مذ) سر سے باندھنے یا کندھے پر ڈالنے کی شال۔ دستار۔ عمامہ۔ پگڑی۔ پگڑی کا طرّہ۔ عمامہ کا سرا جو کندھے پر یا پس پشت ڈال لیا کرتے ہیں۔ ہندوستان میں ایک صحت افزا پہاڑی ٹھہر کا نام ہے ؛

شملہ بمقدار علم (ف۔مثل طرّہ علم کی مقدار کے موافق چاہیئے ؛

شمول (ع۔ا۔مذ) شامل۔ ساتھ۔ سمیت۔ اکٹھا۔ سب۔ تمام۔ جملہ ؛

شمولیت (ع۔ا۔مو) شامل۔ شمول ؛

شمہ (ع۔ا۔مذ) ذرا سی مہک۔ تھوڑی سی خوشبو۔ ذرا سا جزو۔ اندک۔ کم ذرا۔ تھوڑا۔ قلیل۔ قدرے ؛

شمیم (ع۔ا۔مو) مہک۔ خوشبو۔ لپٹ۔ معطر ہوا۔ خوشبو۔ لپٹ ؛

ش - و

شناخت (ف۔ا۔مو) حاصل مصدر از شناختن۔ پہچان۔ واقفیت۔ تمیز۔ شناسائی ؛
شناختی کارڈ (اُرد۔ا۔مذ) وہ کارڈ جس کے اندر اجات سے کارڈ رکھنے والے کی شناخت مقصود ہو ؛
شناختی نشان (اُرد۔ امذ) جسم پر کوئی ایسا نشان جس سے شناخت ہو سکے ؛
شناس (ف۔ فعل امر شناختن سے اسم کے آخر آکر اسے اسم فاعل بناتا ہے۔ جیسے مردم شناس ؛
شناسا (ف۔صفت فاعلی) پہچاننے والا۔ جانچنے والا۔ تاڑو۔ تاڑیا ؛
شناسائی (ف۔ مذ۔ بیائے مصدری) جان پہچان۔ تعارف۔ واقفیت
شناعت (ع۔ا۔مو) بدی برائی۔ گندگی ؛
شناور (ف۔صفت) تیراک۔ تیرنے والا ؛
شنبہ (ف۔ مذ) سنیچر کا دن۔ ہفتے کا دن ؛
شنجرف یا شنگرف (ف۔امذ) گندھک اور پارے کا ایک سُرخ رنگ کا مرکب ؛
شنگ (ف۔صفت) چالاک۔ شوخ۔ ظریف۔
شنگرفی (ف۔صفت۔ بیائے نسبتی۔ شنگرف کے رنگ کا یا سرخ رنگ والا ؛
شنوائی (ف۔ا۔مو) سماعت۔ سُننا۔ دادرسی ؛
شنیدہ (ف۔صفت) سُنا ہوا ؛
شنیدہ کے بود مانند دیدہ (ف۔مقولہ) سنی ہوئی بات دیکھی ہوئی بات کے مقابلے میں نہیں ہوتی ؛
شنیع (ع۔صفت) نہایت بُرا۔ خراب۔ عیب دار ؛
شنیعہ (ع۔صفت) خراب بات۔ بُری بات۔ فسق و فجور۔ بدکاری ؛

ش - و

شِو (س۔مذ) دنیا کو فنا کرنے والا۔ ایک مہادیو ؛
شِوراتری (س۔مو) ہندو لوگوں کے ایک تیوہار کا نام ہے جو شیوجی کی یادگار میں منایا جاتا ہے ؛
شِولنگ (س۔ا۔مذ) مہادیو جی کے عضو تناسل کی شبیہہ جس کی پوجا ہندوؤں کے مندروں میں کی جاتی ہے ؛
شو (انگ۔امذ - Show) تماشا۔ نظارہ۔ نمائش۔ نمود ؛
شو بوائے (انگ۔ا۔مذ) نمائشی۔ دکھاوے کا۔ Show Boy
شُو (انگ۔امذ) جوتا۔ نعلین۔ کفش۔ پاپوش۔ پیزار ؛ Shoe
شوّال (ع۔ا۔مذ) مسلمانوں کا دسواں قمری مہینہ۔ عید کا مہینہ ؛
شوالا یا شِوالا (س۔ا۔مذ) مرکب از شو و آلہ بمعنی جگہ۔ استھان (شیوجی کا مندر مہادیو کا استھان)
شوب (ف۔مذ) شوبیدن کا حاصل مصدر۔ دھوب۔ دُھلائی۔ دُھلنے کا کام
شوب پڑنا (اُرد۔محاورہ) کپڑے کا دھویا جانا۔ دھونے میں آنا۔
شوبھا (س۔ا۔مو) حسن۔ روشنی۔ سجاوٹ۔ خوب صورتی ؛
شوخ (ف۔صفت) تیز۔ چالاک۔ دنگئی۔ گستاخ۔ بے ادب۔ کھلنڈرا۔ کھلاڑی۔ زندہ دل۔ شیخی خوردہ معشوق۔ دلربا۔ رنگ کی تیزی فتنہ انگیز۔ فاحشہ ؛
شوخ چشم یا شوخ دیدہ (ف۔صفت) بے شرم۔ بے حیا گستاخ نڈر۔ بے ادب ؛
شوخ چشمی (ف۔مو۔ بیائے مصدری) گستاخی۔ بے حیائی۔ بے شرمی۔ بے ادبی ؛
شوخ چنچل (ف۔صفت) چالاک۔ طرّار۔ ڈھیٹ ؛
شوخی (ف۔مو۔ بیائے مصدری) شوخ ہونا۔ بدذاتی۔ شرارت۔ دنگا۔ بیباکی۔ دلیری۔ چلبلا پن بے ادبی۔ گستاخی۔ بے حیائی۔ بیقراری۔ اضطراب ؛
شوخی آنکھوں میں چرانا (اُرد۔محاورہ) شوخی آنکھوں میں سے ظاہر ہونا ؛
شودر (س۔مذ) منوجی کے دھرم شاستر کے مطابق خدمت کرنے والی ذات۔ نیچی ذات۔ ٹہلوا۔ خادم۔ خدمتگار۔
شور (ف۔امذ) غل غباڑہ۔ شہرت۔ دھوم۔ غصہ۔ خفگی۔ عشق۔ جنون۔ جوش۔ کھار۔ نمک۔ کلر۔ ریہ۔ نون ؛
شور اٹھانا (اُرد۔محاورہ) ہنگامہ کرنا۔ غل کرنا ؛
شور اُڑانا (اُرد۔محاورہ) دھوم ہونا۔ شہرت ہونا ؛
شورِ بخت (ف۔مذ۔صفت) بدبخت۔ کم نصیب۔ بے نصیب۔ بدقسمت ؛
شور برپا کرنا (اُرد۔محاورہ) بے حد غل مچانا۔ شور بور۔ شرابور۔ تربتر ؛
شورِ زمین (ف۔مو) وہ زمین جو کلر اور ریہ کے سبب قابل کاشت نہ ہو ؛
شورِ قیامت (ف۔امذ) بے حد شور۔ قیامت کے دن کی مانند شور ؛
شور لگنا (اُرد۔فعل) کھار پیدا ہو جانا۔ ریہ لگنا۔ نونی لگنا ؛
شور آبا (ف۔امذ) آب شور۔ کھاری پانی ؛
شوربا (ف۔امذ) شوروا۔ گوشت کی پکی ہوئی یخنی۔ اچار کا پانی یا سرکہ۔ کانجی ؛
شوربور (اُرد۔صفت) لتھڑ پتھڑ۔ لت پت۔ تربتر۔ تر اور آلودہ ؛
شور و شر/شغب (ف۔امذ) دنگا۔ ہنگامہ۔ لڑائی۔ فتنہ فساد ؛
شورش (ف۔مو۔ شوریدن سے حاصل مصدر) بلوہ۔ غوغا۔ ہنگامہ۔ فتنہ و فساد۔ ابتری۔ پریشانی۔ افراتفری۔ کھلبلی۔ ہل چل۔
شورش برپا کرنا (اُرد۔محاورہ) فساد ڈالنا۔ فتنہ کھڑا کر دینا۔ سرکشی کرنا۔ بغاوت کرنا ؛
شوروا (اُرد۔مذ۔دیکھو شوربا ؛
شورا (ف۔امذ) ایک قسم کا کھار جو نمکین ہوتا ہے۔
شورہ پشت (ف۔صفت) سرکش۔ نافرمان۔ لڑاکا۔ جھگڑالو۔ فسادی۔
شورے (ع۔ا۔مذ) مشورہ۔ صلاح ؛
شوری (اُرد۔صفت بیائے فاعلیت) شور مچانے والا۔ فسادی۔ خراب۔ جیسے شوری ٹٹو۔ شوریلا۔ پنجاب کے ایک مشہور گویئے کا نام ہے جو ٹپے کا موجد ہوا ہے ؛
شوریٰ (ع۔ا۔مذ) مشورہ۔ صلاح ؛
شوریت (اُرد۔مو) کھار۔ نمکینی۔ کھاری پن ؛

شوریدہ (ف۔ صفت۔ ترکیب مفعولی) آوارہ۔ سرگرداں۔ حیران و پریشان دیوانہ۔ پاگل ؛
شوریدہ حال (فع۔ صفت۔) پریشان حال۔ دیوانہ وار۔ آشفتہ حال ؛
شوریدہ سر (ف۔ صفت۔ سودائی۔ دیوانہ۔ پاگل۔ مجنوں ؛
شورے کی پتلی } (اُر۔ مو) شورے کی بنی ہوئی مورتی۔ شورے کا
شورے کی قلفنی } کھلونا۔ نہایت گوری اور نوجوان عورت۔ خوبصورت عورت ؛
شوشہ (ف۔ ا۔مذ) ذرہ۔ ریزہ۔ ٹکڑا۔ حرف کا سرا "ھ" کے نیچے کی۔ چھوٹی سی علامت ؛
شوشہ چھوڑنا (اُر۔ محاورہ) فساد ڈالنے کی بات کہنا۔ نئی بات نکالنا ؛
شوشہ دینا (اُر۔ محاورہ) دھوکا دینا۔ ہائے ہوز کے نیچے نشان دینا ؛
شوفر Chauffeur انگ۔ ا۔مذ) موٹر چلانے والا ملازم ڈرائیور ؛
شوق (ع۔ مذ) رغبت۔ خواہش۔ آرزو۔ شغل۔ کام۔ ذوق۔ مزہ امنگ۔ لہر ؛ موج۔ سرگرمی۔ جوش۔ عشق۔ محبت ؛
شوق چرایا (دل میں خواہش پیدا ہونا ؛
شوق در ہر دل کہ باشد رہبرے درکار نیست (ف۔ مثل) جس کو کسی چیز کا شوق ہو بغیر کسی کے بتلائے اسے سیکھے گا ؛
شوق کا دامن پھیلانا (اُر۔ محاورہ) شوق ظاہر کرنا ؛
شوق داد الٰہی ہے (اُر۔ کہاوت) کسی چیز کی محبت یا رغبت قدرتی ہوا کرتی ہے ؛
شوق و ذوق (اُر۔ مذ) عیش و عشرت۔ گرمجوشی۔ شغل ؛
شوق سے (اُر۔ تابع فعل) خوشی سے۔ مزے سے۔ بے خوف۔ بے ہراس۔ رغبت سے۔ دل سے۔ اپنی مرضی سے۔ اپنے ارادے سے۔
شوق میں ذوق دستوری میں لڑکا (اُر۔ کہاوت) کوشش ایک کام کے لیے کی۔ دوسرا مفت میں بن گیا۔ ایک لطف کی سعی تھی دو حاصل ہوگئے ؛
شوقین (اُر۔ صفت بن فاعلی) شوق والا۔ خواہش مند۔ شائق۔ طالب۔ لہری۔ رنگیلا۔ عادی۔ خوگر۔ عیاش۔ تماش بین ؛
شوقین بڑھیا چنائی کا لہنگا (اُر۔ کہاوت) خلاف عمر و وضع لباس پہننے والے کو طنزاً کہا کرتے ہیں۔ بے موقع بناؤ سنگار ؛
شوقین بی بی کمل کی چولی آگ لگی ٹہلتی پھری (اُر۔ مثل) غریب عورت اپنی حیثیت سے زیادہ کپڑے پہننے لگتے ہیں ؛
شوقین مزاج (فع۔ صفت) جسے اچھے لباس اور گانا سننے کا شوق ہو۔
شوقیہ (ع۔ صفت نسبتی) شوق سے نسبت رکھنے والا۔ پرشوق۔ شوق سے بھرپور۔ جیسے شوقیہ سلام (بصورت تابع فعل) شوق سے۔ محبت سے۔ دل بہلانے کے طور پر ؛
شوریدگی (ف۔ ا۔مو) پریشانی۔ حیرانی۔ دیوانگی۔ جنون۔ عشق محبت ؛
شوکت (ع۔ مو) طاقت۔ زور۔ رعب و داب۔ دبدبہ۔ درجہ۔ قدر۔ مرتبہ۔ ٹھاٹھ باٹ۔ شان و شکوہ۔ امیری۔ دولت ؛
شوکت اسلام (ع۔ مو) اسلام کی قوت۔ اسلام کا دبدبہ اور رعب ؛
شوکت جتانا (اُر۔ محاورہ) رعب داب دکھانا۔ جاہ و جلال ظاہر کرنا ؛
شوکت دکھانا (اُر۔ محاورہ) رعب ڈالنا۔ جاہ و جلال دکھانا ؛
شوگر (Sugar - انگ۔ ا۔ مو) کھانڈ۔ چینی۔ شکر ؛
شوگر آنا (اُر۔ محاورہ) پیشاب میں شکر آنا ؛ ذیابیطس ہونا ؛
شولہ (اُر۔ مذ) دیکھو شُلّہ ؛
شوم (ع۔ صفت) منحوس۔ نحس۔ بدبخت۔ ممسک۔ کنجوس و بخیل ؛
شوم قدم (ع۔ صفت) بُرا۔ منحوس۔ چندرا۔ سبز قدم ؛
شُومی (ع۔ مو۔ بیائے مصدری) بدنصیبی۔ بدبختی۔ نحوست۔ کنجوسی بخیلی ؛
شُومئ طالع یا بخت (ع۔ مو) قسمت کی نحوست۔ قسمت کی بدنصیبی ؛
شوشاں (اُر۔ ا۔ مو) غرور۔ ڈینگ۔ نمائش ؛
شوہر (ف۔ ا۔مذ) خاوند۔ پتی۔ مالک۔ خصم۔ سوامی۔ پیا۔ بالم۔ کنتھا ؛
شوہری (ف۔ صفت) شوہر سے منسوب ؛
شوئی (اُر۔ صفت نسبتی) دکھلاوے کا۔ نمود کا۔ شوخ رنگ کا ؛

ش - ہ

شہ (ف۔ ا۔مذ) شاہ کا مخفف۔ بادشاہ۔ سلطان۔ راجہ۔ فرمانروا۔ اشارہ۔ ایما۔ دولہا۔ نوشہ۔ علامت اسم مکبر جو سالقہ ہے ؛
شہباز (ف۔ ا۔مذ) بڑا باز۔ شاہین۔ ایک سفید رنگ کا شکاری پرندہ۔
شہ بالا (ف۔ ا۔مذ) دولھا کے پیچھے بٹھایا ہوا لڑکا۔ ہمدوش ؛
شہہ بچانا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے "شاہ بچنا" جس کا یہ متعدی ہے ؛
شہہ بچنا (اُر۔ محاورہ) بادشاہ شطرنج کا کشت کی جگہ سے ہٹ جانا ؛
شہپر جھاڑنا (اُر۔ محاورہ) پرندے کا بازو پھیلا کر زور سے کمزور پر جھاڑنا ؛
شہ پیل (ف۔ اُر۔ مو) شطرنج میں پیل کی شہ ؛
شہ پانا (اُر۔ فعل) اشارہ پانا۔ بہکاوے میں آنا۔ ورغلانے میں۔ مدد پانا ؛
شہپر (ف۔ ا۔مذ) بڑا پر۔ پرندوں کے اُڑنے کے بازو۔ بڑے بڑے پروں والا ؛
شہتوت (ف۔ ا۔مذ) بڑا توت۔ جلیبا ؛
شہتیر (ف۔ ا۔مذ) بڑی کڑی۔ وہ بڑا لکڑی کا لٹھا جس پر چھت کی کڑیاں رکھی رکھی جاتی ہیں ؛
شہ چال (اُر۔ مو) شطرنج کی چال جو باقی مہروں کے ختم ہوتے چلی جاتی ہے ؛
شہ خوباں۔ (ف۔ ا۔ صفت) حسینوں کا بادشاہ۔ بہت خوبصورت ؛
شہ دینا (اُر۔ فعل) شطرنج کے بادشاہ کو کشت دینا۔ کنکوا بڑھانا۔ اُکسانا۔ بہکانا۔ اغوا کرنا۔ حمایت کرنا بیجا تعریف کرنا۔ لڑائی کرانا۔ فتنہ کی آگ بھڑکانا ؛
شہ رُخ (ف۔ مو) وہ شہ جو شطرنج کی بازی میں رُخ یا پیل سے بادشاہ کو دی جائے ؛
شہ رگ (ف۔ مو) بڑی رگ۔ کودنے والی رگ۔ وہ رگ جس کے کاٹنے سے جاندار مرجاتا ہے ؛
شہزادہ (ف۔ ا۔مذ) (دیکھو شاہ زادہ)
شاہ زادی۔ یا شہزادی (ف۔ مو) بادشاہ کی بیٹی۔ رانی۔ بیگم۔ شاہی خاندان کی عورت ؛

شہ زور (ف ا مذ۔ صفت) نہایت زور والا۔ بڑا طاقتور پہلوان۔ زبردست پہلوان ؛
شہ زوری (ف مو) بیائے مصدری) پہلوانی۔ زور آوری۔ بڑی طاقت ؛
شہ سوار (ف۔ صفت) گھوڑے کی سواری کا ماہر ؛
شہ کار (ف ا مذ) کسی فنکار کا بہترین کام دھوکا۔ دغا۔ بوئے، سوئی زین ؛
شہ گام (ف ا مذ) دیکھو شاہ گام ؛
شہ لولاک (ف۔ امذ) رسالتماب صلی اللہ علیہ وسلم ؛
شہ مات (اُر مو) شطرنج کی بازی میں کشت دے کر بادشاہ کو مات کرنا ؛
شہنائی (ف ا مو) نفیری ؛
شہنائی نواز (ف۔ امذ) نفیری بجانے والا ؛
شہنشاہ (ف۔ امذ) بادشاہوں کا بادشاہ۔ قیصر ؛
شہ نشین (ف ا مذ) دیکھو شاہ نشین ؛
شہاب (ف ا مذ) وہ نہایت سُرخ رنگ جو کسنبے کو بھگو کر پکانے کے بعد اوّل اوّل میں حاصل ہوتا ہے۔ جیٹھا۔ سُرخ رنگ ؛
شِہاب (ع ا مذ) لاٹ۔ لَو۔ بلند۔ شعلہ۔ وہ چمکدار ستارہ۔ جو آسمان سے ٹوٹتا اور اِدھر اُدھر آتشبازی کی طرح جاتا دکھائی دیا کرتا ہے ؛
شِہاب ثاقب (ع ا مو) رات کو ٹوٹنے والا چمکدار ستارہ ؛
شہابہ (اُر ا مذ) ایک دُخانی مادہ جو اکثر دلدل اور پرانے قبرستان یا مرگھٹ میں رات کے وقت چراغ کی طرح جلتا نظر آتا ہے اور عوام اس کو بھوت پریت خیال کرتے ہیں۔ غوُل بیابانی ؛
شہابی (ف۔ صفت۔ بیائے نسبتی) شہاب سے نسبت رکھنے والا ؛
سُرخ رنگ کا جھلک۔ پرتو عکس۔ ایک قسم کی سُرخ رنگ کی متابی ؛
شہادت (ع۔ مو) گواہی۔ شاہدی۔ درُست خبر۔ راہِ خدا میں مارا جانا۔ خدا تعالیٰ کی توحید۔ اور رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت پر سچے دِل سے اقرار کرنا۔ کلمۂ شہادت۔ موت۔ مرگ۔ قتل۔ ذبح۔
شہادت دینا (مص۔ مرکب) گواہی دینا۔
شہادت رُویت (ع۔ ف ا مو) چشم دید گواہی ؛
شہادت کی اُنگلی (اُر مو) داہنے ہاتھ کے انگوٹھے کے ساتھ والی انگلی ؛
شہادت منقول (ع۔ ف۔ امو) وہ گواہی۔ جو دوسرے کے بیان کے حوالے سے ہو۔
شہامت (ع۔ مو) دلیری۔ چستی۔ دلاوری۔ توانائی۔ بزرگی۔ بڑائی ؛
شہانہ (ف۔ صفت۔ بترکیب تشبیہی) مخفف شہانہ۔ بادشاہوں جیسا بادشاہوں کے لائق ؛
شہانہ جوڑا (ف۔ امذ) دولہا کا سُرخ جوڑا۔ سُرخ پوشاک ؛
شہانہ وقت (اُر مذ) برات چڑھنے کا وقت ؛
شہانی (اُر صفت) دلہن سے منسوب۔ شاہانہ بادشاہ سے منسوب۔ عمدہ۔ اعلیٰ ؛
شہانی چوڑیاں (اُر مو) دولہن کی سی چوڑیاں۔ بھاری چوڑیاں قیمتی چوڑیاں ؛
شہانی مہندی (اُر مو) سرخ رنگ کی مہندی۔ دلہن کی سی مہندی ؛
شہد (ع۔ امذ) وہ میٹھا شیرہ جو مسال کی مکھیاں جمع کرتی ہیں۔ عسل۔ انگبین ؛
شہد سا (اُر صفت تشبیہی) نہایت میٹھا۔ شہد کی طرح شیریں ؛
شہد سہاگہ گھی۔ مری / موئی دھات کا جی (اُر مقولہ) کیمیاگروں کے مطابق اِن تینوں چیزوں سے کشتہ شدہ دھات اپنی اصلی حالت پر آجاتی ہے ؛
شہد کی چھری (اُر مو) میٹھی چھری۔ دوست نما دشمن۔ باطن میں موذی ؛
شہد کی مکھی (اُر مو) مہال کی مکھی۔ شہد جمع کرنے والی مکھی۔ مجازاً ہری چُغد۔ لالچی۔ حریص۔ چٹو۔ لپٹو ؛
شہد لگا کر چاٹو (اُر محاورہ) طنزاً دوا سمجھ کر رکھو۔ نہایت عزت سے اور احتیاط سے رکھو۔ نہایت قدر و منزلت سے برتو ؛
شہد لگا کے الگ ہو جانا (اُر محاورہ) لڑائی کی بنیاد رکھ کر الگ ہو جانا۔ فساد کی بات پیدا کر کے آپ بالکل علیحدہ ہو رہنا ؛
شُہَدَاء (ع ا مذ) شہید کی جمع ؛
شُہَدا (اُر صفت) لُچا۔ گنڈا۔ بدمعاش۔ شریر ؛
شُہدہ پن (اُر ا مذ) بدمعاشی۔ لُچپن۔ گنڈا پنا ؛
شَہر (ع ا مذ) ماہ۔ قمری مہینہ ؛
شہر (ف ا مذ) نگر۔ آبادی کا بڑا بھاری حصّہ۔ بلدیہ۔ مدینہ ؛
شہر آشوب (ف امذ) کسی شہر کے تباہ و برباد ہونے یا اُجڑنے کا منظوم تذکرہ یا ماتم۔ کسی شہرہ آفاق حسین کے حسن بگڑنے کا نظارہ ؛
شہر بانو (ف۔ مو) بقلب اضافت بانوئے شہر۔ شہر کی امیرزادی۔ شہر کی زینت۔ شہر کی بیگم۔ یزدجرد حاکم ایران کی بیٹی کا نام۔ جس سے حضرت امام حسین علیہ السلام کا نکاح ہوا ؛
شہر بدر کرنا (محاورہ) شہر سے نکال دینا۔ جلاوطن کر دینا۔ کسی جرم پر دیس نکالا دینا۔
شہر پناہ (ف۔ مو) بقلب اضافت۔ شہر کی فصیل۔ شہر کی چار دیواری ؛
شہر خبرا یا شہر خبرو (اُر مذ) تمام شہر کی خبر رکھنے والا۔ شہر کی خبریں لانے والا۔ جاسوس شہر ؛
شہر خموشاں (ف۔ مذ) ظرف) خاموشی کی بستی۔ مجازاً قبرستان۔ گورستان ؛
شہر دار (ف۔ صفت) شہر میں رہنے والا۔ شہری ؛
شہر سمّلہ (اُر مذ) اندھیری نگری۔ وہ شہر جہاں سے انصاف و مروت بالکل اُٹھ جائے ؛
شہر گرد / گشت (اُر ا مذ) شہر میں گشت کرنے والا ؛
شہر میں اونٹ بدنام (محاورہ) وہ شخص جو کسی عیب کے باعث مشہور ہو۔ اِس کی نسبت بولتے ہیں یعنی نامی چور مارا جاتا ہے مشہور عیبی کی شامت آتی ہے۔
شہر یار (ف مذ) بقلبِ اضافت۔ یارِ شہر۔ شہر کا مددگار۔ بڑا عادل اور بزرگ۔ بادشاہ۔ شریف شہر۔ بزرگ شہر جسے انگریزی میں لارڈ میئر کہتے ہیں ؛
شُہرت (ع۔ مو) لُغت میں میان سے تلوار باہر نکالنا۔ اصطلاح میں ظاہر۔ علانیہ۔ دھوم۔ دھام۔ اطلاع۔ اشاعت مشہور کرنا۔ پھیلانا۔ ناموری۔ نام۔ نیک نامی ؛
شہرت اُڑنا (اُر محاورہ) چرچا ہونا۔ دھوم ہونا۔ بدنامی ہونا ؛
شہرت پانا (اُر محاورہ) نام حاصل کرنا۔ مشہور ہونا ؛

شُہرت پھیلنا (اُر۔محاورہ) مشہور ہونا ؛
شُہرت دینا (اُر۔محاورہ) مشہور کرنا۔رُسوا کرنا ؛
شُہرت ہونا (اُر۔محاورہ) شور مچنا۔چرچا ہونا۔مشتہر ہونا ؛
شُہرت یافتہ (ف۔صفت) مشہور و معروف جس کی دُھوم ہو۔جس کی نیک نامی یا بدنامی ہو چکی ہو ؛
شُہرہ (ع۔ا۔مذ) آوازہ۔دھاک۔دُھوم دھام۔نام ؛
شُہرہ آفاق (ع۔صفت) تمام دُنیا میں مشہور۔مشہور عالم ؛
شُہرہ اُڑانا (اُر۔محاورہ) شُہرت پھیلانا ؛
شُہرہ دور (ع۔ف) مشہور۔نام ور ؛
شُہرہ ہونا (اُر۔محاورہ) نام و شہرت ہونا۔دھوم مچنا۔دھاک ہونا ؛
شہری (ف۔صفت۔بیائے نسبتی) شہر کا رہنے والا منسوب بہ شہر ؛
شہری آزادی (ف۔ا۔مو) تقریر۔تحریر اور اجتماع کی آزادی۔وہ بنیادی حقوق جو مُلک کے ہر باشندے کو حاصل ہوں۔جمہوری حقوق ؛
شہریت (ف۔مو۔بیائے مصدری) شہر کی رہائش ؛
شہکارا (اُر۔صفت) بدفعل۔بدکار اور بدزبان عورت ؛
شہلا (ع۔ا۔مو) بھیڑ کی سی آنکھوں والی عورت۔بیاہی مائل۔بھُورے یا سُرخی مائل سیاہ آنکھ ایک قسم کا نرگس کا پھول جو سیاہ ہوتا ہے ؛
شہنشاہ یا شہنشہ (ف۔مو) بلقب اضافت) بادشاہوں کا بادشاہ۔مہاراجہ دھراج ؛
شہنشاہی (ف۔صفت۔بیائے نسبتی) بادشاہی سے نسبت رکھنے والی۔بادشاہ ؛
شہنشاہی دربار (ف۔ا۔مذ) بڑا بھاری دربار۔بادشاہی دربار ؛
شہُود (ع۔مذ) حاضر ہونا۔صوفیوں کی اصطلاح میں وہ درجہ جس میں ہر شے میں جلوۂ حق۔بلکہ عین حق نظر آئے ؛
شہُودی (ع۔مذ۔بیائے فاعلیت) سالکوں کی اصطلاح میں وہ عارف لوگ جو توحید کے اس درجہ پر پہنچ جائیں۔کہ تمام موجودات میں شاہدِ حق کریں بلکہ ہر شے عین حق نظر آئے ؛
شہید (ع۔ا۔مذ) راہِ خدا میں قربان شدہ۔حق پر جان دینے والا۔وہ شخص جس کی نظر سے کوئی چیز پوشیدہ نہ ہو۔عالم الغیب۔خدائے تعالیٰ۔مقتول فدا۔کشتہ۔عاشق ؛
شہید کربلا (ع۔ا۔مذ) حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ ؛
شہید کرنا (اُر۔محاورہ) قتل کرنا ؛
شہید ناز (عف۔صفت) عاشق ؛
شہید وفا (ع) وہ جس نے وفاداری کی وجہ سے قتل ہو کر درجہ شہادت حاصل کیا ہو ؛
شہید ہونا (اُر۔محاورہ) راہ خدا میں مارا جانا۔حق پر مارا جانا۔فوت ہونا۔مر جانا۔عاشق ہونا۔شیدا ہونا ؛
شہیدی (عف۔صفت۔بیائے نسبتی) شہید سے نسبت رکھنے والا ؛
شہیدی امرود (عف۔ا۔مذ) وہ امرود جس کا گودا سُرخ ہو ؛
شہیدی تربوز (لف۔مذ) نہایت پکا اور چھلکے سمیت لال تربوز ؛
شہیق (ع۔ا۔مو) گدھے کی بھاری آواز۔جو آخر میں نکلتی ہے ؛
شہیقہ (ع۔ا۔مو) کنایتہً کالی کھانسی ؛

ش ۔ ی ۔ ے

شے (ع۔مو) چیز۔لبستو ؛ واقعہ
شے لطیف (ع۔ا۔مو) سمجھ۔عقل ؛
شے مبیعہ (ع۔ف۔ا۔مو) بیچی ہوئی چیز ؛
شے متنازعہ (ع۔ف۔ا۔مو) وہ چیز جس کی بابت جھگڑا ہو ؛
شے مرہُونہ (ع۔ا۔مو) وہ شے جو رہن رکھی گئی ہو ؛
شے مکفولہ (ع۔ف۔ا۔مو) وہ شے جو ضمانت میں دی گئی ہو ؛
شے ملنا (اُر۔محاورہ) مدد ملنا۔سہارا ملنا ؛
شے (اُر۔مو) زیادتی ترقی۔افزونی برکت۔جیسے اس چیز میں کچھ شے نہیں بیاتی ؛
شیاطین (ع۔ا۔مذ) شیطان کی جمع ؛
شیاف (ع۔ا۔مذ) دوائیں جو باریک کوٹ کر آنکھوں میں اور دیگر مقامات پر لگاتے ہیں۔
شیام (س۔ا۔مذ) ایک بڑا درخت جو الہ آباد میں ہے اور جسے ہندو لوگ پوجتے ہیں ؛
شیپ یارڈ (Shipyard - انگ۔مو) جہازوں کے ٹھیک کرنے کی جگہ ؛

شیپ یارڈ

شیٹ (Sheet - انگ۔مو) کاغذ کا تختہ۔تاؤ۔پلنگ کی چادر۔دھات یا پانی کی چادر ؛
شیخ (ع۔صفت) پیر۔مُرشد۔بُزرگ۔عالم۔فاضل۔قاضی۔مفتی۔فقیہہ۔بوڑھا۔بڑا بوڑھا۔خانقاہ کا سردار۔سجادہ نشین۔مسلمانوں کی چار ذاتوں میں سے سب سے پہلی ذات۔سادات کا لقب ؛
شیخ الاسلام (ع۔ا۔مذ) مسلمانوں کا سب سے بڑا پیشوائے دین۔امام وقت ؛
شیخ الجامعہ (ع۔ا۔مذ) یونیورسٹی یا دانش گاہ کا سربراہ۔وائس چانسلر
شیخ الرئیس (ع۔ف۔مذ) بُوعلی سینا کا لقب ؛
شیخ الشیوخ (ع۔ا۔مذ) تمام عالموں اور فاضلوں کا سردار۔
شیخ پکاریں قندوری قندوری (اُر۔مثل) غرض مند کو اپنے ہی مطلب کی سوجھتی ہے ؛
شیخ جی (اُر۔مذ) شیخ قوم کے واسطے تعظیمی خطاب۔شیخ صاحب طنزاً بھی بولتے ہیں ؛
شیخ چلی (لف۔مذ) وہ شیخ جو حیلہ کشی کی کثرت سے خلق دماغ میں مبتلا ہو گیا ہو۔بیوقوف۔بودھو۔پاگل۔ایک فرضی احمق جس کے قصے بنے ہوئے ہیں ؛

شیخ چنڈال نہ چھوڑے مکھی نہ چھوڑے بال (اُر۔مثل) ہندو مکھی اور بال والی شے نہیں کھاتے مگر شیخ سب کچھ ہضم کر جاتے ہیں (طنزاً)، شیخ کاروبار میں ہندوؤں کے بھی کان کاٹتے ہیں ؛

شیخ ڈونڈوں (ہ۔محاورہ) بارش بند کرنے کا ایک ٹوٹکا۔ جاہلوں کا خیال ہے کہ کپڑے کا ایک مسافر بنا کر مینہ میں کھڑا کرنے سے بارش تھم جاتی ہے۔ اسی کا نام شیخ ڈونڈوں ہے ؛

شیخ سدو (اُر۔مذ) عورتوں کا ایک فرضی ولی۔ فرضی جن ؛

شیخ کیا جانے صابن کا بھاؤ (اُر۔مثل) بے تعلق اور بلا مناسبت کے کوئی کسی چیز کی قدر و منزلت نہیں جانتا۔ بے تعلق آدمی کسی چیز کی ماہیت اور کیفیت کو کیا جانے ؛

شیخِ وقت (ع۔مذ) اپنے زمانے کا بزرگ۔ امامِ وقت۔ فقیہہ زمان اپنے زمانے کا مُرشدِ کامل۔ اپنے زمانے کا عالم و فاضل صاحب خدمت ؛

شیخانی (اُر۔مو۔ بیائے تانیث) شیخ کی بیوی۔ شیخ قوم کی عورت ؛

شیخڑا یا شیخچہ (اُر۔مو) شیخ کی تصغیر یا تحقیر۔ ایک قوم کا نام بھی ہے۔ جو حلال خوروں سے مسلمان ہوئی ؛

شیخوخت (ع۔امو) بڑھاپا پیری۔ پچاس برس سے اُوپر۔ آخر عمر تک کا زمانہ ؛

شیخوں کی شیخی پٹھانوں کی ٹر (اُر۔مثل) شیخوں کی ڈینگ اور پٹھانوں کی جُرأت مشہور ہے ؛

شیخی (اُر۔مو) بیائے مصدری۔ لاف۔ گھمنڈ۔ تکبّر۔ غرور ؛

شیخی اور تین کانے (اُر۔مثل۔) دعویٰ۔ قمار بازی اور داؤں۔ خالی۔ شیخی ہمیشہ خالی رہا کرتی ہے۔ متکبّر آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں ؛

شیخی باز شیخی خورا (اُر۔مذ) پلپٹیا۔ ڈینگیا۔ لاف مارنے والا۔ گھمنڈی ؛

شیخی بگھارنا ۔ جتانا۔ مارنا (اُر۔محاورہ) ڈینگ مارنا۔ بڑائی جتانا۔ بزرگی کا اظہار کرنا ؛

شیخی جھڑنا یا کرکری ہونا (اُر۔محاورہ) نیچا دیکھنا۔ خفت ہونا۔ بات بگڑنا ؛

شیخی خورے سے کہا تیرا گھر جاتا / جلتا ہے (اُر۔مثل) اس شیخی خورے کہا بلا سے میری شیخی تو میرے پاس ہے } کے متعلق کہتے جو باوجود نقصان اُٹھانے کے شیخی سے باز نہ آئے ؛

شیخی سیٹھ کی دھوتی بھاڑے کی (اُر۔مثل) بے جا شیخی۔ ناداری میں بھی شیخی مارنا ؛

شیخی کا مُنہ کالا (اُر۔مثل) غرور کا سر نیچا۔ شیخی بگھارنے سے شرمندگی اُٹھانی پڑتی ہے ؛

شیخی گھسٹر جانا (اُر۔محاورہ) غرور ٹوٹنا ؛

شیخی میں آنا (اُر۔محاورہ) اترانا ؛

شیخی نکال دینا (اُر۔محاورہ) شیخی کرکری کر دینا ؛

شید (ع۔امذ) مکر۔ فریب۔ دھوکا۔ کید ؛

شیدا (ع۔امذ) عاشق۔ مجنوں۔ دیوانہ۔ سڑی۔ پاگل ؛

شیدائی (ع۔امذ) بیائے فاعلیت۔ شیدا ہونے والا۔ آشفتہ و فریفتہ ہونے والا۔ عاشق ؛

شیڈ (Shed - انگ۔امذ) سائبان۔ چھپر۔ اُسارا ؛

شیڈ (Shade - انگ۔امذ) سایہ چھاؤں۔ تیرگی۔ تاریکی۔ اندھیرا۔ کنج۔ گوشہ۔ خلوت۔ تصویر کا تاریک حصّہ۔ حفاظت۔ بچاؤ۔ آڑ۔ رنگ کا مختلف ہونا۔ باریک۔ فرق۔ سایہ۔ بھوت۔ پریت ؛

شیڈول (Schedule - انگ۔مو) فہرست۔ جدول۔ نقشہ۔ گوشوارہ ؛

شیر (ف۔امذ۔ بیائے معروف) دُودھ دہ وہ رقیق اور سفید و شیریں مادہ جو جانوروں کے تھنوں اور عورت کی چھاتیوں سے بچوں کی خوراک کے لیے نکلتا ہے ؛

شیر برنج (ف۔امو) دُودھ۔ چاول۔ کھیر ؛

شیر پیما (اُر۔ف۔مذ) آلہ جس سے دُودھ کے خالص ہونے کا امتحان کیا جاتا ہے ؛

شیر خورہ یا شیر خوار (ف۔صفت۔ ترکیب فاعلی) دُودھ پیتا بچہ۔ رضیع ؛

شیر خوارگی (ف۔ا۔مذ) وہ عمر جس میں بچہ دُودھ پیتا ہے ؛

شیر گرم (ف۔مو) گرم دُودھ۔ آہستہ آہستہ پینے کے قابل دُودھ۔ نیم گرم ایسا گرم جیسا کہ تھنوں سے نکلا ہوا تازہ دُودھ ہوتا ہے۔ کنکنا۔ ریل گرم ؛

شیر مادر (ف۔مذ) ماں کا دُودھ۔ جائز۔ مباح۔ حلال چیز ؛

شیر مال (ف۔امو) ایک قسم کی روغنی خمیری روٹی۔ جس پر پکاتے وقت دودھ کا چھینٹا دیا جاتا ہے (شیر اور مال از مالیدن سے مرکب) ؛

شیر و شکر (ف۔صفت) دُودھ اور بتاشے کی طرح ملا ہوا۔ بالکل الگ نہ ہونے والے۔ ایک جان دو قالب۔ گاڑھا دوست۔ جانی دوست۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ؛

شیر و شکر ہونا (اُر۔محاورہ) بالکل گھل مل جانا۔ نہایت مانوس ہونا ؛

شیر (ف۔امذ) ایک مشہور درندہ جانور ہے۔ باگھ۔ بگھیلا۔ اسد۔ سنگھ

ببر۔ حیدر (بحالت صفت) بہادر آدمی۔ دلاور۔ جری۔ سُور۔ ما۔ سُور ببر۔ غالب۔ زبر۔ توانا۔ طاقتور۔ بے پروا۔ مستغنی۔ جیسے اس کا دل شیر ہے (یہ لفظ بیائے مجہول ہے) ؛

شیر آبی (ف۔مذ) دریائی شیر۔ گرچھ۔ گھڑیال۔ نہنگ۔ نا کا۔ مگرمچھ ؛

شیر آسمان (ف۔ا۔مذ) بُرج اسد۔ سورج ؛

شیر افگن (ف۔صفت) بہادر۔ دلیر۔ شجاع۔ شیر مار ؛

شیر اندام (ف۔صفت) وہ جوان جس کا سینہ چوڑا اور کمر پتلی ہو ؛

شیر ببر (ف) کہری۔ کیسری۔ ایک کا شیر جو افریقہ میں ہوتا ہے۔ جس کی گردن پر گھوڑے کی طرح ایال ہوتی ہے ؛

شیر بچہ (ف۔مذ) شیر کا بچہ۔ ایک قسم کی چھوٹی بندوق ؛

شیر بکری ایک گھاٹ میں پانی پیتے ہیں (اُر۔مثل) نہایت امن اور انصاف کی تعریف میں کہا جاتا ہے ؛

شیر خدا (ف۔امذ) حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا لقب۔ اسد اللہ ؛

شیر دل (ف۔صفت) بہادر۔ شجاع۔ دلیر ؛

شیر دہان (ف۔امذ) شیر کے مُنہ کی صورت سی جو پانی گرنے کی جگہ لگاتے

ہیں بڑے کلّے اور جبڑے والا آدمی۔ ایک قسم کا عصا۔ ایک طرح کی بندوق۔ وہ مکان جو دروازے کی طرف زیادہ چوڑا اور پیچھے کی طرف سے کم ہو ؛

شیر زن (ف۔صفت) شیرنی۔ بہادر عورت۔ شیر مارنے والا ؛

شیر قالین۔ یا شیر قالی (ف+ مذ) قالین پر بنی ہوئی شیر کی تصویر دیکھنے میں خوب موٹا تازہ اور بہادری میں بزدل آدمی۔ بہادری کی شیخی بگھارنے والا آدمی ؛

شیر قالین دیگر نیستاں و گر است } (ف۔اُر مثل) بہادری کا
شیر قالین اور ہے شیر نیستاں اور ہے } اظہار کرنا اور چیز ہے اور بہادری اور چیز ؛

شیر کا ایک ہی بھلا (اُر مثل) نیکوں کا ایک ہی بچہ کافی ہے ؛

شیر کا بال (اُر۔مذ) مجازاً زہر ہلاہل۔ زہر قاتل ؛

شیر کا بال کھلانا (اُر محاورہ) کسی شخص کو مارنے کے لیے شیر کی مونچھ کا بال کھلانا ؛

شیر کا بُرقع (اُر۔مذ) فقیری۔ درویشی۔ بوجہ نسبت بہ حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ

شیر کا جھوٹا گیدڑ کھائیں (اُر مثل) امیر آدمیوں کے دم سے کئی غریب پلتے ہیں ؛

شیر کرنا (اُر۔ محاورہ) بڑھانا۔ کسی کو کسی پر دلیر کرنا۔ اُکسانا۔ آگے بڑھانا ؛

شیر کی آنکھ دیکھنا (اُر۔محاورہ) غضب کی آنکھوں سے دیکھنا۔ دشمنی سے دیکھنا ؛

شیر کی خالہ (ف۔امو) بلی ؛

شیر کھائے نہ کھائے مُنہ لال (اُر مثل) بدنام آدمی پر سب الزام لگ جاتے ہیں ؛

شیر کے بُرقعہ میں چھپکلی کھاتے ہیں (اُر محاورہ) باطن ظاہر کے خلاف ہے۔ امیر ہو کر ذرا سے لالچ پر گر پڑتے ہیں ؛

شیر کے کان (اُر۔مذ) بھنگ چھاننے کی صافی ؛

شیر کے مُنہ سے شکار لینا (اُر محاورہ) زبردست سے کوئی چیز لینا ؛

شیر کے مُنہ میں جانا (اُر محاورہ) خطرے کی جگہ پر جانا۔ اپنی جان خطرے میں ڈالنا ؛

شیر مارنا (اُر محاورہ) بڑی جوانمردی اور بہادری کا کام کرنا ؛

شیر مرد (ف۔صفت) بہادر آدمی۔ دلاور۔ دلیر۔ جری۔ عارف۔ کامل ؛

شیر ماہی (اُر۔امو) ایک قسم کی مچھلی ؛

شیر مگس (ف۔امذ) مکھڑی ؛

شیر نیستاں (ف۔صفت) جنگلی شیر۔ بڑا بہادر ؛

شیر ہونا (ف۔فعل) دلیر ہونا۔ غالب ہونا۔ تیز ہونا۔ زبردست ہونا ؛

شیر یزدان (ف۔ا۔مذ) حضرت علیؓ کا لقب۔ خدا کا شیر ؛

شیروں کے مُنہ چڑھنا (اُر محاورہ) بہادروں کے مقابلے میں آنا ؛

شیرہ (انگ۔امذ) حصہ۔ جزو۔ پتی۔ بسا جھا۔ بانٹ۔ تقسیم ؛

شیر ہولڈر (انگ۔امذ) شریک۔ ساجھی۔ حصہ دار۔ پتی دار ؛

شیراز (ف۔مذ) ایران کے ایک مشہور شہر کا نام ہے۔ جہاں کے خواجہ حافظ اور سعدی شیرازی ہوئے ہیں ؛

شیرازی (ف۔مو۔ بیائے نسبتی) شیراز کا رہنے والا۔ شیراز کا بنا ہوا ؛

شیرازہ ۵ (ف۔مذ) وہ فیتہ جو کتاب کی جزو بندی کرنے کے بعد پشتے کے دونوں طرف لگا دیتے ہیں ؛

شیرازہ بندی (ف۔مو۔ بیائے مصدری) جلد بندی۔ انتظام۔ بندوبست ؛

شیرازہ بکھرنا } (اُر فعل) انتظام۔ خراب ہونا۔ ابتری ہونا۔
شیرازہ کھلنا۔ ٹوٹنا } بندوبست نہ رہنا۔ ٹانکا ٹوٹنا سلائی خراب ہونا ؛

شیر خشت (معرب۔ از شیر خشک) ایک میٹھی دست آور دوا کا نام ہے۔ جو شبنم کی طرح درخت کے پتوں اور پتھروں پر ملک خراسان میں جمتی ہے ؛

شیرنی (اُر بیائے اول مجہول) اسم مونث۔ شیر کی مادہ ؛

شیرنی (اُر۔مو) بیائے اول معروف) شیرینی کا بگاڑ اور مخفف۔ شیروں سے شکار اور کوّوں سے بڑے ہاتھ نہیں آتے۔ (اُر مثل) چالاک اور زبردست پر بس نہیں چلتا ؛

شیروں کا مُنہ کس نے دھویا ہے (اُر مثل) بچوں کا مُنہ دھوئے بغیر کھانا کھانے کے وقت بولتے ہیں ؛

شیروں کے شیر کی ہوتے ہیں (اُر مثل) بہادروں کی اولاد بہادر ہوتی ہے ؛

شیرہ ۵ (ف۔مذ) شربت۔ چاشنی۔ رس۔ قوام۔ تمباکو میں ڈالنے کا پتلا گڑ۔ راب ؛

شیریں (ف۔صفت) برین نسبتی۔ میٹھا۔ خوشگوار۔ شیر سے نسبت رکھنے والا۔ عزیز پیارا۔ جیسے جانِ شیریں۔ نرم کلام۔ ملائم۔ رسیلا۔ (بصورت اسم مؤنث) فرہاد کی معشوقہ۔ خسرو پرویز کی بیوی کا نام ہے ؛

شیریں ادا (ف۔صفت) وہ جس کی ادائیں پسند ہوں۔ اچھی اداؤں والا ؛

شیریں بیاں (ف۔صفت) خوش بیاں۔ خوش کلام ؛

شیریں دہاں (دہن) (ف۔صفت) میٹھی باتیں کرنے والا۔ جس کا بوسہ لیتے لطف آئے ؛

شیریں زباں یا شیریں کلام (ف۔صفت) مٹھ بولا۔ خوش کلام۔ فصیح ؛

شیریں نہ شود دہن بحلوا گفتن (ف۔مثل) کسی چیز کا نام لینے سے اس کا مزہ نہیں آتا ؛

شیرینی (ف۔مو۔ بیائے مصدری) مٹھاس۔ مزا۔ سواد۔ لذت۔ لطف ؛

شیشہ (ف۔امذ) شیشے کا مخفف۔ بطور سابقہ استعمال ہوتا ہے۔ جیسے شیشہ محل۔

شیشم۔ (اُر۔مو و مذ) اس درخت کی لکڑی نہایت مضبوط اور خوش رنگ ہوتی ہے ؛

شیش محل (اُر۔مذ) امیروں کا وہ مکان جس میں چاروں طرف شیشے لگے ہوں ؛



شیشہ

شیش محل کا کُتا (اُر محاورہ) باؤلا کتا۔ بدحواس۔ گھبرایا ہوا۔ دیوانہ آدمی۔ پاگل۔ مجنوں۔ سودائی ؛

شِیش ناگ (س۔ا۔مذ) دیکھو شیش ناگ۔ بہت زہریلا سانپ۔

شیشہ (ف۔ا۔مذ) کانچ۔ کاچ۔ آبگینہ۔ زجاج ؛

شیشہ باز (ف۔ صف) شعبدہ باز۔ رقاصوں کا ایک گروہ۔ ٹھگ۔ مکار ؛

شیشہ بشکستہ را پیوند کردن مُشکل است (ف۔ مثل) ٹوٹے ہوئے شیشے کو جوڑنا مشکل ہے۔ اسی طرح جب دل میں کسی قسم کا میل آجائے تو صفائی مُشکل ہو جاتی ہے ؛

شیشہ دکھانا (اُر) آئینہ دکھانا ؛

شیشۂ دِل چُور کرنا (اُر۔ محاورہ) رنج پہنچانا۔ دُکھ دینا ؛

شیشہ دکھائی (ف۔ا۔مو) وہ انعام جو نائی لوگ تیج تیوہار کو شیسہ دکھا کر لیتے ہیں ؛

شیشہ ساعت (فع۔ا۔مو) ریت۔ گھڑی۔ دھرم گھڑی ؛

شیشہ گر (ف۔ا۔مذ۔ فاعل) شیشہ بنانے والا۔ شیشے کی چیزیں بنانے والا ؛

شیشی (اُر۔مو بیائے تصغیر) شیشے کا چھوٹا سا ٹکڑا۔ چھوٹی سی بوتل۔ ننھی سی بوتل ؛

شیشی سُنگھانا (اُر۔ فعل) بیہوشی کی دوائی سنگھانا۔ کلوروفارم سُنگھانا ؛

شیشے کا دیو (اُر۔مذ) مجازاً شراب۔ مے۔ بادہ۔ صہبا ؛

شیشے میں اُتارنا (اُر۔ محاورہ) مسخر کرنا۔ قابو میں لانا۔ یار بنانا۔ غصہ سے دھیما کرنا۔ جن بھوت کو قابو میں کرنا۔ مقید کرنا۔ بس میں کرنا۔ قابو میں کرنا۔ ملائم کرنا۔ ٹھنڈا کرنا۔ موہنا۔ فریفتہ کرنا۔ اپنی طرف رجوع کر لینا۔ مائل کر لینا ؛

شیشے میں ڈھالنا (اُر۔ محاورہ) مطیع کرنا۔ مسخر کرنا ؛

شیطان (ع۔صفت) لغوی معنی مخالفت کرنے والا۔ مجازاً سرکش۔ نافرمان۔ دماغی ناپاک۔ پلید۔ بدکار۔ خبیث۔ شریر۔ بدذات۔ فسادی۔ مفسد۔ مُتفنّی۔ بہکانے والا۔ گمراہ کرنے والا۔ مردود۔ نکالا ہوا۔ گمراہ۔ بدراہ۔ بدخواہ۔ لڑائی کرا دینے والا۔ بہتان۔ تہمت۔ جیسے طوفان شیطان سے خدا بچائے۔ غصّہ۔ غضب جیسے اسے تو شیطان آ چڑھا۔ ایک ناری مخلوق۔ ابلیس نام جو کثرت عبادت سے نوری مخلوق فرشتوں کا اُستاد ہو گیا تھا اور حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ نہ کرنے کے باعث درگاہِ ایزدی رانندہ گیا۔ جھگڑا۔ فساد۔ جن بھوت۔ دیو ؛

شیطان اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) بہتان باندھنا۔ تہمت لگانا۔ طوفان اُٹھانا۔ بکھیڑا کھڑا کر دینا۔ ہنگامہ برپا کر دینا ؛

شیطان اُچھلنا (اُر محاورہ) شرارت سوجھنا ؛

شیطان چڑھنا / **شیطان سر پہ چڑھنا** (اُر۔ محاورہ) غصہ یا ضد چڑھنا۔ بدی کا سر پر سوار ہو جانا۔ جن بھوت کا سر پر سوار ہو جانا۔ شرارت کی سوجھنا ؛

شیطان چوکڑی (اُر۔ محاورہ) چنڈال چوکڑی۔ بھتنوں کی جماعت۔ شریر لڑکوں کی ٹولی۔ بدذاتوں کا گروہ ؛

شیطان سے زیادہ مشہور (اُر محاورہ) بہت بدنام۔ رسوائے خلق (مذاقیہ) نہایت مشہور ؛

شیطان کا امان مانگنا (اُر محاورہ) ایسا شریر ہونا کہ شیطان بھی پناہ مانگے ؛

شیطان کا کان میں پھونک دینا (اُر۔ محاورہ) شیطان کا کسی شخص کو بہکا دینا۔ شیطان کا کسی آدمی کو مغرور و متکبر بنا دینا ؛

شیطان کا دھکا (اُر۔ محاورہ) شیطان کی طرف کا صدمہ۔ شیطانی مار ؛

شیطان کو آتے دیر نہیں لگتی (اُر۔ محاورہ) جھگڑا ہوتے دیر نہیں لگتی۔ شیطان سے ڈرتے رہنا چاہیے۔ غصہ آتے دیر نہیں لگتی ؛

شیطان کا لشکر (محاورہ) گروہِ شیطان۔ لڑکے۔ لونڈے۔ بچے ؛

شیطان کی آنت (محاورہ) بہت لمبی چیز۔ نہایت دراز۔ طویل۔ قصہ جی کو اُکتا دینے والی کہانی۔

شیطان کی چھڑی (محاورہ) رسوائی کا نشان ؛

شیطان کی خالہ (اُر۔مو) لڑائی کروا دینے والی عورت ؛

شیطان کے کان بہرے (اُر۔ محاورہ) اصل میں تو خدا کرے چغل خور کے کان تک یہ بات نہ پہنچے ہے۔ مجاز خدا کرے یہ بات جھوٹ ہو ؛

شیطان کے گھر ولی (اُر۔ مثل) نالائق کے گھر نیک اولاد ؛

شیطان کے کان کاٹنا (اُر۔ محاورہ) شیطان سے بھی بڑھ کر شریر ہونا ؛

شیطان کو بھی مات کرنا ؛

شیطان نے لڑکوں سے پناہ مانگی تھی (اُر۔ مثل) لڑکے شیطان سے بھی زیادہ شریر ہوتے ہیں۔

شیطان مجسّم (ع۔ مذ) سر سے پاؤں تک شرارت میں بھرا ہوا۔ نہایت بدآدمی۔ پرلے درجے کا فسادی ؛

شیطان ہر جگہ موجود ہے (اُر مثل) گناہ کا سامان ہر جگہ موجود ہے۔ دین و ایمان سے کوئی جگہ خالی نہیں ؛

شیطان ہونا (اُر۔ محاورہ) شریر اور دنگئی ہونا۔ فسادی ہونا ؛

شیطانی (اُر صفت بیائے نسبتی) شیطان سے منسوب۔ شیطان کا۔ احتلام۔ بدخوابی ؛

شیطانی چرخہ (اُر۔ ا۔مذ) بُری چیز یا بُرا شخص ؛

شیطانی وسوسہ (اُر۔مذ) خیالاتِ فاسدہ۔ بے دینی کا خیال۔ باطل خیالات

شیطنت (ع۔مو) شرارت۔ بدکاری۔ خبث۔ سرکشی۔ فساد۔ مخالفت ؛

شیعہ (ع۔ا۔مذ) مددگار۔ محمّد۔ معاون۔ پیرِ مقلّد۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ اور ان کی اولاد کا دوستدار۔ اور باقی خلفاء کا مخالف آدمی یا گروہ۔

شیعی (ع۔صفت) شیعہ فرقہ سے منسوب ؛

شیفتگی (ف۔مو۔ بیائے مصدری) حیرانی۔ مدہوشی۔ بے خبری ؛

شیفتہ (ف۔صفت) عاشق۔ فریفتہ۔ پریشان۔ دیوانہ ؛

شیلڈ (Shield ۔ انگ۔ ا۔مو) سپر۔ ڈھال۔ انعامی نشان ؛

شیلف (Shelf ۔ انگ۔ ا۔مو) طاق۔ الماری۔ خانہ ؛

شِیم (ع۔ا۔مو) شیمہ۔ عادتیں۔ خصلتیں ؛

شین (ع۔ مذ) (دیکھو شین) یہ لفظ بیائے معروف ہے ؛ دوڑنے والا آدمی ؛

شین و قاف درست ہونا (اُر۔ فعل) زبان کا تلفظ درست ہونا ؛

شین کے سر پے لگانا (اُر۔ فعل) حرف شین کو موقع بے موقعہ بکثرت بولنا۔

شین (ع) بفتح شین معجمہ اسم مذکر۔ شور۔ بُرائی۔ عیب ؛

شیو (Shave ۔ انگ۔ ا۔ مذ) حجامت ؛

شیوا (ف) بیائے مجہول اسم صفت۔ فصیح و بلیغ۔ خوش بیان ؛

شیوا بیان (ف۔صفت) تیز بیان۔ خوش بیان۔ فصیح و بلیغ ؛
شیوخ (ع۔ا۔مذ) شیخ کی جمع ؛
شیوخت (ع۔ا۔مو) بڑھاپا ؛
شیوع (ع۔ا۔مذ) ظاہر ہونا۔ جاری ہونا۔ پھیلنا۔ اشاعت ؛
شیون (ف۔مذ۔بیائے مجہول و واؤ مفتوح) نوحہ۔ نالہ و آہ۔ ماتم و فریاد۔ رنج۔ دکھ۔ صدمہ ؛
شیون (ع۔مو) شان کی جمع۔ بہت سے ٹھاٹھ باٹھ
شیوہ (ف۔مذ۔بیائے مجہول و واؤ مفتوح) ناز۔ انداز کرشمہ۔ طور۔ طرز۔ طریقہ۔ دستور۔ عمل۔ ڈھنگ۔ طریق ؛
شیوہ گر (ف۔صفت) ناز و نخرے کرنے والا۔ عشوہ گر ؛



شیڈ



شو



شیپ

شارک



شطرنج اور مہرے



شطرنج کی چالیں



شطرنج کی چالیں



ص (ع ۔ مذ) اُردو کا بیسواں۔ فارسی کا سترھواں اور عربی کا چودھواں حرف ہے۔ حساب جمل میں اس کے نوے عدد نوے فرض کئے گئے ہیں۔

ص ۔ ا

صابر (ع ۔ صفت) صبر کرنے والا۔ متحمل۔ بُردبار۔ مصیبت یا صدمہ کو سہہ جانے والا۔ حضرت ایوبؑ پیغمبر علیہ السلام کا لقب جن کا صبر مشہور عالم ہے ؛

صابری (ع ۔ ف ۔ ا۔مو) صابر سے منسوب۔ فقراء کا ایک گروہ جو حضرت سید علاؤالدین علی احمد صابر کلیری سے منسوب ہو۔

صابُن یا صابُون (اُ۔ مذ) تیل، سجی اور میدے کا ایک مرکب جس سے مُنہ اور کپڑے دھوئے جاتے ہیں ؛

صابُن دانی (اُ۔ ا۔مو) وہ ظرف جس میں صابُن رکھتے ہیں ؛

صابُن سا گھُلنا (اُ۔ محاورہ) مُنہ کا مزہ پھیکا ہونا ؛

صابُن کے مُول پڑنا (اُ۔ محاورہ) بہت جوتیاں پڑنا ؛

صابی (ع ۔ ا۔ مذ) ایک دین سے پھر کر دوسرے دین میں جانا ؛

صاحب (ع ۔ ا۔مذ) یار، دوست۔ مددگار۔ ساتھی۔ مالک۔ آقا۔ پتی۔ حاکم۔ خدا تعالےٰ۔ پرمیشور۔ ایشور۔ علامت۔ اسم فاعل۔ سابقہ بمعنی والا۔ جیسے صاحب علم ؛

صاحب الغرض مجنوں (ع ۔ مثل) غرض مند دیوانہ ہوتا ہے ؛

صاحبِ اختیار (ع ۔ صفت فاعلی) حکومت والا۔ خود مختار۔ مطلق العنان۔ اختیار والا۔ آزاد ؛

صاحبِ اخلاق (ع ۔ صفت فاعلی) خلیق۔ نیک عادات والا۔ خوش اخلاق ؛

صاحبِ ادراک (ع ۔ صفت) عقلمند۔ دانا ؛

صاحبِ استعداد (ع ۔ صفت) قابل۔ لائق ؛

صاحبِ اقتدار (ع ۔ صفت) با اختیار ؛

صاحبِ اقبال (ع ۔ صفت فاعلی) نصیبے والا۔ نیک نصیب۔ نیک اختر۔ بھاگوان ؛

صاحبِ تخت (عف ۔ا۔مذ) بادشاہ۔ گدی نشین۔ تخت پر بیٹھنے والا۔ تخت کا مالک ؛

صاحبِ تدبیر (ع ۔ صفت فاعلی) عقلمند۔ مدبر۔ ہوشیار۔ تجربہ کار ؛

صاحبِ تمیز (ع ۔ صفت فاعلی) سگھڑ۔ سلیقہ والا۔ تمیز دار۔ ذی شعور۔ باشعور۔ باسلیقہ ؛

صاحبِ جاگیر
صاحبِ جائداد
صاحبِ حیثیت (عف ۔ صفت ۔ مذ) امیر۔ جاگیر والا۔ دولت مند۔ ذی عزت۔ زمیندار۔ ٹھاکر۔ مالک اراضی ؛

صاحبِ جمال (ع ۔ صفت) خوبصورت۔ حسین و جمیل ؛

صاحبِ جیش (ع ۔ صفت) فوج کا کمانڈر۔ انچیف۔ جرنیل ؛

صاحبِ حیثیت (ع ۔ صفت) جائداد کا مالک۔ دولت مند۔ معزز ؛

صاحبِ حوت (ع ۔ صفت) حضرت یونسؑ۔ ستارۂ زحل ؛

صاحبِ خانہ (عف ۔ مذ) گھر والا۔ میزبان۔ مہماندار ؛

صاحبِ دِل (عف ۔ مذ۔ صفت فاعلی) عارف۔ پارسا۔ خدا شناس۔ ولی ؛

صاحبِ دیوان (ف ۔ صفت) وہ شاعر جس کے کلام کا مجموعہ مرتب یا شائع ہو چکا ہو ؛

صاحبِ ذوق (ع ۔ صفت) شوقین۔ عاشق مزاج۔ صاحب حال۔ عارف ۔ کامل ؛

صاحب زادہ (عف ۔ مذ) شریف زادہ۔ رئیس کا بیٹا۔ بیٹا۔ لڑکا۔ پسر۔ پیر زادہ۔ کسی بزرگ دین کی اولاد۔ نوجوان۔ ناتجربہ کار ؛

صاحب زادی (اُ۔مو) بیٹی۔ دُختر ؛

صاحبِ زبان (ع ۔ ف ۔ صفت) زبان کا ماہر۔ زبان

صاحبِ زر (ع ۔ ف ۔ صفت) امیر۔ دولت والا۔ مال دار

صاحب سلامت (اُ۔مو) آشنائی۔ واقفیت۔ جان پہچان۔

علیک سلیک ۔ ملاقات ۔ ربط ضبط ؛
صاحبِ سلیقہ (ع ۔ صفت) صاحب تمیز ۔ ہنرمند ؛
صاحبِ ظرف (ع ۔ صفت) عالی حوصلہ ؛
صاحبِ فراش (عف ۔ صفت) بستر سے نہ اُٹھ سکنے والا بیمار ۔ چارپائی پر ہی لیٹے رہنے والا مریض ؛
صاحبِ فہم و فراست (ع ۔ صفت) عقلمند ۔ دانا ۔ فہیم ؛
صاحبِ عالم (اُر ۔ مذ) دہلی کے شہزادوں کا لقب ؛
صاحبِ عرفاں (ع ۔ صفت) عقلمند ۔ دانا ۔ فہیم ؛
صاحبِ غرض (ع ۔ صفت) غرض مند ۔ خود غرض ؛
صاحبِ قراں (ع ۔ ا ۔ مذ) وہ شخص جس کی ولادت کے وقت سات سیارے ایک ہی برج میں جمع ہوں ۔ یعنی زہرہ و مشتری ۔ مجازاً بہت ہی نیک بخت ۔ خوش نصیب ۔ فتح مند ۔ امیر تیمور کا خطاب ۔
صاحبِ قلم (ع ۔ ا ۔ مذ) ادیب ۔ شاعر ۔ مصنف ؛
صاحبِ قیافہ (ع ۔ صفت) عقل مند ۔ دانا ۔ سمجھدار ؛
صاحبِ کتاب (ع ۔ صفت) وہ پیغمبر جس پر کوئی آسمانی کتاب اُتری ہو ؛
صاحبِ کرم (ع ۔ صفت) فیاض ۔ سخی ۔ داتا ؛
صاحبِ کمال (ع ۔ صفت فاعلی) کامل ۔ ماہر ۔ عارف کامل ۔ ولی ۔ سادھو ۔ سنت ؛
صاحب لوگ (اُر ۔ مذ) یورپین لوگ ۔ فرنگی ؛
صاحبِ لولاک (ع ۔ مذ) جناب پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ؛
صاحبِ مقدور (ع ۔ صفت) امیر ۔ دولت مند ۔ مالدار ؛
صاحبِ من (عف ۔ ا ۔ مذ) میرے صاحب ۔ سرباغم ۔ جناب من (القاب اور تکیہ کلام کے الفاظ ہیں) ؛
صاحبِ منزلت (ع ۔ صفت) عزت دار ۔ عہدیدار ؛
صاحبِ نظر (ع ۔ صفت) دانا ۔ دُور اندیش ؛
صاحبِ نسبت (ع ۔ ا ۔ مذ) عارف کامل ۔ خدا سے لگاؤ رکھنے والا ؛
صاحبِ نصیب (ع ۔ مذ) خوش نصیب ۔ خوش قسمت ۔ طنزاً بدنصیب ؛
صاحبِ وقار (ع ۔ صفت) وہ جسکا وقار ہو ؛
صاحبِ وقوف (ع ۔ صفت) عقلمند ۔ نازدار واقف ؛
صاحبان (ف ۔ ا ۔ مذ) صاحب کی جمع ؛
صاحبو (اُر ۔ مذ) کلمۂ خطاب یعنی اے حضرات ۔ اے حاضرینِ جلسہ ؛
صاحبہ (ع ۔ بیائے تانیث) صاحب کی مؤنث ۔ جنابہ
صاحبی (ف ۔ ا ۔ مذ) حکومت ۔ عہدہ ۔ دور دورا ۔ امیری ۔ عالی دماغی ۔ نازک مزاجی ۔ بے پروائی ؛
صاد (ع ۔ مذ و مو) عربی کا چودھواں حرف ۔ منظوری کی علامت ۔ صحیح ہونے کی علامت ۔ تصدیق و اقرار کی نشانی ۔ قرآن شریف کی اڑتیسویں سورت کا نام ۔ تشبیہ کے طور پر آنکھ اور چشم ؛
صاد بنانا (اُر ۔ محاورہ) ص لکھنا ۔ صحیح قرار دینا ؛
صاد کرنا (اُر ۔ محاورہ) تصدیق کرنا ۔ منظور کرنا ۔ صحیح ماننا ۔ تعریف کرنا ۔
صاد لکھنا دستخط کرنا ؛

صادر (ع ۔ فاعل ۔ مفید صفت) نکلنے والا ۔ کسی جگہ سے باہر آنے والا ۔ واپس پھرنے والا ۔ نافذ ہونے والا ۔ جاری ہونے والا ؛
صادر کرنا (اُر ۔ فعل) جاری کرنا ۔ نافذ کرنا ۔ کوئی حکم یا قانون پاس کرنا ؛
صادر و وارد یا وارد و صادر (ع ۔ مذ) آتا جاتا مسافر ۔ آیا گیا مہمان ؛
صادر ہونا (محاورہ) جاری ہونا ۔ نکلنا ۔ پاس ہونا ۔ واقع ہونا ۔ پیش ہونا ۔ پہنچنا ۔ نازل ہونا ۔ جیسے نامہ وارد صادر ہوا ۔
صادق (ع ۔ فاعل مفید صفت) سچا ۔ سیتا والا ۔ سچ بولنے والا ۔ راست گو ۔ انصاف کی بات کہنے والا ۔ وفادار ۔ وعدہ پورا کرنے والا ۔ ٹھیک ۔ موزوں ؛
صادق الاعتقاد (ع ۔ صفت) بات کا پورا ۔ وعدے کا سچا ۔ دُرست ہونا ؛
صادق القول (ع ۔ صفت) بات کا پورا ۔ وعدے کا سچا ۔ وفادار ؛
صادق آنا (اُر ۔ فعل) دُرست بیٹھنا ۔ عین منطبق ہونا ۔ ٹھیک ہونا ۔ دُرست ہونا ؛
صادقانہ (ع ۔ صفت) سچے طور پر ۔ وفاداری سے ؛
صارف (ع ۔ صفت) خرچ کرنے والا ۔ وہ شخص جو کسی چیز کو استعمال کرے ۔ جمع صارفین ؛
صارم (ع ۔ ف ۔ و ۔ ا ۔ مذ) تلوار کاٹ والی ۔ بہادر آدمی ؛
صاع (ع ۔ ا ۔ مذ) ۲۴۳ تولے کا ایک وزن ؛
صاعقہ (ع ۔ مو) برق ۔ بجلی ؛
صاف (ع ۔ صفت) کھرا ۔ نرمل ۔ بے عیب ۔ خالص ۔ کورا ۔ بے داغ ۔ بے گناہ ۔ پاک ۔ بے لوث ۔ بے لاگ ۔ برابر ۔ ہموار ۔ مصفا ۔ اُجلا ۔ سہل ۔ آسان ۔ ہو ہو ۔ بعینہٖ ۔ عین بعین ۔ چکنا ۔ ریشم یا کاغذ جیسا ۔ بالکل قطعی ۔ بالکل پورا پورا ۔ بے کدورت ۔ بے روک ۔ بے اٹک ۔ سادہ رو ۔ بے بال ۔ ٹھیک ۔ درست ۔ واضح ۔ مفصل ۔ سیدھا ۔ سچا ۔ ظاہر عیاں ۔ آشکارا ۔ پڑھا جانے کے قابل ۔ نتھرا ہوا ۔ مقطر ۔ مانجھا ہوا ۔ رگڑا ہوا ۔ صیقل کیا ہوا ۔ بے گرد و غبار ؛
صاف اُڑا جانا (اُر ۔ محاورہ) بالکل ٹال دینا ؛
صاف اُڑا لانا (اُر ۔ محاورہ) اس طرح لے آنا کہ کسی کو کانوں کان خبر نہ ہو ؛
صاف الگ کر دینا (اُر ۔ محاورہ) بالکل علیحدہ کر دینا ؛
صاف انکار کرنا ؛ بالکل جواب دے دینا ۔ قطعی انکار کر دینا ؛
صاف بات (اُ ۔ مو) آزادانہ رائے ۔ بے لاگ بات ؛
صاف جواب دینا ؛ بالکل انکار کر دینا ۔ دوٹوک جواب دینا ؛
صاف رہ بے باک رہ (اُر ۔ مثل) حساب ٹھیک رکھ پھر تجھے کسی کا ڈر نہیں ہوگا ؛
صاف چھوٹنا (اُ ۔ فعل) بَری ہونا ۔ بے قصور بن کر رہائی پانا ؛
صاف دل (عف ۔ صفت) بے کپٹ ۔ بے کینہ آدمی ۔ بے ریا ۔ سینہ صاف ؛
صاف دیدہ (عف ۔ صفت فاعلی) بے حیا ۔ بے غیرت ۔ بے شرم ۔
صاف رہنا (اُر ۔ محاورہ) اُجلا رہنا ۔ پاک رہنا ۔ نجاست نہ لگنے دینا ۔ دیانت اور ایمانداری سے رہنا ۔ بھوکا رہنا ۔ کچھ نہ کھانا ؛
صاف شفاف (ع ۔ صفت) جس سے آر پار دکھائی دے ؛
صاف صاف (ع ۔ صفت) کھری کھری کوری کوری ۔ بے لاگ ۔ علانیہ ۔ کھلم کھلا ؛

صاف صاف کہنا (محاورہ) کھُلی کھلی کہنا۔ علانیہ کہنا۔ بے لاگ کہنا۔ کھری کھری کہنا ؛

صاف کرنا یا کر دینا (اُر۔ محاورہ) دھونا۔ میل نکالنا۔ کوڑا کرکٹ دور کرنا۔ نقل کرنا۔ مسودہ کو ٹھیک کرکے خوشخط لکھنا۔ جنگل کاٹ کر میدان بنانا۔ چٹ کرنا۔ اُڑا دینا۔ جھاڑ دینا۔ مشق کرنا۔ مُنہ کا مزہ ٹھیک کرنا۔ مذبوحہ جانور کو بنانا۔ بالکل تباہ کر دینا۔ برباد کر دینا۔ ویران کرنا۔ اُجاڑنا۔ مارنا۔ قتل کرنا۔ روانی حاصل کرنا۔ جیسے ہاتھ صاف کرنا ؛

صاف صاف سُنانا (اُر۔ محاورہ) کھری کھری سُنانا۔ بے نقط سُنانا۔ گالیاں دینا ؛

صاف گزرنا یا بیتنا (اُر۔ محاورہ) بالکل کھانے کو نہ ملنا۔ فاقہ گزرنا ؛

صاف گو (عف۔ صفت) سچّی کھری کہنے والا ؛

صاف نکل جانا (اُر۔ محاورہ) کسی خطرناک جگہ یا صدمہ یا نقصان سے بالکل بچ کر نکل جانا۔ خطرے سے پُورے طور پر بچ نکلنا ؛

صاف مُنہ پر کہنا (اُر۔ محاورہ) کسی کے خلاف اس کے سامنے اعلانیہ کہنا ؛

صاف میدان (عف۔ اِمذ) ایسا میدان جس میں کوئی جھاڑی ٹیلا نہ ہو ؛

صاف میدان پانا (اُر۔ محاورہ) تنہائی پانا ؛ مشق ہونا۔ کامل ہونا۔ بال مونڈے جانا۔ جنگل کاٹا جانا۔ بادلوں کا دُور ہونا۔ آسمان کا کھُل جانا۔ بیباق ہو جانا۔ دُرست کرکے لکھا جانا ؛

صافہ (لُغ۔ اِمذ) سر پر باندھنے کا پٹکا۔ پگڑی۔ شکاری جانور کو شکار کے لیے بھُوکا رکھنا ؛

صافہ دینا۔ (اُر۔ فعل) فاقہ دینا۔ بھُوکا رکھنا ؛

صافر (ع۔ اِمذ) گانے والا۔ وہ شخص جو بین یا سیٹی بجائے۔ ایک خاص پرندہ ؛

صافن (ع۔ اِمذ) پاؤں کی ایک رگ جو ٹخنے سے انگوٹھے کو جاتی ہے ؛

صافی (ع۔ مو۔ بیائے فاعلیت) بے ریا۔ صاف۔ کھرا۔ دُرست مال۔ چھاننے کا کپڑا۔ وہ کپڑا جس سے باورچی وغیرہ دیگ تانتے ہیں ؛

صاقل (ع۔ صفت) صیقل کرنے والا۔ مانجھنے والا ؛

صالح (ع۔ فاعل مفید صفت) نیک پرہیزگار۔ پارسا۔ ایک مشہور پیغمبر کا نام بھی ہے ؛

صالحات (ع۔ ا۔ مو) صالحہ کی جمع۔ نیک عورتیں۔ اچھے کام ؛

صالحہ (ع۔ صفت مو) نیک عورت۔ پارسا عورت۔ پاکدامن بی بی ؛

صامت (ع۔ صفت) چُپ۔ خاموش۔ گونگا ؛

صانع (ع۔ فاعل) بنانے والا۔ کاریگر۔ پیدا کرنے والا۔ خالق۔ کاریگری دکھانے والا ؛

صانع حقیقی یا صانع قدرت (ع۔ مذ) خدا تعالےٰ۔ اللہ پاک۔ دُنیا بنانے والا ؛

صانع مطلق (ع۔ اِمذ) وہ کاریگر جو کاریگری میں کسی دوسرے کا محتاج نہ ہو۔ خدا تعالےٰ ؛

صائب (ع۔ فاعل مفید صفت) پہنچنے والا۔ دُرست۔ سیدھا۔ ٹھیک رسا ؛

صائب الرّائے (ع۔ صفت) جس کی رائے درست ہو ؛

صائم (ع۔ فاعل مفید صفت) روزہ دار۔ روزہ رکھنے والا۔

صائم الدّہر (ع۔ صفت) ہمیشہ روزہ رکھنے والا ؛

ص ۔ ب

صبا (ع۔ اِمو) وہ ہوا جو مشرق سے چلے۔ پروا ہوا۔ موسم بہار کی ہوا۔ میر وزیر علی شاگرد آتش کا تخلص۔ طفلی۔ بچپن۔ شیرخواری کا زمانہ ؛

صباح (ع۔ مو) صُبح۔ فجر۔ سحر۔ تڑکا۔ پَو پھٹے ؛

صَباحت (ع۔ مو) گورا پن۔ خوبصورتی۔ حُسن و جمال ؛

صباغ (ع۔ ا۔ مذ) رنگریز۔ رنگ رنگنے والا ؛

صُبح (ع۔ مو) دیکھو صباح ؛

صُبح بنارس (اُر۔ مو) بنارس میں صبح کا نظارہ بہت دلکش ہوتا ہے عورتیں نہانے کے لیے دریائے گنگا پر جاتی ہیں۔ جس سے بڑی چہل پہل ہوتی ہے اس لیے بنارس کی صبح مشہور ہے۔

صُبح ازل (ع۔ اِمو) وہ صُبح جس کی کبھی دوبارہ نہ ہو۔ سب سے پہلی صبح ؛

صُبح بہار (ع۔ ف۔ اِمو) بہار کے موسم کی صبح جو بہت اچھی سمجھی جاتی ہے

صُبح خیز (ف۔ مذ۔ فاعل ترکیبی) بہت سویرے جاگنے والا۔ علی الصبح اٹھنے والا۔ صبح سویرے اُٹھ کر سوتے ہوئے مسافروں کا اسباب چرا کر لے جانے والا چور۔

صُبح دم (عف۔ مذ۔ ظرف) مُنہ اندھیرے۔ نور کے تڑکے بڑی فجر۔ علی الصُبح ؛

صُبح شام بتانا یا کرنا (لُغ۔ فعل) حیلہ بہانہ کرکے ٹالنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ لیت و لعل کرنا ؛

صُبح صادق (ع۔ مو) پو پھٹے۔ گجر دم نور کا تڑکا علی الصُبح ؛

صُبح صُبح (ع۔ مو) سویرے سویرے۔ تڑکے تڑکے ؛

صُبح کاذب (ع۔ مو) صبح سے پہلے۔ وہ روشنی جس کے بعد پھر اندھیرا ہو جاتا ہے اور پھر تھوڑی دیر بعد صادق ہوتی ہے ؛

صُبح کا بھُولا شام کو آئے تو اُسے بھُولا نہیں کہتے (اُر۔ مثل) خرابی اُٹھا کر اگر کوئی ملازم سنور جائے یا ایک وقت کے کام کو دوسرے وقت کرے تو وہ قابلِ مواخذہ نہیں ؛

صُبح کا تارا یا ستارہ وہ نہایت چمکدار ستارہ جو اکثر صبح کے وقت اور کبھی شام کو بھی دکھائی دیتا ہے ؛

صُبح کاذب (ع۔ اِمو) صبح کی روشنی جس کے بعد پھر اندھیرا ہو جاتا ہے ؛

صُبح کرنا (لُغ۔ فعل) رات کاٹنا۔ دن نکال دینا ؛

صُبح کِس کا مُنہ دیکھا تھا (لُغ۔ محاورہ) جب کوئی کام بگڑ جائے یا خلافِ مرضی ہوتا ہے تو اس وقت کہا جاتا ہے ؛

صُبح کی لو ہنی اللہ کی آس (لُغ۔ کہاوت) صبح صبح کی پہلی بکری ہو جائے تو خدا کی مہربانی سے بہت سی بکری کی اُمید ہوتی ہے ؛

صُبح کی پو پھٹنا (اُر۔ محاورہ) صبح صادق ہونا ؛

صُبح ہو جانا (اُر۔ محاورہ) دن نکل آنا۔ خاتمہ ہو جانا ؛
صَبر (ع۔مذ) برداشت۔ بُردباری۔ تحمل۔ خاموشی۔ شکیبائی۔ توقف۔ تامل۔ عورتیں۔ خدا کی مار۔ کسی کا دِل دکھانے کی آفت۔ وبالِ جان۔ آفت پڑے ؛
صبر آزما (ع۔ف۔صفت) تکلیف دہ۔ صبر کو آزمانے والا۔
صبر آنا (اُر۔ فعل) تسلی ہونا۔ اطمینان ہونا۔ چین آنا ؛
صبر پڑنا (اُر۔ محاورہ) (عورتیں) کسی کو ستانے کی غیب سے سزا ملنا۔ آہ پڑنا ؛
صبر تلخ است ولیکن بر شیریں دارد (ف۔ مثل) صبر ناگوار لیکن اُس کا نتیجہ بہت اچھا ہوتا ہے۔
صبر جان پر لوٹنا (اُر۔ محاورہ) صبر کا وبال کسی کی جان پر پڑنا ؛
صبر سمیٹنا (اُر۔ محاورہ) جھوٹ بولنا۔ کسی کو بہتان لگا کر گناہ سر لینا۔ ناحق تہمت لگانا ؛
صبر کا یارانہ رہنا۔ (اُر۔ محاورہ) صبر نہ ہو سکنا۔
صبر کی داد خدا کے ہاتھ میں ہے (اُر۔ مثل) صبر کرنے والوں کا انصاف خدا ہی کرتا ہے ؛
صَبر کرنا (اُر۔ محاورہ) نا اُمید ہونا۔ سہنا۔ سہارنا۔ تحمل کرنا۔ خاموش رہنا۔ ٹھہرنا۔ تامل کرنا۔ توکل کرنا۔ قناعت کرنا۔
صبر لینا (اُر۔ محاورہ) کسی کے صبر کے عذاب میں گرفتار ہونا۔ کسی کو الزام دے کر آہ لینا ؛
صبر کی سِل چھاتی پر رکھنا (اُر۔ محاورہ) صبر کرنا۔ صبر کی توفیق ہونا ؛
صبر و شکر کرنا (اُر۔ محاورہ) کسی مصیبت یا بلائے ناگہانی پر چُپ رہنا۔ تکلیف میں خدا کا شکر بجالانا ؛
صبر ہونا (اُر۔ محاورہ) برداشت ہونا۔ سہارا ہونا۔ قناعت ہونا ؛
صِبغ (ع۔ا۔مذ) رنگ۔ ملت۔ دین ؛
صِبغۃ (ع۔ا۔مذ) قدرتی رنگ۔ دین کا رنگ۔ خدائی قانون ؛
صَبُوح۔ صَبُوحی (ع۔مذ) شراب صبح۔ وہ شراب جو صبح کے وقت پی جائے۔ غبوق کی ضد ؛
صَبُوحی کش (عف۔مذ) صبح کے وقت شراب پینے والا۔ شراب خوار ؛
صَبُور (ع۔صفت) صبر۔ گنہگاروں پر نرمی کرنے والا۔ خدا تعالیٰ کا صفاتی نام ؛
صَبُورا (اُر۔ا۔مذ) مصنوعی عضو تناسل ؛
صَبی۔ دودھ پیتا بچہ۔ جمع صبیان ؛
صَبیح (ع۔صفت) گورا چٹا۔ خوبصورت۔ حسین و مہ جمال۔ ملیح کی ضد ؛
صَبیّہ (ع۔ا۔مؤ) دُختر۔ بیٹی۔ لڑکی ؛

ص - ح

صَحابہ (ع۔ا۔مذ) یار دوست مراد اگر رسُول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم مجلس ؛
صحابی (ع۔مذ) رسُولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھی۔ اُن کی اولاد۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھنے والے ؛
صحابیہ (ع۔ا۔مؤ) صحابی کی تانیث ؛
صِحاح (ع۔ا۔مؤ) صحیح کی جمع۔ درست ؛
صِحاح ستّہ (ع۔ا۔مؤ) حدیث کی چھ مستند کتابیں۔ بُخاری۔ مُسلم۔ ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابنِ ماجہ۔ نسائی۔
صَحّاف (ع۔ا۔مذ) جلد ساز۔ کتاب کی جلد بنانے والے ؛
صحافت (ع۔ا۔مذ) اخباری کاروبار۔ اخبار نویسی ؛
صحافی (ع۔ا۔مذ) اخبار نویس۔
صحائف (ع۔مذ) صحیفہ کی جمع۔ رسالے۔ کتابیں ؛
صُحبت (ع۔ا۔مؤ) یاری۔ ہمراہی۔ ساتھ۔ ہمنشینی۔ ہم صحبتی۔ دوستی۔ یارانہ۔ آشنائی۔ محفل۔ مجلس۔ سوسائٹی۔ سماج۔ مِل بیٹھنا۔ ہمبستری۔ ہم خوابی۔ خلوت ؛
صُحبت اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) پاس رہنا۔ پاس رہ کر تعلیم و تربیت پانا ؛
صُحبت اچھی بیٹھیے کھائیے ناگہ پان (اُر۔ مثل) اچھی صُحبت سے اچھا نتیجہ نکلتا ہے اور
صُحبت بُری بیٹھیے کٹائیے ناک و کان بُری سے بُرا ؛
صُحبت برار ہونا یا صُحبت براری ہونا (اُر۔ فعل) دوستی نبھنا۔ صُحبت کا موافق ہونا ؛
صُحبت برخاست ہونا (اُر۔ فعل) مجلس اُٹھنا۔ سبھا اُٹھنا۔ جلسہ برخاست ہونا ؛
صُحبت بگڑ جانا (اُر۔ محاورہ) دوستی میں فرق آنا ؛
صُحبت چمکا دینا (اُر۔ محاورہ) مجلس کی رونق بڑھا دینا ؛
صُحبت داری (میل ملاپ) مجامعت۔ ہم بستری۔ جماع۔ میل جول۔ مصاحبت۔
صُحبتِ صالح ترا صالح کند۔ صُحبت طالع ترا طالع کند (اُر۔ مثل) اچھی صُحبت تجھے نیک اور بُری صُحبت تجھے بُرا بنائے گی۔
صُحبت گرم ہونا (اُر۔ محاورہ) جلسے ہونا۔ مزے اُڑانا۔ پاس بیٹھ کر دل خوش کرنا ؛
صُحبت یافتہ (ف۔ صفت بترکیب مفعولی) کسی قابل یا کسی لائق شخصوں سے فیض پانے والا۔ تعلیم یافتہ۔ مہذب۔ شائستہ ؛
صُحبتیں اُٹھانا۔ صُحبتیں برتنا۔ صُحبتیں دیکھنا (اُر۔ محاورہ) اچھے لوگوں کی صُحبتوں سے فیض اُٹھانا ؛
صُحبتی (ف۔ا۔مذ) یار ہمنشیں۔ دوست۔
صِحّت (اُر۔مؤ) تندرستی۔ آرام۔ شفا۔ درستی۔ تصحیح۔ املا کی درستی ؛
صِحّت افزا (ع۔ف۔صفت) تندرستی کے مفید صحت کو بہتر بنانے والا ؛
صِحت بخش (عف۔ا۔صفت) فائدہ بخشنے والا۔ شفا دینے والا۔ مفید ؛
صِحت خانہ (عف۔ا۔مذ) ظرف۔ ٹٹی۔ پیخانہ۔ بیت الخلا ؛
صِحت نامہ (عف۔ا۔مذ) بہ کثرت اضافت۔ غلطنامہ۔ غلطیوں کی فہرست جو کتاب کے آخر میں لگا دیتے۔ تندرستی کا سارٹیفکیٹ۔ کسی دوست یا عزیز کی خیریت کا خط ؛
صِحت یابی (ع۔ف۔ا۔مؤ) بیماری کے بعد اچھا ہونا۔ تندرست ہونا ؛

صحرا (ع۔ امذ)



صحرا

وہ میدان جہاں درخت وغیرہ کچھ نہ ہو۔ ریگستان۔ بیابان۔ ویرانہ۔ چٹیل میدان۔ جنگل۔ بیابان۔ بادیہ۔ بھوڑ زمین ؛

صحرا کی خاک چھاننا (اُر۔ محاورہ) جنگلوں میں آوارہ پھرنا ؛

صحرا گرد/نورد (عف۔ صفت) جنگلوں میں پھرنے والا۔ مسافر۔ وحشی۔ پاگل ؛

صحرا گردی/نوردی (ع۔ امذ۔ امو) دیکھئے صحرا گرد جس کا یہ اسم کیفیت ہے ؛

صحرائی (ع۔ صفت) بیائے نسبتی۔ جنگلی۔ بیابانی۔ دشتی ؛

صحرائے اعظم (ع۔ ا۔ مذ) افریقہ کے ایک نہایت طول و طویل ریگستان کا نام ہے ؛

صحرائے لق و دق (ع۔ امذ) ویران جنگل۔ وہ ہموار اور سخت جنگل جس میں سبزی اور گھاس وغیرہ کا نام و نشان نہ ہو ؛

صُحُفی (ع۔ صف) سنسان اور ویران جنگل ؛

صُحُف (ع۔ امذ) صحیفہ کی جمع ؛

صحن (ع۔ امذ) آنگن۔ انگنائی ؛

صحن چمن (عف۔ امذ) باغ کا تختہ۔ تختۂ گلشن ؛

صحنچی (عف۔ امو) وہ چھوٹے چھوٹے صحن۔ جو گھر یا دالان کی اطراف میں بنالیا کرتے ہیں۔ کولکی ؛

صحنک (ع۔ امو) صحن سے اسم تصغیر ہے۔ طباقچہ۔ چھوٹا طباق

صحنک سے اُٹھ جانا (اُر۔ محاورہ) حضرت بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا کی نیاز کا کھانا یا فاتحہ ؛ یار کابی۔ حضرت فاطمہؓ کی نیاز کی مجلس سے ناپاک ہونے کے باعث چلے جانا۔ شامل مجلس فاتحہ ہونے کے قابل نہ رہنا ؛

صحیح (ع۔ صفت) دُرست۔ ٹھیک بجا۔ واقعی۔ تندرست چنگا پورا۔ کامل۔ سارا۔ مبرّا۔ پاک (بصورت اسم مؤنث) تصدیق دستخط (بصورت اسم مذ) حروفِ علت کے سوا باقی تمام حروف ؛

صحیح العقل (ع۔ صفت) عقل کا پورا۔ درست۔ عقل والا ؛

صحیح المزاج (ع۔ صفت) بھلا چنگا۔ تندرست ؛

صحیح النسب (ع۔ صفت۔) خاندانی۔ شریف نسل کا کھرا ؛

صحیح سالم یا صحیح سلامت (ع۔ صفت) جوں کا توں۔ پورا اپورا۔ چنگا بھلا۔ تندرست۔ زندہ و سلامت۔ صحت و تندرستی کے ساتھ۔ جیتا جاگتا ؛

صحیح کرنا (اُر۔ محاورہ) درست کرنا۔ اصلاح دینا۔ ٹھیک کرنا۔ تصدیق کرنا۔ دستخط کرنا۔ ثبوت پہنچانا۔ گواہی کے لیے پکا کرنا۔ کھرے کرنا۔ آئے کرنا۔ بہی میں حساب درج کرنا۔ لکھ لینا۔ مارنا۔ مکانا ؛

صحیح گئے سلامت آئے (اُر۔ مثل) جیسے یہاں نکلے تھے۔ ایسے باہر ہے۔ نہ کچھ کمایا۔ نہ کھویا ؛

صحیح ہونا (اُر۔ محاورہ) غلطی نکلنا۔ ٹھیک ہونا۔ درست ہونا۔ گواہی ہونا۔ تصدیق ہونا۔ دستخط ہونا۔ ثبوت ہونا۔ پکا ہونا۔ درج حساب ہونا۔ بہی میں لکھا جانا ؛

صحیحین (ع۔ صفت) صحیح کا تثنیہ۔ احادیث کے دو مشہور مجموعے۔ صحیح مسلم۔ صحیح بخاری ؛

صحیفہ (ع۔ مذ) کتاب۔ رسالہ۔ لکھا ہوا صفحہ۔ نامہ۔ ورق ؛

صحیفہ آسمانی (عف۔ مذ) خدا کی طرف سے نازل ہونے والی کتاب ؛

صحیفہ نگار/نویس (ع۔ ف۔ صفت) اخبار نویس۔ صحافی۔

صحیفہ نگاری/نویسی (ع۔ ف۔ امو) صحافت۔ اخبار نویسی ؛

ص - خ

صَخر (ع۔ امذ) پتھریلی۔ زمین ؛

صَخرہ (ع۔ امذ) پتھر۔ چٹان۔ ٹیلا۔ بہت بڑا پتھر ؛

ص - د

صَد (ف) اسم عدد۔ سو۔ سینکڑہ ۔ ۱۰۰ ؛

صَد آفرین صَد رحمت (عف۔ کلمہ تحسین و آفرین) شاباش۔ مرحبا۔ بارک اللہ۔

صَد برگ (ف۔ امذ) بہت سی پنکھڑیوں والا پھول۔ گیندا ؛

صَد چراغ (ف۔ امذ) روشنی کا چوبی یا خشتی ستون۔ جس پر بہت سے چراغ چلائے جاتے ہیں ؛

صَد شکر (اُر۔ محاورہ) خدا کا شکر ہے۔ خیریت گزری ؛

صَدہا (ف۔ صفت) سینکڑوں۔ بہت سے ؛

صَدا (ع۔ امو) آواز گونج۔ گیند کی آواز۔ آہٹ۔ فقرا اور درویشوں کے مانگنے کی آواز۔ پنجابی میں دال کی تشدید کے ساتھ خوشی یا غمی کا بلاوا ؛

صَدا بصحرا (فع۔ صفت) جنگل کی آواز۔ بے سود بات ؛

صَدا بلند کرنا (اُر۔ محاورہ) چلا کر بولنا۔ اُونچی آواز بلند کرنا ؛

صَدا بندی (ع۔ ف۔ مو) آواز کو محفوظ یا ریکارڈ کرنے کا عمل ؛

صَدا دینا (اُر۔ فعل) فقیر کا آواز لگانا۔ بلاوا دینا ؛

صَدا کرنا یا لگانا (اُر۔ فعل) بھیک مانگنا۔ سوال کرنا۔ درویشوں کی طرح آواز دینا ؛

صَدارت (ع۔ امو) صدر نشینی۔ وزارت کے قریب ایک عہدے کا نام۔ پریذیڈنٹ۔ چیئرمینی ؛

صدارت عظمیٰ (ع۔ امو) وزارت عظمیٰ ؛

صدارتی طرز حکومت (ف۔ ع۔ امو) وہ نظام حکومت جس میں وزیر اعظم کی بجائے صدر انتظامی سربراہ ہوتا ہے ؛

صداقت (ع۔ امو) سچائی۔ راستبازی۔ خلوص۔ وفاداری۔ تصدیق۔ ثبوت۔ گواہی ؛

صدائے بازگشت (ع۔ ف۔ ا۔مو) وہ آواز جو پہاڑ یا گنبد سے ٹکرا کر واپس آتی ہے ؛

صدائے برنخاست: کوئی آواز نہیں۔ کوئی جواب نہیں۔ جواب نہ ملنے پر کہتے ہیں ؛

صدر (ع۔ ا۔مذ) چھاتی۔ سینہ۔ صحن۔ انگنائی۔ سامنا۔ سامنے کا رُخ اعلیٰ مقام۔ اُونچی جگہ۔ کسی معزز اور اعلیٰ شخص کے رہنے کی جگہ۔ بڑا سردار۔ بزرگ۔ امیر۔ بڑا اُونچا۔ کلان۔ اول۔ کیمپ۔ چھاؤنی۔ کمپُو۔ خاصی۔ مسند گاہ دارالخلافہ۔ پایۂ تخت ؛

صدرِ اعظم (ع۔ امذ) وزیر اعظم۔ دیوانِ اعلیٰ ؛

صدرِ اعلیٰ (ع۔ امذ) اول درجے کا جج۔ منصف درجۂ اوّل ؛

صدرِ اسلام/اوّل (ع۔ امذ) اسلام کا ابتدائی زمانہ

صدرِ امین (ع۔ ا۔مذ) امینوں کا سردار۔ اعلیٰ درجے کا امین۔ منصف درجہ دوم۔ وہ حاکم جو جج کے ماتحت ہو ؛

صدر بازار (اُر۔ امذ) برقلبِ اضافت۔ چھاؤنی کا بڑا بازار۔ بازارِ اوّل ؛

صدر بورڈ (اُر۔ امذ) عدالتِ عالیہ۔ مال کا اعلیٰ محکمہ ؛

صدرِ جمہوریہ (ع۔ ا۔مذ) کسی جمہوری ریاست کا سربراہ ؛

صدرِ جہاں (عف۔ امذ) دُنیا کا سردار۔ بعض کے نزدیک ایک فرضی ولی کا نام ہے ؛

صدر دفتر (ع۔ امذ) سب سے بڑا دفتر۔ ہیڈ آفس ؛

صدر دیوان (عف۔ ا۔مذ) خزانہ شاہی کا مہتمم اعلیٰ۔ دیوان اعلیٰ ؛

صدر راج (ع۔ ا۔ مذ) اسمبلی ختم کرنے کے بعد ملک کا براہ راست صدر مملکت کی نگرانی میں آنا ؛

صدر الصدور (ع۔ ا۔مذ) اعلیٰ درجہ کا منصف۔ شاہی گھر کا محافظ ؛

صدرِ مجلس (ع۔ امذ) میر مجلس۔ پریذیڈنٹ ؛

صدرِ محاسب (ع۔ ا۔مذ) محکمۂ حساب کا سب سے بڑا افسر۔ اوکاؤنٹنٹ جنرل ؛

صدر مقام (ع۔ امذ۔ ظرف) ہیڈ کوارٹر۔ اعلیٰ حاکم کے رہنے کی جگہ۔ دارالخلافہ ؛

صدرِ مملکت (ع۔ ا۔مذ) کسی ریاست یا حکومت کا سربراہ پریذیڈنٹ ؛

صدرِ منصرم (ع۔ امذ) پیمائش کے اردو دفتر کا اعلیٰ عہدیدار۔ اول درجہ کا منصرم ؛

صدر نشین (عف۔ امذ) کرسی نشین۔ چیرمین۔ میر مجلس ؛

صدر نظامتِ عدالت (ع۔ امذ) صدر فوجداری عدالت ؛

صدر ہر جا کہ نشیند صدر راست (ف مثل) بزرگ یا حاکم یا بڑا آدمی جہاں بیٹھ جائے وہی جگہ معزز سمجھی جاتی ہے ؛

صدرہ (ع۔ ا۔مذ) انسان کے جسم کا بالائی حصّہ۔ منطق کی مشہور کتاب ؛

صدرہ پڑھ کر احمق رہے (اُر۔ محاورہ) منطق پڑھ کر بھی عقل نہ آئی (صدرہ) منطق کی ایک کتاب ہے ؛

صدری (ع۔ امو۔ بیائے فاعلیت) ایک قسم کی واسکٹ۔ سینہ بند۔ مرزئی۔ جاکٹ۔ فتوحی ؛

صدف (ع۔ امو) سیپ۔ سیپی۔ ایک قسم کا سمندری گھونگا جس میں سے موتی نکلتا ہے ؛

صدفِ چشم (عف۔ امو) چشم کا صدف سے استعارا کرتے ہیں ؛

صدفِ فلک (ع۔ امو) سب سے اُونچا سورج چا نزدیک ایک صورتِ سیارگان ؛

صِدق (ع۔ا۔مذ) ست۔ سچائی۔ سچ۔ راستی۔ خلوص ؛

صِدقِ دل سے (اُر۔ تابع فعل) تہ دِل سے صاف دلی سے بطیبِ خاطر۔ خوشی سے ؛

صِدقِ مقال (ع۔ صفت) سچ بولنے والا ؛

صدق وکذب (ع۔ امذ) سچ جھوٹ ؛

صَدقہ (ع۔ امذ) خیرات۔ مبرات۔ وہ چیز جو خدا کے نام پر دی جائے۔ وہ کھانا وغیرہ جو کسی کے سر سے اُتار کر دیا جائے۔ اُتارا۔ مجازاً۔ قربان۔ واری۔ فدا۔ طفیل۔ بدولت ؛

صَدقہ جاریہ (ع۔ امذ) ایسا صدقہ جس کا فائدہ عوام کو پہنچتا ہے ؛

صَدقہ چوراہے میں رکھنا (اُر۔ محاورہ) کوئی کھانا سر پر وار کر ایسی جگہ رکھنا جہاں چار راستے ملتے ہوں ؛

صَدقہ اُتارنا یا دینا (اُر۔ محاورہ) کسی چیز کو سر کے گرد پھیر کر خدا کے واسطے دینا۔ خیرات کرنا۔ قربان کرنا۔ اُتارا اُتارنا ؛

صَدقہ دیار دفعِ بلا (اُر۔ مثل) خیرات کرنے سے مصیبت ٹل جایا کرتی ہے ؛

صَدقہ سِلاّ / صَدقہ سِیلا (اُر۔ امذ) (عورتیں) خیر خیرات وہ صدقہ جو جان کی سلامتی کے بدلے دیا جائے ؛

صَدقۂ فِطر (ع۔ ا۔مذ) رمضان کا صدقہ جو فی آدمی دو کلو گیہوں ہے۔ جو نمازِ عید سے پہلے غریبوں کو دیتے ہیں ؛

صَدقے (اُر۔ مذ) صدقہ کی جمع۔ واری۔ قربان۔ فِدا ؛

صَدقے جانا (اُر۔ محاورہ) قربان ہونا۔ واری جانا۔ فدا ہونا تصدق ہونا ؛

صَدقے جایئے (اُر۔ محاورہ) وہاں کہتے ہیں جہاں کی بیوقوفی کا اظہار کرنا ہو ؛

صَدقے کا چراغ (اُر۔ امذ) وہ چراغ کسی پر وار کر صدقے کی چیزوں کے ہمراہ چوراہے میں رکھا جاتا ہے ؛

صَدقے کرنا (اُر۔ محاورہ) وارنا۔ نثار کرنا۔ قربان کرنا۔ نفرت اور حقارت کا کلمہ بھی ہے۔ جیسے جس سے آپ کو تکلیف پہنچے اُسے صدقے کروں ؛

صَدقے کروں (اُر۔ محاورہ) (عورتیں) قربان کردوں۔ آگ لگادوں چولھے میں جھونک دوں ؛

صَدقے کیا تھا یا صدقے کیا: کسی چیز کے نہ ہونے کا اقرار۔ ادب اور محبت کے ساتھ اگر ہوتی تو ضرور قربان کی جاتی۔ نثار کر دی جاتی ؛

صَدقے کی گڑیا (اُر۔ مونث) وہ گڑیا جسے صدقہ اُتار کر چوراہے میں رکھ دیتے ہیں۔ مجازاً وہ لڑکی یا عورت جو جامہ زیب نہ ہو ؛

صدقے کے ماش (اُر۔ امذ) جب کسی کا کوئی عزیز سفر سے واپس آئے۔ تو گھر والے اور عزیز و اقارب کچھ ماش اور تیل بھیجتے ہیں۔ مسافر کچھ ماش تیل میں ڈالتا ہے اور خیرات کر دیئے جاتے ہیں ؛

صَدقے ہونا (اُر۔محاورہ) قربان و نثار ہونا۔ فدا ہونا۔ واری جانا محبت یا تعظیم سے کسی کے گرد پھرنا ؛
صَدمہ (ع۔ا۔مذ) چوٹ۔ ٹکر۔ دھکا۔ آسیب۔ تکلیف۔ رنج و الم۔ آفت۔ بلا مصیبت۔ نقصان۔ ضرر۔ حادثہ۔ واقعہ ؛
صَدمہ اُٹھانا / صَدمہ سہنا (اُر۔محاورہ) نقصان اُٹھانا۔ رنج اُٹھانا۔ ٹکر کھانا۔ غم سہنا۔ چوٹ کھانا۔ ضرب سہنا۔ تکلیف اٹھانا ؛
صَدمہ جھیلنا (اُر۔محاورہ) دُکھ سہنا۔ صدمہ برداشت کرنا۔
صَدمۂ جانکاہ (عف۔امذ) جان کو تکلیف پہنچانے والا حادثہ سخت ضرب ؛
صَدمہ گزرنا / صَدمہ ہونا (اُر۔محاورہ) بپتا پڑنا۔ سخت حادثہ پیش آنا۔ مصیبت آنا ؛
صُدُور (ع۔امذ) صدر کی جمع۔ اجرا۔ نکاس۔ نفاذ۔ واقع ہونا۔ جاری ہونا ؛
صُدُورِ حکم (ع۔امذ) حکم کا جاری ہونا۔ حکم کا نفاذ ہونا ؛
صد ہا (ف۔صفت) سینکڑوں۔ بہت سے ہزاروں۔
صدی (ع۔مؤ بیائے نسبتی) سو برس کی تعداد سو سے نسبت رکھنے والا۔ سینکڑے۔ سو کا ؛
صِدّیق (ع۔صفت) نہایت سچا۔ یار۔ وفادار۔ نہایت راستگو اصلاحاً۔ وہ سچے لوگ جو کسی نشانِ الٰہی کو فی الفور مان لیں۔ حضرت ابوبکرؓ اور حضرت یوسفؑ کا لقب ؛
صِدّیقہ (ع۔مؤ۔اسم سالبقہ) صِدّیق کی تانیث۔ حضرت عائشہؓ کا لقب۔ حضرت مریمؑ کا لقب۔ نہایت سچی عورت ؛

ص - ر

صَرّ (ع۔ا۔مؤ) ٹھنڈ۔ خنکی ؛
صُراح (ع۔ا۔مؤ) کھلی اور صاف بات چیت۔ خالص چیز۔
صَراحت (ع۔امؤ) ظاہر۔ آشکارا۔ کھلم کھلا۔ شرح۔ تشریح وضاحت۔ ظہور ؛
صَراحتاً (ع۔تابع فعل) کھلم کھلا۔ ظاہراً کھلے طور پر مفصل ؛
صُراحی (ع۔ا۔مؤ) پانی یا شراب رکھنے کا لمبی گردن والا چھوٹا برتن۔ جھجری۔ کوزہ۔ انگرکھے وغیرہ کے مخروطی شکل کے چوبغلے
صُراحی دار (عف۔صفت) لمبوترا۔ صراحی کی شکل کا ؛
صُراحی دار گردن (عف۔مؤ) لمبوتری گردن۔ معشوقانہ گردن ؛
صُراحی دار گھنگرو (اُر۔مذ) لمبوترے صراحی نما گھنگرو ؛
صراط (ع۔مؤ) راہ۔ رستہ۔ راہِ راست۔ ایک پل کا نام ہے۔ جو مسلمانوں کے عقیدے کے موافق دوزخ کے اوپر بال سے باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہے۔ نیک لوگ اس پر سے بآسانی گزر جائیں گے اور گنہگار کٹ کٹ کر دوزخ میں گریں گے ؛
صراطِ مستقیم (ع۔مذ) سیدھی راہ۔ راہِ راست ؛
صَرّاف (ع۔امذ) پرکھنے والا۔ جانچنے والا۔ اصطلاح میں سونا چاندی پرکھنے والا۔ وہ مہاجن جو نقدی اور زیورات وغیرہ کا لین دین کرے۔ مالدار و دولتمند لین دین کا کھرا ؛
صَرّاف کے سے ٹکے (اُر۔امذ) وہ سودا یا مال جس کو جب چاہیں بلا نقصان فروخت کر سکیں جو پڑا نہ رہے۔ فوراً بک جائے ؛
صَرّافہ (اُر۔مذ) صرافی کا پیشہ صرافوں کا بازار۔ بینک کوٹھی ؛
صَرّافہ کھولنا (اُر۔محاورہ) صرافہ کی دوکان جاری کرنا۔ بینک جاری کرنا
صَرّافی (اُر۔مو۔ بیائے مصدری) روپے پیسے کا بیوپار۔ صراف کا پیشہ سونا چاندی یا زیورات بیچنے کا کام۔ تڑائی۔ بھنائی۔ لنڈے یعنی ایک قسم کا ہندی خط ؛
صَرّافی کرنا (اُر۔محاورہ) پرکھنا۔ شناخت کرنا ؛
صَرصَر (ع۔مو) جھکڑ۔ آندھی۔ بادِ تند ؛
صَرَع (ع۔صفت) لغوی معنی اپنے آپ کو زمین پر گرانا۔ اصلاحاً مرگی کی بیماری ؛
صِرف (ع۔صفت) نرا۔ اکیلا۔ تنہا۔ فقط۔ نرمل۔ خالص ؛
صَرف (ع۔مذ) خرچ۔ اُٹھاؤ۔ وہ علم جس سے کلموں کی پہچان اور ان کے تغیر و تبدل کی شناخت حاصل ہوتی ہے ؛
صَرف کرنا (اُر۔محاورہ) خرچ کرنا۔ اُٹھانا۔ خرچ میں لانا ؛
صَرف میں آنا (اُر۔محاورہ) استعمال میں آنا۔ کام میں آنا ؛
صَرف میں لانا (اُر۔محاورہ) کام میں آنا۔ استعمال میں لانا ؛
صَرف و نحو (ع۔مو) گرامر۔ بیاکرن۔ وہ علم جس سے الفاظ کا جوڑ توڑ اور اُن کے بولنے کا طریقہ معلوم ہوتا ہے ؛
صَرفہ (ع۔ا۔مذ) زیادتی۔ غلبہ۔ فائدہ۔ نجل۔ کمخوسی۔ کفایت شعاری۔ افسوس۔ دریغ۔ تاسف ؛
صَرفہ کرنا (اُر۔محاورہ) کفایت شعاری کرنا۔ کمخوسی۔ نجل کرنا ؛
صَرّہ (ع۔ا۔مذ) تھیلی۔ ہمیانی۔ روپیوں کا توڑا ؛
صَریح (ع۔صفت) علانیہ۔ صاف۔ ظاہر۔ عیاں۔ آشکارا۔ بے لاگ ؛
صَریحاً (ع۔تابع فعل) صاف طور پر۔ علانیہ طور پر۔ کھلم کھلا ؛
صَریر (ع۔امؤ) قلم چلانے کی آواز۔ مطلق آواز۔ صدا ؛

ص - ع

صَعب (ع۔صفت) سخت دشوار۔ مشکل۔ ناگوار۔ تکلیف دہ ؛
صَعُوبت (ع۔مو) سختی۔ دقت۔ مشکل۔ تکلیف۔ بلا۔ مصیبت ؛
صُعُود (ع۔امذ) اونچائی۔ بلندی۔ چڑھاؤ۔ علم حساب میں کسی عدد کو کئی نفسہٖ ضرب دے کر اس کی قوتوں کو بڑھانا۔ جیسے ۳×۳×۳=۲۷ ؛
صُعُود کرنا (اُر۔فعل) بلند ہونا۔ اوپر چڑھنا۔ اوپر اُٹھنا ؛
صُعُود و نزول (ع۔امذ) چڑھنا۔ اُترنا۔ اُتار چڑھاؤ ؛

صَغرہ (ع - ا-مذ) مہولا۔ ایک قسم کی چڑیا۔ موتی۔ جھانپو ؛
صَعید (ع - ا-مذ) سطح زمین۔ مٹی۔ پہاڑ۔ سڑک۔ وہ مٹی جس سے مسح کریں۔ ایک مقام جہاں پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد بنائی تھی ؛

ص - غ

صِغار (ع - ا-مذ) صغیر اور صُغرا کی جمع۔ چھوٹے لڑکے اور لڑکیاں ؛
صِغر (ع - مذ) چھٹائی۔ خوردی ؛
صغرسنی } (ع - ا-مو) نابالغی۔ کم عمری۔
صغیرسنی } خرد سالی۔ (یہ بیائے مصدری ہے) ؛
صغرا (ع - ا-مو) اصغر کی تانیث۔ چھوٹی لڑکی۔ سب سے چھوٹی چیز۔ (بحالت مذکر) علم منطق میں شکل کا پہلا قضیہ ؛
صَغیر (ع - ا-صفت) چھوٹا۔ ادنیٰ۔ خورد ؛
صغیرسن یا صغرسن (ع - ا-صفت) کم عمر۔ خوردسال۔ نابالغ ؛
صَغیر و کبیر (ع - ا-صفت) ادنیٰ۔ اعلیٰ۔ چھوٹے بڑے۔ خورد و بزرگ ؛
صَغیرہ (ع - صفت) چھوٹا۔ خورد۔ ادنیٰ گناہ جو معافی کے قابل ہو ؛
صغیری (عف ا-مو) چھوٹاپن۔ طفلی۔ بچپن ؛

ص - ف

صَف (ع - ا-مو) پرا۔ قطار۔ لائن۔ سلسلہ۔ بستر۔ بچھونا۔ بوریا۔ چٹائی۔ نمازیوں یا فوجیوں کی قطار جس میں سب ایک خط پر ہوں ؛
صَف آرا (عف - صفت) لڑائی کے لیے فوج کا پرا جمانے والا۔ مقابلہ کرنے والا ؛
صَف آرائی (عف - ا-مو - بیائے مصدری) صف بندی۔ قطار بندی۔ پرابندی ؛
صَف اُٹھانا (اُ-محاورہ) بوریئے کا اُٹھانا ؛
صَف اُلٹ دینا (اُ-محاورہ) لڑائی میں تتر بتر کر دینا۔ مجلس کو درہم برہم کر دینا۔
صَف باندھنا (اُ-محاورہ) پرا جمانا ؛
صَف بچھانا (اُ-محاورہ) بوریا بچھانا۔ ماتم کرنا۔
صَف بستہ (عف - صفت ترکیب مفعولی) پرا باندھے ہوئے۔ قطار بستہ ؛
صَف پر آ گرنا (اُ-محاورہ) فوج کی قطار پر حملہ کر دینا ؛
صَف جمانا (اُ-محاورہ) صف بندی کرنا۔ پرا جمانا ؛
صَف جمنا (اُ-محاورہ) صف میں کھڑا ہونا ؛
صَفِ جنگ (عف - مو) جنگ کے لیے پرابندی ؛
صَفِ روشن (اُ-محاورہ) چراغ جلانا ؛
صَفِ کھینچنا (اُ-محاورہ) قطار باندھنا۔ صف میں کھڑا ہونا ؛
صَفِ ماتم (ع - ا-مو) وہ فرش جس پر ماتم کرنے والے یا ماتمی اکٹھے بیٹھتے ہیں ؛
صَفا (ع - ا-مو) ستھرا۔ پاک۔ پاکیزہ۔ صاف کیا ہوا۔ صیقل شدہ۔ ہموار۔ سپاٹ۔ کھرا۔ نرمل۔ بے لاگ۔ مکہ شریف کی ایک پہاڑی کا نام جہاں دوڑنا ارکان حج میں شامل ہے ؛
صَفا چٹ کرنا (اُ-محاورہ) صفایا کرنا۔ بالکل مونڈ ڈالنا ؛
صَفا کہنا اور بے لاگ کہنا۔ کھری کھری ہونا ؛
صَفا مشرب (ع - صفت) صاف دل۔ صاف گو۔ بے لاگ ؛
صَفا صَفا (لہ تابع فعل) ویران۔ برباد۔ تہس نہس۔ بے نشان۔ بالکل منہدم۔ بے چراغ ؛
صَفا صَفا کرنا (اُ-محاورہ) اجاڑ دینا۔ برباد کرنا۔ بے چراغ کرنا۔ صفایا کر دینا ؛
صَفا کہنا (اُ-محاورہ) کھری کہنا۔ بے لاگ کہنا۔ صاف صاف کہہ دینا ؛
صَفایا کرنا (اُ-محاورہ) خاتمہ کرنا۔ قلع قمع کرنا ؛
صِفات (ع - ا-مو) صفت کی جمع۔ تعریفیں۔ اوصاف۔ برائیاں۔ بھلائیاں۔ گُن۔ خواص۔ خاصیتیں ؛
صَفّار (ع - لہ) ٹھٹھیرا۔ برتن بنانے والا ؛
صِفاتی (ع - صفت - بیائے نسبتی) منسوب بہ صفات۔ عارضی۔ ذاتی کی ضد ؛
صفائی (ع - مو - بیائے مصدری) صاف ہونا۔ پاکیزگی۔ سچائی۔ راستی۔ صداقت۔ رونق۔ چکناہٹ۔ جھاڑ پونچھ۔ جھاڑو۔ بہاروٗ۔ سادگی۔ بیوقوفی۔ ملاپ۔ صلح۔ بریت۔ رہائی۔ برابری۔ یکسانیت۔ ہمواری۔ حساب کی بیباقی۔ حساب کا فیصلہ۔ تصفیہ بے شرمی۔ جیسے میں آپ کی اس صفائی پر قربان ہوں کہ ذرا نہیں شرماتے ہو۔ دیانتداری۔ کانٹ چھانٹ۔ قطع و برید۔ جیسے درختوں کی صفائی۔ خاتمہ۔ انجام۔ تمام۔ جیسے آج سب چیزوں کی صفائی ہے۔ کھُردرا پن دُور کرنا۔ مانجھنا۔ جلا۔ صیقل۔ پھرتی۔ چالاکی۔ مشق۔ مہارت۔ جیسے ہاتھ کی صفائی ؛
صفائی ظاہر ہونا (اُ-محاورہ) دل کی پاکیزگی کا پتہ چلنا ؛
صفائی کرانا (اُ-محاورہ) صاف کرانا۔ صلح کرانا۔ پاخانہ ؛
صفائی کر دینا (اُ-محاورہ) جھاڑو دینا۔ پونچھ دینا۔ چکا دینا۔ بیباق کر دینا۔ جلا کر دینا۔ صیقل کر دینا۔ مانجھ دینا۔ اُڑا دینا۔ برباد کر دینا۔ خرچ کر ڈالنا۔ اُجاڑ دینا۔ گرا دینا۔ کسی کو باقی نہ چھوڑنا۔ قتل کر ڈالنا ؛
صفائی نہیں (اُ-محاورہ) دل صاف نہیں ہوا۔ ابھی دل میں کینہ ہے ؛
صِفت (ع - مو) خوبی۔ عمدگی۔ گُن۔ عادت خو۔ لچھن۔ سبھاؤ۔ تاثیر۔ وضع۔ شکل۔ طور۔ مثل۔ مانند۔ مشابہ۔ بیان حال۔ علم صرف و نحو میں صفت وہ اسم ہے۔ جس میں کوئی چیز خصوصیت کے ساتھ سمجھی جائے۔ خواہ برائی ہو یا بھلائی ؛
صِفت بشریت (ع - ا-مو) انسان کی خاصیت ؛
صِفت بہیمت (ع - ا-مو) حیوان کی خاصیت ؛
صِفت ملکیت (ع - ا-مو) فرشتوں کی صفت ؛
صِفت موصوف (ع - ا-مذ) وہ جس کی تعریف کی جائے۔ جیسے "اچھا آدمی" اس میں اچھا صفت اور آدمی موصوف ہے ؛
صَفحات (ع - مذ) صفحہ کی جمع ؛
صَفحہ (ع - ا-مذ) مُنہ۔ چہرا۔ رُخ۔ ورق۔ کاغذ کا ایک طرف کا رُخ۔ وسعت۔ پھیلاؤ۔ سطح ؛

صَفحۂ ہستی (عف۔ ا مو) روئے زمین۔ دُنیا کا پرت ؛
صَفحۂ ہستی سے نام ونشان مٹانا (اُر۔ فعل) دُنیا کے پردے سے ناپید کردینا۔ عدیم المیٹ کردینا۔ بیخ ناس کردینا ؛
صَفَر (ع۔ ا۔ مذ) خالی ہونا۔ عربی کے دوسرے قمری مہینے کا نام ہے۔ تیزاں تیزی کا مہینہ۔ پیٹ کی ایک بیماری کا نام بھی ہے ؛
صَفر کا چاند دیکھ آئینہ دیکھنا (اُر۔ محاورہ) مبارک سمجھا جاتا ؛
صِفر (ع۔ ا۔ مذ) خالی۔ تہی۔ بندی۔ نقطہ۔ علمِ حساب میں وہ نقطہ جو کسی عدد کے دائیں طرف آکر اس کی قیمت دس گنی بڑھا دیتا ہے۔ اور بائیں طرف کوئی قیمت نہیں رکھتا ؛
صَفرا (ع۔ ا۔ مذ) پت چار خلطوں میں سے ایک خلط کا نام ہے۔ جس کا رنگ زرد مزاج گرم خشک ہے ؛
صَفراوی (ع۔ صفت۔ بیائے نسبتی) منسوب بہ صفرا۔ پت دار۔ گرمی والا۔ گرمی کا ؛
صَفراوی مزاج (اُر۔ ا۔ مذ) تیز مزاج۔ تلخ۔ خلط صفرا کی زیادتی والا شخص
صَفّو دینا (اُر۔ محاورہ) صاف مات دینا۔ تاش کے تمام پتے جیت لینا ؛
صَفّو کی رپہ نادری چڑھانا (اُر۔ محاورہ) گنجفے یا تاش کی اصطلاح میں کوئی پتہ نہ رہے (کنایۃً) مجبور کردینا ؛
صَفوت (ع۔ ا مو) برگزیدگی۔ خالص۔ بہترین۔ حرف اول کے تینوں حرکتوں کے ساتھ درست ہے۔ صفوۃ اللہ مخلوق میں سے بہترین حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم ؛
صُفّہ (ع۔ ا۔ مذ) مکان کے آگے کی ڈیوڑھی ؛
صُفوف (ع۔ مو) صف کی جمع۔ قطاریں۔ پرے ؛
صَفوی (ع۔ ا۔ صفت) بیائے نسبتی منسوب۔ بہ شاہ صفی۔ فارس کے بادشاہوں کا ایک خاندان جس میں شاہ طہماسپ سے بڑا مشہور بادشاہ گزرا ہے ؛
صَفی (ع۔ صفت) پاک۔ صاف۔ خالص۔ حضرت آدمؑ کا لقب
صَفِیر (ع۔ ا مو) پرندوں کی آواز۔ جانوروں کو بلانے کی سیٹی ؛
صفیل (اُر۔ ا مو) فصیل یعنی شہر پناہ کا بگاڑ ہے ؛
صفیں (اُر۔ مو) صف کی جمع ؛
صفیں اُلٹنا (اُر۔ فعل) لڑائی کی جمی ہوئی قطاروں کا تتر بتر ہونا۔ (بحالت متعدی) قطاروں کو تتر بتر کردینا ؛
صفیں باندھنا (اُر۔ محاورہ) پریڈ جمانا۔ قطاریں لگانا۔ صف بستہ ہونا یا کرنا ؛
صفیں بندھنا یا جمنا (محاورہ) قطاریں لگنا۔ صف بستہ ہونا ؛

ص - ل

صَلِّ (ع۔ مذ) برکت دے۔ درود بھیج۔ رحمت اُتار۔ تو درود بھیج ؛
صَلِّ عَلٰے (کلمۂ تعریف وتحسین۔ واہ واہ۔ سبحان اللہ مرحبا ؛
صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سرورِ لولاک حضرت محمد مصطفےٰ پر درود ہو۔
صَلِّ عم (صَلعَم) صلی اللہ علیہ وسلم کا مخفف یعنی اُن پر خدا تعالیٰ کا درود رحمت اور سلام ہو ؛
صَلا (ع۔ ا مو) آواز۔ پکار۔ دعوتِ عام ؛
صَلائے عام (ع۔ ا مو) عام اجازت۔ دعوت عامہ ؛
صَلا نہ شُد بلا شُد (ف۔ مثل) بلانا ہی غضب ہوگیا۔ بلایا کیا گلے ہی پڑ گئے ؛
صَلابت جنگ (عف۔ ا مذ) لڑائی کا بہادر جنگی بہادروں کا خطاب
صَلابَت (ع۔ ا مو) مضبوطی۔ سختی۔ استحکام۔ استواری ؛
صَلاح (ع۔ ا مو) بھلائی۔ نیکی۔ اچھائی۔ بہتری۔ مشورہ۔ مصلحت۔ رائے۔ تدبیر۔ تجویز۔ ارادہ۔ منشا۔ پارسائی۔ زہد۔ تقوے
صَلاح اندیش (ف۔ صفت) بہتری سوچنے والا۔ خیر اندیش ؛
صَلاح بیٹھنا / صَلاح ٹھہرنا } (اُر۔ محاورہ) تجویز ٹھہرنا۔ رائے قرار ہونا۔ ارادہ ہونا ؛
صَلاح پر چلنا (اُر۔ محاورہ) کسی کی رائے پر کام کرنا۔ کسی کا کہا ماننا ؛
صَلاح دید (عف۔ ا مو) تجویز۔ صلاح ؛
صَلاح کار (ف۔ ا۔ مذ) زاہد۔ پرہیزگار متقی۔ پارسا۔ مشیر۔ صلاح دینے والا۔ رائے دینے والا ؛
صَلاح کرنا (اُر۔ محاورہ) رائے لینا۔ تدبیر سوچنا۔ تجویز بنانا۔ ارادہ کرنا۔
صَلاحِ وقت (ع۔ ا مو) وقت کی بہتری۔ مناسب وقت۔ مناسب موقعہ ؛
صَلاح ومشورہ (ع۔ ا۔ مذ) تدبیر وتجویز۔ منصوبہ۔ ارادہ ؛
صَلاحیت (ع۔ ا مو) نیکی بھلائی۔ بہتری۔ پارسائی۔ پرہیزگاری۔ رسائی۔ پہنچ۔ سمجھ۔ لیاقت۔ نرمی۔ علم۔ آہستگی۔ اصلاح۔ درستی ملائمت۔ پولیس کی رپورٹ جو مسافران سرائے کی بابت روزمرہ لکھی جاتی ہے ؛
صَلاح سمرقندی / صُلائے سمرقندی } (عف۔ ا مو) وہ صلاح جو دل سے نہ ہو۔ صرف مُنہ جھٹانے کے لئے ہو۔ ظاہری صلاح ؛
صلاح وقت (ع۔ ا مو) قرینِ مصلحت۔ تناسب ؛
صُلب (ع۔ مذ) پُشت کے مُہرے۔ پیٹھ کی ہڈیاں۔ زمین سخت۔ درشت۔ خاندانی بزرگی۔ اولاد۔ نسب۔ نطفہ ؛
صُلبی (ع۔ صفت۔ بیائے نسبتی) سگا۔ اصلی۔ حقیقی۔ اپنے نطفہ کا بیٹا ؛
صُلح (ع۔ ا مو) میل۔ ملاپ۔ دوستی۔ اتحاد۔ آپس کی دوستی۔ باہمی صفائی۔ امن وامان (قانون) باہمی اتصال۔ باہمی مصفیہ ؛
صُلح دوست (عف۔ صفت فاعلی) صلح پسند کرنے والا۔ صلح کل۔ جھگڑے اور فساد کو پسند نہ کرنے والا ؛
صُلح کرنا (اُر۔ محاورہ) ملاپ کرنا۔ مل جانا۔ دل کا رنج دُور کرنا۔ آشتی کرنا۔ باہم صفائی ہونا ؛
صُلح کُل (ع۔ صفت) سب کے ساتھ ملاپ رکھنے والا۔ کسی شخص سے خواہ کسی مذہب کا ہو۔ دُشمنی اور جھگڑا نہ رکھنا۔ ہمہ دوست ؛
صُلحا (ع۔ صفت) دیکھئے "صالح" جس کی یہ جمع ہے ؛
صلصال (ع۔ ا۔ مذ) گندھی ہوئی مٹی جس سے برتن بنتے ہیں۔ سوکھی کھنکھناتی مٹی جو بجانے پر آواز دے ؛

صُلصُل (ع۔ا۔مو) فاختہ۔ قمری۔

صلصلہ (ع۔ا۔مذ) لوہے یا گھنٹی کی آواز۔ زنجیر ؛

صُلح نامہ (عف۔ا۔مذ) راضی نامہ۔ معافی کا اقرار نامہ ؛

صَلِّ علےٰ (ع۔ا۔مو) صَلِّ علیٰ محمدؐ کا مخفف ہے۔ مسلمان جب کسی عمدہ یا خوبصورت چیز کو دیکھتے یا خوشبو سونگھتے یا قابل تعریف بات سنتے ہیں تو اپنے پیغمبر پر درود بھیجتے ہیں۔ واہ واسبحان اللہ مرحبا۔ آفرین۔ صدر رحمت ؛

صَلِّ علےٰ کہنا (محاورہ۔ فعل) درود کہنا۔ سبحان اللہ کہنا۔ واہ کرنا تعریف و توصیف کے لیے زبان کھولنا ؛

صَلعم (ع) دعا۔ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مخفف ہے۔ اللہ تعالےٰ کا اُن پر اور اُن کی اولاد پر درود ہو ؛

صَلوٰات (ع۔ا۔مو) صلوٰۃ کی جمع۔ خدا تعالےٰ کی طرف سے برکتیں رحمتیں مہربانیاں ہوں۔ ان پر بازآنا۔ سلام کرنا۔ رخصت کرنا۔ نمازیں۔ دو گانے۔ گالی گلوچ۔ لام کاف۔ دشنام۔ برے کلمے۔ ہجو۔ گالی کہنا۔

صَلوات سُنانا (محاورہ) گالیاں دینا۔ برا بھلا کہنا ؛

صلوات ہے (محاورہ) سلام ہے۔ بس باز آئے۔ ہاتھ اُٹھایا چھوڑا کچھ عقل ہے ؛

صلوٰۃ (ع۔ا۔مو) درود۔ رحمت الٰہی۔ دعا۔ نماز ؛

صلوٰۃ التسبیح (ع۔ا۔مو) ایک قسم کی نفل نماز ؛

صلوٰۃ الخوف (ع۔ا۔مو) خوف کی حالت میں میدانِ جنگ میں پڑھی جانے والی نماز ؛

صَلِّ وجلِّ (رُو۔ کلمہ تعریف) واہ وا۔ مرحبا۔ شاباش ؛

صِلہ (ع۔مذ) انعام۔ عطا۔ ہدیہ۔ تحفہ۔ بدلہ۔ پاداش نیکی۔ نیکی کا معاوضہ علم صرف میں وہ جملہ جو موصول کے بعد اس کے جواب میں واقع ہو ؛

صِلہ دینا (محاورہ) بدلہ دینا۔ انعام بخشش کرنا۔ اُجرت و مزدوری دینا ؛

صِلہ رحمی (ع۔ا۔مو) قرابت داروں اور عزیزوں سے اچھا سلوک کرنا ؛

صلے علےٰ (ع۔ کلمہ) درود ان پر درود ہو ؛

صَلیب (ع۔مو) سولی۔ دار۔ چلیپا کا نشان ✝ عیسائیت کا نشان جو بعض عیسائی لوگ ہر وقت پہنے رہتے ہیں ؛

صلیب احمر (ع۔ا۔مو) ریڈ کراس۔ سوسائٹی ؛

صلیبی جنگیں (ع۔ا۔مو) عیسائیوں کی مذہبی جنگیں ؛

ص - م

صَمّ (ع۔ا۔مذ) جمع اَصم۔ بہرا۔ وہ آدمی جس کو کانوں سے سنائی نہ دے

صُمّ بکم (ع۔مذ) اَصم اور ابکم کی جمع ہے۔ گونگے۔ گونگا بہرا ؛

صَمت (ع۔ا۔مذ) خاموشی ؛

صمد (ع۔ صفت) بے نیاز جو کسی کا محتاج نہ ہو اور سب اُس کے محتاج ہوں۔ خدا کا صفاتی نام ؛

صمغ (ع۔ا۔مذ) گوند ؛

صمغ عربی (ع۔ا۔مذ) کیکر کا گوند ؛

صمصام (ع۔ا۔مو) مُنہ نہ پھیرنے والی تلوار۔ تیغ براں۔ مجازاً مطلق تلوار ؛

صمیم (ع۔صفت) خالص۔ سچا۔ گودا ؛

صمیم قلب (ع۔ا۔مذ) خلوص دل ؛

ص - ن

صنادید (ع۔ا۔مذ) صندید کی جمع۔ بزرگ۔ شریف۔ سردار۔ بادشاہ۔ جرنیل ؛

صنادید عجم (ع۔ف۔ا۔مذ) عرب کے سوا باقی دنیا کا بادشاہ۔

صَنّاع (ع۔صفت) بہت ہی بڑا کاریگر۔ پیشہ ور ؛

صناعت } (ع۔ا۔مونث) کاریگری۔ پیشہ۔
صنعت } ہنر۔ دستکاری ؛

صَنائع (ع۔مذ) صناعت کی جمع۔ ہنرمندیاں۔ دستکاریاں ؛

صَنائع بدائع (ع۔ا۔مذ) نظم میں بیان کرنے کی عجیب و غریب خوبیاں اور نکتے ؛

صَنْدَل (مغرب۔ چندن۔ مذ) ایک قسم کی خوشبودار لکڑی اور اُس کا درخت ؛

صندل کا برادہ (اُ۔مذ) صندل کی لکڑی کا سفوف جو دواؤں میں استعمال ہوتا ہے ؛

صَندل کی سی تختی (محاورہ) نہایت صاف اور گورا بدن ؛

صَندل کے چھاپے مُنہ کو لگے (محاورہ) نہایت بدنامی اور ذلت ہوئی۔ (پورب) نہایت نیکنامی ہوئی۔ سرخروئی حاصل ہوئی ؛

صَندلاتی (ف۔مذ) صندل بیچنے والی ؛

صَندلی (ف۔صفت) صندل کے رنگ کا سرخی مائل زرد رنگ۔ صندل کی لکڑی کا بنا ہوا۔ ایک قسم کی مخروطی۔ تپائی۔ کرسی۔ پیدائشی نامرد ؛

صَندوق (ع۔مذ) لکڑی یا ٹین وغیرہ کا بکس۔ پیٹی۔ تابوت۔ ابھرا ہوا سینہ۔

صَندوقچہ (عف۔مذ) صندوق کی تصغیر۔ چھوٹا بکس۔ چھوٹا صندوق ؛

صَندوقچی (ف۔مو) بہت چھوٹا سا صندوقچہ ؛

صَندوقی (محاورہ۔ مو) (بیائے نسبتی) صندوق کی وضع کا مستطیل شکل کا ؛

صَنَدید (ع۔صفت) سردار۔ بہادر۔ جرنیل۔ شریف ؛

صُنع (ع۔مو) کاریگری۔ ہنری۔ دستکاری ؛

صنعت (ع۔مو) کاریگری۔ پیشہ۔ ہنر۔ دستکاری۔ کام

صنعت گاہ (ع۔مو) کارخانہ۔ کام کرنے کی جگہ ؛

صنعت گری (ع۔ف۔مو) کاریگری۔ ہنرمندی۔

صنعت و حرفت (ع۔مو۔ا) ہاتھ یا مشین سے چیزیں بنانا۔ فن۔ مصنوعات۔ انڈسٹری ؛

صنعتی (ع۔ا۔صفت) جو چیزیں صنعت و حرفت سے تعلق رکھتی ہوں ؛

صنعتی محنت (ع۔ا۔مو) وہ محنت جو صنعت و حرفت کے سلسلے میں کی جائے ؛

صِنف (ع۔مو) قسم۔ جنس۔ نوع ؛

صنیف نازک (ع۔ف۔ا۔مو) کنایتہً عورت ؛

صَنَم (ع ۔ مذ) بُت پُتلی ۔ مُورتی ۔ کسی چیز کا بیجان قالب ۔ دلبر ۔ پریتم معشوق ۔ جاتی ۔ پیارا ؛

صَنم خانہ یا صَنم کدہ (عف ۔ مذ) بُت خانہ ۔ مندر ۔ ٹھاکر دوارا ؛

صنم کا کھیل (اُر ۔ مذ) ایک کھیل کا نام ہے ۔ چند ہم عمر مل کر بیٹھ جاتے ہیں اور دائیں طرف سے آ سے ی تک سوال کرتے جاتے ہیں ۔ جو جواب نہ دے سکے اُسے بہت شرمندہ کرتے ہیں ؛

صنم کدۂ چین (عف ۔ مذ ۔ ظرف) چین کے ایک مشہور بت خانہ کا نام ہے ۔ ایک کتاب کا نام بھی ہے ۔ جس میں صنم کے کھیل کے قواعد درج ہیں ؛

صنم گر (عف ۔ صفت) بُت تراش ؛

صنوبر (ع ۔ مذ) ایک نہایت سیدھا درخت ہوتا ہے ۔ ایک قسم کے سرو کو بھی کہتے ہیں ۔ جس سے معشوق کے قد اور اس کے خرام خرام اور رفتار کو تشبیہہ دیتے ہیں ؛

ص ۔ و

صواب (ع ۔ صفت) راست ۔ دُرست ۔ ٹھیک ۔ بجا خوب ۔ بہتر بہترین ؛

صواب اندیش (ع ۔ ف ۔ صفت) ٹھیک اور مناسب سوچنے والا ۔ بہتری کی سوچنے والا ؛

صواب دید (ع ۔ ف ۔ ا مو) نیک صلاح ۔ اچھی تجویز منظوری مصلحت ؛

صُوبجات (ع ۔ اسم مذ) صوبہ کی جمع ؛

صُوبہ (ع ۔ ا مذ) سلطنت کا وہ حصّہ جس میں بہت سے ضلعے یا پرگنے شامل ہوں ۔ حاکم صُوبہ ۔ گورنر ۔ لفٹننٹ گورنر ؛

صُوبہ دار (عف ۔ ا مذ) حاکم صُوبہ ۔ پیدل فوج کا وہ پاکستانی افسر کپتان کے برابر ہوتا ہے ؛

صُوبہ داری (عف ۔ ا مو ۔ بیائے مصدری) صُوبہ کی حکومت نظامت صُوبہ دار کا عہدہ ؛

صَوت (ع ۔ ا مو) آواز ۔ ندا ۔ صدر ۔ بانگ ؛

صَوت پیما (عف ۔ ا مذ) آواز کی پیمائش کرنے والا آلہ ؛

صَوتی (ع ۔ صفت) آواز سے متعلق ؛

صَوتیات (ع ۔ ا مو) وہ علوم وفنون جو آواز سے تعلق رکھتے ہیں ؛

صُور (ع ۔ مذ) نرسنگا ۔ بجانے کا سینگ نفیری ۔ ترئی ۔ بگل ؛

صُور اسرافیل (ع ۔ ا مذ) وہ آلہ جس کو حضرت اسرافیلؑ قیامت کے دن پھونکیں گے ۔ ایک دفعہ مار ڈالنے کو ۔ دوسری دفعہ زندہ کرنے کو ؛

صُور

صُوَر (ع ۔ ا مو) صُورت کی جمع ؛

صُورت (ع ۔ ا مو) چہرہ ۔ مُنہ ۔ شکل ۔ مُجسّم نقش تصویر بھیس روپ ۔ علامت ۔ نشان ۔ مُورت ۔ بُت ۔ مُورتی ۔ خاکہ ۔ ڈھانچا ۔ حالت ۔ کیفیت ۔ تدبیر ۔ تجویز ۔ مانند ۔ مثل ۔ مشابہ ۔ طرح ۔ طور ۔ طریق ۔ ڈھنگ ۔ موقعہ ۔ محل ۔ ظاہر ۔ مُشغل ۔ کام ۔ رُوشناس ۔ آشنا ۔ جان ۔ پہچان ۔ واقف کار ؛

صُورت آشنا ہونا یا ہو جانا ۔ (محاورہ) صورت پہچاننا ۔ جان ہو جانا ۔ واقف ہو جانا ۔ معمولی آشنائی ہونا ۔ یونہی سی واقفیت ہونا ؛

صُورت اُترنا (اُر ۔ محاورہ) تصویر کا کھینچا جانا ؛

صُورت احوال (ع ۔ ا مو) حالت کا نقشہ وہ محضر جو کسی دعوے کو ثابت کرنے کے لیے معزز لوگوں کے دستخطوں سے مرتب کیا جاتا ہے ؛

صُورت اختیار کرنا (اُر ۔ محاورہ) ڈھنگ اختیار کرنا ؛

صُورت بدل جانا (اُر ۔ محاورہ) کیفیت بدل جانا ۔ حالت بدل جانا ۔ کمزور ہونا ؛

صُورت بن پڑنا (اُر ۔ محاورہ) تدبیر بن پڑنا ؛

صُورت بدلنا (اُر ۔ محاورہ) بھیس بدلنا ۔ ہیئت پلٹنا ۔ حالت بدلنا ۔ چہرہ تبدیل کرنا ؛

صُورت بنانا (محاورہ) شکل بنانا ۔ تصویر بنانا ۔ خاکہ کھینچنا ۔ مُنہ بنانا ۔ چڑانا ۔ مُنہ چڑانا ۔ مُنہ بگاڑنا ۔ بات کرنا ۔ غریبی اور مُفلسی ظاہر کرنا ؛

صُورت پرَست (ف ۔ مذ ۔ فاعل) بُت پرست ۔ مورتی پوجا کرنے والا ۔ ظاہر پرست ۔ حُسن پر فریفتہ ہونے والا ؛

صُورت پکڑنا (اُر ۔ محاورہ) شکل بننا ۔ رنگ اختیار کرنا ۔ کوئی طریقہ اختیار کرنا ؛

صُورت پر پھٹکار برسنا (اُر ۔ محاورہ) شکل بے رونق ہونا ؛

صُورت تو دیکھو (اُر ۔ محاورہ) طنزاً اظہار نا قابلیت کے لیے بولا کرتے ہیں ۔ مُنہ تو دیکھو ۔ کہاں یہ کام اور کہاں یہ شکل ۔ چھوٹا سا مُنہ ۔ بڑی بات ؛

صُورت چڑیلوں کی مزاج یا دماغ پریوں کا (اُر ۔ مثل) بدصُورتی پر ایسا مزاج ۔ کریہہ الصورت اتنی اور غرور یہ ۔ بدشکلی پر بددماغی ؛

صُورت ٹھہرنا (اُر ۔ محاورہ) تدبیر نکل آنا ۔ حالات پیش آنا ؛

صُورتِ حال (ع ۔ مو) ظاہری حالت ۔ روئداد ۔ صورت ۔ معاملہ ؛

صُورتِ حرام (ع ۔ صفت) دیکھنے میں اچھی اور چکھنے میں خراب اور بدذائقہ ۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ اچھی اور باطن خراب ؛

صُورت خاک میں ملانا (اُر ۔ محاورہ) مارنا تباہ کرنا ؛

صُورت دیکھتا رہ جانا (اُر ۔ محاورہ) حیران رہ جانا ؛

صُورت دیکھ کر جینا (اُر ۔ محاورہ) عاشق ہونا ؛

صُورت دار (اُر ۔ فاعل ترکیبی) خوبصورت ۔ شکیل ۔ وضعدار خوبرو ؛

صُورت کو ترس جانا (اُر ۔ محاورہ) ملاقات کا نہ موقع نہ ملنا ؛

صُورت نہ شکل ۔ بھاڑ سے نکل (اُر ۔ محاورہ) بدصورت آدمی کو طنزاً کہا جاتا ہے ؛

صُورت نکالنا (اُر ۔ محاورہ) تدبیر نکالنا ۔ ذریعہ نکالنا ؛

صُورت یہ ہے (اُر ۔ محاورہ) بات یہ ہے ۔ حال یہ ہے ۔

صُورتوں کی پہچان رہنا (اُر ۔ محاورہ) حسن کی تلاش رہنا ؛

صُورتاً (ع ۔ تابع فعل) ظاہراً طور پر ۔ ظاہراً ۔ بظاہر ؛

صُوری (ع ۔ صفت بیائے نسبتی) ظاہری ۔ معنوی ضد ؛

صُوف (ع ۔ ا مذ) اُون پشمینہ ۔ کمل ۔ پشم ۔ ایک قسم کا موٹے ٹاٹ جیسے کا کپڑا ۔ گوٹا بننے کا بانا ۔ وہ کپڑے کا ٹکڑا جو دوات میں سیاہی کے ساتھ رکھتے ہیں ؛

صوفہ (ق۔مذ) مکان کا بڑا کمرہ سپرنگوں والی کرسی ؛
صُوفی (ع۔مذ۔بیائے نسبتی یا فاعلی) پشمینہ کے کپڑے پہننے والا۔ کمل پوش۔ متقی۔ پرہیزگار۔ پارسا۔ عابد زاہد ؛
صُوفیِ صافی (ع۔مذ) درویشوں کی اصطلاح میں ماسوائے اللہ سے دل کو پاک رکھنے والے کو کہتے ہیں ؛
صُوفی منش (ع۔ف۔صفت) صُوفی طبیعت کا درویشانہ مزاج کا ؛
صُوفیانہ (عف۔صفت) منسوب بہ صوفی۔ صوفیوں کا سا۔ سادہ بلاٹیپ ٹاپ ؛
صُوفیانہ وضع (اُ۔مو) سادہ وضع۔ سادہ پن ؛
صَولت (ع۔مو) دبدبہ۔ رُعب۔ ہیبت ؛
صَوم (ع۔مذ) روزہ۔ برت ؛
صَوم و صلوٰۃ (ع۔مو) روزہ۔ نماز ؛
صَومعہ (ع۔ا۔مذ) گرجا۔ عبادت خانہ ؛

ص - ہ

صہبا (ع۔مو) ایک قسم کی سُرخ شراب۔ سفید انگوروں کی شراب۔ مئے احمر ؛
صہر (ع۔مذ) خسر۔ داماد ؛
صہیل (ع۔ا۔مو) گھوڑے کا ہنہنانا

ص - ی

صیّاد (ع۔مذ۔فاعل) صید کرنے والا۔ شکار کھیلنے والا۔ شکاری۔ چڑی مار۔ ماہی گیر وغیرہ ؛
صیّادِ اجل (ع۔مذ) موت کا فرشتہ۔ ملک الموت۔ عزرائیل۔ جم دوت ؛
صِیام (ع۔ا۔مذ۔ صَوم کی جمع۔ روزے ؛
صیانت (ع۔مو) بچاؤ۔ پاسبانی۔ حفاظت۔ نگہبانی ؛
صَیحہ (ع۔مذ) نعرہ۔ چنگھاڑ ؛
صَید (ع۔ا۔مذ) وہ جانور جس کو شکار کریں (اُ۔مو) ہم پیشہ اور ہم کار لوگوں کی باہمی لڑائی اور ضد ؛
صَید بدنا (اُ۔محاورہ) کبوتر کو پکڑ کر واپس نہ دینے کا اقرار کرنا۔ ضد باندھنا ؛
صَید کرنا (اُ۔محاورہ) شکار کرنا۔ پکڑنا۔ قابو میں لانا۔ فریفتہ کرنا ؛
صَیدگاہ (عف۔مذ۔ظرف) شکار کھیلنے کی جگہ۔ شکارگاہ ؛
صَیدی (اُ۔مذ۔بیائے فاعلی) شکاریوں کی اصطلاح میں وہ شخص جو ہم پیشہ لوگوں سے ضد اور لڑائی کرے ؛
صیرفی (ع۔مو) صرّاف۔ کھوٹے۔ کھرے کو پرکھنے والا ؛
صِیغہ (ع۔ا۔مذ) سانچے میں ڈھالنا۔ ڈھلی ہوئی چیز۔ طریقت۔ خلقت اصل۔ وہ مشتق کلمہ جو کسی لفظ سے نکالا گیا ہو۔ (اہل تشیع) نکاح۔ میعادی۔ ایجاب و قبول۔ محکمہ۔ سررشتہ۔ شعبہ ؛
صِیغہ پڑھانا (محاورہ) اہل تشیع میں نکاح پڑھانا۔ ایجاب و قبول کرانا ؛
صِیغہ گردانا (اُ۔محاورہ) فعل کی گردان کرنا ؛
صَیقل (اُ۔ا۔مو) ریتی۔ جلا۔ صفائی۔ آب۔ چمک۔ جلا کرنے کا آلہ ؛
صَیقل کرنا (اُ۔فعل) چمکانا۔ جلا کرنا۔ آب دینا۔ صاف کرنا۔
صَیقل گر (عف۔صفت) جلا کرنے والا۔ ہتھیار صاف کرنے والا ؛
صَیہُونی (ع۔صفت) یہودیوں کی عالمگیر تحریک ؛
صَیہُونیت (ع۔ا۔مو) یہودیوں کی عالمگیر تحریک۔ جس کا مقصد بعض ممالک میں یہودی تسلط قائم کرنا ہے ؛

ض

ض (ع - مذ) اردو کا اکیسواں فارسی کا اٹھارھواں اور عربی کا پندرھواں حرف ہے - حساب جمل میں اس کے آٹھ سو عدد فرض کئے گئے ہیں ؛

ض - ا

ضابط (ع - مذ) صفت فاعلی - انتظام کرنے والا - حفاظت میں رکھنے والا - منتظم - مدبّر - حاکم - مالک - قابض - محتاط - پابند قاعدہ - صابر - متحمل - بُردبار ؛

ضابطہ (ع - مذ) قاعدۂ عمل درآمد - نگہداشت - قانون - قاعدہ - انتظام بندوبست - ربط وضبط - آئین -

ضابطہ برتنا (اُر فعل) قانون پر چلنا - قاعدہ کے موافق کام کرنا ؛

ضابطۂ دیوانی (اُر مذ) باہمی لین دین کا قانون - عدالت دیوانی کا قانون ؛

ضابطۂ عدالت (ع - مذ) عدالت کا طریقۂ عمل ؛

ضابطہ کی رُو سے (اُر - تابع فعل) قاعدہ اور قانون کے مطابق حسب ضابطہ ؛

ضابطۂ فوجداری (اُر - مذ) فوجداری قانون - شریروں اور بدمعاشوں کے جرموں کے روکنے وغیرہ کا قانون ؛

ضابطہ قانون (اُر مذ) خزانہ یا مالگذاری کے متعلق قانون - سررشتہ مال کا قانون ؛

ضابطگی (ف - مؤ) قانون وضابطہ کے مطابق ہونا ؛

ضاحک (ع - مذ) فاعل ہنسنے والا - خندان - ٹھٹھا کرنے والا - مُنہ چڑانے والا - بُرائی بیان کرنے والا - ہجو کہنے والا - مسخرا - ظریف -

ضارب (ع - صفت) مارنے والا - چوٹ لگانے ؛

ضامن (ع - مذ - فاعل) کسی کی ضمانت دینے والا - ذمہ دار - لکڑی کی وہ پچر جو حقے کی دونوں نڑلیوں کے درمیان باندھ دیا کرتے ہیں - مایہ شیر - یعنی وہ دہی جس کے ذریعہ سے دودھ جماتے ہیں دہی بناتے ہیں ؛

ضامن درضامن (اُر - مذ کر) ذمہ دار کا ذمہ دار - کفیل کا کفیل ؛

ضامن دینا (اُر محاورہ) کسی کو اپنا کفیل یا ذمہ دار بنا کر پیش کرنا ؛

ضامن نہ ہو جیئے گرہ سے دیجئے (اُر - مثل) گرہ سے دینے سے کوئی ہرج نہیں ہوتا - ضامن بننے میں سخت خرابی ہوتی ہے ؛

ضامن نہ ہووے باپ کا - ہے ضامنی گھر باپ کا (اُر مثل) خواہ کوئی کیسا ہی کیوں نہ ہو - ضمانت ہرگز نہیں دینی چاہیے - کیونکہ ضمانت خرابی کی جڑ ہے ؛

ضامن ہونا (اُر - مصدر مرکب) ذمہ دار بننا - کفیل ہونا -

ضامنی (ع - مؤ - بیائے مصدری) ذمہ داری - کفالت - ضمانت ؛

ضامنی پودنی کی کیا (اُر مثل) معمولی (حیثیت والے) کی ضمانت نہیں لینی چاہیئے ؛

ضامنی دینا (اُر - محاورہ) ضمانت دینا - ذمہ دار بننا - کفیل بننا ؛

ضائع (ع - صفت فاعلی) اکارت - لاحاصل - بے فائدہ - خراب - برباد - رائگاں ؛

ضائع کرنا (اُر - محاورہ) کھونا - برباد کرنا - تلف کرنا - اُڑانا - بیکار کرنا - نکما کرنا - مارنا - قتل کرنا ؛

ضائع ہونا - یا **ضائع جانا** (اُر - محاورہ) برباد ہونا - خراب ہونا - مرنا - فوت ہونا - مارا جانا ؛

ض - ب

ضبط (ع - مذ) پاسبانی - حفاظت - نگہبانی - ہوشیاری - انتظام - بندوبست - حکومت - راج - قید - پابندی - فرق - قبضۂ سرکار ؛

ضبطِ تولید (ع - مذ) بچوں کی پیدائش کو روکنے کی تدبیر کرنا ؛

ضبط کرنا (اُ۔ محاورہ) باندھنا۔ قابو کرنا۔ روکنا۔ نگرانی کرنا۔ قرق کرنا۔ پلینا۔ جذب کرنا ؛

ضبطی (ع۔ مو) بیائے مصدری۔ نگرانی۔ قرقی ؛

ضبطیٔ جائداد یا مال (اُ۔ مو) مال واسباب کی قرقی ؛

ضبطی میں آنا (اُ۔ محاورہ) قرقی میں آنا۔ چھن جانا۔ سرکاری ہو جانا۔ قرق ہونا ؛

ض ۔ ح

ضحیٰ (ع۔ مذ) پہر دن چڑھے۔ یعنی دس بجے کا وقت۔ عید قربانی ؛

ضحاک (ع۔ مذ) بہت ہنسنے والا۔ ایک ایرانی بادشاہ کا نام ہے جو بڑا ظالم اور جابر ہو گزرا ہے ؛

ضحک (ع۔ مو) قہقہہ۔ کھلکھلا کر ہنسنا ؛

ضحی (ع۔ مذ) چاشت کا وقت ؛

ض ۔ خ

ضخامت (ع۔ مو) موٹاپا۔ جسامت۔ حجم ؛

ضخیم (ع۔ صفت) موٹی چیز۔ جسیم۔ فربہ ؛

ض ۔ د

ضد (ع۔ مو) برعکس۔ مخالفت۔ خلاف۔ دشمنی۔ عداوت۔ بغض (اُردو) ہٹ۔ اصرار۔ اڑ۔ سینہ زوری۔ غرور۔ انانیت۔ تعصب۔ عصبہ۔ کروڈھ ؛

ضد باندھنا (اُ۔ محاورہ) بہت ہٹ کرنا۔ کسی بات پر اڑ جانا۔ اصرار کرنا۔ بحث کرنا۔ دشمنی باندھنا۔ مخالفت کرنا ؛

ضد پر آنا (اُ۔ محاورہ) ہٹ پر آنا۔ اصرار پر کمربستہ ہونا۔ مخالفت کرنا ؛

ضد پوری کرنا (اُ۔ محاورہ) ہٹ کے موافق کرنا۔ اصرار کے موافق کرنا۔ کہا کرنا ؛

ضد چڑھنا یا آنا (اُ۔ محاورہ) غصہ چڑھنا۔ اڑنا۔ ہٹ پر آنا ؛

ضد دلانا (اُ۔ محاورہ) ہٹ کی تحریک کرنا ؛

ضد رکھنا (اُ۔ محاورہ) دشمنی رکھنا۔ مخالفت رکھنا۔ خلاف کرنا ؛

ضد کا پورا ہے (اُ۔ محاورہ) اپنی ہٹ نہیں چھوڑتا ؛

ضد کرنا (اُ۔ محاورہ) اڑنا۔ ہٹ کرنا۔ اصرار کرنا۔ خلاف کرنا ؛

ضدی (اُ۔ صیغت بیائے فاعلیت) ہٹیل۔ ہٹیلا۔ بہت اصرار کرنے والا ؛

ضدین (لہ۔ صفت) بین ثنیہ۔ دو مخالف چیزیں۔ دو مختلف چیزیں ؛

ض ۔ ر

ضراب (ع۔ امذ) روپیہ اشرفی پر ٹھپا لگانے والا ؛

ضراب (ع۔ امذ) کسی کو تلوار مارنا ؛

ضرار (ع۔ امذ) ایک دوسرے کو نقصان پہنچانا ؛

ضرب (ع۔ امو) چوٹ۔ صدمہ۔ دھکا۔ بیان۔ ذکر۔ ٹھپا۔ مہر۔ توپ کے شمار کرنے کا عدد۔ صوفیوں کا کسی کلمہ کو زور اور جہر سے کے ساتھ اس طرح پڑھنا جس سے دل پر چوٹ لگے۔ نقصان۔ خسارہ۔ گھاٹا۔ علم حساب کا ایک قاعدہ۔ یعنی ایک عدد کو بار بار جمع کرنے کا مختصر قاعدہ ؛

ضرب آنا (اُ۔ محاورہ) چوٹ آنا۔ دھکا لگنا۔ گھاٹا آنا ؛

ضرب اُٹھانا (اُ۔ فعل) نقصان اُٹھانا۔ گھاٹا کھانا۔ صدمہ۔ گوارا کرنا ؛

ضرب چلیپا (عف۔ مو) ایک خاص ضرب جو آڑی دی جاتی ہے۔

ضرب المثل (ع۔ مو) مثل بیان کرنا۔ مثال کے طور پر بیان کیا ہوا ؛

ضرب المثل ہونا (اُ۔ محاورہ) کہاوت طرح مشہور ہونا ؛

ضرب آنا (اُ۔ محاورہ) چوٹ لگنا۔ دھکا لگنا۔ نقصان پڑنا ؛

ضرب پڑنا (اُ۔ محاورہ) چوٹ لگنا۔ آفت آنا۔ مصیبت پڑنا ؛

ضرب دینا (اُ۔ محاورہ) نقصان دینا۔ ضرر پہنچانا۔ اعداد کو باہم ٹکرانا ؛

ضرب شمشیر (ع۔ ف۔ امو) تلوار کا زخم۔ ہاتھ کا زخم ؛

ضرب شدید (ع۔ امو) سخت چوٹ۔ مہلک صدمہ ؛

ضرب کی تاب نہ لانا (اُ۔ محاورہ) وار کو برداشت نہ کر سکنا ؛

ضرب لگانا (اُ۔ فعل) چوٹ لگانا۔ کوٹنا۔ وار کرنا۔ صدمہ پہنچانا۔ تلوار مارنا۔ ٹھپا لگانا۔ مہر لگانا۔ کلمہ پڑھنا۔ خاص طریقہ سے خدا کا نام لینا ؛

ضرب مرکب (ع۔ امو) علم حساب میں ایک خاص قسم کی ضرب کو کہتے ہیں۔ جس میں نقدی یا جنس وغیرہ کے مختلف حصوں میں ضرب دیں ؛

ضرب مضروب (ع۔ امو) علم حساب میں سادہ ضرب۔ ضرب بسیط ؛

ضرب مہلک (ع۔ ف۔ امو) ہلاک کر دینے والی چوٹ ؛

ضرر (ع۔ مذ) نقصان۔ گھاٹا۔ خسارہ۔ تکلیف درد۔ صدمہ۔ ضرب۔ چوٹ ؛

ضرر جسمانی (ع۔ امذ) بدنی نقصان۔ جسمانی تکلیف۔ بدنی چوٹ ؛

ضرر خفیف (ع۔ امذ) تھوڑی سی تکلیف۔ تھوڑا سا نقصان ؛

ضرر رساں (ع۔ صفت) نقصان پہنچانے والا ؛

ضرر رسانی (عف۔ امو) بیائے مصدری) دکھ دینا۔ تکلیف پہنچانا ایذا ؛

ضرب صریح (ع۔ امو) دھمکی۔ مار پیٹ۔ زخمی یا کسی عضو کے بیکار کرنے سے پہنچا ہوا نقصان یا چوٹ ؛

ضرر شدید (ع۔ امذ) بڑا بھاری نقصان۔ مہلک صدمہ۔ سخت چوٹ ؛

ضروری (ع۔ صفت) وہ بات جس کا ہونا فرض ہو۔ لازم۔ واجب مطلوب در کار طنز ا۔ درست۔ بجا۔ بے شک۔ اٹل۔ (بجالت۔ مو) حاجت۔

ضرورت خواہش ۔ درکار ۔ البتہ لا کلام ؛
ضرور ضرور (لہ تابع فعل) تاکیدی ۔ بالضرور ۔ یقیناً ۔ ضروری ہی ؛
ضرور نہیں (لہ محاورہ) درکار نہیں ۔ لازم نہیں ۔ واجب نہیں ؛
ضروری (اُر تابع فعل وصفت) بالضرور ۔ واجبی ۔ لازمی ۔ ناچاری ۔ مجبوری ؛
ضرور ہے (اُر محاورہ) واجب ہے ۔ لازم ہے ۔ درکار ہے ۔ خواہش ہے ؛
ضرورت (ع ۔ مو) حاجت ۔ خواہش ۔ احتیاج ؛
ضرورت ایجاد کی ماں ہے (اُر ۔ مثل) جب ضرورت ہو تو آدمی کوئی نہ کوئی انتظام کر لیتا ہے ؛
ضرورت سب کچھ کرا لیتی ہے (اُر ۔ مثل) ضرورت کے وقت جو کچھ ہو سکتا ہے کیا جاتا ہے ؛
ضرورت کے وقت گدھے کو باپ بنا لیتے ہیں (اُر ۔ مثل) لاچاری کے وقت ادنیٰ لوگوں کی بھی خوشامد کرنی پڑتی ہے ؛
ضرورت مند (لہ صفت فاعلی) محتاج ۔ غریب ۔ مفلس ۔ تنگ حال تنگ دست ؛
ضرورتاً (ع ۔ فعل) از روئے ضرورت ۔ بلحاظ ضرورت ۔ لاچار ۔ واجباً ؛
ضروریات (ع ۔ مو) ضروری چیزیں ۔ استعمال کی چیزیں ؛
ضروریاتِ زندگی (ع ۔ مو) وہ چیزیں جو انسان کو زندہ رہنے کے لیے ضروری ہیں ۔ کھانا ۔ کپڑا وغیرہ ؛
ضریح (ع ۔ مو) قبر ۔ گور ۔ مزار ۔ مقبرہ ۔ تعزیہ ؛

ض ۔ ع

ضِعف (ع ۔ صفت) دوچند ۔ دُوگنا ۔ دُگنا ؛
ضُعف (ع ۔ ا ۔ مذ) کمزوری ۔ ناطاقتی ۔ بے عقلی ۔ بے ہوشی ۔ غشی ؛
ضُعفِ باہ (ع ۔ مو) سستی ۔ کمزوری ۔ نامردی ؛
ضُعف آنا (لہ فعل) غش آنا ۔ بے ہوش ہونا ؛
ضُعفِ بصارت (ع ۔ مذ) نظر کی کمزوری ۔ آنکھوں کی ناطاقتی ؛
ضُعفِ جگر (عف ۔ مذ) ایک بیماری کا نام ہے ۔ کلیجہ کی ناطاقتی ؛
ضُعفِ دل (عف ۔ مذ) دل کی کمزوری ؛
ضُعفِ مثانہ (ع ۔ مذ) مثانہ کی کمزوری ۔ جس میں بار بار پیشاب آتا ہے
ضُعفِ معدہ (ع ۔ مذ) معدہ کی کمزوری ۔ پیٹ کا ایک مرض ؛
ضعیف (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) کمزور ۔ ناطاقت ۔ بوڑھا ۔ سست ۔ ناتوان ؛
ضعیف الاعتقاد: وہ شخص جس کے اعتقاد کا بھروسہ نہ ہو ؛
ڈھلمل یقین ۔ بھولا بھالا ۔ سادہ لوح ؛
ضعیف الایمان (ع ۔ ا ۔ مذ) کمزور ایمان والا ۔ مذہبی باتوں پر یقین نہ کرنے والا ؛
ضعیف البیان (ع ۔ صفت) جن کی بنیاد کمزور ہو ؛
ضعیف العقل (ع ۔ صفت) بے عقل ۔ بے وقوف ۔ بے سمجھ کم فہم ۔ کم عقل
ضعیفہ (ع ۔ ا ۔ مو) ضعیف عورت ۔ بوڑھی عورت ؛
ضعیفی (ع ۔ ا ۔ مو ۔ بیائے مصدری) بڑھاپا ۔ کمزوری ۔ پیری ؛

ض ۔ غ

ضغطہ (غ ۔ مذ) دباؤ ۔ جھٹکا ۔ بھینچنا ؛

ض ۔ ل

ضلّ (ع ۔ مذ) غلطی کرنا ۔ گمراہ ہونا ۔ بھٹکنا ؛
ضلالت (ع ۔ ا ۔ مو) گمراہی ۔ خطا ۔ قصور ۔ جرم ؛
ضِلع (ع ۔ ا ۔ مذ) پسلی ۔ پہلو کی ہڈی ۔ خط ۔ لکیر ۔ حد ۔ حصّہ ۔ جزو ۔ ملک کا وہ حصّہ جس میں کئی تحصیلیں ہوں ۔ ڈپٹی کمشنر یا کلکٹر کا صدر مقام ۔ حجگت ۔ تلازمہ ۔ رعایت لفظی ؛
ضلع بندی (عف ۔ ا ۔ مو) صوبوں میں ضلعوں کی تقسیم ؛
ضلع بولنا (اُر ۔ محاورہ) حجگت اور تلازمے سے بات کرنا ؛
ضلع حجگت (ہ ۔ ا ۔ مو) پہلودار بات ؛
ضلعداری (عف ۔ مو ۔ بیائے مصدری) ضلعدار کے عہدے کا نام ضلعدار کا عہدہ ؛

ض ۔ م

ضَم (ع ۔ ا ۔ مذ) ملانا ۔ شامل کرنا ۔ ضمہ پیش کی حرکت ؛
ضِماد (ع ۔ ا ۔ مذ) لیپ ۔ دوا کو نرم کر کے جسم پر لگانا ؛
ضمانت (ع ۔ ا ۔ مو) ذمہ داری ۔ کفالت ۔ ضامنی ؛
ضمانت پر ہونا (اُر محاورہ) کسی کی ضمانت پر رہا ہونا ؛
ضمانت داخل کرنا (اُر ۔ محاورہ) لکھ کر ضمانت دینا ۔ ضامن ہونا ؛ کفیل بننا ؛
ضمانت دینا (اُر محاورہ) کسی کا ضامن بننا ؛
ضمانت کرنا (اُر محاورہ) کسی کا ضامن ہونا ؛
ضمانت نامہ (عف ۔ مذ) تحریری ضمانت ۔ ضمانت کا اقرار نامہ ؛
ضمانت ہونا (اُر محاورہ) کسی ملزم کا ضمانت پر رہا ہونا ؛
ضمناً (ع ۔ تابع فعل) بطور ضمانت ۔ کفالتاً ؛
ضمانتی (اُر ۔ مذ) ضامن ۔ ذمہ دار ۔ کفیل ؛
ضمائر (ع ۔ ا ۔ مو) ضمیر کی جمع ؛
ضِمن (ع ۔ ا ۔ مذ) اندر ۔ تہ ۔ شمول ۔ شرکت ۔ باب ۔ فصل ۔ دفعہ ۔ متعلق ؛
ضِمن میں (اُر ۔ تابع فعل) ساتھ میں ۔ دفعہ ۔ یا باب کے متعلق ؛
ضِمناً (ع ۔ تابع فعل) در پردہ ۔ اشارتاً ؛

ضِمنی (ع۔ا مو) مقدمہ کی تفتیش کی روزانہ رپورٹ۔ ذیلی ؛
ضَمیمہ (ع۔ا مذ) پیش۔ پیش کی حرکت۔ ضمّہ ؛
ضَمیر (ع ا مو) من۔ جی۔ دِل۔ ہیا۔ راز۔ بھید۔ سِرّ۔ مخفی۔ ؛ نوٹ ۔ اندیشہ خیال جو دل پر گزرے۔ صرف و نحو میں وہ اسم جو کسی اسم ظاہر کی جگہ استعمال کیا جاتا ہے ؛
ضمیمہ (ع۔ مذ) وہ شے جو اصل چیز پر بڑھائی جائے ؛ پرچہ زائد۔ تکملہ ؛

ض - و

ضَو (ع ا مذ) روشنی۔ پرتو۔ چمک۔ نُور ؛
ضَوافشاں (عف۔ صفت) روشن۔ مُنوّر۔ روشنی دینے والا۔
ضَوریز (عف۔ صفت) روشنی پھینکنے والا ؛
ضَوابِط (ع۔ا مذ) ضابطہ کی جمع۔ قوانین۔ قاعدے ؛

ض - ی

ضِیا (ع ا مو) روشنی۔ چمک۔ تجلّی۔ تلف۔ ضائع ؛
ضیافت (ع۔ مو) دعوت۔ مہمانی۔ کھانا کھلانا ؛
ضیافت خانہ (ع ف۔ مذ) مہمان خانہ۔ مہمان داری کا مکان ؛
ضیافت کرنا (اُ۔ فعل) دعوت کرنا۔ کھانا کھلانا ؛
ضَیغَم (ع ا مذ) پھاڑنے والا شیر۔ شیر۔ شیر ببر۔ کہری ؛
ضَیف (ع۔ مذ) مہمان۔ پاہُنا ؛
ضِیق (ع ا مو) تنگی۔ بھیچا۔ دِقت۔ مُشکل۔ کمی۔ کوتاہی۔ دمہ کی بیماری ؛
ضیق النفس (ع۔ مذ) سانس کی تنگی۔ دمہ سانس کی بیماری۔ دمہ کا مرض ؛
ضیق میں آنا / ضیق میں ہونا (اُ۔ محاورہ) عاجز آنا۔ مُشکل میں پھنسنا۔ تنگ ہونا۔ دِقت پڑنا ؛

ط

ط (ع۔مؤنث) اُردُو کا بائیسواں حرف فارسی کا اُنیسواں عربی کا سولھواں حرف ہے حساب جمل میں اس کے عدد نو مانے گئے ہیں۔

ط - ا

طاب (ع۔صف) خوشبودار، مقطر، نفیس۔ خوشگوار۔ اچھا۔ پاک۔

طاب ثراہٗ (ع، کلمہ دُعا) اُس کی قبر خوشبودار ہو۔ اُس کی رُوح کو سکون نصیب ہو۔

طابع (ع۔صف) فرماں بردار۔ چھاپنے والا۔

طابعہ (ع۔ا۔مؤ) ٹائپ رائٹر۔ ٹائپ مشین۔

طابق (ع۔ا۔مذ) مطابقت رکھنے والا۔ تابہ۔ توا۔ کڑاہی۔

طابق النعل بالنعل (ع۔ مثل) جُوتی جوتی کے ساتھ مطابق ہوگئی۔ دو آدمی یا چیزیں ایک دوسرے سے عین مطابق ہوجائیں تو مثل بولتے ہیں۔

طارق (ع۔ا۔مذ) صبح کا ستارہ رات کو چلنے والا۔ سخت حادثہ۔

طارم (ع۔ا۔مذ) لکڑی کا گھر۔ گنبد۔ بلند مکان۔ (مجازاً) آسمان۔

طارم اعلیٰ (ع۔ا۔مذ) فلک الافلاک۔

طارس (ع۔صفت فاعلی) یکایک آپڑنے والا۔ اچانک ظاہر ہونے والا۔ آدھمکنے والا۔ مراد غالب آجانے والا۔ مسلط ہوجانے والا چھاجانے والا۔

طاری ہونا (اُرد۔محاورہ) چھاجانا۔ غالب آنا۔ مسلط ہوجانا۔

طاس (ع۔ا۔مذ) پیالہ۔ طشت۔ لگن۔ تھال۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔ وہ قطعہ زمین جس کا پانی ست سنا کر کسی دریا میں آپڑتا ہو۔

طاس بازی (ع۔ف۔ا۔مؤ) شعبدہ بازی۔ مکاری۔

طاس دریا (ع۔ف۔مذ) دیانہ۔ ڈیلٹا۔ بیسن۔

طاسہ (ع۔ا۔مذ) تاشہ۔ ایک قسم کا باجا جو کھال منڈھ کر بنایا جاتا ہے۔

طاسہ نواز (ع۔صف) طاسہ بجانے والا۔

طاسہ مرفہ (اُر۔ا۔مذ) طاسہ اور ڈھول۔

طاسے مرفے والے (اُر۔مذ) فاعل۔ باجے گاجے والے۔ ڈھول تاشے والے۔

طاعات (ع۔ا۔مؤ) طاعت کی جمع۔ اطاعت کے کام۔

طاعت (ع۔ا۔مؤ) عبادت۔ بندگی۔ پرستش۔ پوجا پاٹ، فرمانبرداری۔

طَاعِن (ع۔مو) طاقت کی جمع اطاعت کے کام۔
طاعون (ع۔مذ) لغوی نیزہ مارنا۔ اصطلاحاً ایک متعدی وبا کا نام ہے جس میں بغل وغیرہ میں گلٹی نکلتی ہے۔ جس کی چبھن کے باعث اس بیماری کا نام طاعون ہوگیا۔
طاغوت (ع۔مذ) شیطان۔ گمراہوں کا سردار۔ بت دیو۔
طاغوتی (ع۔صف) طاغوت سے نسبت رکھنے والا۔ شیطانی۔
طاغی (ع) فاعل۔ سرکش۔ باغی۔ مفسد۔ سرغنہ۔ پھرا ہوا۔
طاق (ع۔مذ) محراب۔ آلہ۔ بے نظیر۔ لاثانی۔ خرد۔ یکتا۔ یگانہ جفت کی ضد۔ نادر۔ کمیاب۔


طاق

طاق ابرو (ع۔صف۔مونث) بھوؤں کی کمان۔ قوس ابرو۔
طاق ازرق (ع۔ف۔مذ) نیلا طاق۔ آسمان۔
طاق ایوان (ع۔مذ) ڈیوڑھی۔ جلوہ خانہ۔
طاق بھرنا (اُر۔محاورہ) مسجد یا مزار کی محراب میں چراغ جلا کر پھول تیل شے چڑھانا۔
طاق پر بٹھانا تو بھر بھر مانگے چلّو (اُر۔مثل) ایسے کمینے کے متعلق کہتے ہیں جو اپنے سے بہتر آدمیوں پر حکم چلائے۔
طاق پر دھرنا یا دھر رکھنا (اُر۔محاورہ) انتظار رکھنا۔ محفوظ رکھنا۔ ترک کرنا۔ چھوڑنا۔ باز آنا۔
طاق پر رکھنا
طاق پر رکھا رہنا (اُر۔محاورہ) یکتا کرنا۔ کامل بنانا۔ یگانہ بنانا۔ ماہر کر دینا۔
طاق جفت۔ (اُر۔مذ) ایک قسم کا جوا ہے۔
طاق کرنا۔ (اُر۔فعل) یکتا کرنا۔ کامل بنانا۔ یگانہ بنانا۔ ماہر کر دینا۔
طاق میں ایمان رہنا۔ (اُر۔محاورہ) بے ایمانی کی جلا۔ ایمان کی پرواہ نہ ہونا۔
طاق نسیاں پر رکھنا۔ (اُر۔محاورہ) بھلا دینا۔ یاد نہ رکھنا۔ بھول کر بھی یاد نہ کرنا۔
طاق وجفت دونوں ہونا (اُر۔محاورہ) ہر صورت میں کامیابی ہونا۔
طاق ہونا (اُر۔فعل) کسی کام میں یگانہ ہونا۔ لاثانی ہونا۔ بینظیر ہونا۔ یکتا ہونا۔ جانا رہنا۔ نیست و نابود ہونا۔ معدوم ہونا۔ چاہنے والا۔ امداد کا طلب گار۔
طاقت (ع۔امو) زور۔ بل۔ قوت۔ تاب۔ مجال۔ جرأت۔ حوصلہ لیاقت۔ استعداد۔ مقدور۔ حیثیت۔ بساط۔ برداشت سمائی۔ سلطنت۔ حکومت۔ دولت۔
طاقت آزما (ع۔ف۔مذ) زور دکھانا۔
طاقت آزمائی (عف) مونث۔ زور آزمائی۔ زور لگانا۔
طاقتیں (اف۔امو) حکومتیں۔ سلطنتیں۔
طاقت طاق ہونا۔ (اُر۔فعل) طاقت بالکل نہ رہنا۔ قوت کا زائل ہو جانا۔ زور نہ رہنا۔
طاقت کرنا (اُر۔محاورہ) زور دکھانا۔ زور کرنا۔ قوت آزمانا۔
طاقت مہماں نداشت خانہ بہ مہماں گزاشت (ف۔مثل) مہمان کو دیکھ کر کھسک جانے والے آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔ غیر متواضع۔
طاقت ور (عف) صفت۔ زور آور۔ بلوان۔ قوی توانا۔
طاقچہ (ف۔مذ) اسم تصغیر از طاق۔ چھوٹا طاق۔
طاقیہ (ع۔اسم مذکر) ردّی یا ریشمی کپڑے کا تھان یا ٹکڑا۔
طاقی (ف۔امو) ایک قسم کی لمبی ٹوپی۔ کلاہ (بحالت اسم مذکر) کرنجی آنکھ کا گھوڑا۔ ایک آنکھ چھوٹی اور ایک بڑی والا گھوڑا۔ (بحالت صفت بھینگا۔ احول۔
طاقی نہ رکھے باقی (اُر۔مثل) کرنجی آنکھ کا گھوڑا کچھ باقی نہیں رہنے دیتا اس لیے سخت منحوس خیال کیا جاتا ہے۔
طاقیہ (ع۔امو) وہ ٹوپی جو پگڑی کے نیچے پہنتے ہیں۔
طال (ع۔ماضی) لمبا ہوا۔ بڑھ گیا۔
طال (اللہ) عمرہٗ (ع۔دعا) اس کی عمر لمبی ہو۔
طالب۔ فاعل مذکر۔ طلب کرنیوالا۔ تلاش کرنے والا۔ متلاشی خواستگار۔
طالب امداد یا امداد (ع۔صف) مدد چاہنے والا۔ امداد کا طلب گار۔
طالب دُنیا (ع۔مذ) دُنیا دار۔ دُنیا کا خواہاں۔ لالچی، حریص۔
طالب دیدار (اُر۔مذ) دیکھنے کا خواہشمند۔ عاشق۔ مشتاق۔
طالب زر (عف۔صف) لالچی۔ حریص۔
طالب زر خر۔ طالب مولےٰ اولےٰ (ف۔مثل) دولت کا طلبگار بے وقوف گدھا اور خدا کا طالب سب سے بہتر ہوتا ہے۔
طالب عقبیٰ (ع۔مذ) آخرت کا طالب۔ زاہد۔ پرہیزگار۔ پارسا۔ عابد۔
طالب علم (ع۔مذ) مبتدی۔ متعلم۔ علم حاصل کرنے والا۔ نوآموز۔ مدرسے میں پڑھنے والا۔
طالب علمانہ (ع۔صف) طالب علموں کی مانند۔ شاگردوں کی طرح۔
طالب علمی (ع۔امو) بیا سے مصدری علم حاصل کرنے کا کام۔ شاگردی۔
طالب کفن (مرگ ہونا) (اُر۔محاورہ) مرنے کے خواہشمند ہونا۔
طالب و مطلوب (ع۔مذ) عاشق۔ معشوق۔
طالبہ (ع۔مو) طلب کرنے کی جگہ۔ علم حاصل کرنے والی عورت متعلمہ۔

طالع ع (مذ) نکلنے والا۔ طلوع ہونے والا۔ نصیبا۔ قسمت۔ بخت ستارہ۔ اقبال۔ نیا چاند۔

طالع آزما ۔ (عف۔ صف) قسمت آزمانے والا۔

طالع بیدار ۔ (عف۔ امذ) خوش قسمت۔ معشوق۔

طالع جاگنا ۔ (اُر۔ محاورہ) اچھے دن آنا۔ قسمت جاگنا۔

طالع سونا ۔ (اُر۔ محاورہ) بُرے دن ہونا۔ بدبختی آنا۔

طالع خوابیدہ (عف۔ صفت) ترکیب مفعولی۔ سوئی ہوئی قسمت بُری قسمت۔

طالع چمکنا (اُر۔ محاورہ) قسمت کھلنا۔ نصیبا جاگنا۔

طالع شناس (عف۔ امذ) نجومی۔ جوتشی۔ منجم۔

طالع دریا طالع مند (عف۔ صفت ترکیب فاعلی) صاحب نصیب خوش قسمت۔ بختاور۔

طالع وری (عف۔ مو۔ بیائے مصدری) بختاوری۔ خوش قسمتی۔ اقبالمندی۔

طالوت (ع۔ امذ) بن کشن۔ بنی اسرائیل کا پہلا بادشاہ جس نے جالوت کو قتل کیا تھا۔

طامات (ع۔ مذ۔ مو) گپ بازی۔ شیخی خوری۔ ریاکار صوفیوں کی مبالغہ آمیزی۔

طامع (ع) صفت فاعلی از طمع۔ لالچی۔ حریص۔ طمع کرنے والا۔

طاؤس (ع۔ امذ) ایک خوشنما پرندے کا نام ہے۔ مور۔ ستار کی قسم کے ایک ساز کا نام بھی ہے۔

طاؤسی (ع۔ صفت۔ بیائے نسبتی) مور کے رنگ کا۔ مور کا۔ مور جیسا۔

طاہر (ع۔ صفت فاعلی) پوتر۔ پاک۔ صاف۔ پاک دامن۔

طاہرہ (ع۔ صف) پاک باز عورت۔ جمع طاہرات۔

طاہری (ع۔ امو) ایک قسم کا پلاؤ جو چاولوں اور بڑیوں سے پکایا جاتا ہے۔ بڑی پلاؤ۔

طائر (ع۔ ا۔ فاعل مفید صفت) اُڑنے والا۔ پرندہ۔ پکھیرو۔ چڑیا۔ مرغ۔

طائر بسمل (ع۔ ف۔ صفت) آدھا ذبح کیا ہوا پرندہ۔ نیم جان پکھیرو۔

طائر خوش نوا ۔ (ع۔ ف۔ صف) خوش الحان پرندہ اچھا گانے والا۔ پکھیرو۔

طائر وہم و خیال کا نہ پہنچنا (اُر۔ محاورہ) خیال تک نہ جاسکنا۔ پہنچنا ناممکن ہونا۔

طائر خیال (ع۔ ف۔ مذ) خیال کو طائر سے تشبیہ دیتے ہیں۔

طائر روح ۔ (ع۔ مو) روح کو طائر سے استعارہ کرتے ہیں۔

طائر زرّیں بال (ع۔ امذ) سنہرے پروں والا پرندہ (مجازاً) آفتاب۔

طائر سدرہ (ع۔ امذ) حضرت جبریل علیہ السلام جن کا مقام سدرہ پر ہے۔

طائر قبلہ نما (ع۔ ف۔ امذ) مرغ قبلہ نما۔ وہ مقناطیسی سوئی جس سے قبلہ کا رُخ معلوم ہوتا ہے۔

طائف (ع۔ ا۔ مذ) طواف کرنیوالا۔ حجاز میں ایک قصبہ جہاں چمنستان و سبزہ زار بکثرت ہیں۔

طائر قدس یا قدسی (ع۔ امذ) پاک دُنیا کا پرندہ۔ فرشتہ۔ ملکہ مجازاً۔ جبرائیل علیہ السلام۔

طائفہ (ع۔ مذ) گروہ۔ جماعت۔ جتھا۔ قوم۔ ملت۔ زمرہ۔ پنتھ۔ خاندان کل ناچنے والوں کا گروہ۔ رنڈی اور اس کے ساتھی۔ قافلہ۔ کاروان۔

طائفہ نچانا (اُر۔ محاورہ) رنڈی یا بھانڈوں وغیرہ کا ناچ کرانا۔

طائل (ع۔ مذ) فائدہ۔ نفع۔ افزونی۔ توانگری۔

طائی (ع۔ صف) عرب کے قبیلہ طے سے منسوب۔ جسمیں حاتم بڑا سخی گزرا ہے۔

ط - ب

طب (ع۔ امو) جسمانی بیماریوں کے علاج کا علم۔ حکمت۔ ویدک۔ علم الابدان۔

طب جسمانی (ع۔ امو) علم اخلاق۔ رُوح کے علاج کا علم۔

طب روحانی ۔ (ع۔ مو) علم اخلاق۔ رُوح کے علاج کا علم۔

طبابت ۔ (ع۔ مو) ڈاکٹری۔ فن حکمت۔ ویدک۔ علاج و معالجہ۔

طباخ (ع۔ امذ) بہت پکانے والا۔ باورچی۔ رسوئیا۔ بکاول۔ پکوتا۔

طباخی ۔ (ع۔ ف۔ امو) کھانا پکانے کا کام۔

طباشیر (معرب تباشیر امونث)۔ بنسلوچن ایک نلاہٹ دار سفید چیز جو بانس کے اندر سے نکلتی ہے۔ مجازاً سفیدی۔

طباطبائی (ع۔ صف) حضرت اسماعیل بن ابراہیم بن امام حسنؑ کی اولاد۔ جس کا لقب طباطبا تھا۔ عید کے موقع پر جب ان کے والد نے لباس کے متعلق پوچھا کہ کیا چاہیئے۔ تو انہوں نے قبا قبا کی بجائے طباطبا کہا۔

طباع (ع۔ صف) غیر معمولی ذہین۔ تیز طبیعت۔ تلوار بنانے والا۔ ڈھلیا۔ کوزہ گر۔ کمہار۔ سانچے میں ڈالنے والا۔

طباعت (ع۔ مو) پرنٹنگ۔ چھپائی۔ تلوار بنانے یا کمہار کا فن۔

طباعی (ع۔ مو) غیر معمولی ذہانت۔ طبیعت کی تیزی۔

طباق سا منہ (اُر۔ امذ) چپٹا چہرہ۔ پھیلا ہوا منہ۔ چوڑا چکلا منہ۔

طباقی چہرہ ۔ (عف۔ امذ) چوڑا منہ۔

طباقی کتا (اُر۔ امذ) دوسرے شخص کی روٹیوں پر گزارا کرنے والا۔ طفیلی۔

مفت خورا۔
طبائع (ع۔ مو) طبیعت کی جمع۔
طبراق (اُر۔ا۔مذ) فقیروں کی جھولی۔ کاسہ۔ گدائی۔
طبع (ع۔ا۔مو) طبیعت۔ مزاج۔ خلقت۔ خصلت۔ خُو۔ عادت۔ سیرت۔ چھاپ۔ مُہر۔ سکّہ۔ نقش۔
طبع آزمائی (عف۔ا۔مو) بیائے مصدری۔ طبیعت کا امتحان۔ طبیعت کی تیزی کا جانچنا۔
طبع رسا (رواں) (ع۔ف۔صفت) تیز طبیعت۔ تیز ذہن۔
طبع زاد (عف۔صفت ترکیب مفعولی) دل سے نکلا ہُوا۔ طبیعت سے نکالا ہُوا۔ اپنی ایجاد۔
طبع کرنا۔ (اُر۔فعل) چھاپنا۔ شائع کرنا۔
طبع ہونا۔ (اُر۔ محاورہ) "دیکھئے طبع کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
طبع موزوں (ع۔ف۔ا۔مو) شعر سے مناسبت رکھنے والی طبیعت
طبعی (ع۔صفت بیائے نسبتی) منسوب بہ طبع۔ ذاتی۔ فطری۔ خلقی۔ جبلّی۔ قدرتی۔ ب کے سکون کے ساتھ طبع سے منسوب۔
طبعیات: علم کی وہ شاخ ہے جس میں مادہ کی خاصیتوں اور تغیر و تبدل کا محققانہ بیان ہے۔
طبعی جغرافیہ (اُر۔مذ) وہ علم ہے۔ جس میں زمین کی بناوٹ۔ خشکی و تری کی تقسیم معدنیات نباتات اور حیوانات کا ذکر ہو اور آب و ہوا و پیداوار وغیرہ کی وجوہات علم طبعیات کے اصولوں کی رو سے واضح کیے جائیں۔
طُبَق (ع۔ا۔مذ) طباق۔ تھالی۔ بڑی رکابی۔ موافق۔ مطابق۔ برابر۔ گھوڑے کے جسم کے ورم کی ایک بیماری۔ طبقہ۔ تختہ۔ ولایت۔ حصّہ۔ پردہ۔ سونے کا ورق۔ پتا۔ پتّی۔ پریوں کی نیاز کا کونڈا۔ عورت کی شرم گاہ۔ چپٹی۔
طبق اُلٹ جانا (اُر۔ محاورہ) کسی خاندان میں زوال آجانا۔ کسی ملک کا تہ و بالا ہو جانا۔ برباد ہو جانا۔
طبق باز۔ طبق زن (ع۔ف۔صف) چپٹی کھیلنے والی عورت۔
طبق چھوڑنا (اُر۔ محاورہ) پریوں کی نیاز کی صحنک دینا۔
طبق زنبور (ع۔ف۔ا۔مذ) شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔
طبقات (ع۔ا۔مذ) طبقہ کی جمع ہے۔
طبقات الارض (ع۔مذ) زمین کے طبقے۔ زمین کی تہیں۔
طبقہ (ع۔ا۔مذ) درجہ۔ منزل۔ پرت۔ تہ۔ روک۔ پردہ۔ گروہ جماعت پایہ۔ رُتبہ۔ مرتبہ۔
طبقہ اُڑا دینا (اُر۔ محاورہ) سرنگ میں بارُود بھر کر آگ لگا کر زمین کا ٹکڑا اُڑا دینا۔
طبقہ اُلٹ جانا۔ (اُر۔ محاورہ) کسی ملک یا حصّہ ملک کا تہ و بالا ہو جانا حالت بدل جانا۔ مجازاً کسی معاملہ کا بالکل بگڑ جانا۔
طبقہ بالا۔ اُوپر کی منزل۔
طبقاتی (ع۔صف) طبقہ یا جماعت سے متعلق۔ طبقاتی جنگ وہ کشمکش یا لڑائی جو معاشرے کے مختلف طبقوں میں ہو۔

طَبَل (ع۔ا۔مذ) بڑا ڈھول۔ دمامہ۔ دھونسہ۔
طبلچی (اُر۔ا۔مذ) فاعل۔ طبلہ بجانے والا۔
طَبَلَق (ع) کاغذوں کا بنڈل۔ اخبار۔ یا کاغذات کو بند رکھنے والا کاغذ جو دونوں طرف سے کھلا ہوتا ہے۔ چٹ۔ دونوں طرف سے کھلا ہُوا لفافہ۔
طبلق کاٹنا (اُر۔ محاورہ) دفتر سے سپاہی کا نام کاٹنا یا خارج کرنا۔
طِبلک (ف۔مو) چھوٹا ڈھول۔
طبلہ (اُر۔ا۔مذ) ڈِبّا۔ صندوقچی۔ چھوٹا۔ ڈھول۔ ایک خاص طرز کا ایک رُخا باجا۔
طبلہ بجنا یا ٹھکنا یا کھڑکنا۔ (اُر۔محاورہ) ناچ ہونا۔ ناچ اور راگ رنگ کی دھوم ہونا۔
طبلہ خوار۔ (عف۔ا۔مذ) طفیلیہ۔ مُفت خورہ۔
طبلے پر چھاپ (ٹھاپ) پڑنا۔ (اُر۔ محاورہ) طبلہ بجنا۔
طبلی (ف۔مو) وہ تھیلی جس میں بندوق کا سامان رکھتے ہیں۔
طبّی (ع۔صفت بیائے نسبتی) طب کا۔ ڈاکٹری۔ حکیمی علاج کے متعلق۔
طبیب (ع۔ا۔مذ) ڈاکٹر۔ حکیم۔ وید۔ علاج کرنے والا۔ چارہ گر۔
طبیب حاذق (ع۔ا۔مذ) دانا۔ حکیم۔ سیانا۔ بید۔
طبیب مہربان از دیدہ بیمار مے افتد۔ (ف۔ مثل) مہربان طبیب بیمار کی نگاہ سے گر جاتا ہے۔ افسر اگر ماتحتوں سے مہربانی کا برتاؤ کرے تو اسکا رعب جاتا رہتا ہے۔
طبیعت (ع۔مو) مزاج۔ خاصیت۔ فطرت۔ سرشت۔ عادت۔ سبھاؤ۔ پیدائش۔ خلقت۔
طبیعت اُلجھنا (اُر۔ محاورہ) دِل کا پریشان ہونا۔ جی گھبرانا۔ دِل کو ناگوار گزرنا۔
طبیعت آنا۔ (اُر۔ محاورہ) عاشق ہونا۔ شیدا ہونا۔ کسی پر مرنا۔ کسی پر جان دینا۔ کسی چیز کا دِل کو بھا جانا۔ پسند آنا۔
طبیعت اُتھل پتھل ہونا۔ (اُر۔ محاورہ) طبیعت بے قرار ہونا۔
طبیعت اُچکنا۔ (اُر۔ محاورہ) طبیعت میں امنگ پیدا ہونا۔
طبیعت اُکھڑنا (اُر۔ محاورہ) جی بیزار ہونا۔
طبیعت بحال ہونا۔ (اُر۔ محاورہ) تندرستی ہونا۔ بیماری سے آرام آنا۔ طبیعت کا درست ہونا۔
طبیعت باغ و بہار ہونا (اُر۔ محاورہ) خوش ہونا۔
طبیعت بہلنا (اُر۔ محاورہ) طبیعت کا کسی بات میں مشغول ہونا۔
طبیعت بگڑنا (اُر۔ محاورہ) جی متلانا۔ متلی آنا۔ قے آنا۔ ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ بیمار ہونا۔ علیل ہونا۔
طبیعت بھر جانا۔ (اُر۔ محاورہ) جی کا بیزار ہونا۔ جی اُکتا جانا۔ دِل اُکتا جانا۔

طبیعت پر بوجھ ڈالنا (اُر۔ محاورہ) بہت سوچنا۔
طبیعت ثانیہ (ع۔ مو) دوسری طبیعت۔ عادت۔ خواہ کوئی سی پڑ جائے وہ اصلی مزاج جیسی ہو جاتی ہے۔
طبیعت دار (اُر۔ محاورہ) جی جلنا۔
طبیعت جمنا (اُر۔ محاورہ) دل لگنا۔
طبیعت جوان ہونا (اُر۔ محاورہ) دل میں امنگ پیدا ہونا۔
طبیعت خراب ہونا (اُر۔ محاورہ) بیمار ہونا۔ متلی ہونا۔
طبیعت دار (عف۔ صفت فاعلی) ہوشیار۔ سمجھدار۔ ذہین۔ بڑا عالی دماغ۔
طبیعت رُندھنا (اُر۔ محاورہ) طبیعت افسردہ ہونا۔
طبیعت قابو میں رہنا (اُر۔ محاورہ) طبیعت پر اختیار رہنا۔
طبیعت لاابالی ہونا (اُر۔ محاورہ) مزاج میں بے پروائی ہونا۔
طبیعت لڑانا (محاورہ) توجہ کرنا۔ دل پر زور ڈالنا۔ عقل لڑانا۔
طبیعت لڑنا۔ (اُر۔ محاورہ) ذہن لڑانا۔ طبیعت کا کسی بات پر پہنچ جانا۔ عقل کا باریک کاموں کی طرف متوجہ ہو جانا۔ مناسبت اور لگاؤ ہونا۔ دل مصروف ہونا۔
طبیعت لگنا (اُر۔ محاورہ) جی لگنا۔ دل کا بہلنا۔ دل کا راغب اور متوجہ ہونا۔
طبیعت مائل ہونا (اُر۔ محاورہ) فریفتہ ہو۔ کسی بات کی طرف رجوع کرنا۔
طبیعت موزوں ہونا (اُر۔ محاورہ) شاعر کا شعر و سخن کی طرف مائل ہونا۔
طبیعت ہونا (اُر۔ محاورہ) جی چاہنا۔ دل آنا۔ رغبت ہونا۔ عشق ہو جانا۔

ط - پ

طپاں (ف۔ صف) تڑپنے والا۔
طپانچہ (ف۔ ا۔مذ) تھپڑ۔ چانٹا۔ تیز ہوا کا جھونکا۔
طپش (ف۔ ا۔مو) (اصل تپیدن سے حاصل مصدر ہے) تیزی۔ حدت۔ بیقراری (تفعیل دیکھو تپش)۔
طپنچہ (ف۔ ا۔مذ) تپنچہ (دیکھو تپنچہ) پستول۔

ط - ح

طحال (ع۔ ا۔مو) تلی۔ جگر کے قریب ایک عضو کا نام۔ تاپ تلی۔ وہ بیماری جس سے تلی پھول جاتی ہے اور درد کرتی ہے۔

ط - ر

طُرّا۔ (ع۔ ا۔مذ) صبح طرّہ۔ (دیکھو طرّہ)
طُرّا جمانا۔ (اُر۔ فعل) سکہ جمانا۔ رعب بٹھانا۔ حکم چلانا۔
طرّاح (ع۔ ا۔مذ) معمار۔ نقاش
طرّار (ع۔ صفت) جیب کترا۔ کیسہ بُر۔ اُچکا۔ بدمعاش۔ چالاک۔ ہوشیار۔ زباندراز۔ چنچل۔ چلبلا۔ بہت کاٹنے والا۔
طرّار فرّار (اُر۔ صفت) نہایت شوخ۔ تیز زبان۔ تُرتُرا یا قینچی کی طرح زبان چلانے والا۔ بہت کاٹنے اور بھاگنے والا لغوی۔
طرارہ یا طرارا (اُر۔ ا۔مذ) چوکڑیاں۔ کلانچ۔ چھلانگ۔
طرّارے بھرنا۔ (اُر۔ محاورہ) بھاگنا۔ سرپٹ دوڑنا۔
طراری (ع۔ف۔ہمو۔ بیائے مصدری) چالاکی۔ چلبلاپن۔ تیزی۔ زباندرازی۔
طراز (ف۔ مذ) نقش و نگار۔ ریشم۔ سجاوٹ۔ شاہی لباس۔
طرازی (ف۔ مو) سجانا۔ آراستہ کرنا۔ نقش نگار بنانا۔
طراوت (ع۔ہمو) تازگی۔ سرسبزی۔ خشکی۔ ٹھنڈک۔ تری۔ نمی رطوبت۔
طراوت آنا۔ (اُر۔ محاورہ) ٹھنڈک پیدا ہونا۔
طراوت بخشنا (اُر۔ مصدر مرکب) تازگی دینا۔ فرحت دینا۔
طرب انگیز (ہمو۔ صفت فاعلی) اُمنگ بڑھانے والا۔ فرحت بخش۔
طرب (ع۔ہمو) خوشی۔ اُمنگ۔ شادمانی۔ فرحت۔ انبساط
طرح (ع۔ہمو) کرانا۔ تقریق۔ منہائی۔ نکالنا۔ جڑ۔ بنیاد۔ نیو۔ طرز۔ طریق۔ ڈھنگ۔ انداز۔ نقاشی۔ خاکہ۔ ڈول۔ جدائی۔ علیحدگی۔ وہ مصرعہ جو مشاعرے والے آئندہ غزل کے واسطے طرز اور وزن کے طور پر شاعروں کو دیدیا کرتے ہیں۔
طرح اُڑانا (اُر۔ محاورہ) طرز اُڑا لینا۔ وضع سیکھ لینا۔ ہو بہو نقل کرنا۔
طرح بطرح کا (اُر۔ تابع فعل) قسم قسم کا رنگ برنگ کا۔ بھانت بھانت کا۔
طرح پڑھنا۔ (اُر۔ محاورہ) طرح پر غزل پڑھنا۔
طرح دار (عف۔ صفت) وضعدار۔ خوبصورت۔ خوش اندام۔ رنگیلا۔ خوش انداز۔
طرح دینا یا دے جانا (اُر۔ محاورہ) ٹالنا۔ چشم پوشی کرنا۔ دھیان نہ دینا۔ توجہ نہ کرنا۔
طرح ڈالنا۔ (اُر۔ محاورہ) بنیاد ڈالنا۔ بنیاد رکھنا۔ تدبیر کرنا۔
طرحی غزل (ع۔ا۔مو) غزل جو طرح پر کہی جائے۔
طرحیں نکلنا (اُر۔ محاورہ) نئی بات پیدا کرنا۔ اختراع ہونا۔
طرز۔ (ع۔ہمو) ہیئت۔ شکل۔ طور۔ طریقہ۔ قانون۔ قاعدہ۔ انداز۔

وضع ۔ خو۔ خصلت ۔ عادت ۔ روش ؛
طرز اُڑانا (اُردو۔ فعل) ڈھنگ اُڑانا ۔ انداز سیکھنا ۔ وضع اختیار کرنا ؛
طرزِ تحریر یا طرزِ عبارت (ع ۔ امو) لکھنے کا طریقہ ۔ مضمون لکھنے کا ڈھنگ ؛
طرزِ عمل (ع ۔ مذ) رویّہ ۔ روش ۔ سلوک ؛
طرزِ قدیم (ع ۔ مو) پرانی ۔ وضع ۔ پُرانا طریقہ ؛
طرزِ کلام (ع ۔ مو) بولنے کا انداز ۔ گفتگو کرنے کا طریقہ ؛
طرف (ع ۔ مو) کنارہ ۔ سرا ۔ اُفق ۔ حاشیہ ۔ سمت ۔ جانب ۔ پہلو ۔ بازو ۔ رُخ ۔ مقابل ۔ حریف ۔ لحاظ ۔ پاسداری ۔ کسی چیز کا حصّہ یا ٹکڑا ؛
طرفِ اوّل (ع ۔ امو) مدعی ۔ مستغیث ؛
طرفِ ثانی (اُردو ۔ مذ) قانون ۔ فریقِ مخالف فریقِ ثانی ۔ مدعا علیہ یعنی جس پر دعوے کیا جائے ؛
طرف دار (ع ۔ صفت) ساتھی ۔ حمایتی ۔ مدد گار ۔ جانب دار ۔ کسی طرف کا آدمی ؛
طرفداری (ع ۔ مو ۔ بیائے مصدری) حمایت ۔ مدد ۔ تعصب ۔ پاسداری کرنا ؛
طرفداری کرنا (اُردو ۔ فعل) حمایت کرنا ۔ پچ کرنا ۔ مدد کرنا ۔
طرفدار ہونا پاسداری کرنا ؛
طُرفہ (ع ۔ صفت) نیا ۔ انوکھا ۔ عمدہ ۔ تحفہ ۔ خوشگوار ؛
طُرفہ تر (ع ۔ صف ۔) نہایت عجیب ۔ بہت انوکھا ۔ بہت عمدہ ؛
طُرفہ تماشا (اُردو ۔ مذ) نیا کھیل ۔ عمدہ سیر ۔ عجیب و غریب تماشا ؛
طُرفہ گل پھُولنا (اُردو ۔ محاورہ) نئی بات ہونا ۔ کسی انوکھی بات کا ظاہر ہونا ؛
طُرفہ گل کھلانا (اُردو ۔ محاورہ) عجیب و غریب کام کرنا ؛
طُرفہ ماجرا (ع ۔ امذ) انوکھا واقعہ ۔ تعجب کی بات ؛
طُرفہ معجون (ع ۔ امذ) عجیب مرکب چیز ۔ عجیب آدمی ۔ بڑا مسخرہ ۔ نقل مجلس ۔ عجیب خصلت کا آدمی ۔ احمق بے وقوف ؛
طُرفہ یہ ہے (اُردو ۔ محاورہ) عجب یہ ہے ۔ تعجب یہ ہے ۔ اچنبھا یہ ہے ؛
طرفہ (ع ۔ امو) جھپک ۔ پلک جھپکنے کا عرصہ ۔ چشم زدن ؛
طرفۃ العین (ع ۔ تابع فعل) پلک جھپکانے میں ۔ پلک مارنے میں ۔ ذرا سی دیر میں ؛
طُرّہ (ع ۔ مذ) زلف کا بل ۔ ماتھے کے بال ۔ وہ پھندنا جو پگڑی کے اُوپر لگاتے ہیں ۔ گوشوارہ ۔ کلغی ۔ تاج ۔ گچھا ۔ جانور کے سر کی چوٹی ۔ پھندا ۔ جال ۔ مکان کا چھجا ۔ تازیانہ کوڑا ۔ چابک ۔ عجیب و غریب ۔ انوکھا ۔ اچنبھے کا ۔ بڑھا ہوا ۔ عجیب بات ۔ خوبی ۔ عمدگی ۔ شاخ ؛
طُرّہ (ع ۔ امذ) اضافہ ۔ علاوہ ۔ فالتو ۔ بھنگ کی مچھلی ۔ بھنگ کا گھونٹ ؛
طُرّہ باز (ع ۔ صف ۔) اکڑنے والا ۔ وہ شخص جو پگڑی پر طُرّہ لگائے ؛
طُرّہ طرار (ع ۔ مذ) محبوب کی زلفیں ؛
طرہ کا جال (اُردو مذ) ایک قسم کا جال جو عورتیں گاڑھتی ہیں ؛
طُرّہ پینا یا جمانا یا چڑھانا (اُردو ۔ محاورہ) بھنگ ۔ پینا ۔ سبزی پینا ۔ بوٹی پینا ؛
طُرّہ ہونا (اُردو ۔ محاورہ) صل سے بڑھ کر ہونا ۔ نالائق ہونا ۔ زیادہ ہونا ۔ بڑھنا عجیب ہونا ۔ انوکھا ہونا ؛
طُرّہ ہے (اُردو ۔ محاورہ) زیادتی ہے ۔ نہایت موزوں اور عمدہ ہے ؛
طُرّہ کرنا (اُردو ۔ محاورہ) تیز کرنا ۔ چمکانا ۔ بڑھانا ؛
طُرّہ لگانا (اُردو ۔ محاورہ) اضافہ کرنا ۔ چار چاند لگانا ؛
طُرّہ فرین ہونا (اُردو ۔ محاورہ) مقیش کی تاروں کا گچھا پگڑی میں لگا ہونا ؛
طریق (ع ۔ امذ) راستہ ۔ مذہب ۔ طرز ۔ روش ۔ رسم و رواج ۔ آئین ۔ قانون ۔ مذہب ۔ قاعدہ ۔ دستور ؛
طریقِ عمل (ع ۔ امذ) کام کرنے کا طریقہ ؛
طریقیت (ع ۔ امو) راہ ۔ مذہب ۔ مذہب کا رستہ ۔ دھرم راہ ۔ تزکیۂ باطن ؛
طریقہ (ع ۔ مذ) قاعدہ ۔ ترکیب ۔ راستہ ۔ طرز ۔ روش وغیرہ ؛
طریقہ آنا (اُردو ۔ محاورہ) کام کرنے کا ڈھنگ معلوم ہونا ؛
طریقہ برتنا (اُردو ۔ محاورہ) کسی قاعدے یا دستور پر چلنا ؛

ط - ش

طشت (ع ۔ امذ) بڑا تھال ۔ لگن ۔ پرات ؛

طشت

طشت از بام (ف ۔ صف) ظاہر ۔ عیاں ۔ آشکارہ ۔ عام مشہور جیسے کوٹھے پر سے تھال گر کر سب کو خبر کر دیتا ہے ؛
طشت چوکی (اُردو ۔ اسم مذکر) پاخانہ پھرنے کی چوکی ؛
طشتِ زر (ع ۔ ف ۔ امذ) سونے کا تھال ۔ سورج ؛
طشتری (اُردو ۔ امو) چھوٹی رکابی ۔ پرچ ۔ طشت کی تصغیر ہے ؛

ط - ع

طعام ۔ (ع ۔ امذ) کھانا ۔ غذا ۔ بھوجن ۔ کھانے کی چیز ۔ گیہوں ۔ گندم ۔ کنک ؛
طعام آمد و سہ تیاں برخاستند (ف ۔ مثل) کھانا آیا اور دسیاتی اُٹھ کھڑے ہوئے ؛
طعام بخش (ف ۔ امذ) بڑا چمچہ ۔ ڈوئی ؛
طُعم (ع ۔ امذ) مزا لذت ۔ ذائقہ ۔ سواد ؛
طُعمہ (ع ۔ امذ) طعام ۔ پرندوں کا چوگا ۔ خورش ؛
طُعمہ (ع ۔ امذ) روزی ۔ رزق ۔ شکاری پرندوں کا کھاجا ۔ مجازاً لقمہ ۔ نوالہ ؛

طعمۂ اجل ہونا۔ (ف۔ا۔مذ) موت کا نوالہ ہونا۔ مرنا۔
طعمہ روکنا۔ (اُر۔محاورہ) شکاری جانوروں کی خوراک شکار سے پہلے بند کر دینا۔
طعن۔ (ع۔ا۔مذ) نیزہ زنی۔ نیزہ مارنا۔ مہنا۔عیب جوئی۔ ملامت۔مذمت سرزنش۔ بولی ٹھولی۔
طعن باہم ردوبدل ہونا (اُر۔محاورہ) آپس میں نیزے کی ضربات چلنا۔
طعن تروز (اُر۔مو) طعنہ۔مہنا۔ ملامت۔طنز۔لعن طعن۔
طعن تشنیع (ع۔مو) چھیڑ چھاڑ۔طعنہ مہنا۔
طعن توڑنا۔ (اُر۔فعل) طنز کرنا۔طعنہ دینا۔
طعنہ (ع۔اسذ) بولی ٹھولی۔اوازہ توازہ عیب جوئی۔ ملامت۔ سرزنش۔
طعنہ آمیز (ع۔صف) طنز سے بھرا ہوا۔
طعنہ تشنہ (اُر۔مذ) طعن و تشنیع کا بگاڑا ہوا۔ برا بھلا۔لعنت۔ملامت
طعنہ زن (ع۔مذ) طعنہ دینے والا۔
طعنہ دینا۔(اُر۔محاورہ) بولی مارنا۔چھیڑنا۔ ملامت کرنا۔
طعنہ زنی۔ (ع۔ف۔مو) بیائے مصدری عیب گیری۔ چھیڑ چھاڑ۔
طعنہ مارنا۔(اُر۔محاورہ) آوازہ کسنا۔بولی مارنا۔طعنہ زنی کرنا۔
طعنہ مہنہ (اُر۔محاورہ) برا بھلا۔طعن تشنیع۔ چھیڑ چھاڑ۔
طعنے مہنے دینا (اُر۔محاورہ) برا بھلا کہنا۔بولی۔ ٹھولی ارنا۔
طعنے سننا (اُر۔محاورہ) لوگوں کی طعن آمیز گفتگو سن کر چپ رہنا۔

ط - غ

طغرا۔(ت۔مذ) پیچیدہ خط۔ وہ خط جس میں اپنا نام یا کوئی خاص نشان لکھا ہوا ہو۔شاہی مہر۔ خاص نشان۔خاص نشان کی شاہی مہر۔


طغرا

طغرا نویس (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ خوش نویس جو طغرا لکھنے میں مہارت رکھتا ہو۔طغرا لکھنے والا۔
طغرائے امتیاز (ع۔ف۔صف) بزرگی کی نشانی۔وہ خصوصیت یا لیاقت جو دوسروں میں نہ ہو۔
طغرائے مذامت (ع۔ف۔مذ) شرمندگی کا نشان۔
طغراق (ق۔مذ) وہ گھونسہ یا مکا جو کنپٹی پر مارا جائے۔
طغیان (ع۔ا۔مذکر) سرکشی۔بغاوت۔ نافرمانی۔سیلاب۔ زیادتی۔
طغیانی (ع۔مو) سرکشی۔بغاوت۔ نافرمانی۔سرکشی۔بغاوت۔ نافرمانی۔ دریا کی چڑھائی۔دریا کا سیلاب۔ زیادتی۔ افزونی۔
طغیانی پر آنا (اُر۔محاورہ) سیلاب آنا۔

ط - ف

طفل (ع۔ا۔مذ) بچہ۔ لڑکا۔ دودھ پیتا۔ شیر خوار۔ نادان۔ ناتجربہ کار۔ جمع اطفال۔
طفل اشک (ع۔ا۔مذ) آنسو۔
طفل افتادہ (ع۔ف۔مذ) وہ بچہ جسے ماں باپ چھوڑ کر چلے جائیں۔ لاوارث بچہ۔
طفل دبستان (ع۔ف۔مذ) طفل مکتب۔مکتب میں پڑھنے والا بچہ۔ طالب علم۔مبتدی۔
طفل شیر خوار (ع۔ف۔مذ) دودھ پیتا بچہ۔
طفل ہندو (ع۔مذ) آنکھ کی پتلی۔
طفلانہ۔(ف۔صف) بچوں کی طرح۔
طفل مکتب (ع۔ا۔مذ) مبتدی۔ نوآموز۔ ناتجربہ کار۔طالب علم۔
طفلی۔طفولت۔طفولیت (ع۔ا۔مو) بہ علامات مصدری۔ بچپن۔لڑکپن۔ بالپن۔ نادانی۔ کم سنی۔کم عمری۔
طفیلی۔طفیلیا (عف۔صف) دوسروں کی بدولت۔گزارہ کرنے والا۔ دوسروں کے سر کھانے والا۔ پھلگو۔

ط - ل

طلا (ع۔ا۔مذ) سونا۔کندن۔ زر خالص۔علم طب میں وہ تیل جو سختی کے مرض میں لگاتے ہیں۔
طلا (ع۔ا۔مذ) سونے کے تار۔ کلابتون۔ پگڑی کا سنہری سہرا۔
طلا بافی (ف۔ا۔مذ) جس کپڑے کی بنائی میں سونے کے تار شامل ہوں۔
طلا دوز (ت۔صف) جس چیز پر طلائی کام کیا گیا ہو۔ طلاء کار۔
طلاساز (ت۔ف۔صف) سونا بنانے والا۔ کیمیا گر
طلاطم (ع۔مذ) دیکھیے تلاطم۔
طلا کاری (ع۔مو) سونے کا کام بنانا۔
طلاب (ع۔ا۔مذ) طالب علم کی جمع۔ مبتدی۔ طالب علم۔
طلاق (ع۔مونث) لغوی آزادگی۔ اصطلاحاً عورت کا نکاح سے آزاد ہونا۔ روانی۔ تیز زبانی۔
طلاق دینا (اُر۔فعل) مذہبی طریقہ سے بیوی سے قطع تعلق کرنا۔ بیوی کو چھوڑ دینا۔
طلاق لینا (اُر۔فعل) خاوند سے آزادی حاصل کرنا۔ خاوند کو چھوڑ دینا۔
طلاق نامہ (ع۔ف) طلاق لینے یا دینے کی دستاویز۔
طلاقت (ع۔ا۔مو) فصاحت تیز زبانی۔ کشادہ بیانی۔
طلاقن (اُر۔مو) وہ عورت جسے طلاق مل چکی ہو۔ مطلقہ۔

طلائی (ع۔صفت۔بیائے نسبتی) سونے کی زرین۔سنہری۔

طِلایہ (ف۔ا۔مذ) اصل طلیعہ) رات کو اپنے لشکر کی حفاظت کرنے والا فوجی دستہ۔روند۔گشت۔

طلایہ پھرنا (اُر۔محاورہ) فوج کا رات کو گشت کرنا۔

طلب (ع۔ا۔مو) جستجو۔تلاش۔چاہت۔آرزو۔تمنا مانگ۔اچھا۔خواہش۔بلاوا۔طلبی۔تنخواہ ماہانہ۔

طلب بانٹنا (اُر۔محاورہ) تنخواہ تقسیم کرنا۔

طلب بجھانا (اُر۔محاورہ) آرزو پوری کرنا۔خواہش مٹانا۔

طلب دار (ع۔ا۔مذ) عادی۔خواہشمند۔لینا۔تنخواہ دار۔

طلب کرنا (اُر۔فعل) مانگنا۔بلانا۔دعوے کرنا۔

طلب گار (ع۔صفت) فاعلی۔متلاشی۔جویا۔خواہاں۔

طلباتہ (اُر۔مذ) (قانون) کسی گواہ کا بلاوا۔یعنی وہ رسوم جو گواہ کے بلانے کی بابت چپڑاسی کی فیس سمجھ کر لی جاتی ہے۔

طَلَبندہ (ف۔صف فاعلی) طلب کرنے والا۔بلانے والا۔

طَلَبا یا طَلَبہ (ع۔ا۔مذ) طالب علم کی جمع۔طالب علم۔بیندی۔شاگرد۔

طَلَبی (اُر۔مو) بلاوا طلب۔

طلبی ہونا۔ (اُر۔فعل) بلایا جانا۔حاضری کا حکم ہونا۔سمن جانا۔

طلبیدہ (ف۔صف مفعولی) بلایا ہوا۔

طلسم۔ (یونانی۔مذ) جادو۔جادو کا عجیب و غریب تماشا۔منتر۔ٹونا۔حیران کرنے والی بات۔انوکھی بات۔وہمی خیالات کو متشکل دکھانے کا علم۔دفینوں یا خزانوں تک غیر شخص کا ہاتھ نہ پہنچنے کی روک کے لیے بنائی ہوئی مہیب اور ڈراؤنی صورت۔

طلسم آمیز (افزا) (ع۔ف۔صف) حیرت انگیز۔عجیب۔

طلسم باندھنا (اُر۔محاورہ) جادو منتر کا شعبدہ دکھانا۔

طلسم بند (ف۔ا۔مذ) منتر اور جادو کے اثر میں مبتلا۔

طلسم توڑنا (اُر۔محاورہ) از اختیار کرنا۔کسی کے فریب کو کھولنا۔جادوگروں کا ملک کو فتح کرنا۔جادو کا اثر جادو کے زور سے دور کرنا۔

طلسم کشا (ف۔مذ) وہ شخص جو طلسم کو فتح کرے یا توڑے۔

طلسم ماہ (ع۔ف۔مذ) زبان بندی کا تعویذ جو شروع ماہ میں لکھا جاتا ہے۔

طلسمات۔ (ع۔ا۔مذ) طلسم کی جمع۔

طلسماتی (اُر۔صفت بیائے نسبتی) جادو کا۔آفت کا غضب

طلسمی کا قیامت کا۔آفت کا پرکالہ۔

طلعت (ع۔ا۔مو) دیدار۔صورت۔شکل۔رُخ۔چہرا۔جیسے ماہ طلعت۔

طلعت زیبا (ف۔صف) خوب صورت شکل یا چہرہ

طلوع۔ (ع۔ا۔مذ) سورج چاند کا نکلنا۔ابھرنا۔بلند ہونا۔کسی ستارہ کا ظاہر ہونا۔

طلوع کرنا یا ہونا (اُر۔فعل) نکلنا۔بلند ہونا۔سورج یا چاند یا کسی ستارے کا دکھائی دینا۔

ط - م

طمانچہ (اُر۔مذ) ہاتھ کا تھپیڑ۔کپیڑ۔رہپٹ۔(توانچہ کا بگاڑ ہے) تواں بمعنی طاقت۔چہ کلمہ تصغیر۔

طمانچہ جڑنا۔ سہی کرنا۔لگانا۔مارنا (اُر۔محاورہ) لپیڑ لگانا۔رہپٹ مارنا۔

طمانچہ سے منہ لال کرنا۔ (اُر۔محاورہ) ایسے زور سے تھپیڑ مارنا کہ منہ پر نشان پڑ جائے۔

طمانیت (ع۔ا۔مو) اطمینان۔تسلی۔دل جمعی۔

طمث (ع۔مذ) حیض کا خون۔

طمطراق (ف۔ا۔مذ) طم بمعنی بلند اور طراق بمعنی خوشی یعنی خوشی کا آوازہ کروفر۔دھوم دھام۔شان و شوکت۔بھیڑ بھڑکا۔

طمطراقی (ف۔مو) شان اور تجمل۔

طمع (ع۔مؤ) لوبھ۔لالچ۔حرص۔خواہش۔چاہ۔چاہت تمنا۔

طمع خام (ع۔مو) ناممکن بات کی تمنا۔

طمع را سہ حرف است و ہر سہ تہی (ف۔مثل) طمع کے تین حرف ہیں اور تینوں نقطوں سے خالی ہیں۔لالچ سے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

طمع کار (ع۔ف۔صف) لالچی۔حریص۔

طمنچہ (اُر۔ا۔مذ) تفنگچہ کا بگاڑ ہے۔چھوٹی سی بندوق۔نوخیز کسبی۔

طمنچہ

طمیلس (ع۔ا۔مذ) اندھا۔نابینا۔

ط - ن

طناب

طناب (ع۔ا۔مو) رسی۔خیمہ کی ڈور۔رسّہ۔بازیگروں کا رسّا۔ڈوری۔

طنابیں۔ (اُر۔ا۔مو) طناب کی جمع۔رسّیاں۔ڈوریاں۔

طنابیں کھینچنا۔ (اُر۔محاورہ) ملا دینا۔فاصلہ نہ رہنے دینا۔پاس کر دینا۔

طنّاز (ع۔صفت بصیغہ مبالغہ۔رمز کنایہ میں باتیں کرنے والا۔

نازکرنے والا۔ شوخ۔ بیباک۔ چالاک ؛
طنّازی (عف۔امو) بیباکی۔ شوخی۔ چالاکی۔ طنز۔ رمز۔ کنایہ ؛
طنبُو (اُر۔مذ) دیکھو تنبو ؛
طنبور (ع۔امذ) تنبور کا معرب۔ دیکھو۔ تنبور) ؛
طنبورہ (عف۔صف) تونبڑا کا معرب ہے ؛ ایک قسم کے ستار کا نام ہے جس میں تونبا لگایا جاتا ہے ؛
طنبورہ نواز (عف۔صف) طنبورہ بجانے والا ؛
طنز (ع۔مو) رمز و کنایہ۔ ناز و نخرہ۔ چھیڑ ہنسی۔ بولی ٹھولی۔ طعنہ ؛
طنزاً (ع۔ تابع فعل) اشارتاً۔ کنایتہً۔ طعنہ سے۔ حقارت سے ؛
طنطنہ (ع۔مذ) صورت۔ طنبورا اور بربط کی آواز۔ نوبت نقارے وغیرہ کی آواز ؛ دھوم۔ دھام۔ کروفر۔ رُعب و داب ؛ دبدبہ۔ غرور تکبر آن بان۔ غصّہ ؛ تمکنت مزاجی ؛
طنطنہ بلند ہونا (اُر۔ محاورہ) شور مچنا۔ غلغلہ بلند ؛
طنطنہ دکھانا (اُر۔ محاورہ) حکومت جتانا۔ تحکم دکھانا۔ اترانا ؛

ط - و

طُواس (ق۔مذ) قالین ؛
طواسین (ع۔مذ) طٰسٓ کی جمع حسین بن منصور کی ایک کتاب کے ابواب۔ الواح تعلیم ؛
طواف (ع۔امذ) گرد پھرنا۔ کسی بزرگ یا مقدس مقام کے گرد پھرنا یا چکر کھانا
طواف بیت اللہ (ع۔امذ) کعبہ کا طواف ؛
طواف کرنا۔ (اُر۔فعل) پرکرنا۔ گرد پھیرنا ؛
طوالت۔ (ع۔امو) لمبائی۔ درازی۔ زیادتی۔ افزونی ؛
طوالف۔ (ع۔مذ) طائفہ کی جمع بحالت مونث۔ ناچنے والی عورت رنڈی ؛
طوائف المکوکی (ع۔مو) کھلبلی۔ غدر۔ بلبلہ۔ آپا دھاپی۔ بدعملی۔ اندھیر۔ بانتظامی بادشاہ گردی ؛
طُوبےٰ (ع۔صفت) طیب کی مؤنث ہے) نہایت خوشبودار۔ بہشت کے درخت کا نام ہے ؛
طوبیٰ قامت (ع۔صفت) طوبیٰ جیسے قد والا۔ خوش قامت دراز قامت ؛
طُور۔ (ع۔مذ) کوہ سینا۔ جہاں حضرت موسےٰ علیہ السّلام خدا تعالےٰ سے تجلی اور احکام پاتے تھے ؛
طَور (ع۔امذ) حد۔ بنیاد۔ طرز۔ روش انداز طرح۔ ڈھنگ۔ حالت قسم جنس۔ نوع۔ بھانت ؛
طَور بے طَور ہونا۔ (اُر۔ محاورہ) خالت غیر ہونا۔ حال بے حال ہونا۔ حالت بگڑ جانا۔ قریب بہ مرگ ہونا۔ حالت ابتر ہونا۔ کل سے بے کل ہونا ؛
طور طریق (اُر۔مذ) چال چلن۔ برتاؤ۔ سلوک۔ رویہ۔ رنگ ڈھنگ طرح وضع ؛
طُوس (معرب توس۔امذ) خراسان کے ایک شہر کا نام ہے جو فردوسی کا وطن تھا۔ حافظہ کی ایک دوا کا نام۔ ایک قسم کا ادنیٰ دلدار کپڑا ؛
طُوسی (ف۔امذ۔ بیائے نسبتی) طوس کا طوس کا رہنے والا۔ کرنجی رنگ کا نام ہے ؛

طوطا۔ (ف۔مذ) دیکھو توتا۔ مقصور پرندہ۔
طوطا چشم (ف۔صفت) بیوفا بے مروت۔ ناآشنا ؛
طوطا چشمی (اُر۔مو۔ بیائے مصدری) بے وفائی۔ ناآشنائی۔ طوطا بے مروتی ؛
طُوطک (ف۔امذ) طوطا۔ ایک ساز۔ الغوزہ ؛
طوطے اُڑنا یا طوطے سے اُڑ جانا۔ (اُر۔ محاورہ) بے اوسان ہو جانا۔ بدحواس ہو جانا۔ گھبرا جانا ؛
طوطے کی سی آنکھیں پھیرنا یا بدلنا۔ (اُر۔محاورہ) بیوفائی کرنا۔ فوراً بدل جانا ؛
طوطے کی طرح پڑھنا (اُر۔ محاورہ) بے سوچے سمجھے پڑھنا ؛
طوطے کی طرح تمیں نہیں کرنا (اُر۔محاورہ) واہیات۔ بکنا ؛
طوطے کی طرح کلمہ پڑھنا (اُر۔محاورہ) ظاہری طور پر مسلمان ہونا ؛
طُوطی۔ (ف۔امذ)۔ دیکھو توتی۔ ربیع۔ خوش گفتار ؛
طوطی بولنا۔ (اُر۔فعل) (دیکھو توتی بولنا) نصیبا جاگنا۔ قسمت کھلنا۔ شہرت پانا۔ مشہور ہونا۔ زمانہ یاور ہونا ؛
طُوطیا۔ (ف۔امذ) نیلا تھوتھا۔ بہتان۔ الزام۔ تہمت ؛
طُوطیا باندھنا۔ (اُر۔محاورہ) بہتان لگانا۔ دوش دینا۔ تہمت دھرنا ؛ کلنک لگانا۔
طَوع۔ (ع۔مو) رغبت۔ رضامندی۔ دل کی خوشی ؛ خوشنودی۔ خاطر۔ اطاعت۔ فرمانبرداری ؛
طَوعاً و کرہاً (اُر۔ تابع فعل) خوشی یا ناخوشی سے۔ جبراً قہراً۔ خواہ مخواہ ؛
طَوف (ع۔مذ) طواف کرنا۔ گرد پھیرنا ؛
طَوف (حرم کعبہ۔ (ع۔صف) حرم کے ارد گرد پھرنا۔ کعبے کا طواف ؛
طُوفان۔ (ع۔امذ) سیلاب۔ طغیانی۔ پڑھاؤ۔ بڑی شدت کی بارش غضب۔ قیامت تعریف کے لیے بھی آتا ہے۔ دیا مصیبت۔ بے حد۔ کمال۔ بھاری کام۔ تہمت۔ الزام۔ غل۔ شور۔ فساد بلوہ۔ جھگڑا۔ لڑائی یا تم کہرام۔ ہائے۔ واویلا۔ آفت۔ بلا۔ غرق کر دینے والی پانی کی افراط ؛
طُوفان اُٹھانا۔ (اُر۔ محاورہ) تہمت دھرنا۔ الزام لگانا۔ فساد اُٹھانا۔ آفت مچانا۔ فتنہ برپا کرنا۔ تہمت بیٹھنہ برسانا۔ بانسوں پانی

بڑھانا۔
طُوفان آنا (اُر۔ محاورہ) آندھی آنا۔ کثرت سے مینہ برسنا۔ سیلاب آنا۔
طُوفان اُٹھانا۔ (اُر۔ محاورہ) طوفان پیدا کرنا۔ کوئی چیز بہتات سے پیدا کرنا۔
طُوفان اُمنڈنا (اُر۔ محاورہ) طوفان زیادہ ہونا۔
طُوفان باندھنا (اُر۔ محاورہ) بدنام کرنا۔ تہمت لگانا۔ بات کو نہایت مبالغہ سے بیان کرنا۔ بڑھ کر کہنا۔
طُوفان برپا کرنا (اُر۔ فعل) جھگڑا کرنا۔ شور وغل مچانا۔ پانی چڑھانا۔
طُوفان تولنا یا جوڑنا (اُر۔ محاورہ) جھوٹا الزام دینا۔ افترا باندھنا۔ بہتان لگانا۔
طُوفان ڈھانا (اُر۔ محاورہ) غضب کرنا۔
طُوفان رسیدہ (ع۔ صفت) طوفان سے تباہ شدہ۔
طُوفان شیطان (اُر۔ مذ) تہمت اور بہتان۔ فتنہ فساد۔
طُوفان شیطان سے اللہ نگہبان (اُر۔ مثل) خدا تعالےٰ تہمت اور بہتان سے بچائے۔ فساد اور تہمت کے موقعوں سے خدا محفوظ رکھے۔
طُوفان طرازی (عف۔ ا۔ مو) طوفان پیدا کرنا۔
طُوفان کھڑا کرنا (اُر۔ محاورہ) (دیکھو طوفان اُٹھانا)۔
طُوفان میں آنا۔ (اُر۔ محاورہ) ہوا اور پانی کی طغیانی سے تلاطم میں آنا۔
طُوفان مچانا (اُر۔ محاورہ) شور وغل مچانا۔
طُوفان نوح (اُر۔ ا۔ مذ) وہ بڑا بھاری طوفان جو حضرت نوحؑ کے وقت میں آیا تھا۔
طُوفان ہونا (اُر۔ محاورہ) تند و تیز ہوا کا چلنا۔ سخت شریر ہونا۔
طُوفانی (اُر۔ صفت بیائے فاعلی) ہر ایک پر تہمت دھرنے والا۔ جھوٹا متفنی۔ فسادی۔ فتنہ انگیز۔ شریر۔ آفت کا پرکالہ۔ تیز۔ دھواں دھار۔
طُوفانی جہاز، وہ جہاز جو طوفان میں پھنسا ہو۔
طُوفانی دورہ (ع۔ ف۔ مذ) وسیع علاقے کا تیزی سے دورہ کرنا۔
طُوفانی ہونا (اُر۔ محاورہ) کشتی یا جہاز کا طوفان میں پھنس جانا۔
طُوق (ع۔ ا۔ مذ) گلوبند۔ حلقہ۔ وہ بھاری حلقہ جو مجرموں کے گلے میں ڈالتے ہیں۔ پنجہ کی شکل کا ایک جھنڈا۔ چپڑاس۔ پٹہ پرندوں کے گلے کا قدرتی نشان۔ ہار۔ ایک زیور کا نام۔
طُوق اُتارنا (اُر۔ محاورہ) جنت کا طوق بچے کے گلے سے اُتار کر منت ادا کرنا۔
طُوق بہار (ع۔ ا۔ مذ) کنایۃ قوس وقزح۔
طُوق غلامی (ع۔ مذ) اطاعت کا جوا۔ وہ طوق جو زمانۂ قدیم میں غلاموں کے گلے میں ڈال دیتے تھے۔
طُوق لعنت بگردن ابلیس (ف۔ مثل) لعنت کا طوق شیطان کی گردن میں۔ بُرے آدمی کو ہی برائی کا الزام لگتا ہے۔
طُوق و زنجیر کرنا (اُر۔ محاورہ) قید کرنا۔

طُول (ع۔ مذ) لمبائی۔ درازی۔
طُول اَمل (ع۔ ا۔ مذ) لالچ۔ لوبھ۔ اُمید کی درازی۔
طُول بلد (ع۔ ا۔ مذ) کسی ملک یا شہر کا وہ فاصلہ جو کسی خاص نصف النہار سے ناپا جائے۔
طُول پکڑنا۔ (اُر۔ فعل) بڑھ جانا۔ کسی بات کا یا معاملہ کا لمبا ہو جانا۔
طُول دینا (اُر۔ ف) بہت بڑھانا۔ دراز کرنا۔ لمبا کرنا۔
طُول طویل (ع۔ صف) بہت لمبا۔
طول عُمرہ (ع۔ دُعا) اللہ اس کی عمر دراز کرے۔
طُول عمل (اُر۔ مذ) مشکل کام۔ ایسا کام جس میں غیر معمولی طوالت ہو۔
طُول کلام۔ (ع۔ مذ) بات کو بڑھانا۔ بات کا بتنگڑ۔ زیادہ گوئی۔
طُول کھینچنا (اُر۔ ف) دیر لگنا۔ مدت لگنا۔ عرصہ گزرنا۔
طُولاً۔ (ف۔ صف) لمبا۔ دراز۔ لمبائی میں۔ درازی میں۔
طُولانی۔ (ف۔ صف) لمبا۔ دراز۔
طُولیٰ (ع۔ صف) پورا۔ کامل جیسے ید طولیٰ۔
طُومار۔ (ع۔ ا۔ مذ) بہت بڑا خط۔ تودہ۔ انبار۔ ڈھیر۔ کاغذوں کا پلندا۔ جھوٹ۔ طوفان۔ بہتان۔
طومار باندھنا۔ (اُر۔ محاورہ) جھوٹ کا پل باندھنا۔ ذرا سی بات کو بڑھا کر مبالغہ سے بیان کرنا۔ قصہ لمبا چھیڑنا۔
طوئی (ف۔ ا۔ مو) دعوت۔ ضیافت۔ شادی۔ جشن۔
طوئی (ع۔ ا۔ مذ) ملک شام میں ایک وادی جسے وادی ایمن (المقدس) بھی کہتے ہیں۔
طُویس (ع۔ مذ) چھوٹا طاؤس۔
طویل (ع۔ صفت) دراز۔ لمبا۔ شعر کی اُنیس بحروں میں سے ایک بحر کا نام۔
طویل الجثہ۔ طویل القامت (ع۔ صف) لمبے قد کا۔
طویل المیعاد (ع۔ صف) لمبی مدت کے لیے۔
طویلہ (ع۔ ا۔ مذ) گھوڑے وغیرہ باندھنے کی جگہ۔ اصطبل۔ تھان۔
طویلے کی بلا بندر کے گلے (اُر۔ مثل) ہر ایک بلا اور بہتان غریب بے زبان کے سر پڑا کرتا ہے۔ غریب پر سب کا زور چل جاتا ہے۔ قصور کسی کا اور مارا کوئی جائے۔

ط - ہ

طٰہٰ و یٰسٓ (ع۔ مذ) قرآن شریف کی دو سورتیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نام۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب۔

طہارت (ع۔ا۔مو) پاکی۔ صفائی۔ وضو۔ استنجا۔
طہارت خانہ (ع۔ف۔امو) نہانے اور وضو کرنے کی جگہ۔
طہارت کرنا۔ (اُرد۔فعل) ہاتھ دھونا۔ آبدست کرنا۔
طُہر (ع۔امذ) عورت کا حیض سے پاک ہونا۔
طِہران۔ (ع۔ف) تہران کا معرب۔ ایران کا ایک شہر۔ پاک صاف۔
طَہماسپ (ف۔امذ) ایران کے ایک عادل اور سخی بادشاہ کا نام۔
طہمورث (ف) ہوشنگ کی اولاد میں ایران کا ایک بڑا بادشاہ جس نے سات سو برس تک حکومت کی۔

ط - ی

طَیّ (ع) بھوک پیٹنا۔
طے (ع۔امو) پیٹ۔ تہ۔ لپیٹنا۔ قطع مسافت۔ راستہ کاٹنا فیصلہ۔ چکوتا۔ ختم کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔ مختصر کرنا۔ بصورت اسم (مذکر) عرب کے ایک مشہور قبیلے کا نام ہے جس میں حاتم طائی ایک بڑا سخی مرد گزرا ہے۔
طے ارض (ع۔مذ) فاصلہ طے کرنا۔ سفر ختم کرنا۔
طے کرنا (اُرد۔فعل) لپیٹنا۔ تہ کرنا۔ لپیٹ باقی کرنا۔ ختم کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔
طے مراحل (ع۔امذ) سفر کے مرحلوں پر سے گزرنا۔
طَیّار (ع۔صفت بصیغہ مبالغہ از طیر) بہت ہی اُڑنے والا۔ آمادہ مستعد۔ تیار۔
طیّارہ (ع۔ا۔مذ) اُڑن کھٹولا۔ ہوائی جہاز۔ ایروپلین۔ زیپلن۔
طیّاری (اُرد۔مو) وہ موٹا پاجو ورزش کرنے سے آتا ہے لال اور چوکوں کا بہت بڑا پنجرہ۔

طیّب۔ (ع۔امذ) اچھا۔ عمدہ۔ نفیس۔ لذیذ۔ خوشگوار۔
طیّبات۔ (ع۔ا۔مو) خوشیاں۔ پاک عورتیں۔
طِیب۔ (ع۔ا۔مو) خوشی۔ رضامندی۔ خوشبو۔ مہک۔ کسی چیز کا بہترین حصّہ۔
طیب النفس (ع۔صف) پاک نفس۔ مقدس۔
طیبِ خاطر (ع۔امو) رضامندی۔ خوشی۔ خوشدلی۔ خوشنودیٔ مزاج۔
طیبہ (ع۔امذ) مدینہ منورہ کا ایک نام۔
طیّبہ (ع۔صف) پاک۔ پوتر۔ مدینہ منورہ کو بھی کہتے ہیں۔
طیر (ع۔امذ) پکھیرو۔ پرندہ۔ اُڑنے والا جانور۔
طیران۔ (ع۔مو) اُڑان۔ پرواز۔
طیران گاہ (ع۔ف۔امو) ہوائی اڈہ۔ مقام پرواز۔
طیش (ع۔ا۔مذ) غضب۔ کرودھ۔ غصّہ۔ جوش۔ بے عقلی۔ بے سبی خفت۔
طیش دلانا (اُرد۔محاورہ) غصّہ دلانا۔ بھڑکانا۔ برافروختہ کرنا۔
طیش کھانا (اُرد۔محاورہ) غم و غصّہ برداشت کرنا۔ غصّہ کرنا۔
طیش میں آنا (اُرد۔محاورہ) جوش میں آنا۔ غصّہ میں بھرنا۔ غضبناک ہونا۔
طیف (ع۔امذ) شیشے کا مستطیل ٹکڑا جو روشنی کی شعاعوں کو مختلف رنگوں میں ظاہر کرتا ہے۔
طیلسان۔ (ع۔امذ) ایک قسم کی چادر۔ جو عرب کندھوں پر ڈالتے ہیں۔
طیہوج۔ (مصر) تیہو کا معرب۔ چکور پرندہ جو کبک کے مشابہ ہے۔ بعض نواکو کہتے ہیں جو کہ تیتر کی ایک قسم ہے۔
طیش میں آنا۔ (اُرد۔محاورہ) جوش میں آنا۔ غصّہ میں بھرنا۔ غضبناک ہونا۔
طینت (ع۔ا۔مو) پیدائش۔ عادت۔ خصلت۔ خو۔ سبھاؤ۔ اصل۔ خلقت۔ سرشت۔ ضمیر۔ کانشنس۔
طیور (ع۔ا۔مو) طیر کی جمع۔ پرندہ۔ پکھیرو۔



ظ (ع۔ا۔مؤنث) اردو کا تیئیسواں فارسی کا بیسواں اور عربی کا سترھواں حرف ہے۔ حساب جمل میں اس کے عدد نو سو فرض کئے گئے ہیں۔

ظ - ا

ظاعن (ع۔مذ) سیاح۔ مسافر۔

ظالم (ع۔صفت فاعلی از ظلم) اندھیر کرنے والا۔ ظلم کرنے والا۔ جابر۔ ناانصاف۔ بیدادگر۔ مردم آزار۔ زور آور۔ زبردست۔ جاہل وحشی۔ سفاک۔ معشوق۔ شوخ۔ بے باک۔ شریر۔ بدذات۔

ظالم اظلم (ع۔صف) بڑا ستانے والا۔

ظالم پھولتا پھلتا نہیں (اُر۔منفولہ) ظالم خود بھی بے نصیب رہتا ہے۔

ظالم ظلم کرے نیک بخت برگ بھر سے (اُر۔مثل) ظالم ظلم کرتا ہے۔ نیک بخت نیکی کا کام کرتا ہے۔

ظالم کا پیندا ہی نرالا ہے (اُر۔کہاوت) ظالم کا طریق ہی سب سے جدا ہوتا ہے۔

ظالم کا زور سر پر (اُر۔مثل) زبردست کے آگے کچھ نہیں چلتی۔

ظالم کی داد خدا کے گھر (اُر۔کہاوت) ظالم کے ظلم کا انصاف خدا ہی کریگا۔ دنیا میں غریب کی کوئی پیش نہیں جاتی۔

ظالم کا زور سر پر (اُر۔مثل) زبردست کے آگے کچھ نہیں چلتی۔

ظالم کی چال یہی اور ہے (اُر۔مثل) ظالم کے طریقے مختلف ہوتے ہیں۔

ظالم کی رسی دراز ہے (اُر۔مثل) ظالم کی عمر بڑی ہوتی ہے۔ تاکہ گناہوں کی کثرت سے جہنم کا ایندھن بنے۔

ظالم کی عمر کوتاہ ہے (اُر۔کہاوت) ظالم مدت نہیں رہتا۔ ظالم کرنے والا ہمیشہ نہیں رہا کرتا۔

ظالم مظلوم نما (ع۔صف) ظاہر میں نرم۔ اور باطن میں سخت۔

ظالمانہ (ف۔صف) ظلم سے بھرا ہوا۔ ظالم کے طریقے پر۔ ظالم کی طرح۔

ظالمی (ف۔مو) ظلم۔ ظلم سے تعلق رکھنے والی چیز۔

ظاہر (ع۔صف فاعلی) عیاں۔ آشکارا۔ روشن۔ کھلا ہوا۔ پرگھٹ۔ باطن کی ضد۔ شہر کا نواح۔ شہر کے باہر کا میدان۔

ظاہر اچھا باطن بُرا (اُر۔مثل) دیکھنے میں نیک مگر حقیقت میں بُرا۔

ظاہر بنائے رکھنا (اُر۔محاورہ) دکھاوا رکھنا۔

ظاہر بین یا ظاہر پرست (ع۔صف۔صفت) ظاہری حالت پر نظر رکھنے والا۔

ظاہر پر جانا (اُر۔محاورہ) ظاہری حالت دیکھ کر دھوکا کھانا۔

ظاہر پیر (ع۔ف۔امذ) خاکروبوں کا مرشد۔

ظاہرداری (ع۔ف۔مو۔ بیائے مصدری) دکھاوا۔ نمود نمایش۔ تکلف۔

ظاہر رحمن کا باطن شیطان کا (اُر۔مثل) ظاہر اچھا۔ باطن خراب۔ اس آدمی کی نسبت بولتے ہیں جس کا ظاہر اچھا اور باطن بُرا ہو۔

ظاہر ظہور (ع۔ متعلق۔ فعل) ظاہر طور سے۔ ظاہر میں۔ کھلم کھلا۔ صاف صاف۔

ظاہر کرنا (اُر۔ محاورہ) بھید کھولنا۔ پرگھٹ کرنا۔ بھانڈا پھوڑنا۔ ڈھنڈورا پھیرنا۔ تشریح کرنا۔ واضح کرنا۔

ظاہر کا نرم باطن کا سخت (اُر۔مثل) دیکھنے میں دِل موم ہے۔ مگر سنگ دل ہے۔

ظاہر کی آنکھیں اور ہیں باطن کی آنکھیں اور (اُر۔مثل) دِل کی سُوجھ بوجھ ان آنکھوں سے جُدا ہے۔

ظاہر و باطن (ع۔ مذ) اندر باہر۔ باہر بھیتر۔

ظاہر ہونا۔ (اُر۔محاورہ) کھلنا۔ افشا ہونا۔ نمودار ہونا۔

ظاہر ہے۔ (اُر۔محاورہ) یہ بات پوشیدہ نہیں ہے۔ سب جانتے ہیں۔

ظاہراً۔ ظاہراً (ع۔ تابع فعل) بہ ظاہر دیکھتے میں۔ جہاں تک نظر آتا ہے۔

ظاہری (ع۔ صفت بیائے نسبتی) دکھاوے کا۔ باہر والا۔ بدیسی۔ کھلا ہوا۔

ظاہر رنگ ڈھنگ ہیں (اُر۔محاورہ) ریاکاری یا بناوٹ کی باتیں ہیں۔

ظ - ب

ظَبی (ع) ہرن۔ جمع ظباء۔

ظبیہ (ع) ہرن کی مادہ۔ چھوٹی ٹھبیلی۔ مٹکی۔ مٹھور۔

ظ - ر

ظَرافت (ع۔مو) عقلمندی۔ دانائی۔ عمدگی۔ دل لگی۔ چھیڑ خانی۔ مذاق تمسخر۔ ہنسی۔ خوش طبعی۔

ظرافت آمیز (ع۔ ف۔صف) ظرافت ملی ہوئی۔

ظرافت پسند (ع۔ ف۔ صف) دل لگی پسند کرنے والا۔

ظرافت کا پُتلا۔ (اُر۔صف) بڑا ظریف۔

ظرافت کی پوٹ۔ (اُر۔امذ) بہت ظریف۔ مسخرا۔

ظرافتاً (ع۔ تابع فعل) دل لگی کے طور پر ہنسی سے۔ مذاقیہ۔

ظَرف (ع۔امذکر) باسن بھانڈا۔ برتن۔ ہانڈی۔ عقلمندی۔ دانائی۔ سمائی۔ حوصلہ۔ علم صرف میں وہ اسم ذات جو جگہ یا وقت کے معنی دے۔

ظَرف آفتاب (عف۔امذ) گلاس۔ شراب کا پیالہ۔

ظرف پیدا کرنا (اُر۔محاورہ) حوصلہ پیدا کرنا۔

ظرف دیکھنا (اُر۔محاورہ) حوصلہ دیکھنا۔

ظرف زمان (عف۔ مذ) وہ اسم ذات جس میں وقت پایا جائے۔ جیسے صبح و شام۔

ظرف عالی ہونا (اُر۔محاورہ) بڑا حوصلہ ہونا۔

ظرف لبریز ہونا (اُر۔محاورہ) عمر آخیر ہونا۔ موت کا وقت قریب آنا۔

ظرف مکان (ع۔امذ) وہ اسم ذات جس میں جگہ اور مکانیت پائی جائے جیسے باغ۔

ظُروف (ع۔امذ۔) ظرف کی جمع۔

ظریف (ع۔ مذ) صفت۔ دانا آدمی۔ عقلمند۔ ٹھٹھے باز۔ خوش طبع۔ مسخرہ۔ ٹھٹول۔

ظریفانہ (ف۔صفت) ظرافت کا۔ ظریف کی طرح۔

ظ - ع

ظِعان (ع) ہودہ کسنے کی رسّی۔

ظَعن۔ سفر کرنا۔ سیر کرنا۔

ظَعین (ع) کوچ کرنے والا۔ سفر کرنے والا۔

ظعینہ (ع) ہودج۔ پردہ نشین عورت۔ جمع ظعائن۔

ظ - ف

ظفر (ع۔مو) جنت۔ فتح۔ نصرت۔ کشائش۔ خوش نصیبی۔ کامیابی۔ ہندوستان کے آخری مغلیہ بادشاہ سراج الدین ابوظفر بہادر شاہ کا تخلص۔

ظفر آیات (آیہ۔ اثر۔ پیکر۔ موج) (ع۔ ف۔صف) جو اکثر فتح پانا ہے۔

ظفر تکیہ (ع۔ مذ) بیراگن۔ ایک قسم کی بنائی ہوئی لکڑی جس کے سہارے فقیر لوگ بیٹھ کر مراقبہ اور عبادت کرتے ہیں۔

ظفر جنگ (عف۔امذ) فوجی بہادروں کا ایک خطاب۔

ظفر قرین (ع۔ ف۔صفت) جس کے حملے کے ساتھ فتح قریب ہو۔

ظفر موج (عف۔صفت) فتحمندی۔ فاتح۔

ظفر یاب۔ (عف۔صفت) فتح پانے والا۔

ظفر یابی۔ (عف۔امو) فتح۔

ظفرہ۔ (ع۔امو) ناخونہ۔ آنکھ کی ایک بیماری۔

ظ - ل

ظِلّ۔ (ع۔امذ) چھاؤں۔ سایہ۔ چھایا۔

ظِلّ اللہ یا ظلّ الٰہی۔ (ع۔امذ) خدا کا سایہ۔ نائب خدا۔ خلیفہ وقت بادشاہ۔ حاکم وقت۔

Mufat

ظلِّ حمایت (ع۔امذ) مدد کا سایہ۔ پناہ۔ پناہ کی چھاؤں ۔ زیرِ سایہ ؛
ظلِّ ظلیل ۔ (ع۔مذ) گھنا سایہ۔ ہمیشہ رہنے والا سایہ ؛
ظلِّ عنایت ۔ (ع۔مذ) مہربانی کی پناہ ؛
ظلِّ گستر ۔ (ع۔صفت) سایہ دینے والا۔ پناہ دینے والا ؛
ظلِّ ہما ۔ (ع۔مذ) ہما کا سایہ۔ کہتے ہیں جس پر ہما کا سایہ پڑے وہ بادشاہ بن جاتا ہے ؛
ظلام (ع۔مذ) رات کی تاریکی کا اندھیرا ؛
ظلّام (ع۔مذ) بہت بڑا ظالم۔ بڑا بے انصاف ؛
ظُلَم (ف۔ا۔مذ) اندھیرا۔ تاریکی ؛
ظُلم ۔ (ع۔ا۔مذ) اندھیرے انصافی۔ پاپ۔ زور۔ زبردستی۔ بے رحمی زیادتی ؛
ظلم اُٹھانا (اُ۔محاورہ) ستم سہنا ؛
ظلم پرور (ع۔ف۔صف) ظلم کو رونق دینے والا ؛
ظلم توڑنا ۔ (اُ۔محاورہ) آفت ڈھانا۔ سختی کرنا۔ خفا ہونا۔ قیامت لانا ؛
ظلم جھیلنا (اُ۔محاورہ) خود برداشت کرنا ؛
ظلم دوست (عف۔صف فاعلی) ظلم کو پسند کرنے والا۔ ستمگر۔ ظالم۔ بے انصاف ؛
ظلم ڈھانا / **ظلم کرنا** (اُ۔محاورہ) آفت توڑنا۔ قیامت لانا۔ نہایت خفا ہونا۔ سختی کرنا۔ کوئی عجیب کام کرنا۔ انوکھا کام کرنا حیثیت سے بڑھ کر کام کرنا ؛
ظلم روا رکھنا (اُ۔محاورہ) ظلم کرنا ؛
ظلمانی (ع) جو صاف شفاف نہ ہو۔ تاریک ؛
ظلم رسیدہ (عف۔صفت) مظلوم۔ ستم رسیدہ وہ شخص جس پر ظلم ہوا ہو ؛
ظُلم ہے (اُ۔محاورہ) اندھیر ہے۔ غضب ہے۔ حق تلفی ہے۔ آفت ہے ؛
ظلماً ظُلمی (اُ۔تابع فعل) زبردستی سے۔ جبر سے۔ جبراً۔ دھنیگا دھینگی سے ؛
ظُلمات (ع۔مؤ) ظلمت کی جمع۔ اندھیرے۔ سیاہیاں۔ کالکیں۔ وہ تاریکی جس میں آبِ حیات کا چشمہ بتاتے ہیں۔ یورپ اور افریقہ کے مغربی سمندر یعنی بحرِ اوقیانوس کا نام بھی ہے ؛
ظُلمت (ع۔ا۔مؤ) سیاہی۔ کالک۔ اندھیرا۔ تاریکی ؛
ظُلمت خانہ (اُ۔مذ) تاریک مکان ؛
ظُلمت شب (ع۔ف۔مؤ) رات کی تاریکی ؛
ظُلمت کا دامن پھیلانا (اُ۔محاورہ) سب طرف اندھیرا پھیلنا ؛
ظُلمت کُفر (ع۔ا۔مذ) کفر کا اندھیرا ؛
ظُلول (ع) سایہ کرنا۔ چھاؤں کرنا ؛
ظلوم (ع۔مذ) بڑا ظالم۔ جفا کار۔ شریر ؛
ظُلّہ (ع) سائبان۔ چھجا۔ جمع ظلل ؛
ظلیف (ع) خراب۔ خوار۔ سخت زمین۔ سختی۔ مشکل ؛ جمع ظُلُف ؛
ظلیل (ع) سایہ دار مقام۔ دائمی سایہ ؛
ظلیم (ع) مظلوم جس پر ظلم کیا جائے ؛

ظ ـ ن

ظن (ع۔ا۔مذ) وہم۔ شبہ۔ شک۔ گمان۔ خیال۔ بہتان۔ تہمت۔ بدگمانی ؛
ظنّ المومنین خیرٌ (ع۔مثل) ایمان والوں کا گمان نیک ہوتا ہے ؛
ظنِ باطل (ع۔مذ) بے اصل گمان ؛
ظن غالب (ع۔ا۔مذ) قوی گمان۔ پکا خیال۔ یقین۔ رائے۔ غلب ؛
ظن فاسد (ع۔ا۔مذ) بدگمانی۔ شک و شبہ۔ بدظنی ؛
ظِنّت (ع) تہمت۔ ظِنّ۔ ظنّاتن ؛
ظِنّون (ع) بدگمانی کرنے والا ؛
ظنی (عف۔صنعت بیائے فاعلی) وہمی۔ گمانی۔ خیالی۔ عقل کے قریب ؛
ظنین (ع) عیب اور تہمت لگایا ہوا۔ جمع اظنّاء ؛
ظنیہ (ع۔صفت) بہ نسبتی۔ منسوب بہ ظن۔ خیال۔ قریب بہ یقین ؛

ظ ـ و

ظواہر (ع۔مذ) ظاہر کی جمع۔ زمین سے اُگی چیزیں ؛

ظ ـ ہ

ظہار (ع۔امذ) موافق ہونا۔ شرع میں بیوی کو ماں بہن کے مشابہ کہنا جس سے بیوی شوہر کے لیے حرام ہو جاتی ہے۔ اس کا کفارہ ایک غلام آزاد کرنا یا دو ماہ کے پے در پے روزے رکھنا ہے۔ عدم استطاعت کی حالت میں ۶۰ مسکینوں کو کھانا کھلانا ؛
ظہار (ع) اُپلا۔ ابرہ۔ لحاف کے اُوپر کا کپڑا ؛
ظہر (ع۔ا۔مذ) زوال کا وقت۔ تیسرا پہر۔ تیسرے پہر کی نماز ؛

ظَہر (ع + مو) پیٹھ۔ پشت۔
ظُہرانہ (ع۔ف۔امذ) دوپہر کا کھانا۔
ظہرِ سمن یا تمسک (اُر۔امو) سمن کی پیٹھ۔ تمسک کی پشت۔
ظہری (اُر۔صفت بیائے مصدری) پشت پر لکھا ہوا۔ پشتی۔
ظہری تحریر: (وہ تحریر جو سمن۔ورانٹ وغیرہ کی پشت پر لکھی جائے)
ظُہور (ع۔مذ) اظہار۔ ظاہر ہونا۔ واقع ہونا۔ اعلان۔ انکشاف۔
ظہور میں آنا۔ (اُر محاورہ) ظاہر ہونا۔ پیش آنا۔ طلوع ہونا۔
ظہور میں لانا۔ (اُر محاورہ) ظاہر کرنا۔ پیش آنا۔ آشکار کرنا۔

طلوع کرنا۔
ظُہورا (اُر۔امذ) نمود۔ نمائش۔ ظہور۔ جلوہ۔ ٹھاٹھ
رونق۔ اولاد۔ بیٹیا۔
ظُہوری (ع۔صفت بیائے نسبتی) ظاہری۔ آشکارا علانیہ۔ ایک
فارسی شاعر نورالدین نامی کا تخلص۔
ظَہیر (ع۔صفت) معین۔ مددگار۔ حمایتی۔ قومی۔ درست
پشت پناہ۔
ظَہیرہ (ع) دوپہر کا وقت۔ جمع ظہائر۔
ظہیان (ع) جنگل چنبیلی۔ شہد۔

ع

ع (ع۔ مذ) اردو کا چوبیسواں حرف اور فارسی کا اکیسواں اور عربی کا
اٹھارھواں حرف ہے۔ حساب جمل میں اس کے عدد ستر فرض کئے گئے ہیں۔

ع - ا

عابت (ع۔ مذ) کھیلنے کودنے والا۔ ضائع کرنے والا۔
عابد (ع۔امذ) فاعل۔ پوجا پاٹ کرنے والا۔ پرستش کرنے والا۔
عبادت کرنے والا۔ پجاری۔ پرہیزگار۔ بھگت۔ متقی
عابر (ع) گزرنے والا۔ دریا پار کرنے والا۔
عابق۔ (ع) آزاد۔ پرانی شراب۔ بڑی مشک۔
عاتی۔ (ع) سرکش۔ نافرمان۔ حد سے گزرنے والا۔
عاج (ع۔امذ) ہاتھی دانت۔

عاج

عاجز (ع۔امذ) فاعل مفید صفت۔ تنگ۔ بے بس۔ لاچار۔ کمزور۔
ناتواں مغلوب۔ تھکا ماندہ۔ شکست یافتہ۔ ناامید۔
مایوس۔ غریب۔ مسکین۔
عاجز آنا } (محاورہ) تنگ ہونا۔ بے بس و مغلوب ہونا۔ مایوس
عاجز ہونا } ہونا۔ دق آنا۔
عاجزی (ع۔امو) بیائے مصدری ہے بمعنی منت سماجت۔ خوشامد۔
انکساری۔ فروتنی۔
عاجزی کرنا۔ (محاورہ) گڑگڑانا۔ ہاتھ جوڑنا منت سماجت کرنا۔
عاجزی خدا کو بھی پسند ہے (اثر۔ مقولہ) عجز و انکسار خدا کو پسند
ہے۔
عاجزی سب کو پیاری ہے (اثر۔ مقولہ) عجز سب کو پسند ہے۔
خوشامد سے کام ہو ہی جاتا ہے۔
عاجل (ع۔صف) جلد باز۔ جلد۔ مجازاً دنیا۔
عاجلہ (ع۔مو) عاجل کی تانیث۔ دنیا جہاں۔
عاد (ع۔امذ) حضرت ہود کی قوم کا نام۔ علم حساب میں وہ عدد جو
دوسرے کو پورا تقسیم کر دے۔ مقسوم علیہ کامل۔
عادِ اعظم (ع۔امذ) وہ بڑے سے بڑا عدد جو دو یا زیادہ عددوں کو
پورا پورا تقسیم کر دے۔
عادات (ع۔امو) عادت کی جمع۔
عادت (ع۔امو) مشتق از عود۔ سبھاؤ۔ بان۔ خو۔
خصلت۔ خاصیت۔ دستور۔ طریقہ۔
ریت۔ رسم۔ کسی چیز کی لت۔
چال چلن۔ طور۔ ڈھنگ۔ طلب۔ تمنا۔

عادت پڑنا (اُ۔ محاورہ) خوگر ہونا۔
عادت ڈالنا (اُ۔ محاورہ) کسی کو کسی بُری عادت کا عادی کرنا۔
عادت طبیعت (فطرت ثانیہ ہے۔ (اُ۔ مقولہ) پختہ عادت فطرت یا طبیعت بن جاتی ہے۔
عادت مُستمرہ (ف۔ صو) ہمیشہ کا معمول۔
عادِل (ع۔ اسم مذکر فاعل مفید صفت) انصاف کرنے والا۔ عدل کرنیوالا۔ جج۔ منصف۔
عادِلُ الرّہن (ع۔ اسم مذ) وہ شخص جس کے پاس رہن نامہ رکھدیا جائے۔
عادلانہ (ع۔ متعلق فعل) انصاف سے۔ انصافاً۔
عادی (اُ۔ اسم صفت بیائے فاعلیت) عادت والا۔ خوگر۔ وہ شخص جسے کسی کام کی عادت پڑگئی ہو۔
عادِل (ع) سلامت کرنے والا۔ جمع عوائل۔
عار (ع۔ اسم مؤنث) لاج۔ شرم۔ غیرت۔ ننگ۔ بُرائی۔ عیب۔
عار آنا (لفظ فعل) شرم معلوم ہونا۔ ننگ آنا۔ لاج آنا۔ غیرت محسوس کرنا
عار رکھنا (اُ۔ محاورہ) بُرا سمجھنا۔ عیب خیال کرنا۔
عار کرنا (اُ۔ فعل) عیب سمجھنا۔ ننگ جاننا۔ شرم کرنا۔ غیرت کرنا۔
عار ہونا (اُ۔ محاورہ) شرم ہونا۔ عیب ہونا۔
عارِج (ع۔ صفت) چڑھنے والا۔
عارِض (ع۔ اسم مذکر فاعل) پیش آنے والا۔ ملنے والا۔ فوج کی گنتی لینے والا۔ رُخسار گال۔ رُخسارہ۔ رُخ۔ روئے
عارضِ حُور (ع۔ صفت) حُور کا گال۔ بدن کے کسی خوبصورت حصّے کی صفائی کو عارضِ حُور سے استعارہ کرتے ہیں۔
عارضِ سیمیں (عف۔ اسم مذکر) چاندی کی سی سفید گالیں۔ نہایت خوبصورت
عارض ہونا (اُ۔ محاورہ) پیش آنا۔ پیدا ہونا۔ لاحق ہونا۔ نمایاں ہونا۔
عارِضہ (ع۔ اسم مذکر) روگ۔ بیماری۔ دُکھ مرض۔
عارضہ لاحق ہونا (اُ۔ محاورہ) بیماری لگنا۔
عارِضی (ع۔ اسم صفت فاعلی بیائے فاعلیت) اصلی کی ضد۔ نقلی۔ دوچار دن کا۔ اتفاقیہ۔ چند روزہ۔ تھوڑی دیر کا۔ لاحقی۔
عارِف (ع۔ اسم مذکر فاعل) جاننے والا۔ واقف۔ خداشناس۔ ولی۔ سادھو۔ معرفت میں مستغرق۔ رشی۔ منی۔
عارِفانہ (ف۔ تابع فعل) عارِف سے منسوب۔ عقلمندانہ عارف کی طرح۔
عاری (ع۔ اسم صفت) خالی۔ ننگا۔ برہنہ۔ تنگ۔ قاصر۔ مجبور۔ وہ شخص جس سے کوئی کام ہو نہ سکے۔ لاچار۔
عاری آجانا یا ہوجانا (اُ۔ فعل) تنگ ہوجانا۔ دق آنا۔ تھک جانا۔ مجبور ہوجانا۔
عارِیت (ع۔ اسم مؤنث) اُدھار۔ قرض مانگے کو لینا یا دینا۔ مستعار۔
عارِیت سرا (ع۔ ہو) دینا۔
عارِیت نامہ (ع۔ ف۔ مذ) اقرار نامہ جو کسی چیز کے لوٹانے کے لئے لکھ دیا جائے۔
عارِیتاً (ع۔ تابع فعل) قرض کے طور پر۔ اُدھار پر۔ یونہی۔ مانگے کو۔
عارِیتی (عف۔ اسم صفت بیائے نسبتی) ناقص۔ اُدھار۔ چند روزہ عارضی

عازِم (ع۔ اسم مذکر فاعل از عزم) ارادہ کرنے والا۔ قصد کرنے والا۔ کسی چیز کو دل میں ٹھان لینے والا۔
عاشِق (ع۔ اسم مذکر فاعل از عشق) نہایت چاہنے والا۔ بہت محبت کرنے والا۔ طالب۔ شیدا۔ مفتون۔ فریفتہ۔ نثار۔ تصدق۔ فدا۔ دل سے رغبت کرنے والا۔ محبت الٰہی میں ڈوبا ہوا۔ عارف کامل۔ بے فکرا غافل۔ مدہوش۔ پیٹی کی گھنڈی۔ ٹپکے کا پرزہ جو حلقے میں پھنساتے ہیں۔
عاشِق اندھا ہوتا ہے (اُ۔ محاورہ) عاشق کو معشوق کے سوا اور کسی بات کا خیال نہیں ہوتا۔
عاشقاں را مذہب و ملّت جُدا است (ف۔ محاورہ) عاشقوں کا طریقہ ہی الگ ہوتا ہے۔
عاشِق مزاج (ع۔ اسم صفت) رنگیلا۔ دل لگی باز۔ ظریف۔ خوش طبع۔ حسن پرست۔
عاشِق مولیٰ (ع۔ مذ) خُدا کا طالب۔ خُدا کا عاشق۔
عاشِق معشوق (ع۔ اسم مذکر) پیا۔ پریتم۔ یار و آشنا۔ محب و محبوب۔ گہرے دوست۔ پکے یار ٹپکے کے تک۔ حلقہ۔ گھنڈی۔
عاشِق ہونا (اُ۔ فعل) فریفتہ ہونا۔ کسی پر فدا ہونا۔ کسی سے آنکھ لگنا۔
عاشقانہ (عف) اسم صفت بہ ادا تشبیہی۔ عاشقوں کا سا۔ عاشقوں کے مزاج کے موافق۔
عاشقی (اُ۔ اسم مؤنث بیائے مصدری) محبت عشق۔ محویت۔ فریفتگی
عاشقی خالہ جی کا گھر نہیں (اُ۔ مثل) عاشقی بہت مشکل کام ہے۔
عاشقے (فُد) کلمۂ تحسین و آفرین۔ شاباش۔ مرحبا۔ آفرین۔ کیا کہنے ہیں۔
عاشورا (ع۔ اسم مذکر) ماہ محرم کی دسویں
عاشورہ تاریخ بشہادت امام حسین علیہ السّلام کی تاریخ۔
عاصِف (ع) سخت اور تیز آندھی۔ آندھی کا دن۔ جمع عواصف۔
عاصِفہ (ع) سخت آندھی۔ جمع عاصفات۔
عاصِم (ع) نگہبان۔ حفاظت کرنے والا۔ امام حفص کے اُستاد ایک قاری۔
عاصی (ع۔ اسم مذکر فاعل از عصیان) گنہگار۔ نافرمان مجرم خطاوار قصوروار۔ پاپی۔ بدکار۔ دوشی۔
عاطِر (ع۔ اسم فاعل) مفید صفت از عطر) خوشبودار معطر۔ عطر کا شیدائی۔ نیک اندیش۔ نیک نیت۔ مہربان۔ فیاض۔ معزز بزرگ جیسے خاطر عاطر۔
عاطِف (ع۔ صفت) جھکنے والا۔ مہربان۔
عاطفت (ع۔ اسم مؤنث از عطف) عنایت مہربانی۔ نوازش۔ توجہ کرپا۔ دیا۔
عاطِفہ (ع۔ صفت) عاطِف کی تانیث۔ جھکی ہوئی۔ ملانے والی۔
عافیت (ع۔ اسم مؤنث) تندرستی صحت۔ آرام۔ خیر کا مرادف۔ بھلائی نیکی۔ امن۔ سلامتی۔ خیریت۔
عافیت اندیش (عف۔ صفت) خیر اندیش۔
عافیت تنگ کرنا (اُ۔ محاورہ) آرام سے نہ بیٹھنے دینا چین نہ لینے دینا۔
عافیت سوز (عف۔ صفت) امن سکون برباد کرنا۔

عاق (ع) اسم صفت فاعلی) ماں باپ کا فرمان باغی۔ نافرمان سرکش۔
عاق کرنا (ا ر ف۔ فعل) نافرمانی کے باعث بیٹے کو حقوق فرزندی سے محروم کر دینا۔ چھوڑ دینا۔ ترک کر دینا۔
عاق نامہ (ع ف۔ اسم مذکر) اولاد کو فرزندی یا وراثت سے محروم کر دینے کی دستاویز۔
عاقب (ع) نائب پیچھے آنے والا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم۔
عاقبت (ع۔ اسم مذکر) آخر۔ انجام۔ خاتمہ۔ نتیجہ ثمرہ۔ حاصل۔ آخرت۔ عقبیٰ۔ آخرکار۔ انجام کار۔ بالآخر۔
عاقبت الامر (ع متعلق فعل) آخرکار۔ انجام کار۔
عاقبت اندیش (ع ف۔ اسم صفت فاعلی) دوربین۔ انجام سوچنے والا۔ دور اندیش عاقل۔ ہوشیار۔
عاقبت بخشوانا (ا ر۔ محاورہ) خدا سے مغفرت کی دعا کرنا۔
عاقبت بگاڑنا (ا ر۔ محاورہ) آخرت کو خراب کر لینا۔ دین خراب کرنا۔ ماں باپ کی نافرمانی سے گنہگار بننا۔
عاقبت کا توشہ (ا ر۔ اسم مذکر) اچھی کرنی دوسرے جہاں کا سہارا۔ نیک اعمال۔ اچھے کام۔
عاقبت کے بورئیے سمیٹنا (ا ر۔ محاورہ) مدت تک جیتے رہنا۔ بہت بڑی عمر پانا بڑھاپے کے باوجود موت سے ڈرنے والے آدمی کی نسبت طنزاً بولتے ہیں۔
عاقبت خراب یا گندی کرنا (ا ر۔ محاورہ) برے کام کرنا۔ بدیاں کمانا۔ آخرت بگاڑنا۔
عاقبت کی خبر خدا جانے اب تو آرام سے گزرتی ہے (ا ر۔ مقولہ) خود غرض لوگوں کا مقولہ ہے۔
عاقبت گرگ زادہ گرگ شود (ف مثل) بداصل کا اصلا نہیں بدلتا۔
عاقبت میں کام آنا (ا ر۔ محاورہ) قیامت کے دن گناہوں کی معافی میں مدد دینا۔
عاقد (ع) گرہ لگانے اور عہد کرنے والا۔
عاقر (ع) بانجھ جس کے لڑکا نہ پیدا ہو۔ خواہ مذکر ہو یا مونث۔ جمع عقر۔
عاقرقرحا (ع۔ اسم مذکر) ایک تیز دوا کا نام ہے جو دانتوں کے درد اور باہ کے لئے مفید ہے۔
عاقل (ع۔ اسم مذکر۔ فاعل از عقل) عقلمند۔ دانا۔ ہوشیار۔ دانشمند۔
عاقل کو ایک حرف بہت ہے (ا ر۔ مقولہ) دانا اشارے ہی سے سمجھ جاتا ہے۔
عاقلہ (ع۔ مو) عاقل کی تانیث۔ عقل مند عورت۔ جمع عواقل۔ عاقلات۔
عاکف (ع۔ اسم فاعل مذکر) گوشہ نشین۔ اعتکاف کرنے والا۔ معتکف۔
عالم (ع۔ اسم مذکر۔ فاعل از علم) جاننے والا۔ دانا۔ پڑھا لکھا۔ خواندہ۔ مولوی۔ ملا۔
عالم الغیب (ا ع۔ اسم مذکر) پوشیدہ باتیں جاننے والا۔ خدائے تعالیٰ۔
عالم باعمل (ع ف۔ اسم صفت) پڑھا لکھا۔ وہ عالم جو علم پڑھ کر اس پر عمل بھی کرتا ہو۔
عالم (ع۔ اسم مذکر) دنیا۔ جہان۔ سنسار۔ دنیا کے لوگ۔ مخلوق۔ جگت۔ قسم۔ جنس۔ حالت صورت۔ درجہ۔ طور۔ طریقہ۔ ڈھنگ۔ لطیف۔
مزا۔ سیر۔ تماشا۔ جوبن حسن۔ رونق۔ مانند نظیر۔ تمثال۔
عالم آرا (ع۔ ف۔ صفت) دنیا کو آراستہ کرنے والا۔ جہان آراء گیتی آراء
عالم آخرت (ع۔ مذ) اگلا جہان۔ آخرت۔ عقبیٰ۔
عالم ارواح (ع۔ اسم مذکر) روحوں کی دنیا۔ عناصر اربعہ۔ چاروں عنصر۔
عالم اسباب (ع۔ اسم مذکر) دنیا۔ کیونکہ یہاں کے تمام کاروبار اسباب و ذرائع پر منحصر ہیں۔
عالم افروز (ع ف۔ اسم صفت فاعلی) دنیا کو روشن کرنے والا۔ جہان کو چمکانے والا۔
عالم امر (ع۔ اسم مذکر) عالم ملائکہ۔ عالم ارواح وہ چیزیں جن میں اندازے اور وزن کا دخل نہ ہو۔
عالم بالا (ع ف۔ اسم مذکر) اوپر کی دنیا۔ آسمان عرش۔ بہشت جنت۔ سورگ۔
عالم برزخ (ع۔ اسم مذکر) روحوں کا وہ مقام جہاں وہ موت سے لے کر قیامت تک رہینگی۔
عالم پناہ (ع۔ اسم مذکر بہ قلب اضافت) دنیا کی پناہ۔ جہان کے پناہ لینے کی جگہ مراداً بادشاہ۔
عالم پھر جانا (ا ر۔ محاورہ) زمانہ کا بدل جانا۔ تمام مخلوق کا ناراض ہو جانا۔ دنیا کا کسی سے برگشتہ ہو جانا۔ حالت بدل جانا۔
عالم تہ و بالا کرنا (ا ر۔ محاورہ) اندھیر مچانا۔
عالم تصور (ع۔ ف۔ مذ) غور فکر کی حالت میں۔
عالم جاوید (ع۔ اسم مذکر) ہمیشہ رہنے والی۔ دنیا۔ عالم آخرت۔
عالم جبروت (ع۔ مذ) فرشتوں کی دنیا۔ وہ مقام جو ستاروں سے اوپر ہے۔
عالم خواب (ع۔ ف۔ مذ) خواب کی حالت۔
عالم دکھانا (ا ر۔ محاورہ) حالت دکھانا۔ جوبن دکھانا۔ رونق دنیا۔ بہار دکھانا۔
عالم دیکھا (ا ر۔ محاورہ) بہار دیکھنا۔ کیفیت دیکھنا۔ انداز دیکھنا۔
عالم دگرگوں ہونا (ا ر۔ محاورہ) عجیب کیفیت ہونا۔
عالم دیگر ہونا (ا ر۔ محاورہ) اور حالت ہونا۔
عالم ذوق (ع۔ مذ) خوشی کی حالت۔
عالم رؤیا (ع۔ مذ) خواب کی حالت۔
عالم شباب (ع۔ ف۔ مذ) جوانی کا زمانہ۔
عالم مشہود (ع۔ مذ) وہ عالم جس میں سب کچھ نظر آئے۔
عالم سفلی (ع۔ اسم مذکر) دنیا۔ جہان۔ پرتھی۔ زمین۔
عالم صغیر یا صغیر (ع) اسم مذکر) انسان اور جسم انسانی سے مراد ہے۔
عالم فانی۔ عالم کبیر (ع۔ اسم مذکر)
عالم وجود۔ عالم ناسوت } دنیا۔ سنسار۔
عالم کون و مکان فنا ہونے والی۔ دنیا۔ قدرت۔ مایا۔ حادثات دنیا۔ جگ
عالم گواہ ہونا (ا ر۔ محاورہ) بہت لوگوں کا دیکھنا یا شہادت دینا۔
عالمگیر (ع ف۔ اسم مذکر) دنیا کو لے لینے والا۔ محی الدین اورنگ زیب کا لقب ہے۔ دنیا میں پھیلا ہوا۔ تمام جہان پر چھایا ہوا جیسے عالمگیر وبا۔
عالم لاہوت (ع۔ مذ) ذات الٰہی کا مقام جہاں سالک کو فنا فی اللہ حاصل ہوتا ہے۔

عالمِ مثال (ع۔مذ) اس دُنیا سے زیادہ لطیف دُنیا جس میں یہاں کی تمام چیزوں کا نمونہ یا اصل موجود ہے۔ خیالی دُنیا۔ خواب۔
عالمِ مقضی (ع۔مذ) وہ دُنیا جو محسوس نہ ہو سکے۔ خدا کی ذات وصفات۔
عالمِ ملکوت (ع۔مذ) فرشتوں کی دُنیا۔
عالمِ ناسوت (ع۔مذ) فانی دُنیا۔
عالمِ نباتات (ع۔مذ) نباتات کی دُنیا۔
عالم نرالا ہونا (اُردو محاورہ) انداز مختلف ہونا۔ طریقے جُدا ہونا۔
عالمِ وجد طاری ہونا (اُردو محاورہ) بے خودی کی حالت ہونا۔

عالمِ وجود (ع۔مذ) زندگی کا عالم۔
عالمِ ہُو (ع۔ف۔مذ) خاموشی کی حالت۔ سکوت۔
عالمی (ف۔صف) دُنیا کا۔ دُنیاوی۔
عالمیاں (ع۔مذ) عالمی کی جمع۔ انسان۔
عالمین (ع۔مذ) عالم کی جمع بہت سے جہان۔
عالی (ع۔اسم صفت) فاعل از علو۔ بلند۔ اُونچا۔ بڑا مقدس۔ قابلِ تعظیم۔
عالی پائگاہ (ع۔صفت) بڑے مرتبے والا۔
عالی تبار (ع۔صف) اعلیٰ خاندان۔
عالیجاہ (عف۔اسم صفت) بڑے مرتبے والا، بلند رُتبہ۔ ممتاز۔
عالی جناب (ع۔اسم صفت) بلند مرتبے والا۔ بلند درگاہ والا۔ اعلیٰ حضرت۔
عالی خاندان (عف۔اسم صفت) بڑے گھرانے کا۔ امیر زادہ۔ شریف زادہ۔
عالمِ بیداری (ع۔ف۔مذ) جاگنے کی حالت ہوں۔
عالی دماغ (ع۔اسم صفت) بڑی سوجھ سمجھ والا۔ بڑا عقلمند۔ بڑے دماغ والا۔
عالی شان (ع) اعلےٰ مرتبہ کا۔ بڑی شان والا۔ شان والا۔ شاندار۔ عمدہ۔ بہت بڑا۔
عالی ظرف (ع۔اسم صفت) اعلیٰ حوصلہ۔ بڑی سمائی والا۔
عالی قدر۔ یا۔ عالی مرتبہ (ع۔اسم صفت) بڑے مرتبہ کا۔ والا شان۔
عالی ہمّت (ع۔اسم صفت) بڑی ہمت والا۔ بلند ارادے والا۔ سخی۔ فیاض۔ دل والا۔
عالی نژاد (ع۔صفت) عالی خاندان۔
عالی ہمّت سدا مفلس (اُردو مثل) سخی اور خرچ کرنے والے کے پاس ہمیشہ کچھ نہیں رہتا۔
عالی ہمّت سدا مفلس (اُردو۔ مثل) حوصلہ مند ہمیشہ تنگدست رہتا ہے۔
عالی ہمتی (ع۔اسم مؤنث۔ بیائے مصدری) سخاوت۔ خیرات۔ دلیری فیاضی
عالیہ (ع۔اسم مؤنث) عالی کی تانیث۔ بلند۔ بڑی بزرگ۔ مسلمان عورتوں کا خطاب۔
عام (ع۔اسم صفت) پھیلا ہوا۔ مشہور۔ معمولی۔ سب۔ تمام۔ سب لوگ تمام آدمی۔ رسمی۔ رواجی۔
عام پسند (ع۔ف۔صف) جسے ہر کوئی پسند کرے۔
عام فہم (ع۔اسم صفت) سب کی سمجھ میں آجانے والا۔ سہل۔ آسان۔ فصیح۔
عام کر دینا (اُردو۔ محاورہ) مشہور کر دینا۔ وقف کر دینا۔
عام لوگ (اُردو۔ مذ) سب لوگ۔ معمولی لوگ۔ عوام
عام میں (اُردو۔ تابع فعل) سب کے سامنے۔ کھلم کھلا۔ علانیہ۔
عامِر (ع۔صفت) آباد۔ آباد کرنے والا۔
عامِرہ (ع۔اسم صفت) بھرا ہوا۔ مالا مال۔ معمور۔ مراد شاہی خزانہ۔
عامل (ع۔اسم مذکر) فاعل از عمل۔ عمل کرنے والا۔ منتر پڑھنے والا۔ سیانا۔ بھوت پریت کا عمل جاننے والا۔ حاکم۔ تحصیلدار۔
عاملہ (ع۔مو) عامل کی تانیث۔
عامہ (ع۔اسم صفت۔ بیائے نسبتی) منسوب بہ عام۔ مشہور و معروف۔ عام بات۔
عامۃ الناس (ع۔مو) سب لوگ۔ عوام۔
عامی (ع۔اسم مذکر۔ بیائے نسبتی) عام سے نسبت رکھنے والا۔ جاہل۔ اَن پڑھ۔
عامیانہ (ع۔متعلق۔ فعل) عوام کا۔ جاہلوں کا۔
عامیانہ محاورہ (ع۔لف) وہ محاورہ جو بازاری لوگ بولیں۔
عاند (ع) دُشمنی اور بُغض رکھنے والا۔
عانہ (ع۔مذ) پیڑو۔ ناف کے نیچے کا حصّہ۔
عاہت (ع) آفت۔ سختی۔ بلا۔ جمع۔ عایات۔
عاہر (ع۔مذ) زانی۔ بدکار۔ حرام کار۔ جمع عُیّار۔
عائل (ع) بے شوہر کی عورت۔ جمع عوائل۔
عائلین (ع) سست۔ کاہل اور محتاج۔
عائد (ع۔اسم صفت فاعل از عود۔ عود کرنے والا۔ پھرنے والا۔ واپس آنے والا۔ لوٹ کر آنے والا۔
عائد ہونا (اُردو فعل) اُلٹ پڑنا۔ ذمہ پڑنا۔ وارد ہونا۔
عائق (ع) روکنے والا۔ مانع۔ جمع عوائق۔
عائل (ع۔صفت) فقیر۔ محتاج۔ حق سے پھرنے والا۔
عائلہ (ع۔صفت) خاندان۔ بیوی
عائلی (ع۔صفت) خاندان سے متعلق۔ بیاہ شادی سے متعلق۔

ع - ب

عباء (ع۔اسم مذکر) ایک عربی لباس کا نام ہے۔ جُبّہ۔ چُغہ۔
عُبّاد (ع۔مذ) عابد کی جمع۔
عبادت (ع۔اسم مؤنث) پوجا پاٹ۔ بھگتی۔ بندگی۔ اطاعت۔ پرستش۔ نماز۔ دعا۔
عبادت کرنا۔ (مص۔ مرکب) خدا کی بندگی کرنا۔ پوجا پاٹ کرنا۔ پرستش کرنا نماز پڑھنا۔ اطاعت کرنا۔
عبادت گاہ (عف۔اسم مؤنث ظرف) معبد۔ مسجد۔ مندر۔ گرجا۔
عبادلہ (ع۔مذ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چار صحابہ جن کے نام عبداللہ تھے۔

عبادت ہو چکی مطلب پر آؤ (اُر۔ محاورہ) باتیں نہ بناؤ۔ مدعا بیان کرو۔
عبادت ہونا (اُر۔ محاورہ) مطلب ہونا۔ مراد ہونا۔
عِبارت (ع۔ اسم مؤنث) بیان۔ مضمون، تحریر۔ انشاء مراد۔ مدعا
عِبارت آرائی (عف۔ اسم مؤنث) بیائے مصدری۔ مضمون کی رنگینی۔ مضمون کو سنوار کر لکھنا۔
عِبارت ظہیری (ع۔ مو) وہ عبارت جو کسی تحریر کی پُشت پر لکھی ہو۔
عباس (ع۔ اسم مذکر) پھاڑنے والا شیر۔ پیغمبر خدا صلعم کے چچا کا نام جن کے نسل میں خلفائے عباسیہ ہوئے ہیں۔
عبّاسی (ع۔ اسم صفت، بیائے نسبتی)
عبّاسیہ (عباس سے تعلق رکھنے والا۔
بغداد کے خلفا کا خاندان۔ ایک سکہ کا نام ہے۔ نیلاہٹ لئے سُرخ رنگ۔ کالا رنگ جو خلفائے عباسیہ کو پسند تھا۔ ایک پودے کا نام بھی ہے جسے گل عباسی کہتے ہیں۔
عبث (ع۔ اسم صفت) بیفائدہ۔ بیہودہ۔ بیکار۔ نکما۔ کھیل۔ بازی۔ ناحق۔ بلاوجہ۔
عبد (ع۔ اسم مذکر) بندہ۔ غلام داس۔ ملازم۔ نوکر۔
عبد المطلب (ع) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا کا نام۔
عبد مناف (ع) آنحضرت کے دادا کے دادا کا نام۔
عبدیت (ع۔ اسم صفت، بیائے مصدری۔ غلامی۔ بندگی۔ نوکری۔ ملازمت۔
عبر (ع۔ مذ) تصبیر گوئی۔ گھاٹ۔ کنعان۔ دریائے فرات اور عرب کا درمیانی علاقہ جس سے عبرانی منسوب ہے۔
عبرانی (ع۔ اسم مؤنث) یہودی۔ موسائی حضرت موسیٰؑ کی اُمت یہودیوں کی زبان۔
عبرت (ع۔ اسم مؤنث) اندیشہ۔ نصیحت پکڑنا۔ خوف۔ تنبیہ۔ زمانہ کے حالات کو دیکھ کر خود نصیحت اختیار کرنا۔
عبرت انگیز (عف۔ اسم صفت فاعلی) ایسی بات جسے دیکھ کر آدمی کو خوف آئے۔ اور نصیحت پکڑے۔
عبرت پکڑنا یا حاصل کرنا (اُر۔ محاورہ) نصیحت۔ پکڑنا۔ متنبہ ہونا۔
عبرت حاصل ہونا (اُر۔ محاورہ) نصیحت ہونا۔ سبق حاصل ہونا۔
عبرت ہونا (اُر۔ محاورہ) کسی بات کی نصیحت کا موجب ہونا۔ نصیحت حاصل ہونا۔
عبری (ع۔ اسم مؤنث، بیائے نسبتی) اہل کنعان کی زبان۔ یہودیوں کی زبان۔ یہودی۔
عبّس (ع۔ ف) ترش رُو ہونا۔ کج خلقی۔
عبق (ع) خوش بودار۔ مکتی ہوئی چیز۔
عبقری (ع) ہر عمدہ اور نفیس چیز۔
عبودیت (ع۔ اسم مؤنث، بیائے۔ مصدری بندگی۔ غلامی۔ اطاعت۔ عبادت
عبور (ع۔ اسم مذکر) دریا سے پار اُترنا۔ لنگھنا۔ کتب یا مسائل وغیرہ پر حاوی ہونا۔
عبور دریائے شور کرنا (اُر۔ محاورہ) کالے پانی بھیجنا۔ ولیں نکالا دینا۔ جلاوطن کرنا۔
عبور ہونا (دُور۔ محاورہ) پورے طور پر واقفیت ہونا۔ حاوی ہونا۔ جاننا۔
عبوس (ع) (عبوست) ترشروئی۔
عبیر (ع۔ اسم مذکر) ایک قسم کی نرگس جو اندر سے زرد ہوتی ہے شہلا کنجلاف۔
عبید (ع۔ مذ) عبد کی جمع بمعنی غلام۔
عبید (ع۔ مذ) عبد کی تصغیر۔ چھوٹا غلام۔
عبیر (ع۔ اسم مذکر) ایک خوشبودار سفوف جو۔ جو مُشک۔ گلاب صندل وغیرہ سے بنتا ہے اسے کپڑوں پر چھڑکتے ہیں۔

ع ـ ت

عتاب (ع۔ اسم مذکر) غصہ۔ خفگی۔ ناراضگی۔ قہر۔ ملامت۔ کردھ۔
عتاب اُتارنا (دُور۔ محاورہ) غصہ یا خفگی دُور کرنا۔
عتاب اُترنا (دُور۔ محاورہ) غصہ دور کرنا۔
عتاب الٰہی (ع۔ مذ) خدا کا قہر۔ خدا کی مار۔
عتاب میں آنا (اُر۔ محاورہ) خفگی میں آنا۔
عتاب نامہ (ع۔ ف۔ مذ) ناراضگی والا خط۔
عتاب و خطاب (ع۔ اسم مذکر) خفگی اور ناراضگی۔ ڈانٹ۔ ڈپٹ۔ غصہ و غضب۔
عتاق (ع) (عتق۔ عِتاقت) آزاد ہونا۔
عَتَبہ (ع۔ مذ) چوکھٹ۔ دہلیز۔ جمع عتبات۔
عِترت (ع۔ مذ) اولاد۔ عزیز۔ رشتہ دار۔
عُتُل (ع) سخت اور کڑی چیز۔ ظالم۔
عُتُو (ع) سرکشی۔ نافرمانی۔
عتید (ع) موجود۔ مُہیا۔ حاضر۔
عتیق (ع۔ صفت) پُرانا۔ آزاد۔ برگزیدہ۔ چنا ہوا۔

ع ـ ث

عِثار (ع) (عثارث) سر کے بال گرنا۔ پھسلنا۔
عِثرت (ع) لغزش کرنا۔ جمع عِثرات۔
عُثمانؓ (ع۔ مذ) مشہور صحابی۔ تیسرے خلیفہ راشد۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے داماد۔
عُثمانی (ع۔ صفت) عثمان کی اولاد۔ جو ترکوں کا موجد اعلیٰ تھا۔ عثمان سے منسوب۔ ترک۔

ع ـ ج

عجاب (ع۔ مذ) ان دکھا۔ عجیب۔ تعجب۔

عُجاج (ع۔ مذ) گرد و غبار۔ دُھواں۔ احمق۔
عجاف (ع) لاغر۔ دُبلے لوگ۔ حنظل۔ زمانہ
عُجالہ (ع) جلد لائی ہوئی چیز۔
عجائب (ع۔ مذکر اسم) عجیب کی جمع
عجائب المخلوقات (ع۔ مو) پیدائشی عجیب و غریب چیزیں۔
عجائب خانہ (ع ف۔ اسم مذکر) عجائب گھر۔ میوزیم۔ وہ مکان جہاں عمدہ عمدہ نئی پرانی چیزیں دیکھنے کے لئے رکھی جائیں۔
عجائب و غرائب (ع۔ اسم مذکر) انوکھی اور نادر اشیا عجیب عجیب چیزیں۔
عجائبات (ع۔ اسم مذکر) عجیب کی جمع الجمع۔ اور عجائب کی جمع۔ انوکھی چیز۔
عجائز (ع۔ مو) عجوز کی جمع۔ بوڑھی عورتیں۔
عَجَب (ع۔ اسم صفت) اچنبھے کا۔ انوکھا۔ نادر طرفہ۔ نئے ڈھنگ کا۔ عُمدہ۔ مداری۔ جادوگر۔ بعید۔ دُور۔
عجب عجب کہ ترا یاد دوستاں آمد (ف بمقولہ) تعجب تعجب کہ تجھے دوستوں کی یاد آئی۔ شکایت کے طور پر دوستوں سے کہتے ہیں۔
عجب وقت تھا۔ (اُر محاورہ) بڑا لطف زمانہ تھا۔
عُجب (ع۔ اسم مذکر) غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ۔ گرب۔ مان
عجز (ع۔ اسم مذکر) عاجزی۔ ناتوانی۔ کمزوری۔ ہار۔ شکست۔ انکسار۔ فروتنی۔ ادھین ہونا۔ منت سماجت۔ خوشامد۔ مسکینی۔ غریبی۔
عجز کرنا (اُر۔ فعل) گڑگڑانا۔ خوشامد کرنا۔ منت سماجت کرنا۔
عُجُز (ع) ہر چیز کا پچھلا حصہ چوتڑ۔ جمع اعجاز۔
عجف (ع) لاغری۔ دُبلاپن۔
عِجل (ع۔ مذ) گائے کا بچھڑا۔ جمع۔ عُجول۔

عجل

عُجلت (ع اسم مؤنث) پھُرتی۔ شتابی۔ جلدی۔ تیزی۔
عُجلت اچھی نہیں ہوتی (اُر مقولہ) جلدی کے کام میں نقصان ہوتا ہے۔
عجم (ع۔ اسم مذکر) لغوی۔ گونگا۔ اصطلاحی عرب کے سوا باقی تمام ممالک۔ وحشی آدمی۔ ممالک ایران و توران خصوصاً۔
عَجم (ع۔ مذ) حرفوں پر نقطے لگانا۔ کاٹنا۔
عجمی (ع۔ اسم مذکر بیائے نسبتی) ممالک عجم کا رہنے والا۔ گونگا۔ وحشی۔ عربی بولی نہ سمجھنے والا۔
عجوبہ (ع۔ اسم مذکر) عجیب چیز۔ انوکھی چیز۔ نادر چیز۔
عجوبہ ہے (اُر محاورہ) عجیب ہے۔ نرالا ہے۔
عَجُوز (ع۔ مذ) بڑھیا۔ جمع عجائز
عجول (ع۔ صفت) جلد باز۔ بہت دوڑنے والا۔
عجیبہ (ع) انوکھی اور عجیب چیزیں۔ جمع عجائب۔
عجیب (ع۔ اسم صفت) انوکھا قابل تعریف۔ نرالا۔ نادر۔ اچنبھے کا۔
عجیب الخلقت (ع۔ صفت) ان دیکھی شکل کا۔
عجیب و غریب (ع۔ اسم صفت) تعجب خیز۔ حیرت انگیز۔ نرالا۔ انوکھا۔
عجیز (ع) نامرد جو جماع نہ کر سکے۔
عجیل (ع) جلد باز۔ جلدی کرنے والا۔ جمع عجال۔
عجین (ع) خمیر (مخنشت۔ جمع عجن۔

ع - د

عَداد (ع) شمار بخشش۔ ساتھی۔
عدالت (ع۔ اسم صفت بیائے مصدری) برابری۔ انصاف۔ نیاؤ۔ عدل و داد۔ مجازاً کچہری۔ انصاف کرنے کی جگہ۔ دربار۔ اجلاس۔
عدالت ابتدائی (ع۔ اسم مؤنث) پہلی عدالت جس میں مقدمہ دائر کیا جاتا ہے۔
عدالت اپیل (اُر قانون) حاکم اعلےٰ کی کچہری جہاں مرافعہ کیا جائے۔
عدالتی پیادہ (ع۔ مذ) وہ قاصد جو عدالت کے کاغذات لے کر جاتا ہے۔
عدالت چڑھنا (اُر محاورہ) عدالت میں مقدمہ دائر کرنا۔
عدالت خفیفہ (ع اسم مؤنث) چھوٹی کچہری۔ وہ کچہری جس میں قرضہ کے چھوٹے چھوٹے مقدمات کا فیصلہ کیا جائے۔ جہاں کم رقم کے جھگڑے کا فیصلہ ہو۔
عدالت دیوانی (ع اسم مؤنث) وہ عدالت جس میں پانچسو روپے سے اوپر قرض کے مقدمات فیصل ہوں۔
عدالت سشن (اُر اسم مؤنث) وہ عدالت جس میں فوجداری کے سنگین مقدمات یعنی قتل و خون کے مقدمے فیصل کئے جاتے ہیں۔
عدالت ضلع (ع اسم مؤنث) ڈپٹی کمشنر کی کچہری۔ صاحب ضلع کی عدالت۔
عدالت فوجداری (ع ف۔ اسم مؤنث) مار پیٹائی چوری چکاری وغیرہ کے مقدمات کے فیصلہ کرنے کی کچہری۔
عدالت عالیہ (ع اسم مؤنث) بڑی کچہری۔ چیف کورٹ۔ ہائی کورٹ
عدالت کا در کھلنا (اُر محاورہ) کچہری لگنا۔
عدالت کرنا (اُر محاورہ) انصاف کرنا۔ کچہری کرنا۔ نیاؤ کرنا۔ اجلاس کرنا
عدالت کا بڑا نازک معاملہ ہے (اُر مقولہ) مقدمہ بازی بڑی ٹیڑھی کھیر ہے اس میں نقصان ہوتا ہے۔
عدالت ماتحت (ع مؤنث) بڑی عدالت کے زیر فرمان چھوٹی عدالت۔
عدالت مال (ع۔ اسم مؤنث) محکمۂ مال۔ کلکٹری۔ سرکاری لگان جمع ہونے کی کچہری۔
عدالت مجاز (ع اسم مؤنث) بااختیار عدالت پورے اختیارات والی کچہری۔
عدالتی (اُر اسم صفت بیائے نسبتی) منسوب بہ عدالت۔ حاکم مجاز
عداوت (ع اسم مؤنث بیائے مصدری) دشمنی۔ بیر ملاگ۔ عناد۔ کینہ۔ کسپٹ۔ مخالفت۔
عداوت جبلی (ع اسم مؤنث) قدرتی۔ بیر فطری۔ عداوت جیسے بلی چوہا۔

عداوت دلی یا قلبی (ع اِسم مؤنث) جانی دُشمنی۔ اندرونی اور گہری دُشمنی۔

عداوت کرنا (دُر۔ فعل) کینہ رکھنا۔ دُشمنی عداوت رکھنا کرنا۔

عداوت نکالنا (دُر۔ فعل) دُشمنی نکالنا۔ بدلہ۔ لینا۔ عوض لینا۔ بَیر لینا۔

عداوت ہونا (اُر۔ محاورہ) دُشمنی ہونا۔ مخالفت ہونا۔

عداوتی (ع۔ اسم صفت بیائے فاعلیت) دُشمنی کرنے والا۔ بیر رکھنے والا۔ دُشمن۔ بَیری۔

عِدّت (ع۔ اِسم مؤنث) گنتی۔ تعداد۔ شمار۔ طلاق و فراق کا وہ تھوڑا سا عرصہ جس میں عورت دوسرے شخص سے نکاح نہ کر سکے جو مطلقہ کے لئے تین ماہ بیوہ کے لئے چار ماہ دس دن اور حاملہ کے لئے بعد وضع حمل چالیس دن مقرر ہے۔

عِدّت پوری ہونا (اُر۔ محاورہ) عدّت کے زمانے کا ختم ہونا۔

عِدّت میں بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) عدت کے زمانے کو حسب شرح و رسم گزارنا۔

عَدَد (ع۔ اسم مذکر) گنتی۔ شمار۔ عبرۃ گنا گیا ہندسہ۔ رقم۔ آنک۔

عددِ اوّل (ع۔ امذ) کسی سلسلے کا پہلا عدد۔

عددِ صحیح (ع۔ اسم مذکر) بن بٹا ہوا عدد بے کسر غیر مقسوم۔ جیسے ۴۔

عددِ کسری (ع۔ اسم مذکر) بٹا ہوا عدد۔ تقسیم شدہ عدد جیسے ۴/۲

عَدَس (ع۔ امو) مشہور غلہ۔

عدسہ (ع۔ مذ) مدوّر شیشہ۔ کیمرے کا شیشہ

عَدل (ع۔ اسم مذکر) برابری۔ مساوات۔ انصاف۔ نظیر۔ مانند۔ مثل۔ داد بیداد۔ معدلت۔ مساوات۔

عَدل پرور (ع۔ صفت) عدل کرنے والا۔ صحیح فیصلہ کرنے والا۔

عَدل پروری (ع۔ مو) انصاف۔ انصاف کی پروش۔

عدل کرنا (اُر۔ محاورہ) انصاف کرنا۔ برابر کرنا۔ بیداد کرنا۔ ایمانداری سے فیصلہ کرنا۔

عَدل گستر (عف۔ اسم صفت فاعلی) انصاف اور بیداد کرنے والا۔ بیدادی۔ منصف و عادل۔

عدل گستری (عف۔ اسم مؤنث بیائے مصدری) انصاف۔ بیداد۔ عدالت۔

عدلیہ (ع۔ مو) عدالتی نظام۔ انصاف کرنے والا شعبہ۔

عدم (ع اسم مذکر) نابید۔ نیستی۔ ناچیزگی نہیں۔ نفی۔ نہ ہونا۔

عدم آباد (ع۔ ا۔ مذ) وہ عالم جہاں مرنے کے بعد آدمی جاتا ہے قبرستان۔

عدم اختیارات سماعت (ع۔ ف۔ مذ) مقدمہ سننے کا اختیار نہ ہونا۔

عدم ادائیگی (ع۔ ف۔ امذ) رقم ادا نہ کرنا۔

عدم استطاعت (ف۔ صفت) طاقت نہ ہونا۔ عسرت۔

عدم اعتماد (ع۔ ف۔ صفت) بھروسہ باقی نہ رہنا۔ اعتماد نہ ہونا۔

عدم پیروی (عف۔ اسم مؤنث) قانون بے پروائی۔ غیر حاضری۔

عدم تکمیل (ف۔ امذ) نامکمل ہونا۔

عدم تعمیل (ع اسم مؤنث) تعمیل۔ کرنا۔ حکم بجا نہ لایا۔

عدم توجہی (ع مؤنث) بے توجہی۔ غفلت۔ بے احتیاطی۔ بے رُخی۔ بے مروتی۔

عدم ثبوت (ع اسم مذکر) کسی امر کی شہادت یا تصدیق نہ ہونا۔ بے ثبوتی۔

عدم فرصت (ع۔ ف۔ مذ) مُہلت نہ ہونا۔

عدم مداخلت (ع۔ ف۔ مذ) کسی مُلک کے اندرونی معاملات میں دخل نہ دینا۔

عدم موجودگی (دُر۔ اسم مؤنث) غیر حاضری۔ پس غیبت۔ موجود نہ ہونا۔

عدم واقفیت (ع اسم مؤنث) ناواقفیت۔ بیخبری۔ لاعلمی۔ انجان پنا۔

عدم وجود برابر ہے (دُر۔ محاورہ) ہونا نہ ہونا برابر ہے۔ ہُوا نہ ہُوا یکساں ہے۔

عدن۔ عَدَن (ع۔ مذ) بہشت جس میں آدم کو رکھا گیا تھا۔ اقامت کرنا۔ عرب کے جنوب مغربی کونے میں ایک چھوٹا سا جزیرہ نما۔ تیسرے معنی میں بفتح دال مستعمل ہے۔

عدنان (ع۔ امذ) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اجداد میں سے ایک فصیح و بلیغ شخص کا نام۔

عَدُو (ع۔ اسم مذکر) دُشمن۔ مخالف۔ بیری۔ بدخواہ۔ رقیب۔ اپنے معشوق کا دوسرا عاشق۔

عَدُو شرّے برانگیزد کہ خیرے ما دراں باشد (ف مثل) دُشمن ایسی بُرائی کرتا ہے۔ کہ اس میں ہماری بھلائی ہوتی ہے۔

عدو شود سبب خیر گر خدا خواہد (ف مثل) خدا چاہے تو دشمن سے فائدہ پہنچتا ہے۔

عُدول (اسم مذکر) مُنہ پھیر لینا۔ حکم نہ ماننا۔ روگردانی۔ اعراض۔

عَدوی (ع۔ صفت) عدد سے منسوب عدد سے متعلق۔

عَدوی قیمت (ع۔ ا۔ صفت) وہ قیمت جو عدد کے اعتبار سے لگائی جائے۔

عُدول حکم (ع اسم مذکر فاعل ترکیبی) حکم نہ ماننے والا۔ سرکش۔ متمرد۔ مغرور۔ باغی۔

عُدول حکمی (ع اسم مؤنث بیائے مصدری) نافرمانی۔ سرکشی۔ حکم نہ ماننا۔ بغاوت۔

عدیل (ع اسم صفت) رتبہ اور قدر میں برابر یکساں۔ نظیر۔ مانند۔ عادل۔ منصف۔

عدیل نہ ہونا (اُر۔ مصدر مرکب) نظیر نہ ہونا۔ برابر نہ ہوں۔

عدیم (ع اسم صفت) ناپیدا۔ گم۔ مفقود۔ نایاب۔

عدیم الفرصت (ع اسم مذکر) فرصت نہ رکھنے والا۔ نہایت مصروف۔ بہت کاروبار والا۔

عدیم المثال / عدیم النظیر (ع صفت) بے مثل۔ بے نظیر۔

عدیم الوجود (ع صفت) نایاب۔ کمیاب۔

ع - ذ

عَذاب (ع۔اسم مذکر) تنگی۔ دُکھ تکلیف۔ ایذا۔ مصیبت۔ سزائے۔ گناہ۔ دقت۔ بکھیڑا۔ جھگڑا۔ علت۔ روگ۔ گناہ۔ پاپ۔

عَذاب اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) تکلیف اُٹھانا۔ برداشت کرنا۔

عَذابِ اِلٰہی۔ وہ مصیبت جو خدا کی طرف سے عملوں کی پاداش میں آئے۔

عَذاب ثواب (رُو۔ اسم مذکر) پاپ پُن۔ گناہ۔ ثواب۔ نیکی بدی۔ بُرائی بھلائی۔

عَذاب جھیلنا (اُر۔ محاورہ) مصیبت اُٹھانا۔ دُکھ اُٹھانا۔

عَذاب دیکھنا (اُر۔ محاورہ) اذیت برداشت کرنا۔

عَذاب کا نازل ہونا (اُر۔ محاورہ) خُدا کا قہر نازل ہونا۔

عَذاب کٹنا (اُر۔ محاورہ) مصیبت دُور ہونا۔

عذاب سہنا (اُر۔ محاورہ) تکلیف یا دُکھ برداشت کرنا۔

عَذاب مول لینا (اُر۔ محاورہ) دردِ سر مول لینا۔ جان بوجھ کر مصیبت خریدنا۔ مصیبت مول لینا۔ جھگڑا پیچھے لگا لینا۔

عَذاب میں پڑنا یا پھنسنا (محاورہ) مصیبت میں مبتلا ہونا۔ تکلیف میں گرفتار ہونا۔

عِذار (ع۔ اسم مذکر) رخسار۔ رُخسارہ۔ گال۔ چہرہ۔ رُخ۔ صورت عارض۔

عَذب (ع۔ صفت) شیریں۔ خوشگوار۔

عُذر (ع۔ اسم مذکر) بہانہ۔ حیلہ۔ حُجت۔ کسی بات کا سبب۔ گرفت۔ جرح۔ معافی۔ طلب عفو۔ انکار اقرار کی ضد۔

عُذرِ بیجا (عف۔ اسم مذکر) نامناسب عُذر۔ بیہودہ بہانہ۔ ناقابل سماعت حیلہ۔

عُذرِ پذیر (عف۔ اسم مذکر) ماننے کے قابل عُذر۔ قابلِ تسلیم بہانہ۔

عُذر پیش کرنا (فعل محاورہ) اعتراض پیش کرنا۔ دلیل یا حُجت لانا۔ بحث کرنا۔

عُذر تراشنا (اُر۔ محاورہ) ایسا عُذر پیش کرنا جو حقیقی نہ ہو۔ بہانہ بنانا۔

عُذر تقصیرات کرنا (اُر۔ محاورہ) گناہوں کی معافی چاہنا۔

عُذر چلنا (اُر۔ محاورہ) عُذر سنا جانا۔ عُذر قبول ہونا۔

عُذر خواہ (رسا۔ سمع) (ع۔ف۔ صفت) عُذر کرنے یا چاہنے والا۔

عُذر خواہی (عف۔ اسم مؤنث) بیائے مصدری کسی بات کی معافی مانگنا۔ معذرت۔ بنتی۔ ماتم پُرسی۔ پرسا۔ سیاپا۔ تعزیت جنازہ کے ساتھ نہ جا سکنے کا عُذر۔

عُذر دار (ع۔ف۔ صفت) مقرض۔ دعوے دار۔

عُذر داری (عف۔ اسم مؤنث) بیائے مصدری دعوے۔ دلیل۔ حُجت۔ اعتراض۔ مزاحمت۔

عُذر کرنا (فعل) معافی مانگنا۔ اعتراض کرنا۔ بحث کرنا معذرت کرنا۔

عُذر گناہ بدتر از گناہ (ف مثل) بے ہودہ عُذر کے متعلق کہتے ہیں۔

عُذر معذرت (ع۔ اسم مذکر) منت سماجت۔ اقرار جُرم۔ طلب عفو قصور کی معافی۔

عُذر لنگ (عف۔ اسم مذکر) فضول عُذر۔

عُذر معقول (ع۔ مذ) صحیح اور بجا عُذر۔

عُذر نہ سُننا (رُو۔ محاورہ) کوئی بہانہ نہ ماننا۔

عُذر نہ ہونا (رُو۔ محاورہ) انکار نہ ہونا۔ حُجت نہ ہونا۔

عُذر نیوش (ع۔ف۔ صفت) عُذر سُننے والا۔

عُذر وراثت (ع۔ اسم مذکر۔ قانون) ورثہ کا دعوے۔ میراث کا دعوے۔

عُذرہ (ع) چوپائے اور انسان کا گوہ (پاخانہ) گھر کا احاطہ۔ جمع عذرات۔

عَذوبَت (ع۔ا۔مؤ) پانی کی شیرینی (عذب) مٹھاس مجازاً۔ شیرینی لذت۔

ع - ر

عِرا (ع۔مذ) درگاہ۔ مکان کا صحن۔ (عربی)

عَرابہ (ع۔ا۔مذ) گاڑی۔ چھکڑا۔



عرابہ

عَرّادہ (ع) چھوٹا منجنیق۔ جمع عرّادات۔

عرّادہ

عُراضہ (ع) مسافر کا تحفہ۔ سوغات۔ کسی چیز کی چوڑائی۔

عِراق (ع۔ اسم مذکر) ساحل۔ دریا کا کنارہ۔ مجازاً۔ وہ ملک جو دریائے دجلہ اور فرات کے درمیان واقع ہے۔ علم موسیقی کے ایک مقام کا نام ہے جسے دوپہر سے پہلے گایا کرتے ہیں۔

عِراقی (ع۔ اسم صفت بیائے نسبتی) عراق کا۔ عراق سے منسوب۔ عراق کا گھوڑا۔ مولوی فخرالدین عراقی کا تخلص راگ کا ایک پردہ۔

عراقی پر بس نہ چلا گدھے کے کان اینٹھے (اُر۔ محاورہ) زبردست سے بس نہ چلا۔ کمزور پر غصہ نکالا۔

عَراء (ع) چٹیل میدان جنگل۔ جہاں گھاس تک نہ ہو۔ جمع اعراء۔

عَرائض (ع۔ اسم مؤنث) عریضہ کی جمع۔ درخواستیں۔ عرضیاں۔

عَرَب (ع۔ اسم مذکر) ایک مشہور ملک کا نام ہے۔ فصیح۔ خوش بیاں۔ مہذب۔ اہل عرب۔ خاص کر شہری لوگ۔ اعرابی کی ضد۔

عرب سرائے (عف۔ اسم مذکر) دہلی کے قریب مقبرہ ہمایوں کے متصل ایک چھوٹی سی بستی کا نام ہے۔

عَرَبَدہ (ع۔ اسم مذکر) لڑائی۔ جھگڑا۔ بدخوئی۔ فتنہ۔ فساد۔

عَرْبَدہ جُو (عف۔ اسم صفت فاعلی) جنگجو۔ لڑاکا۔ فسادی۔

عَرَبستان (ف۔ اسم مذکر) عربوں کا مالک۔ عرب کی زمین۔
عَرَبی (ع۔ اسم صفت بیائے نسبتی) عرب کا عرب سے تعلق رکھنے والا (بحالت) اسم مؤنث) اہل عرب کی بولی۔ زبان عربی۔ (بصورت اسم مذکر) تازی گھوڑا۔
عَرَبیہ (ع۔ صفت) عرب کی عورت۔ عربی زبان سے منسوب
عَرَج (ع) لنگڑاپن۔ لنگڑا ہونا۔
عَرجون (ع) خرمے کی خشک اور ٹیڑھی۔ شاخ جمع عراجین۔
عرزہ (ق۔ ا۔ مو) طاقت
عُرس (ع۔ اسم مذکر) شادی کی دعوت۔ ولیمہ کا کھانا۔ نکاح کی ضیافت مجاز اً بزرگوں کی سالانہ فاتحہ کی مجلس جو تاریخ وفات کو ہوا کرتی ہے۔
عَرش (ع۔ اسم مذکر) تخت۔ تخت خداوندی۔ چھت۔ سقف۔
عرش آشیانی (عف۔ اسم مذکر) وہ شخص جس کا گھر عرش پر ہو۔ جلال الدین اکبر شاہ مغلیہ کو مرنے کے بعد یہی خطاب ملا تھا۔
عَرش اعظم (ع۔ مذ) خدا کا تخت۔
عَرش اکبر (ع۔ مذ) انسان کا دل۔ قلب۔
عَرش پر جانا (اُر۔ محاورہ) بہت عروج حاصل کرنا۔
عَرش پر جھنڈا گڑنا (اُر۔ محاورہ) کمال رُعب ہونا۔
عَرش پر پہنچنا (اُر۔ محاورہ) بہت بلند رتبہ ہونا۔
عَرش پر جھولنا (محاورہ) نہایت بلند مرتبہ ہونا۔ ذی رفعت ہونا۔ عالی رُتبہ ہونا۔
عَرش پر چڑھانا (رُو۔ محاورہ) بڑا اعلیٰ درجہ دینا۔ قدر میں آسمان پر چڑھانا۔ نہایت خوشامد کر کے مغرور بنا دینا۔
عَرش پر دماغ پہنچنا (رُو۔ محاورہ) اپنے آپ کو بہت بڑا سمجھنا۔ نہایت عالی رُتبہ ہونا۔ سخت مغرور و متکبر ہونا۔ کسی کو خاطر میں نہ لانا فخر و غرور کرنا۔
عَرش پر دماغ رکھنا (اُر۔ محاورہ) مغرور ہونا۔
عَرش پر کرسی بچھانا (اُر۔ محاورہ) اعلیٰ سے اعلیٰ مرتبہ پر پہنچنا۔
عَرش سے اتارنا (اُر۔ محاورہ) وہ کام کرنا جو کسی سے نہ ہو سکے۔
عَرش سے چھوٹی کھجور میں اٹکی (رُو۔ مثل) ایک مصیبت سے عَرش سے چھوٹے کھجور میں اٹکے نجات ملتے ہی دوسری میں پھنس گئے
عَرش سے فرش تک (اُر۔ متعلق فعل) آسمان سے زمین تک۔ اوپر سے نیچے تک۔
عَرش کا تارا (ف۔ اسم مذکر) سب سے اونچے آسمان کا تارا۔ بہت بڑے درجے والا۔
عَرش کا تارا اُتارنا (اُر۔ محاورہ) نور کا نازل ہونا۔
عَرش کی زنجیر کھینچنا (اُر۔ محاورہ) خدا کے حضور دعا کرنا۔
عَرش کا ٹوٹا (ف۔ اسم صفت بواؤ معروف) قابل قدر۔ انوکھا۔ نرالا عجیب۔
عَرش کے تارے توڑنا (اُر۔ محاورہ) نہایت بڑھ کا کام کرنا۔ بہت بڑا کام کرنا۔ اعلےٰ درجہ کا کام کرنا۔ اعلےٰ مرتبہ پر پہنچنا۔ نئے خیالات ظاہر کرنا۔ گناہ عظیم کرنا۔
عَرش مُعلےٰ یا عَرش بریں (عف۔ اسم مذکر) سب سے بڑا آسمان۔ فلک الافلاک۔
عَرش ہل جانا (اُر۔ محاورہ) مظلوم کی آہ و فریاد سن کر خدا کو رحم آجانا۔
عَرش ہلانا (اُر۔ محاورہ) مظلوم کی آہ کا اثر ہونا۔
عَرشہ (ع۔ مذ) بحری جہاز کی چھت۔ بحری جہاز کا تختہ۔
عَرشی (ف۔ مذ) خدا کی خدمت میں رہنے والا فرشتہ۔
عرش سے فرش تک (اُر۔ متعلق فعل) آسمان سے زمین تک۔ اوپر سے نیچے تک
عرصہ (ع۔ اسم مذکر ظرف) میدان۔ صحن خانہ آنگن۔ شطرنج کی بساط۔ لڑائی کا میدان دوری۔ فاصلہ۔ مدت۔ مدید۔ دیر۔ تاخیر۔ اٹنا۔ توقف۔ زمانہ۔
عرصہ تنگ کرنا (رُو۔ محاورہ) عاجز کرنا۔ بے بس کرنا۔
عرصہ تنگ ہونا (اُر۔ محاورہ) میدان تنگ ہونا۔ عرصہ کم ہونا۔
عرصہ زندگی / حیات تنگ ہونا (اُر۔ محاورہ) زندگی تھوڑی رہ جانا بخت مصیبت ہونا کہ انسان زندگی سے تنگ آجائے۔
عَرصہ سے تیل جل چکا ہے (اُر۔ مثل) مدت سے زور ختم ہو چکا ہے۔
عَرصہ سے نہ ہڑ ہڑ نہ کھڑ کھڑ (اُر۔ مثل) مدت سے امن ہے۔
عَرصہ کھینچنا (اُر۔ محاورہ) طوالت کرنا۔ دیر لگانا۔
عرصۂ محشر (ع۔ اسم مذکر) میدان حشر۔ میدان قیامت۔
عَرَض (ع۔ اسم مذکر) وہ چیز جو قائم بالغیر ہو۔ جوہر کی ضد۔ بیماری۔ دکھ تکلیف جو کسی دوسری بیماری کے باعث لگ جاتے جیسے بخار کی کھانسی۔
عَرض (ع۔ اسم مذکر) بیان۔ گذارش۔ گذارش پیش کرنا۔ چوڑائی۔ چوڑان۔ پنا۔ طول کی ضد۔ عرصہ۔ مدت۔ درمیان۔ علم جغرافیہ میں کسی مقام کا وہ فاصلہ جو اس کے اور خط استوا کے درمیان شمالاً جنوباً ہو۔
عرضِ ارسال۔ وہ کاغذ جس کے ذریعے سے مال گزاری کسی کارندے یا پیادے کے ہاتھ تحصیل دار کے پاس بھیجی جاتی ہے رپورٹ۔ نقشہ۔ بیچک۔
عرضِ بلد (ع۔ اسم مذکر) جو فاصلہ خط استوا سے بذریعہ خطوط درجات العرض معلوم کیا جاتا ہے۔
عرضِ بیگی (عف۔ اسم مذکر) وہ عہدیدار جس کے ذریعہ بادشاہ کی حضور میں عرض معروض کی جائے۔ پرائیویٹ۔ سیکرٹری۔ میر منشی۔
عرضِ پیرا ہونا (اُر۔ محاورہ) گذارش کرنا۔ التماس کرنا۔
عرضِ حال (ع۔ اسم مذکر) بیان حال۔ روداد۔ سرگذشت۔ عرضی نجیر
عرض دار (ف۔ مذ) جس کا عرض یا چوڑائی ہو۔
عرض کرنا (اُر۔ محاورہ) بیان کرنا۔ گذارش کرنا پیش کرنا۔ آگے رکھنا۔ اصلاح لینا۔ رپورٹ کرنا۔ جتلانا۔
عرضِ داشت (ع۔ ف۔ مو) عرضی۔ درخواست۔ گزارش۔
عرض رسا (ع۔ ف۔ صف) عرض کرنے والا۔
عرض رسا ہونا (رُو۔ محاورہ) گذارش کرنا۔
عرض قبول ہونا (رُو۔ محاورہ) درخواست منظور ہونا۔ التجا ماننا۔

عرض کنندہ (ف۔مذ) عرض کرنے والا۔ درخواست کرنے والا۔
عرض معروض (ع۔اسم مذکر) کسی بزرگ یا حاکم کی خدمت میں مطلب کا بیان کرنا۔ پرارتھنا۔ بینتی۔ نویدن۔ التماس۔ گزارش۔
عرضاً (ع۔تابع فعل) چوڑائی میں۔ طولاً کی ضد۔
عرضداشت (ع۔ف۔اسم مونث) عرضی درخواست۔ گزارش۔
عرضی (ع۔اسم مونث۔ بیائے نسبتی) درخواست۔ عریضہ۔ تحریری گذارش۔ سوال۔ غیر۔ اصلی۔ عارضی شدہ چیز۔
عرضی تاننا یا ٹھونکنا (اُ۔محاورہ) دعوے دائر کرنا۔ نالش کرنا۔ مقدمہ دائر کرنا۔
عرضی پرچہ یا عرضی پرزہ (ع۔اسم مذکر) دعوے درخواست۔ نالش فریاد۔
عرضی دعوے (ع۔اسم مذکر) وہ تحریری درخواست جس میں مدعی اپنی شکایات لکھ کر عدالت ابتدائی میں پیش کرے، جس کی بنا پر مقدمہ چلایا جاتا ہے۔
عرضی دینا/گزارنا (اُ۔محاورہ) درخواست دینا۔ نالش کرنا۔
عرضی رسا ہونا (اُ۔محاورہ) التماس کرنا۔ عرض کرنا۔ گذارش کرنا۔
عرضی نویس (ف۔اسم مذکر) عرضی دستمک لکھنے کا پیشہ کرنے والا۔ سرکاری اجازت سے درخواستیں اور عرضیاں لکھنے والا منشی۔
عُرضہ (ع۔امو) ڈھال۔ بہانہ۔ حجت۔
عرعر (ع) چیڑ کا درخت سرو یا آبنوس کا درخت۔

عرعر

عُرف (ع۔اسم مذکر) پہچان۔ شناخت۔
عَرف (ع) خوشبو۔ تنفیس۔ مہک۔
عُرفا (ع۔مذ) عارف کی جمع۔ ولی لوگ۔
عرفات (ع۔اسم مونث) مکہ سے بارہ میل کے فاصلہ پر ایک میدان ہے جہاں لوگ حج کے دن کھڑے ہو کر لبیک پکارتے ہیں۔
عرفان (ع۔اسم مذکر) پہچان۔ شناخت خدا کی معرفت۔ خداشناسی معرفت الٰہی۔
عرفہ (ع۔اسم مذکر) ماہ ذی الحجہ کی نویں تاریخ کو حاجی لوگوں کا لبیک پکارنا۔ ہر ایک تیوہار کا پہلا دن۔ کسی آدمی کے مرنے کے بعد پہلے تیوہار سے ایک دن پہلے کی فاتحہ کی رسم۔
عرفہ کرنا (اُ۔فعل) کسی شخص کے مرنے کے بعد اول عرفہ کو فاتحہ دلانا۔
عرفہ ہونا (اُ۔محاورہ) دیکھئے عرفہ کرنا جس کا یہ لازم ہے۔
عُرفی (ع) اسم صفت بیائے نسبتی۔ مشہور۔ ظاہری معمولی۔ اکبر بادشاہ کے زمانے کے ایک مشہور شاعر جلال الدین شیرازی کا تخلص
عَرق (ع۔اسم مذکر) پسینہ۔ پسیو۔ کشید کیا ہوا پانی۔ جیسے عرق گلاب کسی چیز کا نچوڑا ہوا پانی۔ رس۔ شیرہ۔ رگ۔ ریشہ۔
عرق النساء (ع۔امو) ایک درد جو ٹانگ کی پچھلی رگ میں ہوتا ہے۔
عرق پاک کرنا (اُ۔محاورہ) پسینہ پونچھنا۔
عرق آنا یا جانا (اُ۔محاورہ) سخت محنت یا شرم یا خوف کے سبب سے پسینہ آجانا۔
عرق دو آتشہ (ع۔ف۔اسم مذکر) دو دفعہ کھینچی ہوئی شراب یا عرق۔
عرق ریزی کرنا (اُ۔محاورہ) سخت محنت کرنا۔ نہایت جانفشانی کرنا۔
عرق عرق ہونا یا ہو جانا (اُ۔محاورہ) پانی پانی ہو جانا۔ نہایت شرمندہ ہونا۔ نادم ہونا۔
عرق کھینچنا (اُ۔محاورہ) کشید کرنا۔ بخارات کے ذریعہ کسی چیز کا پانی بنانا نچوڑنا۔ طاقت کھینچ لینا۔
عرق گیر (ع۔ف۔اسم مذکر) گھوڑے گدھے وغیرہ کی زین کے نیچے کا کمل تیرو۔ پالان۔
عرق میں ڈوب جانا۔ (اُ۔محاورہ) پسینے سے تر بتر ہونا۔
عرق چین (ع۔ف۔اسم مذکر) ایک قسم کی گول ٹوپی جو دستار کی حفاظت کے لئے پگڑی کے نیچے پہنا کرتے ہیں۔
عروج پر ہونا (اُ۔محاورہ) اقبال یا در ہونا۔
عروج (ع۔اسم مذکر) اونچائی۔ بلندی۔ اوج۔ نزول کی ضد۔
عروج حاصل ہونا۔ (اُ۔محاورہ) اچھا مرتبہ ہونا۔
عروس (ع۔اسم مونث) دلھن۔ بہو۔ بنڑی۔
عروس البلاد (ع۔امو) سب سے زیادہ خوبصورت شہر۔
عروس عدن (ع۔امو) چاند ستارے۔ خادمہ۔ حور۔
عروسک (ف۔امو) گڑیا۔ ایک میوہ بیر بہوٹی۔
عروض (ع۔اسم مذکر) مکہ معظمہ کا نام۔ کعبہ۔ علم بیان میں شعر کی بحر اور وزن کا معلوم کرنے اور جانچنے کا علم۔ ہر بیت کے پہلے مصرعے کے آخری جزو کا نام بھی ہے۔
عروض (ع) ظاہر ہونا۔ پیش ہونا۔
عروق (ع۔مو) عرق کی جمع۔ رگیں۔ نچوڑا ہوا پانی۔
عروہ (ع۔صفت) گرفت۔ کاج کونہ۔ دستہ۔ قبضہ۔
عریاں (ع۔اسم صفت) ننگا۔ بے پردہ۔ برہنہ۔
عریانی (ع۔مو) ننگا ہونا۔ برہنگی۔
عریض (ع۔اسم صفت) چوڑا۔ چکلا۔ پہنا طویل کی ضد۔
عریضہ (ع۔اسم مذکر) عرضی۔ چھوٹے کی طرف سے بڑے کی طرف لکھا ہوا خط۔ عرض کیا گیا۔ معروضہ۔
عریضہ دینا (اُ۔محاورہ) عریضہ دریا میں ڈالنا۔
عریکہ (ع) اونٹ کا کوہڑ۔ طبیعت۔ جمع عرائک۔
عرین (ع) گھنا جنگل۔ جھاڑی۔ جمع عرون۔

ع - ز

عزّ (ع۔اسم مونث) عزت۔ بزرگی۔ شرف۔ بڑائی۔
عزّ و جاہ (ع۔ف۔مذ) عزت اور مرتبہ۔

عزّا (ع۔ فعل ماضی) زبردست ہُوا۔ غالب ہُوا۔
عزّا اسمہٗ (ع۔ کلمہ توصیف) اس کے نام کی عزت (تعریف) ہو۔ اللہ تعالیٰ کے لئے آتا ہے۔
عزّوجل (ع۔ اسم صفت) بزرگ و برتر۔ عزت اور جلال والا۔ خدا تعالےٰ کی صفت ہے۔
عزّا (ع۔ اسم مذکر) ماتم پُرسی۔ پُرسہ۔ سیاپا۔ تعزیت۔ مصیبت پر صبر۔
عزّاخانہ (ع۔ ف۔ مذ) ماتم خانہ۔ امام باڑہ۔
عزاداری (ع۔ ف۔ مو) سوگ۔ ماتم حضرت امام حسینؓ کی شہادت کا غم،
عزادار (ف۔ اسم مذکر۔ صفت) سوگوار۔ میّت کا غم کرنے والا۔ سوگی۔
عزازیل (ع۔ اسم مذ) شیطان کا نام ہے۔ ابلیس۔
عزائم (ع۔ مذ) ارادے۔ منتر افسوں۔
عزت (ع۔ اسم مؤنث) آبرو۔ پت۔ آدر۔ بزرگی بڑائی۔ عظمت۔ شان۔ شرف۔
عزت اثار (ع۔ ابو) آبرودار۔ باوقار۔
عزت اتارنا۔ بگاڑنا۔ کھونا۔ لینا (اُ۔ محاورہ) دیکھو آبرو اُتارنا۔
عزت بڑھانا (اُ۔ محاورہ) اعلیٰ حکام کی مہربانی سے کسی کمتر کی عزت کا زیادہ ہونا۔
عزت بنانا (اُ۔ محاورہ) دیکھو آبرو بنانا۔
عزت پر ہاتھ ڈالنا (اُ۔ محاورہ) کسی کی آبرو پر حملہ کرنا۔ کسی کو ذلیل کرنے کی کوشش کرنا۔
عزت جاتی رہنا (اُ۔ محاورہ) بے عزتی ہونا۔ آبرو نہ رہنا۔
عزت خاک میں ملنا (اُ۔ محاورہ) ذلیل ہونا۔
عزت خدا کے ہاتھ میں ہے۔ (اُ۔ محاورہ) اللہ آبرو رکھے تو رہے۔
عزت دار (ع۔ف۔ اسم صفت فاعلی) معزز ممتاز۔ ذی رتبہ۔
عزت دو کوڑی کی نہ رہنا (اُ۔ محاورہ) سخت بے عزتی ہونا۔ ذلیل ہونا۔
عزت کرنا (اُ۔ محاورہ) ادب کرنا۔ تعظیم و تکریم سے پیش آنا۔
عزت کل جاتی ہے آج جائے (اُ۔ محاورہ) عزت کی پرواہ نہیں۔
عزت کھونا (اُ۔ محاورہ) آبرو اُتارنا۔ بے عزت ہونا۔ عزت کی آدھی بھلی بے عزتی کی ساری کچھ نہیں۔ (اُ۔ مثل) عزت سے تھوڑی چیز ملے تو بہتر ہے اُس بہت سے جو بے عزتی سے ملے۔
عزت کے آگے مال کیا چیز ہے (اُ۔ مثل) انسان آبرو بچانے کے لئے نقصان اُٹھا سکتا ہے۔
عزت میں بٹا لگنا (اُ۔ محاورہ) عزت میں فرق آنا۔
عزت دینا (اُ۔ محاورہ) رُتبہ بخشنا۔
عزت ڈبونا (اُ۔ محاورہ) آبرو کھونا۔
عزت رہ جانا (اُ۔ محاورہ) آبرو بچنا۔
عزرائیل (ع۔ اسم صفت) ملک الموت جان نکالنے والا فرشتہ۔
عزل (ع۔ اسم مذکر) موقوفی۔ علیحدگی۔ برطرفی۔ بیکاری۔
عزل و نصب (ع۔ اسم مذکر) موقوفی۔ بحالی۔ اُلٹا پلٹی۔ بدلی سدلی۔ تغیر و تبدل۔
عزلت (ع۔ اسم مؤنث) تنہائی۔ گوشہ نشینی۔ خلوت۔ اعتکاف۔ موقوفی۔ علیحدگی۔
عزم (ع۔ اسم مذکر) ارادہ۔ قصد۔ آمادگی۔ نیت۔
عزم بالجزم (ع۔ اسم مذکر) پختہ ارادہ۔ پکی نیت۔ مصمم ارادہ۔
عزوم (ع۔ مو) بڑھیا عورت۔ بوڑھی اُونٹنی۔
عزیز (ع) ایک پیغمبر کا نام۔
عزّیٰ (ع) اعزّ کا مؤنث۔ ایک بُت کا نام۔ جو کے درخت کی صورت میں تھا۔ خالد بن ولیدؓ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے اُسے جلا دیا تھا۔
عزیز (ع۔ اسم صفت) لاڈلا۔ پیارا۔ جانی۔ محبوب۔ لایق۔ قابل قدر نایاب۔ مہنگا۔ ذی رتبہ۔ صاحب عزت۔ نزدیکی رشتہ دار۔ مصر کے بادشاہ کا لقب۔ یار۔ دوست غالب۔ زبردست۔ خدا تعالیٰ کا ایک نام۔
عزیز القدر (ع۔ اسم مذکر) قابل قدر۔ عزیز۔ چھوٹوں کی طرف لکھنے کا القاب
عزیز داری (اُ۔ اسم مؤنث بیائے مصدری) نزدیکی۔ رشتہ داری۔ ناطہ داری۔ بھائی بندی۔
عزیز رکھنا (اُ۔ محاورہ) دوست جاننا۔ دوست سمجھنا۔ قدر و منزلت کرنا
عزیمت (ع۔ اسم مؤنث) ارادہ۔ عزم۔ مؤکلوں کو حاضرات میں موجود کرنے کا افسوں منتر۔

ع - س

عساکر (ع۔ اسم مذکر) عسکر کی جمع۔ بہت سے لشکر۔
عسّالہ (ع۔ ابو) شہد کی مکھی کا۔

عسّالہ

عسجد (ع) سونا۔ قیمتی پتھر یا قوت۔ موتی وغیرہ۔ جمع عساجد۔
عسر (ع۔ مذ) مشکل۔ دشوار۔
عسرت (ع۔ اسم مؤنث) تنگی۔ مفلسی۔ غریبی دقت۔ مصیبت۔ دشواری۔ مشکل۔
عسس (ع۔ اسم مذکر) کوتوال۔ محتسب۔ شہر کے گرد گشت کرنے والا عہدیدار۔
عسقلان (ع) شام کا مشہور شہر۔
عسکر (ع۔ اسم مذکر) لشکر۔ فوج۔ سپاہ۔
عسکری (ع۔ مذ) سپاہی۔ حضرت امام علیؓ۔ نقی عسکریؒ اور حضرت امام حسنؓ عسکری سرکنایہ ہے۔
عسل (ع۔ اسم مذکر) شہد انگبین۔
عسلی (ع) زرد کپڑے کا نشان جو یہودی اپنے لباس میں مونڈھوں پر پہچان کے لئے لگاتے تھے۔
عسیر (ع) مشکل۔ دشوار۔ یمن کا ایک قبیلہ۔
عسیلہ (ع) جماع کی لذت۔ منی۔

ع - ش

عُش (ع - مذ) گھونسلا۔ آشیانہ
عَشا (ع) تو ندھی۔ شب کوری۔
عِشاء (ع - اسم مؤنث) سوتے وقت کی نماز۔ نماز خفتن۔ رات کی اندھیری۔ تاریکی شب۔
عَشائیہ (ع - مذ) رات کا کھانا۔
عَشائے ربّانی (ع - مذ) وہ آخری کھانا جو حضرت عیسیٰ علیہ السّلام نے اپنے حواریوں کے ساتھ کھایا تھا۔
عُشّاق (ع - اسم مذکر) عاشق کی جمع راگ کے ایک مقام کا نام جو دو گھڑی دن رہے گایا جاتا ہے۔
عُشبَہ (ع - اسم مذکر) ایک مصفّی خون دوائی کا نام۔
عَشر (ع) بفتحتین - دس - وہ۔
عُشر (ع) بضم اوّل وسکون ثانی۔ دسواں۔ دسواں حصّہ ۱/۱۰۔
عُشرِ عشیر (ع - اسم صفت) دسویں کا دسواں حصّہ سوواں حصّہ ۱/۱۰۰۔
عِشرَت (ع - اسم مؤنث) خوشدلی۔ مزے سے گزارنا۔ خوشی۔ بہار۔ موج۔ فرحت مزا۔ آنند منگل۔ حظ نفسانی۔ مباشرت۔ بھوگ بلاس۔
عِشرت پیرا ہونا (اُ - محاورہ) عیش میں مشغول ہونا۔
عِشرت خانہ یا کدہ (ع ف - اسم مذکر) عیش و عشرت منانے کی جگہ
عِشرت منانا (اُ - محاورہ) مزے اڑانا۔ موج مارنا۔ چین کرنا۔ بھوگنا مباشرت کرنا۔
عَشَرہ (ع - اسم صفت) دہاکا۔ عاشورہ۔ محرم کی دسویں تاریخ۔
عَشرۂ کاملہ (ع - مذ) وہ دس روزے جو حج میں قربانی نہ کرنے والے رکھتے ہیں سہ ایام حج میں اور ۷ ایام حج کے بعد۔
عشرۂ مُبشّرہ (ع - مذ) رسول اللہ صلعم کے دس صحابی جن کو آن کی زندگی میں ہی جنت کی بشارت دی گئی تھی۔
عَش عَش کرنا (اُ - محاورہ) واہ واہ کرنا۔ تحسین و آفرین کرنا۔ نہایت خوشی منانا۔
عِشق (ع - اسم مذکر) بے حد محبّت۔ بہت زیادہ پیار۔ ازحد اُلفت بڑا پریم۔ حُب۔ شوق۔ چاہ۔ خواہش۔ لت۔ عادت خو
سلام۔ رخصت۔ شاباش۔ آفرین۔ واہ وا۔ ایک قسم کا جنون جو کسی خوبصورت کو دیکھنے سے ہو جاتا ہے۔
عِشق اَست و ہزار بدگمانی (ف۔ مثل) عاشق کو معشوق کے متعلق ہمیشہ بدگمانی رہتی ہے۔
عشق اوّل در دلِ معشوق پیدا می شود / تا نہ سوزد شمع کے پروانہ نبود آمی شود } (ف۔ مثل) محبت پہلے معشوق کے دل میں پیدا ہوتی ہے۔
عشق اللہ (گ - اسم مذکر) آزاد فقیروں اور درویشوں کا باہمی سلام۔
اکھاڑے میں اُتر کر پہلوانوں کا آپس میں سلام۔
عِشق اللہ لینا (اُ - محاورہ) رخصت لینا اجازت لینا۔ کشتی سے تھک کر پہلوانوں کا سلام کر کے اکھاڑے نکلنا ہار ماننا۔
عِشق باز (اُ - اسم مذکر فاعل) حُسن پرست۔ عاشق۔ طالب۔ جانباز عاشق مزاج۔
عِشق بازی (اُ - اسم مذکر۔ بیائے مصدری) عاشق۔ حُسن پرستی۔ نظارہ بازی۔
عِشق پیچاں یا عِشق پیچہ (ف - اسم مذکر) ایک باریک پتیوں اور سُرخ پھول والی بیل کا نام ہے۔
عِشق چرانا (اُ - محاورہ) دل آجانا۔ عاشق ہونا۔
عِشق چھپانے سے نہیں چھپتا (اُ - مثل) عشق کا حال لوگوں کو آخر معلوم ہو ہی جاتا ہے۔
عِشق حقیقی (ع - اسم مذکر) محبت الٰہی۔ خدا تعالےٰ کا عشق۔
عشق کا مارا پانی نہیں مانگتا (اُ - مثل) عاشق فوراً مر جاتا ہے۔
عِشق کے کوچے میں شاہ گدا برابر ہیں۔ (اُ - مثل) عشق میں امیر و غریب کا کوئی فرق نہیں رہتا۔
عِشق گرمانا (اُ - محاورہ) محبت میں جوش پیدا ہونا۔
عشق مجازی سے عشق حقیقی حاصل ہوتا ہے (اُ - مثل) معمولی محبّت آخر کو محبّت الٰہی سے بدل جاتی ہے۔
عشق مجازی (اسم مذکر) بناوٹی عشق۔ جھوٹا عشق۔ زنیادی معشوقوں کا عشق
عِشقیہ (اُ - عاشقانہ۔ عشق سے متعلق۔
عِشوہ (ع - اسم مذکر) ناز۔ نخرہ۔ کرشمہ۔ معشوقانہ ادا محبوبانہ انداز۔ حرکت دلفریب۔
عِشوہ ساز۔ عشوہ گر (ع ف - اسم صفت مذکر) ناز و نخرے کرنے والا۔ مجازاً معشوق۔
عَشی (ع) سر شام۔ شام کے وقت (عشیّت)
عَشیر (ع - مذ) کسی چیز کا دسواں حصّہ۔ ہمسایہ۔
عَشیرہ (ع) قبیلہ۔ کنبہ۔ جمع عشائر۔

ع - ص

عَصا (ع - اسم مذکر) لاٹھی۔ سونٹا۔ لکڑی۔ یتیم چھڑی۔ سہارا۔ آسرا۔
عَصا بردار (ع ف - اسم مذکر فاعل) چوبدار سونٹے بردار۔ پیادل۔
عَصائے پیرانہ یا پیری (ع ف - اسم مذکر) بوڑھے کے ہاتھ کی لکڑی۔ بڑھاپے کا سہارا۔ مجازاً فرزند رشید بوڑھے کا لڑکا۔
عصائے موسےٰ (ع - اسم مذکر) حضرت موسیٰ علیہ السّلام کے ہاتھ

کی لکڑی۔ جس میں بہت سے معجزے تھے۔
عِصابہ (ع۔اسم مذکر) عورتوں کے سر سے باندھنے کا کپڑا۔
عَصّار (ع۔مذ) تیلی۔ روغن گر۔
عُصارہ (ع۔اسم مذکر) نچوڑ۔ نچوڑ ہوا پانی۔ رس شیرہ۔
عُصارہ ریوند (عف) ایک سُرخی مائل زرد دوا کا نام ہے جو مسہل ہر خلط فاسد ہے۔
عِصام (ع) مشک اُٹھانے کا تسمہ۔ ڈول کی رسی۔
عَصَب (ع۔اسم مذکر) پٹھا۔ پٹے۔ ایک سفید لچکدار چیز جس سے اعضا کی حرکت اور مضبوطی ہے۔
عُصَبہ (ع۔مذ) زخم کی پٹی۔ جمع عَصَب۔
عَصَبہ (ع۔مذ) خویش۔ مذکر اولاد۔ جمع۔ عصبات۔
عُصبہ (ع) گھوڑے پرندے۔ آدمیوں کا گروہ
عَصَبیّت (ع۔اسم مؤنث بیائے مصدری) مضبوطی۔ استواری رشتہ داری۔ طرفداری۔
عَصرانہ (ر۔مذ) سہ پہر کی چائے۔ سہ پہر کا کھانا۔
عصری (ع۔ف) زمانے کے متعلق۔
عُصفُور (ع۔مو) چڑیا۔ گوریّا۔ جمع عصافیر۔
عِصمَت (ع اسم مونث پاکدامنی۔ پارسائی۔ پرہیزگاری۔ بیگناہی، عصمت بچانا (ا۔ محاورہ) عزت محفوظ رکھنا۔
عِصمَت بی بی از بے چادری (ف۔مثل) مجبوری کی نیکی۔ وہ نیکی جو عدم استطاعت کے باعث ہو۔
عصمت پر حرف آنا (ا۔ محاورہ) عزت خراب ہونا۔ بدنامی ہونا۔
عِصمت دار (ع۔ف۔صف) پاکدامن۔ عفیفہ۔
عِصمت دری (ع۔ف۔مو) بے آبروئی۔ زنا۔
عِصمت فروشی (ع۔ف۔مو) پیشہ کرانا۔ آبرو بیچنے کا عمل۔
عُصمُول (ع) گراری۔ ڈول۔ جمع عصامیر۔
عِصیاں (ع۔اسم مذکر) نافرمانی۔ گناہ جرم خطا۔ سرکشی۔ بغاوت پاپ۔ دوش۔
عَصیب (ع) رشتہ دار۔ مضبوط۔ حمایتی۔
عَصیدہ (ع) آٹے اور گھی کے حلوے کی ایک قسم۔
عَصِیر (ع۔مذ) ہر چیز کا نچوڑ۔ شیرہ۔ عرق جیوک وغیرہ۔
عَضّ (ع) دانت سے کاٹنا۔

ع - ض

عِضار (ع۔مذ) کنگن۔ مشہور زیور بازو کا۔
عِضادہ (ع) دروازے کا بازو۔ لکڑی کا۔
عُضّال (ع) مشکل کام۔ سخت بیماری۔
عَضَب (ع) کاٹنا۔ تیز تلوار (جمع عضوب)
عَضُد (ع) بازو۔ شیراز کے بادشاہ۔ عضد الدولہ



ویلمی کا نام۔ ساتھی۔ جمع اعضاب۔
عَضُدُ الدّولہ (ع) سلطنت کا بازو۔ شاہی خطاب
عُضلہ (ع۔اسم مذکر) بازو کی پچھلی۔ ڈولہ اولہ۔ گوشت کی مچھلی۔
عُضو (ع۔اسم مذکر) بدن کا حصہ۔ جوڑ۔ ٹکڑا۔ بدن۔ جسم۔ اندام۔
عُضوِ تناسُل (ع۔اسم مذکر) نسل بڑھانے کا آلہ۔
عضوِ مُعطّل (ع۔امذ) ناکارہ عضو۔ ناکارہ۔ بے کار۔
عَضوم (ع) مضبوط اونٹنی۔
عضویات (ع۔ا۔مو) وہ علم جس میں اعضاء کے جسمانی افعال کا ذکر ہو۔

ع - ط

عطا (ع۔اسم مؤنث) بخشش۔ سخاوت انعام۔ دینا۔
عطا بخش و کرم گستر (عف۔صفت) سخی فیاض۔
عطا پاش و خطا پوش (عف۔صفت) خدا کی تعریف جو بندوں کے گناہوں کی پرواہ نہیں کرتا۔
عطا کرنا (ا۔ محاورہ)۔ دینا بخشش کرنا۔ مُفت دینا رحمت کرنا۔
عطائے اُو بلقائے بخشیدم (ف۔مثل) اسی کی بخشی ہوئی چیز کو اُسی کے مُنہ پر نثار کرنا۔
عطائے تو بہ لقائے تو (ف۔مثل) آپ کا دیا آپ پر ہی تصدق ہے کسی کی دی ہوئی چیز کی ناپسندیدگی کے وقت بولتے ہیں۔
عَطّار (ع۔اسم مذکر) عطر فروش۔ دوا فروش۔ پنساری۔
عطار کا شیشہ اور مداری کا پٹارا (ا۔ کہاوت) عطار کی بوتل اور مداری کا پٹارا۔ دونوں ناقابل اعتبار ہیں۔ کیونکہ عطار ایک بوتل سے ہر قسم کا شربت وغیرہ اور مداری اپنے پٹارے سے طرح طرح کے کھیل دکھاتا ہے۔
عُطارِد (ع۔اسم مذکر) بدھ ستارا۔ دبیر فلک۔ منشی آسمان کیونکہ گرجبت دعات کو کہا کرتے ہیں۔
عَطّاری (ع۔مو) دوا فروشی۔
عُطاس (ع) چھینکنا اور چھینک کی بیماری۔
عُطاش (ع) پیاس کی بیماری۔
عطائی (ع۔اسم مذکر بیائے فاعلیت) بے اُستاد۔ بلا مدد اُستاد اپنے شوق سے کسی کام کو سیکھ جانے والا۔
عَطَب (ع) ہلاکت۔ ہلاکی۔ بسکون طا۔ نرمی۔ نارکی
عِطر (ع۔اسم مذکر) خوشبو۔ سُگندھ۔ مشک ست۔ خلاصہ۔ لب لباب جوہر۔
عِطر افشاں (عف۔صفت) خوشبو چھڑکنے یا پھیلانے والا۔
عِطر بیز (ع۔ف۔صفت) خوشبو پھیلانے والا۔
عِطر بیزی (ع۔ف۔مو) خوشبو پھیلانا۔
عِطر دان (عف۔اسم مذکر) عطر میں رکھنے کا برتن۔
عِطر کا پھویا (ر۔اسم مذکر) عطر میں تر کی ہوئی روئی۔

عِطر فروش (ع۔ ف۔ مذ) عطر بیچنے والا۔
عِطر کھینچنا یا نکالنا (اُ۔ محاورہ) ست نکالنا کشید کر کے خوشبو کا تیل نکالنا۔ انس نکال لینا۔ طاقت کھینچ لینا۔ خلاصہ نکالنا۔ جوہر نکال لینا۔
عِطر و پان کی تواضع (اُ۔ اسم مونث) مہمان کی خاطر و مدارت۔
عِطر جہانگیری (عف امذ) ایک خاص قسم کا عطر جو نور جہاں نے گلاب کے پھولوں سے نکالا تھا۔
عِطریات (ع۔ اسم مذکر) چھینک۔
عَطس (ع۔ مذ) چھینکنا۔ مرنا۔ لُو کا پھوٹنا۔
عَطسہ (ع۔ اسم مذکر) چھینک۔
عطسۂ شب (عف۔ امو) لُو پھٹنا۔
عطسۂ صبح (ع۔ امذ) سورج۔
عِطسہ عنبریں (عف۔ امذ) خوشبو۔ عطر۔
عَطش (ع۔ اسم مذکر) پیاس۔ تشنگی۔
عَطشاں (ع) پیاسا۔ تشنہ۔ جمع عِطاش
عطف (ع۔ اسم مذکر) موڑنا۔ پھیرنا۔ لپیٹنا۔ کسی کلمہ یا کلام کو دوسرے کلمہ یا کلام کی طرف پھیرنا۔
عَطُل (ع) بے زیور کی عورت کا ہونا۔ بے نقطہ کے حروف کا ہونا۔
عَطُوف (ع) مہربان۔ شفیق۔ رحم دل۔
عطوفت (ع۔ مو) شفقت۔ مہربانی۔ عنایت۔
عَطُوفہ (ع) مہربان۔ شفیق عورت۔
عَطِیّہ (ع اسم مذکر) دی ہوئی چیز۔ انعام بخشش عطا۔
عطیۂ سرکار (ع۔ ف۔ مذ) گورنمنٹ سے انعام ملا ہوا۔
عطیۂ سلطانی۔ عطیۂ شاہی (ع۔ ف۔ مذ) بادشاہ کا بخشا ہوا۔ گورنمنٹ کا دیا ہوا۔

ع - ظ

عِظام (ع۔ مذ) عظیم کی جمع۔ بزرگ عُظم کی جمع۔
عُظَام (ع۔ صفت) بزرگ۔ کلاں۔ بڑا۔
عَظم (ع۔ اسم مذکر) ہڈی۔ استخوان۔
عُظَما (ع۔ اسم مذکر) عظیم کی جمع۔ بڑے لوگ۔ بزرگ لوگ۔
عظمت (ع۔ اسم مونث) بڑائی۔ بزرگی۔ شان و شوکت۔ قدر و منزلت۔
عُظمےٰ (ع۔ اسم مونث) اعظم کی مونث۔ بڑی بزرگ۔
عظیم (ع۔ اسم صفت) بڑائی والا۔ بڑا۔ بزرگ کلاں۔ سخت۔ نہایت
عظیم الشان (ع۔ اسم صفت) بہت بڑا۔ بڑی شان و شوکت والا۔ والا قدر۔
عظیم القدر (ع۔ صفت) بہت بڑے درجے کا۔

ع - ظ

عِقاب (ع۔ صف) عذاب۔ تکلیف۔ دکھ۔
عُقاب (ع۔ اسم مذکر) کالے رنگ کا طاقتور بلند پرواز شکاری پرندہ۔ (کیمیاگر) نوشادر۔

عُقاب

عُقابی (ع۔ صف) عقاب کی مانند۔ عقاب سے منسوب۔
عُقابی نگاہ / نظر (ع ف۔ امذ) عقاب جیسی نظر۔ بہت تیز نگاہ۔
عقابین (ع۔ مذ) مجرم کو باندھنے کی دو اونچی لکڑیاں۔
عقارب (ع۔ مذ) عقرب کی جمع۔ بچھو
عقائد (ع۔ اسم مذکر) عقیدہ کی جمع۔
عَقب (ع۔ اسم مذکر) پچھواڑا۔ پیچھے۔ پیٹھ۔ پیچھے۔ پس پشت۔
عُقبیٰ (ع۔ اسم مونث) دوسرا جہان آخرت عاقبت۔
عَقد (ع۔ اسم مذکر) گانٹھ۔ بندھن۔ گرہ۔ گٹھ جوڑ۔ نکاح۔ قول اقرار بیع۔ فروخت۔
عِقد (عف امذ) لڑی۔ ہار۔ گلوبند۔
عِقد ساز (ف امذ) جوہری۔ زرگر۔

عقد

عَفاف (ع۔ امذ) پارسائی۔ پرہیزگاری۔
عِفت (ع۔ اسم مؤنث) پاکدامنی۔ پاکیزگی۔ عصمت۔ پارسائی۔ پرہیزگاری۔
عِفت میں خلل ڈالنا (اُ۔ محاورہ) عزت لینا۔ عصمت بگاڑنا۔
عِفت مآب (ع۔ صفت) بڑی عزت والی۔ پارسا۔ عفیفہ۔
عِفریت (ع۔ امذ) دیو۔ بھوت پریت۔ کوئی خوفناک چیز۔
عَقَص (ع۔ مذ) ایک درخت۔ اس کا پھل۔
عف عف (ع۔ مذ) کتے کی آواز۔
عَفُو (اسم مذکر۔ معافی۔ خطا بخشنا۔ بخشش۔
عَفو کرنا (اُ۔ فعل) معاف کرنا۔ گناہ بخشنا۔ درگزر کرنا۔
عَفونت (ع۔ اسم مؤنث) بدبو۔ گندگی۔ بسڑاند۔
عُفِیَ عَنہ (ع) خدا اس کے گناہ معاف کریں۔
عَفِیف (ع۔ اسم صفت) پارسا۔ پرہیزگار۔ پاک صاف۔ پاکدامن۔
عَفِیفہ (ع۔ اسم صفت مؤنث بیائے تانیث) پرہیزگار عورت۔ پارسا عورت۔ باعصمت۔ عورت۔ ستونتی عورت۔ پتی برتا۔

ع - ق

عَقدِ شب افروز (ف اضا) سیارے اور ستارے۔
عَقدِ شب و روز (ف اضا) سورج اور چاند۔ وقت۔ قسمت۔ دنیا۔
عُقد کرنا (ف فعل) بیاہ کرنا۔ نکاح کرنا۔
عُقدہ (ع۔ مو) گانٹھ۔ گرہ۔ گل جھٹی۔ پیچیدہ بات۔ مشکل معمہ۔ بھید۔ راز۔ دل کی بات۔ الجھاؤ۔ بکھیڑا۔ پیچ۔ کٹھن بات۔
عُقدہ حل ہونا (اُر۔ محاورہ) گرہ کھلنا۔ مشکل دور ہونا۔ وقت رفع ہونا۔
عُقدہ کشا (ع۔ صفت) مسئلہ حل کرنے والا۔ مشکل آسان کرنیوالا۔
عُقدہ کشائی (ع۔ مو۔ بیائے مصدری) مشکل حل کرنا۔ وقت دور کرنا۔ بھید کھولنا۔
عُقدہ کھل جانا (اُر۔ محاورہ) بھید کھل جانا۔ راز فاش ہو جانا۔ قلعی کھل جانا۔ مشکل حل ہو جانا۔
عُقدہ کھولنا (اُر۔ محاورہ) مشکل مسئلہ حل کرنا۔
عُقدہ مالاینحل (ع۔ اضا) وہ مشکل مسئلہ جو حل نہ ہو۔
عَقر (ع۔ ا۔ مذ) بانجھ پن۔ بانجھ ہونا۔ جماع کرنے پر مرد کی رقم۔
عَقرب (ع۔ ا۔ مذ) بچھو۔ کژدم۔ آسمان کا آٹھواں بُرج۔ برچھک۔
عَقرب سلیمانی (ع۔ اضا) تلوار کی تعریف۔ تلوار۔
عَقرب نیلوفری (ع۔ اضا) بُرج عقرب۔
عِقر قرحا (ع۔ مو) (دیکھو عاقر قرحا)۔
عَقل (ع۔ مو) لغوی اونٹ کے پاؤں میں رسی باندھنا۔ اصطلاحاً خرد۔ دانائی۔ بُدھ۔ بُدھی۔ گیان۔ شعور۔ فہم۔ تمیز۔ بُرے بھلے کی شناخت کرنے کی قوت۔ ماہیت اشیاء معلوم کرنے کی طاقت نفس۔ ناطقہ۔ فرشتہ۔
عقل آنا (اُر۔ محاورہ) سمجھ آنا۔ تمیز حاصل ہونا۔
عقل اُڑ جانا (اُر۔ محاورہ) عقل جاتی رہنا۔
عقل الٹی ہونا (اُر۔ محاورہ) بیوقوف ہونا۔ عقل زائل ہونا۔
عقل انسانی (ع۔ مو) انسان کی وہ قوت تمیز جس کے باعث وہ تمام حیوانات پر ممتاز ہے۔
عقل اوّل (ع۔ مو) سب سے پہلے پیدا شدہ فرشتہ۔ جوہر اول، جبرائیل، نور محمدیؐ
عقل اوندھی ہونا (اُر۔ محاورہ) بے عقل ہونا۔ بے وقوف ہونا۔
عقل بڑھے سوچ سے روٹی بڑے لوچ سے (اُر۔ مثل) فکر اور ترقی بہت اچھی چیزیں ہیں۔
عقل بڑی کہ بھینس (اُر۔ مثل) سمجھ اور تمیز اچھی چیز ہے یا بھینس (تمسخراً)
عقل پر پتھر پڑنا (اُر۔ محاورہ) عقل ماری جانا۔ بیوقوفی ہونا۔ عقل کا ستیاناس ہو جانا۔
عقل پر پردہ پڑ جانا (اُر۔ محاورہ) عقل کا جاتا رہنا۔ پاگل اور بیوقوف ہو جانا۔
عقل پر ٹکی پڑنا (اُر۔ محاورہ) عقل پر آفت آنا۔ عقل ماری جانا۔
عقل پکڑنا (اُر۔ محاورہ) ہوش میں آنا۔ تربیت پانا۔ شعور اختیار کرنا۔ تمیز پکڑنا۔
عقل جانا (اُر۔ محاورہ) حواس باختہ ہو جانا۔ ہوش نہ رہنا۔ ہوش جانا۔
عقل چرخ میں آنا یا آجانا (اُر۔ محاورہ) ہوش گم ہونا۔ حواس باختہ ہونا۔ ششدر ہو جانا۔ چوکڑی بھولنا۔ سٹی گم ہو جانا۔ اوسان خطا ہونا۔ ہوش و حواس قائم نہ رہنا۔ حیران ہونا سمجھ میں نہ آنا۔
عقل چرخ میں ہونا
عقل چرنے جانا (اُر۔ محاورہ) عقل کا پاس نہ ہونا۔ عقل کا وجود نہ ہونا۔ ہوش و حواس ٹھکانے نہ رہنا۔
عقل چکرانا۔ یا چکر میں آنا (اُر۔ محاورہ) اوسان خطا ہونا۔ متحیر ہو جانا۔ سمجھ سے باہر ہونا۔
عقل حیوانی (ع۔ مو۔ بیائے نسبتی) جانوروں کی فطرتی عقل۔ جو انہیں قدرت نے دی ہے۔
عقل خرچ کرنا یا دوڑانا (ر۔ محاورہ) غور و فکر سے کام لینا۔ سمجھ دوڑانا۔ رائے لڑانا۔
عقل دینا (ر۔ محاورہ) سمجھ کی بات بتانا۔ تدبیر بتانا۔ سیدھانا۔ تربیت کرنا۔ شعور سکھانا۔
عقل داڑھ (اُر۔ امو) داڑھ جو بچے کے جوان ہونے پر نکلتی ہے
عقل سٹھیانا یا سٹھیا جانا (ر۔ محاورہ) بڑھاپے کے باعث عقل نہ رہنا۔ بوڑھا بیوقوف ہو جانا۔
عقل سلیم (ع۔ مو) صحیح عقل۔ درست عقل۔ پوری عقل۔ صاحب رائے۔
عقل کا پتلا (اُر۔ ا۔ مذ) مجسم عقل۔ نہایت عقلمند۔ نہایت ذکی و زود فہم۔
عقل کا اندھا گانٹھ کا پورا (اُر۔ صفت) بیوقوف مالدار
عقل کا پتلا (اُر۔ صفت) بہت عقلمند (طنزاً) بیوقوف۔
عقل کا پورا (اُر۔ ا۔ مذ) طنزاً) بالکل بیوقوف۔ نہایت احمق۔ مورکھ۔ کاٹھ کا اُلو۔
عقل کا چراغ گل ہو جانا (اُر۔ محاورہ) عقل زائل ہو جانا۔ سمجھ نہ رہنا۔ سمجھ میں فرق آجانا۔
عقل کا دشمن (اُر۔ ا۔ مذ) عقل سے بیر رکھنے والا۔ بیوقوف۔ احمق۔ بدھو۔
عقل کا فتور / قصور ہونا۔ (اُر۔ محاورہ) بے وقوف ہونا۔ عقل کی کمی ہونا۔
عقل کا مارا (اُر۔ صفت) بیوقوف۔ اُلو۔ احمق۔ گاؤدی۔
عقل کام نہیں کرتی (رُور۔ محاورہ) سمجھ میں نہیں آتا۔ عقل اور فہم سے باہر ہے۔
عقلِ کُل (اُر۔ ا۔ مذ) عقل کامل۔ مراد انور محمدیؐ۔ جبرائیل علیہ السلام۔ کنایۃً عرش اعظم۔
عقل کل (رُور) مشیر کل۔ پورا مختار۔ وہ مشیر جس کی رائے کے بغیر کوئی کام نہ کر سکیں۔
عقل کو چرخ میں لانا (اُر۔ محاورہ) حیران کر دینا۔
عقل کے بخیئے ادھیڑنا (اُر۔ محاورہ) عقل زائل کر دینا۔
عقل کے پیچھے ڈنڈا / لٹھ لئے پھرتا ہے (اُر۔ محاورہ) بہت ہی بے وقوف ہے۔ مسلسل احمقانہ کام کرتا۔
عقل کے طوطے اڑ گئے (رُور۔ محاورہ) عقل جاتی رہی۔ چھکے چھوٹ گئے۔ گھبرا گئے۔ حواس باختہ ہو گئے۔

عقل کی کوتاہی (اُردو۔مو) سمجھ کا قصور سمجھ کا گھاٹا۔ بے سمجھی۔ نادانی۔
عقل کے گھوڑے دوڑانا (اُردو۔فعل) کسی کام میں دلیلیں دوڑانا۔ سوچ فکر کرنا۔ منصوبے باندھنا۔ خیال دوڑانا۔ رائے لگانا۔ خیالی پلاؤ پکانا۔
عقل کی مار (کلمہ تحقیر) عقل کی پھٹکار۔
عقل کے ناخن لو یا نعل بنواؤ (اُردو۔محاورہ) سمجھ کی بات کرو۔ ہوش میں آؤ۔ بیوقوف نہ بنو۔
عقل ماری جانا (اُردو۔محاورہ) کچھ سمجھ میں نہ آنا۔
عقل میں آنا (اُردو۔محاورہ) سمجھ میں آنا۔ سمجھ لینا۔ خیال میں آنا۔
عقل میں فتور پڑنا یا آنا (اُردو۔محاورہ) سمجھ میں خرابی آنا۔ حواس ٹھکانے نہ رہنا۔
عُقَلا (ع۔ا۔مذ) عاقل کی جمع۔
عقلا سے زمانہ (عف۔مذ) دُنیا کے دانا جہان کے عقلمند۔
عَقلاً (ع۔تابع فعل) عقلیہ طور پر۔ عقل کی رُو سے۔ از روئے عقل۔ بلحاظ عقل۔
عقلمند (عف۔صفت۔فاعلی) چتر۔ سُجان عاقل۔ عقل والا۔ سمجھدار۔
عقلمند کی دُم (اُردو۔صفت) طنزاً بے وقوف۔
عقلمند کو ایک اشارہ کافی ہے (اُردو۔مثل) دانا اشارے سے ہی بات سمجھ جاتا ہے۔
عقلمند کی دُور بلا (اُردو۔کہاوت) عقلمند بڑے بڑے کام کر جاتے ہیں اور آفت سے بچ جاتے ہیں۔ عقلمند سے بلا دُور ہی رہا کرتی ہے۔ دانش مند آفت سے بچ جاتا ہے۔
عقلمندی (عف۔مو۔بیائے مصدری) سمجھ۔ دانائی۔ فہم و فراست ہوشیاری۔
عَقلی (اُردو۔بیائے نسبتی) منسوب بہ عقل۔ وہ بات جو بظاہر تو نہ ہو مگر سمجھ میں آجائے۔
عقلی گدا لگانا (اُردو۔محاورہ) اٹکل سے بات کرنا۔
عقلیات (ع۔مو) معقولات۔ وہ علم جن کا تعلق عقل سے ہو۔
عقلیہ (ع۔صفت) قیاس سے۔
عقلیت (ع۔مو) عقل سے کام لینا۔ عقل پرستی۔
عُقوبت (ع۔مو) دُکھ۔ عذاب۔ سزا۔ تکلیف۔ سرزنش۔
عُقول (ع۔ا۔مذ) عقل کی جمع۔ دانائیاں۔ دس فرشتے۔
عُقول عشرہ (ع۔ا۔مذ) دس فرشتے جنہیں اللہ تعالےٰ نے ایک دوسرے کے بعد پیدا کیا۔
عَقیدت (ع۔مؤنث) کسی بات پر دل لینا۔ دل کا ایمان۔ بھروسہ اعتقاد۔ ایمان۔
عقیدتمند (عف۔صفت) ترکیبی۔ دیندار۔ معتقد۔ ارادتمند۔
عقیدہ (ع۔مذ) نعوی۔ دل میں جمایا ہُوا۔ مجازاً اعتقاد یقین۔ بھروسہ۔ ایمان۔
عقیدہ بگڑ جانا (اُردو۔محاورہ) بے ایمان ہو جانا۔
عقیدہ پکا ہونا (اُردو۔محاورہ) اعتقاد مضبوط ہونا۔

عَقیر (ع) ناامید۔ بانجھ۔ عقیم۔
عقیق (ع۔ا۔مذ) سُرخ رنگ کا ایک پتھر۔ تشبیہاً لبِ سُرخِ معشوق۔
عقیق البحر (ع۔ا۔مذ) مُونگا۔
عقیق جگری (عف۔مذ) ایک قسم کا عمدہ عقیق۔
عقیق شجری (ع۔مذ) مُونگا۔
عقیق یمنی (ع۔مذ) اعلیٰ قسم کا عقیق۔
عقیقہ (ع۔مو) لغت میں پیٹ کے بال یعنی حمل میں بچے کے سر پر پیدا شدہ بال۔ اصطلاح میں بچہ کا مونڈن۔ سر مونڈنے اور نام رکھنے کی رسم جو ساتویں دن ادا کی جاتی ہے۔ لڑکی کے لئے ایک اور لڑکے کے لئے دو بکرے ذبح کر کے اس کا گوشت کچا تقسیم کرتے یا پکا کر کھلا دیتے ہیں۔
عَقیل (ع۔مذ۔صفت) نہایت عقلمند۔ بڑا دانا۔ نہایت ذکی آدمی۔
عَقیلہ (ع۔صفت) عقیل کا مؤنث دانا عورت۔
عَقیم (ع۔صفت) بانجھ۔ وہ مرد یا عورت جس کا نطفہ قرار نہ پکڑے۔
عَقیمہ (ع۔صفت مؤنث) بانجھ عورت وہ عورت جس کے بال بچہ نہ ہوتا ہو۔

ع - ک

عکّاس (ع۔امذ) فوٹو گرافر۔ مصور۔ ظاہر کرنے والا۔
عکّاسی (ع۔ف۔امو) تصویر کشی۔ عکس لینا۔
عُکّاشہ (ع) مکڑی۔ عنکبوت۔ (عُکاش۔ عُکاشہ)
عُکاظ (ع۔مذ) نخلہ اور طائف کے درمیان مکہ شریف کا بازار۔
عکس (ع۔ا۔مذ) اُلٹا اوندھا۔ خلاف۔ ضد۔ سایہ۔ پرچھائیں۔ پرتو۔ فوٹو۔ آئینہ یا پانی یا مجلا چیزیں نظر آنے والی صورت۔

عکس

عکس افگن (عف۔صفت) عکس ڈالنے والا۔
عکس ڈالنا (اُردو۔محاورہ) پرتو ڈالنا۔
عکس کھینچنا یا اُتارنا (اُردو۔محاورہ) تصویر اُتارنا۔ سایہ کے ذریعہ فوٹو لینا۔
عکسی (اُردو۔صفت بیائے نسبتی) منسوب بہ عکس۔
عکسی تصویر۔ کیمرے کے ذریعے اُتاری ہوئی فوٹو۔
عکّہ (ف) ایلق۔ جنگلی کوا۔ (عقص)

ع - ل

عَلائت (ع) نہائی جس پر لوہا کوٹتے ہیں،
عَلّاتی (ع۔صفت) ماں کی طرف سے سوتیلا بھائی یا سوتیلی بہن۔
عِلاج (ع۔مو) چارہ۔ اُپائے۔ تدبیر۔ دوستی۔ بیمار کی دوا دارو۔ معالجہ۔ بدلہ۔ سزا۔ عوض۔ پاداش۔ سیاست۔ سرزنش۔
عِلاج بالمثل (مرض کی تاثیر کے مطابق علاج کرنا۔ ہومیوپیتھی علاج۔
عِلاج پذیر (ع۔ف۔صفت) جس کا علاج ہو سکے، علاج کے قابل۔
عِلاج کرنا (اُ۔محاورہ) دوا دارو کرنا۔ معالجہ کرنا۔ دفعیہ کرنا۔ تدبیر کرنا۔ سزا دینا۔ دُرست کرنا۔ ٹھیک بنانا۔ سرزنش کرنا۔
عِلاج معالجہ (ع۔ا۔مذ) دوا دارو۔ دوا۔ درماں۔
علاحِدگی (ف۔مو) دیکھئے علیٰحدگی۔ الگ۔ جُدا۔
عِلاحِدہ (ع۔صف) دیکھئے علیٰحدہ۔ الگ۔ جُدا۔
علاقہ (ع۔ا۔مذ) لگاؤ۔ تعلق۔ میل۔ دوستی۔ رشتہ۔ میل جول۔ سنبندھ۔ ملازمت نوکری۔ عہدہ۔ پگہ۔ ضلع۔ حلقہ۔ تعلقہ۔ پٹی۔ زمینداری۔ جاگیر۔ ریاست۔ عملداری۔ حکومت۔ سرحد۔ حدود۔ سروکار۔ نسبت۔
علاقہ اُٹھ جانا (اُ۔محاورہ) سروکار نہ رہنا تعلق نہ رہنا۔ لگاؤ نہ رہنا۔ قطع تعلق ہونا۔
علاقہ بند (عف اند) زیور میں ڈورے ڈالنے والا پٹوا۔
علاقہ بندی (عف۔امو) پٹوے کا کام۔
علاقہ چھُٹنا (اُ۔محاورہ) تعلق جاتا رہنا۔
علاقہ دار (عف۔مذ) رشتہ دار۔ سنبندی۔ تعلقہ دار۔ ضلعدار۔ زمیندار۔
علاقہ دستار (عف اند) پگڑی کا شملہ۔ طُرّہ
علاقہ رکھنا (اُ۔محاورہ) نسبت رکھنا۔ واسطہ رکھنا۔ تعلق رکھنا۔ لگاؤ رکھنا۔
علاقہ رہنا (اُ۔محاورہ) تعلق رہنا مطلب رہنا۔
علاقہ (ع۔مو) کسی چیز سے لٹکی یا بندھی ہوئی چیز۔ تلوار کا ڈورا۔ چابک یا رکاب کا تسمہ۔ حلقہ۔ پگڑی کا طرّہ۔
علاقہ زیر کرنا (اُ۔مصدر برکب) کُل علاقے کا فتح کر لینا۔
علاقہ ملنا (اُ۔محاورہ) جاگیر ملنا۔ علاقہ سپرد ہونا۔
علاقہ کا نام لکھ دینا (اُ۔محاورہ) جاگیر عطا کر دینا۔
عَلالت (ع۔مؤنث) بیماری۔ دُکھ۔ درد۔ تکلیف۔ روگ۔ بہانہ کرنے کی بات۔
عُلالہ (ع) بقیہ چیز۔ تھوڑی چیز۔
عَلّام (ع۔ا۔مذ) صیغہ مبالغہ از علم۔ بہت جاننے والا۔ نہایت عالم و فاضل۔ ہر بات جاننے والا۔
عَلّامُ الغیوب (ع۔ا۔مذ صفت) پوشیدہ باتیں جاننے والا۔ غیب کی ماضی و آئندہ باتیں جاننے والا۔
عَلامات (ع۔امؤنث) علامت کی جمع۔ نشانیاں۔ بلائیں۔ بلیّات۔
عَلامت (ع۔مؤنث) نشانی۔ لچھن۔ پتہ۔ سراغ۔ کھوج۔ اشارہ۔ کنایہ۔ مہر۔ چھاپ۔ لیبل۔ آثار۔
عَلامت تذکیر و تانیث (ع۔مؤنث) نر و مادہ کے پہچاننے کی نشانی۔
عَلّامہ (ع۔مؤنث بصیغۂ تانیث) بہت جاننے والی عورت۔ نہایت عالم فاضل عورت (بحالت اردو مذکر) دانا اور فاضل آدمی۔ مکّار آدمی۔ نہایت چالاک مرد۔ (بحالت مؤنث) نہایت مکار عورت بدعورت۔ گُستاخ عورت۔ نہایت چالاک عورت۔
علامۂ دہر یا علامۃُ الدّہر (ع۔مذ) دُنیا بھر کا عالم فاضل۔ بہت بڑا عالم۔ (بحالت صفت) سخت چالاک و ہوشیار۔ مکّار۔ عیّار۔ عیارہ۔
علّامی (ع) بڑا دانا دی) مبالغہ کی ہے۔ ابوالفضل یعنی۔ فیضی کے چھوٹے بھائی کا تخلص۔
علانیہ (ع۔تابع فعل) کھُلم کھُلا۔ سب کے سامنے ظاہراً۔ آشکارا۔
عَلاوہ (ع) حرف استثناء سوا۔ ماسوا۔ بجز۔ اس کے سوا۔
علاوہ ازیں (ع۔صف، حرف) استثناء۔ اس کے سوا۔ اس کے باوجود۔ باوجودیکہ۔
عَلائق (ع۔ا۔مذ علاقہ کی جمع۔ تعلقات بکھیڑے۔
عِلّت (ع۔مو) روگ۔ دُکھ۔ بیماری۔ مرض۔ وجہ۔ باعث۔ سبب۔ نکمی اور ناکارہ۔ چیز۔ عادت۔ بد لت۔ دھت۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔ الزام۔ بہتان۔ کوڑا کرکٹ۔ عیب۔ نقص۔ داغ۔ کلنک۔
عِلّتِ اُبنہ (ع۔مو) علّت مشاغ) ایک بیماری جس سے پاخانہ کے مقام پر کھجلی ہونے سے بوڑھوں میں اغلام کرانے کی عادت پڑ جاتی ہے۔
عِلّتِ اُولیٰ (ع) علّت اصل) کنایۃً عقل اوّل جبرائیل علیہ السّلام۔
عِلّتِ آفتاب (ف) کنایۃً بیرقان۔
عِلّتِ تامّہ (ع۔مؤنث) سبب کامل۔ پُورا سبب۔ پوری وجہ۔ اصل باعث۔
عِلّتِ صوری (ع۔مؤنث) ظاہری سبب۔ صورت اختیار کرنے کی وجہ۔
عِلّتِ غائی (ع۔مؤنث) فائدہ۔ پھل۔ وجہ۔ نتیجہ۔ مقصود اصلی۔
عِلّتِ فاعلی (ع۔مؤنث) سبب ایجاد۔ وہ سبب جس سے کوئی شے بنی ہو۔
عِلّت لگا لینا (اُ۔محاورہ) عذاب خرید لینا۔ عادت ڈال لینا۔ اپنے پیچھے لگا لینا۔
عِلّت لگانا (اُ۔محاورہ) تہمت دھرنا۔ الزام لگانا۔ ملزم بنانا۔ کسی چیز کا عادی ہونا۔
عِلّتِ مادی/مادیہ (ع۔امو) وہ مادہ جس سے شے بنتی ہے۔
عِلّتِ مشائخ۔ بڑھاپے کی بیماری۔
عِلّت و معلول (ع۔مو) سبب اور مسبّب۔ کارن۔ کاریہ۔
عَلَف (ع۔ا۔مذ) گھاس۔ گیاہ۔ چارہ۔
عَلَف زار (ع۔ا۔مذ) ظرف سبزہ زار۔ چراگاہ۔ ڈنگر ڈھور چرانے کی جگہ۔
عَلَق (ع۔امذ) جما ہوا خون۔ جونک۔ (صفت) لٹکا ہوا۔
عِلَل (ع۔مؤنث) علت کی جمع۔
عَلَم (ع۔ا۔مذ) نشان۔ نیزہ۔ جھنڈا۔ جھنڈی۔ بیرق۔ امام حسینؓ یا شہدائے کربلا کا جھنڈا۔ خاص نام جس سے آدمی مشہور ہو۔ مشہور۔ رُسوا بدنام۔ ننگا۔ بے غلاف۔ ادنچا کرنا۔ بلند کرنا۔
عَلَم اُٹھنا (اُ۔محاورہ) محرم کی ساتویں تاریخ کو شہیدان کربلا کی یادگار میں جھنڈے نکالنا۔
عَلَم بردار (اُ۔محاورہ) فاعل ترکیبی۔ وہ شخص جو لڑائی یا سواری کے وقت فوج کا جھنڈا لے کر چلے۔ جھنڈا اُٹھانے والا۔ عَلَم دار۔
عَلَم دار (اُ۔محاورہ) فوج کا جھنڈا لے کر چلنے والا۔ جھنڈا بردار۔ حضرت عباس۔ ابن علیؓ کا لقب ہے
عَلَم کرنا (اُ۔محاورہ) تلوار کو میان سے نکالنا۔ ننگی تلوار کو اُوپر اُٹھا کر رکھنا۔

عَلَم بلند کرنا (اِ محاورہ) شہرت حاصل کرنا۔ آغاز کرنا۔ اعلان کرنا۔
عَلَم میں چلّہ باندھنا (اِ محاورہ) منّت کے طور پر حضرت عباسؓ کے عَلَم سے چلہ باندھنا۔
عَلَم نکالنا (اِ محاورہ) جھنڈا اُٹھانا۔ شہدائے کربلا کی یاد میں جھنڈا نکالنا۔
عَلَم ہونا (اِ فعل) مشہور ہونا۔ رسوا ہونا۔ بدنام ہونا۔
عِلْم (ع ا۔ مذ) جاننا۔ دانش۔ واقفیت۔ خبر۔ پدیا۔ گُن۔ ہُنر۔ جوہر۔ جادو ٹونا سحر۔ عمل تسخیر۔
عِلْمِ اخلاق (ع ا۔ مذ) وہ علم جس کے ذریعہ انسان کی عادتیں درست ہوں۔
عِلْمِ ادب (ع ا۔ مذ) زباندانی کا علم۔ یعنی انشا پردازی۔ معانی بیان۔ اخلاق وغیرہ۔
عِلْمِ اکتسابی (ع۔ امذ) حاصل کیا ہوا سیکھا ہوا علم۔
عِلْمِ الٰہی (ع ا۔ مذ) وہ علم جس میں ان امور سے بحث ہو جو وجود خارجی میں مادے کے محتاج نہ ہو۔
عِلْمِ نفس (ع ا۔ مذ) علم نفسیات۔
عِلْمُ الوُجُودہ (ع۔ امذ) چہرے سے حالات معلوم کرنے کا علم۔ قیافہ۔
عِلَم در سینہ باید نہ در سفینہ (ف۔ مقولہ) علم سینے میں ہونا چاہیئے نہ کہ کتابوں میں یعنی پڑھا لکھا یاد ہونا چاہیئے۔
عِلْم دوست (عف۔ صفت) علم اور اہل علم کا مشتاق۔
عِلْمِ کلام (ع ا۔ مذ) مذہبی امور کو دلائل سے ثابت کرنا۔
عِلْمِ کیمیا (ع۔ امذ) چیزوں کے اجزا اور بناوٹ کا علم۔ دھات سے سونا بنانے کا علم۔
عِلْمُ الیقین (ع۔ مو) کسی کا بن دیکھے یقین کر لینا۔ یقین کی پہلی قسم ہے۔
عِلْمِ لدُنّی (ع۔ مذ) وہ علم جو کسی کو محض خدا تعالےٰ کے فیض سے بے محنت و بلا استاد حاصل ہو۔
عِلْمِ لغت (ع۔ امذ) الفاظ کی بناوٹ اور معانی کا علم۔
عِلْمِ مجالس (ع۔ امذ) محفل میں نشست و برخاست اور برتاؤ کا علم۔
عِلْمِ نباتات (ع) وہ علم جس میں نباتات کے متعلق باتیں ہوں۔
عِلْمِ نجوم (ع۔ امذ) ستاروں کا علم۔
عِلْمِ وہبی (ع۔ مذ) خداداد علم جس میں کوشش کو دخل نہ ہو۔
عِلْمِ ہندسہ (ع) لکیروں، خطوط اور زاویوں کا علم۔
عُلَما (ع ا۔ مذ) عالم کی جمع۔ عالم فاضل لوگ۔
علمائے دہر (ع ا۔ مذ) دُنیا کے عالم۔ دُنیا کے فاضل۔
عِلمی (ع۔ صفت) منسوب بہ علم۔ علم سے متعلق۔ اِس میں یائے نسبتی ہے۔
عِلمیّت (ع۔ مونث بیائے مصدری) پدیا۔ علم۔ علم ہونا۔
عِلمیّت بگھارنا (اِ محاورہ) موقع بے موقع اپنے عالم ہونے کا اظہار کرنا۔
عُلُو (ع ا۔ مو) اونچائی۔ بلندی۔
عُلُوِ ہمت (ع۔ مونث) ارادہ کی بلندی۔
عُلُوِ ہمتی (ع) بلند ہمتی۔ ہمت کی بلندی۔ عالی ہمتی۔
عُلُوفہ (ع ا۔ مذ) خوراک۔ کھاجا۔ راتب۔ تھتہ۔ روزینہ۔ وظیفہ۔
عُلُوق (ع۔ مذ) لٹکنا۔ لطفہ قرار پانا۔
عُلُوم (ع ا۔ مذ) علم کی جمع۔ ہُنر و فن۔
عُلُومِ جدیدہ (ع۔ مذ) وہ علم جو زمانہ حال میں ایجاد ہوئے ہیں۔
عُلُومِ رسمی (ع۔ مذ) رائج الوقت علم
عُلُومِ متجانسہ (ع۔ مذ) وہ علوم جو آپس میں ایک دوسرے سے مماثلت یا رابطہ رکھتے ہوں۔
عُلُومِ مُتعارِفہ (ع۔ مذ) بات کو صحیح ثابت کرنے کی دلیلیں۔
عُلُومِ مشرقی (ع ا۔ مذ) ایشیائی علم و فن، عربی فارسی سنسکرت اُردو زبان کے علم
عُلُومِ مغربی (ع۔ مو) وہ علوم جو یورپ کے ملکوں میں ان کی زبانوں میں رائج ہیں۔
عَلَوی (ع۔ صفت بیائے نسبتی) حضرت علیؓ کی اولاد۔ اصطلاحاً سیّد جو حضرت فاطمہؓ کی اولاد سے نہ ہو۔
عُلْوی (ع ا۔ مذ بیائے نسبتی) فرشتہ۔ ملک۔ ستارہ۔ کوکب۔ آسمانی۔
عُلوِیّت (ع۔ مو) بلندی۔ رفعت۔
عَلی (ع ا۔ مذ) اونچا۔ بلند۔ خدا تعالےٰ کا نام۔ خلیفہ چہارم کا نام۔
عَلی بند (ع ا۔ مذ) ایک زیور کا نام ہے، جسے شیلہ لوگ کلائی پر باندھتے ہیں۔ جادو کا اثر روکنے والا تعویذ۔ کشتی کے ایک داؤں کا نام۔
عَلی وُھت یا عالی وُھت (وُ۔ اسم صفت) بڑا قد آور۔ قوی ہیکل۔
عَلٰے (حرف جر) اُوپر۔ پر۔ بر۔
عَلٰے الاتصال (ع۔ تابع فعل) لگاتار، پے در پے۔
عَلٰے التواتر (ع۔ تابع فعل) متواتر یکے بعد دیگرے۔
عَلیقہ (ع) تو بڑا جس کو گھوڑے کے مُنہ میں دانہ کھلانے کیلئے لٹکاتے ہیں۔
عَلَی الاطلاق (ع۔ متعلق فعل) مطلق۔ بے قید۔ آزاد۔ بلا شرط۔
عَلَی التحقیق (ع) ٹھیک طور پر۔ یقیناً۔
عَلَی الاجمال (ع۔ متعلق فعل) بالاشتراک مجمل طور سے۔
عَلَی الاستقامت (ع۔ متعلق فعل) بے پایاں۔ بے انتہا
عَلَی الاعلان (ع۔ متعلق فعل) کھلے طور پر۔ اعلانیہ۔ آزادانہ۔ کھلم کھلا۔
عَلٰے الحساب (ع۔ تابع فعل) چلتے حساب میں۔ بلا حساب چکانے۔ بلا فصل حساب۔ بلا حساب۔ یونہی۔ پیشگی طور پر۔
عَلٰے الحساب دینا (اِ فعل) پیشگی طور پر دینا۔ نخ کے طور پر دینا۔ قرض دینا۔
عَلٰے الخصوص (ع۔ تابع فعل) خاص طور پر۔ خاصکر۔ بالخصوص۔
عَلَی الرّغم (ع۔ متعلق فعل) باوجود اس کے برخلاف۔ مقابلے میں۔
عَلٰے الدّوام (ع۔ تابع فعل) ہمیشہ کے لئے ہمیشہ کے طور پر۔
عَلٰے الصّباح (ع۔ تابع فعل) بہت سویرے نور کے تڑکے۔ تڑکے ہی۔
عَلٰے العُموم (ع۔ تابع فعل) عام طور پر۔ عموماً۔
عَلٰے قدرِ مراتب (ع۔ تابع فعل) حسب مرتبہ، مرتبہ کے موافق۔ درجہ وار۔
عَلٰے ہذا القیاس (ع۔ تابع فعل) اسی قیاس پر۔ اسی طرح سے۔ یونہی۔ اسی طور پر۔

عُلیا (ع۔مو) اعلیٰ کی تانیث ہے۔ بہت بلند۔
علیحدگی (ف۔ع۔مو۔ بیائے مصدری) جُدائی۔ تنہائی۔ خلوت۔
علیٰحدہ (ف۔صفت) علٰے حِدہ کا بگاڑ ہے۔ جُدا۔ نیارا۔ الگ۔ علاوہ۔ سوائے (تابع فعل) متفرق۔ الگ الگ۔ شرکت سے باہر۔
علیٰحدہ علیٰحدہ (ف۔تابع فعل) جُدا جُدا۔ الگ الگ۔ نیارا۔
علیٰحدہ کرنا (اُرد۔فعل) چھانٹنا۔ چُننا۔ جُدا کرنا۔ موقوف کرنا۔
عَلیقہ (ع) توبڑا جس کو گھوڑے کے مُنہ میں دانہ کھلانے کے لیے لٹکاتے ہیں
عَلیک (ع۔تابع۔فعل) تجھ پر۔
علیک سلیک (ع۔مو) صاحب سلامت۔ معمولی واقفیت۔
عَلیل (ع۔صفت) بیمار۔ روگی۔ دُکھیا۔
عَلیم (ع صفت) دانا۔ جاننے والا۔ علم والا۔ بڑا دان۔ فاضل۔ خدا تعالیٰ کا ایک نام بھی ہے۔
علیہ (ع۔تابع فعل) اس پر۔ اس کے اُوپر۔
علیہ الرحمتہ (کلمہ دعا) اس پر خدا کی رحمت ہو۔
علیہ السلام (کلمہ دعا) اس پر خدا کی مہربانی اور عنایت ہو۔ اس پر سلام ہو۔
عَلیہم (ع۔تابع فعل) ان پر۔ ان کے اُوپر۔ علیہ کی جمع ہے۔
علیہم السلام (ع) کلمہ دعا۔ ان سب پر خدا السلام اور درود ہو۔
عِلیین (ع۔مو) بہشت کا نام ہے۔ آسمان ہشتم۔ جنت کے اونچے مکان یا جنت کی کھڑکیاں۔ عِلیہ کی جمع ہے۔

ع - م

عم (ع۔مو) چچا۔ باپ کا چھوٹا بھائی۔
عم زادہ (عف) (ع۔مو) چچا کا بیٹا چچیرا بھائی۔ چچازاد بھائی۔
عمومی (ع۔صفت) چچا سے منسوب۔
عماد (ع۔ا۔مذ) ستون۔ کوئی چیز جس سے سہارا دیا جائے۔
عمار (ع۔ا۔مذ) عماری کے موجد کا نام۔
عمارت (ع۔مو) مکان۔ گھر۔ مسکن۔ محل۔ آبادی۔ بستی۔
عماری (ع۔مو) ہاتھی کا ہودا۔ ہاتھی کا ہودج جو اُس کے پیٹھ کے اُوپر رکھ کر بیٹھتے ہیں۔
عُمّال (ع۔ا۔مذ) عامل کی جمع۔ حاکم۔ اہل کار۔ پرگنوں کے حاکم۔ تحصیلدار۔
عمامہ (ع۔ا۔مذ) پگڑی۔ منڈاسا۔ پھیٹا۔
عمامہ دستار۔
عمامہ اُتارنا (اُرد۔محاورہ) پگڑی چھین لینا۔ رسوا کرنا۔ اَبرو اُتارنا۔ بے آبرو کرنا۔

عمامہ

عمامہ اچھالنا (اُرد۔محاورہ) پگڑی اُچھالنا۔
عمائد (ع۔ا۔مذ) عَمید کی جمع۔ قوم کے سردار۔ معززین۔
عمد (ع۔مذ) ارادہ۔ قصد۔ نیت۔ منشا۔ اختیار سے کوئی کام کرنا۔
عمداً (ع۔تابع فعل) جان بوجھ کر۔ ارادتاً۔ قصداً۔ دیدہ دانستہ۔
عُمدگی (اُرد۔ع۔مو۔ بیائے مصدری) خوبی گُن۔ ہُنر۔ بھلائی۔ بزرگی۔
عُمدہ (ع صفت) اچھا۔ خوب۔ شریف۔ امیر۔ ذی مرتبہ۔ منتخب۔ پسندیدہ۔ معتمد۔ اعتبار والا تحفہ۔ قابلِ تعریف۔ نفیس۔ اول درجہ کا۔ اعلیٰ قسم کا خالص۔ کھرا۔ مزیدار۔ لذیذ۔ قیمتی۔ خلیق۔ ٹیک۔ خوبصورت۔ خوش شکل۔ شکیل۔
عُمدۃ الملک (ع۔ا۔مذ) ملکی اعلیٰ عہدہ داروں کا خطاب ہے جو شاہی زمانے میں ملا کرتا تھا۔
عُمر (ع۔مو) مدت۔ عرصہ۔ زمانہ۔ سن و سال۔
عُمر آخر ہونا (اُرد۔محاورہ) مرنے کے قریب ہونا۔ عُمر ختم ہونا۔
عُمر ابد (ع۔مذ) ختم نہ ہونے والی زندگی۔
عُمر بھر (اُرد۔تابع فعل) تمام عُمر۔ سدا۔ ہمیشہ۔ سَت۔ جیتے جی۔
عُمر بھر کی روٹیاں سیدھی کر لینا (اُرد۔محاورہ) بہت سا روپیہ اُڑا لینا۔ تمام عمر کے خرچ کے قابل روپیہ بنا لینا۔
عُمر بھر کے دُکھیا نام چین سُکھ (اُرد۔مثل) اچھے نام رکھنے سے کہیں عیب دُور ہوتا ہے۔
عُمر پوری ہونا (اُرد۔محاورہ) موت کا وقت آنا۔
عُمرت دراز باد کہ ایں ہم غنیمت است (ف۔مثل) جب کسی نکمے آدمی سے کوئی معمولی کام ہو جائے تو طنزاً کہتے ہیں۔
عُمر پٹہ لکھوانا یا لکھوالانا یا لکھا لانا یا لکھا لینا (اُرد۔محاورہ) ہمیشہ زندہ رہنے کا ٹھیکہ لے لینا۔ ہمیشہ رہنے کا ٹھیکہ لکھا لانا۔
عُمر تیر کرنا یا ٹیر کرنا (اُرد۔محاورہ) عُمر گذارنا۔ عُمر کے دن پورے کرنا۔ عمر بسر کرنا۔ عمر کاٹنا۔ بُرے حالوں جینا۔ جس طرح۔ کس طرح عُمر گذارنا۔
عُمر دراز (عف) کلمہ دعا۔ خُدا کرے بڑی عُمر ہو۔ جیتے رہو۔
عُمر رسیدہ (عف۔ا۔مذ) عُمر کو پہنچ چکا ہُوا۔ بڑا بوڑھا۔ تجربہ کار۔
عُمر طبعی یا طبیعی (ع۔مو) اصلی عمر۔ پوری عُمر۔ حکمت اور فطرت کی رُو سے مقررہ عُمر۔
عُمر قید (اُرد۔ع۔مو) جیتے جی کی قید۔ عمر بھر کی قید۔ حبس دوام۔
عُمر کا پیمانہ بھر جانا یا لبریز ہو جانا (اُرد۔محاورہ) مرنے کا وقت آجانا۔ زندگی پوری ہو جانا۔
عُمر کاٹنا (اُرد۔محاورہ) عُمر بسر کرنا۔ بدمزگی میں دن گزارنا۔
عُمر کے دن بھرنا یا پورے کرنا (اُرد۔محاورہ) جوں توں کر کے عُمر گذارنا۔ عُمر کے دنوں کا دھکا دینا۔
عِمران (ع۔مذ) آبادی۔ حضرت موسیٰ کے والد۔
عِمرانی (ع۔صفت) معاشرتی سوسائٹی سے متعلق۔
عُمر گذارنا (محاورہ) زندگی بسر کرنا۔
عُمر نوح (ع۔ا۔مو) حضرت نوحؑ کی سی عُمر۔ بہت دراز عُمر۔ بہت بڑی عُمر۔
عمر لکھا لانا (اُرد۔محاورہ) خدا کے یہاں سے زمانۂ حیات مقرر کرا لانا۔
عمرانیات (ع۔ا۔مو) انسان کے رہن سہن اور معاشرت کا علم۔
عُمرہ (ع۔مو) حاجیوں کی وہ عبادت جس میں ایام حج کے سوا احاطۂ کعبہ کا طواف کرتے ہیں۔
عُمرے باید کہ یار آید بہ کنار (ف مثل) محبوب کو گلے لگانے کے لیے ایک عمر چاہیئے۔ جب کسی کام کے انجام پانے میں دیر ہوتی ہے تو

کہتے ہیں۔

عُمر بس عیش میں تیر کر دیں (اُر محاورہ) زندگی آرام اور عیش میں بسر کر دی۔

عُمق (ع۔ا۔مذ) گہرائی۔ تہہ۔ حوض یا دریا یا غار کی تھاہ۔ قعر۔

عَمَل (ع۔ا۔مذ) کام کاج۔ کارج۔ دھندا۔ کارروائی۔ برتاؤ۔ استعمال۔ مشق۔ عادت۔ ورد۔ قاعدہ۔ قاعدہ کا استعمال۔ گُن۔ تاثیر۔ نشہ۔ سکر۔ حکومت۔ راج۔ تخت۔ وقت۔ سماں۔ دخل کا مرادف جیسے عمل دخل۔ جادو ٹونا۔ منتر

عَمَل اِنہضام (ع۔ف۔ا۔مذ) کھانا ہضم ہونے کا عمل۔

عمل بیٹھنا یا بیٹھ جانا (اُر محاورہ) قبضہ ہونا۔ حکومت ہو جانا۔ عمل دخل ہو جانا۔

عمل پانی (اُ۔ا۔مذ) نشہ پانی۔

عمل پڑھنا (اُر محاورہ) افسوں یا منتر وغیرہ کو خاص ترکیب سے پڑھنا۔

عمل پورا ہونا (اُر محاورہ) عمل کرنا۔ کام کرنا۔

عمل چلنا (اُر محاورہ) افسوں کا کارگر ہونا۔

عَمل دار (عف۔ا۔مذ) حاکم۔ تحصیلدار۔ ضلع دار۔

عَمل داری (عف۔ع۔مو۔ بیائے مصدری) حکومت۔ راج۔ ریاست۔ علاقہ۔ قلمرو۔ اختیار۔ حکم

عمل داری اٹھ جانا (اُر محاورہ) حکومت جاتی رہنا۔

عَمل دخل (اُ۔ا۔مذ) قبضہ۔ اختیار۔ حکومت۔ تخت۔

عَمل درآمد (عف۔ا۔مذ) تعمیل۔ کارروائی کرنا۔ کارروائی۔

عمل دینا (اُر محاورہ) قبضہ کرنا۔ اینما کرنا۔

عَمل شمسی و قمری (کیمیا گروں کی اصطلاح میں) سونا چاندی بنانا۔

عَمل صالح (ع۔صفت) نیک کام۔

عَمل کرنا (اُر محاورہ) بات ماننا۔ کہنے کے مطابق کام کرنا۔ برتنا۔ اثر کرنا۔ نشہ پانی کرنا۔ قبضہ کرنا۔

عمل لینا (اُر محاورہ) کسی سے منتر یا افسوں حاصل کرنا۔

عمل ہونا (اُر محاورہ) فعل۔ نشہ ہونا۔ قبضہ ہونا۔ کسی بات پر کاربند ہونا۔ حکومت ہونا۔

عمل معمول (ع۔ا۔مذ) پرانی یا قدیم رسم۔

عمل میں آنا (اُر محاورہ) قبضے میں آنا۔

عمل میں لانا (اُر محاورہ) استعمال کرنا۔

عملاً (ع۔تابع فعل) بطور عمل۔ باعتبار عمل۔ حقیقت میں۔

عملہ (ع۔ا۔مذ) عامل کی جمع۔ اہل کار۔ دفتر کے ملازم۔ کچہری کے لوگ۔ مکان کا سامان۔

عملۂ پولیس۔ عملہ فوجداری (ع۔مذ) محکمۂ پولیس۔ محکمۂ فوجداری۔

عملہ وخلہ (اُ۔ا۔مذ) قبضہ و تصرف۔ تحت و تصرف۔

عملہ فعلہ (اُ۔ا۔مذ) کسی دفتر کے ملازم۔ اہل کار۔ محکمہ نوکر چاکر۔ مالی موالی۔

عملی (ع۔صفت بیائے نسبتی) منسوب۔ بہ عمل۔ نشہ باز۔ نشئی۔ نشہ کا عادی۔

عملی جامہ پہنانا (اُر محاورہ) کسی کام کا وقوع میں لانا یا کرنا۔

عملی صورت اختیار کرنا (اُر محاورہ) کسی کام کا ہو جانا۔

عَملیات (ع۔ا۔مو) عملیہ کی جمع۔ جادو۔ منتر۔

عَمّوں (ع۔ا۔مذ) چچا۔ باپ کا چھوٹا بھائی۔

عَمود (ع۔ا۔مذ) ستون۔ تھم۔ ترازو کی مونڈھ (علم ہندسہ میں وہ خطِ مستقیم جو دوسرے خط پر سیدھا واقع ہو کر دونوں متصلہ زاویے باہم برابر پیدا کرے عمود کہلاتا ہے اور یہ زاویے قائمے زاویہ کہلاتے ہیں۔

عَمودوار (عف۔ا۔صفت) صفت ترکیب فاعلی۔ بالکل سیدھا۔ گنیا سیدھ۔

عَموداً (ع۔متعلق فعل) سیدھا زاویہ قائم بناتا ہوا۔

عَمودی (ع۔صفت) لمبی۔ ستون جیسی۔ عمود والی۔ سیدھی۔

عُموم (ع۔ا۔مذ) عام۔ بیشتر۔ علی العموم۔ سب کو گھیرے ہوئے۔

عُموماً (ع۔تابع فعل) عام طور پر۔ علی العموم۔

عَمٰی (ع۔مذ) اندھاپن۔

عَمیا (ع۔ا۔مو) عمٰی کی تانیث۔ اندھی۔

عَمید (ع۔مذ) سردار۔ حاکم۔

عَمومی (ع۔صفت) عام۔ اکثر و بیشتر۔

عَمیم (ع۔صفت) پورا۔ تمام۔ سب میں۔ شامل۔ عام۔

عَمیم البرکات (ع۔صفت) سب پر برکتیں بھیجنے والا۔

عَمیم النفع (ع۔صفت) سب کے لیے فائدہ مند۔

عمیق (ع۔صفت) گہرا۔ ڈونگا۔ اتھاہ۔ ڈباؤ۔

ع - ن

عَن (ع۔حرف جر) سے۔ ساتھ۔ ذریعہ سے۔ اس کے بموجب۔ اس کے زبانی

عن قریب (عنقریب) پاس۔ نزدیک۔

عِناد (ع۔مذ) تکلیف۔ محنت۔ تھکاوٹ۔

عُناب (ع۔مو) ولایتی بیر جو نہایت گہرے سُرخ رنگ کا ہوتا ہے۔

عناب

عُنّابی (ع۔ا۔مو۔صفت بیائے نسبتی) عناب کے رنگ کا۔ سیاہی مائل سُرخ عناب جیسا۔

عِناد (ع۔ا۔مذ) دشمنی۔ لڑائی۔ سرکشی۔ بیر۔ ضد۔ ہٹ۔ کپٹ۔ کینہ۔

عِناداً (ع۔تابع فعل) دشمنی سے۔ مخالفت سے۔

عَنادِل (ع۔مذ) عندلیب کی جمع۔ بلبلیں۔

عَناصِر (ع۔مذ) عنصر کی جمع۔ اصلی جزو آگ۔ ہوا۔ مٹی۔ پانی۔ چاروں عنصر۔

عناصر اربع (ع۔مذ) ساری دنیا کے چاروں بنیادی اجزا۔ پانی۔ ہوا۔ آگ۔ مٹی۔ موجودہ سائنسی تحقیقات کے مطابق ان میں کوئی عنصر نہیں ہے۔

عنان

عِنان (ع۔ا۔مو) باگ۔ باگ۔ ڈور۔ راس۔

عِنان تاب (ع۔ف۔صفت) اشارے پر چلنے والا۔ (گھوڑا)

عِنان چھوڑنا (اُر محاورہ) لگام کو ڈھیلا چھوڑنا۔

عِنان گسستہ (گیختہ) (ع۔ف۔صفت) لگام توڑنا یعنی بہت تیز۔

عِنایات (ع۔ا۔مو) بخشش۔ مہربانی۔ لُطف۔ تحفہ۔ عطیہ۔ توجہ۔ التفات۔ عنایت کی جمع ہے مگر اردو میں۔ واحد بھی استعمال ہوتا ہے۔

عِنایت (ع۔ا۔مو) نوازش۔ مہربانی۔ لُطف۔ توجہ۔

عِنایت بادشاہی کسی کی میراث نہیں (اُر۔مقولہ) بادشاہوں کی مہربانی ضروری نہیں کہ باپ بیٹے دونوں پر ہو۔

عِنایت ہے (اُر۔محاورہ) کوئی مزاج پوچھے تو جواب میں کہتے ہیں۔

عِنایت کرنا یا فرمانا (اُر۔محاورہ) مہربانی کرنا۔ احسان کرنا۔ دینا۔ توجہ کرنا۔

عِنایت ہے (اُر۔محاورہ) مہربانی ہے۔ کرم ہے۔ نوازش ہے۔

عِنَب (ع۔ا۔مذ) انگور۔ داکھ۔ کشمکش۔

عِنَب الثعلب (ع۔ا۔مذ) مکوہ۔ ایک دوائی کا نام ہے۔

عَنبر (ع۔ا۔مذ) ایک قسم کی نہایت عمدہ خوشبودار چیز ہے جو آگ پر موم کی طرح پگھل جاتی ہے۔

عَنبر اشہب (ع۔مذ) کالے رنگ کا عنبر۔ سیاہ عنبر۔

عَنبر افشاں / بیز (ع۔صفت) خوشبو دینے والا۔

عَنبر سوز (عف۔ا۔مذ) عنبر کو جلانے کا برتن۔

عَنبری (ع۔صفت) عنبر کے رنگ کا ایک قسم کا کبوتر۔ یا سیب یا خربوزہ۔

عَنبرین (عف۔صفت) بہ بن نسبتی عنبر میں بسایا ہوا۔ عنبر کے رنگ کا۔ کالا نہایت خوشبودار۔ معطر۔ عطر آگیں

عَنبرین فال (ع۔صفت) معشوق کی تعریف میں مستعمل ہے۔

عِنْد (ع۔تابع فعل) نزد۔ نزدیک۔ پاس۔ سامنے۔ آگے۔ ساتھ۔ متصل۔ پیش۔

عِنْدُالطلب (ع۔تابع فعل) بروقت۔ مطالبہ بلانے کے وقت۔ مانگنے کے وقت۔

عِنْدالضرورت (ع۔تابع فعل) ضرورت کے وقت۔

عِنْدالملاقات (ع۔تابع فعل) ملاقات کے وقت۔ بروقت ملاقات۔

عِنْدالوقوع (ع۔تابع فعل) واقع ہونے کے وقت۔

عَندلیب (ع۔اسم مونث و مذکر) بلبل ہزار داستان گلدم۔

عِندیہ پانا (ع۔ا۔مذ) (عندی کا مزید علیہ ہے) رائے۔ ارادہ۔ منصوبہ۔ منشا۔

عِندیہ پانا۔ یا۔ لینا یا معلوم کرنا (اُر۔محاورہ) بھید لینا۔ منشا معلوم کرنا۔ دریافت کرنا۔

عُنصر (اُر۔محاورہ) اصل بنیاد۔ اصل جزو۔ اصل جڑ۔

عُنصری (ف۔صفت) بنیادی اجزاء کے متعلق۔

عُنفُوان (ع۔ا۔مذ) شروع۔ آغاز۔ ابتداء۔

عُنفُوان شباب (ع۔ا۔مذ) عین جوانی کا زمانہ

عُنق (ع۔ا۔مذ) گردن

عَنقا (ع۔مو) ایک وہمی جانور کا نام ہے۔ جسے آج تک کسی نے بھی نہیں دیکھا۔ صرف شاعرانہ ڈھکوسلا ہے۔ کمیاب۔ نادر۔ نایاب چیز۔

عَنقا ہونا (اُر۔محاورہ) نایاب ہونا۔ نادر و کمیاب ہونا۔ مشکل ہونا۔ دشوار ہونا۔ گم ہونا۔ غائب۔ ناپید ہونا۔

عَنقریب (ع۔تابع فعل) نزدیک ہی۔ پاس ہی۔ جلد۔ فوراً۔

عنکبوت (ع۔مو) مکڑی۔ مکڑا۔

عنکبوت زرّیں تار (عف۔مذ) سورج۔

عنکبوت

عُنوان (ع۔ا۔مذ) سرنامہ۔ سُرخی۔ شروع۔ آغاز۔ طور۔ ڈھنگ۔ طرز۔ طریق۔ وجہ۔ سبب۔ باعث۔ باب۔ فصل۔

عُنید (ع۔صفت) لڑاکا۔ سرکش۔

عینف (ع۔صفت) تُندخو۔ درشت مزاج۔

عِنِّین (ع۔ا۔مذ) جو عورت کے کام کا نہ ہو۔ نامرد۔ ہیجڑا۔

ع - و

عَوارِض (ع۔ا۔مذ) عارضہ کی جمع۔ بیماریاں۔ روگ۔ تکالیف۔

عَوارِضِ جسمانی / جسمانیہ (ع۔مذ) بدنی بیماریاں۔

عواطف (ع۔مو) عاطفہ کی جمع۔

عَواقب (ع۔ا۔مذ) عاقبت کی جمع۔ انجام۔ اختتام۔ وہ چیزیں جو دوسری چیز کے پیچھے آئیں۔

عَواقب بیں (ع۔ف۔صفت) دُور اندیش۔

عَوام (ع۔ا۔مذ) عامہ کی جمع ہے۔ عام لوگ۔ مخلوق۔ پرجا۔ رعایا۔ جاہل لوگ۔ جہلا۔ بازاری لوگ۔

عَوام النّاس (ع۔ا۔مذ) عام لوگ۔ عام آدمی۔ سب لوگ۔ کُل لوگ۔

عَوام کالانعام (ع۔مذ) عام لوگ مثل چوپایوں کے ہیں۔

عوامِل (ع۔ا۔مذ) عاملہ کی جمع۔ عمل کرنے والے۔ حاکم لوگ۔ علم صرف میں وہ حروف جو اکثر اسموں کی ہیئت کو بدل دیتے ہیں۔

عَوان (ع۔ا۔مو) ادھیڑ عورت۔ گھر کی مالک۔ پکڑنے والا یا زبردستی لینے والا شخص۔

عَوانانِ فلک (ع۔مذ) سبع سیارات۔

عوائب (ع۔مو) عیب کی جمع۔

عُوج بن عنق (عُوق) (ع۔مذ) بہت لمبے قد والا۔ بے وقوف۔ ایک بہت لمبا آدمی۔ جسے موسیٰ علیہ السّلام نے قتل کیا۔

عود

عَود (ع۔ا۔مذ) واپسی۔ پھرنا۔ اعادہ۔ لوٹنا۔

عَود کرنا (اُر۔محاورہ) اعادہ کرنا۔ پھر آجانا۔ لوٹ آنا۔

عُود (ع۔مو) ایک سیاہ رنگ کی لکڑی ہے جو جلانے میں نہایت خوشبو دیتی ہے۔ اگر۔ سارنگی کی قسم کے ایک باجے کا نام ہے۔ بربط۔

عُود سوز (عف۔ا۔مذ) عُود جلانے کی ایک انگیٹھی۔ اگردان۔

عورات (ع۔ا۔مو) عورت کی جمع۔

عورت (ع۔ا۔مو) انسان کے بدن کا وہ حصّہ جس کا ننگا کرنا شرم کی بات ہے۔ لگائی۔ استری۔ زن۔ ناز۔ بیوی۔ جورو۔ زوجہ۔

عورت اور ککڑی کی بیل جلدی بڑھے (اُر۔مثل) عورت ککڑی کی بیل کی طرح بہت جلد جوان ہو جاتی ہے۔

عورت اور گھوڑا ران تلے (اُر۔مثل) عورت اور گھوڑا اگر قابو میں رہیں تو اپنے ہیں۔

عورت پر جہاں ہاتھ پھیرا اور وہ پھیلی (اُر۔مثل) عورت کو مرد کا ہاتھ لگے تو وہ جلد بڑھتی ہے۔

عَورت رکھے تو آپ سے نہیں جائے سگے باپ سے (اُرمثل) عورت کسی کے قابو میں نہیں رہتی۔ اگر بدچلن ہوجائے تو باپ کی بھی پرواہ نہیں کرتی۔

عَورت کا خصم مرد/مرد کا خصم روزگار (اُرمثل) جس طرح عورت کو خاوند کی ضرورت ہوتی ہے اسی طرح مرد کو روزگار کی ضرورت ہوتی ہے۔

عَورت کو ناداری میں جانچیئے (اُرمثل) اگر عورت غربت میں ساتھ دے تو قابلِ اعتبار ہے۔

عَورت کی ذات بے وفا ہوتی ہے (اُرمثل) عورت سے وفا نہیں اگر اسے موقع ملے تو بدچلن ہوجاتی ہے۔

عَورت کی عقل گدی پیچھے، عورت کی مت گدی پیچھے (اُرمثل) عورت بے وقوف ہوتی ہے اس لیے کسی بات کو دیر میں سمجھتی ہے۔

عَورت کی ناک نہ ہوتی تو گوہ کھاتی (اُرمثل) عورت ناقص العقل ہوتی ہے

عِوَض (ع-ا-مذ) معاوضہ۔ جرمانہ۔ ڈنڈ۔ تاوان۔ قائم مقام۔ بجائے۔ سزا۔ عذاب تعزیر وغیرہ۔

عِوَض لینا (اُر۔محاورہ) بدلہ لینا۔ کیے کی سزا دینا۔

عِوَض مُعاوَض (ف۔ع۔مو) اُلٹا پلٹی۔ اول بدل۔ معاوضہ باہمی۔

عِوَض مُعاوَض گلہ ندارد (ف مثل) لینے دینے کے بعد پھر کیا شکایت۔

عِوَضانہ (ع-ا-مذ) بدلہ۔ صلہ۔ معاوضہ۔

عِوَضی (ع۔مو۔ بیائے فاعلیت) قائمقام آدمی۔ قائمقامی۔

عِوَضی دینا (اُر۔محاورہ) اپنی جگہ پر کسی دوسرے آدمی کو قائم مقام لگا خود رخصت لینا۔

عِوَضی کرنا۔ (اُر۔محاورہ) قائمقامی کرنا۔

عَوعَو (ع-ا-مو) کتے کے بھونکنے کی آواز۔ عف، عف۔ ڈینگ۔

عَون (ع-ا-مذ) مدد۔ امداد۔ کمک۔ معاونت۔

عَونُ اللہ (ع-ا-مو) خدا کی مدد۔ مدد خدا۔

ع - ہ

عَہبر (ع-ا-مو) نرگس کی ایک قسم۔

عَہد (ع-ا-مذ) زمانہ۔ سال۔ وقت۔ قول و قرار۔ قسم۔ سوگند۔ حکومت کا زمانہ۔ زمانۂ سلطنت۔ پابندی۔

عہد اساطیری (ع۔مذ) وہ زمانہ قدیم جس کا ذکر صرف قصّے کہانیوں میں ہے۔ عہد قبل تاریخ

عہد باندھنا (اُر۔محاورہ) اقرار کرنا۔ پکا ارادہ کرنا۔

عَہد توڑنا (اُر۔محاورہ) اقرار کے خلاف کرنا۔ قول و قرار پر قائم نہ رہنا۔

عَہدِ حکومت (ع-ا-مذ) ایام سلطنت۔ بادشاہی کا زمانہ۔ فرمانروائی کا وقت۔

عَہد شکن (عف-ا-مذ) اپنے قول و اقرار پر قائم نہ رہنے والا۔ وعدہ خلاف۔

عَہد شکنی (ع۔مو۔ بیائے مصدری) وعدہ خلافی۔ اقرار کے خلاف۔

عَہد کرنا یا کر لینا (اُر۔محاورہ) قسم کھا لینا۔ وعدہ کر لینا۔ قول و قرار کر لینا۔ چھوڑ دینا۔ تیاگ دینا۔ ترک کر دینا۔

عَہد لینا۔ (اُر۔فعل) کسی امر کا وعدہ لینا۔ قسم لینا۔ معاہدہ کرنا۔

عَہد میں (اُر۔تابع فعل) زمانہ میں۔ دور میں۔ وقت میں۔

عَہد نامہ (ع-ا-مذ) بقلب اضافت۔ قول و اقرار کی دستاویز۔ اقرار نامہ۔ معاہدہ۔

عَہد نامہ جدید (ع۔ف۔مذ) انجیل کا وہ حصہ جس میں حضرت عیسیٰؑ اور ان کے مریدانِ خاص کے حالات درج ہیں۔

عَہد نامہ قدیم (ع۔ف۔مذ) انجیل کا وہ حصہ جس میں حضرت عیسیٰؑ سے پہلے کے حالات درج ہیں۔

عُہدہ (ع-ا-مذ) ذمہ۔ ضمانت۔ منصب۔ مرتبہ۔ درجہ۔ سرداری۔ افسری۔

عُہدہ برآ ہونا (اُر۔محاورہ) بری الذمہ ہونا۔ فرض ادا کر دینا۔ وعدہ پورا کرنا۔ ڈیوٹی بھگتا دینا۔

عُہدہ پانا (اُر۔محاورہ) درجہ پانا۔ منصب حاصل کرنا۔

عُہدہ دار (ع-ا-مذ۔ فاعل ترکیبی) مرتبہ والا افسر۔ صاحب منصب۔

عُہدے سے باہر نکلنا (اُر۔محاورہ) کسی فرض سے سبکدوشی حاصل کرنا۔

عُہدے ہاتھوں میں لیے ساتھ چلنا (اُر۔محاورہ) نوکروں کا ضروری سامان لے کر ساتھ ساتھ چلنا۔

عُہدے ہاتھوں میں لے کر کھڑے ہونا۔ (اُر۔محاورہ) نوکروں کا ضروری اشیا اُٹھائے ہوئے خدمت میں حاضر رہنا۔

عُہود (ع۔مذ) عہد کی جمع۔ معاہدے۔ وعدے۔

ع - ی

عِیادَت (ع-ا-مو) بیمار کی خبر پوچھنی۔ بیمار پرسی۔

عِیادت کرنا (اُر۔محاورہ) بیمار کا حال پوچھنا۔ بیمار پرسی کرنا۔

عِیادت کو جانا (اُر۔محاورہ) بیمار کا حال پوچھنے کے لیے جانا۔

عِیاذاً باللہ (ع) کلمہ تعوذ۔ میں خدا سے پناہ مانگتا ہوں۔ اللہ کی پناہ۔

عِیار (ع-ا-مذ) کسوٹی۔ سونے چاندی کا کس دیکھنے کی پتھری چاندی سونا تولنے کا کانٹا۔ حالت۔ حقیقت۔ کیفیت۔

عَیّار (ع-ا-مذ) بکثرت چلنے پھرنے والا۔ مجازاً۔ مکار۔ فریبی۔ ٹھگ۔ چالیا ہوشیار۔ چالاک۔ چھلیا۔ پاکھنڈی۔ فسادی۔ دغاباز۔

عَیّاری (ع۔مو۔ بیائے مصدری) مکاری۔ دغا۔ چھل۔ چالاکی۔

عَیّاری کی گھاتیں (اُر۔امو) مکاری۔ چالاکی کی باتیں۔

عَیّاش (ع۔مو) بہت عیش کرنے والا۔ آرام سے رہنے والا۔ بدکار۔ تماش بین۔

عَیّاشی (اُر۔مذ) عیش و عشرت۔ تن آسانی۔ تماش بینی۔ نفس پرستی۔ اباحتی

عَیّاشی کرنا (اُر۔محاورہ) تماش بینی کرنا۔ مزے اُڑانا۔

عِیال (عف) بال بچے۔ زن و فرزند۔ متعلقین۔

عِیال دار (عف۔فاعل ترکیبی) کنبے والا۔ بال بچے والا۔

عِیالداری میں پھنسنا (اُر۔محاورہ) گھر بار کے بکھیڑوں میں الجھنا۔ بال میں الجھنا

گرفتار ہونا۔

عیاں (ع صفت) آنکھوں سے دیکھنا۔ مجازاً۔ ظاہر۔ کھلا ہوا۔ الم نشرح۔ سب کے سامنے۔

عیاں راچہ بیاں (ف۔ مقولہ) ہاتھ۔ کنگن کو آرسی کیا۔ ظاہر بات کو جتانے کی ضرورت نہیں۔

عَیب (ع۔ ا۔ مذ) بُرائی۔ خرابی۔ کھوٹ۔ داغ۔ دھبا۔ دوش۔ کسر۔ قصور۔ قباحت۔

عَیب پوش (عف) لوگوں کے عیب کو چھپانے والا۔ اُوپر کا عمدہ لباس۔

عَیب پوشی (عف) لوگوں کا عیب چھپانا۔ چشم پوشی۔ پردہ پوشی۔ اغماض۔

عَیب تھپ جانا/تھپنا (اُر محاورہ) کسی کے سر جھوٹا الزام لگنا۔

عَیب جُو یا عیب بین (عف) نقص نکالنے والا۔ حرف گیر۔ خردہ گیر۔

عیب چھپانا (اُر محاورہ) پردہ پوشی کرنا۔

عَیب دار (عف۔ اسم صف ترکیبی) عیبی۔ ناقص۔ معیوب۔

عیب ڈھانکنا (اُر محاورہ) عیب چھپانا۔

عَیب سر پر آئینہ ہونا (اُر محاورہ) عیب ظاہر ہونا۔

عَیب سے بری یا پاک (اُر محاورہ) بے عیب ہونا۔ بے نقص ہونا۔

عَیب سے پاک ہونا (اُر محاورہ) کوئی نقص نہ ہونا۔

عَیب ظاہر/فاش ہونا (اُر محاورہ) عیب سب کے سامنے ظاہر ہونا۔

عَیب کرنے کو بھی ہُنر چاہیئے / عَیب کردن را ہم ہنرے باید (اُر ف۔ محاورہ) عیب بھی چالاک اور عقلمند ہی نباہ سکتا ہے۔ بیوقوف کا ذرا سا عیب بھی بہت بڑا ہو جایا کرتا ہے۔

عَیب گیری کرنا (اُر محاورہ) نقص نکالنا۔ خرابیاں ظاہر کرنا۔ عیب جوئی کرنا۔

عَیب لگانا (اُر محاورہ) تہمت لگانا۔ الزام لگانا۔

عَیب نکالنا (اُر محاورہ) نکتہ چینی کرنا۔ بُرائی ظاہر کرنا۔

عَیب و ثواب (ع۔ ف۔ مذ) بُرائی۔ بھلائی۔

عَیب و ہُنر کھل جانا (اُر محاورہ) اچھائی بُرائی۔ ظاہر ہو جانا۔

عیبہا جملہ بگفتی ہُنرش نیز بگو (ف۔ مثل) عیب تو سارے گنوا دیئے اُس کی نیکیاں بھی بیان کرو۔

عیبی (اُر صفت بیائے فاعلیت) عیب والا۔ معیوب۔ ناقص۔ بدذات شریر۔ روگی۔ بیمار۔

عید (ع۔ ا مو) نہایت خوشی۔ مسلمانوں کی خوشی کا تیوہار۔ جشن کا دن۔

عیدُ الضحیٰ یا اضحیٰ یا عیدِ قربان (ع۔ ا مو) بقر عید۔ مسلمانوں کا وہ تیوہار جس میں حج اور قربانیاں کرتے ہیں۔

عیدِ شُجاع (ع۔ ا مو) وہ جشن جو اہل تشیع خلیفہ دوم حضرت عمرؓ کی شہادت کی خوشی میں اُن کے قاتل ابو لؤلؤ شجاع کے نام سے ۹ ربیع الاوّل کو مناتے ہیں۔

عیدِ غدیر (ع۔ ا مو) اہل تشیع کی روایت کے مطابق حجۃ الوداع سے واپسی پر حضرت علیؓ کو خلیفہ قرار دیا تھا۔ ۱۸ ذوالحجہ کو جشن مناتے ہیں۔

عیدُ الفطر (ع۔ ا مو) رمضان کے بعد کی عید جس میں فطرہ دیا جاتا ہے۔

عیدِ قربان (ع۔ ا مو) عید جس میں قربانی کی جائے۔ عیدالضحیٰ۔

عید کا چاند (اُر۔ ا مذ) رمضان کے بعد کا چاند۔ ماہ شوال۔ شوال کا مہینہ۔ قابلِ اشتیاق۔ نہایت پیارا۔ وہ شخص جسے بڑے انتظار اور شوق کے وقت ملیں۔ قابلِ قدر۔

عید کا چاند نکلنا (اُر محاورہ) عید کا چاند نظر آنا۔ جس چیز کا سخت اشتیاق ہو اس کا نظر آنا۔

عید کا چاند ہو جانا (اُر محاورہ) بہت کم دکھائی دینا۔ کمال اشتیاق اور خواہش کے بعد ملنا۔

عید کا دوگانہ (اُر۔ مذ) عید کی دو رکعت نماز۔

عید کے پیچھے ٹرو یا عید پیچھے ٹر (اُر کہاوت) خوشی کی بے موقع وقت گذر جانے پر نقل کرنا۔ جب تیوہار نکل گیا تو پھر خوشی کے کیا معنی۔

عید کے پیچھے چاند مبارک (اُر کہاوت) موقع نکل جانے کے بعد مبارکباد دینا۔ بے موقع ذکر کرنا۔

عید کی نماز (اُ مو) عید کا دوگانہ جو عیدگاہ میں ادا کی جائے۔

عیدگاہ (عف۔ ا۔ مو) ظرف۔ عید کی نماز پڑھنے کی جگہ۔

عیدِ میلاد (ع۔ ا۔ مذ) پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش کا دن۔

عید منانا (اُر فعل) خوشی منانا۔ خوشی کرنا۔ جشن کرنا۔

عیدِ نوروز (ع۔ ا مو) ایرانیوں کے سال کے پہلے دن کا تہوار۔

عید ہونا یا ہو جانا (اُر محاورہ) عید کا تیوہار ہونا۔ مراد پوری ہونا۔ کمال خوشی ہونا۔

عیدی (اُر۔ مو۔ بیائے نسبتی) منسوب بہ عید۔ عید کا انعام۔ عید کا خرچ۔ عید کی مٹھائی جو سسرال سے آئے یا جائے۔ عید کے اشعار کا کاغذ اُستاد کی طرف سے شاگرد کو تحریری مبارکباد عید۔

عیدین (ع۔ ا مو) دونوں عیدیں یعنی عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ۔

عیسائی (عبرانی فارسی۔ ع۔ مذ۔ بیائے نسبتی) نصرانی۔ حضرت عیسےٰ علیہ السلام کے پیروکار۔

عیسائیت (ع۔ ا مو) عیسائی کا مذہب۔ نصرانیت۔

عیسوی (عبرانی۔ ا صفت۔ بیائے نسبتی) منسوب بہ حضرت عیسےٰ وہ سنہ سال جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش سے شروع ہوتا ہے۔

عیسےٰ (عبرانی) (ع۔ مذ) گناہ سے بچانے والا۔ حضرت عیسےٰؑ جو دین عیسوی کے بانی تھے۔

عیسےٰ بدین خود موسےٰ بدین خود (ف۔ مثل) ہر شخص اپنے مذہب پر خوش ہے۔ دوسرے سے کوئی واسطہ نہیں۔ عیسائی اپنے دین پر خوش ہیں اور موسائی اپنے دین پر۔

عیسیٰ دم (ع۔ ف۔ صف) پھونک سے مُردوں کو زندہ کرنے والا کامل بزرگ۔

عیسیٰ دوراں (ع۔ ف۔ صفت) کامل طبیب۔

عیسیٰ نفس (ع۔ ف۔ صفت) پھونک سے مُردوں کو زندہ کرنے والا۔ ولی کامل۔

عَیش (ع۔ ا مذ) خوشی کے ساتھ زندگی گذارنا۔ چین۔ سکھ۔ آرام۔ خوشی خرمی۔ لطف۔ فرحت۔ رنگ رلیاں آنند۔

عَیش و آرام حرام کرنا (اُر محاورہ) آرام و آسائش کی پرواہ نہ کرنا۔

عَیش اُڑانا (اُر محاورہ) مزے اُڑانا۔ لُطف اُٹھانا۔ خوشی میں وقت گذارنا۔ مباشرت کرنا۔

عَیش پسند (عف۔صفت) آرام طلب۔

عَیش تلخ ہونا (اُر محاورہ) آرام میں خلل پڑنا۔

عَیش کا بندہ (اُر۔ا۔مذ) ہوجی جیوڑا۔ عیاش۔ شہوت پرست۔ نفسانی خواہشات کا غلام۔

عَیش و عشرت (ع۔ا۔مو) رنگ رلیاں۔ خوشی خرمی۔ نفسانی خوشی۔

عَیش و عشرت کا دن آنا (اُر محاورہ) مزے اُڑانے کا زمانہ آنا۔

عَین (ع۔ا۔مو) آنکھ۔ نین۔ چشم۔ پانی کا چشمہ۔ چشمۂ آفتاب۔ سردار۔ افسر۔ حقیقت۔ جوہر۔ حقیقی بھائی۔ سگا بھائی۔ ہُوبہُو۔ ٹھیک۔ بالکل درست۔

عَین اتحاد (ع۔ا۔مذ) ٹھیک۔ دوستی۔ اصل دوستی۔ گہرا یارانہ۔

عَینُ المال (ع۔ا۔مذ) اصل زر۔ خاص سرکاری خزانہ۔ وہ روپیہ جو زمین کے خزانے سے وصول ہو۔

عَینُ الیقین (ع۔ا۔مو) کسی چیز کو اپنی آنکھ سے دیکھ کر یقین کرنا۔

عَین عَین (اُر۔مو) قریب قریب ملتا جلتا۔ ہمشکل۔ متشابہ۔ ہم صورت۔ بھینگا۔ اینچاتانا پھلی والا۔ اَحوَل۔

عَین بَین
عین بعین } (اُر۔تابع فعل) ہوبہو۔ بعینہٖ۔ من وعن۔ ویسا ہی۔ ٹھیک۔ بالکل یکساں۔ باہم برابر۔

عَین صواب (ع۔ متعلق فعل) بالکل ٹھیک۔

عَین عنایت (ع۔ا۔مو) بڑی مہربانی۔

عَین مرضی (ع۔مو) اصلی مرضی۔

عَین مقصود (ع۔مذ) اصل مطلب۔

عَین وقت (ع۔مذ) ٹھیک وقت۔ نازک وقت۔

عَینک (ع۔مو) آنکھ کا چشمہ۔ شیشے یا بلّور کا تال جو آنکھ پر روشنی بڑھانے کو لگاتے ہیں۔ کسی چیز کی سخت عادت (کچہری والے) رشوت کے معنی لیتے ہیں۔

عَینک فروش (عف۔امذ) جو شخص جو عینک بیچے۔

عَینک لگا کر دیکھو (اُر محاورہ) غور سے دیکھو۔

عَینک لگنا (اُر محاورہ) عینک سے ٹھیک دکھائی دینا۔

عَینی (ع۔صفت) آنکھ سے متعلق دیکھا ہوا۔ چشم دید گواہ۔

عَینی شہادت (ع۔ا۔مو) چشم دید گواہی۔

عَینی گواہ (ع۔ف۔مذ) وہ گواہ جس نے خود واقعہ دیکھا ہو۔ چشم دید گواہ۔

عینیت (ع۔ا۔مو) اصل ذات یا اصل حقیقت۔

عَیُوب (ع۔امذ) غور سے دیکھو۔

عُیُون (ع۔ا۔مذ) عین کی جمع۔ چشمے۔ آنکھیں۔

غ (ع - مو) اردو کا پچیسواں اور فارسی کا بائیسواں - عربی کا اُنیسواں حرف -
حساب جمل میں اس کے عدد ایک ہزار فرض کیے گئے ہیں - لغت میں بمعنی گھٹا
اور سیاہی - شعرا بُلبل ہزار داستان سے بھی مراد لیا کرتے ہیں -

غ - ا

غاب (ع - ا مذ) غابہ کی جمع - جنگل - بن
غابر (ع - صفت) سابق - گزشتہ - گزرا ہوا -
غاٹا رق - صفت) مغرور - متکبر -
غاٹا - غاٹر (اُ - صفت) حد سے زیادہ موٹا - غیر متناسب الاعضا - پست قامت -
غاد (ع - ا مذ) نرمی - صفائی -
غادر (ع - صفت) بے وفا - بدعہد -
غار (ع - ا مذ) کھو - کھڈ - گڑھا - بہت گہرا کھو -
غارِ ثور (ع - ا مو) وہ غار جس میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم مکہ سے ہجرت کے بعد تین دن رہے تھے -
غارِ حرا (ع ا مو) وہ غار جس میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم پر پہلی وحی نازل ہوئی تھی -
غارت (ع - ا مو) لوٹ کھسوٹ - تاخت و تاراج - اُجاڑ - ویران - تباہ خراب - برباد -
غارت غول (اُ - ا - مذ) ہر عورتیں) اکارت - ضائع - تباہ - برباد - ناس - برباد شدہ - خانہ خراب (غارت غور کا بگاڑ ہے -

غارت غول ہونا (اُ - فعل) تباہ ہونا - برباد ہونا - لوٹا جانا - ستیاناس ہو جانا -
غارت کرنا (اُ - محاورہ) تباہ کرنا - ناس کرنا - لوٹنا - ویران کرنا - ضائع کرنا - ناپید کرنا -
غارت گر (عف - ا - مذ) فاعل ترکیبی - لٹیرا و ھاڑوی - ڈاکو - رہزن - قزاق -
غارت گر ایمان (عف ا مذ) کنایتہً شیطان - کنایتہً معشوق -
غارت گرِ تاب و تواں / جان عشاق (عف ا مو) کنایتہً معشوق -
غارت گری (عف - ا - مو) بیائے مصدری - لوٹ مار - لوٹ کھسوٹ تاخت و تاراج -
غارت گیا / غارت کا مارا (اُ - ا صفت) بترکیب مفعولی - تباہ شدہ - برباد ہوا - لوٹا ہوا - خانہ خراب - مری لیا - اُجڑا پجڑا - حالت نفرت میں بولتے ہیں -
غارت ہو (اُ کر دعائے بد - ناپید ہو - مرجا - گم ہو - ہلاک ہو -
غارت ہونا (اُ) گھٹنا - تباہ و برباد ہونا - ناس ہونا - ویران - مسمار ہونا - اینٹ سے اینٹ بجنا - اکارت جانا - گم ہونا - کھویا جانا - ناپید ہونا - دُبا سے جانا - دفع ہونا - رخصت ہونا -
غارت ہوش (عف - صف) کنایتہً خوبصورت - حسین معشوق -
غارتنگ (ف - ا مذ) درد زہ کی آگلی -
غارتی (اُ - ا - مو - بیائے مفعولی) قابلیت - دیکھو (غارت گیا)

غارِیقون (یونانی - ا - مذ) ایک سفید رنگ دوا کا نام ہے جو دست آور واقع اثر زہر ہے۔

غازہ (ف - ا - مذ) اُبٹنا۔ اُبٹن۔ گلگونہ۔ ایک قسم کا خوشبودار سُرخ رنگ کا پوڈر ہے جسے خوبصورتی کے لیے رخساروں پر عورتیں ملا کرتی ہیں۔

غازی (ع۔ مذ) فاعلی۔ غزا کرنے والا۔ کافروں سے لڑنے والا۔ کفار کو قتل کرنے اور مارنے والا۔ بہادر۔ سُورما۔ شجاع۔ فتحمند مسلمان بادشاہوں کا خطاب (فارسی میں نٹ۔ بازی گر)

غازی مرد (عف - ا - مذ) بہادر آدمی۔ گھوڑے کا خطاب۔

غاشیہ (ع - ا - مذ) زین پوش۔ پالان۔

غاشیہ بردار (عف - ا - مذ) زین کو پکڑ کر چلنے والا نوکر۔ سائیس۔ خادم

غاشیہ بردوش (عف - ا - مذ) فرمانبردار۔ مطیع۔ حکم ماننے والا۔

غاصِب (ع - صفت) فاعل از غصب۔ زبردستی دوسروں کا مال چھین لینے والا۔

غافر (ع - صفت) چھپانے والا۔ گناہ بخشنے والا۔

غافِل (ع - صفت) غافل از غفلت۔ بے خبر۔ بے پرواہ۔ کم توجہ۔ بیفکرا۔

غالِب (ع - صفت فاعل از غلبہ) غلبہ کرنے والا۔ زبردست۔ بھاری۔ اکثر۔ ضرور۔ فتحیاب۔ جیتنے والا۔ اردو زبان کے ایک بلند پایہ شاعر مرزا اسد اللہ بیگ خان دہلوی کا تخلص بھی ہے۔

غالب آنا (اُرد۔ فعل) غلبہ کرنا۔ بڑھ جانا۔ ورجانا۔ بھاری ہونا۔ سبقت لے جانا۔

غالِب تھا (اُرد۔ محاورہ) یقین تھا۔ خیال تھا۔ گمان تھا۔

غالِب ہے (اُرد۔ محاورہ) یقین ہے۔ گمان ہے۔

غالباً (ع - تابع - فعل) یقیناً۔ بالضرور۔ شائد۔ بظاہر۔ ظاہراً۔

غالی (ع - صفت) غلو کرنے والا۔ بے حد مبالغہ کرنے والا۔ قیمتی۔ زیادہ۔ شیعوں کا ایک فرقہ جو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خدا مانتا ہے۔ اونی قالین۔ مبالغہ کا کلمہ۔

غالیچہ (ف - ہ - مذ) قالین کا اسم تصغیر ہے۔ ایک قسم کا اونی گلکاری دار فرش۔

غالیہ (ع - امذ) ایک خوشبو جو عنبر مشک اور کافور وغیرہ سے مرکب ہوتی ہے۔

غالیہ مُو (عف - صفت) خوشبو دار بالوں والا کنایۃً معشوق۔

غامِض (ع - صفت) مشکل کام جو مشکل سے سمجھ میں آئے۔ گہرے معنی کے ساتھ۔

غائب (ع - صفت فاعل) غیر حاضر۔ جو موجود نہ ہو۔ پوشیدہ۔ مخفی۔

غائب باز (ع - ف - صفت) غائبانہ شطرنج کی بازی کھیلنے والا۔

غائب غلہ (اُرد - صفت) بالکل غائب۔ تپلپٹ۔

غائب غلہ کر دینا (اُرد - محاورہ) اڑا دینا۔ پتہ نہ لگنے دینا۔ چھپا دینا۔ پوشیدہ کر دینا۔

غائب کھیلنا (اُرد - محاورہ) پیٹھ موڑ کر شطرنج کھیلنا۔

غائب ہونا (اُرد - محاورہ) پوشیدہ ہونا۔ چھپنا۔ چوری ہونا۔

غائبانہ (عف - تابع فعل) پیٹھ پیچھے۔ غیر حاضری میں۔

غائر (ع - صفت) نشیب۔ گہرا۔ وسیع۔

غائی (ع - صفت) آخری۔ غایت سے منسوب۔

غایت (ع - اصفت) آخر۔ نہایت انجام۔ حد۔ از حد۔ بے حد۔ بے حساب۔

غایت درجہ (اُرد - تابع فعل) آخری درجہ۔ آخیر درجے۔ حد سے زیادہ۔

غ - ب

غَب (ع - مو) باری کا بخار۔ نوبتی بخار۔

غُبار (ع - امذ) دھول۔ خاک۔ رنج۔ ملال۔ تیرگی۔ دشمنی۔ کینہ۔ دھند۔ کُہر۔

غُبار اُٹھنا (اُرد - محاورہ) زمین سے گرد کا بلند ہونا۔ آندھی اُٹھنا۔ بخارات غلیظ کا بلند ہونا۔

غُبار آلود یا آلودہ (عف - مذکر صفت) گرد سے بھرا ہوا۔

غُبار آنا (اُرد - محاورہ) رنج آنا۔ کدورت آنا۔ ناراضگی پیدا ہو جانا۔

غبار اُٹھنا (اُرد - محاورہ) آندھی اُٹھنا۔ زمین سے گرد بلند ہونا۔

غُبار بڑھانا (اُرد - محاورہ) رنج بڑھانا۔

غُبار چھانا (اُرد - محاورہ) گرد کا پھیلنا

غُبار خاطر (ع - مذکر) رنج - ملال۔ ناراضگی۔ خفگی۔ رنجش۔

غبار رکھنا (اُرد - محاورہ) کدورت رکھنا۔ رنج رکھنا۔

غُبار نکالنا (اُرد - محاورہ) دشمنی کرنا۔ بیر نکالنا۔ کینہ لینا۔ بدلہ لینا۔

غُبار ہونا (اُرد - محاورہ) آسمان پر گرد ہونا۔ دو اشخاص کی آپس میں رنجش ہونا۔

غُبارا یا غبارہ (اُرد - مذکر) باریک کاغذ کا بنا ہوا ایک تھیلا جس کے اندر تیل سے تر کیا ہوا گیند روشن کر کے ہوا میں اُڑاتے ہیں۔ ہوائی جہاز۔ ایروپلین۔ ایک قسم کا آتش بازی کا گولہ۔

غُبارے سے ہوا نکالنا (اُرد - محاورہ) شیخی کرکری ہونا۔ غرور ٹوٹنا۔

غَبادَت (ع - مو) کند ذہنی۔

غَبَط (ع - مذ) کسی کے مال کی بغیر اس کے زوال کے آرزو کرنا۔

غَبغب (ع - ا - مذ) ٹھوڑی کے نیچے کا لٹکا ہوا گوشت جو انسانی خوبصورتی میں داخل ہے۔

غَبن (ع - مذکر) سپرد شدہ مال میں سے چرانا۔ خورد برد۔ خیانت۔ خرید و فروخت میں نقصان دینا۔

غَبن فاحش (ع) ظاہر نقصان۔ بڑا نقصان۔

غَبوق (ع) سہ پہر اور شام کی شراب۔

غَبوۃ (ع) حماقت۔ غفلت۔

غَبی (ع) صفت۔ کند ذہن۔ دیر میں سمجھنے والا۔ کم عقل۔ بیوقوف۔ کمزور حافظہ والا۔

غَبیر (ع) ایک قسم کی کھجور۔

غَبین (ع) بے وقوف۔ سست رائے۔

غ - پ

غپ (اُر-ا-مذ) الفت میں بات - مجازاً جھوٹی اور شیخی کی بات۔ لاف۔ من گھڑت ؛

غپ شپ (اُر-مو) جھوٹی بات لغو اور بیہودہ بات - اِدھر اُدھر کی باتیں ؛

غپ (اُر-ا-مذ-صوت) کسی چیز کے جلدی سے حلق میں اُتر جانے کی آواز ؛

غپّا (اُر-ا-مذ) جلدی سے اندر اُتر جانے والا ؛

غپا غپ (اُر - تابع فعل) پے در پے - متواتر - لگاتار بکثرت و افراط ؛

غپّی گپیا (اُر-ا-مذ) بیائے فاعلیت - جھوٹا - لپاٹیا ڈینگیا ؛

غ - ت

غتر بود : (اُر-فعل) برباد کرنا - خراب کرنا ؛ اُڑا لینا - ملا جُلا - گڈمڈ - گڑبڑ

غ - ٹ

غٹ : (اُر-ا-مذ) جتھا - ٹولی - گروہ - ہجوم - جرگہ (بحالت اسم صوت) نگلنے اور حلق میں اُتر جانے کی آواز - صراحی سے پانی یا شراب نکلنے کی آواز ؛

غٹ غٹ پینا (اُر-محاورہ) جلدی جلدی پینا - ایک دم پینا ؛

غٹ غٹ چڑھانا (اُر-محاورہ) بغیر گھونٹ لیے جلد جلد پی جانا ؛

غٹا غٹ (اُر-صوت) متواتر پینے کی آواز ؛

غٹ پٹ (اُر-صفت) گتھم گتھا - گتھم گتھا ؛

غٹ پٹ ہو جانا (اُر-محاورہ) گتھم گتھا ہونا ؛ لپٹ جانا ؛

غٹ غٹ (اُر-مو) مزے لے لے کر - گھونٹ لیے بغیر ؛

غٹا غٹ پینا (اُر-محاورہ) مزے لے لے کر پینا - سانس لیے بغیر جلدی جلدی پینا ؛

غٹر غوں یا غٹغوں (اُر-مو) کبوتر کے بولنے اور گونجنے کی آواز ؛

غٹک جانا یا غٹکنا (اُر-محاورہ) نگل جانا - حلق سے نیچے اُتارنا ؛

غ - ث

غثی - (ع-ا-مو) جی متلانا - مالش ہونا ؛

غثیان - (ع-ا-مذ) جی متلانا - متلی - جی کچا ہونا ؛

غ - چ

غچ (اُر-مو-صوت) تلوار کے گوشت میں گھسنے یا کیچڑ میں چلنے کی آواز ؛

غچّا (اُر-ا-مذ) دھوکا - فریب - جُل ؛

غچّا دینا (اُر-محاورہ) دھوکا دینا - فریب دینا ؛

غچا غچ (اُر-مو-صوت) خنجر یا برچھی کے گوشت میں گھسنے کی آواز - دلدل میں چلنے کی آواز - متواتر تلواروں کے جسم پر پڑنے کی آواز ؛

غچا (اُر-صفت) بھرے جسم کا - موٹا تازہ ؛

غچک (ف) سارنگی - مشہور باجا ؛

غچلی (اُر-صفت) گندہ - میلا - غلیظ - جسم کی صفائی نہ رکھنے والا ؛

غ - د

غد - (ع) (غدّ) صبح کا وقت - آئندہ کل کی صبح ؛

غدا - (ع) (غدَد) آئندہ کل - فردا ؛

غدّار - (ع-ا-مذ-صفت) باغی - سرکش - بے وفا - بہت بڑا - ملک کا دشمن - نمک حرام - وسیع

غدّاری - (ع-ا-مذ) بے وفائی - ملک دشمنی - بدعہدی - بغاوت - سرکشی ؛

غدر - (ع-ا-مذ) بیوفائی - سرکشی - بغاوت - ہل چل - فساد - بلوہ - ہنگامہ - دنگا - کھل بلی ؛

غدر کرنا یا مچانا (اُر-محاورہ) باغی ہونا - بغاوت کرنا - شور و غل مچانا - بلوہ کرنا - بدانتظامی پھیلانا - فساد اُٹھانا ؛

غدود (ع-ا-مذ) جلد کے اندر کی گانٹھ - گلٹی ؛ گومڑ ؛

غدیر (ع-ا-مذ) جسم کے اندر کی گانٹھ - گلٹی - گومڑ ؛

غ - ذ

غِذا (ع۔ا مو) خوراک۔ کھانا۔ طعام۔
غِذا لگنا (اُر۔ محاورہ) غذا جزوِ بدن ہونا۔
غِذائے ثقیل (ع مو) بھاری خوراک۔ دیر ہضم کھانا۔
غِذائے لطیف (ع مو) ہلکی خوراک۔ زود ہضم کھانا۔
غِذائی (ع۔ صفت) غذا سے منسوب۔ کھانے کا عنصر رکھنے والی شے۔
غِذائیت (ع ف۔ ا مو) کسی شے میں غذا کا تقویت بخش عنصر پایا جانا۔ حاصل غذا۔

غ - ر

غرّا یا غرّاء (ع۔ ا مو) چاند کی پہلی تاریخ شبِ ماہ نو۔ چاند رات۔ گھوڑے کی پیشانی کا ایک سے زیادہ سفید داغ۔ ناغہ تعطیل۔
غُراب (ع سلعذ) کوّا۔ زاغ۔ ایک قسم کی کشتی۔
غُرّا بتانا یا کرنا (رُو۔ چاند کی پہلی تاریخ کا وعدہ کرنا۔
غُرّا دینا ٹالنا بہانہ کرنا۔ ناغہ کرنا۔ غیر حاضری کرنا، فاقہ کرنا۔
غرّہ، غرّا (ع۔ ا مذ) غرور۔ گھمنڈ۔ فخر۔ مان
غرّاٹا (اُر۔ امذ) پانی کے زور کی آواز جو گرداب میں سے یا تیز بہنے سے نکلتی ہے۔
غرارہ (ع۔ امذ) ناتجربہ کار ہونا۔ زنانہ پوشاک۔ ایک قسم کا ڈھیلا پاجامہ
حلق میں پانی ڈال کر غرغر کی آواز سے کلی کرنا۔ کپڑے کی تھیلی۔
غرّہ ہونا (رُو۔ فعل) گھمنڈ ہونا۔ فخر ہونا۔
غرّا کرنا یا غرّے میں ہونا (رُو۔ فعل) غرور کرنا۔ فخر کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔
غرازرق (صفت) سرکش۔ مغرور۔ متکبر۔ شجاع۔ بہادر۔
غرّاں (ف۔ امذ) حالیہ مفید فاعل وصفت شور کرنے والا۔ گرجنے والا۔ خونخوار غضبناک۔
غُرانا (رُو۔ فعل) غصّے کی آواز نکلنا۔ شیر کی طرح دھاڑنا۔ گھرکنا۔
غراہٹ (اُر۔ امو) غرّانے کی آواز۔
غرائب (ع۔ امذ) غریب کی جمع۔ نادر چیزیں۔ عجائبات۔
غرب (ع۔ ا مذ) سورج ڈوبنا۔ دن چھپنا۔ مغرب کی سمت۔ پچھم۔ جانب قبلہ۔ شرق کی ضد۔
غربا (ع۔ امذ) غریب بمعنی مسافر کی جمع) مسافر لوگ۔ اجنبی لوگ۔ کنگال۔ تنگ دست۔ تنگ حالی۔ نردھن۔
غربال (ع مو) آلہ چھلنی۔ آٹا چھاننے کا آلہ۔
غربت (ع۔ مو) مسافر۔ مسافری۔ غریبی۔ تنگدستی۔ محتاجی۔ حلم۔ بردباری۔ نرم مزاجی۔ عجز۔ انکسار۔

غربت دیدہ۔ غربت زدہ۔ غربت کا مارا (ع۔ ف۔ صفت) پردیس میں مفلس۔ محتاج۔ وطن سے دوری کا ستایا ہوا۔
غربی (ع مو۔ بیائے نسبتی) منسوب بہ غرب۔ مغرب کا۔ پچھم کا۔
غرّش (ف۔ مو) ناراض ہونا۔ غصہ ہونا۔ غرّانا ہیبت۔
غرض (ع مو) نشانہ۔ ہدف (بحالت اسم مؤنث) مطلب۔ مقصد۔ حاجت ارادہ۔ نیت۔ مقصد۔ مدعا۔ خواہش۔ چاہ۔ ضرورت۔ القصہ۔ حاصل کلام۔ لبِ لباب۔ قصّہ۔ کوتاہ۔ قصہ مختصر۔ دشمنی۔ عداوت۔
غرض آشنا (ع ف۔ صفت) مطلبی لوگوں کا یار۔ خود غرض۔ مطلب کا دوست۔
غرض بائی ہوتی ہے۔ (رُو۔ کہاوت) مطلب انسان کو دیوانہ اور پاگل بنا دیتا ہے۔
غرض پڑنا (اُر۔ محاورہ) کسی سے کچھ کام ہونا۔ حاجت ہونا۔ خواہش ہونا۔
غرض رکھنا (اُر۔ محاورہ) مطلب رکھنا۔ مدعا رکھنا۔ اُمید رکھنا۔ تمنا رکھنا۔
غرض کا باولا (اُر۔ امذم) مطلب کا شیدا۔ مطلب کا دیوانہ۔ اپنے کام کا یار۔
غرض کا باولا اپنی ہی کاوتے (اُر۔ مثل) غرض مند اپنی ہی بات کی دھن رکھتا ہے۔
غرض کیلئے گدھے کو باپ بناتے ہیں (اُر۔ مثل) حاجت مند کو رذیل کی بھی خوشامد کرنی پڑتی ہے۔
غرض کرنا (اُر۔ محاورہ) دوکانداروں کی اصطلاح ہے۔ اونے پونے بیچنا۔ سستا خرید و فروخت کرنا۔ اپنی غرض پوری کرنا۔ اپنا مطلب نکالنا۔
غرض مند (ع ف۔ صفت فاعل ترکیبی) حاجتمند۔ خواہش مند۔ خواہاں طالب۔
غرض مند باولا ہوتا ہے (اُر۔ مثل) ضرورت مند دیوانہ ہوتا ہے۔
غرض مند کرے یا درد مند کرے (اُر۔ مثل) یا تو وہ مدد کرتا ہے جسے کچھ کام ہو یا خیر خواہ مدد کرتا ہے۔
غرض نکالنا (اُر۔ محاورہ) مطلب پورا کرنا۔ گوں نکالنا۔ نام نکالنا۔ کامیاب ہونا۔
غرض نکلی آنکھ بدلی (اُر۔ مثل) مطلب نکل جانے کے بعد پروا نہ کرنا۔
غرض والا اپنی گاہے (اُر۔ مثل) حاجت مند اپنے مطلب سے کام رکھتا ہے
غرضی (رُو۔ صفت بیائے فاعلیت) ناگور خواہاں۔ خواہشمند۔ غرضمند۔
غرضیکہ (رُو۔ تابع فعل) القصہ۔ قصہ کوتاہ۔ حاصل کلام۔
غرغرہ (ع۔ مذ) غرارہ۔ کلی۔
غرفات (ع۔ مذ) غرفہ کی۔ جمع۔ دریچے۔ کھڑکیاں۔
غُرفش (رُو۔ مو) غصّہ کی بات۔ بحث۔ تکرار۔ مباحثہ۔ جھگڑا۔
غرفہ (ع مو) دریچہ۔ کھڑکی۔ جھروکا۔ تنہائی۔ خلوت۔
غرفہ کی بات جیت (رُو۔ مو) پوشیدہ باتیں۔ خفیہ باتیں۔ خلوت کی باتیں۔
غرفش کرنا (اُر۔ محاورہ) دھمکانا۔ تکرار کرنا۔
غرقِ عرقِ ندامت ہونا (اُر۔ محاورہ) ندامت سے پسینے میں ڈوبا ہوا ہونا۔ شرمندہ ہونا۔

غَرَض اٹکنا (اُ محاورہ) کسی سے کسی کام کا رُکا ہونا۔ حاجت ہونا۔ پڑا ہونا۔
غَرَق (ع۔ ا مذ) ڈوبنا۔ پانی سر سے گزر جانا (حالت صفت) ڈوبا ہوا۔ غریق نشہ میں چور۔ مخمور۔ مستغرق۔ محو۔
غَرقاب (عف۔ صفت) بلفک اضافت۔ بالکل غرق۔ پانی میں ڈوبا ہوا۔ نشہ میں چور۔ گہرا پانی۔ ڈونگا پانی۔ بھنور۔ گرداب۔ نہایت۔ مصروف و مشغول۔
غَرقی (ع ہو) پانی میں ڈوبی ہوئی زمین ڈباؤ۔ ڈوبنا۔ نشیب۔ پستی۔ اردو میں لنگوٹی۔
غرقی آنا (اُ محاورہ) سیلاب آنا۔
غرقی میں آنا (اُ محاورہ) ڈوبنا۔
غرکی (ق۔ ہو) ڈر۔ دہشت۔
غُرُوب (ع۔ ا مذ) سورج چھپنا۔ ڈوبنا۔ دن ڈوبنا۔
غُروب ہونا (مص۔ مرکب) چھپنا۔ ڈوبنا۔
غُرُور (ع۔ ا مذ) تکبر۔ گھمنڈ۔ فخر۔ کِبر۔ ابھمان۔ ناز نعمت میں فریفتہ ہونا۔ دھوکا۔
غُرور توڑ دینا / توڑنا (اُ محاورہ) گھمنڈ ختم کرنا۔
غُرور کرنا (رُ۔ محاورہ) اِترانا۔ فخر کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔
غُرور کو دل میں جگہ نہ دینا (اُ محاورہ) تکبر نہ کرنا۔
غرورِ حسن و جمال (ف۔ صف) حُسن اور خوبصورتی کا گھمنڈ۔
غرور کا سر نیچا (اُ۔ مثل) غرور کرنے والے کو سزا مل جاتی ہے،
غُرّہ (ع۔ مذ) دیکھئے غرّا۔ گھمنڈ۔ غرور۔ ناغہ۔ تعطیل۔
غریب (ع۔ صفت) مسافر اجنبی۔ پردیسی۔ نادر۔ انوکھا۔ عجیب۔ عاجز مسکین۔ شریر کی ضد مفلس۔ نادار۔ کنگال۔ محتاج۔ امیر کی ضد۔
غریب الوطن (ع۔ ا مذ) مسافر۔ پردیسی بے وطن۔
غریب پرور (عف۔ صفت ترکیبی) غریبوں کی پرورش کرنے والا حاکموں اور اعلیٰ پایہ کے لوگوں کی نسبت لکھتے اور بولتے ہیں۔
غریب خانہ (عف۔ ا ظرف) وہ مکان جہاں غریبوں کو کھانا ملے۔ غریب کا گھر کسرِ نفسی کے طور پر اپنے مکان کے لئے بھی بولتے ہیں۔ لنگر خانہ۔
غریب زادہ (عف۔ صفت مفعولی) مسافر زادہ۔ حرامی۔ غریب کا بیٹا
غریب غربا (اُ۔ مذ) کنگال۔ محتاج بھوکے ننگے۔
غریب کی جورو سب کی بھابی (رُ۔ کہاوت) غریب پر ہر ایک کا بس چل سکتا ہے۔ غریب کو ہر ایک بھلا بُرا کہہ لیتا اور مذاق کر لیتا ہے۔
غریب نے روزے رکھے دن بڑے آئے (رُ۔ مثل) غریب کی ہر طرح شامت ہے مصیبت میں مصیبت آتی ہے۔
غریب نواز (عف۔ فاعل۔ ترکیبی) (دیکھو غریب پرور۔
غریبانہ یا غریبانہ (رُ۔ تابع فعل) غریبوں کے لائق۔ روکھا سوکھا۔ دال دلیا۔
غریبی (عف۔ ہو۔ بیائے مصدری) مسافرت۔ سفر۔ ناداری۔ مفلسی۔ اجنبیت۔ مسکینی۔ عاجزی۔ محتاجی۔ آن ہوت۔
غریبی آنا (رُ۔ فعل) محتاج ہو جانا۔ کنگال ہو جانا۔ ناداری آجانا۔
غریب پروری (عف۔ ہو) غریب پرور کا اسم کیفیت ہے۔
غریزہ (ع) عادت۔ سرشت۔ طبیعت۔ اصل۔
غریزہ (ع) ناتجربہ کار۔ اچھی عادت۔
غریقی (ع۔ صفت) بہ معنی مفعول۔ ڈوبا ہوا۔ غرق شدہ۔ مستغرق۔ محو۔ مصروف۔ نہایت متوجہ۔
غریق (ع۔ صف) ڈوبا ہوا۔ محو۔ معروف۔
غریق رحمت (ع) خدا تعالےٰ کی رحمت میں ڈوبا ہوا۔ مرحوم مغفور۔
غریق رحمت ہو (رُ۔ محاورہ) خدا اس کو اپنی رحمت میں جگہ دے۔ خدا بخشے۔ اللہ اُس کو جنت نصیب کرے۔
غریو (ف۔ مذ) شور و غُل۔ غوغا۔ فریاد۔ شور۔
غریوان (ف) چیخنے والا۔ شور کرنے والا۔

غ ـ ڑ

غڑاپ (رُ۔ مذ) پانی میں ڈوبنے کی آواز۔
غڑاپ سے (رُ۔ متعلق فعل) جلدی سے۔
غڑپ (رُ۔ ہو) ڈوبنے کی آواز۔ پلک جھپکتے۔ آناً فاناً
غڑپ ہونا (رُ۔ محاورہ) غوطہ لگانا (ق)

غ ـ ز

غزّا (ع۔ ا مذ) جہاد۔ دشمنان دین کے ساتھ جنگ کرنا۔
غزات (ع۔ مذ) غازی کی جمع، دین کے دشمنوں کو مارنے والا۔
غزال (ع۔ ا مذ) ہرن کا بچہ۔ ہرنوٹا۔ جمع غزالاں
غزال چشم (عف۔ ا۔ صفت ترکیبی) بڑی بڑی آنکھوں والا۔
غزال ختن (عف۔ صفت) شہر ختن کا آہو۔ معشوق۔
غزال رعنا (عف۔ صفت) معشوق۔
غزال صحرا (عف۔ صفت) کنایۃً معشوق۔
غزالہ (ع۔ ا ہو) ہرن کا مادہ بچہ۔ غزال کی تانیث۔
غزل (ع ہو) لغت میں عورتوں سے باتیں کرنا۔ عورتوں کے عشق کا ذکر۔ اصطلاح میں وہ نظم جس میں حُسن و جمال فراق و وصال۔ شراب و کباب فنا و معرفت۔ ہجو و نصیحت وغیرہ کا ذکر ہو۔ کم از کم پانچ زیادہ سے زیادہ اکیس مگر طاق شعر شرط ہیں۔
غزل پرواز (عف۔ صفت) غزل گو شاعر۔
غزل پڑھنا (رُ۔ فعل) غزل سناتا۔ غزل خوانی کرنا۔
غزل پھیکی پڑ جانا (اُ محاورہ) دوسرے غزل گو شاعروں کے مقابلے میں غزل کا رنگ نہ جمنا۔
غزل خواں (عف۔ فاعل ترکیبی) غزل پڑھنے والا۔
غزل خوانی (عف۔ ہو۔ بیائے مصدری) مشاعرہ۔ غزلوں کا پڑھا جانا۔

غَزَل سرا (عف۔صفت) ترنم سے غزل پڑھنے والا۔ غزل گانے والا۔
غَزَل کہنا (مُؤ۔فعل) غزل بنانا۔ شعر کہنا۔
غزلیات (ع۔ا۔مو) غزل کی جمع ہے۔ غزلیں۔
غزوہ (ع۔اعذ) وہ جہاد جس میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم شریک ہوئے، دینی جنگ۔

غ - س

غَسّال (ع۔ا۔مذ) مردے نہلانے کا پیشہ کرنے والا۔ مُردہ شو۔ نہلانے والا۔
غَسّالہ (ع۔ا۔مذ) غسّال کی تانیث۔ مُردہ عورتوں کو نہلانے والی عورت۔
غُسالہ (ع۔مذ) دھوون۔ استعمال شدہ پانی۔
غَسَق (ع) شروع رات کی تاریکی۔
غُسل (ع۔مو) تمام جسم کا دھونا۔ نہانا۔ نہان۔ اشنان۔ دھونا۔
غُسل خانہ (عف۔اعذ) ظرف۔ نہانے کی جگہ۔ حمام۔ (سعادہ پنجابی)
غُسل صحت (ع۔ا۔مذ) بیماری سے شفا پاکر نہانا۔ تندرستی کا نہانا۔
غُسل کرنا (مُؤ۔فعل) نہانا۔ حمام کرنا۔ اشنان کرنا۔
غُسل میّت (ع۔ا۔مذ) مُردہ کا غسل۔ مُردے کو نہلانا۔
غِسلین (ع) زخم کا دھونا۔ دوزخیوں کا پیپ اور گندہ پانی۔ دوزخ کا ایک درخت اور چشمہ جسمیں دوزخیوں کی کثافت جمع ہوگی۔
غَسیل (ع) نہلایا۔ دھویا ہوا۔

غ - ش

غَش (ف۔اعذ) بیہوشی۔ سکتہ۔ فریفتہ۔ عاشق۔ شیفتہ۔
غش آنا } (مُؤ۔محاورہ) بیہوش ہونا۔ بے خبر ہو جانا۔
غش کرنا } سکتہ کا عالم ہونا۔
غش کھانا یا کھا کر گرنا (مُؤ۔فعل) بیہوش ہو کر گرنا۔ بے خبر ہو کر گرنا۔ فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔
غش میں رہنا (اُ۔محاورہ) بے ہوش رہنا۔
غش ہونا (اُ۔محاورہ) بے ہوش ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔
غِش (ع۔صفت) کھوٹا۔ ملاوٹ کا۔ غیر خالص۔ کدورت
غَشی (ع۔مو) بیہوشی۔ سکتہ کی حالت۔ بے خبری۔
غَشیان (ع) بے ہوشی۔ بے ہوش کرنا۔
غَشَم (ع) ظلم ستم۔

غ - ص

غ - ض

غَض (ع۔اعذ) آنکھیں بند کرنا۔
غَضَب (ع۔ا۔مذ) غصہ۔ قہر۔ کرودھ۔ کروپی آفت۔ مصیبت۔ فتنہ۔ فساد۔ افسوس۔ زبردستی۔ ظلم وستم۔ آفت کا پرکالہ۔ تعریف اور مبالغے کا کلمہ بھی ہے۔ سخت۔ دشوار۔ کٹھن۔
غضب آلودیا آلودہ (عف۔صفت مفعولی) غصہ میں بھرا ہوا۔ غضبناک۔
غَضَب (ع۔اعذ) زبردستی لینا۔ چھین لینا۔ دبا لینا۔ بددیانتی۔
غَصب کرنا (مُؤ۔فعل) زبردستی یا ظلم سے لینا۔ کسی کا حق جبراً رکھ لینا۔
غصبی (ع۔صفت) غصب کیا ہوا۔ غصب کرنے والا۔ خائن۔
غُصّہ (ع۔اعذ) وہ ریح جس سے گلا گھٹ جائے۔ بخش۔ خفگی۔ عتاب۔
غُصّہ آنا (اُ۔محاورہ) ناراض ہونا۔ کلیش آنا۔
غُصّہ اُتارنا (مُؤ۔فعل) کسی سے خفا ہونا اور اُس کا بدلہ کسی سے لینا۔
غُصّہ بڑا عقلمند ہوتا ہے۔ (اکہ۔مثل) غُصّہ ور غُصّہ میں بھی انجام کا خیال رکھتا ہے۔ زبردست پر کبھی غُصّہ نہیں آتا۔
غُصّہ بہت زور تھوڑا مار کھانے کی یہی نشانی (مُؤ۔مثل) کمزور کا غُصّہ اس کی شامت باعث ہوتا ہے۔
غُصّہ پینا۔ یا تھوک دینا۔ } (اُ۔محاورہ) جوش روکنا۔ غُصّہ دُور کرنا۔
غُصّہ تھوک ڈالنا۔ غصہ مارنا } جانے دینا۔ معاف کر دینا۔ من جانا۔
غُصّہ چڑھنا (اُ۔محاورہ) کلیش میں آنا۔ خفا ہو جانا۔
غُصّہ دلانا (مُؤ۔محاورہ) خفا کرنا۔ بھڑکانا۔ اُکسانا۔ ناراض کرنا۔
غُصّہ سے بھبوت ہو جانا (اُ۔محاورہ) غصّے کے مارے آپے سے باہر ہو جانا۔ دیوانہ سا ہو جانا۔ نہایت غضبناک ہو جانا۔
غُصّہ کرنا (مُؤ۔محاورہ) خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔
غُصّہ میں بُرائی بھلائی نہیں سوجھتی (اُ۔مقولہ) غُصّہ میں اچھے بُرے کی تمیز نہیں رہتی۔
غُصّہ میں ہڈیاں کاٹنا (اُ۔محاورہ) نہایت خفا ہونا۔ خفگی میں اگر رفعِ غضب کو اپنا جسم دانتوں سے کاٹنا۔
غُصّہ میں بھر جانا یا لال ہو جانا (محاورہ) غضبناک ہو جانا۔ نہایت برافروختہ ہونا۔ خشمناک ہونا۔ آپے سے باہر ہو جانا۔
غُصّہ میں لال ہونا (اُ۔محاورہ) غصّہ کے مارے آپے سے باہر ہونا۔
غُصّہ ناک پہ ہونا۔ (اُ۔محاورہ)، ذرا سی بات پر غصّہ آجانا۔ نہایت زود رنج ہونا۔
غُصّہ نکالنا (محاورہ) دُشمنی نکالنا۔ بدلہ لینا۔ دل کا بخار نکالنا۔
غُصّے ہونا (مُؤ۔محاورہ) ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔
غُصیل یا۔ غصیلا (اُ۔صفت فاعلی) بدمزاج۔ تند مزاج۔ کرودھی۔ مقلوب الغضب۔

غَضَب آنا یا ٹوٹنا (اُرد۔ فعل) آفت آنا۔ کمبختی آنا۔ بلا نازل ہونا۔ شامت آنا۔

غَضَب پڑنا (اُرد۔ فعل) عتاب الٰہی میں پھنسنا۔ مصیبت پیش آنا۔

غَضَب توڑنا (اُرد۔ فعل) ظلم ڈھانا۔ فساد۔ برپا کرنا۔ غصہ کرنا۔

غَضَب جوتنا (اُرد۔ محاورہ) ہنگامہ مچانا۔

غَضَب خدا کا (اُرد۔ کلمہ نفرت) کسی کام سے نفرت ظاہر کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔ جیسے غضب خدا کا یہ کام بھی کرنے کا ہے۔ تعجب اور حیرت کے اظہار کے لئے بھی بولتے ہیں۔ جیسے غضب خدا کا کتنی بلندی سے کود پڑا۔

غَضَب ڈھانا (اُرد۔ فعل) نہایت ظلم کرنا۔ سخت آفت یا بلا لانا۔ کوئی عجیب یا انوکھی بات کرنا۔

غَضَب ہے (اُرد۔ کلمہ تعجب) اف۔ بل بے۔

غَضَب کرنا (اُرد۔ فعل) فساد اُٹھانا۔ ستم برپا کرنا۔ آفت ڈھانا۔ بُرا کرنا۔ نامناسب اور بیجا کام کرنا۔ نرالی بات کرنا۔ اندھیر کرنا۔

غَضَب کا بجھا ہوا (اُرد۔ صفت) قہر میں ڈوبا ہوا۔

غَضَب کا دیدہ ہونا (اُرد۔ محاورہ) بہت بے شرم ہونا۔

غَضَب کرنا (اُرد۔ محاورہ) حیرت انگیز کام کرنا۔ ظلم ڈھانا۔ آفت برپا کرنا

غَضَب کی (اُرد۔ اسم۔ صفت) بے حد بے طرح۔ قابل تعریف۔ بے ڈھب۔

غَضَب میں پڑنا یا گرفتار ہونا (اُرد۔ فعل) آفت اور مصیبت میں گرفتار ہونا۔ بلا میں پھنسنا۔

غَضَب کی بات ہے (اُرد۔ محاورہ) تعجب کی بات ہے۔ ناانصافی ہے۔

غَضَب میں آنا (اُرد۔ محاورہ) مصیبت میں مبتلا ہونا۔

غَضَب میں پڑنا (اُرد۔ محاورہ) جھگڑے میں پڑنا۔ مصیبت میں گرفتار ہونا۔

غَضَب میں ڈالنا (اُرد۔ محاورہ) مصیبت میں ڈالنا۔

غَضَب نازل ہونا (اُرد۔ محاورہ) مصیبت آنا۔

غَضَبناک (ع۔ صفت ترکیبی) غصّے میں بھرا ہُوا۔ خفا۔ برہم۔ برافروختہ۔ بخود۔

غَضَبناک ہونا (اُرد۔ محاورہ) غصّے ہونا۔ خفا ہونا۔ لال ہونا۔

غَضَب ہونا (اُرد۔ محاورہ) کام بگڑنا۔ کوئی بیجا حرکت ہونا۔ قیامت ہونا۔ نہایت حسین اور خوبصورت ہونا۔

غَضَب ہے (اُرد۔ محاورہ) ستم ہے۔ اندھیر ہے۔

غَضبن (اُرد۔ اسم) عیارہ۔ مکارہ۔ آفت کی پڑیا۔ آسمان میں تھگلی لگانے والی۔

غضبی (اُرد۔ صفت۔ بیائے فاعلیت) غصیلا تند مزاج۔ ظالم۔ نڈر۔ آفت بیڈھب۔

غضبی آنا (اُرد۔ محاورہ) آفت آنا۔ غصہ آنا۔

غَضنفر (ع۔ امذ) بہادری۔ شجاعت۔

غضنفری (ع۔ مؤ) بہادری۔ شجاعت۔

غ - ف

غَف (ا۔ صفت) غفص کا مخفف۔ دلدار موٹا۔ دبیز۔ گاڑھا کپڑا۔

غفّار (ع۔ صفت) نہایت بخشنے والا۔ معاف کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کا نام۔

غفران (ع۔ امذ) معافی۔ بخشش۔ گناہ معاف کرنا۔

غفران مآب۔ غفران پناہ (ع۔ صفت) مرحوم۔ بخشا ہوا۔ خدا کی پناہ۔

غُفرلہٗ (ع۔ کلمہ دُعا) اس کے لئے بخشش کی جائے۔

غفص (معرب گپس) اسم صفت۔ دیکھو غف)

غفلت (ع۔ مؤ) سستی۔ بھول چوک۔ بے خبری۔ لاپرواہی۔ بیہوشی۔ غشی۔ اونگھ نیند۔ خواب۔

غفلت چھانا (اُرد۔ محاورہ) بے خبر ہونا۔ اُونگھنا۔

غفلت شعار (ع۔ صفت) غفلت کرنے والا۔ غافل۔

غفلت کا پردہ پڑ جانا (اُرد۔ محاورہ) بے خبری طاری ہونا۔

غفلت کی نیند سونا (اُرد۔ محاورہ) گہری نیند سونا۔ غافل ہو کر سونا۔

غفلتی (اُرد۔ صفت) بے پروا۔

غفور (ع۔ صفت) معاف کرنے والا۔ خطا بخش۔ خدائے تعالیٰ کا وصفی نام۔

غفور الرحیم (ع۔ صفت) بخشنے اور رحم کرنیوالا۔ خدائے تعالیٰ کے صفاتی نام

غفیر (ع۔ صفت) بہت کثیر۔ بکثرت انبوہ۔ ہجوم۔ جیسے جمِ غفیر۔

غ - ل

غُل (ف۔ امذ) شور۔ بلوہ۔ ہنگامہ۔ فریاد۔ فغاں۔ رولا چیخم دھاڑ۔ ہانک پکار۔ زنجیر۔ طوق

غُل غپاڑا (اُرد۔ اسم) چیخم دھاڑ۔ ہوہا۔ شور و غوغا۔ آہ و فریاد

غل کرنا یا مچانا (اُرد۔ فعل) شور مچانا۔ چیخنا۔ چلّانا۔ پکارنا۔

غلاظت (ع۔ مؤ۔ بیائے مصدری) لغوی۔ موٹائی۔ اصطلاحاً گاڑھا پن۔ رقت کی ضد۔ گندگی۔ نجاست۔ ناپاکی۔ میلا۔ بول و براز۔

غلاظت پھیلانا۔ غلاظت کرنا (اُرد۔ محاورہ) گندگی پھیلانا۔ پاخانہ کرنا۔

غلاف (ع۔ امذ) پوشش۔ نیام۔ میان تکیے وغیرہ کا اُوپر کا کپڑا۔ خول۔ رضائی وغیرہ کے نیچے کا کپڑا۔

غلاف اُتارنا (اُرد۔ محاورہ) غلاف بدلنا۔ غلاف بدلا جانا۔ پردہ بدلنا۔

غلافِ کعبہ (ع۔ مذ) وہ مخملی غلاف جیسے ہر سال حج کے موقع پر کعبہ کی مرکزی عمارت پر چڑھایا جاتا ہے۔

غلافنا یا غلیقنا (اُرد۔ فعل) شیرہ چڑھانا۔ کسی چیز کو مٹھائی کے قوام میں غوطہ دینا۔

غلافی آنکھ (اُرد۔ مؤ) وہ جھکی ہوئی لمبوتری آنکھ جو پپوٹوں سے ڈھکی ہوئی ہو۔

غلام (ع۔ امذ) داس۔ خدمتگار۔ نوجوان لڑکا۔ کلمہ انکسار و عجز بمعنی نیاز مند۔ فدوی۔ ملازم۔ نوکر۔ نمک خوار۔ تاش کے ایک تصویر والے پتے کا نام۔

غُلام بنانا / غُلام کرنا (رو فعل) تابعدار اور مطیع بنانا۔ فرمانبردار بنانا۔
غُلام بے دام (ع۔ مذ) ادنیٰ غلام بن داموں کا غلام۔
غُلام زر خرید (عف۔ امذ) خریدا ہوا۔ یردا۔ چیلا۔ شاگرد۔ مرید۔
غُلام کرنا (اُر۔ محاورہ) مطیع کرنا۔ شیفتہ بنانا۔
غُلام گردش (عف۔ امذ) ظرف۔ پردہ کی دیوار۔ وہ دیوار جو حرم سرا اور دیوانخانے کے درمیان حائل ہو۔ نوکر چاکر غلام وغیرہ کے حاضر رہنے کا برآمدہ۔
غُلام مال (رُو۔ امذ) مدتوں رہنے اور غلام کی طرح کام دینے والی چیز۔
غُلام ہونا (اُر۔ محاورہ) تابع ہونا۔ فرمانبردار ہونا۔ مطیع ہونا۔
غُلامی (رُو۔ مو۔ بیائے مصدری) فرمانبرداری۔ اطاعت۔ قید۔ اسیری۔
غُلامی اختیار کرنا (اُر۔ محاورہ) نوکری قبول کرنا۔ غلام بننا۔
غُلامی کا خط دینا (اُر۔ محاورہ) غلام ہو جانے یا غلام بن جانے کا عہد و پیمان کر دینا۔
غُلامی میں دینا (محاورہ) پیل خدمت کو دینا۔ سپرد میں دینا۔
غلبہ (ع۔ امذ) زبردستی۔ زور آوری۔ زور۔ حملہ۔ جیت۔ فوقیت۔ زیادتی تربیح۔ بیشی۔ مراوانی۔ کثرت۔
غلبہ پانا (رُو۔ فعل) فتح پانا۔ زور ہونا۔ غالب ہونا۔ فتحیاب ہونا۔
غلبہ رائے (ع۔ امذ) کثرت رائے۔ رائے کی زیادتی۔
غلبہ کرنا (اُر۔ محاورہ) غالب آنا۔ حملہ کرنا۔ فتح پانا۔
غلامی میں قبول کرنا (اُر۔ محاورہ) داماد بنانا۔ اپنا جانشین بنا لینا۔ غلام رکھنا۔
غُلبُلا (ق۔ مو) بے تابی۔ اضطراب۔ جوش و خروش۔ گڑبڑ۔ خرابی۔
غلبہ ہونا (اُر۔ محاورہ) غالب آنا۔ اکثریت ہونا۔ حملہ ہونا۔
غلَت (ع۔ مذ) حساب میں بھول چوک۔
غلط (ع۔ صفت) صحیح کی ضد۔ چوک۔ بھول۔ نادرست۔ جھوٹ۔ بیجا۔ خلاف۔
غلط العام (ع۔ امذ) عام غلطی جسے سب استعمال کریں۔ اصطلاحاً وہ بات جسے تمام زباندانوں نے فصاحت کے باعث استعمال کیا ہو۔
غلط العلوم (ع۔ امذ) جملا اور بازاری لوگوں کی غلطی، جیسے پتھر سے پتھّر۔ یہ قابل سند نہیں ہوتی۔
غلط انداز (عف۔ صفت) نگاہ یا تیر جو نشانے پر نہ لگے۔
غلط بردار (عف۔ امذ) آلہ۔ کاغذ چھیلنے کا اوزار۔ کھرچنے والا۔ ریزر
غلط بیاں (عف۔ صفت) جھوٹا۔
غلط بیانی (عف۔ امو) جھوٹ بولنا۔ جھوٹی بات۔
غلط ٹھہرانا (اُر۔ محاورہ) غلط ثابت کرنا۔ جھوٹا قرار دینا۔
غلط ہیں (ع۔ ف۔ صفت) دوسروں کی غلطی نکالنے والا۔ سچائی کو جھٹلانے والا۔
غلط در غلط (عف۔ صفت) بالکل غلط۔ سراپا غلط۔
غلط سلط (عف۔ صفت) جھوٹ۔ خلاف حقیقت۔
غلط سمجھنا (اُر۔ محاورہ) جھوٹ سمجھنا۔
غلط فہمی (عف۔ مو۔ بیائے مصدری) نا سمجھی۔ بھول۔ غلطی۔ اُلٹا سمجھ لینا۔ کج فہمی۔ ایک دوسرے کی بات کو نہ سمجھنے کی غلطی۔
غلط فیصلہ (عف۔ امو) فیصلہ جو انصاف کے خلاف ہو۔
غلط کاری (ع۔ ف۔ امو) بداعمالی۔ بدچلنی۔ بدقماشی۔ بدکاری۔
غلط نامہ (عف۔ امذ) صحت نامہ۔ غلطیوں کی فہرست۔
غلط نکلنا (اُر۔ محاورہ) جھوٹ ثابت ہونا۔
غلطی (ع۔ مو۔ بیائے مصدری) بھول چوک۔ سہو۔ خطا۔ دھوکا۔ غلط فہمی۔
غلطی کرنا / غلطی کھانا (اُر۔ محاورہ) بھولنا۔ بھول جانا۔ چوک جانا۔ خطا کرنا۔
غلطی میں پڑنا خلاف کرنا۔ دھوکا کھانا۔
غلطی پکڑنا (اُر۔ محاورہ) غلطی نکالنا۔
غلطی ہونا (اُر۔ محاورہ) بھول ہو جانا۔
غلطان (ف۔ صفت) بصیغہ اسم حالیہ۔ لوٹتا ہوا۔ چکراتا ہوا۔ بصورت اسم مذکر) ایک قسم کا کپڑا۔ بستہ۔ بستنی۔
غلطان و پیچان (ف۔ امذ) متفکر۔ حالت۔ فکر میں۔ لڑھکتا۔ پڑکتا۔
غلطہ (ف۔ امذ) ایک قسم کا موٹا کپڑا۔ تلوار کا نیام۔ میان شمشیر۔ غلاف۔
غلظت (ع۔ مو۔ بیائے مصدری) گاڑھا پن۔ گندگی۔ دبیز پن۔ موٹائی۔ کثافت۔
غُلغُلہ (ف۔ امذ) شور۔ غل۔ شہرت۔ دھاک۔
غُلک یا غولک (ف۔ امو) آمدنی ڈالنے کا برتن۔ گلّہ یا گلّہ۔ بکری کی نقدی رکھنے کا ظرف۔
غُلک میں دھرنا (اُر۔ محاورہ) جمع کرنا۔ گلہ میں ڈالنا۔ جیب رکھنا۔
غِلمان (ع۔ امذ) غلام کی جمع۔ نوعمر لڑکے۔ جنت میں بہشتیوں کے خادم۔
غِلمٹا (رُو۔ مذ) غلام کی تصغیر۔ حقارت کے اظہار کا کلمہ۔
غلو (ع۔ امذ) لغوی۔ تا حد امکان ہاتھ بلند کرنا۔ مجازاً ہجوم۔ حد سے گزرنا۔ علم بیان میں وہ مبالغہ جو عقل اور عادت دونوں کے خلاف ہو۔
غُلول (ف۔ امذ) غلہ مارنے کی کمان۔
غُلولہ (ف۔ امذ) گولی۔ غلّہ۔
غلّہ یا غلیلہ (رُو۔ امذ) مٹی کی گولی۔ آنٹا۔
غلّہ مارنا (اُر۔ محاورہ) نشانہ مارنا۔ غلط انداز ہونا۔ فضل ہونا۔
غلّہ (ع۔ امذ) اناج۔ ان۔ زمین کی پیداوار۔ نقدی رکھنے کا برتن۔
غلّہ فروش (عف۔ امو۔ صفت) اناج بیچنے والا۔ بنیا۔ بقال۔
غلّی (رُو۔ صفت) غلّے کی صورت میں لگان۔
غلیظ (ع۔ صفت) گاڑھا۔ موٹا۔ دبیز۔ پلید۔ ناپاک۔ گندا۔ میلا۔ دھندلا مکدر۔
غلّہ بھرنا (اُر۔ محاورہ) اناج کا ذخیرہ جمع کرنا۔
غلّہ پھٹکنا (اُر۔ محاورہ) چھاج کے ذریعے غلہ صاف کرنا۔
غلّہ ڈالنا (اُر۔ محاورہ) چکی میں پیسنے کے لئے اناج کی مٹھی ڈالنا۔
غُلیل (رُو۔ مو) غلّہ چلانے کی کمان۔

غُلیل چلانا (اُر۔محاورہ) غلیل سے غلّہ چلانا۔ نشانہ مارنا۔
غلیل چھٹکنا (اُر۔محاورہ) وہ قینچی جس میں غلّہ رکھکر چلاتے ہیں۔
غلیواز ذف۔امو۔ چیل۔ زغن۔ ایک مردار خور جانور کا نام ہے۔

غ - م

غم (ع۔ا۔مذ) رنج۔ ملال۔ دُکھ۔ درد۔ تکلیف۔ سوگ۔ ماتم۔ افسوس۔ تاسف۔ فکر۔ چنتا۔ خیال۔ دھیان۔
غمِ آشام (عف۔صفت) مغموم محزون۔
غم اُٹھانا (اُر۔محاورہ) غم برداشت کرنا۔ تکلیف۔ جھیلنا۔
غم پالنا (اُر۔محاورہ) بکھیڑا اپنے سر لینا۔
غم خوار (عف۔صفت۔ ترکیبی) دوسرے کے درد کا ساتھی۔ صابر۔ بُردبار۔ متحمل۔ سمجھانے والا۔
غم خواری (عف۔امو۔ بیائے مصدری) ہمدردی۔ دردمندی۔ تحمل۔ بردباری۔ صبر۔
غمخواری کرنا (اُر۔محاورہ) ہمدردی کرنا۔ دُکھ درد میں ساتھ دینا۔ تحمل کرنا۔
غم دیدہ۔ غم رسیدہ۔ غمزدہ (عف۔صفت) دُکھی۔ دُکھیارا۔ دُکھیا۔ مصیبت زدہ۔
غم سے دل خالی کرنا (اُر۔محاورہ) رو کر غم کم کرنا۔
غم غلط (ع۔مذ) غم مٹانے والی چیز یا کام یا آدمی۔ دل بہلاوا۔ دل لگی۔ تفریح۔ سیر تماشہ۔ مجازاً شراب۔
غم غلط کرنا (اُر۔محاورہ) دل بہلانا۔ غم بھلانا۔ تفریح طبع کرنا۔
غم کرنا (اُر۔محاورہ) دل بہلانا۔ رنج کرنا۔ افسوس کرنا۔ ماتم کرنا۔ نوحہ کرنا۔ کڑھنا۔
غم کھانا (اُر۔محاورہ) دُکھ اُٹھانا۔ رنج اُٹھانا۔ فکر کرنا۔ افسوس کرنا۔ ماتم کرنا۔ سوگ کرنا۔ جھیلنا۔ برداشت کرنا۔ غم سہنا۔
غمگسار ذف۔ صفت۔ ترکیبی۔ ہمدرد۔ دردمند۔ غمخوار۔ بیماری کی دوا۔ درمن کی خبر رکھنے والا۔ تیماردار۔
غمگساری ذف۔امو۔ بیائے مصدری) غمخواری۔ تیمارداری۔ بیمارداری۔
غمگین } (عف۔صفت) ترکیبی۔ پرازغم۔ مغموم۔ رنجیدہ۔ دلگیر۔
غمناک } دُکھی۔ آزردہ۔ اداس۔ ثمر مردہ خاطر۔
غم نہ داری بُز بخر ذف۔ مثل) فکر نہیں تو بکری پال لے۔ ایسے موقع پر بولتے ہیں۔ جہاں کوئی شخص خواہ مخواہ مصیبت سر لے لے۔
غمّاز (ع۔صفت) بصیغہ مبالغہ۔ آنکھ سے اشارہ کرنے والا۔ مجازاً چغلخور۔ سخن چین۔
غمّازی (ع۔امو۔ بیائے مصدری) چغلخوری۔ عیب چینی۔ بدگوئی۔
غمزہ (ع۔امو) اشارہ۔ آنکھ مارنا۔ عشوہ۔ ادا۔ ناز۔ نخرہ۔ پیار۔ لاڈ۔ پیار۔ اخلاص۔
غمزہ اُٹھانا (اُر۔محاورہ) ناز برداری کرنا۔
غمزۂ اختر (ع۔اعذ) ستارے کا چمکنا۔
غمزۂ جانستان (عف۔اعذ) جان لینے والا نخرہ۔
غمزہ جتانا
غمزہ دکھانا } (اُر۔محاورہ) ناز دکھانا۔ نخرے کرنا۔ اِترانا۔
غمزہ زن (عف۔صفت) ناز کرنے والا۔
غمزہ گُل (عف۔اعذ) کلی کا کھلنا۔
غمکدہ (ع۔ف۔ا۔مذ) رنج۔ مصیبت اور تکلیفوں کا گھر۔
غمام (ع۔ا۔مذ) بادل۔ ابر۔
غمی (اُمو۔ بیائے مصدری) میّت۔ موت۔ رنج۔ دُکھ۔ شادی کی ضد۔ ماتم۔ سوگ۔
غمی ہو جانا (اُر۔محاورہ) موت ہو جانا۔
غمین (عف۔صفت) غمگین۔

غ - ن

غِنا (ع۔ا۔مذ) نغمہ۔ راگ۔ سرود۔ گیت۔
غِنا (ع۔امو) توانگری۔ امیری۔ دولتمندی۔ بے پروائی۔ بے نیازی۔ استغنا۔
غنائم (ع۔مذ) مال غنیمت۔ لوٹ کا مال۔
غنائیت ذف۔ مو) نغمے کی کیفیت۔ موسیقیت۔
غنچگی ذف۔ مو) کلی کی کیفیت۔ بند پھول کی مانند۔
غُنچہ (ذف۔امو) کلی۔ بن کھلا پھول۔ شگوفہ (بحالت صفت) نہایت آباد۔ گنجان۔ معمور جیسے وہ شہر تو غنچہ ہے۔ منڈلی۔ جتھا۔ جماعت۔ جمگھٹ پریوں کا اکھاڑا۔ مجازاً دہن معشوق۔ دہن۔ تنگ۔ پستہ لب۔ پستہ دہن۔
غُنچہ آرزو کھلنا (اُر۔محاورہ) اُمید بر آنا۔ آرزو پوری ہونا۔
غُنچہ پیکاں ذف۔ لذ) تیر کا پھل۔
غُنچہ خاطر کھلنا (اُر۔محاورہ) دل کی کھلی کھلنا۔ دل خوش ہونا۔
غُنچہ چٹخنا یا چٹکنا (اُر۔فعل) کلی کا کھل کر پھول بننا۔ کلی کھلنا۔ پھول کھلنا۔
غُنچہ دل شگفتہ ہونا (اُر۔محاورہ) خوش ہونا۔ فرحت حاصل ہونا۔
غُنچہ سربستہ (عف۔اعذ) کلی (محاورہ) صبح ہونا۔
غُنچہ دہان یا غُنچہ دہن (ذف۔صفت۔ ترکیبی) چھوٹے سے منہ والا معشوق
غُنچہ ناشگفتہ (ذف) بند کلی۔ بن کھلی کلی۔ مجازاً۔ باکرہ۔ کنواری کینا۔ دوشیزہ۔
غُنڈا (لذ۔مو) کپّا۔ شہدا۔ بدمعاش۔ بھڑوا۔ گنڈا۔
غُنغُنا یا غِنغِنا (اُر۔صفت۔ بالف فاعلیت) ناک میں بولنے والا۔ بھتنے کی سی آواز والا۔
غُنغُنانا (اُر۔فعل) ناک میں بولنا۔ ناک میں گانا۔ آہستہ آہستہ ناک میں گانا یا پڑھنا۔

غُنغُن (وُر۔ امذ) صوت ناک میں بولنے کی آواز۔ مُنہ مُنہ میں گانے کی آواز۔
غُنغُنی (وُر۔مو۔ بیائے تانیث) ناک میں بولنے والی عورت۔
غُنگڑی (ق۔امذ) بھکاری کا لباس۔
غُنم (ع۔ا۔مذ) لوٹے کا مال۔
غُنُودگی (ف۔مو۔ بیائے مصدری) اُونگھ۔ نیند۔ خمار۔
غُنّہ (ع۔ا۔مو) ناک کی آواز۔ وہ نون جس کی آواز ناک میں سے نکلے۔
غنی (ع۔ا۔مذ) دولتمند۔ امیر بے پروا۔ جمع اعتبار
غنیم (ع صفت۔فاعلی) لوٹنے والا۔ لٹیرا۔ دشمن۔ مخالف۔ عدو۔ بیری۔
غنیمت (ع۔ا۔مو) لوٹ۔ لوٹے کا مال۔ بلا تکلیف ہاتھ لگا ہوا مال۔ قابل قدر چیز۔ عمدہ۔ بہتر۔ مفید۔ فائدہ مند۔
غنیمت جاننا / غنیمت سمجھنا (اُر۔ محاورہ) قدر کرنا۔ عزت کرنا۔
غنیمت ہے (وُر۔محاورہ) کافی ہے۔ شکر کا مقام ہے بہتر ہے۔

غ - و

غوّاص (ع۔مو) غوطہ لگانے والا۔ غوطہ خور۔ ڈبکی لگانے والا۔
غواصی (ع۔مو۔ بیائے مصدری) غوطہ خوری۔ ڈبکی لگانا۔ غوطہ مارنا۔
غوامض (ع۔مو) غامضہ کی جمع بے چھپی ہوئی باتیں۔ بھید۔ باریکیاں گہری باتیں۔ نکتے۔ دقیق باتیں۔
غوث (ع۔ا۔مو) فریاد کو پہنچنے والا۔ فریاد رس۔ فریاد۔ اہل اسلام میں ولایت الٰہی کا ایک درجہ بھی ہے۔
غور (ع۔مو) گہراؤ۔ تہ۔ عمق۔ پست زمین۔ فکر۔ سوچ بچار۔ سدھ۔ خبر گیری۔ مشغولی۔ شغل (بحالت اسم مذکر فارسی) عجم کے ایک ملک کا نام ہے
غور پرداخت (عف۔مو) خیال۔ توجہ۔ پالن۔ پرورش۔ حفاظت۔ رکھ رکھاؤ۔
غور طلب (ع۔مو۔صفت ترکیبی) قابل فکر۔ سوچنے بچارنے کے قابل۔
غور سے دیکھنا (اُر۔محاورہ) گہری نظر سے دیکھنا۔ اچھی طرح سے دیکھنا
غور کرنا (محاورہ) فکر کرنا۔ دھیان کرنا۔ سوچنا بچارنا۔ توجہ کرنا۔ علاج معالجہ کرنا۔
غورہ (ف۔ا۔مو) کچے کچے انگور جن کا شربت بناتے ہیں۔ کیری۔ کبوتروں کا ایک رنگ۔
غوری (ف۔صفت۔بیائے نسبتی) غور کا رہنے والا۔ ایک قسم کا برتن جس میں پلاؤ وغیرہ کھایا جاتا ہے۔
غوز (وُر۔مو) گپ۔ بیہودہ بات۔ ژل۔ شیخی۔ ڈینگ۔ لاف۔
غوزیں اُڑانا / لڑانا (اُر۔محاورہ) گپ ہانکنا۔ لغو اور بے ہودہ باتیں کرنا۔ شیخی بگھارنا۔ ڈینگیں مارنا۔
غوزی یا غوزیار (وُر۔صفت۔بیائے فاعلیت) گپی۔ ڈینگیا۔ شیخی خورا۔ یاوہ گو۔
غُوطہ (وُر۔مو) کنکوے کا اُوپر سے نیچے کو آنا۔ بیہوشی۔ غشی۔ استغراق۔
غُوطہ لگانا یا مارنا (اُر۔محاورہ) ڈبکی مارنا۔ چھپا رہنا۔ غائب رہنا۔ پوشیدہ رہنا۔ خواب سوچنا۔ کسی خیال میں ڈوبا رہنا۔
غوطہ میں آنا (اُر۔محاورہ) غشی میں آنا۔ بیہوش ہو جانا۔
غوطہ (ع۔ بواؤ مجہول) مشہور۔ ڈبکی۔ پانی میں ڈوبنا۔
غوطہ خور (عف۔صفت ترکیبی) ڈبکی لگانے والا۔ غوّاص۔ ایک آبی پرندے کا نام۔ جل کوّا۔ پن ڈبی۔
غوطہ دینا (وُر۔محاورہ) ڈوب دینا۔ ڈبکی دینا۔ تر کرنا۔ بتپسمہ دینا۔ دین عیسوی میں داخل کرنا۔ دھوکا دینا۔
غوطہ کھانا (اُر۔ محاورہ) ڈوبنا۔ غرق ہونا۔ ڈبکی لگانا۔ بھولنا بھٹکنا۔
غوطہ مارنا (اُر۔ محاورہ) ڈبکی لگانا۔ غور و فکر کرنا۔ خوض کرنا۔
غوطہ میں پڑا رہنا (اُر۔محاورہ) بے ہوش پڑے رہنا۔ بے حس و حرکت پڑے رہنا۔
غوطے میں جانا (اُر۔محاورہ) کسی خیال میں محو رہنا۔ ڈوبنا۔
غوطے میں ہونا (اُر۔محاورہ) فکر میں محو ہونا۔
غوغا (ف۔امذ) شور و غل۔ رولا۔ بھیڑ۔ ہجوم۔
غوغا کرنا (وُر۔ محاورہ) شور مچانا۔
غوغائی (اُر۔ا۔مذ۔ بیائے فاعلیت) شور کرنے والا (عورتوں) واہی تباہی۔ بیہودہ۔ احمق۔ بے وقوف۔ جھوٹا۔ باطل۔ ایک قسم کا پرندہ جسے ڈومنی بھی کہتے ہیں۔
غوک (ف۔مذ) مینڈک۔ دادر۔ ڈڈو۔
غول (ف۔مذ) گروہ۔ ہجوم۔ جماعت بھیڑ۔ جمگھٹا۔ پرا۔ ٹولی۔ کان۔ گوش۔ جیسے۔ جیسے اسپ غول بوجہ مشابہت گوش اسپ۔ چھلاوہ۔ بھوت پریت۔
غول باندھنا (اُر۔محاورہ) بھیڑ لگانا۔ مجمع کرنا۔ ٹولی بنانا۔
غول بیابان یا بیابانی (ف۔ا۔مذ) چھلاوا۔ بھوت پریت۔ ایک قسم کا جن جو آدمیوں کو رستہ بھلاتا ہے۔
غول کے غول (اُر۔صفت) گروہ کے گروہ۔
غولک (ف۔ا۔مو) نلکی۔ نقدی رکھنے کا برتن۔
غُوں غاں یا غُوں غُوں (وُر۔مو) صوت۔ دودھ پیتے بچے کے بولنے کی آواز۔
غُوں غاں کرنا (وُر۔محاورہ) ننھے بچوں کا بولنا۔

غ - ی

غی (ع) گمراہ ہونا۔ جہنم کے ایک مقام کا نام۔
غیابت (ع) غائب ہونا۔ گہرائی۔ کنوئیں یا دریا کا تہ۔
غیاث (ع۔مو) فریاد۔ داد خواہی۔ مولوی غیاث الدین صاحب رامپوری کی بنائی ہوئی ایک فارسی لغت کی کتاب کا نام بھی ہے۔
غیب (ع۔مو) پوشیدہ۔ مخفی۔ غائب۔ خفیہ۔
غیب دان (عف۔مو۔ صفت ترکیبی) خفیہ حال جاننے والا۔ خدائے

تعالےٰ عالم الغیب۔ نجومی۔ رمّال۔ جفار۔

غیب سے دینا (اُ/محاورہ) خدا کی دین۔ وہاں سے چیز کا مل جانا جہاں سے ملنے کا کوئی خیال نہ ہو۔

غیب غلّہ ہونا (اُ/محاورہ) چھپ جانا۔ گم ہونا۔

غیبانی (اُ/مو) ایک قسم کی گالی ہے۔ جو عورتوں کو دی جاتی ہے۔

غیبت (ع/مو) پس پردہ۔ پیٹھ پیچھے۔

غیبت میں (اُ/تابع فعل) غیر حاضری میں۔ غائب میں۔ پس غیبت۔

غیبت (ع/مو) بدگوئی۔ بدی۔ پیٹھ پیچھے کسی کے عیب بیان کرنا۔

غیبت کرنا (اُ۔ محاورہ) بدگوئی کرنا۔ پیٹھ پیچھے بُرا کہنا۔

غیبی (اُ/صفت) غائب۔ غیر حاضر۔

غیر (ع۔تابع فعل) حرف استثنا۔ سوائے۔ بجز۔ ماسوا۔ (بحالت صفت) اجنبی۔ بیگانہ۔ جُدا۔ علیٰحدہ۔ دوسرا۔ الگ۔ نیارا۔ بے میل۔ بدزیب۔ ناموزوں۔ بُرا۔ بُری جیسے حالت غیر ہے۔ (بحالت اسم مذکر) رقیب۔ عدو۔ دشمن (بصورت حرف نفی۔ سابقہ۔ نا۔ بے خلاف۔ نہیں۔ جیسے غیر متنا ہی۔ غیر مناسب وغیرہ

غیر آباد (عف۔صفت ترکیبی) ویران۔ اجاڑ۔ غیر مزروعہ زمین۔

غیر آئینی (عف صفت) خلافِ قانون۔

غیر اختیاری (عف۔صفت) مجبوری کی حالت۔ بے اختیاری کی حالت۔

غیر حاضر (ع۔صفت۔ترکیبی) غائب۔ ناموجود۔

غیر حاضری (عف۔مو۔ بیائے مصدری) ناموجودگی۔ ناغہ۔

غیر حالت یا حال ہونا یا ہو جانا (اُ/فعل) حال سے بے حال ہونا نڈھال ہو جانا۔

غیر سمجھنا (اُ/محاورہ) اجنبی سمجھنا۔ اپنا خیال نہ کرنا۔

غیر شافی (ع/صفت) تسکین نہ دینے والا۔ ناکافی۔ جس سے شفا نہ ہو۔

غیر علاقہ یا علاقہ غیر (اُ/مو۔ ظرف) دوسرے کا علاقہ۔ اپنے اختیار یا علاقہ سے باہر۔

غیر کی بدشگونی کیواسطے اپنی ناک کٹائی (اُ/مثل) کسی کو بُرا کہنے کے واسطے اپنا نقصان کرنا۔

غیر کی آگ میں جلنا (اُ/فعل) دوسرے کی مصیبت یا مصیبت یا آفت میں پڑنا۔

غیر متحد (ع۔صفت ترکیبی) بے میل۔ اجنبی۔ جس میں ملاپ نہ ہو۔

غیر متنا ہی (ع/صفت) جسکی انتہا نہ ہو۔

غیر متعہد (ع/صفت ترکیبی) ذمہ داری سے باہر۔ بلا قول و قرار۔

غیر محدود (ع/صفت) جسکی کوئی حد نہ ہو۔

غیر محرم: (ع۔ف۔صفت) وہ شخص جو قریبی رشتہ دار نہ ہو۔ بے گانہ۔ نامحرم۔

غیر مزروعہ (کاشت نہ کی ہوئی زمین۔

غیر مساوی (ع/صفت) جو برابر نہ ہو۔

غیرت کا تقاضا (اُ۔ امذ) کسی بات سوچ کر دل میں نادم ہونا۔

غیر مستعمل (ع/صفت ترکیبی) استعمال میں آیا ہوا۔ کورا۔ اچھوتا۔ متروک منسوخ۔

غیر مشروط (ع/صفت ترکیبی) بلا شرط جو شرط نہ کیا گیا ہو۔

غیر معتبر (ع/صفت ترکیبی) بے اعتبار جس پر بھروسہ نہ ہو۔ دور از قیاس۔

غیر معمولی (ع/صفت) بہت زیادہ

غیر مقبوضہ (ع۔صفت) جس پر کسی کا قبضہ نہ ہو۔ لاوارث۔

غیر مکمل (ع۔صفت ترکیبی) ادھورا۔ ناقص۔ ناتمام۔

غیر ملکی (ع۔صفت) پردیسی۔ دوسرے ملک میں اجنبی۔

غیر ممکن (ع۔صفت ترکیبی) ناممکن۔ دشوار مشکل۔ محال جو سننے کے ناقابل زبان۔

غیر مناسب (ع۔صفت۔ترکیبی) نامناسب بیجا۔

غیر منقولہ (ع۔صفت ترکیبی) اٹل۔ قائم۔ غیر متحرک۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ نہ جانے والی چیز جیسے مکان۔ زمین وغیرہ۔

غیر منکوحہ (ع۔صفت ترکیبی) بے نکاحی عورت۔ مدخولہ۔ گھر میں ڈالی ہوئی۔

غیر موروثی (ع۔صفت ترکیبی) جو ورثہ میں نہ آئی ہو۔

غیر مؤثر (ف۔تابع فعل) جس کا اصل موضوع سے کوئی تعلق نہ ہو۔ خارج از بحث۔ جس کا اثر نہ ہو۔

غیر نافذ (ع۔صفت) جو جاری نہ ہو۔

غیر واجب (ع۔صفت ترکیبی) ناواجب ناجائز خلاف قانون یا خلاف دستور۔ بڑے شمار کنندے والی کسر۔

غیر واقع (ع/صفت) جھوٹ۔ خلاف واقع۔

غیرت (ع/مو) رشک۔ رشک لیجانا۔ حسد۔ رقابت۔ جلن۔ شرم۔ لاج۔ حیا۔ عار۔

غیرت چمن یا غیرت گلزار (ف۔ا۔مذ) رشک گلزار جس کے دیکھنے سے باغ کو رشک آئے۔ مجازاً معشوق۔

غیرت چھو نہ جانا (اُ/محاورہ) بے حیا ہونا۔

غیرتِ حور (ع۔صف ترکیبی) نہایت خوبصورت۔ حور کو شرما دینے والی معشوقہ۔

غیرت سے مر جانا (اُ/فعل) ننگ و ناموس یا شرم کے باعث جان دینا۔ حیا سے جان دے دینا۔ نہایت شرمندہ ہونا۔

غیرت کا تقاضہ (اُ۔امذ) کسی بات کو سوچ کر دل میں نادم ہونا۔

غیرت کھا کے ڈوب مرنا (اُ/محاورہ) شرم سے پانی پانی ہو جانا۔ عزت سے مر جانا۔

غیرت کھانا (اُ۔ محاورہ) شرمانا و لجانا۔ شرمندہ ہونا۔

غیرت ماہ (ع۔صفت ترکیبی) چاند کو شرما دینے والا معشوق۔

غیرت مند (ع۔صفت) نہایت غیرت والا۔ باشرم و حیا۔

غیریت (ع/مو۔ بیائے مصدری) اجنبیت بیگانگی۔ مغائرت۔

غیریت رکھنا (اُ/محاورہ) غیر سمجھنا۔ اجنبی سمجھنا۔

غیض (ع۔مذ) ناتمام بچہ جو حمل سے ساقط ہو جائے۔ بہت ہی تھوڑا۔ پانی کا کم ہو جانا۔ ناقص کرنا۔ مجازاً۔ تھوڑی بخشش۔

غیظ (اُ/ا۔مذ) غصہ۔ قہر۔ غضب۔

غیظ و غضب (اُ/ا۔مذ) غصہ اور عتاب۔ عتاب و خطاب۔

غین (ع/مو) صوت۔ نشہ کی ترنگ کی آواز۔ حالت بیہوشی کی آواز۔ ٹرپھس۔ اکڑفوں۔ کالی گھٹا۔ تیرگی۔ سیاہی۔

غین مین (اُ/مو) جھگڑا۔ تکرار۔ بچوں کے رونے کی دھیمی دھیمی آواز۔

غین ہونا (اُ/محاورہ) نشہ میں ڈوبا رہنا۔ مدہوش ہونا۔ نشہ میں غرق ہونا۔

غیور (ع۔صفت) بہت غیرت کرنے والا۔ از حد رشک کرنے والا۔ پرلے درجے کا شرمیلا۔ نہایت باحیا و شرم۔

ف

ف (ع۔اسم مونث) فارسی کا تیئیسواں اور اردو کا چھبیسواں اور عربی کا بیسواں حرف ہے حساب جمل میں اس کے عدد اسی فرض کئے گئے ہیں۔

ف - ا

فاتح۔ (ع۔اندکر۔فاعل) کھولنے والا۔ فتح کرنے والا۔ مظفر و منصور شروع کرنے والا۔ ابتدا کرنے والا۔

فاتحہ (ع۔اسمو) کھولنے اور فتح کرنے والی عورت۔ کسی چیز کی ابتداء آغاز۔ سورۃ الحمد۔ کسی مُردے کی روح کو کچھ پڑھ کر ثواب پہنچانا۔

فاتحہ پڑھنا۔ (اُر۔محاورہ) سورۃ الحمد وغیرہ پڑھ کر کسی مردے کی روح کو ثواب بخشنا۔ نذر و نیاز دینا۔ ناامید ہونا۔ مایوس ہونا۔ ہاتھ اُٹھانا۔ توقع نہ رکھنا۔

فاتحہ خوانی۔ (ع۔ف۔مو) کسی کے مرنے کے بعد اظہار تعزیت کے لیے آکر فاتحہ پڑھنا۔

فاتحہ خیر (ع۔اسمو) دعائے خیر۔ مجازاً نکاح۔ عقد۔

فاتحہ دلانا۔ (اُر۔محاورہ) فاتحہ پڑھوانا۔ نیاز دلانا۔

فاتحہ دینا۔ (اُر۔محاورہ) کچھ قرآن شریف پڑھ کر۔ کسی مُردے کو ثواب پہنچانا۔ نیاز دینا۔ نذر دینا۔

فاتحہ نہ درود کھا گئے مردود (اُر۔مثل) کسی چیز کے مفت ضائع اور اکارت جانے پر بولتے ہیں۔

فاتحہ نہ درود کھانے کو موجود (اُر۔مثل) بغیر محنت، مشقت کچھ مانگنا۔

فاتحہ نہ درود مر گئے مردود (اُر۔محاورہ) کسی موذی اور ظالم شخص کے لاولد مرنے پر کہا کرتے ہیں۔

فاتر (ع صفت) کمزور۔ ضعیف۔ سست۔

فاتر العقل (ع صفت) جس کی عقل میں خرابی آگئی ہو۔

فاجر۔ (ع۔ا۔مذکر۔فاعل از فجور) بدکار۔ بدچلن۔ گنہگار۔ عاصی۔

فاجرہ۔ (ع۔ا۔مو۔فاعل بیائے تانیث) بدکار عورت۔ بدچلن عورت۔

فاجعہ (ع صفت) غمناک۔ غم انگیز۔ دردمند کر دینے والا۔

فاحش۔ (ع۔ا۔مذ۔فاعل) بدکار۔ نہایت بُرا۔ حد سے بڑھی ہوئی بدی۔ شرمناک۔ قابل شرم۔ گالیاں بکنے والا۔ فحش کلامی کرنے والا۔

فاحشہ (ع۔ا۔مو۔ فاعل بیائے تانیث) بدکار عورت۔ بیسوا۔

فاختہ (ع۔ا۔مو) کبوتر اور قمری کی قسم کا ایک پرندہ ہوتا ہے جسے گھوگی پنڈک اور فاختوڑی بھی کہتے ہیں۔

فاختہ

فاختہ اُڑانا (اُر۔محاورہ) مزے اُڑانا۔ گلچھرّے اُڑانا۔ عیش و عشرت منانا۔

فاختی یا فاختہ (اُر۔صفت۔ بیائے نسبتی) خاکستری رنگ۔ خاکی۔ کربخوی رنگ۔

فاخر (ع۔ا۔ اسم فاعل از فخر) فخر کرنے والا۔ مغرور۔ نازاں۔ عمدہ بیش قیمت۔ قیمتی۔

فاخرہ (ع۔ا۔صفت فاعلی مونث بیائے تانیث) نہایت قیمتی بیش قیمت۔ عمدہ۔

فادزہر (معرب پادزہر۔ اسم مذکر) تریاق۔ دافع زہر۔ حافظ روح۔ زہرمہرہ خطائی۔

فار (ع۔ا۔مذ) چوہا۔ موسا۔ موش۔

فاران (ع۔ا۔مذ) مکہ معظمہ کے قریب ایک پہاڑ کا نام۔

فارخطی (اُر۔ا۔مو۔ بیائے نسبتی) بے باقی کی تحریر۔ آزادی نامہ۔ طلاق۔ خط صفائی۔ (فارغ خطی کا بگاڑ ہے)

فارس (ف۔ا۔مذ) ملک ایران کے ایک صوبے کا نام ہے جس میں اصفہان شیراز وغیرہ شہر ہیں۔

فارس (ع۔ا۔مذ) گھوڑا دوڑانے والا گھڑ چڑھا۔ سوار۔

فارسٹ (Forest۔ انگ۔ا۔مذ) جنگل بیابان۔

فارسٹر (Forester۔ انگ۔ا۔مذ) محکمہ جنگلات کا ایک ادنیٰ ملازم۔

فارسی یا پارسی (ف۔اسم صفت بیائے نسبتی) ملک ایران کی زبان۔ فارس کی چیز۔ فارس کا۔

فارسی بگھارنا۔ فارسی بولنا (اُر۔محاورہ) فارسی زبان میں باتیں کرنا۔ ایسی زبان بولنا جسے دوسرا نہ سمجھے۔

فارسی داں یا فارسی خواں (ف۔اسم صفت) فارسی پڑھا ہوا۔

فارسی کی ٹانگ توڑنا (اُر۔محاورہ) غلط ملط فارسی بولنا۔ ٹوٹی پھوٹی فارسی بولنا ہے۔

فارغ (ع۔ اسم صفت فاعلی) خالی۔ بےفکر۔ آسودہ۔ خوشحال۔ بری۔ آزاد۔ مشاغل کی ضد ہے۔

فارغ البال (ع۔صفت ترکیبی) فارغ بمعنی آسودہ اور بال بمعنی دل) آسودہ دل۔ خوشحال۔ آزاد۔ مطمئن۔

فارغ البالی (ع۔ا۔مو۔ بیائے مصدری) آسودہ دلی۔ آزادی اطمینان۔

فارغ الحال (ع۔ا۔صفت ترکیبی) آسودہ۔ حال۔ بےفکر۔

فارغ خطی (اُر۔ا۔مو) دوسرے سے اپنا مطالبہ وصول پالینے کی تحریر۔ بے باقی کا اقرار۔

فارغ خطی لکھوانا (اُر۔محاورہ) حساب بیباق کرکے رسید لینا۔ زبردستی اقرار کرالینا۔ دھمکی سے رسید لکھوانا۔

فارغ ہونا (اُر۔محاورہ) مطمئن ہونا۔ فرصت پانا۔ چھٹکارا پانا۔ خلاص ہونا۔ موقوف ہونا۔ آزاد ہونا۔ انزال ہونا۔

فارم (انگ۔ا۔مذ) نقشہ۔ نمونہ۔ چھپا ہوا کاغذ۔ جو دفتروں سے خانہ پری کے واسطے ملے۔ Form

فارم (انگ۔ا۔مذ) کھیت۔ اراضی کا بڑا رقبہ جس پر مشینوں کے ذریعے کاشت کی جاتی ہو۔ Farm

فارق (ع صفت) فرق کرنے والا۔

فارقلیط (عبرانی ا۔مذ) پیغمبر اسلام حضرت محمد الرسول اللہ کا نام جو انجیل میں آتا ہے۔ عربی ترجمہ احمد۔

فارمولا (Formula۔ انگ۔ا۔مذ) گر۔ کلیہ۔ مقررہ قاعدہ۔

فارمیسی (Pharmacy۔انگ۔مو) دواسازی۔ دواخانہ۔

فارن (Foreign۔انگ۔ا۔مذ) غیر ملکی غیر سلطنت۔ بیگانہ۔

فارن آفس (انگ۔ا۔مذ) دفتر ریاستہائے غیر۔ غیر ملکوں سے تعلقات کا محکمہ۔ خارجہ۔ Foreign Office

فارن ہائٹ (Fahrenheit۔انگ۔ا۔مذ) جرمن تھرمامیٹر جس میں نقطہ انجماد ۳۲ ڈگری اور نقطہ جوش ۲۱۲ ڈگری ہوتا ہے۔

فارورڈ کرنا (اُر۔فعل) آگے کو چلنا کرنا۔ ارسال کرنا۔ بھیجنا۔ چالان کرنا۔ Forward

فاروق (ع۔ا۔صفت) فرق کرنیوالا۔ (بصورت مذکر) خلیفہ دوم حضرت عمرؓ کا خطاب کا لقب۔ ایک تریاق کا نام۔ ایک تیزاب کا نام جس سے چاندی سونا الگ ہوجاتا ہے۔

فاروقی (ع۔ا۔صفت بیائے نسبتی) وہ آدمی جو حضرت عمر کی اولاد ہو۔ عادت۔ حالات وغیرہ۔

فازہ (ف۔ا۔مذ) جمائی۔

فاسٹ۔ (انگ۔اسم صفت) تیز۔ سست کی ضد۔ تیز رفتار آگے۔ بیش۔ زیادہ۔ Fast

فاسخ (ع صف) فسخ کرنے والا۔ توڑنے والا۔

فاسد (ع۔ا۔صفت فاعلی) تباہ۔ برباد۔ شریر۔ بد۔ بدمعاش جھگڑالو۔ فسادی۔ خراب۔ ناقص۔ نکما۔ کھوٹا۔

فاسفورس (Phosphorous۔ انگ۔ا۔مذ) ایک تاب ناک کیمیاوی مادہ جو مرلب حالت میں پایا جاتا ہے۔

فاسفیٹ (Phosphate۔ انگ۔ا۔مذ) فاسفوری نمک۔

فاسق (ع۔ا۔مذ) فاعل از فسق۔ جھوٹا۔ دروغگو۔ بدکار۔ گنہگار۔

فاش (ف۔صفت) ظاہر۔ کھلا۔ آشکارا۔ ظاہر۔ صریح۔

فاش غلطی کرنا۔ (اُر۔محاورہ) کھلی غلطی کرنا۔ بہت بڑی غلطی کرنا۔

فاش کرنا۔ (اُر۔مصدر مرکب) ظاہر کرنا۔ آشکارا کرنا

فاش ہونا۔ (اُر۔محاورہ) ظاہر ہونا۔ پردہ ہٹ ہونا۔ طشت از بام ہونا۔

فاشزم (انگ۔ا۔مذ۔ Fascism) سرمایہ داروں کی جارحانہ آمریت۔ جمہوریت کا دشمن نظریہ۔ فسطائیت۔

فاشسٹ (انگ۔ا۔مذ۔ Fascist) فاشزم کا پیرو۔

فاصل (ع) فاعل از فصل۔ جدا کرنیوالا۔ الگ کرنیوالا۔ فرق کرنے والا۔

فاصلِ آب (عف۔ا۔مذ) دو دریاؤں کے درمیان کا مرتفع قطعہ زمین۔

فاصلہ (ع۔ا۔مذکر) دُوری۔ عرصہ۔ میدان۔ بُعد مسافت۔

فاضل (ع۔صفت) افزون۔ زیادہ فضول۔ آیندہ۔ بڑھا ہوا۔ حساب سے زیادہ۔

فاضلِ اَجَل (ع۔ا۔مذکر) بہت بڑا فاضل۔ نہایت بڑا عالم۔ عالم متبحّر۔

فاضل باقی۔ (ع۔ا۔مونث) کمتی بڑھتی۔ کم و بیشی۔ وصول اور باقی زاید۔ باقیماندہ

فاضل باقی نکالنا۔ (اُر۔محاورہ) وصول شدہ رقم کو حساب میں مجرا کرکے کمی بیشی یا لینا دینا نکالنا۔

فاضل ہونا۔ (اُر۔محاورہ) عالم ہونا۔ صاحب فضل و کمال ہونا۔ فالتو ہونا۔ کسی شے کا خرچ سے زیادہ ہونا۔ جیسے آپ کے ہاں یہ شے فاضل ہے۔

فاضلات (ف۔ا۔مذ) فاضل رقم۔ وہ پانی جو سیلاب کی وجہ سے نہر سے باہر نکلے۔

فاطمہ (ع۔ا۔مونث) بچوں کو دودھ نہ پلانے والی عورت۔ وہ عورت جس نے دو ہی سال میں بچے کا دودھ چھڑا دیا ہو۔ سیّدۃ النسا حضرت فاطمۃ الزہراؓ کا نام مبارک ہے جو حضرت رسول کریم کی دختر فرخندہ اختر تھی۔

فاطمی (ع۔صفت) حضرت فاطمہؓ کی نسل کا۔ مصری فرمان رواؤں کا خاندان جنہوں نے ۹۰۹ء تا ۱۱۷۱ء حکومت کی۔

فاعل (ع۔ا۔مذکر) فعل کرنیوالا۔ کسی کام کے کرنیوالا۔ کرتار۔ مرتکب مجرم۔ وہ اسم جو کام کرنے والے کی ذات پر اشارہ کرے زانی۔ غلامی۔

فاعلِ حقیقی (ع۔ا۔مذ) خدائے تعالیٰ۔

فاعلِ مختار (ع۔ا۔مذ) وہ کام کرنے والا جسے اختیار کامل ہو۔

فاعل و مفعول (ع۔ا۔مذکر) کسی کام کا کرنے اور کرانے والا۔ عاشق و معشوق۔ فعل بد کرنے اور کرانے والا۔

فاعلی۔ (ع۔صف) فاعل سے منسوب۔

فاعلیت (ف۔مو) فاعل ہونا۔

فافہم۔ (ع) پس غور کرو اور سمجھو۔

فاق۔ (ع۔مذ) تبر کا پچھلا حصّہ۔

فاقِر۔ (ع۔صفت) کھودنے والا۔

فاقدُ البَصَر (ع۔صفت) اندھا۔ نابینا۔

فاقہ۔ (ع۔ا۔مذکر) برت۔ روزہ۔ بن کھائے۔ بھوکا رہنا۔ بھوک۔

فاقہ زدہ (عف۔صفت بترکیب مفعولی) بھوک کا مارا۔ بھوکا ننگا۔ کنگال۔

فاقہ کا مارا ہے۔ (اُر۔محاورہ) غریب ہے۔ بھوک کا ستایا ہوا ہے۔

فاقہ کرنا (فعل) بھوکا رہنا۔ کچھ نہ کھانا۔

فاقہ کش۔ (عف۔صفت ترکیبی) بھوکا رہنے والا۔ کنگال۔ کنگلا غریب۔ بھوکا۔

فاقہ کشی۔ (عف۔ا۔مونث۔ بیائے مصدری) غریبی۔ مفلسی۔ بھوکا رہنا۔ تنگی۔

فاقہ کشی کی نوبت آنا۔ (اُر۔محاورہ) اس درجے افلاس بڑھ جانا کہ کھانے کو نہ ملنا۔

فاقہ مست (عف۔ا۔مذکر صفت) مفلسی میں مگن رہنے والا۔ تنگی میں خوش رہنے والا۔ لنگوٹی میں پھاگ کھیلنے والا۔

فاقہ مستی۔ (عف۔ا۔مونث۔ بیائے مصدری) تنگی میں رنگ رلیاں لنگوٹی میں پھاگ مفلسی میں خوشی۔

فاقہ ہونا یا گذرنا (اُر۔محاورہ) بن کھائے رہنا۔ بھوکا رہنا۔

فاقوں۔ (اُر۔مذکر) فاقہ کی جمع۔

فاقوں کا مارا یا فاقوں کا ٹوٹا۔ (اُر۔اسم صفت) وہ شخص جو بھوکا مرتے مرتے دبلا اور لاغر ہو گیا ہو۔ نہایت مفلس۔ فاقہ زدہ۔

فال۔ (ع۔مونث) شگون۔ غیب کی بات۔ پیشین گوئی۔

فال اختر (عف۔صفت) بدنصیب۔ بدقسمت۔

فال دیکھنا یا کھولنا یا لینا (اُر۔محاورہ) غیب کی بات معلوم کرنا۔ کسی کتاب یا پاسہ سے نیک یا بد شگون معلوم کرنا۔

فال کی کوڑیاں ملا تو بھی حلال ہیں۔ (اُر۔مثل) مشقت اور محنت کی اجرت پرہیزگار اور پارسا آدمی کو بھی حلال ہے۔

فال گو۔ (عف۔ا۔مذکر۔ فاعل ترکیبی) شگون۔ دیکھنے اور بتانے والا۔

فال نامہ۔ (عف۔ا۔مذکر) شگون دیکھنے کی کتاب

فال نکلنا۔ (اُر۔محاورہ) شگون معلوم ہونا۔ غیب کی بات معلوم کرنا۔

فال نکلوانا۔ (اُر۔محاورہ) شگون نکلوانا۔ غیب کی بات معلوم کرنا۔

فال نیک۔ (ع ف۔ا۔مو) اچھا شگون۔

فالتو۔ (اُر۔صفت) ضرورت سے زیادہ۔ بیکار۔ فاضل۔ پہاڑی لوگ آگ۔ علی۔ مزدور ؛

فالج (ع۔اندکر) ادھرنگ۔ ادھے جسم کا ڈھیلا یا سُن پڑجانا۔ استرخا۔ جسم کا سُست اور بیکار ہونا ؛

فالج گرنا۔ (اُر۔فعل) ادھرنگ کی بیماری ہوجانا۔ یکایک بدن کا سُست اور ڈھیلا ہوجانا ؛

فالسہ (ف۔مذکر) اودے رنگ اور ترش و شیریں ذائقہ کے ایک جھاڑی کے بیر جتنا پھل ؛

فالسئی (اُر۔صفت۔بیاے نسبتی) اودا رنگ سیاہی مائل رنگ ؛

فالودہ (ف۔اندکر) پکا اور جما ہوا نشاستہ جس کی سیویاں اور قتلے بنا کر شربت کے ساتھ گرمیوں میں پیتے ہیں ؛

فالودہ کھائے دانت ٹوٹے تو بلا سے۔ (اُر۔مثل) آسان کام کرنے جی گھبرائے تو بلا سے اگر بھلائی میں برائی ہو تو ہوا کرے۔

فالیز (ف۔مونث۔ظرف) لغت میں کشت زار مجازاً خربوزے کھیرے ککڑی وغیرہ کا کھانا ؛

فام۔ (ف۔اندکر) رنگ۔ رنگت۔ کون (جزو تشبیہ) مانند۔ مثل نظیر ؛

فانوس (ع۔ف۔مذکر) چراغدان۔ چمنی۔ پنجرے کی شکل کی باریک کپڑے یا کاغذ سے منڈھی ہوئی قندیل ؛



فانوس

فانوس

فانوس خیال یا فانوس خیالی (ع۔اندکر) کاغذ کا ہاتھی گھوڑے وغیرہ کی تصویروں والا چکر کھانے والا فانوس جو ہوا یا دھوئیں سے چکر کھاتا ہے ؛

فانہ۔ (ف۔اندکر) پھانہ۔ ایک چپٹی لکڑی جس سے لکڑی کی درز کھولتے ہیں ؛

فانی (ع۔صفت۔فاعلی از فنا) فنا ہونے والا۔ معدوم ہونے والی۔ گم ہونے والا۔ مرنے والا۔ جان سے جانے والا۔ مٹ جانے والا ؛

فائدہ (ع۔اندکر) نفع۔ سود۔ نقصان کی ضد لایعہ۔ منافع۔ پھل۔ گن۔ غرض۔ مطلب۔ واسطہ۔ آرام۔ صحت۔ بیماری کی کمی۔ بہتری۔ بھلائی۔ پیداوار۔ آمدنی۔ کارآمد۔ مفید۔ مطلب ؛

فائدہ اُٹھانا (اُر۔محاورہ) نفع حاصل کرنا۔ فیض حاصل کرنا ؛

فائدہ بخش۔ (ف۔صفت) فائدہ دینے والا ؛

فائدہ پہنچنا۔ (اُر۔محاورہ) نفع پہنچانا۔ فیض پہنچانا ؛

فائدہ دینا۔ (اُر۔محاورہ) فائدہ پہنچانا ؛

فائدہ ہونا۔ (اُر۔فعل) نفع ہونا۔ صحت پانا ؛ (فائدہ ہونا ؛

فائدہ مند۔ (ع۔ف۔صفت ترکیبی) مفید کارگر۔ مؤثر۔ سود مند ؛

فائر (Fire۔انگ۔ا۔مذ) آگ۔ آتش۔ بندوق چلانا ؛

فائر انجن (Fire Engine - (انگ۔اندہ) وہ انجن جس سے آگ بجھائیں ؛



(فائر انجن)

فائر مین (انگ۔مذکر۔فاعل) آگ کا کام کرنے والا۔ انجن میں کوئلہ جھونکنے والا ؛ Fire Man

فائر بریگیڈ (انگ۔اندہ) آگ بجھانے کا کام کرنے والی جماعت ؛ Fire Brigade

فائر پروف۔ (Fire Proof (انگ۔مذ) وہ شے جس پر آگ کا اثر نہ ہو ؛

فائز (ع۔صفت فاعلی از فوز) پہنچنے والا۔ کامیاب ہونے والا ؛

فائض (ع۔صفت) بہت افراط سے۔ فیاض۔ نہایت اعلیٰ ؛

فائز المرام (ع۔اندکر) مراد پانے والا۔ بامراد۔ کامیاب ؛

فائض السّرور۔ (ع صفت) خوشی پہنچانے والا ؛

فائض النّور (ع صفت) روشن۔ منوّر ؛

فائق (ع) صفت فاعلی از فوق۔ آگے بڑھنے والا۔ معزز۔ اعلےٰ ممتاز۔

فائل (انگ۔ا۔مذ) لڑی۔ لائن۔ قطار۔ سلسلہ۔ سلک۔ نتھی۔ منسلک خط پر دو کر رکھنے کا تار یا ڈورا۔ بنڈل۔ مٹھا۔ فرد۔ مثل۔ فہرست۔ File

فائل بک (File Book - انگ۔مذ) وہ کتاب جس میں کاغذ نتھی کر کے رکھے جائیں۔

فائل کرنا (اُر۔محاورہ) نتھی کرنا۔ تار میں پرونا۔ شامل مسل کرنا۔

فائن (Fine۔انگ۔ا۔مذ) جرمانہ۔ ڈنڈ۔ تاوان۔ عمدہ نفیس خوبصورت۔

فائن آرٹ (انگ۔مذ) فنون لطیفہ۔ Fine Art

فائنری (Finery۔انگ۔ا۔مو) لوہا پگھلانے کی بھٹی۔

فائنل (Final - انگ۔ا۔مذ) آخری۔ قطعی۔ ٹورنامنٹ میں مقابلے کا آخری کھیل۔

فاؤنٹین پن: Fountain Pen (انگ۔ا۔مذ) خود کار قلم۔

فاؤنٹین پن

فاؤل (Foul - انگ۔مذ) کھیل کے قواعد کی خلاف ورزی۔

فاؤنڈری (Foundry۔انگ۔ا۔مو) کارخانہ جس میں دھاتوں کو گلا کر اشیاء ڈھالی جاتی ہیں۔

ف ـ ب

فِبہا (ع) تابع فعل لغوی۔ پس۔ سانھ۔ اس کے اصطلاحی۔ پس۔ بہتر۔ بہت خوب۔

ف ـ ت

فتاہ (ع) جوان عورت۔ جوان لونڈی۔

فتاتہ (ع) ہر چیز کا ریزہ۔ ذرہ (فتات)

فتاح (ع۔صفت بصیغہ مبالغہ) کھولنے والا۔ حکم کرنے والا۔ خداوند کریم کا صفاتی نام ہے۔

فتان (ع۔صفت) بصیغہ مبالغہ۔ فتنہ برپا کرنے والا۔ آفت خیز عموماً معشوق کی آنکھ کی صفت میں بولا کرتے ہیں۔

فتح (ع۔ا۔مونث) کھولنا۔ کشائش۔ جیت۔ ظفر۔ (بحالت اسم مذکر حرکات ثلثہ میں سے ایک حرکت کا نام ہے۔ زیر فتح سکھول کا سلام۔ بندگی۔

فتح الیمامہ (ع۔ا۔مو) ابتدا۔ آغاز۔ موسم برسات کا آغاز۔

فتح باب (ع۔امو) کشادگی۔ آسودگی۔ (لفظی معنی) دروازے کا کھلنا۔

فتح بولنا (اُر۔محاورہ) مراد حاصل کرنا۔ کام بنانا۔ (سکھ) سلام کہنا۔ ختم ہو جانا۔ ہو چکنا۔ جیسے گھی تو فتح بول گیا۔

فتح پانا (اُر۔محاورہ) جیتنا۔ مظفر و منصور ہونا۔ نصرت پانا۔ ظفریاب ہونا۔

فتح پیچ (اُر۔ا۔مذ) عورتوں کے بالوں کی ایک قسم کی گندھاوٹ۔ پگڑی باندھنے کا ایک خاص ڈھنگ۔ حقہ کا ایک قسم کا پیچ۔

فتح تو خدا کے ہاتھ ہے پر مار مار تو کئے جاؤ (اُر۔مثل) کوشش کئے جاؤ۔ خدا کامیابی دے گا۔

فتح کا ڈنکا یا نقارہ بجانا۔ (اُر۔محاورہ) جیتنے یا فتحمند ہونے کی خوشی میں نوبت بجانا۔ خوشی کے نقارے بجانا۔

فتح کرنا۔ (اُر۔محاورہ) جیتنا۔ غالب آنا۔ سرکرنا۔ کام بنانا۔

فتح گڑھ۔ (اُر۔ا۔مذ کر ظرف) وہ قلعہ یا عمارت جو کسی فتح کی یاد میں بنائی جائے۔

فتح مند۔ (عف۔صفت ترکیبی) جیتنے والا۔ جیتو۔ غالب۔ فیروز مند۔



فتح نامہ (عف۔ا۔مذ کر بقلب اضافت) وہ تحریر جو کسی فتح کی خوشی اور حالات میں لکھی جائے۔ فتح کی چٹھی۔

فتح و ظفر (ع۔ا۔مونث) جیت۔ ظفر۔ نصرت۔ ظفرمندی۔

فتحہ (ع۔ا۔مذ کر) حرف کی ایک حرکت کا نام ہے۔ جو نصف الف کی آواز دیتا ہے۔ زیر نصب۔

فتحیاب (عف۔صفت) جیتو۔ فاتح۔ فتحمند۔ منظفر۔ فیروز مند۔

فتحیابی (عف۔مونث۔ بیائے مصدری) جیت۔ فتح۔ ظفر۔

فتراک (ف۔مذ کر) شکار بند۔ زین کے ساتھ شکار وغیرہ باندھنے کے تسمے۔

فتق (ع۔ا۔مذ کر) نوطے بڑھ جانے کی بیماری۔

فتنت (ع۔ا۔مو) چالاکی۔ شرارت۔ گمراہی۔

فتنہ (ع۔مذ کر) جھگڑا۔ فساد۔ گناہ۔ عذاب۔ دیوانگی۔ ہڑبونگ۔ بغاوت۔ سرکشی۔ فتور۔ عاشق۔ شیدا۔ معشوق۔ دلبر۔ ایک قسم کے عطر کا نام۔ ایک پھول کا نام بھی۔ (بحالت صفت) نہایت شریر۔ دنگئی۔ فسادی۔ شوخ۔ منتفی۔ آفت کا پرکالہ۔

فتنہ اُٹھانا۔ (اُر۔محاورہ) فساد کھڑا کرنا۔ جھگڑا اُٹھانا۔ بکھیڑا کر دینا۔

فتنہ انگیز یا۔ فتنہ پرداز (عف۔صفت ترکیبی) جھگڑالو۔ بکھیڑیا۔ فسادی۔ لڑائی۔ جھگڑا کرانے والا۔

فتنہ بننا۔ (اُر۔محاورہ) باعثِ فساد ہونا۔
فتنہ بیدار کرنا (اُر۔محاورہ) دوبارہ فتنہ اٹھانا۔ از سرِ نو فساد کرنا۔
فتنہ جہاں۔ فتنہ عالم (عف۔صفت) دُنیا میں حشر برپا کرنیوالا۔
فتنہ جُو۔ را سامان (عف۔صف) شرارتی۔ فسادی۔ جھگڑا اپھیلانے والا۔
فتنہ چونکانا۔ (اُر۔محاورہ) دیکھئے فتنہ جگانا۔
فتنہ خفتہ (عف۔اند) پوشیدہ فتنہ۔
فتنہ خیز (عف۔صفت) فتنہ برپا کرنے والا۔
فتنہ دوراں۔ (عف۔صفت) مفسد۔ فسادگی۔ معشوق۔
فتنہ خوابیدہ (عف۔صفت مفعولی) چھپا ہوا فتنہ۔ پوشیدہ فتنہ۔
فتنہ زا (عف۔صفت ترکیبی) شور برپا کرنے والا۔ فساد اُٹھانے والا۔
فتنہ گر (عف۔صفت) مفسد۔ فسادی۔ معشوق۔
فتنی۔ (اُر۔مؤنث۔صفت) چالاک عورت۔ عورت۔ عیّارہ۔ فسادی عورت۔ مفسد عورت۔
فتوارق۔ (مذ) تہمت۔ بہتان۔ فساد۔ خرابی۔
فتوت (ع۔مؤنث) جوانمردی۔ مروت۔ بہادری۔ شجاعت۔
فتوح (ع۔مؤ) فتح کی جمع۔ آمدنی۔ یافت۔ غیبی آمدنی۔ بڑ۔ کشادگیاں۔ فتحیں۔ نصرتیں۔ جیتیں۔
فتوحات (ع۔مؤنث) فتوح کی جمع ہے۔
فتوحی۔ (ع۔مؤنث) صدری۔ مرزئی۔ واسکٹ۔ ایک قسم کی جاکٹ۔
فتور (ع۔مذکر) فساد۔ خرابی۔ فتنہ۔ جھگڑا۔ دنگا۔ ٹنٹا۔
فتور آنا (اُر۔محاورہ) خرابی واقع ہونا۔ نقص آنا۔ خرابی آنا۔
فتور اُٹھانا یا برپا کرنا (اُر۔ محاورہ) فتنہ اُٹھانا۔ فساد اُٹھانا۔ جھگڑا برپا کرنا۔
فتور ڈالنا (اُر۔محاورہ) خرابی ڈالنا۔ رخنہ۔ بنتے کام کو بگاڑ دینا۔
فتور عقل۔ (ع۔اند) بے عقلی۔
فتور ہضم۔ (ع۔اند) ہاضمہ کی خرابی۔
فتوری یا فتور یا (اُر۔صفت فاعلی بیائے فاعلیت) آگ لگاؤ۔ جھگڑالو۔ فسادی۔ لڑاکا۔ مفسد۔
فتوی (ع۔مذکر) شرعی فیصلہ۔ شریعت کا حکم۔ قاضی شرع کا وہ فیصلہ جو کسی کام کے جائز یا ناجائز ہونے کی بابت صادر ہو۔
فتوے دینا (اُر۔محاورہ) قانون مذہب کے مطابق حکم دینا۔ شرعی فیصلہ صادر کرنا۔
فتیلہ (ع۔مذکر) بٹی ہوئی چیز۔ بتی۔ فلیتہ۔ پلیتہ۔
فتیلہ داغنا۔ (اُر۔محاورہ) تائش کرنا۔
فتیلہ دکھانا۔ (اُر۔محاورہ) فتیلہ یا بتی سے آگ لگانا۔ بندوق یا توپ کے بارود کو آگ لگانا۔
فتیلہ دینا (اُر۔محاورہ) زخم میں بتی دینا۔
فتیلہ سوز (عف۔اند) روشنی کا چھوٹا۔ ظرف شمع دان۔
فتیلہ عنبر۔ (ع۔اند) عنبر کی وہ بتی جسے جلاتے ہیں۔
فتیلہ ناک میں دینا۔ (اُر۔محاورہ) تعویذ کی بتی کی دھونی دینا (مجازاً) دق کرنا۔

ف - ٹ

فٹ (ر Fit۔ انگ۔صفت) چست۔ درست۔ ٹھیک۔
فٹ آنا (اُر۔محاورہ) ٹھیک آنا۔ درست ہونا۔
فٹ۔ (ان) مذکر۔ پاؤ۔ قدم۔ پیر۔ بارہ انچ کا ایک پیمانہ۔ گز کا تیسرا حصّہ۔ Foot
فٹ بال (انگ۔اند) پاؤں سے گیند کو لڑھکانے کا کھیل۔ پاؤں سے لڑھکانے کا گیند۔ Foot Ball



(فٹ بال)

فٹ پاتھ (انگ۔اند) پک ڈنڈی۔ سڑک کے کنارے پیدل چلنے کے لیے پٹڑی۔ Foot Path
فٹ نوٹ (انگ۔اند) وہ حوالے یا شرح جو کتاب کے متن کے نیچے لکھی جائے۔ Foot Note
فٹن (انگ۔امؤ) ایک قسم کی چار پہیوں والی گاڑی۔ Phaeton

ف - ج

فجا (ع۔اند) یکایک ہونا۔
فجائی (ع صفت) ناگہاں۔ یکایک۔ حروف کی وہ قسم جن میں کسی امر کے یکایک ہونے کا اظہار ہو۔
فجر (ع۔مؤنث) صبح۔ نور کا تڑکا۔ سویرا۔

فجر ہونا۔ (اُ۔ فعل) صبح کی سفیدی کا کھلنا، نمود صبح ہونا۔ مجازاً آنکھیں کھلنا۔ غفلت دُور ہونا۔

فجُور۔ (ع۔ا۔مذکر) گناہ۔ جُرم۔ قصور۔ زنا۔ بدکاری۔ گنہگاری۔

ف - ح

فحاش (ع۔ صفت) شریر۔ بدچلن۔

فحاشی (ع۔ا۔مو) بدچلنی۔ شرارت۔ بے حیائی۔

فحش (ع۔ا۔مذکر) قابل شرم بات۔ بیہودہ اور لغوبات۔ گالی گلوچ۔

فحش بکنا۔ (اُ/ فعل) گالیاں دینا۔ بیہودہ بات کہنا۔

فحوا (اُ۔ا۔مذکر) بات۔ کلام۔ سخن۔ معنی۔ مطلب۔ طرز۔ ڈھنگ جیسے فحوائے کلام سے معلوم ہوتا ہے۔

فحوائے کلام۔ (ع۔ا۔مذ) بات کا مطلب۔

فحول۔ (ع۔ا۔مذ) فحل کی جمع۔ عالم آدمی۔

ف - خ

فخامت۔ (ع) موٹائی۔ بلندی۔ بزرگی۔

فخذ (ع) قبیلہ۔ جانگھ۔ ران۔ کنبہ۔

فخر (ع۔ا۔مذکر) غرور۔ ناز۔ گھمنڈ۔ بزرگی۔ شرف۔ شیخی۔ تعلی۔ گمان۔

فخر انبیاء (ع۔ا۔مذ) (کنایتہً) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم۔

فخر جاننا یا سمجھنا۔ (اُ/ فعل) قابل قدر سمجھنا۔ باعث بزرگی خیال کرنا۔

فخر خاندان (ع۔صف۔مذکر) وہ شخص جو اپنے ماں باپ اور خاندان کا نام روشن کرے جس کے سبب سے تمام خاندان کو بزرگی حاصل ہو۔

فخر کرنا۔ (اُ/ فعل) گھمنڈ کرنا۔ ناز کرنا۔ غرور کرنا۔ شیخی مارنا۔

فخریہ (ع۔ تابع فعل) فخر کے طور پر۔ افتخاراً۔ اکڑ کر۔ نازاں ہو کر۔

فخیم (ع۔صفت) بزرگ۔ بلند مرتبہ۔

ف - د

فدا (ع۔صفت) جان نثار۔ جان قربان کرنے والا۔ دوسرے کے بدلے میں جان دینے والا۔ بصورت اسم مذکر) صدقہ نثار۔ نچھاور۔ نجات کا وسیلہ۔ سر یا جان کی قیمت بھینٹ۔ نذر۔ عاشق۔ شیدا۔ مفتون۔

فدا کرنا (اُ/ محاورہ) قربان کرنا۔ نثار کرنا۔ بھینٹ۔ نذر کرنا۔ وارنا۔ نچھاور کرنا۔

فدا ہونا (اُ/ محاورہ) قربان ہونا۔ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ مفتون ہونا۔

فداہ اُمّی وابی (ع۔ کلمہ) میرے ماں باپ آپ پر قربان ہو۔ پیغمبر خدا حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام کے بعد کہتے ہیں۔

فدائی (ع۔ا۔مذکر۔ بیائے فاعلیت یا نسبتی) اپنے آپ کو دوسرے کے بدلے ہلاکت میں ڈالنے والا۔ سر دینے والا۔ جان قربان کر ڈالنے والا۔ عاشق۔ جانباز۔

فدوی (ع۔ا۔مذکر۔ بیائے فاعلیت۔ مفید صفت) فدا ہونے والا۔ سر بیچنے والا۔ جان نثار۔ تصدق ہونے والا (بحالت اسم مذکر) نوکر۔ ملازم۔ اکثر بزرگوں کو عرضی کے آخر میں اپنے نام کے ساتھ لکھتے ہیں۔

فدیہ (ع۔ا۔مذکر) زر مخلصی۔ وہ روپیہ جس کو ادا کر کے قیدی کو چھڑایا جائے سر بہلڈنڈ۔ جرمانہ۔ وہ ٹیکس جو غیر مذہب والوں سے بادشاہ وصول کرے۔ خون بہا۔

ف - ذ

فذالک (ع۔ا۔مو) حساب کی اصطلاح میں وہ جمع جو تفصیل کے بعد دی جائے۔ میزان۔

ف - ر

فر (ف۔ا۔مذکر) آرائش۔ آراستگی۔ دھوم دھام۔ رُعب و داب۔ دبدبہ۔

فر سے (اُ/ منعلق فعل) جلدی سے۔

فر (اُ/ا۔مذکر۔صوت) چڑیوں اور پرندوں کے اُڑنے کی آواز۔ جلدی سے اُڑنے کی آواز۔ پوستین۔ سمور۔

فرات (ع۔ا۔مذکر) عراق عرب کے ایک دریا کا نام ہے۔

فرآٹا (اُ/ا۔مذکر۔صوت) کسی پرندے کے اُڑنے کی آواز۔ ہوا کا سناٹا جلدی جلدی پڑھنا یا بولنا۔

فرآٹے بھرنا یا لینا (اُ/ محاورہ) جلد جلد پڑھنا یا بولنا۔ خوب دوڑنا۔ بے تحاشا بھاگنا۔ جھونکے سے پھریرے کا ہوا میں لہرانا۔ اُڑنا

فرآٹے کے ساتھ (اُ/ منعلق فعل) تیزی سے۔ جلدی جلدی۔

فراخ (ف۔صفت) وسیع۔ کھلا۔ چوڑا۔ کشادہ۔ بڑا۔ کلاں۔

فراخ آستین۔ (ف۔صفت) سخی۔ جوانمرد۔

فراخ ابرو۔ (ف۔صفت) کشادہ پیشانی۔ ہنس مکھ۔

فراخ چشم۔ (ف۔صفت) عالی ہمت۔ بلند حوصلہ۔

فراخ حوصلہ (ع۔ اسم صفت ترکیبی) عالی ہمت۔ بڑے حوصلے والا۔

فراخ دامن / دست (ف۔صفت) دولتمند۔ مالدار۔ سخی۔

فراشی (عف۔مو) فراش کا کام۔ اس میں یائے نسبتی ہے۔

فراشی پنکھا (اُ۔ا۔مذ) آلہ۔ بڑا پنکھا جو چھت سے لٹکایا جاتا ہے۔ یا وہ بڑا پنکھا جس سے کھڑے ہو کر ہاتھ سے جھلتے ہیں۔

فراشی سلام (اُ۔ا۔مذ) نہایت ادب و تعظیم کا سلام جس میں جھک کر فرش تک سر پہنچ جاتا ہے۔

فراغنہ (ع۔ا۔مذ) فرعون کی جمع ہے۔

فراغ (اُ۔ا۔مذ) سوختہ۔ سُبیتا۔ فرصت۔ مہلت، آرام۔ آسودگی۔ نجات۔ خوشی۔ سُرور۔ سُکھ چین۔ خوشحالی۔ بہتات۔ کثرت۔ افراط۔ تسلی۔ اطمینان۔ دلجمعی۔

فراغ بال (ع۔صف) صفتم بے فکر۔ آسودہ۔

فراغ خاطر یا دل (ع۔ا۔مذ) دلجمعی تسلی۔ بے فکری۔ آرام دل۔

فراغت (ع۔مو۔ بیائے تانیث) فرصت۔ مہلت۔ نجات۔ خوشی۔ رہائی۔ بہتات۔ فراوانی۔ آرام چین۔ پیخانہ۔ ٹٹی۔ رفع حاجت۔

فراغت پانا (اُ۔ا۔فعل) خالی ہونا۔ فرصت پانا۔ فیصلہ کرنا۔ جھگڑا فیصل کرنا۔ بکھیڑا چکانا۔ انزال ہونا۔

فراغت جانا (اُ۔محاورہ) پیخانے جانا۔ ٹٹی جانا۔ جنگل جانا۔ رفع حاجت کے لئے جانا۔

فراغت سے بیٹھنا (اُ۔محاورہ) آرام سے بیٹھنا۔ بے فکری سے بیٹھنا۔

فراغت کرنا (اُ۔محاورہ) فرصت پانا۔ چھٹکارا پانا۔

فراغت لگنا (اُ۔محاورہ) پاخانہ کی حاجت ہونا۔

فراغت ہونا (ف۔محاورہ) فارغ ہونا۔ فرصت پانا۔ انزال ہونا۔

فراق (ع۔مذ) علیحدگی۔ جدائی۔ ہجر۔ مفارقت۔ فکر۔ خیال۔ دھیان۔ لگن۔ جیسے۔ کس فراق میں لگے ہو۔ عشق۔ محبت۔

فراق دیدہ/کشیدہ (ف۔صف) وہ جو کسی عزیز ہستی سے جدا ہو گیا ہو۔

فراق زدہ/نصیب (ف۔صف) وہ جو اپنے محبوب سے جدا ہو۔

فراک کوٹ (انگ۔مو) پیچھے سے چاک شدہ کوٹ۔ ایک خاص وضع اور فیشن کے کوٹ کا نام ہے۔ Frock Coat.

فرامشن لاج (انگ۔مذ) ایک خاص عقیدے کے لوگوں کا فرقہ۔ ایک خفیہ اور قدیمی مجلس (انگ) فری میشن کا بگاڑ ہے۔ ہم مشرب۔ شریک صحبت۔ ہمراز۔

فراموش (ف۔صفت) بھولا ہوا۔ یاد سے اُترا ہوا۔ (بحالت اسم مونث) بھول چوک۔ نسیان۔ سہو۔ خطا۔

فراموش بدنا (اُ۔محاورہ) فراموش کی شرط لگانا۔ ایک کھیل کا نام۔

فراموش کرنا (ف۔فعل) بھول جانا۔ بسر جانا۔ خیال نہ رکھنا۔ چت سے اتارنا۔

فراموشی (ف۔مو۔ بیائے مصدری) بھول چوک۔ سہو۔ خطا۔

فرایض (ع۔مذ) فریضہ کی جمع۔

فرانس (انگ۔مذ) ایک ملک کا نام ہے۔ France

فرانٹیر (انگ۔صفت) سرحد۔ Frontier

فرانسیس (ف۔مو) ملک۔ فرانس کے باشندے۔ فرنچ۔ اہل فرانس۔

فرانسیسی (ف۔مو۔ بیائے نسبتی) فرنچ زبان۔ فرانس کی بولی (بصورت اسم مذکر) باشندۂ ملک فرانس۔ French

فرانک (انگ Franc ۔ ف۔مذ) فرانس کا سکہ۔

فراوال (ف۔صفت) زیادہ۔ وافر۔ بکثرت بہت۔

فراوانی (ف۔مو۔ بیائے مصدری) زیادتی۔ کثرت۔ بہتات۔ افراط۔

فراہم (ف۔تابع فعل) جمع۔ اکٹھا۔ سب۔ سارا۔

فراہم کرنا (اُ۔فعل) جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔

فراہمی (ف۔مو۔ بیائے مصدری) اجتماع۔ جمع کرنا۔ جمعیت۔ اکٹھا کرنا۔

فرائد (ع۔مذ) فریدہ کی جمع۔ قیمتی پتھر۔ جواہرات۔ اکائیاں۔ بے مثل تنہا۔ یگانہ

فرائض (ع۔مذ) فریضہ کی جمع ہے۔ ضروری کام۔ ڈیوٹیاں۔ اصطلاح۔ شرع میں فرمودہ الٰہی۔ میراث یا ترکہ کی تقسیم کا علم۔

فرائض پنجگانہ (ع۔ف۔مذ) پانچوں وقت وقت کی نمازیں۔ پانچ ارکانِ اسلام (۱) نماز (۲) روزہ (۳) حج (۴) زکوٰۃ (۵) کلمہ۔

فرائض منصبی (ع۔ا۔مذ) وہ کام جنکا کرنا کسی عہدے دار کے لئے ضروری ہو۔

فرائی آنگ (انگ۔ا۔مذ) تلنا۔ تلا ہوا۔

فربہ (ف۔صفت) موٹا۔ تیار۔ جسیم۔ تنومند۔ سنڈ مسنڈ

فربہ اندام (ف۔صفت) موٹے بدن کا۔ موٹا۔ پھیس۔

فربہی (ف۔مو۔ بیائے مصدری) موٹائی۔ موٹاپن۔ مٹاپا۔

فرتوت (ف۔صفت) بہت بوڑھا۔ پھونس بوڑھا۔ نکما۔ بے عقل۔ بدحواس۔

فرج (ع۔مو) شگاف۔ چھید۔ سوراخ۔ عورت کی شرم گاہ۔ اندام نہانی۔

فرج (انگ۔مذ) ریفریجریٹر کا مخفف

فرجام (ف۔مو) انجام۔ خاتمہ۔ اخیر انتہا۔

فرح (ف۔مو) خوشی شادمانی۔ فرحت۔ سرور۔ نشاط۔ خرمی۔

فرح بخش (ناک) (ف۔صفت) خوشی دینے والا۔ خوشی سے بھرا ہوا۔

فرحان (ف۔صفت۔ بصیغہ اسم حالیہ) خوش و خرم۔ مگن۔ شادان۔

فرحت (ع۔مو) خوشی۔ خرمی۔ سرور۔ شادمانی۔

فرحت آثار/آگین (ع۔صفت) خوشی سے بھرا ہوا۔

فرحت افزا (ع۔صفت ترکیبی) خوشی بڑھانے والے والا۔ دل کو خوشی دینے والا۔ مفرح۔ تازگی بخش۔

فرحت بخش (ع۔صفت ترکیبی) خوشی اور تازگی بخشنے والا۔ خوشی دینے والا۔

فرخ (ف۔صفت) مبارک۔ سعید۔ نیک۔ زیبا چہرے والا۔ فر بمعنی زیبا اور رُخ بمعنی چہرا سے مرکب ہے۔

فرخ تبار (ف۔صفت ترکیبی) بڑے گھرانے کا۔ عالی خاندان کا۔ اچھے خاندان کا۔

فرخ سیر (ع۔صف صفت) اچھی عادتوں والا۔

فرخ نہاد (ف۔ع۔صفت) اچھی طبیعت والا۔ نیک طبیعت۔

فرخار (ف۔مذ) سجاوٹ۔ زینت۔ ترکی کا ایک شہر جو اپنے باشندوں کی خوبصورتی کے لئے مشہور تھا۔

فرخندہ (ف۔صفت) مبارک۔ نیک۔ سعود۔

فرخندہ بخت یا طالع (ف۔صفت ترکیبی) بھاگوان۔ خوش قسمت۔ نیک نصیب۔ خوش اقبال۔ نیک اختر۔

فرخندہ خو (ف۔صفت) نیک خصلت۔

فرد (ع۔مذ) ایک۔ واحد طاق۔ جفت کی ضد۔ ایک شعر۔ بیت۔ حساب کی

فہرست۔ رجسٹر۔ چٹھا۔ رضائی یا لحاف کا ابرو۔ چادر۔ شال۔ ایک آدمی۔ نفر ایک پرندے کا نام بھی ہے۔ اکیلا۔ تنہا۔ اکا دکا۔ یگانہ۔ یکتا۔ لاثانی۔ بے نظیر۔

فردِ باطل (ع ہو) ناکارہ اور نکمی فہرست جو خراب شدہ ہو۔ مجازاً۔ ردی ناکارہ۔ نکمی۔ بیکار۔

فردِ باقیات (عف۔ ا ہو) بقایا حساب کی فہرست۔

فردِ بشر (ع۔ ا مذ) ایک آدمی۔ شخص واحد۔ ایک متنفس۔

فردِ تعلیقہ (عف لغ مذ) ضبطی جائیداد کی فہرست۔

فردِ کنکوت (اُر۔ ا ہو) وہ کاغذ جس پر فصل کی قیمت کا تخمینہ درج ہوتا ہے۔

فرد فرد (ع تابع) ایک ایک۔ الگ الگ۔ ہر شے۔ ہر آدمی۔

فرداً فرداً (ع تابع فعل) ایک ایک۔ جُدا جُدا۔ الگ الگ۔ ہر شخص۔

فردا (ف۔ مذ۔ ظرف کل) آئندہ دن۔ دوسرا دن مجازاً۔ قیامت کا دن۔

فردوس (ع۔ مذ۔ ظرف) باغ۔ گلشن۔ بہشت۔ جنت۔ بیکنٹھ۔ بہشت کا سب سے اعلیٰ طبقہ۔

فردوسِ بریں (ع۔ لغ) بہشت کا اعلیٰ طبقہ۔

فردوسِ مکانی (عف مذ) وہ مُردہ جس کا گھر بہشت میں ہو۔ بابر بادشاہ کا لقب ہے اُس کے مرنے کے بعد دیا گیا۔

فردوس منزل یا منزلت (ع۔ مذ) جنت میں رہنے والا۔ مرحوم مغفور۔ مبرور۔

فردوسی (عف۔ مذ) حکیم ابوالقاسم منصور طوسی کا تخلص ہے۔ جس نے محمود غزنوی کے زمانے میں شاہنامہ کی تصنیف کی تھی۔

فرزانگی (ف ہو۔ یائے مصدری) دانائی عقلمندی۔ عقل۔ سمجھ۔ علمِ حکمت۔

فرزانہ (ف صفت) دانا۔ عقلمند۔ سمجھدار۔ حکیم۔ لایق۔ ہُنرمند۔ گیانی۔

فرزند (ف۔ مذ) پُوت۔ بیٹا۔ پسر۔ لڑکا۔ ابن۔ بن۔ اولاد خواہ مذکر ہو یا مونث۔

فرزندِ آفتاب (ف۔ لغ مذ) کنایتہً۔ لعل۔ یاقوت۔

فرزندِ ارجمند (ف ع۔ مذ) قابل قدر بیٹا۔ سپوت۔ لایق اور ہونہار بیٹا۔

فرزند بنانا (اُر۔ محاورہ) متبنےٰ بنانا۔ گود لینا۔ لے پالک کرنا۔

فرزندِ خلف (ع ہو) سپوت بیٹا۔ نیک بیٹا۔ صالح لڑکا۔ فرمانبردار بیٹا۔

فرزندِ ناخلف (ع۔ ا مذ) نالایق بیٹا۔ نافرمان بیٹا۔ کپوت۔

فرزندِ نرینہ (ف۔ ا مذ) بیٹا۔ پسر۔ پُتر۔

فرزندی (ف ہو۔ یائے مصدری) باپ بیٹے کا رشتہ۔ پُتر تا۔

فرزندی میں لینا (اُر۔ محاورہ) متبنےٰ بنانا۔ گود لینا۔ بیٹا بنانا۔ دامادی میں قبول کرنا۔ داماد بنانا۔

فرزین (ف۔ صفت) دانا۔ عقلمند۔ سمجھدار۔ شطرنج کے کھیل میں وزیر کے مرنے کر بولتے ہیں۔

فرس (ع۔ مذ) گھوڑا۔ اسپ۔ شطرنج کا وہ مہرہ جو ڈھائی گھر چلتا ہے۔

فرسا (ف۔ صف لاحقہ) تباہ کرنے والا۔ مرکبات میں بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے۔ جیسے رُوح فرسا۔

فرستادہ (ف صفت مفعولی) ایلچی بھیجا ہوا۔ قاصد۔ دُوت۔ پیک۔

فرسٹ (انگ صفت) اول۔ پہلا مقدم۔ سابق۔ یکم۔ First

فرسٹ اننگ (انگ) کرکٹ میں پہلی دفعہ کا کھیل First Innings

فرسٹ ایڈ (انگ ا ہو) ابتدائی طبی امداد۔ First Aid

فرسٹ کلاس (First Class) اول درجہ۔ پہلا درجہ۔

فرسخ (مغرب فرسنگ۔ مذ) کوس۔ تین میل کا فاصلہ۔ تین میل کی دُوری۔

فرسنگ (ف۔ ا۔ مذ دیکھو فرسخ)

فرسودگی (ف ہو) پرانا پن گھساؤ۔ پھٹاؤ۔

فرسودہ (ف۔ صفت۔ مفعول) تباہ حال گھسا ہوا۔ تنگ حال۔ بدحال۔ پرانا کہنہ۔ تھکا ماندہ۔ خستہ حال۔

فرسودہ حال (ف۔ صفت بمفعولی ترکیب) تنگ حال۔ مُفلس۔ خستہ حال

فرسے اُڑنا (اُر۔ محاورہ) جلدی سے اُڑ جانا۔ پھُر سے اُڑنا۔

فرش (ع۔ مذ) بچھانے کی چیز۔ بستر۔ بوریا۔ غالیچہ۔ مجازاً زمین۔ دھرتی۔ اینٹیں لگی زمین۔ چونے وغیرہ سے پختہ کی ہوئی زمین۔

فرشِ خاک (ف لغ مذ) زمین۔

فرشِ راہ (ف۔ ا مذ) راہ پر بچھا ہوا۔ کمال عاجزی کے لئے مستعمل ہے۔

فرش زمین کرنا (اُر۔ محاورہ) پیوند زمین کرنا۔ دفن کرنا۔

فرش فروش (اُر۔ مذ) بچھونا وچھونا۔ ہر قسم کا فرش۔ یہاں فروش تابع موضوع ہے۔

فرش کا جھول مٹانا (اُر۔ مصدر۔ مرکب) فرش سے سلوٹ نکالنا۔

فرش کرنا (اُر۔ محاورہ) بچھونا بچھانا۔ چونے اینٹوں وغیرہ سے زمین کو پکا کرنا۔ قتل کر ڈالنا۔ مار کر زمین پر ڈال دینا۔

فرشِ گل (ف۔ لغ مذ) پھولوں کی سیج۔

فرشتگان (ف۔ ا۔ مذ) فرشتہ کی جمع۔

فرشتوں (ف۔ ا۔ مذ) فرشتہ کی جمع۔

فرشتوں کو خبر نہ ہونا / **فرشتوں کا واقف نہ ہونا** (اُر۔ محاورہ) بالکل بے خبر ہونا۔ کانوں کان خبر نہ ہونا۔ بے خبری کے مبالغے کے وقت بولتے ہیں۔

فرشتوں کے پر جلنا (اُر۔ محاورہ) کسی مقام تک رسائی کی مجال تک نہ ہونا۔ خوف یا رُعب کے مارے جا نہ سکنا۔ گزر نہ ہونا۔

فرشتوں کے پر کترنا (اُر۔ محاورہ) فرشتوں سے سبقت لے جانا۔

فرشتوں کی دال نہیں گلتی (اُر۔ مقولہ) کسی کی رسائی نہیں۔

فرشتوں کی نظر سے بچنا (اُر۔ محاورہ) ملک الموت کا گزر نہ ہونا۔

فرشتوں نے خواب میں نہیں دیکھا (اُر۔ محاورہ) کبھی نہیں دیکھا۔

فرشتوں کی نہ سُننا (اُر۔ محاورہ) نہایت مغرور ہونا۔ پرلے درجے کا متکبر ہونا۔

فرشتہ (ف۔ ا۔ مذ) بھیجا ہوا۔ قاصد رسُول۔ ہاتف۔ دیوتا۔ نور سے پیدا شدہ مخلوق۔

فرشتہ پر نہیں مارتا (اُر۔ محاورہ) کوئی غیر آدمی کسی طرح بھی وہاں جا نہیں سکتا۔ کسی کا بھی وہاں گزر نہیں۔

فرشتہ خاں (ف۔ مذ) زبردست آدمی۔ بارعب آدمی۔ تیس مار خاں۔

فرشتہ خو یا خصلت ۔ یا صفت (ف) ۔ صفت ترکیبی) فرشتہ ۔ جیسی نیک عادت والا ۔ نہایت سیدھا سادہ ۔ بھولا بھالا ۔ پاک مقدس ۔ بہشتی ۔ جنتی ۔

فرشتہ خوال (ف) ۔ فاعل ترکیبی) علم تسخیر کا ماہر کامل جو فرشتوں کو تسخیر کرنے اور ان کے بلانے پر قادر ہو ۔

فرشتہ سحاب (ع ف ۔ مذ) بادل کا فرشتہ ۔ حضرت میکائیلؑ ۔

فرشتہ صورت (ع ف ۔ صف) جو شکل سے بہت نیک معلوم ہو ۔

فرشتہ ہے (اُر محاورہ) بہت نیک ہے ۔

فرشتے (اُر ۔ مذ) فرشتہ کی جمع ۔ ملائک ۔ ملائکہ ۔

فرشتے بھول گئے (اُر محاورہ) بہت بوڑھے آدمی کے متعلق کہتے ہیں ۔ جو مرتا نہیں ۔

فرشتے کا گزر نہ ہونا (اُر محاورہ) کسی کی رسائی نہ ہونا ۔

فرشتے کا کان میں پھونکنا (اُر محاورہ) مغرور ہونا ۔ تکبر ہونا ۔

فرشتے کا کہہ جانا (اُر محاورہ) کسی بات کی اطلاع ہو جانا ۔

فرشتے کی بھی نہ سُننا (اُر محاورہ) کسی کے کہے کی پرواہ نہ کرنا ۔

فرشتے نظر آنا ۔ یاد کھائی دینا (اُر ۔ محاورہ) مرنے کا وقت قریب ہونا ۔ موت کے فرشتوں کا دکھائی دینا ۔

فرشی (ع ف ۔ صفت ۔ بیائے نسبتی) منسوب بہ فرش ۔ فرش کا ۔ فرش سے متعلق ۔ (بحالت اسم مذکر) ایک قسم کا بڑے چوڑے پیندے کا حُقہ ۔

فرشی جُوتا (اُر ۔ مذ) سلیپر ۔ فرش پر پہننے کا جُوتا ۔

فرشی حُقہ (اُر ۔ مذ) بڑے چوڑے پیندے کا حُقہ ۔

فرشی سلام (اُر ۔ مذ) نہایت تعظیمی سلام ۔ بہت جھک کر سلام کرنا ۔

فرشی لمپ (اُر ۔ مذ) فرش پر رکھ کر جلانے کا لمپ ۔ بیٹھک دار گلوب والا لمپ ۔

فُرصت (ع ۔ مو) چھٹکارا ۔ خلاصی ۔ خلوت کا وقت ۔ فارغ وقت ۔ مُہلت ۔

فرصت پانا (اُر ۔ محاورہ) موقع پانا ۔ فُرصت پانا ۔ وقت پانا ۔ چھٹی پانا ۔ فارغ ہونا ۔ مُہلت پانا ۔ برخاست ہونا ۔ موقوف ہونا ۔

فُرصت سے (اُر ۔ متعلق فعل) اطمینان سے ۔ موقع سے ۔

فرض (اُر ۔ ع ۔ مذ) تعین ۔ تشخیص ۔ لازمی امر ۔ ضروری بات ۔ ڈیوٹی ۔ جوابدہی ۔ ذمہ داری ۔ تسلیم کیا ہوا سمجھا ہوا ۔ خدا کا حکم ۔ وہ شرعی حکم جس کے نہ کرنے سے آدمی گنہگار ہوتا ہے ۔

فرض اُتارنا (اُر ۔ محاورہ) خدا کے حکم کی تعمیل کرنا ۔ واجب کام کا کرنا ۔

فرض ادا کرنا (اُر ۔ محاورہ) خدا کا حکم بجا لانا ۔ ڈیوٹی بجا لانا ۔ ضروری اور مسلّم امور کو پُورا کرنا ۔

فرض پڑھنا (اُر ۔ محاورہ) نماز فرض ادا کرنا ۔ ان رکعتوں کو ادا کرنا جو خدا تعالیٰ کی طرف واجب اور لازم ہیں ۔

فرض سے ادا ہو جانا (اُر ۔ محاورہ) اولاد کی شادی کر کے سبک دوش ہو جانا ۔

فرضِ عین (ع ۔ مذ) خالص فرض ذاتی فرض ۔

فرض کرنا (اُر ۔ محاورہ) مان لینا ۔ قبول کرنا ۔ تسلیم کرنا ۔ خیال کرنا ۔ کسی بات یا دعوے کو بلا ثبوت ماننا ۔

فرض کفایہ (ع ۔ مذ) وہ فرض جو جماعت یا کنبہ میں سے ایک شخص کے ادا کرنے سے سب کے ذمے سے اُتر جائے ۔ جیسے نماز جنازہ ۔

فرضِ محال (اُر ۔ صفت) غیر ممکن ۔ ناممکن ۔ ناممکن الوقوع ۔

فرض موقف (ع ۔ مذ) وہ فرض جسے وقت پر مقرر کیا جائے ۔

فرض ہونا (اُر ۔ مص مرکب) لازم ہونا ۔

فرضاً (ع ۔ تابع فعل) زورے فرض ۔ فرض کے طور پر ۔ بالفرض ۔ قیاساً ۔

فرضی (ع ف ۔ صفت ۔ بیائے نسبتی) ضروری لابدی ۔ اٹل ۔ قیاسی ۔ لازمی خیالی ۔ گمانی بے اصل ۔ نقلی ۔ مصنوعی ۔ برائے نام بناوٹی ۔

فرضیت (ع ۔ امو) فرض ہونا ۔

فرط (ع ۔ مو) کثرت ۔ بہتات ۔ افزونی ۔ زیادتی ۔ افراط ۔

فرطِ شوق (ع ۔ مذ) شوق کی زیادتی ۔ غلبۂ آرزو ۔ کمال تمنا ۔

فرطِ محبت (ع ۔ مو) محبت کا غلبہ ۔ محبت کی زیادتی ۔ کثرت محبت ۔

فرع (ع ۔ مو) ڈالی ٹہنی ۔ پھننگ ۔ شاخ ۔ وہ دینی مسئلہ جو عمل کے متعلق ہو ۔

فرعون (عبرانی ۔ مذ) مصر کے ایک بادشاہ کا لقب جس نے حضرت موسیٰؑ کے زمانے میں خدائی کا دعوے کیا تھا ۔ ہر مصری بادشاہ کا لقب بھی ہوتا تھا ۔ مجازاً نافرمان ۔ باغی سرکش ۔ مغرور متکبر ظالم جابر

فرعون بننا (اُر ۔ محاورہ) مغرور ہونا ۔

فرعون بے سامان (اُر ۔ صفت) بے ملک نواب ۔ بدذات ۔ شریر ظالم وہ شخص جو طاقت نہ ہونے پر بھی اترائے اور سرکشی کرے ۔

فرعونی (اُر ۔ مو ۔ بیائے مصدری) سرکشی ۔ بدذاتی ۔ شرارت ۔ ظلم ۔ تکبر ۔

فرغل (فرگل) (مو) روئی بھرا ہوا چغہ ۔ ایک قسم کا جاڑے کا کپڑا ۔

فرفر (اُر ۔ تابع فعل) جلد جلد ۔ جلدی سے جلدی ۔ جلدی ۔ ہوا کی طرح پڑھنے لکھنے اور بولنے کے لئے آتا ہے ۔

فرفر اُڑا دینا (اُڑانا) (اُر محاورہ) جلدی جلدی پڑھنا ۔ جلدی جلدی کاٹ دینا ۔

فرفر یاد ہونا (اُر محاورہ) خوب یاد ہونا ۔

فرفر باتیں کرنا ۔ (مص مرکب) جلد جلد بولنا ۔

فرفر پڑھنا (اُر ۔ محاورہ) جلدی جلدی پڑھنا ۔ بے اٹک پڑھنا ۔

فرفیون (ریونانی ۔ مو) ایک قسم کا خاکستری ساگوند ہوتا ہے ۔ جو واقع نقوہ و نافع ہے ۔

فرق (ع ۔ مو) جدائی ۔ علیحدگی ۔ دُوری ۔ فاصلہ ۔ تمیز ۔ شناخت ۔ پہچان ۔ اختلاف ۔ تفاوت ۔ غیریت ۔ بیگانگی ۔ کمی ۔ کسر گھٹاؤ ۔ سر کے بالوں کی مانگ ۔ مجاز اگسر ۔ مونڈ ۔

فرق آجانا (اُر ۔ محاورہ) کمی آجانا ۔ پہلی سی بات نہ رہنا ۔ بات بگڑنا ۔ بٹا لگنا ۔ شکر رنجی ہو جانا ۔ اَن بن ہو جانا ۔ اصلیت میں اختلاف ہونا ۔

فرق جسم و جان (ف ۔ مذ) موت ۔

فرق سے (اُر ۔ تابع فعل) دُور سے ۔ فاصلہ سے ۔ ہٹ کر ۔ پرے ۔

فرقِ عظیم (ع ۔ مذ) بڑا بل ۔ بہت فرق ۔ بہت ہی کمی ۔

فرق کرنا (ر۔ محاورہ)۔ الگ کرنا۔ صورت بدلنا۔ تبدیل کر دینا۔ جُدا کرنا۔
فرق لانا (ر۔ محاورہ) یکساں نہ رکھنا۔ کم کر دینا۔
فرق نکالنا (ر۔ محاورہ) غلطی نکالنا۔ اختلاف مٹانا۔ فرق معلوم کرنا۔
فرق ہونا (مص مرکب) اختلاف ہونا۔ کمی زیادہ ہونا۔ جُدائی ہونا۔
فرقان (ع۔ مذ) لغوی۔ حق اور باطل میں فرق کر دینے والا۔ اصطلاح میں قرآن شریف۔ کلام الٰہی۔
فُرقت۔ (ع۔ مو) ہجر۔ جدائی۔ تفرقہ۔ بُرہ۔
فرقدان (فرقدین ع۔ امذ) وہ دو ستارے جو قطب شمالی کے پاس ہیں اور شام سے صبح تک ظاہر رہتے ہیں۔
فِرقہ (ع۔ مذ) قوم۔ گروہ۔ جتھا۔ جماعت منڈلی۔ ٹولی۔ جرگہ۔ فریق۔
فرقہ بندی (عف امو) جماعت بنانا۔ کسی گروہ کی تنظیم۔
فرقہ پرست فرقہ پسند (مرکب ع۔ ف۔ صفت) اپنی جماعت کا طرف دار۔ تنگ نظر۔
فرقہ وارانہ (ع۔ ف۔ صفت) جماعت وار۔ ہر شے کا علیٰحدہ علیٰحدہ۔
فرقہ واریت۔ تعصب اور تنگ نظری اپنے مذہب یا گروہ کی طرف داری اور دوسروں کی مخالفت۔
فرلانگ (انگ۔ ا۔ مو) میل کا آٹھواں حصّہ۔ دو سو بیس گز کا فاصلہ۔
فرلو (انگ۔ ا۔ مو) وطن جانے کی چھٹی۔ وہ چھٹی یا رضا جو خاص میعاد ملازمت کے بعد معہ تنخواہ ملا کرتی ہے۔ Furlovah
فرم (Firm - انگ۔ مذ) کارخانہ۔ کمپنی۔ دوکان۔ کاروباری ادارہ۔
فرما (ر۔ انگریزی لفظ فارم کا بگاڑ ہے۔ یک طرفہ چھپا ہوا کاغذ۔
فرمہ } پروف۔ پروف شیٹ۔ سانچہ
فرمان (ف۔ مذ) حکمنامہ۔ پروانہ۔ شاہی حکم۔ حُکم۔ اگیا۔ اجازت۔
فرمان بالمشافہہ (ف۔ ع۔ مذ) زبانی حکم جس کی تعمیل فوراً ہو۔
فرمانبردار (ف۔ صفت۔ فاعلی) تابع۔ مطیع۔ بجا لانے والا۔ نوکر۔ ملازم۔ چاکر۔
فرمانبرداری (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) اطاعت۔ تابعداری۔
فرمان پذیر (ف۔ صفت ترکیبی) حکم ماننے والا۔ حکم بجا لانے والا۔ فرمانبردار
فرمان روا (ف۔ صفت ترکیبی) حکم چلانے والا۔ حاکم۔ بادشاہ۔
فرمان روائی (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) حکومت۔ بادشاہی۔ سلطنت۔
فرمان صادر کرنا (ر۔ فعل) حکم دینا۔ حکم جاری کرنا۔
فرمانا (ر۔ فعل) حکم دینا۔ بولنا۔ کہنا۔ بیان کرنا۔ ارشاد کرنا (بصورت اسم مذکر) معنی۔ حاصل مصدر۔ حکم ارشاد۔ آگیا جیسے بچوں کا فرمانا۔ مگر پنالہ وہیں رہے گا۔
فرمائش (ف۔ مو) حاصل مصدر از فرمودن۔ درخواست۔ مانگ۔ طلبی۔ حکم۔ سفارش۔ ارشاد۔ فرمان۔ تمنا۔ حاجت۔ ضرورت۔
فرمائش کرنا (ر۔ محاورہ) چاہنا تمنا کرنا۔ تحفہ منگوانا۔ کوئی چیز عہدے کے لحاظ سے یا حکماً منگوانی۔
فرمائشی (ف۔ صفت۔ بیائے نسبتی) درخواست کی ہوئی فرمائش شدہ مبالغہ۔ عمدہ نفیس مجوّق۔ مضبوط جوتی۔
فرمائشی پڑنا (محاورہ) جوتیاں پڑنا۔ سزا پانا جوتیاں لگنا۔ ذلیل ہونا۔
فرمائشی سُنانا (ر۔ محاورہ) فحش گالیاں دینا۔
فرمائشی لگانا (ر۔ محاورہ) جوتیاں مارنا۔ ذلیل کرنا۔ رسوا کرنا۔
فرمودگی (ق۔ مذ) فرمایا ہوا۔ ارشاد۔ حکم۔
فرنٹ (انگ۔ صفت) سامنے کا حصّہ۔ پیشانی۔ نئے مکان۔ ناراض۔ خفا۔ برخلاف سرکش۔ باغی۔ برگشتہ۔ Front
فرنٹ کر دینا (ر۔ محاورہ) ناراض کر دینا۔ برخلاف کر دینا۔ باغی کر دینا۔
فرنٹ ہو جانا (ر۔ محاورہ) بغاوت کرنا۔ سرکشی کرنا۔ بگڑ جانا۔ حکم عدولی کرنا۔ ناراض ہونا۔ برخلاف ہونا۔ خفا ہو جانا۔
فرنٹیئر (Frontier۔ انگ۔ صفت) سرحد۔
فرنچ ان (مذ) باشندہ فرانس۔ ایک قسم کا ہلکا کاغذ۔
فرنچ لیدر (انگ۔ موم پلاسٹک وغیرہ کا ایک خول جو بوقت جماع عضو تناسل پر چڑھا لیا جاتا ہے۔ تاکہ نطفہ رحم میں داخل نہ ہو سکے۔ French Leather
فرنگ (ف۔ مذ) نصارا۔ انگریز۔ یورپین۔ فرنگی۔
فرنگستان (ف۔ مذ) یورپ۔ فرنگیوں کا ملک۔
فرنگی (ف۔ مو۔ بیائے نسبتی) یورپ کا رہنے والا۔ انگریز۔
فرنی (ف۔ مو) ایک قسم کی کھیر جو دودھ شکر اور چاولوں کے آٹے سے بناتے ہیں۔
فرنی فالودہ ایک بھاؤ نہیں ہوتا۔ (ر۔ محاورہ) ہر شے کی قدر اس کی حیثیت کے مطابق ہوا کرتی ہے۔ سب اشیاء ایک ہی نرخ کی نہیں ہوا کرتی۔
فرنیچر (انگ۔ ا۔ مذ) گھر کا سامان یعنی میز کرسی وغیرہ۔ Furniture
فرو (ف۔ تابع فعل) نیچے۔ تحت۔ زیر۔ کم رتبہ۔ نیچ۔ سفلہ۔
فروتر (ف۔ صفت) بہت کم۔ بہت نیچے۔
فروترین (ف۔ صفت) بہت ہی نیچا۔ کم رتبے والا۔
فروتن (ف۔ صفت) غریب مسکین۔ عاجز۔ منکسر مزاج۔
فروتنی (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) عاجزی۔ مسکینی۔ انکسار۔ تواضع۔
فرودست (ف۔ صفت) کم رتبہ۔ کمزور۔ ماتحت۔
فرو کرنا (ر۔ فعل) دبانا۔ بٹھانا۔ بجھانا۔
فرومایہ (ف۔ صفت۔ ترکیبی) نیچ۔ کمینہ۔ سفلہ۔ کم ظرف۔
فرو ہونا (ر۔ فعل) بجھنا۔ بیٹھنا۔ نیچے ہونا۔
فروٹ (انگ۔ ا۔ مذ) میوہ پھل۔ ثمرہ۔ ثمر۔ Fruit
فروٹ (ر۔ صفت) گھوڑے کو سرپٹ دوڑانا۔ تیز رفتاری۔ سرپٹ۔
فروٹ اڑانا (ر۔ محاورہ) گھوڑے کو سرپٹ دوڑانا۔ جوتیاں مارنا۔ خوب زدوکوب کرنا۔
فروٹ جانا (ر۔ محاورہ) بہت تیز جانا۔
فروخت (ف۔ مو) حاصل مصدر از فروختن۔ بکری۔ خرید کی ضد۔ بیع۔
فروخت کرنا (ر۔ محاورہ) بیچنا۔ مول دینا۔ بیع کرنا۔
فرود (ف۔ تابع فعل) نیچے۔ پائیں۔ اتراؤ۔ بسیرا۔ ٹھہراؤ۔
فرودگاہ (ف۔ مو۔ ظرف) اترنے کی جگہ۔ ٹھہرنے کی جگہ۔
فروری (انگ۔ ا۔ مذ) انگریزی سال کا دوسرا مہینہ جو عام طور پر ۲۸ دن کا اور لیپ کے سال ۲۹ دن کا ہوتا ہے۔ February
فروزاں (ف۔ صفت) روشن۔

فروش (ف۔ مذ) بمعنی فروشندہ۔ مرکبات میں آتا ہے۔
فروشندہ (ف۔ فاعل قیاسی) فروخت بیچنے والا۔ فروخت کرنے والا۔
فروع (ع۔ مذ) فرع کی جمع ٹہنیاں۔ شاخیں۔ مذہبی اصطلاح میں عملی مسائل۔
فروعات (ع۔ مو) فرع کی جمع الجمع ٹہنیاں۔
فروغ (ف۔ مذ) روشنی۔ جوت۔ شعاع۔ سورج کی چمک۔ کرن۔ روغن۔
فروغ پانا (ف۔ فعل) رونق پانا۔ نام پانا۔ عزت پانا۔
فروکش (ف۔ فعل) ٹھہرنا۔ مقام کرنا۔ اترنا۔ بسیرا کرنا۔
فروکش ہونا (ف۔ صفت) اترنے والا۔ قیام کرنے والا۔
فروگذاشت (ف۔ مو) بھول خطا۔ کمی۔ کوتاہی۔ تطر انداز۔ درگزر۔ چھوٹ چشم پوشی۔ ٹال مٹول بے پروائی۔ غفلت۔
فروگذاشت کرنا (ف۔ فعل) بھولنا۔ چوکنا۔ چشم پوشی کرنا۔ جانے دینا۔ ٹالنا۔
فروغ حاصل کرنا (ف۔ محاورہ) ترقی و عروج حاصل کرنا۔ چمک پانا۔
فروغ لے جانا (ف۔ محاورہ) سبقت لے جانا۔ بازی لے جانا۔
فرومانگی (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) عاجزی۔ لاچاری۔ مجبوری۔ مفلسی کمزوری۔ تھکان۔
فرومانده (ف۔ صفت مفعولی) عاجز۔ لاچار۔ مجبور۔ کنگال۔ تھکا ہوا۔
فرہاد (ف۔ مذ) فارس کے ایک مشہور سنگتراش کا نام ہے۔ جس نے شہزادی شیریں کے عشق میں کوہ بیستون کو چیر کر نہر نکالی اور بے نیل مرام مرا۔ افسانوی قصہ۔
فرہنگ (ف۔ مو) دانائی۔ دانش۔ عقل۔ فہم۔ لغت کی کتاب۔ ڈکشنری۔
فری (ان) صفت۔ آزاد۔ بری۔ معاف۔ صفت خود مختار بے روک ٹوک۔
فریاد (ف۔ مو) دہائی۔ شور۔ واویلا۔ غل۔ نالش۔ استغاثہ۔ رونا پیٹنا۔
فریادرس (ف۔ صفت فاعلی) دہائی سننے والا۔ فریاد کو پہنچنے والا۔ انصاف کرنے والا۔
فریادرسی (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) انصاف۔ نیاز دادرسی۔
فریاد کرنا (ف۔ فعل) شور کرنا۔ آہ و نالہ کرنا۔ دکھڑا رونا۔ نالش کرنا۔ داد چاہنا۔ انصاف چاہنا۔
فریاد لانا (ف۔ فعل) کسی کے ظلم و ستم کا شکوہ بیان کرنا۔
فریاد لینا۔ (ف۔ محاورہ) فریاد سننا۔
فریادی (ف۔ صفت بیائے فاعلیت) دہائی دینے والا۔ فریاد کرنے والا۔ دادخواہ مدعی۔ مستغیث۔
فریب (ف۔ مذ) حاصل مصدر از فریفتن دغا۔ مکر۔ حیلہ۔ جل بتا۔ دم۔ جھانسہ۔ چھل چالاکی۔ عیاری۔ چلتر۔ طلسم۔ شعبدہ۔
فریب چلنا (ف۔ محاورہ) دھوکا کارگر ہونا۔
فریب دینا (ف۔ فعل) دھوکا دینا۔ چھلنا۔ دم دینا۔ جل دینا۔ چالاکی کرنا۔
فریب کرنا (ف۔ فعل) چالاکی کھیلنا۔ دھوکا دینا۔ جھانسا دینا۔ چھل کرنا۔
فریب کھانا (ف۔ محاورہ) دھوکا کھانا۔ جال میں پھنسنا۔
فریب میں لانا (ف۔ محاورہ) کسی کو مکر و فریب کے جال میں پھنسانا۔
فریب دہی (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) (قانون) دغابازی۔ ٹھگی۔ دھوکا دینے کا جرم۔
فریبی۔ یا۔ فریبیار (ف۔ صفت بیائے فاعلیت) مکار۔ دغاباز۔ دھوکے باز۔ ٹھگ۔
فرید (ع۔ صفت) یکتا۔ لاثانی۔ بے نظیر۔ یکہ۔ حضرت شیخ فرید الدین گنج کا لقب۔ جنہیں بابا فرید اور شکر گنج بھی کہتے ہیں۔ جن کا مزار پاک پٹن میں ہے۔
فرید بوٹی (ف۔ مو) ایک ٹھنڈی اور لیسدار بوٹی کا نام ہے جس سے پانی جم جاتا ہے۔
فرید شکر گنج نہ رہے دکھ نہ رہے رنج (ف۔ مقولہ) بابا فرید کے فقیروں کی صدا ہے۔
فریدون (ف۔ مذ) فارس کے ایک مشہور اور قدیم بادشاہ کا نام ہے۔ جس نے کاوہ لوہار کی مدد سے ضحاک کو ہلاک کیا تھا۔
فریدی (ف۔ مو۔ بیائے نسبتی) منسوب فرید۔ بابا فرید کی نیاز کا کھانا۔
فریس (ف۔ امو) فراست والا۔ دانشمند۔
فریسندہ (ف۔ صفت) بھیجنے والا۔
فریسی (انگ۔ صفت) قدیم یہودی فرقہ جو رسم پرستی۔ اور ظاہر داری میں مشہور تھا۔ ظاہر دار
فریضہ (ع۔ مذ) واجب لازم۔ ضروری۔
فریفتگی (ف۔ امو) عشق۔ چاہت۔ محبت۔
فریفتہ (ف۔ صفت تیر کیب۔ مفعولی) دھوکہ کھایا ہوا۔ فریب میں آیا ہوا۔ شیفتہ عاشق۔ دلدادہ۔ شیدا۔
فریفتہ ہونا (ف۔ فعل) دھوکا کھانا۔ عاشق ہونا۔ شیدا ہونا۔ موہا جانا۔
فریق (ع۔ مذ) لغوی جدا کرنے والا۔ فرق کرنے والا۔ اصطلاحاً گروہ۔ جماعت ٹولی۔ جتھا۔ طائفہ۔ زمرہ۔ مدعی یا مدعا علیہ۔
فریق اول (ع۔ مذ۔ قانون) مدعی اور اس کے ساتھی۔ مدعی کا گروہ۔ دعوے کرنے والا گروہ۔ اصل فریق۔ پہلا جتھا۔
فریق ثانی (ع۔ مذ۔ قانون) مدعا علیہ اور اس کے ہمراہی۔ طرف ثانی۔ فریق مخالف۔
فریقین (ع۔ مذ) فریق کی جمع لصیغہ تثنیہ دونوں فریق۔ طرفین۔ مدعی اور مدعا علیہ۔
فریم (انگ) چوکھٹا ڈھانچہ۔ ڈھانچ جسم۔ قالب۔ پنجر۔ کھیرا۔ تصویر کا چوکھٹا۔ Frame
فری میسن (انگ۔ مذ۔ Freemason) یہودیوں کی ایک تنظیم جو اپنے خاص عقیدے کے مطابق اپنی کارروائیوں کو خفیہ رکھتے ہیں۔

ف - ز

فزا (ف۔ صفت) زیادہ کرنا۔ زیادہ کرنے والا۔ فارسی لاحقہ۔
فزع (ع۔ امو) ڈر۔ دہشت۔ خوف۔ ہراس۔
فزکس (انگ۔ Physics) علم طبیعات۔
فزیشن (انگ۔ Physician) ڈاکٹر۔ طبیب۔
فزوں (ف۔ صفت) زیادہ۔ بہت بڑھا ہوا۔ مسافروں کا مخفف ہے۔
فزونی (ف۔ امو) فزوں کا اسم کیفیت ہے۔

ف - س

فساد (ع۔مذ) بگاڑ۔ خرابی خلل۔ تباہی۔ صلاح کی ضد ہے۔ بلوہ۔ غدر۔ فتنہ۔ جھگڑا۔ لڑائی۔ ٹنٹا۔ مخالفت۔ سرکشی۔ تغیر و تبدل۔

فساد اُٹھانا۔ یا برپا کرنا۔ یا کرنا (رُوزمحاورہ) جھگڑا کرنا۔ بلوہ کرنا۔ فتنہ اُٹھانا۔ دنگا کرنا۔ غدر مچانا۔

فساد پڑنا (رُوزمحاورہ) جھگڑا ہونا۔ لڑائی ہونا۔

فسادِ خون (عف۔مذ) خون کی خرابی۔ لہو کی رنگت یا قوام میں فرق آجانا۔

فساد کی جڑ (رُوزمحاورہ) آگ لگانے۔ فتور یا جھگڑے کی بنیاد۔ بس کی گانٹھ۔

فساد کی نیت سے (رُوزمتعلق فعل) بدنیتی سے جھگڑے کی نیت سے۔

فسادِ معدہ (ع۔مذ) معدے کا بگاڑ۔ پیٹ کا خلل۔

فسادی (عف۔صفت۔ بیائے فاعلیت) جھگڑالو۔ فتنہ انگیز۔ شریر۔ مفسد

فسّاق (ع۔صفت) فاسق کی جمع۔

فسانہ (ف۔مذ) افسانہ کا مخفف۔ قصہ کہانی۔ بے اصل داستان۔ من گھڑت قصہ۔ ماجرا۔ سرگذشت حال۔ احوال۔ حکایت۔

فسخ (ع۔مذ) پھیرنا۔ توڑنا۔ نیت توڑنا۔ رائے بدلنا۔ رَد۔ تردید۔ منسوخی۔

فسخِ عزیمت (ع۔مذ) نیت بدلنا۔ ارادہ۔ توڑنا۔ ارادہ پلٹنا۔

فسخ کرنا (رُوزمحاورہ) توڑنا۔ رد کرنا۔ منسوخ کرنا۔ بھنگ کرنا۔ کھنڈن کرنا۔

فسردگی (ف۔مو) دیکھیے۔ افسردگی۔ رنج۔ اضمحلال۔

فسطائیت (رُوزمو) فاشزم۔ سرمایہ دار طبقے کی جارحانہ آمریت۔

فِسق (ع۔مذ) نافرمانی۔ گناہ۔ بدکاری۔ جُرم۔ حکم عدولی۔

فِسق و فجور (ع۔مذ) بدکاری۔ گمراہی۔ گناہ۔ نافرمانی بدی۔

فسوں (ف۔مذ) جادو۔ ٹونا۔ سحر۔ ٹوٹکا۔ افسوں کا مخفف۔ منتر۔

فسوں ساز (ف۔مذ) فاعل۔ ترکیبی۔ جادوگر تسخیر کرنے والا۔

فسوں سازی (ف۔امذ) جادوگری۔ تسخیر کرنا۔ فسوں ساز کا اسم کیفیت ہے۔

ف - ش

فُش (ف۔مذ) پگڑی کا شملہ۔ طرہ۔ گھوڑے کی دُم۔

فِشار (ف۔امذ) افشردن سے حاصل مصدر۔ دباؤ۔ بھیچاؤ۔

فشار الدّم (ف۔امذ) خون کا دباؤ۔ بلڈ پریشر۔

فشارِ قبر (ف۔امذ) قبر کے اندر کی تنگی جو گنہگار مردے کو ہوتی ہے۔

فشُردہ (ف۔صفت۔ ترکیب مفعولی از فشردن) نچوڑا ہوا۔ عرق نکالا ہوا۔ بصورت اسم مذکر رس۔ عرق۔

ف - ص

فصاحت (ع۔مو) خوش بیانی۔ خوش کلامی۔

فصّاد (ع۔مذ) بصیغہ مبالغہ و پیشہ۔ فصد کھولنے والا۔ جرّاح۔

فُصد (ع۔مو) کسی خاص رگ میں سے خون نکالنا۔ نشتر زنی

فصد کھلوانا (رُوزمحاورہ) نشتر پانوں یا دریدوں سے خون نکلوانا۔

فصل (ع۔مو) رُت۔ موسم۔ سماں۔ بیاں۔ ضمن کتاب کا کچھ حصہ۔ کلام کا ایک چارٹ۔ علیحدگی۔ جُدائی۔ پردہ۔ حجاب۔ غلہ۔ اناج۔ پیداوار۔ کاٹ چھانٹ قطع۔ برید۔

فصل اُستادہ (رُوزمو) کھڑی فصل۔

فصلِ باراں (عف۔مو) برسات کا موسم۔

فصلِ بہار (عف۔مو) بہار کا موسم۔

فصلِ گُل (عف۔مو) موسم گُل۔ ربیع بسنت رُت۔

فصلِ تخم ریزی (عف۔مو) بوائے کا سمان بیج بونے کا وقت۔

فصلِ خریف (ع۔مو) ساونی کا موسم۔ ساونی کی فصل۔ جوار۔ مکئی باجرے وغیرہ۔ اجناس بونے اور پکنے کا موسم جس میں برسات کی سخت ضرورت ہوتی ہے۔

فصلِ ربیع (ع۔مو) اساڑھی کا موسم گیہوں۔ جو۔ چنے وغیرہ اجناس کے اور کاٹنے کا موسم۔

فصل کاٹنا (رُوزمحاورہ) تیار کھیتی کاٹنا۔

فصلی (ع۔امذ) موسم کا میوہ۔

فصلِ گل (عف۔امذ) بہار کا موسم۔

فصلی (ع۔صفت۔ بیائے نسبتی) منسوب بہ فصل۔ موسمی۔ رُت کا۔

فصلی بخار (رُوزمذ) موسمی بخار۔ جو موسم بدلنے کے باعث ہو۔ ملیریا۔

فصلی سال (عف۔امذ) وہ سال جو فصلوں کے اعتبار سے اپریل اور مئی کو شروع ہوتا ہے۔

فصلی کوّا (رُوزمذ) پہاڑی کوّا۔ جو برف کے دنوں میں پہاڑ کو چھوڑ کر میدان میں اُتر آتا ہے۔

فصلی میوہ (ع۔امذ) موسم کا پھل۔

فُصول (ع۔مذ) فصل کی جمع۔

فصولِ اربعہ (ع۔مذ) سال کے چاروں موسم یعنی سردی گرمی۔ ربیع خریف۔

فَصیح (ع۔صفت) خوش بیان۔ خوش کلام۔ میٹھا بولا۔ شیریں کلام۔

فصیل (ع۔مو) شہر پناہ۔ شہر کی چار دیواری۔ آبادی کو غیر آبادی سے جُدا کرنے والی دیوار۔

ف - ض

فضا (ع ابو) فراخی۔ وسعت زمین۔ گھر کے صحن کی فراخی۔ کھلا میدان۔ وسعت۔ کشادگی۔ بہار۔ جوبن۔ رونق۔ کیفیت۔

فضائل (ع۔ مذ) فضیلت کی جمع۔ خوبیاں۔ نیکیاں۔ ہنر۔ جوہر۔ کمالات اعلیٰ مرتبے۔

فضائل اربعہ (ع۔ مذ) چاروں بزرگیاں یعنی حکمت و عدالت۔ شجاعت و عفت۔

فضائیہ (ع۔ انذ) کسی ملک کے سرکاری ہوائی جہازوں کا بیڑہ۔ ہوا میں جنگ کرنے والی فوج۔

فضل (ع۔ مذ) زیادتی۔ افزونی۔ عطا۔ بخشش۔ ہنر۔ جوہر۔ کمال۔

فضل الٰہی اک طرف ساری خدائی اک طرف (مثل) اگر ساری دنیا مخالف ہو جائے۔ لیکن خدا ساتھ ہو تو کچھ پرواہ نہیں۔

فضل خدا شامل حال ہونا (اُ محاورہ) کسی کے حال پہ خدا کا مہربان ہونا۔

فضل کرنا (اُ محاورہ) رحم کرنا۔ مہربانی کرنا۔ دیا کرنا۔ شفا دینا۔ آرام بخشنا۔

فضل مولےٰ (ع۔ کلمہ دعا) فقیروں کی صدا ہے۔ خدا اپنی مہربانی کرے۔

فضلا (ع۔ مذ) فاضل کی جمع۔

فضلات (ع۔ مذ) فضلہ کی جمع۔

فضلہ (ع۔ مذ) بچا ہوا۔ جھوٹا کھانا۔ پس خوردہ۔ چھوک۔ سُغل۔ پاخانہ۔

فضول (ع۔ صفت) زیادہ کثیر فالتو۔ زائد۔ نکما۔ بیکار۔ لاحاصل۔

فضول خرچ (اُ صفت فاعلی) آمدنی سے زیادہ خرچ کرنے والا۔

فضول خرچی (اُ مو۔ بیائے مصدری) بے موقع خرچ۔ فالتو خرچ۔ اسراف۔ خرچ کی کثرت۔

فضول کی باتیں (اُ۔ ابو) بے ہودہ بکواس۔ بے معنی باتیں۔

فضول گو (ف۔ صفت فاعلی) بکواسی۔ بے فائدہ باتیں بنانے والا۔ بکی۔

فضول ہے (اُ محاورہ) بے فائدہ ہے۔ لغو ہے۔ لاحاصل ہے۔

فضولی (ع۔ صفت) بیہودہ۔ یاوہ گو۔

فضہ (ع۔ مو) چاندی۔

فضیحت (ع ابو) رسوائی۔ ذلت۔ بدنامی۔ جھڑکی۔ دھتکار۔

فضیحت کرنا (اُ محاورہ) رسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔ جھڑکنا۔ ذلیل کرنا۔

فضیحتی (اُ مو) دیکھو فضیحت) اس کا تلفظ فضیتی ہے۔

فضیحتی کرنا (اُ محاورہ) رسوائی کرنا۔ بدنامی کرنا۔ ذلیل کرنا۔

فضیلت (ع مو) بزرگی۔ بڑائی۔ فوقیت۔ ترجیح۔ علمیت۔ سلیقہ۔ عمدگی خوبی۔ ہنرمندی۔

فضیلت انتساب (ع صفت) وہ شخص جس سے بزرگی منسوب ہے۔

فضیلت رکھنا (اُ محاورہ) بزرگی رکھنا۔ شرف رکھنا۔ بہتر ہونا۔ سبقت لے جانا۔

فضیلت کا تمغہ (اُ مو) میڈل۔ ڈپلوما۔ سند۔ سرٹیفکیٹ۔ اعلےٰ درجہ میں امتحان پاس کرنے کا نتیجہ۔

فضیلت کی پگڑی (اُ۔ فعل) بزرگی حاصل کرنا۔ فاضل ہونے کا ڈپلوما یا سند لینا۔ عالم ہونا۔

فضیلت مآب (ع۔ صفت) نہایت اعلیٰ۔ افضل۔ برتر۔

فضیلت ہونا (اُ محاورہ) برتری ہونا۔ فوقیت ہونا۔

ف - ط

فطانت (ع۔ ابو) ذہانت۔ عقلمندی۔

فطر (ع مو) روزہ کھولنا۔ افطار۔

فطرانہ (ع۔ مذ) صدقۂ فطر جو عید الفطر کے دن دیا جاتا ہے۔

فطرت (ع مو) پیدائش۔ خلقت۔ نیچر۔ قدرت۔ اصل۔ ضمیر۔ گھٹی۔ عقلمندی دانائی۔ زیرکی۔ سازش۔ ملی بھگت۔ مکر۔ دغا فریب۔ چالاکی۔ عیاری فتنہ انگیزی۔

فطرت کرنا (اُ محاورہ) چالاکی کرنا۔ چال چلنا۔ عیاری کرنا۔

فطرت لڑانا (اُ۔ محاورہ) سازش کرنا۔ فریب کھیلنا۔ دھوکا دینا۔ تدبیر لڑانا۔

فطرتاً (ع) قدرتاً۔ فطرت کے رُو سے۔

فطرتی (ع۔ صفت۔ بیائے فاعلیت یا نسبت) جبلی۔ پیدائشی۔ جنم کا۔ قدرتی شوخ۔ عیار۔ چالاک۔ شریر۔ چال باز۔ دغاباز۔

فطرہ (ع۔ مذ) عید رمضان کا صدقہ۔ فی کس دو سیر گندم قبل از نماز عید۔

فطیر (ع۔ مذ) تازہ گندھا ہوا آٹا۔ خمیر کی ضد۔

فطیری روٹی (اُ مو) چپاتی۔ پھلکا۔ سادہ روٹی۔ خمیری روٹی کی ضد۔

فطنت (ع۔ ابو) دانائی۔ عقلمندی۔

فطین (ع۔ صفت) زیرک۔ دانا۔ ذہین۔

ف - ع

فعّال (ع) خدا کا نام۔ بڑا کام کرنے والا۔

فعل (ع ابو) کام۔ کاج۔ کار۔ علم صرف میں وہ کلمہ جس کے معنوں میں کرنا ہوئی سہنا۔ اور ماضی حال مستقبل زمانوں میں سے کوئی ایک زمانہ پایا جائے۔ حرکت جنبش۔ لچھن۔ کرتوت۔ بری حرکت۔ برا کام۔ زنا۔ جماع۔ بدفعلی۔ حیلہ۔ بہانہ۔

فعل جائز (ع۔ مذ) وہ کام جو شرع کی رو سے روا ہو۔

فعل شنیع (ع۔ مذ) برا کام۔ شرمناک فعل۔ بیجا حرکت۔

فعل ضامن (ع صفت) اس امر کا ذمہ دار کہ مجرم سے اب کوئی جرم سرزد نہیں ہوگا۔

فعل ضامنی (اُ۔ مذ) نیک چلنی کی ضمانت۔ آئندہ جرم نہ کرنے کی ذمہ داری۔

فعل عبث (ع۔ مذ) نکما اور فضول کام۔ بے فایدہ اور لغو کام۔

فعل کرانا (اُ۔ فعل) بدکاری کرانا۔ زنا کرانا۔

فعل کرنا (اُ۔ فعل) کوئی کام کاج کرنا۔ عمل کرنا۔ بدفعلی کرنا۔ مکر کرنا۔ فریب کرنا۔

فعل لازم (ع۔مذ) علم صرف میں وہ فعل جو صرف فاعل پر ہی ختم ہو جائے۔
فعل لانا (اُ۔محاورہ) شرارت کرنا۔ دنگا کرنا۔ ضد کرنا۔ ہٹ کرنا۔ مکر کرنا۔
فیل لانا بپھرنا۔ سرکشی۔ جھوٹا مکر بنانا۔ بے ایمانی۔ جھگڑا کرنا۔ پاؤں پھیلانا۔
فعل متعدی (ع۔مذ) علم صرف میں وہ فعل جو فاعل سے آگے بڑھ کر مفعول بھی چاہے جو مفعول پر واقع ہو۔
فعل مجہول (ع۔مذ) وہ متعدی فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو۔ اور مفعول اس کا قائم مقام ہو۔
فعل مچانا (اُ۔محاورہ) پاکھنڈ کرنا۔ مکر کرنا۔ فریب کرنا۔ اصرار کرنا۔
فیل مچانا ہٹ کرنا۔ دنگا کرنا۔ شرارت کرنا۔
فعل معروف یا معلوم (ع۔مذ) علم صرف میں وہ فعل جس کا فاعل مذکور ہو۔
فعل ناجائز (عف۔مذ) خلاف شرع کام۔ خلاف قانون کام۔
فعل ناشائستہ (عف۔مذ) بری حرکت نامناسب کام۔ غیر موزوں بات۔
فعل ناقص (ع۔مذ) وہ فعل جس کا فاعل اور مفعول نہ ہو۔ بلکہ اسم و خبر کا خواہاں ہو۔
فعلاً (ع۔تابع فعل) از روئے فعل یا عمل۔ عملاً۔ قولاً کی ضد ہے۔
فعلی (عف۔صفت بیائے نسبتی) منسوب بہ فعل عملی۔ کام کا۔ کام سے متعلق۔
فعلیا یا فیلیا (اُ۔صفت۔ بترکیب فاعلی) مکار۔ پاکھنڈی۔ صندی۔ فریبی۔

ف ۔ غ

فُغاں (ف۔اسم) شور۔ غل۔ رولا۔ نالہ و فریاد۔ آہ و زاری فغ بمعنی بُت اور اں کلمہ نسبت سے مرکب ہے۔
فُغانی (ف۔صفت) فریاد کرنے والا۔
فغفور (ف۔مذ) شاہانِ چین کا لقب فغ بمعنی بُت اور فور بمعنی پُور یعنی بیٹا سے مرکب ہے۔

ف ۔ ف

فُف (ف۔اسم) پھونک۔
فِفتھ کالم (انگ۔مذ) وہ لوگ جو اپنے وطن میں رہ کر دشمن کی مدد کریں۔ غدار۔ Fifth Column
فِفرو (اُ۔صفت) بھاگا ہوا۔ رفو چکر۔
فِفرو ہونا (اُ۔محاورہ) بھاگ جانا۔ گم ہو جانا۔ رفو چکر ہونا۔ ہوا ہونا۔

ف ۔ ق

فَق (اُ۔صفت) خوف۔ یا مرض یا حیرت کے باعث چہرے کی رنگت کا زرد یا سفید ہو جانا۔ پھیکا۔ اُداس۔ حیران پریشان۔ ہکا بکا۔
فق پڑ جانا یا ہونا۔ یا۔ ہو جانا (اُ۔محاورہ) چہرے کا رنگ اُڑ جانا۔ حیران ہو جانا۔ دنگ ہونا۔ اُداس ہو جانا۔
فُقدان (ع۔مذ) گم ہونا۔ کھویا جانا۔ بھول۔ مرکبات میں بمعنی عدم و نیست۔
فَقر (ع۔مذ) فقیری۔ درویشی۔ محتاجی۔ تنگدستی۔ مفلسی۔
فقر و فاقہ (ع۔مذ) تنگی و مفلسی۔ محتاجی غریبی۔
فقرا (ع۔مذ) فقیر کی جمع۔
فقروں پر چڑھنا (اُ۔محاورہ) فریب میں آجانا۔
فقروں میں آنا (اُ۔محاورہ) دھوکا کھانا۔ فریب میں آجانا۔ باتوں میں آنا۔
فقروں میں اُڑانا (اُ۔محاورہ) دھوکا دینا۔ بے وقوف بنانا۔ باتوں میں ٹالنا۔
فقرہ (ع۔مذ) ریڑھ کی ہڈی۔ جھانسا۔ دم۔ عبارت کا ٹکڑا۔ کلام۔ جملہ۔
فقرہ اُٹھانا (اُ۔محاورہ) بات شروع کرنا۔
فقرہ باز (ف۔صفت ترکیبی) دھوکے باز۔ چالیا۔ دغا باز۔
فقرہ بتانا۔ یا۔ فقرہ بنانا۔ یا۔ فقرہ گھڑنا (اُ۔محاورہ) دم دینا۔ دھوکا دینا۔ کوئی جھوٹی بات گھڑنا۔
فقرہ چڑھنا (اُ۔محاورہ) آوازہ کسنا۔
فقرہ جوڑنا (اُ۔محاورہ) جھوٹی بات بنا کے کہنا۔
فقرہ چلنا (اُ۔محاورہ) کسی جھوٹی بات یا فریب کا کارگر ہونا۔
فقرہ چھوڑنا (اُ۔محاورہ) شگوفہ چھوڑنا۔
فقرہ چست کرنا (اُ۔محاورہ) آوازہ کسنا۔ طعنہ دینا۔
فقرہ دینا (اُ۔محاورہ) جھانسا دینا۔ دم دینا۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔
فقرے (اُ۔مذ) فقرہ کی جمع۔ دم جھانسے۔ جھوٹی باتیں۔
فقرے بازیاں کرنا (اُ۔فعل) باتیں بنانا۔ دھوکے میں لانا۔ دھوکے دینا۔ چالیں چلنا۔ عیاریاں کرنا۔
فقرے بندی (اُ۔مذ) فقرے جوڑنا۔ تک بندی۔
فقرے پر چڑھنا (اُ۔محاورہ) دھوکا کھانا۔ فریب میں آنا۔
فقرے تراشنا۔ یا۔ ڈھالنا۔ سُنانا۔ یا کہنا (اُ۔محاورہ) طعنے مارنا۔ آوازے کسنا۔ زمزمیں پھینکنا۔ چبھتی ہوئی کہنا۔
فقط (ع۔تابع فعل) صرف۔ تنہا۔ بس۔ اکیلا (بحالت صفت) کافی۔ مکتفی۔ بصورت اسم مذکر) خاتمہ۔ تمت۔ تمام شد۔
فقط تعویز سے کام نہیں نکلتا کمر کا زور بھی چاہیئے (اُ۔محاورہ) محض تعویزوں اور دعاؤں پر انحصار نہیں کرنا چاہیئے کوشش بھی کرنی چاہیئے۔
فقہ (ع۔مو) دریافت۔ واقفیت۔ مجازاً شریعت کے احکام سے واقفیت۔ علم دین۔
فقہا (ع۔مذ) فقیہ کی جمع۔ شریعت کے ماہر علم دین کے جاننے والا۔
فقید (ع۔صفت) نایاب۔ معدوم۔
فقیر (ع۔مذ) گداگر۔ بھکاری۔ منگتا۔ قانع۔ خدا پرست۔ دنیا کا تارک۔ غریب۔ محتاج۔ مفلس۔ کنگال۔
فقیر اپنی کملی ہی میں مست ہے (اُ۔مثل) غریب آدمی اپنے

تھوڑے ہی سامان میں خوش ہے۔

فقیر بنا دینا۔ یا کر دینا۔ (دُ/فعل۔ محتاج بنا دینا۔ مُفلس کر دینا۔ لُوٹ لینا۔

فقیر جاہل شیطان کا گھوڑا (اُ/مقولہ) جاہل۔ فقیر شیطان کے تابع ہوتا ہے۔

فقیر دوست (عف۔ مو۔ فاعل) درویشوں کو ماننے اور پسند کرنے والا آدمی۔

فقیر کو تین چیزیں چاہیئے۔ فاقہ۔ قناعت اور ریاض (اُ/فعل) جب تک یہ تین باتیں نہ ہوں۔ فقیر نہیں کہلا سکتا۔

فقیر کو جہاں رات ہوگئی وہیں سرائے (اُ/مثل) فقیر کو جہاں رات ہوگئی۔ وہیں پڑے رہے۔

فقیر کو کمل ہی دوشالہ ہے (دُ/مثل) غریب کو جو میسر آئے وہ ہی غنیمت ہے۔

فقیر کی صورت سوال ہے (دُ/مثل) محتاج کے چہرے سے ہی محتاجی ظاہر ہو جاتی ہے۔

فقیر ہو جانا (دُ/فعل) جوگ لے لینا۔ تارکُ الدُّنیا بن جانا۔ محتاج ہونا۔ مُفلس ہو جانا۔

فقیرانہ (عف۔ تابع فعل) درویشوں کا سا۔ محتاجوں جیسا۔ غریبوں کی طرح۔

فقیرنی (دُ/مو) فقیر کی تانیث۔ بھیک مانگنے والی عورت۔ محتاج عورت۔

فقیرنی کا پوت چلن امیروں کا (دُ/مثل)۔ جو غریب آدمی امیروں کی سی نمود رکھے۔ اس کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

فقیری (عف۔ مو۔ بیائے مصدری) درویشی۔ گدائی۔ مسکینی۔ غریبی محتاجی۔

فقیری اختیار کرنا (اُ/محاورہ) فقیر ہو جانا۔ فقیروں جیسا لباس پہننا۔

فقیری شیر کا برقع ہے (دُ/مثل) فقیری کے پردے میں بڑے بڑے کامل نکل آتے ہیں۔

فقیری لٹکا (دُ/مذ) سل لسخہ۔ چھومنتر۔ آسان علاج۔

فقیری لینا (دُ/فعل) درویشی اختیار کرنا۔ ترک دُنیا کرنا۔

فقیہ (ع۔ صفت) علم فقہ جاننے والا۔ علم دین کا فاضل۔ مسائل شرعی سے۔ واقف۔ مفتی دین۔

ف ـ ک

فک (ع۔ مذ) علیحدہ کرنا۔ چھوڑنا۔ علم نحو میں وہ اضافت جو پڑھنے میں نہ آئے۔

فک الرہن (ع۔ مذ) گروی رکھی ہوئی چیز کو چھڑانا۔

فکر (ع۔ مذ) سوچ۔ بچار۔ اندیشہ۔ خیال۔ دھیان۔ رنج۔ غم۔ غور۔ تامل۔ تدبیر۔ ٹھکانہ۔ حاجت روا۔

فکر کرنا (دُ/فعل) سوچنا۔ غور کرنا۔ غم کرنا۔ رنج کرنا۔ تامل کرنا۔

فکر آپڑنا (اُ/محاورہ) دفعتہً کوئی تردّد کی بات ہو جانا۔

فکر اور ذکر دونوں چاہئیں (اُ/مثل) خدا کی یاد خضوع و خشوع کے ساتھ ہونی چاہیئے۔

فکر بُرا فاقہ بھلا/فکر فقیراں کھائے (اُ/مثل) بھوکا رہنا فکر کرنے سے بہتر ہے۔ فکر فقیروں کو مار دیتا ہے۔

فکر رَسا (عف۔ ابو۔ مذ) اعلیٰ عقل پہنچنے والی عقل۔

فکر سے خالی ہونا (اُ/محاورہ) بے فکر ہونا۔

فکر شنبہ تلخ دارد جمعۂ اطفال و اعشرت افروز (ف/مثل) ہفتہ کی بے اندیشہ و فردا خوش است۔ } فکر لڑکوں کے جمعہ کو تلخ کر دیتی ہے آج کا عیش کل کی فکر کے بغیر اچھا ہے۔ موجودہ عیش سے تبھی لطف حاصل ہوتا ہے جب آئندہ کی فکر نہ ہو۔

فکر فردا (عف۔ اند۔ مو) آئندہ کا خیال یا تردّد۔

فکر کرے کیا ہوتا ہے جو ہوتا تھا سو ہو گیا (اُ/مثل) نقصان جو ہوتا تھا۔ سو ہو گیا اب رنج کرنے کا کوئی فائدہ نہیں۔

فکر لاحق ہونا (اُ/محاورہ) اندیشہ ہونا۔ احتمال ہونا۔

فکر مَعاش یا مَعِیشَت (ع۔ مذ) سامان۔ زندگی کی فکر۔ زندگی بسر کرنے کی فکر۔ روٹی کمانے کا دھندا۔

فکر مند (عف۔ اسنہ فاعل ترکیبی۔ مفید صفت) رنجیدہ۔ متفکر۔ غمناک۔ غمگین۔

فکر مندی (دُ/مو۔ بیائے مصدری) سوچ بچار۔ خیال۔ فکر۔

فکر میں گھل جانا (اُ/محاورہ) فکر سے نڈھال ہونا۔

فکر ہر کس بقدر ہمت اُوست (ف/مثل) ہر شخص کا خیال اس کے حوصلے اور ہمت کے مطابق ہوتا ہے۔

فکس ڈیپازٹ Fixed Deposit انگ۔ مذ) وہ امانت جو کسی بنک وغیرہ میں مقررہ معیاد تک کے لئے رکھی جاتی ہے۔ معیاد سے پہلے نہیں نکلوائی جا سکتی۔

ف ـ گ

فگار (ف/ا/صفت) مجروح۔ گھائل۔ زخمی۔ (مرکبات میں آتا ہے) زخم رسیدہ۔

ف ـ ل

فلاح (ع۔ مذ) نیکی۔ بھلائی۔ خیر۔ آسودگی۔ سلامتی۔ نجات۔ خوبی۔ عمدگی۔

فلاحت (ع۔ مو) کھیتی۔ باڑی۔ بونا۔ جوتنا۔ کشاورزی۔ زراعت۔ کشت کاری۔

فلاخن (ف۔ اسم) گوپیا۔ گوپن۔ پتھر یا روڑا۔ پھینکنے کی رسیاں۔

فلاسفہ (یونانی۔ مذ) عالم۔ فلسفہ دان۔ علمی۔ فلسفہ کا ماہر۔ ایک معجون کا نام۔

فلاطُون (یونانی۔ مذ) پہلوان۔ حسیم۔ ایک یونانی حکیم کا نام ہے۔ جو سقراط کا شاگرد تھا۔

فلاطونیت (ع۔ا۔مو) افلاطون کا فلسفہ جس کے مطابق یہ کائنات محض ایک پرتو ہے اور اصل و حقیقت تصوراتی علم کو حاصل ہے۔

فِلاکت (ع۔مو) مُفلسی۔ غریبی۔ ناداری۔ شامت۔ گردش۔ مصیبت۔ فلک زدگی۔

فِلاکت زدگی (عف۔مو) مُفلسی۔ غریبی۔ ناداری۔ شامت۔ گردش۔ مصیبت۔ فلک زدگی۔

فِلاکت زدہ (عف۔مو۔صفت۔مفعولی) مُفلس غریب۔ شامت کا مارا۔ مصیبت زدہ۔ بدبخت۔ بدنصیب۔

فلاکس (انگ۔ا۔مذ) ایک پھیلنے والا پودا جس کے چھوٹے چھوٹے پھول طباق نما ہوتے ہیں۔

فُلاں (ع۔مذ) کنایہ۔ فرضی شخص۔ اسکا ڈھکا۔ کسی۔ کوئی۔ وہ۔ وہ آدمی۔

فلان (اُر۔ا۔مو) عورت اور مرد کی جائے شرم۔ اندام نہانی۔ آلۂ تناسل۔

فلانا (اُر۔مذ) وہ آدمی۔ شخص مُعلوم۔

فلانی (اُر۔مو) وہ عورت۔ زن معلومہ۔ امکی ڈھمکی۔

فلانے کی ماں نے خصم کیا بہت بُرا کیا (اُر۔مثل) اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی شخص ایک کام کو درست کرنے کے لئے اُس سے بُرا کام کرے۔

فلائنگ کلب (Flying Club۔انگ۔مذ) ہوائی جہاز اُڑانے والوں کا کلب۔ ہوا بازی کا فن سکھانے کا ادارہ۔

فلٹر (Filter - انگ۔مذ) پانی صاف کرنے کا آلہ اور چھلنی۔

فِلِّز (ع۔مو) دھات۔ معدنی جوہر جس میں پگھلنے کی خاصیت ہو۔

فِلِّزات (ع۔مونث) دھاتیں۔ فِلِّز کی جمع ہے۔

فلس (ع۔مذ) پیسہ۔ تانبے کا سکہ۔ مچھلی کے اُوپر کا چھلکا اُوپر والا۔ املتاس کا قرص۔

فلسفہ (یونانی۔مذ) حکمت۔ دانائی۔ علم حکمت۔ علم موجودات۔ جوگ۔

فلسفی (یونانی۔صفت۔بیائے فاعلیت) علم حکمت جاننے والا۔ بھٹا چاریا۔ حکیمانہ۔ فلاسفانہ۔

فلالین (انگ۔مو) نہایت ملایم اور گدگدا۔ اونی کپڑا۔ Flannel

فلس کیپ (انگ۔مو) ایک قسم کا نہایت عمدہ دوورقہ کاغذ۔

فلش (Flush - انگ۔مذ) پانی کا تیز بہاؤ۔ بدرو یا نالی میں تیز پانی بہا کر صاف کرنا۔ تاش کا ایک کھیل۔

فلفل (ع۔مونث) مرچ۔ تین طرح کی ہوتی ہے۔ سرخ۔ سیاہ۔ سفید۔

فلک (ع۔مذ) اکاش۔ امبر۔ آسمان۔ چرخ۔

فلک اساس (ع۔صفت) آسمان کی بنیاد والا۔ جامع۔ مستحکم۔

فلک الافلاک (ع۔مذ) سب آسمانوں کا آسمان۔ نواں آسمان۔ عرش و کرسی۔

فلک بارگاہ (عف۔صفت) عالی مرتبہ۔

فلک پیما (عف۔صفت) آسمان پر پہنچنے والی۔

فلک پر چڑھانا (اُر۔محاورہ) آسمان پر چڑھانا۔ نہایت عزت بخشنا۔

فلک پر دماغ (اُر۔محاورہ) نہایت مغرور ہونا۔ سخت متکبر ہونا۔ اترانا

فلک پر ستارہ ہونا (اُر۔محاورہ) خوش نصیب اور اقبال مند ہونا۔

فلک پیر (عف۔مذ) بوڑھا آسمان۔

فلک ٹوٹ پڑنا (اُر۔محاورہ) سخت مصیبت آنا۔

فلک سیر (اُر۔ا۔مو) بھنگ۔ سبزی۔ بوٹی۔

فلک شکوہ (ع۔صفت) رفیع الشان۔ بلند عظمت والا۔

فلک مآب (ع۔صفت) عالی مرتبہ۔

فلک کو خبر نہ ہونا (اُر۔محاورہ) نہایت بےخبر ہونا۔ بالکل خبر نہ ہونا۔

فلک یاد آنا (اُر۔محاورہ) موت نظر آنا۔ خدا دکھائی دینا۔ مصیبت یاد آنا۔

فلکی (عف۔مو۔صفت۔بیائے نسبتی) آسمانی۔ عالم بالا کا۔ سماوی۔

فلکیات (ع۔ا۔مو) وہ علم جس میں آسمان کی موجودات سے بحث کی جاتی ہے۔

فلم (Film - انگ۔مذ) جھلی جالا۔



فلم

وہ تصویر جو پردے پر چلتی دکھائی دیتی ہے سیاہ جھلی جیسے کیمرے میں ڈال کر تصویر اُتارتے ہیں۔ فوٹو جھلی۔

فلم سٹار (انگ۔مذ) سینما کے مشہور اداکار۔ Film Star

فلو (Flue - انگ۔مذ) الفلوئنزا کا مخفف۔ ایک قسم کا وبائی نزلہ۔

فلوس (ع۔مذ) فلس کی جمع۔ پیسے۔ املتاس کے قرص۔

فلولوجی (انگ۔ا۔مو) علم زبان۔ زبانوں کی تحقیق کا علم۔ Philogy

فلیتہ (اُر۔مذ) فتیلہ کا بگاڑ ہے بتی۔ چراغ کی موٹی بتی۔ پلیتہ۔ توپ یا بندوق کا توڑا۔ انگرکھوں کی کمر کا ڈورا۔ تعویز کی بتی۔

فلیتہ جلانا (اُر۔محاورہ) بتی روشن کرنا۔ آسیب زدہ کے آگے چراغ روشن کرنا۔

فلیتہ دکھانا (اُر۔محاورہ) آگ لگانا۔ توڑے دار بندوق یا توپ کا چلانا۔

فلیتہ دینا (اُر۔محاورہ) آگ روشن کرنا۔ توپ یا بندوق چلانا۔ آسیب زدہ کو تعویز کی دھونی دینا۔

فلیتہ سنگھانا (اُر۔محاورہ) تعویز یا جنتر کی دھونی دینا۔

فلیٹ (انگ۔صفت۔Flat) سطح۔ برابر۔ چپٹی۔ وہ کمرہ جو کسی ایک منزل کے کمروں میں سے ہو۔

ف - م

فم (ع۔مذ) مُنہ۔ مکھ۔ دہن۔ دہان۔

فم

فم ارحم (ع۔ا۔مو) بچہ دانی کا مُنہ۔

فم مِعدہ (ع۔مذ) معدہ کا مُنہ۔ معدے کا سوراخ۔ جہاں سے غذا داخل ہوتی ہے۔

ف - ن

فن (ع۔مذ) ہنر۔ گن۔ کرتب۔ مکر۔ دھوکا۔ فریب۔ انداز۔ ڈھنگ۔ قسم۔

فن برائے فن (ف۔ اضا) کسی فن کی خدمت کرتے ہوئے فن کو کسی مقصد سے وابستہ کرنا۔

فن فریب / **فند فریب** (ف۔ مذ) دونوں مترادف) چال بٹے۔ ٹھگ بدیا۔

فن کار (عف صفت) ہنرمند۔ کاریگر تخلیقی کام کرنے والا۔

فن کاری (عف۔ امو) فن کار کا اسم کیفیت ہے۔

فنا (ع۔ مو) موت۔ ہلاکت۔ نیستی۔ بربادی۔ ناپید۔ نیست۔ معدوم۔

فنائی الرسول (ع۔ مو) فقر کا وہ مرتبہ جس میں سالک اتباع رسول کو اپنی طبیعت ثانی بنالیتا ہے۔

فنائی الشیخ (ع مو) فقر کے ایک مرتبے کا نام ہے جس میں مرید ہر وقت مرشد کے دھیان میں غرق رہتا ہے۔

فنائی اللہ (ع مو) فقر کا وہ درجہ جس میں طالب خدا تعالےٰ کی حقیقت اور معرفت میں ڈوبا رہتا ہے۔

فنائی اللہ ہونا (اُر مثل) ہر وقت خدا کی محبت میں ڈوبا رہنا۔ برباد ہونا۔ ہلاک ہونا۔ مرجانا۔

فنا ہوجانا (اُر فعل) تباہ ہوجانا۔ غارت و برباد ہوجانا۔ کسی پر مٹ جانا۔ عاشق ہونا۔

فنانس (انگ مو) آمدنی۔ مالگزاری خزانہ۔ Finance

فنانشل (انگ صفت Financial) خراج۔ آمدنی خزانہ یا روپے کے متعلق۔

فنانشل کمشنر (ان مو) صیغہ مال کا افسر اعلیٰ۔ Commissioner

فند (ف۔ مذ) دھوکا۔ مکر۔ فریب خایہ۔ جھانسہ

فند پڑھے (اُر محاورہ) فاتحے پڑھے۔

فند فریب (ف۔ مذ) دغا۔ فریب۔ دم۔ جھانسہ۔

فندق (ع۔ مونث) ایران کے ایک مشہور میوے کا نام۔ انگلیوں کے مہندی لگے سرے۔

فنڈ (انگ۔ مذ) سرمایہ۔ بضاعت۔ پونجی۔ راس المال۔ Fund

فند قیس لگانا (اُر محاورہ) انگلیوں سروں پر مہندی لگانا۔

فندی (ف صفت) فریبی۔ مکار۔

فنر (انگ مو) آلہ کیف بوتل وغیرہ میں تیلی چیز ڈالنے کا نلی دار آلہ۔ پیک۔ گھڑی کے اندر لگانے کا لوہے کا چکر۔ کمانی۔ Funnel

فنس (اُر مو) دیکھئے پینس۔ پالکی۔ ڈولا۔

فنون (ع۔ مذ) فن کی جمع ہے۔

فنی (ف۔ صفت) فن کے متعلق اکثر یہ مرکبات میں آتا ہے جیسے یک فنی۔

ف ـ و

فواد (ع۔ مذ) قلب۔ دل۔

فوارہ (ع مذ) اُبال۔ سرجوش۔ پھوارا۔ پچکاری۔ نہایت جوش مارنے والا۔ فوارہ اچھلنا۔ یا چلنا۔ یا چھوٹنا۔ (اُر فعل) پانی یا کسی رقیق چیز کا زور سے اوپر کو اُبلنا۔ پتلی پتلی دھاریں اوپر کو اٹھنا۔

فوارہ

فواق (ع۔ امو) ہچکی۔

فواکہ (ع۔ مذ) فاکہ کی جمع۔ میوے فروٹ۔

فوائد (ع۔ مذ) فائدہ کی جمع۔

فوت (ع۔ مونث) موت مرگ۔ نیست و نابود ہونا۔ جاتا رہنا۔ انتقال۔

فوت ہونا (اُر۔ محاورہ) گم ہونا۔ معدوم ہونا۔ مرجانا۔ نیست ہونا۔ انتقال کرنا۔

فوتی (عف۔ صفت۔ بیائے فاعلیت) مرنے والا۔ مرا ہوا۔ وفات یافتہ۔ متوفی۔

فوتی فراری (عف۔ مذ) (وقتری اصطلاح) مرنے یا بھاگ جانے والا۔ مال متوفی فوت شدہ لوگوں کی فہرست۔ مرنے ہوئے لوگوں کا اسباب۔

فوتی نامہ (عف مذ) شہر کے مردوں کا روزنامچہ۔ مقتولوں کی فہرست۔

فوٹو (Photo۔ انگ۔ مذ) تصویر۔ عکس۔

فوٹو گرافر

فوٹو سٹیٹ کاپی (Photostat copy۔ انگ۔ مذ) کسی دستاویز کی وہ نقل جو کسی تصویر کے ذریعے حاصل کی جائے۔

فوٹو گرافر Photographer تصویر کھینچنے والا۔ عکس اُتارنے والا۔

فوج (ع۔ ا۔ مذ) گروہ۔ جتھا۔ انبوہ۔ جنگی۔ آدمیوں کا مجمع۔ سپاہ۔ لشکر۔

فوج بھرتی کرنا (اُر مصدر مرکب) سپاہ نوکر رکھنا۔

فوجدار (عف۔ مو۔ فا علی) سپہ سالار۔ فوج کا افسر۔ شہر کا حاکم۔ کوتوال۔ مجسٹریٹ فیل بان۔ مہارت۔ بادشاہ کی سواری میں ہاتھی پر آگے بیٹھنے والا۔

فوجداری (عف۔ مونث۔ بیائے مصدری) فوجدار کا کام یا عہدہ۔ مجسٹریٹی۔ وہ محکمہ جس میں لڑائی جھگڑے خون قتل وغیرہ کے مقدمے فیصل ہوں۔ لڑائی جھگڑا۔

فوجداری کرنا (اُر۔ محاورہ) لڑنا۔ جھگڑنا۔ زبردستی کرنا۔ فساد کرنا۔ دنگا کرنا۔

فوج کا آگا برات کا پیچھا بھاری ہوتا ہے (اُر مثل) فوج کے پہلے حملے کا روکنا اور شادی کے بعد کا خرچ نمٹانا بہت مشکل ہوتا ہے۔

فوج کشی (عف۔ مو۔ بیائے مصدری) چڑھائی۔ دھاوا۔ حملہ۔

فوج کشی کرنا (اُر فعل) دھاوا کرنا۔ چڑھائی کرنا۔ حملہ کرنا۔

فوج کی اگاڑی آندھی کی پچھاڑی (اُر مثل) فوج کا اگلا حصہ اور آندھی کا پچھلا حصہ بہت طاقتور ہوتا ہے۔

فوجی (عف۔ صفت بیائے۔ نسبتی) متعلق بہ فوج۔ جنگی۔ لشکری۔ لڑائی کا۔

فور (ع مذ) وقت۔ گھڑی۔ ساعت۔ جلدی۔ شتابی۔

فوراً (ع تابع فعل) تُرت۔ جلدی سے جھٹ پٹ۔ جھٹ۔ اسی وقت۔

فوری (ع صفت) جلد۔ عجلت۔

فوز (ع۔ مذ) ظفر۔ مراد مندی۔ کامیابی۔ بخوبی مقصد کو پہنچنا۔

فوض (ع۔ اضا) کسی پر کام چھوڑ دینا۔

فوضوی (ع ا مذ) نراجی۔ انارکسٹ۔ شورش پسند۔
فوضویت (ع ا مو) تمدنی۔ مساوات۔ اشتراکیت۔ طوائف الملوکی۔
فوطہ (ع مذ) ٹپکا۔ کمربند۔ پیٹی۔ حمام کی لنگی۔ رومال۔ پگڑی۔ خراج محصول۔ خزانہ۔ گنج۔ تھیلا۔ تھیلی۔ بیضہ۔ خصیہ۔
فوطہ چھٹکنا (ر) فعل۔ بیضہ بڑھ جانا۔
فوطہ خانہ (عف) خزانہ۔ گنج۔
فوطہ دار (عف) خزانچی۔ تحویلدار۔
فوفل (ع غ۔ مونث) چھالیہ۔ سپاری۔
فوق (ع۔ صفت) اوپر۔ بلند۔ بالا (بصورت اسم مذکر) بلندی۔ اونچائی۔ بالائی چوٹی۔ سبقت۔ فوقیت۔ ترجیح۔ بزرگی۔ عظمت۔ بڑائی فضیلت۔ خوبی۔
فوق العادت (ع۔ تابع فعل مفید صفت) عادت سے بڑھکر بالا۔ عادت سے باہر۔
فوق رکھنا (اُ۔ محاورہ) ترجیح رکھنا۔
فوق لے جانا (اُ محاورہ) سبقت لے جانا۔ بڑھ جانا۔
فوقانی (ع۔ صفت بیائے نسبتی) اُوپر کا۔ بالائی۔ اُوپر کے نقطوں والی۔
فوقیت (ع۔ مونث بیائے مصدری) بڑائی۔ بزرگی۔ شان۔ قدر۔ غلبہ۔ ترجیح۔
فوقیت حاصل ہونا (ف۔ محاورہ) بڑائی ملنا۔ ممتاز ہونا۔ عظمت پانا۔
فوقیت لے جانا (ف۔ محاورہ) بڑھ جانا۔ بازی لے جانا۔ سبقت لے جانا۔ اضافہ ہونا۔
فوکس (د Focus۔ انگ۔ مذ) نقطۂ ارتکاز۔ ماسکہ۔
فول (انگ۔ صفت) بیوقوف۔ احمق۔ مودھو۔ نادان۔ بدھو۔
فولاد (ع۔ مذ) ایک قسم کا نہایت سخت جوہردار لوہا۔ اسپات۔ کڑا۔ سخت۔ مضبوط۔
فولاد کا دل (اُ۔ مذ) نہایت سخت دل۔
فولاد کا ہاتھ / فولادی ہاتھ (اُ۔ صفت) سخت اور مضبوط ہاتھ۔
فولادی (ف۔ صفت بیائے نسبتی) فولاد۔ اسپات کا بنا ہوا۔ (بحالت اسم مونث) نیزے یا بلم کی جھڑ۔ نیزے کا بانس۔
فون (انگ۔ مذ) دور سے بات کرنے کا آلہ۔ ٹیلیفون۔
فونوگراف (انگ۔ مذ۔ Phonograp) ایک آلہ جو خود بخود آواز کو ریکارڈ کرتا ہے۔
فونوگرام (انگ۔ مذ۔ Phonogram) وہ برقی پیغام جو بذریعہ فون یا تار گھر بھیجا جائے۔
فونیشی۔ فونیقی (انگ۔ صفت۔ Phonetician) بحیرہ روم کے جنوب مشرق۔ ساحل کے قدیم باشندے جنہوں نے رسم الخط ایجاد کیا۔

ف - ہ

فہارس (ع۔ مو) فہرس کی جمع۔
فہامہ (ع۔ مبالغہ) بہت سمجھ دار۔ دانا۔ عقل مند۔
فہرست (ف۔ مونث) لسٹ۔ فرد۔ چیزوں کی تفصیل۔
فہم (ع۔ مونث) بدھ۔ سمجھ۔ بدھی۔ عقل۔ دانائی۔ شعور۔ وقوف۔
فہم ناقص (ع۔ مونث) ناقص رائے۔ نامکمل عقل۔ چھوٹی سی عقل۔ کم عقلی۔
فہمائش (ف۔ مو) حاصل مصدر از فہمیدن۔ نصیحت۔ تلقین۔ ہدایت۔
فہمائش کرنا (اُ۔ محاورہ) سمجھانا۔ آگاہ کرنا۔ تنبیہ کرنا۔ جتلانا۔
فہمید (ف۔ مونث حاصل مصدر از فہمیدن) سمجھ۔ بدھ۔ عقل۔ رائے۔
فہمیدگی (ف۔ مو) سمجھداری۔ عقلمندی۔
فہمید حساب (ف۔ مونث) حساب کا سمجھا۔ سمجھانا۔ لین دین کا حساب کرنا۔
فہمیدہ (ف۔ صفت تبرکیب مفعولی) سمجھدار۔ سمجھ ہوا۔ دانا۔ ہوشیار۔
فہوالمراد (ع) جواب یا حصول مراد کا کلمہ۔ پس یہی مراد ہے کسی شرط کے آخر میں بولا جاتا ہے جیسے اگر یہ امر اس طرح انجام پاگیا تو ہماری یہی مراد ہے۔
فہیم (ع۔ صفت) سمجھدار۔ دانا۔ ہوشیار۔ عقلمندی۔ چتر۔ بدھوان۔

ف - ی

فی۔ (ع۔ حرف جر) درمیان۔ اندر۔ میں۔ بھیتر (بحالت اسم صفت) ہر۔ ہر ایک گیل۔ ساتھ (بحالت اسم مونث) نقص۔ خرابی۔ کمی۔ غلطی عیب۔ قصور۔ کسر۔ سازش۔ دغا۔ فریب۔ دھوکا۔
فی البدیہہ (ع۔ تابع فعل) فوراً بے سوچے۔ ترت۔ فی الفور۔ اسی وقت۔ برمحل کوئی شعر یا کہاوت کہہ دینا۔
فی الجملہ (ع۔ تابع فعل) الغرض۔ حاصل کلام القصہ۔ قصہ مختصر۔ تھوڑا سا۔ یونہی۔
فی الحال (ع۔ تابع فعل) اب۔ ترت۔ سردست۔ ابھی۔ اسی وقت۔
فی الحقیقت (ع۔ تابع فعل) دراصل۔ حقیقتاً۔ واقعی۔ بے شک۔
فی الفور (ع۔ تابع فعل) جلدی۔ شتابی۔ ترت۔
فی المثل (ع۔ تابع فعل) مثلاً۔ نظیراً۔ تمثیلاً۔ کہاوت میں۔
فی النار (ع۔ تابع فعل) دعائے بد ہے دوزخ میں جائے۔ بھاڑ میں پڑے۔
فی النار والسقر ہونا (اُ۔ محاورہ) دوزخ میں جانا۔ جل جانا۔ مخالف کا یا دشمن کا مرجانا۔ بھن جانا۔ دور ہوجانا۔ دفع ہوجانا۔
فی الواقع یا فی الواقعہ (ع۔ تابع فعل) (دیکھو فی الحقیقت)
فی الوقت (ع متعلق فعل) فوراً۔ ایسی وقت۔
فی امان اللہ (ع۔ تابع فعل) دعائیہ کلمہ ہے جو رخصت کے وقت زبان پر لاتے ہیں۔ خدا حافظ۔ اللہ بیلی۔
فی روپیہ (رُ۔ تابع فعل) روپے پیچھے۔ ہر ایک روپیہ پر۔
فی روز (رُ۔ تابع فعل) روانہ۔ یومیہ۔ دہاڑی۔ فی یوم۔
فی رہ جانا (رُ۔ فعل) نقص رہ جانا۔ کمی رہ جانا۔ کسر رہ جانا۔ غلطی رہ جانا۔
فی زمانا / فی زمانہ (ع۔ تابع فعل) ان دنوں۔ (دیکھو تابع فعل۔ آجکل۔

فی سبیل اللہ (ع۔ تابع فعل) خدا کی راہ میں۔ مال وقف۔ اللہ واسطے کا۔
فی سبیل اللہ کر دینا (اُر۔ فعل) وقف کر دینا۔ خدا کے نام پر چھوڑ دینا۔ خیرات کر دینا۔
فیصدی (ع۔ تابع فعل) سو پیچھے۔ فی سینکڑا۔
فی کس۔ فی نفر۔ فی آدمی (ف۔ تابع فعل) آدمی پیچھے۔ آدمی گیل۔
فی کل وجوہ (ع۔ متعلق فعل) ہر طرح۔ بہر حال۔
فی ما/فیما (ع۔ متعلق فعل) اس میں۔ اس کے متعلق۔
فی نفسہ (ع۔ متعلق فعل) اپنی ذات میں دراصل۔
فی مابین (ع۔ تابع فعل) آپس میں۔ باہم دونوں کے بیچ میں۔
فی نکالنا (اُر۔ فعل) عیب نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ نقص نکالنا۔ عیب لگانا۔
فیاض (ع۔ صفت) بصیغہ مبالغہ۔ نہایت سخی۔ بہت ہی فیض پہنچانے والا۔ کریم النفس۔
فیاضی (ع۔ مونث۔ بیائے مصدری) سخاوت۔ دان پن۔ خیر خیرات۔ بخشش دریا دلی۔
فیتا۔ یا۔ فیتہ (پ۔ تگالی۔ اسم مذکر) کنارہ۔ کور۔ ریشم۔ سوت وغیرہ کا بنا ہوا کنارہ۔
فیچر (انگ۔ اند۔ Feature) ریڈیو یا فلم کی کہانی جس میں گانے بھی ہوں۔ افسانوی طرز کا مضمون۔ امتیاز و خدوخال۔
فیدم (انگ۔ اند Fathom) گہرائی ناپنے کا پیمانہ جو چھ فٹ ہوتا ہے۔
فیڈرل (انگ۔ اند۔ Federal) وفاقی۔
فیڈرل سٹیٹ (انگ۔ مذ۔ Federal State) وفاقی ریاست۔
فیڈریشن (انگ۔ امو Federation) اجتماع۔ وفاقی انجمن۔ وفاقیت۔
فیر (انگ۔ امذ) توپ یا بندوق کو آگ دینا۔ سر کرنا۔ آگ۔ آتش۔ نار وقعہ۔ وار۔
فیر کرنا (اُر۔ فعل) بندوق یا توپ چلانا۔ سر کرنا۔ چھوڑنا۔
فیروز (ع۔ صفت) فتح مند۔ کامران۔
فیروز بخت اختر (ع۔ صفت) خوش نصیب۔
فیروز مند (ف۔ صفت) کامیاب۔ خوش نصیب۔
فیروز مندی (ف۔ امو) فیروز مند کا اسم کیفیت ہے۔
فیروزہ (ف۔ مذ) سبز یا نیلے یا آسمانی یا زنگاری رنگ کے ایک جواہر کا نام ہے۔
فیروزی (ف۔ صفت۔ بیائے نسبتی) نیلے یا آسمانی رنگ کا نیلگوں۔ نیلا۔
فیس (Fees) محنتانہ۔ نذرانہ۔ انعام۔ اُجرت۔ مزدوری۔ حق الخدمت۔
فیس کورٹ (Fees Court) عدالت کا محنتانہ۔ رسوم عدالت۔
فیشن (انگ۔ اند) دستور چلن۔ رسم و رواج۔ اُسلوب۔ طریقہ۔ بناوٹ۔ ساخت تراش۔ خراش۔ بناؤ سنگار۔ صورت شکل۔ ڈھنگ۔ طرز۔ طور۔ طریق۔ آن بان۔ نمونہ۔ نقشہ۔ مثال۔ لباس۔ پوشاک۔ ہنر۔ صنعت۔ مروج۔ رائج الوقت۔ جاری۔ رواج یافتہ۔ Fashion
فیشن بدلنا (اُر۔ محاورہ) طور طریقہ تبدیل کرنا۔ رواج بدلنا۔ وضع و انداز بدلنا۔
فیشن ہونا (اُر۔ محاورہ) رواج ہونا۔ چلن ہونا۔ رسم پڑنا۔
فیشنیبل (انگ۔ صفت Fashionable) فیشن کے مطابق۔ نفیس۔ خوبصورت۔ عمدہ۔
فیصل (ع۔ مذ) لغوی حق و باطل کو الگ کرنا۔ اصطلاحی۔ تصفیہ۔ بناؤ۔ فیصلہ انصاف۔
فیصل کرنا (اُر۔ فعل) جھگڑا چکانا۔ مٹانا۔ نبیڑنا۔ بیباق کرنا۔ تصفیہ کرنا۔ ڈگری کرنا۔ مقدمہ کا فیصلہ کرنا۔
فیصلہ (ع۔ مذ) ڈگری۔ تصفیہ۔ بناؤ چکوتہ۔ نبیڑا۔
فیصلہ ٹھہرانا (اُر۔ محاورہ) تصفیہ قرار پانا۔ جھگڑا چک جانا۔
فیصلہ کرنا (اُر۔ محاورہ) جھگڑا چکانا۔ قصہ طے کرنا۔ بیباق کرنا۔ مٹانا۔ برباد کرنا۔ توڑ پھوڑ کر ڈالنا۔
فیصلہ ہونا (اُر۔ محاورہ) جھگڑا چکنا۔ طے ہونا۔ تصفیہ ہونا۔
فیض (ع۔ مذ) بہرہ ور ہونا۔ مجازاً۔ فائدہ نفع۔ سود۔ سخاوت۔ فیاضی۔ نیکی۔ بھلائی دریا دلی۔ داد و دہش۔ سدا برت۔ لنگر۔
فیض بخش (ع۔ صفت) فائدہ پہنچانے والا۔
فیض پہنچانا (اُر۔ محاورہ) نفع پہنچانا۔ فائدہ پہنچانا۔ سلوک کرنا۔ بھلائی کرنا۔ نیکی کرنا۔ خیرات کرنا۔
فیض رساں (ع۔ صفت ترکیبی) فائدہ پہنچانے والا۔ سخی داتا۔
فیض عام (ع۔ مذ) عام لوگوں کا۔ عام لوگ۔
فیض گستر (ع۔ امو) بہت فیض پہنچانے والا۔
فیض نشان (ع۔ صفت) فائدہ پہنچانے والا
فیض یاب (ع۔ صفت) فائدہ پانیوالا۔ فائدہ حاصل کرنے والا۔
فیضان (ع۔ لذ) فکر۔ فریب۔ شرارت۔
فیضی (ع۔ مذ) اکبری نورتن میں سے ایک اعلےٰ رتن شیخ ابوالفیض فیضی فیاضی کا تخلص ہے۔ جو ملک الشعرا کے خطاب سے بھی مشرف تھا۔
فیکٹری (Factory۔ انگ۔ مذ) کارخانہ۔



فیکٹری

فیلٹ (انگ۔ مذ۔ ف) ایک روئیں دار کپڑا جو اُون کو موڑ اور دبا کر تیار کیا جاتا ہے۔ نمدے کی ٹوپی۔
فیلڈ (Field۔ انگ۔ مو) میدان۔ میدان جنگ۔
فیلڈ بک (Field Book۔ انگ۔ مو) ایک کتاب جس میں ہدایات کے مطابق کھیتوں کی پیمائش کی جاتی ہے۔
فیلڈ مارشل (Field Marshal۔ انگ۔ مذ) سپہ سالار افواج فوج کا سب سے اعلیٰ عہدہ یا اعزاز۔
فیلڈر (Fielder۔ انگ۔ مذ) کرکٹ کے کھیل میں وہ کھلاڑی جو گیند روک کر باہر یا وکٹ کے طرف پھینکے۔
فیل (اُر۔ بیائے مجہول۔ اسم صفت) ناکام۔ نامراد۔ گرا ہوا پیچھے رہا ہوا۔ پس ماندہ۔ Fail

فیل ہونا (از۔ محاورہ) ناکام ہونا۔ گر جانا۔ رہ جانا۔ چوکنا۔ گھٹ جانا۔

فیل (ر ف بفتح اول اسم مذکر) مکر و فریب۔ دغا شرارت۔ دم۔ جھانسہ

فیل (رف۔ مذکر۔ بیائے معروف) ہاتھی۔ گج شطرنج کے ایک مہرے کا نام بھی ہے۔


فیل

فیلبان (رف۔ مذ۔ فاعل ترکیبی) مہاوت۔ ہاتھی وان۔ فوجدار۔

فیل پا۔ یا فیل پاؤں (ر ؤ۔ مذکر) ایک مرض کا نام ہے۔ جس میں پاؤں ہاتھی کی طرح سوج کر موٹا ہو جاتا ہے۔ مرض ذات الفیل۔

فیل خانہ (رف۔ مذکر ظرف) ہاتھیوں کا طویلہ۔

فیل مرغ (رف۔ مذکر) ایک پرندے کا نام ہے۔ جو مور سے مشابہ ہے۔ پیرو۔

فیل مرغ

فیل منگلوسی (رف۔ امذ) منگلوس۔ جنگل کا ہاتھی۔ منگلوس ایک جنگل کا نام ہے۔

فیلہ (رف بیائے معروف اسم مذکر) پیادہ شطرنج کے ایک مہرے کا نام ہے۔

فیلسوف (یونانی) دانا۔ عالم فاضل حکیم۔ مکار۔ فریبی۔ دغاباز۔

فیلسوفی (ر ؤ۔ مونث بیائے مصدری) عیاری۔ چالاکی۔ مکاری۔ فریب۔ فضولخرچی۔ نمود و نمائش۔

فیلو (Fellow۔ انگ۔ مذ) آدمی۔ مرد۔ ساتھی۔ ہم جولی۔ ہمسر۔ سوسائٹی۔ یا یونیورسٹی کا ممبر۔

فیلوشپ (Fellowship انگ۔ مو) کسی تعلیمی ادارے انجمن یا برادری کی ممتاز رکنیت۔

فیلی۔ فیلیا۔ فیلی یا (ر ؤ۔ صفت۔ ترکیب فاعلی) فریبی مکار دغاباز۔

فیملی (Family۔ انگ) جتھہ۔ خاندان۔ بیڑہ۔ گھر بار۔ بال بچے۔ اہل و عیال۔

فیملی پلاننگ (انگ۔ امو - Family Planning) خاندانی منصوبہ بندی۔

فینائل (انگ۔ امو) ایک جراثیم کش دوا۔

فیوض (ع۔ امذ) فیض کی جمع ہے۔

قابض شکمی (ع ف۔ صف) درمیانی قابض۔ چھپا ہوا قابض۔ (افعال ہونا۔ کرنا)

فین (Fan۔ انگ۔ مذ) پنکھا۔ بجلی کا پنکھا۔

فینائل (Phenyle۔ انگ۔ مو) ایک جراثیم کش دوا۔

فینسی (Fancy۔ انگ۔ صفت) عمدہ۔ خوبصورت۔

فینسی بال، فینسی ڈانس (Fancy Ball .Fancy Dance انگ۔ مو) مغربی رقص کی تقریب جس میں لوگ سوانگ بھر کر شریک ہوتے ہیں۔

فیوڈل (Feudal۔ انگ۔ صفت) جاگیرداری نظام سے متعلق قرون وسطیٰ کا معاشی اور معاشرتی نظام۔ بڑے زمینداروں اور جاگیرداروں سے متعلق۔

فیوض (ع۔ ا۔ مذ) فیض کی جمع۔

فیہ نظر (ع۔ متعلق فعل) اس پر اعتراض ہے یہ محل نظر ہے۔



ق (ع۔مو) اُردو کا ستائیسواں فارسی کا چوبیسواں اور عربی کا اکیسواں حرف ہے۔ حساب جمل میں اس کے ایک سو عدد مقرر ہیں۔

ق - ا

قا - (اُر۔مذ۔مصوت) کوّے کی آواز۔ کائیں۔

قاآن (ت۔مذ) بہت بڑا عادل۔ سخی اور عراق بادشاہ۔ شاہ چین اور شاہ ترکستان کا لقب۔

قاآنی (ت۔ف۔صف) قاآن سے منسوب کرنا۔

قاب (ف۔مؤنث) بڑی رکابی۔ خوان تھال۔

قاب (ع۔مو) ایک ہاتھ کا فاصلہ۔ کان کی موٹھ سے گوشے تک کا فاصلہ۔

قاب قوسین (ع۔مو) دو ہاتھ کا فاصلہ دو کمان کا فاصلہ۔ نہایت قرب۔ معشوق کے ابرو۔

قابض (ع۔مذ۔فاعل) قبضہ کرنے والا۔ گھیرنے یا سمیٹنے والا۔ دخیل۔ قبضہ دار۔ جان نکالنے والا۔ روح قبض کرنے والا۔ زبردستی کھسیٹ لے جانے والا۔ پنجے سے پکڑنے اور دبانے والا۔ پیٹ میں اُتر کر جانے والی چیز (قانون) مانک۔ بجائے مالک۔

قابضِ ارواح (ع۔مذ) روح قبض کرنے والا فرشتہ۔ ملک الموت۔

قابضِ شکمی (عف۔صفت) درمیانی قابض جُھپا ہوا قابض (افعال ہونا کرنا)

قابض ہو بیٹھنا (اُر۔محاورہ) مالک بن بیٹھنا۔ کسی کی جائداد پر زبردستی قبضہ کر لینا۔

قابل (ع۔صفت فاعلی اہل) مناسب پسندیدہ سزاوار۔ دانا عقلمند۔ لائق۔ عالم۔ فاضل۔ پنڈت۔ پڑھا لکھا۔ خواندہ۔ ہوشیار۔

قابلِ ادا (ع۔صفت) (قانون) ادا کرنے کی لائق۔ صاحب مقدور۔ ادا کرنے کے لائق قرض۔

قابلِ اعتبار (ع۔صفت) بھروسے کے لائق۔ معتبر۔

قابلِ اعتراض (ع۔صفت) عذر کے لائق نامناسب۔ بیجا۔ ناجائز۔

قابلِ التفات یا قابلِ توجہ (ع۔صفت) توجہ کے لائق۔ دھیان کے لائق۔ غور کرنے کے قابل۔

قابلِ انقسام (ع۔صفت) تقسیم ہونے کے لائق۔ وہ چیز جسے حسب دلخواہ حصّوں میں تقسیم کر سکیں۔

قابلِ بازپرس (عف۔صفت) جوابدہی کے لائق مواخذے کے لائق۔

قابلِ تعریف (عف۔صفت) سراہنے کے لائق۔ نہایت پسندیدہ۔ قابلِ افریں۔

قابلِ دید (ع۔صفت) دیکھنے کے لائق۔
قابلِ ذکر (ع۔صفت) ذکر کرنے کے قابل۔
قابلِ زیارت (ع۔صفت) دیکھنے کے قابل۔
قابلِ سزا (ع۔صفت) سزا کے لائق۔
قابلِ سماعت (ع۔صفت) وہ مقدمہ جو قانوناً توجہ کے لائق ہو۔ سُننے کے قابل۔
قابلِ شنوائی (ع۔صفت) سُننے کے لائق
قابلِ ضبطی (ع۔صفت) ضبط کرنے کے لائق۔
قابلِ غور (ع۔صفت) توجہ کرنے اور سوچنے کے لائق۔
قابلِ مواخذہ (ع۔صفت) جوابدہی یا گرفت کے قابل۔
قابلِ نکاح (ع۔صفت) بالغ۔ بالغہ۔ جوان شادی کے لائق۔
قابل ہونا (اُر۔محاورہ) لائق ہونا۔ تجربہ کار ہونا۔
قابلِ یقین (ع۔صفت) یقین کرنے کے لائق۔
قابلہ (ع۔مؤ) ہوشیار اور لائق عورت۔ دائی۔ جنائی۔ بچہ جنانے والی عورت۔
قابلیت (ع۔مؤ) لیاقت۔ سلیقہ۔ سمجھ بوجھ۔ دانائی۔ علمیت۔ مادہ۔
قابو (ف۔مؤ) موقع۔ فرصت۔ قوت۔ طاقت۔ زور۔ حکم۔ اختیار۔ کہنا۔ رسائی۔ پہنچ۔
قابو پانا (اُر۔محاورہ) قدرت پانا۔ اختیار پانا۔ فرصت پانا۔ مہلت پانا۔ موقع پانا
قابو چڑھنا / قابو چلنا (اُر۔محاورہ) بس چلنا۔ اختیار ہونا۔ پہنچ ہونا۔ داؤں پر چڑھنا ہتے چڑھنا۔ کسی کے بس میں ہونا۔
قابو سے نکلنا۔ یا باہر ہونا۔ (اُر۔محاورہ) بس کا نہ رہنا۔ آپے سے باہر ہونا۔ آپے میں نہ رہنا۔ طاقت سے باہر ہونا۔
قابو کرنا / کر لینا (اُر۔محاورہ) مغلوب کرنا۔ بس میں کرنا۔
قابو لگنا (اُر۔محاورہ) موقع ملنا۔ بس میں آنا۔
قابو میں آنا (اُر۔محاورہ) داؤ پر چڑھنا۔ بس میں آنا۔
قابو میں لانا (اُر۔محاورہ) قابو میں کرنا۔
قابو ہونا (اُر۔محاورہ) قبضہ ہونا۔ بس ہونا۔ موقع ملنا۔
قابو نہ رہنا (اُر۔محاورہ) بس میں نہ رہنا۔ اختیار نہ رہنا۔
قابوجی (ت۔اسم) کمینہ۔ سفلہ۔ مفسد۔ بدذات۔ فتنہ پرداز۔ موقع پرست۔
قابیل (سریانی۔ا۔مذ) حضرت آدم علیہ السّلام کے بڑے بیٹے کا نام جس نے ہابیل کو قتل کر ڈالا تھا۔
قاتل (ع۔صفت فاعل) قتل کرنے والا آدمی۔ خونی۔ ہتیارا۔ جلاد۔ مہلک جان لیوا۔ ظالم۔ معشوق کا خطاب۔
قاجار۔ یا قاچار (ف۔مذ) شاہانِ ایران کا وہ خاندان جس کا بانی قراچار تھا۔
قادِر (ع۔صفت فاعلی) قدرت والا۔ طاقت رکھنے والا۔ بلواں۔ خدا تعالےٰ کا ایک وصفی نام۔ غالب۔ بس میں رکھنے والا مختار۔
قادِر الکلام (ع۔صف) کلام پر قدرت اور قابو رکھنے والا۔
قادِر انداز (ع۔صفت فاعلی) وہ تیر انداز جس کا تیر کبھی خطا نہ کرے، جما تلا نشانہ مارنے والا۔
قادِر علی الاطلاق (ع۔صفت) پوری پوری قدرت رکھنے والا۔ خدائے تعالیٰ۔
قادِرِ مُطلق (ع) پوری پوری قدرت والا۔ بے حد قدرت والا۔ خدا تعالےٰ۔
قادری (ع۔صف) حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ سے منسوب۔
قادِریہ (ع۔اسم) صوفیہ کا ایک سلسلہ جو حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ سے منسوب ہے۔
قادیانی (اُر۔صف) مرزا غلام احمد قادیانی کو نبی ماننے والے۔ مرزائی۔ منکرِ ختمِ نبوت۔
قادرخانی (اُر۔قلعہ کی بیگمات کا ایک قسم کا سینہ بند۔ (بحالت اسم صفت) بیائے نسبتی شیخ عبدالقادر قدس سرہٗ کے طریقہ پر چلنے والا۔
قارُورَہ (ع۔ا۔مذ) لغوی معنی پیشاب اصطلاحاً وہ شیشی جس میں پیشاب بھر کر حکیم یا ڈاکٹر کو دکھلاتے ہیں


قارورہ

قارُورہ دیکھنے والا / قارورہ شناس (اُر۔اسم) (ف)۔ حکیم طبیب۔ بید۔ ڈاکٹر۔
قارورہ ملنا (اُر۔محاورہ) موافقت ہونا۔ اتحاد ہونا۔
قارُون (ع۔ا۔مذ) حضرت موسےٰ علیہ السلام کے چچازاد بھائی کا نام ہے جو نہایت دولتمند اور پرلے درجے کا بخیل اور کنجوس تھا۔
قارُون کا خزانہ (اُر۔ا۔مذ) مجازاً۔ بہت ہی بڑا خزانہ۔ بے انتہا دولت۔
قاری (ع۔ا۔مذ فاعل از قرات) پڑھنے والا خواندہ۔ علم قرات کا واقف۔ قرآن شریف کو باقاعدہ تجوید پڑھنے والا۔
قاز (ت۔مذ) راج ہنس۔ کونج۔ بین۔ ایک قسم کا دریائی پرندہ۔
قاسِم (ع۔ا۔فاعل مذ) تقسیم کرنے والا۔ بانٹنے والا۔
قاسِم محروم (اُر۔مقولہ) بانٹنے والا جو خود حصّہ سے محروم رہتا ہے۔
قاش (ت۔ا۔مؤ) پھانک۔ ٹکڑا۔ پھلی۔ یعنی خربوزے وغیرہ کی پھانک ابرد۔ بھون۔
قاشِ زین (ف۔مذ) زین کا ہرنا۔ زین کے آگے اور پیچھے کے تکیے۔
قاش قاش کرنا (اُر۔محاورہ) پھانکیں کر ڈالنا۔ ٹکڑے کر دینا۔ چیر ڈالنا۔
قاشِق (ع۔ا۔مذ) لکڑی کا بڑا چمچہ۔ ڈوئی۔
قاشیں تراشنا (اُر۔محاورہ) ٹکڑے کرنا۔ پھانکیں کاٹنا۔
قاصِد۔ (ع۔مذ۔ فاعل) قصد کرنے والا۔ ارادہ کرنے والا۔ ایلچی۔ سفیر۔ نامہ بر۔ چٹھی رساں۔ دوت۔ پیام آور۔
قاصِر۔ (ع۔ا۔مذ۔ فاعل مفید صفت) قصور کرنے والا۔ کمی کرنے والا۔ مجبور۔ لاچار۔ ناچار۔
قاضی (ع۔ا۔مذ فاعل از قضا) حکم لگانے والا۔ جھگڑا چکانے والا۔ جج۔ مصنف۔ ادا کرنے والا۔ حاجات پوری کرنے والا۔ نکاح پڑھنے والا۔ نکاح خواں۔ نکاح باندھنے والا۔
قاضی الحاجات (ع۔مذ) مرادیں پوری کرنے والا۔ خدا تعالیٰ۔ مجازاً نقدی روپیہ پیسہ۔
قاضی القضاۃ (ع۔ا۔مذ) بڑا قاضی۔ حاکم اعلیٰ۔ چیف جسٹس۔
قاضی جی اپنا تو آگا ڈھانکو پیچھے کسی کو نصیحت کرنا (اُر۔مثل) ناصح پہلے اپنے اخلاق و عادات کو درست کرے۔ پھر دوسرے کو نصیحت دے۔

قاضی جی بہتیرا ہرائیں میں ہارتا ہی نہیں (اُر۔مثل) نہایت گستاخ اور ضدی آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

قاضی جی دُبلے کیوں ہوئے شہر کے اندیشے میں (اُر۔مثل) غیروں کے غم میں خواہ مخواہ رہنے کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

قاضی جی کے گھر کے چوہے بھی سیانے (اُر۔مثل) حاکم کے گھر کے ادنےٰ آدمی بھی سمجھدار ہوتے ہیں۔

قاضی جی کا پیادہ گھوڑے سوار (اُر۔مثل) حاکم کا آدمی جلدی ہی کرتا آتا ہے۔

قاضی جی کی لونڈی مری سارا شہر آیا قاضی جی مرے کوئی نہ آیا۔ (اُر۔مثل) لحاظ دار کے باعث اس کے غلاموں کی بھی عزت ہوتی ہے لحاظ دار مرجائے کوئی نہیں پوچھتا۔ مراد یہ ہے دنیا منہ دیکھے کی یار ہے۔

قاضی جی کے مرنے سے کیا شہر سونا ہو جائے گا (اُر۔مثل) کسی کے نہ ہونے سے کوئی کام نہیں رکتا۔

قاضی جی کیوں دُبلے ہوئے شہر کے اندیشے سے (اُر۔مثل) خواہ مخواہ غیروں کے غم میں گھلنے والے کے لیے بولتے ہیں۔

قاضیٔ فلک یا قاضی چرخ (عف۔اسم مذکر) مشتری یعنی برہسپت ستارہ جو سعد اکبر ہے۔

قاضیٔ دلّال (ع۔ا۔صفت) فسادی۔ مقید۔

قاضی قدّوہ (ع۔ا۔مذ) ایک کثیر الاولاد قاضی کا نام ہے۔ مجازاً ہر ایک کثیر الاولاد آدمی کو کہہ دیتے ہیں۔

قاضی کا پیادہ (اُر۔مذ) عدالت کا چپڑاسی۔ کانسٹیبل۔ پکڑے جانے والا۔ مجازاً۔ پاخانے کی حاجت جو روکے نہیں رک سکتی ہو۔

قاضی کرے سو نیاؤ پاسہ پڑے سو داؤ (اُر۔مثل) انصاف وہی جو حاکم کرے اور داؤں وہی جو اپنے آپ ایمانداری سے لگے۔

قاضی نیاؤ نہ کریگا تو گھر تو آنے دیگا (اُر۔مثل) نفع اگر نہ ہوا تو نقصان بھی تو کچھ نہیں ہونے کا۔

قاطبتہً (ع۔تابع فعل) عام طور پر۔ بالکل تمام سب کے سب۔ بیشتر اکثر کر کے۔

قاطر (ف۔مو) خچر۔

قاطع (ع۔صفت۔فاعل) کاٹنے والا۔ قطع کرنے والا۔

قاطع الطّریق (ع۔ا۔مذ) رہزن۔ لٹیرا۔ ڈاکو۔

قاعِدہ (ع۔ا۔مذ) بنیاد۔ جڑ۔ بیخ و بن۔ اصول۔ اصل۔ دستور۔ طریقہ۔ رسم۔ قانون۔ ضابطہ۔ حروف تہجی کا رسالہ۔ دستور العمل۔ ہدایت نامہ عادت۔ خو۔ خصلت۔ سبھاؤ۔ ترتیب۔ قرینہ۔ گُر۔ صرف و نحو یا حساب کا طریقہ۔

قاعِدہ باندھنا (اُر۔محاورہ) قانون بنانا۔ دستور ٹھہرانا۔

قاعِدہ جاری کرنا (اُر۔مصدر مرکب) دستور مقرر کرنا۔

قاعِدہ دان (عف۔مذ۔فاعل ترکیبی) رسم و رواج سے واقف۔ ہر بات کے سلیقہ اور ترتیب اور گُر سے واقف۔ علم مجلس جاننے والا۔

قاعِدہ نکالنا (اُر۔محاورہ) طریقہ ایجاد کرنا۔

قاعِدے سے (اُر۔تابع فعل) طریقہ سے۔ ترتیب سے۔ دستور کے موافق۔ ادب سے۔

قاعدے سے لگانا (اُر۔محاورہ) ترتیب سے رکھنا۔

قاعدہ کلیّہ (ع) پکا قاعدہ۔ عام اُصول گُر۔

قاعدے کا پابند (اُر۔صفت) اصول کا پابند۔ دستور کا پابند۔

قاعدہ کی بات ہے (اُر۔محاورہ) عام بات ہے۔ عام دستور ہے۔

قاف (ع۔مذ) عربی کا اکیسواں حرف۔ جیسا کہ بیان ہو چکا ہے۔ ایشیائے کوچک کے شمال کی طرف ایک پہاڑ کا نام ہے۔ کاکیشیا۔

قاف تا قاف (اُر۔متعلق فعل) دُنیا کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک۔

قاف کی پریاں (اُر۔ا۔مو) کنایتہً حسین عورتیں۔

قام لام / قاف وال (اُر۔ا۔مذ) فضول باتیں۔ بے ہودہ باتیں۔

قافلہ (ع۔مذ) کاروان۔ مسافروں یا تاجروں کا گروہ۔ حاجیوں کا گروہ۔

قافلہ سالار (عف۔مذ) بقلب اضافت۔ قافلے کا سردار۔ میر قافلہ۔

قافیہ (ع۔ا۔مذ) مشتق از قفو۔ بمعنے پیچھے چلنے والا۔ اصلاح میں ردیف سے پہلے کا لفظ یا حرف تک۔ غزلوں یا بیتوں وغیرہ کے مصرعوں یا شعروں کے آخر میں آنے والے مشابہ حروف۔

قافیہ بندی (عف۔مو۔ بیائے مصدری) تک بندی۔ شعر موزوں کرنا۔

قافیہ پیمائی (عف۔مو۔ بیائے مصدری) اشعار کی گنتی پوری کرنے کے واسطے قافیہ جوڑ دینا۔

قافیہ تنگ کرنا (اُر۔محاورہ) تنگ کر دینا۔ لاجواب کرنا۔ ستانا۔ شرمندہ و نادم کرنا۔ حیران و پریشان کرنا۔

قافیہ تنگ ہونا (اُ) قافیہ کا نہ ملنا۔ کسی نظم یا شعر کا قافیہ نہ ملنا۔ عاجز ہونا۔ تنگ ہونا۔ گھبرانا۔ لاجواب ہونا۔ ناک میں دم آنا۔

قافیہ سنج (عف۔صف) موزوں طبع شاعر۔

قافیہ شائگاں (ع۔ف۔مذ) وہ قافیہ جس میں ایطائے جلی ہو۔ دیکھئے ایطا۔

قافیہ ملانا (اُر۔محاورہ) تک سے تک جوڑنا۔ یارانہ گانٹھنا۔ راز دار بننا۔ دوست بن جانا۔

قاق (ت۔ا۔مذ) سوکھا ہوا گوشت۔ مجازاً نہایت دبلا۔ ناتواں آدمی۔

قاقا (ع۔ا۔مذ۔صوت) کوّے کی آواز۔ کائیں کائیں۔

قاقلہ (ع۔ا۔مو) بڑی الائچی۔ الائچی کلاں۔ بیل کلاں۔

قاقم (ت۔مذ) نیولے کی قسم کا ایک جانور جس کی سمور نہایت سفید اور نرم ہوتی ہے۔ روس کے شمالی علاقوں میں بہت ہوتا ہے۔

قال (ع۔ا۔مذ) گفتگو۔ مقولہ۔ قول۔ دکھاوے کی بات چیت۔


قالب

قال مقال (ع۔ا۔مو) بحث۔ تکرار۔ حجت۔ قضیہ۔ حیص بیص۔

قال اقول (ع۔ا۔مذ) اس نے کہا۔ میں نے کہا۔ بحث تکرار۔

قالب (ع۔ا۔مذ) سانچا۔ ڈھانچا۔ پنجر۔ بدن۔ جسم۔ تن۔ سریر۔ کایا۔ پنڈا۔

قالب بدلنا (اُر۔محاورہ) دوسرا جسم اختیار کرنا۔ چولا بدلنا۔ دوسرے جسم میں حلول کرنا۔

قالب بے جان (عف۔مذ) مردہ جسم نعش بے سر۔

قالب پر چڑھنا (اُر۔محاورہ) جوتی یا ٹوپی کا سانچے پر چڑھنا۔

قالب خالی کرنا (اُر۔محاورہ) جسم سے روح کا نکل جانا۔ مرجانا۔

قالب خاکی (ع۔ا۔مذ) کنایتہً جسم۔ بدن۔ انسان۔

قالب میں ڈھالنا (اُر۔محاورہ) سانچے میں ڈھالنا۔

قالبوت (اُردو۔مذ) کالب کا بگاڑ ہے۔ سانچا۔ ڈھانچا۔ کالبد۔
قالی یا قالین (ت۔امو) غالیچہ۔ ایک قسم کا بچھونا۔ فرش پشمین۔
قالیچہ (ف۔امذ) چھوٹا قالین۔
قالیچہ سلیمانی (ت۔امذ) حضرت سلیمان علیہ السلام کا غالیچہ جس پر جہاں چاہتے تھے چلے جاتے تھے۔
قامت (ع۔امذ) ڈیل ڈول۔ قد۔ جسم۔ بالا۔
قامت پر راس آنا / ہونا (اُر۔محاورہ) موزوں ہونا۔ فٹ ہونا۔
قامت رُعنا (عف۔امذ) خوبصورت قد۔
قال قال (اُر۔صوت) بطخ کی آواز۔ بط کی آواز۔
قانع (ع۔امذ) فاعل از قناعت۔ قناعت کرنے والا۔ تھوڑی سی چیز پر صبر کرنے والا۔ سنتوکھی۔ صابر۔
قانون (ع۔امذ) جڑ۔ بنیاد۔ بنا۔ مجازاً۔ قاعدہ۔ ضابطہ۔ دستور۔ رسم و رواج۔ آئین۔ طرز۔ طریق۔ ڈھنگ۔ طب کی ایک کتاب کا نام بھی ہے۔
قانون اساسی (ع۔مذ) بنیادی قانون۔ دستور۔
قانون استقرائی (ع۔امذ) وہ آئین جن کی رُو سے افعال جائز کی تعمیل اور افعال ناجائز سے پرہیز کی تعریف ہو۔
قانون بگھارنا (اُر۔محاورہ) بے ضرورت تکرار کرنا۔
قانون پر چلنا (اُر۔محاورہ) ضابطہ کی پابندی۔ آئین کے موافق کارروائی کرنا۔
قانون چھانٹنا (اُر۔محاورہ) خواہ مخواہ باریکیاں نکالنا۔ حجت نکالنا۔ قانونی بحث کرنا۔
قانون داں (عف۔مذ۔ فاعل ترکیبی) سرکاری قاعدوں کو جاننے والا۔ قانونی۔
قانون دانی (عف۔امو۔ بیائے مصدری) قانونی واقفیت۔
قانونگو (عف۔امذ) صدر پٹواری۔ پٹواریوں کے کام کی پڑتال کرنے والا۔ پرگنہ کا زمینداری رجسٹرار۔ ضلع اور گاؤں کے تمام مالیات اور پیمائش اراضی کا حساب کتاب رکھنے والا اہل کار۔
قانون گو کی مری ہوئی کھوپڑی بھی دغا دیتی ہے (اُر۔مثل) قانون گو سے اُمید وفا نہیں ہوتی۔
قانون مال (ع۔امذ) زمین کا ضابطہ۔ لگان و اراضی وغیرہ کا قانون۔
قانون مختص الامر (ع۔امذ) کسی خاص امر کے متعلق۔ جاری شدہ قانون۔
قانون مختص المقام (ع) کسی خاص جگہ یا ملک کے متعلق قانون۔
قانون نافذ کرنا (اُر۔مصدر مرکب) کسی ملک میں نیا قانون جاری کرنا۔
قانون نامہ (عف۔امذ) قانون کی کتاب۔
قانونًا (ع۔تابع فعل) قانون کے طور پر۔ از روئے قانون۔ حسب ضابطہ۔
قانونی (اُر۔مذ۔ بیائے فاعلیت مفید صفت) قانون بنانے والا۔ قانون جاننے والا۔ قانون داں۔ شریعت کے موافق۔ دھرم شاستر کے مطابق۔ مجمع تکراری۔ جھگڑالو۔
قانونچہ (عف۔امذ) علم طب کی ایک کتاب کا نام۔ ایک قسم کا باجہ۔
قانونیا (اُر۔صفت) بالف فاعلی۔ جھگڑالو۔
قاہر (ع۔اصفت فاعلی) قہر کرنے والا۔ ظلم ڈھانے والا۔ زبردست اور غالب۔
قاہرہ (ع۔امو) چیرہ دست۔ مقہور۔ بحالت اسم مذکر) مصر کے دارالخلافے کا نام ہے۔
قاہ قاہ (ف۔امذ کر صوت) ٹھٹھاہ۔ قہقہہ۔ ٹھٹھا مارنے کی آواز۔
قائد (ع۔امذ) فوج کا سردار۔ حاکم۔ اندھے کی لاٹھی پکڑ کر چلنے والا۔ دُب اصغر کا آخری ستارہ۔ راستہ دکھانے والا۔
قائد اعظم (ع۔امذ) بانی پاکستان محمد علی جناح کا لقب۔
قائزہ (ع۔اُ۔مذکر) لنگوٹ۔ لنگوٹہ۔ لگام۔
قائزہ کرنا (اُر۔محاورہ) گھوڑے کے لگام کے تسمے کو دُم سے باندھ دینا۔ مجرّد رہنا۔ لنگوٹہ باندھنا۔
قائل (ع۔صفت فاعلی) کہنے والا۔ بولنے والا۔ اپنا قصور ماننے والا۔ ہارنے والا۔ لاجواب۔ تسلیم کرنے والا۔
قائل کرنا (اُر۔محاورہ) لاجواب کرنا۔ دق کرنا۔ تنگ۔ خطا کا مُقر کرانا۔
قائل معقول کرنا (اُر۔محاورہ) جھوٹا ثابت کرنا۔ شرم دلانا۔ شرمندہ کرنا۔ قصور کا مقر کرنا۔ لاجواب کرنا۔ بند کرنا۔
قائل ہونا (اُر۔محاورہ) مان جانا۔ تسلیم ہونا۔ مقر ہونا۔ غلطی قبول ہونا۔ معترف ہونا۔ اُستاد ماننا۔ کامل فن ماننا۔
قائل ہونے کی جگہ ہے (اُر۔محاورہ) ماننا پڑتا ہے۔ تسلیم کرنا پڑتا ہے۔
قائم (ع۔صفت فاعلی) کھڑا ہونے والا۔ عمودی۔ مضبوط۔ مستقل۔ جوں کا توں موجود۔ مقرر۔ مستقیم۔ شطرنج میں دونوں حریفوں کا برابر رہنا۔
قائم اُٹھنا (اُر۔محاورہ) شطرنج میں کسی کو مات نہ ہونا۔ دونوں حریفوں کی بازی برابر رہنا۔
قائم الزاویہ (ع۔صف) وہ زاویہ جو نوے درجے کا ہو۔
قائم الزمان (ع۔مذ) شیعوں کے امام کا نائب۔
قائم اللیل (ع۔صف) عبادت کے لیے رات بھر جاگنے والا۔
قائم المزاج (ع۔صف) مستقل مزاج۔ دھن کا پکا۔
قائم النار (ع۔امذ) آگ پر ٹھہرا ہوا پارہ یا گندھک وغیرہ۔
قائم انداز (عف۔صفت ترکیبی) نشانہ باز۔ قادر انداز۔ شاطر کامل جو اپنی بازی کو ہر طرح قائم رکھے۔
قائم بالذات (ع۔صفت) وہ چیز جو بذات خود قائم اور برقرار ہو۔ جوہر۔ آزاد۔ خود مختار۔
قائم بالغیر (ع۔صفت) دوسرے کے سہارے یا بھروسے پر قائم رہنے والا۔ محتاج غیر۔ عرض (جوہر کی ضد)
قائم رکھنا (اُر۔محاورہ) برقرار رکھنا۔ موجود رکھنا۔ جاری رکھنا۔
قائم رہنا (اُر۔محاورہ) قائم رکھنا لازم ہے۔
قائم کرنا (اُر۔محاورہ) بنیاد رکھنا۔ مقرر کرنا۔ بنانا۔ کھڑا کرنا۔ اُٹھانا۔ مضبوط کرنا۔ مستقل کرنا۔ عہدہ مقرر کرنا۔ برقرار کرنا۔ دھرنا۔ رکھنا۔ موجود کرنا۔ پیدا کرنا۔ پارے کو قائم النار کرنا۔
قائم مزاج (ع۔امذ۔صفت) مستقل مزاج۔ پکا۔ ثابت قدم۔ ہمت کا پورا۔ اطمینان والا۔ متین۔
قائم مزاجی (ع۔امو۔ بیائے مصدری) مضبوطی۔ استقلال۔ ثابت قدمی۔ متانت۔
قائم مقام (ع۔اصفت) دوسرے کی جگہ پر کام کرنے والا۔ عوضی۔ نمائندہ کار۔ وکیل۔ گماشتہ۔ ایجنٹ۔ خلیفہ۔ نائب۔
قائم مقام ہونا (اُر۔محاورہ) عوضی ہونا۔ دوسرے کی جگہ کام کرنا۔ نائب ہونا۔
قائم مقامی (عف۔امو) بیائے مصدری۔ وکالت۔ سفارت۔ عوضی۔
قائمہ (ع۔امذ) وہ زاویہ جو مستقیم خطوں کے عموداً تقاطع کرنے یا قائم ہونے سے پیدا ہو۔ نوے درجے کا زاویہ۔

قائمی (ف۔مو) قیام۔ پائداری۔ استقلال۔ ٹھہراؤ۔
قاؤں قاؤں (اُ۔مو) کوّے کی آواز۔ کائیں کائیں۔
قائیں قائیں (اُ۔مو) دیکھئے کائیں کائیں۔

ق - ب

قبا (ع۔مو) ایک قسم کا کھلا کوٹ یا اچکن۔ روئی دار کشادہ سینے والا جامہ۔
قبا دوز (ع صفت) قبا بنانے والا۔
قبا کرنا یا کر ڈالنا (اُ۔محاورہ) چاک کر ڈالنا۔ پھاڑ ڈالنا۔ پارہ پارہ کرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
قباچہ (ع۔امذ) چھوٹی قبا۔
قباحت (ع۔اسم مو) بُرائی۔ خرابی۔ نقص۔ عیب۔ کھوٹ۔ مشکل۔ مصیبت۔ دقت۔ دشواری۔
قباحت نکلنا (اُ۔محاورہ) خرابی ظاہر ہونا۔ نقص نکلنا۔ عیب ظاہر ہونا۔ مشکل پڑنا۔ دقت پیش آنا۔
قباحت ہونا (مص مرکب) خرابی ہونا۔ بُرائی ہونا۔ دشواری ہونا۔
قبالہ (ع۔امذ) تمسک۔ بیعنامہ۔ ملکیت ثابت کرنے کا کاغذ۔ مکان کا کاغذ۔
قبالہ دار (عف۔صف) وہ جس کے پاس قبالہ ہو۔
قبالہ لکھوانا (اُ۔محاورہ) قابض ہونا۔ مکان کا مالک ہو جانا۔ بیع نامہ لکھوانا۔
قبالہ لینا (اُ۔محاورہ) مکان یا جائیداد وغیرہ کا قبضہ لینا۔ ملکیت کی سند لینا۔ قابو پانا۔ ذلیل کرنا۔
قبالہ نویس (عف۔امذ۔ فاعل ترکیبی) عرائض نویس۔ پیشہ کے طور پر تمسک اور بیعنامے لکھنے والا آدمی۔
قبالہ نیلام (عف امذ) وہ بیع نامہ جو نیلام کرنے والا حاکم دے۔
قبالے (لفظ مذ) قبالہ کی جمع۔ بیعنامے۔
قبالے ڈالنا (اُ۔محاورہ) قبضہ کر لینا۔ قابض ہو جانا۔ عاجز کر دینا۔ ہرا دینا۔
قبالے لے لینا یا لکھوا لینا (اُ۔فعل) مالک بن جانا۔ قابض ہو جانا۔
قبائح (ع۔مذ) قبیحہ کی جمع۔ برائیاں۔
قبائل (ع۔امذ) قبیلہ کی جمع۔ جماعتیں۔ گروہ۔ فرقے۔ خاندان۔ بال۔ بچے۔ عیال و اطفال۔ اقوام۔
قبلۂ الاسلام (ع۔مذ) بصرہ۔
قبلۂ الصخرہ (ع۔مذ) یروشلم کی ایک چٹان جو بہت مقدس سمجھی جاتی ہے۔
قبح (ع۔امو) بُرائی۔ عیب۔ نقص۔ خرابی۔
قبر (ع۔امو) سمادھ۔ تربت۔ گور۔ گڑھا جس میں مردہ کو دفن کریں۔
قبر بنانا (اُ۔فعل) گور تیار کرنا۔ مار کر دبا دینا۔ مار ڈالنا۔
قبر پر قبر نہیں ہوتی (اُ۔ضرب کہاوت) قرض پر قرض نہیں ملتا۔
قبر پر لات مارنا (اُ۔محاورہ) بخیل سے اتفاقیہ سخاوت ہو جانے کو کہتے ہیں۔
قبر سلامی (اُ۔امو) وہ نقدی جو مالک زمین کو اس کی ملکیت میں قبر بنانے کے بدلے دی جاتی ہے۔
قبر کا تعویذ (اُ۔امذ) سنگ مزار۔ تربت کا پتھر جو قبر کا نشان قائم رہنے کی خاطر صندوق سا بنا کر رکھ دیا کرتے ہیں۔
قبر کا منہ جھانک کر آنا (محاورہ) سخت۔ بیماری سے شفا پانا۔ مر مر کر بچنا۔
قبر کھود دینا (اُ۔محاورہ) مار کر دبا دینا۔ مار کر گڑھے میں ڈال دینا۔
قبر کھود کر نکال لانا (اُ۔محاورہ) جہاں کہیں بھی ہو وہیں سے نکال لانا۔ پتال سے ڈھونڈ کر نکال لانا۔
قبر کھودنا (محاورہ) مُردے کے واسطے گڑھا کھودنا۔ مار رکھنا۔ مار ڈالنا۔
قبر کے مُردے اُکھاڑنا یا اُکھیڑنا (اُ۔محاورہ) دبی ہوئی باتوں کو اُبھارنا۔ پرانے جھگڑے نکالنا۔ مُردوں کا عیب ظاہر کرنا۔
قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھنا (محاورہ) قریب مرگ ہونا۔ نہایت بڑھاپے یا سخت بیماری یا کمزوری کے وقت بولتے ہیں۔
قبر میں پیٹھ / کمر نہ لگنا (اُ۔محاورہ) مر کر بھی چین نہ آنا۔
قبر میں سے نکل کر آنا (اُ۔محاورہ) بیماری وغیرہ سے ایسا کمزور ہونا کہ پہچان میں نہ آ سکے۔
قبرستان (عف۔امذ) ظرف گورستان۔ مدفن۔ شہر خموشاں۔ مُردے دبنے کی جگہ۔
قبیرہ (ع۔امذ) چنڈول۔ چکاوک۔ بعض سرخاب کو کہتے ہیں۔
قبض (ع۔امذ) پنجہ سے پکڑنا۔ دبوچنا گرفتگی۔ بستگی۔ سمیٹ سکیڑ۔ قابو۔ بس۔ دخل
قبض الوصول (ع۔امذ) رسید کا رجسٹر۔ وہ کتاب جس میں روپے کی وصولیت درج کی جائے۔
قبض بالجبر (ع۔امذ) زبردستی قبضہ کر لینا۔ ناجائز طریق پر طرلی بن جانا۔
قبض دخل (عف۔امذ) پورا قبضہ۔
قبض روح (عف۔امذ) روح کا جسم سے نکالنا۔
قبض کرنا (اُ۔محاورہ) اڑ کرنا۔ پیٹ میں کرختگی پیدا کرنا۔ سلب کرنا۔ کھینچنا۔
قبض و بسط (ع۔امذ) کبھی دل کا خدا کی طرف متوجہ ہونا۔
قبضہ (ع۔امذ) قابو
بس۔ دخل۔
تصرف۔ مٹھ دستہ۔
ہتھی۔ پکڑ۔ پنجہ۔
مٹھی کو اوڑوں کے قبضے۔ بازو کی مچھلی۔ ڈنٹر۔ بانہہ۔



قبضہ اُٹھانا (اُ۔محاورہ) جیسے دخل ہو جانا۔
قبضہ بالتیات (ع۔مذ) قائم مقام ہونے کی حیثیت سے قبضہ۔
قبضہ پانا (اُ۔محاورہ) قابو پانا۔ دخل پانا۔ تصرف میں لانا۔
قبضہ پر ہاتھ رکھنا / قبضہ پر ہاتھ ڈالنا (اُ۔محاورہ) کسی کے قتل کے واسطے تلوار کی موٹھ پر ہاتھ لے جانا۔ قتل کے لیے تیار ہو جانا۔ دلیری و جرأت ظاہر کرنا۔
قبضہ دار (عف۔صفت) ایک قسم کا موروثی کاشتکار۔
قبضہ کرنا (اُ۔محاورہ) دخل کرنا۔ مالک بن بیٹھنا
قبضہ میں کر لینا (اُ۔محاورہ) بس میں کر لینا۔ قابو میں کر لینا۔
قبضہ لینا (اُ۔محاورہ) کسی جائداد کا دخل حاصل کرنا
قبضے پر ہاتھ رکھنا (اُ۔محاورہ) لڑنے کے لیے تیار ہونا۔
قبضے چڑھے ہونا (اُ۔محاورہ) بازو موٹے یا تنے ہونا۔

قبضے میں آکر نکل جانا (اُر۔محاورہ) قابو میں آکر بچ جانا۔
قبضے میں آنا (اُر۔محاورہ) قابو میں آنا۔ بس میں آنا۔
قبضے لگانا (اُر۔محاورہ) لکڑی کی کسی چیز میں قبضے لگانا۔
قِبط (ع۔ا۔مذ) مصر کا پرانا نام۔
قِبطی (ع۔ا۔مذ) حضرت موسیٰؑ کے وقت میں پرانے مصر کی ایک قوم۔
قبل (ع۔تابع فعل) پہلے۔ آگے۔ اول پیشتر (بصورت اسم مذکر) حماصرہ۔ گھیرا۔
قبل از آنکہ (عف۔تابع فعل) اس سے پیشتر کہ اس سے پہلے کہ۔
قبل از واویلا (اُر۔مثل) مصیبت آنے سے پہلے ہی شور مچا دینا۔
قبل ازیں (عف) تابع فعل۔ اس سے پہلے۔
قبلہ (ع۔ا۔مذ۔ بیائے نسبتی) سامنے کی چیز۔ سمت۔ کعبہ۔ وہ طرف جدھر مُنہ کر کے نماز پڑھتے ہیں۔ کلمۂ تعظیم حضور۔ جناب۔ حضرت۔ واجب التعظیم۔
قبلۂ انام (ع۔مذ) سب کا واجب التعظیم شخص۔
قبلۂ حاجات (ع۔ا۔مذ) مراد برلانے والا۔ دوسرے لوگوں کی حاجتوں اور ضرورتوں کو رفع کرنے والا۔ ایک کلمۂ تعظیم۔
قبلہ رُو (عف۔ا۔مذ) قبلہ کی طرف وہ چیز یا آدمی جو قبلہ کی طرف مُنہ کیے ہوتے ہیں۔
قبلہ رُو لٹانا (اُر۔محاورہ) نزع سے وقت بیمار کا مُنہ قبلے کی طرف کرنا۔
قبلہ رُو لیٹنا (اُر۔محاورہ) "قبلہ رو" لٹانا کا لازم ہے۔
قبلۂ عالم (ع۔ا۔مذ) جہاں پناہ۔ بادشاہوں کا لقب۔ بزرگ جہاں۔
قبلۂ کونین (ع۔ا۔مذ) دین و دنیا کا بزرگ۔ والد بزرگوار۔
قبلہ گاہ (عف۔ا۔مذ) بجائے قبلہ۔ والد۔ بزرگوار۔ باپ۔ بزرگ۔
قبلہ نما (عف۔مذ) وہ کمپاس یا اُسطرلاب جس سے قبلہ کی سمت معلوم ہو۔
قبلہ و کعبہ (ع۔ا۔مذ) کلمہ تعظیم و تکریم۔
قبلہ و کعبہ سمجھنا (اُر۔محاورہ) قابل تعظیم سمجھنا۔ بزرگ سمجھنا۔
قبلہ ہو تو مُنہ کروں (اُر۔مقولہ) سخت بیزاری کے مواقع پر کہتے ہیں۔
قبور (ع۔ا۔مذ) قبر کی جمع۔ پستول کا چمڑے کا خانہ۔
قبول (ع۔ا۔مذ) تسلیم۔ منظور۔ پسند۔
قبول جمع (ع۔ا۔مو) مقررہ مالگذاری۔
قبول خاطر ہونا (اُر۔محاورہ) دل کو پسند ہونا۔
قبول خاطر و لطف سخن خداداد است (ف۔مثل) کلام میں خوبی اور دلپسندی خداداد ہوتی ہے۔
قبول صورت (اُر۔اسم صفت۔ ترکیبی) حسین۔ دلپسند۔ خوبصورت۔
قبول کرنا (اُر۔فعل) پسند کرنا۔ ماننا۔ منظور کرنا۔ اقرار کرنا۔ اقبال کرنا۔
قبولنا (اُر۔فعل) پسند کرنا۔ منظور کرنا۔ دیکھنا۔ اقبال کرنا۔ ماننا۔ اقرار کرنا۔
قبولی (ف۔ا۔مو) ایک قسم کا پلاؤ جو چنے کی دال اور چاول ملا کر پکایا جاتا ہے۔
قبولیت (اُر۔ا۔مو۔ بیائے مصدری) دعا کی منظوری۔ (قانوناً) اقرار نامہ۔ راضی نامہ منظوری کی سند۔
قُبّہ (ع۔ا۔مذ) گنبد۔ برج۔ کلس۔ کلغی۔ کنگرہ۔
قبیح (ع۔ا۔صفت بُرا۔ نازیبا۔ قباحت والا۔ نامناسب۔
قبیل (ع۔ا۔مذ) جنس۔ قسم۔ نوع۔ قبیلہ خاندان۔ بٹیر۔ آدمیوں کا گروہ۔
قبیلہ (ع۔ا۔مذ) گروہ۔ ایک دادا کی اولاد۔ فرقہ۔ زمرہ۔ جتھا۔ خاندان۔ کُل۔ تبار۔ بیوی۔ جورو۔ اہلیہ۔ گھر والی۔
قبیلہ پرور (عف) اپنے کنبے کی پرورش کرنے والا۔ کنبہ پرور۔

ق - ت

قتال (ع۔ا۔مو) لڑائی۔ جنگ۔ خونریزی۔ کشت و خون۔
قتالہ (ع۔صفت) بہت قتل کرنے والی عورت (کنایتہً) معشوق۔
قتالۂ عالم (ع۔ا۔مو) حسین عورت۔ معشوقہ۔
قتل (ع۔ا۔مذ) خون۔ تلوار یا کسی ہتھیار سے کسی کو مار ڈالنا۔ ہلاکت۔
قتل المؤذی قبل الایذا (ع) موذیوں کو دُکھ دینے سے پہلے ہی مار ڈالنا چاہیئے۔
قتل انسان مستلزم سزا (ف۔مثل) انسان کا ایسا قتل جس کی سزا دی جائے۔
قتل عام (ع۔ا۔مذ) سب کو مار ڈالنا۔ ہر ایک کو بلا امتیاز جان سے مار ڈالنا۔
قتل عام کرنا (اُر) سب کو مار ڈالنا۔ ہر ایک کے مار ڈالنے کا حکم دینا۔
قتل عمد (ع۔ا۔مذ۔ قانون) دیدہ و دانستہ ہلاکت کرنا۔ جان بوجھ کر مار ڈالنا۔
قتل کا بیڑا اُٹھانا (اُر۔محاورہ) کسی کے مار ڈالنے کا عہد کرنا۔ مار ڈالنے کی قسم کھانا۔
قتل کرنا (مص۔ترکیب) ہلاک کرنا۔
قتل کی رات (اُر۔مو) (مجازاً) ماہ محرم کی دسویں رات جس کی صبح کو معرکہ کربلا واقع ہوا۔
قتل و غارت (ع۔مو) جان سے مارنا۔ لوٹ لینا
قتلا (اُر۔مذ) پھانک۔ ٹکڑا۔ قاش۔ سانک۔ تراشا ہوا گول ٹکڑا۔
قتلی (ت۔ا۔مو) ڈبیا۔ انگور کی پٹاری۔
قتیل (ع۔ا۔صفت) مقتول۔ مارا ہوا۔ کشتہ۔ شہید۔

ق - ث

قُثّاء (ع) ککڑی۔
قُثّد (ع) کھیرا۔

ق - ح

قحبہ (ع۔ا۔مونث) فاحشہ۔ کسبی۔ رنڈی۔ بدکار۔ بدچلن عورت۔
قحبہ چول پیر شود پیشہ کند دلالی (ف۔مثل) بدکار عورت جب بوڑھی ہو جائے تو دلالہ کا کام کرتی ہے۔
قحبہ خانہ (عف۔ا۔مذ) چکلا۔ کوٹھی۔ چکلا۔
قحط (ع۔ا۔مذکر) کمی۔ کمیابی۔ مہنگ۔ گرانی۔ کال۔ خشک سالی۔ بارش کا نہ ہونا۔
قحط الرّجال (ع۔ا۔مذ) مردوں کی کمی۔ اچھے لوگوں کی کمی۔
قحط پڑنا (اُر۔فعل) کال پڑنا۔ اوٹ ہونا۔ گرانی ہونا۔ مہنگ ہونا۔ کمی ہونا۔
قحط زدہ (عف۔ا۔صفت) کال کا مارا۔ بھوکا۔ کنگال۔ کنگلا۔ ندیدہ۔ نہایت حرص اور لالچ کھانے والے۔

قحط سالی (ع۔ا مو) قحط کا زمانہ۔ خشک سالی۔
قحف (ع) کھوپڑی۔ کاسۂ سر۔
قحوط (ع) پانی نہ برسنا۔ بارش نہ ہونا۔

ق - د

قد (ع۔مذ) ڈیل۔ جسم کی لمبائی۔ قامت۔
قد آدم (ع۔مذ) آدمی کے قد جتنا۔ ساڑھے تین ہاتھ۔
قد آدم تعظیم کو اٹھنا (اُر۔محاورہ) سیدھا کھڑا ہو کر تعظیم بجالانا۔
قد آور (عف۔ا صفت) لمبے قد کا۔ لمبا دراز قد۔ طویل القامت۔
قد برابر بجلی پڑے یا گرے (اُر۔ دعائے بد ہے۔ جتنا قد ہے اتنی ہی بجلی گرنے اور مار ڈالے۔
قد نکالنا (اُر۔ محاورہ) بچہ کا بڑھنا۔ بچے کا بڑا ہونا۔
قد و قامت } (عف۔مذ) جسامت۔
قد و بالا } ڈیل ڈول۔ انگلیٹ۔
قدامت (ع۔ا مو۔ بیائے مصدری) پرانا پن۔ کہنگی۔ اگلا زمانہ۔ زمانہ سلف ہمیشگی۔
قدامت پسند (ع۔صف) پرانا ہونا۔ قدیم ہونا۔ کہنہ ہونا۔ پرانا پن ہونا۔
قدح (ع۔مذ) بڑا پیالہ۔ بادیا۔ شراب کا پیالہ۔ بھنگ کا پیالہ۔ پیمانہ۔ جام۔ ساغر۔ مدح کی ضد۔ تردید۔ اعتراض۔ سوال کو باطل کرنا۔ جرح۔
قدح آشام / پیما (عف۔صفت) شرابی۔
قدح خوار۔ قدح کش۔ قدح نوش (عف۔مذ۔صفت فاعلی) نہایت شرابی۔ نشہ باز۔ بہت شراب پینے والا۔
قدح ساز (عف۔صفت) پیالہ بنانے والا۔
قدح کی خیر منانا (اُر۔ اپنی ہی بھلائی چاہنا۔ اپنا ہی فائدہ مدنظر رکھنا۔
قدح کرنا (اُر۔محاورہ) جرح کرنا۔ جھٹلانا۔ تردید کرنا۔
قدر (ع۔ا مو) قضا۔ حکم۔ مرادف تقدیر۔ برابر۔ مساوی۔ خدا کا ازلی حکم۔
قدر (ع۔ا مو) جانچ اندازہ۔ مقدار۔ نصیب۔ قسمت۔ تقدیر۔ طاقت۔ قدرت۔ جرگی۔ رتبہ۔ عزت۔
قدر انداز (عف۔مذ۔ فاعل ترکیبی) حکمی۔ نشانہ مارنے والا۔ بال باندھا نشانہ لگانے والا۔ حکم انداز۔ بے خطا نشانہ مارنے والا۔
قدر اٹھ جانا (اُر۔محاورہ) وقعت جاتی رہنا۔
قدر اُلو کی اُلو ہی جانتا ہے۔ ہما کو کب چُغد پہچانتا ہے (اُر۔مثل) اہل کمال کے قدردان ناقدر شناس نہیں ہوتے۔
قدر پوچھنا (اُر۔محاورہ) مرتبہ دریافت کرنا۔
قدر جاننا (اُر۔محاورہ) وقعت ہونا۔
قدر جوہر شاہ داند یا بداند جوہری } (ف۔ مثل) اہل کمال کے قدردان
قدر زر زردار داند یا بداند جوہری } خاص خاص لوگ ہوتے ہیں۔
قدردان (عف۔صفت) قدر جاننے والا۔ جوہر شناس۔ مربی۔ سرپرست کسی چیز کی قدر کرنے والا۔
قدردان کی جوتیاں اٹھائے بے قدرے کے پالوش نہ مارے (اُر۔مثل) جو شخص جوہر شناس ہو اُس کی عزت کرنی چاہیئے اور ناقدرے کے قریب بھی نہ جانا چاہیئے۔
قدردان کی خدا پائنتی بٹھائے بے قدرے کی سرہانے بھی نہ بٹھائے (اُر۔مثل) خدا قدردانوں سے بالا ڈالے بے قدرے سے اللہ بچائے۔
قدردانی (عف۔ا مو۔ بیائے مصدری) گُن گیان۔ ہُنر شناسی۔ عزت۔ آبرو۔
قدر عافیت (عف۔ا مو) آرام سے زندگی بسر کرنے کا لُطف۔
قدر عافیت کسے داند کہ بہ مصیبتے گرفتار آید (ف۔مثل) آرام کی قدر وہ ہی جانتا ہے جس پر مصیبت پڑی ہو۔
قدر کرنا (اُر۔محاورہ) عزت کرنا۔ توقیر کرنا۔ گُن ماننا۔
قدر کھو دیتا ہے ہر روز کا آنا جانا (اُر۔مثل) بہت میل ملاپ ہو تو وہ عزت نہیں رہتی جو کبھی کبھی ملنے سے ہوتی ہے۔
قدر و منزلت (ع) عزت و توقیر۔ رتبہ و منصب۔
قدر مردم بعد مُردن (ف۔مثل) آدمی کی قدر اس کے مرنے کے بعد ہوتی ہے۔
قدر نعمت بعد زوال نعمت (ف۔مثل) جب اچھی حالت نہیں رہتی تب اچھی حالت کی قدر ہوا کرتی ہے۔
قدرت (ع۔ا مو) طاقت۔ زور۔ بل۔ قوت۔ حوصلہ۔ فطرت۔ نیچر۔ خدائی قوت۔ خدائی شان۔ پہنچ۔ اختیار۔ دسترس۔ کس بل۔
قدرت پانا (اُر۔محاورہ) قابو حاصل کرنا۔ حوصلہ پانا۔ طاقت پانا۔
قدرت خدا (ع۔ف۔مو) خدا کی شان۔ حیرت اور تعجب کے موقع پر بولتے ہیں۔
قدرت رکھنا (اُر۔محاورہ) طاقت رکھنا۔ مشہور ہونا۔ شکتی مان ہونا۔ قوت رکھنا۔
قدرت کا تماشا (اُر۔مذ) زمانے کی نیرنگی۔
قدرت کا کھلونا (اُر۔مذ) خوبصورت چیز۔
قدرت کاملہ (ع۔ا مو) پوری پوری قوت سر و شکتی۔ بے انتہا طاقت۔
قدرت کے کارخانے (کرشمے کھیل) (اُر۔مذ) خدائے تعالیٰ کی قدرت اور صفت کائنات کی نیرنگیاں۔ عجیب عجیب باتیں جو خدا کی طرف سے ہوں۔
قدرتی (عف۔صفت۔ بیائے نسبتی) فطری۔ نیچرل۔ ذاتی۔ جبلی۔ اصلی۔ حقیقی۔
قدرتی رنگ (ف۔مذ) اصلی رنگ۔ ذاتی رنگ۔
قدرتی علامات (ف۔مو) فطری نشانیاں۔ نشانات ایزدی۔
قدری (اُر۔مو) کوشش۔ اصرار۔ دباؤ۔
قدرے (عف۔صفت۔ بیائے) تنکیر و تحقیر۔ ذرا سا۔ تھوڑا سا۔ قلیل۔ کم۔
قدرے قلیل (اُر۔صفت) بہت تھوڑا۔ بہت کم۔ کسی قدر۔
قدس (ع۔ا صفت) پاک۔ پوتر۔ متبرک (بحالت اسم مذکر) عرب کی پہاڑی۔ مجازاً بیت المقدس۔ یروشلم۔ جبرائیل علیہ السلام کا نام۔ روح القدس۔ پاکیزگی۔ تقویٰ۔ طہارت۔
قدس سرہٗ / قدس اللہ سرہ العزیز (ع۔کلمہ دعا) پاک ہوا بھید اس کا۔ مرحوم بزرگوں کے نام کے ساتھ رحمۃ اللہ علیہ کی جگہ مستعمل ہے۔
قدسی (ع۔صفت۔ بیائے نسبتی) پاکیزہ۔ متبرک (بحالت اسم مذکر) فرشتہ۔ نیک آدمی۔ حاجی محمد نام ایک مشہور شاعر کا تخلص بھی ہے۔
قدسی صفات (ع۔صفت) نیک۔ صالح۔

قُدسیہ (ع۔صفت) قُدسی کی تانیث۔
قدغن (ت۔مو) لغوی اہتمام۔ اصطلاحاً خبرداری۔ نہایت روک ٹوک۔ تاکید۔
قدکاٹھ (اُر۔مذ) ڈیل ڈول۔
قدم (ع۔مذ) پاؤں۔ پیر۔ چرن۔ گام۔ چلتے وقت ایک پاؤں سے دوسرے تک کا فاصلہ۔ رفتار۔ خرام۔ چال۔ نقش پا۔ مجازاً واسطہ۔ دخل۔ تعلق۔ وجود۔ ذات۔ موجودگی۔ دھیمی چال۔ گھوڑے کی ایک چال۔ ایک سایہ دار درخت اور ایک قسم کی گھاس کا نام بھی ہے۔
قدم آگے بڑھانا (اُر۔محاورہ) پیش قدمی کرنا۔
قدم آگے رکھنا (اُر۔محاورہ) چلنا۔ بڑھنا۔
قدم اُٹھا کر جانا یا چلنا (اُر۔ محاورہ) جلدی جلدی چلنا۔ جلد جلد قدم رکھنا۔ پاؤں بڑھا کر چلنا۔ جلدی جلدی قدم اُٹھانا۔
قدم اُٹھانا
قدم اُٹھنا (محاورہ۔مذ) سرکنا۔ پاؤں اُٹھنا۔ ہلنا۔ حرکت کرنا۔ شوق ہونا۔
قدم اُکھڑنا (محاورہ) پاؤں نہ جمنا۔ چل نہ سکنا۔ شکست کھانا۔ پسپا ہونا۔
قدم باز (اُر۔صفت) چالاک۔ تیز رفتار۔ جلدی چلنے والا۔ خوش رفتار۔
قدم بقدم چلنا (محاورہ) کسی کی پیروی کرنا۔ تقلید کرنا۔ پیچھے پیچھے چلنا۔ ساتھ ساتھ چلنا۔
قدم باہر نکالنا (اُر۔محاورہ) کسی حد سے باہر جانا۔
قدم بر قدم (عف۔صفت) پیروی کرنے والا۔
قدم برداشتہ (عف۔صفت) جلد۔ جلد۔ بھاگا بھاگ۔ جلدی دوڑتا ہوا۔
قدم بڑھانا یا قدم آگے رکھنا (اُر۔ محاورہ) زیادتی کرنا۔ مداخلت کرنا۔ قابض ہونا۔ آگے بڑھنا۔ جلدی چلنا۔ اپنی حد سے آگے بڑھ جانا۔
قدم بڑھنا (اُر۔محاورہ) سبقت لے جانا۔ ترقی کرنا۔
قدم بوس ہونا (اُر۔محاورہ) تعظیم کرنا۔ ادب کرنا۔ پاؤں چومنا۔ پاؤں پڑنا۔ پالاگن کرنا۔
قدم بوسی (عف۔مونیائے مصدری) خدمت۔ سلام۔ بندگی۔ پاؤں چومنا۔ آداب بڑوں کی ملاقات۔
قدم بوس ہونا (اُر۔محاورہ) چومنا۔ کسی بزرگ کی خدمت میں حاضر ہونا۔
قدم بھاری ہونا (اُر۔محاورہ) کسی کا کسی آدمی کے لیے نامبارک ہونا۔ منحوس ہونا۔ سنگ قدم ہونا۔ چندرا ہونا۔ نحس ہونا۔
قدم بھر (اُر۔متعلق فعل) ایک قدم کے فاصلے پر۔
قدم بے جا اُٹھنا (اُر۔محاورہ) کوئی نامناسب فعل ہونا۔
قدم بیچ سے نکل جانا (اُر۔محاورہ) کسی معاملے میں دخل نہ دینا۔
قدم پر چلنا (اُر۔محاورہ) پیروی کرنا۔
قدم پڑنا (اُر۔محاورہ) کسی چیز کے اُوپر پاؤں پڑنا۔
قدم پکڑنا (اُر۔محاورہ) تعظیماً بزرگوں کے پاؤں کو چھونا۔
قدم پھونک کر رکھنا (اُر۔محاورہ) احتیاط کرنا۔
قدم پھیرنے آنا (اُر۔محاورہ) مرنے سے پہلے کسی جگہ پر اخیر مرتبہ آنا۔ آخری پھیرا کرنا۔
قدم ٹکنا (اُر۔محاورہ) پاؤں لگنا۔ کاروبار میں پاؤں جمنا۔
قدم ٹوٹنا (اُر۔محاورہ) سپاہیوں کا مارِ جنگ میں قدم بدل جانا۔
قدم جمانا (محاورہ) ڈٹ کر کھڑا ہونا۔ جم کر مقابلہ کرنا۔ مستقل رہنا۔ ڈٹ جانا۔
قدم چومنا (محاورہ) تعظیم سے پاؤں چومنا۔ اُستاد اور قابل ادب ماننا۔ بہت متفی اور شریر تسلیم کرنا۔ شریر ماننا۔

قدم درمیان ہونا (محاورہ) دخل ہونا۔ واسطہ ہونا۔ بیچ میں پڑنا۔ آڑے آنا۔
قدم درویشاں رو بلا (ف۔مثل) نیک آدمی کے آنے سے بلا دُور ہو جاتی ہے۔
قدم دھو دھو کر پینا (اُر۔محاورہ) بہت عزت کرنا۔ کسی کی نیکی کو یاد رکھنا۔
قدم ڈگمگانا (اُر۔محاورہ) لغزش ہونا۔
قدم رسول یا قدم شریف (ع۔ا۔مذ) ظرف وہ مکان یا جگہ جہاں رسول پاک کے قدم مبارک کا نشان رکھا ہو۔
قدم رکھنا (اُر۔محاورہ) پاؤں رکھنا۔ چلنا۔ دخل دینا۔ مداخلت کرنا۔ کسی کے کام کا دعوے کرنا۔ کوئی کام اختیار کرنا۔ آنا۔ تشریف لانا۔
قدم رنجا فرمانا یا کرنا (اُر۔فعل) تشریف لانا۔ تکلیف اُٹھانا۔ کسی کے گھر تک جانے کی تکلیف اُٹھانا۔
قدم زمین پر نہ رکھنا (اُر۔محاورہ) کمال مغرور ہونا۔
قدم قدم پر (اُر۔تابع فعل) ہر ایک قدم پر۔ چپہ چپہ پر۔
قدم قدم جانا یا چلنا (اُر۔محاورہ) سہج سہج چلنا۔ آہستہ آہستہ۔
قدم کو ہاتھ لگانا (اُر۔محاورہ) پاؤں چھونا۔ تعظیم سے پاؤں کو ہاتھ لگانا۔ عاجزی کرنا۔ گڑگڑانا۔ ماتھا ٹیکنا۔ ناک رگڑنا۔
قدم کھوٹا ہونا (اُر۔محاورہ) کسی کا آنا۔ منحوس ہونا۔
قدم گاڑنا (اُر۔محاورہ) پاؤں جمانا۔ مستقل ہونا۔ جم جانا۔
قدم قدم گن گن کے رکھنا (اُر۔محاورہ) کوئی کام احتیاط سے کرنا۔
قدم گننا (محاورہ) کسی کی پناہ یا حفاظت میں جگہ لینا۔ پاؤں چومنا۔ گھوڑے کو قدم چال پر چلتا آنا۔
قدم لینا (اُر۔محاورہ) پابوسی کرنا۔ پاؤں پکڑنا۔ تعظیم کرنا۔ قدموں کو ہاتھ لگانا۔ اُستاد ماننا۔ دوسرے کے کمال کا اعتراف کرنا۔ نیکی یا بدی میں بے نظیر ماننا۔ خوشامد کرنا۔ احسان ماننا۔ استعمال کرنا۔ غیر مقدم کرنا۔
قدم مارنا (محاورہ) کوشش کرنا۔ سعی کرنا۔ دوڑ دھوپ کرنا۔ قدم رکھنا۔ کسی کام میں دخل دینا۔ تیز جانا۔ جلد جانا۔
قدم نکالنا (اُر۔محاورہ) گھوڑے کو چال سکھانا۔ سدھارنا۔ درست چال پر لگانا۔
قُدَما (ع۔مذ) قدیم کی جمع۔ پرانے لوگ۔ اگلے لوگ۔ پرانے زمانے کے آدمی۔
قدمچہ (عف۔ا۔مذ ظرف) پاخانے کے اندر کا وہ چبوترہ یا پایہ جس پر پاؤں رکھ کر بیٹھتے ہیں۔
قدموں سے لگنا (اُر۔محاورہ) تعظیم کرنا۔ پاؤں چومنا۔ زیر سایہ رہنا۔
قدموں سے لگے پڑے ہیں (اُر۔محاورہ) تابع فرمان ہیں۔ مطیع ہیں۔ ماتحت ہیں۔ زیر سایہ ہیں۔ رعیت میں ہیں۔
قدموں سے لگے رہنا (اُر۔محاورہ) ہر وقت ساتھ رہنا۔ کسی کے پاس سے جدا نہ ہونا۔
قدموں تلے آنکھیں بچھانا (اُر۔محاورہ) آؤ بھگت کرنا۔
قُدُوم (ع۔ا۔مذ) قدم کی جمع۔ کسی جگہ سے آنا۔ سفر سے واپس آنا۔
قدوم میمنت لزوم (ع۔ا۔مذ) ایسا آنا جس سے نحوست دُور ہو۔ باعث برکت آمد۔
قُدوہ (ع۔مذ) پیشوا۔ رہنما۔ سردار۔ مثال۔ نمونہ۔
قدیر (ع۔صفت) طاقتور۔ صاحب۔ قدرت۔ حکمتی مان۔ خدائے تعالیٰ کا ایک وصفی نام ہے۔
قدیم (ع۔صفت) پرانا۔ ہمیشہ سے ہونے والا۔ دیرینہ۔ کہنہ۔ پرانا چین۔

(قانون) ۔ جدّی ۔ باپ دادا کا موروثی ۔ ازلی ۔
قدیم الایام یا قدیم سے (اُرد ۔ تابع فعل سدا سے ۔ ہمیشہ سے ۔ پرانے زمانے سے ۔ اگلے وقتوں سے ۔
قدیمی (ع ۔ا صفت بیائے نسبتی) پرانا ۔ ہمیشہ کا ۔ سدا کا ۔ مدامی ۔
قدیمی نمک خوار یا نوکر (اُ ۔ مذ) پرانا ملازم ۔ پرانا نوکر ۔

ق - ذ

قذر (ع) پلیدہ ۔ ناپاک ۔ نجس ۔
قذف (ع) قے کرنا ۔ زنا اور بدی سے منسوب کرنا ۔ گالی دینا ۔ پتھر مارنا ۔
قذف (ع) بڑا جنگل ۔ کشادہ اور وسیع جنگل ۔
قذفہ (ع) کنکر ۔ جمع قذف ۔ جانب کنارا ۔
قذمی (ع) کوڑا کرکٹ ۔ تنکا ۔
قذی العین (ع) جس کی آنکھ پر تنکا پڑ گیا ہو ۔

ق - ر

قُرا (ع ۔ مو) مہمانی ۔
قُریٰ (ع ۔ مذ) دیکھیے قریہ جس کی یہ جمع ہے ۔
قُرّاء (ع ۔ مذ) دیکھیے قاری ۔ جس کی یہ جمع ہے ۔
قرابادین (ع ۔ا مذ) دواؤں کی ڈکشنری ۔ لغات الادویہ ۔
قرابت (ع ۔ا مو) نزدیکی رشتہ داری ۔ رشتہ ناتہ ۔ قُربت ۔
قرابت پیدا کرنا (اُ ۔محاورہ) نزدیکی پیدا کرنا ۔
قرابت دار (عف ۔ا مذ فاعل ترکیبی ۔ رشتہ دار ۔
قرابت داری (عف ۔ا مو بیائے مصدری رشتہ داری ۔ ناتہ ۔
قرابت قریبہ (ع مو) قریب کا رشتہ ۔ پاس کی رشتہ داری ۔
قرابتی (اُ ۔ا مذ ۔ بیائے فاعلیت) رشتہ دار ۔ یگانہ ۔ رشتہ دار ۔

قرابہ

قرابہ (ع ۔ا مذ) عرق رکھنے کا بڑا شیشہ ۔ بہت بڑی بوتل ۔ بڑی صراحی ۔ بڑا بھبکا ۔ خم ۔ جھجر ۔
قرابین (ت ۔ا مو) چوڑے مُنہ کی چھوٹی بندوق ۔
قرأت (ع ۔ا مو) پڑھنا ۔ تلفظ ۔ حرفوں کا صحیح مخرج ادا کرنا ۔ ایک علم کا نام ہے جس میں عربی حرفوں کے مخرجوں اور ان کے تلفظ سے بحث کی جاتی ہے ۔ علم تجوید ۔
قرار (ع ۔ مذ) آرام ۔ ٹھہراؤ ۔ سکون ۔ ٹکاؤ ۔ قیام ۔ صبر ۔ تحمل ۔ دھیرج ۔ برداشت ۔ علم ۔ استقلال ۔ سکھ ۔ قول ۔ اقرار ۔ عہد و پیمان ۔ بچن ۔
قرار آنا (اُ ۔ فعل) چین پڑنا ۔ آرام آنا ۔ جی ٹھہرنا ۔ تسلی ہونا ۔ اطمینان ہونا ۔
قرار در کفِ آزادگان نہ گیرد مال نہ صبر در دلِ عاشق نہ آبِ در عربال (ف ۔ مثل) سخی کے ہاتھ میں روپیہ ۔ عاشق کے دل میں صبر اور چھلنی میں پانی نہیں ٹھہرتا ۔

قرار پانا (اُ ۔ محاورہ) مقرر ہونا ۔ ٹھیرنا ۔ تصفیہ ہونا ۔ تاریخ مقرر ہونا ۔ تسبت ٹھیرنا ۔ آپس میں عہد و پیمان ہونا ۔ نظفہ ٹھہرنا ۔
قرار داد (عف ۔ا مذ) قول و قرار ۔ شرط ۔ عہد و پیمان ۔ معاہدہ ۔ ٹھیکہ ۔ فیصلہ ۔ تجویز ۔ تصفیہ ۔
قرار دادِ جرم (اُ ۔ا ۔ مذ) تجویز ۔ جرم ۔ تقرر ۔ قصور ۔ مجرم پر تحقیقات کے بعد ضابطہ کا حکم لگایا جانا ۔
قرار دینا (محاورہ) ٹھہرانا ۔ مقرر کرنا ۔ جمانا ۔ ٹھاننا ۔ تجویز کرنا ۔
قرار کرنا (اُ ۔محاورہ) اقرار کرنا ۔ ٹھاننا ۔ ٹھہرانا ۔ عہد و پیمان کرنا ۔
قرار گاہ (عف ۔ا مو) ٹھہرنے کی جگہ ۔
قرار واقعی (ع ۔ تابع فعل) بخوبی ۔ ہر طرح سے ۔ پوری پوری قطعی ۔ کامل ۔
قرار ہونا (اُ ۔محاورہ) اقرار یا عہد ہونا ۔ تسکین یا اطمینان ہونا ۔
قرار و مدار (ع ۔ا مذ) عہد و پیمان ۔ باہمی ۔ اقرار بچن ۔
قُراض (ع ۔ مو) آئینی شرکت جس میں ایک کا روپیہ اور دوسرے کی محنت ہو ۔
قراضہ (ع ۔ مذ) کترن ۔ ریزہ ۔ تراشا ۔ سونے چاندی کا ٹکڑا ۔
قراقر (ع ۔ا مذ قرقرہ کی جمع ۔ پیٹ کے بولنے کی آواز ۔ گڑگڑ ۔ گڑگڑاہٹ ۔
قراقر ہونا (اُ ۔محاورہ) پیٹ میں گڑگڑ ہونا ۔ پیٹ بولنا ۔
قِران (ع ۔ا مو) نزدیکی ۔ پاس ہونا ۔ قریب ہونا ۔ دو ستاروں کا ایک برج میں اکٹھا ہو جانا ۔
قِرانُ السَّعدَین (ع ۔ا مذ) دو مبارک اور سعد ستاروں کا سنجوگ ۔ نیک شگون ۔ نیک ساعت ۔ مجازاً ۔ دو اچھے یا نیک آدمیوں کا جمع ہونا ۔
قرآن (ع ۔ا مذ) صدر بمعنی مفعول ہے کلام اللہ ۔ مصحف مجید ۔ وہ کلام الٰہی جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا ۔
قرآن اُٹھانا یا اُٹھا لینا / قرآن پر ہاتھ دھرنا یا رکھنا (اُ ۔ محاورہ) قرآن شریف کو ہاتھ میں لے کر قسم کھانا ۔ کسی شے کے انکار یا اقرار پر قرآن شریف کی قسم کھانا ۔
قرآن پر مہر کرنا (اُ ۔محاورہ) قرآن پر مہر لگا کر کسی بات کا عہد کرنا ۔
قرآن درمیان میں ہونا (اُ ۔ محاورہ) دیکھو (قرآن اُٹھانا)
قرآن دکھانا (اُ ۔محاورہ) آگ لگنے پر قرآن شریف آگ کی طرف کرنا تاکہ اس کی برکت سے آگ بجھ جائے ۔
قرآن سر پر رکھنا (اُ ۔ محاورہ) دیکھو ۔ قرآن اُٹھانا ۔
قرآن کا جامہ پہننا (اُ ۔ محاورہ) نہایت پارسا اور قابل اعتماد بن جانا ۔
قرآن کا ورد کرنا (اُ ۔ محاورہ) دو حافظوں کا باری باری ایک دوسرے کو قرآن سنانا ۔
قرآن کی سُوں (اُ ۔ مو) قرآن کی قسم ۔
قرآن کی مار (اُ ۔ مو) دعائے بد ہے ۔ قرآن کی پھٹکار پڑے ۔
قرآن کی ہوا دینا (اُ ۔محاورہ) بیمار کو قرآن شریف سے پنکھے کی طرح ہوا دینا تاکہ شفا ہو ۔
قرآن میں نام نکلوانا (محاورہ) کسی بچہ کا نام قرآن شریف دیکھ کر اس کے حرف اول کے موافق رکھنا ۔
قرآن ہدیہ کرنا (اُ ۔ محاورہ) قرآن شریف فروخت کرنے کو تعظیماً ہدیہ کرنا بولتے ہیں کیونکہ اس کی قیمت تو ادا ہی نہیں ہو سکتی ۔
قراول (ت ۔ مذ) بندوق سے شکار کھیلنے والا شکاری یا سپاہی ۔ بندوقچی ۔ محافظ ۔

فوج۔ پہرہ دار۔ پھیلیا۔ شکار کھلانے والا۔

قرائن (ع۔ مذ) قرینہ کی جمع۔

قرب (ع۔ا۔مذ) پاس۔ نزدیکی۔ رشتہ۔ رشتہ داری۔

قرب روحانی (ع۔ا۔مذ) دلی نزدیکی۔ باطنی نزدیکی۔

قرب وجوار (ع۔ تابع فعل) آس پاس۔ اِدھر۔ اُدھر۔ پاس پڑوس۔ اردگرد۔

قربان (ع۔ا۔مذ) راہ خدا میں تصدق کی ہوئی چیز۔ بھینٹ۔ نذر۔ صدقہ۔ بلدان ذبح کیا ہوا۔ قربان جاؤں۔ صدقے واری۔ بلہاری۔ کمان کا خانہ۔ ترکش باندھنے کا تسمہ۔

قربان جانا / **قربان ہونا** (اُر۔ محاورہ) نثار ہونا۔ واری جانا۔ صدقے ہونا۔ عاشق ہونا۔ مرنا۔

قربان کرنا (اُر۔ محاورہ) وارنا۔ صدقے کرنا۔ فدا کرنا۔ تصدق کرنا۔

قربان رہنا (اُر۔ محاورہ) ہر وقت صدقے جانا۔ کرنا۔ تصدق کرنا۔

قربان کروں (اُر۔ کلمۂ نفرت) دفع کروں۔ آگ لگاؤں۔ صدقے کروں۔

قربان کیا (اُر۔ مقولہ) عورتیں نفرت و حقارت ظاہر کرتے وقت بولتی ہیں۔

قربان گاہ (عف۔ مذ۔ ظ) قربان ہونے کی جگہ۔ مذبح۔ مقتل۔

قربانی (عف۔ مو۔ بیائے نسبتی) اللہ کیلیے قربان ہونے والی چیز۔ ذبح۔ حلال عیدالضحے کو بکرا دنبہ وغیرہ ذبح کرنا۔

قربت (ع۔ا۔مو) نزدیکی۔ رشتہ۔ پاس۔ نزدیک ہونا۔

قرّہ (ع۔ مو) ٹھنڈک۔ خنکی۔ ٹھنڈ۔ سردی۔ روشنی۔ نور۔

قرۃ العین (ع۔ا۔مذ) وہ چیز جس سے آنکھوں کو روشنی اور ٹھنڈک ہو۔ بیٹا۔ نور چشم۔

قرح (ع۔ا۔مذ) گھاؤ۔ زخم۔ جراحت۔

قرحہ (ع۔ا۔مذ) وہ زخم جس میں پیپ پڑ گئی ہو۔ ناسور۔

قرحہ پڑ جانا یا ہو جانا (اُر۔ زخم میں پیپ پڑ جانا۔ ناسور ہو جانا۔ زخم پڑ جانا۔ زخم گل جانا۔ بڑھ جانا۔

قرد (ع۔ا۔مذ) بندر۔ بوزنہ۔

قرص (ع۔ا۔مذ) ٹکیا۔ گھیرا۔ گردہ۔ گول۔ مدوّر۔ دوا کی ٹکیا۔

قرض (ع۔ا۔مذ) اُدھار۔ مانگا ہوا۔ دام۔ مستعار۔

قرض آنا (اُر۔ محاورہ) کسی کا قرض ہونا۔

قرض اُتارنا (اُر۔ محاورہ) کسی سے لیا ہوا اُدھار بیباق کرنا۔ آتا ہوا چکانا۔

قرض اٹھانا (محاورہ) اُدھار لینا۔

قرض ادا کرنا یا چکانا (اُر۔ فعل) اُدھار کا روپیہ دینا۔ اُدھار بیباق کرنا۔

قرض بے باق کرنا (اُر۔ محاورہ) اُدھار لیا ہوا روپیہ واپس دینا۔

قرض بے باق ہونا (اُر۔ محاورہ) اُدھار لیا ہوا روپیہ واپس دیا جانا۔

قرض پڑا دینا (اُر۔ محاورہ) قرض دینا۔

قرض حسنہ (ع۔ا۔مذ) بلا سود اور بلا میعاد مقررہ والا قرض۔

قرض خواہ (عف۔ا۔مذ۔ فاعل ترکیبی) اُدھار دینے والا۔ لیندار۔ قرض دینے والا۔

قرض دار (عف۔ا۔مذ۔ فاعل ترکیبی) قرض لینے والا۔ اُدھار لینے والا۔ مقروض۔ دیندار۔

قرضداری (عف۔ مو۔ بیائے مصدری) دیندار ی۔ قرض۔

قرضہ (ع۔ا۔مذ) دینا۔ اُدھار۔ قرض۔ دام۔

قرطاس ابیض (اُر) سفید کاغذ وہ تحریر جو حکومت کی طرف سے عام اطلاع کے لیے ہو۔

قرعہ (ع۔ا۔مذ) پانسہ۔ بعبتین۔

قرعہ پھینکنا یا ڈالنا (اُر۔ محاورہ) پانسہ کے ذریعہ سے فال لینا۔ چٹھی ڈالنا۔ دانہ پھینکنا۔

قرعہ فال بہ نام من دیوانہ زدند (ف۔ مثل) جس کے ذمہ کوئی کام نکلے وہ اپنی نسبت کہتا ہے۔

قرق (ت۔ا۔مذ) روک۔ ممانعت۔ منع کرنا۔ محافظت۔ خبرداری۔ نگہبانی۔

قرق امین (ع۔ا۔مذ) ضبطی کرنے والا۔ ناظر۔ عدالت۔ شرف ناظر۔ بیلف۔

قرق کرنا (محاورہ) روکنا۔ ضبط کرنا۔ کسی قرضہ یا جرم وغیرہ کی بابت کسی کے مال یا جائداد کو تحویل میں لے لینا۔

قرق نامہ (ت۔ف۔مذ) ضبطی کا پروانہ۔

قرقی (اُر۔ بیائے زائدہ) ضبطی روک۔ ممانعت۔ نگہبانی۔ نگرانی۔ بندی روک ٹوک۔

قرقی اٹھا لینا (اُر۔ محاورہ) ضبطی چھوڑ دینا۔

قرقی بٹھانا (محاورہ) ضبطی کے مال پر پہرا بٹھانا۔ روک ٹوک بندی کرنا۔ مناہی کرنا۔ آمد و رفت بند کرنا۔ حکم چلانا۔ محکم بٹھانا۔

قرقی بھیجنا (اُر۔ محاورہ) مال ضبط کرنے کے لیے ناظر عدالت کو بھیجنا۔

قرقی کا پروانہ (اُر۔ مذ) وارنٹ ضبطی۔ ضبطی نامہ۔

قرقرا (ع۔ا۔مذ) ایک چھوٹا سا پرندہ۔

قرم (اُر۔ مذ) قرسہ مساق کا مخفف ہے۔ بھاڑو۔ بھڑوا۔ دیوث۔ گھٹیا۔

قرمز (پور۔ مذ) ایک چھوٹے سے کیڑے کا نام ہے۔ جس سے سرخ ریشم رنگتے ہیں۔ مجازاً سُرخ۔ لال رنگ۔ سُوہا۔

قرمزی (معرب۔ صفت بیائے نسبتی) سُوہا۔ لال۔ سُرخ۔

قرمساق (ت۔ مذ) اپنی کو دوسرے کے حوالے کر دینے والا۔ بھڑوا۔ بھاڑو۔ دیوث۔ نالائق۔ ہاجی۔ ذلیل۔

قران (ع۔ا۔مذ) ستاروں کا ملاپ۔ تاروں کا سنجوگ۔ جگ۔ کم از کم دس۔ زیادہ سے زیادہ ایک سو بیس سال کا زمانہ۔ مجازاً عرصہ دراز۔ مدت مدید۔ سینگ۔

قرنائے (عف۔ مذ) نرسنگا۔ سینگ۔ کابگل۔ تری۔ ترم۔ نفیری۔

قرنبیق (ع۔ا۔مذ) (قرع بمعنی کدو اور انبیق بمعنی برتن سے مرکب ہے) عرق کھینچنے کا بھبکا۔

قرنفل (ع۔ا۔مذ) کرن پھول کا معرب ہے۔ لونگ۔

قرولی (اُر۔ مذ) پہرے دار۔ محافظ شکاری کا چاقو۔ راجپوتانے کی ایک ریاست کا نام۔

قرولیاں کرنا (اُر۔ محاورہ) فنون سپاہ گری دکھانا۔

قرونِ اولیٰ (ع۔ا۔مذ) اسلام کا ابتدائی زمانہ۔

قریب (ع۔ صفت) پاس۔ نزدیک۔ متصل۔ رشتہ دار۔ (تابع فعل) لگ بھگ۔ تقریباً۔

قریب الاختتام (ع۔ صفت) ختم ہو جانے کے قریب۔ پورا ہونے کے لگ بھگ۔ عنقریب۔

قریب الفہم (اُر۔ صفت) جلدی سمجھ میں آجانے والا۔

قریب القیاس (ع۔ صفت) قرین عقل جلد قیاس میں آجانے والا۔

قریب المرگ (اُر۔ صفت) کوئی دم کا مہمان گور میں پاؤں لٹکائے ہوئے۔ گور کنارے۔

قریب قریب (اُر۔ تابع فعل) پاس پاس۔ نزدیک نزدیک۔ ملتا جلتا۔ لگ بھگ۔

قریش (ع۔ مذ) عرب کے ایک مشہور اور معزز قبیلے کا نام۔ جس میں سے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم ہوئے ہیں۔

قُریشیا (اُرد۔مذ) جراہیں اور ٹائیاں وغیرہ بُننے کا لوہے کا ایک نوکدار آلہ۔
قُریشی (ع۔صفت بیائے نسبتی) منسوب بہ قُریش۔ متعلق بہ قُریش۔ قبیلہ قُریش کا سا۔ شیخ قُریشی۔
قَرین (ع۔صفت) پاس۔ نزدیک۔ ملا ہوا۔ لگواں۔ جوڑوالی (بصورت اسم مذکر) مصاحب پاس رہنے والا۔ جلیس۔ یار دوست۔
قَرینِ عقل/قیاس (ع۔صفت) وہ بات جسے عقل قبول کرے۔
قَرینِ مصلحت (ع۔صفت) مصلحت کے مطابق۔
قرینہ (ع۔صفت) ڈھنگ۔ صورت۔ طرز۔ روش۔ طور۔ طریق۔
قرینہ بقرینہ (ع۔تابع فعل) ترتیب وار۔ موقع بموقع۔ عمدگی سے۔ ترتیب سے۔
قرینہ سے (اُرد۔تابع فعل) ڈھنگ سے۔ ترتیب سے۔ اندازے سے۔ سگھڑاپے سے۔
قرینے سے بے قرینے ہونا (اُرمحاورہ) بے قاعدہ ہونا۔ بے ترتیب ہونا۔
قرینے سے رکھنا (اُرمحاورہ) ترتیب سے رکھنا۔
قرینہ سے لگانا (اُرمحاورہ) سلیقہ۔ ڈھنگ اور ترتیب سے رکھنا۔ بالترتیب رکھنا۔
قریہ (ع۔مذ) گاؤں۔ دیہات۔

ق - ز

قَز (ف۔مذ) کمخا ریشم۔
قزاق (ت) لیٹرا۔ ڈاکو۔ رہزن۔ غارت گر۔
قزاقِ اجل (ت۔ف۔مو) موت کا فرشتہ۔ ملک الموت۔ قابض ارواح۔
قزاقی (ت۔مو۔ بیائے مصدری) لوٹ۔ ڈکیتی۔ رہزنی۔ غارت گری۔
قزاگند (ف۔مذ) ایک قدیم جنگی لباس۔ زرہ۔
قُزح (ع۔مذ) رنگوں کی طاوٹ۔ زرد۔ سُرخ۔ سبز رنگ۔
قزلباش (ت۔مذ) قزل بمعنی سُرخ اور باش بمعنی سر سے مرکب۔ سُرخ سر والا۔ مغلوں کی ایک قوم کا نام جن کا پیشہ سپاہگری ہے۔ سپاہی۔ لشکری۔ اصطلاح میں ایران اور افغانستان کے شیعہ لوگ۔

ق - س

قسّام (ع۔صفت) تقسیم کرنے والا۔ بانٹنے والا۔
قسّامِ ازل (ع۔صفت) کنایۃً خدا تعالیٰ۔
قساوت (ع۔مو) سنگدلی۔ بیرحمی۔ سخت دلی۔
قساوڑا (اُرد۔مذ) قسائی کی تصغیر تحقیر ہے۔ قسائی کا بچہ۔ قصائی کا بیٹا۔
قسائی (اُرد۔مذ) بوچڑ۔ قصاب۔ گوشت فروش۔ حلال کرنے والا۔ گوشت بیچنے والی ایک قوم کا نام ہے (بحالت صفت) سخت دل۔ بے رحم۔ ظالم۔
قسائی بچا کبھی نہ سچا جو سچا سو کچا (اُرد۔مثل) قصائی کی بات کا اعتبار نہیں ہے یہ دوستوں کو سب سے بُرا مال دیتے ہیں۔
قسائی کے کھونٹے سے بندھنا / قسائی کے کھونٹے بندھنا (محاورہ) ظالم کے بس پڑنا۔ بے رحم قسائی کے پالے پڑنا۔ قصائی کے حوالے ہونا۔
قسائی کے پالے پڑنا (اُرمحاورہ) ظالم کے قابو میں ہونا۔ بے رحم خاوند کے پلے پڑنا۔
قسائی کی گھاس کو کٹڑا کھا جائے (اُرمثل) تعجب کے موقعہ پر بولتے ہیں۔ کہ یہ ممکن ہی نہیں کہ زبردست کے مال کو کمزور دبا لے۔
قسائی کی نظر دیکھنا (اُرمحاورہ) دشمنی اور قہر کی نگاہ سے دیکھنا۔ ڈانٹتے رہنا۔
قسائی واڑا (اُرد۔مذ) ظرف۔ قسائیوں کا محلہ۔
قسائنی (اُرد۔اسم مونث) قصاب کی جورو (بحالت صفت) ظالم۔ بے رحم۔
قسط (ع۔امو) ٹکڑا۔ حصہ۔ جزو۔ بانٹ۔ تقسیم۔ مقررہ حصے کرکے روپیہ ادا کرنا۔
قسط باندھنا (محاورہ) حصہ مقرر کرنا۔ تھوڑا تھوڑا مقرر کرکے ادا کرنا۔
قسط بندی (اُرد۔امو) سرکاری روپیہ کا تقرر جو زمیندار ہر فصل پر دیا کرتے ہیں۔
قسط خلافی (اُرمحاورہ) ادائے قسط میں وعدہ خلافی۔
قسط بہ قسط / قسط وار (عف۔تابع فعل) بانٹ کے مطابق۔ تقسیم کے موافق۔ ترتیب سے۔
قِس علیٰ ہٰذا (ع مقولہ) علیٰ ہذا القیاس۔ اسی پر قیاس کرلو۔
قسم (ع۔امذ) سوگند۔ حلف۔ عہد و پیمان۔ جو خدا کو بیچ میں دے کر کیا جائے۔
قسم اتارنا (محاورہ) وعدہ پورا کرنا۔ سوگند پوری کرنا۔
قسم توڑنا (محاورہ) قول و قرار پر نہ رہنا۔ عہد شکنی کرنا۔
قسم ٹوٹنا (اُرمحاورہ) قول و قرار کا برقرار نہ رہنا۔
قسم دینا۔ دلانا۔ کھلانا (محاورہ) بچن لینا۔ قول و عہد لینا۔ سوگند دلانا۔ حلف اٹھوانا۔
قسم کھانا یا کھا جانا (اُرمحاورہ) سوگند دینا۔ قول دینا۔ صاف انکار کر جانا۔ مکر جانا۔ قول سے پھر جانا۔ حلف اُٹھانا۔
قسم کھانے کو نہ رہنا (اُرمحاورہ) ذرا بھی باقی نہ رہنا۔ کوئی چیز نام کو نہ رہنا۔
قسم کھانے کو بات یا جگہ رہے (اُرمحاورہ) کہنے کو تو جگہ رہ جائے۔ قسم تو کھا سکیں۔
قسم کھانے کو نہ رہنا (اُرمحاورہ) کسی چیز کا بالکل ختم ہو جانا۔ بالکل نہ رہنا۔
قسم کھانے ہی کے لیے ہے (اُرمثل) بے ایمان لوگوں کا قول ہے قسم خواہ جھوٹی ہو یا سچی کھا ہی لینے کے واسطے ہوتی ہے۔
قسم لینا (اُرمحاورہ) اقرار کرنا۔ بچن لینا۔ حلف اُٹھوانا۔ سوگند کھلانا۔
قسم ہو جانا / قسم ہونا (اُرمحاورہ) نام کو نہ رہنا۔ بالکل چھوڑ دینا۔ جیسے جب سے آیا ہے رزق کھانا قسم ہو گیا۔ عہد و پیمان ہو جانا۔ باہم سوگند ہو جانا۔
قسم (ع۔اسم مونث) ٹکڑا۔ حصہ۔ جزو۔ جنس۔ نوع طور۔ طریق۔ طرز۔ ڈھنگ۔ تقسیم۔ بانٹ۔ بھاگ۔
قسم وار (اُرد۔تابع فعل) حصے وار۔ جنس وار۔ تفریق وار۔
قسما قسمی (اُرد۔مو) آپس کا معاہدہ۔ باہمی عہد و پیمان۔
قسمت (ع۔مو) حصہ۔ بخرا۔ بٹا ہوا۔ تقسیم کیا ہوا۔ مقسوم۔ پرالبدھ۔ تقدیر۔ بھاگ۔ بخت۔ نصیب۔ صوبہ۔ کمشنری۔ احاطہ۔ علاقہ۔
قسمت بازی / قسمت آزمائی (عف بیائے مصدری) نصیبے کا امتحان۔ تقدیر کی آزمائش۔
قسمت آزمانا (اُرمحاورہ) تقدیر کے بھروسے پر کوئی کام کرنا۔
قسمت اٹھنا (اُرمحاورہ) نصیبے کا خراب ہونا۔
قسمت بدلنا (اُرمحاورہ) تقدیر پلٹنا۔ اچھے دن آنا۔

قسمت اُلٹنا (اُر۔ محاورہ) نحوست کا آنا۔ شامت آنا۔
قسمت بگڑنا } بُرے دن آنا۔ تقدیر بگڑنا۔ نصیبے کا
قسمت پھوٹنا } خلاف ہونا۔ تقدیر سامنے نہ ہونا۔
قسمت پھرنا } (اُر۔ محاورہ) بھلے دن آنا۔
قسمت جاگنا } نصیبا یاور ہونا۔ دن پھرنا۔
قسمت چمکنا } تقدیر سامنے ہونا۔ اقبال یاور ہونا۔
قسمت راہ پر آنا (اُر محاورہ) اچھی قسمت ہونا۔ اچھے دن آنا۔
قسمت رسا ہونا (اُر محاورہ) قسمت اچھی ہونا۔ اچھے دن آنا۔
قسمت سو جانا (اُر محاورہ) بُرے دن آنا۔
قسمت سے (اُر تابع فعل) تقدیر سے۔ خوش قسمتی سے۔ تقدیر کی مدد سے۔ مجازاً بدقسمتی سے۔ بدنصیبی سے۔
قسمت سیدھی ہونا (اُر محاورہ) قسمت یاور ہونا۔
قسمت کا بدا (اُر صفت) نوشتہ تقدیر۔ قسمت کا لکھا۔
قسمت کا پھیر (اُر۔ محاورہ) بدبختی۔ بے نصیبی۔ ادبار۔
قسمت کا چکر (اُر۔ امذ) قسمت کا پھیر۔
قسمت کا دانہ (اُر۔ امذ) قسمت کا لکھا ہوا۔
قسمت کا دھنی (اُر صفت) صاحب اقبال۔ اقبال مند۔ تقدیر والا۔
قسمت کا ستارہ (اُر۔ امذ) نصیب قسمت اقبال۔
قسمت کا سکندر (اُر۔ امذ) خوش نصیب۔ خوش اقبال۔
قسمت کا کھوٹا (اُر۔ امذ) بدنصیب۔ بُری قسمت ہونا۔
قسمت کا لکھا (اُر مذ، ماسقے کا لکھا۔ نوشتہ تقدیر۔
قسمت کا لکھا پورا ہونا اُر۔ محاورہ) تقدیر۔ تقدیر کا لکھا پیش آنا۔ شامت آنا۔ بدقسمتی کا سامنا ہونا۔ تقدیر بگڑنا۔ نصیبہ پھوٹنا۔
قسمت کا ہٹیا (اُر صفت) بدقسمت۔ بے نصیب۔ منحوس۔
قسمت کرنا (محاورہ) بانٹنا۔ تقسیم کرنا
قسمت کو جھینکنا (اُر محاورہ) بدقسمتی پر رنج کرنا۔
قسمت کو رونا (اُر محاورہ) بدقسمتی پر آنسو بہانا۔
قسمت کھلنا (اُر۔ محاورہ) دن پھرنا۔ بھاگ جاگنا۔ شادی ہونا۔ بیاہا جانا۔
قسمت لڑنا (محاورہ) تقدیر کا یاور ہونا۔ قسمت کا موافق ہونا۔
قسمت والا (اُر صفت فاعلی) خوش نصیب بھاگوان۔ صاحب اقبال۔
قسمیہ (ع تابع فعل) قسم کھا کر۔ قسم کے طور پر۔ ازروئے قسم۔
قسی القلب (ع صفت) سنگدل۔ ظالم۔
قسیس (ع۔ مذ) دین نصاریٰ کا عالم۔ جمع۔ قسیسین۔
قسیم (ع۔ صفت) تقسیم کرنے والا۔

ق - ش

قشر (ع۔ امذ) چھلکا۔ پوست۔
قشقہ (ف۔ امذ) ٹیکا۔ صندل وغیرہ کا نشان جو ہندو لوگ اپنی اپنی قوم کے رواج کے مطابق ماتھے پر لگاتے ہیں۔
قشلاق (ع۔ مذ) وہ گرم مقام جہاں بادشاہ اور امیر سردیوں کا موسم گذاریں۔
قشون (ت۔ مذ) فوج کا دستہ۔ فوج۔ چھاؤنی۔

ق - ص

قصاب (ع۔ امذ) بوچڑ۔ کاٹنے والا۔ ذبح کرنے والا۔ قصائی۔
قصابہ (ع۔ امذ) وہ رومال جو عورتیں اپنے سر سے باندھتی ہیں۔ ڈھاٹھو۔
قصاد (ع۔ امذ) دھوبی۔
قصاص (ع۔ امذ) قص بمعنی کشتن سے مشتق ہے۔ جان کے بدلے جان لینا۔ کسی قاتل کو پھانسی یا موت کی سزا دینا۔ جزا۔ بدلہ۔ عوض۔ اوسے کا بدلہ۔
قصاص لینا (اُر۔ محاورہ) بدلہ لینا۔ انتقام لینا۔ جان کے بدلے جان لینا۔
قصائی (اُر۔ مذ) دیکھو (قساؤ)
قصائد (ع۔ امذ) قصیدہ کی جمع ہے۔
قصاب (ع۔ امذ) قصبہ کی جمع۔ چھوٹے شہر۔
قصباتی (اُر بیائے نسبتی) قصبہ کا رہنے والا۔ متعلق بہ قصبہ۔
قصبہ (ع۔ مذ) چھوٹا شہر۔ نگری۔
قصد (ع۔ مذ) ارادہ۔ نیت۔ عزم۔ منشا۔ مطلب۔ عندیہ۔ خواہش۔ مرضی۔ کوشش۔ سعی۔ پیش قدمی۔
قصد رکھنا (ع۔ امذ) ارادہ رکھنا۔ نیت رکھنا۔
قصد کرنا (اُر۔ محاورہ) ارادہ کرنا۔ نیت کرنا۔ خواہش کرنا۔
قصداً (ع تابع فعل) جان بوجھ کر۔ دیدہ و دانستہ۔ ارادتاً۔
قصر (ع۔ مذ) کمی۔ کوتاہی۔ اختصار۔ تخفیف۔ محل۔ محلسرا۔ راج مندر۔ رنواس۔ سفر کی حالت میں نماز کی کمی۔
قصص (ع۔ امذ) قصہ کی جمع ہے۔
قصور (ع۔ امذ) بھول۔ غلطی۔ خطا۔ جرم۔ تقصیر۔
قصور کرنا (اُر محاورہ) خطا کرنا۔ غلطی کرنا۔
قصور مند } (عف۔ صفت) خطاوار۔ مجرم۔
قصور وار } گنہگار۔ قابل الزام۔
قصور ہونا (اُر محاورہ) خطا سرزد ہونا۔
قصہ (ع۔ مذ کر) کہانی۔ حکایت۔ داستان۔ افسانہ۔ ذکر۔ بیان۔ لڑائی۔ جھگڑا۔ قضیہ۔ بکھیڑا۔
قصہ انفال ہونا (اُر محاورہ) لڑائی ختم ہونا۔ بکھیڑا چکنا۔
قصہ بڑھانا (اُر محاورہ) جھگڑے کو طول دینا۔
قصہ پاک کرنا (اُر۔ محاورہ) جھگڑا اسطے کرنا۔ قضیہ مکانا۔ بکھیڑا کاٹنا۔ قتل کر دینا۔ جان سے مار ڈالنا۔
قصہ تمام کرنا (اُر محاورہ) کہانی ختم کرنا۔ داستان پوری کرنا۔ مار ڈالنا۔ قتل کر ڈالنا۔ قصہ نمٹانا۔ عذاب دُور کرنا۔
قصہ تمام ہونا (اُر۔ محاورہ) جھگڑا چکنا۔ بکھیڑا نمٹنا۔ عذاب دُور ہونا۔ قرضہ ادا ہونا۔ جان نکلنا۔ مرجانا۔
قصہ چکنا (محاورہ) جھگڑا اسطے ہونا۔ تکرار دُور ہونا۔ کام ختم ہو جانا۔ مرجانا۔

قصہ چھیڑنا (اُ۔ محاورہ) جھگڑے کی بات نکالنا۔
قصہ خواں (عف۔ مذ) داستان گو۔ افسانہ خواں۔ ناقل۔
قصہ خوانی (عف۔ بیائے مصدری) داستان گوئی۔ قصہ سنانا۔ پشاور کے ایک بازار کا نام بھی ہے۔
قصہ زمین برسر زمین (ف۔ مثل) معاملے کا فیصلہ موقع پر ہونا چاہیئے۔
قصہ طے ہونا (اُ۔ محاورہ) جھگڑا چکنا۔
قصہ کرنا (محاورہ) جھگڑا کرنا۔ تکرار کرنا۔
قصہ کوتاہ / **قصہ مختصر** (ف۔ تابع فعل) الغرض۔ حاصل کلام۔ بالجملہ۔ الحاصل۔
قصہ کوتاہ کرنا / **قصہ مختصر کرنا** (اُ۔ محاورہ) بات کو طول نہ دینا۔ بات چھوٹی کرنا۔ جھگڑا طے کرنا۔ بات فیصل کرنا۔
قصہ مول لینا (اُ۔ محاورہ) جھگڑا خریدنا۔ جان کو روگ لگانا۔ پاپ بسانا۔ بکھیڑے میں پڑنا۔
قصہ نکالنا (اُ۔ محاورہ) جھگڑا نکالنا۔ حیلہ حوالہ کرنا۔
قصہ یکسو کرنا (اُ۔ محاورہ) معاملہ طے کرنا۔
قصیدہ (ع۔ امذ) لغت میں ٹھوس اور بھرا ہوا دماغ یعنی پُرمغز۔ اصطلاح میں شاعر کی وہ نظم جو کسی کی تعریف یا برائی کے ارادے سے لکھی جائے اور جس کے اوّل بیت کے دونوں مصرعے اور باقی اشعار کے ثانی مصرعے ہم قافیہ ردیف ہوں جس کے کم از کم پندرہ شعر ہوں۔ زیادہ کی حد نہیں۔
قصیدہ گو (عف۔ صف) قصیدہ کہنے والا شاعر۔
قصیر (ع۔ صفت) پست قد۔ کوتاہ۔

ق - ض

قضا (ع۔ امو) حکم الٰہی۔ مشیت۔ فرمان خدائی۔ تقدیر۔ قسمت۔ موت۔ وفات۔ اجل۔ وہ عبادت فریضہ جو مقررہ وقت کے بعد ادا کی جائے۔ ادائے فرض یا واجب۔ تکمیل۔ خاتمہ۔ انجام۔
قضا ادا کرنا (اُ۔ محاورہ) فرض نماز کا وقت گذر جانے کے بعد پڑھنا۔
قضا پڑھنا (اُ۔ محاورہ) چھوٹی ہوئی نماز کو ادا کرنا۔
قضا پھڑپھڑاتی ہے (اُ۔ محاورہ) موت قریب ہے۔
قضا ٹلنا (اُ۔ محاورہ) موت سے بچ جانا۔
قضا سر پر کھیلنا (اُ۔ محاورہ) موت کا وقت قریب آنا۔ اجل کا قریب پہنچ جانا۔
قضارا / **قضا عند اللہ** (عف۔ تابع فعل) اتفاق سے۔ حسب اتفاق۔ اتفاقاً۔ بیوگ سے۔ ناگاہ۔ اچانک۔
قضا کا فرشتہ (اُ۔ مذ) ملک الموت۔ جم دوت۔ عزرائیل۔ موت کا فرشتہ۔
قضا کا مارا (اُ۔ صفت مفعولی) اجل گرفتہ۔ مرن جوگا۔ موت لیا۔
قضا کرنا (اُ۔ محاورہ) مذہبی فرض یا واجب کا وقت مقررہ پر ادا نہ کرنا۔ مرنا۔ انتقال کرنا۔
قضا و قدر۔ (ع) وہ حکم الٰہی جو اس نے کل کائنات کی نسبت روز ازل میں لگا دیئے ہیں۔
قضا ہونا (اُ۔ محاورہ) گزرنا۔ مرنا۔ روزے یا نماز کا وقت پر ادا نہ ہونا۔
قضائے الٰہی (ع متعلق۔ فعل) اتفاقاً۔ خدا کی مرضی۔
قضائے الٰہی سے مرنا (اُ۔ محاورہ) اپنی موت سے مرنا۔ اپنی آئی مرنا۔
قضائے حاجت کرنا (اُ۔ محاورہ) ٹٹی جانا۔ پیخانہ کرنا۔ پاخانا پھرنا۔
قضائے عمری (ع۔ امو) قضا شدہ نماز کے عوض جو نماز ہر وقت فرضوں کے ساتھ معمول سے زیادہ ادا کرنی پڑتی ہے۔
قضا کار (عف۔ تابع فعل) اتفاق سے اتفاقیہ۔ اتفاقاً۔ ناگاہ۔
قضائے مبرم (ع۔ امو) نہ ٹلنے والا حکم۔ پکا حکم۔ وہ موت جو کسی طرح نہ ٹلے۔
قضائے معلق (ع۔ امو) وہ قضا جو کسی تدبیر سے ٹل جائے۔
قضائے ناگہانی (ع۔ امو) اچانک موت۔ خطرناک حادثہ۔
قضات (ع۔ امذ) قاضی کی جمع۔
قضایا (ع۔ امذ) قضیہ کی جمع۔ فقرے عبارت کے جملے۔ جھگڑے۔ مطالب۔ خبریں۔
قضیہ (ع۔ امذ) بحث۔ تکرار۔ نالش۔ مقدمہ۔ جھگڑا۔ فساد۔ جملہ۔ فقرہ۔ عبارت کا ٹکڑہ۔
قضیہ اٹھانا (اُ۔ محاورہ) جھگڑا کھڑا کرنا۔
قضیہ پاک کرنا (اُ۔ محاورہ) قصہ پاک کرنا۔
قضیہ چکانا (اُ۔ محاورہ) جھگڑے کا فیصلہ کرنا۔
قضیہ دلال (اُ۔ محاورہ) شرارتی۔ فتنہ انگیز۔
قضیہ کرنا (اُ۔ محاورہ) جھگڑا کرنا۔ تکرار کرنا۔
قضیہ مول لینا (اُ۔ محاورہ) کسی دوسرے کے بکھیڑے میں پڑنا۔ کسی کے جھگڑے میں شامل ہونا۔

ق - ط

قط (ع) تراشنا۔ کاٹنا قلم کی نوک کو کاٹنا۔
قط دینا / رکھنا (اُ۔ محاورہ) قلم کی نوک قط گیر پر رکھکر کاٹنا (منحوس سمجھا جاتا ہے)۔
قط زن / **قط گیر** (عف۔ فاعل ترکیبی) لکڑی یا ہاتھی دانت یا ہڈی وغیرہ کی چٹپی جس پر قلم کی نوک کاٹتے ہیں۔
قطار۔ (ع۔ مو) سیدھی اور لمبی صف پرا۔ ڈار۔ سلسلہ ترتیب۔
قطار باندھنا (اُ۔ محاورہ) صف باندھنا۔ پرا جمانا۔

قطار

قطاع۔ (ع۔ امذ) جمع قاطع کی۔
قطاع الطریق (ع۔ مذ) رہزن۔ ڈاکو۔ لٹیرا۔ دھاڑوی۔ رستہ لوٹنے والا۔
قطاع دائرہ (ع۔ مذ) دائرہ کا وہ ٹکڑا جو دو نصف قطروں اور ان کی درمیانی قوس سے گھرا ہوا ہو۔

قُطامہ (ع۔مو) چھنال فاحشہ عورت۔ بے غیرت عورت۔ کٹنی بلیوا۔ حرام زادی۔

قُطب (ع۔مذ) وہ کیل جس پر چکی پھرتی ہے۔ قوم کا سردار۔ سپہ سالار۔ شمالی اور جنوبی نقطہ محور زمین جو ساکن رہتا ہے۔ اصطلاح تصوف میں وہ ولی اللہ جس پر دنیا کے انتظام اور نگہبانی کا دارومدار ہو۔

قُطب از جائے جنبد (ف۔مثل) سپہ سالار اور سردار ایک جگہ ہی کھڑا ہو کر حکم دیا کرتا ہے۔ طنزاً نہایت سست اور کاہل آدمی کی نسبت بھی بولتے ہیں۔

قُطب تارا (مذ) وہ شمالی یا جنوبی چھوٹا سا نہایت روشن ستارا جو ہمیشہ ساکن اور ایک جگہ قائم رہتا ہے۔ دھرو دھرو تارا۔

قُطب جنوبی (ع۔مذ۔بیائے نسبتی) دکھنی تارا۔ محور زمین کا وہ نقطہ جو جنوب کی طرف واقع ہے اور بحر منجمد جنوبی پر ہے۔

قطب شمالی

قُطب شمالی (ع۔مذ۔بیائے نسبتی) شمالی تارا محور زمین کا شمالی نقطہ جو بحر منجمد شمالی پر واقع ہے۔

قطب جنوبی

قُطب نما (عف) قطبوں کی سمت معلوم کرنے کا آلہ۔ کمپاس۔

قُطبی (ع۔صفت بیائے نسبتی) منسوب بہ قطب۔ قطب سے متعلق

قطبین (ع۔مو) قطب سے جمع تثنیہ۔ دونوں قطب۔ شمالی اور جنوبی قطب۔

قُطر (ع۔مذ) کنارہ۔ سمت۔ طرف۔ وہ خط مستقیم جو دائرہ کے مرکز سے گزر کر دونوں طرف محیط پر ختم ہو اور دائرہ کے دو برابر حصے کر دے۔

قَطرہ (ع۔مذ) بوند۔ نہایت کم مقدار۔ بہت ہی کم چیز۔ بوند کے برابر

قطرہ آنا (اُ۔محاورہ) پیشاب کی بوند ٹپکنا۔ بلا ارادہ پیشاب کی بوند نکل پڑنا۔

قطرہ افشاں (عف۔صفت) قطرے چھڑکنے والا۔

قطرہ زن (عف۔صف) تیز رو۔ تیز رفتار۔

قطرہ قطرہ (ع۔تابع فعل) بوند بوند۔ تھوڑا تھوڑا۔ قطرہ قطرہ۔

قطرہ قطرہ دریا ہو جاتا ہے (ض۔مثل) تھوڑا تھوڑا کر کے بہت ہو جاتا ہے

قطع (ع۔مو) کاٹ چھانٹ۔ تراش۔ ٹکڑا۔ حصہ۔ طور۔ طریق۔ ڈھنگ طرز۔ انداز۔ وضع۔

قطع بُرید (عف۔مو) تراش۔ خراش۔ کاٹ۔ چھانٹ۔

قطع بنانا (اُ۔محاورہ) انداز۔ اختیار کرنا۔ شکل و صورت بنانا۔

قطع تعلق کرنا (اُ۔محاورہ) میل ملاپ چھوڑ دینا کچھ غرض نہ رکھنا۔ کچھ لگاؤ نہ رکھنا۔ ناتا گنا چھوڑنا۔ ترک ملاقات کرنا۔ واسطہ نہ رکھنا۔

قطع دار (عف۔صفت) اچھی شکل کا۔

قطع دائرہ (ع۔اذ) دائرے کا ایک حصہ۔

قطعِ رحم (ع۔اذ) تعلقات ختم کرنا۔

قطع سخن (ع۔اذ) بات کاٹنا۔

قطع کرنا (اُ۔محاورہ) القط کرنا۔ کاٹنا۔ تراشنا۔ چھوڑنا۔ طے کر لینا فیصلہ کر لینا۔ ایک بات مقرر کرنا۔ رد کرنا۔ بند کرنا۔ کھنڈن کرنا۔

قطع کلام کرنا (اُ۔محاورہ) بات کاٹنا۔ کسی کی بات پوری ہونے سے پہلے اپنی بات کہنے لگنا۔

قطع نظر (ع۔تابع فعل) ماسوا۔ علاوہ۔ اس کے سوا چھٹ۔ تاہم بہرصورت۔

قطع ہونا (اُ۔محاورہ) کٹنا۔ تراشا جانا۔ کپڑے کا کاٹا جانا۔ بیوتنا جانا۔ فیصلہ ہونا۔ نبٹنا۔

قِطعہ (ع۔مذ) ٹکڑا۔ جزو۔ حصہ۔ پرزہ۔ پرچہ۔ ملک کا حصہ۔ سرزمین۔ ملک دیس۔ غزل اور قصیدے وغیرہ کا وہ حصہ جو مطلع کے علاوہ کم سے کم دو شعر اور متفق المضمون ہو۔

قطعہ بند (عف۔مذ) وہ اشعار جن کا مضمون ساتھ کی بیت ملائے بغیر تمام نہ ہو۔ بلکہ بے نتیجہ رہے۔

قطعی (اُ۔تابع فعل) بالکل۔ بالضرور۔ بالمقطع شرطی۔ یقینی۔ پورا کامل۔ درحقیقت۔ بے شبہ۔ بے شک۔ یقیناً۔

قطعیات (ع۔امو) وہ امور جن میں شک و شبہ نہ ہو۔

قِطمیر (ع۔مذ) اصحاب کہف کے کتے کا نام۔ چوہارے یا کھجور کی گٹھلی کے اوپر کی پتلی سی جھلی۔ مجازاً نہایت قلیل۔ ذرا سا۔ بہت ہی تھوڑا۔ نہایت چھوٹا۔

قُطن (ع۔اذ) روئی۔ کپاس

قُطنی (ع۔صفت) روئی کا بنا ہوا۔

ق - ع

قَعب (ع۔امو) قاب۔ بڑا پیالہ۔

قعدہ (ع۔مذ) بیٹھنا۔ نماز میں التحیات پڑھتے وقت بیٹھنا۔

قَعر (ع) تھاہ۔ گہرائی۔ ڈونگھائی عمق۔

قعرِ دریا (عف۔اذ) دریا یا سمندر کی گہرائی۔

قعرِ مذلت (ع۔اذ) انتہائی ذلت۔

قعود (ع۔مذ) بیٹھنا بیٹھک۔ قعدہ۔

قعود (ع) بہت گہرا کنواں۔

ق - ف

قفا (ع) گدی۔ پشت گردن منکا پیچھے۔ پسِ پشت۔ دھول دھپا۔

قفائے فلک (ع۔اذ) وہ حادثات جو ستاروں کی گردش سے ہوتے ہیں۔

قفس (ف۔مو) پرندے رکھنے کا پنجرا کابک۔ مجازاً جسم انسانی۔ بدن۔ قالب خاکی۔ طنزاً قید۔ قید خانہ۔ جیل خانہ۔

قُفل (ع۔مذ) تالا۔ جندرا۔ جندا۔

قُفلِ ابجد (ع۔مذ) ایک قسم کا گول تالا جو خاص حروف کو سیدھ میں لانے سے کھلتا ہے اور گڈمڈ کرنے سے بند ہو جاتا ہے۔



قفل

قُفل بند ہونا (فعل) تالا بھڑنا۔ جندرا لگنا۔

قُفل توڑنا (اُ۔محاورہ) تالا توڑنا۔ چوری کرنا۔

قُفل رہن ہونا (اُ۔محاورہ) مُنہ بند کرنا۔

قُفل لگانا (اُ۔محاورہ) تالا لگانا۔ مکان پر قبضہ کرنا۔ مکان بند کرنا۔

قُفل میں بند کرنا (اُ۔محاورہ) حوالات میں دینا۔

قُفل و سواس یا وسواسی (ع۔مذ) گورکھ دھندا۔

قفلی (رُ۔مو) قِلفی۔ ڈھکنے دار ظرف جس کا ڈھکنا قفل کی طرح خوب پھنس جاتا ہے۔

قُفلی جمانا (اُ۔محاورہ) دُودھ وغیرہ کا قفلی میں رکھ کر برف سے منجمد کرنا۔

ق - ق

قَقنُس (یُو۔تا) مذ۔ ایک نہایت خوش آواز اور خوش رنگ پرندے کا نام ہے مُوسیقار۔

ق - ل

قل (ع۔صیغہ امر) کہو۔ بولو۔ کہدو۔ مجازاً قرآن کی آخری سورتیں۔ فاتحہ۔ تیجا۔ سوم کی رسم۔ ختم۔ (کنایتہً) خاتمہ۔ کام تمام ہو جانا۔ جان نکل جانا۔

قُل آعُوذ یہ یا قُلاوزیہ (رُ۔مذ) ہر جگہ جا کر ختم پڑھ کر خیافتیں اڑانے والا۔ ٹکر گدا۔ مُردوں کا مال کھانے والا۔ خیرات خورا۔ ملانا۔

قُل پڑھنا (اُ۔محاورہ) ختم پڑھنا۔ دم کرنا۔

قُل کرنا (اُ۔محاورہ) مار ڈالنا۔ کام تمام کرنا۔ قتل کرنا۔ جان باقی نہ رکھنا۔

قُل کے ڈھیلے (اُ۔مذ) دفن کرنے کے بعد ڈھیلوں پر قُل ہُوَ اللہ پڑھکر ان سے قبر بند کرنا۔

قُل ہُواللہ پڑھنا (اُ۔محاورہ) تباہ حال ہونا۔ کام تمام ہونا۔ بھوک کے مارے جان نکلنا۔ سورت قل ہو اللہ پڑھنا۔

قُل ہو جانا (اُ۔محاورہ) ختم ہو جانا۔ سوم ہو جانا۔ ماتم ہو جانا۔ پھول ہو جانا۔ تیجا ہو جانا۔

قُل ہونا (محاورہ) ختم ہونا۔ عُرس ہونا۔ پھول ہونا۔ کام تمام ہونا۔ تباہ حالت ہونا۔ ہلاکت کے قریب ہونا۔

قلا (ف۔مو) چھل۔ دھوکا۔ کرتب۔ کھیل۔ ہُنر۔ گُن۔

قلا بازی کھانا (محاورہ) سر نیچے اور پاؤں اُوپر کر کے لوٹنا۔ بھوک سے لوٹیاں پوٹنیاں کھانا۔

قُلّابہ (ع۔مذ) قلب سے مشتق ہے۔ بمعنی الٹا کرنا۔ مجازاً مچھلی پکڑنے کا کانٹا۔

قلابین (ع۔اذ) کنایتہً خطوط واحد اتی۔

قلا جنگ (ف۔اذ) کُشتی لڑنے کا ایک داؤ۔

قلاچ یا قلاپنچ یا قلاش (رُ۔اسم صفت) مُفلس۔ کنگال۔ غریب۔ لُچّا شُہدا۔ بے غیرت۔

قلاقند (ف۔مذ۔مو) ایک قسم کی مٹھائی۔

قلانچ (رُ۔مو) کپڑا ناپنے کا دو ہاتھ یعنی تین فٹ لمبا گز۔ گھوڑے ہرن وغیرہ کی چھلانگ۔ کُود۔ چوکڑی۔ زقند۔

قلانچ مارنا (اُ۔محاورہ) چھلانگیں مارنا۔

قلانچیں بھرنا (اُ۔محاورہ) چھلانگیں مارنا۔ چوکڑیاں بھرنا۔ زقندیں لگانا۔

قلب (ع۔مذ) مصدر بمعنی مفعول۔ اُلٹا ہوا۔ اُوندھا۔ دل۔ مَن۔ ضمیر۔ وسطہ درمیان۔ فوج کا درمیانی حصّہ۔ کھوٹا سکہ۔ غیر خالص دھات۔ گِری۔ گُودا۔ چپ بایاں۔ دایاں کی ضد۔

قلب چاک ہونا (اُ۔محاورہ) سخت روحانی صدمہ پہنچنا۔

قلب ساز (ع۔ف۔مو۔ فاعل ترکیبی) کھوٹا اور جعلی سکہ بنانے والا۔

قلب سازی (ع۔ف۔مو۔ بیائے مصدری) کھوٹ ملانا۔ جھوٹا سکہ بنانا۔ جعلی سکہ بنانا۔

قلب

قلب گاہ (ف۔اع) وہ جگہ جہاں درمیانی فوج کھڑی ہوتی ہے۔

قلب ماہیت (ع۔اذ) اصلیت بدل جانا۔

قلب مکدر ہونا (اُ۔محاورہ) دل میں رنج ہونا۔

قلب مضطر (ع۔ا۔صفت) بے چین دل۔ پریشان دل۔ بے حال دل۔ دُکھی دل۔

قلبہ (ع۔مذ) ہل کاشت کرنے والا آلہ۔

قلبہ ران (ع۔ف۔صفت) ہل چلانے والا۔

قلبہ رانی (ع۔ف۔مو۔ بیائے مصدری) ہل چلانا۔ ہل جوتنا۔ کاشت کرنا۔

قلبی (ع۔صفت بیائے نسبتی) متعلق بہ قلب دل۔ جانی۔ پرانی۔ کھوٹا۔ خالص جعلی۔ خود ساختہ۔

قلپاق (ف۔اذ) ایک قسم کی اُونچی ٹوپی۔

قلت (ع۔مو) توڑا۔ کمی۔ کمیابی۔ مشکل۔ دِقّت۔ دشواری۔

قلتین (ع۔اذ) ایسے دو ظروف جن میں دس دس من پانی آجائے۔ ناپاک۔ نجس۔ کیسی فاحشہ۔

قلتین کرنا (اُ۔محاورہ) پانی وغیرہ کو ناپاک کرنا۔ نجس کرنا۔ گندہ کرنا۔ پانی میں ہاتھ ڈالنا۔

قلزم (ع۔مذ) لغت میں سُرخ اصطلاح میں ایک حصہ سمندر کا نام ہے جو عرب کے مغرب میں واقع ہے مجازاً نہایت گہرا اور عمیق سمندر۔

قلع (ع۔مذ) ڈھاتا۔ منصب سے گرانا۔ بیخ کنی۔ مسمار کرنا۔ منہدم کرنا۔

قلع و قمع (ع۔مذ) اکھاڑ پچھاڑ۔ توڑ پھوڑ۔ انہدام۔

قلعہ (ع۔مذ) کوٹ۔ حصار۔ وہ سنگین اور محفوظ عمارت جس میں بادشاہ

رہتا ہو۔ گڑھ۔ بہت اُونچا اور بڑا مکان۔ شطرنج کے مہرے کا نام

قلعہ باندھنا (اُ۔ محاورہ) فوج کا حصار باندھ کر کھڑا کرنا۔ دمدمہ بنانا۔

قلعہ دار (ع۔ف) فاعل ترکیبی) محافظ۔ قلعہ۔ قلعہ کا افسر کمان دار

قلعہ شکن توپ (ف۔مو) قلعہ توڑنے کی توپ بڑی توپ۔

قلعی (ع۔مو) رانگ۔ رانگا۔ سفیدی مکانوں پر پھیرنے کا چونہ۔ کھانے کا چونہ ملمع۔ جھول۔ گلٹ۔ روغن۔ وارنش۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ۔ نفاقہ۔ جلا۔ چمک دمک۔

قلعی اُڑ جانا یا جاتی رہنا (اُ۔ محاورہ)۔ رانگ کا ملمع برتن سے اُتر جانا۔ تانبا نکل آنا۔

قلعی اُتارنا (اُ۔ محاورہ) ملمع دُور کرنا۔ اصل حقیقت واضح کرنا۔

قلعی پھرنا (اُ۔ محاورہ) سفیدی ہونا۔ ملمع ہونا۔

قلعی چڑھانا (اُ۔ محاورہ) ملمع کرنا سفیدی کرنا۔

قلعی کا چونہ (اُ۔مو) پتھر کا چونہ۔ سفیدی۔ کھانے کا چونہ۔

قلعی کا کشتہ (اُ۔مو) مارا ہوا رانگ۔ پھونکا ہوا رانگ۔

قلعی کرنا (اُ۔ فعل) برتنوں پر رانگ چڑھانا۔ رانگ کا ملمع کرنا۔ وارنش کرنا۔ مکان میں سفیدی پھیرنا۔ سفیدی کرنا۔

قلعی کھل جانا (اُ۔ محاورہ) راز فاش ہونا۔ بھید ظاہر ہو جانا۔ حقیقت ظاہر ہونا اصلی حالت دکھائی دینے لگنا۔ اصلیت ظاہر ہو جانا۔ شیخی کرکری ہو جانا۔ ملمع اُتر جانا قلعی اُتر کر رنگ اُڑ جانا۔

قلعی کھلنا (محاورہ) پوشیدہ عیب ظاہر ہونا۔ بھانڈا پھوٹنا۔ سازش ظاہر ہونا۔

قلعی کھولنا (اُ۔مو) راز فاش کرنا۔ پوشیدہ عیب ظاہر کرنا۔

قلعی گر (ع۔ف۔ مو فاعلی ترکیبی) تانبے پیتل وغیرہ کے برتنوں پر رانگ کا ملمع کرنے والا۔

قلفا (اُ۔مذ) خرمہ۔ ایک قسم کا کھانا۔

قلفہ (ع۔ا۔مذ) عضو تناسل کا سرا بغیر ختنہ کئے ہوئے۔

قلفی (اُ۔مو) دیکھو قفلی

قلق (ع۔مذ) بے چینی۔ رنج۔ اضطراب۔ بے قراری۔ گھبراہٹ۔ سوچ۔ فکر۔ غم۔ حسرت۔ افسوس۔ پچھتاوا۔

قلق گزرنا یا ہونا۔ (د) فعل۔ بُرا لگنا۔ رنج ہونا۔ افسوس ہونا۔ تلملاہٹ اور بیقراری ہونا۔ ملال ہونا۔

قلقاری (اُ۔ا۔مو) بے زبان بچوں کی ہنسی جو آواز کے ساتھ ہو۔

قلقاریاں مارنا (اُ۔ محاورہ) شیر خوار بچوں کا آواز کے ساتھ ہنسنا۔

قلقل (ع۔مو) صوت۔ بوتل یا مراحی میں سے پانی یا شراب نکلنے کی آواز۔

قلم (ع۔مذ) کلک۔ خامہ۔ لکھنے کا آلہ۔ تراشا ہوا نیزہ۔ (بحالت صفت) کاٹا ہوا۔ بُریدہ۔ کاٹی ہوئی اور پیوندکاری ہری شاخ یا ٹہنی جو زمین میں لگاتے ہیں (بحالت اسم مونث) کنپٹیوں کے اُوپر چھوٹے چھوٹے تراشے ہوئے بال۔ بالوں کا برش۔ مصوروں کوچی ایک قسم کی آتشبازی۔ سلاخ۔ جیسے ربڑ السوس کی قلم۔ شاخ ٹہنی سیننگ

قلم (ع۔مذ) حکم۔ حکومت۔ فرمان روائی جیسے قلمرو۔

قلم اُٹھا کر یا قلم برداشتہ لکھنا۔ (اُ۔ محاورہ) بے سوچے اور بہت جلدی لکھنا بے تکلف لکھنا فی البدیہہ اور بے ساختہ لکھنا۔ فوراً دکھ گھسیٹنا۔

قلم انداز کرنا (محاورہ) لکھنے میں چھوڑ جانا۔ نہ لکھنا۔

قلم بنانا (محاورہ)۔ قلم گھڑنا۔ نیزہ کو تراشکے لکھنے کے قابل بنانا۔ کپنپٹی کے اُوپر کے بالوں کو اُسترے وغیرہ سے دُرست کرنا۔ خط دُرست کرنا

قلم برداشتہ لکھنا۔ (اُ۔ محاورہ) بے ساختہ اور بے تکلف لکھنا۔

قلم بند (ع۔ف۔ صفت بترکیب مفعولی) تحریری۔ لکھا ہوا۔ نوشتہ شدہ۔ مرقومہ۔ شمار کیا ہوا۔ گنا ہوا۔ داخل شدہ۔ گنتی کے موافق۔ حساب سے۔

قلم بند بھوگ/گالیاں (اُ۔ ہند) ان گنت گالیاں۔ بے شمار گالیاں۔

قلم بند کرنا۔ (اُ۔ محاورہ) لکھنا۔ تحریر کرنا۔ رقم کرنا۔ درج کرنا۔ کتاب یا رجسٹر میں چڑھانا۔ لکھ لینا۔ نوٹ کر لینا۔

قلم پکڑنا نہیں آتا (اُ۔ محاورہ) لکھنا نہیں آتا۔

قلم پھیرنا (اُ۔ محاورہ) لکھے ہوئے کو کاٹ دینا۔ مٹا دینا۔ منسوخ کرنا۔ گنا ہوں یا خطاؤں کو کاٹ ڈالنا۔ صاف کر دینا۔

قلم پھر جانا (اُ۔ محاورہ) حکم ہو جانا۔

قلم تراش (ع۔ف۔ مذ فاعل ترکیبی) چاقو۔ قلم بنانے کا چاقو۔

قلم توڑ دینا/توڑنا (اُ۔ محاورہ) ایسی نظم یا نثر لکھنا کہ مقابل میں کوئی نہ اُٹھا سکے۔

قلم جاری رہنا (اُ۔ محاورہ) دعائیہ۔ حکم قائم رہے۔ دولت و حکومت برقرار رہے۔

قلم چلانا (اُ۔ محاورہ) حکم جاری کرنا۔ درج رجسٹر کرنا۔ لکھنا۔ تحریر کرنا۔

قلمدان (ع۔ف۔ مذ۔ ظرف) قلم دوات وغیرہ رکھنے کا چھوٹا سا خانہ۔

قلمدان دینا یا عنایت کرنا (اُ۔ محاورہ)۔ منشی خاص بنانا۔ صدارت یا وزارت کا عہدہ عطا کرنا۔ پرائیویٹ سیکرٹری بنانا۔

قلمرو۔ یا قلمرو (ع۔مو۔ و مذکر) اسم ظرف بترکیب اسم دامر۔ حکم چلنے کی جگہ۔ حکومت راج۔ ملک۔ سلطنت۔ بادشاہی۔ ماتحت ملک۔

قلم روشن رہے (اُ۔ محاورہ) فقرار کی دعا ہے۔ حکومت برقرار رہے۔ حکم چلتا رہے۔

قلم زن (ع۔ف۔ اذ) لکھنے والا۔ محرر۔ کاتب۔ نقاش۔

قلم سرب/سرمہ (ع۔ف۔ ابن) پنسل۔

قلم قصائی۔ یا قلم قسائی (اُ۔مو۔ مذ) ظالم اور بے رحم منشی۔ بے درد محرر۔ رشوت خوار اور بے درد اہلکار۔

قلم کار (ع۔ف۔ مذ بترکیب فاعلی) لکھنے پڑھنے کا کام کرنے والا۔ منشی نقاش رنگ بھرنے والا۔ مصور۔ مُہر کن۔ مُہر کھودنے والا۔ حکام۔ ایک قسم کا منقش بافتہ (بترکیب مفعولی) مزین۔ منقش۔ سجا ہوا۔

قلم کاری (ع۔ف بیائے مصدری) کتابت تحریر۔ رنگسازی۔ مصوری۔ مُہر کنی۔ منقت کاری۔

قلم کرنا (اُ۔ محاورہ) کاٹنا۔ تراشنا۔ سر اُتارنا۔ جدا کرنا۔ اُڑانا۔ شاخ یا درخت وغیرہ کو کاٹنا۔ چھانٹنا۔ پیوند لگانے کے شاخ کو ترچھا کاٹنا۔

قلم کش (ع۔ف بصفت) قلم چلانے والا۔ لکھنے والا۔ صاحب قلم۔ کاتب۔

قلم لگانا (اُ۔ محاورہ) پیوند لگانا۔ کسی پھول کے درخت کی شاخ کو زمین

میں دینا۔
قلم مارنا (اُر۔ محاورہ) قلم پھیرنا۔ کاٹنا۔ رد کرنا۔ منسوخ کرنا۔
قلم مُو (عف۔ مذ۔ ترکیب اضافی) بالوں کا قلم۔ بُرش۔
قلم نہ اُٹھ سکنا (اُر۔ محاورہ) لکھا نہ جانا۔ قلم اُٹھانے کی طاقت نہ ہونا۔
قلم ہونا۔ (اُر۔ محاورہ) کٹنا۔ ترشنا۔ درخت یا شاخ وغیرہ کا کاٹا جانا۔ اُڑنا جدا ہونا۔ علیحدہ ہونا۔
قلماقنی (اُر۔ مؤ) اردا بیگنی۔ ترکنی وہ عورت جو شاہی محلوں اور حرم سراؤں۔ پانچوں ہتھیار لگا کر سپاہیوں کی طرح پہرہ چوکی دیتی ہے۔
قلمی (ع۔ صفت بیائے نسبتی) ہاتھ کا لکھا ہوا۔ دستی۔ تحریری۔ مکتوبی شاخ نما۔ سلاخ کی مانند (بصورت اسم مؤنث) تحریر۔ رقم۔
قلمی آم (اُر۔ مؤ) پیوندی آم۔ نہایت بڑا اور خوش ذائقہ آم۔
قلمی شورہ (اُر۔ مذ) قلموں کی شکل کا بنا ہوا شورہ۔ صاف کیا ہوا شورہ۔
قلمی کرنا (اُر۔ محاورہ) تحریر کرنا۔ لکھنا۔ رقم کرنا۔
قلمیں بڑھانا (اُر۔ محاورہ) قلموں کو لمبا کرنا۔
قلمیں بنوانا (اُر۔ محاورہ) کنپٹی کے بال تراشنا۔
قلمیں چھوڑنا (اُر۔ محاورہ) کنپٹی کے بال بڑھانا۔ اُسترے سے انہیں درست کرا کر رکھنا۔
قلندر (ع۔ مذ) اصطلاح تصوف میں۔ دین دُنیا سے آزاد آدمی۔ عام اصطلاح میں ریچھ اور بندر نچانے والا۔ مداری خیمہ کا آنکڑا یا قلابہ۔
قلندرا (اُر۔ مذ) خیمہ کا آنکڑا جس پر ریشم یا کپڑا لپیٹ دیتے ہیں۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
قلندر بچہ (ف۔ مذ) آلہ تناسل۔
قلندر خانہ (ف۔ مذ) قلندروں کے رہنے کی جگہ۔
قلندر سر چہ گوید دیدہ گوید (ف۔ مثل) قلندر جو کچھ کہتا ہے۔ دیکھا ہوا کہتا ہے۔ سنا ہوا نہیں کہتا۔
قلندری (اُر۔ مؤ۔ بیائے تانیث و تصغیر) ایک قسم کی چھولداری جس میں قلندر رہا لگاتے ہیں۔
قلوب (ع۔ مذ) قلب کی جمع۔
قلہ (ع۔ مذ) پہاڑ کی چوٹی۔ پھننگ۔ گھوڑے کا زردی مائل رنگ۔
قلہ شجرہ (اُر۔ مذ) مال و اسباب۔ بوریا بستر۔
قلہ کوہ (عف۔ مذ) پہاڑ کی چوٹی۔
قلہ قند / قلاقند (اُر۔ مؤ) ایک قسم کی مٹھائی۔ قند کا ڈلا۔
قلی (ت۔ مذ) لغوی معنی غلام۔ اصطلاحاً مزدور۔ بوجھ اُٹھانے والا محنتی۔ پانڈی۔
قلی گری (ت۔ ف۔ مؤ۔ بیائے مصدری) مزدوری۔ محنت۔ قلی کا کام یا پیشہ۔
قلیا۔ (ع۔ مؤ) قرآن شریف کی ایک سورت کا نام جو اکثر فاتحہ میں پڑھی جاتی ہے۔ سورہ کافرون۔
قلیا تمام کرنا (اُر۔ محاورہ) قل ہونا۔ کام تمام ہونا۔ خاتمہ ہونا۔ مرجانا۔ جان سے جانا۔ عاشق ہو جانا۔
قلیان (ف) حقہ۔ حقہ کی گڑگڑی یا چلم۔
قلیل (ع۔ صفت) تھوڑا۔ کم۔ ذرا سا۔ چھوٹا۔ کوتاہ۔ خرد کوچک۔
قلیل الاعتبار (ع۔ صفت) جس کا اعتبار بہت کم ہو۔
قلیل البضاعت (ع۔ صفت) جس کی پونجی تھوڑی ہو۔
قلیل القامت (ع۔ صفت) جس کا قد چھوٹا ہو۔
قلیہ (ی) لغت میں توے پر بھنا ہوا گوشت۔ اصطلاحاً گھی میں بھنا ہوا شوربہ۔ شکار۔ ماس۔ سالن۔ مہا پرشاد۔
قلیہ (ع۔ ا۔ مذ) سادہ گوشت۔ گھی میں بھون کر شوربہ دار پکا ہوا۔

ق - م

قم (ع) صیغہ امر۔ اُٹھ۔ اُٹھ کھڑا ہو۔ اُٹھ بیٹھ۔ جی اُٹھ۔
قم باذن اللہ (ع۔ ا۔ مذ) خدا کے حکم سے جی اُٹھ۔
قمار (ع۔ مذ) جُوا۔ جوے بازی۔ پاسہ کھیلنا۔ چال بازی۔
قمار بازی (عف۔ ا۔ مؤ۔ بیائے مصدری) جوئے کا کام۔ جوا کھیلنا۔ جُوّا۔
قمار خانہ (عف۔ ا۔ مذ۔ ظرف) جُوّا کھیلنے کا مکان۔ جوئے خانہ۔
قمار کا غذی (عف۔ ا۔ مذ) تاش گنجفہ۔
قماش (ع۔ ا۔ مذ) کپڑا لتا۔ اسباب۔ مال و متاع۔ گھر کا اثاثہ۔ ریشمی کپڑا۔ خوبی۔ گن۔ جوہر۔ صفت۔ کمینہ۔ رذلہ۔ چھوٹی قوم کا۔ طرح۔ وضع۔ ڈھنگ۔ طور۔ اندازہ۔ گنجفے کے ایک پتے کا نام بھی ہے۔
قمچی (ت۔ ا۔ مؤ) ہنٹر۔ تازیانہ۔ چابک بید۔ چھڑی۔ سٹک۔ پتلی ٹہنی۔ ہاتھ کا جھٹکا (پنجہ کشوں کی اصطلاح)
قمچی دکھانا (اُر۔ محاورہ) مارنے کی دھمکی دینا۔
قمچی لگانا (اُر۔ محاورہ) چھڑی سے زود و کوب کرنا۔
قمر (ع۔ ا۔ مذ) چاند۔ چندرماہ۔ مہ۔ ماہ۔ تیسری سے آخر تک قمر اس سے پہلے ہلال ہے۔ کیمیا گروں کی اصطلاح میں چاندی۔
قمر پیکر (ع صفت) خوبصورت۔
قمر در عقرب (عف۔ ا۔ مذ) چاند کا برج عقرب میں جانے کا وقت جو منحوس سمجھا جاتا ہے۔ خوبصورت اور بدصورت کا ساتھ۔
قمری (ع۔ صفت بیائے نسبتی) منسوب بہ قمر۔ وہ سال یا مہینے جو چاند کی چال کے موافق مقرر کیے گئے ہوں۔
قمری (ع۔ ا۔ مؤ) فاختہ کی قسم کے ایک مشہور طوق دار پرندے کا نام ہے اور ایک منگتا قوم کی عورتوں کا لقب۔ مخربیاں۔
قمرین (ع۔ ا۔ مذ) سورج اور چاند۔
قمریوں کی کو کو (اُر۔ ا۔ مؤ) قمری کی آواز۔
قمع (ع۔ مذ) بیخکنی۔ توڑنا۔ پھوڑنا انہدام۔
قمقمہ (ع۔ ا۔ مذ) توتیڑی۔ ایک طرح کی چھوٹی سی قندیل۔ عبیر گلال اور رنگ کا بھرا ہوا گولا جسے ہندو لوگ ہولی کے دن ایک دوسرے پر مارتے ہیں۔
قمیض (ع۔ ا۔ مذ) ملبا کرتہ۔ پیراہن۔

ق - ن

قنات (ت۔امو) لغوی معنی کنارہ۔ پہلو۔ اصطلاحی۔ وہ کپڑے کی اوٹ یا پردہ جو خیمہ کے چاروں طرف لگادیا کرتے ہیں۔ کپڑے کی دیوار۔ کپڑے کی ٹٹی۔

قنّاد (ع۔امذ) حلوائی۔ قند ساز۔

قنادیل (ع) قندیل کی جمع۔

قنادیل فلک (ع۔امذ) کنایۃً ستارے۔

قناعت (ع۔امو) تھوڑی سی چیز پر راضی اور خوش رہنا۔ صبر۔ اکتفا۔ کفایت۔

قناعت تونگر کند مرد را (ف۔مثل) قناعت انسان کو امیر کردیتی ہے۔

قناعت گزیں (عف صفت) وہ جو قناعت کرے۔

قناویز (ت۔امو) ایک قسم کا نہایت گاڑھا چمکدار ریشمی کپڑا۔

قند (ع۔امذ) شکر۔ کھانڈ۔ چینی۔ ایک قسم کی دانہ دار مٹھائی۔ پکے سُرخ رنگ کا کپڑا۔ سالو۔

قند پارسی (ع۔امو) ایک قسم کا لطیف کھانڈ۔ مصری۔

قند لٹے اور کوئلوں پر مہر (ف۔مثل) قیمتی چیز کے تلف ہونے کا افسوس نہیں ادنے اور کم قیمت چیز پر بخیلی اور کنجوسی کا خیال۔

قندِ مکرّر یا دوبارہ (ف۔مذ) دو دفعہ صاف کیا ہوا قند نہایت عمدہ اور صاف کھانڈ۔ مجازاً معشوق کے ہونٹ۔ عمدہ اور پر مضمون کلام کو دوبارہ پڑھنا۔

قندیل (ع۔امو) شیشے کا بنا ہوا ظرف جس میں بتی روشن کر کے لوہے کی زنجیروں سے چھت میں لٹکا دیتے ہیں۔ ایک قسم کا فانوس جس میں چراغ جلا کر لٹکاتے ہیں۔ لالٹین چراغدان۔

قندیل

قندیل تر سا (عف۔امو) وہ قندیل جو گرجوں میں ہر وقت جلی رہتی ہے۔

قندیل چرخ (ع۔امو) سورج اور چاند۔

قندیل شب (عف۔امو) رات کی تاریکی۔

قندیل فلک (ع۔امو) چاند۔ سورج۔ ستارے۔

قندیلا (ف۔امذ) بہت بڑا فانوس۔ قندیل سے اسم مکبّر ہے۔

قنفل (ف۔مذ) کاغذ یا ابرک کا بڑا فانوس۔

قنطار (ع۔مذ) ایک وزن جو ۴۰ اوقیہ قریباً سوا سیر۔

قنوت (ع۔مو) ایک دعا جو نماز وتر میں پڑھتے ہیں۔ فرماں برداری۔ پاک بازی۔ عبادت خاموشی۔

قنوط (ع۔مو) ناامید ہونا۔ مایوسی۔

قنوطیت (ع۔مو) زندگی کا تاریک پہلو دیکھنا۔

ق - و

قُوَے (ع۔امذ) قوت کی جمع۔ قوتیں۔ طاقتیں۔

قواعد (ع۔امذ) قاعدہ کی جمع۔ دستور۔ قاعدے۔ رسوم۔ ریت۔ رواج۔ دستور العمل۔ گرامر۔ صرف و نحو۔ فوجی لڑائی کے قاعدے۔ اصول جنگ سپاہیوں کی ورزش۔ اصول۔ بنیادیں۔ عُرف۔

قواعد المبتدی (ع۔امو) بچوں کی صرف و نحو کی کتاب۔

قواعد دان (عف۔امذ۔ ترکیبی) فوجی ورزش کو جاننے والا۔ عرفی۔ نحوی۔ لڑائی کے ڈھنگ جاننے والا۔ قواعد جنگ اور فوجی قاعدوں سے واقف۔

قواعد کرنا (اُر محاورہ) فوج کا ورزش کرنا۔ جنگی کرتب دکھانا۔

قواعد گاہ (عف۔مذ۔ظرف) فوجی ورزش کا میدان۔ پریت۔ پریڈ۔

قوافی (ع۔امذ) قافیہ کی جمع ہے۔

قوال (ع۔امذ) صیغہ مبالغہ از قول۔ بسیار گو۔ بہت بولنے والا۔ بزرگوں کے قول گانے والا۔ گویا۔ مغرب۔ کلاونت۔ نغمہ سرا۔ شیریں زبان۔ خوش گفتار۔

قوالی (ع) موجودہ رقص و سرود جو بزرگوں کے مزاروں پر ہوا کرتا ہے۔ حقانی اور صوفیانہ چیزوں کا گانا۔ صوفیوں کی مجلس سرود۔

قوالب (ع۔امذ) قالب کی جمع۔

قوام (ع۔امذ) ٹھہراؤ۔ قیام۔ مدار۔ نظام۔ مادہ۔ بنیاد۔ مصالحہ۔ خمیر۔ اصل چاشنی پت۔ شیرہ۔ راب۔

قوانین (ع۔مذ) قانون کی جمع۔

قوت (ع۔امو) کھانا۔ خوراک۔ روزی۔ روزینہ۔ بھوجن۔ رزق۔ اناج۔ دانہ۔ پانی۔

قوت لایموت (ع۔امو) اتنی خوراک جس سے زندگی قائم رہے۔ سدرمق۔

قوت (ع) طاقت۔ زور۔ بل۔ توانائی۔ سکت۔ شکتی۔ سہارا۔ مدد۔ کمک۔ اعانت۔ تقویت۔ سلطنت۔ ریاست۔ دولت۔

قوتِ ارادی (ع۔امو) ارادے کی پختگی۔

قوت بازو (ع۔امذ) بازوؤں کی طاقت۔

قوت بازو کے جوہر دکھانا (اُر محاورہ) کوئی طاقت کا کام کرنا۔

قوت باصرہ (ع۔امو) دیکھنے کی طاقت۔ بینائی۔ جوت۔ آنکھ کی روشنی۔ رنگوں اور صورتوں میں تمیز کرنے والی طاقت۔

قوت باہ (ع۔امذ) شہوت۔ کام۔ قوت جماع۔

قوت جاذبہ (ع۔امو) جوش لینے والی قوت۔ پہنچنے والی طاقت۔ غذا کھینچنے والی طاقت۔

قوت جسمانی (ع۔امو) بدنی طاقت۔ جسم کی توانائی۔ جسمانی زور۔

قوت حافظہ (ع۔امو) یاد رکھنے کی طاقت۔ یادداشت۔ یاد۔

قوت خیال (ع۔امو) وہ قوت جو محسوس چیزوں کی صورتوں کو ذہن میں محفوظ رکھے۔

قوت دافعہ (ع۔امو) دفع کرنے اور اُٹھانے کی قوت۔ باہر نکالنے اور خارج کرنے والی طاقت۔

قوت ذائقہ (ع۔امو) چیزوں کا مزہ بتانے والی قوت۔ سواد اور لذت بتانے والی طاقت۔

قوت سامعہ (ع۔امو) سُننے کی طاقت۔ سُنائی دینے کی طاقت۔

قوت شامّہ (ع۔امو) بُو پہچاننے اور سونگھنے کی طاقت۔

قوت لامسہ (ع۔امو) چھونے اور مس کرنے کی قوت۔

قوت ماسکہ (ع۔امو) غذا کو معدے میں روکے رکھنے والی قوت۔

قوت متخیلہ (ع۔امو) خیال رکھنے کی طاقت۔ صور محسوسہ کو غائب میں محفوظ رکھنے والی قوت۔

قوت متصرفہ (ع۔امو) بعض صورتوں کو بعض معانی سے نسبت دینے والی قوت۔

قوت مدرکہ (ع۔امو) فہم۔ سمجھ۔ دریافت اور معلوم کرنے کی طاقت۔

قوت ممیزہ (ع۔امو) تمیز کرنے اور پہچاننے کی قوت۔ چیزوں کا فرق معلوم کرنے کی قوت۔

قوتِ ہاضمہ (ع۔ امو) کھانا پچانے اور ہضم کرنے کی طاقت۔
قورُوت (مو) ہتھیار۔ سلاح۔ خاصے کا پانی۔
قوربیگی (ف۔ مذ) سلاح خانے کا داروغہ۔
قورخانہ (ت۔ ف۔ مذ) سلاح خانہ۔ میگزین۔ وہ جگہ جہاں ہتھیار رکھتے ہیں۔
قورچی (ت۔ مذ) ہتھیار بند سپاہی۔
قورمہ (ت۔ امذ) گھی میں بنا ہوا گوشت۔ شوربہ دار۔
قورمہ بسا ہوا بھی دال سے اچھا ہے (اُر مثل) شریف مُفلس بھی کمینے سے اچھا ہوتا ہے۔
قورمہ پلاؤ اُڑانا (اُر محاورہ) دعوتیں خوب کھانا۔
قوس (ع۔ امو) دھنش۔ دھنک۔ کمان۔ دائرہ کا ایک حصہ۔ آسمان کا نواں بُرج۔
قوس قزح (ع۔ امو) مختلف رنگوں سے بنی ہوئی بادلوں دکھائی دینے والی کمان۔ دھنک۔ سورج کی روشنی کا بخارات آبی میں سے گزرتے وقت رنگوں میں تقسیم ہو کر کمان بننا۔ شیطان کی کمان۔
قوس نما (عف) صفت ترکیبی۔ محرابدار۔ کمان کی وضع کا۔ گولائی دار۔
قوسی (ع۔ صفت بیائے نسبتی) محرابدار۔ کمان کی طرح کا۔
قوسین (ع۔ امو) قوس کی تثنیہ۔ خطوط واعدانی ( )
قول (ع۔ مذ) بات۔ بچن۔ کہن۔ کہاوت۔ قسم۔ سوگند۔ سُوں۔ عہد و پیمان۔ مثال۔ سند کلام۔ مقولہ۔ بیان۔ صوفیا راگ۔
قول پر مٹھی کھلنا (اُر محاورہ) وعدہ کرنا۔ کسی بات پر رضامند ہونا۔
قول توڑنا / قول سے پھرنا (اُر محاورہ) وعدہ خلافی کرنا۔ بات سے انکار کر جانا۔ عہد توڑنا۔ دلیل توڑنا۔
قول دینا (اُر محاورہ) عہد و پیمان کرنا۔ قسم کھانا۔ اقرار کرنا۔ پکا وعدہ کرنا۔ ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔
قول سے پھرنا (اُر محاورہ) وعدہ خلافی کرنا۔ عہد شکنی کرنا۔
قولِ صالح (ع۔ امذ) پختہ وعدہ۔
قولِ فیصل (ع۔ امذ) فیصلہ کن بات۔
قولِ قرار (ع۔ امذ) اقرار مدار۔ عہد و پیمان۔
قول کا پکا (اُر صفت) سچا۔ بات سے نہ پھرنے والا۔ صادق القول۔
قول کا چھلا (اُر مذ) نشانی کا چھلا۔ جو عاشق و معشوق باہم لیا دیا کرتے ہیں۔
قول لینا (اُر محاورہ) قرار لینا۔ عہد لینا۔
قول مرداں جاں دارد (ف۔ مثل) مردوں کی بات سر کے ساتھ ہے۔ جان چلی جائے تو پرواہ نہیں مگر بات نہیں جانے پاتی۔
قول و فعل (ع۔ امذ) چال چلن۔ رنگ۔ ڈھنگ۔ طور و طریق۔ گفتار و کردار۔
قول و قسم (ع۔ مذ) عہد و پیمان۔
قول ہارنا (اُر۔ محاورہ) زبان دینا۔ بچن ہارنا۔ اقرار کرنا۔ ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ عہد کرنا۔
قولنج (یونانی۔ مذ) قولون انتڑی میں پیدا شدہ درد۔ باد سول۔ ایک قسم کا درد شکم۔
قولہ (ع۔ مذ) اس کا قول۔ اس کا کیا ہوا۔ کسی بات کا حوالہ دیتے ہوئے کہتے ہیں۔
قوم (ع۔ امو) آدمیوں کا گروہ۔ فرقہ۔ کُل۔ خاندان۔ گوت۔ ذات۔ نسل۔
قوم آتشی / آتشیں (عف۔ صفت) کنایۃً جن۔
قومہ (ع۔ امذ) نماز میں رکوع کے بعد کھڑا ہوا۔
قومی (ع۔ صفت بیائے نسبتی) ایک ملک یا ملت یا مذہب کے۔ وطنی۔ دیسی۔ منسوب بہ قوم۔
قومی مجلس (ع۔ امو) ہم قوم لوگوں کی انجمن جاتی سبھا۔ برادرس سوسائٹی۔
قومیانہ (اُر مصدر) قومی ملکیت میں لینا۔
قومیت (ع۔ امو۔ بیائے مصدری) نسل۔ ایک جاتی۔ مذہبی تعلق۔
قونسل (انگ۔ امذ) سفیر۔ مختار۔ وکیل۔ قانونی مشیر۔ مجلس شوریٰ۔
قوی (ع۔ صفت) زور آور۔ ٹھاڑا۔ ٹھاؤ۔ شکتی مان۔ بلوان۔ بلی۔ طاقتور۔ مضبوط۔ مستحکم۔ سخت۔ کٹھن۔ کڑا۔ بٹا کٹا۔ تناور۔ جسیم۔ موٹا تازہ۔
قوی بخت (ع۔ ا۔ صفت) خوش قسمت
قوی الجثہ یا قوی جثہ (ع۔ صفت) مضبوط جسم والا۔ بٹا کٹا۔ بھاری جسم کا۔
قوی ہیکل (ع۔ صفت) مضبوط اور بھاری جسم والا۔ بٹا کٹا۔ زور آور۔ شہ زور۔ بلی۔ قد آور۔

ق ـ ہ

قہار (ع۔ صفت) بہت غلبے والا۔ نہایت غصے والا۔ خدائے تعالیٰ کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام۔
قہر (ع۔ امذ) غلبہ۔ زبردستی۔ زور آوری۔ غصہ۔ غضب۔ خفگی۔ کرودھ۔ طیش۔ جوش۔ ولولہ۔ تیزی۔ تندہی۔ مشکل امر۔ مشکل کام۔ فساد۔ فتنہ پرداز۔ جیسے تم تو قہر ہو۔ بلا آفت۔ مصیبت۔ غضب کا۔ قیامت کا اندھیرا۔ ظلم۔ ناانصافی۔ افسوس۔ دریغ۔ حیف۔
قہر آمیز (ع۔ صفت) غصے سے بھرا ہوا۔
قہر الٰہی (ع۔ امذ) غضب خدا۔ بلا سے آسمانی۔
قہر توڑنا (اُر۔ محاورہ) نہایت خفا ہونا۔ غضب ڈھانا۔
قہر ٹوٹنا (اُر۔ محاورہ) بلائے آسمانی نازل ہونا۔ مصیبت پڑنا۔ آفت پڑنا۔ خدا کی طرف سے بدی کا بدلہ ملنا۔
قہر درویش بر جان درویش (ف۔ مثل) غریب کا غصہ اپنی ہی جان پر چلتا ہے
قہر ڈھانا (اُر محاورہ) کسی پر کوئی آفت لانا۔
قہر قیامت (ع۔ صفت) خوبصورتی اور شوخی میں نہایت پُر۔ نہایت حسین۔ بڑا فتنہ پرداز۔
قہر کا (اُر۔ صفت) غضب کا۔ قیامت کا از حد۔ نہایت چالاک۔ شوخ۔ متقنی۔ خوفناک۔ ہولناک۔ ڈراؤنا۔
قہر کا سامنا (اُر۔ امذ) قہر کا مقابلہ۔ غضب کا سامنا۔
قہر کرنا (اُر۔ محاورہ) غضب کرنا۔ بُرا کرنا۔ نامناسب کرنا۔ بے جا کرنا۔
قہر کی آنکھ سے دیکھنا (اُر محاورہ) غصے کی آنکھ سے دیکھنا۔
قہر نازل ہونا (اُر محاورہ) غضب اُترنا۔
قہر ناک (ع۔ صفت) غضب ناک۔
قہر ہونا ہے (اُر۔ محاورہ) بُرا ہوتا ہے۔ غضب ہوتا ہے۔
قہر ہے (اُر۔ محاورہ) آفت ہے۔ غضب ہے۔ عیار ہے۔ چالاک ہے۔ فسادی ہے۔ بے حد حسین ہے۔ نہایت خوبصورت ہے۔
قہراً (ع۔ تابع فعل) زبردستی سے۔ جبراً۔ مجبوراً۔ چار و ناچار۔ ظلم سے۔
قہرمان (ف۔ امذ) زبردست۔ بہادر۔ شجاع۔ جس پر کوئی فتح نہ پا سکے۔

قہقہہ (ع۔مذکر) ٹھٹھا۔ کھلکھلانا کر ہنسنا۔ زور سے ہنسنا۔ پکار کر ہنسنا۔
قہقہہ اُڑانا (اُ/ر) کسی کا مخول اُڑانا۔ مضحکہ کرنا۔ احمق بنانا۔
قہقہۂ شیشہ (ع امذ) قلقل مینا۔ شراب کی بوتل کی آواز۔
قہقہۂ صبح (ع۔امذ) صبح کا ہونا۔ بغیر ابر کے۔
قہقہوں میں اُڑنا (اُ/محاورہ) ہنسی میں ٹالنا۔
قہقہہ مارنا یا لگانا (محاورہ) ٹھٹھا مارنا۔ آوازہ لگانا۔ تمسخر کرنا۔
قہوہ (ع۔مذکر) کافی۔ ایک قسم کے بیج کا نام ہے۔ جسے بھون کر اور پھر چائے کی طرح پکا کر پیتے ہیں۔
قہوہ خانہ (عف۔مذکر ظرف) وہ مکان جہاں قہوہ پینے والے قہوہ پیتے اور خوب گپ شپ اُڑاتے ہیں۔
قہوہ دان (ف۔امذ) قہوے کا برتن۔

ق۔ی۔ے

قے (ع۔مو) اُلٹی۔ متل۔ استفراغ۔ اُبکائی۔ اُبکی۔
قے آنا (اُ/فعل) ابکائی آنا۔ الٹی آنا۔ گھبن آنا۔ نفرت آنا۔ جی بگڑنا۔
قے آور (عف صف) قے لانے والی۔
قے کرنا (اُ/فعل) اُلٹی۔ اُگلنا۔ اوکنا۔
قیادت (ع۔امو) راہبری۔ ہدایت۔
قیاس (ع۔مذ) اندازہ۔ جانچ۔ تخمینہ۔ اُٹکل۔ منطقی شکل یا مقولہ۔ رائے خیال۔ سمجھ۔ سوچ۔ بچار۔ قیافہ۔
قیاس استثنائی (ع۔امذ) منطق میں قضیہ بالشرط۔
قیاس استقرائی (ع۔امذ) منطق میں قضیہ مکمل۔
قیاس دوڑانا (اُ/محاورہ) خیال دوڑانا۔ سوچنا۔
قیاس سے باہر (اُ/ر صفت۔ مرکب بحرف) بے اندازہ۔ بے شمار۔ بے حساب ان گنت۔ سمجھ سے باہر۔ خارج از عقل۔
قیاس کرنا یا لگانا (اُ/محاورہ) سوچنا۔ رائے لگانا۔ خیال کرنا۔ ماننا۔ تسلیم کرنا۔ رائے قائم کرنا۔ عقل لڑانا۔ حساب لگانا۔
قیاس کن زگلستان من بہار مرا (ف۔مثل) ابتدا کی حالت سے آئندہ کی حالت کا اندازہ کرنا۔
قیاساً (ع۔تابع فعل) اُٹکل سے۔ اُٹکل پچو۔ اندازاً۔
قیاسی (ع۔امصفت بیائے نسبتی) منسوب بہ قیاس۔ قاعدہ کلیہ کے موافق۔ ذہنی۔
قیاصرہ (ع۔مذ) قیصر کی جمع۔
قیافہ (ع۔امذ) شگون۔ فال۔ ایک علم کا نام ہے۔ جس میں ہاتھ پاؤں اور چہرے کے خط و خال سے اچھا یا بُرا شگون لیتے ہیں۔ قیاس۔ اندازہ۔ سمجھ۔ پہچان۔
قیافہ شناس (عف۔امذ) شگونیا۔ فالیا۔ قیافہ دان۔ علم قیافہ جاننے والا۔ علم قیافہ سے واقف۔
قیافہ شناسی (عف۔امو۔ بیائے مصدری) قیافہ دانی۔ علم قیافہ سے واقفیت۔
قیام (ع۔امذ) ٹھہراؤ۔ اُٹھنا۔ کھڑا ہونا۔ استادگی۔ سکونت۔ بسیرا۔ دیرپائی۔ مضبوطی۔ موجودگی۔ سلامتی۔ نماز میں کھڑا ہونا۔
قیام پذیر (عف۔صفت ترکیبی) دیرپا۔ دیر تک رہنے والا۔ ٹکاؤ مقیم۔ سکونت کرنے والا۔ بسیرا کرنے۔ فروکش دارد۔
قیام کرنا (اُ/محاورہ) ٹھہرنا۔ اُترنا۔ فروکش ہونا۔ مقام کرنا۔
قیامت (ع۔امو) کھڑا ہونا۔ اُٹھنا۔ قائم ہونا۔ روز حشر یعنی وہ دن جبکہ مُردے دوبارہ زندہ ہو کر اُٹھیں گے۔ روز شمار۔ روز حساب۔ جگ پرلو۔ سب کے مرنے اور فنا ہونے کا دن۔ مجازاً مدت دراز۔ عرصہ دراز۔ روز پسیں۔ اخیر دن دُنیا کے ختم ہونے تک کا وقت۔ قضا اجل۔ موت کال۔ مرگ۔ آفت۔ بلا۔ قہر ظلم و ستم۔ آہ و زاری۔ رونا پیٹنا۔ چیخ دھاڑ۔ اودھم۔ غل غپاڑہ۔ انوکھی بات۔ عجیب کام۔ تعجب خیز بات۔ بکثرت۔ ازحد۔ اتگت۔ مصیبت۔ جیت۔ مبتلا عذاب دکھ۔ اندھیر۔ ظلم ناانصافی۔ افراتفری۔ ہلچل۔ شوخ۔ چنچل چُلبلا۔ طرار چالاک۔ فسادی۔ فتنہ پرداز۔ شکل۔ دشوار۔ بُرا۔ مضر۔ نامناسب۔ بیجا۔
قیامت اُٹھانا (اُ/محاورہ) فساد مچانا۔ آفت۔ برپا کرنا۔ شور مچانا۔
قیامت آنا (اُ/محاورہ) بلا نازل ہونا۔ مصیبت پڑنا۔
قیامت برپا یا بپا ہونا (محاورہ) دنگا ہونا۔ شور مچنا۔ غل غپاڑا ہونا۔ سخت مصیبت پیش آنا۔ آفت میں مبتلا ہونا۔ خفگی ہونا۔ فساد مچنا۔ لڑائی ہونا۔ سر پھٹنا۔ تلوار چلنا۔
قیامت پر اُٹھا رکھنا (اُ/محاورہ) خدا کے انصاف پر چھوڑنا۔ قیامت کے فیصلے کا منتظر ہونا۔
قیامت پر قیامت لانا یا ڈھانا (اُ/محاورہ) آفت پر آفت برپا کرنا۔ نہایت حشر برپا کرنا۔
قیامت تک نہ ہونا (اُ/محاورہ) کبھی بھی نہ ہونا۔
قیامت توڑنا (اُ/محاورہ) قہر ڈھانا۔ نہایت خفا ہونا۔ آفت برپا کرنا۔
قیامت خیز (عف صف) قیامت پیدا کرنے والا۔
قیامت ڈھانا (اُ/محاورہ) شور و غل مچوانا۔ غضب کرنا۔ فتنہ اُٹھانا۔ ظلم کرنا۔
قیامت زا (ع۔صفت) غضب کا۔ آفت کا۔
قیامت زار (ع۔امذ) میدان حشر۔
قیامت کا (اُ/ر صفت) (تعجب اور مبالغہ کے وقت) غضب کا بنا ہوا۔ آفت ڈھانیوالا۔
قیامت کی گھڑی (اُ/ر۔امو) کٹھن وقت۔ کٹھن گھڑی۔
قیامت کے آثار (اُ/ر۔امذ) وہ نشانیاں جو قیامت سے پہلے نظر آئیں گی۔ سخت مصیبت۔ سخت ہنگامہ۔
قیامت گذرنا (محاورہ) غضب میں پھنسنا۔ نہایت برا معلوم ہونا۔ مصیبت کا ہونا۔ آفت آکا۔ حشر ٹوٹنا۔
قیامت لانا (محاورہ) مصیبت برپا کرنا۔ بلا میں پھنسانا۔ فساد مچانا۔
قیامت مچنا (محاورہ) ماتم پڑنا۔ واویلا مچنا۔ کہرام ہونا۔ آفت ٹوٹنا۔ خفگی ہونا۔ دھوم پڑنا۔ بلا کی طرح پیچھے لگ جانا۔
قیامت ہونا (اُ/محاورہ) بلا آنا۔ حشر کے دن کا آنا۔ آفت آنا۔ بلا ہونا۔ مصیبت ہونا۔ مشکل ہونا۔ دشوار ہونا۔ ہنگامہ ہونا۔ شور و شر ہونا۔ بے حد بُرا ہونا۔ زبوں ہونا۔
قیامت ہے (اُ/ر محاورہ) توصیف و تعریف کا مبالغہ ہے۔ آفت ہے۔ بلا ہے۔ شور و غوغا ہے۔ بہت ہی کامل ہے۔ فتنہ ہے۔
قید (ع۔امو) روک۔ ممانعت۔ حبس۔ پابندی۔ مقدار۔ اندازہ۔ بندش۔ رکاوٹ۔ شرط۔ بند۔

قید اٹھانا/اُڑا دینا (اُر۔محاورہ) پابندی ہٹا دینا۔ شرط اٹھا دینا۔
قید بامشقت (عف۔ا۔مو) وہ سزائے قید جس میں سخت کام لیا جائے۔
قید بلا مشقت یا قید محض (اُر۔ا۔مو) (قانون) وہ قید جس میں قیدی سے محنت نہ لی جائے۔ صرف خوراک معمول سے کم ملے۔
قید بھرنا۔ یا بھگتنا۔ یا کاٹنا (اُر۔محاورہ) ۔ قید خانہ میں رہنا۔ بندھوا رہنا۔ محبوس رہنا۔
قید تنہائی قید بامشقت قید سخت (عف۔ا۔مذ) وہ قید جس میں بندش کے علاوہ قیدی سے سخت محنت بھی لی جائے اور اکیلا یعنی تنہا بھی رکھا جائے۔
قید خانہ (عف۔ا۔مذ) ظرف۔ قیدیوں کے رکھنے کا مکان۔ جیل خانہ۔ زندان۔
قید سے چھٹنا (اُر۔محاورہ) قید سے رہائی پانا۔
قید فرنگ (عف۔ا۔مو) اہل فرنگ کی قید جو نہایت سخت اور تکلیف دہ شمار کی جاتی ہے۔
قید قفس (ع۔ا۔مو) پنجرے کی قید۔ نہایت سخت قید جس میں آدمی کو پنجرے سے نکلنا نہایت مشکل معلوم ہوتا ہے۔
قید کرنا (اُر۔محاورہ) بند کرنا۔ روکنا۔ ضبط کرنا۔ پکڑنا۔ گرفتار کرنا۔ اسیر کرنا۔ پابند کرنا۔
قید لگانا (اُر۔محاورہ) شرط لگانا۔ پخ لگانا۔ مشروط کرنا۔ حد باندھنا۔
قید محض (ع۔ا۔مو) بلا مشقت قید۔
قید ہونا (اُر۔محاورہ) پکڑا جانا۔ جیل خانے جانا۔ پابند ہونا۔ محدود ہونا۔ مشروط ہونا۔
قیدی (عف۔ا۔مذ۔ بیائے فاعلیت) اسیر بندھا ہوا۔ پابند۔ سزا یافتہ مجرم۔
قیر (ع۔ا۔مذ) رال۔ ایک قسم کا سیاہ روغن جو کشتوں اور جہازوں میں لگایا جاتا ہے۔ تاکہ درزوں میں پانی نہ آئے۔ تارکول۔
قیرگوں (ع۔ف۔صفت) سیاہ فام
قیراط (ع۔ا۔مذ) درہم کے بارہویں حصے کے برابر ایک وزن۔
قیس (ع) عرب کے ایک مشہور قبیلہ کا نام۔ مجنوں عامری۔ عاشق لیلےٰ کا نام ہے یہ شخص مشاہیر عرب سے ہے۔
قیصر (رومی) (اُر۔ا۔مذ) لاطینی لغت میں اس بچے کو کہتے ہیں جو ابھی ماں کے پیٹ میں ہی ہو۔ اور اس کی ماں مر جائے۔ وہ ماں کا پیٹ چاک کر کے نکالا جائے۔ روم کا بادشاہ۔ اول بھی اسی طرح پیدا ہوا تھا جو زبردست اور صاحب اقبال ہوا۔ اس وجہ سے اسے بلکہ روم کے کل بادشاہوں کو اس نام سے پکارنے لگے۔ سلطان شہنشاہ ترکی۔ کا بادشاہ
قیصر روم (رومی۔ا۔مذ) سلطان روم شہنشاہ روم۔
قیصرہ ہند قیصر ہند (رومی و ہندی) اسم مؤنث ملکہ وکٹوریہ آنجہانی کا خطاب جو اس نے دہلی دربار کے موقعہ پر ۱۸۷۷ء میں اختیار کیا تھا۔
قیصری (عف امو) شہنشاہی۔ بادشاہی۔
قیطون (ع۔ا۔مذ) ایک قسم کی باریک پیچیدہ زری اور ریشم کی بٹی ہوئی ڈوری۔
رقیف (ت۔ا۔مذ) ایک ٹونٹی دار برتن جس کا منہ اوپر سے کھلا ہو۔ اور نیچے نلی لگی ہوتی ہے۔ جس کے ذریعے پتلی اور رقیق چیزیں بوتلوں وغیرہ میں بھرتے رہتے ہیں۔


قیف

قیقال (ع۔ا۔مو) ایک راگ کا نام۔
قیق (ع۔ا۔مو) زور کی چیز۔ ہاتھی کی آواز
قیل وقال (ع۔ا۔مو) بات چیت۔ گفتگو۔ بحث تکرار رد و کد۔
قیلولہ (ع۔ا۔مذ) دوپہر کا سونا۔ کھانا کھا لینے کے بعد لیٹ رہنا۔
قیلولہ کرنا (اُر۔محاورہ) دوپہر کے وقت سو رہنا۔ کھانا کھا کر لیٹنا۔
قیم (ع صفت) قائم کرنے والا۔ نگران۔ منتظم۔ خدا کا صفاتی نام
قیمت (ع۔ا۔مو) مول۔ دام۔ در۔ نرخ۔ بھاؤ۔ قدر۔ مرتبہ۔
قیمت اٹھانا (اُر۔محاورہ) مول طے ہونا۔
قیمت پانا (محاورہ) مول بھرنا۔ دام وصول کرنا۔
قیمت ٹھہرانا قیمت چکانا (محاورہ) بھاؤ مقرر کرنا۔ مول چکانا۔ دام مقرر کرنا۔
قیمت طے کرنا (اُر۔محاورہ) قیمت مقرر کرنا۔
قیمت گرا دینا (اُر۔محاورہ) مول گھٹا دینا۔
قیمت لگانا (محاورہ) دام لگانا۔ مول قرار دینا۔
قیمت مقرر کرنا۔ (اُر۔محاورہ) قیمت لگانا۔
قیمتاً (ع۔ متعلق فعل) قیمت کے ساتھ۔
قیمہ (عف اند) کٹا ہوا گوشت۔ ریزہ۔ ریزہ کیا ہوا گوشت
قیمہ کرنا (اُر۔محاورہ) کاٹ کاٹ کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔ پرزے پرزے کرنا۔ پرزے اڑانا۔
قینچی (ت۔ا۔مو) کترنی۔ مقراض۔ کپڑا وغیرہ کترنے کا آلہ۔ لوہے یا لکڑی کی ترچھی سلاخیں جو مکان کے گرد جنگلے کے طور پر لگا دیتے ہیں کھپریل ڈالنے کی آڑی ترچھی لکڑیاں

قینچی

قینچی باندھنا (اُر۔محاورہ) پہلوانوں کا حریف کی دونوں ٹانگوں میں اپنی ٹانگیں ڈال کر مجبور کر لینا۔ گھوڑے کو دونوں رانوں تلے دبانا۔
قینچی سی یا قینچی کی طرح زبان چلنا (اُر۔محاورہ) جلدی جلدی زبان چلنا دوسرے کی زبان کاٹنے کے فراز ہونا۔
قینچی لگانا (اُر۔محاورہ) قینچی سے کترنا۔ کاٹنا چھانٹنا۔ قلم کرنا۔ ترچھی اڑاوا ڑ لگانا۔
قینچیاں بنا دینا (اُر۔محاورہ) اختلاط میں ٹانگوں کا ٹانگوں میں اڑانا۔
قینچیاں بن جانا (اُر۔محاورہ) قینچیاں بنا دینا کا لازم ہے۔
قیود (ع۔ا۔مو) قید کی جمع ہے۔
قیوم (ع صفت) بڑا قائم ہونے والا۔ اللہ تعالیٰ کا ایک نام۔



ک (ع۔ا۔مذ) اُردو زبان کا اٹھائیسواں فارسی کا پچیسواں عربی کا بائیسواں حرف ہے۔ حساب جمل میں اس کے عدد بیس فرض کیے گئے ہیں۔

کاٹ

کا

ک - ا

کا ا (ض) حرفِ اضافت ہے۔ تعلق۔ قبضہ۔ ملکیت وغیرہ ظاہر کرنے کو آتا ہے۔ اسم کے آخر میں آکر اس میں صفت کے معنی پیدا کر دیتا ہے جیسے کابل کا لاہور کا وغیرہ۔

کابَر ا (ض۔ا۔مذ) ایک سیاہ چیتوں والے پرندے کا نام ہے۔ چنکبرا۔ چیتی دار کبرا۔

کابرا ا (اُرد۔مذ) ایک قسم کے کبوتر کا رنگ۔

کابک ا (ف۔ا۔مذ) بانس کی کھپچیوں سے بنا ہوا وہ گھر جو کبوتروں وغیرہ کیلئے بناتے ہیں۔ لکڑی کا ڈربہ۔

کابُل ا (ف۔ا۔مذ) افغانستان کے دارالخلافہ کا نام ہے۔ مشہور قصبہ کا نام۔

کابُل میں کیا گدھے نہیں ہوتے۔ مثل) مطلب یہ ہے کہ جہاں اچھے ہوتے ہیں وہاں بُرے بھی ہوتے ہی ہیں۔ کابل کے گھوڑوں کی شہرت کے باعث کہاوت ہو گئی ہے۔

کابلا ا (ض۔ا۔مذ) ایک قسم کا بڑا پیچ۔ پُلٹ ڈھیبری۔

کابلی ا (ف۔صفت بیانیہ نسبتی) کابل کا باشندہ۔ کابل کی چیز۔ کابل کی بنی ہوئی۔

کابلی چنا ا۔ (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا موٹا چنا۔

کابلی مٹر ا۔ (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا موٹا سفید مٹر۔

کابُوس ا۔ (ع۔ا۔مذ) ایک بیماری کا نام ہے۔ جس کے باعث آدمی حالت خواب میں مہیب اور ڈراؤنی شکل دیکھتا اور دباؤ محسوس کر بہت ڈر جاتا ہے۔

کابین ا۔ (ع۔ا۔مذ) مہر وہ روپیہ جو نکاح کے وقت مرد کے ذمہ لگایا جاتا ہے۔

کابین نامہ ا۔ (ع۔ف۔ا۔مذ) مہر کے روپے کا اقرار نامہ۔ مہر نامہ۔ مہر کا کاغذ۔

کابینہ ا (انگ Cabinet (کامنٹرس) ا۔ مذ) مجلس۔ وزراء۔ وزارت

کاپی (انگ۔ا۔مو۔Copy) نقل۔ تحریر۔ مسودہ۔ پرت۔ جلد۔ نسخہ۔ بیاض۔ سادے ورق۔

کاپی اٹھنا ا۔ (اُر۔محاورہ) کتابت شدہ حروف کا چھاپے کی پلیٹ پر اُبھرنا۔

کاپی اُڑنا ا۔ (اُر۔محاورہ) چھاپے کی پلیٹ پر حرفوں کا نہ آنا۔

کاپی رائٹ ا۔ (انگ۔ا۔مذ) لکھنے کا حق۔ حق تصنیف و تالیف۔ Copy Right

کاپی نویس ا۔ (انگ۔ہند) فاعلی۔ نقل نویس۔ کاتب۔ خوشنویس۔ نقل کرنیوالا۔

کاتا ا (ض۔اصوت) ترکیب مفعولی۔ کاتا ہوا۔ تاگا۔ سوت تار۔ بانس کاٹنے کا چھرا۔

کاتا اور لے دوڑی ا۔ (ض۔مثل) کام کیا اور مزدوری مانگ لی۔ جلد باز اور پیٹ کے ہلکے کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

کاتب ا (ع۔ا۔مذ) فاعل کتابت کرنے والا۔ لکھنے والا۔ نویسندہ۔ کاپی نویس خوشنویس۔

کاتبِ ازلی ا۔ (ع۔ا۔مذ) کنایۃً اللہ تعالیٰ۔

کاتبِ تقدیر ا (ع۔ا۔مذ) کنایۃً اللہ تعالیٰ۔

کاتک ا۔ (ض۔ا۔مذ) ہندی سال کا ساتواں مہینہ تقریباً ۱۵ اکتوبر سے ۱۵ نومبر تک کا وقت۔

کاتک بات کہا تک ا (ض۔ مثل) کاتک میں بات کرتے ہی یہ دن گزر جاتا ہے۔

کاتک کی کتیا ا۔ (اُر۔اسم) مستی میں بھری ہوئی کتیا (مجازاً) فاحشہ عورت۔

کاتنا ا (ض۔فعل) چرخے کے ذریعہ سوت بنانا۔ چرخے سے روئی کی تار نکالنا۔

کاتنا تو آتا نہیں پونیاں لگی بناتے ا۔ (ض۔مثل) بن جانے بوجھے کام میں دخل دینا۔

کاتے نہ بیٹھی دیا یا لے دن کھویا آلے یا لے ا۔ (اُر۔مثل) مناسب وقت ضائع کر کے بے وقت کام شروع کرنے والے کے متعلق کہتے ہیں۔

کاتی ا (ض۔ا۔مو) سناروں اور لہاروں کے ایک اوزار کا نام جس سے تار یا پترے کاٹتے ہیں۔ کتی۔ ایک اوزار کا نام۔

کاٹ ا (ض۔ا۔مو۔و۔مذ) حاصل مصدر سے کاٹنا سے کٹاؤ۔ برش۔ گھاؤ۔ زخم۔ چھانٹ۔ قطع۔ تراش۔ بیوٹ۔ بُرائی۔ بدی۔ بدگوئی۔ عداوت۔

دشمنی۔ چرچراہٹ۔ خراش۔ چھیلیں۔ تیزی روانی۔ ایک قسم کا سیاہ رنگ۔

کاٹ پھانس: (ا ۔ مو) کتر بیونت۔ لگائی بجھائی۔ توڑ جوڑ۔ چالاکی عیاری۔

کاٹ پھانس کرنا: (اُر۔ محاورہ) توڑ جوڑ کرنا۔ کمی بیشی کرنا۔ غیبت کرنا۔ بُرائی کرنا۔ بدگوئی کرنا۔ لگائی بجھائی کرنا۔

کاٹ جانا: (اُر۔ محاورہ) تیر اشنا۔ دو ٹکڑے کرنا۔ دانتوں سے زخم کرنا۔ ڈنگ مارنا۔

کاٹ چھانٹ: (ا ۔ مو) قطع برید۔ جوڑ توڑ۔ کتر بیونت۔

کاٹ چھانٹ کرنا: (اُ) قطعی کمی بیشی کرنا۔ توڑ جوڑ کرنا۔ دشمنی کرنا۔ بُرائی کرنا۔ منہا کرنا۔ اگلے حساب میں سے وضع کرنا۔ غبن کرنا۔

کاٹ دوڑنا: (اُر۔ محاورہ) غصہ سے جواب دینا۔

کاٹ ڈالنا: (اُر۔ محاورہ) تراش دینا۔ قطع کرنا۔ اُڑا دینا۔ قلم کرنا۔

کاٹ کرنا: (اُر۔ محاورہ) گھاؤ ڈالنا۔ زخم کھولنا۔ چھیلنا۔ خراش کرنا۔ کٹر وید کرنا جواب دینا۔ تماشا کاٹنا۔ پانی کا اپنا راستہ آپ بنا لینا۔

کاٹ کوٹ: (ا ۔ مو) حاصل مصدر۔ چیر پھاڑ۔ عمل ہی کمی بیشی۔

کاٹ کوٹ کر رکھنا: (اُر۔ متعلق فعل) چیر پھاڑ کر۔ کمی بیشی کر کے۔

کاٹ کھانا: (اُر۔ محاورہ) ڈنگ مارنا۔ ڈس لینا۔ مُنہ مارنا۔

کاٹ کھانے کو دوڑنا: (اُر۔ فعل) ترش روئی۔ اور تندی سے جواب دینا بدمزاجی سے پیش آنا۔ بدمزاجی سے سلوک کرنا۔

کاٹ لینا: (اُر۔ محاورہ) کاٹ کر علیحدہ کر لینا۔

کاٹا: (ا ۔ صفت۔ مفعولی) کاٹا ہوا۔ ڈسا ہوا سانپ کا زخم۔ چوٹ۔

کاٹا اور اُلٹ گئی: (ا ۔ محاورہ) ناگن کاٹتی ہے اور فوراً پلٹ جاتی ہے۔ اس وجہ سے ایسے شخص کی نسبت ہوتا ہے جو نہایت موذی اور سخت ناآشنا ہو جائے۔

کاٹنا: (اُر۔ فعل) تراشنا۔ پھاڑ کر اُتارنا۔ تلاش اُتارنا۔ درخت چھانٹنا شاخ قلم کرنا۔ کترنا۔ قینچی سے اُڑانا۔ بیونتنا۔ قطع برید کرنا۔ ڈسنا۔ ڈنگ مارنا۔ بڑکی مارنا۔ دانت گڑونا۔ زخم کرنا۔ گھاؤ ڈالنا۔ چھوڑنا تیاگنا۔ تجنا۔ الگ کرنا۔ اقتطع کرنا۔ گزارنا بسر کرنا۔ ضائع کرنا۔ راہ طے کرنا۔ قطع کرنا۔ راستہ وغیرہ کے بیچ میں سے نکل جانا۔ آگے سے چلا جانا۔ جھگڑا چکانا۔ نبٹانا۔ پہاڑ توڑنا۔ زمین صاف کرنا۔ بھگتنا۔ بھرنا۔ گلے پر چھری پھیرنا حلال کرنا۔ ذبح کرنا۔ تفریق کرنا۔ منہا کرنا۔ کمیشن دینا۔ قلم پھیرنا۔ منسوخ کرنا۔ شرم دلانا۔ شرمانا۔ تردید کرنا۔ بوٹیاں اُڑانا۔ قطار سے زمین سے کسی گاڑی کو علیحدہ کرنا وغیرہ۔

کاٹنے کو دوڑنا یا کاٹنے دوڑنا: (ا ۔ فعل) دیکھو کاٹ کھانے کو دوڑنا۔

کاٹو: (ا ۔ مو) ایک چوپہے کی قسم کا جانور ہوتا ہے۔ جو درختوں پر رہتا ہے گلہری ایک قسم کی گال بھی ہے۔ جس سے مراد ہے جاؤ تلاش کرو۔ ہمارا کیا کر لیتے ہو۔

کاٹو تو خون نہیں یا لہو نہیں: (اُر۔ محاورہ) خوف اور ڈر کے مارے بدن میں لہو کی بوند بھی نہیں رہی۔ نہایت دہشت اور خوف اور خوف کے وقت بولا کرتے ہیں۔

کاٹو: (اُر۔ صفت) کاٹنے والا

کاٹھ: (اُ۔ ا ۔ مذ) لکڑی۔ لکڑ۔ چوب۔ ایک بھاری اور موٹا لٹھ جس میں مجرموں کا پاؤں ٹھوکنے کے واسطے ایک چھید کر دیتے تھے۔

کاٹھ پتلی: (ا ۔ مو) کٹ پتلی لکڑی کی مورت۔ لکڑی کی گڑیا۔ لکڑی کا بُت

کاٹھ چبانا: (اُر۔ محاورہ) مشکل سے گزارہ کرنا۔ تنگی میں بسر اوقات کرنا۔

کاٹھ کا: (ا ۔ صفت نسبتی) لکڑی کا بنا ہوا۔ چوبیں (بحالت ۔ ا ۔ مذ)

کاٹھ کا اُلو: کا مخفف۔

کاٹھ کا اُلو: (ا ۔ ا ۔ مذ) مفید صفت۔ احمق۔ بیوقوف۔ مورکھ۔ بدھو۔ نادان منحوس۔ کندۂ ناتراش۔

کاٹھ کا گھوڑا: (ا ۔ ا ۔ مذ) لاٹھی۔ لنگڑے آدمی کی لکڑی۔ لکڑی کا زینہ لکڑی کا بنا ہوا گھوڑا۔

کاٹھ کباڑ: (ا ۔ ا ۔ مذ) ٹوٹا پھوٹا نکما اسباب۔

کاٹھ کٹول پانسی: (ا ۔ ا ۔ مذ) بچوں کے ایک کھیل کا نام ہے۔

کاٹھ کا بھبو: (اُر۔ صفت) احمق عورت۔

کاٹھ کی گھوڑی: (ا ۔ ا ۔ مو) ارتھی۔ تابوت۔ جنازہ۔

کاٹھ کی ہنڈیا بار بار نہیں چڑھتی (امثل) ناپائیدار رشتے کا اعتبار نہیں ہوتا۔

کاٹھ کی مورتی اور چندن ہار: (ا ۔ مثل) بدشکل اور بناؤ سنگار۔

کاٹھ کے گھوڑے دوڑانا: (اُر۔ محاورہ) گپیں ہانکنا۔ فضول باتیں کرنا

کاٹھ میں پاؤں پڑنا: (اُر۔ محاورہ) پابندی ہونا۔ بیڑی پہنائی جانا۔

کاٹھ میں پاؤں ٹھونکنا: (اُر۔ محاورہ) بیڑی پہنانا۔ آنے جانے سے روکنا۔

کاٹھی: (ا ۔ ا ۔ مو) بدن۔ جسم۔ تن۔ جسامت۔ ڈھانچ۔ ڈھانچا۔ پنجر۔ قالب۔ تلوار کا غلاف۔ میان شمشیر۔ نیام۔ گھوڑے کا چمڑے کا زین جس کے نیچے لکڑی ہوتی ہے۔

کانی انگلی پر نہ موتنا: (ا ۔ محاورہ) نہایت بے رحم اور کام چور ہونا۔ پرلے درجے کا بے درد اور کاہل ہونا۔

کانٹے پاڑھ نام تلوار کا: (اُر۔ محاورہ)

لڑے فوج نام سردار: چھوٹوں کی کارگزاری سے بڑوں کا نام ہو جاتا ہے۔

کانٹے کھانا: (ا ۔ محاورہ) از حد بُرا معلوم ہونا۔ نہایت ناگوار لگنا۔ خوفناک معلوم ہونا۔ ستانا۔

کانٹے کٹے نہ مارے مرے: (ا ۔ محاورہ) نہایت سخت جان آدمی ہے۔ یا نہایت دشوار کام ہے۔

کانٹے کٹے نہ ٹالے ٹلے: (ا ۔ محاورہ) نہایت سخت جان ہے۔ بڑا دشوار کام ہے۔

کانٹے نہ کٹنا: (ا ۔ محاورہ) نہایت مشکل ہونا۔ سخت کٹھن ہونا۔ دو بھر ہونا۔

کانٹے ہاتھ نام تلوار کا: (اُر۔ محاورہ) کام کوئی کرے نام کسی اور کا ہو۔

کاج: (ا ۔ ا ۔ مذ) کام کار۔ دھندا۔ کارزم۔ بوڑھے آدمی کے مر جانے کی ضیافت۔ شادی کا کام تین کے گھر تیئن ہول بنانا۔

کاج بنانا: (اُر۔ فعل) کسی کپڑے میں بٹن کے واسطے سوراخ بنانا
بٹن ہول بنانا۔
کاج کرنا: (اُر۔ محاورہ) بڑا کام کرنا۔ مُردے کی روٹی کرنا۔ بٹن کا گھر بنانا۔
کاجل: (ہ۔ ا۔ مذ) چراغ کا دھواں۔ دُودِ چراغ۔
کاجل اُڑانا: (اُر۔ محاورہ) بالکل صاف کر دینا۔ شان مٹا دینا۔
کاجل پارنا: (اُر۔ محاورہ) چراغ کی لو پر چینی رکھ کر سیاہی جمع کرنا۔
// پھیلنا: (اُر۔ محاورہ) کاجل کا آنکھوں میں مقررہ حد سے زیادہ ہونا۔
کاجل دینا یا سارنا: (اُر۔ محاورہ) آنکھوں میں کاجل لگانا۔ سُرمہ لگانا۔
کاجل کاتل: (ہ۔ ا۔ مذ) وہ خال جو عورتوں خوشنمائی کے لئے کاجل سے اپنے رخساروں پر بنالیا کرتی ہیں۔

کاجل کی کجلوٹی اور پھولوں کا سنگھار یا سنگھار
(ہ۔ کہاوت) نہایت کالی کلوٹی اور بدصورت ہونے پر زیادہ بناؤ سنگار رکھنے والی کی نسبت بولتے ہیں۔

کاجل کی کوٹھڑی میں دھبے کا ڈر۔ (ہ۔ مثل) بدنام جگہ میں جانے میں بدنامی کا آنا لازمی ہے۔

کاجل کی کوٹھڑی میں جو جاتے گا اُسے ٹیکہ لگے گا: (اُر۔ مثل) بُری صحبت یا بدنام جگہ جانے میں بدنامی ہوتی ہے۔
کاجل کھلانا یا لگانا: (اُر۔ فعل) آنکھوں میں سرمے کی جگہ۔ دُودِ چراغ کا استعمال کرنا۔
کاجُو بھوجُو: (اُر۔ ا۔ صفت یا و فاعلیت) نہایت نازک۔ بودا۔ رسمی دکھاوے کا اشارے سے لوٹ جانے والا۔
کاجی: (ہ۔ اسم صفت بیائے فاعلیت) کاج والا۔ کام کرنے والا کاریاری۔ کام کاج کرنے والا۔
کانچ یا کانچ: (ہ۔ ا۔ مو) شیشہ۔ زجاج۔ ریت اور سجی سے بنایا ہوا ایک چمکدار سخت مادہ۔
کاچھ: (ہ۔ ا۔ مذ) ران زانوں کے اُوپر کا حصہ۔ جانگ۔ جانگیہ۔ کاچھا۔ آدھا گھٹنا۔ رُوپ۔ بھیس۔ لباس۔
کاچھ کچھنا: (ہ۔ محاورہ) بھیس بدلنا۔ رُوپ بھرنا۔ بانا بدلنا۔ سوانگ بھرنا۔
کاچھ کھولنا: (ہ۔ محاورہ) لنگوٹا کھولنا۔ ازار بند کھولنا۔
کاچھا: (ہ۔ ا۔ مذ) جانگیہ۔ گھٹنا۔
کاچھن: (ہ۔ ا۔ مو) کاچھی کی عورت۔ ہندو سبزی فروش عورت۔ مالن۔
کاچھنا: (ہ۔ مصدر) خشخاش کے ڈوڈے سے افیون نکالنا۔ مطر نکالنا۔
کاچھی: (ہ۔ ا۔ مذ) مالی۔ ہندو کنجڑا۔ ہندو سبزی فروش۔
کاخ: (ف۔ ا۔ مذ) محل۔ بلند عمارت۔ ایوان۔ قصر۔ بالاخانہ
کاخ مشتری: (ف۔ اعذ) برج حوت۔
کاخ مجازی: (ف۔ اعذ) کنایتہً دُنیا۔
کاذب: (ع۔ ا۔ صفت) جھوٹا۔ دروغگو۔ باطل۔ صادق کی ضد۔
کار: (ف۔ ا۔ مذ) کام کاج۔ دھندا فعل۔ کرتوت۔ عمل۔ جنگ وجدل لڑائی معاملہ بیوہار۔ غرض۔ واسطہ۔ شادی۔ یا تقریب۔ کارج۔ مراد۔ مقصد۔ مطلب۔ کھیتی باڑی۔ زراعت۔ شغل۔ مصروفیت۔
کارآزمودہ، کارشناس: (ف۔ ا۔ صفت۔ ترکیبی) تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔
کارآمد: (ف) ا۔ صفت) ترکیب مفعولی۔ برتنے کے لائق۔ کام کا مفید مطلب۔ سودمند۔
کارآگاہ: (ف صف) کام کی حقیقت سے واقف۔ خبردار
کارآموز: (ف۔ صف) سیکھنے والا مبتدی۔
کارازدست رفتہ: (ف مثل) وہ کام جو ہاتھ سے نکل گیا ہو یا جو بات ہو چکی ہو اُس پر افسوس کرنا فضول ہے۔
کارِ امروز بفردا مگزار: (ف۔ مثل) آج کا کام کل پر مت چھوڑو۔
کارآزمودہ (ف۔ صفت) تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ واقف کار
کارآفریں (ف صفت) کام کا پیدا کرنے والا (مجازاً) اللہ تعالیٰ
کاربرآر: (ف۔ صفت) کام نکالنے والا۔ مطلب پرست۔
کاربراری: (ف۔ ا۔ مو) کام نکالنا۔ گوں نکالنا۔ انجام کار۔ تعمیل۔ انجام دہی۔
کاربند: (ف۔ ا۔ صفت) فاعل تعمیل کرنے والا۔ عمل میں لانے والا محکوم فرمانبردار۔ مطیع۔
کاربند ہونا: (اُر۔ محاورہ) عمل میں لانا۔ تعمیل کرنا۔ فرض ادا کرنا۔ عامل ہونا۔
کاربوزینہ نیست بنجاری: (ف۔ مثل) بندر کا کام آرہ کشی نہیں جس کا کام اسی کو ساجھے اور کرے تو ٹھینگا باجے ہر کسے را بہر کارے ساختند۔
کارپرداز: (ف۔ ا۔ صفت فاعلی) منتظم۔ مہتمم۔ کام کرنے والا۔ گماشتہ کارندہ۔
کارپردازی: (ف۔ ا۔ مو۔ بیائے مصدری) انتظام۔ انصرام۔ اہتمام۔ سربراہی۔ کارندگی۔
کارتمام ہونا: (اُر۔ محاورہ) کام تمام ہونا۔
کارپوریشن: (انگ۔ ا۔ مذ۔ سند یافتہ) جماعت۔ وہ جماعت یا کمیٹی جو قانوناً کسی کام کرنے کی مجاز ہو۔
کارثواب: (ع۔ ا۔ مذ) نیک کام۔ بھلائی کا کام۔ بہت اچھا کام۔
کارجوئی: (ف۔ اعذ) مطلب کا کام۔ مہم۔
کارچوب: (ف۔ ا۔ مو) جولاہوں کے تانی پھیلانے اور بننے کے آلہ۔ ایک قسم کا کشیدہ جو لکڑی کے چوکھٹے پر کپڑا پھیلا کر اس پر نکالا جاتا ہے۔ (بحالت اسم فاعل) زردوز کشیدہ کار چکن ساز۔ کشیدہ کاڑھنے کا چوکھٹا۔
کارچوبی: (ف۔ ا۔ مو۔ بیائے مصدری) زردوزی۔ کشیدہ کاری۔ زردوزی

کیا ہوا۔

کارخانگی؛ (ف۔لغ) ذاتی معاملات؛

کارخانہ؛ (ف۔ا۔ مذ) ظرف۔ باضافت مقلوب کام کرنے کی جگہ۔ چیزوں کے تیار کرنے اور بنانے کا مقام۔ جولاہوں کی کرگہ۔ گوٹا کناری بُننے کی اُونچی چرخی جس پر بیٹھتے ہیں۔ کوٹھی۔ دوکان۔ کام کاج۔ کاروبار دھندا۔ کاروبار۔ خدا کے کاروبار۔ نیچر۔ مایا۔ معاملہ۔ حساب۔

کارخانۂ الٰہی؛ (ر ف۔ا۔ مذ) خدائی معاملات۔ نیچر۔ ایشور کی مایا۔

کارخانہ پھیلانا؛ (اُر۔ محاورہ) کاروبار کو وسعت دینا۔

کارخانہ چلانا؛ (اُر۔ محاورہ) کاروبار جاری رکھنا۔

کارخانہ دار؛ (ف۔ا۔ مذ) فاعل ترکیبی۔ کارخانہ والا۔ کارخانہ کا مالک۔ کاروبار والا آدمی۔ خانساماں۔ باورچی خانے کا داروغہ۔

کارخانہ داری؛ (ف۔ ایمو) کارخانہ دار کا اسم کیفیت ہے۔

کارخیر؛ (ر ف) ا۔ مذ) نیک کام۔ بھلائی کا کام۔ اچھا کام۔ کارثواب۔

کاردار؛ (ف۔ا۔ مذ۔ فاعل) عہدہ دار۔ منصب دار۔ عامل۔

کاردان؛ (ف۔ا۔ مذ) فاعل مفید صفت۔ تجربہ کار۔ واقف کار۔ قدردان ہنرمند۔ کاریگر۔ ہنرشناس۔

کاردانِ فلک؛ (ف۔لغ) کنایتہً ستارہ عطارد۔

کاردانی؛ (ف۔ ایمو) تجربہ کاری۔ ہنرمندی۔ کاریگری۔ کارشناسی۔ معاملہ۔

کارروائی؛ (ف۔ ایمو۔ بیاتے مصدری) کام نکالنا۔ گوں پوری کرنا بغرض پوری کرنا۔ کام دھندا۔ عملدرآمد۔ تعمیل۔ دستورالعمل۔ قانون۔ ضابطہ۔ بندوبست۔ انتظام۔ پیروی۔ روب کاری۔ عدالت کی پیشی کا عملدرآمد روئداد عدالت۔

کارروائی کرنا؛ (اُر۔ فعل) کام نکالنا۔ کام چلانا۔ کام جاری ہونا۔ تعمیل کرنا۔ ڈیوٹی بجالانا۔ فرض ادا کرنا۔ متعدمگی پیروی کرنا۔

کارزار؛ (ف۔ اسم مذ) ظرف۔ جائے جنگ۔ معرکہ۔ مجازاً لڑائی۔ جنگ و جدل۔

کارساز؛ (اُر۔ صفت۔ فاعلی) کام بنانے والا۔ کاریگر۔ صانع۔ قادر مطلق۔

کارسازی؛ (ف۔ا۔ مو۔ بیاتے مصدری) کام بناتا۔ صنعت۔ چالاکی عیاری۔

کارشناس؛ (ف۔ صفت) (للصاحب) لیاقت۔ کام سے واقف۔ معاملہ فہم۔

کارشناسی؛ (ف۔ صفت) کارآزمودہ۔ تجربہ کار۔ کام جاننے والا۔

کارستانی؛ (ف۔ ایمو) شرارت۔ چالاکی۔ عیاری۔ سازش۔

کارفرما؛ (ف۔ا۔ مذ) حکم کرنے اور چلانے والا۔ حاکم۔ بادشاہ۔ کام بنانے والا

کارکن؛ (ف۔ا۔ مذ۔ ظرف) عامل۔ کارندہ۔ گماشتہ۔ منیجر۔ مختار کار۔ سربراہ۔

کارکردہ؛ (ف۔ا۔ صفت) ترکیب مفعولی۔ (دیکھو کارآزمودہ)

کارکردگی؛ (ف۔ ایمو) کارگزاری۔ اچھا کام۔

کارگاہ؛ (ف۔ا۔ مذ۔ ظرف) کام کی جگہ۔ کارخانہ۔ کرگہ۔

کارگاہِ فلک؛ (ف۔ ایمو) کنایتہً دُنیا۔ جہان۔ آسمان۔

کارگاہِ کُن فلک؛ (عف۔ ا مہ) دُنیا و جہان۔

کارگر؛ (ف۔ا۔ صفت۔ بترکیب فاعلی) موثر۔ مفید۔ فایدہ مند۔ گُن کرنے والا۔ کاری۔ مہلک۔ ہلاک کنندہ۔ بھاری۔ گہرا۔

کارگر ہونا؛ (اُر۔ فعل) مفید ہونا۔ گُن کرنا۔ کارگر ہونا۔ کاری ہونا۔ بھاری ہونا۔

کارگزار؛ (ف۔ا۔ صفت۔ بترکیب فاعلی) نہایت۔ وفاداری اور محنت سے کام کرنے والا۔ حکم بجالانے والا۔ کام میں ہوشیار۔ کام میں چالاک۔ چوکس۔ مستعد۔ خدمت گزار۔

کارگزاری؛ (ف۔ا۔ مو۔ بیاتے مصدری) فرمانبرداری۔ خدمت نوکری۔ ملازمت۔ مستعدی۔ ادائے فرض۔ تعمیل۔ حکم۔ ہوشیاری۔

کارمردانہ؛ (ف لغ) بہادری کا کام۔ جرأت کا کام۔

کارنامہ؛ (ف۔ا۔ مذ) بقلب اضافت۔ جنگ نامہ۔ بہادری کا تذکرہ بہادری کی سند۔ واقعات۔ تواریخ۔ ہسٹری۔ ضابطہ سلطنت۔ قوانین آئین

کارنمایاں؛ (ف۔ لغ) بڑا کام۔ اہم کام۔

کاروبار؛ (ف۔ مذ) کام کاج۔ دھندا۔ مشغل۔ لین دین۔ بیوپار۔

کاروباری؛ (ف ہو) کام کاج کا آدمی۔ کارند۔ مہتمم۔ منصرم۔ تاجر۔ سوداگر مطلب کی بات کرنے والا۔

کاربانک؛ (انگ۔ا۔ صفت) Carbonic منسوب بہ کاربن کوئلے کا۔ کاربن کا۔

کاربانک ایسڈ؛ (انگ۔ا۔ مذ) Carbonic Acid کوئلے کا تیزاب

کاربانک ایسڈ گاس؛ (انگ۔ا۔ مو) Carbonic Acid Gas وہ زہریلی ہوا جو زندہ حیوانات کے سانس اور گلی سڑی نباتات سے نکلتی ہے۔

کاربن؛ (Carbon) خالص کوئلہ۔ وہ زہریلا مادہ جو ہیرے اور جلی ہوئی چیزوں میں پایا جاتا ہے۔

کاربن پیپر؛ (انگ۔ا۔ مذ) Carbon Paper کسی چیز کی نقل اتارنے والا کاغذ

کاربن؛ (ذ آر۔ ایمو) ایک قسم کی بندوق۔

کارپوریشن؛ (انگ۔ ایمو) Corporation وہ جماعت یا کمیٹی جو قانوناً کسی کام کو کرنے کی مجاز ہو۔ بڑی میونسپل کمیٹی۔ ادارہ۔

کارتوس؛ (اُر۔ ا۔ مذ) Cartridge بارود بھری گول جسے بندوق میں بھر سر کرتے ہیں۔



کارتوس

کارٹون؛ (Cartoon انگ۔ا۔ مذ) تصویر کے ذریعے کسی کا خاکہ اُڑانا مزاحیہ تصویر۔

کارٹونیسٹ؛ (Cartoonist) کارٹون بنانے والا والا۔

کارٹوں

کارج ؛ (س۔ا۔ مذ) کام۔ کاج۔ تقریب۔ بیاہ شادی۔ بوڑھے کے مرنے کی روٹی۔ غرض۔ مطلب۔ مدعا۔ گوں۔ ارادہ سبب باعث۔ پیشہ۔ حرفہ۔

کارج رچنا ؛ (ہ۔ فعل) شادی پھیلانا۔ کوئی تقریب کرنا۔

کارج سِدھ کرنا ؛ (اُر۔ محاورہ) کامیابی حاصل کرنا۔ کام درست کرنا۔

کارج سِدھ ہونا ؛ (ہ۔ محاورہ) کام درست ہونا۔ کامیابی حاصل ہونا۔

کارڈ ؛ (ف۔ا۔ مذ) چاکو۔ چھری۔ چھرا۔

کارڈ ؛ (انگ۔ا۔ مذ) ملاقات کا ٹکٹ۔ پتا۔ ورق۔ پوسٹ کارڈ۔ وہ سرکاری ٹکٹ والا کاغذ جو بذریعہ ڈاک چلتا ہے۔ Card

کارڈبورڈ (انگ۔ا۔ مذ) موٹے کاغذ کا تختہ۔ گتا۔ Card Board

کارڈرائے ؛ (Corduroy انگ۔ مذ) ایک موٹا یا سوتی یا مخملی کپڑا

کارسپانڈنٹ (انگ۔ا۔ مذ) نامہ نگار۔ وقائع نویس۔ خبر نویس۔

کارسپانڈنس (انگ۔ا۔مو) خط و کتابت۔ مراسلات۔ رسل و رسائل۔

کارستانی (اُر۔ا۔مو) چالاکی۔ عیاری۔ جوڑ توڑ۔ سازش۔ ہوشیاری استادی۔ تدبیر۔ حلاج۔ اپائے۔ شرارت۔ بدی۔

کارستانی کرنا ؛ (اُر۔ فعل) شرارت کرنا۔ چالاکی کرنا سازش کرنا تدبیر کرنا۔ عیاری کرنا۔

کارک (انگ۔ا۔مذ) ایک درخت کا نام جس سے اکثر بوتلوں کے ڈاٹ بناتے ہیں۔ کاک۔ کاگ۔ ڈاٹ۔ Cork

کارَن ؛ (ہ۔ا۔مذ) سبب۔ باعث وجہ واسطے۔ لئے۔ خاطر۔

کارِندہ ؛ (ف۔ا۔صفت۔ فاعل قیاسی) محنتی کام کرنے والا۔ کارکن گماشتہ۔ منیجر۔

کارنِس ؛ (انگ۔مو) دیوار کی کنگنی۔ منڈیر۔

کارن فلور ؛ (انگ) ایک قسم کا ولایتی آٹا۔ Corn Flower

کارنیوال ؛ (انگ۔مذ) میخوں تک۔ عیسائیوں کا جشن۔ عیش و عشرت۔ رنگ رلیاں۔ Carnival

کارواں (ف۔ا۔مذ) قافلہ تاجروں یا حاجیوں وغیرہ کا جتھا۔ گروہ بنجارا۔

کارواں سالار ؛ (ف صفت) قافلے کا سردار۔ میر قافلہ۔

کارواں سرائے ؛ (ف۔ا۔مذ) بقلب اضافت قافلہ اترنے کی سرائے۔ بنجارے کا پڑاؤ۔

کاری ؛ (ف۔ا۔صفت۔ بیاتے فاعلیت) گہرا۔ موثر۔ بھاری۔ مہلک۔ کام تمام کرنے والا۔

کاری کھانا ؛ (اُر۔ محاورہ) مرغ بازوں کی اصطلاح میں مرغ کا لڑتے ہوئے شدید زخمی ہونا۔

کاریگر ؛ (ف۔ا۔مذ) ہنرمند۔ دستکار۔ کام بنانے والا استاد فن۔ ماہر۔ ہوشیار۔ سمجھدار۔ موچی۔ چمار۔

کاریگری (ف۔ا۔مو۔ بیاتے مصدری) دستکاری پیشہ وری۔ ہنرمندی استادی۔ ہوشیاری۔

کاری لگنا ؛ (اُر۔ محاورہ) سخت لگنا۔ اثر کرنے والا لگنا۔

کاریز ؛ (ف۔ا۔مو) کھیتوں کو پانی دینے کی بند نالی۔ چھوٹی نہر۔

کارے نہ مسلے ؛ (اُر۔ تابع فعل) بیوقوف۔ فضول۔ حاصل نہ حصول۔

کاڑھا ؛ (ہ۔ا۔مذ) زچہ کو پلانے کا دواؤں کا جوشاندہ۔ اچھوانا۔

کاڑھن ؛ (ہ۔لعنہ) کارچوبی۔ زردوزی۔ زربفت۔ کمخواب۔

کاڑھنا ؛ (ہ۔فعل) نکالنا۔ باہر کرنا۔ خارج کرنا۔ کشیدہ کرنا۔ جوش دینا۔ سوتی کا کام کرنا۔ کھینچنا۔ کشیدہ کرنا۔ جوش دینا۔ اونٹانا۔ قرض لینا اُدھار لینا۔ چننا۔ انتخاب کرنا۔

کاڑی ؛ (ق۔ مو) تنکا۔ تیلی۔

کاڑی کیٹ (ق۔ مذ) کوڑا کرکٹ۔

کاس ؛ (ق۔ مذ) گاتے بھینس یا بکری کا تھن۔ جنوبی ہند کے ایک سکہ کا نام۔ موقوف کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ جلاوطن کرنا۔ دیس نکالا دینا۔

کاسب ؛ (ع۔ صفت) کسب کرنے والا۔

کاست (ف۔ صفت) کم ہونا گھٹنا۔ بے کم و کاست میں مستعمل ہے۔

کاستیا ؛ (ق۔ مو) وراثتی۔

کاسٹ ؛ (Cast ۔انگ۔مو) ایکٹروں کی جماعت جو کسی کھیل میں کام کرے۔

کاسٹنگ ووٹ Casting Vote (انگ۔ مذ) صدر کا ووٹ۔ راستے فیصل جو دو برابر کے فریقوں میں فیصلہ کرے۔

کاسٹر آئل (انگ۔ مذ) انڈی کا تیل۔ جو دوست آدمی ہے۔ Castor Oil

کاسِد ؛ (ع۔ا۔ صفت۔ فاعل) کھوٹا۔ غیر۔ خالص نکما۔

کاسِر ؛ (ع) صفت) توڑنے والا۔

کاسِر ریاح ؛ (ع۔ صف) ریاح کا توڑنے والا بند کرنے والا۔

کاسِف ؛ (ع۔ مو) برے۔ بدقسمتی کے دن)

کاسمیٹکس ؛ Cosmetics ۔انگ۔مو) آرائش جمال کی اشیاء۔ غازہ ابٹن وغیرہ۔

کاسنی (ف۔ا۔ مو) ایک دوائی کا نام ہے۔ جو سرد اور دافع بخار ہے۔

کاسنی رنگ (ف۔اسم۔ مذ) سرخی مائل نیلا رنگ۔ بنفشی رنگ۔

کاسہ ؛ (ف۔ا۔ مذ) پیالہ۔ بادیہ۔ بھیک مانگنے کا ٹھیکرا۔ دھونس لنگر طعام کھانا۔ راجہ کا طعام۔

کاسۂ دیدے یا سانہ دیدے ؛ (اُر۔ محاورہ) کھانا کھلا کر رخصت کردو۔ پاس نہ رہنے دو۔ بعد میں ضرور کبھی نہ کبھی خرابی کا باعث ہوگا۔

کاسۂ سر (ف۔ا۔ مذ) سر کا پیالہ۔ کھوپڑی۔ کپال۔

کاسۂ سرگوں ؛ (ف۔لعنہ) آسمان۔

کاسۂ گدائی ؛ (ف۔ا۔ مذ) فقیروں کا بھیک مانگنے کا پیالہ۔ کچکول۔

کاسہ گر ؛ (ف۔لعنہ) کوزہ گر۔ پیالہ بنانے والا کمہار۔

کاسۂ لیس ؛ (ف۔ا۔ مذ) چھوٹے برتن چاٹنے والا۔ خوشامدی۔ پیٹو۔ فقیر بھکاری۔ لالچی (عربی)۔

کاش؛ (ف) کلمہ تمنا۔ کیا اچھا ہو۔ خدا ایسا کرے۔ خدا کرے۔

کاشانہ؛ (ف۔ا۔مذ) ظرف گنجا۔ جھونپڑا۔ کھنڈلا۔ چھوٹا سا گھر۔ گھونسلا آشیانہ۔

کاشت؛ (ف۔ا۔مو) حاصل مصدر از کاشتن کھیتی۔ جوت۔ زراعت جوتی ہوتی زمین۔ بوتی ہوتی زمین۔ کھڑا کھیت۔ موروثی زمین۔

کاشت کار؛ (ف۔ا۔مذ۔ فاعل ترکیبی) کھیتی باڑی کرنے والا رعیت دار مزارع۔

کاشت کاری؛ (ف۔ا۔مو۔ بیائے مصدری) کھیتی باڑی۔ زمین داری قلبہ رانی۔ زراعت۔

کاشتہ؛ (ف۔صفت) بویا ہوا۔ جوتا ہوا۔

کاشف؛ (ع۔ا۔صفت) فاعل از کشف کھولنے والا۔ ظاہر کرنے والا۔ پردہ دور کرنے والا۔

کاشکے؛ (ف) کلمہ تمنا۔ دیکھو (کاش)

کاظم؛ (ع۔صفت) غصہ پی جانے والا۔ مارنے والا۔ امام موسیٰ رضاؑ کا لقب۔

کاغذ؛ (ع۔اسم۔مذ) قرطاس۔ پتر۔ وہ چیز جن پر لکھتے ہیں۔ چٹھی خط نامہ۔ تحریر۔ تمسک۔ قبالہ اخبار پرچہ۔ خبر۔ پرزہ۔ رقعہ۔ پرچہ پتر۔ ورق۔ بہی کھاتہ سیکھا۔ روزنامچہ۔ ہنڈی۔ نوٹ پرامیسری نوٹ پیپر۔

کاغذ باد یا بادی؛ (ع۔ف۔ا۔مذ) کنکوا۔ پتنگ۔ تکل۔ گڈی۔

کاغذ پتر؛ (لف۔ا۔مذ) خط پتر۔ چٹھی چپاٹی۔ دستاویز۔ سند۔ قبالہ تحریر۔

کاغذ پر چڑھانا؛ (اُر۔محاورہ) رجسٹر یا بہی میں اندراج کرنا۔

کاغذ پیش کرنا؛ (اُر۔محاورہ) تمسک یا چٹھی وغیرہ سامنے رکھنا۔

کاغذ پیش ہونا؛ (اُر۔محاورہ) تمسک یا چٹھی پیش ہونا۔ (کاغذ کرنا کلام ہے)

کاغذ دفتر؛ (ف۔امذ) وہ رجسٹر جس میں مال گزاری کا حساب درج ہو۔

کاغذ سا؛ (اُر۔ا۔صفت۔ بترکیب تشبیہی) بہت پتلا۔ باریک۔ نہایت ہلکا اور نیلا۔ نازک۔

کاغذ سرکاری؛ (ف۔امذ) وہ کاغذ جس پر گورنمنٹ کی مُہر ہو۔

کاغذ سیاہ کرنا؛ (اُر۔ا۔صفت) خوب لکھ کر کاغذ بھر دینا۔ کاغذ پر بہت کچھ لکھنا۔ کاغذ چیت دینا۔

کاغذ کا پٹا باز یا پٹے باز؛ (لف۔ا۔مذ) کاغذ کے ایک کھلونے کا نام ہے۔ مجازاً دبلا پتلا آدمی۔

کاغذ کرنا؛ (اُر۔فعل) تمسک لکھنا کسی کے نام پر قبالہ لکھنا۔ دستاویز لکھنا۔ کوئی چیز کسی کے نام کرنا۔

کاغذ کھولنا؛ (اُر۔محاورہ) کسی کی غلطی یا خطا ظاہر کرنا۔ بھید کھولنا۔ عیب ظاہر کرنا۔

کاغذ کے گھوڑے؛ (اُر۔ا۔مذ) چٹھیاں۔ خطوط نامے۔ مکتوب۔

کاغذ کے گھوڑے دوڑانا؛ محاورہ) بجا بجا خطوط دوڑانا۔ ہر طرف جلدی جلدی خط لکھنا۔

کاغذ کی ناؤ؛ (لف۔مو) کمزور اور بے اصل چیز۔ ناپائیدار۔ فانی۔ پوچ۔ غیر معتبر۔

کاغذ کے گھوڑے دوڑنا؛ (اُر۔محاورہ) کاغذ کے گھوڑے دوڑانا کا لازم

کاغذ کی ناؤ آج نہ ڈوبی کل ڈوبی؛ (اُر۔مثل) بے اصل بات کو کبھی قیام ہو ہی نہیں سکتا۔ آخر ایک دن تباہ ہو گی۔

کاغذ کی ناؤ بہانا؛ (اُر۔محاورہ) بے فائدہ کام کرنا۔

کاغذ کی ناؤ پانی پر نہیں چلتی؛ (اُر۔محاورہ) ناپائیدار چیز کسی کام نہیں آتی۔

کاغذ کی ناؤ کب تک بہے گی؛ (اُر۔مثل) دھوکے سے ہمیشہ کام نہیں چلا کرتا۔ ضرور ظاہر ہو جاتے گا۔

کاغذ کی ناؤ میں کون پار اترا؛ (اُر۔مثل) بے اصل اور پوچ سہارے پر کیا بھروسا۔

کاغذ لکھانا یا لکھوانا؛ (اُر۔مثل تمسک۔ لکھانا دستاویز لکھانا۔ قبالہ بنوانا۔

کاغذ ملانا؛ (اُر) بہی کا حساب ملانا۔ بہ ملانا۔ حساب جانچنا۔ پڑتال کرنا۔

کاغذات؛ (ع۔ا۔مذ) کاغذ کی جمع۔

کاغذ نشاف؛ (ف۔امذ) بلاٹنگ پیپر۔

کاغذ نکلنا؛ (اُر۔محاورہ) موت کا حکم جاری ہونا۔

کاغذی آدمی؛ (ف۔امذ) دبلا پتلا۔ چالاک آدمی۔

کاغذی؛ (ع۔ف۔ا۔صفت۔ بیائے نسبتی) کاغذ گر۔ کاغذ بنانے اور بیچنے والے۔ کاغذ کا بنا ہوا۔ سفید کبوتر۔ دفتری۔ نازک۔ بالکل دبلا۔ کمزور۔ ایک قسم کے باریک چھلکے کا نیبو۔ حساب دان منیم بہی کھاتہ لکھنے والا۔

کاغذی اخروٹ؛ (ف۔امذ) اخروٹ کی ایک قسم جس کا چھلکا بہت پتلا ہوتا ہے۔

کاغذی بادام؛ (اُر۔ا۔مذ) نہایت باریک اور پتلے چھلکے والا بادام۔

کاغذی پیرہن؛ (ف۔ا۔مذ) کاغذی لباس جو فریادی لوگ پہن کر بادشاہ کی عدالت میں پیش ہوتے تھے۔ اس سے اظہار عاجزی ہوتا تھا۔

کاغذی گھوڑے دوڑانا؛ (اُر۔محاورہ) بہت سے خط لکھنا۔ عام چٹھیاں لکھی جانا۔

کاف ولام؛ (ع۔ا۔مذ) لاف وگزاف شیخی۔

کافر؛ (ع۔ا۔مذ) فاعل از کفر۔ حق کو چھپانے والا۔ منکر خدا۔ بے دین۔ مرتد۔ ملحد۔ مجازاً ہر معشوق۔ دلدار۔ صنم۔ ظالم۔ جفاکار۔ بے رحم۔ قہر غضب۔ فتنہ انگیز۔ بدنصیب۔ کم بخت۔

کافرادا؛ (ع۔ف۔صفت) جس کی ادائیں دلکش ہوں۔ کنایۃً معشوق۔

کافرانہ؛ (ع۔صفت) کافر کی طرح۔

کافر حربی؛ (ع۔امذ) وہ کافر جس سے لڑنا جائز ہو۔

کافر ذمی؛ (ع۔ا۔مذ) وہ کافر جو جزیہ ادا کرے۔

کافر کیش؛ (ع۔صفت) بے وفا معشوق کی تعریف میں۔

کافر نعمت؛ (ع۔ا۔مذ) ناشکرا۔ نمک حرام۔ حرام خور۔ لعسان فراموش۔

کافور؛ (ع۔ا۔مذ) کپور۔ ایک تلخ ذائقہ اور نہایت تیز خوشبودار سفید مادہ

ہوتا ہے۔ جو دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے اور کھلا رہنے سے اُڑ جاتا ہے۔

کافور ہونا۔ یا۔ کافور ہو جانا (اُر۔ محاورہ) چل دینا۔ غائب ہونا۔ اُٹھ جانا۔ ہوا ہو جانا۔ رفوچکر ہونا۔

کافور کا مرہم (اُ۔ا۔ مذ) ٹھنڈا مرہم جس کا جزو اعظم کافور ہے۔

کافوری (عف۔ا۔ صفت) بترکیب یائے نسبتی کافور کا۔ کافور کا بنا ہوا۔ کافوری رنگ کا۔ نہایت صاف اور شفاف رنگ کا کافور ملی چیز۔

کافوری رنگ (اُ۔ا۔ مذ) نہایت ہلکا زرد رنگ۔

کافوری شمع (اُ۔ا۔ مو) کافور کی بنی ہوئی موم بتی جس کا رنگ اور روشنی نہایت شفاف ہوتا ہے۔ اور دھواں بالکل نہیں ہوتا۔

کافی (Coffee) قہوہ کی ایک قسم۔ جو افریقہ میں پیدا ہوتی ہے۔

کافی (ع۔ا۔ صفت) فاعل از کفایت۔ بہت۔ بس۔ بخوبی۔ وافر۔ مکتفی۔ (بحالت اسم مونث) پنجابی نظم کی ایک قسم۔ بیت بندی قافیہ بندی نیز ایک راگنی کا نام بھی ہے۔

کافی وافی (ع۔ا۔ صفت) بہت بہت۔ بخوبی۔ من مانتا۔ پورا مکتفا

کافی ہونا (اُر۔ محاورہ) ضرورت کے مطابق ہونا۔

کافیہ (ع۔ امو) نحو کی ایک مشہور کتاب۔ کافی کی تانیث۔

کافیہ کو بھاگا بن کو جالاگام (ہ۔ مثل) نالائق پڑھائی سے بھاگ گیا۔

کاک (اُ۔ا۔ مذ) دیکھو (کارک)

کاک (ف۔ا۔ مذ) ایک قسم کی روغنی ٹکیا۔

کاک بندھیا (ہ۔ امو) وہ عورت جس کا صرف ایک ہی بچہ ہو۔

کاکا (ف۔ا۔ مذ) خدمت میں بوڑھا ہوا ہوا غلام۔ قدیمی غلام (پنجابی) ننھا بچہ۔

کاکا تو آ۔ یا۔ کاکا کوّا (ہ۔ا۔ مذ) ایک قسم کا سفید اور بڑا طوطا جس کے پَر سُرخ یا زرد ملغی ہوتی ہے۔

کاکا کی بھینس بھتیجے کی توند (ہ۔ مثل) چچا کو بہت کچھ مل جاتا ہے۔ بھتیجے کو کچھ نہیں۔

کاکریزی (ہ۔ا۔ صفت۔ بیائے نسبتی) منسوب بہ کاکریز۔ ایک سیاہی مائل اودے رنگ کا نام ہے۔

کاکڑ (اُ۔ا۔ مذ) ہرن کی قسم کے ایک جانور کا نام۔ سابر۔ چیچک کے موٹے اور کہیں کہیں نکلے ہوتے دانے۔

کاکڑا سینگی (ہ۔ا۔ مو) ایک قسم کی پھلی جو اکثر دواؤں میں کام آتی ہے۔

کاکل (ف۔ا۔ مو) سر کے بڑے بڑے آگے لٹکے ہوتے بلدار بال۔ گیسو۔ جٹا۔ لٹ۔ زُلف۔

کاکل افشانی (ف۔ امو) خوب صورتی کیلئے زلفوں کا پریشان کرنا۔

کاکل پیچاں (ف۔ا۔ مو) بل کھاتے ہوتے بال۔ خم دار زلفیں۔

کاکل شمع (ف۔ امو) شمع کا دھواں۔

کاکل گوندھنا (اُر۔ محاورہ) زلفیں سنورنا۔

کاکل مشکیں (ف۔ امو) سیاہ زُلفیں۔

کاکلودا (ہ۔ا۔ مو) مامتا۔ محبت۔ اُلفت۔

کاکلیں چھوڑنا (اُر۔ محاورہ) لٹیں لٹکانا۔ زُلفیں چھوڑنا۔

کاکی (ف۔ا۔ صفت۔ بیائے نسبتی) کاک کھانے والا۔ کاک سے رغبت رکھنے والا۔

کاگ (اُ۔ا۔ مذ) کارک کا بگڑا ہوا ہے۔ کاک ڈاٹ۔

کاگ (ہ۔ا۔ مذ) کوّا۔ زاغ۔ حلق کے اندر کا وہ گوشت جو تالو سے اندر کے رُخ لٹکتا رہتا ہے۔

کاگ اُڑانا (اُر۔ محاورہ) تند و تیز شراب کی بوتل کھولنا۔

کاگا۔ یا۔ کگروا۔ یا کگوا (ہ۔ا۔ مذ) کاگ کی تصغیر۔ چھوٹا کوّا زاغ۔

کاگا باسی بھنگ (ہ۔ا۔ مو) مسہرا کے برہمنوں کی صبح ہی پینے کی بھنگ۔

کاگا باسی موتی (ہ۔ا۔ مذ) ایک قسم کا سیاہ موتی۔

کاگا رول (ہ۔ا۔ مو) کوّوں کی کائیں کائیں۔ نہایت شور و غل۔ ہلڑ۔ غوغا۔

کاگلی (ہ۔ امو) کاگ کی تانیث ہے

کاگوا (ہ۔ امذ) سیاہ کپڑا جو اناج میں لگتا ہے۔

کال (ہ۔ا۔ مذ) موت۔ قضا۔ ملک الموت۔ موت کا فرشتہ۔ وقت زمانہ۔ موسم۔ رُت۔ قحط۔ خشک سالی۔ کالا۔ سیاہ۔ کالے رنگ والا۔ قلت۔ کمی۔ توڑا۔

کال آنا (اُر۔ محاورہ) موت کا وقت آنا۔

کال بتانا (اُر۔ محاورہ) وقت گزارنا۔ وقت ضائع کرنا۔

کال بنجر (ہ۔ا۔ مذ) بہت دنوں کی پڑی ہوئی بنجر زمین۔

کال بیلا (ہ۔ امذ) منحوس وقت۔

کال پڑنا (اُر۔ محاورہ) قحط ہونا۔ خشک سالی ہونا۔ توڑا ہونا۔ کمی ہونا۔

کالا بین (ہ۔ا۔ مذ) تحقیراً۔ نہایت ہی کالا۔ کالا حبشی۔

کال جواری (ہ۔ا۔ مذ) بڑا بھاری جوئے باز۔ نامی قمار باز۔ سخت جواری۔

کال کاٹنا (اُر۔ محاورہ) قحط کے دن گزارنا۔ خشک سالی بسر کرنا۔

کال کالوٹا (ہ۔ا۔ صفت) مفلوک۔ بھوکا۔

کال کا مارا کنگال۔ ندیدہ۔ قحط زدہ۔

کال کام (ہ۔ امذ) وہ کام جو قحط کے دنوں میں لوگوں کو کھانا دینے کیلئے کرائے جائیں۔

کال کر جانا (ہ۔ محاورہ) مر جانا۔ انتقال کرنا۔ فوت ہو جانا۔ گزر جانا۔

کال کوٹھڑی (ہ۔ا۔ مو) اندھیری کوٹھڑی۔ بہت تاریک و تنگ جگہ۔ قید تنہائی۔

کال کو کھائے بیٹھا ہے۔ (اُر۔ مثل) اس کو موت نہیں آتی۔

کال کے آگے سب لاچار ہیں (اُر۔ مثل) موت سے سب مجبور ہیں۔

کال کے منہ میں سب ہیں (ہ۔ مثل) سب کو مرنا ہے۔

کال کے ہاتھ کمان نہ بوڑھا بچے نہ جوان (ہ۔ مثل) ظالم شخص سے کوئی نہیں بچ سکتا۔ جابر کے ہاتھ سے کسی کو پناہ نہیں۔

کال نہ چھوڑے راجہ نہ چھوڑے ملنگ (ہ۔ مثل) موت کسی کی نہیں چھوڑتی چاہے بادشاہ ہو یا فقیر۔

کالا؛ (ہ۔ا۔صفت) سیاہ۔اسود۔ کالے رنگ کا آدمی۔ سانپ۔ناگ مار سیاہ۔

کالا آدمی؛ (اُر۔ا۔مذ) حبشی۔ افریقہ کے باشندہ کو کہا کرتے ہیں

کالا بال؛ (ہ۔ا۔مذ) موتے زہار۔ ناپاکی کے بال۔ ادنیٰ۔ حقیر۔ ناچیز۔

کالا بھجنگ؛ (ہ۔ا۔صفت) کالا کلوٹا نہایت کالا بہت ہی سیاہ۔ حبشی۔

کالا پانی؛ (ہ۔ا۔مذ) جزائر انڈیمان جہاں سے ہندوستانی قیدی جاتے تھے بعمر قید۔ حبس دوام۔ عبور دریائے شور سمندر کا سیاہ رنگ کا پانی۔

کالا پہاڑ؛ (ہ۔ا۔مذ) شمال مغربی سرحدی صوبے کے ایک پہاڑ کا نام ہے۔ کوہ سیاہ۔ مجازاً ہاتھی۔ فیل۔ آدمی کا سر سیس۔ ناگوار طبع۔ بلائے جان۔

کالا تل؛ (ہ۔ا۔مذ) کنجد سیاہ۔ خال سیاہ۔

کالا چور؛ (ہ۔ا۔مذ) بڑا بھاری چور۔ ہاوا چور۔ چوروں کا سردار۔ فرضی چور۔ نامعلوم الاسم آدمی۔ کسے باشد۔ کوئی شخص جس کا نام بتانا منظور نہ ہو۔

کالا دانہ؛ (اُر۔ا۔مذ) نیل کے بیج جنہیں دفع نظر کے لئے جلاتے ہیں یہ دست آور ہوتے ہیں۔

کالا دھتورا؛ (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا دھتورا جس کا درخت پھل اور بیج کالے اور پتے سبز ہوتے ہیں۔

کالا دیو؛ (ہ۔ا۔مذ) بڑا بھاری دیو۔ کالے رنگ کا بہت قد آور آدمی۔

کالا زیرہ؛ (ہ۔ا۔مذ) کڑھی وغیرہ میں ڈالنے کا نہایت اعلیٰ خوشبودار عمدہ زیرہ۔

کالا سور؛ (اُر۔امذ) سیاہ۔ خنزیر۔ گالی کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

کالا کلوٹا؛ (ہ۔ا۔صفت) نہایت کالا حبشی۔

کالا کرنا؛ (اُر۔فعل) سیاہ کرنا۔ کلنگ لگانا۔ داغ لگانا۔ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔ روسیاہ کرنا۔

کالا کوا؛ (ہ۔ا۔مذ) پہاڑی کوا۔ کاگ۔

کالا کوا کھایا ہے؛ (اُر۔ محاورہ) بہت زیادہ باتیں کرنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔

کالا کوئلہ؛ (ہ۔ا۔صفت۔ بترکیب تشبیہی) کوئلے جیسے کالا۔ نہایت کالا۔ بہت ہی سیاہ۔

کالا کھیلنا؛ (اُر۔ محاورہ) منتر کے اثر سے سانپ کا کھیلنا۔

کالا مُنہ؛ (ہ) دعائے بد نفرتاً۔ خدا تجھے رسوا اور روسیاہ کرے۔ روتے سیاہ۔ چل دُور۔ پرے ہٹ۔

کالا مُنہ کرانا؛ (اُر۔ محاورہ) زنا کرانا۔ چہرہ سیاہ کرانا۔ دفع ہونا۔ رسوا ہونا

کالا مُنہ کر جگ دکھلاوے تب لالن کی لالی پاوے۔ (ہ۔ مثل) آدمی پہلے بدنامی اور مشقت اُٹھاتے۔ تب کہیں جا کر نام روشن ہوتا ہے۔

کالا منہ کریل کے دانت؛ (ہ۔ مثل) سب باتیں بگڑی ہوتی ہیں۔

کالا مُنہ اور نیلے پاؤں
کالا مُنہ نیلے ہاتھ پاؤں } (ہ) دعائے بد نفرتاً۔ عورتیں نہایت تنفراً اور بیزاری کے وقت یہ کلمہ زبان سے نکالتی ہیں۔

کالا مُنہ ہو؛ (اُر۔ بددعا) بدنام ہو۔ رسوا ہو۔

کالا مُنہ ہونا؛ (ہ۔ فعل) روسیاہ ہونا۔ بدنام ہونا۔ رسوا اور ذلیل ہونا دفع ہونا۔ نکالا جانا۔

کالا ناگ؛ (ہ۔ا۔مذ) کالے رنگ کا سانپ مار سیاہ (بحالت اسم صفت) موذی۔ ظالم۔ تکلیف دہ۔ مار سیاہ (بحالت اسم صفت) موذی۔ ظالم۔ تکلیف دہ۔

کالا نمک؛ (اُر۔ا۔مذ) سیاہ رنگ کا نمک جو بُنّی سے تیار کیا جاتا ہے۔ اور زود ہضم ہے۔

کالا نعام؛ (ع۔ا۔صفت۔ بترکیب تشبیہی) اک بمعنی مانند اور انعام بمعنی چوپایہ۔ ایسے وقوف پشو۔

کالا ہرن مت مارو ستر ہو جائیں گی رانڈ؛ (اُر۔ مثل) ایسا آدمی نہ مرے جس کے ہاتھ میں بہتوں کی روزی ہو۔

کالائے بد بریش خاوند (ف۔ مثل) خراب چیز بیچنے والے کے پاس آجاتی ہے۔

کالعدم؛ (ع۔صفت) معدوم۔ ناپید۔

کالبد (ف۔ا۔مذ) قالب۔ ڈھانچ۔ پنجر۔ بدن۔ تن۔ جسم۔ سانچہ کالبُدت۔

کالبوت؛ (اُر۔ا۔مذ) جوتے کے اندر پھنسا کر اُسے ابھارنے اور کھلا کرنے والی لکڑی۔

کالبوت دینا۔ یا چڑھانا؛ (اُر۔محاورہ) جوتا بنا کر اس کا نخرہ نکالنا تنگ سے کھلا کرنا۔

کالج؛ (انگ۔ا۔مذ) بڑا مدرسہ اعلیٰ تعلیم کا مدرسہ۔ ادب وغیرہ سکھانے کا مدرسہ۔ College

کالر؛ (انگ۔ا۔مذ) غلام کا طوق۔ کتے کا پٹہ۔ گریبان کی کنٹھی۔ گلوبند۔ گلے گردن پر باندھنے کی چوڑی پٹی۔ Collar

کالجیٹ؛ (انگ۔ا۔مذ) کالج کے طالب علم۔ کالج میں پڑھنے والا۔ Collegiate

کالرا؛ (انگ۔ا۔مذ۔ وبائی ہیضہ۔ Cholera

کالک؛ (ہ۔ا۔مو) سیاہی۔ بدنامی۔ عیب رسوائی۔

کالک: (ہ۔ا۔مو) سیاہی۔ بدنامی۔ عیب رسوائی۔

کالک کا ٹیکا: (ہ۔ا۔مو) داغ ذلت۔ بدنامی کا داغ۔ دھبا۔ رسوائی اور ذلت۔

کالک کا ٹیکہ لگنا: (اُر۔ محاورہ) بدنام ہونا۔ رسوا ہونا۔ داغ لگنا ذلت نصیب ہونا۔

کالک لگانا: (اُر۔ محاورہ) سیاہی کا دھبہ لگانا۔ رسوا کرنا۔

کالکا: (س۔ا۔مو) کالی دیوی۔ دُرگا۔ ایک کالے رنگ کی دیوی کا نام ہے جسے ہندو لوگ پوجتے ہیں۔ کوہ شملہ کی نیچے کی طرف ایک مقام کا نام بھی ہے۔

کالم: (Column) کھمبا۔ ستون۔ قطار۔ خانہ۔ فوج کا ایک دستہ اخبار کے صفحے کا ایک حصہ۔

کالمعدوم: (ع۔ صفت) دیکھئے کالعدم۔

کالنقش فی الحجر: (ع۔ صفت) پتھر کی لکیر کی طرح پائیدار۔

کالنگڑا: (ہ۔ مذ) صبح کے وقت کا ایک راگ۔

کالوا: (ق۔ مذ) چشمہ۔ ندی۔ نہر۔

کالواٹ: (ق۔ مذ) نہر۔ (نہر)

کالونی: (انگ۔مو) نئی بستی۔ نوآبادی۔ کسی نئی جگہ بیرونی لوگوں کی آبادی۔ جن کا سیاسی تعلق اپنے وطن سے ہو۔ Colony

کالی: (ہ۔ا۔مو۔صفت) سیاہ۔ راسود۔ ایک سیاہ دیوی کا نام۔ کالکا دُرگا سیاہ فام۔ کالے رنگ کی۔

کالی آندھی: (ہ۔ ا۔مو) نہایت سخت آندھی جس کے گرد سے اندھیرا ہو جائے۔

کالی بلا: (ہ۔ا۔مو) بُری بلا۔ نہایت کالی اور سخت چڑیل۔ سخت مصیبت بڑی بپتا۔ مجازاً۔ کالی اور بدصورت عورت۔ بھتنی۔

کالی بھیڑ: (اُر۔صفت) بدمعاش۔ پاپی۔

کالی بھلی نہ سیت دونو مارو ایک ہی کھیت: (اُر۔ مثل) موذی سب ہی بُرے سفید اور سیاہ۔ دونوں کو برابر ایک سا نقصان رساں سمجھو۔

کالی پیلی آنکھیں کرنا یا نکالنا: (اُر۔ فعل) نہایت خفا ہونا۔ نہایت غصّے سے گھورنا۔

کالی تیری: (ہ۔ا۔صفت۔ نہایت سیاہ۔ بُہت ہی کالی۔

کالی دیبی: (ہ۔ا۔مو) کالکا۔ دُرگا۔ مجازاً۔ افیون۔ افیم۔

کالی زبان یا جیبھ: (لفظ ا۔مو) سیاہ زبان جس کی نسبت عوام کا خیال ہے کہ اس کی بددعا بہت جلد اثر کرتی ہے۔

کالی زیری: (ہ۔ا۔مو) ایک قسم کا کالا زیرہ۔

کالی ستیلا۔یا۔ ماتا: (ہ۔ا۔مو) چیچک کی سخت اور ایک مہلک قسم

کالی کلوٹی: (ہ۔ا۔مو۔صفت) نہایت سیاہ۔ کالی تیری۔

کالی گھٹا: (ہ۔ا۔مو) سیاہ بادل۔ ابر سیاہ۔

کالی گھٹا ڈراؤنی بھوری برسن ہار: (ہ۔ مثل) جو بکواسی اور گپی نہیں ہیں وہی کام کیا کرتے ہیں۔

کالی مٹی: (ہ۔ا۔مو) جو بہت چکنی مٹی۔

کالی مرچ: (ہ۔ا۔مو) مرچ سیاہ۔ تشبیہ کے طور پر مکھی رنگس۔

کالی ہانڈی سر پر دھرنا: (ہ محاورہ) بدنامی اٹھانا۔ رسوا ہونا۔ ذلت گوارا کرنا۔ بیوہ کا نکاح ثانی کرنا۔

کالی ہڑ: (ہ۔ا۔مو) چھوٹی ہڑ۔ ہلیلہ سیاہ۔ ہڑ زنگی۔

کالے: (اُر۔صفت) کالا کی جمع اور مغیرہ صورت سیاہ فام لوگ۔ حبشی۔

کالے آدمی صابن سے گورے نہیں ہوتے: (اُر۔ مثل) پیدائشی بات کبھی نہیں جاتی۔

کالے بال: (ہ۔ا۔مذ) موتے نہ ہار۔ ناپاکی کے بال۔

کالے پانی بھیجنا: (اُر۔فعل) جلا وطن کرنا۔ عمر قید کرنا۔ عبور دریائے شور کرنا۔

کالے تل چاٹنا: (ہ۔محاورہ) احسان اٹھانا ممنون ہونا۔ کالا دان کھانا۔ غلام بننا۔ نہایت بُرا کام کرنا

کالے دن دکھانا: (اُر۔ محاورہ) مصیبت میں مبتلا کرنا۔

کالے سر کا: (اُر۔ا۔مذ) انسان۔ آدمی۔ آدم کی اولاد۔ جوان۔ گبرو مرد

کالے سر کا ایک نہ چھوڑا: (اُر۔ مثل) چھنال عورت کی نسبت کہتے ہیں کہ جوان آدمی کوئی نہ چھوڑا۔

کالے کا ٹاپانی نہیں مانگتا: (اُر۔مثل) کالے ناگ کا دُسانیچ نہیں سکتا موذی اور دغاباز فریبی سے بچنا مشکل ہوتا ہے۔

کالے کوس: (ہ۔ا۔مذ) بہت دور کا راستہ مسافت دراز۔ بدقوں کا رستہ۔ لمبے کوس۔ بڑے بڑے کوس۔

کالے کوسوں: (ہ۔ا۔مذ) مسافت بعیدہ۔ بہت دُور۔ ہزاروں کوس برسوں کی راہ۔

کالے کوّے کھاتے ہیں: (ہ۔محاورہ) بڑھاپے کے باوجود بھی بال سفید نہیں ہوتے۔ عوام کا عقیدہ ہے کہ اگر آدمی کالے کوّے کا گوشت کھالے تو بڑھاپے میں بھی اس کے بال سفید نہ ہوں گے۔

کالے کے آگے چراغ نہیں جلتا: (اُر۔محاورہ) زبردست کے سامنے کچھ پیش نہیں جاتی اعلےٰ کے سامنے ادنیٰ کی نہیں چلا کرتی۔

کالے کی سی لہر آجاتی ہے۔ (ہ۔مثل) کبھی کبھی جنوں چڑھ جاتا ہے کبھی کبھی ہڑک اُبھر آتی ہے۔

کالے کے کاٹے کا منتر نہ جنتر: (ہ۔کہاوت) زبردست فریبی سے بچنا مشکل ہے۔

کالے مُنہ اندھیرے: (ہ۔محاورہ) نہایت سویرے۔ اندھیرے اندھیرے نور کے تڑکے بعد الصباح۔

کالے کے مُنہ میں اُنگلی دینا: (اُر۔محاورہ) ایسا کام کرنا جس میں جان کا خطرہ ہو۔

کالیا: (اُر۔صفت) کالے رنگ کا آدمی۔

کام: (ا۔اُر۔ مذ) تالو۔ مُنہ کی چھت۔ حلق مراد۔ مقصد۔ مدعا۔ مطلب۔ آرزو خواہش۔ تمنا کارِ خیر۔ کام۔ دھندا۔ کاروبار۔ فعل۔ عمل۔ کرتوت کوشش (س) اسم مذکر۔ خواہش نفسانی۔ شہوت۔ کام دیو۔ عشق۔ عشق کا دیوتا۔ محنت۔ مشقت۔ مزدوری۔ ہنر۔ کسب۔ کرتب۔ پیشہ۔

کاریگری۔ مصروفیت۔ مشغل۔ لین دین۔ بنج۔ بیوپار۔ مطلب۔ واسطے۔ تعلق۔ خاص۔ بکام۔ روزگار۔ عہدہ۔ نوکری۔ منصب زردوزی۔ کارچوبی۔ نقاشی۔ ہوشیاری۔ بڑی بات۔

کام آپڑنا:۔ (اُر۔ محاورہ) ضرورت پیش آنا۔

کام اٹکنا:۔ (اُر۔ محاورہ) کام رُک جانا۔ کام کا ہرج ہونا۔ کام بند ہونا۔

کام آخر ہونا:۔ (اُر۔ محاورہ) کام تمام ہونا۔ کام نمٹنا۔ قتل ہونا۔ مرجانا۔ کام پورا ہوجانا۔ دم نکلنا۔ قریب المرگ ہونا۔

کام آسان ہونا:۔ (اُر۔ محاورہ) مشکل دُور ہونا۔

کام آراستہ کرنا:۔ (اُر۔ مصدر مرکب) کام خراب کرنا۔

کام آنا:۔ (اُر۔ محاورہ) مناسب جگہ خرچ ہونا۔ کارآمد ہونا۔ مددگار ہونا۔ سہارا ہونا۔ مارا جانا۔ لڑائی میں قتل ہوجانا۔ خرچ ہونا۔ استعمال میں آنا۔

کام اُٹھا رکھنا:۔ (اُر۔ محاورہ) کام ملتوی کرنا۔ کام باقی رکھنا۔

کام اُٹھالینا:۔ (اُر۔ محاورہ) اپنے ذمے کام لینا۔

کام ادا ہونا:۔ (اُر۔ محاورہ) کام تمام ہوجانا۔

کام ادھورا رکھنا:۔ (اُر۔ مصدر مرکب) کام کو نامکمل کرنا۔

کام بڑھانا:۔ (اُر۔ محاورہ) کام کو ترقی دینا۔ کام زیادہ کرنا۔ تجارت کو وسعت دینا۔ کام ختم کرنا۔ دفتر برخاست کرنا۔ کام بند کرنا۔

کام بگاڑنا:۔ (اُر۔ محاورہ) کام خراب کرنا۔ کسی کام میں خلل ڈالنا۔ معاملہ خراب کردینا۔

کام بنا رہنا:۔ (اُر۔ محاورہ) قسمت کا یاور رہنا۔ اقبال کا مددگار رہنا۔ زمانہ کا حسب مراد ہونا۔

کام بنانا:۔ (اُر۔ محاورہ) کام ٹھیک کرنا۔ درست کرنا۔ مطلب نکالنا۔ مقصد پورا کرنا۔ ارمان پورا کرنا۔

کام بھگتانا:۔ (اُر۔ محاورہ) کام پورا کردینا۔ کام ختم کرنا۔ کام نمٹانا۔

کام پر لگانا:۔ (اُر۔ محاورہ) مزدوری پر لگانا۔ کسی کام کے سیکھنے میں مصروف کرنا۔ کسی خدمت پر مقرر کرنا۔

کام پیارا ہے چام پیارا نہیں:۔ (ہ۔ مثل) آدمی کی قدر کام سے ہوا کرتی ہے صرف جسمانی نمود یا خوبصورتی وغیرہ کوئی پیار نہیں کرتا۔

کام پر دیدہ لگنا:۔ (اُر۔ محاورہ) کام میں جی لگنا۔

کام تجنا:۔ (اُر۔ محاورہ) دھندا چھوڑ دینا۔ کام چھوڑ دینا۔ ترک کردینا۔

کام تمام کرنا:۔ (اُر۔ محاورہ) کام کو ختم کرنا۔ کام پورا کرنا۔ ہلاک کرنا۔ مار ڈالنا۔ قتل کرنا۔ جان لے لینا۔

کام تمام ہونا:۔ (اُر۔ محاورہ) کام پورا کرنا۔ کام ختم ہونا۔ مرنا۔ ہلاک ہونا۔ جان دینا۔ قتل ہوجانا۔ گور کنارے لگ جانا۔ جان سے جانا۔

کام چڑھانا:۔ (اُر۔ محاورہ) کسی مشین یا کل وغیرہ پر کام لگانا۔

کام چلانا:۔ (اُر۔ محاورہ) کام جاری کرنا۔ مطلب نکالنا۔ بندوبست کرنا۔ انتظام کرنا۔ وقت سے کام نکالنا۔ مشکل سے پورا کرنا۔ گزارہ کرنا۔ بسر کرنا۔

کام چلاؤ:۔ (اُر۔ ا۔ صفت) تھوڑے دنوں گزارنے کے قابل۔ رفع حاجت کے لائق۔

کام چلنا:۔ (اُر۔ محاورہ) کاربراری ہونا۔ مطلب نکلنا۔ بندوبست ہوجانا۔ گزارا ہونا۔ بسر ہونا۔ ہاتھ تنگ نہ رہنا۔ فراغت ہونا۔ اجراتے کار ہونا۔

کام چمکنا:۔ (اُر۔ محاورہ) کاروبار کا ترقی پر ہونا۔ کام کا رونق پر ہونا۔

کام چوپٹ ہوجانا:۔ (اُر۔ محاورہ) کام خراب ہونا۔

کام چور:۔ (اُر۔ ا۔ صفت) کام سے جی چرانے والا۔ کام سے ٹلنے والا۔ سست کاہل وجود۔

کام چور نوالہ حاضر:۔ (اُر۔ مثل) سست اور کاہل آدمی جو کام تو نہ کرے اور کھانے کو موجود رہے۔

کام چھیڑنا:۔ (اُر۔ محاورہ) کوئی کام جاری کرنا۔

کام دار:۔ (اُر۔ ا۔ مذ۔ فاعل ترکیبی) کام کرنے والا۔ کارکن۔ کارندہ عہدیدار۔ منتظم۔ گماشتہ (بحالت صفت) زری یا ریشم کا کام کیا ہوا۔ زردوزی کا کام کیا ہوا۔

کام داتی:۔ (اُر۔ اسم) سونے یا چاندی کی تاروں سے کپڑے پر بیل بوٹے بنانے کا کام پیشہ۔

کام دھندا:۔ (اُر۔ اسم) کاروبار۔ مشغل کا کام۔ گھر کا کام۔

کام دُولھا کو دُولھن ہی سے پڑتا ہے:۔ (اُر۔ مثل) جب آپس میں لڑائی ہو تو آپس میں ہوا کرتی ہے تیسرے کا درمیان میں کیا دخل۔

کام دکھانا:۔ (اُر۔ محاورہ) کارگزاری کا معائنہ کرانا۔ کام کی پڑتال کرانا۔

کام دیکھنا:۔ (اُر۔ محاورہ) کام کا معائنہ کرنا۔ کام کی پڑتال کرنا۔

کام دینا:۔ (اُر۔ محاورہ) کام آنا۔ حاجت روائی کرنا۔ کام پُورا کرنا۔ کوئی کام بنانے کو دینا۔ عہدہ یا خدمت سپرد کرانا۔

کام دیو:۔ (ہ۔ ا۔ مذ) خواہش نفسانی کا دیوتا۔ قوت باہ۔ خواہش جماع۔

کام ڈالنا:۔ (اُر۔ محاورہ) تعلق ڈالنا۔ پالا ڈالنا۔ سروکار پڑنا۔ کوئی کام تعلق ڈالنا۔

کام رُک جانا:۔ (اُر۔ مصدر مرکب) کام ہوتے ہوتے یکایک بند ہوجانا۔

کام سمیٹنا:۔ (اُر۔ محاورہ) کام طے کرنا۔ سرانجام دینا۔

کام سنوارنا:۔ (اُر۔ مصدر مرکب) بگڑے ہوئے کام کو ٹھیک کرنا۔

کام سے جاتا رہنا:۔ (اُر۔ محاورہ) مطلب کا نہ رہنا۔ نکما ہوجانا۔ خراب اور ناقابل استعمال ہوجانا۔

کام سے کام ہونا:۔ (اُر۔ محاورہ) اپنے مطلب سے مطلب ہونا۔ دوسرے سے مقصد نہ رکھنا۔

کام سے کام رکھنا:۔ (اُر۔ محاورہ) مطلب سے غرض رکھنا اور کسی بات کی پرواہ نہ کرنا۔

کام کا:۔ (اُر۔ ا۔ صفت۔ بترکیب فاعلی) مفید مطلب برتنے کے قابل لائق کار۔ کارآمد۔

کام کا آدمی:۔ (اُر۔ اسم) کارآمد۔ تجربہ کار شخص۔

کام کاج:۔ (ہ۔ ا۔ مذکر) لین دین۔ کاروبار معاملہ۔ مشغل اشتغال۔

کام کاجی:۔ (ہ۔ ا۔ مذ۔ بیائے فاعلیت) محنتی۔ جانکش۔ چالاک۔ ہوشیار۔ کامی۔ کاروباری۔

کام کا نہ کاج کا دشمن اناج کا ؛۔ (اُر۔ مثل) سست اور کاہل آدمی جو کھانے اور اناج بگاڑنے کے سوا اور کسی کام کا نہ ہو

کام کر جانا ؛۔ (اُر۔ فعل) کام دے جانا۔ کامیاب ہو جانا۔ کام نکال دینا۔ اپنا اثر دکھا دینا۔ کارگر ہو جانا۔ موثر ہو جانا۔ کام دے جانا۔

کام کرنا ؛۔ (اُر۔ محاورہ) کاروبار میں لگنا۔ کام کاج میں مشغول ہو جانا۔ کوئی شغل کرنا۔ فایدہ دینا۔ مفید ہونا۔ فایدہ مند ہونا۔ سرایت کرنا۔ اثر کرنا۔ مؤثر ہونا۔ کامیاب ہونا۔ مطلب پورا کرنا۔ نقل کرنا۔ کوئی عجیب کام کرنا۔ کام دینا۔ کارنمایاں کرنا۔ ہم صحبت ہونا۔ مجامعت کرنا۔

کام کرنے کی سو راہیں ہیں اور نہ کرنے کی ایک نہیں ؛۔ (اُر۔ مثل) کام صدق نیت سے کیا جاتے تو کئی طریقے نکل آتے ہیں۔ اگر نہ کرنے کی نیت ہو تو کوئی طریقہ نہیں نکلتا۔

کام کو آنہاں کھانے کو ہوں ؛۔ (اُر۔ مثل) نمک حرام چور کی نسبت بولتے ہیں۔

کام میں آنا ؛۔ (اُر۔ محاورہ) استعمال میں آنا۔

کام میں دھام دہی میں موسل (اُر۔ مثل) کسی بات میں بے موقع دخل دینا۔

کام میں کام لگانا (اُر۔ محاورہ) ایک کام کے ساتھ دوسرا کام بھی کر لینا۔ ایک پنتھ دو کاج ہونا۔

کام میں لانا ؛۔ (اُر۔ محاورہ) استعمال کرنا۔ برتنا۔ صرف کرنا۔ اٹھانا۔ خرچ کرنا۔

کام نکالنا (محاورہ) اپنی حاجت یا خواہش کو پورا کرنا۔ مطلب نکالنا۔ کارروائی کرنا۔ مقصد حاصل کرنا مراد برآری کرنا۔ کسی کے واسطے کوئی کام تجویز کرنا۔

کام ہو جانا ؛۔ (اُر۔ محاورہ) مراد برآنا۔ کام نکل جانا۔ مطلب پورا ہو جانا۔ دم نکل جانا۔ مر جانا۔ کام تمام ہو جانا۔ کوئی ضرورت پیش آنا۔ کوئی نوکری یا خدمت مل جانا

کام ہونا ؛۔ (اُر۔ محاورہ)۔ ضرورت پڑنا۔ کام بننا۔ مرنا۔ ہلاک ہونا

کام دھین ۔ (س۔ ا۔ مو) نہایت دودھیل گائے۔ ہر وقت اور ہر موسم میں دودھ دینے والی گائے جس سے جو مانگو وہی مل جائے۔ حسب عقیدہ ہندو۔ راجہ اندر کی گائے۔

کامران ؛۔ (ف۔ ا۔ صفت ترکیبی) بختاور۔ خوش قسمت۔ نیک نصیب مراد مند۔

کامرانی ؛۔ (ف۔ ا۔ مو۔ بیاتے مصدری) بختاوری۔ خوش قسمتی مراد مندی۔

کام روپی ؛۔ (س۔ ا۔ صفت بیاتے فاعلیت) شہوت خیز۔ من موہنی۔ حسینہ۔ خوبصورت ؛۔

کامگار ؛۔ (ف۔ ا۔ صفت ترکیبی) اقبال مند۔ خوش نصیب صاحب اقبال بادشاہ۔ فتحمند۔

کامگاری ؛۔ (ف۔ امو) قوت۔ طاقت۔ اقبالمندی۔

کاما ؛۔ (Comma۔ انگ مذ) سکتہ بعبارت میں ٹھہراؤ کی علامت۔

کامرس ؛۔ (Commerce۔ انگ مو) تجارت۔ سوداگری۔ بیوپار۔ تاش کا ایک کھیل۔

کام ریڈ ؛۔ (انگ مذ) یار۔ ساتھی۔ رفیق۔ ہمدم۔ Comrade

کامل ؛۔ (ع۔ ا۔ صفت) فاعل از کمال۔ پورا پورا۔ تمام۔ سب۔ سارا۔ کل۔ ماہر۔ استاد۔ کمال والا۔ بڑا بھاری دستکار۔ کاریگر۔ پرفن عارف۔ خدا رسیدہ۔ عالم فاضل۔ پکا مضبوط۔

کامل فن ؛۔ (ع صفت) کسی فن کا ماہر۔

کاملہ ؛۔ (ع صفت مو) دیکھئے کامل جس کی یہ تانیث ہے۔

کامنی ؛۔ (س۔ ا۔ مو۔ صفت) نہایت خوبصورت عورت۔ حسینہ۔ نازک اور دبلی پتلی عورت۔ چھریرے بدن والی۔

کامود ؛۔ (س۔ ا۔ مذ) مالکوس راگ کی ایک راگنی کا نام ہے جسے رات کو گاتے ہیں۔

کامونی یا کمونی ؛۔ (یونانی) ا۔ مو) ہاضمہ اور معدے کی ریاح تحلیل کرنیوالی چٹنی۔

کامی ؛۔ (اُر۔ ا۔ صفت بیاتے فاعلیت) کاروبار والا۔ کام کاج میں مصروف۔ کام کا۔ مفید۔ کارآمد۔ عیاش۔ شہوت پرستی۔

کامیڈی ؛۔ (Comedy۔ انگ ا۔ مو) ایسا ڈرامہ یا قصہ جس کا انجام خوشی پر ہو۔

کامیڈین (Comedian۔ انگ۔ مذ) طربیہ نگار۔ خوش کن ڈرامے لکھنے والا نقال۔ بھانڈ۔ سوانگیا۔ مسخرا ایکٹر۔

کامیاب ؛۔ (ف۔ ا۔ صفت ترکیبی) مراد مند۔ مراد پانے والا۔ بہرہ ور۔ کامراں۔ کام گار۔

کامیابی ؛۔ (ف۔ ا۔ مو۔ بیاتے مصدری) مراد مندی۔ بہرہ وری۔ کامرانی۔

کان ؛۔ (ف۔ ا۔ مو) کھان۔ معدن۔ وہ جگہ جہاں سے کھود کر دھاتیں وغیرہ معدنی اشیاء نکالتے ہیں۔

کانِ ملاحت ؛۔ (ع ف ا۔ صفت) مزے اور ذائقہ کی کھان۔ مجازاً وہ معشوق جو سانولا سلونا ہو۔

کان ؛۔ (ہ۔ ا۔ مذ) سننے کا عضو۔ گوش۔ کرن۔ سماعت سننے کی طاقت۔ چارپائی کی پیڑھ اینٹھ۔ بل۔ کھچاؤ۔ مجازاً۔ دھیان۔ خیال۔ توجہ

کان آشنا ہونا ؛۔ (اُر۔ محاورہ) کسی بات کا سنا ہوا ہونا۔

کان اُڑانا ؛۔ (اُر۔ محاورہ) شور و غل سے پریشان کرنا۔ طویل باتیں سن کر پریشان ہونا

کان اُڑے یا پھٹے پھولے جانا (اُر۔ محاورہ) شور و غل کی کثرت سے یا لمبی داستان کے سننے سے کانوں کا پریشان ہو جانا۔

کان اینٹھنا۔ اکھاڑنا۔ اینٹھنا۔ کھینچنا مروڑنا (اُر۔ محاورہ) سزا دینا گوشمالی۔ ادب دینا۔ تادیب کرنا۔ تنبیہ کرنا۔ دھمکانا۔ باز آنا۔ توبہ کرنا۔ کسی کام کے نہ کرنے کا اقرار کرنا۔ ستار یا طنبورہ سارنگی وغیرہ کی کھونٹی مروڑنا۔

کان اونچے کرنا ؛۔ (اُر۔ محاورہ) چوکنا ہونا ہوشیار ہونا۔ کسی بات کے سننے کو کان لگانا۔

کان کھڑے کرنا ؛۔ (اُر۔ محاورہ) چوکنا ہونا۔ ہوشیار ہونا۔ بدلنا۔

کان بال ؛۔ (ہ۔ ا۔ مذ) ہندوؤں کی ایک رسم کا نام ہے۔ جس میں بچے کے

کان چھدلئے اور بال منڈولتے جاتے ہیں۔

کان بجنا:۔ (ہ۔ محاورہ) کان میں ہر وقت آواز آنا۔ کسی کے پکارے بغیر ہی بول اُٹھنا۔

کان پچیانا:۔ (اُر۔ محاورہ) شرارت کے لئے گھوڑے کا اپنے کانوں کو بھڑ بھیڑ ہلانا۔

کان بندھنا:۔ (اُر۔ محاورہ) کان میں چھید ہونا۔

کان بندھوانا:۔ (ہ۔ محاورہ) کانوں میں چھید کروانا۔ کان چھدوانا۔

کان بہرا کرنا:۔ (اُر۔ محاورہ) جان بوجھ کر اپنے آپ کو بہرا ظاہر کرنا۔

کان بھر جانا:۔ (اُر۔ محاورہ) باتوں سے اُکتا جانا۔

کان بھر دینا:۔ (اُر۔ محاورہ) کسی کی طرف سے کسی کے کانوں میں برا تی ڈال دینا

کان بھرنا:۔ (ہ۔ محاورہ) غیبت کرنا۔ بدگوئی کرنا۔ لگائی بجھائی کرنا۔

کان بہنا:۔ (اُر۔ محاورہ) کان سے پیپ جاری ہونا۔

کان پر جُوں نہ چلنا:۔ (اُر۔ فعل) بے پروائی کرنا۔ ڈھیٹ ہو جانا۔ کہا نہ ماننا۔

کان پر سے گولی نکل جانا:۔ (اُر۔ محاورہ) کسی صدمے یا آفت سے بال بال بچنا۔

کان پر ہاتھ دھرنا یا رکھنا:۔ (اُر۔ محاورہ) صاف انکار کرنا۔ لا علمی جتانا۔

کان پڑنا:۔ (اُر۔ محاورہ) سُنائی دینا۔ سُننے میں آنا۔ گوش زد ہونا۔

کان پڑی آواز یا بات سُنائی دینا:۔ (اُر۔ نہایت شور و غل ہونا۔ نہایت شور و غوغا کے سبب کوئی بات سمجھ میں نہ آنا۔

کان پڑی کام آتی ہے۔ (اُر۔ مثل) سُنی سُنائی بات کبھی نہ کبھی کام آ ہی جاتی ہے۔

کان پکڑ کے اُٹھانا بیٹھانا:۔ (ہ۔ محاورہ) نہایت مطیع و فرمانبردار بنانا۔ کان پکڑ کر کبھی اُٹھانا کبھی بٹھانا۔

کان پکڑ کے اُٹھا دینا یا نکال دینا:۔ (اُر۔ محاورہ)۔ نہایت ذلت اور بے عزتی کے ساتھ کسی جگہ سے اُٹھا دینا۔

کان پکڑنا:۔ (اُر۔ محاورہ)۔ کان اینٹھنا۔ کان مروڑنا۔ کسی کے کمال کے سامنے اپنے عجز کا اقرار کرنا۔ توبہ کرنا۔ حرم سے باز رہنا۔ پرہیز کرنا۔ کنارہ کرنا۔ چھوڑنا۔ بچنا۔ تیاگنا۔ ترک کرنا۔ بچوں کو سزا دینے کا ایک خاص طریقہ۔

کان پکڑوانا:۔ (اُر۔ محاورہ) اُستاد کا لڑکوں کو سزا دینا۔

کان پکڑی باندھی یا لونڈھی:۔ (ہ۔ مو) فرمانبردار باندی۔ تابع فرمان لونڈی۔

کان پھٹے جانا:۔ (اُر۔ محاورہ) شور و غل کے باعث پریشان ہونا۔

کان پھڑ پھڑانا:۔ (ہ۔ محاورہ) ہوشیار ہونا۔ مستعد ہونا۔ تیار ہونا۔ گھوڑے کا دونوں کانوں کو ہلانا جو سفر کے حق میں بدشگون خیال کیا جاتا ہے۔

کان پیارے تو بالیاں / جورو پیاری تو سالیاں:۔ (ہ۔ مثل) کسی چیز کی محبت ہونے کے متعلقین کے ساتھ اُلفت ہونے کے موقع پر بولتے ہیں۔

کان تک نہ ہلانا:۔ (اُر۔ محاورہ) کوئی عذر نہ کرنا۔ مان لینا۔

کان تلے کی چھوڑنا:۔ (اُر۔ بھید اور راز کی بات کہنا۔ چبھتی اور لگتی کہنا۔

جھوٹی گپ اُڑانا:۔ گپ ہانکنا۔

کان جھنانا:۔ (ہ۔ محاورہ) کسی سخت صدمے یا آواز کا کانوں کو ناگوار اور بُرا معلوم ہونا۔

کان دبا کر چلا جانا:۔ (ہ۔ محاورہ) چُپ چاپ۔ بے چوں و چرا کئے چلے جانا۔ چپکے سے کھسک جانا۔

کان دبانا:۔ (اُر۔ فعل) کانوں میں اُنگلیاں دینا۔ کانوں پر ہاتھ رکھنا۔ خوف کے باعث سامنے نہ آنا۔ دبنا۔ کنیانا۔ ہار ماننا۔ کنی کھانا۔

کان دباتے ہوتے:۔ (اُر۔ صفت) چُپ چاپ۔

کان دکھانا:۔ (اُر۔ محاورہ) کان کا مَیل نکلوانا۔ کان ملیتے سے کان صاف کرانا۔

کان دھر کر یا دھر کے سُننا / کان دے کے سُننا:۔ (ہ۔ محاورہ) دھیان دے کر سُننا۔ غور سے سُننا۔ بڑی توجہ سے سُننا۔

کان دھرنا / کان دینا:۔ (ہ۔ محاورہ) سُننا۔ کان لگانا۔ غور سے سُننا۔

کان رکھنا:۔ (ہ۔ محاورہ) خیال رکھنا۔ توجہ دے کر سُننا۔ کان لگانا۔

کان کا پردہ:۔ (اُر۔ ا۔ مذ) کان کے اندر کی باریک سوراخ دار اور جھلی جو نہایت نرم اور نہایت نازک ہے۔

کان کا پردہ پھٹ جانا:۔ (اُر۔ محاورہ) شور و غل کے باعث کانوں کو اس قدر صدمہ پہنچنا کہ سماعت میں فرق آجائے۔

کان کاٹنا یا کان کترنا:۔ (اُر۔ محاورہ) کان چھیلنا۔ کان تراشنا۔ مات کرنا۔ بڑھ جانا۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔

کان کا کچا:۔ (اُر۔ محاورہ) وہ شخص جو بے سوچے سمجھے ہر ایک کی بات پر اعتبار کر لے۔ ضعیف الاعتقاد۔

کان کا مَیل:۔ (اُر۔ ا۔ مذ) کان کے اندر کی غلاظت اور کثافت۔

کان کھانا:۔ (ہ۔ محاورہ) ستانا۔ دق کرنا۔ شور و غل مچانا۔ بکواس سے دماغ پریشان کرنا۔

کان کھڑے کرنا:۔ (اُر۔ محاورہ) چوکنا ہونا۔ چوکنا۔ ہوشیار ہونا۔ کان اُونچے کرنا۔

کان کھول دینا:۔ (اُر۔ محاورہ) جتا دینا۔ آگاہ کرنا۔ ہوشیار کر دینا۔

کان کھول کے:۔ (اُر۔ متعلق فعل) ہوشیار ہو کے غفلت دُور کر کے۔

کان کی مینگنیاں نکلوانا:۔ (اُر۔ محاورہ) کان کا مَیل صاف کرانا۔ بہرے پن کا علاج کرانا۔

کان کا پردہ اُڑا دینا:۔ (اُر۔ محاورہ) شور و غل سے کانوں کی سماعت میں فرق آجانا۔

کان کے کیڑے کھا جانا:۔ (اُر۔ محاورہ) کنایۃً۔ بہت باتیں کرنا۔ بکواس کرنا۔

کان گنگ ہونا:۔ (اُر۔ محاورہ) کان بہرا ہونا۔ کان ساتیں ساتیں کرنا۔

کان گئے:۔ (اُر۔ محاورہ) کان بیکار ہو گئے۔

کان کھولنا:۔ (اُر۔ محاورہ) کسی بات کے سُننے کے لئے متوجہ ہونا۔ خبردار کرنا۔ ہوشیار کرنا۔ نصیحت دینا۔ تنبیہ کرنا۔

کان لگانا۔ (اُر۔ محاورہ) چھپ کر سُننا۔ دھیان لگا کر سُننا۔ خیال کرنا۔

کان لگنا۔ (اُر۔ محاورہ) سُنہ پڑھنا۔ یار بننا۔ کان پک جانا۔ سرگوشی کرنا۔ کانا پھوسی کرنا۔ خیال ہونا توجہ ہونا۔ دھیان ہونا۔

کان مروڑنا یا ملنا۔ (اُر۔ محاورہ) کان کھینچنا گوشمالی کرنا۔ ڈرانا۔ سزا دینا۔ سارنگی یا ستار کی کھونٹی مروڑنا۔

کان میلیا۔ (ا۔ ا۔ مذ) فاعل ترکیبی بالف۔ فاعلی۔ کان کا میل صاف کرنیوالا

کان میں پڑنا۔ (اُر۔ محاورہ) سُننے میں آنا۔ گوش زد ہونا۔

کان میں پھونکنا۔ (اُر۔ فعل) کان میں کہنا بدگوئی کرنا۔ بددل کرنا۔ کسی کی تعریف کر کے اُسے پھُسلانا۔

کان میں تیل ڈال لینا۔ یا۔ ڈالنا۔ (اُر۔ محاورہ) خاموشی اختیار کر لینا اپنے آپ کو بے خبر اور بہرا بنا لینا۔ جان بوجھ کر کسی بات سے بے خبر ہو جانا۔

کان میں جھنجھنی کوڑی ڈالنا۔ (ہ۔ محاورہ) غلام بنانا۔ حلقہ بگوش بنانا۔ غلامی کی نشانی کان میں ڈالنا۔

کان میں ڈال دینا۔ یا۔ ڈالنا۔ (اُر۔ محاورہ) سُنا دینا۔ مطلع کر دینا۔ خبردار کر دینا۔ کہہ دینا۔

کان میں روئی دے کے ہو بیٹھنا۔ (ہ۔ محاورہ) بالکل بے خبر بن جانا۔ قطعی بے پروا ہو جانا۔

کان میں کھٹکنا۔ (ہ۔ محاورہ) غلط ہونا۔ کانوں کو بُرا لگنا۔ ناگوار معلوم ہونا۔

کان کہنا یا کہہ دینا۔ (اُر۔ محاورہ) چپکے سے کہہ دینا۔ پوشیدہ اور خفیہ طور پر جتا دینا۔

کان میں بھنک پڑنا۔ (اُر۔ محاورہ) افواہ۔ سنائی دینا۔

کان میں پارا اُبھرنا۔ (اُر۔ محاورہ) گونگا بہرا کر دینا۔

کان میں پڑا رہنا۔ (اُر۔ محاورہ) کوئی بات یاد رہنا۔

کان میں پنبہ ڈال کر سو رہنا۔ (اُر۔ محاورہ) بے خبر ہونا بے پرواہ ہونا۔

کان میں ڈھول بجانا۔ (اُر۔ محاورہ) کان کے پاس چلانا۔ بہت نزدیک سے کہنا۔

کان میں روئی دے کر بیٹھنا۔ (اُر۔ محاورہ) بے خبر ہونا۔ غافل ہونا۔

کان نہ پھڑپھڑانا / کان نہ کھڑکھڑانا / کان نہ کھڑکانا / کان نہ ہلانا (اُر۔ محاورہ) ذرا بھی انکار نہ کرنا۔ مطلق چون وچرا نہ کرنا۔ چُپ ہو جانا۔ خاموش ہو رہنا۔ چُپ چاپ رہنا۔ جانور کا مانوس ہو جانا۔ نہایت پل جانا۔ سدھ جانا۔

کان نہ دھرنا۔ (اُر۔ محاورہ) توجہ نہ دینا۔ غور نہ کرنا۔

کان ہونا۔ (اُر۔ محاورہ) چار پائی یا کسی چوکونی چیز میں پیڑھ ہونا۔ نصیحت حاصل ہونا۔ عبرت ہونا۔ خبردار ہونا۔ ہوشیار ہونا۔ اطلاع ہونا۔ خبر ہونا۔ آزمایش ہونا۔ تجربہ ہونا۔ دھیان اور خیال ہونا۔ سمجھنا۔

کان۔ (ا۔ ا۔ مو) لاج۔ شرم۔ حیا۔ گستاخی۔ ڈھٹائی۔

کان چھوڑنا۔ (ہ۔ ا۔ صفت بالف فاعلیت) عیب دار۔ معیوب۔ مجازاً ایک آنکھ والا بیک چشم کانڑا۔ داغی بھیل یا نکاری۔ ٹیڑھا۔ ترچھا۔ پاسہ کا ایک نقطہ۔

کانا پھوسی۔ (ا۔ ا۔ مو) سرگوشی۔ کھسر پھسر۔

کانا پدھو نظر۔ (اُر۔ مثل) نہایت مُفلس جس کے پاس کوئی سامان نہ ہو۔

کانا کچھوا۔ (ا۔ مذ) ایک پہاڑی ترکاری کا نام جو برسات میں خود رو ہو جاتی ہے۔

کانا کھدرا۔ (اُر۔ صفت) ناقص چیز یا ایسا پھل جس میں سوراخ ہو گئے ہوں۔

کانا گوشی۔ (اُر۔ ا۔ مو) کانا پھوسی۔ سرگوشی۔ گوشمالی۔

کانپ۔ (ہ۔ ا۔ مو) تینگ یا کنکوے کی خمدار پتلی لچکی۔ چھتری کی تیلی۔ سور اور ہاتھی کا اگلا دانت۔ نہایت صاف اور عمدہ چونا۔ کانپنا سے حاصل مصدر امر حاضر۔

کانپ اُٹھنا / کانپ جانا۔ (اُر۔ محاورہ) خوف سے تھرا جانا۔ کپکپی ہو جانا۔ لرز جانا۔ ڈر جانا

کانپنا۔ (ہ۔ فعل) لرزنا۔ ہلنا۔ تھر تھرانا۔ خوف یا سردی سے تھرانا۔ رعشہ ہونا۔ خوف کھانا۔ ڈرنا۔

کانٹا۔ (ق۔ مو) کپکپی آنا۔ لرزہ طاری ہونا۔

کانٹا۔ (ہ۔ ا۔ مذ) کنڈا۔ سُول۔ خار۔ قیمتی چیزیں تولنے کا ترازو۔ زبان ترازو۔ ترازو کے دستے کی سوئی۔ مچھلی پکڑنے کا مڑا ہوا اور نوک دار آلہ۔ کنوئیں میں سے گرے ہوئے ڈول وغیرہ نکالنے کا اوزار۔ میز کا پنجہ۔ کھانا کھانے کا خار۔ مچھلی کا خار۔ آنکڑا۔ ریل گاڑی کو ایک لائن سے دوسری لائن پر لے جانے کی دبانے والی کل ہک۔ کیل کانٹا۔ مرغ۔ تیتر۔ چکور وغیرہ جانوروں کے نروں کے پاؤں کے خار۔ پرندوں کے ایک سخت مرض کا نام جو اُن کے لئے مہلک ہوتا ہے۔ کھٹکا۔ خلش۔ نہایت ناگوار۔ لاغر۔ دُبلا۔ نہایت پتلا۔ نہایت تیز اور تند شراب۔ شراب کا تیز نشہ۔ زمین داروں کا کھیت میں گھاس اُٹھانے کا لکڑی کا پنجہ۔ گھڑی گھنٹے وغیرہ کی سوئی۔ زبان کا کھُردرا پن۔ روک۔ اٹکاؤ۔ قوام کا تار۔ دُشمن کا تار۔ بیری۔ علم۔ حساب میں جمع تفریق ضرب تقسیم کا نشان۔

کانٹا بدلنا۔ (اُر۔ محاورہ) ریل کے کانٹے کو ایک طرف سے دوسری طرف کر دینا۔ بات کا رُخ بدلنا۔

کانٹا گڑنا / کانٹا چبھنا (اُر۔ محاورہ) کانٹا لگنا۔ پھانس لگنا۔

کانٹا نکالنا یا پھرانا۔ پھیرنا۔ (اُر۔ محاورہ) گرے ہوئے ڈول وغیرہ کے نکالنے کے لئے کنوئیں میں کانٹا پھانسنا۔

کانٹا سا۔ (ہ۔ اصفت نسبتی م) نہایت دُبلا۔ بہت ہی لاغر۔ قاق۔ خار کی طرح۔

کانٹا سا کھٹکنا (ہ۔ محاورہ) نہایت بُرا لگنا بہت ہی ناگوار گزرنا۔ خار محسوس ہونا۔

کانٹا سا نکل جانا۔ (ہ۔ محاورہ) تکلیف رفع ہو جانا۔ چین آنا۔ آرام آنا۔ دُکھ مصیبت سختی وغیرہ سے نجات پانا۔

کانٹا سا ہونا۔ (اُر۔ محاورہ) بہت لاغر ہونا دُبلا ہونا۔

کانٹا کر دینا۔ (اُر۔ محاورہ) دُبلا کر دینا۔

کانٹا کرنا۔ (اُر۔ محاورہ) دُبلا کرنا۔ کبوتر کا سر دم کی طرف کھینچنا ضرب کا تقسیم کا عمل صحت (مجازاً) قطع تعلق کرنا۔

کانٹا لگنا۔ (اُر۔ محاورہ) کانٹا چبھنا۔ شراب کا مہلک نشہ ہونا۔ پرندوں کو کانٹے کا مرض لاحق ہونا۔

کانٹا مارنا۔ (اُر۔ محاورہ) پر مارنا۔ لڑائی میں مرغوں کا ایک دوسرے کو لات مارنا۔

کانٹا نکالنا۔ (اُر۔ محاورہ) تکلیف دور کرنا۔ خلش مٹانا۔ مصیبت یا تکلیف

سے بچانا۔

کانٹا نکلنا:۔ (اُر۔ محاورہ) پھانس کا باہر آجانا۔ کھٹکا مٹنا۔ خلش دُور ہونا۔ غم اور تکلیف دُور ہونا۔

کانٹا ہو جانا:۔ (ہ۔ محاورہ) دُبلا ہو جانا۔ لاغر ہو جانا سوکھ کر نقاہت ہو جانا۔

کانٹوں:۔ (اُر۔ انث) کانٹا کی جمع اور مغیرہ صورت ہے۔

کانٹوں پر کھینچنا۔ یا گھسیٹنا:۔ (ہ۔ محاورہ) سخت سزا دینا۔ بہت ستانا۔ تکلیف دینا۔ نہایت شرمندہ کرنا۔

کانٹوں پر لٹانا:۔ (اُر۔ محاورہ) تکلیف دینا۔ ایذا دینا۔

کانٹوں پر لوٹنا:۔ (اُر۔ محاورہ) تڑپنا۔ بیقرار رہنا۔ بے چین ہونا۔ رشک و حسد سے جلنا۔

کانٹوں میں اُلجھنا:۔ (اُر۔ محاورہ) جھگڑے میں پھنسنا۔

کانٹوں میں تل کر بکنا:۔ (ہ۔ محاورہ) نہایت مہنگا بکنا۔ گراں بکنا۔

کانٹوں میں گھرنا:۔ (اُر۔ محاورہ) جھگڑوں میں مبتلا ہونا۔

کانٹے بونا:۔ (اُر۔ محاورہ) بُرائی کرنا۔ اپنے یا کسی دوسرے کے حق میں بُرا کرنا۔

کانٹے بچھانا:۔ (اُر۔ محاورہ) راستے میں کانٹے بچھینکنا ایذا رسانی کا کام کرنا۔

کانٹے بوتے ہیں تو آم کہاں سے کھاتے۔ (اُر۔ مثل) بدی کا بیج بو کر اچھا پھل کھانے کی اُمید رکھنا۔ نہایت بے وقوفی ہے۔ بدی کر کے نیکی امید رکھنا۔

کانٹے پر کی اوس:۔ (ہ۔ اصفت۔ ترکیب اضافی) نہایت ناپائیدار۔ فانی۔ غیر مستقل۔ بے قیام۔

کانٹے پڑنا:۔ (اُر۔ محاورہ) پیاس کے مارے زبان یا حلق کا خشک ہو جانا۔ خرابی واقع ہونا۔ کسی کام میں نقص واقع ہونا۔

کانٹے کی تول:۔ (ہ۔ ا۔ مو) نہایت ٹھیک۔ نہ کم نہ زیادہ۔ پورا تول

کانٹے کی طرح نظر میں کھٹکنا:۔ (اُر۔ محاورہ) ناگوار گزرنا۔

کانٹے کی اوس ہے:۔ (اُر۔ مثل) بہت ناپائیدار ہے۔

کانٹے میں تلنا:۔ (ہ۔ محاورہ) بیش قیمت۔ مہنگا ہونا۔ گراں ہونا۔ سونے کے مول بکنا۔

کانٹی:۔ (ہ۔ ا۔ مو) روئی کا کوڑا۔ دھننے کے قابل روئی چھوٹا کانٹا جس میں جواہرات تولتے ہیں۔ چھوٹا ہُک۔ آنکڑ۔ سانپ پکڑنے کی آنکڑے والی لکڑی۔ بیڑی۔ جولان (پنجاب میں) ڈور میں بندھی ہوئی ٹھیکری جس سے لڑکے کھیلتے ہیں۔

کانٹی کھانا:۔ (ہ۔ محاورہ) جیلخانہ میں جانا۔ سزا یافتہ ہونا۔ قید کاٹنا۔

کانجی:۔ (ہ۔ ا۔ مو) ایک قسم کا کھٹا پانی جس میں راتی زیرہ نمک وغیرہ اچار کی طرح ڈالتے ہیں۔ چاولوں کی بیچ ماند۔

کانجی ہوس:۔ (اُر۔ ا۔ مذ) قید خانے کا تنگ مکان حوالات۔ لاوارث جانوروں کے بند کرنے کا سرکاری باڑا۔

کانچ:۔ (ہ۔ ا۔ مو) خروج المقعد۔ ایک بیماری کا نام ہے۔ جس میں کمزوری کے باعث بچوں کی مقعد باہر نکل آتی ہے۔ مقعد کا گوشت۔ پیچانہ پھیرتے وقت نکل آنے کا مرض۔ شیشہ۔ ایک قسم کا سخت مادہ۔

کانچ نکال دینا:۔ (ہ۔ محاورہ) خوب مارنا۔ مارتے مارتے گودہ نکال دینا سخت مارنا۔

کانچ نکل جانا:۔ (اُر۔ محاورہ) سخت صدمہ گزرنا۔ برداشت نہ ہو سکنا۔ دیوالہ نکلنا۔

کانچو:۔ (ہ۔ ا۔ مذ) کانچ نکلنے کی بیماری والا آدمی۔ اغلامی۔ لُوطی۔

کاندھا:۔ (ہ۔ ا۔ مذ) مونڈھا۔ کندھا۔ دوش۔ شانہ۔

کاندھا بدلنا:۔ (ہ۔ محاورہ) کسی بوجھ کا ایک کندھے سے دوسرے کندھے پر لینا۔

کاندھا دینا:۔ (ہ۔ محاورہ) جنازے کو کندھا دینا۔ کندھے پر جنازہ اُٹھانا۔

کاندھوں:۔ (اُر۔ ا۔ مذ) کاندھا کی جمع ہے

کاندھوں کے فرشتے:۔ (اُر۔ ا۔ مذ) کراماً کاتبین۔

کاندھی دے جانا:۔ (اُر۔ محاورہ) ٹال جانا۔ بہانہ کرنا۔ پہلو تہی کرنا۔

کانڈ:۔ (ہ۔ ا۔ مذ) کتاب کا باب۔ حصہ۔ فصل۔ ادھیائے۔

کانڑاں:۔ (ہ۔ ا۔ مذ) دیکھو (کانا)

کانڑا رگی:۔ (ہ۔ ا۔ مذ) بترکیب توصیفی۔ کانڑا۔ بدذات۔ نہایت شوخ اور شریر کانا۔

کانڑا مجھے بھاتے نہیں
کانڑا اِن سہاتے نہیں
(ہ۔ مثل) کسی سے نفرت کرنا اور پھر اس کے بغیر صبر نہ کر سکنا۔

کانڑی:۔ (ہ۔ ا۔ مو) ایک آنکھ والی عورت۔ یک چشم عورت۔ داغ کھاتی ترکاری۔

کانڑے کی ایک رگ سوا ہوتی ہے۔ (اُر۔ مثل) کانے آدمی میں شرارت زیادہ ہوتی ہے۔

کانڑے کے بیاہ کو سو سو جوکھوں:۔ (اُر۔ مثل) عیب دار شے کے لیے ہر جگہ مشکل ہوتی ہے۔

کانڑی اپنا ٹینٹ نہ نہارے اوروں کی پتلی دیکھ بکھانے:۔ (ہ۔ محاورہ) معیوب آدمی کو اپنا نہایت بڑا عیب بھی عیب نہیں لگتا مگر دوسرے کا چھوٹا سا عیب بھی بڑا معلوم ہے۔

کانڑی کو کون سراہے۔ کانی کا باوا:۔ (اُر۔ مثل) اپنی بُری چیز بھی اچھی معلوم ہوتی ہے۔ اور غیر کی اچھی چیز میں بھی کلام ہوتی ہے۔

کانڑی مٹکو:۔ (ہ۔ ا۔ مو) حقارتاً وہ کانی عورت جو یک چشم ہونے پر بھی بن سنور کر مٹک مٹک کر چلے۔

کانس:۔ (اُر۔ ا۔ مو) کنگنی چھچا گنگر۔

کانس:۔ (ہ۔ ا۔ مو) ایک قسم کی لمبی گھاس جو غیر مزروعہ زمین میں پیدا ہوتی ہے جھگڑا۔ ٹنٹا۔ قضیہ۔ چمک۔ تالش۔

کانس میں پھنسنا:۔ (اُر۔ محاورہ) دھوکا کھانا۔ سوچ میں پڑنا۔

کانس میں پڑنا:۔ (اُر۔ محاورہ) دھوکا کھانا۔ غور و فکر میں رہنا۔ جان جوکھوں میں ڈالنا۔

کانس میں تیرنا:۔ (اُر۔ محاورہ) دھوکا کھانا۔ غور و فکر میں محو رہنا۔ جان جوکھوں میں رہنا۔

کانسا:۔ (ہ۔ ا۔ مذ) کانسی۔ سکے بست کا ایک مرکب۔ راجہ کا کھانا۔ طعام خاصہ۔

کانسٹیبل:۔ (انگ۔ ا۔ مذ) پولیس کا سپاہی چوکیدار۔ محافظ۔ نگران۔ Constable

کانسہ:۔ (ہ۔ ا۔ مذ) فارسی لفظ کاسہ کا بگاڑ ہے پیالہ۔ بھیک مانگنے کا ٹھیکرا۔

کانسی ا۔ (ہ۔ا۔مو) تانبے رانگ جست کے ایک مرکب کا نام ہے۔
کانسٹیٹیوشن ا (انگ ا۔مو) وجود بناوٹ۔ شناخت۔ خصلت۔ دستور۔ آئین۔
کانشنس ا (انگ۔ا۔مذ) ضمیر۔ نفیس۔ پاک۔ وہ لوازم جو انسان کو نیکی کی طرف متوجہ کرتا ہے۔ Conscious
کانفرنس ا (انگ ا۔مو) مشورے کی مجلس، صلاح مشورہ۔ جامع پڑتال سوال رہبری۔ بحث۔ مباحثہ۔ مجلس شورے ا۔ Conference
کانفیڈنشل (انگ ا۔صفت۔ پردہ کی بات۔ خفیہ۔ در پردہ۔ بھید کی بات رازداری۔ Confidential
کانکڑا ا۔ (ہ۔ لمذ) گلدوم۔ بلبل۔ مشعل کی بتی۔
کانکھ ا۔ (ہ۔ا۔مو) بغل۔ کنار۔ پہلو۔
کانکھنا ا۔ (ہ۔مصدر) گلا صاف کرنے کے لئے آواز نکالنا۔
کانگرس ا۔ (انگ۔ا۔مو) مجلس۔ اجتماع۔ Congress
کانگڑا ا۔ (ق۔ مذ) ترلوز۔
کانگڑی ا۔ (ہ۔ا۔مو) کشمیری لفظ ہے۔ مٹی کی انگیٹھی۔ جس پر تیلیوں کا غلاف ہوتا ہے۔ کشمیر میں اس کا استعمال عام ہے۔
کانوَر ا۔ (ہ۔ مذ) آنکھ کی ایک بیماری جس میں زردی چھا جاتی ہے (مو) ایک لکڑی جس کے دونوں کناروں پر لوٹکریاں رکھ کر ان میں چیزیں رکھ لیتے ہیں۔ بہنگی۔
کانوَرا ا۔ (ہ۔ا۔صفت) بدحواس۔ بے اوسان۔ حواس باختہ ا۔
کانورانا۔ یا۔ کونرانا ا۔ (ہ۔ فعل مصدر) جبلی۔ حواس باختہ کرنا۔ بے اوسان کر دینا۔ گھبرا دینا۔
کانوُن ا۔ (ف۔ا۔مذ) انگیٹھی۔ بھٹی۔ پنجابی میں قانون۔ آئین۔ لفظ براہ معروف ہے۔
کانوُن آخر ا۔ (ف۔ا۔مذ) ایک رومی مہینے کا نام جو جنوری میں ہوتا ہے۔
کانوُن اوّل ا۔ (ف۔ لمذ) ایک رومی مہینے کا نام جو دسمبر میں آتا ہے۔
کانون ا۔ (ہ۔ا۔مذ۔ براہ مجہول) کان کی جمع بحالت (ا۔مو) کان بمعنی معدن کی جمع ا۔
کانوں پہ ہاتھ دھرنا / کانوں پہ ہاتھ رکھنا } (ہ۔محاورہ) صاف۔ انکار کرنا۔ مکر جانا۔ بالکل لاعلمی ظاہر کرنا۔ نماز کی تکبیر کے ساتھ کانوں کو ہاتھ لگانا۔
کانون پڑی بات ا۔ (اُر۔ا۔مو) سُنی سُنائی بات۔
کانوں تک جانا ا۔ (اُر۔محاورہ) سُننا۔ سُن پڑنا ا۔
کانوں تک رہنا ا۔ (اُر۔محاورہ) بات سُن کے کسی سے نہ کہنا۔
کانوں سے سُننا ا۔ (اُر۔محاورہ) خود سُننا اپنے کانوں سے سُننا۔
کانوں کان خبر نہ ہونا / کانوں کان نہ جاننا / کانوں کی لویں پھرنا } (اُر۔محاورہ) کسی بات کی دوسرے کو مطلق خبر نہ ہونا۔ بالکل خبر نہ ہونا۔ کچھ نہ جاننا۔ (اُر۔محاورہ) نزع کی حالت ہونا۔
کانوں میں انگلیاں دینا یا رکھنا ا۔ (ہ۔فعل) کسی کی آواز نہ سُننے کی غرض سے کانوں کو بند کرنا۔
کانوں رس پڑنا۔ (اُر۔محاورہ) کانوں کو سُریلی اور اچھی آواز سے حظ آنا۔ لطف حاصل ہونا۔

کانووکیشن Convocation (انگ۔ مذ) جلسہ تقسیم اسناد۔ یونیورسٹی۔
کانونٹ ا۔ (Convent۔انگ۔مذ) عیسائی۔ اہل خانقاہ۔ عیسائی خانقاہ۔ عیسائی مدرسہ۔
کانے چوٹ کنوندے بھینٹ ا۔ (ہ۔ مثل) رکھتے زخم پر چوٹ زیادہ لگتی ہے۔ اور جس سے شرم و لحاظ ہو۔ اس سے ملاقات ضرور ہو جاتی ہے۔ یعنی جس بات کا ڈر ہو وہی پیش آجاتی ہے۔
کانی ا۔ (ہ۔ا۔مو) کارٹی۔ بحالت پیسنے نسبتی۔
(ا۔صفت) معدنی۔ کھان کی چیز۔
کانی ا۔ (ہ۔صفت) دیکھئے "کانا" جس کی یہ تانیث ہے۔
کانی اپنا ٹینٹ نہ دیکھے اور کی پھلی نہارے ا۔ (ہ۔مثل) عیب دار کو اپنا بڑا عیب نظر نہیں آتا۔ دوسرے کے چھوٹے عیب پر اعتراض کرتا ہے۔
کانی کو کانا پیارا رانی کو رانا پیارا ا۔ (اُر۔ مثل) ہر ایک کو اپنی چیز پسند ہوتی ہے۔
کانی کو کون سراہے کانی کا باوا / میاں ا۔ (اُر۔ مثل) اپنی بُری چیز بھی اچھی معلوم ہوتی ہے۔
کانے کنوندے بھینٹ ا۔ (اُر۔ مثل) جس بات کا ڈر ہو وہ پیش آجاتی ہے۔ جس سے نہ ملنا چاہو وہ مل جاتا ہے۔
کانے کو منہ پر کانا نہیں کہتے ا۔ (اُر۔مثل) عیب والے کا عیب منہ پر نہیں کہتے۔
کاو ا۔ (ف۔ا۔مو) کاویدن کا حاصل مصدر ہے۔ کھدائی۔ کاوش۔ جستجو۔ تلاش۔ کریدنی۔
کاوا ا۔ (اُر۔ا۔مذ) گھوڑے کو چکر اس طرح دینا کہ اس کے پاؤں کے نشان کا دائرہ بن جائے۔ چوگان۔
کاوا دینا ا۔ (اُر۔فعل) گھوڑے کو چکر دینا۔ چکر میں پھیرانا۔
کاوش ا۔ (ف۔ا۔مو) حاصل مصدر از کاویدن کھوج نکالنا۔ کھودنا۔ خلش کریدنی۔ تجسس۔ تلاش۔ جستجو۔ بیر۔ دشمنی۔ حسد۔ جلن۔
کاوش رکھنا ا۔ (اُر۔محاورہ) جلنا۔ دشمنی رکھنا۔ بیر کرنا۔
کاونٹ ا۔ (انگ۔ا۔مذ) Count اہل یورپ میں نواب کا لقب۔
کاوہ ا۔ (ف۔ا۔مذ) ایک مشہور ایرانی لوہار کا نام ہے۔ جس کی مدد سے فریدوں نے ضحاک کو قتل کر کے تخت ایران حاصل کیا۔
کاویانی درفش ا۔ (ف۔ا۔مذ) کاوہ لوہار کا جھنڈا جو اس نے ضحاک پر چڑھائی کرتے وقت فریدون کی امداد کے لئے اپنی دھونکنیوں کو بانس پر لٹکا کر بنا لیا تھا۔
کاہ ا۔ (ف۔ا۔مو) سوکھی گھاس۔ کٹی ہوئی گھاس۔ پھونس۔
کاہ کشاں یا کوکشاں ا۔ (ف۔ا۔مو) بہت سے تاروں کی بنی ہوئی اندھیرے میں خوب دکھائی دینے والی آسمان پر کی سڑک کھیتے ہوئے گھاس کی لکیر مشابہت سے یہ نام پڑ گیا۔
کاہ گل۔ یا۔ کہ گل ا۔ (ف۔ا۔مو) بھوسے اور مٹی کا پلستر۔ کچا پلستر۔ گھاس اور مٹی ملا ہوا گارا۔
کاہش ا۔ (ف۔ا۔مو) حاصل مصدر از کاہیدن۔ دبلاپن۔ گھٹاؤ۔ آثار تنزل

لاغری۔

کاہش اُٹھانا۔ (اُر۔محاورہ) تکلیف برداشت کرنا۔

کاہش اُٹھنا۔ (اُر۔محاورہ) دیکھئے "کاہش اُٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

کاہش جان۔ (ف۔ امر) صدمہ جو جان پر ہو۔

کاہل۔ (ع۔ اصفت۔ فاعل) سُست۔ کام چور۔

کاہل الوجود۔ (ع۔صفت) سُست آدمی۔ مجہول آدمی۔ آرام طلب شخص۔

کاہلی۔ (عف۔ ا۔مو) بیائے مصدری سستی۔ آلکس۔ آلکسی۔ آرام طلبی۔

کاہو۔ (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کے ساگ اور اس کے بیج کا نام۔

کاہی۔ (اُر۔ا۔صفت۔ بیائے نسبتی) گھاس سے نسبت رکھنے والا۔ مجازاً سیاہی مائل ہلکا سبز رنگ (بحالت اسم مذکر) کسیس جو ایک طرح کی پھٹکڑی ہوتی ہے۔

کاہے۔ (اُر۔حرفِ استفہام) کیوں۔ کس لئے۔

کاہے کا۔ (اُر۔حرفِ استفہام) کس چیز کا۔

کاہے کے واسطے۔ (اُر۔حرفِ استفہام) کس واسطے۔

کاہیدہ۔ (ف۔ا۔صفت) بترکیب مفعولی۔ دُبلا۔ لاغر۔ ہوا ہوا۔ گھٹا ہوا۔

کائی۔ (ہ۔ا۔مو) ایک قسم کی سبز نباتات جو بند پانی کی سطح پر یا برسات کے دنوں چولے کی دیواروں پر جم جاتی ہے۔ ایک طرح کی پھپھوندی۔ پانی کا جالا۔ سیاہی مائل گہرا سبز رنگ۔

کائی سی پھٹ جانا۔ (اُر۔مثل) یکایک تتر بتر ہو جانا۔ یکدم منتشر ہو جانا۔ بادلوں کیطرح علیحدہ علیحدہ ہو جانا۔ بھیڑ کا چھٹ جانا۔

کایا۔ (ہ۔ا۔مو) پنڈا۔ سویر۔ جسم۔ تن۔ بدن۔ وجود۔ قالب۔ بھیس۔ رُوپ۔ شکل۔ اصلیت۔ ماہیت۔

کایا بڑی کہ مایا۔ (ہ۔مثل) مال جان سے اچھا نہیں ہو سکتا۔ جسم و جان بہتر ہے مال سے۔

کایا پلٹ۔ (ہ۔ا۔صفت۔ بترکیب فاعلی) جسم بدلنے والا۔ ایک جسم سے دوسرے جسم میں جانے والا۔ بھیس بدلنے والا۔ بہروپیا۔ وہ دوا جس سے بوڑھا بھی جوان بن جاتے۔

کایا پلٹ جانا۔ (ہ۔محاورہ) دوسرے رنگ میں آجانا۔ کچھ سے کچھ ہو جانا۔ رنگ رُوپ بدل جانا۔

کایا کلپ۔ (ہ۔ امذ) دواؤں کے ذریعے جوانی حاصل کرنا۔

کایا کشٹ۔ (ہ۔ا۔مو) بدنی دُکھ۔ جسمانی تکلیف۔ جسمانی بیماری۔

کائ پھل یا کائ پھل۔ (ہ۔ا۔مذ) ایک ترش ذائقہ مثل فالسہ۔ اودے رنگ پہاڑی پھل کا نام ہے۔ ایک دوا بھی ہے۔ جو کسی کی چھال ہے۔ کائیفل۔

کایتھ یا کائستھ۔ (ہ۔ا۔مو) ایک قوم کا نام ہے۔ جن کا کام پڑھنا لکھنا منشی گری اور مذہب ہندو ہے۔

کائنات۔ (ع۔ا۔مو) کونین۔ سنسار۔ تمام جہاں۔ عالم۔ جگ۔ جہاں۔ خلق اللہ سرمایہ۔ پونجی۔ اصل۔ حقیقت۔ جمع۔

کائیاں۔ (اُر۔ا۔صفت) نہایت چالاک ہوشیار۔ پختہ کار۔ فریبی۔ دغاباز۔ کجنویں۔ بخیل۔ شوم۔ مکھی چوس۔ (بحالت اسم مذکر) مارواڑیوں کی ایک قوم کا نام ہے۔ جو بیوپار اور بخل میں لاثانی ہے۔

کائیاں پن۔ (اُر۔امذ) چالاکی۔ ہوشیاری۔ فریب دل۔ کنجوسی۔ بخل۔

کائیں کائیں۔ (ہ۔ا۔ اسم) کوے کی آواز۔ شور غل۔ بک بک۔ جھک جھک۔ کاگاروں۔

کائیں کائیں کرنا یا مچانا۔ (ہ۔محاورہ) شور و غل مچانا۔ بک بک کرنا۔ کاگاروں مچانا۔

ک ۔ ب

کُب۔ (ہ۔ا۔مذ) ٹیڑھ۔ کجی۔ خم۔ جھکاؤ۔ اونٹ کی کمر اور سانڈے کے کندھوں پر کا اُبھرا ہوا گوشت۔ کوہان۔ ہدو۔

کُب نکلنا۔ (ہ۔فعل) ٹیڑھا ہو جانا۔ کمر کا کبڑا ہو جانا۔ پشت خم ہو جانا۔

کب۔ (ہ۔ استفہام۔ ظرف زمانی) کس وقت کس گھڑی کس دم۔ کس زمانے میں۔ گزر بصورت (تابع فعل) کیونکر۔ کس طرح۔ کس طور۔ دُور کا زمانہ۔ ظاہر کرنے کے لئے۔ جیسے کب بابا مرے گا۔ کب بیل بٹیگے۔ برائے استفہام انکاری و اقراری۔

کب تک یا کب تلک۔ (ہ۔تابع فعل) کس عرصہ تک۔ کس وقت تک۔ تا یہ کے۔

کب تھوکتے ہیں۔ (ہ۔ محاورہ) کبھی دھیان تک بھی نہیں کرتے۔ خیال تک نہیں کرتے۔ بالکل توجہ نہیں کرتے۔

کب سے۔ (اُر۔متعلق فعل) کس وقت سے۔ کس زمانے سے۔ بہت مدت سے

کب کا۔ (ہ۔ تابع فعل) کس عرصہ کا کس مدت کا۔ (بحالت صفت) بڑی دیر کا۔ عرصہ دراز کا۔ بڑی دیر سے۔ بہت مدت سے۔

کب کب۔ (ہ۔ تابع فعل) کون کون سے وقت۔ کون کون سے دن۔ کبھی کبھار بھولے بھٹکے گاہے ماہے۔

کباب۔ (ع۔ امذ) کوئلوں پر یا کڑاہی میں بھنا ہوا گوشت۔ قیمہ۔ سیخ پر بھنا ہوا قیمہ۔ (بحالت اسم صفت) بھنا ہوا۔ جلا ہوا۔ بریاں۔ سوختہ۔ جیسے جی کباب ہی تو ہو گیا۔

کباب بھوننا۔ (اُر۔محاورہ) کوئلوں پر کباب بھوننا۔ سیخ پر کباب لگانا۔ کڑاہی میں کباب تلنا۔ پسندے یا شامی کباب تیار کرنا۔

کباب کا آنسو۔ (اُر۔ا۔مذ) کباب کا پکتے وقت ٹپکنے والا پانی۔ کباب کی بوندیں۔

کباب کرنا۔ (اُر۔محاورہ) کباب بھوننا۔ کباب لگانا۔ جلانا۔ دُکھ دینا۔ بھوننا۔ رشک دلانا۔

کباب لگانا۔ (اُر۔محاورہ) کباب تیار کرنا۔ کباب بھوننا۔ رشک دلانا۔ سوختہ کرنا۔

کباب ہونا۔ (اُر۔محاورہ) جلنا۔ بھننا۔ دُکھ پانا۔ حسد ہونا۔ نہایت بُرا لگنا۔ غصے سے دق ہو جانا۔ نیلا پیلا ہونا۔ کباب تیار ہونا۔

کباب چینی۔ (اُر۔ا۔مو) / **کبابہ**۔ (اُر۔ا۔مذ) سرد چینی۔ سیاہ مرچ کے مشابہ گول گول سے بیج ہوتے ہیں۔ جو دوائی میں کام آتے ہیں۔

کبابی یا کبابیہ۔ (ف۔ امذ۔ بیائے فاعلیت) کباب بنا کر بیچنے والا۔ کباب فروش (بحالت اسم صفت) کباب کرنے کے قابل مرغ۔

کباوہ ا۔ ف۔ امو) کمزور اور نرم کمان جس سے کمان کرنے کی کمان۔ دھنش۔

کبار (ع۔ اصفت) کبیر کی جمع۔ بڑے بڑے آدمی۔ بزرگ لوگ۔

کباڑ ا۔ (ہ۔ امذ) کوڑا کرکٹ۔ کاٹ کباڑ۔ ٹوٹا پھوٹا اور پرانا اسباب۔

کباڑخانہ ا۔ (ہ۔ ف۔ امذ) ٹوٹے پھوٹے سامان کا کمرہ یا دوکان۔

کباڑی یا کباڑیا ا۔ (ہ۔ امذ۔ بیائے فاعلیت) کباڑ بیچنے والا۔ ٹوٹا پھوٹا اسباب بیچنے والا۔ نیلام وغیرہ سے لایا ہوا سامان فروخت کرنیوالا۔

کباڑی کی چھان رچھپر کے اوپر پھوس نہیں ا۔ (اُر۔ مثل) اپنی خبر پچری کی طرف توجہ نہیں۔

کبت ا (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کی ہندی نظم شعر۔ رباعی۔ قطعہ۔ اشلوک۔

کبت بھاٹ کی کھیتی جاٹ کی ایا۔

کبت سو ہے بھاٹ سے کھیتی سو ہے جاٹ سے ا۔ (ہ۔ مثل) ہر شخص اپنا خاندانی پیشہ اچھی طرح کرسکتا ہے۔

کبتائی ا۔ (ہ صفت) کبت بنانا۔ شاعری کرنا۔

کبجا ا۔ (ہ۔ امذ) صفت۔ کبڑا۔ خمیدہ کمر۔ خم کمر (بحالت امو) راجہ کنس کی کنیز کا نام ہے۔ جسے سری کرشن جی نے سیدھا کیا تھا۔

کبد ا (ع۔ امذ) جگر

کبدی ا۔ (ہ۔ اصفت) (کاف حرف نفی اور بدھی بہ معنی عقل) کم عقل۔ بیوقوف۔ احمق۔

کبڈی ا۔ (ہ۔ امو) لڑکوں کے ایک کھیل کا نام ہے۔

کبڈی کھیلتے پھرنا ا۔ (ہ۔ فعل) آوارہ پھرنا۔ بیکار پھرنا۔ ہرزہ گردی کرنا۔

کبر امذ۔ امذ) بڑائی۔ بزرگی۔ عزور۔ تکبر اپنے آپ کو بڑا جاننا۔

کبر ا (ع۔ امذ) پیری۔ بڑھاپا۔

کبر و نخوت ا۔ (ع، امذ) عزور۔

کبر سن ا۔ (ف۔ اصفت) بوڑھا۔ بڈھا۔ عمر رسیدہ۔ پیر کس سال۔

کبرا ا۔ (ہ۔ اصفت) چت کبرا۔ سیاہ و سفید ابلق۔

کبرائے ا۔ (ع۔ اسم صفت مؤنث) اکبر کی تانیث ہے۔ بہت بڑی۔ نہایت بزرگ۔

کبریا ا (ع۔ امذ) بڑائی۔ بزرگی۔ تکبر۔ عزور۔ فخر۔ خدائے تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام۔

کبریت ا۔ (ع۔ امو) گندھک۔ کھرا سونا۔ خالص سونا۔

کبریت احمر ا۔ (ع۔ امو) سرخ گندھک جو اکسیر کا جزو اعظم ہے۔ مجازاً اکسیر۔ کمیاب۔ معدوم۔

کبریت احمر کا اثر رکھنا ا۔ (اُر۔ محاورہ) نہ ملنا۔ بہت کمیاب ہونا۔

کبڑ ا۔ (ہ۔ اصفت) خم کمر۔ پیٹھ چھکا۔ کوز پشت۔ ٹیڑھی کمر والا۔

کبڑاپن ا۔ (ہ۔ امذ) ٹیڑھ۔ ٹیڑھاپن۔ خم۔

کبڑے کی لات ا۔ (ہ۔ مثل) ہر کام میں بے حقیقت۔

کبڑن ا۔ (ہ۔ امو) ترکاری بیچنے والی عورت۔ کاچھن۔ کنجڑن۔

کبڑی ا۔ (ہ۔ امو) خمیدہ پشت عورت۔ ٹیڑھی کمر والی عورت۔

کبڑیا (ہ۔ امذ) کبڑن کا مذکر۔ ترکاری بیچنے والا۔ کاچھی۔ کنجڑا۔ سبزی فروش

کبک ا۔ (ف۔ امذ) چکور ایک قسم کا تیتر۔

کبک دری یا کوہی ا۔ (ف۔ امذ) پہاڑی چکور جو نہایت خوش وخرام اور خوش رفتار ہوتا ہے۔

کبک رفتار ا۔ (اُر۔ محاورہ) چکور کی طرح چلنے والا چکور کی چال۔ معشوق۔

کبوتر

کبوتر ا۔ (ف۔ امذ) ایک مشہور پرندے کا نام ہے۔ کبود بمعنی نیلا اور تر صفت سے مرکب ہے۔

کبوتر اُٹھا دینا ا۔ (اُر۔ محاورہ) کبوتر بازی کرنا۔

کبوتر باز ا (ف۔ امذ) فاعل ترکیبی کبوتر پالنے والا۔ اور اُڑانے والا۔ کبوتر لڑانے والا۔

کبوتر باز کی چھتری ا۔ (ف۔ امو) وہ چھتری جو کبوتروں کے بیٹھنے کے لئے لگاتے ہیں۔

کبوتر باکبوتر باز باباز ا۔ (ف۔ مثل) ہر شے اپنی جنس کی طرف میلان رکھتی ہے۔ ہم جنس سے محبت کے موقعہ پر بولتے ہیں۔

کبوتر خانہ ا۔ (ف۔ امذ) ظرف۔ ڈربہ۔ کابک۔ مجازاً سرائے۔ مسافر خانہ۔ کبوتر خانہ ہے۔ (اُر۔ محاورہ) انتظام کی جگہ نہیں۔ ایک آتا ہے ایک جاتا ہے کبوتر خانے کا سا حال ہے ایک آتا ہے ایک جاتا ہے۔ (اُر۔ مثل) وہاں کہتے ہیں جہاں بہت سے لوگ رہتے ہوں۔

کبوتر کا گو سنبھالنا ا۔ (اُر محاور) کبوتر کا مست ہو کر بولنا۔

کبوتر کھولنا ا۔ (اُر۔ محاورہ) کبوتر وقت مقرر پر اڑا دینا۔

کبوتر کی طرح لوٹنا ا۔ (اُر۔ محاورہ) لوٹن کبوتر کی طرح تڑپنا۔ نہایت تڑپنا۔

کبوتر لڑانا ا۔ (اُر۔ محاورہ) کبوتر بازی کرنا۔

کبوتر مارنا ا۔ (اُر۔ محاورہ) کبوتر پکڑنا۔

کبوتری ا۔ (ف۔ امو) مادہ کبوتر۔ مجازاً ناچنے والی عورت (بصورت صفت) خوبصورت۔ حسین ا۔

کبود ا (ف۔ امذ) نیلا رنگ۔ آسمانی رنگ۔

کبودی ا۔ (ف۔ اصفت۔ بیائے نسبتی) نیلا آسمانی۔ نیلگون۔

کبھو (اُر۔ تابع فعل) کبھی گاہے کے معنی میں (آج کل متروک ہے)

کبھی ا۔ (اُر۔ تابع فعل) کسی نہ کسی وقت۔ گاہ۔ گاہے۔ کسی گھڑی۔ شاذ و نادر بھولے بھٹکے۔ اتفاقاً۔ کسی زمانے میں ہرگز۔ بالکل۔ مطلق۔

کبھی ایسا ہے کبھی ویسا ہے۔ (اُر۔ مثل) انقلاب زمانہ ہے۔

کبھی تو نہ کبھی ماشہ ا۔ (اُر۔ محاورہ) دم بھر میں کچھ اور دم بھر میں کچھ۔ غیر مستقل اور متلون مزاج شخص کی نسبت بولتے ہیں۔

کبھی تو ہمارے بھی کوئی تھے۔ (اُر۔ محاورہ) کسی وقت تو ہم سے بھی یارانہ تھا۔ گو اس وقت نہیں۔

کبھی رات بڑی کبھی دن بڑا ا۔ (ہ۔ کہاوت) زمانہ ایک حالت پر نہیں رہتا۔

کبھی رنج کبھی سکھ ا۔ (اُر۔ مثل) کبھی تکلیف ہے کبھی عیش و آرام ہے۔

کبھی زمین پر کبھی آسمان پر ا (اُر۔ مثل) بے حد غصہ کے موقع پر کہتے ہیں۔

کبھی کا ا۔ (ہ۔ تابع فعل) بڑی مدت کا۔ بہت دیر ہوئی۔ عرصہ ہو گیا۔ مدت ہو گئی۔

کبھی کبھار / کبھی کبھی (ہ۔ تابع فعل) گاہ بگاہ۔ گاہے بگاہے۔ وقت بے وقت بھولے چوکے۔ بہت کم۔ شاذ و نادر۔

کبھی کچھ ہے کبھی کچھ ہے ا۔ (ہ۔ محاورہ) ایک حال پر نہیں انقلاب اور متلون کی بابت بولا کرتے ہیں۔

کبھی کے دِن بڑے اور کبھی کی رات (اِ۔ مثل) زمانے کی دورنگی کی نسبت کہتے ہیں۔

کبھی کبھار ا۔ (اُر متعلق فعل) گاہے بگاہے۔ بہت کم۔

کبھی کُونڈے کے اُس پار کبھی اِس پار ا۔ (اُر مثل) سخت سُستی اور کاہلی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔

کبھی گاڑی ناؤ پر کبھی ناؤ گاڑی پر } (اُر۔ مثل) کبھی ایسا کبھی ویسا۔
کبھی ناؤ گاڑی پر کبھی گاڑی ناؤ پر } زمانہ کے ہیر پھیر اور انقلاب کی نسبت بولتے ہیں۔

کبھی گھی گھنا کبھی مٹھی بھر چنا ا۔ (اُر مثل) کبھی عیش کبھی تکلیف۔ کبھی امیر کبھی غریب۔

کبھی کبھی گھوڑے کے دِن بھی پھیرتے ہیں (اُر مثل) کبھی زمانہ موافق بھی ہو ہی جاتا ہے۔

کبھی نہ کبھی ا۔ (ہ۔ تابع فعل) کسی نہ کسی وقت بھولے بسرے گاہے گاہے۔

کبھی نہیں ا۔ (ہ۔ تابع فعل) ہرگز نہیں۔ بالکل نہیں۔ صاف انکار کے وقت بولتے ہیں۔

کبیدگی ا۔ (ف۔ امص) رنجیدگی۔ آزردگی۔

کبیدہ ا۔ (ف۔ اصف۔ بترکیب مفعول) دوہرا۔ شکستہ۔ رنجیدہ۔ غمگین آزردہ۔

کبیدہ خاطر ا۔ (فع۔ امذ) شکستہ دل رنجیدہ دل۔ غمناک۔ آزردہ خاطر۔

کبیر ا (ع۔ اصفت) بڑا بزرگ۔ صغیر کی ضد ایک موحد ہندو شاعر کا تخلص ہے۔ جو توحید کے ہی شعر کہا کرتا تھا۔ جس نے کبیر پنتھ ایک موحدانہ مذہب ایجاد کیا۔

کبیر پنتھی ا۔ (اُر۔ امذ۔ بیاتے فاعلی) کبیر کی پیروی کرنے اور اس کے اقوال پر چلنے والا۔

کبیسٹرا۔ (ع۔ اصفت) کجوس۔ مکھی چوس۔ بخیل۔ ممسک

کبیسہ ا۔ (ع۔ امذ) لونڈ کا مہینہ۔ جو ہر تیسرے قمری سال بڑھا لیتے ہیں۔

کبیشر ا۔ (مص۔ امذ) شاعروں کا بادشاہ۔ ملک الشعراء۔

ک - پ

(کپ)

کپ (ہ۔ امذ) لرزہ کا پنّا۔

کپ ا (Cup - انگ۔ مذ) پیالہ

کپ بورڈ (Cupboard) نعمت خانہ ڈولی۔

کپُ ا۔ (ہ۔ امذ) بھُس کا بوڑا۔ بُونگا جو بھُس بھر کر بُرج کی شکل بناتے ہیں۔

کپّا ا۔ (ہ۔ امذ) گھی یا تیل رکھنے کا چمڑہ کا پھُولا ہوا چھوٹے مُنہ کا برتن تشبیہاً موٹا فربہ اندام پھُولا ہوا۔ کپّے کی طرح بھرا ہوا۔

کپّا ایسا پھُولا بیٹھنا (اُر محاورہ) غصّے میں بھرا ہونا۔

کپّا سا ہو جانا ا۔ (اُر محاورہ) نہایت موٹا اور فربہ ہو جانا۔ پھول جانا۔

کپّا لڑھنا ا۔ کسی امیر یا راجہ کا مر جانا۔

کپّے کی طرح مُنہ پھُلا لینا ا۔ (اُر محاورہ) غصّے سے مُنہ سُجا لینا۔

کپّا ہو جانا ا۔ (ہ۔ فعل) پھول جانا۔ نہایت موٹا ہو جانا۔ سوج جانا۔ خفا ہو جانا۔ ناراض ہونا۔

کپّار ا۔ (ہ۔ امذ) کپال۔ سر کی کھوپری۔ گھوڑے کا ٹھُرا۔

کپاس ا۔ (ہ۔ امو) بن اوتی رُوئی۔ بنولوں سمیت روئی۔ روئی کا پودا؛ باڑی۔

کپاسی ا۔ (ہ۔ اصفت بیاتے نسبتی) ہلکا زرد رنگ کا۔ کپاس کے پھول کا سا۔

کپال ا۔ (مص۔ امو) کھوپڑی۔ شیو جی کا لقب۔ ماتھا۔ پیشانی۔ قسمت۔ نصیب۔

کپال کریا کرنا۔ (ہ۔ فعل) (ہندو) مردے کی ادھ جلی کھوپڑی کو بانس سے پھوڑ دینا۔ تاکہ جل جائے۔

کپال کھلنا ا۔ (ہ۔ فعل نصیب جاگنا۔ قسمت کھلنا۔ سر میں زخم ہو جانا۔ سر میں گھاؤ کھل جانا۔ سخت چوٹ لگنا۔

کپتان ا (انگ۔ امذ) جہاز یا فوج یا پولیس کا بڑا افسر۔ Captain

کپٹ (ہ۔ امو) کینہ۔ بغض۔ دشمنی۔ عداوت۔ نفاق۔ حسد۔ چھل فریب دھوکا۔ دغا۔

کپٹی ا۔ (مص۔ اصفت بیاتے فاعلیت) دشمن۔ حاسد۔ کینہ ور۔ فریبی دغاباز۔

کپٹی کی پریت مرن کی ریت ا۔ (ہ۔ مثل) کینہ ور کی دوستی میں ہمیشہ خوف و خطر ہی رہتا ہے۔

کپڑا ا۔ (ہ۔ امذ) کپڑا کا مخفف ہے۔

کپڑا چھن کپڑا چھان ا (ہ۔ اصفت) کپڑے میں سے چھانا ہوا بہت ہی باریک میدا سا۔

کپڑا دھول ا۔ (ہ۔ امذ) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

کپڑا کوٹ ا۔ (ہ۔ امذ) تنبو۔ ڈیرہ۔ خیمہ۔

کپڑ گندیا کپڑ باس ا۔ (ہ۔ امو) کپڑے جلنے کی بُو۔

کپڑا:۔ (ہ۔اند) لتہ پارچہ۔ قماش۔ پوشاک لباس۔ جامہ

کپڑا اُتارنا:۔ (اُر۔محاورہ) کپڑے کو جسم سے جُدا کرنا۔

کپڑا اوڑھنا:۔ (اُر۔محاورہ) کپڑا اُوپر لینا۔

کپڑا پہنئے جگ بھاتا کھانا کھایئے من بھاتا: (ہ۔مثل)۔ لباس عام پسند اور کھانا دل پسند ہونا چاہیے

کپڑا لینا:۔ (اُر۔محاورہ) حیض والی عورت کا لتا استعمال کرنا۔

کپڑا نہ لتا مستی ملے البتہ (اُر۔مثل) مُفلسی میں زیب وزینت کی ہوس

کپڑا وڈھی بیکار:۔

کپڑوٹی:۔ (ہ۔ امو) گل حکمت۔ کپڑے پر گارا لپیٹ کر کسی دوائی یا برتن پر لپیٹنا تاکہ آگ میں جل نہ جائے۔ کپڑ چھن۔

کپڑوٹی کرنا:۔ (ہ۔فعل) گل حکمت کرنا۔ کسی چیز پر کپڑا اور گارا لپیٹنا۔ کپڑے میں چھاننا۔

کپڑوں سے ہونا:۔ (اُر۔محاورہ) حیض سے ہونا۔ ماہواری ایام آنا۔ میلے سر سے ہونا۔

کپڑوں میں نہ سمانا:۔ (اُر۔محاورہ) نہایت خوشی سے بہت پھول جانا۔ مٹاپے سے بہت پھول جانا۔

کپڑے اُتارنا:۔ (اُر۔محاورہ) لباس بدلنا۔ کپڑے چھیننا۔ ننگا کرنا۔ لوٹ لینا ذلیل کرنا۔ بے عزت کرنا۔ عیب لگانا۔ ننگا ہونا۔

کپڑے آنا:۔ (اُر۔محاورہ) حیض آنا۔ ایام آنا۔

کپڑے بسانا:۔ (اُر۔محاورہ) عطر لگانا۔ لباس میں خوشبو لگانا۔

کپڑے پھاڑنا:۔ (اُر۔محاورہ) کنایتہً۔ دیوانہ ہونا۔

کپڑے گوہ کر دینا:۔ (اُر۔محاورہ) کپڑوں کو بہت میلا کر دینا۔

کپڑکٹھا:۔ (ہ۔صفت) اَن پڑھ۔

کپ کپی:۔ (ہ۔امو) لرزہ۔ کانپنا۔ تھرتھری۔ رعشہ۔

کپ کپی چھوٹنا/لگنا:۔ (اُر۔محاورہ) کانپنا۔ تھرتھرانا۔ لرزنا۔

کپوت:۔ (ہ۔اند) اک حرف نفی اور پوت بمعنی بیٹا سے مرکب، نالایق بیٹا بدچلن اور بُرا لڑکا۔

کپوت بیٹا مرا بھلا:۔ (ہ۔مثل)۔ نالایق اور نکما بیٹے کا مرجانا ہی بہتر ہے۔

کپور:۔ (ہ۔اند) مشک کافور۔ ایک سفید تیز خوشبودار چیز کا نام۔

کپور کچری:۔ (ہ۔اند) ایک خوشبودار گھاس کی جڑ۔

کپورا:۔ (ہ۔اند) خصیہ۔ آنڈ۔ بیضہ خاص کر۔ بکرے یا مینڈھے کا۔

کپوری:۔ (ہ۔امو) دیکھو (کافوری) ایک قسم کا پان بھی ہوتا ہے۔

کپول:۔ (ق۔ند) گال۔

کپولی:۔ (ق۔ند) مستک۔ ماتھا۔

کپی:۔ (ہ۔امو) بیاتے تانیث وتصغیر۔ چھوٹا کپا۔ چھوٹی سی چمڑے کی شیشی۔ بارود رکھنے کا چھوٹا سا برتن۔

ک - ت

رکت:۔ (ہ۔تابع فعل) کس طرف۔ کہاں۔ کدھر

کُتا:۔ (ہ۔اند) سگ۔ کلب۔ ایک مشہور جانور کا نام ہے۔ ایک قسم کی گھاس کا نام بھی ہے۔ بندوق کا گھوڑا۔ امیروں کا دربان۔ رشوت خور اہلکار۔ پاجی۔ ذلیل۔ حقیر۔ غلام۔ بندہ۔ داس۔ پیٹ۔ شکم۔ رہٹ کی ایک لکڑی جو ایک چکر کے اُوپر ہوتی ہے۔ گھڑی کا ایک پرزہ۔



کُتا

کُتا بھی دُم ہلا کر بیٹھتا ہے:
دو۔مثل) گھر کی صفائی نہ رکھنے والی کی کو طنزاً کہا کرتے ہیں مدعا یہ ہے کہ جانوروں تک کو گھر کی صفائی کا خیال ہے پھر انسان کو بدرجہ اولےٰ ہونا چاہیے۔

کُتا نہ دیکھے نہ بھونکے گا:
(ہ۔مثل) لاپرچی کو نہ مال کی خبر ہوگی نہ نقصان پہنچائے گا۔

کُتا راج بٹھایا اور پکی چاٹنے آیا:۔ (ہ۔مثل) کمینہ شخص اعلےٰ رتبے پر پہنچ کر اپنی پوزیشن کا خیال نہیں رکھتا۔ بلکہ اپنی فطری عادت کی طرف رجوع کرتا ہے۔

کُتا گھاس:۔ (ہ۔اند) ایک چمٹنے والی خاردار گھاس کا نام۔

کِتاب:۔ (ع۔امو) لکھت۔ تحریر۔ نامہ۔ پُستک۔ پوتھی۔ گرنتھ۔ شاستر رسالہ۔ جلد۔ نسخہ۔ رجسٹر۔ بہی کھاتہ۔

کِتاب آسمانی:۔ کتاب الٰہی:۔ (ع۔امو) خدا کی طرف سے نازل شدہ احکام کی تحریر جو کسی پیغمبر کی معرفت اتری ہو۔ جیسے توریت۔ زبور۔ انجیل قرآن شریف۔

کِتابی:۔ (ع۔صفت) کتاب پڑھنے والا۔

کِتاب پر چڑھانا:۔ (اُر۔فعل) رجسٹر میں درج کرنا۔ بہی میں لکھنا۔ نوٹ کرنا۔

کِتاب پوش:۔ (ع۔اند) گرد پوش۔

کِتاب خانہ:۔ (ع۔اند) کُتب خانہ۔

کتاب دیکھنا: (اُر محاورہ) کتاب پڑھنا۔
کتاب رُو: (عف۔ اصفت) لمبے چہرے والا۔ کتابی چہرے والا۔
کتاب فروش: (عف۔ اند۔ فاعل ترکیبی) کتابیں بیچنے والا۔ کتب فروش۔
کتاب کہنا: (اُر محاورہ) کتاب تصنیف کرنا۔
کتاب کا کیڑا: (لف اند) کتاب کو کھا جانے والا کیڑا۔ جھینگر۔ کرم کتاب خور۔ مجازاً وہ آدمی جو ہر وقت کتاب کے مطالعہ میں مصروف رہے۔
کتاب مجید: (مقدس۔ ہُدیٰ) (ع۔ مو) بزرگ کتاب۔ الہامی کتاب۔ قرآن مجید۔
کتاب و سُنت: (ع۔ امو) قرآن مجید اور حدیث رسول صلعم۔
کتابت: (ع۔ امو) لکھائی۔ کاپی نویسی۔ نقل نویسی۔ محرری۔ تحریر۔
کتابچہ: (ف۔ ا۔ اند) چھوٹی سی کتاب۔ رسالہ۔ جزوہ۔
کتابہ: (ع۔ ا۔ اند) گنبد۔ کتبوں پر لکھی ہوئی عبارت۔
کتابی: (ع۔ اصفت۔ یائے نسبتی) تحریری منسوب بہ کتاب۔
کتابی آدمی: (ع۔ صفت) کتاب کا کیڑا۔
کتابی چہرہ یا کتاب رو چہرہ: (اُر۔ اند) لمبا چہرہ۔
کتارا: (ہ۔ اند) گنا۔ نیشکر۔ ایکھ۔ اوکھ۔ املی کا پھل۔ کچا ہو یا پکا۔
کتاف: (ع۔ اند) رسی جس سے پیچھے کی طرف ہاتھ باندھتے ہیں۔ بیڑی ہتھکڑی۔
کتان: (ف۔ اند) السی جس کا تیل نکلتا ہے۔ ایک قسم کا باریک کپڑا۔
کتائی: (ہ۔ امو) معاوضہ۔ کاتنے کی اُجرت۔ کاتنا۔
کُتب: (ع۔ اند) کتاب کی جمع ہے۔
کتب خانہ: (عف۔ لند) ظرف۔ لائبریری۔ کتاب گھر۔ بک ڈپو۔ کتابیں ملنے کی جگہ۔
کُتب سماوی: (ع۔ اند) الہامی کتابیں۔ مقدس کتابیں۔
کُتب فروش: (عف۔ اند۔ فاعل ترکیبی) تاجر کُتب۔ کتابیں بیچنے والا۔
کتبہ: (ع۔ اند) وہ لکھی یا کھدی ہوئی عبارت جو مقبروں مسجدوں یا سرایوں کے دروازوں پر لگا دیتے ہیں۔
کتخدا: (ف۔ اند) دیکھیے کدخدا۔
کتخدائی: (ف۔ امو) دیکھیے کدخدائی۔
کتر: (ہ۔ اند) کپڑے کی چھٹن۔ دھجی۔ لیر۔
کتر بیونت: (ہ۔ امو) کاٹ چھانٹ۔ قطع برید۔ حساب میں کمی بیشی خورد برد منہائی۔ وضع۔ توڑ جوڑ۔ کاٹ پھانس۔ سوچ فکر۔ اُدھیڑ بن۔
کتر جانا/ دینا/ کترنا: (اُر محاورہ) قینچی سے کاٹنا۔ تراشنا۔ چھانٹنا۔
کترانا: (اُر مصدر) گھوم کر جانا۔ راستے سے بچ کر نکلنا۔ راستہ کاٹ کر جانا۔ راہ میں موافقت نہ کرنا۔ ساتھ دینے سے بھاگنا۔ بیگانگی اختیار کرنا۔ بچانا۔ کنارہ کرنا۔ جلدی سے سمٹ کر نکل جانا۔
کترا کر جانا۔ یا کترا کے جانا یا کترانا: (اُر محاورہ) راستے سے الگ ہونا۔ بیگانگی اختیار کرنا۔ ساتھ سے جُدا ہو کر چلنا۔ کنارہ کرنا۔ بچ کر نکل جانا۔ جُدائی اختیار کرنا۔
کترن: (ہ۔ امو) کترتی ہوئی دھجی۔ ریزہ۔ ٹکڑا۔ چھانٹ۔ چھٹن۔
کترن: (ہ۔ امو) دانتوں سے کترتی ہوئی چیز۔
کترنا: (ہ۔ فعل) کاٹنا۔ چھانٹنا۔ بیونتنا۔ قطع کرنا۔
کُترنا: (ہ۔ فعل) دانتوں سے کاٹنا۔ خورد برد کر لینا۔ بیچ میں سے رکھ لینا۔ بچا لینا۔
کترنی: (ہ۔ ا۔ مونث۔ بیائے فاعلیت) کترنے والی قینچی۔ مقراض۔
کترنی سی زبان چلنا: (اُر۔ فعل) قینچی سی زبان چلنا۔ تیزی و طراری سے بولنا۔
کترواں: (ہ۔ اصفت بتر کیب تشبیہی) آڑا۔ ترچھا۔ اُریبواں۔
کتروانا: (ہ۔ فعل) پونتوانا۔ چھنٹوانا۔ قطع کرنا۔
کتروائی: (ہ۔ امو) قطع کرانے کی اُجرت۔
کتف: (ع۔ ا۔ اند) کندھا۔ مونڈھا۔ شانہ۔ دوش۔ کندھے کی ہڈی۔ بکری وغیرہ کے اگلے پاؤں کے اُوپر کا حصہ۔ کتیب۔

کتف

کُتک: (ہ۔ اند) خشک۔ سونٹا۔ مُوسل۔ مُوسلی۔
کُتکا: (ہ۔ اند) الف مُکبّر۔ بھنگ گھونٹنے کا سونٹا۔ مُوسل۔
کُتل: (ہ۔ امو) پتھر کی چوڑی کرچی۔ پتھر۔ اینٹ۔ سل وغیرہ کا ٹکڑا۔ چٹان۔ مٹی کے برتن کا ٹکڑا۔
کُتل ترا: (ہ۔ اند) ٹھیکری کی طرح پھینکنا کہ پانی پر تیرتی ہوئی چلی جائے۔
کتنا: (ہ۔ استفہام مقداری) کس قدر۔ کس مقدار کا کہاں تک۔ مفید کثرت جیسے اور جو کتنا مہنگا ہے۔
کتنا ایک: (اُر متعلق فعل) کس قدر کہاں تک۔
کتنا ہی: (ہ۔ تابع فعل) مفید تاکید۔ ہر چند۔ کسی قدر۔ کیسا ہی۔
کُتنا: (ہ۔ فعل) کاتا جانا۔ روئی کے تاگے بُننا۔
گُتنا: (ہ۔ فعل) تخمینہ ہونا۔ اندازہ ہونا۔
کتنے پانی میں ہے: (ہ۔ محاورہ) کس قدر حوصلہ رکھتا ہے۔ کتنی خبر اور طاقت ہے۔ کس قدر دولت مند ہے۔
کتوانا: (ہ۔ فعل) روئی کا سوٹ بنوانا۔ کاٹنا کا متعدی ہے۔
کتوں کو دوں پر تجھے نہ دوں: (اُر۔ مثل) جسے کوئی چیز دینے کو دل نہ چاہتے اور وہ ضد کرے تو کہتے ہیں۔
کُتوال: (ہ۔ اند) کوتوال کا مخفف ہے۔
کتھ کتھا: (ہ۔ ا۔ اند) پان میں کھانے کی سیاہ سی چیز۔
کتھا: (س۔ امو) بات۔ بیان۔ مقولہ۔ کہانی۔ قصہ۔ تذکرہ۔ روایت۔ وعظ۔ نصیحت۔ پند۔ مذہبی اپدیش۔
کتھا پنچنا یا کتھا بکھانا: (ہ۔ فعل) شاستر سُنانا۔ درس کہنا۔ کوئی مذہبی ذکر پڑھ کر سُنانا۔
کتھا سمپورن کرنا: (اُر محاورہ) مذہبی کتاب پڑھ کر ختم کرنا۔
کُتھرا: (ہ۔ اند) گندگی۔ ناپاکی۔ سڑاند۔
کُتھری: (ہ۔ امو) گودڑی۔ چیتھڑے لگا ہوا کپڑا۔
کتھک: (ہ۔ اند) نچنیا ناچنے اور گانے والا لڑکا۔ گویوں کے ایک فرقہ کا نام بھی ہے۔
کتھنا: (ہ۔ فعل) کہنا۔ بیان کرنا۔ سازش کرنا۔ ساز باز کرنا۔ مٹھنا۔ بُرا کہنا۔ پیٹھ پیچھے کرنا۔ شعر کہنا۔
کتی: (ہ۔ امو۔ بیائے فاعلیت) سونے چاندی کے پتروں کو کاٹنے کا سناروں کا اوزار۔ ایک خاص قسم کی تلوار۔ اُجرت پر سوت کاتنے والی عورت۔

کُتی ۱ (ہ - امو) کُتیا۔ مادہ سگ۔
کُتے پَن (اردو - امو - بیائے مصدری) پاجی پن۔ پاجی گری۔ کمینہ پن۔ ادنےٰ درجہ کی نوکری۔ بے عزتی کی ملازمت۔ آوارہ گردی۔ کُتے کی سی ذلت وخواری۔
کُتے خصمی میں کون پڑے ۱۔ (اُر محاورہ) جھگڑے سے بچنے کے موقع پر بولتے ہیں۔
کُتے تیرا مُنہ نہیں تیرے سائیں کا مُنہ ہے۔ (ہ - مثل) کسی کمینے کا قصور کسی شریف کی خاطر معاف کرتے وقت بولا کرتے ہیں کہ ان کی وجہ سے معاف کر دیا ورنہ خوب سزا دیتے۔
کُتے چھڑوانا (اُر محاورہ) شکار پر کتوں کو چھوڑنا۔
کُتے سے مُنہ چٹانا (اُر محاورہ) کُتا اپنے مالک کا مُنہ پیار سے چاٹ لیتا ہے۔
کُتے کا بھیجا کھانا (اُر۔ محاورہ) برابر بولتے اور بحث کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔
کُتے کا بھونکنا (اُر مصدر مرکب) کُتے کا بھوں بھوں کرنا۔
کُتے کا کاٹا (ہ - ا - مذ) بتر کیب مفعولی کُتے کے کاٹے ہوئے زخم والا آدمی۔
کُتے کا کُتا بیری (اُر۔ مصدر مرکب) ہم جنس ہی ہمیشہ دُشمنی کیا کرتے ہیں۔
کُتے کا کفن (ہ - ا - مذ) حقارتاً موٹے سُوت کا نہایت چھدرا کپڑا۔ گزی۔ دھوتر۔
کُتے کا کُتا بیری (اُر۔ مثل) ایک پیشے والے آپس میں دشمن ہوتے ہیں۔ ہم جنس ہی دُشمنی کرتے ہیں۔
کُتے کو گھی نہیں پچتا (اُر مثل) کم ظرف میں حوصلہ نہیں ہوتا۔
کُتے کو گھی نہیں پچتا } (اُر۔ محاورہ) کمینہ آدمی کو حوصلہ نہیں ہوتا۔ کم ظرف
کُتے کو گھی ہضم نہیں ہوتا } کو سمائی نہیں ہوتی۔
کُتے کو گھن آنے (اُر مثال) بہت زیادہ گندگی ہے۔ بہت گندہ ہے۔
کُتے کو مسجد سے کیا (بُرے آدمی کو نیک کاموں سے کیا واسطہ۔ بُرا نیک کام کبھی نہیں کرتا۔
کُتے کی دُم (اُر۔ ا - امو) غیر متاثر آدمی۔ کج فہم۔ نالائق۔ نااہل۔ بدطینت۔
کُتے کی دُم کو بارہ برس نلکی میں رکھا جب نکالا تو ٹیڑھی کی ٹیڑھی ہی نکلی یا کُتے کی دُم موتے پر بھی ٹیڑھی (اُر۔ مثل) نالائق اور کج طبع شخص تربیت سے بھی کبھی درست نہیں ہوتے گا۔
کُتے کی سی ہڑک اُٹھنا (ہ - محاورہ) کسی بُری بات کا کبھی کبھی دفعتہً خیال آجانا شوق اُبھرنا۔
کُتے کی موت آتی ہے تو مسجد کی طرف بھاگتا ہے۔ (اُر۔ محاورہ) جب آدمی کی شامت سر پر سوار ہوتی ہے تو وہ خطرناک کام میں پڑتا ہے جب کسی کمینے کی شامت آتی ہے تو شریف سے اُلجھتا ہے۔
کُتے کی موت مرنا (محاورہ) نہایت تکلیف اُٹھا کر مرنا بڑی ذلت سے مرنا۔ حرام موت مرنا۔
کُتے کی نیند (اُر محاورہ) ایسے شخص کے متعلق کہتے ہیں جو ذرا سی آہٹ سے اُٹھ بیٹھے۔
کُتے کے بھونکنے سے ہاتھی نہیں ڈرتا (اُر مثل) ذلیل اور کمینے آدمیوں کی دھمکی سے شرفا نہیں ڈرتے۔
کُتیا چوروں مل گئی پہرا دیوے کون (ہ۔ مثل) جب اپنے دوست اور معتبر آدمی ہی دُشمن بن گئے اور دُشمنی کرنے لگے تو بچاؤ کی صورت کہاں۔ جب اپنے ہی دشمن ہو جائیں تو ساتھ کون دے۔
کُتیا کے جھنالے میں پتھر ڈالنا۔ یا پھنسنا (اُر۔ محاورہ) دوسرے کے جرم میں گرفتار ہونا۔ مفت میں بدنام ہونا۔
کُتیا کا پلا ۱۔ (ہ۔ اسم مذکر) کُتیا کا پلا۔ حرام کار۔ حرامی۔ ادنےٰ آدمی۔
کُتیرا ۱۔ (ہ - ا - مذ) ایک قسم کا گوند۔ لوہا کترنے کا ایک آہنی اوزار۔

ک - ٹ

کُٹ (ہ - ا - امو) ایک دوا کا نام ہے عربی میں قسط۔
کُٹ (ہ - امو) کوٹ کا مخفف۔ مجمّی کاغذ۔ ایک دھات کا نام
کٹاپٹ (بحالت اسم صورت) دانت سے کھٹکنے کی آواز۔
کُٹ بڈیا ۱۔ (ہ - امو) مارپیٹ۔ گت۔ گوشمالی۔ زدوکوب
کُٹ (ہ - ا - مذ) ایک قسم کا سیاہ رنگ کٹنے کا حاصل مصدر اور امرکاٹ کا مخفف۔ جیسے گٹ کھنا گٹا۔
کٹ جانا ۱۔ (ہ۔ فعل) قطع ہونا۔ الگ الگ ہو جانا۔ دو ٹکڑے ہو جانا۔ تراشا جانا۔ بارش سے زمین میں گڑھے پڑ جانا۔ شرمندہ ہو جانا۔ فصل کا صاف ہو جانا۔ ہار جانا۔ خارج ہو جانا۔ تفریق ہونا۔ منہا ہو جانا رنگ اُڑ جانا۔ قتل ہو جانا۔ ذبح ہو جانا۔ علیحدہ ہو جانا۔ گزر جانا۔ بسر ہو جانا۔ ساتھ سے بچھڑ جانا۔
کٹ حجتی (اُر صفت) خواہ مخواہ حجت کرنے والا۔
کٹ حجتی ۱۔ (اُر۔ امو) کٹ حجت کا اسم کیفیت ہے۔
کٹ رہنا ۱۔ (ہ - محاورہ) بچھڑ جانا۔ ساتھ چھوڑ دینا۔ راہ میں جدا ہو جانا۔
کٹ کٹ کے لڑنا ۱۔ (ہ - محاورہ) جان توڑ کر لڑنا۔ بڑی بہادری سے لڑنا۔
کٹ کٹ کے مرنا ۱۔ (ہ - محاورہ) لڑ لڑ کے مرنا۔ باہم سخت لڑنا۔
کٹنے کھنا ۱۔ (ہ - اصفت بتر کیب فاعلی) کاٹ کھانے والا۔ کٹنے کے عیب جو طالب علم کا ہاتھ ہمیشہ کہنی کے پاس سے کھجلی پیدا کر دیا کرتے ہیں۔ عادت۔ خصلت۔ بیہودہ۔ ڈھنگ۔ پن۔ چالاکی فریب۔ دھوکا۔
کٹ مرنا ۱۔ (اُر۔ فعل) آپس میں بھری کٹاری سے لڑ کر مر جانا۔ لڑ مرنا
کٹ منا (اُر۔ ا - صفت) بدمست۔ جوان توانا۔ سنڈ مسنڈا۔
کٹا (ہ - ا - مذ) بے کٹا ہوا کبوتر۔ پر اُکھاڑا ہوا کبوتر۔
کٹا (ہ - ا - مذ) بھینس کا بچہ۔ موٹی جوں۔ (بحالت صفت) پٹھا مضبوط طاقت ور۔ پورا دھرمی۔ متعصب۔ موٹا تازہ۔ سنڈ مسنڈا۔ ہٹا کٹا تابع موضوع یعنی ہٹا کٹا۔

کٹا ۱- (ہ ۱ مذ) کاٹنا۔ کوٹنا۔ قتل۔ خونریزی۔
کٹا چھنی ۱- (ہ ۱ مو) مار پیٹ۔ کشت وخون۔ لڑائی بھڑائی۔ سخت بیر۔ عداوت۔
کٹا چھنی ہونا: (اُ۔ محاورہ) بہت دشمنی ہونا۔
کٹا کرنا: (اُ۔ محاورہ) قتل عام کرنا۔
کٹار ۱- (ہ ۱ مذ) خنجر۔ پیش قبض۔ نیمچہ۔ ایک درندہ کا نام بھی ہے۔
کٹا ر ۲- (ہ ۱ مذ) ک بمعنی خراب اور ٹار بمعنی چھوٹا گھوڑا) شریر ٹٹو۔ دنگئی ٹٹو ۲-
کٹارا ۱- (ہ ۱ مو) ایک دوا کا نام ہے۔
کٹاری ۱- (ہ ۱ مو۔ بیائے تصغیر) چھوٹی خنجر۔ ریشمی گلبدن یا لنگی وغیرہ پر کے خمیدہ اور ٹیڑھے نشان۔
کٹاؤ ۱- (ہ ۱ مو) کاٹنے کا حاصل مصدر۔ گلکاری۔ بیل بوٹے نکالنا۔ تراش خراش
کٹاؤ کرنا: (اُ۔ محاورہ) کاٹ کرنا۔ زخم کرنا۔
کٹاؤں لگنا/پڑنا ۱- (اُ۔ محاورہ) خلاف مرضی دوسرے کے حرف میں آنا۔
کٹائی ۱- (ہ ۱ مذ) کٹانا کا حاصل مصدر۔ کٹوانے کی اجرت فصل کاٹنے کے دن فصل کاٹنے والوں کا کھانا وقت وروز۔
کٹ پیس: (Cutpiece - انگ۔ مذ) کپڑے کے تھانوں کے ٹکڑے۔
کٹائی کرنا ۱- (ہ ۔ فعل) کھیتی کاٹنا۔ فصل کاٹنا۔ تراشنا۔
کٹنی کٹتی باتیں: (اُ۔ امو) جلی کٹی باتیں طعن وطنز کی باتیں۔
کٹنی کہنا: (ہ۔ محاورہ) برائی کہنا۔ کسی کے برخلاف بری بات کہنا۔
کٹ جانا: (ہ۔ محاورہ) شرمندہ ہو جانا۔ نادم ہو جانا۔ کھسیانا ہونا۔ دو ٹکڑے ہو جانا۔
کٹر ۱- (ہ ۔ اصفت) بے رحم۔ بیدرد۔ سنگدل۔ بیوفا۔ بے مروت۔
کٹر کٹر ۱- (ہ ۔ امو) صوت۔ کسی سخت چیز کے چبانے کی آواز۔
کٹڑا ۱- (ہ ۱ مذ) زمین کا چھوٹا سا آباد ٹکڑا۔ محلہ۔ احاطہ۔ چوک۔ چھوٹا سا بازار لکڑی کا تسلا۔ لکڑی کا چوڑا سا کونڈا۔ بھینس کا نر بچہ۔
کٹری ۱- (ہ ۔ امو) دریا کے کنارے کی زمین۔
کٹ سُونی ۱- (ق ۔ مذ) ایک پرندہ۔
کٹک ۱- (س ۱ مذ) بڑا لشکر۔ بڑی بھاری فوج۔ سپاہ۔
کٹکٹانا ۱- (ہ ۔ فعل) کچکچانا۔ دانت پیسنا۔ جانوروں کو جلدی جلدی چلانا۔
کٹکنا دینا: (اُ۔ محاورہ) اجارہ دینا۔
کٹکٹی ۱- (اُ۔ مو) دانت پیسنے کا عمل۔ تکلیف۔ رنج۔
کٹکنا ۔ کٹکنہ ۱- (ہ ۔ مذ) نمونہ۔ خاکہ۔ تدبیر۔ قانون۔ صنعت۔ مکر۔ اجارہ۔ ٹیٹا۔ چالاک۔
کٹکنہ دار ۱- (لف ۔ صف) زمیندار کا پٹیا یا ٹھیکہ رکھنے والا۔
کٹکی ۱- (ہ ۱ مو) ایک کالی کڑوی گرہ دار جڑ کا نام ہے۔ جو دوا میں کام آتی ہے۔ دانتوں کی کاٹ کا ڈور وغیرہ پر نشان کرنا۔
کٹکی دینا یا لگانا ۱- (ہ ۔ محاورہ) حریف کے پتنگ کی ڈور کو دانتوں سے بودا کرنا۔ ڈور میں دانتوں کا نشان ڈال دینا۔
کٹ گلاس ۱- (انگ ۱ مذ) ایک عمدہ قسم کا مضبوط منقش اور عمدہ شیشہ۔ Cut Glass
کٹلری ۱- (Cutlery ۔ انگ ۔ مو) چھری۔ کانٹا۔ چاقو وغیرہ۔ ان چیزوں کی دوکان یا کارخانہ۔
کٹلس ۱- (Cutlets ۔ مو ۔ مذ) گوشت کا بھنا ہوا یا ابالا ہوا ٹکڑا۔

کُٹم ۱- (ہ ۔ امذ) ٹبر۔ خاندان۔ قبیلہ۔ کل گھرانہ
کٹ مُلّا ۱- (لو ۱ مذ) تھوڑا سا پڑھا ہوا ملا۔ مسجد کی روٹیاں کھانے والا۔
کٹنا ۱- (ہ ۱ مذ) وَلہ بھاڑو۔ بھڑوا۔ دیوث (بسیحالت فعل) کوٹا جانا پٹنا۔ مار کھانا۔ سزا پانا۔
کٹنا ۲- (ہ ۔ فعل) تراشا جانا۔ دو ٹوک ہو جانا۔ کٹ جانا۔ اُڑ جانا۔ قلم ہونا۔ چھری وغیرہ کا زخم لگنا۔ چرکا لگنا۔ ناگوار چیز کا دور ہونا۔ جاتا رہنا۔ شرمندہ ہونا۔ نادم ہونا۔ وقت گزرنا۔ بسر ہونا۔ رستے ہونا۔ خارج ہونا۔ منہا ہونا۔ حسد کرنا۔ ذلت ہونا۔ خارج ہونا۔ رنگ اُڑنا کھیت میں درانتی پڑنا۔ فصل درد ہونا۔ روپیہ خرچ ہونا۔ دریا سے نہر وغیرہ کا نکلنا۔
کُٹنا پا ۱- (ہ ۱ مذ) دلہ پن۔ بھڑوا پن۔ دیوثی۔ دیوث پنا۔
کُٹنی ۱- (ہ ۔ امو) بیائے تانیث۔ دلالہ۔ دوتی۔ عیارہ۔ چالاک عورتوں کو بھگا کر لے جانے والی۔
کُٹوا ۱- (ہ ۔ اصفت) تراشا ہوا۔ کٹا ہوا۔
کٹوانا ۱- (ہ ۔ فعل) کٹانا۔ کاٹنا کا متعدی ہے۔ وضع کرانا۔ کھیتی درد کروانا خرچ کرانا۔ اُڑوانا۔ سر قلم کرانا۔ نام خارج کرانا۔ درخت چھوٹا نہ سوا کرانا۔ ذلیل کرانا۔
کٹوانا ۲- (ہ ۔ فعل) کوٹنا کا متعدی ہے۔ پٹوانا کچلوانا۔ بھوگ بلاس کرانا۔
کٹوائی ۱- (ا ۔ امو) کاٹنے کی اُجرت۔
کٹوتی ۱- (ہ ۔ امو) مٹی کاٹنا۔ بٹا کمیشن۔ ڈسکونٹ۔ کٹائی۔ منہائی
کٹورا ۱- (ہ ۔ امذ) پیالا کسی دھات کا پانی پینے کا پیالہ۔ پورا کھلا ہوا پھول۔ آباد شہر۔ معمور بستی۔
کٹورا بجانا: (اُ۔ محاورہ) مجمع میں سقوں کا پانی پلانے کیلئے کٹورا کھنکھنانا۔
کٹورا بجنا یا کھنکنا: (اُ۔ محاورہ) شہر کا نہایت آباد ہونا۔ چہل پہل ہونا۔
کٹورا پھرانا/دوڑانا ۱- (اُ۔ محاورہ) منہ کے زور سے کٹورے کو پھرانا۔
کٹورا سی آنکھیں ۱- (ہ ۱ مو) گول اور بڑی بڑی آنکھیں
کٹوردان ۱- (اُ۔ امذ) ڈھکنے والا برتن۔
کٹورنا ۱- (ہ ۔ فعل) غصہ کی نظر سے دیکھنا۔ گھورنا۔ ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔
کٹوری ۱- (ہ ۱ مو۔ بیائے تصغیر) چھوٹا کٹورا۔ پیالی۔ انگیا کا وہ حصہ جس میں چھاتیاں رہتی ہیں۔ گول آنکھ۔ پورا کھلا ہوا چھوٹا سا پھول۔ پیتل کے ورق کی گول گھراتی دار ٹکیاں۔
گٹھ ۱- (ہ ۱ مذ) کاٹھ کا مخفف ہے۔ لکڑی۔ محنت۔ مشقت۔ ایک قسم کا سیاہ رنگ
گٹھ پتلی ۱- (ہ ۱ مو) کاٹھ کی مورت۔ مجازاً نازک لڑکی۔ دبلی پتلی عورت۔ دوسرے کی عقل پر چلنے والی عورت۔ بے اختیار آدمی۔ بے بس آدمی۔
گٹھ پھوڑا ۱- (ہ ۱ مذ) کھٹ بڑھئی۔ بڑھئی۔ ایک پرندے کا نام ہے۔
گٹھ گلاب ۱- (لف ۔ مذ) ایک قسم کا گلاب۔
گٹھا ۱- (ہ ۱ مذ) پانچ کلو نمکے کا پیمانہ۔ ایک سخت لکڑی والے کا درخت کا نام بھی ہے۔
گٹھالی ۱- (ہ ۔ امو) سونا یا چاندی گلانے کی پیالی۔ بوتہ زر۔

کٹھالی کرنا :۔ (ہ فعل) سونا چاندی گلانا۔ (ہندو) مُردے جلانا۔ مُردے کو آگ دینا۔
کٹہرا :۔ (ہ۔ اند) لکڑیوں کا احاطہ۔ جنگلا درندوں کے رکھنے کا لکڑی کا پنجرا۔
کھٹڑیا :۔ (اُر۔ امو) کُٹیا۔ جھونپڑی۔
کٹھڑا :۔ (ہ۔ اند) لکڑی کا بڑا سا چوڑا برتن کونڈا۔ بھینس کا زیچہ۔ محلہ منڈی۔
کٹھل :۔ (ہ۔ اند) ایک لیسدار پگر شیریں خاردار سا پھل ہوتا ہے۔
کٹھلا :۔ (ہ۔ اند) کنٹھا کا اسم تصغیر ہے۔ گلے میں پہننے کے ایک زیور کا نام ہے۔ ہنسلی۔
کُٹھلا۔ کِٹھل :۔ (ہ۔ اسم۔ مذکر) کوٹھی کُٹھیار کا اسم تصغیر ہے۔ اناج کا گودام رکھنے کا برتن۔ چوڑنے کا مٹھا۔
کٹھن :۔ (ہ۔ اصفت) مشکل۔ سخت۔ دشوار دُکھ۔ سکٹ۔ تکلیف۔
کٹھوتی :۔ (ہ۔ امو) کاٹھ کا برتن جس میں آٹا گوندھتے ہیں۔ کٹھڑا۔
کٹھور :۔ (ہ۔ اصفت) بے رحم۔ سنگ دل۔ سخت۔ کڑا۔ نروئی۔ کٹر۔
کٹھورا :۔ (ہ۔ اصفت) (ک بمعنی نقی۔ ٹھور بمعنی مقام) بے موقع۔ بے ڈھب بے جگہ۔
کٹھورپن :۔ (ہ۔ اند) کٹھور کا اسم کیفیت ہے۔
کٹھیا :۔ (ہ۔ اصفت) سخت کڑا (بحالت اسم مونث۔ بھینس کا مادہ بچہ۔
کٹھیار یا۔ کٹھار :۔ (ہ۔ اند) کوٹھلے سے بنا ہوا ہے۔ غلہ کا گودام۔ ذخیرہ غلہ ڈالنے کا بہت بڑا برتن۔ اناج کی کوٹھی۔
کٹی۔ کُٹیا :۔ (ہ۔ امو) درویشوں یا زاہدوں کی جھونپڑی۔ مڑی۔ سادھ۔
کُٹی :۔ (ہ۔ امو) باریک باریک کٹا ہوا چارہ۔ دُم کٹا کبوتر۔ پانی میں گلا ہوا کاغذ۔
کٹی چھنی :۔ (اُر۔ امو) عداوت۔ دشمنی۔ روک۔ ٹوک

کٹیا :۔ (ہ۔ امو) چھوٹی۔ جوان بھینس۔ بھینس کا مدین بچہ۔ مچھلی پکڑنے کا کانٹا دودھ دُہنے کا برتن۔
کٹیا :۔ (ہ۔ اند) ایک خاردار بوٹی کا نام۔ ایک قسم کی موٹی گھاس۔ بوچڑ قصائی
کٹے پر نمک چھڑکنا یا نون دینا :۔ (محاورہ) زخم پر زخم دینا۔ دکھ میں دُکھ بڑھانا۔ جلے کو جلانا۔ مرے کو مارنا۔
کٹے جانا :۔ (ہ۔ محاورہ) نہایت نادم ہوا جانا۔ شرم کے مارے گڑا جانا۔
کٹی چھنی :۔ (ہ۔ امو) بیر۔ دشمنی۔ عداوت۔
کٹیلا :۔ (ہ۔ اصفت) کانٹے دار۔ نوک دار۔ انی دار۔ خاردار۔ نکیلا۔ دلربا من موہن۔ قاتل۔ زہریلا۔ کاٹ کرنے والا۔ تیز۔ بران۔
کٹے لگنا :۔ (ہ۔ محاورہ) روپے کا بُری جگہ صرف ہونا۔ موت پر خرچ ہونا۔ بوریوں کا برابر یا ایک دوسری کے اوپر لگنا۔ ڈھیر لگنا۔
کٹیلی آنکھ۔ یا۔ کٹیلی آنکھ :۔ (ہ۔ امو) دل میں بیٹھ جانے والی آنکھ سفاک آنکھ قاتل آنکھ۔
کٹے مرنا :۔ (محاورہ) آپس میں لڑ کر جان دینے پر تیار ہونا۔ لڑے مرنا۔ خون خرابے پر اُتر آنا۔

ک ۔ ث

کثافت :۔ (ع۔ امو) گاڑھا پن گندگی۔ میل۔ غلاظت۔ مٹائی۔ موٹاپن لطافت کی ضد
کثافت پیما :۔ (اُر۔ اند) کثافت ناپنے کا آلہ۔
کثرت :۔ (ع۔ امو) بہتات۔ زیادتی۔ مجازاً انبوہ۔ بھیڑ۔ ہجوم۔ ورزش مشق۔
کثرت رائے :۔ (ع۔ امو) کسی امر کی طرف لوگوں کی رائے کی زیادتی۔ رائے کا علم۔
کثیر :۔ (ع۔ اصفت) نہایت۔ زیادہ۔ وافر۔ افراط سے۔
کثیر الاضلاع :۔ (ع۔ امو) بہت سے ضلعوں والی شکل۔
کثیر الاولاد۔ کثیر العیال :۔ (ع۔ اصفت) بہت سے بال بچوں والا۔ بڑے کنبے والا شخص۔
کثیر التعلق :۔ (ع صفت) کثرت سے تعلق رکھنے والا۔
کثیر المعنی :۔ (ع۔ اصفت) بہت سے معنی رکھنے والا لفظ۔
کثیر المقاصد :۔ (ع صفت) وہ جس میں بہت سے مقاصد شامل ہوں۔
کثیر التوال :۔ (ع صفت) بہت قربانیاں کرنے والا۔
کثیر الوقوع :۔ (ع صفت) کثرت سے واقع ہونے والا۔
کثیف :۔ (ع۔ اصفت) گندا۔ موٹا۔ غلیظ۔ ناپاک۔ لطیف کی ضد
کثیف البطع :۔ میلا گندا آدمی۔ وہ آدمی جو یا ک صاف نہ ہو۔

ک ۔ ج

کج :۔ (ف۔ اصفت) ٹیڑھا۔ آڑھا۔ ترچھا
کج اخلاق :۔ (ف۔ صفت) بد اخلاق بد مزاج اکھڑ۔
کج ادا :۔ (ف۔ اصفت) روکھا۔ بدخلق۔ بیوفا۔ طوطا چشم۔
کج ادائی :۔ (ف۔ امو۔ بیائے مصدری) بدخلقی۔ بے مروتی۔ بیوفائی بے رُخی مجازاً۔ دشمنی بیر۔ عداوت۔ بُرائی۔
کج باز :۔ (ف صفت) مفید۔ بد معاملہ۔
کج بحث :۔ (ف۔ اصفت۔ فاعلی) اُلٹی دلیل لانے والا۔ ٹیڑھی بحث کرنیوالا۔
کج بحثی :۔ (ف امو۔ بیائے مصدری) لغو تکرار۔ فضول بحث۔ نامناسب گفتگو۔
کج بصیرت :۔ (ف صفت) اُلٹی سمجھ والا۔
کج خلق :۔ (ف۔ اصفت۔ فاعلی) اکھڑ بے مروت۔ بدمزاج۔ بدخو۔ بدسرشت۔ بد اخلاق۔

کج دار و مریز :- (ف مثل) پانی کے بھرے ہوئے گلاس یا پیالے کو ٹیڑھا رکھے اور گرنے نہ دے (ناقابلِ عمل احکام کے موقع پر کہا جاتا ہے۔

کج رائے :- (ف۔ا صفت - فاعلی) نادرست رائے والا۔

کج رفتار یا کجرو :- (ف۔ا۔ صفت) نالائق، ٹیڑھی - چال چلنے والا

کج سرشت :- (ف) (ا صفت ترکیبی)
کج طبع :- (ف) بدخو۔ بدخلق۔ بدطینت۔

کج فہم :- (ف - اصفت فاعلی) اُلٹی سمجھ والا - کوڑھ مغز۔

کج کلا :- (ف - ا صفت - فاعلی) ٹیڑھی ٹوپی والا - بانکا ترچھا۔

کج کلاہی :- (ف - ا مو - بیائے مصدری) ترچھا پن - بانکپن - خودنمائی۔

کج مدار :- (ف صفت) ٹیڑھی چال چلنے والا۔

کج مریز :- (ف صفت) انکار در پے وہ اقرار کرنے والا۔

کج نکالنا :- (ف - فعل) سیدھا کرنا - ٹیڑھ نکالنا - بل نکالنا - سزا دینا۔

کجا :- (ف - تابع فعل - استفہام) انکار اور مکان کے واسطے۔

کجات :- (ف - اصفت) کمینی بدا ور رجات بمعنی ذات، پست قوم کا - کمینہ - کمینی ذات کا۔

کجاوہ :- (ف - اند) اونٹ کی کاٹھی محمل۔

کجاک :- (ف - اند) مہاوتوں کا آنکس۔

کجرایا - کجلایا :- (ف - اند) کاجل کی تصغیر - پیار و محبت کے لئے۔

کجکول :- (ف - اند) بھیک مانگنے کی جھولی - زنبیل - انتخابی اشعار یا مضامین لکھنے کی بیاض۔

کجلا :- (ف - اند) کاجل کی تصغیر۔

کجلا گھلانا :- (ف - محاورہ) آنکھوں میں کاجل یا سرمہ لگانا۔

کجلانا :- (ف - فعل) ساتولا ہو جانا - سیاہی پر آجانا - آگ کا بجھ جانا۔

کجلوٹی :- (ف - امو) کاجل کی ڈبیا۔

کجلی بن :- (ف - اند) ہاتھیوں کے رہنے کا جنگل - وہ جنگل جہاں بہت سے ہاتھی رہتے ہوں۔

کج مج بیان یا کج مج زبان :- (ف - اند) صاف بول نہ سکنے والا آدمی - وہ شخص جس کا کلام فصیح نہ ہو۔

کجی :- (ف - امو - بیائے مصدری) ٹیڑھا پن - ترچھا پن - کب - راستی کی ضد۔

کجی :- (ف - امو) چھوٹا کوزہ۔

کجی دینا :- (ف - محاورہ) روغن قاز ملنا - خوشامد کرنا۔

ک - چ

کچ :- (ف - امو) چھاتی - چوچی - پستاں - تھن - بھٹنی - سرپستان۔

کچ :- (ف - اصفت) کچا کا مخفف - خام۔

کچ کچ :- (ف - اند) چھوٹے چھوٹے بچے - بچمن لڑکے بالے۔

کچ بندیا :- (ف - اصفت - بترکیب فاعلی) کچی پیندی والا - کمزور - بودا - بات کا کچا - متلون - مزاج - غیر مستقل۔

کچ دلا :- (ف - امو) فاعلی - ڈرپوک - بودے دل والا۔

کچ لہو :- (ف - اند) بھوڑے کا کچا مواد - خون ملی پیپ - خون دار پاک۔

کچا :- (ف - اصفت) خام - پختہ - پکا کی ضد - بن پکا - بودا - کمزور - نازک - ناتجربہ کار - نادرست خط - جلد اڑ جانے والا رنگ - وقت سے پہلے پیدا ہو جانے والا بچہ - نرم - ملائم - صرف مٹی اور گارے کا بنا ہوا مکان۔

کچا بچہ :- (ف - اُر - اند) ادھورا بچہ۔

کچا پکا :- (ف - اصفت) نیم پختہ - ادھ بھنا - بے ٹھکانا - ندبندب - چونے اور پکی اینٹ بغیر تعمیر۔

کچا پکا کرنا :- (ف - فعل) ادھ بھنا کرنا - بے ٹھکانے بات کرنا - کچھ رضا اور ناراضگی ہونا۔

کچا تاگا :- (ف - اند) بےجان سوت - بن بٹا دھاگا - کمزور سوت - نازک چیز - موم کی ناک۔

کچا جانا :- (ف - محاورہ) پیٹ گرنا - حمل استقاط ہونا۔

کچا جن :- (اُر - اند) جاہل سطحی - کسی بات کے پیچھے پڑنے والا۔

کچا دودھ پینا :- (اُر - محاورہ) غلطی اور بھول سے مرکب ہونا - طبیعت کی خامی ہونا - بھول چوک - طبیعت میں رچی ہونا۔

کچا دودھ سب نے پیا :- (اُر - مثل) بھول چوک انسان سے ہو جاتی ہے۔

کچا ساتھ :- (ف - اند) چھوٹے چھوٹے بچوں کا کنبہ۔

کچا سیر :- (ف - اند) سرکاری تول سے کم وزن کا سیر - اسی تولے سے ۲۲ تولے یا کم و بیش وزن کا سیر - (اب متروک)

کچا کرنا :- (ف - محاورہ) شرمندہ کرنا - ذلیل کرنا - جھوٹا ثابت کرنا - کچی سلاتی کرنا۔

کچائی :- (ف - امو - بیائے مصدری) خامی - ناپختگی - ناتجربہ کاری۔

کچالو :- (ف - اند) ایک قسم کی ترکاری - نمک مرچ اور کھٹائی وغیرہ ڈالی ہوئی اردی یا امرود کی کاشیں۔

کچا ہند :- (ف - امو) کچا رہنے کی بو - کچیاند۔

کچائی :- (اُر - امو) کچا پن۔

کچ کچ :- (ف - امو) کیچڑ - دلدل - کیچڑ میں چلنے کی آواز۔

کچرا :- (ف - امو) کچا خربوزہ - کپاس کا ڈوڈا۔

کچر پچر ہونا (ہ۔ محاورہ) کیچڑ ہونا۔ دلدل ہونا دلدل یا کیچڑ میں چلنے کی آواز ہونا۔
کچر کچر (ہ۔ امو) صوت۔ کچے پھل کے چبانے کی آواز۔
کچر گھان (ہ۔ امذ) بہت سے بال بچے چھوٹے چھوٹے بچوں کی کثرت۔
کچڑی (ہ۔ امو) بیائے تذکیر و تانیث چھوٹا سا کچرا۔
کچڑ بازی بچنا (اُر۔ محاورہ) شور مچانا بہت سے آدمیوں کا مل کر باتیں کرنا۔
کچڑا نا (ہ۔ فعل) آنکھوں میں چپڑ بہت ہونا۔ آنکھوں میں کیچڑ ہونا۔
کچ کچ (ہ۔ امو) بیہودہ تکرار۔ فضول تکرار۔ یک بک۔ شور و غل۔
کچکچانا (ہ۔ فعل) غصے سے دانت پیسنا۔
کچکچی یا کچکچاہٹ (ہ۔ امو) کچکچانا کا حاصل مصدر۔ دانتوں کے پیسنے کی حالت۔
کچکڑ (ہ۔ امو) کچھوے یا دیل مچھلی کی ہڈی۔
کچکول (اُر۔ امذ) فقیروں کے بھیک مانگنے کی کٹی۔ چیپی۔ بھیک کی جھولی۔
کچلا (ہ۔ امذ) ایک زہریلے پھل کا نام۔
کچلا جانا (اُر۔ مصدر) پس جانا۔ زیر پا ہو جانا۔
کچلا کر دینا (اُر۔ محاورہ) پیس دینا۔ پس دینا۔ قیمہ کر دینا۔
کچل دینا (اُر۔ مصدر) مسل دینا۔ پس دینا۔
کچل ڈالنا (ہ۔ فعل) پیس ڈالنا۔ پامال کر ڈالنا۔ روند ڈالنا۔
کچلنا (ہ۔ فعل) پیسنا۔ پامال کرنا۔ روندنا۔ مارنا۔ رگڑنا۔ خوب پیٹنا۔ مارنا۔
کچلی (ہ۔ امو) آنکھوں کے عین مقابل تیز نوکدار دانت۔
کچلیاں پھولنا (اُر۔ محاورہ) کچلیاں نکلنے کی جگہ متورم ہونا۔
کچنال (ہ۔ امو) ایک درخت اور اُس کے پھول کا نام۔
کچو (ہ۔ امذ) کمند کیچا لوکی قسم کا ایک زمینی پھل۔
کچوٹ (ق) نفرت۔
کچوانا (ق۔ مص) جی متلانا۔ نفرت کرنا۔ رنج کرنا۔ بیزار ہونا۔ دق ہونا۔ پہلو تہی کرنا۔
کچوانسی (ہ۔ امو) بسوانسی کا بیسواں حصہ تقریباً ۱۶۵/۲ انچ کی مقدار۔
کچور (ہ۔ امذ) ہلدی کی قسم کا ایک درخت اور اُس کی جڑ۔
کچوری (ہ۔ امو) ماش کی دال بھری ہوتی پوڑی۔
کچوری سے گال (ہ۔ لمذ) پھولے ہوتے گال۔
کچوکا (ہ۔ لمذ) خنجر وغیرہ گھونپنا۔ بھونکنا۔ نوکدار چیز گھونپنا
کچومر (ہ۔ امذ) آم کی کیریوں کے کترے کا اچار۔
کچومر نکالنا (محاورہ) بھرکس نکالنا۔ بہت مارنا۔
کچونا (ہ۔ مص) چبھونا۔ بھونکنا۔ گھونپنا۔
کچوہ (ہ۔ "سہرا" کا تابع مہمل جو تاکید کے لئے آتا ہے۔ جیسے "سہرا کچوہ"
کچھ (ہ۔ امذ) کچھوا۔ سنگ پشت دیوار کا کونا۔ کرشن جی کا دوسرا اوتار۔
کچھ (ہ۔ لمذ) حیوانات آبی۔ یعنی مگرمچھ۔ گھڑیال۔ کچھوا وغیرہ۔
کچھ (ہ۔ اصفت) ذرا کسی قدر۔ تھوڑا۔ تھوڑا بہت۔ برائے استفہام۔ کیا کہیں کوئی برائے کثرت۔ بہت سا۔ بہت زیادہ۔ برائے انکار۔ نہیں کی تاکید۔ بالکل مطلق۔
کچھ آج سے نہیں (اُر۔ محاورہ) قدیم سے ہے۔ ہمیشہ سے ہے۔
کچھ اتنا فرق نہیں (دُر۔ محاورہ) بڑا بھاری فرق نہیں۔ بہت زیادہ فرق نہیں۔
کچھ آنسو بچھ گئے (ہ۔ محاورہ) ذرا تسلی ہو گئی۔ قدرے صبر آ گیا۔
کچھ اپنی خبر ہے (اُر۔ محاورہ) اپنی حالت کی بھی کچھ اطلاع ہے۔
کچھ ایسا فرق نہیں (اُر۔ محاورہ) زیادہ فرق نہیں۔
کچھ اجارہ ہے (اُر۔ محاورہ) قابو نہیں۔ کچھ دعویٰ نہیں۔
کچھ اصل ہے (اُر۔ محاورہ) بے حقیقت ہے۔
کچھ اوپر (اُر۔ محاورہ) کسی قدر زیادہ۔
کچھ اور عالم ہو گیا ہے (اُر۔ محاورہ) حالت اور کیفیت بدل گئی ہے۔
کچھ اور گانا (اُر۔ محاورہ) خلاف واقع بیان کرنا۔
کچھ اور ہوا لگنا (اُر۔ محاورہ) دوسری دُھن ہونا۔
کچھ ایسا نہیں (اُر۔ محاورہ) جیسا خیال ہے ویسا نہیں۔
کچھ اور (ہ۔ محاورہ) اور زیادہ۔ اور بھی۔ دوسری بات۔ تازہ۔ نئی۔ جدید۔
کچھ ایک (دُر۔ تابع فعل) ذرا سا۔ کسی قدر۔
کچھ بات بھی (ہ۔ استفہام) کس واسطے۔ کیوں۔ کوئی وجہ بھی؟
کچھ بات ہے (ہ۔ استفہام کی جگہ بولتے ہیں۔ یعنی بالکل بے بنیاد۔ ناقابل اعتبار ہے۔ خیال کے لائق نہیں۔
کچھ بسنت کی بھی خبر ہے (اُر۔ محاورہ) دُنیا کے حالات کی بھی خبر ہے۔ دُنیا سے واقف بھی ہو۔
کچھ بنیاد ہے (اُر۔ محاورہ) کوئی اصل و حقیقت نہیں۔ نہایت مفلس و عاجز ہے۔
کچھ پروا نہیں (دُر۔ محاورہ) کوئی مضایقہ نہیں۔ کیا ڈر ہے۔ کیا خوف ہے۔
کچھ پڑا پایا ہے (اُر۔ مثل) جب کسی کو بغیر کسی ظاہری سبب کے خوش دیکھتے ہیں۔ تو بولتے ہیں۔
کچھ تم سمجھے کچھ ہم سمجھے (ہ۔ مثل) کسی بات کا تمہیں خیال ہوا۔ کسی کا ہمیں۔ پس دونوں برابر ہیں۔ بھید کی بات دل میں رکھو۔ دوسرے کو خبر تک نہ ہونے دو۔
کچھ تو (ہ۔ تابع فعل) تھوڑا۔ ذرا سا تو۔ کسی قدر۔ تھوڑا بہت۔
کچھ تم نے سُنا (اُر۔ محاورہ) حیرت کے قابل بات کہنے سے پہلے یہ بات کہتے ہیں۔
کچھ تو (اُر۔ محاورہ) تھوڑا بہت۔ کسی قدر۔
کچھ تو ہے (اُر۔ محاورہ) کوئی خاص وجہ ہے۔ کوئی راز ہے۔
کچھ ٹھکانا ہے (اُر۔ محاورہ) کثرت و عظمت کے موقع پر بولتے ہیں۔
کچھ چلی (اُر۔ محاورہ) کچھ زور چلا۔
کچھ تو خربوزہ میٹھا کچھ اُوپر سے قند پڑا (ہ۔ مثل) دل لگانے کے ساتھ نفع بھی ہو گیا اور طمع بڑھ گئی۔
کچھ دال میں کالا ہے / کچھ دال میں کالا کالا ہے (ہ۔ محاورہ) کوئی بھید ہے۔ کوئی بات ضرور ہے۔ کچھ نہ کچھ سبب ضرور ہے۔
کچھ دلا تبے یا دلوا تبے (ہ۔ محاورہ) تھوڑا بہت ضرور دیجئے۔
کچھ دُور نہیں (اُر۔ محاورہ) ممکن ہے۔ ہو سکتا ہے۔
کچھ دیا ہی آگے آ گیا (ہ۔ محاورہ) کبھی کی دی ہوئی خیرات کام آ گئی کہ خدا نے اس مصیبت سے بچا لیا۔
کچھ ڈر نہیں (ہ۔ محاورہ) کوئی فکر نہیں۔ کچھ پروا نہیں۔ ضرور انتظام لے لیں گے۔

کچھ راہ پر آئے ہیں۔ (ہ۔ محاورہ) کچھ درست ہو گئے ہیں۔ نیم راضی ہو گئے ہیں۔

کچھ سُنا چاہتے ہو۔ (ہ۔ محاورہ) گالیاں سُننے کو جی چاہتا ہے۔

کچھ سے کچھ ہو جانا۔ یا۔ ہونا۔ / کچھ کا کچھ ہو جانا۔ یا۔ ہونا۔ (ہ۔ فعل) رنگ پلٹ جانا۔ زمانہ کی حالت کا بدل جانا۔ اصل کے خلاف ہو جانا۔ بات کا بڑھ جانا۔

کچھ سونا کھوٹا کچھ سنار کھوٹا / کچھ گیہوں سیلے کچھ چندرے ڈھیلے (ہ مثل) ہر صورت گھاٹا ہی گھاٹا۔ طرفین سے ہی لڑائی ہے۔ دونوں طرف کا بگاڑ ہے۔

کچھ شک نہیں۔ (اُر۔ محاورہ) بے شک۔ بلاشبہ۔ یقیناً۔

کچھ کا کچھ سمجھنا۔ (ہ۔ فعل) اُلٹا سمجھنا۔

کچھ کا کچھ کہنا۔ (ہ۔ فعل) خلاف واقعہ بیان کرنا۔ اصل کے خلاف کہنا۔

کچھ کان میں پھونکنا۔ (ہ۔ فعل) کچھ بدی اور بُرائی کرنا۔ کوئی جادو منتر کان میں پھونکنا۔

کچھ کچھ۔ (ہ۔ تابع فعل) تھوڑا تھوڑا۔ ذرا ذرا۔ قدرے قلیل۔ کسی قدر۔ تقریباً۔

کچھ کر دینا۔ (ہ۔ فعل) جادو کر دینا۔ کوئی کام کر کے دکھانا۔

کچھ کرتے دھرتے بن نہیں پڑتا۔ (اُر۔ محاورہ) عاجز ہونے کے موقع پر کہتے ہیں۔ کہ کیا کریں۔ کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔

کچھ کھا جانا۔ یا۔ کھا لینا۔ (ہ۔ فعل) زہر کھانا۔ کوئی مہلک دوائی کھا کر خودکشی کرنا

کچھ کہہ بیٹھنا۔ (ہ۔ فعل) گالی دے بیٹھنا۔ بُری اور ناگوار بات مُنہ سے نکال دینا۔

کچھ کھو کے سیکھنا۔ (ہ۔ فعل) نقصان اُٹھا کر تجربہ حاصل کرنا۔ ٹھوکریں کھا کر سیدھا ہونا۔

کچھ گو شرط جھکے کچھ کمان۔ (اُر۔ محاورہ) صلح کے لئے دونوں طرف سے نرمی ہونی چاہیئے۔

کچھ گیہوں ڈھیلے کچھ چندرے ڈھیلے۔ (اُر۔ مثل) بہانہ کرنے والی عورت کی نسبت کہا جاتا ہے۔

کچھ مُنہ سے سُنا۔ (ہ۔ فعل) زبان سے گالیاں سُننا۔

کچھ نہ پوچھ کچھ نہ پوچھیے۔ (ہ۔ محاورہ) ظاہر کہنے کے قابل بات ہی نہیں۔ کیا بات رہی ہے۔ کیا کہنا۔

کچھ نہ کچھ۔ (ہ۔ تابع فعل) تھوڑا بہت۔ کوئی نہ کوئی چیز۔ کسی نہ کسی قدر۔

کچھ نہ نکلا۔ (ہ۔ محاورہ) بالکل خراب نکلا۔ نکما نکلا۔ ناکارہ ثابت ہوا۔

کچھ نہ ہوا۔ (اُر۔ محاور) کوئی نتیجہ نہ نکلا۔

کچھ نہیں آتا ہے (اُر۔ محاورہ) جاہل ہے۔ کچھ نہیں جانتا۔

کچھ نہیں (ہ۔ محاورہ) کوئی بات نہیں۔ ذرا نہیں۔ بالکل نہیں۔ خراب ہے نکما ہے۔

کچھ نہیں رہا (ہ۔ محاورہ) قریب المرگ ہے۔ کام تمام ہونے والا ہے۔ نہایت ناتواں ہو گیا۔

کچھ نہیں کیا (ہ۔ محاورہ) بُرا کیا۔ ناجائز کیا۔ کوئی نیکی نہیں کی۔ کوئی کام نہیں کیا۔

کچھ نہیں گیا (ہ۔ محاورہ) کچھ نقصان نہیں ہوا۔

کچھ نہیں ہو سکتا۔ (اُر۔ محاورہ) کوئی تدبیر کارگر نہیں ہو سکتا۔

کچھ ہوا۔ (ہ۔ محاورہ) کوئی پرواہ نہیں۔ جو ہو سو ہو۔

کچھ ہو جانا۔ (ہ فعل) کسی لائق بن جانا۔ آسیب چمٹ جانا۔ سایہ ہو جانا۔

کچھ ہو رہنا۔ (ہ۔ محاورہ) معاملہ کا فیصلہ تھوڑا بہت ہو جانا۔ قابل ہو جانا۔ قابل بن جانا۔

کچھ ہے۔ (ہ۔ محاورہ) کوئی بات ہے۔ کوئی باعث یا سبب ہے دال میں کالا ہے بہت زیادہ ہے۔

کچھ ہی کہو۔ (ہ۔ محاورہ) کہا نہیں مانتا۔ کچھ نہیں سُننا۔ خواہ کتنا ہی سمجھاؤ۔

کچھ ہی ہو۔ (اُر۔ محاورہ) کچھ ہو۔

کچھ ہیں۔ (ہ۔ محاورہ) کسی لائق ہیں۔ قابل ہیں۔

کچھا۔ (ہ۔ مذ) دیکھئے کچھ۔

کچھار۔ (ہ۔ امذ) دریا کے قریب کی زمین۔ ترائی۔ بیلا۔ بنی۔ کانس وغیرہ کا جنگل جس میں اکثر شیر رہا کرتا ہے۔

کچھار نا۔ (اُر۔ محاورہ) شیر کا غرانا۔

کچہری۔ (ہ۔ امو) دربار۔ عدالت۔ انصاف کی جگہ۔ مجازاً بھیڑ۔ انبوہ۔

کچہری برخاست ہونا۔ (اُر۔ محاورہ) عدالت بند ہونا۔ تعطیل ہونا۔

کچہری چڑھنا۔ (اُر۔ محاورہ) عدالت میں جانا۔ نالش کرنا۔ مدعی یا مدعا علیہ بننا۔

کچہری کرنا۔ (اُر۔ محاورہ) عدالت کا اجلاس لگانا۔ انصاف کرنا۔ مقدمہ سُننا۔

کچہری کے کتے۔ (اُر۔ امذ) عدالت کے رشوت خور اہلکار۔

کچہری لگانا۔ (اُر۔ محاورہ) اجلاس کرنا۔ بہت سے لوگوں کو اکٹھا کر لینا۔ زور شور دکھانا۔

کچہری لگنا۔ (اُر۔ محاورہ) کچہری لگانا کا لازم ہے۔

کچنا۔ (ہ۔ امذ) کاچھا۔ جانگیا۔ گھٹنا۔

کچنی۔ (ہ۔ امو) کچھنا کی تصغیر و تانیث۔

کچھو۔ (ق۔ صفت) کچھ۔

کچھو کے کچھو۔ (ار۔ مثل) بُروں کے بُرے۔ بد ذاتوں کے بدذات۔

کچی لکڑی کو سیدھا کرنا۔ (اُر۔ محاورہ) کم عمر بچے کو تعلیم دینا۔

کچھوا۔ (ہ۔ امذ) ایک لمبی گردن والے جانور کا نام۔

کچھوا

کچھوا۔ (ہ۔ امذ) راجپوتوں کے ایک گوت کا نام ہے۔ جو اپنے آپ کو کشورین راجہ رامچندر جی کی اولاد بتاتے ہیں۔

کچھوٹی۔ (ہ۔ امو) کچھ کی تصغیر بالتحقیر ہے۔ لنگوٹی۔

کچھوے کے مچھوے۔ (ہ۔ امذ) بدوں کے بد۔ بُروں کی اولاد بھی بُری ہوتی ہے۔

کچھوی۔ (ہ۔ امو) کچھوے کی مادہ۔

کچی ا۔ (ہ ۔ اصفت ۔ مو) کچا کی تانیث۔

کچی اُسامی ا۔ (ہ ۔ امذ) غیر موروثی زمیندار۔ غیر مستقل نوکری ۔ عارضی جگہ۔

کچی بہی ا۔ (اُر ۔ امو) وہ بہی جس میں رقم کے زیادہ کم کرنے اور غلطی دُرست کرنے کا اختیار ہو۔

کچی پیشی ا۔ (اُر ۔ امو) اپیل کی پہلی سُنائی جس میں اپیل کے قابل سماعت ہونے یا نہ ہونے پر غور کیا جاتے۔

کچی تول ا۔ (اُر ۔ امو) وہ تول جو معیاری نہ ہو۔

کچی گوٹنا ا۔ (اُر ۔ محاورہ) کم عُمری میں ازالۂ بکر ہونا۔

کچی رسوئی ا۔ (ہ ۔ امو) بن گھی کی روٹی جسے چوکے سے باہر نہ کھا سکیں۔

کچی دلیل ا۔ (اُر ۔ امو) کمزور دلیل۔

کچی رینڈی دسترخواں کا ضرر ا۔ (اُر ۔ مثل) نادان کی صحبت بدنامی کا باعث ہوتی ہے۔

کچی سڑک ا۔ (ہ ۔ امو) مٹی کی سڑک بے کنکر کٹی سڑک ۔ پکی سڑک کی ضد۔

کچی سلائی ۔ تیسپی ۔ تگیانا ۔ لنگر۔

کچی عُمر ا۔ (اُر ۔ مو) ناتجربہ کاری کی عُمر اور ناسمجھی کی عُمر۔

کچی کلی ا۔ (ہ ۔ امو) مُنہ بند کلی ۔ مجازاً ۔ باکرہ نابالغہ ۔ کنیا۔

کچی کلی توڑنا ا۔ (اُر ۔ محاورہ) نابالغ کے ساتھ ہم بستری کرنا۔

کچی کلی ٹوٹنا ا۔ (اُر ۔ محاورہ) کم سنی میں مرجانا۔ چھوٹی عُمر میں مرجانا۔ قبل از بلوغت ازالہ بکر ہونا۔

کچی گولیاں کھیلنا ا۔ (اُر ۔ محاورہ) نہ تجربہ کار ہونا۔ نادان ہونا۔ کچی مٹی کی گولیوں سے کھیلنا۔

کچی لکڑی جدھر موڑو مُڑ جاتی ہے ا۔ (اُر ۔ مثل) بچپن میں جسطرح چاہو بچے کی تربیت ہوجاتی ہے۔

کچی لکڑی کو سیدھا کرنا ا۔ (اُر ۔ محاورہ) کم عمر بچے کو تعلیم دینا۔

کچی مُہری ا۔ (ہ ۔ امو) میعاد باقی۔ ابھی میعاد باقی ہو کہ اس کا سود لگایا جائے۔

کچے پکے دن ا۔ (ہ ۔ امذ) حمل کے چوتھے یا پانچویں مہینے تک کا وقت جس میں سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔ برسات کے ایام۔ بوجہ خطرہ بیماری۔

کچے دھاگے میں بندھنا ا۔ (اُر ۔ محاورہ) مطیع و فرمانبردار ہونا۔

کچے گھڑے پانی بھرنا ا۔ (ہ ۔ فعل) نا ممکن کام کرنا سخت مصیبت جھیلنا۔ بڑی دقت اُٹھانا۔

کچے گھڑے کی چڑھنا ا۔ (اُر ۔ محاورہ) نشہ میں غرقاب ہونا۔ پاگل اور دیوانہ ہونا۔ بہکنا۔

کچیلا ا۔ (ہ ۔ مو) کان کی لو۔

کچیلا جانا ا۔ (ہ ۔ محاورہ) کچا ہوجانا۔ ڈر جانا۔ جھینپ جانا۔ شرمندہ ہوجانا۔ دل چھوڑ دینا۔

کچیلانا ا۔ (ہ ۔ مص) کچا ہونا۔ دل چھوڑ دینا۔ ہمت ٹوٹ جانا شرما جانا۔ جھینپ جانا۔

کچیلانڈا ا۔ (ہ ۔ مو) دیکھئے "کچیلا ہنڈ"

کچیلی ا۔ (لُغہ فعل) کچیلی کا تابع مہمل۔

کچیلیا ا۔ (ہ ۔ اصفت) میلا کا مترادف ہے۔ اور اسی کے ساتھ مستعمل۔

کچیّن ا۔ (ہ ۔ امو) کچی کی جمع چھاتیاں۔ پستان زنان۔ چوچیاں۔

کچی عقل ا۔ (لُغہ امو) ۔ ناقص عقل۔

ک ۔ ح

کحّال ا۔ (ع ۔ امذ) آنکھوں کا حکیم ۔ آنکھوں کا علاج کرنیوالا۔

کحل ا۔ (ع ۔ امذ) سُرمہ ۔ انجن۔

کحل البصر ا۔ (ع ۔ امذ) آنکھوں کا سُرمہ۔

کحل الجواہر ا۔ (ع ۔ امذ) موتی اور جواہرات ۔ وغیرہ پیسا کر طایا ہوا سُرمہ جو متقوی بصر ہوتا ہے۔

کحیل ا۔ (ع ۔ صفت) جس کی آنکھ میں سُرمہ لگا ہو۔ سرمگیں ۔ سرمئی رنگ کا۔

ک ۔ د

کد ا۔ (ع ۔ امو) ضد ۔ ہٹ ۔ اصرار ۔ کوشش ۔ جدوجہد (ف ۔ امذ) خانہ ۔ گھر۔

کدّو کاوش ا۔ (ف ۔ امو) چھان بین ۔ تلاش ۔ جستجو ۔ سعی و کوشش ۔

کد ہونا ا۔ (لُغہ فعل) ضد ہونا ۔ ہٹ ہونا ۔ اصرار ہونا۔

کدبانو ۔ (ف ۔ امو) بیگم ۔ گھر والی ۔ دلہن ۔ بیوی ۔ سگھڑ اور باسلیقہ عورت۔

کد خدا یا کتخدا ا۔ (ف ۔ امذ) صاحب خانہ ۔ گھر والہ ۔ نوشہ ۔ دلہا ۔ خاوند۔

کد خدائی یا کتخدائی ا۔ (ف ۔ امو ۔ بیائے مصدری) شادی ۔ بیاہ نکاح ازدواج۔

کدلا ا۔ (ہ ۔ امو) دیپک راگ کی ایک راگنی کا نام۔

کدال ا۔ (ہ ۔ امو) زمین کھودنے کا ایک نوک دار آلہ۔

کدال

کدال سے قصبہ کھلوانا ا۔ (لُغہ محاورہ) پاگل اور بیوقوف شخص کی نسبت کہا کرتے ہیں عقل کے ناخن لواؤ ۔ ہوش کی لو

کدالی ا۔ (ہ ۔ امو ۔ بیائے تصغیر) چھوٹی کدال۔

کدام ا۔ (ف ۔ کلمہ استفہام) کون ۔ کونسا۔

کدانا ا۔ (ہ ۔ فعل) چھلانگیں لگوانا۔ اچھلوانا۔

کدائی ا۔ (ہ ۔ امو) گھوڑوں کا گڑھوں ۔ دیواروں اور ٹیلیوں پر سے کودنا۔ انعام جو کودنے کے لئے دیا جاتے۔

کدر ا۔ (ع ۔ مو) کدورت ۔ گدلاہٹ۔

کدرہ ا۔ (ع ۔ صفت) میلا ۔ مکدر ۔ تیرہ ۔

کدرنا ا۔ (ق ۔ تابع فعل) کدھر۔

کدرنا ا۔ (ق ۔ مص) ڈرنا ۔ مٹنا ۔ فنا ہونا ۔ بیزار ہونا۔

کدرنہار ا۔ (ق ۔ صفت) فنا ہونے والی۔

کدکڑے کدکے ا۔ (ہ ۔ مذ) چھلانگیں ۔ قلانچیں ۔ چوکڑیاں۔

کدکڑے لگانا ۔ کدکڑے مارنا ا۔ (لُغہ ۔ محاورہ) کھیلنا ۔ کودنا ۔ چھلانگیں مارنا۔

اچھلنا کودنا۔
کُدکنا ۱۔ (ہ۔ فعل) کودنا۔ پھاندنا۔ اُچھلنا۔ چوکڑیاں بھرنا۔
کُدکنی ۱۔ (ق۔ سو) مکروفریب۔
کُدلی ۱۔ (س۔ امند) کیلا ایک پھل کا نام۔
کُدم ۱۔ (ہ۔ مذ) ایک سایہ دار درخت جس پر کرشن جی دریا میں نہاتی ہوئی عورتوں کے کپڑے لے کر بیٹھ گئے تھے۔ ایک قسم کی گھاس۔
کُدن ۱۔ (ق۔ مو) طرف
کدو ۱۔ (ہ۔ امذ) ایک مشہور ترکاری۔ طنزاً عضو تناسل مرد۔ جیسے تیرے ہاتھ کدو آگیا۔

کدو

کُدوانہ ۱۔ (ف۔ امذ) پیٹ کے ایک قسم کے کیڑے کا نام۔ کرم شکم۔ تمام جسم پر گول گول پھنسیاں نکلنے کی بیماری بھی ہوتی ہے۔
کُدوکش ۱۔ (ف۔ امذ) کدو وغیرہ کو رگڑ کر باریک کرنے کا آلہ۔
کُدوانا ۱۔ (اُر۔ مصدر) اچھلوانا۔ چھلانگ لگوانا۔
کُدورت ۱۔ (ع۔ امؤ) گدلاپن۔ سیاہی گاد۔ تلچھٹ۔ دُھول۔ گرد و غبار۔ مجازاً رنجش۔ دشمنی عداوت۔
کدورت آنا ۱۔ (اُر۔ محاورہ) دل پر میل آنا۔ رنجش ہونا۔ دل میں فرق پڑ جانا۔
کدورت رکھنا ۱۔ (اُر۔ محاورہ) کینہ رکھنا۔ بغض رکھنا۔
کدہ ۱۔ (ف۔ امذ) علامت ظرف مکان۔ جگہ۔ مقام۔ مکان۔ گھر۔ خانہ۔ گاؤں۔ قریہ۔
کدھر ۱۔ (ہ۔ تابع فعل) کس طرف۔ کس جگہ۔ کہاں کہاں کو۔
کدھر آیا کدھر گیا ۱۔ (ہ۔ محاورہ) بے خبری اور غفلت کے ظاہر کرنے کو بولتے ہیں یعنی آنے جانے کی بھی کچھ خبر نہیں۔
کدھر جاؤں کیا کروں ۱۔ (ہ۔ محاورہ) نہایت مجبوری اور بے کسی کی حالت ہے۔ کچھ بن نہیں آتی۔
کدھر کا چاند نکلا ۱۔ (ہ۔ محاورہ) حیرانی اور تعجب کے یا اُچانک کسی کے آجانے کے وقت کہا کرتے ہیں یا مہم عظیم کسطرح واقع ہوگیا۔ یہ بات کیسے میسر ہوگئی۔
کدھن ۱۔ (ق۔ مو) طرف۔
کدھیں ۱۔ (ق۔ متعلق فعل) کبھی۔ کہیں۔

ک ـ ڈ

کُڈھب ۱۔ (ہ۔ امصغت) بترکیب حرف نفی بے ڈھب۔ بے موقع۔
کُڈھنگ ۱۔ (ہ۔ امصغت) بترکیب کاف نافیہ۔ بے طور۔ بے سلیقہ۔ بے تمیز۔
کُڈھنگا ۱۔ (ہ۔ امصغت) مذکر بترکیب کاف نافیہ بدچلن۔ بدمزاج۔ اکھڑ۔
کُڈھیلڑا ۱۔ (ہ۔ امذ) سوتیلا بیٹا۔ پچھ لگ بیٹا۔
کُڈھیلڑا } گیڑ بیٹا۔ فرزند زن۔

ک ـ ذ

کَذّا و کَذا ۱۔ (ع۔ تابع فعل) اس طرح۔ اُس طرح۔ ایسا۔ اس کی مانند۔
کَذّاب ۱۔ (ع۔ امذ صفت) مبالغہ۔ نہایت جھوٹا۔ جھوٹوں کا پیر۔ بہت ہی جھوٹ بولنے والا۔
کَذِب ۱۔ (ع۔ امذ) جھوٹ دروغ۔

ک ـ ر

کر ۱۔ (ہ) دو فعلوں میں علامت عطف (اس اسم مذکر) ہاتھ۔ ہاتھی کی سُونڈ۔ بسمالت اسم مونث محصول چنگی۔ خراج۔ ٹیکس۔ مال گزاری جرمانہ۔ ڈنڈ۔ تاوان۔ جزیہ۔
کَر ۱۔ (ف۔ امصغت) بہرا (اسم مذکر) قوت۔ زور۔ طاقت۔ بل۔
کروفر ۱۔ (ف۔ امذ) ٹھاٹھ باٹ۔ دھوم دھام۔ شان و شوکت۔ زور و طاقت۔
کر ۱۔ (اُر۔ تابع فعل) ماضی کے بعد آکر یہ ظاہر کرتا ہے کہ پہلا فعل پہلے ہوا اور دوسرا بعد میں۔ رعایت سے۔ لحاظ سے۔ مصدر کرنا کا امر۔
کر بیٹھنا ۱۔ (اُر۔ محاورہ) کوئی بات بے سوچے سمجھے اختیار کر لینا۔
کر تو ڈر نہ کر تو بھی ڈر ۱۔ (اُر۔ مثل) جب کسی بے گناہ پر کوئی الزام ہو تو کہتے ہیں یعنی خدا سے ہر وقت پناہ مانگنا چاہئے۔
کرتے دھرتے بن نہیں آتی ۱۔ (اُر۔ محاورہ) کچھ کرتے بن نہیں پڑتا۔
کرتے کی بدیا ہے ۱۔ (اُر۔ مثل) عمل کرنے ہی سے کامیابی ہوتی ہے۔
کرات و مرات ۱۔ (ع) بہت دفعہ۔ بار بار۔
کرّار ۱۔ (ع۔ امصغت) (مبالغہ) بار بار حملہ کرنے والا۔ شکست دینے والا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا لقب۔
کرارا ۱۔ (ہ۔ مذ) دیکھیے کڑا۔
کرارا ۱۔ (ہ۔ امصغت) کڑا۔ سخت۔ اکڑا ہوا۔ ہٹا کٹا۔ زور آور۔ قوی۔ نگڑا خستہ۔ بھربھرا۔ مہنگا۔ گراں۔ نیا اور تازہ بنا ہوا۔ روپیہ۔ دلیر۔ بہادر۔ ایک قسم کی مٹھائی۔
کرارا پن ۱۔ (ہ۔ امذ) سختی۔ نگڑا پن۔ قوت۔ خستگی۔ بھربھرا پن۔
کراری ۱۔ (ہ۔ امصغت) بیاتے تانیث۔ کرار کی تانیث ہے۔
کراری بات ۱۔ (اُر۔ صفت بمو) پائیدار بات۔
کرارے دم ۱۔ (اُر۔ امصغت۔ فاعلی) بے تھکے۔ تازہ دم۔ مضبوط۔ نگڑا۔ کڑا۔ توانا۔
کراڑ ۱۔ (ہ۔ امذ) دوکاندار۔ سوداگر۔ پرچون والا۔ خوردہ فروش۔
کراڑا ۱۔ (ہ۔ امذ) دریا کا کھڑا اور بلند کنارہ۔ ساحل بلند دریا۔
کراسہ ۱۔ (ع۔ مذ) جزء۔ کتاب۔ چھوٹی سی غیر مجلد کتاب۔

کرائکل:۔ (ہ۔ مذ) کلنگ۔ سارس۔ لق لق۔ ایک قسم کا بگلا۔

کرال:۔ (ہ۔ صفت) بڑے بڑے دانتوں والا۔ ڈراؤنا۔ خوفناک۔

کرام:۔ (ع۔ اند) کریم کی جمع۔ سخی آدمی۔

کرامات:۔ (ع۔ امو) کرامت کی جمع۔ بزرگیان۔ نوازشیں۔ بڑائی۔ عظمت کرشمہ۔ معجزہ۔ خرق عادت۔ سرمایہ دولت بادشاہوں اور بزرگوں کو حضور وغیرہ کی طرح جواب میں برتے ہیں۔

کرامات دکھانا:۔ (اُر۔ محاورہ) خوبی دکھانا۔ جوہر دکھانا۔

کرامات دیکھنا:۔ (اُر۔ محاورہ) خوبی دیکھنا۔

کراماً کاتبین:۔ (ع۔ اند) انسان کے اعمال لکھنے والے فرشتے۔

کراماتی:۔ (اُرد۔ اصفت۔ یاتے فاعلیت) معجزہ دکھانے والا۔ پرچہ دینے والا۔

کرامت:۔ (ع۔ امو) انوکھی بات بزرگی۔ بڑائی۔ سخاوت۔ بخشش۔ معجزہ۔ پرچہ۔ بزرگوں کی طاقت اعجاز۔

کرامت کرنا:۔ (اُر۔ محاورہ) خوبی ہونا۔ صاحب کرامت ہونا۔

کران:۔ (ف۔ مذ) کنارہ۔ انتہا۔

کرانا:۔ (ہ۔ فعل) کرنا متعدی۔ کوئی کام لینا۔ خاص کام دینا۔

کرانہ یا کیرانہ:۔ (ہ۔ اند) پنساری کی اشیاء کی طرح قسم قسم کے مصالح وغیرہ۔

کرانٹ:۔ (ہ۔ فعل) چھاج سے کسی چیز کو روکنا۔ پھٹکنا۔

کرانٹ:۔ (ف۔ مذ) ایک پیمانہ۔

کرانت:۔ (ہ۔ مو) سبقت لے جانا۔ آگے بڑھنا۔ جرم ملکی کا زوال پذیر ہونا۔ راس چکر منطقۃ البروج۔ منطقہ حارہ۔

کرانتنا:۔ (ق۔ مص) کراہنا۔

کرانچی:۔ (ہ۔ امو) اسباب لادنے کی دو پہیہ یا چوپہیہ گاڑی۔ مشہور شہر کا نام۔

کرانی:۔ (اُرد) عیسائی۔ کرسچن۔ نصرانی۔

کراہ:۔ (ہ۔ اند) بکاف نافیہ۔ بدراہ۔ بُرا راستہ۔ ٹیڑھا راستہ۔

کراہ:۔ (ہ۔ امو) درد کی آواز۔ تکلیف کے وقت کی آواز۔ ہائے۔ واے۔ آہ۔

کراہت، **کراہیت**:۔ (ع۔ امو) گھن۔ نفرت۔ ناپسندی۔

کراہنا:۔ (ہ۔ فعل) ہائے ہائے کرنا۔ درد یا تکلیف سے آہ آہ کرنا۔

کراڈ:۔ (ہ۔ مذ) ہندو۔ جاٹوں وغیرہ میں بیوہ کی شادی کی رسم۔ رنڈی کا کسی کو شوہر بنالینا۔

کراڈ کرنا:۔ (ہ۔ محاورہ) کریوہ کرنا۔ رانڈ عورت کا نکاح ثانی کرنا۔ مرد کا کسی بیوہ کو گھر میں ڈال لینا۔

کراڈ:۔ (ہ۔ مذ) ایک قسم کا چھوٹا مٹر۔

کراؤن:۔ (انگ۔ ا۔ مذ۔ Crown) تاج۔

کراؤن پرنس:۔ (انگ۔ ا۔ مذ۔ Crown Prince) ولی عہد سلطنت۔

کرایہ:۔ (ف۔ اند) بھاڑا۔ مزدوری۔ کسی چیز کی اُجرت۔

کرایہ چلانا یا کرایہ پر چلانا:۔ (اُرد۔ فعل) بھاڑے پر دینا۔

کرایہ گاہنا:۔ (اُر۔ محاورہ) بھاڑا وصول کرنا۔

کرایہ پر چلانا:۔ (اُر۔ محاورہ) بھاڑے پر دینا۔ کسی عورت کی فروج کھانا۔

کرایہ پر دینا:۔ (اُر۔ محاورہ) بھاڑے پر دینا۔

کرایہ پر لینا:۔ (اُر۔ محاورہ) مقررہ رقم ادا کر کے کسی چیز کو استعمال میں لانا۔

کرایہ چڑھ جانا:۔ (اُر۔ محاورہ) کرایہ ادا نہ ہونا۔

کرایہ دار:۔ (فہ۔ اند) ترکیب فاعلی۔ کرایہ کے مکان میں رہنے والا۔ اسامی۔ پیٹ کے اندر کا بچہ۔

کرایہ دار اُترنا:۔ (اُر۔ محاورہ) کسی مکان میں کرایہ دار کا آکر رہنا۔ حاملہ ہونا۔ پاؤں بھاری ہونا۔

کرایہ کرنا:۔ (اُر۔ محاورہ) بھاڑا مقرر کرنا۔ بھاڑے پر لینا۔

کرایانامہ:۔ (ف۔ اند) بقلب اضافت۔ کرایہ کا کاغذ جو کرایہ دار مالک کو لکھ کر دے۔

کرب:۔ (ع۔ اند) دُکھ۔ دم بند کر دینے والا۔ غم۔ بے چینی مجاز آسختی نہایت تکلیف۔

کرب انگیز:۔ (عف۔ صفت) دُکھ دینے والا۔

کرب ناک:۔ (عف۔ صفت) جس میں دکھ اور تکلیف پائی جائے۔

کربت:۔ (ع۔ امو) دکھ سختی۔ مصیبت۔ غم و رنج۔

کربٹا:۔ (ہ۔ اصفت) مذکر سفید اور سیاہ ملا ہوا چتکبرا۔ دھوے اور کالے رنگ کا۔

کربٹی:۔ (ہ۔ اصفت۔ مونث) کربٹ کی تانیث۔

کربلا:۔ (ع۔ امو) (کرب اور بلا سے مرکب) رنج و آفت کی جگہ۔ دکھ درد کا مقام۔ امام حسینؓ کی شہادت کی جگہ۔ تعزیہ دفن کرنے کی جگہ۔ شہیدوں کا مدفن۔ شہید گنج۔

کربلا ہونا:۔ (اُر۔ محاورہ) کمی ہونا۔ پانی کی قلت ہونے کی جگہ ہونا۔ سخت تکلیف کا مقام ہونا۔

کر بیٹھنا:۔ (ہ) کسی بات کو گزرنا۔ خاوند یا جورو بنا لینا۔

کرپا:۔ (ہ۔ امو) مہربانی۔ عنایت۔ کرم۔ نوازش۔ دیا۔

کرتا:۔ (ہ۔ امذ۔ فاعل بالف فاعلی کرنے والا۔ فاعل۔ خالق۔ مصنف)
کرتا دھرتا:۔ پتی مالک۔ خاوند۔ شوہر۔ مشاق۔ ماہر۔

کرتا اُستاد ہے، **کرتا اُستاد نہ کرتا شاگرد**:۔ (اُرد۔ مثل) مشاق آدمی۔ اپنے کام میں ماہر اور اُستاد ہو جاتا ہے۔ اور نہ کرنے والا بے تجربہ رہتا ہے۔ بار بار ایک کام کرنے سے آدمی اُستاد ہو جاتا ہے۔

کرتار:۔ (ہ۔ اند) پیدا کرنے والا۔ خالق۔ دُنیا کو بنانے والا۔

کرتب:۔ (ہ۔ اند) کام۔ فعل۔ عمل۔ ہنر۔ کمال۔ چالاکی۔ ہوشیاری۔ چلتر شعبدہ بازی۔ نٹ پدیا۔ مشق۔ مہارت۔

کرتب کی پدیا ہے، **کرتے کی پدیا ہے**:۔ (ہ۔ مثل) ہر کام مشق اور مہارت سے درست ہوتا ہے۔

کرتبی کرتیا:۔ (ہ۔ اند۔ یاتے فاعلیت) ماہر مشاق۔ ہنرمند۔ عامل۔ شعبدہ باز مداری۔

کرتنی:۔ (ق۔ مو) بغیر آستینوں کے چھوٹا کرتا جو عورتیں پہنتی ہیں۔

کرتوت:۔ (ہ۔ اند۔ مونث) دھندا۔ کام کاج۔ فریب۔ چالاکی۔ کرتب۔ جل کوتک۔ بُرے لچھن۔ بُرا کام۔ جادو۔ ٹوٹنا۔ طنزاً۔ نامردی اور شرت کا کام۔

کرتہ:۔ (ف۔ اند) قمیض۔ پیراہن۔ بدن ڈھانکنے کا سیا ہوا کپڑا۔

کرتی:۔ (اُرد۔ امو۔ بیائے تانیث و تصغیر) ان آستینوں کا اونچا کرتہ۔ جو عورتی پہنتی ہیں۔

کرُھتی: ہ۔امو) ایک قسم کا خشخاش کی طرح چھوٹے چھوٹے دانوں والا اناج۔ کلتھی۔

کرجائے واڑھی والا پکڑا جائے موچھوں والا: (اُرد۔ مثل) کرے کوئی اور بھرے کوئی۔ قصور کسی کا ہو سزا کسی کو ملے۔

کرُجگ: (ہ۔ مذ) زمانہ حال۔ کام کرنے کا زمانہ۔

کرُچ: (ہ۔امو) ریزہ۔ ٹکڑا۔ ذرہ۔

کرُچ: (ہ۔امو) ایک قسم کی لمبی اور سیدھی تلوار۔

کرُچھا: (ہ۔ امذ) گھی داغ کرنے کا لمبی ڈنڈی والا پیالہ سا۔ فرائنگ پین۔

کرُچھل: (ہ۔امو) "دیکھیے کرُچھا"

کرُچھی: (ہ۔امو) کرُچھا کی تانیث۔

کرُخت: (ف۔ا صفت) سخت کرڑا۔ لغت میں بے حس شے۔

کرُختگی: (ف۔امو۔ بیانے مصدری) کرڑاپن۔ سختی۔

کرُدا: (ہ۔ امذ) بٹا۔ کٹوتی۔ غلہ کے کوڑے مٹی وغیرہ کا حق جو وزن میں سے کم کر دیا کرتے ہیں۔ مثل کچیل کا حق جو برتن وغیرہ میں کاٹ دیتے ہیں۔

کرُدار: (ف۔امذ و مو) فعل کام۔ شغل۔ دھندا۔ روش، طور۔ طریقہ برا بھلا کام۔ چلن۔ خصلت۔ بان۔ برتاؤ۔ حاصل مصدر از کردن۔

کرُدکھانا۔ یا۔ دکھلانا: (اُرد۔ محاورہ) کسی کام کو کر ڈالنا۔ کسی کام کو انجام پر پہنچا دینا کوئی کام کر کے دکھلا دینا۔

کرُدگار نگاری: (ف۔امو) سیرت نگاری۔ اشخاص کے احوال و اطوار کا بیان۔

کرُدگار: (ف۔امذ۔ ترکیب فاعلی) بنانے والا۔ خالق۔ کرتار۔

کرُدنی: (ف۔امو۔ بیانے فاعلیت) کرن جوگا۔ کرنے کے قابل۔ کرنی۔ اعمال۔

کردنی خویش آمدنی پیش: (ف۔ مثل) جیسا کیا ویسا پالیا۔ جیسا کرو گے ویسا بھرو گے۔

کردہ: (ف۔ امفعول) از کردن۔ کیا ہوا۔ عمل میں لایا ہوا۔

کردہ پشیمان نہ کردہ ارمان: (ف۔ مثل) اس فعل کی نسبت کہتے ہیں جس کا عمل کرنے والا پچھتاتے اور نہ کرنے والا ارمان کرے۔

کرُڑ: (ہ۔امو) ایک سفید رنگ تیل دار بیج کا نام ہے۔ جس کے پھولوں سے سُرخ رنگ نکالا جاتا ہے۔ کسنبے کا بیج۔

کرُڑ کرُڑ: (ہ۔ امو) صوت۔ کسی چیز کے چٹخنے کی آواز۔

کرُڑی: (اُرد۔ صفت) سخت۔

کرسٹان: (اُرد۔ امذ) عیسائی۔ کرسچن۔ نصرانی۔

کرسٹل: (انگ۔ مذ) بلور۔ بلوری شما۔



کرسمس ڈے Christmas Day (انگ۔ مذ کر) عیسائیوں کا بڑا دن حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کا دن ۲۵ر دسمبر، ۱۱عید نصاریٰ۔

کرسمس ٹری: (Christmas Tree) شجر عید۔ سُرو کی شاخ جسے بطور درخت کرسمس کے موقع پر کمرے میں رکھا جاتا ہے۔ اور اس موقع پر مرد بتیاں۔ مٹھائی اور تحائف لٹکا دیئے جاتے ہیں۔

کرُسی: (ہ۔امو) اپلے کا چھوٹا سا ٹکڑا۔

کرُسی: (ع۔ امو) چوکی۔ مسند۔ گدی۔ عمارت کی تہ کی اُونچائی۔ درجہ زینہ۔ شریعت میں آٹھویں آسمان پر تخت الٰہی کی جگہ۔



کرُسی

کرُسی دینا: (اُرد۔ محاورہ) مکان کی دہلیز اُونچی رکھنا۔ کسی کی تعظیم کرنا۔ آؤ بھگت کرنا۔

کرُسی زر: (عف۔امو) کنایۃً سورج بادشاہ کے جلوس کی کرُسی۔

کرُسی نامہ: (عف۔امذ) نسب نامہ۔ سلسلہ خاندان۔

کرُسی نشین ہونا: (محاورہ) عزت پانا۔ سرکار دربار میں کرسی پانا۔ ٹھیک ہونا۔ درست ہونا۔

کرسیدھا میوہ: (ہ۔ مثل) خدمت کر اور عزت پا۔ خدمت میں ہی عزت و راحت ہے۔

کرشمہ: (ف۔ امذ) لغت میں آنکھ کی جھپکی اور اشارہ) مجازاً ناز و نخرہ غمزہ۔ انوکھی اور حیرت انگیز بات۔ علامت۔ نشان۔ کرامات اعجاز۔

کرشمہ دکھانا: (محاورہ) پرچہ دینا۔ کوئی نرالی اور انوکھی بات ظاہر کرنا۔

کرُشن: (ہ۔ امذ) وشنو کے آٹھویں اوتار کھنیا جی کا لقب ہے۔ مجازاً سیاہ۔ کالا۔ اندھیرا۔ اُجالا کی ضد۔

کرُشن پکش یا پکھ یا پاکھ: (ہ۔امذ) اندھیرا پاکھ۔ چاند کے آخری دن جن میں اول رات اندھیرا رہتا ہے آخری پندرہ دنوں میں چاند گھٹتا ہے۔

کرُشن جٹا: (ہ۔امو) ایک خوشبودار دوا۔ بالچھڑ۔

کرشن لیلا: (ہ۔امو) کرشن جی کے کھیل تماشے۔ راس۔

کرفس (ع۔ ا مو) ایک اجوائن کی قسم کی دوا کا نام ہے۔ خراسانی اجوائن چوڑی ہوتی ہے

کرفیو۔ (انگ۔ اند۔ Curfew) خانہ بندی کا حکم۔

کرک ا۔ (ہ۔ امند) درد۔ پیڑ۔ ٹیس۔ کسک۔

کرک ا۔ (س۔ امند) کیکڑا۔ سرطان۔ برج سرطان۔ چوتھی راس۔

کرکٹ ا۔ (ہ۔ امند) کوڑے کا مرادف۔ گھاس۔ پھوس۔

کرکٹ: Cricket گیند بلے کا کھیل گودے چوگان۔



کرکٹ

کرکٹر cricketer



کرکٹ گراؤنڈ

کرکٹ ا۔ (ہ۔ امند) گھی میں تلا ہوا۔ بھربھرا۔ خستہ۔

کرکراہٹ ا۔ (ہ۔ امو۔ مصدری) ترپلی چیز کے دانت تلے پڑنے کی آواز۔ رتیلا پن۔

کرکری ا۔ (ہ۔ امو) مروڑ۔ پیچش۔ گھوڑے کی بدہضمی۔ چبانے کے قابل نرم ہڈی (بحالت صفت) بھربھری۔ نرم۔ خستہ۔ کراری۔

کرکری اٹھنا ا۔ (ہ۔ محاورہ) گھوڑے کا پیشاب بند ہو جانا۔ پیٹ میں درد ہونا۔

کرکری ہڈی ا۔ (اُر۔ امو) خستہ اور ملائم ہڈی۔

کرکری ا۔ (ہ۔ امو) کرکرا کی تانیث۔ مسّی آمیز ہیٹی۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔ مٹی ملی ہوئی چیز۔ ذلت۔ خواری۔

کرکری ہونا ا۔ (ہ۔ محاورہ) خواری ہونا۔ بدنامی ہونا۔ بگڑنا۔

کرکری خانہ ا۔ (لڈ۔ امند) امیروں کا ٹوٹا پھوٹا اسباب رکھنے کی جگہ۔

کرگا ا۔ (اُر۔ امو) فارسی کارگاہ کا بگاڑ۔ جلاہوں کے کپڑا بننے کی جگہ۔

کرگل ا۔ (ہ۔ امو) کرکراہٹ۔ کرکرا پن۔

کرگس (ع۔ ا مو) ایک شکاری پرند ہے۔ (اُر۔ مثل) جب کوئی شخص دوسروں کی نقل کر کے اپنا کام چھوڑ دیتا ہے تو نقصان اُٹھاتا ہے۔

کرگس

کرگدن ا۔ (ف۔ امند) گینڈا جس کی کھال سے ڈھالیں بنتی ہیں۔

کرگس ا۔ (ف۔ امند) گدھ۔

کرگزرنا (اُر۔ محاورہ) کر ڈالنا۔ کر لینا۔ کر ڈالنا۔ اپنی ہٹ پوری کر لینا۔

کرگہ ا۔ (ف۔ امند) کارگہ مخفف ہے دکھڈی۔ پنجابی جولاہوں کا کپڑا۔ بُننے کی جگہ جہاں بیٹھتے ہیں۔

کرم ا۔ (ع۔ امند) ہمت۔ جوانمردی۔ بزرگی۔ مروت۔ سخاوت بخشش۔ دان پن۔ مہربانی عنایت۔ دیا۔

کرم بخشی ا۔ (ع۔ ف۔ مو) مہربانی۔ عنایت۔

کرم پرور۔ کرم فرما۔ کرم گستر ا۔ (ع۔ ف صفت) مہربانی کرنے والا۔ مہربان۔ عنایت کرنے والا۔

کرم کرنا ا۔ (دُر۔ مص۔ مرکب) مہربانی کرنا عنایت کرنا۔ تشریف لانا۔ قدم رنجہ فرمانا۔ رحم کرنا بخشنا۔

کرم ا۔ (ف۔ امند) کیڑا۔ سکوڑا۔

کرم پیلہ ا۔ (ف۔ امند) ریشم کا کیڑا۔

کرم خوردہ ا۔ (ف۔ امفت۔ بترکیب مفعولی) گھن لگا۔ گھن کا کھایا ہوا۔ پرانا۔ بوسیدہ۔

کرم اللہ وجہہ ا۔ خدا نے اس کے منہ کو بزرگی دی حضرت علیؓ کے نام کے بعد استعمال کیا جاتا ہے۔ کیونکہ آپ نے قبل از اسلام بھی بتوں کو سجدہ کبھی نہیں کیا تھا

کرم ا۔ (س۔ امند) کام کاج۔ دھندا۔ اچھا کام۔ ثواب کا کام۔ بھاگ۔ تقدیر۔ قسمت۔ نصیبا۔ حرفہ۔ پیشہ۔

کرم بھوگ ا۔ (ہ۔ امند) پہلے جنم میں کیے ہوئے کاموں کا ثمرہ۔ نیکی بدی کا نتیجہ۔

کرم پھوٹنا ا۔ (محاورہ) نصیبوں کا یاور نہ ہونا۔ بدنصیب ہونا۔ بدبختی کا سامنا ہونا۔

کرم ٹھوکنا ا۔ (اُر۔ محاورہ) قسمت کو رونا۔

کرم چاری ا۔ (ہ۔ صفت) کارکن۔

کرم ریکھ یا کرم ریکھا ا۔ (ہ۔ امو) تقدیر کا لکھا۔ نوشتۂ تقدیر۔

کرم کا بلیا یا کرم کا دھنی ا۔ (ہ۔ امفت) قسمت کا زور آور۔ زبردست نصیب والا۔ طنزاً بدقسمت۔ کرم ہین۔

کرم ہین ا۔ (ہ۔ امفت) تقدیر کا ہیٹا۔ کم نصیب۔ بدقسمت۔

کرمک شب تاب ا۔ (ف۔ امند۔ بترکیب فاعلی) رات کو چمکنے والا کیڑا۔ پٹ بیجنا۔ جگنو۔

کرم کلا ا۔ (اُر۔ امند) ایک طرح کی گوبھی جس میں پھول نہیں آتا۔

کرمل ا۔ (ہ۔ امند) کانوں کے پیچھے کا ورم۔ کن پھیڑ۔

کرموں کو رونا ا۔ (ہ۔ محاورہ) نصیبوں کو رونا۔
کرموں کا رونا ا۔ افسوس کرنا۔ پچھتانا۔ قسمت کا ماتم کرنا۔

کرمی ا۔ (ق۔ مو) سیب۔

کرمی ا۔ (ہ۔ امند) پورب کے ہندو زمینداروں کی ایک قوم کا نام۔

کرن (ہ۔ امو) شعاع۔ آفتاب۔ چاند کی روشنی کا تار۔ گوٹے کے تار۔

کرن ا۔ (ہ۔ امند) کان۔ گوش۔ کشتی کی پتوار۔ تکون کا قاعدہ۔ ایک مشہور ہندو

راجہ کا نام بھی ہے۔
کرن پھول:۔ (ہ۔اند) کان کا آویزہ۔ گوشوارہ۔ کان کا ایک زیور۔
کرن کا پہرا:۔ (ہ۔اند) صبح کا وقت۔ نور کا تڑکا۔
کرنا:۔ (ہ۔ فعل) بنانا۔ مارنا۔ جلانا جیسے وار کرنا۔ جادو ڈالنا۔ بیوی بنانا۔ بیوہ عورت کا مرد کے گھر میں بیٹھ جانا۔ یعنی کریوہ۔ کاروبار کھولنا۔ سر کے بال سنوارنا۔ رکھنا۔ ڈالنا۔ کاٹنا۔ ذبح کرنا۔ ہاتھ لگانا۔ ہلانا جیسے پنکھا کرنا۔
کرتا خدا کا کیا ہوتا ہے:۔ (اُر۔محاورہ) عجیب واقعہ پیش آتا ہے۔ کیا واقعہ پیش آتا ہے۔
کرنا:۔ (ہ۔فعل) شرمانا۔ شرمندہ ہونا۔ لجانا۔ دھار وغیرہ کا گر جانا۔
کرنٹ:۔ (انگ۔اند۔ Current) رَو۔ لہر۔ بالخصوص بجلی کی رو۔
کرنٹا:۔ (ہ۔اند) کرانی کی تصغیر حقارتی ہے۔ کرسان۔ عیسائی۔
کرنجا:۔ (ہ۔اصفت) کرنجوے کے رنگ کی آنکھوں والا گربہ چشم۔ کیرا کیری آنکھوں والا۔ بلی کی آنکھ والا۔
کرنجوا:۔ (ہ۔اند) ایک درخت اور اس کے پھل کا نام ہے۔ نلاہٹ لئے خاکی رنگ۔
کرنجی آنکھ:۔ (ہ۔امو) نیلی آنکھ۔ کیری آنکھ۔
کرند:۔ (ہ۔اند) لاکھ اور ریت وغیرہ مصالے سے بنا ہوا پتھر۔ جس سے سان بناتے ہیں۔
کرندی:۔ (ہ۔امو) کچے ریشم کی لنگی۔ سر کی چادر۔
کرنسی:۔ (انگ۔اند۔ Currency) سکہ رائج الوقت۔ روپیہ پیسہ نقدی
کرنسی آفس:۔ (انگ۔اند) ظرف۔ نوٹوں کا روپیہ بدلنے کا دفتر۔
کرنسی نوٹ:۔ (انگ۔اند۔ Currency Note) کاغذی سکہ زر کا غذی۔
کرنیل یا کرنل:۔ (انگ۔اند) فوج کا اعلیٰ افسر۔ سرلشکر۔ Colonel
کرنی:۔ (اُر۔ امو) کام فعل۔ معماروں کا ایک اوزار جس سے گارا چونا بچھاتے ہیں۔
کرنی نہ کرتوت پھوہڑ لٹھے کو مضبوط:۔ (اُر۔ مثل) محنت کے شیشی خور سے اور بد مزاج کی نسبت بولا کرتے ہیں جو کام کاج تو کرتا نہیں حکم کو شیر ہے۔
کرنوا:۔ (ہ۔اند) مٹی کا ٹوٹا دار بدھنا۔ لوٹا۔
کروا چوتھ:۔ (ہ۔امو) ہندوؤں کے ایک تیوہار کا نام ہے۔ جو کاتک کی چوتھی تاریخ کو ہوتا ہے۔
کروانا:۔ (ہ۔فعل) کرنا کا متعدی۔ کام بنوانا۔ کام لینا۔ خاص کام کرانا۔
کروبی:۔ (ع۔اند) اعلےٰ رتبہ کا فرشتہ۔
کروبیاں:۔ (ف۔اند) کروبی کی جمع بقاعدہ فارسی) اعلےٰ فرشتے۔
کروٹ:۔ (ہ۔اند) بڑا آرا۔
کروٹ:۔ (ہ۔امو) پہلو۔ رُخ۔ جانب۔ طرف۔ طور۔ ڈھنگ۔ طریق۔
کروٹ بدلانا:۔ (اُر۔محاورہ) کروٹ بدلنا کا متعدی ہے۔
کروٹ بدلنا:۔ (اُر۔محاورہ) پہلو بدلنا۔ رُخ بدلنا۔ انقلاب ہونا۔ زمانے کا پھر جانا۔
کروٹ لینا:۔ (اُر۔محاورہ) پہلو بدلنا۔ پیٹھ موڑنا۔ منہ پھیرنا۔ انقلاب اختیار کرنا۔ ہتی کھانا۔
کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے:۔ (اُر۔ محاورہ) خدائے تعالیٰ مغفرت کرے۔
کروٹوں میں رات کاٹنا:۔ (ہ۔ محاورہ) بے چینی سے رات گزارنا بیقرار رہنا۔
کروٹیں بدلنا:۔ (ہ۔محاورہ) بستر پر بے قرار رہنا۔ تڑپنا۔ آرام سے نہ سونا۔ تڑپ کر رات کاٹنا۔
کرودھ:۔ (س) غصہ۔ خفگی۔ طیش۔ غضب۔
کرودھی:۔ (ہ۔اصفت۔ بیاسے فاعلی) غضبناک۔ غصیل۔ بیر رکھنے والا
کرودھانا:۔ (اُر۔محاورہ) عین حصول مقصود میں خلل ڈالنا۔
کُرپال میں ڈھیلا / غُلّہ لگانا:۔ (اُر۔محاورہ) عین حصول مقصود میں خلل ڈالنا۔
کروڑ:۔ (ہ۔اعدد) سو لاکھ کی گنتی ا۔ (۱۰۰۰۰۰۰۰)
کروڑپتی:۔ (ہ۔اصفت۔ فاعلی) کروڑ روپے کی عزت اور ساکھ والا۔ کروڑ کا مالک۔ بڑا بھاری مالدار۔
کروڑ کی ایک بات:۔ (ہ۔محاورہ) کروڑ باتوں کا نچوڑ۔ تجربہ کی بات۔ نہایت پختہ بات۔
کروڑوں:۔ (ہ۔اند) کروڑ کی جمع لاتعداد۔
کروزر:۔ (انگ۔اند۔ Cruiser) جنگی جہاز۔ بحری گشت کرنیوالا جہاز
کروشیا:۔ (اُر۔اند) دھاگے کی جالی بنانے کا آلہ۔
کروکنا:۔ (اُر۔مصدر) کھرچنا۔ اندر سے لگانا۔
کروندا:۔ (ہ۔اند) ایک سُرخ و سفید رنگ کے پھل کا نام ہے۔ کان کے پاس کا عذور۔ کان کی گٹھی۔
کروہ:۔ (ف۔اند) کوس۔ تین یا چار ہزار گز کی مسافت۔
کروی:۔ (ع۔اصفت۔ بیاسے نسبتی) کرہ کی شکل کی۔ گول۔ مدور۔
کرہ:۔ (ع۔اند) گولا۔ گیند۔ ہر گول شے۔
کرہ ارض یا زمین:۔ (ع۔اند) زمین کا گولہ۔ تمام زمین جو گیند کی شکل
کرہا (کرہن) (ع۔تابع فعل) ناگواری سے مجبوری سے۔
کرہی:۔ (ہ۔اصفت۔ مونث) خستہ۔ بھربھری۔ کرکری۔
کرے ایک پکڑے جاتیں سب:۔ (ہ۔ محاورہ) ایک فرد کی برائی سے تمام قوم پر الزام لگ جایا کرتا ہے۔
بُرا کام کوئی کرتا ہے سزا کسی اور کو ملتی ہے۔
کرے داڑھی والا پکڑا جائے مونچھوں والا:۔ (اُر۔مثل) قصور کسی اور کا ہو اور الزام کسی اور پر آئے۔
کریا کرم یا کریا:۔ (ہ۔ پہلا اسم۔ دوسرا مونث) کام دھندا۔ تجہیز و تکفین۔ مذہبی فرض۔ گور گڑھا۔ مُردے کی خاص رسوم۔ مروجہ۔ ہندو لوگ۔
کریا کرم کا بگاڑنا / خراب کرنا:۔ پلید کرنا۔ رسوا کرنا۔ ذلیل کرنا۔
کریاں:۔ (لفظ امو) پرندوں کا اپنے پروں اور بازوؤں کو کھجلانا۔ امن آرام۔ بے فکری۔
کریاں میں آنا:۔ (اُر۔محاورہ) خوشی میں آنا۔ پرندوں کا خوشی سے سہلانا جھڑجھڑانا۔ صاف کرنا۔ مزے میں آنا۔ خوش ہونا۔
کریب:۔ (فرانسیسی) ایک انگریزی ریشمی کپڑے کا نام ہے۔

کُریت :۔ (ہ۔امو) کاف بمعنی بد اور ریت بمعنی رسم) رسم بد۔ بُرا دستور۔ بد چلنی۔

کریٹ :۔ (انگ۔امذ۔ Crate) لکڑی کا معمولی سا بکس جس میں کوئی چیز بند کر کے بھیجی جاتی ہے۔

کُرید :۔ (ہ۔امو) کریدنا کا حاصل مصدر۔ جانچ بین۔ تلاش۔ کاوش کوشش۔ ڈھونڈنا۔

کُرید کُرید کر پوچھنا :۔ (اُر۔ محاورہ) ہر پہلو سے دریافت کرنا۔

کُرید میں رہنا :۔ (اُر۔ محاورہ) ٹوہ میں رہنا کسی کی بُرائی کی تلاش میں رہنا۔

کُریدنا :۔ (ہ۔ فعل) کھودنا۔ بڑ خالی کرنا۔ کسی نوکدار شے سے کھودنا۔ تلاش کرنا۔ کھود کر باہر نکالنا۔ کھرچنا۔ خلال کرنا۔

کُریدنی :۔ (ہ۔امو) آلہ۔ چولہے یا تنور وغیرہ کی آگ کو اُلٹ پلٹ کرنے کا آلہ۔ کھرچنے کا آلہ۔ کھدکا خلاش۔

کریڑا :۔ (ہ۔امو) ہنسی۔ ٹھٹھول۔ مزاح۔ مذاق۔ تمسخر۔ ظرافت۔

کریڈٹ :۔ (انگ۔امذ Credit) نیک نامی۔ شہرت۔ ساکھ۔ پت اعتبار۔ بھرم۔ عزت۔ وقعت۔ سرسہرا۔ قرض۔ اودھار

کُریز :۔ (ہ۔امو) پرندوں کے پرانے پر گرا کر نئے پر نکالنا۔ پر جھاڑنے کی حالت۔

کُریز چھوڑنا :۔ (ہ۔ فعل) پرانے پر جھاڑ کر نئے پر نکالنا۔

کُریز سے پاک ہونا/نکلنا :۔ پرانے پر جھاڑ کر نئے پر نکالنا

کُریز کھانا :۔ (اُر۔ محاورہ) پرندے کا پر گرانے کے لئے پرواز نہ کرنا۔

کریز :۔ (انگ۔امذ Crease) تہ کی شکن یا خط پتلون وغیرہ کا کھیلنے والے اور گیند پھینکنے والے کی حد کر کٹ۔

کریل :۔ (ہ۔امذ) ایک خاردار جھاڑی کا نام کریر۔ جس کے ٹینٹ اچار کے کام آتے ہیں۔

کریلا :۔ (ہ۔امذ) ایک نہایت کڑوی ترکاری ہے جو پک کر مزے دار ہو جاتی ہے۔

کریلا اور نیم چڑھا :۔ (ہ۔ مثل) ایک تو مزاج میں تیزی تھی ہی۔ دوسری بات نے اور بڑھا دی۔

کریلا دھار :۔ (اُر۔امذ) چوٹی کی ایک خاص وضع۔ ایک قسم کی آتشبازی۔

کریل ڈالنا یا کریلنا :۔ (ہ۔ فعل) کریدنا۔ کھولنا۔ نکالنا۔

کریم :۔ (انگ۔امو Cream) ملائی۔ بالائی۔

کریم :۔ (ع۔ اصفت) بخشنے والا۔ گناہ معاف کر دینے والا۔ سخی۔ داتا۔ فیاض۔ رحیم۔ خدا تعالیٰ کا ایک وصفی نام۔

کریم النفس :۔ (ع۔ صفت) نیک دل۔ مہربان۔ بزرگ۔ سخی۔

کریم النفسی :۔ (ع۔امو) مہربانی۔ سخاوت۔ نیک دلی۔

کریمانہ :۔ (ف۔ صفت) سخی کی مانند۔

کریم رول :۔ (انگ۔ مونث) ایک قسم کی انگریزی مٹھائی جس میں مکھن بھرا ہوتا ہے۔ Cream Roll

کریمہ :۔ (ع۔ صفت) کریم کی تانیث۔ سخی عورت۔

کریمی (ع۔امو) فیاضی۔ سخاوت۔ عنایت۔ مہربانی۔



کریہہ :۔ (ع۔ اصفت) مکروہ۔ گھناؤنا۔ قابل نفرت بدشکل۔ بھونڈا۔

کریہہ الصوت :۔ (ع۔ اصفت) بدآواز۔ بُری بھونڈی اور ناگوار آواز والا۔

کریہہ المنظر :۔ (ع۔ اصفت) بدشکل بدصورت۔ گھناؤنا۔ بدنما۔

ک - ڑ

کڑ :۔ (ہ۔امو) کسوم کے بیج۔ کڑ۔ گاڑی چھکڑے وغیرہ کا ایک پہلو پر اُلٹ جانا۔

کڑ کھانا :۔ (ہ۔ محاورہ) گاڑی کا ایک پہلو پر اُلٹ جانا۔ اُلٹ پلٹ ہو جانا۔

کڑ :۔ (ہ۔امذ) کیڑے کا مخفف ہے کرم (مرکبات میں)

کڑ کھایا :۔ (ہ۔ اصفت۔ بتر کیب) مقولی کیڑوں کا کھایا ہوا۔ گھن لگا۔ گھن کھایا۔

کڑا :۔ (ہ۔ اصفت) سخت۔ شدید۔ تند مزاج۔ روکھا۔ بیرحم۔ کٹھور۔ طاقتور۔ زور آور۔ کمزور۔ تند۔ تیز۔ متحمل۔ برداشت کرنے والا۔ صبر رہا۔ بہادر۔

لوہے کا حلقہ۔ کنڈا۔ ہاتھ میں پہننے کا باریک زیور۔ قیمتی مزار کی ڈاٹ۔ لذاذ کی عمارت۔ کٹھن۔ دشوار۔ مشکل۔

کڑا پڑا :۔ (اُر۔ محاورہ) سخت ہو جانا۔ بند ہونا۔ گنڈھی پڑ جانا۔

کڑاپن۔ (ہ۔ امذ۔ مصدر) سختی۔ تند مزاجی بے رحمی۔ زور آوری۔ تندی تیزی بہادری

کڑا پیادہ۔ (اُر۔ لمذ) قاضی کا پیادہ۔

کڑا تاؤ۔ (ا۔ مذ) سخت جوش۔ غصّے کا جوش۔

کڑا دن (ا۔ مذ) سخت دن۔ منحوس دن۔

کڑا کرنا۔ (اُر۔ محاورہ) سخت کرنا۔ بھاؤ چڑھنا۔ مضبوط کرنا۔ جکڑنا۔

کڑا لگانا۔ (اُر۔ محاورہ) لداؤ کی چھت ڈالنا۔ لداؤ کا مکان بنوانا۔

کڑا منہ آنا۔ (اُر۔ محاورہ) سخت زبانی کرنا۔

کڑا دینا۔ (اُر۔ محاورہ) ناز نخرے دکھانا۔

کڑا اڑا۔ (ہ۔ امو) ساحل بلند دریا۔ دریا کا اونچا اور سیدھا کھڑا ہوا کنارہ۔

کڑا اسماں (ہ۔ لمذ) قحط کا زمانہ۔ کال کے دن۔ گرانی کا وقت۔ افلاس کا زمانہ۔ بُرے دن۔

کڑا کرنا یا کر لینا۔ (ہ۔ محاورہ) جسم اکڑانا۔ سخت کرنا۔ مضبوط کرنا۔ چست کرنا کسنا۔ جکڑنا۔ سختی جھیلنا۔ دلیر کرنا۔ ہمت دینا۔ بھاؤ چڑھانا۔ بھاؤ تیز کرنا۔

کڑا کڑی۔ (ق۔ صفت) سخت۔

کڑاکا۔ (ہ۔ امذ۔ صوت) کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز۔ فاقہ (بحالت صفت) سخت۔ نہایت شدت کا۔

کڑاکا بیتنا۔ (اُر۔ محاورہ) سختی گزرنا۔ فاقہ ہونا۔

کڑاکا گزرنا۔ (اُر۔ محاورہ) فاقہ ہونا۔ بھوکا رہنا۔

کڑاکڑ۔ (ہ۔ امذ) کسی سخت چیز کے لگاتار ٹوٹنے یا بجنے کی آواز۔

کڑاکے کا جاڑا۔ (ہ۔ لمذ) شدت کا جاڑا۔ سخت سردی۔

کڑاکے کا فاقہ۔ (اُر۔ امذ) سخت بھوک شدت کا فاقہ۔

کڑاہ۔ (ہ۔ امذ) بڑی کڑاہی۔ لوہے کا بڑا کڑاہا۔ (پنجابی ترجمہ)

کڑا ہونا۔ (اُر۔ محاورہ) کڑا کرنا کا لازم ہے۔

کڑاہی۔ (ہ۔ امو) بیلتے تذکیر و تانیث کڑھائی۔ لوہے کا برتن جس میں پکوان پکاتے یا دودھ گرم کرتے ہیں۔ پکوان۔ تلی ہوئی چیز۔ شیرینی۔ (پنجاب۔ ترجمہ۔ میٹھا حلوہ)

کڑاہی چڑھنا۔ (ہ۔ محاورہ) کسی چیز کے تلنے کے لئے کڑاہی کا چولہے پر رکھا جانا۔ پکوان پکنا۔ (ہندو) شادی کے کھانوں اور ضیافت کا سامان ہونا۔

کڑاہی چڑھانا۔ (اُر۔ محاورہ) پکوان تلنا کسی چیز کو تلنے کے لئے کڑاہی رکھنا

کڑاہی کرنا۔ (اُر۔ محاورہ) نذر و نیاز کے لئے کچھ پکانا۔

کڑاہی میں ہاتھ ڈالنا۔ (اُر۔ محاورہ) اپنی سچائی ثابت کرنے کو جلتے تیل میں ہاتھ ڈال دینا۔ بے گناہی کا امتحان اور ثبوت دینا۔

کڑبڑ۔ (ہ۔ صفت) فاعلی۔ ادھیڑ۔ کڑبڑی۔ ڈاڑھی والا۔

کڑبڑی داڑھی۔ (ہ۔ امو) دو رنگی ڈاڑھی۔ سفید و سیاہ ڈاڑھی۔

کڑچی۔ (ہ۔ امو) جوار باجرے یا مکئی کی چپری کڑدی۔

کڑک۔ (ہ۔ امو) بجلی آواز۔ ہیبت اور سخت آواز۔ گھوڑے کی سرپٹ چال۔ بجلی۔ برق کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز۔

کڑک بالکا۔ (ہ۔ امذ) بانکا ترچھا جوان جس کی آواز سے ڈر جائیں۔ چھبیلا

کڑک بجلی۔ (اُر۔ امو) توڑے دار بندوق۔ وہ بندوق جس کی آواز نہایت مہیب ہو۔ کڑاکے کی آواز والی عورت۔ رُعب۔ کڑک کڑاکے والی عورت۔ کڑاکے کی آواز سے۔ سخت آواز سے۔

کڑکڑ۔ (ہ۔ امو) انڈے دینے سے رُکی ہوئی مُرغی۔ مست مرغی۔ صاف کورا۔ خالی۔

کڑکڑ ہونا۔ (اُر۔ محاورہ) مُرغی کا انڈے دینے سے باز رہنا۔

کڑکا۔ (ہ۔ لمذ) بجلی کا شور۔ کڑکا۔ میدان جنگ میں دل بڑھانے والے گیت۔ رجز نقیبوں کی آواز۔ بہادری کے گیت۔ ساکھا۔ رزم نامہ۔

کڑکڑ۔ (اُر۔ امو) کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز۔ انگلیوں کے چٹخنے کی آواز۔

کڑکڑاتا جاڑا۔ (ہ۔ لمذ) بڑے زور کی سردی۔ شدت کا جاڑا۔

کڑکڑانا۔ (ہ۔ فعل) گھی کے داغ ہونے کی آواز نکالنا۔ بگھارنا۔ داغ کرنا۔

کڑکڑ کڑ۔ (اُر۔ امو) مُرغیوں کو بُلانے یا بھگانے کی آواز۔

کڑکڑانا۔ (ہ۔ فعل) مُرغیوں کا بولنا۔ بڑبڑانا۔ بُرا بھلا کہنا۔ حسد کرنا۔ دُشمنی سے جلنا۔

کڑکڑ بولنا۔ (اُر۔ محاورہ) کسی چیز کا چباتے وقت آواز دینا۔

کڑکڑانا۔ (اُر۔ مصدر) دانتوں کا باہم رگڑ کھا کر آواز دینا۔

کڑکنا۔ (ہ۔ فعل) تڑخنا۔ چٹکنا۔ چُرمُرہ ہونا۔ موتی کا ٹوٹ جانا۔ موتی میں بال آجانا۔

کڑکنا۔ (اُر۔ مصدر) تڑکنا۔ چٹکنا۔ تڑخنا۔ موتی کا ٹوٹ جانا۔ چُرمُرہ ہونا۔

کڑکیت۔ (ہ۔ لمذ۔ فاعل) لڑکا گانے والا۔ رزمیہ داستانیں گا کر سنانے والا۔ نقیب جو بادشاہوں کی سواری کے آگے آگے چلتے ہیں۔

کڑکی۔ (اُر۔ امو) غوطہ۔

کڑکی۔ (اُر۔ امو) وہ چیز جس سے لڑکے چھوٹے چھوٹے پرندے پکڑتے ہیں۔

کڑکھنگا۔ (ہ۔ امذ) سخت گو۔ سخت کلام اور خوی آدمی۔

کڑوا۔ (ہ۔ اصفت) تلخ افیون یا نیم کے مزے کا۔ تیز چرپرا۔ تلخ مزے کا۔

کڑوا تیل۔ (ہ۔ لمذ) سرسوں یا نارمیرا کا تیل۔ روغن تلخ۔

کڑوا دل کرنا۔ (ہ۔ محاورہ) دل کو سخت کر لینا سختی جھیلنا۔ سختی کی برداشت کرنا۔

کڑوا تھو میٹھا ہپ۔ (لمذ) بُری چیز چھوڑ دینا۔ اور اچھی چیز سے لینا۔

کڑوا زہر۔ (ہ۔ امذ۔ صفت) مہلک زہر۔ نہایت تلخ۔ کڑوا نیم سا۔

کڑوا کریلا۔ (ہ۔ لمذ) نہایت بدمزاج۔ تیز مزاج۔

کڑوا کریلا نیم چڑھا۔ (ہ) بدمزاج تو تھے ہی ناگوار بات نے اور چڑچڑا کر دیا۔

کڑوا کسیلا۔ (ہ۔ اصفت) تلخ۔ ناقابل برداشت۔ ناگوار۔

کڑوا لگنا۔ (اُر۔ محاورہ) تلخ لگنا۔ ناگوار ہونا۔ بُرا معلوم ہونا۔

کڑوا ہونا۔ / **کڑوانا**۔ (ہ۔ محاورہ) تلخ ہونا۔ بدمزہ ہونا۔ بصورت متعدی خفا کرنا۔ بدمزاجی سے بولنا۔

کڑواپن:۔ (ہ۔لمذ) مصدری۔ تلخی۔ تندی۔ بدمزاجی۔
کڑواہٹ یا کڑواہٹ:۔ (ہ۔امو) مصدری۔ تیزی۔ تندی۔ تلخی۔
کڑوڑ:۔ (ہ۔اعدد۔مذکر) سولاکھ۔ ۱۰۰۰۰۰۰۰)
کڑوڑگیری (دکن۔امو) مجنگی کا محکمہ۔
کڑوڑی:۔ (ہ۔لمذ) حاکم اعلےٰ۔ افسروں کا افسر۔ حاکموں کا حاکم۔
کڑوی:۔ (ہ۔امو) مکئی یا باجرے کی چڑی۔ کڑب۔ کڑبی۔
کڑوی:۔ (ہ۔اصفت۔مو) کڑوا کی تانیث۔ تلخ۔ تیز۔ تند۔ بدمزہ۔
کڑوی بات:۔ (ہ۔امو) بری بات ناگوار بات۔
کڑوی روٹی یا کھچڑی:۔ (ہ۔امو) بھتی۔ نان۔ مرگ۔ کسی کے مرجانے پر رشتہ داروں کی طرف سے آیا ہوا کھانا۔
کڑوی نگاہ:۔ (اُر۔امو) غضبناک کی نظر خفگی کی نظر
کڑوے کسیلے دن:۔ (ہ۔اسم ہند) سختی کے دن۔ تنگی کا زمانہ۔ بیماری کا موسم موسمی بیماریوں کے دن۔ انگیا پہننا۔ حمل کا آٹھواں دن۔
کڑوے گھونٹ:۔ (ہ۔امو) ناگوار اور سخت بات۔ دشوار کام۔
کڑوے سے میٹھے سے ڈریئے: (اُر۔مثل) بدمزاج آدمی صاف دل ہوتا ہے اور نرم مزاج اچھا نہیں ہوتا۔
کڑھانا:۔ (ہ۔فعل) رنجیدہ و ملول کرنا۔ دکھ دینا۔ کلپانا۔ دانستہ ناراض کرنا۔ افسوس دلانا۔
کڑھاپا:۔ (اُر۔امذ) تکلیف۔ خفگی۔
کڑھانا:۔ (اُر۔مصدر) رنجیدہ کرنا۔ غمگین کرنا۔ دکھ دینا۔ ناراض کرنا۔
کڑھا ہوا:۔ (ہ۔اصفت۔مفعول) کشیدہ زردوزی وغیرہ کا کام۔ جوش دیا ہوا دودھ۔ کھینچا ہوا۔ مقطر کیا ہوا۔
کڑھنا:۔ (ہ۔فعل) رنجیدہ ہونا۔ ملول ہونا۔ رحم آنا۔ ترس آنا۔ دل دکھنا۔ افسوس کرنا۔ سوزش کرنا۔ غم کھانا۔ کلپنا۔
کڑھنا:۔ (ہ۔فعل) نکلنا۔ باہر آنا۔ دودھ ابلنا۔ پختہ ہونا۔ تجربہ حاصل کرنا۔ کشیدہ کاری ہونا۔
کڑھنا:۔ (اُر۔مصدر) رنج کرنا۔ افسوس کرنا۔ ہمدردی کرنا۔ دلسوزی کرنا۔
کڑھوانا:۔ (ہ۔فعل) کشیدہ نکلوانا۔ باہر کرانا۔ کوئی چیز گروی رکھ کر قرض لینا۔
کڑھوائی:۔ (اُر۔امو) کاڑھنے کی اُجرت۔
کڑھی:۔ (ہ۔امو) ایک قسم کا سالن جو بیسن۔ دہی اور مصالحہ وغیرہ سے تیار ہوتا ہے۔
کڑھی کا سا اُبال:۔ (ہ۔امذ) جلد اُتر جانے والا غصہ۔ فوراً رفع ہو جانے والا ارادہ۔
کڑھی میں کوئلہ:۔ (ہ۔مثل) اچھی بات میں خرابی۔
کڑی:۔ (ہ۔امو) کڑا کی تانیث۔ سخت۔ مضبوط۔ کرخت۔ سختی سہنے والی۔ کٹھن۔ مشکل۔ تیز۔ تند۔ غضبناک۔ خشمناک۔ (بسجالت اسم مونث) جریب کا ایک حصہ چھت کا تیر۔ شہتیر کے اُوپر کا بر کا۔ بالا۔ چاندی اور سونے کا باریک اور پتلا حلقہ دکھ۔ رنج۔ صدمہ تنبا۔ ہندی نظم کا بند۔ پاؤں کے ایک زیور کا نام بھی ہے۔

کڑی:۔ (ہ۔صفت) مرغیوں کو ہنکانے کی آواز (پنجابی) لڑکی۔
کڑی آنا:۔ (اُر۔محاورہ) مصیبت آنا۔
کڑی اُٹھانا:۔ (ہ۔فعل) مصیبت برداشت کرنا۔ سختی جھیلنا۔ سخت بات سننا۔
کڑی جھیلنا:۔
کڑی آنچ:۔ (اُر۔امو) تیز آنچ۔
کڑی آنکھ:۔ (اُر۔امو) غصہ کی نظر۔ قہر کی نگاہ۔
کڑی بات:۔ (ہ۔امو) ناگوار بات۔ سخت بات۔ بڑی کٹھن بات۔ مشکل۔
کڑی پڑنا:۔ (اُر۔محاورہ) مصیبت پڑنا۔
کڑی ڈالنا:۔ (اُر۔محاورہ) مصیبت ڈالنا۔
کڑی رُت ہونا:۔ (اُر۔محاورہ) خراب موسم ہونا۔
کڑی سُنانا:۔ (ہ۔محاورہ) سخت بات کہنا۔ ناگوار بات کہنا۔
کڑی کمان:۔ (اُر۔امو) سخت کمان۔
کڑی کمان کا تیر:۔ (اُر۔اصفت) نہایت تیز جلدی چلنے والا۔ بہت ہی تیز رفتار۔
کڑی کمائی کا پیسہ:۔ (اُر۔امذ) سخت محنت سے حاصل کی ہوئی رقم۔
کڑی منزل:۔ (اُر۔امو) کٹھن۔ راستہ۔ مشکل راہ۔
کڑے روزے:۔ (اُر۔امذ) سخت روزے۔
کڑیل جوان:۔ (اُر۔امذ) قدآور جوان۔ زور آور آدمی۔

ک - ز

کڑک:۔ (ف۔مو) تیز چھری۔

ک - ژ

کژدُم:۔ (ف۔امذ) بچھو۔ عقرب۔

ک - س

کس:۔ (ف۔مذ) آدمی۔ شخص۔ مرد۔ کوئی کدام (بسجالت صفت) اہل لایق۔ قابل۔
کس مپرس:۔ (اُر۔مثل) غریب اور کنگال آدمی کو کوئی نہیں پوچھتا کہ تو کس حال میں ہے۔
کس نہ پرسد کہ بھیا کون ہو۔
تین ہو یا ڈیڑھ ہو یا پون ہو۔
اور کس قابلیت کا ہے۔

کس حال میں ہے اور کس قابلیت کا ہے۔

کس نہ گوید کہ دوغ من ترش است (ف۔ مثل) کوئی اپنی چیز کو برا نہیں کہتا

کس و کو (ف۔ اند) یار دوست۔

کس و ناکس (ف اند) لائق و نالائق ادنےٰ و اعلیٰ۔ خاص و عام۔ ہر شخص۔

کش (ہ۔ اند) بل زور وقت وطاقت۔ سونے وغیرہ کا امتحان۔ آزمایش۔ پرکھ۔ تلوار کا جھٹکاؤ۔ کسی رنگ دار چیز کا عرق۔ اصل حقیقت۔ ذات۔ کیکر کے درخت کی چھال۔ کساؤ مخفف۔

کش بل (ہ۔ اند) زور و بل۔ دم خم۔ تلوار کا خم و خم۔ تاب وطاقت۔

کس پھرا (اُ صفت) وہ شخص جو لوہے پیتل یا تانبے کے برتن بناتا ہو۔

کس دیکھنا (ہ۔ ف) سونے کو کسوٹی پر رکھنا۔ کھرا کھوٹا معلوم کرنا۔ امتحان کرنا۔

کس (ف مبو) عورت کی شرم گاہ۔ اندام نہانی۔ عورت کی پیشاب کرنے کی جگہ۔

کس (ہ) کلمہ استفہام۔ کون۔ کدام۔

کس اُمید پر (اُ متعلق فعل) کس آسرے پر۔ فضول۔ رائیگاں۔

کس بات پر بھولا ہے (ہ محاورہ) کس غرور میں ہے۔ کس گھمنڈ میں ہے۔

کس باغ پا کھیت کا بھٹوا ہے / کس باغ کی مولی ہے (اُ۔ محاورہ) بالکل ناچیز نہایت بے حقیقت ہے۔ کچھ مال نہیں۔ کسی گنتی میں نہیں۔ کون پوچھتا ہے۔

کس برتے پر ہنتا پانی (ہ۔ مثل) کس حوصلے پر شیخی مارتے ہو۔ کس حالت پر اور یہ گھمنڈ۔

کس بلا کا ہے (اُ۔ محاورہ) بے حد تعریف کے موقعہ پر بولتے ہیں۔ کس غضب کا ہے بڑا بے ڈھب ہے۔

کس بلا کو پیچھے لگا دیا (اُ محاورہ)۔ کسی ضدی سے یا لاپڑنے کے موقعہ پر بولتے ہیں یعنی کس مصیبت میں پھنس گئے۔

کس پتھر سے سر پھوڑیں (اُ۔ فعل) کس سے فریاد کریں۔

کس جانور کا نام ہے (اُ۔ محاورہ) بے حقیقت چیز ہے۔

کس جنم کے کالے تل چاٹے ہیں (ہ۔ محاورہ) یعنی کب سے زر خرید غلام بنے ہو۔ جو ذرا نافرمانی نہیں کرتے۔

کس جوبن سے (اُ۔ محاورہ) کس شان سے۔

کس چکی کا پیسا کھایا (ہ محاورہ) یعنی ایسا موٹا کس آٹے کی تاثیر نے کر دیا وہ کون سی چکی کا ہے۔

کس حساب سے ہے / ہو (اُ۔ محاورہ) کون پوچھتا ہے کس گنتی میں ہو۔

کس زبان سے شکر ادا ہو (اُ۔ محاورہ) زبان شکر ادا کرنے سے قاصر ہے

کس شمار / قطار / گنتی میں ہے (اُ محاورہ) کچھ قدر و منزلت ہے۔

کس کافر کو اعتبار آئیگا (اُ محاورہ) کسی کو اعتبار نہیں آئے گا۔

کس کام یا کس کام کی (ہ۔ محاورہ) کس غرض کا۔ بالکل نکما۔ ردی۔ کسی مطلب کا نہیں۔

کس کس دکھ کو جھیلا ہے (ہ۔ محاورہ) بہت طرح کی مصیبتیں اُٹھائی ہیں۔ کون سی نہیں اُٹھائی۔

کس کس کو روئیں (ہ محاورہ) کس کس تکلیف کا ذکر کریں۔

کس کتاب میں لکھا ہے (اُ محاورہ) کس قانون کے مطابق۔ دستور کے خلاف ہے

کس کو (ہ) اسم استفہام۔ کسے۔ کس آدمی کو

کس کی بنی رہی ہے (اُ محاورہ) عورت یا اقتدار ہمیشہ قائم نہیں رہتے۔

کس کی بکری کون ڈالے گھاس (ہ مثل) اپنی چیز کی نگہداشت ہر کوئی کرتا ہے غیر کی چیز کی حفاظت کوئی نہیں کرتا۔

کس کی گور کون گرے دھواں کرے (اُ۔ محاورہ) غیر کا کام کوئی نہیں کرتا۔

کس کی ماں کو ماں کہتا یا کہتی (اُ۔ محاورہ) کسی سخت مصیبت کے پیش آنے یا اپنے عزیز کی موت ہونے کے وقت بولا کرتے ہیں۔ یعنی یہ حالت ہو جاتی تو ہم کس درد مند سے اپنی مصیبت کہتے ہو۔ کس کو اپنا مددگار اور ہمدرد بناتے۔ غریب یا یتیم کی مصیبت پر بولتے ہیں۔

کس مرض کی دوا ہے / کس مرض کی دوا ہو (اُ۔ محاورہ) بالکل نکما اور بے فائدہ ہے اور کسی کام کا نہیں۔

کس مُنہ سے (ہ۔ تابع فعل) بات کرنے کا مُنہ نہیں۔ کس دلیل سے۔ کس وجہ سے۔ کیا مُنہ لے کر۔ کس عزت پر۔ کس حوصلہ سے۔ کس دلیری پر کس لیاقت اور خوبی پر۔

کس نیند سوتا یا سو رہا ہے (ہ۔ محاورہ) نصیحت حاصل کر۔ کیوں اتنا غافل ہے۔

کس نیند سوتا یا سو رہا ہے۔ (ہ۔ محاورہ) تصیحت اور عبرت حاصل کر۔ کیوں اتنا غافل ہے۔ کس بے خبری میں ہے۔

کس وقت (اُ۔ تابع فعل) کب کس گھڑی۔

کسا (ہ۔ اصفت) کم وزن۔ اُترتا ہوا تول۔ کھنچا ہوا۔ تنگ۔ تنا ہوا۔ چست۔ پھنسا ہوا۔

کسا کسایا (ہ۔ اصفت) بالکل سجا ہوا۔ تیار مستعد۔ کاٹھی رکھا ہوا۔ کیل کانٹے سے درست۔

کُسا (ہ اند) چھاوڑا۔ کُمال۔ متاکا۔ مرادف۔ جیسے متاکُسا۔

کَسا (ہ۔ اند) کیکر کی چھال کی بنی ہوتی شراب ھڑا

کساد (ع۔ امبو) جنس کا نہ بکنا۔ بے رونقی۔ گاہک نہ ہونا یا بہت کم ہونا۔ مندا ہونا۔

کساد بازاری (عف۔ امبو۔ بیائے مصدری) بکری کا نہ ہونا بے رونقی ہونا۔ مندا بازار ہونا۔

کسالا (ہ۔ اند) دُکھ درد۔ تکلیف۔ پیڑ۔ محنت۔ مشقت۔ تکلیف کی برداشت پتا۔ کس۔ سستی۔ کاہلی۔

کسالت (ع۔ امبو) سستی۔ کاہلی۔

کسامسی (اُ۔ امبو) تکلیف۔

کِسان (ہ۔ اند) کھیتی۔ کیاری کرنے والا۔ زمین دار۔ کاشت کار۔ جوتا۔ بویا۔

کساتا (ہ فعل) امتحان کرانا۔ کسوٹی پر لگوانا۔ پرکھوانا۔ تنوانا۔ کھچوانا۔ مشکل کاموں میں آدمی کا امتحان کرانا

کساؤ (ہ۔ اند۔ حاصل مصدر) تناؤ۔ کھچاوٹ۔ کسیلا پن۔ بدمزگی۔ تانبے یا پیتل کے بن قلعی برتن میں کسی کھٹی چیز کے رکھنے سے جو کیفیت اور رنگ اور مزہ ہوتا ہے اس کا نام۔

کساوٹ (ہ۔ امبو۔ حاصل مصدر) تناؤ۔ کھچاؤ۔ چستی۔ تنگی۔

کسب (ع۔ امبو) کمانا۔ حاصل کرنا۔ کام۔ دھندا۔ پیشہ۔ ہنر۔ فن۔ عورت کی بدکاری کی کمائی۔

کسب کمانا یا کرنا (اُ۔ محاورہ) بدکاری سے کمانا۔ پیشہ کرنا۔

کسب کمال کُن کہ عزیز جہاں شوی (ف مقولہ) کسی ہنر میں کمال حاصل کرتا کہ تو دنیا میں ہر دل عزیز ہو۔ ہنر میں کمال حاصل کرنا۔

کِسبَت (اُ۔ا۔مو) نائیوں کا اوزار رکھنے کا چمڑے کا تھیلا۔ جراح کی قینچی۔ سقوں کا پرنالا جو مشک کے نیچے چوتڑ پر رکھ لیتے ہیں۔

کَسبی (عف۔اند بیائے فاعلیت) پیشہ ور۔ ہنرمند۔ کاریگر۔ پیشہ یا ہنر سے کمایا ہوا روپیہ (بمحالت امو) فاحشہ عورت۔

کَستورا (ہ۔اند) ایک قسم کا ہرن جس کی ناف سے مشک نافہ نکلتا ہے۔ ایک قسم کی سینگ دار مچھلی۔ ایک نہایت خوش آواز پرندے کا نام۔ ابابیل کا لعاب جو نہایت مقوی ہوتا ہے۔

کستوری (ہ۔امو) مشک نافہ۔ مرگ مدھ۔ مجازاً ہر قیمتی شے۔

کسٹرڈ (Custard۔انگ۔ند) دودھ انڈے اور چینی کی پکی ہوئی انگریزی فیرنی۔

کسٹم (انگ۔ Custom) چنگی کا محصول۔ رسم ورواج۔

کسٹمر (انگ۔Customer) گاہک خریدار۔ سودا گر۔

کسٹوڈین (Custodian۔انگ۔ند) حافظ۔ نگران۔ رکھوالا۔

کسر (ع۔امو) ٹوٹ پھوٹ۔ ٹکڑا۔ ٹوٹا ہوا (صرف دستخوں میں) زیر کی حرکت علم حساب میں اکائی کے کئی حصوں میں سے ایک حصہ۔

کسرِ اعشاریہ (ع۔امو) وہ کسر یا عدد جو دس کا کوئی حصہ ہو (۰٫) ہے

کسر باقی نہ رکھنا (ف۔فعل) کمی نہ کرنا ذرا کوتاہی نہ کرنا۔ برائی کرنے سے نہ چوکنا

کسر پڑنا یا رہنا (اُ۔فعل) گھاٹا پڑنا۔ کمی رہنا۔ نقصان ہونا۔

کسر پڑنا (اُ۔محاورہ) خسارہ دینا۔ نقصان دینا۔

کسر رہ جانا (اُ۔محاورہ) کمی رہ جانا۔ کوتاہی رہ جانا۔ نقص رہ جانا۔

کسرِ شان (ع۔امو) شان کے خلاف آبرو میں بٹا لگنے والی بات۔

کسرِ غیر واجب یا ملفوظی (ع۔امو) مخرج سے بڑے شمار کنندہ والی کسر۔

کسر کھانا (اُ۔محاورہ) نقصان اُٹھانا۔ گرہ سے دینا۔ گھاٹا بھرنا۔

کسرِ مرکب (ع۔امو) صحیح عدد ساتھ رکھنے والی کسر۔

کسرِ مضاف (ع۔امو) کسر کی کسر۔

کسرِ مکتف (ع۔امو) جس کے شمار کنندہ یا مخرج یا دونوں میں کسر مرکب یا مضاف ہو۔

کسرِ مفرد (ع۔امو) سادہ کسر۔ مساوی کسر جیسے ½۔

کسر نکالنا (اُ۔محاورہ) کمی پوری کرنا۔ بدلہ لینا۔ انتقام لینا۔

کسرِ نفس (ع۔ف۔مو) اپنے آپ کو کم رتبہ ظاہر کرنا۔ عاجزی۔ انکساری۔

کسرِ واجب (ع۔امو) کسر کی جمع۔ جس کا شمار کنندہ نسب نما سے چھوٹا ہو۔

کسرات (ل۔امو) (کسر کی جمع جعلی) رخصت وغیرہ کے کٹی ہوئی اور بچت میں ڈالی ہوئی رقمیں۔

کسرت (اُو۔امو) ورزش۔ ریاضت۔ مشق۔ مہارت

کسرتی (اُو۔امو۔ بیائے فاعلیت یا مفعولی) ورزش کرنے والا۔ ورزش کیا ہوا ورزشی۔

کسرہ (ع۔امو) زیر۔ زیر کی حرکت۔

کسرے (ع۔امو) خسرو کا معرب۔ نوشیرواں عادل کا نام۔ عجم کے بادشاہوں میں سے ہر ایک کا لقب

کسک (ہ۔امو) دُکھ درد۔ پیڑ۔ ٹیس۔ چبک۔ ہلکا درد۔

کسک آنا (اُ۔محاورہ) چوٹ لگنا درد ہونا۔ جھٹکا لگنا۔

کسک اُٹھنا (اُ۔ محاورہ) درد ہونا۔ ٹیس ہونا۔

کسک مٹانا یا نکالنا (اُ۔محاورہ) تکلیف دُور کرنا۔ دُکھ کھونا۔ خواہش نفسانی پوری کرنا۔

کسکٹ (ہ۔اند) بھرت۔ کانسی پھول۔ کئی طرح کی ملی ہوئی دھات۔

کسکنا (ہ۔فعل) ٹیس ہونا۔ ہلکا ہلکا درد ہونا۔ پیڑ ہونا۔ چسکنا۔ چبکنا۔

کسگر (اُو۔اند) بترکیب فاعلی۔ کُمہار۔ کوزہ گر۔ مٹی کے برتن بنانے والا۔ کاسگر کا مخفف

کسگن (اُ۔امو) کسگر کی تانیث ہے۔

کسل (ع۔امند) تھکاوٹ۔ تکان۔ ناتوانی۔ کمزوری۔ سستی۔ کاہلی۔ بیماری۔

کسلمند (عف بصفت ترکیبی) بیمار۔ رنجور۔ علیل۔

کُسل (ہ۔اند) تندرستی خیر و عافیت۔ صحت۔

کُسُم یا کُسُمبھ (ہ۔وس۔امند) کڑ کا پھول جس سے سُرخ رنگ نکلتا ہے۔

کُسُم کا آزار ہونا (ف۔فعل) متواتر حیض آتے رہنا۔ پیڑ اچھوٹنے کا مرض ہونا۔

کسمسانا (ہ۔فعل) بل کھانا۔ پہلو بدلنا۔ ہلنا۔ گھبرانا۔ تڑپنا۔ تنگ ہونا۔ بے چین اور بے کل ہونا۔

کسمساہٹ (ہ۔امو۔ حاصل مصدر) کسمسانا سے بے چینی۔ اضطراب بے قراری۔

کسنا (ہ۔اند) بستر بند۔ پلنگ کسنے کی ڈوری۔ جوان پوش۔ پٹاری کا غلاف۔ چھینکا۔

کسن (ہ۔اند) درد تکلیف۔

کسنا (ہ۔فعل) جکڑنا۔ کھینچنا۔ تاننا۔ مضبوط کر کے باندھنا۔ چست کرنا۔ باندھنا تلوار کو جھکا کر اس کا امتحان کرنا۔ کھرا کھوٹا پرکھنا۔ کسوٹی پر لگانا۔ جانچنا آزمایش کرنا۔ دام بڑھانا۔ کم تولنا۔ بٹیروں کو لڑانا۔ ستانا۔ دق کرنا۔ مارنا پھینکنا۔ بندوق بھرنا۔ شست لگانا۔

کُسنالے (ق۔ند) ایک قسم کے پرندے۔

کسنڈ (ق۔ند) سیسا۔

کُسنگ (ہ۔اند) کُبڑ بھتی بد اور سنگ بھتی ساتھ) بُری صحبت بُرا ساتھ بُری سنگت۔

کسو (ہ) علامت تنکیر۔ کسی۔

کسوانا (ہ۔فعل) کوسنا کا معتدی ہے۔ بد دعا۔ دلوانا۔ بُری دعا لینا۔

کسوائی (اُ۔امو) کسنے کے اُجرت۔

کسوت (ع۔امو) لباس۔ پوشاک۔

کسوٹی (ہ۔امو) کس دیکھنے کی بٹیا۔ محک۔ سنگ عیار۔

کسوٹی پر رکھنا۔ چڑھانا۔ کسنا یا لگانا (اُ۔محاورہ) پرکھنا۔ امتحان کرنا۔ آزمانا۔ جانچنا۔

کسوٹی چڑھنا (اُ۔محاورہ) جانچ میں کھرا ثابت ہونا۔

کسور (ع۔امو) کسر کی جمع۔

کسور اعشاریہ (ع۔امو) دس یا دس کی کسی قوت کے نسب نما والی کسریں۔

کُسُورِ عام (ع۔ا۔مو) عام اعداد کے نسب تماوالی کسریں۔
کُسُوف (ع۔ا۔مو) سورج گرہن چاند کا سورج اور زمین کے درمیان آجانا۔
کُسُونی (اُ۔صفت) طاقتی گھوڑا۔ بھیڑیا۔ احوال۔ ٹیڑھی نظر والا۔
کُسُونجی (ہ۔مو) ایک درخت کا نام
کُسّی (ہ۔ا۔مو) چھوٹا پھاوڑا۔ بیلچہ۔ کلند۔ دو قدم کے برابر فاصلہ کا ایک پیمانہ۔
کِسے (ف) علامت تنکیر برائے انسان۔ کوئی شخص۔ کوئی آدمی۔ کوئی مرد۔
کِسے باشد (ف) مفید تنکیر۔ کوئی ہو۔
کِسے (ہ۔کلمہ استفہام برائے مفعول) کس کو۔ کس آدمی کو۔
کِسی (ہ علامت تنکیر) کوئی آدمی۔ کوئی چیز۔ فلاں۔ مجازاً۔ اشارہ وبوسہ سے معشوق کنایۃً۔ معشوق وعاشق۔
کِسی بات سے ہاتھ اُٹھانا (اُ۔ محاورہ) کسی بات یا کام کو چھوڑ دینا دست بردار ہونا۔ نا اُمید ہونا۔
کِسی بات کے لالے پڑنا (اُ۔محاورہ) کسی بات کا دشوار ہونا۔ مایوسی ہونا۔ نا اُمیدی ہونا۔
کِسی سے سائی کسی سے بدھائی (ہ۔مثل) ہر ایک سے وعدہ وعید۔ جھوٹی خاطرداری۔
کِسی طرح یا کِسی عنوان (اُ۔تابع فعل) کسی طور۔ کسی ڈھب۔
کِسی قابل نہ رکھنا (اُ۔محاورہ) بیکار کر دینا۔ مُفلس کر دینا۔
کِسی قدر (اُ۔تابع فعل) ذرا سے۔ قدرے قلیل۔ تھوڑا سا۔ کتنا ہی۔ بہت کچھ۔
کِسی کا کچھ نہیں چلتا یا بس نہیں چلتا (ہ۔قابو سے باہر ہے۔ کسی کی پیش نہیں جاتی
کِسی کا کلمہ بھرنا یا پڑھنا (اُ۔محاورہ) کسی پر ایمان لانا۔ نہایت معتقد ومطیع ہونا۔ ہر وقت یاد کرتے رہنا۔
کِسی کا گھر جلے کوئی تاپے (ہ۔مثل) کسی کا نقصان ہو اور کوئی خوشی منائے
کِسی کا ہاتھ چلے کِسی کی زبان (اُ۔مثل) ایک آدمی مارتا ہے دوسرا گالیاں دے کر دل کی بھڑاس نکال لیتا ہے۔
کِسی کا ہو رہنا (اُ۔محاورہ) کسی کا دوست ہو جانا۔ فرمانبردار بن جانا غلام بن رہنا۔
کِسی کو اپنا کر رکھو یا کِسی کے ہو رہو (ہ۔کہاوت) خواہ کسی کو اپنا فرمانبردار بنا لو یا کسی کے فرمانبردار ہو جاؤ۔ یکسوئی بہتر چیز ہے۔ اتفاق اور توصل ہر حال میں قوی ہوتا ہے۔
کِسی کو اُڑانا (محاورہ) ہنسی اور مذاق میں ٹالنا بہکانا۔ دھوکا دینا۔ عورت کو بھگانا۔
کِسی کو آنکھ اُٹھا کر نہ دیکھنا (اُ۔محاورہ) نہایت بے پروائی برتنا۔ نہایت شرمیلا ہونا۔ کسی کی پروا نہ کرنا۔
کِسی کو بیگن بیالے کِسی کو اَن پچے (ہ۔مثل) کسی کو کوئی چیز موافق کسی کو ناموافق۔ ایک ہی چیز ایک کو فائدہ دیتی ہے۔ دوسرے کو نقصان دیتی ہے۔
کِسی کو خیال میں نہ لانا (اُ۔محاورہ) کسی کو کچھ نہ سمجھنا۔ کسی کی پرواہ نہ کرنا۔
کِسی کو رونا (اُ۔محاورہ) کسی کی موت پر رنج کے آنسو بہانا۔
کِسی کو کیا (اُ۔محاورہ) کسی کا کیا نقصان ہوتا ہے۔
کِسی کو کیا پڑی ہے (اُ۔محاورہ) کسی کو کیا غرض ہے۔
کِسی کی آگ میں پڑنا۔ جلنا۔ گرنا۔ (اُ۔محاورہ) دوسرے کی مصیبت اپنے سر لینا۔ ہمدردی کرنا۔
کِسی کی آئی مجھے آجاتے (ہ۔محاورہ) نہایت غصے کی حالت میں اپنے آپ کو بد دعا کا فقرہ ہے۔ یعنی کسی کی موت مجھے آجائے اور لے جائے۔
کِسی کی رُوح پیاسی تھی (اُ۔مثل) جب پانی کا بھرا ہوا گھڑا یا مٹکا خود بخود لوٹ جائے تو کہتے ہیں۔
کِسی کی نہیں سنتا (اُ۔محاورہ) کسی کی بات نہیں مانتا۔
کِسی کے پالے پڑنا (ہ۔محاورہ) کسی کے قابو میں آنا۔ کسی سے تعلق اور واسطہ ہونا۔
کِسی کے حال پر رونا آنا (اُ۔محاورہ) کسی پر ترس آنا۔ رحم آنا۔ افسوس کرنا۔
کِسی کے حق میں کانٹے بونا (ہ۔محاورہ) کسی کے لیے بُرائی کرنا یا کسی کی طرف سے بدظنی پیدا کرنا۔
کِسی کی خبر لینا (اُ۔محاورہ) کسی کی خبر گیری رکھنا۔ اچھا سلوک رکھنا۔ مارنا۔ سیدھا کرنا۔ پیٹنا۔ کسی کو سزا دینا۔ لعنت۔ ملامت کرنا۔ بیمار پرسی کرنا۔ خیر سلاّ لینے جانا۔
کِسی کے سر ہونا (اُ۔محاورہ) کسی کے ذمہ پڑنا۔ کسی کے پیچھے پڑنا۔
کِسی کے کئے میں گھی گھڑے کِسی کے کئے میں پتھر ٹپّے سے (محاورہ) کوئی اچھا ثمرہ پاتا ہے۔ کوئی بُرا پھل۔ کسی کی قسمت اچھی کسی کی بُری۔ ایک ہی کام امیر کی نسبت باعث عزت اور غریب کی بابت باعث ذلت ہوتا ہے۔
کِسی کے لتے لینا (اُ۔محاورہ) بحث ومناظرہ وغیرہ میں کسی کو زخم کر دینا۔ تنگ کرنا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔ گفتگو میں قائل اور عاجز کر دینا۔
کِسی کے لینے دینے میں نہ ہونا (محاورہ) کسی سے مطلب اور واسطہ نہ رکھنا۔
کِسی کے ہاتھوں تنگ آنا (اُ۔محاورہ) کسی سے دق ہونا۔ کسی شخص سے عاجز اور مجبور ہونا۔
کِسی لائق ہونا (اُ۔محاورہ) کسی جوگا ہونا۔ کسی ہنر یا کام میں کامل ہونا۔
کِسی مرض کی دوا نہیں (اُ۔محاورہ) بے فائدہ ہے۔ بے کار ہے۔
کِسی نہ کِسی (ہ تابع فعل) کوئی نہ کوئی۔ ایک نہ ایک۔ تاکید کے لئے آیا کرتا ہے۔
کِسی نہ کِسی دن (اُ۔متعلق فعل) کسی روز۔
کِسی نے پیا دودھ کِسی نے پیا پانی / سب کو ایک سی رین گنوانی (ہ۔مثل) امیر غریب سب کی گزر جاتی ہے۔ خواہ اچھی خوراک ملے خواہ بُری۔
کِسی نے کیا کیا (اُ۔محاورہ) کسی نے کیا کر لیا۔ طنزاً کہا جاتا ہے۔
کِسی نے آرسی میں دیکھا کِسی نے آئینہ میں (اُ۔مثل) ایک ہی بات کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔
کِسی وقت کام آئے گا (اُ۔محاورہ) ضرورت کے وقت کام آئے گا۔ کہتے ہیں۔ (اُ۔محاورہ) بے وقعت ہے۔ کیا وقعت رکھتا ہے۔
کِسیا جانا (ہ۔فعل) کسا سا آجانا۔ کیلا ہو جانا۔
کِسیرا (ہ۔اند۔فاعل) ٹھٹھیرا۔ کانسی۔ پیتل وغیرہ کے برتن بنانے اور بیچنے والا۔
کِسیرو یا کِسیر (س۔اند) ایک قسم کی گھاس۔ جس کی جڑ کچی اور بھون کر کھائی جاتی ہے۔

کیسر ہٹا (ہ ۔ امذ ۔ ظرف) کیسروں کا بازار ۔ تانبے پیتل وغیرہ کے برتن بکنے کی جگہ ۔ کیسرا بازار ۔

کیسیں (ہ ۔ امذ) ایک نہایت تیز پھٹکڑی ہوتی ہے جو لوہے اور گندھک کے پھونکنے سے تیار ہوتی ہے ۔

کیسیلا (ہ ۔ اصفت ۔ فاعلی) کساؤ والا بد ذائقہ ۔ ترش جو زبان اور گلے کو اینٹھے ۔

کیسیلا پن ۔ کساؤ ۔ کیساؤ ۔

ک ۔ ش

کش (اُور ۔ امذ) حقہ کا دم ۔ حقہ کا گھونٹ ۔ فارسی میں کشیدن کا امر ہر کتاب میں آتا ہے ۔

کش مکش (ف ۔ امو) کشیدن کا حاصل مصدر ۔ کھینچ تان ۔ کھینچا تانی ۔ ایچا تانی ۔ رکاوٹ ۔ الجھاؤ ۔ الجھیڑا ۔ لڑائی جھگڑا ۔ تکرار ۔ ٹنٹا ۔ دقت ۔ دشواری ۔ مُنشکل ۔

کُش (ف ۔ صفت) قتل کرنے والا ۔ کُشتن مصدر کا صیغہ امر جو اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے ۔ جیسے جراثیم کُش ۔ مُن کُش ۔

کُشا ف ۔ امذ ۔ مفید فاعل ترکیبی) کھولنے والا ۔ حل کرنے والا ۔ راحت دینے والا فراخ ۔ کشادہ کرنے والا ۔ کشادن کا امر ۔

کُشاد ف ۔ صف) کشادہ مخفف ۔

کُشادگی (ف ۔ ا ۔ امو) فراخی ۔ وسعت ۔ چوڑائی ۔ پھیلاوٹ

کُشادہ (ف ۔ اصفت ، مفعولی) کھلا ہوا ۔ فراخ ۔ وسیع ۔ لمبا چوڑا ۔

کُشادہ پیشانی (ف ۔ اصفت ۔ ترکیبی) چوڑے اور کھلے ماتھے والا ۔ خندہ رُو ۔ خوش اخلاق ۔

کُشادہ دل (ف ۔ اصفت ۔ ترکیبی) داتا ۔ سخی ۔ کھلے دل والا ۔ عالی حوصلہ ۔ فیاض ۔

کشّاف (ع ۔ اصفت ۔ مبالغہ) نہایت کھولنے والا ۔ بالکل ظاہر کر دینے والا ۔

کشاکش (ف ۔ امو) بالف اتصال ۔ حاصل مصدر ۔ ایچا تانی ۔ کھینچا تانی ۔ دھکا پیل ۔ دھکم دھکا ۔ تکلیف ۔ فکر ۔ تشویش ۔ بکھیڑا ۔ ہاتھا پائی تکرار چھین ۔ جھپٹ ۔

کشاکش سے چھٹیٹنا (رُو محاورہ) تکلیف یا فکر سے نجات پانا ۔

کشاں کشاں (ف تابع فعل) کھینچے ہوتے ۔ بالجبر ۔ زبردستی ۔

کشاورز (ف ۔ اند ۔ فاعل ترکیبی) کھیتی کرنے والا ۔ دہقان ۔ مزارع ۔

کشاورزی (ف ۔ امو) کھیتی باڑی بونا جوتنا ۔

کُشائش (ف امو) فراخی ۔ کشادگی ۔

کُشت (ف ماند) کشتن کا حاصل مصدر ۔ قتل ۔ مار ڈالنا ۔

کُشت وخون (ف ۔ امذ) خونریزی ۔ قتل ۔ مار کٹائی ۔

کِشت (ف ۔ امو) کشتن سے ۔ کھیتی باڑی ۔ کھیت ۔ بزرہ ۔ زمین ۔ بویا ہوا کھیت ۔

کِشت زار (ف ۔ امو) ظرف ۔ کھیتی ۔ زراعت ۔ کھیت ۔

کِشت زعفران (ف سلمذ) زعفران کا کھیت ۔ ہنسی کا مقام ۔

کِشت کار (ف ۔ امذ ۔ فاعل ترکیبی) کھیتی باڑی کرنے والا ۔ کسان ۔ جوتا کاشتکار ۔ زمین دار ۔

کِشت کاری (ف ۔ امو ۔ بیائے مصدری) بونا جوتنا ۔ کھیتی باڑی ۔

کُشتہ (ف ۔ اصفت مفعولی) قتل کیا ہوا ۔ مارا ہوا ۔ مقتول ۔ شہید ۔ لاش ۔ لوتھ ۔ لاشہ ۔ ماری ہوئی دھات ۔ پھنکی ہوئی دھات ۔ عاشق ۔ فریفتہ مجبور مٹا ہوا ۔

کُشتہ ہونا ۔ (رُو فعل) مارا جانا ۔ قتل ہونا ۔ ذبح ہونا ۔ کسی دھات کا جل کر راکھ ہو جانا ۔ کسی پر جان دینا ۔ کسی پر مرنا ۔

کُشتوں کے پشتے لگ جانا (رُو محاورہ) لاشوں کا ڈھیر لگ جانا ۔ بہت خون خرابہ ہونا ۔

کُشتوں کا کھیت (رُ ۔ امذ) وہ مقام جہاں مقتولوں کی لاشیں پڑی ہوں ۔ لاشوں والی جگہ ۔

کُشتوں کے کھیت پڑنا (رُ ۔ محاورہ) ف مقتولوں کی لاشوں کا انبار ہونا ۔

کشتی (ف ۔ امو) بیڑی ۔ ناؤ ۔ ڈونگا ۔ سینی ۔ لمبا خوان ۔ ایک قسم کی پیالی ۔



کشتیوں کی مختلف اقسام



کشتی بادہ/مے (ف ۔ امو) شراب کا پیالہ ۔



کشتی بان (ف ۔ امذ) فاعل ترکیبی ۔ ملاح ۔ کشتی چلانے والا ۔ مانجھی ۔

کشتی کھینا (رُو فعل) ناؤ چلانا ۔ کشتی کو دریا کے آر پار لے جانا ۔

کشتی (ف ۔ امو) لڑنت ۔ کشتم کشتا ۔ دو پہلوانوں کی باہم زور آزمائی ۔ زور آزمائی ۔ گتھم گتھا ہونا ۔

کُشتی برابر رہنا (اُر محاورہ) ہار جیت کا فیصلہ نہ ہونا۔ ایک دوسرے پر غالب آنا۔
کُشتی جیتنا (اُر محاورہ) کشتی میں غالب ہونا۔
کُشتی دلانا (اُر محاورہ) کشتی کی مشق کے لیے شاگرد کو پچھاڑنا۔
کُشتی دِلانا پچھڑ کرنا۔ پچھاڑنا۔ کشتی میں شاگرد کو گرانا۔
کُشتی کرنا (اُر فعل) ورزش کرنا۔ زور آزمائی کرنا۔ پچھڑ کرنا۔ پہلوانی کرنا۔
کُشتی گیر (ف۔ صف) کشتی باز۔
کُشتی لڑنا (اُر فعل) مقابلہ کرنا۔ پٹنا۔ گتھنا۔ باہم لڑنا۔ بھڑنا۔
کُشتی مارنا (اُر۔ محاورہ) دے مارنا۔ دے پٹکنا۔
کشٹ (س۔ اند) تنگی۔ دکھ۔ مصیبت۔ سختی۔ بپتا۔ عذاب۔
کُشٹا (اُ۔ اند) ایک قسم کا چھوٹا زرد رنگ کا آرڑو۔ زرد آلو۔ شفتالو۔
کَشش (ف۔ امو) کشیدن کا حاصل مصدر۔ کھنچاؤ۔ جذب۔ کشیدگی۔ رغبت۔ رجحان۔ مصیبت۔ سختی۔ دیر۔ توقف۔ دلربائی۔ ناز و کرشمہ۔ نخرہ و ادا۔ شکر رنجی۔ ناراضگی۔ رکاوٹ۔ ان بن۔
کشش اتصال (ع۔ امو) (علم طبیعات) اجسام کے ذروں کو باہم ملا کر رکھنے والی قوت۔
کشش انابیب شعری (ع۔ امو) وہ قوت جس کے ذریعے مائعات اپنی سطح ہموار سے اُوپر اُٹھ جاتے ہیں۔
کشش اُٹھانا (ف۔ فعل) دکھ اٹھانا۔ دقت اُٹھانا۔ تکلیف سہنا۔ مصیبت جھیلنا۔
کشش ثقل } (ع۔ امو) (علم طبعی) زمین کی وہ قوت جس سے وہ ہر شے کو
کشش زمین } اپنے مرکز کی طرف کھینچتی ہے۔
کشش گھربانی (ف۔ امو) کسر یا گوند کی گھاس کو اپنی طرف کھینچ لانے کی قوت۔
کشش کیمیائی (ف۔ امو) (علم طبعی) وہ قوت جو دل کے اثرات سے دو مختلف چیزیں ملکر ایک بالکل نئی چیز بن جاتی ہے۔ خاص قسم کے۔
کشش مقناطیسی (ف۔ امو) پتھر کی وہ طاقت جس سے وہ لوہے کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔
کشف (ع۔ اند) ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ پردہ اُٹھانا۔ ظہور۔ تفسیر۔ تشریح توضیح۔ الہام۔ القا۔
کشف حجب (ع۔ اند) معرفت حاصل کرنا۔ پردہ اُٹھ جانا۔
کشف وکرامات (ع۔ امو) خرق عادت مجزہ و تصرف۔
کشکول (ف۔ اند) فقیروں کی تونبی۔ بھیک۔ مانگنے کا پیالہ۔ زنبیل۔
کشمش (ف۔ امو) ایک قسم کے سوکھے ہوئے انگور۔
کشمش کی طرح تنکے موجود (اُر مثل) عورتیں اس جگہ بولتی ہیں جہاں کسی کے گھرانے میں کوئی نقص ہو۔
کشمشی (ف۔ امو۔ بیائے نسبتی) کشمش کے رنگ کا۔ منسوب بہ کشمش (مترا رنگ)۔
کشمکش (ف۔ امو) کشیدن کا حاصل مصدر۔ لڑائی جھگڑا بحث و تکرار کھینچا تانی۔
کشمیر (ہ۔ اند) پنجاب کے شمال میں ایک مشہور سرسبز پہاڑی متنازعہ علاقہ۔
کشمیری (ہ۔ امو۔ بیائے نسبتی) منسوب بہ کشمیر۔ کشمیر کی زبان (اسم مذکر) کشمیر کا باشندہ۔
کشن (ہ۔ اند) لفظ کرشن سے بگڑا ہے کرشن جی کا مخفف

کُشندہ (ف۔ اند۔ فاعل) مارنے والا۔ قاتل۔
کُشنیز (ف۔ اند) دھنیا۔ کوتھمیر۔
کُشود (ف۔ امو) کھلنا۔ پھیلاؤ۔ خوشی سے پھیلنا۔ کامیابی۔ فائدہ۔
کُشود کار (ف۔ اند) مطلب حاصل ہونا۔ مشکل حل ہونا۔
کُشود و بست (ف۔ اند) کھلنا۔ بند ہونا۔ کنایۃً انتظام۔
کِشوری (س) نوعمر لڑکی۔
کِشور (ف۔ امو) دیس۔ ملک۔ ولایت۔
کِشور کُشا، کِشورگیر (ف۔ ا۔ مذ) بادشاہ۔ ملک کا بادشاہ۔
کَشی (ف۔ امو) کھینچنا۔ برداشت کرنا۔ مرکبات میں استعمال ہے۔ جیسے دل کشی۔
کشیدگی (ف۔ امو۔ بیائے مصدری) کھنچاؤ۔ کشش۔ رکاوٹ۔ رکاوٹ۔ شکر رنجی۔ ملال۔ نفرت۔
کشیدہ (ف۔ ا صفت۔ مفعولی) کھینچا ہوا۔ اُٹھایا ہوا۔ رنجیدہ۔ ملول۔ نکالا ہوا۔ کاڑھا ہوا (بحالت اند) سوتی کا کام۔ گلکاری اور زردوزی کا کام۔
کشیدہ خاطر (ع۔ صفت ترکیبی۔ مفعولی) آزردہ۔ ناراض۔ رنجیدہ۔
کشیدہ خاطر ہونا (اُر۔ محاورہ) ناراض ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ آزردہ دل ہونا۔
کشیدہ کاری (ف۔ اند) کڑھائی۔ سوتی کا کام۔
کشیدہ کاڑھنا (اُر۔ محاورہ) سوتی کا کام کرنا۔ زردوزی کا کام کرنا۔

ک - ع

کعب

کعب (ع۔ اند) ٹخنا۔ گٹا۔ پانسہ۔ قرعہ (علم حساب) جب کوئی عدد تین دفعہ باہم ضرب کھاتا ہے تو حاصل ضرب کو اس عدد کا کعب بولتے ہیں۔
کعبتین (ع۔ ا۔ مذ) کعب کا تثنیہ۔ مربع۔ ہڈی کے شش پہلو پانسے جن سے چوسر اور جوا کھیلا جاتا ہے۔ دونوں کعبے یعنی مکہ معظمہ اور بیت المقدس۔
کعبہ (ع۔ اند) لغت میں بلند اور مرتفع زمین۔ مجازاً بیت اللہ کا نام۔ مکہ قبلہ۔ ملک عرب میں مسلمانوں کا مقدس اور متبرک مقام جہاں ہر سال حج کو جاتے ہیں۔ چار گوشوں والی چیز۔
کعبہ کی طرف ہاتھ اُٹھانا (اُر فعل) کعبہ کی قسم کھانا۔ کعبہ کو اپنی قسم اور اقرار کا شاہد بنانا۔
کعبہ مقصود (ع۔ مذ) (کنایتاً) اصل مقصود۔
کعبہ ہو تو اس کی طرف منہ کروں (اُر مثل) کسی جگہ سے بیزار اس قدر ہونا کہ اگر وہ مقام مقدس اللہ کا گھر بھی ہو تو ادھر رُخ نہ کرنا۔ سخت بیزار ہونا۔

ک - ف

کف (ع) اند۔ پاؤں کا تلوا۔ ہاتھ کی ہتیلی۔ محض ہاتھ پنجہ۔ قمیضوں کی آستینوں میں لگانے کی دوہری پٹی رف۔ امو) جھاگ پھین (اُرد) تھوک۔ بلغم۔ لعاب کھنگھار گھوڑے کے دالوں کی اصلاح میں) پانچ۔

کف

کف آنا (اُرد محاورہ) مُنہ سے جھاگ نکلنا

کفِ افسوس ملنا (اُرد فعل) افسوس کی حالت میں ہاتھوں کو باہم ملنا۔ نہایت افسوس کرنا۔

کفِ بیضا/موسیٰ (ع۔ اند) ید بیضا۔

کفِ پا رف۔ اند وامو) پاؤں کا تلوا۔

کفِ پائی (اُرد امو۔ بیائے نسبتی) زنانہ سلیپر۔ پتلی زنانی جوتی۔

کفِ خاک (ف۔ اند) مٹھی بھر خاک۔ کنایۃً انسان۔

کفِ دریا (ف۔ اند) دریا کا جھاگ۔

کفِ دست (ف۔ امو) ہاتھ کی ہتیلی (بحالت صفت) ہموار۔ برابر۔ چٹیل۔

کفِ دست میدان (ف۔ اند) ہموار میدان۔ لق ودق جنگل۔ ویرانہ۔ سنسان جنگل۔

کف لانا (اُرد محاورہ) جھاگ لانا۔ مجازاً۔ سخت غصے ہونا۔ تند ہو جانا۔ بدی اور شرارت پر آمادہ ہو جانا۔ قبل لانا۔

کِفا (ف۔ امو) تکلیف۔ تنگی۔ محنت۔ سختی۔

کِفا جفا (ف۔ امو) ظلم وستم۔ بمشکل بڑی دقت سے۔ جوں توں کر کے۔

کُفار (ع۔ اند) کافر کی جمع۔ کافر لوگ۔ ناشکرے۔ بے دین لوگ۔

کُفارہ (ع۔ اند) گناہ چھپا دینا والا۔ مجازاً گناہ کا معاوضہ۔ قصور کا ڈنڈ جو خدا یتعالیٰ کی طرف سے مقرر ہو۔

کُفارہ دینا (اُرد محاورہ) قصور کا جرمانہ بھرنا۔ خطا کا بدلہ دینا۔ گناہ کا معاوضہ ادا کرنا۔

کفاف (ع۔ اند) روزینہ۔ روٹی کپڑا۔ وظیفہ۔ روزمرہ کا خرچ۔

کفالت (ع۔ امو) کافی ہونا۔ ذمہ داری۔ ضمانت۔ ضامنی بار اُٹھانا

کفالت المال۔ مال کی ضمانت: مال کی ضمانت دستاویز کے ذریعہ ذمہ داری لینا

کِفایت (ع۔ امو) کافی ہونا۔ ضرورت کے موافق۔ کمی۔ صرف

کِفایت شعار (ع۔ اصفت ترکیبی) کم خرچ۔ آدمی بُجٹ رس۔ تھوڑا خرچ کرنیوالا۔

کِفایت شعاری (ع ف۔ امو بیائے مصدری) کم خرچی۔ بجٹ رسی۔ صرفہ کی عادت۔

کِفایت کرنا (اُرد محاورہ) کافی ہونا۔ بچت کرنا۔ صرفہ کرنا۔ مول میں کمی کرنا۔

کُفچہ (ف۔ اند) کف کی تصغیر بالتعظیم۔ بڑا چمچہ۔ ڈوئی۔ کرچھا۔ کفگیر۔ سانپ کا پھن۔

کُفر (ع۔ اند) خدا کو نہ ماننا۔ بے دینی۔ ناشکری۔ آڑ۔ ضد۔ ہٹ۔

کُفر بکنا (اُرد محاورہ) طعداً باتیں کرنا بے دینی کی باتیں کرنا۔

کُفر ٹوٹا خدا خدا کر کے (اُرد مثل) نہایت مشکل سے مانا۔

کُفر توڑنا (اُرد محاورہ) ہٹ دور کرنا۔ ضد توڑنا۔ مطیع وفرمانبردار کرنا مرید کرنا دیندار بنانا۔

کُفر کا فتوےٰ دینا (اُرد محاورہ) کسی کو بے دین قرار دینا۔ کسی پر انکار دین کا حکم لگانا۔ کافر ٹھہرانا۔

کُفر کا کلمہ بولنا (اُرد محاورہ) کفر بکنا۔ بے دینی کے الفاظ زبان پر لانا۔

کُفر کچہری (اُرد امو) بُری سنگت۔ بدصحبت۔

کُفرانِ نعمت (ع۔ امو) نمک حرامی۔ احسان فراموشی۔ نعمت کی ناشکری۔

کَفش رف۔ امو) جوتی۔ پاپوش۔

کَفش بردار (رف صفت) جوتی اُٹھانے والا۔ ادنیٰ مرتبہ کا۔

کَفش پا (رف۔ امو) پاؤں کی جوتی۔

کَفش خانہ (اُرد۔ اند) ظرف۔ انکساراً اپنا مکان جھونپڑا۔ غریب خانہ۔ دولت خانہ کی ضد۔

کَفش دوز (رف۔ اند۔ فاعل ترکیبی) موچی۔ چمار۔ جوتیاں بنانے والا۔

کَفش کَن (رف۔ امف) درگاہ کا وہ خادم یا دروازہ جہاں زائر جوتے اتارتے ہیں۔

کَفش نشین (رف۔ صفت) جوتیوں میں بیٹھنے والا۔ ادنیٰ مرتبہ کا آدمی۔

کَفک (ف۔ امو) مہندی لگا ہوا پاؤں کا تلوا۔

کَفگیر (ف اند) فاعل ترکیبی۔ ڈوئی۔ سوراخ دار۔ کفچہ۔ بڑا ڈنڈی دار لوہے کا چمچہ

کَفَن (ع۔ اند) مُردے کو لپیٹنے کے کپڑے مُردے کی چادر وغیرہ جس میں لپیٹ کر دفن کرتے ہیں۔

کفن پھاڑ کر یا پھاڑے بولنا (اُرد محاورہ) نہایت بے قرار اور بے چین ہو کر بولنا۔ دفعتہً چیخ مار کر بولنا۔ ڈراؤنی اور ہیبت ناک چیخ سے بولنا

کفن پھاڑ کر نکل بھاگنا (اُرد محاورہ) بے تاب ہو کر نکل بھاگنا۔

کفن چور (اُرد اند۔ فاعل ترکیبی) قبر سے مُردوں کا کفن چرانے والا بے رحم۔ ظالم شریر۔

کفن دفن (ع۔ اند) تجہیز وتکفین۔

کفن سر سے باندھنا یا لپیٹنا (اُرد محاورہ) مرنے کو تیار ہونا۔ جان پر کھیلنا۔

کفن کا بھی ٹکڑا کرنا (اُرد محاورہ) تجہیز وتکفین۔

کفن کو کوڑی نہیں (اُرد محاورہ) نہایت۔ کنگال اور غریب ہے۔ بالکل مفلس ہے۔

کفن کو ترسے گا (اُرد محاورہ) دعائے بد۔ کچھ پاس نہ ہونے کی نسبت قسم کھاتے یعنی اگر کچھ پاس ہو تو کفن پر صرف ہو۔

کفن کی کوڑی ہنسی (اُرد محاورہ) نہایت مفلس ہے۔ قلاش۔

کفن کھسوٹ (اُرد اند۔ فاعل ترکیبی) لوگوں کا مال چھین جھپٹ کر جانے والا بڑا۔ کفن چور۔

کفن میلا نہ ہونا (اُرد محاورہ) مرے ہوئے زیادہ دیر نہ ہونا تازہ معاملہ ہونا۔

کفن میلا کرنا: مرے ہوئے کو ذلیل کرنا۔ مُردے کی بدصفتی کرنا۔

کفن نصیب نہ ہو (اُرد محاورہ) بے گور کفن رہے۔

کَفَنانا (اُرد فعل) مُردے کو کفن میں لپیٹنا۔ میت کو کفن پہنانا۔

کَفَنی (ع۔ امو) کفن دیتے کے وقت مُردے کے گلے میں ڈالنے کا کپڑا۔ میت کا کرتا۔ درویشوں کا لمبا کرتہ جو میت کے کفن کی طرح ہوتا ہے۔

کَفیل (ع۔ اند) ذمہ دار۔ ضمانتی۔ ضمانت دینے والا ضامن۔

کفیان (ق۔ صف) مست۔
کفیل (ع۔ امذ) ذمہ دار۔ ضمانتی۔ ضمانت دینے والا۔ ضامن
کفیل ہونا (اُر فعل) ضامن ہونا۔ ذمہ دار ہونا۔

ک ۔ ک

کُک (انگ۔ امذ۔ Cook) باورچی۔ خانساماں۔ کھانا پکانے والا۔
کِک (انگ۔ امو۔ Kick) ٹھوکر۔
کِک آف (انگ Kick Off) پہلی ٹھوکر جس سے کھیل (فٹ بال) شروع ہوتا ہے۔
کِک اسٹارٹر (Kick Starter) موٹر سائیکل کا بیرم جسے پیر سے دبانے سے انجن چلتا ہے۔
کُکّا (ہ۔ اصفت) سفید بھورا نباتات جو برسات میں اگتی ہے۔
کُکرالی (ہ۔ امو) کھجرالی۔ ایک قسم کا نقلی پھوڑا۔ بغل کی گلٹی دکھ بمعنی بغل اور لال بمعنی پیپ۔
کُکرمُتّا (ہ۔ امذ) ایک قسم کی نباتات جو برسات میں اگتی ہے۔
کُکرونڈا (ہ۔ امذ۔ ایک کھٹے اور ترش اور سرخ پھل کا نام ہے جس کا اچار بناتے ہیں۔
کُکرم (ہ۔ امذ) رک بمعنی بد اور کرم بمعنی کام) پاپ۔ گناہ۔ حرام۔
کُکرمی (ہ۔ امذ۔ بیائے فاعلیت) پاپی۔ بدکار۔ حرام کار۔ گناہگار۔ زانی۔
کُکڑ (پنجابی۔ امذ) مُرغا۔ مُرغ۔
کُکڑ (ہ۔ امذ) ایک قسم کا بھُربھرا بنا ہوا پینے کا تمباکو مٹی کا بڑا حُقّہ لمبے میچے کا حُقّہ۔ مجازاً پتلا دُبلا اور کمزور آدمی۔
کُکڑ باز (ہ۔ امذ۔ فاعل ترکیبی) بہت حُقّہ پینے والا۔ حُقّہ کا سخت عادی۔
کُکڑ خانہ (ہ۔ امذ۔ ظرف) حُقّہ پینے کی جگہ۔ حُقّہ خانہ۔ تمباکو۔ بُری صحبت۔
کُکڑ والا (ہ۔ امذ۔ فاعل) بازاروں میں حُقّہ پلانے والا۔ مجازاً ذلیل و خوار شخص۔
کُکڑوں کُوں (ہ۔ امو۔ حسن) مُرغ کی اذان۔ مُرغ کے بولنے کی آواز۔
کُکڑی (ہ۔ امو) نکلے پر بنی ہوئی کچے سُوت کی ٹکلی۔ مکئی کا بھٹہ (پنجابی مرکی) مکیان۔
کُکڑی ہوجانا (ہ۔ محاورہ) سمٹ سکھ کر ذرا سا ہوجانا۔ بیٹھ جانا۔
کُکڑی (ہ۔ امو) ایک قسم کی لمبی اور سبز ترکاری۔ خیار۔
کُکڑی کا چور (ہ۔ امذ) چھوٹی چیز کا چور۔ عام چور۔ ہلکی چیزوں کا چور۔
کُکڑی کھیرا کرنا (ہ۔ محاورہ) سرد م بے قدر سمجھ کر کوسنا۔ بات بات پر بُرا بھلا کہنا۔ ذرا سی بات پر بے دردی سے کوسنا۔
ککڑی کے چور کی گردن نہیں مارتے (اُر محاورہ) تھوڑی خطا پر بہت سزا نہیں چاہیے۔ ذرا سی غلطی پر بہت سزا دینا انسانیت نہیں۔
کُکیانا (ہ۔ فعل) بندر کا چیخنا۔ بندر کا چلانا۔
کُکیرا (اُر۔ امذ۔ ایک قسم کا پان۔

ک ۔ گ

کُگر (ہ۔ امو) کنی۔ کنارہ۔ کور۔ حاشیہ۔ مکان کی کنگنی۔ کارنس۔ دھار باڑھ۔

ک ۔ ل

کُل (ہ۔ اصفت) کالا کا مخفف۔ سیاہ کالا۔
کُل پوٹیا (اُر۔ امذ۔ ایک قسم کا کبوتر جس کا پوٹا کالا ہوتا ہے
کُل جنتھیا (ہ۔ اصفت۔ فاعلی) منحوس۔ چندرا۔ شوم وہ شخص جس کی بددعا زود اثر ہو۔
کُل جھُواں (اُر صفت) سانولا۔
کُل چڑی (ہ۔ امو) ایک کالے رنگ کی چھوٹی سی چڑیا کا نام ہے۔
کُل چونچا (اُر امذ) کالی چونچ والا کبوتر۔
کُل سِرا (ہ۔ اصفت۔ فاعلی) کالے سر والا۔ جوان آدمی۔ ایک پرند کے کا نام بھی ہے۔
کُل مُنہا۔ کل مُونہا۔ کلموہا (ہ۔ اصفت۔ فاعلی) کالے مُنہ کا آدمی۔ سیاہ فام۔ بدبخت۔ بدنصیب۔ بیہودہ۔ نابکار۔ نالائق۔
کُل (ہ۔ امو) مشین کام کرنے کا اوزار۔ آرام۔ چین۔ سکھ۔ ڈھب و ڈھنگ طور۔ جیسے کسی کل چین نہیں۔ زمانہ قریب جیسے کل کی بات ہے۔ قیامت کا دن۔ گزشتہ یا آیندہ دن۔
کُل بگاڑ دینا (اُر۔ محاورہ) کسی آلہ کو بے کار کر دینا۔
کُل بگڑنا۔ یا۔ بگڑ جانا (اُر۔ محاورہ) مشین کے کسی پرزے میں فرق آجانا۔ کسی عضو کا خراب ہونا۔
کُل پیچل ہونا (ہ۔ محاورہ) پیچ ڈھیلے ہوجانا۔ بے ترتیب ہوجانا۔ بے آرامی ہونا۔
کُل پھیرنا (ہ۔ محاورہ) کلی مروڑنا۔
کُل دار (اُر۔ امذ۔ فاعل) سرکاری روپیہ۔ کل کے ذریعہ سے بنایا ہوا روپیہ۔ چہرہ شاہی روپیہ۔
کُل دار بندوق (اُر۔ امو) گھوڑے کی بندوق۔ چانپ والی بندوق۔
کُل کا پُتلا (اُر امذ) کل کی طرح حرکت کرنے والا۔
کُل کا گھوڑا (اُر۔ امذ) وہ گھوڑا جو کل پرزوں سے چلے۔
کُل کُل (ہ۔ امو) بند بند۔ جوڑ جوڑ۔ ہر عضو۔ ہر وقت کی لڑائی۔ بڑ بڑاہٹ۔
کُل کُل توڑ دینا (اُر محاورہ) بے کار کر دینا۔ پرزے پرزے کر دینا۔ جوڑ جوڑ

کل لگانا (اُر۔محاورہ) کسی آلے یا اوزار کو نصب کرنا۔ کسی پہ ندے یا چوہے کو پکڑنے کے لئے جال یا چٹخنی لگانا۔

کل ہاتھ میں ہونا (اُر۔محاورہ) کسی کے دل پر قابو ہونا۔ کسی کی طبیعت پر اختیار ہونا۔ کسی کی باگ ہاتھ میں ہونا۔

کل آنا (اُر۔محاورہ) آرام آنا۔ چین آنا۔ تسلی ہونا۔

کل بے کل ہونا (اُر۔محاورہ) بے آرام ہونا۔ بے ترتیب ہو جانا۔ ہل جانا۔

کل پانا (اُر۔محاورہ) چین پانا۔ تسلی پانا۔ سکھ پانا۔ راحت پانا۔

کل پڑنا (اُر۔محاورہ) اطمینان ہونا۔ جی ٹھہرنا۔ چین پڑنا۔

کل سے بیٹھنا (اُر۔محاورہ) امن چین سے بیٹھنا۔

کل نہ پڑنا (اُر۔محاورہ) بے قرار۔ بے چین ہونا۔ ٹھہر نہ رہنا۔ قیام نہ ہونا۔

کل کا ذکر ہے (اُر۔محاورہ) ابھی تھوڑے عرصہ کی بات ہے۔

کل کا لڑکا (ہ۔امذ) سامنے کا بچہ۔ ابھی پیدا ہوا لڑکا۔ تھوڑی عمر کا۔

کل کی بات (ہ۔امو) ابھی کا ذکر۔ حال کی بات۔ تھوڑے دنوں کا ذکر۔ زمانہ قریب کی بات۔ گزشتہ دن کا واقعہ۔

کل کے جوگی کندھے پر جٹا ره۔ مثل تازہ مرید اور اتنے کمال کا دعوے۔ صرف لباس سے کیا ہوتا ہے۔ زمانہ گزارو گے تو فقیری آئے گی۔

کل کیا ہو (اُر۔محاورہ) خدا جانے آئندہ کیا ہو۔

کل کل کرنا (ہ۔محاورہ) لیت ولعل کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ ہر روز کل کے وعدے پر ٹالنا۔

کُل (ع۔ اصفت۔ مفید تاکید) سب۔ تمام۔ سارے۔ کامل۔ ہر ہر ایک۔

کُل کائنات (ع۔ امو) ساری دُنیا۔ کُل مخلوق۔ ساری حیثیت۔ تمام سرمایہ۔ ساری جمع۔

کُل (اس۔ امذ۔ فاعل۔ مفید صفت) خاندان۔ گھرانا۔ ذات۔ قوم۔ جنس۔

کل اُچھالنا ره۔ امذ فاعل مفید صفت) خاندان کو بدنام کرنے والا۔ کلنک لگانے والا۔

کل بکھاننا (محاورہ) تمام کو برا بھلا کہنا۔ بڑوں کی ہجو کرنا کسی کے خاندان کی صفت و ثنا نہ کرنا۔ نسب نامہ پڑھنا۔ خوشامد کرنا۔

کُل دھرم (ہ۔امذ) خاندان کی ریت گھرانے کی چال۔ خاندانی رسم و رواج۔

کل ونتا ره۔ اصفت۔ امذ) شریف خاندان کا۔ خاندانی۔ بڑے گھر کا اونچے گھرانے کا۔

کل ونتی (ہ۔اصفت۔امو) شریف زادی۔ اچھے گھرانے کی عورت۔ خاندانی عورت۔ شریف عورت۔

گُلا (ہ۔امذ) درخت کی کونپل

گلا (ہ۔امذ) کلی کا اسم مکبر۔ غرغرہ۔ کلی۔ غزارہ۔

گلا (س۔ا۔مذ) درسے کا آٹھواں حصہ۔ نہایت چھوٹا حصہ۔ آٹھ سیکنڈ آٹھ ثانیہ۔ درجہ کا۔ ساٹھواں حصہ یعنی ایک منٹ۔ فریب۔ دھوکا۔ چھل۔ بہانہ۔ ہنر فن۔ گن۔ گانے کے جو نسخے کمال کرامت جمزہ۔ نٹ کی وہ حرکت جسمیں کلابازیاں کھاتا ہے۔

کلابازی (اُر۔ا۔ہ۔مذ) ڈھنگلی لگانا۔ سر نیچے پاؤں اوپر کر کے نٹ کا بازی لگانا۔

کلا جنگ (اُر۔امذ) کشتی کے ایک داؤ کا نام ہے۔

کلا کار (ہ۔اصفت) نٹ کھٹ۔ شوخ فسادی۔ شریر۔ مکار۔ فریبی۔ دغبی۔ ہنر والا۔ ہنر دار۔ صاحب کمال۔

کَلا (اُر۔امذ) جبڑا۔ گال کے اندر کا حصہ۔ گال۔ رخسارہ۔ کنایۃً زباندرازی۔

کلا پہ کلا لڑنا (اُر۔محاورہ) بالمقابل لڑنا۔ سامنے ہو کر لڑنا۔ برابری سے لڑنا۔

کلا توڑ (اُر۔ا۔صفت۔ بترکیب فاعلی) برابر کا۔ دندان شکن۔ ہر طرح سے برابر کا بھائی۔

کلا توڑنا (اُر۔محاورہ) مغلوب کرنا۔

کلا ٹھلا (اُر۔امذ) زبان درازی۔ ظاہرداری۔ رُعب داب۔

کلا جبڑا (اُر۔ا۔امذ) جبڑا۔ گال۔ رخسار۔

کلا چلے ستر بلا ٹلے (اُر۔مثل) مُنہ چلتے رہے تو کوئی ڈر نہیں۔ کھاتا پیتا آدمی تندرست رہتا ہے۔

کلا دبانا (محاورہ) سامنے بات نہ کرنے دینا۔ خاموش کر دینا۔ جبڑے بھینچنا۔

کلا دراز (اُر۔ا۔صفت۔ فاعلی) زباندراز۔ بدزبان۔ چلا کر بولنے والا۔

کلا کرنا (اُر۔محاورہ) شور و غل کرنا۔ زبان درازی کرنا۔

کلا گرم ہونا (اُر۔محاورہ) کچھ کھانا۔ کچھ کھانے کو مل جانا۔

کلابتو / **کلابتون** ریشم پہ چڑھے ہوئے چاندی کے تاروں کی ڈور۔

کلابتونی (ف۔ اصفت۔ بیائے نسبتی) کلابتون کا بنا ہوا۔

کلابہ (ف۔ مذ) کچا سوت جو تکلے پر لگا ہوا ہو۔

کلاتھ (Cloth۔ انگ مذ) جامہ۔ کپڑا۔

کلاتھ

کلاتھ مارکیٹ (Cloth Market۔ انگ مو) کپڑے کی منڈی۔

کلاتھ مرچنٹ (Cloth Merchant۔ انگ) کپڑا بیچنے والا سوداگر۔

کلاس (Class۔ انگ۔ مذ) جماعت۔ طالب علموں کا گروہ۔ فرقہ۔ مرتبہ۔ درجہ۔ قسم۔ جنس۔ ذات پات۔ طبقہ۔

کلاس میٹ (Class Fellow۔ انگ۔ امذ) ہم جماعت۔

کلاسیک (Classic۔ انگ۔ صف مذ) قدیم۔ اعلیٰ درجے کا مستند ادبیات عالیہ۔

کلاسیکی (اُر۔صفت) مستند۔ اعلیٰ درجے کا۔ مسلّم الثبوت محکمانہ۔ (خصوصاً ادبیات میں)

کلاغ (ف۔ اند) جنگلی کوا۔ کاغ۔

کلاک (انگ۔ اند۔ Clock) بڑی گھڑی گھنٹہ۔ وقت بتانے والی بڑی گھڑی۔

کلال (ہ۔ اند) شراب بنانے اور بیچنے والا۔ آب کار۔ شراب فروش

کلال خانہ (اُر۔ اند۔ ظرف) شراب کی دوکان۔ شراب خانہ۔

کلام (ع۔ اند) بات۔ گفتگو۔ علم نحو میں کم از کم دو کلموں کا مرکب۔ شعر۔ قول۔ بچن۔ تصنیف۔ مضمون غدر۔ اعتراض۔ حجت۔ گرفت۔

کلام آجانا (اُر محاورہ) مباحثہ ہونا۔ جھگڑا ہونا۔

کلام اُلٹنا (اُر محاورہ) بات کا پہلو بدلنا۔

کلام اُونچا کرنا (اُر محاورہ) بات ماننا۔

کلام اللہ (ع۔ اند) خدا کا کلام۔ قرآن شریف۔ مصحف مجید۔

کلام اللہ اُٹھانا (اُر محاورہ) قرآن شریف اُٹھا کر قسم کھانا۔

کلام درمیان آنا (اُر محاورہ) کسی بارے میں کچھ گفت و شنید ہونا۔

کلام دکھانا (اُر محاورہ) نظم وغیرہ پر اصلاح لینا۔

کلام رکھنا (اُر محاورہ) شبہ رکھنا۔ صحبت رکھنا۔

کلام سرسبز (اُر محاورہ) کلام مقبول ہونا۔

کلام کرنا (اُر محاورہ) بولنا۔ گفتگو کرنا۔ بات چیت کرنا۔ بحث کرنا۔ جھگڑنا۔

کلام ملنا (اُر محاورہ) کلام کا مشابہ ہونا۔

کلام ہونا (اُر محاورہ) عذر ہونا۔ اعتراض ہونا۔ حجت ہونا۔ گرفت کرنا۔

کلام ہے (اُر محاورہ) اعتراض ہے۔ شبہ ہے۔ انکار بات ہے۔ گفتگو۔

کلاں (ف۔ صفت) بڑا۔ بزرگ۔ بلند۔ اُونچا۔ وسیع۔ فراخ۔ لمبا۔ طویل۔

کلانا (ہ۔ فعل) چھاج کے ذریعے غلہ کو پھٹکنا۔ رولنا۔

کلانچ (اُر۔ امو) کود پھاند۔ چوکڑی۔ چھلانگ۔ زغند۔

کلانچ بھرنا / **کلانچ مارنا** (اُر۔ محاورہ) چھلانگ مارنا۔ کودنا۔ پھاندنا۔ زغند لگانا۔ چوکڑی بھرنا۔

کلانوت (ہ۔ اند) کلا یعنی راگ اور دنت بمعنی۔ مالک۔ گویا۔ ایک قسم کے ڈوم۔ جن کا پیشہ گانا بجانا ہے۔

کلاوہ (ف۔ اند) تکلے پر لپیٹا ہوا کچا سوت۔ سُرخ سوت ہولی۔

کلاہ (ف۔ امو) لمبی ڈک دار ٹوپی۔ مجازاً تاج شاہی۔ افسر شاہی۔ مکٹ۔

کلاہ اُتارنا (اُر محاورہ) ٹوپی اُتارنا۔ بے عزت کرنا۔

کلاہ اُچھانا (اُر محاورہ) ٹوپی اُچھالنا۔ ذلیل کرنا۔

کلائی (ہ۔ امو) پہنچا۔ کہنی سے لے کر پنجے کے اُوپر تک کا حصہ۔ ساعد۔

کلائی (ہ۔ امو) پہنچا۔ کہنی سے لے کر پنجے کے اُوپر تک کا حصہ ساعد۔

کلائی پھیرنا (اُر محاورہ) زور کر کے حریف کی کلائی کو گرفت سے ہٹا دینا۔

کلائی کرنا (ہ۔ فعل) اپنی کلائی کو حریف سے چھڑا کر اُس کی کلائی پکڑ لینا۔ کلائی کی ورزش کرنا۔

کلب (انگ۔ اند۔ Club) سوسائٹی۔ انجمن۔ مجلس۔ پنچایتی مکان۔ بزم۔

کلب (ع۔ اند) کتا سگ۔ جمع کلاب۔

کلبل (ہ۔ امو) حشرات الارض کا پیٹ کے بل چلنا۔ مجازاً گنجے بچے۔ بچے کچے۔

کلبلانا (ہ۔ فعل) کلبل کرنا۔ کیڑوں مکوڑوں کے مجمع کا چلنا۔ کیڑوں کا رینگنا۔

کلبلانا (ہ۔ فعل) انتڑیوں کا بولنا۔ بے قرار ہونا۔ کھانا۔ چلنا۔ رینگنا گدگدیاں کرنا۔ آہستگی سے سج دھج ہلنا۔ سوتے وقت ہلنا۔

کلبلاہٹ (ہ۔ امو) کیڑوں کا آہستگی سے رینگنا۔ سج سج حرکت کرنا۔

کلبہ (ف۔ اند) چھوٹی بیڑا غریبوں کا گھر۔ چھوٹا سا گھر۔ گوشہ۔ کونہ۔

کلبۂ احزاں (ع۔ اند) غموں کا گھر۔ ماتم کدہ۔ غمکدہ۔

کلبیت (ع۔ مو) مردم بے زاری عیش سے نفرت۔

کلپ (س۔ اند) وید کے چھ انگوں میں سے ایک انگ۔ وید کی ایک فصل کا نام۔ خطرہ۔ ڈر۔ اندیشہ۔ تک مطلب۔ مقصد۔ مراد قیامت۔ دیوتاؤں کے ہزار جگ کے مقدار کا زمانہ۔ گرامر صرف و نحو۔

کلپ بر چھ یا برکش (ہ۔ ا۔ مذ) بہشت کے ایک درخت کا نام۔

کلپانا (ہ۔ فعل) دکھ دینا۔ ستانا۔ ظلم کرنا۔ دق کرنا۔ تنگ کرنا۔ تڑپانا بیقرار کرنا۔

کلپنا (ہ۔ فعل) کلپانا کا لازم ہے بے قرار ہونا۔ تڑپنا۔ تنگ ہونا۔ ستایا جانا۔ کڑھنا۔

کل جانا (اُر محاورہ) کیلا جانا منتر کے ذریعے قابو کر لینا۔

کلٹا (ہ۔ اند) ایک قسم کا کھانچا۔

کلجگ (ہ۔ اند) گناہ کا زمانہ۔ چوتھا جگ۔ فساد اور پاپ کا زمانہ۔

کلجھواں (ہ۔ اصفت۔ تشبیہی) کالے بھجوید جیسے۔ سیاہی مائل۔ سانولا۔ سانولے رنگ کا۔

کل جھویں صورت (ہ۔ امو) کالے بھجوں جیسے شکل۔ نہایت سیاہ بدصورت۔

کلچ (Clutch۔ انگ۔ اند) وہ آلہ جس سے مشین چلائی یا ٹھہرائی جاتی ہے۔



کلچ

کلچہ (اُر۔ اند) میدے کی ایک قسم کی خمیری روٹی۔ خیمہ کا چوب میں لگانے کا لکڑی کا گول گتا۔

کلچر (انگ۔ مذ۔ Culture) ثقافت تہذیب۔ ترقی۔ زراعت۔ کاشت۔

کلچرل (انگ۔ صف۔ Cultural) تہذیبی ثقافتی۔

کلچہ سا (اُر۔ اصفت۔ بتر کیب تشبیہی) کلچہ کی طرح۔ پھولا ہوا۔

کلچھن (ہ۔ ا۔ مذ) درک حروف نفی اور پلین بمعنی کام) بُرا کام بُرے کو تک بد چلنی۔

کلچھنا (ہ۔ اند۔ فاعل بالف قاعلی۔ مفید صفت) بدچلن۔ بدکردار۔ بدخلق منحوس۔ چندرا۔

کلچی (اُر۔ امو) انگلیوں کا جوڑا۔

کلّر (ہ۔ اصفت) بنجر شور۔ (بحالت امو) شور زمین۔ شور۔ ریہہ۔

کُلڑھ (ہ۔ صف) بے وقوف۔ جاہل۔ مٹی کا برتن۔
کلرک (انگ۔ انذ۔ Clerk) مُنشی۔ محرر۔ اہلکار۔ اہلمد۔ منشی۔
کلرکی (اُردو۔ مص) مُنشی گری۔ محرّری۔
کلرین (ہ۔ اسم) جونک لگانے والی۔ جونکوں والی۔
کلس (ہ۔ انذ) سنہری۔ ملمع کیا ہوا۔ کلغی جو گنبدوں پر لگا دیتے ہیں۔ گنبد کی کلغی شمع بڑا گھڑا جو پیتل وغیرہ کا ہو۔
کلسا (ہ۔ انذ۔ تانبے۔ پیتل وغیرہ کا تنگ منہ والا بڑا گھڑا۔ بڑا دیگچہ۔
کلغا } ایک سُرخ رنگ کے پھول کا نام ہے۔ فارسی تاج خروس۔
کلگا }
کلغی یا کلگی (اُردو۔ اسم) خاص پرندے کے چند پر۔ جنہیں بادشاہ اپنے تاج یا ٹوپی پر لگاتے ہیں۔ طرّہ۔ جیغہ۔ مور کے سر کا تاج۔ پرند کے چوٹی۔ کلس۔ طرہ۔ شمہ۔ موربا۔ لاذنی۔
کلغی باز (اُردو۔ انذ۔ فاعل ترکیبی) کلس بنانے والا۔ مرہٹی باز۔
کلف (اُردو۔ انذ) اہار۔ مادہ۔ چہرے کے سیاہ۔ دھبے۔ چھیپ۔ مُنہ کے داغ۔ دسمہ خضاب۔
کُلفت (ع) دُکھ۔ تکلیف۔ رنج۔ بپتا۔ مصیبت۔ کشتی۔
کُلفت دُور ہونا (اُر۔ محاورہ) رنج و تکلیف جاتی رہنا۔ کدورت کا جاتا رہنا۔
کلک (ف۔ انذ) قلم بنانے کا نیزہ۔ کانا۔ نرسل۔ مجازاً قلم۔ خامہ۔
کلکارمارنا (ق۔ محاورہ) زور سے چلّانا۔
کلکارنا (ہ۔ فعل) ہانک مارنا۔ نعرہ لگانا۔ آواز مارنا۔ پکارنا۔ چیخنا۔ روکا دینا۔
کلکاری (ہ۔ اسم) رُوکا۔ چیخ۔ کُوک۔ زور کی آواز۔ بندر کی آواز۔
کلکتہ دکھانا (اُر۔ محاورہ) بچہ کو کھلاتے ہوئے اس کے کانوں پر مکہ کر اپنے سر سے اُونچا کرنا۔
کلکٹر۔ یا کلکٹر (انگ۔ انذ۔ Collector) سرکاری لگان جمع کرنے والا۔ محصّل۔ حاکم ضلع۔ ضلع کا مال افسر۔
کلکٹری (اُردو۔ اسم۔ بیائے مصدری) کلکٹر کا کام۔ مال افسری کا عہدہ۔ ضلع کی حکومت۔ حاکمی۔
کل کل (ف۔ وہ۔ اسم) بک بک۔ بیہودہ گوئی۔ تکرار۔ خانگی نزاع۔ راڑ۔ روز روز کا ٹنٹا۔
کل کل پٹ پٹ (اُر۔ اسم) بکواس۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔
کل کل کرنا (اُر۔ محاورہ) باہمی کشمکش۔ رہنا۔ راڑ کرنا۔ بات بات پر خفا ہونا آپس میں تکرار کرنا۔
کِل کِل (اُردو۔ اسم) تکرار۔ بسنا بسنی دانتا۔ کِل کِل۔ بک بک۔ غل۔ کلیش۔ جھگڑا۔ فساد۔ روز روز کا جھگڑا۔
کِل کِل کرنا (اُردو۔ محاورہ) تکرار سے دماغ کھا جانا۔ کان کھانا۔ بک بک کرنا۔ سر کھانا۔
کُلکُلاں (اُردو۔ اصفت) کُل کُلا کا بگاڑ۔ جا بجا پورا۔ پورا پورا۔ تمام کا تمام۔
کل کلاں کو (ہ۔ تابع فعل) آیندہ کو۔ کل کو۔ آگے کو۔ اتفاقاً۔ بعد ازاں۔
کلکلانا (ہ۔ فعل) غرّانا۔ کاٹ کھانے کو دوڑنا۔ خفا ہونا۔ ترش ہونا۔
کلکم (ف۔ اسم) آبخن۔
کُلکنا (ھ۔ مص) کبوتر کے بچے کا پرواز میں تیزی کرنا۔ چوپایوں کے بچوں کا میدان میں اچھلنا کودنا۔ نگلنا۔ زہر مار کرنا۔ بے رغبتی سے کھانا۔
کُلمُا (اُردو۔ اسم) مصالح دار قیمہ۔ بھری ہوئی انتڑی بکری کی۔
کلمات (ع۔ انذ) کلمہ کی جمع۔
کل مُوئی (ہ۔ اسم۔ صفت) کالے مُنہ والی۔ منحوس۔ بدشکل۔ بدصورت۔
کلمہ (ع۔ انذ) لفظ۔ بول۔ بات۔ علم نحو میں بامعنی مفرد لفظ جو آدمی بولے۔ منطق میں بمعنی فعل تفسیر میں بے معنی رسوخ۔ دین اسلام کا عقیدہ۔ مجازاً خدا کا نام۔
کلمۃ الحق (ع۔ انذ) حق بات۔ سچی بات۔ انصافی بات۔ خدا لگتی کھری بات۔
کلمۃ الخیر (ع۔ انذ) نیک بات۔ نیک صلاح
کلمۃ اللہ (ع۔ انذ) کنایۃً حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔
کلمہ بھرنا (اُر۔ محاورہ) خدا کا نام لینا۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کہنا کسی کا نہایت ہی معتقد اور شیدا ہونا۔
کلمہ پڑھانا (اُر۔ محاورہ) مسلمان بنانا۔ دین اسلام میں لانا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کہلوانا۔
کلمہ پڑھنا (ا۔ فعل) داخل اسلام ہونا۔ مسلمان بننا۔ توحید باریتعالیٰ کا اقرار کرنا۔ خدا کا نام لینا۔ کسی کی اطاعت کرنا۔ کسی بات میں کامل اور اُستاد ماننا۔ کسی کا عاشق و فریفتہ ہونا۔ کسی کا نام ہر وقت جپتے رہنا۔ ہر وقت یاد کرتے رہنا۔
کلمہ پڑھوانا (اُردو۔ محاورہ) مطیع کرنا۔ فرمانبردار کرنا۔
کلمہ تکبیر (ع۔ انذ) بڑائی کی بات کلمہ "اللہ اکبر" سے مراد ہے۔
کلمہ شہادت (ع۔ انذ) خدا کے معبود ہونے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بندہ اور رسول ہونے کی گواہی دینے کے الفاظ۔ یعنی اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ کہنا۔
کلمہ طیبہ (ع۔ انذ) پہلا کلمہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔
کلمہ کفر (ع۔ انذ) دین کی توحید اور مخالفت کی بات۔ گھمنڈ اور تکبر کی بات۔
کلمہ گو (ع۔ صفت۔ فاعلی) دین اسلام کا کلمہ پڑھنے والا۔ مسلمان۔ معتقدین۔ کسی کا خیر خواہ۔ دعا گو۔ کسی کا کلمہ بھرنے والا۔
کلمے کا شریک (اُر۔ انذ) ہم مذہب۔ کلمہ گو۔ مسلمان بھائی۔ ایک ہی خدا اور رسول کو ماننے والا۔
کلمے کی اُنگلی (اُر۔ اسم) انگوٹھے کے پاس کی اُنگلی شہادت کی اُنگلی۔ سبابہ۔
کلن (ہ۔ اسم) حاصل مصدر کُلنا سے۔ چیس درد۔ ٹیس سنسناہٹ۔
کلنا (ہ۔ فعل) درد کرنا۔ ٹیسیں مارنا۔
کلنج (ہ۔ اصفت) گھوڑے کی پچھلی ٹانگوں کا باہم رگڑ کھانا۔
کلند (ف۔ انذ) پھاوڑا۔
کلندرا (انگ۔ انذ) کیلنڈر کا بگاڑ۔ فہرست۔ خرد۔
کلنک (س۔ انذ) دھبا۔ داغ۔ الزام۔ ذلت۔ رسوائی۔ بدنامی۔ روسیاہی۔
کلنک چڑھانا (اُر۔ محاورہ) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔
کلنک کا داغ } (ہ۔ انذ) بدنامی کا دھبہ۔ رسوائی کا داغ۔
کلنک کا ٹیکا } روسیاہی کا ٹیکا۔
کلنک کا ٹیکا لگانا (اُر۔ محاورہ) عیب لگانا۔ الزام لگانا۔

کلنک کا ٹیکا لگنا (اُر۔ محاورہ) عیب لگنا۔ الزام لگنا۔ بدنام ہونا۔

کلنکی (ہ۔ اصفت۔ بیائے فاعلیت) عیبی۔ عیب دار۔ داغی۔ برہمن یا گائے کا قاتل۔

کُلنگ (ف اند) کونج۔ کاز۔ ایک مٹیالے رنگ اور لمبے گردن والے پرندے کو کہتے ہیں۔ مجازاً بڑا لمبا آدمی۔ لمبی ٹانگوں والا آدمی۔ لمبی ٹانگوں والا تازہ جانور۔

کُلنگڑا (ق ہند) تربوز۔

کِلنگڑا (ق صفت) موٹا۔ فربہ۔

کِلنی (ہ۔ امو) ایک قسم چیچڑی۔ بگھی۔ چیچڑی۔ یہ گھریلو چوپایوں کے جسم میں ہوتی ہے۔

کلُو (ہ۔ اصفت) کالا آدمی۔ کالا کلوٹا۔ کالے رنگ کا۔ براؤ مجہول اس کی تانیث ہے۔

کلو (انگ۔ اند۔ Kilo) ہزار مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔

کلوگرام (انگ اند Kilogram) ہزار گرام یا ایک سیر آٹھ تولے کے برابر وزن۔

کلومیٹر (انگ اند Kilometer) یا پانچ فرلانگ یا گیارہ سو گز کا فاصلہ۔

کلوواٹ (انگ۔ اند۔ Kilowatt) برقی طاقت کا درجہ یا پیمانہ۔

کلوا (ہ۔ اصفت) کلو کی تصغیر۔ حقارتی۔ کالا کلوٹا (اند) کالا کتا۔

کلوا بیر (ہ۔ اند) ایک فرضی اور کالا موکل۔ کالا دیو (جادو والوں کی اصلاح ہے۔

کلوار (ہ۔ اند) کلال۔ شراب۔ کھینچنے اور پینے والا۔ مے فروش۔

کلوانا (ہ۔ فعل) بند کرانا۔ منت سے تسخیر کرانا۔ قابو کرانا (کیلنا سے متعدی ہے)

کلوٹا (ہ۔ اصفت) کالا کا مرادف۔ سیاہ۔ کالے رنگ کا۔

کلوخ (ف۔ اند) مٹی کا ڈھیلا۔ کچی یا پکی اینٹ کا روڑا۔

کلوخ انداز (ف۔ صفت) ڈھیلے مارنے والا۔

کلوخ انداز را پاداش سنگ است (ف۔ مثل) اینٹ کا جواب پتھر ہے۔ خواہ مخواہ چھیڑنے والے کو سزا ملنی چاہیے۔

کلوخ اندازی (ف امو) غلیل چلانا۔ ڈھیلے مارنا۔

کلور (ہ۔ امو) گائے کا بچہ جو جوان ہونے کے قریب ہو۔

کلورائیڈ (Chloride۔ انگ۔ اند) کلورین کا مرکب۔

کلوروفارم (Chloroform۔ انگ۔ ہند) دارو ئے بے ہوشی۔ ایک رقیق دوا جو بیہوشی کرتی ہے۔ بے ہوشی طاری کر دینے والی دوا۔

کلورین (Chlorine) ایک انگریزی دوا۔

کلوسیم (Calcium۔ انگ۔ مجلس تذکرہ۔

کلول (ہ۔ امو) اچھل کود۔ کھیل کود۔ چلبلاہٹ۔ شوخی۔ سیر و تفریح۔ دل لگی۔ پیار امذاق۔

کلول کرنا (ہ۔ فعل) کھیلنا۔ کودنا۔ خوشی سے چہچہانا۔ چہکنا۔ عیش منانا۔ کلیلیں اڑانا۔ باہم چہل کرنا۔

کلونجی (ہ۔ امو) ایک قسم کا کالا بیج جو دوا اور اچار میں استعمال ہوتا ہے۔

کلونس (ہ۔ امو) کالک سیاہی۔ کلنک۔ داغ۔ دھبا۔ رسوائی۔ بدنامی۔

کلونس کا ٹیکہ (ہ۔ محاورہ) کلنک کا ٹیکہ۔ بدنامی کا داغ۔

کلوس لگانا (اُر۔ محاورہ) کلنک چڑھانا۔

کُلہ (ہ۔ امو۔ گلاہ کا مخفف ہے۔ ٹوپی۔

کُلہ شجرہ (ع۔ اند) مال اسباب۔ بستر بوریا۔ سلسلہ خاندان۔

کلہ (ف۔ اند) سر۔ سیس۔ مونڈ۔

کلہ دراز (ف۔ اصفت۔ فاعلی) لڑاک۔ زباندراز۔ غل مچانے والا۔

کلہ قند (ف۔ اند) قند کے ڈلے۔ کھوئے اور کھانڈ سے بنی ہوئی ایک مشہور مٹھائی۔

کلہاری (ہ۔ امو۔ صفت فاعلی) جھگڑالو عورت۔ لڑاکی عورت۔

کلہاڑا (ہ۔ اند) آلہ۔ بڑھئی کلہاڑی یا تیشہ۔ لکڑی پھاڑنے یا کاٹنے کا ایک اوزار کلہاڑا۔

کلہاڑی

کلہاڑی (ہ۔ امو) کلہاڑا کی تصغیر و تانیث۔ چھوٹا تیشہ۔ کہاڑی۔

کلھڑ یا کلھڑا (ہ۔ اند) مٹکنا۔ مٹی کا آبخورا۔ گول مٹھول آدمی۔ گول مول آدمی۔ بے ڈول۔

کُلھم (ہ۔ تابع فعل۔ مفید صفت) تمام کے تمام۔ سب کے سب۔ پورے کا پورا۔

کُلھیا۔ کلیا (ہ۔ امو) عطاروں کے شربت وغیرہ دینے کا مٹی کا چھوٹا سا برتن۔ چھوٹا سا آب خورہ۔

کُلھیا سا (ہ۔ اصفت۔ ترکیب تشبیہی) چھوٹا سا۔ بند۔ تنگ۔

کُلھیا میں گڑ پھوڑنا (محاورہ) چھپ کر کوئی کام کرنا۔ کسی کام کو لوگوں سے چھپا کر کرنے کی کوشش کرنا۔ کسی اچھے کام کو چھپا کر کرنا۔

کُلھیا میں گڑ تھوڑا ہی پھوٹتا ہے (ہ۔ محاورہ) برا کام پوشیدہ نہیں رہ سکتا۔ راز پوشیدہ نہیں رہتا۔

کُلی (ع۔ اصفت) پورا۔ سارا۔ تمام۔ منطق میں جزئی کی ضد۔

کُلی (ہ۔ امو) کھونٹی۔ کیل۔ میخ۔ کنجی۔ چھڑی۔

کُلی (ہ۔ امو) پانی منہ میں ڈال کر اگلنا۔ غرغرہ۔ غرارہ۔

کلی (ہ۔ امو) پن کھلا پھول۔ غنچہ۔ شگوفہ۔ کونپل۔ مجازاً۔ پاکیزہ۔ کنواری پرندوں کے نتھنے اور چھوٹے پر۔ کرتے کی تریز۔ ایک قسم کا صراحی دار حقہ۔ تیز ہونا۔ تلپی۔ شعلہ۔ چراغ کی لو۔

کلی کھلنا (اُر۔ محاورہ) غنچہ شگفتہ ہونا۔ دل خوش ہونا۔

کلی مرجھانا (اُر۔ محاورہ) غنچہ پژمردہ ہونا۔ کبیدہ ہونا۔ طبیعت بجھ جانا۔

کلے پاتے (ذ۔ اند) بکری سر اور اس کے پاؤں کا اوپر کا حصہ۔ سرکا پائے۔

کلے تلے دیا لینا (ہ۔ محاورہ) چپا ڈالنا۔ قابو کر لینا۔ اپنی آواز کے آگے دوسرے کی نہ سننا۔ دوسرے کو بات نہ کرنے دینا۔

کلے والی بڑی بلند آواز۔ عورت گالیاں بکنے والی۔

کُلیات (ع۔ امو) علم منطق۔ کلی کی جمع۔ جزئیات کی ضد۔ نظم کا مجموعہ۔ تصانیف کا مجموعہ۔

کلیان (س۔ اند) خیر۔ برکت۔ کشل۔ خوشی۔ آنند۔ سونا۔ طلا۔ سنجات۔ مکتی خوش نصیبی۔ خوش حال۔ خوش نصیب۔ ایک راگنی کا نام ہے جسے شام کلیان بھی کہتے ہیں اس لفظ کا تلفظ ل کھینچ کے ساتھ مخلوط کرکے ہے۔

کلیاں (اُر۔ امو) کلی کی جمع۔

کلیاں آنا (اُر۔ محاورہ) غنچوں کا نمایاں ہونا پرندوں کے تنے پر نکلنا۔

کلیاں پڑنا (اُر۔ محاورہ) کھیر بڑھانے کے لئے کسی لباس میں کلیاں تیننا۔

کلیاں ہونا (اُر۔ محاورہ) کامل ہونا۔ خیریت ہونا۔ صاحب اقبال۔ بہادر ہونا۔

کلیانا (ہ۔ فعل) پرندوں کے تنے پر نکالنا۔ درختوں میں کلیاں نکلنا۔

کلیجن (ہ۔ امو) پان کی جڑ۔ خولنجان۔ قولنجن۔ کلنج بھی بولتے ہیں۔

کلیجہ / کلیجا (ہ۔ امذ) ایک اندرونی عضو کا نام ہے جگر۔ کبد۔ مجازاً۔ ہمت۔ جرأت دلیری۔ حوصلہ۔ جگر۔ شجاعت۔ بہادری۔ پیارا۔ عزیز۔ جانی پیٹ شکم۔ نفرت اور کراہت کے موقعہ پر بولتے ہیں۔ یعنی سر پھوٹ پھٹکار۔ لعنت۔ جیسے تیرا کلیجہ یعنی تیرا سر کر رہا ہے۔ دور ہو۔ دفع ہو۔

کلیجہ اُچھل پڑنا (اُر۔ محاورہ) خوشی یا ڈر ہونا۔

کلیجہ اچھلنا (اُر۔ محاورہ) دل دھڑکنا۔ سخت گھبرا جانا۔

کلیجہ اُڑا جانا (محاورہ) اوسان خطا ہوتے جانا۔ طبیعت کا نہایت پریشان ہو جانا۔

کلیجہ اُلٹ جانا (اُر۔ محاورہ) قے کرتے کرتے دل گھبرانا۔ دل اُلٹ جانا۔ دیوانہ ہو جانا۔

کلیجہ اُلٹ پلٹ ہونا (اُر۔ محاورہ) سخت بے چینی ہونا۔ سخت اضطراب ہونا۔

کلیجہ بڑھ جانا (ہ۔ محاورہ) جوش مسرت سے دل باغ ہو جانا۔ حوصلہ بڑھ جانا۔ دل بڑھ جانا۔

کلیجہ بلیوں اُچھلنا (اُر۔ محاورہ) کمال بے چینی۔ اضطراب۔

کلیجہ بیٹھا جانا (محاورہ) کمزوری اور ڈر سے ڈوبا جانا بے حد مضمحل ہونا۔

کلیجہ بیندھنا۔ سارنا۔ چھیدنا (ہ۔ محاورہ) طعنہ کی باتوں سے دل میں زخم ڈالنا۔ بولیاں مار کر گھائل کر ڈالنا۔ دل میں سوراخ کر دینا۔

کلیجہ پاش پاش ہو جانا (اُر) دل کڑھنا۔ دل کا ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔

کلیجہ پانی ہونا (اُر۔ محاورہ) تکلیف اور دکھ دینے والی باتوں سے دل سوختہ ہو جانا۔ نہایت عاجز اور جینے سے بیزار ہو جانا۔ جل کر کباب ہو جانا۔ چھاتی پک جانا۔

کلیجہ پتھر کر لینا (اُر۔ محاورہ) دل کا نہایت سخت کر لینا۔

کلیجہ پتھر کا ہو جانا (اُر۔ محاورہ) دل کا نہایت سخت ہونا۔

کلیجہ پکڑ کر رہ جانا (ہ۔ محاورہ) دل مسوس کر رہ جانا۔ تڑپ کر رہ جانا۔ صدمہ کی بے تابی سے کلیجہ پکڑ لینا۔ دھک سے رہ جانا۔

کلیجہ پکڑ لینا (ہ۔ محاورہ) کسی صدمے کی تاب نہ لا کر مضطرب اور بے چین ہو جانا۔

کلیجہ پکنا (ہ۔ محاورہ) تنگ آ جانا۔ دل جلنا۔ عاجز آنا۔

کلیجہ پھٹا جانا (محاورہ) کسی مصیبت کے سننے کی تاب نہ لا سکنا۔

کلیجہ پھٹ جانا (محاورہ) دل ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔ جگر شق ہونا۔ عشق و محبت سے گھائل ہو جانا۔ حسد سے جل مرنا کسی کی شوکت و دولت سے حسد کرنا۔ دل پاش پاش ہونا۔ رشک کرنا۔

کلیجہ تھام کر رونا (محاورہ) زار و قطار رونا۔ بے تابی سے دل کو پکڑ پکڑ کر رونا۔ بے تابانہ گریہ زاری کرنا۔

کلیجہ تھام کے یا تھام کر رہ جانا (محاورہ) دل دہل جانا۔ دل ڈھ جانا۔ خوف چھا جانا۔ دنگ رہ جانا۔ حیران ہو جانا۔

کلیجہ سُلگانا (ہ۔ محاورہ) دل جلانا۔ جی کباب کرنا۔

کلیجہ تھرتھرانا (اُر۔ محاورہ) سردی لگنا۔ خوف یا وحشت ہونا۔

کلیجہ ٹھنڈا رہنا۔ (اُر۔ محاورہ) آرام اور چین سے رہنا۔ خوش رہنا۔ کوئی رنج نہ پہنچنا۔

کلیجہ ٹھنڈا کرنا (اُر۔ محاورہ) چین دینا۔ تسکین دینا۔ کسی کو خوش کرنا۔

کلیجہ ٹھنڈا ہونا (اُر۔ محاورہ) جی میں خوش ہونا۔ طبیعت کو راحت حاصل ہونا۔ چین پڑنا۔

کلیجہ جلانا (اُر۔ محاورہ) دل جلانا۔ رنج دینا۔ حقہ پینا۔

کلیجہ جلی (اُر۔ صفت) غم زدہ۔

کلیجہ چھلنی کرنا (اُر۔ محاورہ) طعن و تشنیع سے سخت رنج پہنچانا۔ ناگوار باتیں کرنا۔

کلیجہ چھیدنا (اُر۔ محاورہ) بولی مارنا۔ دل صدمہ پہنچانا۔

کلیجہ دھڑکنا (اُر۔ محاورہ) سخت ڈرنا۔ دل دہل جانا۔

کلیجہ دھک دھک ہونا (اُر۔ محاورہ) سخت خوف کھانا۔ ڈرنا۔ دل کانپنا۔

کلیجہ دھک سے رہ جانا (اُر۔ محاورہ) خوف یا کسی حیرت انگیز بات سے جی بیٹھ جانا۔

کلیجہ کاڑھ لینا (محاورہ) ڈائن کی طرح جگر کھا جانا۔ دل چبھن لینا۔ دل موہ لینا۔ نہایت عمدہ چیز نکال لینا۔ کسی کا مال مار لینا۔

کلیجہ کانپنا (اُر۔ محاورہ) جی لرز جانا۔ خوف چھانا۔ سردی لگ کر کپکپی چھوٹنا۔

کلیجہ کباب ہونا (اُر۔ محاورہ) دل جلنا۔ کوفت ہونا۔

کلیجہ کٹنا (ہ۔ فعل) خوفی دست آنا۔ اسہال آنا۔ کسی زہریلے کیڑے کی کنی کھانے سے دل یا جگر کا ٹکڑے ہو کر گرنا۔ حادثہ گزرنا۔ دل پر سخت صدمہ گزر جانا۔ دل دکھنا۔ حسد ہونا۔ روپیہ بہت سا خرچ ہو جانا۔

کلیجہ کھُرچنا (محاورہ) بھوک خوب لگنا۔ کھدبدا لگنا۔

کلیجہ کھلانا (محاورہ) بے حد خاطر تواضع کرنا۔ جان تک حوالے کر دینا۔ دولت کھلانا۔

کلیجہ مسوس کر رہ جانا (اُر۔ محاورہ) صدمہ کو ضبط کر کے رہ جانا۔ دل مسوس کر رہ جانا۔

کلیجہ مسلنا (اُر۔ محاورہ) رنج دینا۔ بے قرار یا بے چین کرنا۔

کلیجہ ملنا (ہ۔ محاورہ) صدمے سے بے تاب ہو کر دل کو پکڑ لینا۔ دل مسوسنا۔

کلیجہ منہ کو آنا (اُر۔ محاورہ) جی اُکتانا۔ دم گھبرانا۔ خفقان ہونا۔ دم اُلٹنا۔ بے تاب ہونا۔ تلملانا۔

کلیجہ نکال کر یا نکال کے لے جانا (محاورہ) دولت چرا لے جانا۔ مال مار کر چلا جانا۔

کلیجہ نکالنا یا نکال لینا (محاورہ) دیکھو۔ کلیجہ کاڑھ لینا۔

کلیجہ ہلا دینا یا ہل جانا (اُر۔ محاورہ) روحانی صدمہ پہنچنا۔ کمال خوف ہونا۔

کلیجی (ہ۔ امو) کلیجہ کی تانیث و تصغیر۔ بکری وغیرہ کا جگر معہ متعلقات یعنی دل جگر پھیپھڑا آنتی وغیرہ۔

کلیجے (ہ۔ امذ) کلیجہ کی جمع

کلیجے پر پتھر رکھ لینا (اُر۔ محاورہ) صبر کر لینا۔

کلیجے پر تیر یا چوٹ لگنا (اُر۔ محاورہ) سخت صدمہ پہنچنا۔ رنج و غم ہونا۔

کلیجے پر چھری پھرنا (ہ۔ محاورہ) صدمہ گزرنا۔

کلیجے پر سانپ لوٹنا (اُر۔ محاورہ) رشک و حسد سے بے قرار ہو جانا۔

کلیجے پر گھونسا لگنا (اُر۔ محاورہ) دل صدمہ پہنچنا۔

کمرا (لاطینی۔اند) کوٹھڑی حجرہ۔ خلوت خانہ۔ ریل یا جہاز کا درجہ۔
کمرشیل (Commercial - انگ۔صف) تجارتی۔ تجارت کا۔
کمرک (اُرد۔اند) ایک قسم کا نہایت باریک اور عمدہ لٹھا۔
کمرکھ (ہ۔امو) ایک خوبصورت اور ترش پھل کا نام ہے۔
کمری (ہ۔اند) بوجھ سے شکستہ کمر گھوڑا۔ بوڈا گھوڑا۔ کیڑا گھوڑا (بحالت امو) چھوٹی سی جاکٹ۔ مرزئی۔ کرتی۔
کمسریٹ (انگ۔امو) سپاہیوں کی خوراک وغیرہ بہم پہنچانے کا محکمہ اور دفتر۔ Commissariat
کمشنر (Commissioner) کئی ضلعوں کا حاکم پرگنے کا افسر۔
کمشنری (لفظ۔امو۔ بیائے نسبتی) قسمت پرگنہ۔ کئی ضلعوں کا حلقہ۔ ڈویژن صوبہ کمشنر کا عہدہ۔
کمک (ف۔امو) مدد معاونت۔ حمایت وہ فوج جو دوسری فوج کی مدد کے لئے لڑائی میں بھیجی جائے۔
کمک پر ہونا (اُر۔محاورہ) کسی کا مددگار رہنا۔ معاون ہونا۔
کمک دینا (اُر۔محاورہ) سہارا دینا۔ مدد دینا۔ حمایت کرنا۔
کمک کرنا (اُر۔محاورہ) مدد کرنا۔ حمایت کرنا۔
کمل (اُر۔اند) کنول۔
کمل (ہ۔اند) دیکھو (کنبل)
کمل اوڑھنے سے فقیر نہیں ہوتا (اُر۔مثل) بھیس بدلنے سے کمال پیدا نہیں ہوتا۔
کمل پوش (اُرد۔صف) کمبل اوڑھنے والا درویش۔
کملا (ہ۔اند) ایک قسم کے زرد کپڑے کا نام ہے (پنجابی) دیوانہ۔
کملانا (ہ۔فعل) مرجھانا۔ سوکھنا۔ دُبلا ہونا۔ غمگین ہونا۔
کمل باتی یا کمل باؤ (ہ) یرقان۔ ایک قسم کی بیماری جس میں آنکھیں زرد ہو جاتی ہیں۔
کملی (لفظ۔امو) کمل کی تصغیر ہے۔ چھوٹا کمل۔
کملی بچھانا (اُر۔محاورہ) سوگ یا ماتم کی علامت ظاہر کرنا۔ کریا کرم تک کمل پر بیٹھنا۔
کملی کرنا (اُر۔محاورہ) کملی ڈالنا۔
کملی ڈال کر لوٹ لینا (اُر۔محاورہ) فریب سے لوٹ لینا۔
کملی ڈالنا (اُر۔محاورہ) فریب دے کر لوٹنا۔
کملی میں مست / مگن ہونا (اُر۔محاورہ) بے پرواہ ہونا۔
کملیٹ (ہ۔اند) دیکھئے کاملیٹ۔
کمنٹری (انگ۔امو) تفسیر۔ شرح۔ تبصرہ۔ Commentary
کمند (ف) پھندا۔ رسی کی سیڑھی جس سے چور مکان پر چڑھ جاتے ہیں۔ ریشم کا رسا چمڑے کا رسا جو گلا گھونٹنے یا دشمن کو پھنسا کر کھینچ لینے کے کام آتا ہے۔
کمنڈل (ہ۔سند) مٹی یا لکڑی کا پانی کا برتن جسے سادھو استعمال کرتے ہیں۔ ٹونٹی والا برتن۔
کمنگر (ف۔اند۔ترکیبی) کمان گر کا مخفف ہے۔ کمان بنانے والا۔ کمان ساز۔
کموڈور (Commodore - انگ۔مذ) بحری فوج کا اعلیٰ عہدیدار جس کا درجہ امیر البحر کے بعد ہوتا ہے۔

کمہار (ہ۔اند) مٹی کے برتن بنانے والا کنبہ بمعنی برتن اور ہار علامت فاعل، کوزہ گر۔ کوزہ ساز۔
کمہار پر بس نہ چلا گدھی کے کان اینٹھے (ہ۔مثل) زبردست سے پیش نہ گئی۔ غریب کو سزا دے دی گئی۔ اور اُس پر غصہ نکالا گیا۔
کمہار کا آوا (اُر۔اند) برتن پکانے کی جگہ یا بھٹی۔
کمہار کے گدھے پر نہیں چڑھتا (اُر۔محاورہ) لوگوں کے کہنے پر عمل نہ کرنے والا اور اپنی خوشی سے کام کرنے والے کی نسبت بولا کرتے ہیں۔
کمہاری (ہ۔امو) کمہار کی مونث برتن گلی بنانے والے کی جورو۔ ایک قسم کی بھڑ کا نام بھی ہے۔
کمی (اُرد۔امو۔ بیائے مصدری) ٹوٹا۔ نقصان۔ توڑا۔ کوتاہی کسر۔
کمی نہ کرنا (اُر۔محاورہ) کوتاہی نہ کرنا۔ کسر نہ چھوڑنا۔
کمیت (ف۔امو) سیاہی مائل۔ سُرخ رنگ کا گھوڑا۔ سُرنگ۔
کیمرا Camera (انگ۔مذ) عکس تصویر کھینچنے کا آلہ



کیمرا

کمیٹی (انگ۔امو) ایک سے زیادہ چنے ہوئے آدمی۔ پنچایت۔ سبھا۔ انجمن مجلس۔ Committee
کمیٹی کرنا (اُر۔محاورہ) باہم جمع ہو کر مشورہ کرنا۔ صلاح کرنا۔
کمیرا (لفظ۔اند) فاعل کام کرنے والا۔ کسان کاشتکار۔ سیوک۔ نوکر۔ چاکر خادم۔ خدمت گار۔
کمیٹرے (ہ۔اند) ایتھن۔ مروڑ۔ جسم کا تشنج۔ جسم کی اینٹھن جھوٹی مرگی بچوں کی ایک بیماری کا نام ہے۔
کمیشن (انگ۔اند) جماعت۔ جتھا گروہ۔ رسالت۔ نیابت۔ گماشتگی۔ دلالی۔ آڑت۔ رسوم۔ وہ ایجنٹ یا کمشنر جو کسی مقدمے میں تحقیقات کے واسطے سرکار کی طرف سے بھیجا جائے۔ Commission
کمیشن بیٹھنا (اُر۔فعل) کسی بات کے فیصلے یا تحقیقات کے واسطے کسی جماعت کا اجلاس ہونا۔
کمیشن جاری کرنا (اُر۔محاورہ) کسی کو مقرر کرنا کہ موقع پر معاملات کی تحقیق کرے۔
کمیشنڈ (Commissioned - انگ۔صف) سند یافتہ (فوجی افسر) کسی سرکاری جماعت سول سروس وغیرہ کا عہدہ دار۔ کسی علاقہ یا محکمے کا اعلیٰ عہدہ دار۔ فوج میں افسر بھرتی ہونے کا معیار۔
کمیلا (ہ۔اند) ایک سرخ رنگ کی دوا کا نام ہے جو کھجلی والے زخم اور پیٹ کے کیڑوں کے لئے نہایت مفید ہے۔

کمیلا (ہ۔ امذ۔ بیائے مجہول) بکریوں وغیرہ کے ذبح کرنے کی جگہ۔ ذبح متقل۔ مسلخ۔

کمیلا کرنا (اُر محاورہ) جانور ذبح کرنا۔

کمینہ (ہ/فہ امو) نیچ ادنےٰ قوم کا۔ نیچ ذات کا۔ نوکر۔ چاکر۔ ٹہلوا۔ (بحالت صفت) اوچھا۔ کم ظرف۔ پاجی۔

کمین ذات (فہ امو) نیچ قوم جیسے چوہڑا چمار وغیرہ۔

کمین (مذ امذ) گھات دشمن پر حملہ کرنے کی غرض سے چھپ کر بیٹھنا۔

کمین گاہ (مف۔ امو) گھات دشمن پر حملہ کرنے یا شکار پر وار کرنے کی چھپواں جگہ۔

کمینڈ (ہ۔ امذ) دغا۔ دھوکہ۔ فریب۔

کمینڈیا (ہ۔ امذ۔ بالف۔ فاعل ترکیبی) فریبی۔ دھوکے باز۔ دغا باز۔

کمینہ (ف۔ امصفت) پاجی۔ نیچ ذات کا۔ اوچھا۔ کم ظرف۔ کم اصل۔ شرور۔

کمینہ پن (فہ امذ۔ مصدری) پاجی پن۔ اوچھا پن۔ کم ظرفی۔

کمینے سے خدا کام نہ ڈالے۔ (اُر۔ مقولہ) خدا کبھی کم اصل سے واسطہ نہ ڈالے۔

کمیونٹی (انگ امو۔ Community) ساجھا۔ مشترکہ ملکیت۔ طبقہ۔ فرقہ گروہ۔ آبادی۔ محلہ۔ برادری۔

کمیونزم (انگ امو۔ Communism) اشتراکیت۔ تمام دولت مشترکہ ملکیت

کمیونسٹ (انگ صفت۔ Communist) اشتراکی۔ کمیونزم کے نظریہ پر عمل کرنے والا

ک - ن

کَن (ہ۔ امذ) ذرا سا ٹکڑا۔ ریزہ۔ ذرہ۔ پھول۔ کلی۔ کونپل جیسے تمباکو میں کَن آرہا ہے۔ اناج۔ غلہ۔ ان۔ زور۔ طاقت۔ بل۔ ست۔ جیسے بدن میں کَن نہیں رہا۔ چھوٹا۔ خورد۔ آدھا۔ کونہ۔ گوشہ۔ غنچہ۔ تشکوفہ۔

کَن انکھیوں دیکھا / **کَن انکھیوں سے دیکھا** (ہ محاورہ) گوشہ چشم سے دیکھنا۔ آنکھ چُرا کر دیکھنا۔ نظر بچا کر دیکھنا۔

کَن بٹائی (ہ۔ امو) فصل کا حصہ داروں میں تقسیم کرنا۔

کَن کوت (ہ۔ امو) غلہ کی جانچ۔ کھڑے کھیت کے اناج کا اندازہ۔

کَن (ہ۔ امذ) کان کا مخفف (مرکبات) کرن۔ گوش۔

کَن بندھا (ہ۔ اخاعل ترکیبی) کان۔ چھیدنے والا اوزار

کَن بندھنا (اُر محاورہ) کانوں میں زیور ڈالنے کے لئے چھید پڑنا۔

کَن بیندھنا (اُر محاورہ) کانوں میں زیور ڈالنے کے لئے چھید کرنا۔

کَن پٹی یا کنپٹی (ہ۔ امو) آنکھ اور کان کے درمیان کی نرم جگہ۔

کَن پھٹا (اُر امذ) وہ شخص جس کے کان پھٹے ہوتے ہوں۔

کَن پھیپڑ (ہ۔ امذ) کان کے نیچے سے گلے کی صدتک کا ورم۔

کَن ٹوپ (ہ۔ امذ) کان ڈھکنے کی ہڈی سی ٹوپی۔

کَن چھیدن (ہ۔ امذ) بچوں کے کان چھیدنے کی رسم۔

کَن رَس (ہ۔ امذ) راگ رنگ کا مزا۔ کانوں کا راگوں کی آواز سے آشنا ہونا۔

کَن سلائی (ہ۔ امو) ایک چھوٹا سا سُرخ رنگ کا دھاری دار کان میں گھس جانے والا کیڑا۔

کَن سُوئی (اُر امو) سُننا۔

کَن سُوئیاں لینا (ہ۔ محاورہ) چھپ کر کسی کی باتیں سُننا۔ ٹوہ رکھنا۔ جاسوسی کرنا۔ خفیہ بھید لینا۔

کَن کٹا (ہ۔ امصفت) پُوجا۔ گرش۔ بریدہ۔ دوسروں کے کان کاٹنے والا۔

کَن کرنا (اُر محاورہ) جانچ کرنا۔ پرکھ کرنا۔ کھڑی فصل میں اناج کا اندازہ لگانا۔

کَن کھجورا (ہ۔ امذ) ایک زہریلے کیڑے کا نام ہے ہزار پا۔





کَن کھجورا

کَن کھجورے کے پاؤں ٹوٹیں گے: (اُر۔ مثل) بہت امیر آدمی کا کتنا نقصان ہوگا۔

کَن (ہ۔ کلمہ استفہام) کس۔ کون۔

کَن آنکھوں سے دیکھوں (اُر محاورہ) دیکھا نہیں جاتا۔

کَن (ع۔ صیغہ امر حاضر) ہو جا۔ بن جا۔ ظاہر ہو۔

کَن فکاں / **کَن فیکون** (ع۔ امو) لفظی معنی ہو جا۔ پس وہ ہو گئی۔ مجازاً دُنیا۔ مخلوق۔ موجودات۔

کَن (ف۔ صیغہ امر حاضر) کر۔ دے (مرکبات میں اسم فاعل کے سماعی معنی دیتا ہے۔

کَنا (ہ۔ امذ) کنارہ۔ کور۔ جوتی کے نیچے کا کنارہ۔ پتنگ کا وہ حصہ جس میں ڈورا باندھتے ہیں۔

کَنا نکل جانا (ہ۔ محاورہ) کنارہ ٹوٹ جانا۔ کنارہ پھٹ جانا۔

کِنار (ف۔ امو) گود۔ بغل۔ پہلو۔ جُدائی۔ علیحدگی۔ مفارقت۔

کِنار کھینچنا (اُر محاورہ) کنارہ کرنا۔ جُدا کرنا۔

کِنار گرم کرنا (اُر محاورہ) بغل گرم کرنا۔ ساتھ سونا۔ ہم بستر ہونا۔

کِنار گرم ہونا (اُر۔ محاورہ) بغل گرم ہونا۔ ساتھ سونا۔ وصل کا لطف اُٹھانا۔

کِنار (ف۔ امذ) کور۔ گوٹ۔ سنجاف۔ کنارہ۔ لب۔ پہلو۔

کِنار (ف۔ امذ) گھوڑے کا زین کام۔

کِنار (ف امذ) بیر۔ بیدر۔

کِنارا (ف امذ) حاشیہ گوٹ۔ کور۔ زری یا ریشمی فیتہ۔ گنے کی ایک قسم۔

کِنارہ (ف۔ امذ) کڑا ٹڑا۔ ساحل۔ کونہ۔ طرف۔ کھونٹ۔ سرا۔ انتہا۔ انجام۔ علیحدگی۔ جُدائی۔ مفارقت۔

کنارہ کر کے بیٹھ رہنا (اُر محاورہ) کوئی تعلق نہ رکھنا۔ قطع تعلق کر لینا۔

کنارہ کرنا (اُر۔ محاورہ) الگ ہونا۔ چھوڑ بیٹھنا۔ باز آنا۔ علیحدگی اختیار کرنا۔

کنارہ کشی (ف۔ امو۔ بیائے مصدری) علیحدگی۔ مفارقت۔ قطع تعلق جُدائی۔

کنارے آلگنا (اُر محاورہ) ساحل پر آکر ٹھہرنا۔ کام مکمل ہونا۔

کنارے بیٹھا ہے (اُر محاورہ) مرنے کے قریب ہے۔

کنارے بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) الگ ہو جانا۔ گوشہ میں پاؤں لٹکانا۔

کنارے رکھنا۔ (فہ تابع فعل) الگ الگ ساحل کے ساتھ۔

بدگوئی سُننے کی عادت باتیں سُننے کی عادت۔

کنارے کنارے (اُرد۔ تابع فعل) الگ الگ ساحل کے ساتھ۔
کنارے کنارے چلنا (اُرد۔محاورہ) بچ کر چلنا۔
کنارے لگانا (اُرد۔ محاورہ) دریا پار اُتارنا۔ جہاز یا کشتی کو ساحل پر لانا۔
کنارے لگنا (اُرد۔ محاورہ) دریا پار ہونا۔ ساحل پر پہنچنا۔ قریب المرگ ہونا۔
کنارے ہو جانا یا (اُرد۔محاورہ) ایک طرف کو ہٹ جانا۔ راستے سے بچ جانا۔ کترا جانا۔
کِنارِی (فُلو۔ امبو) دریا یا ٹوں کے کنارے پر لگانے کا پتلا گوٹہ۔
کِناس (ع۔ امذ) چمڑا۔ خاکروب۔ جلاد۔ حلال خور۔
کِناسی (ہ۔ امبو) راستہ۔ راہ گزر۔
کناگت (ہ۔امذ) کرناگت سے بگڑا ہے۔ منسوب بہ راجہ کرن۔ ماہ اسوج کے اندھیرے پکھ میں برہمنوں کو عمدہ عمدہ کھانے کھلانے کی رسم سرادھ۔
کناگت کرنا (ہ۔محاورہ) اسوج کے پہلے پاکھ میں پتروں کے نام پر برہمنوں کو کھانے کھلانا۔
کنال (پنجابی۔امذ) بیس مربع مرلے کا پیمانہ بیگھے کی چوتھائی۔ گھاس کا آٹھواں حصہ۔
کنائی کاٹنا (ہ۔محاورہ) ایک راستہ چھوڑ کر دوسرا راستہ اختیار کرنا۔
کِنایَت (ع۔ امبو) رمز۔ اشارہ۔ مبہم بات۔ اشارے سے بات کرنا۔
کنایہ (امذ) منشا۔ مطلب۔ مقصد۔ معنی مراد۔ مجاز۔ استعارہ۔ رمز۔ اشارہ۔
کنایتاً (ع۔ تابع فعل) اشارے سے ضمناً۔ اشارے کے طور پر۔
کنایہ سے باز رکھنا (اُرد۔محاورہ) اشارے سے روکنا۔
کنایہ میں کرنا (اُرد۔محاورہ) اشارے سے مطلب ظاہر کرنا۔
کُنبہ (ہ۔امذ) قبیلہ۔ گھرانا۔ خاندان۔ ٹبر۔ بال بچے۔ لڑکے بالے۔ اہل و عیال۔
کُنبہ پرور (اُلو امذ۔ فاعل ترکیبی) خاندان اور رشتہ داروں کی پرورش کرنیوالا۔
کُنبہ جوڑنا (اُرد۔محاورہ) بھیڑ لگانا۔ تمام قرابتوں اور رشتہ داروں کو جمع کرنا۔
کُنبے والے کے چاروں پلے کیچڑ میں ہیں (اُرد۔مثل) کُنبے والا ہمیشہ مصیبت میں پھنسا رہتا ہے۔
کُنبے والے کے چاروں پلے بھاری (اُرد۔مثل) بڑے کُنبے والا۔ دل کا سخی ہوتا ہے۔
کنت۔ کنتھ۔ کنتھا (س۔امذ) پیارا۔ دوست۔ خاوند۔ شوہر۔ پیا۔
کنٹِ (انگ امذ) شراب رکھنے کا شیشہ قرابہ۔ Canter
کنٹرول (انگ مذ) Control حکومت۔ قابو۔ نگرانی۔ روک۔ رکاوٹ۔
کنٹرولر Controller (انگ مذ) محاسب۔ سرکاری ناظم۔ ناظر۔
کنٹریکٹر (Contractor انگ مذ) متاجر۔ ٹھیکیدار۔
کنٹک (ہ۔ اصفت) بنجیل۔ کنجوس۔ ممسک۔ تنگ دل۔
کنٹک پنا (ہ۔ امصدری) بخل۔ کنجوسی۔ خست۔
کنٹونمنٹ (Cantonment انگ مذ) صدر کیمپ۔ چھاؤنی۔
کنٹونمنٹ بورڈ (Cantonment Board) چھاؤنی کے علاقے میں میونسپل کمیٹی کی طرح کام کرنے والا ادارہ۔
کنٹھ (ہ۔ امذ) گلا۔ حلق۔ گلے کی ہڈی۔ آواز۔ سُر۔ حفظ۔ نوک زبان۔ ازبر۔
کنٹھ بیٹھنا (ہ۔ فعل) گلا بیٹھنا۔ آواز بیٹھنا۔ گلا پڑ جانا۔
کنٹھ پھوٹنا (اُرد۔محاورہ) سن بلوغت کو پہنچنے پر گلے کی ہڈی نمودار ہونا۔
کنٹھ سوکھ جانا (اُرد۔محاورہ) پیاس سے حلق خشک ہو جانا۔
کنٹھ کرنا (محاورہ) حفظ کرنا۔ ازبر کرنا۔ زبانی یاد کرنا۔
کنٹھ مالا (ہ۔ امو) گلے کی ایک بیماری کا نام۔ گلے کی گلٹیاں۔ گلے کا ہار۔ کنٹھا۔
کنٹھ نکلنا (محاورہ) سن بلوغ کو پہنچنا۔ جوان ہونا۔ گلے کی ہڈی نمایاں ہونا۔
کنٹھا (ہ۔ امذ) بڑے بڑے موتیوں یا سونے کے منکوں کا ہار۔ پھولوں کا ہار۔ بڑے بڑے دانوں کی تسبیح۔ پرندوں کے گلے کا طوق۔
کنٹھا اُٹھانا (محاورہ) تسبیح کی قسم کھانا۔
کنٹھی (ہ۔ امو۔ بیائے تصغیر) لکڑی کے دانوں یا بیجوں کی مالا تسبیح۔ موتیوں کی لڑی۔ پرندوں کے گلے کا طوق۔
کنٹھی باندھنا (محاورہ) چیلا بنانا۔ مرید ہونا۔ ترک حیوانات کرنا۔ بھگت ہو جانا۔
کنٹھی دینا (اُرد۔محاورہ) چیلا بنانا۔
کنٹیا (ہ۔ امو) کانٹا کی تصغیر۔ مچھلی پکڑنے کا کانٹا۔ شست۔ قیمتی اشیا تولنے کی ترازو۔
کُنج (ف۔ امذ) کونا۔ گوشہ۔ زاویہ۔
کُنجِ تنہائی (ف۔ امبو) خلوت کا گوشہ۔ خلوت۔
کُنجِ قناعت (فع۔ امذ) صبر کا کونا۔ گوشہ۔ تسلیم و رضا۔
کُنجِ (س۔ امذ) درختوں کے سائے میں بیٹھنے کی جگہ۔ بیل بوٹوں کی جگہ۔ کوچہ۔ گلی۔
کُنجا (ہ۔ امذ) بالف فاعلیت۔ نیلی آنکھوں والا۔ کرنجا۔ گربہ چشم۔
کُنجاہ بھگوان ہوتا ہے۔ (ہ۔ مثل) نیلی آنکھوں والا خوش قسمت ہوتا ہے۔
کُنجر (ہ۔امذ) سانسی۔ ایک خانہ بدوش قوم (پنجاب) کنجن قوم۔ کمینہ۔ رذیل۔ بدمعاش۔
کُنجری (ہ۔ امو) کنجر قوم کی عورت۔ کنجر کی جورو۔ رنڈی۔ کسبنی۔
کُنجڑا (ہ۔امذ) سبزی فروش۔ ترکاری بیچنے والا۔ رائیں۔ مالی۔
کُنجڑ کُلن (ہ۔ امبو) ترکاری بیچنے والی عورت۔ کنجڑا کی مونث۔
کُنجڑے قصائی (اُلو امذ) گھٹیا درجے کے لوگ۔ ادنےٰ اور کمینہ۔
کُنجڑے کی اگاڑی قصائی کی پچھاڑی (اُلو مثل) ترکاری پہلے وقت اور گوشت پچھلے وقت کو اچھا ملتا ہے۔
کُنجشک (ف۔ امبو) چڑیا۔
کُنجل یا کُنجر (اُلو امذ) بڑا اور قوی الجثہ ہاتھی۔
کنجوس (ہ۔امذ) کنٹک۔ بنجیل۔ شوم۔ تنگ دل۔ ممسک۔
کنجوسی (ہ۔امذ) بخل۔ تنگ دلی۔ خست۔
کنجی (ہ۔ امبو) چابی۔ تالی۔ کلید۔ مفتاح۔
کنجی (ہ۔ اصفت) نیلی۔ نیلگوں۔ اورق۔ کرنجی۔
کنچن (ہ۔امذ) سونا۔ طلا۔ ایک قوم کا نام ہے جو عورتوں سے پیشہ کراتے ہیں۔ حرامزادہ۔ ایک سرخ سے پھل کا نام بھی ہے (بحالت صفت) بالکل تندرست۔
کنچن بچہ (اُلو امذ) کنچن کا بیٹا۔ کسبی کا جنا۔
کنچن برسنا (ہ۔ محاورہ) روپیہ برسنا۔ زر غیبی خوب پیدا ہونا۔
کنچن کایا (ہ۔ امبو) نہایت تندرست جسم۔ پُر صحت بدن۔
کنچن نیر (ہ۔امذ) نہایت صاف اور ستھرا پانی۔
کنچنی (ہ۔ امبو۔ بیائے نسبتی۔ و تانیث کنچن قوم کی عورت۔ رنڈی بیسوا۔ منسوب بہ زر۔ زر دوست۔
کنڈ (س۔امذ) جڑ۔ مول۔ اصل۔ کھانڈ۔ چینی۔ بورا۔ گانٹھ۔ کنٹھی۔
کنڈ چھری سے حلال کرنا (اُرد۔محاورہ) بہت تکلیف دینا۔

کُند ذہن (ف۔ صفت) غبی۔ ٹھس۔ بے وقوف۔

کُندا (اُرد۔ لفظ) پرندے کا بازو مشبہ۔ بندوق کی سرگوشہ لکڑی۔ تنگ پائچے کی سرگوشہ کلی۔ تربڑ۔ کرتہ۔ قبضہ بجڑھی کا ٹکڑا پورا کھویا بھنا ہوا دودھ۔ ماوا۔

کُندا بھونا / کُندا کرنا (اُرد محاورہ) دودھ کا کھویا بنانا۔

کُندا چڑھانا (اُرد محاورہ) بندوق کی نال میں لکڑی لگانا۔

کُندلا (ہ۔ امذ) سونے کا تار۔ سونے کا ڈالا

کُندلاکش (لہ لمذ۔ فاعل) چاندی کے ڈلے پر سونا چڑھانے والا۔

کُندن (ہ۔ مذ) خالص سونا بے کھوٹ سونا۔ چمکدار۔ سُرخ و سفید۔ خالص نسل۔

کُندن بنا دینا (اُرد محاورہ) سونا بنا دینا۔ اکسیر بنا دینا۔ کیمیا بنا دینا۔

کُندن بن جانا۔ (اُرد محاورہ) اکسیر سے خالص سونا بن جانا۔ صاف ہو جانا اکسیر ہو جانا۔ نایاب ہو جانا۔

کُندن دمکنا۔ (اُرد محاورہ) سونے کی طرح چمکنا۔

کُندورا (ف۔ مذ) دسترخوان۔

کُندوری (ف۔ امذ) روٹیاں رکھنے کا رومال۔ دسترخوان (امذ) جنگلی گھیا ایک قسم کا سُرخ پھل۔ جنگلی (بحالت امو) بیوی کی معشوق۔ بیوی کی نیاز۔

کُندہ (ف۔ اصفت۔ مفعول) کھدا ہوا۔

کُندہ کار (ف امذ فاعل ترکیبی) قلم کار۔ نقش و نگار کھودنے والا۔

کُندہ (ف۔ لمذ) لکڑی کا اٹھا کا ٹھ۔ مجرموں کی سزا کا شکنجہ۔ تیر کوٹنے کی لکڑی۔ بندوق کی لکڑی۔

کُندۂ ناتراش (ف اصفت) ان گھڑی لکڑی۔ مورکھ۔ بے وقوف۔ احمق۔

کُندا (ہ۔ لمذ) مونڈھا۔ دوش۔ شانہ۔ کتف۔

کندھا بدلنا (اُرد محاورہ) ڈولی اٹھانے والوں کا مونڈھا بدلنا۔

کندھا دینا (اُرد محاورہ) جنازے کو مونڈھے پر اٹھانا۔ میت کو کندھے پر رکھنا سہارا دینا۔ بوجھ اٹھانا۔ مدد دینا۔

کندھا ڈالنا (اُرد محاورہ) بیل کا کندھے پر سے جوا گرا دینا۔ تھک جانا ہمت ہار جانا۔

کندھا لگنا (ہ۔ فعل) بوجھ یا رگڑ کے باعث کندھے کا زخمی ہونا۔ کندھے پر زخم ہونا۔

کندھے (ہ۔ امذ) کندھا کی جمع۔

کندھے ڈالی چھولی چمار چھوڑا نا کولی (ہ۔ مثل) بے شرم و حیا اور بھیک مانگنے والے کی نسبت بولتے ہیں جب شرم و حیا اتار دی تو ہر ایک سے جھگڑا کیا۔

کُندے (اُرد۔ لفظ۔ کندا کی جمع۔

کندے جوڑ کر یا تول کر یا باندھ کر آنا (محاورہ) پرندے کا اپنے بازوؤں کو ملا کر سیدھا نیچے کی طرف گرنا۔ فوراً آ جانا۔ تڑت آپڑنا۔

کُندی (اُرد امو) موگری دھلے ہوئے کپڑوں کی صفائی کرنے کا کام صفائی کا آلہ گھڑت۔ مارپیٹ۔

کندہم جنس با ہم جنس پرواز (ف مثل) ہر جنس اپنی جنس کی طرح رجوع کرتی ہے۔ اعلیٰ کی طرف اعلیٰ اور ادنیٰ کی طرف ادنیٰ۔

کُندی کرنا (اُرد محاورہ) موگری سے کپڑوں کی صفائی کرنا۔ استری کرنا۔ مارنا پیٹنا۔ گت بنانا۔

کُنڈ (س۔ امذ) پانی کا گہرا حوض تالاب گڑھا۔ غار۔ گھڈ۔

کُنڈا (ہ۔ امذ) ایلا۔ تھانی۔ ارنا۔

کُنڈا (ہ۔ لمذ) حلقہ لوہے کا وہ حلقہ جس میں زنجیر ڈالتے ہیں۔

کِنڈر گارٹن (Kindergarten - انگ۔ مذ) چھوٹے بچوں کا مدرسہ جہاں کھلونوں سے تعلیم دی جاتی ہے۔

کنڈکٹر (Conductor - انگ۔ مذ) رہبر۔ رہنما۔ پیشرو۔ منتظم۔ منعرم۔ مہتمم۔ داروغہ۔ گاڑیاں چلانے والا۔

کُنڈل (ہ۔ لمذ) چاندیا سورج کا حلقہ۔ ہالہ حلقہ۔ دائرہ۔ چکر۔ گھیرہ کان کا بالا۔

کُنڈل مارنا (اُرد محاورہ) سانپ کا جسم کو جلیبی بنا کر بیٹھنا۔ چاند کا ہالہ نشیں ہونا سورج کا کُنڈل میں ہونا۔

کُنڈلی (ہ۔ امو) کُنڈل کی تصغیر۔ گھیرا۔ چکر۔ دور۔ حلقہ۔ جنم پتری۔

کُنڈلی بنانا (اُرد محاورہ) زائچہ بنانا۔ جنم پتری بنانا۔

کُنڈلی مارنا (اُرد محاورہ) چھوٹا سا حلقہ بنانا۔

کنڈم کا مورد صفت۔ انگ۔ Condemned) ناکارہ۔ بکمّا۔ رد کیا ہوا۔ مسترد۔

کنڈنسر (Condenser - انگ۔ مذ) آلہ تکثیف۔ بھاپ کے کثیف ہونے کا کارخانہ (انجن میں)

کندھے چڑھانا (اُرد محاورہ) بچوں کو کندھے پر اٹھانا۔

کُنڈی (ہ۔ امو) کُنڈا کی تصغیر۔ دروازے کی زنجیر۔

کُنڈی دینا / لگانا (اُرد محاورہ) زنجیر لگانا۔ دروازہ بند کرنا۔

کنڈیشن (انگ۔ مذ) حالت۔ احوال۔

کنز (ع۔ امذ) خزانہ۔ گنج۔ گنجینہ۔ مخزن۔

کُنس (س۔ امذ) متھرا کے ایک ظالم راجہ کا نام ہے جسکو سری کرشن جی نے ہلاک کیا تھا۔

کنستر (ف۔ لمذ) ٹین کا بکس پیمہ۔

کنسرویٹر (Conservator - انگ۔ مذ) جنگلات کے محکمہ کا بڑا افسر۔

کنسرٹ (Consert - انگ۔ مذ) نغمہ و سرود کا جلسہ۔

کنسیشن (Concession - انگ۔ مذ) رعایت۔

کنسورٹیم (Consortium - انگ۔ مذ) ادارہ۔ انجمن۔ مجلس۔

کُنش (ف صفت) کنجوس۔ بخیل۔

کُنشت (ف۔ مو کر دار۔ افعال نیک ہوں یا بد۔

کِنشت (ف۔ مذ) آتش کدہ۔ بت خانہ۔ کفار کا عبادت خانہ یہودیوں کا عبادت خانہ۔

کنعان (ع۔ مذ) شام کا صوبہ فلسطین جہاں حضرت یوسف علیہ السلام پیدا ہوئے تھے۔ حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے کا نام جو کافر تھا۔ نمرود کے باپ کا نام۔

کنفرمڈ (Confirmed - انگ صفت) مستقل۔ پکا۔

کنفرمیشن (Confirmation - انگ۔ مو) مستقلی۔ استقلال۔ برقراری۔

کنک (س۔ امذ) سونا۔ طلا۔ کنچن۔ کُندن۔ دھتورا۔ دھتورے کے بیج۔

کنک (ہ۔ امو) گیہوں۔ گندم۔

کنکالا (ہ۔ امو) ڈائن۔ جادوگرنی۔

کنکر (ہ۔ امذ) سخت مٹی کا روڑا۔ چونے کا سخت ٹکڑا۔ سنگ ریزہ۔

کنکر پتھر (ہ۔ لمذ) کوڑ کرکٹ۔ واہیات الابلا۔ حقارتاً جواہرات۔

کنکر سا (ہ۔ اصفت۔ بترکیب تشبیہی) نہایت سرد۔ بہت ہی ٹھنڈا۔

کنکری (ہ۔ امو۔ بیائے تصغیر) چھوٹی ڈلی۔ چھوٹا ٹکڑا۔ سنگریزہ۔ خرد۔

کنکری کر دینا (ہ محاورہ) زر و جواہرات وغیرہ کی بے قدری کر دینا اسراف کرنا۔

کلیجے پر ہاتھ دھر کے دیکھنا (اُر۔ محاورہ) دوسرے کے دل کا حال اپنے دل کا سا جاننا۔

کلیجے پر ہاتھ دھرنا (اُر۔ محاورہ) کسی کو تسلی دینا۔

کلیجے سے دھواں اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) دل سے۔ بھاپ اُٹھنا۔ کمال دل جلنا۔ دل سے آہ نکلنا۔

کلیجے سے لگائے رکھنا (اُر۔ محاورہ) نہایت عزیز رکھنا۔ احتیاط سے رکھنا۔

کلیجے سے لگا لینا (اُر۔ محاورہ) فرطِ محبت سے گلے لگانا۔

کلیجے کا ٹکڑا (ا۔ مذ) پیارا۔ عزیز ترین۔ پارۂ دل۔ نورِ چشم۔ لختِ جگر۔ کلیجے کی کور۔

کلیجے کی ٹھنڈک (اُر۔ اسم) دل کی تسکین دل کی راحت۔

کلیجے کے اندر پھالنس لگنا (اُر۔ محاورہ) اندرونی صدمہ یا رنج پہنچنا۔

کلیجے کے پار ہونا (اُر۔ محاورہ) ناگوار ہونا۔

کلیجے میں آگ لگنا (اُر۔ محاورہ) نہایت پیاس اور بھوک لگنا۔ کسی صدمے سے دل بے تاب و بے قرار ہونا۔ کسی تیز چیز کے کھانے سے سینے میں جلن پیدا ہونا۔

کلیجے میں ہاتھ ڈالنا (اُر۔ محاورہ) دولت پر ہاتھ مارنا۔ دل دکھانا۔ تکلیف دینا دل میں گھر کرنا۔ نہایت مقرب اور عزیز ہو جانا۔

کلیجے میں آگ لگنا (اُر۔ محاورہ) پیاس لگنا۔ سینے میں جلن ہونا۔

کلیجے پر چھری گرنا (اُر۔ محاورہ) ایذا یا صدمہ سہنا

کلیجے میں تیر لگنا (اُر۔ محاورہ) سخت دلی صدمہ پہنچنا۔

کلیجے میں ٹھنڈک پڑنا (اُر۔ محاورہ) دل جلانا طعنے سے دل کو صدمہ پہنچانا۔

کلیجے میں چٹکیاں لینا (اُر۔ محاورہ) بے چین ہونا۔ دل میں دہشت پیدا ہونا۔

کلید (ف۔ ا مو) کنجی۔ چابی۔ تالی۔

کلیئر (انگ۔ صفت) صاف۔ شفاف۔ ظاہر۔ واضح۔ صریح۔ ہویدا۔ کھلا۔ بے روک۔ صاف۔ بے باک۔ پاک۔

کلیرنگ سیل (Clearing Sale مو) دوکان کا موجودہ مال ختم کرنے کے لئے سستے داموں فروخت۔

کلیس یا کلیش (ہ۔ ا مو) دکھ۔ تکلیف۔ کشٹ۔ بپتا۔ جھگڑا۔ فساد۔ راڑ۔ ٹنٹا۔ لڑائی۔ دنگا۔

کلیسا (یونانی اندگرجا۔ عیسائیوں کی عبادت گاہ۔ عیسائیوں کا مندر۔

کلیسائی (یونانی اصفت۔ بیائے نسبتی) کلیسا کو ماننے والے۔

کلیسیا (یونانی۔ مذ) کلیسا کا مترادف ہے۔

کلیل (ہ۔ ا مو) گھوڑے کا خوشی میں اچھلنا کودنا۔

کلیل میں غلیل لگا (اُر۔ محاورہ) خوشی میں یکایک رنجش پیدا ہو گئی۔ رنگ بھنگ ہونا۔

کلیل (ف) (صفت) کند۔ سست۔

کلیم (ع۔ امذ) بات کرنے والا۔ ہمکلام۔ حضرت موسیٰؑ کا لقب۔ ایک فارسی شاعر کا تخلص

کلیم اللہ (ا مذ) حضرت موسیٰؑ کا لقب ہے یہ سبب ہمکلامی خدا۔

کلیم (Claim انگ۔ مذ) حق دعویٰ۔ مطالبہ۔ استغاثہ۔ نالش۔

کلینک (Clinic - انگ۔ مذ) صحت گاہ۔ شفاخانہ۔

Clinic

کلینر (Cleaner۔ انگ۔ صفت) صاف کرنے والا۔ ڈرائیور کا مددگار۔

ک - م

کم (ف۔ اصفت) بیش کی ضد۔ ذرا سا۔ تھوڑا۔ قلیل۔ ادنیٰ۔ نیچ۔ مطلق کے لئے کبھی نہیں نہ۔ بے۔ بد۔ برا۔ منحوس۔ چھوٹا۔ ادنے۔ گھٹیا۔

کم اصل (اُر۔ اصفت) نیچ۔ بد اصل۔ رذیل۔ کمینہ۔ پاجی۔

کم بخت (ف۔ اصفت۔ ترکیبی) بدنصیب۔ نالائق۔ نرہیاق (نفرت کا کلمہ۔ خانہ خراب نگوڑا

کم بخت کی کھچڑی کچی بخت اور کا آٹا گیلا (ہ۔ مثل) نہایت بدبختی کے اظہار کے وقت بولتے ہیں یعنی بدنصیب۔

کم بخت گئے ہاٹ ترازو ملے نہ باٹ (ہ۔ مثل) نہایت بدبختی کے اظہار کے وقت بولتے ہیں یعنی بدنصیب اگر دوکان پر سودا لینے بھی جائے تو وہاں ترازو اور باٹ تک نہیں ملینگے۔

کم بختی (اُر۔ ا مو) بیائے مصدری۔ بدقسمتی۔ بدنصیبی۔ بدبختی۔

کم بختی آنا (اُر۔ محاورہ) شامت آنا۔ بُرے دن آنا۔ آفت نازل ہونا۔

کم بختی جب آئے اونٹ چڑھے کو کتا کھائے (اُر۔ مثل) مصیبت آنی ہو تو لاکھ احتیاط کرو آ کر رہتی ہے۔

کم بختی کے دن (اُر۔ محاورہ) بُرے دن۔ ایام نحوست۔

کم بختی نے تو نہیں گھیرا / کم بختی تو نہیں آئی (اُر۔ محاورہ) تمہارے بُرے دن آ گئے ہیں شامت آ گئی ہے کھوٹے دن آ گئے ہیں۔

کم تر (ہ۔ اصفت) بہت کم۔ بہت تھوڑا۔ نہایت ادنے۔

کم توجہی (ف۔ ا مو۔ بیائے مصدری) غفلت۔ بے پروائی۔ خیال تک نہ کرنا۔

کم حوصلگی (ف۔ ا مو۔ بیائے مصدری) اوچھاپن۔ کم ظرفی۔ دلیری کا نہ ہونا۔

کم حوصلہ (ف۔ اصفت ترکیبی بذریعہ سابقہ) کم ظرف۔ اوچھا۔ کم ہمت۔

کم حیثیت (ف۔ اصفت ترکیبی بذریعہ سابقہ) تھوڑی پونجی والا۔ ٹٹ پونجیا کمینہ۔ سفلہ۔ ہتھ ڑدلا۔

کم ظرف (ف۔ اصفت ترکیبی) کفایت شعار۔ جز رس۔ تنگ دل بخیل۔

کم خرچ بالانشیں (ف۔ مثل) وہ چیز جو قیمت میں کم اور نمائش میں زیادہ ہو۔ تھوڑی قیمت میں بڑا کام نکالنے والا۔

کم خور یا کم خوراک (ف۔ اصفت ترکیبی) تھوڑا کھانے والا۔

کم دِلا (ف۔ اصفت۔ بالف فاصلیت) بزدل۔ ڈرپوک۔ کنجوس۔

کم ذات (اُرد۔اصفت۔ ترکیبی) کمینہ۔ رذیل۔ کم ذات۔
کم رَو (ف۔صفت) سست رفتار۔
کم زور (ف۔اصفت۔ترکیبی) بودا۔ ہلکا۔ مضبوط کی ضد۔ ناتواں۔ بے طاقت۔
کم زور کرنا (اُر۔محاورہ) زور گھٹانا۔ ضعیف بنانا۔ کم طاقت بنانا۔
کم زور مار کھانے کی نشانی (اُر۔مثل) زبردست ہمیشہ دبا رہتا ہے۔
کم سُخن (ف۔امو۔بیائے مصدری) ضعف۔ ناتوانی۔ نقاہت۔
کم سُخنی (اُرد۔اصفت۔فاعلی) چُپ چاپ۔ کم بولنے والا۔
کم سِن (اُرد۔امو۔بیائے مصدری) خاموشی۔ کم گوئی۔ تھوڑا بولنا۔
(رفع۔اصفت ترکیبی) چھوٹی عمر کا۔
کم سُننا (اُرد۔فعل) بہرا ہونا۔ اونچا سُنائی دینا۔ خیال میں نہ لانا۔ توجہ نہ کرنا۔
کم سِنی (اُرد۔امو۔بیائے مصدری) بچپن۔ لڑکپن۔ خوردسالی۔
کم سواد (عف۔صفت) کم فہم۔ ناقص العقل۔
کم سے کم (اُرد۔صفت) قلیل۔ اقل درجہ۔ بہت ہی کم۔
کم ظرف (رفع۔اصفت) اوچھا۔ تھڑدلا۔ ادنےٰ۔ حقیر۔ پاجی۔
کم ظرفی (رفع۔امو۔بیائے مصدری) اوچھاپن۔ سفلگی اور برداشت کا نہ ہونا
کم عقل (رفع۔امو۔ترکیبی) بے وقوف۔ نادان۔ احمق۔
کم عقلی (رفع۔امو۔بیائے مصدری) بے وقوفی۔ نادانی۔ حماقت۔
کم عُمر (رفع۔اصفت۔ترکیبی) دیکھو کم سِن۔
کم عُمری (رفع۔امو) کم سِنی
کم فرصتی (رفع۔امو۔بیائے مصدری) کام سے فرصت نہ ہونا۔ کام سے نمٹ نہ سکنا۔
کم فہم (رفع۔اصفت ترکیبی) بے سمجھ۔ نادان۔
کم فہمی (رفع۔امو) نادانی۔ ناسمجھی۔
کم قیمت (اُرد۔اصفت) سستا۔ ارزاں۔
کم کرنا (اُرد۔فعل) گھٹانا۔ وضع کرنا۔ منہا کرنا۔ اختصار کرنا۔ مختصر کرنا۔
کم کم (اُرد۔تابع فعل) تھوڑا تھوڑا کبھی کبھار۔ قطرہ قطرہ۔
کم کھائے غم نہ کھائے (اُر۔مثل) کم کھانے سے آدمی نہیں مرتا لیکن فکر کرنے اور غم کھانے سے آدمی تباہ و برباد ہو جاتا ہے۔
کم کایہ (ف۔صفت) تھوڑی۔ پونجی۔
کم نصیب (رفع۔صفت) بدبخت۔
کم و بیش (ف۔تابع فعل) لگ بھگ۔ قریب قریب۔ تھوڑا بہت۔ تقریباً۔
کم ہمت (رفع۔اصفت) ڈرپوک۔ کام چور۔ بزدل۔ کم حوصلہ
کم ہمتی (رفع۔امو۔بیائے مصدری) بزدلی۔ کم حوصلگی۔ کام چوری
کم ہونا (اُرد۔فعل) گھٹنا۔ تھڑنا۔ نہ ہونا۔ زوال ہونا۔
کم یاب (ف۔اصفت ترکیبی فاعلی) نادر۔ نایاب۔ کم ملنے والی چیز۔
کم یابی (ف۔امو۔بیائے مصدری) قلت۔ کمی۔ نایابی۔
کما حقّہٗ (ع۔اصفت) جیسا کہ اس کا حق ہے۔ بخوبی۔ ٹھیک ٹھیک واجبی۔
کما ہی (ع۔اصفت) جیسا کہ لایق ہے۔ حسب الحقیقت۔ بخوبی۔
کماچ (ر۔امو) ایک قسم کی ناہموار روئی موٹی اور گول چیز۔
کُمار دس (اند) کشور۔ بن بیاہا۔ شہزادہ۔ راجہ کا بیٹا۔ راج دلارا۔ پسر۔
کُماری (ر۔امو) کمار کی تانیث۔ شہزادی۔ راج دلاری۔ دُختر۔

کُما کھانا (اُر۔محاورہ) محنت مزدوری سے پیٹ پالنا۔
کمال (ع۔اند) پورا ہونا کمالیت۔ گُن۔ ہُنر۔ قابلیت۔ لیاقت۔ انوکھی بات۔ اچنبھا۔ عجیب بات۔ کامل۔ پُورا۔ سب خوبی۔ عمدگی۔ صنعت۔ کاریگری۔
کمال درجہ کا (اُرد۔اصفت) ترکیب اضافی۔ نہایت پورا۔ بالکل کامل۔ ازحد۔
کمال دکھانا (اُر۔محاورہ) کرامات دکھانا۔ ہُنر یا کرتب دکھانا۔
کمال کا بنا ہوا (اُرد۔اصفت) بڑا کرتبی۔ پُرفن۔ آفت کا پرکالہ۔ فریبی۔ چالیا۔ نہایت ہوشیار۔
کمال کرنا (اُرد۔کاریگری کرنا دکھانا۔ کوئی عجیب اور انوکھا کام کرنا۔ غضب کرنا۔ قابل تعجب کام کرنا۔ دھوکہ دینے میں کامل ہونا۔ کسی بات میں غالب آنا۔
کمال کو پہنچنا (اُرد۔محاورہ) پُورا ہونا۔ ختم ہونا۔ کسی بات میں کمال حاصل ہونا۔ کسی فن میں عروج حاصل کرنا۔
کمالا (اُرد۔اند) صلح کے ساتھ کشتی کرنا آپس میں پہلوانوں کی جنگ زورگری۔
کمالات (ع۔اند) کمال کی جمع۔
کمالت (ق۔ا۔مو) کمال انتہائے کمال۔
کمالیت (ع۔امو) کمال۔
کما کھانا (اُرد۔محاورہ) رزق حاصل کرنا۔ محنت و مزدوری سے پیٹ پالنا۔
کما لینا (اُرد۔محاورہ) نجاست اور گندگی صاف کرنا۔ چمڑے کو دباغت کرنا۔ ملازمت یا تجارت سے روپیہ پیدا کر لینا۔ ناتواں کر دینا۔
کمان (انگ Command) کمانڈ کا مخفف ہے۔ حکومت سرداری افسری۔ فوجی ڈیوٹی۔
کمان افسر (اُرد۔اند) (لشکری) سردار لشکر۔ فوج کی کمان کرنے والا۔ کمانڈر۔ فوج کا افسر۔
کمان بولنا (اُر۔محاورہ) جنگی خدمت کا حکم دینا۔ نوکری بتانا۔
کمان بولی جانا (اُر۔محاورہ) کمان بولنا کا لازم ہے
کمان پر جانا (اُر۔محاورہ) جیتنا۔ فتح کرنا۔
کمان چڑھنا (اُر۔محاورہ) فوج کا جنگ کے لئے نکلنا۔
کمان نکلنا (اُر۔محاورہ) فوج کا جنگ کے لیے نکلنا۔
کمان پر ہونا (اُر۔فوجی ڈیوٹی پر ہونا۔ جنگی خدمت پر ہونا۔
کمان (ف۔امو) دھنک۔ قوس۔ تیر و غلہ وغیرہ۔ چلانے کا آلہ۔ ہوا آلہ۔ خلیل۔ آسمان کے بارہ برجوں میں سے ایک برج۔ دھن راس محراب۔ طاق۔ دائرے کا کوئی حصہ۔ قوس قزح (بحالت صفت) چلکدار جھکا ہوا۔ کبڑا۔
کمان ابرو (ف۔اصفت ترکیبی) کمان جیسی بھوؤں والا عشوق۔
کمان بردار (ف۔فاعل ترکیبی) تیر انداز سپاہی۔ کمان لے چلنے والا نوکر کمان دار۔
کمان تاننا یا چڑھانا (اُرد۔فعل) کمان کا چلہ چڑھانا۔ کمان کھینچنا۔
کمان چڑھنا (اُرد۔فعل) قسمت یاور ہونا۔ اقبالمند ہونا۔ ڈنکا بجنا۔ رتی چمکنا۔
کمان دار (ف۔فاعل ترکیبی) محراب دار۔ قوسی شکل کا۔ تیر انداز سپاہی۔ کمان بردار۔ قوس نما۔
کمان زہ کرنا (اُر۔محاورہ) کمان پر چلہ چڑھانا۔
کمان ساز (اُر۔امو) کمانیں بنانے والا۔
کمان سے نکلا تیر منہ سے نکلی بات پھر نہیں آتی (اُر۔مثل) بات

سوچ سمجھ کر کرنی چاہیئے ورنہ بعد میں پچھتانا پڑتا ہے۔

کمانِ فلک (اُر۔ اند) قوس وقزح۔

کمانِ کا رُخ کا جانا (اُر۔ محاورہ) کمان میں کسی طرف خم آجانا۔

کمان کھینچنا (اُر۔ محاورہ) کمان تاننا۔ غرور کرنا۔

کمان گر (ف ا۔ فاعل ترکیبی) کمان بنانے والا۔ کمنگر۔ ہاتھ پاؤں کی مُڑی ٹوٹی ہڈیوں کو اُن کی جگہ پر لے آنے والا۔

کمان میں ہونا (اُر۔ محاورہ) تابع ہونا۔ زیرِ حکم ہونا۔

کمان نکلنا (اُر۔ محاورہ) قوس وقزح کا نظر آنا۔

کمانا (ف۔ فعل) روپیہ حاصل کرنا۔ چمڑہ رم اور صاف کرنا۔ محنت مشقت کر کے جسم کو مضبوط کرنا۔ ذمہ لینا۔ ارتکاب کرنا۔ کم کر تگھٹانا۔ زمین کو زرخیز بنانا۔ پیشہ کرنا۔ بُرا کام کر کے روپیہ حاصل کرنا۔ لوہے کی سختی دور کرنا۔

کمانا دھمانا (اُر۔ محاورہ) دولت پیدا کرنا۔

کمانچہ (ف) کمان سے اسم تصغیر۔ چھوٹی کمان دُھنکی۔ روئی دُھننے کی غلیل ایک قسم کی سارنگی۔ چوتارا۔ طاؤچہ۔ محراب دار چھت۔ فولاد کی کمانی۔

کمانڈ Command - (انگ۔ اند) دیکھئے کمان۔

کمانڈر (انگ۔ اند Commander میر بخشی۔ سپہ سالار۔ فوج کا بڑا افسر۔

کمانڈر انچیف (انگ۔ اند Commander-in-Chief) سپہ سالار اعظم۔ جنگی لاٹ۔

کمانڈنٹ (Commandant۔ انگ۔ اند) کمیدان فوجی سردار جنگی حاکم۔

کمانڈو (Commando - انگ۔ اند) چھاپا مار سپاہی۔ گوریلا سپاہی

کمانہ (ف۔ اند) بڑھئی کی کمان جس سے برسا چلاتا ہے۔

کمانی (اُر۔ ا۔ مو) سارنگی کا گز لوہے کا لچکدار اور خمیدہ حلقہ جو گاڑیوں وغیرہ میں کام آتا ہے۔



بڑھیوں کی برما چلانے کی لکڑ تسمی۔

کمانی نہ پہیا گاڑی جوت میرے بھیا (اُر۔ مثل) غربت میں شیخی۔

کمانی

کمانے کو بھیڑ کھانے کو شیر (اُر۔ مثل) مجہول اور نکمے آدمی کے متعلق کہتے ہیں۔

کماؤ (ف۔ اصفت) خوب کمانے والا۔ محنتی مزدور۔ خاوند۔ مالک۔ پتی۔

کماؤ آوے ڈرتا نکھٹو آوے لڑتا (ف) مثل نکھٹو اور نکما آدمی گھر والوں پر ناجائز رعب ڈالتا ہے اور کماؤ بیچارا خاموشی سے گزارہ کرتا ہے

کماؤ پوت کیجیے سبھوت (اُر۔ مثل) کمانے والے بیٹے کو مال بہت چاہتی ہے۔

کماؤ خصم کس نے نہیں چاہا (اُر۔ مثل) مفید اور فیض رساں آدمی کو ہر شخص پیار کرتا ہے۔

کماؤ دھن (ا۔ مذ) بیٹا۔ فرزند۔ کرائے کی گاڑی۔ فاحشہ لڑکی کی کمائی کھانا۔

کماؤ پوت (ف۔ اند) سپوت بیٹا۔ کمائی کرنے والا بیٹا۔

کماؤ پوت کی دُور بلا (ف۔ مثل) سپوت بیٹے بڑے بڑے کام کر جاتے ہیں۔

کمائیں میاں خانخاناں اُڑائیں میاں فہیم (اُر۔ مثل) کمائے کوئی اُڑائے کوئی۔ دوسرے کے مال پر عیش منانے والے کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

کمائی (اُر۔ امو) کمانا سے حاصل مصدر ہے۔ آمدنی۔ کھٹی۔ پیدا۔ دخل مزدوری مزدوری نفع۔

کمبل (مس۔ اند) بھیڑ بکری کی موٹی اُون کا بنایا ہوا کپڑا۔ پلاس۔ موٹی اُون کی لوئی۔

کمبل اوڑھنے سے فقیر نہیں ہوتا (اُر۔ مثل) فقیری باطن کی صفائی پر منحصر ہے نہ ظاہری لباس پر نہیں۔

کمبل پوش (اُر۔ اصفت ترکیبی) کمبل اوڑھنے اور پہننے والا فقیر۔

کمبھ (مس۔ اند) مٹکا۔ گھڑا۔ آسمان کے گیارھویں بُرج کا نام۔ بُرج دلو۔ ہاتھی کا مستک۔ ہاتھی کا سر۔ ہر دوار کا میلہ جو بارہ برس کے بعد ہوا کرتا ہے۔

کمپا (ہ۔ اند) پرندوں کو پکڑنے کی لمبی چھڑیا بانس جس کے سرے کی تیلیوں پر لاسہ لگا ہوتا ہے۔

کمپا لگانا یا مارنا (ہ۔ محاورہ) لاسہ کے ذریعہ سے پرندوں کو پکڑنا۔ کسی کو قابو میں لانا۔ داؤں مارنا۔ مال اُڑانا۔

کمپارٹمنٹ (Compartment۔ انگ۔ اند) کمرہ۔ حجرہ۔ درجہ ڈبا۔



کمپاس (انگ۔ ا۔ مذ۔ Compass) قطب نما۔ پرکار۔ محیط دائرہ۔ رقبہ زمین کی پیمائش کا ایک آلہ۔



کمپاؤنڈ (انگ۔ اند۔ Compound) صحن مکان۔ احاطہ۔

کمپاؤنڈر (انگ۔ اند۔ Compounder) دواساز۔ ڈاکٹر کا معاون مددگار۔

کمپیٹیشن (Competition۔ انگ۔ اند) مقابلہ۔ امتحان یا تجارت میں رقابت مسابقت۔ کمپاس

کمپنی (انگ۔ امو۔ Company) لوٹلی۔ جتھا۔ انجمن۔ گروہ۔ فرقہ۔ شریک۔ ساجھی۔ انگلستان کے سوداگروں کی جماعت۔ جسے ایسٹ انڈیا کمپنی کہتے ہیں کارخانے کے حصہ داروں کا نام ظاہر نہ کیا جائے۔

کمپنی باغ (اُر۔ اند) سرکاری باغ جو لوگوں کی سیر کے لئے بنا ہو۔

کمپنی راج (اُر۔ اند) ۱۸۵۷ء سے پہلے ہندوستان میں ایسٹ انڈیا کمپنی کی حکومت تھی۔ اس دور سے مراد ہے۔

کمپنی کمانڈر Company Commander فوجی دستے کا تائید۔

کمپنی مارک Company Mark مخصوص علامت جو کسی کمپنی نے تجویز کر رکھی ہے۔

کمپو (انگ۔ اند) کیمپ چھاؤنی۔ لشکر گاہ۔ وہ فوج جو ایک جرنیل کے ماتحت ہو۔ میزا۔ فوج۔ لشکر۔ سپاہ۔ Campo

کمپو کے بگڑے ہوئے (اُر۔ اند) چھاؤنی کے شریر۔ لشکری لوگ پلٹے غنڈے مفسد۔ باغی۔ سرکش۔

کمپوزنگ (انگ۔ اند) ٹائپ کے حرفوں کو جوڑنا۔ ملانا۔ مرتب کرنا۔ سکے کے حرفوں کو جوڑنا۔ Composing

کمپوزیٹر (انگ۔ ا۔ مذ) سکے کے حرفوں کو جوڑنے والا۔ ٹائپ کے حرف جوڑنے والا۔ Compositor

کمتر (ف۔ اصفت) صفت کا دوسرا درجہ۔ دوسرے سے حقیر۔ خفیف۔
کمترین (ف۔ اصفت) صفت کا سب سے اعلیٰ درجہ۔ نہایت کم۔ بہت ہی حقیر۔ بندہ۔ نیاز مند۔ فدوی۔
کمتی (ا ث۔ اصفت) کم کا مزید علیہ۔ وزن مرتبہ یا لیاقت وغیرہ میں گھٹا ہوا ہو کم۔
کمٹھ (س اند) کھپوا۔ بانس۔
کمٹھا (ا ث۔ اصفت) کمنٹھا کا بگاڑ۔ بانس کی کمان۔ چاپ۔
کمخاب (ف) زربفت۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا جو زری کے تاروں کی آمیزش سے بنایا جاتا ہے۔ کمخواب۔
کمڈا (ہ۔ اند) گول کدو۔
کمر (ف۔ امو) جسم کا بیچ کا حصہ۔ وسط شے۔ پرتلا۔ پیٹی۔ پیٹکا۔ فوج کا پہلو بازو۔ لشکر۔ پہلوانوں کا ایک داؤں۔ مجازاً ہمت ڈھارس بیٹھ۔ پشت۔
کمر اکھڑ جانا (ا ر۔ محاورہ) پسینہ آنے کے بعد ہوا لگ جانے سے کمر کی لچک جاتی رہنا۔
کمر اکھڑ جانا (ا ر۔ محاورہ) کمر کی ہڈی ٹوٹ جانا۔
کمر باندھنا (ا ر۔ محاورہ) کمر سے پٹکا وغیرہ کسنا۔ تیار رہنا مستعد ہونا۔ ارادہ کرنا۔
کمر بستہ (ف۔ اصفت) ہر دم تیار۔ لیس۔ حاضر۔ مسلح۔ ہتھیار بند۔ خادم نوکر۔ خدمت گار۔ ملازم۔
کمر بند (ا ث۔ اند فاعل۔ ترکیبی) ازار بند۔ ناڑا۔ پیٹی۔ پٹکا (بحالت صفت) لیس مستعد۔ تیار۔ آمادہ۔ ملازم۔ نوکر۔ خادم۔
کمر بندی (ا ث۔ امو۔ بیائے مصدری) ہتھیار بندی۔ تیاری۔
کمر بیٹھنا (ا ر۔ محاورہ) ہمت نہ رہنا۔ مایوس ہو جانا۔ حوصلہ پست ہو جانا۔
کمر پٹڑا ہو جانا (ا ر۔ محاورہ) کمر اکڑ جانا۔
کمر پکڑ کے اٹھنا (ا ر۔ محاورہ) کمزوری کے باعث کمر تھام کر کھڑا ہونا۔ بوڑھا ہونا۔
کمر پکڑنا یا تھامنا (محاورہ) کسی کی مدد کرنا۔ اعانت کرنا۔ سہارا دینا۔
کمر تختہ ہونا (ا ر۔ محاورہ) کمر اکڑ جانا۔ کمر کا سخت ہو جانا۔
کمر توڑنا (ا ر۔ محاورہ) کمر کو شکستہ کر دینا۔ آس توڑنا۔ بیدل کرنا۔ ہمت توڑنا۔ دوستوں اور بھائی بندوں کو توڑ لینا زور گھٹانا۔ کمزور کر دینا۔
کمر تھامنا (ا ر محاورہ) مدد کرنا۔ سہارا دینا۔
کمر ٹوٹا (ا ث۔ اصفت) مفعولی۔ کبڑا۔ نامرد۔ سست نر آسا۔
کمر ٹوٹ جانا (ا ر۔ محاورہ) شکستہ دل ہونا۔ ہمت نہ رہنا۔ مایوس ہو جانا۔ بے یار و مددگار ہو جانا اولاد یا بھائی یا بندہ وغیرہ کا مر جانا۔
کمر ٹوٹنا (ا ر۔ محاورہ) کمر کو ضرب پہنچنا اولاد بھائی وغیرہ کا مرنا۔ سخت صدمہ گزرنا۔ ہمت ٹوٹنا۔ نا امید ہو جانا۔ بے یار و مددگار ہو جانا۔
کمر ٹوٹ گئی (ا۔ امو) ہمت جاتی رہی۔ مایوسی ہو گئی۔
کمر ٹھوکنا (ا ث۔ فعل) شاباش دینا۔ سراہنا۔ تھپکنا۔ تعریف کرنا۔
کمر ٹھیک ہونا۔ (ا ر محاورہ) لباس کا کمر کا حصہ درست ہونا۔
کمر جھکانا (ا ر محاورہ) کمر خم کرنا۔ خمیدہ ہونا۔
کمر جھکنا (ا ر۔ محاورہ) کبڑا ہو جانا۔ ناتواں اور کمزور ہو جانا بہت بوڑھا ہو جانا۔
کمر چست باندھنا (ا ر محاورہ) کمر کس کر باندھنا۔
کمر چست ہونا (ا ر محاورہ) تیار ہونا۔ آمادہ ہونا۔
کمر دیوال (ا ث۔ اند) کمر سے باندھنے کی چمڑے کی پیٹی۔ چمڑے کا تنگ گھیرا۔
کمر روکنا (ا ر محاورہ) کمر کے داؤ کا توڑ کرنا۔
کمر رہ جانا (ا ر۔ فعل) جسم کا بے حس و حرکت ہو جانا۔ کمر تھک جانا۔
کمر سی ٹوٹ گئی (ا ر۔ محاورہ) ہمت جاتی رہی۔ مایوسی ہو گئی۔
کمر سیدھی کرنا (ا ر۔ محاورہ) آرام کرنا۔ لیٹنا۔ تکان اتارنا۔ تھوڑی دیر کے لیے سونا
کمر سیدھی ہونا (ا ر محاورہ) تکان کا دور ہونا۔
کمر کا بل کھانا (ا ر محاورہ) کمر لچکنا۔
کمر کا ڈھیلا (ا ر۔ صفت) نامرد خصی۔ ہیجڑا
کمر کرنا (ا ر۔ محاورہ) کبوتر کا اڑتے میں قلابازیاں کھانا۔ گھوڑے کا کمر کو اس طرح اچھالنا کہ سوار کو گرنے کا اندیشہ ہو۔ پہلوانوں کا کمر داؤں۔
کمر کا مضبوط (ا ث۔ اصفت) طاقت ور۔ شہ زور۔ بڑی قوت والا۔
کمر کستا (ا ر۔ محاورہ) پکا ارادہ کرنا۔ کسی کام کے لئے بالکل آمادہ ہو جانا۔
کمر کمر (ا ث۔ تابع فعل) کمر تک۔ کمر کے برابر۔
کمر کشائی (ف۔ امو) کمر کھولنا۔ پیٹی اتارنا۔ ہتھیار کھولنا۔
کمر کوٹ (ا ث۔ اند) چھوٹی دیوار۔ کمر کے برابر فصیل۔ شہر پناہ۔
کمر کوٹھا (ا ث۔ اند) شہتیر یا کڑی کا وہ حصہ جو دیوار سے باہر کے رخ نکلا رہتا ہے۔
کمر کوہ (ف۔ امو) پہاڑ کا درمیانی حصہ۔ پہاڑ کا بیچ کا حصہ۔
کمر کھول بیٹھنا / کمر کھول کر بیٹھنا (ا ر۔ محاورہ) ملازمت چھوڑ دینا نوکری چھوڑ کر خانہ نشین ہو جانا۔
کمر کھولنا (ا ر۔ محاورہ) ہتھیار کھولنا۔ پیٹی کھولنا۔ کوشش چھوڑ دینا۔ آرام لینا۔ دم لینا۔ باز آنا۔ ارادہ فسخ کر دینا۔ کسی کام سے فارغ ہو بیٹھنا۔ خانہ نشین ہونا۔
کمر گئی (ا ر محاورہ) اس وقت کہتے ہیں۔ جب صدمہ پہنچے۔
کمر لپیٹنا (ا ر محاورہ) دوپٹہ کمر میں لپیٹنا۔
کمر لچکانا (ا ر محاورہ) کمر مٹکانا۔ کمر کو بل دینا۔
کمر لگنا (ا ر۔ محاورہ) چوپائے کی پیٹھ کا زخمی ہونا۔ ذرا کی ذرا لیٹنا۔ بستر پر پڑے پڑے کمر میں زخم ہو جانا۔
کمر لینا (ا ر محاورہ) کمر پکڑنا۔ کمر کا ناپ لینا۔
کمر مار کر چلنا (ا ر محاورہ) گھوڑے کا بوجھ کے سبب کمر جھکا کر چلنا۔
کمر مارنا (ا ر۔ محاورہ) ترچھا یا آڑا وار کرنا۔ پہلو سے رخ ضرب لگانا۔ لشکر کے درمیانی حصے پر حملہ کرنا۔
کمر میں توشہ تو منزل کا بھروسہ (ا ر مثل) گرہ میں پیسہ ہو تو سفر میں بھی اطمینان رہتا ہے۔ مالدار کو سفر میں تسلی ہوتی ہے۔
کمر میں مچھ آنا (ا ر۔ محاورہ) کمر کا جھٹکا کھا جانا۔ کمر کو ضرب پہنچنا۔
کمر ہلانا یا چلانا (ا ر۔ محاورہ) کمر کو حرکت دینا۔ دھکے لگنا۔
کمر ہمت باندھنا (ا ر۔ محاورہ) مستعد ہونا۔ ہمت باندھنا۔

کور بخت (ف۔ اصفت) بے نصیب۔ نر بھاگ۔ بدبخت۔
کور دہ (ف۔ اصفت) کم آباد گاؤں۔ غیر مشہور بستی۔ بے علموں کی جگہ۔
کور نمک (ف اصفت) نمک حرام۔ احساس فراموش۔ ناشکرا۔
کورا (ہ۔ اصفت) اچھوتا۔ نیا۔ غیر مستعمل۔ سادہ صاف۔ بن لکھا اور بن دھلا کپڑا۔ بالکل بے عقل۔ جاہل۔ ٹھوٹ پڑھا ہوا بھلا دینے والا۔ غریب۔ محتاج نادار۔ نہایت تیز اور باڑھ دار جیسے کورا استرا۔ بالکل۔ خالص۔ بے وفا۔ بے مروت۔ نا علمدار۔
کورا بچنا (ہ فعل) صاف بچنا۔ بال بال بچنا۔
کورا برتن (ہ۔ اند) غیر مستعمل برتن۔ پانی نہ لگا برتن۔ مجازاً کنواری بچی۔ کنواری لڑکی۔
کورا پنڈا (ہ۔ اند) بن بیاہی عورت۔ کواری۔ کوارا۔
کورا رکھنا (ہ۔ محاورہ) بالکل محروم رکھنا۔ خالی رکھنا۔ کچھ نہ سکھانا۔ وعدہ پورا نہ کرنا۔
کورا رہ جانا (ہ محاورہ) جاہل رہنا۔ کچھ حاصل نہ ہونا۔ بالکل محروم رہنا۔
کورا جانا (ہ محاورہ) خالی ہاتھ جانا۔
کورا کاغذ (ہ محاورہ) بن لکھا کاغذ۔ سادہ کاغذ۔
کورا کل جانا (اُ محاورہ) بے داغ بچ جانا۔
کورٹ (انگ۔ مو) شاہی محل۔ سرائے عدالت۔ کچہری۔ دربار۔ Court
کورٹ انسپکٹر (انگ۔ مذ) سرکار کی طرف سے عدالت میں فوجداری مقدمات کی پیروی کرنے والا پولیس افسر۔ Court Inspector
کورٹ آف وارڈز (انگ۔ مذ) نابالغ امرا کی جائیداد کے انتظام کا محکمہ۔
کورٹ شپ (انگ۔ مذ) شادی سے پہلے میاں بیوی بننے والوں کی ملاقاتوں کا زمانہ۔ Court Ship
کورٹ مارشل (انگ۔ مذ) فوجی یا جہازی افسروں کے مقدموں کا اجلاس۔ Court Martial
کورس (انگ۔ مذ) تعلیم کا زمانہ۔ درسی کتاب۔ گھوڑ دوڑ کا میدان۔ Course
کورس (انگ۔ صف) ادنیٰ۔ معمولی۔ گھٹیا۔ موٹا۔ کھردرا۔ گنوارو۔ Coarse
کورس (انگ۔ مذ) وہ نغمہ جو سب مل کر گائیں۔ گانے والوں کی جماعت۔ چوکی۔ طائفہ۔ Chorus
کورنش (ب۔ امو) جھکاؤ۔ سلام۔ آداب۔ بندگی۔
کورنشات (ت۔ امو) کورنش کی جمع۔
کورو (س۔ مذ) راجہ دھرت۔ راشٹ کی اولاد جو مہابھارت کی لڑائی میں پانڈوں سے لڑے تھے۔
کورو (ہ۔ مذ) تلے وغیرہ کی لکڑی۔ یا جھانکڑ شہتیر۔
کوری (ف۔ امو۔ بیائے مصدری) اندھاپن۔ نابینائی۔ دکھائی نہ دینا۔
کوری آنکھ سے دیکھنا (اُ محاورہ) بے حیائی سے دیکھنا۔ ٹکٹکی لگا کر دیکھنا۔
کورے استرے سے سر منڈوانا (اُ۔ محاورہ) سخت سزا پانا۔ یا دلوانا۔
کورا (اُ صف) دیوانہ بے وقوف گنوار۔ احمق۔
کوڑا۔ یا کوڑا کرکٹ (ہ۔ مذ) آڑ کباڑ خس و خاشاک۔ گھاس پھونس۔ اناپ شناپ۔ خراب اور نکمی چیز۔
کوڑا (ہ۔ بوا مجہول۔ مذ) چابک۔ تازیانہ۔ دُرّہ۔ سزا۔ گوشمالی۔
کوڑا پھٹکارنا (اُ محاورہ) کوڑا مارنا۔
کوڑا کرنا (اُ محاورہ) چابک مارنا تنبیہ کرنا۔ گوشمالی۔ مارنا۔ پیٹنا۔
کوڑا کھانا (اُ محاورہ) چابک کی مار کھانا۔
کوڑا لگانا (اُ۔ محاورہ) چابک لگانا۔ سزا دینا۔ گوشمالی کرنا تنبیہ کرنا۔
کوکوڑا (ہ۔ مذ) کوڑی سے اسم مکبر۔ بڑی کوڑی۔
کوڑھ (ہ۔ اصفت) بیوقوف۔ مودھو۔ مجبونڈو۔ نادان۔ کنوار۔ بچھوہر۔ بے تمیز۔ لغو۔ مہمل۔ بے ہنر۔
کوڑھ مغز یا کوڑ مغز (اُ۔ اصفت) کند ذہن۔ بالکل احمق۔ نرا مورکھ۔ محض نادان۔
کوڑی مغزی کی بات (اُ۔ امو) بیوقوفی کی بات۔ حماقت کی بات۔
کوڑھ (ہ۔ امو) جذام ایک مرض کا نام جو فساد خون سے ہوتا ہے جس میں اعضا متورم ہو کر انگلیاں وغیرہ گر جاتی ہیں۔ یا جسم پر سفید برص کے نشان پڑ جاتے ہیں۔
کوڑھ ٹپکنا یا چونا (ہ۔ محاورہ) مرض جذام سے انگلیاں گرنا۔ یا جسم سے پانی ٹپکنا۔
کوڑھ میں کھاج (ہ۔ محاورہ) تکلیف میں تکلیف۔ آفت پر آفت بلا میں بلا۔
کوڑھی (ہ۔ اصفت) جذامی۔ مجذوم۔ سست۔ نکھٹو۔ کاہل۔
کوڑھی کلنکی (ہ۔ اصفت۔ بیائے فاعلی) پاپی۔ فاسق۔ فاجر۔ گنہگار۔
کوڑھی کے جوں نہیں پڑتی (ہ۔ مثل) مرے کو کوئی نہیں مارتا۔ مصیبت کا کوئی ساتھی نہیں۔ جو خود مصیبت زدہ ہو اس پر کیا آفت آئے۔
کوڑھی کی کھیر سا جھانر شیر (ہ۔ مثل) بُرے کے مال سے کسی کو فائدہ نہیں پہنچتا۔ نہایت بخل اور کنجوسی کے موقع پر بولتے ہیں۔
کوڑھی (ہ۔ امو۔ بوا مجہول) ایک بیسی۔ بیس عدد۔ پورے بیس۔ ۲۰۔
کوڑی (ہ۔ امو۔ بوا معروف) کوڑے کرکٹ اور نجاست کا ڈھیر۔ بنڈاس۔
کوڑی (ہ۔ امو۔ بفتح اول) خرمہرہ۔ کوڑ کی تصغیر چھوٹا سکھ جو اونٹ کے گلے کا کام دیتا ہے۔ سینے کی ہڈی۔ کٹار کی نوک۔ مجازاً۔ دھن دولت روپیہ۔ پیسہ۔ مقدار۔ قلیل۔ دمڑی پائی۔ حبۃ۔ ادنیٰ۔ وزن۔
کوڑی بھر (ہ۔ تابع فعل) تھوڑا سا۔ ذرا سا۔ ماشہ بھر۔ یونہی۔
کوڑی جگن لگن۔ کوڑی چھپول۔ کوڑی زغند (اُ۔ اند) بچوں کے ایک کھیل کا نام۔
کوڑی پاس نہ ہونا (ہ محاورہ) بالکل کنگال ہونا۔ نہایت محتاج اور غریب ہونا۔
کوڑی پھینکنا (ہ محاورہ) پیادہ سپاہیوں کا کسی امر پر متفق ہو جانا۔
کوڑی کا مال نہیں (ہ محاورہ) مفت لینے کے بھی قابل نہیں۔ محض نکمی بے حقیقت ہے۔
کوڑی پھیر اکرنا (ہ۔ محاورہ) نہایت پھرنا۔ بہت پھیرے کرنا۔ ادنےٰ ادنےٰ کام کے لئے پھرنا۔
کوڑی دانتوں سے اٹھانا (اُ محاورہ) بہت کچھ سعی کرنا۔
کوڑی دکان مانگنا (اُ محاورہ) بہت ذلت سے بھیک مانگنا۔
کوڑی کا کر دینا (اُ محاورہ) بے عزت کر دینا۔ وقعت کر دینا۔

کوڑی کا مال نہیں (اُر محاورہ) خراب مال ہے۔ خریدنے کے قابل نہیں۔
کوڑی کا ہو جانا (اُر۔ محاورہ) نہایت ذلیل ہو جانا۔ کام کا نہ رہنا۔ خراب اور نکمارہ جانا۔
کوڑی کفن کو نہ ہونا (اُر محاورہ) نہایت محتاج اور مفلس ہونا۔
کوڑی کوڑی (ہ۔ تابع فعل) ذرا ذرا۔ حبہ حبہ۔ ایک ایک کوڑی۔
کوڑی کوڑی ادا کرنا (اُر محاورہ) دام دام بے باق کرنا۔
کوڑی کوڑی پھیر پایا (اُر محاورہ) کل وصول ہونا۔
کوڑی کوڑی بھیک مانگنا (اُر محاورہ) نہایت ذلت سے بھیک مانگنا۔
کوڑی کوڑی پر جان دینا (اُر محاورہ) بہت کنجوس ہونا۔
کوڑی کوڑی پر دانت رکھنا (اُر محاورہ) بہت لالچی ہونا۔
کوڑی خرچنا (اُر محاورہ) تھوڑا سا خرچ کرنا۔
کوڑی کوڑی جوڑنا (اُر۔ محاورہ) نہایت کفایت شعاری سے دولت جمع کرنا۔ تھوڑا تھوڑا کر کے دولت جمع کرنا۔
کوڑی کوڑی کو تنگ یا حیران ہونا (اُر۔ محاورہ) نہایت محتاج ہونا بہت ہی تنگدست ہونا۔
کوڑی کوس دوڑنا (محاورہ) نہایت لالچی اور حریص ہونا۔ بہت محنت اور مشقت کرنا۔
کوڑی نہ پوچھنا (محاورہ) ذرا قدر نہ ہونا۔ مفت بھی نہ قبول کرنا۔ نہایت ذلیل ہونا۔
کوڑی کے تین تین بکنا (محاورہ) نہایت سستا بکنا۔ بہت بے قدر اور ذلیل ہونا۔
کوڑی کے کام کا نہیں (ہ۔ محاورہ) بہت ہی نکما اور ناکارہ ہے۔
کوڑی کے مول بکنا (محاورہ) سستا اور ارزاں بکنا۔
کوڑی گانٹھ میں چلے باغ کی سیر (ہ۔ مثل) کنگال ہو کر بڑے حوصلے کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔
کوڑے کر ڈالنا (ہ۔ محاورہ) دام کھڑے کر لینے۔ فروخت کر دینا۔ بیچ ڈالنا سستے داموں بیچنا۔
کوڑیالہ (ہ۔ اند) ایک قسم کا زہریلا سفید چیتوں والا سانپ۔ ایک بوٹی کا نام۔ مالدار۔
کوڑیوں کے جھاڑ (ہ۔ اند) کوڑیوں کا بنا یا ہوا کھلونا۔
کوز (اصفت) کبڑا۔ خمیدہ۔
کوز پشت یا کوزہ پشت (ف۔ اصفت) کبڑی کمر والا۔ بڈھا۔ خمیدہ پشت۔
کوزہ (ف۔ مذ) ڈونگا۔ قلفی۔ تغلی۔ مٹی کا برتن۔ مصری کا گول ڈلا۔ مٹی کا آبخورہ۔
کوزہ گر (ف۔ اند) کمہار۔ کاسہ گر۔ کلال۔
کوزہ بنات (ف۔ امو) مصری کا کوزہ۔
کوزے میں دریا بند کرنا (اُر۔ محاورہ) کسی طویل مضمون کو مختصر الفاظ میں بلافوت مطلب لکھنا۔
کوس (ہ۔ اند) تین ہزار گز کی لمبائی۔ آستین کا کف۔
کوس نہ چلی یا بل پیاسی (ہ۔ مثل) آغاز کار سے ہی تھکنے اور ہمت ہار دینے کا اظہار۔
کوس (ف۔ اند) دھونسا۔ دمامہ۔ نقارہ۔
کوس لمن الملک بجانا (اُر محاورہ) اپنی خدائی یا حکومت کا ڈنکا بجانا۔
کوسا (اصفت بترکیب مفعولی) کوسا ہوا۔ سراپ۔ دعائے بد۔
کوسا لگنا (ہ۔ محاورہ) بددعا کا اثر ہو جانا۔ سراپ لگنا۔

کوسا کاٹی / کوسا کلیٹی (ہ۔ امو) دعائے بد۔ سراپ۔ بددعا۔ کوستا پیٹنا۔
کوس کوس کے کھا جانا (اُر محاورہ) بددعائیں دے کر مار ڈالنا۔
کوسنا (ہ۔ فعل) بددعا دینا۔ سراپ دینا۔ بُرا بھلا کہنا۔ پیٹنا۔ ماتم کرنا۔
کوسنا (ہ۔ اند۔ حاصل مصدر) سراپ بددعا۔ ماتم۔
کوسنا کاٹنا یا کلیٹنا (ہ۔ فعل) بددعا دینا۔ بُرا بھلا کہنا۔ پیٹنا۔ ماتم کرنا۔ رونا دھونا۔
کوسنا لگ جانا (اُر محاورہ) بددعا کا اثر ہونا۔
کوسوں (ہ۔ اند) کوس کی جمع بہت دور کا لمبے کوس۔
کوسوں بھاگنا (اُر محاورہ) بہت دُور دوڑنا۔ نہایت نفرت کرنا۔ الگ رہنا۔ پاس نہ پھٹکنا۔
کوسوں پیچھے جانا (اُر محاورہ) بہت پیچھے رہنا۔
کوسوں دُور بھاگنا / رہنا (اُر محاورہ) دور چلے جانا۔ الگ ہو جانا۔
کوسے جئیں اسیسے مریں (اُر۔ مثل) دنیا کے معاملات عجیب ہیں جن کو دعا دی جاتی ہے وہ مر جاتے ہیں اور جن کو بددعا دی جاتی ہے وہ جیتے رہتے ہیں۔
کوسوں دور ہونا (محاورہ) بہت دُور ہونا۔ بالکل الگ رہنا۔ سخت نفرت کرنا۔
کوش (س۔ اند) خزانہ۔ بیخ۔ گنجینہ۔ مخزن۔ لغت کی کتاب۔ ڈکشنری۔
کوشاں (ف۔ صف) کوشش کرنے والا۔
کوشش (ف۔ امو) حاصل مصدر از کشیدن۔ جتن۔ پیر ڈھوری۔ دوڑ دھوپ جستجو۔ قصد۔
کوشک (ف۔ اند) اونچی اور بلند عمارت۔ محل۔ ایوان۔
کوفت (ف۔ امو) حاصل مصدر از کوفتن۔ تھکن۔ تکان۔ صدمہ۔ آسیب۔ درد رنج۔ دُکھ۔ سختی۔ غم۔
کوفت اُٹھانا (اُر محاورہ) مصیبت یا تکلیف برداشت کرنا۔
کوفت پر کوفت اُٹھانا (اُر محاورہ) صدمہ پر صدمہ برداشت کرنا۔
کوفت کھانا (اُر محاورہ) رنج برداشت کرنا۔ جی جلانا۔
کوفت گزرنا (اُر محاورہ) رنج اور صدمہ گزرنا۔
کوفتہ (ف۔ اصفت بترکیب مفعولی) کوٹا ہوا۔ قیمہ کے کوٹ پکے ہوئے کباب۔
کوفتہ پختہ (ف۔ تابع فعل) کوٹ چھان کر (اطبا کی اصطلاح ہے)۔
کوفہ (ع۔ اند ظرف) عراق عرب کے ایک مشہور شہر کا نام ہے جو حضرت علیؓ کا دارالخلافہ تھا۔
کوفی (ع۔ اصفت۔ بیائے نسبتی) کوفہ کا رہنے والا۔ بے وفا۔ ظالم۔ بے رحم نمک حرام۔ باغی۔
کوک (ہ۔ اند بواد مجہول) ایک کتاب کا نام ہے جسے کوک شاستر بھی بولتے ہیں۔
کوک (ف۔ امو۔ بواو مجہول) پکی سلائی۔ لمبے لمبے ٹانکے۔
کوک دینا (اُر محاورہ) پکی سلائی کر دینا۔ ترپ کر دینا۔
کوک (ہ۔ امو۔ بواو معروف) اونچی آواز۔ سریلی آواز۔ قاقہہ۔ فاختہ۔ قمری اور کوے کی آواز۔ للکاری۔ صیحہ۔ نعرہ۔ گھڑی گھنٹے وغیرہ کو چابی دینا۔ آہ و نالہ۔ رونے اور پیٹنے کی آواز۔
کوک اُتر جانا (اُر محاورہ) سپرنگ کھل جانا۔ گھڑی کو چابی کی ضرورت ہونا۔

کوک چڑھنا (اُر۔محاورہ) گھڑی وغیرہ میں چابی زیادہ لگ جانا۔ سپرنگ کا زیادہ کسا جانا۔

کوک دینا محاورہ) گھڑی باجے وغیرہ کو چابی دینا۔ چکر کسنا۔ کنجی دینا۔ آواز لگانا

کوک مارنا (اُر۔محاورہ) چیخ مارنا۔ ہانک مارنا۔

کوک کروں تو جگ ہنسے چپکے لاگے گھاؤ ایسے کھٹن سینہ کوکے بدکروں اپاؤ (ہ۔مثل) عشق کی کیفیت یہ ہے کہ اگر آواز نکالوں تو لوگ ہنسیں اور خاموش رہوں تو تکلیف ہوتی ہے اس کا کیا علاج کیا جائے۔

کوکا (ہ۔اند) سکھوں کے اس مذہب نام ہے جسے بھائی رام سنگھ نے رائج کیا تھا۔

کوکا (ہ۔اند۔ براد مجہول) چھوٹی سی پرگ۔ باریک کیل۔

کوکا بیلی (ھ مذ) گل نیلوفر۔ کنول۔

کوکب (ع۔اند) بڑا ستارہ۔ روشن تارا۔ ستارا۔

کوکبہ (ف۔اند) بیاہے نسبتی) ستارا جماعت۔ بھیڑ۔ مجازاً لشکر شاہی سواروں کا پرا۔ بادشاہی ماہی مراتب۔ جلوشاہی۔ بادشاہی شوکت۔

کوکر (ہ۔اند) کتا۔ سگ۔ حقارتاً۔ نوکر کا نوکر۔ چاکر۔

کوکر بسیرا کرنا (اُر۔محاورہ) بہت تھوڑی دیر۔ آرام لینا۔ ذرا کی ذرا ستانا بہت کم ٹھہرنا۔

کوکر بھنگرا (ہ۔اند) ایک بدبودار بوٹی کا نام ہے۔

کوکر چندی (ہ۔امو) ایک بوٹی کا نام ہے جسکے پتے پیس کر سگ گزیدہ کے زخم پر لگاتے ہیں۔

کوکلا (ہ۔اند) ایک قسم کی فاختہ۔ ایک ہلکی قسم کا گھونگا

کوکلتاش (ت۔ا۔مذ) بادشاہ کا دودھ شریک بھائی۔ رضائی بھائی۔ ایک ماں کا دودھ پیلے ہوئے۔

کوکنا (ہ۔فعل) دھاگا ڈالنا۔ پچی سلائی کرنا۔

کوکنا (اُر۔فعل) چیخ مارنا۔ شور کرنا۔ غل مچانا۔ چیختا۔ کوئل کا بولنا کرا رہنا۔ درد کی آواز نکالنا۔ گھڑی یا باجے وغیرہ کو چابی لگانا۔

کوکنار (ف۔اند) خشخاش کا دودھ۔ پوست خشخاش۔

کوکنی (ہ۔اصفت) چھوٹا سا نتھا۔ ذرا سا کھٹیل۔ ادنےٰ درجہ کا۔ پنجاب میں جھاڑی بوٹی کے بیر کو بھی کوکنی بیر یا کوکن بیر کہتے ہیں۔

کوکنی (اُر۔اند) ایک قسم کا رنگ ہوتا ہے۔ جو شہاب لاجورد اور پھٹکڑی سے تیار ہوتا ہے۔

کوکو (ف۔امو) صوت۔ قمری اور فاختہ کی آواز کی نقل۔

کوکو (ہ۔امو۔ براد مجہول) کوا۔ زاغ۔ چیل۔ بچوں کے ڈرانے کا ایک فرضی نام ہے

کوکو (انگ۔امو) ایک قسم کا منصوف جو ایک درخت کے بیجوں سے تیار کیا جاتا ہے۔ ایک قسم کی چائے جو اس منصوف سے تیار کی جاتی ہے

کوکہ (ات۔اند۔ براد مجہول) دودھ شریک بھائی۔ اتا کا بیٹا۔ برادر۔ رضائی۔ دودھ کی بہن۔ اتا کی بیٹا۔

کوکھ (ہ۔امو۔ براد مجہول) پہلو۔ بغل۔ گود۔ پیٹ۔ شکم۔ بطن۔ پہلو کے نیچے کی بے ہڈی جگہ۔ جھولی۔ حمل۔ گربہ۔ مجازاً۔ اولاد۔

کوکھ آباد رہتے (اُر۔دعا) اولاد اندر رہے۔ بچے جیتے رہیں۔

کوکھ آنچ سے بھری پڑی ہے (اُر۔محاورہ) اولاد اور خاوند زندہ سلامت ہیں

کوکھ اُجڑ جانا (ہ۔محاورہ) استقاط حمل ہونا۔ اولاد مر جانا۔ حمل نہ رہنا۔ حمل گر جانا۔

کوکھ بند (اُر۔اند) مفید صفت۔ بانجھ عورت۔

کوکھ جلی (ہ۔اصفت بترکیب مفعولی) وہ عورت جسے بچوں کے مرنے کا صدمہ پہنچا ہو

کوکھ سے ٹھنڈی ہے (ہ۔محاورہ) اولاد سے خوش ہے۔ گود بھری ہے۔ صاحب اولاد ہے۔

کوکھ کی آنچ / مامتا (اُر۔امو) ماں کی محبت۔

کوکھ کی آنچ سہی جاتی ہے پیڑو کی آنچ نہیں سہی جاتی (اُر۔مثل) اولاد کے مرنے کا صبر آجاتا ہے مگر خاوند کی موت برداشت نہیں ہوتی

کوکھ ماری جانا (اُر۔محاورہ) بانجھ ہو جانا۔ حمل کے قابل نہ رہنا۔

کوکھ مانگ بھری پڑی رہے (ہ۔دعائے خیر) گود بھری اور سہاگ بنا رہے۔ اولاد زندہ اور خاوند سلامت رہے۔

کوکھ مانگ سے ٹھنڈی رہنا (اُر۔محاورہ) سہاگن اور صاحب اولاد رہنا۔

کوکھیں لگنا (ہ۔فعل) بھوک کے مارے کوکھیں خالی معلوم ہونا۔ بھوکا ہونا۔

کوکین (انگ۔امو) ایک قسم کا اور رنگ Cocaine

کوکین (انگ۔امو) ایک نشہ آور اور بے حس کر دینے والی چیز۔

کوکل (ہ۔اند) کچا اناج جو اسی طرح بھون کر کسان لوگ کھاتے ہیں۔

کوکل گراس نہ کرنا۔ (اُر۔محاورہ) لقمہ تک نہ کھانا۔

کوکل (ہ۔اند) لقمہ۔ نوالہ۔ گراس۔ اتنا اناج جو چکی میں پیسنے کے لیے ڈالتے ہیں۔ گلا پنجاب میں۔ کٹورا یا گلاس۔

کوکل (Coal۔ انگ۔مذ) کوئلہ۔ پتھر کا کوئلہ۔

کوکل تار (Coaltar) تار کول۔

کوکل سٹیشن (Coal Station۔ انگ۔مذ) وہ مقام جہاں ریل کا انجن یا جہاز کوئلہ لیتے۔

کوکلا (ہ۔اند) کونہ۔ گوشہ۔ دروازے کے اِدھر اُدھر کا پہلو۔ گود۔ بغل بنگرا نارنگی۔ اناج کی وہ پولی جو کاٹنے کو دی جائے۔

کوکلا (ہ۔اند) پٹھا۔ سرین۔ چوتڑ۔ ازار بند بندھنے کی جگہ۔

کوکلا کاٹنا (ہ۔محاورہ) ہمزاد بنا۔ کچھ صدمہ پہنچانا۔

کوکلا مار کر چلنا (ہ۔محاورہ) چوتڑوں کو ہلا ہلا کر چلنا۔

کوکلوں کود غا دینا (اُر۔محاورہ) موت سے بچ جانا۔

کوکلا مکانا (ہ۔فعل) مٹک کر چلنا۔

کوکھو (ہ۔اسم مذ) تیل پیلنے یا رس نکالنے کا آلہ۔ تیل نکالنے کا آلہ۔ تیل نکالنے کی مشین۔

کوکھو پیلنا (اُر۔محاورہ) کوکھو چلانا۔ کوکھو میں ڈال کر تیل نکالنا۔

کوکھو سے پیلنا (اُر۔محاورہ) بہت ایذا دینا۔

کوکھو سے کھل اُتری بھئی بیلوں جوگ (اُر۔مثل) آدمی بوڑھا ہو کر نکما ہو جاتا ہے۔

کوکھو کا بیل (ہ۔اند) تیلی کا تیل (بحالت صفت) نہایت محنتی۔ جفاکش۔ انجان۔ بے خبر۔

کو ٹھو کاٹ موگری بنانا (ہ مثل) ایک اعلیٰ چیز کو بگاڑ کر ادنیٰ چیز بنانا۔ حماقت اور بے وقوفی کا کام کرنا۔

کو ٹھو کے بیل کو گھر ہی پچاس کوس / کو ٹھو کے بیل کو گھر ہی منزل ہے (ہ مثل) مصیبت زدہ کو گھر میں بھی آرام نصیب نہیں ہوتا۔

کو ٹھو کے بیل کی طرح چلنا (اُر۔محاورہ) نہایت جفاکشی اور محنت کرنا کسی کام میں دن رات مصروف رہنا۔

کو ٹھو کے بیل کی طرح کسنا (ہ۔ محاورہ) نہایت بے رحمی کی سزا دلوانا۔ شکنجے میں کھینچوا دینا۔

کو ٹھو میں پلوا دینا (اُر۔محاورہ) کو ٹھو کے ذریعے سے تیل نکالنا۔ سخت سزا دینا۔

کو ٹھو میں پیل ڈالنا (ہ فعل) نہایت بے رحمی کی سزا دینا۔

کو ٹھو سے لگ کر کھڑے ہونا (اُر۔محاورہ) کو ٹھو کے ذریعے سے تیل نکالنا۔ سخت سزا دینا۔

کوکلی (ہ امو) بفتح اول۔ گودگودی۔ دونوں ہاتھوں کا حلقہ۔ آغوش۔ بغل۔

کوکلی میں بھر لینا / کوکلی بھرنا (ہ فعل) گودی بھرنا۔ آغوش میں دبا لینا۔ بغل میں لے لینا۔ گلے لگانا۔ بغلگیر ہونا۔

کولے سینچنا۔ یا۔ ٹھنڈے کرنا (ہ فعل) دروازے کے دونوں طرف بلا کے رد کرنے کی غرض سے پانی چھڑکنا۔ سفر کو آتے یا جاتے وقت ایسا کیا کرتے ہیں۔

کولے سے لگ کر کھڑے ہونا (اُر۔محاورہ) روٹھ کر دیوار کے ساتھ یا کونے میں کھڑا ہونا۔

کولیشن (Coalition - انگ۔ا۔مو) اتحاد۔ اتفاق۔ مختلف جماعتوں کا متحدہ حکومت۔

کومل (ہ۔ اصفت) براؤ مجہول نہایت نرم۔ نازک۔ بلائم۔ فصیح۔ شیریں۔ میٹھا کلام۔

کومہل یا کومل (ہ۔ اند) سیندھ۔ پاڑ۔ نقب۔ چوروں کا شگاف جو مکان میں گھسنے کو کرتے ہیں۔

کومیٹ (Comet - انگ۔ند) سیارا۔

کومیٹ

کون (ع۔اند) ہست ہونا۔ موجود ہونا۔ مجازاً دنیا۔ جہان۔ ہستی۔ عالم۔ موجودات۔

کون و فساد (ع۔اند) موجود ہونا اور خراب ہونا۔ ہو کر بگڑ جانا۔ مجازاً عالم فانی دنیا

کون و مکان (عہند) دنیا۔ جگ۔ سنسار۔ جہان۔

کون (ہ۔ اعدد) مفید صفت۔ دلالوں کی اصطلاح۔ ایک کم دس۔

کون (ف۔ امو) پاخانہ کی جگہ۔ سفرہ۔ مقعد۔

کون خر (ف۔ اصفت مرکبی) نہایت ہی احمق۔ سخت۔ بیوقوف۔ نرا احمق ہی نہیں۔ بلکہ نہایت بدبو کی جگہ۔

کون (ہ۔ کلہ) استفہام برائے انسان۔ کدام۔ کیا چیز ہے۔ بے حقیقت۔

کون امر (اُر۔متعلق فعل) کون سا امر۔

کون بات (اُر۔متعلق فعل) کون سی بات۔

کون پرائی آگ میں کرتا ہے (ہ۔محاورہ) دوسرے کی آفت اپنے ذمے کوئی نہیں لیتا۔

کون جانے (اُر۔روزمرہ) کون نہیں جانتا خدا جانے۔

کون حقیقت (اُر۔روزمرہ) بے حقیقت۔

کون دن تھے (اُر۔روزمرہ) کیسے اچھے دن تھے کیا اچھا زمانہ تھا۔

کون سا (ہ۔کلہ۔ استفہام) کدام۔ کدامیں۔ کدام۔ کیسے۔ ایسا کتنا۔ ایسا کس قدر جیسے آپ نے کون سا خرچ کر دیا۔

کون سا درخت ہے جس کو ہوا نہیں لگتی (اُر۔محاورہ) عیب اور تکلیف سے کوئی خالی نہیں۔

کون سے مرض کی دوا ہو (اُر۔محاورہ) کس کام ہو بالکل نکمے اور ناکارہ ہو۔

کون کس کی سنتا ہے (اُر۔روزمرہ) کوئی کسی کی فریاد نہیں سنتا۔

کونا۔ یا کونہ (ہ۔ اند) گوشہ۔ زاویہ۔ کھونٹ۔ نکڑ۔ طرف پہلو یا کھا۔

کونا کونا جھانکنا / دیکھنا (اُر۔محاورہ) بے انتہا تلاش کرنا جستجو کرنا۔

کونا کھدرا یا کونہ کھترا یا کونہ کچونہ (ہ۔ اند) گوشہ و گوشہ۔ کونا دونا یہاں کھدرا وغیرہ۔ تابع مہمل ہیں۔

کونے کی خیر منانا (اُر۔محاورہ) گھر کی بھلائی چاہنا۔

کونے سے بیٹھ رہنا (اُر۔محاورہ) گوشہ نشین ہونا۔

کونے میں پڑا رہنا (اُر۔محاورہ) سب سے الگ ہونا۔

کونپل (ہ۔ امو) درخت کے نئے پھوٹے ہوئے ملائم پتے۔ کلی۔ شگوفہ۔

کونپل پھوٹنا (اُر۔محاورہ) شگوفہ نکلنا۔ نئے پتے نکلنا۔

کونت (ہ۔ امو) اُنکل۔ آنک۔ اندازہ۔ جانچ۔

کونتنا۔ یا کونتھنا (ہ۔ فعل) قبض کی حالت میں زور دے کر دفع براز کرنا۔ مقعد پر زور دے کر پاخانہ کرنا۔

کونج (اُر۔ امو) راج ہنس۔ کنگ۔ مرغابی۔ حواصل۔ قاز۔

کونج کونج ہماری کوڑی دے جا اپنی کوڑی لے جا (اُر۔متعلہ) بچوں کا ایک کھیل جب کونجوں کی قطار دیکھتے ہیں تو دونوں ہاتھوں کی جھٹان آپس میں رگڑ کر کہتے ہیں۔

کونجڑی (اُر۔امو) بگڑا کی تانیث ہے سبزی بیچنے والا۔

کونجڑی اپنے بیر کھٹے نہیں بتاتی (اُر۔مثل) کوئی اپنی چیز کو برا نہیں کہتا۔

کونچ (ہ۔اند) جولاہے کا تانی صاف کرنے کا برش۔ کنگھے سے اوپر کا پٹھا۔

کونچ یا کونچ پھلی (ہ۔ امو) ایک درخت اور اس کی پھلی کا نام ہے جس کے روئیں کے جسم انسان پر گرنے سے کھجلی سخت ہونے لگتی ہے۔

کونچہ (ہ۔اند) بھربھرے بیچے کا کترا ہوا۔ جس وہ بھاڑ میں سے ریت نکالا کرتا ہے کنگھے کے اوپر کا پٹھا

کونچی (ہ۔ امو) سفیدی پھیرنے کا موچھ کا برش۔ سونے چاندی کا زیورات صاف کرنے کا برش۔ مجازاً لمبی ڈاڑھی۔

کوند (ہ۔ امو) بجلی کی چمک۔ تابش برق درخش۔

کوندا (اُر۔اند) بجلی کی چمک۔

کوندا پڑنا (اُر۔محاورہ) بغیر گرج کے بجلی کا چمکنا۔

کوندا لپکنا (اُر۔محاورہ) دیکھئے کوندا پڑنا۔

کوندا لگنا / کوندا ہونا (اُر۔محاورہ) بغیر گرج کے بجلی کا چمکنا۔

دل کھول کر خرچ کر ڈالا۔

کنکریٹ ر کنکرا اور سیمنٹ کا مرکب۔ Concrete

کنکریلا (ہ۔ صفت) ترکیب فاعلی کنکروار۔ کنکر آمیز۔ کرکرا۔

کنکریلی (ہ۔ صفت) پتھریلی زمین۔ زمین سنگلاخ۔

کُنکُنا (ہ۔ صفت) نیم گرم۔ شیر گرم۔ سہتا سہتا بیل گرم۔

کنکوا (ہ۔ مذ) تکل۔ پتنگ۔ گڈی کو ہوا پر تاننا۔

کنکوا اُڑانا یا پڑھانا (ا۔ محاورہ) پتنگ اُڑانا۔ گڈی کو ہوا پر تاننا۔

کنکوا کاٹنا (ا۔ محاورہ) مخالف کی پتنگ کی ڈور کو اپنی ڈور کے تکے سے کاٹنا۔

کنکوا لڑانا (ا۔ محاورہ) پتنگ بازی کرنا۔ پتنگوں کو باہم اُڑا کر گھسنوں سے کاٹ دینا۔

کنکوت (ہ۔ مذ) کھڑے کھیت کے اناج کا تخمینہ لگانے والا۔

کنکی (ہ۔ مؤ) چاول کا چورا۔ چاول کے ٹکڑے۔

کنگال (ہ۔ صفت) مفلس۔ قلاش۔ تنگدست۔

کنگال بانکا (ا۔ صف) فاقہ مست۔ مفلس۔ شوقین۔

کنگال کر دینا (مص۔ مرکب) مفلس بنا دینا۔ غریب کر دینا۔ محتاج کر دینا۔

کنگال ہو جانا (محاورہ) مفلس ہو جانا۔ محتاج ہو جانا۔ افلاس میں گھر جانا

کنگرو angaroo۔ انگ مذ) آسٹریلیا کا ایک جانور جس کی اگلی ٹانگیں چھوٹی پچھلی ٹانگیں بڑی ہوتی ہیں اس کے پیٹ میں ایک تھیلی ہوتی ہے جسمیں وہ اپنے بچے کو بٹھا لیتا ہے

کنگرا / **کنگرا** (ا۔ صفت) موٹا۔ تازہ۔ فربہ قوی۔ ہیکل۔ ہٹا کٹا۔

KANGAROO

کنگرو

کنگلا (ہ۔ صفت) کنگال کی تصغیر۔ محتاج۔ مفلس۔ قلاش۔

کنگلی (ہ۔ صفت ہو) محتاج عورت۔ نادار زن۔

کنگن (ہ۔ مذ) کلائی کے ایک زیور کا نام۔

کنگنا (ہ۔ مذ) دولھا کی کلائی میں باندھنے کا ڈورا۔

کنگنی (ہ۔ مؤ) دیوار کی گگرو کانس چنے کی قسم کے ایک چھوٹے سے چکنے اناج کا نام۔

کنگرو (ا۔ مذ) آسٹریلیا

کُنمُنانا (ہ۔ مصد) بے چین ہونا۔ عذر کرنا۔

کنندہ (ف۔ صفت) کرنے والا۔ جیسے تحریر کنندہ۔

کنگرہ یا کنگورہ (ہ۔ مذ) وہ طاقچے جو عالیشان عمارتوں یا قلعے کی فصیلوں میں زیبائش کے واسطے بنا دیتے ہیں لوٹی پر لگانے کے نوکدار پر۔ کلغی۔ جیغہ۔

کنگھی (ا۔ مؤ) / **کنگھا** (ا۔ مذ) بال سلجھانے کا دندانے دار اوزار۔ شانہ۔ جولاہوں کا اوزار۔ بھٹکنے کا اوزار۔

کنگھی چوٹی کرنا (ا۔ محاورہ) بال سنوارنا۔ بناؤ سنگار کرنا۔ سر گوندھنا۔

کنگھی چوٹی میں الجھا رہنا (ا۔ محاورہ) بناؤ سنگار میں مشغول رہنا۔

کنگھی چوٹی سرمہ (ا۔ مذ) بناؤ سنگار۔

کنوار (ا۔ مذ) ایک پودا جو دواؤں میں کام آتا ہے برسی سال کا چھٹا اور فصلی سال کا پہلا مہینہ

کنوار کا ساجھلا (ا۔ صف) جلد دفعہ رفع ہونے والا۔

کنوار کا ساجھلا آیا برسا چلا (ا۔ مثل) کنوار کے مہینے میں بارشیں بہت زور سے ہوتی ہے۔ مگر تھوڑی سی دیر ٹھہر کر آسمان صاف ہو جاتا ہے۔

کُنوارا (ا۔ صفت) وہ مرد جس کی ابھی شادی نہ ہوئی ہو۔ مجرد۔

کنوارا پن (ہ۔ ا۔ مذ) دوشیزگی۔ شادی سے پہلے کا زمانہ۔

کنواری (ہ۔ ا۔ مؤ) بن بیاہی لڑکی۔ باکرہ۔

کُنواں بیچا ہے کُنوئیں کا پانی نہیں بیچا (ہ۔ مثل) فضول اور لغو حجت اور بیجا اظہار کرنے کے موقع پر بولا کرتے ہیں۔

کُنواں ٹوٹنا (ہ۔ فعل) کنوئیں کا پانی کم ہو جانا۔

کُنواں سا (ہ۔ صفت بترکیب تشبیہی) نہایت گہرا۔ عمیق۔

کُنواں کھودنا (ا۔ محاورہ) کنوئیں کے واسطے زمین کھودنا کسی کے لئے بدی کرنا برائی پہنچانے کی ترکیبیں نکالنا

کنواں کھودنے والا (ہ۔ فاعل قیاسی) برائی کرنے والا۔ کنواں بنانے والا۔

کنوا لیسا (ہ۔ مذ) نواسے کا بیٹا۔ بیٹی کا پوتا۔

کنواسی (ہ۔ مؤ) نواسی کی بیٹی۔ بیٹی کی نواسی۔

کنواسے (انگ۔ مذ۔ Convey) بدرقہ۔ فوجی دستہ یا سامان رسد (جس کے ہمراہ بدرقہ ہو)

کنوتی (ہ۔ مؤ) گھوڑے کا کان۔ کھڑا کان۔ مرکی۔ کان کی بالی۔

کنوتیاں بدلنا یا کھڑی کرنا (ہ۔ محاورہ) گھوڑے کا دونوں کان کھڑے کر کے چوکنا ہو جانا۔ ہوشیار ہو جانا۔

کنوتھا (ہ۔ مذ) کھونٹ۔ کونہ۔ گوشہ۔ نبل۔ زاویہ۔ آغوش۔ برابر کا بھائی۔

کنور (ہ۔ مذ) درم جو کانوں کی جڑ میں ہوتا ہے۔

کنور (ہ۔ مذ) راجہ کا بیٹا۔ ٹیکا۔ شہزادہ عزت کا خطاب لڑکا۔ بیٹا۔ پسر۔

کنول (ہ۔ مذ) ایک دریائی پھول کا نام۔ گل نیلوفر۔ پدم۔ موم جلانے کا سرخ کاغذ یا ابرق کا پھول۔ شمع جلانے کا ایک شیشے کا ایک ظرف۔

کنول کھلنا (محاورہ) نیلوفر کے پھول کا کھلنا دل کا خوش و خرم ہونا۔

کنول گٹا (ہ۔ مذ) کنول کا بیج۔ کول ڈوڈے یکھانا۔

کنول نین (ہ۔ مذ۔ فاعل بمعنی صفت) بڑی بڑی آنکھوں والا۔

کنونڈا (ہ۔ صفت) شرمسار۔ شرمندہ۔ داغی۔ بدنام۔ ذلیل و خوار۔ عیبی عیب دار۔ ناقص۔ ممنون احسان۔ احسان مند۔

کنونڈا بننا (ا۔ محاورہ) شرمندہ ہونا۔

کنونڈا کرنا (محاورہ) داغی کرنا۔ احسان مند کرنا۔ نیچا دکھانا۔ عیب دار کرنا۔

کنونڈی (ہ۔ مؤ) کنونڈا کی مونث۔

کنونڈی بلی چوہے سے کان کتروائی ہے (ہ۔ مثل) احسان مندی ہمیشہ شرمندہ کرتی ہے۔

کنوؤں میں یا کنوئیں میں بانس ڈالنا (محاورہ) بہت دیکھ بھال کرنا۔ نہایت ڈھونڈنا۔ پتال تک تلاش لینا۔

کنوئیں بھانگ پڑنا (محاورہ) سب کا پاگل ہو جانا۔ سب کا بے عقل و بیہوش ہو جانا۔ کسی کی عقل و ہوش بجا نہ رہنا۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جسے بہت غصہ آئے اور تھوڑی دیر بعد جاتا رہے

کُنوئیں پر گئے اور پیاسے آئے (ہ۔ مثل) نہایت بدنصیبی کے اظہار کے وقت بولتے ہیں یعنی اُمید گاہ سے خالی اور محروم واپس آنا۔

کُنوئیں جھانکنا (ہ۔ فعل) نہایت تلاش کرنا۔ بڑی جستجو کرنا۔ حیران و پریشان ہونا۔ کنوئیں میں گرنا

کُنوئیں جھنکانا/جھنکوانا (اُر محاورہ) کنوئیں کا پانی تہ میں دکھانا۔ باولے کتے کے کاٹے کو سات کنوؤں پر لے جاکر پانی دکھانا۔ بہت تلاش کرنا۔ تھکا مارنا۔ حیران و پریشان کرنا۔

کُنوئیں کا بیاہ گیت گاویں میت کا (اُر۔ مثل) بے موقع گفتگو فضول بات چیت

کُنوئیں کھودنے کو کھانا تیار (اُر مثل) اور کی بدی تکنے والوں کو بھی نقصان اور ضرر پہنچ کر ہی رہتا ہے۔ چاہ کن را چاہ در پیش

کُنوئیں کی مٹی کنوئیں کو لگتی ہے (ہ۔ محاورہ) جہاں کی کمائی ہو وہیں خرچ کی جاتی ہے جتنی آمدنی ہو اتنا ہی خرچ۔

کُنوئیں کے پاس پیاسا آتا ہے / کنواں پیاسے کے پاس نہیں آتا (اُر مثل) عرض مند اپنی مطلب کیلئے خود اس کے پاس جس سے مطلب پورا ہونے کی امید ہو۔

کُنوئیں میں بولنا (محاورہ) نہایت دبی آواز سے آہستہ بولنا۔ موت کے وقت کی آواز۔

کُنوئیں میں دھکیلنا (اُر محاورہ) لڑکی شادی کی بُری جگہ کر دینا

کُنوئیں ڈوب مرو (اُر محاورہ) شرم کرو۔ اگر کوئی بے عزتی کی بات کرے تو کہتے ہیں

کُنہ (ہ۔مذ) کسی چیز کی تہ۔ حقیقت انتہا۔ مجازاً بار یکی۔ بات کی تہ۔ محکمہ۔

کُنہہ نکالنا (اُر محاورہ) دشمنی نکالنا۔ کینہ نکالنا۔

کُنہا (ہ۔مذ) وہ جو کھڑی فصل کا تخمینہ لگائے۔

کُنہائی (ہ۔مذ) سری کرشن جی کو کہتے ہیں۔

کُنہیا (ہ۔مذ) سری کرشن جی کا نام۔ کاہن مجازاً خوبصورت لڑکا۔

کُنی (ہ۔امو) ٹکڑہ۔ ریزہ۔ پارہ۔ ٹوٹے ہوئے چاول۔ چاولوں کا بن گلا حصہ کچائی۔ خامی۔ ہیرے کا ٹکڑا۔

کُنی رہ جانا (اُر محاورہ) چاولوں کا کچا رہ جانا۔

کُنے (ہ۔امو) کنارہ۔ کور۔ سرا۔

کُنے ڈھیلے ہوجانا (محاورہ) ککڑے کے بازو ڈھیلے ہو جانا۔ عاجز آجانا۔ پٹھوں کا سست اور بیکار ہو جانا۔

کُنی (ہ۔امو) کنارہ۔ کور۔ سرا۔ سخاف فیتہ۔ ککڑے کا بازو۔

کُنی باندھنا (اُر محاورہ) پتنگ کے تارس دھجی باندھ کر اس کے دونوں بازوؤں کو وزن کرنا۔

کُنی دبانا (اُر۔ محاورہ) قابو میں آنا۔ عاجز آنا۔ تنگ آنا۔

کُنی دینا (اُر محاورہ) عاجز ہونا۔ مغلوب ہونا۔ نہ رانا۔ بجانا۔ ڈرنا۔ خالف ہونا آنکھ سامنے نہ ہو سکنا۔ آنکھ نیچی کرنا۔

کُنی کاٹنا (اُر محاورہ) کترانا۔

کُنی کھانا (محاورہ) ککڑے کا ایک طرف کو جھک جانا۔ پتنگ کا ایک کنارے کے رخ اُترنا۔

کُنیتی (ق) پاس۔ نزدیک۔ قبضے میں۔ گھر پر

کُنیا (س۔امو۔ کم عمر لڑکی۔ دوشیزہ۔ کواری۔ دختر۔ بیٹی۔ درگا دیوی کا نام۔ برج سنبلہ کا ہندی نام۔ چھوٹی رائے۔ ایلوئے کا درخت۔ برہمی الائچی۔ اکاس بیل۔ امربیل

کُنیا پیٹ میں ڈھونڈتی پھریں بر (ہ۔مثل) اس کے متعلق کہتے ہیں جو کسی بات کے متعلق بہت پہلے سے انتظام کرے۔

کُنیا دان (ہ۔مذ) لڑکی کا بیاہ کرنا۔ لڑکی کو بیاہ میں جہیز دینا۔ بیٹی کا بیاہ کرنے کے لئے کچھ لوگوں سے نہ مانگنا۔

کُنیانا (ہ۔ فعل) کنکوے یا پتنگ کا ایک طرف کو جھکنا۔ کترانا۔ بچنا۔ کنارہ کرنا۔ پاس نہ پھٹکنا۔ الگ الگ رہنا۔ شرمانا۔ آنکھ سامنے کرنا۔

کُنیت (ع۔مذ) وہ نام جو باپ یا ماں یا بیٹا بیٹی کے نام سے پکارا جائے۔

کُنیر (ہ۔مذ) ایک کڑوے اور زہریلے درخت اور اس کے پھول کا نام۔

کُنیر کا پھول (ہ۔ا۔مذ) گل خرزہرہ۔ لڑائی کا گھر فتنہ انگیز۔

کُنیز یا کنیزک (ف۔امو) لونڈی۔ باندی۔ خادمہ۔

کُنیسہ (ف۔مذ) گرجا۔ یہودیوں اور عیسائیوں کا عبادت خانہ۔

کُنیف (ع۔مذ) بیت الخلاء۔ پاخانہ۔ جائے ضرور

ک ـ و

کُو (ہ علامت۔ مفعول۔ حرف جار) واسطے۔ لئے۔

کُو (ف۔امو۔ بواو معروف) کوچہ۔ محلہ۔ گلی۔ کون۔ کہاں۔ کیا۔ کدام۔

کُو بہ کُو (ف متعلق فعل) دا بدر۔ گلی گلی۔

کوّا (ہ۔امذ) کاگ۔ کاگا۔ زاغ۔ حلق کے اندر لٹکنا ہوا گوشت کا ذرا سا لوتھڑا۔

کوّا اُٹھانا (اُر محاورہ) حلق میں گوشت کا والو جب لٹک جائے تو اسے دبانا۔

کوّا پری (اُر۔امو) سیاہ عورت۔ کالے رنگ کی عورت۔ حبشن۔

کوّا پھنسانے کی چال ہے (ہ۔ محاورہ) ہوشیار اور چوکنے آدمی کو فریب دینے کا ڈھنگ ہے۔

کوّا اڑاتا ہی ہے وہاں پکتے ہی ہیں (ہ محاورہ) دشمن سے بُرا چاہنے سے بُرا نہیں ہوا کرتا۔

کوّا چلا ہنس کی چال اپنی چال بھی بھول گیا (ہ۔ محاورہ) جو اپنے سے اعلیٰ لوگوں کا طریقہ اختیار کرتا ہے وہ خرابی اور رسوائی کا ہی باعث ہوا کرتا ہے

کوّا کھار میں پڑنا (ہ۔ محاورہ) کاگا رول میں گھرنا۔ نرغے میں پھنسنا۔

کوّا ناک لے گیا تاک دیکھتے نہیں / کوے کے پیچھے دوڑے جاتے ہیں (رُوٗ مثل) اصل بات کی طرف متوجہ نہیں ہوتے۔ فضول کی پیروی کرتے ہیں

کوا پریٹو سوسائٹی (Cooperative Society - انگ۔مذ) انجمن امداد باہمی۔ مشترکہ سرمائے سے کام کرنے والی جماعت۔

کُوار (ہ۔امذ) ماہ اسوج۔ ہندی سال کا نواں مہینہ۔

کُوارا (ہ۔صفت) بن بیاہا۔ ناکتخدا۔ مجرد۔ کنوارہ۔

کُوارا اناتا۔ یا۔ کوارا منڈھوا (ہ۔اِمذ) سگائی اور بیاہ کے درمیان کا رشتہ

کُوارپت یا کوارچھل (ہ۔مذ) کوارپن۔ دوشیزگی۔ بکارت۔

کُوارپن یا کوارپنا (ہ۔اِمذ) بیاہ ہونے سے پہلے کا زمانہ۔

کُوارِی (ہ۔ اصفت مونث) کوار کی تانیث۔ بن بیاہی لڑکی۔ دوشیزہ۔ باکرہ۔

کواری کوارمان بیاہی پشیمان (اُ مثل) کام نہ کرنے والا تو حسرت میں پریشان کرنے والا اس کی دقت میں حیران۔

کُواری کو سدا البسنت (ہ مثل) آزاد آدمی کو ہر دم خوشی ہے۔

کُواری کھائے روٹی بیاہی کھائے بوٹی (اُ مثل) کنواری کی نسبت بیاہی کی قدر و منزلت زیادہ ہوتی ہے۔

کُوارٹر (Quarter - انگ مذ) چوتھائی۔ چوتھا حصہ پاؤ۔ ہنڈرڈ ویٹ کا چوتھا حصہ ۲۸ پونڈ کا وزن۔ سال کا چوتھا حصہ۔ سہ ماہی۔ سپاہیوں یا افسروں کی رہنے کی جگہ۔ ٹولہ۔ محلہ۔ چھاؤنی۔ مقام جگہ۔

کوارٹر گارڈ (انگ امذ) چھاؤنی۔ فوج یا پولیس کی گارد یا حوالات۔

کوارٹر ماسٹر (انگ مذ) چھاؤنیوں کے ہر چیز مہیا کرنے والا جنگی افسر۔

کواڑ (ہ۔مذ) دروازہ بند کرنے کے لئے تختے۔ پٹ۔ در۔ دروازہ۔ سینہ کا حصہ

کواڑ (ہ۔مذ) لکڑی کا وہ تختہ جو دروازے میں لگا ہوتا۔

کواڑ بند ہو جانا (اُ محاورہ) خاندان میں سے کسی کا نہ رہنا۔ سب کا مر جانا۔ کوئی نہ رہنا جس کی وجہ سے گھر کے کواڑ کھلے رہیں۔

کواڑ توڑ توڑ کے کھانا (اُ محاورہ) مصیبت کے دن کاٹنا۔

کواڑ دینا (اُ محاورہ) دروازہ بند کرنا۔

کواڑ ٹھکھٹانا (اُ محاورہ) گھر والوں کو بلانے کے لئے دروازے کو ہلانا۔

کواڑی (ہ۔امو) کواڑ کی تصغیر۔ انگرکھے کا پردہ۔ قبا اور واسکٹ کا وہ کپڑا جو سینے کے دونوں طرف ہوتا ہے۔

کواکب (ع۔اِمذ) کوکب کی جمع۔ روشن ستارے۔

کوانا (ھ۔مص) برانا۔ کنایۃً۔ بدحواس ہو جانا۔

کوائف (ع۔مذ) کیفیت کی غلط جمع (صحیح کیفیات۔

کوائل (Coil - انگ مذ) پھیا۔ گولا۔ سوپنڈا۔

کوبالٹ (Cobalt - انگ مذ) ایک دھاتی عنصر جو پانی سے ۸½ گنا زیادہ ہوتا ہے۔

کوبانس (ہ۔اِمذ) بانس سے کوؤں کو اڑانے کا کام

کوبرا Cobra - انگ مذ) سیاہ چین دار نہایت زہریلا سانپ

کوبڑ (ہ۔مذ) بڑھاپے کے باعث پیٹھ کی ہڈی کا نکل جانا۔

کوبڑا (ف۔اِمذ) موگری مرسل بھتاپی۔ ڈرپنج۔ کوڑا۔ چابک۔ تازیانہ۔

کوبہ کاری (ف۔امو۔ بیائے مصدری) ہتھاپی لگانا کوٹنا۔ زدوکوب کرنا۔ مارنا پیٹنا۔

کوپ (س۔اِمذ) غصہ۔ خشم۔ غضب۔ عتاب کرولی۔

کوپل (ف۔اِمذ) سگوفہ۔ کلی۔ ننھے ننھے تازہ پھوٹے ہوئے پتے۔

کوپل پھوٹنا یا نکلنا (ہ۔ محاورہ) نئے نئے پتے نکلنا۔ سگوفہ نکلنا۔

کوپن (Coupon - انگ مذ) پرچہ رسید۔ ٹکٹ کا مشتق۔ اقرار نامہ۔

کوپین (ہ۔امو) لنگوٹ۔ لنگوٹہ۔ لنگوٹی۔

کوت (ہ۔امو) جانچ پرکھ۔ اندازہ تخمینہ۔ پیمائش۔ ناپ۔ ناپنے والا۔

کوت میں بندوق نہ دفتر میں نام (اُ مثل) نوکری نہ چاکری۔ بیکار ہیں۔

کوتاہ (ف۔اصفت) چھوٹا۔ اوچھا۔ کم۔ تھوڑا۔ مختصر۔ مجمل۔ ٹھنگنا۔ بونا۔ پست قد۔

کوتہ اندیش / **کوتہ بیں** (ف۔اصفت) کم نظر۔ دور کی بات نہ سوچنے والا۔ ناعاقبت اندیش۔ انجام کو نہ سوچنے والا۔

کوتاہی (ف۔امو۔ بیائے مصدری) کمی۔ قلت۔ کسر۔ تنگی۔ اختصار۔ چھٹائی۔

کوتاہی کرنا (اُ۔ محاورہ) درینغ کرنا۔ کسر رکھ لینا۔ کمی کرنا۔

کوتک (ہ۔اِمذ) کام۔ طعن۔ کرتب۔ بدچلنی۔ بدکرداری۔

کوتکی (ہ۔اِمذ۔ فاعل بیائے فاعلیت) دغابازی۔ فریبی۔ بدکردار۔

کوتل (ف۔اِمذ) خالی گھوڑا۔ خاص گھوڑا جو آرائش کے لئے سواری کے ساتھ ہو۔

کوتل گارد (اُ۔ہ۔اِمذ) کوارٹر گارڈ کا بگاڑ ہے چھاؤنی یا فوج کا وہ صدر مقام جہاں ہر وقت گارد متعین رہے۔

کوتنا (ہ فعل) جانچنا۔ اندازہ لگانا۔ پرکھنا۔

کوتوال (ف۔اِمذ) پولیس کے کئی تھانوں کا افسر۔ شہر یا قلعہ کا محافظ۔

کوتوالی (ف۔ہ۔امو) بڑا تھانہ پولیس سٹیشن۔ کوتوال کا دفتر۔

کوتوالی چبوترہ (ف۔اِمذ) کوتوال کے دفتر کی جگہ۔

کوتہ (ف۔اصفت) کوتاہ کا مخفف۔ دیکھو۔ کوتاہ۔

کوتہ قد (ف۔اصفت) ٹھنگنا۔ بونا۔ پستہ قد۔

کوتھہ (ہ۔اِمذ) استفہام۔ کیا تعلق۔ کیا واسطہ۔ کیا۔ سروکار۔ جیسے توگدھی کمہار کی تجھے آرام سے کوتھہ۔

کوتھا (ہ۔اِمذ استفہام) کونسا۔ کدام۔

کوتھلا (ہ۔ اِمذ) تھیلا۔ تھیلی۔ جیب۔ کیسہ۔ ڈب۔ مجازاً پیٹ۔ شکم۔

کوتھلا بھرنا (محاورہ) پیٹ بھرنا۔ دھوڑی بھرنا۔ گڑھا بھرنا۔

کوتھلی (ہ۔امو۔ بیائے تانیث۔ تصغیر) تھیلی۔ چھوٹا کیسہ۔

کوتھمیر (ہ۔ اِمذ) ہرا دھنیا۔ دھنیے کے پتے۔ کشنیز سبز۔

کوتھی (ہ۔امو) تلوار کے میان کا چھلا۔

کوٹ (انگ مذ - Coat) واسکٹ کے اوپر پہننے کا کپڑا۔ انگریزی چوغہ

کوٹ (اُ۔ہ۔اِمذ) طرف کورٹ کا بگاڑ۔ عدالت کچہری۔

کوٹ (ہ۔اِمذ) قلعہ۔ گڑھ۔ شہر پناہ فصیل۔ چار دیواری۔ دشمنوں کی لڑائی کے لئے بنی ہوئی پناہ کی جگہ۔ کچا پشتہ۔ احاطہ۔ عاملوں یا جادوگروں کا کنڈل۔ حصار مجازاً جسم۔ سر یہ۔ کاٹھی۔ قلب۔ بدن

کوٹ اٹھانا (اُ محاورہ) قلعہ تعمیر کرنا۔

کوٹ اشٹی (ف۔امو۔ بیائے مصدری) سرکاری نوکروں کا شہر کے گرد پھرنا کہ لوگوں کی بداعمالیوں کا پتہ لگائیں۔

کوٹ ڈالنا (اُ محاورہ) کسی چیز سے ضرب لگانا۔ مارنا۔ ضرب لگا کر ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

کوٹ کاٹ کر (اُ متعلق فعل) ٹھونس کر بھرنا (کنایۃً) کثرت کا اظہار کرنا۔

کوٹ کر (ہ فعل) پیس کر۔ رگڑ کر۔

کوٹ کوٹ کر موتی بھرنا (محاورہ) دنیا بھر کی خوبیاں ایک جگہ جمع کرنا۔ آنکھوں کو روشن کرنا۔

کوٹ کر بھرنا۔ کوٹ کے بھر دینا (اُ۔ محاورہ) اتنا بھرنا کہ ظرف میں جگہ باقی نہ رہے مجموعہ کر بھرنا کثرت کا اظہار کرنا۔

کوٹلا یا کوٹلہ (ہ۔اند) گڑھی۔ چھوٹا قلعہ۔

کوٹنا (ہ۔ فعل) کچلنا۔ پیٹنا۔ کوبہ کاری کرنا۔ تھاپی یا موگری سے چورہ وغیرہ کو پیٹنا۔ مارنا۔ زدوکوب کرنا۔ ڈنکا لگانا۔ بجانا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

کوٹو (ہ۔اند) ایک قسم کا اناج۔

کوٹھا (ہ۔اند) اوپر کا کمرہ۔ بالاخانہ۔ مکان۔ بڑی کوٹھڑی۔ سینہ۔ چھاتی پیٹ۔ شکم۔ کبوتروں کا کھپنی ہوا خانہ۔ کالم۔ بچہ دان۔ رحم۔ چھت۔ ذخیرہ۔ گودام۔ گھر۔

کوٹھا بگڑ جانا (محاورہ) معدے کا غلیظ اور گندہ ہو جانا۔

کوٹھا لوٹنا (از محاورہ) نقب لگانا۔

کوٹھا لینا یا کوٹھا لے کر بیٹھنا (محاورہ) پیشہ کرنا۔ حرام طور پر روزی کمانا۔

کوٹھڑی (ہ۔ امو) چھوٹا کوٹھا۔ حجرہ۔ کمرہ۔ درجہ۔

کوٹھے اوپر تو مڑی کیا دے گی سو مڑی (از مثل) کنجوس سے خاطر پوری ہونے کی امید نہیں ہوتی۔

کوٹھے پر بیٹھنا (محاورہ) پیشہ کمانا۔ ناجائز کسب کرنا۔

کوٹھے چڑھنا (محاورہ) شہرت ہونا۔ طشت از بام ہونا۔ مشہور ہونا راز فاش ہو جانا۔

کوٹھے والا روئے چھپر والا سوئے (ہ۔محاورہ) امیر ہمیشہ شاکی اور غریب خوش و خرم۔

کوٹھے والیاں (از۔ امو) رنڈیاں۔ طوائفیں۔ کسبیاں۔

کوٹھی (ہ۔ امو) چھوٹا پکا گھر۔ غلہ رکھنے کا مٹی کا یا لکڑی کا برتن۔ گودام بینک ساہوکار یا صراف کی دوکان۔ بندوق میں بارود رکھنے کا خانہ۔ بڑی دوکان کارخانہ۔ بنگلہ۔ حویلی۔ امیروں یا انگریزوں کے رہنے کا مکان۔ رحم۔ بچہ دان۔ کنوئیں کی عمارت۔ پلوں کے نیچے گلا ہوا چونے کا گولہ۔

کوٹھی بیٹھنا (محاورہ) گھاٹا آنا۔ دیوالیہ نکلنا۔ کنوئیں کے محل کا گر جانا۔

کوٹھی سٹھلے کو ہاتھ نہ لگانا۔ گھر بار سب آپ کا ہے (ہ۔مثل مطلب) چیز نہ دینے اور زبانی لاف ایثار کے وقت بولتے ہیں۔

کوٹھی اتارنا یا ڈالنا (ہ۔محاورہ) بینک یا صرافی وغیرہ کی دوکان جاری کرنا۔

کوٹھی کرنا یا کھولنا کارخانہ جاری کرنا۔

کوٹھی گلانا (محاورہ) کنوئے یا دریا کی تہ میں لکڑی یا چوڑے کا چکر بٹھانا تاکہ عمارت نہ بہے۔

کوٹھی گھاٹ (از۔اند) وہ کوٹھی جو دریا کے کنارے بنائی جائے۔

کوٹھی وال (ہ۔فاعل۔مذ) ساہوکار۔ صراف۔ بیوپار کرنے والا۔

کوثر (ع۔اسم۔اند) بہشت کی ایک نہر کا نام ہے۔

کوچ کی دھوئی زبان (از۔اند) پاک اور شستہ زبان۔

کوچ (ت۔اند) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔ روانگی۔

کوچ بول دینا (از محاورہ) روانگی کا حکم دینا۔ روانہ ہونا۔

کوچ کا نقارہ کرنا (از محاورہ) فوج کی روانگی کے وقت طبل سنجانا بر جانا۔

کوچ کرنا (ہ۔فعل) روانہ ہونا۔ سفر کرنا۔ وداع ہونا۔ رخصت ہونا۔ مرنا۔ وفات پانا۔

کوچ مقام (ت۔اند) چلنا اور قیام کرنا۔

کوچ یا کوچ (ہ۔امو) انسان کی ایڑی کے اوپر اور چوپاؤں کے ٹخنے کے نیچے کا مضبوط پٹھا جو لاہوں کا تانی صاف کرنے کا برش۔

کوچ (انگ۔امو) یورپ محمول۔ بال کی گاڑی۔ شاہی گاڑی۔ سواری گاڑی

کوچ بکس (انگ۔مذ) بگھی کے آگے کوچوان کے بیٹھنے کی جگہ۔

کوچ (Couch۔ انگ۔امو) بید سے بنا ہوا ایک قسم کا پلنگ۔ چارپائی بستر آرام گاہ۔

کوچا (ہ۔اند) کچوکا۔ کسی نوکدار چیز کا تھوڑا سا زخم ٹخنے کے آگے یا پیچھے کا پٹھا۔

کوچا دینا (محاورہ) تیزے وغیرہ کی نوک گھسیڑنا۔ گودنا۔ ناخن چبھونا۔ طعنہ دینا۔

کوچا مارنا (از محاورہ) نوکدار چیز چبھونا۔ طعنہ دینا۔ طنز کرنا۔ چٹکی لینا۔

کوچا کریلا (ہ۔صفت۔ تبرکیب تشبیہی) چیچک رو یہ۔ سیتلا کھایا۔ کریلے کی طرح داغدار۔ بدصورت۔

کوچک (ف۔ا۔صفت) ننھا۔ چھوٹا۔ خرد۔ کلاں کی ضد۔

کوچنا (ہ۔فعل) چھری یا کانٹے سے گودنا۔ چبھونا۔ کچوکنا۔

کوچہ (ف۔اند) کوی تصغیر۔ گلی۔ سکڑا۔ ٹولہ۔ محلہ۔ راستہ۔

کوچہ بکوچہ (ف۔تابع فعل) گلی در گلی۔ گلی گلی۔ ہر گلی میں۔

کوچہ بندی کرنا (از محاورہ) محلوں یا گلیوں کی حد باندھنا۔ احاطہ کھینچنا۔

کوچہ گردی (ف۔امو۔ بیائے مصدری) آوارہ گردی گلیوں میں پھرنا۔

کوچے دینا (ہ۔محاورہ) طعنے دینا۔ جلانا۔ گودنا۔ زخم ڈالنا۔

کوچی (صامو) سفیدی پھیرنے یا زیورات صاف کرنے کا برش۔

کوچیں کاٹنا (از محاورہ) ایڑی کے اوپر سے پاؤں کے پٹھے کاٹنا۔ قدم کاٹ دینا۔

کود پڑنا (از محاورہ) کسی معاملے میں بے جا دخل دینا۔

کود پھاند (ہ۔امو) کود کود۔ دوڑ دھوپ۔

کودک (ف۔اند) لڑکا۔ بچہ۔ طفل۔

کودک خراج/نش (ف۔صفت) طفلانہ خراج۔

کودن (ف۔اند) سست رفتار لدو گھوڑا۔ احمق۔ مورکھ۔ نادان۔ بیوقوف۔ لدو گھوڑا۔

کودنا (ہ۔فعل) اچھلنا۔ چھلانگیں مارنا۔ پھاندنا۔ نہایت خوش ہونا۔ خوشی میں پھولا اترانا۔ گھمنڈ کرنا۔

کودوں (ہ۔امو و مذ) ایک قسم کا سخت غلہ۔ پہاڑیں کودو بولتے ہیں۔

کودوں دلانا (ہ۔محاورہ) ناگوار طبع کلام کرنا۔ سخت کام کرنا۔ کٹھن کام کرنا۔

کودوں دے کے پڑھنا (محاورہ) ناقص تعلیم پانا۔ مفت پڑھنا۔ کم خرچ کر کے پڑھنا۔

کودوں کا بھات (ہ۔مذ) ادنے کھانا۔ سستی کتی۔ دال دلیا۔

کودوں کا بھات کہن یا توں میں / مجیا ساس کہن ساسوں میں دور کے رشتے کا کیا اعتبار۔

کوڈ (Code۔ انگ۔مذ) مجموعہ قوانین۔ اشاروں کا کلام۔ خفیہ لفظ بڑی اور بحری فوجوں اشاروں کے ضوابط۔

کور (ہ۔امو) حاشیہ۔ کنارہ۔ سرا کتی۔ سخاف۔ مغزی۔

کور دبنا (ہ۔محاورہ) کنارہ دینا۔ کتی دینا۔ عاجز ہونا۔ مغلوب ہونا۔

کور کسر (ہ۔امو) کمی۔ ناقص۔ عیب۔ برائی بھلائی۔ قباحت۔ قصور۔

کور کسر نکالنا (از محاورہ) گھاٹا پورا کرنا۔ کمی پوری کرنا۔ نقص دور کرنا عیب دور کرنا۔

کور انچ جانا (از محاورہ) بال بال بچنا۔

کور (ف۔ صفت) اندھا۔ نابینا۔

کور باطن۔ کوردل (ف۔صفت) نامسمجھ۔ کند ذہن۔ کودن۔

کوندنا (ف۔ فعل) بجلی چمکنا۔
کوندا (ا۔ مذ) تسلا پرات۔ آٹا گوندھنے کا بڑا برتن۔ بھنگ وغیرہ گھوٹنے کا دورا کسی ولی کی نیاز۔
کونڈا بھرنا (اُ۔محاورہ) نذر پوری ہونے پر امام جعفر کی نیاز دلوانا۔
کونڈا کرنا (محاورہ) کسی ولی کے نیاز کے کونڈے میں کھلونا کڑاہی کرنا یا چند آدمیوں کا مل کر کسی کے ساتھ فعل بد کرنا یا عزت کرنا۔
کونڈا ماننا (اُ۔محاورہ) نیاز ماننا۔ صلاح کار۔
کونڈالی یا کنڈالی (ا۔ مؤ) آٹا گوندھنے کی مٹی کی پرات۔ کونڈا کی تصغیر۔
کونڈی (ا۔مؤ) کونڈا کی تصغیر بالتغیر۔ دوری بھنگ گھوٹنے کا پتھر کا برتن۔ ہاون۔
کونڈی سونٹا (ا۔ مذ) بھنگ یا مصالحہ وغیرہ گھوٹنے کی دوری اور ٹھکہ۔
کونڈی سونٹا بجانا (ا۔فعل) بھنگ رگڑنا۔ بھنگ گھوٹنا۔
کونڈے کے اِس پار یا اُس پار (اُ۔مثل) بہت سست اور کاہل آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔
کونرا (ا۔صفت) بے اوساں۔ بدحواس۔ کائیں کائیں سے گھبرانا۔
کونرا جانا (ا۔محاورہ) بے اوساں ہو جانا۔ شور و غل سے گھبرا جانا۔
کونسل (Council - انگ۔ اسم) پنچایت۔ صلاح مشورہ کی مجلس۔ رائے دینے والے کا مجمع۔
کونسلر (Councillor - انگ۔ مذ) مجلس شوریٰ کا رکن۔ کونسل کا رکن۔ مشیر۔
کونسلی (ؤ۔ مذ۔ بیائے فاعلیت) کونسل کا ممبر۔ صلاح کار۔ صلاح دینے والا۔ مشیر۔ وکیل۔ پیروکار۔
کونسل کرنا (اُ۔ محاورہ) صلاح و مشورہ کرنا۔ مل کر تدبیریں سوچیں۔
کوں کوں (ا۔صفت ہو) کتے کے پنجوں کی آواز۔
کوں ہوتا ہے (ا۔ محاورہ) وہ کیا واسطہ رکھتا ہے۔ اسے کیا تعلق ہے۔
کوئی (ف۔ا۔مذ) گانڈو۔ بوبسیا۔
کونین (ع۔ا۔مذ) کون کی جمع تشنیہ۔ دونوں جہان۔ دین و دنیا۔
کونین (Quinine۔ انگ۔ اسم) ایک مشہور دافع بخار دوا کا نام ہے۔
کوہ (ف۔مذ) پہاڑ۔ وہ سنگلاخ قطعہ جو سطح زمین سے اُونچا ہو۔
کوہ آتش فشاں / **کوہ آتش خیز** (ف۔مذ) جوالا مکھی پہاڑ۔ وہ پہاڑ جس میں گندھک کا مادہ ہونے کے باعث آگ کے شعلے اور رقیق مادہ نکلتا ہے۔
کوہ آدم (ع۔ا۔مذ) لنکا کے سلسلے کوہ کی وہ چوٹی جس پر حضرت آدمؑ بہشت سے اُترے تھے۔
کوہ اُرگز (ف۔مذ) ایران کے شمال میں ایک بلند اور مشہور پہاڑ کا نام۔
کوہ پیکر (ف۔صف) پہاڑ جیسے جسم والا۔ قوی الجثہ۔
کوہ پیما (ف۔صف) پہاڑ پر چڑھنے والا۔
کوہ جگر (ف۔صف) دلیر۔ حوصلہ مند۔ شجاع۔
کوہ جودی (ف۔مذ) وہ پہاڑ جس پر حضرت نوحؑ کی کشتی ٹھہری تھی۔
کوہ بے ستون (ف۔مذ) فارس کا وہ پہاڑ جسے کھود کر فرہاد نے جوئے شیر نکالی تھی۔
کوہ صفا (ع۔مذ) مکہ معظمہ کے قریب ایک پہاڑی کا نام۔
کوہ طور یا سینا (ا۔مذ) ملک شام کی وہ پہاڑی جس پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کو خدا تعالیٰ نے اپنی تجلی دکھائی تھی۔
کوہ قاف (ع۔مذ) بحیرہ اسود کے شمالی حصہ کا وہ پہاڑ جسے انگریز کاکیس کہتے ہیں۔ ناقابل گزر مقام۔ دشوار گزار جگہ۔ پریوں دیوں کا فرضی مقام۔
کوہ کن (ف۔ا۔مذ فاعل۔ ترکیبی) پہاڑ کھودنے والا۔ فرہاد عاشق شیریں کا لقب ہے۔
کوہ نور (ع۔مذ) ہندوستان کا وہ مشہور اور واحد عدیم المثال ہیرا جو بابر کو ابراہیم لودھی کی لڑائی میں ملا تھا اور انگریزوں کے پاس لندن میں ہے۔
کوہاڑ (اُ۔صف۔ ق) مشکل۔ تردد۔ فکر۔ غم۔ اندیشہ۔
کوہان (ف۔مذ) بہ ان نسبتی) اونٹ کی پیٹھ کا تودہ۔ بیل اور سانڈ کا اُونچا کندھا۔
کوہیچہ (ف۔مذ) بھری ہوئی زمین۔
کوہر یا کہر (ا۔مؤ) دُھند۔ غلیظ بخارات آبی جو سطح زمین کے قریب تر سردی کے موسم میں صبح کے وقت دکھائی دیتے ہیں۔ دُھندلاسا۔
کوہسار (ف۔مذ ظرف) سنگلاخ۔ قطعہ پہاڑوں کا سلسلہ۔ پہاڑی ملک۔
کوہستان (ف۔مذ) پہاڑی ملک۔ پہاڑی دیس۔ پہاڑ۔ سلسلہ کوہ۔
کوہستانی (ف۔ا۔مذ۔ بیائے نسبتی مفید صفت) پہاڑ کا رہنے والا۔ کوہی پہاڑ کا۔ پہاڑی چیز یا آدمی۔
کوہی (ف۔اصفت۔ بیائے نسبتی) پہاڑی پہاڑ کا۔
کوہی (ا۔مؤ) بھیڑی۔ ایک قسم کا تکرا جو کبوتروں کو شکار کرتا ہے۔
کوئی (ا۔ علامت تنکیر۔ کسی۔ کچھ (اسم کنایہ) نامعلوم یا ناقابل اظہار آدمی۔ تقریباً۔ لگ بھگ۔ ایک آدھ۔ اکا دکا اندازاً۔
کوئی آنکھوں کا اندھا کوئی عقل کا اندھا (اُ۔مثل) کوئی جہالت کی وجہ سے بے وقوف اور کوئی پڑھا لکھا بے وقوف۔
کوئی آئینہ میں دیکھے کوئی آرسی (اُ۔مثل) بات ایک ہی ہے کسی سے کسی طرح کرلی۔ کسی نے کسی طرح کر لی۔
کوئی آیا نہ گیا (اُ۔محاورہ) جب چوری ہونے کے بعد چور کا پتہ نہ چلے تب بولتے ہیں
کوئی اب بولے کوئی جب بولے / میری نکٹی شپا شپ بولے (اُ۔مثل) نہایت بے غیرت اور بے شرم کی نسبت کہا کرتے ہیں۔ یعنی ذلت ہونے پر بھی بولنے سے باز نہیں آتی بے عزت ہونے پر بھی بکواس کئے جاتی ہے۔
کوئی پوچھے نہ پوچھے میرا دھن سہاگن (اُ۔مثل) کوئی دوسرا پوچھے یا نہ پوچھے آپ ہی آپ اترانا۔
کوئی تقدیر کے لکھے کو مٹا نہیں سکتا (اُ۔مثل) تقدیر کسی تدبیر سے بدل نہیں سکتی۔
کوئی تن دکھی کوئی من دکھی دکھی سارا سنسار (اُ۔مثل) اس دنیا میں کسی کو چین حاصل نہیں۔ کسی کو کوئی دکھ ہے اور کسی کو کوئی۔
کوئی اتنا نہیں (اُ۔محاورہ) کسی کو اتنی توفیق نہیں۔
کوئی اُدیر کوئی سویر (اُ۔محاورہ) کوئی جلدی کوئی دیر میں۔
کوئی بات اُٹھا نہ رکھنا (اُ۔محاورہ) کوئی کسر نہ رکھنا۔ سب تدبیریں کر لینا۔
کوئی ماں کے پیٹ سے لے کر نہیں نکلتا (اُ۔مثل) ہر شخص کو تربیت حاصل کرنی پڑتی ہے۔

کوئی پل کا مہمان (اُر محاورہ) جلد مرنے والا۔
کوئی تو پوچھے گا (ہ۔ محاورہ) کسی کو تو رحم آئے گا۔ کوئی تو فریاد کو پہنچے گا۔
کوئی تولوں بھاری کوئی ماولوں بھاری / کوئی تولوں کم کوئی ماولوں کم (ہ۔ محاورہ) ہر شخص اپنی حیثیت کے مطابق عزت رکھتا ہے۔ کوئی کسی درجہ سے معزز ہے کوئی کسی سبب سے۔
کوئی چلے کوئی مرے ان کو اپنے کام سے کام (اُر مثل) خود غرض آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔
کوئی دم کا دامہ ہے (اُر محاورہ) زندگی بہت تھوڑی ہے۔
کوئی دم میں سر سوئی پھولتی ہے (اُر مثل) تھوڑی دیر میں مدہوش ہو جائیگا۔
کوئی دم میں مُرلیا بجے گی (اُر مثل) تھوڑی ہی دیر میں حقیقت معلوم ہو جائے گی ابھی تھوڑی دیر کے بعد سزا ملے گی۔
کوئی دم کا مہمان (اُر۔ اصفت بترکیب اضافی) قریب المرگ۔ آفتاب لب بام۔ جانبلب۔ جلد رخصت ہونے والا۔
کوئی دن کی ہوا کھاتا (اُر محاورہ) تھوڑے دنوں کی زندگی اور رہنا۔
کوئی دن یاد کروگے (اُ محاورہ) ہماری قدر ہمارے جاتے کے بعد کروگے۔ کئی روز تک رنج اور تکلیف اُٹھاتے رہوگے۔
کوئی کام کرے دام سے ہم دام دام کریں کام سے (اُر مثل) ہم کام کے ذریعے روپیہ کماتے ہیں اور کوئی روپیہ کے ذریعے کماتے ہیں۔
کوئی کسی کا دردبانٹ نہیں لیتا (اُر۔ مثل) ہر طرح کا رنج و غم خود ہی برداشت کرنا پڑتا ہے۔
کوئی کسی کی آگ میں نہیں مرتا (اُ محاورہ) کسی کی مصیبت اور دُکھ کو کوئی آدمی اپنے سر نہیں لیتا۔
کوئی کسی کی قبر میں نہیں سوتا یا نہیں جاتا۔ (اُر) کسی کے بدلے کوئی دوسرا آدمی جان نہیں دیتا۔ ہمیشہ کسی کے ساتھ نہیں رہتا۔
کوئی کل سیدھی نہیں (اُر محاورہ) کوئی پہلو ٹھیک نہیں ہر بات میں پیچ ہے۔
کوئی کوئی (ہ۔ اصفت) ایک آدھ۔ اکا دُکا۔ بہ لا۔ شاذ و نادر۔
کوئی مرے کوئی ملہار گاوے (ہ۔ مثل) کسی کو صدمہ اور رنج پہنچے کوئی خوشی منادے۔
کوئی نہ کوئی (اُ تابع نکرہ) کوئی سا۔ ایک نہ ایک۔ ایک نہیں دوسرا سہی۔
کوئی نہیں پوچھتا کہ تیرے مُنہ کے دانت ہیں (ہ۔ مثل) نہایت انصاف اور عدل کی تعریف میں کہا کرتے ہیں یعنی کسی کو کسی قسم کا بھی خطرہ نہیں رہتا امن اور عدل کا زمانہ ہے۔
کوئی ہے (ہ۔ حرف ندا۔ ملازم کو بلانے اور پکارنے کے لئے بولتے ہیں۔
کوئے اُڑانی (ہ۔ اسمو) نہایت ادنیٰ درجہ کی ملازم عورت۔ دیرانی۔ چیلی۔
کوئے اُڑ جا (ہ۔ شگون) پردیس سے کسی کے آنے کے وقت شگون لیا کرتے ہیں۔
کوئے کھائے ہیں (اُ محاورہ) بہت بڑی عمر کا ہو کر بھی بال سیاہ ہیں۔
کوئے کوسا کریں کھیت پکا کریں (اُر مثل) ناحق بددعا کا اثر نہیں ہوتا۔ دشمن کے بُرا چاہنے سے بُرا نہیں ہوتا۔
کوسے کوسنے سے کہیں ڈھور مرتے ہیں۔ کسی کے بددعا دینے سے لوگوں کا نقصان نہیں ہوتا۔
کویا (ہ۔ اسمث) آنکھ کو نہ۔ گوشہ چشم۔ سمجھنے کا بالکل نیا اُگا ہوا شگوفہ یا کونپل ریشم کے کیڑے کا خول۔ شریفہ یا کنول کا دانہ۔
کوئل (ہ۔ اسمو) ایک خوش آواز کالے پرندے کا نام ہے۔
کوئتلا (ہ۔ لمذ) بالف نسبتی۔ فاعلی۔ کوئل کے سے رنگ والا۔ مجازاً جلی ہوئی لکڑی کا بجھا ہوا ٹکڑا۔ یا کان سے نکالا ہوا سیاہ مادہ۔
کوئلوں پر مُہر ہوتا (ہ محاورہ) نہایت کنجوسی کے باعث کوئلوں جیسی حقیر چیز کی بھی سخت حفاظت کرنا۔
کوئلوں کی دلالی میں ہاتھ کالا یا مُنہ کالا (اُ۔ مثل) بُرے کام پڑنے سے آخر بدنامی ہی حاصل ہوگی۔
کوئلیا (ہ۔ اسمو) کوئل کی تصغیر ہے۔
کوئین (انگ اسمو) ملکہ۔ رانی۔ بادشاہ۔ بیگم۔ Queen
کویہ (ف۔ لمذ) ریشم کے کیڑے کی کھال۔ ریشم کے کیڑے کا خول۔
کویہ ابریشم (ف۔ لمذ) ریشم کے کیڑے کا خول۔

ک - ہ - ھ

کہ (ف) حرف بیان ہے نیز "جو" بیانیہ کے موقع پر اس کی جگہ بھی آجاتا ہے علت اور سبب کے لئے۔ ناگاہ۔ دفعۃً۔ استفہام۔
کہ خرسبستہ بہ گرچہ دزد آشنا است (ف مثل) گدھے کا باندھنا بہتر ہے اگرچہ اطمینان ہو۔ احتیاط بہتر ہے۔
کہا (ہ۔ لمذ) مقبول۔ کہا ہوا۔ بچن۔ قول۔ مقولہ۔ بات۔
کہا سا (ہ۔ لمذ) کہر دھند۔ ابر آلود آسمان۔ جھڑ۔ غبار۔
کہا ماننا (اُر محاورہ) کہا نہ ماننا۔
کہا سُنا (ہ۔ لمذ) مفعول۔ جرم۔ خطا۔ قصور۔ گناہ۔ شکوہ۔ سمجھانا۔ بجھانا۔
کہا سُنا بخشنا / رکھنا / معاف کرنا (اُر محاورہ) کسی سے رخصت ہوتے وقت کہتے ہیں۔ مرنے والا بھی کہہ کر اپنا قصور معاف کراتا ہے۔
کہا سُنا بخشوانا (اُر محاورہ) کسی سے اپنا قصور معاف کروانا۔
کہا کرنا / ماننا (اُر محاورہ) بات ماننا کہنے پر عمل کرنا۔
کھات (ہ۔ اسمو) بوسیدہ اور گلی سڑی چیزیں۔ وہ میلا اور کوڑا کرکٹ جسے گڑھے کھاد یا میں جمع کر کے گلنے کے بعد کھیتوں میں ڈالتے ہیں۔
کھاتا (ہ۔ لمذ) لیکھا۔ بہی۔ روزنامچہ۔ روزمرہ حساب کی کتاب۔ لین دین بیوپار
(بحالت صفت) کھاتا ہوا آسودہ حال (لمذ) اناج کا ذخیرہ جمع کرنے کا ذخیرہ۔
کھاتا پیتا (ہ۔ اصفت) آسودہ حال۔ مُرفہ حال۔ خوش حال۔
کھاتی (ہ۔ اسمو) برھئی۔ ترکھان۔ بڑھار۔ اناج وغیرہ کے ذخیرہ کا چھوٹا اور گہرا گڑھا۔
کھاتے پڑنا (ہ۔ محاورہ) حساب میں درج ہونا۔ پکی بہی میں چڑھایا جانا۔
کھاتے پیتے لاتیں مارنا (محاورہ) آسودگی میں ناشکری ادا کرنا۔ کفران نعمت کرنا۔
کھاٹ (ہ۔ اسمو) چارپائی۔ پلنگڑی۔
کھاٹ پڑ کے کھانا (محاورہ) بیماری پر صرف ہونا۔ بیمار پڑ جانا۔

کھاٹ پڑنا / کھاٹ سے لگ جانا (ہ محاورہ) بیمار ہو کر چارپائی پر پڑ جانا۔ صاحب فراش ہونا۔

کھاٹ سے اُتارنا یا اُتار لینا (ہ محاورہ) ہندو۔ قریب المرگ آدمی کو چارپائی سے نیچے اُتار کر زمین پر لٹا دیتے ہیں۔

کھاٹ کھٹولا (ہ۔ لند) مال سباب۔ استر بستر۔ بندھنا بوریا۔

کھاٹ نکلنا (ہ۔ فعل (ارتھی) نکلنا۔ جنازہ نکلنا۔ مرنا۔

کھاج (ہ۔ امو) کھجلی۔ خارش۔ جماع کی خواہش۔

کھاجا (ہ۔ لند) خوراک۔ غذا۔ مٹھائی کی قسم۔

کھا جانا (ہ محاورہ) ہضم کر جانا۔ ہڑپ کر جانا۔ خرچ کر لینا۔ برباد کر ڈالنا۔ تباہ کر دینا۔ مال مار لینا۔ رشوت لے لینا۔

کھاد (ہ۔ امو) (دیکھو کھات)

کھادر (ہ۔ امو) پست زمین۔ نشیب دریا کے کنارے کی سیلاب والی زمین۔

کھار (ہ۔ لند) شورہ۔ کلر۔ نمک۔ سبھی کاٹ کرنے والی چیز۔

کھار لگنا (اُر محاورہ) شورہ لگنا۔ کلر لگنا۔

کہار (ہ۔ امو۔ لفظ) پانی بھرنے والا سقہ۔ دھینور۔ حمال۔ ڈولی۔ یا پالکی اُٹھانے والا۔ خادم۔ مٹھلوا۔ برتن مانجھنے والا۔

کھارا (ہ۔ لند) سرکنڈوں کا چھ کھونٹا ٹوکرا جس پر دولھا کو پھیروں کے وقت کپڑا ڈال کر بٹھاتے ہیں۔ نمک۔ پہاڑ (بکاٹ صفت) نمکین شور دار۔

کھاروا (ہ۔ لند) ایک قسم کا سُرخ موٹا کپڑا۔

کہاری (ہ۔ امو) کہار کی بیوی۔ کہار قوم کی عورت۔ خادمہ۔ پانی بھرنے والی کہاروں کی مزدوری۔ ڈولی کا کرایہ۔

کھاری (ہ۔ اصفت۔ پانی نسبتی شور دار۔ نمکین۔ کڑوا۔ تلخ۔

کھاری کنواں (ہ۔ لند) کڑوے یا نمکین پانی کا کنواں۔ مجازاً بے فیض۔

کھاری کنوئیں ڈال دینا (ہ محاورہ) کھو دینا۔ ضائع کر دینا۔ پھینک دینا بے فائدہ کھونا۔

کھاری نمک (اُر۔ لفظ) ایک قسم کا نمک جو کھاری پانی سے بنایا جاتا ہے۔

کھاڑی (ہ۔ امو) خلیج پانی کا وہ قطعہ جو دور تک خشکی کو کاٹتا چلا جائے۔

کھاس (ہ۔ امو) اپٹے لادنے کی جالی دار بوری۔ جالی دار گون۔ جالی دار بورا۔

کھاکے پچھتانا ہے نہا کے نہیں پچھتانا (اُر مثل) نہانے سے بدن چیت رہتا ہے کھانے سے طبیعت خراب ہو جاتی ہے۔

کھا لینا (اُر محاورہ) نوش کرنا۔ مار لینا۔ مار ڈالنا۔ ڈبک مارنا۔ ڈسنا۔ جھنجھوڑنا۔

کھا کر ڈکار نہ لینا (ہ محاورہ) ہڑپ یا مال ہضم کر جانا۔ بچا لینا لے کر بالکل نہ دینا۔

کھاگ (ہ۔ لند) گینڈے کا سینگ۔

کھال (ہ۔ امو) چمڑا۔ چرم۔ چام۔ پوست۔ چھلکا۔ چھال۔ دھوکنی۔ دھوڑی جانوروں کے جسم کا پوست۔ کھیت میں پانی پہنچانے کی نالی۔

کھال اُتارنا / کھال اُدھیڑنا / کھال کھینچنا (ہ محاورہ) کسی کے جسم سے چمڑا اُدھیڑنا۔ مار کھانے یا پیٹنے کو جی چاہنا۔ خواہش جماع کا زور کرنا۔

کھال کھینچنا (اُر محاورہ) چمڑا ادھڑنا۔ پوست اُترنا۔

کھال کھنچوانا (اُر محاورہ) وہ سزا جس میں زندہ مجرم کی کھال اُتروا کر اس میں بھس بھر دیا جاتا ہے۔

کھال بگڑنا (محاورہ) شامت آنا۔ مرنے کو جی چاہنا۔

کھال کی جوتیاں بنا کر پہننا (اُر محاورہ) انتہائی سخت سزا دینا۔ بہت ذلیل کرنا۔

کھال میں مست ہونا (محاورہ) غریبی میں مگن رہنا۔ اپنی مفلسی میں خوش رہنا۔

کھالا (ہ۔ لند) کھال سے اسم مکبر۔ ندی۔ نالہ۔ آب جو۔ غار۔ گڑھا۔ بہت سے ندی نالوں والی نشیب زمین۔

کھان (ہ۔ امو) کان معدن دھاتوں وغیرہ کے پیدا ہونے اور نکلنے کی جگہ۔ منبع مخزن خزانہ مصدر۔ بہتات۔ کثرت۔ افراط۔

کہاں (ہ اسم استفہام برائے ظرف) مکان۔ کدھر۔ کس جگہ (استفہام۔ انکاری نہیں۔ کب۔ دوری۔ فرق۔ بڑا بھاری فرق۔ جیسے کہاں یہ کہاں وہ۔

کہاں چلے آئے ہو (ہ محاورہ) پردہ ہے تمہارے آنے کی جگہ نہیں۔ ہٹ جاؤ۔

کہاں رام کہاں ٹمیں ٹمیں / کہاں راجہ بھوج کہاں گنگلا تیلی (ہ۔ مثل) اعلیٰ کو ادنیٰ سے کیا نسبت دونوں میں زمین آسمان کا فرق ہے۔

کہاں سے کہاں (ہ تابع فعل) بہت دُور۔ کالے کوسوں بے ٹھکانے۔

کہاں کا (ہ۔ تابع فعل) کس مقام کا۔ کس جگہ کا۔ کس طرف کا۔ کیسا۔ کس مطلب کا۔ کس کا۔ کدھر کا۔ کب کا۔ کس زمانے کا کونسا۔ حقارتاً بالکل ناچیز کم حیثیت نہایت تھوڑا۔ بالکل کم۔

کہاں کا آنا (ہ محاورہ) کسی ملاقات۔ کیسا تعلق۔ کیسا ملنا جلنا۔ کیسا آنا اور کیسا جانا۔

کہاں کا کہاں (ہ تابع فعل) بہت دُور۔ کالے کوسوں۔ بے ٹھکانے۔

کہاں کی بلا پیچھے لگی (ہ۔ محاورہ) کس آفت میں پھنس گئے۔ تنگی کے وقت گھبرا کر کہا کرتے ہیں۔

کہاں کے ہیں (ہ محاورہ) ایسے کون ہیں۔ کس ملک کے ہیں۔

کہا لا کر پھنسایا (ہ محاورہ) کس عذاب میں ڈالا۔ بُری جگہ۔ فریفتہ کیا۔ بُرے دکھ میں پھنسایا۔

کہانا (ہ فعل) کہلانا۔ موسوم ہونا۔ مشہور ہونا۔ نام رکھانا۔ جانا۔ پیغام دینا۔ کہلوانا۔

کھانا (ہ۔ لند) غذا۔ خوراک۔ رسوئی۔ روٹی۔ بھوجن۔ طعام۔ ضیافت دعوت۔ مہمانی مصدر بمعنی حاصل مصدر رہے۔

کھانا بڑھانا / زیادہ کرنا (اُر محاورہ) کھانا ختم کرنا۔ دسترخوان اُٹھانا۔

کھانا پانی حرام کر لینا (اُر محاورہ) کچھ نہ کھانا۔

کھانا پچانا (اُر محاورہ) ورزش وغیرہ سے غذا ہضم کرنا۔

کھانا پڑا یا ہے پیٹ تو پڑا یا نہیں (اُر مثل) جب کوئی زیادہ کھا کر بدہضمی میں مبتلا ہو تو کہتے ہیں۔

کھانا پینا (ہ۔ لند) دانہ پانی۔ آب و نان۔ آب و خور۔

کھانا پینا لہو کرنا (محاورہ) خوراک انگ نہ لگنے دینا۔ رنج و لاتا کھایا پیا خاک میں ملا دینا۔

کھانا جوڑا (ہ۔ لند) وہ کھانا اور قیمتی کپڑے جو دُلہن کے گھر سے دُلہا کو دیتے ہیں۔

کھانا چھاتی پر رہنا (اُر محاورہ) کھانا ہضم نہ ہونا۔
کھانہ دانہ (اُ لو لند) بیاہ کی دعوت۔ شادی کی ضیافت
کھانا دینا (اُر محاورہ) دعوت دینا۔
کھانا زہر مار کرنا (اُر محاورہ) غصے میں کھانا۔ مجبوری سے کھانا۔
کھانا کھا کر انگڑائی لی تو کھایا پیا کتے کے پیٹ میں چلا جائیگا (اُر مثل) عورتوں کا وہم ہے انگڑائی سے روکنے کیلئے کہتی ہے۔
کھانا کھانا (ہ۔ فعل) روٹی کھانا۔ طعام تناول کرنا۔ خاصہ نوش فرمانا۔
کھانا کھلانا (ہ۔ فعل) دعوت دینا۔ ضیافت کھلانا۔
کھانا وہاں کھاؤ تو پانی یہاں پیو یا ہاتھ یہاں دھوؤ (ہ محاورہ) فوراً چلے آؤ۔ بہت جلد آؤ۔ دیر نہ کرو۔ جلدی چلے آؤ۔
کھانا (ہ۔ فعل) نوش کرنا۔ جیمنا۔ نگلنا۔ حلق سے اُتارنا۔ اُڑانا۔ غبن کرنا۔ ہضم کرنا۔ رشوت لینا۔ فضول خرچی کرنا۔ اسراف کرنا۔ کاٹنا۔ ڈسنا۔ غصہ سہارنا۔ برداشت کرنا۔ چھوڑ دینا۔ بھول جانا جیسے عبارت کھا گئے پیٹنا۔ مار پڑنا جیسے جوتے کھانا۔ مار ڈالنا۔ قتل کر دینا۔ جیسے چلا جا ورنہ کھا جاؤں گا۔ ستانا۔ دق کرنا۔ جیسے کیوں کان کھائے ہیں۔ اثر لینا۔ اثر قبول کرنا۔ جیسے ہوا کھانا۔ زخم ڈالنا۔ کانٹا جیسے جوتے نے پاؤں کھا لیا۔ وغیرہ وغیرہ۔
کھانا اور غرّانا (اُر محاورہ) احسان فراموشی کرنا۔ کھانا بھی اور دھمکانا بھی بلی کی سی عادت رکھنا۔
کھانا پینا (محاورہ) روٹی کپڑے کا خرچ اُٹھانا۔ کھانا اُڑانا۔
کھانا کمانا (محاورہ) محنت مزدوری کرنا۔ نوکری چاکری کرنا۔
کھانا نوش کرنا (اُر مصدر مرکب) کھانا تناول کرنا۔
کھانچا (ہ۔ مذ) چھابا۔ خوان۔ لوکڑا۔ اُمڈا یا مرغیاں بند کرنے کا اُونچا لوکڑا۔ دیوار کی کجی۔ وقفہ۔ ڈھیلی۔ دیر۔
کھانچا پڑنا (محاورہ) وقفہ ہونا۔ ناغہ ہونا۔ سلسلہ میں فرق آجانا۔
کھانڈ (ہ۔ امو) چینی۔ بورا۔ شکر سفید۔
کھانڈا (ہ۔ مذ) ایک قسم کی دو رُخی سیدھی تلوار۔ مچھلی کا قتلہ۔ قصائی کا بُغدا۔
کھانڈا بجنا (ہ محاورہ) تلوار چلنا۔ لڑائی ہونا۔ جنگ و جدل ہونا۔
کھانڈنا (ہ مصدر) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
کھانڈے کی دھار پر چلنا (اُر محاورہ) خطرناک کام کرنا۔
کھانسنا (ہ۔ فعل) کھنکارنا۔ کھانسی کی آواز نکالنا۔ دھانسنا۔
کھانسی (ہ۔ امو) کھُر کھُر۔ سُرفہ۔ سعال۔
کھانکھ (ہ۔ صفت) نہایت سوکھی چیز (کھال امو) کھالی۔ خندق۔
کھانگ (ہ لند) ہاتھی یا سور کے باہر نکلے ہوئے دانت۔
کہانی (ہ۔ امو) قصہ۔ حکایت۔ داستان۔ سرگزشت۔ بیتی بات۔ ذکر بیان۔ کتھا۔
کہانی ہے (اُر محاورہ) من گھڑت غلط ہے۔ جھوٹ ہے جھوٹی بات۔
کھاتے کمانے کا ٹھیکرا (ہ لند) روزی کا وسیلہ۔ نوچی۔ کسب کمانے کے لئے پالی ہوئی لڑکی۔
کھانے کمانے لگنا (اُر محاورہ) گزران بات کرنے لگنا۔
کھانے کو بسم اللہ کمانے کو استغفر اللہ (اُر مثل) کھانے کو چست اور کام کاج میں سست آدمی۔
کھانے کو دوڑنا (اُر محاورہ) بُرا لگنا۔ کاٹ کھانے کا آمادہ کرنا۔ بد مزاجی سے پیش آنا۔
کھانے کو اونٹ کمانے کو مجنوں / **کھانے کو شیر کمانے کو بکری** / **کھانے کو بسم اللہ کمانے کو استغفر اللہ** / **کھانے کو زچہ کمانے کو بچہ** (اُر مثل) کھانے کے لئے زبردست اور کمانے کو پست۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو کھانے کو تیار ہو اور کمانے سے جی چراتے۔
کھانے کھیلنے کے دن (اُر۔ لند) بے فکری کے دن۔
کھانے کے دانت اور ہیں دکھانے کے اور (ہ محاورہ) باطن ظاہر کے خلاف ہے دل میں کچھ اور زبان پر کچھ اور۔ قول کچھ بے عمل کچھ۔
کھاؤ (ہ۔ اصفت) بہت کھانے والا۔ پیٹو۔ لالچی۔ رشوت خور۔ چٹورا۔ بہت خرچ کرنے والا۔
کھاؤ اُڑاؤ (ہ۔ اصفت) فضول خرچ۔ مسرف۔ تن پرور۔ چوڑا۔
کھاؤں کھاؤں کرنا (اُر محاورہ) غصے میں بھرا ہونا۔
کہاوت (ہ۔ امو) قول۔ یکن۔ کہن ضرب المثل۔
کھاؤ میت (ہ صفت) کھائے پینے کا دوست مطلب کا یار۔ مطلب کا آشنا خود غرض۔
کھائی (ہ۔ امو) خندق۔ گڑھا۔
کھائے بکری کی طرح سوکھے لکڑی کی طرح (اُر مثل) جو بہت کھائے اور کھا کر دبلا رہنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔
کھائے پر کھایا وہ بھی گنوایا (ہ۔ مثل) زیادہ لالچی پہلا اندوختہ بھی کھو بیٹھتا ہے۔
کھایا پیا انگ نہ لگنا (ہ فعل) خوراک کا جزو بدن نہ ہونا۔
کھائیں تو گھی سے نہیں جائیں تو جی سے (اُر مثل) ہر تو اچھا ہر نہیں تو بھوکا مرنا منظور ہے۔
کھایا پیا اگلنا (اُر محاورہ) عمر بھر کی کمائی پیش کر دینا۔ قے کرنا۔ پرانا راز بتانا۔ چوری کے مال کا برآمد ہونا۔
کھاتے من بھاتا پہنئے جگ بھاتا (ہ مثل) خوراک دل پسند اور لباس عام ہونا چاہیے۔ زمانہ کے رسم و رواج کے مطابق چلنا چاہیے۔
کھبا (ہ۔ اصفت) بایاں۔ اُلٹا۔ چپ۔ بجائے ضد۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنے کا عادی۔
کھب جانا (ہ۔ فعل) گڑ جانا۔ چبھ جانا گھس جانا۔ پیٹھ جانا۔ پس جانا۔ پسند آجانا دل نشیں ہو جانا۔ دل میں گھر کر جانا۔
کھبنا (محاورہ) چبھنا۔ گڑنا۔ گھسنا۔ پیٹھنا۔ بسنا۔ نظروں میں پسند آنا منظور نظر ہونا۔
کہہ بیٹھنا (محاورہ) گالی دے بیٹھنا۔ بُرا بھلا کہہ دینا۔
کھپاچ (ہ۔ امو) بانس کا ٹکڑا۔ کھپچی۔ پھانس۔ بہت ہی دبلا پتلا آدمی۔
کھپانا یا کھپا دینا (اُر محاورہ) برتنا۔ استعمال کرنا صرف کرنا۔ کام میں لانا گھلانا تکمیل کرنا۔ کام میں لانا۔ مار ڈالنا۔ تباہ کر ڈالنا۔ برباد کرنا۔ ضائع کرنا۔ سمانا۔ بھیڑنا۔ جذب کرنا۔ پلانا۔
کھپا کرنا (اُر محاورہ) شرمندہ ہونا۔

کھپت (ہ) ۔ امبو ۔ حاصل مصدر خرچ ۔ صرف ۔ سمائی ۔ گنجائش ۔ گزارا ۔

کھپچی (ہ ۔ امبو) بانس کا ٹکڑا ۔ کھپاچ پھانس ۔ دُبلا ۔ پتلا ۔ لاغر ۔

کھپچی (ہ ۔ امبو) گود ۔ بغل ۔ آغوش ۔

کھپچی بھرنا (ہ ۔ فعل) دونوں ہاتھوں سے گود میں اُٹھا لینا ۔

کھپر (ہ ۔ اند) سر کی ہڈی ۔ کپال ۔ کھوپڑی ۔ جوگیوں کی تونبی ۔ طشت خون جو دیوتاؤں کی نذر کیا جاتا ہے ۔

کھپرا (ہ ۔ اند) بکل ۔ چھال ۔ چھلکا ۔ پھل کے چھلکے ۔ قاش ۔ پھانک ۔ مٹی کا ٹھیکرا جو کھپریل پر بچھاتے ہیں ۔ ایک قسم کا کیڑا جو دھان کو لگ جاتا ہے ۔ دھان کی کسری ۔ چوڑے چھل کا ستیر ۔

کھپری (اُر ۔ امبو) مٹی کا چھوٹا ٹھیکرا ۔ جس پر روٹی پکاتے ہیں ۔

کھپری مُنہ میں لگانا (اُر محاورہ) تہمت لگوانا ۔ رُسوا کرنا ۔

کھپری مُنہ میں لگنا (اُر محاورہ) تہمت لگنا ۔ رسوا ہونا ۔

کھپریل (ہ ۔ امبو) کھپروں سے چھائی ہوئی چھت ۔

کھپنا (ہ ۔ فعل) خرچ ہونا ۔ اُٹھنا ۔ سمانا ۔ لٹنا ۔ جذب ہونا ۔ سوکھنا ۔ فروخت ہو جانا ۔ بک جانا ۔ کام آنا ۔ مارا جانا ۔ گھلنا ۔ تحلیل ہو جانا ۔

کھتا (ہ ۔ اند) غلہ بھر رکھنے کا گڑھا ۔ کھتی ۔ ڈھیر ۔ ذخیرہ ۔ انبار ۔ خزانہ ۔ گنج ۔

کہتا (ہ ۔ اند ۔ فاعل سماعی) کہنے والا متکلم ۔ بولنے والا ۔

کھتر (ف ۔ اصفت) چھوٹا ادنیٰ ۔ کمتر کی ضد ۔

کھتر انی (ہ ۔ امبو) کھتری کی مونث ۔ کھتری کی جورو ۔ کھتری قوم کی عورت ۔

کھتر نا (ہ ۔ اند) کھتریوں کی برادری ۔ کھتری قوم کا ۔

کھتر یاہ (ہ ۔ اند) ہندوؤں کے چار برنوں میں سے ایک برن ۔ چھتری کا بگاڑ یا متبادل ہے

کھتر یٹا (ہ ۔ اند) کھتری کی تصغیر بالتحقیر ۔ کھتری بچہ ۔ کھتری زادہ ۔

کھتوتی (ہ ۔ امبو) گاؤں کی زمین کا حساب کتاب مع تقسیم وغیرہ ۔

کھتی (ہ ۔ امبو) دیکھئے کھتا جس کی یہ تصغیر ہے ۔

کھتی بھرنا (اُر محاورہ) کھتی میں غلہ بھرنا ۔

کھتی (ہ ۔ امبو) روپیہ پیسہ رکھنے کا گرگلک ۔ خزانہ ۔

کھتونی عام (اُر ۔ امبو) ایک کتاب جو پٹواریوں کے پاس ہوتی ہے ۔

کھتے میں پڑ جانا (اُر محاورہ) کھٹائی میں پڑ جانا ۔

کھتیانا (ہ ۔ فعل) کھاتے میں رقم جمع کرنا ۔ روزنامچہ سے نکال کر کھاتے میں درج کرنا

کھتے (ہ ۔ اصفت) کہتے ہوئے بات کرتے ہوئے ۔

کھتے ہوئے (ہ ۔ اصفت مفعولی) مُنہ سے بولتے ہوئے زبان سے نکالتے ہوئے ۔

کھٹ (س ۔ اسم عدد) چھ ۔ شش ۔ ۶ ۔

کھٹ پد (س ۔ اند ۔ فاعل) چھ پیروں والا ۔ یعنی بھونرا ۔

کھٹ رس (س ۔ اند) چھے ذائقے یعنی تلخ ۔ کسیلا ۔ نمکین ۔ کھٹا ۔ میٹھا ۔ چرپرا ۔

کھٹ شاستر (س ۔ اند) چھ درشن گوتم کا نیائے شاستر ۔ کناد کا وے شیشک شاستر ۔ جیمنی کا پورو میمانسا ۔ بیاس کا اُتر میمانسا ۔ کپل کا سانکھ شاستر ۔ تنجلی کا جوگ شاستر ۔ بیاس کا اُتر میمانسا ۔

کھٹ کرم (س ۔ اند) برہمنوں کے چھ فرض یعنی دشٹان ۔ دھیان ۔ جپ ۔ ترپن ۔ پوجا ۔ گیان ۔

کھٹ راگ (س ۔ اند) ایک راگ کا نام ہے جس میں سب راگوں کے سُر شامل ہیں ۔ مجازاً ۔ الجھیڑا ۔ بکھیڑا ۔ جھگڑا ۔ مُنٹا ۔ قضیہ ۔ جنجال ۔ جھمیلا ۔ لغو باتیں ۔

کھٹ راگ میں پڑنا (ہ محاورہ) بکھیڑے میں پڑنا ۔ جنجال میں پھنسنا ۔

کھٹ کھٹ (ہ ۔ امبو) صوت ۔ دو سخت چیزوں کے ٹکرانے کی آواز ۔

کھٹ (ہ ۔ امبو صوت) کسی چیز کے کھٹکنے کی آواز ۔ کھٹکا ۔ بچوں کے یاری توڑنے کے وقت ناخن بجانے کی آواز ۔

کھٹ بڑھئی (ہ ۔ اند) ایک لمبی چونچ والے پرندے کا نام ہُدہُد ۔ کٹھ پھوڑا ۔

کھٹ پچرا (ہ ۔ صفت) تند مزاج ۔ زود رنج ۔ سرکش ۔ بد معاملہ ۔

کھٹا (ہ ۔ اصفت) تُرش ۔ چوک (بحالت اند) گلگل ۔ ترنج ۔ ایک ترش پھل کا نام ۔ کھٹا کا اسم مکبر ۔

کھٹا چوک (ہ ۔ اصفت) نہایت ہی کھٹا بہت ہی تُرش ۔ چوک جیسا کھٹا ۔

کھٹا کھا رہنا (اُر محاورہ) کسی سے عناد ہونا ۔ کسی سے ناراض ہونا کسی کو نفرت کی نگاہ سے دیکھنا ۔

کھٹا کھانا (ہ محاورہ) گالی کھانا بُری بات سُننا ۔ ناراض ہونا ۔ خفا ہونا ۔

کھٹا میٹھا (ہ ۔ اصفت) کچھ کھٹا کچھ میٹھا ۔ تُرش بھی اور میٹھا بھی ۔ ترشی دار شیریں ۔

کھٹا میٹھا ہونا (ہ ۔ محاورہ) لالچ آنا ۔ جی للچانا ۔ مُنہ میں پانی بھر آنا ۔ ان بن ہونا ۔ بُرا بھلا بننا ۔ ناچاقی ہو جانا ۔

کھٹا ہو جانا یا ہونا (محاورہ) تُرشی آجانا ۔ اچار اُٹھ جانا ۔ سڑ جانا ۔ دل یا جی کا بیزار ہونا ۔

کھٹا پٹ (ہ ۔ امبو) لڑائی ان بن ۔ ناراضگی ۔ تکرار ۔ ہتھیاروں وغیرہ کے باہم ٹکرانے کی آواز ۔

کھٹا پٹی (ہ ۔ اند ۔ بیائے زائدہ) ہتھیاروں کے باہم ٹکرانے کی آواز ناراضگی ان بن ۔ لڑائی تکرار ۔

کھٹاس (ہ ۔ امبو) مصدری از کھٹا ۔ تُرشی ۔ کھٹائی ۔ ناراضگی ۔ ان بن ۔

کھٹاس (ہ ۔ اند) نیولا ۔ نمک ۔ بلاد ۔

کھٹاکا (ہ ۔ اند) صوت ۔ گرنے یا ٹوٹنے کی آواز ۔ دو سخت چیزوں کے ٹکرانے کی آواز کھڑکا ۔

کھٹانا (اُر مصدر) روکنا ۔ فراغت کرنا ۔ مائل ہونا ۔ کھڑا کرنا ۔ پکا کرنا ۔ کمانے کا موجب ہونا ۔

کھٹائی (ہ ۔ امبو ۔ مصدری از کھٹا) کھوٹا پن ۔ کھوٹا عیب ۔ اوگن ۔ بدی ۔ دغا ۔ فریب ۔ دھوکا ۔ بُرائی ۔ بد سلوکی ۔ نقص ۔

کھٹائی کرنا (محاورہ) بدی کرنا ۔ بُرائی کرنا ۔ فریب کرنا ۔ دغا کرنا ۔ دھوکا دینا ۔

کھٹائی مر (ہ ۔ امبو) بیائے مصدری کھٹا ۔ کھٹاپن ۔ تُرشی ۔ کچے آم کی سوکھی پھانکیں ۔ (مجور) کسب کمائی ۔ کھٹنے ۔ بمعنی کمانے سے اسم مصدری ۔

کھٹائی کا زبان کاٹنا (اُر محاورہ) سرکے یا کھٹی چیز کا زبان پر چرکا دینا۔
کھٹائی کھانا (ہ۔ امذ۔ فاعل ترکیبی) ترشی کا عادی۔ کھٹائی کھانے والا۔ مجازاً بھڑوا۔ دلّہ۔ کسی نوچی کی کمائی کھانے والا بے غیرت۔ بے حیا بے شرم۔
کھٹائی میں پڑنا (محاورہ) زیور کا صاف اور اُجلا ہونے کے لئے ترشی میں ڈالا جانا۔ دیر لگنا۔ ٹال مٹول میں رہنا۔ بکھیڑے میں پڑنا۔ وعدہ وعید میں رہنا جھمیلے میں پڑنا۔
کھٹائی میں ڈالنا (ہ محاورہ) زیور کو صاف کرنے کی غرض سے ترشی میں ڈالنا۔ دیر لگانا۔ ٹال مٹول کرنا۔ وعدے کر کے ٹالتے رہنا۔ توقف کرنا۔
کھٹک (ہ۔ امو) درد۔ ٹیس۔ چبک۔ اندیشہ۔ خوف۔
کھٹکتے رہنا : علیحدہ رہنا۔ کنارہ کش رہنا۔ الگ الگ رہنا۔
کھٹکا (ہ۔ امذ) کسی چیز کے مُرجھانے کی آواز۔ کھڑکا۔ آہٹ۔ جھپس۔ کھٹک پھل دار درخت میں جانوروں کو ڈرانے کے لئے باندھا ہوا بانس کا ٹوایا۔ ٹین کا کنستر۔ ہک۔ چٹکنی۔ چٹخنی۔ دل پر چوٹ لگانیوالا۔ سُریلی آواز کا جھٹکا۔ خوف۔ اندیشہ۔ ڈر۔ تردد۔ فکر۔ دغدغہ۔
کھٹکا پڑ جانا (اُر محاورہ) خوف یا اندیشہ۔ ہر وقت جان خطرے میں رہنا۔
کھٹکا گزرنا (اُر۔ محاورہ) اندیشہ ہونا۔
کھٹکا لگا رہنا (محاورہ) تردد رہنا۔ فکر لگی رہنا۔ خطرے میں رہنا۔ تشویش میں رہنا۔
کھٹکا لگنا (اُر محاورہ) اندیشہ ہونا۔ فکر رہنا۔
کھٹکا مٹانا (اُر محاورہ) اندیشہ دور کرنا۔ فکر رفع کرنا۔
کھٹکا مٹنا (اُر محاورہ) اندیشہ دُور ہونا۔ فکر رفع ہونا۔
کھٹکا ہوا (اُر محاورہ) رکا ہوا۔ کبیدہ خاطر۔
کھٹکا ہونا (اُر۔ محاورہ) آہٹ ہونا۔ سوتے ہونا۔ اندیشہ ہونا۔ ڈر ہونا۔
کھٹکا (ہ۔ امذ) آہٹ۔ کھڑکا۔ ضرر۔ نقصان۔ گمان۔ شبہ۔ شک دغدغہ۔ اندیشہ۔
کھٹک جانا (محاورہ) چبھ جانا۔ اثر کر جانا۔ بُرا لگنا۔ ناگوار گزرنا۔ بگڑ جانا دوستی میں فرق آجانا۔ اکھڑ جانا۔ اچٹ جانا۔
کھٹک چلنا (اُر محاورہ) کنارہ کش ہونا۔ بیزار ہو چلنا۔
کھٹکنا (ہ۔ فعل) چلنا۔ خلش ہونا۔ کھٹنا۔ ٹیس مارنا۔ درد کرنا۔ مڑکنا۔ بیخنا۔ کھڑکنا۔ لڑائی ہونا۔ بگڑنا۔ گراں گزرنا۔ بُرا لگنا۔ ڈرنا۔ خائف ہونا۔ دہنا۔ کنبانا۔ چونکنا۔
کھٹکنا (ہ فعل) پرندے کے بچے کا انڈے میں چونچ مار کر باہر نکلنا۔ چھلکا اُتارنا۔
کھٹ کھٹ (ہ۔ امو) صوت۔ لگاتار کوٹے جانے کی آواز۔
کھٹکھٹا (ہ۔ امذ) کام دھندا۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔
کھٹکھٹانا (ہ۔ فعل) کھڑکانا۔ دستک دینا۔ کھڑکھڑانا۔
کھٹکی (ہ۔ امو) دُودریا دھاگے کو دانت سے کاٹ کر ٹوٹنے کے قابل کر دینا۔
کھٹکے (ہ۔ امذ) کانوں کے سُوراخ جو عورتیں زیور پہننے کے لئے چھدواتی ہیں۔
کھٹ میٹھا (ہ۔ اصفت) کھٹے اور میٹھے کا مجموعہ۔ وہ میوہ جو ترش اور شیریں ہو۔
کھٹمل (ہ۔ امذ) چارپائی کا کیڑا۔ ایک سیاہی مائل سُرخ رنگ کا کاٹنے والا کیڑا۔ مانگنوں۔
کھٹنا (ہ۔ فعل) کمانا۔ حاصل کرنا۔
کھٹو (ہ۔ امذ۔ فاعل) کمائی کمانے والا۔ کاڈ۔ محنتی۔
کھٹولا (ہ۔ امذ) کھاٹ سے اسم تصغیر کھٹیا۔ چھوٹی سی چارپائی۔
کھٹے میٹھے دن (ہ۔ امذ ظرف) کڑوے کسیلے دن۔ بُرے دن۔ ایام اجل۔
کھٹے میٹھے کو جی چاہنا (اُر محاورہ) لذیز غذا کو جی چاہنا۔ حاملہ عورت کو کھٹائی کھانے کو جی چاہنا۔
کھٹی (ہ۔ اصفت) کھٹاکی تانیث۔ ترش۔ مجازاً بیزار۔ متنفر (بحالت امو) کمائی نفع بسود۔
کھٹی پیالی کو جی چاہنا (اُر محاورہ) حاملہ عورت کا ترشی کا رغبت کرنا۔
کھٹی چھاچھ سے بھی گئے (ہ۔ محاورہ) ذرا سے فائدہ کی اُمید تھی۔ اس سے بھی خالی رہے۔
کھٹی میٹھی باتیں سننا (ہ۔ محاورہ) بھلی بُری باتیں سہنا۔ کان گونج کو برداشت کرنا۔
کھٹیا (ہ۔ امو) کھاٹ کی تصغیر چھوٹی چارپائی۔ پلنگڑی۔ مجازاً ارتھی جنازہ۔ تابوت۔
کھٹیا پر پڑنا (اُر محاورہ) بیمار پڑنا۔
کھٹیا پر سونا (اُر محاورہ) بیمار پڑنا۔ صاحب فراش ہونا۔
کھٹیا نکلنا (اُر۔ محاورہ) جنازہ نکلنا۔
کھٹیاں گھاتا (اُر محاورہ) زک اُٹھانا۔ شکست کھانا۔
کھٹیک (ہ۔ امذ) چمڑا رنگنے والا۔ ایک قوم کا نام ہے۔ جس کا کام ہر قسم کے جانور پالنے اور رکھنے کا ہے۔ اہیٹری۔
کھجّ (ہ۔ امو) چڑ۔ چھیڑ۔ رنجیدگی۔ ملال۔ رنج۔ ناراضگی۔ خفگی۔
کھجانا (ہ۔ فعل) چھیڑنا۔ جلانا۔ ناراض کرنا۔ خفا کرنا۔
کھجانا (ہ۔ فعل) ناخن سے کھرچنا۔ سہلانا۔
کھجانا یا کھجلانا (ہ۔ امذ) ایک قسم کا خسہ پوری جس میں چار چھید اور پرت پرت عیدہ ہوتے ہیں۔
کھجلا (ہ۔ امو) حاصل مصدر کھجلانا سے۔ کھاج۔ خارش۔ چُل۔
کھجلاہٹ (ہ۔ امو) حاصل مصدر کھجلانا سے۔ کھاج۔ خارش۔ چُل۔
کھجلی اُٹھنا (ہ محاورہ) خارش اُٹھنا۔ چُل پڑنا۔ مار کھانے یا پیٹنے کو جی چاہنا۔ خواہش جماع کا زور کرنا۔
کھجور (ہ۔ امو) خرما تمر۔ ایک قسم کا چھوٹا چوہارا۔ درخت خرما۔ ایک قسم کی مٹھائی
کھجور چھپڑی (ہ۔ امو) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس پر کھجور کی ٹہنیوں کی طرح چھپڑیاں بنی ہوتی ہیں۔
کھجورا (ہ۔ امذ) نر کھجور جس میں پھل نہیں لگتا۔
کھجور رس (ہ۔ امو) تاڑی۔ جنگلی کھجور یا تاڑ کا رس۔
کھجوری چوٹی (ہ۔ امو) لہردار مضبوط گندھے ہوئے بال۔
کھجوری ڈوڈا (ہ۔ امذ) دوہرا کا دھاگا۔
کھچا (ہ۔ اصفت) بترکیب مفعولی، جکڑا ہوا۔ ناراض۔ کشیدہ خاطر۔ گراں۔ مہنگا۔
کھچا جانا (ہ فعل) کھچا کھچا پھرنا۔ مہنگا ہو جانا۔ لدا پھندا دساور کو چلا جانا۔ کشش کے سبب کسی کی طرف کو مائل ہو جانا۔

کھچا چلا آنا (اُ/محاورہ) کشش سے چلا آنا۔ مال کا تیزی کے ساتھ چلا آنا۔
کھچا کھچا پھرنا (اُ/محاورہ) کشمکش میں مبتلا ہونا۔
کھچا رہنا (اُ/محاورہ) کار کا رہنا۔ آزردہ رہنا۔ ناراض رہنا۔ دور دور رہنا۔
کھچا کھچ (ہ۔ا/صفت) خوب بھرا ہوا۔ ٹھسا ٹھس۔ کثرت سے۔ بافراط بکثرت۔
کھچا کھچ بھرنا (اُ/محاورہ) ٹھونس ٹھانس کر بھرنا۔
کھچاؤ (ہ۔مذ) حاصل مصدر کھینچنا سے۔ کھینچ۔ کشش۔ کھچاوٹ۔ کشیدگی۔ تناؤ۔ رکاؤ۔
کھچاوٹ (ہ۔امو۔ حاصل مصدر) تناوٹ۔ کشش۔ کشیدگی۔ رکاوٹ۔ کساؤ۔
کھچ جانا (ہ۔فعل) خفا ہو کر ملاقات چھوڑ بیٹھنا۔ رُک جانا۔ کشیدہ ہو جانا کنارہ کشی کر بیٹھنا۔
کھچڑی (ہ۔امو) چاول اور دال آپس میں ملے ہوئے۔ ایک ملائم اور نرم خوراک۔ بیری کا پھول۔ نامج کی ساتی۔ اشرفیوں اور روپوں کا مجموعہ۔ پوشیدہ صلاح و مشورہ۔ خفیہ چہ چا۔ سیاہ اور سفید بال۔ زچہ کے میکے سے چھٹی کے روز کی گھٹڑی۔ ملا جلا۔ خلط ملط۔ گڈمڈ۔ درہم برہم۔
کھچڑی آنا (محاورہ) بیری کے درخت کو پھول آنا۔ چھٹی کے روز زچہ کے میکے سے کھچڑی کی گھٹڑی آنا۔
کھچڑی پکانا (محاورہ) دال اور چاول ملکر پکانا خفیہ صلاح و مشورہ کرنا و سازش کرنا۔
کھچڑی کھاتے پہنچا اُتر نا (محاورہ) مفت کی یا جھوٹی نزاکت جتانا۔
کھچڑی ہو جانا (ہ۔محاورہ) مل جل جانا۔ شیر و شکر ہو جانا۔ بال کڑے بڑے ہو جانا۔ بالوں کا سفید اور سیاہ ہو جانا۔
کھچ کھچ (ہ۔امو) صوت۔ کیچڑ میں چلنے کی آواز۔
کھچنا یا کھنچنا (ہ۔فعل) تننا۔ جکڑا جانا۔ گھسٹنا۔ رُکنا۔ ناراض ہونا۔ الگ رہنا۔ عرق نکلنا۔ کشیدہ ہونا۔ طول پکڑنا۔ نکلنا جیسے روح کھچ گئی۔ نقشہ اُترنا۔ نقل ہونا مہنگا ہونا۔ بھاؤ چڑھنا۔ کشش ہونا۔ میلان اور رغبت ہونا۔
کھدانا (ہ۔مذ) ظرف وہ گڑھا جہاں سے برتنوں یا اینٹوں کے لئے مٹی کھودتے ہیں۔ بھٹی کی کان۔
کھدائی (ہ۔امو۔ بیائے مصدری) کھودنے کا حاصل مصدر۔ کھدولنے کی اُجرت کنارہ کاری۔
کھدبد (ہ۔امو۔ صوت) کسی چیز کے ہانڈی میں پکنے کی آواز۔
کھدبدانا (ہ۔فعل) اُبلنا۔ پکنا۔ جوش ہونا۔ کھولنا۔
کھدبدر (اُ/صفت) ناہموار۔ وہ جس میں نشیب و فراز ہو۔
کھدبدی (اُ۔امو) ہل چل۔ فکر و اندیشہ۔ شوق و ہوس۔
کھدبدی لگنا (اُ/محاورہ) شوق پیدا ہونا۔
کھدنا (اُ/محاورہ) نقش کیا جانا۔ کندہ کیا جانا۔ گرنا۔ ڈھے جانا۔ مسمار ہونا۔
کھدنی (ہ۔امو) بیائے مصدری کھدائی۔ مال و دولت کی تلاش میں زمین کھودنا۔
کھدنی کرنا (اُ/محاورہ) دولت یا مال کے لئے زمین کھودنا۔ سرقہ کا کھودع لگانے کے لئے کھودع لگانا۔
کھدوانا (ہ۔فعل) نقش کرانا۔ کندہ کرانا۔ جڑ سے نکلوانا۔ بُرا فعل کرانا۔ زنا کرانا۔
کھدوائی (ہ۔امو۔ بیائے مصدری) کھدوانے کی اُجرت۔
کھدیا (ہ۔امو) بھوک۔ چاہ۔ کھانے کی خواہش طعام۔ اشتہا۔
کھدیا لگنا (ہ۔فعل) بھوک لگنا۔ اشتہا لگنا
کھدیڑا (ہ۔امو) پیچھا۔ تعاقب۔
کھدیڑنا (ہ۔فعل) پیچھا کرنا۔ نکال دینا۔ بھگانا۔ رگیدنا۔
کہہ دینا (محاورہ) بتا دینا۔ جتا دینا۔ ظاہر کر دینا۔ عرض کر دینا۔ بیان کر دینا سمجھا دینا۔ متنبہ کر دینا۔
کہہ دیں گے (ہ۔محاورہ) کیا جلدی ہے۔ پھر بتا دیں گے۔ کسی امر کے ٹالنے کے موقع پر بولا جاتا ہے۔
کھڈ (ہ۔مذ) پہاڑ کی کھوہ۔ دو پہاڑوں کے بیچ کی گہرائی خندق کھائی غار گڑھا۔
کھڈا مارنا (اُ/محاورہ) تلوار چلانا۔
کھڈکی (ہ۔صفت) تلوار سے مسلح۔
کھڈی (ہ۔امو) قدمچہ۔ اینٹوں یا پتھروں کا بنایا ہوا چبوترا سا جس پر پاخانہ پھرنے کو بیٹھا کرتے۔
کھڈی (پنجابی) جولاہوں کے بیٹھ کر کام کرنے کی جگہ۔ کرگہ۔ کارگہ۔
کھُر (ہ۔مذ) جنگلی کرنے والے جانوروں کے ناخن۔ چرے ہوئے سُم۔
کھُر بندی (ف۔امو۔ بیائے مصدری) گھوڑے بیل وغیرہ کی نعلبندی۔
کھُر پکا (ہ۔امو) مویشیوں کی ایک بیماری۔ جس میں کھُر زخمی ہو جاتے ہیں۔
کھُر کھوج (ہ۔مذ) نشان۔ سراغ۔ پتہ۔
کھُر کھوج مٹانا (اُ/محاورہ) نام نشان مٹانا۔
کھُر کھُر (ہ۔امو) کھانسی۔ سُرفہ۔
کھُر بدلی (ہ۔امو) جلدی جلدی بدلی۔
کھُر کھانسی (ہ۔ندائیہ فقرہ) بچوں کو کھانستے وقت بہلانے کیلئے عورتیں بولا کرتی۔
کھُر کھُر کرنا (ہ۔فعل) کھوں کھوں کرنا۔
کُہر (ہ۔امو) آبی بخارات جو سردی کے موسم میں صبح اور شام کے وقت کثیف ہو کر دھند سی کر دیتے ہیں۔
کُہرا (ہ۔مذ) کُہر۔ کہاسا۔
کھُرا (ہ۔مذ) ایک اوزار کا نام ہے جس سے کپڑے میں چنت ڈالتے ہیں کھُرپا بھنگر کھنگری۔ چھاپے کے پتھر پر حرف اُڑانے کا مصالحہ (بحالت صفت) سخت۔ درشت۔ بدمزاج۔ اکھڑ۔
کھرا (ہ۔مذ) لمبا چوڑا خط۔ مسودہ۔ پکا حساب کتاب۔
کھرا (ہ۔مذ) وہ پکی جگہ جہاں بیٹھ کر کپڑے دھوتے یا نہاتے ہیں۔
کھرا (ہ۔صفت) خالص۔ بے ملاوٹ۔ کھوٹا کی ضد صاف۔ سچا۔ خوش معاملہ آدمی۔ صاف گو۔ بے رو رعایت کہہ ڈالنے والا۔ اچھا عمدہ خوب نقد۔
کھرائن (ہ۔مذ۔ بمصدری) صفائی۔ خوبی۔ عمدگی۔ سچائی۔ ایمانداری۔ صداقت۔
کھرائن بگارنا (ہ۔محاورہ) صاف گوئی کا دعوے کرنا۔ صداقت اور ایمانداری کی شیخی مارنا۔
کھرا کرنا (ہ۔محاورہ) سنبھالنا۔ چٹکی لگانا۔ پرکھنا جانچنا۔
کھرا کھوٹا (ہ۔صفت) بھلا بُرا۔ ایسا ویسا۔
کھرا کھوٹا پرکھنا (اُ/محاورہ) بُرے بھلے کی آزمائش کرنا۔
کھرا کھیل (ہ۔مذ) معاملہ کی صفائی۔ خوش معاملگی۔ جلد تُرت۔ فوراً جلدی۔
کھرا کھیل فرخ آبادی (اُ/محاورہ) جلدی اور فوراً کام کو عمدہ طور سے بجا لانا فرخ آبادی روپے کے خالص ہونے کے باعث محاورہ مشہور ہو گیا۔

کہرام (ہ۔لند) رونا۔چلانا۔واویلا۔آفت شور وغل۔گریہ وزاری۔آہ وفغاں۔
کہرام مچنا (ہ۔فعل) ماتم ہونا۔رونا پیٹنا پڑنا۔آفت مچنا۔شور وشر برپا ہونا۔
کھرب (ہ۔عدد) سو ارب کی مقدار دس ہزار کروڑ۔
کہربا (ہ۔لند) ایک قسم کا زرد گوند۔گھاس کے تنکوں کو اپنی مقناطیسی طاقت سے کھینچ لیتا ہے۔
کھرپا (ہ۔لند) گھاس کھودنے کا آلہ۔مجازاً احمق۔بودھو۔بھوندو۔
کھرپا چلی سنبھالنا (ہ۔فعل) گھاس کھودنے کو تیار رہنا۔سائیس کرنا۔
کھرپی (ہ۔اس) بیلنے تصغیر۔کھرپا کی تصغیر ہے۔چھوٹا کھرپا۔کھرچنی۔
کھرل (ہ۔اصفت) کھرا صاف گو۔بے لاگ۔آزادہ رو۔
کھرکوا یا کھرتبھو (ہ۔لند) ایک تبھوے کی مشابہت والی گھاس ہے۔
کھرج (ہ۔اس) علم موسیقی کے سب سے پہلے اور سب سے پست سُر کا نام۔
کھرچا (ہ۔لند) دانتوں کا خلال۔
کھرچال (ہ۔لند) لوہے کا وہ برتن جس میں راکھ چھانتے ہیں۔
کھرچن (ہ۔اس) ہانڈی کے پیندے میں جمی جھنی جلی ہوئی چیز۔تہ دیگ۔ہانڈی کی پرچھن۔دودھ کی جمائی ہوئی مٹھائی۔بس ماندہ۔جھوٹ کوٹ۔بچا کھچا۔سب سے آخری بچہ۔
کھرچنا (ہ۔فعل) چھیلنا کریدنا بسالت (لند) کھرچنے کا آلہ۔ملائی۔کھرپی۔
کھرچنی (ہ۔اس) کھرچنا کی تصغیر۔رانپی۔حرف چھیلنے کا آلہ۔
کھردرا (ہ۔اصفت) ناہموار اونچا نیچا۔کھرکھرا۔درشت۔روڑھا۔
کھردرائن (ہ۔لند مصدری) کھردرا ہٹ۔ناہمواری اونچان۔
کھردری (ہ۔صف) اونچی نیچی۔کھرکھری۔ناہموار (کھردرا کی تانیث ہے)
کھرسا (ہ۔اس) خشک موسم۔قحط۔کال۔خشک سالی۔
کھرسیلا (ہ۔اصفت) خارش والا۔کھجلی کا بیمار۔کھاج کا روگی۔
کھرک (ہ۔لند) گئوشالہ۔چوپایوں کو بند کرنے کا مکان۔باڑا۔
کھرکھرا (ہ۔اصفت) کھردرا۔ناہموار۔اونچا نیچا۔
کھرکھراہٹ (ہ۔اس) درشتی۔ناہمواری۔
کھرل (ہ۔اس) پتھر کی خاص طرز کی کونڈی جو دوائیاں پیسنے کے کام آتی ہے۔
کھرل کرنا (ہ۔فعل) کسی دوا کو کھرل میں رگڑنا خوب باریک پیسنا۔
کھرلی (ہ۔اس) مویشیوں کو چارہ بھوسہ اور کٹی کھلانے کی اونچی جگہ۔
کھرن (ہ۔لند) سیاہ حلقہ جو طبلے پر بناتے ہیں۔
کھرنڈ (ہ۔لند) زخم کا انگور۔زخم اچھا ہونے کے بعد اس کے اوپر جمی ہوئی خشک۔
کھرنی (ہ۔اس) ایک درخت اور اس کے زرد رنگ کے میٹھے پھل کا نام۔
کھروٹ (ہ۔اند) منڈی۔وہ شہر جس میں منڈی ہو۔
کھروچا/کھروینچا (ہ۔اند) خراش۔
کھروچنا (اُر محاورہ) نوچنا۔
کھروا (ہ۔لند) کھاروں کا ناج اور گانا۔
کھری (ہ۔اس) جوتی کے نیچے تلے کا ایڑی کے نیچے رہنے والا حصہ۔جوتی میں نعل لگانے کی جگہ۔
کھری (ہ۔اس) وہ چارپائی جس پر بچھونا نہ ہو۔
کھری آواز (ہ۔اس) گرفت آواز۔
کھری کھاٹ پر سو کر آئے (اُر محاورہ) جب کوئی بدخوابی کی باتیں کرے تو کہتے ہیں۔

کھری (ہ۔اصفت) کھرا کی تانیث۔خالص۔منصفانہ۔صاف۔خاصی۔اچھی۔
کھری بات (ہ۔اس) صاف صاف بات۔وہ بات جس میں کسی کی طرفداری نہ ہو۔
کھری بولی (ہ۔اس) خالص زبان۔ٹکسالی روپیہ۔
کھری سُنانا (اُر محاورہ) صاف صاف کہنا۔بے لاگ کہنا۔
کھری مزدوری چوکھا کام (اُر مثل) نقد مزدوری دینے سے کام عمدہ اور جلدی ہوتا ہے۔
کھرے (اُر۔لند) کھرا کی جمع ہے۔نہایت اچھے بے میل جو نقلی نہوں سچے صادق۔
کھرے آئے (اُر محاورہ) بڑے آئے۔
کھرے دام (اُر لند) پورے دام۔
کھرے رہنے (اُر محاورہ) فائدے میں رہنے۔
کھرے سے کھوٹا ایسے کو برابر لوٹانا (اُر۔محاورہ) جو شخص نیکوں سے بدی کرے وہ نقصان میں رہتا ہے۔
کھرے کرنا (اُر محاورہ) نقد وصول کرنا۔
کھریا (ہ۔اس) ایک قسم کی سفید مٹی۔
کھریا میں کوئلہ (ہ۔محاورہ) ناموزوں اور بے محل جگہ بولتے ہیں۔
کھریرا یا کھرکھرا (ہ۔لند) گھوڑے کے بالوں کو صاف کرنے اور میل نکالنے کا لوہے کا کنگھا۔
کھڑ (ہ۔لند) گھاس۔شیشے کا ٹکڑا۔قیمتی موتی کا ریزہ۔
کھڑا (ہ۔اصفت۔بتر کیب مفعولی) قائم۔اُٹھا ہوا۔سیدھا۔عمودی۔عمود پر۔ادھ گلا۔پکی سلائی کیا ہوا کپڑا۔
کھڑا پچھاڑیں کھانا (ہ۔محاورہ) نیچے کا اپنی صد پر آکر ہلکان کرنا کھڑا ہو کر گر پڑنا۔
کھڑا اپڑا رہنا (اُر محاورہ) اُٹھتے بیٹھتے ماتم کرنا۔
کھڑا پیر جانا (اُر محاورہ) کھڑے کھڑے تیر نا۔
کھڑا تر ستا (اُر محاورہ) بہت خواہش کرنا۔للچانا۔کسی بات کا منتظر رہنا۔
کھڑا داؤں (ہ۔لند) جواریوں کی اصطلاح ہے وہ داؤں جو چلتے چلتے لگا یا جائے۔
کھڑا دونا (ہ۔لند) حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی نیاز جو فوراً ادا کی جائے۔
کھڑا رہنا (محاورہ) ایستادہ رہنا۔ٹھہرنا۔کسی کا راہ تکنا۔منتظر رہنا۔
کھڑا کر کے دکھانا (ہ۔فعل) انگشت سے جواب میں انگوٹھا کھڑا کرنا۔صاف انکار کرنا۔
کھڑا کرنا (اُر۔محاورہ) اُٹھانا۔استادہ کرنا۔برپا کرنا۔روکنا۔ٹھہرانا۔قائم کرنا جاری کرنا جیسے کارخانہ کھڑا کر لیا۔پکی سلائی کرنا۔کمانا۔حاصل کرنا جیسے دام کھرے کرنا۔خیمہ وغیرہ گاڑنا۔نصب کرنا۔
کھڑا کھیت (اُر۔لند) سبز کھیت جو ابھی کاٹا نہ گیا ہو۔
کھڑا کھیل (اُر۔لند) ہاتھوں ہاتھ کا کام۔
کھڑاؤں (اُر۔اس) لکڑی کی جوتی۔کفش چوبیں۔
کھڑبڑ (ہ۔اس) کھٹ کھٹ ٹاپ کی متواتر آواز۔
کھڑک (ہ۔اس) باڑا چوپایوں کے بند کرنے کا مکان۔
کھڑکا (ہ۔لند) آہٹ۔دانت کریدنے کی سینک۔خلال۔دونا بنانے کا تنکا۔کھٹکا۔
کھڑکانا (ہ۔فعل) کھٹکھٹانا کنڈی مارنا۔دروازہ بجانا بلانا پکارنا۔زنجیر ہلانا۔

دھمکانا۔ جھرکنا۔

کھڑکنا (ف۔ محاورہ) بگاڑ ہونا لڑائی ہونا۔ سوکھے پتوں کا بجنا۔ دیگوں کا بجنا۔

کھڑکھڑ (ف۔ اسم) صورت بکھڑکھڑ۔ کسی چیز کے ٹکرانے چلنے یا گھسٹنے کی آواز۔

کھڑکھڑانا (ف۔ فعل) بجانا۔ کھڑکھڑ کرنا۔ کھٹکھٹانا

کھڑکھڑاہٹ (ف۔ اسم۔ صوت) سوکھے پتوں یا دیگوں کے بجنے کی آواز۔

کھڑکھڑیا (ف۔ لمذ) بگا کے گھوڑوں کو سیدھا کرنے اور سدھانے کی گاڑی۔

کھڑکی (ف۔ اسم) دریچہ جھروکا۔ چھوٹا دروازہ۔ مارواڑی پگڑیوں کا اگلا موکھا۔ پنجرے کا دروازہ۔ فنیم پر چھاپہ مارنے کا دروازہ۔









کھڑکیاں

کھڑکی دار انگرکھا (ف۔ لمذ) وہ انگرکھا جس میں سینہ کھلا رہتا ہے۔

کھڑکی دار پگڑی (ف۔ امر) مارواڑی پگڑی۔ آگے کی طرف موکھے والی پگڑی۔

کھڑگ (ف۔ امر) تلوار شمشیر تیغ۔

کھڑکھنجا (ف۔ اصفت) گنجے سر والا۔ بدصورت۔ چیچک رو۔ بدشکل۔

کھڑلا (ف۔ لمذ) ڈربہ مرغی خانہ۔

کھڑلکجا (ف۔ لمذ) کھڑی اینٹوں کا فرش۔

کھڑے پانی نہ پینا (از محاورہ) ذرا نہ ٹھہرنا۔ فی الفور چلا جانا۔

کھڑے پاؤں (ف۔ تابع فعل) فوراً۔ تُرت۔ جلدی۔

کھڑے کھڑے بیٹھک دینا (از محاورہ) مراد پوری ہوتے ہی فوراً تیار دینا۔

کھڑے پیر کا روزہ (از محاورہ) برابر کھڑے رہنا۔ بیٹھنے کا نام نہ لینا۔

کھڑے نرڑے (از متعلق فعل) کبھی کبھی۔ گاہے گاہے۔

کھڑے رہ جانا (از محاورہ) محروم رہ جانا۔

کھڑے سوکھا کرنا (از محاورہ) کسی کی انتظار میں دیر تک کھڑے رہنا۔

کھڑے کھڑے (اسی وقت)

کھڑے کرنا (از محاورہ) حاصل کرنا نقد کرنا فروخت کرنا۔ اٹھانا۔

کھڑے کھڑے پھرنا (از محاورہ) مضطرب پھرنا بے قرار پھرنا۔ نہایت تلملانا۔ گھبرایا گھبرایا پھرنا۔ پیٹ پکڑے پھرنا۔

کھڑے کھڑے ہو جانا (از محاورہ) ذرا کی ذرا ہو جانا لمحہ بھر کو آجانا۔ تھوڑی دیر کو آجانا۔

کھڑے گھاٹ کپڑے دھلوانا (محاورہ) گھاٹ پر جا کر کپڑے دھلوا لینا۔ جلدی کپڑے دھلوانا۔

کھڑپنچ (ف۔ امر) ہلکا سا زخم۔ خفیف سا زخم۔ دشمنی۔ عداوت۔ کینہ۔ نکتہ چینی۔ بے جا تکرار۔ خواہ مخواہ کی چھیڑ چھاڑ۔

کھڑپنچ رکھنا (محاورہ) دشمنی رکھنا۔ کپٹ رکھنا۔ کینہ رکھنا۔

کھڑپنچ لگنا (از محاورہ) کھوپنچ لگنا۔

کھڑپنچ نکالنا (محاورہ) نکتہ چینی کرنا۔ اعتراض کرنا۔ چھیڑ نکالنا۔ ناحق کی حجت کرنا۔

کھڑسار (ف۔ لمذ) کوہسار کا مخفف۔ پہاڑی ملک۔ پہاڑ کی جگہ۔ پہاڑی دیس۔

کھڑا (ف۔ امر) ایک قسم کی چیچک ہنسی کھیلتی ماتا۔

کھڑ پچھ (ف۔ امر) کانا بانی۔ کانا پھوسی۔ چپکے چپکے باتیں کرنا۔ سرگوشی۔

کھڑ پھڑ

کھسکانا (محاورہ) ٹالنا۔ روانہ کرنا ہٹانا۔ سرکانا۔ پرے کرنا۔ چھپانا۔ اڑا دینا۔ رشوت میں چپکے سے کچھ دے دینا۔

کھسک جانا (محاورہ) ہٹ جانا۔ چلا جانا۔ ٹل جانا۔ پھسل جانا۔ رپٹ جانا۔

کھسکنا (محاورہ) ٹلنا روانہ ہونا۔ ہٹنا۔ سرکنا۔ چلا جانا۔ کنارہ کرنا۔

کھسکو (ف۔ محاورہ) جائے۔ چمپت ہو۔ دفع ہو۔ ہٹ جائے۔

کھسلانا (محاورہ) پھسلنا۔ رپٹنا۔ کھسکنا۔

کھسوٹا (ف۔ لمذ) کشتی کے ایک داؤ کا نام۔

کھسوٹنا (محاورہ) بال وغیرہ کو اکھاڑنا۔ نوچنا۔ چھیننا۔ کھسوٹنا۔ زبردستی لے لینا۔ پتے وغیرہ اکھاڑنا۔

کھسیانا (ف۔ اصفت) شرمندہ۔ نادم خفیف۔ شرمسار۔ رونی صورت کا رد دینے والا۔ چرچڑا۔ خجل۔ نادم۔ مجیب۔

کھسیانا کرنا (از محاورہ) شرمندہ کرنا۔

کھسیانا ہو جانا (از محاورہ) شرمندہ ہو جانا۔

کھسیانی (ف۔ اصفت) کھسیانا کی مونث۔

کھسیانی بلی کھمبا نوچے (ف۔ مثل) عدم حصول مطلب کے بعد۔ شرم سے ادھر طرف راغب ہونے کے موقع پر بولتے ہیں شکار نکل جانے کے باعث بلی شرمندہ ہو کر کھمبا نوچنے لگی ہے۔

کھسیانی ہنسی (ف۔ امر) زہر خند۔ خجالت یا قہر و غضب کے وقت کی ہنسی۔

کھسیانی ہنسی ہنسنا (اُ۔ محاورہ) خجالت یا اخفائے غضب کیلئے ہنسنا۔
کھف ع۔ (مذ) پہاڑ کی کھوہ۔ غار۔
کہکشاں ف۔ (امو) اندھیری رات کے وقت آسمان پر چھوٹے چھوٹے ستاروں کی سڑک کی سی نظر آتی ہے۔ اسے کہکشاں کہتے ہیں۔
کھکھ (ہ۔ اصفت) خالی کھوکھلا۔ مُفلس۔ نادار۔
کھکھیڑ (ہ۔ امو) مصیبت سختی۔ بپتا۔ رنج۔ دُکھ۔ سخت تکلیف۔
کھکھیڑ اُٹھانا (محاورہ) مصیبت جھیلنا۔ رنج و مصیبت سہنا۔
کھگل ف۔ (امو) (کاہ گل کا مخفف ہے) گارا۔ پلستر کا گارا۔ بھُس ملی مٹی کا گارا۔
کھل (ہ۔ امو) کھلی تیل والے بیجوں کا پھوک جو تیل نکلنے کے بعد رہ جاتا ہے۔
کھل کھا کھل (ہ۔ محاورہ) دکاندار لوگ سستا مال خریدنے والے گاہک کو چڑھانے کیلئے بولتے ہیں۔
کھل (ہ۔ امو) کھال کا مخفف ہے۔ چمڑا۔ چام۔ چرم۔ پوست۔
کہل (ع۔ اصف) ادھیڑ آدمی۔ تیس اور پچاس برس کے درمیان کا آدمی۔
کھلا (ہ۔ اصفت) کشادہ۔ وا۔ باز۔ بند کی ضد۔ فراخ وسیع۔ ننگا۔ عریاں صاف۔ بے بادل۔ مشہور۔ ظاہر علانیہ۔ صحن دار۔ دلکشا۔
کھلا کھلا (ہ۔ اصفت) صاف صاف۔ کھرا کھرا۔ دل کشا۔ دور دور۔ فاصلہ سے فراخ۔
کہلا بھیجنا (ہ۔ فعل) پیغام بھیجنا۔ بلا بھیجنا
کھلا جانا (ہ۔ فعل) خوشی سے پھولا نہ سمانا۔ خوش و خنداں ہونا۔ باغ باغ ہونا۔
کھلا جانا (اُ۔ محاورہ) خوشی سے ہنسے جانا۔
کھلار (اُ۔ محاورہ) نشیبی۔ جگہ۔ غار۔ گڑھا۔
کھلاڑ یا کھلاڑن (ہ۔ اصفت۔ بتر کیب فاعلی) مردوں کے ساتھ کھیلنے والی فاحشہ عورت۔ چنچل شوخ۔ فنونِ عیاشی سے ماہر عورت۔ چھنال۔
کھلاڑی (ہ۔ اصفت فاعلی) کرتبی۔ ماہر فن استاد۔ کھیلنے والا۔ جواری سپیرا۔ سانپ کے کرتب کرنے والا۔ بازیگر۔ ہاں منی کھلنڈرا کھیل کا شوقین۔
کھلاڑی کا کھیل (اُ۔ لمذ) قدرت الٰہی کا کرشمہ
کھلاڑیاں (ہ۔ امو) شوخیاں کلول۔ اچھل کود۔
کھلانا (ہ۔ فعل) کھانا کا متعدی۔ تناول کرانا۔ دعوت کرنا۔ ضیافت کرنا بصورت دیگر کھیلنا سے متعدی۔ بازی کرانا۔ بہلانا سانپ کو منتروں سے خوش کرنا۔ بھوت پریت کو سر پر لانا۔ بچے کا دل خوش کرنا۔
کھلانا پلانا (اُ۔ محاورہ) ضیافت کرنا۔
کہلانا (ہ۔ محاورہ) دوسرے شخص کی معرفت پیغام دینا۔ اقرار کرالینا۔ سبق کو دوسری دفعہ پڑھوانا۔ نام زد ہونا۔ موسوم ہونا۔ پکارا جانا۔
کھلاؤ (ہ۔ اصفت۔ بتر کیب فاعلی) بہت کھلانے والا۔ دریا دل۔ سخی
کھلائی (ہ۔ امو) معاوضہ۔ بچوں اور کھلانے بلانے کی اجرت (اسم فاعل مونث) (خورش۔ خوراک۔
کھلائی پلائی (ہ۔ امو حاصلمصدر) معاوضہ۔ کھلانے پلانے کی قیمت۔
کھلائے سونے کا نوالہ دیکھے شیر کی نظر (اُ۔ مثل) اولاد کو خوراک تو دے نہایت عمدہ اور اعلیٰ مگر ادب و تہذیب کے لئے اپنا رعب قائم رکھے۔
کھلائے کا نام نہیں رُلائے کا الٹا الزام / **کھلائے پلائے کا نام نہیں رُلائے کا نام ہے** (و) نیکی اور احسان کی داد نہیں ملتی۔ بُری بات فوراً پکڑی گئی

کھلایا (اُ۔ صفت) کسی کی گود کا پالا ہوا وہ خدمت گار جو کسی کی خدمت کرے۔
کھلبلاہٹ (اُ۔ امو) گھبراہٹ۔ اضطراب۔
کھلبلی یا کھلبلی (ہ۔ امو) ہلچل۔ فتنہ و فساد۔ فتور۔ شور و شر۔ گھبراہٹ
کھل بلی پڑنا یا مچنا (ہ۔ محاورہ) شور شر برپا ہونا۔ ہل چل مچانہ۔ گھبرانا بیقراری اور بے چینی ہونا۔ جلدی پڑنا۔
کھل بیٹھنا (ہ۔ فعل۔ اچھی طرح آرام سے چار زانو ہو کر بیٹھنا۔
کھل پڑنا (محاورہ) شرم کو درمیان سے اٹھا دینا۔ بے تکلف ہو جانا۔
کھل جانا (اُ۔ محاورہ) شگفتہ ہو جانا۔ خوش ہو جانا۔
کھل جانا (اُ۔ محاورہ) بستہ چیز کا وا ہونا۔ ظاہر ہو جانا۔ اُدھڑ جانا۔ پھٹ جانا چلنے لگنا۔ جاری ہونا۔ رسی سے نکل جانا۔ بے تکلف ہو جانا۔ شرم اٹھ جانا۔ فراخ ہو جانا۔ وسیع ہو جانا۔ بادل نہ رہنا۔ ضائع ہو جانا۔
کھل جا سم سم (اُ۔ لمذ) جادو کے وہ لفظ جن کے بولنے سے خزانے کا دروازہ کھل جاتا تھا۔ الف لیلیٰ کی کہانی۔
کھلڑ (ہ۔ امو) چمڑے کی بُقچی۔ وہ بڑھیا جس کے بدن پر گوشت کی جگہ کھال ہی کھال ہو۔
کھلڑی (ہ۔ امو) کھال کی تصغیر یا الحقیر چمڑا۔ کھال پوست۔
کھل کر یا کھل کے (ہ۔ تابع فعل) اچھی طرح سے۔ آرام سے۔ جی کھول کے بے جھجھانہ۔
کھل کر کے بیٹھنا (اُ۔ محاورہ) بے تکلف ہو کر بیٹھنا۔
کھل کر کے کہنا (اُ۔ محاورہ) صاف صاف کہنا۔ علانیہ کہنا۔
کھل کھل (ہ۔ امو) صوت۔ قہقہے اور ٹھٹھے کی آواز۔
کھلکھلا پڑنا (اُ۔ محاورہ) زور سے ہنس پڑنا۔
کھلکھلا کر ہنسنا / **کھلکھلا کے ہنسنا** (محاورہ) زور سے ہنسنا۔ قہقہا مارنا۔ بہت ہنسنا۔ خندہ زنی کرنا۔ خرم و شاداں ہونا۔
کھل کے کھیلنا (محاورہ) بالکل آزاد ہو جانا۔ شرم حیا کو بالائے طاق رکھ کر کوئی معیوب کام کرنا۔
کھلم کھلا (اُ۔ صفت) اعلانیہ۔ بے روک ٹوک۔ آزادانہ۔
کھلنا (ہ۔ فعل) پھول کا شگفتہ ہونا۔ کلی کا پھولنا۔ پھول آنا۔ پھبنا۔ سجنا۔ زیب دینا۔ نکھرنا۔ ہنسنا۔ خوش ہونا۔
کھلنا (ہ۔ فعل) کسی گرہ یا بندھی ہوئی چیز کا وا ہونا۔ عقدہ حل ہونا۔ پھٹنا۔ شق ہونا۔ دراڑ پڑنا۔ ظاہر ہونا۔ بھید کھلنا۔ جاری ہونا۔ بہنے لگنا۔ اُدھڑ جانا۔ بادل کا صاف ہو جانا۔ فراخ اور وسیع ہو جانا۔ رہا ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ قبض دُور ہونا (بعض) نہ ہونا۔ سجنا۔ زیب دینا۔ نکھر جانا۔ چمکنا۔ خوش ہونا۔ کھلکھلانا۔ ہنسنا۔ گرہ سے جانا۔
کھلنڈرا (ہ۔ اصفت) کھیل کود میں مشغول رہنے والا۔ کھلاڑی۔
کھلنڈری (ہ۔ اصفت) کھلنڈرا کی مونث کھلاڑن۔ کھیل کود میں مشغول عورت۔
کھلنڈرا (ہ۔ اصفت۔ فاعلی مونث) خوش مزاج۔ ہر وقت ہنستی رہنے والی ہنسوڑ۔
کھلنڈرا قلی (ہ۔ اصفت) بے موقع ہنسنے والی۔ دیوانوں کی طرح ہنستے رہنے والی۔
کھلوانا (ہ۔ فعل) کہنا سے متعدی المتعادی۔ سبق یا عبارت کا منہ سے کہلوانا پیغام دلوانا۔

کھلونا (ہ۔ مذ) بچوں کے کھیلنے کی چیز۔ نازک اور دکھاوے کی چیز۔ خوش طبع اور مسخرہ آدمی۔



کھلونے

کھلی (ہ۔ امو) ٹھٹھا۔ ہنسی۔ مذاق۔ تمسخر۔ چُہل۔

کھلی اڑانا یا کھلی کرنا (اُر۔ محاورہ) مذاق اُڑانا۔ تمسخر کرنا۔ چُہل کرنا۔ چھیڑنا۔ چھیڑ خانی کرنا۔

کھلی باز (اُر صفت) مسخرا۔ ظریف۔

کھلی بازی (اُر۔ امو) چھیڑ خانی۔ مذاق۔

کھلی میں اُڑانا (اُر محاورہ) ہنسی میں اُڑانا۔

کھلی (ہ۔ امو) سرسوں یا تیل وغیرہ کا پھوک۔ جو تیل نکلنے کے بعد رہ جاتا ہے۔

کھُلے (ہ۔ اُر۔ صفت) کھُلا بمعنی کشادہ کی جمع عیان۔ ظاہر۔

کھلے بازار کھلے بند / **کھلے بندوں کھلے خزانے** (اُردو تابع فعل) کھُلم کھلا۔ ڈنکے کی چوٹ۔ علانیہ۔ آزادانہ ظاہر میں۔ صاف صاف طور پر۔

کھُلے بندوں کہنا (اُر محاورہ) صاف صاف کہنا۔

کھُلے بھاؤ (اُر صفت، عام نرخ سے۔

کھلیان (ہ۔ مذ) اناج گاہنے اور برسانے کی جگہ۔ بن گاہے غلہ کا انبار ڈھیر۔ خرمن۔ کوٹھی۔

کھلیان کر دینا/کرنا (اُر محاورہ) ستیاناس کر دینا۔ تباہ کر دینا۔ توڑ پھوڑ کر ڈھیر کر دینا۔ لاشوں کے تودے لگا دینا۔

کھلیان ہو جانا (اُر۔ محاورہ) لاشوں کا ڈھیر لگ جانا۔ گنج شہیداں ہو جانا۔

کھم (ہ۔ مذ) ستون۔ تھم۔ منارہ۔ لاٹھ۔

کھماچ (ہ۔ امو) ایک راگنی کا نام ہے۔

کھمبا (ہ۔ مذ) دیکھو کھم۔

کھمبی (ہ۔ امو) برسات میں از خود اگی ہوتی سفید رنگ کی ایک نباتات کا نام۔

کھمج (ہ۔ مذ) ایک پودا جس کی پھلی کھاتے ہیں۔

کھن رف۔ پرانا۔ کہنہ۔ سالخوردہ۔

کھن سال رف۔ اصفت، بوڑھا۔ بڑی عمر کا۔ معمر۔

کھن (ہ۔ امو) کہنا کا حاصل مصدر۔ قول۔ بچن۔ کہاوت۔ مقولہ۔

کھنا (ہ۔ فعل) بیان کرنا۔ ذکر کرنا۔ مطلع کرنا۔ خبر کرنا۔ ناہ کھنا۔ ظاہر کرنا۔ کھولنا گالی دینا۔ بُرا کہنا۔ شعر پڑھنا۔ تنبیہ کرنا۔ نصیحت کرنا۔ سمجھانا۔

کھنا سُننا (محاورہ) بُرا بھلا کہنا۔ گالی گلوچ دینا۔ بہکانا۔ ورغلانا۔

کہنا (ہ۔ مذ) مصدر بمعنی حاصل مصدر۔ قول۔ بچن۔ مقولہ۔ کہن۔ کہاوت بات۔ نصیحت۔ فرمان۔ حکم۔ ارشاد۔ ذکر۔ بیان

کہنا سُننا (ہ۔ مذ۔ حاصل مصدر) پہنچ۔ رسائی۔ اختیار۔ حکم۔ دخل۔

کہنا بجا لانا (اُر محاورہ) حکم ماننا۔ کہا ماننا۔ حکم کی تعمیل کرنا۔

کہنا ٹالنا (اُر محاورہ) حکم نہ ماننا۔ حکم نہ ٹالنا۔

کہنا چلنا (اُر محاورہ) دخل ہونا۔ رسائی ہونا۔

کہنا کرنا یا ماننا (محاورہ) حکم ماننا۔ ارشاد بجا لانا۔ تعمیل فرمان کرنا۔ بات ماننا۔

کہنگی (ف۔ امو) پرانا پن۔ بڑھاپا۔ پیری۔ قدامت۔

کھنجری یا خنجری (ہ۔ امو) چھوٹی ڈنمی۔ ایک باجہ کا نام۔ چھوٹا خنجر۔ ریشمی کپڑے کی لمبردار دھاری۔

کھنچاؤ (ہ۔ مذ) کشیدگی۔ ناراضگی۔ تناؤ۔ کھچاؤ۔ فکر۔

کھنچنا (ہ۔ فعل) کشیدہ ہونا۔ تنفر ہونا۔ الگ ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ دیکھو (کھچنا)

کھنڈل مارنا (اُر محاورہ) پامال کرنا۔ روندنا۔

کھنڈلنا (ہ۔ فعل) پاؤں میں ملنا۔ مسلنا۔ کچلنا۔ پامال کرنا۔

کھنڈ (س۔ مذ) منزل۔ درجہ مکان کا اندرونی حصہ۔ ملک۔ ضلع۔ دیس کتاب کا پارٹ۔ کھانڈ۔ چینی۔ بورا۔ قند۔

کھنڈ (ہ) کھانڈ کا مخفف۔ تلوار۔ تیغ۔ شمشیر۔ چاولوں کا چورا۔

کھنڈا (ہ۔ اصفت) دھار گرا ہوا (کند تیز کی ضد)

کھنڈنا (ہ۔ فعل) بکھیرنا۔ تتر بتر کرنا۔ پراگندہ کرنا۔

کھنڈت (ہ۔ اصفت) کٹا ہوا۔ ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا۔ پراگندہ۔ بکھرا ہوا۔ تتر بتر (بحالت امو) تردید۔ ابتری۔ شکستگی۔ جرح۔

کھنڈت پڑنا (ہ۔ محاورہ) جرح واقع ہونا۔ وظیفہ وغیرہ میں فرق آنا۔

کھنڈت کرنا (ہ۔ محاورہ) خلل ڈالنا۔ خرابی کرنا۔ تردید کرنا۔ رخنہ ڈالنا۔ توڑنا۔ رد کرنا۔

کھنڈر (ہ۔ مذ) ویران مکان۔ نہایت بوسیدہ مکان۔ پرانے ٹوٹے پھوٹے مکانوں کے نشانات اُجڑی ہوئی بستی کے غیر آباد مکانات۔

کھنڈرات (ہ۔ مذ) کھنڈر کی جمع۔

کھنڈری (ہ۔ امو) فقیروں کا لباس۔ ایک قسم کا پشمینہ جس میں مختلف قسم کے کپڑے بُنے ہوئے ہوتے ہیں۔

کھنڈلا (ہ۔ مذ) چھلکا۔ قاش۔ قتلہ۔ پھل کا ٹکڑا۔

کھنڈلا یا کھنڈلا (ہ۔ مذ) حقارتاً چھوٹا سا گھر۔ جھونپڑا۔ حقیر سا مکان۔ ٹوٹا پھوٹا مکان

کھنڈن (ہ۔ امو) پُشت شکنی۔ تردید۔ تنسیخ۔

کھنڈنا (ہ۔ فعل) بکھرنا۔ پھیلنا۔ منتشر ہونا۔ پریشان ہونا۔ پراگندہ۔

کھنڈے اُسترے سے سر مونڈنا (ہ۔ محاورہ) بہت دکھ دینا۔ لوٹنا صفایا کرنا۔ بن دھار کے اُسترے سے حجامت بنانا۔

کھنڈوی (اُر۔ امو) ایک قسم کا سالن جو بیسن کو پکانے کے بعد جما کر برفی کی شکل میں کاٹ کر پکایا جاتا ہے۔

کھنڈی (ہ۔ اصفت) غیر تیز۔ گول اور بل کھائے ہوئے سینگوں والی بھینس۔

کھنس (ہ۔ امو) غصہ۔ بیر۔ حسد۔ دشمنی۔ کدورت۔ ناراضگی۔ کینہ۔

کھنسانا (ہ۔ فعل) ناراض ہونا۔ حسد کرنا۔ بیر کرنا۔ منہ بنانا۔ تیوری چڑھانا۔ چغل کھانا۔ کان بھرنا۔

کھناہ/کھنسی (ہ۔ مذ) چڑچڑا۔ لڑاکا۔ ناراض۔ حاسد۔ کینہ ور۔ دشمن۔ بیری۔

کھنک ا مو، صوت۔ بجنے کی آواز۔ چھنکار۔ روپے کی آواز۔

کھنکانا ف۔ فعل، روپیہ پرکھنے کے لئے اُس کی آواز کی نکالنا۔

کھنکنا ف۔ فعل، کھڑکنا۔ بجنا۔ برتنوں کا ٹکرانا۔ پرکھتے وقت روپے کا بجنا۔

کہنے سُننے میں آجانا اُ محاورہ، کسی کی لگائی بجھائی پر عمل کرنا۔

کہنے سے بات پرائی ہوجاتی ہے ف مثل، مُنہ سے نکلی بات پھر ہاتھ نہیں آتی۔

کہنے کو ف تابع فعل، برائے نام۔ ذکر کرنے کو۔ نام کو۔ عیب لگانے کو۔

کہنے کو بات رہ گئی ف مثل، وقت گزر گیا۔ گلہ شکوہ باقی رہ گیا۔

کہنے کو مُنہ میں زبان رکھتے ہیں اُ ریمثل، سوال کا جواب دے سکتے ہیں جیسا کہو گے ویسا سنو گے۔

کہنے کی باتیں ہیں ف۔ محاورہ، صرف باتیں ہی باتیں ہیں۔ عمل میں لانا مشکل ہے۔

کہنے کی بات نہیں اُ محاورہ، کہنے یا بیان کرنے کے قابل بات نہیں۔

کہنے کی بات ہے اُ محاورہ، کچھ اصلیت نہیں۔ غلط بات ہے۔

کہنے میں ف۔ تابع فعل، مطیع۔ تابع۔ فرمانبردار۔

کہنے میں آجانا ف۔ محاورہ، دھوکہ غلط میں آجانا۔ بہک جانا۔ بہکاوے میں آجانا۔

کہنے میں ہونا اُ محاورہ، اختیار میں ہونا۔ بس میں ہونا۔

کھنکھارنا یا کھنکار ف۔ امو، کھانسی کی آواز۔ کھانسی۔ بلغم۔ کف۔

کھنکھارنا یا کھنکارنا ف۔ فعل، کھانسنا۔ کھانسنے کی آواز نکالنا۔ گلہ صاف کرنا۔ کھانس کر تھوکنا۔ کھانسی کے ذریعے اشارہ کرنا۔

کھنکھنانا اُ فعل، ناک میں رونا۔

کھنگالنا ف۔ فعل، برتن میں پانی ڈال کر ہلانا اور اسے پھینک دینا۔ صرف پانی سے برتن کو صاف کرنا۔ سرسری طور پر کپڑے وغیرہ کو صاف کرنا اور دھونا۔

کھن کھن ف۔ امو، ناک میں رونے کی آواز۔

کھن کھن کرنا اُ محاورہ، بیماری کے باعث جب بچے کا ناک میں رونا۔

کھنگھر ف۔ لذ، جلی ہوئی اینٹ۔ جلی ہوئی اور جڑی ہوئی اینٹوں کا مجموعہ۔ دھات کا میل جو پگھلنے کے بعد نکلتا ہے۔ چھاپے کا پتھر بنانے کا کرنڈ۔ نہایت خشک اور سوکھی چیز۔

کھنگر لگ جانا اُ۔ محاورہ، سوکھ کر کانٹا ہو جانا۔ صرف ہڈیاں رہ جانا۔ ہڈیاں نکل آنا۔

کھنگیل ف صف، بڑے بڑے دانتوں والا۔

کھنہ ف۔ امو، بیاستے مصدری پرانا پن۔ پوسیدگی۔ بڑھاپا۔ پیری۔ قدامت۔

کہنہ ف۔ اصفت، پرانا۔ بوسیدہ۔ بوڑھا۔

کہنی ف۔ امو، کلائی اور بازو کا جوڑ۔ کلائی اور بازو۔

کہنی مارنا / کہنی چلانا ف۔ فعل، کہنی کے اشارہ سے منع کر دینا۔ کہنی کی ضرب لگانا۔ کہنی سے ہٹا دینا۔

کہنے پر جانا ف فعل، کسی بات پر عمل کرنا۔ کسی کی بات کا خیال کرنا۔

کھو ف۔ امو، بھٹ۔ غار۔ گڑھا پہاڑ کے اندر کا کھوکھلا حصہ۔

کھواہ ف۔ لذ، کندھا۔ مونڈھا۔ کنف۔ دوش۔ شانہ۔ شانہ کی ہڈی۔

کھو بیٹھنا ف۔ فعل، برباد کر دینا۔ کم کر دینا۔ ضائع کر دینا۔ تباہ کر دینا۔

کھوپ ف۔ امو، غار۔ کھوہ۔ گڑھا۔ کنواں۔

کھوپ پھیرنا اُ محاورہ، لمبا بخیہ کرنا۔ لمبی سلائی کرنا۔

کھوپرا ف۔ لذ، ناریل۔ کھوپا۔ نارجیل۔ کاسۂ سر۔ کھوپڑی۔

کھوپڑی ف۔ امو، سر کی ہڈی۔ سر کے اوپر کا حصہ۔ کاسۂ سر۔



کھوپڑی

کھوپڑی چٹخنا یا چٹکنا ف فعل، گرمی کی شدت یا کسی ضرب سے کھوپڑی کا پھٹ جانا۔ تالو پھوٹنا۔ کاسۂ سر کا شق ہونا۔

کھوپڑی چلچلانا اُ۔ محاورہ، مار کھانے کو دل چاہنا۔

کھوپڑی کھا جانا ف محاورہ، دماغ کھا جانا۔ بھیجا کھانا۔ دق کرنا۔ ستانا۔ دوسرے کے مال کو ہضم کر جانا۔ لوٹ کر کھا جانا۔

کھوپڑی گنجی کرنا ف محاورہ، مار مار کر سر کے بال اُڑا دینا۔ خوب مارنا۔ مار کر گنجا کر دینا۔

کھوٹ ف۔ امو، ملاوٹ۔ آمیزش۔ نقص۔ عیب۔ سقم۔ خطا۔ قصور۔ نقصان۔ بدی۔ برائی۔ بدذاتی۔ حرامزدگی۔ دغا فریب۔ کینہ کپٹ۔

کھوٹ کرنا اُ ف محاورہ، برائی کرنا۔ دغا کرنا۔ بدی کرنا۔ بے وفائی کرنا۔ نقصان کرنا۔

کھوٹ ملا دینا / ملانا اُ محاورہ، خالص سونے چاندی میں ادنیٰ دھات ملا دینا۔

کھوٹ نکالنا اُ۔ محاورہ، عیب نکالنا۔ نقص ظاہر کرنا۔

کھوٹا ف۔ اصفت، بالف فاعلی، غیر خالص۔ ملاوٹ والا۔ جعلی۔ بناوٹ۔ کھرا کی ضد۔ بد۔ شریر۔ خراب۔ شیطان۔ بے ایمان۔ فریبی۔ مکار۔ بدچلن۔ بداطن۔ کپٹی۔ بدنیت۔

کھوٹا پیسہ اور کھوٹا بیٹا بھی وقت پر کام آجاتا ہے اُ ریمثل، اپنی نکمی اور ردی چیز بھی وقت پر کام دے جاتی ہے۔

کھوٹا کھرا پرکھنا اُ محاورہ، اچھے برے کی تمیز کرنا پرکھنا۔

کھوٹا کھرا دیکھنا اُ محاورہ، برے بھلے کی پہچان کرنا۔

کھوٹا کھرا ہونا اُ محاورہ، نیت کا ڈانواڈول ہونا۔

کھوٹی ف۔ اصفت، مونث، کھوٹا کی تانیث۔ غیر۔ خالص۔ جعلی۔ بناوٹ۔ بری۔ ناقص۔ نکمی۔

کھوٹی بولنا اُ محاورہ، چسکلی کھانا۔ بری بات زبان پر لانا۔ برا بھلا کہنا۔

کھوٹی سنانا اُ محاورہ، گالیاں سنانا۔ برا بھلا کہنا۔

کھوٹی کرنا ا محاورہ، ابدی کرنا۔ برائی کرنا۔ نقصان پہنچانا۔ کھوٹ ملانا۔

کھوج ف۔ امذ، آدمی کے پاؤں کا نشان۔ سُراغ۔ نشان۔ پتہ۔ ٹھکانا۔ تلاش۔ جستجو۔

کھوج پانا یا لگانا ف۔ فعل، پتہ پانا۔ سُراغ لگانا۔ نشان منزل پتہ لگنا۔ تلاش سے معلوم ہو جانا۔

کھوج ڈھونڈنا یا کرنا ف۔ فعل، خبر لگانا۔ جستجو کرنا۔ تلاش کرنا۔ پتہ لگانا سُراغ لگانا۔

کھوج کھونا یا مٹانا ف فعل، تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ بیڑا غرق کر دینا۔ کسی کام کو نکمنا۔ بیخ کنی کر دینا۔ بیخ و بنا کن کر دینا۔

کھوج لگانا (اُر محاورہ) پتہ لگانا۔ سُراغ لگانا۔ تفتیش کرنا۔
کھوج ملنا (اُر محاورہ) سُراغ ملنا۔ پاؤں کے نشان مل جانا۔
کھوج نکالنا (اُر محاورہ) سُراغ رسانی کرنا چوری کے مال کا پتہ لگانا۔
کھوجڑا (ہ۔ اند) کھوج کا حقارتاً تصغیر۔ نام ونشان۔ کھوج۔ سراغ۔
کھوجڑا جانا (اُر محاورہ) اُجڑنا۔ ستیاناس ہوجانا۔ تباہ وبرباد ہوجانا۔
کھوجڑا کرنا (اُر محاورہ) ستیاناسی کرنا۔ بگاڑنا۔ تباہ وبرباد۔
کھوجڑا ہونا (اُر محاورہ) بگڑنا۔ ستیاناس ہونا۔
کھوجڑے پٹیا یا گیا (ہ۔ اصفت) اُجڑا ہوا۔ بگوڑا۔ خانہ خراب۔ مرا۔
کھوجک (ہ۔ اند) کھوجی۔
کھوجی (ہ۔ اند۔ بیاتے فاعلیت) کھوج لگانے والا۔ سُراغ لگانیوالا۔ سُراغرساں۔
کھوچڑ (ہ۔ صفت) ہوتے ہوتے کام کو روکنے والا۔ خلل انداز۔ رخنہ انداز۔ چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانے والا۔ مفسد۔ بدباطن۔
کھود (ہ۔ امر) خ بدیہ۔ ہوے جد۔ کھل۔ کھل۔ تجھٹ۔ ترم چارا۔ مزید چارا۔
کھود کر پوچھنا یا کھود کھود کر پوچھنا (اُر محاورہ) نہایت چھان بین کرنا۔ طرح طرح کے سوالات سے پوچھنا۔ تفتیش۔
کھودنا (محاورہ) گڑھا کرنا جڑ سے اُکھاڑنا۔ نقاشی کرنا۔ کندہ کرنا۔ تحقیقات کرنا۔ تفتیش کرنا۔ کریدنا۔ خالی کرنا۔ کھرچنا۔
کھودی (اُر۔ امر) تلاش۔ جستجو۔ دریافت۔ سُراغ۔
کھو (اُر۔ امر) کوئل کی آواز۔
کھو (اُر فعل) کہہ ڈال۔ بیان کر۔ بتلا۔
کھوں تو ماں ماری جائے نہ کھوں تو بادلا گتا کھائے (اُر مثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی بات کے کہنے اور نہ کہنے میں دونوں میں نقصان ہو۔
کھو دن کی سنے رات کی کھو کھیت کی سنے کھلیان کی (ہ۔ مثل) سوال دیگر جواب دیگر۔ سوال کے برخلاف جواب دینا۔ سوال کچھ جواب کچھ۔
کھو دینا (ہ۔ فعل) گم کردینا۔ برباد کردینا۔ ضائع کردینا۔ گنوادینا۔ غائب کردینا۔ ٹھکانہ کردینا۔ کہیں کا نہ رکھنا۔
کھور (ہ۔ امر) ڈنگروں کے چارکھانے یا پانی پینے کی نالی۔ کلاؤں۔ راستہ گلی۔ سرپوش۔ دھکنہ۔ ردی چارہ۔
کھورو (ہ۔ اند) کھروار جانوروں کی مست ہوکر زمین کھودنے اور خاک اڑانے کی حالت۔ ڈکرانے کی حرکت۔ شرارت۔ فساد۔ دنگہ جھگڑا۔
کھورو لوٹانا یا کرنا (ہ۔ فعل) زمین پر کھرمار کر کسی خواہش کا اظہار کرنا۔ شور وغل کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ شور مچانا۔ حرامزدگی کرنا۔
کھوڑ (ہ۔ اند) مُردہ بزرگوں کی خفگی۔ آسیب خلل۔ اثر (بحالت اسم مذکر) ہل کے ایک پھیرے کا زمین پر نشان۔ ہل کا ایک پھیرا۔
کھوڑ (ہ۔ امر) شیوجی کے پجاریوں کا صندل یا سینہ ور کا ٹیکہ۔
کھوڑ (ہ۔ امر۔ براہ مجہول) جسم۔ بدن۔ قالب۔ تن۔ پنڈا۔ دیہہ۔
کھوسا (ہ۔ اصفت) بن ڈاڑھیا۔ وہ شخص جس کو جوانی میں بھی ڈاڑھی مونچھ نہ نکلے۔ کھودا۔
کھوڑی (ہ۔ امر) رسی کا بل۔ گرہ۔ گانٹھ۔ قصائیوں کی قیمہ کوٹنے کی لکڑی۔
کھوسٹ (اند) بہت بوڑھا پیر۔ فرتوت۔ نہایت بدشکل۔ کہن۔

کھوس لینا کھوسنا (ہ۔ فعل۔ براہ مجہول) چھین لینا۔ زبردستی لے لینا۔ چکنا۔ چھیننا۔
کھوکھا (ہ۔ اند) اداشدہ ہنڈی جس کے روپے دستے جاچکے ہوں۔ لڑکا۔ طفل۔
کھوکھلا یا کھوکلا (ہ۔ اصفت) پولا۔ خالی۔ ٹھوتھا۔ بے مغز۔
کھولنا (اُر مصدر) اُبلنا۔ پکنا۔ جوش کھانا۔ دل ہی دل میں غم کھانا۔ زخم یا پھوڑے میں ٹیس ہونا۔
کھولانا (ہ۔ فعل) اُبالنا۔ جوش دینا۔ غم دینا۔ جلانا۔ تنگ کرنا۔
کھول کر (ہ۔ فعل تابع) واضح طور سے۔ آزادی بے روک ٹوک۔ مفصل۔ جب چاہے بخوبی۔
کھول کیسہ کھا ہر لیسہ (لہ محاورہ) گرہ سے دام خرچ کرنا اور دنیا کا مزہ لے۔
کھولن (ہ۔ امص) جوش۔ اُبال۔ سوزش۔ زخم۔ جلن۔ ٹیس۔ کھولنا سے کھولن۔
کھولنا (ہ۔ فعل) جوش کھانا اُبلنا کھدبدانا۔ پکنا۔ دل ہی دل میں غم کھانا جلنا پھوڑے یا زخم وغیرہ میں درد اور ٹیس ہونا۔
کھولنا (ہ۔ فعل) براہ مجہول۔ کسی بندھی ہوئی چیز کا وا کرنا۔ آزاد کرنا۔ ظاہر کرنا واضح کرنا۔ مفصل کہنا۔ بھانڈا پھوڑنا۔ چیرنا۔ پھاڑنا۔ ادھیڑنا۔ جاری کرنا بہانا۔ فراخ کرنا۔ کمر سے ہتھیار جدا کرنا۔ قفل کو زنجیر سے الگ کرنا۔ حجاب دور کرنا۔ خاموشی دور کرنا۔ بندھے ہوئے جانور کی چوری کرنا۔
کھونا (ہ۔ فعل) گم کرنا۔ بسرانا۔ برباد کرنا۔ گنوانا۔ بے اختیار کرنا۔ قابو کا نہ رکھنا۔ دور کرنا۔ زائل کرنا۔
کھودینا (اُر مصدر) گم کرنا۔ گنوانا۔ بھلانا۔ بسرانا۔ ضائع کرنا۔ برباد کرنا بگاڑنا۔ زائل کرنا۔
کھونپ (ہ۔ امر) ایک قسم کی سلائی۔ موٹے موٹے ٹانکے۔ شلنگا۔ سیون۔
کھونپ پھیرنا (اُر محاورہ) موٹا سینا۔ ٹنکیانا۔ شلنے مارنا۔
کھونٹ (ہ۔ امر) طرف۔ پہلو۔ جانب۔ سمت۔ کونہ۔ گوشہ۔ زاویہ۔ چکی کا ہتھ کان کا میل۔ ملک کا حصہ۔ دیس دیوی دیوتا پر چڑھانے کی روٹیاں۔
کھونٹا (ہ۔ اند) چوب۔ میخ۔ خیمہ یا گھوڑا وغیرہ باندھنے کی میخ۔ کوٹھوں کی لاٹھ۔ چکی کا ہتھا۔ مددگار۔ معاون۔ سہارا۔
کھونٹا سا بیٹھ جانا کھونٹا سا گڑھ جانا (ہ۔ محاورہ) کھونٹے کی طرح جم جانا۔ مضبوطی سے قائم ہو جانا۔ جم کر بیٹھ جانا۔ مضبوط ہوجانا۔ کسی طریقے سے بھی نہ ہلنا۔
کھونٹا کڑا ہونا (ہ۔ محاورہ) معاون زبردست ہونا۔ اپنی مددگار بڑا آدمی ہونا۔ سہارا پختہ ہونا۔
کھونٹا گڑنا (ہ۔ فعل) استحکام ہوجانا۔ مضبوطی ہوجانا۔ مدد اور سہارے کا پختہ ہوجانا۔
کھونٹے پر کودنا (اُر۔ محاورہ) کسی کی حمایت پر اترانا کسی کے بھروسے پر گھمنڈ کرنا۔
کھونٹے پر مارنا (ہ۔ محاورہ) ہہ دانہ کرنا پیزار کی نوک پر مارنا۔ ٹھینگے پر مارنا۔
کھونٹے سے باندھنا (ہ۔ محاورہ) میخ سے بندھنا۔ نکاح یا شادی ہونا۔ پابند ہونا۔
کھونٹے سے بندھنا (اُر۔ محاورہ) میخ سے باندھنا۔ پابند کردینا۔ نکاح یا شادی کردینا۔
کھونٹے کے بل کودنا (اُر۔ محاورہ) حمایتی کے سہارے پر اچھلنا۔ کسی کی حمایت

پر اترنا۔ کسی کے بھروسے پر گھمنڈ کرنا۔

کھونٹی (ہ۔ امو) چھوٹی کیل۔ چھوٹی میخ۔ بالوں کی جڑ۔ سارنگی یا ستار کے کان۔

کھونٹی لینا } (ہ محاورہ) نہایت صفائی سے حجامت کرنا۔ بالوں کی جڑوں
کھونٹی نہ چھوڑنا } تک کو صاف کر دینا۔

کھونٹی ٹک مروڑنا (محاورہ) گوشمالی کرنا۔ ادب دینا۔ کان اینٹھنا۔ سارنگی کا تار کسنا۔

کھونچ (ہ۔ امو) کپڑے کی وہ پھٹی ہوئی جگہ جو کسی کیل یا کانٹے میں الجھ کر پھٹ جائے۔ چارپائی کی کان۔

کھونچ آنا یا لگنا (محاورہ) کپڑے کا کسی کیل کانٹے سے الجھ کر پھٹ جانا۔

کھونچا (ہ۔ لند) کھونچ کا اسم مکبر۔ بڑی کھونچ۔

کھونچا (ہ۔ لند) ساڑھے چھ کا پہاڑا

کھونچڑ (ہ۔ اصفت) فسادی۔ بدباطن۔ بددل۔ شریر۔

کھونچنا (اُر مصدر) پھاڑنا۔ کھونچ لگانا۔ ٹھونسنا۔

کھونچی (ہ۔ امو) ایک چیز کو دوسری چیز میں ٹھونسنا اناج کا وہ حصہ جو بھُرجی بھوننے کے لئے نکال لیتے ہیں۔ مٹھی بھر چیز جو بطور چبینی یا محصول دیتے ہیں

کھوندنا (ہ۔ فعل) پاؤں تلے مسلنا۔ روندنا۔ کچلنا۔ پامال کرنا۔

کھونڈا (ہ۔ اصفت) آگے کے دانت ٹوٹا ہوا شخص۔ سر اٹھی ہوئی ملائمی گرالی دار سر اٹھی ہوئی لاٹھی

کھونسڑا (ہ۔ اند) پرانی اور ٹوٹی ہوئی جوتی۔

کھوں کھوں کرنا (ہ۔ فعل) کھانسنا۔ دھانسنا۔

کھوہ (اُر۔ امو) غار۔ گپھا۔

کھوؤ (ہ۔ اصفت۔ ترکیب فاعلی) برباد کرنے والا۔ فضول خرچ۔ روپیہ ضائع کر دینے والا۔

کھوئی (ہ۔ امو) گنے کا پھوک جو رس نکلنے کے بعد رہ جاتا ہے۔

کھوسے (ہ۔ اند) کھوا کی جمع۔ شانے۔ کندھے۔ مونڈھے۔

کھوسے جانا (اُر محاورہ) حواس اُڑ جانا۔ سٹ پٹا جانا۔ حیران ہو جانا۔ نکما ہو جانا۔ خراب ہو جانا۔

کھوسے رہ جانا (اُر محاورہ) کندھے تھک کر بیکار ہو جانا۔

کھوسے سے کھوا چھلنا (محاورہ) بہت بھیڑ ہونا۔ انبوہ کثیر ہونا۔ بے حد ہجوم ہونا۔

کھوسے لگنا (اُر محاورہ) پہلوانوں کی اصطلاح میں اکھاڑے کی زمین سے کندھا چھو جانا

کھوتا (ہ۔ اصفت فاعلی) ناؤ کھینے والا۔ کشتی چلانے والا ملاح۔

کھوتا (ہ۔ اند) (ہ۔ اصفت فاعلی) بہت کھانے والا پیٹو۔

کھوتا (ہ۔ اند) دودھ دہکا ہوا ابھنا ہوا دودھ ربڑی۔

کھوتا جانا۔ کھوئے جانا (ہ فعل) جاتا رہنا۔ گم ہو جانا۔ بدحواسی چھانا۔ گھبرا جانا۔ حیران ہو جانا۔ لاجواب ہو جانا۔ بے خود ہو جانا۔

کھوئے سے گئے (محاورہ) گھبرا گئے از خود رفتہ ہو گئے سٹ پٹا گئے۔ بدحواس۔

کھوے (ہ۔ لند) امو۔ گوہ۔ بیلا۔ برانہ۔ بیجانہ۔ گندنا۔ کوڑا کرکٹ۔ خاک و دھول۔

کھوے کھانا (محاورہ) گرہ کھانا۔ جھک مارنا۔ بحواس کرنا۔ بیہودہ بکنا۔

کھوے جانا (اُر محاورہ) بار بار کہہ دینا۔

کھوے دینا (اُر محاورہ) کسی بات سے خبردار کر دینا۔

کھی (ہ۔ امو) کہنا کا حاصل مصدر۔ بات۔ قول۔ بین۔ کہنا۔

کھی بدی (ہ۔ امو) قول و قرار۔ باہمی عہد و پیمان۔

کھی سنی (ہ۔ امو) بہکانا۔ ورغلانا۔ لوگوں کا کہنا سننا۔

کھیپ (ہ۔ امو) بیلوں وغیرہ پر لاد کر اسباب لے جانا والے قافلے کا اسباب بھرتی۔ بوجھ۔ بحری یا دریائی سفر۔ دفعہ۔ بار۔ شمار۔ کھوٹ۔

کھیپ بھرنا (ہ فعل) مال بھرنا۔ بوجھ لادنا۔ دساور کو مال لے جانا۔

کھیت (ہ۔ اند ظرف) تخم ریزی کے قابل زمین۔ بشت۔ دیس۔ ملک۔ خطہ جنگ و جدل۔ لڑائی۔ چاندنی۔ چاند کی روشنی۔ گھاٹا۔ نقصان۔

کھیت پتر (ہ۔ لند) زمین کا۔ ہن نامہ۔ زمین کا کاغذ۔ خسط زمین۔

کھیت پڑنا (ہ۔ فعل) لڑائی میں بہت سے آدمیوں کا مارا جانا۔ گھاٹا پڑنا۔

کھیت پڑے کسانی (ہ۔ مثل) بتانے کی ساری بات ہے۔

کھیت چھٹا (ہ۔ اند) پٹواریوں کا خسرہ۔ پیمائش والوں کی کتاب۔

کھیت چھوڑنا یا چھوڑ جانا (ہ۔ فعل) میدان جنگ سے بھاگ جانا۔ شکست کھانا۔ پیٹھ دکھانا۔

کھیت رکھنا (اُر محاورہ) جیتا نہ رکھنا۔ زندہ نہ رہنے دینا۔

کھیت رہنا (محاورہ) مارا جانا۔ قتل ہونا۔ جان دینا۔ فریفتہ ہونا۔

کھیت سبز ہونا (اُر محاورہ) کامیاب ہونا۔ پھولنا۔ پھلنا۔

کھیت کاٹنا (ہ۔ فعل) فصل کاٹنا۔ اناج کاٹنا۔

کھیت کا لکھا پڑنا (ہ۔ لند) کسان دہقان۔ گنوار۔ دہاتی۔ ہل جوتا۔

کھیت کرنا (اُر محاورہ) چاند نکلنا۔ چاند کی روشنی پھیلنا۔ بونا۔ جوتنا زراعت کرنا۔

کھیت کمانا (اُر محاورہ) محنت کر کے کھیت کی زمین کو کابل کاشت کرنا یا بنانا۔

کھیت کھائے گدھا مارا جائے جولاہا (ہ۔ مثل) قصور کوئی کرے سزا کسی کو ملے۔

کھیت کیا کرنا (اُر محاورہ) کھیتی باڑی۔

کھیت لہلہانا (اُر محاورہ) کھیت کا سرسبز و شاداب ہونا۔

کھیت نکالنا (اُر محاورہ) اونچی نیچی زمین کو ہموار کر کے قابل کاشت بنانا۔

کھیت ملانا (اُر محاورہ) کھیت کو خود رو گھاس سے صاف کرنا۔ گھاس پات نکال کر پودوں کی جڑوں کو گودتے جانا۔

کھیت ہاتھ ہونا (اُر محاورہ) فتحمندی حاصل ہونا۔ میدان ہاتھ رہنا۔ فتحیابی ہونا۔

کھیتی (ہ۔ امو) بویا ہوا کھیت۔ زراعت۔ کشت۔ کاشت کاری فصل اناج غلہ۔

کھیتی باڑی (ہ۔ امو) کاشتکاری۔ کسان پنا۔ کسانی۔

کھیتی باڑی کرنا (ہ۔ فعل) کاشت کاری کرنے۔ بونے جوتنے کا کام کرنا۔

کھیتی پھلنا (اُر محاورہ) کامیابی ہونا۔

کھیتی خصم سیتی (ہ۔ مثل) کاروبار مالک کی توجہ سے درست ہوا کرتے ہیں۔ ملازموں کے بھروسہ پر کام کبھی ٹھیک نہیں ہوتا۔

کھیتی راج رجائے کھیتی بھیک منگائے (ہ مثل) بادشاہ۔ رعیت سے اور رعیت بادشاہ سے قائم رہتی ہے۔

کھیتی رکھے باڑ کو اور باڑ رکھے کھیتی کو (ہ مثل) بادشاہ رعیت سے اور رعیت بادشاہ سے قائم رہتی ہے۔

کھیتی لگانا (اُر محاورہ) فصل بونا۔ کاشت کرنا۔

کھید (رس۔ امو) دکھ۔ درد۔ پیڑ۔ تکلیف۔ غم۔ ماتم۔ سوگ۔ سوچ۔ فکر اندیشہ۔ مرض۔ روگ۔ بیماری۔

کھیدا (ہ۔ لند) ہاتھیوں کو پکڑنے کا گھاس۔ پھونس اور مٹی سے بنا ہوا گڑھا۔

کھیدنا (ہ۔ فعل) نکالنا۔ ہانکنا۔ دُور کرنا۔ باہر کرنا۔ ستانا۔ تکلیف دینا۔

کھیر (ہ۔ امو) دُودھ اور چاولوں کا پکا ہوا ایک عمدہ کھانا۔

کھیر چٹانا (اُر۔ محاورہ) بچی یا بچے کو کھانا یا پانی دینے سے پہلے کھیر اُنگلی سے چٹانا۔

کھیر کا دلیا ہو جانا (اُر۔ محاورہ) بدانتظامی ہونا۔ تقدیر پلٹ جانا۔ بنا کام بن بگڑ جانا۔ کچھ سے کچھ ہو جانا۔

کھیر کھلوانا (اُر۔ محاورہ) دولہا اور دُلہن کو پاس بٹھا کھیر کھلانے کی رسم ادا کرنا۔

کھیرا (ہ۔ لند) بھورا رنگ۔ خاکی سا بھوسلا۔ ایک قسم کا کبوتر۔

کھیرا (ہ۔ لند) ایک قسم کی چھوٹی اور موٹی ککڑی۔

کھیرا ککڑی کرنا (اُر۔ محاورہ) پیدھڑک کوسنا۔ نہایت بے دردی سے کوسنا۔

کھیری (ہ۔ امو) بانکھ کا گوشت۔ جانوروں کے تھنوں سے اُوپر کا گوشت جس میں دودھ رہتا اور بنتا ہے۔

کھیرے ککڑی کی طرح کاٹنا (اُر۔ محاورہ) بے حقیقت سمجھ کر کاٹنا۔

کھیڑا (ہ۔ لند) بستی۔ چھوٹا سا گاؤں۔ دیہہ۔ کئی قسم کا مرکب غلہ۔ کھنڈر۔ اجڑے اور غیر آباد و ویران شدہ گاؤں کا نشان۔

کھیڑاپتی (ہ۔ لند) گاؤں کا چوہدری۔ نمبردار۔ مقدم۔ پجاری۔ برہمن۔

کھیڑی (ہ۔ لمس) ایک قسم کا سخت اور عمدہ لوہا۔

کھیس (ہ۔ اند۔ بیانیے مجہول) اُوڑھنے اور بچھانے کے قابل ایک قسم کا سوتی کپڑا۔

کھیس (ہ۔ اند۔ بیانیے معروف) بچہ پیدا ہونے کے تین دن تک کا دودھ جو گاڑھا ہو جاتا اور پکانے سے کھیل کھیل ہو جاتا ہے اور پھٹ جاتا ہے۔

کھیسا (ہ۔ اند) تھیلی۔ ڈب۔ پاکٹ۔ جیب۔ ایک قسم کا جھانواں ہاتھ میں پہن کر جسم کا میل صاف کرنے کی تھیلی۔ میل اُتارنے کی تھیلی۔

کھیسا کرنا (ہ۔ محاورہ) جسم پر کھیسا پھیرنا۔ بدن سے میل اُتارنا۔

کھیسیں نکالنا (اُر۔ محاورہ) ہنسی میں دانت نکالنا۔

کہنے پر جانا/عمل کرنا (اُر۔ محاورہ) کسی ہدایت پر عمل کرنا۔ تعمیل ارشاد کرنا۔

کہنے سننے میں آجانا (اُر۔ محاورہ) کسی کی لگاتی بجھاتی پر عمل کرنا۔

کہنے سے بات پرائی ہو جاتی ہے (اُر۔ مثل) مُنہ سے نکالی ہوئی بات پر قابو نہیں رہتا۔

کہنے کو بات رہ گئی (اُر۔ مثل) وقت نکل گیا شکوہ شکایت اور گلہ باقی رہ گیا۔

کہنے کی بات نہیں (اُر۔ مثل) کہنے یا بیان کرنے کے قابل بات نہیں۔

کہنے کی بات ہے (اُر۔ مثل) غلط ہے کچھ اصلیت نہیں۔

کہنے میں آجانا (اُر۔ محاورہ) بہکاوے میں آجانا۔

کہنے میں ہونا (اُر۔ محاورہ) اختیار میں ہونا۔ بس میں ہونا۔

کہنے سے ضد سوا ہوتی ہے (اُر۔ مثل) آدمی جتنا سمجھاؤ اتنا ہی ہٹ زیادہ کرتا ہے۔

کھے کھے (ہ۔ امو) دانتا کلکل۔ ہے ہے کا مترادف۔

کھیل (ہ۔ امو) بھنی ہوئی مکئی کا جوار یا چاول کا مُرمُرا۔ پھلی۔ مقدار۔ قلیل۔ ذرا سا بھنا ہوا۔ سوا گیہ۔ پاپھول ہوئی دھات۔ یہ لفظ بتانے معروف ہے۔

کھیل اُڑ کر مُنہ میں نہ جانا (اُر۔ محاورہ) کوئی چیز نہ کھانا۔ ذرا بھی نہ چکھنا۔

کھیل کھیل کر دینا (اُر۔ محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔ ریزے ریزے کر دینا۔

کھیل کھیل ہونا (محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ ریزہ ریزہ ہونا۔ خستہ ہو جانا۔

کھیل ہونا (اُر۔ محاورہ) بھن کر کھیل کی مانند ہو جانا۔

کھیل (ہ۔ لند۔ بیانیے مجہول) بازی۔ تماشا۔ کرتب۔ سہل۔ آسان۔ سیر مشغلہ۔ مشغل۔ نیرنگی۔ کاریگری۔ جیسے قدرت کے کھیل۔

کھیل آنا (اُر۔ محاورہ) کھیلنا جاننا۔

کھیل بگاڑنا (اُر۔ محاورہ) رخنہ ڈالنا۔ بنا بنایا کام خراب کرنا۔

کھیل بگڑ جانا / کھیل بھنڈ ہونا / کھیل تنگ ہونا (اُر۔ محاورہ) بنے ہوئے کام کا خراب ہو جانا۔ رنگ میں بھنگ ہو جانا۔ کام بگڑنا۔ مزے میں خرابی واقع ہونا۔

کھیل بھڑ بھنڈ کر دینا (اُر۔ محاورہ) بنا ہوا کام خراب کرنا۔

کھیل بھنگ کرنا (اُر۔ محاورہ) مزے میں خلل ڈالنا۔

کھیل بنانا (اُر۔ محاورہ) بات بنانا۔ کام بنانا۔ یارانہ لگانا۔

کھیل جانا (اُر۔ محاورہ) گزار دینا۔ کھپا دینا۔ جوکھوں یا ہلاکت میں ڈال دینا۔

کھیل جاننا یا سمجھنا (محاورہ) بہت ہی سہل سمجھنا۔ آسان جاننا۔ سہج سمجھنا۔

کھیل کرنا (اُر۔ محاورہ) کھیلنا۔ کودنا۔ تماشا کرنا۔ ہنسی سمجھنا۔ مذاق میں ڈالنا۔ دل سے نہ کرنا۔

کھیل کود (ہ۔ لند) اُچھل کود۔ لہو و لعب۔ کود۔ پھاند۔

کھیل کود کر گزارنا (اُر۔ محاورہ) لہو و لعب میں وقت صرف کرنا۔

کھیل کھانا (اُر۔ محاورہ) آوارگی میں زندگی بسر کرنا۔ بدچلنی میں گزارنا۔

کھیل کھلانا (اُر۔ محاورہ) بازی کرانا۔ حیران کرنا۔ ستانا۔ ناچ نچانا۔ دق کرنا۔

کھیل کھیلنا (محاورہ) کرنی کرنا۔ کرتب کرنا۔ بازی کرنا۔

کھیل کے دن (اُر۔ محاورہ) لڑکپن کا زمانہ۔

کھیل نہیں (اُر۔ محاورہ) آسان نہیں دشوار ہے۔

کھیل ہاتھ لگنا (اُر۔ محاورہ) مشغلہ ہاتھ نہ آنا۔

کھیل ہے (ہ۔ محاورہ) سہل بات ہے۔ معمولی اور ادنیٰ بات ہے۔ تماشا ہے۔ تشفی ہے۔

کھیلا کھایا (اُر۔ محاورہ) تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔

کھیل کھایا (ہ۔ صفت) بھگتا ہوا۔ تجربہ کار۔ کار آزمودہ۔

کھیلنا (ہ۔ فعل) کھیل کرنا دل بہلانا۔ بازی کرنا۔ اُچھلنا کودنا۔ گزرنا۔ بتانا۔ کام کرنا کوئی فعل کرنا۔ لہو و لعب کرنا۔ جوا کھیلنا۔

کھیم کسل (ہ۔ امو) خیریت۔ خیر و عافیت۔ صحت۔ تندرستی۔ ہنسی خوشی۔

کہیں (ہ۔ تابع فعل) کسی جگہ۔ کسی موقع پر۔ اور جگہ۔ دوسری جگہ۔ کسی طرف کسی سمت۔ شاید۔ مبادا۔ ایسا نہ ہو۔

کہیں اُوس سے پیاس بجھتی ہے (اُر۔ مثل) تھوڑی چیز کسی طرح کافی نہیں ہوتی۔

کہیں بوڑھے طوطے بھی پڑھتے ہیں (اُر۔ مثل) زیادہ عمر کا آدمی تعلیم حاصل نہیں کر سکتا۔

کہیں پاؤں رکھتے ہیں کہیں پڑتا ہے (اُر۔ مثل) نشہ یا ضعف سے یہ حالت ہے کہ ہر قدم پر لڑھکتے پھرتے ہیں۔ بے حد کمزوری۔

کہیں تل دھرنے کو جگہ نہیں (ہ۔ محاورہ) چیچک کی پھنسیوں کی کثرت یا انبوہ خلائق کے موقع پر بولتے ہیں۔ بالکل جگہ نہیں۔ ایسا بھی نہیں کہ تل بھی رکھ سکیں۔

کہیں دائی سے بھی پیٹ چھپتا ہے (ہ۔ محاورہ) خاص اور تجربہ کاروں

سے راز پوشیدہ نہیں ہو سکتا۔

کہیں ڈوبے بھی تیرے ہیں (ہ محاورہ) بگڑے ہوؤں کا درست ہونا محال ہے۔

کہیں سُنا (اُر۔مثل) تعجب کی بات۔

کہیں سے (ہ۔تابع فعل) کسی جگہ سے۔ کسی مقام سے۔

کہیں کا نہ رہنا (ہ۔محاورہ) بالکل نکما یا برباد ہو جانا۔ کسی کام کا نہ رہنا۔ سخت ذلیل ہو جانا۔ دین و دُنیا سے جاتا رہنا۔

کہیں کا ہو رہنا یا ہو جانا (ہ۔محاورہ) کسی جگہ رہ پڑنا۔ جا کر واپس نہ آنا۔ جہاں جانا وہیں کا ہو رہنا۔

کہیں کہیں (ہ۔تابع فعل) کسی کسی جگہ۔ بہت کم۔ بعض بعض جگہ۔

کہیں کچھ اور کہیں کچھ (اُر۔مثل) ان کی باتوں کا اعتبار نہیں کہتے کچھ اور کرتے کچھ ہیں۔

کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا بھان متی نے کنبہ جوڑا (ہ۔مثل) بے میل رشتہ جتانے کے موقع پر بولتے ہیں۔ یعنی بے ربط چیزیں اور غیر متعلق رشتہ ہوا ہے۔

کہیں گرجیں کہیں برسیں (اُر۔مثل) ایک کا غصہ دوسرے پر نکالنا۔

کہیں ناخن سے بھی گوشت جُدا ہوا ہے (اُر۔مثل) رشتہ دار کسی طرح سے نہیں چھوڑا کرتا۔ اپنوں سے قطع تعلق کرنا مشکل ہے۔

کہیں نہ کہیں (ہ۔تابع فعل) ضرور۔ بالضرور۔ کسی نہ کسی جگہ۔

کہیں ہاتھوں کی لکیریں بھی مٹی ہیں (ہ محاورہ) تقدیر کا لکھا کہیں نہیں ٹلتا۔

کھینا (ہ۔فعل) کشتی چلانا۔ ناؤ کو چپو سے لے جانا۔ ڈانڈ یعنی بانس لگا کر کشتی چلانا۔

کھینچ (ہ۔امو) کشش۔ کھنچاؤ۔ کھنچاوٹ۔ کمی۔ قحط۔ کال۔ قلت۔

کھینچ بلانا (اُر۔محاورہ) زبردستی بلانا۔

کھینچ تان کر (اُر۔متعلق فعل) کوشش سے زبردستی۔ گھسیٹ گھساٹ کر۔

کھینچ کرنا (اُر۔محاورہ) کمی کرنا۔ رکاوٹ کرنا

کھینچ کھانچ (اُر۔متعلق فعل) زبردستی بعد کوشش۔

کھینچ لانا (ہ۔فعل) گھسیٹ لانا۔ پکڑ لانا۔

کھینچا تانی (اُر۔امو) کشاکش۔ لڑائی۔ جھگڑا۔

کھینچنا (ہ۔فعل) گھسیٹنا۔ تاننا۔ پھیلانا۔ چوسنا۔ جذب کرنا۔ سوکھنا بھرتی چوانا کشید کرنا۔ معطر کرنا۔ گراں کرنا۔ مہنگا کرنا۔ روکنا۔ سمیٹنا۔ اٹھانا۔ برداشت کرنا۔ سہنا۔ سہارنا۔ تلوار میان سے نکالنا۔ سونتنا۔ جلدی جلدی قلم چلانا۔ اکڑنا۔ غرور کرنا۔ گرفتار کروانا۔ پکڑوانا۔ نکالنا۔ باہر لانا۔ کھانا کھانا۔ بڑھنا لگانا۔ چڑھانا جیسے دلہا پر کھینچنا۔ گھیرنا۔ نقش کرنا۔ کاڑھنا۔ پانی کو کنوئیں وغیرہ سے اوپر لانا۔ جکڑنا۔ باندھنا

کھیوا (ہ۔اند) کشتی کا ناؤ۔ بیڑا۔ کشتی۔ پایاب۔ عبور دریا۔ مجازاً کشتی میں بیٹھ کر عبور کرنے والے لوگ۔

کھیوا پار کرنا یا لگانا (ہ محاورہ) بیڑا پار کرنا۔ نجات دینا۔ کشتی کو کنارے پر پہنچانا۔

کھیوٹ (ہ۔امو) خراج اور لگان کی قسط گاؤں کی زمین کی کیفیت کا سرکاری رجسٹر۔ کاغذات۔ بندوبست۔ ملاح۔ مانجھی۔ تجربہ کار۔ برداشت کرنیوالا تجربہ کار۔

کھیوٹ دار (اُر۔صف) گاؤں کا شریک۔ شریک حصہ۔

کھیوٹ کھتونی (ہ۔امو) زمین کے مالکوں اور ان کی زمینوں کے حساب کا رجسٹر۔ گاؤں کے بندوبست کا حساب کتاب۔

کھیوٹیا کھیوٹ ہار کھیوٹیا (ہ۔اند) مانجھی۔ ناؤ چلانے والا۔ کشتی بان۔ ناخدا ملاح

کھیئی (ہ۔امو) جھڑ بیری یا سوکھی جھاڑی جو باڑ لگانے کے کام آتی ہے۔

ک - ۶

کئی (ہ۔اسم استفہام) برائے خبر۔ کے ہی کا مخفف۔ کتنے ہی۔ چار۔ یا پانچ۔

کئی ایک (ہ۔اصفت) چند۔ دو چار۔ چند ایک۔ نو سے کم تعداد کے لئے۔

کئی بار (ا۔تابع فعل) چند مرتبہ۔ چند بار ہا۔ کتنی دفعہ۔ چند بار۔

کئی ہاتھ (ا۔تابع فعل) چند ہاتھ۔ بہت سا۔

ک - ی - ے

کے (ہ) دو فعلوں کے درمیان برائے عطف جیسے کھانا کھا کے جائے گا حرف اضافت برائے جمع۔ جیسے زید کے گھوڑے۔

کے (ہ۔اسم استفہام) برائے تعداد۔ کتنے۔ چند۔

کے بار (اُر۔تابع فعل) کتنی دفعہ چند بار۔

کے دن کیلئے (اُر۔متعلق فعل) تھوڑے دنوں کے لئے کتنے دنوں کے لئے۔

کی (ہ۔حرف اضافت) برائے تانیث۔ جیسے عمر کی بی۔

کیا (ہ۔کلمہ استفہام) آیا چہ استفہام۔ اختیاری کیلئے جیسے یہ کیا آپ کے مساوات کیلئے جیسے کیا بھیڑ کی لات وغیرہ۔ مرکبات۔ بہت سے معنی دیتا ہے۔

کیا اجارہ ہے (اُر۔محاورہ) قابو نہیں۔ دعویٰ نہیں۔

کیا اُدھار کی ماں مری ہے (ہ محاورہ) اگر کوئی قرض دینے میں حجت کرے تو اسوقت کہا کرتے ہیں یعنی دُنیا سے لین دین کا دستور اُٹھ تو نہیں گیا۔ تم نہیں دو گے کوئی اور دیدے گا۔ اُدھار تو گھر کے باہر ہوتا ہے۔

کیا اصل ہے (اُر۔محاورہ) کیا حقیقت ہے۔

کیا آسمان کے تارے ہیں (اُر۔محاورہ) یعنی نایاب اور نادر شے تو نہیں جو مل ہی نہ سکے۔

کیا اکھاڑ سکتا ہے (ہ۔محاورہ) کچھ نقصان نہیں کر سکتا۔

کیا امکان ہے (اُر۔محاورہ) ممکن نہیں اسکو یہ کام کرنے کی جرأت نہیں ہو سکتی۔

کیا آگ لگاؤں (ہ۔محاورہ) نہایت کراہت اور نفرت کے وقت کہا کرتے ہیں یعنی ایسا کام کروں

کیا آگ لینے آئے تھے (ہ۔محاورہ) فی الفور آ کر چلے جانے والے کو طنزاً کہا کرتے ہیں۔

کیا آنکھوں میں خاک ڈالتے (اُر۔محاورہ) کیا صریح اور علانیہ دھوکا دیتے ہو

کیا ان ہی کا سر ٹیکا ہے
کیا ان ہی کے سر سہرا ہے (اُر۔محاورہ) یہ کام انہی پر منحصر اور موقوف نہیں اور لوگ بھی تو کر سکتے ہیں۔

کیا ایسے لعل لگے ہیں (اُر۔محاورہ) ایسی کیا خوبی ہے۔

کیا آئے کیا چلے (ہ محاورہ) آنا نہ آنا برابر ہے۔ ایسی جلدی جانے بھی لگے۔

کیا بات ہے (ہ۔محاورہ) کیا خوب ہے۔ سبحان اللہ۔ مرحبا۔ کیا کہنا ہے۔

کیا بُرا تھا (اُر۔محاورہ) بہت اچھا تھا۔ عقیدت تھا۔

کیا بُرائی ہے (اُر۔محاورہ) کچھ عیب نہیں۔

کیا بڑی بات ہے (اُر۔محاورہ) آسان ہے مشکل نہیں۔

کیا بگاڑا ہے (اُر۔محاورہ) کیا نقصان کیا ہے۔

کیا بگڑتا ہے (اُردو محاورہ) کیا نقصان ہوتا ہے۔
کیا بلا ہے / کیا ایسی بلا ہے (اُردو محاورہ) ناچیز ہے۔ ہیچ ہے۔
کیا بوُر کے لڈو ہیں (اُردو محاورہ) کوئی نایاب چیز نہیں۔
کیا بھروسہ ہے (ہ۔ محاورہ) کوئی اعتبار نہیں۔ کچھ ٹھکانا نہیں۔
کیا بھیڑ کیا بھیڑ کی لات (اُردو مثل) بے اصل سے ہے۔
کیا بیل چلے گا۔ (اُردو محاورہ) کیا کام آئے گا۔
کیا پاؤں میں مہندی لگی ہے (ہ۔ محاورہ) یہاں آنے سے کونسا باعث مانع ہے طنزاً متکبر شخص کی نسبت بولا کرتے ہیں۔
کیا پدّی کیا پدّی کا شوربا / کیا یذی کیا یذی کا شوربا (اُردو محاورہ) بالکل بے حقیقت چیز کی نسبت بولا کرتے ہیں۔ اس کی بساط ہی کیا ہے۔ کیا حیثیت رکھتا ہے۔ ناچیز ہے۔
کیا پروا ہے (ہ۔ محاورہ) کیا خوف ہے۔ کچھ ڈر نہیں۔ کچھ مضائقہ نہیں۔
کیا پڑی ہے (اُردو محاورہ) کیا فکر ہے۔
کیا پوچھنا ہے (ہ۔ محاورہ) کیا کہنا ہے کیا بات ہے۔
کیا پھولا پھرتا ہے (اُردو محاورہ) کیوں اسقدر مغرور ہے۔
کیا تماشا (اُردو محاورہ) انوکھی بات ہے۔ حیرت کے قابل بات ہے۔
کیا تھا کیا ہوا کیا تھا کیا ہو گیا (ہ۔ محاورہ) بنا بنایا کام بگڑ گیا۔ زمانہ پلٹ گیا۔
کیا ٹوٹکا کرتے آئیں تھیں (ہ۔ محاورہ) فوراً فوراً آکر چلی جانے والی عورت کی نسبت کہا کرتے ہیں۔ یعنی کیا ٹوٹکا کرنے آئیں تھیں جو آتے ہی چل دیں تھیں۔
کیا ٹھکانا (اُردو محاورہ) کوئی حد نہیں۔ کوئی انتہا نہیں۔
کیا جاتا (ہ۔ محاورہ) کیا بگڑتا کیا نقصان ہوتا۔ کونسا کام بگڑ جاتا۔ یعنی آپ کا تو کچھ نقصان نہ ہوتا۔
کیا جاتی دنیا دیکھی (اُردو محاورہ) کیا وجہ ہوئی جو تم نے دُنیا کو فانی سمجھ کر خلاف عادت بات کی۔
کیا جان ہے / کیا جان پائی ہے (اُردو محاورہ) کیا بات ہے۔ کیا طاقت ہے۔ کیا مجال ہے۔ کیا مقدور ہے۔
کیا جانئے یا کیا جانتے (ہ۔ محاورہ) واللہ عالم۔ خدا جانے۔ خدا ہی جانے مجھے خبر نہیں۔
کیا جائے گا (اُردو محاورہ) کیا نقصان ہوگا۔
کیا چاہتے (ہ۔ محاورہ) کیا بات ہے کیا کہنا ہے۔ کیا ضرورت ہے۔
کیا چوڑیاں ٹوٹ جائیں گی (ہ۔ محاورہ) اپنے ہاتھ سے کام کرنے والے کی نسبت طنزاً کہا کرتے ہیں یعنی کیا نقصان ہو جائیگا۔ کون سے ہاتھ دُکھ جائیں گے۔
کیا چھاتی ہے (اُردو محاورہ) کیا حوصلہ۔ بڑا حوصلہ ہے۔
کیا چیز ہے (اُردو محاورہ) بے قدر اور کم حقیقت چیز کی نسبت بولا کرتے ہیں یعنی کیا مال ہے۔ کیا اصل ہے۔ کون سی بڑی دولت ہے۔
کیا حال کیا (اُردو محاورہ) کیا برتاؤ کیا۔
کیا حال ہوگا (اُردو محاورہ) کیسی گزرے گی۔
کیا حقیقت ہے (اُردو محاورہ) ذلیل ہے۔ ہیچ ہے۔ کچھ حقیقت نہیں۔
کیا خاک ہے (اُردو محاورہ) کچھ بھی نہیں۔ بالکل بے حقیقت ہے۔
کیا خاک رہا (اُردو محاورہ) کچھ نہیں رہا۔ کچھ نہیں بچا۔
کیا خبر (اُردو محاورہ) کچھ معلوم نہیں۔ خدا جانے۔ واللہ اعلم۔

کیا خوب آدمی تھا (اُردو محاورہ) مقام افسوس میں متوفی کے مرنے کے بعد کہا کرتے ہیں۔
کیا خوب سمجھتے ہیں (اُردو محاورہ) بالکل ہی نہیں سمجھتے۔
کیا خونکالی ہے (اُردو محاورہ) بُری خارت سیکھی ہے۔
کیا دال بھات کا نوالہ ہے (اُردو محاورہ) کچھ آسان بات نہیں۔
کیا دوندی کا گوشت کیا مقام (اُردو مثل) آزاد اور اکیلے آدمی کو سفر یا حضر میں کوئی تکلیف نہیں۔ نادار اور کم سامان شخص کو سفر کی سراری نہیں کرنی پڑتی۔
کیا درجہ کر رکھا ہے / کیا دہا ڑا کر رکھا ہے (ہ۔ محاورہ) کیا بُری حالت بنا رکھی ہے۔ کیسی ردی حالت میں ہو۔
کیا دم زندگی کا بھروسہ ہے (اُردو محاورہ) زندگی کا کچھ اعتبار نہیں۔
کیا دم ہے (اُردو محاورہ) بہت دم ہے۔ اچھی طاقت ہے۔
کیا دن تھے (ہ۔ محاورہ) گزشتہ ایام کیسے اچھے تھے۔ جواب یاد آتے ہیں۔
کیا دُور ہے (اُردو محاورہ) کوئی تعجب نہیں۔
کیا دھرا ہے (اُردو محاورہ) کیا رکھا ہے۔ کچھ خصوصیت نہیں۔
کیا دھوپ میں بال سفید کئے ہیں۔ (اُردو محاورہ) بوڑھے اور عمر رسیدہ ہونے پر بھی کوئی تجربہ نہ ہوا۔
کیا ڈر ہے یا کیا ڈری ہے۔ (ہ۔ محاورہ) کوئی اندیشہ نہیں۔ کوئی خوف نہیں کچھ پروا نہیں۔
کیا رہا ہے (ہ۔ محاورہ) کچھ باقی نہیں۔ حالت نزع میں ہے۔ مرنے کے قریب ہے
کیا زمانہ ہے (اُردو محاورہ) کیسا بُرا وقت ہے۔ کیا انقلاب ہے۔
کیا زندگی کا بھروسا ہے (اُردو محاورہ) زندگی کا کچھ اعتبار نہیں۔
کیا سانپ سونگھ گیا۔ (اُردو محاورہ) کیوں نہیں بولتے۔
کیا ستم ہے۔ (اُردو محاورہ) اندھیر ہے۔ قہر ہے۔
کیا شان میں جھنڈے پڑ جائیں گے (اُردو محاورہ) کیا عزت میں بٹا لگ جائے گا۔ کیا آبرو میں فرق آجائے گا۔
کیا غم ہے (اُردو محاورہ) کچھ ڈر نہیں۔ کیا فکر ہے۔ کیا مضائقہ ہے۔
کیا فرض ہے (اُردو محاورہ) یہ فرض نہیں۔ کچھ ضرور نہیں۔
کیا فوں فاں کرتے ہو۔ (اُردو محاورہ) کیا دھمکاتے ہو۔
کیا قاضی کی گدھی چرائی ہے (اُردو محاورہ) ہم نے کون سا قصور کر دیا ہے۔ جس کے سبب ڈریں۔
کیا قاضی گلہ کرے گا (اُردو محاورہ) کوئی شکوہ و شکایت نہیں کرے گا۔ کچھ نقصان نہیں ہوگا۔
کیا قیامت ہے (اُردو محاورہ) کیا ظلم ہے۔ کیسا بُرا ہے۔ نہایت خوبصورت ہے۔ بڑا حسین ہے۔
کیا کابل میں گدھے نہیں ہوتے (اُردو مثل) بے وقوف ہر جگہ ہوتے ہیں۔
کیا کانٹوں میں ہاتھ پڑتا ہے (اُردو محاورہ) کیا عیب لگتا ہے۔ کیا نقصان ہے۔
کیا کچھ سُنا چاہتے ہو (اُردو محاورہ) گالیاں سننے کو دل چاہتا ہے۔
کیا کروں (اُردو محاورہ) تعجب۔ حیرانی اور مجبوری کے وقت بولتے ہیں۔ یعنی کوئی تدبیر بتاؤ میں حیران ہوں۔
کیا کرے گا یا کیا کرلے گا (ہ۔ محاورہ) کچھ نہیں کر سکتا کچھ بگاڑ نہیں سکتا۔

کیا کرے گا دولا جسے دے مولا (اُر۔مثل) جسے خدا دے اس میں کوئی کچھ نہیں کر سکتا۔

کیا کوسوں یا کیا کرکوں (ہ۔ محاورہ) میں ایسا ناراض اور خفا ہوں کہ کوئی بددعا بھی ایسی نہیں جو اس رنج کو رفع کر دے۔

کیا کہنا ہے (ہ۔ محاورہ) طنز آ اور تحسین کا کلمہ ہے۔ کیا بات ہے۔ کیا پوچھنا ہے۔

کیا کیا (ہ۔ حرف۔ استفہام) کون کون سا۔ سب کچھ۔ کیسے کیسے۔ کس قدر۔

کیا کیا (ہ۔ محاورہ) حیرت۔ پریشانی۔ تعجب اور افسوس کے موقع پر بولتے ہیں۔ یعنی بڑا برا کیا۔ بڑی شرم کی بات ہے۔ کون سا برا کیا۔ کوئی بے جا بات نہیں کی۔

کیا کچھ کہا یا کیا کیا کچھ نہ کہا (ہ۔ محاورہ) سب ہی کچھ برا بھلا کہہ لیا۔ کوئی کوئی بات چھوڑ نہیں دی۔ کون سی بات نہیں کہی۔

کیا گزری (اُ۔ محاورہ۔ کیا بیتی۔ کیونکر ہوتی۔ کیونکر بسر ہوتی۔

کیا گل پھولا ہے / **کیا گل کھلا ہے** (اُر۔ محاورہ) کون سی عجیب اور نرالی بات ظاہر ہوتی۔ کیا فتنہ اٹھا ہے۔ کیا بہتان لگا ہے۔ کیا خرابی نکلی ہے۔

کیا گومتی کا پانی پیا ہے (اُر۔مثل) اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو زنانہ پن کرے (اہل لکھنؤ پر طنزاً) دریائے گومتی لکھنؤ کے قریب سے گزرتا ہے۔

کیا گھاس میں سانپ نہیں چلتا (اُر۔مثل) یہ ناممکن بات نہیں ہے۔

کیا کیا نہ ہوا (ہ۔ محاورہ) کون سی بات رہ گئی۔ سب ہی کچھ تو ہو لیا۔

کیا کیا نہ کیا (ہ۔ محاورہ) کوئی کام نہ چھوڑا۔ سب ہی کچھ تو کیا۔

کیا گونگے کا گڑ کھایا ہے (ہ۔ محاورہ) کیوں چپ ہیں۔ کیوں نہیں بولتے کیوں گونگے بن گئے۔

کیا لوگے (ہ۔ محاورہ) کیا فائدہ اُٹھاؤ گے۔ کیا حاصل کروگے۔ کیا پاؤ گے۔

کیا لے گیا شیر شاہ کیا لے گیا سلیم شاہ (اُر۔مثل) دولت کسی کے ساتھ نہیں جاتی۔ جب کوئی دولت کا غرور کرے تو بولتے ہیں۔

کیا لیا (اُر۔ محاورہ) کیا فائدہ حاصل ہوا۔ کیا پایا۔

کیا مال ہے (اُ۔ محاورہ) بالکل بے حقیقت خبر ہے۔ محض ناچیز ہے۔

کیا مجال ہے (اُ۔ محاورہ) کیا طاقت ہے کیا حوصلہ ہے۔ کیا کر سکتا ہے۔

کیا مچھلیاں ہیں جو سڑی جاتی ہیں (اُر۔مثل) کیا جلدی تھی جب کوئی جوان بیٹیوں کی شادی کرنے کیلئے کہے تو عورتیں کہا کرتی ہیں۔

کیا معرکہ مارا (اُر۔ روزمرہ) بڑی فتح حاصل کی۔

کیا مکھی بلی نے چھینک دیا (اُر۔مثل) کیوں کام نہیں کرتے۔

کیا منہ اور کیا سالا (اُر۔مثل) اس کے متعلق کہتے ہیں جو ایسا کام اپنے ذمے لے جسے وہ کر نہ سکے۔

کیا معنی (اُ۔ محاورہ) کیوں۔ کیا وجہ۔ کیا سبب۔ کیا غرض۔ کیا مراد۔ کیا حوصلہ۔ کیا مجال۔

کیا منہ پر پھٹکار برستی ہے (ہ۔ محاورہ) کیا لعنت برستی ہے کیا منہ کا نور اڑ گیا

کیا منہ دکھاؤ گے (ہ۔ محاورہ) کیونکر سامنے ہوگے۔ کیا جواب دوگے

کیا منہ سے پھول جھڑتے ہیں (ہ۔ محاورہ) کیا شیریں گفتار ہے کہاں شیریں بیان ہے طنزاً بدکلامی پر بھی بولتے ہیں۔

کیا منہ کا نوالہ ہے (ہ۔ محاورہ) یہ کام کچھ آسان تو نہیں ہے جو یونہی سرسری ہو جائے گا۔

کیا منہ لے کر جاؤں (ہ۔ محاورہ) کون سی نیکی لے کر سامنے جاؤں۔ کس سرخروئی سے جاؤں۔

کیا منہ میں بیجری بھری ہوئی ہے (اُر۔مثل) بولتے کیوں نہیں۔

کیا منہ میں گھنگنیاں ہیں (اُر۔مثل) دیکھئے "منہ میں بیجری بھری ہوتی ہے۔

کیا منہ ہے (ہ۔ محاورہ) کیا حوصلہ ہے۔ کیا طاقت ہے۔ کیا مقدور ہے۔

کیا میں تیری پٹی کے نیچے پیدا ہوئی ہوں (اُر۔ مثل) میں تم سے کمتر نہیں ہوں۔

کیا ناک لے کر بولتے یا بات کرتے ہو (اُ۔ محاورہ) کس شرم و حیا سے منہ سامنے کرتے ہو۔ شرم کرو اور اپنے گریبان میں منہ ڈال کر دیکھو۔

کیا نشہ پیا ہے (اُر۔ روزمرہ) کیوں بہکی بہکی باتیں کرتے ہو۔

کیا ننگی نہائے گی اور کیا نچوڑے گی (ہ۔ مثل) مفلس آدمی کے پاس کیا ہے کیا دے گا یا دلائے گا۔

کیا ہاتھوں میں مہندی لگ رہی ہے (اُر۔مثل) کام کیوں نہیں کرتے۔

کیا واسطہ (اُ۔ اسم استفہام) کیا تعلق۔ کس لئے کیوں۔

کیا ہوا (ہ۔ محاورہ) کیا بگڑ گیا۔ نقص کون سا ہو گیا۔ کیا بات ہے۔ کیا معاملہ ہے۔ کیا حال گزرا۔ کیا خوف۔ کیا اندیشہ ہے۔ کچھ تعجب نہیں۔ کچھ مضائقہ نہیں۔

کیا ہوتا (ہ۔ محاورہ) کون سا کام بن جاتا۔ کیا فائدہ ہوتا۔ کیا حاصل ہوتا۔ کیا نقصان ہوتا۔ کیا بگڑتا۔

کیا ہوگا (ہ۔ محاورہ) کیا بگڑے گا۔ کیا گزرے گا۔

کیا ہو گیا (ہ۔ محاورہ) تعجب۔ حیرت اور افسوس کے موقع پر بولتے۔ کچھ ڈر نہیں۔

کیا ہے (ہ۔ محاورہ) کیا چیز ہے۔ کیا بات ہے کون سی چیز ہے کیا معاملہ ہے برائے استفہام انکاری۔ نہیں کوئی ہے۔ ناچیز ہے۔ نکما ہے۔ کیا حقیقت ہے۔ کیا کہتے ہو۔

کیا ہی (ہ۔ محاورہ) کثرت و افراط کے وقت بولتے ہیں۔ بکثرت۔ بہت ہی۔ بے حد بہت ہی اچھی۔ نہایت عمدہ۔

کیا ہی مٹھی بھر ہڈی ہے (اُر۔مثل) بہت طاقتور ہے۔

کیا ہیجڑے راہ مارتے ہیں (ہ۔ محاورہ) طنزاً کہا کرتے ہیں یعنی کیوں آنے سے ڈرتے ہو۔

کیا یاد رکھو گے یا کرو گے (اُر۔محاورہ) عرصہ تک یاد کرتے رہو گے۔ بہت یاد رکھو گے۔

کیاری (ہ۔ اسمو) کھیت یا باغ ہر چھوٹا حصہ۔ یا تختہ۔ قطعہ۔ باغ۔ باغ کا تختہ۔

کیاست (ع۔ اسمو) چترائی۔ دانائی۔ عقلمندی۔ ہوش و خرد۔

کیانی (ف۔ اصفت۔ بیائے نسبتی) کے بادشاہوں سے نسبت رکھنے والی کیانیوں کی چیز۔

کیت (ہ۔ اند) دور دار ستارہ) جھاڑو تارا۔ نواں پرگرہ۔

کیت (ہ۔ اند) بیل کے پھل جتنا کھٹ میٹھا ذائقہ رکھنے والا۔ ایک درخت کا پھل اور درخت۔

کیتکی (ہ۔ اسمو) ایک مشہور خوبصورت پودے کا نام ہے، جس کا پھول انڈے کی مانند ہوتا ہے۔

کیتلی (ہ۔ اسمو) چائے پکانے کا ایک ٹونٹی دار برتن۔

کیتلی

کیتو (س۔ اند) نشان، جھنڈا، علم۔ دم دار ستارہ۔

جھاڑو۔ شبہات ثاقب۔ کوئی عیب مشاہدہ۔

کیتھولک (Catholic - انگلش) کٹر اور راسخ العقیدہ۔ عیسائی رومن کیتھولک مذہب کا پابند۔

کیتھیڈرل (Cathedral - انگلش) بڑا گرجا جس میں اسقف تخت ہوتا ہے کنیسۂ اسقف۔

کیٹ (ہ۔انگ) چراغ کی گاد جیکٹ۔ درد تہ تین حقہ کا میل کیڑا سکوڑا۔

کیچ (انگ۔ا۔مذ) پکڑ گرفت۔ گیند پکڑنے کا عمل۔ Catch

کیچڑ (ہ۔امو) گارا۔ غلیظ مٹی۔ دلدل۔ سڑی مٹی۔ آنکھ کا تیل۔ چیپڑ۔ چرک چشم۔

کیچڑ اچھالنا (اُ۔محاورہ) کسی پر کیچڑ پھینکنا۔ تہمت لگانا۔ بدنام کرنا۔

کیچڑ کی کوڑ دانتوں سے اٹھانا (اُ۔محاورہ) بہت بخیل ہونا۔

کیچڑ میں پھنسنا (اُ۔محاورہ) دلدل میں پھنسنا کسی جھگڑے میں مبتلا ہونا۔

کیچڑ میں لوٹنا (اُ۔محاورہ) شراب پی کر کیچڑ میں گر جانا۔ بھینس کا کیچڑ میں لیٹنا۔

کیچڑی (ہ۔امو) بہت گاڑھی (بھنگ)

کیچلی / کینچلی (ہ۔امو) ایک قسم کا سوراخ دار پوست جو سانپ کے بدن سے اترتا ہے۔

کیچلی جھاڑنا / ڈالنا / گرانا (اُ۔محاورہ) سانپ کا اپنے جسم کا پوست اُتارنا۔

کیچوا (ہ۔مذ) ایک قسم کا سُرخ رنگ کا لمبا برساتی کیڑا ہوتا ہے۔ گل خورہ۔ ایک قسم کا پیٹ کا کیڑا بھی ہے۔ کرم شکم۔

کید (ع۔مذ) مکر۔ فریب۔ دھوکا۔ دغا۔

کیر (ہ۔مذ) کریل کا درخت۔

کیر سے آملے نہیں ہوتے (اُ۔مقولہ) بُری چیز۔ عمدہ یا کمینہ شریف نہیں ہو سکتا۔

کیر مگس چہ خفتہ و چہ بیدار (ف۔مثل) کمزور کا ہونا نہ ہونا برابر ہے۔

کیرا (ع۔ا۔صفت) کرنجی آنکھوں والا۔ نیلی نیلی آنکھوں والا۔

کیری (ہ۔امو) آم کا کچا پھل۔ کچا آم۔ ابسی۔ کرنجی آنکھ والی عورت گلے میں لٹکانے کا عطر دان۔

کیری آنکھ (ہ۔امو) کرنجی آنکھ۔ چشم ارزق گوں۔

کیڑا (ہ۔مذ) کرم۔ سکوڑا۔ حشرات الارض۔ رینگنے والا جانور۔ سانپ ناگ بچھو۔ کژدم۔ کنکھجورا وغیرہ زہریلے جانور۔ ٹھٹھ بچہ۔ تازہ بچہ۔

کیڑا دبانا (محاورہ) نفسانی خواہش کو مٹانا۔

کیڑا کلبلانا (اُ۔محاورہ) خواہش نفسانی کا زور ہونا۔

کیڑا لگنا (محاورہ) دیمک لگنا۔ کتابا ریشمی یا اُونی کپڑے کا کرم خوردہ ہونا۔ گھن لگنا۔

کیڑا (ہ۔صفت) سخت۔ کرخت۔ تند مزاج۔ مضبوط۔ مستحکم۔ تگڑا۔

کیڑے بہتا (محاورہ) سر میں کثرت سے جوئیں پھرنا۔

کیڑے پڑنا (ہ۔محاورہ) کسی چیز میں سڑ جانے سے کرم پیدا ہو جانا۔ عیب ہونا۔ خرابی ہونا۔ نقص ہونا۔

کیڑے پڑیں (ہ) دعائے بد۔ گلے سڑے۔ گل جائے۔

کیڑے ڈالنا (اُ۔محاورہ) عیب نکالنا۔ نقص نکالنا۔

کیڑے کا چاٹ جانا (اُ۔محاورہ) کیڑے کا کپڑے کو کھا جانا۔

کیڑیاں لگانا (اُ۔محاورہ) جوئیں لگانا۔

کیڑی (ہ۔امو) چیونٹی۔ مور۔ جونک۔

کیڑی والی (ہ۔امو) جونکوں والی جونکیں لگانے کا کام کرنے والی عورت۔ کلرن۔ گگرن۔

کیس (ہ۔انگ۔مذ) بیائے مجہول۔ بال مُوئے سر۔ سر کے لمبے لمبے بال۔ پرندے کی چوٹی۔

کیس (انگ۔مذ) بیائے مجہول۔ مقدمہ۔ معاملہ۔ فقیہ۔ فریم۔ سانچا۔ ڈھکنا۔ خانہ۔ بکس۔ ڈبیا۔ Case

کیسا (ہ۔اسم استفہام) کس طرح کا۔ کس قسم کا۔ کس بات کا۔ کس قدر۔ کتنا۔ کیوں کس کام کا۔

کیسا صلاح کرتا ہوں (اُ۔محاورہ) قرار واقعی سزا دونگا۔ طبیعت درست کر دوں گا۔

کیسا ہی (ہ۔تابع فعل) کتنا ہی۔ کس قدر۔ حتی المقدور۔ کسی قسم کا ہی۔

کیسر (ہ۔امو) ایک زرد رنگ کا نہایت خوشبودار پھول۔ زعفران۔

کیسری (ہ۔امو) بیائے نسبتی زرد رنگ کا۔ زعفرانی۔ کیسر کے رنگ کا۔

کیسری باناہ (مذ) زعفرانی پوشاک جو ہندوؤں میں دولہا کو پہناتے ہیں۔

کیسریا بانا کرنا یا پہننا (ہ۔مثل) زرد لباس پہننا۔ جنگ کرنے کی رسم قدیم راجپوتانہ یعنی مرنے یا فتح کرنے کا وعدہ اور عہد کر کے لڑائی پر جاتے وقت زرد کپڑے پہننا۔

کیسے (ہ۔مذ) کیسا کی جمع۔ کس بات کے۔ کس قسم کے۔ کس وضع کے۔ اسم استفہام کیوں۔ کیونکر۔ کتنے۔

کیسہ (ہ۔مذ) جیب۔ پاکٹ۔ تھیلی۔

کیسہ بُر (ہ۔مذ۔فاعل ترکیبی) کٹ کترا۔ جیب کترا۔ اُچکا۔ بدمعاش۔

کیسی (ہ۔امو) کیسہ کی تانیث

کیسی مسجد کیسا مندر جو دیکھوں وہ دل کے اندر (اُ۔مثل) جو کچھ دل کے اندر موجود ہے۔ خدا ہر جگہ موجود ہے۔ یہ قول وحدت الوجود والوں کا ہے۔

کیسی ہو (اُ۔محاورہ) بہت بُرا ہو۔ بُرا نتیجہ ہو۔

کیسے ہو (اُ۔محاورہ) مزاج کیسا ہے۔

کیش (ف۔مذ) دین۔ مذہبیت۔ سبھاؤ۔ خو۔ عادت۔ بان۔ گن۔ وصف طور طریقہ۔ ترکش۔ تیروں کے رکھنے کا نلوا۔ تیردان۔

کیش (انگ۔مذ - Cash) نقد۔ نقدی۔ روکڑ۔ روپیہ۔ پیسہ۔

کیش بک (انگ۔امو) نقدی کے حساب کی کتاب۔ روکڑ بہی Cash Book

کیش بکس (انگ۔مذ) نقدی رکھنے کا صندوقچہ۔ نقدی کا صندوق۔ Cash Box

کیف (ع تابع فعل) کس طرح۔ کیونکر۔ کیسا۔ نشہ۔ خمار۔ سرور۔

کیفر (ف۔مذ) بُرے کام کا بدلہ۔ پاداش۔ بدی۔ بدی کا بدلہ۔

کیفر کردار (ف۔مذ) کئے کی سزا۔ بُرے کام کی سزا۔

کیفر کردار کو پہنچنا (اُ۔محاورہ) اپنے کئے کی سزا پانا۔ بُرے کام کی سزا بھگتنا۔ کیا بھوگنا۔

کیفی (ع۔صفت۔ بیائے فاعلیت) متوالا۔ مدہوش۔ نشہ میں چور۔ نشہ باز۔ مخمور۔

کیفیت (ع۔امو) ماجرا۔ حال۔ حالت۔ حقیقت۔ رنگ ڈھنگ۔ تفسیر۔ تشریح۔ تفصیل۔ چونبن۔ بہار۔ مزہ۔ لطف۔ سواد۔

کیفیت آنا (اُ۔محاورہ) لطف آنا۔

کیفیت اُٹھانا (اُر۔محاورہ) لُطف حاصل کرنا۔ مزہ حاصل کرنا۔
کیفیت بیان کرنا (اُر۔محاورہ) حال بتانا۔ حال بیان کرنا۔
کیفیت جب ہے (اُر۔محاورہ) لُطف جب ہے۔
کیفیت دکھانا (اُر۔محاورہ) تماشا دکھانا لُطف دکھانا۔
کیفیت دینا (اُر۔محاورہ) لُطف دینا۔
کیفیت دیکھنا (اُر۔محاورہ) رونق دیکھنا۔ بہار دیکھنا۔ حالت دیکھنا۔
کیفیت کھُلنا (اُر۔محاورہ) لُطف ظاہر ہونا۔
کیفیت طلب کرنا (اُر۔محاورہ تعاونا) پوچھنا۔ استفسار کرنا۔ جواب طلب کرنا۔ باز پرس کرنا۔
کیفیت لکھنا (اُر۔محاورہ) تحریری رپورٹ لکھنا۔
کیفیت میں رہنا (اُر۔محاورہ) نشہ میں رہنا۔
کیک (اُر) مزہ اُڑانا۔ مزہ لوٹنا۔
کیک (انگ۔ہند۔ Cake) ایک قسم کی میدے انڈے اور میوہ کی سانچے میں ڈھلی ہوئی پختہ روٹی یا مٹھائی۔

کیک

کیکر (ہ۔اند و مو) ببول کا درخت۔
کیکری (ہ۔امو) کیکر کا چھوٹا پیڑ۔ ایک قسم کی کنگری سلائی دار۔
کیکری بنانا یا کاڑھنا (ہ۔فعل) کپڑے پر کنگری بنانا۔ چین بنانا۔
کیکڑا (ہ۔ہند) بچھو کی شکل کے ایک آبی جانور کا نام ہے۔ سرطان۔ خرچنگ۔
کیکنا (ہ۔فعل) بندر کا کلکاری مارنا۔ چیخنا۔ چلانا۔
کیکئی (ہ۔امو) کیکے حاکم کشمیر کی بیٹی راجہ جسرتھ کی بیوی۔ سری رامچندر جی کی سوتیلی ماں کا نام ہے۔
کیل (ہ۔امو) لوہے کی میخ۔ پرگیگ۔ ناک میں پہننے کا لونگ کی شکل کا زیور۔ مہاسے یا دُنبل کے اندر کی جمی ہوئی پیپ۔ منتر پڑھنا۔


کیل

کیل ٹھونکنا (اُر۔محاورہ) کسی سخت چیز میں کیل گاڑنا۔
کیل کا کھٹکا نہیں (ہ۔محاورہ) ایسا امن اور رعب ہے کہ کسی چیز کا بھی اندیشہ نہیں۔ کسی شے کا خوف نہیں۔ ڈر نہیں۔
کیل ڈالنا (اُر۔محاورہ) منتر پڑھ کر قابو میں لانا۔ بس میں کر لینا۔ سانپ وغیرہ کو منتر کے زور سے ڈسنے کے قابل نہ رہنے دینا۔
کیل کانٹا (ہ۔ہند) ہتھیار۔ اوزار۔ اسلحہ۔ ایک قسم کا زیور۔ بدخط۔ نہایت گھسیٹے کر لکھا ہوا۔ بچوں کا ایک قسم کا کھیل۔
کیل کانٹے سے درست سے لیس ہونا (اُر۔محاورہ) اپنا سامان لے کر تیار ہونا۔ مسلح ہونا۔
کیل کانٹے سے ہوشیار رہنا (اُر۔محاورہ) اپنے سامان کی حفاظت کرنا۔ تیار رہنا۔
کیل گاڑنا (اُر۔محاورہ) کسی چیز میں داخل کرنا۔
کیل نکالنا (محاورہ) پھنسی یا مہاسے سے دبا کر پیپ نکالنا۔ مارتے مارتے گوہ نکالنا۔ سخت کرنا مارنا۔ خوب ٹھیک بنانا۔
کیلا (ہ۔اند۔ بیا تے معروف) ہڑی میخ۔ کھونٹا۔ گوشت خور جانوروں کے وہ دونوں بڑے دانت۔ جن سے شکار پکڑتے ہیں۔ کچلی۔ کُکرا دانت
کیلا (ہ۔اند۔ بیا تے مجہول) ایک مشہور درخت اور اس کا پھل۔
کیلا جانا (اُر۔مصدر) کیل پر منتر پڑھ کر اس کے ذریعے قابو کرنا۔ سانپ کو کیلنا منتر کے زور سے روکنا۔
کیلشیم (Calcium۔انگ) چونا۔ ایک کیمیاوی عنصر۔
کیلنڈر (Calender۔انگ۔ا۔مذ) جنتری۔ تقویم۔ نظام
کیلنا (ہ۔فعل) سانپ کو منتر کے زور سے قابو کرنا۔ کسی شخص کو برخلاف بولنے سے بزور جادو بند کرنا۔ زبان بند کرنا۔ تسخیر کرنا۔ کیلیں جڑنا۔ کیلیں ٹھونکنا۔
کیلوس (یونانی۔ لند) غذا کا معدے میں پہلا ہضم۔
کیلی (ہ۔امو) لکڑی کی کھونٹی۔ کشتی کے ایک داؤ کا نام۔ لوہے کی لاٹھ۔ پیچ۔ اسکرو۔
کیلی بار اچلانا (محاورہ) چرسے کے ذریعے کنوئیں میں سے پانی نکالنا۔ لاؤ چلانا۔
کیلی کا کھٹکا نہ ہونا (اُر۔محاورہ) کسی شے کا اندیشہ نہ ہونا۔ ایسا انتظام کرنا کہ کوئی کیل تک نہ چُرا سکے۔
کیلی والا } (ہ۔ہند) کنوئیں کے بیل جوڑنے والا۔ لاؤ کے سرے کو بیلوں کے
کیلیا } جوئے میں کیلی کے ذریعہ سے اٹکانے والا۔ کنوئیں کے بیل ہانکنے والا۔
کیمخت (ف۔امو۔مذ) گدھے گھوڑے کا چمڑا۔ کی کھال۔
کیمُوس (یونانی۔ لند) رس وہ پتلی سی چیز جو معدے میں کھانا ہضم ہونے کے بعد پیدا ہو۔
کیمیا (ع۔امو) رسائن۔ اکسیر۔ انگ کو چاندی یا تانبے کو سونا بنانا۔ عناصر کے خواص اور ان کی باہمی ملاوٹ کے اصولوں کا علم۔ علم کیمسٹری۔ بہت سفید بیر فیدہ دوا۔
کیمیا بنانا (اُر) رسائن بنانا۔ چاندی سونا بنانا۔ آسانی سے روزی کما لینا۔
کیمیا گر (عف۔ لند) رسائن بنانیوالا۔ مہوس۔ اکسیر گر۔
کیمیا گری (عف۔امو۔ بیائے مصدری) سونا چاندی بنانے کا ہنر۔ زر سازی
کیمیا سمجھنا (اُر۔محاورہ) اکسیر جاننا نہایت مفید اور خوب مراد خیال کرنا۔
کین (ف۔امو) نفاق۔ حسد۔ دشمنی۔ بیر۔ عداوت۔ کپٹ۔
کینا (اُر۔ لند۔ فاعل) فریب دینے والا۔ دھوکا دینے والا۔
کینچلی (ہ۔امو) سفید جھلی جو سانپ ہر سال اپنے بدن سے اُتارتا ہے۔ پوشاک۔ لباس۔
کینچلی اُتارنا (اُر۔محاورہ) سانپ کا اپنے جسم سے خشک پوست اُتارنا۔
کینچلی بدلنا (ہ۔محاورہ) سانپ کا پرانا پوست اُتارنا۔ طرافتاً کپڑے بدلنا۔ پوشاک بدلنا۔ روپ نکالنا۔ بھیس بنانا۔
کینچلی بھرنا (اُر۔محاورہ) سانپ کا جسم پر سے پوست اُترنے کا زمانہ آنا۔

کینچلی جھاڑنا/ڈالنا (اُردو محاورہ) کینچلی اُتارنا۔
کینچلی سی اُتر جانا (اُردو محاورہ) پوشاک ڈھیلی ہونے کی وجہ سے آسانی سے اُتر جانا۔ خوبصورت نکل آنا۔
کینچوا (ہ۔لند) دیکھو کیچوا۔
کینڈا (ہ۔لند) نمونہ۔ خاکہ۔ ڈول۔ سانچا۔ پیمانہ۔ اندازہ۔ کسی چیز کا نقشہ درست کرنے کا اوزار۔
کینڈا کرنا (ہ۔ فعل) ناپنا۔ ڈول ڈالنا۔ سرسری پیمائش کرنا۔
کینڈا لینا (ہ۔ فعل) خاکہ اُتارنا۔ اندازہ لینا۔ نمونہ لینا۔
کینہ ف۔لند) دیکھو (کین)
کینہ پروری/توڑی/خواہی/وری/کشی (ف۔امو) دل میں کینہ رکھنا۔ بغض رکھنا۔ حسد کرنا۔ دشمنی رکھنا۔
کینہ توز (ف اصفت۔ بترکیب فاعلی) کپٹی۔ حاسد۔ دل میں بغض رکھنے والا۔ کینہ کش۔
کینہ رکھنا (اُردو محاورہ) کپٹ رکھنا۔ عداوت رکھنا۔ بیر رکھنا۔
کینہ کش (ف۔لند۔ فاعل بمفید صفت) دشمنی رکھنے والا۔
کینہ ور (ف۔ اصفت۔ فاعلی) دشمنی کرنے والا۔ حاسد۔ کینے رکھنے والا۔
کینیا (اُردو صفت) مکار۔ خود غرض۔ فریبی۔
کیوان (ف۔لند) زحل ستارہ جو بہت بلند ہے۔
کیوتی (ہ۔امو) وہ دال جو سب قسم کی ملا کر پکائی جائے۔
کیوڑا (ہ۔لند) ایک درخت اور اُس کے خوشبودار پھولوں کا نام ہے۔ کیوڑے کا۔
کیو کا (ہ۔لند) جننے کا سامان یعنی سونٹھ میوہ۔ سونف۔ گھی۔ مکھانے۔ گوند وغیرہ۔
کیو کا چھوہانی (ہ۔امو) جننے کا سامان یعنی سونٹھ میوہ۔ سونف۔ گھی۔ مکھانے گوند وغیرہ
کیو کی دال (ہ۔امو) ست رنگی دال کیوتی۔ کئی دالیں ملی ہوئی۔
کیول (س۔اصفت) ایک اکیلا واحد صرف علم توحید۔ بالکل۔ تمام۔ کامل۔
کیول گانی (س۔لند۔ بیانیہ فاعلیت) موحد۔ توحید کے ماننے والا۔
کیولری (Cavalry ۔ انگ امو) گھوڑا سوار فوج۔ سواروں کا رسالہ۔
کیوں (ہ۔کلہ استفہام) کس لئے۔ کس سبب سے۔

کیوں اندھا نیوتا کیوں دو بلائے (اُردو محاورہ) اپنی بے وقوفی سے دُگنا نقصان اور خرچ اُٹھانے کے موقع پر بولتے ہیں یعنی نہ اندھے کو بلاؤ گے نہ ایک کی بجائے دو آئیں گے۔ کیونکہ اندھا آدمی دوسرے کی مدد کے بغیر تو آ ہی نہیں سکتا۔
کیوں جان نکلتی ہے / کیوں دم نکلتا ہے (اُردو محاورہ) کیوں گھبراتے جاتے ہو۔ کس لئے مرے جاتے ہو۔ تمہیں کیا پڑی ہے۔
کیوں جی (اُردو متعلق فعل) کیوں صاحب۔
کیوں چبا چبا کر باتیں کرتے ہو (ہ۔ محاورہ) کیوں طنز کی باتیں کرتے ہو کس لئے اِتراتے اِتراتے اور فخر کرتے ہو۔
کیوں کانٹوں میں گھسیٹتے ہو (ہ۔ محاورہ) کس لئے ندامت دلاتے ہو کیوں شرمسار کرتے ہو۔
کیونکر (ہ۔ تابع فعل) کس طرح۔ کیسے۔ کس ڈھنگ سے۔ کس انداز سے کس لئے۔
کیونکر ہو (تابع فعل) کیا سامان ہو۔ کیا تدبیر ہو۔ کیسے ہو۔
کیونکہ (ہ۔حرف۔ علت) اس لئے کہ۔ اس واسطے کہ۔ اس سبب سے کہ۔
کیوں کسی کہی (اُردو محاورہ) کیسی انوکھی بات کہی۔
کیوں گولر کا پیٹ پھڑواتا ہے (اُردو مثل) کیوں پوشیدہ بات یا عیب ظاہر کرواتا ہے۔
کیوں ں مرے جاتے ہو (اُردو محاورہ) کیوں گھبراتے ہو۔
کیوں مغز کھاتا ہے (اُردو محاورہ) چپ رہو۔
کیوں نہ ہو (ہ۔ کلمہ تحسین۔ واہ وا۔ کیا کہنا ہے۔ سبحان اللہ۔
کیوں ہم نہ کہتے تھے (اُردو محاورہ) آخر وہی بات ہوئی جو ہم کہتے تھے۔
کیوں نہیں (ہ۔ تابع فعل) کیا وجہ کیا بات۔ ضرور بالضرور۔ درحقیقت۔ یقیناً ایسا ہی ہے۔ کون انکار کر سکتا ہے۔
کیوی (انگ۔ا۔ Kiwi) آسٹریلیا کا مشہور جانور۔

کیوی

کیہاں (ف ہ۔ا۔مو) زمانہ۔ جہاں
کیہل (ہ۔ا۔مو) شدید گرمی۔ ہوا۔ بند ہونا۔ حبس۔
کیے کی سزا پانا (اُردو۔ محاورہ) بُرے کاموں کی سزا بھگتنا۔


کیف

کیلنڈر


کارٹون

کنگرو


کوئی قلعہ

کلینک



گ (ف۔ اند) فارسی کا چھبیسواں اور اُردو کا اُنتیسواں ہندی کا تیسرا حرف ہے۔ حساب جمل میں اس کے عدد ک کے برابر یعنی ۲۰ مقرر ہیں۔

گ - ا

گا (ہ) علامت مستقبل ہے۔ مصدر رگانا امر تعظیم کی علامت بھی ہے۔

گابھ (ہ۔ اند) جانداروں کا حمل۔

گابھ ڈالنا (محاورہ) حیوانات کا استقاط حمل ہونا۔ کچا بچہ گرانا۔ ڈر یا رعب کی وجہ سے قبل از وقت بچہ جننا۔

گابھا (ہ۔ اند) درمیانی حصہ لکڑی وغیرہ کا اندرونی گودا۔ درخت کا تنا یا پتا۔ کچا اناج کھڑی کھیتی۔ پرانی روٹی۔ لوگڑ۔ روڑ۔

گابھن (ہ۔ اند) حاملہ حیوان۔ پیٹ والی۔ گیبھن۔

گابھنی (ہ) پیٹ والی۔ حاملہ۔ زن باردار۔ گرب ونتی۔

گابھنی گابھ ڈالتی ہے۔ (ہ محاورہ) اس قدر رعب اور دبدبہ ہے کہ حاملہ عورتوں یا حیوانوں کے حمل گرتے ہیں۔

گابھی (ہ۔ امو) ناڈیا جہاز کا ایک پردہ جو بادبان کی قسم کا ہوتا ہے۔

گات (ہ۔ امو) بدن۔ سراپا۔ جسم۔ ہیڈا۔ چھاتی۔ سینہ۔ چوچی۔ پستان۔ عورت کا اُوپر کا دھڑ۔ پیٹ۔ گابھ۔ حمل۔ وضع۔ طریقہ۔ اسلوب۔

گات اُبھرنا (اُ محاورہ) عورت کے بالغ ہونے پر چھاتیوں/پستانوں کا نمودار ہونا۔

گات اُبگنا (ہ۔ فعل) جوبن بھرنا۔ چھاتیاں اُبھرنا۔

گات سے ہونا (ہ۔ محاورہ) حاملہ ہونا۔ پیٹ سے ہونا۔ گرب ہونا۔

گاتا (ہ۔ اند) دہی کا چکہ۔ دہی کا جما ہوا اور ہموار تھلا۔ کتاب کی جلد۔ کتاب کا پٹھا۔ وصلی بیلوں کے جوتے کا اِدھر کا ڈنڈا۔

گاتی (ہ۔ امو) وہ طرز لباس جس میں چادر کو بغلوں کے نیچے سے نکال کر سینہ پر گرہ دے لیتے ہیں۔

گاتی باندھنا۔ مارنا۔ لگانا (محاورہ) چادر کو سینے اور کمر سے بطرز خاص باندھنا کسی کام کے واسطے تیار ہونا۔

گاتے گاتے گلہ لوٹ ہو ہی جاتا ہے۔ (ہ۔ محاورہ) ہر ایک کام اس کی مشق پر موقوف ہے۔ بار بار کرنے سے آدمی اس کام میں مشاق اور ماہر ہو ہی جاتا ہے۔

گاج (ہ۔ امو) بجلی۔ برق۔ غضب و قہر آسمانی۔ جھاگ۔ کف۔ کانچ کی چوڑیاں۔

گاج پڑنا (ہ۔ فعل) بجلی گرنا۔ بجلی کے صدمہ سے مر جانا۔

گاجا باجا (ہ۔ اند) ڈھول تاشے۔ نظارے دبالے وغیرہ کی دھوم دھام۔

گاجر (ہ۔ امو) ایک قسم کی میٹھی جڑ۔ گزر۔ زرد ک۔ تحقیراً کم قیمت اور ادنےٰ چیز۔

گاجر بھات/بھتا (ہ۔ امو) ایک کھانا جو گاجر اور چاول ملا کر پکایا جاتا ہے۔

گاجر مولی (ہ۔ امو) بے قدر۔ کم قیمت۔ ادنےٰ چیز۔

گاجر مولی کی طرح کاٹ کر رکھ دینا/کاٹنا (اُ محاورہ) بہت سے آدمیوں کو قتل کر دینا۔

گاجنا (ہ۔ فعل) گرجنا۔ بادلوں میں سے رعد کی آواز آنا۔ شیر کا ڈھاڑنا۔ چنگھاڑنا۔ دُرد کنا۔ خوش و خرم ہونا (پنجاب) ناگوار اور گراں گزرنا۔

گاجنی/گاچنی (اُ۔ امو) وہ مٹی جو لکھنے کی تختی پر پھیرنے کے کام آتی ہے۔

گاج (ا۔ امو) ایک طرح کا باریک جالیدار ریشمی کپڑا۔

گاد (ا۔ امو) تلچھٹ۔ تہ نشین۔ پانی کے نیچے بیٹھی ہوئی گرد۔ تیل کا میل۔ تیل کا چیکٹ۔ نیچے کا گدلا اور گاڑھا تیل۔

گاد اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) تیل کے نیچے بیٹھی ہوئی میل کو ہلا کر اس میں گھول دینا تاکہ تیل میں مل جائے۔

گاد بیٹھنا (ف۔ فعل) میل کا نیچے جم جانا۔ تلچھٹ کا نیچے جمع ہو جانا۔

گاڈ (ا۔ امذ) گیدڑ شغال۔ بھیڑ۔ گودڑ کے ساتھ تابع مہمل جیسے گودڑ۔ گاڈر۔

گاڈ (انگ۔ امذ) خدا۔ رب۔ پرمیشور۔ اللہ۔ God

گاڈر (انگ۔ امذ۔ Garder) لوہے کا شہتیر (گارڈر)



گاڈر

گاڈز (انگ۔ امذ) فرشتے۔ مؤکل۔ رب النوع۔ دیوتا۔ Gods

گار (ف۔ علامت اسم فاعل ترکیبی جو اسم کے آخر میں آتی ہے جیسے خدمتگار۔

گارا (ا۔ امذ) گوندھی ہوئی مٹی جس سے اینٹیں وغیرہ بناتے ہیں۔

گارا بنانا یا کرنا (ف۔ فعل) مٹی گوندھنا۔ مٹی میں پانی ڈال کر تغار بنانا۔

گارا گانا (اُر۔ محاورہ) راگنی گانا۔ لمبی کہانی کہنا۔ لمبا قصہ بیان کرنا

گارد (ا۔ امذ) انگریزی لفظ گارڈ کا بگاڑ ہے۔ سنتری۔ پہرے دار لشکر کے گرد پہرا دینے والا۔ دستۂ فوج۔ ایک افسر اور چار سپاہی یا چند سپاہیوں کا مجموعہ۔ سپاہیوں کے رہنے کی جگہ۔ چوکی۔

گارڈ (انگ۔ امذ) ریل کا محافظ۔ ریلوے ٹرین کا ذمہ دار اور نگہبان Guard

گارڈ آف آنر (انگ۔ امذ) وہ فوجی دستہ جو کسی شخصیت کو سلامی دے۔ Guard of honour

گارڈن پارٹی (انگ۔ امو) باغ میں دیا ہوا جلسہ۔ جس میں پھل، چائے وغیرہ کا اہتمام بھی ہو۔ Garden Party

گارڈین (انگ۔ امذ) محافظ۔ ولی۔ سرپرست۔ نگہبان۔ Guardian

گارنٹی (انگ۔ امو) ضمانت۔ ذمہ داری۔ Guarantee

گاڑا (ا۔ امذ) نومسلم راجپوتوں کی ایک قوم کا نام ہے۔ گھات کھانے والا گھاتی۔

گاڑا بٹھانا (اُر۔ محاورہ) گھات میں بٹھانا۔ کمین گاہ میں بیٹھنا۔ تاک میں بیٹھنا۔

گاڑنا (ف۔ فعل) دفن کرنا۔ زمین میں دبانا۔ قبر میں رکھنا۔ سمادھ بنانا۔ کھڑا کرنا کھود کر جمانا۔ زمین میں قائم کرنا۔ کیل وغیرہ ٹھونکنا۔ دھسانا۔

گاڑھ (ا۔ امو) مشکل۔ مصیبت۔ بھیڑ۔ غفلت۔ گاڑھا پن (بحالت امذ) کرگہ۔ کپڑا بننے کی جگہ۔

گاڑھ پڑنا (اُر۔ محاورہ) مشکل پڑنا۔ مصیبت پیش آنا۔

گاڑھا (ا۔ امو۔ صفت) گاڑھا کی تانیث۔

گاڑھی (ا۔ امو۔ صفت) گاڑھا کی تانیث۔ کپڑا۔ گہرا دلی۔ جانی۔ جیسے گاڑھا دوست۔ کٹھن۔ دشوار۔ مشکل۔ موٹا۔ پاکستانی کھدر۔ گزی۔ طاقتور۔ مضبوط (بحالت امذ) مست اور جنگلی ہاتھی۔

گاڑھی چھننا (ہ۔ محاورہ) گہری دوستی ہونا۔ نہایت دشمنی ہونا۔ گہرا نشہ ہونا۔

گاڑھی دوستی (ہ۔ امو) پکا یارانہ۔ بہت میل جول۔

گاڑھی کمائی (ہ۔ امو) وہ مال و دولت جو بڑی محنت و مشقت سے حاصل کیا گیا ہو۔

گاڑھی نیند (ہ۔ امو) گہری نیند۔

گاڑھے بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) ٹھگوں کی اصطلاح گھات میں بیٹھنا۔

گاڑھے پسینے (اُر۔ امو) وہ کمائی جو محنت و مشقت سے کمائی گئی ہے۔

گاڑھے ہیں (ہ۔ محاورہ) زبردست ہیں۔ مضبوط ہیں۔ طاقتور ہیں۔ غالب ہیں۔ زیادہ ہیں۔

گاڑی (ہ۔ امو) لڑیا۔ ارابہ۔ سواری یا اسباب لادنے کا چھکڑا۔ بہلی۔ رتھ بگی وغیرہ۔ ریلوے ٹرین۔ ریل گاڑی۔

گاڑی بان یا گاڑی وان (لہ امذ۔ فاعل ترکیبی) گاڑی ہانکنے والا۔ کوچوان۔ گاڑی چلانے والا۔

گاڑی بھر (ہ۔ تابع فعل) بہت سا۔ نہایت زیادہ۔ اتنا بوجھ جتنا گاڑی میں جا سکے۔

گاڑی بھر آشنا جو بھر نا تا (اُر۔ مثل) ذرا سی رشتہ داری۔ بہت سی دوستی پر غالب آجاتی ہے۔ رشتہ داری۔ دوستی سے بہتر ہوتی ہے۔

گاڑی جوتنا (ہ۔ فعل) بگھی وغیرہ میں گھوڑے جوتنا۔

گاڑی چلانا (اُر۔ محاورہ) کوچوانی کرنا۔ گاڑی ہانکنا۔

گاڑی چھوٹنا (ہ۔ فعل) ریل گاڑی کا کسی سٹیشن سے روانہ ہونا۔

گاڑی خانہ (لہ امذ۔ ظرف) بہلی یا بگی کے رہنے کا مکان۔

گاڑی کو دیکھ کر پاؤں پھولنا (ہ۔ محاورہ) سہارا دیکھ کر ہمت توڑ بیٹھنا۔ سواری دیکھ کر تھکنے لگنا۔

گاڑی ساڈھے گھل جانا (اُر۔ محاورہ) موٹے آدمی کا دبلا ہو جانا۔

گاڑی کاٹنا (اُر۔ محاورہ) ٹرین میں ایک ڈبہ علیحدہ کر دینا۔

گاڑی کٹنا (اُر۔ محاورہ) ٹرین کا ڈبہ علیحدہ ہو جانا۔

گاڑی کھینچنا (اُر۔ محاورہ) کنبے کا بوجھ یا کوئی ذمہ داری اپنے سر لینا۔

گاڑی لیٹ ہونا (اُر۔ محاورہ) ریل گاڑی کا وقت مقررہ کے بعد پہنچنا یا چلنا۔

گاڑی ہانکنا (اُر۔ محاورہ) گاڑی کے بیلوں یا گھوڑوں وغیرہ کو چلانا۔

گاذر (ف۔ امذ) دھوبی۔ کپڑے دھونے والا۔

گاس (انگ۔ امو) گیس ایک لچک دار ہوائی مادہ ہے۔ عام بول چال میں کوئلہ گیس کو کہتے ہیں۔ جس سے بجلی کی طرح مکانوں کو گرم اور روشن کرتے ہیں۔ Guess

گاف (Golf - انگلستان) مشہور کھیل

گاف

گاگر (ہ۔ امو) لوہے گھڑے کا گھڑا۔

گال (ہ۔ امذ) رخسار۔ رخسارہ، پنجاب) گالی کا مخفف ہے۔

گال بجانا (ہ۔ فعل) بکواس کرنا۔ بیہودہ بکنا۔ شیخی مارنا۔ ڈینگ مارنا۔

گال پچک جانا یا پچک جانا (ہ۔ محاورہ) گالوں کا دُبلا ہو جانا۔ کمزور ہو جانا۔

گال پر گال چڑھنا (ہ۔ محاورہ) خوب موٹا تازہ ہو جانا۔ گالیں پھول جانا۔

گال پھولانا (ہ۔ محاورہ) گالوں میں ہوا بھر کر اُونچا کر لینا۔ موٹا ہونا۔ خفا ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔

گال توڑنا (محاورہ) زبردستی بوسہ لینا۔ زور سے چُوما لینا۔ گالی میں چٹکی لینا۔

گال سجانا (اُر۔ محاورہ) مُنہ سجانا۔ روٹھ جانا۔ غصے میں جانا۔

گال سینکنا (اُر۔ محاورہ) مبارک باد دینا۔ بلائیں لینا۔ ہاتھوں کو گرم کر کے نئے دولہا کے رخساروں پر پھیرنا۔

گال کاٹنا (اُر۔ محاورہ) نقصان پہنچانا۔ ضرر پہنچانا۔ رخسار پر دانت مارنا۔

گال کرنا (محاورہ) زبان درازی کرنا۔ گالی گلوچ بکنا۔ بیہودہ بکنا۔

گال والا جیتے مال والا ہارے (ہ۔ مثل) زبان دراز کے سامنے شریف کو خاموش ہی ہونا پڑتا ہے۔

گالا (ہ۔ امذ) دُھنکی ہوئی روئی کا گولا۔ نہایت سفید برف سا۔ ڈوڈے کے اندر کی موٹی مولی روئی۔

گالا سا (ہ۔ اصفت) روئی جیسا نرم اور ملائم۔ برف سا سفید۔ چٹا۔

گالا سے بال (ہ۔ امذ) بالکل سفید بال۔

گالم گلوچ (ہ۔ امو) گالی گلوچ۔ گالی گفتار۔ گلوچ تا بع مہمل ہے۔

گالو (ہ۔ اصفت۔ مذ برادر فاطی) بیہودہ گو۔ بکواسی۔ شیخی خورا۔ نمود یا۔

گالوں میں چانول بھرنا (محاورہ) چبا چبا کر باتیں کرنا۔ چڑھ چڑھ بولنا۔

گالوں میں چاول بھر کے ہیں چبا چبا کر باتیں کرتا ہے (اُر۔ مثل) صاحب مقدور ہے۔ اس لئے ایسی باتیں کرتا ہے

گالے ڈومنیگے پھر تریگے (ہ۔ مثل) کمینگی کی بات کہا کرتے ہیں۔ یعنی شریف تو ذلیل ہوں گے۔ اور کمینوں کی بن آئے گی بے تمیز ارجمند و عاقل خوار۔

گالی (ہ۔ امو) بدزبانی۔ دشنام۔ فحش بات۔ سختی۔

گالی اور تر کاری کھانے کے واسطے ہیں (اُر۔ مثل) اگر کوئی گالی دے تو یہ کہہ کر ٹال دیتے ہیں۔ اگر کوئی بزدلی کی وجہ سے چپ رہے تو طنزاً کہتے ہیں۔

گالی چڑھنا (اُر۔ محاورہ) ایسا کلمہ کہنا جس سے سسرال کا فرضی رشتہ قائم ہوتا ہے جیسے کسی کو سسر یا ساس کہا۔

گالی دینا یا سُنانا (ہ۔ فعل) بُری بات مُنہ سے نکالنا۔ دشنام دینا۔ فحش بکنا۔ بدزبانی کرنا۔

گالی دے سے گونگا بولے (اُر۔ مثل) بُری بات کوئی بھی نہیں سہارتا۔

گالی کھانا (ہ۔ فعل) بُری بات سہارنا۔ دُشنام سُننا۔

گالی گفتار (دُر۔ امو) تُو تُو مَیں مَیں۔ آپس میں گالم گلوچ۔ دشنام دہی۔

گالی گلوچ گالیوں کی لڑائی۔

گالیاں سُہالیاں (ہ۔ امو) پیاروں یا معشوقوں کی گالیاں بھی اچھی لگتی ہیں۔

گالیاں گھڑ گھڑ کے دینا (اُر۔ محاورہ) نئی نئی گالیاں دینا۔

گالیاں ملنا (اُر۔ محاورہ) گالیاں پڑنا۔

گالیوں پر اُتر آنا (ہ۔ فعل) بُرا بھلا کہنے لگنا۔

گالیوں پر زبان کھولنا (اُر۔ محاورہ) گالیاں دینا۔

گالیوں پر مُنہ کھلنا (اُر۔ محاورہ) گالیاں دینا۔ بدزبانی کرنا۔

گالیوں کا جھاڑ باندھنا (ہ۔ محاورہ) متواتر اور مسلسل گالیاں دیتے جانا۔

گالیوں کی بوچھاڑ کرنا گالیوں کا مینہ برسانا۔ برابر گالیاں دیتے جانا۔

گام (ف۔ امذ) پیر۔ پاؤں۔ قدم۔ گھوڑے کی ایک چال کا نام۔ لگام۔ لجام۔

گام (ہ۔ ف) گاؤں۔ دیہہ۔ گرام۔

گامچی (ف۔ امو) گھوڑے کے ایک ساز کا ایک حصہ جو گام میں لگایا جاتا ہے۔

گام زن (ف۔ صف) تیز رو۔ تیز رفتار گھوڑا۔

گام زن ہونا (اُر۔ محاورہ) تیز چلنا۔

گانا (ہ۔ فعل) راگ بولنا۔ الاپنا۔ شہرت دینا۔ جیسے تم تو اس کو گاتے پھرتے ہو۔ سراہنا۔ تعریف کرنا۔ بیتی کہنا۔ جیسے اپنی اپنی سب گاتے ہیں (بحالت امنا) راگ۔ نغمہ۔ سرور۔

گانا بجانا (ہ۔ امذ) راگ۔ رنگ (بحالت فعل) راگ گانا۔ ڈوم پنا کرنا۔

گانٹھ (ہ۔ امو) جوڑ۔ بند۔ گرہ۔ عقدہ۔ گنے کی پوریاں ملنے کی جگہ۔ گلٹی۔ غدود عداوت۔ نفاق۔ پیر۔ عہد و پیمان۔ قول و قرار۔



گانٹھ

گانٹھ اُکھڑنا (اُر۔ محاورہ) جوڑ ہل جانا۔

گانٹھ باندھنا (ہ۔ محاورہ) گرہ دینا۔ یاد رکھنا۔ نکاح کرنا۔ عقد کرنا۔ قول و اقرار کرنا۔

گانٹھ پڑنا (محاورہ) گتھی پڑنا۔ ان بن ہونا۔ نااتفاقی آجانا۔ گٹھلیاں پڑجانا۔
گانٹھ پڑجانا (محاورہ) ان بن ہوجانا۔
گانٹھ جُدا گھر سے جلا کنبہ بارہ بانٹ (اُ مثل) اگر ایک گھر میں سب بھائی لکھے رہیں اور اپنی کمائی جُدا جُدا رکھیں تو جھگڑے پیدا ہوجاتے ہیں۔
گانٹھ جوڑنا (محاورہ) گٹھ جوڑا کرنا۔ عقد باندھنا۔
گانٹھ چڑھنا (اُ محاورہ) ناف پڑنا۔
گانٹھ دینا (اُ محاورہ) گرہ دینا۔ گانٹھنا۔
گانٹھ ڈالنا (اُ محاورہ) کسی چیز میں گرہ ڈال دینا۔
گانٹھ سے جانا (اُ محاورہ) گرہ سے جانا۔ جیب سے نکل جانا۔ نقصان ہونا۔ پاکٹ سے خرچ ہونا۔
گانٹھ کا پُورا (ہ۔ اصفت) مالدار۔ امیر۔ دولت مند۔ زردار۔
گانٹھ کا پورا عقل کا اندھا (ہ۔ محاورہ) احمق۔ مالدار۔ بیوقوف۔ دولت مند سستی چیز کو مہنگی خریدنے والا۔
گانٹھ کا پیسہ (ہ۔ امذ) نج کا روپیہ۔ ذاتی مال۔
گانٹھ کا دے دے پر بیچ میں نہ پڑے (اُ مثل) ضامن ہونا اچھا نہیں نقد دے دے۔
گانٹھ کا دینا اور لڑائی مول لینا (اُ محاورہ) گرہ سے روپیہ قرض دینا اور لڑائی خریدنا برابر ہے۔ قرض محبت کی قینچی ہے۔
گانٹھ کاٹنا / گانٹھ کترنا (اُ محاورہ) جیب کترنا۔ ٹھگنا۔ زیادہ قیمت وصول کر لینا۔ جیب سے روپیہ نکال لینا۔
گانٹھ کا کھوٹا (اُ۔ محاورہ) نقصان کر دینا۔ اپنا ذاتی مال برباد کر دینا۔
گانٹھ کٹنا (اُ۔ محاورہ) نقصان ہوجانا۔ لٹنا۔ ٹھگا جانا۔ جیب سے چوری ہوجانا۔ زیادہ قیمت دی جانا۔
گانٹھ کرنا (اُ۔ محاورہ) پرایا مال مارنا۔ غیر کا مال کھا جانا۔ مال جمع کرنا۔ جوڑنا۔ غبن کرنا۔
گانٹھ کھولنا (اُ۔ محاورہ) تھیلی یا کیسہ کی گرہ کھولنا۔ عقدہ کشائی کرنا۔ کینہ دُور کرنا صفائی کر لینا۔ گرہ زد کرنا۔ خوب دل کھول کر خرچ کرنا۔
گانٹھ گرہ میں کچھ نہیں (اُ۔ محاورہ) بالکل قلاش ہے۔ مُفلس محض ہے۔ پلے کچھ نہیں۔
گانٹھ گرہ میں ہونا (اُ محاورہ) کسی کے پاس روپیہ ہونا۔
گانٹھ گٹھیلا (ہ۔ امو) بہت سی گانٹھوں والا۔ مضبوط۔ چاق چوبند خوب پکا۔
گانٹھ لینا (اُ محاورہ) لے لینا۔ قبضے میں لینا۔ ہم خیال کر لینا۔
گانٹھ میں رکھنا (محاورہ) نقدی پاس رکھنا۔ مالدار ہونا۔ امیر ہونا۔
گانٹھ میں زر ہے تو زر ہے نہیں تو خر ہے (اُ۔ مثل) اگر دولت پاس ہے تو دلیر اور داتا ہے ورنہ بیوقوف اور بدھو
گانٹھ میں پیسہ نہ رہنا (اُ محاورہ) سب کچھ خرچ ہوجانا۔
گانٹھ میں پیسہ کوڑی نہیں بانکے پورکی سیر (اُ مثل) مُفلس شوقین کے متعلق کہتے ہیں۔
گانٹھ میں نہ گرہ میں جون پور کا بھاڑا (اُ مثل) مُفلسی میں شوقین مزاجی۔
گانٹھ میں ہونا (اُ محاورہ) قبضے میں ہونا۔ جیب میں ہونا۔

گانٹھا (ہ۔ امذ) ڈنٹھل۔ بھُس کے ڈنٹھل ملا نخلہ۔ لکڑی کا گرہ دار حصہ۔
گانٹھنا (ہ۔ فعل) گرہ لگانا۔ باندھنا۔ جوڑنا۔ پیوند لگانا۔ مرمت کرنا۔ جیسے جوتی گانٹھنا۔ مضمون باندھنا۔ خیال جوڑنا۔ ملانا۔ دوست بنانا۔ سازش کرنا۔ قابو کرنا۔
گانجھا (ہ۔ امذ) بھنگ کے پھولوں کا نشہ جو حقہ کی طرح پیا جاتا ہے۔
گاندھار (ہ۔ امذ) راگ کے سات سروں میں سے تیسرا سُر جو سینے سے نکلتا ہے۔
گاندھاری راجہ دھرت راشٹر کی بیوی اور دریودھن کی ماں کا نام۔ قندھار کا مہند۔
گانس لینا / گانسنا (ہ۔ فعل) قابو کرنا۔ جکڑ لینا۔ گھیر لینا۔ پرونا۔ بیندھنا سُوراخ کرنا۔
گانسی (ہ۔ امو) تیر کی انی۔ نوک۔ پیکان۔
گانگن (ہ۔ امو) ایک قسم کا پھوڑا دُمبل۔
گانو۔ یا گانوں۔ یا گاؤں (ہ۔ امذ) قریہ۔ گام۔ گرام۔ موضع۔ پینڈ پردیس۔ غیر وطن غیر ملک۔
گاؤں بستے بھوتنے شہر بستے دیو (ہ۔ مثل) گاؤں میں بھوتنے بستے ہیں اور شہر میں دیوتا۔ دیہاتیوں کی شرارتوں اور جھگڑوں پر طنز ہے۔
گاؤں بھاگے پگھنا لاگے (ہ۔ مثل) فصل تیار ہے اور گاؤں والے غیر حاضر زمینداروں کی بے پروائی پر طنز ہے۔
گاؤں تمہارا ناؤں ہمارا (اُ مثل) خرچ کسی کا شہرت کسی کی۔
گاؤں دو یا جائے سولنے کی لڑائی (اُ۔ مثل) زمیندار معمولی جھگڑوں میں بہت زیادہ روپیہ خرچ کر دیتے ہیں۔
گاؤں کا جوگی جوگنا جوکی سے (ہ۔ مثل) وطن میں انسان کی قدر نہیں ہوتی۔
گاؤں کے کنوئیرے مُنہ میں خاک پیٹ میں ڈھیلے (اُ مثل) گاؤں کے لوگ عموماً غریب ہوتے ہیں۔
گاؤں گیا سوتا جاگے (ہ۔ مثل) جس طرح سوتے ہوتے کا پتہ نہیں کب جاگے گا۔ اسی طرح مسافر کے واپس آنے کا کوئی پتہ نہیں۔
گاؤں گئے کی بات ہے (اُ مقولہ) جب کہ دیکھیں نہیں یقین نہیں آتا۔
گاؤں والا سے ہاتھی تو دیکھا (اُ۔ مثل) ذرا سے نفع کی خاطر بہت سا نقصان برداشت کرنا۔
گاؤں میں پڑی مری اپنی اپنی سب کو پڑی (اُ مثل) مصیبت کے وقت کوئی کسی کی مدد نہیں کرتا۔
گاؤں میں دھوبی کا چھیل (اُ۔ مثل) دھوبی کا لڑکا گاؤں میں بانکا ہوتا ہے۔
گاؤں میں گھر نہ جنگل نہ کھیتی (اُ مثل) سخت مُفلس۔
گانو بانٹ (ہ۔ امو) نمبرداروں کی تقسیم شدہ حدیں۔ تقسیم دہ۔ گاؤں کی مختلف حصّوں میں تقسیم
گانے والے کا مُنہ نہیں رہتا اور ناچنے والے کے پیر (ہ۔ مثل) عادت چھپانے سے چھپتی نہیں۔ آدمی جیسا ہو ظاہر ہوجاتا ہے۔ ہُنر ظاہر ہو کر ہی رہتا ہے۔

گاؤ (ف۔اند) بیل۔ (بحالت اسم مؤنث) گائے گئو۔
گاؤ پچھاڑ (اُر۔اند) پہلوانوں کی کشتی کا ایک نام ہے۔
گاؤ پشت (ف۔صفت) مخروطی آسمان۔
گاؤ تکیہ (ف۔اند) بڑا تکیہ جس سے کمر لگا کر فرش پر بیٹھتے ہیں۔
گاؤ چرائی (اُر۔ا مو) چراگاہ۔ چرانے کی اُجرت۔ محصول جو چراگاہ سے وصول کیا جائے۔
گاؤ چشم (ف۔صفت۔فاعلی) بڑی آنکھوں والا۔
گاؤ خانہ (ف۔اند) طرف۔ گوسالہ۔ باڑا۔ ڈنگر باندھنے کی جگہ۔
گاؤ خراس (ف۔ا۔اند) چکی یا کولہو کا بیل۔
گاؤ خورد ہونا (اُر۔محاورہ) گائے کے چرنے میں آجانا۔ گائے کے پیٹ میں چلا جانا۔ برباد ہو جانا۔ چاٹا رہنا۔ ضائع ہو جانا۔ نیست و نابود ہو جانا۔
گاؤ دُم (ف۔اصفت تشبیہی) گائے کی دُم کا سا۔ ایک سرے سے موٹا۔ دوسرے سرے پتلا۔ مخروطی۔ گاجر کی شکل کا ایک باجے کا نام بھی ہے۔ ترم ترمی۔
گاؤ دیدہ (ف۔اند بتر کیب تشبیہی) بیل کی آنکھ سے مشابہ۔ ایک قسم کی میدے کی خمیری روٹی ہوتی ہے۔
گاؤ زبان (ف۔ا مو تشبیہی) گائے کی زبان کی سی کھردرے پتوں والی ایک بوٹی ہے۔
گاؤ زمین (ف۔ا مو) عام ہندو لوگوں کے خیال کے مطابق وہ گائے جس کے سینگ پر زمین ٹکی ہوتی ہے۔ جب زمین گناہوں سے بھاری ہو جاتی ہے تو وہ سینگ بدلتی ہے۔ اس سے زلزلہ آتا ہے۔
گاؤ زور (ف۔ا صفت تشبیہی) نہایت زور آور بہت طاقتور۔
گاؤ زوری (ف۔ا مو۔بیائے مصدری) زور آوری۔ توانائی۔ طاقت۔ شہ زوری کشتی کے ایک داؤ کے نام بھی ہے۔
گاؤ زوریاں دکھانا (اُر۔محاورہ) طاقت کے کرتب دکھانا۔
گاؤ زہرہ (ف۔اند) نکون پتھر۔ پتھری جو گائے کے پتے میں سے نکلتی ہے۔ اور بطور دوا استعمال ہوتی ہے۔
گاؤ عنبر (فع۔اند) سمندری گائے جس کے گوبر سے بخیال اہل فارس عنبر بنتا ہے۔ مجازاً مالدار۔ ہر شخص کو فائدہ پہنچانے والا۔
گاؤ فلک/گردوں (ف۔اند) بُرج۔ ثور۔ برکہ۔
گاؤ گاہ گاہ۔ ماہی ہر ماہ۔ بز ہر پگاہ (ف۔ مقولہ) طبیبوں کا خیال ہے کہ گائے کا گوشت کبھی کبھی۔ مچھلی ہر ماہ اور بکری کا گوشت روزانہ کھانا چاہیے۔
گاؤ میش (ف۔ا مو) بھینس۔ بھینسا۔
گاوا (اُر۔اند۔ فاعل گائے کا۔ گوکا۔ جیسے گاوا دودھ۔
گاؤدی (ف۔ا صفت) بیوقوف احمق۔ کم سمجھ۔ کند ذہن۔ نادان۔ اُجڈ۔
گاہ (ف۔ا مو) گدی۔ تخت۔ بادشاہی تخت۔ علامت ظرف مکان) وقت زمان۔ صبح۔ فجر۔ (ظرف مقام) جگہ مقام۔ مقررہ باری۔ بار۔ دفعہ۔ مرتبہ۔ کبھی کسی وقت۔
گاؤ گھپ/گھاؤ گھپ (ہ۔ صفت)
گاؤ گھپو (ہ صف) دغاباز۔ فریب کرنے والا۔ خوشامدی۔ مرہ لینے والا۔
گاہ بگاہ یا گاہ گاہ (ف تابع فعل) کبھی کبھی۔ کسی کسی وقت۔ کبھی کبھار۔
گاہ بیگاہ (ف۔تابع فعل) وقت بے وقت۔ وقتاً فوقتاً۔

گاہک (ہ۔اند) خریدار۔ سودا خریدنے والا۔ مشتری۔
گاہک اور موت کا ٹھیک پتہ نہیں کب آتے (اُر مثل) دونوں کے آنے کا کوئی وقت نہیں جب چاہیں آجائیں۔
گاہکی (ہ۔ا مو۔ بیائے مصدری) خریداری۔ سودا خریدنا۔
گاہنا (ہ۔ فعل) اناج پر بیلوں کو پھیرنا۔ اناج اور بھوسہ الگ کرنا۔ ملنا۔ مسلنا۔ ڈھونڈنا۔ چھاننا۔
گاہے (ف۔ تابع فعل) بھولے چوکے۔ کسی وقت۔
گاہے تولہ گاہے ماشہ (ف مقولہ) متلون مزاج شخص کے متعلق کہتے ہیں جو دم بدم طبیعت بدلتا ہے۔
گاہے گاہے (ف تابع فعل) دیکھو گاہ بگاہ)
گاہے ماہے (ف تابع فعل) کبھی کبھار۔ مہینے بیس دن بعد۔ گاہ بگاہ۔
گائے (ہ۔ ا مو) مادہ گاؤ۔ گئو۔ مجازاً نہایت غریب طبع۔ بے زبان۔

گائے

گائے ذبح سے سلوک کرے یا کھائے (ہ مثل) جو آدمی کسی کا لحاظ کرے نقصان اُٹھاتا ہے۔
گائے جنے اور بیل کی دُم پھٹے (ہ۔ مثل) سخی دے اور حاسد کو صدمہ ہو۔
گائے کا بچھیا تلے اور بچھیا کا گائے کے تلے کرنا (اُر۔محاورہ) تدبیر اور محنت عملی سے کام نکالنا۔ دھوکے اور فریب سے مطلب برآری کرنا۔
گائے کا دودھ سوائے کا دودھ (ہ مثل) گائے کا دودھ ماں کے دودھ کی طرح مفید ہوتا ہے۔
گائے کو اپنے سینگ بھارے نہیں ہوتے (ہ مثل) مالک کو اپنی تکلیف والی چیز بھی ناگوار نہیں گزرتی۔ ماں باپ کو اپنی اولاد کی پرورش بُری معلوم نہیں ہوتی۔
گائے کی طرح کانپنا (ہ۔ مثل) نہایت ڈرنا۔ ڈر کے مارے کانپنا۔ اس طرح کانپنا جیسے قصائی کے سامنے گائے جان کے خوف سے کانپتی ہے۔
گائے نہ ہو تو بیل دوہو (اُر مثل) جس طرح ہو گزارہ کرنا چاہیے۔
گائے نہ کبھی نیند آئے اپنجی (ہ۔ مثل) نادار آدمی بے فکر آرام سے سوتا ہے۔
گائتری (س۔ا مو) رگوید کا ایک نہایت متبرک۔ دعائیہ منتر۔ .....
..... ایک چھند کا نام بھی ہے۔
گائک (س۔اند) گانے والا۔ گویا۔ قوال۔ ڈوم۔ میراثی۔
گائین (س۔ا مو) گائک کی تانیث۔ گانے والی ڈومنی۔

گ - ب

گبدا (ہ۔ صفت) بھرا ہوا بدن۔ موٹا۔ تازہ۔ خربہ۔ ملائم گوشت۔

گبر (ف۔ اسم) آگ کی پوجا کرنے والا۔ آتش پرست۔ پرسی۔

گبرّ (ہ۔ اصفت) قیمتی۔ بھاری۔ مالدار۔ امیر۔ دولت مند۔ معزز۔ متکبر۔

گبرو (ف۔ اصفت) نوجوان۔ نوجوان۔ پٹھا۔ نوشہ۔ دولہا۔ خاوند۔ پتی۔ مالک شوہر۔ جوان۔

گبرو جوان (ہ۔ اسم) نوجوان آدمی۔ مرد جوان۔

گبرو جوان بڑی آن بان (اُ۔ مثل) خوبصورت اور سکیل کی بڑی شان اور بڑے دماغ ہوتے ہیں

گبرون (اُ۔ اسم) ایک قسم کا موٹا کپڑا۔

گبریلا (ہ۔ اسم) بھونرے جیسا کالے رنگ کا ایک کیڑا۔ گوبر کا بھونڈ۔

گبھا (ہ۔ اسم) توشک۔ گدا۔ گدیلا۔ روئی دار بستر۔

گ - پ

گپ (ف۔ اسم) من گھڑت بات افواہ۔ جھوٹی بات۔ ڈینگ شیخی۔ بڑائی۔ بکواس۔ بک بک۔ بیہودہ بات۔

گپ اُڑانا (اُ۔ محاورہ) جھوٹی خبریں مشہور کرنا۔ بے سبب کی باتیں کرنا۔ ہنسی مذاق کی باتیں کرنا۔

گپ شپ (اُ۔ اسم) جھوٹی سچی دلچسپ باتیں۔ دل لگی کی باتیں (شب تابع مہمل ہے)

گپ مارنا یا ہانکنا (اُ۔ فعل) شیخی بگھارنا۔ ڈینگ مارنا۔ جھوٹ بولنا۔

گپ چپ (ہ۔ اسم) گپ یعنی اندھیرا اور چپ یعنی خاموشی سے مرکب ہے۔ چُپ چاپ۔ خاموشی۔ لڑکوں کے ایک کھیل کا نام بھی ہے۔

گپ چپ کی مٹھائی (ہ۔ اسم) ایک قسم کی مٹھائی جو منہ میں فوراً گھل جاتی ہے۔

گپا گپ (ہ۔ اسم) جلد جلد کھانے اور نگلنے کی آواز۔ غپا غپ۔ بکثرت۔ بلا رُکاوٹ ایسی سخاوت کسی کو کانوں کان خبر نہ ہو۔

گپت دان (س۔ اسم) پوشیدہ خیرات۔ ایسا دان کہ کسی کے کانوں کان خبر نہ ہو۔

گپت رہنا (اُ۔ محاورہ) چھپ رہنا۔ نظر نہ آنا۔

گپت مار (ہ۔ اسم) گپتی مار۔ بے نشان ضرب۔ طعنہ معنہ۔ طعن نشنیع۔

گپت ہونا (اُ۔ محاورہ) چھپنا۔ ظاہر نہ ہونا۔

گپت مال (ہ۔ اسم) چھپا خزانہ۔ دفینہ۔

گپتی (ہ۔ اسم) وہ تلوار جو لکڑی کے اندر چھپی ہوتی ہے۔ عصائے شمشیر۔

گپڑ سپڑ (ہ۔ اسم) بکواس۔ لغو باتیں۔ بیہودہ باتیں۔

گپڑ چوتھ (ہ۔ اسم) گڈ بڈ۔ غلط ملط۔ سمجھ میں نہ آنے والی۔

گپھا (ہ۔ اسم) غار۔ کھوہ۔ یا فقیر کے رہنے کی جگہ۔ جھاڑی جنگل۔ بنی بیلا بند۔ جھونپڑی

گپھا میں بیٹھنا (اُ۔ محاورہ) چھپ جانا۔ دُنیا سے کنارہ کش ہو جانا۔ چلہ کشی کیلئے حجرے میں بند ہو جانا۔

گپھا (ہ۔ اسم) پھندنا۔ ریشم یا زری کے تاروں کا پھندا گلدستہ۔ گچھا۔

گپھے دار (اُ۔ اصفت بترکیب فاعلی) پھندنے والا۔ گچھے دار۔ لمبے گھنے بالوں والا۔

گپھا (ہ۔ اسم) بہت سی چیز۔ بہت سا مال۔ دونوں ہاتھوں کی لپ کے مقدار مال۔ بہت سا نفع۔ فائدہ۔ سود۔

گپھا لگنا یا ملنا (ہ۔ فعل) بہت سا مال مل جانا۔ بہت نفع اُٹھانا۔

گپی یا گپیا (ہ۔ اصفت بیائے فاعلیت) شیخی خورا۔ بیہودہ گو۔ لپاٹیا۔ جھوٹا۔ بطال۔

گ - ت

گت (ہ۔ اسم) رفتار۔ چال۔ حرکت۔ کیفیت۔ حالت۔ کریاکرم۔ مار پیٹ زدوکوب۔ سُر تان۔ نغمہ۔ لے۔ ناچنے کا ٹھاٹھ۔ رسم۔ رواج۔ دستور۔ قاعدہ تجویز۔ علاج۔ چارہ۔ نجات۔ مکتی۔

گت بجانا (ہ۔ فعل) سُر نکالنا۔ ساز بجانا۔ نغمہ بجانا۔ لے چھیڑنا۔

گت بنانا (اُ۔ محاورہ) طرز اختیار کرنا۔ وضع بنانا۔ ساز درست۔ برا حال کرنا تمسخر اُڑانا۔ بُری بات کرنا۔ خراب حال کرنا۔ سزا دینا۔ خوب مارنا پیٹنا۔

گت بھرنا / گت ناچنا (محاورہ) کسی ناچ کا ٹھاٹھ بتانا۔ ناچ کو کسی اصول کے موافق ظاہر کرنا۔

گت چلنا (اُ۔ محاورہ) گت پر ناچنا۔

گت کا (ہ۔ اصفت) ڈھنگ۔ طریقہ کا۔ وضعدار۔ قابل تعریف۔ اچھا۔ عمدہ۔

گت کرنا (ہ۔ محاورہ) کریاکرم کرنا۔ مردے کی تجہیز و تکفین کرنا۔ استعمال میں لانا۔ اونے پونے بیچ ڈالنا۔ مار نا پیٹنا۔

گت کرنا (اُ۔ محاورہ) بُری حالت کرانا۔

گت کر دی (اُ۔ محاورہ) سزا دے دی گئی۔ مدد کر دی۔ سامان مہیا کر دیا۔

گت لے جانا (اُ۔ محاورہ) تان لینا۔

گت ہونا (اُ۔ محاورہ) استعمال میں آنا۔ دام کھرے ہو جانا۔ بک جانا۔ بیتنا۔ حال پیش آنا۔ مار کھانا۔ سزا پانا۔ نجات ہونا۔ مکتی ہونا۔ مُردے کی رسم ادا ہونا۔ کریاکرم ہونا۔

گتکا (ہ۔ اسم) گدکا۔ چمڑا چڑھی ہوئی لکڑی سونٹا۔ ڈنکا۔ پٹا کھیلنے کی لکڑی۔

گتھ جانا (اُ۔ محاورہ) بھڑ جانا۔ لڑ پڑنا۔ گتھم گتھا ہو جانا۔

گتھم گتھا (ہ۔ اصفت) کشتم کشتا۔ غٹ پٹ۔ باہمی لپٹ جھپٹ۔

گتھنا (ہ۔ فعل) غٹ پٹ ہونا۔ آپس میں لپٹنا۔ پیوند دیا جانا۔ گتھی ہونا۔ ہار گندھنا خیال میں محو ہونا۔ ڈوبنا۔ غرق ہونا۔

گتھوان (ہ۔ اصفت مفعولی) خوب بٹا ہوا۔ ملایا ہوا۔ گوندھا ہوا۔

گتھی (ہ۔ اسم) گرہ۔ اُلجھن۔ گلجھٹی۔ گنجلک۔

گتھی پڑنا (اُ۔ محاورہ) اُلجھنا۔ گلجھٹی پڑنا۔ بات کا پیچیدہ ہو جانا۔ معاملہ اُلجھنا۔ دل میں فرق آنا۔ دل میں گرہ پڑنا۔

گتھی سُلجھانا (اُر۔محاورہ) عقدہ حل کرنا۔ پڑی ہوئی گرہ کھولنا۔
گتی (س۔ا مو) نجات۔ مکتی۔
گتیا (ہ۔ا ہند) طلیہ بجانے والا۔ طبلچی۔

گ - ٹ

گٹّا (ہ۔ا ہند) ٹخنا۔ ٹخنے کی ہڈی۔ ہاتھ پاؤں کی ہڈیوں کا جوڑ۔ کلائی کا جوڑ
حقے اور نیچہ کی دونوں نلیوں کے ملاپ کی جگہ۔ کاک ڈاٹ۔ بوتل کی ڈاٹ
ایک قسم کی مٹھائی۔ کثرت سجدہ سے پیشانی کا نشان نیچے بچھانے کی
روڑی یا کنک۔ پاؤں کی وہ جگہ جو زیادہ رگڑ کھانے کی وجہ سے سخت ہو جاتی ہے۔
گٹا (ہ۔ا صفت) پست قد۔ ٹھنگنا۔ ناٹا۔ گٹھیلا۔ گٹکی۔
گٹار (ہ۔ا مو) موسیقی کا آلہ۔


گٹار

گٹ پٹ (ہ۔ا صفت) گڈ مڈ۔ غلط پٹ۔ گتھم گتھا۔
گٹ پٹ ہو جانا (اُر۔محاورہ) دو چیزوں کا باہم حل ہو جانا۔ ہم بستر ہونا۔ گتھ جانا لڑ جانا۔
گٹ پٹ (اُر۔مو) ظرافتاً۔ انگریزی زبان کی گفتگو۔
گٹر گوں (ہ۔ا ہند۔ صوت) نر کبوتر کے گونجنے کی آواز۔
گٹک (ہ۔ا مو) کاک۔ ڈاٹ۔ گٹا۔ چلم کے سوراخ میں رکھنے کی کنکری
چغل (پنجاب) سخت گٹھل۔ بونا۔ پستہ قد۔ گٹکی۔
گٹک جانا (اُر۔محاورہ) نگل جانا۔
گٹکا (ہ۔ا ہند) دوا کی بڑی گولی۔ گولی۔ انٹا۔ شطرنج کا مہرہ۔ چوپڑ کی گوٹ۔ مختصر
کتاب۔ پاکٹ بک۔ جادو منتر کی کتاب۔ دودھ کا ایک آدھ گھونٹ۔ بے
چبائے نگلا جانے والا لڈو بارے کی طلسمی گولی جس کی بابت مشہور ہے کہ اڑ جانے کی طاقت
آجانا مشہور ہے۔
گٹکری (ہ۔ا مو) وہ پیچیدہ آواز جو گاتے وقت گویوں کے گلے سے ابھر کر نکلتی ہے۔ ابھرتی ہوئی آواز۔
گٹکنا (ہ۔فعل) نگلنا۔
گٹ کے گٹ (ہ۔ متعلق فعل) گروہ کے گروہ۔ توجیں۔
گٹ گٹ (ہ۔ا مو) جلد جلد پینے کی آواز۔ پتلی چیز کے حلق سے اتارنے کی آواز
صراحی۔ بوتل وغیرہ جھوٹے منہ کے برتن سے پتلی شے نکلنے کی آواز۔
گٹّا (ہ۔ا ہند) ٹخنہ یا کلائی کا جوڑ۔ حقے کا وہ حصہ جو نیچے میں پھنستا ہے۔ وہ
نشان جو سجدوں سے ماتھے پر پڑ جاتا ہے۔ ڈاٹ۔ کارک۔ گرہ۔ جو کبوتر
کی دم میں ہوتی ہے۔ گھوڑے کا پٹھا۔ ڈھیلا۔ پیر اسنے جو نے کا
ڈھیلا۔
گٹھ (ہ۔ا مو) گانٹھ کا مخفف۔ پہ گرہ۔
گٹھ جانا (اُر۔محاورہ) سیا جانا۔ درخت ہونا۔ پیوند لگنا۔ شریک ہونا۔ مل جانا
برجستہ ہونا۔
گٹھ جوڑا (ہ۔ا ہند) ہندوؤں میں پھیروں کے وقت جو دولھا۔ دولھن کے آنچلوں
میں جوڑا لگاتے کی غرض سے دی ہوئی گرہ۔ گرہ بندھن۔ میاں بیوی۔ دولھا
دولھن۔ میل جول ساتھ محبت۔ ہمراہی۔
گٹھ کترا / **گٹھ کٹا** (ہ۔ا ہند) اُچکا۔ جیب کترا۔ گرہ بر۔ چور۔
گٹھا (ہ۔ ا ہند) کسی چیز کا بڑا گٹھڑ۔ لچھہ۔ پیاز۔ لہسن کی گانٹھ۔ تین گز کی طولانی۔
اینٹ۔ جریب کا بیسواں حصہ۔
گٹھانا (ہ۔ فعل) جوتے وغیرہ کی مرمت کرانا۔ پیوند لگانا۔ سلوانا۔
گٹھڑ (ہ۔ ا ہند) گٹھڑی کا اسم مکبر۔ گٹھا۔ ابزار۔ بوجھ۔ بڑی گٹھڑی۔
گٹھڑی (ہ۔ ا مو) پنجی۔ پوٹ۔ پونجی۔ جمع۔ اندازہ۔ مقدار۔ ایک قسم کی تیراقی۔
گٹھڑی باندھنا (اُر۔محاورہ) پورٹ باندھنا۔ گناہوں کا انبار۔ سرپر دھرنا۔ سرمایہ
جمع کرنا۔ مال اکٹھا کرنا۔ سفر کو تیار کرنا۔ استر بستر باندھنا۔
گٹھڑی حلال بقچہ حرام / **گٹھڑی حلال بقچہ مُردار** (دُور۔مثل) بیگانہ۔ زیادہ مال تو حلال سمجھ کر ہضم اور
گٹھڑی حرام جان کر چھوڑ دیں۔ تھوڑے میں ایمانداری
اور بہت میں بے ایمانی۔
گٹھڑی کرنا (اُر۔محاورہ) مال جوڑنا۔ جمع۔ جوڑنا۔ ہاتھ پاؤں باندھ کر دوہرا کر دینا۔ عاجز
کشتی میں ہرا دینا۔ پیمان کرنا۔ جوڑنا۔ جمع کرنا۔
گٹھڑی مارنا (اُر۔محاورہ) لوٹنا۔ ٹھگنا۔ مال مارنا۔
گٹھل (ہ۔ اصفت) بڑی گٹھڑی والا پھل۔ بے مغز۔ کند ذہن (بحالت ا ہند) گانٹھ
گرہ۔ گلٹی۔ غدود۔ بڑی گٹھلی۔
گٹھلی (ہ۔ ا مو) پھل کا بیج۔ تخم ثمر۔ سُدّہ۔ گانٹھ۔ غدود گلٹی۔
گٹھنا (ہ۔ فعل) پیوند لگنا۔ مرمت ہونا۔ موٹا تانکا بھرا جانا۔ جڑنا۔ ملنا۔ سازش
ہونا۔ بار بار ہنسا۔ جمتی ہونا۔ جُٹنا۔ سختی ہونا۔ مضمون بندھنا۔ آواز ملنا
سجنا۔ زیب دینا۔
گٹھی (ہ۔ ا مو) گرہ۔ گانٹھ۔ جوڑ۔ بندھ۔
گٹھیا (ہ۔ ا مو) جوڑوں کا درد۔ وجع۔ مفاصل۔ نقرس۔ گٹھڑی کی تصغیر۔
پوٹلی۔ چھوٹی گٹھڑی۔
گٹھیا کھلا بیا پارس (اُر۔مثل) عورت جب حاملہ ہو تو اس کی بڑی قدر
ہوتی ہے
گٹھیا کھلنا (اُر۔محاورہ) حاملہ ہونا۔
گٹھیلا (ہ۔ اصفت) گانٹھوں والا۔ گرہ دار۔ قوی۔ مضبوط۔ کمایا ہوا۔
گٹی یا گٹھی (ہ۔ ا مو) پھرکی۔ ریل۔ جس پر تاگا لپٹا ہوتا ہے۔ چلم کی روڑی۔ چغل
روڑ۔

گ - ج

گج (س۔ا ہند) ہاتھی۔ فیل۔ پیل۔
گج باگ یا بانک (ہ۔ا ہند) ہاتھی کو چلانے اور قابو میں رکھنے کا آلہ۔
گج پتی (س۔ا ہند) ہاتھیوں کا راجہ۔ سب سے بڑا ہاتھی۔ مہاوت۔ فیلبان۔
گج دنت (س۔ا ہند) ہاتھی دانت۔ عاج۔

گج راج (س۔ا۔مذ) بڑا ہاتھی۔

گج موتی (ہ۔امذ) بہت بڑا موتی ہندوؤں کا خیال ہے کہ سب سے بڑا موتی ہاتھی کے سر سے نکلتا ہے۔

گج نال (ہ۔امو) بہت بڑی جنگی توپ۔ قلعہ شکن توپ۔

گجر (ہ۔امذ) چار و آٹھ و بارہ بجنے پر گھنٹے کا دو یا بارہ بجنا۔ صبح ہونا۔ تڑکا ہونا۔ صبح صادق کے وقت گھڑیال بجنا۔

گجر دم یا گجر بجے (اُ۔امذ ظرف) بہت سویرے۔ تڑکے۔ علے الصباح سویرے سویرے۔

گجر (ہ۔امو) گاجر کا مخفف۔ گزر۔

گجر بھت یا گجر بلا (ہ۔امو) کدوکش میں نکالی ہوئی گاجریں۔ چاولوں اور دودھ کے ساتھ پکی ہوئی۔

گجر بھتا بنانا (اُ۔محاورہ) خلط ملط کر دینا۔ اچھے بُرے کو ملا دینا۔

گجر کا وقت (ہ۔امذ) صبح صادق کے وقت۔

گجرا (ہ۔امذ) گاجروں کا پتا۔ گاجر کا سبزہ۔ پھولوں کا ہار کلائی میں پہننے کا زیور پھولوں کے کنگن۔

گجرا ہار (ہ۔امذ) ایک قسم کا ہار۔

گجری (ہ۔امو) ایک قسم کا کلائی کا زیور۔

گجری (ہ۔امو) گوجر کی عورت۔ گوجری۔

گجگجا (ہ۔صفت) گلگلا۔ نمدار۔ گیلا گیلا۔ کرارا کی ضد۔ کسی رینگنے والے کیڑے کے جسم کی نمی۔ کچا۔ نیم پختہ۔

گجگجانا (ہ۔فعل) کیڑوں کا رینگنا۔ کیڑوں کا کلبلانا۔

گجھا (ہ۔امذ) بہت سامال۔ دھن دھن۔ دولت۔ خزانہ۔ ایک دم شدہ بہت سامال۔ انبار۔ ڈھیر۔ تھیلا۔

گجھا دبا بیٹھنا/ مارنا (اُ۔محاورہ) بے ایمانی سے مال حاصل کرنا۔ کسی کا مال دبا لینا۔

گجھا (ہ۔اصفت مذ) پوشیدہ۔ اندرونی۔ گپتی۔

گجھین (ہ۔صفت) گھنا۔ پاس پاس۔ گنجان۔

گجھی (ہ۔اصفت مؤ) پوشیدہ۔ اندرونی۔ گپتی۔

گجھی گرمی (ہ۔امو) حبس والی گرمی جو بظاہر معلوم نہ ہو۔

گجھی مار (ہ۔امو) اندرونی۔ ضرب بھتیری۔ مار جس کا نشان ظاہر نہ ہو۔

گجھی (ہ۔امو) کان سلائی۔ کنسلائی۔ ایک برساتی کیڑے کا نام ہے۔

گجھی (ہ۔امذ) گوجا گوجرا۔ گندم اور جو باہم ملے ہوئے۔

گجھی کی روٹی (ہ۔امو) گیہوں اور جو کے ملے ہوئے آٹے کی روٹی۔

گجیا (ہ۔امو) سموسہ۔ ایک قسم کا پکوان۔ کان کی چھوٹی سی بالی۔

گ - چ

گچ (ف اور ہ۔امذ) چونہ۔ پکی چھت۔ پکا فرش۔ پختہ دیوار۔

گچ کاری (ف۔امذ) چونے کا کام۔

گچا گچ (ہ۔امو) جوانی میں بھری ہوئی عورت۔ نوعمر عورت۔ نوجوان نوچی۔

گچا گچ (ہ۔امو) تلوار یا خنجر کے جسم میں گھسنے کی جگہ آواز۔ نرم گوشت میں کسی چیز کے گھسنے کی آواز۔

گچو پارہ کھیلنا (اُ۔محاورہ) ناجائز لہو و لعب میں وقت گزارنا۔ عیاشی کرنا۔

گچ گچ یا کھچ کھچ (ہ۔امذ) بہت بھیڑ۔ اژدھام۔ کھچا کھچ۔

گچھا (ہ۔امذ) اناج کی بال۔ خوشہ۔ سُنبل۔ بھیڑ۔ غول۔ انبوہ۔ پھندنا۔ چھتا تاگوں کا ڈھیر۔ مکھیوں یا حشرات الارض کا ڈھیر۔ مجمع۔ پھنسیوں کا چھتا۔ ایک ہی شاخ میں کئی پھلوں کا مجموعہ۔

گچھا تارا (ہ۔امذ) عقد ثریا۔

گچی (ہ۔امو) چھوٹے مُنہ کا ذرا سا گڑھا۔ بچوں کا گڑھا کھیلنے کا گڑھا۔

گچی آنکھ (ہ۔امو) چھوٹی آنکھ۔

گچی پالا (ہ۔امذ) بچوں کا ایک کھیل جس میں گڑھا کھود کر کھیلتے ہیں۔

گ - د

گدا (ہ۔امو صوت) کسی چیز کے زمین پر گرنے کی آواز۔ دھم۔ دھڑام۔ گدا کا اسم مکبر بھی ہے۔

گدا بد (ہ۔امو) اُوپر تلے یا پے در پے گرنے کی آواز۔ لگاتار مارنے کی آواز۔

گدا گد کرنا (اُ۔محاورہ) اُوپر تلے۔ پے در پے گرنا۔

گدا یا گدھا (ہ۔امذ) ایک قسم کی چلتی کے والا گیت۔

گدا گر (ف۔امذ) منگتا۔ بھکاری۔ فقیر۔

گدا گر تواضع کند خوئے اوست (ف مثل) تواضع کرنا فقیر کی عادت ہے تواضع اور انکساری کے موقع پر بولتے ہیں۔

گدا گری (ف۔امر۔بیائے مصدری) بھیک مانگنا۔ بھیک مانگنے کا کام۔ فقیری۔ ٹکڑ گدائی۔

گدا (ہ۔امذ) گیہوں جوار وغیرہ کا نیم پختہ خوشہ۔ گدرایا ہوا خوشہ۔ گدرایا۔ توشک۔ روئی دار۔ بستر۔ چوڑی کی پولی۔ مشت۔ قفا۔

گدا (ہ۔امذ) موٹا ٹہنا۔ ڈالا۔ درخت کی موٹی اور مضبوط شاخ۔ ٹہنا مکا۔

گداز (ف۔اصفت) گھلا ہوا۔ پگھلا ہوا۔ ملائم۔ نرم۔ مرکبات میں بمعنی اسم فاعل ترکیبی۔

گدا کار (ہ۔اصفت) فربہ اندام۔ سڈول جسم والا۔ نوخیز۔ معشوق۔ گبرو پٹھا۔ نوخیز۔

گدا گد (ہ۔امو صوت) لگاتار گرنے کی آواز۔ مسلسل۔ لگاتار۔ متواتر۔

گدالا (ہ۔امذ) لوہے کی کدال جس سے زمین کھودتے یا دیوار گراتے ہیں۔

گدائی (ہ۔فعل) فقیری۔ بھیک مانگنا۔

گدبد (ہ۔فعل) لگاتار گرنے کی آواز۔

گد بدا کے (اُ مستعمل۔ فعل) خوشی سے بسر و چشم۔ کھلے طور پر۔ آزادی سے ضرور۔ یقیناً۔

گد بدانا (اُ محاورہ) رنج و غم سے بول نہ سکنا۔ خوش ہونا۔

گدر (ہ۔ اصفت) ادھ پکا۔ ادھ کچرا۔ نیم پختہ۔ گدرایا ہوا۔ ملائم۔

گدرانا (ہ۔ فعل) پھل کے پکنے کے قریب ہو جانا۔ نیم پختہ ہو جانا۔ گدر ہو جانا۔ گداز ہونا۔ آنکھ میں گدلاپن آنا۔ آنکھ دُکھنے کو آنا۔

گدرایا (اُ صفت۔ آدھا کچا آدھا پکا۔ پکنے کے قریب۔

گدرایا ہوا بدن (اُ۔ امذ) جوانی میں بھرا ہوا بدن۔ قرابہ اندام۔

گدڑی (ہ۔ امو) بہت سے پیوند والا فقرا کا لباس۔ خرقہ۔ دلق۔ پھٹی ہوئی رضائی۔

گدڑی میں لال (ہ۔ امذ) نالائقوں میں لائق۔ غریب گھرانے میں صاحب ہنر۔

گدڑی میں لعل نہیں چھپتا (اُ مثل) بُروں میں اچھا نہیں چھپتا۔

گدڑیا (ہ۔ اصفت فاعل) گدڑی رکھنے والا۔ پھٹے حال میں رہنے والا۔ پھٹے پرانے کپڑے سینے والا۔ گدڑی حقارتاً تصغیر ہے۔

گدکا (ہ۔ امذ) دیکھو۔ گتکا۔

گدگدا (ہ۔ اصفت نرم۔ ملائم۔ گداز۔

گدگدانا (ہ۔ فعل) پیٹ بغل وغیرہ کو انگلیوں سے چھو کر ہنسی دلانا۔ خوش کرنا ہنسانا۔ اُبھارنا۔ بھڑکانا۔ چھیڑنا۔ مذاق کرنا۔ شوق بڑھانا۔ گھوڑے کو ایڑ لگانا۔

گدگداہٹ (ہ۔ امو) حاصلمصدر گدگدانا سے گدگدی۔ گدگدی کا اثر۔

گدگدائے وہاں تک جہاں تک ہنسی نہ آئے (ہ۔ مثل) ہنسی مذاق اس حد تک اچھا ہے کہ دوسرے کو ناگوار نہ گزرے۔

گدگدے (ہ۔ امذ) اُبلی ہوئی جوار کی گھنگیاں (بحالت جمع) گدگدا کی جمع۔

گدگدی (ہ۔ امو) بغل یا تلوے یا پیٹ میں انگلیوں سے چھونے کی ہنسی۔ لہر۔ شوق۔

گدگدی کرنا (ہ۔ فعل) جسم کو چھو کر ہنسانا۔ گدگدانا۔ چھیڑنا۔

گدگدی دل میں ہونا (اُ۔ محاورہ) امنگ ہونا۔ شوق پیدا ہونا۔ خود بخود ہنسی آنا۔

گدلا (ہ۔ اصفت) گاد ملا ہوا۔ میلا۔ مکدر۔ گاڑھا۔ غلیظ۔

گدلاپن (ہ۔ امذ) مصدری) میل کدورت۔ کثافت۔

گدلانا (ہ۔ فعل) پانی کا میلا ہونا۔ پانی کو مکدر کرنا۔ گنگھولنا۔ لازم و متعدی دونوں عمل مستعمل ہے۔

گدمہ (ہ۔ امذ) نہایت ملائم۔ پشم دار کمبل۔

گدنا (ہ۔ فعل) ہاتھوں وغیرہ کو سوتی سے گود کر سر میں تیل بھرا جانا۔

گدھ (ہ۔ امذ) چیل کی قسم کا ایک مُردار خور پرندہ کرگس۔

گدھا (ہ۔ امذ) خر۔ کھوتا۔ دراز گوش (بحالت صفت) بیوقوف۔ مورکھ۔ نادان۔ احمق۔ اکو۔ گدھے کا بوجھ۔ بورا۔ جیسے مٹی کے دو گدھے ڈکوا دو۔

گدھا برسات میں بھوکا مرے (ہ۔ محاورہ) اپنے وہم سے خود مصیبت میں پڑنے والے احمق کی نسبت بولتے ہیں۔

گدھا پانی پیے گھنگرو کے (اُ مثل) گدھا بھی پانی صاف کر کے پیتا ہے۔ گندے آدمی کو نصیحت کے طور پر کہتے ہیں۔

گدھا پیٹے گھوڑا نہیں ہوتا (ہ۔ احمق ادب دینے سے عاقل نہیں ہوتا۔

گدھا دلدل میں پھنسا (اُ۔ محاورہ) کسی ایسے جھگڑے میں پھنسنا جس میں نکلنا مشکل ہو۔

گدھا کھچا دن ہے (اُ مثل) ایک دوسرے کو ساتھ دے معاملہ کرتا ہے جو وہ اُس کے ساتھ کرتا ہے۔

گدھا دھوئے سے بچھڑا نہیں ہوتا (ہ۔ محاورہ) رذیل کبھی شریف نہیں ہو سکتا۔ بجاوٹ اور آرائش۔ بُری چیز بُری ہی رہتی ہے۔

گدھا گھر سائیں موٹا ہوتا ہے (ہ۔ محاورہ) احمق مفلسی میں بھی موٹا ہوتا ہے وہم اپنا اثر ہر چیز میں دکھا دیتا ہے

گدھا کیا جانے زعفران کی قدر (اُ محاورہ) احمق کسی عزت و مرتبہ کی قدر نہیں جانتا۔

گدھا کے کھائے کھیت نہ ہر لو کے نہ پر لو کے (اُ مثل) نالائق کے ساتھ سلوک کرنے سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ ہندوؤں میں اگر گائے کھا جائے جو بن سمجھا جاتا ہے۔

گدھا گرے پہاڑ سے مُرغی کے لوٹے کان (اُ مثل) ناممکن بات۔ گدھا کبھی پہاڑ سے نہیں گرتا۔ اور مرغی کے کان ایسے نہیں ہوتے جو ٹوٹ سکیں۔

گدھا گھوڑا ایک بھاؤ/یکساں/برابر (اُ مثل) اچھی بُری چیز کا ایک نرخ۔ نیک و بد میں تمیز نہیں۔

گدھا گیا تو کیا رسی بھی ساتھ لے گیا (اُ مثل) چیز بھی گئی اور نقصان بھی ہو گیا۔

گدھا گیا دُم کی تلاش میں کٹا آیا کان (اُ مثل) اگر نادانوں سے ہنر کا کام نکلے تو ہنرمندوں کو کون پوچھے۔

گدھا گھوڑا ایک ساتھ نہیں چل سکتے۔ (اُ۔ محاورہ) عقل مند اور بے وقوف اکٹھے کام نہیں کر سکتے۔

گدھا ہینچو (ہ۔ امذ) لڑکوں کے ایک کھیل کا نام ہے۔

گدھا مرے کمہار کا دھوبن ستی ہو (اُ مثل) نقصان کسی کا ہو اور افسوس کوئی اور کرے۔

گدھوں بخار چڑھنا (اُ محاورہ) شدت سے تپ چڑھنا۔

گدھوں سے ہل چلیں تو بیل کیوں بسائیں (ہ۔ مثل) بے تمیزوں سے اگر ہنرمندوں کا کام نکلے تو ہنرمندوں کی کیا قدر ہو۔ انہیں کون پوچھے۔

گدھوں کے ہل چلنا۔ یا پھرنا (ہ۔ محاورہ) نہایت ویران ہونا۔ ایسا تباہ و برباد ہو جانا کہ وہاں گدھے چرتے پھریں۔

گدھے پر کتابیں لادنا (محاورہ) علم پڑھ کر اس پر عمل نہ کرنا۔ احمق کو علم پڑھانا۔

گدھے پر سوار کرنا۔ یا چڑھانا (محاورہ) رسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔ ذلیل کرنا۔ تشہیر کرنا۔

گدھے کا بچہ (ہ۔ صفت) بچہ خر۔ بیوقوف۔ احمق۔

گدھے کا جینا تھوڑے دن بھلا (اُ مثل) نالائق مصیبت زدہ اگر مر جائے تو بہتر ہوتا ہے۔

گدھے کا ماس کتے کے دانت (اُ رمثل) گدھے کے گوشت کو کتا ہی کھاتا ہے۔ جب دو بڑے آدمی لڑیں تو کہتے ہیں۔

گدھے کو آدمی بنانا (اُ رمحاورہ) بیوقوف کو عاقل بنانا۔

گدھے کو انگوری باغ کی کیا قدر (اُ رمثل) بے وقوف کو رتبہ نالائق کو اچھی چیز کی قدر نہیں ہوتی۔

گدھے کو باپ بنانا (اُ رمحاورہ) کام نکالنے کے لئے بیوقوف کی خوشامد کرنا۔

گدھے کو انگوری باغ یا گدھے کو پوری حلوا۔ یا خشکہ۔ یا گلقند (لہ محاورہ) احمق اور مرتبہ نالائق کو بڑا کام۔ بیوقوف کو اور بے رتبہ۔

گدھے کو حلوا کھلا کر لاتیں کھانا (ہ۔ محاورہ) احمق کو احمق ہی سراہتا ہے۔

گدھے کو گدھا کھجاتا ہے (ہ محاورہ) احمق کو احمق ہی سراہتا ہے۔

گدھے کو گدھا کھجاتے تُرت بدلہ پاتے (ہ۔ مثل) احسان کے فوری بدلے کو بولا کرتے ہیں

گدھے کو دیا تھا نون اس نے کہا میری آنکھیں دُکھتی ہیں یا آنکھیں ہی پھوڑ دیں (ہ۔ محاورہ) بے تمیز پر احسان کیا تھا۔ اس نے سمجھا بدسلوکی ہوئی۔ احمق کے ساتھ نیکی کرنا نہ کرنا برابر ہے۔

گدھے کی یاری لاتوں کی ستاہٹ (اُ رمثل) بیوقوف کی دوستی میں نقصان ہوتا ہے۔

گدھے کے کھلائے کا پاپ تہ پڑی (ہ۔ محاورہ) احمق سے نیک سلوک کرنا نہ کرنا دونوں برابر ہیں۔

گدھے کے ہل چلوانا (ہ۔ محاورہ) کسی شہر کو برباد اور تباہ کرانا۔ آباد جگہ کو اُجاڑ دینا۔

گدھی (ہ۔ امبو) گدھا کی مونث۔ مادہ خر۔ کھوتی۔ احمق عورت۔

گدھی گدھے کا بیاہ (ہ۔ لند) دھوپ میں بارش ہوتے وقت بچے اسے کہا کرتے ہیں۔

گدھیا (ہ۔ امبو) گدھی۔ مادہ خر۔ کھوتی۔

گدی (ہ۔ امبو) سر کا پچھلا حصہ۔ قفا۔ پشت۔ گردن۔

گدی بھانپنا یا ناپنا (ہ محاورہ) گدی پر دھپے لگانا۔ چپت لگانا۔

گدی پیچھے مت ہونا (ہ۔ محاورہ) ناقص عقل ہونا۔ سمجھ سے خالی ہونا۔ بے عقل ہونا۔

گدی سے زبان کھینچنا یا نکالنا (محاورہ) سخت سزا دینا۔ سزائے موت دینا۔

گدی (ہ۔ امبو) مسند۔ حکومت۔ تخت شاہی۔ سنگھاسن۔ گدیلا۔ مسند۔ گدا۔ کپڑے یا روئی یا کاغذ کی تہ۔

گدی

گدی پر بیٹھنا (ہ محاورہ) کسی پیر یا گرو یا بزرگ کے بعد اس کا جانشین ہونا۔ راجہ ہونا۔ تخت پر بیٹھنا۔ مسند حکومت پر جلوہ فرما ہونا۔

گدی سے اُترنا (اُ رمحاورہ) بادشاہت یا عہدے سے معزول ہونا۔

گدی نشین (لہ لند۔ فاعل ترکیبی) تخت نشین۔ حکومت کی گدی پر بیٹھنے والا۔ درویشوں پیروں وغیرہ کا جانشین۔

گدی نشینی (لہ۔ امبو۔ بیائے مصدری) تخت نشینی حکومت ملکی اختیار۔ پیر کی جانشینی۔

گدیلا (ہ۔ لند) توشک۔ روئی کا گدا۔ ہاتھی کے اُوپر رکھنے کا گدا۔

گ - ڑ

گڈ (ہ۔ امبو) گاڑی کا مخفف۔ چھکڑا گاڑی۔

گڈ والا (ہ۔ لند) گاڑی بان۔ بہلیاں۔ بہلی۔ یا چھکڑا چلانے والا۔

گڈ (انگ اصفت) اچھا عمدہ۔ خوب۔ نفیس۔ نیک۔ پارسا۔ اشراف۔ شریف۔ مفید۔ Good

گڈ آفٹر نون (انگ امبو) انگریزوں کا تیسرے پہر کا سلام۔ سہ پہر راحت سے گزرے۔ Good Afternoon

گڈ ایوننگ (انگ امبو) انگریزوں کا شام کا سلام۔ شام خیریت سے گزرے Good Evening

گڈ بائی (انگ امبو) اللہ بیلی۔ خدا حافظ۔ اللہ نگہبان۔ سلام رخصت ہے۔

گڈ فرائی ڈے (انگ۔ لند طرف) جمعہ کا دن جس میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام مصلوب ہوئے۔ شب شہادت عیسےٰ ع۔ Good Bye Good Friday

گڈ مارننگ (انگ امبو) صبح کا سلام۔ صبح سلامتی سے گزرے

گڈ نائٹ (انگ امبو) رات کا سلام۔ رات سلامتی سے گزرے۔ Good Night

گڈا (ہ لند) بوجھ لادنے کی گاڑی۔ چھکڑا۔ مٹھا۔ بنڈل۔ گٹھا۔ پولی۔

گڈا (ہ لند) بت۔ پتلا۔ کپڑے کا بنا ہوا۔ آدمی کی صورت کا بت جس سے لڑکیاں کھیلا کرتی ہیں۔ رسوائی اور بدنام کرنے کا پتلا جو بھٹا اور ڈوم بنا کر لکڑی سے باندھتے اور تشہیر کرتے ہیں۔

گڈا بنانا (ہ۔ فعل) رسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔ فضیحت کرنا۔

گڈے گڈی/گڑیا کی شادی کرنا (ہ۔ امبو) لڑکیوں کا کھیل جس میں گڈے اور گڑیا کی شادی کرتی ہیں۔

گڈ بڈ (ہ۔ اصفت) خلط ملط۔ ملا جلا۔ گڈ مڈ۔

گڈریا (ہ۔ امند) بکریاں چرانے والا۔ چرواہا۔ راعی۔ شبان۔

گڈرن (ہ۔ امبو) گڈریا کی جورو۔ گڈریا کی مونث۔

گڈس آفس (انگ۔ اندطرف) مال کا دفتر۔ ریلوے مال گودام کا دفتر۔ مال روانہ کرنے اور آنے کا دفتر۔ Goods Office

گڈز ٹرین (انگ۔ امبو) مال گاڑی اسباب لانے اور لے جانے والی گاڑی۔ Goods Train

گڈز کلرک (انگ۔ لند) مال گودام کا بابو۔ Goods Clerk

گڈولنا (اُ رلند) تین پہیوں کی چھوٹی سی گاڑی جس سے بچے کھیلتے ہیں یا چلنا سیکھتے ہیں۔

گڈ مڈ (ہ۔ اصفت) ملا جلا۔ مخلوط۔ خلط ملط۔ گھلا ملا۔

گڈ مڈ ہونا (ہ۔ فعل) مخلوط ہونا۔ ملا جلا۔ گتھنا۔ چڑھنا۔

گڈھ یا گڑھ (ہ۔ لند) قلعہ۔ کوٹ۔ حصار۔ چھوٹا قلعہ۔ کوٹ۔ کوٹلہ۔

گڈھ جیتنا (اُ رمحاورہ) کنایتہً کوئی بڑا کام کرنا۔ قلعہ جیتنا۔ مصیبت سے رہائی پانا۔ ازالہ بکر کرنا۔

گڈھی (ہ۔ اسم) گڈھ کی تصغیر۔ چھوٹا قلعہ۔ کوٹ۔ کوٹلہ۔
گڈی (ہ۔ اسم) مٹھا۔ پولی۔ بنڈل کاغذ کے دس دستوں کا مجموعہ۔ گاڑی۔ چھکڑا۔
گڈی (ہ۔ اسم) گھٹنے کی ہڈی۔ ہڈیوں کے جوڑ۔ ایک قسم کا پتنگ۔ ایک قسم کا چھوٹا تختہ۔ سرٹسری۔ پرندے کا دونوں بازو سمیٹ کر نیچے گرنے کی حالت۔

گ - ز

گذارش (ف۔ اسم) حاصل مصدر از گذاشتن بمعنی ادا کرنا۔ شرح تشریح کرنا اصطلاحاً عرض۔ درخواست التجا۔ بیان۔ اظہار۔
گذاشتنی (ف۔ اصفت) بیاے قابلیت چھوڑ دینے اور معاف کر دینے کے قابل۔
گذشتنی (ف۔ اصفت) بیاے قابلیت گزرنے کے قابل۔
گذشتہ (ف۔ اصفت مفعولی) گزرا ہوا۔ ماضی۔ سابقہ۔ پچھلا۔
گذشتہ را صلوٰۃ آیندہ را احتیاط (ف محاورہ) پچھلی باتیں جانے دو آیندہ محتاط رہو۔

گ - ر

گر (ہ۔ لند) پہاڑ۔ پربت۔ کوہ۔ جبل۔
گر (ف۔ علامت فاعل ترکیبی) گار کا مخفف بمعنی والا۔ کنندہ۔ عموماً پیشہ کے واسطے جیسے قلعی گر۔ زرگر۔ بنانیوالا۔ جیسے بادشاہ گر۔ حرف شرط اگر کا مخفف بھی ہے۔
گر ضرورت بود روا باشد (ف مثل) ضرورت کے وقت سب کچھ جائز ہے۔
گر قبول افتد زہے عز و شرف (ف مثل) نذر یا تحفہ پیش کرتے وقت کہتے ہیں کہ اگر قبول ہو تو کیا ہی عزت و شرف ہے۔
گر نبود بے چوب تر فرماں برد بے گاؤ خر (ف مثل) اگر گیلی لکڑی نہ ہو تو گائے اور گدھا حکم نہ مانیں۔ جب تک کسی کا خوف اور ڈر نہ ہو کوئی کسی کی اطاعت نہیں کرتا۔
گر (ہ۔ لند) گرو کا مخفف ہے پیر۔ مرشد۔ رہنما۔ ہادی۔ استاد۔ معلم۔
گراری (ہ۔ ا۔ مو) مشینریوں میں استعمال ہونے والا پرزہ۔ رسی یا دھاگہ بٹنے کا آلہ


گراری

گرا (ہ۔ صفت) لاکھی۔ لاکھ کے رنگ کا گھوڑا یا کبوتر۔ سرخی مائل۔
گراب (اُر۔ اند) توپ کا گولہ جس میں بہت سی گولیاں وغیرہ بھری ہوں۔
گراپڑا (ہ۔ صفت مفعولی) افتادہ۔ خوار۔ ذلیل۔ حقیر۔ بے قدر۔ کمینہ۔
گراس (ہ۔ لند) نوالہ۔ لقمہ۔
گراس (انگ۔ اسم) ہری گھاس۔ گیاہ۔ Grass
گراس کٹ (انگ۔ اسم) گراس کٹر سے بگڑا ہے۔ کھسیارا۔ گھاس کھودنے والا۔ ساتیں۔ Grass Cut
گراس کٹر
گرام (س۔ لند) گاؤں۔ موضع۔ دیہ۔ قریہ۔ بستی۔ کھیڑا۔ راگ کی اٹھان۔ راگ کے سروں کا مجموعہ۔
گرامی (ف۔ صفت) عزیز۔ پیارا۔ لاڈلا۔ محبوب بزرگ۔ محترم مخدوم معظم۔
گراف (انگ۔ ا۔ مذ۔ Graph) خاکہ خانے دار کاغذ۔ گراف
گرامر (انگ۔ اسم۔ Grammar) صرف و نحو۔ زبان کے قواعد۔



گراموفون

گراموفون (انگ۔ اند) (Gramophone) ایک آلہ جس کے ریکارڈ سے آواز نکلی ہے۔ فونوگراف۔
گرامی نامہ (ف۔ ا۔ مذ) بڑے کا خط۔

گربھائی (ہ۔ لند) پیر بھائی ایک ہی گرو کے چیلے۔ استاد بھائی کلاس فیلو۔ ہم جماعت۔
گر پڑ کے ملنا (اُر محاورہ) بے قدری سے ملنا۔
گر پڑنا (اُر محاورہ) نیچے آ رہنا۔ زمین پر آ پڑنا۔ مکان کا گر جانا۔
گر پڑے گی ہر گز نگاہ (اُر مثل) مجبور ہو کر عاجزی ظاہر کرنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔
گردوارہ (ہ۔ لند) ظرف گرو کے رہنے کی جگہ۔ سکھوں کا دھرم شالہ۔ گرنتھ صاحب کا مکان۔
گر بد یا سر پیر گیان (ہ۔ محاورہ) ہر شخص کی رائے جدا جدا ہوتی ہے ہر استاد کا علم جدا اور ہر سر میں عقل مختلف ہوتی ہے۔
گر گڑ ہی رہے چیلے شکر ہو گئے (ہ۔ مثل) شاگرد استاد سے بڑھ گیا ادنیٰ اعلیٰ رتبہ کو پہنچ گیا۔
گر گیان (ہ۔ لند) پیرانہ پند۔ بند بزرگان مرشد کی دینی تعلیم مرشدانہ نصیحت۔
گر مکھی (ہ۔ اسم) گرو کی زبان۔ گرو کی بولی۔ بابا نانک صاحب پنجابی زبان جس میں گرنتھ لکھا گیا ہے پنجابی زبان کے ہندی حروف۔
گر منتر (ہ۔ لند) پیر کی ہدایت۔ تلقین مرشد۔ گرا پدیش۔

گراں (ف۔ اصفت) بھاری۔ بوجھل۔ سبک۔ حقیقت کی ضد۔ مہنگا۔ بیش قیمت۔ ارزاں کی ضد۔ دوبھر۔ ناگوار۔ ناپسند طبع۔ سخت۔ کڑا۔ جیسے گراں حال۔ دشوار۔ مشکل۔ کٹھن۔ سست کاہل۔

گراں بار (ف۔ اصفت۔ فاعلی) بھاری۔ بوجھ میں لدھا ہوا۔ پھل لانے والا۔ بارداد۔ حاملہ۔ امیر۔ دولتمند۔

گراں بہا (ف۔ اصفت فاعلی) بیش قیمت۔ بیش بہا۔ قیمتی۔ عمدہ۔ بڑھکا۔ قابل قدر۔

گراں بہ حکمت ارزاں بہ علت (ف۔ مثل) جو چیز مشکل سے ہوتی ہے۔ وہ اچھی ہوتی ہے۔ اور جو چیز سستی ہوتی ہے اس میں کوئی نہ کوئی خرابی ہوتی ہے۔

گراں جاں (ف۔ اصفت۔ فاعلی) سخت جان۔ دیر میں مرنے والا۔ بوڑھا اور بے حیا۔ زندگی والا۔ بیمار۔ جان سے تنگ۔

گراں جانی (ف۔ امو۔ بیانیہ مصدری) بے حیائی۔ بے شرمی۔ سخت جانی۔

گراں خاطر (ف۔ اصفت۔ فاعلی) دوبھر۔ اجیرن۔ ناگوار طبع۔ ناراض رنجیدہ۔ مکدر۔

گراں خواب (ف۔ صفت) وہ شخص جو دیر تک سوتا رہے۔

گراں خوابی (ف۔ امو) غفلت۔ خواب۔ خرگوش۔

گراں گزرنا یا معلوم ہونا (اُرد فعل) بُرا لگنا۔ دوبھر معلوم ہونا۔ ناپسند ہونا۔ ناگوار گزرنا۔

گراں گوش (ف۔ صفت) اونچا سننے والا۔ بہرا۔

گراں مائگی (ف۔ صفت) بزرگی۔ سرداری۔ دولت مندی۔

گراں مایہ (ف۔ صفت) نفیس قیمتی۔ بڑا آدمی جو صاحب قدر و منزلت ہو۔

گراں ہونا (اُرد فعل) ناگوار ہونا۔ دوبھر ہونا۔ مہنگا ہونا۔ بھاؤ چڑھنا۔ نرخ بڑھنا۔

گرانا (ف۔ فعل) ڈالنا۔ پھینکنا۔ دے مارنا۔ پٹخنا۔ پچکنا۔ ڈھانا۔ منہدم کرنا۔ درجہ یا قیمت کم کرنا۔ گھٹانا۔ حمل اسقاط کرنا۔ رواں کرنا۔ خون بہانا۔ بکھیرنا۔ کھنڈانا۔ نڈھال کرنا۔ مضمحل کرنا۔

گرانی (ف۔ امو۔ بیانیہ مصدری) مہنگائی۔ بھاؤ کی تیزی۔ کمی۔ توڑا۔ قلت۔ بدہضمی۔ پیٹ کا بوجھ۔ قحط۔ کال۔ خشک سالی۔

گرانیٔ خاطر یا طبع (اُرد امو) بیزاری۔ نفرت۔ طبیعت کی ناراضگی۔ ناپسندیدگی۔

گراؤنڈ (انگ۔ اسم) میدان۔ زمین کا نقشہ۔ بنیاد۔ دلیل بنیاد۔

گراہ (ہ۔ اسم) مگرمچھ۔ گھڑیال۔ نہنگ۔

گرائی (ف۔ امو) گیرائی کا مخفف۔ حاصل مصدر از گرفتن۔ پکڑ۔ گرفتاری۔ محکمہ ٹھگی۔

گرب (س۔ اسم) گھمنڈ۔ غرور۔ تکبر۔ گمان۔ حمل۔ بار۔ پیٹ۔

گربہ (ف۔ امو) بلی۔ بلونسی۔ مانوس چوہوں کو پکڑ کر کھا جانے والا جانور۔

گربہ آبی (ف۔ امو) اودبلاؤ۔ دریائی بلی۔

گربہ چشم (ف۔ اصف) کرنجی آنکھوں والا۔ نیلی آنکھوں والا۔ بلی جیسی آنکھوں والا۔

گربہ کشتن روز اول (ف۔ فعل) رعب پہلے ہی دن خوب بیٹھ سکتا ہے۔

گربہ مسکین (ف۔ اصفت) مسکار قریبی دیکھنے میں غریب اور افعال میں شریر۔

گربھ (س۔ اسم) حمل بار۔ پیٹ۔ بچہ۔ جنین۔

گربھ استھان (ہ۔ اسم) عورت کا بچہ دان۔ رحم۔

گربھ پات (س۔ اسم) حمل گرنا۔ اسقاط حمل۔

گرپ (انگ۔ اسم) جھنڈ۔ مجمع۔

گر پڑ کر یا گرتا پڑتا (ہ۔ فعل) خدا خدا کر کے۔ بڑی مشکل سے۔ مصیبت جھیل کر بمشکل تمام۔

گرتا پڑتا (ہ۔ اصفت مفعولی) جلدی و شتابی دوڑتا پکتا ہوا۔ افتاں و خیزاں۔

گر پڑنا (ہ۔ فعل) زمین پر آ پڑنا۔ ڈھے جانا۔ نہایت کمزور ہو جانا۔ تباہ ہو جانا۔ برباد ہو جانا۔

گرتی (اُر۔ امو) باعصمت۔ شرمیلی۔

گرج (ہ۔ امو) بجلی کی آواز۔ کڑک۔ ہاتھی کی چنگھاڑ۔ شیر کی دھاڑ۔ لڑائی کے بہادروں کا نعرہ۔

گرج کر بولنا (ہ۔ فعل) چیخ کر بولنا۔ کڑا کے سے بولنا۔ خوب زور کی آواز سے نعرہ مارنا۔

گرجا (پر لگالی) (ا۔ اسم) عیسائیوں کا عبادت خانہ۔ کلیسا۔ چرچ۔

گرجتے ہیں سو برستے ہیں (ہ۔ مثل) شیخی خوروں کی باتیں ہی باتیں ہوا کرتی ہیں۔ ان سے بنتا بنتا کچھ نہیں۔

گرجنا (ہ۔ فعل) کڑکنا۔ بجلی کی آواز دینا۔ شیر کا ڈرو کرنا۔ ہاتھی کا چنگھاڑنا۔ شور مچانا۔ چلا کر بولنا۔ کڑک کر بولنا۔

گرد (ف۔ امو) باریک ذروں والی مٹی۔ راکھ۔ دھول۔ غبار۔ ناچیز۔ بے حقیقت۔

گرد اڑانا (اُر۔ محاورہ) غبار اڑانا۔ خاک اڑانا۔ برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔

گرد آفتاب (ف۔ امو) ذرے جو سورج کی کرنوں میں چمکتے ہیں۔

گرد اٹھنا (اُر محاورہ) ہوا کے زور سے غبار کا زمین سے بلند ہونا۔

گرد آلود یا آلودہ (ف۔ اصفت۔ ترکیب مفعولی) خاک میں لتھڑا ہوا۔ دھول ملا ہوا۔

گرد باد (ف۔ اسم) بگولہ۔ ہوا کا چکر۔

گرد باد

گرد باد (ف۔ اسم) ہوا کا طوفان۔

گرد برد (ف۔ امو) تباہ۔ برباد۔ بے رونق۔ اضمحلال کرنا۔

گرد بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) غبار جم جانا۔ دھول کا نیچے بیٹھنا۔ آندھی کا کم ہو جانا۔ میل جمنا۔

گرد پڑنا (اُر محاورہ) غبار کا اڑ کر کسی کے جسم یا کپڑوں پر پڑنا۔

گرد پوش (ف۔ صفت) وہ کاغذ جو کتاب کو میلا ہونے سے بچاتا ہے۔

گرد پونچھنا (اُر۔ محاورہ) دھول صاف کرنا۔

گرد جمنا (اُر محاورہ) غبار جم جانا۔

گرد جھاڑنا (اُر۔ محاورہ) غبار صاف کرنا۔ دھول اتار دینا۔ سزا دینا۔ مارنا۔

گرد چھٹنا (اُر محاورہ) غبار ہلکا ہونا۔ کسی جگہ سے غبار ہٹ جانا۔

گرد کرنا (اُر۔ محاورہ) مات کرنا۔ ہرانا۔ بے رونق کرنا۔ ماند کرنا۔ مدھم کرنا۔ کپڑے میلے کرنا۔

گرد کو نہ پہنچنا (اُر۔ محاورہ) ذرا بھی مقابلہ نہ کرنا سکنا۔ ذرا بھی برابری نہ ہو سکنا ساتھ نہ چل سکنا۔ پیچھے رہ جانا۔ کوئی بھی نسبت نہ ہونا۔

گرد نہ پانا/نہ چھو سکنا (اُر محاورہ) برابری نہ کر سکنا۔ کوئی نسبت نہ ہونا۔

گرد و غبار اف۔ (اند) خاک دھواں۔

گرد ہونا (اُر۔ محاورہ) مات ہونا۔ وہم پڑ جانا۔ ماند ہونا۔ بے حقیقت اور ناچیز ہو جانا۔ نہایت سہل اور آسان ہونا۔ شرمندہ اور نادم ہونا۔ مقابل نہ ہو سکنا بے رونق ہونا۔

گرد ہے (اُر۔ محاورہ) ہیچ ہے۔ ناچیز بے حقیقت ہے۔ مد مقابل نہیں۔ مات ہے۔ عاجز ہے۔

گرد پیمی اف۔ (امو) کنایۃً آبداری مرواریدکی صفائی۔

گرد اف۔ (تابع فعل) گھیرا۔ گول حلقہ۔ پیچھے سر۔ درپے۔ چاروں طرف۔ اِدھر اُدھر۔ آس پاس۔ نواح۔ دُور۔ جمع۔ فراہم۔ اکٹھا۔ شہر۔ بستی۔ مدینہ۔

گرد گھماؤ اف۔ (اند) آوارہ پھرنے والا۔ کسی کے گرد پھرنے والا۔ سیر نہ گرد۔ مُفلس۔ تماش بین۔

گرد نامہ اف۔ (اند) بھاگے ہوئے کو واپس لانے کا خاص قسم کا تعویذ۔

گرد نواح (رفع۔ اند) آس پاس کا علاقہ۔ اطراف۔ سواد شہر۔ پڑوس۔

گرد ہونا (اُر۔ محاورہ) سر ہونا۔ پیچھے پڑنا۔ درپے ہونا۔

گرد (اُر۔ اند) غبار۔ دھول۔ ریت۔ ریتا۔ بالو۔

گرداب اف۔ (اند) پانی کا چکر۔ بھنور۔ ورطہ۔

گرد آباد (اُر۔ اصفت) گرد آباد کا بگڑا ہوا ہے تباہ۔ برباد۔ غبار آلود۔

گرد باز بے ہودہ۔ بے خبر بے سُرت جیسے وہ تو بجا رہی ہے گرد باد پڑا ہے۔

گرد اگرد اف۔ (تابع فعل) چاروں طرف چار کھونٹ۔ ارد گرد سب طرف آس پاس۔

گرد پھرنا (اُر۔ محاورہ) طواف ہونا۔ صدقے ہونا۔

گرد پھٹکنا (اُر محاورہ) قریب آنا۔ پاس آنا۔

گرد پھٹکنے نہ دینا (اُر محاورہ) قریب آنے نہ دینا۔ پاس آنے نہ دینا۔

گرد ہونا (اُر۔ محاورہ) پیچھے پڑنا۔ درپے ہونا۔

گرداں اف۔ (اصفت فاعلی) گردش کرنیوالا۔ اُمڈا ہوا۔ پلٹا ہوا۔ واپس آمدہ۔

گردان ف۔ (اصفت) ہلا ہوا۔ سدھا ہوا۔ مانوس کبوتر (بحالت اسم مونث) دُور۔ لٹاؤ۔ ترتیب کے موافق صیغوں کو پڑھنا۔ قرآن شریف کو دہرانا۔

گردان کرنا (اُر۔ محاورہ) زمانہ اور وحدت و جمع کی ترتیب سے صیغوں کو پڑھنا۔ دہرانا۔ مشق کرنا۔

گردانا (اُر۔ محاورہ) کسی مصدر کے تمام صیغوں کو کہنا۔ دور کرنا۔ دہرانا۔ ماننا۔ تسلیم کرنا۔ فرض کرنا۔ لپیٹنا۔ پلانا۔ پھنسانا۔

گرداور یا گرداآور اف۔ (اند) ہرکاروں کے حلقہ یا چوکی کے علاقہ میں پھر کر دیکھنے والا افسر۔ گشت کرنے والا عہدہ دار۔

گرداوری اف۔ (امو) بیاتے مصدری گرداور کا عہدہ اور کام۔ دورہ۔ گشت نگرانی۔ نگہبانی۔ گشت کر کے فصل کا اندراج۔ گشت کا علاقہ۔

گرد بالش اف۔ (اند) سوتے وقت رخساروں کے نیچے رکھنے کا ابیروں کا تکیہ۔

گردش اف۔ (امو) حاصلمصدر از گردیدن۔ چکر۔ دور۔ پھیر۔ حرکت۔ انقلاب تغیر۔ تبدیلی۔ بدنصیبی۔ بداقبالی۔ آفت۔ سختی۔ مصیبت

گردش افلاک/ایام/بخت اف۔ (امو) دنوں کی گردش۔ بدنصیبی۔

گردش پڑنا (اُر محاورہ) افتاد پڑنا۔ مصیبت پڑنا۔

گردش دوراں اف۔ (امو) زمانے کا چکر۔

گردش کرنا (اُر۔ محاورہ) گھومنا پھرنا۔ چکر کھانا۔

گردش لیل و نہار (رفع۔ امو) دن رات کا چکر آفت۔ مصیبت۔

گردش میں آنا (محاورہ) مصیبت یا تباہی میں پھنسنا۔ بلا کے چکر میں آنا۔

گردن اف۔ (امو) تاڑ۔ گلا۔ گلو۔ صراحی کے اوپر کا حصہ۔

گردن اُٹھانا (اُر محاورہ) سر اُٹھا کر دیکھنا۔ گردن بلند کرنا۔

گردن اُڑا دینا (اُر محاورہ) قتل کرنا۔ گردن کاٹنا۔ سر قلم کرنا۔

گردن اکڑ جانا (اُر محاورہ) گردن تھک جانا۔ گردن کے پٹھوں کا سخت ہو جانا۔

گردن اینٹھی رہنا (اُر۔ محاورہ) اکڑا اور کھنچا رہنا۔ خفا رہنا۔ خفا رہنا ناراض رہنا۔

گردن پر احسان ہونا (اُر محاورہ) بار احسان سے سر جھکانا۔

گردن پر بوجھ لینا (اُر محاورہ) اپنے سر ذمہ داری لینا۔ ممنون احسان ہونا۔

گردن پر بوجھ ہونا (اُر فعل) احسان میں دبنا۔ بُرائی ذمہ رہنا۔ عذاب سر پہ ہونا۔ گرانبار رہنا۔

گردن پر جُوا رکھنا (اُر۔ محاورہ) کسی بھاری کام کا ذمہ لینا۔ بوجھ اُٹھانا۔ تابعداری کرنا۔ اطاعت کرنا۔ جورو والا بنانا۔ متاہل کرنا۔

گردن پر چھری پھیرنا (اُر محاورہ) ذبح کرنا۔ کنایۃً صریح ظلم کرنا۔

گردن پر چھری چلنا (ارمحاورہ) ذبح کیا جانا۔ ظلم ہونا۔ حق تلفی ہونا۔

گردن پر حق رہنا (اُر محاورہ) کسی کے ذمہ کسی کا حق رہنا۔

گردن پر حق ہونا (اُر محاورہ) کسی کے ذمہ قرض ہونا۔

گردن پر خنجر چلانا (اُر محاورہ) بہت ظلم کرنا۔

گردن پر خون ہونا (اُر۔ محاورہ) کسی کے قتل یا عذاب یا گناہ سر پر ہونا۔ خون کا مجرم ہونا۔ بے گناہ قتل کرنا۔

گردن پر سوار ہونا (اُر۔ محاورہ) کسی کی گردن پر بیٹھنا۔ سر ہونا۔ سخت تقاضا کرنا۔ مجبور کرنا۔ تنگ کرنا۔ ڈرانا۔ دھمکانا۔ پیچھے پڑا رہنا۔

گردن پھنسانا (اُر۔ محاورہ) گردن کو پھندے میں ڈالنا۔ اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنا۔ ضامن ہونا۔ ذمہ داری لینا۔

گردن پھیرنا (اُر۔ محاورہ) سرکشی کرنا۔ حکم نہ ماننا۔ باغی ہونا۔ انکار کرنا۔

گردن توڑنا (اُر محاورہ) گردن کی ہڈی شکستہ کر دینا۔ مارنا۔ سزا دینا۔

گردن ٹوٹ جانا (اُر محاورہ) گردن کی ہڈی کا شکستہ ہونا۔ تباہ ہونا۔

گردن جھکا کر چلنا (اُر محاورہ) نیچی گردن کر کے چلنا۔ انکساری کرنا۔

گردن جھکانا (اُر۔ محاورہ) گردن نیچے کرنا۔ بوجھ سے گردن خم کرنا۔ ادب سے سلام کرنا۔ تسلیم بجالانا۔ تابعداری کرنا۔ اطاعت کرنا۔ نادم ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ ممنون ہونا۔ احسانمند ہونا۔ عاجزی کرنا۔ زیر بار احسان ہونا۔ مرہون منت ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ مطیع ہونا۔ عاجزی کرنا۔

گردن جھکانا (اُر محاورہ) کسی کے ہاتھ سے اپنی گردن رہا کرانا۔ آزاد ہونا۔ مصیبت سے رہائی دلانا۔

گردن خم کرنا (اُر محاورہ) گردن جھکانا۔ اطاعت کرنا۔

گردن خم ہونا (اُر محاورہ) گردن جھکنا۔

گردن دبانا (اُر۔محاورہ) مغلوب کرنا۔ قابو کرنا۔
گردن دبی ہونا (اُر۔محاورہ) ممنونِ احسان ہونا۔ مرہونِ منت ہونا۔
گردن ڈالنا (اُر۔محاورہ) عاجزی یا مجبوری سے گردن نیچی کرنا۔
گردن ڈھلنا یا ڈھلکنا (اُر۔محاورہ) گردن ٹوٹ جانا۔ منکا ڈھیلا پڑ جانا۔ مرنے کے قریب ہونا۔
گردن زدنی (ف۔ا۔صفت۔ بیائے قابلیت) قتل کرنے کے لائق۔ کشتنی واجب القتل۔
گردن سے جُوا اُتارنا (اُر۔محاورہ) فرمانبرداری اور اطاعت سے نکلنا۔ آزاد ہونا۔
گردن کا ڈورا (رُ۔اند) بدنظری کے خیال سے گلے میں پہننے کا کالا ڈورا۔ ایک خاص معشوقانہ انداز سے گردن کی لچک۔
گردن کا منکا (رُ۔اند) پیٹھ کی وہ بڑی ہڈی جہاں سے گردن شروع ہوتی ہے۔
گردن کا منکا ڈھلتا یا ڈھلکنا (اُر۔محاورہ) گردن کی پچھلی ہڈی کا لٹک جانا۔ مرنے لگنا۔
گردن کٹنا (اُر۔محاورہ) قتل ہونا۔ مارا جانا۔ گلا کٹنا۔ حلال ہو جانا۔ زبردستی مال لیا جانا۔
گردن کشی (ف۔ا۔مو۔بیائے مصدری) بغاوت۔ نافرمانی۔ غرور۔ گھمنڈ۔ سرکشی۔ سرتابی۔ شرارت۔
گردن مارنا (اُر۔محاورہ) قتل کرنا۔ ہلاک کرنا۔ مار ڈالنا۔
گردن مارو کہ یہاں ہیں مُنہ ڈالو (اُر۔مثل) نقصان کر کے چاپلوسی کرو۔ مقدس بن کر لوگوں کو ٹھگو۔
گردن مروڑنا (اُر۔محاورہ) گردن توڑنا۔ گلا گھونٹنا۔ بے ذبح کسی جانور کو گلا دبا کر مار ڈالنا۔
گردن میں ہاتھ دے کر نکالنا (اُر) کسی کو نہایت ذلت اور زبردستی سے مجلس یا مکان سے باہر کرنا۔ گردن پکڑ کر نکال دینا۔
گردن میں سریج ڈالنا (اُر۔محاورہ) پر ہنر گار بننا۔
گردن میں ہاتھ ڈالنا (اُر۔محاورہ) ہم آغوش ہونا۔
گردن ناپنا (اُر۔محاورہ) گردن اُڑانا۔ قتل کر ڈالنا۔ مار ڈالنا۔
گردن نہ اٹھانا (اُر۔محاورہ) دم نہ مارنا۔ اُف نہ کرنا۔ شرم سے آنکھ سامنے نہ کرنا۔ انکار نہ کرنا۔ عُذر نہ کرنا۔
گردن وہاں مارے جہاں پانی نہ ملے (اُر۔مثل) بہت بُرے آدمی کو کہتے ہیں۔
گردن ہلانا (اُر۔فعل) انکار کرنا۔ مُکرنا۔ اقرار کرنا منکر ہونا۔
گردن ہلنے لگنا (اُر۔فعل) نہایت بوڑھا ہو جانا۔ کمزوری سے گردن کانپنا۔
گردنا (رُ۔اند) دھول۔ دھپا۔ سیلی۔ قفا اور موٹی اور تیار گردن۔ فربہ گردن بکری کی گردن کا گوشت۔
گردنی (ف۔اند) گھوڑے کی گردن پر ڈالنے کا کپڑا۔ بالاپوش اسپ۔ کشتی کے داؤ کا نام۔ گلے میں ڈالنے کا چاندی یا ردھیا۔ سیلی۔ کالس۔ کنٹھی۔
گردُوں (ف۔اند) پھرنے والا۔ مجازاً آسمان۔ فلک۔ اکاش۔ چرخ۔ گاڑی چھکڑا۔ ارتھ۔ بہلی۔ چرخا۔ ہیتیہ۔
گردُوں پناہ (اُر۔صفت) وہ جو آسمان کی حفاظت میں ہو۔ بادشاہوں کی صفت میں استعمال ہوتا ہے۔
گردُوں تمکیں (ف۔صفت) عزت یا طاقت میں آسمان کے برابر۔
گردُوں سریر (ف۔صفت) بادشاہوں کی صفت۔
گردُوں کا چکر تھمانا (اُر۔محاورہ) انقلاب زمانہ ہونا۔
گردُوں کی سریع پہن کر بلی حج کو چلی (اُر۔مثل) ظالم کی پارسائی سے بھی ظلم کا اظہار ہوتا ہے۔
گردہ (ف۔اند) بھاتے نسبتی) حلقہ۔ گھیرا۔ دائرہ۔ کنڈلی۔
گُردہ (ف۔اند) جانداروں کے اندرونی عضو کا نام جس میں پیشاب چھنتا ہے مجازاً جرأت۔ حوصلہ۔ دلیری۔ بہادری۔ ایک قسم کی چھوٹی سی توپ۔

گُردہ

گُردہ ہونا (اُر۔محاورہ) حوصلہ ہونا۔ دلیری ہونا۔ جرأت ہونا۔
گرڑ (س۔اند) گدھ۔ پنجاب میں بیل کنٹھ کو کہتے ہیں۔ دشنوجی کی سواری۔
گرڑ پران (ہ۔اند) ہندوؤں کے چھٹے پران کا نام ہے۔
گُرز (ف۔اند) سر پر مارنے کے ایک لوہے کے ہتھیار کا نام ہے۔ گدا۔ عمود۔
گُرز بردار (ف۔اند) گرز اُٹھانے والا پہلوان۔ بہادر۔
گُرز مار (رُ۔اند) گرز رکھنے والے مسلمان فقیروں کا ایک گروہ۔
گرس (انگ۔اند) بارہ درجن چیزیں ۱۴۴ چیزوں کا بنڈل۔ گروس کا بگاڑ۔
گرسل (ہ۔امو) مینا کی ایک قسم کا ایک چھوٹا سا زرد چونچ والا جانور۔ Gross
گرسنگی (ف۔امو۔بیائے مصدری) بھوک۔ کھدیا۔ اشتہا۔
گرسنہ (ف۔ا۔صفت) بھوکا۔ کھدیا والا۔
گرسنہ چشم (ف۔صفت) بخیل۔ کنجوس۔ کمینہ۔ حریص۔ قحط زدہ۔ فقیر۔ گدا۔
گرسنہ چشمی (ف۔امو) کنجوسی۔ بخیلی۔ کمینہ پن۔ حرص۔ گدائی۔
گرفت (ف۔امو) گرفتن سے حاصل مصدر۔ پکڑ۔ قبضہ۔ دستہ۔ پکڑنے کی جگہ۔ اعتراض۔ مزاحمت۔ مطالبہ۔
گرفت کرنا (اُر۔محاورہ) پکڑنا۔ اعتراض کرنا۔ تھامنا۔ مزاحمت کرنا۔
گرفت میں آنا (اُر۔محاورہ) چنگل میں آنا۔ پکڑا جانا۔ قابو میں آنا۔
گرفتار (ف۔ا۔صفت) پکڑا ہوا۔ قیدی۔ اسیر۔ پھنسا ہوا۔ مبتلا۔ عاشق۔ دلدادہ۔
گرفتار کرنا (محاورہ) پکڑنا۔ باندھ لینا۔ اسیر کرنا۔ قید کرنا۔ شکیں باندھنا۔
گرفتار ہونا (اُر۔محاورہ) پکڑا جانا پھنسنا۔ مبتلا ہونا۔ عاشق ہونا۔
گرفتاری (ف۔امو۔بیائے مصدری) پکڑ۔ قید۔ نظربندی۔ جنجال۔ الجھاؤ۔
گرفتگی (ف۔امو۔بیائے مصدری) پکڑ۔ رکاوٹ۔ تسلاہٹ۔ توتلاپن۔
گرفتگی آواز (ف۔امو) آواز پڑنا۔ گلا پڑنا۔ آواز کا بیٹھ جانا۔
گرفتگی شکم (ف۔امو) قبض۔
گرفتہ (ف۔ا۔صفت مفعولی) پکڑا ہوا۔
گرفتہ خاطر/دل (ف۔صفت) رنجیدہ۔ خاطر۔ ملول۔ ناخوش۔

گرگ (ف۔ امذ) بھیڑیا ایک مشہور درندہ ہے۔

گرگ باراں اف۔ اصفت بجربہ کار دلیر۔ خرانٹ۔ آزمودہ کار۔

گرگ آشتی (ف۔ امو) جھوٹی صلح۔ ظاہری صلح۔

گرگ آشنائی (ف۔ امو) ظاہری دوستی۔ باطن میں دشمنی۔

گرگ کہن (ف۔ اصفت) پرانا بھیڑیا مجازاً نہایت تجربہ کار۔ بڑا مکار۔ خرانٹ۔

گرگا (ہ۔ امذ) چھوکرا۔ شاگرد۔ چیلا۔ ادنےٰ نوکر۔ ملازم۔ بدکار۔ بدوضع نہایت شریر۔ پرلے درجہ کا شیطان۔

گرگابی (ف۔ امو) ایک قسم کا انگریزی جوتا۔ جوتا جو صرف پنجے تک ہوتا ہے

گرگٹ (ہ۔ امذ) کرلا۔ ایک قسم بڑی چھپکلی۔

گرگٹ کے سے رنگ بدلنا (ہ۔ محاورہ) ایک حالت پر نہ رہنا۔

گرگٹ کی طرح رنگ بدلنا نہایت تغیر و تبدل ہونا۔ رنگ متغیر ہونا۔ غصے کے مارے لال پیلا ہونا۔

گرگٹ کی دوڑ ہوڑے تک (اُر مثل) (بٹوڑا گندگی کے ڈھیر کرکتے ہیں۔ ہر شخص اپنی مزدلی پر بھروسا کرتا ہے۔ ہر شخص اپنے ٹھکانے پر جا کر پناہ گزیں ہوتا ہے۔

گرگئے دانت آم کھانے سے (اُر مثل) تعجب اور نداقِ عقل بات کی بابت کہا کرتے ہیں یعنی اپنے نازک کہ آم جیسی نرم چیز کھانے سے دانت اکھڑ گئے۔

گرل سکول (انگ۔ امذ) ظرف۔ لڑکیوں کا مدرسہ۔ Girls School

گرم (ف۔ صف) تتا۔ جلتا ہوا۔ حار۔ تیز رفتار۔ میل جول رکھنے والا۔ تیز۔ مستعد۔ تند۔ خفا۔ ناراض۔ لال۔ دہکتا ہوا۔ چالاک شوخ۔ عیار۔ چلبلا۔

گرم آبہ/گرم ابہ (ف۔ امذ) گرم حمام۔

گرم اختلاطی (ف۔ امو) گہری دوستی۔ تپاک۔ ترکِ محبت۔ بہت بے تکلفی۔

گرم بازاری (ف۔ امو) خوب بکری۔ بڑی گاہکی۔ رونق۔ بازار۔ لین دین کی زیادتی اور کثرت۔

گرم بولنا (اُر محاورہ) تیز ہونا۔ تندی سے جواب دینا۔ بدمزاجی سے پیش آنا۔

گرم جوشی (ف۔ امو۔ مصدری) جوش۔ شوق۔ سرگرمی۔ تپاک۔ محبت۔ اختلاط کوشش۔ سعی۔

گرم خبر (اُر۔ امو) تیز افواہ۔ عام شہرت۔ دھوم۔ عام خبر۔

گرم سرد (ف۔ اصفت) تتا ٹھنڈا۔ شیر گرم۔ بُرا بھلا۔ بد و نیک۔

گرم سرد اُٹھانا یا سہنا (اُر۔ محاورہ) ہر قسم کا وقت دیکھنا۔ بُرا بھلا سہنا۔ ہر قسم کی باتیں سہنا۔ زمانہ کی مصیبتیں برداشت کرنا۔ تجربہ حاصل کرنا۔

گرم سیر (ف۔ اصفت) گرم ملک وہ ولایت جس کی آب و ہوا گرم ہو۔

گرم کپڑے (اُر۔ امذ) روئی دار یا اونی کپڑے۔ جاڑے کی پوشاک۔

گرم کرنا (اُر۔ محاورہ) تتا کرنا۔ جوش دینا۔ آگ لگانا۔ غصہ دلانا۔ دوڑانا۔ تیز کرنا۔

گرم کھاؤ (اُر محاورہ) ابھی لو۔

گرم مزاج (ف۔ اصفت) فاعلی تند خو۔ غصیل۔ تیز مزاج۔

گرم مزاجی (ف۔ امو۔ بیانیہ مصدری) تند خوئی۔ بدمزاجی۔

گرم مسالہ (اُر۔ امذ) سالن کو خوشبودار اور چٹ پٹا بنانے کے لئے مصالحے یعنی زیرہ۔ مرچ سیاہ۔ لونگ۔ الائچی۔ اور دار چینی۔

گرم ملنا (اُر محاورہ) چلتے چلتے ملنا۔ رواداری کی ملاقات کرنا۔ تپاک سے ملنا۔

گرم و سرد اُٹھانا/دیکھنا/سہنا (اُر۔ محاورہ) بُرا بھلا وقت دیکھنا۔ مصیبت سہنا۔ تجربہ کار ہونا۔

گرم و سرد زمانہ چشیدہ (ف۔ صفت) تجربہ کار معمر جس نے رنج و راحت اُٹھایا ہو۔

گرم ہونا (اُر۔ محاورہ) تتا ہونا۔ تپنا۔ جلنا۔ خوش ہونا۔ اُبلنا۔ جوش میں آنا۔ خفا ہونا۔ تیز ہونا۔ یار و رفیق ہونا۔

گرما (ف۔ امذ) گرمی کا موسم۔ تابستان۔

گرمابہ (ف۔ امذ) حمام۔ نہانے کا گرم مکان۔

گرما جانا (اُر محاورہ) گرم ہو جانا۔ ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ غصے میں آنا۔ شتاب ہونا۔

گرما گرم (ف۔ صفت۔ بالف الوصال) تتا تتا۔ جلتا ہوا۔ تیز۔ شوخ۔ چلبلا شریر۔ چرب زبان۔ تیز طبع۔ تڑاق پڑاق۔ فوراً پُرجوش۔ تازہ بتازہ۔ (بحالت تابع فعل) فوراً فی البدیہہ۔ تڑاق پڑاق۔

گرمانا (اُر۔ فعل) جلنا۔ خفا ہونا۔ تتا ہونا۔ آگ بگولہ ہونا۔ تیز ہونا۔ ستانا۔ گرم رفتار ہونا۔ لازم اور متعدی دونوں معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

گرمائی (اُر۔ امو۔ بیانیہ مصدری) گرمی۔ تپش۔ گرم دوائی۔

گرمی (ف۔ امو۔ بیانیہ مصدری) تپش۔ حرارت۔ جلن۔ سوزش۔ موسم گرما۔ تابستان۔ اختلاط۔ میل جول۔ تپاک۔ ہمدردی۔ شوخی۔ چلبلا پن۔ گرم بازاری۔ رونق۔ تندی۔ تیزی۔ جوش۔ ولولہ۔ محبت۔ اُلفت۔ شہوت نفسانی۔ جوانی۔ امنگ۔ پسینہ۔ عرق۔ گرمی دانہ۔ آتشک۔ سوزاک کی بیماری۔

گرمی دانے (اُر۔ امذ) چھوٹے چھوٹے دانے جو گرمی کے دنوں میں بدن پر نکل آتے ہیں۔ (پنجابی) بت۔

گرمی کے دن (اُر۔ امذ) گرمی کا موسم۔

گرمی کے رنگ (اُر۔ امذ) ایسے ہلکے رنگ جنکا گرمی میں رواج ہو۔

گرمی کے کپڑے (اُر۔ امذ) وہ ٹھنڈا لباس جو اکثر گرمی کے دنوں پہنتے ہیں۔

گرمی مضمون (ف۔ امو) مضمون کی شوخی۔

گرمی نکالنا (اُر۔ محاورہ) حرارت دفع کرنا۔ غصہ نکالنا۔ مار پیٹ کرنا۔ جماع کرنا۔ بھوک بلاس کرنا۔

گرمی نکلنا (اُر محاورہ) صفراوی امراض کا حملہ ہونا۔ آتشک ہونا۔

گرمی ہونا (اُر۔ محاورہ) موسم گرما آجانا۔ گرمی پڑنا۔ آتشک کی بیماری ہونا۔ آگ پھکنا۔ تہازت ہونا۔

گرمیاں (اُر۔ امو) گرمی کی جمع۔ میل جول۔ تپاک۔ موسم گرما۔ خفگیاں۔ ناراضگیاں۔

گرمیاں آنا (اُر محاورہ) گرمی کے موسم کا آنا۔

گرمیاں جتانا (اُر محاورہ) نمائشی اختلاط کرنا۔

گرمیاں کرنا (اُر محاورہ) شوخی کرنا۔ نازنخرے کرنا۔ مذاق کرنا۔ محبت جتانا۔

گرنا (ہ۔ فعل) اُوپر سے نیچے آپڑنا۔ پھل وغیرہ کا جھڑنا۔ پھسلنا۔ گر کر کنا منہدم ہونا۔ نزلے وغیرہ کا اترنا۔ ٹپکنا۔ ڈھلکنا۔ نہایت مائل ہونا۔ لاحق کرنا۔ شکست کھانا۔ ہارنا۔ بیمار پڑنا۔ قدر نہ رہنا۔ بر سنا۔ پانی پڑنا۔ بھاؤ کم ہونا۔ نرخ گھٹنا۔ ہجوم کرنا۔ کثرت سے خریداری کرنا۔ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔

گرنتھ (س۔ امذ) مذہبی کتاب بنسا ستر عام کتاب پرتھی۔ سکھوں کی وہ مقدس کتاب

گرگنڈ جسے گرونا بھی صاحب نے تصنیف فرمایا ہے۔

گرگنڈ (ہ۔ اند) مٹی کا مٹی کا بنا ہوا گھیرا جس میں آٹا گرتا اور جمع ہوتا ہے۔

گرو (س۔ ا۔ مذ) مرشد۔ پیر۔ ہادی۔ اُستاد۔ معلم۔ آتالیق۔ بزرگ۔ کامل فن بشر۔ مفسد۔ شہدا۔ ہشیار۔ خرانٹ۔ جگت اُستاد۔ رشی منی۔

گرو بڑا کہ چیلا (اُ۔ مثل) ایک سے ایک بڑھ کر۔

گرو گنتھال (ہ۔ اند) سب کا پیر۔ سب کا اُستاد۔ بدمعاشوں کا سرغنہ۔ نہایت چالاک۔

گرو گنتھال ہے (اُ۔ محاورہ) مفسد ہے۔ شرارت میں سب کا اُستاد ہے۔

گرو گڑ ہی رہے چیلے شکر ہو گئے (ہ۔ فعل) شاگرد کے اُستاد سے بڑھ جانے کے موقعہ پر بولتے ہیں۔

گرو (ف۔ اند) رہن۔ گہن۔ گروی۔

گرو نامہ (ف۔ مذ) رہن نامہ۔ گہن رکھنے کے تمسک۔

گرور (ہ۔ اند) پہاڑ۔ پربت کوہ۔

گروہ (ف۔ اند۔ بواو مجہول) ٹولی۔ جماعت۔ طائفہ۔ جتھا۔ پرا۔ غول۔ جھنڈ۔ ہنس۔ قسم۔ ذات۔

گروی (ف۔ امو) رہن۔ بندھک۔ گہنے۔ دھرور۔ مرہونہ چیز۔

گروی پتر (ہ۔ اند) رہن نامہ۔

گروی دھرنا یا رکھنا (اُ۔ محاورہ) رہن رکھنا۔

گروی سے چھڑانا (اُ۔ محاورہ) گروی چیز کو رقم ادا کر کے واپس لینا۔ فک الرہن۔

گروی کا ٹھٹھا کرنا (اُ۔ محاورہ) قرض۔ دام۔ لینا۔

گرویدہ (ف۔ اصفت۔ بترکیب مفعولی) فریفتہ۔ عاشق۔ دل دادہ۔ سپردہ۔ مرید۔ پیرو۔ مطیع۔

گرہ (ف۔ امو) گانٹھ۔ گچھٹی۔ بندھن۔ عقدہ۔ جیب۔ پاکٹ۔ کلیسہ۔ تین انگل کی چوڑائی۔ گز کا سولھواں حصہ۔ جوڑ۔ بند۔ کدورت۔ رنج و ملال۔ دقت۔ دشواری۔ مشکل۔ گٹھلی۔ گلٹی۔ غدود۔ گنے کی پوری کی حد ہلدی وغیرہ کی گنٹھی۔ بند کے آخر کا شعر۔ ٹیپ کا شعر۔

گرہ باز (ف۔ صف) ایک قسم کا کبوتر جو پرواز میں قلابازیاں کھاتے۔

گرہ باندھنا (اُ۔ محاورہ) یاد رکھنا۔ یادداشت کے لیے کسی کپڑے میں گانٹھ لگا لینا۔ پلے باندھنا کسی چیز کو سنبھال کے رکھنا۔ بھولنا نہ لگنے دینا۔

گرہ پڑ جانا (اُ۔ محاورہ) گچھٹی پڑنا۔ اُلجھنا۔ دل میں بل پڑنا۔ عداوت ہونا۔ دشمنی ہونا۔

گرہ ٹٹولنا (اُ۔ محاورہ) مال و دولت کی طلب ظاہر کرنا۔ دوسرے کا مال لینے کی کوشش کرنا۔

گرہ دار (ف۔ صفت۔ فاعلی) گنجلیدا۔ بہت سی گانٹھوں والا۔

گرہ دینا (اُ۔ محاورہ) گانٹھ لگانا۔ یاد رکھنا۔

گرہ ڈالنا (اُ۔ محاورہ) گتھی ڈالنا۔

گرہ کاٹنا (اُ۔ محاورہ) جیب کاٹنا۔ کسی کی جیب سے مال چرانا۔

گرہ سے جانا۔ یا گرہ کا جانا (اُ۔ محاورہ) جیب سے خرچ ہونا۔ ذاتی نقصان ہونا۔

گرہ کا دریجے سپرد ضامن نہ ہو جیے (اُ۔ مثل) کسی کی ضمانت نہیں دینی چاہیے۔ بلکہ اس سے بہتر ہے کہ اپنی جیب سے نقد روپیہ دیدے۔

گرہ کا کھول لینا (اُ۔ محاورہ) کسی سے کچھ چھین لینا۔

گرہ کا کھونا (اُ۔ محاورہ) اپنا نقصان کرنا۔

گرہ کا کیا جاتا ہے (اُ۔ محاورہ) کسی کا کیا گیا۔

گرہ کھلنا (اُ۔ فعل) مشکل حل ہونا۔ عقدہ کھلنا۔ جیب کا کترا جانا۔ ذاتی نقصان ہونا۔

گرہ کھولنا (اُ۔ محاورہ) مشکل حل کرنا۔ عقدہ اداکرنا۔ رفع کدورت کرنا۔ ملال دور کرنا۔

گرہ گیر (ف۔ اصفت فاعل) بل کھائے ہوئے۔ پیچیدہ۔ مڑا ہوا۔

گرہ لگانا (اُ۔ محاورہ) ایک مصرعہ پر دوسرا مصرعہ لگانا۔ گانٹھ باندھنا۔ جوڑنا

گرہ میں باندھنا (اُ۔ محاورہ) قبضے میں رکھنا۔ یاد رکھنا۔

گرہ میں پیسہ ہونا (ہ۔ محاورہ) مالدار ہونا۔ پلے ہونا۔ پیسے والا ہونا۔ دولتمند ہونا

گرہ میں رکھنا (اُ۔ محاورہ) پاس کا موجودہ رکھنا

گرہ میں زر ہونا (اُ۔ محاورہ) مالدار ہونا۔ روپیہ پاس ہونا۔

گرہ میں کوڑی نہیں اور بازار کی سیر (اُ۔ مثل) مفلسی میں امیرانہ وضع اختیار کرنا۔

گرہ میں مال ہونا (اُ۔ محاورہ) مالدار ہونا۔ روپیہ پاس ہونا۔

گرہ نکلنا (اُ۔ محاورہ) گتھی سلجھنا۔ مشکل حل ہونا۔

گرہ ہونا (اُ۔ محاورہ) بند ہونا۔ مندنا۔ اٹکنا۔ پھنسنا۔

گرہ (س۔ اند) مکان۔ گھر۔ مسکن۔ گھر والی۔ استری۔

گرہ (س۔ اند) منحوس ستاروں کا مجمع ہونا۔ ہندی جوتش کے نو ستارے یعنی۔ سورج۔ چاند۔ منگل۔ بدھ۔ برہسپتی۔ شکر۔ سنیچر۔ راہو کیتو۔

گرہ آنا (ہ۔ محاورہ) نحوست آنا۔ اوبار آنا۔ برا ستارا آنا۔

گرہ پتر (س۔ اند) لگن کنڈلی۔ اچھے برے پھلوں کا زائچہ۔

گرہ دیکھنا (اُ۔ محاورہ) خم تیری دیکھنا۔

گرہستی (س۔ امو) عیال داری۔ قبیلداری۔ دُنیاداری۔ خانہ داری۔ امور معاشرت۔

گرہستن (ہ۔ امو) منکوحہ۔ بیوی۔ زوجہ۔ پردہ دار عورت۔ خاوند والی عورت۔ اشراف عورت۔ سگھڑ سلیقہ والی۔

گرہستی (ہ۔ اند) عیالدار۔ گھر باری۔ صاحب خانہ مرد۔ کسان۔ زمیندار۔ گھر کا اسباب۔ سامان خانہ۔ سورج پر چاند کا سایہ ہونا۔

گرہن (س۔ اند) پکڑ۔ گرفت چاند اور سورج کو راہو کے پکڑ لینے وقت۔ کسوف و خسوف۔ گہن۔

گرہن لگنا (ہ۔ فعل) داغ لگنا۔ عیب لگنا۔ کسوف یا خسوف کا واقع ہونا۔

گرہی (ہ۔ امو) ایک قسم کی چھوٹی ٹوپی۔

گری (ہ۔ امو) مغز جیسے بادام وغیرہ کی گری۔ ناریل کا مغز۔ کھویا۔ کھوپرا۔ گودا (ف۔ اند) گلا۔ گلو۔

گرے پڑنا (اُ۔ محاورہ) ٹوٹے پڑنا۔

گریاں (ف۔ اصفت۔ فاعلی) نالہ۔ روتا ہوا (ہ۔ امو) گری کا جمع۔

گریبان (ف۔ اند) گری یعنی گلو۔ یال۔ کلمہ۔ محافظت سے مرکب ہے۔ کپڑے کا وہ حصہ جو گلے کے گرداگرد اور نیچے رہتا ہے

گریبان پھٹنے ہونا (اُ۔ محاورہ) گریبان چاک چاک ہونا۔

گریبان پکڑنا۔ یا گریبان میں ہاتھ ڈالنا (اُ۔ محاورہ) گریبان پکڑ کر گھسیٹنا۔ گردن پکڑنا۔ تقاضا کرنا۔

گریبان پھاڑنا (اُر۔ محاورہ) گریبان کی دھجیاں اُڑانا۔ دیوانہ ہونا۔ غم اور الم میں کپڑے پھاڑنا۔ وحشت کے باعث کپڑے پھاڑ ڈالنا۔ پاگل ہو جانا۔
گریبان تار تار کرنا
گریبان چاک کرنا

گریبان پھٹنا (اُر۔ محاورہ) کپڑے پھاڑنا۔ دھجیاں اُڑانا۔

گریبان گیر ہونا۔ (اُ۔ محاورہ) دعویدار ہونا۔ دامن گیر ہونا۔ گریبان پکڑنا۔ مزاحم ہونا۔

گریبان میں منہ چھپانا (اُر۔ فعل) کسی سے شرمندہ ہونا۔ سامنے نہ ہونا۔ آنکھیں نیچے ہونا۔ نادم ہونا۔
گریبان میں سر ہونا

گریبان میں منہ ڈالنا (اُر۔ محاورہ) اپنا فعل دیکھ کر شرمندہ ہونا۔ نہایت شرمندہ اور خجل ہونا۔ اپنے قصور کا اقرار کرنا۔ شرم ندامت سے گردن جھکا لینا۔ سر جھکانا۔ مراقبہ کرنا۔ گردن جھکا کر غور کرنا۔
گریبان میں منہ دیکر دیکھنا

گریبان میں منہ ڈالنا (اُر۔ محاورہ) نہایت شرمندہ ہونا۔ اپنے عیب کا اعتراف کرنا

گریبان میں ہاتھ ڈالنا (اُر۔ محاورہ) کسی کا گریبان پکڑنا۔ کسی چیز کا تقاضا کرنا۔

گریبان نکلنا (اُر۔ محاورہ) گریبان پھٹنا۔



گریپ فروٹ (Grape Fruit انگ ۱۔ مذ) ایک ترش دار پھل کا نام

گریٹ (Great انگ۔ صفت) بڑا۔ عظیم۔ بہت بڑا۔

گریجوایٹ (انگ۔ مذ) بی اے کے درجہ کی سند یافتہ۔ ڈگری یافتہ۔ درجہ دار۔ Graduate

گریڈ (انگ۔ مذ) درجہ۔ مرتبہ۔ Grade

گریز (ف۔ امو) حاصل مصدر از گریختن۔ بھاگنا۔ بھاگ۔ شکست علیحدگی۔ پرہیز۔ ایک مضمون سے دوسرے مضمون کی طرف واپسی۔

گریز کرنا (ف۔ فعل) بھاگنا۔ پرہیز کرنا۔ متنفر رہنا۔

گریزاں (ف۔ اسمفت فاعلی) بھاگنے والا۔ متنفر۔

گریس (Grease۔ انگ۔ ۱۔ امو) چربی۔ چکنائی۔ روغن۔ بیماری کا نام جو گھوڑے کے پاؤں میں ہوتی ہے۔

گریک (انگ۔ مذ) یونان کا باشندہ یونانی۔ Greek

گریمر (انگ۔ امو) علم صرف و نحو۔ صرف و نحو کی کتاب۔ Grammar

گریہ (ف۔ مذ) گریستن کا حاصل مصدر۔ رونا۔ زاری۔

گریہ شادی (ف۔ مذ) خوشی کی حالت میں رونا۔ خوشی کے آنسو۔

گریہ شبنم (ف۔ مذ) اوس۔

گریہ شمع (ف۔ مذ) موم کے قطرے جو موم بتی سے جلتے وقت گرتے ہیں۔

گریہ شیشہ (ف۔ مذ) شراب کا صراحی سے جام میں گرنا۔

گریہ کرنا (اُر۔ مصدر مرکب) رونا پیٹنا۔ واویلا کرنا۔

گریہ کناں (ف۔ فاعل ترکیبی) روتا پیٹتا۔ نالاں۔ گریاں۔ آہ زاری کناں۔

گریہ وزاری (ف۔ امو) گریستن کا حاصل مصدر۔ رونا دھونا۔ رونا پیٹنا۔ واویلا۔ کہرام۔ آہ نالہ۔ فریاد۔ دہائی۔ پٹیک پیٹنا۔

گ - ڑ

گڑ (ہ۔ مذ) گنے کا رس جس کی بھلیاں بناتے ہیں۔ قند سیاہ (بحالت صفتی) میٹھا شیریں۔

گڑانبہ (ہ۔ مذ) گڑ اور آم کی کیریوں کا بنا ہوا حریرہ۔

گڑ بھیرا ہنسیا نہ نگلے بن پڑتی ہے نہ اُگلے (ہ۔ مثل) اس طرح مشکل ہے۔ نہ کر سکتے ہیں نہ چھوڑ سکتے ہیں۔

گڑ چھال (اُر۔ مذ) گڑ اور شراب کی بنی ہوئی شراب۔

گڑ دھانی (ہ۔ امو) گرم بھنے ہوئے دھانوں یا گیہوں میں گڑ ملا کر لڈو سے بنے ہوتے۔ ایک قسم کی مٹھائی۔

گڑ دیتے جو مرے تو زہر کیوں دیجئے (ہ۔ محاورہ) اگر کام نرمی سے نکلے تو سختی کی کیا ضرورت۔ جو کام آسانی سے ہو سکتا ہے اُسے دقت میں کیوں ڈالے۔

گڑ کلیاں میں پھوٹنا (ہ۔ محاورہ) خفیہ مشورہ ہونا۔ کسی ایسی بات کا پوشیدہ طور پر کرنا جو ظاہر ہونے والی ہے۔

گڑ کھانا اور گلگلوں سے پرہیز کرنا (ہ۔ محاورہ) تھوڑی سی بدنامی سے بچنا اور بڑی کی پرواہ نہ کرنا۔

گڑ کھائے گا تو اندھیرے میں آئیگا (ہ۔ مثل) نفع کی اُمید پر تکلیف بھی اُٹھانے گا۔

گڑ کی جوتی (اُ۔ مثل) اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب کسی چیز کے نایاب ہونے پر غریب لوگ تو اس کے لئے ترسیں۔ اور امیر لوگ اسے خوب استعمال میں لائیں۔

گڑ لینا (اُر۔ محاورہ) بوسہ لینا۔

گڑ نہ دے تو گڑ سی بات تو کہے (ہ۔ محاورہ) کوئی اچھا کام اگر نہ کر سکے تو کلام اور گفتگو تو نرمی سے کرو کہ دوسرا خوش تو رہے۔

گڑ ہوگا تو مکھیاں بہت آجائیں گی (ہ۔ محاورہ) دولت ہوگی تو حاجت مند اور غریب تیرے۔ دست بستہ آحاضر ہونگے۔

گڑا (اُر۔ صفت) گڑا ہوا۔ دبا ہوا۔ (ہ۔ مذ) بڑا پولا۔ ڈھیر۔ کھلیان (فعل گڑنا مصدر سے فعل ماضی مطلق)

گڑ بٹائی (ہ۔ امو) غلہ کی وہ تقسیم جو انبار لگا کر اندازتاً کی جائے۔

گڑا جانا (اُر۔ محاورہ) شرمندہ ہونا۔

گڑاکو (ہ۔ مذ) گڑ ملا تمباکو۔ بنا ہوا تمباکو۔

گڑا ہونا (اُر۔ محاورہ) دفن ہونا۔ دبا ہونا۔

گڑ بڑ (ف۔ امو) پیٹ کے بولنے کی آواز۔ بکھیڑا۔ افراتفری۔ جھمیلا۔ بدانتظامی۔ کھل بلی۔ گڈ بڈ۔ درہم برہم۔

گڑ بڑانا (اُر۔ مصدر) گھبرانا۔ پریشان ہونا۔

گڑ بڑ جھالا (اُر۔ اسم) بارش اور آندھی اور بدنظمی۔

گڑ بڑ مچانا (اُر۔ محاورہ) جھگڑا پھیلانا۔ بکھیڑا ڈالنا۔ گڈ بڈ کرنا۔ پیٹ بولنا۔

گڑپ (ہ۔ امو) صوت جلدی سے کسی طعام چیز کے پانی وغیرہ میں گھس جانے کی

آواز۔ غڑپ۔ جلد۔ جلد۔ جھٹ پٹ۔

گرٹ پنکھ (ہ۔ لند) بڑے بڑے پروں والا پرندہ۔ ڈھیلی پوشاک والا آدمی۔

گرٹ جانا (ہ۔ فعل) گڑ جانا۔ دھس جانا۔ دب جانا۔ دفن ہونا۔ نہایت شرم کے مارے سر جھکا لینا۔ بے حد نادم ہونا۔ قائم ہونا۔ نصب ہونا۔ جم جانا۔ اڑ جانا پاؤں کا گاڑ لینا۔

گرٹ دینا (اُر محاورہ) سر دینا۔

گرٹ گنج (ہ۔ لند) قلعہ کا وہ برج جس پر توپیں چڑھاتے ہیں۔

گرٹ گرٹ (ہ۔ امو) حقے یا صراحی کے بولنے کی آواز۔

گرٹ گرٹ (ہ۔ امو) صوت پیٹ کے بولنے کی آواز۔

گرٹ گرٹا (ہ۔ لند) ایک قسم کا بڑا حقہ۔

گرٹ گرٹانا (ہ۔ فعل) حقہ کا بولنا۔ گرجنا۔ کڑکنا

گرٹ گرٹانا (ہ۔ فعل) رونا۔ منت سماجت کرنا۔ عاجزی کرنا۔ التجا کرنا۔

گرٹ گرٹاہٹ (ہ۔ امو) حاصل مصدر از گرٹ گرٹانا۔ کڑک۔ حقے کے بولنے کی آواز۔

گرٹ گرٹی (ہ۔ امو) ایک خاص بناوٹ کا چھوٹا سا حقہ۔

گرٹ گودڑ (ہ۔ لند) پھٹے پرانے چیتھڑے۔ گودڑی۔ اس میں پہلا حرف مہمل ہے

گرٹنا (ہ۔ فعل) دینا۔ دفن ہونا۔ نصب ہونا۔ قائم ہونا۔ چبھنا۔ شرمندہ ہونا کھڑا ہونا۔

گرٹنت (ہ۔ امو) وہ صدقہ جس پر منتر پڑھ کر کسی کو تسخیر کرنے یا دشمن کو ہلاک کرنے کی غرض سے دفن کرتے ہیں۔

گرٹنگ (ہ۔ امو) سینی۔ ڈینگ۔ لاف۔ بڑائی۔

گرٹنگیا (ہ۔ اصفت فاعلی) شیخی خورا۔ ڈینگیا۔ لاف زن۔

گرٹوا (ہ۔ لند) پانی کا برتن۔ لوٹا۔ لٹیا۔ آبخورہ۔ آفتابہ۔ بن ٹونٹی کا لوٹا۔ سرسوں کے پھولوں کا گلدستہ۔

گرٹوانا (ہ۔ فعل) گاڑنا سے متعدی المتعدی ہے۔ دلوانا۔ دفن کرنا۔

گرٹوانے کا پان (اُر۔ لند) وہ پان جو ریت میں دبا کر سفید اور سپنہ کیا جاتا ہے

گرٹولنا / **گڈولنا** (ہ۔ امو) بچوں کو چلنا سکھانے کی گاڑی۔ گڈیلنا۔ (انگ) واکر۔

گرٹونا (ہ۔ فعل) گاڑنا۔ دھسانا گھسیڑنا۔ چھیدنا۔ سوراخ کرنا چبھونا۔

گرڈھ (ہ۔ لند) مدد۔ قلعہ۔ کوٹ۔ حصار

گرڈھ توڑنا (ہ۔ محاورہ) قلعہ فتح کرنا۔ کسی مشکل کام کو کر لینا۔ کوئی بڑا مشکل کام حل کر لینا۔

گرڈھ جیتنا (ہ۔ محاورہ) قلعہ فتح کرنا۔ کسی مصیبت یا مشکل سے نجات پانا۔ مہم فتح کرنا۔

گرڈھ کپتان (اُر۔ لند) قلعہ دار۔ قلعہ کا افسر۔ میر عمارت۔ قلعوں کی مرمت کرانے والا۔

گرڈھا (ہ۔ لند) کھنڈ کھالی۔ غار۔ جھیرا۔ گور۔ قبر۔ مجازاً پیٹ۔ شکم۔ بطن۔

گرڈھا بھرنا (ہ۔ فعل) گڑھے کو مٹی سے پُر کرنا۔ بڑی بھلی چیز سے پیٹ پُر کرنا۔ کسی یا گھاٹا پورا کرنا۔

گرڈھل (ہ۔ لند) ایک درخت اور اُس کے پھل کا نام۔

گرڈھی (ہ۔ امو) گڑھا کی تصغیر بالتحقیر ہے۔ بہت سی چھوٹی سی گڑھی۔ کوڑا کرکٹ

گرڈھیا (ہ۔ امو) گڑھی کی تصغیر بالتحقیر ہے۔ بہت چھوٹی سی گڑھی۔ کوڑا کرکٹ پڑنے کی جگہ۔ کوڑی۔ بہت بڑا نشیب۔ ڈلاؤ۔

گرڈھیا میں مُنہ ڈالو/رکھو (اُر۔ مثل) مذاق سے کہتے ہیں جب کسی کو کسی چیز کے دینے سے انکار کرنا مقصود ہو۔

گرڈھے بیٹھنا (ہ۔ محاورہ) گھات میں بیٹھنا۔ چھپ کر گھات لگانا۔

گرڈھے میں پڑنا (ہ۔ اند) ہلاد دعا۔ قبر میں جانے کے قابل۔ مرن جوگا۔ مرن ہار۔

گرڈیا (ہ۔ امو) لڑکیوں کے کھیلنے کی کپڑے کی بنی ہوئی پتلی۔

گرڈیا سنوار دینا (ہ۔ محاورہ) حسب مقدور لڑکی کی شادی کر دینا۔

گرڈیا کے بیاہ میں چنے کی بیل (ہ۔ محاورہ) حسب موقع خرچ۔ جیسا دیکھنا ویسا برتنا۔

گرڈیاں (ہ۔ امو) گرڈیا۔ کی جمع۔

گرڈیاں کھیلنا (ہ۔ محاورہ) لڑکیوں کا کپڑے کی پتلیوں سے کھیلنا۔ لڑکیوں کا کھیل کھیلنا۔ لڑکیوں کی سی باتیں کرنا۔

گرڈے کوئلے اُکھاڑنا / **گرڈے مُردے اُکھاڑنا** (ہ۔ محاورہ) بھولی دبائی بات کو چھیڑنا۔ پرانے قصے جگانا۔ مُردہ بزرگوں میں عیب نکالنا۔ عیب جوئی کرنا۔

گرڈیوں کا آلہ (ہ۔ لند) ظرف گرڈیاں رکھنے کا طاق۔ لعبت خانہ۔

گرڈیوں کا بیاہ (ہ۔ اسند) گڈے گرڈیا کی شادی۔ غریبانہ۔ بے دھوم دھام کی شادی۔

گرڈیوں کا کھیل (ہ۔ اسند) آسان بات۔ سہل کام۔

گرڈیوں کا میلہ (ہ۔ اسند) ہندوؤں کے ایک میلے کا نام ہے جو لکھنؤ میں ہوتا ہے۔

گ ۔ ز

گز (ف۔ لند) کپڑا وغیرہ ناپنے کا لکڑی یا لوہے وغیرہ کا آلہ۔ ۱۶ گرہ۔ ۲ ہاتھ۔ ۳۶ فٹ۔ ۳۲ انچ کا پیمانہ۔ بندوق میں پھیرنے کی سلاخ۔ بے پیکان تیر۔ جھاؤ کا درخت (اب میٹر کا پیمانہ رائج ہے۔)

گز الٰہی (ف۔ لند) اکبری گز جو ۴۱ انچ کا ہوتا ہے۔

گز بنا دیا (اُر۔ محاورہ) مارتے مارتے سیدھا کر دیا۔

گز بنتا/ ہونا (اُر۔ محاورہ) مارے مارے پھرنا۔

گز بھر (ہ۔ تابع۔ فعل) ایک گز۔ ایک گز کے برابر۔

گز بھر کا رکی (اُر۔صفت) بہت لمبا۔ بڑی چیز کے مقابلہ پر جیسے گز بھر کا آدمی۔

گز بھر کی زبان (اُر۔ امو) چو لڑکی بہت باتیں کرے اسکے متعلق کہتے ہیں۔

گز کر دیا (اُر۔محاورہ) سیدھا کر دیا۔ راستی پر لے آئے۔

گزارا / **گزارہ** (اُر۔ اسند) بسر اوقات۔ وجہ معیشت۔ سمائی۔ گنجائش۔ پہنچ رسائی۔ دخل۔ گزر۔

گزارا کرنا (اُر۔ محاورہ) بسر اوقات کرنا۔ دن کاٹنا۔ نباہنا۔ کام چلانا۔

گزارش رف۔ اسند) حاصل مصدر از گزاردن۔ ادا کرنا۔ مجازاً عرض۔ درخواست التجا۔ جواب۔ پاسخ۔ شرح۔ تفسیر۔ بیان۔ اظہار۔

گزارش کرنا (اُر۔ فعل) صورت حال بیان کرنا۔ عرض کرنا۔ خبر کرنا۔ گوش گزار کرنا۔ رپورٹ کرنا۔

گزارنا (اُر۔ فعل) بجالانا۔ تعمیل کرنا۔ ترک کرنا۔ چھوڑنا۔ مہلت دینا۔ بسر کرنا۔ کاٹنا۔ ضائع کرنا۔ کھونا۔ برباد کرنا۔ پیش کرنا۔ سامنے رکھنا۔

گزارہ (ف۔ اند) رستہ۔ راہ۔ گھاٹ۔ دریا سے اترنے کی جگہ۔ ناؤ یا گھاٹ کا کرایہ۔

گزارہ کرنا (اُر۔محاورہ) بسر اوقات کرنا۔ وقت کاٹنا۔ کفایت سے گزران کرنا۔

گزارے کا جھونپڑ (اُر۔ اسند) تنگی ترشی سے بسر اوقات کرنے کا مکان۔

گزارے کی شکل رصورت (اُر۔محاورہ) کمائی کی صورت نکلنا۔ نوکری کی تدبیر ہونا۔ فکر معاش ہونا۔

گزارے کی ناؤ (اُر۔ امو) وہ کشتی جس میں بیٹھ کر مسافر پار اتریں۔

گزاف (ف۔ امو) بیہودہ بات۔ بکواس۔ لاف کے ساتھ بمعنی شیخی ڈینگ۔

گزٹ (انگ۔ اسند) خبر کا کاغذ۔ اخبار وہ سرکاری اخبار جس میں گورنمنٹ کے ملازموں کے حکم احکام و سرکلرز و لیوشن وغیرہ کی خبریں درج ہوں۔ Gazette

گزٹ ہو جانا (اُر۔ فعل) کسی سرکاری حکم یا خبر کا چھپ کر مشہور ہو جانا گزٹ میں لکھا جانا۔

گزر (ف۔ اسند) رستہ۔ راہ۔ باٹ۔ سڑک۔ گھاٹ۔ پایاب مداخلت باریابی۔ آمد و رفت۔ رسائی۔ پہنچ۔ پناہ۔ گزران۔ اکرائی۔ مجبور۔ لانگنا۔

گزر بسر (ف۔ امو) بسر اوقات۔

گزر جانا (اُر۔ محاورہ) چلا جانا۔ بیت جانا۔ نکل جانا۔ مرجانا۔ فوت ہو جانا۔ وفات پانا۔

گزر کرنا (اُر۔ محاورہ) اتفاقاً جا نکلنا۔ دن کاٹنا۔ بسر اوقات کرنا۔ نباہنا انجام پر پہنچانا۔

گزرگاہ (ف۔اسند) ظرف۔ رستہ۔ راہ۔ سڑک۔ شارع عام۔ گھاٹ۔

گزرگاہ عام (ف۔ اند) شارع عام۔ عام راستہ۔ شاہراہ۔

گزرگئی گزران کیا جھونپڑی کیا میدان (اُر۔مثل) بڑھاپے اور پیری میں اچھا برا سب برابر ہیں

گزرنامہ (ف۔ اسند) داہداری کا پروانہ۔

گزر نہ ہونا (اُر۔محاورہ) گزارہ نہ ہونا۔

گزر نہیں (اُر۔محاورہ) چارہ نہیں۔

گزر ہونا (اُر۔محاورہ) کسی طرف جا نکلنا۔ اوقات بسر ہونا۔

گزر (ف۔ امو) گاجر۔ زردک۔ گذر۔

گزران (اُر۔امو) گزر اوقات۔ اوقات بسری۔

گزران کرنا (اُر۔ محاورہ) مصیبت بھوگنا۔ دن کاٹنا۔ تنگی ترشی میں بسر اوقات کرنا۔

گزرانا (اُر۔ فعل) دینا۔ پیش کرنا۔ عرض کرنا۔ بیان کرنا۔

گزرنا (اُر۔ فعل) بیٹھنا۔ مرنا۔ موت ہونا۔ چھوڑنا۔ پیش آنا۔ اتفاقاً کسی جگہ جا نکلنا۔ بسر ہونا۔ تباہ ہونا۔ چا نکلنا۔ رخصت ہونا۔ چلنا پار ہونا۔ مجبور کرنا۔

گزری (ف۔ امو) وہ بازار جو سر شام کسی سڑک پر لگتا ہے۔ گدڑی چوک بازار شام

گزری جو کچھ گزری (اُر۔محاورہ) سخت مصیبت پیش آئی۔ مصیبت قابل بیان نہیں۔

گزری سو دل پر گزری (اُر۔محاورہ) سارے صدمے دل پر ہی سہے زبان سے اُف تک نہ کی۔

گزری لگانا (اُر۔محاورہ) شام کے وقت عارضی طور پر کسی جگہ بازار لگانا۔

گزشت (ف۔ ماضی) گزشتن مصدر سے ماضی گزرا۔

گزشت آنچہ گزشت (ف۔ مثل) جو کچھ ہونا تھا ہو گیا۔ آئندہ احتیاط رکھنا۔ بڑا صدمہ ہوا جو ناقابل بیان ہے۔

گزشتنی (ف۔ اصفت۔ بیانیے قابلیت) گزرنے والا۔ فانی۔ مٹ جانیوالا۔

گزشتہ (ف۔ اصفت مفعولی) ماضی۔ بیتا ہوا۔ گزرا ہوا۔ پچھلا۔

گزشتہ را صلوٰۃ آیندہ را احتیاط (ف۔مثل) گزری ہوئی باتوں کا خیال نہ کرو۔ آئندہ کے لئے احتیاط کرو۔

گزک (ف۔ امو) نقل۔ نشہ کے بعد منہ کا مزا درست کرنے کی چیز۔ ایک مٹھائی۔ گجک۔ تل۔ شکری۔

گزک کرنا (اُر۔محاورہ) ناشتہ کرنا۔ نقل کرنا۔ چٹ جانا۔

گزک ہونا (اُر۔محاورہ) ناشتہ ہونا۔ نقل ہونا۔

گزند (ف۔ اسند) صدمہ۔ آفت۔ نقصان۔ رنج۔ دکھ۔ تکلیف۔ ایذا۔

گزند پہنچانا (اُر۔محاورہ) ضرر پہنچانا۔ صدمہ پہنچانا۔ نقصان پہنچانا۔

گزند پہنچنا (اُر۔محاورہ) ضرر پہنچنا۔ صدمہ پہنچنا۔ نقصان ہونا۔

گزند ہونا (اُر۔محاورہ) صدمہ ہونا۔ نقصان ہونا۔

گزندہ (ف۔ اصفت فاعلی) ڈسنے والا۔ کاٹنے والا۔ ڈنگ مارنے والا۔

گزی (لف۔اسند) ایک قسم کا کم قیمت موٹا سوتی کپڑا۔ دیسی گاڑھا۔ کھدر۔

گزی گاڑھا (لف۔اسند) موٹا جھوٹا کپڑا۔

گزی گاڑھا پہننا (اُر۔محاورہ) موٹا جھوٹا کپڑا پہن کر گزارہ کرنا۔

گزیٹڈ آفسر (انگ۔ا۔ Gazetted Officer) وہ افسر جس کا نام سرکاری گزٹ میں چھپے یہ درجہ دوم یا اس سے اعلیٰ افسر ہوتا ہے۔

گزیدہ (ف۔ صفت) چنا ہوا۔ برگزیدہ۔ اچھا۔

گزیدہ (ف۔ صفت) ڈسا ہوا۔ کاٹا ہوا۔

گزیر (ف۔ اسند) تدبیر۔ چارہ۔ علاج۔ آپائے۔

گ - س

گس پیپر (انگ - Guess Paper-ا) امتحان کا پرچہ جو قیاس سے تیار کیا جائے۔

گسائیں (ہ - اند) گوسائیں کا مخفف۔ گایوں کا مالک۔ مجازاً۔ سری کرشن جی۔ مالک سوامی۔ سنت۔ جوگی۔ سنیاسی۔ فقیر۔ زاہد۔ فقیروں اور جوگیوں کا لقب۔

گستاخ (ف - صفت) ڈھیٹ۔ بے ادب۔ بے شرم۔ بے حیا۔ شریر۔

گستاخ بنا دینا (اُ محاورہ) اسقدر آزادی دینا کہ وہ گستاخ ہو جائے

گستاخانہ (ف۔ تابع فعل) بے ادبوں کی طرح۔ بے باکانہ۔

گستاخی (ف۔ امو۔ بیائے مصدری) بے ادبی۔ بے حیائی۔ بے شرمی۔ ٹوخی۔ ڈھٹائی۔ تحقیر۔ بے عزتی۔ دنگا۔ شرارت۔

گستاخی معاف (فع محاورہ) خطا معاف جب کسی بڑے آدمی کی بات کو رد کرنا یا خلاف ادب و اخلاق گفتگو زبان پر لانی مقصود ہوتی ہے۔ تو پہلے یہ کلمہ معذرت کے طور پر زبان پر لاتے ہیں۔

گستاخ مگر (اُ۔ہ۔ صفت) مورکھ۔ بیوقوف۔ بے شعور۔ نادان۔ غیر مہذب ناشائستہ۔ جاہل۔

گستر (ف۔ صفت) پھیلانے والا۔ کسی چیز کی اقراط کرنے والا۔ مرکبات میں جیسے کرم گستر۔ سخن گستر۔

گسترہ (ف۔ صفت) وہ چیز جو لی جائے۔ پھیلایا ہوا۔

گسستہ (ف۔ صفت) ٹوٹا ہوا۔ شکستہ۔ رُکا ہوا

گسستہ عنان (ف۔ صفت) بے قید۔ کھلا۔ آزاد۔ وہ آدمی جو چاہے سو کرے۔

گ - ش

گشت (ف - امو۔ مذ) سیر۔ دَور۔ چکر۔ دورہ مدروند۔ حاصل مصدر از گشتن

گشت پھرنا/ کرنا/ لگانا/ مارنا (اُ محاورہ) دورہ کرنا۔ روند پر جانا۔ چکر لگانا۔ گھومنا پھرنا۔

گشت دینا (اُ محاورہ) پھرانا۔

گشت ناچنا (اُ محاورہ) برات کے آگے آگے طوائفوں کا ناچنا۔

گشت کرنا } (اُ۔ محاورہ) دورہ کرنا۔ چکر لگانا۔
گشت لگانا } پھرنا۔ علاقہ میں چکر لگانا۔

گشتی (ف۔ صفت۔ بیائے فاعلیت) پھرنے والا۔ گشت کرنیوالا۔

گشتی چیٹھی یا گشتی پروانہ یا گشتی حکم (اُ۔ہ۔ اند) تمام دفتروں اور حاکموں کے پاس بھیجی جانے والی اطلاع و دستخط کرانے جانیوالا حکم۔ سرکلر۔

گشتیا (اُ۔ اند) چوکیدار۔ محصول اکٹھا کرنے والا۔

گشت (س۔ ا۔ مو) سازش۔ کسی کو نقصان پہنچانے والا میل جول۔

گ - ف

گف (اُ۔ہ۔ صفت) گاڑھا۔ موٹا۔ خوب۔ ٹھونک کر بنا ہوا۔ دیکھو غف۔

گفت (ف - ا - مو) بات چیت۔ بول۔

گفتار (ف - امو) حاصل مصدر از گفتن۔ بول چال۔ مقولہ۔ قول۔ گفتگو۔

گفتگو (ف۔ امو) حاصل مصدر گفتن۔ بات چیت۔ بول چال۔ تقریر۔ گفتار۔

گفتگو آنا (اُ محاورہ) بات چیت ہونا۔ تکرار ہونا۔

گفتگو بڑھ جانا (اُ محاورہ) تکرار ہونا۔ زبانی جھگڑا ہو جانا۔ تقریر میں طوالت ہونا۔ دیر تک بات چیت ہونا۔

گفتگو درمیان آنا (اُ محاورہ) بات چیت ہونا۔

گفت و شنید (ف - امو) حاصل مصدر گفتن۔ کہنا سننا۔ ذکر اذکار۔ ردو بدل۔

گ - گ

گگری یا گگریا (ہ۔ امو) گاگر کا مخفف پانی رکھنے کا تانبے یا پیتل کا برتن۔

گگل (س۔ اند) ایک درخت جس کا گوند خوشبودار ہوتا ہے۔ اس کا گوند گوگل ہے۔

گگن (ہ - اند) آسمان۔ اکاش۔ فلک۔ اسر۔ موج۔ پانی کا اچھلنا

گگن کھیلنا (ہ۔ فعل) پانی کا بلندی کی طرف اچھلنا۔ پانی کا چڑھاؤ کے باعث اچھلنا۔

گگن کے نیچے والی مرغی (ہ۔ امو) سات سہیلیوں کا گچھا۔ پرین عقد ثریا۔

گگن ہونا (ہ۔ محاورہ) اونچا ہونا۔ بلند ہونا۔ آسمان سے لگنا۔ تاراین جانا۔

گ - ل

گُل (ف۔ اند) گلاب کا پھول۔ عام پھول۔ چراغ کی بتی کا۔ تشبیہاً معشوق

گل

گل اشرفی (ف۔ اسذ) ایک قسم کا گول پھول۔
گل آفتاب (ف۔ اسذ) سورج مکھی کا پھول۔
گل احمر (ف۔ اصفت فاعلی) پھول بکھیرنے والا۔
گل افشاں (ف۔ اصفت فاعلی) پھول بکھیرنے والا۔ خوش گفتار آدمی۔ آتشبازی کی پھلجھڑی۔
گل افشانی (ف۔ امص) پھول بکھیرنا۔
گل افشانی کرنا (اُ۔ محاورہ) خوش بیانی سے باتیں کرنا۔ طعن و طنز کی باتیں کرنا۔
گل اندام (ف۔ اصفت، بترکیب فاعلی) پھول جیسے جسم والا۔ نازک بدن۔ معشوق۔
گل اورنگ (ف۔ اسذ) ایک اُودے۔ زرد یا سفید رنگ کا پھول۔
گل بار (ف صفت) پھول برسانے والا۔
گل باگ (ف۔ امص) چہچہہ۔ بلبل کی نغمہ سرائی۔ شادی کی دھوم دھام نعرۂ جنگ۔ خوش خبری۔ مژدہ۔
گل بدن (ف۔ اسذ) ایک قسم کا دھاری دار ریشمی کپڑا (بحالت صفت) معشوق نازک بدن۔
گل برگ (ف۔ اسذ) بتغلب اضافت پھول کی پنکھڑی۔ گلاب کی پتی مجازاً معشوقہ۔ معشوق۔
گل بکاولی (اُو۔ اسذ) ایک سفید رنگ خوشبودار پھول کا نام جس کا پودا ہلدی کا سا ہوتا ہے۔
گلبن (ف۔ اسذ) پھلواڑی۔
گلبُن (ف۔ اسذ) گلاب کا پودا۔ گلاب کے پودے کی جڑ۔ کسی درخت کا وہ حصہ جو زمین کے ساتھ لگا ہوتا ہے۔
گل بندھنا (اُ۔ محاورہ) لکڑی وغیرہ کا سُلگ جانا۔ چراغ کی بتی کا سرا اچھی طرح جل جانا۔
گل بندھ جانا (اُ۔ محاورہ) لکڑیوں وغیرہ کا سُلگ جانا۔ آگ کی روشنی بندھ جانا۔ خوب روشن۔ شعلہ بن کر جلنا۔ کچھ پونجی جمع ہو جانا۔
گل بوٹا (اُو۔ اسذ) بیل بوٹا۔ پھول اور اس کا پودا۔ مجازاً تزیب و زینت۔
گل بوٹے جمانا (اُ۔ محاورہ) پھول بوٹے ترتیب سے لگانا۔
گل بوٹے کرنا (اُ۔ محاورہ) کاغذ یا کپڑے وغیرہ کی پھول پتیاں تراشنا۔ انوکھا کام کرنا۔ بُرا بھلا کہنا۔
گل پھلانا (اُ۔ محاورہ) پھول کھلانا۔ فساد کا بیج بونا۔ لڑائی کرا دینا۔ عجیب بات لگا لینا۔
گل پھول کھلنا (محاورہ) پھول کھلنا۔ کلی کا کھلنا۔ کوئی نرالی بات ظاہر ہونا۔ تازہ فتنہ برپا ہونا۔
گل پیادہ (ف۔ اسذ) بے خوشبو کا گلاب۔ سدا گلاب۔
گل پیرہن (ف۔ اسذ۔ فاعلی ترکیبی مفید صفت) پھول جیسے لباس والا۔ معشوق۔ دلربا۔
گل تراشنا (اُ۔ محاورہ) شمع یا چراغ کی بتی کا کاٹنا۔ بتی کا جلا ہوا حصہ الگ کرنا۔
گل جعفری (ف۔ اسذ) گیندے سے مشابہ ایک قسم کا زرد پھول مجازاً زرد رنگ۔
گل جھڑنا (اُ۔ محاورہ) چراغ کی بتی کی راکھ گرنا۔ شمع کی خاکستر گرنا۔ بندوق کے توڑے کی راکھ گرنا۔
گل چاندنی (اُو۔ اسذ) ایک قسم کا پھول جو چاندنی رات میں کھلتا ہے۔ گل مہتاب۔
گل چڑھانا (اُ۔ محاورہ) قبر وغیرہ پر پھول ڈالنا۔
گل چشم (ف۔ اصفت) پھلی والا۔ وہ شخص جس کی آنکھ میں پھلی ہو۔
گل چہرہ (ف صف) پھول جیسے چہرے والا معشوق۔
گل چھرّے اُڑتا (اُ۔ محاورہ) خوب عیش کرنا۔ مزے کرنا۔
گل چھرّے اُڑانا (اُ۔ محاورہ) دیکھئے۔ گل چھرّے اُڑنا جسکا یہ لازم ہے۔
گل چیں (ف۔ اسذ۔ فاعل ترکیبی) پھول توڑنے والا۔ مالی۔ باغبان۔
گل خطمی یا گل خیرو (اُو۔ اسذ) نیلے رنگ کا ایک پھول جو دوا میں کام آتا ہے۔
گل خن (ف۔ اسذ) بھٹی۔ تنور۔ چولہا۔ کوڑا کرکٹ۔
گلخن افروز (ف صفت) بھٹی جلانے والا۔
گل خنداں (ف صفت) کھلا ہوا پھول۔
گل خندہ (ف۔ اسذ) ٹھٹھا۔ قہقہہ۔ منہ کھول کر ہنسنا۔
گل خوردہ (ف صفت) داغ کھاتے ہوئے۔
گل دار (اُو صفت ترکیبی) پھول دار۔ داغدار۔ پھول پتے بنی ہوئی چیز۔
گل دان (ف۔ اذظرف) پھول دان۔ گلدستہ داں۔
گل داؤدی (ف۔ اسذ) ایک قسم کے پھول کا نام۔
گلدستہ یا گل دستہ (ف۔ اسذ) پھولوں کی ٹہنیوں کا گچھا۔
گل دستہ باندھنا (اُ۔ محاورہ) پھولوں کا خاص طریقہ سے سجانا۔
گل دوپا (اُو۔ اسذ) دوپہر کو کھلنے والا پھول۔
گل دم یا گلدم (اُو۔ اسذ) ایک سیاہ رنگ کے خوبصورت پرندے کا نام جس کی دم کے نیچے سُرخ سا نشان ہوتا ہے عندلیب بلبل یہ گلاب کی عاشق ہے۔
گل دینا (محاورہ) کسی دھات کو گرم کر کے جسم پر داغ لگانا ہے۔ داغ دینا۔
گل رُخ (ف۔ اسذ) سُرخ رخساروں والا۔ مجازاً معشوق۔ خوبصورت۔
گل رعنا (ف۔ اسذ) ایک قسم کا پھول جو اندر سے سُرخ اور باہر سے زرد ہوتا ہے۔
گل رنگ یا گلرنگ (ف۔ اصفت) پھول کے رنگ سُرخ لال۔
گل رو یا گل رُو (ف۔ اسذ) دیکھو گل رُخ)
گلریز (ف۔ امص) ایک قسم کی آتشبازی۔ پھلجھڑی۔
گل زار یا گلزار (ف۔ اسذ ظرف) پھلواڑی۔ چمن۔ گلشن (بحالت صفت) خوب آباد۔ پر رونق۔
گل زار خلیل یا ابراہیم (ف۔ اذظرف) آتش نمرود جو حضرت ابراہیمؑ پر چمن بن گئی تھی۔
گلزار قالی / قالیں (ف۔ اسذ) وہ پھول بوٹے جو قالین پر بنے ہوتے ہیں۔
گل ستاں یا گلستاں (ف۔ اسذ ظرف) پھلواڑی چمن۔ باغ۔ شیخ سعدیؒ کی مشہور کتاب کا نام بھی ہے۔
گل سُرخ (ف۔ اسذ) گلاب کا پھول۔ کنایتہً آفتاب۔
گل سرسبد (ف۔ اسذ) سب سے اچھا پھول وہ پھول جو لوٹ کری میں سب سے

اوپر رکھتے ہیں۔

گل سوسن (ف۔لند) ایک نیلے آسمانی رنگ کا پھول۔

گل شب افروز (ف۔لند) ایک قسم کا پھول جو رات کو کھلتا ہے۔

گل شبو (اُ۔امو) رات کو کھلنے والے ایک پھول کا نام ہے۔

گلشن (ف۔اظرف) باغ۔ چمن۔ پھلواڑی۔ گلزار۔

گلشن آرا (ف صفت) باغ کو سجانے والا۔ باغبان۔ مالی۔

گلشن ایجاد (ف۔لند) کنایۃً دنیا۔

گل صد برگ (ف۔لند) گیندے کا پھول۔

گل عباسی (فع۔لند) ایک پھول کا نام ہے

گل عذار (فع) صفت تشبیہی) گلاب جیسے رخساروں والا۔ مجازاً عشق لال لال گالوں والا۔

گل عصفر (فع۔لند) کسم کا پھول۔

گل فام یا گلفام (ف۔ا صفت) پھول کے خوبصورت رنگ کا خوبصورت معشوق۔

گل قند یا گلقند (ف۔لند) گل شکر۔ کھانڈ اور گلاب کے پھول کا مرکب۔

گلکاری یا گل کاری (ف۔امو۔یا سے مصدری) بیل بوٹے کا کام نقاشی۔

گل کاری کرنا (اُ۔محاورہ) بیل بوٹے بنانا۔

گل کترنا (اُ۔محاورہ) گلکاری کرنا۔ پھول تراشنا جلی ہوئی بتی کاٹنا۔ عجیب و غریب کام کرنا۔ غضب ڈھانا۔ ستم کرنا۔ سبقت لے جانا۔ بڑھ جانا۔

گل کرنا (اُ۔محاورہ) چراغ بجھانا۔ دیا بڑا کرنا۔ چراغ بڑھانا۔

گل کھانا (اُ۔محاورہ) عشق جتانے کے واسطے جسم پر داغ کھانا۔ چرکا کھانا۔ دغنا۔

گل کھلانا (اُ۔محاورہ) پھول کھلانا۔ نیا فساد کھڑا کر دینا۔ آفت و مصیبت لانا۔ کوئی عجیب و غریب اور نرالا کام کرنا۔

گل کھلنا (اُ۔محاورہ) پھول کا شگفتہ ہونا۔ نئی یا انوکھی بات ظاہر ہونا۔ راز فاش ہونا۔ بھید کھلنا۔ دھوم مچنا۔ فساد مچنا۔ مصیبت آنا۔

گل کیس (اُ۔لند) مرغ کی کلغی سے مشابہ ایک پھول کا نام ہے۔

گل گشت یا گلگشت (ف۔لند) چمن کی سیر۔ سیرِ باغ۔ چمنستان کی سیر کرنا۔

گل گوں یا گلگوں (ف۔ا صفت) پھول کے گلفام کا رنگ۔ چالاک گھوڑا

گل گونہ یا گلگونہ (ف۔لند) ایک قسم کا ابٹنا منہ پر ملنے کا سرخ رنگ۔

گل گیر یا گلگیر (ف فاعل ترکیبی) چراغ یا شمع کا گل کترنے کی قینچی۔

گل لالہ (ف۔لند) خشخاش کا پھول۔ سرخ رنگ کا ہزارہ)

گل لگانا (اُ۔محاورہ) جسم کو داغ دینا۔ دو کنٹپیوں کو داغنا۔

گل لینا (اُ۔محاورہ) شمع وغیرہ کی بتی کا سر کاٹنا۔

گل نار (ف۔لند) ایک درخت جو انار سے مشابہ ہوتا ہے۔ کنایۃً سرخ سرخ رنگ رکھنے والا۔

گل نکالنا (اُ۔محاورہ) باتیں بنانا۔

گل و لالہ (ف۔لند) معشوق لوگ۔ طوائف۔ ارباب نشاط۔

گل ہزارہ (ف۔لند) بہت سی پنکھڑیوں والا۔

گل ہونا (اُ۔محاورہ) چراغ بجھنا۔ چراغ ٹھنڈا ہونا۔ یاروں کی تفریح طبع کا باعث ہونا۔

گل یک چشم (ف۔اند) کنایۃً۔ آلہ تناسل۔

گلہ (ہ۔امو) گولی اور گولا کا مخفف۔ غلہ۔ گولہ۔ جیسے گل چھرا۔ بمعنی گولی اور چھری۔ گرہ۔ گانٹھ۔ گٹھلی۔ گنجلک۔

گل جھبٹی یا گلجھٹی / **گل جھڑی یا گلجھڑی** (ہ۔امو) کنجلک۔ گرہ در گرہ پیچ در پیچ۔ عقدہ۔ شکن۔ چین۔ بل۔ مجازاً کدورت۔ رنج۔ ناراضگی۔ طبیعت کا رکاؤ۔

گل (ف۔امو) ایک قسم کا سیاہی۔

گل ارمنی (ف۔امو) ایک قسم کی سیاہی مائل سرخ مٹی کا نام۔

گل حکمت کرنا (اُ۔محاورہ) استعدی۔ منہ خام کرنا۔ کپڑوں کی کرنا۔ مٹی اور کپڑے سے بھاپ روک دینا۔

گل خراسانی (ف۔امو) کھڑیا مٹی۔

گل در گل ہونا (اُ۔محاورہ) مٹی میں مٹی ملنا۔ قبر کھود کر اس میں پتلا گارا بھر کر مردے کو ڈال دینا۔ مسلمانوں میں مردے کو دفن کرنے کا یہی ایک طریقہ ہے۔

گل مالہ (ف۔لند) ایک آلہ جس سے مٹی لیپتے ہیں۔

گل (ہ۔اند) گلا کا مخفف ہے۔ گردن۔ کنٹھ۔ ٹیٹوا۔ گلو۔ حلق۔ گال کا مخفف بمعنی رخسارہ۔ عارض۔ گالی کا مخفف۔ دشنام۔ لقمہ۔ گراس۔ مچھلی پکڑنے کا کانٹا۔ بک۔ پھانسی۔ سولی۔ دار۔ گلے۔

گلباہ / گلباہی / گلبہیاں / گلبیاں (ہ۔امو) گلے میں باہیں ڈال کر محبت یا پیار جتانے کی حالت۔

گل بیان ڈالنا (ہ۔محاورہ) محبت اور پیار سے گلے میں باہیں ڈالکر لپٹ گیر ہونا۔ ناز کرنا۔

گلپھڑا (ہ۔اند) مچھلی کا پھیپھڑا جس سے وہ سانس لیتی ہے۔ پرندوں کی چونچ کے نیچے کا لٹکتا ہوا گوشت۔

گل پھڑلا (ہ۔ا صفت مفعول) پھوٹے ہوئے گالوں والا۔ کچوری سے گالوں والا۔

گل پھیپڑ (ہ۔اند) گلے کی گلٹی۔ گلے کی غدود۔ گردن کی گٹھلی۔

گل تکیہ (لُو۔لند) وہ چھوٹا سا گول تکیہ جو سوتے وقت رخساروں تلے رکھ لیتے ہیں۔

گل تنگ ہونا (اُ۔محاورہ) بہت بے خبر ہونا۔ نہایت غافل ہونا۔ مسرت نہ ہونا۔

گل تنی (لُو۔امو) بیلوں کی گردن تلے کی رسی۔ جوت کی رسی۔ نکیتہ۔

گل جندڑا (ہ۔اند) وہ رومال جس میں گرہ دیکر زعفی یا لوٹے ہوئے ہاتھ کو لٹکا لیتے ہیں۔ گلے کا ہار۔ ساتھ ہی ساتھ رہنے والا۔ ہمزاد

گل جوٹ (ہ۔امو) وہ رسی جو دو بیلوں کے گلے میں بجھے رہنے کی غرض باندھ دیتے ہیں۔ مجازاً گنٹھ۔ جوڑا۔

گل چپ (لُو۔امو) دست و گریبان گتھم گتھا۔ ہاتھا پائی۔ بحث۔ مباحثہ بے جا تکرار۔

گل خپ ہو گیا (اُ۔محاورہ) بڑا مانا۔ لڑپڑا۔

گل خور (لُو۔امو) مویشیوں کے گلے میں ڈالنے کی حلقہ دار رسی۔

گل خود دینا (اُ۔محاورہ) پھانسی دینا۔ مجازاً کسی چیز کو کنڈی میں دے دینا۔

گل دب کرنا (اُ۔محاورہ) گلے سے اُتر جانا۔ کھا جانا۔ خورد برد کر لینا۔

گل دینا (اُ۔ محاورہ) پھانسی دینا۔ سولی پر چڑھانا۔
گل گل چوتھ منانا (ہ۔ محاورہ) کھا کھا کر خوشیاں کرنا۔ تر مال کھانا۔ حلوے کھانا۔ مزے اُڑانا۔
گل مالا (ا ہ۔ مذ) کنٹھا۔ گلے کا ہار۔ گجرا۔
گل مچھے (ہ۔ لذ) رخساروں پر رکھے ہوتے بال جو ٹھوڑی منڈانے کے بعد رکھ لیتے ہیں۔ گال اور مونچھ کا بگاڑ۔
گلا (ہ۔ اصفت مفعولی) خوب پکا ہوا۔ گھلا ہوا۔ بے جان۔ بودا۔ بوسیدہ سڑا ہوا۔ پگھلا ہوا۔
گلا سڑا (ہ۔ اصفت مفعولی) نکما۔ خراب بوسیدہ۔ داغدار۔
گلا (ا۔ لذ) دکاندار کا بکری کی نقدی رکھنے کا برتن۔ غلہ بگاڑ ہے۔ مہاجن۔ لوگ اناج۔ ان جنس کے معنی میں بھی بولتے ہیں۔
گلا (ہ۔ لذ) گردن۔ حلق۔ گلو۔ سُر۔ آواز۔ گریبان۔
گلا اٹھانا یا کرنا (ہ محاورہ) حلق کے کوّے کو انگلی سے دبا کر اسکی اصلی جگہ پر لانا
گلا آنا (محاورہ) گلے میں چھالے یا ورم ہو جانا۔ حلق کے کوّے کا لٹک جانا
گلا باندھنا (اُ۔ محاورہ) پیٹ کاٹ کر یا ضروری اخراجات روک کر روپیہ جمع کرنا۔
گلا بندھانا (ہ محاورہ) قرض میں پھنسنا۔ مقروض ہونا۔ تمسک کرنا۔ روپیہ لوٹنا۔ ضامن بننا۔ اپنے ذمے لینا۔ نکاح پڑھانا۔ شادی کر لینا آزادی بیچنا۔ ضروری خرچوں کو روک کر کچھ جمع کرنا۔
گلا بندھنا (محاورہ) قرضدار ہونا۔ دیندار ہونا۔
گلا بیٹھ جانا یا پڑ جانا (محاورہ) آواز کا بھاری ہونا۔ آواز کا بند ہو جانا۔
گلا بیٹھنا یا۔ پڑنا ترے وغیرہ کا آواز کو کم کر دینا۔ آواز بھرا جانا۔
گلا پکڑ ٹنا (ہ محاورہ) کسی تیز چیز کا گلے میں کساؤ پیدا کرنا۔ گلے کو بھینچنا۔ گلے میں سوزش یا خراش کرنا۔ گردن پکڑنا۔ تنگ کرنا ستانا۔ ٹیٹوا دبانا۔
گلا پھاڑنا یا پھاڑ کر بولنا (محاورہ) چلانا۔ چیخ کر بولنا
گلا پھرنا (ہ۔ فعل) گاتے وقت آواز کا حسب منشا مڑنا۔
گلا پھانسنا (محاورہ) پھندے یا جال وغیرہ میں گلے کا پھنسا لینا قرض لینا۔
گلا پھولنا (ہ محاورہ) گلا سوجنا۔ گلپھیڑوں نکلنا۔ بگڑ نکلنا۔ گلے میں گلٹی نکلنا۔
گلا خشک ہونا (ا ہ محاورہ) گلے میں رطوبت نہ رہنا۔ پیاس لگنا۔
گلا دبانا (اُ محاورہ) گلا گھونٹنا۔
گلا دبانا (محاورہ) گردن بھینچنا۔ گلا گھوٹنا۔ سانس بند کرنا۔ دم روکنا۔ گلے میں انگوٹھا دینا۔ بات کرنے سے روک دینا۔ بولنے سے منع کرنا۔
گلا دبایا جانا (اُ محاورہ) زبردستی کی جانا۔ ظلم ہونا۔ بولنے کی ممانعت ہونا۔
گلا ریتنا (اُ محاورہ) کنایۃً نقصان کرنا۔ گلا کاٹنا۔
گلا کاٹ کر مرنا (اُ محاورہ) خودکشی کرنا۔
گلا کٹانا (اُ محاورہ) مقتول ہونا۔
گلا کھل جانا (اُ محاورہ) بیٹھی ہوئی آواز صاف ہو جانا۔
گلا کھولنا (اُ محاورہ) گلے کا پھندا کھولنا گلے کا بٹن کھولنا۔ گلے کی آواز صاف کرنا۔
گلا گھونٹنا / گلا مسوسنا (اُ محاورہ) گلا دبانا۔ گلا بھینچنا۔ بولنے سے روکنا۔
گلا کاٹنا (محاورہ) گردن اُڑانا۔ قتل کرنا۔ حق تلفی کرنا۔ کسی کا حق زبردستی سے لے لینا۔ ظلم کرنا۔ سختی کرنا۔

گلاب

گلاب (ف۔ لذ) ایک مشہور پھول اور اس کے درخت کا نام۔ عرق گلاب۔ گلاب کے پھولوں کا عرق۔
گلاب باش (ف۔ لذ مذ ظرف) عرق گلاب چھڑکنے کا صراحی نما برتن۔
گلاب جامن (ف ہ ا مو) ایک قسم کی مٹھائی کا نام گلاب کی سی خوشبو والی ایک خاص قسم کی جامن۔
گلاب کی پتی یا پنکھڑی (ہ۔ لذ) تشبیہاً۔ نازک ہونٹ۔
گلاب کے پھول (ہ۔ لذ) گل سرخ۔ نازک اور خوبصورت بچے۔
گلابو شتالو (اُ۔ ا مو) کاٹھ کی دو تیلیاں۔ جن کا پتلیوں والے تماشا دکھاتے ہیں۔
گلابی (ف۔ اصفت۔ بیائے نسبتی) گلاب کے پھول کی طرح۔ گہرا پیازی۔ لال سرخ۔ گلگوں۔ گلفام۔ شراب کا گلاس۔ ساغر شراب۔ ہلکا۔ کم کم۔ جیسے گلابی جاڑا۔
گلابی آنکھ (اُ۔ اصفت مخمور آنکھ نشیلی آنکھ۔ گلاب کیسے رنگ والی آنکھ۔
گلابی اُردو (اُ۔ ا مو) ایسی اردو زبان جس میں دوسری زبانوں کے الفاظ خندہ آوار حد تک شامل ہوں۔
گلابی جاڑا (ہ۔ لذ) ہلکا جاڑا۔ کم سردی۔ خوشگوار سردی۔ ابتدائے سرما کا موسم۔
گلاپا (ا ر۔ لذ) گولائی۔ گول ہونا۔
گلا دینا (ہ محاورہ) پگھلا دینا۔ گلا دینا۔ متعفن کر دینا۔ سڑا دینا۔ بوسیدہ کر دینا۔ دھیلا کر دینا۔ جیسے ہوا نے پھل گلا دیئے۔ کھو دینا۔ گنوا دینا ہار جانا۔ اُتار دینا۔ دھسا دینا۔ جیسے کنوئیں میں کوٹھی گلا دی۔
گلاس (انگ۔ لذ) پیالہ۔ ساغر۔ ایک قسم کا آبخورہ۔ شیشہ۔ دریں۔ آئینہ کا پنج۔ عینک کا چشمہ۔ Glass
گلاس چڑھانا (اُ محاورہ) کثرت سے شراب یا پانی پینا۔ شیشے کا ظرف منہ پر چڑھانا۔
گلال (ہ۔ لذ) ایک سرخ رنگ کا پوڈر جو ہولی کے دن ہندو لوگ ایک دوسرے پر چھڑکتے ہیں۔
گلال باڑی (اُ۔ ا مو) وہ شاہی باغ جو محل سے ملحق ہو۔ وہ باغ جو مکان سے ملحق ہے۔
گلانا (محاورہ) گھلانا۔ پگھلانا۔ سڑانا۔ داغدار کرانا۔ گنوانا۔ دھسانا۔ اُتارنا۔
گلاؤ (ہ۔ اصفت۔ فاعلی) گھلنے والا۔ نازک۔ جلد سڑ جانے والا۔ قابل تحلیل۔
گلاوٹ (ف۔ ا مو۔ حاصل مصدر گلانا سے) گھلاوٹ۔ نرمی۔ گلا دینے والی چیز۔
گلبانگ (ف۔ ا مو) چہچہاہٹ۔ بلبل کی آواز۔ قلندروں کا نعرہ خوشی نعرہ جنگ خوشخبری۔ دھوم۔ چرچا۔ شہرت۔ آواز۔ صدا۔ ندا۔ خوشی کا شور۔

گلٹھی } (ہ۔ امو) ملائم نرم۔ اُبلے ہوئے چاول۔ پتلے اور نہایت ملائم گلے ہوئے چاول۔ نرم ملائم۔
گلٹ

گلٹ (اُڑ۔ امند) گلٹ سے بگڑا ہوا ہے ملمع۔ کسی چیز پر سونا چاندی بجلی کے ذریعہ چڑھانا۔

گلٹی (ہ۔ امو) گرہ۔ غدود۔ گانٹھ۔ رسولی۔ گلے کے اندر تالو کے قریب کا پھوڑا۔ خناق۔

گلخن (ف۔ امند) گل بمعنی آگ و خن بمعنی گھر سے مرکب ہے آگ کی جگہ بھٹی۔ بھاڑ۔ کوئلہ۔ کوئلہ بھینکنے کی جگہ۔

گلدانگ (لہ امند) ایک قسم کا بڑا بہادر اور سمجھدار کتا جس کا سر اور جبڑا سانڈ سے مشابہ ہوتا ہے بل ڈوگ کا بگڑا ہوا لفظ۔

گلگل (ف۔ امند) ایک قسم کا بڑا اور لمبوترا لیموں۔ ترنج۔

گلگلا (ہ۔ امند) ایک قسم کا پکوان جسے آٹے میں میٹھا گھول کر گول گول تلتے ہیں۔

گلگلا (ہ۔ اصفت) گیلا گیلا۔ تر۔ نم دار۔

گلنا (ہ۔ فعل) ملائم ہونا۔ پک کر نرم ہونا۔ کن مرنا۔ پگلنا۔ پتنا۔ اُبلنا جوش ہونا۔ سڑنا۔ داغدار ہونا۔ اترنا۔ دھسنا۔ ضائع ہونا۔

گلنا سڑنا (اُڑ محاورہ) بوسیدہ ہونا سڑ کے بیکار ہو جانا۔

گلنار (ف۔ امند) انار کا پھول۔ سرخ۔ شوخ رنگ۔ ایک قسم کا انار جس میں بڑے بڑے پھولوں کے سوا پھل نہیں لگتا۔

گلو (ہ۔ امو) ایک دافع بخار دوا کی بیل کا نام۔

گلو (ہ۔ امو) گلہری۔ کٹو (یہ لفظ بواؤ مجہول ہے)

گلو (ف۔ امند) گلا گردن حلق۔ کنٹھ۔ مجازاً آواز۔ لہجہ۔ لہن۔ سُر۔ لَے

گلوب (انگ۔ امند۔ Globe) دُنیا کا نقشہ والا گول سا گول چیز۔ گولہ۔ کرہ۔ کرۂ زمین۔



گلوب

گلو بریدہ (ف صفت) جس کا گلا کٹا ہوا ہو۔

گلو بستہ (ف صفت) کنایۃً خاموش۔ ساکت۔ جس کا گلا بند ہو۔

گلو بند (ف امند۔ فاعل ترکیبی) گلے میں باندھنے کا اونی ریشمی پٹکا۔

گلو سوز (ف۔ اصفت۔ فاعلی) حلق جلانے والی چیز۔ حلق میں خشکی پیدا کرنے والی چیز۔ مجازاً نہایت میٹھی اور شیریں۔ حُسن حسن صبیح۔ تیز۔ چرب زبان۔ تند۔

گلو کار (ف۔ صفت) گانے والا۔ گوّیا۔

گلو گیر (ف۔ اصفت فاعلی) گلے کو پکڑنے والی یعنی کسیلی چیز۔ سر ہو جانیوالا لالچی طامع۔ مدعی۔ دعویدار۔ دامنگیر۔ الزام لگانے والا۔ گردن پکڑنے والا۔

گلوری (ہ۔ امو) بنا ہوا اور خاص طرز پر لپٹا ہوا پان۔ پان کی بیڑی۔ بیڑا۔

گلوکوز (انگ۔ امند۔ Glucose) انگور سے نکلی ہوئی شکر۔

گلولہ (ف۔ امند) گولی گولہ۔ غلہ۔

گلوندا (ہ۔ امند) مہوے کا پھول یا اس کی کلی۔

گلہ (ف۔ امند) شکایت۔ شکوہ۔ اُلاہنا۔

گلہ ٹپکنا (اُڑ محاورہ) شکوہ۔ ظاہر ہونا۔ شکایت مترشح ہونا۔

گلہ زبان (اُڑ محاورہ) شکوہ کرنا۔ شکایت کرنا۔

گلہ شکوہ (ف۔ امند) اُلاہنا۔ شکوہ۔ شکایت۔

گلہ گزار (ف صفت) شکوہ۔ شکایت کرنے والا۔

گلہ گزاری (ف۔ امو۔ بیائے مصدری) شکایت کرنا۔ شکوہ کرنا۔

گلہ (ف۔ امند) جھنڈ۔ غول۔ مویشیوں کا ریوڑ۔ ڈار۔ دکانداروں کا بکری رکھنے کا برتن۔

گلہ بان (ف۔ امند۔ فاعل) ریوڑ والا۔ گڈریا۔ شبان۔ چرواہا۔ مویشی چرانے والا گوجر۔

گلہ بانی (ف۔ امو۔ بیائے مصدری) گڈریا پن۔ مجازاً نگہبانی۔ محافظت نگرانی۔

گلہرا (ہ۔ امند) گلہری کا نر۔ پان یا گلوریاں رکھنے کا برتن۔

گلہری (ہ۔ امو) کٹو۔ گلو۔ کالی دھاریوں والا چوہے کی قسم کا ایک جانور۔ مجازاً نھنا بچہ۔

گلہری

گلہری کا بیٹر مٹھ کانا (ہ۔ مثل) ہر شخص اپنے آرام کی جگہ ہی پہنچتا ہے۔

گلہریا (ہ۔ امند) وہ پتنگ جس میں کالی دھاریاں ہوتی ہیں۔

گلہڑ (ہ۔ امند) گلے کی ایک بیماری۔ گلے کا پھولا ہوا۔ غدود۔

گلی (ہ۔ امو) مکئی کا بھٹا۔ کیوڑے کا پھول۔ شہد کی کچھ مکھی۔ مہال کے شہد کی جگہ۔ خول کے اندر چلانے کی گول لکڑی بچوں کے کھیلنے کی دونوں کناروں سے نوکداری گھڑی ہوئی ذرا سی لکڑی۔ چاندی سونے کا ڈلا۔ صیقل کرنے کا آلہ۔ ایک قسم کی بکینا۔

گلی باندھنا (اُڑ محاورہ) پورا جوان ہونا۔ سن بلوغت کو پہنچنا۔ روپیہ۔ پیسہ۔ پاس ہونا۔ شہد کا مہال میں پک جانا۔

گلی بندھنا (محاورہ) پورا جوان ہونا۔ سن بلوغ کو پہنچنا۔ ڈلا بنانا۔ گولی بنانا

گلی (اُڑ۔ اصفت) فاصلی۔ گٹھدار۔ پھولدار۔ داغدار۔

گلی (ہ۔ امو) محلے کے اندر کا راستہ۔ کوچہ۔ تنگنائے۔

گلی چھکانا (اُڑ محاورہ) آوارہ پھرنا۔

گلی کوچہ (اُڑ۔ امند) محلہ۔ ٹولا۔

گلی گلی (ہ۔ تابع فعل) کوچہ در کوچہ۔ دربدر۔ ہر گلی میں۔

گلی (ف) اصفت۔ بیاتے نسبتی) کچی مٹی کا مٹی کا بنا ہوا۔ کچا۔ ناپائیدار

گلی یا گلی (ہ۔ا۔مو) دونوں کناروں سے نوکدار۔ بیچ سے اُبھری ہوئی چھوٹی سی لکڑی جس سے بچے کھیلتے ہیں اور ڈنڈے سے اُچھالتے ہیں۔

گلی ڈنڈا (ہ۔ا۔مو) بچوں کے ایک کھیل کا نام ہے۔ گلی اور ڈنڈے سے کھیلا جاتا ہے۔

گلی ڈنڈا کھیلنا (اُر۔محاورہ) گلی ڈنڈے کا کھیل کھیلنا۔ وقت ضائع کرنا بے فائدہ کام کرنا۔ آوارہ پھرنا۔

گلی باندھنا (اُر۔محاورہ) ڈلا بنانا۔ گولی بنانا۔ طاقتور یا جوان ہونا۔

گلے (ہ۔اند) گلا کی جمع۔ بصورت عمل عوامل۔

گلے باز (لہ۔ا۔صفت فاعلی۔ خوش آواز۔ خوش الحان۔ اچھی آواز والا۔

گلے بندھوانا (اُر۔محاورہ) کسی کو زبردستی کوئی چیز دینا۔ کسی کا زبردستی نکاح کرنا۔

گلے بندھنا (اُر۔محاورہ) ضرر پڑنا۔ بلاخواہش کسی چیز کا سر پڑنا۔ کسی ناپسند عورت سے نکاح ہو جانا۔ دوبھر معلوم ہونا۔

گلے بندھوانا (اُر۔محاورہ) ذمے ڈلوانا۔ سر کرنا۔ کسی چیز کو الٹا سر مارنا۔

گلے پر چھری چلنا (اُر۔محاورہ) بہت ظلم ہونا۔ حق تلفی ہونا۔ جبر ہونا۔

گلے تک بھرنا (اُر۔محاورہ) کسی برتن کو پُور پُورا بھرنا۔

گلے پڑ کے سودا کرنا (محاورہ) خواہ مخواہ کوئی چیز دینا۔ زبردستی بیچنا۔

گلے پڑنا (محاورہ) زبردستی کسی کام کا سر ہو جانا۔ متعلق ہونا۔ وابستہ ہونا۔ ذمہ پڑنا۔ سر ہونا۔ بلاخواہش نکاح ہونا۔ زبردستی چھٹے جانا۔

گلے پڑے کا سودا (لہ۔اند) نارضامندی کا سودا۔ مجبوری کا کام۔ زبردستی کا معاملہ۔

گلے تک پانی ہونا (اُر۔محاورہ) ڈوب جانے کے قریب ہونا۔

گلے پڑ چکنا / **گلے ڈالنا** (اُر۔محاورہ) ذمہ ڈالنا۔ سر منڈھنا۔ زبردستی کسی چیز کو حوالے کر دینا۔

گلے سے اتارنا (محاورہ) پیار کرنا۔ معانقہ کرنا۔ چھاتی سے لگانا۔

گلے سے گھونٹ نہ اتارنا (اُر۔محاورہ) ایک گھونٹ بھی نہ پینا۔

گلے سے گھونٹ نہ اُترنا (اُر۔محاورہ) پیا نہ جانا۔

گلے سے لپٹانا (اُر۔محاورہ) معانقہ کرنا۔ گلے سے چمٹانا۔ پیار کرنا۔

گلے سے لپٹنا (اُر۔محاورہ) گلے سے چمٹنا۔ معانقہ کرنا۔

گلے سے لگانا (محاورہ) پیار کرنا۔ معانقہ کرنا۔ چھاتی سے لگانا۔

گلے کا تعویذ بنانا (اُر۔محاورہ) ہر وقت ساتھ ساتھ رکھنا۔

گلے کا تعویذ بننا (اُر۔محاورہ) گلے کا ہار ہونا۔ ہر وقت ساتھ رہنا۔

گلے کا ہار (اُر۔اند) گلے کی مالا۔ ہر وقت ماں کے گلے سے چپٹے رہنا والا بچہ۔ وبال جان۔ ناگوار دوبھر۔

گلے کا ہار بنانا (اُر۔محاورہ) ہر وقت ساتھ رکھنا

گلے کا ہار بننا (اُر۔محاورہ) کسی وقت پیچھا نہ چھوڑنا۔ ناگوار خاطر ہونا۔

گلے کا ہار ہونا (اُر۔محاورہ) چمٹنا۔ بار خاطر ہونا وبال جان ہونا سر ہونا پیچھے پڑنا

گلے کی رگیں پھیلانا (اُر۔محاورہ) غصے ہونا۔ سخت خفا ہونا۔

گلے کی رگیں پھول جانا (اُر۔محاورہ) گلا سوج جانا۔

گلے لگنا (اُر۔محاورہ) چھاتی سے لگنا۔ لپٹنا۔ چمٹنا۔ بغلگیر ہونا۔ صفائی کر لینا۔ ملاوٹ کر کے معانقہ کرنا۔

گلے ملنا (اُر۔محاورہ) بغل گیر ہونا۔ ہمکنار ہونا۔ چھاتی سے لگنا۔ گلے لگنا ملاقات کرنا۔ ملاپ کرنا۔ صفائی کرنا۔

گلے ملوا دینا (اُر۔محاورہ) صلح صفائی کرا دینا۔

گلے منڈھنا (ہ۔ محاورہ) سر کرنا۔ چپکنا۔ کوئی چیز بزور حوالہ کرنا۔ سر ڈالنا

گلے میں اٹکنا (ہ۔ فعل) گلے میں رُکنا۔ بدمزہ چیز کا حلق سے نہ اُترنا۔ بے کسے بغیر کوئی چیز نہ کھانا۔

گلے میں بانہیں ڈالنا (اُر۔محاورہ) پیار سے گلے لگانا۔ ہم آغوش کرنا۔

گلے میں زنجیر پڑنا (محاورہ) قید ہونا۔ اسیر ہونا۔ بیاہ ہونا۔ متاہل ہونا۔

گلے میں کانٹا پڑنا (اُر۔محاورہ) حلق خشک ہونا۔

گلے میں گرہ ہونا (اُر۔محاورہ) آواز نہ نکلنا۔

گلے میں ہاتھ ڈالنا (اُر۔محاورہ) تقاضا کرنا۔

گلے میں ہڈی نہیں (اُر۔محاورہ) اسکے متعلق کہتے ہیں جس کی آواز بہت اچھی ہو اور گانے میں ماہر ہو

گلیا (ہ۔اند) کام کرتے کرتے بیٹھ جانیوالا (بحالت صفت) کام چور۔ کم حوصلہ۔ حیلہ جو۔

گلیارا (ہ۔اند) گلی۔ کوچہ۔ محلہ۔ ٹولہ۔ چھوٹی گلی۔

گلیاں جھنکانا (ہ۔محاورہ) گلیاں جھانکنا۔

گلیاں چھاننا (محاورہ) کوچہ گردی کرنا کسی کی تلاش میں مارا مارا پھرنا۔ ہر گلی اور ہر کوچے میں ڈھونڈنا۔

گلیئر (ہ۔صفت) گھوری میلا کچیلا۔ سڑا۔ گلا ہوا۔ بوسیدہ۔ سست۔ کاہل۔

گلیشیئر (انگ۔ند) برف کے تودے۔ برف کی دبیز تہ جو آہستہ آہستہ سرکتی رہتی ہے ~ Glacier

گلیشیئر

گلیم (ف۔ امو) کملی۔ اونی کپڑا کمبل لوئی۔

گلیوں (ہ۔ امو) دیکھئے گلی جس کی یہ جمع ہے اور مغیرہ صورت ہے۔

گلیوں کی خاک چھاننا (ا محاورہ) مارا مارا پھرنا۔ پریشان و سرگرداں پھرنا۔

گ - م

گم (اصفت) کھویا ہوا۔ ضائع شدہ۔ تلف شدہ۔ غائب۔ الوپ۔ پوشیدہ۔ حیران پریشان۔ حواس باختہ۔ بھاگا ہوا۔ مفرور۔ فراری۔

گمراہ (اُ صفت) بھٹکنے والا۔ راستہ بھولا ہوا۔ بے دین۔ منحرف۔ کافر۔

گمراہی (ف۔ امو) راستے سے بھٹکنا۔ بے دینی۔ الحاد کفر۔

گم رہنا (اُ محاورہ) غائب رہنا۔ غیر حاضر رہنا۔ پوشیدہ رہنا۔

گم شدہ (ف۔ اصفت) ضائع شدہ۔ کھویا ہوا۔ مخفی۔ پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔ مفرور۔ فراری۔ بھٹکا ہوا۔ بھولا ہوا۔

گم کردہ آشیاں (ف۔ امذ) گھر بھولا ہوا پرندہ۔

گم کرنا (اُ۔ محاورہ) چھپانا۔ ضائع کرنا۔ چرانا۔ بھلانا۔

گم گشتہ (ف۔ اصفت) مفعولی (دیکھو گم شدہ)

گماں (ہ۔ امو) بہت موٹی اور بڑی اینٹ جو عمارتوں میں لگتی ہے۔

گماشتہ (ف۔ اصفت مفعولی) مقرر کیا ہوا۔ ایجنٹ۔ متیم۔ نائب۔ عامل کارکن۔ کارندہ۔ وکیل مختار۔

گمنام (ف صفت) بے نام و نشاں۔ جسکا نام معلوم نہ ہو۔ پوشیدہ۔ مخفی نام ظاہر کئے بغیر۔ بغیر نام و نشاں کے چھٹی۔ معدوم۔ نیست و نابود۔

گمنام چٹھی یا خط بھیجنا (اُ محاورہ) بغیر اپنا نام اور پتہ لکھے ایسا خط بھیجنا جس میں کسی کی شکایت ہو۔

گمان (ف۔ امذ) بھرم۔ بڑھا۔ شک شبہ۔ خیال۔ وہم۔ قیاس۔ راستے۔

گمان بھرا (اُ صفت) مغرور و متکبر۔

گمان پڑنا (اُ محاورہ) شک ہونا۔

گمان غالب (ف۔ امذ) پکا خیال۔ یقین۔ کامل۔ پکی امید۔

گمان گزرنا یا ہونا (اُ فعل) شبہ ہونا۔ شک ہونا۔ خیال میں آنا۔

گمان ہے (ہ۔ محاورہ) یقین ہے۔ خیال ہے۔ قوی یقین ہے۔

گمان (ہ۔ امذ) تکبر۔ غرور۔ اکڑ گھمنڈ۔ خود بینی۔ نخوت۔

گمان کرنا (ہ محاورہ) اترانا۔ ناز کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔ تکبر کرنا۔ غرور کرنا۔ اینٹھنا۔ زور دکھانا۔ بل کرنا۔

گمانا (ہ۔ فعل) کھونا گم کرنا۔ آپے میں نہ رہنا۔

گمانی (ہ۔ اصفت فاعلیت) متکبر۔ مغرور۔ وہمی بدظن۔

گمبھیر (سنسکرت۔ اصفت) گہرا عمیق۔ بردبار۔ بھاری۔ بھرکم۔ سمانی والا دھیما۔ بھاری۔ بوجھل۔ عقیل۔ فہیم (امذ) ایک قسم کا اندرونی کھانسی بھوڑا جو پھیپھڑا یا گردن میں نکلتا ہے۔ خناز یر۔

گمٹ (ہ۔ امو) جتھا ٹولی۔ سوسائٹی۔ سنگت۔ غرض مطلب۔ صلاح۔ مشورہ۔ رائے۔

گمٹ (اُ امذ) گنبد کا بگڑا ہوا۔ برج گنبد۔

گمٹی (اُ امو) گمٹ کی تصغیر۔ چھوٹا برج۔ سمٹ۔

گمٹی (اُ۔ مو) انگریزی لفظ دیمٹی کا بگڑا ہوا۔ دوہری تار کا مضبوط سوتی لٹھا۔ پھول دار مضبوط کپڑا۔ بلبل چشم۔

گمر (ہ۔ امذ) گھمنڈ۔ ناں گمان۔ تکبر۔ غرور۔

گمراہ (اُ۔ اصفت مفعولی) راہ گم کردہ۔ راستہ بھولا۔ بھٹکا ہوا۔ آوارہ بدنصیب۔ محروم۔ خدا سے نہ ڈرنے والا۔ سرکش۔ منحرف۔ متکبر مغرور بے دین۔ لامذہب۔ بے راہ۔

گمراہ ہونا (اُ فعل) بہکنا۔ بھٹکنا۔ راستہ بھول جانا۔ سرکشی کرنا۔ منحرف ہونا متکبر ہونا۔ مغرور۔ بے دین ہونا۔ بدمذہب ہونا۔ دین چھوڑنا۔

گمراہی (اُ امو۔ بیائے مصدری) گمروی۔ بے راہی۔ سرکشی۔ لامذہبی۔

گم صم (اُ صفت) گنگ صم کا بگاڑ ہے۔ گونگا۔ بہرا۔ چپ چاپ ششدر۔ حیران۔ ہکا بکا۔

گمک (ہ۔ امو) طبلے کی آواز۔ طبلے کی تھاپ۔ باجے کی آواز۔ ڈھول کی آواز۔ بادل کی گرج۔ کڑک۔ گانے والوں کے منہ سے بھاری ہو کر نکلنے والی آواز

گمیلا (ہ صفت) خوشبودار۔ مہک دار۔

گمگٹ (ہ۔ امو) بھاری آواز جو گاتے ہیں گلے سے نکلتی ہے۔ ڈھول بین وغیرہ کی آواز

گملا (ہ۔ امذ) مٹی کا ظرف جس میں پودے بوتے ہیں

گمنام (اُ صفت) فاعل ترکیبی۔ غیر مشہور۔ کمیت۔ مخفی پوشیدہ بغیر نام کے جس کا نام معلوم نہ ہو۔

گمنامی (اُ۔ امو۔ بیائے مصدری) نامعلومی پوشیدگی۔ اخفا۔ عدم۔ شہرت۔

گ - ن

گن (انگ۔ امو۔ Gun) توپ۔ بندوق۔



گن

گن پاؤڈر (انگ امذ) بارود۔ باروت۔ Gun Powder

گن (ہ۔ امذ) وصف خوبی جوہر تاثیر۔ عادت۔ خو خصلت۔ سبھاؤ۔ ہنر۔ فن۔ کرتوت۔ لچھن۔ اعمال۔ مدح۔ تعریف عمدگی۔ نیکی۔ بھلائی۔

گن اوگن (ہ۔ امذ) ہنر و عیب۔ برائی۔ بھلائی۔ عیب و صواب۔

گُن بھرے ہونا (اُر۔محاورہ) وصف ہونا۔خوبیاں ہونا۔ہنر ہونا۔شرارت بھری ہونا

گُن سیکھ کے اوگن سیکھے (اُر۔مثل) نیک کاموں کے بعد بُرے کام کرتا ہے

گُن کرنا (محاورہ) اثر کرنا۔تاثیر دکھانا۔صحت بخشنا۔بھلائی کرنا۔نیکی کرنا

گُن کلی (ہ۔امو) بلاول بھاٹھ کی ایک راگنی جو صبح کو گائی جاتی ہے۔

گُن گانا (محاورہ) تعریف کرنا۔وصف بیان کرنا۔حمد وثنا کرنا۔بڑائی کرنا۔

گُن ماننا (محاورہ) احسان ماننا۔شکر گزار ہونا۔ممنون ہونا۔

گُن میٹ (ہ۔ اصفت۔فاعلی) احسان فراموش۔ناشکرا۔ناشکر گزار۔کئے ہوئے احسان کو برباد کر دینے والا۔

گُنا (ہ۔اند) بار مرتبہ۔چند۔جیسے۔دوگنا۔چوگنا۔

گنا (ہ۔اند) ایکھ۔پونڈا۔نیشکر۔

گُن (ہ۔فعل) گننا مصدر سے صیغہ امر۔

گُن دینا/ڈالنا (اُر۔محاورہ) گننا

گُن گُن کے (اُر۔متعلق فعل) شمار کر کے ایک ایک کر کے

گنا

سنبھال سنبھال کر۔جوں توں کر کے۔بڑی مشکل سے۔

گننا (ہ۔فعل) گنتی کرنا۔شمار کرنا۔سمجھنا۔خیال کرنا۔خیال میں لانا۔

گِنانا/گِنوانا (ہ۔فعل) گننا کا متعدی۔شمار کروانا۔گنوانا۔

گُناہ (ف۔اند) خطا۔قصور۔جرم۔پاپ۔عصیاں۔اوگن۔دوش۔

گُناہ بخشنا (اُر۔محاورہ) خطا معاف کرنا۔

گُناہ بے لذت (ف۔اند) بے فائدہ گناہ۔وہ گناہ جس کے کرنے سے کچھ مزہ اور حظ حاصل نہ ہو۔مفت کا پاپ۔ناحق کا دوش۔

گُناہ صغیرہ (ف۔اند) وہ قصور جو توبہ سے معاف ہو جائیں۔ادنےٰ گناہ۔

گُناہ کبیرہ (ف۔اند) بڑا گناہ۔بھاری جرم۔

گُناہ کا وبال پڑنا (اُر۔محاورہ) جرم کا خمیازہ بھگتنا۔قصور کی سزا پانا۔

گُناہ گار یا گنہگار (ف۔ا۔فاعل ترکیبی) پاپی۔بدکار۔عاصی۔خطاوار۔مجرم۔دوشی۔بیسعادتی۔فاسق۔فاجر۔

گُناہ کا رتبا نہ کرنا (اُر۔محاورہ) گناہ میں مبتلا کرنا۔شرمندہ کرنا۔ملزم بنانا۔کسی بُرے کام کی ترغیب دینا۔

گُناہ گار ٹھہرانا (اُر۔محاورہ) مجرم قرار دینا۔قصوروار تجویز کرنا۔ملزم ٹھہرانا۔

گُناہ گاری یا گنہگاری (ف۔امو۔بیائے مصدری) قصور۔جرم۔دوش۔پاپ۔ادھ۔جرمانہ۔ہیٹی۔تاوان۔لڑتا۔خسارہ۔کسر۔تاوانِ نادہندگی۔آمدنی جو مالی عدالت کی طرف سے وصول کی جائے۔

گُنبد یا گنبد (ف۔اند) مٹھ۔برج۔گنبد۔قبہ۔لداؤ کی چھت والی گول عمارت

گُنبد بے در (ف۔ا۔مذ) آسمان

گُنبد خضرا (اُر) آسمان۔آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مزار مبارک کا گنبد (بلفظی معنی۔سبز گنبد)



گنبد

گُنبد کی آواز (ا۔مذ) گنبد کی گونج۔جیسا کہنا ویسا سننا۔

گُنبد کی آواز جیسی کہو ویسی سنو (اُر۔مثل) برابر کے آدمی سے تحمل نہیں ہوتا۔

گُنبد گرداں (ف۔ا۔مذ) آسمان بلفظی معنی۔گھومنے والا گنبد۔

گنپت (ہ۔اند) نعوی۔سردار۔جماعت۔اصطلاحی دیوی۔دیوتاؤں کی جماعت کا سردار گنیش جی کا لقب۔

گنت (س۔امو) علم۔حساب۔علم اعداد

گنت بدیا (س۔امو) علم ہندسہ۔علم ریاضی۔

گنتارا (اُر۔مذ) تختہ شمار۔بچوں کا کھیل۔



گنتارا

گنت کار (س۔اند) ریاضی دان۔حساب دان۔ہندسہ بجومی۔

گنتی (ہ۔امو) تعداد۔شمار۔حساب۔اندازہ۔

گنتی کے (ہ۔اصفت) تھوڑے سے۔چند۔معدود۔معدودے۔

گنتی گنوانا (محاورہ) برائے نام شمار کرنا۔صرف گنتی کرا دینا۔حقیقت میں کچھ نہیں۔

گنتی لینا (ہ۔محاورہ) گننا۔شمار کرنا۔تعداد معلوم کرنا۔پڑتال کرنا۔حاضری لینا۔

گنتی میں لانا (محاورہ) حساب میں لانا۔پروا کرنا۔خاطر میں لانا۔شمار میں لانا۔

گنتی ہونا (اُر۔محاورہ) شمار کرنا۔حساب میں داخل کرنا۔

گنج (ف۔اند) خزانہ۔دفینہ۔گودام۔ذخیرہ۔مخزن۔اناج کی منڈی ہاٹ۔بازار۔ڈھیر۔انبار۔تودہ۔لوگوں کو آباد کرنے کی زمین۔

گنج بخش (ف۔اصفت) بڑا فیاض۔لکھ داتا۔لکھ بخش۔خزانہ کے خزانے بخش دینے والا۔قطب الدین۔ایک کا لقب۔حضرت مخدوم علی ہجویریؒ

کا لقب جن کا مزار لاہور میں ہے۔

گنج ڈالنا (ہ محاورہ) اناج کی منڈی آباد کرنا۔ انبار لگانا۔ گنج بنانا چھوٹے بازار کی بنیاد ڈالنا۔

گنج شاگاں (ف۔ اند) گنج شاہ گاں یعنی خزانہ قابل شاہاں، بہت بڑا خزانہ۔ خسرو پرویز کا دوسرا خزانہ۔

گنج شہدا۔ یا شہیداں (ف۔ اند) شہیدوں کے اوپر مٹی ڈال کر دفن کر دینے کی جگہ۔

گنج قارون (ف۔ اند) قارون کا خزانہ۔ قارون نام ایک کنجوس آدمی کا خزانہ جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی امت میں تھا۔

گنج (ف۔ اند) ایک بیماری کا نام ہے جس میں سر کے بال گر جاتے ہیں

گنجا (ہ۔ اصفت) وہ شخص جس کے سر کے بال اڑ گئے ہوں گنجے سر والا۔

گنجا مرے کھجاتے کھجاتے (اُ محاورہ) غریب آدمی ساری زندگی تکلیف میں گزار دیتا ہے۔

گنجان (لہ۔ اصفت) پاس پاس آبادی۔ منفصل۔ گھنا۔

گنجایش (ف۔ امو) حاصل مصدر از گنجیدن۔ سمانی۔ جگہ۔ بھکانا۔ فائدہ۔ بحث کفایت حوصلہ۔ مقدور۔ استطاعت۔

گنجایش پذیر (ف صف) سمانے کے قابل جو سما سکے۔

گنجایش رکھنا (اُ محاورہ) اتنی جگہ ہونا کہ اس میں سما سکے۔

گنجفہ (ا۔ امتحاش کی قسم کا ایک کھیل ہے۔

گنجفہ ابتر ہونا (اُ محاورہ) گنجفہ کے ناقص پتے حصے آنا۔

گنجفہ باز (ہ۔ اند۔ فاعل ترکیبی) گنجفہ کھیلنے والا مکار۔ چالباز۔ فریبی

گنجفہ بازی (ف۔ امو) گنجفہ کھیلنا۔ عیاری چالاکی۔ فریب۔

گنجفہ سمجھ جانا (اُ محاورہ) کسی کی بازی میں سرنہ ہونا۔

گنجفہ کھیل جانا (اُ محاورہ) گنجفہ کے وہ پتے ایک بار کھیل جانا جو سر ہوں۔

گنجلک (لہ۔ امو) سلوٹ پیچن۔ شکن۔ گرہ۔ گانٹھ۔ عقدہ۔ جھگڑا بکھیڑا الجھن۔

گنجیا (ہ۔ امو) میوہ بھر کر تلا ہوا سموسہ۔

گنجے کو خدا ناخن نہ دے جو سر کھجائے (اُ مثل) ادنے لوگوں کو خدا اس قدر طاقت نہ دے کہ وہ شریفوں کو تنگ کریں۔

گنجی (ہ۔ امو صفت) وہ عورت جس کے سر پر بال نہ ہوں۔

گنجی پنہاری اور گوکھرو کا ایندوا (ہ۔ مثل) اپنی حیثیت اور حیثیت سے بڑھ کر کام۔

گنجی کبوتری اور محلوں میں ڈیرا (اُ مثل) بدصورت اور کمینے کر کسی اعلےٰ رتبے پر دیکھ کر کہا کرتے ہیں۔

گنجیا (ہ۔ امو) کان کے ایک زیور کا نام۔

گنجیا (لہ۔ اند) اگھیارے یا گاڑیبان وغیرہ کے اوزاروں کا تھیلا۔ اوزار رکھنے کا تھیلا۔

گنجینہ (ف۔ اند) دیکھو گنجفہ۔

گنجینہ (ف۔ اند) بہ بینہ۔ نسبتی۔ گنج سے نسبت رکھنے والا۔ خزانہ نہت۔ زیادہ مال۔ دفینہ۔ برتن اور کھانا بحفاظت رکھنے کی الماری۔ بھنڈارا مورخی خانہ۔ مال گودام۔ ذخیرہ گاہ۔

گنجینہ دار (ف۔ اند۔ فاعل ترکیبی) خزانچی۔ خزانہ دار۔

گند (ف۔ امو) ناپاکی۔ پلیدی۔ نجاست۔ بدبو۔ تعفن۔ کوڑا کرکٹ خراب اور سمی چیز۔

گند پاک کرنا (اُ محاورہ) جھگڑا پاک کرنا۔ فیصلہ کرنا۔ مصیبت دور کرنا۔

گند پاک ہونا (اُ۔ محاورہ) جھگڑا پاک ہونا۔ فیصلہ ہونا۔ مصیبت دور ہونا۔

گند کاٹنا (محاورہ) پاپ کاٹنا۔ مصیبت دور کرنا۔ جھگڑا نمٹانا۔ قضیہ پاک کرنا۔

گندا (ف۔ اصفت۔ بالف فاعلیت) میلا۔ غلیظ۔ گھوری۔ ناپاک نجس۔

گندا انڈا (ہ۔ اند) وہ انڈا جو خراب ہو گیا ہو۔ کنایۃً بدچلن خراب بیٹا یا ساتھی۔

گندا (ہ۔ اند) گاؤں کے قریب کی زمین۔

گندر (ہ۔ اند) چونا اور ہڑ وغیرہ کو گ جانے والا کپڑا۔ ڈھورا۔

گندک یا گندھک (ف۔ امو) گوگرد۔ ایک کالی آتشی مادہ جو دوا میں کام آتا ہے

گندگی (ف۔ امو۔ بیاتے مصدری) غلاظت۔ ناپاکی۔ میلا۔ لید۔ گوبر وغیرہ عفونت۔ بدبو۔ لساند۔ ناپاکی۔ نجاست۔ غلاظت۔

گندگی پھیلانا (اُ محاورہ) بدبو پھیلانا۔ کسی جگہ کو میلا یا گندہ کرنا۔ صاف جگہ کو خراب کرنا۔

گندم (ف۔ اند) گیہوں۔ کنک۔

گندم از گندم بروید جو از جو (ف مثل) جیسا کرو گے ویسا بھرو گے۔

گندم اگر بہم نرسد (بجس) غنیمت است (ف مثل) اگر زیادہ فائدہ نہ ہو تو تھوڑا ہی سہی۔

گندم گوں (ف۔ اصفت) گندمی رنگ کا۔ سانولا۔ سلونا۔

گندم نما جو فروش (ف۔ اصفت مرکب) ظاہر کچھ اور باطن کچھ۔ مکار فریبی۔ دغاباز۔ دھوکے باز۔

گندمی (ف۔ اصفت نسبتی) گندم کے رنگ کا سانولا۔

گندنا (ف۔ اند) اسی سے مشابہ ایک سبزی کا نام ہے۔

گندورا (ہ۔ اند) کھانڈ کی ٹکیا یا روٹی۔ شادیوں میں ہندو لوگ تقسیم کرتے ہیں۔

گندھ (س۔ اند) بو۔ مہک۔ بدبو۔ گھسا ہوا صندل۔ سُرخ صندل۔

گندہ یا گندا (ف۔ اصفت) میلا۔ غلیظ۔ ناپاک نجس۔ گھوری۔ بدبودار متعفن۔ لسا ہوا۔ بد۔ برا۔

گندہ بروزہ (لہ۔ اند) چیڑ کے درخت کا بدبودار گوند۔

گندہ بہار (ف۔ امو) وہ بارش جو موسم سرما میں ہو۔

گندہ دہن (ف۔ اصفت فاعلی) جس کے منہ سے بدبو آئے۔ بغل گند والا۔ مجازاً گالیاں بکنے والا۔

گندہ کرنا (اُ محاورہ) ناپاک کرنا۔ خراب کرنا۔ عصمت بگاڑنا۔

گندہ ہونا (اُ محاورہ) ناپاک ہونا۔ خراب ہونا۔

گندھار (ہ۔اند) راگ کے تیسرے سُر کا نام ہے۔

گندھاوٹ (ہ۔اسم) بالوں کے گوندھنے کا انداز۔ پھولوں کے ہار بنانے کا طریقہ۔

گندھرب (س) راجہ اندر کے دربار کا گویا۔ مجازاً ہر گویا۔ قوال۔ ڈوم۔ مغنّی کوئل پرندہ۔ اچھا راگ۔ خوبصورت حسینہ۔ جمیلہ۔

گندھرب بیاہ (ف۔اند) عورت اور مرد کا اپنی مرضی سے بلا کسی رسم کے بیاہ کر لینا۔

گُندھنا (محاورہ) آٹے میں پانی ڈال کر روٹی کے قابل بنانا۔ سر کے بالوں کا گتھنا۔

گندھوانا (محاورہ) گندھنا کا متعدی۔ یال یا ہار وغیرہ گُتھنا۔ آٹے کو روٹی کے قابل بنوانا

گندھی (ہ۔اند) عطر بیچنے والا۔ تیل پھلیل بیچنے والا۔ عطّار۔ عطر بیچنے والا۔

گندی (اُرد۔اسم) گندا کی تانیث ہے۔

گندی بوٹی کا گندا شوربہ (اُردمثل) بدوں کی بُری اولاد۔ بُرے کام کا بُرا نتیجہ۔

گندی روح (اُرد۔اسم) ناپاک روح پلید روح۔

گندی گندی باتیں کرنا (اُرد محاورہ) گالیاں دینا۔ بے شرمی کی باتیں کرنا۔

گندیلا (ہ صفت) وہ درخت جس سے گوند نکلے

گنڈا (ہ۔اصفت) لچا۔ شہدا۔ بدمعاش۔ اوباش۔ بدکار۔

گنڈا (ہ۔اند) کڑا۔ چوڑی۔ حلقہ۔ چھلا۔ چار عدد۔ چار کوڑیاں۔ رفع مرض کے لئے بچوں کے گلے میں باندھنے کا منتر یا عمل پڑھا ہوا دھاگا گھوڑوں کے گلے میں ڈالنے کا دھاگہ۔ ہاتھ میں باندھنے کا نیلا ڈورا۔

گنڈا باندھنا (اُرد محاورہ) افسوں پڑھتے ہوتے دفع آسیب کیلئے یا دھاگوں کو مریض کے گلے میں باندھنا۔

گنڈا پٹا دار (اُرد۔اند) وہ ساز جو گھوڑے کے گلے میں ڈالتے ہیں۔

گنڈا پہنانا (اُرد محاورہ) گنڈا گلے میں ڈالنا

گنڈاسا (ہ۔اند) چارہ کترنے کا اوزار۔ کترا کرنے کا آلہ۔ بتر۔ لاٹھی میں لگا ہوا تیز ہتھیار۔

گنڈا تعویذ (اُرد۔اند) منتر جنتر۔ جھاڑ۔ پھونک۔ جادو ٹونا۔

گنڈلی (ہ۔اسم) کنڈلی حلقہ۔ سانپ کا دائرہ بنا کر بیٹھنا۔

گنڈلا (ہ۔اند) دائرہ۔ حلقہ۔

گنڈلی مارنا (اُرد محاورہ) سانپ کا حلقہ بنا کر بیٹھنا

گنڈی (ہ۔اصفت۔ فاعلی) دھاری دار۔ حلقہ دار۔ غیر مسلسل بے قاعدہ۔

گنڈے دار (اُرد۔اصفت۔ فاعلی) دھاری دار۔ حلقہ دار۔ غیر مسلسل۔ بے قاعدہ۔ نافہ کہ کے نیچے میں سفیدی چھوڑا ہوا۔

گنڈیری (ہ۔اسم) گنے کی چھوٹی پوری۔ گنے کے گول گول کٹے ہوئے ٹکڑے جو بے تکلف چوسے جا سکیں۔

گنڈیری دار (اُرد۔اصفت۔ فاعلی) مختلف رنگ کے گنڈے۔ بڑا ہوا۔ گنڈے دار۔

گنر (انگ۔اند۔ Gunner) توپچی۔ بندوقچی۔ توپ خانے کا افسر۔ شکاری۔

گنگ (اُرد۔اسم) دریائے گنگا کبیر کے زمانہ کا ایک مشہور کبیشر یعنی شاعر۔

گُنگ (ف۔اصفت) گونگا۔ زبان سے بول نہ سکنے والا۔

گنگا (س۔اسم) ہندوستان کے ایک مشہور دریا کا نام جس کو ہندو لوگ نہایت متبرک اور مقدس مانتے ہیں۔

گنگا اُتارنا (اُرد محاورہ) گنگا پار کرنا۔ کوئی مشکل کام کرنا۔

گنگا اُٹھانا (اُرد محاورہ) گنگا کا پانی ہاتھ میں لے کر قسم کھانا۔

گنگا اشنان (ہ۔اند) گنگا میں نہانا۔ ہردوار کا ایک مشہور میلا جہاں گنگا میں جا کر نہاتے ہیں۔

گنگا بہانا (اُرد محاورہ) فیض جاری کرنا۔

گنگا جل (س۔اند) دریائے گنگا کا پانی۔

گنگا جلی (ہ۔اسم) دریائے گنگا کا پانی لانے کا برتن۔

گنگا جلی اُٹھانا (ہ۔محاورہ) گنگا جل ہاتھ میں لے کر قسم کھانا۔ حلف اُٹھانا۔ بڑی سخت قسم کھانا۔

گنگا جمنا (ہ۔اسم) ہندوستان کے دو مشہور اور مقدس دریاؤں کے نام (بحالت صفت) دو رنگا۔ ملا جلا۔ آمیزش شدہ۔

گنگا جمنی (ہ۔اصفت) دو رنگا۔ دو رنگ کا۔ دو وضع کا۔ ملا جلا۔ باہم آمیختہ سونے اور چاندی کا بنا ہوا۔ تانبے اور پیتل کا بنا ہوا۔ سنہری اور روپہلی ابلق رنگ۔ سیاہ۔ سفید۔ ایک قسم کا زیور۔ کیوڑی دال۔ بلی چکی دال۔

گنگا دھر (س۔اند) شیو۔ شمبھو اور مہادیو سے مراد ہے۔

گنگا ساگر (س۔اند) دریائے گنگا کا دہانہ گنگا کے سمندر میں جا گرنے کی ایک جگہ۔ آفتابہ۔ ہندوؤں کے استعمال کا ٹونٹی دار لوٹا۔

گنگا کس کی کھدائی ہے (ہ۔مثل) ایسے کام تو قدرتی ہوا کرتے ہیں۔

گنگا کو آنا تھا بھاگیرتھ کے سر حس (ہ۔مثل) ایک بات تو ہونے والی ہی تھی مگر عزت تقدیر نے مفت میں اور کر دیدی۔

گنگا کے میلے میں چکی اپنے کو کون پوچھے (ہ۔مثل) بے موقع کام کی قدر نہیں ہوتی بڑوں کی مجمع میں چھوٹوں کا کون پوچھتا ہے۔

گنگا کے منڈ آئے سدھ (ہ۔مثل) وہاں بولتے ہیں جہاں سے آدمی بے نقصان اٹھاتے نہ آتے۔

گنگا لابھ ہونا (اُرد محاورہ) گنگا پر جا کر مرنا

گنگا مدار کا ساتھ (ہ۔اند) ہندو۔ مسلم اتحاد۔

گنگا میں چراغ بہانا (اُرد محاورہ) ہندوؤں کا منت کے طور پر دریائے گنگا میں چراغ جلا کر بہا دینا۔

گنگا نہانا (محاورہ) دریائے گنگا میں اشنان کرنا۔ پاک ہونا۔ گناہ دور ہونا۔ پاپ جھڑنا۔ ثواب کمانا۔ بیٹی کے فرض سے سبکدوش ہونا۔ قرضہ سے فارغ ہو جانا۔ کسی مشکل کام کو انجام پر پہنچانا۔

گنگا ہاتھ پر رکھنا (اُرد محاورہ) دیکھئے گنگا جلی اُٹھانا۔

گنگال (ہ۔اسم) کلسا۔ گاگر۔ لوٹکنا۔ پانی رکھنے کا بڑا برتن۔

گنگنا (ہ۔اصفت) بالف فاعلیت۔ ناک میں بولنے والا غنغنا۔ نیم گرم سیل گرم۔

گنگنانا (ہ۔فعل) ناک میں بولنا۔ دھیمی آواز سے مُنہ ہی منہ میں گانا۔ گُن گُن کرنا۔

گن گن کر یا گن گن کے (ہ۔تابع فعل) ایک ایک کرکے شمار کرکے سنبھال سنبھال کے۔ چُن چُن کر جوں توں کر کے۔ بڑی مشکل سے۔

گن کر آوے لوٹا پاوے (ہ۔مثل) زیادہ ہوشیاری بھی آخر کو نقصان دیتی ہے۔

گن گن کے لکھا تا (اُر۔محاورہ) چن چن کر ہر ایک کو گالیاں دینا۔

گن گن کر دن کاٹنا یا گزارنا (ہ۔فعل) پیتا کے دن پورے کرنا۔ بڑی مشکل سے دن گزارنا۔

گن گن کے سنانا (اُر۔محاورہ) چُن چن کر گالیاں دینا۔ اعلانیہ گالیاں دینا۔

گن گن کے گالیاں دینا (اُر۔محاورہ) کنبے کے ہر فرد کا نام لے کر گالیاں دینا۔

گن گن کے قدم رکھنا (اُر۔فعل) سہج سہج چلنا۔ ہولے ہولے چلنا۔ نہایت احتیاط سے چلنا۔ ہوشیاری اور دور اندیشی سے کام لینا۔

گنگوتری (س۔ابو) دریائے گنگا کے منبع کا نام ہے۔

گنوار (ہ۔امذ) گاؤں کے رہنے والا۔ کسان۔ زمیندار۔ ٹھوٹ۔ ان پڑھ جاہل۔ بے تمیز۔ غیر مہذب۔ بے سلیقہ۔ پھوڑ۔ اناڑی۔ ناتجربہ کاری۔

گنوارپن (ہ۔اندا) بیوقوفی۔ نادانی۔ جہالت۔ بے تمیزی۔ ناتجربہ کاری۔

گنوار کا لٹھ (ہ۔امذ) کسان کی موٹی لاٹھی (صفت) ناشائستہ۔ اکھڑ۔ اُلو۔ گدھا۔ اُجڈ۔ جاہل۔ احمق۔ بداخلاق۔

گنوار کا بالنا توڑے پالنا (اُر۔مثل) بے وقوف کی بات بھی نقصان دیتی ہے۔

گنوار گنانہ دے بھیلی دے (ہ۔مثل) بے وقوف۔ شرافت سے کم نقصان پر راضی نہیں ہوتا۔ مگر مجبور ہو کر جہالت سے زیادہ نقصان گوارا کر لیتا ہے گنوار کم۔

گنوار گوں کا یار (اُر۔مثل) خود غرض کو اپنے مطلب سے غرض ہوتی ہے۔

گنوارُو (ہ۔اصفت فاعلی) بھدا۔ ناموزوں۔ بدوضع۔ گنواروں کا سا۔

گنواری (ہ۔امو) گاؤں کے رہنے والی زمیندارنی۔ گنوار کی مونث (بحالت صفت بیاتے نسبتی) بھدی۔ بدتمیز۔ بدوضع۔ ناموزوں۔

گنواری باتیں (ر۔مو) دہقانوں جیسی باتیں۔

گنوانا (ہ۔فعل) گننا کا متعدی شمار کرانا۔

گنوانا (ہ۔فعل) کھونا۔ برباد کرنا۔ ضائع کرنا۔ ناحق تباہ کر دینا۔ یونہی گزارنا۔

گنوشت یا گنوشتا (ہ۔اصفت) صاحب ہنر۔ ہنرمند۔ دانا۔ عالم۔ فاضل۔ پنڈت۔ بذیاوان۔ ہوشیار۔ باسلیقہ۔ سگھڑ۔

گنوشتی (ہ۔اصفت مو) عالمہ۔ ہنرمند عورت۔ دانشمند۔

گنہ گنہ (ف۔امذ) خطا۔ قصور۔ دوش۔ جرم۔ گناہ کا مخفف ہے۔

گنی (انگ۔امو) انگریزی اشرفی (۲۱ شلنگ قیمت کا سونے کا سکہ۔ متروک)

گنی (ہ۔اصفت بیاتے فاعلیت) عالم۔ فاضل۔ ہنرمند۔ پنڈت۔ ولی اللہ عارف۔ کامل۔ سانپ کا کھلاڑی۔ سپیرا۔ جادو ٹونا کرنے والا۔

گنیارہ (ہ۔امذ) بالف۔ زائدہ۔ ہنرمند عقلمند۔ دانا۔ بڑھئی کا کونپا۔ سادھن۔ ٹیڑھی لکڑی یا چیز کی سیدھ دیکھنے کا آلہ۔ مضروب فیہ جسمیں ضرب دیں

گنی بوٹی میاشور با (ڈنہ مثل) بالکل پورا نہ کم نہ زیادہ۔ ضرورت کے موافق۔ قابل گزارہ۔

گنیش (ہ۔امذ) مہادیو اور پاربتی جی کے بیٹے کا نام ہے۔ جو دانائی کا دیوتا اور مشکل مانا جاتا ہے اسی وجہ سے ہندو لوگ اس کی بڑی تعظیم کرتے ہیں۔

گنیش چوتھ (ہ۔امو) اگن کی چوتھی تاریخ کو گنیش جی کے نام پر منایا جانے والا ہندوؤں کا ایک تیوہار۔

گ - و

گو (ف۔بواؤ مجہول) حرف۔ شرط۔ مانا کہ۔ گرچہ۔ اگرچہ۔ بالفرض۔ گفتن کا امر بھی ہے۔

گو مگو (ف صفت) ناگفتنی۔ پوشیدہ۔ مخفی۔ حالتِ تذبذب میں

گو (ف۔امذ۔بواؤ معروف) گوہ کا مخفف۔ پنجانہ۔ براز۔ پیرک۔ بیٹ۔

گو اچھالنا (اُر۔محاورہ) بُری بات کو شہرت دینا۔ بدنام کرنا۔

گو اچھلنا (اُر۔محاورہ) بدنامی ہونا۔ بُری شہرت ہونا۔

گو سا پیٹے پھرنا (اُر۔محاورہ) سودائی بنے پھرنا۔ دیوانہ وار پھرنا۔ مجنونانہ حرکتیں کرنا۔

گو در گوں مرغی کا گو (اُر۔مثل) سب سے خراب چیز کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

گو کا کیڑا گو ہی میں خوش رہتا ہے۔ (اُر۔مثل) جو شخص جیسی محبت میں پلا ہوتا ہے۔ ویسی ہی محبت اُس کو اچھی معلوم ہوتی ہے۔

گو میں کوڑی گرے تو دانتوں سے اُٹھالے (اُر۔مثل) بہت بخیل کی نسبت کہتے ہیں۔

گو نہیں پچھی پچھی (اُر۔مثل) کسی کی تھوڑی ذلت اور خفیف رسوائی پر بولتے ہیں۔

گھو (س۔امو) گائے بیل کی مادہ۔ گاؤ مادہ۔ بقر۔ دھن۔ مسکین۔ غریب۔

گوپال (س۔ مذ) گایوں کو پالنے والا۔ گھوسی۔ گوجر۔ کرشن جی کا لقب۔
گوُدان (ہ۔ مذ) گائے کو مفت دے دینا۔ گائے کی نذر نیاز دینا۔
گوُرس (س۔ مذ) گائے کا دودھ دہی۔ چھاچھ۔ چھا۔
گوُسالہ (ہ۔ مذ ظرف) گایوں کے رہنے کی جگہ۔ کھٹرک۔
گوُگھاٹ (ہ۔ مذ) دریا یا تالاب پر گایوں و دیگر مویشیوں کے پانی پینے کا مقام۔ مشرب۔
گوُمکھی (ہ۔ امو) بانات کی تھیلی۔ جس میں ہندو لوگ مالا ڈال کر جپتے ہیں۔ ہمالیہ پہاڑ کی ایک کھوہ۔ جہاں سے گنگا نکلی ہے۔ گنگا کا منبع گنگوتری۔ گائے کے چہرے جیسی۔ گائے کے چہرے کی طرح لمبوتری۔
گوُہتیادہ (ہ۔ امو) گائے کو ذبح کرنے یا مارنے کا پاپ۔
گوآریہ گوُآرا (ہ۔ مذ) ایک قسم کا غلہ جو مویشیوں و دودھ کی زیادتی کے لئے کھلاتے ہیں۔
گوُارا (ف۔ اصفت) رچتا۔ پچتا۔ پچنے قابل۔ زود ہضم۔ خوش مزہ من بھاتا من پسند۔ منظورِ نظر۔ قابلِ برداشت۔
گوارا کرنا (اُ محاورہ) برداشت کرنا۔ سہارنا۔ ماننا۔ منظور کرنا۔
گوال یا گوالا (ا۔ ہ۔ مذ) گایوں کی پرورش کرنے والا۔ گھوسی۔ گوجر۔ دودھ بیچنے والا۔
گوالن (ہ۔ امو) گوالا کی تانیث۔ گوجری۔ گھوسن۔
گواہ (ف۔ مذ) شاہد۔ گواہی دینے والا۔ ثبوت پہنچانے والا۔
گواہ بنانا (اُ۔ محاورہ) شاہد ٹھہرانا۔ گواہ۔ قرار دینا۔ جھوٹا گواہ تجویز کرنا۔ گواہی کے لئے سکھانا پڑھانا۔
گواہ ٹوٹنا (اُ محاورہ) گواہ کا فریقِ مخالف سے مل جانا۔ گواہ کا بیان بگڑ جانا۔
گواہ دینا (اُ۔ محاورہ) دعوے کے ثبوت یا تردید کے لئے شاہد پیش کرنا۔
گواہ رویت یا گواہ عینی (رفع۔ مذ) کسی معاملے کو اپنی آنکھ سے دیکھنے والا شاہد۔
گواہ سماعی (رفع۔ مذ) سنی بات کی گواہی دینے والا۔
گواہ طلب کرنا (اُ محاورہ) عدالت میں گواہی دینے والے کا بلایا جانا۔
گواہ کامل جانا (اُ محاورہ) گواہ کا فریقِ ثانی سے مل جانا۔
گواہ کرنا (اُ۔ محاورہ) شاہد بنانا۔ معاملہ سے واقف کرنا۔ جتانا۔
گواہ مرقوم الحاشیہ (رفع۔ مذ) تمسک کے حاشیہ پر گواہی کرنے والا۔
گواہ مندرجہ دستاویز (رفع۔ مذ) وہ گواہ جس کے دستخط کسی تمسک یا دستاویز پر موجود ہوں۔
گواہی (ف۔ امو) شہادت۔ شاہدی۔ ساکھ۔
گواہی کرنا یا لکھنا (اُ۔ محاورہ) کسی دستاویز پر اپنے دستخط کرنا۔
گوبر (ہ۔ مذ) مویشیوں کا پیخانہ۔ مویشی کی خوراک کا فضلہ۔ سرگین۔ گائے وغیرہ گاگو۔
گوبر بھرنا (ہ۔ فعل) مویشی کا گھنا۔
گوبر گنیش (ہ۔ مذ) گوبر کی بنی ہوئی گنیش جی کی بھدی سی مورت۔ مجازاً نہایت بدشکل۔ بدنما۔ بے ڈول۔ سست کاہل۔ کام چور۔ نکھٹو۔ بہت موٹا۔ نہایت فربہ۔ ہیولے۔ احمق۔ کند ذہن۔
گوبر دھن (ہ۔ مذ) گوردھن کا بگاڑ۔ مویشیوں کے محافظ۔ دیوتا کا نام دیوالی سے اگلے روز کا تہوار۔ متبرک پہاڑ کا نام۔
گوبری (ہ۔ امو) گوبر ملی ہوئی نہایت پتلی مٹی۔ لپائی کے قابل۔ نہایت پتلی مٹی۔
گوبند (س۔ مذ) گووند کا بگاڑ ہے۔ گئو رکھنے والا۔ وید کی زبان جاننے والا۔ کرشن جی کا مشہور لقب۔
گوبھی (ہ۔ امو) ایک قسم کا کرم کلا۔ مشہور ترکاری۔ (گوبھی)
گوپ (س۔ مذ) گائیں چرانے والا۔ اہیر۔ گوجر۔
گوپ (ہ۔ امو) سونے چاندی کے تاروں سے گندھی ہوئی زنجیر۔ سونے کا ہار۔ سونے چاندی کی پہنچی۔ ریشم کا کمربند۔
گوپال (ف۔ مذ) گرز۔ گدا۔ لڑائی کا ایک ہتھیار۔
گوپال (س۔ مذ) گایوں کو پالنے والا۔ کرشن جی کا لقب۔
گوپن یا گوپھن (ہ۔ مذ) گوپیا۔ فلاخن۔ جانوروں کو اڑانے کے لئے پتھر یا مٹی کے گولے رکھ کر پھینکنے کا رسی کا بنا ہوا آلہ۔
گوپی (س۔ امو) گوجری۔ گھوسن۔ گوالن۔ اہیرنی۔ شیر فروش عورت۔ کرشن جی کی سہیلیاں۔
گوپی ناتھ (س۔ مذ) گوپیوں کا خاوند۔ گوپیوں کو خوش رکھنے والا۔ یہ دونوں سری کرشن جی کے لقب ہیں۔
گوپیا (ہ۔ مذ) رسیوں کا بنا ہوا ایک ہتھیار جس میں غلہ رکھ کر جانور یا دشمن پر مارتے ہیں۔ گوپن۔ گوپھن۔
گوپیا پھرانا چلانا (اُ۔ محاورہ) فلاخن سے پرندوں کا اڑانا۔ کھیت وغیرہ سے پرندوں کو اڑانا۔
گوت (ہ۔ مذ) گھرانہ۔ خاندان۔ نسل۔ بنس۔ کُل۔ قوم۔ فرقہ۔ کسی قوم کی شاخ۔
گوتم (س۔ مذ) ایک رشی کا نام ہے جس نے نیائے شاستر بنایا ہے۔ نیز بدھ مذہب کا پانی۔ ساکی منی جو ریاست کپل وستو میں پیدا ہوا تھا۔ گوتم بدھ۔
گوتھنیا (ہ۔ فعل) لڑی بنانا۔ پرونا۔ گوندھنا۔ بالوں کی لٹیں بنانا۔
گوتی (ہ۔ اصفت بیاتے نسبتی) ہم نسل۔ ایک کل کے۔ ایک خاندان کے۔
گوٹ (ہ۔ امو) کنارہ۔ حاشیہ۔ مغزی۔ کور۔ سنجاف۔ چوپڑ کی نرد۔ چوپڑ کی گٹی۔ دعوت۔ ضیافت۔ گاؤں۔ گرام۔ گروہ۔ جتھا۔ لوٹی۔ ریل کا دھاگہ لپیٹنے کی سوختدار لکڑی۔
گوٹا (ہ۔ مذ) کناری۔ لچکا۔ سونے چاندی کے تاروں کا بافتہ۔ پتلی لیس۔
گوٹا کناری (ہ۔ امو) چاندی سونے کے تاروں کی لیس جو ریشم کے بانے سے بنی جاتی ہے۔
گوٹے کا ہار (اُ۔ مذ) ایک قسم کا ہار جو تقریبات یا شادی وغیرہ میں اہلِ محفل میں تقسیم کیا جاتا ہے۔
گوٹے کی ٹھالی (اُ۔ امو) وہ کپڑا جس پر گوٹا ٹانک کر اصدان کی مقالی میں بچھا دیتے ہیں۔

گوجر (ہ۔ لمذ) اہیر، گوالا، مویشیوں کی ایک قوم کا نام ہے جس کا کام دودھ بیچنا ہے
گوجرا (ہ۔ امذ) بواڈ، مجھول، گیہوں اور جو کا ملا ہوا اناج، سرحد پاکستان کے ایک شہر کا نام
گوجری (ہ۔ امو) گوجر کی بیوی، گوجر قوم کی عورت، گوالن، گھوسن۔
گوجھا (ہ۔ امذ) بواڈ، مجھول، پاکٹ کیسہ، جیب، سموسہ، ایک قسم کا پکوان ایک قسم کی کانٹوں والی گھاس۔
گوچر (مث۔ امذ) چراہ گاہ، علف زار، خیال، وہم، حواس سے پہچانی ہوئی چیزیں۔
گوچرے (ہ۔ امذ) سہارا، آسرا، اختیار، قبضہ، ذمہ داری۔
گوچنا / گوچنا (ہ۔ مصدر) کسی چیز کا ہوا کے رُخ اس طرح لینا کہ زمین پر نہ گرے۔
گوچنی (ہ۔ امو) گیہوں اور چنوں کا ملا ہوا غلہ، بیرڑا۔
گود (ہ۔ امو) پہلو، آغوش، کنارہ، گولی، دامن، آنچل، متبنّٰی کرنا۔
گود بٹھانا (اُ محاورہ) متبنّٰی بنانا، لے پالک بنانا۔
گود بھرنا (اُ محاورہ) حاملہ عورتوں کی رسم شگون کے طور پر دوسری عورتیں حاملہ کی گود میں سات قسم کے میوے اور سات قسم کی ترکاریاں رکھتی ہیں۔
گود بھری جانا (ہ۔ محاورہ) حاملہ کی ساتویں مہینے کی خوشی کا ادا کرنا۔ اُمید سے ہونا۔ حاملہ ہونا۔
گود بھری (ہ۔ اصفت۔ مو) بچے والی۔ عورت۔ صاحب اُولاد عورت۔
گود بھری رہے (ہ۔ فقرہ۔ دعائیہ) اُولاد زندہ سلامت رہے بچہ گود میں رہے۔
گود پسار کے کوسنا (محاورہ) دامن پھیلا کے بد دعا دینا۔ ہاتھ پسار کے بُرا منانا۔
گود پسارنا یا پھیلانا (محاورہ) دامن پھیلانا۔ سوال کرنا۔ مانگنا۔
گود دینا (ہ۔ فعل) اپنا بچہ دوسرے کی گود میں ڈالنا۔ فرزندی میں دینا اپنے بچے کو دوسرے کا متبنّٰی بنانا۔
گود کا (ہ۔ اصفت) دودھ پیتا، شیر خوار بچہ، گود والا بچہ۔
گود کا چھوڑ کر یا ڈال کر یا کھو کر پیٹ کی آس (ہ۔ محاورہ) اُدھار کے بھروسے پر نقد کو گنوانا، موجودہ چیز کو کھو کر آئندہ نفع کی امید کرنا۔
گود کا کھلایا گود نہیں رہتا (ہ۔ مثل) انسان کی ہمیشہ ایک ہی حالت نہیں رہتی۔
گود کھلانا (ہ۔ فعل) گود میں پالنا۔ بچے کو گود میں رکھ کر بہلانا پرورش کرنا دودھ پلانا۔
گود لینا (ہ۔ فعل) لے پالک بنانا۔ متبنّٰی بنانا۔
گود میں لڑکا شہر میں ڈھنڈورا (اُ۔ مثل) چیز پاس پڑی ہے اور تلاش کسی اور جگہ کی جاتی ہے۔
گود میں لینا (محاورہ) آغوش میں لینا۔ گودی میں لینا۔ زانوں پر بٹھانا۔
گودا (ہ۔ امذ) مغز، مج۔ بھیجا۔ گٹھلی کے اندر کا مغز اندرونی حصہ، خلاصہ کسی چیز کا۔ سب سے بہتر حصہ۔ گری۔
گودا نکالنا (اُ محاورہ) ہڈی سے مغز باہر نکالنا۔
گودام (انگ۔ امذ) کھلیان، تودہ۔ ڈھیر۔ ذخیرہ۔ مال گھر۔ کوٹھی موری خانہ۔
گودڑ (ہ۔ امذ) پرانا اور ناکارہ کپڑا۔ چیتھڑے۔ لیڑے۔ پرانے کپڑوں کی پوٹلی۔ پرانی روئی۔ رُودڑ۔
گودڑ چیل (اُ۔ اصفت) بدسلیقہ عورت۔ پھوہڑ۔ بے تمیز۔
گودڑ کا لعل یا لال (ہ۔ امذ) شریف۔ مُفلس۔ چھپا رستم۔ نامعلوم کابل غیر مشہور فاضل۔ وہ حسین جو پھٹے پرانے لباس میں ہو۔
گودڑ گا سٹھنا (اُ محاورہ) پھٹے پرانے کپڑوں میں پیوند لگانا۔
گودڑ گاڈر (ہ۔ امذ) چیتھڑے گودڑ تے۔ لیڑے لتے۔ (گاڈر تابع فعل ہے۔)
گودڑ میں گنڈورا نکلنا (ہ۔ محاورہ) بُروں میں کوئی اچھا پیدا ہونا۔ ادنےٰ قوم میں کوئی اعلیٰ مرتبہ کا شخص ہو جانا۔ جاہل کے ہاں عالم پیدا ہونا۔
گودنا (ہ۔ فعل) کچوکے لگانا۔ چبھونا۔ بیندھنا۔ ترحم دینا سوئی سے کھود کر نیل یا سرمہ بھرنا۔ کھُننا۔ کندہ کرنا۔ طعنے مہنے دینا۔ چھیڑنا۔
گودنا (ہ۔ امذ) کھرپی۔ رمبا۔ گڑائی۔ کندہ گری۔ سوئی سے جسم پر کام۔
گودہ (ہ۔ امذ) کیلوں کا خوشہ کیلوں کی گھڑ۔
گودی (ہ۔ امو۔ بیائے زائدہ) بغل۔ کوکھ۔ آغوش۔ کنار۔ مجاز آ۔ پاس قریب۔
گودی پھیلا پھیلا کر دعا دینا (اُ محاورہ) دل سے دعا دینا۔
گودی میں بیٹھے ڈاڑھی نوچے (اُ مثل) بہت بے ادب ہے جس سے نفع حاصل کرے اُسی کی توہین کرے۔
گودے دار (ہ۔ اصفت۔ ترکیبی) گرد اور پُر مغز۔
گوڈا (ہ۔ امذ) گھٹنا۔ زانو۔
گوڈنا (ہ۔ فعل) کھودنا۔ گودنا۔ نلائی کرنا۔
گوڈوں میں سر دینا (ہ۔ محاورہ) رنج و غم ظاہر کرنا۔ غم کی صورت بنانا۔
گور (ف۔ امو) قبر۔ تربت مزار۔ مٹھ۔ سمادھ۔ بہرام بادشاہ کا لقب گورخر۔ جنگلی گدھا۔ جنگل صحرا۔
گور بنانا (اُ محاورہ) قبر کھودنا۔
گور پر چونا پھیرنا (اُ محاورہ) مرے ہوتے کی یاد تازہ کرنا۔ نام روشن کرنا۔
گور پر رونا (اُ محاورہ) کسی کی اچھی صفات یاد کر کے رونا۔ قبر پر بیٹھ کر رونا۔
گور پر گور نہیں ہوتی (اُ مثل) ایک کے قابض ہوتے دوسرے کا دخل ناممکن ہے۔
گور جھانکنا (اُ۔ محاورہ) قریب المرگ ہونا۔ موت کا انتظار کرنا۔ موت کنارے پہنچنا۔
گور جھکانا (اُ۔ محاورہ) مرنے کے قریب کر دینا۔
گور غریباں (اُ۔ محاورہ) بے کسوں کا قبرستان۔ امسافروں اور اجنبیوں کے دفن کرنے کی جگہ۔ کسی عاشق زار کی قبر۔
گور کا منہ جھانک کر آنا یا پھرنا (اُ۔ محاورہ) مر مر کر بچنا۔ سخت بیماری سے شفا پانا۔ از سر نو زندگی پانا۔

گور سے بیٹھ نہ لگنا (اُر۔محاورہ) مرنے کے بعد بھی چین نہ پڑنا۔
گور کفن (اُر۔امذ) قبر اور کفن تجہیز و تکفین کفن میں لپٹا اور قبر میں
گور گڑھا پڑنا۔
گورکن اف۔امذ۔ فاعل ترکیبی) قبر کھودنے والا۔ مردے دفنانے اور قبر کھودنے کا پیشہ کرنے والا۔
گور کنارے (اُر۔ا صفت) کوئی دم کا مہماں۔ جاں بلب۔ قریب المرگ۔
گور کنارے آلگنا یا جا لگنا (اُر۔محاورہ) سخت کمزوری اور بیماری سے قریب المرگ ہو جانا۔ نزع کی حالت ہو جانا۔
گور کنارے پہنچانا (اُر۔محاورہ) مرنے کے قریب کر دینا۔ مار رکھنا مردے کو قبر تک لے جانا۔
گور کے مردے اکھیڑنا (اُر۔محاورہ) اگلوں کو یاد کرنا پچھلی باتوں کو یاد کرنا۔ پرانے جھگڑے نکالنا۔ یا۔ فتنہ کھڑا کرنا۔
گور گڑھا کرنا (اُر۔فعل) تجہیز و تکفین کرنا۔ کفنانا۔ دفنانا۔ کریا کرم سے نمٹنا۔
گور میں انگارے بھرنا (اُر۔محاورہ) عذاب کمانا۔ گنہگار ہونا۔ بدی کرنا۔ غیبت کرنا۔
گور میں پاؤں لٹکائے بیٹھے ہیں۔ (اُر۔محاورہ) مرنے کو تیار ہیں۔ نہایت بوڑھے ہیں۔ چند روزہ مہماں ہیں۔
گور میں دھواں اٹھنا (اُر۔محاورہ) قبر میں جلنا۔ عذابِ قبر ہونا۔ قبر میں سزا ملنا۔
گور میں کیڑے پڑیں (اُر۔دعائے بد قبر میں جسم سڑکے کیڑے گلبلائیں۔
گور میں لات مار کے کھڑا ہونا (اُر۔محاورہ) سخت بیماری سے شفا پانا۔ مر کر بچنا۔
گورا ہ۔ا صفت) سُرخ و سفید رنگ والا برعکس۔ صبیح۔ اُجلا۔ دُھلا۔ حسین و جمیل (بحالت۔مذ) فرنگی۔ یورپین سپاہی۔
گورا چٹا ہ۔ا صفت نہایت حسین و جمیل۔ سُرخ و سفید۔ خوبصورت۔
گورا روٹھے گی تو اپنا سہاگ لے گی بھاگ تو نہ لے گی۔ (اُر۔مثل) مالک ناراض ہو جاتے تو کہ یا ملازم کہتا ہے۔
گوراشاہی (اُر۔ا صفت تشبیہی) گوروں جیسا۔ گوروں کے کام کے قابل گوروں کے استعمال کا۔ نہایت مضبوط بوٹ یا کوٹ وغیرہ۔
گورخر رف۔امذ) گور بمعنی جنگل اور خر بمعنی گدھا سے مرکب ہے۔ صحرائی گدھا۔ جنگلی گدھا۔
گورستان (ف۔مذ ظرف) قبرستان مردوں کے دفن ہونے کی جگہ۔ شہر خموشاں۔ مرگھٹ۔
گورکھ دھندا ہ۔امذ) قفل و سواسی۔ قفل لاینحل۔ گورکھ ناتھ جی کا ایجاد کردہ قفل مجازاً مشکل کام۔ پیچیدہ معاملہ۔ بکھیڑے والا معاملہ۔
گورکھ دھندا لگ رہا ہے (اُر۔محاورہ) پیچیدہ معاملہ درپیش ہے۔
گورکھا ہ۔امذ) گورکھ پور علاقہ ریاست نیپال کا باشندہ جو پستہ قد اور محنت کش سپاہی ہوتا ہے مجازاً آنکھ کنا اور پستہ قد آدمی۔

گورنر (انگ۔امذ) کسی ملک پر حکومت بااختیاری کرنے والا۔ حاکم اعلیٰ صوبہ دار۔ Governor
گورنر جنرل (انگ۔امذ) گورنر سے بڑا عہدہ دار۔ وائسرائے۔ نائب السلطنت۔ Governor General
گورنمنٹ (انگ۔امو) راج۔ بادشاہی۔ حکومت۔ عملداری۔ حکمرانی۔ جمہوری سلطنت۔ Government
گوری (ہ۔ا صفت مؤنث) معشوقہ۔ محبوبہ۔ خوبصورت عورت۔ حسینہ۔ گورا کی تانیث۔
گوری کا جوبن چٹکیوں میں جانا (محاورہ) کسی چیز کا نمونوں میں ہی ختم ہو جانا۔ کسی چیز کی خوبی۔ یا کسی کے حُسن کا ضائع ہو جانا۔
گوری (مس۔ا مو) مہادیو کی استری۔ پاربتی۔ گورجا۔ حوا۔ آٹھ برس تک کی کنواری لڑکی۔ مالکوس راگ کی دوسری راگنی۔
گوریا ہ۔امو) بنگال کا درمیانی حصّہ۔
گوریلا (انگ۔امذ Guerilla) غیر منظم فوج کا ایک سپاہی۔ چھاپہ فوج کا سپاہی۔ افریقہ کا مشہور جانور۔

گوریلا

گوریلا جنگ (انگ۔امو) چھاپہ مار جنگ چھاپہ مار سپاہیوں کی لڑائی۔ چھپ کر حملہ کرنے والی جنگ۔
گوڑ (س۔امذ) بنگال کا درمیانی حصّہ۔ بنگال کے قدیم دار الخلافہ کا نام شہر گوڑ کا رہنے والا۔ برہمنوں کی ایک اعلیٰ قوم۔
گوڑ (س۔مذ۔ا بواؤ مجہول) پنڈلی۔ ٹانگ۔ سٹمنہ۔ شتالنگ۔ پاؤں۔ پیر۔ قدم۔
گوڑ پڑنا (اُر۔محاورہ) پاؤں پڑنا۔
گوڑ ٹوٹنا (اُر۔محاورہ) ٹانگ ٹوٹنا۔ تھکنا۔ ناامید ہونا۔ سارا جوش جاتا رہنا۔
گوڑ لگنا (اُر۔محاورہ) پاؤں پڑنا۔
گوڑا ہ۔امذ) زانوں گھٹنے کی چپنی۔
گوڑنا ہ۔فعل) ہل چلانا۔ بیج بونے کے لئے زمین کھودنا۔ زمین تیار کرنا۔ نلانا۔
گوڑھ (مس۔ا صفت) مشکل۔ دشوار۔ کٹھن۔ مخفی۔
گوڑھ چال (مس۔امذ) بھیدی۔ جاسوس۔ مخبر۔ خفیہ پولیس۔
گوڑی ہ۔ا مو) لاہچ لفع۔ فائدہ۔ بلا محنت ملا ہوا مال۔
گوڑی (مس۔ا مو) گرگابی شراب۔ ایک راگنی۔
گوڑی جانا (اُر۔محاورہ) پٹس جانا
گوڑی کرنا (اُر۔محاورہ) کمانا۔ فائدہ اٹھانا۔
گوڑی ہاتھ سے جانا (محاورہ) بیکار۔ ہاتھ سے نکل جانا۔ کچھ ہاتھ نہ آنا۔ فائدہ نہ ہونا۔

گوڑے (ہ۔ امذ) گوڑ کی جمع۔ گھٹنے۔ گوڈے۔

گوڑے پڑنا (اُ۔ محاورہ) پاؤں پڑنا۔

گوڑے پسار جانا (ہ۔ محاورہ) پاؤں پھیلا جانا۔ مرجانا۔ جی چھوڑ جانا۔ ہمت ہار جانا۔

گوڑے توڑنا (اُ۔ محاورہ) گھٹنے توڑنا۔ ہمت ہارنا۔ حوصلہ نہ رہنا نا اُمید ہونا۔

گوڑے ٹوٹ جانا (ہ) گھٹنے ٹوٹ جانا۔ چلتے چلتے ٹانگیں تھک جانا چلنے کی ہمت نہ رہنا۔ حوصلہ نہ رہنا۔ نا اُمید ہو جانا۔

گوز (ف۔ امذکر) پاد۔ باد۔ پھسکی۔ گندی ہوا۔

گوز اڑانا / مارنا (اُ۔ محاورہ) پادنا۔ بیکاری میں وقت ضائع کرنا۔

گوز پر گوز و صوبر و صو (اُ۔ مثل) بڑے مکار کی نسبت بولتے ہیں۔ جو نہایت ہوشیار اور چالاک آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔

گوز شتر (اُ۔ صفت۔ بترکیب اضافی لغو۔ پوچ۔ واہیات۔ بادہوائی بات۔ ایسی بات جس کا کوئی سر پیر نہ ہو۔

گوز شتر سمجھنا (اُ۔ محاورہ) لغو خیال کرنا۔ فضول جاننا۔ بے وقعت سمجھنا خیال میں نہ لانا۔

گوسا (ہ۔ امذ) گوبا۔ اُپلا۔

گوسالہ (ف۔ امذ) گائے کا ایک سال کا بچہ۔ بچھڑا۔ سامری۔ جادوگر کا سونے کا بچھڑا۔

گوسالۂ من پیر شد و گاؤ نہ شد (ف مثل) بڈھے ہو گئے۔ مگر بچپنا نہ گیا۔

گوسفند یا گوسپند (ف۔ امو) بھیڑ۔ بھیڑی۔ دنبہ۔ بکری۔ بکرا بھیڑ۔ بکری۔

گوش (ف۔ امذ) کان۔ سمع۔

گوش بر آواز (ف۔ محاورہ) کسی کی آواز کا منتظر۔ کسی خبر کا منتظر۔

گوش دل سے سننا (اُ۔ محاورہ) ذوق شوق سے سننا۔

گوش زد ہونا (اُ۔ محاورہ) کان میں پڑنا۔ سننے میں آنا۔ سنا جانا۔

گوش گزار ہونا (اُ۔ محاورہ) اطلاع ملنا۔ خبر ہونا۔ سننے میں آنا۔ کان میں پڑنا۔

گوش ہوش سے سننا (اُ۔ محاورہ) غور سے سننا۔ نصیحت پکڑنا۔

گوشت (ف۔ امذ) ماس۔ شکار۔ لحم۔ گودا۔ مغز۔ گری۔

گوشت خر (ف۔ امذ) لغطی گدھے کا گوشت۔ کنایۃً بے کار چیز۔

گوشت خردنان سگ (ف مثل) جب دو بُرے شخص آپس میں لڑیں تو کہتے ہیں جب کوئی بُری چیز کسی لالچی آدمی کو مل جائے تو کہتے ہیں۔

گوشت خور (ف۔ صفت فاعلی) شکار کھانے والا۔ ماسا دھاری۔ درندہ گوشت پر ہی گزارہ کرنے والے جانور۔ گوشت کھانے والا۔

گوشت سے ناخن جدا کرنا (اُ۔ محاورہ) دو رشتہ داروں میں تفرقہ ڈالنا اپنوں کو علیحدہ اور جدا کرنا۔ جو ناممکن بات ہے۔

گوشت سے ناخن جدا نہ ہونا (اُ۔ محاورہ) اپنوں سے نہ چھوٹنا۔ کمال کا میل ملاپ ہونا۔ کسی کے بہکانے وغیرہ سے رشتہ داری میں فرق نہ آنا۔

گوشت کھا لیتے ہیں ہڈیاں پھینک دیتے ہیں۔ (اُ۔ مثل) اچھی چیز استعمال کرنی چاہیئے۔

گوشت کھائے گوشت بڑھے ساگ کھائے اوجھڑی۔ (اُ۔ مثل) گوشت کھانے سے آدمی فربہ ہوتا ہے اور ترکاری کھانے سے پیٹ بڑھتا ہے۔

گوشت کھائے گوشت بڑھے گھی کھائے بل ہو ساگ کھائے اوجھ بڑھے تو بل کہاں سے ہو (اُ۔ مثل) گوشت کھانے سے آدمی موٹا ہوتا ہے۔ گھی کھانے سے طاقت آتی ہے۔ سبزیاں کھانے سے پیٹ بڑھتا ہے۔ مگر طاقت نہیں آتی۔

گوشمالی / گوشمال (اُ۔ امو) سزا۔ کان مروڑنے کی سزا۔ کان اینٹھنے کی سزا دینا۔ تعزیر۔ چشم نمائی۔

گوشوارہ (ف۔ امذ) لغوی معنی لائین۔ گوشہ۔ اصطلاحاً۔ کان کا بالا۔ آویزہ کنڈل۔ وہ موتی جو سیپ کے اندر سے اکیلا ہی نکلتا ہے بگڑی کا طلا۔ جینہ۔ حساب کا خلاصہ۔ انتخاب۔ حساب میزان۔ کسی نقشے یا رجسٹر کی پیشانی۔

گوشہ (ف۔ امذ۔ بیائے نسبتی) منسوب بہ گوشہ کونہ۔ کھونٹ۔ کنارہ علیحدگی طرف پہلو۔ سمت۔ کمان کا سرا۔ کمان کی دونوں نوکیں یا سرے۔

گوشہ چشم (ف۔ امذ) آنکھ کا کونا۔ آنکھ کا کنارا۔

گوشہ دل میں جگہ دینا (اُ۔ محاورہ) یاد رکھنا۔

گوشہ عافیت (ف۔ امذ) آرام کا کونہ گوشہ تنہائی۔ امن کا کونہ۔

گوشہ کمان (ف۔ امذ) کمان کی نوک جس میں تانت باندھتے ہیں۔

گوشہ نشیں (ف۔ اصفت فاعلی) تنہائی میں رہنے والا۔ تارک الدنیا۔ سب سے الگ رہنے والا۔

گوشہ نشینی (ف۔ امو۔ بیائے مصدری) علیحدگی۔ تنہائی خلوت و عزلت۔

گوکل (ہ۔ امذ۔ براؤ مجہول) گئو شالا۔ باڑا۔ کرشن جی کی جنم بھوم ہے۔ اور بندجی کی رہائش گاہ۔

گوکھ (ہ۔ امو) ڈیوڑھی چھجا۔

گوکھرو (ف۔ امذ) ایک جن کونے کانٹے کا نام ہے۔ گوکھرو کا پودا یا بیل لوہے کے کانٹے جو دشمن کے راستوں میں ڈال دیتے ہیں۔ کان کا ایک زیور۔ دھنک وغیرہ کا کونا مڑا ہوا گوٹا۔

گوکھا (ہ۔ امذ) خاکروبوں کے پیر کا نام ہے۔

گوگا بڑا کہ بھگوان (اُ۔ مثل) ادنیٰ۔ اعلیٰ کی برابری نہیں کر سکتا۔

گوگل (ہ۔ امذ) ایک نہایت تلخ اور بدبودار گوند ہوتا ہے۔

گول (ہ۔ اصفت) چکردار۔ کروی۔ مدور۔ مشکوک۔ مشتبہ۔ پیچدار بات احمق۔ بحالت امو) مٹی کا بڑا مٹکا۔ خم۔

گول جانا (اُ۔ محاورہ) مویشی کے غول کا چرائی کیلئے دوسری جگہ جانا۔

گول گول (ہ۔ صفت) مشکوک۔ مشتبہ۔ مبہم۔

گول گول رکھنا (اُ۔ محاورہ) کسی بات کا مبہم رکھنا۔

گول گول کہنا (اُ۔ محاورہ) صاف صاف نہ کہنا۔ ذو معنی کلام نہ کرنا۔ کسی مطلبوں والی بات نہ کہنا۔

گول مال (ہ۔ اصفت) گڈمڈ۔ ملا جلا۔ سازش۔ اٹ سٹ۔ خیانت خائب۔ دال میں کالا۔ مشتبہ۔

گول مال کرنا (اُر۔ محاورہ) ملا جلا دینا۔ غائب غلہ کرنا۔ غبن کرنا۔ سازش کرنا۔ اٹ ست کرنا۔

گول مٹھول یا مٹھول (ہ۔ اصفت) گول مول۔ پیپنیا سا۔ بہت موٹا اور فربہ پست قد۔ موٹا اور ٹھگنا۔

گول مول (ہ۔ اصفت) نہایت گول شے پستہ قد اور ٹھگنا آدمی۔ موٹا۔ بیقوف۔

گول مول جواب (اُر۔ امذ) پیچیدہ جواب۔ مبہم جواب۔

گول منہ (ہ۔ امذ) مدور چہرہ چکلا منہ۔ آفتابی چہرہ۔

گول ہو رہنا (اُر۔ محاورہ) ٹال جانا۔ چپ ہو رہنا۔ خاموش ہو بیٹھنا جواب نہ دینا

گولا (ہ۔ امذ) بالف زائدہ۔ پنڈ۔ گھیرا۔ جیسے دھاگوں کا گولا۔ اناج کی منڈی

گول شہتیر۔ لٹھا۔ ایک قسم کا کبوتر۔ ناریل کے اندر کی ثابت گری۔ باؤسول۔

باؤگولہ۔ ریوڑ۔ گلہ۔ پکا کنواں جو اندر باہر سے استر کاری کیا ہوا ہو توپ کا گولہ۔

گولا اُٹھانا (محاورہ) اپنی سچائی ثابت کرنے کو لوہے کو دہکتا ہوا لال گولا ہاتھ میں لے لینا۔

گولا چلانا (محاورہ) توپ چھوڑنا۔ گولا مارنا۔

گولا دن (ہ۔ اصفت) نہایت موٹا تازہ۔ گول مٹھول۔ فربہ اندام۔

گولا دن بنا ہوا ہے (ہ۔ محاورہ) بہت ہی موٹا تازہ ہے۔

گولا دھار برسنا (محاورہ) سخت بارش ہونا۔ موسلا دھار بارش ہونا۔

گولا لاٹھی دینا یا کرنا (محاورہ) ہاتھ پاؤں باندھ کر گھٹنوں میں لاٹھی دے کر اُٹھانا۔ ایک قسم کی سزا ہے جو مدرسہ میں سخت قصور پر دی جاتی ہے

گولائی (ہ۔ امو۔ بیائے مصدری) گول پن۔ چکر۔ دور۔

گولر (ہ۔ امذ) ایک درخت اور اُس کے پھل کا نام ہے جو انجیر سے مشابہ ہے۔ روٹی کا ڈوڈا۔ ٹینٹ۔ کپاس کا ڈوڈا۔

گولر کا پھول (ہ۔ امذ) گولر کے درخت کا پھول (بحالت صفت) نہایت نایاب شے۔ نادر۔ کمیاب۔ ناممکن الحصول۔

گولر کا پھول پھولنا کھلنا (اُر۔ محاورہ) عجیب بات ہونا۔

گولر کا پیٹ پھوٹنا (اُر۔ محاورہ) بھید کھلنا۔ راز ظاہر ہونا۔

گولر کا پیٹ پھڑوانا (ہ۔ محاورہ) راز فاش کروانا۔ بھید کھلوانا۔ دبی ہوئی عیب دار بات کو ظاہر کروانا۔ پوشیدہ راز کو ظاہر کرانا۔

گولر کا کیڑا (ہ۔ امذ) گولر کے پھل کے اندر کا کیڑا۔ مجازاً گھر سے باہر نہ نکلنے والا آدمی۔

گولر گپکنا (محاورہ) چبا چبا کر باتیں کرنا۔ فخریہ اور طنزیہ بات کرنا۔

گولک (ہ۔ امذ) روزانہ بچی رکھنے کا برتن۔ بچی رکھنے کی کپی۔ گلہ۔ غلہ۔ حرامی بچہ۔

گولنداز (ف۔ امذ۔ فاعل ترکیبی) گولا انداز کا مخفف۔ توپ چلانے والا توپچی۔

گولہ (ف۔ امذ) توپ کا گولہ۔ گلولہ۔ غلہ۔ توپ میں چلانے کا گولہ۔

گولہ باری (اُر۔ امو) گولے پھینکنے کا عمل۔

گولی (ہ۔ امو) گولہ کی تصغیر۔ بندوق کی گولی۔ دوا کی بٹی۔ گٹکا۔ حب۔ بچوں کے کھیلنے کا انٹا۔ گول دانہ۔ روا۔ بانی رکھنے کی بڑی ٹھلیا۔ مٹکی

گولی بارود کہیں جائے طلب لینے سے کام (ذو مثل) کسی کا کام بنے یا بگڑے اپنی تنخواہ اور مطلب سے غرض۔

گولی بچا جانا (اُر۔ محاورہ) کسی مشکل کام یا آفت کے وقت الگ ہو جانا۔

گولی بنانا (اُر۔ محاورہ) کسی چیز کو مدور شکل میں بنانا۔

گولی بیٹھ جانا (اُر۔ محاورہ) گولی کا کسی جگہ لگ جانا۔

گولی پر گولی لگنا (اُر۔ محاورہ) متواتر گالیاں مارنا۔

گولی پلانا (اُر۔ محاورہ) بندوق میں گولی بھرنا۔

گولی چلانا (محاورہ) مار دینا۔ کسی کو گولی کا نشانہ بنانا۔ بندوق میں گولی بھرنا۔ کسی کے جسم میں گولی داخل کرنا۔

گولی چوکنا (اُر۔ محاورہ) نشانہ خطا ہونا۔

گولی دینا (اُر۔ محاورہ) دوا کی بٹی کھلانا۔

گولی کان پر سے نکل جانا (اُر۔ محاورہ) کسی صدمے یا آفت سے بال بال بچ جانا۔

گولی لگانا (اُر۔ محاورہ) گولی مارنا۔

گولی لگنا (ہ۔ فعل) گولی کا زخم یا ضرب آنا۔ بندوق کا نشانہ لگنا۔

گولی لگے یا پڑے (ہ) دعائے بد۔ بندوق سے مارا جائے۔

گولی مارنا (ہ۔ فعل) بندوق چھوڑنا۔ جان سے مار ڈالنا۔ گولی چلانا۔

گولی مارو (ہ۔ محاورہ) نفرت اور تنفر کے اظہار کے موقع پر بولتے ہیں جانے بھی دو اُس کا نام تک نہ لو۔ گولی مارو۔ دفع کرو

گولیاں (اُر۔ امو) دیکھئے گولی جس کی یہ جمع ہے۔

گولیاں کھیلنا (ہ۔ محاورہ) گولیوں کا کھیل کھیلنا۔ ایام طفلی ہونا۔ بچپن کا زمانہ ہونا۔

گولیوں کا مینہ برسنا (اُر۔ محاورہ) لگاتار۔ گولیاں برسنا۔

گولیاں کھیلتے ہیں (ہ۔ محاورہ) ابھی تک بچے ہیں۔ ناسمجھ ہیں۔ بے عقل ہیں۔

گومڑا یا گومڑا (ہ۔ امذ) دنبل۔ پھوڑا۔ ورم۔ سوجن۔ سر میں ضرب لگنے کا دم۔

گومڑا پڑنا (اُر۔ محاورہ) چوٹ کے باعث سوجن کا ظاہر ہونا۔

گومڑی (ہ۔ امو) چھوٹی پھنسی۔ پھنڑیا۔ دانہ۔

گومکھی (ہ۔ امذ) وہ تھیلی جس میں مالا ڈال کر جپتے ہیں۔

گومگو (اُر۔ اصفت) دُبدھا۔ تذبذب۔ شک و شبہ۔ وسوسہ۔ مشکوک پوشیدہ۔ مخفی۔ خفیہ۔ ناگفتہ بہ۔

گُوں (ف۔ امذ) علامت رنگ۔ رنگ لون۔ حرف تشبیہ بھی ہے۔

گون (ہ۔ امو) بالوں یا رسیوں کا بنا ہوا تھیلا۔ گدھوں بیلوں وغیرہ پر غلہ لادنے کی بوری۔ خربار۔ جنگ۔

گول (ہ۔ امو) داؤں۔ غرض۔ گھات۔ مطلب۔ مقصد۔ قابل۔ لائق۔ جوگ۔ خواہش۔ ضرورت۔ حاجت۔ احتیاج۔

گول پڑنا (محاورہ) مطلب پڑنا۔ کام پڑنا۔ تعلق اور واسطہ ہونا۔

گول سا (ہ۔ اصفت اضافی) غرض کا۔ مطلب کا۔ لوبھی۔ لالچی۔ خود غرض۔ خود کام۔

گول کا یار (اُر۔ امذ) مطلب کا یار۔ خود غرض۔ مطلبی۔ مطلب کا بندہ۔

گول کیرا این الوقت۔

گوں گا نٹھنا (اُر۔ محاورہ) مطلب برابری کرنا۔ چاپلوسی کر کے مطلب نکالنا۔

گون کا نٹھیا (اُ صفت) چاپلوسی کرکے مطلب نکالنے والا۔
گون نکل گئی آنکھ بدل گئی (اُ مثل) مطلب نکلنے کے بعد بے پرواہ ہوگیا۔
گون (انگ۔ اند۔ Gone) ایک قسم کا ڈھیلا ڈھالا۔ انگریزی زنانہ لباس۔ پشواز۔ یونیورسٹی کی ڈگری حاصل کرتے کے وقت کا خاص امتیازی لباس۔ یعنی سیاہ جُبّہ۔
گونا (ہ۔ا۔ند) مُکلاوا۔ دولھا کا اپنے سسرال میں جاکر دولھن کو وداع کرا کے لانا۔ تخت کی رات۔ سہاگ رات۔ خلوت۔ شب عروسی۔
گونتھنا (ہ۔ مصدر) ریشم کے تاروں کو آپس میں۔ لپیٹنا۔ گوندھنا۔
گونا ہونا (ہ۔ فعل) مُکلاوا ہونا۔ رخصتی ہونا۔
گونا گوں (ف۔ اصفت۔ بالف اتصال) طرح طرح کا۔ رنگ برنگ کا۔
گونا انواع واقسام کا۔
گونج (ہ۔ اسمو) گرنج۔ تصادم آواز۔ آواز کا کسی صاف اور مجوف سطح سے ٹکرا کر پھر اسی طرح واپس سنائی دینا۔ سانپ کی پھنکار۔ کبوتر یا قمری کی آواز۔ شیر کی دھاڑ۔
گونج اُٹھنا (ہ محاورہ) آواز سے بھر جانا۔ شور وفغاں سے پُر ہونا بہت ہی شور وغل ہونا۔
گونجنا (ہ۔ فعل) گنبد سے آواز کا لوٹ کر آنا وہی آواز سنائی دینا۔ کبوتر کا مستی میں بولنا شیر کا دھاڑنا۔
گونچ (ہ۔ اسمو) گھونگچی۔ رتی۔ سُرخ۔ ایک قسم کی مچھلی۔
گوند (ہ۔ اند) ایک طرح کا چیپ دار مادہ جو درختوں سے نکلتا ہے صمغ۔
گوند پنجیری یا گوند مکھانے (ہ۔ا۔ند) زچہ کو طاقت دینے کی چیزیں جو گھی آٹے مکھانے وغیرہ سے مرکب ہوتی ہے۔
گوند پنجیری اور ہی کھائیں بچارانی پڑی کراہیں (ہ۔ مثل) دُکھ کوئی سہے۔ مزے کوئی اڑائے۔
گوند دانی (اُ۔ اسمو) ظرف۔ بھیگا ہوا۔ گوند رکھنے کا برتن۔
گوندا (ہ۔ا۔ند) گیلی مٹی کا لوندا۔ پھٹے ہوئے چنوں کا گوندھا ہوا آٹا جو بلبل کو کھلایا کرتے ہیں۔
گوندا دکھانا (اُ محاورہ) بلبلوں کو باہم لڑنے کیلئے چارہ دکھانا بھڑکانا
گوندنی } (ہ۔ اسمو) ایک مشہور درخت اور اُس کا زرد لیس دار پھل۔
گوندی } میٹھا۔ لیس دار خشک پھل۔
گوندنی سالدنا (ہ۔ فعل) خوب پھل آنا۔ چیچک کا اچھی طرح سے نکل آنا سونے چاندی کے زیور سے بھر پور ہونا۔
گوندھنا (ہ۔ فعل) روٹی پکانے کیلئے آٹا بنانا۔ آٹا ملنا۔ مہندی گھولنا سر کے بالوں کی چوٹی بنانا۔ موتیوں یا پھولوں کی لڑیاں پرونا۔ ہار بنانا
گوندا (اس۔ا۔ند) اونچی سونڈی والا۔ ایک ادنیٰ فرقہ کے ہندوؤں کا نام۔
گونڈا (ہ۔ا۔ند) بستی۔ کھیڑا۔ گاؤں۔ دیہہ۔ موضع بڑی بستی۔ شاہراہ دلھن کے گھر برات پہنچنے کے وقت کا پھاٹک اور کھیرا۔ شاہراہ چوک صحن انگنائی
گونڈا (ہ۔ا۔ند۔ اُ۔ مجہول) بھیڑ بکریوں کا باڑا۔ جانوروں کے رکھنے کا مکان گوسالہ کھرک۔ تھیلیرہ۔
گونڈ ملار (اُ۔ اسمو) کھمانج۔ ٹھاٹھ کی ایک راگنی
گونڑا (ہ۔ا۔ند) جہاز کا شہتیر۔
گونگا (ہ۔ا۔صفت) زبان سے بول نہ سکنے والا۔ گنگ۔ خاموش چُپ چاپ۔
گونگی (ہ۔ اصفت) گونگا کی تانیث۔
گونگوں کی بولی (لف) گونگوں کی اشاروں میں بول چال۔ سہل طریقہ۔

گونگوں کی بولی

DEAF-AND-DUMB ALPHABET

گونگے کا اشارہ گونگا ہی سمجھے
گونگے کی پشتو اُس کی ماں ہی جانے } (ہ مثل) جنس اپنی ہی جنس سے خوب میل کھاتی ہے۔ رمز وکنایہ کو خاص واقف ہی سمجھتا ہے۔
گونگے کا خواب (اُ۔ہ۔ اند) کہنے میں نہ آنے کی بات۔ زبان سے ادا نہ ہو سکنے والا۔ لطف پوشیدہ بات۔ مبہم اشارہ۔
گونگے کا گڑ کھانا (ہ محاورہ) گھنی۔ سادھنا۔ خاموشی اختیار کرنا چُپ ہو رہنا۔
گونگے کا گڑ کھٹا نہ میٹھا (ہ۔ محاورہ) ناقابل بیان۔ ظاہر نہ کر سکنے کے قابل۔
گونگے کی مٹھائی (اُ۔ اسمو) نہایت لطف اور مزیدار چیز۔ ایسا لطف جو بیان سے باہر ہو۔
گونگے نے سپنے دیکھا من ہی میں پچھتائے (ہ۔ مثل) کسی قابل اظہار بات کے بیان نہ کر سکنے کے موقع پر بولتے ہیں یعنی بیان کو جی چاہے مگر ہو نہ سکے۔
گون مھون (ہ۔ا۔ند) منہ پھلا کر چپ ہو جانے والا۔
گونہ (ف۔ا۔ند) رنگ عورتوں کا رخسارے پر ملنے کا سُرخ پوڈر غازہ۔ گلگونہ جنس قسم۔ نوع۔ طور۔ طرز۔ وضع۔ ڈھنگ۔
گونہ گونہ (ف۔ اصفت) طرح طرح کا قسم قسم کا۔ مختلف انواع واقسام کا۔
گونہار (ہ۔ا۔ند) دامن کے ساتھ لیکے سے سسرال میں آنے والی عورتیں۔ ساتھ والیاں۔
گوینا (ف۔ اسمو) ایک مشت مثلث کا اوزار۔ معمار کی ڈوری۔
گوہ (ہ۔ اسمو۔ اُ مجہول) چھپکلی سے مشابہ۔ مگر بہت بڑا۔ دو زبانوں والا جنگلی جانور۔ نیولے سے بہت بڑا ہوتا ہے (ف) سوسمار۔

گوہ رف۔اند) پنجانہ۔ پلیدی۔ جھی چھی۔ غلاظت۔ بشٹا۔ بیٹ۔ میلا۔ چرک۔
گوہ اٹھانا (اُر۔محاورہ) پنجانہ کمانا۔ بہت بڑی خدمت کرنا۔ نہایت خوشی اور عقیدت سے گندہ کام کرنا۔
گوہار (ہ۔امو) دُہائی تہائی۔ واویلا۔ شور و فریاد۔ غل غپاڑا۔ کاگارول۔ ایک آدمی کا کئی آدمیوں سے گالی گلوچ میں خوب مقابلہ گالی گلوچ۔ لاٹھی کی لڑائی۔
گوہا چھی چھی (اُ۔امو) پلیدی۔ نجاست۔ بک بک۔ بکواس۔ گالی گفتار گالی گلوچ۔ کلیس۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔ رسوائی۔ بدنامی۔ فضیحت بحث تکرار۔ ضد۔
گوہا نجنی (اُ۔امو) آنکھ کی پھُنسی جو پلک پر نکلا کرتی ہے۔ انجنہاری۔
گوہانی (ہ۔امو) گاؤں کے آس پاس کے کھیت۔ عمدہ زمین۔
گوہر (رف۔اند) قیمتی پتھر۔ جوہر۔ موتی۔ دُر۔ مروارید۔ مادہ۔ ماہیت۔ اصل نسل ذات۔ جڑ بنیاد۔ پرشیدہ بات۔ بیٹا۔ فرزند۔
گوہر افشاں (ف۔صفت) فیض پہنچانے والا۔ خوش بیان۔
گوہر بار (ف۔صفت) موتی برسانے والا۔
گوہر بندھنا (اُر۔محاورہ) موتی میں سُوراخ کرنا۔
گوہر شب تاب یا شب چراغ (ف۔اند) ایک قسم کا لعل جو رات کو خوب چمکتا ہے۔
گوہر گرجنا (اُر۔محاورہ) موتی میں بال پڑ جانا۔
گوہر نگار (ف۔صفت) موتیوں سے جڑا ہوا۔
گوے (ف۔اند) گیند
گوے باز (ف۔صفت) گیند کھیلنے والا۔ وہ بازی گر جو کئی گیندیں کر ہوا میں پھینک کر پکڑتا ہے۔
گوے سبقت لے جانا (اُر۔محاورہ) غالب آنا بڑھ جانا۔
گوے گریبان (ف۔اند) گریبان کا نکمہ۔
گویا (ف۔صفت) بالف فاعلی اگفتن بولنے والا۔ خوش گفتار (بحالت تابع فعل) غالباً ظاہراً (بصورت حرف تشبیہ) مانند ہو بہو۔ مثل بالفرض مانا کہ (اند) بولنے والا حیوان۔
گویا (ہ۔اند) گانے والا۔ قوال۔ ڈوم۔ میراثی۔ کلاونت۔ گائیک۔
گویاں (ہ۔امو) سہیلی۔ سکھی۔ ہم عمر اور ہم صحبت لڑکی۔ کھیل کا ساتھی آڑی۔ جوٹ۔
گویائی (ف۔امو۔ بیانیہ مصدری) بول چال۔ طاقت گفتار۔ کلام بات چیت
گوئم مشکل و گرنہ گوئم مشکل (ف۔مثل) کہوں تو مشکل نہ کہوں تو مشکل۔
گوہ بیٹھا (ہ۔اند) اپلا۔ گوبا۔ گوسا۔
گوہ پندہ (ف۔اند) فاعل قیاسی۔ کہنے والا۔ گویا۔ خبر دینے والا۔ مخبر۔ جاسوس۔

گ - ہ - ھ

گہ (ہ۔امو) کوٹھے کی اونچائی۔ مکان کا درجہ۔ کھنڈ۔ منزل قبضہ دستہ۔ مُوٹھ۔
گہ باندھنا (اُر۔محاورہ) قبضہ شمشیر میں لتا باندھنا۔
گہ جانا (اُر۔محاورہ) گرہن میں آجانا۔ کسی کڑی چیز کا گھس جانا۔
گہ بیٹھنا (ہ۔فعل) تلوار کی مُوٹھ بیٹھ جانا۔ ہاتھ میں جم جانا۔
گھات (ہ۔امو) داؤں۔ تاک۔ موقع۔ ادا۔ انداز۔ طرز۔ دھوکا۔ فریب مطلب ارادہ۔ شکار یا دشمن کے انتظار میں بیٹھنے کی جگہ۔ کمین گاہ جادو ٹونا۔ قتل کرنے کی فکر۔ قتل کا ارادہ۔
گھات جانا (اُر۔محاورہ) موقع پانا۔ قابو حاصل کرنا۔
گھات پر آپڑھنا/آتا (اُر۔محاورہ) قابو میں آجانا۔ چال میں آنا۔
گھات تاکنا (اُر۔محاورہ) موقع ڈھونڈنا۔
گھات چلانا (ہ۔فعل) مُوٹھ چلانا۔ جادو چلانا۔ داؤ چلانا۔ وار کرنا۔
گھات سوجھنا (اُر۔محاورہ) چال بازی کا کاریگر ہونا۔
گھات کرنا (اُر۔محاورہ) خفیہ تدبیر کرنا۔
گھات کھیلنا (اُر۔محاورہ) دوسرے کو غافل پاکر اپنا مطلب نکالنا۔
گھات لگانا (ہ۔فعل) تاک لگانا۔ موقع کی تاک میں رہنا۔ داؤ لگانا چھپ کے بیٹھنا۔
گھات میں آنا (اُر۔محاورہ) دھوکے میں آنا۔ دم میں آنا۔ فریب کھانا۔
گھات میں بیٹھنا (ہ۔فعل) شکار مارنے یا دشمن پر وار کرنے کی غرض سے چھپ کر بیٹھنا۔ موقع تاکنا۔
گھات میں رہنا (اُر۔محاورہ) موقع تاکنا۔
گھات میں لگا ہونا (اُر۔محاورہ) تاک میں ہونا۔
گھاتک / گھاتی / گھاتیا (ہ۔اند۔ بیانیہ فاعلیت) گھات لگانے والا۔ موقع تاکنے والا چالباز۔ خونی۔ خون کا پیاسا۔ قاتل۔ خود غرض۔ موقع کی تلاش میں۔
گھاتیں بنانا (محاورہ) چالیں بنانا۔ داؤں سکھانا۔
گھاٹ (ہ۔اند) دریا تالاب یا کنوئیں کا پانی بھرنے کا کنارہ۔ جانوروں کو پانی پلانے کی جگہ مشرب۔ دریا سے اُترنے کا چوڑا اور کم پانی والا مقام۔ گزرگاہ۔ دھوبیوں کے کپڑے دھونے کی جگہ۔ تلوار کا خم شروع ہونے کی جگہ۔ باڑھ سے اوپر کا حصہ طرف۔ جانب۔ ڈول ڈھنگ وضع۔ راہ۔ رستہ۔ جو کی نابت گری۔ پل کا محصول۔ کشتی کا کرایہ۔
گھاٹ اُترنا (اُر۔محاورہ) گھاٹ کر عبور کرنا۔
گھاٹ کرنا (اُر۔محاورہ) کمی کرنا۔ دغا کرنا۔ فریب کرنا۔
گھاٹ گھاٹ کا پانی پیتا (اُر۔محاورہ) جگہ کا سفر کرنا۔ تجربہ کار ہونا۔

ملک ملک جا کر تجربہ حاصل کرنا۔

گھاٹ مارنا (اُ۔مثل) گھر میں آرام ہے اور دل خوش ہو تو ہر چیز بھلی معلوم ہوتی ہے

گھاٹ مانجھی (ہ۔اند) کشتیوں کے کرایہ کا انتظام اور سواریاں جمع کرنیوالا ملاح۔

گھاٹ والا (ہ۔اند) گھاٹوں پر نہلانے اور ٹیکا لگانے والا برہمن۔ ملاح۔

گھاٹا (ہ۔اند) ٹوٹا۔ نقصان۔ کمی خسارہ۔ کٹے اور چھیڑے ہوئے جو کا پانی۔ آشٹ جو۔ اب جو۔

گھاٹا آنا (اُ۔محاورہ) نقصان ہونا۔

گھاٹا اُٹھانا (اُ۔محاورہ) خسارہ برداشت کرنا۔

گھاٹا بھرنا (اُ۔محاورہ) خسارہ پورا کرنا۔ نقصان کی تلافی کرنا۔

گھاٹا پڑنا (اُ۔محاورہ) نقصان ہونا۔

گھاٹا دیکھنا (اُ۔محاورہ) خسارے کا اندیشہ ہونا۔

گھاٹا ہونا (اُ۔محاورہ) خسارہ ہونا۔ نقصان ہونا۔

گھاٹی (ہ۔امو) دو پہاڑوں کے بیچ کا راستہ۔ چالان۔ پروانہ۔ راہداری حلق۔ گلا۔ جیسے اترا ہوا گھاٹی ہوا مائی۔

گھاٹیا (ہ۔اند) گھاٹ والا برہمن جو اشنان کرانا اور ٹیکا لگاتا ہے۔

گھار (ہ۔امو) دیکھو گوہار۔

گھاس یا گھانس (ہ۔امو) گراس۔ کاہ۔ گیاہ۔ پھونس۔ پولا۔ چارہ ساگ پات۔ سبزی۔ بوٹی۔

گھاس پھوس (ہ۔اند) کوڑا کرکٹ۔

گھاس کاٹنا (ہ۔محاورہ) چارہ کاٹنا۔ جلد جلد پڑھنا یا بولنا کہ سمجھ میں نہ آئے بے لطفی سے پڑھنا۔ بیگار ٹالنا۔

گھاس نہ ڈالنا (اُ۔محاورہ) پرواہ نہ کرنا۔ بات نہ پوچھنا۔

گھاس کھا گھاس (ہ۔محاورہ) دکاندار گاہک کو طنزاً کہا کرتے ہیں یعنی تو اس کی قدر کیا جانے یہ گھاس نہیں جو سستی بکے۔

گھاس کھودنا (اُ۔محاورہ) زمین سے اُگی ہوئی گھاس۔ سیتریاں اکھاڑنا عقل و شعور کے خلاف کام کرنا۔ ذلیل کام کرنا۔

گھاگ (ہ۔اصفت) بہت پرانا۔ بوڑھا۔ ضعیف العمر۔ خرانٹ سیانا۔ ہوشیار۔

گھاگر / گھاگھر (ہ۔امو) پیٹر کی ایک قسم۔

گھاگرا (ہ۔اند) لہنگا۔ گون۔ پشواز۔ ایک دریا کا نام۔ ایک قسم کا کبوتر۔

گھاگرا پلٹن (لہ۔اند) سکاٹ لینڈ کے پہاڑی گوروں کی پلٹن کنور مینا۔

گھال میل (ہ۔اصفت) گڈمڈ۔ لاجلا۔ میل ملاپ۔ ربط۔ ضبط۔

گھال میل رکھنا (ہ۔محاورہ) میل ملاپ رکھنا۔ ربط ضبط بڑھانا۔

گھالنا (ہ۔فعل) تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ ڈالنا۔ گھسیڑنا۔

گھام (ہ۔امو) گرمی دانے۔ پت۔ سورج کی گرمی۔ گرمی کی تیزی۔ پسینہ عرق۔

گھامڑ (ہ۔اصفت) گھام والی۔ گرمی کی ماری ہوئی گائے۔ بدحواس۔ بے اوسان۔ گاؤدی۔ بیوقوف احمق پھوہڑ۔ بدسلیقہ۔ بدست۔ کاہل۔ اجدی۔

گھان (ہ۔اند) غلہ کی وہ مقدار جو ایک دفعہ اوکھلی یا چکی میں ڈالی جائے بکوان کی ایک دفعہ کی مقدار۔ کولھو میں تل وغیرہ کے ایک دفعہ ڈالنے کی مقدار۔ رس یا شربت کی ایک ایک مقدار۔

گھان پڑنا (اُ۔محاورہ) ایک دفعہ کسی معین مقدار کا کڑاہی۔ چکی یا بھاڑ میں ڈالنا۔ کسی کام کو ہاتھ لگانا۔

گھان ڈالنا (اُ۔محاورہ) ایک دفعہ کسی مقدار کا۔ اوکھلی چکی یا کڑاہی وغیرہ میں ڈالنا۔ کسی کام کو ہاتھ لگانا۔ کوئی کام شروع کرنا۔

گھانس (ہ۔امو) دیکھو گھاس۔

گھانی (ہ۔امو) تلوں وغیرہ کی وہ مقدار جو ایک دفعہ پیلنے کو کولھو میں ڈالی جائے۔ کولھو چلانے والا۔ (پنجاب امتی کا تقار)

گھانی کرنا (اُ۔محاورہ) کولھو چلانا۔ تیل نکالنا۔

گھاؤ (ہ۔اند) چیر۔ زخم۔ جراحت۔ ریش۔ مجاز اً خسارہ۔ ٹوٹا۔ نقصان۔

گھاؤ آنا (اُ۔محاورہ) زخمی ہونا۔

گھاؤ بھرنا (اُ۔محاورہ) زخم کا مندمل ہونا۔ زخم کا اچھا ہونا۔ نقصان پورا ہو جانا۔

گھاؤ کرنا (اُ۔محاورہ) زخم کرنا۔ زخم ڈالنا۔

گھاؤ کھانا (اُ۔محاورہ) زخمی ہونا۔

گھاؤ پر نون مرچ لگانا (اُ۔محاورہ) دکھ پر دکھ پہنچانا۔

گھاؤ گھپ (ہ۔اصفت) کھاؤ اُڑاؤ۔ نہایت۔ فضول خرچ۔ مسرف بلانوش۔ سب کچھ کھا جانے والا۔ شکم بندہ۔ پیٹو۔ خانہ۔ وہ گھر جس میں جو کچھ آتے سب صرف ہو جاتے۔

گھائی (ہ۔امو) دو انگلیوں کے درمیان کی جگہ۔ فریب۔ دھوکہ مغالطہ۔ جل۔

گھائی بنانا (اُ۔محاورہ) فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ ٹالنا۔ حملہ بچانا۔

گھائیں (ہ۔امو) ساتھی۔ معاون۔ مددگار۔ طرف سے۔ جانب سے بار۔ دفعہ۔

گھائیں مائیں کر دینا (ہ۔محاورہ) غائب کر دینا۔ سرکا دینا۔ آجکل کر دینا ٹال مٹول کر دینا۔ اِدھر اُدھر کر دینا۔

گھائیاں بنانا (ہ۔محاورہ) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ ٹالنا۔ حملہ بچانا۔ جل کرنا۔

گھایل۔ یا۔ گھائل (ہ۔اصفت) زخم خوردہ۔ زخمی۔ مجروح۔ عشق کا مارا دلفگار۔

گھایل کی گت گھایل جانے (ہ۔مثل) مصیبت زدہ کی قدر دکھیارا ہی جانتا ہے۔

گھائل کرنا (اُ۔محاورہ) زخمی کرنا۔

گھائل ہونا (اُ۔محاورہ) زخمی ہونا (گھائل کرنا کا لازم ہے۔

گھائل ہونا (اُ۔محاورہ) زخمی ہونا۔ مجروح ہونا۔ عاشق ہونا۔ شیدا ہونا۔

گھبرانا (اُ۔محاورہ) گھبرا ہٹ۔ ہڑبڑانا۔ بے اوسان ہونا۔ تلملانا۔ بیقرار ہونا۔ خفقان ہونا۔ عاجز ہونا۔ ہکا بکا ہونا (بصورت متعدی) اوسان ٹھکانے نہ رکھنا مضطرب کرنا۔ ڈرانا۔ خوفزدہ کرنا۔

گھبرا جانا (اُ۔محاورہ) بدحواس ہونا۔ پریشان ہونا۔

گھبرا دینا (اُ۔محاورہ) بدحواس کرنا۔ پریشان کرنا۔

گھبراہٹ (ہ۔امو) حاصلمصدر گھبرانا سے۔ بیقراری۔ ہڑبڑی پریشانی

بیکلی۔ عاجزی۔ خفقان۔

گھبرائی ڈومنی پھر پھر سُہلے گائے (ہ۔ مثل) گھبراہٹ اور بے چینی میں عقل و اوسان ٹھکانے نہیں رہتے۔ لہٰذا ڈومنی پھر پھر ایک ہی تعریفیہ گیت گاتی رہتی ہے۔

گھبیر (اُر۔صف) گھنیر۔ گنجان۔

گھپ (ہ۔ اصفت) بہت۔ نہایت۔ اندھیرے کی تعریف میں بولتے ہیں۔

گھپلا (ہ۔ امذ) گڑبڑ۔ جھگڑا۔ جھمیلا۔ حساب کی غلطی۔ شور و غل۔

گھپلا پڑنا (اُر۔محاورہ) گڑبڑ ہونا۔ حساب میں غلطی ہونا۔

گھپلا ڈالنا (اُر۔محاورہ) گڑبڑ کرنا۔ جھگڑا ڈالنا۔

گھٹ (ہ۔امذ) جی۔ من۔ ہردہ۔ دل۔ گھاٹ بمعنی کم کا مخفف بھی ہے گھاٹ بمعنی ساحل کا مخفف۔ بدن۔ جسم۔ سریر۔ گھڑا۔ سبو۔ مٹکا (پنجاب) بادل ابرِ سیاہ۔

گھٹا (ہ۔امذ) نقب۔ سیندھ۔ کوھل۔ درز۔ شگاف۔ کثرت۔ سجدہ سے ماتھے کا نشان (پنجاب) خاک۔ دھول۔ گرد و غبار۔

گھٹا (ہ۔امبو) کالا بادل۔ ابرِ سیاہ بادل۔ مجازاً گرد و غبار۔ کدورت۔

گھٹا اُٹھنا (محاورہ) بادل کا آنا۔ سیاہ بادلوں کا نمودار ہونا۔ بادل چھانا۔

گھٹا اُمڈنا (اُر۔محاورہ) بادلوں کا گھر کر آنا۔ بادل گھرنا۔ ابر کا کثرت سے چھا جانا۔

گھٹاٹوپ (ہ۔امذ کر) بالکل اور بہلی وغیرہ کا غلاف۔ بادلوں کے چھا جانے کا اندھیرا۔ ابر کی تاریکی۔ اندھیرا گھپ۔

گھٹا جھومی آنا (اُر۔محاورہ) گھٹا کا چاروں طرف سے گھرنا۔

گھٹا جھومنا (اُر۔محاورہ) بادل چھانا۔ بادلوں کا گھرنا۔

گھٹا چھانا (اُر۔محاورہ) ابر گھرنا۔ بادل کا آسمان پر محیط ہونا۔

گھٹانا (ہ۔فعل) کم کر دینا۔ قیمت کمتی کر دینا۔ بھاؤ اُتارنا۔ درجہ توڑنا۔ مرتبہ کم کر دینا۔ دور کرنا۔ زائل کرنا۔ علم حساب میں تفریق کرنا منہا کرنا۔ دبلا کرنا۔ لاغر

گھٹانا یا گھٹوانا (ہ۔فعل) سر کے بال منڈوانا۔ چکنا کرانا۔ رگڑوانا۔ سر منڈوانا۔

گھٹاؤ (ہ۔امذ) کمتری۔ کمی۔ قلت۔ کوتاہی۔ تفریق۔ منہائی۔ دریا کا اُتار۔

گھٹاؤ بڑھاؤ (ہ۔امذ) کمی بیشی۔ ترقی و تنزل۔

گھٹا ہوا (ہ۔اصفت بمفعولی) تجربہ کار۔ عیار۔ چالاک۔ ہوشیار۔ پختہ کار۔

گھٹائی (ہ۔امبو) رگڑائی پالش۔ ریگ مال کی صفائی۔ کھرل کی پسائی۔

گھٹتی (ہ۔امبو) زوال۔ تنزل۔ تخفیف۔ کمی۔ نقص۔

گھٹتی کا پہرا (ہ۔امذ) کمی کا زمانہ۔ تنزل کا وقت۔ کجگ۔

گھٹ گھٹ کے (ہ۔تابع فعل) سانس بند ہو ہو کر۔ رُک رُک کر۔

گھٹ گھٹ کے پینا (اُر۔محاورہ) کسی رقیق چیز کا آہستہ آہستہ پینا۔

گھٹ گھٹ کے مرنا (اُر۔محاورہ) خاموشی یا تنہائی سے تنگ آنا۔ دم بند ہو جانا۔ چپ لگ جانا۔

گھٹنا (ہ۔امذ) ران اور پنڈلی کے نیچے کا جوڑ۔ گوڈا۔ گوڑا۔

گھٹنا (ہ۔امذ) جانگئے سے بڑا گھٹنوں تک کا پاجامہ۔ بہت اُونچے پائینچوں والا پاجامہ۔

گھٹنا (ہ۔فعل) کم ہونا۔ تھوڑا ہونا۔ اُترنا۔ تنزل ہونا۔ زوال ہونا۔ لاغر ہونا۔ دُبلا ہونا۔ بھاؤ اُترنا۔ نرخ کم ہونا۔

گھٹنا (ہ۔فعل) پسنا۔ حل ہونا۔ گھل ہونا۔ خوب گھل مل جانا۔ ایک جان ہو جانا۔ رگڑا جانا۔ گھسا جانا۔ پالش ہونا۔ استر اُبھرنا۔ سر منڈنا۔ دم رکنا۔ جی گھبرانا۔ چپ لگنا۔ خاموش رہنا۔ نبھنا۔ موافقت ہونا۔ باتوں میں سخت مصروف ہونا۔

گھٹنا بڑھنا (اُر۔محاورہ) کمی زیادتی ہونا۔

گھٹنت (اُر۔امبو) کمی۔ تخفیف۔

گھٹنوں کے بل چلنا (اُر۔محاورہ) زانوں کے سہارے چلنا۔ آہستہ آہستہ چلنا۔ رینگنا۔

گھٹنوں گھٹنوں (اُر۔متعلق فعل) گھٹنوں تک۔

گھٹنوں میں سر دے کے بیٹھنا (محاورہ) نہایت سوچ اور فکر میں بیٹھنا۔ مایوسی کی حالت میں بیٹھنا۔ غم سے سر جھکا کر بیٹھنا۔

گھٹنوں میں سر دے لینا (اُر۔محاورہ) شرم کے مارے سر نہ اُٹھانا۔ شرما جانا۔

گھٹنے پیٹ ہی کو مُڑتے ہیں (ہ۔مثل) ہر شخص اپنوں کی پاسداری کرتا ہے۔

گھٹنے ٹیک دینا (اُر۔محاورہ) گھٹنے زمین پر رکھ دینا۔ شکست تسلیم کرنا۔

گھٹنے سے لگائے بیٹھے رہنا (محاورہ) پاس سے جدا نہ ہونے دینا۔ اوجھل نہ ہونے دینا۔ ہر وقت پاس ہی رکھنا۔

گھٹنے نیویں پڑیں گے تو پیٹ کی طرف (اُر۔مثل) ہر شخص اپنوں کی پاسداری کرتا ہے۔

گھٹنے سے لگی بیٹھی رہتی ہے (ہ۔ محاورہ) کبھی پاس سے نہیں سرکتی۔ ہر دم پاس ہی رہتی ہے۔ ہر وقت قریب رہنا۔

گھٹنیوں چلنا (اُر۔محاورہ) بچوں کا زانوں کے بل چلنا۔ رینگنا۔ آہستہ آہستہ کوئی کام کرنا۔

گھٹوار (اُر۔امذ) ملاح۔ کشتی بان۔

گھٹوانا (ہ۔فعل) کھرل کرانا۔ رگڑوانا۔ سر منڈوانا۔ ڈاڑھی کو ایسا منڈوانا کہ کھونٹی کھڑی رہے

گھٹی (ہ۔امبو) وہ دست آور دوائی جو نوزائیدہ بچے کو پیٹ صاف کرنے کے لئے دیتے ہیں۔

گھٹی میں پڑنا (ہ۔فعل) عادت میں ہونا۔ طبیعت میں داخل ہونا

گھٹی میں پلانا (اُر۔محاورہ) گھٹی کی جگہ پلانا۔ بچپن ہی سے کسی چیز کا عادی کرنا۔

گھٹی میں ڈالنا (اُر۔محاورہ) عادت میں ڈالنا۔ طبیعت میں داخل کرنا۔

گھٹیا یا گھٹیل (ہ۔اصفت) کم درجہ کا۔ کم قیمت۔ ارزاں۔ کمینہ۔ پیچ کی ذات۔

گھچا گھچ (ہ۔امبو۔ صوت) گوشت میں تلوار وغیرہ گھسنے اور نکلنے کی آواز۔

گھچا گھچ (ہ۔امبو) بھیڑ۔ جمگھٹ۔ بہت گنجان اور پاس پاس لکھا ہوا۔

گھج پچ بولنا / بکنا (اُر۔ محاورہ) جلدی جلدی بولنا کہ کچھ سمجھ میں نہ آسکے۔

گھر (ف۔ا۔مذ) قیمتی پتھر۔ جوہر۔ اصل۔ نسل۔ اولاد۔ خاندان۔ ذات اصلیت۔ موتی۔

گھر (ہ۔مذ) خانہ۔ مکان۔ مسکن۔ ڈیرا۔ جگہ۔ ٹھکانا۔ ٹھور۔ بھٹ۔ کھوہ بل۔ گھونسلا۔ آشیانہ۔ خول۔ کیس۔ خاندان۔ گھرانہ۔ وطن۔ دیس جنم بھوم۔ جائے پیدائش۔ ساز و سامان۔ گودام۔ منبع۔ مخزن۔

گھر آباد کرنا (اُر۔ محاورہ) بیوی کرنا۔ شادی کرنا۔ نکاح کرنا۔ گھر بسانا۔ رہنا بسنا۔ مقام کرنا۔

گھر آپڑنا (اُر۔ محاورہ) کسی کے گھر جاکر ٹھہرنا۔

گھر اُجڑنا (اُر۔ محاورہ) خانہ خرابی ہونا۔ خانہ ویرانی ہونا۔ گھر برباد ہونا۔ گھر تباہ ہونا۔ گھر لٹنا۔ میاں بیوی میں ناچاقی ہونا۔ خاوند یا بیوی کا مر جانا۔ رانڈ ہونا۔ رنڈوا ہونا۔

گھر اُف ہو جانا (اُر۔ محاورہ) خانہ خراب ہو جانا۔ گھر میں کچھ نہ رہنا۔ گھر بالکل تباہ ہو جانا۔

گھر اُکھڑوا کے پھنکوانا (اُر۔ محاورہ) گھر منہدم کروانا۔

گھر آئے کتے کو بھی نہیں نکالتے (ہ۔ محاورہ) اپنے گھر پہ کسی کی بے عزتی نہیں کرتے۔

گھر آنے کی شرم یا لاج (لڑ۔ امو) گھر آنے کی حیا۔ گھر پہ آنے کا لحاظ۔ اور پاسداری۔

گھر آتے ناگ نہ پوجے باپنے پوجن جاتے (ہ۔ مثل) جو آدمی گھر آئی دولت کو چھوڑ کر دوسری جگہ تلاش کو جائے اس کی بے وقوفی اور جہالت پر لوگ کہتے ہیں۔

گھر بار (ہ۔ا۔مذ) خانہ۔ مکان۔ گھر خانہ داری کا اسباب۔ اہل و عیال بال بچے۔ خاندان۔ کنبہ۔

گھر بار بسا لینا (اُر۔ محاورہ) شادی کرنا۔

گھر بار تمہارا کوئی مٹھی کھٹلے کو ہاتھ نہ لگانا (اُر۔ مثل) ایسے موقع پر بولتے ہیں جب جھوٹی باتوں سے دل پرچانا اور مطلوبہ شے نہ دینا ہو۔

گھر بار چھوڑنا (اُر۔ محاورہ) مکان اور گرہستی کے سب تعلقات ختم کرنا۔

گھر بار کا ہونا (ہ۔ محاورہ) شادی ہونا۔ بیاہا جانا۔ جورو والا ہونا گرہستی ہونا۔ عیالداری ہونا۔

گھر باری (ہ۔ امذ۔ بسیاتے فاعلیت) گھر بار والا۔ عیالدار۔ صاحب خانہ مالک مکان (بحالت صفت) بال بچے والا۔ بیٹے دار۔

گھر برباد ہونا (اُر۔ محاورہ) گھر اُجڑنا۔ گھر تباہ ہونا۔ خاوند یا بیوی کا مر جانا۔ کسی بزرگ اور سرپرست۔ ولی کا سر سے اُٹھ جانا۔

گھر بسنا (ہ۔ محاورہ) گھر آباد ہونا۔ شادی ہونا۔ نکاح ہونا۔ دولھا دلہن کا ہم بستر ہو جانا۔ گھر کا خرچ چلنا۔

گھر بگاڑنا (ہ۔ محاورہ) گھر تباہ کر دینا۔ گھر برباد کرنا۔ میاں بیوی میں فساد ڈالنا۔ اغواء کرنا۔

گھر بہ گھر (ہ۔ تابع فعل بسیاتے اتصال) خانہ بخانہ۔ دربدر۔ ہر گھر میں۔ ہر گھر پہ۔

گھر بنانا (ہ۔ محاورہ) مکان بنانا۔ عمارت تعمیر کرنا۔ گھر بھرنا۔ گھر سنوارنا۔ گھر کا انتظام کرنا۔ پاؤں جمانا۔ تسلی سے بیٹھنا۔ گھر آباد کرنا۔ شادی کرنا۔

گھر بند کرنا (اُر۔ محاورہ) شطرنج کی چال میں بادشاہ یا کسی اور مہرے کو کسی خانے میں جانے سے روکنا۔

گھر بندی (اُر۔ امو) وہ لونڈی جو خانہ زاد ہو

گھر بول اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) رونق آجانا۔ گھر کے آثار سے ظاہر ہونا۔

گھر بولنا (ہ۔ محاورہ) چہکنا۔ بولی بولنا۔ خوش لحان۔ پرندہ کا چہچہانا۔ بلبل کا بولنا

گھر بھائیں بھائیں کرنا (اُر۔ محاورہ) گھر سے ڈر لگنا۔ گھر سنسان نظر آنا۔

گھر بھر (ہ۔ تابع۔ فعل) تمام گھر۔ گھر کے سب لوگ۔ خاندان کے تمام آدمی۔

گھر بھرے باہر بھرے (ہ۔ فقرہ دعائیہ) یعنی اتنی دولت ہو کہ گھر میں جگہ نہ ملے۔ تو باہر تک رکھی جائے۔

گھر بھرنا (محاورہ) غلے یا اسباب یا دولت سے مکان کو پُر کرنا۔ دولت گھٹنا۔ مال مارنا۔ گھاٹا پورا کرنا۔ بہت سے لوگوں کا مکان میں جمع ہونا۔

گھر بھول جانا (اُر۔ محاورہ) بالکل بھول جانا۔ کہیں جانے کا راستہ یاد نہ رہنا۔

گھر بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) تنہائی اختیار کرنا۔ بیکار ہو جانا۔ ملازمت سے ہٹ جانا۔ نوکری چھوڑنا۔ کام چھوڑنا۔ پنشن لینا۔ کسی رانڈ یا کسی کا دوسرے مرد سے نکاح کر لینا۔ مکان کا گر جانا منہدم ہو جانا۔ سمار ہونا۔ ڈھے جانا۔

گھر بیٹھے (ہ۔ فعل) گھر کے اندر۔ گھر میں۔ گھر ہی میں۔ بلا تردد۔

گھر بیٹھے آدھا بھلا (اُر۔ محاورہ) گھر کی کم آمدنی باہر کی زیادہ آمدنی سے بہتر ہے

گھر بیٹھے بیر دوڑانا (اُر۔ محاورہ) جادو کے زور سے کسی کو اپنے گھر بلانا۔ گھر میں بیٹھ کر تسخیر کا عمل کرنا۔

گھر بیٹھے پانا (اُر۔ محاورہ) بغیر محنت و مشقت پانا۔

گھر بے چراغ ہونا (اُر۔ محاورہ) گھر کا ویران ہونا۔ والی وارث مر جانا۔

گھر برگنگا آئی (اُر۔ مثل) مقصد بے مشقت حل ہو گیا۔

گھر بیٹھی روٹی (ہ۔ امو) وظیفہ۔ مدد معاش۔ پنشن۔ بلا محنت و تکلیف اور گھر سے باہر آتے جاتے بغیر کی آمدنی۔

گھر پڑنا (اُر۔ محاورہ) کسی عورت کا مرد کے گھر میں بیٹھ جانا۔ نکاح میں آنا۔ گھر میں داخل ہونا۔

گھر پھونک تماشا دیکھنا (محاورہ) بہت کچھ ضائع کر کے تجربہ حاصل کرنا۔ روپیہ ضائع کر کے تجربہ حاصل کرنا۔ روپیہ ضائع کر کے آنتاری چھوڑنا۔ فضول خرچی سے خوش ہونا۔ کھلونے اُڑانا۔ برباد ہونا۔

گھر چین تو باہر چین (اُر۔ مثل) گھر میں آرام ملے اور دل خوش ہو تو ہر چیز بھلی معلوم ہوتی ہے۔

گھر خاک سیاہ کر دینا (اُر۔ محاورہ) گھر تباہ و برباد کر دینا۔

گھر خاک میں ملا دینا (اُر۔ محاورہ) گھر تباہ کر دینا۔

گھر پیچھے (ہ۔ تابع فعل) فی گھر۔ فی مکان۔

گھر تک پہنچانا (اُر۔ محاورہ) مکان تک چھوڑ کے آنا۔ انجام تک پہنچانا۔ اچھی طرح فائل کرنا۔ کوئی حجت باقی نہ چھوڑنا۔

گھر تک پہنچنا (محاورہ) مکان تک جانا۔ ماں بہن کی گالی دینا۔

گھر تنگ ہے جورو جنگ (اُر۔ مثل) اپنی بساط سے بڑھ کر کام

اِدھر اُدھر پھریں گی تو گھر میں کُتے ہی پھریں گے۔

گھر کی بات (ہ۔ امو) راز کی بات۔ گھر کا بھید۔ واحد معاملہ۔ آپس کی بات۔ اپنے ہاتھ کا کام۔ آسان کام۔

گھر کی پٹنگی باسی ساگ (ہ۔ مثل) شیخی خورے کی نسبت بولتے ہیں یعنی نری ذاتی ہی ذاتی ہے۔ گھر میں تو خاک بھی نہیں۔

گھر کی پونجی (ہ۔ امو) گھر کا سرمایہ۔ گھر کا مال ومتاع۔ ذاتی سرمایہ۔

گھر کے پاس نہ پھٹکنا (اُر۔ محاورہ) گھر نہ جانا۔ گھر کی طرف مطلق رُخ نہ کرنا۔

گھر کے پیروں کو تیل کا ملیدہ / **گھر کے پیروں کو تیل کا حلوہ** (ہ۔ اُر۔ مثل) خدا روں اور اپنوں کے ساتھ کم سلوک۔ اور غیروں کی بہت عزت وتکریم کے موقع پر بولتے ہیں۔

گھر کے ٹھکے باسی ساگ (اُر۔ مثل) باہر شیخی مارنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔

گھر کے جالے لیتے پھرنا (ہ۔ فعل) گھر کے کونے کھدرے میں کسی چیز کو تلاش کرنا۔ کونا کونا چھان مارنا۔

گھر کی جلی بن میں گئی بن میں لاگی آگ / **بن بچارا کیا کرے جو ہیں ہمارے بھاگ** (ہ۔ مثل) بدنصیب بیچارے کو ہر جگہ مصیبت ہی مصیبت رہی گی۔

گھر کی جورو کی چوکسی کہاں تک (ہ) ایک ہی گھر میں رہنے والے کی نگرانی نہایت مشکل ہے۔

گھر کی راہ لینا (اُر۔ محاورہ) گھر کا راستہ لینا۔

گھر کی راہ نہ ملنا (اُر۔ محاورہ) ایسا بدحواس ہوجانا کہ گھر کا راستہ بھی نہ ملنا۔

گھر کی سوبھا گھر والے سے (ہ۔ مثل) خاوند کے ساتھ بیوی کی عزت ہوتی ہے۔ مالک ہی سے گھر کی زینت ہوتی ہے مکین کیساتھ مکان کی رونق ہے

گھر کی طرح بیٹھنا (اُر۔ فعل) آرام سے بیٹھنا۔ فراغت سے بیٹھنا پھیل کر بیٹھنا۔ نچلا بیٹھنا۔ سکڑ کر بیٹھنا۔

گھر کی طرح رہنا (اُر۔ محاورہ) بے تکلف ہوکر رہنا۔ شرم وحجاب نہ رکھنا

گھر کی عقل (اُر۔ مو۔) اپنی ہی سمجھ۔ ذاتی عقل۔

گھر کی کھانڈ کا کری چوری کا گڑ میٹھا (ہ۔ مثل) قیمت خرچ کرکے خریدی ہوئی چیز سے مُفت کی چیز زیادہ پسند ہوتی طنزاً گرانی آدمی کی نسبت بولتے ہیں جو گھر کی حسین بیوی کو چھوڑ کر باہر بدشکل سے زنا کرتا ہو۔

گھر کی کھیتی (ہ۔ امو) بچ کی کھیتی باڑی۔ اپنا مال واسباب۔ اپنی ہی چیز ڈاڑھی مونچھوں کے بال۔ جن کا ہر وقت اختیار رہے۔

گھر کی لونڈی (اُر۔ امو) بے حد مطیع۔ بے حد اطاعت گزار۔

گھر کے گھر (ہ۔ تابع فعل) گھر ہی ہیں۔ اندر ہی اندر۔ برابر۔ سرابر۔ نفع ہیں نہ نقصان ہیں۔ بہت سے گھر۔ بہت سے خاندان۔

گھر کے گھر بند ہوگئے (اُر۔ محاورہ) ظالم حاکم کے ظلم یا وبا یا طوفان سے بہت سے گھر اُجڑ گئے۔

گھر کے گھر بیٹھ گئے (اُر۔ محاورہ) کثرت بارش سے بہت سے گھر گر گئے۔

گھر کے گھر تباہ کرنا (اُر۔ محاورہ) بہت سے گھر تباہ وبرباد کرنا۔

گھر کے گھر رہنا (اُر۔ محاورہ) نہ نفع ہونا نہ نقصان برابر رہنا۔

گھر کے گھر صاف ہوجانا (اُر۔ محاورہ) بہت سے خاندانوں کا تباہ ہوجانا۔

گھر گرہستی (اُر۔ امو) گھر کا نظام گھر کے متعلق۔

گھر گرہستی (اُر۔ امو) گھر کا انتظام گھر میں رہنے والی شریف عورت خانہ نشیں عورت۔

گھر کی مرغی دال برابر (اُر۔ مثل) گھر کی قیمتی شے بھی مُفت برابر خیال کی جاتی ہے۔

گھر کے ہوئے نہ در کے (اُر۔ مثل) نہ گھر کے رہے نہ باہر کے۔ کہیں کے نہ رہے۔

گھر گھاٹ (ہ۔ امذ) ٹھاٹھ۔ باٹھ۔ چال ڈھال۔ رنگ ڈھنگ۔ طور طریق عادت خو۔ بھاؤ۔ جاتے سکونت۔ مقام۔ ٹھکانہ۔ ٹھور۔ پتا۔ نشان۔

گھر گھاٹ معلوم ہونا (ہ۔ محاورہ) سب بھید معلوم ہونا۔ پورا پورا پتہ نشان معلوم ہونا۔ کوئی بات پوشیدہ نہ ہونا۔ طور طریق معلوم ہونا۔

گھر گھالنا (ہ۔ محاورہ) گھر برباد کرنا۔ گھر تباہ کرنا۔ اُجاڑنا۔ لُوٹنا۔ دھوکے اور فریب سے مال مارنا۔ موہنا۔ فریفتہ کرلینا۔ عاشق وشیدا بنانا۔

گھر گھر (ہ۔ تابع فعل) خانہ بخانہ۔ ہر گھر میں۔ سب جگہ۔ ہر مکان میں۔ سب کے گھروں میں۔

گھر گھر پھرنا (اُر۔ محاورہ) مارا مارا پھرنا۔

گھر گھر جھانکنا (اُر۔ محاورہ) ہر گھر میں جانا۔

گھر گھر چراغ جلنا (اُر۔ محاورہ) ہر گھر میں خوشی ہونا۔ عام خوشی ہونا۔ خوشی کے موقع پر گھروں میں روشنی کرنا۔

گھر گھر عید ہے (اُر۔ محاورہ) ہر گھر میں خوشی ہے۔ سب گھروں میں خوشی وخرمی ہے۔

گھر گھر چولھے مٹیالے ہیں (ہ۔ مثل) سب کا ایک ہی حال ہے سب یکساں ہیں۔ کہیں آسودگی اور فارغ البالی نہیں۔

گھر گھر کے مزے چکھنا (اُر۔ محاورہ) ایک گھر میں نہ رہنا۔ نوکر کا ایک جگہ نہ ٹھہرنا۔ کنایتہً تجربہ کار ہونا۔

گھر گھر مانگتے پھرنا (اُر۔ محاورہ) در بدر بھیک مانگنا۔ در در مانگتے پھرنا۔

گھر گھسٹو یا گھر گھسنا (لف۔ صفت۔ بترکیب فاعلی) عورتوں میں بیٹھے رہنے والا آدمی۔

گھر گھوڑا نخاس میں مول (اُر۔ مثل) بے فائدہ اور لغو حرکت سے مراد ہوتی ہے۔ چیز تو پاس موجود نہیں ہے مول تول پہلے ہی شروع کردیا۔

گھر گھیرنا (اُر۔ محاورہ) گھر کا محاصرہ کرنا۔ بار بار آنا۔

گھر گھنی (ہ۔ اصفت بترکیب مفعولی) بہت گھری۔ بن گھری۔ گھری۔ خانہ خراب۔ گھر اُجڑی۔

گھر گیا (ہ۔ اصفت) مذ۔ مفعولی۔ خانہ خراب۔ اُجڑا پجڑا۔ بھگرا۔

گھر لگانا (اُر۔ محاورہ) بے جا دوڑ دھوپ کرنا

گھر مُوسنا (ہ۔ محاورہ) گھر میں چوری کرنا۔ گھر کا صفایا کرنا۔

گھر میں آگ لگانا (اُر۔محاورہ) گھر کو تباہ کرنا۔ نیست و نابود کرنا۔

گھر میں آنا (اُر۔محاورہ) مکان میں داخل ہونا۔ اپنی ذات کو فائدہ ہونا۔ اپنے ہاتھ لگنا۔ اپنے آپ کو نفع پہنچنا۔ کسی سیارے کا کسی بُرج میں داخل ہونا۔

گھر میں آئی جوتے ٹیڑھی پگڑی سیدھی ہوتے (ہ۔مثل) شادی اور نکاح ہوتے ہی سارا بانکپن نکل گیا۔ ساری شیخی کرکری ہوگئی۔

گھر میں اناج نہیں ملک کا کریں راج (اُر۔مثل) پاس کچھ نہیں شیخی بڑی۔

گھر میں بلی بھاگھ (اُر۔مثل) کمزور آدمی بھی گھر میں بڑا بہادر رہتا ہے۔

گھر نہیں بھوتی بھنگ اور باہر نیوتے سات (ہ۔مثل) مفلسی کی حالت میں شیخی بگھارنا یعنی گھر میں کھانے کو نہیں اور لوگوں کو دعوتیں دیتے پھریں۔

گھر بیٹھے شکار کرنا۔ یا۔ کھیلنا (اُر۔فعل) گھر بیٹھے مال مارنا اپنے میں چھپ کر عیاشی کرنا۔ گھر کے اندر ہی کام نکالنا۔

گھر میں بیوی لکھوٹا نار باہر میاں تھانیدار (ہ۔مثل) گھر میں بیوی دبی بن کر لوگوں کو ٹھگتی ہے باہر میاں حکومت بنا کر بیوی تو فقیرنی ہے میاں شیخی میں تھانیدار بنے پھرتے ہیں۔

گھر میں بیٹھے رہنا (اُر۔محاورہ) گوشہ نشیں ہو جانا۔

گھر میں بیٹھے شکار کرنا/کھیلنا (اُر۔محاورہ) گھر کے اندر ہی لوگوں کو ٹھگنا۔ گھر کے اندر ہی مزے اڑانا۔

گھر میں پڑ نا رہ۔ محاورہ) بیوی بننا۔ کسی بیسوا کا پیشہ چھوڑ کر کسی سے نکاح کر لینا۔

گھر میں پکیں چوہے اور باہر پکیں پائے (اُر۔مثل) مفلس شیخی باز کے متعلق کہتے ہیں۔

گھر میں جورو کا نام۔ بہو بیگم رکھ لینے سے کیا ہوتا ہے (اُر) اپنے مُنہ میاں مٹھو نہیں بنا جا سکتا اپنے مُنہ سے اپنی تعریف یا عزت نہیں ہوا کرتی۔

گھر میں چراغ نہیں باہر مشعل دکھانا (اُر۔مثل) غریب جب دکھاوے کیلئے خرچ کرتا ہے تو کہتے ہیں۔

گھر میں چوہے لوٹتے یا قلابازیاں کھاتے ہیں (اُر۔محاورہ) گھر میں کچھ نہیں سخت افلاس ہے چوہوں کے کھانے کو بھی نہیں۔

گھر میں خرچ نہیں ڈیوڑھی پر مجرا (اُر۔مثل) مُفلس شیخی باز کے متعلق کہتے ہیں

گھر میں دھان نہ پان بیوی کو بڑا گمان (اُر) مفلسی میں غرور کرنے اور فضول اڑانے کے موقع پر بولتے ہیں۔

گھر میں دیکھو چھلنی نہ چھاج باہر میاں تیر انداز (اُر۔مثل) غریب شیخی خورے کے متعلق کہتے ہیں۔

گھر میں ڈالنا (اُر۔محاورہ) کسی بازاری عورت کو گھر میں لے لینا۔ مدخولہ بنانا۔ نکاح کر لینا۔

گھر میں رہے نہ تیرتھ گئے رمونڈ منڈائے جوگی بھئے (ہ۔مثل) مکار سادھو سن کے متعلق کہتے ہیں۔

گھر میں سوت نہ کپاس جولاہے سے لٹھم لٹھا (اُر۔مثل) کام شروع ہونے سے پہلے ہی اس کے نتیجے پر لڑنا جھگڑنا۔

گھر میں شیر یا ہر بھیڑ (اُر۔مثل) اس شخص کے متعلق کہتے ہیں۔ جو گھر والوں پر بے جا رعب جماتے اور باہر والوں سے دب جاتے۔

گھر میں کھانے کو نہیں اٹاری پہ دھواں (اُر۔مثل) شیخی بارکے متعلق کہتے ہیں۔

گھر میں گھر لڑائی کا ڈر (اُر۔مثل) اگر ایک گھر میں دوسرا گھر بنا دیا جائے تو ہمیشہ لڑائی رہتی ہے۔

گھر میں گھر نہ سمانا (ہ۔محاورہ) گھر میں نہ آسکنا۔ بہت بڑھ جانا۔ گنجائش سے زیادہ ہونا۔

گھر میں نہیں تاگا البیلا مانگے پاگا۔ (ہ۔مثل) گھر میں تو مُفلسی سے تاگا تک نہیں مگر بیٹا بانکا بننے کو پگڑی مانگتا ہے۔

گھر نہ بار میاں محلے دار (اُر۔مثل) مُفت کی شیخی بے بنیاد شیخی۔ خواہ مخواہ اترانا۔

گھر نہ ہونا (ہ۔محاورہ) آپس میں نہ بننا۔ موافقت نہ ہونا۔ گرہستی پن نہ ہونا۔ گھر نہ بسنا۔ گھر داری نہ ہونا۔

گھر والا (ہ۔اسم۔ فاعل) مالک مکان۔ صاحب خانہ۔ خاوند۔ شوہر پتی۔ میاں

گھر والی (ہ۔اسم۔ فاعل) مالک مکان۔ گھر کی مالکہ۔ بیگم۔ بیوی۔ زوجہ جورو۔ اہلیہ

گھر والے کا ایک گھر نگھرے کے سو گھر (ہ۔مثل) بے شرم اور بدمعاش کے لئے ہر جگہ ہی ان کا گھر ہے آزاد اور درویش جہاں ٹھہر گیا وہیں اس کا گھر ہے۔

گھر ویران ہونا (ہ۔محاورہ) گھر اُجڑنا۔ گھر تباہ ہونا۔ بیوی کا مرنا۔ میاں بیوی میں نا چاقی رہنا۔

گھر ہوآؤ (اُر۔محاورہ) یہ معاملہ تمہاری خواہش کے مطابق نہیں ہوگا۔

گھر ہونا (ہ۔محاورہ) نباہ ہونا۔ نبھنا۔ میاں بیوی میں موافقت ہونا۔ گھر میں انتظام ہونا سوراخ ہونا چھید ہونا قیام ہونا۔ جمنا۔ جگہ ہونا۔ گنجائش ہونا۔

گھرا (ہ۔اسم) آنکھ کی ایک مرکب دوا کا نام۔ گھونگھرو۔ غرغرہ۔ جانکنی کے وقت گلے میں سانس کے رُک رُک کر آنے کی آواز۔

گھرا چلنا یا لگنا (ہ۔محاورہ) قریب بہ مرگ ہونا۔ گھونگرو بولنا۔ اخیر دم ہونا۔ حالت نزع ہونا۔

گہرا (ہ۔صفت) ڈونگھا۔ ڈباؤ۔ عمیق۔ بے تھاہ۔ گڑھا۔ غار۔ مبالغہ اور کثرت ظاہر کرنے کے لئے نہایت تیز جیسے گہرا نشہ شوخ جیسے گہرا رنگ بڑا بھاری جیسے گہرا یارانہ بہت بیحد جیسے گہرا پردہ۔ دُور کا۔ غائر جیسے گہرا خیال۔

گہرا پردہ (اُر۔اسم۔ مذ) بہت پردہ۔ از حد پردہ۔ بڑی بھاری اوٹ۔

گہرا اخلاص (اُر۔صفت) پکی دوستی بے حد محبت۔

گہرا پا (اُر۔اسم۔ مذ) گہرائی۔

گہرائی (اُر۔اسم) گہرا ہونا۔

گہرا خیال (اُر۔اسم) دُور کا خیال

گہرا دوست (اُر۔اسم) سچا دوست۔ بے تکلف دوست۔

گہرا رنگ (اُر۔اسم) شوخ رنگ۔

گہرا سہاگ یا اخلاص (ر و ر۔ا۔مذ) میاں بیوی کا بے حد سلوک۔ نہایت پیار و موافقت۔

گہرا زخم (ر و ا۔مذ) کاری زخم۔ بھاری گھاؤ۔

گہرا ہاتھ لگانا (ر۔ محاورہ) زور کا ہاتھ مارنا۔ کاری زخم لگانا۔ بھاری ضرب مارنا۔

گہرا ہاتھ مارنا (ہ محاورہ) خوب ہاتھ رنگنا۔ بہت سا مال مارنا۔ سخت چوری یا غبن کرنا۔ بہت نفع کمانا۔ کسی خاندانی یا حسین عورت کو بھگا کے لے جانا۔ کاری زخم لگانا

گہرا یار (ر۔ا۔مذ) پکا دوست۔

گہرا یارانہ (ر و ا۔مذ) گہری دوستی۔ پکی دوستی۔ دلی دوستی۔

گھرّا (ہ۔ا۔مذ) وہ آواز جو حالت نزع میں گلے سے نکلتی ہے۔ گھنگرو بولنا۔ گھر گھر کی آواز۔ موت کی تکلیف۔

گھرّا اٹھانا (ہ۔ا۔مذ) خراٹا سوتے وقت سانس نکلنے کی آواز۔

گھرا لگنا (ر۔ محاورہ) حالت نزع ہونا۔ گھنگرو بولنا۔

گھرا چلنا (ر۔ محاورہ) جان کنی کا وقت ہونا۔ حالت نزع ہونا۔ گھنگرو بولنا

گھرا لگانا (ر۔ محاورہ) آشوب چشم میں آنکھوں میں گھرا لگانا۔ خاد کرنا۔ دوا کا لیپ کرنا۔

گھرال (ہ۔ا۔مذ) پانی کا ریلا۔ ہلکا سا سیلاب۔ عیب۔ نقص۔ خرابی

گھرال نکالنا (ہ محاورہ) عیب جوئی کرنا۔ نقص نکالنا۔

گھرالی (ہ۔ا۔مذ۔ بیائے فاعلیت) چھپیر۔ باندھنے والا۔

گھرانا (ہ۔ فعل) گھبرانا۔

گھرانا (ہ۔ فعل) ڈونگا ہونا۔ گہرا ہونا۔ عمیق ہونا۔

گھرانہ (ہ۔ا۔مذ) کل۔ بنس۔ خانوادہ۔ خاندان۔ جتھہ۔ کنبہ۔ کٹمب۔ قبیلہ۔ نسب۔ سلسلہ۔ پیڑھی۔ نسل۔ اولاد۔

گھر آنا / **گھر کر آنا** (ہ۔ فعل) چھا جانا۔ امڈ آنا۔ ہجوم کر لینا۔ جھوم آنا۔ چھا کر آنا۔

گھر آنڈ (ہ۔ا۔مو) پیشاب بو۔ بدبو۔

گھراؤ یا گہرائی (ہ۔ا۔مو) ڈونگا۔ پن۔ عمق۔ قعر۔

گھرائی (ہ۔ا۔مو) مویشیوں کو چرانے اور گھیر رکھنے کی اجرت۔

گھر گھرنا (ہ۔ فعل) ڈانٹنا۔ دھمکانا۔ گھور کر دیکھنا۔ گھر کی دنیا۔ جھڑکنا

گھرکی (ہ۔ا۔مو۔ بیائے مصدری) ڈانٹ۔ ڈپٹ۔ جھڑکی۔ دھمکی۔ بھبکی۔

گھرکی دینا (ہ محاورہ) بھبکی دینا۔ ڈانٹنا۔ جھڑکنا۔ گھرکنا۔

گھرگھر (ہ۔ا۔مو صوت) گھرگھر۔ چکی کی آواز۔

گھرنا (ہ۔ فعل) محصور ہونا۔ گھیرے میں آنا۔ چھانا۔ جھومنا۔ امنڈنا

گھرنی (ہ۔ا۔مو) پتیا۔ چرخی۔ چکر دینے کا آلہ۔ رسی بٹنے کی کل۔ سر کا چکر دوران سر۔ ایک آبی پرندے کا نام۔ رام چڑیا۔ لوٹن کبوتر۔

گھرنی کھانا (محاورہ) گھومنا۔ شریک ہونا۔ چکھیری پھرنا۔ گھمیریاں لینا۔

گھروا / **گھروایا** / **گھروندا** (ہ۔ا۔مذ) گھر کی تصغیر حقارتی۔ چھوٹا سا گھر۔ کٹیا۔ کھنڈولا۔ جھونپڑا۔

گھری (ہ۔ا۔مو) ایڑی۔

گھریا (ہ۔ا۔مو) نرغہ۔

گھریا میں گھرنا (ر۔ محاورہ) نرغے میں پھنسنا۔

گھری (ہ۔ا۔صفت مو) ڈونگی۔ عمیق۔ ڈونگا کی تانیث۔ گاڑھی۔

گھری بات (ہ۔ا۔مو) دور کی بات۔ باریک خیال۔ دقیق اور مشکل بات۔

گھری چھننا / **گھری گھٹنا** (ہ۔ فعل) خوب گاڑھی بھنگ چھننا۔ کمال دوستی ہونا نہایت بے تکلفی ہونا۔ پکا یارانہ ہونا۔ نہایت اخلاص ہونا نہایت جنگ ہونا۔ بے صد لڑائی ہونا۔ بڑی بحث ہونا۔

گھری دوستی (ر۔ا۔مو) پکی دوستی۔

گھری سانس بھرنا/لینا (ر۔ محاورہ) حسرت اور افسوس سے سانس لینا۔

گھری نیند سونا (ہ۔ فعل) بالکل بے خبر ہو کر سونا۔ سکھ نیند سونا۔ مر جانا۔

گھرے چلو (ہ۔ ٹھگوں کا محاورہ) جلدی مسافروں کو مارو۔ مسافر کا کام تمام کر دو۔

گھرے سانس بھرنا (ہ۔ فعل) آہ۔ سرد آہ بھرنا۔ ٹھنڈے سانس بھرنا۔ لمبے سانس کھینچنا۔

گھرے کرنا (ہ۔ محاورہ) مال مارنا۔ بڑا بھاری نفع اٹھانا۔ بخوبی فائدہ حاصل کرنا۔

گھرے ہونا (ہ محاورہ) بخوبی۔ فائدہ اٹھانا۔ خوب مال ہاتھ لگنا۔ نہایت نفع اور فائدہ ہونا۔ حسب دلخواہ نفع کمانا۔

گھرے یار ہیں یا گھرے دوست ہیں (ر و محاورہ) جانی دوست ہیں۔ نہایت بے تکلف دوست ہیں۔ ایک جان دو قالب ہیں۔

گھریا (ہ۔ا۔مو) چاندی سونا گلانے کی کٹھالی۔ بوتہ۔

گھریا (ہ۔ا۔مو) گھیرا کی تصغیر۔ نرغہ۔

گھریا میں گھرنا (ہ محاورہ) نرغہ میں آنا۔ دشمنوں کی جماعت یا ہجوم میں گھرنا۔

گھریلو (ہ۔ا۔صفت۔ بواؤ فاعلی نسبتی) گھر کا۔ گھر کا بنا ہوا۔ خانگی۔ خانہ ساز۔ گھر میں پلا ہوا۔ پالتو جانور۔

گھڑ (ہ۔ا۔مذ) گھوڑا کا مخفف۔

گھڑ بہل (ہ۔ا۔مو) گھوڑوں کی بہلی۔ گھوڑوں کی رتھ۔ جو قدیم دستور تھا۔

گھڑ چڑھا (ہ۔ا۔صفت مذ) سوار گھوڑے پر چڑھا ہوا۔ عمدہ سواری جاننے والا۔ پکا سوار۔

گھڑ چڑھی (ہ۔ا۔مو) ایک قسم کی چھوٹی توپ۔ رہکلہ۔ خچر بانڑی۔ رسالہ سوار کی فوج۔ دولھا کا سوار ہو کر دلھن کے گھر جانا۔

گھڑ دوڑ (ہ۔ا۔مو) گھوڑوں کی دوڑ۔ شرط بد کر گھوڑے دوڑانا گھوڑے دوڑانے کا میدان۔ اسپ بازی کا میدان۔

گھڑ دوڑ کا گھوڑا (ہ۔ا۔مذ) وہ گھوڑا جسے گھڑ دوڑ میں دوڑاتے ہیں۔

گھڑسال (ہ۔اسم) ظرف۔ طویلہ۔ اصطبل۔

گھڑمکھی (ہ۔امو) گھوڑے کو تنگ کرنے والی ایک قسم کی مکھی

گھڑمنہا (ہ۔اصفت فاعلی) لمبے مُنہ والا۔ گھوڑے جیسے مُنہ والا۔

گھڑنال (ہ۔امو) چھوٹی توپ۔ رہکلہ۔

گھڑا (ہ۔اسم) کمہار کی بنائی ہوئی مٹھلیا۔ پانی رکھنے کا برتن۔ سبوچہ۔ گاگر۔

گھڑا (ہ۔اسم) ایک قسم کا خمار جسے آنکھوں میں لگاتے ہیں۔ گھمرا۔

گھڑانا (ہ۔فعل) گھڑنا سے متعدی۔ زیور وغیرہ بنوانا۔ گھڑوانا۔

گھڑاون (ہ۔امو) گھڑنے کی اُجرت۔

گھڑائی (ہ۔امو) معاوضہ۔ گھڑنے کی اُجرت۔ گھڑنے کی مزدوری۔ ساخت۔ بناوٹ۔

گھڑت یا گھڑتی (ہ۔امو) بناوٹ۔ ساخت۔ تصنع۔ بناتی ہوئی بات جھوٹی بات۔

گھڑگھڑاہٹ (ہ۔امو۔ حاصل مصدر) آٹا پیسنے والی چکی کے چلنے کی آواز۔

گھڑگھڑانا (ہ۔مصدر) گھڑگھڑ کی آواز پیدا کرنا۔

گھڑنا (ہ۔فعل) بنانا۔ بناوٹ۔ ساخت کرنا۔ اینٹ کو تراش کر درست کرنا۔ زیور بنانا۔ لوہے یا لکڑی سے کوئی چیز بنانا۔ روٹی بنانا۔ جھوٹی بات بنالینا۔ مارنا۔ زدوکوب کرنا۔ خوب پیٹنا۔

گھڑوں پانی پڑجانا (ہ۔محاورہ) نہایت شرمندہ ہوجانا۔ شرم سے پسینہ پسینہ ہوجانا۔

گھڑونچا (ہ۔اسم) لکڑی کا وہ چوکھٹا جس پر پانی کے گھڑے رکھے جاتے ہیں۔

گھڑونچی (ہ۔امو) پانی کے گھڑے رکھنے کا لکڑی کا چوکھٹا۔

گھڑی (ہ۔امو) ساٹھ پل یا چوبیس منٹ کا عرصہ۔ دن رات کا ساٹھواں حصہ۔ ساعت سماں۔ وقت زمانہ۔ وقت بتانے کا آلہ۔ واچ



گھڑیاں

گھڑی بجنا (اُرمحاورہ) گھڑی کا وقفہ پورا ہونے پر گھڑیال کا بجنا۔ گھڑی گھنٹے بجنے کی آواز۔

گھڑی بنانا (ہ۔فعل) گھڑی کی مرمت کرنا۔ بگڑی گھڑی کو درست کرنا۔

گھڑی بنوانا (اُرمحاورہ) گھڑی درست کروانا۔ گھڑی کی مرمت کروانا۔

گھڑی بھاری ہونا (اُرمحاورہ) وقت گزارنا دوبھر ہونا۔

گھڑی ٹھہرنا (ہ۔تابع فعل) ذرا کی ذرا۔ تھوڑی دیر۔ ایک گھڑی۔ ساعت بھر۔ لمحہ بھر۔

گھڑی بھر دن آنا (اُرمحاورہ) تھوڑا سا دن چڑھنا۔

گھڑی بھر کی بے شرمی سارے دن کا آرام (اُرمثل) بے شرم کچھ نہ کچھ حاصل کر ہی لیتا ہے۔ عموماً رنڈیوں کے متعلق کہا جاتا ہے

گھڑی پل کی آس نہیں کہے کال کی بات (ہ۔مثل) دم بھر کا بھروسا نہیں کل کی بات کا پتہ نہیں ایک منٹ کی آس نہیں لمبے منصوبے باندھنا۔

گھڑی میں تولہ گھڑی میں ماشہ / **گھڑی تولہ گھڑی ماشہ** (اُرمحاورہ) مختلف مزاج اور غیر مستقل۔ دم بھر میں کچھ اور دم بھر میں کچھ۔ ہر دم طبیعت کو بدل لینے والا۔

گھڑی ٹلنا (اُرمحاورہ) وقت گزارنا۔

گھڑی دو گھڑی (اُرمتعلق فعل) تھوڑی دیر۔

گھڑی میں گھڑیال/گھڑیا ول ہے (اُرمثل) دم بھر میں کچھ سے کچھ ہے۔ دم کا بھروسہ نہیں۔

گھڑے سے گھڑا نہیں بھرتا (اُرمثل) قرض پر قرض نہیں ملتا۔

گھڑے لُنڈھانا (اُرمحاورہ) گھڑے کا پانی بہانا۔ کسی کو شرمندہ کرنا۔

گھڑی ساز (لھ۔اسم) فاعلی گھڑی کو درست اور صاف کرنے والا واچ میکر۔

گھڑی ساعت پر ہونا / **گھڑی ساعت کا ہونا** (اُرمحاورہ) قریب المرگ ہونا۔ جاں بلب ہونا۔ اخیر سانس ہونا۔

گھڑی کو کنا (ہ۔محاورہ) گھڑی کو کنجی لگانا۔ گھڑی کو چابی دینا۔ گھڑی کے چلنے کی آواز۔

گھڑی کُوکی جانا (اُرمحاورہ) گھڑی کو چابی لگنا۔

گھڑی گھڑی (ہ۔تابع فعل) ہر وقت ہر دم۔ ہر ساعت۔ ہر گھڑی بار بار۔ دمبدم۔ متواتر۔

گھڑی میں گھڑیال ہے (اُرمثل) ایک دم میں کچھ کا کچھ ہوجاتا ہے۔ زمانہ بدلتے دیر نہیں لگتی۔ زندگی کا کوئی بھروسا نہیں۔

گھڑیا (ہ۔امو) گھوڑی کی تصغیر حقارتی ہے۔ چھوٹے قد کی گھوڑی پے ٹٹو۔ ٹٹری۔

گھڑیال (ہ۔اسم) گھنٹے بجانے کا پیتل کا بنا ہوا گول گھنٹہ۔ جرس گھنٹی مگرمچھ۔ نہنگ۔ مچھ۔


گھڑیال

گھڑیالی (ہ۔اسمذ۔بیانیہ فاعلیت) گھڑیال بجانے والا۔

گھڑیال گننا (اُر۔محاورہ) سخت انتظار کرنا۔ کسی کے انتظار میں وقت گننے۔ رہنا۔

گھڑے سوپر وہ پڑے (ہ۔مثل) جو بات ہو چکی سو ہو چکی وہ اب ہاتھ نہیں آسکتی۔

گھڑیوں (ہ۔امو) گھڑی کی جمع (بصورت تابع فعل) عرصہ دراز تک دیر تک۔

گھسّا (ہ۔امذ) رگڑ۔رگڑا۔

گھسّا لگنا (ہ۔محاورہ) رگڑ آنا۔ رگڑ لگنا۔ گھسّے کا نشان پڑنا۔

گھسّا میری (اُر۔امو) ڈور ڈال کر گھسنے کا بچوں کا کھیل۔

گھسا (ہ۔اصفت مفعولی) رگڑ ہوا۔ بوسیدہ۔ پرانا۔ گھسا ہوا۔ مستعمل۔

گھسا (ہ۔اصفت) جنا ہوا۔ نطفہ۔ تخم۔ بیج۔ جیسے اُدت کا گھسا یعنی احمق کا جنا۔

گھس آنا (ہ۔فعل) اندر چلا آنا۔ بلا اجازت مکان میں داخل ہونا۔

گھسانا (ہ۔فعل) داخل کرنا۔ گھسیڑنا۔ باڑنا۔ اندر پہنچانا۔ بھرنا۔ سمانا

گھساؤ یا گھسائی (ہ۔اول مذ دوم مو) حاصل مصدر گھسنا سے رگڑ۔ فرسودگی۔

گھس آنا (اُر۔محاورہ) زبردستی یا بغیر اجازت اندر چلے آنا۔

گھس بیٹھنا (اُر۔محاورہ) اندر چھپ بیٹھنا۔ پاس پاس بیٹھنا۔ قریب قریب بیٹھنا۔

گھس پڑنا (اُر۔محاورہ) بے کھٹکے کسی کے مکان میں داخل ہونا۔

گھس پل جانا (اُر۔محاورہ) زبردستی وہاں گھس جانا جہاں جگہ نہ ہو۔

گھس پس کر اُترنا (ہ۔محاورہ) نئے کپڑوں کا خوب اپنا حق ادا کر کے اُترنا۔ لباس کا اچھی طرح کام میں آنا۔ کپڑوں کی مدت کے بعد پرانے اور مستعمل ہو کر اُترنا۔ نئے کپڑے پہنتے وقت عزیزوں کو دعا دیا کرتے ہیں۔

گھس پیٹھ (ہ۔امو) حاصل مصدر گھسنا اور پیٹھنا سے دونوں مرادف ہیں۔ رسائی۔ پہنچ۔ دخل۔ باریابی۔ مداخلت (بصورت تابع فعل) دخل پا کر گھس کر اندر پہنچ کر۔ یار بنا کر۔ دوستی پیدا کر کے۔

گھس پیٹھ کر یا گھس پیٹھ (ہ۔تابع فعل) یارانہ گانٹھ کر۔ راہ و رسم پیدا کر کے۔ زبردستی۔ کسی نہ کسی طرح۔ اندر پہنچ کر۔

گھس ڈالنا (اُر۔محاورہ) رگڑ ڈالنا۔

گھسٹنا (ہ۔فعل) کھینچ کر آنا۔ کھینچنا۔ کشاں کشاں چلنا۔ زمین سے رگڑتا ہوا چلنا۔

گھسٹے گھسٹے پھرنا (ہ۔محاورہ) پکڑے پکڑے پھرنا۔ کھنچے کھنچے پھرنا۔

گھس گھس کر چلنا (ہ۔محاورہ) کپڑے یا جوتے کا مدت تک اچھی طرح کام میں آنا۔ پنجابی (ہنڈنا)

گھس لگانے کو بھی نہیں (ہ۔محاورہ) بالکل ندارد۔ اتنا بھی نہیں کہ گھس کر دوا دوا کے طور پر لگا دیں۔ اجازت نہایت کمی ہے۔ بالکل کمیاب ہے

گھس گھس کرنا (اُر۔محاورہ) کانا پھوسی کرنا۔

گھس کھدا (ہ۔امذ۔فاعل) گھاس کھود نے۔ گھسیارا۔ ادنےٰ۔ رذیل کم حیثیت۔ اناڑی۔ جاہل۔ ناکارہ۔ احمق۔ نادان۔ بیوقوف۔

گھسنا (ہ۔فعل) رگڑ کھانا۔ رگڑ لگنا۔ پرانا ہونا۔ فرسودہ ہونا۔ کم ہونا۔ وزن میں گھٹنا۔ سنار (بصورت متعدی) رگڑنا۔ بیٹنا۔ حل کرنا۔ کھرل کرنا۔

گھسنا (ہ۔فعل) اندر آنا۔ اندر جانا۔ بیچ میں پڑنا۔ مداخلت کرنا۔ شامل کرنا۔ داخل ہونا۔

گھسن پٹی (ہ۔امو) مار کوٹ۔ زدوکوب۔ مار کٹائی۔

گھسیارا (ہ۔امذ۔فاعل) گھاس کھودنے والا۔ چارہ لانے والا۔ چرکٹا گھس کھدا۔

گھسیاری (ہ۔امو) گھاس کھودنے اور بیچنے والی عورت۔

گھسیٹ دینا (اُر۔محاورہ) جلدی سے لکھ دینا۔

گھسیٹا گھسائی (ہ۔امو۔حاصل مصدر) کھینچا تانی۔ اینچا تانی کھینچ تان۔

گھسیٹن (ہ۔امو) گھسیٹنے کا نشان۔ کشاکشی۔

گھسیٹنا (ہ۔فعل) کھینچنا۔ زمین سے رگڑتے ہوئے لے جانا۔ اینچنا۔ جلدی جلدی بُرا بھلا لکھ دینا۔ شامل حال کرنا۔ پکڑوانا۔ بلانا۔ پوچھنا۔ سوکھنا۔

گھسیڑ (اُر۔امذ) خراش۔ جلدی جلدی لکھنا۔

گھسیڑنا (ہ۔فعل) اندر داخل کرنا۔ باڑنا۔ بھرنا۔

گھسیک (اُر۔امو) خوشی کی لہر۔ نشے کی لہر۔ خوشی مسرت۔

گھسیک کر بولنا (اُر۔محاورہ) زور سے بولنا۔ للکار کر بولنا۔ بڑی محبت اور تپاک سے بولنا۔ سخت کلامی سے پیش آنا۔ تیز ہو کر بولنا۔ ترش ہو کر بولنا (لغات اضداد میں سے ہے)

گھسکنا (ہ۔فعل) تیز آواز سے بولنا۔ تپاک سے بولنا۔ چمکنا۔ خوشی میں آکر زور سے بولنا۔

گھسگانا (اُر۔مصدر) رگڑ گڑانا۔

گھسگڈ (ہ۔اصفت) نشہ کی تیزی اور زیادتی کی صفت میں آتا ہے۔

گھسگرا (ہ۔امذ) لہنگا۔

گھسکوار (اُر۔امذ) ایک قسم کا پودا جس کے لمبے لمبے پتے ہوتے ہیں۔ اور درمیان میں لیسدار مادہ۔ کوار گندل۔

گھگری یا گھگریا (ہ۔امو) گھاگرا کی تصغیر۔ چھوٹا لہنگا۔

گھگو (ہ۔امذ) اُلو بوم۔ چمگادڑ۔ رات والا۔ وخانی انجن کی آواز صبح۔ پنجاب میں ایک کھلونے کو کہتے ہیں جو پھونکنے سے بجتا ہے۔

گھگی (ہ۔امو) فاختہ۔ لوٹرو۔ بارش سے بچنے کے لئے کپڑے کی چادر یا لوئی۔ کمبل یا لوری وغیرہ کو سنبوسہ کی شکل کا بنا کر سر پہ ڈالتے ہیں اسے گھگی یا گھونگی کہتے ہیں۔

گھگی (ہ۔امو) ہچکی یکایک ڈر جانے سے منہ سے گھی گھی کی آواز نکلنا بیحد خوف کی حالت۔ روتے روتے سانس رُک کر آنے کی آواز۔

گھگی بندھ جانا / گھگیا نا (ہ۔فعل، خوف کے مارے بول نہ سکنا۔ روتے روتے سانس بند ہونے لگنا ڈر کے مارے خستہ کی سی حالت ہو جانا۔

گھل کر بیٹھنا (اُر۔محاورہ) گھل مل کر بیٹھنا۔

گھلانا (ہ۔فعل) پگھلانا۔ تحلیل کرنا۔ گداز کرنا۔ نرم کرنا۔ پسلانا۔ دبلا کرنا لاغر کرنا۔ ناتواں کرنا۔ گزارنا۔ بتانا۔ پوچھنا۔ رس لینا۔

گھلاوٹ (ہ۔ امو) گدازپن۔ ملاوٹ۔ ملائمت۔ نرمی۔ پلپلاہٹ۔
گھلا جانا (اُ۔ محاورہ) دبلا ہوا جانا
گھلا ڈالا (اُ۔ صفت) صاف واضح بے تکلف۔
گھلا ملا (اُ۔ صفت) بے تکلف۔ خوب ملا ہوا۔ حل کیا ہوا۔
گھلا ہوا (ہ۔ اصفت مفعولی) پگھلا ہوا پلپلا۔ پتلی رس کا۔ صاف چلتا ہوا۔
گھل جانا (ہ۔ فعل) پگھل جانا۔ نرم ہو جانا پلپلا ہو جانا۔ پیٹھ جانا۔ بھک جانا نکما ہو جانا۔ لاغر ہو جانا۔ بیت جانا گزر جانا۔ جیسے برسوں گھل گئے۔
گھل گھل کر یا گھل گھل کے (ہ۔ تابع فعل) دبلا ہو کر تحلیل ہو کر بیماری سے رنج رنجھ کر
گھل گھل کر آخر/تمام ہونا (اُ۔ محاورہ) تحلیل ہو ہو کر مرنا۔ دبلا اور لاغر ہو کر مرنا۔ عشق کی وجہ سے گھل گھل کر جان دینا۔
گھل گھل کر کانٹا ہو جانا (اُ۔ محاورہ) بہت دبلا ہو جانا۔ سوکھ کر کانٹا ہو جانا۔
گھل گھل کر مرنا (اُ۔ محاورہ) بیماری یا غم سے نہایت دبلا اور لاغر ہو کر مرنا۔ سوکھ سوکھ کر مرنا۔
گھل مل جانا (اُ۔ محاورہ) ایک جان ہو جانا۔ گہری دوستی گانٹھ لینا۔ نہایت اخلاص بڑھا لینا۔
گھل مل کے بیٹھنا (اُ۔ محاورہ) محبت سے مل جل کر رہنا۔ اُلفت سے پیار کی باتیں کرنا۔
گھلنا (ہ۔ فعل) پگھلنا۔ گداختہ ہونا۔ نرم ہونا۔ ملائم ہونا۔ پتلا ہونا۔ تحلیل ہونا۔ دبلا ہونا۔ سوکھ کر کانٹا ہو جانا۔ گزرنا۔ بیت جانا (پنجاب) لڑنا۔ جھگڑنا۔ کشتی کرنا۔ گتھم گتھا ہونا۔
گھلنا ملنا (ہ۔ فعل) ایک جان ہو جانا۔ محبت پیدا کرنا۔ یارانہ گانٹھنا۔ بے تکلف ہو جانا۔
گھلوانا (ہ۔ فعل) گھلنا سے متعدی المتعدی۔ ملوانا۔ حل کرانا۔ (پنجاب) کشتی کرانا۔
گھلو مٹھو ہو جانا (ہ۔ محاورہ) مل جل جانا۔ ارتباط پیدا کر لینا۔
گھماگھمی یا گھما گھمی (ہ۔ امو) آبادی۔ چہل پہل۔ اول چول۔ گرم بازاری۔ رونق۔ دھوم دھام۔
گھمان (پنجابی۔ لمذ) دو بیگھہ زمین کی مقدار۔
گھمانا (فعل) چکر دینا۔ پھیرانا۔ سیر کرانا۔
گھماؤ (ہ۔ لمذ۔ حاصلمصدر) پھیر چکر۔ بیلوں کی ایک جوڑی کے روزانہ جوت لینے کی مقدار۔
گھمبیر (ہ۔ صف) گنبھیر۔ گنبھیر۔
گھمگھمہ (ہ۔ امو۔ صوت) چکی چلنے کی آواز۔
گھڑیاں لینا (ہ۔ محاورہ) گھرنیاں کھانا۔ چکر کھانا۔ گرد پھرنا چکر پھریاں پھرنا۔
گھمسان (ہ۔ لمذ) جدھ۔ رن۔ سخت لڑائی۔ قتل۔ کشت وخون۔ ہجوم بھیڑ۔ انبوہ۔ بربادی۔ لڑائی کی زیادتی بنہ دبالا۔ (دیکھئے)

گھمسان پڑنا (اُ۔ محاورہ) کشت خون ہونا۔
گھمسان کا رن پڑنا (محاورہ) قتل وخونریزی کرنا۔ کشت وخون کرنا۔ کٹ کٹ کر لڑنا۔ جان توڑ کر لڑنا۔
گھمسان کرنا (اُ۔ محاورہ) قتل وخونریزی کرنا۔ کشت وخون کرنا۔ کٹ کٹ کر لڑنا۔ جان توڑ کر لڑنا۔
گھمسان کی (اُ۔ صفت) بڑے معرکے کی۔
گھمسان کی لڑائی (ہ۔ امو) بڑے معرکے کی لڑائی۔ بڑی بھاری لڑائی
گھمسان ہو جانا (اُ۔ محاورہ) کشتوں کے پشتے لگ جانا۔ مقتولوں کے ڈھیر لگنا۔ فوج کا ہجوم ہو جانا۔ لشکر کا فراہم ہو جانا۔
گھمکا (ہ۔ لمذ) حبس۔ اُمس۔ گھٹاؤ۔
گھم گھم (ہ۔ امو) صوت رہٹ کے چلنے کی آواز۔
گھمنڈ (ہ۔ لمذ) غرور تکبر۔ نخوت۔ اکڑ۔ مروڑ۔ نخوت۔ نمود۔ خودنمائی ٹیپ ٹاپ۔ خودپسندی۔ فخر۔ ناز۔ بھروسہ۔ سہارا۔ آسرا۔ بل زور۔ طاقت
گھمنڈ پر آنا (اُ۔ محاورہ) شیخی کرنا۔
گھمنڈ کرنا (اُ۔ محاورہ) غرور کرنا۔ فخر کرنا۔ اترانا تکبر کرنا۔ شیخی کرنا۔
گھمنڈ نکال دینا (اُ۔ محاورہ) بل نکال دینا۔ شیخی کرکری کر دینا۔ نیچا دکھا دینا۔
گھمنڈ نکل جانا (اُ۔ محاورہ) بل نکل جانا۔ تکبر دور ہو جانا۔ غرور نکل جانا
گھمنڈ ہونا (اُ۔ محاورہ) تکبر ہونا۔ غرور ہونا۔ شیخی ہونا۔ ناز وفخر ہونا۔
گھمنڈ (ہ۔ لمذ) بادلوں کا چھا جانا۔ ابر کا ہجوم۔ بادلوں کی کثرت۔
گھمنڈی (ہ۔ اصفت بیانیہ فاعلیت) مغرور۔ متکبر۔ خودپسند۔ شیخی خورا۔ ڈینگیا۔ فخر کرنے والا۔ اترانے والا۔
گھمیر یا گھمیری (ہ۔ امو) دوران سر چکر۔ دردسر۔ سرپیڑ۔
گھن (س۔ اذ) میگھ۔ ابر۔ بادل۔ گھٹا۔ بہت بڑا ہتھوڑا۔ نہائی اہرن ایک خوشبودار گھاس۔ فراخی۔ وسعت۔ پھیلاؤ۔ مضبوطی۔ استحکام بلغم کھنکھار۔ بھوڈل۔ ابرق۔ گھنٹہ۔ گھڑیال۔ ایک قسم کا ناج۔ جسم بدن۔ سریہ (انگ بحالت صف) موٹا۔ دبیز۔ گاڑھا۔ وزنی۔ بھاری بوجھل۔ سخت کڑا مضبوط۔ بہت زیادہ۔ کثیر۔ نیک۔ مبارک۔ گنجان گھنا۔ مستقل۔ دائمی۔ پُر۔ معمور۔ بھرا ہوا۔
گھن پڑنا (اُ۔ محاورہ) ہتھوڑے کی چوٹ لوہے پر پڑنا کوئی دلی صدمہ پہنچنا۔
گھن چھٹنا (اُ۔ محاورہ) گرہن کا اثر کم ہونا۔ چاند یا سورج کا گرہن سے نکلنا۔
گھن چکر (ہ۔ اصفت) بہت پھرنے والا۔ آوارہ گرد۔ ہمیشہ پھرنے والی۔ عقل کا پیوقوف۔ احمق۔ کند ذہن۔ آتشبازی کا چکر بازی گردش چکر۔ چرخی۔ سورج مکھی کا پھول۔
گھن چکر میں آنا (اُ۔ محاورہ) گردش میں آنا۔ مصیبت میں پھنسنا۔
گھن دار (ہ۔ اصفت فاعلی) گھنا۔ گنجان۔ پاس پاس درختوں یا شاخوں والا جنگل۔

ن شیام (س.ا.مذ) ابر سیاہ کالی گھٹا۔ سری کرشن جی کا لقب (بحالت صفت) کالے رنگ کا۔ سیاہ فام۔

ن کا (ہ.اصفت نسبتی) گنجان۔ سایہ دار۔ شاخ در شاخ درخت

ن کا سکہ (ا.ر.امذ) سکہ رائج الوقت۔

ن کی چوٹ (ہ.امو) بڑے ہتھوڑے کی ضرب۔ شدید بھاری چوٹ بڑا بھاری صدمہ۔

ن کے روپے (اُ.ر.امذ) وہ روپے جو سکہ رائج ہوں۔

ن گرج (ہ.امو) بادلوں کی کڑک۔ رعد کی آواز۔ بجلی کی کڑک۔ نہایت شور و غل۔

ن گھور (ہ.امو) ڈراؤنی گھٹا۔ ہولناک بادل۔ گہرا بادل۔ ابر غلیظ۔

نگھور گھٹا (ہ.امو) نہایت گہری گھٹا۔ ڈراؤنی اور مہیب گھٹا۔ بہت برسنے والی گھٹا۔ کالی پیلی گھٹا۔

نگھور لڑائی (ہ.امو) بڑی بھاری لڑائی۔

ن مارنا (اُ.ر.محاورہ) ضرب لگانا۔ بڑی رقم مارنا۔

ن (ہ.امذ) گرہن کسوف و خسوف مجازاً عیب۔ کلنک۔ داغ۔

ن پڑنا یا لگنا (ہ.فعل) چاند یا سورج کا بے نور ہو جانا۔ کسوف و خسوف ہونا۔ بدنامی ہونا۔ عیب لگنا۔ کلنک لگنا۔

ن چھوٹنا (اُ.ر.محاورہ) گرہن کا اثر دور ہونا۔

ن میں آنا (ہ.محاورہ) کسوف و خسوف میں آنا۔ آدمی کے کسی عضو کا ٹیڑھا یا ناقص پیدا ہونا۔ بنیال عوام۔ حمل کے بچہ پر کسوف و خسوف کا اثر ہونا۔

نانا (اُ.ر.مصدر) گھن لگنا۔ کسی عضو کا بدقطع ہونا۔ کسی چیز کا زوال پذیر ہونا۔

ن (ہ.امو) نفرت۔ کراہت۔ اُلجھن۔ متلی۔ غثیان۔

ن آنا (ہ.فعل) کراہت آنا۔ نفرت آنا۔

ن کھانا (ہ.فعل) نفرت کرنا۔ کراہت کرنا۔

ن (ہ.امذ) لکڑی کو کھانے والے ایک کیڑے کا نام ہے۔ غلہ کو کھا جانے والا کیڑا یعنی سرسری ڈھورا وغیرہ۔ گھن کھائی لکڑی کا میدہ سا آٹا مجازاً بہت پرانی بات بیماری جو آدمی کو اس طرح کھا جاتی ہے جیسے لکڑی کو گھن

ن جھڑنا (ہ.فعل) گھن کھائی لکڑی کا میدہ سا ہو کر جھڑنا۔

ن لگ جانا یا لگنا (ہ.محاورہ) لکڑی یا غلہ میں گھن کیڑے کا پیدا ہو جانا۔ کیڑا لگنا۔ کسی بیماری کا چمٹ جانا۔ روگ لگ جانا۔ غم یا فکر لگ جانا۔

نا (ہ.اصفت) بہت سا۔ ڈھیر۔ وافر۔ بے حد۔ گھن کا۔ سایہ دار گنجان۔

نا (اُ.ر.صفت) جیسے گھن لگ گیا ہو۔

نا (ہ.ا.مذ) لوم۔ زلور (پنجاب میں) گرو۔ گروی۔ رہن۔

نانا (ہ.فعل) گھن لگنا۔ کسوف و خسوف ہو جانا۔ پکڑنا۔ گرفت کرنا۔ لینا۔

نانا (ہ.فعل) گھن لگنا۔ کرم خوردہ ہونا۔

نا (ہ.اصفت) بات کا جان بوجھ کر جواب نہ دینے والا۔ چپ۔ ان بولا۔ کپٹی۔ کینہ ور۔ دل میں کینہ رکھنے والا۔

گھنانا (ہ.فعل) گرہن لگنا۔ کسوف و خسوف میں ہونا۔ روشنی کم ہونا مدھم ہونا۔ پیدائشی طور پر کسی عضو کا ٹیڑھا۔

گھناؤنا (ہ.اصفت، فاعلی) گھن آنے والا۔ وہ شے جس سے گھن آئے۔ مکروہ۔ نفرت انگیز۔

گھناونی / گھنونی (اُ.صفت) گھناونا کی تانیث۔ وہ شے جس سے گھن آئے۔

گھنٹا یا گھنٹہ (ہ.امذ) موگری سے بجانے کا پیتل کا توا۔ گلے میں لٹکانے کی ٹالی جرس۔ زنگلولہ۔ درا۔ کلاک۔ ٹائم پیس۔ وقت بتانے کا بڑا آلہ۔ ساٹھ منٹ یا اڑھائی گھنٹہ کا وقت (بازاری) عضو تناسل۔

گھنٹا بجانا (ہ.فعل) گھنٹہ پر چوٹ لگانا۔ گھڑیال بجانا۔

گھنٹا گھر (ہ.ا.ظرف) وہ اونچا مینار جس پر کلاک کی سوئیاں دور سے دکھائی دیتی ہیں۔

گھنٹا ہلانا (ہ.محاورہ) پوجا پاٹ کرنا۔ پوجا کے وقت گھڑیال کھڑکانا۔ وقت گزارنا۔ بے فائدہ کام کرنا۔

گھنٹالی (ہ.امو) چھوٹی گھنٹی۔

گھنٹی (ہ.امو) گھنٹہ کی تانیث و تصغیر۔ ٹالی۔ ٹلی۔ پیتل کی چھوٹی سی ٹلیا جو پوجا کے وقت کام آتی ہے۔

گھنٹے مور چھل سے اٹھانا (ہ.محاورہ) بوڑھے آدمی کی ارتھی کو بڑی دھوم دھام سے مرگھٹ میں لے جانا۔

گھونچ (ہ.امذ) گردن۔ گلا۔ نرخرہ۔ حلق۔

گھنڈی (ہ.امو) سوتی بٹن۔ بکسہ۔ بٹن۔ بوتام۔ دھان کی دوسری دفعہ پھوٹی ہوئی جڑ (پنجاب میں) گرہ گانٹھ۔ عقدہ۔ بل۔ کدورت۔ رکاوٹ۔ انقباض۔

گھنڈی کھولنا (ہ.محاورہ) بٹن کھولنا۔ گرہ کھولنا۔ کینہ نکال ڈالنا۔ شکایت دور کرنا۔

گھنڈی لگانا (ہ.محاورہ) بٹن لگانا۔ بکسہ بند کرنا۔ گھنڈی ٹانکنا۔ گھنڈی سینا۔

گھنگچی (ہ.امو) رتی۔ زنگ۔ سرخ۔ ایک قسم کی سرخ یا سفید رنگ کے کالے منہ والے دانے۔

گھنگرالے (ہ.اصفت) بل دار بال۔ پیچیدہ بال۔ گھونگر والے بال۔

گھنگرو (ہ.امذ) زنگلہ۔ ایک قسم کے بجنے والا زیور جسے ناچنے والے پاؤں میں پہنتے ہیں۔ جانکنی کے وقت گلے کی آواز۔ چنے کی ٹاٹ۔ چنے کا ڈوڈا سنی کا پھل جس میں بیج ہوتا ہے۔

گھنگرو باندھنا (ہ.محاورہ) ناچنے کو کھڑا ہونا۔ ناچنے کی تیاری کرنا۔ ناچنے میں شاگرد ہونا۔

گھنگرو بجنا (اُ.ر.مصدر مرکب) گھنگرو کا آواز دینا۔

گھنگرو بند بھائی (ہ.امذ) کمین زادہ۔ کمین بچہ۔ ناچنے والے ایک دوسرے کو آپس میں کہا کرتے ہیں۔ ناچنے والے کے بچے۔

گھنگرو بولنا (ہ.محاورہ) گھنگروؤں کا چھنکنا۔ تالح ہونا۔ جان کنی کے وقت سانس کا رک رک کر آنا۔ بلغم کا حلق میں بولنا۔ قریب بہ مرگ ہونا۔

گھنگرو سالدا ہوا (اُ.ر.محاورہ) سر سے پیر تک لدا ہونا۔

گھنگرو لگنا (اُر۔محاورہ) دیکھئے "گھنگرو بولنا"

گھنگرو ہونا (اُر۔محاورہ) دیکھئے "در گھنگرو سالدا ہونا"

گھنگریا (اُر۔ایمو) بچوں کے پہننے کا چھوٹا لہنگا۔

گھنگنیاں (ہ۔) اُبلے ہوئے چنے یا جوار یا گیہوں وغیرہ۔ باکلیاں۔

گھنگنیا مُنہ میں بھر کر بیٹھنا (ہ۔ محاورہ) چپ ہو رہنا۔ گھنّی سادھنا خاموشی اختیار کرنا۔

گھنگھولنا (ہ۔ فعل) پانی یا کسی پتلی چیز میں ہاتھ ڈال کر ہلانا۔ گدلا کرنا۔ مکدر کرنا۔ خوب ملانا۔ گھولنا۔

گھنگھنانا (ہ۔ فعل) چرخی یا پہیا کے زور سے چکر کھانے کی آواز۔

گھنے (ہ۔ امذ) گھنا کی جمع۔ گرہ۔ گرہی۔ رہن۔

گھنے رکھنا (ہ۔ فعل) گروی رکھنا (پنجابی میں) رہن۔

گھنے کا تار تک باقی نہیں (اُر۔مثل) کسی قسم کا زیور باقی نہیں۔

گھنی (ہ۔ امو) پیدائشی نقص والی گائے۔ ناقص الخلقت گائے جھوٹے قد کی۔

گھُنّی (ہ۔ امو) خاموشی۔ چُپ۔ ان بولا۔ رانی۔ وہ عورت جو بات کو سُن سمجھ کر جواب نہ دے۔ مکری عورت۔ کینہ توز۔ کپٹن بغض رکھنے والی۔

گھُنّی سادھنا (ہ۔ محاورہ) خاموشی اختیار کرنا۔ مکر اپن کرنا۔ جان کر جواب نہ دینا۔

گھُنی مُسمّی (ہ۔ امصفت۔ مو) صورت حرام۔ گربہ مسکین۔ غریب صورت۔ شیطان سیرت۔ چُپ بد ذاتی۔

گھنیانا (اُر۔مصدر) گھِن آنا۔

گھنیائی (اُر۔ایمو) وہ چیز جس سے نفرت آئے۔

گھنیرا (اُر۔صفت) بہت گھنا

گھنیری (اُر۔صفت مو) بہت گھنی۔ گھنیرا کی تانیث۔

گھُوآ (ہ۔ امذ) سر کنڈے کے اُوپر کی روئی۔ پھوئی۔ کانس کا پھول۔ ایک پانی کے کنارے رہنے والے کیڑے کا نام

گھوارہ (ف۔ اذ) پالنا۔ جھولا۔ پنگوڑا۔ مہد۔ ہنڈولا۔ ہنڈولنا۔ وہ چارپائی جس پر عورتوں کے جنازے کے لئے محراب نما لکڑیاں باندھتے ہیں۔

گھوٹا (ہ۔ امذ) کاغذ گھوٹنے کا کانچ کا ڈنڈی دار مہرہ۔ سر کے بالوں کی اُسترے سے صفائی۔ داڑھی مونچھوں وغیرہ کا صفایا۔

گھوٹنا (ہ۔ فعل) کھرل کرنا۔ رگڑنا۔ حل کرنا۔ پینا۔ مہرہ سے کاغذ کی صفائی کرنا۔ بار بار پڑھ کر ذہن نشین کرنا۔ خوب ازبر کرنا۔ رٹنا۔

گھور (ہ۔ امذ۔ بواؤ مجہول) چرک۔ میل۔ غلاظت۔ گندگی۔ ڈراؤنا۔ بھیانک خوفناک۔ گھوڑے کا گہرا رنگ (اس) رات۔ شب۔

گھورا (ہ۔ امذ۔ بواؤ معروف) کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ۔ کوڑی۔ کھتا۔ گوہ اور کوڑا کرکٹ وغیرہ (بصورت فعل) گھورنا مصدر سے ماضی مطلق۔ غور سے دیکھا

گھورا گھاری (ہ۔ امو) دید بازی۔ نظر بازی۔ دیکھا دیکھی۔ ایک دوسرے کو محبت کی نظر سے بغور دیکھنا۔

گھورا گھار (اُر۔ امو) نظر بازی۔ دید بازی۔

گھور گھور کے / کر دیکھنا (اُر۔محاورہ) تیز نظر سے دیکھنا۔

گھورنا (ہ۔ مصدر) ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔ غور سے۔ خفگی کی نظر سے دیکھنا۔ تیز نگاہ سے دیکھنا۔ دیدار، بازی کرنا۔ محبت کی نظر سے دیکھنا آنکھیں لڑانا۔

گھورم گھارا (اُر۔امذ) دید بازی۔ گھورا گھاری۔

گھوری (ہ۔ اصفت بسیاتے فاعلیت) میل کچیل والا۔ میلا کچیلا۔ گندا غلیظ۔

گھوڑا (ہ۔ امذ) اسپ۔ توسن۔ مرکب۔ بندوق کا طوطا۔ بندوق کا کتا شطرنج کا ڈھائی گھر آڑے چلنے والا مہرہ۔ مشہور حیوان۔



گھوڑا

گھوڑا اُتارنا (اُر۔محاورہ) گھوڑے کو دریا کے پار اُتارنا۔ پار لے جانا۔

گھوڑا اُٹھانا (اُر۔محاورہ) گھوڑا بھگانا۔ دوڑانا۔ سرپٹ دوڑانا۔ گھٹ ٹپ دوڑانا

گھوڑا اُڑانا (اُر۔محاورہ) گھوڑے کو سرپٹ دوڑانا

گھوڑا اڑنا (اُر۔محاورہ) گھوڑے کا اپنی جگہ سے نہ ہٹنا۔ سرکشی کرنا۔

گھوڑا اُکھڑنا (اُر۔محاورہ) گھوڑے کا قدم برابر نہ پڑنا۔ چال سے اُکھڑ جانا۔

گھوڑا اُلا لگنا (اُر۔ محاورہ) نئے گھوڑے پر سواری کرنا۔ اصیل بچھیرے کو سواری کے لئے سدھانا۔

گھوڑا اُلٹنا (اُر۔محاورہ) گھوڑے کا واپس مُڑنا۔

گھوڑا بڑھانا (اُر۔محاورہ) گھوڑے دوڑانا/ بھگانا۔

گھوڑا بڑھ جانا (اُر۔محاورہ) گھوڑے کا سبقت لے جانا۔

گھوڑا بھر جانا (اُر۔محاورہ) تھک کر گھوڑے کا بند بند جکڑ جانا۔

گھوڑا پائے پر چڑھ جانا (اُر۔محاورہ) بندوق کے کتے کو پٹاخے پر زور اور صدمہ پہنچانے کے لئے اُٹھانا۔

گھوڑا پلانا (اُر۔محاورہ) گھوڑے پر چارجامہ کسنا۔ کاٹھی رکھنا۔

گھوڑا پھیرنا (اُر۔محاورہ) گھوڑے کو سدھانا۔ گھوڑے کو واپس کرنا۔

گھوڑا پھینکنا (اُر۔محاورہ) کسی چیز کے پیچھے گھوڑا دوڑانا۔ شکار وغیرہ پر سرپٹ دوڑانا۔

گھوڑا ٹوالنا

گھوڑا اجمنا (اُر۔محاورہ) گھوڑے کا کودنے کے واسطے رُک جانا۔

گھوڑا چراغ پا ہونا (اُر۔ محاورہ) گھوڑے کا پچھلی ٹانگوں پر کھڑا ہو جانا۔

گھوڑا چڑھانا (اُر محاورہ) بندوق کے کتے کو اُوپر اٹھانا۔

گھوڑا چمکانا (اُر محاورہ) گھوڑے کو تیز چلانا۔

گھوڑا چھوڑنا (ہ۔ فعل) گھوڑے کو چرنے کے لئے کھلا چھوڑنا جنے ہوئے کو گاڑی سے نکالنا۔ گھوڑے کو اس کی مرضی پر چھوڑنا۔ دوڑانا۔ گھوڑی پر پیچہ کشی کے لئے چڑھانا۔

گھوڑا چھیڑنا (اُر محاورہ) گھوڑے کو ایڑ لگانا۔

گھوڑا داغ ہونا (اُر محاورہ) مجاز آسواروں کے زمرے میں نوکر ہونا۔

گھوڑا گھاس سے آشنائی کرے تو بھوکا مرے۔ (اُر مثل) اپنا مطلب کوئی نہیں چھوڑتا۔ یعنی مزدور اگر مزدوری نہ لے تو بھوکا مر جائے

گھوڑا گھر سال ہی میں قیمت پاتا ہے (اُر۔ مثل) ہر چیز کی قدر اس کے مقام پر ہی ہوتی ہے۔

گھوڑا مارنا (ہ۔ فعل) گھوڑ بھگانا۔ گھوڑا ڈپٹانا۔

گھوڑا ملا تو کوڑا بھی مل جائیگا (اُر مثل) بڑا کام ہو جائے تو چھوٹے کی کیا فکر ہے۔ وہ بھی ہو جائیگا۔

گھوڑا نکالنا (ہ۔ فعل) گھوڑے آگے لے جانا۔ گھوڑے کو سواری کے لئے سدھانا۔ کھڑ کھڑے ہیں جو تنا۔ محرم کے دنوں میں شیعہ لوگوں ذوالجناح نکالنا۔

گھوڑوں کو گھر کتنی دُور (اُر۔ محاورہ) گھوڑوں کے نزدیک مسافت اور فاصلہ کوئی بات نہیں۔ چالاک آدمی کو مطلب حاصل کر لینا نہایت آسان ہے۔

گھوڑی (ہ۔ امو) گھوڑا کی تانیث۔ اسپ مادہ۔ ٹٹواں۔ ٹانگری سیویاں بنانے کا آلہ۔ گوئے کا تانا کسنے کی لکڑی۔ بانس کی چری ہوئی لکڑی جو ختنہ کے وقت کام آتی ہے بیاہ کے وقت سہاگ گیت بچوں کے ایک کھیل کا نام۔

گھوڑی چڑھانا (ہ) بانس کی چری ہوئی لکڑی سے مقام مخصوص کے گوشت کو ختنہ کے لئے دبانا۔ ختنہ راضی ہونے کے بعد ختنوں کو کسی مسجد یا مقدس مقام میں لے جانے کی رسم۔ برات چڑھانا۔ گھوڑی پر شادی کے لیے بیٹھنا

گھوڑی چڑھنا (اُر محاورہ) تندرست ہو کر کسی مقدس مقام پر شکریہ ادا کرنے کے لئے جانا۔ ختنہ کی رسم ادا کرنا۔ دولہا بن کر دلہن کے مکان پر جانا۔

گھوڑے بیچ کر سونا (ہ۔ فعل) بیفکر ہو کر سونا۔ پاؤں پھیلا کر سونا

گھوڑے جوڑے کی خیر (اُر۔ کلمہ دعائیہ) میاں بیوی اور سواری کا گھوڑا قائم رہے۔

گھوڑے کو لات اور آدمی کو بات (اُر۔ مثل) نادان کو مار پیٹ اور دانا کو اشارہ ہی کافی ہوتا ہے۔

گھوڑے کی شادی کرنا (اُر۔ فعل) گھوڑے بیچ ڈالنا۔ فروخت کر دینا۔

گھوڑے کی دُم بڑھے گی تو اپنی ہی مکھی اُڑائیگا (اُر مثل) اپنی دولت سے دولتمند ہی فائدہ اٹھائیگا۔ ہر شخص اپنا ہی بھلا چاہتا ہے۔

گھوڑے گھوڑے لڑیں موچی کا زین ٹوٹے (اُر۔ مثل) بڑے کوئی بھڑے کوئی۔ زبردست لڑیں کمزور مفت میں نقصان اُٹھاتے۔

گھوڑے گئے گدھوں کا راج آیا (ہ۔ مثل) شریف اور نامور لوگ تو مر گئے رذیل اور کمینے با اختیار ہو گئے۔

گھوس یا گھونس (ہ۔ امو) ایک قسم کا بہت بڑا چوہا۔ رشوت۔ منہ بھرائی۔

گھوس پچر (ہ۔ لند) رشوت منہ بھرائی۔

گھوسم گھاسا (ہ۔ امذ) مکا مکی۔ دُکا۔ دُکی۔ دُکم دُکا۔ مار کٹائی۔ لڑائی جھگڑا۔

گھوسن (ہ۔ امو) دودھ بیچنے والی مسلمان گوالن۔

گھوسی (ہ۔ امذ) دودھ بیچنے والا گوالا۔

گھوکنا (ہ۔ فعل) سبق رٹنا۔ بار بار پڑھنا۔ گھوٹا لگانا۔ بار بار جپنا۔

گھوگس (ہ۔ امذ) برج۔ فیصل۔ گڑگج۔

گھوگی (ہ۔ امو) فاختہ۔ ٹوڑو۔ گھگی۔ جیب۔ گوجھا۔

گھول (اُر فعل) گھولنا مصدر کا صیغہ امر۔

گھول کے پلانا (اُر۔ محاورہ) تعویذ گھول کے پلانا۔ کسی کو جلد اور بآسانی سکھا دینا۔

گھول کر/کے پی جانا (اُر محاور) کسی کو پنچ اور بے وقعت سمجھ کر نیست و نابود کر دینا۔

گھولا (ہ۔ امذ) پانی میں حل شدہ افیون جسے گھر والے پی لیتے ہیں۔

گھول پینا (ہ۔ محاورہ) شربت کی پانی میں ڈالکر پی جانا۔ کچھ بھی نہ سمجھنا۔ مار ڈالنا۔ بے شرم ہو جانا۔

گھول گھال کر (اُر متعلق فعل) پانی میں حل کر کے گھول کے۔

گھول میل (اُر۔ امذ) ملاجلا۔ گڈمڈ۔ میل ملاپ۔ ربط ضبط۔

گھولا (اُر۔ امذ) پانی میں حل کی ہوئی افیون۔ ایک قسم کی مچھلی۔

گھولم گھالا (اُر۔ امذ) مشکل میں پھنسنا۔ گھولی ہوئی افیون۔

گھولنا (ہ۔ فعل) کسی پتلی چیز مثلاً پانی وغیرہ میں کوئی چیز ملانا۔ رس لینا۔ چوسنا۔

گھولوا (ہ۔ امذ) پانی میں حل شدہ افیون۔ گھولا۔ پیسہ۔ مانڈی۔ شوربا۔ حریرا۔

گھولوا پڑنا (اُر محاورہ) کسی کام میں دقت پیش آنا۔

گھولوا گھولنا (ہ۔ فعل) گھول کر پتلا کرنا۔ پینے کے لئے افیون گھولنا ڈھیل کرنا دیر لگانا۔

گھولے میں پڑنا (محاورہ) وقت میں پڑنا۔ بکھیڑے میں پڑنا۔ کسی ناقابل ختم کام میں مصروف ہونا۔

گھولے میں ڈالنا (ہ۔ محاورہ) بکھیڑے میں ڈالنا۔ حیران کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ لیت و لعل کرنا۔

گھوم (اُر۔ امذ) چکر۔ لڑکوں کا ایک کھیل جس میں ایک ستون کے گرد چکر لگاتے ہیں۔

گھوم جانا (اُر محاورہ) چوری جانا۔

گھومنا (ہ۔ فعل) چکر کھانا۔ چکرانا۔ گردش کرنا۔ گرد پھرنا۔ دردِ سر ہونا بخارات کا دماغ کو لگنا۔

گھومنا گھامنا (اُر محاورہ) چکر لگانا۔ دورہ کرنا۔
گھومنی (ہ۔ اسم) دوران سر۔ سر چکرانا۔
گھونا (ہ۔ اصفت) تجربہ کار۔ ہوشیار۔ خرانٹ۔
گھونپنا (ہ۔ فعل) تلوار یا سنگین وغیرہ کی نوک جسم میں گھسیڑنا۔ آر لگانا۔ سوتی چبھونا۔ بُری طرح سے سینہ شلنگے بھرنا۔
گھونٹ (ہ۔ اند) پانی یا دوا وغیرہ رقیق چیز کی وہ مقدار جو ایک دفعہ حلق سے اُترے۔ جُرعہ چُسکی۔ دم آب۔ حقہ کا دم۔ نہایت کم مقدار۔ بہت قلیل۔
گھونٹ اتارنا (اُر محاورہ) گھونٹ حلق سے نیچے لے جانا۔
گھونٹ بھرنا (ہ۔ فعل) حقہ کا دم لگانا۔ چُسکی لگانا۔ پینا۔
گھونٹ پی کر / کے رہ جانا (اُر محاورہ) غصہ ضبط کرنا۔
گھونٹ پینا (اُر محاورہ) رقیق چیز پینا۔ جرعہ پینا۔ حقے کا دم لگانا۔
گھونٹ گھونٹ پینا (اُر محاورہ) ایک ایک گھونٹ کر کے پینا۔ آہستہ آہستہ پینا۔
گھونٹ گھونٹ کر کے اتارنا یا پینا (ہ۔ فعل) تھوڑا تھوڑا کر کے پینا۔
گھونٹ کر مارنا (ہ۔ فعل۔ بواؤ مجہول) تکلیف دے کر اور سُنا کر مارنا۔ اندرونی رنج دینا۔
گھونٹ لگانا / لینا (اُر) حقے کا دم لگانا۔
گھونٹنا (ہ۔ فعل، بواؤ مجہول) گلا دبانا۔ ٹینٹوا دبانا۔ تنگ کرنا۔ بند کرنا۔ سانس نہ آنے دینا۔ رگڑنا۔ حل کرنا۔ کھرل کرنا۔ گھوٹنا۔
گھونس (ہ۔ اسم) دیکھو (گھوس) بڑا چور یا خاص قسم کا۔ رشوت۔
گھونسا (ہ۔ اند) مُکا۔ ڈک۔ دھوکا۔ صدمہ۔ ضرب۔ چوٹ۔
گھونسا۔ پلانا۔ ٹکانا۔ سہی کرنا۔ لگانا۔ مارنا (ہ) ڈک مارنا۔ مُکا لگانا
گھونسلہ (ہ۔ اند) پرندوں کے رہنے کی جگہ۔

گھونسلہ

گھونسم گھانسا (ہ۔ اند) دیکھو (گھوسم گھاسا)
گھونسوں کا کیا اُدھار (ہ۔ مثل) مُکے کا جواب مُکا۔ خطا کی سزا میں دیر کا کیا کام۔
گھونسوں لڑنا (ہ محاورہ) ڈک بازی کرنا۔ مکوں لڑنا۔ باہم مُکے مارنا۔ گھونگا
گھونسیا (ہ۔ اصفت۔ بتر کیب فاعلی) رشوت لینے والا۔ راشی۔ کھاؤ۔



گھونگا (ہ۔ اند) سیپی اور سنکھ کی قسم کے ایک دریائی جانور کا گھر یا خول۔ خرفہرہ سنکھ کوڑا۔
گھونگھٹ (ہ۔ اند) نقاب۔ برقع۔ پردہ۔ آنچل۔ چادر کا مُنہ پر پڑا ہوا کپڑا۔ روک۔ اوٹ۔ دروازے کی اندرونی دیوار۔ لاج۔ شرم۔ لحاظ۔
گھونگھٹ اُٹھانا (اُر محاورہ) گھونگھٹ اُونچا کرنا۔ پردہ ترک کرنا۔ دُلہن کے سامنے آجانا۔
گھونگھٹ اُلٹنا (اُر محاورہ) دُلہن کا بے حجاب ہونا۔ نقاب ہٹا دینا۔
گھونگھٹ کاڑھنا / یا کرنا / یا ڈالنا (اُر محاورہ) نقاب ڈالنا۔ کپڑے سے مُنہ چھپا لینا۔ پردہ کرنا۔ شرم کرنا۔ لحاظ کرنا۔
گھونگھٹ کرنا (اُر محاورہ) پردہ کرنا۔ شرم کرنا۔ لحاظ کرنا۔ گھوڑے کا اپنی گردن کو پیچھے کی طرف موڑنا۔ فوج کا پسپا ہونا۔ پگڑے سے چہرہ ڈھانپ لینا۔
گھونگھٹ کھانا (اُر محاورہ) فوج کا شکست کھانا۔ زک اُٹھانا۔ پیٹھ دکھانا۔ مُنہ موڑنا۔ فوج کا میدان جنگ سے بھاگنا۔
گھونگھٹ کی دیوار (اُر ہ۔ اسم) پردے کی دیوار۔ دروازے کے سامنے اندرونی دیوار۔
گھونگھٹ لینا (اُر محاورہ) مُنہ چھپانا۔ نقاب ڈالنا۔
گھونگھٹ نکالنا (اُر محاورہ) دوپٹے کے کنارے کو کھینچ کر منہ پر لانا۔
گھونگھٹ والی (ہ۔ اسم۔ فاعل) برقع پوش۔ باحیا۔ لاجونتی۔ دُلہن بنی۔ بنٹری۔
گھونگرو والے یا گھونگریالے بال (ہ۔ اسم) پیچ در پیچ۔ مُڑے ہوئے بال۔ مرغول۔
گھی (ہ۔ اند) گرم کیا ہوا مکھن۔ روغن۔ زرد۔ (بحالت صفت) ملائم نرم۔ چکنا۔
گھی اُٹھانا (اُر محاورہ) گھی جذب کرنا
گھی داغ کرنا (اُر فعل) گھی کا تڑکا لگانا۔ گھی کڑکڑانا۔
گھی سنوارے سالن کو اور بڑی بہو کا نام (اُر مثل) کام کوئی کرے اور نام کسی کا ہو۔ لڑے مرے فوج اور نام ہو سردار کا۔
گھی کا کُپا لُڑھنا (اُر محاورہ) گھی کا برتن اوندھا ہو جانا۔ کسی بادشاہ یا رئیس کا مرجانا۔
گھی کڑکڑانا (اُر محاورہ) گھی کا تڑکا لگانا۔
گھی کہاں گیا کھچڑی میں (ہ۔ مثل) اپنا مال جب اپنے ہی عزیزوں یا اپنے ہی کام میں خرچ ہو جاتے اُس وقت یہ مثال بولتے ہیں۔ یعنی بے جا صرف نہیں ہوا پیاروں کے ہی کام آیا۔
گھی کھچڑی (ہ۔ اصفت ترکیبی) گھلے ملے۔ گہرے یار۔ جانی دوست۔ شیر و شکر۔ ہم نوالہ۔ ہم پیالہ۔
گھی کھچڑی لانا (اُر محاورہ) چھٹی کی رسم میں ننھیال کا گھی اور کھچڑی لانا۔
گھی کھچڑی ہونا (اُر محاورہ) گھل مل جانا۔ شیر و شکر ہونا۔
گھی کے جلانا / گھی کے چراغ جلانا (ہ محاورہ) خوشی حاصل ہونا۔ مراد پوری ہونا۔ بن آنا۔ نہایت خوشی منانا۔ (اُر) نذر چڑھانا۔ منت کا پورا کرنا۔

مزار پر تیل کی بجائے گھی سے چراغوں میں روشنی کرنا۔

گھی کے سے گھونٹ آتے ہیں (ہ محاورہ) یعنی اس چیز میں بہت گھی پڑا ہوا اور بڑا ذائقہ ہے۔

گھی کے کپے سے جا لگنا (ہ محاورہ) کسی امیر کے پاس تک رسائی ہو جانا۔ سونے کی چڑیا مل جانا۔

گھی گر پڑا مجھے روکھی ہی بھاتی ہے (ہ محاورہ) اپنی لاچاری اور شرم کے چھپانے کے موقع پر بولتے ہیں۔ جیسے ہاتھ نہ لگے تھو کڑوی۔

گھی نکالنا (اُرمی ورہ) مکھن سے گھی حاصل کرنا۔

گھیا (ہ۔ لند) کدو۔ ایک قسم کی ترکاری کا نام۔

گھیا تری یا توری (ہ۔ ابو) ایک قسم کی لمبی توری۔ مشہور سبزی۔

گھیا کش (لہ لند) کدو کش ایک آلے کا نام ہے۔

گھیپنا (ہ۔ فعل) خوب ملانا۔ آمیزش کرنا۔ متھنا۔ گھرچنا۔ چھیلنا۔

گھیتلا (ہ۔ لند) ایک قسم کا زنانہ جوتا۔ کبی نوک کا پھڈا جوتا۔ سلیپر۔

گھیر (ہ۔ مذ) دور۔ چکر۔ پھیر۔ گردہ۔ حلقہ۔ دائرہ۔ احاطہ۔ صحن۔ بگڑ۔ باڑ۔

گھیر دار (ہ۔ اصفت۔ ترکیبی) فراخ کھلا ڈلا۔ ڈھیلا ڈھالا۔ وردرا۔

گھیر گھار (اُر۔ امذ) لباس کی چوڑائی اور ڈھیلاپن۔ روک ٹوک۔ محاصرہ۔

گھیر گھار کر (اُر۔ متعلق فعل) چاروں طرف سے سمیٹ کر ہر طرف سے اکٹھا کر کے۔

گھیر گھار کر لانا (ہ محاورہ) سب طرف سے اکٹھا کر لانا۔ ہر طرف سے سمیٹ کر ایک جگہ لانا۔

گھیرا (ہ۔ امذ) گنڈل دائرہ۔ گولائی۔ حلقہ۔ گردہ۔ چار دیواری۔ جیل۔ حصار۔ زغہ۔ محاصرہ۔ باڑ۔ چکر۔ محیط منڈل۔

گھیرا ڈالنا (ہ محاورہ) چاروں طرف سے گھیر لینا۔ محاصرہ کرنا۔ کسی شہر یا قلعہ کو قابو کرنا۔

گھیرا (ہ۔ امذ) ایک قسم کا نہایت زہریلا گرگٹ۔ مٹیالے رنگ کے ایک چھپکلے سے کیڑے کا نام ہے جو گھنڈیروں اور جنگلوں میں بل بنا کر رہتا ہے

گھیرنا (ہ۔ فعل) محصور کرنا۔ احاطہ کرنا۔ باڑ لگانا۔ جنگلا بنانا۔ چار دیواری بنانا۔ روکنا۔ جکڑنا۔ بند کرنا۔ پکڑنا۔

گھیکوار یا گھیکوار (ہ۔ امذ) ایک پودے کا نام۔

گھیگا پلانا (اُر۔ محاورہ ق) مکر کرنا۔ پھیلانا۔

گھینٹ (ہ۔ امذ) گلا۔ حلق۔ گلو۔

گھینٹ کاڑھنا (ہ محاورہ) گلا پھاڑ کر چلانا۔ چیخنا۔ غل مچانا۔ بہت شور ڈالنا۔

گھینٹا (ہ۔ امذ) سور کا بچہ۔ بچہ خوک۔

گھینگا (ہ۔ امذ) گھنگڑ۔ گلا پھولنے کی ایک بیماری کا نام۔

گھیور (ہ۔ امذ) ایک قسم کی مٹھائی جو گھی اور میدے سے مل کر بناتے ہیں۔

گھیو (پنجابی) (ہ۔ ا۔ مذ) گھی۔

گھیورا (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا چھوٹا کھیرا۔

گ - ی - ے

گی (ف علامت۔ امصدری) فارسی اسم یا کلمہ کے آخر میں آکر مصدری معنی دیتی ہے۔ جیسے بندگی۔ بے چارگی۔

گیا (س مذ) بھارت کے ایک مشہور شہر کا نام ہے۔ جو ہندوؤں کا بڑا تیرتھ ہے۔

گیاوال (ہ۔ امذ) گیا جی کا پجاری۔ گیا جی کے مندروں کی سیر اکرنے والا گیا کا۔ گیا کا باشندہ۔ گیا کا بنا ہوا۔

گیا (ہ۔ اصفت مفعولی) گزرا ہوا۔ رفتہ۔ بیتا ہوا۔ سابقہ۔ ماضی۔ جانا مصدر سے ماضی مطلق۔ چلا گیا۔ رخصت ہوا۔

گیا اور آیا (اُر صفت) فوراً واپسی کے موقع پر کہتے ہیں۔ یعنی جانے کے بعد فوراً واپس آیا۔

گیا بیتا (ہ۔ اصفت مفعولی) پچھلا۔ گزرا ہوا۔ ناکارہ۔ خراب۔ نکما۔ برا۔

گیا گزرا (ہ۔ اصفت مفعولی) گزرا ہوا۔ معدوم۔ خراب۔ نکما۔ ناکارہ۔ نہایت کمزور۔ ناتواں۔ بے حوصلہ۔ بدچلن۔ نالائق۔ غریب۔ مفلس۔ ناقابل و معمولی بیکار۔ ناقابل استعمال۔ تباہ ہو گیا۔ برباد ہو گیا۔ ذلیل۔ رسوا۔ بے عزت۔ حقیر کسی ناکام نکما۔ انتہائی کاہل و سست آدمی۔

گیا گزرا ہونا (اُر محاورہ) بیکار ہونا۔ ناطاقت ہونا۔ رقم ڈوب جانا۔

گیا وقت (ہ۔ امذ) گذشتہ وقت۔ گزرا ہوا زمانہ۔ عیش رفتہ۔ خوشی میں کٹا ہوا وقت۔

گیا وقت پھر ہاتھ نہیں آتا (لہ مثل) موقع بار بار ہاتھ نہیں آتا۔ گزرا ہوا سانس پھر میسر نہیں ہوتا۔ فرصت کو غنیمت جانو۔

گیا گوایا (ہ۔ اصفت مفعولی) گذشتہ۔ درفتہ۔ گزرا۔ بیتا۔

گیا بھٹ (ہ۔ امذ) گابھ۔ حیوانات کا حمل۔

گیا بھٹ ڈالنا (ہ محاورہ) پیٹ گرانا۔ حمل اسقاط کرنا۔ قبل از وقت بچہ جننا۔ بے حد ڈرنا۔

گیا بھن یا گیا بھنی (ہ۔ ابو) پیٹ والی۔ حاملہ۔ حیوانات کے لئے بولتے ہیں۔

گیارہ (ہ۔ امذ) عدد۔ دس اور ایک یا زدہ۔

گیارھواں (ہ۔ اصفت) یازدہم۔ گیارہ حصوں میں سے ایک۔

گیارھویں (لہ اصفت بو) حضرت غوث الاعظم کی مقرر کردہ نیاز۔

گیان (س۔ امذ) واقفیت۔ دانش۔ علم۔ عرفان۔ علم الٰہی۔ علم معرفت عقل۔ خرد۔ سمجھ۔ بوجھ بوجھ۔ ہوش۔ ظاہری حواس خمسہ۔ پانچوں اندریاں

گیان چرچا (س۔ امذ) دھرم شاستر کا بکھان۔ علمی مباحثہ۔ علمی بات۔

گیان چوسر (ہ۔ ابو) ایک قسم کی کاغذ پر چھپی ہوئی چوسر جو دو نردوں اور پانچ یا سات کوڑیوں سے کھیلی جاتی ہے۔

گیان دوڑانا (اُر محاورہ) بہت سوچ بچار کرنا۔

گیان وان / گیاتی (س۔ اصفت) عالم و فاضل۔ گنی۔ پنڈت۔ عارف۔

گیاہ (ف۔ امر) ہری گھاس۔ ہرا چارہ۔ علف۔ کاہ۔ خشک۔ گھاس۔

گیپا (ف۔ امذ) ایک قسم کا پلاؤ۔

گئی بوبو دار کی اور رہی کھال کی کھال (ر ُ مثل) مرتبہ اور دولت کھو کر جیسے تھے ویسے ہی رہ گئے۔

گئے بیچارے روزے رہے ایک کم تیس (ر ُ مثل) جب پہلا روزہ رکھ لیا تو باقی بھی رکھے برابر سمجھو۔ مشکل کام کا جب ایک حصہ کر لیا تو وہ آسان نظر آنے لگا۔

گیت (ہ۔ امذ) گانا۔ راگ۔ بھجن۔ سرود۔

گیت گانا (ا ُ محاورہ) کنایۃً تعریف کرنا۔

گیتا (س۔ امر) گیتوں اور بھجنوں کا مجموعہ۔ گیتوں کی کتاب۔ راگ۔ نغمہ بھجن۔ بحث۔ مباحثہ۔ چرچا۔ قول۔ مقولہ۔ ذکر اذکار۔ معرفت الٰہی کی کتاب۔ ہندوؤں کی مذہبی کتاب

گئے تھے روزے بخشوانے نماز گلے پڑی / گئے تھے نماز کو روزے گلے پڑے (ر ُ مثل) ایک مشکل سے بچنا چاہا دوسری اور گلے پڑ گئی۔ ایک کام سے عذر کیا دوسرا اور پیدا ہوا۔

گیتی (ف۔ امر) جہان۔ سنسار۔ جگت۔ دنیا۔ عالم۔ زمانہ۔

گیتی آرا (ف۔ اصفت فاعلی) دُنیا کو آراستہ کرنے والا۔ نہایت حسین زنانہ نام بھی ہے۔ بصرہ کے ایک نہایت خوشبودار پھول کا نام جس کی بو مشک کی سی ہوتی ہے۔

گیتی افروز (ف۔ اصفت فاعلی) دُنیا کو روشن کرنے والا۔ عالم تاب (امذ) سدرخ آفتاب۔ خورشید۔

گیتی بان (ف۔ صفت) دنیا کا محافظ۔ دنیا کا بادشاہ۔

گیتی پژوہ (ف۔ صفت) دُنیادار۔ دُنیا کا طالب کنایۃً بادشاہ۔

گیتی پناہ (ف۔ ا ُ۔ امر) بادشاہ۔

گیتی توردد (ف۔ صفت) دنیا میں پھرنے والا۔

گیٹس (انگ۔ امذ) موٹے کپڑے یا چمڑے کی بنی ہوئی سواروں کی پنڈلیاں کسنے کی پٹی۔ ٹخنہ پوش۔ موزے باندھنے کا فیتہ۔

گئے درجے (ا ُ محاورہ) کم از کم آخیری درجہ۔ ہار کے۔ مجبوراً۔

گیدڑ (ہ۔ امذ) کتے کی قسم کا ایک درندہ جانور ہوتا ہے۔ مشعال سیال۔

گیدڑ اچھلا اچھلا جب انگور کے خوشہ تک نہ پہنچا تو کہاں آج تھوکھٹے ہوتے ہیں (ر ُ مثل) اپنی شرمندگی اور ندامت کے رفع کرنے کو یا کسی قائم رکھنے کے کہہ دیا کرتے ہیں کہ یہ چیز کام کی نہیں خراب ہے۔ مگر حاصل کرنے کی تمام تدبیریں کر چکے اب۔

گیدڑ اوروں کو شگون بتائے آپ اپنی گردن کتوں سے کٹوائے (ر ُ مثل) اپنی خبر نہیں اوروں کو شگون بتاتے پھرتے ہیں۔ دوسروں کو مشورہ دینا خود اپنی خبر نہیں۔

گیدڑ بولنا (ہ۔ محاورہ) گیدڑوں کا چیخنا۔ بدشگونی ہونا۔ کسی کام کے شروع کے گیدڑ کا بولنا منحوس سمجھا جاتا ہے۔

گیدڑ بھبکی (ہ۔ امر) گیدڑ کی طرح غرا کر حملہ کرنے کا ڈراوا۔ دکھاوے کی گھرکی بے اثر دھمکی یا ڈراوا۔

گیدڑ بھبکی دکھانا (ا ُ محاورہ) جھوٹ موٹ ڈرانا۔

گیدڑ گر پڑا جھیرے میں بولا آج یہی مقام سہی (ر ُ مثل) اپنی کوشش اور تدبیر میں فیل اور ناکام ہو جاتا ہے اور اُسے اپنی ناکامی نہیں سمجھتا تو اس کے چڑانے کو یہ مثل بولتے ہیں۔

گیدڑ کی جمعداری اٹکی ہوئی ہے (ر ُ مثل) زبردستی کی حکومت ہے۔

گیدڑ کی کم بختی آئے تو شہر کو بھاگا جاتے (ر ُ مثل) جب بُرے دن آتے ہیں تو تدبیریں بھی الٹی ہی سوجھتی ہیں

گیدڑ کی نہاتی (ا ُ محاورہ) بے فائدہ کام۔

گیدڑ کے کہنے سے بیر نہیں پکتے (ا ُ مثل) کام حسب مراد نہیں ہوتے۔

گیدڑی / گیدڑنی (ا ُ۔ امر) گیدڑ کی تانیث ہے۔

گیدڑی دوڑ گئی (ا ُ محاورہ) خوف پیدا ہو گیا۔ پوشیدہ بات پھیل گئی۔

گیدی (ف۔ اصفت) شرم و حمیت سے محروم آدمی بے غیرت۔ مجازاً لوچا۔ قلتبان۔ ہیجڑا۔ مخنث۔ نامرد۔ بزدل۔ احمق۔ بیوقوف۔ نادان۔

گیدی خر (ف۔ اصفت۔ مرکب) نہایت بیوقوف۔ اکو۔ گدھا۔ بدھو۔ احمق۔

گیرو دار (ف۔ امر) حاصلمصدر از گرفتن۔ پکڑ دھکڑ۔ لڑائی بھڑائی سیاست حکمرانی۔ شان و شوکت۔

گیرائی (ف۔ امر) پکڑ۔ گرفتگی۔ تھمگی کا محکمہ۔ خفیہ پولیس کا دفتر۔

گیر نا (ہ۔ فعل) پیالے مجہول گرانا۔ لگانا۔ کاجل۔ سارنا۔ اچار وغیرہ ڈالنا۔ بنانا۔ ڈالنا۔

گیرو (ہ۔ امذ) پیالے مجہول۔ ایک قسم کی لال مٹی۔ گل ارمنی۔

گیرو وا (ہ۔ اصفت بالف تشبیہی) گیرو جیسا۔ گیرو کے رنگ کا۔ بوگیا۔

گیڑی (ہ۔ امر) لڑکوں کے کھیلنے کی لکڑی جسے وہ ایک لکیر کھینچ کر ایک معمولی فاصلہ پر رکھ دیتے ہیں اور دوسرا لڑکا اس لکڑی کو چوٹ مار کر لکیر سے باہر کر دیتا ہے اور جیت لیتا ہے۔

گیڑیاں (ہ۔ امر) گیڑی کی جمع ہے۔

گیڑیاں کھیلنا (ہ۔ محاورہ) گیڑی کا کھیل کھیلنا۔ نادان ہونا۔ بیوقوف ہونا۔ بے ہنر ہونا۔

گیس (انگ۔ مو) ہوائے لبسیط۔ زیر زمین سے نکلنے والی گیس۔ Gas

گیسو (ف۔ صفت) کٹے ہوئے بال۔ فاحشہ۔ بے حیا۔

گیسو بریدہ

گیسو چھٹنا (ا ُ محاورہ) بالوں کا بکھر کر سامنے پر لہرانا۔

گیسو دراز (ف۔صفت) لمبے لمبے بالوں والا۔مشہور بزرگ۔خواجہ میر سید محمد گیسو دراز کا لقب۔

گیسو کترنا (اُر۔محاورہ) بالوں کا کاٹنا۔

گیسو کھل جانا (اُر۔محاورہ) بالوں کا بکھرنا۔

گئے کٹک رہے اٹک (ہ۔مثل) یعنی شہر کٹک جا کر واپس نہ آیا۔شہر کٹک میں سمندر کے کنارے جگن ناتھ جی کا مندر ہے۔ بعد مسافت اور خراب آب وہوا کے باعث یہ مثل بن گئی ایسے مقام کی نسبت بولا کرتے ہیں جہاں سے واپس آنا مشکل ہو۔

گئی کرنا (ہ۔محاورہ) معاف کرنا۔جان کر چھوڑ دینا۔پہلو تہی کرنا۔چشم پوشی کرنا۔سہارنا۔بردباری کرنا۔تغافل کرنا۔چوکنا۔غفلت کرنا۔

گیگلا (ہ۔اصفت) بدھو۔احمق۔نادان۔بے وقوف۔(بحالت ا) مُوریں ملا ہوا ایک قسم کی خودرو گھاس کا بیج جو مسور کا ہم شکل ہوتا ہے۔

گیگلی (ہ۔اصفت مو) پھوہڑ عورت۔احمق عورت۔نادان۔بے تمیز۔بے سلیقہ نادان بدھو عورت۔

گیل (ہ۔امو) سڑک۔پگ ڈنڈی۔بیٹا۔راستہ راہ۔باٹ۔کیلوں کا گچھا۔(بصورت تابع فعل) ہمراہ ساتھ سنگ۔

گیل جانا (ہ۔فعل) ساتھ ساتھ جانا۔ہمراہ جانا۔سنگ جانا۔

گیل گیل (ہ۔تابع فعل) ساتھ ساتھ۔ہمراہ۔سنگ سنگ۔

گیل لگے پھرنا (ہ۔محاورہ) پیچھا نہ چھوڑنا۔ساتھ ساتھ پھرنا۔پیچھے پیچھے لگے رہنا۔

گیلا (ہ۔اصفت) نمدار۔تیز۔بھگا ہوا۔سیلا۔

گیلانی (ف۔صفت) حضرت جناب غوث الاعظم کا لقب۔عراق کے گاؤں کا نام۔ گیلان کا رہنے والا۔عربی میں جیلانی کہتے ہیں۔

گیلری (انگ۔امو) تصویر خانہ۔کسی بڑے ہال یا مکان میں بیٹھنے یا گزرنے کی جگہ۔ برآمدہ۔دالان۔شہ نشین۔سب سے اونچی جگہ۔Gallery

گیلڑ (ہ۔اصفت) پہلے خاوند کا لڑکا جو عورت کے ساتھ آئے۔پچھ لگ ساتھ کا بچہ۔

گیلن (انگ۔اند) مائع اور سیال اشیاء کے ناپنے کا پیمانہ جو ۴۲ چھٹانک کا ہوتا ہے۔(آج کل متروک) تقریباً چار لیٹر کے برابر۔ Gallon

گیلی (اُر۔امو) گیلا کی تانیث ہے۔تنے کی کاٹی ہوئی لکڑی جس سے شہتیر نکلتے ہیں

گیلی لکڑی سیدھی ہو سکتی ہے (اُر۔مثل) بچے کی تربیت ہو سکتی ہے۔

گیلے (ہ۔امند) دیکھئے گیلا جس کی یہ جمع اور مغیّرہ صورت ہے۔

گیلے سوکھے دونوں جلتے ہیں / گیلی سوکھی سب جلتی ہے (اُر۔مثل) سخت اندھیر ہے۔نا انصافی ہے۔

گیم (انگ۔مو۔ Game) کھیل کی ایک بازی۔کسی کھیل کا پورا سامان کام۔منصوبہ۔مہم۔دل لگی۔تماشہ۔سوانگ۔سیر تفریح۔

گیمان (ف۔مذ) جہان۔زمانہ۔

گین (ف۔اصفت) آگین کا مخفف ہے۔بھرا ہوا پُر۔علامت۔اسم فاعل ترکیبی جیسے غمگین۔صاحب والا۔مالک۔خداوند کے معنی ہیں۔

گینا (ہ۔امذ) چھوٹے قد کا بیل۔

گینتی (ہ۔امو) زمین کھودنے کا ایک دونوں طرف سے نوکدار اوزار کدال۔

گینڈ (ہ۔امند) مفتح اقل۔ہاتھی۔گج۔فیل۔

گیند (ہ۔امو) بیاتے مجہول، لڑکوں کے کھیلنے کا کپڑے چمڑے یا ربڑ وغیرہ کا گولا۔گولے (پنجابی) کھدو۔

گیند بلا (ہ۔امند) کرکٹ۔ڈنڈے اور گیند کا کھیل۔گرد چوگان

گیندا (ہ۔مذ) گل صد برگ۔زرد پھول اور اُس پودا۔

گینڈا (ہ۔مذ) بھینسے کے برابر ایک جنگلی جانور جس کی ناک پر سینگ ہوتا ہے اس کی کھال بہت سخت ہے۔افریقہ کا جانور۔

گینڈا

گینگ (انگ۔مذ۔ Gang) جتھا۔ گروہ۔ٹولی۔طائفہ۔گروہ مجرموں کا

گینگسا (ہ۔مذ) کیکڑا۔سرطان۔

گینگلا (ا) بے وقوف۔سادہ لوح۔

گیہوں (ہ۔مذ) گندم۔قوت بخش اناج کا نام۔

گیہوں کی بالی نہیں دیکھی (ہ۔مثل) نہایت ناتجربہ کار اور نادان ہے گھر سے باہر نہ نکلنے والا۔

گیہوں کے ساتھ گھُن بھی پس جاتا ہے (مثل) امیروں کے ساتھ غریبوں کی بھی شامت آجاتی ہے۔غلط کار کے ساتھ گناہ کار بھی پکڑے جاتے ہیں۔





ل (ع ۔ مذ) اردو کا تیئسواں فارسی کا ستائیسواں اور عربی کا تیئسواں حرف ہے۔
حساب جمل میں اس کے عدد تیس مقرر ہیں۔

ل - ا

لا (ع۔ کلمہ نفی) نہیں۔ نہ۔ بغیر۔ بنا۔ بن۔ بدون۔

لا (انگ مذ۔ Law) قاعدہ۔ قانون۔ ضابطہ۔

لاؤ کلمہ نسبت اواخر اسما میں آتا ہے۔ لاڈلا۔ رنگیلا وغیرہ۔ کلمہ تصغیر جیسے کھٹولا۔ پردہ۔ تہ کے معنی میں جیسے دولائی۔

لاأبالی (ع۔ اسم صفت) لغوی معنے مجھے خوف نہیں ہے۔ مجازاً جیسے خوف۔ نڈر۔ دلیر۔ بے پرواہ۔ بے خبر۔ غافل۔ بے رحم۔ کھٹور لامذہب۔ خدا اور رسول کا منکر۔ رند مشرب۔ شوخ۔ گستاخ بے لحاظ بے شرم۔ چالاک (بحالت اسم مؤنث) بے باکی سنگ دلی بے خوفی۔ شوخی۔ آزادی۔

لاإلٰہ الاّ اللہ محمد رسول اللہ (ع۔ کلمہ) کلمہ طیب۔ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بھیجے ہوئے رسول ہیں۔

لابد (ع۔ تابع فعل) لا بمعنی نہیں۔ مجد بمعنی چارہ سے مرکب ہے۔ لاعلاج۔ بالضرور۔ بے شک۔ یقیناً۔ قطعی۔ ناچار۔ مجبوراً۔

لابدی (ع۔ اسم مؤنث) ضروری۔ یقینی۔ لازمی۔

لاپروا (عف صفت) بے پروا۔

لاپروائی (اُر۔ اسم مؤنث بیائے مصدری) غفلت۔ بے پروائی بے خوفی۔

لاتعد ولاتحصیٰ (ع۔ اسم صفت) بے شمار۔ بے حساب ان گنت۔

لاثانی (ع۔ اسم صفت) بے مثل۔ بے نظیر۔ یکتا۔ فرد۔ یگانہ۔ اکاد۔

لاجرعہ (ع صفت) بغیر گھونٹ کے (ایک ہی سانس میں) پی جانا۔

لاجرم (ع۔ تابع فعل) لا بمعنی نہیں اور لاجرم بمعنی چارہ سے مرکب ہے۔ بے شک مجبوراً۔ لابد۔

لاجواب (ع۔ اسم صفت) جس جیسا کوئی اور نہ ہو۔ لاثانی بے مثل فرد۔ یگانہ۔ اکا۔ جواب سے معذور۔ خاموش۔ چپکا۔ چپ مات عاجز۔ مغلوب۔

لاجواب کر دینا (اُر۔ محاورہ) خاموش کر دینا۔ جواب نہ آنے دینا۔ تھکا دینا۔ ہرا دینا۔ بند کر دینا۔

لاچار (اُر۔ اسم صفت) ناچار۔ لاعلاج۔ غریب مفلس۔ کنگال۔ محتاج۔ مجبور ہو کر۔ ہار کر۔ تھک کر۔

لاچارگی (اسم مؤنث بیائے مصدری)
لاچاری
مجبوری۔ تنگی۔ مفلسی۔ غریبی۔ عاجزی۔ محتاجی۔

لاچار ہونا (اُر۔ محاورہ) تنگ ہونا۔ مجبور ہونا۔ ہارنا۔ تھکنا۔ محتاج ہونا۔ مفلس ہونا۔

لاچاری بربت سے بھاری (اُر۔ مثل) عاجزی۔ پہاڑ سے زیادہ بھاری اور گراں ہوتی ہے۔

لاحاصل (ع۔ اسم صف) فضول۔ بے فائدہ۔ نکما۔ یونہیں۔ بنجر ادسر۔ ناکارہ۔

لاحل (ع۔ اسم صفت) جو حل نہ ہو سکے۔ کٹھن مشکل۔ دشوار۔ اوکھا۔

لاحول (ع۔ کلمہ نفرت) لغوی نہیں ہے۔ قوت مجازاً لعنت۔ پھٹکار شیطان کے بھگانے کا کلمہ۔ بھوت پریت دور کرنے کا منتر۔

لاحول بھیجنا (اُر۔ محاورہ) نفرت ظاہر کرنا۔ لعنت بھیجنا۔

لاحول پڑھنا (اُر۔ محاورہ) شیطان اور بھوت پریت کے بھگانے کو لاحول ولاقوۃ الا باللہ پڑھنا۔

لاحول ولاقوۃ الا باللہ (ع۔ کلمہ) نفرت خدا تعالیٰ کے سوا کسی میں زور اور طاقت نہیں۔ شیطان کے بھگانے اور جن پری کے آسیب کو دور کرنے کا دعا ہے۔

لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم (ع کلمہ پناہ) کسی کو قدرت و

حاصل نہیں۔ لیکن خُدائے بزرگ و برتر کو سب کچھ حاصل ہے۔
لاخراج (ع۔ اسم صفت) وہ زمین جس کا مالیہ اور لگان نہ دینا پڑے۔
لاخراج دار (عفت صف) وہ زمین جس کو سرکاری محصول ادا نہ کرنا پڑے۔
لادعوے (ع۔ اسم مذکر) (قانون) دست برداری۔ بے تعلقی سے تحریر فارغ خطی۔
لادعویٰ دینا/لکھنا (اُر۔محاورہ) کسی حق یا دعوے کو چھوڑ دینا۔
لادوا (ہ۔ اسم صفت) لاعلاج۔ وہ مرض جس کی دوا نہ ہو سکے۔
لاریب (ع۔ اسم صفت) بے شبہ۔ بے شک۔ یقیناً۔
لازوال (ع۔ اسم صفت) فنا نہ ہونے والی۔ غیر فانی۔ قدیم۔ ازلی۔ ابدی۔ اٹل۔
لاسخن (عف صف) خاموش۔ بے زبان۔ بد زبانی۔ گستاخی۔
لاسخن کہنا/لگانا (اُر۔محاورہ) بُرا بھلا کہنا۔ گالیاں دینا۔
لاطائل (ع۔ اسم صفت) بے سود۔ بیفائدہ۔ لاحاصل۔
لاعلاج (ع۔ اسم صفت) لادوا۔ لاچار۔ ناگزیر۔
لاعلم (ع۔ اسم صفت) نہ جاننے والا۔ بے خبر۔ ناواقف۔ انجان۔
لاعلمی (ع۔ اسم مؤنث بیائے مصدری) بے خبری۔ ناواقفیت۔ انجان پنا۔
لافانی (ع صفت) جس کو فنا نہ ہو۔
لافتیٰ الا علیؓ۔ لاسیف الا ذوالفقار (ع مقولہ) حضرت علیؓ کے بغیر کوئی بہادر نہیں۔ اور ذوالفقار کے سوا کوئی تلوار نہیں۔
لاکلام (ع۔ اسم صفت) وہ بات جس میں بولنے کی گنجائش نہ رہی ہو۔ بے شُبہ۔ بے شک۔
لامذہب (ع۔ اسم صفت) بے دین۔ دہریہ۔ بے ایمان۔ جس کا کوئی مذہب نہ ہو۔
لامشاحہ/مناقشہ فی اصطلاح (ع مقولہ) محاورہ) اصطلاح میں کوئی جھگڑا یا ترمیم نہیں ہوتی۔
لامکان (ع۔ اسم صفت) خُدا تعالےٰ کی تعریف کا کلمہ۔ عالم قدس جس کی طرف اور جگہ معین نہ ہو۔
لاوارث (ع) بے وارثا۔ جس کا کوئی وارث نہ ہو۔ نگوڑا۔ وہ
لاوارثا دُوں چیز جس پر دعوے کرنے والا نہ ہو۔
لاواری (اُر۔اسم مؤنث) بے دعوے مال۔ بے وارثی چیز۔
لاولد (ع۔ اسم صفت) اُوت نپوت۔ اُوتا نپوتا۔ بے اولاد جس کی اولاد نہ ہو۔
لاونعم (ع) کلمہ نفی و ایجاب۔ ہاں نہیں۔
لاہوت (ع۔ اسم مذکر) سالک کو درجہ فنا فی اللہ حاصل ہونے کا مقام۔
لایزل (ع۔ اسم صفت) ہمیشہ رہنے والا۔ بے زوال۔ غیر فانی۔
لایعقل (ع۔ اسم صفت) بیوقوف۔ نادان۔ احمق۔
لایعلم (ع۔ اسم صفت) بے خبر۔ جاہل۔ بے علم۔
لایعنی (ع۔ اسم صفت) بے معنی۔ لغو۔ فضول۔ لچر۔ پوچ۔
لایموت (ع۔ اسم صفت) نہ مرنے والا۔ غیر فانی۔ وہ کھانا جس سے مر نہ سکے۔

لایتحل (ع صفت) وہ جو حل نہ ہو سکے۔ مشکل۔
لاینفک (ع صفت) جدا نہ ہونے والا۔
لابہ (ف۔امذ) درخواست۔ خواہش۔ دعا۔ طنز۔ مذاق۔ خوشامد۔
لابہ گر (ف صفت) چاپلوسی کرنے والا۔ خوشامدی۔
لابہ گری (ف۔امو) چاپلوسی۔ خوشامد۔
لابھ (س۔امذ) فائدہ۔ نفع۔ سُود۔ حاصل کرنا۔ آمدنی۔ یافت۔ رشوت۔ چاند کا گیارھواں گھر۔ لالچ۔ حرص۔ لوبھ۔ طمع۔
لابھ بنا نہیں ہر کے (ہ۔مثل) لالچ کے بغیر کوئی خدا کو نہیں پُوجتا۔ یا فائدہ خدا کی مدد بغیر نہیں ہو سکتا۔
لات (ع۔امذ) عرب کے ایک مشہور بُت کا نام ہے۔
لات (ہ۔امو) لت۔ لکد۔ پاؤں کی ٹھوکر ضرب۔
لات جانا (اُر۔محاورہ) گائے بھینس وغیرہ کا دُودھ دوہتے وقت لاتیں مارنا۔
لات مار جانا (ہ۔محاورہ) گائے بھینس وغیرہ کا دودھ سے ہٹ جانا۔
لات چلانا یا لگانا (ہ۔محاورہ) ٹھوکر مارنا۔ لتیانا۔ دولتی پھینکنا۔
لات مارنا (ہ۔محاورہ) دولتی چلانا۔ بیقدری کرنا۔ نفرت ظاہر کرنا۔ تیاگنا۔ ہاتھ اُٹھانا۔ گستاخی اور بے ادبی کرنا۔
لات گنی (ہ۔امو) لپاڈگی۔ لاتوں اور مُکوں سے مارنے کی لڑائی۔
لاتوں کے بُوت باتوں سے نہیں مانتے (ہ۔مثل)
لاتوں کا دیو باتوں سے نہیں مانتا بد آدمی مار کھائے بغیر نہیں مانتا۔ شریر اور سرکش آدمی پٹ کر ہی درست ہوتا ہے۔
لاتیں چلانا (اُر۔محاورہ) لاتوں سے مارنا۔ ٹھوکریں لگانا۔
لاتیں چلنا (اُر۔محاورہ) ایک دوسرے کو لاتیں مارنا۔
لاتیں کھانا (اُر۔محاورہ) لاتوں سے مار کھانا۔
لاتیں لگانا/مارنا (اُر۔محاورہ) لاتیں چلانا۔
لاٹ (ہ۔امو) لاٹھ۔ ایک قسم کا اونچا مینار۔ شُعلہ۔ لَو۔ آتش چیز پہاڑوں کی لپٹ۔
لاٹ (اُر۔امو) لارڈ کا بگاڑ۔ آقا۔ دمہ دار۔ کفیل۔ صاحب۔ حاکم۔ ایک عزت کا خطاب۔ رائے۔ نواب۔ نواب زادہ۔ کنور۔ میاں۔ شوہر۔ پتی۔ گورنر۔ حاکم صوبہ
لاٹ پادری (اُر۔امذ) سب سے بڑا پادری۔
لاٹ (انگ۔امذ۔ Lot) مختلف یا متعدد چیزوں کا مجموعہ۔ گٹھا۔ مُٹھا۔ بنڈل۔
لاٹ بندی (اُر۔امو) چیزوں کے الگ الگ انبار لگانا۔
لاٹری (انگ۔امو۔ Lottery) قرعہ اندازی۔ جوئے کی ایک قسم۔
لاٹھ (ہ۔امو) کھما۔ کھم۔ کیلی۔ ستم۔ پتھر یا اینٹوں کا یادگاری ستون۔ لٹھ۔ لاٹھی۔ چھڑی۔ دھری۔ چکی کی کیلی۔ کولھو کی لمبی اور موٹی لکڑی۔ جس کے دباؤ سے تیل نکلتا ہے۔ موگری۔ دستہ موصل۔ چرخے کے بیچ کی لمبی پتلی لکڑی جس سے پھرکی لگی ہوتی

اور جس سے چرخہ گھماتے ہیں۔ تشبیہاً لمبے قد کا۔ دراز قامت۔ لمبو۔

لاٹھی (ہ-ا-مو) ہاتھ کی لکڑی۔ عصا۔ جریب۔ چھڑی۔

لاٹھی یا ٹھی (ہ-ا-مو) مار پیٹ۔ زدوکوب۔

لاٹھی پونگا (ہ-مذ) لاٹھی۔ سوٹا۔ لٹھ۔ لٹھم۔ مار پیٹ زدوکوب۔

لاٹھی ٹوٹے نہ بانس پھوٹے (ہ-مثل) نرمی سے کام نکالنا۔ جس میں کسی کا نقصان نہ ہو۔

لاٹھی ٹیک کے چلنا (اُر-محاورہ) لاٹھی کے سہارے چلنا۔

لاٹھی گیا رسے بھیت نہیں جھوٹوں باپ باپ (ہ-مثل) جھوٹی فریاد بے وجہ دہائی۔ یعنی لاٹھی تو سر سے چھوتی نہیں باپ کو بُلانا شروع کر دیا۔

لاٹھی کے ہاتھ مال گذاری بیباق (اُر-مثل) سختی اور مار دھاڑ سے حساب جلد بیباک ہو جاتا ہے۔

لاٹھی لٹھوَل (ہ-مو) جوتی پیزار۔ مار کٹائی۔ جُوتم جُوتا۔ زدوکوب۔

لاٹھی مارے پانی جُدا نہیں ہوتا (اُر-مثل) ناخن سے گوشت جُدا نہیں ہوتا۔ کسی کے بہکانے سکھانے سے رشتہ داری یا قرابت میں فرق نہیں آیا کرتا۔

لاٹھی ہاتھ کی بھائی ساتھ کا (ہ-مثل) مدد وہی اچھی ہوتی ہے۔ جو موقع پر کام دے۔ بھروسہ اسی پر ہو سکتا ہے۔ جو ساتھ ہو۔

لاج (انگ-مذ Lodge ظرف) مکان۔ عمارت۔ منزل۔ رہنے سہنے کی جگہ۔

لاج (ہ-ا-مو) شرم غیرت۔ حیا۔ عزت۔ آبرو۔ عار و ننگ۔ شرمندگی۔

لاج آنا (اُر-محاورہ) شرم آنا۔

لاج رکھنا (اُر-محاورہ) آبرو بچانا۔ شرم رکھنا۔ عزت بگڑنے نہ دینا۔

لاج سے مرنا (اُر-محاورہ) بہت زیادہ شرمسار ہونا۔ شرم کے مارے زمین میں گڑے جانا۔

لاج کھانا (اُر-محاورہ) شرم آنا۔ شرم کھانا۔

لاج کھونا/گنوانا (اُر-محاورہ) بے حیا ہو جانا۔ بے شرم ہو جانا۔

لاج کی آنکھ جہاز سے بھاری (اُر-مثل) صاحب شرم نقصان سہتا ہے۔ مگر بد لحاظ نہیں ہو سکتا۔ یعنی جہاز اپنی جگہ سے ہل سکتا ہے۔ مگر شرم والی آنکھ نقصان تو برداشت کر لے گی۔ مگر اوچھی نہیں ہو سکتی۔

لاج لجانا (اُر-محاورہ) شرمانا۔

لاج لگنا (اُر-محاورہ) شرم لگنا۔

لاج ونتی۔ یا لاجونتی (ہ-موصفت) غیرت والی یا شرم و حیاء والی۔ پاک دامن۔ باعصمت (بحالت اسم مؤنث) ایک بوٹی کا نام۔ چھوئی موئی۔

لاجاوجی (اُر-ا-مو) خوشامد۔ لجو پتو۔

لاجورد (ف-ا-مذ) ایک نیلے رنگ کے خوشنما پتھر کا نام ہے۔ ولایتی نیل۔

لاجوَردی (ف-صفت-بیائے نسبتی) نیلے رنگ کا۔ نہایت صاف نیلا۔ ایک رنگ کا نام۔

لاجول مرنا (ہ-محاورہ) شرم کے مارے سر نہ اٹھا سکنا۔ شرم سے زمین میں گڑ جانا۔

لاحق (ع-صفت-ف) پیچھے سے آکر ملنے والا۔ چسپاں۔ جڑا ہوا۔ چمٹا ہوا۔ تتمہ۔ ضمیمہ۔ کسی چیز کے پیچھے لگا ہوا۔

لاحق ہونا (اُر-محاورہ) ملنا۔ چمٹنا۔ لپٹنا۔ وابستہ ہونا۔ کوئی بیماری لگنا۔

لاحقہ (ع-صفت-بیائے نسبتی) پیچھے لگا ہوا۔ وابستہ۔ ملحق۔

لاد (ہ-مو-ا) گدھے خچر وغیرہ کا بوجھ۔ لدا ہوا بوجھ۔

لاد پھاند (اُر-ا-مو) اسباب باندھنا اور بار کرنا۔

لاد چلنا (ہ-محاورہ) بدھنا بوریا باندھ کر رخصت ہونا۔ کوچ کرنا۔

لاد دے لدا دے لدانے والا ساتھ دے (ہ-مثل) اپنا تمام بوجھ دوسرے پر ڈال دینے والے کی نسبت بولتے ہیں یعنی اب کچھ نہیں ہو سکتا۔ سب کام آپ کو کرنا پڑے گا۔

لادنا (ہ-فعل) بوجھ رکھنا۔ اسباب بھرنا۔ کوچ کی تیاری کرنا۔ بہت سا بوجھ رکھ دینا۔

لادنی (ہ-ا-مو) دھوبیوں کی گٹھڑی۔ بوجھ۔ بوجھا۔ بھار۔ لادنے قابل بوجھ۔

لادے لادے پھرنا (اُر-محاورہ) بوجھل چیز لئے لئے پھرنا۔

لادیا (ہ-مذ-فعل) چھکڑے لاد کر لے جانے والا۔ بوجھ لاد کر لے جانے والا۔ بار بردار۔

لاڈ (ہ-ا-مذ) پیار۔ لاڑ۔ محبت۔ مامتا۔ چاؤ۔ چوچلے میں پرورش کرنا۔

لاڈ پیار (ہ-مذ) پیار اخلاص۔ لاڈ چاؤ۔

لاڈ اُڑانا (ہ-محاورہ) ناز و نعمت میں پالنا۔ چاؤ چوچلے میں پرورش پانا

لاڈا (ہ-ا-مذ) ایک سوانگ کا نام ہے۔ نیز نیل کا کچا پودا۔

لاڈا لاڈی (اُر-صفت) عاشق و معشوق۔ دلہا دلہن۔

لاڈلا (ہ-صفت) پیارا۔ محبوب۔ عزیز۔ دُلارا۔ لخت جگر۔

لاڈلا پوت کٹورے موت (ہ-مثل) بہت پیارا بیٹا کھانے کے کٹورے میں پیشاب کر دیتا ہے۔ یعنی لاڈ سے اولاد گستاخ اور بدتمیز ہو جاتی ہے۔

لاڈلی (ہ-صفت-مو) لاڈلا کی تانیث۔

لاڈو (ہ-موصفت-بواو مجہول) لاڈلی۔ دلہن۔ عروس۔

لاڈو لاڈ بیں سر کھاڈ بیں (ہ-مثل) لاڈلی اولاد کو تکالیف بہت ہوتی ہیں۔

لار (ہ-ا-مو) اونٹوں کی قطار پر اصف۔ قطار۔ منہ کی لار۔ تھوک لعاب۔

لار اجھار (ہ-مذ) لہت و لعل۔ ٹالم ٹالی۔

لار الیری (ہ-ا-مو) آلے بالے۔ حیلے بہانے۔

لار الیری کا یار کبھی نہ اترے پار (ہ-محاورہ) حیلے بہانے **لارے جھارے کا یار کبھی نہ اترے پار** بنانے والا ہمیشہ ناکام

رہتا ہے۔ اس سے کوئی مطلب برابری نہیں ہو سکتی ۔

لاری (انگ۔ا۔مو۔Lorry) ایک قسم کی موٹر گاڑی ۔

لاڑھا (ہ ۔ مذ۔ فاعل بمعنی صفت) شوقین۔ مشتاق ۔ شیدا ۔ مانوس ۔

لاڑھیا (ہ ۔ اسم صفت) بڑی چیز کی صفت کے پل باندھ کر اسے بکوا دینے والا۔ دلال۔ حجاز۔ مکار ۔ فریبی۔ دغاباز ۔ چھلیا ۔

لازِب (ع صفت) چپکنے والا ۔

لازِم (ع ۔ اسم صفت فاعلی) چمٹا ہوا ۔ ملحق ۔ وابستہ ۔ ضرور۔ بالفرض واجب ۔ فرض ۔ ذمہ ۔ تعلق ۔ سبب ۔ علم صرف و نحو میں وہ فعل جو صرف فاعل کو چاہیے ۔

لازِم آنا (اُرد۔ محاورہ) ضروری ہونا ۔ یقینی نتیجہ نکلنا ۔

لازِم و ملزوم (ع ۔ اسم صفت) ایک دوسرے سے وابستہ ایک دوسرے کے متعلق ۔ واجب ۔ ضرور ۔ نہایت ضروری ۔

لازِمہ (اُرد۔ا۔مذ) جوڑ میل ۔ سامان ۔

لازِمی (ع ۔ اسم صفت) ضروری ۔ واجب ۔ فرض ۔ لابدی ۔

لاسا (ہ۔ا۔مذ) پودوں سے حاصل شدہ ایک لیس دار مادہ ۔ ملک تبت کے دارالخلافہ کا نام ۔

لاسا لگانا (ہ ۔ محاورہ) کسی چیز کو چپ دار مادہ لگانا ۔ دو شخصوں کو بھڑوانا ۔ جھگڑا ڈلوا دینا ۔ پھنسانا ۔ چپکانا ۔ مائل کرنا ۔

لاسا ہو جانا (اُرد۔ محاورہ) چپک جانا ۔

لاسٹک (اُرد۔ا۔مذ) ایلاسٹک انگریزی کا لفظ ہے کا بگاڑ ہے ۔ لچکدار ربڑ بوٹوں میں لگانے کا ربڑ ۔

لاسلکی (انگ۔Wireless) بے تار برقی پیغام رسانی ۔

لاسے پر لگانا (ہ ۔ فعل) ہلانا ۔ مانوس کر لینا ۔ ڈور پر لگانا ۔ یار بنانا ۔ گرویدہ کر لینا ۔

لاسے پر لگ جانا (اُرد۔محاورہ) لاسے پر لگانا کا تلازم ہے ۔

لاش (ف۔ا۔مو) مُردہ جسم ۔ لوتھ ۔ جنازہ ۔ ارتھی ۔

لاش پٹی (اُرد۔ا۔مو) موت کی وجہ یا خون کی اطلاعی رپورٹ ۔

لاش پڑنا (اُرد۔محاورہ) مارا جانا ۔ ہلاک ہونا ۔ مُردہ ہو کر گرنا ۔

لاش ڈالنا (اُرد۔محاورہ) قتل کرنا ۔ مار کر ڈھیر کرنا ۔

لاش کلیوں میں کھنچوانا (اُرد۔محاورہ) لاش کی بے عزتی کرنا ۔

لاشوں کے پشتے لگنا (اُرد۔محاورہ) لاشوں کے ڈھیر لگ جانا ۔

لاشہ (ف۔ا۔مذ) جسم مُردہ ۔ لاش ۔ لوتھ ۔ نعش ۔ دُبلا ۔ لاغر ۔ عاجز ۔ جسم ۔ تن ۔

لاغر (ف۔اسم صفت) دُبلا ۔ ماڑا ۔ پتلا ۔ نحیف ۔ زار و نزار ۔

لاغری (ف۔ا۔مو۔ یائے مصدری) دُبلا پن ۔ ضعف ۔ ناتوانی ۔ کمزوری ۔

لاف (ف۔ا۔مو) ڈینگ ۔ شیخی ۔ بڑائی ۔ خودستائی ۔

لاف زَن (ف۔اسم صفت ترکیبی) ڈینگیا ۔ شیخی خوار ۔ بڑبولا ۔ گپی ۔

لاف زنی (ف۔اسم مؤنث بیائے مقدری) لاف ۔ شیخی ۔ ڈینگ ۔

لاف زنی کرنا / لاف مارنا (اُرد۔محاورہ) ڈینگ مارنا ۔ شیخی بگھارنا ۔ اترانا ۔ اپنے مُنہ میاں مٹھو بننا ۔

لاف و گزاف (ف۔ا۔مو) شیخی اور بکواس ۔ بیہودہ گوئی ۔ تعلی ۔

لاکٹ (انگ۔ا۔مذ) گھنڈی ۔ بٹکمہ ۔ بک ۔ تعویز ۔ ڈھولنا ۔

لاکِٹ (مذ۔ا۔انگ۔Locket)

گلے میں پہننے والا لاکٹ عورتوں کا زیور ۔

لاکھ (ہ) اسم عدد ۔ سو ہزار کی تعداد ۔ لکھ (۱۰۰۰۰۰) بصورت صفت ۔ کثرت ظاہر کرنے کو ۔ بہتیرا ۔ بہت ہی ۔ کتنے ہی ۔ ازحد ۔ کتنا ہی ۔ کسی قدر ۔

لاکھ بات کی ایک بات (اُرد۔مو) مختلف قسم کی باتیں ۔

لاکھ باتیں (اُرد۔مو) مختلف قسم کی باتیں ۔

لاکھ بسوے (ہ۔ تابع فعل) یقیناً ۔ ضروری ۔ بلاشبہ ۔ بے شک ۔ ضرور بالضرور ۔

لاکھ پر بھاری ہے (ہ ۔ محاورہ) سب سے زیادہ ہے ۔ سب سے زبردست ہے ۔ لاثانی ہے ۔ بے مثل ہے ۔

لاکھ پردوں میں چھپ کر رہنا (اُرد۔محاورہ) عورت کا آوارہ ہونا ۔

لاکھ جان سے قربان جانا / ہونا (اُرد۔محاورہ) بہت محبت کے اظہار کے لئے کہتے ہیں ۔

لاکھ دو لاکھ میں ایک (اُرد۔صفت) چنا ہوا ۔

لاکھ چوہے کھا کر بلّی حج کو چلی (اُرد۔محاورہ) بے شمار گناہ کر کے اب توبہ کا ارادہ کیا اور پارسا بن گئے ۔

لاکھ سر کا ہونا (اُرد۔محاورہ) بہت زبردست ہونا ۔ دلیر اور بہادر ہونا ۔ امیر کبیر اور ہزاروں پر حکمران ہونا ۔ معتبر اور معتمد ہونا ۔

لاکھ کا گھر خاک کر دینا (اُرد۔محاورہ) بیماری ۔ دولت و عزت برباد کر ڈالنا ۔ بالکل برباد اور تباہ ہو جانا ۔ بنا بنایا کام بگاڑ ڈالنا ۔

لاکھ کو خاک سمجھنا (اُرد۔محاورہ) بہت دیانت دار ہونا ۔

لاکھ لاکھ بنا دینا (اُرد۔محاورہ) بہت زیب و زینت دینا ۔

لاکھ من کا ہونا (اُرد۔محاورہ) بہت وزنی اور بھاری ہونا ۔ باعزت و وقار ہونا ۔ بھاری بھرکم ہونا ۔

لاکھ میں (ہ ۔ تابع فعل) بہتیروں کے سامنے ضرور ۔ بے شک ۔ یقیناً ۔

لاکھ میں کہنا (اُرد۔محاورہ) علی الاعلان کہنا ۔ واضح طور پر کہنا ۔

لاکھوں میں (ہ ۔ تابع فعل) (دیکھو لاکھ میں)

لاکھ (ہ۔ا۔مو) ایک سُرخ رنگ کی عام مشہور چیز ہے ۔ جس کو بارسلوں وغیرہ پر لگا کر مہر لگاتے ہیں ۔ یہ دانہ دار سادہ ، بیری ، بڑ اور پیپل کے درختوں کی ٹہنیوں پر جمع ہو جاتا ہے ۔

لاکھ ہاتھی لٹ گیا پھر سوا لاکھ ٹکے کا ہے (اُرد۔مثل) امیر کتنا ہی غریب ہو جائے پھر بھی اس کی قدر اور عزت باقی رہتی ہے ۔

لاکھا (ہ۔ا۔مذ) سُرخ رنگ جسے عورتیں خوبصورتی کے لئے ہونٹوں پر لگا لیتی ہیں ۔ (پنجاب) لاکھ کے رنگ کا گھوڑا یا بیل ۔

لاکھا جمانا / لگانا (اُرد۔محاورہ) پان کی سُرخی ہونٹوں پر خشک ہونے دینا ۔

لاکھوں گھڑے پانی پڑنا (اُرد۔محاورہ) بہت شرمندہ ہونا ۔

لاکھی (ہ) اسم صفت بیائے نسبتی لاکھ جیسے سُرخ رنگ کا۔ لاکھ کا بنا ہوا۔ گھوڑے کا ایک رنگ۔

لاگ (ہ ۔امو) نسبت۔ علاقہ۔ تعلق۔ لگن۔ محبت۔ چسکا۔ مزہ۔ شوق۔ رغبت۔ بیر۔ دشمنی۔ عداوت۔ کرتب۔ طلسم۔ جادو۔ شعبدہ۔ دوا۔ دارو۔ مدد۔ سہارا۔

لاگ باندھنا (اُر۔ محاورہ) دشمنی پیدا کرنا۔

لاگ دار (اُر۔ مذ۔ فاعل ترکیبی) رشتہ دار۔ ناتے رشتے کا۔ بہنوئی بہن کا خاوند۔ آشنا دوست۔ یار۔

لاگ ڈانٹ (ہ ۔امو) ان بن۔ بیر اکھیری۔ نزاع۔ جھگڑا۔ باطنی عداوت۔ عناد۔ بغض و عداوت۔

لاگ رکھنا (ہ ۔محاورہ) علاقہ رکھنا۔ دل میں بغض رکھنا۔ دشمنی رکھنا۔ عناد رکھنا۔

لاگ کھلانا (ہ ۔محاورہ) جادو کرنا۔ ٹونا کرنا۔ جادو کی چیز کھلانا۔ منتر وغیرہ سے فریفتہ کرنا۔ موہنا (پنجاب) گشتہ کھلانا۔

لاگ لپیٹ (ہ ۔امو) پیچ۔ حمایت۔ طرفداری۔ رورعایت۔ مکر حیلہ۔ دغا۔ فریب۔

لاگ لگنا (ہ ۔محاورہ) لگن لگنا۔ عشق ہونا۔ محبت ہونا۔ چیٹک لگنا۔ شوق ہونا۔ چاپ لگنا۔ چسکہ لگنا۔ نیا طریقہ لگنا۔

لاگ لگی تب لاج کہاں (ہ ۔مثل) جب عشق پیدا ہو گیا پھر شرم و حیا کا اللہ حافظ۔ عشق میں شرم و حیا کافور ہو جاتی ہے۔

لاگت (ہ ۔امو) خرچ۔ صرف۔ قیمت۔ بھاؤ۔ مول۔ نرخ۔

لاگت آنا۔ یا۔ بیٹھنا۔ یا۔ لگنا (ہ ۔فعل) خرچ ہونا۔ صرف بیٹھنا خرچ اُٹھنا۔

لاگنا (ہ ۔فعل) لگنا۔ عشق ہونا۔ داؤں گھات میں رہنا۔

لاگو (ف ۔اسم صفت) لواؤ فاعلی) چاہنے والا۔ خواہاں۔ خبر گیر۔ شریک ساتھی۔ مددگار۔ جیسے بُرے کا کوئی لاگو نہیں۔ درپے۔ پیچھے پڑ جانے والا۔ دوست۔ یار آشنا۔ طرفدار۔ گاہک۔ خریدار۔ مشتری۔

لاگوٹ (اُر۔امو) محبت۔ پیار۔

لاگو ہونا (ہ ۔محاورہ) چاہنا۔ خواہاں ہونا۔ خواہش کرنا۔ خریدار ہونا۔ گاہک ہونا۔ درپے ہونا۔ سر ہونا۔ پیچھے ہونا۔ طرفدار ہونا۔ شریک حال ہونا۔ مددگار ہونا۔ مطلب رکھنا۔ واسطہ ہونا۔

لال (ہ ۔مذ) سُرخ رنگ۔ ایک قسم کا معدنی پتھر کئی رنگ۔ لعل سُرخ۔ سونا۔ احمر۔

لال (اُر۔امذ) بالک۔ چھوکرا۔ لڑکا۔ پسر۔ فرزند۔ بیٹا۔ لعاب دہن۔ رال۔ ایک چھوٹے سے سُرخ پرندے کو بھی کہتے ہیں سونا۔ سُرخ۔ انگارا سا۔ دہکتا ہوا۔ غصہ میں بھرا ہوا۔ غضبناک۔ لاڈلا۔ پیارا۔ ناز برور دہ۔

لال اُگلنا (ہ ۔محاورہ) عجیب و غریب باتیں کرنا۔ منہ سے موتی جھڑنا۔ گالی گلوچ۔ بدزبانی کرنا۔

لال املی (اُر۔امو) وہ املی جس کے پھل کا گودا سُرخ ہو۔

لال انگارا (ہ ۔اسم صفت۔ ترکیبی) نہایت آگ کا انگارا نہایت سُرخ۔ سُرخ چبھتا۔ غضبناک۔ غصہ میں بھرا ہوا۔

لال بجھکڑ (ہ ۔امذ) نہایت عقلمند۔ پرلے درجے کا عاقل۔ سب کا پیارا عقلمند۔ مجازاً بے وقوفوں کا سردار۔ نہایت احمق۔ اپنی عقل پر گھمنڈ کرنیوالا۔

لال بخار (اُر۔امذ) متعدی بخار جس میں جسم پر سُرخ دانے نکل آتے ہیں۔

لال بھبوکا (اُر صفت) سُرخ۔ تروتازہ۔ نہایت سُرخ۔ غصہ کی وجہ سے سُرخ چہرہ۔

لال بیگ (اُر۔امذ) خاک روبوں کے پیشوا کا نام۔ ایک پردار سُرخ کیڑا۔

لال بیگی یا لال بیگیا (ہ ۔اسم مذکر بیائے نسبتی) منسوب بہ لال بیگ۔ چوہڑا۔ بھنگی۔ خاکروب۔ حلال خور۔ مہتر۔ لال بیگ کا مرید یا پیرو۔

لال پانی (ہ ۔امذ) سُرخ رنگ کی شراب۔ حیض کا خون۔

لال پردہ (اُر۔امذ) خاص شاہی دروازہ کا سُرخ رنگ کا پردا۔

لال پری (اُر۔امو) لال کپڑے پہننے والی پری۔ اندر سبھا کے قصے کی ایک پری کا نام ہے۔ مجازاً سُرخ شراب۔ لال رنگ کی شراب۔

لال پری کی بٹھک (اُر۔امو) ایک قسم کی نیاز جو عورتوں باتوں سے زبان جھاڑ کر دیتی ہیں۔ تاکہ شوہر اور اولاد زندہ رہے۔

لال پیلا جانا (اُر۔محاورہ) سُرخ ہو جانا۔ غضبناک ہو جانا۔ پک جانا۔

لال پیلکا (اُر۔مذ) ایک قسم کا کبوتر جس کا پوٹا۔ دُم اور بازو سفید مگر رنگ سُرخ ہوتا ہے۔

لال پیارا تو اُس کا خیال بھی پیارا (اُر۔مثل) محبوب کی ہر بات پیاری ہوتی ہے۔ پسندیدہ دوست کی ہر بات پسندیدہ ہے۔

لال پیلا (ہ ۔اسم صفت) نہایت غضبناک۔ سخت خفا۔ پُرخشم۔

لال پیلا ہونا (اُر۔محاورہ) نہایت خفا ہونا۔ غصہ میں بھر جانا۔

لال پیلی آنکھیں کرنا (اُر۔محاورہ) نہایت خفا ہونا۔ غضب آلود نظر سے دیکھنا۔

لال خاں کا لنگڑا۔ یا۔ لکڑا (اُر۔امذ) مجرموں کو سزا دینے کا شکنجہ۔

لال ڈورے (ہ ۔امذ) سُرخ تاگے۔ سُرخ تار۔ لال لال رگیں جو آنکھوں میں ہوتی ہے۔

لال سوداگر (اُر۔امذ) وہ کم مایہ تاجر۔ جو ادھر مال لے اُدھر جٹ کم نفع پر بیچ دے۔

لال کتاب (اُر۔امو) جاہلوں کے نزدیک ہر سوال کا حسب منشاء جواب دینے والی کتاب۔ ہندو بسنت کی کتاب۔ اور پٹواریوں وغیرہ کی سرکاری کتاب۔

لال کرتی (اُر۔امو) گوروں کی سُرخ وردی پہننے والی پلٹن۔

لال گودڑ میں نہیں چھپتا (ہ ۔محاورہ) عمدہ چیز چھپائے نہیں چھپتی جوہر پر خاک نہیں پڑتی۔

لال لگنا (ہ ۔محاورہ) کوئی انوکھی بات ہونا۔ سرخاب کا پر لگنا۔

لال مرشح (ہ ۔امو) سُرخ مرشح۔ فلفل دراز۔

لال ہونا (اُ۔محاورہ) غضبناک ہونا۔ خفا ہونا۔ سُرخ ہونا۔ بھبھوکا ہونا۔ غصّے میں بھرنا۔ کسی پھل کا پکنتہ ہونا۔

لالٹین

لالٹین (اُ۔ا۔مو) لینٹرن کا بگاڑ ہے۔ شیشے کی قندیل شیشے دار فانوس۔

لالچ (ہ۔ا۔مو) طمع۔ لوبھ۔ حرص۔ آز۔ بہلاوا۔ پھسلاوا۔ ترغیب۔

لالچ بُری بلا ہے (اُ۔محاورہ) لوبھ سے بڑھ کر کوئی مصیبت یا آفت نہیں۔

لالچ دینا (اُ۔محاورہ) لوبھ دینا۔ طمع دینا۔ پھسلانا۔ ترغیب دینا۔

لالچ میں آنا (اُ۔محاورہ) دھوکہ کھا جانا۔ طمع میں پھنسنا۔ دم میں آنا۔

لالچی (ہ۔اسم صفت بیائے فاعلیت) لوبھی۔ لالچ والا۔ حریص۔ طامع۔

لالچی بندہ (اُ۔ا۔مذ) لوبھی۔ خودغرض۔ مطلبی۔

لالٹی (ہ۔ا۔مو) لال کی تصغیر۔ چھوٹا لال۔ ننھڑا۔ یاقوت۔ گھونگچی۔ رتّی۔

لالوں کا لال (ہ۔ا۔مذ۔ مفید صفت) بہت ہی پیارا۔ لاڈلا۔ سیب جیسے رنگ والا۔

لالوں لال (ہ۔اسم صفت) نہایت شوخ۔ سُرخ رنگ۔ خونم خون۔

لالہ (ف۔ا۔مذ) پوست کا لال پھول۔ خشخاش کا سُرخ پھول۔ مطلق پھول۔ ہر قسم کا سُرخ خورد پھول۔ مجازاً لبِ معشوق۔ عاشق کا دل یا جگر داغ۔ غلام۔ بڑا بھائی۔

لالہ رخ۔ لالہ رخسار۔ لالہ رُو۔ لالہ۔ عذار (ف۔اسم صفت فاعلی) سُرخ چہرے والا۔ معشوق۔ دلربا۔

لالہ زار (ف۔اسم مذکر ظرف) لالہ کا کھیت۔ چمن۔ گلزار۔ باغ۔

لالہ طُور (ف۔ا۔مذ) کنایۃً۔ آتش طُور۔

لالہ فام۔ لالہ گوں (ف۔اسم صفت) لالہ جیسا۔ سُرخ۔ لال۔ لال رنگ کا۔

لالہ یا لالا (ہ۔ا۔مذ) معزز ہندوؤں کا خطاب۔ جناب۔ صاحب۔ میاں۔ مہاجن۔ ساہوکار۔ ولیش۔ والا۔ آبا۔ باوا۔ پتا۔ عزیز۔ پیارا۔ سُسر۔ خُسر۔

لالہ بھائی (ہ۔ا۔مذ) ہر ہندو اور ہر ایک رئیس کو کہتے ہیں۔ ذی عزت۔ شریف آدمی۔ بھلا مانس۔ (طنزاً) کفایت شعار۔ جلن والا۔ (تحقیراً) کمزور۔ بودا۔

لالہ باعتبار عیبک (اُ۔مثل) جب کوئی شخص دوسرے کے بھروسے پر رہتا ہو۔ اور خود کچھ نہ کرتا ہو۔ اس کی نسبت بولتے ہیں۔

لالہ جی (ہ۔ا۔مذ) ہندوؤں بقالوں۔ بنیوں۔ وغیرہ کا اعزازی لقب عزت کا خطاب۔

لالی (ہ۔ا۔مو) لالہ کی تانیث۔ پیاری۔ عزیزہ۔ بہن۔ ہمشیرہ۔ سُرخی۔ حُمرت۔ پسی ہوئی اینٹوں کی سُرخی۔

لالی رہ جانا (ہ۔محاورہ) آبرو رہ جانا۔ عزت بچ جانا۔ بات بنی رہنا۔

لالے (ہ۔ا۔مذ) آرزو۔ اشتیاق۔ تمنّا۔ ارمان۔ نہایت ناامیدی۔ سخت مایوسی۔

لالے پڑنا (ہ۔محاورہ) ارمان ہونا۔ کمال حسرت ہونا۔ سخت مایوسی ہونا۔ مصیبت میں پھنسنا۔ مشکل ہونا۔ دشوار ہونا۔ ذرا سی کامیابی کو اضطراب کے باعث غنیمت جاننا۔

لام (فرنچ۔ا۔مذ) فوج کا مجموعہ۔ بریگیڈ سوار و پیدل فوج اور توپخانہ کا مجموعہ فوج کا دستہ۔

لام باندھنا (اُ۔محاورہ) چاروں طرف سے لشکر جمع کرنا۔ لڑائی کا سامان۔

لام بندھنا (اُ۔محاورہ) چاروں طرف سے لشکر جمع ہونا۔ لڑائی کا سامان ہونا۔

لام (ع۔ا۔مذ کر) دیکھو (حرف ل) تشبیہاً زلف۔

لام کاف (ہ۔ا۔مذ) گالی گفتار۔ بُرا بھلا۔ فحش بکواس۔ واہی تباہی (کہنا۔ بکنا۔ نکالنا۔ کرنا) کے ساتھ مستعمل ہے۔

لام کاف بکنا (اُ۔محاورہ) گالی بکنا۔ فحش بکنا۔ بدزبانی کرنا۔

لامسہ (ع۔صفت۔ فاعل۔ مو) چھونے کی قوت۔ جو انسان کے تمام بدن میں ہے۔

لاما (س۔ا۔مذ) تبت کے بدھ پیشواؤں کا لقب۔

لاما گرو (ہ۔ا۔مذ) تبت والوں کا پیشوا۔ جس کی بابت کہتے ہیں کہ وہ کبھی نہیں مرتا۔ صرف چولا بدلتا ہے۔

لانا (ہ۔فعل) لے آنا۔ لے کر آنا۔ سامنے کرنا۔ روبرو کرنا۔ پیش کرنا۔ برپا کرنا۔ اُٹھانا۔ ماتم کرنا۔ حزید نا۔ مول لینا۔ بسانا۔ لگانا۔ جوڑنا۔ جیسے اس سے بہت لائی ہے۔ (بحالت اسم مذکر) کئی ہلوں کا مجموعہ کہ کاشت کاری کے لئے کئی ہلوں کی شراکت۔

لانا بندی (اُ۔ا۔مو۔ بیائے مصدری) ہلوں کی تعداد کے مطابق لگان۔ خراج۔ معاملہ۔ مالگذاری۔

لانا لگانا / لاؤ لگانا / لاؤ لانا (ہ۔فعل) مقروض کا اپنے قرض کے عوض میں مویشی وغیرہ ساہوکار کو دیدینا۔ دھن کو قرضہ میں دیدینا۔ قرضہ میں مویشی وغیرہ لگانا۔

لانبا (ہ۔صفت) لمبا۔ درازقد۔ طویل۔

لانچ (انگ۔ا۔مذ۔ Launch) پٹرول اور بھاپ سے چلنے والی کشتی۔

لانگ / لانگا (ہ۔ا۔مو / ہ۔ا۔مذ) کٹے ہوئے غلہ کا ڈھیر۔ وہ غلہ کا ڈھیر جس میں سے ابھی اناج نہ نکالا ہو۔ کھلیان۔ خرمن۔ جھوسہ۔ چوکر۔ کمر۔ میان۔ لک۔ چیپ۔ لپس۔ اسا۔ تعداد۔ اندازہ۔ مقدار۔

لانگ ڈالنا (ہ۔محاورہ) ناج کاٹ کر اس کا ڈھیر لگا دینا۔

لانگ یا لانگوٹ (ہ۔ا۔مو) دھوتی یا تہ بند کا لپٹا ہوا۔ اور چنا ہوا پلا جو آگے لٹکا رہتا ہے۔ (پنجابی لڑ۔ چابکسوار)

لانگا تیر (ہ۔ا۔مو) پرا۔ قطار۔ صف۔ لالہ۔ ڈار۔ سلسلہ۔ تسلسل۔

لانگن یا لانگھن (ہ۔ا۔مو) لانگن کا مخفف۔ لانگنا سے حاصل مصدر۔

لانگنا یا لانگنا (ہ۔فعل) لانگنا۔ اوپر سے گزر جانا۔ عبور کرنا۔ اوپر سے گزرنا۔ گھوڑے پر پہلے پہل سواری ہونا۔

لاؤ (ہ۔ا۔مو) چرس کھینچنے کی موٹی رسی۔ لاس۔ موٹا رسّا۔ ناؤ کا رسّا۔ زمین کی اتنی مقدار جو ایک لاؤ سے ایک دن میں بھری جا سکے۔ مانگ۔ مطالبہ۔ طلب۔ کسی چیز کو گرو رکھ کر لیا ہوا قرضہ۔ مال مویشی

جو قرض خواہ کو قرضہ میں دیا جائے۔

لاؤ لپیٹ کی باتیں (اُ۔مو) گول مول باتیں۔

لاوا (ا۔انگ۔مذ۔Lava) آتش فشاں پہاڑ سے نکلنے والی سیال چیز یا سیال مادہ۔ لاوا

لاوکنوے پہرہ (ہ۔محاورہ) جب کوئی آدمی کسی چیز کو کہتا ہے۔ کہ لاؤ تو دینے والا انکار کی حالت میں یہ لفظ کہا کرتا ہے۔ یعنی جاؤ کھیل کھاؤ ہم نہیں دیتے کیا لاؤ لاؤ لگا رکھی ہے۔

لاؤلشکر (اُ۔ا۔مو) فوج اور اس کے ہمراہی۔ فوجی بھیڑ بھاڑ۔ انبوہ۔ اژدحام۔ ہجوم۔

لاؤن (ہ۔ا۔مذ) روٹی لگا کر کھانے کی چیز۔ دال۔ سالن۔ ترکاری وغیرہ۔ دامن۔ ذیل۔

لاؤنی (ہ۔ا۔مو) ایک خاص قسم کے گیت۔ لائی۔ فصل کا کاٹنا بفصل کاٹنے کی مزدوری۔ لائی کی اُجرت۔ خراج۔ مالگذاری۔ معاملہ۔

لاہا (ہ۔ا۔مذ) فائدہ۔ نفع۔ لابھ۔ حاصل۔ پھل۔

لاہ (ہ۔ا۔مو) کونپل کا پتّا۔ جب بڑا لیکن مضبوط نہ ہو۔

لاہن (ہ۔ا۔مذ) دیسی شراب کا خمیر۔

لاہوت (ع۔ا۔مذ) عالم ذاتِ الٰہی جس میں سالک کو فنا فی اللہ کا درجہ حاصل ہوتا ہے۔

لاہوتی (ع۔ا۔مو) دیکھئے لاہوت جس سے یہ منسوب ہے۔

لاہی (ہ۔ا۔مو) ایک قسم کی سرسوں۔ ایک پودے کا نام۔ ایک قسم کا باریک ریشمی کپڑا۔

لائی (ہ۔ا۔مو) باڈی۔ فصل کا کاٹنا۔ بھنا ہوا غلّہ۔ مُرمُرے خود۔ رودھان۔

لائی / لائے (ہ۔ا۔مو) حوض یا تالاب کی تہ کی کیچڑ۔ کیچڑ۔ مجازاً شراب کی تلچھٹ۔ ایک قسم کا ریشمی چینی کپڑا۔

لائبریری (انگ۔ا۔مو۔Library) کتب خانہ۔ کتاب گھر۔

لائبریرین (انگ۔ا۔مذ۔Librarian) محافظِ کتب خانہ۔ کتب خانے کا محافظ۔ کتب خانے کا ناظم۔

لائٹ (انگ۔ا۔مو۔Light) روشنی۔ اُجالا۔ چاندنا۔

لائٹ ہاؤس (انگ۔ا۔مذ) روشنی کا مینار۔ Light House

لائسنس (انگ۔ا۔مذ۔Licence) اجازت۔ حکم۔

لائسنس دار (اُ۔مو۔فعل) صاحب اجازت۔ وہ شخص جسے کسی چیز کے رکھنے اور فروخت کرنے کی اجازت مل گئی ہو۔

لائف (مو۔ا۔انگ۔Life) زندگی۔ حیات۔

لائف بوٹ (مو۔ا۔انگ۔Life Boat) سمندری جہاز کی کشتی زندگی بچانے والی کشتی۔

لائف بوٹ

ل ـ ب

لُب (ع۔ا۔مذ) نچوڑ۔ ست۔ مغز۔ عطر۔ خلاصہ۔ گری۔

لُبِ لباب (ع۔ا۔مذ) نہایت خالص۔ ست کا ست۔ عطر کا عطر۔ خلاصہ کا خلاصہ۔

لب (ف۔ا۔مذ) ہونٹ۔ کنارہ۔ جانب۔ طرف۔ دریا کا ساحل۔ کڑاڑا۔ حاشیہ۔ دور۔ کنی۔ منڈیر۔ کگر۔ چھجا۔ تھوک۔ مُنہ کا لعاب۔ رال۔ ہونٹوں کے اوپر کے بال۔ مونچھیں۔

لبِ آب (ف۔ا۔مذ) دریا۔ ندی۔ حوض۔ وغیرہ کا کنارہ۔

لبِ بام (ف۔ا۔مذ) منڈیر۔ کوٹھے کی چھت کا کنارہ۔

لب بند ہونا (اُ۔محاورہ) مُنہ بند ہونا۔ خاموش ہونا۔ شیرینی سے ہونٹوں کا چپک جانا۔

لب بندھنا (اُ۔محاورہ) شیرینی سے ہونٹ چپک جانا۔

لب پر آنا (اُ۔محاورہ) زبان پر آنا۔ کچھ کہا جانا۔

لب پر آہ ہونا (اُ۔محاورہ) شکوہ ہونا۔ ظلم کی شکایت ہونا۔

لب پر دم ہونا (اُ۔محاورہ) مرنے کے قریب ہونا۔

لب پر اکھا ہونا (اُ۔محاورہ) پہلے سے کچھ کہنے کو تیار ہونا۔

لب پر مہر کرنا / لگانا (اُ۔محاورہ) خاموش ہو جانا۔

لب تر کرنا (اُ۔محاورہ) تھوڑا سا پانی پینا۔

لبِ جام (ف۔ا۔مذ) پیالے کا کنارہ۔

لب چبانا (اُ۔محاورہ) حسرت و افسوس ہونا۔

لب چوسنا (اُ۔محاورہ) ہونٹوں کو دانتوں میں دبا کر چوسنا۔

لب خشک ہونا (اُ۔محاورہ) پیاس کا غلبہ ہونا۔ کنایۃً بے حد تعریف کرنا۔

لبِ دریا (ف۔ا۔مذ) دریا کا کنارہ۔ ساحل۔ کڑاڑا۔

لب سے لگانا (اُ۔محاورہ) پان یا شراب کسی قدر پینا۔

لب سینا (اُ۔محاورہ) بولنے نہ دینا۔ خاموشی اختیار کرنا۔

لب شیریں / لب نوشیں (ف۔ا۔مو) میٹھے ہونٹ۔ معشوق کے ہونٹ۔

لب کھولنا (اُ۔محاورہ) بات کرنا۔ بولنا۔ کلام کرنا۔ منہ کھولنا۔

لب گور کرنا (اُ۔محاورہ) مرنے کے قریب ہونا۔ قبر میں پاؤں لٹکانا۔ گور کنار سے پہنچنا۔

لب گور پہنچانا (اُ۔محاورہ) موت کے قریب کرنا۔

لبالب (ع۔ا۔مذ) کوئی چکیلی چیز۔ کوئی واضح چیز۔ ثبوت۔ فہرست۔ پروگرام۔ منصوبہ۔

لائحۂ عمل (ع۔ا۔مذ) نصب العین۔ دستور العمل۔ پروگرام۔

لائق (ع۔اسم صفت فاعلی) قابل۔ زیبا۔ واجب۔ روا۔ جائز۔ مباح۔ ٹھیک۔ سجا۔ درست (اُردو) کافی۔ وافی۔ ضرورت کے مطابق۔

لائق فائق (اُ۔صفت) لیاقت میں فوقیت رکھنے والا۔ بڑا لائق۔

لائن (انگ۔ا۔مو۔Line) خط۔ لکیر۔ لوہے کی بنی ہوئی ریل کی سڑک۔

لَب لگانا (اُر۔محاورہ) ٹھوک لگانا۔ لعاب۔ دہن ملنا۔
لَب نہ ہلانا (اُر۔محاورہ) بالکل خاموش رہنا۔ بات نہ کرنا۔ چُپ رہنا۔ زبان نہ ہلانا۔
لَب معشوق ہونا (اُر۔محاورہ) تیر کا سو ہاتھ تک نشانے کے اندر پہنچنا۔
لَب و لہجہ (ف۔ا۔مذ) گفتگو کا طرز۔ طرزِ کلام۔ تلفظ۔ خوش کلامی۔
لَبادہ (ف۔ا۔مذ) روئی دار چوغہ۔ فرغل۔ جُبّہ۔ دگلہ۔ اوور کوٹ۔
لَبّاڑ۔یا۔لَبّاڑی (ہ۔اسم صفت) جھوٹا۔ کپاٹی۔ دروغگو۔ چٹورہ۔
لِباس (ع۔ا۔مذ) کپڑا۔ جامہ۔ پوشاک۔ بھیس۔ روپ۔ شکل۔
لِباسی (اُر۔اسم صفت۔ بیائے نسبتی) ظاہر دار۔ دکھاوے کا۔ لفافہ صورت کا پوشاکی۔
لَبالَب (ف۔اسم صفت بالف الصال) پُر۔ بھرا ہوا۔ لبریز۔ منہ تا منہ۔ کناروں تک بھرا ہوا۔
لَبڈری (ہ۔ا۔مو) پتلا گُندھا ہوا آٹا۔ پتلا گارا۔
لُبدی (ہ۔ا۔مو) لپڑی۔ پُلٹس۔ لگدی۔
لِبرٹی (انگ۔ا۔مو) آزادی۔ حرّیت۔ Liberty
لِبرل (انگ۔صفت۔Liberal) آزاد۔ خود مختار۔ مطلق۔ لعنان۔ خود رائے۔ پبلک کا خیر خواہ۔
لَبریز (ف۔صفت) لبالب۔ پُر۔ بھرا ہوا۔ کناروں تک بھرا ہوا۔
لَبَڑ (ہ۔صفت) جھوٹا۔ بے ہودہ۔
لَبَڑ چٹائی کرنا (اُر۔محاورہ) خوشامد کرنا۔
لَبَڑ خندہ (اُر۔اسم صفت) خوشامدی۔ واہی تباہی باتیں کرنے والا۔ جھوٹا۔ لپاٹی۔ بیہودہ گو۔
لَبَڑ خندی (اُر۔صفت۔ مو) چھوہڑ عورت۔ نابکار عورت۔ خوشامد گو۔
لَبَڑ غنّو (اُر۔اسم صفت) چٹورا۔ مزیدار چیز کو جھٹ پٹ کھا جانے والا۔ خوشامدی۔ بکواسی۔ سوادی۔
لَبَڑ دھوں دھوں (ہ۔ا۔مو) شور و غل۔ شور شر۔ ہنگامہ بے ایمانی بدنظمی۔ بدعملی۔
لَبَڑ سَبَڑ (ہ۔ا۔مو) چھوہڑپن۔ بیہودگی۔ بدسلیقگی۔
لَبڑا (ہ۔صفت) جھوٹا۔ وہ شخص جو باتیں ہاتھ سے کام کرے۔
لَبڑو (ہ۔ا۔مو۔ بواؤ مجہول) بکواس۔ بیہودہ گو۔ لسان۔ چرب زبان۔
لَبڑی (ہ۔ا۔مو) لبڑا کی تانیث ہے۔
لَبلَبا (ہ۔صفت) چیپ دار۔ چکنے والا۔ لچکدار۔
لَبلَبی (ہ۔ا۔مو) بندوق کی کمانی۔
لُبنی (ہ۔ا۔مو) ناڑی۔ بایندھی جمع کرنے کی مٹی کی چھوٹی سی بندھنی یا ٹھلیا۔
لبوب (ع۔ا۔مذ) لب کی جمع۔ مغزیات۔ ایک طرح کی معجون۔
لبوں پر جان یا دم ہونا / لبوں پر دم آنا (اُر۔محاورہ) گور کے کنارے ہونا۔ قریب المرت ہونا۔ جانکنی ہونا۔ آخری سانس رہنا۔
لبوں پر ہونا (اُر۔محاورہ) کسی کام کا خاتمہ پر ہونا۔ کنارہ پر پہنچ جانا۔
لبوں تک آنا (اُر۔محاورہ) نزع کی حالت ہونا۔ گلا شکوہ زبان پر لانا۔
لُبھانا (اُر۔محاورہ) پرچانا۔ للچانا۔ لالچ دینا۔ مائل کرنا۔ فریفتہ کرنا۔ موہنا۔ عاشق بنانا۔ بہکانا۔ اُکسانا۔ پھُسلانا۔ بہلانا۔
لُبھاؤ (اُر۔ا۔مذ) لالچ۔ ترغیب۔ کوئی چیز جو سودے کے بعد مفت دی جائے۔
لبیڑا (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا لسوڑا۔
لَبی (ہ۔ا۔مو) گنے کا اُبلا رس۔
لَبیدا (ہ۔ا۔مذ) کنلہ۔ سوٹنا۔ لٹھ۔
لبیرا (ہ۔ا۔مذ) دہی۔ چھیڑا۔ ریر۔
لَبّیک (ع) کلمہ ایجاب۔ حاضر ہوں۔ حاضر کھڑا ہوں۔ جی ہاں۔ حاضر جناب۔ حاجی لوگ میدان عرفات میں بار بار یہی کلمہ پکارتے ہیں۔
لبیں بند ہونا (اُر۔محاورہ) کسی نہایت میٹھی چیز کی تعریف کے وقت بولتے ہیں۔ منہ بند ہونا۔ ہونٹ چپکنا۔
لبیں لینا (اُر۔محاورہ) ہونٹوں کے اُوپر کے بال کترانا۔ مونچھیں کٹوانا۔ سخت سزا دینا۔ خوب مارنا۔

ل - پ

لپ (ہ۔ا۔مو) مٹھی بھر۔ یک کف دست ایک ہاتھ کو پھیلا کر جتنی چیز اس کے اُوپر آسکے۔ اُنگلیوں اور کھلی ہتھیلی کی مقدار۔
لپ بھر (ہ۔صفت) مٹھی بھر۔
لپاٹا (ہ۔ا۔مذ) لپڑ۔ تھپڑ۔ چانٹا۔
لپاڈگی (ہ۔ا۔مو) مُکّوں اور تھپڑوں کی لڑائی۔ مار پیٹ۔
لپاٹیا (ہ۔صفت۔ فاعلی) نہایت جھوٹا۔ سخت کذاب۔ دروغگو۔
لپاک جھپاک (اُر۔ا۔مو) چستی۔ پھرتی۔ چالاکی۔ جلد بازی۔
لپالپ (ہ۔اسم صفت بالف الصال) جلدی جلدی۔ بزوری۔ بہت جلدی۔
لپانا (اُر۔مصدر) پلستر کرنا۔
لپائی (ہ۔ا۔مو) لیپنے کا کام۔ پلستر۔ کہگل۔ لیپنے کی اُجرت۔
لپائی پُتائی (اُر۔محاورہ) پلستر ہونا۔ پوتا پھیرنا۔ استکاری ہونا۔
لپٹ (ہ۔ا۔مو) لو۔ آنچ۔ گرمی۔ شعلہ۔ ہوا کی لہر۔ مہک۔ خوشبو۔
لپٹ آنا (اُر۔محاورہ) جھونکا آنا۔ خوشبو کی لہر آنا۔
لپٹ چلنا (اُر۔محاورہ) گرم ہوا چلنا۔ لو چلنا۔
لپٹ دینا (اُر۔محاورہ) خوشبو دینا۔ مہک دینا۔
لپٹ لگ جانا / لگنا (اُر۔محاورہ) لو لگنا۔ آگ کی گرمی پہنچنا۔ شعلہ کا جلا دینا۔
لپٹ پڑنا (اُر۔محاورہ) گتھ جانا۔
لپٹ جانا (اُر۔محاورہ) جوشِ محبت سے گلے لگ جانا۔

لپٹ کر رونا (اُر۔محاورہ) ہم بغل ہو کر رونا۔
لپٹ کر سونا (اُر۔محاورہ) ہم آغوش ہو کر سونا۔
لپٹا (ہ۔ا۔مو) پتلا شیرا۔ راب۔ موٹے موٹے آٹے کا حلوہ۔ ایک قسم کی گھاس۔ رشتہ۔ ناطہ۔
لپٹا جانا (اُر۔محاورہ) زبردستی کسی سے چمٹا جانا۔
لپٹا لینا (اُر۔محاورہ) چمٹا لینا۔ کٹے ہوئے پتنگ کی ڈور کو اُڑتے ہوئے پتنگ سے اُلجھا لینا۔
لپٹانا (ہ۔فعل) جوشِ محبت سے چھاتی سے لگانا۔ چمٹانا۔ پیار کرنا۔ گلے لگانا۔ بیل کو درخت پر چڑھانا۔ ساتھ ملانا۔ ساتھ لگانا۔ چپکانا۔ چپکنا۔ بھڑانا۔ سر کرنا۔ پیچھے لگانا۔ سانتا۔ کسی مقدمہ یا جرم میں پھنسانا۔ شادی کرانا۔ کنکوا اُڑانا۔ کشتی کرانا۔
لپٹنا (ہ۔فعل) چپکنا۔ چمٹنا۔ سر ہونا۔ پیچھے لگنا۔ ہم آغوش ہونا۔ گلے لگنا۔ عاشق ہونا۔ پھنسنا۔ اُلجھنا۔ بھڑنا۔ کشتی کرنا۔ کسی مقدمہ میں آجانا۔ بل کھانا۔ تہ ہونا۔ ساتھ ہونا۔ ہمراہ ہونا۔ مصیبت میں پھنسنا۔
لپٹنت (ہ۔ا۔مو۔ لپٹنے کا حاصل مصدر) بغلگیری۔ زور آزمائی۔ کشتی۔ لڑنت۔
لپ جھپ (ہ۔ا۔مو) پھرتی۔ تیزی۔ جلدی۔ ہاتھ چالاکی۔ چوری۔ فریب۔ عیاری۔ مکاری۔ تیز رفتاری۔ (بحالتِ صفت) تیز۔ پھرتیلا۔ (تابع فعل) فوراً۔ تُرت۔ فی الفور۔ جھٹ پٹ۔
لپ جھپ چال (ہ۔ا۔مو) تیز بے ڈھنگی چال۔
لپ چھپنی (اُر۔ا۔مو) خوشامد کرنے والا۔ بکواسی۔ بیہودہ گو۔
لپٹڑ (ہ۔ا۔مذ) چانٹا۔ دھپّا۔ تھپڑ۔ طمانچہ۔
لپٹڑ سپٹڑ (ہ۔مو) جلدی کی بات۔ وہ بات جو سمجھ میں نہ آئے۔ گڈمڈ۔ غلط ملط۔ آلا بالا۔ ٹال مٹول۔
لپٹری (ہ۔ا۔مو) پلٹس۔ لیپ۔ ضماد۔ بھرتا۔ پلستر۔ ملکور کرنے کے لئے میدے وغیرہ کی پوٹلی۔ حقارتاً سر کی پگڑی۔ ٹوپی۔
لپٹری (ہ۔ا۔مو) کپڑا۔ جامہ۔ پھٹا پرانا۔ صافہ۔ پگڑی۔
لپٹری باندھنا (اُر۔محاورہ) پلٹس باندھنا۔ ضماد کرنا۔ پھینٹی باندھنا۔
لپٹی (ہ۔ا۔مو) کم گھی والا حلوہ۔ لپٹی۔ مجازاً بوڑھا پھوس۔ پیر مرتوت۔
لپٹ (ہ۔ا۔مو) چمکارا۔ روشنی۔ کوند۔ لَو۔ شعلہ۔ لپٹ۔ پھڑکنا۔ پھدک دھڑکن۔ دھڑکپ۔ دوڑ۔ دُھوپ۔ بھوڑے کی ٹیس چُبک۔ لچک۔ مُڑنے توڑنے دبنے اُٹھنے کی طاقت۔ چھلانگ۔
لپک جانا (اُر۔محاورہ) دوڑ جانا۔ جھپٹ جانا۔
لپک جھپک (ہ۔ا۔مو) پھرتی۔ چستی۔ تیزی۔ طراری۔ جلد بازی۔
لپکا (ہ۔ا۔مذ) لت۔ عادت۔ خو۔ بدعادت۔ مزہ۔ چسکا۔ چاٹ۔
لپکا پڑنا (ہ۔محاورہ) چسکا لگنا۔ مزہ پڑنا۔ بُری عادت ہونا۔
لپکانا (ہ۔فعل) بھگانا۔ دوڑانا۔ سرپٹ ڈالنا۔ آگے کرنا۔ جلدی سے بڑھنا۔
لپک کر (ہ۔تابع فعل) جلدی سے۔ دوڑ کر۔ تُرت۔ فوراً۔ فی الفور۔
لپک کر آنا (اُر۔محاورہ) دوڑ کر آنا۔ جلدی آنا۔
لپک لینا (اُر۔محاورہ) جھپٹ کر لینا۔ چھین لینا۔ اُچک لینا۔
لپکنا (ہ۔فعل) بھاگنا۔ دوڑنا۔ سرپٹ ہو جانا۔ جلدی سے آگے بڑھ جانا۔ حملہ کرنا۔ اُچکنا۔ زخم میں ٹیس ہونا۔ بجلی چمکنا۔ پھڑکنا۔ دھڑکنا۔ اُچھلنا۔ چھلانگ مارنا۔ دوڑ کر حملہ کرنا بھاگ کر جانا۔
لپکی (ہ۔ا۔مو) شلنگا۔ کچی سلائی۔ ٹانکا۔ سیون۔ گوٹ مغزی۔ کنارہ۔
لپکی بھرنا۔ یا۔ مارنا (ہ۔فعل) کچی سلائی کرنا۔ ٹانکا لگانا۔
لپ لپ (ہ) اسم مونث صوت۔ بغیر چبائے نگلنے کی آواز۔ زبان سے چاٹنے یا پوپلے مُنہ کی آواز۔
لپ لپ کرنا (ہ۔محاورہ) بن چبائے یونہی نگل جانا۔ پوپلوں کی طرح کھانا۔ بکواس کرنا۔ بیہودہ بکنا۔
لپ لپ کھانا (ہ۔محاورہ) جلد جلد کھانا۔ بن چبائے نگل جانا۔
لپ لپ (ہ۔ا۔مو) کسی ملائم چیز کے کھلنے اور بند ہونے کی آواز۔
لپ لپ کرنا (اُر۔محاورہ) سکڑنا اور کھلنا۔ ڈر کے مارے مقعد سکڑنا۔ ڈرنا۔ خوف کھانا۔ دھڑکنا۔
لپلپانا (ہ۔فعل) خوف کے مارے مقعد کا کھلنا اور بند ہونا ڈرنا خوف کھانا۔
لپنا (ہ۔فعل) پلستر ہونا۔ استرکاری ہونا۔
لپوڑیا (ہ۔ا۔مذ) خوشامدی۔ منت کر کے کام نکالنے والا۔
لپٹے میں آجانا (اُر۔محاورہ) مشکل میں پھنس جانا۔ فریب میں آجانا۔
لپٹوائی (ہ۔ا۔مو) معاوضہ۔ کھگل کرانے کی اُجرت۔ لپائی کی اُجرت۔
لپیٹ (ہ۔ا۔مو) بل۔ پیچ۔ تہ۔ مکر۔ فریب۔ دغا۔ جھانسہ۔ گرداگرد گھیرا۔ محیط۔ جوشش۔ خلاف۔ ذومعنی بات۔ جنجال۔ اُلجھاؤ۔ بلا۔ مصیبت۔ بہتان۔ جھپٹ۔
لپیٹ جھپیٹ یا لپیٹ سپیٹ (ہ۔ا۔مو) داؤں پیچ۔ قند فریب۔ دھوکا۔
لپیٹ کی باتیں (اُر۔ا۔مو) چالاکی اور فریب کی باتیں۔
لپیٹ لینا (اُر۔محاورہ) تہ کرنا۔ باندھنا۔ کسنا۔ شریک جرم کرنا۔ اُلجھا لینا۔ بلا لینا۔
لپیٹ میں آجانا (اُر۔محاورہ) پھنس جانا۔ مصیبت میں شامل ہو جانا۔
لپیٹن (ہ۔فعل۔ لپیٹنا کا حاصل مصدر) پیچ۔ اُونی کپڑا لپیٹنے کی گول لکڑی۔ لوہے کا بیلن جس سے کپاس اوٹتے ہیں۔ جولاہوں کی کپڑا لپیٹنے کی تُرنّ۔
لپیٹنا (ہ۔فعل) باندھنا۔ تہ کرنا۔ لتھیڑنا۔ آلودہ کرنا۔ اُلجھانا۔ بلانا۔ چھپانا۔ ڈھانکنا۔ راضی کرنا۔ آمادہ کرنا۔ شریک کر لینا۔ بیچ میں لانا۔ موہنا عاشق و مائل کر لینا۔
لپیٹوال (ہ۔ اسم صفت مفعولی) لپیٹا ہوا۔ پیچیدہ۔ ملفوف۔ دربرہ۔ پوشیدہ۔ ملا ہوا۔ شریک شدہ۔ بل دار۔ پیچدار۔

ل ـ ت

لت (ہ۔ا۔مو) لات کا مخفف۔ لات۔ دُلتی۔ لکہ۔

لت (ہ-ا-مو) بُری عادت۔ عادت بد۔ لپکا۔ خو۔ خصلت۔
لتاڑ (ہ-ا-مو) لغوی لات مارنا۔ اصطلاحی۔ لعنت۔ ملامت۔ پھٹکار۔ دُکھ۔ تکلیف۔ مصیبت۔ سنکٹ۔ کام کی کثرت۔ کام کی زیادتی۔ دوڑ دھوپ۔ پامالی۔ دندن۔
لتاڑنا (ہ-فعل) لاتیں مارنا۔ بھگانا۔ پامال کرنا۔ ملامت کرنا۔ دھتکارنا۔
لتاڑ میں آنا (اُر-محاورہ) گردش میں آنا۔ مصیبت یا بلا میں پھنسنا۔
لتاڑ میں رہنا (اُر-محاورہ) زیر مشق رہنا۔ زیر استعمال رہنا۔
لت خور (ق-صفت) خراب کرنا۔
لترا (ہ-اسم صفت) چغل خور۔ اِدھر کی اُدھر کہنے والا۔ نمامز۔ بے وفا۔ بے مروت۔ طوطا چشم (پنجاب) بکواسی۔ بیہودہ گو۔
لتری (ہ-صف-مو) اِدھر کی اُدھر لگانے والی چغل خور پیٹ کی ہلکی۔
لتری کان کتری (اُر-مقولہ) اس عورت کے متعلق کہتے ہیں۔ جو ادھر کی بات اُدھر جا لگائے۔ کہ وہ اس قابل ہے کہ اس کے کان کاٹ دیئے جائیں۔
لتھ۔ یا۔ لت (ہ-ا-مو) آلودگی۔ آمیزش۔ ملاوٹ۔ لتھڑنا سے حاصل مصدر۔
لتھ پتھ۔ یا۔ لت پت / **لتھڑ پتھڑ** (ہ-اسم صفت) سنا ہوا۔ بھرا ہوا۔ آلودہ شوربور۔ خستہ حالی۔ خراب حال ہونا۔
لت پت کر دینا (اُر-محاورہ) آلودہ کر دینا۔ بھر دینا۔ شرابور کرنا۔
لت پڑنا (اُر-محاورہ) عادت پڑنا۔
لت پیچھے لگانا (اُر-محاورہ) کسی بات کی عادت لگانا۔
لت پیچھے لگنا (اُر-محاورہ) خوگر ہونا۔ کسی بات کی عادت کر لینا۔
لت ڈالنا (اُر-محاورہ) بُری عادت کا خوگر ہونا۔
لت کھانا (اُر-محاورہ) دولتی کھانا۔ مار کھانا۔
لتھ پتھ ہونا (اُر-محاورہ) بھرنا۔ آلودہ ہونا۔ شرابور ہونا۔
لتھڑنا (ہ-فعل) ملنا۔ آمیز ہونا۔ لیپ لگنا۔ بھرنا۔ آلودہ ہونا۔ سننا۔
لتھیڑنا (ہ-فعل) لتھڑنا سے متعدی ملانا۔ لیپ لگانا۔ بھر دینا۔ آلودہ کرنا۔ سالنا۔
لتہ (ف-ا-مذ) چیتھڑا۔ گودڑ۔ پارچہ۔ کپڑا۔ بستر۔
لتے لینا (ہ-فعل) دھجیاں اُڑانا۔ پرزے اُڑانا۔ پرخچے اُڑانا۔ لتاڑنا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔ سرزنش کرنا۔ ملامت کرنا۔
لتیا (ہ-صفت) بُری عادت والا۔ دھنیا۔ خوگر۔ عادی۔
لتیانا (ہ) فعل۔ لاتیں مارنا۔ لاتوں سے خوب سزا دینا۔ لاتوں سے خبر لینا۔

ل ـ ٹ

لٹ (ہ-ا-مو) بالوں کی لڑی۔ جٹا۔ زلف۔ رسی۔ دوڑی۔
لٹ دینا (ہ-محاورہ) کنی دینا۔ قابو میں ہونا۔ نکیل ہاتھ میں ہونا۔
لٹ دھلائی (ہ-ا-مو) زچہ کا سر دھلانے کا نیگ جو دولھا کی بہن چھٹی کے دن لیا کرتی ہے۔
لٹ دھونا (اُر-محاورہ) بالوں کو پانی سے صاف کرنا۔ شادی اور جنے کی رسم میں جس میں دودھ سے لٹ دھوئی جاتی ہے۔
لٹ کترنا (اُر-محاورہ) بالوں کو قینچی سے کترنا۔ بانجھ عورت کا کسی کم سن بچے کے بال کتر کر کھانا تاکہ اولاد ہو۔
لٹا (ہ-اسم صفت) مارا۔ دُبلا۔ لاغر۔ بیماری سے کمزور شدہ۔ جٹا۔ لٹہ۔
لٹا دھاری (ہ-ا-مذ) بڑے بڑے بال لٹکائے رکھنا والا فقیر۔ جوگی۔ جٹا دھاری۔
لٹا ہانھی بٹورا سا (ہ-مثل) تباہ شدہ امیر۔ خرابی کی حالت میں بھی بہت کچھ سہارا رکھتا ہے۔
لٹا ہانھی سوا لاکھ ٹکے کا (ہ-مثل) گیا گزرا امیر بھی غریب سے اچھا ہے۔
لٹا پٹا (ہ-ا-مذ) استر۔ بستر۔ بدھنا بوریا۔ اٹالا۔
لٹا پٹا (ہ-اسم صفت معفولی) خراب و تباہ۔ اُجڑا۔ تباہ حال۔
لٹانا (ہ-فعل) زمین پر گرانا۔ پسارنا۔ پھیلانا۔ زمین یا چارپائی پر ڈالنا۔ بچے کو سلانا۔ قبر میں مُردے کو اُتارنا۔ بچھاڑنا۔ چت کرنا۔
لٹانا (ہ-فعل) بے دریغ روپیہ خرچ کرنا۔ اُڑانا۔ اُٹھانا۔ فضول خرچی کرنا۔ غارت کرنا۔ برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔ تڑپانا۔ بیقرار کرنا۔ خوب ہنسانا۔
لٹاؤ (ہ-صفت-فاعل) فضول خرچی۔ مسرف۔ خوب لٹانے والا۔
لٹائی (اُر-ا-مو) پلنگ کی ڈور پیٹنے کی چھوٹی چرخی۔
لٹ پٹ (ہ-صفت) رنگیلا۔ چھیل۔ چھبیلا۔ بانکا ترچھا۔ مست۔ متوالا۔ شرشار۔ اُلٹ پلٹ۔ ڈگمگاتا ہوا۔
لٹس (ہ-ا-مو) لوٹ سے اسم مصدری۔ لوٹ مار۔ لوٹ کسوٹ۔
لٹس مچانا (ہ-فعل) لوٹ مچانا۔ چھینا۔ چھینا جھپٹی کرنا۔ غارتگری کرنا۔
لٹک (ہ-ا-مو) لٹکاؤ۔ آویزش۔ آن بان۔ نازونخرہ۔ موج۔ لہر ترنگ۔ سایہ۔ بھوت پریت وغیرہ کا اثر۔
لٹک آنا (اُر-محاورہ) آویزاں ہو کر کسی جگہ پر آجانا۔
لٹک جاتی رہنا (اُر-محاورہ) بانکپن جاتا رہنا۔ نازو انداز نہ رہنا۔
لٹک جانا (اُر-محاورہ) لٹک نہ رہنا۔ لٹک جاتی رہنا۔
لٹک چلی جانا (اُر-محاورہ) عادت سے نہ چھوٹنا۔ امید قائم ہونا۔
لٹک کر چلنا (ہ-محاورہ) اترا کر چلنا۔ نازونخرے سے چلنا۔ جھوم کر چلنا۔ مستانہ انداز سے چلنا۔
لٹک میں آنا (اُر-محاورہ) موج میں آنا۔ ترنگ میں آنا۔
لٹک نہ جانا (اُر-محاورہ) آن بان رہنا۔ نازو ادا قائم رہنا۔
لٹکا (ہ-ا-مذ) منتر۔ جادو۔ موہنی۔ عمل تسخیر۔ ٹوٹا۔ ٹوٹکا۔ شعبدہ۔ کرتب۔ چلتر۔ عیاری۔ ہاتھ کی چالاکی۔ چکلہ۔ گن۔ ہنر۔ طور۔ طریقہ۔ ڈھنگ۔ جتن۔ تدبیر۔ شغل۔ دل بہلاوا۔ مکر۔ فریب بُنا۔ چال۔ اکسیر دوائی۔ تیر بہدف دوا۔
لٹکا چل جانا (اُر-محاورہ) منتر یا جادو کارگر ہونا۔
لٹکا دینا (اُر-محاورہ) آویزاں کرنا۔ معلق کرنا۔ ٹانگنا۔ پھانسی دینا۔ تاخیر کرنا۔ انتظار میں رکھنا۔
لٹکا رکھنا (اُر-محاورہ) آویزاں رکھنا۔ اُمیدوار رکھنا۔ کسی کام کی تکمیل نہ کرنا۔ بیمار کو اچھا نہ ہونے دینا۔

لٹکا رہنا (اُ۔محاورہ) آویزاں رہنا۔
لٹکایا ہونا (اُ۔محاورہ) منتر یا جادو کی مہارت ہونا۔ آسان تدبیر معلوم ہونا۔
لٹکانا (ہ۔فعل) ٹانگنا۔ آویزاں کرنا۔ پھانسی دینا۔ سولی چڑھانا۔ اٹکانا۔ رکھنا۔ انکار میں رکھنا۔ منتظر رکھنا۔
لٹکن (ہ۔اِمذ) گھنٹے کا لنگر۔ پنڈولم جھاڑ۔ فانوس۔ ناک کا ایک زیور۔ لٹ۔ چھوٹی گھڑونچی۔ ٹھلیا رکھنے کی تپائی۔ جھولا۔ جھومتی ہوئی چیز۔ لٹکتی ہوئی چیز۔
لٹکنا (ہ۔فعل) ٹنگنا۔ ادھر ہونا۔ معلق ہونا۔ سولی پر چڑھنا۔ پھانسی لگنا۔ رُکنا۔ تعویق میں پڑھنا۔ اُلجھنا۔ جھولنا۔ راہ تکنا۔ انتظار کرنا۔ دیر تک بیمار رہنا۔ دُبلا ہونا۔ لاغر ہونا۔ بھٹک جانا۔ پیچھے رہنا۔ آگے نہ بڑھنا۔
لٹکے آنا (اُ۔محاورہ) قریب آنا۔ چالیس یاد آنا۔
لٹکے بتانا (اُ۔محاورہ) ترکیبیں یاد ہونا۔
لٹنا (ہ۔فعل) دُبلا ہونا۔ ماڑا ہونا۔ لاغر ہونا۔ کمزور ہونا۔ نحیف ہونا۔
لٹنا۔ یا۔ لٹجانا (ہ۔فعل) تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ خاک میں ملنا۔ تاراج ہونا۔ غارت ہونا۔ دھوکا کھانا۔ ٹھگا جانا۔ نقصان ہونا۔ گھر اُجڑنا۔ خانہ بربادی ہونا۔
لٹو (ہ۔اِمذ) ایک گول کھلونا جو پھرا کر دیر تک گھومتا ہے۔ پھرکی۔ بھنگی۔ ساقول۔ عمارت کی سیدھ معلوم کرنے کا آلہ۔ گول بنی ہوئی چھوٹی چیز۔
لٹو سا رُو جمع ہو رہے ہیں (اُ۔مثل) تمام ہم نشین بے توقیر و بے اعتبار ہیں۔
لٹو ہونا (ہ۔فعل) دلدادہ ہونا۔ شیدا ہونا۔ موہا جانا۔ مفتون ہونا۔ محو ہونا۔ مستغرق ہونا۔ گھرنی ہونا۔ چکر کھانا۔ چکرانا۔
لٹوانا (ہ۔فعل) لٹنا کا متعدی۔ غارت کرانا۔ کھسوانا۔ برباد کرانا۔ اُجڑوانا۔ نقصان کرانا۔ ٹھگانا۔ سودا دلوانا۔
لٹورا (ہ۔اِمذ۔ بواؤ مجہول) فاختہ سے چھوٹا ایک ابلق رنگ کا پرندہ جو چڑیا کا شکار کرتا ہے۔
لٹورا } (ہ۔اِمذ) لٹ کی تصغیر۔ جٹا۔
لٹوری } (ہ۔اِمو) اُلجھے ہوئے بالوں کی لٹ۔ جھنڈولا۔
لٹوریا (ہ۔اِمو) لٹوں والا جوگی۔ جٹا دھاڑی۔ دراز موفقیر۔
لٹوروں والی یا۔ لٹوریوں والی (ہ۔اِمو) چڑیل۔ ڈائن۔ چھلاوا۔ بھوتنی۔ ساحرہ۔
لٹورے اُپاڑنا (اُ۔محاورہ) سر ہونا۔ پیچھے پڑنا۔
لٹورے اتروانا (اُ۔محاورہ) بچے کے بال کٹوانا۔
لٹورے کھولے پھرنا (اُ۔محاورہ) ننگے سر پھرنا۔ بال کھولے پھرنا۔
لٹورے ڈالنا (اُ۔محاورہ) سر مونڈنا۔ بال نوچ لینا۔
لٹھ (ہ۔اِمذ) لاٹھی سے۔ اسم بکبر۔ ہاتھ کی موٹی لاٹھی۔ سونٹا۔ بیساکھی۔ مجازاً سخت کلام (پنجاب میں) چرمے کی لاٹھ۔ بولہو کی لاٹھ۔
لٹھ باز (ہ۔اِمذ۔ فاعل ترکیبی) لاٹھیوں سے لڑنے والا۔ لٹھیت۔
لٹھ بازی (ہ۔اِمو۔ بیائے مصدری) لاٹھیوں کی لڑائی۔ لڑنا۔ لٹھم لٹھا۔
لٹھ بند (ہ۔ف۔صفت) لاٹھی باندھنے والا۔
لٹھ سا مار دینا (ہ۔محاورہ) نہایت سخت بات کہہ دینا۔ پھر سا اُٹھا مارنا۔
لٹھا (ہ۔اِمذ) شہتیر۔ لکڑ۔ کنڈا۔ سلیپر۔ جریب کا دسواں حصہ۔
لٹھا (ف۔اِمذ) ایک قسم کا سوتی کپڑا۔
لٹھیا (ہ۔اِمو) لاٹھی کی تصغیر۔ چھوٹی لاٹھی۔ چھڑی۔ چوب دستی۔
لٹھیا ٹیکنا (اُ۔محاورہ) لٹھیا کے سہارے چلنا۔
لٹھیانا (اُ۔مصدر) لاٹھیوں سے خبر لینا۔ پیٹنا۔
لٹھیت (ہ۔صفت۔ فاعلی) لٹھ باز۔ لاٹھیوں سے لڑنے والا۔ شہ زور۔ زبردست۔
لٹی (ہ۔اِمو) بیسوا۔ کسبی۔ بازاری عورت۔
لٹیا (ہ۔اِمو) لوٹا کی تصغیر۔ چھوٹا سا لوٹا۔ گڑوی۔
لٹیا ڈبونا (ہ۔محاورہ) پانی بھرنے کی گڑوی۔ کنوئیں میں گرا دینا۔ ناکام ہونا۔ فیل ہونا۔ بات کھونا۔ پت کھونا۔ عزت برباد ہونا۔ ہمت ہارنا۔ جی چھوڑنا۔ نقصان اُٹھانا۔ اپنا دوالہ نکالنا۔
لٹیا ڈوبنا (ہ۔محاورہ) گھاٹا آنا۔ بربادی ہونا۔ تباہی آنا۔ کام بگڑنا۔ پت جانا۔ دوالہ نکلنا۔ کارخانہ برباد ہونا۔
لٹیا ڈوبی اسے ہر داس گھوڑی دانہ کھائے نہ گھاس (ہ۔مقولہ) کام بالکل بگڑ گیا ہے۔ اب سدھرنے کی کوئی اُمید نہیں۔
لٹے پٹے دن کاٹنا (ہ۔محاورہ) بپتا کاٹنا۔ مصیبت سہنا۔ بُرے بھلے دن کاٹنا۔ بڑی مشکل سے گزر اوقات کرنا۔
لٹیرا (ہ۔صفت۔ فاعلی) لوٹ مار کرنے والا۔ رہزن۔ قزاق۔ بٹھگ۔ کم تولا۔ دغاباز۔ دھاڑوی۔ چور۔ ڈاکو۔

ل - ث

لِثات (ع۔اِمذ) لثہ کی جمع ہے۔ مسوڑے۔
لِثہ (ع۔اِمذ) مسوڑا۔

ل - ج

لجا (ہ۔اِمو) لاج کی تصغیر یا مخفف۔ حیا۔ شرم۔ غیرت۔
لجاجت (ع۔اِمو) منت سماجت۔ عاجزی۔ خوشامد۔ درآمد جھگڑا۔ ٹنٹا۔ مبالغہ۔ اصرار۔ لڑائی۔ خصومت۔
لجالو (ہ۔صفت) حیادار۔ شرمیلا۔ باغیرت۔ باحیاء۔ آدمی کا ہاتھ لگنے یا گرم ہوا کے چھو جانے سے مرجھا جانے والا ایک بودا۔ لاجونتی۔ چھوئی موئی۔
لجام (معرب لگام) (مو) لگام۔ باگ۔ عنان۔
لجانا (ہ۔فعل) شرمندہ ہونا۔ شرمانا۔ شرم کرنا (متعدی) شرمندہ کرنا۔ نادم کرنا۔
لجاؤ (اُ۔صفت۔ ترکیب فاعلی) حیادار۔ شرمیلا۔ باحیا۔ غیرت مند۔
لجلاج (ف۔اِمذ) شطرنج کا موجد۔ شطرنج یا چوسر کا اُستاد

جان کیا ہوا پارہ۔

لجلجا (اُرد صفت) لچکدار۔ پلپلا۔ گلگلا۔ چیپ دار۔

لجونتی (ہ۔ صفت) شرم والی۔ لاج والی۔ غیرت مند۔ چھوئی موئی بوٹی۔ لجالو۔

لجّہ (ع۔ا۔مذ) ندی۔ رود۔ دریا۔

لجّہ آفت (ف۔ا۔مذ) سخت مصیبت۔

ل - چ

لچّا (اُرد صفت) لچکدار۔ پلپلا۔ بر سبنہ۔ بدچلن۔ اوباش۔ بدمعاش شہدا۔ لچا غنڈا۔

لچّا بہادر (اُرد اسم صفت مبالغہ) نہایت لچا غنڈوں کا سردار۔ بڑا بدمعاش۔

لچپن لچپنا (اُرد۔ا۔مذ) بے حیائی۔ بے غیرتی۔ بے شرمی۔ بدچلنی۔

لچّا (ا اسم صفت بالف مبالغہ بے شرم۔ بے باک۔ آزاد طبیعت۔ بدمعاش۔ شہدا۔ غنڈا۔ بدچلن۔ بدکار۔ فسادی۔ جھگڑالو۔ شریر۔ بدذات۔ اچکا۔ ٹھگ۔ عیبی۔ عیب دار۔

لچّا گنڈا (اُرد صفت) دونوں مترادف ہیں۔

لچانا (ہ۔ فعل) لچکانا۔ جھکانا۔ ٹیڑھا کرنا۔

لچاپن (اُرد۔ا۔مذ مصدری شدا پن۔ بے غیرتی۔ بے حیائی۔ بے شرمی۔ بدچلنی۔ شرارت۔ بدکاری۔ گنڈا پن۔

لچانا (اُرد مصدر) جھکانا۔ ٹیڑھا کرنا۔ لچکانا۔ کمزور کرنا۔ مغلوب کرنا۔

لچر (ا۔ صف) بیہودہ۔ لغو۔ پوچ۔ بیوقوف۔ احمق۔ اناڑی بے ربط۔ بے معنی عبارت۔

لچک (ہ۔ا۔مو) ملائمت۔ نرمی۔ لرزش۔ کپکپاہٹ۔ جھٹکا۔ ہچکولا۔ ضرب۔ خم۔ کجی۔ خمیدگی۔ جھکاؤ۔

لچک آجانا (اُرد محاورہ) جھٹکا آجانا۔ چک آجانا۔

لچک جانا (ہ۔ فعل) مڑجانا۔ بل کھاجانا۔ کانپ جانا۔

لچک دار (ا۔ صف۔ف) حرکت سے جنبش کرنے والی چیز۔ لہردار۔

لچکا (ہ۔ا۔مذ) جھٹکا۔ ضرب۔ ہچکولا۔ موج۔ چک۔ ایک قسم کا پتلا گوٹا۔ بجرا۔ کشتی۔ چھوٹی ناؤ۔

لچکا کھانا (اُرد محاورہ) لچک جانا۔

لچکانا (ہ۔ فعل) ہلانا۔ جنبش دینا۔ لرزش دینا۔ جھکانا۔

لچکنا (ہ۔ فعل) جھکنا۔ مڑنا۔ بل کھانا۔ خمیدہ ہونا۔ لرزنا۔ کانپنا۔ ہلنا جلنا۔

لچکیلا (ہ۔ا۔مو) صوت۔ لچکنے کی آواز۔

لچلچا (ہ۔ا۔مذ) کم شوربے والا سالن۔ لعاب دار سالن۔

لچھنا (ہ۔ فعل) خمیدہ ہونا۔ جھکنا۔ ٹیڑھا ہونا۔ متواضع ہونا۔

لچھا (ہ۔ا۔مذ) سوت کی انٹی۔ سوت کے دھاگوں کا حلقہ۔ الجھی ہوئی ڈور سلسلہ دار اور پیچیدہ پیلے ہوئے تار۔ ایک زیور کا نام۔

لچھا باندھنا (اُرد محاورہ) مسلسل کہے جانا۔

لچھا بندھنا (اُرد محاورہ) مسلسل کہنا۔

لچھمی (ہ۔ا۔مو) دولت کی ملکہ۔ دھن کی دیوی۔ مجازاً دولت دھن۔ مال و زر۔ شان و شوکت۔ دبدبہ۔ حسن و جمال۔ خوبصورتی۔ بیٹے کی بیوی۔ بہو۔ لڑکیاں۔ بیٹیاں۔ راجہ رامچندر جی کی بیوی سیتا۔

لچھمی بن آور کون کرے (ہ۔ مثل) بے دولت کو کوئی نہیں پوچھتا بیوی کے سوا کوئی خاطر داری نہیں کرتا۔

لچھمی گھر میں آنا (ہ۔ محاورہ) دولت کا گھر میں آنا۔ اقبالمند ہونا۔ گھر میں مبارک قدم بہو کا آنا۔ بیٹی کا پیدا ہونا۔

لچھمی نارائن کرنا (اُرد محاورہ) کھانا شروع کرنا۔

لچھن (ہ۔ا۔مذ) نشانی۔ علامت۔ انداز۔ آثار۔ طور۔ ڈھنگ۔ طریق۔ کام۔ فعل۔ کرتوت۔ عیب۔ بدنامی۔ حالت۔ کیفیت۔ حال۔ عادت۔ بھاؤ۔ خصلت۔ خو۔ روپ رنگ۔ گن۔ تعریف و توصیف۔

لچھن پکڑنا (اُرد محاورہ) بُری عادت سیکھنا۔ بُرا طریقہ اختیار کرنا۔

لچھن چھڑ جانا/ چھڑنا (اُرد محاورہ) بُرے دن آنا۔ بد اقبالی ہونا۔ نظروں سے گرنا۔ خراب ہونا۔ زوال پذیر ہونا۔ رنگ و روپ جاتے رہنا۔ توقیر گھٹ جانا۔ پہلی سی بات نہ رہنا۔

لچھن سیکھنا (اُرد محاورہ) بُری عادت سیکھنا۔

لچھے دار (اُرد صفت۔ فاعلی) پیچدار۔ پیچ در پیچ۔ پیچیدہ۔ مزیدار۔ مسلسل۔ متواتر۔ ڈورے دار۔ حلقہ دار۔ پرت دار۔

لچھے دار باتیں (اُرد۔ا۔مو) مزے کی باتیں۔ مسلسل باتیں۔ پیچیدہ باتیں۔ پیچدار باتیں۔

لچی (ہ۔ا۔مو) میدے کی نہایت پتلی اور نہایت نرم پوری۔ جسے گھی میں تلتے ہیں۔ (بحالت صفت) بے شرم عورت۔ بے باک عورت۔ شہدی عورت۔

ل - ح

لحاظ (ع۔ا۔مذ) کن انکھیوں سے دیکھنا۔ اصطلاحی۔ نگہ۔ نظر۔ ادب۔ درجہ کا پاس۔ حفظ مراتب۔ حیا۔ شرم۔ مروت۔ ملاحظہ۔ اجتناب۔ پرہیز۔ بچنا۔ خیال۔ توجہ۔ دھیان۔ غیرت۔ حمیت۔ ملاقات۔ جان پہچان۔ شناسائی۔

لحاظ آنا (اُرد محاورہ) مروت آنا۔ شرم آنا۔

لحاظ اٹھا دینا (اُرد محاورہ) بے حیا بن جانا۔ بے غیرت ہو جانا۔ بے شرم ہو جانا۔

لحاظ کرنا (اُرد محاورہ) ادب کرنا۔ پاس کرنا۔ حیا کرنا۔ مروت سے پیش آنا۔

لحاظ کی آنکھ جہاز سے بھاری (اُرد مثل) مجالت نہیں اٹھائی جاتی۔

لحاظ والا (اُرد صفت۔ فاعلی) بامروت۔ شرم و حیا والا۔

لحاف (ع۔ا۔مذ) بہت روئی والی رضائی۔

لحد (ع۔ا۔مو) گور۔ قبر۔ تربت۔ مزار خصوصاً قبر کے اندر کا گڑھا۔

جس میں مُردے کو رکھتے ہیں ۔
لَحد سے اُٹھنا (اُر۔محاورہ) قیامت کے دن مُردے کا قبر سے زندہ ہو کر نکلنا ۔
لَحد میں اُتارنا (اُر۔محاورہ) قبر میں اتارنا ۔ مُردے کو دفن کرنا ۔
لَحد میں پاؤں لٹکائے بیٹھے ہیں (اُر۔مثل) موت کے قریب ہونا ۔ بہت بوڑھا ہونا ۔
لَحظہ (ع۔مذ) دم بھر ۔ پل ۔ لمحہ ۔ دم کے دم ۔ دم بھر ۔
لَحظہ بہ لَحظہ (ع۔تابع فعل) گھڑی دو گھڑی ۔ ہر دم ۔ لمحہ بہ لمحہ ۔
لَحم (ع۔مذ) گوشت ۔ ماس ۔
لَحن (ع۔مذ) آواز ۔ سُریلی آواز ۔ اچھی آواز ۔ سُر ۔ لَے ۔ نغمہ ۔ خوش آوازی ۔
لَحیم شَحیم (ع۔صفت ۔ فاعلی) موٹا تازہ ۔ ہٹا کٹا ۔ فربہ اندام ۔ مستٹنڈا ۔ توانا ۔

ل ۔ خ

لَخت (ف۔مذ) ٹکڑا ۔ حصّہ ۔ پارہ ۔ تھوڑی سی مقدار ۔ لوہے کا گز ۔
لَختِ جگر (ف۔مذ) جگر کا ٹکڑا ۔ بیٹا ۔ بیٹی ۔ اولاد ۔ نورِ چشم ۔ نظم ۔ شعر وغیرہ ۔
لَختِ جگر کھانا (اُر۔محاورہ) ایذا برداشت کرنا ۔
لَخت لَخت / لَختہ لَختہ (ف۔صفت ۔ ٹکڑا ٹکڑا) ۔
لَخلَخ (ف۔صفت) لاغر ۔ دُبلا ۔ پتلا ۔ مارا ۔ (بصورت اسم مونث) بھوک پیاس کے باعث حلق کی خشکی کی آواز ۔
لخ لخ کرنا (اُر۔محاورہ) پرندوں کا گرمی اور پیاس کی شدّت سے گلے سے آواز نکالنا ۔ انسان کے لئے بھی مستعمل ہے ۔
لَخلَخہ (ف۔مذ) کئی خوشبودار چیزوں کا مجموعہ جو مریضوں کو تقویت دماغ کے لئے سنگھاتے ہیں ۔

ل ۔ د

لَدا پھندا (ہ۔صفت ۔ ترکیب مقعولی) بوجھ میں دبا ہوا ۔ خوب لدا ہوا ۔ لدا لدایا ۔ بھرپور ۔
لدانا / لدوانا (ہ۔فعل) بوجھ دھروانا ۔ بار کرانا ۔ اسباب لدوانا ۔
لَداؤ (ہ۔مذ) بوجھ ۔ بار ۔ لادنے کا اسباب ۔
لَداؤ کی چھت (ہ۔مو) بن کڑیوں کی چھت ۔ گنبد نما چھت ۔ چونے کی ڈھلائی کی چھت ۔
لداوا / لادا (ہ۔مو) بوجھ ۔ بھار ۔ بار ۔
لد جانا (ہ۔محاورہ) بوجھ سے بھر جانا ۔ بوجھ رکھا جانا ۔ اَٹ جانا ۔ پھلوں پھولوں یا پھنسیوں سے بھر جانا ۔ چلا جانا ۔ بیت جانا ۔ گزر جانا ۔ مرنا ۔ انتقال کرنا ۔
لَدنا (ہ۔فعل) بوجھ رکھا جانا ۔ پار ہونا ۔ پُر ہونا ۔ خوب پھلنا ۔ مرجانا ۔ موت ہونا ۔
لَدُنی (ع۔ا۔مذ) خداداد ۔ وہ علم جو سیکھنے کے بغیر وحی یا الہام وغیرہ کے ذریعے حاصل ہو ۔
لَدّو (ہ۔صف) بوجھ اُٹھانے کے قابل ۔ بار برداری کے لائق ۔ بار برداری کا جانور ۔
لَدّو کرنا (اُر۔محاورہ) بار برداری کے قابل بنانا ۔ سواری کے قابل نہ رکھنا ۔
لَدّوائی (اُر۔مو) لادنے کی اُجرت ۔
لَدّھڑ (ہ۔صفت) بوجھل ۔ بھاری ۔ موٹا تازہ ۔ بھدّا ۔ بدوضع ۔ بھاری اور بدنما چیز ۔

ل ۔ ڈ

لَڈّو (ہ۔مذ) ڈلا ۔ ڈھیلا ۔ پنڈ ۔ بیسن یا مونگ کے آٹے کی بنی ہوئی ایک قسم کی مٹھائی ۔ مجازاً ۔ لابھ ۔ نفع ۔ فائدہ ۔ سرمایہ ۔ اصل پونجی ۔ مول ۔ پونجی ۔ اصل سرمایہ ۔
لَڈّو بانٹنا (ہ۔فعل) کسی خوشی یا منت نظر وغیرہ میں مٹھائی تقسیم کرنا ۔
لَڈّو باندھنا / بنانا (اُر۔محاورہ) کسی چیز کو گول شکل کا بنانا ۔
لَڈّو کھلانا (اُر۔محاورہ) منہ میٹھا کرنا ۔ رشوت دینا ۔ ضیافت کرنا ۔ منہ بھر دینا ۔
لَڈّو کسے سے مُنہ میٹھا نہیں ہوتا (ہ۔مثل) صرف باتوں اور چاپلوسی سے کام نہیں بنا کرتا ۔ کچھ خرچ بھی کرنا پڑتا ہے ۔ دیئے لئے بغیر کام نہیں چلتا ۔
لَڈّو ملنا (اُر۔محاورہ) کچھ ہاتھ لگنا ۔ فائدہ ہونا ۔ لابھ ہونا ۔
لَڈّو (ہ۔مذ) لڈو کی تصغیر ہے ۔ چھوٹا لڈو ۔ نسبتاً چھوٹے چھوٹے گول گول آم ۔
لُڈّی (اُر۔مو) ایک قسم کا پنجابی مردوں کا ناچ ۔

ل ۔ ذ

لذائذ (ع۔ا۔مو) لذت کی جمع ۔ مزے ۔ ذائقے ۔
لذائذِ نفسانی (عف۔ا۔مو) نفس کے مزے ۔ نفس کی خوشی ۔
لَذّت (ع۔ا۔مو) مزہ ۔ ذائقہ ۔ سواد ۔ چسکا ۔ آنند ۔ خوشی ۔ موج عیش و نشاط ۔
لَذّت آشنا (عف۔صفت ۔ ترکیب فاعلی بہ قلب اضافت) مزے سے واقف مزہ چکھا ہوا ۔
لَذّت اُٹھانا (اُر۔محاورہ) مزہ لینا ۔ لُطف حاصل کرنا ۔ ذائقہ لینا ۔
لَذّت پسند (عف۔صفت) لذت کا خواہشمند ۔
لَذّت چکھنا (اُر۔محاورہ) مزہ چکھنا ۔
لَذّت ملنا (اُر۔محاورہ) مزہ حاصل ہونا ۔

لذیز (ع۔ صفت) مزے دار۔ مزے کا خوش ذائقہ۔ ذائقہ دار۔ خوش گوار۔ خوش آئندہ۔ پُرلطف۔ پیارا۔ عزیز۔ من بھاتا۔

ل ـ ر

لرّ (ف۔ صفت) بے تمیز۔ جاہل۔ احمق۔

لرز اٹھنا (اُر۔ محاورہ) خوف سے کانپ جانا۔

لرز جانا (اُر۔ محاورہ) کانپ اُٹھنا۔ تھرّا جانا۔ خوف سے رعشہ آجانا۔ ڈر جانا۔

لرزاں (ف۔ صفت) لرزنے والا۔ ہلنے والا۔

لرزش (ف۔ مو۔ حاصلِ مصدر) تھرتھراہٹ۔ کپکپی۔ جُنبش۔

لرزنا (ہ۔ فعل) تھرانا۔ کانپنا۔ کپکپانا۔ سردی یا ڈر سے بدن میں رعشہ ہونا۔

لرزہ (ف۔ مذ۔ حاصلِ مصدر) تھرتھراہٹ۔ کپکپی۔ لرزش۔ جُنبش۔

لرزہ آنا (ہ۔ محاورہ) کپکپی آنا۔ تھرتھراہٹ آنا۔ کانپنا۔ زلزلہ آنا۔ بھونچال آنا۔ رُعب چھانا۔ خوف چھانا۔

لرزہ براندام (ف۔ صفت) وہ جس پر کپکپی طاری ہو۔ کانپنے والا۔

ل ـ ڑ

لڑ (ہ۔ ا۔مو) لڑی۔ ہار۔ سلسلہ۔ ڈور۔ ڈوری۔ رسی کا بل۔ بھانج۔ صف۔ لائن۔ قطار۔ زنجیر۔ زنجیرہ۔ وسیلہ۔ تعلق۔ ٹولی۔ جماعت۔ (پنجاب) دامن۔ پلہ۔ کنارہ۔ گرہ۔ گانٹھ۔ عقدہ۔

لڑ بندھنا (اُر۔ محاورہ) واسطہ ہونا۔ تعلق ہونا۔

لڑ بیٹھنا / لڑ پڑنا (اُر۔ محاورہ) خواہ مخواہ لڑنے لگنا۔

لڑ جانا (اُر۔ محاورہ) ٹکرا جانا۔ مقابل ہو جانا۔

لڑ مرنا (اُر۔ محاورہ) لڑ کر مر جانا۔ تکرار کرنا۔ جھگڑنا۔

لڑ لگانا (اُر۔ محاورہ) وسیلہ یا تعلق پیدا کرنا۔ زوجہ بنانا۔ نکاح میں دینا۔ دامن پکڑنا۔

لڑ میں رہنا (اُر۔ محاورہ) طرف دار بننا۔ کسی کے کہنے میں رہنا۔ ساتھ رہنا۔ ساتھی رہنا۔ گانٹھ میں رہنا۔ پلے ہونا۔ پاس ہونا۔

لڑاک (ہ۔ صفت) لڑنے والا۔ جھگڑالو۔ مفسد۔

لڑاکا (ہ۔ صفت) بہت لڑنے والا۔ جنگجو۔ شریر۔ جھگڑالو۔ فسادی۔ بدخو۔ غضبی۔ جھلا۔ تُند خو۔ جنگی بہادر۔ سور بیر۔ شریر عورت۔ بدمزاج عورت۔ لڑنے جھگڑنے والی۔

لڑاکا کے چار کان (ہ۔ مثل) لڑائی کے لئے بہانہ تلاش کرنے والی عورت کی نسبت بولتے ہیں۔ یعنی وہ ہر طرف کان لگائے رہتی ہے۔

لڑانا (ہ۔ فعل) لڑائی کرنا۔ بھڑانا۔ کشتی کرانا۔ لگانا۔ صرف کرنا جیسے جان لڑانا۔ نظر سامنے کرنا۔ گھورنا۔ ٹکرانا۔ ٹکر لگانا۔ زور کرنا۔

لڑائی (ہ۔ ا۔مو) جھگڑا۔ فساد۔ مار پیٹ۔ گتھم گتھا۔ جُدھ۔ جنگ و جدل۔ مقابلہ۔ سامنا۔ مٹھ بھیڑ۔ کشتی۔ لڑنت۔ دشمنی۔ بیر۔ عداوت۔ ان بن۔ شکر رنجی۔ خفگی۔ بگاڑ۔

لڑائی باندھنا / لڑائی ٹھاننا (ہ۔ محاورہ) فساد کھڑا کرنا۔ دشمنی کرنا۔ جنگ کی ٹھہرانا۔

لڑائی بڑھانا (اُر۔ محاورہ) جنگ کو طول دینا۔ جھگڑا بڑھانا۔

لڑائی بھڑائی (ہ۔ ا۔مو) دنگہ۔ فساد۔ جنگ و جدل۔

لڑائی ٹل جانا (ہ۔ محاورہ) مہم سر پر آجانا۔ جنگ کا موقعہ قریب آنا۔ لڑائی ٹھن جانا۔

لڑائی پر اتر آنا (اُر۔ محاورہ) لڑائی جھگڑے پر آمادہ ہونا۔

لڑائی ٹھن جانا (اُر۔ محاورہ) لڑائی ٹھہر جانا۔ لڑائی کا یقینی ہونا۔

لڑائی چھڑنا (اُر۔ محاورہ) جنگ شروع ہونا۔

لڑائی لڑانا (اُر۔ محاورہ) دو شخصوں کو لڑا دینا۔

لڑائی سر کرنا / لڑائی مار لینا (اُر۔ محاورہ) لڑائی جیتنا۔ شکست دینا۔ دشمن کو ہرا دینا۔ حریف کو بھگا دینا۔ فتح کرنا۔

لڑائی کا پیچھا بھاری ہونا (اُر۔ مثل) لڑائی کا زور آخر میں ہوتا ہے۔

لڑائی کا کھیت (ہ۔ ا۔مذ) لڑائی کا میدان۔ میدان جنگ۔

لڑائی کا گھر (ہ۔ ا۔مذ) فساد کی جڑ۔ بنا لئے فساد۔ جھگڑے کا بانی۔

لڑائی کا گھر ہانسی / روگ کا گھر کھانسی (قدیم انگریزی۔ ہ۔ مثل) لڑائی کی بنا۔ ہنسی مذاق سے ہوتی ہے۔ اور بیماری کی ابتداء کھانسی ہے۔

لڑائی مول لینا (ہ۔ محاورہ) خواہ مخواہ دوسرے سے لڑنا۔ چھیڑ خانی کرنا۔ خواہ مخواہ اُلجھنا۔ پاپ مزید نا۔ ناحق کی معیبت اور دقت میں پڑنا۔

لڑائی میں لڈو نہیں بٹتے / لڑائی میں مٹھائی نہیں بٹتی (اُر۔ محاورہ) لڑائی خوشی کی جگہ نہیں ہے۔ وہاں تو مار پیٹ اور کشت و خون ہوتا ہے۔ لڑائی آسان کام نہیں۔

لڑائی باندھنا (اُر۔ محاورہ) لڑائی کا سلسلہ جاری رکھنا۔

لڑبانکا۔ بانکڑا (ہ۔ صفت) بے وقوف۔ احمق۔ بدھو۔ ابلہ۔

لڑبڑا (ہ۔ صفت) لیس دار۔ چیپ دار۔ مجازاً نامرد۔ زنخہ۔ ہیجڑا۔

لڑبڑانا (ہ۔ فعل) بولتے وقت زبان میں لکنت ہونا۔ رُک رُک بولنا۔ ہکلانا۔ لڑکھڑانا۔ ڈگمگانا۔

لڑت یا لڑنت (ہ۔ ا۔مو) پہلوانی کشتی۔ زور آزمائی۔ جنگ۔

لڑتوں کے پیچھے بھاگتوں کے آگے (اُر۔ مثل) بہت ڈرپوک۔ بزدل آدمی کے متعلق کہتے ہیں۔

لڑکا (ہ۔ ا۔مذ) کم عمر بچہ۔ معصوم۔ چھوکرا۔ چھورا۔ پوت۔ بیٹا۔ فرزند۔ خلف۔

لڑکا بالا (ہ۔ ا۔مذ) بال بچہ۔ آل اولاد۔ بیٹا۔ بیٹی۔ کم سن بچہ۔ چھوٹی عمر کا لڑکا۔

لڑکا جنے بیوی۔ اور پگڑی باندھیں میاں (اُر۔ مثل) دُکھ کوئی بھرے بہانے کوئی بنائے۔ تکلیف کسی کو ہو اور فائدہ اُٹھائے کوئی اور۔

لڑکا روئے بالوں کو نائی روئے منڈائی کو (ہ۔ مثل) اپنا

ڈکھڑا ہر شخص روتا ہے۔
لڑکا گود لینا (اُر۔محاورہ) کسی لڑکے کو متبنیٰ بنانا۔
لڑکپن (ہ۔امذ۔پن مصدری) زمانۂ طفلی۔ بچپن۔ طفلی۔ طفولیت۔ اوچھاپن۔ چھچھورا پن۔
لڑکوں کا کھیل (ہ۔امذ) بچوں کا دل بہلاوا۔ آسان کام۔ سہل بات۔ طنزاً ادنےٰ کام۔
لڑکوں کا کھیل چڑیوں کا مرن (ہ۔مثل) بے عقل کے نزدیک جان کی کوئی قدر نہیں۔
لڑکوں کا گھروندا (اُمذ) کنایۃً بے ثبات چیز۔
لڑکھڑانا (ہ۔فعل) پاؤں کا کانپنا۔ ڈگمگانا۔ لرزنا۔ بہکنا۔ گمراہ ہونا۔ تھرّانا۔ نیت بگڑنا۔ ایمان میں فرق آنا۔
لڑکی (ہ۔امو) بیٹی۔ کنیا۔ چھوکری۔ دختر۔ نادان۔ کم عمر۔ کنواری۔ دوشیزہ۔ ناسمجھ۔ ناتجربے کار۔
لڑکی والا (ہ۔امذ۔فاعل) لڑکی کا باپ۔ دولہن کا باپ۔
لڑکے بالے (ہ۔امذ) بیوی بچے۔ بال بچے۔ کنبہ۔ عیال و اطفال۔
لڑکے کو منہ لگاؤ تو ڈاڑھی کھسوٹے (اُر۔مثل) کمینہ منہ لگانے سے سر چڑھتا ہے۔
لڑکے کے پاؤں پالنے میں پہچانے جاتے ہیں۔ (اُر۔مثل) ہونہار کا پتہ شروع میں ہی چل جاتا ہے۔ کام کا انجام شروع ہی سے معلوم ہو جاتا ہے۔
لڑ مرنا (ہ۔محاورہ) لڑتے لڑتے جان دے دینا۔ لڑ کر مر جانا۔ باہم تکرار۔ اور جھگڑا کر بیٹھنا۔
لڑنا (ہ۔فعل) تکرار کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ بھڑنا۔ ٹکرانا۔ جیسے ریل کا لڑنا۔ باہم صف کرنا۔ کشتی کرنا۔ زور آزمائی کرنا۔ پنجاب کاٹنا۔ ڈنگ مارنا۔ ڈسنا۔ جیسے سانپ لڑنا۔ حملہ کرنا۔ وار کرنا۔ روٹھنا۔ ناراض ہونا۔
لڑنا بھڑنا / لڑنا جھگڑنا (ہ۔محاورہ) آپس میں جھگڑا بکھیڑا کرنا۔ بحث تکرار کرنا۔ لڑائی جھگڑا کرنا۔
لڑائی (ہ۔امو) لڑنا سے حاصل مصدر۔ زور آزمائی۔ کشتی پہلوانی۔
لڑنبیا (ہ) اسم فاعل ہمائی مفید صفت۔ لڑنے والا۔ کشتی کرنے والا۔ پہلوان۔ کسرتی۔
لڑھکانا (ہ۔فعل) لڑکانا۔ پھسلانا۔ ڈھلکانا۔ گرانا۔ لنڈھانا۔ نیچے پھسلانا۔ بندوق وغیرہ کا نشانہ مار کر گرا دینا۔ مار ڈالنا۔
لڑھکنا / لڑھنا (ہ۔فعل) لڑھکنی کھانا۔ پھسلنا۔ لیٹنا۔ سونا۔ پڑ رہنا۔ لوٹ لگانا۔ لیٹ مارنا۔ جیسے آج زمین ہی پر لڑھک رہو۔ انتقال کرنا۔ دنیا سے اُٹھ جانا۔ مرنا۔
لڑھکنی (ہ۔امو۔حاصل مصدر) لوٹنی۔ لوٹن۔ غطیدگی۔
لڑھکنی کھانا (ہ۔محاورہ) قلابازی کھانا۔ لوٹنی کھانا۔ لڑھکنا۔ پھسلنا۔
لڑھیانا (ہ۔فعل) بیلوں کی کوردبانا۔ کنارہ۔ مینا۔ مروڑی دیکر سینا۔
لڑی (ہ۔امو) لڑ۔ ہار۔ مالا۔ سلک۔ سلسلہ۔ مسلسل۔ جھڑی جیسے آنسوؤں کی لڑی۔

لڑے سے فوج نام سردار کا / کاٹے باڑھ نام تلوار کا (اُر۔مثل) چھوٹوں کا کام بڑوں کا نام۔ کام کسی کا اور نام کسی کا۔ چھوٹے کام کرے۔ بڑے نام پائیں۔

ل - ز

لزج (ع۔صفت) چیپ دار۔ لیس دار۔ لعابدار۔
لزوجت (ع۔امو) چیپ۔ لیس۔ لعاب۔
لزوق (ع۔امذ) چپکنا۔ چسپاں ہونا۔ چسپیدگی۔
لزوم (ع۔امذ) واجب۔ ضرور۔ لازم۔ لازم ہونا۔ ملزوم ہونا۔
لزوم مالا یلزم (ع۔امذ) غیر ضروری باتوں کو ضروری قرار دینا۔

ل - س

لس (ہ۔امذ) چیپ۔ لعاب۔ لیس۔ چپچاہٹ۔
لس دار (اُر۔صفت) چیپدار۔ لعابدار۔ لیس دار۔
لسان (ع۔مو) جیب۔ زبان۔ بولی۔ بھاشا۔ بھاکھا۔ بانی۔
لسان العصر (ع۔امو) اپنے زمانے کا فصیح اور خوش بیان۔ مولانا اکبر حسین صاحب اکبر آبادی۔ مرحوم کا لقب ہے۔
لسان الغیب (ع۔امو) غیب کی زبان۔ خواجہ حافظ شیرازی کا لقب۔
لسان (ع۔امو۔صفت) لبیغہ مبالغہ۔ بہت بولنے والا۔ فصیح۔ خوش زبان۔ شیریں کلام۔ چرب زبان۔ چکنی چپڑی باتیں کرنے والا۔ بکواسی۔ بکی۔
لسانی (ع۔صفت) بہت بولنا۔ چرب زبانی۔ چکنی چپڑی باتیں بنانا۔
لسانیات (ع۔امو) زبان کی ابتدا و ارتقا اور اس کی تشکیل کے قانون کا علم۔ زبانوں کا تقابلی مقابلہ۔
لسکا (ہ۔امذ) علاقہ۔ تعلق۔ سروکار۔ واسطہ۔ سبب۔
لسلسا / لسوڑا (ہ۔امذ) ایک نہایت لیس دار پھل کا نام ہے۔ لسوڑا پستان (بحالت صفت) چیپدار۔ لعابدار۔ لیس دار۔
لسن (ہ۔امذ) لہسن۔ فوم (پنجابی تھوم) جسم پر پیدائشی پڑا ہوا سُرخ یا سیاہ داغ۔
لسنا (ہ۔فعل) پلینا۔ لتھڑنا۔ آلودہ ہونا۔ ٹھیک بیٹھنا۔ چسپاں ہونا۔
لسی (ہ۔امو) چھاچھ۔ دہی اور پانی کا مرکب۔ بہت سا پانی ملا ہوا دودھ۔ کچا زخم۔

ل - ش

لش (اُر۔امو) صوت۔ کتے کو کسی چیز پر جھپٹانے کی آواز۔
لش پش ہونا (اُر۔محاورہ) چورم چور ہونا۔ نہایت تھکنا۔ تھک کر چور ہو جانا۔
لشت پشت ہونا / لشی پشی ہونا (اُر۔محاورہ) تھک کر چور ہونا۔ نہایت مضمحل ہونا۔

لشتم پشتم / لشتا پشتم (اُر۔صفت) جس طرح ہو سکا۔ جس طرح بن پڑا۔ جوں توں۔ بھلی بُری طرح۔ بہر حال۔ بہر نوع۔ بہر طور۔

لشکارنا (ہ۔محاورہ) کتے کو جھپٹانے کے لئے لش لش کرنا۔

لشکر (ف۔مذ) فوج۔ سپاہ۔ چھاؤنی۔ کیمپ۔ ہجوم۔ بھیڑ بھاڑ۔ انبوہ۔

لشکر آرا (ف۔صفت) لشکر آراستہ کرنے والا۔ لشکر تیار کرنے والا۔

لشکر اُترنا (اُر۔محاورہ) فوج کا کہیں منزل کرنا۔

لشکر اکٹھا کرنا (اُر۔محاورہ) سپاہ فراہم کرنا۔ بھرتی لگانا۔ بہت سے آدمی جمع کرنا۔

لشکر اُمڈنا (اُر۔محاورہ) فوج کا چڑھائی کر کے آنا۔

لشکر پڑنا (اُر۔محاورہ) فوج کا کہیں ٹھہرنا۔

لشکر ٹوٹنا (اُر۔محاورہ) فوج کا غنیم کے مارنے یا مال لوٹنے کے لئے دفعتہً حملہ کرنا۔

لشکر جمانا (اُر۔محاورہ) فوج کو ترتیب دینا۔

لشکر چڑھانا (اُر۔محاورہ) حملہ کرنے کے لئے فوج لانا۔

لشکر کٹنا (اُر۔محاورہ) فوج قتل ہونا۔

لشکر کشی (ف۔اِمو۔ بیائے مصدری) چڑھائی۔ دھاوا۔ حملہ۔ فوج کشی۔

لشکر کی اگاڑی پچھاڑی / آندھی کی پچھاڑی (اُر۔مثل) لشکر کا سامنا۔ اور آندھی کا آخیر دونوں بھاری نقصان دہ ہوتے ہیں۔

لشکر میں اونٹ بدنام (اُر۔مثل) اس کے متعلق کہتے ہیں۔ جو شہر بھر میں بدنام ہو۔ اور ہر بُری بات اس سے منسوب کی جائے۔

لشکری (ف۔صفت۔بیائے نسبتی) منسوب بہ لشکر۔ سپاہی۔ فوجی۔ تنگلہ۔

لشکری بولی (اُر۔اِمو) غلط ملط اور خلط ملط زبان۔ ملی جلی بولی۔

ل - ط

لطافت (ع۔اِمو) لغوی۔ باریکی۔ پتلا پن۔ اصطلاحی معنی۔ خوبی۔ عمدگی۔ تھنگی۔ نرمی۔ ملامت۔ نزاکت۔ خوبصورتی۔ صفائی۔ پاکیزگی۔ باریکی۔ نکتہ۔ ذائقہ۔ لذت۔ مزہ۔ فصاحت۔ سلیقہ۔ شائستگی۔

لطائف (ع۔اِمذ) لطیفہ کی جمع۔ ہنسی کی باتیں۔ چٹکلے۔ خوبیاں۔ مزے۔

لطائف الحیل (ع۔اِمذ) لغوی معنی۔ حیلوں کی خوبیاں۔ اصطلاحی۔ اچھے اچھے حیلے عمدہ بہانے۔ ناگوار نہ گزرنے والے بہانے۔

لطائف غیبی (ع۔اِمذ) خدا تعالےٰ کی طرف سے پہنچی ہوئی مہربانیاں اور عنایتیں۔

لطف (ع۔اِمذ) کرپا۔ دیا۔ مہربانی۔ عنایت۔ بھلائی۔ عمدگی۔ خوبی۔ نرمی۔ ملائمت۔ نازگی۔ لذت۔ بہار۔ خوشی۔ ذائقہ۔ مزہ۔ خوش طبعی۔ ظرافت ہنسی۔

لطف اُٹھانا (اُر۔محاورہ) مزہ حاصل کرنا۔

لطف تب تھا (اُر۔روزمرہ) بہار اس وقت ہوتی۔ مزہ اس وقت ملتا۔

لطف جانا (اُر۔محاورہ) بدمزگی ہونا۔ بے لطفی ہونا۔

لطف دینا (اُر۔محاورہ) مزہ دینا۔ بہار دینا۔

لطف رکھنا (اُر۔محاورہ) لطیف ہونا۔

لطف فرمانا / کرنا (اُر۔محاورہ) مہربانی کرنا۔

لطف ملنا (اُر۔محاورہ) مزہ حاصل ہونا۔

لطف یہ ہے (اُر۔محاورہ) خوبی یہ ہے۔ تعجب یہ ہے۔ طنزاً طرہ یہ ہے۔

لطفی (ع۔صفت) گود لیا ہوا۔ لے پالک متبنےٰ۔

لطیف (ع۔صفت) باریک۔ مہین۔ پتلا۔ رقیق۔ نازک۔ نرم۔ کثیف کی ضد۔ صاف۔ شفاف۔ لذیذ۔ مزیدار۔ خوب۔ عمدہ۔ تحفہ۔ پاکیزہ۔ ستھرا۔ پاک۔ مقدس۔ ہلکا۔ نبک۔ ملائم جیسے لطیف غذا۔

لطیفہ (ع۔اِمذ) چٹکلا۔ لطف دار بات۔ دلچسپ چھوٹی سی بات۔ نازک اور عمدہ چیز۔ عجیب انوکھا۔ شگوفہ۔ تعجب انگیز بات۔

لطیفہ باز (عف۔صفت) لطیفہ گو۔ ظریف۔ خوش مزاج۔ بذلہ سنج۔

لطیفہ چھوڑنا (اُر۔محاورہ) شگوفہ چھوڑنا۔ کوئی انوکھی بات بیان کرنا۔

لطیفہ گو (عف۔صفت۔فاعلی) خوش مزاج۔ بذلہ سنج۔ ظریف۔ ٹھٹولی۔ خوش دل۔

ل - ع

لُعاب (ع۔اِمذ) چیپ۔ لیس۔ تھوک۔ مُنہ کا پانی۔ رال۔ بچے کے مُنہ کی رطوبت۔

لُعاب دار (عف۔صفت۔فاعلی) چیپ دار۔ لیس دار۔ لسلسا۔

لَعب (ع۔اِمذ) کھیل کود۔ دل بہلاوا۔ من پرچاوا۔ سیر۔ تماشا۔

لَعبت (ع۔اِمو) پتلی۔ گڑیا۔ مورت۔ بُت۔ کھلونا۔ کھیل۔

لعل (ع۔اِمذ) لال یعنی ایک قسم کا نہایت قیمتی پتھر۔ (بحالت صفت) سُرخ۔ لال رنگ کا۔ تشبیہاً معشوق کا ہونٹ۔ لبِ معشوق۔

لعل اُکھاڑنا (اُر۔محاورہ) شان گھٹانا۔ نقصان کرنا۔

لعل اُگلنا (اُر۔محاورہ) خوش کلام ہونا۔ مُنہ سے پھول جھڑنا۔ طنزاً بدکلامی کرنا۔ گالی بکنا۔ بدزبانی کرنا۔

لعل بدخشاں / بدخشانی (عف۔مذ) بدخشاں کا لعل۔ عمدہ لعل۔

لعل توڑنا (اُر۔محاورہ) طنزاً کہا کرتے ہیں۔ نقصان پہنچانا۔ شان گھٹانا۔ جیسے اگر تم آجاتے تو ہم کیا تمہارے لعل توڑ لیتے۔

لعل جڑے ہونا (اُر۔محاورہ) ممتاز ہونا۔ انوکھا ہونا۔

لعل شب چراغ (عف۔مذ) رات کو چراغ کی طرح چمکنے والا لعل۔

لعل لگانا (اُر۔محاورہ) بہار بڑھا دینا۔ شان بڑھا دینا۔

لعل لگنا (اُر۔محاورہ) بیش قیمت ہونا۔ قیمتی ہونا۔ انوکھا پن ہونا۔ سرخاب کا پر لگنا۔

لعل لگنا (اُر۔محاورہ) دیکھئے لعل جڑے ہونا۔

لعل ناسفتہ (عف۔اِمذ) وہ لعل جس میں سوراخ نہ ہو۔ کنایتہً ولکش اور تازہ کلام۔

لَعن (ع-ا-مو) پھٹکار۔ درسیں۔ نفرین۔ ملامت۔ جھڑکی۔ سرزنش۔
لَعن طعن (ع-ا-مو) پھٹکار۔ دھتکار۔ جھڑکی۔ سرزنش۔ لعنت ملامت۔
لَعنت (ع-ا-مو) سخت۔ سست۔ بُرا بھلا۔ پھٹکار۔ دھتکار۔ نفرین۔ سرزنش۔
لَعنت برسنا (اُر-محاورہ) ہر شخص کا لعنت بھیجنا۔ بے رونقی ہونا۔
لَعنت بھیجنا (اُر-محاورہ) نفرین کرنا۔ بُرا بھلا کہنا۔ نفرت کرنا۔ کنارہ کرنا۔ چھوڑنا۔ بددُعا کرنا۔ کوسنا۔
لَعنت کرنا (اُر-محاورہ) بُرا کہنا۔
لَعنت کا شُروا پھٹ پھٹ کی روٹی / **لَعنت کی روٹی پھٹ پھٹ کا شروا** (اُر-مثل، نہایت بے عزتی اور ذلت کی روٹی وہ روٹی جو طعنے مہنے دیکر کھلائی جائے۔
لَعنت کا مارا (اُر-صفت۔ ترکیب مفعولی) لعنتی۔ لعین۔ مردود۔ بدنصیب۔ بدبخت۔
لَعنت ملامت کرنا (اُر-محاورہ) بُرا بھلا کہنا۔ ذلیل کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ دھتکارنا۔ خبر لینا۔ سرزنش کرنا۔ سخت سست کہنا۔
لَعنتی (اُر-صفت۔ بیائے فاعلیت) لعنت برداشت کرنے والا۔ ملعون۔ بدبخت۔ بدنصیب۔ لعین۔ مردود۔ شامت زدہ۔
لَعوق (ع-ا-مذ) چٹنی چاٹنے کی لیسدار دوا۔
لَعین (ع-صفت) لعنتی۔ ملعون۔ راندہ درگاہ۔ بدبخت۔ لعنت کا مارا ہوا۔ دھرکارا ہوا۔ پھٹکارا ہوا۔ دوزخی۔ نرکی۔

ل - غ

لُغات (ع-ا-مذ) لُغت کی جمع۔ زبانیں۔ الفاظ۔ بولیاں۔ ڈکشنری۔ فرہنگ۔ لفظوں کے معانی۔ اور تشریح کی کتاب۔
لغایت (ع-تابع فعل) اخیر تک۔ انجام تک۔ اس سرے تک۔ انتہا تک ملا ہوا۔ شامل۔ داخل۔
لِغام (ف-ا-مو) لگام۔ باگ۔ دہانہ۔ عنان۔
لُغت (ع-ا-مو) بولی۔ بھاشا۔ بھاکا۔ زبان۔ ڈکشنری۔ فرہنگ۔ لغات۔ لُغت کی کتاب۔
لُغت تراشنا یا گھڑنا / **لُغت تراشنی** (اُر-محاورہ) مشکل اور غیر مانوس الفاظ کو اپنی تحریر یا تقریر میں لانا۔ لفاظی کرنا۔
لُغت جھاڑنا (اُر-محاورہ) اپنی علمیت جتانا۔ مشکل اور غیر مشہور الفاظ بولنا۔
لُغت چھانٹنا (اُر-محاورہ) ناموزوں اور مشکل الفاظ کا استعمال کر کے علمیت کا اظہار کرنا۔
لُغز (ع-ا-مو) پہیلی۔ بجھارت۔ معمّا۔ چیستان۔
لغزش (ف-ا-مو۔ حاصل مصدر) پھسلن۔ پھسلاہٹ۔ جنبش۔ پھسلی۔ قصور۔ خطا۔ غلطی۔ بھول چوک۔ گمراہی۔ ضلالت۔
لغزش آنا (اُر-محاورہ) پھسلنا۔ ڈگمگانا۔ بہکنا۔ رپٹنا۔ کانپنا۔ استقلال نہ رہنا۔ پھسکنا۔ گمراہ ہونا۔ بیان مقدمہ یا اظہار میں فرق آنا۔
لغزش کرنا (اُر-محاورہ) گمراہ ہونا۔ بہکنا۔ ڈگمگانا۔ بھول چوک کرنا۔
لغزش کھانا (اُر-محاورہ) ڈگمگانا۔ پھسلنا۔ بہکنا۔ گمراہ ہونا۔
لَغو (ع-صفت) بیہودہ۔ لچر۔ واہیات۔ اوٹ پٹانگ۔ بے فائدہ۔ مہمل۔ بے معنی۔ بکواس۔ واہی تباہی (بحالت اسم مذکر) بیہودہ آدمی۔
لَغو بکنا (اُر-فعل) واہیات باتیں زبان پر لانا۔ بیہودہ بکنا۔ بے فائدہ اور بے معنی باتیں کہنا۔
لُغوی (ع-صفت۔ بیائے نسبتی) منسوب۔ بہ لُغت اصلی معنی۔ موضوعی۔
لَغویات (ع-ا-مو) لَغو کی جمع۔

ل - ف

لف (ع-صفت) تہ کیا ہوا۔ لپیٹا ہوا۔ شامل۔ مُنسلک۔
لف ونشر (ع-مذ) منتشر اور پراگندہ چیزوں کو لپیٹنا۔ اصطلاح علم بیان میں ایک صنعت کا نام ہے۔ جس میں پہلے چند چیزوں کا مجمل یا مفصل ذکر کریں۔ پھر اس کے بعد چند اور چیزیں پہلی چیزوں سے نسبت اور تعلق رکھنے والی بیان کریں۔ مگر اس طرح پر کہ ہر ایک کی نسبت اپنے منسوب الیہ سے مل جائے۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ مرتب اور غیر مرتب۔ مرتب میں اشیائے منسوبہ ترتیب وار اور غیر مرتب میں بے ترتیب ہوتی ہے۔
لفّاظ (ع-صفت) مبالغہ۔ خوش بیان۔ شیریں کلام۔ فصیح کلام بولنے والا۔ بمعنی لفظوں میں خوش کرنے والا۔
لفّاظی (ع-ا-مو) لسانی۔ بک بک۔ بکواس۔ شیخی۔ ڈینگ۔ فصاحت خوش بیانی۔
لِفافہ (ع-ا-مذ) خول۔ غلاف۔ کاغذ کی تھیلی۔ چٹھی بند کرنے کا غلاف۔ بناوٹ دکھاوا۔ ظاہری سامان۔ ناپائدار جلد۔ لوٹ جانے والی چیز۔ بھید۔ راز۔ دھوکا۔ قلعی۔ ملمع۔
لِفافہ بنا رکھنا (اُر-محاورہ) ظاہری ٹیپ ٹاپ بنائے رکھنا۔ دھوکا دینا۔
لِفافہ سربمہر کرنا (عف-ا-مذ) لفافے کو مہر لگا کر بند کرنا۔
لِفافہ کرنا (اُر-محاورہ) ہلکا سا خول یا ملمع چڑھانا۔ دکھاوا کرنا۔
لِفافہ کھل جانا (اُر-محاورہ) چٹھی کے مضمون کا ظاہر ہو جانا۔ راز فاش ہو جانا۔ بھید کھل جانا۔
لَفظ (ع-ا-مذ) بات۔ کلمہ۔ شبد۔ لُغت۔ وہ بامعنی یا بے معنی بول جو مُنہ سے نہ نکلے۔
لَفظ بہ لَفظ (ع-تابع فعل) جُوں کا تُوں۔ حرف بہ حرف۔ ایک ایک لفظ کر کے۔ صاف صاف۔ ہو بہو۔ تفصیل وار۔
لَفظ ٹپکنا (اُر-محاورہ) زبان سے لفظ کا بے اختیار نکلنا۔
لَفظ ٹوٹ ٹوٹ کر نکلنا (اُر-محاورہ) اس طرح کسی لفظ کا مُنہ سے نکلنا کہ ہر حرف الگ ہو جائے۔ مُشکل سے نکلنا۔
لَفظ نکلنا (اُر-محاورہ) لفظ زبان سے ادا ہونا۔

لفظاً (ع۔ تابع فعل) تفصیل وار، صاف صاف۔ از روئے لفظ۔
لفظی (ع۔ صفت۔ بیائے نسبتی) اصل۔ حقیقی۔ ٹھیک۔ باتوں کی لفاظی۔
لفظی ترجمہ (ع۔ مذ) بے محاورہ اور لفظ بہ لفظ ترجمہ۔
لفنگ (اُر۔ مذ۔ صفت) لچّا۔ شُہدا۔ غنڈا۔ بدمعاش۔ بدچلن۔ شیخی باز۔ بے غیرت۔
لفنگا } (اُر۔ صفت) شیخی خورا۔ ڈینگیا۔ شہدا۔
لفنگنا } لچّا۔ گنڈا۔

ل ۔ ق

لقا (ع۔ ا۔مو) چہرا۔ شکل۔ صورت۔ دیدار۔ دید۔ ملاقات۔
لَقّا (اُر۔ مذ) ایک قسم کا کبوتر ہوتا ہے۔ جو اپنی گردن دوم سے لگائے رکھتا ہے۔
لَقّات (اُر۔ صفت) نہایت لاغر۔ بہت دُبلا۔ کاٹا۔ مارا۔
لقب (ع۔ ا۔مذ) وصفی نام جو کسی تعریف یا بُرائی کے باعث پڑ گیا ہو
لقلق (ع۔ مذ) سارس۔
لقلقہ (اُر۔ ا۔مذ) دبدبہ۔ رعب و داب۔ جبھا۔ حوصلہ۔ ہمت۔ بڑبڑات لب و لہجہ۔ خوش الحانی۔ لم ڈھنگ کے زور سے بولنے کی آواز۔
لقمان (ع۔ ا۔مذ) ایک مشہور حکیم کا نام ہے۔ مجازاً ہر ایک دانا عقلمند کو کہہ دیتے ہیں۔
لقمان کو حکمت سکھانا (اُر۔ محاورہ) کسی دانا کو مشورہ دینا۔ نصیحت کرنا۔
لقمان کے پاس دوا نہ ہونا (اُر۔ محاورہ) لاعلاج ہونا۔
لقمہ (ع۔ ا۔مذ) کھانے کی ایک دفعہ مُنہ میں ڈالنے کی مقدار۔ نوالہ گراس۔
لقمۂ اجل ہونا (اُر۔ محاورہ) مرجانا۔
لقمہ پھنسنا (اُر۔ محاورہ) حلق میں نوالہ اٹکنا۔ کھانا نہ کھایا جانا۔
لقمہ دینا (اُر۔ محاورہ) مُنہ میں نوالہ رکھ دینا۔ کاٹ کاٹنا۔ دوسرے کی بات میں دخل دینا۔ حافظ کو بتانا۔ قرآن سُناتے وقت جو بھول ہو اُسے بتانا توپ میں گولہ بارود ڈالنا۔ رشوت دینا۔
لقمہ کر جانا (اُر۔ محاورہ) ہڑپ کر کھانا۔ کھا جانا۔ چٹ کر جانا۔ ڈکار جانا۔
لقمۂ تر (عف۔ مذ) اچھی غذا۔ عمدہ اور لذیذ غذا۔
لقمہ حلق سے نہ اترنا (اُر۔ محاورہ) بہت ناگوار ہونا۔
لقمہ کھانا (اُر۔ محاورہ) حافظ کا پڑھتے پڑھتے بھول جانا۔
لقندرا (اُر۔ مذ) قلندر کا بگاڑ) لچّا۔ بدمعاش۔ شہدا۔ بدچلن۔ بیہودہ۔
لق (ف۔ صفت) صاف۔ جس میں بال نہ ہو۔
لق و دق (ع۔ ا۔مذ) چٹیل میدان۔ بیابان۔ صحرا۔ سنسان جگہ۔ ہُو کا مقام۔ وہ جگہ جہاں آدمی ہو نہ آدم زاد۔ بلکہ درخت تک بھی نہ ہوں۔
لقوہ (اُر۔ ا۔مذ) ایک بیماری کا نام ہے۔ جس میں مُنہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے۔
لقوہ مار جانا۔ یا۔ ہو جانا (اُر۔ محاورہ) مُنہ ٹیڑھا ہو جانا۔ لقوہ کا مرض ہو جانا۔
لقمہ (اُر۔ صفت) لچّا۔ بدمعاش۔ شُہدا۔ گنڈا۔ ابر کا ٹکڑا۔ دھوئیں کی ایک دفعہ اٹھنے والی مقدار۔ غُنڈا۔

ل ک

لُک (ہ۔ ا۔مذ) روغن۔ واولش۔ جلا۔ شُعلہ۔ لُوکا۔ لَو۔
لُکان (اُر۔ مذ) کشتی کے ایک داؤ کا نام
لُکانا (ہ۔ فعل) چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔ مخفی کرنا۔
لکٹی (ہ۔ ا۔مو) ادھ جلی لکڑی۔ جلتی ہوئی لکڑی۔ چُغل خور عورت۔ فساد کرانے والی۔ آگ کریدنے کا اوزار۔ آگ کریلنی۔ کرچھا کوچنا۔
لکچر (انگ۔ ا۔مذ۔ Lecture) زبانی تقریر۔ مضمون۔ وعظ۔ اپدیش ورس۔ سبق۔
لکچرار (انگ۔ ا۔مذ۔ Lecturer) وعظ۔ اُپدیشک۔ درس کہنے والا۔ زبانی تقریر کرنے والا۔
لکد (ف۔ ا۔مو) لات۔ دُلتی۔ ٹھوکر۔
لکد زن (ف۔ صفت) لاتیں مارنے والا۔
لکد کوب (ف۔ ا۔مذ) لات مارنا۔ ضرب۔
لکد کوبی (ف۔ ا۔مو) لاتیں مارنا۔ دولتیاں چلانا۔
لکڑ } (ہ۔ مذ) لکڑی کا مکبر۔ شہتیر۔ بڑا کُندہ۔
لکڑا } لٹھا۔ پورا۔
لکڑسان (ہ۔ ا۔مو) لکڑیوں کا ڈھیر۔ لکڑیوں کی ٹال۔ ذخیرہ واتاد ہیزم۔
لکڑہارا (ہ۔ ا۔مذ۔ فاعل) لکڑیاں لاکر بیچنے والا۔ لکڑیاں پھاڑنے والا۔ ہیزم فروش۔
لکڑی (ہ۔ ا۔مو) کاٹھ۔ چوب۔ ہیزم۔ ہاتھ میں رکھنے کی لاٹھی عصا۔ سونٹا۔ چھڑی۔ گیڑی۔ مجازاً سہارا۔ آسرا۔ پٹا۔ گتکا۔ چوب بازی (بحالت صفت) سخت دل۔ کھوٹا۔ نہایت دُبلا۔ لاغر۔
لکڑی پکڑانا (اُر۔ محاورہ) سہارا دینا۔ مدد دینا۔
لکڑی پھینکنا (اُر۔ محاورہ) پٹا کھیلنا۔ چوب۔ بازی کرنا۔
لکڑی کے بل مکڑی یا بندر نچانا چاہے (اُر۔ محاورہ) حمایتی کے زور پر ہر ایک اچھلتا ہے۔ ڈر کے مارے سب کچھ ہی کرنا پڑتا ہے۔
لکڑی لے کر سیدھا ہو جانا (اُر۔ محاورہ) لکڑی سے مارنے کو آمادہ ہونا۔
لکڑیاں دینا (اُر۔ محاورہ) مُردے کو جلانا۔ کریا کرم کرنا۔ چتا میں آگ دینا۔
لکڑیاں کھانا (اُر۔ محاورہ) لاٹھیوں سے پٹنا۔ خوب سزا پانا۔ ڈنڈے کھانا۔
لکشمی (س۔ ا۔مو) لچھمی۔ دولت۔ مایا۔ دھن۔

لکنا (ہ۔ فعل) چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔ نظر سے غائب ہونا۔ مخفی ہونا۔

لکنت (ع۔ا۔مو) تتلاہٹ۔ ہکلا پن۔ توتلا پن۔ رُک رُک کر بولنے کی حالت۔

لکھ (ہ۔ا۔مذ) عدد۔ لاکھ کا مخفف۔ سو ہزار کی تعداد (۱۰۰۰۰۰)

لکھ بخش یا۔ لکھ داتا (اُر۔صفت۔فاعلی) لاکھوں روپے بخش دینے والا۔ نہایت سخی۔ بڑا فیاض۔ داتا۔ نہایت فیاضی۔ اور سخاوت کے سبب قطب الدین ایبک کا لقب ہے۔ جو غلامان کا بانی تھا۔

لکھ پتی (ہ۔صفت۔بیائے فاعلیت) نہایت امیر۔ بڑا دولتمند۔ لاکھوں کی حیثیت رکھنے والا۔ لاکھ روپے کی اسامی۔

لکھ پیڑا (ہ۔ا۔مو) بہت سے پیڑ خصوصاً آموں کے درختوں کا باغ۔

لکھ لُٹ (ہ۔صفت۔فاعلی) کھاؤ اُڑاؤ۔ بڑا فضول خرچ۔ مُسرف۔

لکھ (ف۔ا۔مذ) بادل کا ٹکڑا۔ دھوئیں کا پھبکا۔

لکھا (ہ۔ا۔مذ) لکھا ہوا۔ سرنوشت۔ تقدیر۔ نوشتہ۔ تحریر شدہ۔ قضا۔ بھاگ۔ پرالبد۔ قسمت۔ تقدیری۔ امر۔ شدنی بات۔

لکھا پڑھا (ہ۔صفت۔ترکیب مفعولی) خواندہ۔ تعلیم یافتہ۔ علمدار تحریری اقرار۔

لکھا پڑی (اُر۔ا۔مو) تحریر۔ نوشتہ۔

لکھا پورا کرنا (ہ۔محاورہ) مصیبت کا دن کاٹنا۔ قسمت کے لکھے کو پورا کرنا۔ بُرے دن کاٹنا۔ بپتا بھوگنا۔ قسمت پیٹنا۔

لکھا جانا (اُر۔محاورہ) تحریر کیا جانا۔ کسی زمرے میں شامل کیا جانا۔ نوشتۂ تقدیر ہونا۔ طے شدہ ہونا۔ رجسٹر میں درج ہونا۔

لکھاڑا (ہ۔صفت) لکھنے والا۔ مُصنف۔

لکھانا (ہ۔فعل) تحریر کرانا۔ لکھوانا۔ تحریری اقرار نامہ لینا۔ مشق کرانا۔ عبارت لکھوانا۔

لکھائی (ہ۔ا۔مو) معاوضہ۔ لکھنے کی مزدوری۔ لکھنے کی اُجرت۔ لکھنے کا کام۔

لکھت (ہ۔ا۔مو۔حاصل مصدر) تحریر۔ نوشتہ۔ دستاویز۔ تمسک۔ اقرار نامہ۔

لکھت پڑھت ہونا (ہ۔محاورہ) تحریری اقرار۔ مدار ہو جانا۔ باہمی دستاویز لکھی جانا۔

لکھتم (ہ۔ا۔مو) دیکھو (لکھت)

لکھنا (ہ۔فعل) دیکھنا بھالنا۔ نظر آنا۔ دکھائی دینا۔ لانگنا اُوپر سے گزرنا۔ عبور کرنا۔

لکھنا (ہ۔فعل) تحریر کرانا۔ لکھائی کرنا۔ درج کرنا۔ (بحالت اسمذکر) دستخط۔ خط۔ تحریر۔ نوشت۔ ہینڈ رائٹنگ۔

لکھنا پڑھنا (ہ۔ا۔مذ) لکھائی پڑھائی۔ نوشت و خواند۔

لکھنی یا لیکھنی (ہ۔ا۔مو) لکھنے کا آلہ۔ قلم۔ خامہ۔ کلک۔

لکھوانا (ہ۔فعل) دیکھو (لکھانا)

لکھوٹا (ہ۔ا۔مذ) لاکھا کی تصغیر۔ ہونٹوں پر جمی ہوئی پان وغیرہ کی سُرخی۔ لاکھ کی مہر۔

لکھی (ہ۔صفت۔بیائے نسبتی) لاکھ کی حیثیت رکھنے والا۔ لکھ پتی۔ لاکھوں کا سوداگر۔

لکھیا (ہ۔ا۔مو) چُغل خور۔ اِدھر کی اُدھر۔ لگانے والا۔ بیسوا۔ رنڈی۔ کسبی۔ نہایت چالاک اور عیار عورت۔ چاتر۔ چلتر باز۔

لکھیرا (ہ۔ا۔مذ) لاکھ کا کام کرنیوالا۔ لاکھ کی چیزیں بنانے والا۔

لکھے موسیٰ پڑھے خدا (اُر۔مثل) ایسی تحریر کی نسبت بولا کرتے ہیں۔ جو کسی سے پڑھی نہ جاوے۔

لکھنے نہ پڑھے نام محمد فاضل (اُر۔مثل) عالمانہ وضع رکھنے والے جاہل کی بابت بولتے ہیں۔ یعنی لکھنا پڑھنا خاک نہیں جانتے اور فاضل نام بتاتے ہیں۔

لکیر (ہ۔ا۔مو) ریکھا۔ خط۔ لائن۔ لیک۔ لار۔ قطار۔ سلسلہ۔ سطر۔ مجازاً پرانا دستور۔ قدیمی رسم۔ سانپ کے چلنے کا نشان۔

لکیر پر چلنا (اُر۔محاورہ) پرانی وضع و رسم کا پابند ہونا۔ قدیم طریق کے موافق چلنا۔

لکیر پیٹنا (اُر۔محاورہ) پرانی رسم پر چلنا۔ افسوس کرنا۔ ہاتھ ملنا۔

لکیر پیٹتے چلے جانا (اُر۔محاورہ) بے سمجھے بوجھے پرانے طریقوں پر عمل کرنا۔

لکیر پر فقیر ہونا
لکیر کا فقیر ہونا (اُر۔محاورہ) پرانی رسم کا پابند ہونا۔ معشوق کے نشان پر عاشق ہونا۔ گرویدہ ہونا۔ جوگ لینا۔ قدیم دستور پر چلنا۔

لکیر کھینچنا (اُر۔محاورہ) رُول کرنا۔ خط کھینچنا۔ نشان لگانا۔ حد مقرر کرنا۔ مٹانا۔ کاٹ دینا۔ قلمزن کر دینا۔ قلم پھیرنا۔ توبہ کرنا۔ عہد کرنا۔ کان پکڑنا۔

لکیر کھینچنا (اُر۔محاورہ) بُرا اور بدخط لکھنا۔

ل ـ گ

لگ (ہ) حرف جار۔ پاس۔ قریب۔ تک۔ تلک۔

لگ بھگ (ہ۔تابع فعل) قریب قریب۔ پاس۔ نزدیک۔ ملتا جلتا۔ مشابہ۔

لگ بیٹھنا (اُر۔محاورہ) قریب ہو کر بیٹھنا۔ مل کر بیٹھنا۔

لگ جانا (اُر۔محاورہ) کسی کی آئی ہوئی بات یا مصیبت کا کسی اُوپر پر آجانا۔ الزام آجانا۔ متعدی مرض کا کسی دوسرے کو لگ جانا۔ چوٹ آجانا۔ عادت ہو جانا۔ داغ لگنا۔

لگ نہ لگنے دینا (اُر۔محاورہ) پاس نہ پھٹکنے دینا۔ الگ ٹھلگ رکھنا۔

لگ چلنا (اُر۔محاورہ) ہمراہ ہو جانا۔ ساتھ ہو لینا۔ ساتھ لگ لینا۔ پاس ہو کر چلنا۔ چھو کر چلنا۔ ملا جُلا رہنا۔ یار بننا۔ دوستی بڑھانا۔ یارانہ گانٹھنا۔ مُنہ لگانا۔ یارغار بنانا۔ محبت جتانا۔ لعش کرنا۔ لپٹنا چمٹنا۔

لگاؤ (ہ۔مذ) لگن۔ محبت۔ پیار۔ عشق۔ پریت۔ دوستی۔ لگاؤ۔ علاقہ۔ تعلق۔ نسبت۔ مناسبت۔ برابری۔ ہمسری۔ نظیر ثانی۔ لمبی چھڑ۔ ناڈ کا ڈانڈ۔ چھو۔ کشتی کھیلنے کا لمبا بانس۔ ڈھنگ ڈول۔

لگا سگا (ہ۔ا۔مذ) دونوں مترادف ہیں۔ میل جول۔ محبت۔ علاقہ۔ رابطہ۔ واقفیت۔ ڈھب۔ ڈھنگ۔ موقع۔

لگا کھانا (ہ۔ فعل) برابری کرنا۔ ہمسری کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ جوڑ ہونا۔ پلے کا ہونا۔ ہمسر ہونا۔ مقابل ہونا۔ برابر ہونا۔

لگا لگان (ہ۔ فعل) یارانہ گانٹھنا۔ میل ملاپ پیدا کرنا۔ حساب کتاب لگانا۔ شروع کرنا۔ ڈھنگ ڈالنا۔ موقع نکالنا۔

لگا (ہ۔ صفت۔ ترکیب مفعولی) ملا ہوا۔ ساتھ۔ ہمراہ۔ سنگ۔ پیوستہ۔ چسپاں۔ گلاسڑا۔ ذغیلا۔ داغدار۔ جلا ہوا۔ داغ لگا ہوا۔

لگا آنا (اُر۔محاورہ) چغلی کھانا۔ بدگوئی کرنا۔

لگا بندھا (ہ۔ صفت۔ مفعولی) فرمانبردار۔ مطیع۔ نجوٹا۔ قدیمی آشنا۔ یار۔ وابستہ۔ متعلق۔ قیدی گرفتار۔ پابند اسیر۔

لگا بیٹھنا (اُر۔محاورہ) وار کرنا۔ محبت کرنا۔ مل کے بیٹھنا۔

لگاتار (ہ۔ تابع فعل) متواتر۔ پے در پے۔ مسلسل۔ تابڑ توڑ۔ پاس پاس۔ متصل۔

لگا تو تیر نہیں تو تکا (اُر۔مثل) کام بن گیا۔ تو بہتر نہیں تو خیر۔

لگا چلنا (ہ۔ فعل) ساتھ ساتھ چلنا۔ ہمراہ رہنا۔

لگا دینا (ہ۔ فعل) پلستر کر دینا۔ مل دینا۔ مالش کر دینا۔ شامل کر دینا۔ بہکانا۔ اُبھار دینا۔ راؤں پر رکھ دینا۔ پیچ دینا۔ سجا دینا۔ چُن دینا۔ ترتیب رکھنا۔ مفرد کرنا۔ ڈیرہ۔ خیمہ نصب کرنا۔ گاڑنا۔ الزام دھرنا۔ تہمت دھرنا۔

لگا رکھنا۔ یا۔ لگائے رکھنا (ہ۔ فعل) بچا رکھنا۔ اُٹھا رکھنا۔ موقع کے لئے رکھ چھوڑنا۔ مشغول رکھنا۔ مصروف رکھنا۔ پاس سے جُدا نہ ہونے دینا۔ اُمیدوار رکھنا۔

لگا رہنا (ہ۔ فعل) ساتھ رہنا۔ چمٹا رہنا۔ تاک میں رہنا۔ جاری رہنا۔ مصروف رہنا۔ جما رہنا۔ مستقل رہنا۔

لگا سو بھگا (ہ۔ مثل) جو کام شروع ہوا وہ انتہا کو پہنچا۔ وقت گزرتے دیر نہیں۔

لگا کر لے آنا / لگا لانا (اُر۔محاورہ) بھگا کر لے آنا۔ ورغلا کر لانا۔ ساتھ لے آنا۔ دم دلاسا دے کر لے آنا۔ پھسلا کر لے آنا۔

لگا لیا رہنا (اُر۔محاورہ) کسی کام میں بہت مشغول ہونا۔

لگا لگایا (ہ۔ صفت) بنا بنایا۔ صرف شدہ۔ خرچ ہوا۔ لگا بندھا۔ درست شدہ۔ آراستہ۔

لگا لے جانا / چلنا (اُر۔محاورہ) دم دلاسا دے کر ساتھ لے جانا۔ پھسلا کر لے جانا۔ مائل کر کے لے جانا۔

لگا لینا (اُر۔محاورہ) ساتھ کر لینا۔ یار بنا لینا۔ اپنے ڈھب کا بنا لینا۔ مشغول کر لینا۔ شروع کر لینا۔

لگا مارنا (اُر۔محاورہ) عیب دھرنا۔ تہمت دینا۔ بدنام کرنا۔ الزام دینا۔

لگا ہوا (ہ۔ مو۔ مفعولی) ملا ہوا۔ پاس۔ قریب۔ سدھا ہوا۔ ملا ہوا۔ خوگر۔ عادی۔ مشغول۔

لگام (ف۔ا۔مذ) ناگ۔ عنان۔ گھوڑے کو قابو میں رکھنے کے لئے لوہے کا بنا ہوا منہ میں دینے کا آلہ۔

لگام اُتارنا (اُر۔محاورہ) گھوڑے کے منہ سے لگام نکال لینا۔

لگام چبانا (اُر۔محاورہ) گھوڑے کا دہانے کو چبانا۔

لگام چڑھانا۔ یا۔ دینا (اُر۔محاورہ) گھوڑے کے منہ میں دہانہ چڑھانا۔ روکنا۔ تھامنا۔ قابو کرنا۔ چُپ کرنا۔ بند کرنا۔

لگام چھوٹنا (اُر۔محاورہ) آزاد ہونا۔

لگام چھوڑ دینا (اُر۔محاورہ) آزاد کر دینا۔ روک ٹوک ختم کر دینا۔

لگام کھینچنا (اُر۔محاورہ) احتیاط کرنا۔

لگام لئے پھرنا (اُر۔محاورہ) کسی کو پکڑنے کے لئے ڈوری لئے پھرنا۔ پیچھے پیچھے پھرنا۔ ڈھونڈتے پھرنا۔

لگان (ہ۔ا۔مذ) سرکاری محصول۔ زمین کا معاملہ۔ خراج۔ باج کر۔

لگانا (ہ۔ فعل) جوڑنا۔ پیوستہ کرنا۔ وصل کرنا۔ پاس کرنا۔ سنتی کرنا۔ شامل کرنا۔ ساتھ جوڑنا۔ بیجنا۔ بونا۔ کشت کرنا۔ ٹانکنا۔ سینا۔ مارنا۔ ضرب کرنا۔ مشغول رکھنا۔ مصروف رکھنا۔ سدھانا۔ ہلانا۔ کُھسانا۔ اُبھارنا۔ مچھلی کھانا۔ سجانا۔ ترتیب وار رکھنا۔ داؤ پر رکھنا۔ بازی پر رکھنا۔ مول تجویز کرنا۔ قیمت لینا۔ محسوب کرنا۔ مقرر کرنا۔ تہمت دھرنا۔ عیب لگانا۔

لگانا بجھانا (اُر۔محاورہ) لڑائی کرا کے ثالث بننا۔ غیبت۔ بدگوئی کرانا۔ لڑائی کرنا۔

لگانے میں آنا (اُر۔محاورہ) بہکانے میں آنا۔

لگاؤ (ہ۔ا۔مذ) نسبت۔ تعلق۔ علاقہ۔ دخل۔ پہنچ۔ رسائی۔ رشتہ ناطہ۔ یگانگت۔ آمیزش۔ لاگ۔ شراکت۔ شرکت۔ ایما۔ اشارہ۔ ملان۔ طبع۔ رُجحان۔ جوڑ۔ ہمسری۔ مناسبت۔ میل ملاپ۔ راہ و رسم۔ محبت۔ پیار۔ حاصل مصدر ہے۔

لگاوٹ (ہ۔ا۔مو۔ حاصل مصدر) لگاؤ۔ تعلق۔ علاقہ۔ میلان۔ رُجحان۔ دوستی۔ یارانہ۔ آشنائی۔ ناز۔ سنخرہ۔ میل ملاپ۔ سازش۔

لگاوٹ باز (اُر۔صفت) لگاوٹ کرنے میں ماہر۔

لگاوٹ دکھانا (اُر۔محاورہ) توجہ ظاہر کرنا۔ دوستی کا دم بھرنا۔

لگاوٹ کرنا (اُر۔محاورہ) محبت جتانا۔ آشنائی جتانا۔ عشوہ کرنا۔ ناز و سنخرہ کرنا۔

لگاوٹ ہونا (اُر۔محاورہ) بناوٹی محبت کا اظہار کرنا۔

لگائی (ہ۔ا۔مو) لوگ کی مؤنث۔ عورت۔ استری۔ زن۔ بیوی۔ زوجہ۔ اہلیہ۔ رنڈی۔ بیسوا۔ کسبی۔

لگائی بجھائی / لگائی لتری (ہ۔ا۔مو۔ بیائے مصدری) غمازی۔ ایک کی برائی دوسرے سے کہنا۔ تہمت۔ بہتان۔ الزام۔ بدگوئی۔

لگتی (ہ۔ صفت۔ مو۔ مفعولی) چبھتی کُھبتی۔ کاٹ کرنے والی۔ زخم ڈالنے والی۔ ملتی جلتی۔ مشابہ۔ ہمشکل۔ اثر کرنے والی۔ مؤثر۔ بھانے والی۔

لگتی کہنا (اُر۔محاورہ) چبھتی بات کہنا۔ مؤثر بات کہنا۔ پسندیدہ بات کہنا۔

لگتی لگاتی بات (اُر۔مو) وہ بات جو کسی موقع پر چسپاں یا قرین

قیاس ہو۔ چبھتی ہوئی بات۔

لگتے ہاتھ (ہ۔ تابع فعل) ہاتھ کے ساتھ۔ کسی کام کے ساتھ ہی۔

لگ جانا (ہ۔ فعل) رجوع ہو جانا۔ شروع ہو جانا۔ اثر کر جانا۔ کھٹک جانا۔ چبھ جانا۔ مائل ہو جانا۔

لگدی (ہ۔ا۔مو) کسی گیلی پسی ہوئی چیز کی گولی یا ٹکیا۔

لگڑ (ہ۔ا۔مو) ایک قسم کا باز۔ ایک قسم کا شکرا۔

لگڑا (ہ۔ا۔مذ) چیتھڑا۔ پھٹا پرانا کپڑا۔ بستہ۔

لگڑا بھگا (ہ۔ا۔مذ) بگھیلا۔ تیندوا۔ پلنگ۔ ایک قسم کا چیتا۔

لگمات یا لگماتر یا لگماترا (ہ۔ مذا، مذ۲ مو۔ مذ۳ مذ) حرکات ثلثہ۔ یعنی زبر زیر پیش۔ یار۔ آشنا۔ لگو۔

لگن (ہ۔ا۔مو) پرات۔ طاس۔ طشت۔ طب۔ پچیچی۔ گردان۔ مجمر۔ شمعدان۔

لگن (ہ۔ا۔مو) نسبت۔ تعلق۔ خیال۔ چت۔ دھن۔ شوق۔ خواہش۔ عشق۔ محبت۔ پیار (بحالت اسم مذکر) وقت۔ سماں۔ مہورت۔ گھڑی۔ ساعت۔ شادی کا پیغام۔ شادی کی تاریخ۔ اور مقررہ وقت سورج کے برج حمل میں جانے کا وقت۔

لگن بری آنا (اُ۔محاورہ) بُری گھڑی آنا۔ بدساعت آنا۔

لگن دھرنا (ہ۔ فعل) بیاہ شادی کا دن مقرر کرنا۔

لگن کنڈلی (ہ۔ا۔مو) جنم پتری۔ زائچہ۔

لگن لگنا (ہ۔ محاورہ) محبت ہونا۔ پیار ہونا۔ عشق ہونا۔ پریت ہونا۔ لو لگنا۔ تصور بندھنا۔ خیال بندھنا۔

لگنا (ہ۔ فعل) چپکنا۔ پیوستہ ہونا۔ ملنا۔ جڑنا۔ ٹالکا جانا۔ ٹنکنا۔ شامل ہونا۔ ٹھنی ہونا۔ جڑا ہوا ہونا۔ مرصع ہونا۔ بکنا۔ داؤں پر رکھنا۔ بازی پر لگانا۔ استعمال میں آنا۔ برتا جانا۔ خرچ ہونا۔ صرف ہونا۔ جمنا۔ قائم ہونا۔ اُگنا۔ پیدا ہونا۔ کنارے پر پہنچنا۔ تیز ہونا۔ دھار پر رکھا جانا۔ کھڑا ہونا۔ نصب ہونا۔ گھنا۔ چبھنا۔ چوٹ آنا۔ ضرب پہنچنا۔ ذمہ پڑنا۔ سر پڑنا۔ ٹکرانا۔ ٹکر کھانا۔ بجایا جانا۔ ترتیب سے رکھا جانا۔ پیچھے پڑنا۔ سر ہونا۔ محسوس ہونا۔ مس ہونا۔ جماع کرنا۔ ہم بستر ہونا۔ برابر ہونا۔ مقابل ہونا۔ ہمدم ہونا۔ انگ لگنا۔ شروع ہونا۔ آغاز ہونا۔ جلنا۔ سلگنا۔ مشتعل ہونا۔ باہم آشنائی ہونا۔ مؤثر ہونا۔ کارگر ہونا۔ اثر کرنا۔

لگنت (ہ۔ا۔مو) جماع۔ بھوگ۔ مجامعت۔

لگنت پدیا (ہ۔ا۔مو) کوک۔ شاستر۔ ہندی علم۔ طریق مجامعت۔

لگنی (اُ۔ا۔مو) لگن سے اسم تصغیر۔ چھوٹا لگن۔ آٹا گوندھنے کا چھوٹا سا تانبے کا برتن۔ پان رکھنے کی اندر سے گہری تھالی۔

لگو } (اُ۔ صفت) لگوار۔ آشنا۔
لگوار } یار۔ دھگڑ۔ دوست۔

لگو بندھو } (ہ۔ صفت) آشنا۔ یار۔ دھگڑ۔ عورت کا
لگوا } دوست۔ مطلب کا یار۔ خود غرض۔ ابن الوقت۔

لگی (ہ۔ا۔مو) بنسی۔ بانس کی لمبی چھڑ۔ جس سے مچھلیاں پکڑتے ہیں۔ کنکوا اُلجھانے کی بانس کی لمبی چھڑ۔ ناؤ کھینے کا لمبا بانس۔ کنکوے میں باندھنے کی کپڑے کی لمبی دھجی۔ لیری۔

لگی (ہ۔ا۔مو) تمنا۔ کمال خواہش۔ آرزو۔ اچھا۔ لگن۔ عشق کی آگ۔ پریت۔ بھوک۔ گرسنگی۔ اشتہا۔ لاگ لپیٹ۔ پاس۔ خاطر۔ برقرار۔ قائم۔ بنی ہوئی۔ سوز الفت۔ تپش۔ آگ۔ دل کی جلن۔

لگی بجھانا (اُ۔ محاورہ) خواہش پوری کرنا۔ آرزو پوری کرنا۔ غصہ فرو کرنا۔ فساد مٹانا۔ کھانا دینا۔ بھوک مٹانا۔

لگی بجھنا (اُ۔محاورہ) تمنا پوری ہونا۔ پیٹ میں روٹی پڑنا۔ بھوک دبنا۔ غصہ دور ہونا۔

لگی بُری ہوتی ہے } (ہ۔ محاورہ) عشق بُری بلا ہے۔
لگی بُری بلا ہے } الفت میں آدمی اندھا ہوتا ہے۔ محبت میں بُرا بھلا کچھ نہیں سوجھتا۔

لگی کو بجھانا (ہ۔محاورہ) آرزو پوری کرنا۔ عشق کی آگ کو بجھانا۔ غصہ فرو کرنا۔ جھگڑا فساد مٹانا۔ پیٹ میں ڈالنا۔ بھوک مٹانا۔ جلتی آگ کو فرو کرنا۔

لگی تو روزی نہیں تو روزہ (اُ۔مثل) انتہائی مفلسی کو کہتے ہیں۔

لگی کہنا (ہ۔ محاورہ) خوشامد کی کہنا۔ طرف داری کی بات کرنا۔ موافق بات کہنا۔

لگی لپٹی (ہ۔ صفت۔ بتر کیب مفعولی) کسی کے موافق۔ طرف داری کرنا۔ پاسداری کی۔

لگی لپٹی رکھنا (ہ۔محاورہ) رعایت کرنا۔ طرف داری کرنا۔ صاف نہ کہنا۔ حق نہ کہنا۔ شک و شبہ میں رکھنا۔

لگی میں اور لگانا (اُ۔محاورہ) مصیبت میں اور اضافہ کرنا۔

لگی نہ رکھنا (اُ۔محاورہ) لاگ لپیٹ نہ رکھنا۔ پاس نہ رکھنا۔ رو رعایت نہ کرنا۔ قطع تعلق کر لینا۔ بالکل لگاڑ لینا۔

لگے (ہ۔ صفت) پاس۔ قریب۔ نزدیک۔ ساتھ۔ ہمراہ۔ کیل۔

لگے انگلی پکڑتے پونچا پکڑتے (اُ۔مثل) تھوڑا سا سہارا پا کر قدم آگے جانا۔ ادنیٰ اسارا پا کر سر چڑھنا۔

لگے جانا (اُ۔محاورہ) ساتھ ساتھ جانا۔ پیچھے پڑے رہنا۔ چین نہ لینے دینا۔ پیچھے پیچھے چلا جانا۔

لگے دم مٹے غم (اُ۔مقولہ) نشہ پینے سے غم دور ہو جاتا ہے۔ نشہ کرنے والوں کا مقولہ ہے۔

لگے رہنا (اُ۔محاورہ) ساتھ رہنا۔ ہمراہ رہنا۔ پیچھے رہنا۔

لگے لگے (ہ۔ تابع فعل مفید صفت) پاس پاس۔ پہلو بہ پہلو۔ قریب قریب۔ جلد جلد۔

لگے ہاتھ یا لگے ہاتھوں (ہ۔ تابع فعل) ساتھ کے ساتھ۔ اسی وقت۔ اسی سلسلہ میں۔

لگے والے (ہ۔ صفت) یار۔ دھگڑ۔ آشنا۔ عاشق۔ محبت والے۔ چاہنے والا۔ دوست۔

ل - ل

لَلّا (ہ-ا-مذ) بالک لڑکا۔ بچہ۔ لاڈلا۔ پیارا۔ یانا۔ کم سن۔ نادان۔ نوعمر۔ احمق۔ بیوقوف۔ گاؤدی۔ بیٹا۔ پُوت۔ گرشن جی کا لقب۔

لَلاٹ (ہ-ا-مو) متک۔ ماتھا۔ پیشانی۔ بھاگ۔ نصیب۔ پرالبد۔ تقدیر۔ قسمت۔ پیشانی کا لکھا۔

لَلِت (ہ-صفت-مو) خوبصورت۔ سکیلہ۔ حسینہ۔ شوخ۔ چنچل۔ مچلبلی۔ مرغوب۔ طبع پسند خاطر۔ مطلوب (بحالت اسم مؤنث) ولولۂ محبت۔ جذبۂ عشق۔ مُلک۔ ایک راگنی کا نام۔

للچانا (ہ-فعل) لالچ کرنا۔ لوبھ کرنا۔ طمع کرنا۔ آرزو کرنا۔ مائل ہونا۔ رال ٹپکانا۔ طمع دینا۔ ترغیب کرنا۔

للچاہٹ (اُ-ا-مو) لالچ۔ طمع۔ حرص۔ خواہش۔ آرزو۔

لَلک (ہ-ا-مو) اُمنگ۔ جوش۔ شوق۔ ولولہ۔ لوبھ۔ لالچ۔ طمع حرص۔ خیال۔ لَو دُھن۔ لہر۔ موج۔ ترنگ۔

لَلکار (ہ-ا-مو) ہانک۔ پکار۔ سخت آواز۔ شکار کو اُٹھانے یا مدد کے لئے پکارنے کی آواز۔ دھمکی۔ جھڑکی۔ بارعب آواز۔ ڈراونی آواز۔

لَلکار بتانا (اُ-محاورہ) للکار کے کہنا۔ ڈانٹنا۔

لَلکارنا (ہ-فعل) نعرہ مارنا۔ زور کی آواز سے پکارنا۔ ہانک لگانا۔ دھمکی دینا۔ دھمکانا۔ شکار کو ہوشیار کرنا۔ شیر کو جگانا۔ کڑک کر بولنا۔

لَلکی (ہ-صف-بیائے فاعلیت) لہری۔ موجی۔ شوقین۔ لالچی۔ حریص۔ ضدی۔

لَلّو (ہ-ا-مو) زبان۔ جیب۔ توتو۔ لسان بولی۔ گفتگو۔ بول چال۔ چٹورپن۔ چاٹ۔ زبان کا چسکا۔

لَلّو پتّو (ہ-ا-مو) خوشامد درآمد۔ زبانی عزت۔ چاپلوسی۔ چکنی چپڑی باتیں۔ سخن سازی۔ میٹھی باتیں۔

لَلّو پتّو کرنا (ہ-محاورہ) زبانی عزت کرنا۔ مجازاً۔ سخن سازی کرنا۔ خوشامد درآمد کرنا۔

لَلّو میں سانپ ڈسے (ہ) بددعائیہ فقرہ ہے۔ چھوٹے یا بدتگون کے حق میں بولا کرتے ہیں۔ یعنی ایسا جھوٹ بولنے کی زبان پر سانپ کاٹے۔

لَلّو نہ رہنا (ہ-محاورہ) بولے بغیر نہ رہنا۔ بولے ہی جانا۔ خاموش نہ رہنا۔

لِلّٰہ (ع-تابع فعل) خدا کے نام پر۔ خدا کے لئے۔ خیر خیرات۔ برائے خدا۔ خدا کے واسطے۔ انکسار کا کلمہ بھی ہے۔

لِلّٰہِ الحمد (ع-کلمہ ندا) سب تعریف خدا کے لائق ہے۔ خدا کا شکر ہے۔

لِلّٰہِ الحمد والمنۃ (ع-کلمہ ندا) خدا کا شکر و احسان ہے۔ ہر طرح خدا کا احسان ہے۔

لِلّٰہِ فی اللہ (ع-متعلق فعل) خدا کی راہ میں۔ اللہ کے واسطے۔

لِلّٰہی (ع-صفت) خدا کے لئے۔ جو ذاتی غرض کے لئے نہ ہو۔

لَلی (ہ-ا-مو) لڑکی۔ چھوکری۔ دُختر۔ (بحالت صفت) نامرد۔ ہیز۔ ہیجڑا۔ زنخہ۔

للیانا (اُ-مصدر) منت سماجت کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔

للی گھوڑی (اُ-ا-مو) بیلی گھوڑی۔

ل - م

لَمَ (ہ-صفت) لمبا کا مخفف۔ لانبا۔ دراز۔ طویل۔

لَمبوترا (ہ-صفت) بیضوی۔ کتابی چہرہ۔ بیچ میں سے موٹا اور کنارے سکڑے ہوئے۔

لَم پرا (اُ-صفت) لمبے پروں والا۔

لَم تڑنگا (ہ-صفت-فاعلی) لمبے قد والا۔ دراز قد۔ طویل القامت۔

لَم ٹنگا یا لَم ٹنگو (ہ-صفت) لمبی لمبی اور بڑی بڑی ٹانگوں والا۔ لم ڈھینگ۔ کلنگ۔

لَم چونچا (اُ-صفت) وہ پرندہ جس کی چونچ بھی لمبی ہو۔

لَم چھڑ (ہ-اصفت) لمبی چھڑ۔ لمبا بانس۔ مجازاً لمبا۔ دراز قد۔ طویل القامت۔

لَم دراز (اُ-ا-مو) ایک قسم کا سفید کپڑا۔ جس کا عرض بڑا ہوتا ہے۔

لَم ڈھینگ (ہ-ا-مذ) ایک لمبے قد کی آبی لطخ کا نام ہے۔ لم ٹنگو۔

لَم کنا (ہ-اصفت) لمبے لمبے کانوں والا۔ خرگوش۔ سسا۔

لَم ڈگو (اُ-صفت) دراز قد آدمی۔ بدقوار۔

لَم ڈور (اُ-صفت) لمبی ڈور۔ شکار کی ڈور۔

لَم ڈور لڑانا (اُ-محاورہ) پتنگوں کو خوب بڑھا کر لڑانا۔

لَم یَزَلی (ع-صفت) لازوال۔ ہمیشہ رہنے والا۔ غیر فانی۔ خدا تعالیٰ کی ذات۔

لَم (ع-ا-مذ) وجہ۔ باعث۔ سبب۔ حجت۔ اعتراض۔ بہتان۔ الزام۔ جھگڑا۔ دوش۔ بہتان۔

لَم دھرنا یا لگانا یا رکھنا (اُ) دوش لگانا۔ تہمت لگانا۔ الزام سر دھرنا۔ عیب لگانا۔

لَمبا (ہ-صفت) دراز۔ لمبا۔ طویل۔ اونچا۔ بلند۔ دراز قد۔ طویل القامت۔ کثیر۔ بہت۔ زیادہ۔ وافر۔ احمق۔ بیوقوف۔ نادان۔

لمبا بننا (ہ-محاورہ) رفوچکر ہونا۔ بھاگ جانا۔ ہوا کھانا۔ جانا۔

لمبا چوڑا (ہ-صفت) فراخ۔ کشادہ۔ کھلا ہوا۔ وسیع و فراخ طویل و عریض۔

لمبا چوڑا کام (اُ-ا-مذ) بہت بڑا کام۔ جس کام میں طوالت ہو۔

لمبا سفر کرنا (اُ-محاورہ) دور دراز سفر کرنا۔ دُنیا سے کوچ کرنا۔

لمبا کرنا (ہ-محاورہ) طول میں بڑھانا۔ دراز کرنا۔ رخصت کرنا۔ روانہ کرنا۔ مار ڈالنا۔

لمبا ہونا (ہ-محاورہ) دراز ہونا۔ طویل ہونا۔ چل دینا۔ سدھارنا۔ مرنا۔ رُخصت ہونا۔

لمبائی (ہ۔ا۔مو) لمبائی۔ طوالت۔ درازی۔
لمبا چوڑا (اُر۔مذ و مو) لمبائی۔ چوڑائی۔ طول و عرض۔
لمباؤ (ہ۔ا۔مذ) بڑائی۔ لمبائی۔ طوالت۔ درازی۔
لمبائی (ہ۔ا۔مو) طوالت۔ درازی۔ لمبان۔ بلندی۔ ارتفاع۔
لمبائی چوڑائی } (ہ۔ا۔مو) عرض و طول۔ جسامت۔
لمبان چوڑان } قدوقامت۔
نمبر (اُر۔ا۔مذ) صحیح نمبر۔ عدد۔ رقم۔ ہندسہ۔ آنک۔ وار۔ باری۔ نوبت۔ رُتبہ۔ درجہ۔ عُہدہ۔ منصب۔ شمار۔ تعداد۔ گنتی۔ علامت۔ نشان۔
نمبر آنا (اُر۔محاورہ) نوبت آنا۔ باری آنا۔ امتحان میں نمبر پانا۔
نمبر پر قائم کرنا (اُر۔ محاورہ) یک طرفہ۔ خارج شدہ مقدمہ۔ یا درخواست کا بحال کرنا۔ باری پر قائم کرنا۔
نمبر چڑھانا (اُر۔محاورہ) امتحان میں ملنے والے نمبروں کو رجسٹر میں درج کرنا۔ درجہ میں ترقی دینا۔
نمبردار (اُر۔مذ۔ فاعل ترکیبی) گاؤں کا چوہدری۔ مقدم۔ سرکاری لگان وصول کرنے اور داخل خزانہ سرکار کرنے والا زمیندار۔
نمبرداری (اُر۔ا۔مو) نمبردار کا عُہدہ یا کام۔
نمبر سے خارج ہونا (اُر۔محاورہ) داخل دفتر ہونا۔ نام کٹنا۔ فہرست سے خارج ہونا۔
نمبر قائم رہنا (اُر۔محاورہ) پہلی مسل پر ہی کارروائی شروع ہونا۔ پہلی ہی مسل قائم رہنا۔
نمبروار (اُر۔تابع فعل) ترتیب وار۔ درجہ وار۔ درجہ بدرجہ۔ سلسلہ وار۔ باری باری۔
نمبری (اُر۔صفت۔ بیائے نسبتی) نمبر والا۔ نمبر لگا ہوا۔ نمبر کار۔ نمبر کے مطابق نشان لگا ہوا۔ مارک دیا ہوا۔ سرکار کی جانب سے مقررشدہ پیمانہ۔ پولیس کے دفتر میں چڑھا ہوا بدمعاش۔
نمبری دعوے یا نالش (اُر۔اول مذ۔ دوئم مو) عام دعوے۔ عام نالش۔ شروع مقدمہ میں۔ سلسلہ وار نالش۔
نمبو (ہ۔صفت) لمبا۔ طویل۔ دراز قد۔
نمبی (ہ۔صفت) لمبا کی تانیث۔ دراز۔ طویل۔ بلند۔ اُونچی۔ بڑی۔ گھوڑے کا لمبا قدم۔ شہ گام۔
نمبی تان کر سونا (اُر۔محاورہ) اطمینان سے سونا۔ غفلت کی نیند سونا۔
نمبی تاننا (ہ۔محاورہ) بے خبر ہوکر دیر تک سونا۔ بے فکری سے سوجانا۔ سو رہنا۔ مدت تک اپنے ملک سے دُور رہنا۔ دُور کا سفر کرنا۔ مرجانا۔ دُنیا سے سفر کرنا۔
نمبی چوڑی ہانکنا (ہ۔محاورہ) بڑی داستان۔ تانا۔ شیخی بگھاڑنا۔ ڈینگ مارنا۔
نمبے ہو (ہ۔محاورہ) جاؤ۔ چل دو۔ ہوا کھاؤ۔ چلتے پھرتے نظر آؤ۔
لمبے سانس بھرنا } (ہ۔فعل) بڑے بڑے سانس
لمبے لمبے سانس بھرنا } لینا۔ آہ سرد بھرنا۔ ٹھنڈے سانس لینا۔ دم توڑنا۔ کمال افسوس کرنا۔ بہت تاسف کرنا۔
لمبے ہو (اُر۔محاورہ) چل دور ہو۔ ہواؤ کھاؤ۔ چلتے پھرتے نظر آؤ۔
لمبیا لینا (اُر۔محاورہ) تیز چلنا۔ مُبالغہ کرنا۔ اِترانا۔ ڈینگ مارنا۔
لمحہ (ع۔ا۔مذ) بجلی کی چمک۔ کوند۔ پلک جھپکنے کا وقفہ۔ مجازاً بہت تھوڑا سا وقت۔ پل۔ سکنڈ۔ دقیقہ۔ ثانیہ۔
لمحہ بھر (اُر۔تابع فعل) ذرا سی بات۔ ایک نظر۔ پل۔ چھن۔ ٹک۔
لمس (ع۔ا۔مذ) چھُونا۔ ہاتھ لگانا۔ مس کرنا۔ چھُو کر معلوم کرنے کی قوت۔ لامسہ۔
لمعہ (ع۔ا۔مذ) چمک۔ روشنی۔ چمکار۔ نور۔ شعاع۔ کرن۔
لمکنا (ہ۔فعل) لپک کر جانا۔ ڈوڑنا۔ چھپٹنا۔

ل - ن

لن ترانی (ع۔ا۔مو) تو مجھے کبھی نہیں دیکھ سکیگا۔ انانیت۔ خودستائی۔ ڈینگ۔ شیخی۔
لن ترانیاں ہانکنا (اُر۔محاورہ) شیخی بگھارنا۔
لنبا (ہ۔صفت) دیکھو (لمبا)
لنبان } (ہ۔مو) دیکھو (لمبا)
لنباؤ } (ہ۔مذ) دیکھو لمباؤ۔
لنبائی } (ہ۔مو) دیکھو لمبائی۔
لنترانی (ع۔ا۔مو) لغوی معنی تو مجھے ہرگز نہیں دیکھ سکیں گے۔ مجازی معنی خودستائی۔ شیخی۔ ڈینگ۔ تعلّی۔ انانیت۔ بڑائی۔
لنترانی کرنا یا مارنا } (اُر۔فعل) شیخی بگھارنا۔ ڈینگ مارنا۔
لنترانی کی لینا } اِترانا۔
لنترانیاں (اُر۔ا۔مو) لنترانی کی جمع۔ شیخیاں۔ تعلّیاں۔
لن ترانیاں بکنا (اُر۔محاورہ) شیخی بگھارنا۔
لنج یا لنجا (اوّل فارسی دوم اُردو) ہاتھ پاؤں سے لاچار۔ لنگڑا۔ لُولا۔
لنجھاڑ۔ لنجھاڑا۔ لنجھیڑا (ہ۔ا۔مذ) دُنیاوی بکھیڑے۔ دُنیا کے تعلقات۔ دُنیاوی اسباب و علل۔
لنڈ سے پھنڈ سے (اُر۔ا۔مذ) مکر و فریب۔ دھوکے۔ دَغا۔ قِند فریب۔
لنڈا بازار (اُر۔ا۔مذ) ظرف۔ مجردوں کا بازار۔ لاہور کے ایک بازار کا نام ہے۔
لنڈ (ہ۔صفت) بے سر اور دھڑ اسر کٹا تن بن سر اتڑپتا ہوا جسم۔ کٹا ہوا بن پتوں اور شاخوں کا درخت۔ سوکھا ٹھنٹھ۔
لنڈ منڈ (ہ۔صفت) چار ابرو کے صفائے والا۔ سر و ڈھی مونچھیں منڈی والا۔ بے تعلق۔ بے سروپا آدمی۔ بن پتوں اور شاخوں کا درخت۔ مُفلس۔ قلاش۔

لُنڈا (ہ۔صفت) دُم کٹا۔ لنڈورا۔ ابتر۔ بے کس۔ بے یار و مددگار۔ نگوڑا نامٹھا۔ چھوٹے اور اُونچے دامنوں کا انگرکھا۔ گھاس یا مونجھ کا مُٹھا۔ جُونا۔

لُنڈ کری (اسم مو) لڑھکنی۔ قلابازی۔

لُنڈ کری / لنڈ کریاں کھانا (اُر۔محاورہ) قلابازی کھانا۔ گر کر لوٹ پوٹ ہو جانا۔

لَنڈورا (ہ۔صفت) لُنڈا۔ بے کس۔ بے یار و آشنا۔ بن دُم کا۔ بن دُم کا پرندا۔ مجازاً گنجا۔

لَنڈوری (ہ۔صفت) لنڈورا کی تانیث۔

لَنڈوری فاختہ (اُر۔اسم مو) بے کس عورت۔ نگوری ناٹھی۔ وہ عورت جس کا درد شریک دہوا خواہ کوئی نہ ہو۔ مجازاً گنجی۔

لُنڈھانا (ہ۔ فعل) اوندھانا۔ بہانا۔ انڈیلنا۔ کسی پتلی اور رقیق شے کو ایک برتن سے زمین پر گرانا۔ پچھاڑنا۔

لُنڈھنا (اُر۔مصدر) غلطان ہونا۔ گر جانا۔ مرجانا۔

لُنڈھنا (ہ۔ فعل) لڑھنا۔ پھسلنا۔ لڑکنا۔ غلطان ہونا۔ مرنا۔ بچھڑنا۔

لنک (ہ۔امذ) تودہ۔ ڈھیر۔ انبوہ۔ انبار۔

لنک لگنا (ہ۔فعل) تودہ لگنا۔ انبار لگنا۔ ڈھیر لگنا۔ ذخیرہ جمع ہو جانا۔

لنکا (س۔امو) جزیرہ سراندیپ۔ راون کی راجدھانی۔ راون کا دارالخلافہ اور اس کا قلعہ جو جزیرہ سیلون میں تھا۔ راون کا ٹاپو

(بحالت اسم صفت) قحبہ عورت۔ چلتر باز۔ چالاک۔ عیار۔ شریر۔ شوخ چشم۔ فتنہ انگیز۔

لنکا میں جو چھوٹا سو باون ہی گز کا (ہ۔مثل) جہاں سب آدمی فسادی۔ شریر۔ تیز خورے ہوں وہاں یہ مثل بولی جاتی ہے۔

لنگ (ف۔صفت) لنگڑا۔ لولا۔ اپاہج۔ عیب دار۔ (بحالت اسم مصدری) لنگڑاپن۔ جیسے گھوڑا لنگ کرتا ہے۔

لنگ کرنا (اُر۔فعل) لنگڑانا۔ پورا پاؤں ٹیک کر نہ چل سکنا۔

لنگ (ہ۔امو) لار۔ باڑ۔ قطار۔ صف۔ لائن۔ طرف۔ کنارہ۔ جانب سرا۔ دھوتی پلّا۔ لڑ (پنجاب) اوٹ۔ پردہ۔ دیوار۔ قنات۔

لِنگ (س۔امذ) عضوِ تناسل۔ جنس۔ صنف۔ قسم جیسے استری لنگ یعنی از قسم مؤنث۔

لُنگاڑا (ہ۔صفت) ڈھیٹ۔ بے شرم۔ بے حیا۔ لُچا۔ شُہدا۔ اُغنڈا۔ فسادی۔ دنگئی۔

لنگاڑا پن (ہ۔امو) دنگئی پنا۔ بے شرمی۔ فساد۔ بے حیائی۔ ڈھٹائی۔ شرارت۔

لنگر (ف۔امذ) برائے نسبتی از لنگ بمعنی ستاون۔ مجازاً جہاز کا ٹھہرنا۔ قافلے کا قیام۔ بھاری لوہا یا پتھر۔ جو جہاز یا کشتی کے ٹھہرانے کے لئے ہوتا ہے۔ وقار بھلادی بھر کم۔ ہر روز کھانا بٹنے کی جگہ۔ خیرات خانہ۔ خیرات۔ فقیروں مسکینوں کو بانٹے کا کھانا۔ محافظ۔ نگہبان۔ مددگار۔ امیروں کا باورچی خانہ۔ پہلوانوں کا لنگوٹ جسے کھڑا کرنے کا موٹا رسّا۔ دھڑ کے نیچے کا حصہ۔ کولہا۔ چونڑ۔ بوجھ۔ بھار۔ وزن۔ کلاک کا لٹکن۔ پنڈولم۔

لنگر اُٹھانا (اُر۔محاورہ) جہاز روانہ کرنا۔ کشتی یا جہاز کا رسّا کھول کر آگے چلنا۔

لنگر اُٹھنا (اُر۔محاورہ) جہاز کا روانہ ہونا۔

لنگر اکھاڑنا (اُر۔محاورہ) جُنبش میں لانا۔ بھاری چیز کا ہلکا کرنا۔

لنگر اُکھڑنا (اُر۔محاورہ) جُنبش میں آنا۔ بھاری چیز کا ہلکا ہونا۔

لنگر باندھنا (اُر۔محاورہ) پہلوانوں کا لنگوٹ۔ کسنا۔ مستعد ہونا۔ تیار ہونا۔ جماع اور صحبت سے پرہیز کرنا۔ تجرد اختیار کرنے پر کمر بستہ ہونا۔

لنگر بانٹنا (اُر۔محاورہ) کھانا تقسیم کرنا۔ سدا برت لگانا۔

لنگر پر ہونا (اُر۔محاورہ) جہاز کا لنگر ڈالے ہونا۔

لنگر توڑنا (اُر۔محاورہ) طاقتوں کو مغلوب کرنا۔

لنگر بٹنا (اُر۔محاورہ) روزانہ کھانا تقسیم ہونا۔ سدا برت بٹنا۔

لنگر جاری کرنا (اُر۔محاورہ) سدا برت کھولنا۔ خیرات تقسیم کرنا۔

لنگر خانہ (ف۔امذ۔ظرف) خیرات خانہ۔ باورچی خانہ۔ رسوائی۔ فقرا کو کھانا روزانہ تقسیم ہونے کی جگہ۔

لنگر ڈالنا (اُر۔محاورہ) جہاز یا کشتی ٹھہرانا۔ قیام کرنا۔ ٹھہرنا۔

لنگر سنبھالنا (اُر۔محاورہ) بوجھ برداشت کرنا۔

لنگر کرنا (اُر۔محاورہ) جہاز یا کشتی ٹھہرانا۔ جہاز یا کشتی ٹھہرنا۔

لنگر گاہ (ف۔امذ) ظرف۔ جہازوں کے ٹھہرنے کی جگہ۔ بندرگاہ۔

لنگر لنگوٹا باندھنا یا کسنا (اُر۔محاورہ) کسی پہلوان کا شاگرد ہونا۔ پہلوان کا کشتی کے فن میں شاگرد ہونا۔

لنگروا یا لنگڑوا (ہ۔صفت) لُونگر کی تصغیر ہے۔ بے حیا۔ بے شرم۔ ڈھیٹ۔ بے باک۔ لُچا۔ شُہدا۔ اوباش۔ بدچلن۔ بداطوار۔

لنگری (اُر۔امذ۔ بیائے نسبتی) مسکینوں اور محتاجوں کو لنگر خانے میں کھانا تقسیم کرنیوالا۔ ایک خاص قسم کا طشت۔ پان رکھنے کی چھوٹی سی گہری تھالی۔ لگنی۔

لنگڑ (اُر۔امذ) وہ پتھر یا اینٹ کا ٹکڑا۔ جسے بچے ڈور میں باندھ کر آپس میں لڑتے ہیں۔ اس کو لنگر پیچ کہتے ہیں۔

لنگڑا (اُر۔صفت) ایک پاؤں سے معذور۔ اپاہج۔ پاشکستہ۔ پاکستان کے ایک مشہور اور نہایت لذیذ آم کی قسم۔

لنگڑا کر چلنا (اُر۔مصدر مرکب) پاؤں برابر نہ پڑنا۔

لنگڑانا (ہ۔فعل) لنگ کرنا۔ پورا پاؤں ٹیک کر نہ چلنا۔

لنگڑکی (ہ۔صفت) لنگڑا کی تانیث۔

لنگڑی کا درد (اُر۔امذ) عرق النسا۔ ٹانگ کا درد۔

لنگڑی کٹوا آسمان پر کھولنسلا (اُر۔مثل) اپنی طاقت اور استعداد سے بڑھکر کام کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔ لنگڑی گلہری ہمیشہ اُونچی جگہ گھونسلا بناتی ہے۔

لنگوٹ (اُر۔امذ) کاچھا۔ کچھنی۔ کوپین۔ فقیروں یا پہلوانوں کے باندھنے کا ذرا سے عرض والا کپڑا۔

لنگوٹ بند (اُر۔صفت۔ فاعلی) لنگوٹ باندھے رہنے والا۔ تجرد مجرد۔

لنگوٹ دار (اُ۔صفت) وہ پتنگ یا کنکوا جسے کے نیچے کی طرف رنگ دار مثلث نما یا لمبا کاغذ لگا ہوا ہو۔

لنگوٹ کا سچا (اُ۔صفت) وہ شخص جو زنا سے بچا رہے۔ پرہیزگار۔ پارسا۔

لنگوٹ کھولنا (اُ۔محاورہ) مجامعت کرنا۔ زنا کرنا۔

لنگوٹا (اُ۔مذ) کاچھا۔ کچھنی۔ کوپین۔ تہ بند۔

لنگوٹی (اُ۔مو) لنگوٹا کی تانیث۔ چھوٹا تہ بند۔ کپڑے کا وہ چھوٹا ٹکڑا جو شرمگاہ میں سے نکال کر کمر میں باندھتے ہیں۔

لنگوٹی باندھنا (اُ۔محاورہ) مفلس ہو جانا۔ دنیاوی لذتوں کو ترک کر دینا۔

لنگوٹی باندھے پھرنا (اُ۔محاورہ) نہایت ناداری کی وجہ سے ننگا پھرنا۔ بچپن میں پھرنا۔

لنگوٹی بندھوا دینا (اُ۔محاورہ) لوٹ کھسوٹ کر ننگا کر دینا۔ قلاش بنا دینا۔ سب کچھ لوٹ لینا۔

لنگوٹی کھلنا (اُ۔محاورہ) پردے کی دیوار کرنا۔

لنگوٹی میں پھاگ کھیلنا (اُ۔محاورہ) مفلسی میں مزے اڑانا۔ غریبی میں شوقینی کرنا۔

لنگوٹی میں مست (اُ۔صفت) افلاس میں خوش۔ بے فکرا۔

لنگوٹیا (اُ۔صفت) لنگوٹ بند۔ ساتھ کھیلا۔ بچپن کا یار۔ پرانا دوست۔

لنگوٹیا یار (اُ۔ا۔مذ) بچپنے کا یار۔ برابر کا پرانا یار۔ وہ شخص جس سے بچپن میں ہی یارانہ ہو۔

لنگوچا (اُ۔ا۔مذ) کلمہ۔ مصالحہ دار قیمہ بھر کر تلی ہوئی جانور کی آنت۔

لنگور (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا کالے منہ اور لمبی دم والا بندر۔

لنگھانا (ہ۔فعل) پار اتارنا۔ ندی سے پار کرنا۔ گزارنا۔

لنگھن (س۔ا۔مذ) عبور۔ پار اترنا۔ فاقہ۔

لنگھنا (ہ۔فعل) پار ہونا۔ عبور کرنا۔ لانگھنا۔ پھلانگ جانا۔

لنگی (اُ۔ا۔مو) دھوتی۔ تہ بند۔ تہمت۔ لنگ۔ سر سے باندھنے کی رنگین یا دھاری دار پگڑی۔

لنبیاں پنیاں ہو کے دوڑنا (ہ۔محاورہ) لازم، خوشی میں بے تاباند دوڑ کر جانا۔

ل - و

لو (ہ) لینا مصدر سے صیغۂ امر جمع حاضر ہے۔ سنبھالو۔ پکڑو۔ وصول کرو۔ قابو کرو۔ جیسے پیسے لو۔ اور چیز دے دو۔ اپنی طرف مخاطب کرنے کی غرض سے بمعنی نہ ہو۔ دیکھو خیال کرو۔ جیسے لو اور نئی سوجھی۔ برائے تحسین کلام۔ یعنی کلام کو خوبصورت بنانے کا کلمہ۔ جیسے لو۔ آؤ چلو۔ کسی بات کو دعوے سے کہنے کا کلمہ۔

لُو (ہ۔ا۔مو) موسم گرما کی نہایت گرم ہوا۔ باد گرم۔ سموم۔

لُو چلنا (ہ۔فعل) گرم ہوا کا چلنا۔ باد سموم کا چلنا۔

لُو لگنا (اُ۔محاورہ) گرم ہوا کا اثر کرنا۔ گرم ہوا لگ جانا۔ جس سے پسینہ بند ہو کر رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ اور چہرہ سرخ اور گرم ہو جاتا ہے۔

لَو (ہ۔ا۔مو) لپٹ۔ شعلہ۔ آگ کی لاٹ۔ بھبوکا۔ دل کا لگاؤ۔ توجہ۔ خیال۔ سُدھ۔ اُمید۔ آرزو۔ شوق محبت۔ چٹک۔ کان کے نیچے کی طرف کی نوک۔ نرمۂ گوش۔ یک طرفی۔ یک سوئی۔ یک جہتی۔

لَو آنا (اُ۔محاورہ) شعلہ بلند ہونا۔

لَو اُٹھنا (اُ۔محاورہ) لاٹ نکلنا۔ شعلہ بلند ہونا۔ بھبوکا نکلنا۔

لَو بھڑکنا (اُ۔محاورہ) چراغ میں تیل ختم ہو جانے پر شعلہ بھڑک اُٹھنا۔

لَو ٹپک پڑنا (اُ۔محاورہ) چراغ میں زیادہ تیل ہونے کی وجہ سے جلتے ہوئے تیل کا گرنا۔

لَو دینا (اُ۔محاورہ) شعلہ نکلنا۔

لَو لگانا (اُ۔محاورہ) رجوع ہونا۔ دھیان لگانا۔ توجہ دینا۔ خیال باندھنا۔ تصور باندھنا۔ دل لگانا۔ عاشق ہونا۔ خواہش کرنا۔ آرزومند ہونا۔

لَو لگنا (اُ۔محاورہ) خواہش ہونا۔ اشتیاق ہونا۔ شوق ہونا۔ خدا کی عبادت یا ذکر میں مصروف و مشغول رہنا۔ توجہ ہونا۔ تصور بندھنا۔ دھیان جمنا۔ اُمید بندھنا۔ آس بندھنا۔ جلن ہونا۔ آگ لگنا۔ دیر تک ذکر کیے جانا۔ بار بار نام لینا۔

لوا (ع۔ا۔مذ) بیٹر کی قسم کا ایک چھوٹا سا پرندہ جو نہایت لذیز گوشت والا ہوتا ہے۔ سلوے۔ من وسلوے۔

لِوا (ع۔ا۔مذ) جھنڈا۔ علم۔ نیزہ۔ فوج کا نشان۔

لَواحِق (ع۔ا۔مذ) لاحق کی جمع۔ ساتھ لگے ہوئے۔ متعلقین۔ رشتہ دار۔ یگانے۔ بھائی بند۔ نوکر چاکر۔

لَواحِقین (ع۔ا۔مذ) لاحق کی جمع الجمع۔ بہت سے رشتہ دار۔ بہت سے بھائی۔ بند۔ نوکر چاکر۔

لَوار (ہ۔ا۔مذ) بچھڑا۔ گائے کا بچہ۔ گوسالہ۔

لَوازِم (ع۔ا۔مذ) لازم کی جمع۔ ضروری اشیاء۔ اسباب۔ سامان۔

لَوازِمات (ع۔ا۔مذ) لازم کی جمع الجمع۔ سامان۔ اسباب۔

لَوازِمہ (ع۔ا۔مذ) لازم کی جمع۔ ضروری چیزیں۔

لَواطَت (ع۔ا۔مو) لڑکوں کے ساتھ بدفعل کرنا۔ اغلام۔

لَوا لانا (اُ۔محاورہ) جا کر اپنے ساتھ لانا۔

لَوا لے جانا (ہ۔محاورہ) ساتھ لے جانا۔ اٹھوائے جانا۔ ہمراہ لے جانا۔

لَوامِع (ع۔ا۔مذ) لامع کی جمع ہے۔ چمکنے والے۔ روشن۔ درخشاں۔

لَوّامہ (ع۔اسم مبالغہ) سخت ملامت کرنے والا۔ نفس کی ایک

قسم نفس لوّامہ جو انسان کو بدی کے ارتکاب پر ملامت کرتا ہے۔

لوانا (ہ۔ فعل) اُٹھوانا۔ خرید کروانا۔ مول لے دینا۔

لوبان (ع۔ا۔مذ) ایک درخت کا خوشبودار گوند جو آگ پر رکھنے سے خوشبو دیتا ہے۔

لوبھ (س۔ا۔مذ) لالچ۔ جمع۔ حرص۔ پرائے مال کی خواہش۔ تمنا۔ ہوکا۔

لوبھ کرنا (ہ۔ محاورہ) حرص کرنا۔ لالچ کرنا۔ طمع کرنا۔

لوبھی (ہ۔ صفت۔ بیائے فاعلیت) لوبھ والا۔ لالچی۔ حریص۔ طامع۔ بخیل۔ کنجوس۔ شوم۔ شقاق۔ خواہاں۔ کسی بات کا بھوکا۔

لوبیا (ع۔ا۔مذ) ماش کی قسم کے ایک سفید رنگ غلّہ کا نام ہے۔ جس کی کچی پھلیوں کی ترکاری اور دالوں کی گھنگنیاں اُبالتے ہیں۔

لوپ (س۔صفت) چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ گپت۔ غائب۔ معدوم۔ نیست و نابود۔

لوتھ (ہ۔ا۔مو) لاش۔ نعش۔ مُردہ جسم۔ تن بے جان۔

لوتھ پڑنا (ہ۔ محاورہ) مُردہ ہو کر گرنا۔ لاش پڑنا۔

لوتھ پوتھ (ہ۔ صفت) تھک کر چُور۔ مثل نعش۔ مثل مُردہ۔

لوتھ ڈالنا (ہ۔ محاورہ) مار کر گرانا۔ مُردہ کر دینا۔ جان نکال لینا۔ لاش ڈال دینا۔

لوتھڑا (ہ۔ا۔مذ) گوشت کا بڑا ٹکڑا جس میں ہڈی نہ ہو۔ مُضغہ۔ پارچہ منجمد خول کا ٹکڑا۔

لوٹ (اُ۔ا۔مذ) انگریزی لفظ نوٹ کا بگاڑ ہے۔ سکہ کی جگہ کام دینے والا کاغذ۔ درشنی ہنڈی۔

لوٹ (ہ۔ا۔مو) حاصل مصدر ہے۔ لوٹنا بواو مجہول سے لڑھکنی۔ غلطیدگی۔ شیدا۔ عاشق۔ مفتون۔ کروٹ۔ رُخ۔ پہلو۔

لوٹ پوٹ (ہ صفت) لڑکنا پڑکنا۔ لوٹنیاں۔ کھانا ہوا۔ عاشق مفتون۔ پوٹ تابع مہمل ہے۔ بیقرار۔ بے چین۔ مضطرب۔ اُوپر تلے۔ اُلٹ پلٹ۔

لوٹ پوٹ ہونا یا ہو جانا (ہ۔ محاورہ) تڑپ جانا پھڑک جانا۔ بے قرار ہونا۔ بے چین ہونا۔ فریفتہ ہو جانا۔ عاشق ہونا۔ پھڑک کر دم نکل جانا۔ تڑپ کر دفعتہً مر جانا۔ پھڑکانہ کھانا۔

لوٹ جانا۔ لوٹ ہو جانا۔ لوٹ ہونا (ہ۔ محاورہ) زمین پر تڑپنے لگنا۔ لڑکنیاں کھانے لگنا۔ مر جانا۔ پھڑک جان مفتون ہونا۔ عاشق ہونا۔ تڑپ جانا۔ بے چین ہونا۔ بے قرار ہونا۔ پھر جانا۔ برگشتہ ہونا۔ مکر جانا۔ انکار کرنا۔ للچانا۔ ریجھنا۔ بہت پسند کرنا۔ از حد خوش ہونا۔ تصدق ہونا۔ وارے جانا۔ قربان ہونا۔

لوٹ لگانا / لوٹ مارنا (ہ فعل) لڑکنا۔ پڑکنا۔ لوٹنا۔ پوٹنا۔ سونا۔ سو رہنا۔ لیٹنا۔ اینڈنا۔ دراز ہونا۔

لوٹ (ہ۔ا۔مو) لوٹنا بواو معروف کا حاصل مصدر۔ چھینا جھپٹی۔ غارت۔ غنیمت۔ تاراج۔ ظلم۔ اندھیرا۔

لوٹ پر کمر باندھنا (اُ۔ محاورہ) لوٹ مار کا پیشہ اختیار کرنا۔

لوٹ پر کمر کرنا (اُ۔ محاورہ) مال غنیمت پر کمر کرنا۔

لوٹ پڑنا (اُ۔ محاورہ) لوٹنا۔ غارتگری ہونا۔ اندھیر مچنا۔ ظلم ہونا۔

لوٹ کا مال (اُ۔ا۔مذ) غنیمت کا مال۔ لیغا۔ چوری کا مال۔ مُفت کا مال۔

لوٹ کھانا (اُ۔ محاورہ) کسی مال ہضم کر جانا۔

لوٹ کھسوٹ یا لوٹ مار (ہ۔ا۔مو) رہزنی۔ قزاقی۔ ڈاکہ۔ غارتگری۔

لوٹ کے موصل بھی بھلے (اُ۔ مثل) مُفت میں ادنیٰ چیز بھی مل جائے تو غنیمت ہے۔

لوٹ لائے کوٹ کھائے (اُ۔ مثل) مُفت کا مال حاصل کیا۔ اور مزے اُڑائے۔

لوٹ لینا (اُ۔ محاورہ) چھین لینا۔ ہتھیا لینا۔ عاشق کرنا۔ فریفتہ کر لینا۔ موہ لینا۔ مال مار لینا۔ چوری کر لینا۔ ڈاکہ مار لینا۔

لوٹ مچانا۔ یا۔ ڈالنا (اُ۔ محاورہ) چھین جھپٹ کرنا۔ لوٹنا مارنا۔ زبردستی کرنا۔

لوٹ میں پڑنا (اُ۔ محاورہ) لوٹا جانا۔ لوٹ میں حصہ لینا۔

لوٹ میں جرعہ بھی غنیمت ہے / لوٹ کے موسلی بھی بھلے (اُ۔ مثل، مفت کی ادنیٰ چیز بھی اچھی ہے۔ بن پیسوں کے جو چیز بھی مل جائے بہتر ہی ہے۔

لوٹا (ہ۔ا۔مذ) ایک طرح کا ٹونٹی دار برتن۔ آفتابہ۔ بڑی لٹیا۔

لوٹا اُٹھانا یا رکھنا (اُ۔ محاورہ) نہایت ادنیٰ درجے کی نوکری کرنا۔ پاخانے میں لوٹا رکھنے کی ملازمت کرنا۔

لوٹا چوکی پر نہ رکھواؤں (اُ۔ مثل) اظہار نفرت کے لئے کہتے ہیں۔

لوٹا سجّی یا لوٹن سجّی (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کی عمدہ گلابی رنگ کی سجّی یا کھار۔

لوٹا کھسوٹا (ہ۔ صفت۔ ترکیب مفعولی) وہ آدمی جس کا مال لوٹ لیا ہو۔ لٹا ہوا غارت بُردہ۔

لوٹا لوٹ (ہ۔ا۔مو) لوٹ مار۔ غارت گری۔ قزاقی۔ رہزنی۔ ظلم۔ اندھیرا۔

لوٹا لوٹا پھرنا (ہ۔ محاورہ) بے حد تڑپنا۔ کسی درد یا صدمے سے بہت ہی تڑپنا۔ بے تابانہ پھرنا۔ نہایت بے چین اور بیقرار پھرنا۔

لوٹانا (ہ۔ فعل) پھیرنا۔ واپس کرنا۔ نیچے کا کپڑا اُوپر اور اُوپر کا نیچے کرنا۔ اُوپر تلے کرنا۔

لوٹتا پھرنا (اُ۔ محاورہ) تڑپتا پھرنا۔ زمین پر لڑھکتا پھرنا۔

لوٹ پوٹ (ہ۔ا۔مو) ساتھ کے ساتھ دو طرفہ چھپائی۔ دو رُخی طباعت۔

لوٹنا پھرنا (ہ۔محاورہ) نہایت تڑپنا۔ بے حد مضطرب ہونا۔ بے چین پھرنا۔ بے قرار رہنا۔

لوٹم لاٹ یا لوٹم لوٹ (ہ۔ا۔مو) زبردستی کی چوری۔ اندھیر کھانا۔ کمال بدانتظامی۔

لوٹن (ہ۔صفت) لوٹنے والا۔ پچھاڑیں کھانے والا۔ تڑپنے والا۔ قلابازیاں کھانیوالا۔

لوٹن کبوتر (اُر۔امذ) ایک طرح کا کبوتر۔ جس کے سر پر ہاتھ لگا کر چھوڑنے سے وہ لوٹنیاں کھانے اور تڑپنے لگتا ہے۔ قلابازیاں کھانے والا کبوتر۔ گرہ باز کبوتر۔

لوٹنا (ہ۔فعل) واپس ہونا۔ واپس پھرنا۔ ہٹنا۔ اُلٹنا۔ پلٹنا۔ کپڑے کا رُخ بدلنا۔ اندر کا کپڑا باہر اور باہر کا اندر کرنا۔

لوٹنا (ہ۔فعل، بواو مجہول) لڑکنا۔ لڑکنیاں کھانا۔ خاک مٹی میں لیٹنا۔ بچے کا ضد کرنا۔ مچلنا۔ مستی یا نشے میں زمین پر لڑھکا لڑھکا پھرنا۔ بے قرار ہونا۔ کسی درد یا صدمہ سے بے تاب رہنا۔ عاشق ہونا۔ شیدا ہونا۔ پاؤں میں گرنا۔ پڑنا۔ مکر جانا۔ انکار کرنا۔ بہت ہی پسند کرنا۔ نہایت خوش ہونا۔ وجد اور حال میں آنا۔ رقص کرنا۔ واہ واکرنا۔ کسی کے ہنر کا قائل ہونا۔

لوٹنا پوٹنا (ہ۔فعل) جہاں چاہنا بے تکلف پڑ رہنا۔ سونا سُلانا۔ لیٹنا سو رہنا۔ پوٹنا۔ تابع مہمل ہے۔

لُوٹنا (ہ۔فعل) لُوٹ کھسوٹ کرنا۔ غارت گری کرنا۔ زبردستی چھیننا۔ عاشق بنانا۔ اپنا والہ وشیدا کرلینا۔ مزہ اُڑانا۔ تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ مال مارنا۔ غبن کرنا۔

لوٹنی (ہ۔ا۔مو) پلٹی۔ قلابازی۔ لڑکنی۔ صاف جواب۔ بالکل انکار۔

لوٹنی لینا (ہ۔محاورہ) صاف مکر جانا۔ بے ایمانی کرنا۔ چیز لے کر انکار کردینا۔

لوٹنیاں کھانا (ہ۔محاورہ) تڑپنا۔ پھڑکنا۔ بے قرار ہونا۔ پچھاڑیں کھانا۔ قلابازیاں کھانا۔ پلٹیاں کھانا۔

لوٹنے کی جائے ہے / **لوٹنے کی جا ہے** (اُر۔محاورہ) عجب لُطف ہے۔ نہایت عجیب سیر و تماشا ہے۔ تڑپنے کی جگہ ہے۔ فدا ہونے کا مقام ہے۔ قربان ہونے کی جگہ ہے۔

لوٹھا (ہ۔صفت۔مذ) موٹا۔ فربہ۔ سنڈ۔ منڈ۔ مسٹنڈا۔ جوان آدمی۔ ہٹا کٹا۔

لوٹھی (ہ۔صف۔مو) لوٹھا کی تانیث۔

لوٹے ڈالنا (ہ۔فعل) نہانا۔ غسل کرنا۔ نہا کر پاک ہونا۔

لوٹے میں نمک ڈالنا یا گھلانا / **لوٹے لون پانا۔ یا۔ ڈالنا** (محاورہ) سخت قسم کھانا۔ قسمیہ عہد کرنا۔ یعنی عہد توڑنے والا پانی میں نمک کی طرح گھل گھل کر مرے۔

لوث (ع۔امذ) ملاوٹ۔ ملاؤ۔ آمیزش۔ کھوٹ۔ آلودگی۔ مجازاً دھبہ۔ عیب۔ داغ۔ کلنک کا ٹیکا۔

لوث دینا (صفت۔مو) دُنیا کی محبت۔

لوچ (ہ۔ا۔مذ) لیس۔ لیپ۔ چپچپاہٹ۔ ملائمت۔ نرمی۔ لچک۔ حسن وخوبی (بحالتِ اسم مونث) سر کے بالوں کو راکھ لگا کر ہاتھوں سے نوچنا۔

لوچ دار (اُر۔صفت) لیسدار۔ چیپ دار۔ لیسدار۔ چپچپا۔ نرم۔ ملائم۔ نازک۔ لچکدار۔

لوچ دینا (ہ۔محاورہ) آٹے میں پانی ملا ملا کر مکیوں سے لس پیدا کرنا۔ مکی دے کر خوب گوندھنا۔

لوچرا (ہ۔صفت) ڈھیلا۔ نامرد۔ بولیسا۔

لوچن (س۔امذ) آنکھ۔ دیدہ۔ نین۔ نیتر۔ جیسے مرگ لوچن۔

لوح (ع۔ا۔مو) پٹی لکھنے کی تختی۔ پتھر یا لکڑی کی تختی۔

لوح پا (صفت۔مو) وہ لکڑی کا ٹکڑا۔ جس پر جولاہے کپڑا بُنتے وقت پاؤں رکھ کر ہلاتے ہیں۔

لوحِ پیشانی / جبیں (عف۔ا۔مو) پیشانی۔ ماتھا۔

لوحِ تربت (عف۔مو) قبر کے سرہانے کا پتھر۔

لوحِ سادہ یا لوحِ پاک (عف۔صفت، مرکب) کوری تختی۔ بن لکھی تختی۔ سادہ تختہ۔

لوحِ تعلیم یا لوحِ مشق (عف۔ا۔مو) بچوں کے مشق کرنے کی تختی۔ خط صاف کرنے اور پختہ کرنے کی پٹی۔ بکثرت مستعمل چیز زیرِ مشق۔

لوحِ سیمین (عف۔ا۔مو) چاندی کی تختی۔ کنایۃً معشوق کا پیٹ اور پیشانی۔

لوحِ طلسم (ع۔ا۔مو) طلسم کے کھولنے کا طریق بارش کی حقیقت بتانے والی طلسم تختی۔ جو دفن کردیا کرتے ہیں۔

لوحِ محفوظ (ع۔ا۔مو) وہ تختی جس پر اللہ تعالےٰ نے ہر ایک فعل کی نسبت جو دُنیا میں ہونیوالا ہے۔ اوّل سے آخر تک لکھ رکھا ہے۔ اور اسی کے موافق ہوتا ہے۔ علم الٰہی۔

لوحِ مشق / تعلیم (عف۔ا۔مو) تختۂ مشق۔ وہ تختی جس پر بچے مشق کرتے ہیں۔ وہ چیز جو کثرت سے استعمال آئے۔

لوحِ مزار۔ لوحِ ترتیب / لوحِ قبر۔ لوحِ مرقد (ع۔ا۔مو) وہ پتھر کی سِل۔ جو قبر کے سرہانے تاریخ وفات یا آیات قرآنی یا اشعار کندہ کرکے لگا دیتے ہیں۔

لوحِ نویس عف۔ مذ۔ فاعل ترکیبی) کتابوں کے سرورق بنانے والا۔ نقاش۔ مصوّر۔

لوح و قلم (ع۔ا۔مو) پٹی اور قلم۔ لوح محفوظ۔ اور قلم قدرت۔

لودھ (س۔امذ) ایک اسی نام کا درخت ہے اور اس کی چھال ایک قسم کی بوٹی رنگنے کے کام آتی ہے۔

لودھا (ہ۔ا۔مذ) کاشتکاری۔ اور کاشتی کرنے والا۔ ایک نومسلم فرقہ۔

لودھی یا لودی (اُر۔مذ) پٹھانوں کے ایک گروہ کا نام ہے۔ جس کا آخری بادشاہ ابراہیم لودھی ہوا ہے۔ جو بابر کے ساتھ جنگ کرکے مارا گیا۔

لوڈ (انگ۔ا۔مذ۔ Load) بوجھ۔ بار۔ بھار۔

لوئر (انگ۔صفت۔ Lower) کھٹیل۔ ادنےٰ۔ چھوٹا۔ ابتدائی۔ ماتحت۔

لوئر کلاس (انگ۔ا۔مو) Lower Class چھوٹی جماعت۔ چھوٹا درجہ۔ ابتدائی جماعت۔

لوری (ہ۔ا۔مو) بچوں کو سلانے کا گیت گانا۔ بچے کو لوری سُنا کر سُلانا۔

لوری دینا (اُ۔محاورہ) بچے کو سلانے یا بہلانے کیلئے گیت گانا۔

لوڑھنا (اُ۔مصدر) کپاس سے بیج علیحدہ کرنا۔

لوڑ (ہ۔ا۔مو) (پنجاب میں) ضرورت طلب۔ خواہش۔ حاجت۔

لوڑا (ہ۔ا۔مذ) آلۂ تناسل۔ ذکر۔ لنگ۔ لنڈ۔

لوڑھی (ہ۔ا۔مو) ہندوؤں کے ایک تہوار کا نام ہے۔ جو ماہ پوس کی ۲۹ تاریخ کو منایا جاتا ہے۔ جس میں کالی دیوی کے نام پر رات بھر لکڑیاں جلاتے اور گیت گاتے ہیں۔

لَوز (ع۔ا۔مو) بادام۔ ایک قسم کی مٹھائی۔ یا ترچھی چوکور۔

لَوزیات (ع۔ا۔مو) لوز کی جمع۔

لَوزینہ (ع۔ا۔مذ) بینہ برائے نسبت۔ منسوب بہ لوز۔ بادام کا حلوہ۔

لَوس (اُ۔ا۔مو) لیس کا بگاڑ ہے۔ چپچپی یا سنہری کلابتوں یا تاروں کا فیتہ۔

لُوس (ہ۔ا۔مو) داغ کی بُو۔ تیز آگ کی بُو۔ جو سالن جل جانے سے باقی ماندہ ترکاری دال وغیرہ سے آیا کرتی ہے۔ جُھلس کی بُو۔

لُوس نکلنا (ہ۔ فعل) دال ترکاری سالن میں تیز آگ کی بو کا اثر ہو جانا۔ ہانڈی کا داغ کھانا۔ جُھلس جانا۔

لُوط (ع۔ا۔مذ) ایک مشہور پیغمبر کا نام جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بھتیجے تھے۔ اور ان کی قوم میں لواطت کا رواج تھا۔

لُوطی (ع۔ا۔مذ) لُوط پیغمبر کی قوم۔ ہانکا۔ اغلام باز۔ رند۔

لوک (س۔ا۔مذ) آدمی۔ انسان۔ بستر۔ لوگ۔ منش۔ بھون۔ پردہ۔ طبقہ۔ بعض کے نزدیک چودہ بعض کے نزدیک سات لوگ ہیں۔ مگر تین بہت مشہور ہیں۔ (۱) سورلوک۔ یعنی عالم ارواح (۲) مرتولوک یعنی دُنیا (۳) پاتال لوک یعنی تحت الثریٰ۔

لوک آچار } (ہ۔ا۔مذ) دنیس کی ریت۔ مالک کا دستور۔ رسوم ملکی۔
لوک ہو ہار }

لوک پال (س۔مذ) جہاں نما۔ بادشاہ۔ راجہ۔

لوک سبھا (ہ۔ا۔مو) قومی اسمبلی۔ ایوان زیریں۔ مجلس دستور ساز کا ایوان زیریں۔

لوک کہانی (ہ۔ا۔مو) وہ قصے کہانیاں جو عوام میں مروج ہیں۔

لوک گیت (ہ۔ا۔مذ) عوامی گیت۔ وہ گانے جو عوام میں مروج ہیں اور زیادہ تر دیہات میں گائے جاتے ہیں۔

لوک ناتھ (س۔ا۔مذ) بادشاہ۔ راجہ۔ شیوجی۔ مہادیو۔ برہما وشنو۔

لوک ناچ (ہ۔ا۔مذ) عوام کے قدیم ناچ جو کسی رسم یا تہوار سے تعلق رکھتے ہیں۔

لُوکا } (ہ۔ا۔مذ) آگ کا شعلہ۔ لو۔ لاٹ۔ لپٹ۔ جھلسا۔ لکڑی۔
لُوک } جلی ہوئی لکڑی کا ٹکڑا۔

لُوکا لگانا (ہ۔ فعل) آگ لگانا۔ جھلسنا۔ بتی لگانا۔

لُوکا لگاؤں (ہ۔ دعائے بد) آگ لگاؤں۔ چولہے میں دُوں۔ جھلسا لگاؤں۔

لُوکا لگے یا لگ جائے (ہ) کلمہ نفرت و دُعائے بد۔ آگ لگے۔ بہاڑ میں پڑے۔ چولہے میں جائے۔

لُوکاٹ (ملایا۔ا۔مذ) ایک کھٹ میٹھا۔ زرد رنگ کا مشہور میوہ۔

لوکاراشم (ع۔ا۔مذ) ایک قسم کا حساب جو حساب کی پھیلاؤ کو مختصر کرتا ہے۔

لوکالوک (س۔ا۔مذ) حد کے طور پر دنیا کے گرداگرد مانا ہوا۔ پہاڑوں کا فرضی سلسلہ۔

لُوکٹ (ہ۔ا۔مو) ادھ جلی لکڑی۔ لکٹی۔

لوکڑا (ہ۔ا۔مذ) لوک کی تصغیر۔ لڑکا۔ بچہ۔ طفل۔ درگا دیوی کا خادم لڑکا۔

لوکل (انگ۔ صفت) ملکی۔ مقامی۔ موقع کا۔ Local

لوکل سیلف گورنمنٹ (انگ۔ا۔مو) خود اختیاری حکومت۔ مجازاً میونسپل کمیٹیوں اور ڈسٹرکٹ بورڈوں کے انتظامی صیغے۔ Local Self Govt.

لوکنا (اُ۔مصدر) بجلی چمکنا۔

لوکھڑی (ہ۔ا۔مو) لومڑی۔

لوکی (ہ۔ا۔مو) لمبا گھیا۔ کدو۔

لوگ (ہ۔ا۔مذ) بہت سے آدمی۔ اشخاص۔ خلقت۔ ذات۔ قوم۔ برن۔ خاوند۔ پتی۔

لوگ باگ (اُ۔مذ) عوام۔ عام لوگ۔

لوگ لگائی (ہ۔ا۔مذ) مرد عورت۔ زن و مرد۔

لوگ ہنسائی (ہ۔ا۔مو) رسوائی۔ عام بدنامی۔ جگت ہنسائی۔

لول (بہ واؤ مجہول۔ ف۔ صفت) بے شرم۔ بے حیا۔ (مو) بے حیائی۔ بے شرمی۔ لوتے کی لوٹنی۔

لولا (ہ۔ا۔مذ۔ بواؤ مجہول) گھنٹیوں اور ٹیسوں وغیرہ کے اندر کا لٹکن کان کا ایک زیور۔

لُولا (ہ۔ صفت۔ بواؤ معروف) لنجا۔ بے پا۔ پیروں سے اپاہج۔

لولو (ع۔ا۔مذ) موتی۔ دُر۔ مروارید۔ گوہر (ف) فارس کی ایک خوبصورت قوم کا نام جسے گرُجی بھی کہتے ہیں۔ بچوں کو ڈرانے کی مہیب آواز۔ مجازاً بھوت۔ جن۔ پری۔ (اردو) اُلو۔ پاگل۔ احمق۔ بیوقوف۔ پاڈلا۔

لُولو بنانا (اُ۔محاورہ) احمق بنانا۔ اُلو بنانا۔

لولی (ف۔ا۔مو) ناچنے گانے والی عورت۔ رقاصہ۔ کنچنی۔ رنڈی۔ بیسوا۔ فاحشہ۔ پاترہ۔ عمدہ نازک۔ خوبصورت۔ خوش مزاج۔ فارس کی گرجی قوم کا دوسرا نام۔

لولیئے فلک (فع۔ا۔مو) آسمان کی ڈومنی۔ زہرہ ستارہ۔ ناہید۔ مشتری۔

لولین (ہ۔ صفت) کسی خیال میں ڈوبے ہوا۔ محو۔ مستغرق۔ لولگا نیوالا۔

لومڑی (ہ۔ا۔مو) روباہ۔ بلی کے برابر ایک جنگلی جانور کا نام۔

(بحالت صفت) مجازاً مکار۔ فریبی۔ عیار۔ گربہ مسکین۔ لومڑی۔

لومڑی کے شکار کو جایئے تو شیر کا سامان کر لیجئے (اُر۔مثل) چھوٹے سے کام کے لئے بھی معقول انتظام کرنا چاہیئے۔

لون (ہ۔ا۔مذ) رنگ۔ روپ۔ رنگت۔

لون (انگ۔ Lawn) قرض۔ اُدھار۔ وام۔

لون (ہ۔ا۔مذ) کھار۔ نمک۔ ملح۔ کھارا۔

لون چھڑکنا (اُر۔محاورہ) زخم پر نمک چھڑکنا۔ تکلیف بڑھانا۔

لون مرچ آنکھوں میں جھرنا (اُر۔محاورہ) تکلیف دینا۔ اندھا کرنا۔ بات کو بڑھا کر بیان کرنا۔ حاشیہ چڑھانا۔

لون مرچ لگانا (اُر۔محاورہ) بات کو لمبا کر کے بیان کرنا۔ بڑھانا۔ بھڑکانا۔ حاشیہ چڑھانا۔

لوں (ہ۔صفت) گرم ہوا۔ بادسموم۔

لونا (ہ۔صفت) سلونا۔ نمکین۔ شور۔ کھاری۔ کڑوا۔ تیز۔

لونا چماری (ہ۔ا۔مو) بنگلہ دیش کی ایک مشہور جادوگرنی کا نام ہے۔

لونٹر (ہ۔صفت) لمبا۔ اوت۔ احمق۔ دراز قد۔ وہ آدمی جو قد کاکیا اور بے وقوف ہو۔

لونجی (ہ۔ا۔مو) کچومر۔ اچار کے لئے تیار کی ہوئی کچے آم کی پھانکیں۔ کیریوں کی پھانکوں کا اچار۔

لونڈا (ہ۔ا۔مذ) وہ تیرھواں مہینہ۔ جو ہر سال کی کسرات کے عوض تیسرے سال شمسی حساب سے بڑھایا جاتا ہے۔ فضول۔ زیادہ فاضل۔ فالتو۔ زائد۔

لونڈا (ہ۔ا۔مذ) لڑکا۔ چھوکرا۔ بن ڈاڑھیا۔ لڑکا۔ بیٹا۔ پوت۔ سُسر۔ غلام۔ داس۔ بردہ۔ اُدھر کا کام کاج کرنیوالا لڑکا۔ ہرکارہ۔ (بحالت صفت) نادان۔ ناتجربہ کار۔ سفلہ۔ چھچھورا۔

لونڈا اپن (مذ) چھچھورا پن۔ سفلہ پن۔ لڑکپن۔ بچپن۔

لونڈر (انگ۔مذ۔ Lavender) ایک خوشبودار گھاس۔ ایک قسم کا انگریزی عطر۔

لونڈی اور کے پیر دھوئے اپنے پیر دھوتی لجائے (ہ۔محاورہ) اوروں کا کام کرنے رہنے والے اور اپنی خبر نہ رکھنے والے کی نسبت طنزاً بولتے ہیں۔

لونڈی بچہ (اُر۔مذ) وہ شخص جو باندی یا لونڈی کے پیٹ سے ہو۔ کنیزادہ ہے۔

لونڈی کو لونڈی کہا رو دی بیوی کو لونڈی کہا ہنس دی (ہ۔مثل) رذیل اور شریف میں یہی فرق ہے۔ کہ شریف کا حوصلہ زیادہ ہے۔ رذیل کا بہت کم ہوتا ہے۔

لونڈی جنی (اُر۔ا۔مو) وہ لڑکی جو باندی کے پیٹ سے ہو۔

لونڈی کی خوشامد سے سسرال میں باس (اُر۔مثل) نوکروں اور خادموں کو خوش رکھنے سے آقا بھی راضی رہتا ہے۔

لونڈی ہو کر کمانا۔ بیوی بن کر کھانا (اُر۔مثل) محنت سے شرم نہ کرنے والا۔ امیرانہ گزران کرتا ہے۔

لونڈے لاڑیئے (اُر۔ا۔مذ) ناتجربہ کار بچے۔

لونڈے لپاڑیئے (اُر۔ا۔مذ) گیتی چھوکرے۔

لونڈیا (ہ۔ا۔مو) بالف تصغیری۔ برائے پیار۔ لڑکی۔ چھوکری۔ بیٹی۔ دختر۔ پُتری۔

لونگ (ہ۔ا۔مو) ناک کے ایک زیور کا نام۔ ایک خوشبودار درخت کی نہایت تیز اور خوشبودار کلی۔ گرم مصالحہ کے ایک درخت کا شگوفہ۔ قرنفل۔ کرن پھول۔

لونگ چڑے لونگچڑے (ہ۔ا۔مذ) بیسن کی پھلیاں۔ ایک طرح کے بیسن ملے کباب۔

لونی جھڑنا (اُر۔محاورہ) دیوار سے شورہ جھڑنا۔ گرنا۔

لونی لگنا (ہ۔فعل) دیوار کو شورہ لگ جانا۔ کھار ہونا۔

لونیا (ہ۔ا۔مذ) بالف فاعلی۔ نمک بنانے والا۔ نمک فروش۔ نمک بیچنے والا۔ ایک قسم کا نمکین اور ترش ذائقے والا ساگ جسے لون کھا بھی کہتے ہیں۔ خرفہ کوچک۔

لوہ (ہ۔ا۔مذ) لوہے کا مخفف ہے۔ آہن۔

لوہ چون (ہ۔ا۔مذ) لوہے کا چورا۔ برادہ آہن۔

لوہ سار (ہ۔ا۔مو) لوہے کی دکان۔

لوہا (ہ۔ا۔مذ) آہن (بحالت صفت) سخت۔ مضبوط۔ مستحکم۔ بھاری۔

لوہا بجانا (ہ۔محاورہ) تلوار چلانا۔ تیغ زنی کرنا۔

لوہا برسنا (ہ۔محاورہ) تلوار چلنا۔ تیغ بازی ہونا۔ کشت وخون ہونا۔

لوہا تیز ہونا (ہ۔محاورہ) غالب ہونا۔ در ہونا۔ تلوار تیز ہونا۔ قابو چلنا۔ بس چلنا۔

لوہا لاٹ ہو جانا (اُر۔محاورہ) نہایت سخت اور مضبوط ہو جانا۔

لوہا جانے لوہار جانے دھونکنے والے کی بلا جانے (اُر۔مثل) اپنے معاملے کو فریقین ہی اچھی طرح جانتے ہیں۔ غیر آدمی کو کیا خبر ہے۔

لوہا دینا یا کرنا (ہ۔محاورہ) استری کرنا۔ استری گرم کر کے سلائی بٹھانے یا شکن دور کرنے کی غرض سے کپڑے پر پھیرنا۔

لوہا لاٹھ (ہ۔صفت۔ تشبیہی) نہایت سخت۔ نہایت مضبوط۔ بہت مستحکم۔ بصورت تابع فعل مشکل قافیہ ورد یف میں مشکل زمین میں۔

لوہا لوٹ جانا (ہ۔محاورہ) تلوار کا وار خالی جانا۔ تلوار کا ٹیڑھا ہو جانا۔ تلوار کا دوہرا ہو کر کچھ کاٹ نہ کرنا۔ کام بگڑ جانا۔ قسمت بگڑ جانا۔

لوہا ماننا یا مان جانا (ہ۔محاورہ) کسی کی بہادری یا بیرحمی کا قائل ہونا۔ ماننا۔ تسلیم کرنا۔ رُعب ماننا۔ ڈرنا۔ خوف کھانا۔ عاجز ہونا۔

لوہار (ہ۔ا۔مذ۔ بہ آر فاعلیت) لوہے کی چیزیں بنانے والا۔ آہن گر۔

لوہار خانہ (ہ۔ا۔مذ۔ ظرف) بہت سے لوہاروں کے کام کرنے کی جگہ۔ کارخانہ آہن۔

لوہار خانے میں سوئیاں بیچنا (ہ۔محاورہ) اُلٹا کام کرنا۔ کسی چیز کو اسی کے بننے کی جگہ میں لے جانا۔ اُلٹے بانس بریلی بھیجنا۔ بے وقوفی کا کام کرنا۔

لوہاری یا لوہارنی (ہ۔ا۔مو) لوہار کی بیوی۔ لوہار قوم کی عورت۔

لوہو (ہ-امذ) لہو ۔ خون ۔
لوہیا (ہ-امذ) لوہے کی چیزیں بیچنے والا ۔
لوہے ٹھنڈے ہو گئے (اُر-محاورہ) جو ملے پست ہو گئے۔ امنگ جاتی رہی ۔
لوہے کا پانی (اُر-امذ) تلوار کی آب ۔
لوہے کا دل (اُر-امذ) نڈر ۔ سخت دل ۔
لوہے کا کوٹنا (اُر-محاورہ) لوہے پر ہتھوڑے سے ضرب لگانا۔
لوہے کے چنے (ہ-امذ) سخت مشکل اور کٹھن کام ۔
لوہے کے چنوں سے پلنا (اُر-محاورہ) مصیبت کی حالت میں زندگی بسر کرنا ۔
لوہے کے چنے چبانا (ہ-فعل) نہایت مشکل اور دشوار کام کرنا۔ نہایت کٹھن کام کرنا۔ سخت اور دقیق علم پڑھنا ۔
لوہے کی چھاتی کر لینا (اُر-محاورہ) دل سخت کر لینا۔ پتھر کا جگر کر لینا۔ مصیبت جھیلنے کے قابل ہو جانا ۔
لوہے کے گھاٹ اُتارنا (اُر-محاورہ) قتل کر دینا۔ تلوار سے اُڑا دینا۔ دل توڑنا۔ نا اُمید کرنا۔ مایوس کرنا۔
لوہے لگے (اُر-محاورہ) مشکلیں پیش آئیں۔ تکلیفیں اُٹھائیں ۔
لوہے بس ڈوبا ہونا (اُر-محاورہ) پوری طرح مسلح ہونا۔
لوئی (ہ-امو) ایک قسم کا باریک کمبل ۔ اونی چادر۔ گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا۔ عزت کا کپڑا جیسے اُتر گئی لوئی تو کیا کرے گا کوئی پنجاب، پوچھٹے ۔ منہ اندھیرے جیسے لوئی پھٹے مجھے جگا دینا ۔
لوے یا لاوے (ہ-تابع فعل) پاس ۔ قریب ۔ نزدیک متصل دھورے ۔
لوے لگنا (اُر-محاورہ) پاس لگنا ۔ قریب آنا ۔ یقین ہونا۔ اعتبار ہونا۔ دل کو لگنا ۔
لوبیں پھرنا (اُر-محاورہ) نزع کی حالت میں کان کی لویں پھر جانا۔

ل - ہ

لُہار (ہ-امذ) آہن گر ۔ لوہار ۔ لوہے کی چیزیں بنانے والا ۔
لُہارن } (ہ-امو) لوہار کی بیوی ۔ لوہار قوم
لُہاری } کی عورت ۔
لُہاڑا (ہ-صفت) لین دین کا کھوٹا۔ معاملہ کا خراب۔ نادہند۔ لیکر نہ دینے والا۔ لپیٹر۔ لے ٹوٹ ۔
لُہاس (ہ-امذ) بہت موٹا رسّا ۔ جہاز کا رسّا ۔ بڑا لوکڑا جال جھالا ۔
لُہاسی (ہ-امو) کشتی کھینچنے کی چھوٹی رسی ۔
لُہان (ہ-صفت) لہو سے لتھڑا ہوا۔ خون آلودہ ۔ خونم خون ۔
لُہاؤ (ہ-مذ) چوچلے ۔ نخرے ۔
لُہبر (ہ-امذ) جُبّہ ۔ لبادہ ۔ چوغہ ۔ ایک قسم کا لمبا اور لمبی گردن والا طوطا۔ چھڑ۔ نیزہ ۔ علم ۔ جھنڈا ۔
لُہری (ہ-امذ) ایک قسم کا لمبی گردن والا اور دراز قد طوطا جس کی گردن بولتے وقت خاص انداز سے ہلتی ہے ۔
لَہجہ (ع-امذ) لفظوں کی آواز ۔ طرز کلام ۔ تلفظ ۔ بول چال ۔ محاورہ ۔ زبان ۔ سُر ۔ لے ۔
لَہجہ اُتارنا (اُر-محاورہ) لہجہ کی نقل کرنا ۔
لِہٰذا (ع-تابع فعل ۔ مفید حرف علت) اسی واسطے ۔ اُسی لئے ۔ بنابراں الغرض ۔ حاصل کلام ۔
لَہر (ہ-امو) دریا کی موج ۔ جوار بھاٹا ۔ تلاطم ۔ دھیان ۔ کسی کی یاد یا خیال کا دل میں آنا ۔ سبز پودوں کی جنبش ۔ لہلہاہٹ ۔ اُمنگ ۔ ترنگ ۔ وجد ۔ حال ۔ وہم ۔ خیال ۔ دیوانگی ۔ خبط ۔ سودا ۔ جنوں ۔ کشیدہ کی دھاری ۔ بیل ۔ خواہش ۔ جماع ۔ خرمستی ۔ کسی زہریا مرض وغیرہ کا دورہ ۔ ہڑک ۔ چیک ۔ ٹیس ۔ تیزی ۔ جلن ۔ سوزش ۔ جنگ ۔
لَہر اُٹھنا (ہ-محاورہ) موج آنا ۔ ترنگ آنا ۔ جوش اُٹھنا ۔ شوق پیدا ہونا ۔ ارادہ ہونا ۔ خیال پیدا ہونا ۔
لَہر آنا (ہ-محاورہ) موج آنا ۔ تلاطم ہونا ۔ شوق پیدا ہونا ۔ خیال آنا ۔ تصور بندھنا ۔ زہر کے اثر سے پیچ و تاب کھانا ۔ سانپ کے زہر سے جسم کا لہرانا ۔
لَہر بہر (ہ-امو) خوش حالی ۔ آسودگی ۔ خوش اقبالی ۔ کسی چیز کی زیادتی اور کثرت ۔ برکت ۔ بہبودی ۔
لَہر بہر ہو جانا (ہ-محاورہ) قسمت جاگ اُٹھنا ۔ اقبال یاور ہو جانا ۔ کام بن جانا ۔ بہت زور کی بارش ہونا ۔ روپے پیسے سے فراغ بالی ہو جانا ۔
لَہر چڑھنا (ہ-محاورہ) پانی کا طغیانی پر ہونا ۔ زوروں پر ہونا ۔ لہر کا دورہ ہونا ۔ زہر کا اثر ہونا ۔
لَہر چھوٹنا (ہ-محاورہ) مستی آنا ۔ غلبہ شہوت ہونا ۔ جماع کو جی چاہنا ۔
لَہر لینا (ہ-محاورہ) سانپ یا کتے کے کاٹے کا زہر کے اثر سے اعضاء کو ہلانا ۔
لَہرا (ہ-امذ) چلتی ہوئی لے ۔ طبیعت میں ایک لہر پیدا کرنے والا سُر ۔ جوش پیدا کرنے والی لے ۔ سُر ۔ آواز ۔ نغمہ ۔ ترانہ ۔ متواتر زدوکوب (بحالت اسم صوت) تڑاتڑ جوتیاں لگنے کی آواز ۔
لَہرا اُڑانا (ہ-محاورہ) تان اُڑانا ۔ سُر نکالنا ۔ راگ گانا ۔ متواتر جوتیاں مارنا ۔ خوب زدوکوب کرنا ۔ جُتیانا ۔ تڑاتڑ لگانا ۔
لَہرا بجانا (ہ-محاورہ) سارنگی بجانا ۔ سُر نکالنا ۔ جوش افزا لے نکالنا ۔
لَہرا لگانا (ہ-محاورہ) اکسانا ۔ آمادہ کرنا ۔
لَہرا لینا (ہ-محاورہ) خوب خبر لینا ۔ اڑے ہاتھوں لینا ۔ ذلیل کرنا ۔ مزے لینا ۔ لطف اُٹھانا ۔
لَہرانا (ہ-فعل) دریا وغیرہ میں پانی کا لہریں مارنا ۔ ہلکورے لینا ۔ موج مارنا ۔ جی للچانا ۔ مائل ہونا ۔ لہلہانا ۔ ہلنا ۔ جنبش کرنا ۔ اُڑنا ۔ فرمانے بھرنا ۔ سانپ کا چلنا ۔ بل مارنا ۔
لَہری (ہ-صف ۔ بیائے فاعلیت) موجی بے پروا ۔ ترنگی ۔ دل کا

بادشاہ۔ بے رنج۔ خوش مزاج۔ ظریف۔ خوش دل۔ (بحالت اسم مذکر) لیچھ۔ بھالو۔ خرس۔

لہریا (ہ) صفت۔ بیائے نسبتی) لہر والا۔ آڑی۔ ترچھی دھاریوں والا۔ (بحالت مذکر) ایک قسم کا آڑی ترچھی دھاریوں والا کپڑا۔

لہریں گننا (ہ۔ محاورہ) نکما کام کرنا۔ لغو اور فضول کام میں وقت گنوانا۔ بیفائدہ کام کرنا۔ بیکار رہنا۔ بے شغلی میں رہنا۔

لہریں لینا (ہ۔ محاورہ) جھولنا۔ ہلنا۔ جنبش کرنا۔ لہرانا۔ جھومنا۔ دریا کا موجیں مارنا۔ ہلورے لینا۔ دل ہی دل میں مزہ لینا۔ آپ ہی آپ خوش ہونا۔

لہسن (ہ۔ا۔مذ) لسن۔ سیر۔

لہسنیا (ہ۔ا۔مذ۔ ف) لہسنی رنگ کا۔ لہسن اور بلی کی آنکھ کے رنگ کا ایک نہایت قیمتی جواہر ہوتا ہے۔

لہک (ہ۔ا۔مو) لہلہاہٹ۔ بہار۔ جوبن۔ سرسبزی کا جوش۔ لہر لپٹ۔ لاٹ۔ شعلہ۔ چمک۔ درخشانی۔

لہک کر بولنا (ہ۔ محاورہ) زور سے بولنا۔ بے باکانہ بولنا۔ تڑخ کر کلام کرنا۔

لہک لہک کر / کے (اُر۔ متعلق فعل) جھوم جھوم کر۔ خوش خوش ہو ہو کر امنگ کے ساتھ۔

لہکا (ہ۔ا۔مذ) لچکا۔ دھنک۔ پتلا گوٹا۔

لہکارنا (ہ۔ فعل) تھپکی دینا۔ گھوڑے کو چمکارنا۔

لہکانا (ہ۔ فعل) ابھارنا۔ اکسانا۔ بھڑکانا۔ چمکوانا۔ جنبش کروانا۔ اہلوانا۔ آگ دہکانا۔ آگ سلگانا۔ کسی پرندے کو بلوانا۔ آواز لگوانا۔ شکاری شکاری کتے کو شکار کے پیچھے دوڑانا۔

لہکنا (ہ۔ فعل) چہچہانا۔ چمکنا۔ راگ گانا۔ پرندے کا خوش آوازی سے بولنا۔ آگ کا دہکنا۔ جلنا۔ شعلہ زن ہونا۔ مشتعل ہونا۔ چمکنا۔ دمکنا۔ روشن ہونا۔ لہلہانا۔ لہرانا۔ موج مارنا۔ نباتات کی سرسبزی کا نمودار ہونا۔

لہلوٹ (ہ۔ صفت) نادہند۔ لپٹر۔ چیزوں کو دیکھ کر بے چین ہو جانے اور جس طرح ہو سکے مفت لے لینے والا آدمی۔ مجازاً بے قرار۔ بے تاب۔ حریص۔ طامع۔

لہلہا (ہ۔ صفت۔ بترکیب اسم حالیہ) لہراتا ہونا۔ سبزہ۔ لہر مارتا ہوا۔ موجیں مارتا ہوا۔ سرسبز۔ ہرا بھرا۔ پھلا پھولا۔ شگفتہ و شاداب۔

لہلہاتا (ہ۔ صفت۔ بصیغۂ اسم حالیہ) سبزہ لہراتا ہوا۔ جھومتا ہوا۔ جنباں لچکتا ہوا۔ سرسبز۔ تروتازہ۔ ہرا بھرا۔ شگفتہ و شاداب۔

لہلہانا (ہ۔ فعل) موج مارنا۔ لہرانا۔ جھومنا۔ کھلنا۔ تروتازہ پھلنا پھولنا۔

لہلہاہٹ (ہ۔ا۔مو۔ حاصل مصدر) موج۔ لہر۔ شادابی۔ سرسبزی۔

لہن (اُر۔ا۔مذ) وہ اجزا جنہیں خمیر کر کے شراب کھینچتے ہیں۔

لہنا (ہ۔ا۔مذ) بھاگ۔ قسمت۔ نصیب۔ تقدیر۔ شراکت۔ حصہ۔ ساجھا۔ نفع۔ فائدہ۔ حاصل۔

لہنا بہنا (ہ۔ا۔مذ) نصیب۔ حاصل۔ حصول۔ قسمت کا ساجھا۔

لہنگا (ہ۔ا۔مذ) ہندو عورتوں کا پیجامہ۔ گھگرا۔ گون۔

لہنگا پہننا (ہ۔ فعل) زنانہ لباس پہننا۔ عورتوں کا بھیس بدلنا۔ عورت بننا۔

لہنگا گلگرا اتارنا (ہ۔ محاورہ) ذلیل لباس اتار کر شریفانہ کپڑے پہننا۔

لہو (ہ۔ا۔مذ) لوہو کا مخفف ہے۔ خون۔ رکت۔ دم۔ ایک خلط موری کی اینٹ جو بار سے چڑھانا۔ ادنے سے اعلےٰ رتبہ پر پہنچانا۔ کا نام ہے۔ یگانہ۔ اپنا۔ ایک دادا کی اولاد۔ قریب کا رشتہ دار۔

لہو آنا (اُر۔ محاورہ) خون کے دست آنا۔ خون نکلنا۔

لہو اُترنا (ہ۔ فعل) خون کا نیچے کی طرف آنا۔ بھر آنا۔ لال ہونا۔ سُرخ ہونا۔

لہو اگلنا (اُر۔ محاورہ) خون تھوکنا۔

لہو اونٹنا (اُر۔ محاورہ) غم و غصہ کے باعث خون جوش میں آنا۔

لہو برسنا (اُر۔ محاورہ) غصے کی حالت میں آنکھیں سُرخ ہونا۔ خون پکنا۔ سخت۔ غصہ آجانا۔

لہو بگڑنا (اُر۔ محاورہ) خون میں خرابی آجانا۔ کوڑھ ہو جانا۔ آتشک ہو جانا۔

لہو بہانا (اُر۔ محاورہ) خون نکالنا۔ جان سے مار ڈالنا۔ قتل کر دینا۔ اپنی جان دے دینا۔ ہلاک ہونا۔ مر جانا۔ قتل ہو جانا۔

لہو بن کے دوڑنا (اُر۔ محاورہ) رگ و پے میں سرایت کر جانا۔

لہو بولنا (اُر۔ محاورہ) قتل کا ثبوت ہونا۔

لہو بھرا (ہ۔ صفت۔ بترکیب مفعولی) خون میں لتھڑا ہوا۔ خون میں لت پت۔ خون آلودہ۔

لہو پانی ایک کرنا / لہو پانی کرنا (اُر۔ محاورہ) خون اور پانی ملانا۔ کسی کام کے لئے اتنی محنت شاقہ اُٹھانا کہ اس کی گرمی سے خون پتلا ہو جائے۔ سخت محنت اُٹھانا۔ بے حد رنج اُٹھانا۔ کمال جدوجہد کرنا۔ اپنی جان کو ہلکان کرنا۔ نہایت طیش کھانا۔ سخت ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ تکلیف دینا۔ ستانا۔ جلا کر کباب کر ڈالنا۔ نہایت رنج دینا۔

لہو پی پی کے رہ جانا (اُر۔ محاورہ) ضبط کرنا۔ غصہ آنا۔ جی ہی جی میں جلنا۔

لہو پی لینا (اُر۔ محاورہ) قتل کرنا۔

لہو پسینا ایک ہونا (اُر۔ محاورہ) مصیبت جھیلنا۔ کشت اُٹھانا۔ سختی سہنا۔

لہو پینا (اُر۔ محاورہ) خون پینا۔ خون چوسنا۔ جان مارنا۔ تکلیف دینا۔ ستانا۔ قتل کرنا۔ مار ڈالنا۔ جان لینا۔ ہلاک کرنا۔

لہو پیئے (ہ) سخت قسم کا کلمہ ہے۔ خون پیئے۔ جنازہ دیکھے۔ ماتم کرے۔ روئے۔ پیٹے۔

لہو ترنگ (اُر۔ مذ) ایسا نغمہ جس میں خونِ دل شامل ہو۔

لہو تھوکنا / لہو ڈالنا (اُر۔ محاورہ) خون کی قے کرنا۔ مرض سل ہو جانا۔ پھیپھڑے میں زخم پڑ کر منہ سے خون آنے لگنا۔ وقت مرگ قریب آجانا۔

لہو ٹپکنا یا چونا (اُر۔ محاورہ) لہو بہنا۔ لہو گرنا۔ نہایت سُرخ و سفید ہونا۔ بدن میں خون بکثرت ہونا۔ جلدی مرض کے باعث مواد گرنا۔ کوڑھ ہونا۔

لہو جوش کھانا (اُر۔ محاورہ) خون کا جوش میں آنا۔

لہو چاٹنا (اُر۔محاورہ) لہو کا مزہ لینا۔ تلوار یا خنجر وغیرہ سے قتل کرنا۔
لہو چڑھنا (اُر۔محاورہ) قاتل کی حرکات سے قتل کا اثر ظاہر ہونا۔
لہو چھوٹنا (اُر۔محاورہ) خون کا دھبہ دُور ہونا۔
لہو خشک ہو جانا یا ہونا (اُر۔محاورہ) خون سوکھ جانا۔ خوف یا غم کے سبب بدن میں لہو نہ رہنا۔ ڈر جانا۔ خوف زدہ ہو جانا۔ رُعب چھا جانا۔ جان نکلنے لگنا۔ خون کی حرکت بند ہو جانا۔ نہایت سخت صدمہ اُٹھانا۔
لہو دینا (اُر۔محاورہ) خون نکلنا۔ فصد کھولتے وقت رگ سے خون نکلنا۔ خون چھوٹنا۔
لہو دو (اُر۔محاورہ) قربانی دو۔ کسی سے محبت کے اظہار کے لیے اپنے آپ کو پیش کرنا۔
لہو رونا (اُر۔محاورہ) بہت رونا۔ آنکھوں سے آنسوؤں کی جگہ خون کا نکلنا۔
لہو سر پر پکارنا (اُر۔محاورہ) قاتل کا ایسی حرکتیں کرنا۔ جس سے قتل ثابت ہو جائے۔
لہو سفید ہونا (اُر۔محاورہ) محبت نہ رہنا۔ ہمدردی نہ رہنا۔ رحم نہ رہنا مروت نہ رہنا۔
لہو سوکھنا یا سوکھ جانا (ہ۔محاورہ دیکھو۔ (لہو خشک ہو جانا)
لہو سیروں بڑھ جانا (اُر۔محاورہ) کسی خوشی کے سبب خون بڑھ جانا یا چہرہ سُرخ ہو جانا۔
لہو کا پیاسا (ہ۔صفت) جان کا لاگو۔ جان کا خواہاں۔ جانی دشمن۔
لہو کا جوش (اُر۔مذ) مامتا۔ خاندانی الفت۔ مادری محبت۔ پدری اُلفت۔ ایک خون ہونے کی محبت۔
لہو کا ہلکا (ہ۔صفت) وہ شخص جو صدمہ کی تاب نہ لا سکے۔ نرم دل۔ صاف اور لطیف خون والا۔ وہ آدمی جس کا خون جلد اثر قبول کر لے۔
لہو کرنا (اُر۔محاورہ) بدمزہ کرنا۔ تلخ کرنا۔ انگ نہ لگنے دینا۔
لہو کا مینہ برسنا (اُر۔محاورہ) کثرت سے خونریزی کرنا۔
لہو کے سے گھونٹ پینا (اُر۔محاورہ) غم کھانا۔ برداشت کرنا۔ صبر اختیار کرنا۔ غم و غصہ کو ضبط کرنا۔ غصے کو مار کر رہ جانا۔
لہو کے گھونٹ گھونٹنا (اُر۔محاورہ) غم و غصہ کی برداشت کرنا۔ صبر و جبر کرنا۔ تکلیف اُٹھا کر بھی شکایت کرنا۔ رشک کرنا۔ حسد کرنا۔ جلنا۔ تلملانا۔ انگاروں پر لوٹنا۔
لہو کی چھینٹ تک کہیں نہیں (اُر۔محاورہ) چہرے پر سُرخی کا نشان تک نہیں۔ رنگت سفید ہو گئی ہے۔
لہو کی دھار چھوٹنا (اُر۔محاورہ) لہو کا دھار باندھ کر نکلنا۔
لہو کی قسم دینا (اُر۔محاورہ) لہو کا واسطہ دے کر قسم لینا۔
لہو کی ندیاں بہانا (اُر۔محاورہ) بہت خونریزی کرنا۔
لہو کی ندیاں بہہ گئیں (اُر۔محاورہ) بہت ہی خونریزی ہونا۔ بکثرت خون جاری ہوا۔ بہت لوگ قتل ہو گئے۔ نہایت کشت و خون ہونا۔
لہو گرانا (اُر۔محاورہ) خون بہانا۔
لہو لگا کر شہیدوں میں ملنا / لہو لگا کر شہیدوں میں داخل ہونا (اُر۔محاورہ) ادنےٰ سے کام کر کے اپنے آپ کو بڑا کام کرنے والوں میں شمار کرنا۔ کسی کام میں ذرا شریک ہو کر نام کرنا۔
لہو لہان (ہ۔صفت) خونم خون۔ خون میں لتھڑا ہوا۔ خون سے بھرا ہوا۔ سخت زخمی۔
لہو لہان کرنا (اُر۔محاورہ) خونم خون کرنا۔ ایسا زخمی کرنا کہ تمام بدن خون سے تر ہو جائے۔ خون کی ندیاں بہانا۔
لہو نکالنا / لہو لینا (اُر۔محاورہ) خون لینا۔ فصد کھولنا۔ فصد کھلوانا۔
لہو ملنا (اُر۔محاورہ) میل جول ہونا۔ بہت اتحاد ہونا۔
لہو منہ میں ڈالنا (اُر۔محاورہ) خون کی قے کرنا۔
لہو موتنا (ہ۔محاورہ) پیشاب کے رستے خون آنا۔ پتھری یا سوزاک یا جگر کی حرارت سے پیشاب میں خون آنے لگنا۔ کسی سخت کام کی گرمی سے خون کا پیشاب آنا۔
لہو میں ڈوبنا (اُر۔محاورہ) خون میں غرق ہونا۔ اکارت جانا۔ انگ نہ لگنا۔ جزو بدن نہ ہونا۔ ضائع ہو جانا۔
لہو میں لال ہونا (اُر۔محاورہ) قتل ہونا۔ شہید ہونا۔
لہو میں نہانا (اُر۔محاورہ) بہت زخمی ہونا۔
لہو نکلنا (اُر۔محاورہ) زخم سے خون جاری ہونا۔
لہو میں ہاتھ رنگنا (اُر۔محاورہ) قتل کرنا۔ ذبح کرنا۔ ہلاک کرنا۔ کسی کے خون سے ہاتھوں کو رنگین کرنا۔
لہو و لعب (ع۔امذ) کھیل کود۔ ہنسی مذاق۔ سیر و تماشا۔ عیش و نشاط۔ تفریح لغو اور بے فائدہ کام۔
لوہا چبانا (اُر۔محاورہ) بہادری دکھانا۔

ل — ۶

لئے (اُر۔متعلق فعل) واسطے۔ اس غرض سے۔
لئے بیٹھنا (اُر۔محاورہ) ضد کرنا۔
لئے پڑا ہونا (اُر۔محاورہ) ساتھ لئے ہوئے ہونا۔ بیماری کی وجہ سے صاحب فراش ہونا۔
لئے پھرنا (اُر۔محاورہ) بار بار کہنا۔ ساتھ لے کر پھرنا۔
لئے جانا (اُر۔محاورہ) کسی کو ساتھ لے کر کہیں جانا۔
لئے رہنا (اُر۔محاورہ) خودداری دکھانا۔
لئے مرنا (اُر۔محاورہ) الزام دینا۔
لئے ہونا (اُر۔محاورہ) خودداری قائم رکھنا۔
لئیم (ع۔صفت) کمینہ۔ سفلہ۔ کنجوس۔

ل - ی - ے

لَے (ہ۔ا۔مو) سُر۔ آواز۔ لہجہ۔ آہنگ۔ لحن۔ تمنا۔ شوق۔ آرزو۔ خیال۔ دھن۔ رٹ۔ سلسلہ۔ تسلسل۔ تواتر۔

لَے بڑھنا۔ یا۔ لَے پڑنا (ہ۔ فعل) عادت پڑنا۔ چسکا لگنا۔ عادہ ہو جانا۔ مزہ پڑنا۔ لت لگنا۔ شوق زیادہ ہونا۔ اشتیاق بڑھنا۔

لَے بھول جانا (اُر۔محاورہ) عادت بھول جانا۔

لَے بھانا (اُر۔محاورہ) آواز کا گونج جانا۔

لَے گننا (اُر۔ محاورہ) ایک ہی چیز کا خیال رہنا۔

لَے لگا دینا (اُر۔محاورہ) شوق لگا دینا۔ بات سُجھا دینا۔

لے لینا (اُر۔محاورہ) تان لینا۔ سُر الاپنا۔ گانا۔ سُر نکالنا۔

لے (ہ۔ فعل) امراز لینا۔ پکڑ۔ سنبھال۔ قابو۔ کر۔ (تابع حرف جر) شروع سے۔ ابتداء سے (حرف تنبیہ) خبردار۔ سُن۔ متوجہ ہو۔ معلوم کر۔ جان کر۔ لیکر کا مخفف۔

لے اُڑنا (اُر۔محاورہ) لے کر بھاگ جانا۔ اپنے ہاتھ سے لے کر اُڑ جانا۔ تیز کرنا۔ بھڑکا۔ نشے میں ہوش وحواس کھو دینا۔ مزیدار کرنا۔ مزہ دوبالا کر دینا۔ رونق زیادہ کر دینا۔ طرز سیکھ لینا۔ نقل اڑا لینا۔ لے جانا۔ پہنچا دینا۔

لے آنا (اُر۔محاورہ) لانا۔ دوسری جگہ سے لے کر آجانا۔ اُٹھا لانا۔

لے بھاگنا (اُر۔محاورہ) کسی چیز کو لے کر رفوچکر ہو جانا۔ فرار ہو جانا۔ کسی عورت کو اغوا کر لینا۔ سیکھے بغیر ہی کوئی بات حاصل کر لینا۔

لے بھاگو۔ یا۔ لے بھگوا (ہ۔صفت) بغیر اُستاد کے کوئی کام اختیار کرنے والا۔ طرز اُڑا لینے والا۔ بے اُستادہ۔ عطائی۔

لے بیٹھنا (اُر۔محاورہ) لے ڈوبنا۔ اپنے ہاتھ دوسرے کو بھی تباہ و برباد کر دینا۔ دبا بیٹھنا۔ لے گرنا۔ ساتھ لے کر گرنا۔ کسی عورت کو گھر میں ڈال لینا۔

لے پالک (ہ۔ا۔مذ) گود لیا ہوا۔ متبنےٰ۔ دھرم کا بیٹا یا بیٹی۔

لے پڑنا (اُر۔محاورہ) ساتھ لے کر لیٹ جانا۔ ساتھ لے کر گر پڑنا۔ ہم بستر ہو جانا۔

لے جانا (اُر۔محاورہ) اُڑا دینا۔ گرا دینا۔ ٹھہرنے نہ دینا۔ قیام نہ کرنے دینا۔ برباد کر دینا۔ چھین لینا۔ لے لینا۔ سلب کر لینا۔

لے چلنا (اُر۔محاورہ) ہمراہ لے لینا۔ ساتھ لے جانا۔ سنگ لے لینا۔ ساتھ کر لینا۔

لے دوڑنا (اُر۔محاورہ) ساتھ لے کر دوڑنا۔ بے موقع اور بے ڈھنگے طریقے سے بیان کرنا۔

لے دے (ہ۔ا۔مو) لینا دینا۔ جلدی جلدی لینا اور دینا۔ مجازاً کوشش وسعی۔ جدوجہد۔ مار مارا۔ دوڑ دھوپ۔ لعنت ملامت۔ پھٹکار۔ سرزنش۔

لے دے کے (ہ۔ فعل تابع فعل) نہایت کوشش سے۔ بڑی مشکل سے۔ بدقت۔ تمام۔ بیباک کر کے۔ دے دلا کر۔ فقط۔ صرف۔ بالکل۔ کلیتہً۔ جیسے لے دے کے۔ اس کے پاس ایک ہی تو بچہ ہے۔

لے دے کرنا (اُر۔محاورہ) خوب کوشش کرنا۔ جدوجہد کرنا۔ سرزنش کرنا۔ لعنت ملامت کرنا۔ ڈانٹنا۔ مار پیٹ کرنا۔

لے دے ہونا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے لے دے کرنا۔ جس کا یہ لازم ہے۔

لے دینا (ہ۔ فعل) خرید کر دینا۔ مول دے لینا۔ خرید دینا۔

لے ڈالنا (اُر۔محاورہ) مول لے کر رکھ چھوڑنا۔ خرید ڈالنا۔ خبر لینا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔ لے لینا۔ باقی نہ چھوڑنا۔ ختم کر ڈالنا۔ تمام کر دینا۔ مار رکھنا۔ بھیت لینا۔ جیت جانا۔ کمزور کر دینا۔

لے ڈوبنا (اُر۔محاورہ) اپنے ساتھ دوسرے کا نقصان کر دینا۔ ڈبو دینا۔ غرق کر دینا۔

لے رکھنا (اُر۔محاورہ) جمع کرنا۔

لے رہنا (اُر۔محاورہ) حاصل کر لینا۔

لے کر / کے بیٹھنا (اُر۔محاورہ) بیان کرنا۔

لے کر / کے چاٹنا (اُر۔محاورہ) (کسی چیز کا) بیکار ہونا۔

لے کر / کے گرنا (اُر۔محاورہ) ساتھ لے کر گرنا۔

لے لے کرنا (اُر۔محاورہ) اکسانا۔ ہمت دلانا۔ اشتعال دلانا۔

لے لے ہونا (اُر۔محاورہ) اعتراضات ہونا۔

لے لوٹ (ہ۔ صفت بترکیب فاعلی) اُدھار لے کر نہ دینے والا۔ نادہند۔ لیچڑ۔ لے کر مکر جانے والا۔

لے لینا (اُر۔محاورہ) خرید کر لینا۔ مول خرید لینا۔ مار لینا۔ چھین لینا۔ دبا لینا۔ قابو کر لینا۔ جا پکڑنا۔ پکڑ لینا۔ جا لینا۔ حاصل کر لینا۔ بہم پہنچانا۔ منزل طے کر لینا۔ منزل پر جا پہنچنا۔

لے مرنا (اُر۔محاورہ) اپنے ساتھ دوسرے کو بھی نقصان پہنچانا۔ لے بیٹھنا۔ لے ڈوبنا۔ دبا لینا۔ مار لینا۔ حاصل کرنا۔ کما لینا۔ چوری لگانا۔ الزام دھرنا۔

لے نکلنا (اُر۔محاورہ) لے بھاگنا۔ لے اُڑنا۔ کامیاب ہو جانا۔ حاصل کر لینا۔ بڑھ جانا۔ سیکھ جانا۔

لیا جانا (اُر۔محاورہ) تعاقب کر کے پکڑا جانا۔

لیا دیا رہنا (اُر۔محاورہ) بے تکلف نہ ہونا۔ کم آخیر ہونا۔

لئے (ہ) حرف علت۔ برائے۔ کارن۔ جہت۔ واسطے۔ تکمیل فعل کے لئے جیسے کھا لئے۔ کر لئے وغیرہ۔

لئے مرنا (اُر۔محاورہ) سانسا لپیٹا۔ پھانسنا۔ نام لگانا۔ تہمت دینا۔

لیئی (ہ۔ا۔مو) پانی ملے میدے کا پکا کر لیس دار قوام۔ لیٹی۔

لیئے (ہ۔ا۔اسم مفعول) لئے ہوئے۔ لیکر۔ گرفتہ۔ جیسے سُرخی لئے کالا رنگ۔

لیا (ہ) لینا سے ماضی مطلق۔ پکڑا۔ گرفت کیا۔ وصول کیا۔ حاصل کیا۔ خریدا۔ کمایا۔ شرمندہ۔ لیا۔ لجانا۔

لیا دیا (ہ۔ا۔مو۔ بترکیب مفعول) نیک کاموں کا پھل۔ کرنی کا پھل۔ وہ نیکی جو کبھی کی ہو۔

لیا دیا آگے آجانا (اُر۔محاورہ) بھلائی کا نتیجہ ملنا۔ نیکی کا پھل مل جانا۔ نیک کاموں کا ثمر مل جانا۔ نیکی کا آڑے آجانا۔

لیا گیا (ہ۔ محاورہ) رسوا ہوا۔ ذلیل ہوا۔ شرمندہ ہوا۔ لجایا۔ خجل ہوا۔ پالیا۔ لے لیا۔

لیا ہی نہیں جاتا (ہ۔ محاورہ) قابو میں ہی نہیں آتا۔ سنبھالے نہیں سنبھلتا۔ منائے نہیں منتا۔ دھوکہ نہیں کھاتا۔ فریب میں نہیں آتا۔

لیاقت (ع۔ا۔مو) گن۔ ہنر۔ خوبی۔ جوہر۔ قابلیت۔ استعداد۔ حوصلہ۔ ظرف۔ سمائی۔ تہذیب۔ شائستگی۔ دانائی۔ ہوشیاری، چترائی۔ مقدور۔ استطاعت۔ کسی چیز کے حاصل کرنے کا مادہ۔

لیپ (ہ۔ا۔مذ) پلستر۔ ضماد۔ پانی یا تیل میں گاڑھی ملی ہوئی دوا۔ کھگل۔ لپائی۔

لیپ چڑھانا۔ کرنا۔ لگانا (ہ۔ا۔فعل) پلستر کرنا۔ لپنا۔ ضماد کرنا۔

لیپا پوتا (ہ۔مذ۔مفعول) لیپا ہوا۔ سنوارا۔ بنایا ہوا۔ پلستر کیا ہوا۔ قلعی شدہ۔ بنا بنایا۔ کیا کرایا۔

لیپا پوتا پھر دیکھا تو ہاتھ ہی کالے (ہ۔ مثل) محنت بھی کی مگر فائدہ کچھ نہ ہوا۔

لیپا پوتی کرنا (اُر۔محاورہ) بات بنانا۔ بہانے بنانا۔ پردہ پوشی کرنا۔

لیپ پوت برابر کرنا (اُر۔محاورہ) عیب چھپا دینا۔ پردہ پوشی کرنا۔

لیپنا (ہ۔فعل) کھگل کرنا۔ قلعی کرنا۔ گوبری پھیرنا۔ پلستر کرنا۔ چوکا دینا۔ پوتنا۔

لیپنا پوتنا (ہ۔فعل) پلستر کرنا۔ اور پوتا پھیرنا۔ (بحالت اسم مذکر) لپائی پوتائی۔

لیپنے کا نہ پوتنے کا (ہ۔ محاورہ) کسی کام کا نہیں۔ محض بیکار۔ بالکل نکما۔

لیپے میں آجانا (ہ۔محاورہ) دوسرے کی مصیبت میں آپ پھنس جانا۔ ناگہانی بات میں پھنس جانا۔ آلودہ ہونا۔ سننا آٹے کے ساتھ گھن پس جانا۔

لیتا بھولے نہ دیتا (ہ۔محاورہ) ہاتھوں ہاتھ کا سودا۔ نقد نقدی۔ کا لین دین سیدھا حساب۔ صاف حساب جس میں ایچ پیچ نہ ہو۔

لیترا۔یا۔ لیترا (ہ۔ا۔مذ) پرانا ٹوٹا ٹوٹا۔

لیترے پڑنا (ہ۔محاورہ) گھونسے پڑنے لگنا۔ نہایت ذلیل ہونا۔ جوتیاں پڑنا۔

لیترے لگانا (ہ۔محاورہ) جوتیاں مارنا۔ ذلیل کرنا۔

لیترے چیتھڑے (ہ۔ا۔مذ) پھٹے پرانے کپڑے۔ ٹوٹی پھوٹی ٹبوتی۔

لیت و لعل (ع۔ا۔مو) لغوی معنی۔ ممکن اور ناممکن اصطلاحی ٹال مٹول۔ آنکل۔ حیلہ بہانہ۔ عذر۔ وعدہ۔ وعید۔ حیلہ۔ حوالہ۔

لیٹ (انگ۔ا۔مو۔ Late) دیر۔ بے وقت۔ وقت کے بعد۔ ٹائم کے پیچھے۔

لیٹ جانا (ہ۔محاورہ) پڑ جانا۔ دراز ہونا۔ پسر جانا۔ ہمت ہار دینا۔ عاجزی کرنا۔ ٹھک جانا۔ آگے نہ چل سکنا۔

لیٹر (انگ۔ا۔مذ۔ Letter) خط۔ چٹھی۔ نامہ۔ الفاظ۔

لیٹر بکس (انگ۔ا۔مذ۔ Letter Box) ڈاکخانے کا سُرخ ڈبہ۔ جس میں چٹھیاں ڈالتے ہیں۔

لیٹنا (ہ۔فعل) پسرنا۔ سیدھا ہو کر پڑنا۔ سونا پڑنا۔ آرام کرنا۔ خوشامد کرنا۔ پاؤں پڑنا۔ عاجزی کرنا۔ ہار ماننا۔ مغلوب ہونا۔ تھکنا۔ چور ہونا۔

لیٹنا پوٹنا (اُر۔محاورہ) لیٹ کر کروٹیں لینا۔ سونا۔ آرام کرنا۔

لیٹے جانا (اُر۔محاورہ) پیچھے جانا۔ پسرے جانا۔ کم ہمت ہو جانا۔ نہایت خوشامد درآمد کرنا۔

لیٹی (ہ۔ا۔مو) لئی۔ کاغذ جوڑنے کا میدہ کا بنایا ہوا لیس۔

لیج یا لیجو یا لیجو (ہ۔ا۔مو) پانی بھرنے کی رسی۔ ڈوری۔

لیجر (انگ۔ا۔مو۔ Ledger) روزنامچہ۔ بہی کھاتہ۔ روزانہ حساب کی کتاب۔

لیجسلیٹو کونسل (انگ Legislative Council) قانون بنانے والی مجلس۔ مجلس وسیع قوانین۔ ہر صوبے کی قانون وضع کرنے والی مجلس۔

لیجسلیٹو اسمبلی (انگ۔ا۔مو۔ Legislative Assembly) صوبے یا ملک کی مجلس قانون ساز (انگریزوں کے زمانے میں یہ ادارا بنایا گیا تھا)

لیچڑا (ہ۔صفت) کنجوس۔ بخیل۔ مسک۔ نادہند۔ قرض لے کر بمشکل دینے والا۔

لیچڑ پن (اُر۔مذ) کنجوس ہونا۔ بخیل ہونا۔ بدمعاملہ ہونا۔

لیچی (ہ۔ا۔مو) ایک سُرخی مائل سبز اور ترش و شیریں پھل کا نام۔ اس کا پوست خاردار ہوتا ہے۔

لید (ہ۔ا۔مو) گھوڑے ہاتھی اور گدھے وغیرہ کا گوبر۔

لیڈر (انگ۔ا۔مذ۔ Leader) سرگروہ۔ سربراہ۔ سردار۔ ایڈیٹر کا لکھا ہوا مضمون۔

لیڈی (انگ۔ا۔مو۔ Lady) بی بی۔ بیگم۔ خاتون۔ معزز عورت۔

لیڈی ڈاکٹر (انگ۔ا۔مو۔ Lady Doctor) زنانہ ڈاکٹر۔ ڈاکٹری۔ زنانہ بیماریوں کا علاج کرنے والی عورت۔

لیر (ہ۔ا۔مو) کترن۔ دھجی۔ کتر۔ چیتھڑا۔ کپڑے کی لمبی اور پتلی پٹی۔

لیر لیر کرنا (ہ۔محاورہ) دھجیاں اڑانا۔ پرزے اڑانا۔ پھاڑ ڈالنا۔

لیرے (ہ۔ا۔مذ) چیتھڑے۔ پرزے۔

لیرے لگنا (ہ۔محاورہ) کپڑے پھٹ جانا۔ چیتھڑے لگنا۔ بھیڑوں بکریوں کے ٹھنوں پر گوبر میں لتھ پتھ کر کے دھجیاں چمٹنا۔

لیریں لگنا (ہ۔محاورہ) پرانا ہو کر لباس کا تار تار ہو جانا۔

لیری (ہ۔ا۔مو) لنگوٹے میں باندھنے کی لمبی دھجی۔ بکریوں کے ٹھنوں میں باندھنے کی دھجی۔

لیزم (ف۔ا۔مو) ایک قسم کی نرم اور لچکدار کمان جس میں لوہے کی

زنجیر اور بہت سے اور بہت سی کٹوریاں پڑی ہوتی ہیں۔ پہلوانوں کے کسرت کرنے کی کمان۔

لیزم ہلانا (ہ۔ فعل) لیزم کی کسرت کرنا۔

لیش (اُر۔ صفت) کمر کسا ہوا۔ کیل کانٹے سے درست۔ تیار۔ مستعد۔ موجود۔ آراستہ۔ وردی اور ہتھاروں سے درست سپاہی۔ (بحالت اسم مذکر) ایک قسم کا لمبی اور بڑی نوک والا تیر۔ ایک قسم کا سرکہ۔ کمانی۔

لیش (اُر۔ا۔مو) ڈوری۔ چوڑی بنی ہوئی پیچک۔ Lace

لیش (ف۔ اسم حاصل مصدر) لیسیدن۔ چاٹنا۔ چاٹ۔ مزہ۔



لیس (ہ۔ا۔مذ) چیپ۔ لس۔ چپچپاہٹ۔ لزوجت۔ (بر یائے مجہول ہے)۔

لیس پوت (اُر۔مو) لیپنا پوتنا۔

لیس دینا (اُر۔محاورہ) چپکا دینا۔ لیپیٹ دینا۔

لیسدار (اُر۔ صفت۔ ترکیب فاعلی) چپچپا۔ لیسدار۔

لیسنا (ہ۔ فعل) لیپنا۔ پلستر کرنا۔

لیک (ہ۔ا۔مو) راستہ۔ سڑک۔ بٹیا باٹ۔ گاڑیوں کے پہیوں کا نشان۔ ہل باہنے کا نشان۔ لکیر۔ دھاری۔ کینوں کا نیگ۔ خدمت گاروں کا حق الخدمت۔ رسم۔ رواج۔ ریت۔ دستور۔ قاعدہ۔ داغ۔ کلنک۔ جوں کا انڈا۔ بیضۂ پیش۔

لیک پیٹنا (ہ۔ محاورہ) لکیر پیٹنا۔ پرانی رسم۔ و دستور کا پابند ہونا۔ ریت رسم پر مرنا۔ کسی بات کو بار بار دہرانا۔ لکیر کا فقیر ہونا۔

لیک سے بے لیک ہونا (اُر۔ محاورہ) گمراہ ہونا۔ بے راہ ہونا۔ قدیم رسم و رواج ترک کر دینا۔ سیدھا راستہ چھوڑ دینا۔

لیک لیک چلنا (اُر۔ محاورہ) رستے رستے چلنا۔ راستہ سے چلنا۔ پرانی رسوم کا پابند ہونا۔

لیک (ف۔ بیائے مجہول، حرف استثنا۔ لیکن کا مخفف ہے۔

لیکن (ع۔ حرف۔ استثنا) پر۔ مگر۔ الّا۔ امّا۔ دے۔

لیکوریا (انگ۔ا۔مذ۔ Lecucorrhoea) سیلان الرحم۔

لیکوٹر (انگ۔ا۔مو۔ Lecuter) ایک قسم کی شراب۔

لیکوڈیٹر (انگ۔ا۔مذ Liquidator) قرضہ ادا کرنے والا۔ قرضہ بیباک کرنے والا۔ بھگتان کرنے والا۔ دیوالہ والوں کا قرضہ بھگتانے والا سرکاری افسر۔

لیکوڈیشن (انگ۔ا۔مذ Liquidation) کسی کمپنی کا دیوالیہ قرار دیا جانا۔

لیکھ (ہ۔ا۔مو) جوں کا انڈا۔ چھوٹی جوں دھک۔ آمد و رفت کا نشان۔ لکیر۔

لیکھ (ہ۔ا۔مو۔ بیائے مجہول) نوشتہ تحریر۔ قسمت کا لکھا۔

لیکھا (ہ۔ا۔مذ) حساب کتاب۔ گنتی۔ لین دین۔ حال۔ کیفیت۔ حالت۔ عادت۔ خو۔ بھاؤ۔ لت۔ دھت۔ برتاؤ۔ معاملہ۔ دستور۔ طریقہ۔ نرخ۔ بھاؤ۔

لیکھا بہی (ہ۔ا۔مو) حساب کتاب کی بہی۔ لین دین کی کتاب۔

لیکھا جوکھا (ہ۔ا۔مذ) (دونوں باہم مرادف) لین دین۔ حساب کتاب۔

لیکھا ڈبو ڑھا برابر کرنا / **لیکھا جوکھا برابر کرنا** (ہ۔ محاورہ) حساب کتاب صاف کر دینا۔ حساب بیباک کر دینا۔ حساب چوکا دینا۔ لین دین کا فیصلہ کر دینا۔

لیکھا کرنا (ہ۔ محاورہ) گننا۔ حساب کرنا۔ شمار کرنا۔ لین دین کی رقم معلوم کرنا۔

لیکھنی (ہ۔ا۔مو) قلم۔ خامہ۔ کلک۔

لیکھے (ہ۔ا۔مذ) لیکھا کی جمع۔ نرخ۔ بھاؤ۔ ذر۔ جیسے کھانڈ دس کے لیکھے۔ بک رہی ہو (بصورت تابع فعل) حساب میں۔ نزدیک۔ جیسے اندھے کے لیکھے۔ دن رات برابر۔

لیل (ع۔ا۔مو) رات۔ رانری۔ شب۔

لیل و نہار (ع۔ا۔مذ) رات۔ دن۔ شب و روز۔

لیلا (ہ۔ بیائے مجہول) پنجاب میں بھیڑ یا بکری کے بچے کو بولتے ہیں۔ برّہ۔

لیلا (س۔ا۔مو) کھیل۔ لہو و لعب۔ تماشا۔ عیش و خوشی۔ سیر تماشا۔ قدرت کا تماشا۔ کرتب۔

لیلا رچانا (اُر۔ محاورہ) سوانگ رچانا۔ تماشا کرنا۔

لیلا دھاری (ہ۔ا۔مذ۔ بیائے فاعلیت) کھلاڑی۔ ایکٹر۔ تماشا کرنے والا۔ تماشا گر۔

لیلاوتی (س۔ا۔مو) کھلاڑ عورت۔ عیش و نشاط منانے والی عورت۔ ایک علم ہندسہ کی ماہر عورت کا نام۔

لیلنا (ہ۔ مصدر) نگلنا۔

لیلۃ الاسریٰ (ع۔ا۔مو) شب معراج۔

لیلۃ البدر (ع۔ا۔مو) پورے چاند کی رات۔ چودھویں رات۔

لیلۃ القدر (ع۔ا۔مو) شب قدر۔ سال بھر میں ایک دفعہ آنے والی متبرک رات۔ اس ایک رات کی عبادت کا ثواب ہزار مہینے کی عبادت سے زیادہ ہوتا ہے۔

لیلی۔ لیلےٰ۔ لیلا (ع۔ا۔مو) لغوی معنی۔ رات کی سی۔ شب رنگ۔ اصطلاحی سانولی۔ سیاہ فام معشوقہ۔ قیس یعنی مجنوں کی معشوقہ کا نام ہے۔ مجازاً ہر معشوقہ کا۔ خوبصورت۔ حسین۔ جمیل۔

لیلیٰ را بہ چشم مجنوں باید دید (ف۔ مثل) معشوق کو عاشق کی نظر سے دیکھنا چاہیئے۔

لیلی زادہ (عف۔ صفت۔ مفعولی) خوبصورت۔ معشوق۔ ماہ وش۔

لیلیٰ وش (عف۔ صفت) لیلی جیسا۔ مجازاً خوبصورت۔ حسین و جمیل۔

لئیم (ع۔ صفت) کمینہ۔ فرومایہ۔ سفلہ۔ بخیل۔ کنجوس۔ خسیس۔

لئیم الطبع (ع۔ صفت۔ مرکب) طبیعت کا کنجوس۔ وہ شخص جس

کی طبیعت میں بخل ہو۔

لیمپ (انگ۔امذ۔ Lamp) دیا۔ دیوا۔ چراغ ایک قسم کی کپی مع بتی وچمنی وغیرہ۔ روشنی دینے والا آلہ۔



لیمپ LAMP

لیمن (انگ۔ا۔مذ۔ Lemon) لیموں۔ نیبو۔ ترنج۔ عرق لیموں اور سوڈا وغیرہ ملے ہوئے پانی کی بوتل۔

لیمُو } (ف۔اسم مذکر) نیبو۔ ترنج۔ ایک ترش پھل کا نام ہے۔
لیموں } جو دافع صفرا ہے۔

لیمُونی (ع۔صفت) وہ چیز جس میں لیموں ڈالا گیا ہو۔

لیمونیڈ (انگ۔ا۔مذ Lemonade) لیموں کا میٹھا پانی یا شربت۔

لین (انگ۔ا۔مو۔ Lane) لائن کا بگاڑ ہے۔ خط لکیر۔ رول۔ جدول۔ ڈوری۔ رسی۔ قطار۔ صف۔ جھاؤنی۔ کیمپ۔ کیمپ لشکرگاہ۔ ریل کی سڑک۔ ریل کی پٹڑی۔ حد مینڈ ڈول بھرے لشکر چین۔

لین ڈوری (اُرد۔ا۔مو) کوچ سے پہلے روانہ کیا ہوا فوجی سامان۔ وہ جیمہ جو آگے روانہ کیا جاتا ہے۔ پیش خیمہ۔

لینز (مذ۔ا۔انگ Lense) عدسہ آنکھوں کے لئے عینک میں استعمال ہونے والے شیشے کے عدسے۔



لینز LENSES

لین کلیئر (انگ۔ا۔مو۔ Lane Clear) سڑک صاف ہونے کی دستاویز۔ وہ پروانہ جو سٹیشن ماسٹر انجن ڈرائیور کو سڑک صاف اور قابل آمد ورفت ہونے کی بابت دیا کرتا ہے۔

لینا (ف۔ا۔مذ) لینے کے قابل۔ روپیہ۔ قرضہ۔ آتا ہوا۔ گرفتی یا یافتنی۔

لینا (ف۔فعل) پکڑنا۔ گرفت کرنا۔ وصول کرنا۔ اُگاہنا۔ جیتنا۔ فتح کرنا۔ قرض لینا۔ پانا حاصل کرنا۔ اخذ کرنا۔ خریدنا۔ تھامنا۔ سہارنا۔ سنبھالنا۔ سلب کرنا۔ قبض کرنا۔ کمانا۔ کھٹنا۔ فائدہ اُٹھانا۔ فلاح پانا جیسے غریب کو مار کر کیا کر لوگے۔ ہوا کا بادل اُڑا دینا۔ ناحق کرنا۔ کاٹنا۔ سلام منظور کرنا۔ سانس بھرنا۔ گھونٹ بھرنا۔ حقہ کا دم کھینچنا۔

لینا ایک نہ دینا دو (ہ۔ محاورہ) نہ غرض۔ نہ مطلب۔ واسطہ نہ تعلق۔ نہ ایک لینگے نہ دو دینے پڑینگے۔ مفت کی علت۔ ناحق کی مصیبت۔ خواہ مخواہ کی بلا۔

لینا دینا (ہ۔فعل) لین دین کرنا۔ داد وستد کرنا (بصورت دیگر اسم مذکر) حساب کتاب۔ برتاؤ۔ معاملہ۔ لین دن۔

لینا نہ دینا باتوں کا مصالح } (مثل) نری باتیں ہی باتیں ہیں۔ دینا دلانا
لینا نہ دینا باتوں کا جمع خرچ } خاک نہیں۔ فضول وقت ضائع کرنا۔ تضیع۔ اوقات کرنا۔

لینا نہ دینا کارے نہ مسلے (مثل) بالکل فضول کچھ حاصل نہ حصول محنت کی تضیع اوقات۔

لین (بیائے مجہول) لینے کا عمل۔

لین دین (ہ۔مذ) لینا دینا۔ حساب وکتاب۔ بیوپار۔ برتاؤ۔ معاملہ۔ خرید وفروخت۔ واسطہ۔ تعلق۔ سروکار۔ سوداگری۔ کاروبار تجارت۔

لین دین کرنا (اُرد۔محاورہ) معاملہ کرنا۔ بیوپار کرنا۔ خرید وفروخت کرنا۔ کاروبار کرنا۔

لینڈ (ہ۔مذ) موٹی لینڈی۔ گندگی۔ گوہ۔ براز۔ فضلہ۔

لینڈی (ہ۔مو۔ لینڈ کی تصغیر) چھوٹا لینڈ۔ بندھا ہوا پیخانہ۔ چھوٹا کتا۔ جو قابل شکار نہیں ہوتا۔ ڈرپوک۔ بزدلا۔ نامرد۔

لینڈی پھولنا (اُرد۔محاورہ) مغرور کرنا۔

لینڈی تر ہونا (اُرد۔محاورہ) اترانا۔ غرور کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔ دماغ چلنا۔

لینڈی جڑنا (اُرد۔محاورہ) گہری دوستی ہونا۔

لینڈی کتا (ہ۔مذ) نکما کتا۔ بوذا اور بزدل کتا۔ بازاری کتا۔ شکاری کتے کی ضد۔

لینڈی کتے کی موت مارنا (اُرد۔محاورہ) بہت ذلت سے مارنا۔ بہت آسانی کے ساتھ مار ڈالنا۔

لینی (ہ۔مو) دایہ کے پاس سے دودھ پینے والے بچے کو واپس لینے کی رسم۔

لینے آنا (اُرد۔محاورہ) استقبال کرنا۔

لینے کو بڑھنا (اُرد۔محاورہ) استقبال کے لئے آگے بڑھنا۔

لینے کو مچھلی دینے کو کانٹا (ہ۔مثل) لیتے وقت عمدہ شے لینا اور دیتے وقت نکمی چیز دینا۔ لینے میں نرم اور دینے میں سخت۔

لینے کے دینے پڑنا یا پڑ جانا (اُرد۔محاورہ) فائدے کی جگہ نقصان ہو جانا۔ جان کے لالے پڑ جانا۔ سخت مصیبت میں پھنسنا۔

لینے دینے میں نہ ہونا (اُرد۔محاورہ) بالکل بے تعلق ہونا۔ کوئی واسطہ نہ ہونا۔ بے سروکار ہونا۔

لینے میں نہ دینے میں (اُرد۔محاورہ) بالکل بے تعلق۔ بے سروکار بے واسطہ۔

لینڈ (Land - انگ۔ا۔مو) زمین، خشکی، سرزمین۔ ملک۔

لینڈ لارڈ (Land Lord - انگ۔ا۔مذ) مالکِ زمین۔ زمین دار، مالک مکان۔

لینڈ ۔(ھ۔ا۔مذ) فضلہ، موٹی لینڈی۔ گندگی۔ گوہ (بیائے مجہول)

لینڈو (Londau انگ۔ا۔مو) چار پہیوں کی گاڑی جس کی چھت گرائی جاسکتی ہے۔ فٹن۔

لینڈی (ہ۔ا۔مو) چھوٹا لینڈ۔ بندھا ہوا پاخانہ، چھوٹا کتا جو شکار کے قابل نہیں ہوتا۔ (کنایتاً) بزدل۔ ڈرپوک، نامرد (بیائے مجہول)

لینڈی پھولنا۔ (اُ۔ محاورہ) مغرور ہونا۔

لینڈی تر ہونا۔ (اُ۔ محاورہ) غرور زیادہ ہونا، گھمنڈ بڑھنا بہت خوش ہونا۔

لینڈی کتا۔ بازاری اور عام کتا۔ ڈرپوک اور بزدل کتا

لینڈی کتے کی موت مارنا۔ (اُ۔ محاورہ) نہایت آسانی سے مار ڈالنا۔ نہایت ذلت سے مارنا۔

لینن ازم۔(Leninism - انگ۔ا۔مذ) روسی اشتراکی لیڈر لینن کا انقلابی نظریہ۔

لینوٹائپ۔(Linotype - انگ۔ا۔مذ) مشین جس میں الفاظ کی پوری سطر بیک وقت ڈھل جاتی ہے۔

لینی۔(ھ۔ا۔مو) وہ رسم جو بچے کو دایہ سے واپس لینے پر ادا کی جاتی ہے۔

لیوا۔ (مو۔ا۔مذ) لینے والا۔ محصّل۔ گائے بھینس یا بکری کا تھن۔ ہانڈی کے پیندے پر چڑھانے کی مٹی۔

لیوا۔ دیوے۔ لین دین۔

لیور۔ Lever - انگ۔ا۔مذ) مشین میں لگی ہوئی دھات کی سلاخ جو وزن کو اوپر اٹھا سکے۔

لیول۔ (انگ۔ا۔مذ) ہموار سطح، معماروں کا ایک اوزار جس سے سطح کی یکسانیت دیکھتے ہیں۔ گنیا، مساوی، برابر، یکساں ایک سطح پر۔

لیوی۔Levy - انگ۔ا۔مو) تحصیل محصول تحصیل مالگذاری یا لگان وصولی ٹیکس۔ جنگ کے لیے فوج کی بھرتی۔

لیہی۔ (ہ۔ا۔مو) دیکھیے "لیہی"۔

لیہی۔ (ہ۔ا۔مو) وہ لیسدار مادہ جو میدے کو پانی میں پکا کر کاغذ وغیرہ جوڑنے کے لیے بناتے ہیں۔





م (ع۔مذ) اردو کا اکیتسواں[۳۱]۔ ہندی کا پچیسواں[۲۵]۔ فارسی کا اٹھائیسواں[۲۸] عربی کا چوبیسواں[۲۴] حرف ہے۔ حساب ابجد میں اس کے عدد چالیس[۴۰] مقرر ہیں۔

ماشاء اللہ

م - ا

مَا (ع) حرف نفی۔ نہیں۔ مت۔ نا۔ اَن۔ بے (کلمۂ استفہام) کیا۔ کیا چیز۔ کون۔ کدام۔ کیوں۔ کیونکر (اسم موصول) جو۔ جونسا جو کچھ۔ کوئی چیز۔

مَابدولت (ف روزمرہ) بادشاہ خود اپنے لیے یا دوسرے/ماتحت رعایا بادشاہ کے لیے کہتے تھے

مَابعد (ع۔صفت) جو پیچھے ہو۔ پیچھے آنے والا۔ پچھلا۔ پیچھے کا۔ مابعد الطبعیات (ع۔امہ) فوق الفطرت البنیات۔

مَابقا (ع۔صفت) باقی رہا ہوا۔ بچا ہوا جو باقی رہا ہو۔ پس خوردہ اُلش جھوٹا کھانا۔

مَابہ الاحتیاج (ع۔مذ) جس کی حاجت ہو۔ جس کی ضرورت پڑے۔ ضروری اشیاء۔

مَابہ الامتیاز (ع۔مذ) وہ چیز یا بات جس سے شناخت ہو سکے۔ درمیانی فرق۔ باعث امتیاز۔

مَابہ النزاع (ع۔مذ) جھگڑے والی چیز۔ وہ چیز یا بات جس پر جھگڑا ہو بنائے فساد۔

مَابین (ع۔تابع فعل) جو درمیان ہو۔ وسط میں۔ بیچ میں۔ (بحالت اسم مذکر) وسط بیچ۔ درمیان۔ (بصورت اسم صفت) پچھلا۔ بیچ کا درمیانی۔

مَاتحت (ع۔اسم صفت) جو نیچے ہو۔ زیر فرمان (بحالت اسم مذکر) مددگار معاون۔ نائب۔ نچلے درجہ کا۔ ہاتھ بٹانے والا۔ اسسٹنٹ۔

مَاتقدم (ع۔اسم صفت) جو پہلے ہو چکا۔ اوّل کا۔ پہلے کا۔ مذکورہ بالا۔

ماجرا (ع۔مذ) جو چیز کہ جاری ہو۔ جو کچھ گزر گیا ہو۔ سرگزشت۔ احوال حادثہ۔ واردات۔ واقعہ۔ حالت۔ درجہ کیفیت۔ تحریر۔ ذکر اذکار۔

ماچہ سرائم و تنبورہ ماچہ سراید (ف مثل) ہم کیا گاتے ہیں اور ہمارا تنبورہ/ہمارے ساز کیا گاتے ہیں بے تکی باتوں کے متعلق کہتے ہیں۔

ماحَصل (ع۔مذ) جو کچھ حاصل ہو۔ حاصل شدہ۔ نتیجہ۔ پھل۔ ثمرہ۔ فائدہ نفع۔ لابھ۔ پیداوار۔ اناج۔ اَن۔ غلہ۔

ماحَضر (ع۔مذ) جو کچھ حاضر ہو۔ موجودہ کھانا۔ دال دلیا۔

ماحول (ع۔مذ) گرد و پیش۔

مادرچہ خیالیم و فلک درچہ خیال (ف مقولہ) ہم کس خیال میں ہیں اور آسمان کس خیال میں ہے۔ جب کوئی بات خلاف اُمید ہو تو کہتے ہیں۔

مارا ازیں گیاہ ضعیف ایں گماں نبود (ف مثل) مجھے اس کمزور گھاس سے یہ اُمید نہ تھی۔ جب کوئی کمزور شخص ایسا کام کرے جو اس کی ہمت سے زیادہ ہو کہتے ہیں۔

مارا بہ سخت جانی خود ایں گماں نبود (ف مثل) کیا معلوم تھا کہ میں اس قدر سخت جان ہوں۔

مارا چہ ازیں قصہ کہ گاؤ آمد و خر رفت (ف مثل) کسی کے آنے جانے پر بے پروائی ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں۔

مازلطف تو گر شتیم عقب راچہ علاج (ف مثل) ہم آپ کی عنایت سے درگزرے لیکن غصے کو کیا کریں۔

ماسبق (ع۔اسم صفت) جو پہلے گزر چکا ہو۔ گزشتہ۔ گزرا ہوا۔

ماسلف (ع۔اسم صفت) گزرا ہوا۔ گزشتہ۔ بیتا ہوا۔

ماسوا (ع۔حرف استثنا) بجز۔ ماورا۔ علاوہ اس کے علاوہ اصلاح تصوف میں خدا تعالےٰ کے سوا باقی تمام اشیاء موجودات۔ مخلوق۔

ماشاءاللہ (ع۔کلمہ دعائیہ) جو اللہ چاہے۔ جو خدا کو منظور ہے۔ خدا

کی مرضی سے۔ چشم بددور ؛
مافات (ع۔اسم صفت) جو فوت ہوا۔ جو گزر گیا ؛
مافوق (ع۔اسم صفت) جو اوپر ہو۔ اونچا۔ بالا۔ بلند۔ برتر۔ فائق بزرگتر۔ اعلےٰ۔ ممتاز ؛
مافی الضمیر (ع۔امذ) جو کچھ دل میں ہو۔ دل کی بات۔ منشا۔ ارادہ۔ نیت مطلب۔ مدعا۔ عرض ؛
مافیہا (ع۔امذ) جو کچھ اس میں ہے ؛
ماقبل (ع۔امذ) جو پہلے ہو۔ پہلے کا۔ مابعد۔ کی ضد ؛
ماقبل الذکر (ع۔امذ) جس کا ذکر پہلے آچکا ہو۔ مذکورہ بالا ؛
مالایُطاق (ع۔امذ) خارج از طاقت وہ چیز یا بات جو کسی کی طاقت سے باہر ہے ؛
مالاینحل (ع۔امذ) جو حل نہ ہو سکے۔ نہایت مشکل اور دقیق مسئلہ۔ ناقابل حل ؛
مامضےٰ (ع۔امذ) جو گزر گیا ہو۔ گزشتہ۔ گزرا ہوا ؛
ماوَرا (ع۔حرف استثنا) بجز اس کے علاوہ علاوہ ازیں۔ علاوہ بریں سوائے یا سوا ؛
مایُحتاج (ع۔امذ) وہ چیزیں جن کی انسان کو حاجت پڑتی ہے۔ ضروریات ؛
مایُرید (ع۔صف) جو کچھ خدا چاہتا ہے۔ خدا کی مرضی۔ مشیت خداوندی ؛
ماء (ع۔امذ) پانی۔ جل۔ نیر۔ آب۔ رس۔ عرق ؛
ماءُ الجبن (ع۔امذ) دودھ کو پھاڑ کر سفیدی الگ کر کے نکلا ہوا پانی ؛
ماءُ اللحم (ع۔امذ) گوشت کا پانی۔ شوربا۔ حلوان کی کشید کر کے نکالی ہوئی یخنی ؛
ما۔یا۔ماں (ہ۔اسم مؤنث) ماتا۔ میا۔ مادر۔ والدہ۔ جننی والدہ کو پکارنے کا لفظ ہے ؛
ماایلی باپ تیلی بیٹا شاخ زعفران (مثل) کمینے شیخی باز کی نسبت بولا کرتے ہیں۔ نیز جب کوئی ادنے آدمی فخر خاندان ہو جائے اس کی نسبت بھی ؛
ماباپ۔یا۔ماں باپ (ہ۔اسم مذکر) ماتا۔ پتا۔ والدین۔ مادر پدر ؛
ماں باپ کا لاڈلا (ہ۔مذ) وہ لڑکا جسے ماں باپ نے ناز و نعمت سے پالا ہو۔ والدین کا بگاڑا ہوا ؛
ماں باپ جیتے حرام نہیں کہلاتا (اُرمثل) وہ کہتے ہیں جو اپنے حقوق ثابت کرنا چاہتے ہوں ؛
ماں باپ کو بُرا کہوانا (اُر۔محاورہ) بزرگوں کو بٹوانا ؛
ماں بھیاری باپ فتح خاں بیٹا بنتر انداز (اُرمثل) مجہول النسب معزز آدمی کی نسبت بولتے ہیں ؛
ماں گانے والی دھی ڈومنی باپ پوت برات (اُرمثل) عزیزوں کی شادی کے متعلق کہتے ہیں ؛
ماں بیٹی میں پیڑا غائب (اُرمثل) اپنوں ہی میں کوئی چیز گم ہو جانا ؛
ماں بہن (ہ) اسم مؤنث۔ والدہ و ہمشیرہ ؛
ماں بہن کرنا (اُر۔محاورہ) ماں بہن کی گالی دینا۔ سخت بدزبانی کرنا ؛
ماں بیٹیوں میں لڑائی ہوئی لوگوں نے جانا پیر بڑا (ہ۔مثل) اپنوں کی لڑائی لڑائی نہیں ہوا کرتی ؛
ماں بیٹیوں میں چھپنا نہیں چھپتا (ہ۔مثل) ہمسایوں یا قریبیوں سے عیب نہیں چھپ سکتا ؛
ماں پسنہاری بھلی باپ ہفت ہزاری بڑا (اُرمثل) باپ کی محبت ماں کی ممتا سے کم ہونے کی نسبت بولتے ہیں۔ یعنی ماں کے برابر باپ کو محبت نہیں ہوتی ؛
ماں ٹکینی باپ کلنگ بچے نکلے رنگ برنگ (اُرمثل) دو غلے اور نالائق خاندان کی بُری اولاد کی نسبت بولا کرتے ہیں ؛
ماں جائی (ہ۔اسم مؤنث) ایک ماں باپ کی اولاد۔ مادینہ۔ سگی بہن خواہر۔ ہمشیرہ ؛
ماں جائے سات پوت کرم دیئے بانٹ (ہ۔مثل) سگے بھائیوں کی تقدیریں بھی یکساں نہیں ہوتیں ؛
ماں جایا (ہ۔اسم مذکر) سگا بھائی۔ برادر حقیقی ؛
ماں چاہے بیٹی کو بیٹی چاہے موئے ڈھنگ کو (اُرمثل) جتنی محبت ماں کو بیٹی سے ہوتی ہے بیٹی کو ماں سے نہیں ہوتی۔ شادی ہو جانے کے بعد بیٹی کو اپنے خاوند سے زیادہ محبت ہو جاتی ہے ؛
ماں چھوڑ موسی سے ٹھٹھا (اُرمثل) کوئی چھوٹا بدتمیزی کرے تو کہتی ہیں ؛
ماں دھوبن پوت نراز (اُرمثل) مجہول النسب معزز آدمی کی نسبت کہا جاتا ہے ؛
ماں ڈائن ہو تو کیا بچوں ہی کو کھائے گی (اُرمثل) اپنوں کو کوئی نقصان نہیں پہنچانا چاہتے غیروں سے کیسا ہی سلوک کرے ؛
ماں سارنگی باپ نبتورا (ہ۔اسم مذکر) کلانوت بچہ۔ ڈومنی بچہ۔ ہیرا فی جس کی ماں ڈومنی اور باپ ڈوم ہو ؛
ماں سے سوا چاہے تو کنکنی (ہ۔مثل) والدہ سے زیادہ محبت جتانے والی خالی از علت نہیں ؛
ماں سے لے کر کون آیا ہے (اُرمثل) سب سکھائے ہی سیکھتے ہیں ؛
ماں فقیرنی پوت فتح خاں (اُرمثل) کم حیثیت معزز آدمی کی نسبت بولتے ہیں ؛
ماں کا پوت ساس کا جنوائی (اُرمثل) جو شخص ماں کا مطیع اور فرمانبردار ہوگا وہ ساس کا بھی ادب کرے گا۔
ماں کا پیٹ کمہار کا آوا (ہ۔مثل) جس طرح کمہار کے آوے میں سے تمام برتن ایک ہی رنگ کے نہیں نکلتے کوئی ادھ کچرا کوئی کالا / کوئی سُرخ ہوتا ہے کوئی کالا۔ اسی طرح ماں کے پیٹ سے بھی تمام اولاد یکساں رنگ کی نہیں پیدا ہوتی ؛
ماں کا دودھ (ہ۔اسم مذکر) شیر مادر۔ نہایت مفید۔ حلال۔ جائز روا۔ مباح ؛
ماں کو نہ باپ کو جوتے گی آپ کو (ہ۔مثل) ہر شخص کو اپنے ہی اعمال کی سزا ملے گی۔ اور اپنی ہی کرنی بھوگنی ہوگی کروتی خویش آمدنی پیش ؛
ماں کے پیٹ سے لے کر نکلنا (ہ۔مثل) سیکھا سکھایا پیدا ہونا۔ سیکھے بغیر کچھ حاصل کرنا ؛
ماں مارے اور ماں ہی ماں پکارے (ہ۔مثل) اپنا خواہ کتنی ہی تکلیف پہنچائے پھر بھی اپنا ہی ہے۔ اپنوں کی سختی بھی بُری نہیں لگتی۔ ماں کے مارتے وقت بچہ ماں ہی ماں پکارتا رہتا ہے ؛
ماں مرے ماسی جیئے (ہ۔مثل) یعنی ماں اگر مر جائے گی تو خالہ پال لیگی

ماں اور ماسی میں فرق نہیں ؛
ماں نازنگی باپ کو لاپیٹا روشن الدولہ (اُ۔مثل) " دیکھئے ماں دھوبن پوت بزاز"
ماں نہ ماں کا جایا سبھی لوگ پرایا (ہ۔مثل) اس جگہ بولتے ہیں جہاں کوئی بھی واقف نہ ہو ؛
ماپ (ہ۔اسم مؤنث) ناپ۔ پیمائش۔ جریب۔ کشی۔ پیمانہ۔ جانچ اندازہ۔ طول و عرض کا تخمینہ ؛
ماپ تول (ہ۔اسم مؤنث) تول۔ جوکھ۔ جانچ پڑتال۔ مساحت۔ لمبائی چوڑائی کی پیمائش ؛
ماپک (ہ۔اسم مذکر۔ فاعل) ناپنے والا۔ مساح۔ جریب کش۔ رقبہ بندی ناپ۔ پیمائش ؛
ماپا شور با اور گنی ڈلیاں (اُ۔محاورہ) کھانے پینے کی چیزوں کی کمی۔ کفایت شعاری ؛
ماپنا (ہ۔فعل) ناپنا۔ پیمائش کرنا۔ جانچنا۔ اندازہ کرنا۔ رقبہ جانچنا۔ طول و عرض کا اندازہ لگانا ؛
ماپھل (ہ۔اسم مذکر) ماز و پھل ؛
مات (ہ۔اسم مؤنث) ماتا کا مخفف۔ ما۔ ماتا۔ مائی۔ مادر۔ والدہ ؛
مات پتا (ہ۔اسم مذکر) ماں باپ۔ والدین۔ مادر پدر ؛
مات (ع۔اسم مؤنث) لغوی معنی۔ وہ مرگیا۔ اصلاحی۔ ہار گیا۔ شکست ہزیمت۔ ہار۔ زچ۔ کشت (یہ ماضی بمعنی اسم مستعمل ہے)
مات دینا / مات کرنا (اُ۔محاورہ) ہرانا۔ شکست دینا۔ جیتنا۔ بازی لے جانا۔ مغلوب کرنا۔ نیچا دکھانا۔ شرمندہ کرنا۔ نادم کرنا کسی کام میں بڑھ جانا۔ سبقت لے جانا ؛
مات کھانا (اُ۔محاورہ) ہار جانا۔ مغلوب ہونا شکست کھانا۔ نادم ہونا نیچا دیکھنا ؛
مات کی بھاجی (ہ۔اسم) ایک قسم کی ترکاری جو ہمیشہ سبز رہتی ہے ؛
مات ہونا / مات ہوجانا (اُ۔محاورہ) زچ ہوجانا۔ ماند ہونا۔ پیروپ ہوجانا۔ مدھم پڑنا۔ مغلوب ہونا ؛
ماتا (ہ۔اسم مؤنث) اماں۔ ماں۔ والدہ۔ چیچک۔ سیتلا (بحالت صفت مذکر) بدمست۔ متوالا۔ مخمور۔ نشہ میں چور ؛
ماتا پتا (ہ۔اسم مذکر) والدین۔ ماں باپ۔ مادر پدر ؛
ماتا پوجنا (اُ۔محاورہ) سیتلا کی پوجا کرنا ؛
ماتا سیتلا کے دن (ہ۔ا۔مذ) وہ زمانہ جب چیچک کی وبا کا زور ہو ؛
ماتا نکلنا (ہ۔فعل) سیتلا ابھرنا۔ چیچک کے دانے بدن پر ابھرنا ؛
ماتر (س۔اسم مؤنث) تھوڑا سا۔ کسی قدر اکیلا۔ تنہا۔ فقط۔ بمقدار قلیل باندازہ۔ قلیل ؛
ماترا (س۔اسم مؤنث) ناپ۔ ماپ۔ کسی دوا کا انداز یا مقدار۔ ہندی کے اعراب و علت کے حروف۔ مال۔ دولت۔ دھن۔ زور مال ؛
ماترا لگانا (اُ۔محاورہ) اعراب دینا۔ حروف علت کو حروف صحیح کے ساتھ ملاکر آواز پیدا کرنا ؛
ماتم (ع۔اسم مذکر) بلا۔ آفت۔ بپتا۔ مصیبت۔ سوگ۔ بیاپا۔ شیون رنج و غم۔ ملال و اندوہ۔ بین۔ ملاپ۔ نوحہ۔ کہرام۔ گریہ و زاری۔ اہل تشیع کا فعل سینہ کوبی ؛
ماتم پرسی (ع۔ف۔اسم مؤنث بیائے مصدری) پرسہ۔ بیاپا۔ عیادت۔ وہ تالے میت کی غمخواری ؛
ماتم پڑنا (اُ۔محاورہ) کسی کی موت پر کہرام مچنا ؛
ماتم خانہ۔ یا ماتم سرا۔ یا ماتم کدہ (ع۔ف۔اسم مذکر ظرف) سوگ کا گھر وہ گھر جس میں غمی یا مصیبت ہوگئی ہو ؛
ماتم دار (ع۔ف۔اسم صفت۔ فاعل ترکیبی) سوگی۔ سوگوار۔ ماتمی ؛
ماتم داری (ع۔ف۔اسم مؤنث بیائے مصدری) سوگ۔ غم والم ؛
ماتم زدہ (ع۔ف۔اسم صفت مفعولی) سوگوار۔ سوگی۔ ماتمی۔ غمناک۔ اندوہگین ؛
ماتم کرنا (اُ۔مصدر مرکب) غم کرنا۔ رنج کرنا۔ سوگ کرنا۔ مُردے کو رونا سینہ پیٹنا۔ امام حسینؑ کی عزاداری میں سینہ کوبی کرنا ؛
ماتمی (اُ۔اسم صفت بیائے نسبتی و فاعلی) سوگی۔ سوگ کرنے والا۔ ماتم کرنے والا منسوب بہ ماتم ؛
ماتمی لباس (اُ۔اسم مذکر) سیاہ یا نیلے کپڑے میلے کچیلے کپڑے جو ماتم کی حالت میں پہنے رہتے ہیں ؛
ماتھا (ہ۔اسم مذکر) پیشانی۔ جبیں۔ سر کا اگلا حصہ۔ جہاز کا اگلا حصہ۔ ناؤ وغیرہ کا اگلا حصہ ؛
ماتھا بھڑکنا (اُ۔محاورہ) پیشانی جلنا یا گرم ہونا۔ سردرد ہونا ؛
ماتھا ٹھنکنا (اُ۔محاورہ) سر مارنا۔ دیر تک سمجھانا ؛
ماتھا پیٹنا (ہ۔فعل) سر پیٹنا۔ ماتم کرنا پچھتانا۔ افسوس کرنا ؛
ماتھا پیٹنی (ہ۔اسم مؤنث) ماتمی عورت چیٹے اور بدنما ماتھے والی عورت ؛
ماتھا ٹکانا (اُ۔محاورہ) سجدہ کرنا۔ سلام کرنا۔ دنڈوت کرنا۔ سر جھکانا۔ آداب بجالانا ؛
ماتھا ٹھنکنا (اُ۔محاورہ) کسی کام کا بُرا انجام پہلے ہی سے معلوم ہوجانا ؛
ماتھا ٹیکنا (اُ۔محاورہ) سجدہ کرنا ؛
ماتھا رگڑنا (اُ۔محاورہ) پیشانی گھسنا۔ خوشامد کرنا۔ ناک رگڑنا۔ نہایت عاجزی کرنا ؛
ماتھا کوٹنا (اُ۔محاورہ) سر پیٹنا۔ افسوس کرنا۔ عورتیں افسوس کرنے یا پچھتانے کے موقع پر ایسا کرتی ہیں ؛
ماتھا گودنا (اُ۔محاورہ) قیدی یا غلام کے ماتھے پر سوئی سے گودکر نیل بھرنا ؛
ماتھا مارنا (اُ۔محاورہ) بہت کوشش کرنا۔ سمجھانا۔ چیخنا۔ چلانا۔ جان لڑانا۔ سر کو کسی چیز سے ٹکرانا۔ بہت تلاش کرنا۔ ناراضگی سے واپس کرنا۔ حیران ہونا ؛
ماتھر (س۔اسم مذکر) متھرا کا رہنے والا۔ کایستھوں کی ایک قوم کا نام ؛
ماتھے (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے ماتھا جس کی یہ جمع اور مغزہ صورت ہے ؛
ماتھے پیٹنا (اُ۔محاورہ) مصیبت آنا۔ آفت آنا ؛
ماتھے پر افشاں چننا (اُ۔محاورہ) پیشانی پر سنہری ستارے جمانا ؛
ماتھے پر الف کھینچنا (اُ۔محاورہ) فقیر ہوجانا۔ آزاد ہوجانا ؛
ماتھے پر بل پڑنا (اُ۔محاورہ) غصے ہونا۔ ناراض ہونا۔ چین بہ جبین ہونا ؛
ماتھے پر پسینا ہونا (اُ۔محاورہ) تکلیف یا غم کی وجہ سے ماتھے پر پسینہ آجانا ؛

ماتھے جانا (اُر۔محاورہ) الزام لگنا ۔ سر لگنا ۔ تھپنا ۔ تھوپا جانا ۔

ماتھے چاند۔ مٹھوڑی تارا (ہ ۔ محاورہ) نہایت خوبصورت ۔ یعنی پیشانی چاند کی طرح اور مٹھوڑی تارے کی طرح روشن ہے ۔

ماتھے مارنا (اُر۔محاورہ) واپس کرنا ۔ لوٹانا ۔ پھیرنا ۔ سر سے مارنا ۔

ماتھے مڑھنا (اُر۔محاورہ) ذمہ کرنا ۔

مالی (ہ ۔ اسم صفت مؤنث) مالتا کی تانیث ۔ مست ۔ سرشار ۔ متوالی مخمور ۔ مدہوش ۔ نوجوان ۔ نوعمر ۔ بالغہ ۔ تر و تازہ ۔ شاداب بھرپور ۔ کامل ۔

مالٹ (ہ ۔ اسم مذکر) مٹکا ۔ خم ۔ نیل کا حوض ۔

مالٹ بگڑنا (اُر۔محاورہ) نیل کا مٹکا یا حوض خراب ہو جانا ۔ کنایتہً افواہ اُڑنا ۔ غلط خبر مشہور ہونا ۔

مالٹ کا مالٹ بگڑنا (ہ۔محاورہ) تمام خاندان کا ایک ہی حال ہونا ۔ آوے کا آوا بگڑنا سب کو داغ لگ جانا ۔

مالٹی (ہ ۔ اسم مؤنث) مٹی ۔ خاک ۔ دھول ۔ گرد و غبار ۔ زمین ۔ دھرتی ۔

مالٹی پھانکنا پھکنا (اُر۔محاورہ) حسد کرنا ۔ دشمنی کرنا ۔ بیر کرنا ۔

مالٹی میں رُلنا (ہ۔محاورہ) خاک میں ملنا ۔ گرنا ۔ دفن ہونا ۔ برباد ہونا ۔ تباہ ہونا ۔

ماجد (ع ۔ اسم مذکر فاعل) بزرگی والا ۔ بزرگ ۔ قابل عزت آدمی ۔ بزرگوار ۔

ماجدہ (ع ۔ اسم مؤنث) ماجد کی تانیث ۔ مخدومہ ۔ بزرگ عورت ۔ مغلہ ۔

ماجرا (ع ۔ اسم مؤنث) لغوی جو چیز جاری ہوئی ۔ اصطلاحی گزشتہ بات ۔ سرگذشت ۔ سرگزیتی ۔ احوال ۔ واقعہ ۔ حادثہ ۔ سانحہ ۔ حالت درجہ ۔ کیفیت ۔

ماجنا (ہ ۔ اسم مذکر) پت ۔ آبرو ۔ عزت ۔ وقار ۔

ماجو (ہ ۔ اسم مذکر) مصحح مازو ۔ ایک چرچرے اور کسیلے بیج کا نام ہے جو دوا میں کام آتا ہے ۔

ماجوج (سریانی ۔ اسم مذکر) ایک قوم کا نام ہے جو یافث ابن نوح علیہ السلام کی اولاد سے ہے ۔ تاتاری لوگ ۔ یاجوج ماجوج ۔

ماجور (ع ۔ صفت) اجر دیا گیا ۔ ثواب دیا گیا ۔

ماجھ (ہ ۔ صفت) درمیانی بیچ کا ۔ (اُر مذ) درمیان ۔ بیچ (متعلق فعل) درمیان میں ۔

ماجھدھار (ہ ۔ ف ۔ اسم مذکر) منجھدھار ۔ دریا کے درمیان ۔

ماجھی یا مانجھی (ہ اسم مؤنث) ملاح ۔ کشتی چلانے والا ۔ کشتی کھینچنے والا ۔

ماچا (ہ ۔ اسم مذکر) بڑا پلنگ ۔ اونچی اور بڑی چارپائی ۔ گھاٹ ۔ کھیت سے پرندے اڑانے کی اونچی جگہ ۔ مانڈ ۔

ماچاتوڑ (ہ ۔ اسم مذکر) سست ۔ کاہل وجود احدی جو چارپائی پر ہی پڑا اینڈتا رہے ۔ راجپوت بہادر اور جوشیلے سپاہی جو افیون کھانے کے سبب سست معلوم ہوں ۔

ماچاخر (ہ ۔ صفت) بے وقوف ۔ احمق ۔

ماچی (ہ ۔ اسم مؤنث بیائے تانیث) چارپائی ۔ گاڑی کے پیچھے اسباب لگانے کا جالی دار تھیلا ۔ گاڑی کے پیچھے کی جگہ ۔ بہنگا ۔ بیڑا (پنجابی) جوا ۔ بیلوں کی گردن کی دو لکڑیاں جو ہل چلاتے وقت رکھی جاتی ہیں ۔

ماخذ (ع ۔ اسم مذکر ظرف) نکلنے کی جگہ ۔ منبع ۔ نکاس ۔ جڑ ۔ بنیاد ۔ اصل ۔ مول ۔ مادہ ۔

ماخوذ (ع ۔ اسم مفعول مفید صفت) گرفتار ۔ پکڑا ہوا ۔ لپٹا ہوا ۔ بیچ میں آیا ہوا ۔ جواب طلبی میں مبتلا ۔

ماخوذ ہونا (اُر۔فعل) پکڑا جانا ۔ گرفتار ہونا ۔ پھنسنا ۔

مادام (ع ۔ تابع فعل) جب تک ۔ تاوقتیکہ ۔ ہمیشہ ۔ سدا ۔ نت ۔

مادام الحیات ۔ یا ۔ مادام العمر (ع ۔ تابع فعل) تمام عمر ۔ عمر بھر تا ۔ یہ زندگی ۔ ہمیشہ ۔ نت ۔

مادر (ف ۔ اسم مؤنث) ماں ۔ اماں ۔ والدہ یا متیا ۔

مادر بخطا (فع ۔ اسم مذکر) ایک سخت گالی ہے ۔ حرامکار ۔ کموت حرامی ۔

مادر پدر آزاد (ف ۔ صفت) مکمل آزاد ۔ ہر قسم کی اخلاقی ۔ معاشرتی یا مذہبی پابندی سے آزاد ۔

مادر پدر ہونا (اُر۔محاورہ) ایک دوسرے کو گالیاں دینا ۔

مادر خواہی کرنا (اُر۔فعل) ماں کی گالی دینا ۔ بُرا بھلا کہنا ۔ ماں بہن کرنا ۔

مادر/خواہر خواہی کرنا (اُر۔محاورہ) ماں بہن کی گالی دینا ۔ بُرا بھلا کہنا ۔

مادر زاد (ف ۔ اسم صفت ۔ ترکیب مفعولی) پیدائشی جسم کا ۔ وہ بچہ جو اپنی ماں سے پیدا ہوا ہو ۔

مادری (اف ۔ اسم صفت بیائے نسبتی) **مادرانہ** (اف ۔ اسم صفت انہ نسبتی) منسوب ۔ مادر ۔ ماں کا ماں کی ۔

مادری زبان (اف ۔ اسم مؤنث) ماں باپ کی زبان ۔ خاندانی بولی اپنی بولی ۔ ذاتی بولی ۔

مادہ (اف ۔ اسم صفت) عورت ۔ مادین ۔ زن ۔ نر کی ضد ۔ استری ۔ مونث ۔ مذکر کی ضد ۔

مادّہ (ع ۔ اسم مذکر) ہر چیز کی اصل ۔ ہر شے کے بنانے کا مصالہ ۔ جوہر کُن ۔ ہیولا ۔ قابلیت ۔ استعداد ۔ بابت ۔ بات ۔ ماخذ ۔ روٹ اصل ۔ جڑ ۔ منبع ۔ سمجھنے کی قوت ۔ عقل ۔ بدھ ۔ بدھی ۔ جسم ۔ بدن وجود ۔ پیپ ۔ راد ۔ مواد ۔

مادہ پرست (اُر۔صفت) مارے کو سب کچھ سمجھنے والا ۔ دہریہ ۔ خدا کا منکر ۔

مادہ ہونا (اُر۔محاورہ) استعداد یا لیاقت ہونا ۔ کسی چیز کی اصلیت/جڑ ہونا

مادھو (س اسم مذکر) بواؤ مجہول ۔ سری کرشن جی کا لقب ۔

مادی (ع ۔ اسم صفت ۔ بیائے نسبتی) منسوب بہ مادّہ ۔ قدرتی ۔ طبعی اصلی ۔ ذاتی ۔

مادیان (اف ۔ اسم مؤنث) گھوڑی ۔ گھوڑا کی مؤنث ۔ اسپ مادہ ۔

مادّیت (ع ۔ اسم مؤنث) اسم مصدری از مادہ جسمانیت ۔ جسمیت ۔

مادین (اف ۔ اسم مؤنث) نر کی ضد ۔ مادہ ۔ حیوانات ۔

ماڈل (Model ۔ انگ ۔ ا ۔ مذ) نمونہ ۔ نقشہ ۔ ناپ ۔ پیمانہ ۔ سانچہ ۔ قالب ۔

مار (ف ۔ اسم مذکر) سانپ ۔ ناگ ۔ اژدہا ۔ سرپ ۔ تشبیہاً زلف گیسو ۔

مار آستین (ف ۔ صفت) وہ شخص جو دوست بن کر دشمنی کرے ۔

مار بر گنج (ف ۔ مثل) خزانے پر سانپ اس کنجوس کے متعلق کہتے ہیں

جو مال جمع کرے اور نہ خود کھائے نہ کسی کو کھانے دے ؛

مار پیچ (ف - اسم مذکر) جھنڈے کی چوٹی کا ریشم کا گچھا۔ پرچم۔ سانپ کی سی لہر۔ ٹیڑھا راستہ۔ چکر دار رستہ۔ ہیر پھیر کا راستہ جو پہاڑوں پر بل کھاتا ہوا چڑھتا ہے ؛

مار گزیدہ (ف - اسم مذکر مفعول) سانپ کا ڈسا ہوا ؛

مار گیر (ف - اسم مذکر فاعلی) سپیرا۔ سانپ پکڑنے والا ؛

مار گیساں۔ گسایاں تیری آس (ہ - مثل) نوکر مالک کو اور بیوی خاوند کو کہتی ہے کہ جتنا چاہے مارے ہیں تو تیرے ہی بھروسے پر ہوں ؛

مار گیسو / مار زلف (ف - اسم مؤنث۔ با ضافت تشبیہی) زلف کی ناگن۔ معشوق کی لٹ۔ پیچدار زلف ؛

مار (ہ - اسم مؤنث، مارنا سے حاصل مصدر۔ ضرب۔ چوٹ۔ صدمہ زدوکوب۔ دھکا۔ عذاب۔ دکھ۔ رنج۔ تکلیف۔ مصیبت، پھٹکار۔ لعنت۔ ملامت۔ وبال۔ خدا کا غضب۔ آفت کثرت۔ بہتات۔ شدت۔ کوشش۔ سعی۔ مصلح۔ مارگ جیسے کھجلی اور گندھک کی مارگھی ہے۔ بندوق کی زد۔ لوٹ کا مرادف جیسے لوٹ مار۔ غصب۔ خیانت۔ جیسے تمہارا پیسہ کہیں مار میں تو نہیں۔ دھمکی۔ ڈراوا۔ جیسے بچے کو آنکھ کی مار کافی ہے ؛

مار بھگانا (ہ - فعل) ہرا دینا۔ شکست دینا ؛

مار بیٹھنا (ہ - فعل) مار لینا۔ چھین لینا۔ دبا لینا۔ غصب کر لینا۔ ٹھونک دینا۔ لکڑی سے پیٹ دینا ؛

مار پٹائی (اُرد - اسم) مار پیٹ ؛

مار پٹنا (اُرد محاورہ) زدوکوب ہونا۔ مارا جانا ؛

مار پڑنا (ہ - فعل) پٹنا۔ پٹیا جانا۔ زدوکوب ہونا۔ آفت آنا۔ خدا کا غضب ٹوٹنا۔ بددعا لگنا۔ سراپ پڑنا ؛

مار پیٹ (ہ - اسم مؤنث) مار کٹائی۔ جوتی پیزار۔ لڑائی جھگڑا، زدوکوب ؛

مار پیچھے سنوار (ہ - مثل) لڑائی کے بعد انتقام مشکل سے لیا جاتا ہے۔ کام بگڑنے اور خراب ہونے کے بعد اصلح و اشتی بیکار ہے۔ لڑائی کر لو۔ بعد میں جھگڑا درست کر لیا جائے گا ؛

مار دھاڑ (ہ - اسم مؤنث) مار پیٹ۔ مار کٹائی۔ زدوکوب۔ لڑائی دنگا۔ جھڑک۔ ڈانٹ ؛

مار دینا (ہ - فعل) مار بیٹھنا۔ ہاتھ چلا۔ بیٹھنا۔ قتل کا کر دینا۔ ہلاک کر دینا جان نکال دینا ؛

مار ڈالنا (ہ - فعل) قتل کر ڈالنا۔ ہلاک کر ڈالنا۔ تباہ کر دینا۔ برباد کر دینا بیتاب کر دینا۔ بھڑکا دینا۔ ہنساتے ہنساتے لٹا دینا۔ فریفتہ کر لینا۔ عاشق بنا لینا ؛

مار ذبح کرنا (اُرد محاورہ) کام تمام کرنا۔ قتل و غارت کرنا۔ مار ڈالنا ؛

مار رکھنا (اُرد محاورہ) غیر کے مال پر ناجائز قبضہ کر بیٹھنا۔ تباہ و برباد کر دینا عاشق بنا لینا۔ مُردے جیسا کر دینا۔ کھیت رکھنا۔ کام تمام کر دینا ؛

مار سکنا (اُرد محاورہ) مارنے کے قابل ہونا۔ مارنے کی طاقت اور قابلیت رکھنا ؛

مار سے بھاگنا (اُرد محاورہ) پٹنے کے خوف سے چل دینا۔ پٹنے سے ڈرنا ؛

مار سے بھوت بھاگتا ہے (ہ - محاورہ) مار پٹائی سب کو قابو کر لیتی ہے مار کے آگے بھوت بھی ساری سرکشی بھول جاتا ہے ؛

مار کٹائی (ہ - اسم مؤنث) مار دھاڑ۔ مار پیٹ۔ تار نا کوٹنا۔ زدوکوب ؛

مار کرنا (اُرد محاورہ) حملہ کرنا۔ توپ یا بندوق وغیرہ کا موثر ہونا ؛

مار کھانا (ہ - فعل) پٹنا۔ سزا پانا ؛

مار کر پچھاڑ کر دینا (اُرد محاورہ) مار مار کے پچھا دینا ؛

مار کھانا مسجد میں سو رہنا (اُرد محاورہ) لوٹ مار میں زندگی بسر کرنا ؛

مار کے (ہ - تابع فعل) ضرب لگا کے۔ چوٹ لگا کے۔ کثرت ظاہر کرنے کے لیے بھی آتا ہے جیسے لوٹ اتنی آئی مار کے ڈھیر لگ گئے ؛

مار لینا (اُرد محاورہ) کسی کا مال دبا لینا۔ ناجائز قبضہ کر بیٹھنا۔ تباہ کرنا۔ لوٹ لینا ؛

مار مار دھول اڑا دینا (اُرد محاورہ) بہت مارنا لاچار کر دینا ؛

مار مار کر بھرکس نکال دینا (اُرد محاورہ) بہت مارنا ؛

مار مار کر سیدھا کرنا (اُرد محاورہ) پیٹ پیٹ کر درست کرنا ؛

مار مار کرنا (اُرد محاورہ) پیٹنے کا حکم دینا۔ جنگ و جدال پر اکسانا۔ سرزنش کرنا۔ خوب کوشش کرنا۔ خوب جدوجہد کرنا۔ بہت محنت و مشقت کرنا۔ مار پیٹ کرنا۔ پھٹکارنا۔ نہایت جلدی کرنا۔ غل کرنا ؛

مار مار کیے جانا (اُرد محاورہ) کوشش کیے جانا کوشش میں کسر نہ رکھنا ؛

مار مرنا (اُرد محاورہ) دوسرے کو قتل کر کے خود بھی ہلاک ہو جانا ؛

مار نے سے بچانے والا بڑا دانا ہے (اُرد مثل) جب دشمن نقصان پہنچانے کی کوشش کر چکے اور نقصان نہ پہنچے تو کہتے ہیں ؛

مار میں جانا (اُرد محاورہ) لٹ جانا۔ غارت ہونا۔ ضائع ہونا۔ جاتے رہنا۔ وصول نہ ہونا۔

مار موئے مار تیری ہنٹری پر آئے میری عادت نہ جائے (اُرد مثل) نہایت ضدی اور ہٹیل کی نسبت بولتے ہیں یعنی خواہ سزا کتنی ہی دے لے تیرے ہی ہاتھ درد کرینگے۔ میری عادت نہیں چھوٹنے کی ؛

مار بٹانا (اُرد محاورہ) مار کر بھگا دینا۔ شکست دینا ؛

مار ہونا (اُرد محاورہ) لڑائی ہونا ؛

مارا / میرا (ہ - اسم مؤنث) بارانی زمین جہاں صرف بارش کے پانی سے پیداوار ہو۔ بارانی علاقہ ؛

مارا (ہ - اسم صفت ترکیب مفعولی) مارا ہوا۔ زدہ۔ مقتول۔ قتل شدہ۔ ڈسا ہوا۔ مار گزیدہ۔ تباہ شدہ۔ دکھی۔ دکھیا۔ ستا ہوا (بحالت فعل) مارنا سے ماضی مطلق واحد غائب مذکر ؛

مارا جانا (ہ - فعل) قتل ہونا۔ جان سے جانا۔ ہلاک ہونا۔ ضائع ہونا ڈوبنا۔ تلف ہونا۔ برباد ہونا ؛

مارا پانی نہ مانگے (اُرد مثل) سانپ کا کاٹنا جس سے فوراً مر جائے ؛

مارا مار (ہ اسم مؤنث) زیادتی۔ کثرت۔ افراط۔ بہتات۔ نہایت کوشش۔ جدوجہد۔ مار دھاڑ۔ مار پیٹ۔ بھاگڑ بھیل۔ جلدی شتابی۔ سخت تاکید ؛

مارا مارا کرنا (ہ - محاورہ) نہایت دوڑ دھوپ کرنا۔ سخت کوشش کرنا

بہت جلدی کرنا۔ سخت تاکید کرنا ٭
ماراچہ ازیں قصہ کہ گاؤ آمد رفت (ف۔ مثل) ہمیں کیا غرض کون آیا کون گیا۔ اظہار بے تعلقی کے وقت بولا کرتے ہیں ٭
مارتا (ہ۔ اسم مذکر مفعول) مارتا ہوا۔ پیٹتا ہوا (بحالت فاعل) مارنے والا۔ ضرب لگانے والا ٭
مارتوڑ (ہ۔ اسم مذکر) صحیح مارتول۔ پترلگالی ہے۔ ہتوڑا۔ ہتوڑی۔ ٹھونکنے کا آلہ۔ موگرا۔ موگری ٭
مارتول (ہ۔ امذ) ہتھوڑا۔ موگرا ٭
مارتے خاں (اُ۔ امذ) زبردست۔ زور آور۔ ظالم۔ سفاک ٭
مارتے خاں سے بہت ڈرتے ہیں (اُ۔ مثل) زبردست سے بہت خوف کھاتے ہیں ٭
مارتے مارتے بھور کر دینا / **مارتے مارتے گٹھڑی بنا دینا** (ہ۔ محاورہ) اتنا مارنا کہ چور چور کر دینا یا تھیلا بنا دینا۔ مدعا بہ کو سخت ہی مارنا ٭
مار مار کر بھرکس نکال دینا (ہ۔ محاورہ) خوب مارنا۔ اچار کر دینا۔ کچومر نکال دینا ٭
مارنا (ہ۔ فعل) پیٹنا۔ ضرب لگانا۔ زدوکوب کرنا۔ لوٹنا۔ تباہ و برباد کرنا۔ جڑ نا۔ لگاتار وار کرنا۔ ہاتھ اٹھانا۔ بندوق وغیرہ چلانا۔ چھوڑنا۔ فیر کرنا۔ پچھاڑنا۔ نیچے گرا دینا۔ ٹیکنا۔ فتح کرنا۔ جیتنا۔ سزا دینا۔ ڈانٹنا۔ ہلاک کرنا۔ حملہ کرنا۔ قتل کرنا۔ ذبح کرنا۔ عاشق بنانا۔ رسوا کرنا۔ ذلیل کرنا۔ تھکانا۔ مغلوب کرنا۔ ہرانا ٭
مارک (انگ/مذ۔ Mark) علامت۔ نشانی۔ امتحان کے سوالات کے نمبر۔ داغ۔ دھبا ٭
مارکا (اُ۔ امذ) علامت۔ پہچان۔ نشانی۔ سلطنت کی نشانی۔ کارخانہ کی مصنوعات کی علامت ٭
مارکسزم (انگ۔ صفت۔ Marxism) مشہور جرمن اشتمالی کارل مارکس کا عقیدہ ٭
مارکسی (ا۔ صفت) اشتمالی نظریات کو ماننے والا کارل مارکس کے نظریات کا حامل ٭
مارکیٹ (انگ۔ امذ) بازار۔ منڈی ٭ Market
مارگ (س) رستہ۔ راہ۔ مسلک۔ سڑک۔ ڈگر۔ طور۔ طریقہ۔ رنگ ڈھنگ۔ بدرقہ۔ علاج۔ تدبیر۔ چارہ۔ اُپائے ٭
مارُو (ہ۔ اسم مذکر۔ فاعل) مارنے والا۔ ہلاک کرنے والا۔ نقارہ جنگ۔ لڑائی کا باجہ۔ لڑائی کے وقت گانے کی ایک راگنی ایک قسم کا بڑا بینگن۔ سری راگ کی تیسری راگنی کا نام ٭
مارواڑ (ہ۔ اسم مذکر) جودھپور کا نام ایک قسم کا کبوتر۔ خاص راجپوتانے کے ایک قسم کے گیت ٭
ماروت (ع۔ اسم مذکر) چاہ بابل کے دو مقید فرشتوں میں سے ایک کا نام ہے جو زہرہ کنجنی پر عاشق ہو جانے کے باعث مبتلائے عذاب ہوئے ٭
ماروں گھٹنا پھوٹے آنکھ (ہ۔ مثل) مار کہیں پڑے اور لگے کہیں جواب کچھ اور سوال کچھ ٭
مارے (ہ۔ حرف علت) سبب۔ باعث لئے۔ واسطے۔ کارن: مارنا مصدر سے مضارع۔ پیٹے۔ ضرب لگائے۔ قتل کرے جان لے۔ ہلاک کرے۔ تباہ۔ خراب وخستہ۔ دربدر ٭
مارے آپ لگا دے تاپ (اُ۔ مثل) آپ کرے اور دوسروں کے سر لگا دے ٭
مارے اور رونے نہ دے (اُ۔ مثل) زبردست کے متعلق کہتے ہیں جو فریاد بھی نہیں سنتا ٭
مارے سے پدایا اچھا (اُ۔ مثل) دھمکی سے کام نکال لینا چاہیئے ٭
مارے مارے پھرنا (ہ۔ محاورہ) دربدر پھرنا۔ خدائی خوار پھرنا۔ دھکے کھاتے پھرنا ٭
مارے ہنسی کے پیٹ پکڑ کر لوٹ جانا (اُ۔ محاورہ) ہنسی کی شدت سے بے تاب ہو جانا ٭
ماڑا (ہ۔ اسم صفت) کمزور۔ ناتواں۔ ضعیف کم طاقت۔ لاغر۔ دبلا پتلا۔ بوڑھا۔ پیر۔ فرتوت۔ کنگال۔ نادار۔ مسکین۔ بے قدر۔ ہیچ کمینہ۔ سفلہ۔ ادنیٰ۔ بیمار۔ مریض۔ ناخوش۔ تھوڑا سا۔ رتی بھر۔ ذرا سا ٭
ماڑی (ہ۔ اسم مؤنث) ماڑا کی تصغیر۔ دبلی لاغر۔ ضعیفہ۔ مانڈی پیچ۔ کلفت۔ اہار۔ چاولوں کا ابلا ہوا پانی۔ اوپر کی منزل۔ اٹاری گوگے پیر کی قبر ٭
ماڑو (اف۔ اسم مذکر) ماجو۔ ایک گول تخم کا نام ہے جو دوا میں کام آتا ہے ٭
ماس (س۔ اسم مذکر) مہینہ۔ ماہ۔ چاند۔ چندرما۔ قمر۔ گوشت خور۔ گوشت پر ہی گزارہ کرنے والا ٭
ماس بنا سب گھاس رسوئی (ہ۔ مثل) بلا گوشت کھانے کا لطف نہیں۔ گوشت بغیر سب کھانے ہیچ ٭
ماس سب کوئی کھاتا ہے ہڈی گلے میں کوئی نہیں باندھتا (ہ۔ مثل) اچھی چیز کو ہر ایک چاہتا ہے۔ بری کو کوئی بھی پسند نہیں کرتا ٭
ماس کبار (ہ۔ اسم مذکر) ماہواری۔ گوشوارہ۔ ماہواری نقشہ۔ برآورد سارے مہینے کا حساب۔ مہینے کا آخری دن ٭
ماس کھائے ماس بڑھے ان کھائے اوجھڑی (ہ۔ مثل) گوشت کھانے سے بدن پر گوشت زیادہ ہوتا ہے۔ اناج کھانے سے صرف پیٹ ہی بڑھتا ہے
ماس کھائے ماس بڑھے گھی کھائے بل ہو / **ساگ کھائے اوجھ بڑھے لوٹا کہاں سے ہو** (ہ۔ مثل) گوشت کھانے سے گوشت بڑھتا ہے۔ گھی کھانے سے طاقت آتی ہے۔ ساگ کھانے سے پیٹ بڑھتا ہے مگر طاقت نہیں بڑھتی ٭
ماس پچاس (ہ۔ تابع فعل) ماہوار۔ ماہ بماہ مہینے کے مہینے ٭
ماس نوچنا (ہ۔ محاورہ) بوٹیاں کاٹنا۔ گوشت اتارنا ٭
ماسی (ہ۔ اسم مذکر) خالہ۔ ماں کی بہن۔ ماؤسی ٭

ماش (س۔ اسم مذکر) اُڑد۔ مونگ سے ذرا بڑا سیاہ رنگ کا ایک غلہ جس کی دال بناتے ہیں ٭

ماش مارنا (ہ۔ محاورہ) کسی پر جادو ٹونا چلانا کسی پر افسوں پڑھ پڑھ کر ماش کے دانے مارنا ٭

ماشاءاللہ (ع) چشم بددُور۔ بُری نظر کا اثر نہ ہو۔ خدا نظر بد سے بچا رکھے کیا کہنا سبحان اللہ۔ طنزاً کہا کرتے ہیں ٭

ماشہ (ف۔ اسم مذکر) آٹھ رتی کا وزن۔ تولے کا بارھواں حصہ ٭

ماشہ بھر (اُر۔ تابع فعل مفید صفت) ذرا سا۔ بہت قلیل مقدار۔ ایک ماشہ جتنا وزن۔ ذرا سا۔ تھوڑا سا۔ رتی بھر ٭

ماشہ تولہ ہونا (اُر۔ محاورہ) ایک حالت پر نہ رہنا۔ متلوّن مزاج ہونا بہت نازک مزاج ہونا ٭

ماشی (اُر۔ اسم صفت۔ بیائے نسبتی) ماش کے رنگ کا۔ سیاہی مائل سبز ٭

ماضی (ع۔ اسم صفت) گزشتہ۔ گزرا ہوا۔ بیتا ہوا۔ فعل کی وہ صورت جس کا تعلق گزشتہ زمانہ سے ہو۔ اس کی چھ قسمیں ہیں ٭

ماضی احتمالی یا شکیہ (عف۔ اسم مؤنث) جس سے زمانہ گزشتہ میں صدور فعل میں شک پایا جائے ٭

ماضی استمراری یا تاتمام (عف۔ اسم مؤنث) جس سے گزشتہ زمانہ میں فعل کا تواتر سمجھا جائے ٭

ماضی بعید (ع۔ اسم مؤنث) جس سے زیادہ گزرا ہوا زمانہ سمجھا جائے ٭

ماضی تمنائی یا شرطی (ہ۔ اسم مؤنث) وہ ماضی جس سے پہلے کلمہ تمنا یا شرط ہو ٭

ماضی قریب (ع۔ اسم مؤنث) جس سے قریب کا زمانہ گزشتہ سمجھا جائے ٭

ماضی مطلق (ع۔ اسم مؤنث) وہ ماضی جس سے گزشتہ زمانہ بلا قید مفہوم ہو ٭

ماضیہ (ع۔ اسم صفت) بیتا ہوا۔ گزرا ہوا۔ گزشتہ۔ اگلا۔ اب سے پہلے کا ٭

ماکھن (ہ۔ اسم مذکر) مکھن۔ مسکہ۔ کچا گھی۔ بن تپایا گھی۔ ربڑی۔ نہایت گاڑھا دودھ ٭

ماکھو (ہ۔ اسم مؤنث) شہرت۔ چرچا۔ افواہ۔ پنجاب۔ شہد کی مکھی ٭

ماکھو دوڑنا (ہ۔ محاورہ) شہرت پھیل جانا۔ چرچا ہونا۔ افواہ ہونا ٭

ماکیاں (ف۔ اسم مؤنث) مُرغی۔ خردس کی مادہ ٭

مالگدھ (ہ۔ اسم مذکر) مگدھ دیس یعنی بہار کا رہنے والا۔ بھاٹ۔ کرکیت راجاؤں کے گن گانے والا ٭

ماگھ (س۔ اسم مذکر) ہندی سال کا گیارھواں مہینہ۔ ایک نچھتر کا نام بھی ہے ٭

ماگھ کا جاڑا جیٹھ کی دھوپ (ہ۔ مثل) دونوں ہی سخت ہوتے ہیں ٭

ماگھ کا جاڑا جیٹھ کی دھوپ بڑے کشٹ سے پیچھے روکھ (ہ۔ مثل) ماگھ کی سردی اور جیٹھ کی دھوپ میں پودا بڑی دقت سے ہرا ہوتا ہے۔ یہ دونوں پودوں کے لیے مضر ہیں ٭

ماگھ ننگی بیساکھ بھوکی (ہ۔ مثل) ہمیشہ مفلس سدا محتاج ٭

مال (ہ۔ اسم مؤنث) چرخے کے تکلے کو چلانے والی ڈور۔ رہٹ کی ٹنڈوں والی رسّیاں مشین کے چرخے چلانے والے چمڑے وغیرہ کے پٹے ٭

مآل (ع۔ اسم مذکر ظرف) جائے بازگشت۔ لوٹنے کی جگہ۔ مرجع اخیر۔ انجام۔ پھل۔ نتیجہ ٭

مآل اندیش (ف۔ اسم مؤنث فاعلی) دُور اندیش۔ انجام بین۔ اخیر نتیجہ سوچ بچار کرنے والا ٭

مآل اندیشی (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) دُور اندیشی۔ انجام بینی۔ سوچ بچار ٭

مآل کار (ف۔ تابع فعل) انجام کار آخر کو۔ انت کو۔ آخر کار ٭

مال (ع۔ مذ) دھن۔ دولت۔ پونجی۔ نقدی۔ مایہ۔ زر و جواہر۔ اسباب۔ جائیداد۔ جنس۔ سوداگری کی چیزیں۔ لگان۔ خراج معاملہ۔ پیداوار محصول۔ اصل حیثیت۔ ہستی۔ قیمتی۔ کھانا نفیس اور عمدہ کھانا جیسے آج خوب مال کھائے پیداوار۔ آمدنی۔ زراعت خوبصورت عورت نوچی۔ حسین آدمی ٭

مال آنا (اُر۔ محاورہ) سوداگری کا مال دوسری جگہ سے لایا جانا ٭

مال اُڑانا (اُر۔ محاورہ) روپیہ لٹانا۔ فضول خرچی کرنا۔ روپیہ خورد برد کرنا۔ نفیس اور عمدہ کھانے کھانا ٭

مال اُڑ جانا (اُر۔ محاورہ) روپیہ یا دولت خرچ ہو جانا۔ روپیہ برباد ہونا ٭

مال المال (ع۔ مذ) علم حساب میں کسی عدد کی چوتھی طاقت کو کہتے ہیں جیسے ۸۱ = ۳×۳×۳×۳ یعنی ۳ کے ۴ ٭

مال اموات (ع۔ مذ۔ قانونی اصلاح ہے) لاوارث مال۔ وہ مال جس کا کوئی والی وارث نہ ہو ٭

مال برآمد (ف۔ ا۔ مذ) (قانون) دساور کو بھیجا ہوا مال۔ بھرتی۔ سوداگری مال چوری کا مال جو پایا گیا ہو۔ مال مسروقہ بازیافتہ مسروقہ مال ٭

مال بازیافتہ (ف۔ ا۔ مذ) وہ مال جو ملزم / چور سے واپس ملے / برآمد ہو ٭

مال بچپنا (اُر۔ محاورہ) کسی کا مال ہضم کیا جانا کسی کا مال قبضہ میں آنا ٭

مال پر زکوٰۃ ہے (اُر۔ مثل) آمد پر ہی خرچ ہوا کرتا ہے۔ ہونے پر ہی خیرات فرض ہے۔ ہوت کی جوت ہے ٭

مال پرست (عف۔ صفت) وہ شخص جو ہر وقت مال حاصل کرنے کی فکر میں ہو بندہ سیم و زر ٭

مال پڑا پانا (اُر۔ محاورہ) بے محنت و مشقت کوئی چیز ہاتھ آنا ٭

مال تال (اُر۔ ا۔ مذ) روپیہ پیسہ۔ مال دولت۔ مال متاع (مال تابع مہمل ہے) ٭

مال چکھنا۔ یا۔ چھکنا (اُر۔ محاورہ) غیر کا مال کھا جانا۔ دوسرے کے مال کے مال پر مزے اُڑانا۔ نوالے کھانا ٭

مال چیرنا (اُر۔ فعل) روپیہ کھا جانا۔ مال مارنا۔ چوری کرنا۔ غبن کرنا۔ ہاتھ مارنا ٭

مال حرام (ع۔ ا۔ مذ) ناجائز مال۔ چوری یا خیانت کا مال۔ مفت کا مال۔ ناجائز کمائی ٭

مال حرام لو دبجائے حرام رفت (ف۔ مثل) بُری کمائی تھی بُری ہی جگہ لگ گئی۔ بُری کمائی یونہی اڑ جایا کرتی ہے ٭

مال حصہ داری / **مال شراکت** (اُر۔ مو) ساجھے کی پونجی۔ شراکت کا مال ٭

مال حوالے کرنا (اُر۔ محاورہ) مال کسی کو دے دینا۔ مال کا امانت کے طور پر کسی کے پاس رکھنا ٭

مال خانہ (عف۔ امذ) طرف۔ گودام۔ ذخیرہ۔ کوٹھی۔ ریلوے سٹیشن کی وہ جگہ جہاں مال اسباب اُتار کر رکھا جاتا ہے۔ خزانہ۔ گنجینہ ٭

مال دار (عف۔ اسم صفت فاعلی) امیر۔ دولتمند۔ دھنی۔ دھنونتا ٭

مال دے دینا (اُر محاورہ) مال کسی دوسرے کے حوالے کرنا ٭

مال ڈھالنا (اُر محاورہ) سستا مال بیچ ڈالنا یہ محاورہ تنہا استعمال نہیں ہوتا ٭

مال زادہ (اُر۔ امذ۔ مفعولی ترکیب) حرامی حرامزادہ۔ کسی کا جنا۔ بھڑوا۔ قلتیان ایک قسم کی نہایت سخت گالی ہے ٭

مال زادی (اُر۔ امو۔ بیائے تانیث) چھنال۔ قحبہ۔ رنڈی۔ کسبی۔ پاتر بازاری۔ حرامزادی۔ کٹنی۔ دلالہ۔ نالگہ ٭

مال سائر (ع۔ ا۔ مذ) (قانون) مکان کے علاوہ دیگر محاصل۔ جیسے چنگی۔ سڑک مدرسہ وغیرہ ٭

مال سستے پر ڈھالنا (اُر محاورہ) سستا مال بیچ دینا ٭

مالِ ضامن (ع۔ امذ) نقدی کی ضمانت دینے والا۔ روپیہ ادا کرنے کا ذمہ دار ٭

مال ضامنی داخل کرنا (اُر محاورہ) سرکاری خزانے میں ضمانت کا روپیہ داخل کرنا۔ ضمانت کی رقم ادا کرنا ٭

مالِ ضبطی (ع۔ امذ) تفرق کیا ہوا مال۔ سرکاری حکم سے قبضہ کیا ہوا مال ٭

مالِ طیّب (ع۔ مذ) پاک مال۔ نیک کمائی کا مال۔ حلال مال۔ طنزاً بُری کمائی۔ مالِ حرام ٭

مالِ عرب پیشِ عرب (عف۔ مثل) اپنی چیز اپنے سامنے خوب رہتی ہے ٭

مالِ غنیمت (عف۔ امذ) لوٹ۔ لوٹ کا مال۔ لڑائی میں ہاتھ لگا ہوا دشمن کا مال ٭

مالِ غیر منقولہ (ع۔ مذ) وہ مال جو اُٹھا کر نہ لے جایا جا سکے جیسے مکان زمین وغیرہ ٭

مال فرود (عف۔ مذ) (قانون) اُترت۔ مال اُترنے کی جگہ۔ منڈی۔ دکان کا مال ٭

مال کا بندوبست (اُر۔ امذ) بندوبست پیداوار کے محصول کا انتظام خراج ٭

مال کاٹنا (اُر محاورہ) بہت سا مال خرچ کر دینا۔ چلتی گاڑی میں سے مال نکالنا برجُرانا ٭

مال کھانا (اُر محاورہ) مال چکھنا۔ کسی کی دولت پر عیش و عشرت کرنا ٭

مال کھینچنا (اُر محاورہ) مال کمانا۔ مال جمع کرنا دھوکے فریب سے کسی کے مال پر قبضہ جمانا ٭

مال گزار (عف۔ ا۔ مذ۔ فاعل ترکیبی) معاملہ دینے والا۔ خراج دینے والا گاؤں کا چوہدری۔ نمبردار۔ پتی دار ٭

مالگذاری (عف۔ ا۔ مو۔ بیائے مصدری) معاملہ۔ پڑتہ۔ جمع۔ سرکاری لگان ٭

مال گننا ہے (اُر محاورہ) مال کثرت سے صرف ہونا ہے ٭

مال گننا (اُر محاورہ) وقعت سمجھنا۔ خیال میں لانا۔ باوقعت خیال کرنا ٭

مالِ لاوارث (ہ) مال جس کا کوئی والی وارث نہ ہو۔ مال خالصہ ٭

مال لُٹے سرکار کا مرزا کھیلے پھاگ (اُر۔ مثل) دوسروں کے مال پر عیش اُڑانا۔ پرائے مال پر عیش ٭

مال مارنا (اُر محاورہ) غبن کرنا۔ فریب سے مال لینا۔ ٹھگنا۔ چوری کرنا ٭

مال مارو (اُر۔ امذ) فاعل مفید صفت مال غبن کرنے والا۔ خیانت کرنے والا۔ خورد برد کرنے والا۔ تمائن۔ غاصب ٭

مالِ محمولہ (ع۔ مذ) ناؤ۔ یا جہاز یا گاڑی پر لدا ہوا مال کھیپ۔ بارولہ بھرتی۔ بار جہاز ٭

مال فردم خور (عف۔ صفت) دوسرے لوگوں کا مال ہضم کرنے والا۔ وہ جو قرضہ لے کر ادا نہ کرے ٭

مال مست (عف۔ اسم صفت ترکیب فاعلی) دولت پر گھمنڈ کرنے والا۔ دولت کے نشہ میں چور۔ مال پر مغرور ٭

مالِ مُفت (اُر۔ امذ) بلا محنت و مشقت ہاتھ لگا ہوا مال۔ بلا خرچ حاصل شدہ مال ٭

مالِ مُفت دِل بے رحم (اُر۔ مثل) مُفت کی چیز کی قدر نہیں ہوتی۔ خواہ کیسی ہی قیمتی کیوں نہ ہو ٭

مال منقولہ (ع۔ امذ) (قانون) ایک جگہ سے دوسری جگہ جا سکنے والا مال جیسے روپیہ۔ پیسہ۔ گھوڑا وغیرہ ٭

مالِ وقف (ع۔ مذ) خدا کی راہ پر عام استعمال کے لیے چھوڑا ہوا مال جیسے مسجد۔ مندر وغیرہ ٭

مال موذی نصیب غازی (ف۔ مثل) بخیل کا مال کسی کو مل جانے پر بولتے ہیں ٭

مال نکال دینا (اُر۔ محاورہ) گھر یا اپنے پاس سے مال نکال کر بہ مجبوری دینا ٭

مال والا ہارے گال والا جیتے (اُر۔ مثل) وہ شخص جو عدالت میں مقدمہ جیت جاتا ہے۔ تو اپنا صحیح صحیح مفہوم کہہ کر فیصلہ کنندہ کو اپنا حق واضح کر سکے۔ جس کا اصول قول و فعل اچھا ہو ٭

مال (ف) مالیدن مصدر سے صیغہ امر حاضر مرکبات میں۔ جیسے رومال دستمال (بحالت اسم) مالش۔ رگڑ ٭

مالا (ہ۔ مذ۔ مو) تسبیح۔ سمرن۔ سبحہ۔ ہار۔ گجرا۔ پھولوں یا موتیوں وغیرہ کی پروئی ہوئی لڑی۔ سلک۔ ایک درخت کا نام بھی ہے ٭

مالا پھیرنا یا جپنا (ہ۔ فعل) سمرن جپنا۔ تسبیح پڑھنا ٭

مالا مال (ع۔ ف۔ بالف اتصال) کثرت سے۔ کثیر۔ وافر۔ بہت ات گت۔ پُر لبریز۔ بھرا ہوا۔ مملو۔ دولتمند۔ امیر۔ تونگر خوشحال ٭

مالا مال کر دینا (اُر محاورہ) امیر بنا دینا۔ دولتمند کر دینا۔ دولت سے بھر دینا ٭

مال پُوا (ہ۔ ا۔ مذ) گلگلا۔ مال پوڑا۔ میٹھا پکوڑا ٭

مالتی (س۔ امو) ایک قسم کی بیل کا نام۔ ایک بوٹی۔ ایک پھول کا نام چنبیلی یا سمن دریا۔ چاندنی رات۔ جوان عورت ٭

مالتی بسنت (س۔ مو) سونے کے ورق اور موتیوں سے

بنایا ہوا ایک کشتہ جسے تپدق یا پرانے بخار کے لیے اکسیر بتاتے ہیں ٭

مالتی پھل (ہ۔اند) جائفل ٭

مالتی مالا (ہ۔ا۔مو) چنبیلی کے پھولوں کا ہار ایک وزن یا بحر۔ لغت کوشش کا نام ٭

مالسری (ہ۔ا۔مو) سری راگ کی پانچویں راگنی کا نام ہے جو دوپہر کو گائی جاتی ہے ٭

مالش (ف۔ا۔مو) مالیدن سے حاصل مصدر ملنا۔ رگڑنا۔ جی کا متلانا۔ متلی۔ جی کچا ہونا۔ پالش۔ صیقل۔ جلا۔ کھرپرا کرنا گھوڑے وغیرہ کا بدن کھرپرے سے صاف کرنا ٭

مالش کرنا (اُ۔محاورہ) رگڑنا۔ ملنا۔ صاف کرنا۔ صیقل کرنا۔ جی متلانا ابکائی کرنا ٭

مالک (ع۔ا۔اند فاعل) آقا۔ صاحب۔ خداوند۔ خدا یتعالےٰ ایشور۔ پرماتما۔ رب۔ کسی چیز کی ملکیت رکھنے والا۔ والی خصم۔ شوہر۔ پتی۔ خاوند۔ قابض۔ مختار۔ حاکم۔ افسر۔ سردار ٭

مالک الملک (ع۔اند) ملک کا مالک۔ بادشاہ شہنشاہ۔ خدا تعالےٰ ٭

مالک بنانا (اُ۔ مختار کرنا۔ اختیار دینا۔ قبضہ دینا۔ مالک بنانا ٭

مالک دیہہ (عف۔اند) گاؤں کی زمین یا اس کے کسی حصے کا مالک ٭

مالک زندہ و مال میراث (اُ۔مثل) بدمعاش روبرو ہی لوٹ کر کھائے جاتا ہے ٭

مالک مکان (ع۔اند) گھر والا۔ صاحب۔ خانہ۔ مکاندار ٭

مالک ہونا (اُ۔ فعل) والی ہونا۔ وارث ہونا۔ قابض ہونا ٭

مالکانہ (عف۔اند۔ انہ نسبتی) زمینداری کا حق۔ زمین کے مالک ہونے کا حق۔ حق زمینداری ٭

مالکانہ رسوم (ہ۔مو) حقیقت کا روپیہ۔ ملکیت کا روپیہ ٭

مالکنگنی (ہ۔ا۔مو) ایک تکونے خوشبودار دانے کا نام ہے جو دوا میں کام آتا ہے ٭

مالکوس (ہ۔ا۔اند) ایک مشہور راگ کا نام ہے ٭

مالکی (ع۔مو۔ بیائے نسبتی مفید صفت) امام مالکؒ کا پیرو ٭

مالن (ہ۔ا۔مو) مالی کی بیوی۔ مالی قوم کی عورت۔ پھول بیچنے والی۔ کاچھن

مالنیا۔ یا۔ مُلنیا (ہ۔ا۔مو) مالن کی تصغیر ٭

مالوف (ع۔صفت مفعولی) الفت گرفتہ پیارا۔ عزیز۔ انیس۔ خوگر خوگرفتہ۔ عادی ٭

مالی (ع۔صفت۔ بیائے نسبتی) منسوب بہ مال۔ فنانشلی۔ مالگزاری ٭

مالی پشیکار (اُ۔ند) (قانون) معاملہ یا مالگذاری کا حساب جمع خرچ رکھنے والا محرر مالگذاری ٭

مالی کام (اُ۔اند) زمین کے متعلق کام کاج۔ مالی۔ کاروبار۔ بندوبست کا کام۔ معاملات مالی۔ محکمہ مال کے متعلق کاروبار ٭

مالی (ہ۔ا۔اند) باغبان۔ پیوند لگانے والا۔ چمن اور باغ کو درست رکھنے والا ایک قوم کا نام جس کا کام کھیتی باڑی کرنا ہے ٭

مالیت (ع۔ا۔مو) جمع۔ پونجی۔ سرمایہ۔ دولت۔ دھن۔ در۔ مول قیمت۔ قدر و منزلت۔ مُول۔ اصل۔ آنک۔ جانچ ٭

مالیت جانچنا (اُ۔محاورہ) قیمت کی تشخیص کرنا۔ مول لگانا۔ تخمینہ کرنا ٭

مالیخولیا (یونانی۔ا۔اند) لغت میں صفرائے سیاہ و اصلاح میں خلل دماغ جنون۔ خفقان۔ وحشت ٭

مالیدہ (ف۔اسم صفت مفعولی) ملا ہوا۔ چوڑی۔ چوڑما۔ ایک قسم کا نہایت نرم کیا ہوا پشمینہ ٭

مالیہ (ع۔ا۔اند) مالیت۔ مال گزاری۔ خراج ٭

مام (ہ۔ا۔اند) طاقت۔ مقدور۔ قدرت۔ حوصلہ۔ بوتا۔ بل بوتا زور (ف۔اسم مؤنث) ماں۔ مادر ٭

ماما (ہ۔ا۔اند) ماں کا بھائی۔ ماموں ٭

ما ما (ف۔ا۔مو) مادر۔ والدہ۔ بڑھیا عورت۔ باورچن۔ خادمہ۔ ملازمہ دائی۔ گھر کا کام کاج کرنے والی۔ کنیز۔ باندی۔ لونڈی ٭

ماما اصیل (اُ۔ا۔مو) لونڈی۔ باندی۔ کنیز و پرستار چیلی ٭

ماما پکڑتڑیاں (اُ۔ا۔مو) ماما کے ہاتھ کی پکی ہوئی روٹیاں۔ مفت کی روٹیاں بلا محنت و مشقت ہاتھ آیا ہوا کھانا ٭

ماما پکڑتڑیاں کھانا (اُ۔محاورہ) ناز و نعمت میں پلنا۔ مفت کا مال اُڑانا پکی پکائی روٹیاں توڑنا ٭

ماماگری (اُ۔مو۔ بیائے مصدری) ماما کا کام۔ روٹی پکانے کی خدمت کھانا پکانے کی نوکری ٭

مامائی (ف۔ا۔مو) دایہ گری۔ ماماگری ٭

مامتا (ہ۔ا۔مو) محبت۔ پیار۔ الفت۔ مادرانہ شفقت۔ مہر مادری ٭

مامتا ٹھنڈی رہنا (اُ۔محاورہ) ماں کا بچے کی اچھی باتیں دیکھ کر خوش رہنا ٭

مامتا ہونا (اُ۔محاورہ) محبت ہونا ٭

مامن (ع۔ند) ظرف از امن۔ امن کی جگہ۔ آرام کی جگہ۔ ٹھکانا۔ جائے پناہ ٭

مامو۔ یا ماموں (ہ۔ند) ماں کا بھائی۔ خال۔ سانپ۔ ناگ۔ سرپ۔ مار ٭

مامور (ع۔صفت مفعولی) امر کیا گیا۔ اجازت دیا گیا۔ مقرر کیا ہوا۔ متعین کیا گیا ٭

مامور کرنا (اُ۔محاورہ) مقرر کرنا۔ کوئی کام سپرد کرنا۔ متعین کرنا۔ دفتر میں نام چڑھانا۔ ملازموں کی فہرست میں داخل کرنا ٭

مامول (ع۔صفت) وہ چیز جس کی اُمید ہو۔ اُمید کیا گیا ٭

مامون (ع۔صفت) مفعولی از امن۔ امن کیا گیا۔ محفوظ۔ بیخوف بصورت۔ (اسم مذکر) خلیفہ ہارون رشید شاہ بغداد کا نام ٭

ماموں (اُ۔اند) ماں کا بھائی ٭

ماموں کے کان میں انٹی بھانجا انیڈا انیڈا پھرے (اُ۔مثل) اس کے متعلق کہتے ہیں جو اپنے رشتہ داروں کی دولت پر فخر کرے ٭

ماموں مُنہ میں کاموں (اُ۔مثل) سخت مفلس ہے۔ کاموں ایک سُرخ رنگ کا غبار ہے جو پکے ہوئے چاولوں پر آجاتا ہے چاولوں کی باریک بھوسی کو بھی کاموں کہتے ہیں ٭

مامی (ہ۔ا۔مو) ماموں کی بیوی۔ ممانی ٭

مامیراں (ف۔ا۔مذکر) ایک قسم کی سبزی مائل زرد جڑی جو آنکھ میں پڑتی ہے نمیرا ٭

ماں / مانہ (ہ، حرف جار برائے ظرفیت۔ میں اندر۔ بھیتر۔ درمیان بیچ (اسم مؤنث) والدہ ٭

مان (ف۔ا۔مذ) گھر۔ خانہ۔ مکان۔ گھر کا اسباب۔ اثاثہ ٭

مان جانا / مان لینا (ہ۔ فعل) منظور کر لینا۔ تسلیم کر لینا۔ راضی ہو جانا۔ اجازت دے دینا۔ اقرار کر لینا۔ کامل یا استاد فن سمجھ لینا۔ قائل ہو جانا ٭

مان نہ مان میں تیرا مہمان (اُر۔ مثل) خواہ مخواہ کسی معاملہ میں دخل دینے والے کی نسبت کہا کرتے ہیں۔ یعنی مانو خواہ نہ مانو ہم زبردستی یہ کام کریں گے ٭

مان (س۔ا۔مذ) پت۔ عزت۔ قدر۔ آدر۔ آؤ بھگت۔ خاطر تواضع گھمنڈ۔ غرور۔ تکبر۔ نخوت۔ گمان کا مرادف ناز۔ نخرہ۔ غمزہ چوچلا۔ نامناسب فخر۔ چاؤ شوق۔ تمنا۔ محبت اور پیار کی باتیں۔ عشقیہ باتیں۔ ماپ۔ اندازہ۔ پیمانہ ٭

مان بھری (اُر۔ اسم صفت مفعولی) مشتاق۔ خواہشمند۔ آرزومند مغرور۔ مزا جدار۔ متکبر ٭

مان پان (ہ۔ا۔مذ) عزت آبرو ٭

مان تان (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے "مان"

مان ڈھیلنا (اُر۔ محاورہ) غرور ٹوٹ جانا گھمنڈ نکل جانا۔ تکبر یا نخوت نہ رہنا ٭

مان رکھنا (ہ۔ فعل) پت رکھنا۔ عزت رکھنا۔ آدر کرنا۔ تعظیم کرنا۔ آؤ بھگت کرنا۔ تمنا پوری کرنا۔ مراد بر لانا۔ بات ماننا۔ حکم بجا لانا۔ ارشاد کی تعمیل کرنا۔ تسلیم کرنا۔ قبول کرنا ٭

مان رہنا (اُر۔ محاورہ) عزت رہنا۔ پت رہنا۔ بات بنی رہنا۔ حرمت قائم رہنا۔ زیر سایہ رہنا۔ تابع فرمان رہنا۔ ادھین رہنا ٭

مان کا آنگس گیان ہے (ہ۔ مثل) علم سے اعتماد اور یقین پیدا ہوتا ہے

مان کا بیڑا سمان ہے / مان کا پان بھی بہت ہے (اُر۔ مثل) تھوڑا جو عزت کے ساتھ ملے وہ بہت ہے ٭

مان کا پان ہیرا سمان (ہ۔ مثل) عزت سے ملی ہوئی تھوڑی چیز بھی ہیرے کے برابر ہے ٭

مان کا مارا اور ایمان کا لڈو (ہ۔ مثل) عزت کا زہر بے عزتی کے لڈو سے بہتر ہے ٭

مان کا ہونا (اُر۔ محاورہ) اختیار کا ہونا۔ قابو کا ہونا ٭

مان کرنا (محاورہ) آؤ بھگت کرنا۔ خاطر تواضع کرنا۔ عزت کرنا۔ تکبر کرنا۔ اترانا۔ مزاج کرنا۔ کسی کو اپنے برابر نہ سمجھنا ٭

مان گمان (ہ۔ا۔مذ) غرور و تکبر۔ گھمنڈ۔ تمکنت۔ کبر و ناز ٭

مان گون (ہ۔ مذ۔ا۔ارمان۔ آدر۔ ناز برداری۔ عزت۔ قدر منزلت ناز و نیاز۔ ادب۔ تعظیم ٭

مان گون رکھنا (اُر۔ محاورہ) ارمان پورا کرنا۔ دل رکھنا۔ مراد بر لانا۔ ناز برداری کرنا۔ بات رکھنا

مان گون والی (ہ۔ صفت) آن بان والی۔ شان و شوکت والی۔ ناز و ادا والی۔ عزت والی ٭

مان مر جانا (ہ۔ محاورہ) دل مر جانا۔ جی بجھ جانا۔ تکبر نہ رہنا۔ گھمنڈ جاتا رہنا۔ امنگ نہ رہنا۔ لاچار ہو جانا۔ عاجز ہو جانا ٭

مان مہت (س۔ مذ) ناز و نخرہ۔ تمکنت۔ غرور۔ ناز بیجا۔ آن بان۔ چاؤ۔ چوچلا۔ تعظیم و تکریم۔ قدر و منزلت ٭

مانا (ہ۔ صیغۂ ماضی) قبول کیا۔ تسلیم کیا۔ عرض کیا۔ جان لیا ٭

مانا کہ (ہ۔ تابع فعل) فرض کیا کہ۔ مان لیا کہ۔ تسلیم کیا کہ۔ بالفرض ٭

مانامت مچانا / ڈالنا (اُر۔ محاورہ) رونا۔ پیٹنا۔ شور مچانا۔ واویلا کرنا ٭

مانت (ہ۔ا۔مؤ) مطابقت۔ مشابہت ٭

مانتا (ہ۔ا۔مؤ) منت۔ اپنے اوپر کسی بات کا فرض کر لینا۔ یقین۔ اعتقاد۔ عقیدہ۔ نیت۔ عہد۔ قدر دانی۔ آؤ بھگت۔ تعظیم و تکریم ٭

مانتا ہوں (اُر۔ محاورہ) قائل ہوں۔ تمہاری بات تسلیم کرتا ہوں۔ آپ کی ہوشیاری اور چالاکی کو تسلیم کرتا ہوں۔ کیا کہنا ہے۔ کیا بات ہے۔ سبحان اللہ ٭

مانج (ہ۔ا۔مؤ) دلدلی زمین۔ ترائی۔ کچھار۔ دریا سے برآمد شدہ زمین ٭

مانجنا (ہ۔ صفت) برتن صاف کرنا۔ اجالنا۔ جلا کرنا۔ صیقل کرنا ڈوریا دھاگے کو کپڑے سے صاف کرنا ٭

مانجنا موبجنا (ہ۔ مصدر) اس میں تابع فعل ہے۔ دیکھئے "مانجنا"

مانجھ (ہ۔ا۔مؤ) ایک راگنی کا نام ہے۔ بیچوں بیچ۔ وسط۔ عین درمیانی جگہ ٭

مانجھ دھار (ہ۔ا۔مؤ) دریا یا ندی کے گہرے پانی کی دھار۔ دریا کا عین وسط منجدھار ٭

مانجھا (ہ۔ا۔مذ) ڈور کی تیزی اور کاٹ پیدا کرنے کا کلف دار مسالہ (پنجاب) پلنگ۔ کھاٹ۔ چارپائی۔ امرت سر۔ ترنتارن۔ بٹالہ جنڈیالہ وغیرہ کا علاقہ بھینس کا جیسے مانجھا دودھ اور گھی دولہا کی طرف سے شادی سے پہلے کی ضیافت۔ درخت کا تنہ مایوں کا زرد جوڑا جو مایوں کے دنوں میں دولہا دولہن کو پہناتے ہیں ٭

مانجھن (ہ۔ا۔مؤ) ملاح کی بیوی کشتی چلانے والی عورت ٭

مانجھی (ہ۔ا۔مذ) ناؤ کھینے والا۔ کشتی چلانے والا۔ ملاح۔ کھیوٹیا ٭

مانجھے بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) دولہا دلہن کا شادی سے پہلے گوشے میں بیٹھ جانا ٭

مانجھے کا جوڑا (ہ۔ا۔مؤ) مایوں کا جوڑا وہ زرد پوشاک جو دلہن کو مایوں میں پہنائی جاتی ہے ٭

مانڈ (ہ۔ا۔مؤ) گوبر کا ڈھیر۔ جما ہوا گوبر جسے اپلوں کی طرح جلاتے ہیں۔ غار۔ بھٹ۔ کھوہ۔ بے روپ۔ بے رونق۔ ناصاف پھیکا۔ مدھم۔ بے آب و تاب ٭

مانڈ پڑ جانا (اُر۔ محاورہ) مدھم ہو جانا۔ چمک نہ رہنا۔ پھیکا پڑ جانا۔ رنگ اُتر جانا ٭

ماند کرنا (اُر۔محاورہ) آب وتاب کھونا۔ بدرنگ یا بدرُوپ کر دینا بے رونق کرنا۔ چمک دمک زائل کرنا ٭

ماند ہو جانا (اُر۔محاورہ) آب وتاب کا نہ رہنا۔ مدھم پڑ جانا۔ پھیکا پڑ جانا ٭

ماندا (اُر۔مذ) بیمار۔ مریض۔ روگی۔ علیل۔ سقیم ٭

ماندگی اف (ا۔مو۔ بیائے مصدری) سُستی۔ تھکان۔ بیماری۔ ناسازی روگ۔ آزار ٭

ماندہ (ف۔اسم صفت۔مفعولی) تھکا ہوا۔ ہارا ہوا۔ بچا ہوا۔ رہا ہوا باقی بچا ہوا۔ بیمار۔ علیل۔ روگی ٭

مانڈ (ا۔مذ) پیچ۔ اُبلے ہوئے چاولوں کا پانی۔ مانڈی۔ کانجی کلف۔ اہار۔ ماوا ٭

مانڈا (ا۔مذ) ایک قسم کی پتلی بڑی روٹی پوری۔ لچی۔ آنکھ کی پُتلی پر کا سفید جالا ٭

مانڈل۔ یا منڈل (ا۔مو) چرسے کے مُنہ پر لگانے کا لوہے کا حلقہ ٭

مانڈنا (ف۔فعل) کچلنا۔ پامال کرنا۔ پاؤں کے نیچے روندنا۔ ملنا۔ مسلنا ساننا۔ گوندھنا۔ بنانا۔ رچانا۔ لکھنا۔ تحریر کرنا۔ ٹھاننا۔ پکا ارادہ کرنا ٭

مانڈی (ا۔مو) ماوا۔ پیچ۔ کلف۔ اہار ٭

مانس کے سے ہاتھ پاؤں مانس کی سی کایا / **چار مہینے برکھا بیتی چھپر کیوں نہیں چھایا** (اُر۔مثل) یہ وہ دوہرا ہے جو بٹے نے بندر سے کہہ کر اپنا گھونسلا برباد کر دیا تھا ٭ کسی کے کہنے پر اپنا نقصان کرنا۔

مانس (ہ۔مذ) آدمی۔ انسان۔ منش۔ منکھ۔ بشر ٭

مانع (ع۔مذ۔فاعل) منع کرنے والا۔ ہٹانے والا۔ روکنے والا۔ باز رکھنے والا۔ سدِ راہ ٭

مانع آنا (اُر۔محاورہ) روکنا۔ مزاحم ہونا ٭

مانع ہونا (اُر۔محاورہ) ہٹانا۔ روکنا۔ باز رکھنا۔ متعرض ہونا ٭

مانگ (س۔مذ) رتن۔ جوہر۔ گوہر۔ منی ٭

مانگ ٹیکا (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا موتی جڑا ہوا ماتھے کا زیور ٭

مانگ (ہ۔ا۔مو) سر کے بالوں کے بیچ کی لکیر۔ منگیتر۔ منسوب شدہ کنواری لڑکی۔ شوہر۔ خاوند۔ پتی۔ خصم۔ مانگنا سے صیغہ امر حاضر طلب کرنا ٭

مانگ آنا (اُر۔محاورہ) مانگا جانا۔ خریداری ہونا ٭

مانگ اُجڑنا (اُر۔محاورہ) بیوہ ہونا۔ بدھوا ہونا۔ رانڈ ہونا ٭

مانگ بھرنا (اُر۔محاورہ) مانگ میں موتی یا سیندور بھرنا جو اکثر بیاہ شادی کے موقع پر بھرتے ہیں۔ بیاہ دینا۔ شادی کر دینا ٭

مانگ بھری (ہ۔ا۔مو۔ بترکیب مفعولی) شادی شدہ۔ سہاگن خاوند والی۔ پیاری۔ عزیزہ۔ بیوی۔ جورو ٭

مانگ پٹی (ہ۔ا۔مو) کنگھی۔ چوٹی۔ بالوں کی درستی ٭

مانگ پٹی میں لگا رہنا (اُر۔محاورہ) بناؤ سنگار میں مصروف رہنا۔ کنگھی چوٹی میں مشغول رہنا ٭

مانگ پھاڑنا (اُر۔محاورہ) مانگ نکالنا ٭

مانگ تانگ (اُر۔متعلق فعل) اِدھر اُدھر سے لے کر۔ قرض دام سے ٭

مانگ تانگ کر کھانا (اُر۔محاورہ) بھیک پر گزارہ کرنا۔ گدائی کر کے کھانا ٭

مانگ جلی (ہ۔ا۔مو۔مفعولی) رانڈ۔ بیوہ۔ وہ عورت جس کا خاوند مر گیا ہو ٭

مانگ چرنا (ہ۔فعل) کنوارپن دُور ہونا۔ ازالۂ بکر ہونا۔ چیرا ٹوٹنا ٭

مانگ چیرنا (اُر۔محاورہ) سر کے بالوں میں کنگھی سے مانگ کی لکیر بنانا ٭

مانگ سنوارنا (ہ۔فعل) کنگھی چوٹی کرنا۔ بالوں کو درست کرنا ٭

مانگ سے ٹھنڈی رہے (ہ) دعائیہ فقرہ خاوند زندہ رہے۔ سہاگ بنا رہے۔ سہاگن رہے ٭

مانگ سے ٹھنڈی ہے (ہ۔محاورہ) سہاگن ہے۔ خاوند زندہ ہے ٭

مانگ کھلنا (ہ۔محاورہ) بیاہی ہوئی عورت کا مر جانا۔ منگیتر لڑکی یا لڑکے کے مر جانے رشتہ نہ رہنا ٭

مانگ کیا مانگتا ہے (اُر۔محاورہ) کوئی امیر یا بادشاہ کسی پر مہربان ہو کر کہتے ہیں ٭

مانگ لینا (اُر۔مصدر) عاریۃً / مستعار / اُدھار لینا ٭

مانگ میں سیندور بھرنا (اُر۔محاورہ) ہندو عورتوں کا ایک سنگار۔ سہاگن ہونا ٭

مانگ نکالنا (ہ۔فعل) پٹیوں کے بیچ میں سیدھی لکیر نکالنا۔ بالوں کے درمیان لکیر بنانا ٭

مانگ ہونا (اُر۔محاورہ) ضرورت ہونا۔ طلب ہونا ٭

مانگ (ہ۔ا۔مو) حاجت۔ طلب۔ خواہش۔ چاہت۔ چاہ۔ گاہکی خریداری (بصیغہ امر) طلب کر۔ چاہ۔ مانگ لے۔ زور۔ طلبی لاؤ لاؤ کی پکار ٭

مانگ تانگ کر کام چلانا (ہ۔محاورہ) اِدھر اُدھر سے لے کر گزارہ کرنا قرض دام لے کر اپنا کام نکالنا ٭

مانگ تانگ کھانا (ہ۔محاورہ) بھیک مانگ کر کھانا۔ گدائی کر کے گزارہ کرنا ٭

مانگ لینا (ہ۔محاورہ) ادھار لے لینا۔ مستعار لینا ٭

مانگا (ہ۔فعل۔ تبرکیب مفعولی) مانگا ہوا۔ مستعار ہوا۔ عاریتاً لیا ہوا۔ خواستہ ٭

مانگا تانگا (ہ۔فعل) (اس میں تانگا تابع مہمل ہے) قرض لیا ہوا۔ اُدھار لیا ہوا۔ عاریتاً لیا ہوا ٭

مانگن گئے سو مر گئے اور مریں جو مانگن جائیں / وہ نر پہلے ہی مرے جو ہوتے کر دے نائیں (اُر۔مثل) برہمنوں کا مقولہ۔ جو مانگنے جائیں وہ بے عزت ہوتے ہیں مگر جو ہوتے ہوئے نہ دیں وہ زیادہ بے عزت ہیں ٭

مانگنا (ہ۔فعل) طلب کرنا۔ چاہنا۔ درخواست کرنا۔ اُدھار چاہنا۔ قرض طلب کرنا۔ سگائی چاہنا۔ نسبت کی درخواست کرنا۔ تقاضا کرنا التجا یا دعا کرنا ٭

مانگے (ہ۔فعل بمعنوی) مستعار۔ اُدھار۔ دام۔ قرض ٭

مانگے بھیک پوچھے گاؤں کی جمع (اُر۔مثل) حالت ذلیل اور حوصلہ بڑا ٭

مانگے پر تانگا اور بڑھیا کی برات / **مانگے پر تانگا مرے نیوتا چھانگا** (ہ۔ مثل) جب کوئی آدمی کوئی چیز کسی شخص سے مانگ کر لایا ہو اور دوسرا آدمی وہی چیز اس سے لے کر اپنا کام نکالنا چاہے اس وقت یہ مثل بولا کرتے ہیں۔ یعنی میں تو خود مانگ تانگ کر لایا ہوں۔ تم مجھ سے مانگتے ہو ؛

مانگے دینا (ہ۔ فعل) اُدھار دینا۔ مستعار دینا۔ عاریتاً دینا۔ تھوڑی دیر کے لیے دینا ؛

مانگے کا۔ یا مانگے کی (ہ۔ فعل مفعولی) اُدھار لی ہوئی۔ عاریتاً مستعار ؛

مانگے تانگے (ہ۔ تابع فعل) مانگ کر۔ مستعار لے کر۔ گدائی کر کے بھیک مانگ کر ؛

مانگے تانگے ٹکڑے اور گلیوں میں ڈکار (ہ۔ مثل) بھیک مانگ کر گزارہ کرنے والے اور اس پر شیخی دکھانے والے کی نسبت بولتے ہیں ؛

مانگے تانگے کام چلے تو بیاہ کرے بلا / اگر آسانی سے کام ہو جائے تو محنت کی کیا ضرورت ہے ؛

مانگے کا تانگا اور بڑھیا کی برات (ہ۔ مثل) پرائی چیز پر شیخی مارنے والے کے حق میں بولتے ہیں ؛

مانگے کی منگنی اور گڑیا کا سنگار (اُ۔ مثل) اس وقت کہتے ہیں جب کوئی پرائی چیز مانگ کرے اور اس پر اترائے ؛

مانگیں ہر ڈیں بھیڑا (اُ۔ مثل) سوال دیگر جواب دیگر۔ ایک کچھ کہے دوسرا کچھ ؛

مانگمت (ہ۔ امو) شور و غل۔ چیخ دھاڑ۔ شرفاد۔ داد فریاد دھوم۔ ہنگامہ ؛

مانگمت مچانا (ہ۔ فعل) شور و غل کرنا۔ واویلا کرنا۔ قیامت برپا کرنا۔ فضیحتی کرنا۔ دھوم مچانا۔ ہنگامہ برپا کرنا ؛

ماننا (ہ۔ فعل) منظور کرنا۔ تسلیم کرنا۔ قبول کرنا۔ فرض کرنا۔ قیاس کرنا ٹھہرانا۔ اثر قبول کرنا۔ کسی کے ہنر یا کمال کا معترف ہونا۔ کمالیت کا اقرار کرنا۔ بزرگوں کی ارواح کے لیے کچھ دینے کا وعدہ کرنا۔ نذر بھینٹ کا اقرار کرنا۔ بزرگ جاننا۔ تعظیم و تکریم کرنا۔ عزت کرنا۔ لحاظ کرنا۔ پاسداری کرنا۔ رعایت کرنا۔ پرستش کرنا اعتقاد رکھنا۔ سمجھنا۔ راضی ہونا۔ خوش ہونا۔ منانا۔ رچانا۔ حکم کی تعمیل کرنا۔ کہا کرنا۔ کہنا کرنا۔ جاننا۔ خیال کرنا ؛

مانند (ف۔ حرف تشبیہ) مثل۔ نظیر۔ جیسا۔ مشابہ۔ جون۔ مطابق۔ بعینہٖ

مانو (ہ۔ حرف تشبیہ) گویا۔ جیسا۔ مثلاً۔ (صیغہ امر جمع از ماننا) تسلیم کرو۔ جانو۔ فرض کرو۔ قبول کرو۔ عمل کرو۔ منظور کرو ؛

مانو تو دیو نہیں بھیت کالیو / **مانو تو ایشور نہیں تو پتھر** (ہ۔ مثل) اعتقاد اور یقین سے ہی کسی کی عزت و حرمت ہوتی ہے بلا اعتقاد کچھ بھی نہیں ؛

مانوس (ع۔ فعل مفعولی) از اُنس۔ ہلا ہوا۔ خوگر۔ خوکردہ۔ اُنس کرفتہ۔ مالوف۔ مائل۔ راغب۔ ہلا ہلا۔ شیر و شکر ؛

مانوس ہو جانا (اُ۔ محاورہ) ہل مل جانا ؛

مانی (ف۔ ا۔ مذ) ایک رومی مصور کا نام ہے۔ جس نے نبوت کا دعوے کیا تھا۔ کتاب ارژنگ اسی کی تصنیف ہے ؛

مانی (اُ۔ امو) بچہ کو پالنے والی عورت دایہ۔ آیا۔ بچے کی خادمہ ؛

مانی (ہ۔ اسم صفت بیائے فاعلیت) مان والا۔ مغرور۔ متکبر۔ گھمنڈی ؛

مانی (ہ۔ امو) چھوٹی سی سوراخ دار لکڑی جو چکی کی کیلی میں ڈالی جاتی ہے۔ جس سے چکی کا اُوپر کا پاٹ بآسانی پھرتا ہے ؛

مائیاں (ہ۔ امو) ماں کی جمع۔ غریب عورتیں۔ مسکین عورتیں۔ شادی کی ایک رسم جس میں دُولہا دُولہن کو زرد کپڑے پہنا کر گھر میں بٹھا دیتے ہیں۔ مایھا ؛

مانیٹر (انگ Monitor مدرسہ یا مکتب کا ہوشیار لڑکا۔ کپتان ؛

مانیئوں بٹھانا (ہ۔ فعل) مایھے بٹھانا شادی سے چند دن پہلے دُولہا دُولہن کو زرد کپڑے پہنا کر گھر میں بٹھانا ؛

ماوی (ع۔ مذ) جائے پناہ۔ ٹھکانا۔ گھر لوٹنے کی جگہ ؛

ماوا (ہ۔ ا۔ مذ) جوہر۔ اصل۔ مایع۔ بھنا ہوا دودھ۔ کھویا۔ مانڈی کلفت۔ کائچی۔ ہار۔ نشاستہ۔ سامان۔ مصالح۔ انڈے کی زردی۔ خمیر۔ سرشت ؛

ماوا نکالنا (ہ۔ محاورہ) مار مار کے نشاستہ نکالنا۔ مار مار کے کچومر نکالنا۔ خوب پیٹنا ؛

ماوس (ہ۔ امو) چاند کی تبدیلی۔ نیا چاند۔ اندھیرے پاکھ کی پندرہویں تاریخ ؛

ماوّل (ع۔ صفت) تاویل کیا گیا۔ ظاہری معنوں سے پھیرا گیا ؛

ماؤسا (ہ۔ ا۔ مذ) موسا۔ خالو۔ ماں کی بہن کا خاوند۔ ماسٹر ؛

ماہ (ف۔ ا۔ مذ) چاند۔ چندرما۔ قمر۔ مہینہ۔ ماس ؛

ماہ آب (ف۔ ا۔ مذ) اکتوبر کا مہینہ ؛

ماہ برکوہان (ف۔ ا۔ مذ) باربد کے دسویں نغمے کا نام ؛

ماہ بماہ (ف۔ تابع فعل) بیائے اتصال۔ ہر مہینے۔ مہینے در مہینے ماہوار۔ مہینے کے مہینے ؛

ماہ پارہ (ف۔ اسم صفت ترکیب قلب اضافت) چاند کا ٹکڑا۔ نہایت خوبصورت۔ حسین و جمیل ؛

ماہ پرستش (ف۔ ا۔ مذ) چاند کی پرستش کرنے والا مجازاً عاشق۔ چکور ؛

ماہ پیکر (ف۔ صفت) وہ شخص کا چہرہ چاند کی مانند خوبصورت ہو۔ معشوق کی تعریف ؛

ماہ جبین۔ ماہ رُو۔ ماہ لقا (ف۔ صفت ترکیب تشبیہی) چاند سی شکل والا۔ نہایت حسین۔ چندر مکھی۔ معشوق۔ من موہن ؛

ماہ چہاردہ (ف۔ ا۔ مذ) چودہویں رات کا چاند ؛

ماہ چہار ہفتہ (ف۔ ا۔ مذ) چاند جو اٹھائیس دن کے بعد نظر نہیں آتا کوئی معدوم شے ؛

ماہ در عقرب (ف۔ ا۔ مذ) چاند کا برج عقرب میں آنا۔ اس زمانے میں کوئی اچھا کام شروع نہیں کرتے ؛

ماہ رُخ (ف۔ صفت) دیکھئے ماہ پیکر۔ سفید رنگ کا کبوتر۔ شیراز کبوتر ؛

ماہِ سیام (ف۔اعد) چاند جو مقنع نے شہر نخشب کے قریب کنویں سے ہر شب چار مہینے تک نکالا تھا۔ دیکھئے "ماہ نخشب"

ماہ سیما / طلعت (ف۔ صفت) وہ جس کا چہرہ چاند کی مانند خوبصورت ہو ٭

ماہِ شمسی (ف۔اعد) شمسی سال کا مہینہ ٭

ماہِ کامل (فع۔اعد) پورا چاند۔ پورنماشی چاند۔ چودھویں رات کا چاند۔

ماہِ کنعاں (فع۔اعد) حضرت یوسف علیہ السلام سے مراد ہے ٭

ماہِ منیر (ف۔اعد) چمکنے والا چاند۔ معشوق ٭

ماہ میں گکوڑے (اُ۔مثل) بے وقت اور بے موسم کی کوئی چیز میسّر نہیں ہوتی ٭

ماہِ نخشب (ف۔اعد) وہ چاند۔ جو حکیم ابن عطا معروف بہ مقنع نے پارے کے چند اجزا کو ملا کر بنایا تھا۔ نخشب ماوراء النہر کے ایک شہر کا نام ہے جہاں یہ چاند بنایا گیا تھا ٭

ماہ وسال (ف متعلق فعل) ہمیشہ۔ مدام ٭

ماہ و ماہی تک زلزلہ پڑ جانا (اُ۔محاورہ) بے حد شور و غلغلہ ہونا۔ بہت آواز آنا ٭

ماہ ہی ماہ نہیں اگلے ماہ (اُ۔مثل) آم کا پھل اگر وقت پر نہ ہو تو پھر اگلے سال ہوگا ٭

ماہتاب (ف۔اعد) چاند کی روشنی۔ چاندنی۔ نور ماہ۔ مجازاً چاند قمر۔ چندرما ٭

ماہتاب دینا (اُ۔محاورہ) توپ کے فتیلے میں آگ دینا ٭

ماہتابی (ف۔امو) ایک قسم کا نرم و نوزک چکوترا۔ ایک قسم کا کپڑا۔ ایک قسم کی آتشبازی۔ بیائے نسبتی وہ چیز جس تک چاند کی روشنی پہنچی ہو ٭

ماہر (ہ۔اعد) زہر۔ بس۔ ہلاہل۔ سم ٭

ماہر (ع۔صفت) فاعلی از مہارت واقف۔ تجربہ کار۔ کامل فن استاد۔ مشاق ٭

ماہُو (ہ۔اعد) کن۔ سلائی۔ ایک برساتی کیڑا جو کان میں گھس جاتا ہے۔ ہزار پا ٭

ماہوار (ف۔تابع فعل) ہر مہینے۔ مہینے کے مہینے۔ ماہ بماہ۔ فی ماہ۔ مشاہرہ۔ تنخواہ ٭

ماہواری (ف۔صفت۔ بیائے نسبتی) مہینے کا۔ پورے مہینے کا ٭

ماہوت (ف۔امو) بانات۔ نبات۔ ایک ملائم اونی کپڑا ٭

ماہوُن (ہ۔اعد) کپاس کو کھا جانے والا ایک کیڑا ہوتا ہے ٭

ماہی (ف۔امو) مچھلی۔ مین۔ حوت ایک آسمانی برج کا نام بھی ہے ٭

ماہی پشت (ف۔صفت) گنبد نما۔ قبہ دار۔ ابھر دار۔ مچھلی کی پیٹھ سے مشابہ۔ ایک قسم کا کارچوب ٭

ماہی تَوا (اُ۔اعد) مچھلی تلنے کا ایک خاص طرز کا توا۔ فری پان۔ کڑھائی ٭

ماہی خوار (ف۔اعد) بگلہ۔ بوتیمار ٭

ماہی فروش (ف۔اعد۔ فاعلی) مچھلی بیچنے والا۔ مچھوا ٭

ماہی گیر (ف۔اعد۔ فاعلی) مچھلی پکڑنے والا۔ مچھوا۔ ماچھی۔ دھینور ٭

ماہی ماہی راخورد / ماہی گیر ہر دور اخورد (ف۔مثل) ایک سے ایک بڑھ کر زبردست ہوتا ہے ٭

ماہی مراتب (ف۔اعد) وہ اعزازی نشان جو بادشاہوں کی سواری کے آگے آگے ہاتھیوں پر چلتے تھے ٭

ماہیانہ (ف۔اعد) مشاہرہ۔ تنخواہ۔ مہینے کا۔ ماہواری ٭

ماہیت (ع۔امو) کیفیت۔ چگونگی حقیقت۔ اصل۔ مادہ۔ جوہر ہیولا۔ حقیقت حال ٭

مائی (ع۔صفت۔ بیائے نسبتی) منسوب بہ ماء آبی۔ پانی کا پانی سے نسبت رکھنے والا ٭

مائی (ہ۔امو) ماں۔ امّاں۔ والدہ۔ ماتا۔ بڑھیا۔ بڑی بی۔ ضعیفہ۔

مائی باپ (ہ۔اعد) ماتا۔ پتا۔ والدین۔ سردار۔ ان داتا۔ خداوند نعمت۔ ولی نعمت ٭

مائی کا پوت / مائی کا لال (ہ۔اعد) ماں کا لاڈلا۔ ناز کا پلا ہوا۔ مجازاً بہادر۔ سورما۔ سوُرپیر ٭

مایا (س۔امو) خدا کی قدرت۔ ایشور کی شکتی۔ پنجر۔ فطرت کرپا رحم۔ دَیا۔ پیار۔ محبت۔ دھوکا۔ فریب۔ جیسے بابا جار دولت۔ دھن۔ مایہ۔ رونق۔ بہار۔ کیفیت۔ دینا۔ مخلوق خلقت۔ روح۔ آتما۔ جان۔ کرامت۔ کرشمہ۔ سامان۔ دستگر

مایا تیرے تین نام۔ پرسا پرسو پرسرام (ہ۔مثل) عزت اور ناموری سب کچھ دولت کی ہے ٭

مایا پتر / مایا پاتر (س۔امو) امیر۔ دھنونتا۔ دھنی۔ لاڈلی۔ دولت مند ٭

مایا پتی (س۔اعد) خدا یتعالےٰ۔ ایشور۔ پرماتما۔ پرمیشور ٭

مایا جال (ہ۔اعد) دولت کا چکر۔ حرص۔ لالچ۔ لوبھ ٭

مایا کو مایا ملے کر کر لمبے ہاتھ / تلسی داس غریب کی کوئی نہ پوچھے بات (اُ۔مثل) دولتمند ہی کو دولت ملتی ہے امیر سے امیر اچھی طرح ملتا ہے غریب کی کوئی پروا نہیں کرتا ٭

مایا چار (س۔صفت) فاعلی، دھوکے باز۔ فریبی۔ چھلیا۔ ریاکار ٭

مایا روپی (س۔صفت۔ فاعلی) نہایت فریبی۔ دھوکے ٹٹی۔ جھوٹی ٭

مائع (ع۔امو۔ فاعلی) پتلی چیز۔ بہنے والی چیز۔ رقیق شے۔ جیسے پانی وغیرہ ٭

مایحتاج (ع۔امو) ضروریات۔ وہ چیزیں جن کی آدمی کو حاجت پڑے ٭

مایقرا (ع۔اعد) ایسی تحریر جسے آدمی پڑھ سکے۔ خوشخط تحریر۔ پڑھنے کے قابل ٭

مائل (ع۔صفت) فاعلی از میل۔ راغب۔ رغبت رکھنے والا۔ شائق میلان رکھنے والا۔ خمیدہ۔ جھکا ہوا۔ ڈھلوان۔ تھوڑا سا ٭

مائل کرنا (اُ۔فعل متوجہ کرنا۔ آمادہ کرنا۔ جھکانا۔ خمیدہ کرنا۔ رجوع کرنا

مائوف (ع۔صفت) وہ جس کو صدمہ پہنچا ہو (عضو کے لیے مستعمل ہے) بے حس ہو جانا ٭

مائیں (ہ۔امو) ایک قسم کا پھل جو نارنگی سے ملتا ہے ٭

مایُوس (ع. صفت) مغلوبی از یاس. نا اُمید. نراسا. بے آس. نامراد. دل شکستہ ؛

مایُوس کرنا (اُرد مصدر مرکب) نا اُمید کرنا. ناکام کرنا. دل توڑنا. نراس کرنا ؛

مایُوس ہونا (اُرد مصدر مرکب) دیکھئے مایوس کرنا جس کا یہ لازم ہے ؛

مایُوسی (ہ. مو. بیائے مصدری) نا اُمیدی. ناکامی. نامرادی. شکستہ دلی

مایہ (ف. اِمو) پونجی. سرمایہ. اصل. راس المال. مادّہ. ہیولا مجازاً مقدار. دستگاہ. سامان. مال و دولت. واسطہ. سبب نیو. بنیاد. ہر چیز. دھن. دولت. زر ؛

مایہ دار (ف. صفت. فاعلی ترکیب) دولتمند. دھنی. دھنونت ؛

م - ب

مُباح (ع. صفت) جائز. حلال. روا. درست (یہ لفظ ترکیب مفعولی ہے) ؛

مُباح رکھنا (اُرد فعل) جائز قرار دینا. حلال سمجھنا. درست جاننا ؛

مَباحِث (ع. لفظ) بحث کی جمع ہے ؛

مُباحَثہ (ع. اِمذ) باہم بحث. تکرار بحث. ردوبدل. مناظرہ. سوال و جواب ؛

مُباحَثہ کرنا (اُرد فعل) مناظرہ کرنا. بحث کرنا ؛

مباحیت (ع. اِمذ) مباح یا جائز ہونا ؛

مُبادا (ف) کلمہ دعائیہ. فعل نہی دعائیہ. خدا نہ کرے. خدانخواستہ ایسا نہ ہو ؛

مُبادر (ع. صفت) جلدی کرنے والا. تیزی کرنے والا. گزشتہ بسابق ؛

مُبادرت (ع. اِمو) شتابی. جلدی. تیزی. سرعت. جرأت دلیری. چالاکی. چستی. بیشی. سبقت ؛

مُبادَلہ (ع. اِمذ) باہم ادل بدل کرنا. بدلہ ادلہ بدلہ. بدلائی. اُلٹا پلٹا

مُبادلہ کرنا (اُرد فعل) بدلہ کرنا. تبادلہ کرنا. بدلنا. ایک ملک کے سکّہ سے دوسرے ملک کا سکّہ بدلنا ؛

مَبادی (ع. اِمو) بنیاد. اصل. ابتدا. آغاز. شروع. مبداء ؛

مَبادی آداب (ع. صفت) ابتدائی یا ضروری آداب و اطوار ؛

مَبادی الحساب (ع. اِمو. حساب کا ابتدائی حصّہ. مبتدیوں کے لیے حساب کی ابتدائی کتاب ؛

مَبادی عالیہ (ع. اِمذ) فرشتے اور عقول عشرہ ؛

مُبارز (ع. صفت. فاعلی) مقابلہ پر آنے والا سپاہی. جنگجو. بہادر دل چلا. سورما. لڑاکا ؛

مُبارک (ع. صفت) برکت دیا گیا. باعث برکت. یمن. بابرکت. خوش نصیب. بھاگوان. نیک. سعید. سعد. سازگار. مبارکباد. مرحبا. جے جے کار. خوشخبری. بدھائی. تہنیت ؛

مُبارکباد (عف. دعائیہ) نیک ہو. خدا برکت دے (بحالت اسم مونث) خوشخبری. مژدہ. شادی یا کسی خوشی کی بدھائی. بدھاوا. اشیرباد. دعائے خیر ؛

مُبارکباد دینا (اُرد فعل) بدھائی دینا. شادی کی تہنیت کرنا ؛

مُبارک دم (عف. صفت) جس کا دم. بابرکت ہو. متبرک آدمی ؛

مُبارکبادی (اُرد. مو. بیائے نسبتی. یا زائدہ) شادیانہ. مبارکی بدھائی. مژدہ. خوشخبری. خوشی. تہنیت ؛

مُبارکبادی گانا (اُرد محاورہ) شادی کے گیت گانا. بدھائی گانا. شادیانے گانا ؛

مُبارک سلامت (ع. اِمو) بدھائی اور اس کا شکریہ. مبارکی سلامتی. شادیانے شادی کی باہمی مبارکباد ؛

مُبارک سلامت ہونا (اُرد محاورہ) ایک دوسرے کو دونوں طرف سے مبارکبادی دی جانا ؛

مُبارک فال (ع. صفت) جس سے نیک شگون ظاہر ہو ؛

مُبارک قدم (ع. صفت) جس کا آنا باعث برکت ہو ؛

مُبارک نہاد (عف. صفت) جس کا مزاج / طبیعت نیک ہو ؛

مُبارک ہو (اُرد. کلمہ دعائیہ) خدا نیک کرے. لنبا بہنا کرے. راس کے ؛

مُبارکی (ہ. اِمو. بیائے مصدری) برکت. بدھائی. مبارکبادی نیکی. سعد. دعائے خیر ؛

مُباشرت (ع. اِمو) صحبت. صحبت داری. جماع. بھوگ. بلاس مجامعت. ہمبستری. ہمخوابی. رنگ رلیاں ؛

مُباشرت کرنا (اُرد فعل) صحبت کرنا. جماع کرنا. بھوگ کرنا ہمبستر ہونا ؛

مَبالِغ (ع. اِمذ) مبلغ کی جمع. روپے. نقدی. رقمیں ؛

مُبالَغہ (ع. اِمذ) کسی کام میں سخت کوشش کرنا. بڑھا کر بات کہنا زیادہ گوئی. تل کا پہاڑ بنانا. کسی بات کو بہت طوالت دے کر بیان کرنا ؛

مُبالَغہ کرنا (اُرد محاورہ) زیادہ گوئی کرنا. بڑھا کر بیان کرنا. اصل کے خلاف کہنا. حد سے زیادہ تعریف یا مذمت کرنا ؛

مَبانی (ع. لفظ) مبنی کی جمع. مکانات. عمارتیں. بنیادیں ؛

مُبالات (ع. اِمو) بڑائی. شیخی. لاف. فخر ؛

مُبتدا (ع. اِمو) شروع. آغاز. پہل. اول. ابتدا. علم نحو میں جملہ اسمیہ کا پہلا جزو ؛

مُبتدا و خبر (ع. اِمو) ابتدا و انتہا. شروع و اخیر. اول و آخر. اسم اور اس کی خبر. مسند الیہ اور مسند ؛

مُبتدا خبر ندارد / **مُبتدا خبر سے بیگانہ** (اُرد محاورہ) وہ بات جس کا سر نہ پیر. بے سر و پا بات ؛

مُبتدی (ع. اِمذ. فاعل) شروع کرنے والا. ابجد خواں. سیکھڑ. نو آموز ؛

مبتذل (ع. صفت) رسوا. حقیر. ذلیل. خوار. سفلہ. کمینہ. بدنام. بے قدر ؛

مبتلا (ع. صفت. مفعولی) گرفتار. پھنسا ہوا. اُلجھا ہوا. پکڑا ہوا.

کسی بلا میں پڑا ہوا۔ گھرا ہوا۔ اٹکا ہوا۔ دل آیا ہوا۔ عاشق۔ فریفتہ۔ مصروف۔ لگا ہوا۔ مشغول ؛

مُبتلائے آفت یا بلا (ف۔ صفت) بپتا میں پھنسا ہوا۔ گرفتار بلا۔ مصیبت زدہ ؛

مُبتلا کرنا (اُر۔ محاورہ) فریفتہ کرنا۔ عاشق کر لینا۔ پھنسا لینا ؛

مُبتلا ہونا (اُر۔ محاورہ) گرفتار ہونا۔ پھنسنا۔ اٹکنا۔ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا ؛

مبداء (ع۔ ا۔مذ۔ ظرف) جائے شروع ظاہر ہونے کی جگہ۔ شروع۔ آغاز۔ ابتدا۔ نکاس۔ مول۔ اصل۔ جڑ۔ منبع۔ مصدر ؛

مُبدّل (ع۔ صفت مفعولی) بدلا ہوا۔ بدلا گیا۔ تبدیل شدہ۔ لپٹا ہوا۔ وہ اسم جس کے بعد ایک اور اسم اس کا بدل واقع ہو ؛

مُبرّا (ع۔ صفت۔ مفعولی) پاک شدہ۔ صاف۔ بے عیب۔ بری معصوم۔ بیزار۔ متنفر ؛

مُبرّد (ع۔ صفت) سرد کیا ہوا۔ ٹھنڈا کیا ہوا ؛

مُبرّد (ع۔ صفت) سرد کرنے والا ؛

مَبزَر (ع۔ ا۔مو۔ ظرف) پیخانہ نکلنے کی جگہ۔ سُفرہ۔ مقعد۔ دُبر۔ پیخانہ ؛

مبرم (ع۔ صفت) مضبوط۔ محکم۔ ضروری۔ اٹل۔ امٹ۔ لابُد۔ ناقابل روک۔ شدنی ؛

مَبرُور (ع۔ صفت مفعولی) نیکی کیا گیا۔ گناہوں سے بری کیا گیا۔ مرحوم مغفور۔ جنتی۔ پاک۔ قدس۔ بیکنٹھ باشی ؛

مُبشّر (ع۔ صفت۔ فاعلی) خوشخبری پہنچانے والا۔ بشر۔ بشارت دینے والا۔ خوش خبر ؛

مُبشرات (ع۔ ا۔مو) بارش لانے والی ہوائیں خوش خبری دینے والیاں ؛

مُبصّر (ع۔ صفت۔ فاعلی) دیکھنے والا۔ مبنا پرکھیا۔ پرکھنے والا۔ صراف۔ کھرا کھوٹا دیکھنے والا ؛

مبعوث (ع۔ صفت مفعولی) اُٹھایا گیا۔ پیدا کیا گیا۔ بھیجا گیا ؛

مبعوث ہونا (اُر۔ فعل) نبی کا بھیجا جانا ؛

مبلغ (ع۔ صفت) مصدر بہ معنی مفعول روپے کی رقم۔ روپے کے لیے ردیف اعداد ہے۔ کھرا۔ پرکھا ہوا۔ مقدار۔ تھوڑا سا جیسے مبلغ راہ ؛

مبنیٰ (ع۔ صفت) بنا کی جگہ۔ بنا رکھا گیا۔ جس کے اُوپر کسی بات کی بنیاد ہو ؛

مبنی ہونا (اُر۔ فعل) موقوف ہونا۔ منحصر ہونا ؛

مبہم (ع۔ صفت مفعولی) ہکا بکا۔ بھوچکا۔ حیران۔ گم صم۔ نشہ میں چور۔ باولا۔ دیوانہ۔ سرشار ؛

مبہوت (ع۔ صفت) حیران۔ متحیر۔ ہکا بکا۔ دیوانہ۔ باولا۔ مخمور مدہوش ؛

مُبین (ع۔ صفت) صاف۔ کھلا۔ ظاہر۔ روشن۔ آشکار ؛

مُبیّن (ع۔ ا۔مذ۔ مفعولی) جتایا گیا۔ بیان کیا گیا (علم نحو میں) وہ اسم جس کا ایک جملہ اس کا بیان واقع ہو ؛

مبیّنہ (ع۔ صفت) بیان کیا گیا۔ کھولا گیا ملزم ؛

م ـ پ

مَپان (ہ۔ ا۔مو) ماپنا سے حاصل مصدر ناپ۔ ماپ۔ پیمائش۔ پیمائی۔ مپتی ؛

مَپانا (ہ۔ ا۔مذ) ناپنے کی چیز۔ پیمانہ۔ مقیاس۔ (بصورت فعل) نپوانا۔ مپوانا۔ پیمائش کرانا ؛

مَپائی (اُر۔ ا۔مو) اندازہ۔ پیمائش ؛

مَپت یا مپتی (ہ۔ ا۔مو) ناپ۔ پیمائش۔ میان۔ ماپنا سے حاصل مصدر ؛

مَپنا (ہ۔ فعل) پیمائش ہونا۔ ناپا جانا۔ گز یا جریب وغیرہ سے اندازہ کیا جانا۔ مپائی ہونا ؛

مَپوانا (ہ۔ فعل) ناپ کرانا۔ پیمائش کرنا۔ نپوانا ؛

م ـ ت

مت (ہ) علامت نہی۔ نہ نہیں۔ لا ؛

مت پوچھو (ہ۔ محاورہ) ناقابل بیان ہے تعریف سے باہر ہے ؛

مت کر ساس برائی تیرے بھی آگے جائی (ہ۔ مثل) **مت کر ساس برائیاں تیرے بھی آگے جائیاں** بدی کا نتیجہ بدی ہوتی ہے۔ ساس جس طرح اپنی بہو سے سلوک کرے گی اس کی بیٹی کے ساتھ بھی ویسا ہی ہوگا۔ دوسری مثل میں ساس کو شیخی اور تفاخر سے منع کیا ہے کہ تیرا دیا لیا بھی سب دیکھ لیں گے۔ زیادہ شیخیاں نہ بگھار ؛

مت (ہ۔ ا۔مو) عقل۔ سمجھ۔ بدھی۔ بدھ۔ ہوش۔ فہم۔ دانائی۔ چترائی۔ ہوشیاری۔ رائے۔ تجویز۔ نصیحت۔ عادت۔ (بحالت اسم مذکر) مذہب۔ دھرم۔ پنتھ۔ فرقہ۔ یقین۔ یقین۔ عقیدہ۔ اعتقاد ؛

مت الٹنا/ الٹی ہونا (اُر۔ محاورہ) عقل جاتی رہنا ؛

مت بدلنا (اُر۔ محاورہ) سمجھ کا کچھ سے کچھ ہو جانا۔ طرز بدل جانا ؛

مت پلٹنا (اُر۔ محاورہ) رائے بدل جانا۔ سمجھ الٹی ہو جانا ؛

مت پھرنا (اُر۔ محاورہ) رائے بدلنا۔ رائے پلٹ جانا۔ سمجھ الٹنا۔ عقل ماری جانا ؛

مت دینا (اُر۔ محاورہ) نصیحت کرنا۔ سیکھ دینا۔ خیر خواہی کا مشورہ دینا۔ صلاح دینا۔ تدبیر بتانا۔ رائے دینا۔ عقل کی بات بتانا ؛

مت کھو جانا (اُر۔ محاورہ) عقل زائل ہو جانا ؛

مت کھو دینا (اُر۔ محاورہ) مت کھو جانا کا متعدی ہے ؛

مت مار دینا (اُر۔ محاورہ) عقل زائل کر دینا ؛

مت ماری جانا (اُر۔ محاورہ) عقل ماری جانا۔ بے وقوف ہو جانا۔

سُدھ بُدھ نہ رہنا۔
مَت ہونا (اُ محاورہ) سمجھ ہونا۔ عقل ہونا۔
مَت ہین (ہ۔ صفت) بے عقل۔ بے وقوف۔ بے عقل۔ مورکھ۔ مودھو۔ لامذہب۔ بے دین۔ ادھرمی۔
مَتا (ہ۔ مذ) بالف زائدہ۔ مشورہ۔ صلاح۔ رائے۔ خیال۔
متا پکانا یا کرنا (ہ۔ فعل) صلاح کرنا۔ مشورہ کرنا۔ باہم سازش کرنا۔ تجویز ٹھہرنا۔
مُتابَعت (ع۔ ا۔ مو) پیروی۔ تقلید۔ تابعداری۔ فرمانبرداری۔ اطاعت۔
مُتاثِر (ہ۔ صفت) اثر قبول کرنا۔ اثر پذیر۔ کارگر۔ دل کو لگ جانیوالا۔ دلگداز۔ رقت انگیز۔
مُتاخِر (ع۔ صفت) پیچھے آنے والا۔ اخیر آنے والا۔
مُتاخِرین (ع۔ ا۔ مذ) متاخر کی جمع۔ اخیر کے زمانے والا۔ اب کے۔ اس زمانے کے لوگ۔ پچھلے لوگ۔ متقدمین کی ضد ہے۔
مُتاس (ہ۔ ا۔ مو) پیشاب کرنے کی حاجت۔ موتنے کی ضرورت۔ بول کرنے کی خواہش۔
مُتاسا (ہ۔ ا۔ مذ۔ بالف۔ فاعلیت) بول کرنے کا خواہاں۔ وہ شخص جسے پیشاب کرنے کی سخت حاجت ہو۔ خواہاں بول بول گرفتہ۔
مُتاسی (ہ۔ صفت۔ مو) دیکھئے متاسا جس کی یہ تانیث ہے۔
مُتاسّف (ع۔ صفت) افسوس کرنے والا۔
مَتاع (ع۔ ا۔ مذ) پونجی۔ سرمایہ۔ سوداگری کا مال و اسباب۔ مال تجارت۔
مَتاع بنک از ہر دُکان کہ باشد (ف مثل) ہنر اور خوبی کی بات جہاں کہیں سے ملے پسند ہے۔
مُتاغرور (ع۔ ا۔ مو) کنایۃً دنیا۔ جہان۔
مُتالی (ہ۔ ا۔ مو) گھوڑے کے پیشاب کرنے کی جگہ۔ گھوڑے وغیرہ کے پیشاب میں رچی ہوئی جگہ۔
مُتاعی (اُ۔ ا۔ مذ۔ بیائے فاعلیت) اہل تشیع۔ وہ عورت جس کے ساتھ متعہ کیا گیا ہو۔ چند روزہ بیوی۔ نکاحی سے کم درجہ کی عورت۔
مُتانا (ہ۔ فعل) بچے کو پیشاب کرانا۔ (بصورت اسم مذکر) متانہ۔ پیشاب رہنے کی جگہ۔ اندری۔ ذکر۔ پیشاب گاہ۔ مُوتنا۔
مُتانت (ع۔ ا۔ مو) مضبوطی۔ پختگی۔ استواری۔ محکمی۔
مُتاہِل (ع۔ صفت) کنبہ والا۔ بیوی والا۔ اہلیہ والا۔ قبیلہ دار۔ جورو بچے والا۔
مُتبادِر (ع۔ صفت) جلدی کر کے آگے بڑھ جانے والا۔ جلد ذہن میں آنے والا۔ جلد نکلنے والا۔
مُتبادِل (ع۔ صفت) بدلنے والا۔ باری سے آنے یا کام کرنے والا۔
مُتبادِلہ (ع صفت) وہ جو بدلے (اصطلاح اقلیدس) دو خطوط متوازی پر جب تیسرا خط اگر گرے۔ تو اُس خط کے دونوں کے طرف کے داخلی زاویے متبادلہ کہلاتے ہیں۔ بشرطیکہ متصلہ نہ ہوں۔
مُتبائن (ع۔ صفت) الگ میل۔ باہم جدا۔ بالکل مختلف۔ دو مخالف چیزیں۔ جو ایک دوسری پر صادق نہ آسکیں۔
مُتبحّر (ع۔ صفت) علم کا دریا۔ بہت ہی بڑا عالم۔ فاضل اجل۔
مُتبرّک (ع۔ صفت مفعولی) پاک۔ پلوتر۔ برکت یافتہ۔ برکت والا۔ بزرگوار۔ قابل تعظیم۔ بزرگ۔ فرشتہ۔ خصلت۔ نہایت نیک۔
مُتبرّکہ (ع۔ صفت۔ مو) برکت والی چیز۔ پاک چیز۔
مُتبسّم (ع۔ صفت) از تبسّم۔ مسکرانے والا۔ منہ میں ہنسنے والا۔ کھلا ہوا۔ شگفتہ۔
مُتبنّا (ع۔ صفت مفعولی) بیٹا بنایا ہوا۔ گود لیا ہوا۔ فرزندی میں لیا ہوا لے پالک۔
مُتبنّے کرنا (اُ فعل) بیٹا بنانا۔ گود لینا۔ فرزند بنانا۔
مُتجانِس (ع۔ صفت) ہم جنس ہونے والا۔
مُتجاوِز (ع۔ صفت) اپنی حد سے بڑھ جانے والا۔ تجاوز کرنے والا۔
مُتجسّس (ع۔ صفت) تلاش کرنے والا۔ جستجو کرنے والا۔
مُتجلّی (ع۔ صفت) چمکدار۔ روشن۔ آشکارہ۔
مُتحارِب (ع۔ صفت) آپس میں جنگ کرنے والا۔
مُتحجّر (ع۔ صفت) پتھر یا پھوڑا جو سخت پتھر کی مانند ہو جائے۔ جو چیز پتھر کی مانند ہو جائے۔
مُتحِد (ع۔ صفت) ملا ہوا۔ ایک۔ مخلوط۔ شامل۔ پیوستہ۔
مُتحِد البطن (ع۔ صفت) ایک پیٹ کا۔ حقیقی۔
مُتحِد المفہوم (ع۔ صفت) وہ جس کا مطلب ایک ہو۔
مُتحرّک (ع۔ صفت) حرکت کرنے والا۔ چلتا ہوا۔ جاری۔ رواں۔ منقو علم نحو میں وہ حرف جس پر زبر۔ زیر یا پیش ہو۔
مُتحقّق (ع۔ صفت مفعولی) تحقیق کیا گیا۔ درست۔ صحیح۔ ٹھیک مصدقہ۔
مُتحمّل (ع۔ صفت) برداشت کرنے والا۔ سہنے والا۔ سنوکھی صابر۔ بردبار۔ ثابت قدم۔ مستقل مزاج۔
مُتحیّر (ع۔ صفت) بھوچکا۔ متعجب۔ حیران۔ پریشان۔ ہکا بکا دنگ۔
مُتحیّرہ (ع۔ ا۔ مذ) اصطلاح علم ہیئت۔ ذیل کے پانچ ستارے خمسہ متحیرہ کہلاتے ہیں۔ (۱) عطارد (۲) زہرہ (۳) مریخ (۴) مشتری (۵) زحل۔ یہ ستارے کبھی کبھی اپنی معمولی رفتار سے پیچھے کی طرف رجعت کرتے ہیں۔ اور پھر اپنی معمولی رفتار پر چلنے لگتے ہیں۔ اس وجہ سے متحیرہ نام ہے۔
مُتخاصِم (ع۔ صفت) لڑائی کرنے والا۔ جھگڑالو۔ لڑنے والا۔ مشمن۔ مخالف۔
مُتخاصِمین (ع۔ ا۔ مذ) جھگڑا کرنے والی۔ دو طرفیں۔ مدعی اور مدعا علیہ۔
مُتخلخل (ع۔ صفت) پولا۔ اندر سے خالی۔ ڈھیلا۔ ڈھیلا ڈھالا۔
مُتخلّل (ع۔ صفت) خلل ڈالنے والا۔
مُتخلّص (ع۔ صفت) تخلص رکھنے والا۔ المخاطب۔ معروف

موسوم۔ نامزد۔

مُتخیّل (ع۔ا۔صفت) خیال کیا گیا۔ موہوم۔

مُتخیّلہ (ع۔ا۔مذ) خیال کیا گیا۔ دماغ۔ قوت۔ خیالی۔ متصورہ۔ تصور خیال۔ وہم۔ گمان۔

مُتداوَل (ع۔ا۔صفت مفعولی) ہاتھوں ہاتھ پہنچی ہوئی چیز۔ باری باری آئی ہوئی دست بدست پھری ہوئی چیز۔ مروّج۔ مروّجہ۔

مُتدیّن (ع۔ا۔صفت۔ فاعلی) دیندار دیانت دار۔ امین۔ امانت دار۔ مومن۔ دھرمی۔ دھرم۔ آستما۔ بات کا پُورا۔ معاملہ کا سچّا۔

مُتذبذب (ع۔صفت) تذبذب میں پڑنے والا۔ تردّد میں پڑنے والا۔

مُتذکرہ (ع۔صفت) ذکر کیا گیا۔ بیان کیا گیا۔ مذکورہ۔ مظہرہ۔

مُتذکرہ بالا (عف صفت) جس کا ذکر اُوپر آچکا ہو۔ مرقومہ بالا۔

مِتر (س۔ا۔مذ) دوست۔ یار۔ میت۔ محب۔ حلیب۔ مخلص۔ خیر خواہ۔ مددگار۔ ساتھی۔ مصاحب۔ ہمنشین۔ جلیس۔

مِتر (ہ۔ا۔مذ) وہ لڑکا جو کھیل میں سردار بنایا جائے۔ سرکردہ۔ سرغنہ۔

مِترائی (ہ۔ا۔مو) دوستی۔ یارانہ۔

مترادف (ع۔صفت۔ فاعلی) ہم ردیف۔ ایک دوسرے کے پیچھے سوار ہونے والا۔ ایسے الفاظ جو باہم ایک ہی معنی رکھتے ہوں۔ ہم معنی الفاظ۔

مُترجم (ع۔صفت۔مذ) ترجمہ کرنے والا۔ ترجمان۔ ایک زبان سے دوسری زبان میں بیان کرنے والا۔ ٹرانس لیٹر۔

مُتردّد (ع۔صفت۔فاعلی) آنے جانے والا۔ تردّد کرنے والا۔ متفکر۔ سوچ کرنے والا۔ سوچ میں رہنے والا۔ سوچ میں رہنے والا۔ مضطرب۔ پریشان۔ بے قرار۔

مترس از بلائے کہ شب در میاں ست (ف مثل) اس مُصیبت کی فکر میں پریشان نہیں ہونا چاہیئے۔ جو ابھی آئی نہیں ہے۔

مُترشح (ع۔صفت) ٹپکنے والا۔ مجازاً ظاہر کرنے والا۔ عیاں۔ آشکار۔

مترصّد (صفت) آس رکھنے والا۔ اُمید رکھنے والا۔ اُمیدوار متوقع۔

متروک (ع۔صفت۔مفعولی) چھوڑ دیا گیا۔ ترک کیا گیا۔ دیکھا گیا۔ بے رواج۔ نامنظور۔ دل سے اُترا ہُوا۔

مُتزائد (ع۔صفت) بڑھنے والا۔ زائد ہونے والا۔ زیادہ ہونے والا۔

مُتزلزل (ع۔صفت) لڑکھڑانے والا۔ ڈگمگانے والا۔ کانپنے والا۔ لرزاں۔

مُتساوی (ع۔صفت) ایک دوسرے کے برابر۔ مساوی۔ باہم۔ برابر۔ ہموزن۔ ہم رنگ۔ ہمسر۔ ہم قیمت۔

مُتسلّط (ع۔صفت) قبضہ کرنے والا۔ قابض۔ غالب ہونے والا۔ غالب۔ محارب کرنے والا۔ کل مختار۔ مختار کل۔

مُتشابہ (ع۔صفت) برابر۔ یکساں۔ ہم شکل۔ ہم صورت۔ نظیر۔ مقابل مانند۔ جس کے معنی میں کچھ شُبہ ہو۔ مشتبہ۔ مشکوک۔ بھول چوک

مُتشابہ لگنا (اردو محاورہ) شُبہ پڑ جانا۔ بھول پڑنا۔ چوکنا۔ کہیں سے کہیں پڑھنے لگنا (یہ محاورہ قرآن پاک کے ساتھ مخصوص ہے۔

مُتشابہات (ع۔ا۔مو) وہ آیتیں جن کے معنوں میں تشبیہہ سے کام لیا گیا ہے۔

مُتشرّع (ع۔صفت) شریعت کا پابند۔ پارسا۔ پرہیزگار۔ بھگت۔ سادھو۔ سنت۔ پکا دیندار۔

مُتشکّر (ع۔صفت) شکرگزار۔ شکر ادا کرنے والا۔

مُتشکک (ع۔صفت) شُبہ کرنے والا۔ شک کرنے والا۔

مُتشکّل (ع۔صفت) شکل اختیار کرنے والا۔ کوئی صورت قبول کرنے والا۔

مُتصاعد (ع۔صفت) صعود کرنے والا۔ اُوپر چڑھنے والا۔ اُوپر ہونے والا۔

مُتصادِم (ع۔صفت) ٹکرا جانے والا۔

مُتصدّع (ع۔صفت) سر درد دینے والا۔ تکلیف دینے والا۔ تصدیعہ دینے والا۔

مُتصدّی (ع۔صفت) پیش آنے والا دیوان۔ پیشکار۔ منشی۔ محرر۔ کاتب۔ کاپی کرنے والا۔ دبیر۔ نقل نویس۔ حساب دان۔ محاسب۔ پٹواری۔ ذمہ دار۔ کفیل۔ منتظم۔ انتظام کرنے والا۔ نائب۔ مینم۔ ایجنٹ۔ گماشتہ۔

مُتصرّف (ع۔صفت) قبضہ کرنے والا۔ تصرف کرنے والا۔

مُتصّف (ع۔صفت۔مفعولی) صفت کردہ شدہ۔ موصوف۔ تعریف کیا گیا۔

مُتصِل (ع۔صفت) ملاپ رکھنے والا۔ پاس۔ قریب۔ نزدیک ملحق۔ برابر۔ لگاتار۔ پے در پے۔

مُتضرّع (ع۔صفت) تضرّع کرنے والا۔ بناوٹ کرنے والا۔

مُتصوّر (ع۔صفت) تصوّر کیا گیا۔ سوچا ہوا۔ بچارا ہوا۔ خیال کیا گیا۔

مُتضاد (ع۔صفت) منافی۔ باہم مخالف۔ کرنے والا۔ مخالف الٹا۔ برعکس۔ ناموافق۔ ایک صنعت کا نام ہے۔ جس میں مخالف معانی کے الفاظ لائے جاتے ہیں۔

مُتضمّن (ع۔صفت) پیٹ میں لینے والا۔ شامل۔ مشتمل۔ داخل۔ مشمولہ۔

مُتعارف (ع۔صفت) باہم تعاون رکھنے والا۔ جان پہچان۔ مشہور معروف۔

مُتعارفہ (ع۔صفت) مشہور۔ ظاہر۔ قابل تسلیم۔

مُتعاقب (ع۔صفت) تعاقب کرنے والا۔ پیچھے سے آنے والا۔ جانشین اولاد۔

مُتعاقد (ع۔صفت) آپس میں عہد و پیمان کرنے والا۔

مُتعالی (ع۔صفت) بلند ہونے والا۔ عالی۔ بزرگ۔

مُتعجّب (ع۔صفت) تعجب کرنے والا۔ دنگ۔ ہکا بکا۔

حیران۔ ششدر۔

مُتَعَدِّد (ع۔ صفت) گنے ہوئے۔ چند شمار شدہ۔ تھوڑے۔ بہت۔ بہتیرے۔ جدا جدا۔ متفرق۔ مختلف۔

مُتَعَدِّی (ع۔ صفت) اڑ کر لگنے والی بیماری۔ تجاوز کرنے والا (علم نحو) مفعول کو چاہنے والا فعل۔

مُتَعَذِّر (ع۔ صفت) دشوار۔ مشکل۔ محال کے قریب۔

مُتَعَرِّض (ع۔ صفت) تعرض کرنے والا۔ روکنے والا۔ مزاحم ہونے والا۔ آگے رہنے والا۔ اعتراض کرنے والا۔

مُتَعَصِّب (ع۔ صف) پیچ کرنے والا۔ تعصب دار۔ مذہب کا پکا۔

مُتَعَفِّن (ع۔ صفت) تعفن۔ یعنی بدبو رکھنے والا۔ بسا ہوا۔ سڑا ہوا۔ بدبودار۔

مُتَعَلِّق (ع۔ صفت) تعلق یعنی لگاؤ رکھنے والا۔ رشتہ دار قریبی۔ شامل مشمولہ۔ ماتحت۔ وابستہ۔ تابع۔

مُتَعَلِّق کرنا (از محاورہ) شامل کرنا۔ ملانا۔ لگانا۔ جوڑنا۔ چسپاں کرنا۔ ساتھ لگانا۔ سونپنا۔ سپرد کرنا۔

مُتَعَلِّقات (ع) متعلق کی جمع۔ بال بچے۔ کنبہ۔ قبیلہ۔

مُتَعَلِّقین (ع۔ صفت) متعلق کی جمع۔ تعلق رکھنے والا۔ مجازاً گھر کے لوگ وابستگان۔ نوکر چاکر۔

مُتَعَلِّم (ع۔ صفت) تعلیم حاصل کرنے والا۔ طالب علم۔ مبتدی۔ شاگرد۔ چیلا چانٹا۔

مُتْعَہ (ع۔ا۔مذ) چند روز نکاح۔ کسی عورت سے کچھ مدت کے لئے نکاح۔

مُتَعَہِّد (ع۔ صفت۔ مفعولی) عہد کیا گیا۔ ذمہ دار۔ کام میں مشغول مستاجر عہد کر کے آنے والے افسر۔ ایک زمانے کے۔ ہم عصر۔ ٹھیکہ دار۔

مُتَعَیَّن (ع۔ صفت۔ مفعولی) تعین کیا گیا۔ مقرر کیا گیا۔ کسی کام پر لگایا گیا۔ کسی کام پر مقرر کیا گیا۔

مُتَعَیَّن کرنا (از محاورہ) کسی کام پر لگانا۔ مقرر کرنا۔ نامزد کرنا۔

مُتَعَیِّنہ (ع۔ صفت۔ مو) تعین کی ہوئی۔ مقرر یا نامزد کی ہوئی۔

مُتَغایَر (ع۔ صفت) الگ۔ جدا۔

مُتَغَزِّل (ع۔ صفت) غزل کہنے والا۔ غزل گو۔

مُتَغَیِّر (ع۔ صفت) بدل جانے والا۔ تبدیل ہونے والا۔ بے ثبات۔ غیر مستقل۔ پلٹا ہوا۔ بدلا گیا۔ قابل تغیر۔

مُتَغَیَّر (ع۔ صفت۔ مفعولی) تبدیل کیا گیا۔ بدلا گیا۔ پلٹا ہوا۔ منحرف۔

مُتَفاوِت (ع۔ صفت۔ مفعولی) فرق کیا گیا۔ بعید۔ دور دراز۔ مخالف۔ نیارا۔ متضاد۔

مُتَفاوِت (ع۔ صفت) فرق رکھنے والا۔ ایک دوسرے سے دور ہونے والا۔

مُتَفَحِّص (ع۔ صفت) ڈھونڈنے والا۔ تلاش کرنے والا۔ متلاشی۔ کھوجی۔ تحقیق کرنے والا۔ محقق۔

مُتَفَرِّد (ع۔ صفت) تنہا۔ یگانہ۔

مُتَفَرِّع (ع۔ صفت) کسی چیز سے اس کی شاخ کی طرح نکلنے والا۔

مُتَفَرِّق (ع۔ صفت۔ مفعولی) فرق کیا گیا۔ جدا جدا۔ الگ الگ۔ علیحدہ علیحدہ۔ پراگندہ۔

مُتَفَرِّقات (ع۔ا۔مو) علیحدہ علیحدہ چیزیں۔ حساب کی مختلف چیزیں۔ زمین کے وہ مختلف حصے جو ایک گاؤں۔ یا املاک املاک میں شامل ہو۔

مُتَّفِق (ع۔ صفت) اتفاق کرنے والا۔ ایکا کرنے والا۔ ملا ہوا۔ شامل۔ راضی۔ رضامند۔ ایک رائے۔ ایک زبان۔ ہم دل و ہم مشورہ۔

مُتَّفِق الرّائے (ع۔ صفت) ایک ہی رائے والے۔ ایک صلاح والے۔ ہم مشورہ۔

مُتَّفِق الکلمہ یا المتفق اللفظ (ع) ایک زبان۔ ہم زبان۔ ہم رائے۔ ایک ہی بات کہنے والا۔

مُتَّفِق علیہ (ع۔ صفت) سب کی رائے کے موافق۔ وہ بات جس پر اتفاق کیا گیا ہو۔

مُتَّفِق ہونا (از فعل) ہمزبان ہونا۔ ایک دل ہونا۔ اتفاق کرنا۔ یکرائے موافق ہونا۔

مُتَفَکِّر (ع۔ صفت) فکر ہوا۔ چنتا ہوا۔ فکرمند۔ اداس۔ مغموم۔ دلگیر۔

مُتَقَلِّن (ع۔ صفت) چھلیا۔ دھوکے باز۔ مکار۔ فطرتی دغاباز۔

مُتَقَنِّی (ع۔ صفت) چالاک۔ مکار۔ فریبی۔ دھوکے باز۔ چالاک۔ چھلیا۔

مُتَقابِل (ع۔ صفت) مقابلہ کرنے والا۔ حریف۔ آمنے سامنے۔

مُتَقارِب (ع۔ صفت) ایک دوسرے کے نزدیک ایک بحر کا نام۔

مُتَقاضی (ع۔ صفت) مانگنے والا۔ طلب کرنے والا۔ تقاضا کرنیوالا۔

مُتَقاطِر (ع۔ صفت) قطرہ قطرہ ٹپکنے والا۔

مُتَقَدِّم (ع۔ صفت) آگے بڑھنے والا۔ پیش ہونے والا۔ پہلے کا۔ سلف کا پرانا۔ اگلا۔ اگلے وقتوں کا۔ پہلے زمانے کا۔

مُتَقَدِّمین (ع۔ا۔مذ) متقدم کی جمع ہے۔ پرانے زمانے کے لوگ پہلے زمانے والے۔

مُتَّقی (ع۔ صفت) گناہوں سے بچنے والا۔ پرہیزگار۔ خوف خدا رکھنے والا۔ عابد۔ پارسا۔ جتی ستی۔ بھگت۔ دھرمی۔ خدا پرست۔

مُتَکَبِّر (ع۔ صفت) تکبر کرنے والا۔ گھمنڈی۔ مغرور۔ اترانے والا۔

مُتَکَفِّل (ع۔ صفت) ضامن۔ ذمہ دار۔ کفالت کرنیوالا۔ کفیل۔

مُتَکَلِّف (ع۔ صفت) تکلف کرنے والا۔ تکلیف دینے والا۔ کوشش کرنے والا۔

مُتَکَلِّم (ع۔ صفت) کلام کرنے والا۔ بولنے والا۔ بات کرنیوالا۔

مُتَکَلِّمین (ع۔ا۔مذ) (متکلم کی جمع سالم) کلام کرنے والے لوگ۔

مُتَکلّی (ع۔صفت) کلام جاننے والے۔ فصیح لوگ۔ خوش بیان۔ شیریں کلام۔
مُتَلاشی (ع۔صفت) بھروسہ کرنے والا۔ تکیہ کرنے والا۔
مُتَلاشی (ع۔صفت) تلاش کرنے والا۔ ڈھونڈنے والا۔ کھوجی۔ سرگردان۔ پریشان۔
مُتَلاطِم (ع۔صفت) تھپیڑے مارنے والا۔ تلاطم برپا کرنے والا۔
مُتَلَذِّذ (ع۔صفت) لذت اُٹھانے والا۔ لطف لینے والا۔ ذائقہ چکھنے والا۔
مُتَلَوِّن (ع۔صفت) رنگ برنگا۔ غیر مستقل مزاج۔ گھڑی میں تولہ۔ گھڑی میں ماشہ۔ وہمی۔ وسواسی۔ موم کی ناک۔ طرح طرح کا۔
مُتَلَوِّن مِزاج (ع۔صفت) اوچھا۔ وہمی۔ جس کی طبیعت میں استقلال نہ ہو۔
مُتَلی (ہ۔مذ) اُبکائی۔ طبیعت کا معدے سے خلط فاسد یا غذا کو دُور کرنا۔ جی کچا ہونا۔ غثیان۔ مالش۔
مُتَمادی (ع۔صفت) لمبا۔ دراز۔ طویل۔ بعید۔
مُتَمَتِّع (ع۔صفت) فائدہ اُٹھانے والا۔ مستفید۔ تمتع اُٹھانے والا۔
مُتَمَدِّن (ع۔صفت) بسنے والا۔ مہذّب۔
مُتَمَرِّد (ع۔صفت) تمرّد کرنے والا۔ سرکش۔ نافرمان۔ باغی۔ پھرا ہوا۔ اپادھی۔
مُتَمَسِّک (ع۔صفت) چنگل مارنے والا۔ پکڑنے والا۔ ماننے والا۔
مُتَمَلِّق (ع۔صفت) تملق کرنے والا۔ خوشامدی۔ خوشامد کرنے والا۔ سَت بخشی۔
مُتَمَکِّن (ع۔صفت) مکان لینے والا۔ جگہ پکڑنے والا۔ جائے گزین۔ قائم۔
مُتَمِّم (ع۔صفت) تمام کرنے والا۔ ختم کرنے والا۔ پُورا کرنے والا۔ اقلیدس میں) کسی متوازی الاضلاع سطح کے علم کا حصّہ۔
مُتَمَنّی (ع۔صفت) تمنا کرنے والا۔ آرزو رکھنے والا۔ خواہاں۔ مشتاق۔
مُتَموّل (ع۔صفت) مالدار۔ دولتمند۔ دولت والا۔ امیر۔
مَتن (ع۔مذ) پیٹھ۔ پُشت۔ مضبوط۔ محکم۔ سخت اور اونچی زمین۔ کتاب کی اصل عبارت۔ جس کی شرح کی جائے۔ وسط درمیان۔ بیچ۔ درمیانی حصّہ۔
مُتنا (ہ۔مذ) موتنے والا۔ پیشاب کرنے والا۔
مُتَنازَع (ع۔صف مفعولی) تنازع کیا گیا۔ وہ چیز جس پر جھگڑا ہو۔
مُتَنازَع فیہ (ع۔صفت) وہ جس پر جھگڑا ہو۔
مُتَنازِعہ (ع۔صفت) جس چیز کی بابت جھگڑا ہو۔
مُتَناسِب (ع۔صفت) تناسب رکھنے والا۔ نسبت رکھنے والا۔
مُتَناقِص (ع۔صفت) نقص یعنی خرابی رکھنے والا۔ کمی رکھنے والا۔ کم ناقص۔ ناتمام۔
مُتَناقِض (ع۔صفت) تناقض رکھنے والا۔ برعکس۔ مُنافی۔ اُلٹا۔ مخالف۔
مُتَناہی (ع۔صفت) انتہا کو پہنچنے والا۔ آخیر سرے تک پہنچ جانے والا۔
مُتَنَبِّہ (ع۔صفت) تنبیہ کیا گیا۔ جتایا گیا۔ ہوشیار۔ چوکس۔ آگاہ واقف۔ مطیع۔
مُتَنَبِّہ کرنا (اُ۔فعل) خبردار کرنا۔ ہوشیار کرنا۔ جتانا۔ چوکس کرنا۔
مُتَنَبِّی (ع۔صفت) نبوّت کا دعویٰ کرنے والا۔ جھوٹا نبی۔
مُتَنجَن (ف۔مذ) ایک قسم کا میٹھا پلاؤ۔ جس میں زیرہ کی ترشی بھی ڈالی جاتی ہے۔
مُتَنَزِّہ (ع۔صفت) عیب سے دُور رہنے والا۔
مُتَنَفِّر (ع۔صف) نفرت کرنے والا۔ بیزار۔ کراہت کرنیوالا۔ بیزار ہونیوالا۔
مُتَنَفِّس (ع۔صفت) تنفّس رکھنے والا۔ جان دار آدمی۔ انسان بشر۔ ایک شخص۔
مُتَواتِر (ع۔فعل) لگاتار آنے والا۔ سلسلہ وار۔ مُسلسل۔ پے در پے آنیوالا۔
مُتَوازی (ع۔صفت) برابر فاصلہ رہنے والا۔ باہم برابر رہنے والا۔
مُتَواضِع (ع۔صفت) عاجزی کرنے والا۔ تواضع کرنے والا۔ فروتن۔ منکسر مزاج۔
مُتَوالا (ع۔صفت) مستانہ۔ نشہ میں چُور۔ مست۔ خراب۔ مخمور۔ مجازاً اترانے والا۔ گھمنڈ کرنے والا۔ عاشق۔ دلدادہ۔
مُتَوالا ہونا (ہ۔فعل) نشہ میں چور ہونا۔ مست ہونا۔ مخمور ہونا۔ عاشق ہونا۔
مُتَوالی (ع۔صفت) متواتر آنے والا۔ پے در پے آنے والا۔ بار بار آنے والا۔ عدد۔
مُتَوالی الحرکات (ع۔صفت) وہ لفظ جس کے تین حروف متحرک ہوں۔
مُتَوجِّہ (ع۔صفت) توجہ کرنے والا۔ دھیان دینے والا۔ سائل۔ راغب۔ مخاطب۔ نظرِ عنایت رکھنے والا۔ مہربان۔
مُتَوجِّہ کرنا (اُ۔مصدر مرکب) مخاطب کرنا۔ توجہ دلانا۔
مُتَوجِّہ ہونا (اُ۔فعل) مخاطب ہونا۔ دھیان دھرنا۔ مخاطب ہونا۔
مُتَوحِّش (ع۔صفت) بھاگنے والا۔ اَن بلا۔ وحشت کرنے والا۔ متنفر۔
مُتَورِّع (ع۔صفت) پرہیزگاری اختیار کرنا۔ پارسا۔ پرہیزگار۔
مُتَورِّم (ع۔صفت) سوجنے والا۔ ورم کرنے والا۔
مُتوڑا (ہ۔مذ) بستر پر پیشاب کر دینے والا۔
مُتَوسِّط (ع۔صفت) درمیانی۔ بیچ کا۔ اوسط درجے کا۔ درمیانے درجے کا۔ معمولی۔ رسمی۔ بُرا نہ بھلا۔
مُتَوسِّط الحال (ع۔صفت) وہ جس کی حالت اوسط درجے کی ہو۔
مُتَوسِّل (ع۔صفت) وسیلہ ہونے والا۔ یعنی مرتی۔ وسیلہ

مُتوطِّن (ع۔ صف۔ ف) وطن رکھنے والا۔ ساکن رہنے والا۔ مقیم۔ باشندہ۔

مُتوفّی (ع۔ صف) مقولی۔ مرا ہوا۔ وفات یافتہ۔ جہاں سے گزرا ہوا۔

مُتوقّع (ع۔ صف۔ ف) توقع رکھنے والا۔ آس رکھنے والا۔ امید والا۔

مُتوقّف (ع۔ صف۔ ف) دیر کرنے والا۔ ٹھہرنے والا۔ وقف کرنے والا۔

مُتوکّل (ع۔ صف۔ ف) توکّل کرنے والا۔ خدا پر بھروسہ کرنے والا۔ شاکر رہنے والا۔

مُتوکّلاً علی اللہ (ع۔ مقولہ) اللہ پر توکّل کرکے۔ خدا پر بھروسہ کرکے۔

مُتوکّلانہ (عف۔ صف) خدا کے بھروسے پر۔

مُتولّی (ع۔ صف۔ ف) کام پر رہنے والا۔ سپرنٹنڈنٹ۔ نگراں کار۔ ولی سرپرست۔

مُتوہّم (ع۔ صف) وہم کرنے والا۔ وہمی۔ وسواسی۔

متھانی } (ہ۔ ا۔مو) آلہ رئی۔ مدھانی۔ بلونی۔ دہی بلونے
منتھنی } کے ایک اوزار کا نام۔

متھرا (س۔ مذ۔ ظرف) دریائے جمنا کے کنارے ہندوؤں کا مشہور تیرتھ ہے۔ ایک مشہور شہر کا نام ہے۔ یہاں کے پیڑے مشہور ہیں۔

مُتہم (ع۔ ا۔مذ) تہمت لگایا گیا۔ وہ شخص جس پر تہمت لگائی گئی ہو۔

متہم کرنا (اُ۔ مصدر مرکب) اتہام لگانا۔ الزام لگانا۔

مَتھن (س۔ ا۔مذ) آسمان کے تیسرے برج کا نام ہے۔ برج جوزا۔

مَتھنا (ہ۔ فعل) بلونا۔ مکھن نکالنے کے لئے دہی کو رڑکنا۔ مارنا۔

مَتھنی (ہ۔ ا۔مو) دودھ بلونے کا آلہ۔ مدھانی۔

مَتی (ہ۔ ا۔مو) تاریخ۔ نتھ۔ سود کی تاریخ۔ جس سے سود لگایا گیا۔ روپیہ ادا کرنے کی تاریخ۔ نفع۔ سود۔ بٹا۔ ہنڈی کی میعاد۔

متی بگنا (ہ۔ فعل) ہنڈی کی میعاد کا ختم ہوجانا۔ روپیہ کی ادائگی کی تاریخ کا پورا ہوجانا۔

متی چڑھانا (ہ۔ فعل) تاریخ لکھنا۔ تاریخ ڈالنا۔

متی کاٹا (ہ۔ مذ) کٹوتی۔ ڈسکونٹ۔ مہاجنوں کا ہنڈی پر مدت معینہ کا سود لگانے کا حساب۔

متی کاٹنا (ہ۔ فعل) سود وضع کرنا۔ کٹوتی کرنا۔ کٹوتی کاٹنا۔

متی وار (ہ۔ صف) تاریخ کے مطابق۔ تاریخ وار۔

متیرا (ہ۔ ا۔مذ) ایک قسم کا چھوٹا ترنبوز۔ چھوٹا ہندوانہ۔

متیقّن (ع۔ صف۔ مفعول) یقین کیا گیا۔ وہ بات جس کا پورا یقین ہو۔

متیقّن (ع۔ صف) یقین کرنے والا۔

متین (ع۔ صف) پکا۔ مضبوط۔ محکم۔ ٹھوس۔ سنجیدہ۔ مستقل مزاج۔ دقیق۔ مشکل۔

م ـ ٹ

مُٹاپا (ہ۔ ا۔مذ) موٹاپن۔ موٹائی۔ فربہی۔ تیاری۔ پھلاوٹ۔

مُٹاپا چڑھنا (ہ۔ فعل) تیاری آنا۔ موٹا ہوجانا۔ فربہی آنا۔ جسم کا پھول جانا۔

مِٹانا (ہ۔ فعل) گھرچنا۔ چھیلنا۔ دور کرنا۔ زائل کرنا۔ کھونا۔ برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔ رد کرنا۔ منسوخ کرنا۔ ناپید کرنا۔ معدوم کرنا۔ نابود کرنا۔

مٹا ہوا (اُ۔ صف) محو کیا ہوا۔ اُڑا ہوا۔

مٹائی (ہ۔ ا۔مو) تیاری۔ پھیلاوٹ۔ فربہی۔ جسامت۔ دل۔ دبیزپن۔

مٹائے نہ مٹنا (ہ۔ فعل) کسی طرح بھی زائل نہ ہونا۔ کسی طرح نہ مٹنا۔

مٹر (ہ۔ ا۔مو) ایک قسم کا گول گول دانوں والا غلّہ۔

مٹر پکانا (اُ۔ محاورہ) پریشان ہونا۔ دقت میں پڑھنا۔

مٹر سی آنکھیں } (ہ۔ ا۔مو)
مٹر سے دیدے } (ہ۔ ا۔مذ)
چھوٹی چھوٹی آنکھیں۔ ننھے ننھے دیدے۔

مٹرگشت (اُ۔ ا۔مذ) آوارہ گردی۔ واہیات پھرنا۔ کوچہ گردی۔

مٹرگشت کرنا (اُ۔ فعل) بیہودہ پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔ ہوا خوری کرنا۔ سیر کرنا۔

مٹرا لایا۔ مٹر بلا (ہ۔ ا۔مذ) مٹر اور جو یا مٹر اور چنے ملا ہوا غلّہ۔

مُٹ بھیڑ یا۔ مُٹھ بھیڑ (ہ۔ ا۔مو) مقابلہ۔ آمنا سامنا۔ اتفاقیہ ملاقات۔ دو مختلف سروں کا ملنا یا ٹکرانا۔ بھیٹ۔

مُٹ بھیڑ ہونا (ہ۔ فعل) راستہ میں بھیٹ ہوجانا۔ مقابل ہو آمنا سامنا ہونا۔ راہ میں مقابلہ۔ مجادلہ ہونا۔

مِٹ جانا (ہ۔ فعل) تباہ و برباد ہوجانا۔ زائل ہوجانا۔ عاشق ہوجانا۔ فریفتہ ہوجانا۔

مٹر مٹر (اُ۔ صف) چھوٹے بچوں کے جلد جلد کام کرنے اور جلد جلد دیکھنے کے لئے مستعمل ہے۔

مٹر مٹر دیکھنا (ہ۔ فعل) چھوٹے بچے کا چپکے۔ پڑے ہوئے ادھر ادھر دیکھنا۔

مٹر مٹر کام کرنا (ہ۔ فعل) چھوٹے بچوں کا جلدی جلدی کام کرنا

مٹک (ہ۔ مو) مٹکنا سے حاصل مصدر۔ ہلنا۔ جنبش۔ ادا۔ ناز نخرہ۔ چونچلا۔

مٹک چال (اُ۔ ا۔مو) نازونخرے کی چال۔

مٹک چٹک (اُ۔ ا۔مو) تیزی۔ طراری۔ شوخی۔ باتیں کرنے میں سر اور اعضا کو خاص انداز سے حرکت دینا۔

مٹکا (ہ-ا-مذ) بڑا گھڑا۔ خم۔ گاگر۔ گول۔

مٹکانا (ہ-فعل) گھمانا۔ حرکت دینا۔ جنبش دینا۔ مچکانا۔ گردش دینا۔ نچانا۔ ہلانا۔ انگلیوں کے جوڑوں سے آواز نکالنا۔ زیب تن کرنا۔ کوئی چیز پہن کر اترانا۔ بھاؤ بتانا۔

مٹکنا (ہ-فعل) نخرہ کرنا۔ اعضا کو حرکت دینا۔ ہاتھوں کو نچانا۔ معشوقانہ انداز دکھانا۔

مٹکنا } (ہ-ا-مذ) مٹکا سے اسم تصغیر ہے۔ کلھڑا۔ چھوٹا سا مٹکا۔
مٹکیا } کوزہ۔ آبخورہ۔ بصورت اسم فاعل۔ ناز و نخرے کرنے والا۔

مٹکنا (ہ-صفت) بوٹا سا قد۔ چھوٹا سا قد۔ بہت خوبصورت۔

مٹکنا ساقد (ہ-صفت) لمبا اور موزوں پتلا سا قد۔ بوٹا سا قد۔

مٹکو (ہ-ا-مو) مٹکنے والی عورت۔ ناز و نخرے سے چلنے والی عورت۔ آنکھیں مٹکا کر باتیں کرنے والی عورت۔

مٹکی (ہ-ا-مو) مٹکا کی تصغیر۔ ٹھلیا۔ چھوٹا گھڑا۔ چاٹی دودھ بلونے کا مٹی کا برتن۔

مرٹ گیا (ہ-مذ) بددعا تبرکیب مغلولی۔ اجڑا ہوا۔ خانہ خراب۔ مرن جوگا۔ مرنے جوگ۔

مٹکلا (ہ-ا-مو) موٹا کی تصغیر۔ حقارتی۔ بھدا۔ بھاری جسم والا۔

مٹن (انگ-ا-مذ - Mutton) بھیڑ بکری کا گوشت۔

مٹن چاپ (انگ-ا-مذ - Mutton) انگریزی طرز کے پسند سے جو بسنے کے گوشت سے تیار کیے جاتے ہیں۔

مٹنا (ہ-فعل) گھر جانا۔ چھپ جانا۔ معدوم ہونا۔ زائل ہونا۔ محو ہونا۔ تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ مفقود ہونا۔ عاشق ہونا۔ رد ہونا۔ منسوخ ہونا۔

مٹھ (ہ-ا-مذ) مڑھی۔ منڈی۔ خانقاہ۔ دھرم سالہ۔ ہندو فقیروں کے رہنے کی جگہ۔ پوجا پاٹ کی جگہ۔ مذہبی مدرسہ۔ پاٹ شالا۔ نیل کا حوض۔ (ماٹھ کا مخفف)۔

مٹھ دھاری (ہ-مذ) جوگی۔ بیراگی۔ مہنت۔ سجادہ نشین۔

مٹھ مار جانا (ہ-محاورہ) نیل کا ہاٹ بگڑ جانا۔ مجازاً بگڑ جانا۔ بتباہ ہو جانا۔ خراب ہو جانا۔ نیل کا حوض خراب ہو جانا۔

مٹھ (ہ-صفت) میٹھا کا مخفف۔ شیریں (مرکبات میں)۔

مٹھ بولا } (ہ) اسم صفت ترکیب فاعلی۔ میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا۔
مٹھ بولنا } شیریں کلام۔ خوش گفتار۔

مٹھ لونا } (ہ-صفت) ہلکے نمک والا۔ کم نمک والا۔ جس میں
مٹھلونا } نمکینی کے ساتھ کچھ میٹھا پن ہو۔

مٹھ (ہ-ا-مو) مکا۔ گھونسا۔ مشت۔ پنجہ۔ مٹھی۔ چنگی۔ دستہ۔ قبضہ پکڑنے کی جگہ۔

مٹھا (ہ-ا-مذ) گٹھا۔ بنڈل۔ گڈا۔ لپ۔ مٹھی بھر۔ مٹھی۔ کاغذوں کا گٹھارہ۔ مونٹھ۔ قبضہ۔ دستہ۔ بینٹا۔ ہل کی ہتی۔ تماشوں کا مونٹھیا جسے تانت پر مار مار کر روئی دھنتے ہیں۔

مٹھا باندھنا (ہ-فعل) گٹھا باندھنا۔ بنڈل یا گڈی بنانا۔

مٹھا (ہ-ا-مذ) لوٹا ہوا دہی۔ بلویا ہوا دہی۔ چھاچھ۔ پتلا دہی۔ ایک قسم کا دہی (بحالت صفت) ڈھیلا۔ سست۔ تھکا ہوا۔ کم رفتار۔ کند ذہن۔ غبی۔ موٹی سمجھ کا۔

مٹھا پن (ہ-ا-مذ) مصدری۔ سستی۔ کاہلی۔ کند ذہنی۔

مٹھار مٹھار کر باتیں کرنا (ہ-محاورہ) مزے لے لے کر باتیں کرنا۔ چبا چبا کر باتیں کرنا۔ اترا اترا کر بولنا۔

مٹھارنا (ہ-فعل) گول بنانا۔ مارنا۔ دھار مارنا۔ آٹے کو لوچ دینا۔ بنا بنا کر باتیں کرنا۔ باتیں بگھارنا۔ کھولنا۔ فراخ کرنا۔ کشادہ کرنا۔ شرح کرنا۔ مفصل بیان کرنا۔

مٹھاس (ہ-ا-مو) شیرینی۔ میٹھا پن۔ رس۔ کھٹاس کی ضد۔

مٹھائی (ہ-ا-مو) شیرینی۔ گڑ کھانڈ۔ راب وغیرہ۔ میٹھی چیزیں۔

مٹھائی بٹنا (از محاورہ) شیرینی تقسیم ہونا۔ نعمت پانا۔ فائدہ ہونا۔

مٹھ بھیڑ (ہ-ا-مو) اتفاقیہ ملاقات۔ دیکھو (مٹ بھیڑ)

مٹھائی چڑھانا (از محاورہ) قبروں یا مزاروں پر مٹھائی نذر کرنا

مٹھائی سے منہ بھر دینا (از محاورہ) کنایۃً دل خوش کر دینا۔

مٹھڑی (ہ-ا-مو) نمکین تلی ہوئی۔ خستہ ٹکیا۔ مٹھی۔ (بکسر میم) میٹھی تلی ہوئی خستہ ٹکیا۔

مٹھڑیاں (ہ-ا-مو) دودھ پیتے بچے کی ہچکیاں۔

مٹھو (ہ-ا-مو - بواؤ مجہول) بچوں کی چومی۔ چوما۔ بوسہ۔ بتی۔ میٹھی

مٹھو (ہ-ا-مذ) (بواؤ معروف) لغت میں شیریں کلام۔ مجازاً طوطا۔ سوا طوطا۔

مٹھوس (ہ-صفت) دل کی دل میں رکھنے والا۔

مٹھوسا (ہ-صفت - بترکیب بیشمی) خاموش۔ کم گو۔ متفکر۔ اپنے دل کا حال کسی سے نہ کہنے والا۔

مٹھوسا پن (ہ-ا-مذ) خاموشی۔ کم گوئی۔ (مٹھوسا کا اسم کیفیت ہے)

مٹھولا (از ا-مذ) جلق۔ مشت زنی۔ ہتھ رسی۔

مٹھولے لگانا (از محاورہ) جلق لگانا۔

مٹھی (ہ-ا-مو) بچوں کا چوما۔ بتی۔ بوسہ۔ میٹھی کا مخفف بھی ہے۔

مٹھی (ہ-ا-مو) گٹی۔ بند ہاتھ۔ مشت۔ قبضہ۔ چنگل۔ لپ کی مقدار جیسے چنوں کی مٹھی۔ طول ناپنے کے بند ہاتھوں کی مقدار جیسے مٹھی بھر اون پنجا۔ الشی چپی۔ دلک۔ چٹنی جو بچے کو چونے کو دے دیتے ہیں۔ چوسی۔ گھوڑے کے سم اور ٹخنے کے بیچ کا جوڑ۔ ٹخنے کے الٹی طرف کے بال جو گھوڑے کے پاؤں پر ہوتے ہیں۔

مٹھی باندھنا (از محاورہ) ہاتھ کا پنجہ بند کرنا۔

مٹھی بھر (ہ-صفت) لپ بھر۔ مکٹا۔ مقدار۔ یک مشت۔ بمقدار یک کف۔

مٹھی بھر کی جان (از ا-مو) تھوڑی سی جان۔ بچوں کے لئے مستعمل ہے۔

مٹھی بھرنا (ہ-فعل) لپ بھرنا۔ پاؤں دبانا۔ چمپی کرنا۔ بدن کی مالش کرنا۔

مٹھی کھلی ہونا (از محاورہ) کنایۃً سوال کرنا۔

مٹھی گرم کرنا (ہ-محاورہ) رشوت دینا۔ مٹھی میں نقدی دینا۔ گھوس دینا۔

مُٹھی مُٹھی (اُر۔متعلق فعل) مُٹھی بھر۔ لپ بھر۔

مُٹھی ملنا (اُر۔محاورہ) رشوت پہنچنا۔

مُٹھی میں دل لینا (اُر۔محاورہ) قابو میں کرنا۔

مُٹھی میں دھرا ہونا (اُر۔محاورہ) پاس موجود ہونا۔

مُٹھی میں دینا (اُر۔محاورہ) کسی کے ہاتھ میں دینا۔

مُٹھی میں طاق ہونا (اُر۔محاورہ) استخارہ میں فائدہ ہے۔ اگر طاق ہوتا ہے تو کام کی اجازت ہوتی ہے۔

مُٹھی میں ہوا بند کرنا (اُر۔محاورہ) ناممکن کام کرنے کا ارادہ کرنا۔

مُٹھی میں ہونا (ہ۔فعل) بس میں ہونا۔ قابو میں ہونا۔ اختیار میں ہونا۔

مُٹھیا / مُوٹھیا (ہ۔ا۔مذ) ہل کی مُوٹھ۔ کمان کی وہ جگہ جہاں ہاتھ رہتا ہے۔ قبضہ۔ مُٹھ۔ گڑ کی پٹی۔ گڑ کی بھیلی۔ کولھو میں گنے کی گنڈیریاں ڈالنے والا آدمی۔

مُٹھیانا (ہ۔فعل) ہاتھ میں پکڑنا۔ مٹھی میں پکڑنا۔ قبضہ میں لانا۔ بھینچنا۔

مُٹھیاں بھرنا (ہ۔فعل) چپی کرنا۔ پاؤں دبانا۔ مالش جسم کرنا۔

مٹی (ہ۔ا۔مو) خاک۔ زمین۔ دھرتی۔ بھوم۔ بھومی۔ ارض۔ گارا۔ کیچ۔ کیچڑ۔ دلدل۔ پرتھی۔ سنسار۔ دُنیا۔ جہان۔ دھول۔ گرد۔ غبار۔ ریت۔ راکھ۔ کشتہ۔ خاکستر۔ مادہ (سرشت جیسے لاشہ میت۔ لاش۔ مُردہ جسم۔ گوشت۔ ماس۔ شکار۔ گوہ۔ پیخانہ۔ جیسے حلق سے اُترا ٹی ہو گیا۔ (بحالت صفت) مردہ۔ ٹھنڈا۔ مثلاً دھرے دھرے کھانا مٹی ہو گیا۔ میلا۔ گرد آلود۔ جیسے ذرا دیر میں کپڑے مٹی ہو گئے۔

مٹی اُٹھنا (اُر۔محاورہ) مرنا۔ فوت ہونا۔

مٹی اُڑانا (اُر۔محاورہ) خاک اڑانا۔ بار بار آنا جانا۔

مٹی برباد کرنا (اُر۔محاورہ) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔ کسی کو ذلیل کرنا۔ میت کو رسوا کرنا۔

مٹی پانا (اُر۔محاورہ) دفن کرنا۔

مٹی پلید کرنا (اُر۔محاورہ) میت کا قبر میں دفن ہونا۔ جھگڑے یا تنازعے کا ختم ہونا۔

مٹی پکڑنا (اُر۔محاورہ) زمین پکڑنا۔ جم جانا۔ ڈٹ جانا۔

مٹی پکڑے سونا ہوتا ہے (ہ۔محاورہ) کسی کی خوش اقبالی کی تعریف میں کہا کرتے ہیں۔ یعنی ایسا بھاگوان ہے کہ اس کے ہاتھ میں مٹی بھی سونا ہو جاتی ہے۔

مٹی پلید کرنا (اُر۔محاورہ) ذلیل و خوار کرنا۔ رسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔ ستانا۔ تنگ کرنا۔ دِق کرنا۔ ہنسی اُڑانا۔ تمسخر کرنا۔ کریا کرم نہ کرنا۔ کفن دفن نہ کرنا۔ میت کی بُری گت کرنا۔ لاشہ خراب کرنا۔ تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ خراب و خستہ حال کرنا۔

مٹی پلید / خراب / خوار ہونا (اُر۔محاورہ) ذلیل ہونا۔ بے عزت ہونا۔ برباد ہونا۔ دُکھ میں ہونا۔

مٹی تھوپنا (ہ۔محاورہ) پلستر کرنا۔ کھگل کرنا۔ مٹی چڑھانا۔ مٹی لینا۔

مٹی ٹھکانے لگانا (ہ۔محاورہ) اچھی طرح سے کفن دفن کرنا۔ بخوبی گور گڑھا کرنا۔ قاعدے اور رسم کے موافق تجہیز و تکفین کرنا۔ پورے طور سے کریا کرم کرنا۔

مٹی خرابہ (اُر۔ا۔مذ) بربادی۔ تباہی۔ خرابی۔ پامالی۔ ستیاناس۔ رسوائی۔ ذلت۔ بیعزتی۔ بیقدری۔

مٹی خراب رہنا (اُر۔محاورہ) پریشان رہنا۔ سرگرداں رہنا۔

مٹی خراب کرنا / مٹی خوار کرنا (اُر۔محاورہ) گور گڑھا نہ کرنا۔ تجہیز و تکفین اچھی طرح نہ کرنا۔ کریا کرم خراب کرنا۔ ذلیل کرنا۔ دُرگت کرنا۔ بدنام کرنا۔ تکلیف دینا۔ ستانا۔ دِق کرنا۔ حیران کرنا احمق بنانا۔ ہنسی اُڑانا۔ مخول کرنا۔ برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔ ستیاناس کرنا۔ بگاڑنا۔

مٹی خراب ہونا / مٹی خوار ہونا (اُر۔محاورہ) میت کا اچھی طرح نہ اُٹھایا جانا۔ ذلیل ہونا۔ رسوا ہونا۔ بدنام ہونا۔ رُسوا ہونا۔ بدنام ہونا۔ دُرگت ہونا۔ تکلیف ہونا۔ حیران و پریشان ہونا بُرا حال ہونا۔ آوارہ ہونا۔ بیقدر ہونا۔ تباہ ہونا۔ برباد ہونا دِق ہونا۔ تنگ ہونا۔

مٹی دلوانا (اُر۔محاورہ) قبر میں دفن کرنا۔ دفنانا۔ دفن کرتے ہوئے مٹی ڈالنا۔ میت کو قبر میں اُتارنے کے بعد حاضرین کا قبر پر تھوڑی تھوڑی مٹی ڈالنا۔

مٹی دینا (ہ۔محاورہ) دفنانا۔ دفن کرنا۔ دفن کرتے وقت تین تین مٹھی مٹی ڈالنا۔ قبر میں ڈالنا۔

مٹی ڈالنا (ہ۔محاورہ) کسی چیز کے چوری ہونے پر مشتبہ لوگوں سے برداری کی غرض سے کسی پوشیدہ جگہ پر مٹی ڈلوانا۔ تاکہ وہ چیز مٹی میں ڈال جائے اور بات چھپی رہے۔ پوشیدہ کرنا چھپانا۔ پردہ پوشی کرنا۔ لعنت بھیجنا۔ ٹالنا۔ معاف کرنا درگزر کرنا۔ پردہ رکھنا۔ راز فاش نہ کرنا۔ بات کو دبا دینا۔

مٹی ڈھونا (ہ۔محاورہ) مٹی اُٹھانے کی مزدوری کرنا۔ قلی کا کام کرنا بہت محنت کرنا۔ سخت مصیبت اُٹھانا۔

مٹی ڈھے جانا (اُر۔محاورہ) بدن قابو میں نہ رہنا۔ جسم کا گوشت مرجانا۔ جسم کی سکت جاتے رہنا۔ مرنے کے دن قریب آجانا۔

مٹی سوارت کرنا (اُر۔محاورہ) مٹی ٹھکانے لگانا۔

مٹی سونگھنا (اُر۔محاورہ) پنڈول پر پانی ڈال کر خوشبو کے واسطے سنگھاتے ہیں۔

مٹی سے مٹی مل جانا (اُر۔محاورہ) میت کا دفن ہو جانا۔ پیوند خاک ہو جانا۔

مٹی عزیز کرنا (اُر۔محاورہ) کسی مُردے کا دفن کفن اپنے ہاتھ سے اچھی طرح کرنا۔ دابنا۔ گاڑنا۔ مٹی ٹھکانے لگانا۔ درود فاتحہ کرنا اچھی طرح کریا کرم کرنا۔

مٹی کا پتلا / مٹی کا بنجر / مٹی کا ستھوا (ہ۔ا۔مذ) گارے کا جسم۔ خاکی بدن۔ مجازاً آدمی انسان۔ بشر۔

(اُر۔صفت) بھدا۔ کم عقل۔ نا سمجھ۔

مٹی کا تیل (ہ۔ مذ۔ لفظ) ایک قسم کا تیل جو لیمپوں میں جلایا جاتا ہے۔ کیروسین آئل۔

مٹی کا کھینچ لانا (اُر۔ محاورہ) قضا کا اس جگہ لے آنا۔ جہاں کی موت ہو۔

مٹی کا گھڑا ٹھونک بجا کر لیتے ہیں (ہ۔ مثل) انسان کو ادنیٰ چیز بھی خوب دیکھ بھال کر لینی چاہیئے۔ نہایت احتیاط کے لئے بولا کرتے ہیں۔

مٹی کرنا (ہ۔ محاورہ) خاک میں ملانا۔ بگاڑنا۔ خراب کرنا۔ مبلا کرنا۔ بے مزہ کر دینا۔ کھانا ٹھنڈا کر دینا۔ لٹانا۔ برباد کرنا۔ ضائع کرنا۔

مٹی کے مادھو (ہ۔ ا۔ مذ۔ بواؤ جمع) بیوقوف۔ احمق۔ نادان۔ بدھو۔

مٹی کی مورت (ہ۔ ا۔ مو) مٹی کی بنی ہوئی مورتی۔ قالب خاکی۔ بیوقوف آدمی۔

مٹی کے برابر (اُر۔ صفت) نہایت بے عزت۔ کمال بے وقعت۔

مٹی کے مول (ہ۔ صفت) نہایت سستا۔ بہت ہی ارزاں۔ کوڑیوں کے مول۔

مٹی لے ڈالنا (اُر۔ محاورہ) بار بار آنا جانا۔

مٹی مانگنا (اُر۔ محاورہ) لوگوں سے اپنے دفن کی تمنا کرنا۔

مٹی میں اڑنا (اُر۔ محاورہ) مٹی میں سننا۔ خاک میں اُڑنا۔

مٹی میں رنگنا (اُر۔ محاورہ) ملتانی مٹی میں رنگنا۔

مٹی میں سننا (اُر۔ محاورہ) کثرت سے مٹی میں بھرنا۔

مٹی میں لوٹنا (اُر۔ محاورہ) خاک میں رُلنا۔ زمین پر تڑپنا۔

مٹی میں مٹی ملانا (اُر۔ محاورہ) دفن کرنا۔ مٹانا۔ ناپید کرنا۔

مٹی میں مٹی ملنا (اُر۔ محاورہ) مر کر خاک ہو جانا۔ فنا ہو جانا۔ جسم کا خاک ہو جانا۔

مٹی میں ملنا / مٹی میں مل جانا (ہ۔ فعل) نہایت عاجز ہونا۔ سخت تنگ ہونا۔ مر جانا۔ سخت مصیبت اُٹھانا۔

مٹی میں ملانا (ہ۔ محاورہ) مٹانا۔ خاک میں ملانا۔ بے نشان کر دینا۔ دفن کر دینا۔ دابنا۔ برباد کرنا۔ کھو دینا۔ ضائع کرنا۔ بے مزہ کرنا۔ کر کرا کرنا۔

مٹی ہو جانا (ہ۔ محاورہ) خاک میں مل جانا۔ راکھ ہو جانا۔ خاک ہو جانا۔ کشتہ ہو جانا۔ بھسم ہو جانا۔ گل سڑ جانا۔ بگڑ جانا۔ خراب ہو جانا۔ بیکار ہو جانا۔ نکما ہو جانا۔ بے رونق ہونا۔ چمک دمک نہ رہنا۔ مُردہ دل ہو جانا۔ شرما جانا۔ شرمندہ ہو جانا۔ شرما جانا۔ ذلیل ہو جانا۔ ٹھنڈا ہو کر خراب ہو جانا۔ بہت متحمل ہو جانا۔ منکسر مزاج ہو جانا۔ غصہ نہ رہنا۔

مٹی ہونا (ہ۔ محاورہ) بھسم ہونا۔ راکھ ہونا۔ خراب ہونا۔ کام کا نہ رہنا۔ بیکار ہونا۔ گلنا۔ سڑنا۔ مرنا۔ مٹنا۔ فنا ہو جانا۔ پھیکا پڑنا۔ چمک دمک نہ رہنا۔ دفن ہونا۔ گڑنا۔

مٹیالا (ہ۔ صفت۔ بالف نسبتی) گلی مٹی کا۔ مٹی کے رنگ کا۔ چکنی زمین۔ چکنوٹ۔ دھانی۔

مٹیا بھوس (ہ۔ ا۔ مذ) بہت ہی بوڑھا۔ بالکل کمزور۔ ناتوان۔ مفلس قلاش۔

مٹیا مٹھس (ہ۔ صفت) بہت ہی کاہل۔ نہایت سست۔ مٹی کی طرح ایک جگہ پڑا رہنے والا۔

مٹیا سانپ (ہ۔ ا۔ مذ) مٹی رنگا سانپ۔ بھورے رنگ کا اور کالی چتیوں کا والا سانپ۔

مٹیا محل (اُر۔ ا۔ مذ۔ ظرف) دہلی کے ایک محلے کا نام ہے۔ وہ محل جو چکنی مٹی سے بنا ہو۔

مٹیار (ہ۔ ا۔ مو) مٹی رنگ کا۔ بھورا۔ مٹی کا۔ مکدر۔ گدلا۔ جوان عورت

مٹیالا (ہ۔ صفت) بھورا۔ بھوسلا۔ پیلا۔ گل آلود۔ مٹی میں لتھڑا ہوا۔ مٹی کا بنا ہوا۔ مٹی کا۔ گلی۔

مٹیا مبل کرنا (اُر۔ محاورہ) تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔

مٹیانا (ہ۔ فعل) سُن کر ٹال جانا۔ اغماض کرنا۔ چپ سادھنا۔ چراغ گل ہو جانا۔ بجھنا۔ بجھ جانا۔

م - ث

مُثاب (ع۔ ا۔ مذ) اجر کے لائق۔ صلہ کے قابل۔ لائق۔

مثابہ (ع) اسم ظرف اور ثواب۔ لوٹنے کی جگہ۔ مجازاً مانند۔ مشابہ۔ مثل۔

مِثال (ع۔ صفت) نمونہ۔ تمثیل۔ مانند۔ مشابہت۔ تصویر۔ مورت مورتی۔ کہانی۔ حکایت۔ مثل۔ کہاوت۔ بیان۔ ایک عالم کا نام ہے۔ جو عالم ارواح سے نیچے ہے۔ جو کچھ دُنیا میں پایا جاتا ہے۔ اس کی مثال وہاں موجود ہے۔

مِثال دینا (اُر۔ محاورہ) نظیر دینا۔ تشبیہ دینا۔ نمونہ دینا۔

مِثالی (ع۔ صفت) نمونے کا۔

مثانہ (ع۔ ا۔ مذ) پیشاب جمع رہنے کا پھکنا۔ پیشاب کی تھیلی۔

مُثبَت (ع۔ صفت۔ مفعولی) ساکن کیا گیا۔ تصدیق کیا گیا۔ قائم کیا گیا۔ مرقوم۔ ثابت کیا گیا۔ مصدقہ۔ برقرار۔

مُثبتہ یا مُثبتہ (ع۔ صفت۔ مفعولی) لکھا گیا۔ چھاپا ہوا۔ قائم کیا گیا۔ ثابت کیا گیا۔ مہر لگایا گیا۔ نشان لگایا گیا۔

مُثبتہ اسٹامپ (اُر۔ مذ) وہ کاغذ جس پر اسٹامپ لگایا گیا ہو۔

مِثقال (ع۔ ا۔ مذ) ساڑھے چار ماشے کا وزن۔ ایک سونے کا سکہ جو عرب میں رائج ہے۔

مِثل (ع۔ صفت) موافق۔ برابر۔ مانند۔ مساوی۔ ویسا ہی۔ ہم شکل ملتا جلتا۔ یکساں (اُردو) مقدمہ کی کیفیت یا کارروائی کے کاغذ روئداد مقدمہ کے لکھے ہوئے ورق۔

مِثل مرتب کرنا (اُر۔ محاورہ) مقدمے کے کاغذات کو ترتیب وار رکھنا۔

مِثل مرتب ہونا (اُر۔ محاورہ) مقدمے کے کاغذات کا ترتیب وار ہونا۔

مَثَل (ع۔ ا۔ مو) کہاوت۔ داستان۔ کہانی۔ مثال۔ نظیر۔ مشابہت

مثل ہونا (اُر۔ محاورہ) مشہور ہونا۔

مِثلاً (ع۔ صفت) جس طرح۔ گویا۔ جیسے۔ یعنی مثال کے طور پر۔
مِثلاً (ع۔ صفت) مثل۔ کہاوت۔
مُثلّث (ع۔ا۔مذ) تین ضلعوں والی شکل۔ تکون۔ تکھونٹ۔ تین مصرعوں کا بند۔ سہ گوشہ۔ تکونا۔ زاویوں کی پیمائش کا علم یعنی مثلث بنا کر سطح کی پیمائش کرنے کا علم۔
مُثلّث حادالزّوایہ (ع۔ا۔مذ) وہ مثلث جس کے تینوں زاویے قائمے سے چھوٹے ہوں۔
مُثلّث قائم الزّاویہ (ع۔ا۔مذ) وہ مثلث جس کا ایک زاویہ قائمہ ہو۔
مُثلّث متساوی الاضلاع (ع۔ا۔مذ) وہ تکون جس کے تینوں ضلعے برابر ہوں۔
مُثلّث متساوی الساقین (ع۔ا۔مذ) وہ مثلث جس کے دو ضلعے آپس میں برابر ہوں۔
مُثلّث مختلف الاضلاع (ع) وہ مثلث جس کے تینوں ضلعے نابرابر ہوں۔
مُثلّث منفرجۃ الزّاویہ (ع۔ا۔مذ) وہ تکون جس کا ایک زاویہ قائمہ سے بڑا ہو۔
مُثلّثی (ع۔ صفت۔ بیائے نسبتی) مثلث سے منسوب۔ تکونا یا تکھونٹیا۔ تکھونٹا۔
مُثلّثہ (ع۔ صفت) جس کے کان اور ناک کاٹ دیئے جائیں۔
مِثلی (اُر۔مذ) وہ شخص جس کی مثل بنی ہوئی ہو۔ سزا یافتہ۔ نامی چور۔ مشہور۔ بدمعاش۔ پرانا مجرم۔
مِثلی اُچکا یا مثلی چور۔ یا مثلی بدمعاش (اُر۔مذ) وہ چور یا بدمعاش جو کئی دفعہ سزا پا چکا ہو۔ سزایاب اُچکا۔ سزا یافتہ چور۔ نامی چور۔ نامی بدمعاش۔
مُثمر (ع۔ صفت) ثمردار۔ پھل دار۔ فائدہ دینے والا۔ نفع بخش۔
مُثمّن (ع۔ صفت) آٹھ ضلعوں کی شکل۔ ہشت پہلو۔ آٹھ کونیا۔ آٹھ مصرعوں کا بند۔
مُثنّٰی (ع۔ صفت) دوم بنایا گیا۔ دوسرا۔ دوبارہ کیا گیا۔ (بحالت اسم مذکر) دوسری نقل۔ نقل مطابق اصل۔ اُتار۔ مکہ۔ نقل۔ جوڑا۔ جوڑ۔ جفت۔
مثنّٰی بہ (ع۔ا۔مذ) اصل۔ جس سے نقل کی گئی ہو۔
مثنوی (ع۔ا۔مو۔ بیائے نسبتی) منسوب بہ مثنّٰی۔ دو دو کیا گیا۔ دوہم قافیہ۔ مصرعوں کی بیت۔ ایسی نظم جس کے ہر بیت کا قافیہ الگ الگ ہو۔ یہ تمام نظم ایک ہی وزن میں ہوتی ہے۔ اور اس کے لئے تعداد اشعار کوئی مقرر نہیں۔ مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور و معروف نظم کی کتاب۔

م - ج

مُجاب (ع۔ا۔مفعول) جواب دیا گیا۔ منظور کیا گیا۔
مُجاب الدّعوات (ع۔ا۔مذ) وہ شخص جس کی دعائیں قبول کی گئی ہوں۔
مُجادِل (ع۔ا۔فاعل) لڑنے والا۔ جھگڑنے والا۔
مُجادلہ (ع۔ا۔مذ) لڑائی۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔ تنازعہ۔ ہنگامہ۔ خونریزی۔ بحث تکرار۔ مباحثہ۔ عداوت۔ دشمنی۔ بیر۔ عصومت۔ راڑ۔ حجت۔
مُجاذِیت (ع۔ا۔مذ) مجذوب کی جمع ہے۔ خدا کی محبت میں کھینچے ہوئے لوگ۔
مُجاریہ (ع۔صفت) پاس شدہ۔ جاری شدہ۔ رواں۔ اجرا یافتہ۔ نافذ شدہ۔ مروجہ۔ مجریہ۔ نافذہ۔
مَجاری (ع۔ا۔مذ۔ظرف) مجرا کی جمع۔ جاری ہونے کی جگہ۔ بہنے کے رستے۔
مَجاز (ع۔ا۔مذ۔ظرف) راہ گذرنے کی جگہ۔ وہ کلمہ جو اپنے حقیقی معنوں میں استعمال نہ ہو۔ حقیقت کی ضد۔ غیر موضوع۔ معنوں میں مستعمل لفظ بشرطیکہ مجازی اور حقیقی معنوں میں کوئی تعلق ضرور ہو۔
مَجازِ سَماعت (ع۔ صفت) سننے یا منظور کرنے کا اختیار۔
مَجازِ مُرسل (ع۔ا۔مذ) لفظ کے اصلی اور مجازی معنوں میں اگر تشبیہ کا علاقہ نہ ہو تو مجاز مرسل کہلاتا ہے۔ اگر تشبیہ کا تعلق ہو تو استعارہ۔
مَجاز ہونا (اُر۔محاورہ) قانونی یا شرعی لحاظ سے کسی امر کا اختیار رکھنا۔ مختار ہونا۔ با اختیار ہونا۔
مَجازاً (ع۔ تابع فعل) مراداً۔ فرضاً۔ جوازاً۔ قانونی طور سے یا شرعی طور سے۔
مَجازی (ع۔ا۔مو۔ بیائے مصدری) غیر اصلی۔ غیر حقیقی۔ مرادی فرضی۔ جعلی۔ جھوٹے۔ نقلی۔
مَجال (ع۔ا۔مو۔ظرف) چکر دینے کا میدان۔ دوڑنے کی جگہ۔ جولانگاہ۔ مجازاً حوصلہ۔ طاقت۔ ہمت۔ تاب۔
مَجال رکھنا (اُر۔محاورہ) کسی بات کی تاب و طاقت رکھنا۔
مَجال ہونا (اُر۔محاورہ) مجال رکھنا کا لازم ہے۔
مَجالِس (ع۔ا۔مو۔ظرف) مل کر بیٹھنا۔ ہم نشینی۔ ہم صحبت ہونا۔
مَجالَست (ع۔ا۔مو) مل کر بیٹھنا۔ ہم نشینی۔ ہم صحبت ہونا۔
مُجامَعت (ع۔ا۔مو) بھوگ بلاس۔ ہم بستری۔ صحبت داری۔ جماع مباشرت۔
مُجامعت کرنا (اُر۔محاورہ) ہمبستر ہونا۔ صحبت داری کرنا۔ بھوگ کرنا۔
مُجانبت (ع۔ا۔مو) کنارہ کشی کرنا۔ الگ ہونا۔ اجتناب کرنا۔ علیحدگی
مُجاوِر (ع۔ا۔مذ فاعل) پاس رہنے والا۔ پڑوسی۔ ہمسایہ۔ مقدس مقامات کا خادم۔ پجاری۔ پانڈا۔ محافظ درگاہ یا معبد۔
مُجاوِرانِ فلک (ع۔ا۔مذ) سات ستارے۔ تارے۔
مُجاوَرت (ع۔ا۔مو) پڑوس۔ ہمسائیگی۔
مُجاہِد (ع۔ا۔مذ فاعل۔ معنید صفت) کوشش کرنے والا۔ ساعی۔ مذہبی لڑائی سے لڑنے والا۔ غازی مرد۔
مُجاہَدہ (ع۔ا۔مذ) کوشش۔ جہد۔ سعی۔ محنت۔ مشقت۔ مذہبی لڑائی

مجاہدین (ع۔ا۔مذ) مجاہد کی جمع۔ مذہب پر لڑنے والے۔ مذہب کے لئے جان دینے والے۔ بہادر سپاہی۔

مجاہیل (ع۔مذ) مجہول کی جمع ہے۔

مجبور (ع۔صفت۔مفعولی) جبر کیا گیا۔ لاچار ناچار۔ دبا ہوا۔ تنگ۔ دق بے بس۔

مجبور کرنا (اُر۔فعل) تنگ کرنا۔ دق کرنا۔ ستانا۔ دبانا۔ ناچار کرنا۔ بے بس کرنا۔

مجبور ہونا (اُر۔محاورہ) تنگ ہونا۔ ہارنا۔ تھکنا۔ عاجز ہونا۔ تنگ ہونا۔

مجبوراً (ع۔تابع فعل) ہار کر۔ تھک کر۔ ناچاری سے۔ چہ سے۔ عاجز ہوکر۔

مجبوری (اُر۔مو۔ بیائے نسبتی) بے بسی۔ ناچاری۔ دقت۔ تنگی۔ عاجزی۔

مجتبیٰ (ع۔صف۔مفعولی) چنا گیا۔ چنا ہوا۔ برگزیدہ۔ منتخب۔ چھانٹا ہوا۔

مجتمع (ع۔صف۔مفعولی) اکٹھا کیا گیا۔ جمع کیا گیا۔

مجتمعاً (ع۔متعلق فعل) مجموعی حالت میں۔

مجتنب (ع۔صفت) پرہیز کرنیوالا۔ بچنے والا۔ دور رہنے والا۔ علیحدگی اختیار کرنے والا۔ اجتناب کرنے والا۔

مجتنب (ع۔مفعول) جس سے اجتناب کیا جائے۔

مجتہد (ع۔صفت) جدوجہد کرنے والا۔ ساعی۔ کوشاں کوشش کرنے والا۔ عمدہ اور صحیح راستہ نکالنے والا۔ منکروں سے جہاد کرنے والا۔ (بصورت اسم مذکر) اہل شیعہ کا فاضل۔ امام پیشوائے مذہب۔

مجتہدانہ (ع۔متعلق فعل) مجتہدوں کے طریقہ پر۔

مجد (ع۔ا۔مذ) بزرگی۔ عظمت۔ بڑائی۔ شان۔ وہ عزت جو بزرگوں کی وجہ سے ہو۔

مجدد (ع۔صفت) تجدید کرنے والا۔ پرانے کو نیا کرنے والا۔ ترمیم مذہب کرنے والا۔

مجدداً (ع۔تابع فعل) نئے سرے سے۔ از سر نو۔

مجدد الف ثانی (ع۔مذ) دوسرے ہزار برس کا مجدد۔ شیخ احمد سرہندی کا لقب۔

مجدد وقت (ع۔صفت) وہ ولی کامل جو سو برس کے بعد پیدا ہو۔

مجدور (ع۔صفت) چیچک زدہ۔

مجذوب (ع۔صفت۔مفعولی) کھینچا گیا۔ صاحب جذبہ۔ یاد الٰہی میں غرق۔ محبت الٰہی میں غرق۔ محبت الٰہی میں مدہوش مست اپنے سے بے خبر۔ بے ہوش۔ (اردو میں) دیوانہ۔ پاگل۔ سڑی۔ سودائی۔ مجنوں۔

مجذوب کی بڑ (اُر۔ا۔مو) بے معنی باتیں۔ بے سر و پا کلام پاگلوں کی سی بکواس۔

مجذور (ع۔ا۔مذ) فی نفسہ ضرب کھایا ہوا مربع۔ اگر کسی عدد کو اسی عدد سے ضرب دیں تو حاصل ضرب مجذور اور وہ عدد جذر ہوگا۔

مجذوم (ع۔مذ۔مفعول) جذامی۔ کوڑھی۔ کوڑھ کی بیماری میں گرفتار۔

مجرا (ع۔مذ۔مفعول) جاری کیا گیا۔ رواں کیا گیا۔ حساب میں لیا گیا۔ کٹوتی۔ منہائی (اردو میں) آداب۔ تسلیم۔ سلام۔ ڈنڈوت۔ پرنام۔ بندگی۔ کورنش۔ ناچ گانا جو سلام کے طور پر امراء کے روبرو شادی میں کیا جاتا ہے۔ رباعی یا غزل وغیرہ کی طرز پر لکھا ہوا مرثیہ جس کے پہلے شعر میں مجرا یا سلام کا لفظ لانا ضروری ہے۔ ملازمت۔ باریابی۔

مجرا پانا (اُر۔محاورہ) دخل پانا۔ باریابی حاصل ہونا۔ روپیہ بھر پانا۔ وصول پانا۔

مجرا طلبی (اُر۔ا۔مو) آمنے سامنے کا دعوے۔ الٹا دعوے۔ بالمقابل دعوے۔

مجرا دینا (اُر۔محاورہ) حساب میں سے وضع کر دینا۔ حساب میں لگا دینا حساب میں محسوب کر لینا۔ کاٹ دینا۔ منہا کر دینا۔

مجرا عرض کرنا (اُر۔محاورہ) سلام کرنا۔

مجرا کرنا (اُر۔محاورہ) حساب میں لگا لینا۔ منہا کر دینا۔ کاٹ دینا۔ وضع کرنا۔ آداب بجالانا۔ باادب سلام کرنا۔ سلام کے طور پر کسی امیر یا نوشہ کے آگے ناچنا گانا۔

مجرا لینا (اُر۔محاورہ) محسوب کر لینا۔ کاٹ لینا۔ حساب میں لگا لینا۔

مجرا ہونا (اُر۔محاورہ) وضع ہونا۔ وصول ہونا۔ بھر پانا۔ کٹ جانا۔ ناچ۔

مجرائی / **مجرئی** (اُر۔ا۔مذ) سلامی۔ مجرا کرنے والا۔ سلام کرنے والا۔ طرف سلام کی تنخواہ پانے والا۔ امتیازی لوگ۔ جمع۔ لگان منہائی۔ کمی۔ مرثیہ کا کلام۔ پڑھنے والے۔ مرثیہ خواں۔

مجرے کو خم ہونا (اُر۔محاورہ) سلام کرنے کے لئے جھکنا۔ سلام کرنا۔

مجرب (ع۔صفت۔مفعولی) تجربہ کیا گیا۔ آزمایا ہوا۔ کارگر۔ تیر بہدف۔ نہایت مؤثر۔

مجربات (ع۔ا۔مذ) تجربہ کی ہوئی باتیں۔ آزمودہ نسخے۔ تیر بہدف دوائیاں یا وہ کتابیں جن میں نہایت آزمودہ۔ نسخے درج ہو۔

مجرد (ع۔صفت۔مفعولی) اکیلا رہا ہوا۔ تنہا۔ مادے سے پاک غیر شادی شدہ ناکتخدا بن بیاہا بے زن و فرزند۔ آزاد۔ جتی کی جوگی۔ سنیاسی۔ دنیا سے الگ رہنے والا شخص۔

مجرد رہنا (اُر۔محاورہ) تارک الدنیا رہنا۔ آزاد رہنا۔ شادی نہ کرنا جتی رہنا۔

مجردات (ع۔مذ) وہ اجسام جو مادے سے پاک ہوں۔ غیر محسوس۔ بے جسم وجود۔ ملائک۔ فرشتے۔ ارواح۔ عقول عشر۔

مجرد سب سے اعلیٰ جسکے سر نہ سالا لڑکا بالا (اُر۔مثل) **مجرد سب سے اعلیٰ ہے نہ سسرا ہے نہ سالا ہے** بن بیاہا آدمی بہت اچھا ہوتا ہے۔ آزاد ہوتا ہے۔ اور دنیا کے دھندوں سے بچا رہتا ہے۔

مجردی (ع۔مو۔ بیائے مصدری) تنہائی۔ آزادی۔ کنوارا پن

جتی پن۔

مُجرم (ع۔ صفت) گناہگار۔ جرم کرنے والا۔ قصوروار۔ پاپی خطاوار۔ ملزم۔

مُجرم اشتہاری (ع۔ا۔مذ) وہ مجرم جس کی گرفتاری کا اشتہار ہو چکا ہو۔

مُجرم ٹھہرانا۔ یا۔ قرار دینا (اُر۔ محاورہ) خطاوار گردانا۔ ملزم ٹھہرانا۔ قابل سزا قرار دینا۔

مُجرم عادی (ع۔ا۔مذ) وہ ملزم جسے بار بار جرم کرنے کی عادت پڑ گئی ہو۔

مُجرمانہ حملہ (عف۔ا۔مذ) وہ حملہ جو کسی عورت پر زنا کی نیت سے کیا جائے۔

مُجرم ہونا (اُر۔ محاورہ) قصوروار ہونا۔ خطاوار ہونا۔ ملزم ہونا۔

مجروح ہونا (ع۔ صفت بمفعولی) زخمی۔ گھائل۔ زخم خوردہ۔ چوٹ کھایا ہوا۔ ضرب رسیدہ۔ میر مہدی حسین خلف میر حسن افگار دہلوی کا تخلص ہے۔ جو غالب کے شاگرد تھے۔

مجروح کرنا (اُر۔ محاورہ) گھائل کرنا۔ چوٹ لگانا۔ زخمی کرنا۔

مجروح ہونا (اُر۔ محاورہ) چوٹ کھانا۔ گھائل ہونا۔ زخم لگنا۔ زخمی ہونا۔

مجسٹرئی (اُر۔ صفت) وہ ناچنے والا جو بیٹھ کر گائے۔ سلام کرنے والا۔

مجسٹریٹ (انگ۔ا۔مذ Magistrate) منصب۔ جج۔ یا فوجداری کا با اختیاری حاکم۔ حاکم مجاز۔

مجسٹریٹی (اُر۔ا۔مو۔ بیائے مصدری) حجی کا عہدہ مجسٹریٹ کا کام یا اسامی حکومت۔ اختیار۔

مجسّم (ع۔ صفت بمفعولی) جسم دیا گیا۔ وہ چیز جس میں طول عرض اور عمق والی چیزیں۔ مسطحات۔

مجلّا (ع۔ صفت بمفعولی) جلا کیا ہوا۔ چمکایا ہوا۔ روشن۔ صاف۔ ظاہر۔ آشکارا۔

مجلّد (ع۔ صفت بمفعولی) جلد بندی کیا ہوا۔ جلد بندھا ہوا کتاب۔ نسخہ۔ جلد۔

مجلس (ع۔ موظرف) بیٹھنے کی جگہ۔ آدمیوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ سوسائٹی۔ سبھا۔ سماج۔ انجمن۔ بزم۔ جلسہ۔ کونسل۔ شہدائے کربلا کے ماتم اور فاتحہ کا مجمع۔

مجلس انتظامیہ / منتظمہ (ع۔ا۔مو) ترکیب فارسی) انتظام کرنے والی جماعت۔

مجلس برہم ہونا (اُر۔ محاورہ) صف بندی میں فرق آیا۔ مجلس کا انتظام خراب ہونا۔

مجلس پٹوانا (اُر۔ محاورہ) مجلس میں تہلکہ ڈالنا۔

مجلس جبران (اُر۔ا۔مو) ایک قسم کی نہایت عمدہ مسی جسے عورتیں ملتی ہیں۔

مجلس خانہ (عف۔ مذ ظرف) بزم گاہ۔ مجلس لگنے کی جگہ۔ دیوان عام۔ دربار۔ کسی مقبرہ پر مشائخ لوگوں کو جمع کرنا۔ قوالی سننے کی جگہ۔

مجلس شوریٰ (ع۔ا۔مو۔ ترکیب فارسی) مشورہ کرنے والی مجلس۔ مجلس مشاورت۔

مجلس عاملہ (ع۔ا۔مو ترکیب فارسی) منتخب ارکان کی مجلس جو عملی طور پر مجلس کی کارکردگی کی ذمہ داری ہوتی ہے۔

مجلس علمی (ع۔ا۔مو) علمی سوسائٹی۔ انجمن علوم۔

مجلس کرنا (اُر۔ فعل) سبھا کرنا۔ لوگوں کو جمع کرنا۔ مرثیہ خوانی۔ شہداء کی عزاداری کے لئے لوگوں کو جمع کرنا۔

مجلس گرم ہونا (اُر۔ محاورہ) مجلس میں رونق ہونا۔ گرما گرم بحث ہونا۔ باتیں ہونا۔

مجلسی (ع۔ا۔مذ۔ بیائے نسبتی) منسوب بہ مجلس۔ شریک مجلس ہونے والا۔ مجلس کا اہل مجلس۔

مجلّہ (ع۔ا۔مذ) رسالہ۔ میگزین۔

مجمع (ع۔ا۔مذ ظرف) جمع ہونے کی جگہ۔ مجلس اکھاڑا۔ انبوہ۔ جمگھٹ بھیڑ۔ ازدحام۔

مجمع البحرین (ا۔مذ) دو دریاؤں کا ملاپ۔ مجازاً خضر اور موسےٰ علیہ السلام کی ملاقات کی جگہ۔

مجمع الجزائر (ع۔ا۔مذ) وہ سمندر جہاں بہت سے جزیرے پاس پاس واقع ہوں۔ ٹاپوؤں کا جھنڈ۔

مجمع خلاف قانون (ع۔ا۔مذ) (قانون) ناجائز بھیڑ۔ خلاف قانون۔ انبوہ۔

مجمع عام (ع۔ا۔مذ) عام لوگوں کی بھیڑ۔ عام ہنگامہ۔ ملاپ۔ پبلک کا ہجوم۔

مجمل (ع۔ صفت) مختصر کیا ہوا۔ خلاصہ انتخاب۔ سرسری۔ اجمال کیا گیا محتاج تفصیل۔ مفصل کی ضد۔

مجمل حساب (ع۔ا۔مذ) اکٹھا جڑا ہوا۔ حساب۔ خلاصۂ حساب۔ حساب کا گوشوارہ۔

مجملاً (ع۔ تابع فعل) از روئے اجمال۔ اجمالاً۔ اختصار کے طور پر۔ فی الجملہ۔ الغرض۔

مجموعہ (ع۔ صفت بمفعولی) اکٹھا کیا گیا۔ جمع کیا ہوا۔ (بحالت اسم مذکر) کلیات۔ خزانہ۔ مخزن۔ ذخیرہ۔ جملہ۔ پشارہ۔ مرکب عطر۔ جس میں بہت سی خوشبوئیں ملی ہوئی ہوں۔

مجموعۂ قوانین (ع۔ مذ) قانون کا ذخیرہ۔

مجموعی (ع۔ا۔مو۔ صفت بیائے نسبت) تمام کی۔ جملگی۔ اجمالی۔

مجموعی قیمت (ع۔ا۔مو) اکٹھی قیمت۔ تمام چیزوں کی قیمت۔ شامل قیمت۔ اجمالی قیمت۔

مجنوں (ع۔ صفت بمفعولی) پاگل۔ دیوانہ۔ جنوں زدہ۔ خبطی۔ سودائی باؤلا (بحالت اسم مذکر) قیس عامری کا لقب جو لیلےٰ کا عاشق تھا۔ مجازاً عاشق۔ شیدا۔ فریفتہ۔ نہایت دبلا پتلا اور کمزور آدمی۔ ایک درخت کا نام جسے بید مجنوں کہتے ہیں۔ اس کی شاخیں جھکی ہوتی ہیں

مجنوں دوزی (عف۔ صفت) وہ جو ہمیشہ پاگل نہ رہے۔ کبھی کبھی پاگل ہونے والا۔

مجنوں کر دینا (اُر۔محاورہ) دیوانہ بنا دینا۔ پاگل کر دینا۔ خبطی کر دینا۔
مجنوں کو لیلیٰ کا کتا بھی پیارا (اُر۔مثل) جس سے محبت ہو اس کی ہر چیز اچھی لگتی ہے۔
مجنونیت (ع۔ا۔مو) دیوانگی۔ پاگل پن۔
مجوّز (ع۔صفت مفعولی) تجویز کیا گیا۔ جائز کیا گیا۔
مجوِّز (ع۔صفت) تجویز کرنے والا۔ جائز رکھنے والا۔ مُقرر۔ اسرار کرنے والا۔
مجوّزانِ قانون (ع۔ا۔مذ) قانون بنانے والے۔ قانون تجویز کرنے والا۔ لیجسلیٹو کونسل۔ واضعانِ آئین و قوانین۔
مجوّزہ (ع۔صفت) تجویز کیا گیا۔ پیش کیا گیا۔ مقرر کیا گیا۔ ٹھہرایا ہوا۔ معینہ۔
مجوس (ف۔ا۔مذ) مجوسی کی جمع۔ زردشت کا مقلد۔ آتش پرست لوگ جو زردشت کے پیرو ہیں۔
مجوسا (اُر۔مذ) لکڑی جو چھت کے نیچے کھڑی کرتے ہیں۔
مجوسی (ف۔ا۔مذ) آتش پرست۔ آگ کی پوجا کرنے والا۔ چاند سورج کی پوجا کرنے والا۔
مجوّف (ع۔صفت مفعولی) کھوکھلا۔ پولا۔ تھوتھا۔ اندر سے خالی۔ جوف کیا گیا۔
مجھ (ہ۔اسم ضمیر مفعولی واحد متکلم) اپنی ذات کے لئے بولا جاتا ہے۔
مجھ سے (ہ۔تابع فعل) میری ذات سے۔ میرے وجود سے۔ مجھ جیسے۔ میرے جیسے۔
مجھ میں (ہ۔تابع فعل) میرے میں۔ میری ذات میں۔
مجھ میں آیا (ہ۔محاورہ) میں ذمہ دار ہوں۔ میں نے اوٹ لیا۔ میں ضامن ہوں۔
مجھلا (ہ۔ا۔مذ) بکھیڑا۔ جھمیلا۔ کسی بات کا مشکل اور دشوار ہو جانا۔
مجہول (ع۔صفت۔مفعولی) نامعلوم۔ وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو۔ سُست۔ احدی۔ کاہل۔ مٹھا۔ نکمّا۔ نکھٹو۔ علم و خبر مقابلہ میں وہ مقدار جس کی قیمت معلوم کرنی مقصود ہو۔ غیر معلوم رقم۔
مجہول النسب (ع۔ا۔مذ) وہ شخص جس کے حسب و نسب کا پتہ نہ ہو۔
منجھولا } (ہ۔صفت) درمیانہ۔ بیچ کا۔ وسطی۔ منجھلا۔ بڑا دبچہ۔ چھوٹا دیگ۔
منجھولا }
مجھولی } (ہ۔صفت۔مو) منجھلی۔ درمیانی۔ وسطی۔ (بصورت اسم
منجھولی } مؤنث) ایک قسم کی چھوٹی گاڑی۔
مجھے اور نہ سجھے ٹھولو (ہ۔مثل) میرا آپ کے بغیر اور آپ کا میرے بغیر گزارہ نہیں۔ ہم دونوں کو ایک دوسرے کے بغیر نہیں مرنا۔
مجھے منہ نہ دکھا (ہ۔کلمہ نفرت) دفع ہو مجھے منہ نہ دکھا۔ میرے سامنے نہ آ۔
مجھیلا (ہ۔ا۔مذ) جھمیلا سے بگاڑ ہے۔ ٹنٹا۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔ قضیہ۔
مجیب (ع۔صفت) جواب دینے والا۔ قبول کرنے والا۔
مجیب الدعوات (ع۔صفت) دعائیں قبول کرنے والا۔ خدا لقائے۔
مجیٹھ (ہ۔ا۔مو) ایک قسم کی لکڑی جس کے لال رنگ سے کپڑے رنگے جاتے ہیں۔
مجید (ع۔ا۔صفت) بزرگوار۔ بزرگ۔ گرامی۔ عزیز۔
مجیر (ع۔صفت) دست گیر۔ پناہ دینے والا۔
مجیرا (ہ۔ا۔مذ) چھوٹی چھوٹی پیتل کی کٹوریاں جو طبلے کے ساتھ تال دینے کے واسطے دونوں ہاتھوں سے بجاتے ہیں۔

م - چ

مچا (ہ۔ا۔مو) گوشت کا لوتھڑا۔ مضغہ۔ گوشت کا بن ہڈی کا ٹکڑا جو بڑا سا ہوتا ہے۔
مچا مچ (ہ۔ا۔مو) بالف اتصال۔ لبالب۔ منہ مُنہ۔ لبریز۔ کھچا کھچ۔ چارپائی کے چوں چوں کرنے کی آواز۔
مچان (ہ۔ا۔مذ) ٹانڈہ۔ وہ اونچی جگہ جو دیوار میں تختے یا لکڑیاں رکھ اسباب کے لئے بنا لیتے ہیں۔
مچانا (ہ۔فعل) کرنا۔ رچانا۔ عمل میں لانا۔ برپا کرنا۔
مچانا (اُر۔مصدر) بند کرانا۔
مچانا (اُر۔مصدر) خوراک کو اُلٹ پلٹ کرنا۔ بغیر بھوک کے کھلانا۔
مچک (ہ۔ا۔مو) لچک۔ لرزش۔
مچکا (ہ۔ا۔مذ) سستا پن۔ ارزانی۔ ڈھیل۔ وقفہ۔ فرق۔ تفاوت۔ روک۔
مچکا پڑنا یا کھانا (ہ۔محاورہ) بازار کا مندا ہو جانا۔ سستا ہو جانا۔ کسی کی آمدنی کا رُک جانا۔ وقفہ پڑ جانا۔ ڈھیل پڑ جانا۔
مچکانا (ہ۔فعل) آنکھ مارنا۔ جھپکانا۔ پلک مارنا۔ آنکھ کا میچنا اور کھولنا۔ آنکھ کا دبانا۔
مچکانا (ہ۔فعل) حرکت دینا۔ ہلانا۔ لچکانا۔ جھٹکانا۔
مچکنا (ہ۔فعل) تھرانا۔ کانپنا۔ لچکنا۔ چارپائی کا بولنا۔ چوں چوں کرنا چرچرانا۔
مچلا (ہ۔صفت) گھنا۔ ڈھیٹ۔ ضدی۔ نٹ کھٹ۔ خاموش۔ مگرا چپ حرام۔
مچلاپن (ہ۔ا۔مذ۔مصدری) گھنا پن۔ ضد۔ ہٹ۔ اڑ۔ ڈھٹائی۔ خاموشی۔
مچلانا (ہ۔فعل) جی متلانا۔ ابکائی آنا۔ مالش کرنا۔ غثیان کرنا۔
مچلانا (ہ۔فعل) مکرا پن کرنا۔ خاموشی اختیار کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ بہانا کرنا۔ ضد کرنا۔ ہٹ کرنا۔ اڑنا۔ اصرار کرنا۔ ٹالنا۔
مچلائی (ہ۔ا۔مو) ہٹ۔ ضد۔ سوتی۔ ڈھٹائی۔ ڈھیٹ پن۔
مچل پڑنا } (اُر۔محاورہ) ہٹ پر آنا۔ اڑ جانا۔ پھر جانا۔ لوٹ
مچل جانا } جانا۔ ضد پر آجانا۔ کسی چیز کے لینے کی ضد کرنا۔ لوٹ لوٹ کر اصرار کرنا۔ سر ہو جانا۔
مچلکا یا **مچلکہ** (ت۔ا۔مذ) اقرار نامہ۔ عہد نامہ۔ کسی کام کے نہ کرنے کا تحریری عہد مجرموں کا عہد نامہ۔ بچن۔ قول قرار۔

مچلکا دینا (اُر۔محاورہ) عہد نامہ لکھ دینا۔ قول دینا۔ بچن دینا۔ کسی امر سے باز رہنے کا تحریری اقرار کرنا۔

مچلکا لکھوانا، یا، لکھانا (اُر۔محاورہ) عہد نامہ، یا اقرار نامہ تحریر کرانا۔ تحریری اقرار لینا۔

مچلکا لینا (اُر۔محاورہ) کسی امر کے نہ کرنے کا تحریری اقرار نامہ لینا۔

مچلکا نکلنا (اُر۔محاورہ) مچلکہ لینے کا حکم صادر کرنا۔

مچلنا (ہ۔فعل) ہٹ کرنا۔ اصرار کرنا۔ ضد کرنا۔ اڑنا۔ بپھرنا۔ حیلہ بہانہ کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ ٹالنا۔ جان کر انجان ہو جانا خاموشی اختیار کرنا۔

مچلی (ہ۔ا۔صفت) مچلا کی مؤنث۔ مگری۔ حیلہ باز۔ گھنی۔ شوخ ڈھیٹ۔ ضدّن۔

مچمچانا (ہ۔فعل) مستانا۔ مست ہونا۔ گرمانا۔ شہوت یا مستی کے جوش میں آنا۔

مچمچاہٹ (ہ۔مو۔حاصل مصدر) شہوت کا زور۔ مستی کا جوش۔ عاشق کی بوس و کنار کے واسطے کمال خواہش۔ جوش۔ مستی دانت پیسنی کی حالت۔

مچنا (ہ۔فعل) مُندنا۔ بند ہونا۔

مچنا (ہ۔فعل) ہونا۔ عمل میں آنا۔ کیا جانا۔

مچنگڑ (اُر۔ا۔مذ) بڑی روٹی۔ ہاتھی کی روٹی۔

مچوانا (ہ۔فعل) مندوانا۔ ضد کرانا۔ مچنا سے متعدی ہے۔

مچوانا (ہ۔فعل) کرانا۔ کروانا۔

مچھ (ہ۔ا۔مذ) مچھلی کا اسم مکبّر بڑی مچھلی وشنو جی کا پانچواں اوتار۔

مچھر (ہ۔ا۔مذ) ایک چھوٹے سے پردار زہریلے اُڑنے والے جانور کا نام جو ڈھنگ مارتا ہے۔ اور خون چوستا ہے۔

مچھر کی جھول (ہ۔ا۔مو) نہایت حقیر چیز۔ بالکل کم قدر اور کم قیمت چیز نہ ہونے کے برابر ہے۔

مچھر کی جھول کا چور (ہ۔ا۔مذ) بالکل حقیر چیز چرانے والا۔ ادنےٰ چور۔ اُٹھائی گیرا۔

مچھر انڈ (اُر۔ا۔مو) مچھلی کی بُو۔

مچھر لنگا (ہ۔ا۔مذ) ایک آبی پرندہ جو مچھلیوں پر گذارہ کرتا ہے۔ ماہی گیر۔

مچھلی (ہ۔ا۔مو) مچھی، ماہی۔ مین۔ حوت۔ سمک۔ بازو اور پنڈلی کا گوشت۔ ڈولا۔ ایک قسم کا کان میں پہننے کا سُنہری زیور ناک کا بُلاق۔ جانوروں کی پنڈلی کا گوشت۔

مچھلی پکڑنا (ہ۔فعل) مچھلی پکڑنے کو بنسی یا ڈوری لگانا۔ مچھلی کا شکار کرنا۔

مچھلی پکڑنے کا کانٹا (ا۔مذ) مچھلی کا شکار کرنے کی بنسی۔

مچھلی تو نہیں کہ نہ سڑ جائے گی (ہ۔مثل) اکثر اوقات۔ بیٹی کی شادی اور نسبت کے وقت بولا کرتے ہیں۔ یعنی کیا جلدی پڑی ہے۔ دیکھ کر کریں گے۔ کون سا کام بگڑ چلا ہے۔

مچھلی کا بجرا (اُر۔ا۔مذ) مچھلی کی شکل کی چھوٹی کشتی۔

مچھلی کا تیل (ہ۔ا۔مذ) ایک خاص قسم کی مچھلی کے کلیجہ کا تیل جو سینے کے امراض میں مفید ہے۔ انگریزی میں کوڈ لیور آئل کہتے ہیں

مچھلی کا چارا (اُر۔ا۔مذ) وہ چیز جسے کانٹے میں لگا کر مچھلی کا شکار کرتے ہیں۔

مچھلی کے جائے کو تیرنا کون سکھائے (ہ۔مثل) اپنے خاندانی کام کو ہر شخص جانتا ہے۔

مچھلی کی طرح تڑپنا (ہ۔محاورہ) نہایت بے تاب ہونا۔ بالکل بے قرار ہونا۔ بیاکل ہونا۔

مچھلی کے جائے کو تیرنا کون سکھائے (ہ۔مثل) اپنے آبائی کام سے ہر شخص واقف ہوتا ہے۔

مچھلی والا (ہ۔ا۔مذ) مچھلی پکڑنے والا۔ ماہی فروش۔ ماہی گیر۔ مچھوا۔ دھینور۔ جھیور۔

مچھلیاں پکڑنا (ہ۔فعل) کسرت اور ورزش کے باعث رانوں اور بازوؤں کے گوشت کا اُبھر آنا۔ ڈنڑوں پر تیاری آ جانا۔ ڈنڑ موٹے ہو جانا۔

مچھلیاں سڑی جانا (اُر۔محاورہ) لڑکیوں کا شادی کے قابل ہو جانا

مچھنڈر (ہ۔ا۔مذ) بڑی بڑی مونچھوں والے۔ مسخرہ۔ بیہودہ آدمی دیوث۔ بدوضع۔ چوہا۔ موش۔

مچھوا (ہ۔ا۔مذ) مچھلی پکڑنے والا۔ ماہی گیر۔

مچھی (ہ۔ا۔مو) مچھلی۔ ماہی۔ بوسہ اطفال۔ چوما۔ میٹھی۔ بتی۔

مچھی مچھول (ہ۔ا۔مذ ظرف) بادشاہوں۔ راجاؤں یا امرا کے محلوں کا وہ تالاب جس میں رنگ دار چھوٹی چھوٹی مچھلیاں چھوڑی جاتی ہے۔

مچھی مچھول (اُر۔ا۔مذ) بوسہ بازی۔

مچھیاں لینا (اُر۔محاورہ) بوسے لینا۔

مچھیرا (اُر۔ا۔مذ) مچھلیاں پکڑنے والا۔ ماہی گیر۔

مچھیل (ہ۔صفت) بڑی بڑی مونچھوں والا۔

م - ح

مُحاباۃ (ع۔ا۔مذ) لغت میں باہم نزدیک ہونا۔ مجازاً صلح۔ لحاظ مروت۔ پاسداری۔ نگہداشت۔ اعانت۔ مدد۔

مُحاذ (ع۔ا۔مذ) محاذات کا مخفف ہے۔ رو برو ہونا۔ مقابل ہو رو برو۔ سامنے۔ مقابل۔

محاذ جنگ (عف۔ا۔مذ) لڑائی کا میدان۔

محاذ قائم کرنا (اُر۔محاورہ) کسی کے خلاف مقابلے کا ساز و سامان قائم کرنا۔ دشمن ہونا۔

مُحاذی (ع۔صفت) برابر ہونے والا۔ برابر۔ آمنے سامنے۔ رو برو۔

مُحارِب (ع۔صفت) لڑنے والا۔ جنگ کرنے والا۔

مُحارَبہ (ع۔ا۔مذ) لڑائی۔ جُدھ۔ یدھ۔ معرکہ۔ جنگ و جدل۔

مجادلہ۔ آپس میں لڑنا۔

مُحاسِب (ع ا مذ) حساب جاننے والا۔ علم حساب سے واقف۔ پرتال۔ پرتال کرنے والا۔ حساب کرنے والا۔ جانچنے والا۔

مُحاسِبِ اعلیٰ (ع ا مذ) حساب کی جانچ پڑتال کرنے والوں کا سب سے بڑا افسر۔

مُحاسِبِ دِہ (عف ا مذ) گاؤں کا حساب رکھنے والا۔ پٹواری۔

مُحاسَبہ (ع ۔ مذ) کسی سے حساب لینا۔ یا کرنا۔ حساب۔ شمار۔ مجازاً باز پرس۔ جواب طلبی۔ پوچھ گچھ۔

مُحاسَبہ کرنا (اُر۔ محاورہ) روپے کی پوچھ گچھ کرنا۔ مطالبہ کرنا۔ حساب طلب کرنا۔

مُحاسَبہ لینا (اُر مصدر مرکب) حساب کرنا۔ پرسش کرنا۔

مَحاسِن (ع ا مو) حُسن کی جمع۔ نیکیاں خوبیاں۔ بھلائیاں۔ عادتیں خصائل۔ مردوں کی ڈاڑھی یا مونچھیں۔

مُحاصِر (ع ۔ صفت) گھیرنے والا۔ گھیرا ڈالنے والا۔ محاصرہ کرنیوالا۔

مُحاصَرہ (ع ا مذ) گھیرا ڈالنا۔ ناکہ بندی۔ گھیرا۔ تسخیر۔ قلعہ بندی۔

مُحاصَرہ اُٹھانا (اُر فعل) گھیرا ہٹا لینا۔ ناکہ بندی چھوڑ دینا۔

مُحاصَرہ کرنا (اُر فعل) گھیرا ڈالنا۔ ناکہ بندی کرنا۔ دُشمن کے قلعہ کو گھیر لینا۔

مُحاصرہ میں آجانا (اُر مصدر مرکب) چاروں طرف سے گھیر جانا۔ قلعہ بند ہو جانا۔

مُحاصِرین (ع ا مذ) محاصر کی جمع۔ ناکہ بندی کرنے والے۔ گھیرنے والے۔ گھیرا ڈالنے والے۔

مَحاصِل (ع ا مو) محصول کی جمع۔ ذرائع آمدنی۔ مجازاً آمدنی۔ نفع پیداواری۔ زرلگان۔ یافت۔ خراج۔ باج۔ بکری کا روپیہ بکری۔ فروخت۔

مُحاصِلِ خام (عف ا مو) کچّی آمدنی۔ غیر مستقل آمدنی۔ کچا معاملہ۔

مُحاصِل دِہ (عف ا مو) گاؤں کی آمدنی۔ زر معاملہ۔ لگان کا روپیہ۔

مُحاط (ع ۔ صفت مفعولی) گھیرا ہوا۔ احاطہ کیا گیا۔ سمجھا گیا۔ جانا گیا۔ معلوم شدہ۔

مُحافِظ (ع ۔ صفت) نگہبانی کرنے والا۔ نگراں۔ چوکیدار۔ رکھوالا۔ پاسبان۔ سرپرست۔ مربی۔ امین۔ مہتمم۔ ولی۔

مُحافِظِ حقیقی (ع ۔ صفت) اصلی حفاظت کرنے والا۔ خدائے تعالےٰ۔

مُحافِظ خانہ (عف ۔ مذ ظرف) دفتر خانہ۔ مثلوں کا دفتر۔ ریکارڈ آفس۔ فیصل شدہ مثلوں اور کاغذوں کے رکھنے کا دفتر۔

مُحافِظِ دفتر (اُر۔ مذ) مثلوں کی حفاظت والا۔ نگران دفتر۔ ریکارڈ کیپر۔

مُحافِظِ محبس (ع ا مذ) داروغۂ زنداں۔ جیل خانے کا داروغہ۔

مُحافَظت (ع ا مو) پاسبانی۔ رکھوالی۔ حفاظت۔ سرپرستی بندوبست۔

مَحافِل (ع ا مو) محفل کی جمع۔ مجلسیں۔ انجمنیں۔ سبھائیں۔

مُحافہ (ع ا مذ) پالکی۔ فینس۔ ڈولا۔ ڈولی۔ عورتوں کے بیٹھنے کی برردہ دار سواری۔ جسے کہار اُٹھاتے ہیں۔

مُحاکمہ (ع ا مذ) معاملہ نمٹانے کے لئے کسی منصب کے پاس جانا۔ کسی امر کے فیصلے کے لئے حاکم کے پاس جانا۔ دعوے۔ انصاف طلبی۔ فیصلہ۔ منصف بن کر جھگڑا نبیڑنا۔

مُحاق (ع ا مذ) چاند کا گھٹنا۔ چاند کے گھٹنے کے دن۔ جو پندرھویں تاریخ سے شروع ہوتے ہیں۔ وہ دن جن میں چاند نظر نہیں آتا

مُحاق میں آنا (اُر۔ محاورہ) چاند کا گھٹنا شروع ہونا۔

مَحال (ع ا مذ) محل کی جمع۔ مکانات۔ مقامات۔ پرگنے۔ ضلعے جاگیریں۔ غیر منقولہ جائداد۔

مُحال (ع ۔ صفت) غیر ممکن۔ اَن ہونی۔ ناممکن۔ مشکل۔ کٹھن سخت دشوار (اُلٹا شہد کی مکھیوں کا چھتا۔

مُحالات (ع ا مو) محال کی جمع۔ ناممکن باتیں۔ دشواریاں۔ دقتیں۔

مَحامِد (ع ا مو) محمدت کی جمع۔ خوبیاں۔ اچھی خصلتیں۔ اوصاف حمیدہ

مُحاورات (ع ا مذ) محاورہ کی جمع۔

مُحاوَرہ (ع ا مذ) بات چیت۔ ہمکلامی۔ باہمی۔ گفتگو۔ بول چال روزمرہ۔ وہ کلمہ یا کلام جسے لغوی معنوں کی مناسبت سے کسی خاص معنی کے لئے مخصوص کر لیا جائے۔ عادت۔ لپکا۔ مشق مہارت۔

مُحاورہ پڑنا (اُر۔ محاورہ) مشق ہو جانا۔ روزمرہ کی عادت ہو جانا۔

مُحاورہ ڈالنا (اُر۔ محاورہ) عادت ڈالنا۔ مشق کرانا یا کرنا۔ مہارت پیدا کرنا۔

مُحاورے (ع ا مذ) دیکھئے "محاورہ" جس کی جمع یہ ہے۔

مُحاورے میں گفتگو کرنا (اُر۔ محاورہ) کسی خاص قوم کی طرح باتیں کرنا۔ اس کی زبان بولنا۔

مُحِب (ع ا مذ) محبت رکھنے والا۔ عاشق۔ یار۔ دوست آشنا۔ مشفق۔

مُحِبُّ الوطن (ع ۔ صفت) وہ جسے اپنے وطن سے محبت ہو۔ وطن دوست۔

مُحِبُّ الوطنی (عف ا مو) وطن کی محبت۔ حب وطن۔

مُحَبَّت (ع ا مو) پیار۔ لاڈ۔ چاہ پریم۔ پریت۔ دوستی۔ آشنائی عشق۔ لو۔ لگن۔ ملاپ۔

مُحَبَّت اُچھلنا (اُر۔ محاورہ) جوش محبت ہونا۔ ممتا کا جوش ہونا۔

مُحَبَّت آمیز (عف ۔ صفت ۔ ترکیب فاعلی) محبت بھری۔ الفت کی۔ پیار کی۔

مُحَبَّت آنا/جانا (اُر۔ محاورہ) پیار آنا۔ پیار کرنے کو جی چاہنا۔

مُحَبَّت اُچھلنا (اُر۔ محاورہ) محبت کا جوش مارنا۔ پیار کا ولولہ۔

مُحَبَّت بڑھانا (اُر۔ محاورہ) دوستی زیادہ کرنا۔ پیار محبت زیادہ کرنا۔ اخلاص بڑھانا۔

مُحَبَّت بڑھنا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے محبت بڑھنا۔ جس کا یہ لازم ہے۔

مُحَبَّت پیدا ہونا (اُر۔ محاورہ) کسی کے لئے کسی کے دل محبت کا

آغاز ہونا۔
محبت جتانا (اُر۔محاورہ) اظہار محبت کرنا۔ اُلفت ظاہر کرنا۔
محبت دل لگی نہیں (اُر۔مقولہ) عشق آسان نہیں۔
محبت رکھنا (اُر۔محاورہ) پیار کرنا۔ دوستی رکھنا۔ عزیز جاننا۔ چاہنا۔
محبت کا دم بھرنا } (اُر۔محاورہ) محبت کا دعویٰ کرنا۔ محبت کا نام لینا۔
محبت کا دم مارنا } عشق جتانا۔ محبت کا اقرار کرنا۔
محبت کرنا (اُر۔محاورہ) پیار کرنا۔ چاہنا۔ لاڈ کرنا۔
محبت کل (ع۔ا۔مو) سب سے برابر محبت کرنے کا درجہ۔ صوفیوں کی اصطلاح میں صلح کل رہنا۔ سب سے یکساں محبت کرنے کا مرتبہ۔
محبت کی نظر (ع۔مو) نظر التفات۔ اُلفت یا پیار سے دیکھنا۔ پیار کی نظر۔ توجہ۔
محبت کے مارے } (اُر۔مقولہ) عاشق ہمیشہ تکلیف میں
سدا گور کنارے } رہتے ہیں۔
محبس (ع۔ا۔مذ۔ظرف) جیل خانہ۔ قید خانہ۔ زندان۔ بڑا گھر۔
محبس دیوانی (ع۔ا۔مذ) وہ قید خانہ۔ جس میں ان لوگوں کو رکھتے ہیں۔ جو قرض ادا نہیں کر سکتے۔
محبوب (ع۔صفت مفعولی) محبت کیا گیا۔ معشوق۔ پیارا۔ لاڈلا۔ عزیز۔ دوست۔ دلدار۔ دلربا۔ منظور نظر۔
محبوب الٰہی (ع۔ا۔مذ) خدا کا پیارا۔ خدا کا منظور نظر۔ حضرت نظام الدین اولیاء کا لقب جن کا مزار دہلی ہندوستان میں ہے۔
محبوبہ (ع۔ا۔مو) پیاری۔ عزیزہ۔ لاڈلی۔ معشوقہ۔ دلربا۔ چاہتی۔
محبوس (ع۔صفت مفعولی) قید کیا گیا۔ قیدی۔ اسیر۔ مقید۔
محبوس خانہ (عف۔ا۔مذ) قید خانہ۔ زندان۔
محتاج (ع۔صفت) غریب۔ ضرورت مند۔ حاجتمند۔ بھوکا۔ اپاہج۔ کنوڈا۔ مفلس۔ نردھن۔ پابند۔ موقوف۔ منحصر۔ فقیر۔ بھکاری۔ گدا۔ کنگلا۔
محتاج خانہ (اُر۔مذ) غریب خانہ۔ لاوارثوں۔ اور مفلسوں کے رہنے اور پرورش پانے کی جگہ۔ پور ہاؤس۔
محتاج رکھنا (اُر۔محاورہ) منحصر ہونا۔ موقوف ہونا۔
محتاج ہونا (اُر۔محاورہ) مفلس ہونا۔ کنگال ہونا۔ حاجت مند ہونا۔ اپاہج ہونا۔ کنوڈا ہونا۔ کسی عضو بدن سے عیب دار ہونا۔
محتاجگی۔ یا۔ محتاجی (اُر۔مو۔ یائے نسبتی) حاجت۔ ضرورت۔ ناچاری۔ مجبوری۔ تنگی۔ ناداری۔ افلاس۔ غریبی۔ دست نگری۔ ہاتھ تکنا۔
محتاط (ع۔صفت مفعولی) احتیاط کیا گیا۔ وہ شخص جو بہت احتیاط رکھے۔
محتال (ع۔صفت) فریبی۔ حیلہ باز۔ مکار۔
محتال الیہ (ع۔ا۔مذ) وہ شخص جس کا کوئی دست نگر نہ ہو۔
محتالہ (ع۔ا۔مو) مکار۔ دغاباز عورت۔ دلالہ۔ لٹنی۔ فاحشہ۔
محترم (ع۔صفت مفعولی) عزت کیا گیا۔ احترام کیا گیا۔ معزز۔ بزرگ۔ واجب التعظیم۔
محتسب (ع۔صفت) حساب لینے والا۔ خلاف شرع باتوں سے روکنے والا۔ کوتوال۔ حاکم شرع۔
محتسب راد دون خانہ چہ کار (ف۔مثل) کسی کو دوسرے کے گھر کے معاملات میں دخل دینے کا اختیار نہیں۔
محتسب گر مے خورد معذور دارد دست را (ف۔مثل) اگر کوئی شخص خود بُرا کام کرے تو دوسرے شخص کو ایسا ہی بُرا کام کرنے پر گرفت نہیں کرنا۔
محتشم (ع۔صفت) صاحب حشمت۔ جاہ وجلال والا۔ بڑی شان و شوکت والا۔ بہت سے نوکروں چاکروں والا۔ دولت مند۔ امیر۔ رئیس۔
محتمل (ع۔صفت مفعولی) احتمال کیا گیا۔ گمان کیا گیا۔ مشتبہ۔ مشکوک۔
محجوب (ع۔صفت مفعولی) چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ مخفی۔ حجاب کیا گیا۔
محدب (ع۔صفت مفعولی) اُبھرا ہوا۔ ماہی پشت۔ ابھروان۔ قبہ دار۔
محدث (ع۔مذ) علم حدیث جاننے والا۔ حدیث گو۔ راوی۔ فقیہ۔ اقوال نبوی صلعم سے واقف۔
محدود (ع۔فعل مفعولی) گھیرا گیا۔ حد بندی کیا گیا۔ حد لگایا ہوا۔ محصور۔ مقید۔
محدود کرنا (اُر۔فعل) حد مقرر کر دینا۔ حد باندھنا۔ روکنا۔ احاطہ کرنا۔
محذوف (ع۔صفت مفعولی) حذف کیا گیا۔ نکالا گیا۔ علیحدہ کیا گیا۔ گرایا ہُوا۔



محراب (ع۔ا۔مو) لغوی معنی ہتھیار۔ اصطلاح میں۔ مسجد میں کعبہ کی طرف امام کے کھڑے ہونے کی مقدس جگہ۔ گھر۔ طاق کمانچہ۔ ڈاٹ۔ گول دروازہ۔ حجرہ۔ بادشاہی خلوت گاہ۔ خلوت خانہ۔
محراب تیغ (ع۔ا۔مو) شمشیر کا ٹیڑھا پھل۔
محراب جمشید (ع۔ا۔مذ) جام جم۔
محراب دار (عف۔صفت۔ بترکیب فاعلی) قوس نما۔ کمان کی شکل کی۔
محراب سنانا (اُر۔محاورہ) پورا قرآن مجید سُنانا۔
محرر (ع۔ا۔مذ) لکھنے والا۔ تحریر کرنے والا۔ کاتب۔ منشی۔ راقم۔ نویسندہ۔
محررہ (ع۔صفت مفعولی) لکھا ہوا۔ مرقومہ۔
محرری (ع۔ا۔مو۔ یائے مصدری) منشی گری۔ لکھائی کے کام کا عہدہ۔ کلرکی۔
محرف (ع۔صفت مفعولی) راستی سے پھرا ہوا۔ ٹیڑھا اُلٹا۔ کج۔ جگہ سے ہٹا ہوا۔
محرق۔ یا۔ محرقہ (ع۔صفت) جلا دینے والا چیز۔
محرک (ع۔صفت) حرکت دینے والا۔ تحریک کرنے والا۔ ہلانے والا۔ بھڑکانے والا۔ اُبھارنے والا۔
محرم (ع۔مذ) وہ شخص جس کے ساتھ نکاح جائز نہ ہو۔ جیسے باپ دادا۔ نانا۔ خالو وغیرہ۔ رازدار۔ ہمراز۔ وہ شخص جس سے پردہ جائز اور ضروری نہ ہو۔ واقف۔ جان پہچان۔ انگیا کی کٹوری انگیا۔

سینہ بند۔

محرم اسرار / محرم راز (ع۔صفت) رازدار۔ دلی دوست۔ ہمراز۔ جانی۔ دوست۔ گاڑھا یار۔

محرم کار (عف۔صفت) کام سے واقف۔ واقف کار۔

محرم ہونا (اُر۔محاورہ) واقف ہونا۔ جاننا۔

محرّم (ع۔مذ۔مفعولی) حرام کیا گیا۔ تعظیم کیا گیا۔ عربی سال کا پہلا مہینہ۔ جس میں حضرت امام علیہ السلام یزید کے حکم سے شہید کئے گئے۔ سوگ کا مہینہ۔ ماتم کا مہینہ۔

محرّم آرہا ہے (اُر۔مقولہ) غم میں مبتلا ہے۔

محرّم کا سپاہی (اُر۔مذ) دو دن کا بہادر۔ چند روزہ سپاہی۔ وہ آدمی جو محرم کے ایام میں لڑنے مرنے کو مستعد ہو۔ اور بعد میں کچھ بھی نہیں۔

محرّم کا مسالہ (اُر۔مذ) ایک قسم کا مسالہ جس میں بنا ہوا ناریل اور دھنیا شامل ہوتا ہے۔ اسے محرّم میں بجائے پان کے کھاتے ہیں۔

محرّم کی پیدائش (اُر۔امو) سوگ اور غم کے مہینے میں پیدا ہوا ہو۔ مجازاً اردو کی صورت والا۔ ہمیشہ غمناک۔ اور رنجیدہ رہنے والا۔

محرّمات (ع۔ا۔مو) ایک قسم کا لال لال دھاریوں والا کپڑا۔ گوٹے وغیرہ سے مرصع کپڑا۔

محرور (ع۔صفت۔مفعولی) حرارت یا گرم تپتا۔

محرور المزاج (ع۔صفت) گرم مزاج والا۔ تیز طبیعت والا۔

محروس (ع۔صفت) محفوظ۔ حفاظت کیا گیا۔ زیر نگرانی۔ زیر حفاظت۔

محروسہ (ع۔صفت) حراست کیا گیا۔ نگہبانی کیا گیا۔ ماتحت۔ مقبوضہ۔

محروم (ع۔صفت۔مفعولی) روکا گیا۔ حرام کیا گیا۔ منع کیا ہوا۔ نامراد۔ مایوس۔ ناکام۔ ناامید۔ بدبخت۔ خالی۔ بے بہرہ۔ نربھاگ۔ ابھاگی۔

محروم الارث (ع۔مذ) وہ شخص جو حق وراثت پدری محروم کر دیا گیا ہو۔

محروم پھرنا / چلنا (اُر۔محاورہ) مایوس ہو کر واپس جانا۔

محروم رکھنا / محروم کرنا (اُر۔محاورہ) خالی رکھنا۔ بدنصیب رکھنا۔ مایوس رکھنا۔ حق نہ دینا۔

محروم رہنا (اُر۔محاورہ) بدنصیب رہنا۔ ناامید رہنا۔ خالی رہنا۔

محرومی یا محرومیت (ع۔امو۔مصدری) بدنصیبی۔ ناکامی۔ ناامیدی۔ مایوسی۔ خالی رہنا۔

محزون (ع۔صفت مفعولی) غمناک۔ غمگین۔ دلگیر۔ مغموم۔ رنجیدہ۔

محسن (ع۔صفت) احسان کرنے والا۔ منعم۔ فیاض۔ داتا۔

محسن و مددگار۔ مربی۔ معاون۔

محسن کش (عف۔صفت) تبرکیب۔ احسان کرنے والے کو مار ڈالنے والا۔ مجازاً ناشکرا۔ احسان نہ ماننے والا۔ احسان کرنے والے کے ساتھ برا سلوک کرنے والا۔

محسن کشی (ع۔امو) احسان کرنے والے کے ساتھ برائی کرنا۔

محسنات (ع۔ا۔مو) محسنہ کی جمع۔ نیکیاں۔ بھلائیاں۔ خوبیاں۔ احسانات۔

محسوب (ع۔صفت۔مفعولی) حساب کیا گیا۔ حساب میں لیا گیا۔ منہا کیا گیا۔ وضع کیا گیا۔

محسوب ہونا (اُر۔محاورہ) پہچانا جانا۔ حساب میں آنا۔ معلوم ہونا۔ ظاہر ہونا۔

محسوسہ (ع۔مذ) وہ چیز جو محسوس ہو سکے۔ (عربی میں محسوس کی تانیث ہے)۔

محسوسات (ع۔ا۔مو) محسوسہ کی جمع۔ معلوم ہونے کے قابل چیز۔ وہ چیزیں جو محسوس ہو سکیں۔

محشر (ع۔مذ) اکٹھا کر جمع ہونے کی جگہ۔ مجازاً روز قیامت۔ قیامت کا میدان حشر۔

محشر آرا (ع۔صفت) لوگوں کو قیامت کے دن اکٹھا کرنے والا۔ مجازاً خدا تعالےٰ

محشر بپا کرنا (اُر۔محاورہ) خدا کا قیامت کے دن لوگوں کو حساب کے لئے اکٹھا کرنا۔ قیامت برپا کرنا۔

محشر بپا ہونا (اُر۔محاورہ) دیکھئے "محشر بپا کرنا"۔ جس کا یہ لازم ہے۔

محشر خرام (ع۔ا۔صفت) جس کا چلنا محشر بپا کرے۔ کنایۃً معشوق۔ محبوب۔

محشر زا (ع۔صفت) محشر بپا کرنے والا۔

محشّٰی (ع۔صفت۔مفعولی) حاشیہ چڑھا ہوا۔ شرح لکھا ہوا۔ شرح کے ساتھ متشرح۔

محصّل (ع۔ا۔صفت) حاصل کرنے والا۔ محصول وصول کرنا۔ اگاہنے والا۔

محصّلانہ (عف۔مذ) محصل کی فیس۔

محصور (ع۔صفت۔مفعولی) گھیرا گیا۔ گھیرے میں آیا ہوا۔ قلعہ بند۔

محصور ہونا (اُر۔محاورہ) گھر جانا۔ گھیرے میں آنا۔ قلعہ بند ہونا۔

محصورین (ع۔ا۔مذ) محصور کی جمع۔ قلعہ بند ہونا۔ گھیرے ہوئے گھیرے میں آیا ہوا۔

محصول (ع۔صفت۔مفعولی) حاصل کردہ۔ شدہ مالگذاری۔ لگان۔ ٹیکس۔ کرایہ۔ اجرت۔ آمدنی۔ کرایہ خراج۔

محصول چنگی (اُر۔مذ) وہ محصول جو میونسپل کمیٹیاں شہر کی حدود میں نئی اشیاء باہر سے لے جانے پر وصول کرتی ہیں۔

محصول ڈاک (اُر۔ا۔مذ) ڈاک کا محصول۔ ڈاک خرچ۔ ڈاک کی آمدنی۔

محصول لگانا (اُر۔محاورہ) ٹیکس عائد کرنا۔

محصولی (ع۔ا۔مو) وہ زمین جس کی مالگذاری ادا کی جائے۔ خراجی۔ (بحالت صفت) قابل محصول۔ محصول لینے کی قابل۔

محصنات (ع۔ا۔مو) محصنہ کی جمع۔ نیک بیویاں۔ پاک دامن بیویاں۔ باعصمت بیویاں۔

محض (ع۔صفت) زا۔ فقط۔ صرف۔ بے۔ عشق۔ خالص۔ (بصورت تابع فعل) تمام بالکل۔ سراسر۔

محضر (ع۔مذ۔ظرف) حاضر ہونے کی جگہ۔ شرعی تمسک۔ شرعی حکمنامہ

قاضی کی مُہر لگا ہوا کاغذ۔ عام لوگوں کی شہادت کا کاغذ۔ یعنی عرضداشت (بحالت صفت) رُوبرُو، سامنے، پیش رو۔

محضرِ خون (عف۔ مذ) کسی کے واجب القتل ہونے کا تصدیقی کاغذ۔ خون کا شہادت نامہ۔

محضر نامہ (عف۔ مذ) مہروں اور شہادتوں سے تصدیق کیا ہوا کاغذ۔ عرضِ حال۔ نوشتہ۔ عرضداشت۔

محظوظ (ع۔ صف۔ مفعولی) صاحبِ نصیب۔ بہرہ مند۔ نیک بخت۔ ممنون۔ خوش و خرم۔ باغ باغ۔ لذت پانے والا۔ لطف اٹھانے والا۔

محظوظ ہونا (اُر۔ محاورہ) لذت پانا۔ مزہ اُٹھانا۔ لطف اٹھانا۔ خوش ہونا۔ باغ باغ ہونا۔ شادماں ہونا۔

محفل (ع۔ موظرف) لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ مجلس۔ سبھا۔ سماج۔ سوسائٹی۔ انجمن۔

محفل برخاست کرنا (اُر۔ مصدر۔ مرکب) جلسہ ختم کرنا۔

محفل برہم کرنا (اُر۔ مصدر۔ مرکب) محفل کو بدمزہ کر دینا۔ محفل خراب کرنا۔

محفل بگاڑنا (اُر۔ محاورہ) محفل کو خراب کرنا۔

محفل بگڑنا (اُر۔ محاورہ) محفل خراب ہونا۔

محفل پر رنگ چھانا (اُر۔ محاورہ) رنگ جمانا۔ اہلِ محفل پر رُعب جما لینا۔

محفل جمانا (اُر۔ محاورہ) جلسہ لگانا۔ منعقد کرنا۔

محفلِ رقص و سرود (عف۔ امو) ناچ رنگ کی مجلس۔ ناچنے گانے کی محفل۔

محفل سرد پڑنا (اُر۔ محاورہ) محفل کا بے رونق ہو جانا۔

محفل کرنا (اُر۔ محاورہ) مجلس کرنا۔ ناچ کرنا۔ لوگوں کو جمع کرنا۔ ناچ کی محفل کرنا۔

محفل گرم رکھنا (اُر۔ محاورہ) محفل کو بارونق کرنا۔

محفل گونج اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) مجلس میں بہت تعریف ہونا۔

محفوظ (ع۔ صف۔ مفعولی) بچایا گیا۔ نگرانی کیا گیا۔ بچا ہوا۔ حفاظت میں رکھا ہوا۔

محقق (عف۔ صف) بات کو تحقیق کرنے والا۔ دلیل سے ثابت کرنے والا۔ حکیم۔ فلاسفر۔ فیلسوف۔

محقق (ع۔ صف۔ مفعولی) تحقیق شدہ بات۔ کھودی کریدی بات۔

محک (ع۔ مو۔ آلہ) کسوٹی۔ سونے کا کس دیکھنے کا پتھر۔

محکِ زرِ ایمان (ع۔ مذ و مو) حجرِ اسود۔

محکِ زرِ یمن (ع۔ مذ و مو) کسوٹی۔ حجرِ اسود۔

محکم (ع۔ صف۔ مفعولی) پائدار۔ مضبوط۔ اٹل۔ برقرار۔ مستقل۔ مستحکم۔

محکمہ (ع۔ مذ ظرف) فیصلہ کرنے کی جگہ۔ انصاف کرنے کی جگہ۔ کچہری۔ عدالت۔ دربار۔ سررشتہ۔ ڈیپارٹمنٹ۔ صیغہ۔

محکوم (ع۔ صف۔ مفعولی) حکم کیا گیا۔ تابع۔ ماتحت۔ زیرِ فرمان۔ رعیت پرچا۔ نوکر چاکر۔

محکومیہ (ع۔ صف۔ بیائے نسبتی تانیث) حکم کیا گیا۔ فرمان کیا گیا۔

محل (ع۔ مذ ظرف) اُترنے کی جگہ۔ مکان گھر۔ جگہ۔ ٹھکانا۔ وقت اور جگہ۔ موقع۔ بادشاہوں یا امیروں کا مکان۔ محلسرا۔ ایوان۔ راج بھون۔ راج مندر۔ امرا و ملوک کے رہنے کا زنانہ مکان۔ زنانخانہ۔ حرم سرا۔ رانی۔ ملکہ۔ بیگم۔

محلِ خاص (ذکر۔ مو) تمام بیگمات میں افضل اور سردار۔ پٹ رانی۔ ملکہ۔ خاص محل۔ چاہینی رانی۔ بڑی بیگم۔

محل دار۔ یا۔ محلدار (عف۔ مذ۔ ترکیب فاعلی) محل کا چوکیدار۔ پاسبانِ محل۔ محافظ محل۔

محل دارنی (ذکر۔ امو) محل کی چوکیدارنی۔ محافظ محل عورت۔

محل سرا۔ یا۔ محلسرا (عف۔ موظرف) رنواس۔ محل۔ رانیوں کے رہنے کا مکان۔ دولت سرا۔ حرم سرائے سلطانی۔

محلِ نظر (ع۔ صفت) جائے تامل۔ مقامِ فکر۔ جائے اعتراض۔

محلات (ع۔ مذ ظرف) محلہ کی جمع۔

محلل (ع۔ صف) تحلیل کر ڈالنے والی چیز۔ گلا دینے والی شے۔ حل کر دینے والی چیز۔

محلول (ع۔ صف۔ مفعولی) حل کیا ہوا۔ حل کردہ شدہ۔ گھولا گیا۔

محلہ (ع۔ مذ ظرف) اُترنے کی جگہ۔ آدمیوں کا مقام۔ مسکن۔ مجازاً شہر کا کوئی حصہ۔ ٹولہ۔ گلی۔

محلہ دار (عف۔ مذ۔ ترکیب فاعلی) محلہ کا بڑا آدمی۔ چوہدری۔ میرِ محلہ۔

محلہ دیکھنا (اُر۔ محاورہ) محلہ کمانا۔ محلہ میں جا کر صفائی وغیرہ کرنا۔ جھاڑو بہارو کرنا۔

محلہ کمانا (اُر۔ محاورہ) بھنگیوں کی اصطلاح میں محلے میں جا کر صفائی کا کام سرانجام دینا۔

محلے میں آئی برات پڑوسن کو لگی گھبراہٹ (اُر۔ مثل) وہاں کہتے ہیں۔ جب کوئی غیر زیادہ خبر خوانی جتائے۔

محمد (ع۔ صف۔ مفعولی) بہت تعریف کیا گیا۔ نہایت سراہا گیا (بحالت اسم مذکر) حضرت رسول مقبول پیغمبر آخر الزمان صلے اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک۔ پیدائش ۵۷۰ء وفات ۶۳۳ء۔

محمدت (ع۔ مو) تعریف۔ ستائش۔ حمد۔ نعت۔ وصف۔

محمدی (ع۔ صفت۔ بیائے نسبتی) وہ شخص جو محمدؐ کی اُمت سے ہے۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا پیروکار۔

محمل (ع۔ مذ آلہ) کجاوہ۔ اونٹ کا ہودہ۔ لیلےٰ کی سواری۔

محمود (ع۔ صفت۔ مفعولی) سراہا گیا۔ تعریف کیا گیا۔ غزنی کے مشہور بادشاہ ناصر الدین ابن سبکتگین کا نام۔

محمود کے رہے سعود کے انڈے دے (اُر۔ مثل) آرام کسی سے پائے فائدہ کسی کو پہنچائے۔

محمودی (ع۔ مو۔ بیائے نسبتی) ایک قسم کی باریک ململ۔ عرب کا ایک چاندی کا سکہ جس کی قیمت ڈھائی آنے کے برابر ہے۔

محمول (ع۔ صف۔ مفعولی) لادا گیا۔ لدا ہوا۔ خیال کیا گیا۔ گمان کیا گیا۔ ظن کردہ شدہ۔ علم منطق میں وہ خبر جو مبتدا کے مقابل واقع ہو۔

محمولہ (ع۔صفت) لدا ہوا۔ بار شدہ۔
محن (ع۔امو) محنت کی جمع۔
محنت (ع۔امو) مزدوری کا کام کاج۔ روزینہ کام کی اجرت۔ کوشش سرگرمی۔ مشقت۔ ریاضت۔ رنج۔ دکھ۔ تکلیف۔
محنت اٹھانا (اُر۔محاورہ) تکلیف۔ جھیلنا۔ دکھ سہنا۔ کوشش کرنا۔ جان مارنا۔
محنت آرام کی کنجی ہے (اُر۔مقولہ) جو شخص محنت کرے گا۔ وہ آرام سے رہے گا۔
محنت اکارت جانا (اُر۔مصدر مرکب) کیا کرایا خراب ہو جانا۔ محنت رائگاں جانا۔
محنت ٹھکانے لگنا (اُر۔محاورہ) کوشش کا صلہ ملنا۔ کسی کوشش میں کامیاب ہونا۔
محنت شاقہ (ع۔اسم شاقہ) مشکل کام۔ سخت کام۔ کٹھن کام۔
محنت کرنا (اُر۔فعل) مزدوری کرنا۔ کام کرنا۔ کوشش کرنا۔ سعی کرنا۔ دشوار کام کرنا۔ کھیتی باڑی کرنا۔ ہل چلانا۔ کاشت کرنا۔
محنت مزدوری (اُر۔امو) کام کاج۔ کاروبار۔ محنت و مشقت۔
محنت نہ ملنا (اُر۔محاورہ) کام نہ ملنا۔ مزدوری نہ ملنا۔
محنت وصول ہونا (اُر۔محاورہ) محنت کا صلہ ملنا۔
محنتی (ع۔صفت۔بیائے فاعلیت) سختی برداشت کرنے والا۔ جفاکش کیرا۔ مزدور۔ قلی۔
محو (ع۔صفت) بھولا ہوا۔ گم۔ نقش مٹانا۔ حرفوں کو چھیل ڈالنا۔ مٹانا۔ فنا کرنا۔ ناپید کرنا۔ عاشق۔ شیدا۔ مفتون۔ فریفتہ۔
محو کر دینا (اُر۔محاورہ) مٹا دینا۔ گم کر دینا۔ گم سم کر دینا۔ حیران کر دینا۔ بُت بنا دینا۔ شیفتہ کر لینا۔ عاشق بنا لینا۔
محو ہو جانا (اُر۔محاورہ) مٹ جانا۔ جانا رہنا۔ اُڑ جانا۔ غائب ہو جانا۔ فنا ہو جانا۔ مر مٹنا۔ گم سم ہو جانا۔ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ مسخر ہونا۔ بُت بن جانا۔
محور (ع۔مذ) کیلی۔ دھرا۔ دُھری جس پر پیا گھومتا ہے۔
محور زمین (اعف۔مذ) زمین کا دھرا۔ قطبین کے بیچ کا خط جس پر زمین گھومتی ہے۔ جو اس کے مرکز سے گزرتا ہے۔
محوّل / محوّلہ (ع۔صفت) حوالے کیا گیا۔ سپرد کیا گیا۔
محوّلہ حاشیہ (اعف۔مذ) جس کا حوالہ حاشیہ پر دیا گیا ہو۔
محویت (ع۔امو) انہماک۔ اغراق۔ گم شدگی۔ نہایت مصروفیت۔
محیط (ع۔صفت) گھیرنے والا۔ ارادہ کرنے والا۔ (بحالت اسم مذکر) گھیرا۔ چکر۔ احاطہ۔ دائرے کا گرد۔ گول خط۔
محیط ہونا (اُر۔محاورہ) چھانا۔ غالب ہونا۔ حاوی ہونا۔ گھیرنا۔ احاطہ کرنا۔

م ـ خ

مخارج (ع۔مذ) مخرج کی جمع۔ نکلنے کی جگہ۔ حرف۔ نکاس۔
مخاصمت (ع۔امو) آپس کا بیر۔ باہمی دشمنی۔ لاگ۔ مخالفت۔
مخاطب (ع۔اسم مذ) خطاب کرنے والا۔ بات کہنے والا۔ سامنے گفتگو کرنے والا۔ خطا ہونے والا۔ عتاب کرنے والا۔
مخاطب ہونا (اُر۔محاورہ) متوجہ ہو کر بات کرنا۔ کسی خاص آدمی کو سامنے کر کے کلام کرنا۔ رجوع کرنا۔
مخاطب (ع۔اسم مذ۔مفعولی) خطاب کیا گیا۔ عتاب کیا گیا۔ جس پر غصہ کیا جاوے۔ جس سے بات کی جائے۔
مخاطبت (ع۔امو) کلام۔ بات۔ خطاب۔ ایک دوسرے کو مخاطب کرنا۔
مخاطبہ (ع۔اسم مذ) دیکھئے "مخاطبت"
مخاطرہ (ع۔اسم مذ) ڈر۔ خوف۔ اندیشہ۔ بھے۔ چٹکا۔ جو کھوں ذہن میں آجانے والی بات۔ دل میں گزرنے والی بات۔
مخافات (ع۔امو) (مخافت کی جمع)
مخافت (ع۔مو) ڈر بھے۔ اندیشہ۔ خطرہ۔ جائے خوف۔
مخالطت (ع۔مو) میل ملاپ۔ دوستی۔ میل جول۔ اتحاد۔ اختلاط۔
مخالف (ع۔مذ) دشمن۔ بیری۔ خلاف کرنے والا۔ اُلٹا۔ برخلاف۔ برعکس۔
مخالف ہونا (اُر۔محاورہ) پھرنا۔ برخلاف ہونا۔ باغی ہونا۔
مخالفت (ع۔امو) دشمنی۔ عداوت۔ بیر۔ ضد۔ برخلاف ہونا۔ برعکس چلنا۔ مخالفت کرنا۔ اعتراض کرنا۔ اختلاف کرنا۔
مخبر (ع۔اسم مذ) خبر دینے والا۔ جاسوس۔ دوت۔ خفیہ اطلاع بھیجنے والا۔
مخبر صادق (ع۔مذ) کنایۃً پیغمبر صلعم۔
مخبری (ع۔امو۔بیائے مصدری) جاسوسی۔ خبر رسانی۔ دوت پن۔
مخبوط (ع۔صفت۔مفعولی) خبطی۔ جنونی۔ بدحواس۔ مجنوں۔
مخبوط الحواس (ع۔صفت) جس کے ہوش و حواس مارے گئے ہوں۔ سڑی۔ پاگل۔ دیوانہ۔ باولا۔ سودائی۔ مجنوں۔
مختار (ع۔صفت۔مفعولی) پسند کیا گیا۔ چُنا گیا۔ چھانٹا گیا۔ بااختیار۔ مالک۔ آزاد۔ اختیار دیا گیا۔ (بصورت اسم مذکر) گماشتہ۔ ایجنٹ۔ وکیل۔ کارکن۔ متولی۔ سربراہ کار۔
مختار حق (ع۔مذ۔ترکیب فارسی) پیغمبر صلعم۔
مختار خاص (ع۔مذ۔ترکیب فارسی) وہ شخص جس کے سپرد کوئی خاص کام کیا گیا ہو۔
مختار عام (ع۔اسم مذ) وہ ایجنٹ جسے عام کاروبار کا اختیار دیا گیا ہو۔
مختار کار (عف۔اسم مذ) مہتمم۔ سپرنٹنڈنٹ۔ متولی۔ سربراہ کار۔
مختار کرنا (اُر۔فعل) اختیار دینا۔ اجازت دینا۔ مجاز کرنا۔
مختار کل یا مختار مطلق (ع۔اسم مذ) پورے اختیار والا۔ حاکم مطلق۔ مدار المہام۔
مختار نامہ (عف۔اسم مذ) وہ تحریر جس کے ذریعہ کسی کو اختیار دیا گیا۔ اختیار کی سند۔
مختار ہونا (اُر۔محاورہ) مجاز ہونا۔ گماشتہ ہونا۔ بااختیار ہونا۔ مالک ہونا۔

مختاری (ع۔مو۔بیائے مصدری) وکالت۔ سربراہی۔ وکیل کا پیشہ۔
مختاری کرنا (اُر محاورہ) مختار کا کام کرنا۔ انتظام کرنا۔
مخترع (ع۔صف) اختراع کرنے والا۔ موجد۔ نئی بات نکالنے والا۔ واضع۔
مخترعات (ع۔ا۔مو) نکالی ہوئی چیزیں۔ ایجاد شدہ چیزیں۔ مخترعہ کی جمع۔
مختصر (اُر صفت مفعولی) انتخاب خلاصہ۔ اختصار شدہ۔ طویل کی ضد۔ تھوڑا سا۔ کسی قدر۔ ذرا سا۔ کم۔
مختصراً (ع متعلق فعل) اختصار کے ساتھ۔
مختصر بات (ع۔مو) وہ بات جس میں طوالت نہ ہو۔
مختصر طور پر (اُر متعلق فعل) قصہ کوتاہ۔ بالاختصار۔
مختصر کرنا (اُر فعل) کم کرنا۔ چھوٹا کر دینا۔ گھٹا دینا۔ چھانٹنا۔
مختص (ع۔صف مفعولی) مخصوص۔ خاص کیا گیا۔
مختفی (ع۔صف) چھپا ہوا۔ خفیہ۔ پوشیدہ۔
مختل (ع۔صف مفعولی) بگڑا ہوا۔ خراب۔ درہم برہم۔ خلل دار۔
مختل الحواس (ع۔صف) وہ آدمی جس کے حواس میں خرابی واقع
مختل الحواس ہونا ہو گئی ہو۔ حواس باختہ۔ بے اوسان۔ بڑی عمر کا۔ سڑا۔ بہترا۔
مختلف (ع۔صف) بے میل۔ بے جوڑ۔ جدا۔ نیارا علیحدہ۔ ناموافق۔ اختلاف کرنے والا۔ قسم قسم کا۔ بھانت بھانت کا۔
مختلف الاضلاع (ع۔صف) جس کے اضلاع ایک جیسے نہ ہوں۔
مختلف الطبائع (ع۔صف) قسم قسم کی طبیعتوں کے۔
مختلف العقائد (ع۔صف) الگ الگ عقیدوں کے۔
مختوم (ع۔صف مفعولی) مہر لگایا ہوا۔ بند کیا ہوا۔ مقفل۔ لپیٹا ہوا۔ کپڑوں میں کیا ہوا۔ گل حکمت کیا ہوا۔
مختون (ع۔صف مفعولی) ختنہ کیا گیا۔ سنت کیا گیا۔ سنتیا۔
مخدّرہ (ع۔صف) پردہ نشین پردہ دار۔ پردے میں رہنے والی۔ نیند لانے والی۔ خواب آور۔ بے حس و حرکت کر دینے والی۔
مخدِّر (ع۔صف فاعلی) سُن کر دینے والا۔ خواب آور۔ نیند لانے والا۔
مخدرات (ع۔ا۔مو) پردہ نشین عورت۔ بے حس کر دینے والی دوائیاں۔ مخدّرہ کی جمع۔
مخدرات مقدسہ (ع۔ا۔مو) اسرار الٰہی۔
مخدوش (اُر صفت مفعولی) پُرخطر۔ وسوسہ کیا ہوا۔
مخدوم (ع۔ا۔صف مفعولی) خدمت کیا گیا۔ بزرگ۔ مربی۔ قابل تعظیم۔
مخدومہ (ع۔مو) مخدوم کی مؤنث۔
مخرب (ع۔صف فاعلی) خراب کرنے والا۔ ویران کرنے والا۔
مخرب (ع۔صف مفعولی) خراب شدہ۔ بگڑا ہوا۔
مخرج (ع۔مذ ظرف مکان) نکلنے کی جگہ۔ نکاس۔ اصل۔ جڑ۔ مادہ۔ روٹ۔ مصدر۔
مخروط (ع۔صف مفعولی) تراشا گیا۔ چھیلا گیا۔ گاجر کی شکل کا۔ گاؤدم شکل کا۔
مخروطی (ع۔صف۔بیائے نسبتی) گاؤدم۔ گاجر کی شکل کا۔
مخزن (ع۔مذ ظرف) جمع کرنے کی جگہ۔ گنج۔ ذخیرہ۔ گودام گھر۔ میگزین۔
مخزوم (ع صفت مفعولی) جس کی ناک چھدی ہوتی ہو۔ نتھو۔ ایک قبیلے کے جدِّ اعلیٰ کا نام۔
مخصوص (ع۔صفت مفعولی) خاص کیا گیا۔ مکرر کیا گیا۔ نامزد کر دیا گیا۔
مخصوص کرنا (اُر محاورہ) نامزد کرنا۔ خاص کرنا۔
مخطاط (ع۔مذ) وہ رُول یا مسطر جس سے لکیریں کھینچیں۔ تختی جس پر لکھیں یا تصویریں بنائیں۔
مخطط (ع۔صف مفعولی) خط کشیدہ۔ خط دار۔ لکیریں کھینچی ہوئی چیز۔ دھاریدار۔
مخطور (ع۔صف مفعولی) دل میں گزری ہوئی بات۔ جی میں آیا ہوا خیال۔ اندیشہ کیا گیا۔ خطرہ کیا گیا۔
مخفف (ع۔صف مفعولی) کم کیا گیا۔ گھٹایا گیا۔ تخفیف کیا گیا۔ اختصار کیا گیا۔
مخفی (ع۔صفت) چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ خفیہ۔ اورنگ زیب کی دختر شہزادی زیب النساء کا تخلص ہے۔ جو شعر و سخن کی بڑی شائق تھی۔
مخفی رکھنا یا کرنا (اُر محاورہ) چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔ ظاہر نہ کرنا۔ پردہ رکھنا۔
مخفی نہ رہے کہ (اُر فقرہ) معلوم ہو۔ واضح ہو۔ پوشیدہ نہ رہے۔
مخل (ع۔صف) خلل ڈالنے والا۔ فتور ڈالنے والا۔ فتنہ پرداز۔ مفسد خلل انداز۔
مخل ہونا (اُر محاورہ) رخنہ انداز ہونا۔ خلل انداز ہونا۔ فساد ڈالنا۔
مخلص (ع۔صف فاعلی) سچا۔ خالص۔ راست باز۔ صادق۔ باوفا۔ (اسم مذکر) سچا دوست۔ یار جانی۔ صادق دوست۔ پکا دوست۔
مخلص (ع۔صف مفعولی) رہا کیا گیا۔ پاک کیا گیا۔ خلاصہ کیا گیا۔ (بحالت اسم ظرف) جائے اخلاص۔ آزادی۔ خلاصی۔
مخلصی (ع۔مو۔بیائے مصدری) چھٹکارا۔ رہائی۔ آزادی۔ خلاصی۔ چھٹی۔ نجات۔
مخلوط (ع۔صف مفعولی) ملا جلا۔ گڈمڈ۔ باہم۔ آمیختہ شدہ۔
مخلوط النسل (ع۔ا۔مذ) دونسلا۔ دوغلا۔ جس کی نسل میں میل ہو گیا ہو۔
مخلوق (ع۔صف مفعولی) خلق کیا گیا۔ پیدا کیا گیا (بحالت اسم مؤنث) دُنیا۔ سنسار۔ ہستی۔ کائنات۔ جگ۔ جہان۔ خلقت۔
مخلوقات (ع۔مو) مخلوق کی جمع۔
مخلّی (ع۔صف مفعولی) خالی کیا گیا۔ رہا کیا گیا۔ آزاد کیا گیا۔ چھوڑا گیا۔
مخلّی بالطبع (ع۔صف) آپس میں بے تکلف۔ طبیعت پر چھوڑا گیا۔
مخمّر (ع۔صف مفعولی) خمیر کیا گیا۔
مخمّس (ع۔صف مفعولی) پنجگونہ (بحالت اسم مذکر) پانچ ضلعوں کی شکل۔ ایک قسم کی نظم جس میں پانچ پانچ مصرعوں کا ایک ایک بند ہوتا ہے۔
مخمّسات (ع۔ا۔مذ) مخمّس کی جمع۔

مخمسہ (ع۔ مذ) ماں بہن یا دادے کے متعلق تقسیم جائیداد کا ایک مسئلہ جس پر پانچ صحابہ حضرت علیؓ، حضرت عثمانؓ، حضرت ابن مسعودؓ، زیدؓ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم میں اختلاف تھا۔

مخمصہ (ع۔ا۔ مذ) **مخمصے میں پڑنا** (اُر۔فعل) بکھیڑے میں پڑنا۔ مشکل اور دقت میں پھنسنا **مخمصے میں ہونا** (اُر۔مصدر مرکب) جھگڑے میں مبتلا ہونا۔

مخمل (ع۔ا۔مو) ایک قسم کا ملائم اور نرم روئیں دار کپڑا۔ ایک سُرخ رنگ اور ملائم پھول کا نام۔

مخمور (ع۔صف مفعولی) نشہ میں چُور۔ بدمست۔ مدہوش۔ متوالا۔

مخنث (ع۔صف مفعولی) خصّہ بنا ہوا۔ ہیجڑا۔ زنخہ۔ زنانڑا نامرد۔ **مخنث کرنا** (اُر۔محاورہ) ہیجڑا بنانا۔ خصے نکال دینا۔ **مخنث ہونا** (اُر۔محاورہ) ہیجڑا ہونا۔ نامرد ہونا۔ زنخا بننا۔

مخول (اُر۔مذ و مو) چھیڑ خانی۔ ٹھٹھا مذاق۔ **مخول کرنا** (اُر۔محاورہ) چھیڑ خانی کرنا۔ ٹھٹھا کرنا۔ مذاق کرنا۔ کھیلی اڑانا۔ **مخولیا** (اُر۔مذ۔ فاعلی) ٹھٹھول۔ مسخرا۔ ہنسی باز۔ ٹھٹھے باز۔

مخیّر (ع۔صف فاعلی) بہت خیرات کرنے والا۔ سخی۔ دانار۔ فیاض۔ نیک۔

مخیّلہ (ع۔ا۔مذ) قوت خیالی۔ خیال کرنے کی قوت۔

مخیّم / **مخیّمہ** (ع۔ا۔مذ ظرف) خیمہ کھڑے کرنے کی جگہ۔ خیمہ گاہ۔ کیمپ۔ پڑاؤ۔ قیام کرنے کی جگہ۔

م - د

مَدّ (ع۔ا۔مو) درازی۔ پھیلاؤ۔ کھنچاؤ۔ کشش۔ جذب کی ضد۔ جوار باٹا کی ضد۔ لمباحظ جو عرضی یا حساب میں کھینچ کر اس کے نیچے سے مضمون یا حساب شروع کرتے ہیں۔ سررشتہ۔ محکمہ۔ دفتر۔ صیغہ۔ الف ممدودہ کو کھینچ کر پڑھنے کی نشانی۔ جیسے (آ) سرنامہ۔ عنوان پیشانی۔ ہیڈنگ۔ باب۔ فصل۔ رقم۔

مَدّ (ہ۔صفت) بدبُودار۔ جس میں تیل یا چربی کی بُو ہو۔

مُدّ (ع۔ا۔مذ) خشک چیزوں کا ایک پیمانہ۔ جو وزن میں دو رطل کے برابر ہوتا ہے۔

مُدّ (س۔ا۔مو) بیوی۔ خوشی۔ فرحت۔ انبساط۔ نشہ۔ خمار۔ مستی۔

مَدِّ امانت (ع۔ا۔مو) امانت کا حساب۔ امانت کی رقم۔

مَدِّ مقابل (ع۔ا۔مذ) فریق مقابل۔ مخالف۔ حریف۔ دعویدار۔ دُشمن۔ برابر۔ کا جوڑ۔ ہمسر۔ ہم پایہ۔ برابر کی چوٹ۔ رقیب۔ عدو۔

مَدِّ نظر (ع۔ا۔مذ) فریق مقابل۔ مخالف۔ حریف۔ قصد۔ ارادہ۔ مقصود۔ منظورِ نظر۔ منظور۔

مَد (س۔ا۔مو) شراب۔ مدرا۔ دارُو۔ بادہ۔ متوالاپن۔ نشہ۔ مستی۔ مدہوشی۔ بدمستی۔ خوشی۔ فرحت۔ مسرت۔ آنند۔ جنون۔ دیوانگی۔ سودا۔ غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ۔ ندی۔ نالہ۔ دریا۔ نہر نالہ۔ دریا۔ بحر۔ شہوت۔ ولولہ۔ شوق۔ جوش۔ منی۔ نطفہ۔ شہد۔ عسل۔ ست۔ اَلس۔ عرق۔ عطر۔

مَدبھرا (ہ۔صفت) مست۔ نشیلا۔ **مَدبھرے نین** (ہ۔ا۔مو) مست آنکھیں۔ نشیلی آنکھیں۔

مَد پر آنا (ہ۔محاورہ) جوبن پر آنا۔ بلوغت کو پہنچنا۔ جوان ہونا۔ مستی پر آنا۔ آلنگ پر آنا۔

مد کھینچنا (اُر۔محاورہ) خط کھینچنا۔

مَدماتا (ہ۔ صفت مفعولی) نشہ میں چُور۔ مخمور۔ متوالا۔ بدمست۔ جوبن پر آیا ہوا۔

مَدکی ماتا۔ یا۔ مَدماتی (ع۔ا۔صفت۔مو) مستی پر آئی ہوئی۔ پُرشہوت۔ متوالی۔ مست۔ پُرشوق۔ عاشق۔ کمال۔ خواہشمند مغرور۔ متکبر۔

مدّاح (ع۔صفت مبالغہ) بہت مداح کرنے والا۔ ثنا خواں خوشامدی۔ بھاٹ۔ اُستتی گانے والا۔ جمع مدّاحین

مدّاحی (ع۔ا۔مو۔ بیائے مصدری) تعریف کرنا۔ ثنا خوانی۔ مدح سرائی۔

مداخِل (ع۔ا۔مو) مدخل کی جمع۔ مخارج کی ضد۔ مقامات آمد۔ آمدنی کی جگہیں۔ آمدنی۔ محصول۔ خراج۔ مخمل وغیرہ پر کیا ہوا طلائی کام۔

مداخِل مخارج (ع۔ا۔مو) آمد و خرچ۔ درآمد و برآمد۔

مُداخلت (ع۔ا۔مو) دست اندازی۔ دخل۔ مزاحمت۔ قابو۔ قبضہ تصرف **مداخلت بلامرضی** (ع۔ا۔مو) بلااجازت۔ کسی کے مکان میں دخل دینا۔

مداخلت بیجا (عف۔ا۔مو) دخل بیجا۔ خلاف قانون۔ دست اندازی۔ ناواجب۔ دخل۔

مداخلت صریح (ع۔ا۔مو) کھلم کھلا۔ دخل۔ بیجا۔ زبردستی۔ کسی کے مکان میں گھس جانا۔

مداخلت کرنا (اُر۔محاورہ) درک دینا۔ دست اندازی کرنا۔ بیچ میں بولنا۔ دخل دینا۔

مِدَاد (ع۔ا۔مو) دوات کی سیاہی۔ روشنائی۔ فارسی والے پنسل کو کہتے ہیں۔

مِدَاد پاک کن (ف۔مذ) ربڑ۔ پنسل۔ کے حروف مٹانے کا آلہ۔

مدار (ہ۔ا۔مذ) آک کا درخت۔ آک جس کے پتوں سے دودھ اور ڈوڈوں سے روئی جیسا رواں نکلتا ہے۔

مدار کا ٹڈا (اُر۔مذ) آک پر بیٹھنے والا سبز رنگ کا کیڑا۔ جس کے پَر سُرخ ہوتے ہیں۔

مدار کی بڑھیا (ہ۔ا۔مو) آک کی روئی جو اس کے ڈوڈوں میں سے نکلتی ہے۔

مدار (ع۔ مذ ظرف) دُورہ کرنے کی جگہ۔ جائے گردش۔ چول۔ دُھری۔ کیل۔ محور کیا گیا۔ جس پر کوئی بات موقوف ہو۔ انحصار۔ حلقہ۔

دائرہ ۔ دور ۔ چکر ۔ قیام ۔ ٹھہراؤ ۔ اٹکاؤ ۔ قرار کی جگہ ۔ قرار ۔

مدار المہام (ع ۔ مذ) وہ آدمی جو سلطنت کے تمام کاروبار کا ذمہ دار ہو ۔ وزیر اعظم ۔ حاکم ۔ عامل ۔ نائب السلطنت ۔ وائسرائے ۔ مختار سلطنت ۔

مدار کار (عف ۔ مذ) کام کا انحصار ۔ جس بات پر کوئی کام موقوف ہو ۔

مدار کا چاند (اُر ۔ مذ) عورتوں کی زبان میں جمادی الاول کا مہینہ ۔

مدار کی آنکھیاں (اُر ۔ امو) سونے چاندی کی آنکھوں کی تشبیہ جو عورتیں منت پوری ہونے پر شاہ مدار کے مزار پر چڑھاتی ہیں ۔

مُدارا ۔ مُدارات (ع ۔ امو) ظاہری آؤ بھگت ۔ خاطر تواضع ۔ ظاہری خاطر داری ۔ صلح ۔ رعایت ۔

مُدارج (ع ۔ مذ ظرف) مدرج کی جمع ۔ درجے ۔ مرتبے ۔ عہدے ۔ منصب ۔

مدارس (ع ۔ امذ ظرف) (مدرسہ کی جمع) بہت سے مکتب ۔

مداری (اُر ۔ امذ) ہاتھ چالاکی کرنیوالا ۔ چالاکیوں سے کھیل ۔ اور کرتب دکھانے والا ۔ شعبدہ باز ۔ مکار ۔ فریبی ۔ بازیگر ۔ تعزیہ بند ۔

مداریاں (اُر ۔ مذ ۔ بیائے نسبتی) شاہ مدار ۔ صاحب سے نسبت والا فقیروں کا گروہ ۔ شاہ مدار صاحب کے پیرو اور مقلد ۔ فقیروں کا چھوٹا سا جھنڈا اور سر منڈی ۔

مدافع (ع ۔ صف مفعولی) جو روکا جائے ۔ جس کی مخالفت کی جائے ۔

مدافع (ع ۔ صف فاعلی) دفع کرنے والا ۔ ہٹانے والا ۔

مدافعت (ع ۔ امو) دور کرنا ۔ دفع کرنا ۔ تردید کرنا ۔ شکست ۔ روک ہزیمت ۔

مُدام (ع ۔ تابع فعل) نت ۔ ہمیشہ ۔ سدا ۔ برابر ۔ بلاناغہ ۔ دارُو ۔ شراب ۔ مے ۔

مُداوا } (ع ۔ امذ) علاج معالجہ ۔ دوا ۔ درمن ۔ چارہ تدبیر
مداوات } علاج ۔ جتن ۔

مداومت (ع ۔ مو) ہمیشگی ۔ دوام ۔ استمرار ۔ قیام ۔ ثبات ۔

مُدبّر (ع ۔ صف فاعلی) وہ آدمی جس کو قسمت نے پیٹھ دکھا دی ہو ۔ بد قسمت ۔ بے نصیب ۔ نر بھاگ ۔

مدبّر (ع ۔ صف فاعلی) تدبیر کرنے والا ۔ صاحب صلاح ۔ مشیر ۔ صلاح کار ۔ دانشمند ۔ عاقل ۔

مُدبّران سلطنت (ع ۔ امذ) ارا کین سلطنت ۔ مدار المہام ۔ حکومت کو مشورہ دینے والے ۔ امیر ۔ وزیر ۔

مدت (ع ۔ امو) ظرف زمان ۔ دہر ۔ عرصہ ۔ مہلت ۔ میعاد ۔ زمانہ ۔ وقت ۔ وقفہ ۔ ڈھیل ۔ جگ ۔ عرصہ دراز ۔ قرن ۔ صدی ۔ وغیرہ ۔

مدت العمر (ع تابع فعل) ساری عمر ۔ عمر بھر ۔ تمام عمر ۔ زندگی بھر ۔

مدت عدت (ع ۔ امو) طلاق کے بعد کی مدت جس میں عورت کو نکاح کرنے کی اجازت نہیں ۔

مدت کا (اُر تابع فعل) برسوں کا ۔ صدیوں کا ۔ پرانا ۔ عرصہ دراز کا ۔

مدت گزرنا (اُر ۔ محاورہ) زمانہ گزرنا ۔ میعاد گزرنا ۔

مدت مدید (ع ۔ امو) بہت لمبی ۔ مدت ۔ عرصہ دراز ۔

مُدت ہوئی (اُر ۔ محاورہ) جُگ بیت گئے ۔ بہت عرصہ گزر گیا ۔ دہر ہوئی ۔ زمانہ ہوا ۔

مداح (ع ۔ مو) تعریف ۔ توصیف ۔ ثنا ۔ اُستتی ۔ شاعر کی وہ نظم جس میں کسی کی تعریف و توصیف ہو ۔ خوشامد ۔

مداح خواں } (عف ۔ مذ ۔ بترکیب فاعلی) تعریفیہ شعر پڑھنے والا
مدح سرا } تعریف کرنے والا ۔ ڈوم ۔ بھاٹ ۔

مدح خوانی } (عف ۔ مو ۔ بیائے مصدری) تعریف گوئی ۔
مدح سرائی } ثنا خوانی ۔ وصف بیان کرنا ۔

مدح کرنا (اُر ۔ مصدر مرکب) تعریف کرنا ۔

مدحت (ع ۔ مو) تعریف ۔ توصیف ۔ ستائش ۔ ثنا ۔

مدحت سرا / طراز (عف ۔ صفت) تعریف کرنے والا ۔ گن گانے والا ۔

مُدخل (ع ۔ امو) داخل ہونے کی جگہ ۔ دخل کی جگہ ۔ آمدنی ۔ معاملہ ۔ لگان ۔ درآمد ۔

مُدخن / مُدخنہ (ع ۔ مذ و مو) وہ جگہ جہاں سے دھواں نکل رہا ہو ۔ چمنی ۔ دُودکش ۔

مدخولہ (ع ۔ امو) وہ عورت جسے گھر میں ڈال لیا ہو ۔ آشنا عورت ۔ حرم ۔

مَدَد (ع ۔ مو) حمایت ۔ کمک ۔ سہارا ۔ امداد ۔ سہایتا ۔ خوراک ۔ رسد ۔ راتبہ ۔ راج مزدو ۔ کار تعمیر ۔

مدد اللہ (ع ۔ مو) جاہل فقیر سلام علیک کے جواب یعنی وعلیکم السلام کی جگہ بولتے ہیں ۔ اور السلام علیکم کی جگہ عشق اللہ کہا کرتے ہیں ۔

مدد بانٹنا (اُر ۔ محاورہ) راج مزدوروں کی اُجرت تقسیم کرنا ۔ مزدوری بانٹنا ۔ روز دینا ۔

مدد پہنچانا (اُر ۔ محاورہ) رسد پہنچانا ۔

مدد خرچ (عف ۔ امو) خرچ میں مدد دینا ۔ کچھ بطور امداد دینا ۔ پیشگی روپیہ دینا ۔

مددگار (عف ۔ مذ ۔ فاعل ترکیبی) مدد کرنے والا ۔ سہارا دینے والا ۔ معاون ۔ سہائک ۔

مدد دیگانا (اُر ۔ محاورہ) مزدوروں اور معماروں کو تعمیر کے کام پر مقرر کرنا ۔

مدد مانگنا (اُر ۔ محاورہ) امداد چاہنا ۔ کمک ۔ طلب کرنا ۔

مدد محرر (ع ۔ مذ) اسسٹنٹ کلرک ۔ نائب محرر ۔

مدد معاش (ع ۔ امو) پنشن ۔ سالانہ یا ماہواری وظیفہ ۔ کھانے پینے کا سہارا ۔ عالموں یا اولیاؤں کے لئے وقف شدہ جاگیر ۔

مدر (س ۔ امذ) ایک پودا جو دوائیوں میں کام آتا ہے ۔

مُدِرّ (ع ۔ صف فاعلی) پیشاب لانے والی دوا ۔ پیشاب جاری کرنے والی چیز ۔

مُدرا (ہ ۔ امو) مُندری ۔ چھلا ۔ مہر والی ۔ انگوٹھی ۔ جوگیوں کے کانوں کا کنڈل ۔

مُدرات (ع ۔ امو) پیشاب جاری کرنے والی دوائیں ۔ مُدِر کی دوائیں ۔

مُدَرِّس (ع ۔ مذ فاعل) درس دینے والا۔ پڑھانے والا۔ مولوی۔ ادیب ۔ اتالیق ۔ اُستاد ۔ ٹیچر ۔

مَدرَسہ (ع ۔ا۔ مذ ظرف) پڑھانے کی جگہ ۔ مکتب ۔ پاٹ شالا۔ لڑکے پڑھانے کا پیشہ ۔

مَدرَسہ چھوڑنا (اُر۔ محاورہ) تعلیم ترک کر دینا۔ سکول جانا ۔ بند کر دینا۔

مُدَرِّسی (ع ۔ا۔مو ۔ بیائے مصدری) پڑھانے کا فیصلہ ۔ لڑکے پڑھانے کا کام ۔ ٹیچری ۔

مُدرِک (ع ۔صف ۔فاعل) مطلب کو سمجھ جانے والا ۔ بات کی تہ کو پاجانے والا ۔ ذہین ۔ بدھ وان ۔ ذکی ۔

مُدرِکہ (ع ۔ مو) حقیقت اشیاء معلوم کرنے کی قوت ۔ ذہین ذکاوت ۔ دماغی ۔ قوت ۔ فہم کی طاقت ۔

مَدرَیا (اُر۔مذ) مٹی کا حُقّہ

مُدّعا (ع ۔مذ) مراد ۔ مطلب ۔ غرض ۔ مراد ارادہ ۔ منشا ۔ خواہش ۔ مرضی ۔ ارتھ ۔ مال مسروقہ ۔ چوری کا مال ۔ ملکیت ۔

مُدّعا بہا (ع ۔ا۔ مذ) قانون ۔ وہ چیز جس پر دعوے دائر کیا جائے ۔

مُدّعا بر آنا (اُر۔ محاورہ) مطلب پورا ہونا ۔

مُدّعا پکڑنا (اُر۔محاورہ) چوری پکڑنا ۔ چوری نکالنا ۔ چوری کا مال تلاش کر لینا ۔

مُدّعا حاصل ہونا (اُر۔محاورہ) مراد پوری ہونا ۔ مقصود کو پہنچنا ۔ مطلب برآری ہونا ۔

مُدّعا علیہ (ع ۔مذ) وہ شخص جس پر دعویٰ کیا گیا ہو ۔ فریق مخالف ۔ مقدمہ کا فریق ثانی ۔

مُدّعا علیہ گردانا (اُر۔محاورہ) مجرم ٹھہرانا ۔ ملزم بتانا ۔ الزام دھرنا ۔ مجرم قرار دینا ۔

مُدّعی (ع ۔ مذ فاعل) نالش کرنے والا ۔ دعوے کرنے والا ۔ دعویدار نالشی ۔ سائل ۔ مستغیث ۔ رقیب ۔ حریف ۔ غیر ۔

مُدّعی سُست گواہ چُست (اُر۔مثل) غرض مند سُستی کرے اور ساتھ والے تیار اور مستعد ہوں ۔ اس موقع پر یہ مثل بولا کرتے ہیں ۔

مُدّعی مدعا علیہ ناؤں میں شاید تیرتے جائیں (اُر۔مثل) اپنے حماقتی اور مدد دینے والوں کی بے قدری کے موقع پر بولتے ہیں ۔

مُدّعی مُدّعا علیہ (ع ۔مذ) مقدمہ کے دونوں فریق ۔ فریقین ۔

مُدّعی ہونا (اُر۔محاورہ) دعویدار ہونا ۔ نالشی ہونا ۔ مستغیث ہونا ۔

مُدّعیہ (ع ۔ا۔مو) دعویدار عورت ۔ نالشی عورت ۔

مُدغَم (ع ۔ا۔مذ۔مفعولی) ادغام کئے گئے ۔ دو ہم جنس یا قریب المخرج حروف باہم ملا کر پڑھے گئے ۔

مَدفَن (ع ۔مذ ظرف) دفن ہونے کی جگہ ۔ قبر ۔ مقبرہ ۔ گور ۔ گڑھا ۔

مَدفون (ع ۔صف مفعولی) دفنایا ہوا ۔ گاڑا ہوا ۔ پوشیدہ ۔ پنہاں ۔ چھپا ہوا ۔

مَدقوق (ع ۔صف مفعولی) تپدق کا بیمار ۔ وہ شخص جسے دق ہو گئی ہو ۔

مَدک (ہ ۔ا۔مو) پان اور افیون سے مرکب ایک نشے کا نام ہے ۔ جسے تمباکو کی طرح چلم میں بھر کر اُڑاتے ہیں ۔

مَدک باز (اُر۔مذ) مدک کا نشہ کرنے والا ۔ مدک کا عادی ۔

مَدکی (ہ ۔ا۔مذ ۔ بیائے فاعلیت) مدک باز ۔ مدک پینے والا ۔

مُدگ (س ۔ا۔مذ) ایک قسم کی دال ۔ مونگ ۔ دھکنا ۔ چینی ۔ سرپوش ۔ ایک بحری پرندہ ۔ مچھوڑا ۔ موصل ۔ گرز ۔ ایک مچھلی ۔ ایک ناگ ۔

مُدّل (س ۔ا۔مذ) سرمایہ ۔ پونجی ۔ اصل زر ۔ اصل سرمایہ ۔ ذخیرہ ۔

مُدلّل (ع ۔صف مفعولی) دلیل سے ثابت کیا ہوا ۔ ٹھیک ۔ درست ۔ معقول ۔ کا ۔

مُدمَغ (ع ۔صف مفعولی) مغرور ۔ گھمنڈی ۔ متکبر ۔ دماغدار ۔

مَدن بان (ہ ۔ا۔مذ) پیلے کی قسم کے ایک پھول کا نام ہے ۔ کام دیو کا بان ۔

مَدّو } (ہ ۔ا۔مذ) کوہان ۔ کبھ ۔ اُونٹ یا سانڈ کی پیٹھ کا اُبھرا ہوا **مَدّو** } حصہ ۔ گھوڑے کی پیٹھ کی اُبھری مینڈ کی یعنی پشت اسپ کا زخم ۔

مَدّو پکنا ۔ یا ۔ آنا (ہ ۔محاورہ) گھوڑے کے کندھے پر اُوپر کی طرف زخم ہو جانا ۔

مُدوّر (ع ۔صف مفعولی) گول ۔ حلقہ دار ۔ دائرہ کی شکل کا ۔

مَدّو کڑی یا مدھو کڑی (ہ ۔ا۔مو) روٹی ۔ ٹکی ۔ نان ۔

مَدھ (س تابع فعل) بیچ ۔ درمیان ۔ وسط ۔ (بحالت اسم مؤنث) شراب ۔ مدرا ۔ دارو ئے ۔

مَدھ پر آنا (اُر۔محاورہ) جوان ہونا ۔ پھل پکنے کو تیار ہونا ۔

مُدھر (س ۔صفت) مزیدار ۔ شیریں ۔ سُریلا ۔ پیارا ۔ دلپسند ۔ معشوقانہ رفتار ۔ خرامش ناز ۔ نرم ۔ ملائم ۔ دھیما ۔

مُدھر بانی (ہ ۔ا۔مو) میٹھا بول ۔ شیریں کلامی ۔

مَدھر بولنا (ہ ۔محاورہ) میٹھا بولنا ۔ شیریں کلامی سے پیش آنا ۔

مَدھرا (ہ ۔صف) درمیانے قد کا ۔ درمیانی ۔ بیچ کی راس کا ۔ نہ اونچا نہ چھوٹا ۔

مَدھری (ہ ۔صفت ۔مو) متوسط قد کی میٹھی ۔ رسیلی ۔ مرغوب ۔ سُہانی ۔

مَدھم (ہ ۔صفت) آہستہ ۔ دھیما ۔ اچھا نہ بُرا ۔ درمیانہ ۔ متوسط ۔ خفیف ۔ ہلکا ۔ کم ۔ نیچا ۔ ماند ۔ پھیکا ۔ بے آب ۔ سُست ۔ کاہل ۔ مندا ۔ گھرا ہوا ۔ گھٹا ہوا ۔

مَدھم بیچنا (اُر۔محاورہ) سستا کر دینا ۔ ارزاں کر دینا ۔ قیمت سے گرا کر فروخت کرنا ۔

مَدھم ٹھاٹھ (ہ ۔ا۔مذ) ستار کا وہ ٹھاٹھ جو مدھم سُر پر قائم کیا جائے ۔

مَدھم سُر (ہ ۔ا۔مذ) نیچا سُر ۔ دھیما سُر ۔ راگ کا چھوٹا سُر ۔

مَدھم کرنا (ہ ۔فعل) گھٹانا ۔ کم کرنا ۔ آہستہ کرنا ۔ دھیما کرنا ۔ بے آب اور پھیکا کرنا ۔

مدھو (س ۔ا۔مذ) شہد ۔ عسل ۔ شراب ۔ دارو ۔ مینت ۔ رُت ۔ موسم بہار ۔ پانی ۔ جل ۔ آب ۔ دودھ ۔ شیر ۔ میٹھا ۔ شیریں ۔ مٹھاس

مٹوے کا درخت۔ ایک راکشش کا نام جسے سری کرشن جی نے ہلاک کیا تھا۔

مدھو بن (ہ۔ا۔مذ) مدھورا جمن کے رہنے کی جگہ۔ ایک بن جو متھرا شہر کے قریب ہندوستان میں ہے۔

مدھو پوری (ہ۔ا۔مو) متھرا۔ مدھو راکشش کا شہر۔ کرشن جی کی جائے پیدائش۔

مدھو مکھی (ہ۔ا۔مو) شہد کی مکھی۔ مگس نحل۔

مدہوش (ع۔ صف مفعولی) از دہشت۔ دہشت زدہ۔ خوفزدہ۔ حیران۔ پریشان۔ ہکا بکا (مجازاً) بدمست۔ بیہوش۔ متوالا۔ بے سدھ۔ ٹھنوکر۔ فارسی اردو دولے بواؤ مجہول بولتے ہیں۔

مدہوشی (اُر۔ا۔مو۔ بیائے مصدری) متوالا پن۔ بیہوشی۔ بدمستی۔

مدیح (ع۔ا۔مو) تعریف۔ توصیف۔ ثنا۔ ستائش۔

مدیحہ (ع۔ا۔مو) ایک تعریف۔

مدے (اُر۔مذ) بابت۔ درہارہ۔ حساب میں۔

مدید (ع۔ صف) لمبا۔ دراز۔ طویل۔

مدیر (ع۔ صف فاعلی) ادارہ کنندہ۔ انتظام کرنے والا۔ مہتمم۔ اخبار یا رسالے کا ایڈیٹر۔

مدینہ (ع۔ا۔مذ) نگری۔ نگر۔ شہر۔ بلدہ۔ عرب کے ایک نہایت مشہور شہر کا نام جہاں حضرت محمد پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا روضہ مبارک ہے

مدیون (ع۔ا۔مذ یفعولی) مقروض۔ قرضدار۔ دیندار۔

م - ڈ

مڈاسا (ا۔مذ) پگڑی۔ دستار۔ دوپٹہ۔ صافہ۔ سر کا پھیٹا۔

مڈل (انگ۔ا۔مذ۔ Middle) درمیانہ درجہ۔ وسط۔ بیچ کا درجہ۔ بیچ۔ درمیان۔

مڈلچی (اُر۔ صف) حقارتاً اس شخص کو کہتے ہیں۔ جس نے صرف مڈل پاس کیا ہو۔ مڈل پاس۔

مڈل سکول (انگ۔مذ۔ Middle School) اوسط درجے کی تعلیم کا مدرسہ۔ میٹرک سے نچلے درجے کی تعلیم کا سکول۔ آٹھویں جماعت تک کا سکول۔ مدرسہ وسطی۔

مڈوائف (انگ۔ا۔مو۔ Mid Wife) داۓ۔ جنانی۔ قابلہ۔

مڈھ (ہ۔ صفت) بوڑھا۔ کہن سال۔ معمر۔ (بحالت اسم مؤنث) کسی چیز کا نچلا حصہ۔ جڑ۔ بنیاد۔

مڈھا (ہ۔مذ) کنکوے کا سرا۔ پتنگ کا سرا۔ (پنجاب) سوت کی لکڑی جو نلکے پر بنتی ہے۔

مڈھ بھیڑ (ہ۔مو) اتفاقیہ ملاقات۔ جو راہ چلتے ہوئے جائے۔ (دیکھو مٹ بھیڑ)

م - ذ

مذاق (ع۔ مذ) چکھنے کی جگہ۔ چکھنا۔ قوت ذائقہ۔ مزہ۔ سواد۔ چسکا۔ لذت۔ آپس کی چہل۔ باہمی اختلاط۔ ہنسی۔ ٹھٹھا۔ دل لگی ظرافت تمسخر۔ لطف۔ سلیقہ۔ میلان۔ رغبت۔ رجحان۔

مذاق اڑانا (اُر۔ محاورہ) ہنسی کرنا۔ تمسخر کرنا۔

مذاق سخن (اضف۔ صفت) شعروشاعری کا سلیقہ۔

مذاق سے (اُر۔ تابع فعل) ہنسی سے۔ ظرافتاً۔ دل لگی سے۔ ٹھٹھے سے۔

مذاق کا آدمی (اُر۔ا۔مذ) زندہ دل۔ دل لگی کا آدمی۔ ظریف۔ خوش طبع۔

مذاقیہ (اُر۔ تابع فعل) ہنسی کے طور پر۔ ہنسی سے۔ ٹھٹھے سے۔

مذبح (ع۔ا۔مذ) ذبح کرنے کی جگہ۔

مذبذب (ع۔ صف مفعولی) دودلی والا۔ غیر مستقل مزاج۔ ایک حال اور ایک جگہ پر قرار نہ پکڑنے والا۔ غیر مصمم ارادے والا۔ ڈھکڑ پکڑ کرنے والا۔

مذبوح (ع۔ صف مفعولی) ذبح کیا ہوا۔ کاٹا ہوا۔ مقتول۔ قتل کیا ہوا۔

مذکر (ع۔ صف۔ معفولی) نر۔ مرد۔ مؤنث کی ضد۔

مذکور (ع۔ صف مفعولی) ذکر کیا گیا۔ بات چیت۔ گفتگو۔ ہمکلامی۔ چرچا۔ شہرہ۔ شہرت۔ افواہ۔

مذکور آنا (اُر۔ محاورہ) ذکر ہونا۔

مذکور نکالنا (اُر۔ محاورہ) ذکر چھیڑنا۔

مذکورہ (ع۔ صفت) ذکر کیا گیا۔

مذکورہ بالا } (ع۔ تابع فعل) وہ شخص یا بات جس کا اُوپر کی
مذکورۃ الصدر } عبارت میں ذکر آچکا ہو۔ اُوپر ذکر کیا گیا۔ جس کا اُوپر ذکر آچکا ہو۔

مذکوری (اُر۔ا۔مذ) زر لگان وصول کرنے والا۔ بلا تنخواہ چپڑاسی یا سپاہی۔

مذلت (ع۔ا۔مو) رسوائی۔ بدنامی۔ خواری۔ سبکی۔ ذلت۔ اہانت خفت۔

مذمت (ع۔ا۔مو) برائی۔ بدی۔ نندیا ہجو۔

مذموم (ع۔ صف مفعولی) برا کیا گیا۔ نندا کیا گیا۔ ہجو کیا گیا۔ برا۔ خراب۔

مذمومہ (ع۔ا۔مو) بری۔ خراب۔ زشت۔ بد۔ نندا کی گئی۔

مذنب (ع۔ صف) مجرم۔ گناہگار۔ قصوروار۔ خطاوار۔

مذنبین (ع۔ مذ) مذنب کی جمع۔ عاصی۔ خطاکار۔

مذہب (ع۔ مذ ظرف) چلنے کی جگہ۔ راہ۔ طریقہ۔ پنتھ۔ دین۔ دھرم۔ مت۔ کیش۔ مشرب۔

مذہب بدلنا (اُر۔ محاورہ) دوسرا مذہب اختیار کرنا۔ دوسرے پنتھ میں آنا۔

مذہب پھیلانا (اُر۔ محاورہ) دین کی اشاعت کرنا۔ دین کو ترقی دینا۔

مذہب میں ملانا (اُر۔ محاورہ) دین میں شامل کرنا۔

مذہبی۔ یا۔ مذبی (ع ۔امذ) بھنگی سکھ۔ چوہڑا سنگھ۔ وہ سکھ جو چوہڑے سے سکھ ہو گیا ہو۔

مذہبی (ع۔ صفت۔ بیائے نسبتی) منسوب بہ مذہب۔ مذہب کا۔ مذہب کے متعلق۔

م ـ ر

مرآت (ع ۔ا۔ مذ آلہ) آئینہ۔ آرسی۔ مُنہ دیکھنے کا شیشہ۔

مراتب (ع۔ مذ ظرف) مرتبہ کی جمع۔ رُتبہ کی جگہیں۔ درجے۔ رُتبے۔

مراتب تمہیدی (ع ۔ا۔ مذ) ابتدائی امور۔ ابتدائی باتیں۔

مراتب طے کرنا (اُر۔ محاورہ) پوچھنے کے قابل باتوں کا فیصلہ کرنا۔ دریافت۔ طلب باتوں کو طے کرنا۔ درجہ کو پہنچ جانا۔

مُراجعت (ع ۔امو) لوٹنا۔ واپسی۔ رجوع۔

مُراجعت کرنا (اُر۔ محاورہ) لوٹنا۔ واپس آنا۔ اُلٹا پھرنا۔

مراحل (ع۔ مذ ظرف) مرحلہ کی جمع۔ منزلیں۔ درجے۔ مدارج۔ منازل۔

مراحم (ع ۔امو) مرحمت کی جمع۔ نوازشیں۔ مہربانیاں۔ بخشش۔

مراحم خسروانہ (ع ۔امو) عطایائے شاہی۔ بادشاہی۔ مہربانیاں۔

مُراد (ع ۔ا۔ مو مفعولی) ارادہ کیا گیا۔ مجازاً مطلب۔ مقصد۔ مدعا۔ اس۔ خواہش۔ چاہ۔ اچھا۔ آرزو۔ منت۔ نذر۔ بھینٹ۔ منشا۔ مفہوم۔

مُراد بھر آنا (اُر۔ محاورہ) مقصد پورا ہونا۔ مقصد پورا ہونا۔

مُراد پانا (اُر۔ محاورہ) مطلب بھر آنا۔ مُراد کو پہنچنا۔ آس پوری ہو جانا۔

مُراد پر آنا (اُر۔ محاورہ) کام کے لائق ہونا۔ بالغ ہونا۔ شباب آنا۔

مُراد پر ہونا (اُر۔ محاورہ) پھلوں اور پھولوں کا قابل استعمال ہو جانا۔

مُراد پوری کرنا (اُر۔ محاورہ) کام نکالنا۔ کام کا انجام پر پہنچا دینا۔

مُراد حاصل ہونا (اُر۔ مصدر مرکب) غرض پوری ہونا۔ کام بننا۔ تمنا پوری ہونا۔

مُراد دکھلانا (اُر۔ محاورہ) تمنائے دل پوری کرنا۔

مُراد دینا (اُر۔ محاورہ) غرض پوری کرنا۔ مُراد پوری کرنا۔

مُراد کو پہنچنا (اُر۔ محاورہ) مقصد میں کامیاب ہونا۔ خواہش کا پورا ہونا۔

مُراد دعوے (اُر۔ مذ) (قانون) نالش کرنے کی اصل غرض۔ استغاثہ کا مقصد۔

مُراد لینا (اُر۔ محاورہ) معنی لینا۔ قیاس کرنا۔ نتیجہ نکالنا۔ کام بنوانا۔ مقصد پورا کرنا۔

مُراد مانگنا (اُر۔ محاورہ) دل کا مقصد پورا ہونے کی دُعا مانگنا۔

مُراد ماننا (اُر۔ فعل) منت ماننا۔ نیت کرنا۔ عہد کرنا۔ نذر ماننا۔

مُرادمند (عف۔ صفت۔ فاعل ترکیبی) حاجت مند۔ محتاج۔ خواہاں۔ درماندہ۔

مُراد ہے (اُر۔ محاورہ) مطلب ہے۔ منشا ہے۔ غرض ہے۔

مُرادوں کے دن (اُر۔ مذ) جوانی کے دن۔ جوبن کا موسم۔ بہار کے دن۔ مرضی کے موافق ایام۔

مُرادی (اُر۔ صفت۔ بیائے نسبتی) مجازی۔ فرضی۔ اصطلاحی۔ حسب منشا۔ مُراد کے موافق۔

مُرادات (ع ۔امو) مراد کی جمع۔

مُرادِف (ع۔ مذ۔ فاعل) پیچھے بیٹھنے والا۔ پیچھے سوار ہونے والا۔ ہم معنی الفاظ۔ ایک معنی والے الفاظ۔ مترادف۔

مُرارِی (س ۔امذ) لغوی معنی راکشش کا دُشمن۔ سری کرشن جی کا لقب۔

مُراسلات (ع ۔ا۔ مذ) مراسلہ کی جمع۔ چٹھیاں۔ خط جو برابر والوں کو لکھی جائیں۔ خط و کتابت۔ چٹھی پتری۔ چٹھی چپاٹی۔

مُراسلہ (ع ۔ا۔ مذ) برابر والے کا خط۔ رقعہ۔ شقہ۔ پیغام۔

مَراسِم (ع ۔ا۔ مو) مرسوم یا مرسم کی جمع۔ رسمیں۔ نشانیاں۔ رسومات۔ بڑاؤ۔ ریت۔ فائدہ۔ معمول۔ ضابطہ۔

مُراعات (ع ۔امو) نگاہ رکھنا۔ توجہ لحاظ۔ مروت۔ سلوک۔ رعائتیں۔

مُرافعہ (ع ۔ا۔ مذ) حاکم سامنے اپنا دعوے پیش کرنا۔ اپیل۔ استغاثہ۔ نظر ثانی۔ دربارہ۔ نالش۔ دوسرے حاکم کے پاس داد خواہی۔

مُرافعہ آخر (ع ۔ا۔ مذ ترکیب فارسی) وہ اپیل جس کے بعد اور اپیل نہ ہو سکے۔

مُرافعہ اولیٰ (ع ۔ا۔ مذ ترکیب فارسی) پہلی اپیل۔

مُرافعہ کرنا (اُر۔ محاورہ) ایک حاکم کے ہاں مقدمہ ہار کر دوسرے بڑے حاکم کے ہاں داد خواہی کرنا۔

مُرافقت (ع ۔امو) آپس کا میل جول۔ باہمی رفاقت۔ اتحاد۔ دوستی۔ ہم نشینی۔

مِرّاق (ع۔ مذ) ایک قسم کا جنون۔ مالیخولیا۔ سودا۔ دماغی بیماری کا نام ہے۔

مِراقی (ع ۔صفت) وہ جو مراق کی مرض میں مبتلا ہو۔

مُراقبہ (ع ۔ا۔ مذ) سوچ بچار۔ غور و فکر۔ گیان دھیان۔ گردن جھکا کر حضوری دل سے دھیان کرنا۔ خدا کی طرف دھیان لگانا۔

مرام (ع ۔ مذ) مراد۔ مقصد۔ مطلب۔

مراہم (ع ۔ا۔ مذ) مرہم کی جمع۔

مُربّع (ع ۔امذ) چوکھونٹا۔ وہ سطح جس کے چاروں ضلعے برابر اور چاروں زاویے قائمے ہوں۔

مُربّع بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) چار زانوں بیٹھنا۔ آلتی پالتی مار کر بیٹھنا۔

مربوط (ع۔ صف مفعولی) ربط دیا گیا۔ لگایا گیا۔ بندھا ہوا۔ جوڑا ہوا۔

مُربّے۔ یا۔ مُربّا (ع ۔ مذ مفعول) پالا ہوا۔ شکر یا قند کے قوام

میں رکھا اور پکایا ہوا کوئی میوہ۔ جام۔
مُرَبّی (ع۔ا۔ مذ فاعل) پالنے والا۔ ترتیب کرنیوالا۔ سرپرست۔ مددگار۔ حامی۔ پیٹرن۔
مُربّی بنانا (اُ۔محاورہ) سرپرست قرار دینا۔ پیٹرن قرار دینا۔ مددگار ٹھہرانا۔
مربے چور پرانے دھن پر (اُ۔محاورہ) بے گانی۔ دولت پر جان دینا بہت بڑے درجے کی بیوقوفی ہے۔ پرایا مال مارنا آسان نہیں۔
مربیٹ کر (ہ۔تابع فعل) بڑی مشکل سے بصد مشکل۔ بڑی دقت سے بدقت تمام۔
مربیچنا (ہ۔فعل) بڑی محنت اُٹھانا۔ جان توڑ کوشش کرنا۔ سخت مشقت جھیلنا۔
مرت (س۔ا۔مو) موت۔ کال۔ مرگ۔
مرت اشنان (ہ۔ا۔مذ) غسلِ میت۔ مُردے کا نہلانا۔
مرت لوک (ہ۔ا۔مذ) فانی دنیا۔ جہانِ فانی۔
مُرتاض (ع۔ا۔مذ) ریاضیت کرنیوالا۔ زاہد۔ تپسی۔ علم و ہنر میں مشقت اُٹھانیوالا۔ تصوف میں نفس سرکش کو مارنے والا۔
مرتا کیا نہ کرتا (ہ۔مثل) جس جان پر آبنے وہ جو کچھ بھی کرے تھوڑا ہے۔
مرتا ہے (اُ۔محاورہ) بڑا شوقین ہے۔ جان دیتا ہے۔ عاشق ہے۔
مُرتّب (ع۔صفت۔مفعولی) تربیت دیا گیا۔ باقاعدہ۔ درست۔ قرینہ اور سلیقہ سے لگایا ہے۔ تالیف کیا گیا۔ اکٹھا کیا گیا۔
مرتب کرنا (اُ۔محاورہ) ترتیب دینا۔ درست کرنا۔ تیار کرنا۔ تالیف کرنا۔ ڈھنگ سے لگانا۔
مرتبان (اُ۔ا۔مذ) مٹی یا چینی کا برتن۔ جس میں اچار مربے وغیرہ رکھتے ہیں۔
مرتبت (ع۔مذ) درجہ۔ مرتبہ۔ رُتبہ۔
مرتبہ (ع۔مذ) درجہ۔ رُتبہ۔ منصب۔ عمدہ۔ دفعہ۔ بار۔ باری۔ نوبت۔
مُرتد (ع۔مذ) مذہب اسلام سے پھرا ہوا۔ منکر۔ منحرف۔ کافر۔ بے دین۔ ادھرمی۔ ملحد۔
مُرتد ہوجانا (اُ۔محاورہ) دین سے پھر جانا۔ کافر ہوجانا۔ ملحد ہوجانا۔
مرتسم (ع۔صفت) نشان کیا گیا۔ مہر لگایا گیا۔
مُرتشی (ع۔صفت۔فاعلی) رشوت کھانیوالا۔ رشوت لینے والا۔ گھوس لینے والی۔ راشی۔
مُرتضوی (ع۔صفت) مُرتضےٰ سے منسوب۔
مرتضےٰ (ع۔صف۔مفعولی) مقبول شدہ۔ پسندیدہ۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا لقب۔
مُرتعش (ع۔صفت) کانپنے والا۔ لرزان۔ رعشے والا۔
مرتفع (ع۔صفت۔مفعولی) بلند کیا گیا۔ اُٹھایا گیا۔ اونچا۔

مُرتکب (ع۔صف۔فاعلی) کسی کام کا اختیار کرنے والا۔ ارتکاب کرنے والا۔ قصور کرنے والا۔ مجرم۔ قصوروار۔ گنہگار۔
مُرتہن (ع۔صفت۔فاعلی) کسی چیز کو رہن لینے والا۔ گرو لینے والا۔ گہنے لینے والا۔
مُرتہن قابض (ع۔ا۔مذ) رہن شدہ جائیداد پر قبضہ رکھنے والا۔ گروادار۔
مرتو (س۔ا۔مو) موت۔ قضا۔ کال۔ مرگ۔
مرتے جیتے (ہ۔تابع فعل) جوں توں کرکے جس طرح کس طرح۔ بُرے بھلے طور پر۔
مرتے دم (اُ۔تابع فعل) نزع کی حالت میں۔ مرتے وقت۔ بوقت مرگ۔
مرتے کو مارے شاہ مدار (اُ۔مثل) کنگال پر ہر شخص کا زور چل جاتا ہے۔ مصیبت میں ہی دوسری مصیبت آتی ہے۔
مرتے مرتے (اُ۔تابع فعل) مرنے کے وقت۔ حالت نزع میں۔ آخیر وقت میں۔
مرتیلیا (ہ۔صفت) نہایت کمزور۔ ضعیف۔ دُبلا۔ لاغر۔ مرجھوا۔ نہایت سُست۔ مُردہ دل۔
مرٹ (ہ۔صفت) ضدی۔ ہٹی۔ ہٹیلا۔
مرثیہ (ع۔مذ) میت کی صفت۔ میت کا ایسا بیان جس سے درد اور رحم پیدا ہو۔ ماتم۔ رونا۔ پیٹنا۔ سیاپا۔ شہادت امام حسین علیہ السلام کے رنج و غم کا بیان۔ (یہ لفظ رثی سے مشتق ہے۔ جس کے معنی درد اور رحم کے ہیں)۔
مرثیہ پڑھنا (اُ۔محاورہ) نوحہ پڑھنا۔ ماتم کی نظم پڑھنا۔ رونا۔ پیٹنا۔ بین کرنا۔
مرثیہ خواں (عف۔ا۔مذ۔فاعل ترکیبی) مرثیہ پڑھنے والا۔ نوحہ خواں۔
مرثیہ خوانی (عف۔ا۔مو۔بیائے مصدری) مرثیہ پڑھنے کا کام۔ نوحہ خوانی کا پیشہ۔
مرثیہ کہنا (اُ۔محاورہ) کسی شخص کی وفات یا یادگار میں نظم لکھنا۔
مَرَج (ع۔ا۔مذ) ہرج کا مرادف۔ اور اس کے ساتھ ہی مستعمل ہے۔ بربادی۔ بے چینی۔
مرجاد (ہ۔ا۔مو) چلن۔ رواج۔ رسم۔ ریت۔ چال۔ طور۔ برتاؤ۔ طریقہ۔
مرجان (ع۔ا۔مذ) ایک قسم کا سُرخ رنگ کا سوراخدار درخت جسے سمندری کیڑے بناتے ہیں۔ اور دوائیوں میں کام آتا ہے۔ یا تسبیحیں بناتے ہیں۔
مرجانا (ہ۔فعل) فنا ہوجانا۔ انتقال کرجانا۔ دُنیا سے چل بسنا۔ کسی دھات کا کشتہ ہوجانا۔ راکھ ہوجانا۔ پھول وغیرہ کا کملا جانا۔ پژمردہ ہوجانا۔ چونے وغیرہ کا خراب ہوجانا۔ اصلی حالت پر نہ رہنا۔ بگڑ جانا۔ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہوجانا۔ محو ہوجانا۔ مٹ جانا۔ برباد ہوجانا۔ لُٹ جانا۔ تباہ ہوجانا۔ نہایت شرمندہ ہوجانا۔ کیڑی وغیرہ میں بار جانا۔ کھیلنے کے

قابل نہ رہنا۔ صبر کا پٹ جانا۔ بھوک وغیرہ۔ خواہش کا نہ رہنا۔ دب جانا۔ خواہش جاتی رہنا۔ پیاس وغیرہ بجھ جانا۔ فرد ہو جانا۔ (بحالت اسم مذکر فاعلی) مرجانے کے قابل۔ مرن جوگا۔ مرنہار۔ مرجانے والا۔

مُرَجّح (ع۔ صف۔ مفعولی) ترجیح دیا گیا۔ بڑھایا گیا۔ بڑھ کا۔ غالب۔ افضل۔ اُتم۔

مُرَجّز (ع۔ صف۔ مفعولی) نثر کی ایک قسم جس میں دو فقروں کے کلمات باہم ہم وزن ہوں۔ اور قافیہ رکھتے ہوں۔

مَرجع (ع۔ مذ ظرف) جائے بازگشت۔ ٹھکانا۔ پناہ۔ ملجا۔ ماوا۔

مَرجع خلائق } (ع۔ مذ) تمام دُنیا کا ٹھکانا۔ خلقت کے آسرے
مَرجع عوام } کی جگہ یا شخص۔ وہ جگہ یا آدمی جہاں سب لوگ دوڑ دوڑ کر آئیں۔

مَرجُوع } (ع۔ صف۔ مفعولی) لوٹا گیا۔
مَرجُوعہ } رجوع کیا گیا۔

مَرجُوعہ کر ہو جانا/ ہونا (اُر محاورہ) لوگوں کا آنا کم ہونا۔

مُرجھانا (ہ۔ محاورہ) کملانا۔ پژمردہ ہونا۔ دُبلا ہونا۔ لاغر ہونا۔ سوکھنا۔ خشک ہونا۔ افسوس کرنا۔ غمناک ہونا۔

مرجیا۔ یا۔ مرجیو۔ مرجینا۔ مرجیونا (ہ۔ صف۔ مذ) مر کر بچنے والا۔ مرتے مرتے بچا ہوا۔ نہایت لاغر۔ بہت دُبلا۔ از حد نحیف بے حد کمزور۔ نہایت سست۔ اور کاہل۔ مردہ دل والا۔

مرچ (ہ۔ ا۔ مو) ایک پاکستانی پودا جس کا پھل عام طور پر سُرخ مگر زرد اور قدرے سیاہ اور سفید بھی ہوتا۔ اس کا مزہ بہت تیز ہے۔ اکثر مصالحہ جات اور سالن میں ڈالا جاتا ہے۔ توہم پرست لوگ جن بھوت کو نکالنے کے لئے اس کی دھونی دیتے ہیں۔

مرچا/ مرچائی/ مرچانی (ہ۔ مذ و مو) دیکھئے "مرچ"

مُرچھڑا (ہ۔ صف مفعولی) منڈچرا کا بگاڑ ہے۔ اپنا سر چیر لینے والا۔ مجازاً ضدی۔ ہٹیلا۔ ایک فقیروں کا فرقہ جو اپنا سر چیر کر بھیک مانگتے ہیں۔

مُرچھڑائین (ہ۔ ا۔ مذ مصدری) مرچھڑے فقیر کی سی ضد۔ ہٹ بمعنہ زوری۔

مُرچھڑائین دکھانا/ کرنا (اُر محاورہ) ضد کرنا۔ ہٹ کرنا۔

مرچنٹ (انگ۔ ا۔ مذ۔ Merchant) سوداگر۔ تاجر۔ تجارت کرنے والا۔

مَرچلنا (ہ۔ محاورہ) مرنے کے قریب ہونا۔ مرنے لگنا۔ مر کر رخصت ہونا۔

مرچن (ہ۔ ا۔ مذ) جھاڑی۔ لوٹی کے بیروں کا چورن۔ جس میں مرچ تیز ڈالتے ہیں۔

مُرچنگ (اُر۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا باجہ جسے مُنہ میں پکڑ کر انگلیوں سے بجاتے ہیں۔

مرچیا (اُر صفت فاعلی) پستہ قد۔ بونا ٹھنگنا۔ مرچ جیسے چھوٹے قد والا۔

مرچیں (ہ۔ ا۔ مو) دیکھئے "مرچ"، جس کی یہ جمع ہے۔

مرچیں آنکھوں میں بھر لینا (اُر۔ محاورہ) آنکھوں میں مرچیں ڈال لینا تاکہ بند نہ آئے۔

مرچیں سی لگنا یا لگ جانا (ہ۔ محاورہ) کسی بات کو سُن کر ہنکنے لگ جانا۔ نہایت ناگوار کرنا۔ کباب ہو جانا۔ جھنجلا جانا۔ برافروختہ ہو جانا۔ جھلا اٹھنا۔ برداشت نہ کر سکنا۔

مرحبا (ع۔ کلمہ مدائیہ) آفرین۔ شاباش۔ کیا کہنا ہے۔ واہ وا۔ دھن ہو۔ بل بے۔

مَرحلہ (ع۔ ا۔ مذ ظرف) کوچ کی جگہ۔ منزل۔ پڑاؤ۔ سفر۔ کوچ۔ ایک دن کا سفر۔ درجہ۔ رُتبہ۔ مرتبہ۔ مقام۔

مرحلہ وار (ع ف۔ مذ) وہ چوکیدار جو دو پڑاؤں کے درمیان کے راستے کا محافظ ہو۔

مرحلہ طے کرنا (اُر محاورہ) منزل پوری کرنا۔ کام نمٹانا۔ معاملہ ختم کرنا۔

مَرحمت (ع۔ ا مو) مہربانی۔ عنایت۔ نوازش۔ کرم۔ دیا۔ کرپا۔

مَرحوم (ع۔ صف مفعولی) رحم کیا گیا۔ بخشا گیا۔ مغفور۔ سرگباشی۔ مجازاً متوفی۔ مرا ہوا۔ فوت شدہ شخص کے لئے بولا کرتے ہیں۔

مُرخص (ع۔ صف۔ مفعولی) رخصت کیا گیا۔ روانہ کیا گیا۔ رخصت۔ اجازت۔

مرخص ہونا (اُر محاورہ) روانہ ہونا۔ چل پڑنا۔ اجازت پانا۔ سدھارنا۔ کوچ کرنا۔

مُرخم (ع۔ صف مفعولی) ترخیم کیا گیا۔ نرم کیا گیا۔ آخری حرف گرایا ہوا۔ کلمہ جیسے گوزن سے گوز۔

مَرد (ف۔ ع۔ مذ) نر۔ مذکر۔ آدمی۔ مُنش۔ بشر۔ آدم زاد۔ شخص خاوند۔ پتی۔ شوہر۔ سُورما۔ دلیر۔ بہادر۔ شجاع۔ ذات۔ کل۔ قوم۔ جیسے تم کون مرد ہو۔ شریف۔ عالی خاندان۔ بڑے گھرانے کا۔

مرد آدمی (اُر۔ مذ) بھلا مانس۔ اشراف۔ جنٹلمین۔ بہادر۔ دلیر سورما۔

مرد آزما/ افگن (ف۔ صفت) قوی۔ شہ زور۔ فاتح۔ غالب۔ زبردست۔

مرد آخر بیں مبارک بندہ است (ف۔ مقولہ) عاقبت اندیش۔ آدمی بہت بہتر ہوتا ہے۔

مرد باید کہ ہراساں نہ شود / مشکلے نیست کہ آساں نہ شود (ف۔ مثل) آدمی کو ہمت نہیں ہارنی چاہیئے ہر مشکل آسان ہو جاتی ہے۔

مرد بننا (اُر۔ محاورہ) حوصلہ کرنا۔ جرأت کرنا۔

مرد چوں پیر شود حرص جواں می گردد (ف۔ مقولہ) بڑھاپے میں حرص زیادہ ہوتی ہے۔

مرد خدا (ف۔ مذ) پارسا۔ عارف۔ خدا شناس۔ خدا کا بندہ۔

مرد کا کیا ہے ایک جوتی پہنی ایک اُتاری (اُر مقولہ) مرد جب چاہے عورت کو طلاق دیدے۔

مرد کا نام مرد سے بہتر ہے (اُر مقولہ) آدمی کے نام کا رُعب بہت ہوتا ہے۔

مرد کا نوکر مرسے برس بھر میں / رنڈی کا نوکر مرسے چھ مہینے میں (اُر مقولہ) عورت ملازم سے بہت کام لیتی ہے۔

مرد کا نہانا عورت کا کھانا برابر ہے (اُر۔مقولہ) دونوں ان کاموں میں جلدی کرتے ہیں۔

مرد کو ہشیاری لازم ہے (اُر۔مقولہ) انسان کو چوکنا رہنا چاہیئے۔

مرد کی ذات / **مرد کی صورت** (اُر۔مذ) مرد کی جنس۔ ذکور۔ نر (مجازاً) پرکھ۔ تمنش۔ مانس۔ مرد۔

مرد کی صورت نہ دیکھنا (اُر۔محاورہ) عورت کا مجرد رہنا۔ مرد کے پاس تک نہ جانا۔ مرد سے ناآشنا ہونا۔

مرد کی موت نامرد کے ہاتھ (اُر۔مثل) کسی بہادر آدمی کے کسی کمزور اور نکمے آدمی کے ہاتھ سے مارا جانے یا شکست کھانے کے وقت بولا کرتے ہیں۔

مرد مانس گھر ہی بھلے (اُر۔مثل) شریف آدمی وہی ہے۔ جو گھر ہی رہے۔ تاکہ آوارہ اور بدچلن نہ ہو۔

مردِ میدان (ف۔امذ) جری۔ بہادر۔ سُور۔ سُورما۔ سُور بیر۔ حریف مقابل۔

مرد مرے نام کو / **نامرد مرے نان کو** (اُر۔مثل) بہادر اور شریف آدمی عزت اور ناموری کی خاطر جان تک کی پرواہ نہیں کرتا۔ مگر نامرد اور بزدل صرف روٹی کے لئے عزت برباد کر دیتا ہے۔

مردِ معقول (ع۔صفت۔ترکیبی) سمجھدار آدمی۔ عقل مند۔ دانا۔ مہذب بھلا مانس۔

مُردار (ف۔صفت) حرام۔ ناپاک۔ ناجائز۔ مُردہ۔ بے جان۔ (بحالت اسم مذکر) اپنی موت سے مرا ہوا جانور۔ مُردہ جانور۔ (کلمہ نفرت) نالائق۔ نالائق۔ پلید۔ بدبخت۔ بدنصیب۔ ناکارہ۔ فاحشہ۔ قحبہ۔ قابل نفرت و ملامت۔

مُردار پڑ جانا (اُر۔محاورہ) حرام مال پر تکرار کرنا۔

مُردار سنگ (ف۔امذ) پھٹکے ہوئے پیسے اور سیندور سے مرکب ایک دوائی کا نام ہے۔

مُردار ہڈی پر اڑنا (اُر۔محاورہ) حرام مال پر تکرار کرنا۔

مُردار ہو جانا (اُر۔محاورہ) ناجائز ہو جانا۔ ذبح کے قابل نہ رہنا۔ حلال نہ ہو سکنا۔

مُرداری (اُر۔امو) چھپکلی۔ چلپاسہ۔

مَردامردی (اُر۔امو) زبردستی۔ سینہ زوری۔ دھینگا۔ دھینگی۔

مردانا (اُر۔مذ) وہ مکان جہاں مرد جمع ہوں۔ دیوان خانہ۔ مردانہ۔ نشست گاہ۔ بیٹھک۔

مردانگی (ف۔امو۔ بیائے نسبتی) منسوب بہ مردان۔ مردمی۔ بہادری۔ جوانمردی۔ دلیری۔

مردانہ (اُر۔مذ۔صفت) مردوں کے بیٹھنے کی جگہ۔ بیٹھک کی جگہ۔ بیٹھک دیوانخانہ۔ مرد سے نسبت رکھنے والا۔ (تابع فعل) مرد کی طرح۔ بہادری سے۔ جرأت کے ساتھ۔ دلیری سے۔ مرد کا سا۔ مرد کا سا تھین مردوں کا سا روپ۔

مردانہ جوڑا (اُر۔امذ) مردوں کے پہننے کے کپڑے۔

مردانہ مکان (اُر۔امذ) مردوں کے بیٹھنے کا مکان۔ بیٹھک۔ دیوانخانہ۔

مردانہ وار (ف۔تابع فعل) بہادرانہ۔ بہادروں کی طرح۔ دلیروں جیسا۔

مردانہ ہونا (اُر۔محاورہ) گھر کی عورتوں کا پردے میں چلا جانا۔

مَردانی (اُر۔مو) چالاک۔ مردوں کے سے کام کرنے والی۔ وہ عورت جو اپنے آپ کو مردوں کے مشابہ بنائے (بحالت صفت) بیائے نسبتی۔ مرد سے نسبت رکھنے والی۔ منسوب بہ مرد۔ جیسے مردانی جوتی۔

مَردک (ف۔امذ) مرد کی تصغیر حقارتی مردوا۔ چھوٹا۔ مرد۔ ٹھگنا۔ بونا۔ ذلیل و خوار آدمی۔

مُردگاں (ف۔امذ) مُردہ جمع۔ مرے ہوئے لوگ۔

مَردُم (ف۔مذ) عام لوگ۔ مرد۔ منش۔ آدم۔ انسان۔ شائستہ آدمی۔ مہذب آدمی (بصورت اسم مؤنث) آنکھ کی پتلی۔ بینک۔ دھیری۔

مردم آبی (ف۔امذ) جل مانس۔ پانی کی ایک مخلوق جو شکل میں آدمی سے مشابہ ہے۔

مُردم آزار (ف۔امذ۔ترکیبی) ظالم۔ لوگوں کو ستانے والا۔ بیرحم۔ موذی۔ نروئی۔ ایذائی۔

مَردم آمیز (ف۔امذ) خلیق۔ متواضع۔ ملنسار۔

مَردم بازارہ (ف۔امذ) بازاری لوگ۔ آوارہ۔

مَردم چشم (ف۔امذ) آنکھ کی پتلی۔

مُردم خوار (ف۔صفت۔ترکیبی) آدمیوں کو کھانے والا۔ راکشش۔ آدم خور۔ حبشی۔ بیرحم۔

مَردم خیز (ف۔امذ۔ظرف) وہ خطۂ جہاں اچھے آدمی پیدا ہوں۔ قابل لوگوں کے پیدا ہونے کی جگہ۔

مَردم شماری (ف۔امو۔مصدری) لوگوں کی گنتی۔ آبادی کی تعداد۔

مَردم شناس (ف۔صفت) وہ شخص جو آدمیوں کی اہلیت اور قابلیت کو جانچ سکے۔

مردم گیاہ (ف۔امو) ایک قسم کی گھاس۔ جس کے پتے سورج کے سامنے رہتے ہیں۔ اگر آدمی اسے اکھاڑے تو مر جائے۔

مردُمک (ف۔امو) مرد کی تصغیر۔ آنکھ کی پتلی۔ بینک۔ دھیری۔

مردُمک پھرنا (اُر۔محاورہ) آنکھ کی پتلی کا پھرنا۔

مردُمی (ف۔امو) آدمیت۔ مروت۔ خلق۔ رعایت۔ اخلاق اہلیت۔ جوانمردی۔ بہادری۔ شجاعت۔

مردنگ (ہ۔امو) طبلہ نما ڈھولک۔ شیشہ کا ایک قسم کا فانوس۔ شکل مردنگ۔

مردنگی (اُر۔امذ) مردنگ بجانے والا۔

مُردنی (اُر۔امو) مرنے کی علامت۔ موت کے نشان۔ چہرے کی زردی۔ جو مرتے وقت ہوتی ہے۔

مُردنی پھرنا۔ چھانا۔ یا۔ چھا جانا (اُر۔محاورہ) چہرے پر علامت

مرگ کا ظاہر ہونا۔ زندگی سے نا اُمید ہونا۔ چہرے کی رنگت کا زرد پڑ جانا۔

مُردنی میں جانا (اُر۔ محاورہ) مُردہ کی تجہیز و تکفین میں جانا۔

مُردہ خراب کرنا (اُر۔ محاورہ) مُردہ رسوا کرنا۔ مُردے کی مٹی پلید کرنا۔

مَردُوا (اُر۔ مذ) مرد کی تصغیر۔ حقارتی۔ مردک غیر آدمی۔

مَردُود ع۔ صف۔ مفعولی) نکالا گیا۔ خارج کیا گیا۔ رد کیا گیا۔ ملعون راندا گیا۔ نالائق۔ بدنصیب۔ پاجی۔ نکما۔

مردُود ہوجانا (اُمحاورہ) نکالا جانا۔ راندا جانا۔ ملعون ہوجانا۔

مردوں سے شرط باندھ کر سونا (اُر۔ محاورہ) غیر معمولی دیر تک سونا۔ بہت غافل سونا۔

مردوں کو اوندھا ڈال رکھنا (اُر۔ محاورہ) مردوں کی فاتحہ درود نہ کرنا۔ شب برات کا تہوار نہ کرنا۔

مُردوں کی ہڈیاں اُکھیڑنا (اُر۔ محاورہ) مُردوں کو بُرائی سے یاد کرنا۔ پُرانے مضامین باندھنا۔ بزرگوں کے کلام میں نکتہ چینی کرنا۔ مرے ہوئے لوگوں کے عیب ظاہر کرنا۔

مُردوں کی ہڈیاں چچوڑنا (اُر۔ محاورہ) بزرگوں کے کارناموں پر فخر کرنا۔

مُردہ (ف۔ صفت مفعولی) مرا ہُوا۔ مُوا ہُوا۔ بے جان۔ بے روح۔ متوفی (مجازاً) کمزور۔ ناتواں۔ ضعیف۔ سُست۔ بودا۔ نہایت بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔ افسردہ۔ پژمردہ۔ مرجھایا ہوا۔ جنازہ۔ لاش۔ میت۔

مُردہ اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) تجہیز و تکفین کرنا۔ میت کی رسمیں ادا کرنا۔ جنازہ اُٹھانا۔

مُردہ بدست زندہ (ف۔ مثل) مری لاش کو زندہ جس طرح چاہے رکھے۔ وہ ناچار یہ با اختیار۔ مجازاً بے بس۔ مجبور۔ لاچار۔ مظلوم۔

مُردہ بنانا (اُر۔ محاورہ) مارنا۔ بے جان کرنا۔

مُردہ بھاری ہونا (اُر۔ محاورہ) میت وزنی ہونا۔ کمزور ہو کر بھی زبردست پر غالب آنا۔ نہایت گنہگار ہو کر مرنا۔ کہتے ہیں کہ گنہگار کا لاشہ بھاری ہوتا ہے۔

مُردہ جلانا (اُر۔ محاورہ) مُردہ کو زندہ کرنا۔ مایوس کو بامُراد کرنا۔

مُردہ خراب ہونا (اُر۔ محاورہ) مُردے کا رسوا ہونا۔ میت کی مٹی پلید ہونا۔

مُردہ خراب کرنا (اُر۔ محاورہ) مُردہ رسوا کرنا۔ مُردے کی مٹی پلید کرنا۔

مُردہ دل (اُر۔ صفت۔ ترکیبی) مرے ہوئے دل والا۔ اُداس مغموم۔ غمزدہ۔ بیدل۔ کم ہمت۔ سُست۔

مُردہ دوزخ میں جائے یا بہشت میں اپنے حلوے مانڈے سے کام (اُر۔ مثل) دوسرا خواہ آرام سے رہے یا دُکھ سہے مگر خود غرض کو اپنے مطلب اور نفع سے کام۔

مُردہ دیکھنا (اُر۔ محاورہ) مرا ہوا دیکھنا۔ جنازہ دیکھنا۔

مُردہ زندہ ہونا (اُر۔ محاورہ) بہت خوش بیان ہونا۔

مُردہ سا پڑا رہنا (اُر۔ محاورہ) سُست پڑا رہنا۔

مُردہ شو (ف۔ مذ) مردے نہلانے والا۔ غسّال۔ میت کو غسل دینے والا۔

مُردہ شو کے حوالے کر جائے (اُر۔ محاورہ) بددعا ہونا۔ مرجائے دُنیا سے جاتا رہے۔ غسّال کے سپرد ہو۔ گور میں پڑے۔

مُردہ کر دینا۔ یا۔ کر ڈالنا (اُر۔ محاورہ) نہایت کمزور و ضعیف کر دینا۔ مرنے کے قریب کر دینا۔ مردہ سا بنا ڈالنا۔ مار دینا۔ ذبح کر ڈالنا۔

مُردہ نکلنا (اُر۔ محاورہ) جنازے کا گزرنا۔ میت کا جانا۔

مردھا (اُر۔ مذ) میرہ کا بگاڑ ہے۔ گاؤں کا مقدم۔ چوہدری۔ نمبردار۔ مکھیا۔ سردار۔ رئیس۔ جریب کش۔ پیادہ۔

مَردی (ف۔ مو۔ یائے مصدری) مردپن۔ بہادری۔ مردانگی۔ رجولیت۔ قوت باہ۔

مُردے اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) مُردوں کا زندہ ہوجانا۔

مُردے پر جیسے سو من مٹی ویسے ہزار من (اُر۔ مثل) جب مصیبت ہی آگئی ہے۔ تو جیسے تھوڑی ویسی بہت۔ جہاں سو وہاں سوا سو۔

مُردے پر تین دن بھاری (اُر۔ مثل) مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق مردے پر پہلے تین دن بہت سخت ہوتے ہیں۔ حساب کتاب کے دن۔

مُردے پر رونا (اُر۔ محاورہ) مُردے کا ماتم کرنا۔

مُردے جلانا (اُر۔ محاورہ) مُردے زندہ کرنا۔

مُردے جی اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) مُردے کا زندہ ہوجانا۔

مُردے سے مُردوں سے شرط باندھ کر سونا (اُر۔ محاورہ) بے فکر ہو کر سونا۔ جاگنے کا نام تک نہ لینا۔ غافل ہو کر سونا۔ گھوڑے بیچ کر سونا۔

مُردے کا مال (اُر۔ مذ) سستا بکتا ہوا مال۔ لاوارثی مال۔ بہت سستا مال۔

مُردے کو بیٹھ کر روتے ہیں روزی کو کھڑے ہو کر (اُر۔ مثل) روزی کا غم مُردے کے غم سے بھی زیادہ ہوتا ہے۔

مُردے کی نیند سونا (اُر۔ محاورہ) بہت غافل ہونا۔

مر رہنا (ف۔ محاورہ) مرجانا۔ موت آجانا۔ مجازاً۔ بیٹھ رہنا۔ دیر لگانا۔ جہاں جانا وہیں کا ہو رہنا۔ سو جانا۔ بے خبر ہوجانا۔ لیٹ رہنا۔ پڑ رہنا۔

مَرز (ف۔ اِ۔ مذ) زمین۔ قابل کاشت زمین۔ حد۔ سرحد۔

مرزیوم (ف۔ یو۔ مو) پیدائش کی جگہ۔ ملک کی حدود۔ مملکت۔

سلطنت ۔

مرزاد ف۔ا۔مذ) میرزادہ کا مخفف۔ سردار کا بیٹا۔ امیرزادہ۔ شہزادہ۔ کنور۔ راج کمار۔ مغلوں کا لقب۔ مغلوں کے نام کا ایک جزو۔ تیموریہ خاندان کے شہزادوں کا لقب ۔

مرزا بے پروا (اُ۔محاورہ) بہت غافل آدمی۔ نہایت بے پروا شخص۔ بے فکرا ۔

مرزا پھویا (اُ۔محاورہ) بہت ہلکا پھلکا۔ نہایت نازکبدن۔ بہت لاغر۔ اور دُبلا۔ آرام طلب اور تن آسان آدمی ۔

مرزا چھبیلا (اُ۔صفت) چھیل چھبیلا۔ رنگیلا۔ سجیلا ۔

مرزا منش (ف۔مذ۔ مفید صفت) نازک مزاج۔ نازک طبع۔ امیر طبیعت والا ۔

مرزائی (ف۔مذ۔ بیائے مصدری) بڑائی۔ بزرگی۔ شہزادگی۔ حاکمانہ طبع۔ تکبر غرور۔ نخوت۔ حکومت۔ سرداری۔ کمری۔ صدری۔ واسکٹ۔ جاکٹ۔ آدھی یا پوری آستینوں کی کمری۔ نیم جامہ ۔ مرزا غلام احمد قادیانی کا پیرو ۔

مُرزی (اُ۔ا۔مو) مرزائی کا مخفف۔ نیم جامہ ۔

مُرسَل (ع۔ا۔مذ۔مفعول) بھیجا ہوا۔ نبی پیغمبر۔ رسول۔ ارسال کیا گیا۔ فرستادہ ۔

مُرسِل (ع۔ا۔مذ۔فاعل) ارسال کرنے والا۔ بھیجنے والا ۔

مُرسَلہ (ع۔اصفت مفعولی) روانہ کیا ہُوا۔ ارسال کیا ہوا۔ فرستادہ۔ بھیجا ہوا ۔

مُرسَلین (ع۔ا۔مذ) مُرسل کی جمع۔ بہت سے پیغمبر۔ بہت سے رسُول ۔

مَرسُوم (ع۔صف مفعولی) قاعدہ باندھا ہُوا۔ رسم ڈالا گیا۔ نشان کیا گیا۔ مجازاً تنخواہ مشاعرہ۔ روزینہ۔ وظیفہ ۔

مُرشِد (ع۔ا۔مذ۔فاعل) ارشاد کرنے والا۔ نیک رشتہ بتانے والا۔ رہنما۔ ہادی۔ پیر۔ پروہت۔ گرو۔ مہنت۔ اُستاد۔ ہشیار۔ چالاک۔ شریر۔ فریبی ۔

مُرشِد اللہ (ع۔ا۔مذ) فقراء کی اصطلاح۔ گرو جی۔ پیر و مُرشد۔ رہنما ۔

مُرصَّع (ع۔صف مفعولی) جڑا ہوا۔ جڑاؤ ترصیع کیا گیا۔ آراستہ۔ (بحالت اسم مؤنث) بالمقابل۔ ہموزن۔ وہم قافیہ الفاظ سے بنی ہوئی نظم یا نثر ۔

مُرصَّع ساز یا مُرصَّع کار (عف۔ا۔مذ) زیورات میں جواہر یا نگینے جڑنے والا۔ جڑیا ۔

مُرصَّع کاری (عف۔ا۔مو۔ بیائے مصدری) جڑت کا کام۔ جڑنے کا کام۔ جڑت ۔

مَرَض (ع۔ا۔مذ) بیماری۔ دُکھ۔ روگ۔ مجازاً۔ بُری عادت۔

مَرَض اُٹھ کھڑا ہونا (اُ۔محاورہ) بیماری پیدا ہونا۔

مَرَض الموت (ع۔ا۔مذ) موت کی بیماری۔ وہ بیماری جس سے آدمی مرجائے ۔

مَرَض بگڑنا (اُ۔محاورہ) بیماری کا خراب صورت اختیار کرلینا۔

مَرَض عارض ہونا (اُ۔محاورہ) بکھیڑے میں پڑنا۔ بیماری پیچھے لگ جانا ۔

مَرَض کا طوطا پالنا (اُ۔محاورہ) بکھیڑے میں پڑنا۔

مَرَض کی دوا ہونا (اُ۔محاورہ) کسی مصرف کا ہونا۔ کسی کام کا ہونا۔

مَرَض لاحق ہونا (اُ۔محاورہ) بیماری ہونا ۔

مَرَض لاحقہ (ع۔مذ) موجودہ بیماری ۔

مَرَض متعدی (ع۔ا۔مذ) لگتی بیماری۔ چھوت کی بیماری۔ ایک سے دوسرے کو لگ جانے والی بیماری ۔

مَرَض مزمن (ع۔ا۔مذ۔ترکیب فارسی) پرانی بیماری ۔

مَرَض موروثی (ع۔مذ بترکیب فارسی) وہ بیماری جس کا اثر والدین سے اولاد کو منتقل ہو ۔

مَرَض مُہلک (ع۔ا۔مذ) وہ بیماری جس سے جانبر ہونا مشکل ہونا۔ خطرناک بیماری ہے ۔

مَرضا (ع۔ا۔مذ) مریض کی جمع (مَرضیٰ) کا بگاڑ ہے ۔

مَرضی (ع۔مو) خوشی۔ قبولیت۔ منظوری۔ اتفاق رائے۔ اجازت۔ رخصت۔ پروانگی۔ خواہش۔ اچھا۔ ضرورت ۔

مَرضیٔ مولےٰ از ہمہ اولےٰ (عف۔محاورہ) خُدا کی خوشی سب سے بہتر ہے جو چاہے سو کرے۔ مالک کی رائے سب سے اچھی ہے ۔

مَرضی پٹنا / مَرضی ملنا (اُ۔محاورہ) باہم رضامند ہونا۔ باہم اتفاق رائے ہونا۔ ایک دل ہونا ۔

مَرضی ملے کا سودا ہے (اُ۔محاورہ) آپس میں راضی ہوجانے کی بات ہے۔ رضامندی کا فیصلہ ہے ۔

مَرضی میں آنا (اُ۔فعل) رائے میں آنا۔ پسند ہونا۔ خواہش ہونا۔

مَرطوب (ع۔صف مفعولی) نم دار۔ گیلا۔ بھیگا ہوا۔ سیلا ہوا ۔

مُرغ (ف۔ا۔مذ) اُڑنے والے جانور۔ پرندہ۔ پنکھیرو۔ مُرغا۔ ککڑ۔ خروس۔ تشبیہاً ہلنے والی چیز۔ متحرک شے ۔

مُرغ باز (ف۔ا۔مذ) مُرغ لڑانے والا۔ مُرغ کا کھلاڑی ۔

مُرغ بازی (ف۔ا۔مذ۔مؤنث بیائے مصدری) مُرغ لڑانا ۔

مُرغ بام (ف۔ا۔مذ) بُلبل۔ فاختہ۔ قمری ۔

مُرغ چمن (ف۔ا۔مذ) بُلبل۔ گلدم۔ عندلیب۔ ہزار داستان ۔

مُرغ حق گو / زیرک / شب آویزاں (ف۔مذ) ایک پرندہ جو رات کو اُلٹا لٹک کر حق حق سی آواز نکالتا ہے ۔

مُرغ خانگی (ف۔ا۔مذ) پالتو مُرغ۔ گھر کا پلا ہوا مُرغ ۔

مُرغ دست آموز (ف۔ا۔مذ) ہاتھ پر پلا ہوا پرندہ۔ چھوڑنے کے بعد پھر ہاتھ پر آ بیٹھنے والا پرندہ ۔

مُرغ زرنگین تاج / زرّیں (ف۔ا۔مذ) تیتر اور مور سے ملتا ہوا مُرغی کے برابر سبز رنگ کا ایک پرندہ جس کے پر چمکیلے اور سر پر کلغی ہوتی ہے۔ ایک قسم کا جنگلی مُرغ ۔

مُرغ زرّیں بتا (اُر۔محاورہ) زرق برق لباس پہننا۔ بہت آراستہ و پیراستہ ہونا۔

مُرغ سبز دار (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کی مُرغی۔ جس کے حلق کے نیچے سُرخ رنگ کا گوشت ہوتا ہے۔ اس کے پر مختلف رنگ کے ہوتے ہیں۔ اور ملے ہوئے ہوتے ہیں۔

مُرغِ سحر۔ یا مُرغِ صبح (فع۔ا۔مذ) کُکڑا۔ خروس۔ صبح کے وقت اذان دینے والا مُرغ۔ بُلبل۔ گلدم۔ فاختہ وغیرہ صبح کو بولنے والے جانور۔

مُرغ سلیمان (فع۔ا۔مذ) ہُدہُد۔ چکی راہا۔ ایک چوٹی دار خوبصورت پرندہ۔

مُرغ عرشی (فع۔ا۔مذ) حضرت جبرئیل علیہ السلام سے مُراد ہے۔

مُرغ عیسےٰ یا مسیحا (فع۔ا۔مذ) چمگادڑ۔ شب پرہ۔ چمگدڑ۔

مرغ قبلہ نما (ف۔مذ) آلہ قبلہ نما کا جانور۔ قبلہ نما آلے کے اندر قبلہ کی طرف مُنہ کرنے اور اس کی سمت دکھانے والا جانور۔ قبلہ نما کی سوئی۔

مُرغ کی ایک ٹانگ (اُرمثل) اپنی جھوٹی بات کی سچ کرنے کے وقت بولا کرتے ہیں۔

مُرغ مصلّی (فع۔ا۔مذ) ظاہر میں نمازی اور باطن میں مکار شخص۔

مُرغ نامہ بر (ف۔ا۔مذ) قاصد کا کام دینے والا۔ سدھایا ہوا کبوتر۔

مُرغا (اُر۔مذ) کُکڑ۔ خروس نر مکیان۔ مجازاً نامعقول۔ مردک۔

مُرغا بنانا (اُر۔محاورہ) ٹانگوں کے نیچے سے ہاتھ نکال کر کان پکڑنے پر مجبور کرنا۔

مُرغا بانگ نہ دے گا تو کیا صبح نہ ہو گی (اُرمثل) کوئی کام کسی ذات خاص پر نہیں رہتا۔

مُرغا ہضم بکری پر دم (اُرمثل) چھوٹی چیز سے لے کر بڑی چیز پر نظر۔

مُرغابی

مُرغابی (ف۔ا۔مذ) جل کُکڑا۔ قاز۔ ایک مشہور پرندہ ہے۔

مُرغان (ف۔ا۔مذ) مُرغ کی جمع۔ بہت سے پرندے۔ پنکھیرو۔

مُرغزار (ف۔مذ ظرف) مُرغ بمعنی سبز۔ ڈوب۔ زار کلمہ ظرفیت) سبزہ زار۔ چراگاہ۔ ہری دُوب کی جگہ۔

مرغوب (ع۔صف مفعولی) دل پسند۔ من بھاتا۔ پسندیدہ۔ دلربا۔ دل کش۔ پیارا۔ محبُوب۔ لذیز۔

مرغوب الطبع } (ع۔صف) من بھاتا۔ جو دل کو بھائے۔
مرغوب طبع } پسند طبع۔

مرغول یا مرغولہ (ف۔صفت) پیچ در پیچ۔ پیچیدہ۔ خمدار۔ ٹیڑھا۔ مُڑا ہوا۔ بل کھایا ہوا۔ گھنگرالا۔ گول بنا ہوا تھم۔ مدوّر ستون۔ ڈنڈی دار محراب۔ پیچیدہ۔ آواز۔ کنگری۔

مُرغوں کی پالی (اُر۔مذ) مُرغ لڑانے کا اکھاڑہ۔ مرغوں کے لڑنے کی جگہ۔

مُرغوں کی پالی بندھنا (اُر۔محاورہ) مُرغوں کا اکھاڑا جمنا۔ مُرغوں کی لڑائی ہونا۔

مرغوں کی سی لڑائی ہے (اُر۔محاورہ) بے لاگ ہے۔ کوئی مطلب نہیں۔

مُرغوں کے خواب میں دانہ ہی دانہ (اُرمثل) جو دل میں ہوتا ہے۔ وہی خواب میں نظر آتا ہے۔

مُرغی (اُر۔ا۔مو) مکیان مُرغا کی مادہ۔ کُکڑی۔ مادہ خروس۔

مُرغی اپنی جان سے گئی کھانے والے کو مزہ نہ آیا } (اُرمثل) غریب نے تو اپنی جان مار کر کوئی کام کیا۔ مگر دوسرے کی پسند میں نہ آیا۔ کوشش کی قدر نہ ہونے کے موقعہ پر بولتے ہیں۔

مُرغی انڈے کی بحث (اُر۔ا۔مو) فضول تکرار بے فائدہ اور بے نتیجہ گفتگو۔

مُرغی بٹھانا (اُر۔محاورہ) مُرغی کو انڈے پینے کے لئے بٹھانا۔

مُرغی کا } مُرغی پنجاؤنی کا } (اُر۔مذ) گالی کی جگہ بولا کرتے ہیں۔ چڑیا کا۔ چڑیا والا۔

مُرغی سو ٹکلے کا گھاؤ بہت ہے (اُرمثل) غریب کو تھوڑا ہی نقصان بہت ہے۔

مُرغی کی بانگ (اُر۔ا۔مو) خلاف قاعدہ بات۔ منحوس بات۔

مُرغی کی بانگ کون سُنتا ہے (اُر۔محاورہ) عورت کی بات کا اعتبار کیا۔

مُرغی میجر (اُر۔ا۔مذ) تمسخر کے طور پر کیا کرتے ہیں۔ مُرغیاں پالنے والا۔ مرغوں کی سوداگری کرنے والا۔

مَرفوع (ع۔صف مفعولی) اُٹھایا گیا۔ بلند کیا گیا۔ رفعت کیا گیا۔

مَرفوع القلم (ع۔ا۔مذ) معذور۔ لکھنے کے ناقابل قصور۔ وہ شخص جس کے جُرم قابل تحریر نہ ہو۔ پاگل یا دیوانے کی حالت۔

مَرفہ (ف۔ا۔مذ) ڈھول۔ طبل۔

مُرفہ (ع۔صف مفعولی) خوش حال۔ کھاتا پیتا۔ آسودہ۔ روزی سے بے فکر۔

مُرفّہ حال (ع۔صف) خوش حال۔ فارغ البال۔ آسودہ حال۔ امیر۔

مَرقد (ع۔ا۔مذ ظرف) سونے کی جگہ۔ آرام کرنے کا مقام۔ مجازاً قبر۔ گور۔ تربت۔ مزار۔

مُرقع (ع) فقیروں کی پیوند لگی گدڑی۔ قطعات رکھنے کی کتاب۔ تصویروں کی کتاب۔ البم۔

مُرقع اُتارنا (اُر۔محاورہ) تصویر بنانا۔

مُرقع اُلٹ جانا (اُر۔محاورہ) دُنیا درہم برہم ہونا۔

مُرقع بن جانا (اُر۔محاورہ) حیران ہونا۔ تصویر بن جانا۔

مُرقع درہم برہم ہونا (اُر۔محاورہ) جو لوگ ایک جگہ جمع ہوں

ان کا پریشان ہونا۔ تتر۔ بتر ہونا۔

مُرقع کھینچنا (اُر۔محاورہ) تصویر کھینچنا۔

مَرقُوم (ع۔صف۔مفعولی) لکھا ہوا۔ تحریر شُدہ۔ رقم کیا گیا۔

مَرقُوم الحاشیہ (ع۔ مذ) قانون۔ حاشیہ پر لکھا ہُوا گواہ۔ حاشیہ والے گواہ۔

مَرقُوم الذیل (ع۔صف) نیچے لکھا ہوا۔

مَرقُومہ (ع۔صف۔مفعولی) تحریر شدہ۔ لکھا ہوا۔ رقم کیا گیا۔

مَرقُومہ بالا (عف۔مذ) اُوپر لکھا ہوا۔ مسطورہ بالا۔

مُرکانا (ہ۔فعل) بل دینا۔ موڑنا۔ مروڑنا۔

مرکب (ع۔ا۔مذ) سواری۔ سوار ہونے کی جگہ۔ جیسے کشتی۔ گھوڑا وغیرہ۔

مُرکّب (ع۔صف۔مفعولی) ترکیب یافتہ۔ ملا ہوا۔ جڑا ہوا۔ مخلوط۔ دوات کی سیاہی۔ مداد۔

مرکب نام (ع۔ا۔مذ) وہ مرکب کلام جس کے سُننے سے پُورا فائدہ ہو۔

مُرکّبات (ع۔مذ) مرکب کی جمع۔ ملی ہوئی دوائیاں۔

مُرکّبات ناقصہ (ع۔ا۔مذ۔ترکیب فارسی) وہ مرکب کلام جس سے سُننے والے کو پُورا فائدہ حاصل نہ ہو۔

مرکر یا مرکے (ہ۔تابع فعل) بڑی دقت سے۔ بڑی مشکل سے۔ بدن جوکھوں سے۔ قریب بہ مرگ ہو کر۔

مرکر بچنا / مرکے بچنا (اُر۔محاورہ) مرتے مرتے بچنا۔ بمشکل تمام جانبر ہونا۔

مرکر جینا / مرکے جینا (اُر۔محاورہ) دوبارہ جنم لینا۔ نئے سرے سے زندگی پانا۔

مرکر چھوٹنا (اُر۔محاورہ) مرکر خلاصی پانا۔ جھگڑوں اور بکھیڑوں سے مر کر چھٹکارا پانا۔

مرکر / مرکے رہ جانا (اُر۔محاورہ) مرجانا۔ آنے میں دیر لگانا۔

مرکز (ع۔ا۔مذ) ظرف۔ کسی چیز کے کھڑا ہونے کی جگہ۔ گاڑنے کی جگہ۔ مجازاً۔ منجھ۔ درمیان۔ عین۔ بیچ۔ بالکل وسط۔ ناف۔ سنٹر۔ دائرہ کا وہ نقطہ۔ جو اس کے اندر ہو۔ اور جس سے محیط تک کھینچے ہوئے تمام خط باہم برابر ہوں۔ صدر مقام کیمپ۔ جائے سکونت۔ جائے قرار۔ حرف کاف یا گاف پر کھینچی ہوئی آڑی لکیر۔ دورہ کرنے کی جگہ۔ کیلی۔ مانی میں آنیوالی کیلی۔ دھری۔

مرکز ثقل (ع۔مذ) کسی جسم کا وہ نقطہ۔ جس پر تمام اجزا تلے رہیں۔ اور جسم گرنے نہ پائے۔

مرکز زمین (عف۔مذ) زمین کا وسط۔ کرہ ارض کا بیچ۔

مرکنا (ہ۔فعل) ٹوٹنا۔ بل کھانا۔ مڑنا۔

مرکوز (ع۔صف۔مفعولی) گڑا ہوا۔ مضبوط کیا ہوا۔ مجازاً دل نشیں۔ دل میں جمی ہوئی بات۔ پوشیدہ کیا گیا۔ منظور بات۔

مرکھپنا (ہ۔فعل) مرکر پیوند زمین ہوجانا۔ مرمرا جانا۔ مرکر تمام ہوجانا۔

مرکھنا (ہ۔صفت۔فاعلی) مینگ مارنے والا۔ مارنے کا عادی۔ مرکھنڈا۔ مار کھنڈ۔ شریر جانور۔

مرکھپیں (ہ) کلمہ نفرت۔ و بددعائیہ۔ محاورہ۔ غارت ہو۔ گم ہو۔ ناپید ہو۔ دفاں ہو۔ دفع ہو۔

مُرکی (ہ۔ا۔مو) کان میں پہننے کا ایک زیور۔ گوکھرو۔ دربچہ۔ کان کی لو جیسے مُرکیاں بندھواں لو۔

مرگ (ف۔مذ) موت۔ قضا۔ اجل۔ مرتُو۔ کال۔

مرگ انبوہ جشنے دارد (ف۔مثل) عالمگیر مُصیبت میں رنج کسی کو نہیں ہوتا۔ کیونکہ سب سے ایک ہی معاملہ ہوتا ہے۔

مرگِ مفاجات / مرگِ ناگہانی / مرگِ ناکہاں (ف) (اسم مؤنث) اتفاقی۔ موت۔ وہ موت جو آچانک آجائے وقت کی موت۔

مرگ (ہ۔ا۔مذ) ہرن۔ آہوئے نر۔ پانچواں پچھتر۔ حیوان چوپایہ۔

مرگ ترشنا (ہ۔ا۔مذ) سراب۔

مرگ چڑا (ہ۔ا۔مذ) ایک چھوٹے سے پرندے کا نام ہے۔ جو ریت میں گھر بنا رہتا ہے۔

مرگ چھیلا (ہ۔ا۔مذ) ہرن کی کھال۔ بالوں سمیت ہرن کی کھال۔ جس پر بیٹھ کر عبادت کرتے ہیں۔

مرگ راج یا مرگ پتی (ہ) شاہ حیوانات۔ شیر۔ سنگھ۔ اسد باگھ۔

مرگ سالا (ہ۔ا۔مذ) رمنا۔ ہرن کا کھیت۔ ہرن کے رہنے کی جگہ۔

مرگ کی آنکھ (اُر۔ا۔مو) ہرن کی طرح بڑی بڑی اور خوبصورت آنکھیں۔

مرگ کی سی آنکھیں چیتے کی سی کمر (اُر۔مقولہ) خوبصورت عورت کی نسبت کہتے ہیں۔

مرگ لوچنی / مرگا نینی / مرگ بین (ہ۔صفت۔ترکیب فاعلی) ہرن کی سی آنکھوں والا۔ آہو چشم۔ خوبصورت عورت۔ سُندر۔ استری۔

مرگ مارنا (ہ۔محاورہ) ہرن کا شکار کرنا۔ لڑکا پیدا ہونے پر باپ کا زچہ خانے میں کھڑا ہو کر چھت میں تیر مارنا اور اسے فال نیک سمجھنا۔ یہ ایک رسم ہے۔

مرگ مدھ / مرگ نابھ (ہ۔ا۔مو / ہ۔ا۔مذ) کستوری۔ مشک۔ مشک نافہ۔ ہرن کی ناف۔

مرگانگ (ہ۔ا۔مذ) دھات وغیرہ کا کشتہ۔

مرگج (ہ۔ا۔مذ) ایک جواہر کا نام ہے۔

مرگل (ہ۔ا۔مذ) تلی ہوئی مچھلی۔ تلی ہوئی مچھلی کے ٹکڑے۔

مرگھٹ (ہ۔ا۔مذ۔ظرف) شمشان۔ مسان۔ ہندوؤں کے مُردے جلانے کی جگہ۔

مرگھٹ کا بھتنا (ہ۔ا۔مذ) مسان کا آسیب۔ پریت۔ سایہ۔ ہمزاد۔

مرگی (ہ ۔ اِمو) ایک بیماری کا نام ہے: اُم الصبیات۔ صرع۔
مرگی آنا یا اُمٹھنا (ہ ۔ محاورہ) مرض صرع کا دورہ ہونا۔ غش آنا۔ بیہوش ہو جانا۔
مرگیا (ہ ۔ ا ۔ مذ ۔ بالف فاعلیت) مرگی والا۔ وہ جس کو مرگی کی بیماری ہو۔
مرگیا مردُود جس کا فاتحہ نہ دُرود (اُ ۔ مثل) بکھے آدمی کی موت پر بولتے ہیں۔
مُرلا (ہ ۔ ا ۔ مذ) مور کی تصغیر برائے محبت۔ پیارا مور۔ پیارا طاؤس (بحالت صفت) جس کے مُنہ میں دانت نہ ہوں۔ پوپلا۔ پنجابی پھپھا۔
مُرلی (ہ ۔ اِمو) مُنہ سے بجانے والا ایک باجہ۔ بانسری۔ الغوزہ۔ بنسری۔
مُرلی بجنا (ہ ۔ فعل) بانسری بجنا۔ اقبال یاور ہونا۔ طوطی بولنا۔ عیش سے گزارنا۔ دُور دُورہ ہونا۔
مُرلی دھر (ہ ۔ ا ۔ مذ ۔ فاعل) مُرلی والا۔ سری کرشن جی کا لقب ہے۔
مُرلی دُھن (ہ ۔ اِمو) بانسلی کی سُریلی آواز۔
مُرلیا (ہ ۔ اِمو) مُرلی کی تصغیر۔
مُرلیا بجانا (اُ ۔ محاورہ) مُرلی کا بجنا۔ دست آنا۔
مُرمکی (ع ۔ ا ۔ مذ) ایک درخت اور اس کے گوند کا نام ہے۔ اس کا ذائقہ کڑوا ہونے کی وجہ سے یہ نام ہو گیا ہے۔
مَرم (س ۔ ا ۔ مذ) ودیا۔ گیان۔ بدھ۔ عقل۔ مطلب۔ غرض۔ مدعا۔ مقصد۔ بھید۔ راج۔ حقیقت دل۔ حال۔ کیفیت۔ سرگزشت بینی۔ (مجازاً) دل۔ باطن۔ اندرونہ۔ اندر۔ بھیتر۔
مُرم (ہ ۔ ا ۔ مو) پتھریلی مٹی۔ کنکریلی مٹی۔ وہ چکنی مٹی جو کنکروں سے جھاڑ جھاڑ کر نکالکر بارش کے دنوں میں چھتوں پر ڈالتے ہیں۔
مَرمّت (ع ۔ اِمو) پھٹے پرانے کی درستی۔ ٹوٹی پھوٹی چیز کو سنوارنا۔ درستی۔ ترمیم۔ سزا۔ مار پیٹ۔ مار دھاڑ۔
مَرمّت طلب (ع ۔ صف) قابل درستی۔ ٹوٹا پھوٹا۔ ناقص۔ نادرست۔ درستی طلب۔
مَرمّت کرنا (اُ ۔ فعل) درستی کرنا۔ سنوارنا۔ نقص دُور کرنا۔ سزا دینا۔ خوب پیٹنا۔ ٹھیک بنانا۔
مَر مِٹنا (ہ ۔ محاورہ) مر کر گم ہو جانا۔ فنا ہو جانا۔ نیست و نابود ہو جانا۔ جان دے دینا۔ کسی پر عاشق ہونا۔
مرمگ (ع ۔ ا ۔ مذ) وہ شخص جس کی آنکھیں دُکھتی ہوں۔
مَرمَر (یونانی) ایک قسم کا چکنا پتھر جو سفید یا نیلگوں چمکدار ہوتا ہے۔
مَرمَر یا۔ مَرمَر کے۔ یا۔ مَرمَر کرنا (ہ ۔ تابع فعل) جان جوکھوں سے۔ بڑی مشکل سے۔ بدقت تمام۔ جان توڑ توڑ کر۔
مَرمَر بڑھیا گیت گاوے بھولے لوگ تماشے آویں مَرمَر دکھوم گیت گاوے دنا کو ہانسی آوے (اُ ۔ مثل) ایک آدمی کے بصد مشکل ایک کام کو کرنے اور دوسرے لوگوں کے اس پر ہنسی اُڑانے کے وقت بولتے ہیں۔
مَرمَر کے بچنا۔ یا۔ جینا (ہ ۔ فعل) کسی مہلک سے نجات پانا۔ مشکل سے جانبر ہونا۔ گور کا منہ جھانک کر مرنا۔ نئے سرے سے زندگی پانا۔
مَرمَر کر / کے چلنا (اُ ۔ محاورہ) نئے جنم سے پیدا ہونا۔ خطرناک بیماری سے نجات پانا۔
مَرمَر کر / کے دن گزارنا (اُ ۔ محاورہ) بڑی مشکل سے زندگی کاٹنا۔
مُرمُرا (ہ ۔ ا ۔ مذ) بھنے ہوئے چاول۔ جنہیں چباتے وقت مُرمُر کی آواز نکلتی ہے۔
مُرمُروں کا تھیلا (اُ ۔ مذ) مُرمُروں کی بوری۔ موٹا فربہ آدمی۔ تن و توش والا آدمی۔
مُرمُرے کا گوکھرو (ہ ۔ ا ۔ مذ) ایک قسم کا پتلا اور مڑا ہوا گوٹا۔
مُرمّم (ع ۔ صف ۔ مفعولی) ترمیم کیا گیا۔ اصلاح کیا گیا۔ سنوارا گیا۔ مرمت کیا ہوا۔ ٹھیک کیا ہوا۔
مُرمّمہ (ع ۔ ا ۔ مو) درست کی ہوئی چیز۔ ترمیم شدہ شے۔ مرمت کی ہوئی۔ اصلاح شدہ۔
مَرمُوئے (ہ ۔ محاورہ) کلمہ تنفر و دعائے بد۔ غارت ہو۔ کم بخت۔ مَرمَرک۔ دفع ہو۔
مَرن (ہ ۔ ا ۔ مذ و مو) موت۔ مرگ۔ مرتو۔ قضا۔ مرنے کا وقت۔ وقت مرگ۔ جان دینا۔ مرنا۔
مَرن برت (ہ ۔ ا ۔ مذ) وہ فاقہ جسے کرتے کرتے آدمی مر جائے۔
مَرن چلی اور سُوک سامنے (ہ ۔ مثل) حماقت تو دیکھو کہ مرنے لگ رہی ہے۔ اور اس کے شگون دیکھتی ہے یعنی مرنے کے واسطے بھی فال ڈھونڈتی ہے۔
مَرنا (ہ ۔ فعل) جان دینا۔ فوت ہونا۔ وفات پانا۔ نہایت محنت کرنا۔ سخت کوشش کرنا۔ پسند ہونا۔ بھانا۔ دل میں بسنا۔ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ مائل ہونا۔ کشتہ ہونا۔ رکھ ہو جانا۔ سونا۔ نیند کرنا۔ تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ مرجھانا۔ کملانا۔
مَرنا بھرنا (اُ ۔ محاورہ) مُصیبت جھیلنا۔
مَرنا جینا (ہ ۔ ا ۔ مذ) موت اور زندگی۔ شادی۔ غمی۔ رنج و راحت۔
مَرنا جینا لگ رہا ہے (ہ ۔ محاورہ) زندگی کا کوئی اعتبار نہیں۔ دم میں کچھ ہے پل میں کچھ۔
مُرنڈا (ہ ۔ ا ۔ مذ) بھنے ہوئے گیہوں میں گڑ ملا کر لڈو سے بنائے ہوئے (بحالت صفت) سوکھا ہوا۔ چُرمُر۔
مُرنڈا بنا دینا (ہ ۔ محاورہ) توڑ مروڑ کر گٹھڑی کر دینا۔ چُرمُر کر دینا۔

مُرنڈا کرنا۔ یا۔ کر دینا: سکھا دینا۔ بھُوننا۔ موہ لینا۔ عاشق بنا لینا۔ فریفتہ کر ڈالنا۔

مُرنڈا بننا یا ہونا (اُر۔محاورہ) ٹوٹ پھُوٹ کر گٹھڑی ہو جانا۔ فریفتہ ہونا۔ شیدا ہونا۔

مرنے تک کی فرصت نہیں } (اُر۔محاورہ، سخت
مرنے کی بھی فرصت نہیں } مصروفیت ہے۔ دم بھر کی فرصت نہیں۔ ذرا دیر کی بھی مہلت نہیں ہے۔

مرنے جائیں ملار گائیں (ہ۔مثل) بے پرواہ اور بے فکر آدمی کی نسبت بولتے ہیں یعنی مرنے کو بھی کھیل اور ہنسی سمجھ کر گیت گاتے ہیں۔

مرنے جوگ۔ یا۔ مرنے جوگا۔ یا۔ مرن جوگا (ہ۔صف) مرنے کے قابل۔ مرنہار۔ جانہار۔

مرنے کو (ہ۔تابع فعل) مرنے پر تیار۔ مرنے کو مُستعد۔ مرنا۔ گور میں پاؤں لٹکائے۔

مرنے کو بیٹھا ہے (ہ۔محاورہ) مرنے والا ہے۔ کوئی دن کا مہمان۔ قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھا ہے۔

مرنے کو جی کرے کفن کا ٹوٹا } (اُر۔مثل، نہایت غریب
مرنے کو چلے کفن کا ٹوٹا } اور بہانہ خوار آدمی کی بابت بولا جاتا ہے۔ یعنی مرنے کو جاتا ہے۔ اور کفن نہ ہونے کا بہانہ بناتا ہے۔ یا ایسا غریب ہے کہ کفن تک بھی لے جا نہیں سکتا۔

مرنے کے نام سے موت آنا (اُر۔محاورہ) موت سے بہت ڈرنا۔

مرنے لگنا (ہ۔محاورہ) جان دینے لگنا۔ کسی پر عاشق ہو جانا۔ فریفتہ ہونا۔

مرنے والا (ہ۔ا۔مذ۔فاعل) متوفی۔ مرحوم۔ مغفور۔ مرا ہوا۔ عاشق۔ شیدا۔ دلدادہ (بحالت اسم صفت) بہادر۔ شجاع۔ سورما۔ جان جوکھوں میں پڑنے والا۔ موت پر آمادہ مرنے کو تیار۔

مروا (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا پھُول دار پودا۔ ایک خوشبُودار تلخ گھاس۔

مروا (ہ۔ا۔مذ) چھوٹی ٹھلیا۔

مروا (ہ۔ا۔مذ) وہ لکڑی جو دیوار پر رکھ کر اس کے اُوپر مٹی کے کھپرے رکھتے ہیں۔

مروارید (ف۔امذ) موتی۔ لُولُو۔ دُر۔ گوہر۔ سیپی کے اندر کے نکلے ہوئے گول گول دانے۔

مروارید نا شفتہ (ف۔امذ) ان بندھے موتی۔ بن بندھا موتی۔

مروانا (ہ۔محاورہ) قتل کرانا۔ ہلاک کرانا۔ بُرا کام کرانا۔ فعل کروانا۔

مروت (ع۔ا۔مو) جوان مردی۔ بہادری۔ مردانگی۔ رعایت لحاظ۔ سخاوت۔ فیاضی۔ توفیق۔ بھلمنساہٹ۔ انسانیت۔ اخلاق۔ خوش خلقی۔

مروت کرنا یا برتنا (اُر۔محاورہ) اخلاق سے پیش آنا۔ رعایت کرنا۔ لحاظ کرنا۔

مروج (ع۔صفت۔مفعولی) رواج دیا گیا۔ رواج پایا ہوا۔ چلتا۔ رائج۔ جاری۔ موجودہ زمانہ کا۔ مستعمل۔ رسمی۔ معمولی۔

مرور (ع۔ا۔مذ) گزرنا۔ چلا جانا۔ بیت جانا۔

مروڑ (ہ۔امو) پیچ۔ بل۔ خم۔ پیچش۔ زجیر۔ غرور۔ اکڑ۔ اینٹھ۔ بل۔ نخوت۔ اینٹھن۔ کیڑے۔ گڑگڑی۔ غصہ۔ خشم۔

مروڑ اُٹھنا (اُر۔محاورہ) پیچش ہونا۔

مروڑ باز (اُر۔ا۔مذ) اینٹھے خاں۔ مغرور۔ متکبر۔ اکڑ باز۔

مروڑ پھلی (اُر۔امو) ایک قسم کی بلدار۔ پھلی۔ جو پیچش کی دوا میں برتتے ہیں۔

مروڑ پھینکنا (اُر۔محاورہ) موڑ توڑ کر پھینک دینا۔

مروڑ تروڑ (اُر۔مو) ہاتھ پاؤں کج کرنا۔ کپڑا مروڑنا۔ زبان کج کرنا۔

مروڑ دینا/ ڈالنا (اُر۔محاورہ) موڑ دینا۔ پھیر دینا۔

مروڑ کی بات (اُر۔محاورہ) پیچدار بات۔ طعنے کی بات۔ بلدار بات۔ طنز کی بات۔

مروڑ لینا (اُر۔محاورہ) نچوڑنا۔ مسوسنا۔

مروڑنا لینا (اُر۔محاورہ) اکڑ میں رہنا۔ گھمنڈ میں رہنا۔

مروڑ مراجانا (اُر۔محاورہ) سخت غصے میں پیچ و تاب کھانا۔

مروڑا (ہ۔ا۔مذ) اینٹھن۔ پیچش۔ وہ درد جو پیخانہ آتے وقت بیقرار کر دیتا ہے۔ اور پیچ و تاب کے ساتھ اُٹھتا ہے۔

مروڑا اُٹھنا (ہ۔محاورہ) قراقر ہونا۔ پیچ و تاب اُٹھنا۔ انتڑیوں میں سخت درد ہونا۔

مروڑنا (ہ۔محاورہ) بل دینا۔ موڑنا۔ اینٹھنا۔ پھیرنا۔ دبانا۔ دبوچنا۔ نچوڑنا۔ مسوسنا۔ توڑنا۔ کھانا۔ چٹ کرنا۔

مروڑی (ہ۔ا۔مو) بل۔ پیچ۔ گانٹھ۔ گرہ۔ آٹے کی وہ بتی جو روٹی پکاتے وقت ہتھیلیوں اور انگلیوں پر سے مل کر اُتاری جاتی ہے۔

مروڑی دے کر دھونا (اُر۔محاورہ) بل دے کر دھونا۔

مروڑی دے کر سینا (اُر۔محاورہ) موڑ دے کر سینا۔ بل دے کر دینا۔

مروڑی دینا (اُر۔محاورہ) بل دینا۔ مروڑ دینا۔

مروڑی کھانا (اُر۔محاورہ) بل کھانا۔ اینٹھنا۔ اکڑنا۔

مروڑے (ہ۔ا۔مذ) مروڑا کی جمع۔

مروڑے اُٹھنا (اُر۔محاورہ) پیچ اُٹھنا۔ پیچ سے درد ہونا۔

مروڑے کے درد کھانا (اُر۔محاورہ) پیچ و تاب کے درد کی تکلیف برداشت کرنا۔ جو چننے کے وقت ہوتی ہے۔

مروڑیاں کھانا (اُر۔محاورہ) پیچ و تاب کھانا۔

مُروّق (ع۔صفت) صاف کیا ہوا۔ مصفا۔ مقطر۔ ٹپکایا ہوا۔ چھنا۔

ہوا۔ خالص ۔
مَزوَہ (ع۔ا۔مذ) ظرف ۔ مکہ معظمہ کے قریب ایک پہاڑی کا نام ہے ۔
مَزوی (ع۔ صفت) روایت کیا گیا۔ بیان کیا گیا۔ منقول۔ مذکور ۔
مَرہٹا (ہ۔ا۔مذ) یتیم ۔ نگوڑا ۔ ناٹھا ۔ دنگئی ۔ شریر ۔ نٹ کھٹ ۔
مَرہٹا یا مَرہٹہ (ہ۔ا۔مذ) مہاراشٹر کا باشندہ ۔ مہاراشٹر کے بہادر راجپوت ۔ مرہٹہ قوم کا ۔ بھارت کے صوبہ مہاراشٹر کا باشندہ
مَرہٹی (ہ۔ا۔مو۔ بیائے نسبتی) مرہٹوں کی ۔ مرہٹوں کی بولی، ایک قسم کا گیت ۔ مرہٹوں کی سلطنت جس میں بد انتظامی ۔ بے حد تھی ۔ مجازاً ۔ بد انتظامی ۔ ابتری ۔ خرابی ۔ بدعملی ۔
مرہٹی گھس گھس (ہ۔محاورہ) افراتفری ۔ کھل بلی ۔ بد نظمی ۔ اندھیر ہنگامہ ۔ بلوہ ۔
مَرہَم (ع۔ا۔مذ) زخم پر لگانے یا پھاہے پر لگا کر زخم پر رکھنے کی گاڑھی اور چکنی دوا ۔ مجازاً پٹی ۔ پلستر ۔ لیپ ۔
مَرہَم پٹی (اُ۔ا۔مو) زخم کی دوا ۔ زخم کا علاج ۔
مَرہَم پٹی کرنا (اُ۔محاورہ) زخم کا علاج کرنا ۔ زخمی کا علاج معالجہ کرنا ۔
مَرہَم دان (عف۔ا۔مذ) مرہم رکھنے کا ڈبا ۔ مرہم کا بکس ۔
مَرہَم رکھنا (اُ۔محاورہ) زخم پر مرہم لگانا ۔
مَرہَم کی پٹی (اُ۔ا۔مو) وہ پٹی جو مرہم میں لت کر کے زخم بھرنے کے لئے رکھی جاتی ہے ۔
مَرہَم لگانا (اُ۔محاورہ) زخم پر مرہم چپڑنا ۔ مرہم کا لیپ کرنا ۔
مَرہُون (ہ۔ا۔مو) تمباکو کا چورا، سوکھا کٹا ہوا تمباکو ۔
مَرہُون (ہ۔صفت مفعولی) رہن کیا گیا ۔ گرو رکھا گیا ۔
مَرہُونِ منت (ع۔صفت) احسان کے بدلے میں ۔ ممنون ۔ شکر گزار ۔ مشکور ۔
مَرہُونہ (عف۔صفت) گرو رکھی ہوئی ۔ رہن کی کوئی چیز ۔
مُرَّی (ہ۔ا۔مو) وہ مروڑی جو ڈور بٹتے وقت اس میں پڑ جاتی ہے ۔ گلبھٹی ۔ گنجلک ۔
مَری (ہ۔ا۔مو) وبا ۔ عام بیماری ۔ مرگ عام ۔ جیسے چیچک ۔ ہیضہ ۔ طاعون ۔ وغیرہ (بحالت صفت) ماری گئی ۔ مُردہ ہوئی چیز ۔ جانوروں کی بیماری ۔ مرگا مرگ ۔
مری بھیڑ خواجہ خضر کے نام (اُ۔مثل) اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی شخص کھوئی ہوئی یا ناقص شے کو اللہ کے نام پر خیرات کر کے مفت ثواب کمانا چاہیئے ۔
مَری پڑنا (ہ۔محاورہ) وبا پھیلنا ۔ بکثرت ۔ اموات ہونا ۔
مَری جوں (ہ۔صفت) جوں جیسا سست ۔ بے حد کاہل ۔ کم رفتار ۔ مردہ سا ۔
مَری لیا (ہ۔صفت) موت لیا ہوا ۔ مرن جوگا ۔ مرنے کے قابل ۔
مَری مٹی کی نشانی (اُ۔مثل) مرے کی یادگار ۔ اولاد ۔
مَرِّی (ع۔ا۔مو) نرم ہڈی مڑکنی ہڈی ۔ نرخرہ ۔ گلے سے معدے تک کی نالی ۔
مَرِی جان (اُ۔محبت کا کلمہ) میرے پیارے ۔ میری جان ۔ عزیز من ۔
مَرِیخ (ع۔ا۔مذ) ساتویں آسمان پر ایک ستارہ ۔ منگل ستارہ ۔ جلاد فلک ۔ لڑائی کا دیوتا ۔
مَرے (اُ۔صفت) مرے ہوئے فوت شدہ ۔ مرا کی جمع ۔
مَرے بیٹھنا (اُ۔محاورہ) آمادہ ہونا ۔
مَرے پر سو دُرّے (اُ۔مثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص کسی مصیبت میں مبتلا ہو ۔ اور دوسری مصیبت بھی آجائے ۔
مَرے تو شہید مارے تو غازی (اُ۔مقولہ) ہر حالت میں مسلمان کے لئے اچھائی ہے ۔ ہر حال میں فائدہ ہی فائدہ ۔
مَرے جانا (اُ۔محاورہ) بے قرار ہونا ۔ جلدی کرنا ۔
مَرے کو مارے شاہ مدار (اُ۔مثل) مصیبت زدہ کو اور ایذا پہنچانا ۔
مَرے مُردے اُکھاڑنا (اُ۔محاورہ) اگلی پچھلی باتوں کو چھیڑنا ۔
مَرے ہوئے ہونا (اُ۔محاورہ) فریفتہ ہونا ۔
مُرید (ع۔صفت مفعولی) ارادت رکھنے والا ۔ عقیدت مند ۔ معتقد ۔ چیلا ۔ بالکا ۔ مطیع ۔ فرمانبردار ۔ تابع ۔
مُرید کرنا (اُ۔محاورہ) بالکا بنانا ۔ چیلا ۔ مونڈنا ۔ تابع کرنا ۔ فرمانبردار بنانا ۔
مَریض (ع۔ا۔مذ) روگی ۔ بیمار ۔ علیل ۔ سقیم ۔
مَریَل (ہ۔صفت) نہایت دبلا ۔ بہت لاغر ۔ مُردہ سا ۔ نہایت ضعیف ۔
مَریَم (ع۔صفت) لغوی معنی ۔ کنواری ۔ کنیا ۔ باکرہ ۔ اصطلاحی ۔ پارسا ۔ پاک دامن ۔ اچھوتی ۔ باعفت ۔ حضرت مسیح علیہ السلام کی والدہ کا نام ۔
مریم کا پنجہ (اُ۔ا۔مذ) پنجہ کی ہم شکل ۔ ایک خوشبودار گھاس کا نام ہے ۔ کہتے ہیں حضرت مریم علیہا السلام نے درندہ کی شدت کے وقت اس پر ہاتھ مارا تھا ۔ اس وجہ سے یہ شکل ہو گئی ۔ پانی میں ڈال کر حاملہ کے آگے رکھنے پر اس کے اثر سے بچہ جلد پیدا ہو جاتا ہے ۔
مَرینہ (انگ۔ا۔مذ ۔ Marina) مرینو منڈھے کی نرم اون کا بنایا ہوا کپڑا ۔ مجازاً ہر ایک اونی کپڑا ۔ مرینو ملک ہسپانیہ میں ہے ۔

م ۔ ڑ

مُڑ آنا (ہ۔فعل) واپس آجانا ۔ لوٹ آنا ۔ اُلٹا چلا جانا ۔
مُڑ جانا (ہ۔فعل) واپس ہو جانا ۔ پھر جانا ۔ خم کھا جانا ۔ ٹیڑھا ہو جانا ۔

خمیدہ ہوجانا۔

مڑک (ہ۔ا مو) بل۔ مروڑ۔ اینٹھ۔ اکڑ۔ کجی۔ ٹیڑھ۔ کلیہ قاعدہ۔ گر۔ نتیجہ۔ کلی۔ توڑ جوڑ۔ جگت۔ داؤں گھات۔ حکمت عملی۔ جوتے کی چوں چوں کی آواز۔

مُڑ کر کے کروٹ نہ لینا (اُر۔ محاورہ) توجہ نہ کرنا۔ کچھ خبر نہ لینا۔

مُڑ کر نہ دیکھنا (ہ۔ محاورہ) مُنہ موڑ کر نہ دیکھنا۔ بات نہ پوچھنا۔ پرواہ نہ کرنا۔

مُڑ مُڑ کر دیکھنا (ہ محاورہ) بار بار دیکھنا۔ پھر پھر کر دیکھنا۔ جُدائی کا افسوس ظاہر کرنا۔

مُڑکنا (ہ۔ فعل) ٹوٹنا۔ چٹکنا۔ آواز دینا۔

مُڑنا (ہ۔ فعل) خم کھانا۔ خمیدہ ہونا۔ واپس ہونا۔ لوٹنا۔ پھرنا۔ الٹا پھرنا۔

مُڑوانا (ہ۔ فعل) خمیدہ کرانا۔ واپس کرنا۔ لوٹانا۔ الٹا پھروانا۔

مُڑوڑا (ہ۔ا مذ) پیچش۔ زنجیر۔ بل۔ پیچ و تاب۔

مُڑوڑنا (ہ۔ فعل) بل دینا۔ مروڑنا۔

مُڑوڑی (ہ۔ا مو) مروڑی۔

مُڑھنا (ہ۔ فعل) منڈھنا۔ غلاف چڑھانا۔ پوشش کرنا۔ کھال چڑھانا۔

مڑھی (ہ۔ا مو) فقیر کی جھونپڑی۔ کٹی۔ کٹیا۔ مندر۔ معبد۔

م - ز

مَزا (اُر۔ا مذ) سواد۔ لذت۔ ذائقہ۔ (فارسی لفظ مزہ سے بگڑا ہوا ہے)

مزاج (ع۔ا مذ) ترکیب۔ ملاوٹ۔ بناوٹ۔ ساخت۔ میل ملاؤ۔ سرشت۔ خمیر۔ خاصیت۔ اثر عناصر۔ خاصہ۔ کیفیت۔ گن۔ عادت۔ سبھاؤ۔ خصلت۔ مادہ۔ ماہیت۔ حقیقت۔ جوہر دل۔ طبیعت جیسے مزاج مبارک۔ غرور۔ ناز۔ تکبر۔ فخر۔ نخوت۔ نخرہ۔ چوچلا۔

مزاج آشنا (ع۔ صفت) طبیعت شناس۔ مزاج پہچاننے والا۔

مزاج آگ کرنا (اُر۔ محاورہ) طبیعت میں زیادہ گرمی پیدا کر دینا۔ بہت تیزی پیدا کر دینا۔ غصہ دلانا۔

مزاج آنا (اُر۔ محاورہ) غرور آنا۔ دماغ ہونا۔ نخوت ہونا۔ تکبر ہونا۔

مزاج اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) بدمزاجی برداشت کرنا۔ ناز برداری کرنا۔

مزاج اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) مزاج اُٹھانا کا لازم ہے۔

مزاج اصلاح پر آنا (اُر۔ محاورہ) بدمزاجی کم کرنا یا ہونا۔ مرض میں افاقہ ہونا۔ اچھا ہونا۔ تندرست ہونا۔

مزاج اعتدال پر ہونا (اُر۔ محاورہ) مزاج ٹھیک حالت پر پر ہونا۔ مزاج درست ہونا۔

مزاج بحال ہونا (اُر۔ محاورہ) طبیعت کا اصلی حالت کی طرف آنا۔

مزاج بدلا ہونا (اُر۔ محاورہ) طبیعت کا رنگ کچھ کا کچھ ہونا۔

مزاج بد ہونا (اُر۔ محاورہ) مزاج بُرا ہونا۔ بدمزاج ہونا۔

مزاج برہم ہونا / **مزاج بگڑنا** (اُر۔ محاورہ) مزاج پر غصہ طاری ہونا۔ طبیعت بگڑنا۔ دل ناراض ہونا۔ مزاج خراب ہونا۔

مزاج بگاڑنا (اُر۔ محاورہ) خصلت بگاڑنا۔ عادت خراب کرنا۔ طبیعت میں غصہ پیدا کر دینا۔

مزاج بنا دینا (اُر۔ محاورہ) طبیعت کی اصلاح کر دینا۔ خاصیت پیدا کر دینا۔

مزاج بہکنا (اُر۔ محاورہ) دیوانہ ہونا۔ خلل دماغ ہونا۔

مزاج پانا (اُر۔ محاورہ) طبیعت معلوم کرنا۔ رُخ پانا۔ توجہ پانا۔ دھیان پانا۔

مزاج پرسی کرنا (اُر۔ محاورہ) خیریت پوچھنا۔ طبیعت کا حال دریافت کرنا۔ سنا لینا۔ خبر لینا۔

مزاج پلیٹی (اُر۔ صفت۔ منقولی) مزاج جو نک چڑھی۔ دماغدار۔ مغرور۔

مزاجدار (ف۔ صف۔ فاعلی) تمکنت والا۔ خود پسند۔ متکبر۔ مغرور۔ نازک طبع۔

مزاج داں / **مزاج شناس** (ف۔ صفت۔ فاعلی) عادت سے واقف۔ مزاج سے خبردار۔ مزاج میں دخیل۔ کسی کے مزاج اور سبھاؤ پر تصرف رکھنے والا۔

مزاج درست کرنا (اُر۔ محاورہ) طبیعت کا ٹھیک حال پر لانا۔ طبیعت کی اصلاح کرنا۔

مزاج درست ہونا (اُر۔ محاورہ) طبیعت ٹھیک ہونا۔

مزاج راہ پر آنا (اُر۔ محاورہ) طبیعت درست ہونا۔

مزاج رنگین ہونا (اُر۔ محاورہ) طبیعت میں شوخی ہونا۔

مزاج سرد ہونا (اُر۔ محاورہ) مزاج میں برودت ہونا۔

مزاج سیدھا ہونا (اُر۔ محاورہ) مزاج درست ہونا۔ مزاج باہم موافق ہونا۔ خفگی دور ہونا۔ توجہ کر کے بات سُننا۔

مزاج شریف / **مزاج مبارک** / **مزاج عالی** (اُر۔ محاورہ) آپ کے مزاج اچھے ہیں۔ آپ خیریت سے ہیں۔ آپ کی طبیعت اچھی ہے۔

مزاج عالی نہ توشک نہ تہالی (اُر۔ مثل) مُفلسی میں مزاج کرنے والے کی نسبت کہا کرتے ہیں۔ یعنی مزاج تو امیرانہ رکھتے ہیں۔ اور سامان ذرہ بھی نہیں۔

مزاج عرش پر ہونا (اُر۔ محاورہ) نہایت مغرور ہونا۔

مزاج عرش سے پرے ہونا (اُر۔ محاورہ) بہت مغرور ہونا۔

مزاج قابو میں نہ ہونا (اُر۔ محاورہ) طبیعت کا بے اختیار ہونا۔

مزاج کا تیز (اُ۔صف) غصہ ور۔
مزاج کبھی تولہ کبھی ماشہ (اُ۔مقولہ) غیر مستقل مزاج۔ نازک مزاج۔
مزاج کرنا (اُ۔محاورہ)، اترانا۔ نخوت کرنا۔ ناک چڑھانا۔ غرور دکھانا۔ دماغ کرنا۔
مزاج کھوٹا ہونا (اُ۔محاورہ) طبیعت کا دغاباز ہونا۔
مزاج کی افتاد (اُ۔مو) طبیعت کا رنگ ڈھنگ
مزاج کے مارے (اُ۔محاورہ) تکبر اور غرور کے باعث۔ تمکنت کے سبب سے۔
مزاج لڑجانا (اُ۔محاورہ) دو شخصوں کے مزاج کا موافق ہونا۔
مزاج مل جانا (اُ۔محاورہ) طبیعت کا ایک دوسرے کے موافق ہونا۔
مزاج میں آنا (اُ۔محاورہ) دل میں آنا۔ خیال میں آنا۔ سمجھ میں آنا۔ نخوت کرنا۔ غرور کرنا۔ اترانا۔ تمکنت دکھانا۔
مزاج میں خودی سمانا (اُ۔محاورہ) طبیعت میں خود پسندی آجانا۔
مزاج نازک ہونا (اُ۔محاورہ) ذرا سی بات کو بھی بڑا محسوس کرنا۔
مزاج ناساز ہونا (اُ۔محاورہ) طبیعت علیل ہونا۔ مزاج میں کچھ برہمی ہونا۔
مزاج نہ پانا۔ یا۔ مزاج نہ ملنا (اُ۔محاورہ) نہایت مغرور و متکبر ہونا۔ بے حد اترانا۔ اپنے آپ کو دُور کھینچنا۔ مزاج سمجھ میں نہ آنا۔ غرور کے باعث مزاج کا حال معلوم نہ ہوسکنا۔
مزاج والا (اُ۔صفت، فاعلی) مغرور۔ متکبر۔ مُدمغ۔ تمکنت والا۔
مزاج ہونا (اُ۔محاورہ) غرور ہونا۔ دماغ ہونا۔ تمکنت ہونا۔ نخوت ہونا۔
مزاجاً (ع۔تابع فعل) طبیعت کے لحاظ سے۔ ازروئے مزاج۔ خاصیت میں۔ بالخواص۔
مزاجن } (اُ۔صفت۔مو) خودپسند۔ مزاجدار۔ دماغدار۔
مزاجو } عورت۔ تمکنت والی۔
مزاح (ع۔مو) ہنسی۔ ٹھٹھا۔ ظرافت۔ خوش طبعی۔ مذاق۔ چہل۔
مُزاحِم (ع۔صف۔فاعلی) اٹکانے والا۔ روکنے والا۔ مانع۔ حارج۔ متعرض۔ حائل ٹیکر۔ جھیلنے والا۔ سدِّ راہ۔
مُزاحِم ہونا (اُ۔محاورہ) مانع ہونا۔ حائل ہونا۔ حارج ہونا۔ ہوتے کام کو بگاڑنا۔ چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا۔
مُزاحَمت (ع۔اِ۔مو) رُکاوٹ۔ روک۔ ٹوک۔ اٹکاؤ۔ ممانعت۔
مُزاحَمت بے جا (عف۔اِ۔مو) قانون کے خلاف روک ٹوک۔
مُزار (ع۔مذ۔ظرف) زیارت گاہ۔ بزرگوں کا مقبرہ۔ آستانہ۔ درگاہ۔ ظرافتا ٹھکانا۔ جائے سکونت۔ مسکن مکان۔
مزار ہلا دینا (اُ۔محاورہ) ایسا فعل کرنا۔ جس سے صاحب مزار پر اثر ہو۔
مزار ہل جانا (اُ۔محاورہ) دیکھئے "مزار ہلا دینا" جس کا یہ لازم ہے۔
مُزارِع (ع۔مذ) کھیتی باڑی کرنے والا۔ کسان۔ کاشتکار۔ جوتا۔ زراعت کرنیوالا۔
مُزارِع تابع مرضیٔ مالک (عف۔مذ) وہ کاشت کار جسے مالک جب چاہے نکال دے۔
مُزارِع چھپّر بند (اُ۔مذ) وہ کاشت کار جس کا حق قدیم سے چلا آتا ہو۔
مُزارِع خود کاشت (عف۔امذ) وہ کاشت کار جو خود بونے جوتنے کا کام کرتا ہو۔
مَزامِیر (ع۔امذ) مزمور کی جمع۔ سارنگیاں۔ بانسریاں۔ نے۔ مُرلی۔ راگ۔ گیت۔ مجازاً مراثیوں کے ساز۔ بھجن۔ استھتی راگ کے طور پر دُعا۔ داؤد کا راگ۔ زبور۔
مزاوَجت (ع۔مو) جوڑا ہونا۔ زوج ہونا۔ بیاہ۔ شادی۔ گٹھ جوڑا۔ باہم نکاح ہونا۔
مُزاوَلت (ع۔مو) کسی کام کو ہمیشہ کرنا۔ روزمرہ برتاؤ۔ مشق استعمال۔ ورد۔ کوشش۔
مزبُور (ع۔صف۔مفعولی) اُوپر لکھا ہوا۔ جس کا ذکر اُوپر آچکا ہو۔ مذکورہ بالا۔
مُزجات (ع۔صف) ہیچ پوچ۔ بے اعتبار۔ تھوڑا۔ اندک ادنےٰ۔ ناچیز۔
مُزخرَف (ع۔اِ۔مو) جھوٹی بات۔ جعلی بات۔ بناوٹی بات۔ وہ جھوٹی بات جو سچی جیسی معلوم ہو۔
مزخرَفات (ع۔مو) مُزخرَف کی جمع۔ بیہودہ باتیں۔ لغو اور جھوٹی باتیں۔ چکنی چپڑی باتیں۔
مُزد (ف۔اِ۔مو) اُجرت۔ مزدوری۔ تنخواہ۔ محنانہ۔ صلہ۔ بدلہ۔ جزا۔ پاداش۔
مَزدُور (ف۔امذ۔ترکیب فاعلی) قلی۔ اُجرت پر کام کرنے والا۔ بار بردار۔ پانڈیا۔ بوجھ اُٹھانے والا۔
مزدور خوش دل کُند کار بہتر (ف۔مثل) اچھی اُجرت پانے والا مزدور زیادہ کام کرتا ہے۔
مَزدُوری (ف۔اِ۔مو۔بیائے مصدری) محنت۔ مشقت۔ کام۔ خدمت۔ اُجرت۔ محنانہ۔ کام کا صلہ۔
مزدُوری پر جانا (اُ۔محاورہ) محنت پر جانا۔ کام پر جانا۔
مزدُوری کرنا (اُ۔محاورہ) محنت مشقت کا کام کرنا۔
مزدُوری لنڈوری (اُ۔محاورہ) مزدوری۔ غیر مستقل چیز ہے۔ کبھی مل جاتی ہے۔ کبھی نہیں ملتی۔
مَزرَع } (ع۔امذ) ظرف۔ کھیت۔ کھیتی۔ کشت۔ چھوٹا گاؤں۔
مَزرَعہ } زراعت کی جگہ۔

مَزرَعِ آخرت (ع۔ا۔مو) آخرت کی کھیتی۔ بھلائی۔ نیکی۔ دنیا سے بھی مراد ہوتی ہے۔

مَزرُوعہ (ع۔صف۔مفعولی) بوئی جوتی۔ زمین۔ بویا ہوا کھیت۔ جوتا ہوا۔

مُزعفر (ع۔مذ) زعفرانی زردہ۔ ایک قسم کا میٹھا پلاؤ۔ جس میں کیسر زیادہ پڑتی ہے۔

مُزمِّن (ع۔صف۔فاعلی) زمانہ دراز کا پرانا۔ کہنہ۔ عموماً بیماری کی صفت میں آتا ہے۔

مُزَمَّہ (ہ۔ا۔مذ) گھوڑے کی گاچی یا موسٹھ میں پچھاڑی کے ساتھ لگا ہوا چمڑے یا رسی کا حلقہ جو گھوڑے کو آگے نہیں بڑھنے دیتا۔

مُزَمَّہ لگانا (اُر۔محاورہ) پچھاڑی باندھنا۔ روک دینا۔ ڈاٹ لگانا۔ ایک چیز کے بعد دوسری کھانا۔

مُزَمَّہ لینا / مُزمے لینا (اُر۔فعل) تنگ کرنا۔ خبر لینا۔ ٹھیک بنانا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔

مُزوِّر (ع۔صف) جھوٹا۔ فریبی۔ مکار۔ بدمعاش۔ بدچلن۔ لچا۔ شہدا۔ لچا۔ زیارت کرنے والا۔

مزوِّر (اُر۔ا۔مذ) مزدور کا مخفف ہے۔ قلی۔ پانڈیا۔ بارکش۔

مَزہ (ف۔مذ) سواد۔ ذائقہ۔ لطف۔ چسکا۔ لذت۔ چاٹ۔ بہار۔ رس۔ جوبن۔ شباب۔ خوشی۔ خرمی۔ عیش و نشاط۔ آنند۔ بھوگ۔ بلاس۔ حظ۔ عادت۔ خو۔ لت۔ دھت۔ لپکا۔ سیر۔ تماشا۔ گت۔ درجہ۔ حالت۔ کیفیت۔ سزا۔ جزا۔ بدلہ۔

مَزہ آجانا (اُر محاورہ) لذت حاصل ہونا۔ لطف آنا۔

مَزہ اَکِرجانا (اُر محاورہ) بے مزہ ہوجانا۔ بے لطف ہوجانا۔

مَزہ اُٹھانا (اُر۔محاورہ) حظ اُٹھانا۔ لطف اُٹھانا۔ بُرے کام کا بدلہ پانا۔ دُکھ سہنا۔

مَزہ اُٹھنا (اُر محاورہ) دیکھئے مزہ اُٹھانا جسکا یہ لازم ہے۔

مَزہ اُڑانا (اُر۔محاورہ) عیش منانا۔ لطف حاصل کرنا۔ جوبن لوٹنا۔ بہار لوٹنا۔

مَزہ آنا (اُر۔محاورہ) لذت آنا۔ لطف آنا۔ حقیقت کھلنا۔ کیفیت معلوم ہونا۔

مَزہ بھولنا / مزے بھولنا (اُر محاورہ) ذائقہ یاد نہ رہنا۔

مَزہ پانا (اُر۔محاورہ) کئے کی سزا بھوگنا۔ لطف حاصل کرنا۔ حظ اُٹھانا۔

مَزہ پڑنا (اُر۔محاورہ) عادت پڑنا۔ چاٹ پڑنا۔

مَزہ تو یہ ہے (اُر۔محاورہ) لطف اس بات میں ہے۔

مَزہ ٹپکنا (اُر۔محاورہ) لطف کا نمایاں ہونا۔

مَزہ جانا (اُر محاورہ) لطف جاتا رہنا۔

مَزہ جب ہے (اُر۔محاورہ) لطف جب ہے۔

مَزہ چکھانا (اُر۔محاورہ) سواد معلوم کرانا۔ ذائقہ چکھانا۔ سزا دینا۔ کئے کو پہنچانا۔

مَزہ چکھ لینا (اُر۔محاورہ) نتیجہ بھگتنا۔

مَزہ چکھنا (اُر۔محاورہ) لذت پانا۔ خمیازہ بھگتنا۔ رنج اُٹھانا۔

مَزہ دکھانا (اُر۔محاورہ) لطف چکھانا۔ بہار دکھانا۔ طنزاً بھی مستعمل ہے۔ سزا دینا۔

مَزہ دیکھنا (اُر۔محاورہ) ذائقہ معلوم کرنا۔ تماشا دیکھنا۔ سیر دیکھنا۔

مَزہ دینا (اُر۔فعل) لذت دینا۔ ذائقہ بخشنا۔

مَزہ زہر ہونا (اُر۔محاورہ) ذائقہ تلخ ہونا۔

مَزہ کرکرا یا کھنڈت کرنا (اُر۔محاورہ) لطف کھو دینا۔ رنگ میں بھنگ ڈالنا۔ بے لطفی کرنا۔ عیش کو خراب کر دینا۔

مَزہ کھلنا (اُر۔محاورہ) ناگوار گزرنا۔

مَزہ کھینچنا (اُر۔محاورہ) لطف حاصل کرنا۔

مَزہ لگ جانا (اُر۔محاورہ) چسکا پڑجانا۔

مَزہ ملنا (اُر۔محاورہ) لذت حاصل ہونا۔ سزا پانا۔ کار بد کا بدلہ ملنا۔

مَزہ لوٹنا (اُر۔محاورہ) بہار لوٹنا۔ عیش منانا۔ لطف حاصل کرنا۔

مَزہ ہے / مزا ہے (اُر۔محاورہ) عجیب لطف ہے۔ بڑا لطف ہے۔

مَزہ اُڑانا (اُر۔محاورہ) عیش منانا۔ گلچھرے اُڑانا۔ ہوس پوری کرنا۔

مَزے دار (اُر۔صفت) لذیذ۔ پُر لذت۔ باذائقہ۔ نہایت پُر لطف۔

مَزے داری (اُر۔ا۔مو۔بیائے مصدری) مزہ۔ حلاوت۔ لطف۔ کیفیت۔

مَزے سے گزرنا (اُر۔محاورہ) آرام سے بسر ہونا۔

مَزے کرنا (اُر۔محاورہ) لطف اڑانا۔ عیش منانا۔

مَزے کی بات (اُر۔ا۔مو) ہنسی کی بات۔ پُر لطف بات۔ تماشے کی بات۔

مَزے لوٹنا (اُر۔محاورہ) حظ اُٹھانا۔ لذت حاصل کرنا۔ لطف اُٹھانا۔ عیش منانا۔

مَزے میں آنا (اُر۔محاورہ) چاؤ میں آنا۔ خوشی میں آنا۔ اترانا۔ ناز کرنا۔

مَزے میں گزرنا (اُر۔محاورہ) عیش و آرام سے بسر ہونا۔

مَزید (ع۔ا۔مذ) زیادتی۔ افزونی۔ بڑھوتری۔ اضافہ (بحالت صفت) بڑھا ہوا۔ زیادہ کیا گیا۔ زیادہ کیا ہوا۔

مَزید بَرآں (ف۔تابع فعل) اس کے علاوہ۔ اس کے سوا۔ علاوہ ازیں۔

مَزید علیہ (ع۔ا۔مذ) زیادہ کیا گیا۔ اس پر۔ بڑھایا گیا۔ اُوپر زیادہ ہوا ہو۔ جیسے آباد ان مزید علیہ ہے۔ آباد کا۔

مَزید فیہ (ع۔صفت) زیادہ۔ فالتو۔ زائد۔

مُزَیَّن (ع۔صف۔مفعولی) آراستہ کیا ہوا۔ سجایا گیا۔ زینت دیا گیا۔ مکلف سجایا۔

م - ژ

مُژدہ (ف۔ا۔مذ) خوش خبری۔ بشارت۔ مبارک باد۔ مبارک ہو۔ تہنیت

مُژدہ باد اے مرگ عیسیٰ آپ ہی بیمار ہے (اُر۔مثل) جس سے امداد کی توقع تھی۔ وہ خود مصیبت میں گرفتار ہے۔

مُژدہ پہنچانا (اُر۔محاورہ) خوشخبری دینا۔ بشارت دینا۔

مُژدہ سُنانا (اُر۔محاورہ) خوش خبری لاکر دینا۔

مُژدگانی (ف۔مذ) قاصد کا انعام۔ خوشخبری لانے کو خوشی میں جو انعام دیا جائے۔

مُژگان (ف۔مو) مژہ کی جمع ہے۔ پلکیں۔

مژہ (ف۔ا۔مو) پلک۔ برنی۔ پلینی۔

م - س

مس (ف۔ا۔مذ) تانبا۔ ایک معمولی دھات جس کے برتن بناتے ہیں۔

مس خام (ف۔مذ) کچا تانبا۔ کان سے نکالنے کے بعد صاف نہ کیا ہوا تانبا۔

مس گر (ف۔مذ۔فاعل ترکیبی) کسیرا۔ ٹھٹیرا۔ تانبے کے برتن بنانے والا۔

مس (ہ۔ا۔مذ) حیلہ۔ بہانہ۔

مس (ہ۔ا۔مو) روشنائی۔ سیاہی۔ مرکب۔ دوات کی سیاہی۔

مس (انگ۔ا۔مو۔ Miss) کنیا۔ کنواری۔ باکرہ۔ دوشیزہ۔ لڑکی۔ دختر۔ جوان لڑکی۔ بن بیاہی۔

مُس (ہ۔ا۔مو) ہلساری۔ فی ہل۔ بڑھیوں اور لوہاروں کا ششما ہی اناج۔ مفررہ فی ہل۔ ہل کی موٹھ۔ ہل کا خم دار اُوپر کا حصّہ۔

مَس (ہ۔ا۔مو) موچھوں کا رُونگٹا سبزہ بروت۔ موچھوں کا آغاز روواں۔

مَس (ع۔مذ) چھونا۔ ہاتھ لگانا۔ ٹٹولنا۔ معلوم کرنا۔ کس کرنا۔

مَس ہونا (اُر۔فعل) لگاؤ ہونا۔ میلان ہونا۔ رغبت ہونا۔ رُجحان ہونا۔

مَسا (ع۔مذ) شام۔ شام کا وقت۔ صبح کی ضد۔

مَسا یا مَسّا (ہ۔مذ) گوشت کا ایک کالا سا دانہ اُبھرا ہوا۔ جو جسم انسان پر پڑ جاتا ہے۔ بواسیر کا دانہ۔ ہندوق کی مکھی۔

مَساکرے (ہ۔تابع فعل) حد کے درجے۔ بہ مشکل تمام۔ زیادہ سے زیادہ۔ بہت سے بہت۔ کھینچ تان کے۔ مجازاً بہت تھوڑا۔ قدرے تخلیل۔

مِسّا (ہ۔ا۔مذ) صفت) موٹا اناج۔ سستا اناج۔ غریبوں کے کھانے کا اناج۔ خصوصاً۔ چنا۔ آڑو۔ موٹھ۔ مونگ۔ لوبیے وغیرہ کا غلّہ۔ گندم اور چنے کا ملا ہوا اناج۔

مِسّاکِسّا (ہ۔ا۔مذ) موٹا چھوٹا اناج۔

مسابقت (ع۔مو) باہم سبقت لے جانا۔ سبقت۔

مَساج (انگ۔ا۔مذ) جسم کو ہاتھوں سے ملنا۔ تاکہ اعصاب کو تقویت پہنچے۔ Message

مَساجد (ع۔ا۔مو) ظرف۔ مسجد کی جمع۔

مَساح (ع۔صف۔مبالغہ) پیمائش کرنے والا۔ ناپنے والا۔

مساحت (ع۔مو) زمین کی پیمائش۔ زمین کی ناپ۔

مَساس (ع۔مذ) چھُونا۔ ہاتھ پھیرنا۔ ہاتھ سے ملنا۔ جماع۔ بھوگ۔ بلاس۔

مُساعِد (ع۔صف۔مفعولی) مددگار۔ یاور۔ معاون۔ مجازاً موافق۔ حب مراد۔

مُساعَدت (ع۔مو) مدد۔ یاری۔ یاوری۔ اعانت۔

مساعی (ع۔ا۔مو) مسعات کی جمع۔ کوششیں۔

مساعیِ جمیلہ (ع۔مو) نیک کوششیں۔

مَسافت (ع۔مو) بیابان کی دوری۔ منزل کا فاصلہ۔ دُوری۔ سفر۔ بُعد۔ سفر کی تکان۔

مسافت اُٹھانا (اُر۔محاورہ) سفر کی تکان برداشت کرنا۔

مسافت پڑنا (اُر۔محاورہ) فاصلہ پڑنا۔

مسافت طے کرنا (اُر۔محاورہ) راستہ کاٹنا۔ فاصلہ طے کرنا۔

مُسافرخانہ (عف۔ا۔مذ ظرف) مسافروں کے ٹھہرنے کی جگہ۔ سرائے۔ کارواں سرائے۔

مُسافرانِ عدم (ف۔ا۔مذ) عدم کا سفر کرنے والے۔ مُردہ لوگ۔

مُسافرانہ (ع۔تابع فعل) مسافروں کی طرح پردیسیوں کی طرح۔ مسافروں کی مانند۔

مُسافرت (ہ۔ا۔مو) سفر کرنا۔ سیاحی۔ مُسافری۔ پردیس۔

مُسافری (اُر۔ا۔مو۔ بیائے مصدری) سفر۔ پردیس۔ سیاحی۔

مَساکِن (ع۔ا۔مذ۔ظرف) مسکن کی جمع۔ مقامات۔ جائے سکونت مکانات۔

مَساکین (ع۔ا۔مذ) مسکین کی جمع۔ کنگال۔ مُفلس۔ غریب۔ محتاج فقیر۔ غربا۔

مَسالا (ع۔مذ) مصالح کا بگاڑ۔ کسی چیز کی تیاری کی ضروریات سامان۔ نمک۔ مرچ۔ ہلدی۔ دھنیا۔ پیاز۔ لہسن وغیرہ۔ گوٹا۔ کناری۔ گوکھرو وغیرہ۔

مسالا بنانا (اُر۔محاورہ) مسالا مرکب کرنا۔ مسالا تیار کرنا۔

مسالا ٹانکنا (اُر۔محاورہ) گوٹا کناری۔ وغیرہ لگانا۔

مسالا ڈالنا (اُر۔محاورہ) کھانے میں گرم مسالا وغیرہ ڈالنا۔
مسالے دار (اُر۔صفت) وہ چیز جس میں مسالا پڑا ہوا ہو۔ چٹ پٹی۔
مسالے کی شاعری (اُر۔ا۔مو) چٹ پٹی شاعری۔
مَسالک (ع۔ا۔مذ۔ظرف) مسلک کی جمع۔ رستے۔ سڑکیں۔ راہیں۔
مَسام (ع۔ا۔مذ۔ظرف) جسم سے پسینہ نکلنے کے سوراخ۔
مسالمہ (ف۔ا۔مذ) شہدائے کربلا کی یاد میں سند سہ پیش کرنا۔
مَسامات (ع۔ا۔مذ) مسام کی جمع۔ چھوٹے چھوٹے سوراخ۔ جن سے پسینہ نکلتا ہے۔
مُساحَت (ع۔ا۔مو) چشم پوشی کرنا۔ کسی عیب کا ظاہر نہ کرنا۔
مَسامَسا کَر (اُر۔متعلق فعل ق) کھینچ تان کے بڑی مشکل سے۔
مَسان (ہ۔ا۔مذ) شمشان۔ مرگھٹ۔ بچوں کی ایک بیماری کا نام ہے۔ اُمّ الصبیان جنوں اور ناپاک روحوں کو قابو کرنے کا علم۔ بھوت بدیا۔
مَسانی (ہ۔ا۔مو) ستیلا کی ایک قسم۔ کھسرا۔ چھوٹی ماتا۔ ستیلا دیوی کی ایک بہن کا نام۔
مَسانیاں (ہ۔ا۔مذ۔فاعل) بھوت پریت اُتارنے والا۔ سیانا۔
مُساوات (ع۔ا۔مو) مُردے کی راکھ اُٹھانے والا۔ ایک قسم کے خاکروب۔
مُساوات نکالنا (اُر۔محاورہ) مساوات کی نامعلوم مقدار کی قیمت دریافت کرنا۔
مُساوی (ع۔صفت۔فاعلی) ایک جیسا۔ مساوی۔ برابر۔ یکساں۔ ہموزن۔ ہمسر۔
مَسائل (ع۔ا۔مذ) مسئلہ کی جمع۔ پوچھنے کے قابل باتیں۔ دریافت طلب۔ امور۔ سوال۔ مسئلے۔ مذہبی۔ احکام۔ اصول۔ مذہب مذہبی قاعدے طریقے۔
مُسبَّب (ع۔صفت۔مفعولی) سبب کیا گیا۔ باعث۔ وجہ۔ سبب۔
مُسبِّب (ع۔ا۔مذ۔فاعل) سبب کرنے والا۔ وجہ بنا دینے والا۔
مُسبِّب الاسباب (ع۔ا۔مذ) کسی کام کے ہونے کا سبب پیدا کر دینے والا۔ کوئی سبب بنا ڈالنے والا۔ خداوند کریم۔
مُسبِّب حقیقی (ع۔ا۔مذ) اصلی مُسبِّب۔ قادر مطلق۔ سرب۔ سکتی مان۔
مُسبِّح (ع۔صفت) سبحان اللہ کہنے والا۔ اللہ تعالےٰ کی پاکیزگی بیان کرنے والا۔
مُسبِّحہ (ع۔ا۔مو) انگشت شہادت۔ کلمہ کی انگلی۔
مُسبَّع (ع۔ا۔مذ) سات حصّے کیا گیا۔ سات پہلوؤں والی چیز یا شکل۔ سات مصرعوں کا پابند۔
مَسبُوق (ع۔صفت۔مفعولی) گزشتہ۔ گزرا ہوا۔
مَسبُوق الذکر (ع۔ا۔مذ) جس کا ذکر پہلے گزر چکا ہو۔
مست (ف۔صفت) نشہ میں چور۔ مدھ مانا۔ شرابی۔ متوالا۔ مخمور۔ مدہوش۔ سرشار۔ بیہوش۔ مجذوب۔ دیوانہ۔ بے پروا۔ بے فکرا۔ متکبر۔ مغرور۔ پُر۔ شہوت۔ مدپر آیا ہوا۔ فارغ البال۔
مست الست / مست ازل / مست ازلی (فع۔ا۔مذ) وصفی۔ وہ شخص جو روزِ ازل سے مست ہو۔ اکثت بربکم کا خدائی قول سُننے کے زور سے ہی مست قدرتی مست۔ مجذوب کامل۔ ادنی مست۔
مست بوک (اُر۔ا۔مذ) مستی میں بھرا ہوا اکبرا۔ بالکل جوان بکرا۔
مست قلندر / مست مولا (اُر۔ا۔مذ) بے پروا۔ آزاد بے فکرا درآدمی بے سدھ آدمی۔ لاپروا آدمی۔
مست مہینہ (اُر۔ا۔مذ) ہولی کے دن۔ پھاگن کا مہینہ۔
مست ہاتھی (اُر۔مذ) وہ ہاتھی جو مستی کی وجہ سے دیوانہ ہو۔
مست ہو جانا (اُر۔محاورہ) متوالا ہو جانا۔ نشے میں چُور ہو جانا۔ مدہوش ہونا۔ بے سُدھ ہونا۔ پھولنا۔ اترانا۔ گھمنڈ کرنا۔ متکبر ہونا۔ شہوت سے پُر ہو جانا۔ جوبن میں بھرنا۔ مدماتا ہونا۔ مگن ہونا۔ خوش ہونا۔ اندھ ہونا۔ دیوانہ ہونا۔ مجذوب ہونا۔ پاگل ہونا۔
مُستاجِر (ع۔ا۔مذ۔فاعل) ٹھیکہ دار۔ اجارہ دار۔ پٹی دار۔ کاشتکار زمیندار۔
مُستاصَل (ع۔صفت) جڑ سے اُکھڑا ہوا۔ برباد۔ تباہ۔
مَستان (اُر۔مذ وصفی) سڑی۔ مجذوب۔ مست و لایعقل آدمی۔
مَستان شاہ (اُر۔ا۔مذ) مست۔ درویش۔ مجذوب اور بیہوش فقیر۔
مستانا یا۔ مستانا جانا (اُر۔محاورہ) مست ہونا۔ مدھ پر آنا۔ آلنگ پر آنا۔ اُمٹنا۔ مدھ ماتا ہو جانا۔ مستی میں بھرنا۔
مُستانہ (ف۔صف۔ترکیب کشیبی) مستوں کی طرح۔ مثل مستاں۔ متوالوں کی مانند۔ وہ آدمی جس کی حرکات و سکنات مستوں کی سی ہوں۔
مستانہ چال (اُر۔ا۔مو) جھومتی۔ جھامتی۔ چال۔ متوالے کی سی رفتار۔
مَستانی (اُر۔ا۔مو۔بیائے تانیث) مدماتی پر شہوت عورت۔ دیوانی۔ باؤلی۔
مُستَاہِل (ع۔ا۔مذ) لائق۔ سزاوار۔
مُستَبِد (ع۔صفت) اکیلے کام کرنے والا۔ خود مختار۔ مطلق العنان۔ جابر۔
مُستَبِدانہ (ع۔صفت) مطلق العنانی۔ خود مختارانہ۔
مُستَتِر (ع۔صفت۔فاعلی) پردے میں ہونے والا چھپنے والا۔ وہ ضمیر فاعلی جو ظاہر نہ ہو۔
مستثنےٰ (ع۔صفت۔فاعلی) چھانٹا گیا۔ علیحدہ کیا گیا۔ الگ کیا گیا۔ چُنا گیا۔ ماسوا بجز۔ الا۔

مستثنےٰ کرنا (اُ/فعل) کئی چیزوں میں سے ایک چیز کو الگ کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ چھوڑ دینا۔

مستثنےٰ منہٗ (ع۔مذ) جن میں سے نکالا گیا ہو۔ وہ اشیاء یا آدمی جن میں سے کسی کو الگ کر لیا گیا ہو۔

مُستَجاب (ع۔صف۔مفعولی) جواب دیا گیا۔ مجازاً مانا گیا۔ منظور کیا گیا۔ قبول کیا گیا۔

مُستَجابُ الدعوات (ع۔صف) مقبول دُعا۔ وہ شخص جس کی دُعا بارگاہ الٰہی میں قبول ہو جائے۔

مُستَجمَع (ع۔ا۔مو) جمع ہونے کی جگہ۔

مُستَجمَعُ الصفات (ع۔صف) جس میں تمام خوبیاں جمع ہوں۔

مُستَحَب (ع۔صف۔مفعولی) پسند کیا گیا۔ پسندیدہ۔ محبت کیا گیا۔ اصطلاح شرعی میں وہ فعل جسے رسول اکرم صلعم نے پسند فرما کر کبھی خود کیا یا اس کا ثواب بیان فرمایا ہو۔

مُستَحسَن (ع۔صف۔مفعولی) نیک کیا گیا۔ پسندیدہ۔ بہتر۔ عمدہ۔ نیک۔ اچھا۔

مُستَحضَر (ع۔صفت) یاد رکھا ہوا۔ وہ بات جو یاد ہو۔

مُستَحِق (ع۔صف۔فاعلی) حقدار۔ حق پانے والا۔ حق رکھنے والا۔ دعویدار۔ سزاوار۔ قابل۔ لائق۔ مستوجب۔ درویش۔ مُفلس۔ نادار۔ کنگال۔

مُستَحِق ٹھہرانا (اُ/فعل) کسی کو حقدار قرار دینا۔ قابل جاننا۔ لائق سمجھنا۔

مُستَحکَم (ع۔صف۔فاعلی) قائم رہنے والا۔ مضبوط۔ سخت۔ پائدار۔ پکا۔ اٹل۔ اچل۔

مُستَدعی (ع۔صف۔فاعلی) خواہشمند۔ چاہنے والا۔ استدعا کرنے والا۔ ملتجی۔ متمنی۔

مُستَدیر (ع۔صف) گول۔ مدور۔ گولائی دار۔

مُستَراح (ع۔مذ) فراغت کی جگہ۔ پاخانہ۔

مُستَرحِم (ع۔صف) رحم چاہنے والا۔

مُستَرَد (ع۔صف۔مفعولی) رد کیا گیا۔ لوٹا گیا۔ واپس کیا گیا۔

مُستَرضی (ع۔صفت) رضا چاہنے والا۔ خوشنودی چاہنے والا۔

مُستَری (اُ/ا) ماسٹر کا بگاڑ۔ کاریگروں کا سردار۔ دستکاروں کا افسر مجازاً۔ ہر ایک کاریگر۔ کسی پیشہ کا کاریگر۔

مُستَزاد (ع۔صف۔مفعولی) پڑھایا گیا۔ زیادہ کیا گیا۔ علم عروض میں وہ نظم جس کے ہر مصرع پر ایسا ٹکڑا زیادہ کر دیں، جو اسی مصرعہ کے رکن اول اور رکن آخر کے برابر ہو۔

مُستَسقی (ع۔صف۔فاعلی) پیرابی مانگنے والا۔ اسنکا کی بیماری والا۔ پیاسا۔ تشنہ۔ جلندر کی بیماری والا۔ جلندری۔ جلودری۔

مُستَشار (ع۔صفت) جس سے مشورہ کیا جائے۔

مُستَشرِق (ع۔صفت) وہ فرنگی جو مشرقی زبانوں اور علوم کا ماہر ہو۔

مُستَشفیٰ (ع۔ا۔مذ) شفاخانہ۔ ہسپتال۔

مُستَطاب (ع۔صفت) پاک آیا ہوا۔ خوش۔ اچھا۔ عمدہ۔ مبارک۔ خوب۔ خوش گوار۔ رجستہ۔ نیک۔

مُستَطیع (ع۔صفت) استطاعت رکھنے والا۔ صاحب مقدور۔

مُستَطیل (ع۔مذ) لمبا۔ جسیم۔ طویل سطح۔ وہ سطح جس کا طول زیادہ اور عرض کم اور چاروں زاویے قائمے ہوں۔

مُستَظہِر (ع۔صف۔فاعلی) امداد چاہنے والا۔ مدد مانگنے والا۔ پشت پناہ کی طلب کرنے والا۔ ظہور کا طالب۔ ظہور چاہنے والا۔

مُستَعار (ع۔صف۔مفعولی) اُدھار لیا ہوا۔ مانگنے لیا ہوا۔ مانگا ہوا۔ چند روزہ جیسے حیات مستعار۔

مُستَعار دینا (اُ/فعل) مانگے دینا۔ اُدھار دینا۔

مُستَعار لینا (ع۔ا۔مذ) وہ چیز جو کسی سے لئے اُدھار لی جائے۔ استعارہ کا وہ رکن جو مشبہ کی جگہ ہو۔

مُستَعار منہٗ (ع۔ا۔مذ) جس سے کچھ اُدھار لیا جائے۔

مُستَعجِل (ع۔صف۔فاعلی) جلدی کرنے والا۔ تعجیل کرنے والا۔ جلد باز۔ تیزی دکھانے والا۔

مُستَعجلانہ (عف۔صف) جلد بازی کا۔

مُستَعِد (ع۔صف۔فاعلی) تیار۔ آمادہ۔ کربستہ۔ چست۔ چالاک۔ ہوشیار۔

مُستَعِد ہونا (اُ/فعل) تیار ہونا۔ کربستہ ہونا۔ موجود ہونا۔ لائق ہونا۔ قابل ہونا۔

مُستَعفی (ع۔صف۔فاعلی) استعفا دینے والا۔ نوکری چھوڑنے والا۔

مُستَعمَر (ع۔صفت) آبادی۔ کالونی۔

مُستَعمِر (ع۔صفت) آبادی چاہنے والا۔ آبادکار۔ نوآبادکار۔

مُستَعمَرہ (ع۔ا۔مو) نوآبادی۔ کالونی۔

مُستَعمَل (ع۔صف۔مفعولی) عمل میں لایا ہوا۔ برتا ہوا۔ کام دیتا ہوا۔ مروج۔ سیکنڈ ہینڈ۔

مُستَغاث (ع۔مذ۔مفعول) وہ شخص جس سے فریاد چاہیں۔

مُستَغرَق (ع۔صفت) ڈوبا ہوا۔ غرق شدہ۔ نہایت مصروف۔

مُستَغفِر (ع۔صفت) استغفار کرنے والا۔ گناہوں کی معافی مانگنے والا۔

مُستَغنی (ع۔صف) بے پرواہ۔ لاپرواہ۔ دولت مند۔ غنی۔ مالدار۔ فارغ البال۔ آسودہ حال۔ مطمئن۔

مُستَغیث (ع۔مذ۔فاعل) استغاثہ کرنے والا۔ فریادی۔ نالشی۔ مدعی۔ دعویدار۔ سائل۔ اپلانٹ۔

مُستَغاثُ الیہ (ع۔مذ) جس کی طرف دعوے کیا گیا ہو۔ مدعا علیہ۔ فریق۔ مخالف۔ طرف ثانی۔ رسپانڈنٹ۔

مُستَفاد (ع۔صف۔مفعولی) فائدہ میں حاصل شدہ چیز۔ فائدہ اُٹھایا ہوا۔

مُستَفسِر (ع۔صف۔فاعلی) پوچھنے والا۔ کھوجی۔ تحقیق کرنے والا۔ استفسار کرنے والا۔

مُستَفید (ع۔صف۔فاعلی) فائدہ کا طالب۔ فائدہ چاہنے والا۔

مُستفیض (ع ۔ صفت ۔ فاعلی) فیض کا خواہاں ۔ طالبِ فیض ۔
مُستقبل (ع ۔ صف ۔ فاعلی) فیض چاہنے والا ۔
مُستقبل (ع ۔ صف ۔ فاعلی) سامنے آنے والا ۔ آئندہ ۔ آگے آنے والا ۔ زمانہ ۔ آئندہ وقت ۔ وہ فعل جس میں زمانہ آئندہ پایا جائے ۔ زمانہ آئندہ ۔
مُستقر (ع ۔ مذ) جائے قرار ۔ ٹھکانا ۔ مقر ۔ ٹھہرنے کی جگہ
مُستقرُ الخلافت (ع ۔ مذ) دارالسلطنت ۔ راجدھانی ۔ دارالخلافہ دارالحکومت ۔
مُستقل (ع ۔ صف) پکا ۔ پائدار ۔ مضبوط ۔ مستحکم ۔ اٹل ۔ اچل ۔ ہمیشہ ۔ استوار ۔ قائم ۔
مُستقل آسامی (عف ۔ امو) مستقل جگہ ۔ پکی آسامی ۔ پائداری نوکری ۔
مُستقل رہنا (اُر ۔ محاورہ) قائم رہنا ۔ برقرار رہنا ۔ جما رہنا ۔
مُستقل مزاج (اُر ۔ صفت) ثابت قدم ۔ دھیما ۔ متین ۔
مُستقل ہونا (اُر ۔ مصدر مرکب) پکا ہونا ۔ پائدار ہونا ۔ قائم ہونا ۔ برقرار ہونا ۔ ملازمت پر پکا ہونا ۔
مُستقیم (ع ۔ صف ۔ فاعلی) سیدھا ۔ راست ۔ کج کی ضد ۔ سیدھا ۔ کھڑا ہوا ۔ عمود دار ۔
مُستک (س ۔ امو) پیشانی ۔ ماتھا ۔ ہاتھی کا ماتھا ۔
مُستکبر (ع ۔ صف) گھمنڈی ۔ مغرور ۔ متکبر ۔ مُدعِ ۔
مُستغنی (ع ۔ صف) کفایت چاہنے والا ۔
مُستلزِم (ع ۔ صف ۔ فاعلی) لازم پکڑنے والا ۔ کسی کام کو اپنے اوپر لازم کر لینے والا ۔
مُستلزِم سزا (عف ۔ صفت) قابل سزا ۔ سزا کے لائق ۔ واجب التعزیر ۔
مُستمِد (ع ۔ صفت) امداد چاہنے والا ۔
مُستمِر (ع ۔ صفت) ہمیشہ رہنے والا ۔ دائم ۔ پائدار ۔ مستقل ۔ مضبوط ۔ پیوستہ ۔
مُستمِع (ع ۔ صفت) سننے والا ۔
مُستمند (عف ۔ صفت ۔ ترکیبی) مست بمعنی غم اور مند بمعنی والا ۔ غمگین ۔ غمناک ۔ مجازاً حاجتمند ۔ محتاج ۔
مُستند (ع ۔ صف) سند یافتہ ۔ مصدقہ ۔ تصدیق کیا گیا ۔ سندی ۔ ٹھیک ۔ معتبر ۔ قابل اعتبار ۔ قابل اعتماد ۔
مُستنبَط (ع ۔ صف ۔ مفعولی) باہر لایا گیا ۔ نکالا گیا ۔ اخذ کیا گیا ۔ چُنا گیا ۔
مُستنبِط (ع ۔ صفت ۔ فاعلی) اخذ کرنے والا ۔ چُننے والا ۔ چھانٹنے والا ۔ باہر نکالنے والا ۔
مُستوجِب (ع ۔ صف ۔ فاعلی) واجب ۔ لائق ۔ قابل ۔ عائد ہونے والا ۔ لازم ہونے والا ۔
مستور (ع ۔ صف ۔ مفعولی) چھپا ہوا ۔ پوشیدہ ۔ مخفی ۔
مستورات (ع ۔ امو) پردہ میں بیٹھنے والیاں ۔ پردہ نشین ۔ مجازاً عورتیں ۔ زنانے ۔
مُستورہ (ع ۔ صفت ۔ مو) دیکھئے مستور جس کی یہ تانیث ہے ۔
مستوفی (ع ۔ مذ ۔ فاعل) لغوی ۔ پورا لینے والا ۔ اصطلاحاً بِل تال کرنے والا ۔ محکمہ حساب کا اعلیٰ افسر ۔ اکونٹنٹ جنرل ۔ بخشی تنخواہ تقسیم کرنے والا ۔ دیوان ۔ خزانچی ۔
مستول (پرتگالی ۔ مذ) جہاز کا بادبان ۔ ستون کشتی یا جہاز ۔
مستول کے گھوڑے (اُر ۔ صفت) احمق ۔ بے وقوف ۔
مستوی (ف ۔ امو ۔ بیائے مصدری) بیہوشی ۔ مدہوشی ۔ نشہ ۔ خمار مدھ ۔ شہوت کا جوش ۔ جھل ۔ خواہش ۔ نفسانی ۔ خوشی کی حرکات ۔ آنند ۔ وہ پانی جو جوش کی حالت میں کسی درخت یا پہاڑ یا حیوان سے ٹپکتا ہے ۔ حیوانات کی منی ۔
مستی آنا (اُر ۔ محاورہ) گرم ہونا ۔ شہوت میں بھرنا ۔ منسا جانا ۔ مدماتا ہونا ۔
مستی چڑھنا (اُر ۔ محاورہ) شہوت کا جوش مارنا ۔ متوالا ہونا ۔ مستی میں ہونا ۔
مستی اٹھنا / مستی چھوٹنا / مستی ہونا (اُر ۔ محاورہ) آلنگ پر آنا ۔ شہوت کا زور کرنا ۔ جماع کی رغبت ہونا ۔
مستی ٹپکنا (اُر ۔ محاورہ) مٹی کا رس رس کر گرنا ۔ درختوں سے بدبودار پانی کا چونا ۔ نشیلا پن پایا جانا ۔ جوش جوانی یا جوش شہوت کا ظاہر ہونا ۔
مستی جھاڑنا / مستی نکالنا (اُر ۔ محاورہ) مستی نکالنا ۔ نشہ اُتارنا ۔ شرارت نکالنا ۔ نشہ ہرن کرنا ۔
مستی کا عالم (اُر ۔ امذ) نشہ کی حالت ۔
مستی کرنا (اُر ۔ محاورہ) خوش فعلیاں کرنا ۔
مستی میں آنا (اُر ۔ محاورہ) مدھ پر آنا ۔
مستی میں بھرنا (اُر ۔ محاورہ) شہوت کا زور ہونا ۔
مسٹر (انگ ۔ امذ ۔ Mister) صاحب ۔ میاں ۔ لالہ ۔ مہاشہ ۔ حضرت ۔ جناب ۔
مُسٹنڈا (ہ ۔ صفت ۔ مذ) حقارتاً ۔ بہت موٹا ۔ ہٹا کٹا ۔ جسیم ۔ تنار ۔ فربہ اندام ۔ سنڈ مسٹنڈ ۔
مُسٹنڈی (ہ ۔ صفت ۔ مو) موٹی عورت ۔ ہٹی کٹی ۔ موٹی تازہ عورت ۔
مسجد (ع ۔ امو ۔ ظرف) سر جھکانے کی جگہ ۔ سجدہ کی جگہ ۔ نماز پڑھنے کی جگہ ۔ عبادت خانہ ۔ مسلمانوں کی عبادت گاہ ۔ خدا کا گھر ۔
مسجد اقصیٰ (ع ۔ امو) دور کی مسجد ۔ بیت المقدس ۔ مسجد جو حضرت سلیمانؑ نے بنوائی تھی ۔
مسجد ٹھنڈی کرنا / مسجد ڈھانا (اُر ۔ محاورہ) مسجد گرانا ۔ خدا کا گھر گرانا ۔ بڑا بھاری گناہ کرنا ۔
مسجد ڈھاکر امام باڑہ بنانا (اُر ۔ محاورہ) فرض کام کو چھوڑ کر سنت و مستحب پر آرہنا ۔

مسجد ڈھے گئی محراب رہ گئی (اُر۔مثل) اصل چیز جاتی رہی صرف نشانی اور نام باقی رہ گیا۔

مسجد شہید کرنا (اُر۔محاورہ) مسجد گرانا۔

مسجد میں اینٹ الٹ کر رکھنا (اُر۔محاورہ) مسلمان عورتوں کا عقیدہ ہے۔ کہ اگر کوئی جھوٹا آدمی مسجد میں اینٹ اوندھی کر کے رکھ دے۔ تو برباد ہو جاتا ہے۔

مسجد میں چراغ جلانا (اُر۔محاورہ) منت پوری ہونے پر مسجد کے طاق میں چراغ روشن کرنا۔

مسجد میں چونا لگانا (اُر۔محاورہ) سخت قسم کھانا۔ عورتوں کا عقیدہ ہے۔ کہ جھوٹا آدمی مسجد میں جا کر آنکھوں میں چونا لگائے تو اندھا ہو جاتا ہے۔

مُسَجَّع (ع۔صفت) قافیہ بند۔ باقافیہ بات۔ مقفّٰے عبارت۔ تک بندی والی بات۔ وہ عبارت جس کے الفاظ ہم قافیہ یا ہموزن ہوں۔

مُسَجَّل (ع۔ا۔مذ) حاکم یا قاضی کی مہر لگا ہوا کاغذ یا نامہ۔

مَسجُود (ع۔صفت مفعولی) سجدہ کیا گیا۔ جسے سجدہ کریں۔

مَسح (ع۔ا۔مذ) ہاتھ پھیرنا۔ ہاتھ ملنا۔ وضو کرتے وقت ہاتھوں پر ڈال کر پیشانی کی جڑ سے لے کر تمام سر پر ہاتھ پھیرنا۔

مَسحی (ع۔ا۔مو۔بیائے نسبتی) صابر یا چمڑے کا موزہ جس پر مسح جائز ہو۔

مَسخ (ع۔صف) صورت بدل کر بدشکل ہو جانا۔ انسانی صورت سے حیوان ہو جانا۔ اچھی شکل سے بُری شکل ہو جانا۔

مَسخ ہو جانا (اُر۔فعل) اچھی سے بُری صورت ہو جانا۔ صورت بگڑنا۔ چہرہ پلٹنا۔ چہرہ پلٹ جانا۔

مُسَخَّر (ع۔صف مفعولی) قبضہ کیا گیا۔ فتح کیا گیا۔ تابع کیا گیا۔ تسخیر کیا گیا۔

مَسخَرہ (ع۔ا۔مذ) ٹھٹھے باز۔ مخولیا۔ ظریف۔ مذاقیا۔

مَسخَرہ بازی (عف۔ا۔مو) مسخرہ پن۔

مَسخَرہ پن (اُر۔مذ۔مصدری) ہنسی ٹھٹھا۔ مذاق۔ ظرافت۔

مَسخَرگی (اُر۔ا۔مو) دیکھئے "مسخرہ" جس کی یہ تانیث ہے۔

مسخری کرنا (اُر۔محاورہ) مذاق کرنا۔ ہنسی اُڑانا۔

مسخری میں اڑا ڈالنا (اُر۔محاورہ) کسی بات کا مذاق میں ٹال جانا۔

مَسخرگی (ف۔ا۔مو۔مصدری) ہنسی۔ ٹھٹھا۔ مذاق۔ ظرافت۔

مُسَدَّس (ع۔ا۔مذ) چھ ضلعوں والی شکل۔ چھ کونیا۔ وہ نظم جس کے چار مصرعے ہم قافیہ اور آخری بیت گرہ کے طور پر دوسرے قافیے کی ہو۔

مَسدُود (ع۔صفت مفعولی) روکا ہوا۔ روکا گیا۔ بند۔ رُکا ہوا۔

مُسدِس (ع۔ا۔مو) خوشی۔ خرمی۔ شادمانی۔ فرحت۔

مُسَرَّت (ع۔ا۔مو) خوشی۔ شادمانی۔ انبساط۔

مُسرِف (ع۔صفت۔فاعلی) اسراف کرنے والا۔ فضول خرچ۔ کھاؤ۔ لٹاؤ۔ بیجا خرچ کرنے والا۔

مَسرُور (ع۔صفت) مفعولی۔ مگن۔ خوش و خرم۔ شاد۔ شادمان۔

مَسرُوق (ع۔صفت) چوری کیا گیا۔ چرایا گیا۔

مَسرُوقہ (ع۔صفت) چوری کی گئی چیز۔

مُسَطَّح (ع۔صفت مفعولی) بچھا ہوا۔ پھیلا ہوا۔ چوڑا۔ کھلا۔

مِسطَر (ع۔ا۔مذ۔آلہ) سطریں کھینچنے کا آلہ۔ رول کرنے کا آلہ۔ سطروں کے لئے ڈوریں لیا ہوا کاغذ۔ بلیک لائن۔ چپٹی لوہے کی پٹی۔

مَسطُور (ع۔صفت مفعولی) سطر کیا گیا۔ سطریں کھینچا ہوا۔ اوپر لکھا ہوا۔ تحریر شدہ۔ مرقومہ بالا۔

مَسعُود (ع۔صفت مفعولی) نیک۔ نیک بخت۔ بختاور۔ سعادت مند۔

مَسقَط (ع۔ا۔مذ۔ظرف) گرنے کی جگہ۔ عرب کے جنوب مشرق کنارے پر ایک ریاست اور اس کا ایک شہر جہاں کا حلوا مشہور ہے۔ جو اونٹنی کے دودھ سے تیار کیا جاتا ہے۔

مَسقَط الرّاس (ع۔ا۔مذ) جائے پیدائش۔ جنم بھوم۔ جنم استھان۔ مولد۔ وطن۔

مُسَقَّف (ع۔صف مفعولی) چھت ڈالا ہوا۔ پٹا ہوا۔ پاٹا گیا۔

مشک (ع۔ا۔مذ) مُشک کا مقرب ہے۔ کستوری۔

مَشک (ہ۔ا۔مو) کسی دباؤ یا زور سے کپڑے کا ذرا سا پھٹ جانا۔

مَشک جانا (ہ۔محاورہ) ذرا سا پھٹ جانا۔ چاک ہو جانا۔

مَشک لینا (اُر۔محاورہ) چھین لینا۔ قریب سے لینا

مِسکا (ہ۔ا۔مذ) چوپایوں کے مُنہ پر چڑھا ہوا چھینکا تاکہ وہ کھڑی کھیتی یا اناج پر مُنہ نہ ڈالیں۔

مُسکانا (اُر۔مصدر) کپڑے کو ایسا پھاڑنا۔ کہ تانے کے تار الگ نہ ہوں۔ ناچنے والے کا اپنے بدن کو لچکانا۔

مُسکانا (ہ۔فعل) ٹوٹنا۔ چوڑیوں وغیرہ کا چٹ چٹ ہو جانا۔

مُسکِت (ع۔صفت) چُپ کرانے والا۔ خاموش کرانے والا۔

مُسکٹ (انگ۔ا۔مو۔ Musket) بندوق۔ تفنگ۔

مُسکِر (ع۔ا۔مو۔فاعل) نشہ لانے والا چیز۔ مستی لانے والی شے۔

مُسکِرات (ع۔ا۔مو) مُسکر کی جمع۔ نشہ لانے والی اشیاء۔

مُسکرانا (ہ۔فعل) مُنہ ہی مُنہ میں ہنسنا۔ تبسم کرنا۔ کم کم ہنسنا۔

مُسکراہٹ (ہ۔ا۔مو۔حاصل مصدر) تبسم۔ وہ ہنسی جس میں دانت نہ کھلیں۔

مَسکَن (ع۔ا۔مذ۔ظرف) رہنے کی جگہ۔ مکان۔ گھر۔ جائے سکونت۔ ٹھور ٹھکانا۔ مقام۔ قیامگاہ۔

مُسکِن (ع۔صفت) تسکین دینے والا۔ تسکین بخش۔

مُسکنا (ہ۔فعل) پھٹنا۔ چاک ہونا۔ چرنا۔ چلنا۔ دریدہ ہونا۔

مُسکنا (ہ۔فعل) کڑکنا۔ چٹ ہونا۔ تڑقنا۔ ٹوٹنا۔

مسکنت (ع۔ا۔مو) مسکینی۔ عزیبی۔ مُفلسی۔ عاجزی۔
مسکوٹ (اُر۔ا۔مو) ایک ہی دسترخوان پر کھانے والے۔ ہم طعام۔ ہم پیالہ۔ ونوالہ۔ صلاح۔ مشورہ۔ کھانا۔ طعام۔ گروہ۔ جماعت۔
مسکوٹ کرنا (اُر۔فعل) صلاح کرنا۔ مشورہ کرنا۔ پنچایت جوڑنا۔
مسکوڑا (ہ۔مذ۔ بواؤ مجہول) کروٹ کے رُخ کا دھچکا۔ ٹہل۔
مسکوڑا لینا یا مارنا (ہ۔فعل) دفعتہً کروٹ۔ بدلنا۔ دھچکے سے پہلو بدلنا۔
مسکوک (ہ۔صفت مفعولی) سکہ زدہ۔ سکہ کیا گیا۔ ٹھپا لگا ہوا۔ سرکاری چھاپ کا سکہ۔
مسکہ (ف۔ا۔مذ) بن تایا گھی۔ مکھن۔ کچا۔ خوشبودار گھی۔
مسکہ لگانا (اُر۔محاورہ) خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔
مسکین (ع۔صف۔ مبالغہ۔ نہایت بے حرکت۔ مجازاً فاقہ سے ناطاقت شدہ۔ غریب۔ کنگال۔ نادار۔ مُفلس۔ نمانا۔ خاکسار۔ گئو۔ آدھین۔ بُردبار۔ حلیم۔ فروتن۔
مسکین صورت (اُر۔ا۔مذ) غریبانہ صورت والا۔ طنزاً شریر آدمی۔ گربہ مسکین۔ غریب بدمعاش۔ مسکینی شکل کا۔
مسکین طبع (اُر۔ا۔مذ) فروتن۔ متواضع۔ نرم طبیعت والا۔ بالکل بے شرم۔
مسکینی (ع۔ف۔ا۔مو) دیکھئے "مسکین" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
مسل (اُر۔ا۔مو) مقدمہ کے کاغذات کا مجموعہ۔ روئداد مقدمہ۔ مقدمہ کی کیفیت۔
مسل ڈالنا (اُر۔فعل) کچل ڈالنا۔ مل ڈالنا۔ پاؤں سے روند ڈالنا۔
مسل کر (ہ۔تابع فعل) روندکر۔ توڑ مروڑ کر۔ مل دل کر۔ چُرمُرکر کے۔
مسل کر رکھ دینا (اُر۔محاورہ) پیس ڈالنا۔ مل ڈالنا۔
مسل داخل دفتر کرنا (اُر۔محاورہ) مقدمے کی کارروائی ختم ہونے پر مسل کا محافظ خانہ میں بھیجنا۔
مسلح (ع۔صف) ہتھیار بند۔ کمربستہ۔ ششتر لگائے۔ ششتر دھاری۔
مسلح ہونا (اُر۔محاورہ) ششتر لگا کر تیار ہوجانا۔ ہتھیار لگا لینا۔ کمربستہ ہونا۔ لڑنے کو کیل کانٹے سے لیس ہونا۔
مسلخ (ع۔مذ۔ظرف) جانوروں کی کھال اُتارنے کی جگہ۔ مجازاً مذبح۔ بوچڑخانہ۔ کمیلا۔
مسلسل (ع۔صف۔مفعولی) سلسلہ بندی کیا گیا۔ مجازاً ایکے بعد دیگرے۔ متواتر لگاتار۔
مسلط (ع۔صف۔فاعلی) قبضہ کرنے والا۔ قابض۔ غالب۔ طاقت ور۔ زور آور۔
مسلک (ع۔ا۔مذ ظرف) جائے سلوک۔ چلنے کی جگہ۔ رستہ۔ راہ۔ مترک۔ قاعدہ۔ طریقہ۔
مسلم (ع۔صف۔مفعولی) برقرار رکھا گیا۔ کامل۔ پورا۔ ثابت سمجھا۔ سب۔ مارا۔ مانا گیا۔ تسلیم کیا گیا۔ ماننے کے قابل۔ بلا اعتراض۔ درست۔ بجا۔ ٹھیک۔ ضرور۔ واجب۔ فرض۔ برقرار۔ بحال۔ یقین کیا گیا۔ اعتبار کیا گیا۔ سونپا گیا۔ سپرد کیا گیا۔ امانت دیا گیا۔ چھت پاٹنے کا تختہ۔
مسلم الثبوت (ع۔صف) جو ثبوت کا محتاج نہ ہو۔ مانا ہوا۔
مسلم (ع۔صف بمفعولی) اسلام رکھنے والا۔ مسلمان۔ محمدی۔ اہل اسلام۔ حضرت علیؓ کے بھتیجے کا نام جو کوفے والوں کے ہاتھ سے شہید ہوئے تھے۔
مسلمان (ف۔ا۔مذ) مذہب اسلام کا پیروں۔ دین محمدی کا پیرو۔ مومن۔
مسلمان کرنا (اُر۔محاورہ) غیر مذہب کے کسی شخص کو اسلام میں داخل کرنا۔
مسلمان ہونا (اُر۔فعل) اسلام لانا۔ اسلام پر ایمان لانا۔ دین محمدی میں شامل ہونا۔
مسلمانی (ف۔صفت۔ بیائے نسبتی) مُسلمانوں سے نسبت رکھنے والا۔ اسلام۔ اسلامیت۔ ختنہ۔ سنّت۔ مسلمان کی عورت۔ مسلمان عورت۔
مسلمانی در کتاب و مسلماناں در گور / **مسلماناں در گور و مسلمانی در کتاب** (ف۔مثل) نیک لوگ گزر گئے اور نیکی کی باتیں کتابوں میں رہ گئیں۔ مدعا یہ نہ اگلے سے مسلمان رہے نہ ان کے سے اعمال۔
مسلمانی آبادانی (اُر۔مثل) مسلمانی باعث برکت ہے۔
مسلمانی اور آنا کانی (اُر۔مثل) اپنے ہم جنس سے پہلو تہی کرنا۔
مسلمانیاں (اُر۔ا۔مو) ختنہ۔ سنتیں۔ مسلمان عورتیں۔
مسلنا (ہ۔فعل) ہاتھوں سے رگڑنا۔ ملنا۔ دھلنا۔ روندنا۔ پامال کرنا۔ کچلنا۔ دبانا۔ پیسنا۔
مسلمین (ع۔ا۔مذ) مسلم کی جمع۔ مسلمان لوگ۔
مسلوب (ع۔صف۔مفعولی) چھین لیا گیا۔ سلب کیا گیا۔ مٹایا گیا۔ مٹایا ہوا۔ نیست و نابود کیا گیا۔
مسلوب الحواس / **مسلوب العقل** (ع۔ا۔مذ) وہ شخص جس کے ہوش و حواس چھین لئے گئے ہیں۔ دیوانہ۔ پاگل مجنوں۔ سودائی۔ مخبوط الحواس۔
مسلوک (ع۔صف۔مفعولی) سلوک کیا گیا۔ احسان کیا گیا جاری کیا گیا۔ کارواں کیا گیا۔
مسلول (ع۔صف۔مفعولی) سل زدہ۔ سِل کی بیماری والا۔ سِل کا بیمار۔
مسئلہ (ع۔ا۔مذ) سوال۔ پوچھی ہوئی بات۔ مذہبی اصول۔ دینی قانون۔
مسماۃ (ع۔ا۔مو) عورت کے لئے ردیف اسم۔ نام رکھی گئی۔
مسمار (ع۔ا۔مو) میخ۔ کیل۔ کیلی۔ کھونٹی۔ گرانا۔ کھودنا۔ خراب کرنا۔ ڈھا دینا۔ قلع قمع۔

مسمار کرنا (اُر۔محاورہ)۔ ڈھانا۔ گرانا۔ تباہ کرنا۔ اینٹ سے اینٹ بجانا۔ اُجاڑنا۔

مِسماع (ع۔ا۔مذ) سُننے کا آلہ۔

مسماع الصدور (ع۔ا۔مذ) وہ آلہ جس کے دونوں سرے ڈاکٹر اپنے کانوں میں رکھتا ہے۔ اور آخری سرے مریض کے سینے یا پشت پر رکھتا ہے۔

مُسمّی (ہ۔صفت) دیکھنے کی غریب۔ ظاہر میں مسکین۔ گھنی چپ۔ حرامزادی۔

مُسمّی صورت (اُر۔ا۔مو) غریب شکل۔ گریبٔ مسکین۔ گھنی حرام۔

مَسموع (ع۔صف۔مفعولی) سا گیا۔ سماعت کیا گیا۔ قبول کیا گیا۔

مَسموم (ع۔صف۔مفعولی) زہر دیا گیا۔ وہ شخص جس کو زہر کھلا دیا گیا ہو۔

مُسمّیٰ (ع۔صف۔مفعولی) نام رکھا گیا۔ موسوم۔ نامی۔

مِسمیریزم (انگ۔ا۔مذ Mesmerism) ایک علم کا نام ہے۔ جس میں تصور یا خیال باندھ کر انسان یا حیوان کو بیہوش کر دیتے ہیں۔

مُسمّن (ع۔صف) موٹا۔ فربہ۔

مُسمِّن (ع۔صفت۔فاعلی) فربہ کرنے والا۔

مُسن (ع۔صف) بوڑھا۔ پرانا۔ کہنہ۔ پراچین۔ عمر رسیدہ۔ سن رسیدہ۔ تجربہ کار۔ دانا۔ کاروال۔

مَسنا (اُر۔مصدر) کُٹنا۔ پسنا۔ چُرمُرہونا۔

مُسنا (ہ۔فعل) ملا دُلا دینا۔ ملنے میں آنا۔ بل پڑنا۔ موج آجانا۔ لُٹنا۔ غارت ہونا۔

مَسند (ع۔ا۔مو) تکیہ۔ تکیہ لگا کر بیٹھنے کی جگہ۔ امیرانہ گدی۔ سنگھاسن۔ تخت۔

مَسند آرا (عف۔ا۔مذ) مسند کو سجانے والا۔ مسند نشین۔ زیب مسند۔

مَسند تکیہ (عف۔ا۔مذ) گدی اور تکیہ۔

مَسند کا گدھا (اُر۔ا۔مذ) بے وقوف امیر۔

مَسند لگانا (اُر۔محاورہ) مسند بچھانا۔

مَسند نشین ہونا (اُر۔محاورہ) گدی پر بیٹھنا۔ تخت پر بیٹھنا۔ تخت یا گدی کا وارث ہونا۔

مَسند نشینی (اُر۔ا۔مو۔بیائے مصدری) راج تلک۔ راج گدی۔ تخت نشینی۔ جلوس۔

مُسند (ع۔ا۔مذ) لُغت میں پیٹھ لگا کر بیٹھنے کی چیز۔ اصطلاح میں خبر جو مبتدا کی ضد ہے۔

مُسند الیہ (ع۔ا۔مذ) علم نحو میں مبتدا۔

مَسنون (ع۔صفت۔مفعولی) سنت کی گئی۔ جائز۔ وہ فعل جو شرعًا جائز اور منسوب بہ رسول صلعم ہو۔

مِسواک (ع۔ا۔مو۔آلہ) دانتن۔ دتون۔ دانت صاف کرنے کی لکڑی۔

مسواک کرنا (اُر۔محاورہ) دانتوں کو دانتن سے صاف کرنا۔

مُسوانا (ہ۔فعل) لٹوانا۔ چوری کروانا۔ غارت کرانا۔ ملانا۔ مسکوانا۔

مُسوّدہ (ع۔ا۔مذ) لکھا ہُوا۔ مجازًا سرسری تحریر۔ رف کاپی مضمون۔ مطلب۔ مدعا۔ ارادہ۔ منصوبہ۔

مُسوّدہ گانٹھنا (اُر۔محاورہ) مضمون سوچنا۔ مضمون بنانا۔ منصوبہ گانٹھنا۔

مَسور (ہ۔ا۔مو) ایک قسم کا غلّہ جس کو دال بنا کر یا ثابت ہی سالن کی طرح پکاتے ہیں۔ عَدَس۔

مَسوڑا (ہ۔ا۔مذ) دانتوں کی جڑوں کا گوشت۔ دانتوں کی جگہ۔

مسوس (ہ۔ا۔مو) مروڑ۔

مسوسا (ہ۔ا۔مذ) پچھتاوا۔ ندامت۔ پشیمانی۔

مسوسا دے دے رہنا (اُر۔محاورہ) صبر سے برداشت کرنا۔ شکایت زبان پر نہ لانا۔

مسوسنا (ہ۔فعل) بل دینا۔ اینٹھنا۔ مروڑنا۔ دبانا۔ نچوڑنا۔ تھامنا۔ روکنا۔ ضبط کرنا۔ شکایت نہ کرنا۔ پچتانا۔ غم کرنا۔ غم کھانا۔ جبرًا صبر کرنا۔ کسی صدمے کے باعث دل پر ہاتھ رکھنا۔

مُسہری (ہ۔ا۔مو) چھپر کھٹ۔ ایک قسم کا پلنگ جس پر مچھروں اور مکھیوں سے بچنے کے لئے جالی کا پردہ تنا ہوتا ہے۔ کلۂ خوابگاہ۔



مسہری

مُسہل (ع۔صفت۔فاعلی) دست آور۔ اسہال لانے والی دوا۔ جلاب۔

مُسہل لینا (اُر۔محاورہ) دست آور دوا کھانا۔ جلاب لینا۔

مسئلہ (ع۔مذ) سوال۔ پوچھی ہوئی بات۔ اپنی بات۔ دینی قانون۔

مسئلہ کھل جانا (اُر۔محاورہ) مسئلہ حل ہونا۔ بات صاف ہو جانا۔ معاملہ کی پیچیدگی دور ہو جانا۔

مسئول (ع۔صفت) سوال کیا گیا۔

مسئول الیہ (ع.صفت) جس سے سوال کیا جائے۔ جس سے مسئلہ دریافت کیا جائے۔

مَسّی (س.ا.مو) روشنائی۔ سیاہی۔ مداد۔ انک۔

مِسی (ف.صفت۔ بیائے نسبتی) تانبے کا تانبے کا بنا ہوا۔

مِسی جوش (اُ.مذ) پکا ٹانکا جوتا بنے وغیرہ سے لگایا جائے۔ پکا جھال۔

مِسّی (ہ.صفت) موٹے جھوٹے اناج کی چنے موٹھ۔ مونگ وغیرہ کی۔

مِسّی کِسّی (ہ.صفت) موٹے اناج کی روٹی۔ غریبانہ روٹی۔ دال دلیا۔

مِسّی یا مِسی (اُ.ا.مو) دانتوں کو چمک دار اور ان کی ریخوں کو سیاہ کر دینے والا ایک قسم کا منجن۔

مِسّی اُدھڑنا / چھوٹنا (اُ.محاورہ) دانتوں پر مسّی کا نہ رہنا۔

مِسّی کا جل گرنا (اُ.محاورہ) منگار کرنا۔ کنگھی چوٹی کرنا۔ سُرمہ مسّی لگانا۔

مِسّی کی دھڑی (اُ.ا.مو) مسّی کی تہ جسے عورتیں ہونٹوں پر جماتی ہیں۔

مَسیت (اُ.ا.مو) مسجد کا بگاڑ ہے۔ سجدہ گاہ۔

مَسیح (ع.ا.مذ) ملا گیا۔ مسح کیا گیا۔ چونکہ فرشتوں نے حضرت عیسٰے علیہ السلام کے سر پر تیل ملا تھا۔ اس وجہ سے اس لقب سے ملقب ہو گئے۔ مُردے کو زندہ کرنا آپ کا معجزہ ہے۔

مَسیحا (ع.ا.مذ) مسیح کا مزید علیہ اور الف زائد۔

مَسیحا دم / نفس (عف.ا.مذ) وہ جس کی پھونک میں اعجاز مسیحائی ہو۔ مردوں کو زندہ کرنے والا۔

مَسیحائی (ع.ا.مو۔ بیائے مصدری) مسیح کا کام۔ مُردہ جگانا۔ حیات بخشی۔ مُردے کو زندہ کرنا۔

مَسیحائی چلنا (اُ.محاورہ) مسیحائی کارگر ہونا۔

مَسیحائی دکھانا (اُ.محاورہ) زندہ کرنا۔ حیات بخشنا۔ مرتے کو بچانا۔ جاں بلب مریض کو درست کرنا۔

مَسیحائی کا دم بھرنا (اُ.محاورہ) مسیحائی کا قائل ہونا۔ مسیحائی کا دعویٰ کرنا۔

مَسیحائی کرنا (اُ.محاورہ) جلانا۔ زندہ کرنا۔ مرتے کو بچانا۔ بیمار کو تندرست کرنا۔

مَسیس (ہ.ا.مو) بسرہ آغاز۔ مونچھوں کا رُواں۔

مَسیس بھیگنا (ہ.فعل) مونچھوں کے روئیں نکلنا۔ جوانی شروع ہونا۔ بسرہ آغاز۔

مَسینہ (ہ.ا.مذ) غریبوں کے کھانے کا غلّہ۔ موٹا اناج۔ یعنی چنا۔ مونگ۔ موٹھ وغیرہ۔

م - ش

مُشابہ (ع.حرف تشبیہ) مثل۔ مانند۔ نظیر۔ ہمشکل یکساں جیسا۔ مطابق۔ جمع مشابہات

مُشابَہت (ع.ا.مو) ہم شکلی۔ موافقت۔ مطابقت۔ شکل رُوپ۔

مُشابہت پائی جانا (اُ.محاورہ) مطابقت ہونا۔ ایک دوسرے سے ملنا۔

مُشابہت رکھنا (اُ.محاورہ) مطابقت رکھنا۔ مانند ہونا۔

مُشابہت ہونا (اُ.محاورہ) ایک دوسرے سے ملنا۔

مُشار (ع.صفت مفعولی) اشارہ کیا گیا۔

مُشارٌ الیہ (ع.ا.مذ) وہ چیز جس کی طرف اشارہ کیا گیا۔ جس کا اُوپر اشارہ کیا گیا ہے۔ مذکورۃ الصدر۔

مُشارَکت (ع.ا.مو) باہم شرکت کرنا۔ حصہ داری۔

مُشاطہ (ع.ا.مو) دُلہن کو کنگھی چوٹی کر کے بناؤ سنگار کر کے بٹھانے والی عورت نائن۔ بیاہ شادی کروانے والی عورت۔ دلالہ ثالثہ۔ کٹنی۔

مُشاعَرہ (ع.ا.مذ) باہم شعر خوانی۔ شاعروں کا جمع ہو کر باہم شعر خوانی کرنا۔

مُشاغِل (ع.مذ) مشغل کی جمع۔ کام۔ مشغلے۔ کاروبار۔

مُشافہہ (ع.ا.مذ) رُو در رُو۔ آمنے سامنے۔ سمکھ۔ رُوبرو بات کہنا۔

مُشّاق (ع.صفت) مبالغہ۔ بہت مشق رکھنے والا۔ نہایت مہارت رکھنے والا۔ تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ چالاک۔ ماہر کامل۔

مُشّاقی (ع.ا.مو) نہایت مشق۔ بڑا تجربہ۔ مہارت۔ دسترس۔

مُشاکِل (ع.صفت) ہم شکل (مو) عروض کی ایک بحر۔

مُشاکلت (ع.مو) ہم شکلی۔

مُشام (ع.ا.مذ.ظرف) سونگھنے کی جگہ دماغ۔ قوت شامہ کا مقام۔

مشام جاں (عف.ا.مذ) کنایتہً دماغ۔

مُشاوَرت (ع.ا.مو) باہم صلاح۔ مشورہ کرنا۔ پنچایت۔ مسکوٹ۔ کونسل۔ باہمی مشورہ کرنا۔

مُشاہَدہ (ع.ا.مذ) دیکھنا۔ دید۔ درشن۔ معائنہ۔ تصوف کی اصطلاح میں انوار الٰہی کا نظارہ۔

مُشاہَدہ کرنا (اُ.محاورہ) دیکھنا۔ بھالنا۔ معائنہ کرنا۔ دیکھ کر آزمانا۔

مُشاہَرہ (ع.ا.مذ) ماہوار تنخواہ۔ طلب رسوم۔ ماہانہ وظیفہ۔

مَشاہیر (ع.ا.مذ) مشہور کی بے قاعدہ جمع۔ مشہور اور نامی لوگ۔ بڑے نامور آدمی۔

مشائخ (ع.مذ) شیخ کی جمع۔ عالم۔ صوفی۔ پرہیزگار۔ نیک بخت۔ مجتہد۔ پیر۔ مُرشد۔

مشاہیت (ع.ا.مو) دلیل سے اشیاء کی حقیقت معلوم کرنے کا طریقہ یا مسلک۔

مُشایعت (ع.ا.مو) کسی کو رُخصت کرنے کو تھوڑی دُور تک ساتھ جانا۔ پیروی۔ تقلید۔ تھوڑی دُور پہنچانے جانا۔

مشائین (ع۔ا۔مذ) مشائی کی جمع۔ چلنے والے وہ حکیم جنہوں نے ایک دوسرے کے پاس جاکر علم سیکھا ہو اور ملک میں پھرتے ہیں۔

مُشبَک (ع۔صفت۔مفعولی) جالیدار وہ شے جس میں بہت سے سوراخ ہوں۔

مُشبَّہ (ع۔صفت۔مفعولی) تشبیہ دیا گیا۔ مقابلہ کیا گیا۔ نسبت دیا گیا۔ (علم نحو میں) وہ چیز جس کو دوسری چیز سے تشبیہ دیں۔

مُشبَّہ بہ (ع۔ا۔مذ) وہ چیز جس کے ساتھ کسی چیز کو تشبیہ دیں۔

مُشت (ف۔مذ) گھونسا۔ ڈک۔ مٹھی۔ مکا۔

مُشت اُستخواں (ف۔ا۔مذ) تھوڑی سی ہڈیاں۔ مٹھی بھر ہڈیاں۔ مجازاً نہایت کمزور۔ دبلا پتلا آدمی۔

مُشت پَر (اُ۔ا۔مو) تھوڑے سے پَر۔ کنایتہً ذرا سی جان۔

مُشت خاک (ف۔ا۔مو) خاک کی چٹکی۔ مٹھی بھر خاک۔ انسان جو مٹی سے بنا ہے۔

مُشت زن (ف۔صفت) مکّے سے لڑنے والا۔ کشتی لڑنے والا۔ پہلوان۔ جلق لگانے والا۔

مُشت غبار (ف۔ا۔مو) مٹھی بھر دھول۔ مُردہ انسان کی خاک۔

مُشت مال۔ یا۔ مُشت مالی (ف) مالش جو نائی لوگ حمام میں کرتے ہیں۔ دلالی۔ ملائی۔ چمپی۔

مُشت مالی کرنا (اُ۔محاورہ) نہانے سے پہلے جسم کی مالش کرنا۔ چمپی کرنا۔ حمامیوں کا غسل سے پہلے نہانے والوں کا جسم مکنا دلنا۔

مُشتاق (ع۔صف) اشتیاق رکھنے والا۔ شائق۔ طالب۔ خواہاں منتظر۔ انتظار کرنے والا۔

مُشتاقانہ (ع) تابع فعل) مُشتاقوں کی طرح۔ مُشتاقوں کی مانند۔

مُشتبَہ (ع۔صف۔مفعولی) جس میں شبہ پایا جائے۔ شک کیا گیا۔ شبہ کیا گیا۔ مبہم۔ ظنّی۔

مُشتبِہ (ع صفت) پراگندہ۔ پریشان۔ متردّد۔

مُشترک (ع۔صف) اکٹھا۔ شاملات کا۔ ساجھے کا۔ ملا ہوا۔ مشمولہ۔

مُشترکہ (ع۔صفت) شرکت کیا ہوا۔ ساجھے کا۔

مُشتری (ع۔مذ فاعل) خریدار۔ گاہک۔ مول لینے والا۔ چھٹے آسمان پر ایک ستارہ ہے۔ قاضیٔ فلک۔ برجیس۔ برہسپت۔ کیمیاگروں کی اصطلاح میں رانگ۔ قلعی۔

مُشتری بتیغ مُشروط (ع۔صفت) شرط پر چیز خریدنے والا۔

مُشتری ہوشیار باش (ف۔مثل) خریدار کو سودا دیکھ بھال کر لینا چاہیئے۔ طنزاً اس موقع پر بھی بولتے ہیں۔ جہاں گاہک کو بعد میں نقصان اُٹھانا پڑے۔

مُشتعِل (ع۔صف۔فاعلی) بھڑکنے والا۔ شعلہ مارنے والا۔ شعلہ زن۔ سوزاں۔

مُشتغِل (ع۔صفت) مشغول ہونے والا۔ مصروف۔ روگردانی کرنے والا۔

مُشتَق (ع۔صف۔مفعولی) نکلا ہوا۔ وہ لفظ جو مصدر سے بنایا گیا ہو۔ ماخوذ۔

مُشتَمِل (ع۔صفت۔فاعلی) شامل ہونے والا (بفتح میم) مشترکہ۔ مشمولہ۔ شامل شریک۔

مُشتَہر (ع۔صف۔مفعولی) شہرت دیا گیا۔ مشہور کیا گیا۔ مُنادی کیا گیا۔

مشتہر کرنا (اُ۔فعل) مشہور کرنا۔ منادی کرنا۔ شہرت دینا۔ اشتہار دینا۔

مُشتہِر (ع۔صف۔فاعلی) ڈونڈی پیٹنے والا۔ شہرت دینے والا۔ مشہور کرنے والا۔

مُشتہی (ع۔صفت) دردمند۔ خواہاں۔ خواہش کرنے والا۔ بھوک لگانے والا۔ اشتہا پیدا کرنے والا۔

مُشتے کہ بعد از جنگ یاد آید بر کلۂ خویش باید زد (ف۔مثل) لڑائی کے بعد جو داؤں یاد آئے وہ بے فائدہ ہے۔ جب موقع نکل جائے تو پچھتانا بے فائدہ۔ مار پیچھے سنوار مشکل ہوتی ہے۔

مُشتے نمونہ از خروارے (ف۔مثل) ڈھیر میں سے مٹھی بھر نمونہ ہی کافی ہے۔ دیگ میں سے ایک ہی چاول ٹٹولتے ہیں۔

مَشٹ (ہ۔ا۔مو) خاموشی۔ چُپ۔ کم بولنا۔

مَشٹ مارنا (ہ۔فعل) خاموش رہنا۔ چُپ رہنا۔ گھنی سادھنا۔ جواب ہی نہ دینا۔

مَشٹ مارے جانا (ہ۔محاورہ) اپنے خیال میں چُپ چاپ چلے جانا۔

مِشٹ (س۔صفت) میٹھا۔ شیریں۔

مِشٹان (س۔مذ) پکوان۔ شیرینی۔ مٹھائی۔ مِشت بمعنی شیریں۔ ان بمعنی اناج۔

مُشٹنڈا (ہ۔صفت۔مذ) قوی ہیکل۔ زور آور۔ طاقت ور۔ بہت موٹا۔ فربہ اندام۔ ہٹا کٹا۔

مُشجّر (ع۔ا۔مذ مفعولی) بیل دار کپڑا۔

مشحون (ع۔صفت) بھرا گیا۔

مُشک (اُ۔ا۔مو) مُشک۔

مُشخّص (ع۔صف۔مفعولی) جانچا گیا۔ تجویز کیا گیا۔ تشخیص کیا گیا۔ آنکا ہوا۔ اندازہ کیا گیا۔

مُشخِّص (ع۔صفت) تشخیص کرنے والا۔ تجویز کیا گیا۔

مشخصہ (ع۔ا۔مو) دیکھئے مشخص جس کی یہ تانیث ہے۔

مُشدّد (ع۔صف۔مفعولی) تشدید بنا گیا۔ وہ حرف جس پر تشدید ہو۔ جکڑا ہوا۔ خوب کسا ہوا۔

مشرّف (س۔ا۔مذ) ملا ہوا۔ ملاجلا۔ گڈمڈ۔ مخلوط۔ شریف۔ معزز۔ عزت دار آدمی۔ بید۔ حکیم۔ پنڈت۔ طبیب۔ برہمنوں کا خطاب۔ برہمن کے نام کا جزو۔ رسوئی کرنے والا۔ رسوئیا۔ پانی پلانے والا۔

مِشرانی (ہ۔ا۔مو) مشر کی مؤنث۔ برہمنی۔ پنڈتانی۔ مشر کی بیوی۔

مَشرَب (ع۔اِمذ۔ظرف) پانی پینے کی جگہ۔ چشمہ۔ تالاب۔ جھیل۔ جوہڑ۔ مذہب۔ دھرم۔ دین۔ پنتھ۔ طور۔ طریقہ۔ ڈھنگ طرز۔

مُشَرَّح (ع۔صفت مفعولی) کھلا ہوا۔ تشریح کیا گیا۔ صاف صاف۔ مفصل۔ واضح۔

مُشَرَّف (ع۔صفت مفعولی) عزت دیا گیا۔ بزرگ۔ ممتاز۔ شرف دیا گیا۔ بزرگی دیا ہوا۔

مُشَرَّف بہ اسلام ہونا (اُر۔محاورہ) دین محمدی میں آنا۔ مسلمان ہونا۔ مسلمان ہونے کی عزت پانا۔

مُشَرَّف ہونا (اُر۔محاورہ) عزت حاصل ہونا۔ امتیاز پانا۔

مُشرِف (ع۔مذ۔فاعل) نگراں۔ خبردار۔ ناظر۔ میر منشی۔ ہیڈ کلرک۔ بلند ہونے والا۔ بلندی پر بڑھنے والا۔ برتے بھلے کام کے قریب پہنچنے والا۔ مجازاً بلند جگہ۔ اونچی جگہ۔

مَشرِق (ع۔اِمو۔ظرف) روشنی نکلنے کی جگہ۔ سورج نکلنے کی جگہ۔ طلوع آفتاب کا مقام۔ پورب۔ سمت طلوع شمس۔ مغرب کی ضد۔

مَشرِقی (ع۔صفت۔بیائے نسبتی) منسوب بہ مشرق۔ پوربی۔

مَشرِقین (ع۔اِمذ) مشرق کا تثنیہ ہے۔ دونوں مشرق۔

مَشرِقیہ (ع۔صفت۔اِمو) دیکھئے "مشرقی" جس کی یہ تانیث ہے۔ اور جمع کا افادہ بھی کرتی ہے۔

مُشرِک (ع۔صف۔فاعلی) عبادت میں خدا کے ساتھ کسی اور کو بھی شریک کرنے والا۔ بت پرست۔ قہر پرست۔

مُشرِکہ (ع۔صفت) دیکھئے "مُشرِک" جس کی یہ تانیث ہے۔

مَشرُوب (ع۔صفت) پیا ہوا۔ پینے کی چیز۔

مَشرُوح (ع۔صفت) کھول کر بیان کیا گیا۔

مَشرُوحًا (ع۔متعلق فعل) تشریح کے ساتھ۔ مفصل۔

مَشرُوط (ع۔صفت مفعولی) شرط کیا گیا۔ مجازاً محدود۔ کسی شرط پر موقوف۔

مَشرُوع (ع۔صفت مفعولی) موافق شرع جائز۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔ جو شرعاً مرد کو بھی پہننا جائز ہے۔

مُشعِر (ع۔صفت فاعلی) خبر دینے والا۔

مَشعَل (ع۔اِ موظرف) شعلہ کی جگہ۔ اصطلاح میں بڑی موٹی بتی۔ بہت موٹا فتیلہ۔ شمع۔

مشعل بردار (ع۔ف۔صفت) مشعل اٹھانے والا۔ مشعل روشن کرنے والا۔

مشعل جلانا (اُر۔محاورہ) فتیلہ جلانا۔ شمع روشن کرنا۔ مشعل بردار

مشعل دکھانا (اُر۔محاورہ) کنایتہً۔ راہنمائی کرنا۔

مشعل راہ (عف۔اِمو) وہ مشعل جس سے راستہ دیکھتے ہیں کنایتہً راہبر۔ راہنما۔

مشعل کی بو دماغ میں سمائی ہے (اُر۔مثل) مفلسی میں بھی امیری کی سوجھتی ہے۔ غریبی میں تمکنت ہے۔

مشعل کے نیچے سے نکلا ہوا (اُر۔مثل) زنانوں کے سامنے ناچا ہوا۔

مشعل لے کر ڈھونڈنا (اُر۔محاورہ) نہایت تلاش کرنا۔ بہت ہی ڈھونڈھنا۔ چراغ لے کر ڈھونڈھنا۔

مشعلچی (عف۔مذ۔فاعل ترکیبی) مشعل بردار۔ مشعل جلانے اور دکھانے والا۔

مشعلچی اندھا ہوتا ہے (اُر۔مثل) مشعل دکھانے والے کو اس کے پاس ہونے کے باعث دکھائی نہیں دیا کرتا۔ دوسروں کا راہنما اور آپ گمراہ۔

مشعلچی آپ ہی اندھا ہوتا (اُر۔مثل) خود گمراہ اور دوسروں کی رہبری کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں یعنی راہنما آپ ہی بے راہ ہے۔ خود میاں فضیحت۔ دیگراں را نصیحت۔

مُشغَلہ (ع۔اِمذ) جی بہلاوا۔ من پرچاوا۔ کام۔ شغل۔ دل لگی۔ ہنسی۔ مذاق۔ چہل۔

مُشغَلہ سُلطانی (ع۔اِ۔مذ) کنایتہً وہ صندوقچہ جو بادشاہ کی سواری کے ساتھ رہتا تھا۔ تاکہ فریادی اس میں اپنی درخواستیں ڈال سکیں۔

مُشغَلہ ہاتھ آنا (اُر۔محاورہ) دل بہلانے کی چیز یا بات مل جانا۔

مشغول (ع۔صف۔مفعولی) مصروف۔ کام میں لگا ہوا۔

مشغولہ (اُر۔مذ) مُشغلہ کا بگاڑ ہے۔

مشغولی (ف۔اِمو۔بیائے مصدری) مصروفیت۔ مُشغولیت۔ بیکاری کی ضد۔

مُشفِق (ع۔صف۔فاعلی) مہربان۔ شفقت کرنے والا۔ دوست رفیق۔ چاہت کرنے والا۔ جمع: مشفقان۔

مُشفقانہ (عف۔تابع فعل) دوستوں کی طرح۔ رفیقوں اور مہربانوں کی طرح۔

مَشق (ع۔اِ۔مو) عادت۔ مہارت۔ ربط۔ کسی کام کو بار بار کرنا۔ بار بار لکھنا۔

مشق بڑھانا (اُر۔محاورہ) کسی کام میں مہارت پیدا کرنا۔

مشق بڑھنا (اُر۔محاورہ) کسی کام میں مہارت حاصل ہونا۔

مشق چڑھنا/چڑھی ہونا (اُر۔محاورہ) کمال مہارت ہونا۔

مشق رکھنا (اُر۔محاورہ) مشاق ہونا۔ ماہر ہونا۔

مشق سخن (عف۔اِمو) شعر و سخن کی مہارت۔

مشق کرنا (اُر۔محاورہ) کسی کام کو بار بار کئے جانا۔ مہارت کرنا۔ عادت ڈال دینا۔

مُشقاب (ف۔اِمذ) اتھلا برتن۔ پلیٹ۔ رکابی۔

مشقت (ع۔اِ۔مو) دکھ تکلیف۔ محنت۔ ریاضت۔ مزدوری

کام کاج ۔
مُشقت اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) دُکھ اُٹھانا۔ تکلیف اُٹھانا۔
مشقی (ع ۔ا۔مو۔) بیائے نسبتی، مشق کرنے کے قابل۔ وصلی۔ مشق کرنے کا موٹا کاغذ ۔
مَشک (ف۔ا۔مو) پانی بھرنے کی کھال۔ چھال ۔
مَشک اُٹھانا (ا۔ محاورہ) سقے کا کام کرنا ۔
مَشک چھوڑنا (اُر۔محاورہ) مشک کا پانی کسی کے نام پر بہانا۔ چھڑکاؤ کر دینا۔
مُشک (ف۔ا۔مذ) کستوری۔ کستورے۔ ہرن کی ناف سے نکلا ہوا خوشبودار سُرخی مائل سیاہ مادہ۔ تشبیہاً زلف معشوق بوجہ سیاہی وخوشبو ۔
مُشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید (ف ۔ مثل) عمدہ چیز خود ہی ظاہر ہو جاتی ہے۔ اس کی تعریف کی ضرورت نہیں ۔
مُشک بار (ف۔صف) نہایت معطر ۔
مُشک بلاؤ۔ یا۔ مُشک بلائی (اُر۔ا۔مذ ۔ مو) ایک قسم کا جنگلی بلّا جس کے خصیوں کا پسینہ نہایت خوشبودار ہوتا ہے ۔
مشک بُو۔ مشکبُو (ف ۔صف) نہایت خوشبودار ۔ معطر۔ مُشک جیسی خوشبو ۔
مُشک چھڑکنا (اُر۔محاورہ) زخم کو ایسا تیز کرنا۔ کہ پھر نہ بھر سکے ۔
مُشک نافہ (ف۔ا۔مذ) کستورے ہرن کی ناف جس میں مُشک رہتا ہے ۔
مُشکِل (ع ۔صف) کٹھن ۔ سخت (بحالت اسم مؤنث) دقت سختی۔ مصیبت ۔ پیچا ۔ اڑی ۔ دشواری ۔ پیچیدہ ۔ اُلجھا ہوا۔ دقت طلب ۔
مُشکل آپڑنا (اُر۔محاورہ) مُصیبت پڑنا۔ دشواری کا دفعتہً آجانا۔
مشکل آسان ہونا (اُر۔محاورہ) اڑی نکلنا۔ مصیبت سے نجات ملنا۔ سختی دُور ہونا۔ پیچیدگی رفع کرنا۔ تکلیف سے چھوٹنا جان نکلنا۔ پران چھوٹنا۔ مرنا۔ دم نکلنا۔ جان کنی سے نجات پانا ۔
مُشکل آنا (اُر۔فعل) کٹھنی آنا۔ مصیبت آنا۔ دقت پیش آنا ۔
مُشکل بننا۔ یا۔ پڑنا (اُر۔محاورہ) پتا پڑنا۔ دقت پیش آنا۔ مصیبت پڑنا۔ لالے پڑنا۔ جان پر بننا ۔
مُشکل پسند (عف ۔صف ترکیبی) مشکل الفاظ لکھنے والا۔ دقت پسند وہ شخص جو اپنی نظم یا نثر میں مشکل اور ادق الفاظ زیادہ استعمال کرے ۔
مُشکل حل کرنا (اُر۔محاورہ) مصیبت دُور کرنا ۔
مُشکل سے (اُر۔تابع فعل) جوں توں کر کے بدقت۔ دشواری کے ساتھ ۔
مُشکل سے نکلنا (اُر۔محاورہ) مُصیبت سے چھٹکارا پانا ۔
مُشکل کٹ جانا (اُر۔محاورہ) مصیبت دُور ہو جانا ۔
مُشکل کر دینا (اُر۔محاورہ) دشوار کر دینا ۔
مُشکل کُشا (عف ۔صفت ترکیبی) مشکل حل کرنے والا۔ مشکل دور کرنے والا۔ (بحالت اسم مذکر) حضرت علی کرم اللہ وجہ کا لقب ۔
مُشکل کُشا کا کھڑا دونا (اُر۔مذ) حضرت علی کی نیاز جو مشکل دُور ہونے کے بعد دی جاتی ہے ۔
مُشکل گشائی کرنا (اُر۔محاورہ) کسی کا اڑا ہوا کام بنا دینا۔ بپتا سے نجات دینا۔ مُصیبت دُور کر دینا ۔
مُشکل میں پڑنا (اُر۔محاورہ) آفت میں پھنسنا۔ بلا میں گرفتار ہونا ۔
مُشکل میں کام آنا (اُر۔محاورہ) مصیبت میں مدد دینا ۔
مُشکلے نیست کہ آسان نہ شود / مرد باید کہ ہراساں نہ شود (ف ۔ مقولہ) کوئی ایسی مشکل نہیں جو آسان نہ ہو جائے آدمی کو نا اُمید نہیں ہونا چاہیئے ۔
مُشکلات (ع ۔ا۔مو) مُشکل کی جمع ۔
مَشکُور (ع ۔صفت مفعولی) ممنون ۔ احسان مند ۔ شاکر ۔ شکر گزار۔ پسندیدہ ۔ ستودہ (یہ غلط مشہور ہو گیا ہے۔ کیونکہ مفعول کو فاعلی معنوں میں لیا گیا ہے) ۔
مَشکُوک (ع ۔صفت مفعولی) بھرم کیا گیا ۔ شک کیا گیا ۔ گمان کیا ہوا۔
مشکُوے ۔یا۔ مشکُوئے معلّےٰ (ف ۔ا۔مذ) لغوی ۔ بُت خانہ۔ اصطلاح میں اُمرا و بادشاہ وغیرہ کا دولت خانہ ۔ محلسرائے سلطانی ۔ محل ۔ بالاخانہ ۔ کوٹھا حرم شاہی ۔
مُشکی (ف ۔صفت ۔ بیائے نسبتی) مُشک کے رنگ کا ۔ کالا۔ سیاہ فام ۔ کالے رنگ کا گھوڑا ۔
مُشکی رنگ (ف۔ا۔مذ) کالا رنگ ۔ سیاہ رنگ ۔
مُشکیزہ (ف ۔ا۔مذ) مشک کی تصغیر ۔ چھوٹی سی مشک ۔
مُشکیں (ف ۔صفت) بہ بن نسبتی ۔ معطر خوشبودار ۔ مُشک کی سی خوشبو والا۔ مشک کے سے رنگ کا سیاہ ۔
مُشکیں چھوٹنا (اُر۔محاورہ) پانی سے دست آنا ۔
مُشکیں (اُر۔ا۔مو ۔ بیائے مجہول) دونوں بازو ۔ دونوں مونڈھے دونوں شانے ۔
مُشکیں باندھنا۔ یا۔ کسنا (اُر۔محاورہ) دونوں بازوؤں کو پیٹھ کی طرف ملا کر جکڑ دینا۔ گرفتار کرنا ۔ پکڑنا ۔ بے قابو کر دینا ۔
مُشکیں کسنا (اُر۔محاورہ) مُشکیں باندھنا ۔
مُشلول (ع ۔صفت) جس کے ہاتھ پاؤں بے حس ہو چکے ہوں۔ اپاہج ۔
مشیم (ع ۔ا۔مو) قوت شامہ کی جگہ ۔ دماغ ۔
مُشمع (ع ۔صفت) موم جامہ ۔ کیمیا گروں کی اصطلاح میں گندھک

وغیرہ کا موم کی طرح نرم ہو جانا۔

مشمول (ع۔ صفت مفعولی) شامل کیا گیا۔ ملایا ہوا۔ شریک کیا گیا۔

مشمولہ (ع۔ صفت) شامل۔ ملا۔ ملا ہوا۔ شریک۔ ملحق۔

مشن (انگ۔ ا۔مذ۔ Mission) پادریوں کے رہنے کی جگہ۔ سفارت۔ ایلچی گری۔ رسالت۔ پیغمبری۔

مشن سکول (انگ۔ ا۔مذ۔ Mission School) پادریوں کا مدرسہ۔ وہ مدرسہ جو پادریوں کی طرف سے قائم ہو جہاں انجیل کی تعلیم لازمی ہے۔

مشنری (انگ۔ ا۔مذ۔ Missionary) مذہبی تلقین کرنے والے۔

مشورت (ع۔ ا۔مو) } صلاح و باہمی تجویز۔ پنچایت۔
مشورہ (ع۔ ا۔مذ) } مشوٹ۔ کونسل۔ کمیٹی۔ سازش گٹھوت۔

مشورہ دینا (اُر۔ محاورہ) صلاح دینا۔

مشورہ رہنا (اُر۔ محاورہ) کسی سے وقتاً فوقتاً صلاح ہونا۔

مشورہ کرنا (اُر۔ محاورہ) صلاح کرنا۔

مشورہ لینا (اُر۔ محاورہ) تدبیر پوچھنا۔ صلاح لینا۔ مصلحت پوچھنا۔

مشورہ ہونا (اُر۔ محاورہ) صلاح ہونا۔ تدبیر ہونا۔

مشوش (ع۔ صفت مفعولی) تشویش میں ڈالا گیا۔ پریشان۔ حیران۔ مضطرب۔

مشوش (ع۔ صف فاعلی) پریشان کرنے والا۔ حیرانی میں ڈالنے والا۔

مشہد (ع۔ مذ ظرف) جائے شہادت۔ حاضر ہونے کی جگہ۔ شہیدوں کا قبرستان۔ ایران کا ایک شہر جہاں امام علی موسےٰ رضا علیہ السلام کا مزار ہے۔

مشہود (ع۔ صفت مفعولی) حاضر کیا گیا۔ ظاہر۔ برگھٹ۔ موجود۔ ثابت کیا گیا۔ تحقیق کیا گیا۔

مشہور (ع۔ صفت مفعولی) شہرت دیا گیا۔ نامور۔ نامی۔ معروف نامدار۔

مشہور کرنا (اُر۔ محاورہ) شہرت دینا۔

مشہور و معروف (ع۔ صفت) جانا بوجھا۔ نامور۔ نامدار۔ نامی۔

مشہور ہونا (اُر۔ محاورہ) شہرت حاصل ہونا۔

مشہور ہے (اُر۔ محاورہ) کہتے ہیں۔ افواہ ہے۔ زبان زد خلائق ہے۔

مشیت (ع۔ ا۔مو) ارادہ۔ مرضی۔ خواہش۔ تقدیر۔ قسمت۔

مشیت ایزدی (عف۔ ا۔مذ) خدا تعالےٰ کا ارادہ۔ حکم الٰہی۔ خدا کی مرضی۔ خواہش۔ ربی۔

مشیت میں گزرنا (اُر۔ محاورہ) خدا کی مرضی ہونا۔

مشیخت (ع۔ ا۔مو) بزرگی۔ بڑائی۔ غرور۔ تکبر۔ شیخی۔

مشیخت کرکری ہونا (اُر۔ محاورہ) غرور نکل جانا۔

مشیخت مآب (ع۔ ا۔مذ) غرور و تکبر کا ٹھکانا۔ شیخوت سے پُر۔ مشیخت پناہ۔ بڑائی کی جگہ۔

مشیر (ع۔ ا۔مذ۔ فاعل) مشورہ دینے والا۔ اشارہ کرنے والا۔ صلاح دینے والا۔ رائے دینے والا۔ وزیر۔ دیوان۔ منتری کارکن۔ مصاحب۔

مشیر الدولہ (ع۔ ف) سلطنت کا صلاح کار۔ شاہی خطاب جو وزرا و امرا کو ملتا ہے۔

مشیر خاص (ع۔ ا۔مذ) خاص مصاحب۔ پرائیویٹ سیکرٹری۔

مشیر مال (ع۔ ا۔مذ) وزیر مال۔ وہ شخص جو محکمہ کا افسر ہو۔

مشیران (ف۔ مذ) مشیر کی جمع۔ اراکین۔ وزراء۔ امراء۔

مشیران سلطنت (ف۔ ا۔مذ) اراکین۔ دربار۔ راج منتری۔ وزرائے سلطنت۔

مشین (ع۔ صفت مفعولی) نشان دیا گیا۔ نشان پایا ہوا۔ شاندار۔ کروفر والا۔ تمکنت والا۔ بارعب۔ خوبصورت۔ خوش وضع شکیل و جمیل۔

مشین (انگ۔ ا۔مو) کل۔ انجن۔ جرثقیل کا آلہ جس کے کئی پرزے ہوتے ہیں۔ اور ہر ایک برائے کام مشین ہوتا ہے۔ Machine

مشین گن (انگ۔ ا۔مو۔ Machine Gun) لڑائی کا جدید ہتھیار جس سے بہت تیزی سے گولیاں نکلتی ہیں۔



مشین گن

مشینری (انگ۔ ا۔مو۔ Machinery) کل پرزے۔ کلیں۔ مشینیں۔ کل کی ساخت۔ فنی تدبیریں جن سے فنکار کام لے۔

م — ص

مصاحب (ع۔ ا۔مذ) سنگی۔ ہم نشین۔ پاس بیٹھنے والا۔ ساتھی رفیق۔ ندیم۔

مصاحبت (ع۔ ا۔مو) پاس بیٹھنا اٹھنا۔ سنگت۔ ہم نشینی۔ ساتھ۔ رفاقت۔

مصادر (ع۔ مذ ظرف) مصدر کی جمع نکلنے کے مقامات

مصادرت (ع۔ ا۔مو) تاوان۔ ڈنڈ۔ واپسی۔

مصارف (ع۔ مذ ظرف) مصرف کی جمع۔ خرچ کی جگہیں۔ خرچ کے موقع پر۔ مجازاً بہت سے خرچ۔

مصاف (ع۔ ا۔مذ) مصف کی جمع۔ صف باندھنے کی جگہیں۔ مجازاً میدان جنگ۔ لڑائی کا میدان۔ جنگ۔ لڑائی۔ جدھ

رزم ۔

مصافات (ع۔ا۔مو) دوستی ۔ اخلاص ۔

مُصافحہ (ع۔ا۔مذ) دست بوسی ۔ ملاقات کے وقت ہاتھ ملانا ۔

مُصافحہ کرنا (اُ۔مصدر۔مرکب) ملتے وقت ہاتھ سے ہاتھ ملانا ۔

مَصالح (ع۔مو) مصلحت کی جمع ۔ نیکیاں ۔ بھلائیاں ۔ (بصورت اسم مذکر) ہر چیز کا سامان ۔ سامان عمارت ۔ گوٹا کناری وغیرہ ۔

مُصالح دار (عف۔ا۔مذ) مصالح دینے والا ۔ سامان عمارت پہنچانے والا ۔ چونہ ۔ اینٹ ۔ گارا وغیرہ ۔ دینے والا ۔ مزدور قلی ۔ مصالح یعنی نمک ۔ مرچ ۔ لہسن وگرم مصالح وغیرہ پڑا ہوا ۔ چٹ پٹا کا مدار یعنی گوٹہ کناری لگی ہوئی چیز ۔

مُصالح کا تیل (اُ۔ا۔مذ) خوشبودار چیزیں ڈال کر بنایا ہوا تیل ۔ بالچھڑ ۔ صندل وغیرہ پڑا ہوا تیل ۔

مُصالحت (ع۔ا۔مو) میل ملاپ ۔ آپس میں صلح کرنا ۔ باہمی صلح صفائی ۔

مصاحرت (ع۔ا۔مو) سمدھیان ۔ خسر بنانا ۔ داماد بنانا ۔

مصائب (ع۔ا۔مو) مُصیبت کی جمع ۔ تکلیفیں ۔ سختیاں ۔ بلائیں آفتیں ۔

مصائب لوٹنا (اُ۔محاورہ) مصیبتیں نازل ہونا ۔ آفتیں آنا ۔ مصیبت میں مبتلا ہونا ۔

مِصباح (ع۔ا۔مو۔مذ) دیا ۔ دیوا ۔ لیمپ ۔ چراغ ۔ صبح کے وقت شراب پینے کا پیالہ ۔ جام صبوحی ۔

مُصبّر (ع۔ا۔مذ) مشہور کڑوی دوا ۔ ایلوا ۔

مُصحِح (ع۔ا۔مذ) دوستی کرنے والا ۔ کاپی اور پروف پڑھ کر دیکھنے والا ۔

مُصحَف (ع۔ا۔مذ) وہ کتاب جس میں رسالے اور صحیفے جمع ہوں ۔ قرآن شریف ۔ کلام اللہ ۔ مجازاً رُخسار معشوق پر مونے کے قابل کتاب ۔

مُصحَف اُٹھانا (اُ۔محاورہ) قرآن شریف کی قسم کھانا ۔

مُصحَف بغلی (ف۔ا۔مذ) چھوٹی تقطع کا قرآن شریف ۔

مُصحَف مجید (ع۔ا۔مذ) بزرگ کتاب قرآن شریف ۔ کلام اللہ ۔

مُصحَفی (ع۔صف۔بیائے نسبتی) منسوب بہ مُصحَف ۔ قرآن کا غلام ہمدانی شاعر کا تخلص ۔

مَصحُوب (ع۔ا۔مذ۔مفعولی) ساتھ کیا گیا ۔ ساتھ ۔ ہمراہ ۔ ہمدست ۔ ہاتھ ۔

مِصداق (ع۔ا۔مذ۔آلی) صادق آنے کا اوزار ۔ یعنی وہ شے جس پر کوئی معنی صادق آسکیں ۔ مجازاً موافق ۔ مطابق گواہی ۔ شہادت ۔ دلیل ۔

مَصدَر (ع۔ا۔مذ) صادر ہونے کی جگہ ۔ نکلنے کی جگہ ۔ چشمہ ۔ بنیاد ۔ اصل ۔ جڑ ۔

مَصدَر اصلی (ع۔ا۔مذ۔ترکیب فارسی) وہ مصدر جسے اہل زبان نے مصدر ہی کے لئے وضع کیا ہو ۔ جیسے بونا ۔ کہنا ۔ جانا وغیرہ ۔

مَصدَر لازم (ع۔ا۔مذ) وہ مصدر جس کے افعال صرف فاعل پر ختم ہوجائیں ۔

مَصدَر متعدی (ع۔ا۔مذ) وہ مصدر جس کے فعل فاعل کے علاوہ مفعول کو بھی چاہیں ۔

مَصدَر وصفی (ع۔مذ) وہ مصدر جو اصل میں مصدری معنوں کے لئے بنایا گیا ہو ۔

مُصدِع (ع۔صفت مفعولی) دردسر دینے والا ۔ تکلیف دینے والا ۔

مُصدِق (ع۔صفت فاعلی) تصدیق کرنے والا ۔ ثبوت دینے والا ۔ ثابت کرنے والا ۔ سچائی کی گواہی دینے والا ۔ برقرار رکھنے والا ۔

مُصدَّق (ع۔صفت مفعولی) تصدیق کیا ہوا ۔ جانچا ہوا ۔ پرتالا ہوا ۔ آرائش کیا گیا ۔

مُصدَّقہ (ع۔صفت مفعولی) تصدیق شُدہ ۔ جس کی تصدیق ہوگئی ہو ۔

مِصر (ع۔ا۔مذ) شہر ۔ نگر ۔ نگری ۔ ایک مشہور شہر اور ملک کا نام ہے ۔ اس کی جمع امصار ہے ۔

مِصر کا بازار (اُ۔ا۔مذ) وہ بازار جس میں حضرت یوسف علیہ السلام کو قافلے والوں نے فروخت کیا تھا ۔

مُصِر (ع۔صفت فاعلی) اصرار کرنے والا ۔ اڑیل ۔ ضدی ہٹیلا کسی بات پر اڑ جانے والا ۔

مُصرَّح (ع۔صفت) تصریح کیا گیا ۔ تفصیل کیا گیا ۔

مُصرِّح (ع۔ا۔مذ) صراحت کرنے والا ۔ تفصیل کرنے والا ۔

مِصراع ۔ مِصرَع (ع۔ا۔مذ۔آلہ) لغت میں ایک کواڑ یا پٹ اصطلاح میں آدھی بیت ۔ آدھا شعر ۔ شعر کا ایک حصہ ۔

مصرع برجستہ (عف۔مذ) وہ مصرع جو بے ساختہ موزوں ہوجائے ۔

مصرع پیچیدہ (عف۔مذ) وہ مصرع جس کا مضمون مُشکل اور دقیق ہو ۔

مصرع تر (عف۔مذ) شگفتہ اور عمدہ مصرع ۔

مصرع دو لخت ہونا (اُ۔محاورہ) شعر کے دونوں مصرعوں میں ربط نہ ہونا ۔

مصرع لڑنا (اُ۔محاورہ) ایک شاعر کے مصرع سے دوسرے شاعر کا مصرع مطابق ہونا ۔

مصرع لگانا (اُ۔محاورہ) گرہ لگانا ۔ ایک مصرعہ پر دوسرا مصرعہ لگا کر شعر پورا کر دینا ۔

مَصرَف (ع۔ا۔مذ۔ظرف) صرف کرنے کی جگہ ۔ جائے خرچ ۔ خرچ کا مد ۔ غرض ۔ مطلب ۔

مُصرِف (ع) صفت فاعلی، خرچ کرنے والا۔ صرف کرنے والا۔ جو شخص خرچ تو کرے مگر بیجا نہ ہو۔

مَصرُوع (ع) صفت مفعولی، مرگی زدہ۔ مرگی کا بیمار۔ مرگیا۔

مَصرُوف (ع) صفت مفعولی، پھرا ہوا۔ صرف کیا گیا۔ کام میں لگا ہوا، مشغول۔

مَصرُوف ہونا (اُر۔محاورہ) کام میں مشغول ہونا۔ کام میں لگا ہونا۔ فارغ نہ ہونا۔

مِصری (ع) صفت۔ بیائے نسبتی، منسوب۔ بہ مصر۔ مصر کا۔ مصر کا رہنے والا۔ باشندۂ مصر۔ (بصورت اسم مؤنث) قلم۔ تلوار۔ راب۔ نبات۔ دانہ دار کھانڈ کی ڈلیاں۔

مِصری کا کوزہ (اُر۔امذ) مصری کا بنا ہوا گول۔ ساڈلا۔ کوزہ نبات۔ تشبیہاً نہایت میٹھا خربوزہ۔

مِصری کھلانا (اُر۔محاورہ) تلوار یا خنجر سے قتل کرنا۔ تلوار مارنا۔ کٹار مارنا۔ منگنی کرنا۔ سگائی کی رسم ادا کرنا۔ مُنہ میٹھا کرنا۔

مِصری کی ڈلی (اُر۔امو) مصری کا ٹکڑا۔ نہایت شیریں۔

مُصطفےٰ (ع) صفت مفعولی، چُنا ہُوا۔ چھانٹا ہوا۔ بُری خصلتوں سے پاک صاف کیا گیا۔ پسندیدہ۔ مقبول۔ منظورِ نظر۔ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب)

مُصطکی (ع) امو، ایک قسم کا زرد گوند جو دوائیوں میں کام آتا ہے۔

مُصطگی (اُر)

مُصطلح (ع) صفت مفعولی، اصطلاح کیا گیا۔ محاورہ۔

مُصطلحات (ع) امو، مُصطلح کی جمع۔ اصطلاحیں۔ محاورے۔

مُصغر (ع) صفت، چھوٹا کیا گیا۔ وہ اسم جس میں چھوٹا پن پایا جائے۔

مُصفّا (ع) صفت مفعولی، صاف کیا ہوا۔ نرمل۔ نتھرا ہُوا۔ مُصفّی۔ صاف۔

مُصفّی (ع) صفت فاعلی، صاف کرنے والا۔ نتھارنے والا۔

مُصفّی خون (عف۔امذ) خون صاف کرنے والا۔

مِصقلہ (ع۔امذ آلہ) ریتی۔ صیقل کرنے کا اوزار۔

مُصلّا یا مُصلّےٰ (ع۔امذ) نماز پڑھنے کی جگہ۔ عبادت گاہ۔ مسجد۔ جائے نماز۔ نماز پڑھنے کی دری۔ یا کپڑا وغیرہ۔ عیدگاہ۔ خصوصاً شیراز کی عیدگاہ۔

مُصلح (ع) مذ فاعل، درست کرنے والا۔ نیکی کی طرف لانے والا۔ نقص دُور کرنے۔ فارغ البال۔ نقصان سے بچانے والا۔ مُفسد کی ضد۔

مَصلحت (ع۔امو) اچھی تجویز۔ نیک صلاح۔ خوبی۔ عمدگی۔ بھلائی۔ صلاح مشورہ۔ پالیسی۔

مَصلحت اندیش (عف۔صفت) مناسب اور معقول بات سوچنے والا۔

مَصلحت آمیزدکی (ع۔صفت) خُدا کی حکمت۔ خُدا کی مرضی۔

مَصلحت دیکھنا (اُر۔محاورہ) خوبی دیکھنا۔ بھلائی دیکھنا۔

مَصلحت کار (عف۔صفت) نیک کام کرنے والا۔ جو معاملات میں ماہر ہو۔

مَصلحتِ مُلکی (ع۔امو) تدبیر مملکت۔ ملکی پالیسی۔ حکمت عملی۔

مَصلحت وقت (ع۔امو) حسب موقع۔ مناسب وقت۔

مُصلحتاً (ع۔تابع فعل) از روئے مصلحت۔ وقت کے مطابق۔

مَصلُوب (ع۔صفت مفعولی) سولی دیا گیا۔ پھانسی پر چڑھایا گیا۔

مُصلّی (ع۔صفت فاعلی) نمازی۔ نمازگار۔ نماز پڑھنے والا۔ مُسلمان۔ خاکروب۔ نومُسلم خاکروب۔ فی سبیل اللہ لینے والا۔ فاتحہ کا کھانا کھانے والا۔

مُصمّم (ع۔صفت مفعولی) پُختہ کیا گیا۔ پکا۔ مضبوط۔ محکم۔ استوار۔

مُصمّم ارادہ (ع۔امذ) پکا ارادہ۔ عزم الجزم۔

مُصنّف (ع۔مذ فاعلی) تصنیف کرنے والا۔ کتاب بنانے والا۔

مُصنّفہ (ع۔امو) دیکھئے "مُصنف" جس کی یہ تانیث ہے۔

مصنُوع (ع۔صفت مفعولی) کاریگر سے بنائی ہوئی۔ بنائی ہوئی۔ رچی ہوئی۔

مَصنُوعی (ع۔صف۔بیائے نسبتی) بنائی ہوئی۔ ساختہ۔ بناوٹی۔ جعلی۔ اصلی کی ضد۔

مَصوّت (ع۔امذ) حرف صحیح۔

مُصوّر (ع۔امذ فاعل) تصویر بنانے والا۔ نقاش۔ رنگ آمیزی کرنے والا۔ بیل بوٹے بنانے والا۔

مُصوّری (ع۔امو۔ بیائے مصدری) تصویر بنانے کا کام۔ نقاشی۔

مصئُون۔ یا۔ مصئُونہ (ع۔صفت مفعولی) صیانت کردہ شُدہ۔ نگہبانی کیا گیا۔ محفوظ۔ بچا ہوا۔

مُصیب (ع۔صفت) بات کی تہ کو پہنچنے والا۔ ٹھیک کہنے والا۔

مُصیبت (ع۔امو) درد۔ دُکھ۔ تکلیف۔ بلا۔ بپتا۔ کشٹ۔ آفت۔ نحوست۔ مُشکل۔ دشواری۔ دقت۔ سختی۔

مُصیبت اُٹھانا (اُر۔محاورہ) دُکھ بھوگنا۔ سختی اُٹھانا۔ تکلیف سہنا۔ کشٹ اُٹھانا۔

مُصیبت اُٹھنا (اُر۔محاورہ) مصیبت اُٹھانا کا لازم ہے۔

مُصیبت بن جانا (اُر۔محاورہ) عذاب جان ہوجانا۔ بپتا پڑ جانا۔ آفت میں پھنس جانا۔

مُصیبت بھرنا۔ یا۔ بھگتنا (اُر۔محاورہ) سختی جھیلنا۔ دُکھ سہنا۔ کشٹ اُٹھانا۔ بپتا بھوگنا۔

مُصیبت پڑنا (اُر۔محاورہ) آفت نازل ہونا۔ کوئی حادثہ پیش آنا۔ بپتا پڑنا۔

مُصیبت جھیلنا (اُر۔محاورہ) دُکھ سہنا۔ آفت برداشت کرنا۔

صدمہ اُٹھانا۔ دُکھ بھوگنا۔

مُصیبت خانہ (عف۔ا۔مذ) ماتم خانہ۔

مُصیبت دیکھنا (اُر۔محاورہ) مُصیبت پیش آنا۔ تکلیف سہنا۔

مُصیبت زدہ (عف۔صفت بترکیب) آفت کا مارا۔ خستہ حال

مُصیبت کا مارا (اُر۔ مفعولی) تباہ۔ مُفلس۔ بدبخت۔ خراب۔ خستہ۔ بدنصیب۔

مُصیبت سے جان چھوٹنا (اُر۔محاورہ) تکلیف سے نجات پانا۔

مُصیبت کا پہاڑ (اُر۔محاورہ) بہت بڑی مصیبت۔

مُصیبت کاٹنا (اُر۔محاورہ) مصیبت برداشت کرنا۔ تکلیف برداشت کرنا۔

مُصیبت کٹ جانا (اُر۔محاورہ) دُکھ کا زمانہ بسر ہو جانا۔

مُصیبت کے دن پھرنا (اُر۔محاورہ) مصیبت کے دن کاٹنا۔ تکلیف کا زمانہ کاٹنا۔

مُصیبت کے دن ٹالنا (اُر۔محاورہ) دُکھ کی مدت بسر کرنا۔

مُصیبت کے دن کاٹنا (اُر۔محاورہ) سختی کے دنوں کو گزارنا۔ غم والم کے دن بسر کرنا۔ نحوست کا زمانہ گزارنا۔

مُصیبت مول لینا (اُر۔محاورہ) خواہ مخواہ کوئی جھگڑا اپنے سر لینا۔

مُصیبت میں پڑنا (اُر۔محاورہ) آفت میں پھنسنا۔ بپتا میں گرفتار ہونا۔

مُصیبت ناگہانی (اُر۔مو) بے خبری میں پیش آنے والا حادثہ یا صدمہ۔ اچانک آجانے والی بلا۔

م - ض

مُضارع (ع۔ا۔مذ) مانند۔ مشابہ۔ دو بچوں کے دودھ پلانے والی دایہ۔ وہ فعل جس میں حال اور مستقبل دونوں زمانے کا مفہوم ہوں۔ علم عروض میں ایک بحر کا نام ہے۔

مُضاعف (ع۔صفت) دوگنا۔ دوچند۔ ڈبل۔ دوہرا۔ علم صرف میں وہ کلمہ جس کے آخر میں ایک ہی جنس کے دو حرف آئیں۔

مُضاف (ع۔صفت مفعولی) لگا ہُوا۔ ملا ہُوا۔ نتھی کیا ہوا۔ جڑا ہُوا۔ پیوستہ۔ شامل۔ ملحق۔ علم نحو میں وہ اسم جو کسی دوسرے اسم کے ساتھ لگایا گیا ہو۔ متعلق۔ منسوب۔

مُضاف الیہ (ع۔ا۔مذ) وہ اسم جس کے ساتھ کوئی اور اسم لگایا جائے۔

مُضافات (ع۔ا۔مو) مضاف کی جمع۔ متعلقات۔ ضمیمہ۔ تتمّہ۔ آس پاس۔ گرد ونواح۔ قرب وجوار۔ اطراف۔ مضافات۔ شہر کے آس پاس گاؤں۔ قصبے۔

مُضافات شہر (ع۔مو) شہر کے آس پاس کے گاؤں کوٹ وغیرہ سوادِ شہر۔ شہر کا نواح۔

مَضامین (ع۔ا۔مذ) مضمون کی جمع۔ مطالب۔ مُعانی۔

مُضایقہ (ع۔ا۔مذ) ایک دوسرے کو تنگ کرنا۔ باہمی دقّت۔ تنگی۔ دشواری۔ قباحت۔ حرج۔ ڈر۔ اندیشہ۔ خوف۔ خطرہ۔ پروا۔

مضبُوط (ع۔صفت مفعولی) ضبط کیا گیا۔ قبضہ کیا گیا۔ پکّا۔ اچل۔ اٹل۔ مُتھر۔ اُستوار۔ دیرپا۔ پائدار۔ شہ زور۔ قوی۔ سخت تناور۔ تگڑا۔ بلی۔ طاقت ور۔ تندرست۔ توانا۔ ہٹا کٹا۔ بھاری بھرکم۔ متین۔ مستقل مزاج۔

مضبُوط رہنا (اُر۔محاورہ) جما رہنا۔ قائم رہنا۔ مستقل رہنا۔ ثابت قدم رہنا۔

مضبُوط کرنا (اُر۔مصدر مرکب) پکّا کرنا۔ جمانا۔ آمادہ کرنا۔

مَضبُوطی (ع۔ا۔مو۔بیائے مصدری) پائداری۔ توانائی۔ پختگی۔ تسلی۔ اطمینان۔

مَضحکہ (ع۔ا۔مذ) کھلی۔ ٹھٹھا۔ مخول۔ ہنسی۔ مسخرہ۔ وہ شخص جس کی کھی اُڑائیں۔

مُضحکہ اُڑانا یا کرنا (اُر۔فعل) کسی پر ہنسنا۔ ٹھٹھا کرنا۔ ذلیل کرنا۔ مسخرہ بنانا۔

مُضِر (ع۔صفت فاعلی) ضرر پہنچانے والا۔ دُکھدائی۔ نقصان دینے والا۔ غیر مفید۔ زہریلا۔ زہردار۔ سمّی۔ فاسد۔

مِضراب (ع۔ا۔مذ آلہ) ضرب لگانے کا آلہ۔ ساز بجانے کا آلہ۔ لوہے کا شلغی تار۔ جو انگلی میں تار بجانے کو ڈالتے ہیں۔ ناخنہ۔ دُنکا۔ زخمہ۔

مُضرّات (ع۔ا۔مو) نقصان دہ اشیاء۔ ضرر پہنچانے والی چیزیں۔

مُضرّت (ع۔ا۔مو) نقصان۔ ضرر۔ تکلیف۔

مُضرّت رساں (عف بصفت) نقصان پہنچانے والا۔ زیاں کار۔

مُضرّت رسانی (عف۔ا۔مو۔بیائے مصدری) تکلیف پہنچانا۔ ایذا دہی۔ تکلیف رسانی۔

مَضرُوب (ع۔صفت۔مفعولی) ضرب دیا گیا۔ جس عدد کو کئی بار جمع کرنا منظور ہو (قانون) چوٹ کھایا ہوا۔ ضرب رسیدہ۔ زخمی۔ گھائل۔ مجروح۔

مَضرُوب فیہ (ع۔ا۔مذ) جس میں ضرب دیں۔ جتنی دفعہ جمع کرنا منظور ہو۔

مُضطَر (ع۔صفت مفعولی) ضرر رسیدہ۔ مجازاً بے اختیار بے کس بے قابو۔ بیچارہ بے تاب۔ بے چین۔ بیقرار۔ بے کل۔ پریشان۔

مُضطَرِب (ع۔صفت فاعلی) اضطراب والا بے تاب پریشان بیکل۔ بے آرام۔ بے کل۔ بے چین۔ ہکا بکا۔ حیران۔ گھبرایا ہوا۔

مُضطرب الحال (ع۔ صفت) گھبرایا ہُوا۔ خستہ حال۔ پریشان حال۔

مُضعف (ع صفت) ضعیف کرنے والا۔ دُگنا کرنے والا۔

مُضغہ (ع۔ا۔مذ) گوشت کا ٹکڑا۔ لقمہ۔ نوالا۔ گراس۔ گسّا۔ لوتھڑا۔ کچا بچہ۔ پیٹ کے اندر کا وہ بچہ جس میں ابھی جان نہ پڑی ہو۔ جنین۔

مُضغۂ گوشت (ع۔ا۔مذ) گوشت کا لوتھڑا۔ نکمّا آدمی۔ بیکار آدمی۔ بے حس و حرکت۔

مُضلّت (ع۔ا۔مو) گمراہی۔

مُضمار (ع۔ا۔مذ) ہموار اور وسیع زمین۔ میدان۔ چوک۔ میدان جنگ۔ رزمگاہ۔

مُضمحل (ع صفت۔ فاعلی) گم ہونے والا۔ سُست۔ ناچیز۔ کمزور۔ ناتواں۔ تھکا ہُوا۔ ہارا تھکا۔ ماڑا۔ لاغر۔ دُبلا۔ اداس۔ مغموم دل گرفتہ۔

مُضمحل کر دینا (اُر۔فعل) تھکا دینا۔ کمزور کر دینا۔ ناتوان کر دینا۔

مُضمر (ع۔صفت۔ مفعولی) دل میں رکھا ہُوا۔ مخفی۔ پوشیدہ۔ گپت پُت۔

مُضموم (ع۔صفت۔ مفعولی) پیش دیا گیا وہ حرف جس پر پیش کی حرکت ہو۔

مضمون (ع۔ا۔مذ مفعول) لغوی ضمن۔ میں لیا ہُوا۔ درمیان میں ڈالی ہوئی چیز۔ مجازاً بیان۔ عبارت۔ معنی۔ مطلب۔ انشاء جواب مضمون۔ آرٹیکل۔ بیچن۔ بات سخن۔ قول۔

مضمون آفرین (عف۔صفت) نئی بات پیدا کرنے والا۔

مضمون آفرینی (عف۔صفت) دیکھئے "مضمون آفرین" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

مضمون باندھنا (اُر۔محاورہ) کسی مضمون کو شعر میں نظم کرنا۔

مضمون بٹھانا (اُر۔محاورہ) مضمون کو عبارت میں ٹھیک موقع پر جگہ دینا۔

مضمون پست ہونا (اُر۔محاورہ) مطلب گھٹیا ہونا۔

مضمون ٹپکنا (اُر۔محاورہ) مضمون ظاہر ہونا۔

مضمون چرانا (اُر۔محاورہ) کسی دوسرے کا مضمون اپنے نام سے شائع کرانا۔

مضمون چھن جانا (اُر۔محاورہ) کسی مضمون کا صاف اور محقق ہونا۔

مضمون دور ہونا (اُر۔محاورہ) مضمون بلند ہونا۔

مضمون ڈھلنا (اُر۔محاورہ) مضمون کا اچھی عبارت میں لکھا جانا۔

مضمون روشن ہونا (اُر۔محاورہ) مضمون صاف ہونا۔

مضمون سست ہونا (اُر۔محاورہ) مضمون بے لطف۔ اور مضمون بے مزہ ہونا۔

مضمون سلجھنا (اُر۔محاورہ) بات کی پیچیدگی دُور ہونا۔

مضمون سوجھنا (اُر۔محاورہ) مضمون خیال میں آنا۔

مضمون کھپنا (اُر۔محاورہ) مضمون صادق آجانا۔

مضمون کی بندش (اُر۔مو) مضمون کی بناوٹ۔

مضمون گانٹھنا (اُر۔محاورہ) مطلب حاصل کرنا۔

مضمون گڑھنا (اُر۔محاورہ) تہمت لگانا۔

مضمون لڑنا (اُر۔محاورہ) مضمون کا مطابق ہونا۔ معنی وغیرہ کا باہم مل جانا۔ مضمون ملنا۔

مضمون نگار (عف۔مذ۔ترکیبی) مضمون لکھنے والا۔ ایڈیٹر۔ انشا پرداز۔ مضمون نویس۔

مضمون نگاری (عف۔ا۔مو۔ بیائے مصدری) ایڈیٹری۔ انشا پردازی۔ مضمون نویسی۔

مضمون واحد (ع۔ا۔مذ) ایک ہی حال۔ ایک مطلب۔ ہم مقصود۔ ہم مطلب۔ ایک ہی غرض میں دو آدمیوں کا مبتلا ہونا۔

مَضَے (ع۔صفت) گزرا ہُوا۔ گزشتہ۔ بیتا ہُوا۔ بیت گیا ہُوا۔

مَضَے ما مَضَے (ع۔فقرہ) جو ہُوا۔ سو ہُوا۔ رفت آنچہ رفت۔ جو ہو چکا سو ہو چکا۔ گزرا سو گزرا۔

م — ط

مَطابِع (ع۔ا۔مذ ظرف) مطبع کی جمع۔ چھاپے خانے۔ بہت سے پریس۔

مُطابِق (ع۔صفت فاعلی) یکساں۔ برابر۔ مانند۔ مُشابہ۔ بموجب۔ بلحاظ۔

مُطابِق کرنا (اُر۔محاورہ) ملانا۔ ایک جیسا ہونا۔ یکساں کرنا۔ میلان کرنا۔

مُطابَقت (ع۔ا۔مو) موافقت۔ برابری۔ یکساں ہونا۔ مشابہت۔

مَطار (ع۔ا۔مذ) اُڑنے کی جگہ۔ ہوائی اڈہ۔

مُطاع (ع۔صفت۔ مفعولی) اطاعت کیا گیا۔ وہ شخص جس کی تصدیق کی جائے۔ سردار۔ بزرگ۔ مخدوم۔ مُربّی۔

مَطالِب (ع۔ا۔مذ ظرف) مطلب کی جمع۔ مرادیں۔ مقاصد۔

مُطالَبہ (ع۔مذ) اپنا حق طلب کرنا۔ نالش۔ دعوے۔ استغاثہ۔ وصولی روپیہ کی درخواست۔ مانگ۔ تقاضا۔ طلبی۔ مواخذہ قرضہ۔ واجب الطلب روپیہ۔

مُطالبۂ خفیفہ (ع۔ا۔مذ) جج۔ سمال کاز۔ کورٹ۔

مطالبہ کرنا (اُر۔محاورہ) مانگنا۔ طلب کرنا۔ تقاضا کرنا۔ دعویدار ہونا۔ استغاثہ کرنا۔

مُطالَعہ (ع۔ا۔مذ) کسی چیز کی واقفیت پیدا کرنے کے لئے اسے بغور دیکھنا۔ دھیان سے دیکھنا۔ پڑھنا۔ کتاب بینی۔ تامل

سوچ بچار۔ غور۔ توجہ۔

مُطالعہ دیکھنا (اُر۔محاورہ) طالب علم کا سبق پڑھنے سے پیشتر سبق کو غور سے پڑھنا۔

مُطالعہ کرنا (اُر۔محاورہ) کتاب دیکھنا۔ کتاب پڑھنا۔ آگے سبق نکالنا۔

مُطایبہ (ع۔ا۔مذ) ٹھٹھا۔ مخول۔ ہنسی۔ مذاق۔ خوش طبعی ظرافت۔

مَطب (ع۔مذ ظرف) طبیب کے بیٹھنے کی جگہ۔ حکیم کا دیوانخانہ۔

مَطب سرد کرنا (اُر۔محاورہ) مطب میں رونق نہ ہونا۔ مریض کم آنا۔

مَطب کرنا (اُر۔محاورہ) علاج معالجہ کا پیشہ کرنا۔

مَطب گرم ہونا (اُر۔محاورہ) مطب میں رونق ہونا۔ مریضوں کی زیادتی ہونا۔

مَطبخ (ع۔ا۔مذ ظرف) کھانا پکانے کی جگہ۔ رسوئی گھر۔ باورچی خانہ۔

مطبع (ع۔ا۔مذ ظرف) طبع ہونے کی جگہ۔ چھاپہ خانہ۔ پریس۔

مَطبُوخ (ع۔صفت مفعولی) پکائی ہوئی۔ اُبالی ہوئی۔ جوشاندہ۔ جوش دی ہوئی دوا۔

مَطبُوع (ع۔صفت مفعولی) طبع کردہ۔ شدہ۔ چھاپا ہوا۔ پسند کی گئی۔ پسند۔ خاطر۔ پسندیدہ۔ پسند طبع۔ دلپسند۔ منظور نظر۔

مطبوعہ (ع۔صفت مفعولی) چھپا ہوا۔ طبع شدہ۔

مُطرِب (ع۔مذ فاعل) خوش کرنیوالا۔ گانے والا۔ ڈوم۔ میراثی۔ کلاونت۔ قوال۔ صوفیوں کی اصطلاح میں مرشد کامل۔ پیر روشن ضمیر۔

مَطعُون (ع۔صفت مفعولی) لغوی۔ نیزہ مارا گیا۔ برچھی کھایا ہوا۔ اصطلاح میں عیب لگایا گیا۔ مہنہ دیا گیا۔ معیوب۔ رُسوا۔ بدنام۔ ملامتی۔ خوار۔ ذلیل۔

مطعُون خلائق (ع۔مذ) رسوائے عام۔ رسوائے خلق۔ وہ شخص جسے دُنیا لعنت ملامت کرے۔

مُطلّا (ع۔صفت مفعولی) طلا کیا گیا۔ ملمع کیا ہوا۔ طلا پوش۔ زر پوش۔ سنہری زرین۔

مَطلب (ع۔ا۔مذ ظرف) طلب کی جگہ۔ غرض۔ منشا۔ گوں۔ خواہش۔ مراد۔ معنی۔ ارتھ۔ مقصد ارادہ۔ خودغرضی۔

مَطلب اٹکنا (اُر۔محاورہ) غرض اٹکنا۔ خواہش پوری نہ ہونا۔

مَطلب اُلٹا دینا (اُر۔محاورہ) مفہوم بدل دینا۔ مضمون کچھ سے کچھ کر دینا۔

مَطلب اُلٹا جانا (اُر۔محاورہ) مطلب کچھ سے کچھ ہو جانا۔

مَطلب الٹ دینا (اُر۔محاورہ) دیکھئے "مطلب اُلٹا دینا"۔

مَطلب برآری (عف۔ا۔مو) کام نکالنا۔ حاجت روائی۔ کام پورا کر لینا۔

مَطلب برآری کرنا / **مَطلب برلانا** (اُر۔محاورہ) منشا پورا کرنا۔ اپنا کام نکال لینا۔ مراد پوری کرنا۔ مراد برلانا۔ مقصد پورا کرنا۔

مَطلب پر آنا (اُر۔محاورہ) تمہید کے بعد اپنا مدعا یا منشا بیان کرنا۔

مَطلب پر لانا (اُر۔محاورہ) مطلب پورا کرنے کے لئے آمادہ کرنا۔

مَطلب حل کرنا (اُر۔محاورہ) بات صاف کرنا۔ مطلب سمجھنا۔

مَطلب خبط کرنا (اُر۔محاورہ) بات بے معنی ہونا۔ تقریر یا تحریر کا بے معنی ہونا۔

مَطلب سے مطلب ہونا (اُر۔محاورہ) اپنے کام سے کام ہونا۔

مَطلب فوت کرنا (اُر۔محاورہ) غرض نہ حاصل ہونے دینا۔

مَطلب رکھنا (اُر۔محاورہ) غرض رکھنا۔ واسطہ رکھنا۔ کام رکھنا۔

مَطلب کا یار / **مَطلب کا غرضی** (اُر۔ا۔مذ) خودغرضی۔ مطلبی۔ غرض کا یار۔ غرض کا دوست۔

مَطلب کو پہنچانا (اُر۔محاورہ) مطلب برلانا۔ مراد کو پہنچانا۔ کام پورا کرنا۔ مطلب برآری کرنا۔

مَطلب کھل جانا (اُر۔محاورہ) غرض ظاہر ہو جانا۔

مَطلب کی بات (اُر۔محاورہ) کارآمد بات۔ کنایۃً وصل۔

مَطلب کی سُوجھنا (اُر۔محاورہ) غرض کی بات۔ خیال میں آنا۔ اپنے فائدے کی بات سوچنا۔

مَطلب کے واسطے گدھے کو باپ بناتے ہیں (اُر۔مثل) غرض کے لئے ادنیٰ کو بھی خوشامد کرتے ہیں۔

مَطلب کی گھات چلنا (اُر۔محاورہ) غرض کا کام کرنا۔ اپنا فائدہ دیکھنا۔ اپنی غرض کا ہی دھیان رکھنا۔

مَطلب نکال لینا (اُر۔محاورہ) غرض حاصل کر لینا۔

مَطلب ہو جانا (اُر۔محاورہ) کام بن جانا۔ غرض کا حاصل ہو جانا۔ مراد پوری ہو جانا۔ کام تمام ہو جانا۔ دم نکل جانا۔ بُرا حال ہو جانا۔ کام ہو جانا۔

مَطلبی، مطلبیا (اُر۔صفت۔ یائے فاعلیت) مطلب کا یار۔ خودغرض۔ ابن الوقت۔

مَطلع (ع۔ا۔مذ ظرف) طلوع ہونے کی جگہ۔ ستاروں اور چاند سورج وغیرہ کے چڑھنے کی جگہ۔ مشرق۔ پورب۔ مجازاً آسمان جیسے آج مطلع صاف ہے۔ غزل یا قصیدے کی پہلی بیت جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں۔ مجازاً شروع۔ آغاز۔ ابتداء۔

مَطلع صاف کرنا (اُر۔محاورہ) گرد و غبار صاف کرنا۔

مطلع صاف ہونا (اُردو محاورہ) آسمان کا گرد و غبار اور بادل کہر وغیرہ سے بالکل صاف ہونا۔ ہلال کی جگہ سے آسمان صاف ہونا۔ کسی چیز کا مقام اس کی جگہ سے صاف ہونا۔ حریفوں اور رقیبوں سے جگہ کا خالی ہونا۔ کوئی مانع نہ رہنا۔ صفایا ہو جانا۔ آسمان کا کھلا ہوا اور صاف ہونا۔ آسمان کے اُوپر بادل کا نشان تک نہ ہونا۔

مُطَّلِع (ع۔ صفت مفعولی) خبر دیا گیا۔ جتایا ہوا۔ واقف۔ خبردار۔ محرم۔

مُطَّلِع کرنا (اُردو محاورہ) خبر دینا۔ رپورٹ کرنا۔ جتانا۔ واقف کرنا۔ آگاہ کرنا۔

مُطلَق (ع۔ صفت مفعولی) جاری شدہ۔ رواں کیا گیا۔ بالکل قطعی۔ آزاد۔ بے قید۔ بے تعلق۔ (بحالت اسم مذکر) آیت مطلق۔ قرآن شریف کی وہ آیت جہاں ٹھہرنا واجب ہے۔

مُطلَق العِنان (ع۔ صفت مرکب) جس کی باگیں چھوڑی ہوئی ہوں۔ آزاد۔ خود مختار۔ بے لگام۔ بے قید۔ خود سر۔ خود رائے۔ موجی چھوڑا دل کا مختار۔

مُطلَق الیَدَین (ع۔ ا۔ مذ) وہ گھوڑا جس کے دونوں اگلے پاؤں یعنی ہاتھ سفید ہوں۔

مُطلَق الیُمن (ع۔ ا۔ مذ) وہ گھوڑا جس کا دایاں پاؤں سفید ہو۔

مُطلَق الیَسار (ع۔ ا۔ مذ) جس کا دایاں پاؤں سفید ہو۔

مُطلقاً (ع۔ تابع فعل) قطعی۔ بالکل۔ اصلاً۔

مُطلَقہ (ع۔ ا۔ مو) طلاق دی ہوئی عورت۔ طلاقن جسے مالک نے چھوڑ دیا ہو۔

مَطلُوب (ع۔ صفت مفعولی) مانگا گیا۔ خواہش کیا گیا۔ چاہا گیا۔ مراد۔ مقصد۔ معشوق۔

مطمع (ع۔ ا۔ مذ ظرف) نظر پڑھنے کی جگہ۔ لالچ کی جگہ۔

مُطمَحِ نظر (ع۔ ا۔ مذ۔ بترکیب فارسی) مرکز نگاہ۔ مقصد اصلی۔

مُطوّعہ (ع۔ مث) وہ مسلمان جو جہاد سے مستثنیٰ ہو مگر اپنی خوشی سے جہاد کرے۔

مُطوِّف (ع۔ صفت) طواف کرنے والا۔

مطوّق (ع۔ صفت) طوق پڑا ہوا۔ قید کیا گیا۔

مطوّقہ (ع۔ صفت مفعولی) وہ پرندہ جس کے گلے میں قدرتی گنڈا بنا ہوا ہو۔

مُطہِّر (ع۔ صفت فاعلی) پاک کرنے والا۔ پوتر کرنے والا۔

مُطہَّر (ع۔ صفت مفعولی) پاک کیا گیا۔ صاف پاک۔ پوتر۔ نرمل۔ مبرا۔

مُطہِّر (ع۔ صفت فاعلی) پوتر کرنے والا۔ پاک کرنے والا۔

مِطہَرہ (ع۔ مذ آلہ) وضو کرنے کا لوٹا۔ آفتابہ۔ چھاگل۔

مُطیَّب (ع۔ ف۔ صفت مفعولی) خوشبو دیا گیا۔ خوشبو میں بسایا گیا۔ پاک کیا گیا۔

مُطیِّب (ع۔ صفت فاعلی) خوشبو دینے والا۔ خوشبودار معطر۔ پاک ہونے والا۔

مُطیِر (ع۔ صفت فاعلی) برسنے والا۔ برسن ہار۔ بارش کر نیوالا۔

مُطیع (ع۔ صف فاعلی) اطاعت کرنے والا۔ تابعدار۔ حکم ماننے والا۔ امر بجالانے والا۔ ماتحت۔

مُطیع کرنا (اُردو محاورہ) ماتحت کرنا۔ قابو میں لانا۔ سر کرنا۔ فتح کرنا۔ تابع کرنا۔ تابعدار بنانا۔ ماتحت بنانا۔

م — ظ

مَظالِم (ع۔ ا۔ مذ ظرف) مظلمہ کی جمع۔ ظالموں کو سزا دینے کی جگہ۔ مجازاً عدالتیں۔ کچہریاں۔ بے انصافیاں۔ جفاکاریاں۔ سختیاں۔

مَظاہِر (ع۔ ا۔ مذ ظرف) مظہر کی جمع۔ ظہور کے مقامات۔ نظارے۔

مظاہرہ (ع۔ مذ) مدد دینا۔ کسی خاص امر میں اطباء تائید کے لئے جمع ہونا۔ اور جمع ہو کر کشت کرنا۔ کسی بات کی مخالفت یا موافقت کے لئے جوش و جذبات کا اظہار کرنا۔ اظہار۔ نمائش۔

مُظفَّر (ع۔ صفت) فتحمند۔ ظفریاب۔ ظفر یافتہ۔ جیتا ہوا۔ فتحیاب۔ منصور۔ غالب۔

مُظلِمہ (ع۔ ا۔ مذ) بے انصافی۔ اندھیر۔ ظلم۔ ستم۔ جفا۔ سختی۔ جور۔

مظلوم (ع۔ صفت مفعولی) جس پر بے انصافی ہوئی ہو۔ دکھی۔ ظلم رسیدہ۔ ستایا ہوا۔

مَظنُون (ع۔ صف مفعولی) ظن کیا گیا۔ گمان کیا گیا۔ مشکوک۔ مشتبہ۔

مَظِنَّہ (ع۔ مذ) مقام ظن۔ شبہ کرنے کی جگہ۔ خیال۔ گمان۔ قیاس۔ رائے۔ احتمال۔

مُظہَر (ع۔ مذ ظرف) ظاہر ہونے کی جگہ۔ تماشا دکھانے کا چبوترہ۔ اکھاڑہ۔ اسٹیج۔ جھانکی کی جگہ۔ جائے ظہور۔ تماشا گاہ۔

مُظہِر (ع۔ صفت فاعلی) ظاہر کرنے والا۔ اظہار دینے والا۔ بیان کرنے والا۔ گواہ۔ شاہد۔ مخبر۔ جاسوس۔ خبر دینے والا۔

م — ع

مَع (ع۔ تابع فعل) ساتھ۔ تنگ۔ گیل۔ ہمراہ۔ مشمول۔ بسمیت۔

مع الحدیث۔ یا۔ مَع القِصّہ (ع۔ تابع فعل) الغرض۔ القصہ۔ قصہ کوتاہ۔ الحاصل۔

مع الخیر (ع۔ تابع فعل) خیریت سے۔ سلامتی سے۔ بخیر و عافیت۔ خیر کے ساتھ۔

مع ہذا، معہذا (ع۔ تابع فعل) ساتھ اس کے ساتھ ہی۔ علاوہ ازیں۔ ماسوا۔ باایں ہمہ۔ علاوہ بریں۔

معاً (ع۔ تابع فعل) مل کر۔ باہمدگر۔ ایک ساتھ۔ بشمول۔ ساتھ ہی۔ فوراً۔ تُرت۔ اسی وقت۔ ایک دفعہ ہی۔ یکبارگی۔ ایک ہی وقت میں۔

مِعا (ع۔ ا۔مو) آنت۔ انتڑی۔ اُوپر سے۔ نیچے کو بہنے والی ندی۔

مَعابِد (ع۔ مذ ظرف) معبد کی جمع۔ عبادت خانے۔ مسجدیں۔ مندر۔ شوالے۔ ٹھاکر۔ دوارے۔ گرجا۔

مَعابِر (ع۔ مذ ظرف) معبر کی جمع۔ جاہائے عبور۔ دریا سے پار اُترنے کے مقامات۔

مُعاتِب (ع۔ صفت فاعلی) عتاب کرنے والا۔ سزا دینے والا۔ خفا ہونے والا۔

مُعاتَب (ع۔ صفت مفعولی) وہ شخص جس پر عتاب کیا گیا ہو۔ معتوب۔ عتاب کیا گیا۔

مُعاتَبَت (ع۔ ا۔مو) عتاب کرنا۔ غصہ کرنا۔ سرزنش۔ غصہ۔

مَعاد (ع۔ مذ ظرف) عود کرنے کی جگہ۔ واپس جانے کا مقام۔ جائے بازگشت۔ مجازاً عقبےٰ۔ عالم آخرت۔ قیامت۔

مُعادِل (ع۔ صفت فاعلی) مساوی۔ برابر۔

مُعادَلَت (ع۔ ا۔مو) مساوات۔ برابری۔ انصاف۔ عدل۔ نیاؤ۔

مَعادِن (ع۔ ا۔مو ظرف) معدن کی جمع۔ کانیں۔ کھانیں۔

مَعاذ (ع۔ مو ظرف) جائے پناہ۔ بچاؤ کی جگہ۔ سرن کی جگہ۔

معاذ اللہ (ع) خُدا۔ خُدا کی پناہ۔ توبہ۔ خُدا بچائے۔ خُدا محفوظ رکھے۔

مَعاذِیر (ع۔ ا۔مو) مُعذرت کی جمع ہے۔

مَعارِج (ع۔ ا۔مو) معراج کی جمع۔ زینے۔ سیڑھیاں۔

مُعارِض (ع۔ صفت فاعلی) جھگڑا کرنے والا۔ حریف۔ مقابل۔ مخالف۔ مخاصم۔ مدعی۔ برودھی۔

مُعارَضہ (ع۔ ا۔مذ) جھگڑا۔ بکھیڑا۔ ٹنٹا۔

مَعارِک (ع۔ مذ ظرف) معرکہ کی جمع۔ جنگ کے میدان۔ لڑائی کی جگہیں۔

مُعارَکہ (ع۔ ا۔مذ) لڑائی۔ جُدھ۔ جنگ و جدل۔

مَعاش (ع۔ ا۔مو ظرف) جائے زندگانی۔ دُنیا۔ اراضی جائیداد۔ زمین۔ رزق۔ روزی۔ خوراک۔ اوقات بسری۔ زندگی بسر کرنے کی چیز۔

مَعاش دار (عف صفت) جاگیردار۔

مُعاشَرَت (ع۔ ا۔مو) اوقات بسری۔ باہم مِل جُل کر زندگی کرنا۔ کسی کے ساتھ عیش کرنا۔

مُعاشَرتی (ع۔ ا۔مو) دیکھئے مُعاشرت جس سے یہ منسوب ہے۔

مُعاشِرہ (ع۔ ا۔مذ) سماج۔ سوسائٹی۔ جماعتی۔ زندگی جس میں ہر شخص کو رہنے سہنے اپنی ترقی و بہبود کے لئے دوسروں سے سے واسطہ پڑتا ہے۔

مُعاشی/مُعاشیات (ع۔ صفت) روزی اور بسر اوقات کے متعلق

مُعاشیات داں (عف۔ صفت) علم مُعاشرہ کا ماہر۔

مُعاصِر (ع۔ صفت فاعلی) ہم عصر اپنے زمانے کا۔ ایک ہی زمانے کا۔

مُعاصِرین (ع۔ ا۔مذ) ہم عصر لوگ۔ (معاصر کی جمع سالم)

مُعاصی (ع۔ صفت فاعلی) گنہگار۔ قصوروار۔ عصیاں کار۔ مجرم۔

معاصی (ع۔ ا۔ مذ) گنہ۔ پاپ۔ جرم۔ معصیت۔

مُعاطَفَت (ع۔ مو) مہربانی۔ عطوفیت۔ کرم۔ کرپا۔ دیا۔ عنایت نوازش۔

مُعاف (ع۔ صف فاعلی) بخشا گیا۔ عفو کیا گیا۔ آزادی۔ بَری۔ بخشش۔ عفو۔ درگزر۔

مُعاف رکھنا (اُر۔ محاورہ) باز رکھنا۔ درگزر کرنا۔

مُعاف کرنا (اُر۔ محاورہ) چھوڑنا۔ درگزر کرنا۔ بخشنا۔ جانا رُخصت ہونا۔ تشریف لے آنا۔

مُعاف کرو (اُر۔ محاورہ) جاؤ۔ سدھارو۔ رخصت ہو۔ اور جگہ مانگو۔ دوسری جگہ دیکھو۔

مُعافی (ع۔ مو مفعولی) عفو کیا گیا۔ بخشا گیا۔ بخشش۔ خلاصی۔ مکتی۔ مغفرت۔ عفو۔ وہ زمین جس کا معاملہ سرکار کی طرف سے معاف ہو۔ چھوٹ۔ انعامی۔ جاگیر۔ پنشن میں ملی ہوئی جائداد

مُعافی استمراری/دائمی (ع۔ مو) دائمی جاگیر۔ وہ زمین جو ہمیشہ کے واسطے معافی کے طور پر دے دی جائے۔

مُعافی چاہنا (اُر۔ محاورہ) جرم کا ارتکاب کر کے چھوڑ دینے کی التجا کرنا۔ معذرت کرنا۔ عفو تقصیر چاہنا۔

مُعافی حین حیات (ع۔ ا۔مو) وہ زمین جو تا زیست مُعاف کی جائے۔

مُعافی دار (عف۔ مذ) جاگیردار۔ معاف شدہ زمین کا مالک۔

مُعافی دائمی یا استمراری (ع۔ ا۔مو) وہ زمین جو ہمیشہ کے لئے مُعاف کر دی جائے۔

مُعافی مانگنا (اُر۔ محاورہ) درگزر چاہنا۔ عذر۔ معذرت کرنا قصور معاف کرنے کا خواہشگار ہونا۔

مُعافی نامہ (عف۔ مذ) معافی کی درخواست۔ معافی کی تحریر۔

معالِج (ع۔ مذ) علاج کرنے والا۔ ڈاکٹر۔ طبیب۔ حکیم۔ بیدّ۔

مُعالَجہ (ع۔ مذ) دوا و درمن۔ علاج۔ دوا۔ دارُو۔

مُعامَلات (ع۔ مذ) معاملہ کی جمع۔ کاروبار۔

معاملات کی ملکی (ع۔ ا۔مو) شاہی کاروبار۔ پولیٹکل باتیں۔ امور سلطنت۔

مُعامَلت (ع۔ ا۔مو) باہمی معاملات۔ لین دین۔ بیوپار۔ کسی کام کی تکلیف دہی۔

مُعَامَلَہ (ع۔مذ) باہمی کاروبار۔ دھندا۔ لین دین۔ سوداگری۔ تجارت۔ بات۔ عہدوپیمان۔ فیصلہ۔ قول واقرار۔ قضیہ۔ جھگڑا۔ جمع۔ لگان۔ خاص بات۔ تعلق۔ وسط حساب کتاب۔

مُعاملہ ادا کرنا (اُر۔محاورہ) مال گزاری دینا۔

مُعاملہ باندھنا (اُر۔محاورہ) ان باتوں کو نظم کرنا۔ جو خیالی نہ ہوں۔ بلکہ عمل میں آتی ہوئی ہوں۔ عاشق ومعشوق کے نجی واقعات نظم کرنا۔

مُعاملہ بنانا (اُر۔محاورہ) سودا بننا۔ بات ٹھیک ہونا۔ کام بننا۔ چکنا۔ منقطع ہونا۔

مُعاملہ بند (عف۔صفت) عاشق ومعشوق کے نجی واقعات کو نظم کرنے والا شاعر۔

مُعاملہ بندھنا (اُر۔محاورہ) ایسی باتوں کا منظوم ہونا۔ جو خیالی نہ ہوں۔

مُعاملہ پڑنا (اُر۔محاورہ) واسطہ پڑنا۔ کام پڑنا۔ تعلق ہونا۔

مُعاملہ پکا کرنا (اُر۔محاورہ) بات طے کرنا۔ قطعی۔ فیصلہ کرنا۔ سودا پختہ کرنا۔

مُعاملہ پیش کرنا (اُر۔محاورہ) فیصلہ کے لئے کسی کے پاس معاملہ لے جانا۔

مُعاملہ دان / **مُعاملہ شناس** / **مُعاملہ فہم** (عف۔صفت۔ترکیبی) بات کی تہ کو پہنچ جانیوالا۔ تجربہ کار۔ واقف کار۔ ڈھنگ سے واقف۔ نکتہ رس۔

مُعاملہ کا سچا یا کھرا (اُر۔صفت) لین دین کا کھرا۔ بات کا پورا۔ دیانتدار۔

مُعاملہ کا کھوٹا (اُر۔صفت) بے ایمان۔ بات کا کچا۔ دغاباز۔ لین دین کا کھوٹا۔

مُعاملہ کرنا (اُر۔محاورہ) لین دین کرنا۔ سودا ٹھہرانا۔ فیصلہ کرنا۔ قول وقرار کرنا۔ آپس میں مل کر کوئی کام کرنا۔ بات ٹھیک کرنا۔ بات چیت کرنا۔

مُعاملہ کھٹائی میں پڑنا (اُر۔محاورہ) بات طے ہونے میں دیر ہونا۔

معاملہ ہونا (اُر۔فعل) کام درست ہونا۔ کام بننا۔ کام نکلنا۔ سودا بننا۔ بھاؤ چکنا۔ فیصلہ ہونا۔ بات طے ہونا۔

مُعاملے کا سچا / کھرا (اُر۔صفت) لین دین میں ایماندار۔ بات کا پورا۔

مُعاملے کا کھوٹا (اُر۔صفت) بے ایمان۔ دغاباز۔ فاتن۔

مُعانِد (ع۔صفت فاعل) عناد کرنے والا۔ دشمن۔ بیری۔ مخالف۔

مُعانِدت (ع۔ا۔مو) عداوت۔ دشمنی۔ بیر۔ جھگڑا۔

مُعانِق (ع۔صفت) گلے ملنے والا۔ بغل گیر ہونے والا۔

مُعانقہ (ع۔ا۔مذ) گلے ملنا۔ بغل گیر ہونا۔

مَعانی (ع۔ا۔مو) معنی کی جمع۔ مقاصد۔ مطلب۔ مرادیں۔ وہ علم جس سے مطلوبہ معنی ادا کرنے میں غلطی سے بچ جائیں۔ اور عبارت بھی سخت اور دشوار نہ ہو۔ یعنی جس سے لفظوں کا صحیح موقعہ اور معنی مطلوبہ کا درست ہونا معلوم کیا جائے۔

مُعاوِد (ع۔صفت) پھر آنے والا۔ واپس آنے والا۔

مُعاوَدت (ع۔مو) واپسی۔ لوٹ آنا۔ لوٹنا۔ پھر کر آنا۔ واپس آنا۔

مُعاوَضت (ع۔ا۔مو) بدلہ۔ تاوان۔ عوضانہ۔

مُعاوَضہ (ع۔ا۔مذ) بدلا۔ عوض۔ مبادلہ۔ تاوان۔

مُعاوضہ دلانا (اُر۔فعل) ہرجہ دلانا۔ عوض دلانا۔ پلٹے میں کچھ دینا۔

مُعاوِن (ع۔مذ فاعل) مدد دینے والا۔ مددگار۔ سہارا دینے والا۔ حمایت کرنیوالا۔ دستگیری کرنے والا۔ وہ دریا جو دوسرے دریا میں گر کر اپنا نام قائم نہ رکھے۔

مُعاوَنت (ع۔ا۔مو) مدد۔ حمایت۔ سہانیا۔ سہارا۔ دستگیری۔ امداد۔ تائید۔

مُعاوَنت کرنا (اُر۔محاورہ) مدد کرنا۔ حمایت کرنا۔ سہایتا کرنا۔ امداد کرنا۔ دستگیری کرنا۔

مُعاہِد (ع۔صفت) باہم عہد کرنے والا۔ قول وقرار کرنے والا۔

مُعاہَدہ (ع۔ا۔مذ) باہمی عہدوپیمان۔ قول وقرار۔ بچن۔ تحریر۔ عہدنامہ۔ قصافسی۔

مُعاہَدۂ ساقط النفاذ (ع۔ا۔مذ) ناجائز قرارنامہ۔ وہ معاہدہ جو جاری نہ ہوسکے۔

مُعاہَدۂ ممکن الانفساخ (ع۔ا۔مذ) ٹوٹ نہ سکنے والا معاہدہ۔

مَعائب (ع۔ا۔مذ) معیب کی جمع۔ عیوب۔ نقائص۔ بہت سے عیب۔ خرابیاں۔

مُعائنہ (ع۔ا۔مذ) نظر کرنا۔ اپنی آنکھوں سے دیکھنا۔ نظر ڈالنا۔ آزمانا۔ پڑتال کرنا۔ امتحان کرنا۔ ملاحظہ کرنا۔

مُعائنہ کرنا (اُر۔محاورہ) دیکھنا۔ پڑتال کرنا۔ مشاہدہ کرنا۔ ملاحظہ کرنا۔

مَعبَد (ع۔مذ ظرف) عبادت گاہ۔ پرستش گاہ۔ مسجد۔ مندر۔ شوالہ۔ گرجا۔ کلیسا۔

مَعبَر (ع۔ا۔مذ ظرف) عبور کرنے کی جگہ۔ گھاٹ۔ گزر دریا۔

مَعبَرہ (ع۔ا۔مذ آلہ) دریا سے پار اترنے کی سواری۔ کشتی۔ ڈونگا۔ ناؤ۔ بیڑی۔

مُعبِّر (ع۔مذ فاعل) خواب کی تعبیر بتانے والا۔ سپنے کا پھل بیان کرنے والا۔ تعبیرگو۔

مَعبُود (ع۔مذ مفعول) پوجا کیا گیا۔ عبادت کیا گیا۔ عبادت کے قابل۔ خدا تعالےٰ۔ اللہ جل شانہٗ۔

مُعتاد (ع۔مذ صفت مفعولی) عادت کیا گیا۔ عادی (بصورت اسم مونث) خوراک کی مقدار۔ اندازہ۔

مُعتبَر (ع۔صفت مفعولی) اعتبار کیا گیا۔ قابل اعتبار۔ درست پکی۔ ٹھیک۔ راست۔ بھروسے کا۔

مُعتبر جاننا (اُر۔محاورہ) قابل اعتبار سمجھنا۔ صحیح سمجھنا۔

مُعتَمَد (ع۔صف مفعولی) گنا ہوا۔ حساب کیا گیا۔ شمار کیا گیا۔

مُعتَدبہ (ع۔ صفت مفعولی) قابل اعتبار۔ شمار میں آیا ہوا۔ بھروسے کا۔
مُعتَدِل (ع۔ صفت فاعلی) اعتدال والا۔ وہ چیز جس میں کمی بیشی نہ ہو۔ اوسط درجہ کا۔ درمیانی۔ موافق۔
مُعتَدِل المزاج (ع۔ صفت) وہ شخص جس کے مزاج میں گرمی سردی خشکی تری مناسب انداز ہوں۔
مُعتدل ہونا (اُ۔ محاورہ) برابر ہونا۔ یکساں ہونا۔ مساوی ہونا۔ موافق ہونا۔ مدھم ہونا۔
مُعتَرِض (ع۔ مذ۔ فاعل) اعتراض کرنے والا۔ روک ٹوک کرنے والا۔ مزاحم۔ گرفت کرنیوالا۔
مُعتَرِض ہونا (اُ۔ محاورہ) روکنے والا ہونا۔ سدراہ ہونا۔ مزاحم ہونا۔ روکنا۔
مُعتَرِف (ع۔ مذ۔ فاعل) اعتراف کرنے والا۔ اقرار کرنیوالا۔ قصور ماننے والا۔ مان لینے والا۔ مقر۔ اقبالی۔
مُعتَرِف ہونا (اُ۔ محاورہ) اقرار کرنا۔ اقبال کرنا۔ قصور ماننا۔ ہامی بھرنا۔
مُعتَزِل (ع۔ صفت) جُدا ہونے والا۔ اختلاف کرنے والا۔
مُعتَزِلہ (ع۔ ا۔ مذ) مسلمانوں کا ایک فرقہ جو عقیدت پسند کہلاتا ہے۔ ان کے نزدیک قرآن مخلوق ہے۔ ان کا ایمان ہے کہ اللہ تعالےٰ کی توحید عقلاً معلوم ہو سکتی ہے۔ اس لئے وحی کے بغیر ہی اہل عقل وحکمت توحید پر ایمان لا سکتے ہیں۔ یہ لوگ اللہ تعالیٰ کو منزہ صفات خیال کرتے ہیں۔ ماموں رشید کے عہد میں یہ سرکاری مذہب بن گیا تھا۔
مُعتَقِد (ع۔ ا۔ مذ) اعتقاد رکھنے والا۔ یقین رکھنے والا۔ ماننے والا۔ مُرید۔ چیلا۔ بانکا۔
مُعتَقِد ہونا (اُ۔ محاورہ) ایمان لانا۔ ماننا۔ پیروی کرنا۔ اعتقاد دلانا۔
مُعتَکِف (ع۔ ا۔ مذ۔ فاعل) گوشہ نشین۔ اعتکاف میں بیٹھنے والا۔ عبادت کے واسطے مسجد میں بیٹھنے اور وہاں سے باہر نہ نکلنے والا۔ دُنیا سے کنارہ کش۔
مُعتَمِد (ع۔ صفت فاعلی) بھروسا رکھنے والا۔ اعتماد رکھنے والا۔
مُعتَمَد (ع۔ صفت مفعولی) جس پر بھروسا کیا جائے۔ قابل اعتماد۔
مُعتَمِد اعلےٰ (ع۔ صفت) انتظامیہ میں گورنر کے بعد کا عہدہ چیف سیکرٹری۔
مُعتَمَد علیہ (ع۔ مذ) بھروسا کا۔ قابل اعتبار۔ مُعتبر۔ وہ شخص جس پر بھروسا کیا گیا ہو۔
مَعتُوب (عف۔ صفت) وہ جس پر اعتاب کیا جائے۔
مُعجَب (ع۔ صفت فاعلی) غرور کرنے والا۔ مغرور۔ متکبر۔ اکڑباز۔ گھمنڈی۔
مُعجَب (ع۔ صفت) حیران و پریشان۔
مُعجِّب (ع۔ صفت فاعلی) تعجب میں ڈالنے والا۔ ہکا بکا کر دینے والا۔ حیران کر دینے والا۔
مُعجِز (ع۔ صفت فاعلی) عاجز کرنے والا۔ لاجواب کرنے والا۔ فوق العادت۔ انسانی طاقت سے بڑھ کر۔
مُعجِز بیان (ع۔ صفت ترکیب فارسی) فصاحت و بلاغت سے تقریر کرنے والا۔ بڑا خوش بیان۔
مُعجِز رقم (عف۔ صفت) جس کی تحریر کا دوسرے مقابلہ نہ کر سکیں۔
مُعجِز نگار (عف۔ صفت) بے مثل مضمون لکھنے والا۔
مُعجِز نما (عف۔ صفت) مُعجزہ دکھانے والا۔
مُعجِزات (ع۔ ا۔ مو) معجزہ کی جمع۔
مُعجِزہ (ع۔ ا۔ مذ) عاجز کرنے والی بات۔ انوکھی بات۔ کرامات۔ نبیوں کے فوق العادت کام۔ کرشمے۔
مُعجِزہ دکھانا (اُ۔ محاورہ) کسی نبی یا پیغمبر کا انسانی طاقت سے باہر کوئی کام دکھانا۔
مُعجِزہ کرنا (اُ۔ محاورہ) قوت انسانی سے باہر بات کرنا۔
مُعجَّل (ع۔ صفت فاعلی) جلدی کرنے والا۔ جلد باز۔ تعمیل کرنیوالا۔
مُعجَّل (ع۔ صفت مفعولی) جلدی کیا گیا۔ فوراً۔ دست بدست۔ ہاتھوں ہاتھ۔
مُعجَم (ع۔ صفت) نقطہ والا حرف۔ کتاب لغت۔ ڈکشنری۔
مُعجَمہ (ع۔ صفت) وہ لفظ جو عربی میں ہو۔ مگر عجمی۔ اپنے روزمرہ میں استعمال کرتے ہوں۔
مُعجَمہ (ع۔ صفت مفعولی) نقطہ دیا گیا۔ نقطہ دار حرف۔ وہ حرف منقولہ۔ جس کی شکل کا کوئی بے نقطہ حرف بھی ہو۔
مَعجُون (ع۔ ا۔ مو۔ مفعول) گوندھا ہوا۔ گوندھی ہوئی چیز۔ مرکب۔ باہم ملی ہوئی۔ شہد یا قوام میں پیس کر ملائی ہوئی دوائیاں۔
مَعجُون فلاسفہ (ع۔ ا۔ مو) ایک قسم کی نہایت گرم معجون کا نام۔
مَعدَل (ع۔ ا۔ مذ) پھرنے کی جگہ۔ واپسی کی جگہ۔
مُعدِّل (ع۔ صفت) برابر کرنے والا۔ ٹھیک کرنے والا۔
مَعدَل النہار (ع۔ ا۔ مذ) آسمان پر وہ فرضی دائرہ جو خط استوا کے محاذات میں ہے۔ آفتاب جب اس پر آتا ہے تو دن رات برابر ہوتے ہیں۔
مَعدِلَت (ع۔ ا۔ مو) انصاف۔ نیاؤ۔ عدل۔
مَعدَن (ع۔ ا۔ مو ظرف) اسم مذکر بھی بولتے ہیں۔ کان۔ دھاتوں کے نکلنے کی جگہ۔
مَعدَنی (ع۔ صفت بیائے نسبتی) منسوب بہ معدن۔ کان سے نکلی ہوئی دھاتیں۔ کانی۔ کھانی۔
مَعدَنیات (ع۔ ا۔ مو) کانی چیزیں۔ فلزات۔ دھاتیں۔ معدنی کی جمع۔
مَعدُود (ع۔ صفت مفعولی) گنا گیا۔ شمار کیا گیا۔ (بصورت تابع فعل) چند۔ گنتی کے۔ بہت تھوڑے۔
معدُودے چند (عف۔ صفت) گنتی کے بہت تھوڑی تعداد میں۔
معدُولہ (ع۔ ا۔ مذ۔ مفعول) وہ واو جو لکھنے میں آئے مگر پڑھی نہ

جائے۔
معدوم (ع۔ صفت مفعولی) گم کیا گیا۔ نیست و نابود کیا گیا۔ ناپید۔ گم۔ نام ہی نام۔
معدہ (ع۔ا۔مذ) کھانا ہضم ہونے کی جگہ۔ اوجھ۔ اوجھڑی۔ پٹیا۔
معذرت (ع۔ا۔مو) مس۔ بہانہ۔ حیلہ۔ عذر۔
معذور (ع۔ صفت مفعولی) عذر کیا گیا۔ حیلہ کیا گیا۔ ناچار۔ مجبور۔ بے بس۔ قابل معافی۔ معاف کیا گیا۔ اپاہج۔ محتاج۔ کنونڈا۔
معذور رکھنا (اُر۔محاورہ) عذر کے قابل سمجھنا۔ معاف رکھنا۔
معرّا (ع۔ صفت مفعولی) عریاں کیا گیا۔ ننگا۔ سادہ۔ خالی۔ وہ کتاب جس پر ترجمہ یا حاشیہ نہ لکھا گیا ہو۔ آزاد۔ کھلا ہوا۔ پاک۔ صاف۔
معراج (ع۔ا۔مو) اُوپر چڑھنے کی چیز۔ سیڑھی۔ زینہ۔ نردبان۔ رسول خدا صلعم کا عالم الملکوت میں انوار الٰہی دیکھنے کا موقع اعلےٰ رُتبہ۔ بلند پایہ۔ وہ مرتبہ۔ جس سے زیادہ خیال میں بھی نہ آسکے۔
معراج کی رات پارتنا (اُر۔ا۔مو) رجب کی ستائیسویں رات جس میں رسول اکرم صلعم کو معراج ہوئی تھی۔
معراج مل جانا/ ہوجانا (اُر۔محاورہ) انتہائی ترقی کا مرتبہ حاصل ہونا۔
معرّب (ع۔ا۔مذ مفعولی) عربی بنایا گیا۔ وہ غیر زبان کا لفظ جسے عربی بنا لیا ہو۔
معرب (ع۔ صفت) اعراب لگایا گیا۔ جس لفظ کا آخر بدلتا ہے۔
معرض (ع۔ا۔مذ) ظاہر ہونے کی جگہ۔ دوران۔
معرض (ع۔ صفت) روگردانی کرنے والا۔ مُنہ پھیرنے والا۔
معرف (ع۔ صفت) تعریف کیا گیا۔ نشان کیا گیا۔
معرف (ع۔ صفت) تعریف کرنے والا۔ مداح۔ وہ شخص جو دربار میں ہر درباری کو اس کے درجے اور نمبر پر بٹھاتا ہے۔ وہ شخص جو کسی کو بادشاہ کے سامنے پیش کر کے اس کا حال بیان کرتا ہے۔ پہنچاننے والا۔
معرفت (ع۔ا۔مذ) جان پہچان۔ شناخت۔ خداشناسی۔ قانون قدرت۔ یا قدرتی چیزوں کی واقفیت۔ (بصورت تابع فعل) ذریعہ سے۔ وسیلہ سے۔ بوساطت۔
معرفہ (ع۔ا۔مذ) کسی معین شے کا نام۔
معرکہ (ع۔ا۔مذ ظرف) میدان جنگ۔ رزمگاہ۔ لڑائی کا کھیت۔ دنگل۔ میدان کارزار۔ مجازاً۔ لڑائی۔ رنگ۔ جنگ۔ جدھ۔ جھگڑا۔ ٹنٹا۔ قضیہ۔ ہجوم۔ بھیڑ۔ ہنگامہ۔ انبوہ خلائق۔
معرکہ آرا (عف۔ صفت ترکیبی) میدان جنگ کو آراستہ کرنے والا۔ دنگل جمانے والا۔ جنگ آور۔ جنگجو۔ صف آرا۔
معرکہ آرائی (عف۔ا۔مو۔ بیائے مصدری) صف آرائی۔ جنگ آوری۔ لڑائی۔ جنگ۔
معرکۃ الآرا (ع۔ صفت) وہ جس میں رائے کا اختلاف رائے پایا جائے۔ اختلاف رائے کا مقام۔
معرکہ پڑنا (اُر۔محاورہ) لڑائی ہونا۔ جنگ ہونا۔
معرکہ بجھیلنا (اُر۔محاورہ) لڑائی کرنا۔ مقابلہ کرنا۔
معرکہ جیتنا (اُر۔محاورہ) مقابلہ میں فتح کرنا۔ لڑائی میں غالب آنا۔
معرکہ سر کرنا (اُر۔محاورہ) مقابلے میں فتح حاصل کرنا۔
معرکہ سر ہونا (اُر۔محاورہ) مقابلے میں فتح حاصل ہونا۔
معرکہ کا (اُر۔ صفت) مشکل۔ دشوار اہم۔ بھاری۔ دھڑلے کا۔ دھوم دھام۔
معرکہ کا آدمی (اُر۔ا۔مذ) بہادر آدمی۔ دلیر۔ بڑا آدمی۔ بڑی لیاقت کا آدمی۔ بڑے رُعب و ادب کا آدمی۔
معرکہ گرم ہونا (اُر۔محاورہ) لڑائی کا زوروں پر ہونا۔ سخت ہنگامہ پڑنا۔
معرکہ گزرنا (اُر۔محاورہ) جھگڑا ہونا۔ مقابلہ ہونا۔
معروض (ع۔ صفت مفعولی) پیش کیا گیا۔ عرض کیا گیا۔ گزارش۔ پرارتھنا۔ التماس۔ درخواست۔
معروضہ (ع۔ا۔صف مفعولی) گزارش کیا گیا۔ عرض کیا گیا۔ عرضی۔ عریضہ۔ عرضی لکھنے کی تاریخ۔ مورخہ۔ مرقومہ۔
معروضی (ع۔ صفت) خارجی۔ واقعی۔
معروضیت (ع۔ا۔مو) "اصطلاح فلسفہ" یہ نظریہ کہ خارجی اشیاء کا علم مقدم اور حقیقی ہے۔
معروف (ع۔ صفت مفعولی) مشہور۔ ظاہر۔ معلوم۔ پرگھٹ۔ وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو۔ وہ واو جس کے پہلے ضمہ خاص ہو۔ جیسے نور۔ وہ یا جس کے پہلے کسرہ ہو۔ جیسے عید۔ نواب الٰہی بخش خاں دہلوی کا تخلص۔
معزز (ع۔ صفت مفعولی) عزت کیا گیا۔ بڑا۔ برنگ۔ شریف۔ ساکھ والا۔ با اعتبار۔
معزز عہدہ (ع۔ا۔مذ) بڑا عہدہ۔ عزت کا عہدہ۔
معزول (ع۔ صفت) اُتار آگیا۔ برطرف کیا گیا۔ نوکری سے موقوف شدہ۔ بیکار۔ معطل۔ تخت یا گدی سے اُتار آگیا۔
معزول کرنا (اُر۔محاورہ) تخت سے اُتارنا۔ موقوف کرنا۔ برطرف کرنا۔ معطل کرنا۔
معزولی (ع۔ا۔مو۔ بیائے مصدری) برطرفی۔ موقوفی۔ بے کاری۔
معسکر (ع۔ مذ ظرف) لشکر اُترنے کی جگہ۔ کیمپ۔ چھاؤنی۔ پڑاؤ۔ لشکر گاہ۔
معشوق (ع۔ا۔مذ۔ مفعولی) وہ شخص جس پر کوئی دوسرا شخص عاشق ہو۔ پیارا۔ محبوب۔ من موہن۔ دلربا۔ دل جانی۔ یار۔ دلبر۔ (بحالت اسم صفت) نازنین۔ نازک بدن۔
معشوقانہ (عف صفت۔ تشبیہی) معشوق کی طرح۔ منسوب بہ معشوق۔

دلفریب۔ دلکش ۔

مَعشوقانہ انداز (اُر۔ا۔مذ) دل لبھانے والا انداز ۔

مَعشوقہ (ع ۔ا۔مو) پیاری۔ محبوبہ۔ عزیزہ۔ آشنا ۔

مَعشوقی (ع ۔ا۔مو) بیائے مصدری دوستی۔ محبت دلربائی۔ معشوق پن ۔

مَعشوقیت (ع ۔ا۔مو) دلربائی۔ معشوق پن۔ دلفریبی ۔

مَعصوم (ع ۔صفت مفعولی) گناہ سے بچا ہوا۔ بے گناہ۔ پاک۔ صاف۔ بے قصور۔ پاک دامن۔ سیدھا سادہ۔ بھولا۔ چھوٹا بچہ۔ ناسمجھ بچہ ۔

مَعصومی } (ع ۔ا۔مو۔مصدری) پاک دامنی۔ بے گناہی۔
مَعصومیت } بچپن۔ طفولیت ۔

مَعصیت (ع ۔ا۔مو) گناہ۔ قصور۔ خطا۔ پاپ۔ نافرمانی ۔

مُعَطَّر (ع ۔صفت) خوشبودار۔ خوشبو میں بسا ہوا۔ مہکتا ہوا ۔

مُعطَّل (ع ۔صفت) کام سے خالی۔ بیکار۔ سست۔ ڈھیلا۔ کاہل۔ نکما۔ کچھ دنوں تک کام سے علیحدہ۔ بنجر زمین۔ زمین باہی۔ غیر مزروعہ ۔

مُعطّل ڈال رکھنا (اُر۔محاورہ) بے کار رکھنا۔ کسی کام میں نہ لانا ۔

مُعطّل کرنا (اُر۔محاورہ) کچھ دنوں کے کام سے الگ کر دینا۔ بیکار کر دینا ۔

مُعطّل ہونا (اُر۔محاورہ) دیکھئے "معطّل کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

مُعطّلی (ع۔ا۔مو۔بیائے مصدری) بے کاری۔ بے شغلی۔ اکتواء۔ معزولی۔ چند روزہ موقوفی ۔

مَعطوف (ع ۔صفت مفعولی) لپٹا ہوا۔ کسی طرف موڑا گیا۔ وہ کلمہ یا کلام جو حرف عطف یا وصل۔ یا ترديد کے بعد واقع ہو ۔

مَعطوف علیہ (ع۔ا۔مذ) وہ کلمہ یا کلام جو حرف عطف کے پہلے واقع ہو ۔

مُعَظَّم (ع ۔صفت مفعولی) بزرگی دیا گیا۔ بڑا۔ بزرگ۔ شریف۔ واجب التعظیم ۔

مَعقول (ع ۔صفت بمعقولی) عقل میں لایا گیا۔ پسندیدہ عقل۔ مناسب۔ ٹھیک۔ بجا۔ درست۔ طنزاً کیا خوب۔ قابل تسلیم۔ بھلا۔ اچھا۔ لائق۔ تعلیم یافتہ۔ من مانتا۔ زیبا۔ سجتا ہوا۔ فہمیدہ۔ شائستہ۔ سنجیدہ۔ آدمی۔ تسلیم کرنے والا۔ ماننے والا۔ لاجواب۔ فلاسفی۔ علم حکمت ۔

مَعقول آدمی (اُر۔ا۔مذ) سمجھدار آدمی۔ بھلا آدمی۔ مہذب آدمی۔ شائستہ آدمی ۔

مَعقول تنخواہ (عف۔ا۔مو) اچھی تنخواہ۔ خاطر خواہ مشاہرہ۔ کافی تنخواہ ۔

مَعقول کرنا (اُر۔محاورہ) قابل کرنا۔ عاجز کرنا۔ لاجواب کرنا ۔

مَعقول می شوند چو معزول می شوند (ف۔مثل) جب لوگ اپنے عہدے سے ہٹا دیئے جاتے ہیں۔ تو انہیں عقل آجاتی ہے ۔

مَعقولات (ع۔ا۔مو) مقعول کی جمع۔ علوم طبیعات۔ منطق۔ فلسفہ اور حکمت ۔

مَعقولیّت (ع۔ا۔مو۔مصدری) سمجھ بوجھ۔ مناسبت۔ پسندیدگی۔ انسانیت ۔

مَعکوس (ع ۔صفت مفعولی) اونچا کیا گیا۔ بلند۔ عالی رتبہ۔ بزرگ۔ معظم ۔

مُعلّا۔ مُعلّی (ع ۔صفت مفعولی) اونچا کیا گیا۔ بلند۔ عالی رتبہ۔ بزرگ۔ معظم ۔

مُعلّی القاب (ع ۔مذ۔صفت) بڑے القاب والا۔ عالی رتبہ۔ عالی جاہ۔ بلند رتبہ والا ۔

مُعلّق (ع ۔صفت مفعولی) لٹکایا گیا۔ لٹکا ہوا۔ ادھر۔ آویزاں ۔

مُعلّقہ (ع ۔صفت۔مو) معلق کی تانیث۔ وہ عورت جس کو شوہر نہ طلاق دے نہ اس سے تعلق قائم رکھے ۔

مُعلّم (ع۔مذ۔فاعل) تعلیم دینے والا۔ استاد علم سکھانے والا۔ اگرو۔ پنڈت۔ پاندھا۔ پانڈا۔ ملا۔ مولوی۔ ٹیچر۔ مدرس۔ ماسٹر ۔

مُعلّم الملکوت (ع۔ا۔مذ) شیطان جو پہلے فرشتوں کو تعلیم دیتا تھا ۔

مُعلّم اوّل (ع۔ا۔مذ) حکیم ارسطو سے مراد ہے۔ جس سے علم حکمت کو سب سے پہلے لکھ کر پڑھانا شروع کیا ۔

مُعلّم ثانی (ع۔ا۔مذ) حکیم ابونصر فاریابی کا لقب ہے۔ جس نے ارسطو کی کتابوں کا عربی میں ترجمہ کر کے تعلیم دینی شروع کی ۔

مُعلّم ثالث (ع۔ا۔مذ) حکیم بوعلی سینا کا لقب۔ جس نے فاریابی کے بعد سو کے قریب کتابیں تصنیف کیں ۔

مُعلّم گری/گیری (عف۔ا۔مو) بچوں کو پڑھانے کا پیشہ ۔

مُعلّمہ (ع۔ا۔مو۔بیائے تانیث) معلّم کی تانیث۔ پڑھانے والی عورت۔ استانی۔ لڑکیوں کو تعلیم دینے والی عورت ۔

مُعلّمی (ع۔ا۔مو۔بیائے مصدری) مدرسی۔ اتالیقی۔ لڑکوں یا لڑکیوں کو پڑھانے کا پیشہ ۔

مَعلول (ع۔ا۔صف مفعولی) علت کیا گیا۔ سبب یا باجماعت والی چیز۔ علت و معلول سے ثابت کی ہوئی چیز (علم منطق ہے) نتیجہ۔ پھل۔ ثمرہ۔ حاصل ۔

مَعلوم (ع ۔صفت مفعولی) جانا گیا۔ تمیز کیا ہوا۔ روشن۔ ظاہر۔ کھلا۔ عیاں۔ واضح۔ نمودار۔ مشہور و معروف ۔

مَعلوم دینا (اُر۔محاورہ) نظر آنا۔ دکھائی دینا۔ سوجھنا ۔

مَعلوم کرنا (اُر۔محاورہ) کھوج لگانا۔ پتا لگانا۔ دریافت کرنا۔ جاننا۔ سمجھنا۔ خیال میں لانا۔ تمیز کرنا۔ پہچاننا۔ جانچنا۔ تجربہ کرنا۔ آزمائش کرنا ۔

مَعلوم نہیں (اُر۔محاورہ) خدا جانے۔ پتہ نہیں کیا جانے۔ واللہ اعلم۔ کیا خبر ۔

مَعلوم ہوتا ہے (اُر۔محاورہ) خیال ہے۔ نظر آتا ہے۔ دکھائی دیتا ہے۔

معلوم ہونا (اُر۔ محاورہ) سوجھنا۔ نظر آنا۔ دکھائی دینا۔ بھید کھلنا۔ ظاہر ہونا۔ پہچان میں آنا۔ شناخت میں آنا۔ متمیز ہونا۔ محسوس ہونا۔ خیال آنا۔ خیال میں گزرنا ؛

معلومات (ع۔ا۔ مو) معلوم کی جمع۔ علمی تجربے۔ واقفیتیں۔ محسوسات۔ علم۔ گیان ؛

معلومہ (ع۔ صفت مفعولی مو) جانی گئی۔ وہ چیز یا بات جس کا حال پہلے سے معلوم ہو ؛

مُعلّٰی (ع۔ صفت) بلند کیا گیا۔ عالی۔ اونچا۔ بزرگ۔ معظم ؛

مُعلّی القاب (ع۔ صفت) بڑے القاب والا۔ عالی رُتبہ۔ عالی جاہ ؛

معمّا (ع۔ مذ مفعولی) چھپایا گیا۔ مخفی۔ پوشیدہ۔ مبہم۔ اندھا کیا گیا۔ مجازاً پہیلی۔ چیستان۔ رمز سے طور پر بیان کی ہوئی بات اُلجھا ہوا مسئلہ۔ پیچیدہ بات ؛

معمّا حل ہونا (اُر۔ محاورہ) پہیلی بوجھنا۔ چیستان سمجھنا۔ پیچیدہ یا مشکل بات طے کرنا ؛

معمّا کھلنا (اُر۔ محاورہ) مشکل حل ہونا۔ پوشیدہ بات۔ ظاہر ہونا۔ راز افشا ہونا ؛

معمار (ع۔ا۔ مذ) راج عمارت بنانے والا۔ مستری ؛

معماری (ع۔ا۔ مو۔ بیائے مصدری) راج گیری۔ عمارت بنانے کا کام۔ تعمیر۔ درستی۔ آئین ؛

مُعمّر (ع۔ صف مفعولی) عمر رسیدہ۔ بوڑھا۔ دیرینہ سال بوڑھا ؛

معمل (ع۔ا۔ مذ) عمل کرنے کی جگہ۔ تجربہ گاہ ؛

معمور (ع۔ صف مفعولی) بھرا ہوا۔ پُر۔ لبالب۔ بھرپور۔ بسا ہوا۔ آباد۔ بند۔ مقفل ؛

معمور کرنا (اُر۔ محاورہ) پُر کرنا۔ بھرنا۔ آباد کرنا۔ بسانا۔ قفل لگانا۔ بند کرنا۔ کنڈی لگانا ؛

معمورہ (ع۔ مذ) آباد بستی۔ نگر۔ بوئی ہوئی چیز۔ کاشت شدہ زمین ؛

معمول (ع۔ صفت) عمل میں لایا گیا۔ عمل کیا گیا۔ ریت۔ رسم۔ رواج۔ دستور۔ قاعدہ عادت۔ بھاؤ۔ خو۔ خصلت۔ درد۔ نیم۔ وہ بات جو روزمرہ کی جائے ؛

معمول باندھنا (اُر۔ محاورہ) قاعدہ مقرر کرنا۔ دستور باندھنا۔ رویہ اختیار کرنا ؛

معمول بموجب (عف متعلق فعل) قاعدے کے مطابق دستور کے مطابق ؛

معمول پڑنا (اُر۔ محاورہ) کسی کام کے کرنے کی عادت ہو جانا ؛

معمول سے (اُر۔ متعلق فعل) معمولی کے موافق۔ حسب دستور ؛

معمول سے ہونا (اُر۔ محاورہ) حیض سے ہونا ؛

معمول کے دن (اُر۔ا۔ مذ) ایام حیض۔ ماہواری دن۔ حیض کے دن ؛

معمول کے دن ٹل جانا (اُر۔ محاورہ) حیض کا زمانہ ٹل جانا ؛

معمولی (ع۔ صفت۔ بیائے نسبتی) مروجہ۔ عادت کے مطابق۔ مقررہ۔ رسمی ؛

معمولی کارروائی (عف۔ا۔ مو) مقررہ طریقہ۔ ضابطہ کی کارروائی ؛

مُعنبر (ع۔ صف) عنبر لسایا ہوا۔ خوشبودار بنایا ہوا معطر۔ خوشبودار ؛

معنوی (ع۔ صف۔ بیائے نسبتی) منسوب بہ معنی۔ باطنی۔ اندرونی۔ ذاتی۔ اصلی۔ واقعی۔ حقیقی۔ یقینی ؛

معنی یا معنےٰ (ع۔ مو و مذ) مدعا۔ منشا۔ مقصد۔ ارادہ۔ مطلب ؛

معنی اُلٹ دینا (اُر۔ محاورہ) مطلب بدل دینا۔ مطلب کچھ کا کچھ کر دینا ؛

معنی بیان کرنا (اُر۔ محاورہ) ترجمہ کرنا۔ مطلب سمجھانا ؛

معنی بیگانہ (عف۔ا۔ مذ) وہ تازہ مضمون جو پہلے کسی نے نہ باندھا ہو ؛

معنی پرور (عف۔ صفت) معنی پیدا کرنے والا۔ ماہر انشا پرداز ؛

معنی دینا (اُر۔ محاورہ) معنی رکھنا۔ جتانا۔ مطلب سمجھانا۔ دلالت کرنا ؛

معنی رکھنا (اُر۔ محاورہ) مطلب رکھنا۔ ظاہر کرنا ؛

معنی کھلنا (اُر۔ محاورہ) مطلب ظاہر ہونا ؛

معنین (اُر۔ مذ) معنی کی جمع۔ مطلب۔ مطالب۔ مقاصد ؛

معہود (ع۔ صف مفعولی) عہد کیا گیا۔ ٹھہرایا گیا۔ اقرار کیا گیا۔ مشروط۔ قدیم۔ پرانا۔ مشہور۔ نامی۔ نامور ؛

معیار (ع۔ا۔ مو آلہ) کسوٹی۔ سونا کھرا کھوٹا دیکھنے کا پتھر۔ محک۔ پیمانہ۔ اندازہ۔ نصاب۔ کورس۔ قاعدہ۔ جانچ۔ پرکھ ؛

معیت (ع۔ا۔ مو) ساتھ۔ ہمراہی ؛

معیشت (ع۔ا۔ مو) جینا۔ زندگی۔ زیست۔ روزی۔ روزگار۔ وجہ معاش ؛

معیشت عملی (ع۔ا۔ مو۔ ترکیب فارسی) علم معاشیات کی وہ قسم جو عمل میں آئے۔ انگریزی لفظ۔ Applied Economics

مُعین (ع۔ صفت فاعلی) مدد کرنے والا۔ معاون۔ مددگار ؛

مُعین و مددگار (عف۔ صفت) دونوں مترادف۔ معاون۔ مددگار ؛

مُعیّن (ع۔ صفت مفعولی) ٹھہرایا گیا۔ مقرر کیا گیا۔ معہود (علم اقلیدس) وہ چوکور شکل جس کے چاروں ضلعے تو برابر ہوں۔ مگر زاویے قائمے نہ ہوں ؛

معیّن کرنا (اُر۔ محاورہ) ٹھہرانا۔ قائم کرنا۔ مقرر کرنا ؛

معیوب (ع۔ صفت مفعولی) عیب کیا گیا۔ عیب دار۔ نکما۔ بُرا۔ عیبی۔ کنونڈا۔ نکھد۔ باعث ندامت۔ قابل شرم ؛

م - غ

مُغ (ف۔ا۔مذ) آگ کی پوجا کرنے والا۔ آتش پرست۔ مجوسی ۔

مُغ بچہ (ف۔ا۔مذ) آتش پرست کا بچہ۔ مجوسی۔ لڑکا۔ خوبصورت لڑکا۔ کلال کا بچہ۔ شراب بیچنے والے کا بچہ ۔

مُغار (ع۔ا۔مذ) پہاڑ کی کھوہ۔ غار۔ گڑھا۔ کھڈ۔ جھیرا۔ گڈھا۔ گھاٹی ۔

مُغاک (ف۔ا۔مذ) (مغ بامعنی گڑھا اور اک کلمہ نسبت) بمعنی مُغار ۔

مُغالَطہ (ع۔ا۔مذ) غلطی میں ڈالنا۔ غلطی۔ دھوکا۔ فریب۔ چھل بٹا۔ دغا۔ دم۔ جھانسا ۔

مُغالَطہ دینا (اُر۔محاورہ) بُتا دینا۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ گمراہ کرنا ۔

مُغالطہ ڈالنا (اُر۔محاورہ) شبہ ڈالنا۔ غلطی ڈالنا ۔

مُغاں (ف۔ا۔مذ) مغ کی جمع۔ بہت سے آتش پرست۔ واحد بھی آتا ہے ۔

مُغائرت (ع۔ا۔مو) مخالفت۔ جُدائی۔ دوئی۔ غیریت۔ باہم غیر ہونا ۔

مُغتَنَم یا مُغتَنِمہ (ع۔صف مفعولی) غنیمت۔ جانا گیا۔ مال مُفت۔ قابل قدر۔ غنمت۔ غیر مترقبہ ۔

مُغتنمات (ع۔ا۔مو) مغتنم کی جمع ۔

مغرب (ع۔ا۔مو) سُورج کے چھپنے کی جگہ۔ پچھم۔ سورج چھپنے کا وقت۔ شام۔ جُھٹ پٹا ۔

مغرب سے آفتاب نکلنا (اُر۔محاورہ) قیامت کی علامت ظاہر ہونا۔ مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ قیامت کے قریب آفتاب مغرب سے طلوع ہوگا ۔

مغرب کی نماز (اُر۔ا۔مو) شام کے وقت کی نماز۔ نماز شام ۔

مَغرِبی (ع۔صفت بیائے نسبتی) پچھم کا۔ پچھمی پورب۔ کاشامی۔ پچھم کا باشندہ۔ مُہر۔ اشرفی ۔

مَغرِبیّت (ع۔ا۔مو) یورپ کے انداز و اطوار ۔

مُغرَق (ع۔صفت مفعولی) پانی میں ڈوبا ہُوا۔ چکوّل۔ جگمگاتا ہوا۔ دمکتا ہُوا۔ سونے یا چاندی میں لپا ہُوا ۔

مغراق (ع۔صفت) ڈوبا ہُوا۔ اغراق کیا ہُوا۔ مبالغہ کیا ہُوا۔

مغرُور ہونا (ع۔صف مفعولی) متکبر۔ گھمنڈی۔ خود بین۔ مدمغ ۔

مغرُور ہونا (اُر۔محاورہ) اترانا۔ شیخی میں آنا۔ متکبر ہونا۔ غرور کرنا ۔

مَغرُوری (اُر۔مو۔بیائے مصدری) تکبّر۔ غرور۔ گھمنڈ۔ نخوت۔ دماغ ۔

مَغز (ع۔ا۔مذ) بھیجا۔ دماغ۔ گودا۔ گری۔ کسی چیز کا اندرونی حصّہ۔ مجازاً عقل۔ سمجھ۔ فراست۔ فہم۔ غرور۔ تکبّر۔ دماغ۔ جڑ۔ اصل۔ انجام۔ خلاصہ ۔

مَغز کھپانا (اُر۔محاورہ) سمجھانے کی کوشش کرنا ۔

مَغز اُڑ جانا (اُر۔محاورہ) دماغ کا بدبُو یا شور سے پریشان ہونا۔ دماغ کا پریشان کرنا ۔

مَغز اُڑانا (اُر۔محاورہ) دماغ پریشان کرنا۔ بکواس سے مغز چاٹنا ۔

مَغزاستخوان (عف۔ا۔مذ) ہڈی کا گودا ۔

مَغز بھنّانا (اُر۔فعل) دماغ چکرانا۔ سر چکرانا۔ دماغ پریشان ہونا ۔

مَغز بھونکانا (اُر۔محاورہ) دیر تک سمجھنا۔ بکے جانا۔

مَغز پھرانا سر پھرانا۔ سر مارنا ۔

مَغز پاش پاش کرنا (اُر۔مصدر مرکب) مغز ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔

مَغز پچانا (اُر۔محاورہ) بہت سر کھپانا۔ سر مارنا۔ مغز پچی کرنا مارنا۔ بحث و تکرار کرنا۔ بہت بک بک کرنا۔

مَغز پتیلا کر دینا (اُر۔محاورہ) مار مار کے سر پولا کر دینا۔ سر پر دھپیں رسید کرنا ۔

مَغز پھرنا (اُر۔محاورہ) خلل دماغ ہونا۔ دیوانہ ہونا ۔

مَغز تر ہونا (اُر۔محاورہ) بات کرنا۔ بولنا۔ گویائی کی قوت ہونا ۔

مَغز جان تازہ ہونا (اُر۔محاورہ) بہت تفریح ہونا ۔

مَغز چاٹنا (اُر۔محاورہ) باتوں سے سر کھانا۔ دماغ کھانا۔ دماغ خالی کرنا ۔

مَغز چٹ (اُر۔مذ۔فاعل) بکواسی۔ بک بک کرنے والا۔ بکی ۔

مَغز چٹی (اُر۔مو۔بیائے مصدری) بک بک۔ بکواس۔ جھک جھک ۔

مَغز چلنا (اُر۔محاورہ) پاگل ہونا۔ دیوانہ ہونا۔ اترانا۔ بڑھ کر چلنا۔ بہکنا۔ مدمغ ہونا ۔

مَغز چل جانا (اُر۔محاورہ) دیوانہ ہونا۔ مغرور ہو جانا ۔

مَغز خالی کرنا (اُر۔محاورہ) دیکھو (مغز بھونکانا)

مَغز سے اُتارنا (اُر۔محاورہ) سوچ کر عمدہ بات نکالنا۔ دماغ سے نئی بات پیدا کرنا ۔

مَغز سے دماغ خالی ہونا (اُر۔محاورہ) کم عقل ہونا۔ بے وقوف ہونا ۔

مَغز سے کپڑے جھاڑنا (اُر۔محاورہ) مغرور کا غرور نکالنا۔ سر پر جوتے مارنا ۔

مَغز سے نکالنا (اُر۔محاورہ) مغز سے اُتارنا۔ کسی بات کو دماغ

سے دور کر دینا ۔
مغز کا (اُر۔صفت) دماغ والا ۔ سمجھدار ۔ عالی دماغ ۔ عقلمند ۔ درویش ۔
مغز کو چڑھ جانا (اُر۔محاورہ) کسی چیز کا دماغ میں جا کر تیزی کرنا ۔ اترانا ۔ مغرور ہو جانا ۔ پاگل ہو جانا ۔ دیوانہ ہو جانا ۔
مغز کھانا (اُر۔محاورہ) بکواس کرنا ۔ بک بک کر کے مغز چاٹنا ۔ دماغ پریشان کرنا ۔
مغز کھپانا (اُر۔محاورہ) سمجھانے کی کوشش کرنا ۔
مغز کے کیڑے اُڑانا (اُر۔محاورہ) بک بک سے دردِ سر کرنا ۔ مغز کھانا ۔ دماغ پریشان کرنا ۔
مغز کے کیڑے جھڑنا / **مغز کی کیل نکلنا** (اُر۔محاورہ) سزا پانا ۔ غرور ڈھیلا ۔ ٹھیک ہونا ۔ سیدھا ہونا ۔
مغز کے کیڑے نہ اڑاؤ (اُر۔محاورہ) بک بک کر کے مغز نہ کھاؤ ۔ بہت نہ بولو ۔ دماغ نہ چاٹو ۔
مغز مارنا (اُر۔محاورہ) کوشش کرنا ۔ سر کھجانا ۔
مغز میں کیڑا ہونا (اُر۔محاورہ) نہایت باتونی ہونا ۔
مغزی (اُر۔اِمو) کور ۔ پتلی گوٹ ۔
مِغفَر (ع۔ا۔مذ۔آلہ) لوہے کی ٹوپی جو لڑائی کے وقت پہنا کرتے ہیں ۔ خود ۔ لوہے کا ٹوپ ۔
مغفِرت (ع۔ا۔مو) چھٹکارا ۔ گناہ کی بخشش ۔ خلاصی ۔ رہائی ۔ نجات ۔ عفو تقصیر ۔
مَغفُور (ع۔صفت مفعولی) بخشا ہوا ۔ مرحوم ۔ بہشتی ۔ جنتی ۔ بیٹھ باشی ۔ مجازاً متوفی ۔
مُغل / **مَغل** / **مُغل** (ف، اِمذ) سادہ دل ۔ تاتاری ۔ ترکوں کے ایک عمدہ اور اعلیٰ فرقہ کا نام ۔
مُغل پٹھان (اُر۔اِمذ) مسلمانوں کا ایک فرقہ ۔ جو پٹھانوں سے افضل شمار کیا جاتا ہے ۔ سولہ کنکریوں سے کھیلنے والا کھیل ۔
مُغل پٹھان لڑنا (اُر۔محاورہ) زبردست لوگوں میں جنگ ہونا ۔ پکتی ہوئی ہنڈیا میں کھد بد ہونا ۔
مُغلانی (اُر۔اِمو) مُغل قوم کی عورت ۔ خادمہ ۔ ملازمہ ۔ درزن کپڑے سینے والی عورت ۔
مُغلائی (اُر۔تابع فعل ۔ مفید صفت) مُغلوں کی طرز کی چیز ۔ مغلوں کے فیشن کا یا طرز کا ۔
مُغلَّظ (ع۔صفت مفعولی) موٹا ۔ دبیز ۔ سطبر ۔ گندا ۔ میلا ۔ گدلا ۔ گاڑھا ۔ جما ہوا ۔ رقیق کی ضد ۔ ناپاک ۔ نجس ۔
مُغلظات (ع۔ا۔مو، مغلظ کی جمع) گندی گالیاں ۔ قابل شرم باتیں ۔ فحش باتیں ۔
مغلظات کی بکنا / **مغلظات سنانا** (اُر۔محاورہ) فحش گالیاں دینا ۔ کھلی کھلی گالیاں دینا ۔
مُغلَق (ع۔صفت) بند کیا ہوا دروازہ ۔ تالا لگا ہوا ۔ مقفل مجازاً ۔ ادق کلام ۔ مشکل کلام ۔ وہ کلام جو مشکل سے سمجھ میں آئے ۔ سخت اور دراز فہم الفاظ ۔
مغلوب (ع۔صفت مفعولی) غلبہ کیا گیا ۔ ہارا ہوا ۔ شکست خوردہ ۔ عاجز ۔ مفتوح ۔ دبا ہوا ۔ بس میں آیا ہوا ۔
مغلوب الحال (عف۔صفت) مجذوب ۔
مغلوب الغضب (ع۔صفت) غصے کے بس میں آیا ہوا ۔ تیز مزاج ۔ ذرہ سی بات پر خفا ہو جانا ۔ بدمزاج ۔ عقیل ۔
مغلوب کرنا (اُر۔فعل) عاجز کرنا ۔ ہرانا ۔ دبانا ۔ فتح کر لینا ۔ تھکانا ۔
مغلوبیت (ع۔مو۔مصدری) دباؤ ۔ فرمانبرداری ۔ عاجزی ۔ اطاعت ۔
مغلوط (ع۔صفت) غلط کیا گیا ۔
مُغلوق (ع۔صفت مفعولی) دروازہ بند کیا گیا ۔
مُغلوک (ع۔صفت) جس کی گردن میں طوق ڈالا گیا ہو ۔
مُغلی (اُر۔صفت بیائے نسبتی) منسوب بہ مُغل ۔ مُغلوں کی طرز کا ۔ لیس ٹکی ہوئی چیز ۔ تیموری حکومت کا زمانہ ۔ مُغلیہ خاندان کی حکومت (مُغلائی کا مخفف ہے) ۔
مُغلی پھوڑا (اُر۔مذ) ایک قسم کا پھوڑا ۔ خطرناک اور رنگ زہری پھوڑا ۔
مُغلی ٹوپی (اُر۔اِمو) اونچے اونچے گوشوں والی ایک خاص قسم کی ٹوپی ۔
مُغلی ہاڑ (اُر۔مو) زبردست ہڈی ۔ چوڑی چکلی ہڈی ۔
مُغلی (اُر۔صفت بیائے نسبتی) مُغلوں سے منسوب ۔ مغلوں کی طرح کا (بصورت اسم مؤنث) بچوں کی ایک بیماری کا نام ہے ۔ کیڑے کا مرض ۔ ام الصبیان ۔ پسلی کا خلل ۔
مُغلی بیماری (اُر۔اِمو) کیڑے کا مرض ۔ بچوں کی بیماری جس میں ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو جاتے ہیں ۔ ام الصبیان ۔ پسلی کا خلل ۔
مُغلیہ (ف۔صفت نسبتی) مُغلوں کے خاندان سے منسوب ۔ مُغلوں کا خاندان ۔ مُغلوں کی حکومت ۔ مُغل قوم کے لوگ ۔
مَغموم (ع۔صفت مفعولی) رنجیدہ ۔ غمزدہ ۔ آزردہ ۔ غمگین ۔ اداس ۔ ملول ۔ دلگیر ۔
مُغنّی (ع۔صفت فاعلی) گویا ۔ گانے والا ۔ ڈوم ۔ کلانوت ۔ میراثی ۔
مُغنی (ع۔صفت) بے نیاز کر دینے والا ۔ اللہ تعالےٰ کا ایک صفاتی نام ۔
مُغوی (ع۔صفت) گمراہ کرنے والا ۔ اغواء کرنے والا ۔
مُغنیہ (ع۔صفت۔مو) میراثن ۔ گانے والی ۔ ڈومنی ۔
مَغویہ (ع۔صفت۔مو) مغوی کی تانیث ۔
مَغویہ (ع۔صفت۔اِمو) اغواشدہ ۔ وہ عورت جس کو اغواء کیا گیا ہو ۔

مُغیلاں (ع۔ا۔مذ) کیکر کا درخت۔ ببول کا درخت۔ ایک کانٹے دار درخت کا نام ہے۔

م - ف

مُفاتیح (ع۔ا۔مو) مفتاح کی جمع۔ چابیاں۔ کنجیاں۔ تالیاں۔

مُفاجات (ع۔صفت) دفعتہ۔ یکبارگی۔ اچانک۔ اچانچک۔ ناگہاں۔ ناگاہ۔

مَفاد (ع۔مذ) فائدہ۔ نفع۔ فائدے کی جمع۔

مَفاد پرست (عف۔صفت) مطلبی۔ خودغرض۔ اپنے فائدے سے کام رکھنے والا۔

مَفاد پرستی (عف۔ا۔مو) دیکھئے۔ مفاد پرست۔ جس کا یہ اسم کیفیت ہے

مُفاخرت (ع۔ا۔مو) شیخی۔ فخر۔ بڑائی۔ علیحدگی۔ فرقت۔ بچھوڑا۔

مُفارقت (ع۔ا۔مو) جُدائی۔ علیحدگی۔ فرقت۔ بچھوڑا۔

مفاسد (ع۔ا۔مو) مفسدہ کی جگہ۔ فتنے۔ جھگڑے۔ برائیاں۔ خرابیاں۔ فساد۔

مَفاصل (ع۔ا۔مو) مفصل کی جمع۔ جوڑ بند۔ بدن کے اعضاء۔ گرہ۔ گانٹھ۔ پوری۔ ہاتھ پاؤں وغیرہ کے بند۔

مُفاصلہ (ع۔ا۔مذ) فاصلہ دوری۔ فرق باہمی۔ دیر۔ وقفہ۔ عرصہ۔ وقت۔

مفاعیل (ع۔صفت) مفعُوج کی جمع ہے۔

مُفاوضات (ع۔ا۔مو) مفاوضہ کی جمع۔ بزرگوں یا برابر والوں کے لکھے ہوئے خطوط۔ مکتوبات۔ مراسلات کی ضد۔ جو ادنےٰ کی طرف سے اعلےٰ کو لکھے جاتے ہیں۔

مُفاوضہ (ع۔ا۔مذ) اعلےٰ کی طرف سے ادنےٰ کی طرف لکھا ہوا خط۔ نامہ۔ مکتوب۔ چٹھی۔ فرمان۔

مُفت (ف۔تابع فعل) بے مول۔ بلاقیمت۔ بن داموں۔ ناحق بے فائدہ۔ لاحاصل۔ ضائع۔ اکارت۔ بَرتھا۔ بلاوجہ۔ بے قصور۔ بے سبب۔ بلامحنت ومشقت۔

مُفت آنا (اُ۔محاورہ) بلاقیمت حاصل ہونا۔ بن داموں مل جانا۔

مفت بر (ف۔صفت تبرکیبی) یوں نہیں لے جانیوالا۔ بلاعوض لے جانے والا۔ مُفت خورا۔

مُفت بہا دینا (اُ۔محاورہ) قیمتی چیز سستی بیچ ڈالنا۔

مفت بھی نہ پوچھنا (اُ۔محاورہ) نہایت بے قدری کرنا۔

مُفت جان جانا (اُ۔محاورہ) ناحق مارا جانا۔

مُفت خور۔ یا۔ مُفت خورا (ف۔صفت تبرکیبی) بلااُجرت و محنت مال چٹ کر جانیوالا۔ بن داموں کھا جانے والا۔ نیبو نچوڑ۔ ہردیگی چمچہ۔ طفیلی روٹ۔ کھاوا۔

مُفت راچہ گفت (ف۔مثل) بن داموں چیز کو فوراً لے لینا چاہیئے۔

مُفت کا (اُ۔صفت) بے فائدہ۔ خواہ مخواہ۔

مُفت کا دردِ سر (اُ۔مذ) بے فائدہ تکلیف۔

مُفت کا شکار ہے (اُ۔محاورہ) بے مشقت حاصل ہو جانے والی چیز ہے۔

مُفت کرم داشتن (ف۔مثل) خواہ مخواہ۔ احسان جتانا۔

مُفت کی (اُ۔صفت مو) دیکھئے "مُفت کا" جس کی یہ تانیث ہے۔

مُفت کی شراب (اُ۔مو) بلاقیمت چیز۔ بن داموں کی چیز۔

مُفت کی شراب قاضی کو بھی حلال ہے / **مُفت کی شراب قاضی نے بھی حلال کی ہے** (اُ۔مثل) بلاقیمت چیزیں باشرع لوگوں کو حرام کا خیال نہیں رہتا۔

مُفت گنہگار کرنا (اُ۔محاورہ) خواہ مخواہ جھگڑے میں پھنسا دینا۔

مُفت میں (اُ۔تابع فعل) بن داموں۔ بلااُجرت۔ یونہیں۔ بلاسبب۔ بے قصور۔ بیگار میں۔ ضائع۔ اکارت۔

مُفت ہاتھ لگنا / مُفت ہاتھ آنا (اُ۔محاورہ) یوں نہیں مل جانا۔ بن داموں ہاتھ میں آجانا۔

مِفتاح (ع۔موآلہ) کنجی۔ چابی۔ تالی۔

مُفتتح (ع۔صف فاعلی) جیتنے والا۔ فتح کرنے والا۔ کھونے والا۔ گرہوں کو نکالنے والی دوا۔

مُفتّحات (ع۔ا۔مو) مفتح کی جمع۔ پتھری اور سدّوں وغیرہ کو گھلا دینے والی دوائیاں۔

مُفتخر (ع۔صف فاعلی) فخر کرنیوالا۔ شیخی خورا۔ لپاٹیاں۔ ڈینگیا۔

مُفتخر کرنا / فرمانا (اُ۔محاورہ) فخر عطا کرنا۔ عزت بخشنا۔

مُفترض (ع۔صفت) فرض کیا گیا۔

مُفترضات (ع۔مذ۔مو) وہ چیز جو فرض کی گئی ہوں۔

مُفتری (ع۔صف فاعلی) افترا باندھنے والا۔ بہتان لگانیوالا۔ دوش دینے والا۔ الزام دھرنے والا۔ شریر۔ فسادی۔ فریبی۔ دغاباز۔

مَفتوح (ع۔صف مفعولی) کھولا گیا۔ فتح کیا گیا۔ زبر کیا ہوا۔ جیتا ہوا۔ وہ حرف جس پر زبر دیا گیا ہو۔ زبر والا حرف۔ منصوب۔

مَفتون (ع۔صف مفعولی) فتنہ میں ڈالا گیا۔ مُبتلا۔ عاشق۔ شیدا۔ فدا۔ قربان۔

مَفتون کرنا (اُ۔محاورہ) فریفتہ کرنا۔ شیدا بنانا۔ عاشق کر لینا۔

مُفتی (ع۔مذ فاعل) فتوےٰ دینیوالا۔ شرعی حاکم۔ قاضی سے اوپر کا عہدہ۔ دھرم شاستری۔ مجازاً۔ قاضی۔ جج۔

مُفخّر (ع۔صف مفعولی) فخر کیا گیا۔ معزز۔ بہت بزرگ۔

مُفخِّر (ع۔صف) فخر کا باعث۔ معزز۔

مُفخَّم (ع۔صف) بزرگ رکھا گیا۔ بزرگ۔

مَفرّ (ع۔مذ ظرف) بھاگنے کی جگہ۔ فرارگاہ۔

مُفرِّح (ع۔صف) فرحت بخش۔ طبیعت کو خوش کرنیوالی دوا۔

مُفرِّح قلب (ع۔ا۔مو) دل کو فرحت دینے والی دوا۔

مُفرِّحات (ع۔مو) طبیعت کو فرحت اور خوشی بخشنے والی دوائیاں۔

مُفرد (ع۔صف) تنہا۔ علیحدہ۔ اکیلا۔ ایک۔ واحد۔ غیر مرکب۔ یکتا۔ یگانہ۔ لاثانی۔

مُفردات (ع۔ مو) مفرد کی جمع۔ وہ کتاب جس میں مفرد دواؤں کا حال لکھا ہو۔
مفرّدہ (ع۔صف) دیکھئے "مفرد" جس کی یہ تانیث ہے ۔
مُفرّس (ع۔صف مفعولی) عجمی زبان کا لفظ۔ جو فارسی بنا لیا گیا ہو ۔
مفروش (ع۔صف) بچھایا گیا
مُفرط (ع۔صف فاعلی) بے حد زیادہ۔ بہت زیادہ۔ کثیر۔ بسیار ۔
مفرور (ع۔صف مفعولی) بھاگا ہوا۔ فراری۔ روپوش ۔
مفروض/مفروضہ (ع۔صف مفعولی) مانا گیا۔ تسلیم کیا گیا۔ فرض کیا گیا۔ قیاسی۔ فرضی ۔
مفروق (ع۔صف مفعولی) جدا کیا گیا۔ تمیز کیا گیا۔ مفروق منہ سے تفریق کیا ہوا ۔
مفروق منہ (ع۔مذ) وہ عدد جس میں سے کوئی عدد گھٹایا جائے ۔
مُفسد (ع۔صف فاعلی) فساد کرنیوالا۔ جھگڑالو۔ شریر۔ سرکش۔ دنگئی۔ باغی۔ منحرف۔ آگ لگاؤ۔ دو آدمیوں کو لڑوا دینے والا ۔
مُفسدانہ (ع۔صف و تابع فعل) باغیوں کی طرح۔ فسادیوں کی طرح ۔
مفسدہ (ع۔مذ) فساد۔ جھگڑا۔ عذر۔ بلوہ۔ دنگا۔ بدی۔ تباہی ۔
مفسدہ اٹھانا (اُر۔محاورہ) جھگڑا کھڑا کرنا۔ فساد برپا کرنا ۔
مفسدہ برپا کرنا (اُر۔محاورہ) جھگڑا کھڑا کرنا۔ فساد اٹھانا ۔
مفسدہ پرداز (عف۔صف ترکیبی) جھگڑالو۔ فسادی۔ دنگئی۔ شریر ۔
مفسّر (ع۔صف فاعلی) تفسیر کرنیوالا۔ معنی بیان کرنیوالا۔ مترجم۔ شارح۔ ترجمان ۔
مفصل (ع۔مذ ظرف) بدن کا جوڑ۔ جوڑ کی جگہ۔ اعضاء کے جوڑ کا مقام ۔
مفصّل (ع۔صف مفعولی) تفصیل کیا گیا۔ کھلا کھلا۔ مشرح۔ تفصیل دار ۔
مفصّل بیان کرنا یا کہنا (اُر۔محاورہ) کھولکر بیان کرنا۔ تفصیل وار کہنا۔ ایک ایک کرکے کہدینا۔ جدا جدا کہنا ۔
مفصّلات (ع۔مذ) اردگرد کے گاؤں دیہات۔ مضافات۔ قصبات ۔
مفعول (ع۔صف مفعولی) کام کیا گیا۔ جس پر کام واقع ہوا۔ بد فعلی کرانے والا۔ بُرا کام کرانے والا ۔
مفعول بہ (ع۔مذ) وہ مفعول جس پر کام واقع ہو ۔
مفعول ثانی (ع۔مذ) فعل متعدی کا دوسرا مفعول ۔
مفعول فیہ (ع۔مذ) وہ جگہ یا وقت جس میں فعل کیا گیا ہو ۔
مفعول لہٗ (ع۔مذ) وہ لفظ جو فعل کے سبب پر دلالت کرے ۔
مفعول مالم یُسَمَّ فاعلہٗ (ع۔ا۔مذ) وہ مفعول جو فاعل کا قائم مقام ہو ۔
مفعول مطلق (ع۔ا۔مذ) فعل کا مصدر۔ یا حاصل مصدر یا اس کا مرادف لفظ جو فعل کے ساتھ مذکور ہو ۔
مفعول معہٗ (ع۔ا۔مذ) وہ مفعول جو ہمیشہ مفعول بہ کا شریک حال ہو ۔
مفعول منہٗ (ع۔ا۔مذ) وہ لفظ یا مفعول جو فعل کے آکر ہونے پر دلالت کرے ۔
مفقود (ع۔صف فاعلی) کھو لا گیا۔ گم شدہ۔ ناپید۔ غائب۔ الوپ۔ ندارد ۔
مفقود الخبر (ع۔صف) جس کی کچھ خبر نہ ہو۔ گم شدہ۔ جس کا پتہ نہ لگے ۔
مفقود ہونا (اُر۔محاورہ) کھویا جانا۔ ناپید ہونا۔ غائب ہونا۔ گم ہونا ۔
مُفکّر (ع۔صفت) فکر کرنے والا۔ سوچنے والا ۔
مفلر (انگ۔ا۔مذ۔ Muffler) گلوبند۔ گلوپوش۔ کوئی چیز جس سے آواز دب جائے ۔
مُفلِس (ع۔ا۔صف فاعلی) کنگال جس کے پاس کچھ نہ ہو۔ غریب۔ فقیر۔ تہیدست ۔
مُفلس بنا دینا (اُر۔محاورہ) غریب کر دینا۔ محتاج کر دینا ۔
مُفلِس سے سوال حرام ہے (اُر۔مثل) غریب کو تکلیف دینا۔ جائز نہیں ۔
مُفلس کا مال ہے (اُر۔محاورہ) سستا مال ہے۔ ارزاں مال ہے ۔
مُفلسا بیگ (اُر۔صف) بھوکا۔ تہیدست۔ فلاش۔ بھکڑ۔ نادار۔ نہایت محتاج ۔
مُفلِسی (ف۔مو۔بیائے نسبتی) غریبی۔ ناداری۔ کنگالی۔ محتاجی۔ ناہوت ۔
مُفلسی آنا (اُر۔محاورہ) غریبی آنا۔ محتاج ہونا ۔
مُفلِسی چھانا (اُر۔محاورہ) ناہوت میں مبتلا ہونا۔ غریبی میں پھنسنا۔ ناداری میں گرفتار ہونا ۔
مُفلسی میں آٹا گیلا ہونا (اُر۔محاورہ) نقصان پر نقصان ہونا۔ تکلیف میں تکلیف ہونا۔ ناداری میں اولاد کی کثرت ہونا ۔
مُفلسی میں شوق بیاہنا (اُر۔محاورہ) غربت میں فضول خرچی کا حوصلہ کرنا ۔
مَفلُوج (ع۔صف مفعولی) فالج کی بیماری کا مارا ہوا۔ ادھرنگی۔ فالج کا مریض ۔
مَفلُوک (ع۔صف مفعولی) فلک زدہ۔ غریب۔ محتاج۔ بترحال۔ خستہ حال ۔
مَفلُوک الحال (ع۔صف) تباہ حال والا۔ خستہ حال ۔
مُفوّض۔ مفوضہ (ع۔صف مفعولی) سپرد کیا گیا۔ حوالہ کیا گیا۔ امانت رکھا ہوا ۔
مَفہُوم (ع۔صف مفعولی) سمجھا گیا۔ جو سمجھ میں آجائے۔ سمجھ۔ عقل۔ منصوبہ۔ منشا۔ ارادہ۔ مدعا ۔
مَفہُوم ہونا (اُر۔محاورہ) سمجھا جانا۔ معلوم ہونا۔ خیال میں آجانا ۔
مُفید (ع۔صف فاعلی) فائدہ مند۔ سود مند۔ فائدہ دینے والا ۔
مُفید پڑنا یا ہونا (اُر۔محاورہ) موافق پڑنا۔ فائدہ ہونا۔ فائدہ بخش ہونا ۔
مُفیض (ع۔صفت) فیض پہنچانے والا۔ فائدہ رساں ۔

م - ق

مَقابِر (ع۔ مذ) مقبرہ کی جمع وہ مقام جہاں بہت سی قبریں اور مقبرے ہوں ٭

مُقابِل (ع۔ صف فاعلی) سامنے آنے والا۔ سامنے۔ روبرو حریف۔ دشمن۔ مخالف۔ مثل۔ مانند۔ نظیر۔ برابر مساوی۔ یکساں ٭

مُقابِل ہوجانا (اُر محاورہ) لڑنے کے لیے سامنے آجانا۔ سامنا کر بیٹھنا۔ بھڑ جانا ٭

مُقابِل ہونا (اُر محاورہ) سامنے ہونا۔ برابری کرنا۔ گستاخی سے پیش آنا۔ مُنہ چڑھنا۔ روبرو ہونا ٭

مُقابَلہ (ع۔ مذ) مٹھ بھیڑ۔ آمنا سامنا۔ مخالفت۔ ضد۔ اختلاف ہمسری۔ برابری۔ مطابقت۔ جانچ پڑتال۔ تکرار۔ بحث لڑائی جھگڑا۔ جنگ وجدل ٭

مُقابَلہ بدنا (اُر محاورہ) شرط باندھا کر مقابلہ کرنا ٭

مُقابَلہ کرنا (اُر محاورہ) مطابقت کرنا۔ ملانا بحث کرنا۔ تکرار کرنا برابری کرنا۔ گستاخی سے پیش آنا۔ لڑائی جھگڑا کرنا۔ جانچنا پرتال کرنا۔ دھڑا باندھنا۔ دو فوجوں کا آپس میں لڑنا ٭

مُقابلے پر آنا (اُر محاورہ) سامنے آنا۔ روبرو آنا۔ دو فوجوں کا لڑائی کے لیے سامنے آنا ٭

مُقابلے پر کھڑا ہونا (اُر محاورہ) الیکشن میں کسی امیدوار ممبر کے ساتھ مقابلہ کرنا۔ لڑائی پر آمادہ ہونا ٭

مُقابہ (اُر مذ) کنگھی سرمہ عطر تیل وغیرہ رکھنے کا صندوقچہ سنگاردان ٭

مُقاتِل (ع۔ صف) کسی کے ساتھ مقابلہ کرنا۔ مقابلے پر قتل کرنے والا ٭

مُقاتَلہ (ع۔ مذ) باہم کشت وخون کرنا۔ قتل کرنا۔ خونریزی کرنا ٭

مَقادِیر (ع۔ مو) مقدار کی جمع۔ تعداد۔ شمار۔ اندازہ ٭

مَقادِیرِ غیر مُتماثِلہ (ع۔ مو) (جبر ومقابلہ) وہ مقداریں جس کے حروف مختلف ہوں ٭

مَقادِیرِ مُتماثِلہ (ع۔ مو) وہ مقداریں جن کے حروف یکساں اور اعداد مختلف ہوں ٭

مَقادِیرِ مجہُولہ (ع۔ ابمو) غیر معلوم مقداریں۔ نامعلوم مقداریں ٭

مَقادِیرِ معلومہ (ع۔ ابمو) وہ مقداریں جو معلوم ہوں ٭

مُقارَبَت (ع۔ ابمو) باہمی قرابت۔ نزدیکی۔ صحبت۔ ہم بستری قربت ٭

مُقارِن (ع۔ صف) نزدیک۔ قریب۔ درمیان۔ اثنا۔ دوران ٭

مُقارِنَت (ع۔ ابمو) قرین ہونا۔ نزدیک ہونا۔ نزدیکی ٭

مَقاصِد (ع۔ امذ) مقصد کی جمع مطالب ٭

مُقاطِع (ع۔ مذ) کاٹنے والا۔ قطع کرنے والا۔ کسی چیز کو اجارے اور ٹھیکے پر لینے والا ٭

مُقاطَعہ (ع۔ امذ) کاٹنا۔ تعلق نہ رکھنا۔ علیحدہ علیحدہ کرنا ٭

مُقاطَعہ جُوٹی (ع۔ امذ) بھوک ہڑتال ٭

مَقال (ع۔ ابمو) کلام گفتگو بات چیت ٭

مقالہ (ع۔ امذ) کہی ہوئی بات۔ مقولہ۔ قول۔ تحریر اقلیدس کے ہر ایک حصے کا نام کتاب کا باب۔ حصہ۔ فصل۔ ادھیائے ٭

مقالہ افتتاحیہ (ع۔ مذ) اداریہ۔ مدیر کا تبصرہ۔ شروع کا مضمون ٭

مَقام (ع۔ امذ۔ ظرف) ٹھہرنے کی جگہ۔ مکان بیگن۔ گھر۔ ٹھکانا اترنے کی جگہ۔ منزل پڑاؤ۔ قیام گاہ۔ موقع۔ وقت۔ محل راگ کے پردے ٭

مقامِ ابراہیمؑ یا مصلّے (ع۔ مذ) مکہ معظمہ کے اس مقام کا نام ہے۔ جہاں حضرت ابراہیمؑ خلیل اللہؑ کی بیوی ہاجرہؑ نے پتھر پر آپ کے پاؤں دھلائے تھے ٭

مَقام بولنا (اُر محاورہ) ٹھہرنے کا حکم دینا۔ ٹھہرانا۔ ہالٹ کرنا ٭

مَقام دینا (اُر محاورہ) ماتم پرسی کو جانا۔ تعزیت کے لیے کسی کے گھر جانا۔ سیاپے جانا ٭

مَقام کرنا (اُر محاورہ) ٹھہرنا۔ اُترنا۔ قیام کرنا ٭

مَقامِ اعتراض (عف۔ مذ) محل اعتراض۔ شک وشبہ کی گنجائش ٭

مَقامِ محمُود (ع۔ امذ) نیکیوں کا سب سے اعلیٰ درجہ۔ وہ مقام جہاں حضرت رسول خدا صلعم معراج کی رات پہنچے تھے ٭

مَقامِ مُصلّیٰ (ع۔ امذ) بیت اللہ میں اس پتھر کا نام جس پر حضرت ابراہیمؑ نے نماز ادا کی تھی ٭

مَقامِ مُعیّن (ع۔ امذ) خاص جگہ۔ مقرر کیا ہوا مقام۔ مقررہ جگہ ٭

مَقام ہونا (اُر محاورہ) ٹھہرنا۔ قیام ہونا۔ اُترنا ٭

مُقامِر (ع۔ صفت فاعلی) جوئے باز۔ جواری۔ قمار باز ٭

مُقامَرَت (ع۔ ابمو) قمار بازی۔ جوا بازی ٭

مُقامی (ع۔ صفت بیائے نسبتی) ٹھہرا ہوا۔ سفری کی ضد لوکل۔ کسی خاص جگہ کے متعلق۔ ساکن قائم ٭

مقامی انگ (عف۔ امذ) کسی مقام کا انداز۔ وہ انداز جو کسی خاص علاقے یا جگہ سے منسوب ہو ٭

مُقاوَمَت (ع۔ ابمو) مقابلہ۔ برابری ٭

مَقبَرہ (ع۔ مذ) قبر کی جگہ۔ گور۔ قبر۔ آستانہ۔ مزار۔ کسی بزرگ کا مدفن۔ روضہ۔ تربت ٭

مُقبِل (ع۔ صفت فاعلی) لغوی معنی سامنے ہونے والا۔ فرمان قبول کرنے والا۔ اصطلاحی دولت مند۔ بھاگوان۔ اقبال مند۔ امیر ماننے والا ٭

مُقبِل (ع۔ صف) حق کا فرمان قبول کرنے والا۔ اقبال مند دولت مند۔ صاحب اقبال۔ بھاگ وان۔ روبرو ہونے والا ٭

مُقبَل (ع۔ صفت مفعولی) مانا گیا۔ منظور شدہ۔ قبول کیا گیا

معزز آدمی جس کی بات حاکم مانتے ۔

مَقبُوضہ (ع۔ صف۔ مفعولی) وہ چیز جس پر قبضہ کیا جائے۔ قبضہ کیا گیا ۔

مَقبُول (ع۔ صف۔ مفعول) قبول کیا گیا۔ برگزیدہ۔ پیارا محبوب۔ پسندیدہ۔ مانا گیا ۔

مَقبُولِ بارگاہ (عف۔ صف) خدا کا پیارا۔ محبوب خدا۔ محبوب الٰہی ۔

مَقبُول ہونا (اُرد) منظور ہونا۔ قبول ہونا۔ پسند ہونا۔ پسندیدہ ہونا ۔

مَقبُولیت (ع۔ اسم۔ مصدری) منظوری۔ اجابت۔ قبولیت۔ مانا جانا ۔

مُقتَبِس (ع۔ صف۔ فاعلی) روشنی لینے والا۔ اقتباس کرنے والا۔ دوسرے شخص سے فائدہ اٹھانے والا ۔

مُقتَبَس (ع۔ صف) اقتباس کیا گیا۔ فائدہ اٹھایا گیا ۔

مُقتَدا (ع۔ صفت۔ مفعولی) وہ شخص جس کی لوگ پیروی کریں۔ پیروی کیا گیا۔ امام پیشوا۔ رہنما ۔

مُقتَدِر (ع۔ صف۔ مفعولی) طاقت ور۔ قوی۔ زور اور۔ زبردست اقتدار رکھنے والا ۔

مُقتَدی (ع۔ صف۔ فاعلی) کسی کی پیروی کرنے والا۔ پیرو مقلد۔ پیچھے چلنے والا۔ امام کے پیچھے کھڑا ہونیوالا ۔

مُقتَصِر (ع۔ صف۔ فاعلی) مختصر کرنے والا۔ تھوڑے پر صبر کرنے والا ۔

مُقتَضا (ع۔ صف۔ مفعولی) چاہا گیا۔ خواہش کیا گیا۔ مجازاً مراد۔ موقع۔ مصلحت۔ مناسب ۔

مُقتَضائے انصاف (ع۔ تابع فعل) ازروے انصاف حسب انصاف۔ انصافی طور پر ۔

مقتضائے وقت (ع۔ تابع فعل) حسب موقع۔ مناسب وقت۔ مصلحت وقت۔ پولیسی ۔

مُقتَضِی (ع۔ صف۔ فاعلی) خواہش کرنے والا۔ چاہنے والا تقاضا کرنے والا ۔

مَقتَل (ع۔ مذ) قتل کی جگہ۔ مسلخ۔ کیلا۔ آدمی کے جسم کی وہ جگہ جہاں زخم لگنے سے انسان زندہ نہ رہ سکے ۔

مَقتُول (ع۔ صف۔ مفعول) قتل کیا گیا۔ مارا گیا۔ کشتہ مجازاً عاشق۔ شیدا ۔

مِقدار (ع۔ اسم) اندازہ شمار۔ وزن تول۔ جسامت۔ ڈیل ڈول پیمان۔ جوڑ۔ حاصل۔ مجموعہ۔ تعداد ۔

مِقدار مُثبَت (ع۔ اسم) وہ مقدار جس کے پہلے جمع کی علامت ہو ۔

مِقدار مجہول (ع۔ اسم) نامعلوم مقدار ۔

مِقدار مرکب (ع۔ اسم) کئی اجزا سے بنی ہوئی ایک مقدار ۔

مِقدار معروف (ع۔ اسم) معلومہ مقدار ۔

مِقدار مُقرَّرہ (ع۔ اسم) مقرر کی ہوئی مقدار۔ تجویز کی ہوئی رقم ۔

مِقدار منفیہ (ع۔ اسم) وہ مقدار جس سے پہلے نفی کی علامت ہو ۔

مُقدّر (ع۔ صف۔ مفعولی) نوشتہ ازلی پہلے سے لکھا ہوا۔ تقدیر کا لکھا۔ وہ حروف جو عبارت میں نہ ہوں مگر ان کے معنی لیے جائیں (بصورت اسم مذکر) کرم ریکھا۔ ہوائی بھاگ پرالبد۔ قسمت کا لکھا ۔

مُقدّر آزمانا (اُرد محاورہ) تقدیر کی آزمائش کرنا۔ نصیب کا امتحان کرنا ۔

مُقدّر آزمائی (عف۔ اسم) مقدر آزمانا کا اسم کیفیت ہے ۔

مُقدّر بدلنا (اُرد محاورہ) تقدیر کا بدل جانا۔ حالات دوسرے ہوجانا ۔

مقدر برگشتہ ہونا (اُرد محاورہ) قسمت بگڑنا۔ تقدیر پلٹنا نصیب کا برگشتہ ہونا۔ بھاگ پھوٹنا ۔

مُقدّر پر پتھر پڑنا (اُرد محاورہ) تقدیر بگڑ جانا ۔

مُقدّر پلٹنا (اُرد محاورہ) قسمت بگڑنا۔ تقدیر خلاف ہونا ۔

مُقدّر پھوٹنا (اُرد محاورہ) تقدیر بگڑنا ۔

مُقدّر پھوڑنا (اُرد محاورہ) تقدیر آزمائی کرنا ۔

مُقدّر جاگنا (اُرد محاورہ) دن پھرنا۔ اقبال کا زمانہ آنا۔ اچھے دن آنا ۔

مُقدّر چمکنا (اُرد محاورہ) تقدیر جاگنا۔ بھلے دن آنا۔ قسمت یاور ہونا ۔

مُقدّر ڈھیلوں سے پھوڑنا (اُرد محاورہ) کنایتہً بدقسمتی ۔

مُقدر ساتھ نہ ہونا (اُرد محاورہ) اقبال یاور ہونا۔ تقدیر سیدھی ہونا۔ قسمت یاور ہونا ۔

مُقدّر راستے پر آنا (اُرد محاورہ) قسمت سیدھی ہوجانا۔ اقبال کے دن آنا ۔

مُقدّر کا کروٹ لینا (اُرد محاورہ) قسمت کا پلٹا کھانا مقدر کا یاور ہونا ۔

مُقدّر کے آگے کسی کی نہیں چلتی (اُرد مثل) تقدیر کے خلاف کسی کا زور نہیں چلتا ۔

مُقدّر لڑنا (اُرد محاورہ) اقبال یاور ہونا ۔

مُقدّر میں جو ہے ملتا ہے (اُرد مثل) جو کچھ قسمت میں ہے ضرور مل جاتا ہے ۔

مُقدّس (ع۔ صف۔ مفعولی) پوتر کیا گیا۔ پاک کیا گیا۔ بے گناہ معصوم۔ بزرگ۔ پارسا۔ فرشتہ خو ۔

مُقدّم (ع۔ صف۔ مفعولی) پیش کیا گیا۔ آگے بڑھایا ہوا۔ آگے کیا گیا۔ پہلا۔ گزشتہ۔ اگلا۔ قدیم۔ برتر۔ اعلیٰ۔ اونچا لازم۔ مناسب۔ ضروری۔ فرض۔ واجب۔ گاؤں کا نمبردار۔ چودھری۔ مکھیا۔ پٹواری۔ سردار۔ حساب کی رقم زمینداروں کی عزت کا لقب آگے کا حصہ۔ جسم کا اگلا حصہ (منطق میں) شرطیہ تفیہ کا پہلا جزو ۔

مُقدّم جاننا یا سمجھنا (اُرد محاورہ) اچھا جاننا لازم سمجھنا۔ قابل

ترجیح خیال کرنا۔ کسی کام کو سب سے اول خیال کرنا ٭
مُقدّم ہونا (اُر۔محاورہ) کسی کام کا پہلے کرنا۔ فرض اور ضروری ہونا۔
مَقدُم (ع۔امذ) پاؤں رکھنے کی جگہ۔ قدم رکھنے کا وقت۔ تشریف آوری قدم رنجہ فرمانا۔
مُقدّمات (ع۔امذ) مقدّمہ کی جمع مُقدّمے۔ معاملے ٭
مُقدّمہ (ع۔مذ۔مفعول) پیش کیا گیا۔ آگے لایا گیا۔ مجازاً۔ ابتدا۔ آغاز تمہید۔ دیباچہ۔ عنوان۔ سرنامہ۔ دعوے۔ فریاد۔ استغاثہ۔ معاملہ موقع۔ مسئلہ۔ بات۔ ماجرا۔ وقوعہ۔ حادثہ۔ واردات ٭
مُقدّمہ باز (عف۔صف) وہ شخص جیسے مُقدمہ لڑنے کا بہت شوق ہو ٭
مُقدّمہ بازی (اُر۔ہو۔بیائے مصدری) نالش دانشی۔ عدالتی چارہ جوئی۔
مُقدمہ بنانا یا اُٹھانا (اُر۔محاورہ) جھوٹا دعوے بنانا۔ جھگڑا کھڑا کرنا ٭
مُقدمہ جتانا (اُر۔محاورہ) عدالت میں دعوے میں کامیاب ہونا ٭
مُقدمہ جیتنا (اُر۔محاورہ) دعوے میں کامیاب ہونا ٭
مُقدِمہ (ع۔فعل۔فاعلی) آگوا۔ آگے جانے والا۔ تمہیدی طور پر پہلے بیان شدہ مضمون۔ لشکر کا وہ حصہ جو آگے بھیج دیا ہو ٭
مُقدّمۃ الجیش (ع۔امذ) آگے بھیجا ہوا لشکر میں سب سے آگے چلنے والا۔ بہادر۔ سپہ سالار۔ کمانڈر انچیف۔ فوج کا اعلےٰ افسر ٭
مُقدّمہ داخل دفتر کرنا (اُر۔محاورہ) مقدّمے کی کاروائی بند کر دینا ٭
مُقدّمہ کھڑا کرنا (اُر۔محاورہ) جھگڑا اُٹھانا۔ فساد پیدا کرنا ٭
مُقدّمہ ہارنا (اُر۔محاورہ) مقدمہ میں ناکام ہونا ٭
مَقدُور (ع۔امذ۔مفعول) وہ چیز جس پر قدرت ہو۔ طاقت۔ سامرتھ۔ مجال۔ شکتی۔ بل۔ زور۔ قوت۔ حوصلہ۔ بوتا۔ بس قابو۔ پہنچ۔ رسائی۔ جرات۔ دلیری۔ وسیلہ۔ ذریعہ۔ گنجائش حیثیت۔ قابلیت۔ دولت۔ ثروت۔ پونجی۔ چارہ۔ علاج اپا۔ تدبیر ٭
مَقدُور بھر (اُر۔تابع فعل) جہاں تک ممکن ہو۔ حتی الامکان۔ حتی الوسع ٭
مَقدُور چلنا (اُر۔محاورہ) قابو چلنا۔ بس چلنا۔ زور چلنا ٭
مَقدُور رکھنا (اُر۔محاورہ) قدرت رکھنا۔ حوصلہ رکھنا۔ جرات رکھنا دولت مند ہونا
مَقدُور سے باہر پاؤں رکھنا (اُر۔محاورہ) بساط سے بڑھ کر چلنا۔ حیثیت سے باہر کام کرنا ٭
مَقدُور کی بات (اُر۔محاورہ) دولت کی بات روپے کا کھیل۔ ہوت کی بات ٭
مَقدُور نہ رکھنا (اُر۔محاورہ) مجال نہ ہونا۔ تاب نہ رکھنا۔ حوصلہ نہ رکھنا۔ قابو نہ رکھنا۔ ناچار ہونا۔ بے بس ہونا۔ نادار ہونا بے زر ہونا ٭
مَقدُور والا (اُر۔محاورہ) دولتمند۔ غنی۔ مالدار۔ امیر۔ پونجی والا دھنوںت ٭
مَقدُور ہونا (اُر۔محاورہ) حوصلہ ہونا۔ مجال ہونا۔ بس ہونا۔ قابو ہونا مال و زر ہونا۔ دولت ہونا۔ گنجائش ہونا۔ سمائی ہونا۔ طاقت ہونا۔ زور ہونا۔ بل ہونا ٭
مُقِر (ع۔صف۔فاعلی) اقرار کرنے والا۔ اقراری۔ اعتراف کرنے والا۔ اقبالی۔ ماننے والا ٭
مُقِر ہونا (اُر۔محاورہ) مانعا۔ تسلیم کرنا۔ اقراری ہونا۔ اقرار کرنا اقبال ہونا ٭
مَقَر (ع۔امذ۔ظرف) قرار گاہ۔ ٹھہرنے کی جگہ۔ مسکن۔ استھان مقام۔ آرام گاہ ٭
مَقرِ خلافت (ع۔ہو) راج دھان۔ پایہ تخت۔ صدر مقام۔ دار السلطنت ٭
مِقراض (ع۔امذ) کترنے کا آلہ۔ قینچی۔ کترنی ٭
مِقراض کی طرح زبان چلنا (اُر۔محاورہ) بہت تیزی سے بولنا۔ جلدی جلدی باتیں کرنا ٭
مِقراضیہ (ع۔امذ) ایک قسم کا دوشاخہ تیر۔ چراغ کا گل کترنے کی قینچی۔ ایک قسم کا حلوا ٭
مُقرّب (اُر۔محاورہ) بزرگی دیا گیا۔ قریب کیا گیا۔ قریب والا آدمی مصاحب خاص۔ ہمراز۔ منہ چڑھا۔ ناک کا بال ٭
مُقرّب بارگاہ (عف۔امذ) وہ آدمی جسے دربار میں آنے کی اجازت ہو۔ معزز درباری بادشاہ کے اجازت ہو معزز درباری بادشاہ کے پاس رہنے والا ٭
مُقرِّر (ع۔صف۔فاعلی) تقریر کرنے والا۔ لیکچر دینے والا بولنے والا ٭
مُقرَّر (ع۔صف۔مفعولی) چکایا گیا۔ منقطع کیا گیا۔ بالقطع ٹھہرایا گیا اقرار کیا گیا۔ معین۔ تعینات۔ قول دیا گیا۔ اقرار و مدار کیا گیا (بصورت تابع فعل) بے شک۔ بلا یقین۔ لا کلام۔ ضرور بالضرور
مقرّر کرنا (اُر۔محاورہ) ٹھہرانا۔ قائم کرنا۔ متعین کرنا۔ جگہ دینا نوکر رکھنا۔ لگانا ٭
مقرر ہونا (اُر۔محاورہ) تجویز ہونا۔ چکنا۔ منقطع ہونا۔ لگنا۔ نوکر ہونا ملازمت ملنا ٭
مُقرّرہ (ع۔صف۔مفعولی) قرار دیا گیا۔ قائم کیا گیا۔ ٹھہرایا ہوا۔ حسب دستور۔ مروجہ۔ معمولی۔ تجویزہ ٭
مقرری (ع۔ہو۔بیائے مصدری) تعیناتی۔ تقرری۔ معاملہ جمع۔ لگان۔ تنخواہ۔ طلب۔ مشاہرہ۔ وظیفہ ٭
مُقرَّض (ع۔صف) کاٹا ہوا۔ قینچی سے کاٹا ہوا ٭
مقرنس (ع۔صف) بلند۔ گول (ا۔امذ) بلند مخروطی عمارت جس پر چکر دار سیڑھیوں سے چڑھتے ہیں اور اس میں تصویریں لگی ہوتی ہیں۔ ایک قسم کی پگڑی ٭
مقروض (ع۔صف۔مفعولی) وہ شخص جس نے قرضہ لیا ہوا۔ دیندار۔ مدیون۔ قرضدار ٭
مقروض ہونا (اُر۔محاورہ) قرضدار ہونا۔ دیندار ہونا ٭
مُقرّون (ع۔صف۔مفعولی) نزدیک کیا گیا۔ پاس۔ نزدیک قریب ٭

مَقسُوم (ع۔ صف، مفعولی) بانٹا ہوا۔ تقسیم کیا گیا۔ علم حساب میں وہ عدد جس کو تقسیم کیا جائے (بحالت اسم مذکر) حصہ بخرہ نصیب۔ بھاگ۔ قسمت پر البدر۔ کرم۔ رتی ٭

مَقسُوم پر پتھر پڑنا (اُر۔ محاورہ) قسمت پھوٹنا تقدیر بگڑنا ٭

مَقسُوم جاگنا } (اُر۔ ف) دن پھرنا۔ بھاگ کھلنا۔
مَقسُوم چمکنا } اقبال یاور ہونا۔ بن آنا ٭

مَقسُوم علیہ (ع۔ مذ) بانٹنے والا عدد۔ وہ عدد جس پر تقسیم کیا جائے ٭

مَقسُوم علیہ اعظم (ع۔ صف) وہ بڑے سے بڑا عدد جو کئی عددوں کو پورا پورا تقسیم کر دے عاد اعظم ٭

مَقسُوم کا اُترنا (اُر۔ محاورہ) جو چیز قسمت میں ہو اس کا ملنا ٭

مَقسُوم کا لکھا (اُر۔ مذ) تقدیر کا لکھا۔ کرم ریکھا۔ کرم ریکھ ٭

مُقشِّر (ع۔ فعل۔ مفعولی) چھلکا اُتارا ہوا پوست اُتارا ہوا۔ چھیلا ہوا ٭

مَقصَد (ع مذ) قصد کرنے کی جگہ مراد۔ مطلب۔ غرض۔ نیت منصوبہ۔ ارادہ ٭

مَقصَد بر آنا (اُر۔ محاورہ) مراد پوری ہونا۔ مطلب پورا ہونا ٭

مَقصَد کھلنا (اُر محاورہ) مقصد ظاہر ہونا۔ منشا ظاہر ہونا ٭

مَقصَد ملنا (اُر محاورہ) مطلب حاصل ہونا ٭

مَقصَدور (عف۔ صف) خوش نصیب۔ کامیاب ٭

مُقصِّر (ع۔ صف۔ فاعلی) کم رہنے والا۔ کوتاہی کرنے والا قصوروار تقصیر اور کمی کرنے والا ٭

مَقصُود (اسم صفت مفعولی) قصد کیا گیا۔ مجازاً غرض۔ مدعا مطلب۔ موقوف۔ منحصر ٭

مَقصُود بالذّات (ع۔ صف) وہ چیز جو اصلی مقصود ہو۔ بذات خود مقصود ہو ٭

مقصودِ کُن فکاں (ع۔ مذ۔ ترکیب فارسی) کنایتہً ذات گرامی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ٭

مَقصُور (ع۔ صف۔ مفعولی) قصر کیا گیا۔ کم کیا گیا۔ چھوٹا کیا گیا ٭

مَقصُورہ (ع۔ صف۔ مفعولی) وہ الف جس پر مد نہ ہو۔ گھٹایا گیا کم کیا گیا۔ چھوٹا کیا ہوا ٭

مُقطَّر (ع۔ صف۔ مفعولی) قطرہ قطرہ ڈالا ہوا۔ ٹپکایا ہوا چوایا ہوا۔ بوند بوند کر کے گرایا ہوا ٭

مُقطَّع (ع۔ صف۔ مفعولی) قطع کیا ہوا۔ کاٹا ہوا۔ چھانٹا ہوا زوائد سے صاف کیا ہوا۔ مجازاً سنجیدہ۔ گھمبیر۔ معتبر مُتقی۔ شائستہ۔ مہذب ٭

مُقطَّع بننا (اُر۔ محاورہ) سنجیدہ بننا۔ مہذب بننا ٭

مُقطَّع صورت (اُر۔ امو) مہذب شکل ٭

مُقطَّع ڈاڑھی (اُر۔ امو) نفہ ڈاڑھی شرع کے مطابق کٹی ہوئی ڈاڑھی۔ لمبی ڈاڑھی ٭

مَقطَع (ع مذ) ختم ہونے کی جگہ غزل یا قصیدے کا آخری شعر جس میں شاعر کا تخلص ہو ٭

مَقطَع کا بند (اُر۔ مذ) شاعر کے تخلص والا نظم کا آخری بند۔ وہ فخریہ فقرہ یا کلام جو بار بار زبان پر لایا جائے۔ شیخی بازکا تکیہ کلام ٭

مُقطَّعات (ع۔ مذ) چھوٹے چھوٹے ریشمی کپڑے۔ ہلکے وزن کے اشعار۔ بحر رجز کے شعر ٭

مَقعَد (ع۔ امو۔ ظرف) پیندا۔ پیندی نشستگاہ کی جگہ۔ دُبر۔ کون پاخانے کی جگہ ٭

مُقعَّر (ع۔ صف بمفعولی) ڈونگا۔ گہرا۔ گڑھا۔ کھودا ہوا۔ نقر کیا گیا ٭

مُقفَّل (ع۔ صف بمفعولی) تالا دیا ہوا۔ بند۔ قفل لگایا ہوا ٭

مُقفَّل کرنا (ع ف) تالا لگانا۔ قفل لگانا۔ بند کرنا۔ جندرا مارنا ٭

مُقفّٰی (ع۔ صف بمفعولی) قافیہ دار بنایا ہوا۔ تک بندی کیا ہوا قافیہ دار ٭

مُقلِّب (ع۔ صف۔ فاعلی) ہٹا دینے والا۔ پلٹ دینے والا بدل ڈالنے والا۔ پھیر دینے والا ٭

مُقلِّب القلوب (ع۔ صف) دلوں کو پھیر دینے والا۔ ارادہ بدل دینے والا۔ خدائے تعالیٰ ٭

مُقلِّد (ع۔ صف۔ فاعلی) تقلید کرنے والا۔ پیرو پیروی کرنے والا۔ مرید۔ مسلمانوں کا وہ فرقہ جو چاروں اماموں میں سے کسی ایک کو مانتا ہو۔ غیر مقلد کی ضد ٭

مَقلُوب (ع۔ صف بمفعولی) اُلٹا ہوا۔ پلٹا ہوا۔ علم بیان میں ایک صنعت کا نام ہے۔ جس کی عبارت اُلٹی سیدھی یکساں پڑھی جائے ٭

مَقلُوب بعض (ع مذ) علم بیان کی وہ صنعت جس میں کہیں کے حروف کہیں ملا کر عبارت موزون ہو جائے۔ جیسے رشک سے شکر ٭

مَقلُوب کل (ع مذ) علم بیان کی وہ صنعت جس میں لفظ کی تہجی بلی۔ بالترتیب ہو۔ جیسے بات تاب۔ رُوح حور ٭

مَقلُوب مُستَوی (ع مذ) علم بیان کی وہ صنعت جس میں لفظ یا کلام کو تمام و کمال اُلٹ کر پڑھ سکیں۔ جیسے مراد سے دارم۔ برابد یارب وغیرہ ٭

مِقناطِیس (یونانی۔ اسم مذکر) ایک قسم کا پتھر جو اپنی کشش سے لوہے کو اُٹھا لیتا ہے۔ سنگ آہن رُبا ٭

مِقناطِیسی (ع۔ امو) مقناطیس سے منسوب۔ پُرکشش ٭

مِقناطِیسیت (ع۔ امو) مقناطیسی کشش۔ کشش۔ دل کشی ٭

مِقنَاطِیس (اُر مصدر فعلی) مقناطیسی خاصیت پیدا کرنا۔ مقناطیسی اثر ڈالنا Magnetize

مِقنَاطِیس (اُر۔ مذ) مقناطیسی خاصیت پیدا کرنے کا عمل مقناطیسی عمل Magnetization

مِقنَعَہ (ع مذ) منہ پر ڈالنے کا کپڑا۔ پردہ۔ نقاب۔ گھونگٹ۔ برقعہ ٭

مِقوَد (ع۔ امو) رسی۔ ڈوری۔ باگ ڈور۔ کشتی کا رسّا جہاز کا رسّا ٭

مَقولہ (ع۔مذ) دوسرے کا قول۔ بات۔ کہاوت۔ بچن کہن۔ سخن۔ ضرب المثل ٭

مُقوّم (ع۔صف) قیمت مقرر کرنے والا۔ راست اور سیدھا رکھنے والا ٭

مُقوّی (ع۔صف۔فاعلی) طاقت دینے والا۔ قوت بخشنے والا ٭

مُقوّی باہ (ع۔امر) شہوت بڑھانے والی دوا۔ باہ کو بڑھاتے والی دوا ٭

مُقوّی معدہ (ع۔امر) ہاضمہ بڑھانے والی۔ معدہ کو طاقت بخشنے والی دوا ٭

مَقہور (ع۔صف۔مفعولی) قہر کیا گیا۔ مردود۔ راندہ درگاہ مغضوب۔ وہ شخص جس پر بادشاہ یا خدا کا قہر و غضب نازل ہوا ہو ٭

مُقیّ (ع۔صف۔فاعلی) قے لانے والی دوا۔ قے آور دوا ٭

مِقیاس (ع۔مذ) اندازہ لگانے کا آلہ پیمانہ۔ گھڑی کی سوئی اندازہ ٭

مِقیاس الحرارت (ع۔امذ) گرمی کا اندازہ معلوم کرنے کا آلہ تھرمامیٹر ٭

مِقیاس اللبن (ع۔امذ) دودھ جانچنے کا آلہ ٭

مِقیاس الماء (ع۔امذ) پانی کے اتار چڑھاؤ کا اندازہ لگانے کا آلہ پنسال ٭

مِقیاس المطر (ع۔امذ) بارش ناپنے کا آلہ ٭

مِقیاس الموسم (ع۔امذ) ہوا کا وزن یا موسموں کا تغیر و تبدل معلوم کرنے کا آلہ۔ بیرومیٹر ٭

مقیاس الہوا (ع۔امذ) بیرومیٹر۔ ہوا کی رطوبت اور طوفان کی آمد معلوم کرنے کا آلہ ٭

مُقیّد (ع۔صف۔مفعولی) قید کیا گیا۔ قیدی اسیر۔ پابند ٭

مُقیّش (اُر۔امذ) دبکا ہوا چاندی یا سونے کا تار۔ بازلہ۔ سونے یا چاندوں کے تاروں کا بنا ہوا کپڑا۔ زربفت ٭

مُقیّشی (اُر۔صفت۔بیائے نسبتی) زری کا۔ بادلہ کا۔ زربفت چاندی یا سونے کے تاروں کا ٭

مُقیّشی ڈاڑھی (اُر۔امو) زردی مائل سفید ڈاڑھی۔ خوبصورت سفید براق داڑھی ٭

مُقیّشی گوکھرو (اُر۔امذ) صرف تاروں کو موڑ کر بنایا ہوا باریک گوکھرو ٭

مُقیم (ع۔صف۔فاعلی) رہنے والا۔ ٹھہرنے والا۔ اقامت کرنے والا۔ اترنے والا۔ قائم۔ قیام پذیر۔ سبزی منڈی کا آڑھتی۔ سبزی کا تھوک فروش ٭

مُقیم ہونا (اُر۔محاورہ) رہنا۔ بسنا۔ ٹھہرنا۔ اقامت کرنا۔ اترنا۔ فروکش ہونا



مَکّا (ہ۔مذ) مکئی کا اسم مکبر۔ بڑی موٹی مکئی۔ بڑی جوار ٭

مُکّا (ہ۔مذ) ڈک۔ گھونسا۔ دھموکا مشت ٭

مُکّا چلانا (اُر۔محاورہ) مکے مارنا ٭

مُکّا جانا (اُر۔محاورہ) دیکھئے "مکّا چلانا" کا لازم ہے ٭

مُکّا لگانا۔ یا مارنا (اُر۔محاورہ) گھونسا لگانا ڈگ لگانا۔ ڈگ جڑنا ٭

مُکابَرہ (ع۔مذ) غرور۔ شیخی۔ گھمنڈ۔ جھگڑا۔ ٹنٹا۔ لڑائی مقابلہ۔ مجادلہ ٭

مُکاتَب (ع۔امذ) وہ غلام جس سے لکھت کر لی ہو۔ کہ جب اتنے روپے ادا کر دے گا تو آزاد ہو جائے گا۔

مُکاتِب (ع۔مذ۔ظرف) مکتب کی جمع بہت سے مدرسے یا مکتب ٭

مُکاتَبہ (ع۔امذ) نامہ۔ خط۔ چٹھی۔ باہم خط و کتابت ٭

مُکاتِبت (ع۔امو) لکھت پڑھت۔ خط و کتابت۔ باہم خط و کتابت کرنا ٭

مُکاتیب (ع۔امذ) دیکھئے "مکتوب" جس کی یہ جمع ہے ٭

مُکّار (ع۔صف) مبالغہ۔ بہت مکر کرنے والا۔ چھلیا۔ فریبی۔ دغاباز عیار۔ دھوکے باز ٭

مَکارِم (ع۔مذ) مکرمت کی جمع۔ بزرگیاں۔ عنایتیں۔ نوازشیں مہربانیاں۔ قابل تعریف کام۔ خوبیاں ٭

مَکّارہ (ہ۔امو) مکر کرنے والی عورت۔ عیارہ۔ فریب کرنے والی ٭

مَکّاری (ع۔امو۔بیائے مصدری) دھوکے بازی۔ پاکھنڈ چلتر بازی۔ فریب دغابازی ٭

مَکاسِب (ع۔امذ) کسب کی جمع ہے ٭

مُکاشَفَت (ع۔امو) بھید کھولنا۔ افشائے راز کرنا۔ انکشاف۔ غیبی بھیدوں کا جاننا ٭

مُکاشَفہ (ع۔امذ) رازوں کا ظاہر ہونا۔ اولیاء اللہ کو غیبی باتوں کا معلوم ہو جانا۔ کشف کرامات ٭

مُکافات (ع۔امو) باہم برابر ہونا۔ معاوضہ۔ عوض۔ بدلا۔ ڈنڈ جرمانہ۔ پاداش۔ سزا۔ حزا۔ کرنی کا پھل ٭

مکافات کو پہنچنا / **مکافات ملنا** (اُر۔محاورہ) کئے کی سزا پانا۔ سزا ملنا پھل پانا ٭

مُکالَمہ (ع۔امذ) ہم کلام ہونا۔ بات چیت۔ گفتگو۔ ڈراما ناٹک۔ بہسکلامی ٭

مَکان (ع۔امذ) رہنے کی جگہ۔ گھر۔ مسکن ٭

مکان بدلنا (اُر۔محاورہ) ایک گھر سے دوسرے میں منتقل ہونا گھر بدلنا۔ جگہ بدلنا ٭

مکان بیٹھنا (اُر۔محاورہ) بارش یا زلزلہ وغیرہ سے مکان کا گر جانا ٭

مکان دار (ف۔امذ۔فاعلی) گھر والا۔ گھر کا مالک۔ تکیہ دار درویش خانقاہ کا خادم ٭

مکان داری (عف۔امو) دیکھئے "مکان دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ٭

مکان دیکھنا (اُر۔محاورہ) خریدنے یا کرائے پر لینے کے لیے

گھر کا معائنہ کرنا۔ مکان تلاش کرنا ٭

مکان روشن ہونا (اُر۔ محاورہ) مکان وسیع ہونا۔ مکان میں اندھیرا ہونا۔ مکان میں رونق ہونا ٭

مکان ضرور (عف۔ امذ) بیت الخلا۔ پاخانہ ٭

مکان لینا (اُر۔ فعل) گھر کرایہ پر لینا۔ گھر خریدنا۔ مکان مول لینا ٭

مکان ہو (عف۔ امذ) سنانے کی جگہ ٭ بتا

مکانات (ع۔ امذ) مکان کی جمع بہت سے مکان ٭

مکائد (ع۔ امذ) مکیدہ کی جمع۔ فریب۔ مکر مغالطہ۔ چھل بٹا ٭

مُکتی (ہ۔ مذ) رہائی۔ نجات۔ چھٹکارا۔ اوگون سے نجات ٭

مُکتی فوج (اُر۔ اسم) عیسائیوں کی ایک جماعت جس کا کام لوگوں میں بیداری پیدا کرنا اور نیکی کی ترغیب دیتا ہے ٭

مُکت پانا (ہ۔ ف) چھٹ جانا۔ نجات پانا۔ خلاصی پانا۔ بے فکر ہو جانا۔ آزاد ہونا ٭

مُکت داتا (ہ۔ مذ۔ فاعل) نجات دینے والا۔ شفاعت کرنے والا۔ شفیع ٭

مُکتا (ہ۔ صف) بہت سا۔ کافی۔ بافراط۔ بکثرت ٭

مُکتا (س۔ مذ) موتی۔ گوہر۔ مروارید۔ دُر ٭

مکتب (ع۔ امذ) لکھنے کی جگہ۔ کتاب پڑھنے کی جگہ۔ مدرسہ پاٹ شالا۔ سکول۔ درس گاہ ٭

مکتب پڑھانا (اُر۔ محاورہ) مکتب میں تعلیم دینا۔ بچوں کو پڑھانا ٭

مکتب خانہ (عف۔ امذ۔ ظرف) مدرسہ۔ سکول۔ لڑکوں کے لکھنے پڑھنے کی جگہ ٭

مکتب خیال / فکر (ع۔ لغہ۔ ترکیب فارسی) کسی خاص خیال یا نظریے کے لوگوں کا گروہ ٭

مکتسِب (ع۔ صف۔ فاعلی) کماؤ اپنی کوشش سے حاصل کرنے والا۔ کسب کرنے والا ٭

مکتفی (ع۔ صف۔ فاعلی) کفایت کرنے والا۔ کافی ہونے والا کافی وافی ٭

مکتوب (ع۔ امذ۔ مفعولی) لکھا ہوا۔ خط۔ چھٹی مرقوم۔ (بحالت اسم مذکر) خطوں کا طومار جو لڑکوں کو پڑھانے کی مشق کے لیے جوڑ لیا کرتے ہیں ٭

مکتوب الیہ (ع۔ امذ) جس کی طرف خط لکھا جائے۔ چھٹی پانے والا ٭

مکتوم (ع۔ صف۔ مفعولی) چھپا ہوا۔ مخفی۔ پوشیدہ۔ مجازاً۔ بھید۔ راز ٭

مُکٹ یا مُکٹ (ہ۔ امذ) تاج۔ موڑ۔ وہ ٹوپی یا تاج جو ہندوؤں میں دولہا کے سر پر رکھتے ہیں ٭

مُکٹا (ہ۔ امو) پوجا کرنے کی ریشمی دھوتی پیتامبری دھوتی ٭

مکث (ع۔ امذ) دیر۔ وقفہ۔ ڈھیل۔ تاخیر۔ انتوار۔ انتظار سہل۔ انگاری ٭

مُکدّر (ع۔ صف۔ مفعولی) کدورت والا۔ گدلا۔ میلا۔ ملول ناراض۔ غمگین۔ رنجیدہ ٭

مُکڑ (س۔ امذ) ایک آبی جانور۔ گھڑیال۔ مگرمچھ۔ ناکو۔ نہنگ آسمان کے دسویں برج کا نام۔ جدی ٭

مکر منڈل یا مکر چکر (ہ۔ امذ) خط جدی ٭

مکر (ع۔ امذ) چھل۔ چھلا۔ حیلہ۔ بہانہ۔ فریب۔ دغا۔ دھوکا کپٹ۔ بہروپ۔ بھیس۔ بھگل۔ جھوٹ۔ کذب۔ دورنگی نفاق۔ عیاری۔ چالاکی ٭

مکر چاندنی (اُر۔ امو) تھوڑی سی۔ ہلکی چاندنی۔ پچھلی رات کی ملگجی سی چاندنی جس سے صبح ہونے کا دھوکا ہو جاتا ہے صبح کاذب۔ جھوٹی چاندنی ٭

مکر چکر (اُر۔ امو) دغا۔ دھوکا۔ فریب ٭

مکر چکر کی کہانی۔ آدھا تیل آدھا پانی (ہ۔ مثل) فریب کی باتوں میں آدھا سچ آدھا جھوٹ ہوتا ہے ٭

مکر کرنا (اُر۔ محاورہ) پاکھنڈ پچانا۔ فریب کرنا۔ دھوکا دینا۔ چھل کرنا۔ جُتا دینا ٭

مُکرانا (اُر۔ محاورہ) جھٹلانا۔ جھوٹا ثابت کرنا۔ سچے کو جھوٹا بنانا۔ انکار کرانا ٭

مُکر جانا / مُکر نا (اُر۔ محاورہ) انکار کر دینا۔ قول سے پھر جانا۔ دوسرے کا مال مار لینا۔ بے ایمانی کرنا۔ خیانت کرنا ٭

مُکرّر (ع۔ فعل) دوبارہ۔ پھر۔ بار دیگر ٭

مُکرّر سہ کرّر۔ یا۔ مُکرّر سِکرّر (اُر۔ تابع فعل) دوبارہ سہ بارہ کئی دفعہ۔ بار بار۔ پھر پھر کر۔ پھر پھر کر ٭

مُکرّم (ع۔ صف مفعولی) تکریم کیا گیا۔ عزت کیا گیا۔ بزرگ قابل عزت۔ قابل تعظیم۔ معزز ٭

مُکرّم بندہ (عف۔ امذ) بندہ پرور۔ میرے قابل تعظیم بزرگ جناب والا۔ جناب من۔ بزرگوں کا لقاب ٭

مُکرمت (ع۔ امو) مہربانی۔ بزرگی۔ عنایت۔ نوازش ٭

مُکرنا (اُر۔ مصدر) اپنے قول سے پھرنا۔ اقرار سے انکار کرنا مال مار لینا۔ بے ایمانی کرنا ٭

مُکرنی (ہ۔ امو) ایک قسم کی چار معرعوں کی پہیلی جس میں پہلے کسی چیز کا اشارہ کر کے پھر اس سے منکر ہو کر مضمون کو کسی دوسری طرف منسوب کر دیتے ہیں۔ اس کے موجد امیر خسرو ہیں ٭

مکروہ (ع۔ صف مفعولی) نفرت کیا گیا۔ بھونڈا۔ گھناؤنا ناپسند۔ برا۔ بدنما۔ شرعاً ناجائز چیز۔ وہ چیز جو بعض اماموں کے نزدیک حلال اور بعض کے نزدیک ناجائز ہوں ٭

مکروہ تحریمہ (ع۔ امذ) وہ مکروہ جو حرام کے قریب ہو۔ بالکل ناجائز ٭

مکروہ تنزیہی (ع۔ امذ۔ ترکیب فارسی) وہ مکروہ جو حلال کے قریب ہو ٭

مکروہات (ع۔ امو) مکروہ کی جمع۔ گھناؤنی چیزیں۔ نفرت والی اشیاء۔ واہیات۔ بیہودہ باتیں یا کام۔ دنیاوی جھگڑے بکھیڑے ٭

مُکڑی یا مُکڑنی (ہ۔مو) کہہ مُکری۔ ایک قسم کی ہندی مصرعہ جس کے پہلے تین مصرعوں کے بیان تو چوتھا مصرعہ کسی اور طرف منسوب کرکے بالکل اُلٹ دیتا ہے۔ سکھیاں ٭

مُکڑیاں یا مُکڑنیاں (ہ۔مو) مُکری یا مُکڑنی کی جمع۔ پہیلیاں۔ سکھیاں۔ چیستان ٭

مُکڑ (ہ۔اِمذ) مکڑی سے اسم مکبّر۔ بڑی مکڑی۔ میز مکڑی ٭

مُکڑانا (ہ۔ فعل) اترانا۔ تکبر کرنا۔ غرور کرنا۔ اکڑ کر چلنا ٭

مُکڑائی (اُر۔ اِمو) سرتابی۔ سرکشی ٭

مُکڑنا (ہ۔ فعل) اکڑنا۔ غرور کرنا۔ اَینٹھنا ٭

مُکڑی (ہ۔مو) مکڑ کی مادہ۔ ایک قسم کے کیڑے کا نام ہے۔ جو اپنے مُنہ کے لعاب سے جالا تنتا اور مکھیاں پکڑ کر کھاتا ہے۔ عنکبوت ٭



مکڑی کا جالا

مُکڑی کا جالا (اُر۔ امذ) مکڑی کا بنایا ہوا نانا بانا تار عنکبوت۔ مجازاً بہت کمزور ٭

مُکڑی کی طرح جھاڑ ڈالنا (اُر۔محاورہ) عیب گنانا۔ بُرا بھلا کہنا ٭

مُکسّر (ع۔ صف۔ مفعولی) کسر کیا گیا۔ ٹوٹا ہوا۔ شکستہ۔ مکعب ٭

مکسچر (انگ۔امذ) Mixture مائع چیزوں کو ملانے والے آلہ ٭

مکسچر

مُکسُور۔ یا مُکسُورہ (ع۔امذ) کسرہ دیا گیا وہ حرف جس کے نیچے زیر ہو۔ مفرد کسر ٭

مُکشُوف (ع۔ صف۔ مفعولی) ظاہر شدہ۔ کھولا گیا۔ واضح ظاہر ٭

مُکفُوف (ع۔ صف) پیراہن۔ لپٹا ہوا۔ عروض میں سات حرفوں کا لفظ جس کا آخری حرف گرا دیا گیا ہو ٭

مُکفُوف البصر (ع۔صف) اندھا۔ نابینا ٭

مُکفُول (ع۔ صف۔ مفعولی) ضمانت میں دیا ہوا۔ کفالت میں دیا گیا۔ آڑ رکھا گیا۔ گرو رکھا ہوا ٭

مُکفُول کرنا (اُر۔محاورہ) گرو رکھنا۔ آڑ رکھنا۔ رہن کر دینا ضمانت میں دینا ٭

مُکلاوہ (ہ۔امذ) شادی کے بعد دُلہن کی رخصت۔ وداع گونا۔ چالا ٭

مُکلّف (ع۔ صف۔ مفعولی) آراستہ۔ سجا ہوا۔ بھڑکیلا تکلف کا۔ مزین۔ سجا سجایا۔ تکلیف دیا گیا ٭

مُکلِّف (ع۔ صف۔ فاعلی) تکلیف دینے والا۔ قبلانے والا دعوت کرنے والا۔ کسی تقریب کی شمولیت کے لیے تکلیف دینے والا ٭

مُکلّل (ع۔ صف۔ مفعولی) تاج رکھا گیا۔ تاجدار۔ ملمع کیا گیا چمکایا گیا۔ چمکدار۔ چمکیلا ٭

مُکمّل (ع۔ صف۔ مفعولی) پورا کیا گیا۔ کامل کیا گیا۔ پورا ثابت۔ تمام۔ کل۔ کامل۔ سنپورن ٭

مُکنَت (ع۔مو) شکتی۔ توانائی۔ طاقت۔ قدرت۔ امیری توانگری ٭

مُکنَد یا مُکنَد (س۔ مذ) وشنو۔ بھگوان۔ پارہ۔ سیماب۔ ایک قسم کا گوند بھی ہوتا ہے ٭

مکنُون (ع۔ صف۔ مفعولی) چھپا ہوا۔ مخفی۔ پوشیدہ۔ سربستہ ٭

مکنُون خاطر (ع۔مو) دل کی پوشیدہ اور مخفی باتیں۔ مرکوزِ خاطر ٭

مکو (ہ۔مو) ایک بوٹی کا نام یا اس کا پھل ٭

مکوڑا (ہ۔امذ) بڑا چیونٹا۔ بڑا کیڑا۔ کیڑے کا مرادف بھی ہے۔ مجازاً۔ دُبلا۔ تیز۔ ناتواں ٭

مکُول (ہ۔مو) ایک قسم کی سفید پہاڑی کھڑیا مٹی ٭

مُکھ (ہ۔امذ) مُنہ۔ دہن۔ دہانہ۔ تم۔ فوہ ٭

مُکھ بند (اُر۔امذ) گھوڑے کی ایک بیماری کا نام ٭

مُکھ پان (ہ۔امذ) پان وغیرہ کی شکل کا ٹکڑا جسے خوبصورتی کے لیے قفل پر چابی لگانے کی جگہ لگا دیتے ہیں ٭

مُکھ تال (ہ۔مو) انترا۔ استھائی۔ وہ آواز جو مُنہ سے نکالتے ہیں ٭

مُکھ منتری (ہ۔امذ) وزیر اعلیٰ۔ چیف منسٹر ٭

مُکھ میں رام بغل میں چھُری (ہ۔مثل) ظاہر میں نیک باطن میں بد ٭

مکّہ (ع۔مذ) عرب کے ایک مشہور شہر کا نام کعبہ۔ کعبۃ اللہ۔ حج کرنے کا مقام ٭

مکّہ میں رہتے ہیں پر حج نہیں کیا (اُرمثل) نیک جگہ رہ کر بھی نیکی نہ کمائی۔ اچھی صحبت میں رہ کر بھی نیک کام نہ کیے ٭

مکھّا (ہ۔امذ) مکھی کا نر۔ مکھی سے اسم مکبّر۔ بڑی مکھی ٭

مکھانا (ہ۔امذ) کنول کے پھول کا سوکھا ہوا بیج ٭

مُکھڑا (ہ۔مذ) مُکھ کی تصغیر یا محبت پیار اسنہ۔ پیارا پیارا چہرہ ٭

مکھڑا تلووں کو نہ پہنچے (اُرمثل) انسان کے گورے رنگ کی تعریف میں کہتے ہیں ٭

مکھن (ہ۔امذ) کچا گھی۔ بن تپایا گھی۔ مسکہ ٭

مکھن نکالنا (ہ۔محاورہ) دہی یا کچے دودھ کو بلو کر مسکہ نکالنا ٭

مکھنا یا مکنا (ہ۔امذ) بن دانت کا ہاتھی۔ ایک قسم کا بڑا ہاتھی جو جھوم جھوم کر چلتا ہے۔ بن خار کا مرغ۔ وہ مُرغ جس کے خار نہ نکلے ہوں یا ٹوٹ گئے ہوں ٭

مکھنیا (ہ۔امذ۔ فاعل) مکھن فروش۔ مکھن بیچنے والا ٭

مُکھی (ہ۔امذ) ایک قسم کا کبوتر جس کا سر اور بازوؤں کا ایک کا ایک یا دو پر سفید ہوں ٭

مکھی (ہ۔مو) مگس۔ بندوق کا وہ اُبھرا ہوا نشان جسے نظر کی

سیدھ میں رکھ کر نشانہ لگاتے ہیں ۔

مکھی اُڑانا/سی اُڑا دینا (اُر۔محاورہ) کنایۃً اچٹتا ہوا سلام کر دینا۔

مکھی پر مکھی مارنا (اُر۔محاورہ) بے سمجھے نقل کرنا۔ ہو بہو نقل کر دینا ۔

مکھی چوسی کی خدمت (اُر۔ابہ) مکھیاں اُڑانے اور پاؤں دبانے کی خدمت ۔

مکھی چوس (ہ۔صف۔فاعل) نہایت بخیل۔ پرلے درجے کا کنجوس ۔

مکھی چھوڑنا اور ہاتھی نگلنا (ہ۔مثل) چھوٹی باتوں میں ایمانداری جتانا۔ اور بڑی باتوں میں بے ایمانی کرنا ۔

مکھی کا چھینک جانا (ہ۔مثل) (مذاقیہ) بدشگونی ہو جانا۔ کسی بدشگونی کا پیش آجانا۔ بلّی کا چھینک جانا بھی اسی معنی میں بولتے ہیں ۔

مکھی کی طرح نکال ڈالنا (اُر۔محاورہ) بالکل تعلق نہ رکھنا۔ دودھ میں سے مکھی کی طرح نکال پھینکنا ۔

مکھی کی مکھی مارنا (ہ۔محاورہ) پوری طرح نقل کرنا۔ بے سمجھے نقل کرنا ۔

مکھی مار (ہ۔ابذ) مکھی کو جان سے مار ڈالنے والا۔ مگر وہ آدمی۔ وہ شخص جسے دیکھ کر نفرت آئے۔ جوں کی توں بے سمجھے نقل کرنے والا۔ ایک مکھیوں کو مار کر کھانے والے کیڑے کا نام بھی ہے۔ مکھیاں اُڑانے کی چھڑی ۔

مکھی مار بڑا چمار یا مکھی مار چوہڑا چمار (ہ۔مثل) نہایت قابل نفرت۔ بہت گھناؤنا۔ چوہڑوں چماروں سے بدتر غریبوں کو ستانے والا۔ نہایت کمینہ ۔

مکھی ناک پر نہیں بیٹھنے دیتے (ہ۔محاورہ) نہایت نازک مزاج اور بددماغ ہیں۔ کسی کا ذرہ بھر بھی احسان نہیں اٹھاتے ۔

مکھی نگلنا (ہ۔محاورہ) عذاب خریدنا۔ آفت میں پھنسنا دیدہ دانستہ بیجا حرکت کرنا ۔

مکھی ہانکنا (اُر۔محاورہ) مکھیاں جھلنا۔ مکھی دُور کرنا ۔

مُکھیا۔یا۔مُکھی (ہ۔صف۔مذ) چوہدری۔ سرغنہ۔ سرگروہ سردار۔ نمبردار۔ بانی۔ مبانی۔ پیشوا ۔

مکھیاں اُڑانا (ہ۔محاورہ) مکھیاں دُور کرنا۔ نہایت خوشامد سے مکھیاں جھلنا۔ بیکار رہنا۔ مندا ہونا۔ خالی رہنا۔ آتشک کی بیماری میں مبتلا ہونا۔ نیم کی ٹہنی ہاتھ میں لینا۔ اعلیٰ درجہ کا نشانہ مارنا۔ نشانے سے مکھی تک مار ڈالنا ۔

مکھیاں بھنکنا (ہ۔ف) مکھیوں کا کسی چیز پر بھن بھن کرنا۔ مکھیوں کا جمع ہو جانا۔ گھناؤنا ہونا۔ سخت قابل نفرت ہونا۔ سرد بازاری ہونا۔ مندا ہونا ۔

مکھیاں جھلنا (ہ۔محاورہ) چنور کرنا۔ مکھیاں ہٹانا۔ بیکار ہونا خالی ہونا۔ مندا ہونا۔ سرد بازاری ہونا۔ آتشک کی بیماری میں مبتلا ہونا۔ ٹہنی ہلانا ۔

مکھیاں مارنا (ہ۔محاورہ) خالی رہنا۔ ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہنا۔ بے شغل رہنا۔ کساد بازاری ہونا ۔

مکھیر (ہ۔مذ) شہد۔ انگبین۔ عسل ۔

مکھیوں کا چھتّا (ہ۔امذ) بہت سی مکھیوں کا جھنڈ۔ شہد کا چھتا۔ مثال ۔

مکھیوں کے چھتے کو چھیڑنا (اُر۔محاورہ) بھڑ کے چھتے کو چھیڑنا۔ شریروں کو چھیڑنا ۔

مُکّی (ہ۔امؤ) مُکّا کی تانیث۔ مُٹھی مُشت۔ جسم کی مالش ۔

مکی دینا (ہ۔محاورہ) آٹا گوندھنا۔ آٹے میں پانی ملا کر مکّی سے اسے ملائم کرنا ۔

مُکّی لات (اُر۔امؤ) مار پیٹ ۔

مکی لگانا (ہ۔محاورہ) آٹے کو ملائم کرنا۔ کمپانا۔ چپی کرنا۔ ہاتھ پاؤں دبانا۔ مٹھیاں بھرنا ۔

مَکئی (ہ۔امؤ) ایک قسم کی موٹی جوار جو بھٹے سے نکلتی ہے۔ ایک غلہ کا نام ہے ۔

مکیال (ع۔امذ) غلّہ ناپنے کا پیمانہ ناپنے کا آلہ ۔

مُکیانا (ہ۔فعل) مکی لگانا ۔

مکیدہ (ع۔امذ) بداندیشی۔ بدخواہی۔ مکر۔ فریب ۔

مکینکس Mechanics کلوں کا علم۔ علم جرّ ثقیل ۔

مکینکل انجینیر (انگ۔امذ) کلوں کے علم کا ماہر۔ علم جرّ ثقیل کا پورا پورا واقف Mechanical Engineer

مکین (ع۔امذ) مکاندار۔ صاحب خانہ۔ مکان میں رہنے والا ساکن۔ قائم۔ مقیم ۔

مکین ہونا (اُر۔محاورہ) رہنا۔ مقام کرنا۔ آباد ہونا۔ بسنا۔ ٹھہرنا ۔

م ـ گ

مَگ (ہ۔امذ) راہ۔ باٹ۔ ڈگر۔ رستہ۔ سڑک راستہ۔ انتظار۔ وہ کبوتر جو جنگلی کبوتر کی مادہ کو اُڑا کر اپنے گھر لے آئے ۔

مگ دیکھنا (ہ۔محاورہ) انتظار کرنا۔ راہ دیکھنا۔ منتظر رہنا ۔

مگدَ / مگد کے لڈو (ہ۔امذ) گھی میدے اور کھانڈ کے ایک قسم کے لڈو جو ہندو لوگ کسی کے مرنے پر تقسیم کیا کرتے ہیں ۔

مُگدر (ہ۔امذ) ورزش کے لیے ہلانے کی گاؤدم خرادی ہوئی لکڑی کی موگری ۔

مُگدر اُٹھانا (اُر۔محاورہ) مگدر اُٹھا کر زور بازو آزمانا ۔

مُگدر پھیرانا (اُر۔محاورہ) مگدروں کی جوڑی گھمانا ۔

مُگدر ہلانا (ہ۔محاورہ) موگری ہلانا۔ موگریاں پھیرنا۔ مگدروں کی جوڑی گھمانا ۔

مگدھ (س۔اسم مذکر) صوبہ بہار کا جنوبی حصہ۔ ہندوستان کا وہ حصہ جس میں پٹنہ۔ بہار شامل ہے۔ مگھا۔

ہندوستان کے صوبہ کا نام۔

مگدھ مہر (ہ۔ مذ) لکڑی کا وہ مکان جو ہاتھیوں پر کسا جاتا ہے اور جس میں شاہانِ اودھ سفر کرتے تھے۔ ایک قسم کا بہت اونچا خیمہ۔ کاغذ کی ایک آراستی چیز جو ساچق کی رسم میں جلوس کے آگے آگے لے کر چلتے تھے ٭

مگدھ بھاشا (ہ۔ امو) پالی زبان مگدھ کی زبان جو خاص کر ہندوستان صوبہ بہار میں بولی جاتی ہے ٭

مگدھی یا مگدھی (ہ۔ صف۔ بیائے نسبتی) مگدھ کا رہنے والا۔ بہار کے کسانوں کی ایک قوم کا نام بھی ہے۔ صوبہ بہار کی بولی ٭

مگر (ف۔ حرف استدراک) پر۔ لیکن۔ الا۔ سوا۔ ماسوا۔ بجز۔ البتہ۔ ہاں۔ بیشک ضرور۔ شاید ٭

مگر (ہ۔ امذ) مگرمچھ۔ نہنگ۔ گھڑیال۔ ناکو۔ سنسار۔ ایک قسم کا کان کا زیور۔ آویزہ ٭

مگرا (ہ۔ صف) مکار۔ گھنّا۔ چندرا۔ اپنے غرور اور تکبر میں کسی بات نہ سُننے والا۔ مغرور۔ ننگبر۔ گھمنڈی۔ کام چور کاہل۔ ضدی۔ ہٹیلا۔ سرکش۔ کج بحث ٭

مگرائپن (ہ۔ مذ۔ بمصدری) مکاری۔ گھنّاپن۔ ڈھٹائی۔ سرکشی تمرد۔ غرور۔ تکبر ٭

مگرانا (اُر۔ مصدر) غرور کرنا۔ سرکشی کرنا۔ غافل ہونا۔ ضد کرنا ٭

مگرمچھ (ہ۔ مذ) مگر گھڑیال۔ ناکو۔ سنسار شیرِ آبی۔ نہنگ ٭


مگرمچھ

مگرمچھ کے آنسو (اُر۔ امذ) جھوٹ موٹ کے آنسو ٹسوے ٭

مگری (ہ۔ امو) چھپر کا سب سے اُوپر والا اُور ماہی پشت بناوٹ کا حصہ ٭

مگس (ف۔ امو) مکھی۔ ماکھی ٭

مگس راں (ف۔ امذ) مورچھل۔ چنور۔ چنوری ٭

مگس رانی (ف۔ امو۔ بیائے مصدری) چنوری کرنے کی خدمت۔ مکھیاں اُڑانے کی نوکری ٭

مگسی (ف۔ صف۔ بیائے نسبتی) مکھی کے رنگ کا سیاہی مائل رنگ۔ گھوڑے کے ایک خاص رنگ کا نام ٭

مگن (اس۔ صف) پرسن۔ انند۔ خوش۔ شاد۔ مست۔ بیخود غرق۔ محو۔ مستغرق۔ ڈوبا ہوا ٭

مگنتا (ہ۔ امو) خوشی۔ شادمانی۔ خرمی۔ انبساط ٭

مگھم (ہ۔ صف) دو معنی بات۔ مخفی۔ پوشیدہ۔ مبہم کا بگاڑ ہے خفیہ۔ در پردہ۔ جواریوں کی اصلاح میں برابر سرابر۔ ہار جیت

مگھم رہنا (اُر۔ محاورہ) راز فاش نہ ہونا۔ برابر سرابر رہنا۔ نہ ہارنا نہ جیتنا۔ عزت بنی رہنا ٭

مگھم میں (اُر۔ تابع فعل) رمزوں میں۔ اشاروں میں۔ اشارتاً۔ کنایتہً ٭

مگھم میں کہنا (اُر۔ محاورہ) گول مول بات کہنا۔ کنائے میں بات کرنا ٭

م - ل

مُل مُل (ف۔ امو) شراب۔ دارو۔ بادہ ٭

مُل (ہ۔ حرف استثنا) مگر۔ پر۔ لیکن۔ الغرض۔ قصہ کوتاہ الحاصل ٭

مَل (اس۔ امذ) پیخانہ۔ میلا۔ چرک۔ فضلہ۔ پہلوان۔ کشتی گیر (دوغلا کھتری۔ نٹھٹ۔ گاد۔ عمدہ۔ اچھا۔ چنا ہوا۔ برگزیدہ بنئے بقالوں کا خطاب۔ بہادر۔ سورما۔ شجاع۔ دلیر ٭

مَل جدھ (اس۔ امذ) پہلوانوں کی کشتی ٭

مَل جی (ہ۔ امذ) لالہ جی۔ لالہ صاحب۔ رائے صاحب ٭

مَل موتر (اس۔ امذ) گوہ موت۔ بول و براز ٭

مَلا (ع۔ امذ) سردار۔ سرگروہ۔ اشراف لوگ ٭

مُلا (ع۔ صف) بھرا ہوا۔ پُر۔ واضح۔ مالا مال۔ مُملو۔ کھلا۔ آشکار۔ ظاہر

مُلاءِ اعلیٰ (ع۔ امذ) فرشتے ٭

مُلّا (ع۔ صف) بہت لکھنے والا۔ نہایت املا کرنے والا۔ عالم فاضل۔ بہت پڑھا ہوا۔ فقیہ۔ مسجد میں رہنے والا۔ نماز پڑھانے والا۔ بچوں کو پڑھانے والا ٭

مُلّا دوپیازہ (اُر۔ امذ) دربار اکبری کے ایک خوش طبع ظریف درباری کا لقب ہے۔ جس کا نام ابوالحسن تھا ٭

مُلا کی دوڑ مسجد تک (اُر۔ مثل) ہر شخص کی رسائی اپنی مقدور اور حوصلے تک ہوتی ہے۔ جہاں تک کسی کی دسترس ہو۔ اس سے آگے نہیں جا سکتا ٭

مُلّا کی داڑھی تبرک ہی میں گئی (اُر۔ مثل) بے سود اور بے فایدہ خرچ ہونے کے موقع پر بولتے ہیں ٭

مُلّا کی ماری حلال (اُر۔ مثل) بڑوں کا بُرا کام بھی اچھا سمجھا جاتا ہے ٭

مُلّا نہ ہوگا تو کیا مسجد میں اذن نہ ہوگی (اُر۔ مثل) کوئی ضروری کام کسی خاص شخص کے نہ ہونے سے رُک نہیں سکتا ٭

مُلّا گری (عف۔ امو) پڑھانا۔ معلمی۔ مدرسی ٭

مِلاپ (ہ۔ امذ) میل جول۔ اتفاق۔ صلح صفائی۔ باہمی رضامندی۔ وصل۔ وصال۔ سنجوگ۔ محبت۔ دوستی۔ ربط ضبط۔ سلوک۔ اخلاص۔ آمیزش۔ سازوں کی ہم آہنگی ٭

مِلاپ دار / مِلاپی (اُر۔ امذ۔ ترکیبی) جان پہچان۔ ملاقاتی۔ واقفکار دوست۔ آشنا ٭

مِلاپ رکھنا (ہ۔ محاورہ) سلوک رکھنا۔ آشتی رکھنا۔ صلح رکھنا ٭

مِلاپ کروانا (ہ۔ محاورہ) تصفیہ کرانا۔ صلح کرانا۔ صفائی کرانا ٭

مِلاپ ہونا (ہ۔ محاورہ) ملاقات ہونا۔ مواصلت ہونا۔ صفائی

ہونا۔ صلح ہونا ۔

مِلاپی (اُ/صف) ملاقاتی ۔

مِلا جُلا (ہ۔ صف۔ مفعولی) گڈمڈ۔ رُلا مِلا۔ مخلوط ۔

مِلا جُلا رہنا (ہ۔ ف) سلوک سے رہنا۔ مل جل کر رہنا۔ پیار محبت سے رہنا ۔

مَلّاح (ع۔ امذ) کشتی چلانے والا۔ کشتی بان۔ کھیوّیا۔ ناؤخدا۔ ناخدا ۔

مَلّاح در چین است کشتی در فرنگ (ف۔ مثل) دو شخصوں یا دو چیزوں کے درمیان فاصلہ ہونے پر بولتے ہیں ۔

مَلّاح کا لنگوٹا ہی بھیگتا ہے (اُ/مثل) غریب کا زیادہ نقصان نہیں ہوتا ۔

مَلاحَت (ع۔ امؤ) نمکینی۔ سانولا پن۔ خوبصورتی۔ ذائقہ مزا۔ لذت ۔

مُلاحَظہ (ع۔ مذ) لغوی کن آنکھیوں دیکھنا۔ معائنہ کرنا۔ التفات کرنا۔ غور۔ توجہ۔ مروت۔ پاسداری۔ لحاظ۔ سامنے۔ پیش ۔

مُلاحَظہ سے گذرنا (اُ/محاورہ) دیکھنے میں آنا۔ نظر سے گزرنا ۔

مُلاحَظہ شُد (عف۔ صف) دیکھا گیا۔ دیکھ لیا گیا ۔

مُلاحَظہ فرمانا (اُ/محاورہ) ملاحظہ کرنا۔ دیکھنا ۔

مُلاحظہ کا / مُلاحظہ والا (اُ/صف) لحاظ دار۔ مروت والا۔ بامروت سفارشی۔ رسوخ والا ۔

ملاحظہ کرنا (اُ/محاورہ) دیکھنا لحاظ کرنا۔ پاسداری کرنا۔ پڑتال کرنا۔ جانچنا۔ مطالعہ کرنا ۔

مُلاحَظہ میں ہونا (اُ/محاورہ) کاغذات کا حاکم کی پیشی میں یا زیر نظر ہونا ۔

مُلاحظہ ہونا (اُ/محاورہ) معائنہ ہونا۔ دیکھا جانا۔ پیش ہونا۔ جانچ ہونا۔ لحاظ ہونا۔ مروت ہونا ۔

مُلاحظہ کی جگہ ملاحظہ ہے (اُ/مثل) مروت والے سے مروت کی جاتی ہے ۔

مَلّاحی (ع۔ امؤ۔ یائے مصدری) پار اترائی۔ ناؤ چلانے کی مزدوری۔ کشتی بانی۔ ملاح کا کام ۔ گالی گلوچ۔ لعنت ملامت

مَلّاحی سُنانا (اُ/محاورہ) گالی گلوچ کرنا۔ لعنت ملامت کرنا۔ مغلظات سُنانا۔ بغیر نام سے گالی دینا

مَلّاحی کی ملاحی دی بانس کے بانس کھائے (اُ/مثل) چیز بھی کھوئی اور مار بھی کھائی ۔

مَلّاحی گالی (اُ/مؤ) فحش گالی۔ سخت گالی بغیر نام لیے گالی۔ بازاری گالی ۔

مَلّاحی ہاتھ (اُ/امذ) تیرنے کا ایک خاص طریق جس میں لیٹے لیٹے ہاتھ مار کر دریا کا راستہ جلد طے کر لیا جاتا ہے ۔

مِلا دِلا دیا۔ مِلا دُلا ہوا (ہ۔ صف۔ مفعولی) کام میں لایا ہوا۔ استعمال ملا ہوا۔ مساس کیا ہوا ۔

مَلاذ (ع۔ امذ) بچاؤ کی جگہ۔ جائے پناہ۔ امن کی جگہ۔ مامن ۔

مَلار (ہ۔ امذ) برسات کے موسم کا گیت میگھ راگ کی چوتھی راگنی۔ خوشی کا گیت ملہار ۔

ملار گانا (ہ۔ ف) برسانی گیت گانا۔ آنند منانا۔ خوشی منانا خوشی کا راگ گانا ۔

مُلازِم (ع۔ امذ۔ فاعل) پیوستہ رہنے والا۔ پاس رہنے والا اصطلاحاً نوکر۔ خادم۔ ٹہلوا۔ خدمت گار۔ اہلکار۔ پیش خدمت۔ حاضر باش ۔

مُلازِم خاص (ع۔ مذ) بخ کا نوکر۔ اپنا خاص آدمی ۔

مُلازِم سرکار (عف۔ امذ) شاہی نوکر۔ حاکم کا ملازم۔ گورنمنٹ کا نوکر ۔

مُلازِم کرنا (اُ/محاورہ) نوکر رکھنا ۔

ملازِم ہونا (اُ/محاورہ) نوکری مل جانا ۔

مُلازَمَت (ع۔ امؤ) کسی کے پاس ہمیشہ رہنا۔ حاضر باشی خدمت۔ سیوا ٹہل۔ نوکری چاکری ۔

مُلازمت اختیار کرنا (اُ/محاورہ) نوکر ہونا۔ نوکری قبول کرنا نوکری چاکری پسند کرنا ۔

مُلازمت پیشہ (اُ/مذ) وہ آدمی جس کا پیشہ ملازمت ہو نوکریاں کرنے والا۔ نوکری پیشہ ۔

مُلازمت حاصل کرنا (اُ/محاورہ) کسی امیر کی خدمت میں حاضر ہونا۔ باریاب ہونا۔ حاضر ہونا۔ ملاقات کرنا ۔

مُلاطَفَت (ع۔ امؤ) مہربانی۔ کرم۔ کرپا۔ دیا۔ لطف و کرم عنایت۔ نوازش۔ نیکی۔ بھلائی ۔

مُلاطَفہ (ع۔ امذ) نیکی بھلائی۔ مجازاً۔ چٹھی۔ رقعہ۔ عنایت نامہ۔ مکتوب یعنی باہم جڑے خطوں کا طومار ۔

ملاعِب (ع۔ امذ) ہنسی مذاق۔ کھیلنے کی جگہیں ۔

مُلاعَنَت (ع۔ امؤ) ایک دوسرے پر لعنت کرنا (بالخصوص میاں بیوی کا) ۔

مُلاقات (ع۔ امؤ) باہم ملنا۔ آنا جانا۔ میل ملاپ۔ ربط ضبط ایک دوسرے سے ملنا۔ صحبت۔ وصل۔ صحبت داری ہم بستری۔ مجامعت۔ ہم نشینی۔ بات چیت۔ جان پہچان صاحب سلامت۔ آشنائی۔ سلام علیک ۔

مُلاقات بازدید (عف۔ امؤ) واپسی ملاقات۔ اخیر ملاقات ملاقات دویم یعنی اپنے ہاں مل لینے کے بعد دوسری دفعہ اسی شخص کے مکان پر جا کر ملنا۔ ملاقات کا معاوضہ ۔

مُلاقات پیدا کرنا (اُ/محاورہ) میل ملاپ بڑھانا۔ شناسائی بہم پہنچانا دوستی کرنا۔ صاحب سلامت بنانا۔ ربط ضبط پیدا کرنا ۔

مُلاقات کرنا (اُ/محاورہ) ملنا۔ دوستی کرنا۔ درشن کرنا۔ زیارت وصل کرنا۔ ہمبستری کرنا ۔

مُلاقات رکھنا (اُ/محاورہ) صاحب سلامت رکھنا۔ میل جول رکھنا ملتے رہنا ۔

مُلاقات رہنا (اُ/محاورہ) ملاقات کے مراتب کا برتاؤ باہم ہونا رہنا۔

مُلاقات کرنا (اُر۔محاورہ) ملنا۔ دوستی کرنا ٭
مُلاقات کروانا (اُر۔محاورہ) ملانا۔ شناسائی کرانا۔ ہم صحبت کرانا۔ زن و مرد کو باہم ملوانا ٭
مُلاقاتی (اُر۔ہند۔بیائے فاعلیت) ملنے والا۔ صاحب سلامتی جان پہچان۔ یار۔ آشنا ٭
مُلاقی (ع۔ہند۔فاعل) ملاقات کرنے والا۔ ملنے والا ٭
مُلاقی ہونا (اُر۔محاورہ) ملنا۔ ملاقات کرنا ٭
مُلاگیر (ہ۔ہند) دکن کے ایک مشہور پہاڑ کا نام جہاں کا صندل نہایت نفیس ہوتا ہے۔ لونڈیوں کا نام۔ ایک پہاڑی پرندے کا نام ٭
مُلاگیری (ہ۔صف۔بیائے نسبتی) ملاگیر کا۔ صندلی۔ صندل کے رنگ ایک خوشبودار۔ رنگ کا رنگا ہوا۔ اگرئی ٭
مَلال (ع۔ہند) رنج۔ الم۔ غم۔ فکر۔ اداسی۔ طبیعت کا اکتانا تھکان۔ کلفت ٭
مَلال آنا (اُر۔محاورہ) رنج ہونا۔ دل میں کدورت آنا۔ افسوس ہونا ٭
مَلال کھینچنا/اُٹھانا (اُر۔محاورہ) زحمت برداشت کرنا۔ مصیبت اٹھانا ٭
مَلال لینا (اُر۔محاورہ) رنج و غم برداشت کرنا ٭
مَلالت (ع۔امو) اداسی۔ رنج۔ کلفت ٭
مِلا لینا (ہ۔محاورہ) گانٹھ لینا۔ شامل کر لینا۔ شریک کر لینا ہمراز بنا لینا۔ مخالف آدمی کو اپنی طرف کر لینا۔ مرکب کر لینا آمیز کر لینا۔ باہمی پڑتال کر لینا۔ مقابلہ کر لینا ٭
مَلام (ع۔ہند) دھتکار پھٹکار۔ لعنت طعن۔ سرزنش۔ ملامت ٭
مَلامَت (ع۔امو) سرزنش۔ چھڑک۔ ڈانٹ ڈپٹ۔ برا بھلا اُلاہنا۔ گھوربک۔ لعن طعن۔ دُور دبک ٭
مَلامتی (ع۔صف۔بیائے نسبتی) لعنتی۔ مردود۔ قصوروار۔ گنہگار۔ فقیروں کا ایک فرقہ جو اپنا ہنر دکھلاتے نہیں اور عیب چھپاتے نہیں ٭
مِلان (ہ۔ہند) مقابلہ۔ تقابل۔ آمیزش۔ ملاپ۔ اتفاق۔ اتحاد میزان۔ جوڑ۔ فیصلہ۔ تصفیہ ٭
مِلانا (ہ۔فعل) مقابلہ کرنا۔ مطابقت کرنا۔ فرق نکالنا۔ گڈمڈ کرنا مرکب کرنا۔ مخلوط کرنا۔ آمیز کرنا۔ سانتا۔ شامل کرنا۔ شریک کرنا واقفیت کرنا۔ شناسائی کرنا۔ ملاقات کرانا۔ آشنائی کرانا وصل کرانا۔ مواصلت کرانا۔ لڑانا۔ مقابلہ کرانا۔ گانٹھنا۔ رازدار بنانا۔ چپکانا۔ جوڑنا۔ سٹانا۔ جوڑ لگانا۔ تتمہ کرنا شامل مسل کرنا ٭
مُلّانہ (اُر۔مذ) مُلّا کی تصغیر باحقارت۔ مُلا جیسا۔ مسجد میں بیٹھنے والا۔ سادہ لوح۔ صرف دین کی باتیں جاننے والا۔ پکا دیندار شرع کا پابند ٭
مُلّانی (اُر۔امو۔بیائے تانیث) مُلا کی مونث مُلا کی بیوی۔ معلمہ۔ اُستانی ٭
مِلاوٹ (اُر۔ہند) حاصل مصدر از ملانا۔ ملاوٹ۔ کھوٹ۔ آمیزش ٭
مَلاہی (ع۔مو) ملہی کی جمع۔ یا۔ ملاہیہ کی جمع۔ کھیل کود۔ لہو و لعب

مَلائی (ہ۔امو) دودھ کے اوپر کی پیڑی بالائی۔ دودھ کا جوہر (بصورت اسم معاوضہ مونث) مالش کی اجرت۔ گھوڑے وغیرہ کی مالش ٭
مَلائیاں اُڑانا / مَلائیاں چٹ کر جانا / مَلائیاں کھانا (ہ۔محاورہ) چٹورپن کرنا۔ ترمال کھانا مال چیرنا۔ کسی کا مال کھا جانا ٭
مَلائک / مَلائکہ (ع۔ہند) ملک کی جمع فرشتے ٭
مُلائم (ع۔صف) لغوی معنی لائق۔ جوگ۔ مناسب۔ مجازاً نرم۔ پلپلا۔ بُردبار۔ حلیم۔ نازک۔ پتلا۔ ہلکا۔ مندا تیزی کی ضد ٭
مُلائم کرنا (اُر۔فعل) غصہ فرو کرنا۔ ٹھنڈا کرنا۔ دھیما کرنا۔ نرم کرنا نرمانا ٭
مُلائم ہونا (اُر۔محاورہ) دھیما ہونا۔ غصہ ٹھنڈا ہونا۔ نرمی اختیار کرنا ٭
مُلائمَت (ع۔امو) موافقت۔ مطابقت۔ نرمی۔ نزاکت۔ لاغرمی ٭
مَلبا / مَلبہ (ہ۔ہند) میل مٹی۔ کوڑا کرکٹ۔ خس و خاشاک۔ گرے ہوئے مکان کی مٹی وغیرہ سرکاری ملازموں کی کی آؤ بھگت کے واسطے کاشتکاروں سے وصول کی ہوئی زاید از لگان رقم ٭
مَلبہ خرچ یا مَلبا خرچ (اُر۔ہند) وہ رقم جو گاؤں کے نمبردار کاشتکاروں سے حکام کی آؤ بھگت کے واسطے جمع کر رکھتے ہیں۔ اخراجات وہ ٭
مُلبّب (ع۔صف۔مفعولی) بھرا ہوا۔ پُر۔ لبالب بھرپور۔ لبریز منہ تک ٭
مُلبّس (ع۔صف۔مفعولی) پہنایا گیا۔ پوشیدہ۔ عیب چھپایا ہوا۔ مربّہ ٭
مِلبَن (ع۔ہند) اینٹ بنانے کا سانچہ۔ قالب ٭
مَلبُوس (ع۔ہند۔مفعول) پہنے ہوئے کپڑے۔ اترن۔ اُتارے ہوئے کپڑے پہننے کے کپڑے ٭
مَلبُوسات (ع۔ہند) ملبوس کی جمع جوڑے۔ پوشاکیں ٭
مِل بیٹھنا (ہ۔محاورہ) سلوک سے رہنا۔ محبت سے بیٹھنا۔ سر جوڑ بیٹھنا ٭
مِلّت (ع۔امو) دھرم۔ مت۔ مذہب۔ شریعت۔ دین فرقہ۔ قوم۔ پنتھ۔ ذات ٭
مِلّت (ہ۔امو) میل جول۔ میل ملاپ۔ راہ و رسم۔ صحبت جتھا۔ منڈلی۔ اپنے میل کے ملنسار ہی۔ رل مل رہنا ٭
مِلّت بیضا (ع۔امو) کنایۃً مسلمان قوم ٭
مِلّت کا آدمی (اُر۔مذ) ملنسار آدمی لحاظ و مروت والا ٭
مَلّت (ہ۔صف۔مفعولی) ملا ہوا۔ گھسا ہوا۔ سن گھسا ہوا سکہ ٭
مُلتا (اُر۔صف۔مذ) گھسا ہوا (سکہ)
مُلتانی (ہ۔صف۔بیائے نسبتی) گاچنی مٹی۔ ایک قسم کی چکنی مٹی

جو ملتان کی طرف سے آتی ہے ۔ ملتان کا رہنے والا ۔ ملتان کی بنی ہوئی چیز ۔

مُلتجی (ع ۔ صف ۔ فاعلی) التجا کرنے والا ۔ تلاش کرنے والا ۔ آرزومند ۔ عاجز ۔ عاجزی کرنے والا ۔ منت سماجت کرنے والا ۔

مُلتزِم (ع ۔ صف ۔ فاعلی) اپنے اُوپر لازم کر لینے والا ۔ ساتھ رہنے والا ۔ محصول وصول کرنے والا ۔ گھاٹ یا سڑک کا محصول ۔ خانہ کعبہ کے سامنے رُکن یمانی کے پاس ایک مقام کا نام ہے ۔

مُلتصِق (ع ۔ صف ۔ فاعلی) لگا ہوا ۔ ملا ہوا ۔ پیوستہ ۔

مُلتفِت (ع ۔ صف ۔ فاعلی) توجہ کرنے والا ۔ التفات کرنیوالا ۔

مُلتمِس (ع ۔ صف ۔ فاعلی) التماس کرنے والا ۔ سائل ۔ سوال کرنیوالا ۔ عرض کرنے والا ۔

مُلتوِی (ع ۔ صف ۔ فاعلی) دیر کرنے والا ۔ رکنے والا ۔ توقف کرنے والا ۔ ٹھہرنے والا ۔ پیچیدہ ہونے والا ۔ نبض کی پیچیدہ حرکت ۔

ملتوی رکھنا (اُر ۔ محاورہ) ڈھیل میں ڈالنا ۔ روکنا ۔ ٹھہرانا ۔ ہٹانا کچھ عرصہ کے لیے موقوف رکھنا ۔

مُلتوی کرنا (اُر ۔ محاورہ) دیر میں ڈالنا ۔ ڈھیل میں ڈالنا ۔ روکنا ۔ ٹھہرانا ۔

ملتوی رہنا/ہونا (اُر ۔ محاورہ) دیکھئے "ملتوی رکھنا" جس کا یہ لازم ہے

مُلتہِب (ع ۔ صف ۔ مفعولی) بھڑکی ہوئی آگ ۔ بھڑکا ہوا شعلہ ۔ شعلہ زن ۔

مُلتہِب (ع ۔ صف ۔ فاعلی) بھڑکنے والا ۔ بھڑکانے والا ۔

مَلٹ (اُر ۔ امذ) کتاب کا پٹھا ۔ موٹا کاغذ ۔ وصلی ۔

مِلٹری Military فوجی ۔ فوج کا ۔

مِلٹری پولیس Military Police فوجی پولیس ۔ جنگی سپاہ ۔

مِلٹری لا Military Law جنگی قانون ۔ مارشل لا ۔

ملٹھی (اُر ۔ امو) کھونگی کے درخت کی جڑ ۔ اصل السوس ۔ ایک مشہور دوا ۔ جو کھانسی کے لیے مفید ہے ۔

مَلجا (ع ۔ اسم ظرف) جائے پناہ ۔ ٹھکانا ۔ پناہ کی جگہ ۔ سن کی جگہ ۔ مادا ۔ جائے بازگشت ۔

مِلجانا (ہ ۔ فعل) جڑ جانا ۔ پیوستہ ہو جانا ۔ صلح صفائی ہو جانا ۔ گڈمڈ ہو جانا ۔ رل مل جانا ۔ شامل ہو جانا ۔ شریک ہو جانا ۔ حاصل ہو جانا ۔ ملاقات ہو جانا ۔ دوچار ہو جانا ۔ سامنے آجانا ۔

مل جل کر یا مل جل کے (ہ ۔ تابع فعل) مل ملا کر ۔ اتفاق سے اکٹھے ہو کر ۔ بالاتفاق ۔ سلوک سے ۔ اتحاد سے ۔

مِل چلنا (اُر ۔ محاورہ) کسی سے ملاقات کی رسم پیدا کرنا ۔

ملچھ (ہ ۔ صف) گھوری ۔ میلا ۔ ناپاک ۔ پلید قوم ۔ جنگلی آدمی ۔ بلانوش ۔ وحشی ۔

مِلح (ع ۔ امذ) نمک ۔ نون ۔ شور ۔ کھار ۔ لون ۔

مُلحِد (ع ۔ امذ ۔ فاعل) خدا کی راہ سے پھر جانے والا ۔ سیدھی راہ سے گمراہ ہو جانے والا ۔ بے دین ۔ کافر ۔ فاسق ۔

مُلحَق (ع ۔ صف ۔ مفعولی) لگا ہوا ۔ جڑا ہوا ۔ متصل ۔ نزدیک بٹھایا ہوا ۔

مُلحِق (ع ۔ صف ۔ فاعلی) پیچھے لگ جانے والا ۔ شریک ۔ شامل ۔ داخل ۔

مُلحِق کرنا (اُر ۔ محاورہ) شامل کرنا ۔ داخل کرنا ۔ ملانا ۔ الحاق کرنا ۔

ملحقات (ع ۔ امذ) وہ چیزیں جو بعد کو ملا دی گئی ہوں ۔

مَلحُوظ (ع ۔ صف ۔ مفعولی) دیکھا گیا ۔ لحاظ کیا گیا ۔ دھیان رکھا گیا ۔ خیال کیا گیا ۔ غور کیا ہوا ۔

مَلحُوظِ خاطِر (ع ۔ صف) دل میں خیال کر لیا ہوا ۔ خیالِ دلی ۔ دلی توجہ ۔ توجہ خاطر ۔ مدِ نظر ۔

مَلحُوظ رکھنا (اُر ۔ محاورہ) خیال رکھنا ۔ یاد رکھنا ۔ پیش نظر خاطر رکھنا ۔ مدِ نظر رکھنا ۔ دھیان رکھنا ۔

مَلخ (ف ۔ امو) ٹڈی ۔

مَلخَص (ع ۔ صف ۔ مفعولی) خالص پاک ۔ خلاصہ کیا گیا ۔ خلاصہ مختصر ۔

مُلذَّذ (ع ۔ صف ۔ مفعولی) مزیدار ۔ لذت دار ۔ لذیذ ۔ مزے کا ۔

مُلَر مُلَر (اُر ۔ تابع فعل) بھولے پن سے ۔ مُٹر مُٹر ۔ سکینی سے ۔

مُلزَم (ع ۔ صف ۔ مفعولی) الزام لگایا گیا ۔ گنہگار ۔ قصوروار ۔ مجرم ۔ دوشی ۔

ملزمہ (ع ۔ صف ۔ مو) دیکھئے ملزم جس کی یہ تانیث ہے ۔

مُلزَم (ع ۔ صف ۔ مفعولی) لازم کیا گیا ۔ چسپاں کیا گیا ۔ شریک حال ۔

مُلصَق (ع ۔ صف ۔ مفعولی) جڑا ہوا ۔ جڑواں ۔ پیوستہ متصل ۔ قریب ۔ سٹا ہوا ۔ ملا ہوا ۔

مُلطِّف (ع ۔ صف ۔ فاعل) لطیف کر دینے والی دوا ۔ پتلا کر دینے والی دوا ۔ رقیق کرنے والی ۔

مُلطِّفات (ع ۔ مو) مُلطِّف کی جمع ۔

مَلعَب (ع ۔ امذ) کھیل کی جگہ ۔

مَلعُون (ع ۔ صف ۔ مفعولی) راندہ گیا ۔ لعنت کیا گیا ۔ مردود ۔ نکالا ہوا ۔ لعین ۔ شیطان ۔ ابلیس ۔ عزازیل ۔ خناس ۔

مَلغُوبا (ف ۔ امذ) کوڑا کرکٹ ۔ اَلم غلم ۔ آلائش ۔ آلودگی ۔ مواد ۔ پیپ ۔ راد ۔ ٹوٹی پھوٹی چیزیں ۔ گوڈر گاڈر ۔ تلچھٹ ۔ میل درد ۔

مَلفُوظ (ع ۔ امذ) اولیا اللہ کا کلام ۔ بڑوں کی باتیں ۔ وہ کتاب جس میں کسی بزرگ کی باتیں اور کیفیت ۔ ان کی اپنی زبانی لکھی گئی ہو ۔

مَلفُوظات (ع ۔ امذ) مَلفُوظ کی جمع ۔

مَلفُوظی (ع ۔ صف) وہ حرف جو پڑھنے اور بولنے میں آئے ۔

مَلفُوف (ع ۔ صف ۔ مفعولی) لفافہ کیا گیا ۔ لپیٹا ہوا ۔ ڈھکا ہوا لفافہ میں بند کیا ہوا ۔

مُلقَّب (ع ۔ صف ۔ مفعولی) لقب دیا گیا ۔ خطاب دیا گیا ۔ خطاب یافتہ ۔ عرف ۔ لقب ۔ نامزد ۔ معروف ۔ بامعنی صفتی نام دیا گیا ۔

مَلقَط (ع ۔ صف) دست پناہ ۔ چمٹا ۔

مَلَک (ع ۔ امذ) فرشتہ ۔ ہاتف ۔ دوت ۔ دیوتا ۔

مَلَکُ الموت (ع ۔ امذ) جان نکالنے والا فرشتہ ۔ موت کا

فرشتہ۔ جم دوت۔ عزرائیل ۔

ملک الموت کا گھر دیکھ لینا (اُر۔محاورہ) لگاتار موتیں ہو جانا ۔

ملک خصلت/سیرت/نہاد (ف۔صف) فرشتے کی سی عادت والا۔ معصوم۔ نیک۔ بے گناہ ۔

مِلک (ع۔مؤ) جاگیر۔ ملکیت۔ زمینداری۔ معافی۔ جائداد حق۔ حقیقت۔ مال اسباب ۔

مُلک (ع۔مذ) دیس۔ ولایت۔ کشور۔ راج۔ سلطنت علاقہ۔ عملداری۔ احاطہ۔ پرگنہ۔ صوبہ۔ لوگ۔ خلقت شہر۔ نگر۔ (بحالت صفت) بہت سا۔ نہایت۔ بے حد ازحد۔ بہت زیادہ ۔

مُلک بدر کرنا (اُر۔محاورہ) جلاوطن کرنا ۔

مُلک بقا (ف۔مذ) ہمیشہ رہنے والا ملک۔ عاقبت۔ اگلا جہان ۔

مملک خدا تنگ نیست پائے گدا لنگ نیست (ف۔مثل) خدا کا ملک تنگ نہیں اور فقیروں کا پاؤں لنگڑا نہیں کسی خاص مقام پر موقوف نہیں ہر جگہ کوشش کرنے کا وقت ہے ۔

مُلک ستانی / مُلک گیری (عف۔مؤ بیائے نسبتی مصدری) ملک لینا ملک فتح کرنا۔ فتحیابی۔ بادشاہی۔ حکمرانی۔ فتح جیت۔ تسخیر ۔

مَلِک (ع۔مذ) بادشاہ۔ راجہ۔ شہریار۔ حاکم۔ فرمانروا ۔

مَلِکُ التجار (ع۔مذ) سوداگروں کا بادشاہ۔ بہت بڑا سوداگر اعلےٰ درجہ کے سوداگروں کو بادشاہوں کی طرف سے ملا ہوا خطاب ۔

مَلِکُ الشعرا (ع۔مذ) شاعروں کا بادشاہ راج کوی۔ بہت بڑا شاعر۔ بہت بڑے شاعر کو بادشاہ کی طرف سے ملا ہوا خطاب ۔

مَلِکُ العرش (ع۔مذ) عرش کا بادشاہ ۔

مَلک زادہ (عف۔مذ) کنور۔ بادشاہ زادہ۔ شہزادہ۔ صاحب عالم ۔

مَلکات (ع۔مذ) مَلکہ کی جمع۔ لیاقتیں۔ قابلیتیں۔ عادتیں خصلتیں سبھاؤ۔ گن۔ مزاج۔ جوہر۔ سرشت۔ فہم۔ ادراک ۔

مَلکات رذیہ (ع۔مذ) بُری عادتیں۔ بُری قوتیں۔ جو حسد بغض حرص تکبر وغیرہ آٹھ ہیں ۔

مَلکات فاضلہ (ع۔مذ) اچھی عادتیں۔ عمدہ قوتیں۔ جو حکمت شجاعت۔ عفلت۔ عدالت چار ہیں ۔

مَلکانا (ہ۔فعل) بنا بنا کر بولنا۔ ایک نو مسلم قوم کا نام ۔

مُلکٹ (ہ۔مذ) انگیا کی کٹوری جس میں پستان رہتی ہیں ۔

مِل کر چلنا (ہ۔محاورہ) ہمراہ چلنا۔ ساتھ ہو کر چلنا۔ شریک ہو کر چلنا۔ سلوک سے رہنا ۔

مَلکنا (ہ۔فعل) مٹکنا۔ اترانا۔ اٹھلانا ۔

مَلکوت (ع۔مذ) بادشاہی۔ حکمرانی۔ قبضہ۔ فرشتوں کا جہان فرشتوں کی رہنے کی جگہ۔ فرشتے ملائکہ۔ عالم ارواح۔

مَلکوتی عالم عیب۔ عالم معنی ۔

مَلکوتی صفات (ع۔مؤ) فرشتوں کی سی خصلتیں۔ نیک عادتیں ۔

مُلکوں مُلکوں شہرہ ہونا (اُر۔محاورہ) دور دور تک شہرت ہونا۔

مَلکہ (ع۔مذ) ہر ایک شے کے حاصل کرنے کی قوت۔ لیاقت قابلیت۔ استعداد۔ ہنر۔ اُستادی۔ مہارت۔ کمال تجربہ۔ عقل۔ فہم۔ ادراک ۔

مَلکہ حاصل ہونا (اُر۔محاورہ) نہایت تجربہ ہونا۔ مہارت حاصل ہونا۔ قدرت حاصل ہونا ۔

مَلکہ ہونا (اُر۔محاورہ) مہارت ہونا۔ کسی بات کا کمال ہونا ۔

مَلِکہ (ع۔مؤ) مَلِک کی مونث۔ بادشاہ کی بیوی۔ رانی۔ حکمران عورت۔ حکومت کرنے والی عورت۔ قیصرہ۔ سلطانہ۔ بادشاہ بیگم۔ بادشاہ زادی۔ شہزادی۔ مہال کی سب سے بڑی مکھی جس کے ساتھ باقی مکھیاں خادمانہ طور پر رہتی ہیں ۔

ملکہ مَسُور (اُر۔مؤ) بڑی قسم کی مسور۔ جس کے دانے موٹے موٹے ہوتے ہیں ۔

مَلکہ معظمہ (ع۔صف) بڑی مَلکہ۔ سب سے بڑی سلطانہ۔ ملکہ بزرگ۔ قیصرہ ۔

مَلکہ وِکٹوریا (اُر۔مؤ) برطانیہ کی ملکہ آنجہانی کا نام جس نے قریباً ۶۰ سال حکومت کی۔

مِلکی (ع۔مذ۔بیائے فاعلیت) مِلک والا۔ جاگیردار حقیت دار معافی دار۔ صاحب جائداد۔ زمیندار ۔

مِلکی کیا جانے پرائے دل کی (اُر۔مثل) جاگیردار لوگ خود غرض ہوتے ہیں۔ انہیں دوسرے کی کیا پرواہ ۔

ملکی نہ کہے دل کی (اُر۔مثل) زمیندار دل کا بھید نہیں دیتا ۔

مُلکی (ع۔اسم صفت بیائے نسبتی) ملک کا۔ ملک سے تعلق رکھنے والا۔ قومی۔ دیسی۔ سلطنت کے متعلق حکومت سے تعلق رکھنے والا ۔

مِلکی لارڈ یا لاٹ (اُر۔مذ) وائسرائے۔ گورنر جنرل۔ نواب نائب السلطنت ۔

مَلکی (ع۔صف۔بیائے نسبتی) منسوب بہ مَلک فرشتہ والی فرشتہ جیسی ۔

مِلکیّت (ع۔مؤ) املاک۔ زمینداری۔ قبضہ۔ تصرف مال۔ اسباب۔ اثاثہ ۔

مَلگجا (ہ۔صف) میلا۔ غبار آلود۔ نہ بہت میلا نہ بہت اُجلا (مَل بمعنی میل۔ گج بمعنی ہاتھی (الف فاعلی) ہاتھی جیسا میلا ۔

مَلگجاپن (اُر۔مذ) دیکھئے "ملگجا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

ملگجی (ہ۔صف) مونث۔ ملگجا کی تانیث ۔

مِلل (ع۔مذ) مِلّت کی جمع۔ بہت سے مذہب۔ مذاہب ادیان ۔

ملماس (ہ۔مذ) منحوس۔ مہینہ۔ نحس مہینہ۔ جس میں خوشی کی رسمیں نہیں کرتے۔ لونڈ کا مہینہ ۔

مُلمّع (ع. صف. مفعولی) روشن کیا گیا. چمکتا ہوا. گلٹ کیا ہوا. جھول پھیرا ہوا. جھول گلٹ. سونے یا چاندی کا ورق پترہ یا پانی جو کسی چیز پر چڑھایا جائے. قلعی. محض دکھاوا. بناوٹ ظاہری ٹیپ ٹاپ ٭

مُلمّع پھرنا/چڑھنا (اُر. محاورہ) ملمع کا رنگ کسی چیز پر دینا. گلٹ ہونا ٭

مُلمّع کا (عف. صف) جسکا ظاہر باطن کچھ ہو. مُلمع کرنے والا ٭

مُلمّع ساز (عف. اسم فاعلی ترکیبی) مُلمع کرنے والا ٭

مُلمّع کرنا (اُر. محاورہ) گلٹ کرنا. سونا یا چاندی. چڑھانا چمکانا. جلا کرنا. آب دینا ٭

مُلمّع کاری (عف. امو) مُلمّع کار کا اسم کیفیت ٭

مُلمّع کھل جانا (اُر. محاورہ) نمائشی کارروائی کا حال کھل جانا ٭

ململ (ہ. امو) ایک قسم کا باریک سوتی کپڑا ٭

ململا (ہ. صف) ذرا کھاری. نمکین. شور دار. اداس. غمگین. دلگیر ٭

ململانا (ہ. فعل) پشیمان ہونا. پچھتانا. افسوس ٭

ململاہٹ (ہ. امو) غمگینی. اُداسی. دریغ. حسرت. افسوس پچھتاوا ٭

ململاہٹ آنا (ہ. فعل) افسوس آنا. دریغ آنا. پچھتاوا لگنا ٭

مل مل کر رونا (ہ. محاورہ) لپٹ لپٹ کر رونا. گلے لگ لگ کر رونا. بغلگیر ہو ہو کر رونا ٭

مل مل کے دھونا (اُر. محاورہ) کسی چیز کو خوب ہاتھ کے رگڑے دے کر دھونا ٭

مل گئے تو بات ہے (ہ. محاورہ) اتفاقیہ امر ہے. اگر مل گئے تو ملاقات ورنہ کچھ بھی نہیں ٭

ملن (ہ. امو) ملنا کا حاصل مصدر. ملاقات. میل ٭

ملن ملے ہیرے کیسی. دل میں پھانکیں کھیرے کیسی (ہ. مثل) بظاہر تو اچھی طرح ملتے ہیں. مگر دل میں کھوٹ اور کشتگی ہے ٭

ملنا (ہ. فعل) ایک ہونا. پیوستہ ہونا. چسپاں ہونا. ملحق ہونا. عنایت ہونا. عطا ہونا. قابو میں آنا. مرکب ہونا. آمیز ہونا. خط ملط ہونا. گڈمڈ ہونا. مشابہ ہونا. مطابق ہونا. ملاقات ہونا. سامنا ہونا. اکٹھا ہونا. جمع ہونا. شامل ہونا. سازش کرنا. حاصل ہونا. ہاتھ میں آنا. واسطہ رکھنا. سابقہ رکھنا. روبرو ہونا. مقابل ہونا. چھوا جانا. لگنا. کھوج لگنا. دریافت ہونا (بحالت اسم مذکر) ملاقات راہ و رسم ٭

ملنا جلنا (اُر. مذ) میل ملاپ. راہ و رسم. ربط ضبط ٭

ملنا (ہ. فعل) مسلنا. رگڑنا. گھسنا. مالش کرنا. مانجھنا. چمکانا. مالیدہ کرنا ٭

ملنا ڈلنا (ہ. محاورہ) استعمال میں لانا. مسلنا. مالش کرنا ٭

ملنسار (ہ. صف) ہر ایک سے ملنے والا. خوش اخلاق. محبت والا ٭

ملنساری (ہ. مو. بیائے مصدری) میل جول. محبت. اخلاص. خوش خلقی. راہ و رسم ٭

ملنگ (اف. امذ) مجرد آدمی. آپے سے باہر. بیہوش. مجرد فقیروں کا ایک فرقہ. ایک پرندہ کا نام ٭

ملنی (ہ. امو) درشن. ملاقات. استقبال. پیشوائی. شادی کے بعد سمدھیوں سمدھیوں کے ملنے کی رسم. وہ روپیہ جو دُلہن والے دُولھا والوں کو ملنے کے وقت دیتے ہیں ٭

ملنے جلنے کو آنا (اُر. محاورہ) ملاقات کو آنا. استقبال کو آنا ٭

ملنے کو جانا (ہ. فعل) ملاقات کو جانا ٭

ملوبیا. ملہوّ (ہ. امذ) ریچھ. خرس. بھالو. بندر. بوزنہ ٭

ملو (اُر. مذ. بواو مجہول) وہ پرندہ جس کے پر باندھ کر جال میں ڈال دیں تاکہ اور پرندے بھی آ پھنسیں ٭

ملوانا (ہ. فعل) مالش کرانا. منجھوانا. صیقل کرانا. صاف کرانا. پامال کرانا. کچلوانا. روندوانا ٭

ملوانا (ہ. فعل) ملنا سے متعدی المتعدی. صلح کرانا. ملاقات کرانا. مواصلت کرانا. شریک کرانا ٭

ملوّث (ع. صف مفعولی) آلودہ. سنا ہوا. لتھڑا ہوا. ناپاک نجس. پلید. رشوت خوار. قصوروار. گنہگار. تر دامن ٭

ملوکیہ یا ملوخیا (ف. مذ) ایک قسم کی خبازی. ایک خاص قسم کا ساگ جسے عرب لوگ پکاتے ہیں ٭

ملوک (ہ. صف) عمدہ. اچھا. نفیس. سُندر. خوبصورت. نازک حسین. جمیل. شکیل ٭

مُلوک (ع. مذ) ملک کی جمع. بہت سے بادشاہ ٭

مُلوکانہ (عف. صف. انہ تشبیہی) بادشاہوں جیسا. خسروانہ ٭

مُلوکیت (ع. امو) شہنشاہی ٭

مَلوُل (ع. صف) اُداس. غمگین. رنجیدہ. غمناک ٭

مَلولا (اُر. مذ) ململاہٹ. افسوس. دریغ. حسرت. رنج و غم ملال. (بواو مجہول ہے) ٭

مَلولا آنا (اُر. محاورہ) افسوس آنا. رنج آنا. ارمان آنا. ململاہٹ آنا ٭

مَلولے بھرے ہونا (اُر. محاورہ) بہت سے ارمان ہونا ٭

مَلولے ہونا (اُر. محاورہ) غم ہونا. ارمان ہونا. حسرتیں ہونا ٭

ملوّن (ع. صف مفعولی) رنگ برنگ کا. رنگ رنگ کا. بوقلموں گوناگوں ٭

ملوّنی (ہ. امو) ملاوٹ. کھوٹ. ملاوٹ. آمیزش ٭

مُلہّی یا ملہٹی (ف. مذ) کُتّا. مُلو. جال میں پر باندھ کر ڈالا ہوا پرندہ ٭

ملہٹھی یا ملیٹھی (ہ. امو) گھونگچی کی جڑ. چرمٹی کی جڑ. اصل السوس. گھونچی کے درخت کی جڑ ٭

مُلہِم (ع. صف. فاعلی) الہام کرنے والا. دل میں کوئی بات ڈالنے والا. خدا یتعالےٰ ٭

مُلہِم غیب (ع. مذ) غیب کی بات دل میں ڈالنے والا. پوشیدہ خبر دینے والا سروش. ہاتف ٭

مُلہَم (ع. صف مفعولی) الہام کیا گیا. وہ شخص جس کے دل میں غیب کی بات ڈالی جائے ٭

مُلیا (اُر. امو) مٹی کی ہنڈیا جیسا ایک چھوٹا برتن ٭

ملیامیٹ (ہ۔صف) روندا ہوا۔ ناپید۔ معدوم۔ تباہ و برباد ستیاناس۔ ویران۔ ملامٹا ہوا ٭
ملیامیٹ کرنا (ہ۔محاورہ) تباہ کرنا۔ نیست و نابود کرنا۔ ستیاناس کرنا۔ ویران کرنا ٭
ملی بھگت (ہ۔اسمو) اٹ سٹ۔ سازش گٹھت۔ ہمرازی ایکا۔ اتفاق ٭
ملے پنج (اُ صف) بوڑھا گھوڑا۔ آٹھ برس سے زیادہ عمر کا۔ عمر سے اترا ہوا گھوڑا ٭
ملیچھ یا ملیچھ (ہ۔مذ) ناپاک آدمی۔ پلید۔ نجس۔ گندے لوگ جنگلی۔ وحشی۔ بے دین کافر ٭
ملیح (ع۔صف) نمکین۔ سلونا۔ سانولے رنگ کا۔ خوبصورت صبیح کی ضد ٭
ملیدہ (معرس۔مذ) مالیدہ کا مخفف ایک قسم کا ملایم اونی کپڑا چوری۔ چورما۔ شکر اور گھی ڈال کر ملی ہوئی روٹی ٭
ملیریا (انگ۔ا۔مذ۔Malaria) موسمی بخار جو مچھروں سے پیدا ہوتا ہے
ملیشیا (انگ۔ا۔مذ۔مو۔Militia) رضاکار فوج۔ سیاہی مائل کپڑا۔
ملین (ع۔صف) نرمی کرنے والا۔ ملایم کرنے والا۔ منضج قبض کشا دوا ٭
ملین (ہ۔صف) ملگجا۔ نجس۔ ناپاک۔ پلید۔ میلا۔ گھناؤنا غلیظ۔ سست۔ اداس تاریک۔ کند ذہن۔ کوڑھ مغز
ملین (انگ۔مذ۔Million) عدد۔ دس لاکھ ٭

م — م

مم یا ممّا (ہ۔اسمذ) چھوٹے بچوں کا کلمہ ہے۔ پانی۔ چھاتی دودھی۔ چوچی ٭
ممات (ع۔اسمو) مرنا۔ موت۔ مرگ۔ مرن ٭
مماثل (ع۔صف) مانند۔ مثل۔ اس جیسا برابر۔ نظیر۔ پانی ہمشکل۔ مقابل ٭
مماثلت (ع۔اسمذ) مشابہت۔ مانند ہونا ٭
ممارست (ع۔اسمو) مشق۔ تجربہ ٭
مماس (ع۔مو۔مفعولی) ازمس۔ آپستہیں۔ گھسا ہوا۔ رگڑا ہوا چھوا ہوا۔ وہ خط جو کسی دوسرے خط کو چھوتا ہوا۔ دائرے کو چھوتا ہوا گزرے ٭
مماکھی (ہ۔اسمو) شہد کی مکھی ٭
ممالک (ع۔اسمذ) مملکت کی جمع۔ ملک سلطنت۔ بادشاہی مقامات ٭
ممالک غیر (ع۔اسمذ) وہ ملک جو اپنے ملک یا سلطنت سے باہر ہو ٭
ممالک غیر آئین (ع۔اسمذ) وہ ملک جن میں آئین کی پابندی نہ ہو ٭

ممالک محروسہ یا مقبوضہ (ع۔مذ) وہ ملک جو کسی بادشاہ کے قبضے یا حراست میں ہوں۔ ماتحت سلطنتیں ٭
ممالک مفتوحہ (ع۔مذ) سیوکیے ہوئے ملک ٭
ممالیک (ع۔اسمذ) مملوک کی جمع۔ غلام۔ بندے ٭
ممانعت (ع۔اسمو) مناہی۔ روک ٹوک۔ مزاحمت۔ بندش منع کرنا۔
ممانی (اُ۔مو) ماموں کی بیوی۔ مامی۔ ماں کے بھائی کی بیوی ٭
ممبر (انگ۔ا۔مذ۔Member) عضو۔ جوڑ۔ بند۔ مجلسی رکن صاحب۔ اہل جلسہ۔ شریک مجلس۔ حصہ دار۔ پتی دار ساجھی۔ شریک ٭
ممتا (س۔اسمو) خودی۔ انانیت۔ کسی چیز سے محبت اس وجہ سے کہ اپنی ہے۔ ملکیت کا خیال۔ خودغرضی۔ اُنس۔ محبت تکبر۔ غرور۔ شخصیت۔ لالچ۔ حرص۔ وہ محبت جو ماں کو اولاد سے ہوتی ہے ٭
ممتاز (ع۔صف۔مفعولی) امتیاز دیا گیا۔ جدا کیا گیا۔ مجازاً شریف۔ نامی۔ نامور۔ مشہور۔ اعلےٰ۔ افضل۔ عالی رتبہ برگزیدہ۔ بڑھیا۔ اعلےٰ درجہ کا ٭
ممتاز فرمانا (اُ۔محاورہ) عزت بڑھانا۔ معزز کرنا۔ مرتبہ بڑھانا ٭
ممتاز ہونا (اُ۔محاورہ) باعزت ہونا۔ مرتبہ بلند ہونا۔ معزز ہونا ٭
ممتحن (ع۔مذ) امتحان لینے والا۔ پرکھنے والا۔ جانچنے والا۔ جانچو۔ پرکھیا۔ پرتال کرنے والا ٭
ممتد (ع۔صف۔مفعولی) دراز کیا گیا۔ تانا گیا۔ کھینچا گیا دراز۔ لمبا۔ طویل ٭
ممتلی (ع۔صف) بھرا ہوا۔ پُر۔ لبریز۔ اٹا ہوا۔ معمور ٭
ممتنع (ع۔صف۔مفعولی) منع کیا گیا۔ ہٹایا گیا۔ روکا گیا ٭
ممتنع (ع۔صف) روکنے والا۔ باز رکھنے والا ٭
ممد (ع۔صف۔فاعلی) مدد کرنے والا۔ مددگار۔ معاون یار ٭
ممدوح (ع۔صف۔مفعولی) تعریف کیا گیا۔ مدح کیا گیا۔ وہ شخص جس کی تعریف کی جائے۔ موصوف ٭
ممدوحہ (ع۔ا۔مو) دیکھئے "ممدوح" جس کی یہ تانیث ہے ٭
ممدود (ع۔صف۔مفعولی) لمبا کیا گیا۔ دراز کیا گیا۔ کھینچا گیا پھیلایا گیا ٭
ممدودہ (ع۔صف۔مفعولی) مدد والا الف وہ الف جس پر مد ہو۔ دراز کیا ہوا الف ٭
ممر (ع۔مذ ظرف) گذرنے کی جگہ۔ رستہ۔ راہ۔ طور۔ طریق رہگذر ٭
ممریز (اُ۔اسمو) مہمیز کا بگاڑ ہے۔ لوہے کی دندانہ دار پھرکی جو سواروں کے بوٹ میں چابک کا کام دینے کے واسطے لگاتے ہیں ٭
ممزوج (ع۔صف۔مفعولی) ملایا ہوا۔ مخلوط شدہ۔ پانی یا عرق میں ملی ہوئی شراب ٭
ممسک (ع۔مذ۔فاعل) خرچ نہ کرنے والا۔ کنجوس۔ بخیل۔ شوم مکھی چوس

نکلنے سے روکنے والا ۔

ممنوس (ع۔ صف) چھوٹا ہوا ۔

ممکن (ع۔ صف۔ فاعلی) امکان والا ۔ ہو سکنے والا ۔ ہونے جوگ ہونیوالی بات ۔ شدنی ۔ ہونہار ۔ قابل امکان ۔ وہ چیز جو اپنے وجود میں دوسرے کی محتاج ہو ۔ قایم بالغیر ۔ مجال طاقت ۔ مقدور ۔ آسان

ممکن الحصول ۔ یا ۔ ممکن الوصول (ع۔ صف) حاصل ہونے کے قابل ۔ وصول ہونے کے لائق ۔

ممکن الوجود (ع۔ صف) جس کا ہونا ۔ نہ ہونا برابر ہو جس کا نہ تو ہونا ضروری ہو نہ نہ ہونا ۔ مخلوقات ۔

ممکن الوقوع (ع۔ صف) ہونی ۔ ہونے جوگ ۔ ہونہار ۔ شدنی ۔ وہ جس کے واقع ہونا کا امکان ہو ۔

ممکنات (ع۔ امبو) ممکن کی جمع ۔ وجود ۔ مخلوق ۔ قابل الحصول ۔

مملکت (ع۔ امبو) بادشاہت ۔ سلطنت ۔ حکومت ۔ راج ریاست ۔ ملک ۔

مملو (ع۔ صف) پُر ۔ بھرا ہوا ۔ بھرپور ۔ اٹا ہوا ۔

مملوک (ع۔ امذ) غلام ۔ بندہ ۔ زرخرید ۔

مملوکہ (ع۔ صف) مقبوضہ چیز ۔ خرید کی ہوئی چیز ۔ ملک میں آیا ہوا ۔ قبضہ کیا گیا ۔

مملوکہ و مقبوضہ (ع۔ صف) خریدا اور قبضہ کیا گیا ۔

ممنوع (ع۔ صف۔ مفعولی) منع کیا گیا ۔ ہٹایا گیا ۔ روکا گیا ۔ خلاف قانون ۔ ناجائز ۔ ناروا ۔ قابل مواخذہ ۔

ممنون (ع۔ صف) مفعولی ۔ احسان کیا گیا ۔ شکر گزار ۔ احسان مند نعمت دیا گیا ۔

ممنون ہونا (اُر۔ فعل) شکر گزار ہونا ۔ احسان مند ہونا ۔ شکریہ ادا کرنا ۔

ممنونیت (عف۔ امبو) احسان مندی ۔

ممورئیل Memorial (انگ۔ مذ)



یادگار عمارت یا جگہ ۔ ممورئیل

ممولا (ہ۔ امذ۔ بزاو مجہول) ایک چھوٹے پرندے کا نام ہے ۔ جھانپو ۔ سریچہ ۔ صعوہ ۔ مجازاً پیارا بچہ ۔

ممولے چڑنا (ہ۔ فعل) نہایت خاطر تواضع کرنا ۔

ممی (انگ۔ امبو) Mummy لاش جو مسالہ لگا کر محفوظ رکھی جائے ۔ حنوط شدہ بچے ماں کو کہتے ہیں ۔

ممیا خسر (اُر۔ مذ) خاوند کا ماموں ۔ موسرا ۔

ممیا ساس (ہ۔ امبو) خاوند کی خالہ ۔ موسی ۔

ممیانا (ہ۔ فعل) بکری کا بولنا ۔ بکری کا میں میں کرنا ۔

ممیرا (اُر۔ امذ) مامیران کا بگاڑ ہے ۔ ہلدی سے مشابہ اور کھٹیلی جڑ کا نام جو آنکھ کے لیے مفید ہوتا ہے ۔

ممیرا (ہ۔ صف۔ بیائے مجہول) ماموں کا بیٹا ۔ ماموں زاد ۔

ممیری (اُر۔ امبو) ماموں کی بیٹی ۔

ممیز (ع۔ صف۔ فاعلی) بُرے کو بھلے سے اور نیک کو بد سے تمیز کرنے والا ۔ تاڑو ۔ بھانپو ۔

ممیزہ (ع۔ صف) تمیز کرنے والی ۔ پہچاننے والی ۔

م ۔ ن

من (ہ۔ مذ) دل ۔ جی ۔ جیوڑا ۔ قلب ۔ چالیس کلو کا وزن سانپ کا مہرہ ۔ سولہ چھٹانک یا اسی تولے کا وزن ۔ دو طل کا وزن ۔ گنو بٹیں کی مینڈ ۔

من اٹکا تن جھٹکا (ہ۔ مثل) عشق ہوا اور دبلا پن آیا ۔ عشق کے غم میں لاغری ضروری ہے ۔

من اٹکنا / من الجھنا (اُر۔ محاورہ) دل آنا ۔ عاشق ہونا ۔ پریت ہونا آنکھ لگنا ۔ دل پھنسنا ۔

من اُکتانا (ہ۔ محاورہ) دل بیزار ہونا ۔ جی گھبرانا ۔

من اُگلنا (ہ۔ محاورہ) سانپ کا اپنے مُہرے کو مُنہ سے باہر نکلنا ۔

من امراؤ کرم دلدری (ہ۔ مثل) دل تو امیر ہے مگر قسمت ہیٹی ہے ۔

من بسنا (ہ۔ محاورہ) دل میں رہنا ۔ دل میں سمانا ۔

من بھاتا (ہ۔ صف) دل پسند ۔ مرغوب خاطر جیسے من بھاتا کھایئے جگ بھاتا پہنئے ۔

من بھاتا کھایئے جگ بھاتا پہنئے (اُر۔ مثل) کھانا اپنی پسند کا کھایئے ۔ اور لباس عام پسند کا پہنئے ۔

من بھاری کرنا (ہ۔ محاورہ) اُداس ہونا ۔ کڑھنا ۔ دل میلا کرنا غمگین ہونا ۔

من بھاؤن / من بھاؤنا (ہ۔ صف) دل پسند ۔ پیارا ۔ محبوب ۔ عزیز ۔ ساجن ۔ دل کو پسند آنے والا ۔ جی کو بھانے والا ۔

من بھائے منڈ یلا ہلائے / من چاہے منڈ یلا ہلائے (اُر۔ مثل) دل تو چاہتا ہے مگر بظاہر انکار ہے اُوپر سے دل سے انکار ۔

من بھر (ہ۔ صف) پُورا چالیس کلو ۔ ایک من (بحالت تابع فعل) جی بھر کر ۔ خاطر خواہ ۔

من بھر کا سر ہلاتے ہیں پیسہ بھر کی زبان نہیں ہلائی جاتی (ہ۔ محاورہ) مغرور کی نسبت بولتے ہیں ۔ جو سلام کا جواب سر ہلا کر ہی دیدے زبان سے کچھ نہ بولے ۔

من بھر جانا (ہ۔ محاورہ) طبیعت کا بھر جانا ۔ اُکتا جانا ۔ دل سیر ہو جانا ۔ جی بیزار ہو جانا ۔

مَن پھٹ جانا (ہ۔ محاورہ) کسی سے نفرت ہو جانا۔ دل بیزار ہونا ۔
مَن چلنا (ہ۔ محاورہ) جی چاہنا۔ کسی چیز پر رجھ جانا دل کا راغب ہو جانا۔ دل قابو میں نہ رہنا۔ دیوانہ ہونا ۔
مَن چلا (ہ۔ صف) سورما۔ بہادر۔ دلیر۔ دل چلا۔ بے باک ۔
مَن چلتا ہے کھوٹ نہیں (اُر۔مثل) حوصلہ بڑا ہے مقدور کچھ نہیں ۔
مَن چنگا تو کٹھوتی میں گنگا (ہ۔مثل) اگر دل اچھا ہے اور عقیدہ صحیح اور درست ہے تو ہر جگہ خدا ہے ۔
مَن چھوڑنا (اُر۔محاورہ) سانپ کا من نکال کر رکھ دینا ۔
مَن رنجن (اُر۔صف) خوش گوار۔ دل کو خوش کرنے والا ۔
مَن سانچا تو سب سانچا (اُر۔مثل) اعتقاد ٹھیک ہوتا ہے تو سب ٹھیک ہوتا ہے ۔
مَن سمجھوتہ۔ یا مَن سمجھوتی (ہ۔ر۔ مذکر ر۔ مونث) دل کا سمجھنا لینا۔ دل کی تسلی۔ تسکین خاطر ۔
مَن سمجھوتی کرنا (ہ۔محاورہ) دل کو سمجھنا لینا۔ اپنی تسلی کر لینا۔ اطمینان کر لینا۔ تسلی کر لینا ۔
مَن کا چیتا (ہ۔مذ۔ بیائے مجہول) دل کی خواہش۔ دل کا چاہا ۔
مَن کا میلا (ہ۔صف) دل میں کھوٹ رکھنے والا۔ منافق۔ ریاکار بدباطن ۔
مَن کچا کرنا (اُر۔محاورہ) ہمت ہارنا۔ دل توڑنا ۔
مَن کرنا (ہ۔محاورہ) جی چاہنا۔ خواہش ہونا۔ دل چاہنا ۔
مَن کھٹا ہونا (اُر۔محاورہ) طبیعت بیزار ہونا۔ جی برا ہونا ۔
مَن کھراکھوٹا ہونا (اُر۔محاورہ) ایام حمل میں عورت کا جی ہر ایک چیز کھانے کو چاہنا ۔
مَن کے چیتے ہونا (ہ۔محاورہ) دل کی مرادیں پوری ہونا ۔
مَن کے لڈو پھوڑنا (ہ۔محاورہ) دل ہی دل میں خوش ہونا۔ خیالی پلاؤ پکانا ۔
مَن کی مارمی (ہ۔صف) مُردہ دل۔ افسردہ خاطر ۔
مَن کی من میں رہنا (ہ۔محاورہ) جی کا ارمان جی میں ہی رہ جانا۔ ارمان نہ نکلنا۔ دل میں حسرت رہ جانا۔ شوق کا پورا نہ ہونا ۔
مَن کی موج (ہ۔مو) دل کی لہر۔ دل کی ترنگ۔ دل کا جوش ۔
مَن کے ہارے ہار ہے مَن کے جیتے جیت (ہ۔مثل) دل چھوڑ بیٹھنے سے کچھ نہیں بنتا۔ حوصلہ سے ہی کام ہوتا ہے ۔
مَن لبھانا (ہ۔محاورہ) من کو موہ لینا۔ دل کو فریفتہ کرنا۔ دل کو مائل کرنا ۔
مَن للچانا (ہ۔محاورہ) دل میں خواہش پیدا ہونا۔ دل کا خواہش کرنا۔ دل چلنا ۔
مَن لینا (ہ۔محاورہ) دل کو موہ لینا۔ فریفتہ کر لینا۔ دل چھین لینا۔ ارادہ معلوم کرنا۔ خیال کو بھانپنا۔ عندیہ معلوم کرنا ۔
مَن مار رہنا (ہ۔محاورہ) دل کو مسوس کر رہنا۔ مجبوراً صبر کر جانا۔ خواہش کو جبراً دبانا ۔
مَن مار کے بیٹھ رہنا (ہ۔محاورہ) ناامید ہو کر بیٹھ رہنا۔ صبر کر بیٹھنا۔ جی مار کے بیٹھ جانا ۔
مَن مارنا (ہ۔محاورہ) خواہش کو دبانا۔ نفس کشی کرنا۔ صبر اختیار کرنا ۔
مَن جانتا (ہ۔صف) من بھاتا۔ خواہش کے مطابق۔ حسب مراد حسب دلخواہ ۔
مَن مانی (ہ۔مو) خود مختاری۔ حسب منشا۔ مرضی کے مطابق ۔
مَن مانی گھر جانی (اُر۔مثل) بے جا ضد پر کہتے ہیں ۔
مَن مانی مراد پانا (اُر۔محاورہ) خاطر خواہ آرزو پوری ہونا ۔
مَن مانے (ہ۔تابع فعل) دل چاہے۔ دل میں آئے ۔
مَن مست (اُر۔صف) من موجی۔ زندہ دل ۔
مَن ملنا (ہ۔محاورہ) دل ملنا۔ دل کا موافق ہونا ۔
مَن میں آنا (ہ۔محاورہ) دل میں آنا۔ خیال میں گزرنا۔ دل میں سمانا خواہش ہونا ۔
مَن من بھر کے پاؤں (انگلینڈ) پاؤں کا سوج کر بھاری ہو جانا۔ بہت زیادہ تکان سے پاؤں کا بھاری ہو جانا ۔
مَن میں شیخ فرید بغل میں اینٹیں (اُر۔مثل) ظاہر۔ اچھا۔ باطن خراب۔ ظاہر کچھ باطن کچھ ۔
مَن موجی (ہ۔صف) آزاد طبع۔ من مست۔ دل کا بادشاہ ۔
مَن موہن (ہ۔صف) دل کو موہ لینے والا معشوق۔ محبوب پیارا ۔
مَن میٹنا (اُر۔محاورہ) قربان کرنا۔ صدقے کرنا ۔
مَن میلا کرنا (اُر۔محاورہ) اُداس ہونا۔ رنجیدہ ہونا ۔
مَن میں چھٹانک (اُر۔صف) بہت میں سے تھوڑا۔ کافی میں سے تھوڑی چیز ۔
مَن میں شیخ فرید بغل میں اینٹیں (اُر۔مثل) ظاہر کچھ۔ باطن کچھ ۔
مَن ہارنا (اُر۔محاورہ) ہمت ہارنا ۔
مَن ہرن (ہ۔صف) دل چرانے والا۔ چت چور۔ معشوق ۔
من ہرنا (ہ۔محاورہ) دل کو چرانا۔ دل چھین لینا ۔
مَن (ع۔کلمہ موصول) وہ شخص جو۔ کوئی۔ کلمہ استفہام۔ کون ہے ۔
مَن (ہ۔مذ) احسان۔ منت۔ منزر۔ کمی۔ نقصان۔ ترنجبین شیرخشت۔ شہد۔ انگبین ۔
مَن وسلویٰ (ع۔مذ) ترنجبین اور بیڑے۔ خوان نعمت۔ وہ نفیس اور عمدہ کھانے جو بنی اسرائیل پر حضرت موسےٰ کی دعا سے بھوک پیاس کے زمانے میں ایک جنگل میں اُترے ۔
مَن (ف۔اسم ضمیر) واحد متکلم کے صیغہ کی نسبت کے لیے جیسے دشمن (اسم مذکر) تودہ۔ ڈھیر۔ جیسے خرمن۔ ترازو کی ڈنڈی کے بیچ کا سوراخ جس میں سوت باندھتے ہیں ۔
مَن آنم کہ مَن دانم (ف۔مثل) میں جیسا ہوں خود ہی جانتا ہوں۔ تعریف میں اپنی عاجزی ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں ۔
مَن ترا حاجی بگویم تو مرا ملا بگو (ف۔مثل) میں تجھے حاجی کہتا ہوں تو مجھے ملا کہہ۔ ایسے موقع پر کہتے ہیں جب دو آدمی ایک دوسرے کی تعریف کرنے لگیں ۔
مَن چہ می سرائم و طنبورہ مَن چہ می سراند (ف۔مثل) میں کیا

بگار باہوں اور میرا طبوہ کیا گار رہا ہے۔ اس وقت کہتے ہیں جب کسی شخص کا بیان اس کی تحریر کے خلاف ہو ٭

من خوب می شناسم پیرانِ پارسارا (ف۔مثل) میں پرہیزگار پیروں کو خوب جانتا ہوں۔ بھی میں مکار آدمیوں سے خوب واقف ہوں ٭

من درچہ خیالیم و فلک درچہ خیال (ف۔مثل) اس وقت بولتے ہیں جب کوئی امر منصوبے کے خلاف ہو ٭

من نہ کردم ستا حذر بکنید (ف۔مثل) میں نے نہیں کہا تم پرہیز کرو۔ خود تکلیف اٹھا کر دوسروں کو نصیحت کرنا ٭

مِن (ع) حرف جار۔ از۔ سے۔ پر۔ کا۔ ساتھ۔ مع۔ در۔ میں۔ مشابہ۔ مانند۔ بمقابلہ اس کے۔ ماسوا ٭

مِن اوّلہٖ الیٰ آخرہٖ (ع۔محاورہ) شروع سے لے کر آخر تک۔ ابتدا سے انتہا تک ٭

مِن بعد (ع۔فعل) اس کے بعد۔ بعد ازاں۔ پس ازاں۔ آئندہ کو۔ آگے کو۔ ابھی۔ فوراً۔ تُرت ٭

مِن جانب اللہ (ہ۔محاورہ) غیب سے۔ خدا کی طرف سے۔ خود بخود آپ ہی آپ ٭

مِن جملہ (ع۔محاورہ) سب میں سے۔ تمام میں سے۔ کل میں سے ٭

مِن کل وجوہ (ع۔محاورہ) ہر طرح سے۔ ہر صورت سے۔ ہر طور پر ہر طریق پر ٭

مِن وجہ (ع۔فعل) ایک صورت سے۔ ایک طرح سے۔ ایک صورت میں ٭

مِن وعَن (ع۔محاورہ) جوبجو۔ جوں کا توں۔ مفصل۔ حرف بحرف بیورے وار ٭

مُن (س۔امذ) رکھی۔ رشی۔ منی۔ گیانی۔ دھیانی۔ سادھو۔ جوگی مرتاض۔ ولی۔ اولیا ٭

مَن (س۔مذ) جوہر۔ قیمتی پتھر۔ نگ۔ رتن۔ منی ٭

مُنّا (ہ۔فعل) خفگی دُور ہونا۔ راضی ہونا۔ خوش ہونا۔ رنجیدگی دور ہونا

مُنّا (ہ۔مذ) چھوٹا بچہ۔ دلارا۔ لاڈلا۔ پیارا۔ ننھا ٭

مَنابِر (ع۔مذ) منبر کی جمع۔ سیڑھی دار۔ چبوترہ۔ جس پر کھڑے ہو کر جمعہ کے روز امام خطبہ پڑھتا ہے ٭

منابِع (ع۔امذ) منبع کی جمع ٭

مَنات (ع۔مذ) عرب کے ایک مشہور بت کا نام جس کی زمانہ جاہلیت میں پوجا ہوتی تھی ٭

مُناجات (ع۔امو) کانا پھوسی۔ سرگوشی۔ مجازاً دُعا۔ التجا۔ بھجن دعائیہ نظم ٭

مُناجات پڑھنا (اُر۔محاورہ) بھجن گانا۔ خدا کی بزرگی اور بڑائی کے گیت گانا ٭

مُناجاتی (ع۔امذ۔بیائے غالبیت) مناجات پڑھنے والا ٭

مُنادمت (ع۔امو) ہم نشینی۔ مصاحبت ٭

مُنادے (ع۔امذ) مفعول۔ پکارگیا۔ ندا کیا گیا۔ وہ شخص جسے پکاریں۔

مُنادی (ع۔امذ۔فاعل) حکم حاکم سنانے کو پکارنے والا۔ ڈھنڈورچی ڈونڈی پیٹنے والا ٭

مَنادی (اُر۔مو) ڈھنڈورا۔ ڈونڈی کسی بات کی ممانعت کا اعلان۔ وعظ تلقینی مذہب ٭

مُنادی پھرنا (اُر۔محاورہ) اعلان ہونا۔ ڈونڈی پٹنا ٭

مُنادی کرنا (اُر۔محاورہ) شہرت دینا۔ مشہور کرنا۔ وعظ کرنا۔ اپدیش کرنا۔ ڈونڈی پیٹنا ٭

مَنادیل (ع۔مو) مندیل کی جمع ٭

مَنار۔ مَنارہ (ع۔امذ) نور کی جگہ۔ دوستی کی جگہ۔ چراغدان۔ لاٹھ اونچا ستون۔ پیل پایہ۔ کھم۔ تھم۔ جہاز کو روشنی دکھانے کا اونچا ستون ٭

مُنازَعَت (ع۔امو) تکرار۔ جھگڑا رٹنٹا۔ بکھیڑا۔ بحث۔ قضیہ ٭

مُنازَعہ فیہ (ع۔امذ) وہ بات جس کے لیے جھگڑا ہو ٭

مَنازِل (ع۔امو ظرف) منزل کی جمع۔ پڑاؤ اترنے کی جگہ۔ مسکن مقامات۔ مکانات ٭

مَنازِلِ قمر (ع۔امذ) نچھتر۔ چاند کے ستائیس گھر۔ مقامات قمر ٭

مُناسِب (ع۔صف۔فاعلی) نسبت رکھنے والا۔ زیبا۔ موزون لائق۔ موافق۔ شایاں۔ ٹھیک۔ مفعول۔ درست۔ جائز اور لازم ٭

مُناسَبَت (ع۔امو) باہمی تعلق۔ آپس کا لگاؤ۔ علاقہ۔ نسبت موزونیت ٭

مُناسَخہ (ع۔امذ) فقہ اسلامی کا ایک قاعدہ جس کی رو سے ورثا کے حصے مقرر کیے جاتے ہیں ٭

مَناسِک (ع۔امذ) مَنسَک کی جمع۔ مکہ معظمہ میں وہ جگہ حاجی قربانی کرتے ہیں۔ عبادت کے طریقے ٭

مَناصِب (ع۔مذ۔ظرف) منصب کی جمع کھڑا ہونے کے مقامات۔ مجازاً۔ مرتبے عہدے۔ رتبے ٭

مُناصَفَت (ع۔امذ) آدھم آدھ۔ آدھوں آدھ۔ نصفا نصفی برابر کے دو حصے۔ دو ٹوک برابر ٭

مُناط (ع۔امذ) مقصد۔ بنیاد ٭

مناطِ دعویٰ (ع۔امذ۔ترکیب فارسی) دعوے کی بنیاد بنائے دعویٰ ٭

مُناظِر (ع۔صف۔فاعلی) بحث مباحثہ کرنے والا۔ حجتی جھگڑالو۔ معترض ٭

مَناظِر (ع۔امذ۔ظرف) منظر کی جمع۔ تماشا گاہیں۔ نظارے ٭

مُناظِرانہ (عف۔صف) تکرار سے۔ بحث سے ٭

مُناظَرہ (ع۔امذ) باہم نظر کرنا۔ آنکھ لڑانا۔ مانند ہونا۔ مشابہ ہونا۔ جدائی کرنا۔ باہم بحث کرنا۔ بحث و تکرار۔ مذہبی امور کے متعلق بحث کرنا۔ مباحثہ کے قوانین کا علم ٭

مُناظَرہ (ع۔امذ) آپس میں نظیں پڑھنا ٭

مَناقِذ (ع۔امذ۔ظرف) منقذ کی جمع جاری ہونے کی جگہ۔ جاتے

نفوذ۔ نکاس کی جگہ۔ راہ۔ گزرگاہ ٭

مُنافِر (ع۔ اسف) نفرت پھیلانے والا ٭

مُنافِرَت (ع۔ اسمو) نفرت۔ کھن۔ پرہیز ٭

مُنافَسَت (ع۔ اسمو) ایک دوسرے سے بڑھنے کی کوشش کرنا۔ معارضہ۔ برابری۔ حسد ٭

مُنافِع (ع۔ صف۔ فاعلی) نفع دینے والا۔ فائدہ دینے والا ٭

مَنافِع (ع۔ مذ۔ ظرف) منفعت کی جمع۔ فائدے۔ نفعے ٭

مَنافِع بانی/زاید (عف۔ اسف) فالتو فائدے ٭

مَنافِع عام (عف۔ اسف) کل رقم یا آمدنی جس میں اصل رقم اور نفع شامل ہو ٭

منافِع عمومیّہ (عف۔ اسف) عوام کے فائدے ٭

مَنافِع مُسْتَحِرّہ (عف۔ اسف) وہ فائدے جو ہمیشہ جاری رہیں ٭

مُنافِق (ع۔ اسمذ۔ فاعل) نفاق والا۔ کپٹی۔ ریاکار۔ کافر بے دین۔ ملحد ٭

مُنافِقَت (ع۔ اسمو) باطن کا ظاہر کے خلاف ہونا۔ ریاکاری مکاری۔ ظاہر میں دوستی باطن میں دشمنی ٭

مَناقِب (ع۔ اسمو) منقبت کی جمع تعریفیں۔ خوبیاں۔ بھلائیاں مجازاً۔ اہل بیت اور اصحاب کبار کی تعریف ٭

مُناقَبَت (ع۔ اسمو) حمد وثنا۔ توصیف وتعریف۔ مجازاً اہل بیت اور اصحاب کبار کی ثنا ٭

مُناقَشہ (ع۔ مذ) جھگڑا۔ بکھیڑا۔ ٹنٹا۔ قضیہ قصہ۔ نزاع ٭

مُناقِض (ع۔ صف۔ فاعلی) توڑنے والا۔ مخالف۔ ناموافق ٭

مُناکَحَت (ع۔ اسمو) مرد وعورت کا نکاح۔ باہم نکاح ہونا عقد نکاح۔ گٹھ بندھن ٭

مَنال (ع۔ مذ) حاصل ہونے کی جگہ۔ پانے کی جگہ۔ مجازاً جاگیر جائداد۔ باغ۔ کھیتی وغیرہ۔ مجازاً مال کا مرادف ٭

مُنال (ہ۔ اسمذ) مُرغ زرّیں۔ ایک نہایت خوبصورت پرندے کا نام ہے جس کی گردن میں سبز لاجوردی کنٹھا اور سر پر تاج ہوتا ہے۔ مور سے مشابہ ہوتا ہے ٭

مَنانا (ہ۔ فعل) رضامند کرنا۔ خوش کرنا۔ روٹھے کو راضی کرنا۔ رنجیدہ کو خوش کرنا۔ رچانا کرنا۔ عمل میں لانا۔ منت ماننا۔ دُعا کرنا۔ چاہنا۔ نام لینا۔ سمرنا۔ بھجنا۔ عقیدہ رکھنا۔ پوجا کرنا۔ بھینٹ چڑھانا۔ مانتا کرنا ٭

مَنّان (ع۔ صف۔ مبالغہ) بہت احسان کرنا۔ نیکوئی کرنے والا مراداً خدا تعالیٰ ٭

مَناہِج (ع۔ اسمو۔ ظرف) منہج کی جمع راستے۔ راہیں ٭

مَناہی (ع۔ اسمو) منہی کی جمع۔ خلاف شرع باتیں۔ ناجائز باتیں روک ٹوک۔ بندی۔ ممانعت ٭

مَنائی (اُ۔ اسمو) مناہی کا بگاڑ۔ روک ٹوک بندش۔ بندی منع کرنا۔ ممانعت ٭

مُنبَتّ (ع۔ صف) اُگایا ہوا۔ اُبھرا ہوا۔ اپنی سطح سے ذرا اُونچا اُٹھا ہوا۔ نقش۔ اُوپر اُٹھا ہوا نقش ٭

مُنبَتّ کاری (عف۔ اسف) بیل بوٹے کا کام جو لکڑی وغیرہ پر کیا جاتا ہے ٭

مِنبَر (ع۔ مذ) اونچی جگہ۔ مسجد کا وہ سیڑھی دار اونچا مقام جہاں خطیب خطبہ پڑھتا ہے ٭

مِنبَر کو بنائے مسجد کو ڈھائے (اُ۔ مثل) چھوٹی باتوں سے پرہیز اور بڑی ممنوعہ باتوں پر دلیر ٭

مُنبَسِط (ع۔ صف فاعلی پھیلنے والا۔ مجازاً خوش۔ بشاش۔ آنند مسرور۔ خوشحال ٭

مَنبَع (ع۔ اسمذ) ظرف۔ پانی نکلنے کی جگہ۔ چشمہ۔ سوتا۔ مجازاً مطلق نکلنے کی جگہ مصدر۔ بمبا۔ پمپ۔ پانی کا نل۔ پانی کا خزانہ ٭

مِنّت (ع۔ اسمو) احسان۔ بھلائی۔ سلوک۔ بینتی۔ خوشامد۔ چاپلوسی۔

مِنّت اُٹھانا (اُ۔ محاورہ) احسان اُٹھانا۔ ممنون ہونا ٭

مِنّت پذیر (عف۔ صف) احسان مند۔ احسان ماننے والا ٭

مِنّت خوشامد (عف۔ اسمذ) عاجزی۔ خوشامد ٭

مِنّت دار (اُ۔ صف) احسانمند۔ ممنون۔ عاجزی کرنے والا۔ گڑگڑانے والا ٭

مِنّت دار کرنا (اُ۔ محاورہ) احسان مند کرنا۔ ممنون کرنا ٭

مِنّت دار ہونا (اُ۔ محاورہ) احسان مند ہونا۔ ممنون ہونا ٭

مِنّت داری (عف۔ اسمو) دیکھئے "منت دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ٭

مِنّت سماجت (اُ۔ اسمو) خوشامد۔ درآمد۔ چاپلوسی۔ للوپتو ٭

مِنّت شناس (عف۔ صف) احسان مند ٭

مِنّت کرنا (اُ۔ محاورہ) عاجزی کرنا۔ گڑگڑانا۔ بینتی کرنا۔ ناک رگڑنا۔ ہاہا کھانا ٭

مِنّت کش ہونا (اُ۔ محاورہ) احسان مند ہونا۔ کسی کا شرمندہ ہونا ٭

مِنّت کھینچنا (اُ۔ محاورہ) احسان اُٹھانا ٭

مِنّت گزار (عف۔ صف) شکرگزار ٭

مِنّت لینا (اُ۔ محاورہ) احسان برداشت کرنا ٭

مَنّت (ہ۔ اسمو) ماننا۔ نذر۔ نیاز۔ بھینٹ۔ سنکھنا۔ عہد وہ وعدہ جو کسی بزرگ یا خدا سے کیا جائے ٭

مَنّت اُتارنا (اُ۔ محاورہ) مراد پوری ہونے پر نذر ونیاز کرنا ٭

مَنّت بڑھانا یا چڑھانا (اُ۔ محاورہ) ماننا ادا کرنا۔ عہد پورا کرنا۔ مراد پوری ہونے پر منت کو ادا کرنا۔ گنڈا تعویذ یا طوق بیڑی اُتارنا ٭

مَنّت پوری ہونا (اُ۔ محاورہ) مانگی ہوئی مراد حاصل ہونا ٭

مَنّت چڑھانا (اُ۔ محاورہ) بھینٹ چڑھانا۔ عہد پورا کرنا ٭

مَنّت کا چھلا اُٹھانا (اُ۔ محاورہ) عورتیں چاندی کا چھلا دھوکر اٹھاتی اور منت پوری ہونے پر اس کو فروخت کر کے نذر نیاز کرتی ہیں ٭

مَنّت کا طوق (اُ۔ اسمذ) کسی پیر یا دیوتا وغیرہ کے نام کا تعویذ

یا گنڈا وغیرہ جو بچے کے گلے میں میعاد مقررہ تک پڑا رہتا ہے ۔
منّت کے بال (ہ۔امذ) کسی بزرگ کے نام پر کچھ عرصہ کے لیے رکھے ہوئے بال ۔
منّت مانگنا (اُر۔محاورہ) کسی کی نذر نیاز کرکے مراد چاہنا ۔
منّت ماننا (اُر۔محاورہ) عہد کرنا۔ بھیٹ ماننا۔ چڑھاوا ماننا۔ مانتا کرنا۔ نیاز ماننا۔ نذر ماننا ۔
مُنتج (ع۔صف۔فاعلی) نتیجہ دینے والا۔ ثمرہ دینے والا ۔
مُنتج (ع۔صف۔مفعولی) بانتیجہ۔ نتیجہ دیا گیا ۔
مُنتخب (ع۔صف۔مفعولی) چُنا گیا۔ چُنا ہوا۔ انتخاب کیا گیا۔ چھانٹا ہوا۔ چیدہ۔ پسندیدہ۔ عجیب۔ طرفہ۔ یکتا۔ نایاب۔ نرالا خال خال ۔
مُنتخب روزگار (ف۔صف) بے مثل۔ لاجواب ۔
مُنتخب کرنا (اُر۔محاورہ) چھانٹنا۔ چُننا۔ خلاصہ کرنا۔ پسند کرنا۔ اخذ کرنا۔ اختیار کرنا ۔
منتر (ہ۔امذ) رشتہ دار۔ پیارا۔ محبوب۔ یار۔ دوست۔ آشنا۔ عزیز ۔
مَنتر (س۔امذ) جادو۔ سحر۔ مُوٹھ۔ ٹونا۔ افسون۔ ٹوٹکا۔ کلام عمل۔ ردّیا۔ وید کے ایک حصہ کا نام ۔
منتر پڑھنا (ہ۔محاورہ) عمل پڑھنا۔ کلام پڑھنا ۔
منتر پھونکنا (ہ۔محاورہ) جادو پڑھ کر دم کرنا۔ افسون پڑھنا ۔
منتر جنتر (س۔امذ) جادو ٹونا۔ تعویذ گنڈا۔ جھاڑ پھونک۔ بھوت بدیا ۔
منتر چلانا / **منتر مارنا** (ہ۔محاورہ) جادو کرنا۔ ٹونا کرنا۔ موٹھ مارنا ۔
منتر چلنا (اُر۔محاورہ) جادو کا کارگر ہونا ۔
منتر دینا (ہ۔محاورہ) مرید کو دینی ہدایات سمجھانا۔ تلقین کرنا گرمنتر بتانا ۔
منتری (س۔امذ۔کر) تلقین کرنے والا۔ ہادی۔ پیر۔ مرشد۔ ایدیشی۔ نیک صلاح دینے والا۔ مشیر۔ وزیر۔ کونسلی۔ سکرٹری۔ جادوگر۔ ساحر ۔
منتزع (ع۔امذ) کسی چیز میں سے کھینچ کر نکالنے والا ۔
منتسب (ع۔صف۔فاعلی) نسبت رکھنے والا۔ لگاؤ رکھنے والا ۔
منتشر (ع۔صف۔فاعلی) بکھرنے والا۔ پراگندہ ہونے والا۔ تتر بتر ہونے والا۔ پراگندہ۔ متفرق ۔
منتشر کرنا (اُر۔) بکھیرنا۔ پراگندہ کرنا۔ کھنڈانا۔ تتر بتر کرنا ۔
منتظر (ع۔صف۔فاعلی) انتظار کرنے والا۔ راہ تکنے والا۔ اُمیدوار متوقع۔ آس تکنے والا۔ اُڈیکنے والا ۔
منتظر حکم (ع۔امذ) حکم کا انتظار کرنے والا ۔
منتظر رکھنا (اُر۔محاورہ) انتظار میں رکھنا۔ آس میں رہنا۔ اُمید میں رہنا ۔
منتظم (ع۔صف۔فاعلی) انتظام کرنے والا۔ پرو دیا جانے والا بندھنے والا۔ کفایت شعار۔ جزورس۔ گماشتہ۔ کارندہ۔ کارکن۔ سربراہ کار ۔
مُنتظم (ع۔صف) کام کا تمام ہونا یا درست ہونا ۔
مُنتفع (ع۔صف۔فاعلی) فائدہ حاصل کرنے والا۔ نفع اٹھانے والا ۔
مُنتفی (ع۔صف۔فاعلی) فنا ہونے والا نیست ہونے والا۔ ہو چکنے والا ۔
منتقل (ع۔صف۔فاعلی) انتقال کرنے والا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ چلا جانے والا۔ جگہ بدلنے والا ۔
منتقل الیہ (ع۔مذ) (قانون) وہ شخص جس کے نام پر کوئی چیز منتقل کی جائے ۔
منتقل کرنا (اُر۔محاورہ) تبدیل کرنا۔ بدلنا۔ بیع کرنا۔ ایک کے نام سے دوسرے کے نام پر کرنا ۔
منتقم (ع۔صف۔فاعلی) بدلا لینے والا۔ عوض لینے والا۔ انتقام لینے والا ۔
منتقم حقیقی (ع۔امذ) اصل سزا دینے والا۔ خدا تعالی۔ قادر مطلق اصلی بدلا لینے والا ۔
منتقم مجازی (ع۔امذ) ظاہرا بدلہ لینے والا۔ مراداً بادشاہ حاکم۔ افسر ۔
منتہی (ع۔صف۔مفعولی) انتہا کیا گیا۔ انجام کو پہنچا ہوا۔ کامل تمام۔ پورا۔ مکمل ۔
منتہی (ع۔صف۔فاعلی) انتہا کو پہنچنے والا۔ تحصیل علم کو پورا کر چکنے والا۔ لایق۔ عالم۔ فاضل ۔
منتی (اُر۔مو) بنتی کا بگاڑ۔ عاجزی۔ خوشامد درآمد ۔
منتیں (ہ۔امو) منت بمعنی عہد کی جمع۔ وعدے۔ اقرار۔ نذریں نیازیں ۔
منتیں ماننا (اُر۔محاورہ) نذریں ماننا۔ وعدے وعید کرنا ۔
منتیں کرنا (اُر۔محاورہ) عاجزیاں کرنا۔ گڑگڑانا۔ خوشامدیں کرنا ۔
منٹ (انگ۔امذ۔Minute) لمحہ۔ گھنٹے کا ساٹھواں حصہ۔ درجہ۔ روئداد۔ حقیقت ۔
منٹ (انگ۔امو۔Mint) سکہ ڈھالنے کی جگہ ۔
منثور (ع۔امو) نثر۔ منظوم کی ضد۔ پراگندہ۔ اَن بدھ موتی ۔
منجا (ہ۔مذ) پلنگ۔ چارپائی ۔
منجانا (ہ۔محاورہ) خوش ہو جانا۔ روٹھا ہوا نہ رہنا۔ راضی ہو جانا ۔
منجدھار (اُر۔امو) سمندر یا دریا کے بیچ کی دھار (مص) عین مصیبت کی جگہ ۔
منجذب (ع۔صف) جذب ہونے والا ۔
منجلی (ع۔صف۔فاعلی) ظاہر۔ روشن۔ آشکارا۔ مجازاً حل ۔
منجم (ع۔امذ) نجومی۔ ستاروں کا علم جاننے والا۔ جوتشی۔ پترا بنانے والا۔ جنتری بنانے والا ۔
منجمِد (ع۔صف۔فاعلی) جما ہوا۔ ٹھٹھرا ہوا۔ بستہ۔ غلیظ قطبین کے قریب کا سمندر ۔

مُنجمد ہونا (اُ۔فعل) سردی سے کسی مائع کا جم جانا۔ جمنا۔ بستہ ہونا۔
مَنجَن (ہ۔ا۔مذ) دانتوں کو صاف کرنے کا سفوف۔ دانتوں کا پوڈر
دانت مانجنے کی دوا ؛
مَنجنا (ہ۔ فعل) تانبے پیتل وغیرہ کے برتنوں کا ہونا۔ کسی علم یا ہنر میں مشاق ہونا۔ صیقل ہونا ؛
مَنجَنیق (ع۔ا۔مذ) فلاخن۔ گوپیا قلعہ شکنی کا ایک آلہ۔ جس سے دیوار قلعہ پر بڑے بڑے پتھر پھینکا کرتے تھے ؛


منجنیق

مَنجھ (ہ۔صف) بیچ۔ درمیان۔ وسط
بیچوں بیچ ؛
مَنجھ دھار (ہ۔ا۔مو) دریا کے بیچ کی دھار۔ وسط دریا۔ درمیانی دھار ؛
مَنجھ دھار میں پڑنا (ہ۔محاورہ) دریا کے بیچ میں پھنسنا۔ بڑی مصیبت میں پڑنا ؛
مَنجھا (ہ۔ا۔مذ) چوکی۔ لکڑی کا تختہ جس پر چرخے کا وہ بیچ کا حصہ جس پر مال پھرتی ہے۔ اٹیرن کے بیچ کی لکڑی۔ پلنگ۔ منجا
مرثیہ۔ کے مسدس کا تیسرا مصرعہ ؛
مَنجھا ڈالنا (اُ۔محاورہ) کسی کام کو توقف میں ڈالنا ؛
مَنجھلا / **مَنجھو** (ہ۔صف) بچلا۔ بیچ کا۔ وہ لڑکا جو اول اور سوم کے درمیان میں پیدا ہو ؛
مَنجھلی (ہ۔ا۔مو) منجھلا کی تانیث بیچ کی۔ درمیانی ؛
مَنجھنا (ہ۔فعل) صیقل ہونا۔ صاف ہونا۔ جلا ہوا۔ شائستہ ہونا تجربہ کار ہونا۔ مشاق ہونا۔ لٹ کھسٹ کر غریب ہو جانا ؛
مَنجھولا (ہ۔صف۔مذکر) درمیانہ۔ متوسط۔ بڑا نہ چھوٹا ؛
مَنجھولی (ہ۔ا۔مو) ایک قسم کی چھوٹی ڈبلی۔ میانہ قد عورت ؛
مَنجھیلا (ہ۔ا۔مذ) ڈھیل۔ وقفہ۔ دیر۔ التوا۔ تعویق ؛
مَنجھیلا پڑنا (اُ۔محاورہ) ڈھیل پڑنا۔ وقفہ ہونا۔ دیر لگنا ؛
مَنجھیلا ڈالنا (ہ۔محاورہ) کسی کام میں دیر لگانا۔ کسی کام میں تعویق کرنا ؛
مَنجھیلی (ہ۔ا۔مو) دوپہر۔ مجازاً چپ چاپ۔ سنسان۔ ڈراؤنی ؛
مَنجھیلی رات (اُ۔ا۔مو) سنسان رات۔ ڈراؤنی رات ؛
مَنجیرا (ہ۔مذ) پیتل کی دو کٹوریاں جو طبلے کے ساتھ بجائی جاتی ہیں ؛
مُنحَرف (ع۔صف۔فاعلی) پھرنے والا۔ ٹیڑھا۔ ترچھا۔ باغی غدار۔ سرکش ؛
مُنحَصِر (ع۔صف۔فاعلی) احاطہ کیا ہوا۔ محدود۔ گھیرا ہوا۔ موقوف۔ وابستہ۔ متعلق حصر کیا گیا ؛
مُنحَصَر علیہ (ع۔اسم) جس پر موقوف ہو ؛
مُنحَنی (ع۔صف) کبڑا۔ جھکا ہوا۔ ٹیڑھا۔ خمیدہ۔ قوسی۔ گولائی دار۔ دبلا۔ لاغر۔ کمزور ؛
مَنحوس (ع۔صف بمفعولی) بدنصیب۔ بدبخت۔ چندرا برا۔ زبون۔ مکروہ۔ گھناؤنا ؛
مُنخَر (ع۔ا۔مذ) ناک کا سوراخ۔ نتھنا۔ ناک کا چھید ؛
مُنخَنِقہ (ع۔صف۔مو) وہ جانور جو گلا کاٹنے سے مرا ہو ؛
مَند (ف۔علامت اسم فاعل ترکیبی) صاحب۔ مالک۔ والا (اسم کے ساتھ مرکب ہو کر وضعی معنی دیگا) ؛
مَندا (اُ۔صف) ہلکا۔ مدھم۔ اُترا ہوا۔ سستا۔ ارزاں ہونا۔ سست ہونا۔ ڈھیلا ہونا ؛
مَندا بیچنا (اُ۔محاورہ) سستا بیچنا۔ ارزاں فروخت کرنا ؛
مَندا پڑ جانا (اُ۔محاورہ) دھیما ہونا۔ سستا ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔ ماند ہونا۔ مدھم ہونا ؛
مَندا لگانا (اُ۔محاورہ) کم قیمت پر بیچنا۔ سستا بیچنا ؛
مَندِر (اس) بذکر ظرف۔ مکان۔ گھر۔ محل۔ شوالہ۔ عبادت گاہ پوجا کی جگہ یہ بفتح دال مشہور ہو گیا ہے ؛
مُندَرا (ہ۔ا۔مذ) جوگیوں کے کان کا کنڈل۔ کان کا ایک زیور
مَندَراری (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا پان جو مدراس کی طرف سے آتا ہے۔
مُندَرَج (ع۔صف۔فاعلی) درج کیا گیا۔ لکھا گیا۔ داخل کیا گیا ؛
مُندَرِجہ (ع۔صف) درج ہونے والا۔ درج کیا گیا ؛
مُندَرجہ بالا (ع۔صف) اُوپر لکھا ہوا ؛
مُندَرِس (ع۔ا۔مو۔فاعلی) پرانے کپڑے۔ اُترے ہوئے کپڑے بھینکے ہوئے کپڑے۔ اُترن ؛
مُندری (ہ۔ا۔مو) چھلا۔ انگوٹھی۔ انگشتری۔ خاتم۔ مہر۔ چھاپ خاص۔ شاہی مہر ؛
مُندریا (ہ۔ا۔مو) مُندری کی تصغیر چھوٹی انگوٹھی ؛
مُندَفِع (ع۔صف۔فاعلی) دفع ہونے والا۔ دُور ہونے والا ؛
مَندَل (ہ۔ا۔مذ) ڈھول۔ دھونسا۔ طبلہ۔ پکھاوج۔ سوتا چشمہ۔ منبع۔ چرخے کا بیچ کا حصہ جس پر مال پھرتی ہے۔ بندرگاہ۔ وہ حصار یا حلقہ جو جادوگر اپنے گرداگرد کھینچ لیا کرتے ہیں ؛
مَندَلا (ہ۔ا۔مذ) درخت کا موٹا حصہ جو جڑ سے ٹہنوں تک ہوتا ہے۔ دھڑ ؛
مُندنا (ہ۔فعل) بچنا۔ بند ہونا۔ بھڑنا۔ جیسے دروازہ مندنا غائب ہونا۔ چھپنا ؛
مَندُوب (ع۔اسم) نمائندہ۔ مبر جو کام کے لیے بنایا گیا ہو جیسے حالت غم میں پکارا جائے ؛
مُندَمِج (ع۔صف۔فاعلی) مندرج کا مرادف۔ درج شدہ۔ داخل کیا گیا۔ ٹھسا ہوا ؛
مُندَمِل (ع۔صف۔فاعلی) زخم بھرنے والا۔ گھاؤ بھرنے والا وہ زخم جو انگور لے آئے ؛
مَندی (ع۔صف) مندا کی تانیث۔ ہلکی۔ مدھم۔ دھیمی۔ کم سستی ؛
مَندیل (ع۔ا۔مو) پیٹی۔ کمر کا پٹکا۔ رومال۔ انگوچھا۔ بن سلا کپڑا

طلائی پگڑی۔ زرّین عمامہ ۔

منڈ (ہ۔مذ) مونڈ کا مخفف۔ سر۔ کھوپری۔ سرگروہ۔ سردار سرغنہ۔ اُستاد۔ ایک راکشش کا نام ہے ۔

منڈ جانا (اُر۔محاورہ) لُٹ جانا ۔

منڈ چرا (ہ۔مذ) فقیروں کا ایک گروہ جو سر اور ماتھے کو زخمی کر کے بھیک مانگتے ہیں۔ منڈی۔ ہیجڑا ۔

منڈ چراپن (ہ۔مذ) ضد۔ ہٹ۔ زبردستی ۔

منڈا (ہ۔صف۔مفعولی) سر منڈا ہوا۔ صفاچٹ۔ وہ شخص جس کے سر کے بال منڈے ہوئے ہوں۔ (بحالت اسم مذکر) بے نوک جوتا۔ نکٹا جوتا۔ (پنجاب) لڑکا لونڈا۔ طفل چیلا مرید۔ بالکا۔ شاگرد۔ بن سینگوں کا جانور۔ بے اعراب کا ہندی حرف۔ بن شاخوں پتوں کا درخت ۔

منڈا (ہ۔مذ) ایک خاص قسم کی عمدہ مٹھائی۔ مانڈا کا مخفف۔ ایک قسم کی چپاتی پھلکا۔ پتلی روٹی۔ آنکھوں کا جالا۔ پردہ آنکھ کی جھلی ۔

منڈا (اُر۔صف) منڈا ہوسر۔ وہ آدمی جس کا سر منڈا ہوا ہو۔ درخت جس کی شاخیں نہ ہوں۔ جانور جس کے سینگ نہ ہوں۔ مینار۔ گنبد۔ گرجا جس پر کلس نہ ہو ایک قسم کا جوتا جس کی نوک نہیں ہوتی (اُو۔مذ) لڑکا۔ بچہ۔ پتنگ کا سرا ۔

منڈاسا (ہ۔مذ) پگڑی۔ پھینٹا۔ عمامہ۔ دستار ۔

منڈاسا باندھنا (اُر۔محاورہ) پگڑی باندھنا۔ سر چڑھنا۔ سر اُٹھانا ۔

منڈاسا پھرانا (اُر۔محاورہ) برہم ہونا بے مروّتی کرنا ۔

منڈاسا کسنا (اُر۔محاورہ) پگڑی باندھنا۔ سر چڑھنا ۔

منڈانا (ہ۔فعل) سر پر اُسترا پھروانا۔ سر گھٹوانا۔ مونڈن کرانا ۔

منڈائی (ہ۔اسمو) حجامت بنوائی۔ سر منڈوانے کی اجرت ۔

منڈپ (س۔اسمذ) بیاہ یا میلے وغیرہ کے موقعہ پر آراستہ شدہ مکانِ وسیع۔ بیاہ کا کام کاج ہونے کی جگہ۔ مندر۔ دیر معبد۔ گرجا۔ شوالہ ۔

منڈک (س۔اسمذ) نائی۔ حجام۔ دلاک ۔

منڈکڑی مارنا (ہ۔محاورہ) گھٹنوں میں سر دے کر سونا۔ غمگین حالت میں سونا۔ انوائی کھٹوائی لے کر پڑ رہنا ۔

منڈل (س۔اسمذ) گھیرا۔ چکر۔ گولا۔ دائرہ گول خیمہ یا شامیانہ۔ احاطہ صوبہ۔ ضلع۔ پرگنہ۔ گاؤں کا پٹواری۔ نمبردار۔ چرسے کے اُوپر لوہے کا گھیرا جس میں لاؤ باندھتے ہیں ۔

منڈل باندھنا (ہ۔محاورہ) جھرمٹ باندھنا۔ حلقہ باندھنا۔ چرسے پر گھیرا باندھنا۔ اندھیرا چھانا۔ تاریکی ہو جانا ۔

منڈلاتے منڈلاتے پھرنا (اُر۔محاورہ) ڈانواں ڈول پھرنا۔ اِدھر اُدھر مارے مارے پھرنا اردگرد چکر کھانا ۔

منڈلانا (ہ۔فعل) گھومنا۔ چکر لگانا۔ اِدھر اُدھر پھرنا۔ گرد پھرنا چیلوں کا مُردار وغیرہ کے گرد اُڑتے پھرنا۔ چرسے پر منڈل باندھنا ۔

منڈلی (ہ۔اسمو) جتھا۔ جھنڈ۔ جماعت۔ مجمع۔ ٹولی۔ گروہ۔ سبھا مجلس ۔

منڈنا (ہ۔فعل) حجامت بننا۔ بال مونڈے جانا۔ لُٹنا۔ فریب میں آکر خسارہ اُٹھانا ۔

منڈوا (ہ۔مذ) ایک ادنے قسم کا اناج تھیٹر۔ تماشا گاہ ۔

منڈوانا (ہ۔فعل) حجامت بنوانا۔ بال اُتروانا لُٹوانا۔ ٹھگوانا۔ فریب سے خرچ کروانا۔ چوری کروانا ۔

منڈوکا (ہ۔صف) حرامی بچہ ۔

منڈھا (ہ۔مذ) وہ سائبان یا شامیانہ جو شادی کے روز رسم کے طور پر تانا جاتا ہے۔ رُخصتی کے وقت کے گیت ۔

منڈھا جانا (اُر۔محاورہ) کسی کام میں پورے طور سے معروف ہونا

منڈھا چھانا (اُر۔محاورہ) شادی کا سائبان تنا جانا ۔

منڈھا چھوانا (اُر۔محاورہ) شادی کا شامیانہ تنوانا ۔

منڈھ جانا (اُر۔محاورہ) کسی کام کو نہایت تندی سے کرنا۔ جُٹ جانا۔ کسی کام کے سر پر جانا ۔

منڈھنا (ہ۔فعل) پوشش کرنا۔ کاغذ یا کاغذ یا جھڑ یا کپڑ چڑھانا۔ ذمہ ڈالنا۔ مڑھنا۔ ڈھانکنا۔ سر ڈالنا ۔

منڈھوانا (ہ۔فعل) منڈھنا کا متعدی المتعدی ہے۔ پوشش کروانا۔ ذمہ دھروانا۔ چڑھوانا ۔

منڈھوائی (ہ۔اسمو) معاوضہ منڈھنے کی اجرت ۔

منڈھی (ہ۔اسمو) / **منڈھیا** (ہ۔مو۔تصغیر) چھوٹی سی کُٹیا گنبد نما مکان جس میں جوگی رہتے ہیں۔ کُٹی۔ جھونپڑی ۔

منڈی (ہ۔اسمو) نرت۔ تھوک فروشی کا بازار۔ تجارت گاہ بڑا بازار۔ پینٹھ ۔

منڈی لگانا (اُر۔محاورہ) منڈی قائم کرنا۔ بازار لگانا ۔

منڈی لگنا (اُر۔محاورہ) منڈی کا کام شروع ہونا۔ بازار لگنا ۔

منڈی (ہ۔صف) سر منڈی ہوئی بن بالوں کی۔ بن سینگوں کی گائے۔ بن نوک کی جوتی۔ گرگابی۔ بحالت اسم مونث ایک مصفی خون نباتاتی دوا کا نام

منڈی، یا۔ منڈیا (ہ۔اسمو) مونڈ کی تصغیر۔ سر۔ گردن ۔

منڈیا مروڑ کے پڑ رہنا (اُر۔محاورہ) چُپ چاپ خاموش لیٹے رہنا ۔

منڈیانا (ہ۔فعل) ماوا چڑھانا۔ کلف لگانا۔ چادلوں کی پیچ یا نشاستہ سے کپڑے وغیرہ کو سخت کرنا ۔

منڈیٹ (انگ۔اسمذ Mandate) حاکم عدالت کا حکم نامہ ہدایت۔ حق وکالت۔ انجمن اقوام کی طرف سے کسی ریاست کو کسی ملک پر حکومت کرنے کا عارضی اختیار (قانون) معاہدہ جس کی رُو سے کوئی شخص بلا معاوضہ کسی خدمت کے انجام دینے کا اقرار کرے ۔

منڈیر (ہ۔اسمو) / **منڈیرا** (ہ۔اسمذ) دیوار کا ڈھلوان بنا ہوا بالائی حصہ۔ سر دیوار۔ پشتہ۔ ڈولا۔ مینڈ۔ کھیت

یا کیاری کی اونچی حد ۔
مُنڈیر باندھنا (ہ۔فعل) مینڈ باندھنا۔ پُشتہ باندھنا۔ کھیت کی حد قائم کرنا ۔
مُنڈیری (ہ۔اسمو) مُنڈیر کی تصغیر۔ دیوار کا ڈھلوان۔ سرا۔ کھیت کا پشتہ۔ ڈولا ۔
مَنزِل (ع۔اسمو۔ظرف) اُترنے کی جگہ۔ ٹھہرانے کی جگہ۔ سرائے پڑاؤ۔ مسافر خانہ ایک دن کا سفر۔ مرحلہ۔ گھر۔ مکان۔ مقام مسکن۔ سرحد جو مکان یا کشتی کی گنتی کے ساتھ آیا کرتا ہے پھتر۔ چاند کا گھر۔ قرآن شریف کے سات حصوں میں سے ایک حصہ۔ مکان کا ایک درجہ ۔
مَنزِل اوّل (ع۔اسمو) پہلی منزل۔ پہلا پڑاؤ۔ مجازاً۔ قبر۔ موت سفر آخرت ۔
مَنزِل اُٹھانا (اُر۔محاورہ) مکان بنانا ۔
مَنزِل بہ مَنزِل (اُر۔محاورہ) ایک پڑاؤ۔ پڑاؤ در پڑاؤ۔ درجہ بدرجہ ۔
مَنزِل بھاری کرنا (اُر۔محاورہ) منزل کٹھن کرنا۔ سفر مشکل کرنا ۔
مَنزِل بھاری ہونا (اُر۔محاورہ) منزل کٹھن ہونا۔ سفر مشکل ہونا ۔
مَنزِل پر پہنچانا (اُر۔محاورہ) اصل مقام پر پہنچانا۔ ٹھکانے پر پہنچانا ۔
مَنزِل دراز ہونا (اُر۔محاورہ) معمولی مسافت کا لمبا ہونا ۔
مَنزِل دینا (اُر۔محاورہ) جنازے کو راستہ میں ذرا سی دیر کے لیے رکھ دینا۔ مُردے کو آرام دینا ۔
مَنزِل طے کرنا (اُر۔محاورہ) مسافت طے کرنا ۔
مَنزِل طے ہونا (اُر۔فعل) سفر پورا ہونا۔ ٹھکانے پر پہنچنا۔ پڑاؤ پر پہنچنا ۔
مَنزِل کاٹنا (اُر۔فعل) مسافت طے کرنا۔ سفر طے کر لینا۔ مرحلہ طے کرنا ۔
مَنزِل کرنا (اُر۔محاورہ) ایک پڑاؤ کا راستہ چلنا۔ قیام کرنا۔ ٹھہرنا اُترنا۔ انزال کرنا ۔
مَنزِل کٹھن ہونا (اُر۔مصدر مرکب) منزل کڑی ہونا۔ راستے کا دشوار ہونا ۔
مَنزِل کھوٹی کرنا (اُر۔محاورہ) منزل سے پہلے کسی مقام پر ٹھہر جانا تاکہ دیر ہو جائے ۔
مَنزِل کھوٹی ہونا (اُر) دیر ہونا۔ دیر لگنا۔ پڑاؤ تک نہ پہنچ سکنا۔ مقام مقصود تک پہنچنے میں دیر ہو جانا۔ منزل پر وقت معینہ پر نہ پہنچ سکنا ۔
مَنزِل مارنا (اُر۔محاورہ) سفر کرنا۔ مسافت کرنا۔ مشکل حل کرنا مہم طے کر لینا ۔
مَنزِل مقصود (ع۔اسمو) وہ جگہ جہاں پہنچنے کا ارادہ ہو۔ علت غائی۔ مقام مقصود (بحالت اسم مذکر) مطلب مقصد۔ مراد ۔
مَنزِل مقصود کو پہنچنا (اُر۔محاورہ) کنایتہً ٹھکانے پر پہنچنا مراد حاصل ہونا ۔
مُنزَل (ع۔اسمف) نیچے اُتارا گیا۔ نازل کیا گیا ۔
مُنزِل (ع۔صف) نیچے اُتارنے والا۔ انزال ہونے والا ۔
مُنزِل ہونا (اُر۔محاورہ) انزال ہونا۔ منی نکلنا۔ جھڑنا ۔
مَنزِلَت (ع۔اسمو) درجہ۔ قدر۔ عزت۔ رتبہ۔ مرتبہ۔ پایہ منصب۔ عہدہ۔ اعزاز ۔
مَنزِلَہ (ع۔صف۔بیائے نسبتی) درجہ کا۔ کھنڈ والا۔ مقام جائے۔ جیسے بمنزلہ ۔
مُنزَوِی (ع۔صف۔فاعلی) زاویہ نشین۔ گوشہ نشین۔ گوشہ اختیار کرنے والا۔ خلوت گزین ۔
مُنزّہ (ع۔صف) پاک۔ صاف۔ مقدس۔ بیلاگ۔ بَری۔ آزاد۔ مُبرّا ۔
مَنسا (ہ۔اسمو) مراد۔ مطلب۔ خواہش۔ آس۔ آسا۔ مقصد چاہ۔ اِچھا ۔
مَنسا پورن کرنا (ہ۔محاورہ) مطلب پُورا کرنا۔ مراد بر لانا۔ غرض نکالنا۔ کام نکالنا ۔
منسا دیوی (ہ۔اسمو) سانپ قوم کی دیوی۔ جس کو سانپ کے کاٹے کی خاطر مناتے ہیں۔ اس کی مہربانی سے زہر نہیں ۔
منسٹر (انگ۔اسمذ) وزیر۔ دیوان۔ مدارالمہام۔ Minister
مَنسَک (ع۔اسمذ۔ظرف) عبادت گاہ۔ قربان گاہ۔ حاجیوں کی قربانیوں کی جگہ یعنی موضع منا۔ جہاں حاجی لوگ قربانیاں ادا کرتے ہیں ۔
مُنسَلِک (ع۔صف۔فاعلی) نتھی کیا ہوا۔ پرویا ہوا۔ شامل شمولہ ۔
مَنسُوب (ع۔صف۔مفعولی) نسبت کیا گیا۔ متعلق۔ جس سے منگنی ہوئی ہو ۔
مَنسُوب کرنا (اُر۔محاورہ) منگنی کرنا۔ نکاح میں لانا۔ بیاہنا سگائی کرنا۔ نسبت کرنا ۔
مَنسُوبہ (ع۔صف) نسبت دی ہوئی۔ متعلقہ۔ جس سے منگنی ہوئی ہو۔ منگیتر ۔
مَنسُوخ (ع۔صف۔مفعولی) نسخ کیا گیا۔ رد کیا گیا۔ ناجائز متروک ۔
مَنسُوخ کرنا (اُر۔محاورہ) نیست کر دینا۔ مٹانا۔ متروک کرنا رد کرنا۔ باطل کرنا۔ موقوف کرنا ۔
مَنسُوخ ہونا (اُر۔محاورہ) موقوف ہونا۔ ناجائز ہونا۔ رد ہونا باطل ہونا۔ متروک ہونا ۔
مَنش (ف۔اسمو) مزاج۔ خو۔ طبیعت ۔
مُنش (س۔اسمذ) آدمی۔ مرد۔ شخص۔ انسان۔ بشر۔ مانس خاوند۔ پتی۔ خصم۔ گھر والا ۔
منشا (ع۔اسمذ۔ظرف) پیدا ہونے کی جگہ۔ پرورش پانے کی جگہ مجازاً سبب۔ باعث۔ عندیہ۔ ارادہ۔ مفہوم۔ مدعا

مراد۔ مطلب۔ ارتھ ۔:

مُنشات (ع۔ا۔مذ) مسودہ۔ عبارتیں۔

منشار (ع۔ا۔مذ) آلہ۔ لکڑی چیرنے کا آرہ۔ آرہ بہت بڑی آری ۔:

مُنشرح (ع۔ا۔مذ) کھلنے والا ۔:

مُنشرَح (ع۔صف۔مفعولی) کھلا ہوا۔ شرح کیا گیا۔ خوش۔ بشاش آشکارا ۔:

مُنشعِب (ع۔صف۔فاعلی) پھیلا ہوا۔ منتشر۔ پراگندہ ۔:

منشور (ع۔صف۔مفعولی) بکھرا ہوا۔ پراگندہ۔ تتر بتر (بحالت اسم مذکر) بادشاہی حکم۔ پروانہ۔ آل تمغا۔ جاگیر۔ معافی۔ مشہور و معروف ۔:

منشورِ مثلثی (ع۔ا۔مذ) سہ پہلو شیشہ جس سے سورج کی روشنی کا کئی رنگوں سے مرکب ہونا دیکھا کرتے ہیں ۔:

مُنشی (ع۔صف۔فاعلی) دل سے بات پیدا کر لینے والا۔ پیدا کرنے والا۔ محرر۔ کاتب۔ انشاپرداز۔ مضمون نویس خوش قلم۔ اہل قلم کا اعزازی کا خطاب ۔:

مُنشیِ چرخ / ملک (عف۔ا۔ہو) عطارد ستارہ ۔:

مُنشی خانہ (عف۔ا۔مذ۔ظرف) اردو کا دفتر۔ دیسی دفتر۔ منشیوں کے بیٹھ کر کام کرنے کی جگہ ۔:

مُنشی گری (عف۔ا۔ہو۔بیائے مصدری) تحریر کا کام۔ انشاپردازی مضمون نویسی۔ محرری۔ کتابت ۔:

مُنشیانہ (عف۔فعل) منشیوں کی طرح منشیوں جیسا۔ وکلا کے منشیوں کا محتاج ۔:

منصَب (ع۔ا۔مذ۔ظرف) کھڑا ہونے کی جگہ۔ مجازاً بڑا رتبہ عہدہ۔ اونچا مرتبہ۔ امرا کو دینے کا عہدہ۔ ڈیوٹی۔ خدمت کام۔ حکومت۔ مجسٹریٹی۔ حد ادب۔ درجہ حوصلہ۔ طاقت مجال۔ حین حیات یا تسلاً بعد نسل وظیفہ ۔:

منصب دار (عف۔ا۔مذ) کارکن۔ عہدہ دار۔ حاکم۔ مجسٹریٹ وظیفہ خوار ۔:

مَنصَبی (ع۔صف) دیکھئے منصب جس سے یہ منسوب ہے ۔:

مُنصَرِف (ع۔صف۔فاعلی) پھر جانے والا۔ ایک حال سے دوسرے پر لوٹ جانے والا ۔:

مُنصرِم (ع۔صف۔فاعلی) انعرام کرنے والا۔ گماشتہ۔ پیشکار میم میسجر۔ منتظم۔ بندوبست کے محکمہ کا سرکاری عہدہ دار۔ پٹواریوں کو کام سکھانے والا۔ قائمقام۔ عوض خدمت

مُنصِف (ع۔صف۔فاعلی) تیاؤ کرنے والا نیائی۔ انصاف کرنے والا۔ عادل۔ محکمہ دیوانی کا عہدہ دار۔ جج کا ماتحت عہدہ دار۔ ثالث۔ پنچ۔ بچولیا۔ تصفیہ کرا دینے والا ۔:

مُنصِف مزاج (ع۔صف۔مرکب) صاف گو۔ انصاف پسند آدمی کھرا۔ بے لگاؤ۔ آزاد طبع ۔:

منصفانہ (عف۔فعل) از روئے انصاف۔ انصاف والوں کی طرح۔ انصاف پسند۔ جیسا عادلانہ ۔:

مُنصِفی (ع۔ا۔ہو۔بیائے مصدری) انصاف۔ نیاؤ۔ تصفیہ منصف کی عدالت۔ نائب جج کی کچہری۔ منصف کا عہدہ ۔:

مُنصِفی شرط ہے (اُر۔محاورہ)

مُنصِفی کرنا (اُر۔فعل) نیاؤ کرنا۔ تصفیہ کرنا۔ انصاف کرنا ۔:

مَنصُوب (ع۔صف۔مفعولی) کھڑا کیا گیا۔ لگایا گیا۔ نصب کیا گیا۔ سیدھا۔ قائم۔ وہ حرف جسے زبر دیا جائے مفتوح ۔:

مَنصُوبہ (ع۔ا۔مذ) کھڑی کی ہوئی چیز۔ جگت۔ توڑ جوڑ۔ علاج اپائے۔ حکمت۔ تدبیر۔ خواہش دلی۔ ارادہ۔ قصد۔ منشا ۔:

مَنصُوبہ باز (اُر۔صف۔ترکیبی) مدبّر۔ دور اندیش۔ تدبیریں سوچنے والا ۔:

مَنصُوبہ باندھنا } (اُر۔محاورہ) کسی بات کو دل میں پختہ

مَنصُوبہ بھیڑ انا } کر لینا۔ ٹھان لینا۔ ارادہ کرنا ۔:

مَنصُوبہ بندی (عف۔ا۔ہو) تجویز کرنا۔ تدبیر کرنا۔ خاکہ یا نقشہ بنانا۔ طریق عمل تجویز کرنا ۔:

مَنصُوبہ کرنا (اُر۔محاورہ) قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔ تدبیر کرنا۔ ٹھہرانا ۔:

مَنصُور (ع۔صف۔مفعولی) نصرت دیا گیا۔ مدد کیا گیا۔ فتحمند مظفر۔ فاتح۔ فتحیاب۔ حسین بن منصور۔ الملقب بہ حلاج کا نام ہے۔ جو باپ کے نام مشہور ہو گیا ۔:

مَنصُور و مظفر (ع۔صف) منتحیاب اور فاتح۔ فتح نصیب ۔:

مَنصُوص (ع۔ا۔مذ) تحقیق کیا گیا۔ ظاہر کیا گیا۔ کمال تحقیق کو پہنچا ہوا۔ قرآن شریف کی وہ آیت جو قابل تاویل نہ ہو۔ وہ حدیث جو کامل طور سے ثابت ہو گئی ہو ۔:

مَنصّہ (ع۔ا۔مذ۔ظرف) چوکی یا تخت جس پر دولہن کو بٹھا کر جلوہ کرتے ہیں۔ جلوہ گاہ عروسی۔ کسی چیز کے ظاہر ہونے کی جگہ ۔:

مَنصّہ شہود (عف۔ا۔مذ) وہ جگہ جہاں کسی چیز کا جلوہ دکھایا جائے ۔:

مُنضِج (ع۔ا۔مذ۔فاعل) مادے کو پکانے والی دوا۔ فاسد خلط کو قابل اخراج بنانے والی دوا ۔:

مُنضَم (ع۔صف۔مفعولی) ملایا گیا۔ ملا ہوا۔ پیوستہ۔ شامل شامل کیا گیا ۔:

مُنطَبِع (ع۔صف۔فاعلی) چھپنے والا۔ منقوش ہونے والا۔ مجازاً چھپائی والا ۔:

مُنطَبِق (ع۔صف۔فاعلی) مطابقت کیا گیا۔ مطابق آنے والا برابر۔ موافق۔ اوپر تلے رکھ کر بالکل برابر آنے والا یکساں ہموار ۔:

مُنطَفِی (ع۔صف۔فاعلی) بجھنے والا۔ فرو ہونے والا۔ بجھا ہوا ۔:

مَنطِق (ع۔ا۔ہو) بات۔ گفتگو۔ گویائی۔ بات چیت۔ بول چال فصاحت۔ خوش کلامی۔ لہجہ۔ تلفظ۔ وہ علم جو عقلی دلیلوں سے سچ کو سچ اور جھوٹ کو جھوٹ ثابت کر دیتا ہے۔ علم دلیل علم مناظرہ ۔:

مَنطِق بگھارنا } (اُر۔محاورہ) حجت کرنا۔ باتیں بنانا۔

مَنطِق چھانٹنا } چناں چنیں کرنا۔ دلیل بنانا ۔:

منطقہ (ع۔ا۔مذ) پٹکا۔ پیٹی۔ کمربند۔ وہ خیالی خطوط جو زمین کے گرد اگرد پٹکے کی طرح واقع ہیں ٭

منطقۃ البروج (ع۔ا۔مذ) راس چکر۔ وہ بڑا دائرہ جس پر آسمانی بارہ برج واقع ہیں۔ راس منڈل ٭

منطقہ باردہ (ع۔ا۔مذ) وہ خطۂ زمین جہاں سارا سال سخت سردی اور برف جمی رہتی ہے ٭

منطقۂ باردہ جنوبی (ع۔ا۔مذ) جنوبی۔ ٹھنڈا گھیرا۔ وہ منطقہ جو دائرہ قطب جنوبی سے ۲۳½ جنوب ہے۔ جہاں ہمیشہ برف جمی رہتی ہے ٭

منطقۂ باردہ شمالی (ع۔ا۔مذ) شمالی۔ ٹھنڈا چکر جو دائرہ قطب شمالی سے ۲۳½ درجہ شمال کو ہے یہاں بھی ہمیشہ برف جمی رہتی ہے ٭

منطقۂ حارہ یا محرقہ (ع۔ا۔مذ) گرم پٹکا۔ وہ وسطی حصہ زمین جو خط سرطان اور خط جدی کے درمیان ۴۷ درجہ میں واقع ہے یعنی خط استوا سے ۲۳½ شمال اور اسی قدر جنوب کو ٭

منطقۂ معتدلہ جنوبی (ع۔ا۔مذ) جو دائرہ قطب جنوبی اور خط جدی کے درمیان ۴۳ درجہ میں ہے۔ اس میں گرمی سردی اعتدال پر رہتی ہے ٭

منطقۂ معتدلہ شمالی (ع۔ا۔مذ) وہ منطقہ جو دائرہ قطب شمالی اور خط سرطان کے درمیان ۴۳ درجہ میں ہے اس میں گرمی سردی اعتدال پر رہتی ہے ٭

منطقی یا منطقیا (ع۔ا۔مذ) علم منطق جاننے والا۔ منطق دان خوش بیان۔ فصیح۔ مجتی۔ جھگڑالو۔ معترض۔ بحث کرنے والا ٭

منطوق (ع۔ا۔مذ مفعول) کلام۔ بچن۔ قول۔ سخن۔ بات چیت مضمون ٭

منطوی (ع۔صف۔فاعلی) لپٹا ہوا۔ پیچیدہ۔ ملفوف ٭

منظر (ع۔ا۔مذ۔ظرف) جائے نظر۔ نظرگاہ۔ آنکھ۔ چشم۔ نظر شکل۔ صورت۔ چہرہ۔ نظارہ۔ دید۔ سیرگاہ۔ تماشاگاہ حدِ نظر۔ حدِ نگاہ۔ کھڑکی۔ سوراخ۔ روزن۔ دریچہ۔ اونچی عمارت۔ لاٹھ۔ مینارہ ٭

منظرِ چشم (عف۔ا۔مؤ) آنکھ کی پتلی ٭

منظرِ عام (ع۔ا۔مذ) کھلی جگہ۔ گذرگاہ۔ عام۔ عام راستہ۔ شارع عام

منظم (ع۔مذ) دھاگے میں پرویا ہوا۔ موزون کلام۔ وہ چیز جو انتظام کے ساتھ ہو ٭

منظور (ع۔صف مفعولی) نظر کیا گیا۔ دیکھا گیا۔ مقبول۔ پسند پسندیدہ۔ مانی ہوئی بات ٭

منظورِ خاطر (عف۔صف) دل پسند۔ مقبول پسندیدہ ٭

منظورِ خدا (عف۔ا۔مذ) خدا کو جو پسند ہو۔ مرضی مولا۔ مثبت ایزدی ٭

منظور کرنا (اُ۔فعل) ماننا۔ تسلیم کرنا۔ قبول کرنا۔ اجازت دینا ٭

منظورِ نظر (ع۔صف) پسند۔ پسندیدہ۔ مقبول۔ مرغوب خاطر۔ دل پسند۔ دل کو بھایا ہوا۔ (بحالت اسم مذکر) وہ شخص جس پر کسی حاکم کی نظر عنایت ہو۔ رعایتی۔ پیارا۔ محبوب۔ عزیز

منظورِ نظر ہونا (اُ۔فعل) دل کو بھانا۔ دل میں کھبنا۔ دل کو پسند آنا ٭

منظوری (ع۔ا۔مؤ۔بیائے مصدری) مرضی۔ اجازت۔ رضامندی آگیا۔ پروانگی۔ اجابت۔ اختیار ٭

منظوری کی اسامی (اُ۔ا۔مؤ) پنشن والی ملازمت جس کی گورنمنٹ نے اجازت دی ہو ٭

منظوم (ع۔صف) پرویا گیا۔ منسلک کیا گیا۔ نظم کیا گیا۔ نظم اشعار میں لایا گیا ٭

منظومہ (ع۔صف) نظم کیا گیا۔ نظم کیا ہوا ٭

منع (ع۔ا۔مذ) ہٹایا گیا۔ روکا گیا۔ ممنوع۔ بُرا۔ زبون۔ ناروا ناجائز۔ بیجا۔ نامناسب۔ خلاف شرع۔ خلاف رسم خلاف قانون ٭

منع کرنا (اُ۔محاورہ) ہٹانا۔ روکنا۔ ممانعت کرنا۔ انکار کرنا مُنکر ہونا۔ صاف جواب دینا ٭

مُنعدِم (ع۔صف۔فاعلی) فنا ہونے والا۔ ناپید۔ نیست و نابود گم۔ فنا ٭

مُنعطِف (ع۔صف۔فاعلی) پھرنے والا۔ مڑنے والا۔ خم کھانے والا۔ واپس ہونے والا ٭

منعطِف کرنا (اُ۔مصدر مرکب) موڑنا پھیرنا (عموماً) توجہ کے لیے استعمال ہوتا ہے ٭

منعطِف ہونا (اُ۔مصدر مرکب) دیکھئے "منعطف کرنا" جس کا یہ لازم ہے ٭

مُنعقِد (ع۔صف۔فاعلی) انعقاد پانے والا۔ بندھنے والا۔ مجازاً۔ مقرر ہونے والا۔ متعین ہونے والا۔ ٹھہرنے والا

منعقد ہونا (اُ۔محاورہ) قرار پانا۔ قائم ہونا۔ ٹھہرنا۔ جڑنا۔ متعین ہونا۔ اکٹھا ہونا ٭

مُنعکِس (ع۔صف۔فاعلی) عکس قبول کرنے والا۔ اُلٹا۔ اوندھا پلٹا ہوا۔ سرنگوں۔ وہ شعاع جو الٹ کر آئی ہو لوٹ کر آنے والی ٭

مُنعِم (ع۔صف۔فاعلی) نعمت دینے والا۔ تونگر۔ دولتمند زردار۔ غنی۔ مزلی۔ آقا۔ داتا۔ سخی۔ فیاض ٭

مُنغَّص (ع۔صف مفعولی) گدلا۔ مکدّر۔ ناراض۔ افسردہ رنجیدہ۔ ملول ٭

مُنفَذ (ع۔ا۔مذ۔ظرف) جائے نفوذ۔ راستہ۔ گذرگاہ۔ اندر گھس جانے کی جگہ۔ سوراخ۔ چھید۔ روزن۔ رخنہ۔ مسام ٭

مُنفرِج (ع۔صف۔فاعلی) کھلا ہوا۔ کشادہ۔ خوش۔ وسیع ٭

مُنفرَجہ (ع۔صف) کشادہ۔ پھیلا ہوا۔ وسیع۔ قائمہ سے بڑا زاویہ

مُنفرِح (ع۔صف۔فاعلی) فرحت بخشنے والا۔ خوش۔ شاد خوشی دینے والا ٭

مُنفرد (ع۔صف) اکیلا۔ مفرد۔ تنہا۔ یکتا۔ یکا ؛
مُنفصِل (ع۔صف۔فاعلی) الگ ہونے والا۔ جُدا ہونے والا ؛
مُنفصَلہ (ع۔صف۔مفعولی) فیصل شدہ۔ الگ کیا گیا۔ جُدا شدہ تصفیہ شدہ ؛
مَنفعَت (ع۔اسمو) نفع۔ سُود۔ فایدہ۔ لابھ۔ اوت۔ بچت بڑھوتری۔ بیشی ؛
مُنفعِل (ع۔صف۔فاعلی) اثر فعل قبول کرنے والا۔ شرمندہ شرمسار۔ نادم۔ خجل ؛
مُنفِق (ع۔صف) خرچ کرنے والا۔ کسی کو روٹی کپڑا وغیرہ دینے والا ؛
مُنفَک (ع۔صف۔مفعولی) الگ کیا گیا۔ علیحدہ کیا گیا۔ جُدا شدہ ؛
مَنفی (ع۔صف) مفعولی۔ انکار شدہ۔ نفی کیا گیا۔ نیست کیا گیا۔ ممنوع۔ تفریق کیا گیا۔ نکالا گیا ؛
مُنقاد (ع۔صف۔مفعولی) فرمانبردار۔ عاجزی کرنے والا۔ تابع۔ مُطیع ؛
مِنقار (ع۔اسمو) پرندے کی چونچ۔ ٹھونگ ؛
منقار زیر رہنا/ ہونا (اُر۔محاورہ) خاموش رہنا۔ دبکے رہنا ؛
مِنقاش (ع۔اسمذ) موچنا۔ سانسی۔ نقش کرنے کا آلہ۔ کانٹا نکالنے اور بال اُکھاڑنے کا آلہ ؛
مَنقبَت (ع۔اسمو) بزرگوں کی کہ حمد و ثنا۔ تعریف و توصیف۔ ہُنر۔ سراہنا۔ صفت و ثنا ؛
مُنقبِض (ع۔صف۔فاعلی) سمٹا ہوا۔ سکڑا ہوا۔ بھچا ہوا ؛
مُنقّح (ع۔صف۔مفعولی) جھوٹ سے پاک ہوا۔ سچ سچ۔ صاف صاف۔ سچی بات ؛
مُنقرِض (ع۔صف) کاٹا گیا۔ کُترا ہوا۔ گزرا ہوا۔ بریدہ ؛
مُنقسِم (ع۔صف۔مفعولی) بانٹا ہوا۔ تقسیم کیا گیا۔ تقسیم شدہ ؛
مُنقسِم (ع۔صف۔فاعلی) تقسیم ہونے والا ؛
مُنقش (ع۔صف۔مفعولی) نقش و نگار کیا گیا۔ چتر کاری کیا گیا۔ بیل بوٹے دار ؛
مُنقضِب (ع۔اسمو) عروض کی ایک بحر کا نام ؛
مُنقضی (ع۔صف۔فاعلی) گزرنے والا۔ گزشتہ۔ گزرا ہوا۔ بیتا ہوا۔ قضا شدہ ؛
مُنقطع (ع۔صف) کاٹا ہوا۔ قطع کیا گیا۔ فیصل شدہ۔ ختم شدہ طے شدہ ؛
منقطع کرنا (اُر۔محاورہ) کاٹنا۔ قطع کرنا۔ جُدا کرنا۔ اختتام کو پہنچانا۔ فیصلہ کرنا۔ تصفیہ کرنا۔ توڑنا ؛
منقطع ہونا (اُر۔محاورہ) انجام کو پہنچنا۔ طے ہونا۔ فیصلہ ہو جانا چکنا ؛
مِنقلا (ع۔اسمذ) انگیٹھی ؛
مُنقلا (ع۔اسمذ) فوج کا وہ حصہ جو لشکر کے آگے رہے ہراول ؛

مُنقلِب (ع۔صف۔فاعلی) اُلٹنے والا۔ گردش کرنے والا ؛
منقلِبات (ع۔اسمذ) وہ بُرج جن کے طالع میں کام درست اور راس نہیں آتا۔ یہ چار بُرج ہیں۔ حمل۔ سرطان۔ جدی اور میزان ؛
منقوش (ع۔صف۔مفعولی) نقش و نگار کیا ہوا۔ کُھدا ہوا نقش کیا گیا۔ کندہ کیا ہوا ؛
مَنقوط یا منقوطہ (ع۔صف۔مفعولی) نقطہ والا۔ وہ نقطہ دار حرف جس کی صورت کا کوئی بے نقطہ حرف بھی ہو ؛
منقول (ع۔صف۔مفعولی) نقل کیا گیا۔ اُتارا گیا۔ لکھا گیا۔ ذکر کیا گیا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا گیا ؛
منقول عنہ (ع۔اسمذ) جس سے نقل کریں ؛
منقولہ (ع۔صف۔بیائے تانیث) قابل انتقال۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کے قابل ؛
منقولہ جائداد (اُر۔اسمو) (قانون) ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کے قابل جائداد یعنی روپیہ پیسہ وغیرہ ؛
منقول ہے (روزمرّہ) روایت ہے ؛
مُنقّٰی (ع۔صف۔مفعولی) بیج نکالا ہوا۔ صاف کیا گیا۔ صاف شدہ۔ مصفا۔ ایک قسم کی بڑی کشمش ؛
مُنقّی (ع۔صف۔فاعلی) صاف کرنے والا ؛
منکا (ہ۔اسمذ) تسبیح کا دانہ۔ کانچ کا موتی۔ نگینہ کا موتی۔ گردن کا مہرہ۔ پیٹھ کا مہرہ۔ ریڑھ کی ہڈی کا بالائی حصہ۔ مالا۔ سمرن۔ تسبیح ؛
منکا پھیرنا (اُر۔محاورہ) تسبیح پھیرنا۔ مالا پھیرنا ؛
منکا توڑنا (اُر۔محاورہ) گردن کی ہڈی توڑنا ؛
منکا ٹوٹنا (اُر۔محاورہ) گردن کی ہڈی ٹوٹ جانا ؛
منکا ٹھنکا (ہ۔اسمذ) ٹھنکا تابع مہمل سلیمانی دانے جو اکثر فقیر اور آزاد لوگ گلے میں پہنتے ہیں ؛
منکا ڈھل جانا / منکا ڈھلکنا / منکا ڈھلنا (ہ۔محاورہ) مرتے وقت گردن کا ایک طرف گر جانا۔ گردن مُڑ جانا۔ دم توڑنا۔ گردن کا قابو میں نہ رہنا۔ علامت مرگ ظاہر ہونا۔ دم نزع ہونا ؛
مُنکِر (ع۔صف۔فاعلی) انکار کرنے والا۔ مُکر جانے والا۔ نہ ماننے والا۔ خُدا کی خُدائی سے انکاری۔ بے دین۔ لا مذہب دہریہ۔ ملحد ؛
مُنکرِ نعمت (ع۔اسمذ) ناشکرا۔ احسان نہ ماننے والا۔ ناشکر گذار ؛
مُنکر ہونا (اُر۔فعل) مُکرنا۔ قول سے پھرنا۔ انکاری ہونا۔ نہ ماننا انکار کرنا ؛
مُنکَر (ع۔صف۔مفعولی) انکار کیا گیا۔ خراب۔ مکروہ۔ کھوٹا زبون۔ عیب دار۔ قبر میں آئے دو فرشتوں میں سے ایک کا نام ؛
مُنکر نکیر (ع۔اسمذ) قبر میں آکر مردے سے سوال کرنے والے دو فرشتے ؛

مُنکسِر (ع۔ صف۔ فاعلی) عاجز۔ مسکین۔ ٹوٹا ہوا۔ شکستہ ؛
مُنکسر المزاج (ع۔ صف) غریب مزاج۔ خاکسار۔ مسکین طبیعت والا ؛ وہ جس کی طبیعت میں انکسار ہو۔
مُنکشِف (ع۔ صف۔ فاعلی) انکشاف۔ ہونے والا۔ کھلنے والا برہنہ۔ ننگا۔ ظاہر۔ آشکارا ؛
مَنکوحہ (ا۔مو) نکاح کی ہوئی۔ نکاحی بیوی۔ جورو۔ لگائی۔ گھر والی۔ اہلیہ۔ مہرارو ؛
منگا (ہ۔امر) منگانا مصدر سے صیغہ امر ؛
منگا بیٹھنا (اُر محاورہ) کوئی چیز غلطی سے منگوانا ؛
منگا بھیجنا (اُر۔محاورہ) منگوانا۔ لے بھیجنا ؛
منگا دینا (اُر محاورہ) کسی کو کوئی چیز منگوا کر دینا ؛
منگا لینا (اُر محاورہ) منگوانا۔ کوئی چیز طلب کرنا ؛
منگانا (ہ۔فعل) طلب کرانا۔ منگوانا۔ گداگری کرنا ؛
منگائی مسیّ لے آئے مسّی (اُر مثل) بے وقوف کے متعلق بولتے ہیں ؛
مَنگتا (ہ۔ا۔مذ۔فاعل) بھیک مانگنے والا۔ بھکاری۔ کنگال کنگلا۔ فقیر ؛
منگتی (ہ۔صف) بھکارن۔ بھیک مانگنے والی (منگتا کی تانیث ہے)
منگتی لگانا (اُر محاورہ) تقاضا کر کے مانگنا۔ تحصیل مال کا کام کرنا ؛
منگسِر (ہ۔ا۔مذ) ہندی سال کا آٹھواں مہینہ۔ اگھن ؛
منگل (س۔امذ) خوشی۔ آنند۔ خوشی کا گیت۔ تیسرا گرہ۔ مریخ جدھ کا دیوتا۔ جلاد فلک۔ سہ شنبہ کا دن۔ پیر کے بعد کا دن۔ اچھا۔ ٹھیک وقت۔ مبارک۔ چہل پہل۔ رونق۔ صحت۔ تندرستی۔ خیر و عافیت چوکسی۔ خبر داری۔ ٹیلوجی کی استری کا نام ؛
منگل گانا (ہ محاورہ) خوشی کے گیت گانا۔ خوشی منانا۔ مبارکباد گانا۔ رنگ رلیاں منانا ؛
منگلاچار (س۔امذ) مبارکباد۔ خوشی تہنیت۔ بدھاوا۔ نوید ؛
منگلا مکھی (س۔امذ) خوشی منانے والے۔ مطرب۔ ارباب نشاط
منگلی (ہ۔امو) منگل کی پیدائش۔ عفیف تند مزاج لڑکی ؛
منگنی (ہ۔امو) سگائی۔ نسبت۔ مرد کو عورت سے اور عورت کو مرد سے منسوب کرنے کی رسم۔ سودے کے علاوہ کوئی اور چیز مانگنا۔ روکن۔ اُدھار۔ قرض۔ دام۔ مانگے مستعار۔ عاریتی ؛
منگنی کی چادر تانے پچاس کی آدر (اُر مثل) کم ظرف کی نسبت بولتے ہیں ؛
منگنی نہ منگنی گڑ یا کا بیاہ (اُر مثل) وہاں کہتے ہیں جہاں شادی کا نزا آرام ہی آرام ہو ؛
منگوانا (ہ۔فعل) منگانا۔ طلب کرانا۔ بلوانا۔ سوال کرانا ؛
منگوا لینا (اُر محاورہ) کسی جگہ سے کوئی چیز طلب کرنا ؛
منگوچی (ہ۔امو) مونگ کی دال کی تلی ہوئی بڑیاں ؛

مَنگیتر (ہ۔ا۔مذ۔مو) منسوب شدہ مرد یا عورت۔ وہ لڑکا یا لڑکی جس کی سگائی کی گئی ہو ؛
مَنَم (ف ضمیر واحد متکلم) میں ہوں۔ خود ستائی۔ شیخی ؛
مِن مِن (ہ۔ تابع فعل) آہستگی سے۔ ہولے ہولے۔ سہج سہج دیر سے ڈھیل سے ؛
مِن مِن کرنا (ہ۔محاورہ) کسی کام کو نہایت آہستگی سے سوچ سوچ کر کرنا ؛
مُنمُنا (ہ۔امذ) ایک قسم کے چھوٹے چھوٹے کالے رنگ کے دانے جو گندم کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں۔ جنہیں پنجاب میں پیاجی یا منی بولتے ہیں ؛
مُنمُناسا (ہ۔صف۔ترکیب تشبیہی) بہت چھوٹا۔ باجرے کے برابر۔ رائی سا۔ نہایت حقیر اور پستہ قد آدمی ؛
مَن منا دینا (ہ محاورہ) راضی کر دینا۔ خوش کر دینا ؛
منمنانا (ہ۔فعل) سستی سے کھانا۔ سہج سہج کھانا۔ بڑبڑانا۔ بھنبھنانا ؛
منمُنی (ہ۔ا۔مو) نہایت حقیر۔ بالکل پست قد۔ ننھی منّی۔ نہایت چھوٹی ؛
منمنی (ہ۔صف) نہایت سست۔ کاہل وجود ؛
منمنی آواز (ہ۔امو) وہ آواز جو ناک سے نکلتی ہوئی معلوم ہو
منو (س۔مذ) منوسمرتی کا بنانے والا ہندوؤں میں ایک نہایت فاضل شخص گزرا ہے جس نے دھرم شاستر بنایا تھا۔ یہی قانون آجکل ہندوؤں کا معمول ہے ؛
منو (ہ۔ا۔مذ) بندر۔ بوزنہ۔ بعض آدمیوں کا نام بھی ہوتا ہے ؛
منوا (ہ۔ا۔مذ) من بمعنی دل کی تصغیر۔ آتما۔ روح۔ دل۔ ضمیر رہیا۔ ہردہ ؛
منوا دینا (اُر محاورہ) اقبال کروا دینا۔ قبولوا دینا۔ کسی کے سامنے تسلیم یا اقبال کرانا ؛
منوا کے چھوڑنا (اُر محاورہ) اپنی بات کو تسلیم کرا لینا۔ اقرار لے کر جانے دینا۔ کہلوا ہی لینا ؛
منوال (ع۔ا۔مذ) آلہ۔ وہ لکڑی جس پر جولاہے کپڑا بُن بُن کر لپیٹتے جاتے ہیں۔ ترز۔ مجازاً طور۔ ڈھنگ۔ طریق۔ دستور۔ رسم وضع۔ طرز ؛
منوانا (ہ۔فعل) تسلیم کرانا۔ قبول کرانا۔ منظور کرانا۔ اقرار کرانا ؛
منوتی (اُر۔امو) تسلی۔ تشفی۔ ضمانت۔ تسلیم قبولیت۔ رضامندی وہ نقدی جو ساہوکار سودے سے زیادہ لے ؛
منوتی دار (ہ۔اُر۔امذ) ضامن۔ وہ شخص جو سرکاری مال گزاری کا ذمہ دار ہو ؛
منوچہر (ف۔صف) آسمان جیسے چہرے والا۔ اعلیٰ درجے کا بہشت رُو۔ خوبصورت ؛
منوّر (ع۔صف مفعولی) نور دیا گیا۔ روشنی دیا گیا۔ نورانی۔ روشن۔ درخشاں۔ چمکتا ہوا۔ اجاگر۔ چمکیلا ؛

مُنوّرتھ (س۔مذ) دلی دعا۔ مطلب۔ مقصد۔ خواہش۔ ارادہ۔ اچھا۔
مُنوّرتھ سِدھ یا پُھل ہوں (ف) دعا دلی ارادے خدا پورے کردے۔ مقصد پورا ہو ؛ مراد بر آئے۔
مُنوہر (س۔صف) من موہن۔ دلربا۔ من ہرن۔ سُندر۔ خوبصورت خوبرو۔ سوہنا۔ من بھاونا۔ مرغوب دل۔ قبول صورت شکیل۔ جمیل ؛
مُنہ یا مُوہ (ف۔مذ) پل۔ سوراخ۔ چھید۔ موری۔ موکھا۔ کھڑکی۔ دریچہ۔ سمت۔ طرف۔ جانب۔ دروازہ۔ در۔ غار۔ گڑھا گہرائی۔ تہ۔ نوک۔ انی۔ دھار۔ روبرو۔ سامنے۔ راستہ راہ۔ نکاس۔ گزر۔ لیاقت۔ قابلیت۔ ہُنر۔ خوبی۔ زبان کلمہ۔ کلام۔ جیسے ایک مُنہ دو باتیں۔ خواہش۔ لالچ۔ لوبھ طمع۔ چہرہ۔ رُخ۔ رُو۔ دہن۔ مکھ۔ دہانہ۔ پاس۔ لحاظ خاطر۔ ملاحظہ۔ شکل۔ صورت۔ عزت۔ حرمت۔ قدر۔ ناب۔ مجال۔ طاقت۔ جرات ؛
مُنہ اُتر نا۔ یا۔ اُتر جانا (ف۔محاورہ) چہرہ لاغر اور بے رونق ہو جانا۔ چہرے کا رنگ رُوپ جاتا رہنا ؛
مُنہ اُٹھا کر چلنا (ف۔محاورہ) اندھا دھند چلنا بے سوچے بے پروائی سے چلنا۔ بیہوش اور بے خبر ہو کر چلنا۔ رستہ دیکھ کر نہ چلنا ؛
مُنہ اُٹھانا (ف۔محاورہ) کسی طرف کو چل دینا۔ کسی طرف رخ کرنا۔ کہیں کا ارادہ کرنا ؛
مُنہ اُٹھائے (ف۔صف) اندھا دھند۔ اندھوں کی طرح۔ بے پروائی۔ شتر بے مُہار ؛
مُنہ اُٹھائے چلے آنا (ف۔محاورہ) بیڈھرک چلے آنا۔ بن دیکھے بھالے چلے آنا ؛
مُنہ اُٹھ جانا (ف۔محاورہ) رُخ ہو جانا۔ بلا ارادہ کسی سمت کو چلا جانا ؛
مُنہ اُٹھے } (ف۔محاورہ) دن نکلے۔ سویرے۔
مُنہ اُجالے } علی الصباح۔ مُنہ اندھیرے کی ضد ؛
مُنہ آجانا (ف۔محاورہ) مُنہ میں چھالے پڑ جانا۔ مُنہ اُبل آنا۔ مُنہ میں بھلکے پڑ جانا ؛
مُنہ اُجلا ہو جانا (ف۔محاورہ) چہرہ نکھر جانا۔ عزت رہ جانا۔ سرخروئی قایم رہنا ؛
مُنہ اُداس ہونا (ف۔محاورہ) چہرے پر غمگینی کا نمایاں ہونا۔ چہرہ اُداس ہونا ؛
مُنہ ادھر کو کرنا (اُر۔محاورہ) اس طرف توجہ ہونا ؛
مُنہ اس قابل ہونا (اُر۔محاورہ) اتنی لیاقت ہونا ؛
مُنہ اکھری (ف۔صف) مُنہ زبانی۔ لفظی۔ زبانی۔ ملفوظی ؛
مُنہ آنا (اُر۔محاورہ) مُنہ اُبلنا۔ مُنہ میں چھالے پڑنا۔ مُنہ میں زخم پڑنا۔ طعنہ مارنا۔ بول مارنا۔ آوازہ کسنا۔ سر چڑھنا۔ دلیر ہونا۔ بیباک ہونا۔ گستاخ ہونا۔ سامنے بولنا ؛
مُنہ اشک ندامت سے دھونا (اُر۔محاورہ) بہت نادم ہونا ؛
مُنہ اشکوں سے دھونا (اُر۔محاورہ) بہت زیادہ رونا ؛
مُنہ اندھیرے (ف۔تابع فعل) سویرے سویرے۔ علی الصباح۔ پو پھٹے۔ تڑکے ہی۔ صبح صادق کے وقت ؛
مُنہ اوندھا کر لینا (اُر۔محاورہ) رنج افسوس میں پڑا رہنا اتوانٹی کھٹوانٹی لے کر پڑے رہنا۔ ناراض ہو کر الگ پڑے رہنا ؛
مُنہ بانا (اُر۔محاورہ) مُنہ کھولنا۔ مُنہ پھاڑنا۔ جمائی لینا۔ ندامت کی وجہ سے ہنسنا۔ خجالت اُٹھانا۔ اپنی بیوقوفی پر ہنسنا۔ مرجانا چل بسنا۔ مُنہ کے رستہ دم نکلنا ؛
مُنہ باندھ کے بیٹھنا (ف۔فعل) چپ رہنا۔ خاموش رہنا مُنہ بند کر کے بیٹھنا ؛
مُنہ باندھنا (اُر۔محاورہ) مُنہ بند کرنا۔ خاموش کرنا۔ چُپ کرنا ساکت کرنا ؛
مُنہ بدورنا (اُر۔محاورہ) مُنہ بگاڑنا ؛
مُنہ بُرا بنانا (اُر۔محاورہ) ناراضگی ظاہر کرنا ناخوشی سے تیوری چڑھانا۔ خفگی کا اظہار کرنا ؛
مُنہ بسُورنا (ف۔محاورہ) رونی صورت بنانا۔ مُنہ بنانا ؛
مُنہ بگاڑ دینا (ف۔فعل) تھپڑ یا جوتے سے مُنہ ٹیڑھا کر دینا چہرہ بگاڑ دینا۔ مُنہ سجا دینا ؛
مُنہ بگاڑنا (ف۔محاورہ) مُنہ بنانا۔ مُنہ ٹیڑھا کرنا۔ طمانچے کی سزا دینا۔ تیوری چڑھانا۔ مُنہ ٹیڑھا کر کے ہنسنا۔ لقوہ والوں کی طرح ہنسنا۔ مُنہ کا مزہ خراب کرنا ؛
مُنہ بگڑا ہوا بنانا (اُر۔محاورہ) مُنہ سے غصہ یا قہر و غضب ظاہر کرنا
مُنہ بگڑتے ہیں (اُر۔محاورہ) سزا ملتی ہے ؛
مُنہ بگڑ جانا / بگڑنا (اُر۔محاورہ) چہرے کی ہیئت بدل جانا صورت کا درست نہ رہنا۔ مُنہ ٹیڑھا یا کج ہو جانا۔ چہرے میں نقص آجانا۔ مُنہ بدمزہ ہو جانا۔ تیوری چڑھ جانا۔ غصہ آجانا سزا ملنا۔ ذلیل ہونا۔ حواس بگڑنا ؛
مُنہ بننا۔ یا بن جانا (اُر۔محاورہ) تیوری چڑھنا۔ خفگی ہونا۔ ناپسند ہونا۔ صورت بگڑنا۔ مُنہ چھتنا ؛
مُنہ بنا بیٹھنا } (اُر۔محاورہ) ناراض ہو جانا۔ منہ بگاڑ لینا
مُنہ بنا کر بیٹھنا } مُنہ سجا کر بیٹھنا ۔ چیں بہ جبیں ہو
مُنہ بنائے بیٹھنا } کر بیٹھنا ؛
مُنہ بنا لینا (اُر۔محاورہ) خفا ہو جانا۔ ناراض ہو جانا۔ تیوری چڑھا لینا ؛
مُنہ بنانا (اُر۔محاورہ) چہرے کو بدنما کر لینا۔ بُری صورت بنانا رونی صورت بنانا۔ ناراض ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ غصہ کی شکل بنانا۔ کسی بدمزہ چیز کے کھاتے پیتے وقت چہرے کی ہیئت بگاڑنا۔ طمانچہ مار کر چہرہ بگاڑنا ؛
مُنہ بند (اُر۔صف) بستہ لب۔ دہن بستہ۔ خاموش۔ چُپ

کوُاری ۔ باکرہ ۔ دوشیزہ ۔

مُنہ بند کر دینا (اُر۔محاورہ) چُپ کرا دینا ۔ بولنے سے روکنا ۔

مُنہ بند کر لینا (اُر۔محاورہ) خاموش ہو جانا ۔ چُپ سادھنا ۔ مُنہ ڈھانک لینا ۔ مُنہ پر ہاتھ یا کپڑا رکھ لینا ۔

مُنہ بند کرنا (اُر۔محاورہ) خاموش کرنا ۔ بولنے سے روکنا ۔ رشوت دے کر اپنے خلاف کہنے سے روکنا ۔

مُنہ بند کلی (اُر۔مو) بن کھلا پھول ۔ شگوفہ ۔ کنواری ۔ انچھیڑ ۔ دوشیزہ ۔ باکرہ ۔

مُنہ بند ہونا (اُر۔محاورہ) بستہ لب ہونا ۔ چُپ ہونا ۔ خاموش ہونا ۔ بات نہ کر سکنا ۔ زخم بھر نا ۔ کسی کی بدی یا چغلی سے رکنا ۔

مُنہ بند ہو جانا (اُر۔محاورہ) خاموش ہونا ۔ بات نہ کر سکنا دیکھئے "مُنہ بند ہونا" ۔

مُنہ بندھے (ہ۔ا۔مذ) جین مت کے درویش جو جیور کھشا کے خیال سے اپنے مُنہ کے آگے کپڑا باندھے رکھتے ہیں ۔ بھابڑوں کے گُرو ۔

مُنہ بنوا رکھو / مُنہ بنوا لو / مُنہ بنواؤ (اُر۔محاورات) مُنہ دھو رکھو ۔ مُنہ درست کر رکھو ۔ یعنی اُمید نہ رکھو ۔ اس خیال سے باز آؤ ۔

مُنہ بنوانا (اُر۔محاورہ) کسی کام کے لائق ہونا ۔ لیاقت پیدا کرنا ۔ مُنہ کو درست کرانا ۔

مُنہ بولا (ہ۔صف۔مفعولی) مُنہ سے کہا ہوا ۔ زبان سے بنایا ہوا ۔ پگڑی بدل ۔

مُنہ بولا بھائی (ہ۔ا۔مذ) وہ شخص جسے اپنی زبان سے بھائی کہہ لیا ہو بھائی بنایا ہوا ۔ برادر خواندہ ۔

مُنہ بولتی (ہ۔صف) باتیں کرتی ہوئی گویا ۔ بولتی ہوئی ۔ ناطق تصویر کی عمدگی کے مبالغہ کے لیے بولتے ہیں ایسی تصویر گویا ابھی مُنہ سے بولی کی بولی ۔

مُنہ بولتی تصویر یا مورت (اُر۔مو) نہایت عمدہ تصویر یا مورت ۔ آدمی ۔ انسان ۔ بشر ۔

مُنہ بولی (ہ۔صف) مُنہ بولا کی مونث ۔ مُنہ سے کہی ہوئی زبان سے بنائی ہوئی ۔

مُنہ بول بہن (ہ۔ا۔مو) سہیلی ۔ وہ عورت جسے مُنہ سے بہن کہہ لیا ہو ۔

مُنہ بھرا آنا / مُنہ بھر آنا (اُر۔محاورہ) مُنہ میں پانی یا رطوبت کا چلا آنا متلی ہونا ۔ جی کا مالش کرنا ۔ جی کچا ہونا ۔

مُنہ بھرائی (ہ۔ا۔مو) رشوت ۔ دہان بندی ۔

مُنہ بھرائی دینا ۔ یا ۔ مُنہ بھر دینا (ہ۔محاورہ) رشوت دینا ۔

مُنہ بھر کے (ہ۔تابع فعل) لبالب ۔ لبریز ۔ بخوبی ۔ حسب دلخواہ ۔ خاطر خواہ ۔ ات گت ۔ نہایت از حد ۔ بھرپور ۔ تمام و کمال ۔

مُنہ بھر کے کوسنا / مُنہ بھر کر کوسنا (اُر۔محاورہ) بے دردی سے کوسنا ۔ بے دھڑک کوسنا ۔

مُنہ بھر کے گالی دینا (ہ۔محاورہ) فحش بکنا ۔ نہایت شرمناک گالی دینا ۔ سخت گالی دینا ۔

مُنہ بھرنا (ہ۔محاورہ) مُنہ میں لقمہ دینا ۔ مُنہ پُر کرنا ۔ مُنہ بند کرنا چُپ کرانا ۔ رشوت دینا ۔

مُنہ بھری (اُر۔ا۔مو) رشوت (افعال دینا) ۔

مُنہ پانا (ہ۔محاورہ) رُخ پانا ۔ توجہ پانا ۔ خوشی پانا ۔ راضی پانا ۔ رضامندی معلوم کرنا ۔

مُنہ پاؤں پر رگڑنا (اُر۔محاورہ) منت سماجت کرنا ۔

مُنہ بھڑاگ (اُر۔صف) مُنہ کے بل ۔ اوندھا ۔ (افعال گرنا)

مُنہ پر (ہ۔تابع فعل) روبرو ۔ سامنے ۔ بالمقابل ۔ ہونٹوں پر لب پر ۔ چہرے پر ۔

مُنہ پر آنا (اُر۔محاورہ) ظاہر ہونا ۔ نمودار ہونا ۔ زبان پر آنا ۔ آگے آنا ۔ پیش آنا ۔

مُنہ پر آئی بات (اُر۔محاورہ) زبان پر آئی ہوئی بات ۔ وہ بات جو دل سے ہونٹوں تک پہنچ چکی ہو ۔

مُنہ پر آئی (ہوئی) نہیں رکتی (اُر۔مثل) ذہن میں آئی ہوئی بات کہنی ہی پڑتی ہے ۔

مُنہ پر بات لانا (اُر۔محاورہ) بھید کھولنا ۔ کسی بات کا ظاہر کرنا بات بیان کرنا ۔

مُنہ پر بحالی ہونا (اُر۔محاورہ) چہرہ پر رونق ہونا ۔

مُنہ پر برسنا (ہ۔محاورہ) صورت سے پایا جانا ۔ چہرے سے عیاں ہونا ۔

مُنہ پر بسنت پھولنا یا کھلنا (ہ۔محاورہ) چہرے پر زردی چھا جانا ۔ مُنہ کا رنگ پیلا ہو جانا ۔ زردی چھا جانا ۔ خوف چھانا ۔ رنگ فق ہونا ۔

مُنہ پر پانی پھر جانا (اُر۔محاورہ) مُنہ پر تر و تازگی آجانا ۔ نور آجانا ۔ تندرستی کی علامت کا ظاہر ہونا ۔ چہرہ بھر جانا ۔

مُنہ پر پلّہ رکھ کے رونا (اُر۔محاورہ) منہ ڈھانپ کے رونا ۔

مُنہ پر پوت پیچھے حرامی (اُر۔مثل) سامنے تعریف پیچھے بدگوئی ۔

مُنہ پر پھٹکار پر سنا (اُر۔محاورہ) چہرہ بے رونق ہونا ۔

مُنہ پر پھینک مارنا (اُر۔محاورہ) ناراضگی سے کوئی چیز واپس کر دینا ۔ سر مارنا ۔ مُنہ پر مارنا ۔

مُنہ پر تھوک دینا (اُر۔محاورہ) نہایت ذلیل کرنا ۔ شرمندہ کرنا شرما دینا ۔ عیب صاف کہہ دینا ۔

مُنہ پر ٹھیکری رکھ لینا (اُر۔محاورہ) لحاظ نہ کرنا ۔ بے مروتی کرنا ۔

مُنہ پر جانا (اُر۔محاورہ) کسی کا لحاظ کرنا ۔ کسی کا خیال کر کے مروت برتنا ۔

مُنہ پر جو گئی ہونا (اُر۔محاورہ) چہرے سے بدشگونی ظاہر ہونا ۔

مُنہ پر چرچا کرنا (اُر۔محاورہ) روبرو کہنا ۔ سامنے بیان کرنا ۔

مُنہ پر چڑھنا (اُر۔محاورہ) سامنے آنا ۔ برد آنا ۔ مقابلہ کرنا ۔ لڑنے کو کھڑا ہو جانا ۔ صاحب بننا ۔ مُنہ لگنا ۔ گستاخ ہونا ۔ بے ادب ہونا ۔ برابری کرنا

مُنہ پر چھوپا دینا (اُر۔محاورہ) چُپ ہو جانا۔ بدروپ ہونا ؛
مُنہ پر خاک ملی ہے (اُر۔محاورہ) مُفلسی ظاہر کر کے دولت کو چھپایا ہے۔ کسی اچھی چیز کو بُرے طور پر رکھا ہے ؛
مُنہ پر خوشامد نہ کرنا (اُر۔محاورہ) سچا اور صاف گو ہونا۔ لگی لپٹی نہ رکھنا۔ پاسداری نہ کرنا ؛
مُنہ پر دامن رکھ کے رونا (اُر۔محاورہ) مُنہ ڈھانپ کر رونا ؛
مُنہ پر دانہ نہ رکھنا (اُر۔محاورہ) ذرا نہ کھانا رزق کے پاس تک نہ جانا۔ بالکل نہ کھانا ؛
مُنہ پر رکھ دینا (اُر۔محاورہ) سامنے کہہ دینا۔ ظاہر کر دینا۔ روبرو کہہ دینا ؛
مُنہ پر رکھنا (اُر۔محاورہ) چکنا۔ زبان پر رکھنا۔ سامنے کہہ دینا۔ ذکر کرنا ؛
مُنہ پر رونق آجانا (اُر۔محاورہ) چہرہ بشاش ہونا ؛
مُنہ پر زردی پھر جانا (اُر۔محاورہ) چہرہ زرد ہو جانا۔ مُنہ فق ہو جانا۔ چہرے کا سفید پڑ جانا ؛
مُنہ پر زردی پھیرنا (اُر۔محاورہ) دیکھئے "مُنہ پر زردی پھر جانا" جس کا یہ متعدّی ہے ؛
مُنہ پر زردی کھنڈ جانا (اُر۔محاورہ) مُردنی چھا جانا۔ چہرے پر زردی آجانا ؛
مُنہ پر سب کچھ دل میں خاک نہیں (اُر۔مثل) ظاہر داری کرنے والے کی نسبت کہتے ہیں ؛
مُنہ پر سخن آنا (اُر۔محاورہ) زبان پر بات آنا ؛
مُنہ پر سرخی ہونا (اُر۔محاورہ) بشاش ہونا۔ صحت مند ہونا ؛
مُنہ پر سیدھی پھیرنا (اُر۔محاورہ) صاف گوئی سے کام لینا ؛
مُنہ شق پھولنا (اُر۔محاورہ) مُنہ پر سُرخی آنا خوشی کے مارے مُنہ سُرخ ہو جانا ؛
مُنہ پر فاختہ اُڑ جانا (اُر۔محاورہ) مُنہ فق ہونا چہرے پر ہوائیاں اُڑنے لگنا۔ مُنہ کا رنگ اڑنے لگنا ؛
مُنہ پر صاف صاف کہنا (اُر۔محاورہ) لگی لپٹی نہ رکھنا۔ صاف گوئی سے کام لینا ؛
مُنہ پر قفل لگ جانا (اُر۔محاورہ) خاموشی چھا جانا۔ مُنہ بند ہو جانا ؛
مُنہ پر کچھ پیٹھ پر کچھ / **مُنہ پر اور پیٹھ پیچھے اَور** (ہ۔محاورہ) ظاہر میں کچھ باطن میں کچھ۔ ظاہر میں دوست۔ باطن میں دشمن ؛
مُنہ پر کہہ بیٹھنا (ہ۔محاورہ) سامنے کہہ دینا۔ روبرو کہہ دینا۔ مُنہ در مُنہ کہہ دینا ؛
مُنہ پر کچھ نہ بولنا (اُر۔محاورہ) سامنے خاموش رہنا ؛
مُنہ پر کہنا (ہ۔فعل) سامنے بیان کرنا۔ روبرو کہنا۔ سمجھ کہنا ؛
مُنہ پر کہنا خوشامد ہے (اُر۔مثل) آپ کی تعریف آپ کے سامنے کرتے ہیں۔ یہ امر واقعی ہے خوشامد نہیں۔ آپ کا ظاہر باطن ہمہ صفت موصوف ہے ؛
مُنہ پر کہے سو موچھ کا بال (ہ۔مثل) مرد وہی ہے جو مُنہ پر سچ بات کو بلا لحاظ صاف صاف کہہ دے ؛
مُنہ پر کی ساری باتیں ہیں (ہ۔محاورہ) سامنے تو اُلفت ہے۔ اور پیٹھ پیچھے نفرت اور دشمنی۔ حاضر و غائب یکساں نہ ہونے والے کے واسطے کہا کرتے ہیں ؛
مُنہ پر لانا (ہ۔محاورہ) احسان جتانا۔ بیان کرنا۔ ظاہر کرنا۔ زبان پر رکھنا ؛
مُنہ پر لکھا ہونا (اُر۔محاورہ) کوئی ظاہری خاص نشانی ہونا ؛
مُنہ پر لگا لے جانا (اُر۔محاورہ) کسی خطرناک چیز کے سامنے کر دینا ؛
مُنہ پر مارنا (ہ۔محاورہ) کسی نکمی چیز کو واپس پھیرنا خفا ہو کر لوٹا دینا ؛
مُنہ پر مُردنی پھرنا یا چھانا (اُر۔محاورہ) چہرہ بے رونق ہو جانا زردی چھا جانا۔ موت کی علامتوں کا ظاہر ہونا ؛
مُنہ پر مُنہ رکھنا (اُر۔محاورہ) گال پر گال رکھنا۔ پیار کرنا ؛
مُنہ پر مہتاب چھٹنا (اُر۔محاورہ) خوف یا شرم کے مارے چہرہ سفید پڑ جانا ؛
مُنہ پر مُہر کرنا یا کر دینا / **مُنہ پر مُہر لگا دینا** (اُر۔فعل) مُنہ بند کر دینا۔ بولنے نہ دینا۔ خاموش کرنا۔ ساکت کرنا چُپ رہنے کا حکم دینا۔ مُنہ سی دینا ؛
مُنہ پر میٹھا ہونا (اُر۔محاورہ) سامنے شیریں کلامی اور مداح اور دل میں کھوٹ ہونا ؛
مُنہ پر نور آنا (اُر۔محاورہ) چہرے پر رونق آنا ؛
مُنہ پر نور نہ ہونا (اُر۔محاورہ) چہرے پر رونق نہ ہونا ؛
مُنہ پر نہ تھوکنا (اُر۔محاورہ) نظر حقارت سے دیکھنا۔ بے وقعت سمجھنا ؛
مُنہ پر ناک نہ ہونا (اُر۔محاورہ) حیا نہ ہونا۔ شرم نہ ہونا۔ لاج نہ ہونا۔ بے غیرت ہونا۔ عزت اور ننگ و ناموس کا خیال نہ ہونا ؛
مُنہ پر نہ رکھنا (اُر۔محاورہ) بالکل نہ چکھنا۔ زبان پر نہ رکھنا۔ بدمزگی کے باعث کسی چیز کو مُنہ تک نہ لے جانا۔ سامنے نہ کہنا روبرو کہنا ؛
مُنہ پر ہاتھ پھیرنا (اُر۔محاورہ) بدلہ اور انتقام لینے کا اشارہ کرنا۔ جتانا اور آگاہ کرنا کسی کی گالوں پر محبت یا عشق سے ہاتھ لگانا ؛
مُنہ پر ہاتھ رکھنا (اُر۔محاورہ) بولنے نہ دینا۔ بولنے سے روکنا مُنہ بند کرنا۔ بات نہ کرنے دینا ؛
مُنہ پر ہوائیاں اُڑنا۔ یا چھوٹنا (اُر۔محاورہ) حواس باختہ ہونا گھبرا جانا۔ چہرے کا رنگ اُڑنا۔ مُنہ فق ہونا ؛
مُنہ پڑنا (ہ۔محاورہ) کھانے میں آنا۔ مُنہ میں جانا۔ جرأت ہونا حوصلہ ہونا۔ چرچا ہونا۔ مشہور ہونا۔ افواہ ہونا۔ کسی سے محبت ہونا ؛
مُنہ پڑی (ہ۔صف) مشہور و معروف زبان زد خاص و عام ؛
مُنہ پسار کر دوڑنا (ہ۔محاورہ) مُنہ پھیلا کر دوڑنا۔ کسی چیز کے

کھانے کے لیے منہ کھول کر دوڑنا ۔

منہ پسار کر رہ جانا (ہ ۔ محاورہ) حیران رہ جانا ۔ ہکا بکا رہ جانا ۔ کسی چیز کی آرزو میں تکتے رہ جانا ۔ منہ پھاڑ کر رہ جانا ۔

منہ پسارنا (ہ ۔ محاورہ) طمع کا منہ پھیلانا ۔ لالچ کرنا ۔ لوبھ کرنا ۔ رال ٹپکانا ۔ حرص کرنا ۔

منہ پکڑنا (ہ ۔ محاورہ) منہ بند کرنا ۔ بولنے سے روکنا ۔

منہ پھاڑنا (ہ ۔ محاورہ) منہ کھولنا ۔ بولنا ۔ منہ بولنا ۔ منہ پھیلانا اپنی بے وقوفی پر ہنسنا ۔ زبان درازی کرنا ۔ منہ جانا ۔ زبان ہلانا ۔

منہ پونچھنا (اُر ۔ محاورہ) منہ صاف کرنا ۔

منہ پھاڑ کر لینا (اُر ۔ محاورہ) چلا کر کہنا ۔

منہ پھاڑنا (اُر ۔ محاورہ) منہ کھولنا ۔ بولنا ۔ منہ بنانا ۔ منہ پھیلانا اپنی بے وقوفی پر ہنسنا ۔ زبان درازی کرنا ۔

منہ پھٹ (ہ ۔ صف ۔ مرکب) بدزبان ۔ موقع بے موقع بولنے والا ۔ بدلحاظ ۔ زبان دراز ۔ منہ زور ۔ بدلگام ۔ منہ کا پھوڑا ۔ بیہودہ گو ۔

منہ پھٹنا (ہ ۔ فعل) کسی تیز چیز مثلاً چونے وغیرہ سے منہ میں چیریں پڑنا ۔

منہ پھیرانا (ہ ۔ محاورہ) بے رُخی کرنا ۔ صورت سے بیزار ہونا ۔ منہ دوسری طرف موڑ لینا ۔

منہ پھر جانا (ہ ۔ محاورہ) لقوہ کا مرض ہونا ۔ منہ کا ٹیڑھا ہو جانا ۔ منہ کا سامنے نہ ٹھہرنا ۔ سامنے ٹھہرنے کی تاب نہ لانا ۔ شکست کھا جانا ۔ بھاگ جانا ۔ سیر ہو جانا ۔ خواہش نہ رہنا ۔ جی اکتا جانا ۔ دھار مڑ جانا ۔ نوک مڑ جانا ۔ توجہ نہ رہنا ۔ خیال بٹ جانا ۔ دوسری طرف دھیان لگ جانا ۔ رُخ بدل جانا ۔ نظر بدل جانا ۔ پہلو یا جانب بدل جانا ۔

منہ پھلانا (ہ ۔ فعل) ناراض ہونا ۔ خفا ہونا ۔ منہ سجانا ۔ خفگی کی علامت ظاہر کرنا ۔

منہ پھوڑ کر (ہ ۔ محاورہ) بے شرم ہو کر ۔ بے غیرتی سے ۔ بیحیائی سے ۔ آزادانہ ۔

منہ پھوڑ کہنا (ہ ۔ محاورہ) بے حیا ہو کر کہنا ۔ بے شرم بن کر کہنا ۔ آزادانہ ۔ راز کو بے باکانہ ظاہر کر دینا ۔ کہنے میں کسی کی کچھ شرم و حیا نہ کرنا ۔

منہ پھوڑ کر مانگنا (اُر ۔ محاورہ) بے حیا بن کر مانگنا ۔

منہ پھولنا (اُر ۔ محاورہ) خفا ہونا ۔ منہ سوجنا ۔ ناراض ہونا ۔

منہ پھیر دینا (اُر ۔ محاورہ) منہ موڑ دینا ۔ چہرہ پھیر دینا ۔ رُخ پھیر دینا ۔ طبیعت سیر کر دینا ۔ جی بھر دینا ۔ پس پا کر دینا ۔ مغلوب کر دینا ۔ ہٹا کر دینا ۔

منہ پھیر کر / کے چلنا (اُر ۔ محاورہ) بیزاری اور نفرت ظاہر کرنا ۔

منہ پھیر کر / کے سونا (اُر ۔ محاورہ) دوسری طرف کروٹ لے کر سونا ۔

منہ پھیر کر / کے ہنسنا (اُر ۔ محاورہ) منہ چھپا کر ہنسنا ۔ پردہ میں ہنسنا ۔

منہ پھیر لینا (اُر ۔ محاورہ) منہ موڑ لینا ۔ چہرہ پھیر لینا ۔ رُخ بدل لینا ۔ روگردانی کرنا ۔

منہ پھیرنا (اُر ۔ محاورہ) روگرداں ہونا ۔ منہ موڑنا ۔ بے وفائی کرنا ۔ بے پروائی کرنا ۔ بے مروتی کرنا ۔ انکار کرنا ۔ پھیرنا ۔ ہٹنا ۔ ناراض ہونا ۔ بیزار ہونا ۔

منہ پھیلانا (اُر ۔ محاورہ) بہت لالچ کرنا ۔ زیادہ مانگنا ۔ منہ کھولنا ۔ منہ پسارنا ۔ مول بڑھانا ۔ زیادہ قیمت مانگنا ۔ زیادہ مانگنے پر اڑنا ۔

منہ پھیلائے بیٹھنا (اُر ۔ محاورہ) خواہشمند رہنا ۔ منتظر رہنا ۔ مانگنے یا لینے کے لیے تیار ہونا ۔

منہ پیٹ کر نیلا کرنا (اُر ۔ محاورہ) منہ اتنا پیٹنا کہ نیلا ہو جائے ۔

منہ پیٹنا (اُر ۔ محاورہ) اپنے چہرے پر تھپڑ لگانا ۔ سخت افسوس یا نہایت غصے کی حالت میں یہ کیفیت ہوتی ہے ۔

منہ تک آنا (اُر ۔ محاورہ) کناروں تک بھرنا ۔ لبریز ہونا ۔ زبان تک آنا ۔ لب تک آنا ۔

منہ تک بھرنا (اُر ۔ محاورہ) منہا منہ بھرنا ۔ لبالب کرنا ۔ گلے تک پُر کرنا ۔ لبریز کرنا ۔

منہ تک جگر آنا (اُر ۔ محاورہ) دم گھبرانا ۔ دم اُلٹنا ۔ کلیجہ منہ آنا ۔

منہ تک کے رہ جانا (ا ۔ محاورہ) حیرت سے خاموش رہ جانا ۔

منہ تکنا (اُر ۔ محاورہ) منہ دیکھنا ۔ صورت دیکھنا ۔ چہرے کی طرف نظر کرنا ۔ جواب کا انتظار کرنا ۔ منتظر رہنا ۔ نگاہ یاس سے دیکھنا ۔ تاسف اور افسوس کی نگاہوں سے دیکھنا ۔ تعجب اور حیرانگی سے دیکھنا ۔ حیران و ششدر رہ جانا ۔ لاجواب ہو جانا ۔ جواب بن نہ آنا ۔

منہ تلخ ہو جانا / ہونا (اُر ۔ محاورہ) منہ کا مزہ خراب ہو جانا ۔ منہ کڑوا ہو جانا ۔

منہ تمتمانا (اُر ۔ محاورہ) چہرے کا عضہ یا بخار وغیرہ سے سُرخ ہو جانا ۔

منہ تنگ کرنا (اُر ۔ محاورہ) نہ بولنا ۔

منہ تو پاپا (ہ ۔ اند) رشوت ۔ منہ بھرائی ۔

منہ تو دیکھو ۔ یا ۔ منہ تو دیکھئے (ہ ۔ محاورہ) طنزاً ۔ صورت تو دیکھو ۔ پہلے اس قابل تو ہو جاؤ ۔ قابلیت تو پیدا کرو ۔ تمہاری مجال ہی کیا ہے ۔ اپنے ارادے اور دعوے کے موافق پہلے اپنے منہ کو تو دیکھو ۔ اپنی حیثیت تو دیکھو ۔

منہ توڑ کے جواب دینا (اُر ۔ محاورہ) بے لاگ جواب دینا ۔ آزادی سے بے باکانہ جواب دینا ۔ صاف جواب دینا ۔

منہ توڑنا (ہ ۔ فعل) منہ میں مزہ لگانا ۔

منہ مسل ڈالنا (ہ ۔) دانت جھاڑ دینا ۔ دندان شکن جواب دینا ۔

منہ ٹھتھانا (ہ ۔ محاورہ) تیوری چڑھانا ۔ منہ سجانا ۔ ناراض ہو کر خفگی کی صورت بنانا ۔

منہ ٹوٹ جانا / ٹوٹنا (اُر ۔ محاورہ) منہ میں چوٹ آنا ۔

منہ ٹوٹ جائے (اُر ۔ کلمہ بددعا) منہ میں چوٹ آئے ۔

مُنہ ٹھٹھانا (اُر۔محاورہ) مُنہ پر طمانچے یا تھپڑ مارنا۔
مُنہ ٹیڑھا کرنا (اُر۔محاورہ) مُنہ بگاڑنا۔ بیرُخ ہونا۔ تیوڑی چڑھانا تیوڑی پر بل ڈالنا۔ مُنہ میں خم ڈال دینا۔ مُنہ پھیر دینا۔ سخت سزا دے کر بدشکل کر دینا۔
مُنہ ٹیڑھا ہونا (اُر۔محاورہ) مُنہ پھر جانا۔ مُنہ خمیدہ ہونا۔ تیوری چڑھنا۔ بتوری پر بل پڑنا۔ خفگی کی صورت بننا۔
مُنہ جوڑنا (اُر۔محاورہ) کانا پھوسی کرنا۔ چپکے چپکے چرچا کرنا۔ گلہ کرنا شکایت کرنا۔ طعنہ مہنہ دینا۔ غیبت کرنا۔ بدگوئی کرنا۔
مُنہ جھٹال کر کھڑے ہو جانا (اُر۔محاورہ) تھوڑا سا کھا کر چلا جانا۔
مُنہ جھٹا لینا (اُر۔محاورہ) صرف مُنہ جھوٹا کر لینا۔ برائے نام کھانا۔ ذرا سا چکھ لینا۔ نام گنانے کو ذرا سا کھا لینا۔
مُنہ جھٹک جانا (اُر۔محاورہ) مُنہ اُتر جانا۔ دبلا ہو جانا۔ چہرہ سُست ہو جانا۔
مُنہ جھلسنا (اُر۔محاورہ) مُنہ کو آگ لگانا۔ مُنہ کو لُو کا لگانا۔ مُنہ کو جلا کر سیاہ کر دینا۔ لعنت بھیجنا۔ بالکل کچھ نہ دینا۔ پاپ کاٹنا۔ قرضہ چُکانا۔ نمٹانا کچھ تھوڑا بہت کھانے کو دے دینا۔ بادل ناخواستہ دینا۔ رشوت دینا۔ مُنہ بھرائی دینا۔
مُنہ چاٹنا (اُر۔محاورہ) پیار کرنا۔ چمکارنا۔ ناز برداری کرنا۔ خوشامد کرنا۔ کسی کا مُنہ اپنی زبان سے صاف کرنا۔
مُنہ چاہیے (ہ۔محاورہ) ہمت اور حوصلہ چاہیئے دل گردہ درکار ہے۔
مُنہ چٹول (ہ۔امو) چوما چاٹی۔ پیار۔ محبت۔ بکواس۔ بک بک۔
مُنہ چڑانا (اُر۔محاورہ) صورت نہ دکھانا۔ صورت دکھانے سے گریز کرنا۔
مُنہ چڑا ہو جانا (اُر۔محاورہ) مُنہ پھیر جانا۔
مُنہ چڑھانا (اُر۔محاورہ) سر چڑھانا۔ گستاخ کرنا۔ مقرب بنانا۔
مُنہ چڑانا (اُر۔محاورہ) دوسرے کے مُنہ کی نقل۔ بھونڈی طرح کر کے اسے کھجانا۔ تمسخر کرنا۔ مُنہ بگاڑ کر چھیڑنا۔ جھوٹی تقلید کرنا ہنسی اُڑانا۔ بدنام کرنا۔ تضحیک کرنا۔ مضحکہ اُڑانا۔
مُنہ چڑھا (ہ۔صف) گستاخ۔ بے ادب۔ بے باک۔ سر چڑھا۔
مُنہ چڑھائے ہوئے ہونا (اُر۔محاورہ) غصے میں ہونا۔ ناراض ہونا۔
مُنہ چڑھانا (اُر۔محاورہ) رفیق بننا۔ مصاحب بننا۔ مُنہ لگنا۔ تیوڑی چڑھنا۔ بے ادب ہونا۔ گستاخ بننا۔ سامنے آنا۔ مقابل آنا۔ برابری کرنا۔ زبان پر چڑھنا۔ سر ہونا۔ درپے ہونا پیچھے پڑنا۔ مُنہ پر آنا۔ مشہور ہونا۔ چہرے پر نمایاں ہونا۔
مُنہ چکنا پیٹ خالی (اُر۔مثل) ظاہر میں درست باطن میں خستہ و خراب
مُنہ چلانا (اُر۔محاورہ) مُنہ کو ہلانا۔ چبانا۔ کھانا۔ گھوڑے کا کاٹنا۔ مُنہ سے پکڑنا۔ مُنہ ڈالنا۔ گالیاں دینا۔ بدزبانی کرنا۔ جگالی کرنا۔
مُنہ چلنا (اُر۔محاورہ) مُنہ کا ہلنا۔ متحرک ہونا۔ کھاتے رہنا۔ زبان چلنا۔ بک بک کرتے رہنا۔ چُپ نہ بیٹھنا۔ جگالی ہونا۔

مُنہ چلے سَتّر بلا ٹلے (اُر۔مثل) انسان یا حیوان میں ساری طاقت کھانے پینے سے ہی ہوتی ہے۔
مُنہ چنگ (اُر۔اسم) ایک باجا جو مُنہ سے بجایا جاتا ہے۔
مُنہ چور (ہ۔صف) شرمیلا۔ حیادار۔ لجالو۔ تل نظر۔ وہ شخص جو شرم کے مارے کسی کے سامنے مُنہ نہ کرے۔
مُنہ چومتے ہی گال کاٹنا (اُر۔مثل) ابتدائی میں نقصان پہنچانا۔
مُنہ چوم کے چھوڑ دینا (اُر۔محاورہ) کام نکال کے ٹرخا دینا۔ ذلیل اور شرمندہ کر کے چھوڑ دینا۔
مُنہ چھپا کر بھاگنا (اُر۔محاورہ) روپوش ہونا۔ مفرور ہونا۔
مُنہ چھپانا (اُر۔محاورہ) مُنہ ڈھکنا۔ مُنہ ڈھانکنا۔ پردہ کرنا۔ نقاب ڈالنا۔ پہلوتہی کرنا۔ کنارہ کشی کرنا۔ آنکھ چُرانا۔ نظر بچانا۔ شرمندہ ہونا۔ خجل ہونا۔ شرمسار ہونا۔ شرم کے مارے روپوش ہونا۔ دبکی مارنا۔ چھُپ جانا۔ چھُپا رہنا۔ روپوش ہونا۔ چشم پوشی کرنا۔ اغماض کرنا۔
مُنہ چھُٹ (ہ۔صف) بے لگام۔ مُنہ پھٹ۔ مجازاً ات گت۔ وافر۔ بہت۔ بہت زیادہ۔ یہ لفظ ان معنوں میں کھانے پینے کی اشیا میں آزادی دینے کے موقع پر بولتے ہیں۔
مُنہ چھوانا (ہ۔محاورہ) برائے نام بلاوا دینا۔ جھوٹ موٹ کہنا۔ اُوپری دل سے کہنا۔ جھوٹی خاطر کرنا۔ جھوٹ موٹ کی تواضع کرنا۔ صرف ظاہر داری برتنا۔
مُنہ چھوٹا اور بات بڑی (ہ۔مثل) حوصلہ کم اور بات بڑی حیثیت سے بڑھ کر کرنا۔ یا کمینے آدمی کے کسی بڑے کام کی شیخی مارنے کے وقت بولتے ہیں۔
مُنہ چھُونا (اُر۔محاورہ) برائے نام کہنا۔ اُوپرے دل سے کہنا ذرا بات کرنا۔ ذرا بولنا۔
مُنہ چھُونا (اُر۔محاورہ) جھوٹوں کہنا۔ اُوپری دل سے کہنا۔ دل سے نہ کہنا۔ ظاہری تواضع کرنا۔ ذرا بات کرنا۔ ذرا بولنا۔
مُنہ چھیتنا (ہ۔محاورہ) تھپڑ مارنا۔ مُنہ ہی مُنہ پیٹنا۔ طمانچوں سے مُنہ کو زخمی کرنا۔
مُنہ چیڑا کر دینا (اُر۔محاورہ) سخت طمانچے کلّے پر مارنا۔
مُنہ خام کرنا (اُر۔محاورہ) مُنہ بند کرنا۔ کپردی کرنا۔ آٹے یا مٹی سے کسی چیز کا سوراخ بند کرنا۔ کل حکمت کرنا۔
مُنہ خدا کی طرف ہونا (اُر۔محاورہ) خدا پر بھروسا ہونا۔
مُنہ خراب کرنا (اُر۔محاورہ) مُنہ کا بدمزہ کرنا۔ مُنہ بگاڑنا۔
مُنہ خراب ہونا (اُر۔محاورہ) مُنہ بگڑنا۔ بدزبانی ہونا۔ زبان گندی ہونا۔ مُنہ بدمزہ ہونا۔
مُنہ خشک ہو جانا (اُر۔محاورہ) مُنہ سوکھ جانا۔ پیاس اور گرمی کی شدت سے زبان کا تر نہ رہنا۔ خوف کے باعث مُنہ فق ہو جانا چہرہ زرد پڑ جانا۔ ڈر جانا۔ خائف ہو جانا۔
مُنہ در مُنہ (اُر۔تابع فعل) سامنے۔ روبرو۔ دوبدو۔ آمنے سامنے

مُنہ در مُنہ کر دینا (اُر۔محاورہ) سامنے کر دینا۔ رُو برو کر دینا ۔

مُنہ در مُنہ کہنا (اُر۔محاورہ) سامنے کہنا۔ رو برو بالمواجہ کہنا۔ منہ پر کہنا۔

مُنہ دکھانا / مُنہ دکھلانا (اُر۔محاورہ) مُنہ رُوبرو کرنا۔ ملاقات کرنا۔ سامنے آنا رُوبرو ہونا۔ ملنا۔ مقابل ہونا۔ سمکھ ہونا۔ پاس جانا ۔

مُنہ دکھانا مشکل ہے۔ یا۔ ہو گیا (اُر۔محاورہ) اتنی شرمندگی ہے کہ جس سے مُنہ روبرو نہیں کر سکتے ۔

مُنہ دکھانے کے قابل نہ رکھنا (اُر۔محاورہ) کوئی ایسا بُرا کام کرنا کہ بزرگوں یا لوگوں کے سامنے جاتے ہوئے شرم آئے۔ شرمندگی جہالت کی وجہ سے کسی سے ملنے کے قابل نہ رکھنا۔ ناک کٹوا دینا۔ ذلیل و رسوا کر دینا ۔

مُنہ دکھانے کی صورت نہ رہنا / مُنہ دکھانے کے قابل نہ رہنا (اُر۔محاورہ) سخت شرمندگی کی وجہ سے سامنے آنے کے لائق نہ رہنا۔ نہایت شرمندہ ہونا ۔

مُنہ دکھائی یا دکھلائی (ہ۔اسمو۔مصدری) رونمائی۔ وہ نقدی یا نذرانہ جو دُلھن کا مُنہ اول ہی اول دیکھ کر اس کی سسرال والے رشتہ دار اسے دیتے ہیں ۔

مُنہ دکھائی دینا (اُر۔محاورہ) کسی چمکدار چیز شیشہ یا آئینہ وغیرہ میں اپنا عکس نظر آنا ۔

مُنہ دھو آؤ / ڈالو / رکھو (اُر۔محاورہ) اس کام کی توقع نہ رکھو تم اس کام کے قابل نہیں ہو ۔

مُنہ دھو رکھو (ہ۔محاورہ) مایوس ہو رہو۔ اس کی توقع نہ رکھو تم اس کام کے لائق نہیں ۔

مُنہ دھونا (ہ۔محاورہ) مُنہ دُھلانا۔ مُنہ صاف کرانا۔ اپنا مُنہ صاف کرنا۔ چہرہ صاف کرنا ۔

مُنہ دھووے روزی کھووے (اُر۔مقولہ) رندوں بے نمازوں کا مقولہ ہے ۔

مُنہ دیکر بات کرنا (اُر۔محاورہ) متوجہ ہو کر بات کرنا۔ توجہ سے بات کرنا۔ رُخ دیکر بولنا۔

مُنہ دیکھ (ہ۔محاورہ) لیاقت پیدا کر۔ قابلیت دیکھ۔ کیا بکتا ہے۔ تجھے مناسب نہیں ۔

مُنہ دیکھا (اُر۔صف) مُنہ دیکھنے والا۔ حلقہ بگوش۔ فرماں بردار۔ مطیع۔ حکم بردار ۔

مُنہ دیکھا کرنا (اُر۔محاورہ) حیرت سے چہرہ تکنا۔ کسی بات کا منتظر رہنا ۔

مُنہ دیکھتا رہ جانا (اُر۔محاورہ) مُنہ تکتے رہ جانا۔ اس ہی آس میں رہنا۔ حیران ہو جانا۔ ہکا بکا رہ جانا۔ ششدر رہ جانا ۔

مُنہ دیکھتے رہنا (اُر۔محاورہ) رُعب میں آکر کچھ نہ کہہ سکنا ۔

مُنہ دیکھ کر اٹھنا (اُر۔محاورہ) صبح سوتے ہوئے اٹھ کر کسی کا مُنہ دیکھنا۔ صبح ہی صبح اٹھ کر کسی کا مُنہ دیکھنا۔ خیال کرتے ہیں کہ صبح اٹھتے ہی اگر کسی بھاگوان کا مُنہ دیکھ لیا۔ تو تمام دن خوشی میں اور اگر کسی بدبخت کا مُنہ دیکھا تو سارا دن غم میں گزرے گا ۔

مُنہ دیکھ کر بات کرنا (اُر۔محاورہ) خوشامد کی بات کرنا۔ لحاظ کی بات کرنا۔ لاجواب ہونا۔ جواب بن نہ آنا ۔

مُنہ دیکھ کے بیڑا چوتڑ دیکھ کے پیڑھا (اُر۔مثل) ہر ایک کے ساتھ تہذیب سے پیش آنا چاہیے۔ مرتبہ کے مطابق سلوک ۔

مُنہ دیکھ کے مچھر ٹ لگایا جاتا ہے (اُر۔مثل) ہر ایک سے حیثیت کے مطابق برتاؤ کیا جاتا ہے ۔

مُنہ دیکھنا (ہ) صورت دیکھنا۔ چہرہ دیکھنا۔ آئینہ میں شکل دیکھنا۔ حیرت سے مُنہ دیکھنا۔ حسرت سے مُنہ تکنا۔ تعجب سے نظر کرنا۔ جواب کے انتظار میں مُنہ تکنا ۔

مُنہ دیکھو (ہ۔محاورہ) طنزاً۔ ان کی قابلیت تو دیکھو۔ کیا طاقت کیا مقدور ۔

مُنہ دیکھی (صاسمو) سامنے کی۔ رعایت کی۔ لحاظ کی۔ خوشامد کی ۔

مُنہ دیکھی سب کہیں خدا لگتی کوئی نہیں کہتا (اُر۔مثل) خوشامد کی سب کہتے ہیں۔ انصاف کی بات کوئی نہیں کہتا ۔

مُنہ دیکھے کی (ہ۔تابع فعل) ظاہری۔ اُوپری۔ سامنے کی۔ خوشامد کی۔ رعایت کی۔ دکھاوے کی۔ لحاظ کی ۔

مُنہ دیکھے کی اُلفت پریت۔ چاہ۔ محبت (اُر۔اسمو) دکھاوے کی محبت۔ جھوٹی محبت۔ اُوپری محبت ۔

مُنہ دیکھے کی باتیں (ہ۔اسمو) جھوٹ موٹ کی باتیں۔ دکھاوے کی باتیں۔ ظاہری باتیں ۔

مُنہ دیکھے کی تعریف (اُر۔اسمو) خوشامدانہ تعریف ۔

مُنہ دینا (ہ۔محاورہ) دھیان دینا۔ توجہ دینا۔ کسی برتن میں جانور وغیرہ کا مُنہ ڈالنا ۔

مُنہ ڈالنا (ہ۔محاورہ) لڑنا۔ حملہ کرنا (مُرغبازوں کے محاورے میں) کسی چیز میں مُنہ داخل کرنا۔ محبت پیدا کر لینا ۔

مُنہ ڈھانپ ڈھانپ / ڈھانک ڈھانک کر رونا (اُر۔محاورہ) مُنہ پر رومال دوپٹہ یا کپڑا رکھ کر رونا۔ بہت گریہ و بکا کرنا ۔

مُنہ ڈھانپنا (ہ۔فعل) مُنہ پر رومال ڈالنا۔ مُنہ پر کپڑا یا رومال ڈالکر رونا۔ زار زار رونا ۔

مُنہ ڈھانکنا۔ یا۔ ڈھکنا (ہ۔فعل) مُنہ پر پردہ ڈالنا۔ نقاب ڈالنا۔ مُنہ چھپانا۔ ماتم کرنا۔ رونا۔ گریہ و زاری کرنا ۔

مُنہ ذرا سا نکل آنا / مُنہ ذری سا نکل آنا (اُر۔محاورہ) چہرہ کا دبلا اور کمزور پڑ جانا نہایت لاغر و ناتواں ہو جانا ۔

مُنہ رکھنا (ہ۔فعل) توجہ رکھنا۔ لحاظ رکھنا۔ پاس رکھنا۔ روزعایت کرنا۔ میل ملاپ رکھنا ۔

مُنہ روشن ہونا (اُر۔محاورہ) مُنہ پر رونق ہونا ۔

مُنہ رہنے ناک سے پانی بہنے (اُر۔مثل) فضول اور لایعنی باتیں کرتے ہیں ۔

مُنہ زبانی (اُر۔صف) بلا تحریر۔ بے لکھے زبانی۔ حفظ۔ نوک زبان ۔

مُنہ زرد ہونا (اُر۔ محاورہ) خوف یا دہشت سے مُنہ پیلا پڑ جانا مُنہ کا سفید پڑ جانا۔ چہرہ اُداس ہو جانا ۔

مُنہ زور (اُر۔ صف) بدزبان۔ مُنہ پھٹ۔ بُرا بھلا کہنے والا بکی بکواسی۔ چُپ نہ رہنے والا۔ شریر گھوڑا جو روکا نہ رُکے وہ گھوڑا جو لگام کو نہ مانے ۔

مُنہ زہر ہو جانا (اُر۔ محاورہ) مُنہ نہایت کڑوا ہو جانا۔ تلخ ہو جانا ۔

مُنہ سامنے نہ کرنا (اُر۔ محاورہ) حجاب یا شرم سے سامنے نہ آنا ۔

مُنہ سست ہو جانا (اُر۔ محاورہ) چہرے / مُنہ کا دُبلا ہو جانا ۔

مُنہ سُجانا (ہ۔ محاورہ) مُنہ تھتھانا۔ تیوری چڑھانا۔ اُداس ہونا۔ ناراض ہونا۔ غمگین ہونا۔ مُنہ چھپتانا۔ تھپڑوں سے مُنہ لال کرنا ۔

مُنہ سُرخ ہونا یا ہو جانا (اُر۔ محاورہ) مُنہ تمتما جانا۔ غصّے کے سبب سے مُنہ کا لال ہو جانا۔ غضبناک ہو جانا ۔

مُنہ سڑے (اُر۔ بد دعا) مُنہ زخمی ہو ۔

مُنہ سفید پڑ جانا۔ یا۔ ہو جانا (اُر۔ محاورہ) خوف چھا جانا۔ متحیر ہو جانا۔ مُنہ فق ہو جانا ۔

مُنہ سکڑ جانا (ہ۔ محاورہ) چہرہ پر دبلاہٹ چھانا۔ مُنہ کی رونق نہ رہنا ۔

مُنہ سکوڑنا / **مُنہ سیکڑنا** (ہ۔ محاورہ) ناک بھوں چڑھانا۔ تیوری چڑھانا ناراض ہونا۔ مُنہ ٹیڑھا کرنا۔ منہ بنانا۔ بگڑنا ۔

مُنہ سلونا کرنا (ہ۔ محاورہ) نمکین چیز کھانا خصوصاً شیرینی کے بعد ۔

مُنہ سنبھالنا (ہ۔ محاورہ) زبان کو لگام دینا زبان کو قابو کرنا ۔

مُنہ سنبھالو (ہ۔ محاورہ) زبان درازی نہ کرو۔ سخت کلامی سے باز آؤ۔ زبان روکو۔ سوچ سمجھ کر بات کرو ۔

مُنہ سُوجا رہنا (اُر۔ محاورہ) غصہ یا بدمزاجی سے مُنہ پھُولا رہنا ۔

مُنہ سُوکھنا یا سُوکھ جانا (اُر۔ محاورہ) دہشت اور ڈر کے مارے مُنہ خشک ہو جانا۔ مُنہ میں طراوت نہ رہنا۔ دُبلا ہونا۔ کمزور ہونا۔ لاغر ہونا ۔

مُنہ سوئی پیٹ کھونی (ہ۔ مثل) مُنہ ذرا سا۔ پیٹ بڑا۔ بڑا کھاؤ اور پیٹو۔ آمدنی کم اور خرچ زیادہ ۔

مُنہ سے (ہ۔ تابع فعل) زبان سے۔ رعایت سے۔ خاطر سے لحاظ سے ۔

مُنہ سے آواز نکالنا (اُر۔ محاورہ) زبان سے کچھ کہنا ۔

مُنہ سے آواز نکلنا (اُر۔ محاورہ) دیکھتے مُنہ سے آواز نکالنا جس کا یہ لازم ہے ۔

مُنہ سے آواز نہ نکلنا (اُر۔ محاورہ) بات نہ ہو سکنا ڈر کے مارے گھگھی۔ بند ہو جانا ۔

مُنہ سے آہ نہ کرنا (اُر۔ محاورہ) شکوہ شکایت زبان پر نہ لانا ۔

مُنہ سیا جانا (اُر۔ محاورہ) مُنہ پر قفل لگایا جانا۔ چُپ کیا جانا۔ مُنہ بند کیا جانا ۔

مُنہ سے نکلنا (اُر۔ محاورہ) مُنہ سے باہر نکالنا۔ مُنہ سے نکالنا ۔

مُنہ سے اقرار لینا (اُر۔ محاورہ) وعدہ لینا۔ اقبال کرانا ۔

مُنہ سیاہ کرنا (اُر۔ محاورہ) مُنہ کالا کرنا۔ سیاہی ملنا۔ خضاب لگانا۔ کلنگ لگانا۔ کلف لگانا۔ عیب کرنا۔ گناہ کرنا ۔

مُنہ سے بات لپکنا۔ اُچکنا۔ چھیننا۔ لینا (اُر۔ محاورہ) جو بات دوسرا کہنے لگا ہو۔ اُس سے پہلے آپ وہ بات کہہ دینا ۔

مُنہ سے بات نکلنا (اُر۔ محاورہ) ہونٹوں سے بات نکلنا۔ زبان پر بات آنا کہا جانا ۔

مُنہ سے بات نکلی ہوا میں پھری (اُر۔ مثل) بات کہنے کے بعد مشہور ہو جاتی ہے ۔

مُنہ سے بات نہ نکالنا (اُر۔ محاورہ) کچھ نہ کہنا ۔

مُنہ سے بات نہ نکلنا (اُر۔ محاورہ) خوف یا غصّے کے سبب بول نہ سکنا ۔

مُنہ سے بس کرنا (اُر۔ محاورہ) زبان سے انکار کرنا۔ کافی سمجھنا مُنہ سے روکنا ۔

مُنہ سے بولنا (اُر۔ محاورہ) زبان سے بات کرنا۔ جواب دینا ۔

مُنہ سے بولو سر سے کھیلو (ہ۔ محاورہ) بات کام کرو۔ خاموش نہ رہو۔ چُپ نہ رہو۔ بات چیت کرو ۔

مُنہ سے بولے نہ سر سے کھیلے (ہ۔ محاورہ) بالکل خاموش اور چُپ۔ بالکل بیہوش ہے۔ بات ہی نہیں کرتا۔ بُت بن گیا ۔

مُنہ سے بھاپ نکالنا (ہ۔ محاورہ) مُنہ سے اف کرنا۔ زبان سے اف نکالنا۔ زبان سے بات کرنا۔ کسی بات کا جواب دینا۔ راز افشا کرنا ۔

مُنہ سے پھُوٹنا (ہ۔ محاورہ) بولنا۔ جواب دینا۔ زبان سے کچھ کہنا (نفرت اور کراہت کے وقت) ۔

مُنہ سے پھُول جھڑنا (اُر۔ محاورہ) نہایت خوش بیان اور شیریں کلام ہونا۔ میٹھی میٹھی باتیں کرنا۔ فصیح ہونا۔ طنزاً بدزبان ہونا۔

مُنہ سے تو پھُوٹو۔ یا۔ مُنہ سے پھُوٹو (ہ۔ محاورہ) نفرت کے طور پر بولتے ہیں۔ کچھ بولو تو سہی۔ جواب تو دو۔ ہاں نہیں کچھ تو کہو ۔

مُنہ سے دُودھ (ٹپکتا ہے) کی بُو آتی ہے (اُر۔ مثل) نادان اور ناتجربہ کار ہے ۔

مُنہ سے دُودھ ٹپکنا (ہ۔ محاورہ) بالکل بچہ اور نادان ہونا ۔

مُنہ سیدھا کر دینا (اُر۔ محاورہ) خوب مارنا ۔

مُنہ سی دینا (ہ۔ محاورہ) چُپ کر دینا۔ خاموش کر دینا۔ مُنہ بند کر دینا ۔

مُنہ سے رال ٹپکی پڑنا (اُر۔ محاورہ) نہایت جی للچانا بے حد خواہش اور رغبت ہونا ۔

مُنہ سے رنگ اُڑ جانا (اُر۔ محاورہ) مُنہ فق ہو جانا ۔

مُنہ سے سُننا چاہتے ہو (اُر۔ محاورہ) کیا گالیاں کھانے کو جی چاہتا ہے۔ کیا بُرا بھلا سننا چاہتے ہو ۔

مُنہ سے سیاہی دھو جانا (اُر۔ محاورہ) بدنامی مٹ جانا ۔

منہ سے کچھ سے کچھ نکلنا (اُر۔محاورہ) کہنا کچھ چاہنا اور زبان سے کچھ نکلنا ٭

منہ سے کلیجہ نکل پڑنا (ہ محاورہ) گھبراکر دم خطا ہوجانا۔ دِل گھبرا جانا۔ جی اُکتا جانا ٭

منہ سے کہہ اُٹھنا (اُر۔محاورہ) بے اختیاری میں بات منہ سے نکل جانا ٭

منہ سے کیا پھول جھڑتے ہیں (اُر۔محاورہ) کیا پسندیدہ باتیں کرتے ہیں۔ طنزاً نازیبا باتوں کے متعلق بھی کہتے ہیں ٭

منہ سے لام کاف مت نکالو (اُر۔مثل) (لام اور کاف لاف اور گزاف کے پہلے حروف ہیں) بے ہودہ بکواس مت کرو۔ بدزبانی نہ کرو۔ خاموش رہو ٭

منہ سے لعل اُگلنا (ہ محاورہ) نہایت شیریں کلام اور رنگین گفتار ہونا ٭

منہ سے لینا (ہ۔محاورہ) دوسرے کے دل کی آئی بات خود کہہ دینا ٭

منہ سے منہ ملانا (اُر۔محاورہ) چوما چاٹی کرنا۔ بوس وکنار کرنا۔ ہمکلام ہونا۔ زبان سے زبان ملانا ٭

منہ سے موتی اُگلنا (اُر۔محاورہ) فصاحت سے گفتگو کرنا۔ خوش کلام یا خوش گفتار ہونا ٭

منہ سے نکلی پرائی ہوئی / منہ سے نکلی کوٹھوں پر چڑھی (اُر۔مثل) راز منہ سے نکلتے ہی مشہور ہوجاتا ہے۔ راز کی بات کسی سے بیش کہنی چاہئے ٭

منہ شکر سے بھر دینا (اُر۔محاورہ) خوشخبری سنانے کے عوض منہ میٹھا کرنا ٭

منہ سے مہابا ہے (اُر۔محاورہ) محبت سے محبت اور خاطر سے خاطر ہے ٭

منہ سینا (ہ۔محاورہ) خاموش ہو رہنا۔ چپ نہ ماندھنا۔ بات نہ کرنا۔ منہ بند کرنا۔ خاموش کر دینا۔ رشوت دینا۔ منہ بھرائی دینا۔

منہ فق ہونا یا ہوجانا (اُر۔محاورہ) منہ پر زردی آجانا۔ خوف یا غم سے منہ سفید ہوجانا۔ منہ پر ہوائیاں چھوٹنا۔ حواس باختہ ہوجانا۔ ڈر جانا۔ رُعب میں آجانا۔ ہکا بکا ہوجانا۔ حیرت زدہ ہوجانا۔ کسی ناگہانی صدمے سے دفعتہً منہ پر سفیدی آجانا ٭

منہ قبلہ کی طرف پھر جانا (اُر۔محاورہ) مسلمانوں کا اعتقاد ہے کہ دیندار آدمی کا منہ مرتے وقت قبلے کی طرف خود بخود پھر جاتا ہے ٭

منہ کا پھوڑا۔ یا۔ پھوہڑا (ہ۔صف) گندہ ذہن۔ بدزبان بے لگام۔ منہ پھٹ ٭

منہ کا تھوڑا ہوجانا (اُر۔محاورہ) پٹ جانا ٭

منہ کا سچا (اُر۔صف) صادق القول۔ وعدے کا پکا ٭

منہ کا کچا (ہ۔صف) نرم منہ کا گھوڑا۔ لگام کا جھٹکا نہ سہار سکنے والا گھوڑا۔ اصیل مُرغ۔ وہ آدمی جس کی زبان کا اعتبار نہ ہو۔ بات اور قول کا کچا ٭

منہ کا کڑا (ہ۔صف) منہ کا کڑا۔ منہ زور۔ سخت زبان۔ مضبوط دھار کا ٭

منہ کا کہا ہونا (اُر۔محاورہ) منہ سے نکلی ہوئی بات کا ہوجانا۔ کہے کے مطابق ہونا ٭

منہ کالا کرنا (اُر۔محاورہ) منہ کو سیاہی لگانا۔ منہ سیاہ کرنا۔ زنا کرنا۔ بدفعلی کرنا۔ عیب کرنا۔ کلنک لگانا ٭

منہ کالا ہو (اُر۔محاورہ بددعا) بدنام ہو۔ رسوا ہو ٭

منہ کا منہ میں ہانھ کا ہاتھ میں نوالہ رہ گیا (اُر۔مثل) جب کوئی آدمی کھانا کھاتے وقت کسی ناگہانی صدمہ کی خبر سن کر کھانا چھوڑ کر حیران وششدر رہ جائے تو اس موقعہ پر یہ فقرہ کہا کرتے ہیں ٭

منہ کا میٹھا (ہ۔صف) زبان کا میٹھا۔ نرم گفتار۔ خوش خلق ٭

منہ کا میٹھا پیٹ کا پھیکا (ہ۔صف) منہ پر تعریف کرنے اور پیٹھ پیچھے بُرا کہنے والا۔ ظاہر میں دوست باطن میں دشمن ٭

منہ کان سے ملا کر باتیں کرنا (اُر۔محاورہ) بہرے سے باتیں کرنا۔ آہستہ آہستہ باتیں کرنا خفیہ باتیں کرنا ٭

منہ کا نوالہ (اُر۔لفظ) لقمہ۔ گراس (بحالت صفت) آسان کام خفیف اور ادنے کام۔ نرم چارہ۔ سہل کام ٭

منہ کا نوالہ تو نہیں ہے (اُر۔مثل) آسان کام تو نہیں ہے ٭

منہ کا نوالہ سمجھنا (اُر۔محاورہ) آسان سمجھنا ٭

منہ کا نوالہ ہوجاتا (اُر۔محاورہ) کام کا سہل اور آسان ہوجانا۔ منہ میں چلا جانا۔ لقمہ بن جانا ٭

منہ کا نور اُڑ جانا (اُر۔محاورہ) چہرے کی آب وتاب نہ رہنا۔ چہرہ بے روپ ہوجانا ٭

منہ کپنے کی طرح پھولنا (اُر۔محاورہ) بہت خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ منہ سوجنا ٭

منہ کرنا (اُر۔محاورہ) چھید کرنا۔ سوراخ بنانا۔ زخم یا پھوڑے یا ناسور کا روزن پیدا کرنا۔ پھوٹنا۔ پاس خاطر کرنا۔ لحاظ کرنا۔ منہ سامنے کرنا۔ رُخ کرنا۔ لاتج کرنا۔ سامنے ہونا ٭

منہ کس کا ہے (اُر۔محاورہ) کس کا حوصلہ ہے۔ کس کی مجال ہے کسی کا حوصلہ نہیں ٭

منہ کیلا ہونا (اُر۔محاورہ) منہ کڑوا ہونا ٭

منہ کلنا (ہ۔محاورہ) منہ بند ہونا۔ منہ کیلا جانا۔ کسی کے برخلاف کہنے سے زبان رُکنا ٭

منہ کو بنانا (ہ۔محاورہ) اپنے آپ کو کسی کام کے لائق بنانا۔ لیاقت پیدا کرنا۔ حوصلہ پیدا کرنا ٭

منہ کو تھوت مل لینا (اُر۔محاورہ) فقیر ہوجانا۔ سادھو بن جانا۔

منہ کو جھلسا لگانا (ہ۔محاورہ) (تنفر اور کراہت) منہ کو آگ

لگانا۔ غرض نہ رکھنا۔ مطلب نہ رکھنا۔

مُنہ کو خون لگنا / **مُنہ کو لہو لگنا** (اُر۔ محاورہ) خون کا مزہ پڑنا خون کا چسکا پڑنا۔ رشوت کی عادت ہو جانا۔ خون کی چاٹ لگ جانا۔

مُنہ کو دکھانہ سکنا (ا۔ محاورہ) مُنہ سامنے نہ کر سکنا۔ سامنے جاتے ہوئے شرم آنا۔

مُنہ کو زہر لگ جانا (اُر محاورہ) زہر کھانے کی عادت ہو جانا

مُنہ کو سات توؤں کی کالک لگ جانا (اُر محاورہ) سخت بدنامی ہونا۔ رسوائی ہونا

مُنہ کو سنبھالنا (اُر۔ محاورہ) زبان کو بدتمیزی سے روکنا۔ بد زبانی سے باز آنا۔ نجیدہ باتیں نہ کرنا۔

مُنہ کو قفل دینا یا لگا دینا (اُر محاورہ) خاموشی اختیار کرنا۔ ساکت ہو رہنا۔ مُنہ کو بند کرنا۔ کھانے پینے یا بولنے سے مُنہ روک لینا یا روک دینا۔

مُنہ کو قفل لگنا (اُر محاورہ) خاموش ہو جانا۔

مُنہ کو کالک لگانا (ہ۔ محاورہ) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔ روسیاہ کرنا کلف لگانا۔

مُنہ کو کالک ملنا (اُر محاورہ) مُنہ کالا کرنا۔ شرمندہ کرنا خجل کرنا

مُنہ کو کلیجہ آنا (ہ۔ محاورہ) دم اُلٹنا۔ غم و غصہ ضبط نہ ہو سکنا۔ دل کا نہایت بیزار ہونا۔ جی کا بہت گھبرانا۔

مُنہ کو لگام دو (اُر محاورہ) زبان سنبھال کر بولو۔ بد زبانی سے باز آؤ۔

مُنہ کو لگنا (ہ محاورہ) چسکا پڑنا۔ چاٹ لگنا۔ مزہ پڑنا۔ خوش ذائقہ معلوم دینا۔

مُنہ کو مزہ لگا دینا (اُر۔ محاورہ) مُنہ کو چسکا لگا دینا۔ چٹورا بنا دینا۔

مُنہ کو موڑنا (اُر۔ محاورہ) مُنہ پھیرنا۔ اعراض کرنا۔ رکھائی کرنا۔ بے مروتی کرنا۔

مُنہ کہاں ہے (ہ۔ محاورہ) کیا تاب ہے۔ کیا مجال ہے۔

مُنہ کھائے آنکھ لجائے (ہ۔ محاورہ) محسن کے آگے آنکھ سامنے نہیں ہو سکتی۔ احسانمندی عاجزی کا سبب ہوتی ہے۔

مُنہ کھل جانا (ہ۔ محاورہ) ذہن کشادہ ہو جانا۔ گستاخ ہو جانا بد لگام ہو جانا۔ مُنہ پھٹ ہو جانا۔ چھلے وغیرہ کی کونچ کھل جانا۔ ازالہ بکر ہو جانا۔

مُنہ کھلنا (ہ محاورہ) منہ کشادہ ہونا۔ بد لگام ہو جانا۔ کہنے یا بیان کرنے پر تیار ہو جانا۔ بکارت ٹوٹنا۔ چیرا ٹوٹنا۔ کونچ کھلنا چھلے وغیرہ کا جھال کھل جانا۔

مُنہ کھلوانا (ہ۔ محاورہ) بولنے پر مجبور کرنا۔ زبان کھلوانا۔ ذہن فراخ کرانا۔ گستاخ بنانا۔ بے ادب بنانا۔ سامنے بولنے یا بات کرنے کی جرأت دینا۔ زبان نکلوانا۔ سوال کرانا۔ منگوانا۔ ازالہ بکر کرانا۔ سخت سست کہلوانا۔

مُنہ کھول کر رہ جانا (ہ۔ محاورہ) مشتاق رہ جانا۔ آس کر کے رہ جانا۔ کچھ کہتے کہتے خاموش ہو جانا۔ منتظر رہ جانا۔ نراسا رہ جانا۔ مایوس ہو جانا۔

مُنہ کھولنا (اُر۔ محاورہ) بولنا۔ کہنا۔ بات کرنا۔ گالیاں دینے لگنا۔ باتیں سُنانا۔ زبان چلانا۔ نقاب اُٹھانا۔ گھونگٹ اُٹھانا۔ مُنہ دکھانا۔ گھونگٹ کھولنا۔

مُنہ کی آنا (اُر۔ محاورہ) سامنے لعن طعن کرنا۔ مُنہ پر کہنا۔

مُنہ گڑ بھیا میں دھور کھو (اُر مثل) جب کوئی چیز دینے سے انکار مقصود ہو تو مذاقاً کہتے ہیں۔

مُنہ کیا ہے (اُر محاورہ) کیا مجال ہے۔ کیا تاب ہے۔ کیا حوصلہ ہے۔

مُنہ کی بات چھین لینا (اُر محاورہ) جس بات کے کہنے کا دوسرا ارادہ کرے اس سے پہلے خود کہہ دینا۔

مُنہ کے بل کرنا (اُر۔ محاورہ) اوندھے مُنہ گرنا۔ بے عزت ہونا رسوا ہونا۔ ذلت اُٹھانا۔

مُنہ کے ٹکڑے اُڑا دینا (اُر محاورہ) پان میں زیادہ چونا ہونے کی وجہ سے منہ کاٹ دینا۔

مُنہ کی ٹکیہ (اُر ابہ) چہرہ۔

مُنہ کی کھانا (اُر۔ محاورہ) چہرے پر ضرب کھانا مُنہ پر چوٹ کھانا تھپڑ کھانا۔ طمانچہ کھانا۔ مار کھانا۔ سزا پانا۔ نقصان اُٹھانا۔ اپنے مُنہ آپ قائل ہونا۔ سر کے بل کرنا۔ اوندھے مُنہ گرنا۔ شرمندہ ہونا۔ بدنامی اُٹھانا۔ خفت حاصل کرنا۔ ہارنا۔ شکست کھانا فریب کھانا۔ جُل میں آنا۔ صریح دھوکا کھانا۔

مُنہ کیل دینا۔ یا۔ کیلنا (ہ۔ محاورہ) منتر یا جادو سے مُنہ کو بند کر دینا۔ زہریلے جانور کے مُنہ کو کاٹنے کے قابل نہ چھوڑنا۔ چُپ کرا دینا۔ خاموش کرانا۔ رشوت دے دینا۔ گھونس دے کر خلاف کہنے سے روک دینا۔

مُنہ کی لوئی جانا (ہ محاورہ) بے غیرتی چھا جانا۔ شرم و حیا کا جاتا رہنا بے شرم ہونا۔

مُنہ کی گئی لوئی تو کیا کریگا کوئی (اُر مثل) جب کوئی شخص جان بوجھ کر بے حیائی یا شرمی اختیار کرتا ہے تو اس کے متعلق کہتے ہیں۔

مُنہ کی مکھی نہ اُڑا سکنا (ہ۔ محاورہ) نہایت کمزور ہو جانا۔ بالکل ناتواں ہو جانا۔

مُنہ کی میٹھی ہاتھ کی جھوٹی (اُر مثل) میٹھی باتیں تو کرتی ہے دیتی دلاتی کچھ نہیں

مُنہ لال کرنا۔ یا۔ کر دینا (ہ۔ محاورہ) پان وغیرہ کھا کر۔ منہ سُرخ کرنا۔ مُنہ پر تھپڑ مار کر چہرہ سُرخ کر دینا۔

مُنہ لال ہو جانا (ہ، غصہ یا تپش سے چہرہ سُرخ ہو جانا۔ ناموری حاصل ہو جانا۔ تھپڑ وغیرہ کی ضرب سے چہرہ سُرخ ہو جانا۔

مُنہ لپیٹ کر پڑنا۔ یا۔ پڑا رہنا (ہ محاورہ) غمگین اور اداس ہو کر پڑا رہنا۔ وفور غم سے مُنہ پر کپڑا لے کر لیٹ رہنا۔

مُنہ لپیٹ لینا (اُر محاورہ) چہرے پر کپڑا ڈال لینا۔ مُنہ چھپا لینا۔

مُنہ لٹکانا (اُر محاورہ) مُنہ کو شرمندگی سے جھکانا۔

مُنہ لگانا (اُر محاورہ) مُنہ سے مس کرنا۔ مُنہ سے چھونا۔ جُھٹا لنا

مُنہ سے جھوٹا کرنا۔ کھانا چکھنا۔ زبان پر رکھنا۔ گستاخ بنانا بے ادب کرنا۔ سر چڑھانا۔ حمایت کرنا۔ مہربانی سے پیش آنا عزت دینا۔ توجہ کرنا۔ یار بنانا۔ مصاحب بنانا۔ دوست بنانا۔ خاطر کرنا ؛

مُنہ لگائی ڈومنی گاوے تال بے تال (ہ۔ محاورہ) جب **مُنہ لگائی ڈومنی بال بچوں سمیت آئی** کوئی ذرا سی مہربانی سے بہت سر چڑھ جائے تو وہاں یہ مثل بولتے ہیں ؛

مُنہ لگنا (ہ۔ محاورہ) مُنہ سے چھوا جانا۔ مُنہ سے مس ہونا۔ گستاخ بننا۔ ہمراز ہونا۔ متوجہ ہونا۔ مخاطب ہونا۔ عزت سے پیش آنا۔ عنایت و مہربانی کرنا۔ توجہ فرمانا۔ ہمسری کرنا۔ برابری کرنا۔ مزہ پانا۔ چاٹ لگنا۔ چسکا پڑنا۔ باہم باتیں کرنا۔ ہمکلام ہونا ؛

مُنہ لیکے پھر جانا (ہ۔ فعل) اُمید اور اعتماد کے خلاف مایوس ہو کر جانا۔ توجہ نہ ہونے کے سبب سے محروم واپس جانا ؛

مُنہ لیکے رہ جانا (ہ۔ محاورہ) اپنی اُمید اور دعوے کے برخلاف جواب پانے سے شرمندہ ہو جانا ؛

مُنہ لے کے رہ گیا (اُر۔ محاورہ) شرمندہ ہو گیا ؛

مُنہ مارنا (ہ۔ محاورہ) کاٹنا۔ ڈنک مارنا۔ ڈسنا۔ شکار کو مُنہ سے پکڑنا۔ چونچ مارنا۔ ٹھونگ مارنا۔ مُرغ یا بٹیر کا آپس میں لڑنا مُنہ بند کرنا۔ خاموش کرنا۔ تھیلی وغیرہ کا مُنہ سینا۔ ٹانکے لگا کر مُنہ بند کرنا۔ کھانے سے روکنا۔ جانور کا چارے کو جلد جلد کھانا۔ چبتی ہوئی کہنا۔ آوازہ کسنا۔ طعنے دینا۔ طنز کی بات کہنا۔ بکواس کرنا۔ رشوت دینا۔ مُنہ کیل دینا۔ کاٹنے کے قابل نہ رہنے دینا۔ دھار گند کر دینا۔ لاجواب کر دینا۔ جواب نہ آنے دینا ؛

مُنہ مانگا (ہ۔ صف) من مانتا۔ حسب مراد۔ حسب منشا۔ دل کی مرضی کے موافق جیسا مُنہ سے کہا تھا۔ حسب خواہش ؛

مُنہ مانگا بر پایا (ہ۔ محاورہ) اپنی خواہش کے موافق شوہر ملا حسب مراد کام ہوا۔ حسب دلخواہ کام بنا۔ جو چاہا سو ہوا ؛

مُنہ مانگنا (اُر۔ محاورہ) فریاد کرنا ؛

مُنہ مانگے دام (اُر۔ مذ) مُنہ سے مانگی ہوئی قیمت۔ مُنہ کا مانگا ہوا ؛

مُنہ مانگی مراد (اُر۔ مؤ) من مانتی مراد۔ دلی خواہش۔ دلی مراد ؛

مُنہ مانگی مراد ملے (اُر۔ مقولہ) فقیروں کی دعا۔ حسب خواہش کام ہو جائے ؛

مُنہ مانگی مراد نہیں ملتی (اُر۔ مثل) اپنا چاہا نہیں ہوتا۔ خدا کا چاہا ہوتا ہے ؛

مُنہ مانگی موت (اُر۔ مؤ) اپنے مُنہ سے مانگی ہوئی موت ؛

مُنہ مانگی موت نہیں ملا کرتی یا ملتی (اُر۔ مثل) آدمی جو چاہتا ہے وہ نہیں ہوا کرتا جو خواہش خدا وندی ہوتی ہے۔ وہ ظاہر ہوا کرتی ہے ؛

مُنہ مانگے دام نہیں ملتے (اُر۔ مثل) جو دوکاندار مانگے وہ خریدار نہیں دیتا ؛

مُنہ مسکوڑنا (اُر۔ محاورہ) مُنہ بنانا۔ ناک بھوں چڑھانا ؛

مُنہ مسل ڈالنا (اُر۔ محاورہ) کسی کے مُنہ کو ہاتھ سے رگڑنا دندان شکن جواب دینا ؛

مُنہ ملاحظہ (اُر۔ مذ) لحاظ۔ پاسداری ؛

مُنہ موڑنا (اُر۔ محاورہ) مُنہ ہٹانا۔ روگردانی کرنا۔ اعراض کرنا کنارہ کشی کرنا۔ رُخ پھیرنا۔ مڑنا۔ سمت بدلنا۔ توجہ نہ کرنا بغاوت کرنا۔ باغی ہونا۔ پرہیز کرنا۔ باز رہنا۔ اجتناب کرنا۔ شریک حال نہ ہونا۔ پہلو تہی کرنا۔ رُخ نہ دینا۔ توجہ نہ دینا۔ شکست کھانا۔ پسپا ہونا۔ انکار کرنا۔ بے مروتی کرنا۔ ٹالنا بے وفائی کرنا ؛

مُنہ میٹھا کرنا (اُر۔ محاورہ) مٹھائی کھلانا۔ شیرینی کھلانا۔ مٹھائی کھانا خیر میں کھانا۔ کچھ بخشنا۔ عطا فرمانا۔ عنایت کرنا۔ نذرانہ دینا۔ پان کھانے کو دینا۔ موکل کا مقدمہ جیتنے کی خوشی میں اپنے وکیل کو کچھ دینا۔ رشوت دینا۔ مُنہ بھرائی دینا۔ نسبت کرنا۔ سگائی کرنا۔ منگنی کرنا۔ نسبت ٹھہرانا ؛

مُنہ میں آنا (اُر۔ محاورہ) زبان سے نکلنا۔ زبان پر آنا ؛

مُنہ میں آیا سو بک / کہہ دیا (اُر۔ مثل) بے سوچے سمجھے بات کرنے والے کی نسبت کہتے ہیں ؛

مُنہ میں بولنا یا بات کرنا (اُر۔ محاورہ) غنغنانا۔ اس طور سے بولنا کہ دوسرے کی سمجھ میں نہ آئے ؛

مُنہ میں پان پھیکا ہونا (اُر۔ محاورہ) صبح ہونا۔ تڑکا ہونا ؛

مُنہ میں پانی بھر آنا (اُر۔ محاورہ) کسی عمدہ چیز کی خواہش یا ترشی کے خیال سے مُنہ میں رطوبت پیدا ہو جانا۔ جی للچانا۔ رال ٹپکنا۔ نہایت خواہش ہونا۔ کسی چیز پر از حد مائل و راغب ہونا۔ شوق پیدا ہو جانا۔ مزہ یاد آنا۔ رشک آنا۔ حسد ہونا جلنا ؛

مُنہ میں پانی ٹپکانا (اُر۔ محاورہ) مرتے وقت مُنہ میں پانی ڈالنا ؛

مُنہ میں پانی چُوانا (ہ۔ محاورہ) مرتے وقت مُنہ میں پانی ٹپکانا قریب بہ مرگ پہنچنا ؛

مُنہ میں پڑنا (ہ۔ محاورہ) کھانے میں آنا۔ مُنہ میں جانا۔ مشہور ہونا زبان پر چڑھنا۔ قابو میں آنا۔ بس میں پڑنا ؛

مُنہ میں پڑھنا (ہ۔ محاورہ) چپکے چپکے پڑھنا۔ گنگنانا۔ ہونٹوں میں پڑھنا ؛

مُنہ میں تنکا لینا (ہ۔ محاورہ) دانتوں میں تنکا دبانا۔ عاجزی کرنا۔ پیروں پڑنا۔ ہاتھ جوڑنا۔ یہ ظاہر کرنا کہ ہم تمہاری گئو ہیں۔ یعنی تمہارے سامنے بالکل عاجز ہیں ؛

مُنہ میں ٹھوک بلونا (اُر۔ محاورہ) بے ہودہ اور بے معنی باتیں کرنا

مُنہ میں خاک (اُر۔ بد دُعا) بالکل انکار کے وقت یا اپنے برخلاف کہنے والے کے حق میں بولتے ہیں جیسے اس کے مُنہ میں خاک ؛

مُنہ میں خاک بھرنا (اُر۔ محاورہ) بدی کا کلمہ کہنے سے روکنا ؛

مُنہ میں دانت نہ پیٹ میں آنت (ہ۔ مثل) نہایت بوڑھا

یعنی ایسا بوڑھا کہ منہ میں دانت نہیں اور پیٹ میں ہضم کرنے کے قابل انتڑیاں نہیں ۔

منہ میں روٹی سر پر جوتی (ا۔مثل) کمال بے غیرتی کے ساتھ روٹی دینے کے لیے کہتے ہیں ۔

منہ میں زبان حلال ہے (ا۔محاورہ) منہ میں زبان حق کہنے اور سچ بولنے کے لیے ہے ۔ کیونکہ آدمی حلال چیز کو ہی منہ تک لے جاتا ہے ۔ اگر یہ حرام ہوتی تو منہ میں نہ رہتی ۔

منہ میں زبان رکھنا (ا۔محاورہ) بولنے کی طاقت رکھنا ۔

منہ میں زبان لینا (ا۔محاورہ) خاموشی اختیار کرنا ۔

منہ میں زبان ہونا (ا۔محاورہ) بولنے کے قابل ہونا ۔ جواب دینے کی طاقت رکھنا ۔

منہ میں زبان نہ ہونا (ا۔محاورہ) بول نہ سکنا ۔ بات نہ کرسکنا ۔ خاموش ہونا گونگا ہونا ۔

منہ میں زبان نہیں (ا۔محاورہ) نہایت عزیب مزاج اور کم گو ہے ۔ بول نہیں سکتا ۔ خاموش ہے ۔ چپ ہے ۔ ساکت ہے ۔ بالکل بھولے بھالے کے لیے بولتے ہیں ۔

منہ میں صابن گھلا ہونا (ا۔محاورہ) منہ پھیکا یا ۔ بدمزہ ہونا ۔

منہ میں قفل لگ جانا (ا۔محاورہ) خاموش ہوجانا ۔ کچھ نہ بولنا ۔

منہ میں کالک لگ جانا (ہ۔محاورہ) ذلت ہونا ۔ رسوائی ہونا بدنامی ہونا ۔

منہ میں گنگنانا (ا۔مصدر مرکب) آہستہ آہستہ گانا ۔

منہ میں گھنگنیاں بھر کر بیٹھنا (ہ۔محاورہ) خاموشی اختیار کرنا ۔ خاموش ہو کر بیٹھ رہنا ۔

منہ میں گھنگنیاں بھرنا (ہ۔محاورہ) گونگا بن جانا ۔ چپ ہونا ۔ خاموشی اختیار کرنا ۔

منہ میں گھی شکر (ا۔مثل) کوئی خوشی کی بات سنائے تو کہتے ہیں ۔

منہ میں لگام نہ ہونا (ا۔محاورہ) زبان دراز ہونا ۔

منہ میں لوکا دینا (ا۔محاورہ) منہ جھلسنا ۔ کوئی بے ہودہ بات کہتے تو کہتے ہیں ۔

منہ میں مُوتنا (ا۔محاورہ) ذلیل کرنا ۔ خفیف کرنا ۔

منہ میں مُہر لگانا (ا۔محاورہ) خاموش کر دینا ۔

منہ نوچ لینا (ہ۔محاورہ) چہرے کو ناخنوں سے کھرچ لینا ۔ غم یا غصے کی حالت میں منہ پر تمھے مار لینا ۔

منہ نہ پڑنا (ہ۔محاورہ) جرأت نہ ہونا ۔ حوصلہ نہ پڑنا کہنے کی جرأت نہ ہونا ۔

منہ نہ دکھانا یا دکھلانا (ہ۔محاورہ) شرم کے مارے روپوش ہوجانا ۔ منہ سامنے نہ لانا ۔ آگے نہ لانا ۔ صورت نہ دکھانا سامنے نہ آنا ۔

منہ نہ دیکھنا (ہ۔محاورہ) صورت سے بیزار ہونا ۔ بے حد نفرت کرنا ۔ شکل تک کا روادار نہ ہونا ۔

منہ نہ کھلواؤ (ہ۔محاورہ) ہمارے منہ سے کچھ نہ کہلواؤ ۔ پوشیدہ عیب ظاہر نہ کرواؤ ۔ ہمارے منہ سے نہ سنو ۔

منہ نہ لگانا (ہ۔محاورہ) منہ تک نہ لانا ۔ منہ سے نہ چھونا ۔ منہ کے پاس تک نہ لانا ۔ بات نہ پوچھنا ۔ توجہ نہ کرنا ۔ خاطر میں نہ لانا ۔ خیال میں نہ لانا ۔ محبت سے بات نہ کرنا ۔ صحبت سے نفرت کرنا ۔ یار نہ بنانا ۔ سر نہ چڑھانا ۔ گستاخ نہ بنانا بے ادب نہ کرنا ۔

منہ نہ موڑنا (ہ۔محاورہ) منہ نہ پھیرنا ۔ رخ نہ پھیرنا ۔ انکار نہ کرنا ۔ بیوفائی نہ کرنا ۔ بے مروتی نہ کرنا ۔ روگردانی نہ کرنا ۔ پیچھے نہ ہٹنا ۔

منہ نہ ہونا (ہ۔محاورہ) مجال نہ ہونا ۔ تاب نہ ہونا ۔ کسی کام کی لیاقت یا حوصلہ نہ ہونا ۔ رغبت نہ ہونا ۔ محبت نہ ہونا ۔ بے پرواہی ہونا ۔ سوراخ نہ ہونا ۔ چھید نہ ہونا ۔ طاقت نہ ہونا ۔

منہ نہیں (ا۔مثل) حوصلہ نہیں ۔ جرأت نہیں ۔

منہ ہاتھ دھونا (ا۔محاورہ) پانی سے منہ اور ہاتھوں کو صاف کرنا ۔

منہ ہونا (ا۔محاورہ) چھید ہونا ۔ سوراخ ہونا ۔ پاس ہونا ۔ لحاظ ہونا ۔ حوصلہ ہونا ۔ مجال ہونا ۔ تاب و طاقت ہونا ۔

منہ ہے (ا۔محاورہ) کیا طاقت ہے ۔ کیا زور ہے ۔ کیا مجال ہے ۔

منہ ہی منہ مارے اور توبہ توبہ پکارے (ہ۔مثل) سزا بھی دے اور پناہ بھی مانگے اپنا جرم دوسرے کے سر تھوپے ۔

منہ ہی منہ میں (ہ) تابع فعل ۔ چپکے چپکے ہونٹوں ہی ہونٹوں میں ۔

منہ ہی منہ میں کہنا (ا۔محاورہ) ایسے طور سے بولنا کہ دوسرا نہ سمجھے چپکے چپکے کہنا ۔

منہ ہی کی جھڑی (ہ۔مو) لگاتار بارش مسلسل بارش ۔

منہا منہ (ہ۔صف) لبریز ۔ بھرپور ۔ لبالب ۔ پُرم پُور ۔

منہا منہ بھرنا (ا۔محاورہ) لبالب بھرنا ۔ لبریز کر دینا ۔

منہا منہ مارنا (ا۔محاورہ) منہ مارنا ۔ منہ پر ضرب لگانا ۔ کسی کو اس کے منہ پر بُرا بھلا کہنا ۔

منہا منہی (ا۔مو) لڑائی جھگڑا ۔ فساد ۔

منہا (ع۔ہند) تفریق ۔ گھٹاؤ ۔ نفی ۔ منفی ۔ مجرا ۔ دفع ۔

منہا کرنا (ا۔محاورہ) منفی کرنا ۔ گھٹانا ۔ تفریق کرنا ۔ مجرا کرنا ۔

منہاج (ع۔ہند) طرف ۔ رستہ ۔ راہ ۔ سڑک ۔

منہار (س۔ہند) کانچ کی چوڑیاں بنانے اور بیچنے والا ۔ شیشہ گر ۔

منہاری (ہ۔ مو۔ بیائے تانیث) منہار کی جورو۔ چوڑیاں پہنانے والی۔ چوڑیاں بیچنے والی۔ منہار کا پیشہ چوڑیاں بنانے کا کام۔ کانچ کی چیزیں بنانے کا کام۔ شیشہ گری ؛

منہائی (ع۔ اسمو۔ بیائے مصدری) گھٹاؤ۔ تفریق۔ نفی۔ کٹوتی ؛

منہائی دار (عف۔ صف) قابل لگان زمین رکھنے والا ؛

منہدم (ع۔ صف۔ فاعلی) ویران ہونے والا۔ گرا ہوا مکان۔ خراب۔ مسمار۔ برباد۔ تباہ ؛

منہدم ہونا (اُر۔ فعل) اجڑنا۔ ویران ہونا۔ گرنا۔ ٹوٹنا۔ پھوٹنا۔ ڈھے جانا۔ مسمار ہونا۔ تباہ ہونا۔ اینٹ سے اینٹ بجنا ؛

منہدی (ہ۔ اسمو) حنا۔ ایک پودا جس کے پتوں کو پیس کر لگانے سے ہاتھ سرخ ہو جاتے ہیں۔ ساچق سے ایک روز پہلے کی رسم۔ محرم کی ساتویں تاریخ کی رسم جس میں حضرت امام قاسمؑ کی مہندی کی طرف اشارہ ہے ؛

منہدی بنانا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں میں لگانے کے لیے مہندی تیار کرنا ؛

منہدی بندھوانا (اُر۔ محاورہ) مہندی لگانا ؛

منہدی تو پاؤں میں نہیں لگی ہے (اُر۔ مثل) آتے کیوں نہیں بہانے بناتے ہو ؛

منہدی کا چور (اُر۔ اسمذ) ہاتھ پاؤں کی ذرا سی جلد جو کہیں کہیں مہندی نہ لگنے سے ظاہر ہو ؛

منہدی لگانا۔ یا۔ رچانا (ہ۔ فعل) ہاتھوں میں مہندی لگانا ؛

منہدی ملنا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں پر مہندی لگانا ؛

منہزم (ع۔ صف۔ فاعلی) بھاگنے والا۔ شکست کھانے والا۔ بھاگا ہوا۔ لڑائی سے بھاگ جانے والا ؛

منہضم (ع۔ صف۔ فاعلی) پچنے والا۔ ہضم ہونے والا ؛

منہمک (ع۔ اسمذ) کسی کام میں بہت مصروف ؛

منہنال (ہ۔ اسمو) منہ اور نال سے مرکب ہے۔ پیتل یا چاندی وغیرہ کی وہ نلی جو حقے کی نے پر آگے کی طرف لگاتے ہیں۔ تلوار وغیرہ کے میان کے سرے پر لگا ہوا تانبا یا پیتل وغیرہ سرنعل ؛

منہیات (ع۔ اسمذ) دیکھئے "منہی" جس کی یہ جمع ہے ؛

منہیاتِ شرعی (ع۔ اسمذ) وہ باتیں جن کا کرنا شریعت کی رو سے منع ہو ؛

منہی (ہ۔ اسمذ) آدمی منش۔ مانس۔ بشر۔ پوربیا۔ پربیا۔ پورب کا رہنے والا۔ مشرقی ؛

منی (ع۔ اسمو) دھات۔ نطفہ عضو تناسل سے نکلنے والی سفید رطوبت ؛

منی (ف۔ اسمذ۔ بیائے نسبتی) خودی۔ غرور۔ تکبر۔ تحوت۔ خود بینی ؛

منی (انگ۔ اسمذ۔ Money) روپیہ۔ نقدی ؛

منی آرڈر (انگ۔ لفذ۔ Money Order) روپیہ جو ڈاک کے ذریعے بھیجا جاتا ہے ؛

منی آرڈر فارم (انگ۔ Money Order Form) وہ کاغذ جس کی خانہ پُری کر کے روپیہ بھیجنے کے لیے ڈاک خانے میں دیتے ہیں ؛

منی بیگ (انگ۔ لفذ۔ Money Bag) نقدی رکھنے کا بٹوا ؛

منی (س۔ اسمذ) رشی۔ جتی۔ زاہد۔ تپشی ؛

منیا (ہ۔ اسمو) لال جانور کی مادین پدڑی ؛

منیا بول جانا (ہ۔ فعل) اچھا شگون ہونا۔ فال نیک سامنے آنا ؛

منیب (ع۔ اسمذ) نائب رکھنے والا۔ مالک۔ آقا۔ مزلی ؛

منیر (ع۔ صف۔ فاعلی) روشنی دینے والا۔ نور دینے والا۔ چمکتا ہوا۔ چمکدار۔ روشن ؛

منیجر (انگ۔ مذ۔ Manager) منتظم۔ انتظام کرنے والا کارندہ ؛

منیجمنٹ (انگ۔ Managment) انتظام۔ بندوبست ؛

منیجنگ پروپرائیٹر (انگ۔ Managing Proprietor) مالکانہ حیثیت سے انتظام کرنے والا ؛

منیجنگ ڈائرکٹر (Managing Director) وہ شخص جو مالکانہ طور سے انتظام کرے اور مدبلیات جاری کرے ؛

منیجنگ کمیٹی (انگ۔ مو۔ Managing Committee) انتظام کرنے والی جماعت۔ جماعت منتظمہ ؛

منیم (اُر۔ اسمذ) حساب کتاب رکھنے والا۔ محاسب۔ محرر۔ گماشتہ۔ منیجر ؛

م ـ و

موُ (ف۔ اسمذ) بال۔ کیس۔ بلی کی آواز کی نقل۔ نقص۔ عیب۔ باریک شگاف ؛

موُ پر آنا (اُر۔ محاورہ) جوانی بھرنا۔ جوبن پر آنا۔ پختہ ہونا ؛

موُباف (ف۔ مذ) وہ فیتہ یا پٹی یا دھجی وغیرہ جسے عورتیں چوٹی میں ڈال کر گوندھتی ہیں ؛

موُباف ڈالنا (اُر۔ محاورہ) چوٹی میں موباف ڈال کر گوندھنا ؛

موُبموُ (ف۔ تابع فعل) بال بال۔ ذرا ذرا۔ بالتفصیل۔ حرف بحرف ؛

موُپریشان (ف۔ صف) بال بکھرے ہوئے۔ جس کے بال بکھرے ہوئے ہوں ؛

موُتراش (ف۔ اسمذ) بال کاٹنے والا۔ استرہ ؛

موُشگاف (ف۔ صف۔ ترکیبی) بال کی کھال کھینچنے والا۔ باریک بین۔ نکتہ رس ؛

موُشگافی (ف۔ اسمو۔ بیائے مصدری) چھان بین۔ باریک بینی ؛

موُقلم (فع۔ اسمذ) باریک برش۔ بالوں کی قلم جس سے مصور لوگ رنگ بھرتے ہیں ؛

موُمبارک (فع۔ مذ) کسی بزرگ کے مقدس بال۔ جو تبرکاً یا نشانی کے طور پر رکھے جائیں۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مخصوص بال ؛

موئے (ف۔ اسمذ) دیکھئے "موُ" جس کی یہ اضافی حالت ہے ؛

مُوئے آتش دیدہ (ف۔ اِمذ) آگ دیکھا یا ہوا بال ۔
مُوئے زِہار (ف۔ اِمذ) وہ بال جو زیر ناف ہوتے ہیں۔ وہ بال جو اندام نہانی یا عضو تناسل کے گرد ہوتے ہیں ۔
مو (ہ۔ اِمو) جوبن شباب۔ جوانی۔ بہار۔ خوشی۔ خواہش۔ مرضی ۔
مَواد (ع۔ اِمذ) مادہ کی جمع۔ سامان۔ مصالح۔ اسباب۔ پیپ۔ زاد آلائیش زخم۔ دلایل۔ دلیلیں۔ چیزیں۔ اشیاء ۔
مَوادّ اَنا (اُر محاورہ) پیپ نکلنا ۔
مَوادِ فاسد (ع۔ اِمذ) خراب مادہ۔ نکما مادہ ۔
مُوازَنہ (ع۔ اِمذ) دو چیزوں کا ہموزن کرتا یا ہونا۔ برابری۔ ہموزنی۔ ہموزن ہونا ۔
مُوازنہ رقبہ بندی (عف۔ اِفذ) ایسی فہرست یا نقشہ جس سے رقبہ بندی کا اندازہ معلوم ہو ۔
مُوازی (ع صف) مقابل۔ برابر۔ ہم قیمت۔ ہم نرخ۔ اندازاً تخمیناً۔ قیاساً یہ لفظ آنوں اور رگزوں کی تعداد ظاہر کرنے کے واسطے ان کے شروع میں آتا ہے ۔
مُواسات (ع۔ اِمو) غم خواری۔ مدد۔ صلح۔ درگزر۔ یاری ۔
مَواشی (ع۔ اِمذ) ماشیہ کی جمع۔ بہت چلنے والا۔ چوپائے۔ بیل گھوڑا۔ گدھا۔ گائے۔ بھینس وغیرہ۔ بوجھ ڈھونے والے جانور ۔
مُواصلات (ع۔ اِفذ) ذرائع نقل وحمل۔ حرکت ۔
مُواصلت (ع۔ اِمو) ملاقات۔ باہم ملنا۔ وصل۔ پیوستگی ۔
مَواضع (ع۔ اِمذ) موضع کی جمع۔ جگہیں۔ جائیں ۔
مُواظبت (ع۔ اِمو) کام پر کھڑا ہونا ۔
مواطن (ع۔ اِمذ) موطن کی جمع بہت سے وطن ۔
مُواظبت (ع۔ اِمو) ایک کام ہمیشہ کیے جانا۔ کام میں لگا رہنا ۔
مواعظ (ع۔ اِمو) موعظت کی جمع نصائح۔ پند ہا۔ نصیحتیں ۔
مَواعید (ع۔ اِفذ) دیکھئے "معیاد" جس کی یہ جمع ہے ۔
مُوافِق (ع۔ صف۔ فاعلی) موافقت کرنے والا۔ مطابق۔ برابر کا ٹھیک لائق۔ مناسب۔ سزاوار۔ مشابہ۔ ہمشکل جسب ۔
مُوافق آنا (اُر محاورہ) ٹھیک آنا۔ درست ہونا۔ راس آنا مزاج یا طبیعت کے مناسب ہونا ۔
مُوافقت (ع۔ اِمو) اتفاق۔ دوستی۔ رسائی۔ برابری۔ ساتھ مطابقت ۔
مُوافقت آنا (اُر فعل) مزاج ملنا۔ راس ملنا۔ مزاج کسی سے موافق ہونا ۔
مُوافقت رکھنا (اُر۔ محاورہ) دوستی رکھنا۔ ملاپ رکھنا۔ میل رکھنا رسائی رکھنا ۔
مُوافقت کرنا (اُر۔ محاورہ) اتفاق کرنا۔ ملنا۔ دوستی کرنا۔ میل جول کرنا ۔
مُوافقت ہونا (اُر محاورہ) رسائی ہونا۔ مزاج ملنا۔ اتفاق ہونا راس ملنا ۔
مَواقع (ع۔ اِمذ۔ ظرف) موقع کی جمع۔ جائے وقوع۔ محل ۔
مَواقف (ع۔ اِمذ) ظرف۔ موقف کی جمع ٹھہرانے کی جگہ ۔
مَواکب (ع۔ اِمذ) موکبہ کی جمع۔ فوج اور سواروں کا لشکر۔ رسالے ترپ سواروں کی جماعت ۔
مُواکلت (ع۔ اِمو) آپس میں مل کر کھانا ۔
مُوالات (ع۔ اِمو) آپس میں دوستی اور محبت رکھنا۔ باہمی اتحاد ۔
موالفت (ع۔ اِمو) کسی کے ساتھ الفت کرنا ۔
مَوالی (ع۔ اِمذ) مولیٰ کی جمع۔ نوکر۔ چاکر۔ غلام۔ چیلے۔ بندے ۔
مَوالید (ع۔ اِمذ) مولود کی جمع۔ پیدا شدہ۔ اشیاء۔ چیلے۔ بندے ۔
موالید ثلاثہ / **موالید ثلثہ** (ع۔ اِمذ) تین طرح کی مخلوق یعنی حیوانات۔ نباتات۔ جمادات ۔
موانست (ع۔ اِمو) آپس میں محبت رکھنا۔ باہمی اُنس محبت دوستی۔ یارانہ۔ اتحاد۔ الفت۔ پیار۔ اخلاص ۔
مَوانع (ع۔ اِمذ) مانع کی جمع۔ منع کرنے والی۔ اور روکنے والی چیزیں۔ رکاوٹیں ۔
مَواہب (ع۔ اِمو) موہبت کی جمع۔ بخششیں۔ عطائیں ۔
مُواہبت (ع۔ اِمو) دان پن۔ خیر خیرات۔ سخاوت۔ فیاضی ۔
مَوائد (ع۔ مذ) مائدہ کی جمع چنے ہوئے دستر خوان۔ کھانے کے بھرے ہوئے دستر خوان ۔
مُوبَد (ف۔ اِمذ) نلاسفر۔ حکیم۔ دانشمند۔ دانا۔ پارسیوں کا مُلّا ۔
مُوپلا (اُر۔ اِفذ) جنوبی ہند میں ایک مسلمان قوم جو عرب نسل سے ہے اور مالابار میں ہے ۔
مُوت (ہ۔ مذ) پیشاب۔ بول۔ نطفہ۔ منی۔ تخم۔ بیٹا۔ بڑی اولاد بدچلن لڑکا۔ کپوت ۔
مُوت آنا (اُر محاورہ) پیشاب کی حاجت ہونا ۔
مُوت اٹکنا (اُر محاورہ) پیشاب بند ہونا ۔
مُوت پاتر (ہ۔ اِمذ) مُوت کا برتن۔ حاجتی۔ پیشاب کرنے کا برتن ۔
مُوت سے نکال کر گوہ میں ڈالنا (اُر محاورہ) ذلیل سے ذلیل تر کرنا ۔
مُوت کا چلو ہاتھ میں دینا (اُر محاورہ) بھلائی کے عوض بُرائی کرنا۔ نیکی کے بدلے میں بدی کرنا۔ کسی کی ساری خدمت خاک میں ملا دینا ۔
مُوت کی دھار پر مارنا (اُر محاورہ) ذلیل اور ہیچ سمجھنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ کچھ قدر و قیمت نہ جاننا ۔
مُوت کے ریلے میں بہا دینا (اُر محاورہ) بے قدری سے ضائع کر دینا۔ عیاشی اور زنا کاری میں روپیہ برباد کرنا ۔
مُوت لگنا (اُر محاورہ) پیشاب کی حاجت ہونا ۔
مُوت نکلنا (اُر محاورہ) پیشاب خارج ہونا۔ بہت ڈرنا بے حد خوف کھانا ۔
مَوت (ع۔ اِمو) مرگ۔ قضا۔ اجل کا کال۔ وفات۔ انتقال شامت۔ خرابی ۔

موت آجانا (اُر۔ محاورہ) مرجانا۔ گزر جانا۔ چل بسنا۔ مجازاً دیر لگا دینا۔ وقت موجود نہ ہونا۔ فنا ہو جانا ؛

موت آنا (اُر۔ محاورہ) مرنا۔ جان نکلنا۔ کھائے جانا۔ مارے ڈالنا آفت آنا۔ شامت آنا۔ خرابی پڑنا ؛

موت آنکھوں میں رکے آگے پھرنا (اُر۔ محاورہ) مرنے کا دھیان پیش نظر ہونا ؛

موت اور گاہک کا کوئی اعتبار نہیں (اُر۔ مثل) مرنے کے لیے ہر وقت تیار رہنا چاہیے معلوم نہیں کس وقت آجائے یہ ہی حال گاہک کا ہے لہٰذا دوکاندار کو بھی ہر وقت دکان پر موجود رہنا چاہیے ؛

موت بھلی کہ جان کندنی (اُر۔ مثل) جان کنی سے موت اچھی ہے۔ روز بروز کی تکلیف سے مرجانا ہی بہتر ہے ؛

موت پتر (ع۔ اند) وصیت نامہ ؛

موت پڑنا (اُر۔ محاورہ) ناگوار گزرنا۔ جان پر بننا۔ دم نکلنا۔ سخت گھبرانا۔ ڈرنا۔ خوف کھانا۔ شاق گزرنا۔ نہایت دشوار معلوم ہونا ؛

موت چاہنا (اُر۔ محاورہ) مرگ کی تمنا کرنا۔ مرنے پر راضی ہونا۔ موت قبول کرنا۔ شامت چاہنا ؛

موت سر پر سوار / کھیلتی / کھڑی ہے (اُر۔ مثل) موت بالکل قریب ہے۔ مرنے کا وقت آگیا ہے ؛

موت کا پسینہ (اُر۔ مذ) ٹھنڈا پسینہ۔ وہ پسینہ جو مرنے کے وقت انسان کے چہرے پر آجایا کرتا ہے ؛

موت کا پسینہ آنا (اُر۔ محاورہ) جان کنی کی حالت میں ہونا۔ ٹھنڈا پسینہ آنا۔ موت کی حالت یا کمزوری سے چہرے کا عرق آلودہ ہو جانا ؛

موت کا سر پر کھیلنا۔ یا۔ سوار ہونا (اُر۔ محاورہ) مرنے کا وقت قریب آنا۔ موت کا وقت آپہنچنا۔ شامت آنا ؛

موت کا طمانچہ (اُر۔ مذ) موت کا صدمہ۔ موت کا تھپڑ ؛

موت کا فرشتہ (اُر۔ اند) عزرائیل۔ ملک الموت۔ جانی دشمن ؛

موت کا مرض (اُر۔ اند) وہ بیماری جس سے آدمی مرجائے۔ کال روگ ؛

موت کا ہنسنا (ہ۔ محاورہ) انسان فانی کی باتوں پر موت کو ہنسی آنا۔ قضا کا حرکات انسانی پر ٹھٹھا لگانا ؛

موت کو پکڑا تو زحمت قبول کی / موت کو پکڑا تو بخار پر راضی ہوا / موت کو پکڑیے تو تپ کو راضی ہو (اُر۔ مثل) مشکل کام پر مجبور کریں گے تو آسان کام پر راضی ہوگا۔ جب آدمی بڑی تکلیف میں پھنستا ہے تب تھوڑی محنت کو غنیمت اور بہتر سمجھتا ہے ؛

موت کی کھڑکی / موت کی کھڑکی سر پر کھڑی (اُر۔ مثل) موت ہر وقت قریب ہے ؛

موت کی ہچکی آنا (اُر۔ محاورہ) جان کندنی کے وقت ہچکیاں آنا ؛

موت کے دن پورے کرتے ہیں (اُر۔ محاورہ) بدمزگی میں عمر کٹتی ہے۔ مشکل سے گزارہ کرتے ہیں۔ بڑی حالت میں زندگی گزرتی ہے ؛

موت کے کنارے (اُر۔ اند) مرنے کے قریب ؛

موت کے گھاٹ اتارنا (اُر۔ محاورہ) مار ڈالنا۔ قتل کر دینا ؛

موت کے منہ میں جانا (اُر۔ محاورہ) خطرے میں پڑنا ؛

موت کے نزدیک (اُر۔ محاورہ) موت کے آثار نمودار ہونا ؛

موت لائی ہے (اُر۔ محاورہ) شامت گھیر لائی ہے۔ قضا آئی ہے۔ موت نے بلایا ہے ؛

موت مانگنا (اُر۔ محاورہ) رنج یا تکلیف کی وجہ سے اپنی موت کا خواہاں ہونا ؛

موت نظر آنا (اُر۔ محاورہ) مصیبت کے سامان دکھائی دینا سخت مشکل نظر آنا ؛

موت نے گھر دیکھ لیا ہے۔ یا۔ موت گھر دیکھ گئی ہے۔ (اُر۔ محاورہ) مصیبت نے ہمارے گھر کا راستہ دیکھ لیا ہے اب جب آئے گی اِدھر ہی چلی آئے گی۔ دشمن نے گھر دیکھ لیا ہے ؛

موت ہونا (اُر۔ محاورہ) میت ہونا۔ کسی کا کوئی مرجانا۔ خرابی ہونا مصیبت ہونا ؛

موتا (ہ۔ مو) میت۔ موت کا واقعہ۔ میت کی رسم۔ تعزیت میت ؛

موتنا (ہ۔ فعل) پیشاب کرنا۔ مجازاً تقرت کی حالت میں توجہ کرنا۔ نظر ڈالنا ؛

موتھا (ہ۔ مذ۔ بواؤ مجہول) ایک قسم کی گھاس ہے جس کی جڑ میں سے دانے نکلتے ہیں۔ مروڑا۔ بل۔ اینٹھ۔ اینٹھنا ؛

موتھا دینا (ہ۔ محاورہ) مروڑنا۔ بل دینا۔ اینٹھا دینا۔ چوڑی وغیرہ کو ملنا۔ گوندھنا ؛

موتھرا (ہ۔ مذ۔ بواؤ مجہول) گھوڑے کی ایک بیماری کا نام ہے ؛

موتی (ہ۔ مذ) دُر۔ مروارید۔ لولو۔ تشبیہاً گول چیز۔ صاف شفاف آبدار ؛

موتی اگلنا (اُر۔ محاورہ) موتی منہ سے باہر نکالنا۔ شیریں کلامی کرنا ؛

موتی برسانا (اُر۔ محاورہ) موتی لٹانا۔ گہربار کرنا ؛

موتی پاک (ہ۔ اند) ایک قسم کی مٹھائی کا نام ہے ؛

موتی پرونا (اُر۔ محاورہ) موتیوں کی لڑی بنانا۔ نہایت خوشخط لکھنا کوئی باریک کام نہایت عمدگی اور خوش اسلوبی سے کرنا۔ لگاتار اور متواتر رونا ؛

موتی ٹھنڈے ہونا (ہ۔ محاورہ) پو پھٹنے کی علامتیں ہونا۔ صبح ہونا۔ بھور ہونا ؛

موتی جھرا (اُر۔ مو) ایک بیماری جس میں بچوں کے جسم پر باریک باریک دانے نکل آتے ہیں۔ کھسرا ؛

موتی چکنا (اُر۔ محاورہ) موتی کھانا۔ لوگوں کے خیال ہے کہ ہنس موتی کھاتا ہے کنایۃً دولت مند ہونا ؛

موتی چور (ا۔ صف) چمکیلا۔ چمکدار ایک قسم کی مٹھائی جس میں موتی سے دانے اُبھرے ہوتے ہیں (بحالت اسم مونث کابلی کبوتر کی آنکھیں ؛

موتی چور کے لڈو (ا۔مذ) ایک خاص قسم کے لڈو۔ نکتیوں کے لڈو ؛

موتی چھیدنا۔ یا۔ بیندھنا (ا محاورہ) موتیوں میں سوراخ کرنا۔ ازالہ بکر کرنا۔ چیرا توڑنا ؛

موتی خاک میں رولنا (اُر محاورہ) اچھی چیز کی بے قدری کرنا ؛

موتی رولنا (ا۔ محاورہ) موتی جمع کرنا۔ بلا محنت بہت سی دولت حاصل ہونا۔ مفت کے مال مارنا۔ خوب روپیہ کمانا۔ دولت سمیٹنا

موتی کوٹ کوٹ کر بھرنا (اُر محاورہ) نہایت خوبصورت بنانا۔

موتی کوٹ کوٹ کر بھرے ہیں (اُر۔ محاورہ) نہایت رسیلی آنکھیں ہیں۔ خوبصورت اور چمکیلی آنکھ ہے ؛

موتی کی آب (اُر۔ا۔مو) موتی کی چمک موتی کا روپ۔ مجازاً نہایت نازک ؛

موتی کی سی آب (اُر۔ا۔مو) نہایت نازک آبداری ؛

موتی کی سی آب ہے (اُر۔محاورہ) عزت نہایت نازک چیز ہے۔ ذرا سی بے احتیاطی سے جاتی رہتی ہے ؛

موتی کی سی آبرو (اُر۔ا۔مو) اعلیٰ درجے کی آبرو ؛

موتی کی سی آب اُتر جانا۔ یا۔ جانا (اُر۔محاورہ) عزت کا جاتا رہنا۔ عزت و حرمت نہ رہنا

موتی کی لڑی (ا۔ا۔مو) موتی کا ہار۔ موتی کی مالا (تشبیہاً) مسلسل دانتوں کی تعریف کے لیے بولا کرتے ہیں ؛

موتی کے ساتھ تولنا (اُر۔محاورہ) موتی کے ہم وزن اور ہم پلہ سمجھنا۔ بڑی قدر و عزت کرنا ؛

موتی کرجنا (اُر۔محاورہ) موتی کا ٹپکنا ؛

موتی محل (اُر۔ا۔مذ) دہلی کے قلعہ معلّٰے کے ایک محل کا نام ہے۔ جو سنگ سرخ اور سنگ مرمر کا بنا ہوا اب تک موجود ہے ؛

موتی مسجد (اُر۔مو) ایک نہایت خوبصورت سنگ مرمر کی بنی ہوئی مسجد ہے جو دہلی کے لال قلعہ میں ہے اور قابل دید ہے ؛

موتیا (ا۔ا۔مو) ایک قسم کا خوشبو دار پھول ہوتا ہے۔ ایک قسم کی چنبیلی جس میں سرخ اور چمکدار پھنسیاں نکلتی ہیں۔ (بحالت صفت) موتی کے مانند۔ موتی سے مشابہ ؛

موتیا بند (ا۔مذ) آنکھ کی ایک بیماری کا نام ہے۔ جس سے بینائی جاتی رہتی ہے ؛

موتیوں سے مانگ بھرنا (ا۔ محاورہ) نہایت آرائش و سنگار کرنا۔ مانگ میں موتی بھرنا ؛

موتیوں سے منہ بھرنا (ا۔ محاورہ) نہال کر دینا۔ خوشخبری یا خوش گفتاری کے انعام میں جواہرات سے مالا مال کر دینا ؛

موتیوں کا مینہ برسنا (اُر۔محاورہ) موتیوں کی افراط ؛

موتیوں کا نوالہ (اُر۔مذ) نہایت عمدہ غذا۔ عمدہ خوراک۔ مقوی غذا

موتیوں کا ہار (ا۔ مذ) موتیوں کی مالا ؛

موتیوں میں تولنا (اُر۔محاورہ) موتیوں کا ہم وزن سمجھنا۔ نہایت آبرو دار جاننا ؛

موتیوں میں لانا (اُر۔محاورہ) موتیوں کا زیور کثرت سے پہنے ہونا ؛

مُوٹ / مُوٹھ (ا۔مو۔ بواو مجہول) ایک قسم کا غلہ۔ جس کی دال دیتے ہیں۔ گٹھڑی۔ بقچہ۔ بستہ۔ چرس۔ ڈول۔ بڑا بوکا ؛

مُوٹ یا مُوٹھ کا دانہ (ا۔مذ) دلی ہوئی موٹھ۔ موٹھ کی دال ؛

موٹا (ا۔ اسم صفت مذکر) فربہ۔ سنڈا۔ مسٹنڈا۔ تنومند۔ تیار۔ دبیز۔ دل دار مضبوط۔ گاڑھا۔ غفص۔ جیسے موٹا کپڑا۔ گھٹیا کا ادنے درجہ کا۔ ناکوار۔ سخت۔ مضبوط۔ قوی۔ کٹا۔ جلی۔ خفی کی ضد ؛

موٹا اناج (ا۔مذ) غربا کے کھانے کا غلہ۔ سستا اناج ؛

موٹاپن (ا۔مذ۔ مصدری) فربہی مضبوط ؛

موٹا تازہ (ا۔ صف) فربہ اندام۔ تیار۔ تناور۔ لحیم و شحیم ؛

موٹا جھوٹا (ا۔صف) گھٹیا۔ ادنے درجہ کا۔ گھٹیا ؛

موٹا جھوٹا پہننا (اُر۔محاورہ) غریبانہ گزارا کرنا ؛

موٹا جھوٹا کھانا (اُر۔محاورہ) غریبوں کا سا کھانا کھانا ؛

موٹا دکھائی دینا (اُر۔محاورہ) کم نظر آنا۔ صاف دکھائی نہ دینا ؛

موٹا دیدہ ہونا (اُر۔محاورہ) نڈر ہونا۔ بے خوف ہونا ؛

موٹا ساطوفان (اُر۔مذ) بڑا بھاری الزام۔ سخت بہتان ؛

موٹا کپڑا (اُر۔ا۔مذ) گندہ لباس ؛

موٹا قلم (اُر۔مذ) جلی قلم۔ بڑے بڑے حروف لکھنے کا قلم۔ جلی خط۔ جلی لکھا ہوا ؛

موٹا کام (اُر۔ا۔مذ) وہ کام جو باریک نہ ہو وہ کام جس میں زیادہ غور و فکر اور عقل کی ضرورت نہ ہو ؛

موٹر کار (انگ۔ا۔مو۔ Motor Car) انجن سے چلنے والی چار پہیوں والی گاڑی ؛



موٹر کار

موٹر بوٹ (انگ۔ا۔مو۔ Motor Boat) انجن سے چلنے والی کشتی ؛

موٹر بوٹ

مُوٹھ (ہ.امو. بوا و معروف) دستہ. قبضہ. ہینڈل. دستی. گرفت
مُٹھی مشت. جادو. ٹونا. سحر. جواری کی. بند مٹھی ؛
مُوٹھ چلانا (ہ. محاورہ) ٹونا کرنا. جادو چلانا. منتر پھونکنا ؛
مُوٹھ کرنا (ہ. محاورہ) بیڑوں کو مٹھی میں رکھ کر سدھانا اور تیار کرنا ؛
مُوٹھ مارنا (ہ. محاورہ) کبوتر کو مٹھی سے پکڑ لینا. مٹھی بھر لینا. سحر کرنا
جادو کرنا. ہتھ رسی کرنا. جلق لگانا. مٹھوے مارنا ؛
موٹھڑا (ہ.ا.ہند) ایک قسم کے موٹے سوتی ریشمی کپڑے کا نام
ہے. جس میں دھاریاں ہوتی ہیں. تلوار کٹار کے قبضے پر بنا ہوا
پٹی پہلی یا سنہری زنجیرہ. ایک قسم کا زیور ؛
موٹی آواز (اُر. امو) بھدی آواز. بھاری آواز ؛
موٹی اسامی (اُر.امو) دولتمند آدمی. دھن دولت والا. سونے
کی چڑیا. زردار ؛
موٹی بات (ہ.ا.امو) ظاہر بات. صریح اور عام فہم بات. سیدھی
بات ؛
موٹی سمجھ (اُر. امو) بھدی عقل ؛
موٹی گالی (ہ.امو) سخت گالی. نہایت فحش گالی ؛
مُوثر (ع. صف. فاعلی) تاثیر کرنے والا. اثر کرنے والا. کارگر ؛
مُوثَر (ع. صف. مفعولی) تاثیر کیا گیا. اثر کیا گیا ؛
مَوج (ع.امو) لہر. ترنگ. تلاطم. لَہَر. طبیعت کی خوشی.
امنگ. جوش. ولولہ. وہم. خیال (بحالت صفت) بہتات
کثرت. افراط ؛
مَوج آنا (اُر.محاورہ) لہر آنا. ترنگ آنا. شادابی اور سرسبزی ہونا.
طبیعت میں ولولہ آنا. دُھن بندھنا. خیال آجانا ؛
مَوج اُمنڈنا (اُر. محاورہ) لہر کا زور سے اُٹھنا. دل میں جوش اور
ولولہ پیدا ہونا ؛
مَوج بوریا/حصیر (عف. امو) وہ خطوط اور نشانات جو بورئے یا
چٹائی کی بناوٹ میں بُنے ہوتے ہیں ؛
موج پر ہونا (اُر. محاورہ) زوروں پر ہونا ؛
موجِ تبسّم (ع. امو. ترکیب فارسی) وہ لکیر سی جو مسکراتے وقت
ہونٹوں پر نمودار ہوتی ہے ؛
مَوج خیز (عف. صف) لہریں مارنے والا. طوفان اُٹھانے والا ؛
مَوج دار (عف. صف) موج رکھنے والا ؛
مَوج ریگ (عف. امو) لہر کی سی شکلیں جو ہوا چلنے سے ریت
میں پیدا ہو جاتی ہیں ؛
مَوج زن (عف. صف) ٹھاٹھیں مارنے والا ؛
مَوج زن ہونا (اُر. محاورہ) لہریں مارنا. تلاطم ہونا ؛
مَوج کرنا (اُر. محاورہ) مزے اُڑانا. عیش و عشرت کرنا ؛
مَوج مارنا (اُر. محاورہ) لہریں مارنا. لہرانا. عیش و عشرت کرنا.
مزے اُڑانا ؛
مَوج میں آنا (اُر. محاورہ) لہر میں آنا. ترنگ میں آنا. مزے میں آنا
دھن میں آنا ؛

مَوجِ نسیم (عف. امو) ہوا کا جھونکا ؛
مُوجِب (ع.ا.ہند. فاعل) واجب کرنے والا. لازم کرنے
والا. سبب. باعث. وجہ. کارن. موافق. حسب
لائق. فرض. واجب لازم ؛
مُوجِبہ (ع.ا.ہند) منطق. مثبت. اقراری. مثبتہ. اثباتی ؛
موجِد (ع.ا.ہند. فاعل) ایجاد کرنے والا. پیدا کرنے والا. نمونے
کے بغیر اپنی طبیعت سے کوئی نئی بات پیدا کرنے والا. بنا
کرنے والا بانی. کرتا ؛
مُوجَز (ع. صف. مفعولی) مختصر. خلاصہ. کوتاہ شدہ ؛
مُؤجَّل (ع. صف. مفعولی) مہلت دیا گیا. وہ مہر جو نکاح کے
بعد بھی ادا کیا جائے. معجل کی ضد. جو نکاح کے بعد ہی
ادا کرنا پڑتا ہے ؛
مَوجُود (ع. صف. مفعولی) پیدا شدہ. وجود کیا گیا. سامنے
حاضر. روبرو. آگے. حال کا زمانہ. اب. اس وقت
تیار. آمادہ. مستعد. لیس. برقرار. قائم. حاصل. حصول
دستیاب. پاس. قریب. ڈب میں ؛
مَوجُود رہنا (اُر. محاورہ) پاس رہنا. حاضر رہنا. کھڑے رہنا
برقرار رہنا. ٹھہرے رہنا ؛
مَوجُودی الخارج (ع. صف) جو خارج میں موجود ہو ؛
مَوجُود کرنا (اُر. محاورہ) حاضر کرنا. منگانا. روبرو کرنا. پیش کرنا.
بہم پہنچانا. پیدا کرنا. رچنا. آمادہ کرنا. تیار کرنا. مہیا کرنا ؛
مَوجُودات (ع.امو) موجودۃ کی جمع. مخلوق. دُنیا. کائنات
سنسار. پرتھوی. جگ. جہان. کل چیزیں جو خدا نے
پیدا کی ہیں. نیچر. حاضری. گنتی. شمار ؛
مَوجُوداتِ خارجی (عف. امو) وہ چیزیں جو محض ذہن میں نہیں
بلکہ خارجی طور پر موجود ہوں ؛
مَوجُودات لینا (اُر. محاورہ) شمار کرنا. معائنہ کرنا. حاضری لینا
گنتی کرنا. پڑتالنا. جانچنا. جائزہ لینا. حساب لینا. اسباب
وغیرہ سنبھالنا. اور دیکھنا ؛
مَوجُودگی (عف.امو. بیائے مصدری) حضوری. حاضر باشی
حاضری. شمار. سامنا. مقابلہ ؛
مَوجُودگی میں (اُر. محاورہ) سامنے ہوتے ہوئے. ہوتے سامنے
ہوت میں ؛
مَوجُودہ (ف. صف) حاضر الوقت. اس وقت کا. حال کا
مُوجَّہ (ع. صف) شکل دار. پسندیدہ. عمدہ. خوب. قابل
توجہ. جس کی طرف منہ کیا جائے ؛
مَوجَہ (ع.ا.ہند) ترنگ. تلاطم. امنگ. جوش. ولولہ. طبیعت
کی خوشی. خیال. وہم. کثرت. افراط. بہتات. فراغ ؛
مَوجی (اُر.صف) لہری. خوش طبع. زندہ دل. مست کا رسیا
عوشدل. خودمختار. **مَوجی بندہ. مَوجی چھیا. مَوجی جیوڑا** (اُر.ہند) آزاد طبع. آزاد

کا رسیا۔ دل کی خوشی کا تابع۔ مرضی کا مالک۔ آزاد منش۔ خوشی خواں ۔:

موجیں اُڑانا (اُر۔محاورہ) پانی کی لہر اُڑانا ۔:

موجیں دکھانا (اُر۔محاورہ) زور دکھانا۔ جوش اور ولولہ ظاہر کرنا۔

موجیں کرنا۔ یا۔ مارنا (اُر۔محاورہ) لہریں مارنا۔ خوشیاں کرنا۔ خوشیاں منانا۔ عیش اُڑانا۔ مزے اُڑانا۔ بے فکری سے گزارنا ۔:

موچ (ا۔مو۔ بواؤ مجہول) لچک لچک۔ لچکی بے موقعہ پڑ جانے سے پاؤں کا مڑ جانا ۔:

موچ آنا (ا۔محاورہ) پاؤں کا ٹیڑھا ہو جانا۔ کجی آجانا۔ پاؤں کے پٹھے کا پھڑک جانا۔ پاؤں مُڑ جانا ۔:

مُوچا (ا۔امذ) کیلے کا درخت۔ کونپل پھٹاؤ ۔:

مُوچرس (ا۔امذ) سینبھل کے درخت کا گوند ۔:

مُوچڑی (ا۔امو) جوتی۔ جوتا ۔:

مُوچن (ا۔امو) موچی کی بیوی۔ موچی قوم کی عورت ۔:

مُوچنا (اُر۔امذ) فارسی لفظ موچینہ سے یعنی بال اُکھاڑنے کا آلہ۔ نک چونٹی۔ چھوٹی چمٹی ۔:

مُوچھنا (اُر۔محاورہ) کاٹنا۔ اُڑانا۔ پرایا مال مارنا۔ نرم نرم سبزے کو اُوپر سے توڑنا۔ مروڑنا۔ توڑنا ۔:

مُوچھ۔ یا۔ مُونچھ (ا۔امو) ہونٹوں کے اُوپر کے بال۔ بروت سبلت ۔:

مُوچھ کا بال (ا۔امذ) ناک کا بال۔ نہایت بار سوخ اور مقرب آدمی۔ صاف۔ کھرا۔ سچا آدمی۔ منہ پر کہہ دینے والا آدمی ۔:

مُوچھ مروڑا (ا۔امذ۔ فاعل) موچھوں کو تاؤ دینے والا۔ شیخی باز۔ بہادری جتانے والا ۔:

مُوچھ مروڑا روٹی توڑا (اُر۔مثل) اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی مُفت کی روٹی کھائے اور بہت شیخی بگھارتا پھرے ۔:

مُوچھ منڈا۔ یا۔ منڈہ (ا۔مذ) وہ شخص جس کی موچھیں مُنڈی ہوئی ہوں۔ سخت لچا۔ شہدا ۔:

مُوچھ نیچی کرنا (اُر۔محاورہ) ہار ماننا۔ شکست تسلیم کرنا ۔:

مُوچھ کڑا (اُر۔امذ) بڑی بڑی موچھوں والا ۔:

مُوچھا کڑے (ا۔امذ) موچھ کی تکبیر و تصغیر۔ بڑی بڑی موچھیں ۔:

مُوچھوں پر یا مُوچھوں کو تاؤ دینا (اُر۔محاورہ) موچھوں کو بل دینا۔ موچھوں پر ہاتھ پھیرنا۔ غرور کرنا۔ اینٹھنا۔ بل اور گھمنڈ کرنا۔ اکڑنا۔ کسی بڑے کام کا ارادہ کرنا ۔:

مُوچھوں سے چنگاریاں (ا۔محاورہ) نہایت غصہ اور قہر کا اظہار ہونا۔ بے حد غصے اور غضبناک ہونا ۔:

مُوچھیں اُکھڑوانا (ا۔محاورہ) سخت ذلیل و خوار کرنا۔ شیخی کرکری کر دینا۔ کسی جرم کی سزا میں موچھیں منڈوانا ۔:

مُوچھیں چڑھانا (اُر۔محاورہ) موچھوں کو بل دیکر اُوپر اٹھا دینا ۔:

مُوچھیں منڈوانا (اُر۔محاورہ) موچھوں پر اُسترا پھروانا۔ اپنی غلطی ماننا۔ جوش میں آکر کہتے ہیں کہ اگر ایسا نہ ہو تو موچھیں منڈوا دوں گا ۔:

مُوچھیں نیچی کر لینا (اُر۔محاورہ) زبردست کے سامنے اکڑ کو چھوڑ دینا ۔:

مُوچھا (ا۔امذ۔ بواؤ مجہول) ٹکڑا۔ لکڑی کے کندے کا ٹکڑا ۔:

مُوچھا لگانا (ا۔فعل) آرے سے لکڑی کا ٹکڑا کاٹنا۔ آرے سے لکڑی چیر کر ٹکڑے ٹکڑے کر دینا ۔:

موچی (ا۔امذ) جوتیاں بنانے اور سینے والا۔ چمار۔ چرم دوز۔ چمڑا سینے والا ۔:

موچی

موچی کے موچی رہے (اُر۔مثل) کوئی ترقی نہیں کی ۔:

موچی موچی لڑیں سرکار کا زین ٹوٹے (اُر۔مثل) لڑے کوئی اور نقصان کسی اور کا ہو ۔:

مُوحِّد (ع۔امذ۔ فاعل) توحیدیہ۔ خدا کو ایک جاننے والا پکا مسلمان۔ سچا مسلمان۔ دیدانتی ۔:

مُوحِش (ع۔صف۔ فاعلی) وحشت انگیز۔ فکرمند کرنے والا۔ وحشت میں ڈالنے والا ۔:

مُوخّر (ع۔صف۔ مفعولی) آخر کیا گیا۔ پچھلا۔ آخر کا۔ مقدم کی ضد ۔:

مُوخّر الذکر (ع۔صف) جس کا ذکر بعد میں آئے ۔:

مُؤدّب (ع۔صف۔ مفعولی) ادب دیا گیا۔ باادب۔ ادب کرنے والا۔ تعلیم یافتہ۔ مہذب۔ شائستہ۔ تمیز دار باتمیز۔ علم مجلس سے واقف ۔:

مُؤدّبانہ (عف۔صف) ادب سے۔ تہذیب سے۔ شائستگی سے ۔:

مُودّت (ع۔امو) پیار۔ پریت۔ محبت۔ دوستی۔ اخلاص ۔:

مودھو (ا۔صف) سیدھا سادہ۔ احمق۔ بیوقوف۔ اُلّو۔ مورکھ بھوندو ۔:

موذی (ا۔امذ) اناج کا سوداگر۔ غلّہ فروش۔ پرچونیا۔ بنیا۔ بقال۔ نوکروں کو بھرتی کرنے والا۔ اُچاپت میں سودا دینے والا بنیا ۔:

موذی بنا کرنا (اُر۔محاورہ) کنجوسی کرنا ۔:

موذی خانہ (اُر۔امذ) ذخیرہ رہنے کی جگہ۔ گودام گھر۔ بھنڈار ۔:

مُوڈ (انگ۔صف۔ Mood) کیفیت مزاج۔ انگ۔ حالت ۔:

موڈرن/ ماڈرن (انگ۔صف۔ Modern) جدید زمانہ حال کا۔ نئی روشنی کا ۔:

موڈریٹ/ ماڈریٹ (انگ۔صف۔ Moderate) اعتدال پسند۔ میانہ رو ۔:

مُؤذّن (ع۔امذ۔ فاعل) اذان دینے والا۔ نماز کے واسطے لوگوں کو بلانے والا۔ بانگ دینے والا ۔:

مُوذِی (ع۔صف۔ فاعلی) ایذا دینے والا۔ دُکھ دینے والا۔

ظالم جابر۔ مارنے والا۔ ہلاک کرنے والا۔ کنجوس۔ شریر بدذات۔ نٹ کھٹ ۔:

مُوذی پنا (اُر۔امذ) تکلیف دینا۔ ایذا۔ رسانی۔ بخیلی کنجوسی۔ شرارت۔ شوخی ۔:

مُوذی کا چنگل (اُر۔امذ) ظالم کا پنجہ۔ زبردست کا پنجہ ۔:

موذی کا مال (اُر۔امذ) کنجوس کا مال۔ ظالم کا مال ۔:

مُوذی کا مال نکلے پھوٹ کر کھال (اُر۔مثل) ظلم سے حاصل کیا ہوا مال کسی کو ہضم نہیں ہوسکتا۔ کنجوس کا مال کسی کو پھل نہیں سکتا ۔:

مُوذی کو نماز چھوڑ کر مارئے (اُر۔مثل) ایذا دینے والے کو ہر حالت میں مار دینا چاہئے ۔:

مُوڑ (ف۔امو) چیونٹی۔ کیڑی ۔:

مُورِ بال دار (ف۔امو) پروں والی چیونٹی ۔:

مُور و ملخ (ف۔امو) چیونٹی اور ٹڈی۔ دل۔ لشکر کی صفت میں آتا ہے۔ بے شمار۔ ان گنت ۔:

مور (ہ۔امذ) طاؤس۔ مرلا۔ ایک خوشنما پرندے کا نام ہے ۔:

مور پنکھی (ہ۔امو) ایک قسم کی خوبصورت ناؤ۔ نواڑا بجرا۔ مور کے پروں کی۔ سورج مکھی۔ مور کے پروں کا پنکھا۔ ایک قسم کی پنکھی جو کھولنے سے مور کے پروں کی مانند ہوجاتی ہے ۔:

مور چال (ہ۔امو) بازیگروں۔ نٹوں یا پہلوانوں کی وہ چال جو دونوں ہاتھوں کے بل ٹانگیں اونچی اور خمیدہ کرکے چلتے ہیں۔ ایک خاص قسم کا ناچ ۔:

مور چھل (ہ۔امذ) بادشاہوں یا راجاؤں کے سر پر ہلانے کا مور کے پروں کا چنور ۔:

مور کا چنگھاڑنا/کوکنا (اُر۔محاورہ) مور کا بولنا ۔:

مور کا ناچنا (اُر۔محاورہ) مستی میں آکر مور کا ناچنا ۔:

مور کی چال (اُر۔امو) مستانہ چال ۔:

مور کی سی گردن (اُر۔مو) صراحی دار گردن۔ نہایت خوبصورت اور لمبی گردن ۔:

مورمکٹ (ہ۔امذ) مور کا سا تاج ۔:

مور ناچتا جب اپنے پاؤں دیکھتا ہے تو رو دیتا ہے (اُر۔محاورہ) عیب خواہ کیسا ہی قلیل اور کم ہو برا ہی بڑا۔ اچھوں کو ذرا سا عیب بھی ناخوش کر دیتا ہے ۔:

مؤر (ہ۔امذ) آم کا پھل۔ بور۔ آم کا شگوفہ ۔:

مؤر آنا (ہ۔محاورہ) آم کے درخت میں پھول آنا۔ شگوفے نکلنا ۔:

مور (ہ۔امذ) تاج۔ مکٹ۔ جیغہ کلغی۔ افسر۔ دیہیم ۔:

مورا (ہ۔امذ) مور کی تصغیر برائے محبت۔ مرلا۔ پیارا مور۔ ضمیر متکلم مضاف الیہ میرا ۔:

مُورت } (ہ۔امو) صورت۔ پتلی۔ لعبت۔ بت
مُورتی } صنم۔ تصغیر ۔:

مُورِث (ع۔فاعل) وارث کرنے والا وہ شخص جس سے ورثہ یا ترکہ ملے۔ وصیت کرنے والا۔ فارسی میں بمعنی باعث۔ سبب۔ وجہ ۔:

مُورِثِ اعلےٰ (ع۔مذ) سب سے بڑا مورث۔ جدِ اعلےٰ۔ وہ سب سے بڑا شخص جس سے ورثہ پہنچا ہو۔ کسی ورثہ کا سب سے پہلا مالک۔ مورثِ اول ۔:

مُورِثِ فاسد (ع۔امذ ترکیب فارسی) نانا ۔:

مُورثی (ع۔صف) جدی پشتی۔ باپ دادا کا ۔:

مورچا (اُر۔امذ) آڑ۔ وہ گڑھا جو قلعے کے چاروں طرف کھود دیتے ہیں۔ خندق کھائی۔ وہ فوج جو مورچے پر لڑنے کے لیے رہتی ہے ۔:

مورچا باندھنا / مورچا بندی کرنا (اُر۔فعل) لڑائی کے واسطے خندق وغیرہ کھودنا لڑائی کے واسطے دھسں تیار کرنا ۔:

مورچا توڑنا (اُر۔محاورہ) مورچے کو درہم برہم کرنا۔ مورچا قائم نہ رہنے دینا ۔:

مورچا ٹوٹنا (اُر۔محاورہ) دیکھئے "مورچا توڑنا" جس کا یہ لازم ہے ۔:

مورچا لینا۔ یا۔ مارنا / مورچا جیتنا (اُر۔محاورہ) دشمن کے مورچے کی جگہ لے لینا۔ جیتنا۔ مقابلہ کرنا۔ لڑنا۔ فتح پانا۔ حجت اور بحث میں غالب آنا۔ تکرار کرنا ۔:

مورچال (ف۔امذ) خندق۔ کھائی۔ دھسں۔ آڑ۔ وہ گڑھا جو قلعہ لینے کے واسطے اس کے چاروں طرف کھود دیتے ہیں ۔:

مورچہ (ف۔امذ) مور کی تصغیر۔ چھوٹا چیونٹا۔ چیونٹی۔ زنگ جر۔ پھپھوندی۔ زنگار ۔:

مورچہ دوڑنا (اُر۔محاورہ) زنگ لگنا۔ پھپھوندی لگنا ۔:

مورچہ لگنا (اُر۔محاورہ) زنگ لگنا۔ جر لگنا ۔:

مُورچھا (اسم مونث) بیہوش۔ غشی۔ بیخودی (یہ لفظ بوا دمعروف ہے)

مُورچھا کھانا یا آنا (اُر۔محاورہ) بیہوش ہونا۔ غش آنا۔ ہوش نہ رہنا۔ غشی طاری ہونا ۔:

مُورچھاگت (ہ۔امو) حالت بیخودی۔ بیہوشی کی حالت ۔:

مُورچھت (ہ۔صف) بیہوش۔ بے سدھ ۔:

مورچے پر جانا (اُر۔محاورہ) لڑائی پر روانہ ہونا۔ دشمن کے مقابلے کے لیے جانا ۔:

مورچے پر رکھنا (اُر۔محاورہ) نشانہ بنانا۔ نشانے پر رکھنا۔ سامنے رکھنا۔ مہلک جگہ بھیجنا ۔:

مورچے کا کھا جانا (اُر۔محاورہ) زنگ لگ کر کوئی چیز خراب ہوجانا

مُورِّخ (ع۔امذ فاعل) تاریخ لکھنے والا۔ تاریخ نگار۔ وقائع نویس۔ اہل سیر ۔:

مُورِّخانہ (عف۔صف) تاریخ لکھنے والوں کی طرح ۔:

مُورَّخہ (ع۔صف مفعولی) لکھا ہوا۔ تاریخ ڈالا ہوا۔ محررہ۔ معروضہ۔ مرقومہ ۔:

مُوَرَّدْ (اُر۔صف) غیر زبان کا وہ لفظ جو اردو بنا لیا گیا ہو (اردو والوں نے عربی وزن پر اسم مفعول بنا لیا ہے ۔:

مَوْرِد (ع۔امو۔ظرف) پانی پینے کی جگہ۔ چشمہ۔ تالاب۔ جوہر

اترنے کی جگہ۔ وارد ہونے کی جگہ۔ جائے نزول۔ فرودگاہ۔

مورِدِ عنایت یا لطف وکرم (ع۔ امو) وہ شخص جس پر خاص مہربانی کی جائے۔

مورکھ (ہ۔ صف) بیوقوف۔ احمق۔ جاہل۔ گاودی۔ نادان ناواقف۔ مودھو۔

مورکھ پن (ہ۔ امذ مصدری) بیوقوفی۔ حماقت۔ جہالت نادانی احمق پن۔

مورکھ سمجھاوتی (ہ۔ امو) جاہلوں کو سمجھانے والی۔ مجازاً۔ بید کی چھڑی۔ چابک۔ کوڑا۔ لاٹھی۔

مورکھ کی ساری رین چنتر کی ایک گھڑی (ہ۔ مثل) نادان جس کام پر تمام رات صرف کر دیتا ہے عقلمند اس کو ذرا سی دیر میں عمدگی سے کر لیتا ہے۔ احمق کی صحبت سے ساری رات میں وہ لطف نہیں آتا۔ جو کسی دانشمند سے ایک گھڑی میں آجاتا ہے۔

موری (ہ۔ امو) مور کی مادہ۔

مورُوثی (ع۔ صف۔ مفعولی) وراثت میں دیا گیا۔ وارث کیا گیا۔

مورُوثی (ع۔ صف۔ بیائے نسبتی) باپ دادا کا۔ جدی۔ آبائی۔ پشتینی۔ نسلی۔

موری (ہ۔ امو) نالی۔ پدررَو۔ پانی کے نکلنے کی جگہ۔ موکھا۔ مُنہ۔ دھانہ۔ سوراخ۔ روزن (فارسی میں انہی معنی میں مستعمل ہے)

موری پر جانا (ہ۔ محاورہ) پیشاب کو جانا۔ مُوتنے کو جانا۔

موری چھوٹنا (اُر۔ محاورہ) پیٹ چلنا۔ دست آنا۔

موری کا کیڑا (اُر۔ امذ) وہ بچہ جو پیدا ہوتے ہی مر جائے۔

موری کا کیڑا موری میں خوش رہتا ہے (اُر۔ مثل) جو گندگی میں پلا بڑھا ہو۔ وہ گندگی میں خوش رہتا ہے۔

موری کی اینٹ چوبارے چڑھی (ہ۔ مثل) کمینہ کو بڑا درجہ مل گیا۔ سفلہ آدمی کو اعلیٰ رتبہ ملا۔

موری میں پتھر ڈالو گے تو چھینٹیں اُڑیں گی (اُر۔ مثل) یعنی گندے معاملے میں پڑو گے تو بدنامی ہوگی۔

موڑ (ہ۔ امذ) گھماؤ۔ چکر۔ پھیر۔ وہ جگہ جہاں سے یکطرف دوسری طرف رستہ پھرے۔ پیچ۔ خم۔ بل۔ پیچ وتاب واپسی۔ لٹاؤ۔

موڑ توڑ (ہ۔ امذ) پھیر۔ گھماؤ۔ چکر۔

موڑ دینا (ہ۔ محاورہ) واپس کر دینا۔ پھیر دینا۔ لوٹا دینا۔ بل یا خم دینا۔ خمیدہ کر دینا۔ ہٹا دینا۔ ایک طرف سے دوسری طرف رُخ پھیر دینا۔

موڑ کا آزار (اُر۔ امذ) بواسیر کا مرض۔

موڑ کھانا (اُر۔ محاورہ) مُڑ جانا۔ واپس ہو جانا۔ شکست کھانا۔

موڑنا (ہ۔ محاورہ) چکر دینا۔ گھمانا۔ پھیر دینا۔ واپس کرنا۔ اُلٹا پھیرنا۔ واپس لانا۔ رُخ بدلنا۔

مُوڑ (ہ۔ امذ) ایک خاص قسم کا تاج جو دولہا کے سر پر رکھ کر اُوپر سے سہرا باندھ دیتے ہیں۔ تاج نوشہ۔

موڑھ (ہ۔ صف) نالائق۔ بیوقوف۔ مودھو۔ احمق۔ نادان جاہل۔

مُوڑھا (ہ۔ امذ) سرکنڈوں کی بنی ہوئی گرسی۔ سرکنڈوں کا پیڑھا

مَوز (ع۔ امذ) کیلے کی پھلی۔ کیلا۔

موزُوں (ع۔ صفت مفعولی) وزن کیا گیا۔ تلا ہوا۔ جچا ہوا۔ پھبتا۔ زیبا۔ مناسب۔ واجب۔ حسب حال۔ وہ شعر جو بحر اور عروض کے موافق ہو۔ پسندیدہ۔ مقبول۔ سنجیدہ۔

موزُوں طبع (عف۔ صف) وہ شخص جس کی طبیعت موزوں ہو۔ جو شخص شعر کہہ سکتا ہو اگرچہ شاعر نہ ہو۔

موزُوں طبعی (عف۔ امو) دیکھئے "موزوں طبع" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

موزُوں کرنا (اُر۔ محاورہ) شعر کو وزن اور بحر سے درست کرنا۔ ٹھیک اور درست کرنا۔

موزُوں کیا جانا (اُر۔ محاورہ) شعر کو وزن اور بحر سے درست کرنا۔ ارکان عروض کے موافق کرنا۔ ٹھیک اور درست بنانا۔ سڈول اور زیبا کرنا۔

موزُوں ہونا (اُر۔ محاورہ) پھبنا۔ خوشنما معلوم ہونا۔ زیبا ہونا واجب ہونا۔ درست ہونا۔ شعر کا بحر اور عروض کے موافق ہونا۔ تلنا۔ جچنا۔

موزُونت } (ع۔ اُر۔ مونث) پھبن۔ زیبائش۔
موزُونیت } خوبصورتی۔ درستی۔ پسندیدگی۔

موزہ (ف۔ امذ) جُراب۔ پاؤں میں پہننے کی تھیلی۔ انگریزی جوتا۔ بوٹ۔

موزہ ساز (ف۔ صف) چمڑے کی جرابیں بنانے والا۔ جوتے بنانے والا۔

موزہ گیر (ف۔ امذ) وہ گھوڑا جو اپنے سوار کی ٹانگ کو کاٹے یا موڑے کو منہ مارے۔

موزے کا کھاؤ رانی جانے یا راؤ
موزے کا کھاؤ میاں جانے یا پاؤں } (اُر۔ مثل) اندرونی حالات کی خبر اپنے سوا کسی اور کو نہیں ہوتی۔

مُوسا (ہ۔ امذ) چوہا۔ موش۔ فار۔

مُوسا کنی (ہ۔ امو) ایک قسم کی خوشبو دار گھاس جس کے پتے چوہے کے کان کے مشابہ ہوتے ہیں۔

مُوسا گابھ (ہ۔ امذ) نطفۂ آہو جو مادہ کے پیٹ میں نہ ٹھہرے۔

مُوسا (ہ۔ امذ) ساسی کا خاوند۔ ماں کی بہن کا شوہر۔ خالو۔

مُوسائی (اُ صف۔ بیائے نسبتی) منسوب بہ موسےٰ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پیرو۔ موسےٰ کے امتی۔ یہودی۔

مُوسَل (ہ۔ امذ) آلہ۔ اناج کوٹنے کا آلہ۔ سونٹا۔

مُوسَلا (ہ۔ امذ) مُوسل کی تصغیر۔ موٹی جڑ۔ اصل۔ چھڑ۔ چھڑی۔

بید۔ چوب عصا۔ مُوسل سے نسبت وتعلق رکھنے والا منسوب بہ مُوسل۔ مُوسل کی مانند ۔:

مُوشلا دھار (ہ۔ صف) مُوسل جیسی دھار والا۔ شدت اور زور کا مینہ۔ یہ لفظ عموماً بارش کی صفت میں آتا ہے ۔:

مُوشلا دھار برسنا یا پڑنا (ہ۔ محاورہ) شدید بارش ہونا۔ زور کا مینہ برسنا ۔:

مُوشلوں ڈھول بجانا (اُ۔فعل) ڈونڈی پیٹنا۔ کسی بات کی تشہیر پکار پکار کر کرنا ۔:

مُوشلوں سے چھڑنا (ہ۔محاورہ) اناج کو اوکھلی میں صاف کرنا مجازاً کثرت سے ہونا ۔:

مُوشلی (ہ۔ اسمو) موصل کی تصغیر وتانیث۔ جڑ۔ بیخ۔ اصل۔ مُول ۔:

مَوسِم (ع۔اسمذ) وقت۔ سماں۔ سما۔ ایام۔ موقع۔ دن۔ زمانہ ۔:

مَوسِم بہار (عف۔اسمذ) بہار کا موسم۔ فصل گل۔ ربیع۔ پھاگن۔ مارچ

مَوسِم خزاں (عف۔اسمذ) پت جھڑ۔ خریف "کنایتہً" زوال کا زمانہ

مَوسِم گُل (عف۔اسمذ) بہار کا موسم ۔:

مَوسَمی (اُ۔اسمو۔ بیائے نسبتی) موسم کا۔ رُت کا۔ موقع کا منسوب بہ موسم

موسمیات (ع۔اسمو) موسم اور آب وہوا کے متعلق شعبۂ علم ۔:

مُوس کے کھا جانا (ہ۔فعل) دغا اور فریب سے کسی کا مال کھا جانا۔ ٹھگ کر کھا جانا۔ لُوٹ کے کھا جانا۔ توڑ مروڑ کر کھا جانا ۔:

مُوس کے کُھک کر جانا (اُ۔محاورہ) لوٹ کر فقیر بنا دینا۔ دغا کر کے محتاج بنا دینا ۔:

مُوسِّس (ع۔اصف) بنیاد رکھنے والا۔ بانی ۔:

مُوسَّسہ (ع۔اسمذ) وہ ادارہ جو کسی مقصد یا فلاحی مقصد کے لیے قائم کیا گیا ہو۔ وہ سرمایہ جو کسی خاص مقصد کے لیے وقف کیا گیا ہو ۔:

موسنا (ہ۔فعل) کھوسنا۔ چھیننا۔ چھین کر کھا جانا۔ مال مارنا۔ لوٹنا۔ دغا اور فریب کھا جانا۔ ٹھگ لینا۔ چھل کر کھا جانا۔ چرانا ۔:

موسنا (ہ) دیکھو موسنا ۔:

مَوسُوم (ع۔صف مفعولی) نام رکھا گیا۔ نشان دیا گیا۔ مخاطب ملقب۔ منقوش۔ نقش کیا گیا ۔:

مُوسَوی (ع۔صف۔ بیائے نسبتی) منسوب بہ موسےٰ۔ امام موسےٰ رضا علیہ السلام کی اولاد نیز حضرت موسےٰ پیغمبر کے پیرو یہودی

مَوسی (ہ۔اسمو) خالہ۔ ماں کی بہن ۔:

مُوسےٰ (ع۔اسمذ) ایک مشہور پیغمبر کا نام ہے۔ جن پر توریت نازل ہوئی۔ یہودی انہی کے پیرو ہیں۔ موسیٰ بمعنی تابوت وسا بمعنی آب مرکب ہے۔ کیونکہ فرعون نے ان کو دریائے نیل سے پایا تھا۔ اُسترہ۔ بال مونڈھنے کا آلہ ۔:

مُوسیرا۔ یا مُوسیرا (ہ۔اسمذ) موسی کا پوتا۔ ماں کی بہن کا بیٹا۔ خالہ زاد بھائی ۔:

مُوسیقار (ف۔اسمذ) ایک پرندے کا نام جس کی چونچ میں بہت سوراخ ہوتے ہیں۔ جن سے طرح طرح کی آوازیں نکلتی ہیں قفنس بھی اسی کو کہتے ہیں۔ ایک باجے کا نام گانیوالا۔ گویا

مُوسیقی (ع۔اسمذ) راگ کا نام۔ گانے بجانے کا علم ۔:

مُوسیو (فرانسیسی) اسم مذکر۔ مسٹر۔ جناب۔ لالہ۔ حضرت میاں صاحب وغیرہ وغیرہ ۔:

مُوش (ف۔اسمذ) چوہا۔ موسا۔ فار ۔:

مُوشِ دشتی یا صحرائی (ف۔اسمذ) جنگلی چوہا ۔:

مُوشَّح (ع۔صف) بدھی پہنایا گیا۔ مرین زیور سے آراستہ کیا گیا ۔:

مُوشَک پَراں (ف۔اسمو) چمگادڑ۔ شپر ۔:

مُوشَک دوانی (ف۔اسمذ) ایک آتش بازی۔ چھچھوندر فشہ انگریزی

موشک کور۔ یا موش کور (ف۔اسمو) چھچھوندر ۔:

موش گیر (ف۔اسمذ) ایک شکاری پرندہ جو چوہے پکڑ کر کھا جاتا ہے ۔:

موشگافی (ف۔اسمو۔ بیائے مصدری) باریک بینی۔ بال کی کھال نکالیا۔ چھان بین ۔:

مُوشن (انگ۔اسمذ۔ Motion) ہلنا جلنا حرکت کرنا۔ پاخانہ کا آنا ۔:

مُوشن پکچر (انگ۔اسمذ۔ Motion Picture) چلتی پھرتی تصویری فلم سینما میں چلنے والی فلم



حرکت کرتی ہوئی فلم ۔: مُوشن پکچر

مُوشی (ف۔اسمذ) جنگلی چوہے کے رنگ کا گھوڑا جو منحوس سمجھا گیا ہے ۔:

مَوصُوف (ع۔صف مفعولی) تعریف کیا گیا۔ ممدوح متصف کیا گیا۔ مجازاً مذکور۔ مزبور ۔:

مَوصُوف الیہ (ع۔اسمذ) وہ شخص جس کی تعریف کی گئی ہے ۔:

مَوصُول (ع۔اسمذ مفعول) ملایا گیا۔ جڑا ہوا۔ وصل کیا گیا۔ صرف و نحو میں وہ ناتمام اسم جو اکیلا کسی جملے کا جزو تام نہیں ہو سکتا ۔:

مُوصَےٰ / مُوصَےٰ الیہ (ع۔اسمذ مفعول) وہ شخص جس کو وصیت کی گئی ہو ۔:

مُوصَےٰ بہ (ع۔اسمذ) وہ چیز جس کے دینے کی وصیت کی گئی ہو ۔:

مُوصَیٰ لہ (ع۔اسمذ) وہ شخص جس کے حق میں وصیت کی گئی ہو ۔:

مُوصِی (ع۔اسمذ۔ فاعل) وصیت کرنے والا ۔:

مُوصِیہ (ع۔اسمو) وصیت کرنے والی عورت ۔:

مُوضِح (ع۔صف) واضح کرنے والا۔ روشن کرنے والا ۔:

مَوضِع (ع۔اسمذ۔ ظرف) گاؤں۔ مقام۔ مکان ۔:

مَوضِع وار (عف۔تابع فعل) گاؤں وار۔ گاؤں کی ترتیب سے

مَوضُوع (ع۔اسمذ مفعول) وضع کیا گیا۔ رکھا گیا۔ مضمون۔ مدعا

علم منطق میں وہ مبتدا جو خبر کے مقابل میں ہو۔ بامعنی لفظ۔

مَوطِن (ع۔اند) وطن کی جگہ۔ زاد بوم۔ جنم بھوم۔ اپنا دیس۔

مَوعِدَت (ع۔اند) عہد و پیمان۔ قرار مدار۔ وعدہ و قرار۔

مَوعِظَت (ع۔امو) پند۔ نصیحت۔

مَوعُود (ع۔صف مفعولی) وعدہ کردہ شدہ۔ وہ چیز جس کا وعدہ کیا ہو۔ اقرار کیا گیا۔

مُوَفّق (ع۔صف مفعولی) توفیق دیا گیا۔ وہ شخص جس کے لیے خدا تعالےٰ نے نیکیوں کا سامان مہیا کر دیا ہو نیکیوں کا سامان دیا گیا۔

مُوَفّر (ع۔صف مفعولی) زیادتی کیا گیا۔ بہت۔ بکثرت۔ نہایت۔ ات گت۔ بے انتہا۔

مُوَقّت (ع۔اند) خاص طور پر ٹھہرایا گیا۔ زمانے کے ساتھ معین کیا گیا۔ خاص وقت پر ٹھہرایا گیا۔

مُوَقّر (ع۔صف مفعولی) توقیر کیا گیا۔ عزت والا۔ معزز۔ عزت دار۔

مَوقِع (ع۔اند۔ظرف) جائے وقوع۔ واقع ہونے کی جگہ۔ خاص وقت۔

مَوقِع بہ مَوقِع (ع۔متعلق فعل) جگہ جگہ۔ وقت وقت پر۔

مَوقِع بننا/ملنا (اُر۔محاورہ) موقع حاصل ہونا۔ فرصت ملنا۔

مَوقِع پر (اُر۔تابع فعل) عین وقت پر۔ مناسب وقت پر۔ خاص وقت پر۔

مَوقِع تکنا۔ یا۔ دیکھنا (اُر۔محاورہ) داؤں گھات میں رہنا۔ وقت کا منتظر رہنا۔

مَوقِع جاتے دینا (اُر۔محاورہ) موقع کھو دینا۔ وقت پر فائدہ نہ اُٹھانا۔

مَوقِع دینا (اُر۔محاورہ) مناسب وقت دینا۔ مُہلت دینا۔

مَوقِع سے (اُر۔تابع فعل) مناسب وقت پر۔ وقت دیکھ کر۔ وقت کے موافق ڈھنگ سے۔

موقع شرط ہے (اُر۔تابع فعل) اگر موقع مل جائے۔

مَوقِع کو جانے نہ دینا (اُر۔محاورہ) وقت پر کام کرنا۔

مَوقِع کی (اُر۔صف) لائق۔ مناسب۔ ڈھنگ کی۔ وقت کی۔ حسب منشا۔

مَوقِع نکل جانا (اُر۔محاورہ) وقت ہاتھ سے نکل جانا۔

مَوقِع واردات (ع۔اند) کسی جرم کے مواقع ہونے کی جگہ۔

مَوقِع ہاتھ سے دینا (ا۔محاورہ) موقع کھو دینا۔ موقع جانے دینا۔

مَوقِع ہاتھ لگنا (اُر۔محاورہ) موقع بننا۔ موقع ملنا۔

مَوقِف (ع۔اند۔ظرف) کھڑے ہونے کی جگہ۔ مقام۔ مکّہ سے دو فرسنگ پر ایک مقام کا نام ہے۔

مَوقُوف (ع۔صف مفعولی) ٹھہرایا گیا۔ کھڑا کیا گیا۔ برخاست شدہ۔ نوکری سے ہٹایا گیا۔ منسوخ کیا گیا۔ منحصر۔ انحصار کیا گیا۔ ملتوی کیا گیا۔ ترک کیا گیا۔ چھوڑا گیا۔ وہ غیر متحرک حرف جس سے پہلا حرف ساکن ہو۔ خدا کے نام پر چھوڑا گیا۔ وقف کیا گیا۔

مَوقُوف الیہ (ع۔اند) وہ شخص جس کے لیے وقف کیا گیا ہو متولی۔

مَوقُوف رکھنا (اُر۔محاورہ) ملتوی کرنا۔ کسی پر منحصر کرنا۔

مَوقُوف علیہ (ع۔ا۔مذ) وہ شخص جس پر کسی بات کا فیصلہ منحصر کیا گیا ہو۔ ثالث۔ پنچ۔ منصف۔

مَوقُوف کرنا (اُر۔محاورہ) علیحدہ کرنا۔ برطرف کرنا۔ ملتوی رکھنا۔ باز رکھنا۔ کسی پر منحصر کرنا۔

مَوقُوف ہونا (اُر۔محاورہ) منحصر ہونا۔ ملتوی ہونا۔ نوکری سے ہٹ جانا۔ برخاست ہونا۔ ملتوی ہونا۔

مَوقُوفی (عف۔امو۔ بیائے مصدری) علیحدگی۔ برطرفی۔ برخاستگی۔ معزولی۔ ڈھیل۔ توقف۔ التوا۔

مَوقُوفی میں آنا/آجانا (اُر۔محاورہ) موقوف ہونا۔ برطرف ہونا۔

مَوکِش (س۔امو) رہائی۔ نجات۔ رستگاری۔ مخلصی۔ آزادی۔ چھٹکارا۔

مَوکِب (ع۔اند) اردلی کے سوار و پیادے۔

مَوکِب (ع۔اند) فوج۔ سپاہ۔ لشکر۔

مَوکِبی (عف۔صف) جلو کا۔ وہ جو ازدل میں ہمراہ ہو۔

مُؤکِّد (ع۔اند۔فاعل) تاکید کرنے والا۔

مُؤکَّد (ع۔صف مفعولی) تاکید کیا گیا۔

مُوَکَّل (ع۔اند) وہ شخص جس کے سپرد کوئی کام کیا جائے۔ امانتدار محافظ۔ ذمہ دار۔ بیر۔ وہ فرشتہ جو کسی کام پر مقرر ہو۔

مُوَکِّل (ع۔اند) وکیل کرنے والا۔ مقدمہ سپرد کرنے والا۔ اسامی۔

مُوَکِّلہ (ع۔امو) دیکھئے مُوکل جس کی یہ تانیث ہے۔

مُوکلا (ہ۔صف) کھلا ہوا۔ کشادہ۔ کافی۔ مکتا۔

مُوکو (ہ) اسم ضمیر مفعولی۔ مجھے۔ مجھ کو۔ میرے تئیں۔

مُوکو نہ تو کوے بھاڑ میں جھوکو (ہ۔محاورہ) نہ ہم استعمال کریں نہ تمہیں کرنے دیں۔ یونہی ضائع ہونے دو۔ نہ میرے کام کا۔ جانے دو۔ دُور کرو۔

مُوکھ (ہ۔امو) کونا۔ گوشہ۔ ٹکڑا۔

مُوکھا/مُوکھا (ہ۔ا۔مذ) بڑا سوراخ۔ روشندان۔

مُوگرا (ہ۔اند) ایک پھول کا نام ہے۔ بڑی موگری۔ مؤسل توپ کا شنبہ۔

موگری (ہ۔امو) زمین کوٹنے اور کپڑوں کو کندی کرنے کا آلہ۔ کلوخ کوب۔ کوبہ۔


موگری

مُوگرے (اُر۔مذ) مولی کے بیجوں کی پھلیاں جو ترکاری کے طور پر پکائی جاتی ہیں۔

مُوَل (س۔اند) جڑ۔ بیخ۔ اصل۔ بنیاد۔ پونجی۔ سرمایہ زر اصل۔ جس پر سود لیا جائے۔ جذر۔ دوسرے درجہ کا گھٹاؤ۔ انیسواں۔ پختہ۔ جو بے حد منحوس سمجھا جاتا ہے۔ مضمون کتاب۔ جد اعلیٰ۔ نسل۔ اولاد۔ جنس۔ خاندان کل۔ دھاتو۔ مادّہ۔

مُول سے بیاج پیارا ہوتا ہے (ہ۔ محاورہ) اصل مال کی نسبت اس کی آمدنی زیادہ عزیز ہوتی ہے۔ بیٹے کی نسبت اس کی اولاد زیادہ عزیز ہے ؛

مُول (ہ۔اند۔ بواد مجہول) دام۔ قیمت۔ نرخ۔ بھاؤ ؛

مُول بڑھانا (اُر۔محاورہ) قیمت یا نرخ زیادہ کرنا ؛

مُول بڑھنا (اُر۔محاورہ) دیکھئے "مُول بڑھانا" جس کا یہ لازم ہے ؛

مُول پوچھنا (اُر۔محاورہ) قیمت دریافت کرنا ؛

مُول بنانا (اُر۔محاورہ) قیمت طے کرنا۔ سودا کرنا ؛

مُول توڑنا (اُر۔محاورہ) قیمت گھٹانا۔ نرخ کم کرنا ؛

مُول بٹنا (اُر۔محاورہ) سودا ہونا۔ قیمت طے ہونا ؛

مُول تول (ہ۔اند) سودا۔ قیمت کا تعین ؛

مُول ٹوٹ جانا (اُر۔محاورہ) قیمت گھٹ جانا ؛

مُول ٹھہرانا/چکانا (اُر۔محاورہ) نرخ مقرر کرنا۔ قیمت چکانا ؛

مُول ٹھہرانا۔ یا۔ چکانا (اُر۔محاورہ) سودا کرنا۔ نرخ معین کرنا۔ قیمت چکانا ؛

مُول دینا (اُر۔محاورہ) قیمتاً دینا۔ دام لیکر دینا۔ قیمت ادا کرنا۔ قیمت بیباق کرنا ؛

مُول گھٹانا (اُر۔محاورہ) قیمت کم کرنا ؛

مُول لگانا (اُر۔محاورہ) سودا کرنا۔ نرخ مقرر کرنا۔ دام لگانا ؛

مُول لینا (اُر۔محاورہ) خریدنا۔ زر خرید کرنا۔ غلام بنانا۔ سودا کرنا چکانا ؛

مُول لے کر چھوڑ دینا (اُر۔محاورہ) خرید کر آزاد کر دینا۔ غلام بنا کر چھوڑ دینا۔ بہت ادنی سمجھنا ؛

مَولا۔ یا۔ مولے (ع۔اند) آقا صاحب۔ مالک۔ سردار۔ والی۔ خدا تعالے۔ ایشور۔ اللہ۔ داتا۔ غلام۔ داس۔ مددگار۔ شریک۔ دوست۔ معاون۔ ہمسایہ۔ پڑوسی ؛

مولا بخش (عف۔اند) خدا کا دیا ہوا۔ بخشش الٰہی۔ شہنشاہ اکبر کے وقت ایک بڑا جوتا جو مجرموں کی سزا کے لیے بنایا جاتا تھا۔ مسلمانوں میں ایک نام۔ اُستاد کا ڈنڈا ؛

مولا ڈولا (اُ۔صف) بھولا بھالا بے پرواہ۔ بڑا سخی ؛

مولا ہاتھ بڑائیاں جس چاہے تس دے (اُر۔مثل) تمام عزتیں اور مرتبے خدا کے قبضۂ قدرت میں ہیں جسے چاہے دے ؛

مولا علیؑ (ع۔اند) حضرت علی کرم اللہ وجہ ؛

مولانا (ع۔اند) فاضل۔ اجل۔ عالموں اور فاضلوں کا اعزازی خطاب۔ کبھی مولوی جلال الدین رومی سے مراد ہوتی ہے ؛

مولائی (ع۔اسمو۔ بیائے مصدری) سرداری۔ امیری۔ منصفی۔ عورتوں کا نام (بیائے متکلم) مولائے من۔ میرا آقا۔ میرا سردار ؛

مَولِد (ع۔اند) ظرف۔ جائے ولادت۔ پیدائش کی جگہ۔ جنم بھومی۔ ولادت گاہ۔ مسقط الراس ؛

مَولڑ (ہ۔اند) مول لیا ہوا۔ زر خرید ؛

مَولسرا (ہ۔اند) بیوی یا میاں کا میکا خسر ؛

مَولسری (ہ۔اسمو) ایک درخت اور اس کے پھل کا نام ہے۔ جس کے پھولوں کی خوشبو بھینی بھینی اور بڑی خوشگوار ہوتی ہے۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔ جسپر مولسری کے پھولوں کے ہمشکل پھول کڑھے ہوتے ہیں ؛

مُولَّف (ع۔اند) تالیف کیا گیا۔ ترتیب دیا گیا ؛

مُولِّف (ع۔اند) تالیف کرنے والا۔ جمع کرنے والا۔ مختلف کتابوں کی مدد سے کتاب بنانے والا ؛

مُولّفات (ع۔اسمو) تالیف کی ہوئی کتابیں۔ مُولّفہ کی جمع ؛

مُولّفہ (ع۔اسمو) تالیف کی ہوئی۔ جمع کی ہوئی۔ بنائی ہوئی۔ ترتیب دی ہوئی ؛

مُولّفہ (ع۔اسمو) دیکھئے "مولّف" جس کی یہ تانیث ہے ؛

مَولنا (ہ۔فعل) آم کے درخت میں پھول آنا۔ شگوفہ آنا۔ مور آنا۔ مول آنا۔ پھولنا ؛

مَولود (ع۔اند۔ مفعول) جنا ہوا۔ زائیدہ۔ زادہ۔ جایا۔ جنم دن۔ وقت ولادت۔ پیدا ہونے کا زمانہ۔ حضرت رسول کریم صلعم کی ولادت یا کرامت کا بیان۔ مجلس میلاد نبی صلعم۔ بیٹا۔ لڑکا۔ پوت۔ فرزند۔ پسر ؛

مولود خوان / مولودی (ع۔مذ) وہ شخص جو حضرت رسول خدا صلعم کی پیدائش کا بیان پڑھ کر لوگوں کو سنائے ؛

مولودِ شریف (ع۔اند) میلاد شریف۔ جناب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش کا دن ؛

مولود مسعود (ع۔صف) خوش نصیب بچہ ؛

مَولوی (ع۔اند۔ بیائے نسبتی) منسوب بہ مولا۔ شریعت کی باتوں کا عالم۔ احکام شرعی جاننے والا۔ فقیہ۔ فاضل۔ شاستری دھرم شاستر جاننے والا۔ پکا دیندار۔ متشرع۔ مدرس۔ معلم۔ پنڈت۔ عالموں فاضلوں کا لقب ؛

مُولَہ (ع۔اند) والہ۔ شیفتہ۔ عاشق۔ بید مجنوں کا دوسرا نام ؛

مولے (ع۔اند) اللہ تعالے۔ خدا۔ رب۔ ایشور۔ پرمیشور۔ داتا ؛

مولے بھلا کریگا (اُر۔فقرا کی دعا) اللہ نیک بدلہ دے گا۔ ثواب دے گا ؛

مُولی (ہ۔اسمو) سرخ و سفید رنگا ہوا۔ کچا سوت جو شادی کے موقعہ پر ساچق کے ساتھ جاتا کرتا ہے۔ ڈوری ؛

مُولی (ہ۔اسمو) ایک قسم کی جڑ کا نام ہے۔ جس کو کھاتے اور ترکاری بناتے ہیں ؛

مُولی اپنے ہی پتوں بھاری (ہ۔مثل) اپنا ہی بوجھ نہیں اٹھتا دوسرے کی خبر کیا لیں گے ؛

مُولی کے چور کو سولی (اُر۔مثل) چھوٹے جرم پر بڑی سزا ؛

مُولی کا جڑی طرح (اُر۔متعلق فعل) نہایت بے قدری سے ؛

مُولیا (ہ۔اند) مول بچھڑی کی پیدائش۔ نہایت منحوس طالع ؛

مَولیرا (ہ۔اند) ماموں زاد بھائی ؛

موم (ف۔امذ) ایک قسم کا چکنا اور نرم مادہ جسے شہد کی مکھیاں شہد کے ساتھ جمع کیا کرتی ہیں۔ تشبیہاً نہایت نرم اور ملائم چیز

موم بتی (اُر۔امو) مومی شمع۔ وہ بتی جو موم کے مرکب سے بنائی گئی ہو

موم تو نہیں ہو کہ پگھل جاؤ گے (اُر۔محاورہ) ایسے نازک اور نامرد نہ بنو کہ ذرا سے کام میں مر جاؤ ؛

موم جامہ (اُر۔امذ) ترپال۔ مومی کپڑا۔ وہ کپڑا جس پر موم کا روغن ہوا ہو ؛

موم دل (اُر۔صف۔ترکیبی) نرم دل والا۔ رحم دل۔ ترس کھانے والا۔ دیالو ؛

موم دلی (ف۔امو) رحم دلی۔ نرم دلی ؛

موم روغن (اُر۔امذ) ایک قسم کا تیل جو موم اور چنبیلی کے تیل سے بنتا ہے ؛

موم کا (اُر۔صف) موم کا بنا ہوا۔ نہایت نرم۔ بہت نازک اور ملائم موم کی طرح۔ موم کی مانند ؛

موم کا کھلونا (اُر۔امذ) ناپائدار چیز ؛

موم کا ہو جانا (اُر۔محاورہ) کسی کا نہایت نازک ہو جانا ؛

موم کرنا (اُر۔محاورہ) نرم کرنا۔ سختی دُور کرنا۔ پگلانا۔ ملائم کرنا۔ نرم دل کرنا۔ گلانا۔ پگھلانا۔ پانی کرنا ؛

موم کی مچھلی (اُر۔امو) وہ مچھلی جسے لڑکے موم سے بنا کر پانی میں تیراتے ہیں ؛

موم کی مریم (اُر۔امو) نہایت نازک عورت ؛

موم کی ناگ (اُر۔صف) متلون مزاج۔ غیر مستقل۔ ہر ایک کے کہنے پر چلنے والا۔ اور اپنے پہلے قول کا پاس نہ کرنے والا ؛

موم ہو جانا (اُر۔فعل) رحم دل ہو جانا۔ پگل جانا۔ ملائم ہو جانا ؛

مومن (ع۔مذ۔فاعل) ایمان والا۔ ایماندار۔ ایمان لانے والا۔ سچا مسلمان۔ شیعہ۔ اہل تشیع حکیم مومن علی خان دہلوی کا تخلص ؛

مومنا (اُر۔صف) نہایت نازک۔ موم جیسا۔ بہت ہی نازک ؛

مومنا چومنا (اُر۔صف بواو مجہول) نہایت نرم و نازک ؛

مومنین (ع۔امذ) مومن کی جمع ؛

مومی (ف۔صف۔بیائے نسبتی) منسوب بہ موم۔ موم کا بنا ہوا ؛

مومی چھینٹ (اُر۔امو) نہایت نرم اور ملائم چھینٹ ؛

مومی شمع (اُر۔امو) موم کی بنی ہوئی بتی ؛

مومی موتی (اُر۔امذ) ایک قسم کا چھوٹا موتی۔ جو موم کی لاگ سے بنایا جاتا ہے ؛

مُومی (ع۔صف مفعولی) ایما کیا گیا۔ اشارہ کیا گیا ؛

مومی الیہ (ع۔امذ) وہ شخص جس کی طرف اشارہ کیا جائے ؛

مُومیا (ع۔ف۔مذکر) مصالح لگی اور سوکھی ہوئی لاش۔ موم کی شکل کی بنی ہوئی سیاہ چکنائی جو چوٹ یا ضرب کے موقعہ پر دودھ میں پلاتے ہیں ؛

مومیائی (ف۔امو) ایک دوا کا نام ہے۔ جو موم کی مانند سیاہ اور چکنائی دار ہوتی ہے۔ اور چوٹ اور زخم کے واسطے بڑی مفید اور سود مند ہے ؛

مومیائی نکالنا (اُر۔محاورہ) تیل نکالنا۔ سخت محنت لینا۔ چربی نکالنا۔ بہت سخت مارنا ؛

مُون (س۔امذ) خاموشی۔ چُپ ؛

مون برت (س۔امذ) چُپ رہنے کا وعدہ کرنا۔ خاموشی کا وعدہ ؛

مون سادھنا (ہ۔محاورہ) چُپ رہنا۔ خاموشی اختیار کر لینا ؛

مون (ہ۔امو) ایک قسم کا بڑا گھڑا ؛

مونا (ہ۔امذ) بڑا برتن۔ گھڑا۔ مٹکا۔ گول ٹوکرا۔ سانپ کا پٹارا ؛

مُونا (س۔فعل) مرنا۔ فوت ہونا۔ انتقال کرنا ؛

مونا رانی (ہ۔امو) چُپ رہنے والی عورت۔ خاموش ملکہ ؛

مُونتا (س۔امو) خاموشی۔ چُپ ؛

مؤنث (ع۔صف) مادہ۔ عورت۔ استری۔ نر کی ضد۔ مادین زنانہ ؛

مُونج (ہ۔امو) ایک قسم کی گھاس۔ جس کی رسیاں بٹتے ہیں ؛

مُونج کا بان (ہ۔امذ) مونج کی بٹی ہوئی رسیاں جن سے چارپائیاں بُنتے ہیں ؛

مُونجھ / مونجھا (ہ۔امذ) مویشیوں کی ایک بیماری کا نام ہے جو ان کی آنکھ کے نیچے غدود سا ہو کر پھوٹ جاتا ہے اور سیاہ رنگ کا خون بہنے لگتا ہے ؛

مُونچھ (اُر۔امذ) ہونٹوں کے اُوپر کے بال ؛

مُوندنا (ہ۔فعل) بند کرنا۔ ڈھانپنا۔ معمور کرنا۔ پُر کرنا ؛

مُونڈ (ہ۔امذ) سر۔ سیس۔ منڈیا ؛

مُونڈ کر کھانا (اُر۔محاورہ) لوگوں کی حجامت بنا کر۔ روزی کمانا لُوٹ کر کھانا۔ دھوکا دے کر مال لینا ؛

مُونڈ مارنا (اُر۔محاورہ) گردن مارنا۔ سر کاٹنا۔ قتل کرنا۔ سر سے مارنا۔ واپس کرنا۔ پھیرنا (جیسے بر پیالہ اس کے ہی مونڈ مارو)

مُونڈ منڈانا (ہ۔محاورہ) سر منڈانا۔ حجامت کرانا۔ فقیری لینا۔ منحصر ہونا۔ انحصار کرنا ؛

مُونڈا (ہ۔صف) اُسترے سے صاف کیا ہوا ؛

مُونڈن (ہ۔امو) ایک خاص رسم کا نام ہے۔ جس میں ساتویں دن بچے کے سر کے بال مُنڈاتے ہیں۔ ہندوؤں کی ایک رسم بھی ہے۔ جس میں پہلے پہل کسی دیوتا کے مندر میں لڑکے کے بال مُنڈواتے ہیں ؛

مُونڈنا (ہ۔فعل) حجامت کرنا۔ خط بنانا۔ سر ید کرنا۔ چیلا بنانا تلقین کرنا۔ ہدایت کرنا۔ شاگرد بنانا۔ رہنمائی کرنا۔ لوٹنا فریب دیکر مال مارنا۔ تباہ کرنا۔ دھوکے لے لینا۔ برباد کرنا

مُونڈھا (ہ۔امذ۔بواو مجہول) کندھا شانہ۔ دوش۔ کتف۔ (بواو معروف) کُرسی۔ چوکی۔ سٹول ؛

مُونڈھوں کے فرشتے (اُر۔امذ) کراماً کاتبین انسانی اعمال لکھنے والے فرشتے ؛

مُونڈھے پر بٹھانا (اُر۔محاورہ) کسب کرانا ۔
مُونڈھنے والی (ہ۔ا۔مو) رنڈی ۔ کسبی ۔ پاتر ۔ پیشہ کرنے والی ۔
مُونڈی (ہ۔مو) مُونڈ کی تصغیر ۔ سر مُنڈیا ۔ (بحالت صفت مفعولی) مُونڈی ہوئی ۔ ستردہ ۔
مُونڈی کاٹا (ہ۔صف مفعولی) سر بریدہ ۔ سر کٹا ۔ بن سرا (کلمہ تفریں) مُوا ۔ مرن جوگا ۔ واجب القتل ۔
مُونس (ع۔ا۔مذ۔فاعل) اُنس رکھنے والا محبت کرنے والا ۔ دلی دوست ۔ غمخوار ساتھی ۔ ہمدم ۔ رفیق ۔ آرام دینے والا ۔ میر انیس کے چھوٹے بھائی میر نواب مرثیہ گو ولد میر مستحسن لکھنوی کا تخلص بھی ہے ۔
مُونسِ تنہائی (عف۔ا۔مذ) تنہائی کا ساتھی ۔ خلوت کا دوست غم بٹانے والا ۔
مُونگ (ہ۔ا۔مو) ماش کی قسم کا ایک غلہ جس کی دال دلتے ہیں ۔
مُونگ مُوٹھ میں چھوٹا بڑا کون (ہ۔مثل) برادری میں سب ہی برابر ہیں ۔
مُونگ پلاؤ (اُر۔مذ) مُونگ اور چاولوں کی کھچڑی ۔
مُونگ پھلی (ہ۔ا۔مو) مُونگ کی پھلی ۔ جس سے دانے نکلتے ہیں ۔ ایک قسم کا میوہ جس کی پھلیوں سے بادام کے سے دانے نکلتے ہیں ۔
مُونگ چھاتی پر دلنا (اُر۔محاورہ) عبرت دلانا ۔ عذاب دینا ۔ کسی کے سامنے ایسا کام کرنا جو اُسے سخت ناگوار ہو ۔
مُونگ سُونگھنی نار بکرے کھاوے چار (ہ۔مثل) مکار اور فریبی عورت کی نسبت بولتے ہیں جو بظاہر تو بھلی مانس مگر درحقیقت بدمعاش اور دھوکے باز ہو ۔
مُونگ کی دال (ہ۔ا۔مو) دلے ہوئے مُونگ ۔
مُونگ کی دال کھانے والا (اُر۔محاورہ) مجازاً ۔ بودا ۔ ڈرپوک بزدل ۔ گوشت نہ کھانے والا ۔
مُونگیا / مونگری / مونگوری (اُر۔ا۔مو) ایک قسم کا کھانا جو مُونگ سے بنایا جاتا ہے ۔
مُونگیا (ہ۔ا۔مذ) مائلی رنگ ۔ ایک قسم کا ہلکا سبز رنگ ۔
مُونگے کی جڑ (ہ۔ا۔مو) بیخ مرجان ۔
مُونہہ (ہ۔ا۔مذ) دیکھو مُنہ ۔
مُونہاں (ہ۔ا۔مذ) گھوڑے کی ایک بیماری کا نام ہے جس میں مُنہ کے اندر چھالے پڑجاتے ہیں ۔
مُونہا موہی ہونا (اُر۔محاورہ) دُو بدو ہونا ۔ دُو بدو جھگڑا ہونا باہم آزادگی ۔ رنجش ۔
مُونی (ہ۔ا۔مذ) چُپ چاپ آدمی ۔ جوگیوں کا ایک خاموش رہنے والا فرقہ ۔ ٹوکری بوٹیا ۔
موہ (س۔ا۔مو) مذکر ۔ پیار ۔ محبت ۔ نیہ ۔ پریت ۔ عشق پریم ۔ فریفتگی ۔ لاڈ ۔ ناز ۔ لوبھ ۔ خواہش ۔ جادو ۔ ٹونا منتر ۔ سحر ۔ افسوں ۔
موہ جانا (ہ۔محاورہ) عاشق ہو جانا ۔ فریفتہ ہو جانا ۔ مفتوں ہو جانا
موہ روپی (ہ۔صف) دلفریب صورت والا ۔ دھوکے میں ڈالنے والا ۔ صورت دکھا کر فریفتہ کر لینے والا ۔
موہ لینا (ہ۔محاورہ) عاشق کر لینا ۔ مائل کر لینا ۔ لبھا لینا ۔
موہ میں آنا (اُر۔محاورہ) عشق کے بس میں ہونا فریفتہ ہونا ۔ حیرت زدہ ہونا ۔
مُوہِب (ع۔صف۔فاعلی) بخشنے والا ۔ عطا کرنے والا ۔ دان کرنے والا ۔ ہبہ کرنے والا ۔ خیر و خیرات کرنے والا ۔
مَوہِبت (ع۔ا۔مو) بخشش ۔ عطا ۔ نذر ۔ بھینٹ ۔ نعمت ۔
موہبت عظمےٰ (ع۔ا۔مو) بہت بڑی بخشش ۔ بہت بڑی نعمت ۔
موہت (س۔صف) جادو سے ہوا ہوا ۔ شیدا ۔ والا عاشق ۔ بیہوش بے حس و حرکت ۔
مُوہِم (ع۔صف) وہم میں ڈالنے والا ۔
موہن (س۔صف۔فاعلی) موہنے والا ۔ لبھا لینے والا ۔ فریفتہ کرنے والا ۔ جادو سے بس میں کرنے والا ۔ لبریا ۔ دلفریب نہایت خوبصورت ۔
موہن بھوگ (ہ۔ا۔مذ) پرشاد ۔ کڑاہ ۔ حلوے کی ایک قسم ۔
موہن لتا (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا پودا جس کی بابت مشہور ہے کہ اس میں فریفتہ کرنے کی خاصیت ہے ۔
موہن مالا (ہ۔مو) سونے یا مونگے یا موتیوں کا کنٹھا کھنٹی ۔
موہنا (ہ۔فعل) عاشق کر لینا ۔ فریفتہ کر لینا لبھانا ۔ بس میں کرنا ۔ جادو کرنا ۔ ٹوٹا کرنا ۔
موہنی (س۔صف۔مونث) دلربا ۔ دلفریب ۔ نہایت خوبصورت عورت ۔ موہنے والی ساحرہ ۔ جادوگرنی ۔ پیاری ۔ دلربائی دلبری ۔ دلفریبی ۔
مَوہُوب (ع۔صف مفعولی) ہبہ کیا گیا ۔ بخشا گیا ۔ عنایت کیا گیا ۔
موہُوم (ع۔صف مفعولی) وہم کیا گیا ۔ وہمی ۔ فرضی ۔ خیالی قیاسی ۔
مَوہُومی (عف۔ا۔مو) خیالی ۔ فرضی ۔ وہمی ۔
موہے (ہ۔کلمہ ضمیر) مجھے ۔ مجھ کو ۔
موہے اور نہ تجھے ٹھور (ہ۔مثل) نہ مجھے تیرے بغیر اور نہ تجھے میرے بغیر چین آتا ہے ۔
موئی (ہ۔ا۔مو۔صف) مری ہوئی ۔ مردہ ۔ مگوڑی ۔ اُجڑی ۔ خانہ خراب ۔
موئی بچھیا باہمن کو دان (اُر۔مثل) اس وقت کہتے ہیں جب کوئی بُری چیز خدا کے نام پر دے ۔
موئی جون (ہ۔مو) نہایت غریب اور مسکین ۔ سست قدم سست الوجود کاہل ۔
موئی کیوں کہ سانس نہ آیا (ہ۔مثل) زندگی دم کے ساتھ ہے ۔ جہاں دم نکل گیا آدمی مر گیا ۔ مشکل تو یہی کہ مصیبت میں پھنس گیا ۔

موئی مائی ٹوٹی سگائی (ہ۔ کہاوت) بزرگوں کے مُنہ کو سارے رشتے ہیں۔ جہاں بزرگ مرگئے سب رشتے منقطع ہو گئے ؛

موئی مٹی (ہ۔ ابو) مُردہ لاش۔ میت نعش۔ متوفی۔ مرا ہوا۔ مرحوم۔ مغفور ؛

موئی مٹی کی نشانی (اُر۔ ابو) مرے ہوئے باپ یا ماں کی اولاد۔ مرے ہوئے آدمی کی نشانی ؛

موئے (ہ۔ ا۔مذ۔ مفعول) مُوا کی جمع۔ نگوڑے۔ بدبخت۔ بےنصیب خانہ خراب۔ مرگئے۔ فنا ہو گئے ؛

موئے باپ کی بڑی بڑی آنکھیں (ہ۔ مثل) مرے ہوئے رشتہ دار کی حد سے زیادہ تعریف کیا کرتے ہیں ؛

موئے بیل کی بڑی بڑی آنکھیں (اُر۔ مثل) اس وقت کہتے ہیں جب کوئی مرے ہوئے کی زیادہ تعریف کرے

موئے پر تین دن بھاری (اُر۔ مثل) مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق مرکے سے تین دن تک اعمال کی پرسش ہوتی رہتی ہے ؛

موئے پر سو دُرّے (اُر۔ محاورہ) مرنے کے بعد بھی سزا کے قابل ہے۔ مصیبت پر مصیبت آئی۔ مرے کو مارے شاہ مدار ؛

موئے جاں ہار (اُر۔ کلمہ غ) بیزاری اور تنفر کے مقام پر کہتے ہیں ؛

موئے جیتے (ہ۔ ا۔مذ) مرے ہوئے اور جیتے رشتہ دار ؛

موئے جیتے اکھاڑ ڈالنا (ہ۔ فعل) کسی کے مُردوں اور زندوں کے عیب ظاہر کرنا ؛

موئے شیر سے جیتی بلی بھلی (اُر۔ مثل) مرے ہوئے زور آور سے کمزور زندہ بہتر ہے اور نے زندہ آدمی اعلےٰ مُردہ شخص سے اچھا ہے ؛

موئے کا کوئی نام نہیں جیتے کا سب کوئی (ہ۔ مثل) زندہ کی سب خوشامد کرتے ہیں۔ مُردہ کا کوئی نام بھی نہیں لیتا ؛

موئے کی قبر اور جیتے کا گھر (اُر۔ مثل) ہر شخص اپنے ٹھکانے ہی آرام سے رہتا اور زیب دیتا ہے۔ یعنی مُردے کو قبر میں اور زندہ کو گھر میں آرام ہے ؛

موئے (ف۔ ا۔مذ) بال۔ مو۔ اضافت یا صفت کے وقت کسرہ اضافی یا توصیفی کے بجائے یائے مجہول زیادہ کر دیتے ہیں۔ جیسے موئے سر۔ موئے مبارک وغیرہ ؛

موئیا (ہ۔ ا۔مذ) کچے سوت کا پلّا۔ سوت کی چھوٹی اٹی ؛

موئیا سا پیٹ (اُر۔ ا۔مذ) نہایت نرم اور نازک پیٹ ؛

مؤید (ع۔ صف۔ فاعلی) تائید کرنے والا۔ مدد گار۔ مدد کرنے والا ؛

مؤید (ع۔ صف۔ مفعولی) تائید کیا گیا۔ حمایت کیا گیا۔ مدد کیا گیا ؛

مویز (ف۔ ا۔مذ) ایک قسم کے بڑے بڑے سوکھے ہوئے انگور۔ داکھ۔ بڑی کشمش ؛

مویز منقے (ع۔ ا۔مذ) بیج نکال کر صاف کی ہوئی داکھ ؛

مویشی (ع۔ ا۔مذ) مواشی جمع ماشیہ کا مالہ ہے۔ ڈنگر۔ ڈھور۔ چوپائے گائے بھینس وغیرہ ؛

مویشی خانہ (ف۔ ا۔مذ۔ ظرف) ڈنگر باندھنے کا مکان۔ باڑا کھرک۔ احاطہ ؛

م ـــ ہ

مہ (ف۔ صف) بڑا۔ کلان۔ سردار ؛

مہ آباد (ف۔ ا۔مذ) پارسیوں کے سب سے بڑے اور سب سے پہلے پیغمبر کا نام ہے۔ جس پر کتاب دساتیر نازل ہوئی ؛

مہ (ف۔ ا۔مذ) مادہ کا مخفف ہے۔ چاند۔ چندرما۔ قمر۔ مہینہ۔ ماس

مہ پارہ (ف۔ صف) بقلب اضافت۔ چاند کا ٹکڑا۔ نہایت خوبصورت معشوق ؛

مہ جبین یا مہ رُو (ف۔ صف۔ تشبیہی) چاند سے مکھڑے والا۔ چاند کی سی پیشانی والا۔ خوبصورت۔ حسین۔ معشوق ؛

مہ لقا (ع۔ مذ۔ صف) چاند کی شکل والا معشوق ؛

مہ نو می فشاند و سگ بانگ می زند (اُر۔ مثل) چاند تو نور برساتا ہے اور کتا بھونکتا رہتا ہے۔ حاسد اور بدخواہ غل مچاتے ہیں مگر کام کرنے والے اپنا کام کرتے رہتے ہیں ؛

مہ نو می شود ماہ تمام آہستہ آہستہ (ف۔ مثل) نیا چاند آہستہ آہستہ پورا ہوتا ہے۔ کمال رفتہ رفتہ حاصل ہوتا ہے ؛

مہا (س۔ صف) بزرگ۔ بڑا۔ اعلیٰ۔ معزز۔ کلان۔ عظیم شریف خاندانی ؛

مہا اپرادھ (س۔ ا۔مذ) گناہ۔ بزرگ۔ گناہ کبیرہ۔ بڑا بھاری پاپ ؛

مہا اشٹمی (ہ۔ ا۔مؤ) نوراتروں کی آٹھویں تاریخ۔ دُرگا اشٹمی ؛

مہا اوُت (ہ۔ صف) پرلے درجے کا بیوقوف۔ نہایت احمق۔

مہا برہمن (ہ۔ ا۔مذ) اچارج۔ مُردے کا دان لینے والا۔ بڑا بامن۔ ہندو مُردوں کی کریا کرم کرنے والا ؛

مہابلی (ہ۔ صف) بڑی طاقت والا۔ بڑا طاقتور۔ شہ زور نہایت زبردست ؛

مہابھارت (س۔ ا۔مذ) معرکۂ عظیم بڑی بھاری لڑائی۔ وہ جنگ عظیم جو کوروں اور پانڈوں میں کروچھتر کے مقام پر اٹھارہ دن تک رہی۔ ایک تاریخی منظوم کتاب مصنفہ ویاس دیو جی ؛

مہابھاگ (ہ۔ ا۔مذ) بڑا خوش نصیب۔ بلند اقبال۔ خوش قسمتی ؛

مہابیر (س۔ ا۔مذ) بڑا بہادر۔ بڑا سوربیر۔ ہنومان جی کا خطاب ؛

مہاپاپ (ہ۔ ا۔مذ) بڑا بھاری گناہ۔ گناہ کبیرہ ؛

مہاپاپی (ہ۔ ا۔مذ۔ بیائے فاعلیت) سخت گناہگار۔ بدکار۔ فاسق ؛

مہاپرشاد (س۔ ا۔مذ) متبرک کھانا۔ دیوتا کا بھوگ۔ خصوصاً جگناتھ جی کا پرشاد ؛

مہاپرش (س) بھگت۔ مہاتما۔ مقدس معصوم۔ (مجازاً) بدمعاش شریر۔ چالاک پانچوں عیب والا ؛

مہاپکشی (س۔ ا۔مذ) اُلو۔ بوم۔ چغد ؛

مہاپورا (ہ۔صف) سب گنوں پورا۔ چلتا پرزہ۔ آٹھوں گانٹھ کمیت۔
مہاپرے (س۔امو) قیامت کبرےٰ۔ دُنیا کے فنا ہونے کا دن جو بخیال صاحبان ہنود۔ تینتالیس ارب بیس کروڑ برس کے بعد واقع ہوتا ہے ؛
مہاتل (س۔مذ) زمین کا پانچواں طبقہ۔ پانچواں پاتال ؛
مہاتم (ہ۔مذ) مہاآتما کا مخفف ہے۔ بڑائی۔ عظمت۔ ثواب اجر۔ نیک بدلہ۔ نیک اجر ؛
مہاتما (ہ۔مذ) ولی۔ نیک آدمی۔ نیک۔ اچھا۔ سعید ؛
مہاجات (ع۔امو) باہمی ہجوگوئی ؛
مہاجال (ہ۔مذ) مچھلیاں پکڑنے کا بڑا جال ؛
مہاجن (ہ۔مذ) بڑا آدمی۔ ساہوکار۔ سوداگر۔ بیوپاری خزانچی صراف۔ دولتمند۔ غنی ؛
مہاجنتر (ہ۔مذ) بڑا تالا۔ بڑا قفل۔ کلوں کا کارخانہ۔ جر ثقیل کا بڑا کارخانہ ؛
مہاجنی (ہ۔امو۔بیائے مصدری) ساہوکاری۔ سوداگری بنج بیوپار ؛
مہاجنی پرچہ یا چٹھی (ہ۔مذ۔امو) ہُنڈی۔ چک۔ کاغذ زر ؛
مہاونت (س۔مذ) ہاتھی یا سؤر کا دانت ؛
مہادھات (ہ۔امو) سب دھاتوں سے اعلیٰ دھات۔ مجازاً سونا۔ طلا۔ زر ؛
مہادھن (ہ۔مذ) سونا ؛
مہادیو (ہ۔مذ) بڑا دیوتا۔ شیوجی۔ مہیش حضرت آدم علیہ السلام ؛
مہاڈول (ہ۔مذ) ایک قسم کی پالکی۔ بڑا اور عمدہ ڈولا۔ جملہ ؛
مہاراج (ہ۔مذ) بڑے راج والا۔ بڑا راجہ۔ قیصر۔ شہنشاہ (بصورت کلمہ تعظم) برہمنوں اور عالی خاندان والوں کا خطاب حضرت۔ جناب۔ خداوند نعمت ؛
مہاراجہ یا مہاراجا (ہ۔مذ) بڑا بادشاہ۔ بڑا راجہ۔ قیصر۔ شہنشاہ خاقان ؛
مہاراجہ اَدھیراج (ہ۔مذ) راجاؤں کا راجہ۔ سب سے زبردست راجا۔ تمام راجاؤں کا سردار ؛
مہارانی (ہ۔امو) ملکہ معظمہ۔ بڑے مرتبے کی عورت۔ لیڈی بیگم وغیرہ ؛
مہاسبھا (ہ۔مذ) بڑی انجمن۔ ہندوؤں کی ایک مذہبی انجمن کا نام۔ کھانے کا بڑا کمرہ ؛
مہاسنگھ (ہ۔صف، عدد) گنتی کا سب سے بڑا اور اخیری درجہ یعنی سو کروڑ ارب۔ مُردے کی کھوپری ؛
مہاشا (ہ۔مذ) آریہ سماجی ہندو۔ کرشن جی کے ایک بیٹے کا نام ؛
مہاکالی (س۔امو) پاربتی۔ شیوجی کی بیستری۔ دُرگادیوی ؛
مہاکوپ (س۔مذ) گہرا کنواں۔ بڑا کنواں ؛
مہاکوڑھ (ہ۔مذ) بڑا جذام۔ وہ کوڑھ جس سے آدمی کا تمام بدن بگڑ جائے ؛
مہاماٹی (ہ۔امو) دُرگادیوی۔ دیبی ماتا ؛
مہامنتری (س۔مذ) وزیر اعظم۔ صدر اعظم۔ مدار المہام ؛
مہامنڈل (ہ۔مذ) ایک قسم کا بڑا ڈولا جس پر رانیاں سوار ہوتی ہیں ؛
مہانومی (ہ۔امو) درگانومی۔ نوراتروں کی نویں تاریخ۔ ماہ سوج کے شدی پاکھ کی نویں تاریخ ؛
مہایاترا (ہ۔امو) بنارس کی زیارت کے لیے جانا۔ ہندوستان کا ایک شہر ؛
مہابت (ع۔امو) ڈر۔ خوف۔ دہشت۔ بے رعب۔ ہیبت۔ شان وشکوہ۔ جاہ وحشم۔ عفہ۔ جلال۔ غضب۔ سنجیدگی۔ متانت تمکنت ؛
مہابت بیٹھنا (اُ۔محاورہ) رُعب سمانا۔ ڈر چھا جانا۔ دہشت بیٹھنا ؛
مُہاجِر (ع۔مذ۔فاعل) ہجرت کرنے والا۔ اپنے اقربا اور گھر سے جُدا ہو جانے والا۔ ایک جگہ چھوڑ کر دوسری جگہ چلا جانے والا مسافر۔ وہ لوگ جو رسول اللہ صلعم کے ساتھ مکہ سے مدینہ کو چلے گئے ؛
مُہاجرَت (ع۔امو) جُدائی۔ ہجرت۔ مفارقت۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جا بسنا۔ ترک وطن۔ علیحدگی۔ بچھوپا۔ دوسرے دیس میں جا رہنا ؛
مُہار (ف۔امو) اونٹ کی نکیل ؛
مہاراشٹر (ہ۔مذ) مرہٹوں کا وطن جو ملک دکن میں ہے۔ یعنی ملک برار علاقہ نظام کا بڑا حصہ احاطہ بمبئی کا جنوبی حصہ۔ ممالک متوسط ؛ ہندوستان کا ایک صوبہ ؛
مہارَت (ع۔مو) مشق۔ کسرت۔ ربط۔ عادت۔ خو۔ لیاقت دخل۔ پہنچ۔ رسائی۔ علم۔ شعور۔ سلیقہ۔ گن۔ اُستادی۔ کاریگری۔ تیز دستی۔ چابکدستی ؛
مُہارنی (ہ۔مو) لڑکوں کو پہاڑے اور گنتی یاد کرانے کا طریقہ جس میں ایک لڑکا پہلے کہتا ہے اور باقی سب اس کے ساتھ کہتے ہیں ؛
مُہاسا (ہ۔مذ) جوش جوانی کی پھنسی۔ وہ دانے جو جوانی کے آغاز میں مُنہ پر نکل آتے ہیں ؛
مُہاسے نکلنا (ہ۔فعل) چہرے پر جوش جوانی کے سبب سے پھنسیاں نکلنا ؛
مُہال (ہ۔امو) مہو بمعنی شہد اور آل بمعنی جگہ۔ شہد کی مکھیوں کا چھتا ؛
مَہالِک (ع۔امو۔ظرف) مہلکہ کی جمع ہلاک ہونے کی جگہ۔ خطرناک مقام۔ ہلاکت کے موقع ؛
مُہام (ع۔مذ) مہم کی جمع۔ مہمیں۔ دشوار کام۔ بڑے بڑے معاملات۔ بڑے بڑے کام ؛
مہاماتر (س۔مذ) مہاوت۔ فیلبان ؛
مہانا (ہ۔مذ) دریا کا دہانہ۔ دریا کا مُنہ ؛
مہاوت (ہ۔مذ) ہاتھی بان۔ فیلبان مہانائر ؛

مُہاوٹ (ہ۔امو) ماگھ کے مہینے کی بارش۔ جاڑے کی بارش ؛
مہاوٹ برسی اور ساڑھی ترسی (اُ۔مثل) ماگھ کے مہینے میں بارش ہونے سے فصل بہت اچھی ہوتی ہے ؛
مُہاوڑ (ہ۔مذ) ایک قسم کا سُرخ رنگ جو لاکھ سے تیار کیا جاتا ہے ؛
مُہاوڑ کی ٹکیا (ہ۔امو) سرخ رنگ میں بھگوئی ہوئی روئی کی گدی ؛
مُہت (س۔اصف) بڑا۔ بزرگ۔ اُتم۔ معزز۔ عالی قدر۔ (بحالت اسم مونث) بڑائی۔ بزرگی۔ ناز۔ پیار۔ لاڈ ؛
مُہتا (ہ۔اذ) سردار۔ بڑا آدمی۔ زمیندار منشی۔ کاتب۔ محرر ؛
مُہتاب (ف۔امو) چاندنی۔ چاند کی روشنی (بحالت اسم مذکر) چاند۔ قمر۔ ایک قسم کی آتشبازی ؛
مُہتاب دُلہن (ف۔امو) کنایتہً چاند جیسی دُلہن ؛
مُہتاب کا کھیت کرنا (اُ۔محاورہ) چاند اور چاندنی نکلنا ؛
مُہتابی (ف۔امو) بیائے نسبتی ایک قسم کی آتشبازی۔ بادلہ۔ زربفت۔ زری۔ بڑا۔ اونچا۔ کٹہرے دار چبوترا ؛
مُہتاری (ہ۔امو) والدہ۔ ماتا۔ ماں۔ مائی ؛
مُہتدی (ع۔صف) سیدھے راستے پر چلنے والا۔ ہدایت یافتہ ؛
مِہتر (ف۔اذ) بزرگ۔ سب سے بڑا۔ سردار۔ آقا۔ مالک حاکم۔ مخدوم۔ سرگروہ۔ سرغنہ۔ بھنگی۔ خاکروب۔ چوہڑا چمار۔ موچی۔ سرائے کا بھٹیارا۔ بھٹیارا ؛
مِہترانی (ہ۔مو) بھنگن۔ خاکروبہ۔ خلانخوری۔ بھٹیاری۔ چماری چمار قوم کی عورت ؛
مُہتمِم (اُ۔اذ۔فاعل) بندوبست کرنے والا۔ اہتمام کرنے والا۔ منتظم۔ مینیجر۔ نگران ؛
مُہتمّم (ع) سپرنٹنڈنٹ۔ نگہبان۔ پیشکار ؛
مُہتمّم اخبار (اُ۔مذ) اخبار کا اہتمام کرنے والا۔ اخبار کا ایڈیٹر ؛
مُہتمّم بندوبست (اُ۔اذ) محکمہ بندوبست کا نگران۔ منصرم ؛
مہتوا (اُ۔اذ) گاؤں کا نمبردار۔ چودھری۔ وہ شخص جسے زمین کا مالک لگان وصول کرنے کے لیے مقرر کرے ؛
مہجُور (ع۔صف مفعولی) چھوڑا گیا۔ ہجراں زدہ۔ بچھوڑے کا مارا ہوا۔ برہ کا مارا ؛
مہجُوری (عف۔امو۔ بیائے مصدری) جدائی۔ علیحدگی۔ فراق ہجر۔ برہ ؛
مہد (ع۔اذ) پنگوڑا۔ پالنا۔ جھولنا۔ گہوارہ۔ بستر۔ بچھونا۔ مجازاً ڈولا۔ پالکی۔ سکھپال۔ مسہری وغیرہ پردے کی سواریاں ؛
مہد سے لحد تک (اُ۔متعلق فعل) بچپن سے مرتے دم تک ؛
مہد علیا یا ستر کبرائے (ع۔امو) بڑا پردہ۔ اونچے ڈولے والی بیگم۔ پردہ دار۔ تعظیماً بادشاہوں یا امیروں کی بیگمات کے لیے ان کے نام کے بجائے یہ لفظ استعمال ہوتے ہیں ؛
مہدی (ع۔اذ) رہنما۔ ہدایت کرنے والا۔ مسلمانوں کا بارھواں امام جس کا ظہور قرب قیامت میں ہوگا ؛
مُہذّب (ع۔صف مفعولی) تہذیب یافتہ۔ شائستہ۔ آراستہ عیبوں سے پاک۔ نیک خصلت۔ خوش اخلاق۔ تعلیم یافتہ ثقہ۔ خلیق ؛
مہر (ع۔اذ) حق زوجیت۔ کابین۔ وہ روپیہ یا جنس جو مسلمانوں کے نکاح کے وقت مرد کے ذمہ عورت کو دینا مقرر کیا جاتا ہے ؛
مہر باندھنا (اُ۔فعل) مہر کا روپیہ مقرر کرنا ؛
مہر بخشنا (اُ۔فعل) زوجیت کا روپیہ معاف کر دینا ؛
مہر شرعی (ع۔اذ) وہ مہر جو شرع محمدی کے مطابق باندھا جائے یہ مرد کی حیثیت اور مقدور کے موافق ہوتا ہے ؛
مہر فاطمہ (ع۔اذ) کم سے کم مہر جو حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا مقرر ہوا تھا ؛
مہر معجّل (ع۔اذ) وہ مہر جو نکاح کے ساتھ ہی خلوت سے پہلے ادا کیا جائے ؛
مہر موجّل (ع۔اذ) وہ مہر جو کسی اور وقت ادا کیا جائے۔ غیر معجّل مہر ؛
مہرنامہ (عف۔اذ) کابین نامہ۔ نکاح نامہ۔ وہ کاغذ۔ جس پر نکاح کے متعلق شہادت اور مہر کی تعداد درج ہو ؛
مِہر (ف۔امو) محبت۔ پریت۔ دوستی۔ اتحاد۔ اُلفت۔ پریم پیار۔ اخلاص۔ ہمدردی۔ رحم۔ ترس۔ دَیا۔ ماتا۔ مادری اُلفت۔ لہر بہر۔ اَوج موج (بحالت اسم مذکر) سورج آفتاب۔ شمس۔ شمسی مہینوں میں سے ساتویں مہینے کا نام ہے۔ ستمبر کا مہینہ ماہ اسوج۔ خزاں کا پہلا مہینہ۔ ہر شمسی مہینے کی سولھویں تاریخ ؛
مہر کرنا (اُ۔فعل) رحم کرنا۔ عنایت کرنا۔ ہمدردی کرنا ؛
مہر کی نظر (اُ۔امو) عنایت اور مہربانی کی نظر ؛
مہرگستر (ف۔صف) کمال مہربانی کرنے والا ؛
مہرگیاہ (اُ۔امو) ایک قسم کی گھاس۔ جس کی جڑ انسانی چہرے سے مشابہ ہوتی ہے ؛
مہرگیتی افروز (ف۔اذ) آفتاب۔ سورج ؛
مہرورز (ف۔اذ) عاشق ؛
مہروش (ف۔اذ) حسین۔ معشوق ؛
مہر و محبت (ف۔امو) محبت اور شفقت ؛
مہر ہے پر دودھ نہیں (اُ۔مثل) نری خاطر داری ہے۔ دینا لینا کچھ نہیں ؛
مہر ہونا (اُ۔محاورہ) مہربانی ہونا۔ فضل ہونا (مہر کرنا کا لازم ہے) ؛
مُہر (ف۔امو) چھاپ۔ کسی چیز پر کھدا ہوا نام۔ خاتم۔ اشرفی سونے کا ایک سکہ ؛
مُہر اُٹھنا (اُ۔محاورہ) مُہر کا روشن ہونا۔ مُہر کے نقوش کا نمایاں ہونا ؛
مُہر بردار (ف۔اذ) وہ معتبر شاہی ملازم جس کے بادشاہی مُہر رہتی ہے۔ محافظ مُہر ؛
مُہر بر لب (ف۔امو) خاموشی ؛
مُہر بند (ف۔صف) جس پر مُہر لگا کر بند کر دیا گیا ہو ؛

مُہر توڑنا (اُر۔محاورہ) کسی چیز سے اکھاڑنا ۔
مُہر ثبت کرنا (اُر۔محاورہ) مُہر لگانا ۔
مُہر حاکم / مُہر منصبی (ف۔امو) مُہر عدالت ۔
مُہر خاص یا مُہر دستی (ف۔امو) انگوٹھی کی مہر۔ چھاپ۔ مُندری ۔
مُہر خاموشی / سکوت (ف۔امو) کنایتہً خاموشی ۔
مُہر سلیمان (ف۔امو) حضرت سلیمان علیہ السلام کی مُہر۔ جس پر اسم اعظم کندہ تھا ۔
مُہر شاہی (ف۔امو) بادشاہی مُہر۔ گورنمنٹ کی مُہر ۔
مُہر کرنا یا لگانا (اُر۔محاورہ) کاغذ پر چھاپ لگانا۔ مُہر چسپاں کرنا۔ بند کرنا۔ سربند کرنا۔ تصدیق کرنا۔ گواہی کرنا۔ ٹکٹ لگانا ۔
مُہر کن (ف۔اسم) مُہر کھودنے والا۔ حکاک ۔
مُہر کھودنا (اُر۔محاورہ) تانبے یا نگین پر کوئی چیز کندہ کرنا ۔
مُہر نامہ (ف۔امو) وہ مُہر جو اعتبار کے واسطے کاغذ کی پیشانی پر لگا دیتے ہیں۔ مُہر پیشانی۔ مُہر حکمنامہ ۔
مُہر نماز (ف۔امو) سجدہ گاہ (شیعہ حضرات کے لیے)
مُہر وصل (ف۔امو) وہ مہر جو اعتبار کے لیے بڑے کاغذوں کے جوڑوں پر لگا دیتے ہیں ۔
مُہر نبوت (ف۔امو) وہ نقش جو رسول اللہ صلعم کے دوش مبارک پر تھا ۔
مُہر ہو جانا (اُر۔محاورہ) تصدیق ہو جانا ۔
مَہرا (ہ۔امذ) ڈولی یا پالکی اُٹھانے والا۔ کہار۔ حمّال۔ کہاروں کا افسر۔ کہاروں کا میٹھ ۔ زنانہ بولی بولنے والا۔
مُہرا (ہ۔امذ) سامنا۔ مقابلہ۔ پیش رُو۔ آگا۔ نشانہ۔ نرد ۔
مُہرا آنا (ہ۔محاورہ) طعنہ مارنا۔ طنز کرنا۔ پولی ٹھولی مارنا ۔
مُہرانا (ا۔مذ) مُہر یا گواہی کی اجرت۔ مُہر لگوانے کی اجرت ۔
مَہارُو / مہریا (ہ۔امو) عورت۔ استری۔ زن ۔
مُہرانہ (ف۔امذ) وہ رقم جو کاغذ پر سرکاری مہر لگانے کے عوض لی جائے ۔
مُہرق / مہراق (ع۔امذ) کاغذ کا صفحہ۔ ریشم کا کاغذ۔ چکنا۔ صاف ۔
مہربان (ف۔صف۔ترکیبی) محبت کرنے والا۔ محب۔ کرپا کرنے والا دیالو۔ توجہ کرنے والا۔ (بحالت اسم مذکر) یار۔ دوست ۔
مہربان کرنا / کر دینا (اُر۔محاورہ) توجہ دلانا۔ نرم دل کر دینا ۔
مہربان من (ف۔امذ) میرے عنایت فرما ۔
مہربان ہونا / ہو جانا (اُر۔محاورہ) رحمدل ہونا۔ ترس کھانا۔ خوش ہونا راضی ہونا ۔
مہربانگی (اُر۔مو۔بیائے مصدری) نوازش۔ عنایت۔ مہربانی ۔
مہربانی (ف۔مو۔بیائے مصدری) نوازش۔ عنایت۔ کرپا۔ دیا۔ توجہ دھیان۔ خیال ۔
مہربانی سے پیش آنا (اُر۔محاورہ) توجہ فرمانا۔ اچھا برتاؤ کرنا۔ خوش خلقی سے پیش آنا ۔
مہربانی کرنا (اُر۔محاورہ) نوازش کرنا۔ عنایت کرنا۔ رغبت کرنا۔ توجہ کرنا۔ لُطف کرنا ۔
مہربانی نامہ (اُر۔مذ) عنایت نامہ۔ دوستانہ خط۔ الطاف نامہ ۔
مُہرہ (ف۔امذ) گھوٹا۔ کاغذ وغیرہ گھوٹنے کا آلہ۔ شطرنج کا مہرہ یعنی پیادہ فیل وغیرہ۔ بٹی۔ نرد۔ ایک قسم کا پتھر۔ سانپ کا من۔ گول ہڈی۔ ہڈی کا جوڑ۔ منکا۔ کوڑی۔ سیپ۔ صدف۔ سنگھ۔ گھونگا ۔
مُہرہ باز (ف۔اصف) شعبدہ باز۔ عیّار ۔
مُہرہ کرنا (اُر۔فعل) وصلی یا کاغذ وغیرہ کو مُہرے سے چمکانا۔ گھوٹنا پھیرنا۔ پالش کرنا ۔
مُہرہ لاجورد (ف۔امذ) کنایتہً آسمان ۔
مُہرہ مار (ف۔امذ) وہ پتھر کا ٹکڑا جس کے ذریعے سانپ کا زہر دفع کرتے ہیں۔ یہ مہرہ سانپ کے کاٹنے کے زخم پر چپکا دیتے ہیں اور یہ خون کے دوران کے ساتھ تمام زہر چوس لیتا ہے ۔
مُہری (ف۔صف) مُہر کیا ہوا۔ چھاپ لگایا ہوا۔ دستخطی۔ مہرہ کیا ہوا۔ گھٹا ہوا۔ گھوٹا پھیرا ہوا ۔
مہری (ہ۔امو) کہاری۔ جھینوری۔ پانی بھرنے اور برتن مانجھنے والی عورت۔ کہار کی بیوی ۔
مہرے پر رکھنا (اُر۔محاورہ) سامنے رکھنا۔ نشانے پر رکھنا۔ زد پر رکھنا مقابلے یا ہلاکت کے موقع پر کھڑا کرنا ۔
مہک (ہ۔امو) تیز خوشبو۔ خوشبو۔ سُگندھت۔ بھینی بھینی خوشبو بو۔ باس ۔
مہک آنا (اُر۔محاورہ) خوشبو آنا۔ لپٹ آنا ۔
مہک جانا (ہ۔فعل) معطر ہو جانا۔ خوشبو میں بس جانا ۔
مہکار (ہ۔امو) مہک ۔
مہکانا (اُر۔محاورہ) معطر کرنا۔ خوشبودار کرنا۔ خوشبو سے بسا دینا۔ خوشبو کو پھیلانا ۔
مہکنا (ہ۔فعل) خوشبو میں بسنا۔ خوشبودار ہونا۔ دُرگند پھیلنا۔ بدبو پھیلنا ۔
مہکیلا (ہ۔صف) مہکتا ہوا۔ خوشبودار۔ خوشبو والا ۔
مُہلت (ع۔امو) وقفہ۔ ڈھیل۔ توقف۔ دیر۔ درنگ۔ تعطیل چھٹی۔ خالی وقت۔ بُیتا۔ سوفتہ۔ فرصت ۔
مُہلت دینا (اُر۔فعل) موقع دینا۔ فرصت دینا۔ ڈھیل کرنا۔ توقف کی اجازت دینا ۔
مُہلت ملنا (اُر۔محاورہ) فرصت ملنا۔ اجازت ملنا۔ فرصت پانا موقع ملنا ۔
مُہلِک (ع۔صف۔فاعلی) ہلاک کر ڈالنے والا۔ مار ڈالنے والا۔ قاتل۔ مضر ۔
مُہلک بیماری / مُہلک مرض (اُر۔امو) ہلاک کر دینے والا روگ ۔
مَہلک (ع۔اسم ظرف) ہلاک ہونے کی جگہ۔ جان جوکھوں کا مقام۔ ہلاکت گاہ ۔

مُہِم (ع۔ا مو۔ فاعلی) غم میں ڈالنے والا کام۔ مجازاً بڑا کام۔ مشکل اور سخت کام۔ جان جوکھوں کا کام۔ ضروری کام۔ جنگ۔ لڑائی۔ جدّھ ٭

مُہم جیتنا / مُہم سر کرنا (اُر۔ محاورہ) لڑائی فتح کرنا۔ نہایت سخت اور مشکل کام کا آسان کر لینا۔ امر مشکل کو سرانجام دینا ٭

مُہم سر ہونا (اُر محاورہ) لڑائی میں فتح ہونا۔ معرکہ جیتنا ٭

مَہا (ہ ا مو) بزرگی۔ عظمت۔ بڑائی۔ مروت۔ نوازش۔ مہربانی عنایت۔ تعریف۔ مدح۔ صفت وثنا ٭

مہما سے بولنا (ہ محاورہ) مہربانی سے گفتگو کرنا۔ خوش خلقی سے بولنا۔ نرمی سے بات چیت کرنا ٭

مہما کرنا (ہ۔ محاورہ) سراہنا۔ مدح وثنا کرنا۔ تعریف کرنا۔ تعظیم و تکریم کرنا۔ آؤ بھگت کرنا ٭

مُہمّات (ع ا مو) مہم کی جمع۔ ضروری کام بڑے بڑے کام۔ لڑائیاں۔ جنگیں ٭

مہماز (ف۔ امذ) (میمز اسی کا امالہ ہے) سواروں کے موزے میں لگی ہوئی گھوڑے کو ایڑ کرنے کی پھرکی ٭

مہمان (ف۔ امذ) مر بمعنی بزرگ اور مان کلمہ تشبیہ سے مرکب ہے۔ پاہونا۔ پاہونا۔ وہ غیر شخص جو کسی کے گھر آکر اترے۔ ضیافت میں آنے والا۔ مدعو۔ جنواتی (پنجابی) ٭

مہمان اترنا (اُر محاورہ) بچہ پیٹ میں آنا۔ حمل ٹھہرنا ٭

مہمان پروری (ف۔ ا مو) مہمان کی آؤ بھگت کرنا ٭

مہمان خانہ / مہمان سرا (ف۔ امذ) ظرف۔ مسافر خانہ۔ ہوٹل۔ ڈاک بنگلہ ٭

مہمان دار (ف۔ امذ) مہمان بلانے والا۔ میزبان۔ مہمانوں کی خاطر مدارات کرنے والا۔ شاہی نوکر یا اہلکار۔ مہمان نواز ٭

مہمان داری (اُر مو) مہمانوں کو جمع کرنا۔ دعوت۔ ضیافت ٭

مہمان رکھنا (اُر۔ محاورہ) ٹھہرانا۔ دعوت کرنا۔ ضیافت کرنا ٭

مہمان کرنا (اُر محاورہ) گھر بلانا۔ مہمان رکھنا ٭

مہمان نواز (ف۔ صف۔ ترکیبی) مہمانوں کی خاطر تواضع کرنے والا۔ مسافروں کو اپنے گھر اتارنے اور ان کی آؤ بھگت کرنے والا۔ مسافر پرور سخی ٭

مہمان نوازی (ف ا مو۔ بیائے مصدری) مسافر پروری ٭

مہمانی (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) ضیافت۔ دعوت۔ تواضع۔ مسافر پروری ٭

مُہمَل (ع۔ صف مفعولی) ترک کیا ہوا۔ چھوڑ دیا ہوا۔ مجازاً بیکار۔ بے فائدہ۔ نکما۔ بے معنی۔ بیہودہ۔ پوچ۔ مجہول سست کاہل ٭

مُہمَلہ (ع۔ صف) (بصورت اسم مذکر) وہ بے نقطہ حرف جس کی شکل کا کوئی نقطہ دار حرف بھی ہو۔ جیسے و۔ د ٭

مہموز (ع۔ صف) عیب دار۔ معیوب۔ عربی کا وہ کلمہ جس کے اصلی حرف میں سے ایک حرف ہمزہ ہو ٭

مَہموم (ع۔ صف) مغموم۔ غمگین۔ اندوہگین ٭

مہمیز (ف ا مو) سوار کی ایڑی میں لگی ہوئی لوہے کی پھرکی۔ کانٹا خار

مہمیز خور (عف۔ صف) وہ گھوڑا جسے مہمیز کھانے کی عادت پڑ گئی ہو۔ اڑیل ٹٹو ٭

مہمیز کرنا (اُر۔ محاورہ) ایڑ لگانا۔ گھوڑے کو تیز چلانا۔ کوڑا لگانا ٭

مِہنا (س۔ امذ) طعنہ۔ طنز۔ سرزنش۔ تشنیع ٭

مُہنال (ہ۔ امذ) حقّے کی نے کے آگے لگانے کی چاندی یا پیتل کی نلی۔ منہنال ٭

مہنت (س۔ امذ) جوگی۔ فقیروں کا سردار۔ گسائیں۔ مجازاً بہت موٹا آدمی۔ موٹا پھپسی۔ عزت طلب۔ جاہ طلب ٭

مہنتائی (ہ ا مو) تکیہ داری۔ مہنت کا کام ٭

مُہندِس (ع۔ امذ۔ فاعل) علم ہندسہ جاننے والا۔ اقلیدس جاننے والا۔ منجّم۔ نجومی۔ جوتشی ٭

مُہندس فلک (ف۔ امذ) کنایتہً زحل ستارہ ٭

مہندی (ہ ا مو) سبز پتے جن سے ہاتھوں کو رنگتے ہیں۔ حنا رسم حنابندی جو ساچق کے دوسرے روز عمل میں آتی ہے۔ تعزیہ نما۔ کاغذ کا ڈھانچ جو حضرت قاسم علیہ السلام کی رسم حنابندی کی یادگار میں ساتویں محرم کو منایا جاتا ہے ٭

مہندی تو پاؤں میں نہیں لگی ہے (ہ۔ محاورہ) معذور تو نہیں ہو۔ آتے کیوں نہیں۔ مفت کے بہانے بناتے ہو ٭

مہندی رچنا (ہ۔ محاورہ) مہندی کا رنگ دینا۔ مہندی لگنا۔ مہندی کا رنگ آنا ٭

مہندی کی ٹٹی (ہ ا مو) مہندی کی باڑ۔ وہ قطار درخت حنا جو باغوں کی روشوں پر لگائی ہوتی ہے۔ مہندی کی کیاری۔ مہندی کا تختہ ٭

مہنگا (ہ۔ صف) زیادہ مول کا۔ قیمتی گراں ٭

مہنگا سماں (اُر۔ امذ) گرانی سماں۔ قحط ٭

مہنگا ہونا (ہ۔ فعل) اکڑا ہونا۔ زیادہ مول سے بکنا۔ گراں ہونا ٭

مہوا (ہ۔ امذ) ایک درخت کا نام جس کے پھولوں کو کھاتے۔ پھلوں کی شراب بناتے اور بیجوں کا تیل نکالتے ہیں ٭

مہوا ٹپکنا (ہ محاورہ) مہوے کے پھولوں کا لگاتار گرنا۔ مہوے کے پھلوں کا ٹپکا لگنا ٭

مہورت (ہ۔ امذ) سبھ گھڑی۔ سبھ لگن۔ مناسب وقت۔ ساعت سعید۔ مبارک گھڑی ٭

مہورت بچارنا / مہورت دیکھنا (ہ۔ محاورہ) ستاروں کی رفتار کے موافق کسی کام کے لیے مناسب وقت دیکھنا۔ سنجوگ دیکھنا ٭

مہورت کرنا (اُر محاورہ) کسی کام کو اچھی گھڑی دیکھ کر ہاتھ لگانا۔ ساعت سعید میں کوئی کام کرنا ٭

مہوس (ع۔ امذ) لالچی۔ حریص۔ حرصی۔ کیمیاگر۔ چاندی کو سونا بنانے والا ٭

مُہتوسی (اُر۔امو۔ بیائے مصدری) گیمیاگری۔ لالچی پن۔ حرص ؛
مہوش (ف۔صف) چاند کی سی شکل والا۔ نہایت خوبصورت معشوق ؛
مہوک (ہ۔مذ) کوئل کی قسم کا ایک پرندہ "مہوکھا" کا بگاڑ ؛
مہی (س۔امو) دیس۔ ملک۔ ولایت۔ زمین۔ چھاچھ۔ لسی۔ دہی کی ؛
مہی پتی۔ یا مہی پال (س۔مذ) بادشاہ زمین کا مالک۔ راجہ سلطان
مُہیّا (ع۔صف) تیار۔ لیس۔ موجود۔ آمادہ۔ حاضر۔ فراہم ؛
مُہیّا کرنا (اُر۔فعل) تیار کرنا۔ حاضر کرنا۔ بہم پہنچانا۔ فراہم کرنا ؛
مُہیب (ع۔صف) ہیبت ناک۔ ڈراؤنا۔ خطرناک۔ بھیانک ؛
مُہیج / مہیج (ع۔صف) اُٹھانے والا۔ پہچان۔ غبار پیدا کرنے والا
مہیر (ہ۔امذ) گھی کا میل۔ چھاچھ میں اُبالے ہوئے چاول یا کوئی اور اناج ؛
مہیری (ہ۔امو) چھاچھ میں پکایا ہوا باجرہ ؛
مہیش / مہیشور (س۔امذ) شیوجی کا نام۔ مہادیو ہلاک کرنے والا دیوتا۔ مہا اور ایشور سے مرکب ہے۔ مارنے والا دیوتا ؛
مہیلا (ہ۔امذ) گھوڑوں کا اُبلا ہوا دانہ جس میں گڑھی ملا ہوتا ہے سانی۔ مجازاً بے مزہ کھانا ؛
مہین (اُ۔وصف) باریک۔ دقیق۔ پتلا۔ نازک۔ لاڈلا۔ ناز پروردہ
مہینا (اُر۔مذ) سال کا بارھواں حصہ ماہ۔ ماس۔ تیس یا کم وبیش دنوں کی مدت۔ تنخواہ۔ طلب۔ مشاہرہ۔ روزینہ۔ ماہوار ؛
مہینا بھاری ہونا (اُر۔محاورہ) مہینہ منحوس ہونا ؛
مہینا بھر (اُر۔فعل تابع) تمام مہینے تک ؛
مہینا چڑھنا (اُر۔محاورہ) کسی کے ذمے مہینے کی تنخواہ کا واجب ہونا۔ مشاہرہ نہ ملنا۔ حیض کے دن ٹل جانا۔ معمول کے دن گزرنا ؛
مہینا دار (اُر۔مذ) ماہواری تنخواہ کا نوکر ؛
مہینے سے ہونا (اُر۔محاورہ) حیض سے ہونا۔ کپڑوں سے ہونا۔ ماہواری ایام سے ہونا ؛
مہینے کے مہینے (اُر۔محاورہ) چاند کے چاند۔ ماہوار۔ ہر تیس دن کے بعد ؛

م - ء

مَئی (ہ۔امذ) ہل جتے ہوئے کھیت کو ہموار کرنے کا طریقہ ؛
مَئی (انگ۔امذ۔ May) عیسوی سن کا پانچواں مہینہ جو اکتیس دن کا ہوتا ہے اور ہندی مہینے بیساکھ اور جیٹھ کے مطابق ہوتا ہے

م - ی - ے

مے (ف۔امو) شراب۔ دارو۔ مُل۔ بادہ۔ صہبا۔ خمر ؛
مے آتشین (ف۔امو) سُرخ رنگ کی شراب ؛
مے آشام / مے نوش (ف۔مذ۔فاعل۔ ترکیبی) شرابی۔ شراب پینے والا۔ شراب خور ؛
مے اُڑانا (اُر۔محاورہ) شراب پینا ؛
مے اُڑنا (اُر۔محاورہ) دیکھئے "مے اُڑانا" جس کا لازم ہے ؛
مے پرست (ف۔امذ۔فاعل ترکیبی) بہت شراب پینے والا۔ شراب کا عاشق۔ شراب خوار ؛
مے پرستی (ف۔امو۔بیائے مصدری) شراب خواری۔ بادہ پیمائی
مے نوشی۔ شراب ؛
مے خانہ / مے کدہ (ف۔امذ) ظرف۔ شراب پکنے اور بیٹھ کر پینے کی جگہ۔ کلال خانہ۔ شراب خانہ ؛
مے خوار / مے گسار / مے کش (ف۔امذ۔فاعل ترکیبی) شراب خور۔ شراب پینے والا۔ شرابی۔ بادہ پرست ؛
مے خوش (ف۔صف) کھٹا مزہ۔ جس میں شیرینی بھی ہو۔ انار جو کھٹ میٹھا ہو ؛
مے ڈھلنا (اُر۔محاورہ) شراب کی بوتل سے نکالا جانا ؛
مے خواری (ف۔امو۔بیائے مصدری) شراب پینا۔ شراب خوری۔ شراب نوشی ؛
مے فروش (ف۔امذ۔فاعل ترکیبی) کلال۔ شراب بیچنے والا ؛
مے کافور (ف۔امو) شراب جس میں حدت گھٹانے کے لیے کافور ملا دیتے ہیں ؛
مے گوں (ف۔صف۔ترکیبی) شراب کے رنگ کا۔ سرخ سُرخی مائل ؛
مے ناب (ف۔امو) خالص شراب ؛
میئی (ہ۔مذ) میڑا۔ ہنیگا۔ کھیت کی مٹی باریک کرنے کا آلہ ؛
میئی (انگ۔مذ۔ May) انگریزی سال کا پانچواں مہینا جو اکتیس دن کا ہوتا ہے ؛
میّا (ہ۔امو) ماں کی تصغیر۔ اماں۔ والدہ (محبت اور تحقیر دونوں جگہ مستعمل ہے) ؛
میامن (ع۔امو) میمنوں کی جمع۔ برکت والی اشیاء۔ بابرکت آدمی
میان (ف۔امذ) بیچ۔ درمیان۔ وسط۔ کمر۔ تلوار رکھنے کا خول۔ تلوار رکھنے کا خانہ۔ نیام ؛
میان بالا (ف۔صف) متوسط قد۔ درمیانی ڈیل کا آدمی ؛
میان تہ (ف۔امو) بیچ کی تہ ؛
میان تہی (ف۔امو) وہ بستر جس کے ابرے اور استر کے درمیان روئی کی تہ ہو ؛
میان دوآب (ف۔صف) دو دریاؤں کے بیچ زمین کا ٹکڑا ؛
میان سے باہر ہونا / میان سے باہر نکلنا (اُر۔محاورہ) تلوار کا غلاف سے نکل آنا۔ غصے کے مارے آپے سے باہر ہونا۔ آپے میں نہ رہنا ؛

میان سے کھینچنا ۔ یا ۔ لینا (اُر۔محاورہ) تلوار کو غلاف سے باہر نکال لینا۔ مرنے مارنے کو تیار ہونا ۔:

میان میں کرنا (اُر۔محاورہ) تلوار کو غلاف میں ڈال لینا۔ صلح کرنا۔ لڑائی ترک کر دینا ۔:

میاں (اُر۔امذ) بنون غنہ ۔ مالک خداوند ۔ آقا ۔ والی ۔ وارث ۔ سرکار ۔ حضور ۔ سردار ۔ حاکم ۔ خاوند ۔ خصم ۔ شوہر ۔ پتی صاحبزادے ۔ بیٹا ۔ پیارے ۔ جناب عالی ۔ جناب ۔ استاد معلم ۔ مدرس ۔ پڑھانے والا ۔ ٹھاکر ۔ پہاڑی راجاؤں کے خاندانی لوگ ۔ راجپوت ۔ کنور ۔ امیرزادہ ۔ صاحب عالم ۔ شہزادہ یار ۔ دوست ۔ بھائی ۔ معشوق ۔ بڑا گویا ۔ کلانوت ۔:

میاں آدمی (اُر۔امذ) بھلا مانس ۔ نیک آدمی ۔ شریف آدمی ۔:

میاں بھائی (اُر۔امذ) محبت اور خوشامد کا کلمہ جو کسی برابر والے یا چھوٹے کو سمجھاتے وقت زبان پر لاتے ہیں ۔:

میاں بیوی (اُر۔مذ) خصم جورو ۔ زن و شوہر ۔:

میاں بیوی راضی کیا کرے گا قاضی (اُر۔مثل) جب دو شخص کسی امر میں متفق ہوں تو تیسرے کا درمیان دخل کیا معنی دونوں کے اتفاق کی صورت میں تیسرے کا دخل در معقولات فضول ہے ۔:

میاں پھریں لال گلابی بیوی کے بُرے احوال (اُر۔مثل) شوہر تو بنے ٹھنے پھرتے ہیں اور گھر میں بیوی کے پاس کچھ نہیں ۔:

میاں جی } (اُر۔مذ) ملا ۔ عالم ۔ مدرس پڑھانے والا ۔ (بزبان
مانجی } فارسی) پچولیا ۔ درمیانی آدمی ۔ بھڑوا ۔ اپلچی ۔ دوست قاصد ۔ خبر رساں ۔

میاں جی گری ۔ یا ۔ میانجی گری (اُر۔ف۔امونث) مدرسی ۔ ملاگری ۔ (فارسی میں) بھڑوا پن ۔ دلالی ۔ خبر رسانی ۔ اپلچی گری ۔ پیغامبری ۔:

میاں صاحب (اُر۔امذ) جناب عالی ۔ حضرت سلامت ۔ عابد زاہد ۔ پیر و مرشد ۔ قبلہ و کعبہ ۔:

میاں کماؤ بیوی اُڑاؤ (اُر۔مثل) شوہر کما کر لاتا ہے اور بیوی فضول خرچی میں اُڑا دیتی ہے ۔:

میاں کی جوتی میاں کے سر (اُر۔مثل) اپنے ہاتھوں کیے پر مجبور ہیں

میاں کی ڈاڑھی واہ ہی واہ میں گئی (اُر۔مثل) بے فائدہ اور بے نتیجہ خرچ کے موقع پر بولتے ہیں ۔:

میاں کے میاں گئے بُرے سپنے آئے (اُر۔مثل) نقصان پر نقصان ہوا ۔ مصیبت پر مصیبت آئی ۔:

میاں گھر نہیں بیوی کو ڈر نہیں (اُر۔مثل) مالک کی غیر موجودگی میں ماتحتوں کی بے اعتدالیوں کے موقع پر بولتے ہیں ۔:

میاں گئے روند بیوی گئیں پٹ روند (اُر۔مثل) خاوند گھر سے باہر نکلا تو بیوی بھی گھر سے چل دیتی ہے ۔ وہ عورت جو شوہر کے جانے پر گھر سے نکل کھڑی ہوتی ہے ۔:

میاں مٹھو (اُر۔امذ) پیار سے طوطے کو کہا کرتے ہیں ۔ میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا مٹھ بولا ۔ احمق ۔ گاؤدی ۔ سادہ لوح ۔ بھولا بھالا ۔ بے سمجھے پڑھنے والا ۔:

میاں مٹھو بنا دینا / بنانا (اُر۔محاورہ) طوطے کی طرح رٹا دینا ۔ بے سمجھائے الفاظ ازبر کرا دینا ۔:

میاں مٹھو پڑھو تو پڑھو نہیں تو پنجرا خالی کرو (اُر۔مثل) کام کرنا ہے تو کرو نہیں تو رخصت ہو ۔:

میاں مودھو ہیں (اُر۔مثل) بے وقوف ۔ احمق ۔:

میاں ناک کاٹنے کو پھوس بیوی کہے مجھے نتھ گھڑا دو (اُر۔مثل) ایک کا مطلب کچھ ہو اور دوسرا کچھ اور سمجھے ۔ ایک دوسرے سے بیزار ہو اور دوسرا اس سے اپنی خواہش پوری کرنے کا طلب گار ہو

میانا (اُر۔مذ) ایک قسم کی زنانہ سواری ۔ ڈولا ۔ پینس ۔ پالکی ۔ گاڑی کا بانس ۔ چوب بم ۔:

میانہ (ف۔صف) اوسط درجہ کا ۔ بیچ کا ۔ وسطی ۔ بیچ راس ۔ درمیان ۔ مدھرا قد ۔ (بحالت اسم مذکر) دھری ۔ کیلی ۔ ٹٹو چھوٹے قد کا گھوڑا ۔:

میانہ رَو (ف۔صف۔ترکیبی) درمیانی چال چلنے والا ۔ اعتدال پسند قول و فعل میں متوسط ۔ کفایت شعار ۔ جزو رس ۔:

میانہ روی (ف۔امو۔بیائے مصدری) اعتدال ۔ اوسط ۔ کفایت شعاری ۔ جزو ۔ رسی ۔ اوسط درجہ کی چال ۔ کمی زیادتی سے بچنا ۔:

میانہ قد (فع۔امذ) بوٹا سا قد ۔ مدھرا قد ۔ نہ بہت لمبا نہ بہت چھوٹا قد ۔:

میانہ گیر (ف۔صف) اعتدال پسند ۔ افراط و تفریط سے دُور رہنے والا ۔:

میانی (اُر۔مو) دونو پائنچوں کے درمیان کا کپڑا ۔ خِشتک ۔ پائجامہ کا رومال ۔:

میاؤں (ہ۔امو) بلی کی آواز کی نقل ۔:

میاؤں کو کون پکڑے گا (اُر۔مثل) زبردست پر ناتوانوں کا زور نہیں چلتا ۔:

میپ (انگ۔مذ۔ Map) ملک یا زمین کا نقشہ ۔:

میپ ڈرائنگ (انگ۔امذ۔ Map Drawing) نقشہ بنانے کا طریق ۔ نقشہ کشی ۔

میپ سٹینڈ (انگ۔امذ۔ Map Stand) نقشہ لٹکانے کا چوکھٹا ۔:

میّت (ع۔امو) مرے ہوئے شخص کی لاش ۔ مُردہ لوتھ ۔ نعش ۔ مُردہ جسم ۔:

میت (ہ۔امذ) دوست ساتھی ۔ یار ۔ مشفق ۔ رفیق ۔ شفیق عاشق ۔ دلدادہ ۔ مفتون ۔:

میتھی (ہ۔امو) ایک قسم کی سبزی اور اس کے پیلے رنگ کے بیج ۔

میتھی کا ساگ (ہ۔مذ) میتھی کی سبزی ۔ ایک قسم کا ساگ ۔:

میٹ (انگ۔امذ۔ Mate) ساتھی ۔ شریک ۔ ہم صحبت ۔ رفیق ۔ ہمراہی ۔ قلیوں کا افسر ۔ مزدوروں کا سرگرو ۔ قلیوں کا مددگار (بحالت صفت فاعلی) مٹانے والا ۔ گم کرنے والا تباہ کر ڈالنے والا ۔ برباد کر دینے والا ۔:

میٹر (انگ۔امذ۔ Meter) ایک فرانسی۔ طولانی پیمانے کا نام ہے۔ ماپنے کا آلہ ۔

میٹریکولیشن (انگ۔ مذ۔ Matriculation) امتحان انٹرنس دسویں جماعت کا امتحان ۔

میٹنا (ف۔فعل) مٹانا۔ گم کرنا۔ نیست و نابود کرنا۔ خاک میں ملانا پھیلنا۔ قلم پھیرنا۔ دور کرنا۔ کھونا۔ ضائع کرنا۔ برباد کرنا ۔

میٹنگ (انگ۔امو۔ Meeting) جلسہ۔ انجمن۔ سبھا۔ مجلس۔ مجمع۔ جمگھٹا۔ پنچایت۔ صلاح۔ مشورہ۔ کمیٹی ۔

میٹھا (ف۔صف) شیریں۔ مزیدار۔ پرلطف۔ باذائقہ۔ لذیذ۔ ایک قسم کا شیریں لیموں بسست رفتار۔ دھیما۔ ڈھیلا۔ کاہل کند ذہن۔ مٹھائی۔ شیرینی۔ گڑ۔ قند سیاہ۔ حلوہ۔ موہن بھوگ نرم نرم۔ ہلکا سا۔ بُردبار۔ وہ آدمی جس کو غصہ نہ آئے۔ دھیمے مزاج کا آدمی۔ ایک قسم کا زہر ۔

میٹھا آدمی (اُر۔امذ) بُردبار۔ حلیم شخص ۔

میٹھا اور بھرکٹوری (اُرمثل) اچھی چیز اور بہت سی۔ زیادہ ہوس کے موقع پر بولتے ہیں ۔

میٹھا برس یا سال (ف۔امذ) عمر کا اٹھارھواں سال۔ جوانی کا سال۔ بعض تیرھویں اور آٹھویں سال کو بوجہ وہم و شگون کہتے ہیں ۔

میٹھا بولنا (ف۔محاورہ) شیریں کلامی کرنا۔ شیریں زبانی سے پیش آنا۔ نرمی سے پیش آنا ۔

میٹھا پانی (ف۔امذ) آب شیریں۔ خوشگوار پانی۔ لیمونیڈ۔ ولایتی شربت۔ لیموں کا عرق۔ اور شیرہ ڈال کر کل کے ذریعہ بوتلوں میں بھرا ہوا پانی ۔

میٹھا پوئیا (ف۔مذ) گھوڑے کی وہ چال جو نہ بہت تیز ہو نہ بہت سست ۔

میٹھا تیل (ف۔امذ) تلوں کا تیل السی کا اور خشخاش کا تیل ۔

میٹھا تیلیا (ف۔مذ) ایک قسم کی زہریلی جڑی کا نام ہے ۔

میٹھا ٹھگ (ف۔امذ) میٹھی میٹھی باتیں بنا کر ٹھگنے والا۔ دغاباز جھوٹا دوست۔ میٹھا تیلیا کھلانے والا ٹھگ ۔

میٹھا درد (اُر۔امذ) ہلکا درد۔ دھیما درد ۔

میٹھا زہر (اُر۔امذ) ایک قسم کا زہر جو آہستہ آہستہ اثر کرتا ہے ۔

میٹھا کھیا (ف۔مذ) سیتا پھل۔ کدوے شیریں۔ گول کھیا ۔

میٹھا مُنہ (ف۔مذ) تلوار یا کسی ہتھیار کی دھار کا کند ہونا ۔

میٹھا منہ کرانا (ف۔محاورہ) مٹھائی کھلانا۔ شکرانہ دینا۔ رشوت دینا ۔

میٹھا میٹھا (ف۔صف) کم کم۔ ہلکا ہلکا۔ تھوڑا تھوڑا درد ۔

میٹھا میٹھا درد (اُر۔مذ) ہلکا ہلکا سا درد۔ تھوڑا تھوڑا درد ۔

میٹھا میٹھا ہپ اور کڑوا کڑوا تھو (ف۔مثل) اچھی چیز لے لینا اور بُری سے نفرت کرنا ۔

میٹھا ہونا (ف۔محاورہ) شیریں ہونا۔ تھوڑا ہونا۔ کم ہونا۔ پھیکا ہونا دل پسند ہونا۔ گوارا ہونا۔ قابل برداشت ہونا ۔

میٹھی آنکھوں سے دیکھنا (اُر۔محاورہ) محبت بھری نگاہ سے دیکھنا ۔

میٹھی بات (ف۔امو) نرم بات۔ دلچسپ بات۔ ملائم بات ۔

میٹھی باڑھ (ف۔امو) موٹی باڑھ کم تیز اور کند دھار ۔

میٹھی بولی (ف۔امو) فصیح زبان۔ شیریں زبان۔ ملائم اور نرم زبان ۔

میٹھی چتون (اُر۔مو) پیاری پیاری نظر ۔

میٹھی چھری (ف۔امو) بظاہر دوست اور باطن میں دشمن۔ مار آستین دوست نما دشمن ۔

میٹھی چھری زہر میں بجھی (اُرمثل) ظاہر میں نرم کلام مگر دل میں دشمنی ۔

میٹھی زبان (اُر۔امو) خوش گفتاری۔ شیریں کلامی۔ خوش بیانی ۔

میٹھی عید (اور۔امذ) عید الفطر ۔

میٹھی گالی (ف۔امو) ناگوار معلوم نہ ہونے والی گالی۔ معشوق کے منہ کی گالی ۔

میٹھی مار (ف۔مو) گھی مار۔ وہ مار جو ظاہر میں معلوم نہ ہو۔ باطنی تکلیف۔ اندرونی دکھ ۔

میٹھی مار دینا (ف۔محاورہ) اندرونی تکلیف پہنچانا۔ گھی مار مارنا ۔

میٹھی مراد (اُر۔امو) اچھی مراد۔ دل پسند مراد۔ مراد خوش ۔

میٹھی میٹھی باتیں کرنا (ف۔محاورہ) مزے مزے کی باتیں کرنا۔ شیریں کلامی کرنا۔ خوش گفتاری سے پیش آنا ۔

میٹھی میٹھی پھوار (اُر۔مو) ہلکی ہلکی پھوار ۔

میٹھے سے مرے تو زہر کیوں دے (اُرمثل) اگر نرمی سے کام نکل سکتا ہو تو سختی کیوں کرے ۔

میٹھی نگاہ یا نظر (اُر۔مو) محبت کی نظر۔ عاشقانہ نظر ۔

میٹھی نیند (ف۔امذ) بیفکری کی نیند۔ سکھ کی نیند۔ خواب راحت ۔

میٹھے گھٹے کو جی چاہنا (اُرمحاورہ) مجامعت کی رغبت ہونا ہم بستری کی خواہش ہونا ۔

میٹھے کے لالچ میں جھوٹا کھاتے ہیں (اُرمثل) نفع کی خاطر سخت کلامی برداشت کرتے ہیں ۔

میٹھے کے واسطے نہ سلونے کے واسطے (اُرمثل) بغیر کسی طمع کے ۔

میٹھے میں سلونا ملانا (اُرمحاورہ) بدمزگی پیدا کرنا ۔

میٹھے والے (ف۔امذ) میٹھا۔ تیلیا۔ کھلا کر بیہوش کر دینے والے ٹھگ ۔

میٹھے ہیں (ف۔محاورہ) شیریں زبان ہیں۔ بُردبار ہیں۔ بزدل اور ڈرپوک ہیں ۔

میثاق (ع۔امذ) عہد و پیمان کی پختگی۔ قول قرار۔ وعدۂ ازل اقرار ۔

میجان کھانڈ (ف۔امو) کچی کھانڈ۔ اسے میجا کھانڈ اور میزان کھانڈ بھی کہتے ہیں ۔

میجر (انگ۔ مذ۔ Major) فوج کے عہدے کا نام ہے ۔

میجسٹی (انگ۔ مذ۔ Majesty) بادشاہ یا راجہ کا اعزازی لقب ۔

میجنا یا میجنا (ف۔فعل) ملانا۔ آمیز کرنا۔ مسلنا۔ ملنا ۔

میچ (انگ۔ مذ۔ Match) شرط۔ بازی۔ کھیل۔ مقابلہ۔ کرکٹ یا گیند بلے وغیرہ کا مقابلہ۔ ماچس دیا سلائی ۔

میچز (انگ۔ امو۔ Matches) دیاسلائی۔ ماچس ؛
میچ (ہ۔ امو) موت۔ کال۔ قضا ؛
میچنا (ہ۔ فعل) بند کرنا۔ موندنا ؛
میخ (ف۔ امو) پریگ۔ کیل۔ کھونٹی۔ کھونٹا۔ چوب۔ (یہ لفظ بیائے مجہول ہے ؛
میخ اُکھاڑنا (اُر۔ محاورہ) کھونٹا اُکھاڑنا۔ سواروں کی نیزہ بازی کا ایک کرتب ہے ؛
میخ ٹھونکنا (اُر۔ محاورہ) کھیل ٹھونکنا۔ کھونٹی گاڑنا۔ کیل جڑنا ہاتھ پاؤں میں کیل گاڑنا۔ سخت بے رحمی کی سزا دینا۔ مغلوب کرنا۔ دبانا۔ بنگا ٹھونکنا۔ توپ کو بیکار کرنا ؛
میخ مارنا (اُر۔ محاورہ) کھونٹی گاڑنا۔ کیل ٹھونکنا۔ ہرانا۔ مغلوب کرنا ہرج کرنا۔ نقب زنی کرنا۔ سیندھ لگانا۔ توپ کے نیل میں کیل ٹھونک کر اسے بیکار کرنا۔ بھانجی مارنا ؛
میخچو (اُر۔ اند) آلہ موگری میخ ٹھونکنے کا موگرا۔ میخ کوب ؛
میخ دی میخ چو ہنس دیا (اُر۔ مثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص بڑے حوصلے سے قیمتی شے دیدے۔ لیکن لینے والا حقیر سی شے نہ ملنے پر شکایت کرے ؛
میدان (ع۔ اند) صاف اور ہموار زمین وسیع اور چٹیل زمین۔ عرصہ۔ فضا۔ لڑائی۔ جنگ۔ مقابلہ۔ صف آرائی۔ جوہریوں کی اصطلاح میں زمرد یاقوت وغیرہ کا طول و عرض۔ شعر۔ نظم جیسے قصے کا میدان ؛
میدان جانا (اُر۔ محاورہ) جنگل جانا۔ پیخانے جانا۔ ٹٹی جانا۔ جھاڑے جانا
میدان جنگ یا صف آرائی یا کارزار (عف۔ اند) لڑائی کی جگہ۔ لڑائی کا کھیت وہ جگہ جہاں لڑائی ہو۔ معرکہ۔ بحث کرنے کی جگہ ؛
میدان جیتنا (اُر۔ محاورہ) جنگ فتح کرنا۔ معرکہ سر کرنا ؛
میدان چھوڑنا (اُر۔ محاورہ) جگہ چھوڑنا۔ پرے ہٹ جانا۔ جگہ فراخ کرنا۔ موقع جنگ سے بھاگ جانا۔ لڑائی کا موقع چھوڑ کر بھاگ نکلنا۔ شکست کھانا ؛
میدان خالی کرنا (اُر۔ محاورہ) میدان سے دوڑ جانا۔ میدان چھوڑ جانا
میدان خالی ہونا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے "میدان خالی کرنا" جس کا یہ لازم ہے ؛
میدان دینا (اُر۔ محاورہ) رستہ دینا۔ جگہ چھوڑنا۔ پرے ہٹ جانا۔ سرک کھڑے ہونا ؛
میدان روکنا (اُر۔ محاورہ) میدان پر قابض رہنا ؛
میدان سے قدم اُکھڑنا (اُر۔ محاورہ) ہمت ہارنا ؛
میدان صاف ہے (اُر۔ محاورہ) بالکل خوف و خطر نہیں۔ کوئی روک ٹوک نہیں۔ جگہ خطرہ سے خالی ہے ؛
میدان قلم (ع۔ اند) قلم کی تراش خانۂ قلم۔ زمین قلم ؛
میدان کا دھنی (ا۔ اند) شجاع۔ بہادر ؛
میدان کا رُخ کرنا (اُر۔ محاورہ) میدان کی طرف توجہ کرنا ؛
میدان کرنا (اُر۔ محاورہ) مسمار کرنا۔ ڈھا دینا۔ جنگ کرنا۔ لڑنا ؛
میدان مارنا (اُر۔ محاورہ) لڑائی فتح کرنا۔ ظفریاب ہونا۔ جیتنا۔ فتحیاب ہونا۔ معرکہ مارنا ؛
میدان مانگنا (اُر۔ محاورہ) وسعت چاہنا ؛
میدان میں اُترنا (اُر۔ محاورہ) لڑنے کے لیے میدان میں آنا۔ اکھاڑے میں اُترنا ؛
میدان میں آنا (اُر۔ محاورہ) مقابلہ کو آنا۔ لڑنے کو نکلنا ؛
میدان میں جھنڈا گاڑنا (اُر۔ محاورہ) فتح حاصل ہونا ؛
میدان ہاتھ میں آنا۔ یا۔ رہنا (اُر۔ محاورہ) لڑائی جیتنا۔ فتح پانا۔ لڑائی مارنا ؛
میدان ہاتھ سے جانا (اُر۔ محاورہ) شکست کھانا۔ ہارنا۔ نکل جانا ؛
میدان ہاتھ ہونا (اُر۔ محاورہ) سرسبز ہونا۔ کامیاب ہونا ؛
میدان ہونا (اُر۔ محاورہ) معرکہ ہونا۔ لڑائی ہونا۔ مقابلہ ہونا جنگ ہونا ؛
میدانی (ف۔ امو) میدان سے منسوب وہ لالٹین جو مکان کے صحن میں روشنی کے لیے نصب کرتے ہیں۔ نقیب ؛
میدنی (س۔ امو) دھرتی۔ بھوم۔ پرتھوی۔ زمین۔ ارض۔ جاترا یا میلے کے تماشائی۔ سیلانی۔ پیدل چل کر کسی مقدس مقام کی زیارت کرنے والا گروہ۔ جاتریوں کا جتھا ؛
میدہ (ف۔ اند) نہایت باریک آٹا ؛
میدہ سا (اُر۔ صف) میدے جیسا نہایت باریک۔ سرمہ سا۔ بہت مہین ؛
میدہ کرنا (اُر۔ محاورہ) باریک کرنا ؛
میدہ لکڑی (اُر۔ امو) دوا کی ایک جڑ کا نام ہے ؛
میدہ و شہاب (اُر۔ صف) گورا چٹا نہایت خوبصورت آدمی کے رنگ کی صفت میں بولتے ہیں ؛
میدھ (ہ۔ اند۔ بیائے مجہول) قربانی۔ بل دان۔ جگ۔ یگ ؛
میڈل (انگ۔ اند۔ Medal) تمغا ؛
میڈم (انگ۔ امو۔ Madam) بیگم۔ خاتون ؛
میڈیکل (انگ۔ صف۔ Medical) دوا سے منسوب۔ طبی ؛
میڈیکل کالج (انگ۔ اند۔ Medical College) وہ کالج جہاں ڈاکٹری کی اعلیٰ تعلیم دی جائے۔ ڈاکٹری کی اعلیٰ درسگاہ ؛
میڈیم (انگ۔ صف۔ Medium) درمیانی درجہ۔ درمیانی منزل۔ اوسط۔ لوازم زندگی۔ ذریعہ۔ وسیلہ وہ باولر جس کی گیند نہ زیادہ تیز ہو نہ زیادہ ہلکی ؛
میر (ع۔ اند) امیر کا مخفف ہے۔ سردار۔ افسر۔ سرجیل۔ سرگروہ۔ سالار۔ امام۔ مکھیا۔ بزرگ۔ مہنت۔ رہنما ہادی۔ پیشوائے دین۔ سیدوں کا اعزازی لقب۔ بادشاہزادہ۔ شاہ زادہ۔ تاش کا بادشاہ۔ میر محمد تقی۔ اکبر آبادی کا تخلص ؛

میر آب (ف۔ امذ) آب دریا کا محافظ ۔:
میر آتش (عف۔ امذ) داروغہ توپخانہ ۔ آگ کا داروغہ ۔:
میر آخور (عف۔ امذ) اصطبل کا داروغہ ۔:
میر بار (ف۔ امذ) داروغہ دربار ۔ لوگوں کو امرا کے دربار میں حاضر ہونے کی اجازت اپنے اطمینان پر دینے والا افسر ۔:
میر بحر (فع۔ امذ) داروغہ دریا ۔ بحری انتظام کا افسر ۔ دریا کے گھاٹوں کا داروغہ جہازی سپہ سالار ۔:
میر بحری (فع۔ امذ۔ بیائے فاعلی) بندرگاہوں کا منتظم (بیائے مصدری ۔ اسم مونث محکمہ جہاز رانی کی عہدہ داری ۔ گھاٹوں کی داروغلی ۔:
میر بخشی (ف۔ امذ) تنخواہ بانٹنے والا افسر ۔:
میر بھچڑی (اُر۔مذ) ایک نامعلوم الاصل شخص کا نام ہے جس کو ہیجڑے لوگ اپنا مورث اعلیٰ خیال کرتے ہیں ۔ ہیجڑوں کا سلسلہ چلانے والا ۔:
میر بھچڑی کی کڑھائی (اُر۔امو) وہ پکوان جسے ہیجڑے کسی کو اپنے فرقے میں شامل کرتے وقت اپنے مورث اعلیٰ کی نیاز دلواتے ہیں ۔:
میر تزک (ف۔ امذ) سردار لشکر ۔ سپہ سالار فوج کا انتظام کرنے والا افسر ۔:
میر جی (اُر۔امذ) میراثیوں کا خطاب ہے ۔ سیّد صاحب ۔ میر صاحب ۔:
میر حاج (فع۔ امذ) حاجیوں کا سردار ۔:
میر دفتر (ف۔ امذ) کسی دفتر کا افسر ۔:
میر دہ (ف۔ امذ) نمبردار ۔ مقدم ۔ گاؤں کا سردار ۔ جریب کش ایک قوم کا نام ۔:
میر دیوان (ف۔ امذ) سررشتہ دار ۔ پیشی کا محرر ۔ نائب ۔ پیشکار ۔:
میر ساماں / **میر مطبع** (ف۔ امذ) خانساماں ۔ امرا و سلاطین کے کھانوں کا منتظم ۔:
میر شکار (ف۔ امذ) شکاری جانوروں کی نگرانی رکھنے والا افسر ۔:
میر عرض (فع۔ امذ) لوگوں کی عرض معروض بادشاہ کے حضور میں پیش کرنے والا افسر عرض بیگی ۔:
میر عمارت (فع۔ مذ) انجنیئر ۔ اور سب معماروں کا سردار ۔ مستری افسر تعمیر ۔ داروغہ عمارات ۔:
میر فرش (ف۔ امذ) فرش کو دبانے کے بھاری بھاری گول گول پتھر ۔ جو اس کے چاروں کونوں پر رکھے جاتے ہیں ۔ سنگ قالین ۔:
میر قافلہ / کارواں (ف۔ امذ) قافلے کا سردار ۔:
میر کلام (ف۔ امذ) نہایت اچھا مقرر ۔ جادو بیان خطیب ۔:
میر مجلس (ف۔ امذ) صدر مجلس ۔ پریذیڈنٹ ۔ صدر انجمن چیئرمین ۔:
میر محلہ (فع۔ امذ) محلے کا سردار ۔ پنچ ۔:
میر منزل (فع۔ امذ) لشکر کے پہنچنے سے پہلے منزل کا سامان کرنے والا افسر ۔ کیمپ کلرک ۔:

میر منشی (فع۔ امذ) محرر صدر ۔ پیشکار اعلےٰ ۔ سررشتہ دار ۔ ہیڈ کلرک ۔ سپرنٹنڈنٹ ۔:
میرا (ض) ضمیر مصاف الیہ واحد متکلم ۔ اپنی ذات کا اپنا ۔ خود کا ۔:
میرا باپ سخی تھا پرائے بُردے آزاد کرتا تھا (اُرمثل) شیخی خورے کی نسبت بولتے ہیں جو آپ تو کسی قابل نہ ہو مگر باپ دادا کے کاموں پر گھمنڈ کرتا پھرے ۔:
میرا بس چلے تو کچا کھا جاؤں (اُرمثل) بہت غصے کی حالت میں کہتے ہیں ۔:
میرا بیل منطق نہیں پڑھا ہوا (اُرمثل) سیدھے سادے آدمی اپنے کام سے غرض رکھتے ہیں فضول جھگڑوں میں نہیں پڑتے ۔:
میرا حلوا کھائے / میرا ماتم کرے / میرا مُردہ دیکھے (اُرکلمہ قسم) اگر میرا کہا نہ مانے تو مجھے مرا ہوا دیکھے ۔:
میرا اسلام ہے (اُر۔محاورہ) میں جاتا ہوں ۔ میں باز آیا ۔ مجھے منظور نہیں ۔:
میرا کیا گیا (ض۔ محاورہ) میرا کیا بگڑا ۔ میرا کیا نقصان ہوا ۔:
میرا کام آپ کا نام (اُرمثل) میرا مطلب حاصل ہوگا آپ کا نام ہوگا ۔:
میرا کہا نہ اپنا کیا (اُرمثل) میرے کام کا رکھا نہ اپنے کام کا ۔:
میرا لہو ہے (اُرکلمہ قسم) یعنی میرے حسب منشا نہ کرے تو میرا خون کرے ۔:
میرا لہو پیئے (ض۔ محاورہ) سخت قسم ہے ۔ یعنی اگر اس کام کو نہ کرے یا کرے تو ہمارا یا میرا خون کھائے ۔ ہمیں مُردہ پائے ۔:
میرا ماتھا جب ہی ٹھنکا تھا (اُر۔امذ) مجھے اسی وقت اندیشہ ہوا تھا ۔ میں پہلے ہی تاڑ گیا تھا ۔:
میرا مُردہ اب بھی تیرے زندہ پر بھاری ہے (اُرمثل) میں مجبوری میں بھی تجھ سے بہتر کام کر سکتا ہوں ۔:
میرا منہ نہیں (اُر۔محاورہ) میری زبان میں اتنی طاقت نہیں ۔:
میراث (ع۔امو) ترکہ ۔ وہ روپیہ اور جائداد وغیرہ جو متوفی کے بعد اس کی ملکیت سے حقداروں کو ملے ۔ ورثہ ۔:
میراثی (اُر۔امذ ۔ بیائے فاعلی) ڈوم ۔ گویا ۔ مطرب ۔ مغنی ۔:
میراثن (اُر۔امو) میراثی کی تانیث ۔ ڈومنی ۔ مطربہ ۔ گانے والی عورت ۔:
میراں (ف۔امذ) سردار ونکا سردار ۔ بہت بڑا بزرگ شیخ عبد القادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ اور خواجہ معین الدین چشتی کا لقب بڑے پیر کا لقب ۔ سیدوں کا لقب ۔:
میراں جی (اُر۔امذ) بارہ وفات کے بعد کا مہینہ ۔ ربیع الآخر ۔ حضرت خواجہ معین الدین صاحب چشتی اور شیخ عبد القادر صاحب جیلانی رحمتہ اللہ علیہ کا لقب ۔:
میراں جی کا چاند (اُر۔امذ) ربیع الآخر کا مہینہ مسلمانوں کے قمری سال کا چوتھا مہینہ ۔:

میرزا (ف.ا.مذ۔ ترکیب مفعولی) میرازادہ کا مخفف ہے سردار زادہ۔ سردا کا بیٹا۔ مغل زادہ۔ رئیس کا بیٹا۔ شہزادوں اور مغلوں کا لقب۔ ملک زادہ ؛

میرزامنش (ف۔ صف۔ ترکیب فاعلی تشبیہی) شاہانہ مزاج کا آدمی۔ تنک مزاج۔ نازک مزاج۔ شہزادوں کی سی خو بُو والا

میرزامنشی (ف۔ امو) دیکھئے "میرزامنش" جسکا یہ اسم کیفیت ہے۔

میرزائی (ف۔ امو۔ بیائے مصدری تشبیہی) شرافت۔ بزرگی۔ بڑائی شہزادگی۔ نجابت۔ واسکٹ۔ صدری۔ کمری۔ نیم جامہ۔ نازک مزاجی۔ ناز۔ گھمنڈ۔ تکبّر ؛ مرزا غلام احمد قادیانی کو ماننے والا

میرے آگے نام نہ لو (اُر۔ روزمرّہ) میں اتنا متنفر ہوں کہ نام بھی نہیں سُن سکتا ؛

میرے اللہ (اُر۔ روزمرّہ) خدا کی مہربانی کے اظہار کیلئے بولتی ہیں

میرے پوت کی لمبی باہیں (ہ۔ مثل) اپنی چیز کو ہر شخص سراہا کرتا ہے ؛

میرے دونوں میٹھے (اُر۔ روزمرّہ) میرا ہر طرح فائدہ ہے۔

میرے ساتھ ضد ہے (اُر۔ بول چال) ہمیشہ میرے خلاف کام کرتا ہے ؛

میرے سامنے آسکتے ہیں (اُر۔ بول چال) کیا طاقت ہے۔ مجھ سے آنکھ ملا سکتے ہیں کیا مجال ہے جو میرے روبرو ہوں ؛

میرے لال کے سَو سَو یار۔ دُھینا۔ جلاہے اور منیار (اُر۔ مثل) اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جس کی دوستی کمینے لوگوں کے ساتھ ہو ؛

میرے لالہ کی اُلٹی ریت ساون ماس اُٹھادیں بھیت (اُر۔ مثل) الٹی مت والے کی نسبت کہتے ہیں۔ جو بے موقع کام کرے ؛

میرے مُنہ سے یا میرے مُنہ کو (ہ۔ محاورہ) میری خاطر سے میری وجہ سے۔ میرے ہی طفیل سے ؛

میرے مُنہ میں خاک (اُر۔ روزمرّہ) یہ جملہ نظر نہ لگنے کے لیے کہا کرتی ہیں ؛

میرے ہے سو راجہ کے نہیں اور راجہ میرا منگتا (ہ۔ مثل) نہایت سخی خورے کی نسبت بولا کرتے ہیں۔ جو کسی چیز پر بہت ہی گھمنڈ کرتا ہے ؛

میرے ہی نام پر آگ لائی اور نام رکھا بیسندر (ہ۔ مثل) اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو کسی شخص کا نام لے کر کوئی چیز حاصل کرے۔ اور پھر اسی سے پوشیدہ رکھے ؛

میری (اُر۔ امذ۔ بیائے معروف) سب پر فوقیت لے جانے والا۔ سب سے اول رہنے والا ؛

میری (ہ۔ اسم ضمیر) میرا کی تانیث۔ بحالت اسم میری ملکیت ہے ؛

میری آنکھوں سے دیکھو (ہ۔ محاورہ) جب کسی چیز کی بُرائی یا بھلائی جتانے پر بھی دوسرا آدمی اس کے عیب و صواب کو نہ دیکھ سکے تو اس وقت بولا کرتے ہیں کہ خدا نے تمہیں آنکھیں نہیں دیں ہماری آنکھوں سے دیکھو ؛

میری بلّی اور مجھی سے میاؤں (اُر۔ مثل) میرا مطیع اور مجھ سے ہی مقابلہ کرے ؛

میری پیزار سے / میری جوتی سے (اُر۔ محاورہ) میری بلا سے۔ مجھے کچھ پرواہ نہیں۔ مجھے کچھ غرض نہیں ؛

میری جوتی میرے ہی سر (اُر۔ مثل) ہمارا ہی کھائے اور ہمیں ہی عزا دے۔ ہماری ہی چیز اور اُلٹی ہمارے ہی دے ؛

میری دائی کوستی ہے (اُر۔ مثل) مجھے کوستی ہے ؛

میری طرف بھی دیکھنا (اُر۔ محاورہ) مجھ پر بھی نظر کرم رکھنا۔ میرا بھی لحاظ اور خیال رکھنا ؛

میری قسمت میں بربادی ہے (اُر۔ بول چال) برباد ہونا تقدیر میں لکھا ہے ؛

میری مرغی کی تین ٹانگ (اُر۔ مثل) اپنی چیز کی تعریف ؛

میسڑا (ہ۔ مذ) سوہاگہ۔ جس سے زمین کو ہموار کرتے ہیں۔ پاہے ہوئے کھیت کے ڈھیلے وغیرہ ہموار اور باریک کرنے کا آلہ ؛

میسڑا پھیرنا (ہ۔ فعل) کھیت کی زمین کو سوہاگہ سے ہموار کرنا ؛

میز (ف۔ امو) کتابیں وغیرہ رکھنے یا کھانا وغیرہ کھانے کا تختہ ٹیبل ؛

میزبان (ف۔ امذ۔ فاعل) مہماندار۔ مہمان بلانے والا دعوت کھلانے والا مہمان نواز ؛

میزبانی (ف۔ امو۔ بیائے مصدری) مہمان نوازی۔ مہماں داری۔ دعوت۔ مہمانی ؛

میز لگانا (اُر۔ محاورہ) میز پر کھانا اور کھانے کا سامان۔ چھری کانٹا وغیرہ رکھنا ؛

میزان (ع۔ امو۔ بیائے معروف) وزن کرنے کا آلہ۔ ترازو تکڑی۔ تلا۔ اُس۔ آسمان کے ساتویں بُرج کا نام۔ جوڑ۔ جمع۔ مجموعہ ؛

میزان بننا (اُر۔ محاورہ) سودا ہونا۔ بھاؤ بننا۔ موافقت ہونا۔ رائے ملنا ؛

میزان پٹنا (اُر۔ محاورہ) موافقت ہونا۔ سودا ہونا۔ بھاؤ بننا رائے ملنا ؛

میزان دینا / نکالنا (اُر۔ محاورہ) جمع کرنا۔ جوڑ لگانا ؛

میزانکل (ع۔ امو) تمام رقموں یا عددوں کا مجموعہ۔ کل جمع ؛

میزان ملنا (اُر۔ محاورہ) مجموعہ درست ہونا۔ موافقت ہونا۔ مرضی ملنا۔ رائے ہونا ؛

میزانیہ (عف۔ امذ) آمد و خرچ کا تخمینہ ؛

میسّر (ع۔ صف۔ مفعولی) آسان کیا گیا۔ سہل کیا گیا۔ حاصل دستیاب۔ موجود۔ حاضر ؛

میسّر ہونا (اُر۔ محاورہ) حاصل ہونا۔ دستیاب ہونا۔ ہاتھ لگنا ہجڑنا۔ ملنا ؛

میسرہ (ع۔ا۔مو) بائیں طرف۔ بائیں بازو کی فوج ۔

میش (ف۔ا۔مو۔بیاے مجہول) بھیڑ۔ بھیڑی۔ گوسفند۔ بھینس گاؤمیش ۔

میش چشم (ف۔صف۔ترکیب فاعلی) بھیڑ کی سی آنکھوں والا۔ شرمالو۔ نیچی نظروں والا ۔

میشا (اُر۔امذ) بھیڑ یا بکری کے بچے کا ملائم چمڑا۔ رنگا ہوا نرم چمڑا ۔

میعاد (ع۔ا۔مو) وعدہ کا وقت۔ وقت مقررہ۔ مدت۔ ایام مقررہ۔ مدت معینہ ۔

میعاد بڑھانا (اُر۔محاورہ) وقت یا مہلت زیادہ کرنا۔ مقررہ مدت کو وسعت دینا ۔

میعاد بولنا (اُر۔محاورہ) قید کا حکم لگانا۔ قید کرنا ۔

میعاد غیر منقسمہ (عف۔ا۔مو) وہ مقررہ مدت جو ختم نہ ہوئی ہو ۔

میعاد کاٹنا (اُر۔محاورہ) قید کی مدت پوری کرنا ۔

میعاد کرنا (اُر۔محاورہ) قید کا حکم لگانا ۔

میعاد گزرنا (اُر۔محاورہ) مدت پوری کرنا۔ مہلت تمام ہونا۔ وعدے کا زمانہ ختم ہونا ۔

میعاد مقررہ (ع۔ا۔مو) قرار دی ہوئی مدت۔ محدود وقت معمولی مدت ۔

میعادی (اُر۔صف۔فاعلی) قیدی۔ سزایافتہ۔ سزایاب۔ مقررہ۔ معینہ ۔

میعادی بخار (اُر۔مذ) وہ بخار جو خاص مدت تک رہے ۔

میعادی ہنڈی (اُر۔ا۔مو) وہ ہنڈی جس کی ادائیگی کے لیے وقت مقرر ہو ۔

میقات (ع۔مذ) وقت۔ کسی کام کا وقت۔ وہ مقام جہاں سے حاجی لوگ حج کا احرام باندھتے ہیں ۔

میکا (ہ۔امذ) عورت کے ماں باپ کا گھر ۔

میکا بسانا (ہ) عورت کا سسرال کو چھوڑ کر اپنے ماں باپ کے گھر جا رہنا ۔

میکائیل (ع۔امذ) ایک فرشتہ کا نام ہے۔ جس کے ذمے خلق خدا کو رزق رسانی کی خدمت لگی ہوئی ہے ۔

میکے والیاں (ہ۔ا۔مو) دلہن کی رشتہ والی عورتیں ۔

میکھ (س۔امذ) مینڈھا۔ بھیڑا۔ مینڈھے کی شکل کا پہلے آسمان کا ایک برج بھی ہے۔ بیساکھ کا مہینہ۔ عیب جرم۔ برائی ۔

میکرومیٹر (انگ۔امذ۔Micrometer) چھوٹی چیز کی پیمائش کرنے والا آلہ



میکرومیٹر

میکروسکوپ (انگ۔ا۔مو) (Microscope) خوردبین چھوٹی چیزوں کو بڑا کرنے والا آلہ ۔

میکینکل سائنس (انگ۔ا۔مذ۔Mechanical Science) کلوں کا علم۔ علم۔

میکینک (انگ۔ا۔مذ۔Mechanic) کاریگر۔ دستکار۔ اہل ہنر۔ مشین بنانے والا۔ مشین چلانے والا مستری۔

میگزین (انگ۔مذ۔Magazine) سلاح خانہ۔ بارود خانہ خزانہ۔ گنجینہ مخزن۔ گودام متفرق اور مختلف مضامین کا رسالہ ۔



میگزین

میگھ (س۔امذ) گھٹا۔ ابر۔ بدلی۔ بادل۔ بارش۔ باراں مہینہ۔ ایک ہندی راگ کا نام۔ ایک راکشش کا نام بھی تھا ۔

میگھ راج یا میگھ پتی (س۔امذ) بادلوں کا دیوتا۔ مینہ برسانے والا دیوتا ۔

میگھ راگ (س۔امذ) ایک راگ کا نام ہے جو ساون بھادوں میں گایا جاتا ہے ۔

میگھ ناد (س۔امذ) بادل کا سنکھ یعنی رعد۔ کڑک۔ گرج۔ رعد (بحالت صفت) بجلی کی سی گرج والا۔ رعد کی سی آواز والا ۔

میگھا (ہ۔صف) کج چشم۔ احول۔ بھینگا ۔

میگھا گھام (ہ۔امذ) ابر کی گرمی۔ حبس امس۔ گھمس۔ حبس برسات کے دنوں میں جسم انسان پر نکلے ہوئے گرمی دانے پیت ۔

میل (ع۔امذ) جھکاؤ۔ خمیدگی۔ توجہ۔ رغبت۔ میلان خواہش رجوع۔ رعایت۔ پاسداری۔ جانبداری ۔

میل خاطر (ع۔امذ) التفات۔ توجہ۔ خاطر۔ دل کی توجہ ۔

میل (ہ۔مذ) چرک۔ گاد۔ کیچڑ ۔

میل آنا (اُر۔محاورہ) کدورت پیدا ہونا۔ ناراضی ہونا ۔

میل بیٹھنا (اُر۔محاورہ) گرد جم جانا۔ رنگ لگ جانا۔ میل کا نہ بیٹھ جانا۔ کدورت ہونا ۔

میل چھانٹنا / کاٹنا (اُر۔محاورہ) میل دُور کرنا۔ اُجلا کرنا ۔

میل چھٹنا (ہ۔محاورہ) میل دُور ہونا۔ صاف ہونا۔ چرک دُور ہونا ۔

میل خورا (اُر۔صف۔مرکب فاعلی) میل کو چھپا لینے والا رنگ خاکی رنگ کا کپڑا۔ پہنا ہوا کپڑا ۔

میل کا بیل بنانا (ہ۔فعل) بات کا بتنگڑ بنانا۔ بات کو بڑھا دینا ۔

میل کاٹنا (ہ۔محاورہ) اُجلا کرنا۔ صاف کرنا۔ میل دُور کرنا ۔

میل کچیل (ہ۔ا۔مو) خاک دھول۔ غبار۔ کدورت۔ کیچڑ۔ مٹی ۔

میل کی بتی (اُر۔ا۔مو) میل کی وہ بتی جو جسم کو ہاتھ سے ملنے سے بن جاتی ہے ۔

میل لانا (ہ۔محاورہ) رنج لانا۔ کدورت لانا ۔

میل (ع۔امذ) سرمہ لگانے کی سلائی وہ پتھر جو ایک ایک میل کے فاصلہ پر کر دیتے ہیں۔ تقریباً ۱۷۶۰ گز زمین کا ناپ ۔

میل پیما (عف۔ صف) وہ آلہ جس سے میلوں کے حساب سے فاصلے کی پیمائش کی جاتی ہے ۔:

میل (انگ۔ابمو۔ بیائے مجہول) ڈاک۔ ڈاک کا تھیلہ۔ ہرکارہ۔ ڈاک گاڑی ۔: Mail

میل ٹرین (انگ۔ابمو) ڈاک گاڑی خطوط وغیرہ لانے لیجانے والی ریل گاڑی ۔: Mail Train

میل (ہ۔مذ۔بیائے مجہول) ملاپ۔ اتحاد۔ دوستی۔ آمیزش قرابت۔ رشتہ داری۔ ناتہ۔ ملاؤ۔ لاؤ۔ قسم۔ جنس۔ نوع موافقت۔ سنجوگ۔ نسبت۔ مناسبت۔ مشابہت۔ ہمسری۔ ہمتائی۔ جوڑ۔ ذات۔ رقم۔ فیشن۔ شادی کے موقعہ پر مہمانوں کا اجتماع ۔:

میل جول (ہ۔امذ) ملنا جلنا سے حاصل مصدر۔ پیار۔ اخلاص اختلاط ۔:

میل دینا (اُر محاورہ) اتفاق اور ربط وضبط پیدا کرنا ۔:

میل رکھنا (اُر محاورہ) راہ رسم رکھنا۔ پیار اخلاص رکھنا ۔:

میل کا (ہ۔صف) قسم کا۔ جنس کا۔ رقم کا ڈھنگ کا۔ طرز کا ۔:

میل کرنا (اُر محاورہ) ملاپ کرنا۔ آمیزش کرنا۔ ملانا۔ اخلاص کرنا بیاہ کے موقعہ پر مہمانوں کو ملانا ۔:

میل کھانا (اُر محاورہ) مناسب ہونا۔ مطابق ہونا۔ موزوں ہونا ۔:

میل ملاپ (ہ۔امذ۔حاصل مصدر) میل جول۔ ارتباط۔ اتحاد اختلاط ۔:

میلا (ہ۔مذ۔بیائے مجہول) بھڑ بھاڑ۔ اژدحام۔ انبوہ۔ ہجوم سیر۔ تماشا۔ کسی خاص جگہ پر ہر قسم کے لوگوں کا اجتماع ہونا۔

میلا ٹھیلا (ہ۔امذ) بھیڑ بھاڑ۔ سیر و تماشا ۔:

میلا جُڑنا/لگنا (اُر محاورہ) کسی خاص مقام پر بہت سے لوگوں کا بطور سیر و تفریح جمع ہونا۔ بھیڑ لگنا۔ انبوہ ہوجانا ٹھٹ لگنا ۔:

میلا لگا رہنا (اُر محاورہ) مجمع ہونا۔ ہجوم ہونا ۔:

میلا کرنا (اُر محاورہ) سیر و تماشے میں شامل ہونا۔ میلے میں جانا ۔:

میلا (ہ۔صف۔بالف فاعلی) میل والا۔ غلیظ۔ ناپاک۔ پلید نجس۔ غبار آلودہ۔ گدلا۔ چرکین۔ مکدر۔ فعلہ۔ گوہ۔ بول وبراز۔ کوڑا کرکٹ ۔:

میلاپن (ہ۔امذ۔مصدری) غلاظت۔ نجاست۔ کدورت ۔:

میلا چکٹ (اُر۔امذ) بہت میلا وہ کپڑا جس میں بہت میل ہونے سے جپ چپاہٹ آئے ۔:

میلا سر ہونا / میلے سر سے ہونا (اُر محاورہ) حیض سے ہونا۔ کپڑوں سے ہونا۔ ماہواری ایام سے ہونا ۔:

میلا کرنا (اُر محاورہ) غبار آلودہ کرنا۔ بے آب کرنا۔ گدلا کرنا پیخانہ پھرنا۔ براز کرنا۔ غلیظ کرنا۔ گندہ کرنا ۔:

میلا کچیلا (ہ۔صف) خاک دھول میں۔ بھرا ہوا۔ غبار آلودہ ۔:

میل میل (ہ۔امذ۔صوت) ہانکنے اور چلانے کا کلمہ ۔:

میلاد (ع۔مذ) پیدا ہونے کا وقت۔ پیدا ہونے کا زمانہ ۔:

میلاد النبی (ع۔امذ) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش سعید ۔:

میلان (ع۔امذ) خواہش۔ رغبت۔ توجہ۔ التفات۔ رجحان ۔:

میلنا (ہ۔فعل۔بیائے مجہول) ملانا جوڑنا۔ شامل کرنا۔ ڈالنا۔ داخل کرنا ۔:

میلے (ہ۔مذ) میل کی جمع ۔:

میلے سر ہونا (اُر محاورہ) حیض سے ہونا۔ کپڑوں سے ہونا ۔:

میلے کا بھائی نوشادر (اُر محاورہ) دونوں یکساں ہیں۔ جیسا یہ ویسا وہ۔ دونوں گندے ہیں ۔:

میلے کپڑے (اُر۔امذ) پہنے ہوئے کثیف کپڑے ۔:

میم (ع۔مذ۔بیائے معروف) دیکھو (میم) تشبیہاً دہانِ معشوق کنواں۔ چاہ ۔:

میم (اُر۔ابمو۔بیائے مجہول) میڈم کا بگاڑ ہے۔ خاتون۔ بانو بیگم۔ خانم۔ لیڈی ۔:

میمانسا (س۔امذ) ایک شاستر کا نام ہے ۔:

میمنا (ہ۔امذ) بکری کا بچہ۔ حلوان۔ بزغالہ ۔:

میمنت (ع۔امبو) برکت۔ اقبالمندی۔ سعادت۔ کامیابی عروج۔ مبارکی۔ خوشی۔ کامرانی ۔:

میمنہ (ع۔امذ) دائیں طرف۔ دائیں بازو کی فوج ۔:

میمورنڈم (انگ۔صف۔ Memorandum) یادداشت اوئداد۔ دستاویز۔ غیر رسمی خط ۔:

میموریل (انگ۔صف۔ Memorial) یادگار۔ یادداشت۔ عرضداشت۔ روئداد۔ وقائع سوانح ۔:

میمون (ع۔صف۔تبر کیب مفعولی) ازیمن۔ مبارک۔ برکت والا۔ کامیاب۔ اقبالمند۔ بھاگوان۔ نیک بخت (بزبان فارسی) بوزنہ۔ بندر ۔:

میں (ہ۔حرف جار) اندر۔ بھیتر۔ درون۔ در۔ (بحالت اسم صوت) بکری کی آواز ۔:

میں (ہ) ضمیر فاعلی صیغہ واحد متکلم۔ اپنی ذات۔ خود آپ۔ (اپنی ذات خاص۔ بکری کی آواز ۔:

میں بھروں سرکار کے میرے بھرے سقہ (اُرمثل) اس شخص کی بابت بولا کرتے ہیں۔ جو اوروں کا کام تو خود کرے اور اپنا کام دوسروں سے کرائے ۔:

میں بھی رانی تو بھی رانی کون ڈالے سر پر پانی (اُرمثل) سست الوجود اور کاہل آدمیوں کی نسبت بولا کرتے ہیں جو بہانے ہی کیا کرتے ہیں ۔:

میں تھکی تو نا خوش (اُرمثل) کوئی مشقت کرے اور دوسرے کو پسند نہ ہو ۔:

میں کون تو کون (اُرمحاورہ) میں کیا جانوں تو کون ہے۔ میرا تیرا واسطہ ہی کیا ۔:

میں تیرے صدقے (اُرمحاورہ) واری جاؤں۔ قربان جاؤں خوشی اور خوشامد کے وقت عورتیں اکثر پیار سے بولا کرتی ہیں ۔:

میں کچھ نہیں کہتا (اُر۔بول چال) میں شکوہ نہیں کرتا ۔:

میں خوش میرا خدا خوش / **میں راضی میرا خدا راضی** (اُر۔محاورہ) میں صدق دل سے منظور کرتا ہوں ۔ میں راضی ہوں ۔ میری عین خوشی ہے ۔:

میں کہاں تم کہاں (اُر۔بول چال) ایک دوسرے سے بعد المشرقین ۔:

میں کیا میری اوقات ہی کیا (اُر۔بول چال) میری کیا ہستی ہے میں بہت کم رتبہ ہوں ۔:

میں میں (اُر۔اسم) خودی ۔ خودستائی ۔ غرور تکبر اور نخوت کا کلمہ ہے ۔:

میں میں تو تو (اُر۔اسم) گالی گلوچ ۔ جھگڑا ۔ تکرار ۔:

میں میں کرنا (اُر۔محاورہ) بکری کا بولنا ۔:

میں نے کیا تمہاری گدھی چرائی ہے (اُر۔مثل) میں نے تمہارا کون سا قصور کیا ہے جو بُرا بھلا کہہ رہے ہو ۔:

میں ہارا تم جیتے (اُر۔بول چال) بحث میں عاجزی کے اظہار پر کہتے ہیں ۔:

میں ہوں یا خدا کی ذات ہے (اُر۔مثل) تنہائی اور بے کسی کے اظہار پر کہتے ہیں ۔:

میں نہ مانوں (ہ ۔ محاورہ) مجھے یقین نہیں ۔ میں اعتبار نہیں کرتا ۔:

مین (اس۔اسم) مچھلی ۔ مچھی ۔ ماہی ۔ حوت ۔ آسمان کے بارھویں بُرج کا نام جو مچھلی کی شکل کا ہے ۔ عیب ۔ بُرائی ۔:

مین میکھ نکالنا (ہ ۔ محاورہ) عیب جوئی کرنا ۔ نکتہ چینی کرنا ۔ عیب نکالنا ۔

مین ہے نہ میکھ (ہ ۔ محاورہ) پاک صاف ہے ۔ بے عیب ہے ۔ کوئی خرابی نہیں ۔:

مینا (ف ۔ اسم) شیشہ ۔ مختلف رنگ کا شیشہ ۔ صراحی ۔ شراب کی بوتل ۔ قرابہ ۔ ایک قسم کے پتھر کا نام ۔ نقش و نگار مرصع کاری ۔

مینا بازار (اُر۔اسم۔ظرف) وہ بازار جو بادشاہوں کی سیر کے لیے انواع و اقسام کی چیزیں لگا کر سجایا جائے ۔ زنانہ بازار عورتوں کا بازار ۔ وہ بازار جہاں عورتیں ہی ہر قسم کا سودا بیچتی ہوں ۔:

مینا خانہ (ف ۔ اسم) شیشہ خانہ ۔:

مینا رنگ (ف ۔ اسم) سبز رنگ ۔:

مینا فام (ف ۔ صف) مینا رنگ ۔:

مینا کار (ف ۔ اسم۔صف) جڑاؤ کام کرنے والا ۔ مرصع کار ۔:

مینا کار (ف ۔ اسم ۔ بیائے مصدری) چاندی سونے پر مرصع سازی نگینے کا کام ۔ باریکی ۔ بال کی کھال نکالنا ۔:

مینا کاری چھانٹنا (اُر۔محاورہ) باریکی چھانٹنا ۔ نکتہ چینی کرنا ۔ مین میکھ نکالنا ۔:

مینا (ہ ۔ اسم) راجپوتانے کی ایک ہندو قوم کا نام ہے ۔ جس کا پیشہ چوری ہے ۔:

مینا (ہ ۔ اسم) ایک خوش آواز ۔ پہاڑی پرندے کا نام ہے ۔:

مینجنا (ہ ۔ فعل) ملانا ۔ ملنا ۔ گوندنا ۔:

مینا جو "میں نا" کہے دودھ بھات نت کھائے بکری جو میں میں کرے اُلٹی کھال کھینچائے (اُر۔مثل) عاجزی سے عزت زیادہ ہوتی ہے اور غرور سے نقصان ہوتا ہے ۔:

مینار ۔ مینارا ۔ مینارہ (اُر۔اسم) ستون ۔ ستم ۔ لاٹھ ۔ کھمبا ۔ بُرج ۔:

مین پھل (ہ ۔ اسم) خربوزے کی شکل کے ایک نہایت کڑوے پھل کا نام ہے ۔ اندرائن ۔ حنظل ۔ پھر پھیندوا ۔:

مینڈھی (ہ ۔ اسم) حنا ۔ بالوں کی لٹ ۔ مینڈھی ۔:

مینڈ (ہ ۔ مؤ بیائے مجہول) کھیت کی مینڈیر ۔ ڈولا ۔ ڈول ۔ پشتہ ۔ حد ۔ کنارہ ۔ باڑ ۔ موج ۔ لہر ۔ گھاٹ ۔ کنوئیں کی من ۔ منڈیر ۔:

مینڈ بندی (اُر۔اسم) کھیت کی حد بندی ۔:

مینڈ پڑنا (ہ ۔ محاورہ) لہریں اُٹھنا ۔ پانی کا لہریں مارنا ۔ موجیں اُٹھنا ۔

مینڈ کٹان (ہ ۔ اسم) پیمائش کے وقت جریب کا کسی کھیت کی مینڈیر سے گزرتے وقت کا کٹاؤ اور نشان معہ پیمائش ۔:

مینڈک (ہ ۔ اسم) ٹرٹر ۔ غوک ۔ ایک آبی جانور کا نام ہے جو برسات کے دنوں میں تالابوں اور جوہڑوں کے کنارے پر ٹرایا کرتا ہے ۔: (پنجابی) ڈڈو ۔

مینڈک

مینڈکی (ہ ۔ اسم) مینڈک کی تانیث ۔ مادہ مینڈک ۔ چھوٹا مینڈک ۔:

مینڈکی چلی مدار کو (ہ ۔ مثل) ادنے اور نکمے آدمی نے بڑا حوصلہ کیا ۔:

مینڈکی کو بھی زکام ہوا (اُر۔محاورہ) اپنی حیثیت سے بڑھ کر شیخی مارنے والے سفلہ کی نسبت بولا کرتے ہیں کہ شیخی سے ایسے کام کا ارادہ رکھتا ہے ۔ جس کی اس میں طاقت نہ ہو ۔:

مینڈنا (ہ ۔ فعل) ملنا ۔ لتھیڑنا ۔ آلودہ کرنا ۔:

مینڈھا (ہ ۔ مذ) بھیڑا ۔ دنبہ ۔ میش نر بھیڑ کا نر ۔ آسمان کا گیارھواں بُرج ۔ میکھ راس ۔ لہر ۔ تلاطم ۔ موج ۔:

مینڈھا اچھلنا (ہ ۔ محاورہ) لہر کا اُونچا اُٹھنا ۔ تلاطم ہونا ۔ موجیں اُٹھنا ۔:

مینڈھا لڑانا (ہ ۔ محاورہ) دو بھیڑوں کو لڑانا مجاز اُردو آدمیوں کو لڑا دینا ۔ شراکت کرنا ۔ ساجھا کرنا ۔:

مینڈھے لڑانا (ہ ۔ محاورہ) دُنبے لڑانا ۔ دو مینڈھوں کو لڑا کر ان کا تماشا دیکھنا دو آدمیوں میں باہم لڑائی کر دینا ۔:

مینڈھی / **مینڈی** (ہ ۔ اسم) سر کے گندھے ہوئے بالوں کی کٹ ۔:

میں میں (ہ ۱مو۔ صوت) بکری کی آواز ۔

میں میں کرنا (ہ ۔فعل) بکری کا بولنا۔ بکری کا ممیانا ۔

مینجر (انگ ۔ا۔مذ Manager) انتظام کرنے والا منتظم۔ کارگذار۔ مہتمم۔

میو (ہ ۔مذ۔ بیاۓ مجہول) میوات کی رہنے والی۔ ایک بہادر مگر جاہل اور اکھڑ قوم کا نام ہے ۔

مینڈیاں گوندھنا (ہ ۔فعل) بالوں کی لٹیں بنا کر سر گوندھنا ۔

مینڈیانا (ہ ۔مصدر) بالوں کا کنارا۔ بالوں کی لٹیں بنا کر سر گوندھنا۔

مینسکرپٹ (انگ ۔ا۔مذ) مخطوطہ۔ قلمی کتاب Manuscript

مینسل (ہ ۔ا۔مذ) ہڑتال۔ سُرخ سنکھیا۔

مینشن (Mansion) بڑا مکان۔ محل۔ قصر۔ حویلی۔ سرکاری اقامت گاہ

مینک (ہ ۔امو) آنکھ کی پُتلی۔ کلیجہ کی ٹھنڈک ۔

مینگنی / مینگن (ہ ۔امو) بھیڑ بکری۔ ہرن۔ خرگوش اور اُونٹ وغیرہ کا فضلہ جو گول گول گولیوں کی طرح ہگتے ہیں ۔

مینو (انگ ۔ا۔مو) کھانوں کی فہرست ۔ Meno

مینو (ف ۔امذ) بہشت۔ جنت۔ فردوس۔ وہ رنگین نگینہ یا جواہر جو زیور پر جڑتے ہیں۔ فلک۔ چرخ۔ آسمان ۔

مینو فیکچر (انگ ۔ا۔مو Manufacture) بنانا۔ پیدا کرنا۔ بڑے پیمانے پر اشیا تیار کرنا۔

مینو فیکچرز (انگ ۔ا۔مذ۔مو Manufacturers) صناع۔ کاریگر دستکار۔

مینول (انگ ۔ا۔ مذ ۔ Manual) دستی کتاب۔ کتابچہ۔ دستور العمل۔ رسالہ۔ پوتھی۔ مذہبی رسوم کے آداب۔

مینہہ (ہ ۔امذ) بارش۔ باراں۔ برکھا ۔

مینہہ آنا (اُ۔محاورہ) بارش شروع ہونا ۔

مینہہ برسنا (اُ۔محاورہ) بارش ہونا ۔

مینہہ پڑنا (اُ۔محاورہ) مینہہ برسنا ۔

مینہہ کا جھمکا لگنا (ا۔محاورہ) مینہہ کی جھڑی لگنا ۔

مینہہ کھلنا (اُ۔محاورہ) بارش بند ہونا ۔

مین ہول (انگ ۔ا۔مذ۔ Man Hole) نالی یا بدرو کے اوپر آنا بڑا سوراخ جس میں آدمی گزر سکے۔

میواڑ (ہ ۔امذ) راجپوتانہ کی ایک ریاست کا نام ہے ۔

ملک متوسط ۔ ہندوستان میں واقع ۔

میوچل (انگ ۔صفت ۔ Mutual) طرفین کا جانبین کا باہمی آپس کا۔ ایک دوسرے ۔

میوزک (انگ ۔ صفت ۔ Music) موسیقی ۔ راگ ۔ نغمہ سرود ۔ علم موسیقی ۔ خوشگوار آواز ۔

میوزیشن (انگ ۔ صفت Musician) مطرب ۔ ماہر ۔ موسیقی گانا ۔ بجانا کا ماہر

میوزیکل (انگ ۔صفت ۔ Musical) موسیقی ۔ گانے ۔ بجانے کا

میوزیم (انگ ۔ مذ ۔ ظرف ۔ Museum) عجائب گھر ۔ وہ جگہ جہاں قسم قسم کی مصنوعات نمائش کے لیے رکھی ہوئی ہوں

میو مُواجب جاتے جب وا کا نیجا ہوئے (ہ ۔مثل) میو قوم ایسی دغاباز اور مکار ہے ۔ کہ ان کا مرجانا بھی اعتبار کے قابل نہیں جب تک کہ تین دن مرے ہوئے نہ گزر جائیں ۔

میوں (ہ ۔ا۔مو) دیکھیے میاؤں ۔

میوں بلائی (ا۔مو ۔) بلّی ۔ بے زبان غریب ۔

میونسپل کمشنر (انگ ۔امذ Muncipal Commissioner) میونسپل کمیٹی کا ممبر ۔

میونسپل کمیٹی / میونسپلٹی (انگ ۔ا۔مو ۔ Municipality) چیدہ شہری لوگوں کی وہ جماعت جو شہر کے متعلق صفائی ۔ پانی اور روشنی وغیرہ کا انتظام کرتی ہے ۔ کمیٹی میونسپل کمشنروں کے اجلاس اور کمیٹی کرنے کی جگہ ۔ کمیٹی گھر ۔ Municipal Committee

میوہ (ف ۔امذ) پھل ۔ بار ۔ ثمر ۔

میوہ جات (ف ۔امذ) میوہ کی جمع میوے ۔ فواکہ ۔

میوہ چھیلنا (اُ۔محاورہ) پھل کا چھلکا اُتارنا ۔

میوہ دار (ف ۔امذ) ثمردار ۔ پھل دار ۔ وہ درخت جس میں میوہ آتا ہو یا لگا ہوا ہو ۔

میوہ فروش (ف ۔امذ) پھل بیچنے والا ۔ پھل پھلواری بیچنے والا ۔ فروٹ بیچنے والا ۔

میہمان (ف ۔ ا۔ مذ) دیکھیے مہماں ۔



ن

ن (ع۔ مذ) اردو کا بتیسواں۔ ہندی کا بیسواں۔ فارسی کا اُنیسواں اور عربی کا پچیسواں حرف ہے۔ ابجد میں اس کے پچاس عدد قرار دیئے گئے ہیں۔

ن - ا

نا (ہ۔ مذ) ہندی مصدر کی علامت جو اخیر میں آتی ہے۔ حرف نفی بھی ہے۔ بمعنی نہ۔ نہیں۔ انکار کی علامت اسم کے شروع میں آتی ہے۔

ناانفاقی (فع۔ اسمو) پھوٹ۔ بگاڑ۔ رنجیدگی۔ نفاق۔ عداوت۔ دشمنی۔

ناآزمودہ (ف۔ صف۔ فاعلی) نادان۔ ناتجربہ کار۔ اناڑی۔ ناواقف کچا۔ نوآزمود۔ بغیر دیکھے بھالے۔ بن تجربہ۔ بن دیکھا بغیر آزمائش۔

ناآزمودہ کار (ف۔ صف۔ فاعلی) ناپختہ کار۔ اناڑی۔ ناتجربہ کار۔ خام۔ کچا۔

ناآشنا (ف۔ صف۔ فاعلی) انجان۔ ناواقف۔ اجنبی۔ بے جان پہچان۔ نامحرم۔ بے وفا۔ بے مروت۔ خشک۔ روکھا۔ تیز مزاج۔ بد اخلاق۔ جو تبرک نہ ہو۔ یعنی تیر نا نہ جانتا ہوں۔

ناآشنائے محض (فع۔ صف) بالکل ناواقف۔ قطعی نامحرم۔ بالکل اجنبی۔

ناانفاقی (فع۔ اسمو بیائے مصدری) کم توجہی بے پروائی بے توجہی۔ بے اعتنائی۔

ناامید (ف۔ صف) مایوس بے آس۔ نراسا۔ ناکام۔

ناامیدی (ف۔ اسمو بیائے مصدری) ناکامی۔ مایوسی۔

ناآمیزگار (ف۔ صف) ناملنسار۔ وہ آدمی جو کسی سے ملنا جلنا پسند نہ کرتا ہو۔

ناانصاف (فع۔ صف) انصاف نہ کرنے والا۔ ایمانی۔ ظالم۔ نامنصف۔

ناانصافی (ف۔ اسمو بیائے مصدری) بے انصافی۔ ظلم۔ اندھیرا۔ انصاف نہ کرنا۔

ناانصافی کرنا، یا برتنا (اُ۔ محاورہ) ظلم کرنا۔ عدل نہ کرنا۔ بے انصافی کرنا۔

نااہل (فع۔ صف) نالائق۔ ناموزوں۔ غیر مہذب۔ ناشائستہ۔

نااہلی (ف۔ مو) دیکھئے "نااہل" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ نالائقی ناشائستگی۔ ناموزونیت۔

نابالغ (فع۔ صف فاعلی) کم عمر۔ کم سن۔ اٹھارہ سال سے کم عمر کا۔ نادان۔ ناسمجھ۔

نابالغی (اُ۔ اسمو) کم سنی۔ صغر سنی۔ خوردسالی۔

نابکار (ف۔ صف) نکما بے فائدہ۔ بیکار۔ غیر مصرف۔ نالائق۔ شریر۔ بدذات۔ بدکار۔ عیب دار۔ معیوب۔ نازیبا۔ خراب بیہودہ۔

نابلد (فع۔ صف) ناآشنا۔ انجان۔ ناواقف۔ اناڑی۔ اُجڈ۔ کسان۔ دہقانی۔ گنوار۔

نابُود (ف۔ صف مفعولی) ناپید۔ معدوم۔ فانی۔ نیست۔ گم۔

نابینا (ف۔ صف فاعلی) اندھا۔ کور۔ جسے دکھائی نہ دے۔

ناپاک (ف۔ صف) میلا۔ گندا۔ پلید۔ نجس۔ وہ شخص جسے پر نہانا فرض ہو۔

ناپاک ہونا (اُ۔ محاورہ) گندا ہونا۔ پلید ہونا۔ واجب الغسل ہونا۔ نجس ہونا۔

ناپاکی (ف۔ اسمو بیائے مصدری) گندگی۔ پلیدی۔ نجاست۔

ناپاکی اتارنا (اُ۔ محاورہ) صحبت داری۔ انزال۔ احتلام وغیرہ کے بعد نہانا۔ حیض و نفاس کا غسل کرنا۔

ناپائدار (ف۔ صف فاعلی) کمزور۔ بودا۔ فانی۔ بے ثبات۔ غیر مستحکم۔

ناپائداری (ف۔ اسمو بیائے مصدری) کمزوری۔ بودا پن۔ بے ثباتی۔

ناپختہ کار (ف۔ صف) ناآزمودہ کار۔

ناپختہ کاری (ف۔ اسمو) دیکھئے "ناپختہ کار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ناپدید (ف۔ صف) جو ظاہر نہ ہو۔ غائب۔ مخفی۔ پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔

ناپرہیزگار (ف۔ صف فاعلی) خطاوار۔ گناہگار۔ بے عصمت۔

ناپسند (ف۔ صف) نامقبول۔ ناگوار۔ نامرغوب۔

ناپسند کرنا (اُ۔ فعل) قبول نہ کرنا۔ پسند نہ کرنا۔

ناپسندیدہ (ف۔ صف مفعولی) ناگوار۔ نامنظور۔ نامرغوب۔ بار خاطر۔ دُوبھر۔

ناپید (اُ۔ صف) فنا۔ نیست و نابود۔ معدوم۔ عنقا۔ کمیاب۔ نادر۔

ناپید کرنا (اُر۔محاورہ) گم کر دینا۔ برباد کر دینا۔ اُجاڑنا۔ فنا کر دینا۔ کھونا۔
ناپید ہونا (اُر۔محاورہ) گم ہونا۔ اجڑنا۔ تباہ و برباد ہونا۔ کمی ہونا۔ قحط ہونا۔ میسّر نہ ہونا۔ پایا نہ جانا۔
ناپیدا (ف۔صف) جو ظاہر نہ ہو۔ غائب۔ پوشیدہ۔ مخفی۔ چھپا ہوا۔
ناپیدا کنار (ف۔صف) ایسا بڑا سمندر جس کا کنارہ بالکل دکھائی نہ دیتا ہو۔ بہت ہی لمبا چوڑا سمندر۔
ناتجربہ کار (ف۔صف) کچا۔ اناڑی۔ انجان۔ ناواقف۔
ناتراش / ناتراشیدہ (ف۔صف مفعولی) ان گھڑ۔ بن چھلا۔ جاہل بے ادب۔ کمینہ۔ سفلہ۔
ناتربیت یافتہ (ف۔صف مفعولی) ناشائستہ۔ غیر مہذب۔ بدتہذیب۔
ناتمام (فع۔صف) ادھورا۔ نامکمل۔ ناقص۔ کچا۔ خام۔
ناتوان (ف۔صف) ناطاقت۔ کمزور۔ مارا۔ بودا۔ ضعیف۔ لاغر۔ دُبلا۔
ناتوانی (ف۔امو۔بیائے مصدری) کمزوری۔ ناطاقتی۔ دُبلا پن۔ لاغری۔ بودا پن۔
ناجائز (فع۔صف) شریعت یا قانون کے خلاف۔ ناروا۔ نامناسب غیر مباح۔ نادرست۔
ناجائز قرار دینا (اُر۔مصدر مرکب) کسی بات کے کرنے سے روک دینا۔ خلاف قانون۔ یا خلاف شرع ہونے کا فیصلہ دینا۔
ناجائز مال (فع) وہ مال جو شریعت یا قانون کے لحاظ سے جائز نہ ہو۔
ناجنس (فع۔صف) غیر جنس۔ ناموافق۔ ان میل۔ کم اصل۔ سفلہ۔ اوچھا ناشائستہ۔ بے ادب۔
ناجوازی (ف۔مو) نادرستی۔ کسی بات کا ناجائز ہونا۔
ناچار (ف۔صف) عاجز۔ بیچارہ۔ مجبور۔ لاعلاج۔ بالضرور۔ مُفلس۔ غریب۔ محتاج۔ نادار۔ نا اُمید۔ مایوس۔ اپاہج۔ معذور۔ (بصورت تابع فعل) مجبوراً۔ ہار کر۔ مجبور ہو کر۔
ناچاری (ف۔امو۔بیائے مصدری) عاجزی۔ مجبوری۔ بیچارگی۔ مُفلسی۔ غربت۔ بے بسی۔ مایوسی۔ ناداری۔
ناچاری بہ بربت سے بھاری (اُر۔مثل) مُفلسی بڑی کٹھن اور دشوار چیز ہے۔ لاچار۔ آدمی کچھ بھی نہیں کر سکتا۔
ناچاق (ف۔صف) بیمار۔ علیل۔ ناتندرست۔ بدمزہ۔ دُبلا۔ لاغر۔
ناچاقی (ف۔امو۔بیائے مصدری) بیماری۔ بدمزگی۔ رنجش۔ ابن بن بگاڑ۔
ناچیز (ف۔صف) جو کچھ حیثیت نہ رکھتا ہو۔ ناکارہ۔ نکما۔ نالائق۔ ناقابل۔
ناحق (فع۔صف) جو مناسب نہ ہو۔ ناواجب۔ بے فائدہ۔ حق کے خلاف۔ بے انصافی سے۔ بیجا۔ نامناسب۔ بلاسبب۔
ناحق شناس (فع۔صف) حق نہ پہچاننے والا۔ بے انصاف۔ ظالم۔ بے انصافی۔ نمک حرامی۔
ناحق شناسی (ف۔امو۔بیائے مصدری) نمک حرامی۔ ظلم۔ بے انصافی۔ نمک حرامی۔
ناحق کا (اُر۔صف) بے فائدہ۔ فضول۔
ناحق کرنا (اُر۔محاورہ) حق کے خلاف کہنا۔ جھوٹ کہنا۔ جھوٹ بولنا۔
ناحق کو (اُر۔متعلق فعل) بے سبب۔ ناحق۔
ناحق کوش (ف۔صف) ناحق بات کی کوشش کرنے والا۔
ناحق کہنا (اُر۔فعل) حق کے خلاف کہنا۔ جھوٹ کہنا۔ جھوٹ بولنا۔
ناحق کی دھاندھے (اُر۔روزمرہ) بے فائدہ کی تگ و دو ہے۔ نکمی حرص ہے۔
ناخدا ترس (ف۔صف) خدا کا خوف نہ کرنے والا۔ سنگ دل۔ ظالم۔ سخت دل۔ بے رحم۔ خدا کے قہر سے نہ ڈرنے والا۔
ناخلف (فع۔صف) نالائق بیٹا۔ وہ بیٹا جو باپ کے موافق نہ ہو۔ بدچلن۔ علیحی۔ ناشائستہ۔ نااہل۔
ناخلف اُٹھنا یا پیدا ہونا (اُر۔محاورہ) اولاد کا ناشائستہ یا نالائق ہونا
ناخلف بیٹے سے بیٹی بھلی (اُر۔مثل) بُرے لڑکے سے لڑکی بہتر۔
ناخواندہ (ف۔صف مفعولی) اَن پڑھ۔ بن پڑھا۔ بے علم۔ جاہل۔ بن بلایا جسے بلایا نہ گیا ہو۔
ناخواندہ مہمان (ف۔امد) وہ شخص جو بن بلائے کسی کے ساتھ ہو لے۔ طفیلی بن بلایا مہمان۔
ناخواندہ مہمان وبال جان (ف۔مثل) بن بلایا مہمان میزبان کی تکلیف کا باعث ہوتا ہے۔
ناخوش (ف۔صف) ناراض۔ رنجیدہ۔ جو راضی نہ ہو۔ متنفر۔ بیزار بیمار۔ مریض۔ ناتندرست۔
ناخوش ہونا (اُر۔محاورہ) خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ بیزار ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔
ناخوشی (ف۔امو۔بیائے مصدری) خفگی۔ ناراضگی۔ بیزاری۔ رنجش۔
نادار (ف۔صف فاعلی) کچھ نہ رکھنے والا۔ مُفلس۔ غریب۔ کنگال۔ محتاج۔
ناداری (ف۔امو۔بیائے مصدری) مُفلسی۔ کنگالی۔ غریبی۔ تنگدستی۔
ناداری آنا (اُر۔محاورہ) غریب۔ مُفلس۔ کنگال ہو جانا۔
نادان (ف۔صف فاعلی) انجان۔ جاہل۔ بے سمجھ۔ بے وقوف۔ چھوٹی عمر کا بچہ۔ کم سن بچہ۔
نادان بات کرے دانا قیاس کرے (اُر۔مثل) عقلمند ہر بات کو تاڑ لیتے ہیں۔ دانا آدمی جاہلوں کی بات سے بھی نصیحت اخذ کر لیتے ہیں۔
نادان بننا (اُر۔محاورہ) تجاہل عارفانہ کرنا۔ ایسے بھولے بننا کہ جیسے کچھ جانتے ہی نہیں۔
نادان پن (اُر۔امد۔مصدری) بیوقوفی۔ نادانی۔ جہالت۔
نادان دوست سے داناد شمن بھلا (اُر۔مثل) دانا دشمن سے اتنا نقصان نہیں پہنچتا۔ جتنا نادان دوست کی نادانی سے

سنبھج جاتی ہے ۔
نادان کی دوستی بالو کی بھت (اُر۔مثل) بے وقوف کی دوستی کا کچھ اعتبار نہیں ۔
نادان کی دوستی جی کا زیان / نادان کی دوستی جان کا گالا (اُر۔مثل) بیوقوف کی دوستی میں جان کا خطرہ ہی ہوتا ہے ۔
نادانستگی (ف۔امو۔بیائے نسبتی) نادانی ۔ بے خبری ۔ لاعلمی ۔ جہالت ۔
نادانستہ (ف۔صف) ان جان پنے سے ۔ ناواقفیت سے ۔ بن جانے ۔
نادانی (ف۔امو۔بیائے مصدری) بے سمجھی ۔ جہالت ۔ بیوقوفی ۔
نادُرست (ف۔صف) جو ٹھیک نہ ہو ۔ غلط ۔ نامناسب ۔ بیجا ۔ ناجائز ۔
نادہند (اُر۔صف فاعلی) نادہندہ کا مرخم ہے ۔ قرض وام لے کر نہ دینے والا ۔ لے مرا ۔ حق مارنے والا ۔
نادیدہ (ف۔صف مفعولی) بن دیکھا ۔ ان دیکھا ۔ ندیدہ ۔ وہ شخص جس نے کبھی کچھ نہ دیکھا ہو ۔ لالچی ۔ حریص ۔
ناراست (ف۔صف) جو بیدھا نہ ہو ۔ ٹیڑھا ۔ کج ۔
ناراض (مع۔صف) ناخوش ۔ رنجیدہ ۔
ناراضی / ناراضگی (فع۔امو۔بیائے مصدری) رنجیدگی ۔ رنجش ۔ رنج ۔ ناخوشی ۔
نارسا (ف۔صف۔فاعلی) نہ پہنچنے والا ۔ بے اثر ۔ نامراد ۔
نارساں (ف۔صف) وہ جو واقع نہ ہو ۔
نارسائی (ف۔صف۔بیائے مصدری) پہنچ نہ ہونا ۔ پہنچ نہ سکنا ۔ ناپارسائی ۔
نارسیدگی (ف۔امو) خام آزمودہ کار نہ ہونا ۔
نارسیدہ (ف۔صف) نہ پہنچا ہوا ۔ خام ۔ کچا (پھل) نامکمل ۔ نابالغ ۔
ناروا (ف۔صف) ناجائز ۔ غیر شرع ۔ بے جا ۔ مذہب کے خلاف دین کے برخلاف ممنوع ۔ نامناسب ۔ غیر مروج ۔ وہ سکہ جس کا چلن نہ ہو ۔ نامراد ۔ ناکام ۔ محروم ۔ ناپسند ۔ نامقبول ۔
نازیب / نازیبا (ف۔صف) بدنما ۔ غیر موزوں ۔ ناموزوں ۔ بدزیب بے میل ۔
ناساز (ف۔صف) برعکس ۔ مخالف ۔ برخلاف ۔ بیمار ۔ علیل مریض ۔ ناراست ۔ ناتندرست ۔
ناسازگار (اُر۔صف) برخلاف ۔ مخالف ۔ برعکس ۔ ناموافق ۔ بدنصیب ۔ منحوس ۔ چندرا ۔
ناسازگاری (اُر۔امو) مخالف ۔ ناموافقت ۔ بدنصیبی ۔ نحوست ۔ بیماری ۔ علالت ۔ کسل ۔ کسالت ۔
ناسازی (ف۔امو) دیکھئے "ناساز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
ناسازیٔ بخت (ف۔امو) بدقسمتی ۔
ناسازیٔ طبیعت (ف۔امو) بیمار ہونا ۔ بیماری ۔

ناسپاس (ف۔صف) ناشکرا ۔ ناشکرگزار ۔ نمک حرام ۔ کافر نعمت ۔ گن میٹ ۔ احسان نہ ماننے والا ۔
ناسپاسی (ف۔امو۔بیائے مصدری) ناشکری ۔ نمک حرامی کفران نعمت ۔
ناستودہ (ف۔صف) ناپسندیدہ ۔ بے ہودہ ۔ نالائق ۔
ناسزا (ف۔صف) نالائق ۔ نامناسب ۔ ناموزون ۔ نازیبا ۔ بیجا ۔ ناواجب ۔ سفلہ ۔ کمینہ ۔
ناسزاوار (ف۔صف) نازیبا ۔ ناموزون ۔ نامناسب ۔ غیر مہذب نالائق ۔ بیجا ۔
ناسُفتہ (ف۔صف مفعولی) اَن بندھا ۔ بن چھدا ۔ جس میں سوراخ نہ ہوا ہو ۔ جو پرویا نہ گیا ہو ۔
ناسمجھ (اُر۔صف) احمق ۔ مورکھ ۔ نادان ۔ عنبی ۔ کُند ذہن ۔ بے وقوف ۔ سادہ لوح ۔ کم عمر ۔ کم سن ۔ بچہ ۔
ناسمجھ بن جانا (اُر۔محاورہ) بے وقوف ۔ ہو جانا ۔ بے وقوفی کی باتیں کرنا ۔
ناشاد (ف۔صف) رنجیدہ ۔ ناراض ۔ ناخوش ۔ سوگوار ۔ بدبخت ۔ بے نصیب ۔ نامراد ۔ بدقسمت مصیبت زدہ ۔
ناشاد جانا (اُر۔محاورہ) نامراد جانا ۔ ناخوش جانا ۔ پُر ارمان مرنا ۔
ناشاد نامُراد (ف۔صف) بدقسمت ۔ بے نصیب ۔ بدبخت ۔
ناشاد نامُراد جائے (اُر۔بددُعا) بے اولاد مرے ۔ ارمان لے کر مرے ۔ بے حصول مراد مرے ۔
ناشائستگی (ف۔امو۔بیائے مصدری) نالائقی ۔ بدتہذیبی ۔ بداسلوبی ۔
ناشائستہ (ف۔صف) ناموزون ۔ نالائق ۔ بدزیب ۔ نامناسب ناسزاوار ۔ نازیبا ۔ غیر مہذب ۔ گستاخ ۔ بے ادب ۔ بے تمیز ۔ ناقابل ۔
ناشدنی (ف۔صف) نہ ہونے کے لائق ۔ اَن ہونی ۔ ناممکن ۔ محال ۔
ناشُکر / ناشکرا (اُر۔صف) بدنصیب ۔ کم بخت ۔ ناخلف ۔ مرنہار ۔ مرنے جوگا ۔
ناشکرا (ف۔صف) نمک حرام ۔ بے شکرا ۔ بے احسانا ۔ گن میٹ ۔ کری کھو ۔ ناسپاس ۔ کور نمک ۔
ناشکری (ف۔امو۔بیائے مصدری) نمک حرامی ۔ ناسپاسی ۔ ناحق شناسی
ناشکری کرنا یا کھینچنا (اُر۔محاورہ) نمک حرامی کرنا ۔ احسان نہ ماننا ۔ نیکی کا احسان نہ جاننا ۔
ناشکیب ۔ ناشکیبا ۔ ناصبُور (ف۔صف) بے صبرا ۔ بے صبر بیقرار ۔ مضطر ۔
ناشکیبائی (ف۔امو) بے صبر ۔ بے صبر ہونا ۔
ناشگفتہ (ف۔صف) ناکھلی ہوئی (کلی) دوشیزہ ۔ کنواری ۔
ناطاقت (فع۔صف) ناتوان ۔ کمزور ۔ بے زور ۔ ناڑا ۔ بودا ۔ سست ۔ ضعیف ۔ لاغر ۔

ناطاقتی (فع ۱مو بیائے مصدری) ناتوانی ۔ کمزوری ۔ لاغری ضعف ۔
ناعاقبت اندیش (ف ۔صف فاعلی) بات کے اخیر انجام کو نہ سوچنے والا ۔ کوتہ اندیش ۔
ناعاقبت اندیشی (فع ۔امو) کوتہ اندیشی ۔ بات کے آخری انجام کو نہ سوچنا ۔
نافرجام (ف ۔صف) ناعاقبت ۔ اندیش ۔ بد انجام ۔ بد اصل ۔
نافرمان (ف ۔صف) حکم نہ ماننے والا ۔ سرکش ۔ متمرد (بحالت اسم مذکر) ایک اودھے رنگ کے پھول کا نام ہے ۔
نافرمانی (ف ۔امو بیائے مصدری) سرکشی ۔ عدول حکمی ۔ نافرمانبرداری ۔ حکم نہ ماننا ۔ بغاوت ۔ انحراف ۔ (بصورت یائے نسبتی) گل نافرمان کے رنگ کا ۔ اودے رنگ کا ۔
نافرمانی کرنا (اُر محاورہ) حکم عدولی کرنا ۔ حکم نہ ماننا ۔ سرکشی کرنا ۔ بغاوت کرنا ۔
نافہم (فع ۔صف) ناسمجھ ۔ بے وقوف ۔ نادان ۔ کم عقل ۔
ناقابل (ف ۔صف فاعلی) نالائق ۔ ناشائستہ ۔ ناموافق ۔ ناموزوں ۔ ان پڑھ ۔ انجان ۔
ناقابل برداشت (ف ۔صف) سہارنے کے ناقابل ۔ جو برداشت کرنے کے لائق نہ ہو ۔
ناقابلیت (فع ۱مو بہ بیت مصدری) نالائقی ۔ کم لیاقتی ۔ بے استعدادی ۔
ناقبول (فع ۔صف) ناپسندیدہ ۔
ناقدر / ناقدرا (فع) (صف) گن نہ ماننے والا ۔ جو کسی کی قدر نہ سمجھے ۔ (اُر) ہنرناشناس ۔
ناقدری (اُر ۱مو بیائے مصدری) بے قدری ۔ بے وقعتی ۔
ناکارہ (ف ۔صف فاعلی) نکما ۔ بُرا ۔ خراب ۔ جو کسی کام کا نہ ہو ۔
ناکام (ف ۔صف) نامُراد ۔ مایوس ۔ محروم ۔ نامُراد ۔ نااُمید ۔
ناکامی (ف ۱مو) مایوسی ۔ محرومی ۔ نااُمیدی ۔ ناکامیابی ۔
ناکدخدا / ناکتخدا (ف ۔صف) بن بیاہا ۔ کوارا ۔ کواری ۔ جس کی شادی نہ ہوئی ہو ۔ کنواری ۔ کنوارا ۔
ناکردنی (ف ۔صف بیائے قابلیت) ناکرنے کے قابل بات ۔ وہ کام جو کرنے کے لائق نہ ہو ۔
ناکردہ (ف ۔صف) نہ کیا ہوا ۔ (نسبتاً استعمال نہیں ہوتا)
ناکردہ کار (ف ۔صف مفعولی) ناتجربہ کار ۔ کچا ۔ ناواقف ۔ انجان ۔ اناڑی ۔ خام ۔ کچا ۔
ناکردہ جرم / ناکردہ گناہ (فع) (مذ ۔صف) بے گناہ ۔ بے خطا ۔ (ف) بے قصور ۔ ناحق ۔
ناکردہ خوار و کردہ پشیمان (ف ۔مثل) کسی کام کے کرنے میں ذلت اور نہ کرنے میں پشیمانی ہو تو کہتے ہیں ۔
ناکرنی برائی تو بھی کسی کی بھوجائی (اُر مثل) بدی کا نتیجہ بدی ہے ۔
ناکس (ف ۔صف) کمینہ ۔ سفلہ ۔ نیچ ۔ پاجی ۔ نالائق ۔ فرومایہ ۔
ناکسی (ف ۔امو) نالائقی ۔ ناقابلیت ۔ سفلہ پن ۔ کمینگی ۔ اوچھاپن ۔
ناکند (ف ۔صف مفعولی) ناکندہ کا مرخم ہے ۔ وہ بچھیرا جس کے دودھ کے دانت نہ ٹوٹے ہوں ۔ دو سال تک کی عمر کا گھوڑا مجازاً نادان ۔ ناسمجھ ۔ ناتجربہ کار ۔
ناگزیر (ف ۔صف) ناچار ۔ لاعلاج ۔ مجبور ۔ لازم ضرور ۔ واجب ۔
ناگفتنی (ف ۔صف) شرمناک ۔ وہ جو کہنے کے قابل نہ ہو ۔
ناگفتہ بہ (ف ۔صف) اس کا نہ کہنا بہتر ہے ۔ کنایتہً شرمناک ۔
ناگئی (ہ ۔صف ۱مو) ناشکری ۔ احسان ۔ فراموش ۔ گن یا احسان نہ ماننے والی ۔
ناگوار (ف ۔صف) ناقص ۔ ناپسند ۔ وہ کھانا جو معدے میں ہضم نہ ہوا ہو ۔ بدہضمی ۔ امتلا ۔ سوءہضم ۔ بُرا ۔ مکروہ ۔ بد مزہ ۔ بے ذائقہ ۔
ناگواری (اُر صف) ناپسند ۔ نامرغوب ۔ خلاف طبع ۔
ناگوار گزرنا ۔ یا ۔ ہونا (اُر فعل) بُرا معلوم ہونا ۔ اچھا نہ لگنا ۔ ناپسند ہونا ۔ بُرا لگنا ۔
ناگاہ / ناگہاں (ف ۔صف) بے وقت ۔ اچانک ۔ دفعتہً بے موقع ۔ بے خبری میں ۔ ناآگاہ کا مخفف ۔
ناگہانی (ف ۱مو) اتفاقی ۔
نالائق (ف ۔صف ۔ فاعلی) جو لائق نہ ہو ۔ بے ہنر ۔ بے لیاقت ۔ ناقابل ۔ غیر مہذب ۔ ناخواندہ ۔ جاہل ۔ کمینہ ۔ سفلہ ۔
نالائق پن / نالائقی (اُر ۱مذ) کمینگی ۔ سفلہ پن ۔ (اُر ۱مو) بے ہنری ۔
ناماؤس (فع ۔صف) ناآشنا ۔
نامبارک (فع ۔صف) منحوس ۔ چندرا ۔ نامسعود ۔
نامتناہی / نامحدود (فع ۔صف) بے انتہا ۔ جس کی کوئی حد نہ ہو ۔ جس کی انتہا نہ ہو ۔ بے حد ۔ بے تھاہ ۔ بے کنار ۔
نامحرم (فع ۔صف) ناواقف ۔ انجان ۔ ناآشنا ۔ غیر اجنبی ۔ وہ رشتہ دار یا شخص جس سے شرعاً نکاح درست اور عورت کو پردہ لازم واجب ہو ۔
نامراد (ف ۔صف) بے مُراد ۔ ناکام ۔ محروم ۔ بے نصیب ۔
نامراد جانا (اُر محاورہ) بے مُراد پوری ہوئے مرجانا ۔
نامرادی (ف ۱مو بیائے مصدری) محرومی ۔ ناکامی ۔ بے نصیبی ۔
نامربوط (فع ۔صف مفعولی) بے ربط ۔ بے میل ۔ ناموزوں بے جوڑ ۔ بے ترتیب ۔
نامرد (ف ۔صف) ہیجڑا ۔ زنانہ ۔ زنخہ ۔ بودا ۔ ڈرپوک ۔ بزدل ۔ بے حوصلہ ۔ سست ۔
نامرد زند ہمیشہ لاف مردی (ف ۔مقولہ) بزدل ہمیشہ مردانگی کی ڈینگ مارتا ہے ۔
نامرد کرنا (اُر محاورہ) ہیجڑا بنانا ۔ اختہ کرنا ۔ خصی کرنا ۔ رجولیت کھو دینا ۔ خوجہ کرنا ۔

نامرد ہاتھی ہمیشہ اپنی ہی فوج کو مارے (اُر۔مثل) نالائق آدمی اپنوں ہی کو نقصان پہنچاتا ہے ۔

نامردم (ف۔صف) ناکس ۔ نالائق ۔

نامردی (ف۔ا۔مو۔بیائے مصدری) بزدلی ۔ ہیجڑا پن ۔

نامردی و مردی قدمے فاصلہ دارد (ف۔مثل) بزدلی اور بہادری میں صرف ایک قدم کا فاصلہ ہے ۔

نامشخص (فع۔صف) بے تحقیق ۔ غیر معین ۔ جو ایک وضع اور ایک حالت پر نہ ہو ۔

نامطابق (فع۔صف) ناموافق ۔ غیر موافق ۔

نامطبوع (فع۔صف) ناگوار ۔ ناپسند ۔ خلاف طبع ۔

نامعتبر (فع۔صف) بے تحقیق ۔ بے اعتبار ۔ جس کا اعتبار نہ ہو ۔

نامعقول (فع۔صف) جو عقل میں نہ آئے ۔ بیوقوفی کی باتیں ۔ بعید از عقل بات ۔ نامناسب ۔ بیجا ۔ نالائق ۔ ناشائستہ ۔

نامعقول کتے کی جھول (اُر۔مثل) نالائق آدمی بہت بُرا ہوتا ہے ۔

نامعقولیت (فع۔ا۔مو) دیکھئے "نامعقول" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

نامعلوم (فع۔صف) بے خبر بن جانے ۔ غیر مشہور ۔ انجان ۔ مجہول الاسم ۔

نامُلائم (ف۔صف) جو نرم نہ ہو ۔ سخت کڑا ۔ نامناسب ۔ نازیبا ۔ غیر واجب ۔

نامُقر (فع۔صف) اقرار نہ کرنے والا ۔ انکاری ۔

ناممکن (فع۔صف) نہ ہونیوالی بات ۔ خارج از امکان ۔ اَن ہونی ۔

نامُناسب (فع۔صف) بیجا بے موقع ۔ ناموزون ۔ بیہودہ ۔ نازیبا ۔

نامنظور (فع۔صف) انکار کیا گیا ۔ ناپسند ۔ نامقبول ۔

نامنظور کرنا (اُر۔فعل) نہ ماننا ۔ قبول نہ کرنا ۔ انکار کرنا ۔

نامنظوری (اُر۔ا۔مو) انکار ۔ منسوخی ۔ تردید ۔ وہ نوکری جس میں پنشن کا حق نہ ہو ۔

ناموافق (فع۔صف) جو موافق نہ ہو ۔ مخالف ۔ خلاف ۔ ناگوار ۔

ناموافق ہونا (اُر۔محاورہ) مطابق نہ ہونا ۔ راس نہ آنا ۔ خلاف ہونا ۔

ناموافقت (فع۔ا۔مو۔بیائے مصدری) بگاڑ ۔ ان بن ۔ رنجش ۔ شکر رنجی ۔ مخالفت ۔ اختلاف ۔

ناموزون (فع۔صف) بے جوڑ ۔ بے میل ۔ نازیبا ۔ ناموافق ۔ بے سُرا ۔ بے تالا سُر اور تال کے بغیر ۔

نامہربان (ف۔صف) جو مہربان نہ ہو ۔ بے درد ۔ بے رحم ۔ بے مروت ۔ دُشمن ۔ بیری ۔ بدخواہ ۔ عدو ۔

نامہربانی (ف۔ا۔مو۔بیائے مصدری) بے رحمی ۔ بے مروتی ۔ دُشمنی ۔ عداوت ۔

نامیسّری (اُر۔ا۔مو) مُفلسی ۔ تنگ دستی ۔ ناہوت ۔ افلاس ۔ غریبی ۔

نانکڑ (اُر۔ا۔مو) انکار ۔ نہیں ۔ حیل ۔ حجت ۔ حیلہ ۔ حوالہ ۔ بہانہ ۔

نانکڑ کرنا (اُر۔محاورہ) حیلے بہانے بہانا ۔ انکار کرنا ۔ حیلے حوالے کرنا ۔

ناواجب (فع۔صف) بیجا ۔ نامناسب ۔ نازیبا ۔ ناجائز ۔

ناواقف (فع۔صف) انجان ۔ اجنبی ۔ غیر ۔ جاہل ۔ ناتجربہ کار ۔ نادان ۔

ناواقفیت (فع۔ا۔مو۔بیت مصدری) ناتجربہ کاری ۔ نادانی ۔ جہالت ۔

ناوقت (فع۔صف) بے موقع ۔ بے وقت ۔ بے محل ۔

ناہموار (ف۔صف) نابرابر ۔ اُونچا نیچا ۔ غیر مساوی ۔ نالائق ۔ بیہودہ ۔

ناہمواری (ف۔ا۔مو۔بیائے مصدری) نابرابری ۔ کھُردرا پن ۔ نالائقی ۔ اُونچ ۔ نیچ ۔

ناہنجار (ف۔صف) بدچلن ۔ بے راہ ۔ بدذات ۔ بداصل ۔ بیہودہ ۔ نابکار ۔

نایاب (ف۔صف) نامیسّر ۔ ناپید ۔ عمدہ ۔ کمیاب ۔ نادر ۔

ناب (ف۔صف) صاف ۔ بالکل خالص ۔ نرمل ۔ پاک ۔ شُدھ ۔ پُر ۔ بھرا ہُوا ۔ لبریز (بصورت اسم مؤنث) تلوار کی نالی جو نوک سے قبضہ تک دو طرفہ ہوتی ہے ۔

نابدار (ف۔صف) جس میں لکیریں / نالیاں ہوں ۔

نابدان (ف۔ا۔مذ) وہ زمین دوز موری جس سے گندہ پانی نکلے ۔

نابغہ (ع۔ا۔مذ) عرب کے ایک مشہور شاعر کا نام ۔ بہت ذہین اور فطین ۔

نابھ یا نابھی (ہ۔ا۔مو) ناف ۔ سونڈی ۔ گاڑی یا چھکڑے کے پہیوں کی وہ درمیانی لکڑی جس میں دُھرا ڈالا جاتا ہے ۔

نابھارت (ہ۔ا۔مو) گھوڑے کی ناف کے نیچے کی بھونری جو نہایت معیوب سمجھی جاتی ہے ۔

ناپ (ہ۔ا۔مو حاصل مصدر) ناپنا سے ۔ پیمائش نپت ۔ پیمانہ ۔ انداز ۔ ماپ ۔

ناپ پدیا (ہ۔ا۔مو) علم مساحت ۔ پیمائش کا علم ۔

ناپ تول (ہ۔مذ و مو) پیمائش اور تول ۔

ناپ کا پورا (ہ۔صف) وہ آدمی یا گھوڑا ۔ جو فوج کی مقررہ ناپ میں ٹھیک ہو ۔

ناپنا (ہ۔فعل) پیمائش کرنا ۔ اندازہ لگانا ۔ کاٹنا ۔ قلم کرنا ۔

نات (ہ۔ا۔مذ) رشتہ ۔ قرابت ۔ رشتہ داری ۔ بھائی بندی ۔ تعلق ۔ علاقہ ۔ واسطہ ۔

نات کا نہ گوت کا بانٹا مانگے پوتھ کا (ہ۔مثل) اس شخص کے متعلق کہتے ہیں ۔ جو خواہ مخواہ رشتہ داری جتائے ۔

ناتا (ہ۔ا۔مذ) رشتہ ۔ قرابت ۔ بھائی بندی ۔ تعلق ۔ نسبت ۔ علاقہ ۔ واسطہ ۔

ناتا توڑنا (اُر۔محاورہ) تعلق نہ رکھنا ۔ رشتہ داری / قرابت ۔ ختم کر لینا ۔

ناتا ٹوٹنا (ہ۔محاورہ) تعلق نہ رہنا ۔ رشتہ اور بھائی بندی نہ رہنا ۔

ناتا جوڑنا (ہ۔فعل) قرابت نکالنا۔ رشتہ گانٹھنا۔

ناتا چھوٹنا (اُردمحاورہ) رشتہ داری ترک کرنا۔

ناتا نہ گوتا کھڑا ہو کر رونا (اُردمثل) ان لوگوں کے متعلق کہتے ہیں۔ جن کا کوئی تعلق نہ ہو اور خواہ مخواہ دخل دیں۔

ناتن / ناتنی (ہ۔ا۔مو) بیٹی کی بیٹی۔ نواسی۔

ناتن سکھاوے نانی کو بارہ ڈیوڑھے آٹھ (اُردمثل) ناتجربہ کار کا تجربہ کار کو سکھانا۔

ناتھ (س۔ا۔مذ) خاوند۔ پتی۔ دھنی۔ آقا۔ مالک۔ جوگیوں کا لقب۔ وہ رسی جو بیلوں کے ناک میں پڑتی ہے۔ عورتوں کا ناک میں پہننے کا ایک زیور۔ نتھ۔

ناتھنا (ہ۔فعل) بیندھنا۔ چھیدنا۔ سوراخ کرنا۔ بیل کے نتھنے میں رسی ڈالنا۔ بس میں کرنا۔ قابو میں کرنا۔

ناتی (ہ۔ا۔مذ) نواسا۔ بیٹی کا بیٹا۔ دُہتا۔

ناٹا (ہ۔صف) پستہ قد۔ بونا۔ باونا۔ ٹھنگنا۔ کوتہ قد۔ پست قامت۔

ناٹا سب سے ٹانٹا (اُردمثل) پست قد آدمی۔ مضبوط یا شرارتی ہوتا ہے۔

ناٹک (س۔ا۔مذ) نٹ کا تماشا۔ نٹ کا کام۔ رُوپ۔ سوانگ۔ نقل۔ ڈراما۔ کھیل۔ لیلا۔

ناٹک رچانا (اُردمحاورہ) سوانگ رچانا۔

ناٹک سال (س۔مذ) ناچ گھر۔ منڈوا۔ تھیٹر۔

ناٹکیا (ہ۔ا۔مذ) بہروپیا۔ ایکٹر۔ سوانگی۔

ناٹنا (ہ۔فعل) ناہ کرنا۔ انکار کرنا۔ مکر جانا۔

ناٹی (ہ۔صف۔ا۔مو) ناٹا۔ ٹھگنی عورت۔ بونی۔ پستہ قد عورت۔

ناٹی (انگ۔صف۔ Naughty) شریر۔ دنگئی۔ نٹ کھٹ۔ عیار فتنہ پرداز۔ متفنی۔

ناثر (ع۔صف۔فاعلی) نثر لکھنے والا۔ مضمون نویس۔

ناج (ہ۔ا۔مذ) اناج غلہ۔ جیسے ناج رکھنے والا۔ یعنی غلہ سے ہی شرم وحیا رہتی ہے۔

ناج پانی (ہ۔ا۔مذ) گھر بھر کا کل کھانے کا سامان۔

ناج کاٹنا (ہ۔فعل) فصل کاٹنا۔

ناج کی موج اگر برسے اسوج (اُردمثل) اسوج کے مہینے میں اگر بارش ہو جائے تو پھر غلے کی فصل بہت زیادہ ہوتی ہے۔

ناجوا (ہ۔صف) نازو کا بگاڑ ہے۔ لاڈلی۔ پیاری۔ ناز پروردہ۔

ناجی (ہ۔صف۔فاعلی) نجات پانے والا۔ رستگار۔ مغفور۔ مسرور۔ گناہ معاف کیا ہوا۔

ناچ (ہ۔ا۔مذ) خوشی میں آکر اُچھلنا۔ کودنا۔ رقص۔ نرت۔

ناچ دکھانا (ہ۔فعل متعدی) کسی کے آگے ناچنا۔ رقص کرنا۔

ناچ رنگ (اُر۔ا۔مذ) گانا۔ ناچنا۔ رقص وسرور۔

ناچ کُود بندر مرے مال مداری کھائے (اُردمثل) محنت کوئی کرے فائدہ کوئی اُٹھائے۔

ناچ گھر (ہ۔ا۔مذ) سوانگ گھر۔ تھیٹر۔ تماشا گاہ۔

ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا (ہ۔مثل) ناچنا تو خود نہیں جانتی۔ صحن میں عیب نکالتی ہے۔ کام نہ کرنے والے اور بیجا عذر پیش کرنے والے کی نسبت بولا کرتے ہیں۔ جبکہ جو کام تو آپ نہ کر سکنا۔ اور دوسرے پر الزام دھرنا۔

ناچ نچانا (ہ۔محاورہ) ستانا۔ حیران کرنا۔ دق کرنا۔ قواعد کرنا۔ ہیرا پھیری کرنا۔

ناچنا (ہ۔فعل) رقص کرنا۔ نرت کرنا۔ تھرکنا۔ خفگی یا غصے میں آکر اچھلنا کودنا۔

ناچنے نکلی تو گھونگٹ کیسا / **ناچنے نکلے تو گھونگٹ کیا** (اُردمثل) جب کسی کام کو کرنا ہے۔ تو پھر شرم کیا۔ کسی عیب دار کام کے متعلق کہتے ہیں۔

ناچے یا من دیکھے دھوبی (اُردمثل) اُلٹا زمانہ۔

ناچے کُودے توڑے تان واکا دیکھنا راکھے مان (اُردمثل) جو دُنیا میں وقت ہنسی خوشی میں گزارے۔ اس کی سب عزت کرتے ہیں۔

ناخُدا (ف۔ا۔مذ) ناؤ خدا کا مخفف ہے۔ کشتی بان۔ ملاح۔ کشتی چلانے والا۔

ناخُن (ف۔ا۔مذ) انگلیوں کے سروں کی ہڈی۔ نہُ۔ ناخون۔ پرندوں کے پروں کے اوپر کی ہڈی۔ جو پاؤں کے کھُر یا سُم سے گوشت جُدا کرنا (اُر۔محاورہ) رشتہ داروں میں نفاق ڈالنا۔ اپنوں کو چھڑانا۔

ناخُن شمشیر (ف۔ا۔مذ) تلوار کی دھار۔ تلوار کی باڑ۔

ناخُن بڑھانا (اُردمحاورہ) ناخنوں کو نہ تراشنا۔

ناخُن پر قربان کرنا (اُردمحاورہ) بہت حقارت کی نظر سے دیکھنا۔

ناخُن پر لکھا ہونا (اُردمحاورہ) خوب یاد ہونا۔

ناخُن تدبیر (ف۔ا۔مذ) تدبیر کا ناخن سے استفادہ کرتے ہیں۔

ناخُن تراش (ف۔ا۔مذ) وہ آلہ جس سے ناخن تراشتے ہیں۔ نہرنا۔

ناخُن دیکھنا (اُردمحاورہ) ناخن کی طرف نظر ڈالنا۔ کہتے ہیں کہ جب بہت ہنسی آئے تو اس وقت ناخن کی طرف دیکھیں۔ تو ہنسی بند ہو جاتی ہے۔

ناخُن گڑنا (اُر۔محاورہ) بات جمنا۔ نقشہ جمنا۔ اختیار ہونا۔

ناخُن گیر / **ناخون گیر** (ف۔ا۔مذ۔آلہ) ناخن لینے کا اوزار۔ سُہرنا۔ سُہرنی۔

ناخُن لینا / **ناخون لینا** (اُر۔محاورہ) ناخن کاٹنا۔ ناخن تراشنا۔ گھوڑے کا ٹھوکر لینا۔

ناخنہ (ف۔ا۔مذ) ستار بجانے کا حلقہ۔ چھلا۔ مضراب۔ زخمہ۔ آنکھ کے کونے میں نمودار ہوا ہو ناخن سے مشابہ سفیدی۔ مائل گوشت۔ گھوڑے کی آنکھ میں پیدا شدہ سُرخ ریشے۔ چیرا باندھنے کا اُنگشتانہ۔

ناخون (اُر۔امذ) ناخن کا اشباع ہے۔ نہُ۔ ناخن۔ اُنگلیوں کے سروں کی ہڈّی ۔

ناخون پر لکھنا (اُر۔محاورہ) یادداشت کے طور پر ناخن پر لکھ لینا ۔

ناخون سے لکھنا (اُر۔محاورہ) سفید کاغذ پر ناخن سے نقش و نگار کرنا۔ تحریر کرنا ۔

ناخن کاٹنا (اُر۔محاورہ) ناخون قلم کرنا۔ ناخن تراشنا ۔

ناخون نیلے ہونا (اُر۔محاورہ) زہر چڑھنا۔ مرنے کی علامت نمودار ہونا ۔

ناخونوں سے گوشت جُدا نہیں ہوتا (اُر۔مثل) رشتہ دار رشتہ داروں سے چھُوٹ نہیں سکتے۔ اپنے کسی حال میں غیر نہیں ہو سکتے۔ یگانوں کی عداوت قائم نہیں رہا کرتی ۔

ناخون کا جگر چھیلنا/کھودینا (اُر۔محاورہ) جگر پر صدمہ پہنچانا۔ اُمنگ پیدا کرنا ۔

ناخون گاڑنا (اُر۔محاورہ) ناخن کسی چیز میں داخل کرنا/چھُونا ۔

ناختوں میں ہونا (اُر۔محاورہ) چالاکیوں اور شرارتوں سے خوب واقف ہونا ۔

ناخونوں میں پڑے ہیں / ناخونوں میں رکھ چھوڑے ہیں (اُر۔محاورہ) دیکھے بھالے ہیں۔ جیب میں پڑے ہیں۔ بالکل بے حقیقت ہیں۔ نہایت ادنےٰ اور آسان بات ہے ۔

ناد (س۔مذ) آواز۔ گرج۔ صدا۔ گونج۔ سُر۔ نرسنگے۔ یا سنگھ کی آواز ۔

نادبجانا (اُر۔محاورہ) سینگ کی پونگی بجانا ۔

نادکرنا (اُر۔محاورہ) شیر کا دُروکنا ۔

نادودیا (س۔امو) راگ کا علم ۔

نادر (ع۔صف) تھوڑا۔ کم۔ کمتر۔ کیاب۔ قلیل۔ نایاب۔ عمدہ۔ تحفہ۔ نرالا۔ انوکھا۔ عجیب وغریب۔ فارس کے ایک جابر بادشاہ کا نام جس نے محمد شاہ رنگیلے کے زمانے میں ہندوستان پر چڑھائی کی تھی ۔

نادر تیرے ہولوں نے مارا (اُر۔مثل) حاکم کا رعب اور خوف زیادہ ہوتا ہے ۔

نادرشاہ (ف۔امذ) ایک نہایت جابر اور سخت گیر بادشاہ ایران کا نام ہے۔ جو ۱۷۳۸ء میں ہندوستان پر خواہ مخواہ بہانہ بناکر چڑھ آیا۔ دہلی میں قتل عام کیا۔ خوب لوٹا۔ تخت طاؤس وغیرہ دیگر قیمتی جواہرات کو ایران لے گیا ۔

نادرگری۔ یا۔ نادرشاہی (ف۔امو) نادرشاہ کے وقت جیسی بدانتظامی اور لُوٹ مار کھلبلی ۔

نادرن (انگ۔صف۔نسبتی۔ Northern) شمالی۔ شمال کی طرف کا ۔

نادرہ (عف۔صف) عجیب۔ انوکھا۔ عمدہ۔ عجوبہ ۔

نادری (ف۔امو۔بیائے نسبتی) ایک قسم کی صدری۔ گنجفہ کا اکّا۔ منسوب بہ نادرشاہ ۔

نادری حکم (فع۔امذ) نادرشاہ کا سا حکم۔ نہایت جابرانہ حکم ۔

نادری پٹّر چڑھانا (اُر۔محاورہ) نہایت شرمناک مات دینا۔ گنجفہ کے اکّے جتنی میانی کٹوادینا ۔

نادِعلی (ع۔امو) ایک مشہور دُعا کا نام ہے۔ جو چاندی کے پترے یا زہر مُہرے پر کھدوا کر بچوں کے گلے میں ڈالتے ہیں ۔

نادِم (ع۔صف۔فاعلی) شرمندہ۔ شرمسار۔ پشیمان۔ خجل ۔

نادِم ہونا (اُر۔محاورہ) شرمندہ ہونا۔ شرمانا ۔

نادھنا (ہ۔فعل) جوتنا۔ جوئے میں لگانا۔ جوڑنا۔ شروع کرنا۔ آغاز کرنا۔ غلام بنانا۔ پابند کرنا ۔

نادیا (ہ۔مذ) وہ بیل جس کے جسم میں کوئی عضو زیادہ ہو۔ مہادیو کی سواری کا بیل ۔

نار (ع۔امو) آگ۔ اگنی۔ آتش۔ بیندر ۔

نار (ف۔امذ) انار کا مخفّف ہے۔ جو ایک مشہور درخت ہے ۔

نار (ہ۔امو) عورت۔ استری۔ نریا۔ لُگائی۔ زن۔ بیوی۔ جورو۔ زوجہ۔ جولاہوں کی نال جس میں سوت کی نلی رہتی ہے ۔

نار سُلکھنی کنتب چھکاوے آپ تلے کی کھرچن کھاوے (ہ۔مثل) نیک عورت آپ بچا کھچا کھاتی ہے اور کنبے کو اچھا کھلاتی ہے ۔

نارائن (س۔مذ) قدیم۔ ہمیشہ رہنے والا۔ وشن جی کا نام۔ حذائے لال نرال۔ بھگوان۔ پرمیشور ۔

نارائن تیل (ہ۔امذ) ایک قسم کا روغن جو بوٹیوں سے نکالا جاتا ہے۔ مومیائی ۔

نارایئی (ہ۔امو) درگا دیوی۔ لچھمی۔ وہ گائے جس کا دودھ نذر مان گیا ہو اور آگ پر نہ رکھا جائے ۔

نارتھ (انگ۔امذ۔ North) شمال۔ قطب کے رُخ ۔

نارجیل (ف۔امذ) ناریل۔ کھوپرا۔ کھوپرا۔ گری۔ جوز ہندی ۔

نارَد (س۔مذ) گیان دینے والا۔ برہما جی کا بیٹا۔ لڑائی کرنے والا۔ لاوالٹرا۔ اِدھر کی اُدھر لگانے والا ۔

نارنج (ع۔امذ) نارنگ کا معرب۔ نارنگی۔ رنگترا۔ کولا۔ سنترا ۔

نارنجی (ف۔صف۔بیائے نسبتی) سُرخی مائل۔ زرد رنگ ۔

نارنگی (ف۔امو) چھوٹا رنگترا۔ مجازاً ابھری ہوئی چھاتیاں ۔

نارُو / ناروا (ہ۔امذ) ایک بیماری کا نام ہے۔ جس سے آدمی کے بدن پر دانے سے ہوکر ان میں سے تاگا سا نکلتا ہے۔ نہروا۔ ناہروا ۔

ناری (ع۔صف) منسوب بہ نار۔ دوزخی۔ آگ کا۔ آتشی ۔

ناری (ہ۔امو) عورت استری۔ لگائی بیوی۔ زوجہ ۔

ناریل (ہ۔امذ) (دیکھو نارجیل) ایک قسم کا چھوٹا سا حقہ جو نارجیل کو خالی کر کے بناتے ہیں ۔

ناریل کا تیل (ہ۔امذ) کھوپرے کا تیل۔ گری کا تیل ۔

ناریل میں پانی نہیں جانتا کھٹا کہ میٹھا (اُر۔مثل) مشکوک بات ہے ۔

نارڑ (ہ۔امو) گردن۔ گلا۔ گلو (بحالت مذکر) گاڑی میں جوا باندھنے

کارسّا ۔

ناڑ کاٹنا (اُر۔محاورہ) گردن کاٹنا ۔ قتل کرنا ۔

ناڑ نیچی کرنا (اُر۔محاورہ) شرم سے گردن جھکانا ۔

ناڑا (ہ۔امذ) ازاربند ۔ پیجامے کے اندر ڈالنے کی رسّی یا دوڑی ۔ کلاوہ ۔ مولی ۔ کچاگنڈے دار لال اور زرد رنگا ہوا سُوت ۔

ناڑا چھوٹ کرنا (ہ۔محاورہ) پیشاب کرنا ۔ موتنا ۔

ناڑا کھولنا (ہ۔محاورہ) ازاربند کھولنا ۔ جماع کرنا ۔ زنا کرنا ۔

ناڑی (ہ۔امو) بندوق کی نال ۔ نبض ۔ شریان ۔ رگ جہندہ ۔

ناڑی چھوٹنا یا ناڑی نہ بولنا (ہ۔محاورہ) نبض کا جاتا رہنا ۔ مرجانا ۔ دم نکل جانا ۔ سکتہ ہونا ۔

ناڑی سے روگ ملتا ہے (اُرمثل) نبض سے مرض معلوم ہوتا ہے ۔ ہر چیز کے لئے کوئی نہ کوئی وسیلہ مل جاتا ہے ۔

ناڑیا (ہ۔امذ۔بالف فاعلی) وید ۔ طبیب ۔ حکیم ۔ نبض دیکھنے والا ۔

ناز (ف۔امذ) معشوقانہ ادا ۔ عزوہ ۔ نخرہ ۔ چوچلا ۔ پیار ۔ لاڈ ۔ غرور ۔ گھمنڈ ۔ نخوت ۔ بھروسا ۔ حمایت ۔ برتا ۔ بڑائی ۔ عزت فخر ۔

ناز اُٹھانا (اُر۔محاورہ) نخرے اور چوچلے برداشت کرنا ۔ ناز برداری کرنا ۔

ناز بتاں کن کہ خریدار تست (ف۔مقولہ) ناز اس سے کہ جو تیرا خریدار ہو ۔

ناز برداری (ف۔امو بیائے مصدری) نخرے اور چوچلے کی برداشت ۔

ناز پرور ۔ ناز پروردہ (ف۔امو) لاڈلا ۔ ناز میں پلا ہوا ۔

ناز سے چلنا (اُر۔محاورہ) خراماں خراماں چلنا ۔ انداز سے چلنا ۔

ناز کرنا (اُر۔محاورہ) غرور کرنا ۔ فخر کرنا ۔ گھمنڈ کرنا ۔ اترانا ۔ نخرہ کرنا ۔ لاڈ کرنا ۔ نازاں ہونا ۔

ناز میں آنا (اُر۔محاورہ) اترانا ۔ فخر کرنا ۔

ناز و نخرہ (ف۔امذ) لاڑ ۔ پیار ۔ رچاؤ ۔ چوچلا ۔

ناز و نعمت میں پالنا (اُر۔محاورہ) لاڈ پیار میں پرورش کرنا ۔ اچھے کھانے اور عمدہ غذائیں کھلا کر پالنا ۔

ناز و نیاز (اُر۔مذ) لاڈ چاؤ ۔ لاڈ پیار ۔ محبت اخلاص ۔

ناز ہونا (اُر۔محاورہ) فخر ہونا ۔ غرور ہونا ۔ گھمنڈ ہونا ۔

نازا (اُر۔امذ) صحیح لفظ نازنہ ہے ۔ سوراخ ذکر ۔ مجازاً آلہ تناسل ۔

نازاں (ف۔صف فاعلی) اترانا ۔ گھمنڈ ہونا ۔

نازبالش (ف۔امذ) ملائم اور نرم تکیہ ۔

نازبو (اُر۔امو حاصل مصدری از نازیدن) فخر ۔ گھمنڈ ۔ غرور ۔ اترانا ۔

نازش (ف۔امو) اتراہٹ ۔ فخر ۔ گھمنڈ ۔ بے پروائی ۔ بد دماغی ۔

نازش اُٹھانا (اُر۔محاورہ) دوسرے کی بے پروائی / گھمنڈ کو برداشت کرنا ۔

نازش اُٹھانا (اُر۔محاورہ) نازش اُٹھانا کا لازم ہے ۔

نازک (ف۔صف) پُرنزاکت ۔ کامنی ۔ کومل ۔ جلد ٹوٹ جانے والا ۔ لطیف ۔ نفیس ۔ دُبلا ۔ پتلا ۔ باریک ۔ چھریرا ۔ خفیف ۔ کمزور ۔ بودا ۔ کم طاقت ۔ دقیق ۔ دقت ۔ طلب ۔ تیز تُند ۔ خوش وضع ۔ خوبصورت ۔

نازک اندام / نازک بدن (ف۔صف) نازک جسم والا ۔ دُبلا ۔ پتلا چھریرا ۔ (بحالت اسم) ایک قسم کا ڈوریا ۔ ایک قسم کا لال کا پھول ۔ کاغذی عناب ۔

نازک جگہ (اُر۔امو) وہ اعضا جن کی چوٹ سے آدمی مرجائے وہ مقام جہاں جان کا خطرہ ہو ۔

نازک خیال (فع۔صف) نہایت عمدہ خیالات والا ۔ باریک مضامین سوچنے والا ۔

نازک دماغ (فع صف) مغرور ۔ خودپسند ۔ تیز مزاج ۔ چڑچڑا ۔ دماغدار ۔ مدمغ ۔

نازک دماغی (فع۔امو) بدمزاجی ۔ چڑچڑاپن ۔ تنگ مزاجی ۔ فراغ دماغی ۔ دماغداری ۔

نازک زمانہ (ف۔امذ) بُرا وقت ۔ مصیبت کا وقت ۔ خطرے کا وقت ۔

نازک کام (ف۔صف) باریک کام ۔ وہ کام جو پائیدار نہ ہو ۔

نازک کلامی (فع۔امو بیائے مصدری) خوش گفتاری ۔ نکتہ سنجی ۔ مغزگوئی ۔ عمدہ کلام کرنا ۔

نازک مزاج / نازک طبع (فع۔صف) تندمزاج ۔ چڑچڑا ۔ زود رنج ۔ دماغدار ۔ مغرور ۔ خودپسند ۔ عالی دماغ ۔

نازک مزاجی (فع۔امو بیائے مصدری) نازک دماغی ۔

نازک مسئلہ (فع۔امذ) باریک مسئلہ ۔ مشکل امر ۔ دقیق اور دقت طلب بات ۔

نازک معاملہ (فع۔امذ) ایسا معاملہ جس میں عقل حیران ہو جائے ۔ مشکل امر ۔ خطرناک معاملہ ۔ ٹیڑھی کھیر ۔ خوفناک مسئلہ ۔

نازک وقت (فع۔مذ) خطرے کا وقت ۔ جان جوکھوں کا وقت ۔ بُرا وقت ۔ معرکہ کا وقت ۔ بڑی مشکل کا وقت ۔ کٹھن وقت ۔ امتحان کا وقت ۔

نازکی (ف۔امو بیائے مصدری) نزاکت ۔ نرمی ۔ ملائمی ۔ ملائمت ۔ لوچ ۔ عمدگی ۔ خودپسندی ۔ خوبی ۔ نفاست ۔ لطافت ۔ کومل پن ۔

نازل (ع۔صف فاعلی) اُترنے والا ۔ نیچے آنے والا ۔ گزرنے والا ۔ وارد ہونیوالا ۔

نازل ہونا (اُر۔محاورہ) اُترنا ۔ نیچے آنا ۔ وارد ہونا ۔ آسمان سے آنا ۔

نازندہ (ف۔صف) ناز کرنے والا ۔ فخر کرنیوالا ۔

نازلہ (ع۔صف) نازل شدہ ۔ مصیبت ۔ حادثہ ۔ سانحہ ۔ شامت ۔

نازنین (ف۔صف مرکب از ناز نین کلمہ نسبت) دلفریب ۔ خوبصورت ۔ خوش وضع ۔ سندر ۔ کامن ۔ خوش ادا ۔ نازک پیاری البیلی ۔ رنگیلی ۔ چھبیلی ۔ مرزا علی بیگ ۔ دہلوی کا

تخلص ہے۔ جو ۱۷۷۱ء تک زندہ رہے ۔

نازوں (ف۔اِمذ) دیکھئے ناز جس کی یہ جمع ہے۔ اور مغیرہ صورت ہے ۔

نازوں سے پالنا (اُر۔محاورہ) لاڈ پیار میں پرورش کرنا ۔

نازوں کا پالا (اُر۔صف) لاڈ پیار سے پرورش کیا ہو ۔

نازونیاز (ف۔اِمذ) عاشق و معشوق کی باہمی حرکات۔ چھیڑ چھاڑ۔ لاڈ پیار۔ ناز و نخرہ ۔

نازی (انگ۔صف۔ Nazi) جرمنی کی وہ جماعت اور اس کے کارکن جن کا سربراہ ہٹلر تھا ۔

ناس (ع۔اِمذ) انسان کا صیغہ اسم جنس جو واحد اور جمع بریکساں بولا جاتا ہے۔ آدمی۔ مَنس۔ منکھ۔ مانس ۔

ناس (ہ۔اِمو) نسوار سونگھنی۔ ہلاس۔ روشن دماغ۔ وہ پسا ہُوا تمباکو یا دوا جو چھینکیں لینے کے لئے سونگھتے ہیں۔ سعوط۔ نتھنا۔ ناک کی ایک طرف ۔

ناس دانی (اُر۔اِمو) ناس رکھنے کا ظرف۔ نسوار کی ڈبیا ۔

ناس لینا (اُر۔فعل) نسوار سونگھنا ۔

ناس کی چٹکی (ہ۔اِمو) نسوار جو انگوٹھے اور ایک اُنگلی کے ساتھ اُٹھا کر ناک میں چڑھائی جائے ۔

ناس (ہ۔اِمو) خرابی۔ تباہی۔ بربادی۔ ویرانی۔ نِشٹ۔ نیست و نابود۔ معدوم ۔

ناس کر دینا۔ کھو دینا۔ یا۔ ملا دینا (ہ۔محاورہ) تباہ کر دینا۔ برباد کر دینا۔ بگاڑ دینا۔ خراب کر دینا۔ نقصان پہنچا دینا۔ غارت کر دینا۔ نقصان پہنچا دینا۔ غارت کر دینا۔ نابود کر دینا ۔

ناس ہو جانا (ہ۔محاورہ) تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ غارت ہونا۔ نابود ہونا ۔

ناس ہونا (ہ۔صف بالف قابلیت) مرن جوگا۔ برباد ہو جانے کے قابل۔ مرنہار۔ برباد ہونے کے قابل ۔

ناسا (ہ۔اِمذ) بڑی ناک۔ ناکڑا ۔

ناسی (ہ۔صف) ناس کرنے والا۔ تباہ کر دینے والا ۔

ناسپال (ف۔مذ) پوست۔ انار کچے۔ انار کا چھلکا۔ انار خام۔ کچا انار۔ ایک قسم کی آتشبازی ۔

ناسپالی (ف۔صف بیائے نسبتی) ناسپال کے رنگ کا۔ زرد رنگ کا۔ نسواری رنگ کا ۔

ناستک (س۔اِمذ) خدا کو نہ ماننے والا۔ منکر خدا۔ ملحد۔ زندیق بے ایمان۔ دہریہ۔ خدا پر یقین نہ رکھنے والا ۔

ناستک مت (ہ۔اِمو) دہریہ مت ۔

ناسخ (ع۔اِمذ۔فاعل) لکھنے والا۔ کاپی نویس۔ رد کرنے والا۔ منسوخ کرنے والا۔ لکھنؤ کے ایک مشہور شاعر شیخ امام بخش ولد شیخ خدا بخش کا تخلص بھی تھا ۔

ناسک (ہ۔اِمذ) دیوار ۔

ناسِک (ع۔فاعل) خدا پرست۔ عبادت کرنے والا ۔

ناسکا (س۔صف) ناک۔ نتھنا۔ ہاتھی۔ کی سونڈ ۔

ناسُوت (ع۔اِمذ) عالم اجسام۔ دُنیا۔ مجازاً ظاہری عبادت اور شریعت ۔

ناسُور (ع۔اِمذ) وہ زخم جو ہمیشہ رستا رہے اور کبھی اچھا نہ ہو ۔

ناسُور بھرنا (اُر۔محاورہ) ہمیشہ رسنے والے زخم کا اچھا ہو جانا ۔

ناسُور بہنا (اُر۔محاورہ) ناسُور سے پیپ جاری ہونا ۔

ناسُور پڑنا (اُر۔محاورہ) ایسا زخم پڑ جانا۔ جو کبھی راضی نہ ہو۔ قرحہ پڑنا ۔

ناسُور پیدا ہونا (اُر۔محاورہ) ہمیشہ پیپ یا خون رسنے والا زخم ہو جانا ۔

ناسُوری جاری رہنا (اُر۔محاورہ) زخم سے ہمیشہ پیپ بہتے رہنا ۔

ناسُور کی بتی (اُر۔اِمو) وہ دھاگہ جو دوا سے تر کر کے ناسُور کے سُوراخ کے اندر رکھ دیتے ہیں ۔

ناسُور ڈالنا (اُر۔محاورہ) زخم ڈالنا۔ گھاؤ ڈالنا ۔

ناسِرہ (ف۔صف) کھوٹا۔ کھوٹ ملا ہُوا۔ جو خالص نہ ہو ۔

ناش (س۔اِمذ) غائب ہو جانا۔ فنا۔ تباہی۔ بربادی۔ موت ۔

ناشپاتی (ف۔اِمذ) ایک مشہور میٹھے پھل کا نام ہے ۔

ناشتا (ف۔اِمذ) صبح کے وقت کا تھوڑا سا کھانا۔ چاشت۔ نہاری ۔

ناشتا کرانا (اُر۔محاورہ) نہاری کھلانا ۔

ناشتا کرنا (اُر۔محاورہ) نہار منہ تھوڑا سا کچھ کھا لینا۔

ناشر (ع۔اِمذ) نشر و اشاعت کرنے والا — پبلشر۔

ناصح (ع۔صف فاعل) نصیحت کرنے والا۔ پند دینے والا۔ اُپدیشک۔ واعظ ۔

ناصر (ع۔صف فاعل) مدد کرنیوالا۔ معاون۔ حامی۔ مددگار ۔

ناصیہ دارانِ پاک (عف۔اِمو) فرشتے۔ نیک آدمی۔ پارسا ۔

ناصیہ (ع۔اِمو) لغت میں پیشانی کے بالوں کو کہتے ہیں۔ مجازاً پیشانی۔ ماتھا۔ جبین ۔

ناصیہ فرسا (ف۔اِمو) ماتھا رگڑنے والا۔

ناصیہ سا / فرسا (عف۔صف) پیشانی زمین پر رگڑنے والا ۔

ناصیہ سائی (عف۔اِمو بیائے مصدری) ماتھا رگڑنا۔ جبہ سائی ۔

ناطِق (ع۔اِمذ فاعل) بولنے والا۔ گویا۔ عقلمند۔ صاحب شعور۔ منطق چھانٹنے والا۔ قطعی۔ قرار واقعی۔ مضبوط۔ متحکم۔ اٹل ۔

ناطِقہ (ع۔اِمذ) بولنے کی طاقت۔ بات چیت کرنے کا ملکہ۔ بولنا ۔

ناطِقہ بند کرنا (اُر۔محاورہ) بولنے کی مجال نہ رہنے دینا۔ بولتا بند کرنا۔ دم بند کرنا ۔

ناطِقہ بند رکھنا (اُر۔محاورہ) بولنا بند کر دینا۔ دم بند کرنا۔ بولنے کی مجال نہ رہنے دینا ۔

ناطِقہ بند ہونا (اُر۔محاورہ) بولنے کی جرأت نہ ہونا۔ عاجز ہونا ۔

ناظِر (ع۔اِمو۔فاعلی) نظر کرنے والا۔ نگران۔ نگہبان۔ محافظ۔ ہیڈ کلرک۔ جوجہ۔ خواجہ سرا۔ مہتمم ۔

ناظرہ (ع۔تابع فعل) دیکھ کر۔ دیکھ کر پڑھنا (بحالت اسم مؤنث) دیکھنے کی قوت ؛

ناظرہ پڑھنا (اُر۔محاورہ) قرآن شریف دیکھ کر پڑھنا ؛

ناظرہ خوان (عف۔ا۔مذ) دیکھ کر پڑھنے والا۔ جو حافظ نہ ہو۔ اور صرف دیکھ کر قرآن پڑھ سکتا ہو ؛

ناظرہ خوانی (عف۔ا۔مو) ناظرہ پڑھنا ؛

ناظرہ کرنا (اُر۔محاورہ) دیکھئے "ناظرہ پڑھنا" ؛

ناظری (عف۔ا۔مو) ناظر کا کام یا پیشہ۔ ملاحظہ۔ نگہبانی۔ حفاظت ؛

ناظرین (ع۔ا۔مذ) ناظر کی جمع۔ دیکھنے والے پڑھنے والے۔ مطالعہ کرنے والے ؛

ناظم (ع۔ا۔مذ) لڑی بنانے والا۔ پرونے والا۔ انتظام کرنے والا۔ سربراہ۔ کارکن۔ نظم بنانے والا۔ شاعر۔ نظم کہنے والا ؛

ناعُور (ع۔مذ) پانی یا ہوا کی چکی۔ وہ رگ جس کا خون بہتا ہو۔ کلی کا بادبان ؛

ناعورہ (ع۔ا۔مذ) پانی کا گھڑا۔ برتن ؛

ناغہ (ف۔ا۔مذ) غیر حاضری۔ خالی۔ بیکاری۔ تعطیل ؛

ناغہ کرنا (اُر۔محاورہ) غیر حاضری کرنا۔ خالی رہنا۔ بیکار رہنا ؛

ناغہ ہونا (اُر۔محاورہ) غیر حاضری یا تعطیل ہونا ؛

ناف (ف۔ا۔مو) پیٹ کے درمیان۔ سوراخ۔ وسیلہ۔ درمیان۔ مرکز۔ ٹونڈی۔

نافِ اَرض (ف۔ا۔مو) زمین کا مرکز۔ کعبہ شریف۔ مکہ شریف ؛

نافِ آسمان (ف۔ا۔مو) آسمان کا مرکز۔ آسمان کا قطب ؛

ناف ٹلنا۔ جانا۔ یا ڈگنا (اُر۔محاورہ) دھرن ٹلنا۔ ناف کے پٹھوں کا بوجھ وغیرہ کی کثرت سے اپنی جگہ سے ہل جانا ؛

نافِ زمین (ف۔ا۔مو) زمین کا مرکز۔ دھرتی کا بیچ۔ مکہ معظمہ سے مراد بھی ہوتی ہے ؛

نافِ شب (ف۔ا۔مو) رات کا درمیان ؛ آدھی رات ؛

نافذ (ع۔صف فاعلی از نفوذ) جاری ہونے والا۔ صادر ہونیوالا ؛

نافذ کرنا (اُر۔محاورہ) جاری کرنا۔ صادر کرنا ؛

نافذہ (ع۔صف) جاری ہونے والا۔ نافذ کی تانیث ؛

نافر (ع۔صف۔فاعلی) نفرت کرنے والا۔ گھن کرنے والا ؛

نافرجام (ف۔صف) بد اصل۔ بد انجام ؛

نافرمان (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا اودھے رنگ کا پھول۔ لالہ کی ایک خاص قسم (بحالت اسم صفت) حکم نہ ماننے والا۔ گستاخ۔ باغی ؛

نافرمانی رنگ (اُر۔ا۔مذ) سُرخی مائل۔ نیلا رنگ۔ اودا رنگ جو نیل اور شہاب سے تیار ہوتا ہے ؛

نافع (ع۔صف فاعل از نفع) مفید۔ فائدہ مند۔ نفع دینے والا۔ سودمند ؛

نافہ (ف۔مذ) مُشک کی تھیلی۔ کستوری کی تھیلی۔ مُشک نافہ ؛

ناقص (ع۔صف فاعل از نقص) ناتمام۔ ادھورا۔ نامکمل۔ کم۔ عیب دار۔ معیوب۔ عیبی۔ کھوٹا۔ غیر خالص۔ نامکمل۔ خراب۔ ناکارہ ؛

ناقصُ الخلقت (ع۔صف) جنم کا عیبی۔ وہ شخص جس کا کوئی عضو پیدائشی طور پر بگڑا ہوا ہو ؛

ناقصُ العقل (ع۔صف) کم عقل۔ بے سمجھ۔ کُند ذہن جس کے قوائے عقلیہ میں فتور ہو۔ مجازاً عورت ؛

ناقص کرنا (اُر۔محاورہ) بگاڑنا۔ خراب کرنا۔ کھوٹ ملانا۔ نکما کرنا ؛

ناقص ہونا (اُر۔محاورہ) بگڑنا۔ خراب ہونا۔ نکما ہونا۔ (ناقص کرنے کا لازم) ؛

ناقل (ع۔صف فاعلی از نقل) نقل کرنے والا۔ بیان کرنے والا۔ راوی۔ روایت کرنیوالا ؛

ناقوس (ع۔ا۔مذ) خرمُہرہ۔ سنکھ جسے ہندو لوگ پوجا کے وقت بجایا کرتے ہیں۔ نرسنگا ؛

ناقہ (ع۔مو) سانڈنی۔ اونٹنی ما۔ دوشیزہ ؛

ناقہ سوار (عف۔ا۔مذ) سانڈنی سوار۔ مجازاً قاصد ؛

ناک (ف۔صف) بھرا ہُوا۔ پُر۔ علامت فاعل ترکیبی۔ جیسے غمناک ؛

ناک (ہ۔ا۔مو) بینی۔ ایک عضو کا نام۔ جس کے رستے سانس آتا جاتا ہے۔ چوٹی کی چیز۔ نمائش و نمود کی چیز۔ غیرت۔ شرم۔ زیب و زینت۔ آرائش۔ آبرو۔ بزرگی ؛

ناک آنا (اُر۔محاورہ) ناک سے آلائش گرنا ؛

ناک ادھر کہ اُدھر (ہ۔مثل) ہر طرح سے مطلب ایک ہی ہے ؛

ناک اڑا دینا (اُر۔محاورہ) ناک کاٹنا۔ بے عزت کرنا ؛

ناک اونچی ہونا (اُر۔محاورہ) سُرخروئی ہونا۔ عزت بڑھنا ؛

ناک بند (اُر۔مذ) گھوڑے کی پوزی ؛

ناک بند ہونا (اُر۔محاورہ) زکام ہونا۔ زکام کے سبب سے سانس کا تنگی سے آنا ؛

ناک بہنا (ہ۔فعل) ناک سے رطوبت ٹپکنا۔ زکام کے باعث ناک سے رطوبت بہنا

ناک بھوں چڑھانا۔ یا۔ سکیڑنا (ہ۔محاورہ) تیوری چڑھانا۔ خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ بگڑنا۔ بیزار ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ ترشروئی سے پیش آنا

ناک بھوں سکیڑ کر کہنا (اُر۔محاورہ) تیوری چڑھا کر جواب دینا۔ نفرت کے ساتھ بولنا۔ حقارت سے جواب دینا ؛

ناک بیٹھنا یا پچکنا (ہ۔محاورہ) کسی چوٹ کے صدمے یا مرض سے ناک کا چپٹا ہو جانا ؛

ناک بیندھنا (اُر۔محاورہ) ناک میں سوراخ کرنا۔ ناک چھیدنا ؛

ناک پاک کرنا (اُر۔محاورہ) ناک۔ سنکنا۔ ناک صاف کرنا ؛

ناک پر انگلی رکھ کر بات کرنا (اُر۔محاورہ) زنانہ گفتگو کرنا۔ عورتوں یا زنانخوں کی طرح باتیں کرنا ؛

ناک پر پہیا پھر جانا (اُر۔محاورہ) ناک کا چپٹا ہونا۔ ناک کا

بیٹھ جانا ۔

ناک پر ٹکنا / رکھ دینا (اُر۔ محاورہ) قیمت یا اُجرت فوراً ادا کر دینا ۔

ناک پر دیا جلا کر آنا (اُر۔ محاورہ) سرخرو بننے کے لئے تنگ وقت پر آنا ۔ خیر خواہ بننے کو آنا ۔ وقت گزر جانے کے قریب رسوخ جتانے کے لئے آنا ۔

ناک پر رکھ دینا (اُر۔ محاورہ) کسی چیز کے دام یا قیمت فوراً ادا کر دینا ۔

ناک پر غصہ ہونا (اُر۔ محاورہ) بات بات پر خفا ہونا ۔ زود رنج ہونا ۔ بہت جلدی خفا ہونا ۔

ناک پر مکھی نہ بیٹھنے دینا (اُر۔ محاورہ) نہایت عزت مند ہونا ۔ کسی کا ذرا احسان نہ اُٹھانا ۔ تنک مزاج ہونا ۔

ناک پر کی مکھی نک نہ اڑانا (اُر۔ محاورہ) بہت سُست یا کاہل ہونا ۔

ناک پکڑے دم نکلنا (اُر۔ محاورہ) نہایت کمزور ہونا ۔ نہایت لاغر ہونا ۔

ناک پھلانا (اُر۔ محاورہ) غصّے سے ناک چوڑا کرنا ۔

ناک تو کٹی پر وہ بھی مرمٹے (ہ۔ محاورہ) ہمارا تو تھوڑا سا نقصان ہو گیا مگر وہ بالکل ہی برباد ہو گئے ۔ یعنی اُن کا نقصان زیادہ ہوا ۔

ناک چڑھانا / **ناک سکیڑنا** / **ناک سکوڑنا** (اُر۔ محاورہ) تیوری چڑھانا ۔ ناراض ہونا ۔ بگڑنا ۔ نفرت کرنا ۔ گھن کرنا ۔ حقیر جاننا ۔ کراہت کرنا ۔ ناپسند کرنا ۔

ناک چڑھی رہنا (اُر۔ محاورہ) تیوری چڑھی ہی رہنا ۔ بدمزاج بنا رہنا ۔

ناک چنے چبانا (اُر۔ محاورہ) کسی کام کے کرنے میں بڑی دقت اُٹھانا ۔

ناک چنے چبوانا (اُر۔ محاورہ) نہایت تکلیف دینا ۔ سخت عاجز اور تنگ کرنا ۔ از حد دق کرنا ۔

ناک چوٹی پر آفت آنا (اُر۔ محاورہ) عزت آبرو پر آفت آنا ۔

ناک چوٹی کاٹ کر ہاتھ دینا (اُر۔ محاورہ) نہایت ذلیل کرنا ۔ سخت سزا دینا ۔ سخت رسوا کرنا ۔

ناک چوٹی کا کٹنا (ہ۔ فعل) رسوا کرنا ۔ سخت بے عزت کرنا ۔ بہت خوار و ذلیل کرنا ۔

ناک چوٹی گرفتار ہونا / **ناک چوٹی میں گرفتار ہونا** (اُر۔ محاورہ) اپنی ہی آرائش سے فرصت نہ ملنا ۔ اپنے ہی بکھیڑوں میں گرفتار ہونا ۔ مغرور اور عزت مند ہونا ۔ بے حد نازک مزاج اور دماغدار ہونا ۔

ناک پر رکھ لینا (اُر۔ محاورہ) عزت رکھ لینا ۔ ساکھ رکھ لینا ۔ بات رکھ لینا ۔ آبرو بچا لینا ۔

ناک رکھنا (اُر۔ محاورہ) عزت رکھنا ۔ غیرت رکھنا ۔ لحاظ رکھنا ۔ صاحب غیرت ہونا ۔

ناک رگڑنا (اُر۔ محاورہ) عاجزی کرنا ۔ منت کرنا ۔ خوشامد درآمد ۔

ناک رگڑے کا بچہ (اُر۔ امذ) پھڑکے کی اولاد ۔ وہ بچہ جو بڑی منتوں اور دعاؤں کے بعد ہوا ہو ۔

ناک سُنکنا (اُر۔ محاورہ) ناک میں سے سنک گرانا ۔ ناک صاف کرنا ۔

ناک سے لکیریں کھینچنا (اُر۔ محاورہ) کسی بات سے توبہ کرنا ۔ اپنا قصور مان کر آئندہ کے لئے توبہ کرنا ۔

ناک کا بال (ہ۔ امذ) نہایت مقرب مُنہ چڑھا آدمی ۔ معتمد علیہ ۔ وہ شخص جس کی بات مانی جائے ۔

ناک کا بانسا (ہ۔ امذ) دونوں نتھنوں کے بیچ کی دیوار ۔

ناک کا بانسا پھر جانا (ہ) دیوار بین المنخرین کا ٹیڑھا ہو جانا ۔ علامت مرگ ظاہر ہونا ۔ ناک کی دیوار کا ٹیڑھا ہو جانا ۔

ناک کا تنکا (ہ۔ امذ) وہ تنکا جو عورتیں ناک کے چھید میں ڈال لیتی ہیں ۔ تاکہ سوراخ بند نہ ہو جائے ۔

ناک کاٹ کر چوتڑوں تلے رکھنا یا رکھ لینا (ہ۔ محاورہ) پرلے درجے کی بے شرمی اور بے حیائی اختیار کرنا ۔

ناک کاٹنا (ہ۔ محاورہ) ناک اُتارنا ۔ بے عزت کرنا ۔ رسوا کرنا ۔ ذلیل کرنا ۔ بدنام کرنا ۔

ناک کاٹی مبارک کان کاٹی سلامت (اُر۔ مثل) سخت بے غیرت اور بے حیا آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں ۔ جسے سزا کی کچھ بھی پرواہ نہ ہو ۔

ناک کان کاٹنا (ہ۔ محاورہ) نکٹا اور بوچا کرنا ۔ بے عزت کرنا ۔ رسوا کرنا ۔

ناک کٹانا (ہ۔ محاورہ) بدنام ہونا ۔ رسوا ہونا ۔

ناک کٹنا (ہ۔ محاورہ) نکٹا ہونا ۔ بے عزتی ہونا ۔ رسوائی ہونا ۔ آبرو جانا ۔ ذلیل و خوار ہونا ۔

ناک کٹوانا (اُر۔ محاورہ) بے عزت کرانا ۔ ذلیل کرانا ۔ رُسوا کرانا ۔ بدنام کرانا ۔

ناک کٹے (ہ۔ محاورہ) دُعائے بد ۔ اس کی رسوائی ہو ۔ عزت جائے ۔

ناک کٹی یا نک کٹی (ہ۔ امو) بے عزتی ۔ رسوائی ۔ بدنامی ۔ خواری ۔ ذلت ۔

ناک کٹی بازار میں میرے گھر خیر نہ کرنا (اُر۔ مثل) مشہور بات کو چھپانا اپنی رسوائی ۔ اور بدنامی پر پردہ ڈالنے کی بے سود کوشش ۔

ناک کٹی بلا سے دشمن کی بدشگونی تو ہوئی (اُر۔ مثل) سفر پر جاتے وقت نکٹے کا ملنا منحوس سمجھا جاتا ہے ۔ اپنا نقصان ہوا تو کیا دوسروں کا بھی زیادہ نقصان ہوا ۔

ناک کی پھنگی / پھنگلی (اُر۔ امو) ناک کی نوک ۔

ناک کٹی پر ہاٹ نہ ہاٹے (ہ۔ مثل) ہاٹ ہٹ بمعنی بند ہے

اوپر ہاٹے بمعنی ہٹے۔ خواہ کچھ ہی کیوں نہ ہو جائے پر ضد نہ جائے۔ جان جائے پر آن نہ جائے ؛

ناک کٹی ہونا۔ یا۔ نک کٹی ہونا (ہ - محاورہ) رسوائی ہونا۔ بدنامی ہونا۔ ذلت ہونا ؛

ناک کی سیدھ / ناک کی سیدھ میں (ہ - تابع فعل) بالکل سامنے۔ ٹھیک سیدھ میں۔ سیدھے خط میں ؛

ناک کے پھیر سے بیان کرنا (اُر-محاورہ) بات کی طوالت سے بیان کرنا ؛

ناک کے رستے نکلنا / نکل جانا (اُر-محاورہ) شیخی کرکری ہو جانا۔ کسی بات کا اثر جاتے رہنا۔ زائل ہو جانا ؛

ناک کے اینٹھ سے بدتر کر ڈالنا (اُر-محاورہ) نہایت ذلیل کرنا۔ حقیر بنا دینا۔ بات نہ پوچھنا۔ نظروں سے گرانا ؛

ناک گھسنا (ہ - محاورہ) عاجزی کرنا۔ منت سماجت کرنا ؛

ناک لگا کر بیٹھنا (ہ - محاورہ) ذی عزت ہونا۔ معزز بننا۔ عزت کے کر بیٹھنا ؛

ناک مارنا (ہ - محاورہ) ناپسند کرنا۔ نظر حقارت سے دیکھنا۔ کراہت کرنا ؛

ناک بولنا (ہ - محاورہ) گنگنانا۔ غنغنانا ؛

ناک میں تیر دینا۔ یا۔ کرنا (اُر-محاورہ) نہایت دق کرنا۔ سخت حیران کرنا۔ ناک چھیدنا۔ نہایت تنگ کرنا۔ ناک چنے چبانا ؛

ناک میں دم آنا۔ یا۔ آجانا (اُر-محاورہ) تنگ ہونا۔ دق ہونا۔ عاجز ہونا۔ گھبرانا ؛

ناک میں جی ہونا / دم آجانا / آنا (اُر-محاورہ) بہت تنگ آنا۔ سخت دق ہونا ؛

ناک میں دم کرنا (اُر-محاورہ) ستانا۔ دق کرنا۔ حیران کرنا ؛

ناک میں دم ہونا (اُر-محاورہ) تنگ ہونا۔ بیزار ہونا۔ نہایت آزردہ اور خفا ہونا ؛

ناک نقشہ (اُ-امذ) چہرے کے خدوخال ؛

ناک نہ دی جانا (ہ - محاورہ) سخت بدبو کے باعث کسی جگہ ناک نہ دے سکنا۔ کسی چیز کو بدبو کے باعث سونگھ نہ سکنا ؛

ناک نہ رہنا (ہ - محاورہ) عزت نہ رہنا۔ آبرو نہ رہنا ؛

ناک نہ کان نتھ بالیوں کا ارمان (اُر-مثل) بے وقوفی کی راہ سے بے محل ارمان ؛

ناک والا (ہ - صف فاعل - مذ) ذی عزت۔ عزت والا۔ غیرت والا ؛

ناک والی (ہ - صف فاعل - امو) عزت والی۔ غیرت والی ؛

ناک ہو تو نتھنیا سوہے (اُر-مثل) اصل چیز ہونی چاہیئے۔ فروعات بعد میں بھی مہیا کی جا سکتی ہے ؛

ناکا (ہ - امذ) رستہ۔ راستہ۔ راہ۔ مُہرا۔ داخلہ۔ گزرگاہ۔ دروازہ۔ گلی کوچہ یا شہر کا دروازہ۔ انتہا۔ انجام۔ اخیر۔ سوئی کا چھید۔ روزن۔ روزن سوزن۔ راستہ کی حد ؛

ناکا بند کرنا (اُر-محاورہ) حد بندی کرنا۔ رستہ روکنا۔ راستے پر پہرہ بٹھا دینا۔ پانی گزرنے کی جگہ میں مٹی ڈال کر پانی کے بہاؤ کو روکنا ؛

ناکا بندی (اُر-امو) حد بندی۔ راستہ بند کرنا ؛

ناکادار (اُر-صف فاعلی) وہ سوئی جس میں ناکا ہو۔ ضلعدار۔ علاقہ دار۔ محرر۔ جو راستوں پر محصول لیتا ہے ؛

ناکا روکنا (اُر-محاورہ) سدِ راہ ہونا۔ راستے پر پہرہ بٹھا دینا۔ رستہ بند کر دینا ؛

ناکا سنبھالنا (اُر-محاورہ) راستہ روکنا۔ راستہ پر پہرہ ہونا ؛

ناکح (ع - صف فاعلی) نکاح کرنے والا۔ بیاہ کرنے والا۔ (لغوی) چھید کرنیوالا ؛

ناکڑا (ہ - امو) ناک سے اسم مکبر ہے ؛ بڑی ناک ؛

ناکو (ہ - امذ) بڑی ناک والا۔ مجازاً مگرمچھ۔ گھڑیال۔ نہنگ ؛

ناکونک (ہ - صف) مُنہ مُنہ۔ لبالب۔ لبریز ؛

ناکونک بھرنا۔ یا۔ بھر دینا (ہ - محاورہ) لبالب بھرنا۔ کسی برتن کو مُنہ مُنہ بھر دینا۔ لبریز کر دینا ؛

ناکوں ناک پیٹ بھرنا۔ یا۔ کھانا (ہ - محاورہ) ٹھونس ٹھونس کر کھانا۔ خوب چھک کر کھانا۔ حلق تک پیٹ بھر کر کھانا ؛

ناکے میں سے۔ یا۔ ناکے میں نکالنا (ہ - محاورہ) تنگ کرنا۔ مجبور کرنا۔ درست کرنا۔ سوئی کے روزن

ناک آؤٹ (انگ - ا - مذ Knock Out) کشتی بازی میں حریف باہر نکال دینا۔

ناگ (س - امذ) کالا سانپ۔ پھن والا سانپ۔ مار سیاہ ؛

ناگ بیل (ہ - امو) پان کی بیل (خیال ہے کہ سانپ اس کے نیچے رہتا ہے) ؛

ناگ بھاشا (ہ - امو) پاتال والوں کی بولی۔ امریکہ کے اصلی باشندوں کی بولی ؛

ناگ پنچمی (ہ - امو) ساون سُدی پنچمی جس میں ہندو لوگ سانپ کو پوجتے اور دودھ پلاتے ہیں ؛

ناگ پھانس (ہ - امذ) پھندا۔ کمند۔ پھانسی ؛

ناگ پھنی (ہ - امذ) ایک قسم کا تھوہڑ جس کے پتے سانپ کے پھن سے مشابہ ہوتے ہیں ؛

ناگ دنت (ہ - امذ) ہاتھی دانت ؛

ناگ دون (ہ - امذ) ایک قسم کی خاردار لکڑی ہے۔ جو سانپ بچھو کے زہر کو دفع کر دیتی ہے۔ مار چوبہ جس کے گھر میں رکھنے سے سانپ نہیں آتا ؛

ناگ کھلانا (ہ - محاورہ) نہایت خطرناک کام اختیار کرنا۔ نہایت بد مزاج حاکم کی نوکری کرنا۔ دھات پھونکنا۔ نہایت نازک یا مشکل کام کرنا ؛

ناگ کھیلنا (اُر-محاورہ) جان جوکھوں کا کام ہونا۔ مہلک کام ہونا۔ کوئی مشکل یا نازک کام ہونا ؛

ناگا (ہ - امذ) جوگی۔ سنیاسی۔ فقیر جو ننگے رہتے ہیں۔ ایک وحشی قوم جو آسام کے جنوبی پہاڑوں میں رہتی اور ناگ کی پوجا کرتی ہے ؛

ناگر (ہ - امذ) شہر۔ قصبہ۔ آبادی۔ کلاں بزرگ۔ چالاک۔ ہوشیار۔ گجراتی برہمنوں کی ایک ذات۔ دیوار کی ٹیڑھ جو زمین کی کمی بیشی کے

سبب ہوتی ہے ۔ پان ۔

ناگر بیل (ہ۔ا۔مو) پان کا پودا۔ پان کی بیل ۔

ناگر پان (ہ۔ا۔مذ) پان کا پتہ۔ عمدہ اور بڑا پان ۔

ناگر موتھا (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کی خوشبودار گھاس کی جڑ ۔

ناگری (س۔ا۔مو) سنسکرت کے حروف تہجی۔ ہندی بھاشا ۔

ناگل (ہ۔ا۔مذ) ہل۔ فلبہ۔ بیل جوڑنے کی جوئے کی رسّی ۔

ناگن / **ناگنی** (ہ۔ا۔مو) ناگ کی مادہ۔ سانپن۔ گردن کے بالوں کی بھورنی جسے نہایت منحوس سمجھتے ہیں۔ تشبیہاً زلف سیاہ ۔

ناگن ڈس جانا/ڈسنا (اُر۔محاورہ) سانپن کا کاٹنا ۔

ناگن کا راستہ کاٹ کر نکل جانا (اُر۔محاورہ) سفر پر جاتے ہوئے ناگن کا سامنے سے نکل جانا۔ منحوس خیال کیا جاتا ہے ۔

ناگن کا ڈسنا/سونگھنا/کاٹنا (اُر۔محاورہ) سانپ کا دانتوں سے کاٹ کر زہر جسم میں پہنچانا ۔

ناگور (ہ۔ا۔مذ) مارواڑ کے ایک شہر کا نام یہاں کے بیل ڈیل ڈول۔ قد و قامت۔ اور شکل و صورت میں تمام ہندوستان کے بیلوں سے بہتر ہوتے ہیں ۔

ناگوری (ہ۔صف بیائے نسبتی) منسوب بہ گور۔ ناگور کا ۔

ناگوری بیل (اُر۔مذ) ناگور علاقہ اجمیر کا بیل۔ جو قد آور۔ مضبوط اور موٹا تازہ ہوتا ہے۔ لمبا۔ مضبوط۔ گاڈی ۔

ناگوری گوند (اُر۔امذ) ایک قسم کا سفید اور صاف گوند۔ کیکر کا گوند۔ صمغ عربی ۔

ناگیشر / **ناگ کیسر** (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم خوشبو دار پھول اور اس کا پودا ۔

نال (ہ۔ا۔مو) بندوق کی نالی۔ گندم کے درخت کی ڈنڈی۔ گھاس وغیرہ کی ڈنڈی۔ جولاہوں کے کپڑا بُننے کی نال جس میں ڈنڈی رکھتے ہیں۔ بانس کا کھوکھلا ٹکڑا (بحالت اسم مذکر) ناف۔ آنول نال وہ آنت جسے دائی بچے کی ناف میں سے کاٹتی ہے۔ رسّہ۔ قلم کے اندر کا ریشہ جو اس کے ترشتے وقت اندر سے نکلا کرتا ہے۔ پہلوانوں کے اُٹھانے کا پتھر یا لکڑی کا بنا ہوا کندا ۔ (پنجاب) تابع فعل۔ ہمراہ۔ ساتھ ۔

نال اُٹھانا (اُر۔محاورہ) کسرت کرنا ۔

نال کاٹا ہے (ہ۔ محاورہ) تو ہی دائی ہے۔ تُو نے ہی جنایا ہے۔ طنزاً تو ہی میرا بڑا ہے ۔

نال کاٹنا (اُر۔مصدر مرکب) بچے کی پیمائش پر نال تراشنا ۔

نال کٹائی (ہ۔ا۔مو) دائی کا حق۔ نال کاٹنے کا نیگ۔ نال کاٹنے کی اُجرت ۔

نال گڑنا (ہ۔محاورہ) آنول نال دفن ہونا۔ بچے کی ناف کاٹ کر دبائی جانی۔ جنم بھوم ہونا۔ زاد بوم ہونا۔ کسی جگہ پر استحقاق ہونا۔ تعلق ہونا۔ دعویٰ ہونا ۔

نالا (ہ۔ا۔مذ) رنگ دار گنڈے دار سوت۔ مولی۔ ازار بند۔ برساتی ندی۔ چھوٹا دریا۔ کھالا ۔

نالاں (ف۔صف بصیغہ اسم حالیہ) روتا ہوا۔ واویلا کرنے والا۔ فریادی۔ تنگ۔ عاجز۔ شاکی ۔

نالش (ف۔ا۔مو) حاصل مصدر از نالیدن۔ رونا۔ گریہ زاری۔ فریاد دہائی۔ شکایت۔ دعوے۔ استغاثہ۔ حق طلبی ۔

نالش دائر کرنا (اُر۔محاورہ) دعوے دائر کرنا۔ عدالت میں عرضی کرنا۔ فریاد کرنا۔ شکایت کرنا۔ استغاثہ کرنا ۔

نالشا نالشی (اُر۔ا۔مو) باہمی تنازع کے باعث عدالت میں دوڑنا۔ کچہری بازی ۔

نالشی (ف۔مذ بیائے فاعلیت) فریادی۔ شکایت کرنے والا۔ دعویدار۔ مستغیث ۔

نالکا (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کی اروی ۔

نالکی (ہ۔ا۔مو) نام جھام۔ ایک قسم کی کھلی سواری۔ امراء کے سوار ہونے کے لئے ۔

نالندہ (ع۔امذ) رونے والا۔ شور کرنے والا ۔

نالوٹ (ہ۔ا۔مذ) انکاری۔ منکر۔ مکر جانیوالا ۔

نالوٹ ہوجانا (ہ۔محاورہ) مکر جانا۔ نامقر ہوجانا۔ کسی چیز کو لے کر انکار کر جانا ۔

نالہ (ف۔ا۔مذ) رونا پیٹنا۔ آہ و بکا۔ گریہ زاری۔ واویلا۔ اُودھم ہائے ہُو۔ شور و فغاں ۔

نالۂ دل (ف۔ا۔مذ) آہ۔ آہ سرد ۔

نالۂ سرد (ف۔ا۔مذ) آہ سرد ۔

نالہ سر کرنا۔ یا کرنا (اُر۔محاورہ) آہ سرد کھینچنا۔ آہ بھرنا۔ گریہ زاری کرنا ۔

نالۂ سوزاں (ف۔صف) جلا دینے والی آہ ۔

نالۂ شب گیر (ف۔صف) وہ فریاد جو رات کے پچھلے پہر کی جائے ۔

نالہ کرنا (اُر۔مصدر مرکب) آہ بکاہ کرنا۔ رونا۔ پیٹنا۔ گریہ و زاری کرنا شور و فغاں کرنا ۔

نالہ کش/فرسا (ف۔صف) نالہ کرنے والا۔ رونے والا۔ گریہ و زاری کرنے والا ۔

نالہ کھینچنا (اُر۔محاورہ) دیکھو (نالہ کرنا) ۔

نالہ گر (ف۔صف) نالہ کش ۔

نالہ گرم (ف۔مذ) بے حد رنج و غم میں رونا۔ آہ گرم۔ گریہ و زاری ۔

نالہ مرغ سحر (ف۔ا۔مذ) صبح کے وقت مرغ کی بانگ ۔

نالہ نکلنا (اُر۔محاورہ) دردناک آواز کا منہ سے نکل جانا ۔

نالہ و شیون (اُر۔مذ) رونا۔ پیٹنا ۔

نالی (ہ۔ا۔مو) موری۔ بدرو۔ ڈنڑ پیلنے کا گڑھا۔ گھوڑے کی پیشاب کا گڑھا ۔

نالی بنانا (اُر۔محاورہ) پانی نکلنے کے لئے رستہ بنانا۔ بدرو بنانا۔ موری بنانا ۔

نالی کھودنا (اُر۔محاورہ) زمین میں نالی بنانا ۔

نالی کے ڈنڑ پیلنا (اُر۔محاورہ) بازاری عورت سے جماع کرنا۔ زنا کاری بازی کرنا۔ نالی میں ڈنڑوں کی کسرت کرنا ۔

نام (س۔امذ) ظاہر۔ پرگھٹ۔ روشن۔ اسم۔ نانو۔ خیال۔ بھاؤ۔ تصور

خشم۔ کرودھ۔ گیان۔ علم۔ ممکن بات ہونی۔ رتبہ۔ عظمت۔ درجہ۔ عہدہ۔ شہرت۔ رسم۔ ریت۔ یاد۔ یادداشت۔ پھٹکار۔ زجر۔ توبیخ۔ رسوائی۔ بدنامی۔

نام (ف۔ س۔ مذ) اسم۔ نانو۔ خطاب۔ لقب۔ کُنیت۔ عُرف۔ شہرت۔ ناموری۔ دھاک۔ ساکھ۔ آبرو۔ عزت۔ حرمت۔ یادگار۔ یاد۔ اولاد۔ جنس۔ خاندان۔ نسل۔ تہمت۔ الزام۔

نام آسمان پر ہونا (اُر محاورہ) شہرہ ہونا۔ ناموری ہونا۔ نیک نامی ہونا۔

نام آور (ف۔ صف) مشہور و معروف۔ نامور۔

نام اُٹھ جانا (اُر محاورہ) نام نہ رہنا۔ نام مٹ جانا۔

نام اُٹھنا (اُر محاورہ) نام پڑھا جانا۔ نام اُبھرنا۔ نام مٹنا۔ نام نہ رہنا۔

نام اچھالنا (اُر محاورہ) نام روشن کرنا۔ مشہور کرنا۔ شہرہ کرنا۔ رسوائی کرنا۔

نام آور (ف۔ صف فاعلی) مشہور۔ نامی گرامی۔ نامور۔ مشہور و معروف۔

نام آوری (ف۔ ہو بیائے مصدری) شہرت۔ مشہوری۔

نام اچھالنا (اُر محاورہ) بُرائی کے ساتھ نام مشہور کرنا۔ بدنامی کرنا۔ رسوائی کرنا۔

نام اُچھلنا (اُر محاورہ) دیکھئے "نام اُچھالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

نام اُڑ جانا (اُر محاورہ) نشان تک نہ رہنا۔ نیست و نابود ہو جانا۔

نام بازار تک جانا (اُر محاورہ) لوگوں میں بدنامی ہونا۔ رسوائی ہونا۔

نام باقی رہنا (اُر محاورہ) قائم مقام رہنا۔ نسل اولاد باقی رہنا۔ نام ہی نام رہنا۔ نام کے سوا کچھ نہ رہنا۔

نام بتانا (اُر محاورہ) نام ظاہر کرنا۔ نام لینا۔ واقفیت جتانا۔

نام بدل جانا (اُر محاورہ) کوئی اور نام اختیار کرنا۔ شرط کے موقع پر کہتے ہیں۔ کہ اگر ایسا نہ ہُوا تو اپنا نام بدل ڈالیں۔

نام بدنام کرنا (اُر۔ محاورہ) رسوا کرنا۔ عیب لگانا۔ الزام سر تھوپنا۔

نام بد ہونا (اُر محاورہ) رسوا ہونا۔ نام نکلنا۔ عیب لگنا۔ کلنک لگنا۔ بُرائی کے ساتھ مشہور ہونا۔

نام بُرا ہونا (اُر محاورہ) بدنام ہونا۔ کوئی چیز خطرناک ہونا۔

نام بُردہ (ف۔ صف مفعولی) وہ شخص جس کا نام اُوپر لیا جا چکا ہو۔ مذکورہ۔ ذکر شُدہ۔

نام بڑا اور درشن چھوٹے (اُر مثل) جتنا نام ہے اتنا کام نہیں۔ نام کے موافق حیثیت نہیں۔

نام بڑا اونچا کانوں سے پوجا (اُر مثل) خاندان کے نام پر دھبہ ہے۔ خاندان کی بدنامی کا باعث ہے۔

نام بڑا ہونا (اُر محاورہ) کسی اچھی صفت یا کام سے مشہور ہونا۔ عالی خاندان ہونا۔

نام بڑا یا دام (اُر مثل) نیک نامی دولت سے بہتر ہے۔

نام بسنتی منہ کو کرسا (اُر مثل پوربی) نام اچھا کام بُرے۔

نام بکنا (اُر محاورہ) نام سے کام بننا۔ نام کی چیز بکنا۔ نام کی قدر ہونا۔

نام بگاڑنا (اُر محاورہ) نام کو بٹا لگانا۔ نام بدنام کرنا۔ بُری طرح نام لینا۔

نام بلند بہ از بام بلند (ف۔ مثل) اونچا نام۔ اُونچے کوٹھے سے بہتر ہے۔

نام بہ نام (ف۔ تا۔ بع فعل) اسم وار۔ نام وار۔ نام کی ترتیب سے۔ ایک ایک کو۔ ہر ایک کو۔ ہر ایک نام کے ساتھ۔

نام بھان متی جھیگی میں سر (ا۔ مثل) ظاہر بیں سمجھی کرنا۔ اور حقیقت میں کچھ نہیں۔

نام بھول جانا (اُر محاورہ) نام یاد نہ رہنا۔

نام بھی نہ لینا (اُر محاورہ) سخت نفرت کرنا۔ بہت بیزار ہونا۔

نام بھی نہ ہونا (اُر محاورہ) کوئی چیز بھی نہ ہونا۔

نام پانا (اُر محاورہ) شہرت پانا۔ مشہور ہونا۔ ناموری حاصل ہونا۔

نام پر (اُر۔ تا۔ بع فعل) شہرت کے لئے۔ بمعنی برائے۔ واسطے۔ جیسے اللہ کے نام پر۔

نام پر بیٹھنا (اُر محاورہ) نام کی وجہ سے مستقل رہنا۔ بھروسہ کرنا۔ توکل کرنا۔

نام پر پاپوش / پیزار مارنا (اُر محاورہ) کسی سے نہایت متنفر یا بیزار ہونا۔

نام پر پاپوش / پیزار / جوتی نہ مارنا (اُر محاورہ) کمال ناراض ہونا۔ بہت بیزار ہونا۔

نام پر جانا (اُر محاورہ) نام کا لحاظ کرنا۔ نام کی رعایت کرنا (عموماً اپنے ساتھ)

نام پر جان دینا (اُر۔ محاورہ) شہرت کے لئے سر مٹنا۔ اپنی شہرت کے لئے از حد کوشش کرنا۔ نام پر مر مٹنا۔

نام پر حرف آنا (اُر محاورہ) بدنام ہونا۔ رسوا ہونا۔

نام پر درود پڑھنا (اُر محاورہ) کسی کے نام کی عزت کرنا۔

نام پر مٹنا (اُر۔ محاورہ) کسی چیز کے نام پر عاشق ہونا۔ بے حد مائل ہونا۔

نام پڑ جانا (اُر۔ محاورہ) لقب پڑ جانا۔ عرف ہو جانا۔ کسی نام سے مشہور ہو جانا۔

نام پکارنا (اُر۔ محاورہ) نام سے بلانا۔ نام لے کر آواز دینا۔

نام پیدا کرنا (اُر محاورہ) شہرت حاصل کرنا۔ مشہور انام ہو جانا۔ ناموری حاصل کرنا۔

نام پیروں کا کھائیں مجاور (اُر مثل) دوسرے کے نام سے اپنا مطلب نکالنا۔

نام پیش کرنا (اُر محاورہ) کسی کام / ممبری وغیرہ کے لئے کسی کا نام تجویز کرنا

نام تک سُننا گوارا نہ ہونا / **نام تک کا روادار نہ ہونا** (اُر محاورہ) سخت بیزار / متنفر ہونا۔ نام لینے کی بھی کسی کو اجازت نہ ہونا۔

نام تک سے واقف نہ ہونا (اُر محاورہ) بالکل نہ جاننا۔ نام بھی نہ جاننا۔

نام ٹھہرا لینا (اُر محاورہ) کوئی نام رکھ لینا۔ حق کر لینا۔

نام جپنا (ہ۔ محاورہ) نام کی تسبیح کرنا۔ نام رٹنا۔ بار بار نام لینا۔

نام جو۔ یا۔ نامجو (ف۔ صف فاعلی) نام کا خواہاں۔ شہرت کا طالب۔ ناموری چاہنے والا۔

نام جھنڈے پر چڑھانا (اُر محاورہ) بدنام کرنا۔ مشہوری کرنا۔

نام جھنڈے پر چڑھنا (اُر۔محاورہ) بدنام ہونا۔ بدنام ہو جانا۔
نام چمکنا (اُر۔محاورہ) نیک نام ہونا۔ مشہور ہونا۔ شہرت ہونا۔
نام حاصل کرنا (اُر۔محاورہ) شہرت حاصل کرنا۔ ناموری حاصل کرنا۔
نام خاک میں مل جانا (اُر۔محاورہ) سخت بدنام ہونا۔ بیقدری ہونا۔ بے وقعت ہو جانا۔
نام چارکو (اُر۔تابع فعل) برائے نام۔ نام گنانے کو۔ ذرا سا۔
نام چڑھنا (اُر۔محاورہ) نام درج ہونا۔ دفتر میں نام لکھا جانا۔
نام چلنا (اُر۔محاورہ) نام قائم رہنا۔ نام کی یادگار باقی رہنا۔
نام خدا (ف۔) کلمہ دعائیہ۔ مجازاً ماشاءاللہ۔ چشم بدُود۔ خدا بُری نظر سے بچائے۔ کیا کہتے ہیں۔ کیا بات ہے۔ واہ وا۔ مرحبا۔ شاباش۔ سبحان اللہ۔ آفرین ہے۔
نام خُدا کنوار اپنڈا ہے (اُر۔محاورہ) چشم بد دُور کنواری ہے۔
نام خراب کرنا (اُر۔محاورہ) بدنام کرنا۔ بدنام ہونا۔ رسوا ہونا۔ رسوا کرنا۔
نام دار (ف۔صف فاعلی) نامی۔ مشہور۔ نامور۔
نام دھرنا (اُر۔مذ۔فاعل) نام رکھنے والا۔ باپ۔ پدر۔ والد۔
نام دھرنا (اُر۔محاورہ) نام رکھنا۔ نام تجویز کرنا۔ نام مقرر کرنا۔ عیب لگانا۔ نکتہ چینی کرنا۔ بُرا کہنا۔ الزام رکھنا۔ مول مانگنا۔ قیمت مقرر کرنا۔
نام دھروانا (اُر۔محاورہ) بُرا کہلوانا۔ دوش رکھوانا۔
نام ڈبونا (اُر۔محاورہ) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔ عزت کھونا۔
نام ڈوبنا (اُر۔محاورہ) بدنام ہونا۔ رسوا ہونا۔ رسوائی ہونا۔ عزت جانا۔
نام رکھنا (اُر۔محاورہ) دیکھو "نام دھرنا"۔
نام روشن کرنا (اُر۔محاورہ) نام اُجالنا۔ نیک نامی کے ساتھ مشہور کرنا۔ طنزاً بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔
نام رہ جانا۔ یا۔ رہنا (اُر۔محاورہ) یادگار باقی رہ جانا۔ نام باقی رہ جانا۔ نام و نشان باقی نہ رہنا۔
نام رہتی دُنیا تک قائم رہے (اُر۔دُعا) قیامت تک شہرت رہے۔ ہمیشہ عزت و آبرو قائم رہے۔
نام زبان پر آنا (اُر۔محاورہ) مُنہ سے کسی کا نام نکلنا۔ کسی کے نام کا خیال آنا۔
نام زبان پر پھرنا (اُر۔محاورہ) کسی کا نام پُوری طرح یاد نہ ہونا۔
نام زد۔ یا۔ نامزد (ف۔صف مفعولی) موسوم۔ معروف۔ نامی۔ مشہور۔
نامزد کرنا (اُر۔محاورہ) کسی کے نام پر کرنا۔ ڈیڈی کیٹ کرنا۔ معنون کرنا۔ نام رکھنا۔ مقرر کرنا۔ منسوب کرنا۔
نام زد ہونا (اُر۔محاورہ) مشہور ہونا۔ موسوم ہونا۔ منسوب ہونا۔
نام زندہ کرنا (اُر۔محاورہ) نام یاد دلانا۔ گمنامی سے نکالنا۔ نام روشن کرنا۔
نام سُننا (اُر۔محاورہ) صرف نام سے واقف ہونا۔ صرف نام کی جان پہچان ہونا۔ صورت آشنا نہ ہونا۔
نام سُننے سے رونگٹے کھڑے ہونا (اُر۔محاورہ) کسی سے بہت ڈرنا۔
نام سے (اُر۔تابع فعل) نام لے کر۔ نام کے ذریعے سے۔ نام پر۔ نام کے طفیل۔ نام کی بدولت۔ نام لینے سے۔ نام کے ساتھ بہانے سے۔ حیلے سے۔ لقب سے۔ خطاب سے۔
نام آشنا ہونا (اُر۔محاورہ) تھوڑی/معمولی سی واقفیت ہونا۔
نام سے بکنا (اُر۔محاورہ) خوبی سے کسی چیز کا نام ہونا۔ نہایت قدر ہونا۔
نام سے بھاگنا (اُر۔محاورہ) سخت متنفر ہونا۔ نام تک سننا گوارا نہ کرنا۔
نام سے پیٹنا (اُر۔محاورہ) کمال اعتقاد ہونا۔ کسی کے نام کے سبب قدر و منزلت ہونا۔
نام سے تپ چڑھنا (اُر۔محاورہ) بہت ڈرنا۔ سخت خائف ہونا۔
نام سے جلنا (اُر۔محاورہ) سخت بیزار ہونا۔ کمال متنفر ہونا۔
نام سے چڑنا (اُر۔محاورہ) کسی کا نام سُن کر ناراض ہونا۔ سخت نفرت کرنا۔
نام سے بیزار ہونا (اُر۔محاورہ) سخت بیزار ہونا۔ نام تک کا روادار نہ ہونا۔
نام سے دم نکلنا / نام سے کانپنا (اُر۔محاورہ) کسی سے بہت ہی ڈرنا۔ بے حد خوف کھانا۔
نام سے نفرت ہونا (اُر۔محاورہ) کمال نفرت ہونا۔ نام سے ہی چڑ جانا۔
نام سے کانوں پر ہاتھ دھرنا (اُر۔محاورہ) بے حد نفرت کرنا۔ سخت بیزار ہونا۔
نام سے مطلب (اُر۔محاورہ) شہرت سے غرض۔
نامش کلاں و دیہہ ویراں (ف۔مثل) نام بڑا گاؤں ویران۔
نام کا پاس (اُر۔سند) عزت کا خیال۔
نام کا چراغ جلانا / روشن کرنا (اُر۔محاورہ) کسی کے نام سے قبر پر چراغ جلانا۔
نام کا خم رکھنا (اُر۔محاورہ) گنجفے بازوں کا اپنے معشوق کے نام سے پتے چھپانا۔
نام کا سکہ جاری ہونا (اُر۔محاورہ) کسی کے نام کا سکہ جاری ہونا۔ کمال رعب و داب ہونا۔
نام کا گنا نہ پالنا (اُر۔محاورہ) کمال بیزار ہونا۔ از حد متنفر ہونا۔
نام کر جانا (اُر۔محاورہ) شہرت حاصل کر جانا۔ یادگار زمانہ ہو چکنا۔ یادگار چھوڑ جانا۔ شہرہ آفاق ہو جانا۔ مشہور ہو جانا۔
نام کرنا (اُر۔محاورہ) دوسرے کے نام لگانا۔ دوسرے پر تھوپنا۔ زمین جائداد وغیرہ کو دوسرے کے نام لگوا دینا۔ شہرت پانا۔ ناموری حاصل کرنا۔ نام ٹھہرانا۔ نام مقرر کرنا۔ نام رکھنا۔
نام کو (اُر۔تابع فعل) برائے نام۔ کہنے کو۔ نام نہاد۔ اپنی ذات کا۔ اپنی بات اور قول کا۔
نام کو دھبا لگانا (اُر۔محاورہ) نام کو بٹہ لگانا۔ نام بدنام کرنا۔ عیب لگانا۔
نام کو مرنا (اُر۔محاورہ) عزت کی پاسداری کرنا۔ نام کے لئے جان دینا۔ شہرت پر مٹنا۔
نام کو نہ چھوڑنا (اُر۔محاورہ) بالکل نہ چھوڑنا۔ ذرا باقی نہ رکھنا۔ خاتمہ کر دینا۔ ناپید کرنا۔

نام کو نہ رہنا (اُردو محاورہ) بالکل نہ رہنا۔ ذرا نہ رہنا۔ بالکل معدوم ہو جانا۔

نام کو نہ ہونا (اُردو محاورہ) ذرا نہ ہونا۔ بالکل بھی نہ ہونا۔

نام کو نہ ملنا (اُردو محاورہ) بالکل نہ پانا۔ بالکل نہ ملنا۔ ہرگز دستیاب نہ ہونا۔

نام کو نہیں (اُردو محاورہ) بالکل نہیں۔ مطلق نہیں۔ برائے نام بھی نہیں۔

نام کی بھول یا چوک (اُردو امو) نام کی غلطی۔ نام کی سہو یا سہو نام۔

نام کی تسبیح پڑھنا (اُردو محاورہ) ہر وقت نام لینا۔

نام کی چیز (اُردو امو) وہ چیز جو کسی کے لئے منگوائی جائے۔

نام کی رٹ (اُردو امو) کسی کے نام کا ورد ہر وقت کسی کو یاد کرنا۔

نام کی نوبت بجانا (اُردو محاورہ) اپنے نام کو مشہور کرنا۔

نام لکھنا (اُردو محاورہ) نام تحریر کرنا۔ نام چڑھانا۔ نام درج کرنا۔

نام لگانا (اُردو فعل) تہمت دھرنا۔ الزام لگانا۔ قصور ذمہ ڈالنا۔

نام لگنا (اُردو فعل) الزام لگنا۔ تہمت لگنا۔

نام لیکر بیٹھنا (اُردو محاورہ) بے سوچے سمجھے کسی کا نام لینا۔

نام لے دینا (اُردو محاورہ) کسی پر الزام لگانا۔ کسی کا نام بتانا۔

نام لیکر (اُردو تابع فعل) نام کی بدولت۔ نام سے۔ کسی بزرگ کے طفیل۔

نام لینا (اُردو محاورہ) نام رٹنا۔ نام جپنا۔ نام کی تسبیح کرنا۔ نام زبان پر لانا۔ نام پکارنا۔ الزام دینا۔ تہمت لگانا۔ ذکر کرنا۔ نام زبان پر لانا۔ گن گانا۔ تعریف کرنا۔

نام لیوا (اُردو صف فاعلی) نام لینے والا۔ نام یاد کرنے والا۔ مجازاً بیٹا۔ اولاد۔ یادگار۔ وارث۔

نام لیوا رہا نہ پانی دیوا (اُردو مثل) سب تباہ و برباد ہو گئے۔ کوئی باقی نہیں رہا۔ سب مر گئے۔

نام مٹنا (اُردو محاورہ) نام نہ رہنا۔ نام کا نیست و نابود ہو جانا۔ ناپید ہو جانا۔ گمنام ہو جانا۔

نام میرا گاؤں تیرا (اُردو مثل) کوئی کمائے کوئی اُڑائے۔ آپ مال مار لینا۔ دوسرے کو دھوکے میں رکھنا۔

نام نکالنا (اُردو محاورہ) شہرت دینا۔ مشہور کرنا۔ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔ برائی کے ساتھ مشہور کرنا۔ کسی عمل سے چور کا نام معلوم کرنا۔ کسی مقدس کتاب سے بچے کا نام تجویز کرنا۔

نام نکل جانا (اُردو محاورہ) برائی یا بھلائی میں مشہور ہو جانا۔ بدنام ہو جانا۔ نام پڑ جانا۔ عرف ہو جانا۔

نام نکلنا (اُردو محاورہ) شہرت پانا۔ مشہور ہونا۔ لقب پانا۔ رسوا ہونا۔ بدنام ہونا۔ عمل یا منتر سے چور کا نام معلوم ہو جانا۔ برائی یا بھلائی کے ساتھ مشہور ہونا۔

نام نگویا (ہ۔ صف) معمولی حیثیت کا آدمی۔

نام مرد بہ از ذات مرد (ف۔ مذ) آدمی کی اچھی شہرت کی دھاک اس کی ذات سے زیادہ بہتر ہوتی ہے۔

نام میرا گاؤں تیرا (اُردو مثل) کوئی کمائے کوئی کھائے سب کچھ آپ ہی لے لے۔ دوسروں کو کچھ نہ دے۔

نام نوبت ہونا (اُردو محاورہ) سرسبزا ہونا۔

نام نمود (اُردو امو) ظاہری ٹھاٹھ باٹھ۔ ٹیپ ٹاپ۔ عزت و نمائش۔

نام نہاد (ف۔ صف) نامزد۔ موسوم۔

نام نہ لینا (اُردو محاورہ) نام زبان پر نہ لانا۔ نہایت بیزار ہونا۔

نام نہ ہونا (اُردو محاورہ) وجود نہ ہونا۔ شہرت نہ ہونا۔

نام نہیں (اُردو محاورہ) بے نشان ہے۔ ٹھکانا نہیں۔ پتہ نہیں۔ لامکان ہے۔

نام نیک رفتگان ضائع مکن تابنا شد نام نیکت پائیدار (ف۔ مثل) جو لوگ مر چکے ان کے نیک ناموں کو ضائع نہ کرو تاکہ تیرا نام بھی باقی رہے۔

نام ور نامور (ف۔ صف) ترکیب فاعلی در کلمہ فاعلیت۔ نام والا۔ نامی۔ مشہور و معروف۔ نامزد۔

نام وری یا ناموری (ف۔ مو۔ یائے مصدری) نیک نامی۔ شہرت۔

نام وہ ہے جو خدا کہلوائے (اُردو مثل) اپنے منہ میاں مٹھو بننے سے کچھ نہیں ہوتا۔ شہرت وہ ہے۔ جو خدا کی طرف سے غیب ہو۔

نام و نشان (ف۔ مذ) ٹھور ٹھکانا۔ اتا پتا۔

نام و نشاں باقی نہ رہنا (اُردو محاورہ) گم ہو جانا۔ نیست و نابود ہو جانا۔ کوئی نہ رہنا۔

نام و ننگ (ف۔ امذ) عزت و آبرو۔

نام ہو جانا (اُردو محاورہ) شہرت ہو جانا۔ ناموری ہو جانا۔ واہ واہ ہو جانا۔ نام لگ جانا۔ الزام لگ جانا۔ نام پر لکھا جانا۔

نام ہونا (اُردو محاورہ) شہرہ ہونا۔ شہرت ہونا۔ نیک نامی ہونا۔ ناموری ہونا۔ واہ واہ ہونا۔ قرار پانا۔ ٹھہرنا۔ مانا جانا۔ تہمت لگنا۔ الزام لگنا۔ نام پر لکھا جانا۔ نام پر ہونا۔ ذمہ ہونا۔ سر پڑنا۔ شرکت ہونا۔ شمولیت ہونا۔

نام ہی نام ہے (اُردو محاورہ) کہنے ہی کو ہے۔ فی الحقیقت کچھ نہیں۔

نام ہے (اُردو محاورہ) شہرت ہے۔ برائے نام ہے۔ فی الحقیقت ہے۔ دراصل ہے۔

نانکر (اُردو صف) نامقر کا بگاڑ ہے۔ اقرار نہ کرنے والا۔ انکاری۔

ناموس (ع۔ امو) عزت۔ حرمت۔ عفت عصمت۔ نیک نامی۔ فرشتہ۔ ملائک۔ احکام الٰہی۔ جبرئیل علیہ السلام کا لقب۔ رازدار۔ زنانہ۔ زنان خانہ۔ گھر والا۔ گھر کا مالک۔ شرم۔ لاج۔ عزت۔ بے عزتی۔

ناموس اکبر (ع) سب سے بڑا قاعدہ اور دستور۔ مجازاً شریعت۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام کا لقب۔

ناموس بگاڑنا (اُردو محاورہ) آبرو لینا۔ ایسا فعل کرنا جس سے آبرو پر حرف آئے۔

ناموسی (اُردو امو) بے عزتی۔ ذلت۔ رسوائی۔ خواری۔ شرم۔ لاج۔ لحاظ۔

نامہ (ف۔ مذ) چٹھی۔ خط۔ نوشتہ۔ تحریر۔ پوتھی۔ پُستک۔ رسالہ۔ شاستر۔ کتاب۔ نسخہ۔ طومار۔ رجسٹر۔ قرضہ۔ نام لکھی ہوئی رقم۔ نانواں۔

نامہ آنا (اُر۔محاورہ) چٹھی آنا۔ خط آنا۔

نامۂ اعمال (ع۔مذ) اعمالنامہ۔ چال چلن کا رجسٹر۔ وہ سرکاری رجسٹر جس میں ملازموں کا چال چلن اور کارگذاری درج ہوتی ہے۔

نامۂ اعمال دھویا جانا (اُر۔محاورہ) گناہوں کا اللہ کے حکم سے مٹایا جانا۔

نامۂ اعمال سیاہ ہونا (اُر۔محاورہ) نامہ اعمال میں بہت سے گناہوں کا لکھا جانا۔ بہت زیادہ گناہ ہونا۔

نامہ بر (ف۔مذ۔فاعل ترکیبی) قاصد ہرکارہ۔ پیک۔ ڈاکیہ۔ چٹھی رساں۔ پیام بر۔

نامہ کھلا آنا (اُر۔محاورہ) کسی عزیز کی موت کی خبر آنا۔ زمانہ قدیم کے مطابق موت کی خبر کا خط کھلا آنا۔

نامہ نگار (ف۔مذ۔فاعل ترکیبی) خبر لکھنے والا۔ پرچہ نویس۔ کارسپانڈنٹ۔

نامہ و پیام یا پیغام (ف۔مذ۔ترکیبی) خط و کتابت۔ پیغام سلام۔ کارسپانڈنس۔

نامی (ف۔صف بیائے فاعلیت) نامور۔ مشہور۔ معروف۔ موسوم۔ نام والا۔ (عربی لفظ) اسم فاعل از نمو۔ بڑھنے والا۔ نمو کرنیوالا۔

نامی چور (اُر۔مذ) بڑا مشہور چور۔ بڑا بھاری چور۔

نامی چور مارا جائے / نامی دکاندار کما کھائے (اُر۔مثل) بدنام آدمی چاہے بڑا کام کرے نہ بہانہ کرے الزام اسی پر لگتا ہے۔

نامی گرامی / نامی نامزد (ف۔اصف) سب کا جانا۔ بوجھا۔ نہایت مشہور و معروف۔

نامیاتی (ع۔صف) عضویاتی۔ جسم کے متعلق جسمانی معلومات۔ وہ جس میں بڑھنے کی صلاحیت ہو۔

نامیہ (ع۔اسمو) نمو کرنے والی طاقت۔ بڑھنے والی طاقت۔ اشیاء کو بڑھانے والی طاقت۔

نان (ف۔اسمو) روٹی۔ چپاتی۔ پھلکا۔ بڑی اور موٹی تنور کی روٹی۔

نانبا۔ یا۔ نانوا۔ یا۔ نان پزیر۔ یا۔ نانبائی یا۔ نانوائی (ف۔مذ) روٹی پکانے والا۔ روٹی شوربا وغیرہ بیچنے والا۔ (نان اور ابا سے مرکب ہے، جس کے معنی روٹی اور شوربا ہیں)۔

نان پاؤ (اُر۔اسمو) ایک قسم کی خمیری روٹی۔

نان پز (ف۔امذ) روٹی پکا کر بیچنے والا۔ نانبائی۔ بھٹیارا۔

نانِ جویں (ف۔اسمو) عزیزانہ روٹی۔ روکھی سوکھی روٹی۔ جو کی روٹی۔ دال دلیا۔

نانِ خشک (ف۔امذ) روکھی روٹی۔ سوکھی روٹی۔

نانِ خطائی (ف۔اسمو) ایک خاص قسم کی مٹھائی جو کھانڈ میدے اور گھی سے بنائی جاتی ہے۔

نان خواہ (ف۔امذ) اجوائن۔

نانِ رباط (ف۔امذ) وہ روٹی جو خانقاہوں میں ملتی ہے۔

نان فروش (ف۔صف) روٹی بیچنے والا۔

نان کے لئے مرنا (اُر۔محاورہ) کھانے پر جان دینا۔ کھانے کو مقدم ماننا۔

نانِ نعمت (ف۔مذ) بڑی نعمت۔ لذیز نعمت۔

نان و نفقہ (ف۔امذ) روٹی کپڑا۔ روٹی اور گھر بار کا خرچ۔ بال بچوں اور بیوی کو روٹی کپڑا وغیرہ دینا۔

نان و نفقہ دینا (اُر۔محاورہ) بیوی بچوں کو روٹی دینا۔ گھر بار کا خرچ ادا کرنا۔

نان و نمک (ف۔امذ) معمولی روٹی جس میں کوئی تکلف نہ ہو۔

نانا (ہ۔مذ) ماں کا باپ۔

نانا کی دولت پر نواسہ اینڈا اچھرے (اُر۔مثل) دوسروں کی دولت پر تنجی۔

نانا کے ٹکڑے کھائے دادا کا پوتا کہلائے (اُر۔مثل) فائدہ کہیں سے اُٹھائے اور خدمت کسی اور کی کرے۔ محنت کوئی کرے راحت کوئی پائے۔

نانا (س۔صف) طرح طرح کا۔ انواع و اقسام کا۔

نانٹھ (ہ۔امذ) لاوارث مال۔ وہ مال جس کا کوئی وارث نہ ہو۔

نانٹھ پر بیٹھنا (ہ۔محاورہ) لاوارثی مال پر قابض ہونا۔

نانٹھا یا۔ نانٹھا (ہ۔صف) وہ شخص جس کا کوئی وارث نہ ہو بے وارثا۔

نانڈہ (ہ۔اسمو) بڑا کونڈا۔ تغار سفالین۔

نانڈھنا (ہ۔محاورہ) چھیڑنا۔ شروع کرنا۔ آغاز کرنا۔ بیان کرنا۔ کوئی کام شروع کرنا۔ اختیار کرنا۔

نانس (ہ۔اسمو) ساس کی ماں۔ نیا ساس۔

نانسرا (ہ۔امذ) نیا خسر۔ ساس کا باپ۔

نانک (ہ۔امذ) ایک مشہور خدا پرست درویش کا نام ہے۔ جو سکھوں کے فرقہ کے بانی اور بابر بادشاہ کے عہد میں گزرے ہیں۔

نانک کا پنتھ (ہ۔امذ) گورو نانک کا ایجاد کردہ مذہب۔ سکھ مذہب۔

نانک پنتھی (ہ۔امذ) گرو نانک صاحب کا پیرو سکھ۔

نانک شاہی (اُر۔امذ) فقرا کا ایک گروہ۔ سکھوں کے عہد کا ایک سکہ جو پیسے کی جگہ چلتا تھا۔

نانک سنجا ہو رہو جیسے سنجی ڈوب / پیڑ پیڑے گر جائیں گے ڈوب خوب کی خوب (اُر۔معقولہ) انکسار بہتر ہے۔

نانو۔ یا۔ نانون (ہ۔مذ) نام۔ اسم۔

نانوان۔ یا۔ نانوہ (اُر۔مذ) وہ رقم جو کسی کے نام لکھی ہوئی ہو۔ آتا قرضہ۔ واجب الادا۔

نانوان چکانا (اُر۔محاورہ) قرضہ ادا کرنا۔ حساب بے باق کرنا۔

نا۔ یا۔ نہ (ہ) حرف نفی۔ نہیں۔ لامعنی۔ نہیں۔

نانہیال۔ یا۔ ننبال (اُر۔امذ) نانا کا گھر۔ نانا کا کنبہ۔ نانا کا گھرانا۔

نانی (ہ۔امو) نانا کی بیوی۔ ماں کی ماں۔
نانی اماں/نانی جان (ہ۔امو) پیار یا عزت۔ سے نانی کو کہتے ہیں
نانی کوار نی ہی مرگئی نواسی کے ساڑھے سترا/سو سو بان (اُر۔مثل) ہان شادی سے پہلے نہانے کو کہتے ہیں۔ نودولت آدمی کے متعلق کہا جاتا ہے۔ جو ایک دم شیخی میں آجائے۔
نانی کے آگے ننھیال کی باتیں (ہ۔مثل) کسی عزیز کی شکایت اسی کے روبرو۔ یا ایک عزیز کی شکایت دوسرے کے سامنے۔
نانی کے ٹکڑے کھاوے دادی کا پوتا کہلاوے (ہ۔مثل) خرچ کوئی کرے نام کسی کا ہو۔
نانی نے خصم کیا نواسا چٹی بھرے نانی خصم کرتے نواسا چٹی بھرے (اُر۔مثل) قصور کوئی کرے ذمہ کسی کے لگے کرے کوئی خمیازہ بھرے کوئی۔ کسی کا قصور کسی کے ذمہ۔
نانی یاد آجانا (اُر۔محاورہ) مصیبت میں پھنس کر قدر عافیت ہونا۔ محنت سے گھبرا جانا۔ اور آرام کا زمانہ یاد آنا۔ مصیبت سے تنگ ہوجانا۔
ناؤ (ہ۔مذ۔بواؤ معروف) حجام۔ نائی۔ اُستاد۔
ناؤ (ف۔مو۔بواؤ مجہول) کشتی۔ دریا سے پار اُترنے کی سواری سفینہ۔
ناؤدان (ف۔مذ) پرنالا۔ بدرو۔
ناؤ چلنا (اُر۔محاورہ) کشتی رواں ہونا۔
ناؤ خشکی میں نہیں چلتی (اُر۔مثل) لئے دیئے بغیر کام نہیں چلتا۔ سخاوت کے بغیر کوئی امیر ناموری حاصل نہیں کرسکتا۔
ناؤ ڈوبنا (اُر۔محاورہ) کشتی کا پانی میں غرق ہونا۔ کام خراب ہونا۔
ناؤ کنارے لگانا (اُر۔محاورہ) کشتی کنارے پر پہنچانا۔ آسان ہونا۔
ناؤ کس نے ڈبوئی کہ خواجہ خضر نے (اُر۔مثل) جب خود رہبر اور ہادی ہی تباہی کا باعث ہو تو وہاں یہ مثل بولا کرتے ہیں۔
ناؤ کھینا (اُر۔محاورہ) کشتی چلانا۔
ناؤ منجدھار میں پڑنا (اُر۔محاورہ) معاملے کا پیچیدہ ہونا۔
ناؤ میں خاک اڑانا (اُر۔محاورہ) سفید جھوٹ بولنا۔ بالکل جھوٹا الزام لگانا۔ ناحق تہمت دھرنا۔
ناورد (ف۔امو) لڑائی۔ جنگ وجدل۔
ناوک (ف۔مذ) تیر۔ بان۔ خدنگ۔
ناوک اندام (ف۔صف) تیرانداز۔ تیر چلانے والا۔
ناوک بیٹھنا (اُر۔محاورہ) تیر نشانے پر لگنا۔
ناوک زن/افگن/فگن (ف۔صف) تیرانداز۔ تیر چلانے والا۔
ناوک سا تیر نکل جانا (اُر۔محاورہ) صاف نکل جانا۔
ناوکی (ہ۔مذ) ملاح۔ ماجھی۔ کشتیاں۔
ناوٗنوش (ف۔مذ) نا بمعنی نے۔ یعنی راگ اور نوش بمعنی پینا سے مرکب ہے) یعنی گانا سننا۔ اور شراب پینا۔ مجازاً عیش وعشرت۔ راگ رنگ۔ عیش ونشاط۔
ناہار (ف۔بس۔مذ) ناحرف نفی اور ہار بمعنی کھانا) ناشتا۔ نہار منہ کھانا۔
ناہر (ہ۔امذ) شیر۔ سنگھ۔ باگھ۔ کہری۔ اسد۔ ضیغم۔
ناہر سانس (ہ۔امو) گھوڑے کی ایک بیماری کا نام ہے۔ جس کے سبب سے سواری کے وقت اس کے منہ سے غرغراہٹ کی آواز نکلتی ہے اور دم پھول جاتا ہے۔
ناہرو (ہ۔امو) سوت جیسا باریک کپڑا جو پیٹ میں پڑجاتا ہے۔ نہروا۔
ناہید (ف۔مذ) زہرہ ستارہ۔ لوٹے فلک۔ شکر۔ سوکھ۔ تیسرے آسمان پر ایک ستارے کا نام ہے۔
نا ہیں (ہ) کلمہ نفی۔ نہیں۔
نائی (ہ۔امذ) حجام۔ اُستاد۔ موتراش
نائی کی برات میں سبھی ٹھاکر (ہ۔مثل) اپنی قوم میں ہر کوئی ذی عزت ہوتا ہے ایسے موقع پر بولتے ہیں۔ جہاں سب لوگ امتیازی ہوں۔ اور کاروبار کرنے والا کوئی نہ ہو۔
نائی نائی بال کتنے؟ ججمان جی آگے آتے ہیں (اُر۔مثل) جب کوئی بات ظاہر ہونے والی ہو۔ اور اس کی نسبت کوئی پوچھے تو کہتے ہیں۔
نایاب (ف۔مذ) کمیاب۔ نادرالوجود۔ معدوم۔ عمدہ۔ مختصر قابل تعریف۔
نائب (ع۔امذ) قائم مقام۔ اسسٹنٹ۔ معاون۔ مددگار۔ منیم مانحت۔ مختار۔ سفیر۔ ڈپٹی۔ ایجنٹ۔
نائٹ (انگ۔صفت۔ Night) رات کا۔ رات کے متعلق۔
نائٹ کلب (انگ۔ا۔مذ۔ Night Club) شبنہ کلب تعزیح گاہ جہاں رات کو ناچ گانا ہو۔
نائٹروجن (انگ۔ا۔مذ۔ Nitrogen) بے رنگ وبو بے ذائقہ گیس۔ شورین۔
نائرہ (ع۔امذ) لاٹ۔ لو۔ لپٹ۔ آگ کا شعلہ۔
نائزہ (ف۔امذ) پیشاب آنے کی نالی۔ مجاز عضو تناسل۔
نائک (ہ۔امذ) سردار قافلہ۔ قافلہ سالار۔ سردار۔ مربی۔ سرتاج فن موسیقی کا ماہر۔ کابل۔ بہت بڑا گویا۔ ایک فوجی عہدے کا نام۔
نائکا (س۔امو) نائک کی استری۔ کٹنی۔ رنڈیوں کے گھر کی مالک۔
نائن (ہ۔امو) نائی کی بیوی۔ نائی قوم کی عورت۔

ن - ب



نب (انگ۔امذ۔ Nib) زبان قلم ڈنک۔ فولادی قلم۔ انگریزی قلم کی چونچ۔
نبات (ع۔امو) سبزی۔ بوٹی۔ ترکاری۔ روئیدگی۔ سبزہ۔ نب

مصری ۔ قند ۔
نَباتات (ع۔ا۔مو) نباتات کی جمع ۔ پودے ۔ سبزی ۔ ترکاریاں ۔
نباتات چُنوانا (اُر۔محاورہ) دُولہا کو مصری کی ڈلیاں عروس کے کندھوں کہنیوں، گھٹنوں پیٹھ اور ہاتھوں پر رکھ کر بغیر ہاتھ لگائے مُنہ سے کھلوانا ۔
نباتی (ع ۔صف۔بیائے نسبتی) جڑی بوٹی کا گھاس ۔ پات کا ۔ روئیدگی کا ۔
نَبّاش (ع ۔صف) کفن چور ۔
نبّاض (ع۔ا۔مذ) نبض دیکھنے والا ۔ حکیم ۔ وید ۔ طبیب ۔
نبّاضی (ع۔ا۔مو) نبض شناسی ۔
نِباہ (ہ۔ا۔مذ) تکمیل ۔ کسی کام کو اس کی حد تک پہنچانا ۔ انجام ۔ گزارا ۔ وفاداری ۔ کمال ۔
نِباہ دینا (ہ ۔محاورہ) گزار دینا ۔ کسی کے ساتھ اخیر دم تک بسر کر دینا ۔ انجام تک پہنچا دینا ۔
نِباہ کرنا (ہ ۔فعل) کسی کے ساتھ بسر کرنا ۔ وفاداری کرنا ۔ گزارا کرنا ۔ گزار دینا ۔
نِباہنا (ہ ۔محاورہ) گزارنا ۔ کسی کے ساتھ بسر کرنا ۔
نِباہو (ہ ۔مذ۔فاعل بواؤ مجہول) نباہ دینے والا ۔ بسر کر دینے والا ۔ وفادار مخلص ۔ اخیر تک گزار دینے والا ۔
نبائر (ف ۔ا۔مذ) نبیرہ کی جمع عربی طرز پر فارسیوں نے بنائی ہے ۔ جو غلط ہے ۔ پوتے نواسے ۔
نبٹانا (ہ ۔فعل) چکانا ۔ ادا کر دینا ۔ بیباق کر دینا ۔ نمٹانا ۔
نبٹاؤ (ہ ۔مذ۔بواؤ مجہول) نمٹاؤ ۔ فیصلہ ۔ تصفیہ ۔ انفصال ۔ بے باقی ۔
نبٹنا یا نِبٹ جانا (ہ ۔فعل) بیباق ہونا ۔ نمٹنا ۔ چھٹکارا پانا ۔ فرصت پانا ۔ فارغ ہونا ۔ پورا ہونا ۔ ختم ہونا ۔ جھگڑا طے ہو جانا ۔ فیصلہ ہو جانا ۔ تکرار باقی نہ رہنا ۔ کٹنا ۔ انجام پر پہنچنا ۔
نبیڑا (ہ۔ا۔مذ) نبٹاؤ ۔ فیصلہ ۔ تصفیہ ۔ نیڑا ۔
نبختا (ہ ۔صف فاعلی) بدبخت ۔ بے نصیب ۔ کم بخت ۔ نربھاگ ۔ نگوڑا ۔ مُنحوا ۔
نبختی (اُر۔صف۔ا۔مو) بدبخت ۔ بے نصیب ۔ موئی ۔ نگوڑی ۔
نبرد (ف۔ا۔مو) لڑائی ۔ جنگ ۔ جدھ ۔
نبرد آزما (ف ۔صف) جنگ آزمودہ ۔ جنگی لڑائیوں میں رہا ہوا ۔ دلاور ۔ بہادر ۔ شجاع ۔
نبرد گاہ (ف ۔مذ ظرف) میدان جنگ ۔ لڑائی کا کھیت ۔ لڑائی کی جگہ ۔
نبڑ جانا (ہ ۔محاورہ) خرچ ہو جانا ۔ ختم ہو جانا ۔ تمام ہو جانا ۔ نمٹ جانا ۔ باقی نہ رہنا ۔ انجام کو پہنچ جانا ۔
نبیڑنا (ہ ۔فعل) خرچ ہونا ۔ تمام ہونا ۔ باقی نہ رہنا ۔ نمٹنا ۔
نبض (ع۔ا۔مو) ناڑی ۔ ہاتھ کی وہ رگ جو حرکت کرتی ہے ۔ شریان ۔ رگ جہندہ ۔
نبض ابھرنا (اُر محاورہ) نبض کی حرکت کا کم ہو کر پھر چلتی ہوئی محسوس کرنا ۔
نبض انتشار میں ہونا (اُر محاورہ) حالت مرض میں نبض کا خلاف قاعدہ چلنا ۔
نبض بارد (اُر۔ا۔مو) وہ نبض جس کا مقام چھونے سے سرد معلوم ہو ۔ یہ حرارت کی کمی کی دلیل ہے ۔
نبض بطی (ع۔ا۔مو) سُست حرکت کرنے والی نبض ۔ جو کمزوری کی علامت ہے ۔
نبض پر ہاتھ رکھنا (اُر محاورہ) نبض دیکھنا ۔
نبض پہنچان لینا (اُر محاورہ) مرض دریافت کرنا ۔
نبض جید الوزن / حسن الوزن (ع۔ا۔مو) وہ نبض جو عمر کے لحاظ سے دُرست ہو ۔ یعنی بچپن ۔ جوانی اور بڑھاپے میں ہر عمر کے اعتبار اور مناسب سے دُرست ہو ۔
نبض دیکھنا (اُر۔محاورہ) نبض پر ہاتھ کی اُنگلیاں رکھ کر اس کی رفتار معلوم کرنا ۔ ناڑی دیکھنا ۔ خبر لینا ۔
نبضیں چھوٹنا یا چھٹنا (اُر۔محاورہ) ناڑیوں کی حرکت بند ہونا ۔ قریب مرگ ہونا ۔ نزع کی حالت ہونا ۔ مُردہ سا ہو جانا ۔ خبر نہ رہنا ۔ دم خشک ہو جانا ۔ گھبرا جانا ۔ حواس باختہ ۔ ہو جانا ۔
نبل (ہ ۔صف) انگ لغی اور بل بمعنی زور) کم طاقت بے زور ۔ اناڑا ۔ ناقص ۔ خراب ۔ بیکس بے یار و مددگار ۔ نرمل ۔ دُرمل ۔
نبوّت (ع ۔ا۔مو) خبر رسانی ۔ پیغمبری ۔ رسالت ۔ احکام الٰہی کا بندوں تک پہنچانا ۔
نبولی (ہ ۔ا۔مو) نیم کے درخت کا پھل ۔ تخم درخت نیم (یہ لفظ بواؤ مجہول ہے) ۔
نبوی (ع ۔صف۔بیائے نسبتی) منسوب بہ نبی ۔ نبی سے نسبت رکھنے والا ۔
نبھ (س۔ا۔مذ) آکاس ۔ آسمان ۔ گگن ۔ بادل ۔ کرہ ہوائی ۔ ساون کا مہینا ۔ برسات کا مہینا ۔
نبھاگا (ہ ۔صف ۔ مذ) بدنصیب ۔ کمبخت ۔
نبھانا (ہ ۔فعل) نباہنا ۔ باہم بسر کرنا ۔ ایک دوسرے کے ساتھ باہم گزارا کرنا ۔
نبھاؤ (ہ ۔ مذ ۔حاصل مصدر) گزارا ۔ وفاداری ۔ استقلال ۔ ثابت قدمی ۔
نبھرنا (ہ ۔صف ۔فاعلی) جس کا بھرم نہ ہو ۔ غیر معتبر ۔ بے اعتبارا ۔
نبھنا (ہ ۔فعل) باہم گزرنا ۔ بسر ہونا ۔ انجام کو پہنچنا ۔ اخیر تک رہنا ۔
نبی (ع۔ا۔مذ) خبر پہنچانے والا ۔ رسول ۔ پیغمبر ۔
نبی برحق (ع۔ا۔مذ) سچا پیغمبر ۔
نبی جی (روزمرہ) طوطوں کو سکھانے کا فقرہ ۔
نبی کی مار (اُر بددعا) لعنت ہو ۔ بددعا ۔
نبی مُرسل (ع۔ا۔مذ) صاحب کتاب نبی ۔ وہ پیغمبر جس پر کوئی آسمانی کتاب نازل ہوئی ہو ۔
نبیرہ (ف ۔ا۔مذ) پوتا ۔ بیٹے کا بیٹا ۔ نواسا ۔ بیٹی کا بیٹا ۔
نبیڑی (ہ ۔ا۔مو) تکمیل ۔ نیڑہ ۔ نمٹاؤ ۔

نبیڑا (ہ۔مذ) نباؤ۔ تکمیل۔ اختتام۔ انجام۔
نبیڑ لینا (ہ۔فعل) پورا کر لینا۔ گزار لینا۔ بسر کر لینا۔ تمام کر لینا۔ ختم کر لینا۔
نبیڑنا (ہ۔فعل) تمام کرنا۔ پورا کرنا۔ نمٹانا۔ بسر کرنا۔ گزارنا۔
نبیڑو (ہ۔صف فاعلی) پورا کرنے والا۔ نمٹانے والا۔

ن - پ

نپا پریا۔ نپا ہوا (ہ۔صف) اندازکیا ہوا۔ ماپا ہوا۔
نپا تلا (ہ۔صف) مقررہ۔ محدود۔ تھوڑا نا پا جانا۔ لڑائی ہونا جھگڑا۔
نپا شور با اور گنی بوٹی (اُر۔مثل) بالکل پورا۔ رتی بھر بھی کم وبیش نہیں۔ گزارہ ہے کم۔ مفلسی کی حالت ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں۔
نپت (ہ۔ا۔مو) پیمائش۔ ماپ۔ ناپ۔ مپتی۔ مپت۔
نپٹ (ہ۔صف) بالکل۔ محض۔ نرا۔ تمام۔ سراسر۔ بہت۔ نہایت
ات۔ گت۔
نپنا (ہ۔فعل) پیمائش ہونا۔ مپنا۔ ناپا جانا۔ لڑائی ہونا۔ جھگڑا ہونا۔
نپنسک (س۔ا۔صف) ہیجڑا۔ نامرد۔ مخنث۔ زنخہ۔ خنثہ۔
نپوتا (ہ۔صف۔مذ) بے اولاد۔ لاولد۔ (کلمہ نفرت) مُوا۔ نگوڑا۔
نپل (انگ۔ا۔مذ Nipple) چھینچنی۔ گھنڈی۔ سرِ پستان۔
نپوتی روو سے پوتوں کو سپوتی روو سے ٹوکوں کو (ہ۔مثل) دُنیا میں کوئی خوش نہیں بے اولاد۔ اولاد کے لئے روتی ہے۔ اور اولاد والی ٹکڑوں کو محتاج ہے۔
نپوتی (ہ۔صف۔ا۔مو) وہ عورت جس کے کوئی بال بچہ نہ ہو۔ (نفرت) موئی۔ نگوڑی۔ نالائق۔
نپوتی کا منہ دیکھے سات اُپاس (ہ۔مثل) بے اولاد اس قدر منحوس ہے۔ کہ اگر اس کا منہ صبح سویرے دیکھ لیا جائے۔ تو سارا دن کھانا نہیں ملتا۔ (یہ ہندوؤں کا وہمی عقیدہ ہے)
نپوتے کا گھر سونا، مورکھ کا ہردا سونا دِلدری کا سب کچھ سونا (ہ۔مثل) بے اولاد کا گھر خالی۔ بے وقوف کا دل خالی اور بدقسمت کا سب کچھ خالی ہے۔
نپوڑنا (ہ۔فعل) دانت نکوسنا۔ منہ بگاڑنا۔ کھسیانی ہنسی ہنسنا۔ زہر خند کرنا۔
نپی تلی (ہ۔صف) دیکھیے نپا تلا کا مؤنث ہے۔

ن - ت

نت (ہ۔صف) سدا۔ ہمیشہ۔ مدام۔ ہر روز۔ آئے دن۔ دائم۔
نت اُٹھ (ہ۔تابع فعل) ہمیشہ اُٹھ کر۔ ہر روز۔ روز کے روز۔ آئے دن۔
نت نئی چال چلنا (اُر۔محاورہ) ہر روز نئی تدبیر عمل میں لانا۔
نت نئی چنگی پنوہار کو ننگی / مندی (ہ۔مثل) بخیلی کے موقع پر بولتے ہیں۔
نت کھودنا نت پانی پینا (ہ۔محاورہ) روز مزدوری کرنا۔ اور روز کھانا۔ جتنا کمانا اتنا ہی کھانا۔
نت کی بیوی پدنی اوروں کو دوش (اُر۔مثل) جو اپنا الزام دوسروں پر تھوپے۔ اس کے متعلق کہتے ہیں۔ چڑانے والے کی نسبت بولا کرتے ہیں
نت کی دُکھیا کرموں دوش (ہ۔مثل) ہمیشہ کی مُصیبت زدہ اور تقدیر پر الزام۔
نت نت (ہ۔کلمہ دُعا) جم جم کا مترادف۔ سدا۔ ہمیشہ۔
نت نیا (ہ۔تابع فعل) ہمیشہ نئی بات۔ تازہ بتازہ۔ نو بنو۔ ہر روز نیا۔ انوکھا۔ عجیب وغریب۔
نتارنا (ہ۔فعل) دھارنا۔ چھاننا۔ صاف کرنا۔ کدورت دور کرنا۔ نسوڈ پانی نکالنا۔ آب زلال لینا۔
نتنی (ہ۔ا۔مو) نواسی۔ بیٹی کی بیٹی۔
نتھ (ہ۔ا۔مو) ناک کا چھلا۔ ناک میں پہننے کا سونے کا حلقہ جو سہاگ کے دن عورتیں پہنا کرتی ہیں۔
نتھ بڑھانا (ہ۔محاورہ) نتھ کو اُتار کر رکھنا۔
نتھ جوڑی برقرار رہے (اُر۔محاورہ دُعائیہ) سہاگ قائم رہے۔
نتھارنا (ہ۔فعل) صاف کرنا۔ آب زلال لینا۔ پانی کو نرمل کرنا۔ صاف کرنا۔
نتھرا (ہ۔صف) صاف۔ نرمل۔ آب زلال۔
نتھنا (ہ۔ا۔مذ) ناک کا ایک طرف کا خانہ۔ منخر۔
نتھنوں میں تیر دینا (اُر۔محاورہ) نہایت تنگ کرنا۔ بہت دق کرنا۔
نتھوں میں دم کرنا (اُر۔محاورہ) ناک میں دم کرنا۔ ستانا۔ تنگ کرنا۔
نتھنی (ہ۔ا۔مو) چھوٹی نتھ۔ تلوار کے قبضے کی کڑی۔ ناتھ۔ نکیل۔ بیل کی ناک کی رسی۔
نتھنی اُتارنا (اُر۔محاورہ) چیرا اُتارنا۔ کسی کا ازالہ بکر کرنا۔
نتھنے (ہ۔ا۔مذ) دیکھیے نتھنا۔ جس کی یہ جمع ہے اور مغیرہ صورت ہے۔
نتھنے پھلانا (ہ۔محاورہ) ناک پھلانا۔ ناک چڑھانا۔ تیوڑی چڑھانا۔ ناراض ہونا۔ سخت محنت کے بعد ناک سے لمبے لمبے سانس لینا۔
نتھنے چڑھانا (اُر۔محاورہ) ناک چڑھانا۔ ناراض ہونا۔ تیوڑی چڑھانا۔
نتھی (ہ۔صف) کاغذ ٹانکنے کی ڈور۔ وہ ڈورا جو کئی کاغذوں کے سرے میں ڈالا جائے۔
نتھی ٹوٹ جانا (اُر۔محاورہ) وہ کاغذ جو ایک ڈورے میں پروئے ہوئے ہوں۔ ان کا غذوں کا ڈورا ٹوٹ جانا۔
نتھی توڑ دینا (اُر۔محاورہ) دیکھیے "نتھی ٹوٹ جانا"۔ جس کا یہ متعدی ہے۔
نتھی ہونا (اُر۔محاورہ) کاغذوں کا ڈورے کے ذریعے ایک جگہ جڑھے

ہونا۔ کسی کے ساتھ شامل ہونا ؛

نتیجہ (ع۔ا۔مذ) غرض۔ مطلب۔ اخیر۔ انجام۔ حاصل۔ ماحصل۔ انتہا۔ خاتمہ۔ پھل۔ ثمرہ ؛ امتحان کا فیصلہ فیل یا پاس۔ بدلہ سزا

نتیجہ اصل (ع۔مذ) قدرتی ماحصل ؛

نتیجہ بُرا ہونا (اُر۔محاورہ) کئے کی سزا ملنا۔ بدلہ ملنا ؛

نتیجہ دیکھنا (اُر۔محاورہ) ضروری استدلال۔ ثمرہ پانا۔ کیے کی سزا پانا ؛

نتیجہ لازمی (اُر۔محاورہ) ضروری استدلال۔ یقینی ماحصل ؛

نتیجہ نکلنا (اُر۔محاورہ) ماحصل نکلنا۔ لب لباب نکلنا۔ امتحان کا فیصلہ سُنایا جانا ؛

ن - ٹ

نَٹ (ہ۔ا۔مذ) قلابا ز۔ بازیگر۔ کلاکر نیوالا۔ وہ لوگ جو ڈھول بجا کر اور رسّی اور بانس وغیرہ پر چڑھ کر تماشا دکھلاتے ہیں۔ ایک قوم کا نام۔ ایک راگنی کا نام ؛

نٹ بدّیا (ہ۔ا۔مو) رسّی پر چڑھ کر ناچنے کا علم ؛

نٹ بدّیا پائی جائے جٹ بدّیا نہ پائی جائے (اُر۔مثل) جاٹ بہت چالاک ہوتا ہے۔ نٹ بھی چالاکی میں اس کا مقابلہ نہیں کرسکتا ؛

نٹ کا بچّہ کلابازی ہی کریگا (اُر۔مثل) وہ جس کا پیشہ ہے۔ وہی کام اچھی طرح کرسکتا ہے ؛

نٹ کھٹ (ہ۔اصف) نکھٹو جو کماؤ نہ ہو۔ مکّار۔ دغاباز۔ عیّار۔ چالاک۔ فریبی۔ لڑاکا۔ شریر۔ بے باک۔ گستاخ۔ کھیٹ۔ پاکھنڈی ؛

نٹ کھٹی (ہ۔ا۔مو) شوخی۔ عیّاری۔ دغابازی۔ چالاکی۔ فریب۔ شرارت۔ پاکھنڈ۔ گستاخی ؛

نٹنا (ہ۔فعل) ناٹنا کا مخفف ہے۔ انکار کرنا۔ مُنکر ہونا۔ مُکر جانا ؛

نٹنی (ہ۔ا۔مو) بازیگرنی۔ کلا کرنے والی عورت۔ نٹ کی بیوی۔ نٹ کی بیوی۔ نٹنی قوم کی عورت۔ کسبی۔ رنڈی ؛

نٹنی بانس پر چڑھی / نواب گھونگٹ کیسا (اُر۔مثل) بے پردہ ہونے پر گھونگٹ اور عزت باقی نہیں رہتی ؛

نٹوا (ہ۔ا۔مذ) ایک اور قوم جو جامہ اور پگڑی باندھ کر ناچتی ہے۔ ادنےٰ درجے کا ناچنے والا لونڈا ؛ قوّال۔ بھانڈ۔ نقال ؛

نٹھر (ہ۔صف) سخت۔ کٹھور۔ سنگ دل۔ اکھڑ۔ نروئی بے رحم ؛

نٹھلا (ہ۔صف) خالی۔ بے کار۔ بے شغل ؛

نٹھلا بنیا پتھر توڑے (اُر۔مثل) بے کار آدمی۔ کچھ فضول کام کرتا ہے ؛

نٹیا (ہ۔ا۔مذ) چھوٹے قد کا بیل۔ چھوٹی نسل کا بیل ؛

نٹیرنا (ہ۔مصدر) آنکھیں اونچی کرنا۔ ڈھیلے اونچے کرنا۔ آنکھیں بند کرنا (مُردے کی)

ن - ث

نثار (ع۔ا۔مذ) نچھاور۔ بکھیر۔ صدقے کے طور پر کسی کے سر پر سے بکھیری ہوئی چیز ؛

نِثار (ع۔ا۔مذ) نچھاور کرنا۔ صدقے۔ قربان۔ تصدّق۔ واری ؛

نِثار کرنا (اُر۔محاورہ) بکھیرنا۔ وارنا۔ صدقے کرنا۔ قربان کرنا۔ نچھاور کرنا ؛

نِثار ہونا (اُر۔محاورہ) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ قربان ہونا۔ صدقے ہونا۔ واری ہوجانا ؛

نَثر (ع۔ا۔مو) پراگندہ۔ بکھرا ہوا۔ ستر بتر۔ وہ عبارت جو نظم نہ ہو ؛

نثرہ (ع۔ا۔مذ) ایک نہایت روشن اور چمکدار ستارے کا نام ہے ؛

ن - ج

نِج (ہ۔صف) اپنا۔ ذاتی۔ گھر کا۔ خانگی۔ پرائیویٹ۔ سکونتی مکان۔ ایک حرف۔ نفی بھی ہے ؛

نِج کا حساب (ہ۔ا۔مذ) ذاتی حساب۔ خانگی حساب۔ ذاتی لین دین ؛

نِج کا مال (اُر۔مذ) اپنا مال۔ ذاتی مال ؛

نِج کا نوکر (اُر۔مذ) خاص ملازم۔ گھر کا نوکر ؛

نِج کی راہ (ہ۔ا۔مو) وہ رستہ جس پر گزرنے کا غیروں کو حق نہ ہو ؛

نِج کے لئے (اُر۔متعلق فعل) اپنے لئے۔ اپنی ذات کے لئے ؛

نجابت (ع۔ا۔مو) بزرگی۔ بزرگواری۔ شرافت۔ اصالت ؛

نَجات (ع۔ا۔مو) رہائی۔ چھٹکاری۔ خلاصی۔ مُکت۔ مُکتی۔ عفو گناہ۔ رُستگاری ؛

نَجات پانا (اُر۔محاورہ) مخلص ہونا۔ چھٹکارا ہونا۔ گناہوں کی معافی ہونا۔ تکلیف یا مُصیبت وغیرہ سے چھوٹنا ؛

نَجات دلانا (اُر۔محاورہ) رہا کرانا۔ بچانا ؛

نجات دینا (اُر۔محاورہ) رہا کرنا۔ بچانا ؛

نجات ملنا (اُر۔محاورہ) بچ جانا۔ چھٹکارا ہونا ؛

نجات ہونا (اُر۔محاورہ) چھٹکارا ہونا۔ رہائی ہونا ؛

نجار (ع۔ا۔مذ) بڑھئی۔ ترکھان۔ کھاتی ؛

نجاری (ہ۔ا۔مو۔بیائے مصدری) بڑھئی کا کام۔ کھاتی کا کام۔ نجار کا پیشہ ؛

نجاست (ع۔ا۔مو) ناپاکی۔ پلیدی۔ گندگی۔ غلاظت۔ آلودگی۔ میلا پن۔ بول و براز ؛

نجانے (ہ۔محاورہ) معلوم نہیں۔ مجھے معلوم نہیں۔ میں نہیں جانتا۔

خدا جانے کے خبر ہو۔ شاید ۔

نجباء (ع۔ا۔مذ) نجیب کی جمع ۔ برگزیدہ ۔ لوگ ۔ شریف لوگ ۔

نجد (ع۔ا۔مذ) اونچی زمین ۔ عرب کے ایک مشہور شہر کا نام ہے جہاں سے وہابیہ فرقہ کی ابتداء ہوئی ۔

نجس (ع ۔صف) گھوری ۔ گندا ۔ ناپاک ۔ پلید ۔

نجس العین (ع ۔صف) بالکل ناپاک ۔ جسما ناپاک ۔ جو کبھی پاک نہ ہو سکے ۔ کتا ۔ شراب وغیرہ ۔

نجسی پانی (اُر۔مذ) شراب ۔ منی ۔

نجستی (ہ ۔صف) بُرا ۔ خراب ۔ بدنام ۔ بدقسمت ۔ بدنصیب ۔

نجف (ع۔ا۔مذ) وہ اونچا ٹیلہ جس پر پانی نہ چڑھ سکے ۔ عراق کا ایک مشہور شہر ۔ جہاں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا مزار مبارک ہے ۔ نجف اشرف ۔

نجم (ع۔ا۔مذ) ستارا ۔ تارا ۔ سیارا ۔

نجم الثاقب (ع۔ا۔مذ) روشن ستارا ۔ چمکتا ہوا تارا ۔

نجم الہند (ع۔ا۔ہ) خطاب ۔ ایک شاہی خطاب ہے ۔ جو گورنمنٹ انگلشیہ کی طرف سے ہندوستان کے رؤسا کو ملتا تھا ۔ ستارۂ ہند ۔

نجوم (ع۔ا۔مذ) نجم کی جمع ۔ ستارے ۔ تارے ۔ سیارے ۔ جوتش ۔

نجومی (ع۔ا۔مذ بیائے فاعلیت) علم جوتش جاننے والا ۔ جوتشی ۔ نجوم کا علم جاننے والا ۔ اختر شناس ۔ ستاروں کے تاثیر و رفتار کے علم کو جاننے والا ۔

نجھانا (اُر۔مصدر) غور سے دیکھنا ۔

نجھول (ہ ۔صف) وہ چال جس میں دھکا نہ لگے ۔

نجیب (ع ۔مذ) شریف ۔ برگزیدہ ۔ بھلا مانس ۔ اشراف ۔ ہندی سپاہی ۔ دربان ۔ چوکی پہرہ دینے والا سپاہی ۔

نجیب الطرفین (ع ۔صف) وہ شخص جو ماں اور باپ دونوں کی طرف سے اصل نسل شریف ہو ۔ کھری نسل کا صحیح النسب ۔

ن - چ

نچا (اُر۔صف) نوچا ہوا ۔

نچا کھچا (اُر۔صف) نوچا کھسوٹا ہوا ۔

نچان (ہ ۔صف) پستی ۔ ڈھلان ۔ ڈھال ۔ اچان کی ضد ۔ نشیب ۔

نچا مارنا (ہ ۔فعل) ستا مارنا ۔ تنگ کر ڈالنا ۔ دق کر دینا ۔

نچانا (ہ ۔فعل) ناچ کرانا ۔ رقص کرانا ۔ ستانا ۔ ناک میں دم کرنا ۔ دق کرنا ۔

نچڑنا (ہ ۔فعل) ٹپکنا ۔ دبنے ۔ یا بھیچنے سے عرق نکلنا ۔ لاغر ہونا ۔ دُبلا ہونا ۔

نچلا (ہ ۔صف) چپ چاپ ۔ خاموش ۔ ساکت ۔ بے حرکت ۔ جو چلے نہ حرکت کرے ۔ ساکن ۔ برقرار ۔ شائستہ ۔ نیچے درجے کا ۔ نیچے کی طرف کا ۔ کم درجہ کا ۔

نچلا بیٹھنا یا رہنا (ہ محاورہ) چپکا بیٹھنا ۔ خاموش بیٹھنا ۔ چپ چاپ بیٹھنا ۔

نچلا پن (اُر۔مذ) دیکھئے نچلا جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

نچنا (ہ ۔فعل) نوچا جانا ۔ کھسوٹا جانا ۔ کپڑے کا پھٹ جانا ۔

نچنت (ہ ۔صف) فارغ ۔ بے فکر ۔ فراغ سکون والا ۔ بے پروا ۔ بے کھٹکے ۔ مطمئن ۔

نچنت بیٹھنا (اُر۔محاورہ) بے فکر ہونا ۔ فارغ البال ہونا ۔ کسی بات کا فکر نہ کرنا ۔

نچنت سووے، ہیرو جس کے گائے نہ گیرو (ہ ۔مثل) غریب آدمی بے فکر ہوتا ہے ۔

نچنت ہونا (ہ ۔محاورہ) بے فکر اور مطمئن ہونا ۔

نچنتائی (ہ۔ا۔مو) فرصت ۔ فارغ البالی ۔ بے فکری ۔ اطمینان ۔

نچنیا (ہ۔ا۔مذ فاعل) ناچنے والا لڑکا ۔ بھگتیا ۔ بھانڈ ۔ زنخہ ۔

نچوڑ (ہ۔ا۔مذ) حاصل مصدر نچوڑنا سے ۔ رس ۔ افشرہ ۔ افشردہ ۔ مجازاً خلاصہ ۔ حاصل ۔ لبالب ۔ ست ۔ عطر ۔ جوہر ۔ نتیجہ ۔ مادہ ۔ اصل جڑ ۔ کسی کام کی انتہاء ۔ انجام کار ۔ اخیر ۔

نچوڑ لینا (ہ ۔فعل) دبا کر عرق نکالنا لینا ۔ سونت لینا ۔ دوہ نکال لینا ۔ مفلس بنا دینا ۔ چوس لینا ۔ پی لینا ۔ عطر لے لینا ۔ خلاصہ کر لینا ۔ جوہر نکال لینا ۔

نچوڑنا (ہ ۔فعل) دبا کر عرق نکالنا ۔ رس نکالنا ۔ کچھ باقی نہ رکھنا ۔ مفلس بنانا ۔ چوسنا ۔ خون پینا ۔ سوتنا ۔

نچھاور (ہ۔ا۔مذ) نثار ۔ اُتارا ۔ بکھیرا ۔ وہ جنس یا نقدی جو کسی کے اوپر سے بطور صدقہ بکھیری جائے ۔

نچھاور اُتارنا (اُر۔محاورہ) تصدق کرنا ۔ وارنا ۔ سر کے اوپر بکھیرنا ۔

نچھاور کرنا (ہ ۔محاورہ) تصدق کرنا ۔ نثار کرنا ۔ بکھیرنا ۔ وارنا ۔

نچھتر (ہ۔ا۔مذ) لغت میں پنچ جانا ۔ مجازاً ستارہ ۔ طالع ۔ کرم ۔ راس ۔ برج ۔ منازل قمر ۔ راس کا حصہ ۔

نچھتری (ہ ۔صف فاعلی) اچھے طالع کی پیدائش ۔ بھاگوان ۔ باقبال ۔ خوش نصیب ۔

ن - ح

نحاس (ع۔ا۔مذ) تانبا ۔ مس ۔

نحافت (ع۔ا۔مو) لاغری ۔ دبلاپن ۔ ناتوانی ۔

نحت (ع۔ا۔مذ) چھیلنا ۔ چھلائی ۔

نحر (ع۔ا۔مذ) ذبح کرنا ۔ قربانی جیسے یوم النحر ۔

نحس (ع ۔صف) منحوس ۔ نامبارک ۔ چندرا ۔ بدشگون ۔

نحس ستارے (ع۔ا۔مذ) زحل اور مریخ ۔

نحس قدم (ع ۔صف) منحوس قدم ۔ جس کا آنا منحوس ہو ۔

نحسین فلک (ع ۔مذ) زحل ۔ اور مریخ ۔

نحل (ع۔ا۔مو) شہد کی مکھی ۔ بھال کی مکھی ۔

نحو (ع۔ا۔مو) راہ ۔ طرز ۔ ڈھنگ ۔ طریق ۔ طور ۔ وہ علم جس سے اجزائے کلام کو صحیح جوڑنا ۔ اور کہنا ۔ اور ان کا باہمی تعلق اور لگاؤ معلوم ہو ۔

دیا کرن ۔
بخولی (ع۔امذ) ماہر علم نحو ۔
بخویت (ع۔ا۔مو) نحوی کا فن ۔
بخوست (ع۔مذ) نامبارکی ۔ بدنصیبی ۔ بدشگونی ۔ دلدّر ۔ چندراپن ۔
بخوست چھانا (اُر۔محاورہ) بُرا اثر پڑنا ۔ منحوس ہونا ۔
بخیف (اُر۔صف) دُبلا ۔ لاغر ۔ ناتواں ۔ کمزور ۔ نازک ۔

ن ۔ خ

نخ (ف۔ا۔مو) کچا ریشم ۔ ریشم کا تار یا ۔ سوت ۔ پتنگ کی ڈور ۔
نخاس (ع۔ا۔مذ) چوپایوں یا غلاموں کی منڈی ۔ وہ بازار جہاں حیوان یا انسان فروخت ہوں ۔
نخاس پر بھیجنا (اُر۔محاورہ) بازار دکھانا ۔ بازار میں بیچنے کے لئے بھیجنا ۔ بکری کے لئے بھیجنا ۔
نخاس چڑھنا (اُر۔محاورہ) بازار میں بکنا یا مشہور ہونے کو جانا ۔ رسوائے عام ہونا ۔
نخاس کی گھوڑی (اُر۔ا۔مو) عام بکری کی گھوڑی ۔ بازاری گھوڑی ۔ مجازاً کسبی ۔ رنڈی ۔ فاحشہ چھنال ۔ قحبہ ۔ نٹنی ۔
نخاس والی (اُر۔ا۔مو) بازاری عورت ۔ بیسوا ۔ کنچنی ۔ رنڈی ۔ نٹنی ۔ طوائف ۔
نخالص (اُر۔صف) جو خالص نہ ہو ۔ ملاوٹ کا ۔ ملاوٹ کا ۔ کھوٹا ۔ (غلط العام) خالص ۔ کھرا ۔ زرِ بل ۔ بے ملاوٹ ۔
نخچیر (ف۔ا۔مذ) جنگلی جانور ۔ وحشی جانور ۔ شکار ۔ صید ۔ شکار کیا ہوا جانور ۔
نخچیر گاہ (ف۔مذ ظرف) شکارگاہ ۔ شکار کی جگہ ۔ رمنا ۔ صیدگاہ ۔
نخرہ ۔ یا ۔ نخرا (ف۔ا۔مذ) ناز ۔ خاص ۔ معشوقانہ ۔ حرکات وسکنات ۔ عشوہ ۔ کرشمہ ۔ عمزوہ ۔ ادائے خاص ۔ نکتوڑا ۔ چوچلا ۔
نخرہ نکالنا (اُر۔محاورہ) لاڈ کرنا ۔ پیار اخلاص کرنا ۔ لاڈ میں آنا ۔ حیلہ حوالہ کرنا ۔ سر چڑھنا ۔
نخرا باز ۔ یا ۔ نخرے باز (اُر۔صف) چوچلہ باز ۔ عشوہ گر ۔ تمکنت والی ۔ اترانے والی ۔
نخرا بازی (اُر۔ا۔مو بیائے مصدری) لاڈ ۔ چوچلہ ۔ ناز معشوقانہ ۔ عشوہ سازی ۔
نخرا پیٹی (اُر۔صف مو) طنزاً نخرے باز ۔ وہ عورت جو اپنے غرور میں آپ مری جائے ۔
نخرا تلا (اُر۔امذ) لاڈ ۔ پیار ۔ چاؤ چوچلہ ۔ ناز نخرہ ۔ ناز و کرشمہ ۔ غنج و دلال ۔
نخرا ڈھیلا کرنا (اُر۔فعل) سزا دینا ۔ لاڈ پیار کی قدر نہ کرنا ۔ غرور توڑ دینا ۔ تمکنت نہ رہنے دینا ۔
نخرا کرنا یا بگھاڑنا (اُر۔فعل) لاڈ پیار کرنا ۔ چوچلے دکھلانا ۔ اترانا ۔ مُنت کا عزیزہ کرنا ۔
نخرہ نکالنا (اُر۔محاورہ) لاڈ نکالنا ۔ لاڈ میں آنا ۔ سر چڑھنا ۔
نخرے میں آجانا (اُر۔محاورہ) مغرور ہو جانا ۔
نخشب (ف۔ا۔مذ) ترکستان کا وہ شہر جس کے قریب حکیم ابن مقنع نے کوئیں سے ایک چاند نکالا تھا ۔
نخشبی (اُر۔صف) وہ جس کا خصم نہ ہو ۔ (عورت دوسری عورت کو تحقیراً کہتی ہے) ۔
نخل (ع۔ا۔مذ) کھجور کا درخت ۔ مجازاً ہر ایک درخت ۔
نخل اُمید (ع۔ا۔مذ) اُمید کا نخل سے استفادہ کرتے ہیں ۔
نخل اُمید بار ہونا (اُر۔محاورہ) مجازاً بیٹا پیدا ہونا ۔
نخل ایمن (ع۔ا۔مذ) وہ درخت جس پر حضرت موسیٰؑ کے لئے انوار حق کا ظہور ہوا تھا ۔
نخل بند (عف۔صف۔مذ) مالی ۔ باغبان ۔ درختوں میں پیوند لگانے والا ۔ موم کے درخت بنانے والا ۔
نخل بند کاف و نون / نخل بند ہستی (عف۔ا۔مذ) خدا تعالےٰ سے مُراد ہے ۔
نخل تمنا (ع۔امذ) تمنا کا نخل سے استفادہ کرتے ہیں ۔
نخل ہستی (ف۔ا۔مذ) زندگی کا درخت ۔ مجازاً زندگی ۔
نخل تابوت (عف۔امذ) ایک قسم کی آرائش کا نام ہے ۔ جو مُردوں کے تابوت پر کی جاتی ہے ۔

نخلستان

نخلستان (ف۔ا۔مذ) ظرف ۔ کھجور کے درختوں کا جنگل ۔ چوہارے کے درختوں کا جنگل ۔ وہ سرسبز خطہ زمین جو صحرا کے درمیان واقع ہو ۔
نخل ہستی تباہ ہونا (اُر۔محاورہ) مرجانا ۔
نخوت (ع۔ا۔مو) غرور ۔ تکبر ۔ گھمنڈ ۔ گمان ۔ خود پسندی ۔ خود بینی ۔
نخوت سے بھرا ہونا (اُر۔محاورہ) بے حد مغرور ہونا ۔
نخوت کی ہوا بھرنا (اُر۔محاورہ) بہت مغرور ہونا ۔
نخود (ف۔امذ) چنا ۔ چھولا ۔
نخود آب (ف۔امذ) آب نخود ۔ ایک قسم کا شوربا جو گوشت اور چنے کی دال سے بیماروں کے لئے بنایا جاتا ہے ۔
نخیل (ع۔امذ) درخت ۔ کھجور کا درخت ۔

ن ۔ د

ندا (س۔امذ) ندی ۔ نالہ ۔ سمندر ۔ دریا ۔
ندا (ع۔ا۔مذ) آواز ۔ صدا ۔ پکار ۔ بانگ بلانے اور پکارنے کا حرف ۔
ندا آنا (اُر۔محاورہ) آواز آنا ۔ بلایا جانا ۔
ندا دینا (اُر۔محاورہ) بُلانا ۔ آواز دینا ۔
ندارد (ف۔صف) خالی ۔ کورا ۔ نہیں ۔ غیر موجود ۔ غیر حاضر ۔

نَدّاف (ع۔ا۔مذ) دُھنیا۔ رُوئی دُھننے والا۔ پینجا۔

نَدّافی (ع۔ا۔مو۔یائے مصدری) رُوئی دُھننے کا کام۔ دھنیئے کا کام۔

ندامت (ع۔ا۔مو) شرمندگی۔ شرمسا لفعال۔ خجالت۔ پشیمانی۔ پچھتاوا۔ تاسف۔ سکی۔

ندامت اُٹھانا (اُر۔محاورہ) شرمندگی ہونا۔ خجالت ہونا۔

ندان (ہ۔تابع فعل) آخرکار۔ انت میں۔ بعد میں۔ آخرکار۔ پیچھے۔

ندانا (ہ۔مصدر) صاف کرنا۔ جنگلی بوٹیاں کاٹنا۔ نلائی کرنا۔ کاٹنا۔

نُدبہ (ع۔مذ) سیاپا۔ کہرام۔ ماتم۔ نوحہ۔ مینوں۔ وہ حرف جو کسی کو یاد کر کے رونے کے وقت بولتے ہیں۔

نِدرا (ع۔ا۔مو) خواب۔ نیند۔ نندیا۔ نوم۔

ندرالو (ہ۔صف) نیند میں بھرا ہوا۔ خواب آلودہ۔

نُدرت (ع۔ا۔مو) کیابی۔ کمی۔ شاذ و نادر ہونا۔ عمدگی۔ تحفہ ہونا۔ انوکھاپن۔ یکتائی۔ نادرپن۔

نُدرت طراز (عف۔صف) عمدہ چیزوں سے سجانے والا۔

ندما (ع۔ا۔مذ) ندیم کی جمع۔ مصاحب۔ لوگ۔ جلیس۔ ہم نشین۔ لوگ۔

نَدولا (ہ۔ا۔مذ) ناند کی تصغیر۔ چھوٹی ناند۔ کونڈی۔ مٹی کے ایک برتن کا نام ہے۔

نِدھ (س۔ا۔مذ) خزانہ۔ بھنڈار۔ گودام۔ ذخیرہ۔

ندھڑک (اُر۔صف) بے خوف۔ بے خطر۔

ندی۔ یا۔ نَدی (ہ۔ا۔مو) بہتا ہوا پانی۔ بڑی نہر۔ چھوٹا دریا۔ برساتی نالہ۔ کھالا۔

ندی اُترنا (اُر۔محاورہ) ندی کا پانی کم ہونا۔ طغیانی کم ہونا۔

ندی تو کیوں گھبرائی میں تو پہلے ہی پاؤں نہیں رکھتا (اُر۔مثل) تم کیوں گھبراتے ہو۔ میں تو پہلے ہی تمہارے پاس نہیں آتا۔

ندی چڑھنا (اُر۔محاورہ) ندی میں پانی زیادہ آنا۔

ندی میں جانا پیاسے آنا (اُر۔محاورہ) بدقسمتی سے ناکام رہنا۔

ندی ناؤ سنجوگ / ندی ناؤں سنجوگ (ہ۔محاورہ) اتفاقی خوشی۔ اتفاقیہ ملاقات۔ تھوڑی سی ملاقات۔ اور دم بھر کی صحبت بھی غنیمت ہے۔

نَدیدہ (ف۔صف) نادیدہ کا مخفف ہے۔ اَن دیکھا۔ بغیر دیکھا ہوا۔ حریص۔ لالچی۔ طمعی۔ لوبھی۔ وہ شخص جس نے کوئی چیز نہ دیکھی ہو۔ تنگ دل۔ لیئم۔ بخیل۔

ندیم (ع۔ا۔مذ) ہم نشین۔ مصاحب۔ جلیس۔ ساتھی۔

ن - ڈ

نڈر (ہ۔صف) بے خوف۔ بے باک۔ دلیر۔ جری۔ بہادر۔

نڈرپن / نڈرتا / نڈرتائی (ہ۔ا۔مو) بے خوفی۔ بے باکی۔ دلیری۔ جرأت۔

نڈری آنکھیں (اُر۔مو) آنکھیں جن میں ڈر نہ ہو۔ دیدہ دلیر آنکھیں۔

نڈھال (ہ۔صف) تھکا ماندہ۔ سست۔ کسل مند۔ ناتواں۔ مضمحل۔

ن - ذ

نَذر (ع۔ا۔مو) منت۔ اقرار۔ عہد و پیمان۔ اپنے اوپر کوئی چیز واجب کرنا۔ تحفہ۔ پیشکش۔ امراؤ زرا وغیرہ کی بھیٹ۔

نذرِ اَنّھ (ع۔ا۔مو) اماموں کے گزارے کے لئے جاگیر۔

نذرانہ (عف۔ا۔مذ) وہ چیز جو بطور نذر دی جائے۔ بھینٹ۔

نذر پکڑنا (اُر۔محاورہ) ہدیہ دینا۔ تحفہ کے طور پر دینا۔ پیش کش کرنا۔

نذر دکھانا / نذر دکھلانا (اُر۔محاورہ) کسی حاکم یا رئیس وغیرہ کے روبرو۔ ملاقات کے وقت کچھ نقدی وغیرہ پیش کرنا۔ نذر پیش کرنا۔

نذر دینا یا گزارنا (اُر۔فعل) پیشکش پیش کرنا۔ تحفہ دینا۔ رشوت دینا۔ پوجنا۔

نذر کرنا (اُر۔محاورہ) پیش کرنا۔ بھیٹ کرنا۔ رشوت دینا۔ پوجنا۔ حوالہ کرنا۔ سپرد کرنا۔

نذر ماننا (اُر۔محاورہ) منت ماننا۔ کسی بات یا عہد کو اپنے اُوپر واجب گردانا۔

نذر میں دینا (اُر۔محاورہ) تحفہ دینا۔ رشوت دینا۔ حوالہ کرنا۔ سپرد کرنا۔

نذر و نیاز (عف۔ا۔مو) درود و فاتحہ۔ وہ جنس یا شیرینی وغیرہ جو کسی بزرگ کے نام پر دی جائے۔ بھینٹ۔

نذر ہونا (اُر۔محاورہ) تحفہ دیا ہونا۔ پیش کش ہونا۔ کوئی چیز دی جانا۔

نذر ہے (اُر۔محاورہ) حاضر ہے۔ نثار۔ موجود ہے۔

نذیر (ع۔ا۔مذ) ڈرانے والا۔ خدا کا خوف دلانے والا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب۔

ن - ر

نَر (ف۔س۔ا۔مذ) مرد۔ مذکر۔ مادہ کی ضد۔ پُرش۔ مانس۔

نَر بدھ۔ یا۔ نر ہتیا (س۔ا۔مذ) قتل۔ انسان کی قربانی۔

نَرپتی (س۔ا۔مذ) مردوں کا حاکم۔ راجا۔ بادشاہ۔

نَر گاؤ (ف۔ا۔مذ) بیل۔ بلد۔ ڈھگا۔ گاؤ کا جایا۔

نَرمادگی (اُر۔ا۔مو) پیٹی کا کیل کاٹنا۔ پیٹی کا ہک۔ اور حلقہ۔ کواڑیا صندوق کا قبضہ۔ بازو۔

نَر مادہ (ف۔) / **نَر مادین** (اُر۔) اسم تذکیر و تانیث۔ مذکر و مؤنث۔ طبلہ کا دایاں۔ بایاں رُخ۔ ڈھولک کا دایاں بایاں رُخ۔

نَرمیش (ف۔ا۔مذ) مینڈھا۔ دُنبہ۔

نَر (س) حرف نفی۔ نہ۔ نہیں۔ بے۔ بغیر۔ بلا۔ ان بن۔

نَراپائے (ہ۔صف) لاعلاج۔ ناممکن۔ محال۔ ناممکن الحصول۔

نرا پرادھ (س۔صف) بے گناہ۔ بے قصور ؛
نرآور (ہ۔ا۔مذ) بے عزت۔ بے حرمت۔ کمینہ۔ حقیر۔ ذلیل۔ خوار بے حرمتی ؛
نرآور کرنا (اُر۔محاورہ) گستاخی سے پیش آنا۔ بے عزتی کرنا ہتک کرنا۔ نفرت کرنا۔ حقارت سے پیش آنا ؛
نرآدھار (ہ۔صف) جس کا کوئی وسیلہ نہ ہو۔ بے وسیلہ۔ بے مدد بے یار و مددگار ؛
نرآس / **نراسا** (ہ۔صف) ناامید۔ بے آس۔ مایوس ؛
نرآس کرنا (اُر۔محاورہ) ناامید کرنا ؛
نرآس ہونا (اُر۔محاورہ) مایوس ہونا ؛
نرانتر (ہ۔صف) متواتر۔ پے در پے۔ لگاتار ؛
نرانکار۔ یا۔ نرنکار (ہ۔صف) بے رُوپ۔ جس کی کوئی شکل وصورت نہ ہو۔ پرمیشور۔ پرمیشور ؛
نربل (ہ۔صف) کمزور۔ لاغر۔ ناتوان۔ ضعیف۔ مارا۔ کم طاقت ؛
نربدھ (ہ۔صف) بے عقل۔ بے وقوف۔ مودھو۔ نادان ؛
نربندھ (ہ۔ا۔مذ) کسی بات پر زور دینا ؛ ثابت قدمی۔ استقلال۔ اصرار۔ ہٹ۔ ضد۔ ارادہ۔ قصد۔ عزم (ہ۔صف) بغیر ہتھکڑی یا زنجیر۔ سبکدوش۔ آزاد ؛
نربندھ کرنا (ہ۔محاورہ) اصرار کرنا۔ ضد کرنا ؛
نربنس (ہ۔صف) بلاخاندان۔ جس کا کوئی آگے پیچھے نہ ہو۔ بے اولاد۔ خاندان جو ختم ہو چکا ہو ؛
نربُوجھ (ہ۔صف) جو سمجھ میں نہ آئے ؛
نربھاگ۔ یا۔ نربھاگی (ہ۔صف) بدنصیب۔ بدقسمت۔ بدبخت ؛
نربھے (ہ۔صف) نڈر بے خوف۔ بے باک ؛
نرپھل (ہ۔صف) بے نتیجہ۔ بے فائدہ۔ اکارت۔ بے حصول ؛
نرجل (ہ۔صف) سوکھا۔ خشک (بصورت اسم مذکر) وہ برت جس میں پانی نہ پیا جائے۔ جیسے نرجل کا وشی۔ ریگستان۔ بھوڑ کا ملک ؛
نرجلا (ہ۔صف) وہ برت جس میں پانی تک نہ پیا جائے۔ بن پانی والا ؛
نرجلا اکادشی (ہ۔ا۔مذ) ہندوؤں کا ایک تہوار جو گیارھویں شدی جیٹھ کو ہوتا ہے ؛
نرجیو (ہ۔صف) بے جان۔ غیر ذی روح ؛
نردوش۔ یا۔ نردوکھ (ہ۔صف) بے خطا۔ بے قصور۔ بے گناہ۔ معصوم ؛
نردوش ٹھہرانا (ہ۔محاورہ) بے قصور ٹھہرانا۔ رہا کرنا۔ چھوڑنا
نردھن (ہ۔صف) بے روپیہ۔ مفلس۔ کنگال۔ نادار۔ تہیدست ؛
نردھن کے دھن گردھاری (ہ۔مثل) غریب کا خدا حافظ ؛
نردئی (ہ۔صف) جس میں دیا نہ ہو۔ بیرحم۔ کٹھور ؛

Nurs

نرسا (ہ۔صف) جس میں رس نہ ہو۔ بے مزہ۔ ملاوٹ کا۔ کھوٹا۔ خراب ؛ بُرا۔
نرگاؤ (ف۔ا۔مذ) بیل ؛
نرگُن (ہ۔صف) وہ ذات جو صفات انسانی سے مُبرّا ہو۔ پرمیشر بے ہُنر۔ بے سلیقہ۔ مورکھ ؛
نرگُن بھجن (ہ۔ا۔مذ) توحیدی بھجن۔ وہ بھجن جن میں صرف ذات الٰہی کا بیان ہو ؛
نرگُنیا (ہ۔مذ۔فاعل) صرف الٰہی کو ماننے والا۔ موحد۔ ویدانتی۔ جاہل۔ بے وقوف۔ نادان۔ بے سمجھ۔ مورکھ ؛
نرلاج / **نرلجا** (ہ۔صف) بے حیا۔ بے شرم۔ بے غیرت ؛
نرلوبھ (ہ۔صف) جسے لالچ نہ ہو۔ صابر۔ قانع ؛
نرمل (ہ۔صف) جو میلا نہ ہو۔ بے میل۔ صاف۔ اُجلا۔ شفاف ؛
نرمیش (ف۔مذ) مینڈھا۔ دُنبہ ؛
نرمُول (ہ۔صف) بے جڑ۔ بے اصل۔ بے بنیاد ؛
نرموہی (ہ۔صف) سنگ دل۔ بے مہر۔ بے رحم۔ نروئی۔ سرومہر ؛
نرجان (س۔ا۔مذ) لغت میں چراغ حیات کا فنا ہونا۔ یعنی فنا۔ نیستی۔ معدومیت۔ فنافی اللہ۔ نجات۔ مکتی۔ رہائی۔ خلاصی ؛
نرا (ہ۔صف) صرف۔ محض۔ اکیلا۔ تنہا۔ خالص بے میل۔ سراسر بالکل ؛
نرا البس کی گانٹھ (اُر۔محاورہ) از حد شرارتی ہے ؛
نرا جون پور کا قاضی ہے (اُر۔محاورہ) بڑا بے وقوف ہے ؛
نرا عقل کا دشمن ہے (اُر۔محاورہ) سخت احمق ہے ؛
نرا کاٹھ کا اُلّو ہے (اُر۔محاورہ) بڑا بے وقوف ہے ؛
نرالا (ہ۔صف۔ا۔مذ) انوکھا۔ عجیب وغریب۔ نادر۔ نئی وضع کا۔ سب سے جُدا۔ سب سے الگ۔ جُدا۔ علیحدہ۔ وہ شخص جس کے اوضاع و اطوار سب سے جُدا ہوں۔ انوکھا ؛
نرآنا (ہ۔مصدر) خودرو گھاس یا پودے نکالنا۔ بُرائی کرنا۔ نلائی کرنا فصل کاٹنا۔ وِرد کرنا ؛
نرالی (ہ۔صف۔ا۔مو) نرالا کی تانیث۔ انوکھی۔ انوٹھی۔ اوضاع و اطوار سب سے الگ ؛
نرسیسی (ہ۔ا۔مو) جڑی دار۔ ایک کڑوی جڑی۔ جو ہیضہ وغیرہ وبائی امراض کے زہر کو دُور کرتی ہے ؛

نرت (ہ۔ا۔مذ) ناچ۔ رقص۔ بھاؤ۔ انداز۔
نرت کرنا (ہ۔محاورہ) ناچ میں راگنی کا رُوپ۔ سروپ دکھانا۔ انداز دکھانا۔ بھاؤ بتانا۔ ناچنا۔
نرخ (ف۔ا۔مذ) کسی چیز کا مول۔ قیمت۔ بھاؤ۔ شرح۔ در۔
نرخ بڑھانا (اُر۔محاورہ) بھاؤ زیادہ کرنا۔
نرخ بڑھنا (اُر۔محاورہ) دیکھئے "نرخ بڑھانا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نرخ بندی (ف) / **نرخ مقرر کرنا** (اُر) (محاورہ) بھاؤ نکالنا۔ قیمت کا فیصلہ کرنا۔ در مقرر کرنا۔
نرخ توڑنا (اُر۔محاورہ) بھاؤ گھٹانا۔
نرخ تیز ہونا (اُر۔محاورہ) بھاؤ بڑھ جانا۔
نرخ چڑھانا (اُر۔محاورہ) دیکھئے "نرخ بڑھانا"
نرخ چڑھنا (اُر۔محاورہ) دیکھئے "نرخ بڑھانا" جس کا لازم ہے۔
نرخ نامہ (ف۔ا۔مذ) بازاری نرخ کی فہرست۔ فہرست نرخ۔
نرخرا (اُر۔مذ) ٹیٹوا۔ گلے کی نالی۔ سانس نلی۔ حلقوم۔
نرخرا بولنا (ہ۔محاورہ) مرتے وقت حلق سے بلغم کی سی آواز نکلنا۔ گھرگھراہٹ۔ گھراٹا۔ چلنا۔
نرد (ف۔ا۔مذ) شطرنج کا مہرہ۔ چوسر کی گوٹ۔ ٹٹی۔ ایک بازی کا نام جسے تختۂ نرد کہتے ہیں۔
نرد مارنا (اُر۔محاورہ) بازی جیتنا۔ گوٹ پیٹنا۔
نردبان (ف۔ا۔مو) سیڑھی۔ کاٹھ کی سیڑھی۔ زینہ۔ سُلّم۔
نرزہ (اُر۔مذ) چھوٹی نرازو۔
نرس (انگ۔ا۔مو Nurse) دایہ۔ دودھ پلانیوالی آیا۔ تیمارداری کرنے والی۔
نرسری (انگ۔ا۔مو Nursery) پھول پودے اگانے کی جگہ۔
نرسل (ہ۔ا۔مذ) سر۔ نرکل۔ سرکنڈا۔
نرسنگا (ہ۔مذ) ایک قسم کا بجانے کا سینگ۔ کرنائے۔ بگل۔ تُری۔ دھونسو۔ تُرم۔
نرسنگھ (س۔مذ) وشن جی کا چوتھا اوتار۔ جس کا سر شیر کا تھا۔ مجازاً شہ زور۔ اور بہادر آدمی۔ رہبر۔ مؤکل۔
نرسوں (ہ۔ا۔مو ظرف زمان) پرسوں کے بعد کا دن۔ چوتھا دن۔ اترسوں۔
نرغا۔ یا۔ نرغہ (اُر۔مذ) گھیرا۔ شکار کے وقت۔ آدمیوں کا حلقہ۔ احاطہ۔ بھیڑ۔ ہجوم۔ انبوہ۔ ٹھٹ۔ ہنگامہ۔ وقت۔ مشکل۔
نرغا کرنا (اُر۔محاورہ) گھیرا ڈالنا۔ گھیرنا۔ چاروں طرف سے پیچھے پڑنا۔ احاطہ کرنا۔
نرغہ میں آنا / نرغے میں آنا / نرغے میں آجانا (اُر۔محاورہ) گھیرے میں آجانا۔ مُصیبت میں پھنس جانا۔ چاروں طرف سے گھر جانا۔ آفت میں مُبتلا ہونا۔ مُبتلائے آفت ہوجانا۔ مصیبت میں گھر جانا۔ آفت میں پھنس جانا۔
نرغے میں جان ہونا (اُر۔محاورہ) مُصیبت میں پھنسنا۔ جان عذاب میں ہونا۔
نرغے میں ڈالنا (اُر۔محاورہ) محصور ہونا۔ گھیرنا۔ پھانسنا۔ چاروں طرف سے گھیرے میں ڈالنا۔
نرک (س۔مذ) پاپیوں کے رہنے کا مقام۔ گنہگاروں کے رہنے کی جگہ۔ تحت الثریٰ۔ دوزخ۔ جہنم۔ پاتال۔ اسفل السافلین۔ دوزخ کا سب سے نچلا طبقہ۔ میلا۔ گوہ۔ بول و براز۔
نرک چودس (ہ۔ا۔مو) دیوالی کی چودس جس میں ہندو نہاکر اپنا دلدر اُتارتے ہیں۔ مجازاً ناپاکی۔ نحوست۔ دلدر۔
نرک دوارہ (ہ۔ا۔مذ) دوزخ کا دروازہ۔
نرک کنڈ (ہ۔ا۔مذ) دوزخ کا غار۔ دوزخ کا کنواں۔
نرک میں پڑنا یا جانا (ہ۔محاورہ) جہنم رسید ہونا۔ دوزخ میں پڑنا۔
نرک ہو میں ٹھیلا ٹھیلی (ہ۔مثل) فضول باتوں میں کوشش۔
نرکٹ (س۔مذ) علم صرف۔ جس سے کلموں کا تغیر و تبدل اور ان کی شناخت حاصل ہوتی ہے۔
نرکل (س۔ا۔مذ) نرسل سنے۔ سرکنڈا۔
نرکی (ہ۔صف بیائے فاعلیت) دوزخی۔ جہنمی۔
نرگس (ف۔ا۔مو) ایک قسم کا پھول۔ جو اندر سے زرد اور باہر سے سفید۔ اور آنکھ کے مشابہ ہوتا ہے۔ مجازاً معشوق کی آنکھ۔
نرگس بیمار (ف۔ا۔مو) مست آنکھ۔ چشم نیم ناز۔
نرگس شہلا (ف۔ا۔مو) وہ نرگس جس میں زردی کی جگہ سیاہی ہو۔ اور آنکھ سے بہت مشابہ ہو۔
نرگس طنّاز / فنّاں (ف۔ا۔مو) نشیلی آنکھ۔ معشوق کی آنکھ سے استفادہ کرتے ہیں۔ ناز کرنے والی۔ فتنہ انگیز نرگس۔ یعنی آنکھ۔
نرگس مخمور (ف۔ا۔مو) نشیلی آنکھ۔ متوالی آنکھ۔
نرگس نیم خواب (ف) وہ آنکھ جو معشوقانہ انداز سے جھکی ہوئی ہو۔
نرگستان (ف۔ا۔مذ) وہ مقام جہاں نرگس کے بہت سے پودے ہوں۔
نرگسی (ف۔صف بیائے نسبتی) نرگس سے مشابہ۔ منسوب بہ نرگس۔ ایک قسم کا کپڑا جس میں نرگس کے سے پھول بنے ہوتے ہیں۔ ایک قسم کا تلا ہوا انڈا۔
نرگسی پلاؤ (ف۔ا۔مذ) وہ پلاؤ جس میں اُبلے ہوئے انڈوں کو قتلوں میں پکا کر اور درمیان میں دو کر کے رکھ دیتے ہیں۔
نرگسی چشم (ف۔صف) وہ جس کی آنکھ نرگس سے مشابہ ہو۔ بڑی آنکھ۔
نرگسی کباب (ف۔ا۔مذ) وہ کباب جو بیضہ مرغ کا پوست دور کر کے قیمے کے ساتھ لپیٹ کر بنا لیتے ہیں۔
نرگسیت (اُر۔ا۔مو) اعصابی خلل۔ خود پسندی۔
نرم (ف۔صف) ملائم۔ پلپلا۔ گلگلا۔ لوچدار۔ ڈھیلا۔ مندار۔ مدھم۔ دھیما۔ سست۔ کاہل۔ لطیف۔ سُبک۔ ہلکا۔ آسان۔ سہل۔ نازک۔ متحمل۔ بردبار۔ حلیم۔
نرم چارہ (اُر۔ا۔مذ) زود ہضم کھانا۔ ملائم خوراک۔
نرم خوب دا کرم مے خورد (ف۔مثل) بھلے مانس کو سب دبوچتے ہیں۔
نرم خو (ف۔صف) دھیمے مزاج کا۔ نیک مزاج۔

نرم دل (ف۔صف) رحم دل۔ موم دل۔ رقیق القلب۔
نرم رَو (ف۔صف) دھیما۔ آہستہ اور سوچ سمجھ کر کام کرنے والا۔
نرم رَوی (ف۔ا۔مو) دھیما پن۔ آہستگی۔ سوچ سمجھ کر چلنا/کام کرنا۔
نرم کرنا (اُر۔محاورہ) دھیما کرنا۔ ملائم کرنا۔
نرم گرم (ف۔صف) بُرا بھلا۔ سخت سُست۔
نرم گرم اُٹھانا یا سہنا (اُر۔محاورہ) بُری بھلی بات سہنا۔ سخت سُست بات برداشت کرنا۔ زمانے کے رنج و راحت کو سہنا۔
نرما یا نرمہ (اُر۔مذ) ایک قسم کی روئی اور اس کا درخت۔ ایک ملائم قسم کے کپڑے کا نام۔
نرمانا (اُر۔فعل) نرم کرنا۔ ملائم کرنا۔ دھیما کرنا۔ سختی ہٹا دینا۔ موم کرنا۔
نرماہٹ یا نرمائی (اُر۔ا۔مو) نرمانا سے حاصل مصدر۔ ملائمت۔ نرمی۔
نرملی (ہ۔ا۔مو) ایک قسم کا بیج جس سے گدلا پانی صاف ہو جاتا ہے۔
نرمہ گوش (ف۔ا۔مو) کان کی لَو۔ بناگوش۔
نرمی (ف۔ا۔مو) ملائمت۔ نزاکت۔ پلپلا پن۔ سبکی۔ مہربانی۔ رحمدلی۔ شفقت۔ لطافت۔ سہولت۔ آسانی۔ بُردباری۔ تحمل۔ سہار۔ آہستگی۔
نرنجن (س۔صف) خواہش اور غضب سے بری۔ بے عیب۔ بے داغ۔ پاک صاف۔ مبرا۔ منزہ۔ مجازاً۔ خدا تعالےٰ پرماتما۔ پرمیشور۔
نرنے (ہ۔صف) نہار مُنہ۔ بغیر کھائے۔
نرنے مُنہ (ہ۔صف) نہار مُنہ۔ بن کھائے پیئے۔
نرنکار (س۔ا۔مذ) پرمیشر۔ پرماتما۔ ایشور۔
نرو ٹھا (ہ۔صف) بدصورت۔ بدشکل۔ کرایہ المنظر۔ بدخو۔
نروگا یا نروگی (ہ۔صف فاعلی) بے روگ۔ بیماری سے بچا ہوا۔ تندرست۔ بھلا چنگا۔ نقصان نہ کرنے والا۔
نردید (س۔صف) وید کو نہ ماننے والا۔
نری (ہ۔صف) نرا کی تانیث۔ محض۔ بالکل۔ صرف۔
نری (ف۔ا۔مو) بکری یا بکرے کا رنگا ہوا چمڑا۔
نریتہ (ف۔صف) بہ بینہ نسبتی۔ نر سے نسبت رکھنے والا۔ مادین کی ضد۔

ن ۔ ڑ

نڑآ (ہ۔ا۔مذ) گاجر کے اندر کا سخت اور ناقابل استعمال حصہ۔ حقہ کی موٹی بانسی۔
نڑی (ہ۔ا۔مو) نے۔ حقہ وغیرہ کی نلی۔ ایک قسم کے لمبی گردن والے آبی جانور کا نام۔ ایک قسم کی آتش بازی۔

ن ۔ ز

نزَ (ع۔صف) چست۔ چالاک۔ پھرتیلا۔ ہلکا۔ ہوشیار۔ ذہین پُرمذاق۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ دوڑ کر جانے والا۔ پھوٹنے والا۔ (پانی) چست و چالاک آدمی۔ شتر مرغ۔ چشمہ۔ سوتا۔ زمین جس سے چشمہ پھوٹے۔
نزار (ف۔صف) دبلا۔ کمزور۔ لاغر۔ نازک۔ مُفلس۔ قلاش۔
نزاری (ف۔ا۔مو) دُبلا پن۔ کمزوری۔ لاغری۔ مُفلسی۔ ناتوانی۔ ضعیفی۔
نزاع (ع۔ا۔مو) جھگڑا۔ تکرار۔ تنازع۔ بَیر۔ دُشمنی۔ عداوت۔ قضیہ۔ فساد۔ ٹنٹا۔
نزاع پڑنا (اُر۔محاورہ) جھگڑا ہونا۔ عداوت ہونا۔
نزاعِ لفظی (اُر۔ا۔مو) لفظوں کا جھگڑا۔ باتوں کا جھگڑا۔ زبانی بحث تکرار۔
نزاعیں (ع۔ا۔مو) دیکھئے "نزاع" جس کی یہ جمع ہے۔
نزاعیں پڑنا (اُر۔محاورہ) جھگڑے ہونا۔ فسادات ہونا۔
نزاکت (ف۔ا۔مو) نازک پن۔ نازکی۔ خوبی۔ ناز و ادا۔ آن بان۔ کمزوری۔ ناتوانی۔ نازک مزاجی۔
نزاہت (ع۔ا۔مو) بُری باتوں سے دُوری۔ عیب سے پاک ہونا۔ پاکیزگی۔ پاکی۔
نزدِ (ف۔تابع فعل) پاس۔ نیڑے۔ دھورے۔ قریب۔ نزدیک۔ آگے۔ پیش۔
نزدیک (ف۔تابع فعل) لیکھے۔ رائے میں۔ پاس۔ نیڑے۔ قریب۔
نزدیک آ پہنچنا (اُر۔محاورہ) قریب آجانا۔
نزدیک بین (اُر۔صف) وہ جو صرف نزدیک کی چیزیں دیکھ سکے۔
نزدیک پھٹکنا (اُر۔محاورہ) قریب آنا۔ پاس آنا۔
نزدیک جانا (اُر۔محاورہ) پاس جانا۔ مباشرت کرنا۔ ہم بستر ہونا۔
نزدیک ہونا (اُر۔محاورہ) قریب ہونا۔
نزدیکی (اُر۔ا۔مو) قربت۔ پاس۔
نزع (ع۔ا۔مو) جان کھینچنا۔ جانکنی۔ جان کندنی۔ دم ٹوٹنا۔
نزع کی حالت ہونا (اُر۔محاورہ) جان بلب ہونا۔ مرنے کے قریب ہونا۔
نزلہ (ع۔ا۔مذ) لغت میں ایک ہی دفعہ گرنا۔ زکام۔ سردی۔ ہوا زدگی۔ ایک مرض کا نام ہے۔
نزلہ بر عضوِ ضعیف می ریزد (ف۔مثل) مُصیبت ہمیشہ کمزور پر آتی ہے۔
نزلہ بند (ف۔ا۔مذ) وہ گول پھایا جو نزلہ کی روک کے لئے کنپٹیوں پر لگاتے ہیں۔

نزلہ گرنا (اُ۔محاورہ) نزول ہونا۔ آفت آنا۔ شامت آنا۔
نزول (ع۔ا۔مذ) اُترنا۔ فروکش ہونا۔ نزلہ یعنی زکام کی قسم کی ایک بیماری۔ آنکھ کی ایک بیماری موتیاں بند۔ فوطوں کا بڑھ جانا۔ فتق۔ لشکر شاہی کا فروکش ہونا۔ سرکاری زمین۔ ضبط کی ہوئی زمین۔
نزول آب (ع۔ا۔مذ) پانی اُترنا۔
نزول اجلال } (ع۔ا۔مذ) بادشاہ سلامت کا ورود۔ بادشاہ کا
نزول اقبال } تشریف لانا۔
نزولی (اُ۔موظرف) فوج کا پڑاؤ۔
نزہت (ع۔ا۔مو) تروتازگی۔ خوشی۔ آنند۔ سرور۔ فرحت۔ عیش ونشاط۔
نزہت افزا (عف۔صف) خوشبو زیادہ کرنے والا۔ شاداب کرنے والا۔ فرحت بخش۔
نزہت خاطر (ع۔ا۔مو) دل بہلاوا۔ من پرچاوا۔ خوش دلی۔ انبساط خاطر۔
نزہت گداگاہ (ع۔ا۔مذ و مو) تروتازہ۔ وسبز وشاداب جگہ۔ پاکیزہ مقام۔ تماشہ گاہ۔ سیرگاہ۔
نزہت گاہ (عف۔ظرف۔مو) سیرگاہ۔ تروتازہ۔ اور سرسبز جگہ تماشاگاہ۔

ن - ژ

نژاد (ف۔ا۔مو) نسل۔ خاندان۔ اصل۔ حسب نسب۔ تخم۔ نطفہ۔
نژادہ (ع۔ا۔صف) اچھے خاندان کا۔ شریف۔ نجیب۔
نژند (ف۔صف) بدلا ہوا (غم یا عمر کی وجہ سے) مغموم۔ غمگین۔ اُداس۔ ناراض۔ غصے۔ خفا۔ خوفناک۔ ڈراونا۔ پست۔ نیچا۔ ذلیل۔ خوار۔

ن - س

نس (ہ۔حرف نفی) نہ۔ نا۔ بے خبر۔
نس دن (ہ۔ا۔مذ) ہمیشہ۔ دن رات۔ لیل ونہار۔ آٹھ دن۔ ہر روز۔
نسدن کھانا کام کرن کو آسکتانا (ہ۔مثل) بہت کھانے والا مگر کام چور۔
نس سند یہ (ہ۔تابع فعل) بے شبہ۔ بے شک۔ یقیناً۔ بالیقین۔
نس کپٹ (ہ۔صف) بے کینہ۔ صاف دل۔
نس کلنگ (ہ۔صف) بے داغ۔ بے عیب۔
نس (ہ۔ا۔مو) رگ۔ خون کی نلی۔ عرق۔ پٹھا۔ پٹھے۔ عضب۔ عضو تناسل۔ ذکر۔ پیشاب آنے کی نالی۔ ریشہ۔ پھونسڑا۔ نُس۔
نس پھڑکنا (ہ۔محاورہ) رگ یا پٹھا چڑھ جانا۔ کسی صدمے سے پٹھے کا کھڑا ہوجانا۔ دیوانہ ہونا۔ پاگل ہونا۔
نس دار (اُ۔صف فاعلی) رگ دار۔ بہت رگوں والا۔ رگیلا۔
نس کٹا (ہ۔ا۔مذ) خواجہ سرا۔ خوجہ۔ مخنث۔ ہیجڑا۔ زنخہ۔
نس مرنا (ہ۔محاورہ) پٹھے کا کمزور ہوجانا۔ رگ کا ضعیف ہونا۔ رگ مرنا۔
نساء (ع۔ا۔مو) امراۃ کی جمع خلاف قیاس ہے۔ عورتیں۔ استریاں۔ ناریاں۔ بیویاں۔
نساجال (ہ۔ا۔مذ) رگوں کا جال۔ رگوں کا گچھا۔ مجازاً بہت بڑا جال جس سے نکلنا مشکل ہو۔
نساچر (ہ۔ا۔مذ فاعل) رات کو چرنے والا۔ مجازاً بھوت۔ پریت۔ جن۔ دیو۔ چور۔ قزاق۔
نساچری (ہ۔ا۔مو) نساچر کی تانیث۔ چڑیل۔ بھوتنی۔
نساورا (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا کبوتر جس کے دونوں بازو سفید اور باقی رنگ سبز ہو۔ قاصد کبوتر۔ تشہیہاً جوتا۔
نسائم (ع۔ا۔مذ) نسیم کی جمع۔ خوشبودار ٹھنڈی ہوائیں۔ بھینی بھینی ہوائیں۔
نسب (ع۔ا۔مذ) نسل۔ اصل۔ خاندان۔ جنس۔ باپ کی طرف سے نسب۔ حسب کی ضد۔
نسب ملنا (اُ۔محاورہ) شجرہ ملنا۔ مختلف اشخاص کا ایک ہی شخص کی اولاد ہونا۔
نسب نامہ (عف۔ا۔مذ) خاندانی شجرہ۔ گرسی نامہ۔ جنس پتر۔
نسب نما (عف۔ا۔مذ) علم حساب میں اس عدد کو کہتے ہیں جس سے معلوم ہو کہ اکائی کے اتنے برابر حصے کئے ہیں۔ کسر کا مخرج بانٹنے والا عدد۔
نسبت (ع۔ا۔مو) لگاؤ۔ علاقہ۔ تعلق۔ واسطہ۔ سگائی۔ منگنی۔ پیغام شادی۔ مناسبت۔ مطابقت۔ حسب ونسب۔ خاندان۔ صفت کی تفصیل بعض کے لئے جیسے یہ اُن کی نسبت اچھے ہیں۔ عرفان الٰہی۔ معرفت۔ جیسے وہ بزرگ صاحب نسبت ہے۔
نسبت آنا (اُ۔محاورہ) شادی کا پیغام آنا۔ سگائی آنا۔
نسبت اضافی (ع۔ا۔مو) جو اصلی نہ ہو۔ اعتباری۔ نسبتی۔ زائد۔ مددگار۔ معاون
نسبت بھیجنا (اُ۔محاورہ) منگنی کا پیغام دینا۔
نسبت تناسب (ع۔ا۔مذ) اربعہ۔ ستہ۔
نسبت ٹھہرنا (اُ۔فعل) بات ٹھہرنا۔ شادی کا پیغام ماننا جانا۔ سگائی ٹھہرنا۔
نسبت دینا (اُ۔محاورہ) حوالہ۔ نظیر دینا۔ مشابہت دینا۔ تعلق ظاہر کرنا۔
نسبت رکھنا (اُ۔محاورہ) تعلق رکھنا۔ لگاؤ رکھنا۔
نسبت کرنا (اُ۔محاورہ) منگنی کرنا۔ منسوب کرنا۔ سگائی کرنا۔

نسبت ناتا (اُر۔مذ) رشتہ داری۔ شادی بیاہ (افعال ٹھہرنا۔ ہونا)۔
نسبت نامہ (ع۔ا۔مذ) نسبت نامہ۔
نسبت ہونا (اُر۔فعل) مناسبت ہونا۔ تعلق ہونا۔ مشابہت ہونا۔ مطابقت ہونا۔ بات قرار پانا۔ منگنی ہونا۔ سگائی ہونا۔
نسبتی (اُر۔صف۔ بیائے فاعلیت) نسبت رکھنے والا۔ قریبی۔ رشتہ دار۔
نسبتی بھائی (اُر۔مذ) دُولہا بھائی۔ بہنوئی۔ سالا۔ جورو کا بھائی۔
نسبی (ع۔صف) نسب سے منسوب۔ خاندانی۔
نستارا (ہ۔ا۔مذ) چھٹکارا۔ نجات۔ رہائی۔ مخلصی۔ خلاصی۔ مُکتی۔
نستارا کرنا (اُر۔مصدر مرکب) رہائی دلانا۔ رہا کرنا۔ آزاد کرنا۔ اوگون کے سلسلے میں آزادی دینا۔ فرض ادا کرنا۔ بدلہ دینا۔
نستارنا (ہ۔مصدر) دیکھئے "نستارا کرنا"۔
نسترن (ف۔ا۔مو) سیوتی۔ ایک قسم کا خوشبودار سفید جنگلی گلاب۔
نستعلیق (ع۔ا۔مذ) نسخ اور تعلیق سے مرکب ہے۔ فارسی کا خط جو نہایت خوشنما اور صاف ہوتا ہے۔ فصیح۔ بلیغ۔ خوش کلام۔ خوش گفتار۔ شائستہ۔ مہذب۔ خلیق۔ سُلجھا ہوا۔
نستعلیق بول چال / گفتگو (ہ۔ا۔مو) فصیح و بلیغ گفتگو۔ شستہ کلام۔
نستلک (س۔ا۔مذ) مویشی کی ناک جس میں رسّی ڈالتے ہیں۔
نسج (ع۔مذ) کپڑا بننا۔
نستعلیق گو (ف۔مذ) فصیح و بلیغ۔ آدمی۔ خوش بیان آدمی۔
نسخ (ع۔ا۔مذ) نقل۔ عبارت کی نقل۔ کاپی۔ کتاب۔ تحریر۔ تردید۔ تنسیخ۔ زائل کرنا۔ رد کرنا۔ دور کرنا۔ ایک قدیمی مشہور تحریر کا نام ہے۔ جس کا موجد عماد الدین یاقوت مقنصی تھا۔
نُسخے (ع۔مذ) نسخہ کی جمع۔ دوائیوں کے پرچے۔ کتابیں۔ رسالے۔
نسخ کرنا (اُر۔محاورہ) منسوخ کرنا۔ نامنظور کرنا۔
نسخ و نسیان (ع۔ا۔مذ) کسی پہلے حکم شرعی کو منسوخ کرکے اور بھلا کر دوسرا حکم اس کی جگہ رائج کرنا۔
نسخہ (ع۔ا۔مذ) تحریر۔ نوشتہ۔ لکھا ہوا۔ مرقومہ۔ جلد۔ کتاب۔ رسالہ۔ پوتھی۔ پستک۔ کاغذ کا وہ پرزہ جس پر دوائیاں لکھی ہوئی ہوں۔ کسی شعر کا وہ لفظ جو بعض کتابوں میں دوسری طرح آیا ہو۔ کمانے کا ڈھنگ۔ ترکیب۔ چٹکلہ۔ لٹکا۔
نسخہ باندھنا (اُر۔محاورہ) عطار کا لکھے ہوئے پرچہ کے مطابق دوائیاں جمع کرکے پڑیاں باندھنا۔
نسخہ بندھنا (اُر۔محاورہ) دیکھئے "نسخہ باندھنا"، جس کا یہ لازم ہے۔
نسخہ لکھا جانا (اُر۔محاورہ) دیکھئے "نسخہ لکھنا"، جس کا یہ لازم ہے۔
نسخہ لکھانا (اُر۔محاورہ) دیکھئے "نسخہ لکھنا"، جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔
نسخہ نویس (عف۔مذ) نسخہ لکھنے والا۔
نسخہ لکھنا (اُر۔محاورہ) پرچہ پر دوائیاں لکھنا۔ دوائیوں کی مقدار اور ترکیب لکھنا۔
نسر (ع۔ا۔مذ) گدھ۔ کرگس۔ ایک مُردار خور پرندے کا نام۔ ایک بُت کا نام۔
نسر چرخ (عف۔ا۔مذ) آسمان کا گدھ۔ دو ستاروں کا نام ہے۔ جو اپنی شکل و صورت کے باعث اس نام سے منسوم ہو گئے۔
نسر طائر (ع۔ا۔مذ) اُوپر کو اُڑنے والا گدھ۔ ستاروں کے ایک گچھے کا نام جن کی شکل سے مذکورہ بالا تصویر سی بن جاتی ہے۔
نسر واقع (ع۔مذ) نیچے کو آتا ہوا گدھ۔ ستاروں کا ایک گچھا جن کی شکل نیچے کو گرتے ہوئے گدھ سے مشابہ ہے۔
نسرین (ف۔مذ) سیوتی۔ ایک قسم کا جنگلی گلاب۔
نسق (ع۔ا۔مذ) دستور۔ طریقہ۔ روش۔ انتظام۔ بندوبست۔ ترتیب۔
نسل (ع۔ا۔مو) آل اولاد۔ بال بچے۔ خاندان۔ بنس۔ سنتان۔ اصل۔ قوم۔ تخم۔
نسل دار (عف۔صف) اچھی نسل کا۔ خوبصورت۔ خوش شکل۔ اچھی قوم کا۔
نسلاً بعد نسلٍ (ع۔تابع فعل) پیڑھی در پیڑھی۔ پشت بہ پشت۔
نسنا (ہ۔فعل) پنجاب میں۔ بھاگنا۔ دوڑنا۔ بھاگ جانا۔
نساس (ع۔ا۔مذ) بن مانس۔ ایک قسم کا جنگلی جانور جو انسان سے مشابہ ہے۔
نسنکھ (ہ۔صف) بے فکر۔ فارغ۔ نچنت۔ آزاد۔
نسواس (ہ۔ا۔مو) اُلاس۔ ناس۔ روشن دماغ۔ سُونگھنی۔ دماغ کی صفائی کے لئے سونگھنے کی چیز۔
نسوان (ع۔ا۔مو) نساء کی جمع۔ عورتیں۔ بیویاں۔ استریاں۔ لگائیاں۔ مستورات۔
نسوانی (ع۔صف) عورتوں سے منسوب۔
نسوڑھیا (ہ۔صف) منحوس۔
نسوٹ (ہ۔صف) خالص۔ نتھرا ہوا۔ صاف۔ بے ملاوٹ۔ نرا۔ کھرا۔ (بحالت اسم مونث) ایک دوا کا نام ہے۔ تربد۔
نسیا (اُر۔مذ) پیسا (قصابوں کی اصطلاح)۔
نسیا منسیا (ع۔صف) نہایت بھولا بسرا ہوا۔ فراموش۔ از یاد رفتہ۔
نسیان (ع۔ا۔مذ) بھول۔ چوک۔ فراموش۔ سہو۔ خطا۔
نسیں (ہ۔اصل نشاء۔مو) راتری۔ شب۔ رین۔
نسیم (ع۔ا۔مذ) ٹھنڈی اور نرم ہوا۔ بھینی بھینی ہوا۔ پنڈت دیا شنکر لکھنوی مصنف مثنوی گلزار نسیم کا تخلص۔
نسیم سحر یا نسیم سحری (ع۔ا۔مو) صبح کے وقت کی ٹھنڈی ہوا۔ باد صبا پچھلی رات کی ہوا۔
نسینی (ہ۔ا۔مو) لکڑی کی پیڑھی۔ لکڑی کا زینہ۔
نسیہ (ع۔ا۔مذ) تاخیر۔ دیر۔ موقع۔ اُدھار۔ قرض۔ اُدھار بیچنا۔ وقف جو قرض کی ادائیگی کے لئے دیا جائے۔ دیر کرنا۔ بھولی ہوئی چیز۔ بے فائدہ چیز۔ وہ چیز جو بے فائدہ سمجھ کر پھینک دی جائے۔

ن - ش

نشاء (اُر۔مذ) لغوی پیدا کرنا۔ نیا پیدا کرنا۔ مجازاً جہان۔ دُنیا۔ عالم

سنار۔ جگ ۔

نشا (اُ۔ا۔مذ) عربی نشہ کا بگاڑ ہے۔ متوالا پن۔ مستی۔ بے ہوشی۔ خمار۔ کیف۔ سکر۔ سرور۔ مجازاً۔ غرور گھمنڈ۔ تکبر۔ خود بینی۔ مستی۔ ولولہ۔ جوش۔ ترنگ ۔

نشا اُترنا (اُ۔ فعل) غفلت سے نکلنا۔ ہوش میں آنا۔ خمار جاتا رہنا۔

نشا پانی (اُ۔مذ) اَمل پانی۔ نشے کی چیزیں ۔

نشا پانی کرانا (ع) نشہ کی چیزیں پلانا۔ کھلانا۔ نشہ پلوانا۔ اَمل کرانا۔ رشوت کے طور پر کچھ دینا ۔

نشا پانی کرنا (اُ۔محاورہ) نشہ کھانا پینا۔ اَمل پانی کرنا ۔

نشا جمانا (اُ۔محاورہ) کوئی نشے کی چیز کھانا یا پینا۔ خمار حاصل کرنا۔ مخمور ہونا ۔

نشا چھانا (اُ۔محاورہ) نشہ غالب ہونا۔ مدہوش ہونا۔ غرور دولت اور تکبر سے مست ہونا۔ مستی چھانا ۔

نشا چڑھنا (اُ۔محاورہ) نشے کا عمل ہونا۔ بے ہوشی چھانا۔ متوالا ہونا۔

نشا کرکرا ہونا (اُ۔محاورہ) رنگ میں بھنگ ڈالنا۔ عیش و خوشی میں خرابی ڈالنا۔ مزا بگاڑنا ۔

نشا ہرن ہونا (اُ۔محاورہ) بے ہوشی سے ہوش میں آنا۔ کسی خوف یا صدمے سے نشہ کا فور ہو جانا۔ نشہ اُترنا۔ غرور جاتا رہنا ۔

نشات / نشاۃ (ع۔ا۔مو) اُگنا۔ ظاہر ہونا۔ پھوٹنا۔ پیدا ہونا۔ دُنیا جہاں ۔

نشأت ثانیہ / نشاۃ الثانیہ (ع۔ا۔مو) حیاتِ نَو۔ نئی زندگی۔ دوبارہ عروج ۔

نشاتین (ع۔ا۔مذ) نشاۃ کی جمع تثنیہ ہے۔ دونوں جہان۔ ہر دو عالم۔ دُنیا و آخرت ۔

نشا خاطر (اُ۔ا۔مو) خاطر نشان سے بگاڑا ہوا ہے۔ تسلی۔ اطمینان۔ دلجمعی۔ خاطر جمعی ۔

نشاستہ (ف۔ا۔مذ) لُغت میں جمایا ہُوا گیہوں کا ست۔ مغز گندم۔ کلف۔ مانڈی۔ پیچ۔ اہار ۔

نشاط (ع۔ا۔مو) آنند۔ خوشی فرحت۔ انبساط۔ شادی۔ مزا۔ لُطف۔ عیش۔ مرزا عبدالوہاب معتمد الدولہ ایرانی کا تخلص جو فتح علی شاہ قاجار کے زمانے میں ہُوا ہے ۔

نشاط افزا / انگیز (عف۔صف) خوشی زیادہ کرنے والا۔ خوشی پیدا کرنے والا ۔

نشاط افزائی / انگیزی (عف۔ا۔مو) دیکھئے "نشاط افزا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

نشاط پرست (عف۔صف) خوش رہنے والا۔ عیش پسند ۔

نشاط پرستی (عف۔ا۔مو) دیکھئے "نشاط پرست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

نشاط خاطر (عف۔ا۔مو) دل کی تسلی۔ دلجمعی۔ خاطر جمعی۔ اطمینان۔ قناعت۔ (افعال کرنا۔ ہونا۔ رہنا) ۔

نشاط کار (عف۔مذ) کام کرنے کی خوشی۔ کام کرنے کی اُمنگ ۔

نشاف (ع۔صف) جاذب۔ جذب کرنے والا ۔

نشان (ف۔ا۔مذ) کھوج۔ پتہ۔ ٹھیا۔ چھاپا۔ علامت۔ آثار۔ نقش۔ یادگار۔ نشانی۔ جھنڈا۔ باؤٹا۔ علم۔ رایت۔ لوا۔ ٹھکانا۔ مقام۔ پتا۔ سرنامہ۔ داغ۔ دھبہ۔ نشانہ۔ ہدف۔ نصیب۔ حصہ۔ بہرہ۔ شہزادے کا حکم۔ تمغا۔ انگوٹھی۔ چھلا۔ جو منگنی کے روز طرفین کے لوگ دُولھا، دُولھن کو پہناتے ہیں ۔

نشان اُٹھانا (اُ۔محاورہ) جھنڈا اُٹھانا یا نکالنا ۔

نشان اُٹھنا (اُ۔محاورہ) جھنڈا اُٹھنا یا نکلنا ۔

نشان باقی نہ چھوڑنا (اُ۔محاورہ) نیست و نابود کرنا۔ برباد کرنا ۔

نشان بردار۔ یا۔ نشانچی (اُ۔ا۔مذ) جھنڈا لے کر چلنے والا۔ علم بردار ۔

نشان بنانا (اُ۔محاورہ) علامات بنانا۔ دستخط کی جگہ۔ لکیر وغیرہ بنانا ۔

نشان پڑنا (اُ۔محاورہ) دھبہ پڑنا۔ داغ پڑنا۔ زخم یا چوٹ کی علامت باقی رہنا ۔

نشان چڑھانا (اُ۔محاورہ) منگنی یا سیاچق کے دن انگوٹھی چھلا وغیرہ دُولھن کو پہنانا ۔

نشان دہی (اُ۔ا۔مو۔بیائے مصدری) پتا لگانا۔ ٹھکانا بتانا۔ سراغرسانی ۔

نشان دینا (اُ۔محاورہ) کوئی علامت بتانا۔ پتا بتانا۔ تصدیق کرنا۔ صحیح کرنا ۔

نشان کرنا (اُ۔محاورہ) کوئی علامت کر دینا۔ سائن کرنا۔ داغ دینا۔ مارک بنانا۔ نمبر ڈالنا۔ صحیح کرنا۔ صادر کرنا ۔

نشانہ (ف۔ا۔مذ) نشان کا مزید علیہ ہے۔ ہدف۔ وہ علامت جو تیر مارنے کے لئے بنا دیتے ہیں۔ گولی یا تیر مار کی جگہ۔ شست زد۔ ٹھکانا۔ نازل ہونے کی جگہ۔ مقام ۔

نشانہ انداز (ف۔ا۔مذ) بالکل صحیح نشانہ لگانے والا۔ شست بہ لگانے والا۔ قادر انداز ۔

نشانہ باندھنا (اُ۔محاورہ) دیکھئے "نشانہ بندھنا" جس کا یہ متعدی ہے۔ نشانہ تاکنا ۔

نشانہ بندھنا (اُ۔محاورہ) شکار یا مشق کرنے کے وقت ہتھیار کا اس طرح آنکھ کے سامنے ہونا کہ تیر یا گولی ٹھیک طور پر ٹھکانے جا لگے ۔

نشانہ بنانا (اُ۔محاورہ) گولی یا تیر وغیرہ مارنے کی جگہ بنانا ۔

نشانہ بننا (اُ۔محاورہ) گولی یا تیر وغیرہ مارنے کی جگہ بننا۔ گولی یا تیر لگنا۔ کنایتہً ہدف ملامت ہونا ۔

نشانہ بیچنا (اُ۔محاورہ) نشانہ خطا کرنا ۔

نشانہ بیٹھنا (اُ۔محاورہ) تیر یا گولی وغیرہ کا صحیح ٹھکانے پر جا لگنا ۔

نشانہ پٹ پڑنا (اُ۔محاورہ) تیر/گولی وغیرہ کا صحیح ٹھکانے پر جا لگنا ۔

نشانہ / نشانے پر بیٹھنا (اُ۔محاورہ) تیر/گولی وغیرہ کا ٹھیک اس جگہ لگنا جہاں کا نشانہ لیا گیا ہو۔ مقصد پر آنا ۔

نشانہ تاکنا / جوڑنا (اُ۔محاورہ) نشانہ باندھنا ۔

نشانہ چوکنا (اُر۔محاورہ) نشانہ خطا ہونا۔
نشانہ خطا ہونا (اُر۔محاورہ) تیر/گولی وغیرہ کا نشانہ پر نہ لگنا۔
نشانہ خالی نہ جانا (اُر۔محاورہ) وار خالی نہ جانا۔ شست پر لگنا۔
نشانہ کرنا۔ یا۔ لگانا۔ یا۔ مارنا (اُر۔فعل) نشانا بنانا۔ تیر یا گولی کا وار کرنا۔ چاند ماری کرنا۔ شکار کو گولی یا تیر مارنا۔
نشانہ ہیچ جانا (اُر۔محاورہ) نشانہ خطا ہوجانا۔
نشانی (ف۔اِمو) یادگار۔ علامت۔ پہچان۔ شناخت۔ نسل۔ آل اولاد۔ بال بچے۔ خاندان۔
نشانی بھیجنا (اُر۔محاورہ) کوئی چیز بطور یادگار یا تصدیق بھیجنا۔
نشانی پاس رکھنا (اُر۔محاورہ) کوئی چیز بطور یادگار اپنے پاس رکھنا۔
نشانی دینا (اُر۔محاورہ) کوئی چیز بطور یادگار عطا کرنا۔
نشانی رکھنا (اُر۔محاورہ) کوئی چیز یادداشت کے لئے کتاب میں رکھنا۔
نشانی کا چھلا (اُر۔اِمذ) وہ چھلا جو معشوق اپنے عاشق کو یادگار کے طور پر دے۔
نشتر (ع۔اِمذ) نیشتر کا مخفف ہے۔ زخم چیرنے یا فصد کھولنے کا نوکدار اوزار۔
نشتر چبھونا (اُر۔محاورہ) نشتر کو بدن میں داخل کرنا۔
نشتر دینا (اُر۔محاورہ) نشتر لگانا۔
نشتر زن (ف۔صف) فصد کھولنے والا۔ فصاد۔ نشتر لگانے والا۔
نشتر زنی (ف۔اِمو) نشتر لگانے کا عمل۔
نشتر کھانا (اُر۔محاورہ) مجازاً۔ تکلیف اُٹھانا۔ صدمہ اُٹھانا۔
نشتر لگانا (اُر۔محاورہ) کسی عضو میں نشتر چبھونا۔
نشتر مارنا (اُر۔محاورہ) نشتر کو بے ساختہ چبھو دینا۔
نشتٹ (س۔صف) ناش۔ نیست و نابود۔ گم۔ تباہ۔ برباد۔ فنا۔ پائمال۔ خراب۔ ستیاناس۔ ضائع۔ تلف۔ معدوم۔
نشتٹ کرنا (ہ۔فعل) تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ فنا کرنا۔ ستیاناس کرنا۔ نیست و نابود کرنا۔
نشچے (س۔مذ) تسلی۔ اطمینان۔ یقین۔ خاطر جمع۔ بھروسا۔ اعتبار۔ ٹھیک۔ اصلی۔ سچ مچ۔
نشچے کرنا (ہ۔محاورہ) تسلی رکھنا۔ خاطر جمع کرنا۔ اعتماد کرنا۔ بھروسا کرنا۔ یقین کرنا۔
نشر (ع۔اِمذ) پھیلاؤ۔ کشادگی۔ وسعت۔ فراخی۔ پراگندگی۔ درازی۔ بہاؤ۔ افشائے خبر۔ مجازاً زندگی۔
نشر (ع۔صف) آوارہ۔ پراگندہ۔ پریشان۔
نشر کرنا (اُر۔محاورہ) بدنام و رسوا کرنا۔ شہرت خراب کرنا۔
نشر ہونا (اُر۔محاورہ) دیکھئے "نشر کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
نشریات (ع۔اِمو) نشریہ کی جمع۔ براڈ کاسٹنگ۔
نشست (ف۔اِمو) نشستن کا حاصل مصدر۔ بیٹھک۔ موروثی۔ کرسی۔ صحبت۔ ہم نشینی۔
نشست برخاست (ف۔اِمو) علم مجلسی۔ اُٹھنے بیٹھنے کی تمیز۔ آداب مجلس۔ اُٹھنے بیٹھنے کا طریقہ۔
نشست گاہ (ف۔اِمو ظرف) بیٹھنے کی جگہ۔ دیوانخانہ۔ بیٹھک۔
نشستہ (ف۔صف) بیٹھا ہوا۔
نشنگ (س۔اِمذ) میل جوڑ۔ پیوستگی۔ ترکش۔
نشو (ع۔مذ) بیٹھنا۔ اُگنا۔ پیدا ہونا۔ بڑا ہونا۔
نشو و نما (ع۔اِمذ و مو) بڑھنا اور اُگنا۔ پرورش پانا۔ روئیدگی۔ بالیدگی۔ رونق۔ سرسبز و شادابی۔ ترقی۔ ظہور۔
نشو و نما پانا (اُر۔محاورہ) بڑھنا۔ پرورش پانا۔ ظہور ہونا۔ سرسبز ہونا۔ شاداب ہونا۔
نشور (ع۔اِمذ) مُردوں کا قیامت کے روز اُٹھنا۔ حشر۔ قیامت۔
نشہ (ف۔اِمذ) دیکھو (نشا)۔
نشہ آنا (اُر۔محاورہ) سرور ہونا۔ نشہ چڑھنا۔ لُطف آنا۔
نشہ اُتارنا (اُر۔محاورہ) خمار اُتارنا۔ سرور کم کرنا۔ ہوش میں لانا۔ غفلت سے نکالنا۔ غرور مٹانا۔
نشہ اُترنا (اُر۔محاورہ) خمار جاتا رہنا۔ سرور کم ہونا۔ ہوش میں آنا۔ غفلت سے نکلنا۔ غرور مٹنا۔
نشہ اس نے پیا خمار تمہیں چڑھا (اُر۔مثل) کسی امیر آدمی کے رشتہ دار فخریہ کہتے ہیں۔
نشہ باز (ف۔اِمذ) شراب خور۔ نشہ کا شوقین۔
نشہ بودا ہونا (اُر۔محاورہ) ایسا نشہ ہونا جس میں ہمت یا حرارت نہ رہے۔
نشہ پانی (اُر۔مذ) نشہ آور چیزوں کا استعمال۔ نشہ کی چیز کھانا پینا۔
نشہ پانی کرانا (اُر۔محاورہ) دیکھئے "نشہ پانی کرنا" جس کا یہ اسم متعدی ہے۔
نشہ پانی کرنا (اُر۔محاورہ) نشے کی چیزیں کھانا پینا۔ رشوت لینا۔ کھا پی لینا۔
نشہ جمانا (اُر۔محاورہ) نشہ گانٹھنا۔ سرور گانٹھنا۔ نشے کی چیز کھانا پینا۔ خمار حاصل کرنا۔
نشہ جمنا (اُر۔محاورہ) نشہ حاصل ہونا۔ نشے کا پیدا ہونا۔
نشہ جوان ہونا (اُر۔محاورہ) نشے کا تیزی پر آنا۔
نشہ جوانی (اُر۔مذ) جوانی کا جوش۔
نشہ دولت (ف۔مذ) دولت کا غرور۔
نشہ رہنا (اُر۔محاورہ) مستی قائم رہنا۔ سرور رہنا۔
نشہ کرکرا ہونا (اُر۔محاورہ) رنگ میں بھنگ ہونا۔ عیش میں خلل آنا۔ مزے میں کھنڈت پڑنا۔
نشہ مردانگی (ف۔اِمو) بہادری کا جوش/غرور۔
نشہ ہرن کر دینا (اُر۔محاورہ) دیکھئے "نشہ ہرن ہوجانا" جس کا یہ متعدی ہے۔
نشہ ہرن ہوجانا/ ہونا (اُر۔محاورہ) نشہ کافور ہوجانا۔ نشہ جاتا رہنا۔ ہوش و حواس کا پراگندہ رہنا۔ حواس باختہ ہونا۔ غفلت دور ہونا۔ گھمنڈ دور ہونا۔ غرور جاتا رہنا۔
نشہ ہونا (اُر۔محاورہ) متوالا ہونا۔ بدمست ہونا۔ بدہوش ہونا۔ آنکھوں میں سُرخی آنا۔

نشے کے ڈورے (اُر۔مذ) آنکھ کی رگوں کی سُرخی۔
نشے کی ترنگ / **نشے کی لہر** (اُر۔امو) نشے کا جوش۔ نشے کی موج۔ نشے کا لطف۔
نشے میں چُور ہونا (اُر۔محاورہ) نشے میں غرق ہونا۔ خوب مست۔ اور مدہوش ہونا۔ نہایت مخمور۔ اور سرشار ہونا۔
نَشیب (ف۔مذ) پستی۔ نچان۔ ڈھلوان۔
نَشیب و فراز (ف۔مذ) اُتار۔ چڑھاؤ۔ اونچ نیچ۔
نشیب و فراز دیکھنا (اُر۔محاورہ) مختلف حالتوں میں سے گزرنا۔ خوب غور و فکر کرنا۔ اُونچ نیچ۔ اچھا بُرا سوچنا۔
نَشید (ف۔مذ۔ بیائے مجہول سے) الاپ۔ گانے کی آواز۔ سرود۔
نشیلا (اُر۔صف۔مذ) نشہ میں بھرا ہُوا۔ نشہ میں سرشار۔ متوالا مست۔
نشیلی (اُر۔صف۔امو) نشیلا کی تانیث۔ مدماتی۔ نشہ میں بھری ہوئی مست۔ متوالی۔
نشیلی آنکھیں (اُر۔امو) متوالی آنکھیں۔ مست آنکھیں۔ نشہ میں چُور آنکھیں۔ خمار آلودہ آنکھیں۔
نشیمن (ف۔مذ ظرف) آرام کی جگہ۔ تنہائی کی جگہ۔ پرندوں کا گھونسلا۔ آشیانہ۔ مکان۔ مسکن۔ حویلی۔ محلسرائے۔
نشیمن کرنا (اُر۔محاورہ) گھونسلا بنانا۔ پرندوں کا رات کو بیٹھنا۔
نشیمن گاہ (ف۔امو) ظرف۔ آرام گاہ۔ خلوت خانہ۔ خلوت گاہ۔
نشیں (ف) علامت صفت۔ مرکبات میں آخر میں آتا ہے۔ بیٹھنے والا۔ جیسے سجادہ نشین وغیرہ۔

ن ۔ ص

نص (ع۔امو) لغت میں چھان بین کرنا۔ کھود کھود کر پوچھنا۔ مجازاً بلندی۔ ظاہر۔ آشکار۔ اظہار۔ قطعی حکم۔ حکم ناطق۔ قرآن کریم کی وہ آیتیں جو متشابہ امور کے نیک و بد کو ظاہر کرتی ہیں۔ کبھی ظاہر اور صریح آیات پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے۔
نص قرآنی (ع۔مذ) قرآن شریف کی وہ آیت جس کے معنی صاف اور صریح ہوں۔
نص ناطق (ع۔امو) قطعی حکم۔ ایسا کلام جس میں شک و شبہ نہ ہو۔
نصاب (ع۔مذ) پونجی۔ سرمایہ۔ مایہ اتنا مال جس پر زکوٰۃ فرض ہو۔ جڑ۔ بنیاد۔ پڑھائی کا مقررہ کورس۔ اندازہ جانچ تول۔ معیار۔ کسوٹی۔ ترازو کی موسٹھ۔ تلوار کا قبضہ۔ چاقو کا دستہ۔
نصاب تعلیم (ع۔مذ) پڑھائی کا کورس۔ وہ کتابیں یا مضامین جو کسی درجہ تعلیم کے لئے مقرر ہوں۔ سیلبس۔
نصارےٰ۔ یا۔ نصاریٰ (ع۔مذ) عیسائی۔ مذہب۔ عیسوی کا پیرو۔
نَصائح (ع۔امو) نصیحت کی جمع۔ نصیحتیں۔
نَصب (ع۔مذ) کھڑا کرنا۔ گاڑنا۔ قائم کرنا۔ لگانا۔ برپا کرنا۔
نَصب العین (ع۔تابع فعل) مدنظر۔ منظور چشم۔ مقابل چشم۔
نَصب کرنا (اُر۔مصدر مرکب) کھڑا کرنا۔ گاڑنا۔ برپا کرنا۔ قائم کرنا۔ لگانا۔
نَصب ہونا (اُر۔مصدر مرکب) کھڑا ہونا۔ گڑنا۔ قائم ہونا۔ (نصب کرنا کا لازم ہے)
نَصر (ع۔امو) مدد۔ حمایت۔ یاری۔ پشتی۔ فتح۔ ظفر۔ جیت۔
نَصرانی (ع۔مذ) وہ شخص جو عیسائی مذہب رکھتا ہو۔
نَصرانیّت (ع۔امو) عیسائی مذہب۔
نَصرت (ع۔امو) حمایت۔ یاری۔ مدد۔ معاونت۔ کمک۔ جیت۔ فتح۔ ظفر۔
نُصرت اثر (ع۔صف) فتح کا نشان رکھنے والا۔ لشکر کی تعریف میں استعمال ہوتا ہے۔
نِصف (ع۔صف) آدھا۔ نیم۔ ½۔
نِصف النہار (ع۔مذ) وہ فرضی خطوط جو دونوں قطبوں کے درمیان کھینچے گئے ہیں۔ اور خط استواء پر عموماً واقع ہیں۔
نِصف ریت (ع۔امو) وہ زمین جس پر نصف مال گذاری ادا کی جائے۔
نِصفا نِصف / **نِصفا نِصفی** (ع۔صف) آدھوں۔ آدھ۔ آدھم آدھ۔ ٹھیک۔ آدھا۔
نَصفت (ع۔امو) انصاف۔ عدل۔ نیاؤ۔ داد۔
نُصوح (ع۔صف) خالص۔ صاف۔ کبھی نہ ٹوٹنے والی توبہ۔ پکی توبہ کرنیوالا۔
نَصیب (ع۔مذ) حصہ۔ قسمت۔ پر الید۔ بھاگ۔ کرم۔ تقدیر الٰہی۔ مشیت۔ مقدر۔ (بحالت صفت) حاصل۔ میسر۔ ممکن الحصول۔ مبارک۔ سلامت۔
نَصیب آزمانا (اُر۔محاورہ) قسمت آزمائی کرنا۔ توکل پر کوئی کام کرنا۔
نَصیب اعداء (ع) / **نَصیب دُشمناں** (ف) کلمۂ دُعا یعنی دُشمنوں اور بدخواہوں کو نصیب ہو۔ جب کسی دوست یا عزیز کی بیماری وغیرہ کا ذکر کرتے ہیں۔ تو اس وقت یہ کلمہ مُنہ سے نکالتے ہیں۔
نَصیب بگڑنا (اُر۔محاورہ) شامت آنا۔ قسمت پھوٹنا۔ اقبال کا گردش میں آنا۔
نَصیب پلٹنا (اُر۔محاورہ) خوش قسمتی کا بدقسمتی سے بدل جانا۔
نَصیب پھرنا (اُر۔محاورہ) قسمت جاگنا۔
نَصیب پھوٹ جانا (اُر۔محاورہ) بدقسمتی آجانا۔ نصیب بگڑ جانا۔ تقدیر بگڑنا۔ بُروں سے پالا پڑنا۔ بُرے گھر بیاہا جانا۔ ادبار آجانا۔

نصیب ٹیڑھا ہونا (اُر۔محاورہ) بداقبالی ہونا۔
نصیب جاگنا / **نصیب چمکنا** (اُر۔محاورہ) قسمت یاور ہونا۔ قسمت کھلنا۔ اقبال مند ہوجانا۔ ستارہ اقبال طلوع ہونا۔
نصیب خفتہ (ع۔ا۔مذ) سویا ہوا نصیب۔ بدقسمتی۔
نصیب دشمناں (ع۔کلمہ دعا) دشمنوں کو نصیب ہو۔ جب کسی عزیز کی مصیبت کا ذکر کرتے ہیں۔ دشمن کو میسّر ہو۔
نصیب دکھانا (اُر۔محاورہ) قسمت کی وجہ سے ہونا۔
نصیب سوجانا (اُر۔محاورہ) بدبختی کا زمانہ ہونا۔
نصیب سے (اُر۔متعلق فعل) قسمت سے۔ خوش قسمتی سے۔ اور بدقسمتی دونوں کے لئے بولا جاتا ہے۔
نصیب کا لکھا (اُر۔ا۔مذ) قسمت کا لکھا۔ نوشتہ ازلی۔ بدقسمتی کے موقع پر بولا کرتے ہیں۔
نصیب کرنا (اُر۔محاورہ) میسّر کرنا۔ عطا کرنا۔ عنایت کرنا۔
نصیب کھلنا۔ یا۔ کھل جانا (اُر۔محاورہ) بختاور ہونا۔ اقبال مند ہونا۔ قسمت پھرنا۔ اقبال یاور ہونا۔
نصیب کی شامت (اُر۔ا۔مو) بدقسمتی۔ گردش۔ تقدیر۔ بدنصیبی۔
نصیب کیا دکھاتا ہے (اُر۔محاورہ) کیا پیش آتا ہے۔
نصیب لڑانا (اُر۔محاورہ) قسمت آزمائی کرنا۔ نصیب کا مقابلہ کرنا۔
نصیب لڑنا (اُر۔محاورہ) تقدیر یاور ہونا۔ اقبالمند ہونا۔ ایک ہی بات کی اُمید میں دو شخصوں کا اتفاق ہونا۔
نصیب میں لکھا ہونا (اُر۔محاورہ) قسمت میں ہونا۔ نوشتہ تقدیر ہونا۔
نصیب نہ ہونا (اُر۔محاورہ) میسّر نہ ہونا۔ بہم نہ ہونا۔
نصیب ہونا (اُر۔محاورہ) حاصل ہونا۔ ملنا۔ دستیاب ہونا۔ ہاتھ لگنا۔ بہم پہنچنا۔
نصیب ہونا (اُر۔محاورہ) خوش قسمتی ہونا۔
نصیبا۔ یا۔ نصیبہ (اُر۔ا۔مذ) حصّہ۔ بہرہ۔ بخرہ۔ قسمت۔ پرالبد۔ نصیب۔ کرم۔ بھاگ۔
نصیبا اُلٹنا (اُر۔محاورہ) بدقسمتی ہونا۔ تقدیر کا یاور نہ ہونا۔ قسمت پلٹ جانا۔ بدبختی آنا۔
نصیبا پھرنا۔ یا۔ پھر جانا (اُر۔محاورہ) قسمت پھرنا۔ دن پھرنا۔ بخت یاور ہونا۔ نصیب جاگنا۔ بھلے دن آنا۔
نصیب چمک رہا ہے (اُر۔محاورہ) مقصد حسب دل خواہ حاصل ہونے والا ہے۔
نصیبا سوجانا (اُر۔محاورہ) بدبختی آنا۔ بُرے دن آنا۔ بدقسمتی کا زمانہ آنا۔
نصیبا کھل جانا (اُر۔محاورہ) نصیبا بیدار ہونا۔
نصیبا لڑنا (اُر۔محاورہ) قسمت پھر جانا۔
نصیبوں پر پتھر پڑنا (اُر۔محاورہ) بدنصیب ہونا۔
نصیبوں جلا (اُر۔مذ۔صف) بدنصیب۔ کم بخت۔ زہ بھاگ۔ بدقسمت۔
نصیبوں جلی (اُر۔مو۔صف) ابھاگی۔ کم بخت عورت۔ بدنصیب عورت۔
نصیبوں سے ملنا (اُر۔محاورہ) خوش قسمتی اور نیک نصیبی سے کسی چیز کا حاصل ہونا۔
نصیبوں کا ستارہ چمکنا (اُر۔محاورہ) خوش قسمتی کا زمانہ آنا۔
نصیبوں کا لکھا (اُر۔مذ) نوشتۂ تقدیر۔
نصیبوں کو دُعا دو (اُر۔محاورہ) تقدیر کا گن جانا۔ قسمت کا احسان ماننا۔ نصیب کے شکر گزار ہونا۔
نصیبوں کو رونا (اُر۔محاورہ) قسمت کے لکھے پر افسوس کرنا۔
نصیبوں کی شامت (اُر۔ا۔مو) قسمت کی بُرائی۔
نصیبوں کے بلیا پکائی کھیر ہوگیا دلیا (اُر۔مثل) قسمت کی بدنصیبی۔ کیا کچھ اور ہوگیا کچھ۔
نصیبے کا حاتم / دھنی / سکندر (اُر۔صف) بے حد خوش قسمت۔ خوش نصیب۔
نصیبے کا یاوری کرنا (اُر۔محاورہ) خوش قسمتی ہونا۔
نصیبے میں (اُر۔محاورہ) پرالبد میں۔ تقدیر میں۔ قسمت میں۔
نصیبے ور (اُر۔صف) بھاگوان۔ قسمت والا۔ صاحب نصیب خوش قسمت۔
نصیحت (ع۔ا۔مو) اچھی صلاح۔ خیر خواہی۔ بھلے کی بات۔ پند۔ اُپدیش۔ سیکھ۔ گوشمالی۔ سیاست۔ سزا۔ تنبیہ۔ گوشمالی۔ فہمائش۔ عبرت۔
نصیحت آمیز (عف۔صف فاعلی) وہ بات جس میں نیک صلاح شامل ہو۔ عبرت دینے والا۔ کھیل تماشا۔
نصیحت پذیر (عف۔صف) بات ماننے والا۔ نصیحت ماننے والا۔
نصیحت دینا۔ یا۔ کرنا (اُر۔محاورہ) بھلی بات بتانا۔ سمجھا دینا۔ تنبیہ کرنا۔ گوشمالی کرنا۔ عبرت دینا۔
نصیحت قبول کرنا (اُر۔محاورہ) نصیحت پر چلنا۔
نصیحت نامہ (عف۔ا۔مذ) وہ تحریر جس میں نصیحت ہو۔
نصیحت ہونا (اُر۔محاورہ) نیک بات کا حاصل ہونا۔ سمجھ آجانا۔ کان ہونا۔ عبرت پکڑنا۔ تنبیہ ہونا۔
نصیر (ع۔ا۔مذ) مدد کرنے والا۔ مدد دینے والا۔ مددگار۔ دوست۔ محمد انغانے کا وصفی نام۔ شاہ نصیر الدین ولد شاہ عزیز اللہ دہلوی کا تخلص ہے۔
نصیری (ع۔صف۔مذ بیائے نسبتی) منسوب بہ نصیر عربی فدائے حضرت علی کرم ایک فرقہ کا نام ہے۔ جو حضرت علیؓ کو خدا مانتے ہیں۔ مجازاً فدائی۔ فدوی۔ جاں نثار۔ پکے اعتقاد والا۔

ن - ض

نضج (ع۔ا۔مذ) پختگی۔ پکائی۔ مادے یا زخم یا خلط کا پکنا۔ طبیعتوں

کی اصطلاح میں فاسد خلط یا مادے کا پتلا یا گاڑھا ہو کر نکلنا ۔
نضیج (ہ ۔ صف) پکا ہوا ۔ پختہ ۔ نرم ۔ گداز ۔
نضیج الترائے (ع ۔ صف) پختہ روئے ۔

ن - ط

نُطفہ (ع ۔ مذ) لغت میں صاف اور شفاف پانی ۔ اصطلاح میں مردی کا پانی منی ۔ تخم ۔ بیج ۔ اولاد ۔ بند ۔ جنا ۔ زائیدہ ۔
نُطفۂ بنت العنب (ع ۔ مذ) حرامزادہ ۔ جس کا نطفہ شراب کے نشے کی حالت میں ٹھہرا ہو ۔
نُطفہ بے تحقیق (ع ۔ مذ) حرامزادہ ۔ حرامی ۔ ولدالزنا ۔ جس کے متعلق یہ پتہ نہ ہو کہ کس کے نطفے سے ہے ۔ فتنہ پرداز ۔ بدذات ۔ شرارتی ۔
نُطفہ ٹھہرنا ۔ یا ۔ قرار پانا (اُر ۔ محاورہ) حمل ٹھہرنا ۔ حمل ہو جانا ۔ پیٹ میں بچہ پڑنا ۔
نُطق (ع ۔ مذ) بولنے کی طاقت ۔ گویائی ۔ بات ۔ گفتگو ۔
نِطاق (ع ۔ مذ) کمر کا پٹکا ۔
نَطول (ع ۔ مذ) پانی کا چھڑکا گرم پانی یا دوائیوں کے جوشاندہ کو دھار باندھ کر جسم پر ڈالنا ۔

ن - ظ

نظارت (ع ۔ مو) کسی چیز کو دیکھنا ۔ ملاحظہ کرنا ۔ نظر آنا ۔ محافظت ۔ نگرانی ۔ نگہبانی ۔ ناظر کا کام ۔ ناظر کا دفتر ۔
نظارگی (عف ۔ مو بیائے مصدری) وفاعلیت ۔ نظارہ دید بازی ۔ دیکھنے والا ۔ ناظر ۔
نظّارہ (ع ۔ مذ) دیکھنا ۔ نظر ڈالنا ۔ نظر بازی ۔ دید بازی ۔ نظر ۔ نگاہ ۔ چتون ۔ درشن ۔ دیدار ۔ گھورا گھاری ۔
نظّارہ باز (ع ۔ ف ۔ صف) تاڑنے والا ۔ نظر بازی کرنا ۔
نظّارہ بازی (عف ۔ مو بیائے مصدری) دید بازی ۔ گھورا گھاری ۔
نظارہ کرنا (اُر ۔ محاورہ) دیکھنا ۔ نظر بازی کرنا ۔ دید بازی کرنا ۔
نظارہ مارنا (اُر ۔ محاورہ) گھورا گھاری کرنا ۔ دیکھنا ۔ دید بازی ۔
نظافت (ع ۔ مو) پاکیزگی ۔ صفائی ۔
نظام (ع ۔ مذ) موتیوں کی لڑی ۔ سلک جواہرات ۔ جڑ ۔ اصل ۔ بنیاد ۔ انتظام ۔ بندوبست ۔ سلسلہ ترتیب ۔ آراستگی ۔ فرمانروایان دکن کا آبائی و اجدادی خطاب ۔
نظام الاوقات (ع ۔ مذ) پروگرام ۔
نظام بطلیموسی (ع ۔ مذ) وہ نظام جس کو حکیم بطلیموس یونانی نے مرکب کیا ہے ۔ جس میں زمین کو مرکز عالم اور ساکن مانا ہے ۔
نظام شمسی (ع ۔ مذ) علم ہیئت تاروں اور سیاروں کی ترتیب ۔ سورج کے گرد سیاروں کی گردش کا طریقہ ۔
نظام فیثا غورسی (ع ۔ مذ) وہ نظام جسے حکیم فیثاغورس یونانی نے مرتب کیا ۔ اس میں زمین کو متحرک اور سورج کو مرکز عالم قرار دیا ہے ۔
نظام ہضم (اُر ۔ مذ) انسان کے خوراک ہضم کرنے کا طریقہ ۔
نِظامت (ع ۔ مو) انتظام ۔ بندوبست ۔ نظم و نسق ۔ ناظم کا پیشہ اور کام ناظم کا محکمہ اور دفتر ۔
نظائر (ع ۔ امو) نظیر کی جمع ۔ امثال ۔
نظر (ع ۔ امو) غور سے دیکھنا ۔ دید ۔ نگہ ۔ نگاہ ۔ آنکھ ۔ چشم ۔ بصارت ۔ روشنی چشم ۔ غور و فکر ۔ تامل ۔ نگرانی ۔ دیکھ بھال ۔ جانچ ۔ شناخت ۔ تمیز ۔ مہربانی ۔ کرپا ۔ عنایت ۔ توجہ ۔ مشاہدہ ۔ معائنہ ۔ ملاحظہ ۔ اندازہ ۔ اٹکل ۔ تخمینہ ۔ ارادہ ۔ نیت ۔ قصد ۔ توقع ۔ آس ۔ اُمید ۔ بھوت پریت کا اثر ۔ سایہ جن و پری ۔ نظر بد ۔ چشم زخم ۔ آسیب نظر ۔
نظر اُتارنا (اُر ۔ محاورہ) نظر بد کا دفعیہ کرنا ۔ صدقہ دینا ۔
نظر اُٹھانا (اُر ۔ محاورہ) نظر اونچی کرنا ۔ اُوپر دیکھنا ۔
نظر اُٹھ جانا (اُر ۔ محاورہ) اتفاقاً نگاہ پڑ جانا ۔ اتفاقاً دیکھ لینا ۔
نظر التفات (ع ۔ امو) توجہ ۔ مہربانی ۔
نظر آنا (اُر ۔ محاورہ) سوجھنا ۔ معلوم کرنا ۔ دکھائی دینا ۔ ملنا ۔ پانا ۔
نظر انداز کرنا (اُر ۔ محاورہ) دیکھنے سے چھوڑنا ۔ خیال نہ کرنا ۔ توجہ نہ کرنا ۔ نظر سے گرانا ۔ ناپسند کرنا ۔ منظور نہ کرنا ۔
نظر باز (عف ۔ صف ۔ فاعلی) بُرے بھلے کو فوراً جانچ لینے والا ۔ تاڑو ۔ جانچو ۔ چالاکوں اور عیاروں کو بھانپ لینے والا ۔ حرف دید کا مزا لینے والا ۔ حسن پرست ۔
نظر بازی (ف ۔ امو) دید بازی ۔ نظارگی ۔ گھورا گھاری ۔
نظر باندھنا (اُر ۔ محاورہ) نظر بندی کرنا ۔ جادو کے زور سے عجیب و غریب کرتب دکھانا ۔
نظر بچا جانا (اُر ۔ محاورہ) آنکھ چرانا ۔ کترانا ۔ بچ کر نکل جانا ۔ ٹالنا ۔
نظر بچانا (اُر ۔ محاورہ) آنکھ چرانا ۔ کترانا ۔ ٹالنا ۔ بچکر نکلنا ۔ کتیانا ۔ چشم پوشی کرنا ۔
نظر بد (عف ۔ امو) بُری نظر ۔ بُری نظر کا اثر ۔ چشم زخم ۔
نظر بدلنا (اُر ۔ محاورہ) نظر میں فرق آنا ۔ تیور بدلنا ۔ ارادہ بدلنا ۔ نیت ہونا ۔
نظر بڑھنا (اُر ۔ محاورہ) نگاہ کی قوت کو زیادہ ہونا ۔

نظر بند (عف۔ مذ صف بمعنوی) بے زنجیر قیدی۔ وہ قیدی جو نظاہر آزاد ہو۔ مگر درحقیقت اس کی نگرانی کی جائے (بحالت صفت فاعلی) جادوگر۔ شعبدہ باز۔ نظر باندھنے والا۔

نظر بندی (اُر۔ موبیائے مصدری) نگہبانی۔ پاسبانی۔ حراست۔ جادوگری۔ شعبدہ بازی۔

نظر بھر کر دیکھنا (اُر۔محاورہ) نہایت غور سے دیکھنا۔ سیر ہو کر دیکھنا۔ اچھی طرح سے دیکھنا۔

نظر پتھر میں تاثیر کرتی ہے (اُر۔مثل) نظر بد کا اثر پتھر سی سخت چیز پر بھی ہوتا ہے۔

نظر پتھرا جانا (اُر۔محاورہ) بینائی جاتی رہنا۔ مرتے وقت آنکھوں کا بے نور ہو جانا۔ نگاہ کا ایک ہی جگہ ٹھہر جانا۔

نظر پر چڑھنا (اُر۔محاورہ) دل کو بھانا۔ پسند آنا۔ کسی کی نگاہ میں معزز ہو جانا۔ جچنا۔ اندازہ میں آنا۔ اندازہ کیا جانا۔ نگاہ میں ٹھہرنا۔ ذلیل ہونا۔ حقیر ہونا۔ ٹوک میں آنا۔

نظر پڑھنا (اُر۔محاورہ) دکھائی دینا۔ معلوم ہونا۔ دیکھنے میں آنا۔ دیکھنے کا اتفاق ہونا۔

نظر پھر جانا (اُر۔محاورہ) بے رُخ ہو جانا۔ بے مروت ہو جانا۔ بیوفا ہو جانا۔ ناراض ہو جانا۔

نظر پھسلنا (اُر۔محاورہ) نگاہ نہ ٹھہرنا۔ بے حد آب و تاب پر ہونا۔ چمک دمک کے سبب۔ آنکھ نہ ٹھہرنا۔ کسی چیز کا نہایت صاف شفاف ہونا۔

نظر پھیر لینا (اُر۔محاورہ) ہر طرف دیکھنا۔ اِدھر اُدھر نگاہ دوڑانا۔

نظر پھینکنا (اُر۔محاورہ) چاروں طرف نظر دوڑانا۔ اِدھر اُدھر دیکھنا۔

نظر پیدا کرنا (اُر۔محاورہ) جانچ کی صلاحیت پیدا کرنا۔ قابلیت پیدا کرنا۔ ملکہ حاصل کرنا۔

نظر تاڑ لینا (اُر۔محاورہ) انداز نگاہ سے سمجھ لینا۔

نظر تیز پڑنا (اُر۔محاورہ) غصہ کی نگاہ پڑنا۔ غصہ سے دیکھا جانا۔

نظر ٹھہرنا (اُر۔محاورہ) نظر جمنا (بیشتر نفی کے ساتھ مستعمل ہے)۔

نظر ثانی (ع۔ا۔مو) دوبارہ دیکھنا۔ پڑتال۔ ترمیم۔ تصحیح۔ دوسری دفعہ غور کرنا۔

نظر ثانی کرنا (اُر۔محاورہ) کسی مقدمہ کے فیصلہ کو دوبارہ بغور دیکھنا۔ پڑتال کرنا۔ تصحیح کرنا۔

نظر جانا (اُر۔محاورہ) نگاہ کی رسائی ہونا۔

نظر جلانا (اُر۔محاورہ) چھوٹ جھاڑنا۔ نظر بد کا دفعیہ کرنا۔ کپڑے کو توے کی سیاہی میں کالا کر کے اور اسے تیل میں بھگو کر نظر بند کے دفعیہ کے لئے بیمار کے سامنے جلانا۔

نظر جمانا (اُر۔محاورہ) ٹکٹکی باندھنا۔ نگاہ قائم کرنا۔

نظر جمنا (اُر۔محاورہ) کسی چیز پر نظر ٹھہرنا۔ پسند آنا۔ نگاہ قائم ہونا۔ نگاہ ٹھہرنا۔

نظر جھاڑنا (اُر۔محاورہ) منتر اور افسوں وغیرہ سے نظر بد کا دفعیہ کرنا۔ چھوت جھاڑنا۔

نظر جھپکنا (اُر۔محاورہ) کسی چمکدار چیز کو دیکھ کر آنکھوں کا چندھیا جانا۔

نظر چار سو ہونا (اُر۔محاورہ) چاروں طرف نگاہ رکھنا۔ ہوشیار رہنا۔ چوکنا ہونا۔

نظر چرانا (اُر۔محاورہ) نظر بچانا۔ کترانا۔ نظر مل کر نہ دیکھنا۔ کام سے پہلو تہی کرنا۔

نظر چُرانا (اُر۔محاورہ) آنکھ چُرانا۔ نظر بچانا۔ نظر ملا کر نہ دیکھنا۔ کترانا۔ آنکھ بچانا۔

نظر چڑھنا (اُر۔محاورہ) پسند نظر ہونا۔ دل کو بھانا۔ نظر پڑنا۔ دیکھنے میں آنا۔ خاطر پسند ہونا۔ نظر بد لگنا۔ ٹوک میں آنا۔ معزز ہونا۔ عزت پانا۔ حقیر ہونا۔ رُسوا ہونا۔

نظر خدا پر ہونا (اُر۔محاورہ) مایوسی کا عالم ہونا۔

نظر خیرہ ہونا (اُر۔محاورہ) روشن اور چمکیلی چیز دیکھ کر نظر چندھیانا۔ آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جانا۔

نظر دوڑانا (اُر۔محاورہ) تلاش کرنا۔ چاروں طرف دیکھنا۔ اِدھر اُدھر ڈھونڈنا۔

نظر دوچار ہونا (اُر۔محاورہ) نگاہ نگاہ کے سامنے ہونا۔

نظر دوڑانا (اُر۔محاورہ) تلاش کرنا۔ چاروں طرف دیکھنا۔ اِدھر اُدھر دیکھنا۔ غور کرنا۔ جائزہ لینا۔

نظر دوڑنا (اُر۔محاورہ) دیکھئے "نظر دوڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔

نظر ڈالنا (اُر۔محاورہ) دیکھنا۔ نگاہ کرنا۔ معائنہ کرنا۔

نظر رکھنا (اُر۔محاورہ) محبت کی نظر سے دیکھنا۔ عاشقانہ نگاہ ڈالنا۔ توجہ رکھنا۔ اُمید رکھنا۔ آس کرنا۔ توقع رکھنا۔ نگرانی رکھنا۔ خبر رکھنا۔ ارادہ رکھنا۔ نیت رکھنا۔ تمیز رکھنا۔ دھیان رکھنا۔ شناخت رکھنا۔

نظر سے اُتارنا / نظروں سے اُتارنا / گرانا (اُر۔محاورہ) کسی کو حقیر کر دینا۔ بے عزت کر دینا۔

نظر سے اترنا، یا گرنا (اُر۔محاورہ) ذلیل ہونا۔ حقیر ہونا۔ خفیف ہونا۔ بے عزت ہونا۔ جی سے اُترنا۔ بے قدر ہونا۔

نظر سے اوجھل ہونا / نظروں سے اوجھل ہونا (اُر۔محاورہ) پاس سے الگ ہونا۔ سامنے سے ہٹنا۔

نظر سے نظر ملنا (اُر۔فعل) آنکھ سے آنکھ ملنا۔ رو برو ہونا۔ چار آنکھیں ہونا۔ دوچار ہونا۔ سنکھ ہونا۔

نظر سے نکلنا (اُر۔محاورہ) دیکھنے میں آنا۔ نظر سے گزرنا۔ نظر سے دُور ہونا۔ نظر سے غائب ہونا۔

نظر غلط انداز (ف۔ا۔مو) عاشقوں کو دھوکا دینے والی نظر۔ غلطی میں ڈالنے والی نظر۔ ہر عاشق کو اپنی ہی طرف پڑ جانے کا خیال دلانے والی نظر۔

نظر فریب (عف۔صف) نظر کو بھانے والا۔

نظر کا کوٹنکا (محاورہ) نظر بد کا افسوں۔ دفعیہ نظر بد کا منتر۔ یا ٹوٹنا وغیرہ۔

نظر کا نظر سے دوچار ہونا (اُر۔محاورہ) آنکھیں لڑنا۔ آنکھ سے آنکھ کا ملنا۔

نظر کرنا (اُر۔محاورہ) دیکھنا۔ اشارہ کرنا۔

نظر کھا جانا (اُر۔محاورہ) نظر بد کا اثر ہو جانا۔ ٹوک میں آجانا۔ نظر بد سے تباہ ہو جانا۔ بدنظری سے سخت نقصان پہنچنا ہے۔

نظر کیمیا اثر (ف۔اسم) وہ نظر جو فیض پہنچانے والی ہو۔

نظر گاہ (ف۔اسم) سیر گاہ۔ تھیٹر۔ تماشا گاہ۔

نظر گزند (اُر۔اسم) چشم بد کا اثر۔ جھوٹ پریت کا اثر۔

نظر گزند کا ٹیکا (اُر۔مذ) عورتیں بچوں کے ماتھے پر دفع نظر بد کے لئے کاجل کا ٹیکا لگا دیتی ہیں۔

نظر گڑنا (اُر۔محاورہ) نظر کا کسی جگہ جمنا۔

نظر لڑانا (اُر۔محاورہ) آنکھ کا آنکھ کے مقابل کرنا۔

نظر لڑنا/لڑ جانا (اُر۔محاورہ) ایک کی نگاہ کا دوسرے کی نگاہ سے دوچار ہونا۔ محبت ہو جانا

نظر لگانا (اُر۔محاورہ) بڑی نظر کا اثر کرنا۔

نظر ملانا (اُر۔محاورہ) آنکھ سامنے کرنا۔

نظر ملنا (اُر۔محاورہ) دیکھئے "آنکھ ملانا"، جس کا یہ لازم ہے۔

نظر ہو جانا (اُر۔محاورہ) جن و پری کا سایہ ہو جانا۔ نظر بد کا اثر ہو جانا۔

نظر مارنا (اُر۔محاورہ) آنکھ مارنا۔ اشارہ کرنا۔

نظر میں (اُر۔تابع فعل) نگاہ میں۔ خیال میں۔ دھیان میں۔ رُو برُو۔ سامنے دیکھنے بھالنے میں۔ شناخت میں۔ تمیز میں۔

نظر میں آنا (اُر۔محاورہ) ٹوک میں آنا۔ نظر بد سے متاثر ہو جانا۔ معلوم ہونا۔ سوجھنا۔ سجھائی دینا۔ دھیان میں آنا۔ خیال میں آنا۔

نظر/نظروں میں بھا پینا (اُر۔محاورہ) نظر میں تاڑ لینا۔

نظر میں پھر جانا (اُر۔محاورہ) خیال میں آجانا۔ تصور میں آجانا۔ آنکھوں کے سامنے دکھائی دینے جانا۔

نظر/نظروں میں جانچ لینا (اُر۔محاورہ) اندازہ کر لینا۔

نظر/نظروں میں جچنا (اُر۔محاورہ) دیکھئے "نظر/نظروں میں جانچ لینا" جس کا یہ لازم ہے۔

نظر/نظروں میں جمنا (اُر۔محاورہ) نگاہ میں باوقعت ہونا۔

نظر چھپنا یا چھپنا۔ یا کھٹنا (اُر۔محاورہ) آنکھوں میں کھٹکنا۔ آنکھوں میں ناگوار۔ معلوم دینا۔ بُرا لگنا۔ پسند خاطر نہ ہونا۔

نظر/نظروں میں جہان اندھیر ہونا (اُر۔محاورہ) کنایۃً بہت زیادہ غم اور مصیبت۔

نظر/نظروں میں حقیر ہونا (اُر۔محاورہ) دل سے اُتر جانا۔ قدر کھو بیٹھنا۔ بے وقعت ہونا۔

نظر/نظروں میں خار ہونا (اُر۔محاورہ) بُرا لگنا۔ ناگوار ہونا۔

نظر میں سمانا (اُر۔محاورہ) بھلا لگنا۔ پسند طبع ہونا۔ نظر میں گھر کرنا۔ آنکھوں میں بسنا۔

نظر/نظروں میں کھبنا (اُر۔محاورہ) اچھا لگنا۔ پسند آنا۔

نظروں میں کھٹکنا (اُر۔فعل) بُرا لگنا۔ نظروں میں خار گزرنا۔ آنکھوں میں ناگوار گزرنا۔

نظر بازی (اُر۔مذ۔صف فاعلی) نظر لگانے والا۔ ندیدہ۔

نظر بازی (اُر۔صف۔مو) ندیدی۔ نظر لگانے والی۔

نظر ہو جانا (اُر۔محاورہ) نظر لگ جانا۔ چشم بد سے نقصان پہنچ جانا۔

نظر ہونا (اُر۔محاورہ) پرکھ ہونا۔ شناخت ہونا۔ چشم بد کا اثر ہونا۔ نظر لگنا۔ توجہ ہونا۔ خیال ہونا۔ دھیان ہونا۔

نظروں میں غائب ہو جانا (اُر۔محاورہ) دیکھتے دیکھتے گم ہو جانا۔ آنکھوں کے سامنے جاتا رہنا۔

نظروں میں غبار چھا جانا (اُر۔محاورہ) دھندلا نظر آنا۔

نظروں میں لگنا (اُر۔محاورہ) نظروں میں چڑھنا۔

نظروں میں کھائے جانا (اُر۔محاورہ) نگاہوں میں تباہ کئے دینا۔ چُپ کی مار مارنا۔ نگاہوں میں مارنا۔

نظروں نظروں میں (اُر۔تابع فعل) آنکھوں کے سامنے۔ آنکھوں آنکھوں میں۔

نظروں نظروں میں کھائے جانا (اُر۔محاورہ) آنکھوں سے غصہ اور خفگی کا اظہار کرنا۔ لال پیلی آنکھیں دکھانا۔ معشوق کا اسطرح دیکھنا کہ عاشق پر خاص اثر ہو۔

نظر سے (ف۔اسم) ایک نگاہ۔

نظر سے خوش گزرے (ف۔صف) جلدی سے گزر جانے والی۔ نگاہ۔ اڑتی ہوئی نظر۔

نظریات (ع۔اسم) مسائل فکری۔ اصول۔ قاعدے۔ خیالات۔

نظریاتی (ع۔صف) دیکھئے "نظریات" جس سے یہ منسوب ہے۔

نظریں بچا کر دیکھنا (اُر۔محاورہ) نگاہ بچا کر دیکھنا۔

نظریہ (ع۔اسم) وہ مسئلہ جس سے نظر و فکر سے کام لیا جائے۔

نظریۂ ارتقا (ع۔اسم۔بہ ترکیب فارسی) ڈارون کا نظریہ کہ جاندار چیزوں کو کسی نے موجودہ شکل خلق نہیں کیا۔ بلکہ ہر شے بقائے اصلح اور انتخاب کے اصول کے تحت بدلتی اور ترقی کرتی ہے۔

نظریۂ اضافیت (ع۔اسم بہ ترکیب فارسی) آئن سٹائن کا نظریہ کہ زمان و مکان مطلق حقیقت نہیں ہیں۔ بلکہ اضافی حیثیت رکھتے ہیں۔

نظم (ع۔اسم) پرونا۔ موتیوں کے تاگے میں پرونا۔ لڑی۔ سلک۔ انتظام۔ بندوبست۔ کلام موزون۔ شعر۔ چھند۔ کبت۔

نظم و نسق (ع۔اسم) بندوبست۔ داروگیر۔ حکمرانی کا قاعدہ۔ راج نیتی۔ راج نیم۔ حسن انتظام۔ راج کرنے کا ڈھنگ۔

نظیر (ع۔اسم۔مو) مثال۔ تمثیل۔ حوالہ۔ نمونہ۔ مثل۔ مانند۔ ولی محمد صاحب اکبرآبادی کا تخلص ہے۔ جو نہایت رنگین مزاج اور خدا پرست شاعر تھے۔

نظیر دینا (اُر۔محاورہ) حوالہ دینا۔ تمثیل دینا۔ مثال دینا۔

نظیف (ع۔صف) پاکیزہ۔ پاک۔ حلال۔

ن - ع

نِعال (ع۔ا۔مذ) نعل کی جمع۔ لوہے کے حلقے۔ جو گھوڑے وغیرہ کے سموں میں لگائے جاتے ہیں۔ جوتیاں ؛

نَعْت (ع۔ا۔مو) تعریف۔ ثنا۔ مدح۔ اُستتی۔ مجازاً سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف ؛

نَعرہ (ع۔ا۔مذ) للکار۔ زور کی آواز۔ شور۔ آہ۔ ہائے۔ ہُو۔ درد کی آواز چیخ ؛

نَعتیہ (ع۔صف) دیکھئے "نعت"، جس سے یہ منسوب ہے ؛

نَعتیہ کلام (ع۔ا۔مذ) حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف میں کہے ہوئے اشعار ؛

نَعرہ زن (عف۔صف۔فاعلی) نعرہ مارنیوالا۔ للکارنے والا ؛

نعرہ کرنا۔ یا۔ مارنا (اُ۔محاورہ) چیخ مارنا۔ للکارنا۔ زور سے آواز نکالنا۔ فریاد کرنا۔ شور کرنا۔ نالہ کرنا۔ چیخنا ؛

نَعرہ لگانا (اُ۔محاورہ) نعرہ مارنا ؛

نَعش (ع۔ا۔مو) لاش۔ تابوت۔ ارتھی۔ مُردہ جسم۔ لوتھ۔ جنازہ ؛

نَعل (ع۔ا۔مذ) جوتی۔ کفش۔ پاپوش۔ جوتا۔ بیلوں۔ گھوڑوں، وغیرہ کے پاؤں میں لگانے کا لوہے کا حلقہ۔ جوتی کی کھری میں لگانے کا حلقہ۔ وہ نقدی جو جوئے باز لوگ دُکاندار کو داؤں جیتنے وقت دیتے ہیں۔ باج۔ خراج۔ محصول۔ وہ نذرانہ جو ماتحت بادشاہ یا ریاست اپنے سے بڑے بادشاہ کو دے ؛

نَعل بند (عف۔امذ) نعل لگانے والا۔ نعل باندھنے والا ؛

نَعل بندی (عف۔امو۔ بیائے مصدری) نعل باندھنے کا کام

نَعل بندی دینا (اُ۔محاورہ) خراج دینا۔ نذرانہ دینا ؛

نَعل بہا (عف۔ا۔مذ) وہ خراج یا ٹیکس جو نواب یا رئیس اپنے ملک کی آمدنی میں سے شہنشاہ یا زبردست بادشاہ کو دیتے ہیں۔ باج۔ خراج ؛

نَعل در آتش (ف۔صف) بے قرار۔ بے چین۔ گھبرایا ہُوا۔ تلملایا ہوا ؛

نَعلین (ع۔ا۔مذ) نعل کی جمع تثنیہ۔ جوتوں کا جوڑا۔ دونوں جوتیاں؛

نَعلین تحت العین (ع۔مثل) دونوں جوتیاں اپنی آنکھوں کے سامنے رکھی جائیں۔ تاکہ کوئی چرا نہ لے۔ اپنا مال اپنے سامنے ہی بہتر ہے ؛

نِعَم (ع۔ا۔مو) نعمت کی جمع۔ نعمتیں ؛

نِعم البدل (ع۔ا۔مو) اچھا عوض۔ اچھا بدلہ۔ وہ عمدہ بدلہ جو کسی کے عوض میں مل جائے ؛

نعمت (ع۔ا۔مو) مال۔ دولت۔ عطا۔ بخشش۔ عطیہ۔ لذیز چیزیں۔ مزیدار۔ کھانا۔ آرام۔ آسائش۔ لاڈ ؛

نعمتِ پروردہ (عف۔صف) ناز میں پالا ہوا۔ عیش و آرام میں پرورش پایا ہُوا ؛

نِعمت خانہ (عف۔ا۔مذ) وہ مکان جس میں امراء کھانا کھاتے ہیں۔ وہ لکڑی کی جالی دار الماری جس میں کھانا رکھتے ہیں ؛

نِعمت عظمیٰ (عف۔ا۔مو) بڑی نعمت ؛

نِعمت غیر مترقبہ (ع۔ا۔مو) وہ نعمت جس کی اُمید نہ ہو۔ خدا داد مال۔ مفت ملی دولت۔ مُفت مال ؛

نِعمت کدہ (عف۔ا۔مذ) نعمت کا گھر کنایۃً بہشت ؛

نَعُوذ (ع۔کلمہ پناہ) ہم پناہ مانگتے ہیں ؛

نَعُوذ باللہ (ع۔کلمہ ندا) پناہ مانگتے ہیں۔ ہم خدا کی۔ ہم خُدا کی پُو پناہ چاہتے ہیں۔ اللہ بچائے خُدا کی پناہ ؛

نعوظ (ع۔امذ) شہوت۔ اُستادگی۔ انتشار ؛

نعیم (ع۔امذ) نیکی۔ نعمت۔ مال۔ پہنچ۔ رسائی۔ لاڈ۔ پیار۔ ناز۔ انعام میں ملی ہوئی چیز۔ نعمت والا۔ صاحب نعمت ؛

ن - غ

نَغز (ع۔صف) خوب۔ عمدہ۔ اچھا۔ افضل۔ اعلیٰ۔ نفیس ؛

نَغزک (ف۔امذ) لغت میں عمدہ اور لطیف چیز۔ مجازاً۔ آم۔ انبہ ؛

نَغزک گوئی (عف۔ا۔مو) عمدہ۔ اسلوب بیان ؛

نَغم (ع۔ا۔مذ) نغمہ کی جمع۔ راگ۔ گیت ؛

نَغمات (ع۔ا۔مذ) نغمہ کی جمع۔ سُریلی۔ آوازیں ؛

نَغمہ (ع۔ا۔مذ) سُریلی آواز۔ راگ۔ سُر۔ میٹھی آواز۔ ترانہ ؛

نَغمہ پرداز / ریز / سنج / زن / طراز / سرا / کار (عف۔مو) اچھا گانے والا۔ اچھا شعر کہنے والا ؛

نَغمہ سرا (عف۔امذ۔ فاعل ترکیبی) گانے والا۔ گویا ؛

نَغمہ سرائی (عف۔مو) گانا۔ ترنم ؛

ن - ف

نفّاخ (ع۔صف) نفخ کرنے والا۔ پھلانے والا۔ پیٹ میں ہوا پیدا کرنے والا۔ بادی ؛

نفاذ (ع۔ا۔مذ) اجرا۔ صدور۔ کسی حکم یا پروانے وغیرہ کا جاری ہونا ؛

نفّار (ع۔صف) بہت نفرت کرنے والا۔ نہایت بیزار ؛

نِفاس (ع۔ا۔مذ) وہ خون جو جاپس روز تک زچہ کے اندام نہانی سے ٹپکتا ہے۔ سوتک۔ سوُر۔ جننے کی ناپاکی ؛

نفاست (ع۔ا۔مو) صفائی۔ پاکیزگی۔ خوبی۔ عمدگی۔ لطافت ؛

نِفاق (ع۔امذ) پھوٹ۔ دشمنی۔ بغض۔ کینہ۔ کپٹ۔ ظاہر میں دوست۔ باطن میں دشمن۔ بگاڑ۔

نِفاق پڑنا (اُر۔محاورہ) عداوت ہونا۔ پھوٹ پڑنا۔ آپس میں بگاڑ ہونا۔

نِفاق ڈالنا (اُر۔محاورہ) پھوٹ ڈالنا۔

نِفاق رکھنا (اُر۔محاورہ) کینہ رکھنا۔ بغض رکھنا۔

نِفاقیہ (اُر۔امذ۔صف) منافق۔ دوغلا۔ مکار۔ کپٹی۔ پاکھنڈی۔

نفائس (ع۔امو) نفیسہ کی جمع ہے۔ عمدہ چیزیں۔

نِفت (ف۔امذ) ایک قسم کے تیل کا نام ہے۔ کیروسین تیل جیسا۔ جلد آگ قبول کرنے والا۔ مجازاً مٹی کا تیل۔

نِفت انداز (عف۔صف) گولہ انداز۔

نِفتہ (اُر۔مذ) کالی چیتیوں والا۔ سفید کبوتر۔

نَفح (ع۔امو) خوشبو۔

نَفحات (ع۔امو) نفح کی جمع۔ خوشبوئیں۔

نَفخ (ع۔امذ) ابھارا۔ پیٹ کا پھولنا۔ پیٹ میں ریح کا جمع ہو جانا۔

نَفخِ صُور (عف۔امذ) وہ صُور جو قیامت کے روز حضرت اسرائیل بجائیں گے اس کی آواز۔

نَفر (ع۔امذ) چند آدمیوں کی جماعت۔ مجازاً۔ نوکر۔ چاکر۔ سائیس۔ ادنےٰ نوکر (فارسی میں) آدمی۔ کام کرنے والا قلی۔ مزدور۔ ایک آدمی۔ شخص واحد۔

نَفرَاء (اُر۔مذ) ادنےٰ سے ادنےٰ چاکر۔ نہایت ذلیل نوکر۔ ناکس۔

نَفرت (ع۔امو) گھن۔ کراہت۔ بیزاری۔ ناگواری۔ رغبت کی ضد۔

نَفرت آنا (اُر۔محاورہ) کراہت معلوم ہونا۔

نَفرت انگیز (عف۔صف) نفرت بڑھانے والا۔ گھن دلانے والی چیز۔

نَفرت رکھنا (اُر۔محاورہ) گھن کرنا۔ کسی چیز سے متنفر کرنا۔

نَفرت زدہ (عف۔صف) وہ شخص جس سے لوگ نفرت کریں۔

نَفرت کرنا یا کھانا (اُر۔فعل) گھن کرنا۔ کراہت کرنا۔ بیزاری ظاہر کرنا۔

نَفرتی کلی (عف۔امو) سخت نفرت۔ قطعی نفرت۔

نَفری (اُر۔امو) روزانہ اُجرت۔ اُجرت روزانہ۔ مزدوری۔ قلی۔ فی آدمی۔ ہر ایک کے لئے۔

نَفری میں نخرا کیا (اُر۔مثل) واجبی حق دینے میں احسان نہیں ہوتا۔

نَفرین (ف۔امو) کوس نا۔ بددُعا۔ پھٹکار۔ لعنت۔ ملامت۔

نَفرین کرنا (اُر۔محاورہ) پھٹکارنا۔ کوسنا۔ لعنت ملامت کرنا۔

نَفَس (ع۔امذ) سانس۔ دم۔ تنفس۔ گھڑی۔ ساعت۔ لمحہ۔ لحظہ۔ دقیقہ۔

نَفس بازپس نہ رہنا/بازپسیں/واپسیں (عف۔مذ) حالت نزع میں آخری سانس جو جاکر نہ آئے۔

نَفس پرور (عف۔صف) جان کو آرام دینے والا۔ جانفزا۔

نَفس تنگ (عف۔مذ) جو سانس دشواری سے آئے۔

نَفس درازی (عف۔امو) زیادہ گوئی۔

نَفس سرد (عف۔امذ) آہِ سرد۔ ٹھنڈی سانس۔

نَفس شماری (عف۔امو) جان کندنی کی حالت۔ حالت نزع۔ دم شماری۔

نَفس گرم (عف۔امذ) گرم آہ۔ جلے دل کی فریاد۔

نَفس واپسیں (عف۔مذ) آخری سانس۔ مرتے وقت کا سانس۔

نَفس (ع۔امذ) جان۔ روح۔ آتما۔ ہستی۔ وجود۔ ذات۔ اصلیت۔ حقیقت شے۔ جوہر۔ ست۔ لب لباب۔ آلہ تناسل۔ قضیب۔ ذکر۔ عورت کا بدن۔ تن۔

نَفس الامر (ع۔تابع فعل) درحقیقت۔ دراصل۔ اصل مدعا۔ واقعی بات۔ تحقیق۔

نَفس اَمّارہ (ع۔امذ) بہت حکم دینے والی بات۔ مجازاً وہ خواہش۔ جو آدمی کو زبردستی بُرے کاموں یا عادتوں کی طرف مائل کرے۔ انسان کی شیطانی صفت۔

نَفس بہیمی (عف۔امذ) چوپایوں کی جان۔ حیوانی خواہش۔ وہ خواہش جو حیوانات کو بُرائی طرف زبردستی کھینچتی ہے۔

نَفس پرست / نَفس پرور (عف۔صف) شہوت پرست۔ رسیا۔ عیاش۔ نفس پرور۔

نَفس پرستی (عف۔امو بیائے مصدری) شہوت پرستی۔ عیاشی۔ خودغرضی۔

نَفس دُبا (عف۔صف) وہ کلام جس کا تلفظ سہل ہو۔ جس کا پڑھنا آسان ہو۔

نَفس تنگ کرنا (اُر۔محاورہ) ناک میں دم کرنا۔ ستانا۔ دق کرنا۔ عاجز کرنا۔

نَفس کش (عف۔امذ) نفسانی خواہشوں کو مارنے والا۔ پرہیزگار۔ زاہد۔ پارسا۔

نَفس گشتہ ہونا (اُر۔محاورہ) نفسانی خواہش۔

نَفس کُشی (عف۔امو بیائے مصدری) خواہشات کی روک تھام۔ زاہد۔ تقوےٰ۔ پرہیزگاری۔

نَفس کوامہ (ع۔امذ) گناہ سرزد ہونے پر اپنے آپ کو ملامت کرنے والی جان۔ پاک لوگوں کی جان۔

نَفس مارنا (اُر۔محاورہ) من مارنا۔ خواہشات کو روکنا۔ پرہیزگاری۔ اختیار کرنا۔

نَفس مطلب/مضمون (عف۔امذ) اصل مدعا۔ منشا۔

نَفس مطلب (ع۔امذ) اصلی مدعا۔ اصلی مطلب۔ منشا۔ مفہوم۔

نَفس مُطمئنہ (ع۔امذ) وہ نفس جو بُری عادتوں سے بالکل پاک صاف ہو کر اطمینان سے خدا کو تلاش کرے۔ انبیا و صلحا کی

نفس کی جان۔ نفس ملکی ۔
نفس مُلہمہ (ع۔ا۔مذ) الہامی روح۔ وہ نفس کے ذریعہ سے الہام ہو۔ الہام کی طاقتوں والا نفس ۔
نفس ناطقہ (ع۔ا۔مذ) بولنے والی روح۔ روح انسانی۔ بولتا ۔
نفس نباتی (ع۔ا۔مذ) وہ روح جو نباتات میں ہوتی ہے ۔
نفس نفیس (ع۔ا۔مذ) مقدس ذات۔ برگزیدہ ذات۔ مجازاً ذات خاص۔ اپنی ذات ۔
نفسا نفسی (اُرد۔مو) اپنی اپنی۔ آپا دھاپی۔ خودغرضی۔ اپنی غرض۔ ومطلب سے کام رکھنا ۔
نفسانی (ع۔صف۔بیائے نسبتی) منسوب بہ نفس۔ نفس کا ۔
نفسانیت (ع۔ا۔مو مصدری) خودغرضی۔ غرور۔ نخوت ۔
نفسی (ع۔صف بیائے نسبتی) اپنا۔ ذاتی۔ منسوب بہ نفس ۔
نفسی نفسی (ع۔تابع فعل) اپنے اپنے دم کی۔ اپنی اپنی جان کی۔ آپا دھاپی۔ خودغرضی ۔
نفسی نفسی کا دن (اُرد۔مذ) روز قیامت ۔
نفسیات (ع۔ا۔مذ) نفس سے متعلقہ باتیں۔ علم النفس ۔
نفسیاتی (ف۔صف) تحت الشعور سے متعلق۔ نفسیات سے منسوب ۔
نفسیاتی جنگ (عف۔مذ) نفسیاتی کشمکش ۔
نفسیاتی تجزیہ (ع۔ا۔مذ) انسان کے ذہنی محرکات۔ اور اعمال کی جانچ پڑتال ۔
نفط (معرب نفت۔مذ) مجازاً مٹی کا تیل۔ رال ۔
نفع (ع۔ا۔مذ) فائدہ۔ سود۔ لابھ۔ حاصل۔ پھل۔ ثمرہ۔ نتیجہ ۔
نفع اُٹھانا (اُرد۔محاورہ) فائدہ حاصل کرنا ۔
نفع دیکھنا (اُرد۔محاورہ) فائدہ دیکھنا ۔
نفع کرنا (اُرد۔محاورہ) فائدہ پہنچانا۔ صحت بخشنا ۔
نفع نقصان (ع۔ا۔مذ) ہان لابھ۔ فائدہ اور گھاٹا۔ بُرائی بھلائی۔ علم حساب کے ایک قاعدے کا نام بھی ہے ۔
نفقہ (ع۔ا۔مذ) بال بچوں کا خرچ۔ اخراجات خانگی۔ بیوی کا روٹی کپڑا۔ اخراجات اولاد ۔
نفل (ع۔ا۔مذ) زیادہ عطیہ۔ وہ زاید عبادت جو شکر بہ یا ثواب کی نیت سے کی جائے ۔
نفلی (ع۔صف) دیکھئے "نفل"، جس سے یہ منسوب ہے ۔
نفوح (ع۔ا۔مذ) دوا کو باریک پیس کر ناک میں پھونکنا ۔
نفوذ (ع۔ا۔مذ) جاری ہونا۔ گزرنا۔ صدور حکم۔ مؤثر۔ اثر کرنے والا۔ گھسنے والا۔ سرایت کرنے والا۔ اندر بیٹھنے والا ۔
نفوذ کرنا (اُرد۔محاورہ) سرایت کرنا۔ اندر گھس جانا۔ رچنا۔ سوکھ جانا۔ جذب ہونا ۔
نفوس (ع۔ا۔مذ) نفس بمعنی روح کی جمع جانیں۔ ذاتیں۔ روحیں ۔
نفوس ثلاثہ (ع۔ا۔مذ) تینوں روحیں۔ یعنی اہل تصوف کے نزدیک نفس امارہ لوامہ۔ مطمئنہ۔ کنایتہً روح حیوانی۔ روح نباتی۔ روح جمادی ۔
نفوس قدسیہ (ع۔مذ) پاک روحیں۔ بزرگان دین۔ فرشتے اور ملائکہ ۔
نفی (ع۔ا۔مو) دوری۔ اخراج۔ انکار۔ نہیں۔ نا۔ اثبات کی ضد ۔
نفی کرنا (اُرد۔محاورہ) خارج کرنا۔ تفریق کرنا۔ مہنا کرنا۔ گھٹانا انکار کرنا۔ منظور کرنا ۔
نفی میں جواب دینا (اُرد۔محاورہ) صاف۔ انکار کر دینا۔ نامنظور کر دینا ۔
نفیر (ع۔صف) نفرت کرنے والا۔ متنفر گھن کرنے والا (بحالت اسم مونث) فریاد۔ شور۔ واویلا۔ چیخ پکار (فارسی میں اسم مونث) کرنا۔ ترئی۔ شہنائی۔ نفیری ۔
نفیرچی (ف۔صف) نفیری بجانے والا ۔
نفیری (ف۔ا۔مو) ترئی۔ شہنائی۔ کرنا۔ الغوزہ ۔
نفیس (ع۔صف) عمدہ۔ قیمتی۔ بیش بہا۔ نرمل۔ ستھرا۔ پاک صاف۔ لطیف پاکیزہ ۔
نفیسہ (ع۔صف۔مو) دیکھئے "نفیس" جسکی یہ تانیث ہے ۔
نفیسی (اُرد۔مو) کلائی کا ایک زیور ۔

ن - ق

نقاب (ع۔ا۔مذ۔مو) بُرقع۔ گھونگٹ۔ مُنہ پر ڈالنے کا پردہ ۔
نقاب اُٹھانا / **نقاب اُلٹنا** (اُرد۔محاورہ) مُنہ پر سے پردہ اُٹھانا گھونگٹ کھولنا۔ مُنہ کھولنا ۔
نقاب پوش (عف۔صف) مُنہ نقاب ڈالے رکھنے والا ۔
نقاب چھوڑنا (اُرد۔محاورہ) مُنہ پر پردہ ڈال لینا۔ چہرہ چھپا لینا ۔
نقاب دار (عف۔صف) پردہ پوش۔ نقاب پہننے والا ۔
نقاب ڈالنا (اُرد۔محاورہ) چہرے کو پردے سے ڈھانپ لینا ۔
نقاد (ع۔صف) پرکھنے والا۔ پرکھیا۔ کھوٹا کھرا جانچنے والا ۔
نقارچی (ت۔مذ) نقارہ بجانے والا۔ نوبت بجانے والا ۔
نقار خانہ (ف۔مذ) نوبت خانہ۔ وہ جگہ جہاں نوبت نقارے بجتے ہیں ۔
نقار خانہ میں طوطی کی آواز کون سنتا ہے ۔ بڑوں کے سامنے چھوٹوں کی کچھ سماعت نہیں ہوتی۔ بہت سے شور وغل میں خوش آواز کی پہچان کہاں ۔
نقارہ (ف۔ا۔مذ) نوبت۔ ٹمک۔ دمامہ۔ دھونسا۔ طبل۔ کوس ۔
نقارہ بجاتے پھرنا (اُرد۔محاورہ) منادی کرتے پھرنا۔ مشتہر کرتے پھرنا ۔
نقارہ بجا کے۔ یا۔ نقارے کی چوٹ ڈنکے کی چوٹ (اُرد۔محاورہ) علانیہ۔ کھلم کھلا۔ کھلے بندوں۔ ڈونڈی پیٹ کے ۔
نقارہ پر چوب پڑنا (اُرد۔محاورہ) نقارہ بجنا۔ نقارہ چوب سے بجاتے ہیں ۔
نقارہ ہو جانا (اُرد۔محاورہ) پھول جا۔ اپھر جانا ۔
نقارہ ہونا (اُرد۔محاورہ) ریح کے باعث پیٹ کا اپھر جانا۔ پیٹ کا پھول جانا ۔

نقارے باج دمامے باج گئے (اُر۔مثل) بڑی دھوم اور شہرت ہوئی۔ دھوم مچ گئی ٭

نقاش (ع۔امذ) نقش و نگار کرنے والا۔ رنگ ساز۔ مصوّر۔ نقشہ نویس۔ گلکار ٭

نقاشِ ازل (ع۔امذ) کنایۃً خدا ٭

نقاشی (ع۔امو۔ بیائے مصدری) نقش کرنے کا کام۔ نقش کرنے کا پیشہ۔ گلکاری۔ مصوّری۔ نقشہ نویسی ٭

نقاط (ع۔امذ) نقطہ کی جمع ٭

نقال (ع۔امذ) نقل کرنے والا۔ بھانڈ۔ بہروپیا۔ مسخرا۔ سوانگی ٭

نقالی (اُر۔امو۔ بیائے مصدری) بھانڈ۔ پنا۔ نقل کرنے کا پیشہ ٭

نقاہت (ع۔امو) وہ کمزوری جو بیماری سے ہو جاتی ہے۔ ناطاقتی۔ کمزوری۔ بیماری سے اٹھنا ٭

نقائص (ع۔امذ) نقیصہ کی جمع۔ نقص۔ عیب۔ برائیاں۔ کھوٹ ٭

نقب (ع۔امو) شگاف۔ سُرنگ۔ کویل۔ سیندھ۔ پھاڑ جو چور دیوار میں دیا کرتے ہیں ٭

نقب دینا۔ یا۔ لگانا (اُر۔محاورہ) کویل دینا۔ سیندھ لگانا فصیل یا دیوار میں شگاف کرنا ٭

نقب زن (عف۔امذ) سیندھ لگانے والا۔ سُرنگ لگانے والا ٭

نقب زنی (عف۔امو۔ بیائے مصدری) نقب دینا۔ سیندھ لگانا۔ سُرنگ کھودنا ٭

نقد (ع۔امذ) پرکھنا۔ کھرا کھوٹا دیکھنا۔ تیاری۔ موجودگی۔ آمادہ حاضر۔ تیار۔ مستعد۔ روپیہ۔ پیسہ۔ سکہ۔ روکڑ۔ نقدی۔ روپیہ کھرا۔ پونجی۔ سرمایہ۔ فی الحال۔ سردست ٭

نقدِ دل (ع۔امذ) دل جو سب سے بڑی دولت ہے ٭

نقد دم رہنا (اُر۔محاورہ) اکیلا رہنا۔ مجرد رہنا۔ تن تنہا رہنا ٭

نقد جان (عف۔امو) روح۔ آتما۔ پران۔ نفس۔ ناطقہ ٭

نقد را بہ نسیہ گزاشتن کار خردمنداں نیست (ف۔مقولہ) آئندہ نفع کی اُمید پہ موجود نفع کو چھوڑنا خلاف عقل ہے۔

نقد مال (اُر۔امذ) کھرا مال۔ زرِ مال۔ عمدہ مال ٭

نقد نامہ (عف۔امو) نقد ادائیگی کا سرٹیفکیٹ ٭

نقد و تبصرہ (ع۔امذ) کسی کتاب کی بُرائی بھلائی کو پرکھنا اور اس کے متعلق رائے دینا ٭

نقد و جنس (ع۔امذ) مال دولت۔ دھن دولت۔ مال و اسباب ٭

نقد النقد (اُر۔فعل) ہاتھوں ہاتھ۔ دست بدست۔ فوراً نقد قیمت ادا کرنے کی نسبت بولتے ہیں ٭

نقدہ و حرمتہ (اُر۔محاورہ) قیمت نقد دینے میں عزت ہوتی ہے۔ نقد دینے والے کی عزت بنی رہتی ہے (یہ فقرہ غلط العام ہو گیا) ٭

نقدی (ع۔امو) روپیہ۔ پیسہ۔ روکڑ۔ نقدی۔ مال وزر۔ جوکھوں ٭

نقرس (ع۔مذ) پاؤں کی انگلیوں اور ٹخنیوں کے ایک سخت درد کا نام ہے۔ ایک قسم کی گنٹھیا۔ وجع مفاصل ٭

نُقرہ (ع۔مذ) چاندی۔ روپا۔ سیم۔ گلی ہوئی چاندی۔ سفید رنگ کا گھوڑا۔ چٹا گھوڑا (بحالت صفت) سفید رنگ کا۔ چٹا۔ دھولا ٭

نُقرۂ خام (عف۔امذ) خالص چاندی ٭

نُقرۂ جنگ (ع۔امذ) نقرہ گھوڑا۔ سفید گھوڑا ٭

نقرئی (ع۔صفت بیائے نسبتی) منسوب۔ بہ نقرہ۔ روپہلی۔ دھولا۔ چاندی کے رنگ کا ٭

نقش (ع۔امذ) صُورت۔ مورت۔ تصویر۔ موتی۔ نگار۔ تحریر مُہر۔ چھاپ۔ ٹھپّا۔ چھاپا۔ بیل بوٹے کا کام۔ کھدائی۔ گلکاری منبت کاری۔ کندہ کاری (فارسی میں) جیت کا داؤں۔ پوبارہ۔ ایک قسم کا جوا۔ کھوج۔ نشان۔ علامت۔ تعویذ۔ جادو ٹونا۔ افسوں۔ لکھا ہوا۔ کندہ شدہ۔ کھدا ہوا۔ منقوش۔ تاثیر اثر۔ خیال۔ تصوّر۔ سکہ شاہی۔ شاہی اسٹامپ ٭

نقش آب / نقش بر آب (عف۔اصف) پانی پر کا نقش۔ ناپائدار فانی۔ بے ثبات۔ جلد مٹ جانے والا۔ فنا ہو جانے والا ٭

نقش اُبھرنا (اُر۔محاورہ) نقش کا سطح سے اُونچا ہو جانا ٭

نقش اُٹھانا (اُر۔محاورہ) کسی تحریر کے حروف اس طرح مٹانا کہ دھبّا نہ پڑے ٭

نقشِ اوّل (عف۔امذ) مسودہ۔ پہلی تحریر ٭

نقشِ باطل (عف۔امذ) نقش جو مٹا دینے کے قابل ہو۔ فانی مٹ جانے والا ٭

نقش بٹھانا۔ یا۔ بٹھلانا (اُر۔محاورہ) سکہ بٹھانا۔ رُعب جمانا اعتبار حاصل کرنا۔ بات جمانا۔ گھر کرنا۔ اثر جمانا۔ دل میں بیٹھنا ٭

نقش بدیوار۔ یا۔ نقش بر دیوار (ف۔صف) حیران۔ ہکا بکا بھونچکا۔ ہک دک۔ ساکت۔ بے حس و حرکت ٭

نقش بند (عف۔صف۔امذ) مصوّر۔ رنگ ساز۔ نقاش ٭

نقش بندی (عف۔امو۔ بیائے مصدری) مصوری۔ رنگسازی نقاشی ٭

نقش بندیہ خاندان (اُر۔مذ) صوفیوں کے ایک مشہور خاندان کا نام ہے۔ جس کا سلسلہ حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبند سے چلا ہے جو ساتویں صدی ہجری میں ہوئے ہیں ٭

نقش بھرنا (اُر۔محاورہ) تعویذ کے خانوں کو پر کرنا ٭

نقش بیٹھنا (اُر۔محاورہ) اثر ہو جانا۔ قائم ہو جانا۔ کسی کے دل میں کسی کی جگہ ہو جانا۔ نشان بن جانا ٭

نقش پا۔ نقش قدم (عف۔امذ) پاؤں کا نشان۔ کھوج سراغ۔ پیڑ ٭



نقش پرداز (عف۔امذ) مصوّر۔ نقاش ٭ نقش پا

نقش تسخیر (ع۔امذ) وہ تعویذ جس سے محبوب قابو میں آجائے ٭

نقشِ ثانی (عف۔امذ) دوسرا نقش جو پہلے نقش یا تحریر سے بہتر ہوتا ہے ٭

نقش جمانا (اُر۔محاورہ) رُعب بٹھانا۔ متاثر کرنا۔ اس رُخ پیدا کرنا ٭

نقشِ حُب (ع۔امذ) محبت کا تعویذ ٭

نقشِ حیرت (عف۔امذ) حیرانی کی تصویر۔ کنایۃً حیرت ہوت

نقشِ دل کرنا (اُر۔محاورہ) دل پر کندہ کرنا۔ دل میں جا لینا۔ خوب یاد رکھنا ٭

نقشِ دیوار (عف۔امذ) حیران وسراسیمہ ٭

نقشِ دیوار بن جانا (اُر۔محاورہ) بے حس وحرکت ہو جانا ٭

نقشِ سویدا (ع۔امذ۔ترکیب فارسی) وہ سیاہ داغ جو دل میں ہوتا ہے ٭

نقش طراز/گر (عف۔مذ) نقاش۔ مصوّر ٭

نقش قدم پر چلنا (اُر۔محاورہ) کسی کی پُوری پُوری تقلید کرنا ٭

نقش کالحجر (ع۔امذ) پتھر کے نقش کی طرح۔ پتھر کی لکیر۔ نہایت پائدار

نقش کالحجر ہو جانا (اُر۔محاورہ) نہایت متاثر ہو جانا۔ دل نشین ہو جانا۔ امٹ ہو جانا۔ پتھر کی لکیر ہو جانا ٭

نقش کرنا (اُر۔محاورہ) بیل بوٹے کھودنا۔ چھاپنا۔ بٹھانا۔ جمانا ٭

نقش و نگار (عف۔امذ) پھول پتی کا کام۔ بیل بوٹے۔ زیب و زینت۔ قلم کاری ٭

نقش ہو جانا (اُر۔محاورہ) کسی بات کا دل میں جم جانا۔ بیٹھ جانا دل نشین ہو جانا ٭

نقش ہونا (اُر۔محاورہ) کُھدنا۔ کھودا جانا۔ کندہ ہونا۔ دل پر جمنا بیٹھنا۔ رقم ہونا۔ تحریر ہونا۔ لکھا جانا ٭

نَقشہ (ع۔امذ) تصویر۔ فوٹو۔ عکس۔ شبیہہ۔ مورت۔ صُورت شکل۔ چہرا مہرا۔ قطع وضع۔ سج دھج۔ تراش خراش۔ بناوٹ ترکیب۔ خلیہ۔ چہرے کا خط و خال۔ خاکہ۔ چربہ۔ مثال۔ نمونہ فہرست۔ فرد۔ قبض الوصول۔ ناموں کی فہرست۔ ناموں کا رجسٹر۔ چالان۔ ردّہ۔ مال کی خانہ پُری۔ خلاصہ۔ گوشوارہ۔ طرز۔ طریق۔ ڈھب۔ بڑا حال۔ بڑا درجہ۔ حال۔ حالت۔ کیفیت عالم۔ سانچہ۔ قالب۔ ڈھانچ ٭

نَقشہ آنکھوں کے سامنے ہونا (اُر۔محاورہ) کسی چیز کی کیفیت عالم تصوّر میں پیش نظر ہونا ٭

نَقشہ اُتارنا (اُر۔محاورہ) خاکہ لینا۔ فوٹو لینا۔ تصویر کھینچنا ٭

نَقشہ اُڑانا (اُر۔محاورہ) چربہ اُتارنا۔ طرز کی نقل کرنا ٭

نَقشہ بدلنا (اُر۔محاورہ) حالت یا شکل کا متغیر ہو جانا ٭

نَقشہ بگاڑنا (اُر۔محاورہ) صورت بگاڑنا۔ حال سے بے حال کرنا ٭

نَقشہ بگڑنا (اُر۔محاورہ) حالت خراب ہو جانا۔ بدنظمی اور بداستظامی ہونا

نَقشہ بن کر بگڑ جانا (اُر۔محاورہ) حالت سنبھل کر خراب ہو جانا ٭

نَقشہ بنانا (اُر۔محاورہ) کسی چیز کی تصویر بنانا۔ خاکہ اُتارنا ٭

نَقشہ پیما (اُر۔مذ) ہر نقشے کے پیچھے ایک پیمانہ دیا جاتا ہے اسے نقشہ پیما کہتے ہیں ٭

نَقشہ تیز ہونا (اُر۔محاورہ) اقبال یاور ہونا۔ رتی تیز ہونا۔ بات بننا۔

نَقشہ جمانا (اُر۔محاورہ) کسی چیز کی بنیاد ڈالنا۔ رسائی کرنا۔ ڈھب لگانا۔ اعتبار حاصل کرنا۔ رسُوخ بنانا۔ ور بڑھانا۔ موقع نکالنا۔ تدبیر کرنا۔ ترکیب لڑانا۔ تصوّر جمانا۔ اُمید بندھانا ٭

نَقشہ جم کر اُکھڑ جانا (اُر۔محاورہ) اثر پیدا ہو کر مٹ جانا ٭

نَقشہ جمنا (اُر۔محاورہ) بات بننا۔ کسی چیز کی بنیاد پڑنا۔ رسائی ہونا۔ اعتبار ہونا۔ رسُوخ ہونا۔ تصوّر جمنا۔ خیال بندھنا۔ مطلب حاصل ہونا ٭

نَقشہ حد و بست (اُر۔امذ) وہ نقشہ جس میں کھیتوں کی حد بندی درج ہو۔ پیمائش و بیمہ کی فہرست ٭

نَقشہ کھنچ جانا (اُر۔محاورہ) صورت سامنے آجانا۔ عکس دل نشین ہو جانا۔ تصویر کھنچ جانا ٭

نَقشہ میں رنگ بھرنا (اُر۔محاورہ) خاکہ میں رنگ بھرنا ٭

نَقشہ نکالنا (اُر۔محاورہ) الزام لگا کے بدنام کرنا ٭

نَقشہ نکلنا (اُر۔محاورہ) دیکھئے "نقشہ نکالنا" جس کا یہ لازم ہے

نَقشہ نویس (عف۔امذ۔فاعل) نقشہ بنانے والا۔ مصوّر۔ نقاش ٭

نَقشی (اُر۔صف بیائے نسبتی) منسوب بہ نقش۔ نقش والا۔ منقش۔ نقش کیا ہوا برتن ٭

نَقشیں (ف۔صف بیائے نسبتی) گلکاری کیا ہوا۔ نقش کیا ہوا۔ منقش ٭

نَقص (ع۔امذ) کمی۔ ادھورا پن۔ کسر۔ خامی۔ ناتمامی۔ اوگن۔ عیب۔ داغ۔ دھبا۔ بُرائی۔ کلنک۔ کھوٹ۔ سقم ٭

نُقص نکالنا (اُر۔محاورہ) عیب نکالنا۔ اعتراض کرنا۔ کھوٹ نکالنا ٭

نقصان (ع۔مذ) کمی۔ کوتاہی۔ ضرر۔ تکلیف۔ زیان۔ جرح۔ خرابی ٹوٹا۔ گھاٹا۔ خسارہ۔ بربادی۔ تباہی۔ ضائع۔ رائیگاں۔ رخنہ خلل۔ فتور ٭

نقصان اُٹھانا (اُر۔محاورہ) گھاٹا بھرنا۔ خسارہ دینا۔ گرہ سے بھرنا ٹوٹا برداشت کرنا ٭

نقصان بھرنا (اُر۔محاورہ) ایذا دینا۔ گھاٹا دینا۔ خسارہ پورا کرنا ٭

نقصان بالقصد (ع۔مذ) اپنے ہاتھوں خسارہ بھرنا۔ جان بوجھ کر گھاٹا بھرنا ٭

نقصان پہنچانا (اُر۔محاورہ) ایذا دینا۔ ضرر پہنچانا ٭

نقصان رساں (عف۔صف) نقصان پہنچانے والا ٭

نقصان رسانی (اُر۔مو۔بیائے مصدری) تکلیف دینا۔ گھاٹے میں ڈالنا۔ ایذا رسانی ٭

نقصان کرنا (اُر۔محاورہ) کام بگاڑنا۔ حرج کرنا۔ فائدہ نہ ہونے دینا تکلیف دینا۔ بگاڑنا۔ ضرر پہنچانا۔ کھونا۔ ضائع کرنا ٭

نقصان مایہ (عف۔مذ) مال کا نقصان۔ روپیہ کی تباہی۔ پونجی کا ضائع ہونا ٭

نقصان مایہ و شمانتِ ہمسایہ (ف۔مث) اپنے نقصان اور دوسرے

کی لعنت و ملامت کے احتمال پر بولتے ہیں۔

نَقض (ع۔ا۔مو) بگاڑ۔ ٹوٹ۔ پھوٹ۔ توڑنا۔ شکستگی۔

نَقضِ عہد (ع۔مذ) وعدہ وفا نہ کرنا۔ اقرار توڑ ڈالنا۔ بدعہدی کرنا۔

نُقَط (ع۔ا۔مذ) نقطہ کی جمع۔ بندیاں۔ نقطے۔

نُقطہ (ع۔ا۔مذ) بندی۔ صفر۔ مرکز۔ خط کی انتہا۔ مجازاً داغ۔ دھبا۔ عیب۔

نُقطۂ اشتعال (ع۔ا۔مذ۔ترکیب فارسی) گرمی اور کھولاؤ کا وہ درجہ جس پر آگ بھڑک اٹھے۔

نُقطۂ انتخاب (ع۔ا۔مذ۔ترکیب فارسی) وہ نقطہ جو کسی کتاب کے حاشیہ پر یا کسی عبارت یا شعر پر اظہار پسندگی کے طور پر لگایا جاتا ہے۔

نُقطۂ پرکار (عف۔ا۔مذ) دائرہ کا مرکز۔ مرکز۔

نُقطہ تقاطع (ع۔ا۔مذ) وہ نقطہ جہاں دو خط ملیں۔

نقطۂ سویدا (ع۔ا۔مذ) دل کے اندر کا سیاہ نقطہ۔ اسے خال سویدا بھی کہتے ہیں۔

نُقطہ سہو (ع۔مذ۔ترکیب فارسی) وہ نقطہ جو بے نقط حرف پر بھول کر لگا دیں۔

نُقطہ لگانا (اُر۔محاورہ) عیب لگانا۔ دھبا لگانا۔ کلف لگانا۔ کلنک لگانا۔

نقطۂ عروج (ع۔مذ۔ترکیب فارسی) انتہا۔ کمال۔

نُقطۂ موہوم (ع۔ا۔مذ) فرضی نقطہ جو ظاہر نہ ہو۔

نقطۂ نگاہ/نظر (ع۔مذ۔ترکیب فارسی) مرکزِ نگاہ۔ اندازِ نظر۔ اندازِ فکر۔ دیکھنے یا سوچنے کا انداز یا ڈھنگ۔

نُقطہ نوکِ نیز (عف۔ا۔مذ) وہ سیاہی (روشنائی) کی بوند جو قلم کی نوک سے کاغذ پر ٹپک پڑے۔

نَقل (ع) گرک۔ وہ چیز۔ جو شراب پینے کے بعد منہ کا ذائقہ بدلنے کے لئے کھاتے ہیں۔ بیاچق میں لے جانے کی ایک قسم کی مٹھائی۔

نَقلِ مجلس یا نَقلِ محفل (اُر۔ا۔مذ) غذائے محفل۔ مسخرہ۔ خوش مسخرہ۔

نقل مجلس بنانا (اُر۔محاورہ) مسخرہ بنانا۔

نَقل (ع۔ا۔مو) تبدیلی۔ چالاکی۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔ جانتر۔ کوچ۔ روانگی۔ حاضر جوابی۔ کاپی۔ مثنیٰ۔ اصل کی ضد۔ نمونہ۔ نظیر۔ جواب۔ مثل۔ تمثیل۔ روایت۔ کہانی۔ حکایت۔ ذکر۔ بیان۔ لطیفہ۔ چٹکلا۔ ہنسی کی حکایت۔ رُوپ۔ سوانگ۔ لیلا۔ ناٹک۔

نقل اُتارنا/اُڑانا (اُر۔محاورہ) کسی تحریر کو دوسری جگہ لکھنا۔ کسی صورت سے اپنی صورت مشابہ کرنا۔ طرز اُڑانا۔ سوانگ بھرنا۔

نَقلِ راجہ عقل (ف۔مثل) نقل کرنے کے لئے زیادہ عقل کی ضرورت نہیں ہے۔

نَقلِ مذہب (ع۔ا۔مذ) ایک مذہب سے دوسرے مذہب میں جانا۔

نقل کفر کفر نہ باشد (عف) مثل۔ کفر کے بیان کرنے سے آدمی کافر نہیں ہو جاتا۔

نقل لینا (اُر۔محاورہ) کسی حکم یا کتاب وغیرہ کو دوسرے کاغذ پر اصل کے مطابق لکھوانا۔

نَقلِ مکان (ع۔ا۔مذ) مکان بدلنا۔ تبدیلِ مکان۔ ایک مکان چھوڑ کر دوسرے میں جا رہنا۔

نَقل نویس (عف۔مذ فاعل) نقل کر کے دینے والا۔ منشی۔ محرر عدالت۔

نقل نویسی (عف۔ا۔مو بیائے مصدری) نقل کرنے کا کام۔ منشی گری۔ محرری۔

نَقل ہے (اُر۔محاورہ) ذکر ہے۔ کہتے ہیں۔ لکھا ہے۔ منقول ہے۔

نَقلی (ع۔صف بیائے نسبتی) نقل دار جھوٹا۔ جعلی۔ بناوٹی۔ کھوٹا۔ زبانی۔ روایتی۔ سماعی۔

نِقمت (ع۔ا۔مو) عذاب۔ سزا۔ بدلہ۔ انتقام۔ تکلیف۔ دُکھ درد۔

نُقود (ع۔ا۔مو) نقد کی جمع۔ نقدیاں۔

نُقوش (ع۔ا۔مذ) نقش کی جمع۔

نقوع (ع۔ا۔مذ) بھیگی ہوئی دوا۔ بھیگا ہوا میوہ۔ دوا بھگونے کا پانی۔

نقی (ع۔صف) پاک۔ صاف۔ خالص۔ دسویں۔ امام حضرت بن محمدؐ کا لقب۔

نُقول (ع۔ا۔مو) نقل کی جمع۔

نَقیب (ع۔ا۔مذ) لوگوں کے حالات۔ اور خاندان سے واقف۔ خبر کرنے والا۔ شہرت کرنے والا۔ مدح خواں۔ ہرکارہ۔ چوبدار۔ سپاہی۔ وہ لوگ جو بادشاہوں یا امرا کی سواری کے آگے آواز لگاتے جاتے ہیں۔ یا کسی کی باریابی دربار کے موقعہ پر بلند آواز سے پکارتے ہیں۔

نَقیض (ع۔ا۔صف) توڑنے والا۔ عمارت گرانے والا۔ مخالف۔ خلاف۔ ضد۔ برعکس۔ اُلٹا۔ متبائن۔ اصطلاح۔ منطق میں کسی شے کا رفع کرنا۔

نَقیہ (ع۔ا۔صف) کمزور۔ ناتواں۔ ضعیف۔ نحیف۔ لاغر۔ دُبلا۔

ن - ک

نک (ہ۔ا۔مو) ناک کا مخفف۔ بینی۔

نک بال (ہ۔ا۔مذ) ناک کا بال۔ موئے بینی۔

نک بہنا (اُر۔صف) جس کی ناک بہتی جائے۔

نک بسیر (ہ۔ا۔مو) ناک کے ایک زیور کا نام ہے۔ ایک قسم کی نتھنی۔ جھولنی۔ بلاق۔

نک توڑا (ہ۔ا۔مذ) نک بمعنی ناک اور توڑا بمعنی حرکت، حرکتِ بینی۔ نازونخرہ۔ آزادگی۔ بولی ٹھولی۔ نخوت۔ تکبر۔ غرور۔ احسان و منت۔

نک توڑے اُٹھانا (اُر۔محاورہ) نازونخرے برداشت کرنا۔

نک توڑے توڑنا/کرنا (اُر۔محاورہ) نازونخرے کرنا۔

نک چڑھا (ہ۔صف۔ا۔مذ) مغرور۔ متکبر۔ خود پسند۔ کسی کو خاطر میں نہ لانیوالا۔

نک چڑھی (ہ۔صف۔اِمو) دماغدار عورت۔ بدمزاج عورت۔
نک چھکنی (ہ۔اِمو) ایک دوا کا نام ہے۔ جس کے سونگھنے سے چھینکیں بہت آتی ہیں۔
نک دم (اُر۔اِمذ) ناک میں دم۔ حیران۔ پریشان۔
نک سک سے درست (اُرصف) ہر طرح سے بے عیب۔ اور موزوں ناک نقشہ۔
نک کٹا (ہ۔اِصف) ناک کٹا ہوا۔ بکٹا۔
نک کٹی (ہ۔اِصف) ناک کٹی ہوئی عورت۔
نک کٹی ہونا (ہ۔فعل) بے عزتی ہونا۔ بدنامی ہونا۔ ذلت ہونا۔ خواری ہونا۔
نک گھسنی (ہ۔مو) عاجزی۔ منت سماجت۔ خوشامد درآمد۔ ناک رگڑنا۔
نکا (ہ۔اِمذ) کوڑی۔ چھوٹا نکھ۔ خرمہرہ۔ کبتیں۔ پالنہ۔ دانہ۔
نکا دووا۔ یا۔ نکا موٹھ (ہ۔اِمذ) ایک قسم کا جوا۔ جو کوڑیوں کو مٹھی میں چھپا کر کھیلتے ہیں۔
نِکا (ہ۔صف) چھوٹا۔ خرد۔ ننھا۔ مختصر۔ کم۔ قلیل۔ نازک۔ باریک۔ ادھورا۔ ناقص۔ ٹھگنا۔ پستہ قد۔ ادنےٰ۔ خفیف۔
نُکا (ہ۔اِمذ) نوکدار۔ نکیلا۔ خمدار گیڑی۔
نکا ٹوپی (اُر۔اِمو) اونچی ٹوپی۔ وہ ٹوپی جس کو اونچا کر کے سر پر رکھیں۔
نُکا لگانا (اُرمحاورہ) گپڑی مارنا۔ زک پہنچانا۔ ضرب لگانا۔ صدمہ پہنچانا۔
نکات (اُرصف) خراب۔ نکما۔ خراب۔
نِکات (ع۔اِمذ) نکتہ کی جمع۔ نکتے۔ باریکیاں۔ پاکیزگی اور بلیغ کام۔ جو ہر ایک کی سمجھ میں نہ آسکے۔
نِکاح (ع۔اِمذ) مجازاً عقد۔ بیاہ۔ شادی۔ پھیرے۔ گٹھ۔ بندھن۔
نِکاح باندھنا۔ یا۔ پڑھانا۔ یا۔ کرنا (اُر۔محاورہ) عقد کرنا۔ شادی کرنا۔ گھر میں ڈالنا۔ دو بول پڑھانا۔ مرد و عورت کا ازدواج کرنا۔
نِکاح پڑھا جانا (اُرمحاورہ) نکاح ہونا۔ نکاح بڑھا جانا۔
نِکاح پڑھانا (اُرمحاورہ) شادی کرنا۔ بیاہ کرنا۔ قاضی کا عورت اور مرد کو رشتہ ازدواج میں منسلک کرنا۔
نِکاح پڑھنا (اُرمحاورہ) دیکھئے "نکاح پڑھانا"، جس کا یہ لازم ہے۔
نِکاح پڑھائی (اُر) معاوضہ۔ نکاح پڑھانے کی اُجرت۔
نِکاح ثانی (ع۔اِمذ) دوسری شادی۔
نِکاح کی شرطیں کرنا (اُرمحاورہ) نہایت پختہ کرنا۔ بہت ہی حجت کرنا۔ بخوبی پختگی کرنا۔
نِکاح مُتعہ یا موقت (ع۔اِمذ) وہ نکاح جو کسی میعاد مقررہ تک کیا جائے۔ چند روزہ نکاح۔
نِکاح نامہ (عف۔اِمذ) کابین نامہ۔ وہ کاغذ جو نکاح کے وقت بقید تاریخ و تعداد مہر و بروئے گواہاں لکھا جاتا ہے۔
نِکاح ہونا (اُرمحاورہ) بیاہ ہونا۔ شادی ہونا۔ عقد ہونا۔
نکاحنا یا نکاحی (اُرامو) نکاح کی ہوئی عورت۔ منکوحہ۔ بیاہتا کی ضد۔ گھر میں ڈالی ہوئی۔

نِکاحی (اُرمو) نکاح کر کے لائی عورت۔ منکوحہ۔
نِکاحی بیاہی (اُرامو) وہ عورت جسے رسم نکاح ادا کر کے گھر لایا جائے۔ عزت و آبرو سے بیاہ کر لائی ہوئی عورت۔
نِکاحی نہ بیاہی منڈو بہو کہاں سے آئی (اُرمثل) خواہ مخواہ آکر رشتہ دار بن بیٹھنے والے کی نسبت بولا کرتے ہیں۔
نِکاس (ہ۔اِمذ) جڑ بنیاد۔ اصل۔ مول۔ بیخ۔ ابتداء۔ آغاز۔ شروع۔ منبع۔ سوت۔ مجری۔ مبدا۔ مادہ۔ روٹ۔ مورث اعلےٰ۔ جد اعلےٰ۔ خاندان کا بانی۔ اشتقاق۔ احد۔ استخراج۔ صدور۔ ظہور۔ نژاد۔ نسل۔ جنس۔ خاندان۔ برآمد۔ خروج۔
نِکاسی (ہ۔اِمو) کھیتی کی پیداوار۔ محاصل۔ آمدنی۔ حاصل۔ فائدہ نفع۔ بکری۔ مال کی فروختگی۔ لدائی۔ بھرتی۔ روانگی۔ برآمد۔ دساور۔ کھیت۔ خرچ۔ چنگی۔ محصول راہ۔ سرحد۔ حدبست۔ گانو کا سوانا۔ علاقہ۔ رونہ۔ چالان۔ راہداری۔ اخراج۔
نِکال (ع۔اِمذ) رنج۔ دکھ۔ عذاب۔ سزا۔ تکلیف۔
نکال بیٹھنا (اُرمحاورہ) بے خیالی میں کچھ کہہ دینا۔
نکال پیٹھال کے دن (اُرمذ) فصل کی تبدیلی کا زمانہ۔
نکال دینا (ہ۔محاورہ) جدا کر دینا۔ باہر کر دینا۔ موقوف کر دینا۔ جواب دیدینا۔ کوئی چیز۔ گھر سے دینا۔ طلاق دے دینا۔
نکال لانا (ہ۔محاورہ) کسی عورت کا بھگا لینا۔ بھگا کر لے جانا۔
نکال لے جانا (اُرمحاورہ) نجات دلانا۔ باہر لے جانا۔ چرا لے جانا۔ عورت کو بھگا لے جانا۔
نِکالا (ہ۔اِمذ) شہر بدر۔ جلاوطن۔ اخراج۔ خارج۔
نِکالا ملنا (ہ۔فعل) نکالا جانا۔ جلاوطن کیا جانا۔ شہر بدر کیا جانا۔
نِکالنا (ہ۔فعل) باہر کرنا۔ خارج کرنا۔ دور کرنا۔ چھانٹنا۔ چننا۔ منتخب کرنا۔ تفریق کرنا۔ منہا کرنا۔ دل سے کوئی بات پیدا کرنا۔ اختراع کرنا۔ ایجاد کرنا۔ اکھیڑنا۔ باہر لانا۔ سلجھانا۔ حل کرنا۔ کاڑھنا۔ بیل بوٹہ وغیرہ بنانا۔ سدھانا۔ رواں کرنا۔ گھوڑے کو گاڑی وغیرہ میں جوتنے کے قابل بنانا۔ موقوف کرنا۔ جواب دینا۔ برطرف کرنا۔ مجرا لینا۔ کاٹنا۔ اوپر لانا۔ باہر لانا۔ بھگا کر لے جانا۔ مقرر کرنا۔ نرخ ٹھہرانا۔ جلاوطن کرنا۔ شہر بدر کرنا انڈا کھٹکنا پیدا کرنا۔ ڈھونڈنا۔ راستہ معلوم کرنا۔
نِکانا (ہ۔فعل) نلانا۔ گھاس پھونس دور کرنا۔ نلائی کرنا۔
نِکائی (اُرمو) نلائی۔
نکبت (ع۔اِمو) بدبختی۔ بدحالی۔ خستگی۔ خستہ حالی۔ مفلسی۔ افلاس۔ فلاکت۔
نُکتہ (ع۔اِمذ) بدبختی۔ باریک بات۔ باریکی۔ بلیغ اور پاکیزہ کلام۔ راز بھید۔ مخفی بات۔ سِرّ۔ سمجھ کی بات۔ عقل کی بات۔ عیب۔ رخنہ۔ خرابی۔ مین میکھ۔ چٹکلہ۔ لطیفہ۔ گھوڑے کی مہری۔ سر دیوالی۔ سربند۔ کارآمد بات۔
نکتہ پرور۔ یا۔ نکتہ پرداز (عف۔صف فاعلی) ہوشیار۔ شاعر سخن شناس۔ سخن۔ فہم۔ سخنور۔ زبان آور۔ خوش گفتار۔ نغز

نکتہ باقی نہ چھوڑنا (اُر۔محاورہ) کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کرنا۔

نکتہ بین / نکتہ چین (عف۔صف فاعلی) عیب جو خردہ گیر۔ بین میکھ نکالنے والا۔

نکتہ چینی (عف۔امو بیائے مصدری) عیب جوئی۔ خردہ گیری۔

نکتہ بینی (عف۔امو) دیکھئے "نکتہ بین" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

نکتہ خفی (ع۔ا۔مذ) پوشیدہ راز۔ سرِّ خفی۔ راز پنہاں۔

نکتہ داں (عف۔صف) باریک بات سُننے اور جاننے والا۔

نکتہ رس (عف۔صف فاعلی) تیز طبع۔ ذکی۔ زیرک۔ تیز فہم۔ دقیقہ رس۔

نکتہ سنج (عف۔صف فاعلی) اچھی بات کہنے والا۔ بھلی ہوئی بات کہنے والا۔ عقلمند۔ ہوشیار۔ مجاز اً شاعر۔ سخنور۔ خوش گفتار۔

نکتہ سنجی (عف۔امو بیائے مصدری) سخنوری۔ سخن فہمی۔ فصاحت۔ خوش بیانی۔

نکتہ شناس۔ یا۔ نکتہ داں (عف۔صف) ذہین۔ دانا۔ سیانا۔ عقلمند۔ تیز فہم۔

نکتہ کی بات (اُر۔امو) باریک اور معنی خیز بات۔ تہ کی بات۔

نکتہ گیر (عف۔صف فاعلی) عیب جو۔ خردہ بین۔ نکتہ چین۔

نکتی (اُر۔امو) ایک قسم کی مٹھائی جو چنے کی دال پیس کر بنائی جاتی ہے۔

نکتے نکالنا (اُر۔محاورہ) عیب نکالنا۔ بین میکھ نکالنا۔ اعتراض کرنا۔

نکتی پلاؤ (اُر۔مذ) وہ پلاؤ جس میں چنے کی ٹکیاں پڑی ہوئی ہوں۔

نکٹ (ع۔تابع فعل) قریب۔ پاس۔ نزدیک۔

نکٹا (ہ۔صف) ناک کٹا۔ بینی بریدہ۔ بے شرم۔ بے غیرت۔ ایک قسم کا چلتی لے کا گیت۔ چپٹی ناک والا۔ چوڑی ناک والا۔ جوا کھیلنے کی کوڑی۔

نکٹائی (انگ۔امو۔ Necktie) مغربی وضع کی پٹی جو گلے میں قمیض کے کالر پر باندھی جاتی ہے۔

نکٹا بوچا سب سے اُونچا (ہ۔مثل) عیب دار ہونے کے باوجود بڑا دعوے کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

نکٹا جیا بُرے احوال (اُر۔مثل) بُرا آدمی خستہ حالی سے زندگی گزارا کرتا ہے۔

نکٹی (ہ۔صف) ناک کٹی عورت۔ چپٹی ناک والی۔ ناک بیٹی عورت۔ بے غیرت۔ بے شرم۔ بلی۔ گربہ۔

نکٹے کا جنا (اُر۔مذ) کمینہ۔ بد اصل۔ ذلیل۔ رذیل۔

نکٹے کا کھائے اوچھے کا نہ کھائے (اُر۔مثل) بے حیا کا احسان اُٹھانا اتنا بُرا نہیں جتنا کم ظرف کا احسان اُٹھانا۔

نکٹے کی ناک بھی نہ کٹے (اُر۔بول چال) بہت کند ہتیار کے متعلق کہتے ہیں۔

نکٹے کی ناک کٹی سوا گز اور بڑھی (ہ۔مثل) بے غیرت کی عزت گئی اور وہ اُلٹا خوش ہوا۔ بے عزت کو عزت جانے کی خوشی ہوئی۔

نکرہ (ع۔ا۔مذ) ناشناسی۔ معرفہ کی ضد۔ وہ اسم جو غیر معیّن چیز پر بولا کرتے ہیں۔

نکڑ (ہ۔ا۔مذ) نوک سے اسم تصغیر۔ نوک۔ سرا۔ انتہا۔ اخیر۔ کونہ۔ گوشہ۔

نکس (ع۔ا۔مذ) بیماری کا عود کر آنا۔ پھر بیمار ہو جانا۔

نکسنا (ہ۔فعل) نکلنا۔

نکسیر (ہ۔امو) ناک سے خون گرنا گرمی کے سبب ناک سے خون جاری ہونا۔

نکسیر بھی نہیں پھوٹی (ہ۔محاورہ) بال تک بھی بیکا نہیں ہوا۔ ذرا بھی صدمہ نہیں پہنچا۔

نکسیر پھوٹنا (ہ۔فعل) ناک سے خون بہنا۔

نکل (انگ۔ا۔مذ۔ Nickel) سفید تانبا۔ ملمع کرنا۔

نکل آنا (ہ۔محاورہ) باہر ہونا۔ ظاہر ہونا۔ باہر ہو جانا۔ پیدا ہونا۔ کھڑا ہونا۔ برپا ہونا۔ پھوٹنا۔ ابھرنا۔ زمین سے باہر ہونا۔

نکل کر بھاگنا (ہ۔محاورہ) فرار ہونا۔ چلا جانا۔ چل دینا۔ قابو سے چلا جانا۔ بچ کر چلا جانا۔ چمپت ہونا۔ صاف بچ جانا۔ بیر ہو جانا۔ کافور ہو جانا۔

نکل پڑنا (ہ۔محاورہ) ظاہر ہو جانا۔ نمایاں ہو جانا۔ پیٹ گر جانا۔ حمل اسقاط ہو جانا۔ چل دینا۔ باہر آنا۔ اُوپر آ جانا۔ میوے کا پک کر ٹپک پڑنا۔ گھل پڑنا۔ چوسنے لگنا۔ تلوار کا اُگل پڑنا۔

نکل جانا (ہ۔محاورہ) فرار ہو جانا۔ بھاگ جانا۔ روپوش ہو جانا۔ کافور ہو جانا۔ دُور چلا جانا۔ زائل ہونا۔ جاتا رہنا۔ بڑھ جانا۔ سبقت لے جانا۔ قابو سے باہر ہو جانا۔ قبضہ سے چلا جانا۔ وقت کا گزر جانا۔ کسی چیز کا ہاتھ سے جاتا رہنا۔ کام پورا ہو جانا۔ برآمد ہونا۔ سرزد ہو جانا۔ پاؤں کا پھسل جانا۔ نافرمان ہو جانا۔

نکل چلنا (ہ۔محاورہ) اپنی حیثیت اور بساط سے بڑھ کر چلنا۔ اترا جانا۔ مغرور ہو جانا۔

نکل کھڑا ہونا (اُر۔محاورہ) چل دینا۔ رخصت ہونا۔ باہر جانا۔ سفر پر روانہ ہونا۔

نکلنا (ہ۔فعل) پھوٹنا۔ اُگنا۔ اُوپر آنا۔ رِسنا۔ بہنا۔ جاری ہونا۔ جنم لینا۔ پیدا ہونا۔ ظاہر ہونا۔ عیاں ہونا۔ نمودار ہونا۔ ایجاد ہونا۔ نئی بات معلوم ہونا۔ بڑھ جانا۔ سبقت لے جانا۔ خارج ہونا۔ باہر کر دینا۔ چلا جانا۔ بھاگنا۔ فرار ہونا۔ زائد ہونا۔ زیادہ ہونا۔ باہر چلا جانا۔ رخصت ہونا۔ طلوع ہونا۔ اُٹھنا۔ بلند ہونا۔ چھن جانا۔ زبردستی لیا جانا۔ قبضہ اور قابو سے باہر ہو جانا۔ پھوڑے پھنسی وغیرہ کا نمایاں ہونا۔ ارمان وغیرہ پورا ہونا۔ انجام کو پہنچنا۔ دستور وغیرہ۔ نیا جاری ہونا۔

ثابت ہونا۔ ثبوت کو پہنچنا۔ دفع ہونا۔ رفع ہونا۔ جاتا رہنا۔ دُور ہونا۔ جُدا ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ تیل وغیرہ نچڑنا۔ پیلا جانا۔

نکلنا بیٹھنا (اُر۔محاورہ) آمد و رفت رکھنا۔

نکلی ہوئی ٹوں چڑھی کو ٹھوں (اُر۔مثل) بات مُنہ سے نکلے تو مشہور ہو جاتی ہے۔

نکلوانا (ہ۔فعل) باہر کرانا۔ خارج کرانا۔ معلوم کرنا۔

نکلے ہوئے دانت پھر اندر نہیں آتے (اُر۔مثل) جو بھید کھُل جاتا ہے۔ وہ پھر نہیں چھُپتا۔ گیا وقت پھر ہاتھ نہیں آسکتا۔ عزت برباد ہو کر پھر نہیں بندھتی۔

نکمّا (اُر۔صف) بے کار۔ بے مصرف۔ خالی معطل۔ بے شکل۔ بُرا۔ خراب۔ ناچیز۔ حقیر۔

نکمّا کر دینا (ہ۔محاورہ) کسی کام کا نہ رکھنا۔ ناکارہ کر دینا۔ خراب کر دینا۔ بگاڑ دینا۔ کسی قابل نہ رکھنا۔ بالکل بے کار اور معطل کر دینا۔

نکّو (ہ۔صف) بڑی ناک والا۔ معزز۔ عزت والا۔ صاحب عزت۔ رُسوا۔ بدنام۔ معیوب۔ داغی۔

نکّو بنانا۔ یا۔ کرنا (ہ۔محاورہ) رسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔ انگشت نما کرنا۔ رسوائے عام کرنا۔ نام نکالنا۔

نکّو بننا (اُر۔محاورہ) رسوا ہونا۔ بدنام ہونا۔ (نکّو بنانے کا لازم ہے)

نکو (ف۔صف) نیکو کا مخفف ہے۔

نکوکار (ف۔ا۔مذ) اچھے افعال کا مالک۔

نکوکام (ف۔صف) نیک کام۔ اچھی شہرت والا۔

نکوٹین (انگ۔ا۔مو۔ Nicotine) تمباکو کا، زہر

نکومحضر (ف۔صف) رہبر۔ نیک خصلت۔

نکوا (ہ۔ا۔مذ) سوئی کا چھید۔ سوئی کا ناکا۔ ترازو کی ڈنڈی کا سوراخ۔ جس میں ڈوریں ڈالتے ہیں۔

نکوہش (ف۔ا۔مذ) حاصلِ مصدر از نکوہیدن۔ دھمکی۔ سرزنش۔ ملامت۔ جھڑک۔ ڈانٹ۔

نکوہیدہ (ف۔صف مفعولی) ملامت کیا گیا۔ بُرا۔ خراب۔ مذموم۔

نکوئی (ف۔ا۔مو۔بیائے مصدری) بھلائی۔ نیکی۔ اچھی سلوک۔ مہربانی۔ خوبی۔ عمدگی۔

نکوئی کن و در آب انداز (ف۔مثل) کسی کے ساتھ نیکی کر کے اُمید احسان مندی نہ رکھنا۔

نکھ (ہ۔ا۔مذ) ناخن۔ لوہ۔ پاؤں کا ناخن۔ دوا کا نام۔ ابریشم۔ کچا ریشم۔ سخ۔

نکھ سِکھ سے (ہ۔تابع فعل) پاؤں کے ناخن سے سر تک۔ سرتاپا۔ سر پاؤں سے۔

نکھ سکھ سے درست (ہ۔تابع فعل) سر سے پاؤں تک بے عیب۔ سب طرح آراستہ و پیراستہ۔

نکھ سے سِکھ تک (اُر۔متعلق فعل) ایڑی سے چوٹی تک۔ تمام و کمال۔

نکھاد (ہ۔ا۔مذ) سب سے اُونچا اور بلند سُر۔

نکھار (ہ۔ا۔مذ) اُجلاپن۔ صفائی۔ بناؤ سنگار۔ آرائش زیبائش۔ زیب و زینت۔

نکھار کرنا (ہ۔محاورہ) بناؤ سنگار کرنا۔ زیب و زینت کرنا۔

نکھارنا (ہ۔فعل) اُجلا کرنا۔ صاف کرنا۔ میل دور کرنا۔ میل کاٹنا۔

نکھت (ہ۔ا۔مذ) ہر مہینے کے پندرہ روز۔ جس سے بارش کا حساب کرتے ہیں۔

نکھتر (ہ۔صف) ناچیز۔ بدمزہ۔ ناقص۔

نکہت (ہ۔ا۔مو) خوشبو۔ مہک۔ سگندھی۔ مرزا نیاز علی بیگ دہلوی کا تخلص۔

نکھٹو (ہ۔صف۔فاعلی) کچھ نہ کمانے والا۔ ناکارہ۔ ہیچکارہ۔ نکما۔ سُست۔ احمدی۔ احمق۔ بے وقوف۔ نہایت مُفلس۔ بالکل غریب۔ تنگدست۔

نکھٹو کی جورو سدا ننگی (ہ۔مثل) سُست اور نکمے کے گھر میں ہمیشہ مُفلسی ہی رہتی ہے۔

نکھٹو گئے ہاٹ منگائی ترازو لائے باٹ (ہ۔مثل) نکما آدمی ہمیشہ اُلٹے ہی کام کرتا ہے۔

نکھد (ہ۔صف) سب سے خراب۔ بُرا۔ نکما۔ ناکارہ۔ بدتر۔ بہت ہی بُرا۔

نکھرا ہونا (ہ۔صف مفعولی) صاف۔ ستھرا۔ اُجلا۔ بے میل۔ بناٹھنا۔

نکھرنا (ہ۔فعل) صاف ہونا۔ میل سے دُور ہونا۔ بے میل ہونا۔ اُجلا ہونا۔ چمکنا۔ رُوپ نکلنا۔ رُوپ آنا۔ جوبن نکلنا۔ بننا۔ سنورنا۔ آراستہ ہونا۔

نکھری (اُر۔ا۔مو) دیکھئے "نکھرا" جس کی یہ تانیث ہے۔

نکھنڈ (ہ۔صف) آدھا۔ بیچ۔ نیم۔ نصف۔ ٹھیک۔ عین۔

نکھنڈ آدھی رات ہے (اُر۔محاورہ) ٹھیک آدھی رات ہے۔

نکی (ہ۔ا۔مو) ناک میں بولنے والا۔ جوے کی کوڑی۔ جوئے کا ایک داؤں۔ ایک قسم کا جوا۔

نکی موٹھ (ہ۔ا۔مو) ایک قسم کا جوا جو کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے۔

نکی آوا (ہ) لڑکوں کے ایک کھیل کا نام ہے۔

نکے دار ٹوپی (اُر۔ا۔مو) دو پلی ٹوپی جس میں آگے کی طرف نوک نکلی ہوتی ہے۔

نکیر (ع۔ا۔مذ) قبر میں سوال و جواب کرنے والا۔ فرشتہ۔ منکر نکیر۔

نکیرین (ع۔ا۔مذ) مُردے سے قبر میں سوال کرنے والے۔

دو فرشتے ۔

نکیل (ہ۔امو) اونٹ کی ناک کی رسی ۔ اُونٹ کی مہار ۔

نکیل ہاتھ میں ہونا (ہ۔فعل) قبضہ ہونا ۔ قابو ہونا ۔ اختیار ہونا ۔ اختیار ہونا ۔ لگام میں ہونا ۔

نکیلا (ہ۔صف) نوک دار ۔ گاؤدم ۔ گاجر کا سا ۔ بانکا ترچھا ۔ خوبصورت ۔ خوش وضع ۔

نکیلا پن (ہ۔مذ مصدری) بانکپن ۔ خوبصورتی ۔ خوش وضعی ۔

نکیلی (ہ۔صف) نکیلا کی تانیث ۔ چوبخ دار ۔ خوبصورت ۔ بانکی ۔ طرحداری ۔ وضعداری ۔

ن ۔ گ

نگ (اُر۔مذ) نگینہ ۔ انگوٹھی میں جڑنے کا قیمتی پتھر ۔ پہاڑ ۔ پربت ۔ کوہ جبل ۔

نگ جڑنا (اُر۔محاورہ) نگینہ چسپاں کرنا ۔ نگینہ بٹھانا ۔

نگ کی چوڑیاں (اُر۔امو) ایک قسم کا نگینہ والی چوڑیاں ۔

نگار (ف۔مذ) نقش کا مرادف ۔ تصویر ۔ مورت ۔ بت ۔ مورتی ۔ معشوق ۔ محبوب ۔ خوبصورت ۔ مہندی کا وہ نقش جو عورتیں اپنے ہاتھوں پر بنا لیتی ہیں ۔ زیب وآرائش ۔ بناوٹ ۔ سجاوٹ ۔

نگار ارضی (ف۔امو) فرہاد کی معشوقہ ۔ شیریں سے مُراد ۔

نگار بندی (ف۔امو) حنابندی ۔ مہندی لگانا ۔ قیدی سے نقش بنانا ۔

نگارخانہ (ف۔مذ ظرف) تصویروں کا مکان ۔ عجائب گھر ۔ تصویرخانہ ۔

نگارستان (ف۔مذ) دیکھئے "نگارخانہ" ۔

نگار عالم (فع۔مذ) دُنیا میں سب سے زیادہ خوبصورت ۔ نہایت خوش طبع ۔

نگارش (ف۔امو) حاصل مصدر از نگاشتن ۔ تحریر ۔ لکھنا ۔ نقش کشی ۔

نگاریں (ف۔صف نسبتی) منسوب بہ نگار ۔ مہندی لگا ہُوا ۔ مجازاً معشوق ۔ دلبر ۔ محبوب ۔

نگالی (اُر۔امو) حقے کی نے کا وہ سرا جس میں منہ لگاتے ہیں ۔

نگاہ (ف۔امو) نظر ۔ چتون ۔ بینور ۔ بصارت ۔ آنکھ چشم شناخت ۔ پرکھ ۔ مداخلت ۔ مہربانی ۔ توجہ ۔ التفات ۔ عنایت ۔ خیال ۔ اُمید ۔ بھروسا ۔ نظارہ ۔ دید ۔ چوکسی ۔ رکھوالی ۔ نظربندی ۔ نگرانی ۔ خبرداری ۔

نگاہ اُٹھا کر نہ دیکھنا (اُر۔محاورہ) نہایت مغرور ہونا ۔ کسی کو خیال میں نہ لانا ۔ بات نہ پوچھنا ۔ بے رُخی کرنا ۔ التفات اور توجہ نہ کرنا ۔

نگاہ اُچکی ہونا (اُر۔محاورہ) بلند خیال رہنا ۔ عالی حوصلہ ہونا ۔ نگاہ بلند ہونا ۔

نگاہ ایک سی ہونا (اُر۔محاورہ) سب کو ایک نگاہ سے دیکھنا ۔ ہر ایک سے برابر سلوک کرنا ۔

نگاہ بدکرنا (اُر۔محاورہ) بُری نظر سے دیکھنا ۔

نگاہ بدلنا (اُر۔محاورہ) ناخوش ہونا ۔ بے توجہ ہونا ۔

نگاہ بدلی ہونا (اُر۔محاورہ) خفگی ہونا ۔

نگاہ بلند ہونا (اُر۔محاورہ) عالی خیال اور عالی حوصلہ کرنا ۔

نگاہ بھر کے دیکھنا (اُر۔محاورہ) غور سے دیکھنا ۔ جی بھر کے دیکھنا ۔

نگاہ پر چڑھانا (اُر۔محاورہ) دیکھ کر جانچنا ۔ تصوّر میں رکھنا ۔ باوقعت رکھنا ۔

نگاہ پر چڑھنا (اُر۔محاورہ) دیکھئے "نگاہ پر چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے ۔

نگاہ پرورش (ف۔صف) مہربانی ۔ اور عنایت کی نگاہ ۔

نگاہ پڑنا (اُر۔محاورہ) نظر آنا ۔ دیکھنے میں آنا ۔ دیکھا جانا ۔

نگاہ پھیرنا (اُر۔محاورہ) التفات نہ ہونا ۔ بے توجہی ہونا ۔ توجہ نہ رہنا ۔ نظر کا اِدھر اُدھر دیکھنا ۔

نگاہ/نگاہیں پھسلنا (اُر۔محاورہ) زیادہ صاف چیز پر نظر نہ ٹھہرنا ۔

نگاہ پھر جانا (اُر۔محاورہ) کسی پر نگاہ ڈال لینا ۔

نگاہ ترچھی کرنا (اُر۔محاورہ) آنکھوں سے غصّہ ظاہر ہونا ۔

نگاہ ٹیڑھی ہونا (اُر۔محاورہ) ناخوش ہونا ۔ خفا ہونا ۔

نگاہ جھکنا (اُر۔محاورہ) نظر جھکنا ۔

نگاہ چار کرنا (اُر۔محاورہ) آمنا سامنا کرنا ۔

نگاہ چُرانا (اُر۔محاورہ) نظر سامنے نہ کرنا ۔ آنکھ نہ ملانا ۔

نگاہ چڑھنا (اُر۔محاورہ) نظر چڑھنا ۔ جچنا ۔ پسند خاطر ہونا ۔ نظر میں سمانا ۔

نگاہ حسرت آلود (ف۔امو) حسرت بھری نگاہ ۔

نگاہ داری/نگہداری (ف۔امو) نگہبانی ۔ محافظت ۔

نگاہ دوڑانا (اُر۔محاورہ) آنکھوں سے تلاش کرنا ۔ خیال کرنا ۔

نگاہ ڈالنا (اُر۔محاورہ) دیکھنا ۔

نگاہ شوق (ف۔امو) اُچکتی ہوئی نگاہ ۔ ایسی نظر سے دیکھنا ۔ کہ یقین نہ ہو کہ کس طرف دیکھا جا رہا ہے ۔ وہ نظر جو بے ارادہ پڑ جائے ۔

نگاہ کا ڈھونڈنا (اُر۔محاورہ) کسی منظر کو دیکھنے کا مشتاق ہونا ۔

نگاہ کج (ف۔امو) ترچھی نگاہ ۔ غصّے کی نظر ۔

نگاہ رکھنا (اُر۔محاورہ) نظر رکھنا ۔ توجہ رکھنا ۔ دھیان رکھنا ۔ خیال رکھنا ۔ دیکھتے رہنا ۔ پہچان رکھنا ۔ شناخت رکھنا ۔ حفاظت کرنا ۔

نگاہ کرنا (اُر۔محاورہ) دھیان کرنا ۔ دیکھنا نظر کرنا ۔ ملاحظہ کرنا ۔ سوچنا ۔ خیال کرنا ۔ اندازہ کرنا ۔ جانچنا ۔ پرکھنا ۔

نگاہِ کرم (ف۔امو) تیز نگاہ۔ غصہ کی نظر۔
نگاہ لڑانا (اُر۔محاورہ) نظر کا باہم لڑانا۔ نظر بیں لڑانا۔ نظر بازی کرنا۔ آنکھیں لڑانا۔ دیدہ بازی کرنا۔ تنظر سے نظر ملانا۔
نگاہ / نگاہیں ملانا (اُر۔محاورہ) آنکھیں چار کرنا۔ مقابل آنا۔ روبرو کرنا۔
نگاہ۔ نگاہیں ملنا (اُر۔محاورہ) دیکھئے "نگاہ ملانا" جس کا یہ لازم ہے۔
نگاہ میلی ہونا (اُر۔محاورہ) کدورت آجانا۔ رنجش آجانا۔
نگاہ میں آنا (اُر۔محاورہ) اندازا ہونا۔
نگاہ / نگاہوں میں پھرنا (اُر۔محاورہ) دھیان میں آنا۔ خیال میں آنا۔
نگاہ میں جچنا (اُر۔محاورہ) پسند آنا۔
نگاہ / نگاہوں میں خار ہونا (اُر۔محاورہ) دیکھنا۔ ناگوار ہونا۔
نگاہ / نگاہوں میں سمانا (اُر۔محاورہ) پسند آنا / ہونا۔
نگاہ۔ نگاہوں میں کھُبنا (اُر۔محاورہ) نظر میں مرغوب ہونا۔ پسند ہونا۔
نگاہِ ناز (ف۔امو) معشوقانہ نظر۔ ناز انداز کی نظر۔
نگاہ نہ ٹھہرنا (اُر۔محاورہ) کسی چیز کی چمک کے باعث اس پر نظر نہ جمنا۔
نگاہ نہ ملانا (اُر۔محاورہ) متوجہ نہ ہونا۔
نگاہ نیچی کرنا (اُر۔محاورہ) شرم وحیا کے آنکھ نیچی کرنا۔
نگاہِ مہر (ف۔امو) محبت اور پیار کی نظر۔ رحم کی نظر۔
نگاہداشت (ف۔امو) چوکسی۔ ہوشیاری۔ حفاظت۔ نگرانی۔ محافظت۔
نگاہبان (ف۔امذ فاعل ترکیبی) چوکیدار۔ سنتری۔ پاسبان۔ محافظ۔ پہرے دار۔ خبر رکھنے والا۔ خبردار۔
نگاہبانی (ف۔امو۔بیائے مصدری) چوکیدار۔ پاسبان۔ حفاظت۔ خبرداری۔
نگاہوں پر چڑھنا (اُر۔محاورہ) نظروں میں کھُبنا۔ نظروں میں جچنا۔ نوک میں آنا۔
نگاہیں پھرنا (اُر۔محاورہ) رُخ پھرنا۔ توجہ نہ رہنا۔ کم توجہی ہونا۔
نگر (ہ۔امذ) شہر۔ قصبہ۔ بلد۔
نگر نار (ہ۔امو) بستی کی بہو بیٹیاں۔ مستورات شہر۔
نگر ناٹک (ہ۔امذ) بھانڈوں کا سردار۔ ڈوموں کا سردار۔
نگر (ہ۔صف) ٹھوس۔ بھاری۔ سخت۔ وزنی۔ مضبوط۔ وزنی۔ پکا۔ بھرا ہوا۔ پُر۔
نگران (ہ۔صف) دیکھنے والا۔ ناظر۔ نگہبان۔ محافظ۔ منتظر۔ چشم براہ۔
نگرانی (ف۔امو۔بیائے مصدری) دیکھ بھال۔ خبر خبر۔ نگہبانی۔ حراست۔ اہتمام۔ انتظام۔
نگلنا (ہ۔محاورہ) ہڑپ کرلینا۔ حلق سے نیچے اُتار جانا۔ ڈکار جانا۔ ڈکوسنا۔ کھانا۔ ٹھونسنا۔ غبن کرنا۔ تغلب کرنا۔
نگم (س۔امذ) پاک۔ مقدس۔ آسمانی کتاب۔ عارف۔ ولی۔ صاحب دِل۔
نگند (ہ۔امذ) ایک مصفی خون بوٹی کا نام۔
نگندنا (اُر۔محاورہ) نگند سے ڈالنا۔ لمبے لمبے ٹانکے لگانا۔
نگندہ (ف۔امذ) لُغت میں پُختہ۔ مگر اصطلاح میں رضائی۔ بالحاف میں روئی کے بچاؤ کے لئے لمبے ٹانکے اور دُور دُور سیون۔
نگند سے ڈالنا (اُر۔محاورہ) روئی دار کپڑے میں لمبے لمبے ٹانکے بھرنا۔
نگوڑا (ہ۔صف) لنگڑا۔ لُولا۔ اپاہج۔ نکما۔ کم بخت۔ بدقسمت۔ منحوس۔ چندرا۔ نامُراد۔ اُجڑا پجڑا۔ محتاج۔ دست نگر۔ تنہا۔ اکیلا۔
نگوڑا نا ٹھا (ہ۔صف) بے اولاد۔ لاوارثا۔ وہ شخص جس کا آگا پیچھا کوئی نہ ہو۔ بے زن و فرزند۔ اوت پوت۔ بے کس۔
نگوڑی (ہ۔صف) نگوڑا کی تانیث۔
نگوڑی ناٹھی (ہ۔صف۔امو) بے کس عورت۔ بے اولاد عورت۔
نگون (ف۔صف) خمیدہ۔ جُھکا ہُوا۔ اُلٹا۔ اوندھا لٹکا ہُوا۔ واژون۔
نگون بخت (ف۔صف۔فاعلی) بدقسمت۔ بے نصیب۔ بدنصیب۔
نگونسار (ف۔صف) سر کے بل۔ اوندھا۔
نگونِ ہمت (ف۔صف) بے ہمت۔ کم ہمت۔ پست ہمت۔
نگہ (ف۔امذ) نگاہ کا مخفف ہے۔ نظر۔ چتون۔
نگھرا (ہ۔صف) بے گھر۔ خانہ بدوش۔ بے خانماں۔
نگھر گھٹ (اُر۔صف) شوخ چشم۔
نگہبان (ف۔صف) دیکھو نگاہبان۔
نگہبانی (ف۔امو) دیکھو نگاہبانی۔
نگینہ (ف۔امذ) نگ۔ قیمتی پتھر۔ نگین۔ جوہر۔ جواہرات۔ چسپاں۔ موزون۔ ٹھیک بیٹھا ہوا ہندوستان کے ایک شہر کا نام ہے۔ کانچ کے بنے ہوئے نگ۔
نگیں (ف۔امذ) نگینہ۔ نگ۔ جواہر۔
نگینہ جڑنا (اُر۔محاورہ) نگ جڑنا۔
نگینہ ساز (ف۔صف) جواہرات تراشنے والا۔
نگینہ سازی (ف۔امو) نگینہ تراشنے کا کام یا پیشہ۔
نگینہ کی چوڑیاں (ف۔امو) نگوں کی چوڑیاں۔

ن - ل

نل (ہ۔ا۔مذ) لوہے یا مٹی کا خالی نلوہ جو پانی کے لیے لگایا جائے۔ موٹی چیز۔ اندر سے کھوکھلی اور لمبی چیز۔ نال۔ بانس کا نلوہ۔ نرکل۔ سرکنڈا ؛

نلا (ہ۔ا۔مذ) پیشاب کی نالی۔ موت کی ناڑی۔ ناف جیسے ایک بیٹھے کا نام۔ پاؤں کی ہڈی۔ پنڈلی کی ہڈی ؛

نلا ٹلنا (ہ۔فعل) ناف کا اپنی پر نہ رہنا۔ اِدھر اُدھر ہو جانا ؛

نلانا (ہ۔فعل) کھیت میں سے گھاس پھونس دُور کرنا۔ اُکھاڑ نکالنا ؛

نلاہٹ (اُ۔ا۔مو) نیلاپن۔ نیلی رنگت ؛

نلائی (ہ۔ا۔مو۔بیائے مصدری) نلانے کا کام۔ نلانے کی اُجرت۔ صفائی ؛

نلجا (ہ۔فعل) بے لاج۔ بے شرم۔ بے غیرت ؛

نلکا (ہ۔ا۔مذ) نل کی تصغیر ہے۔ چھوٹا سا نل۔ کاغذات وغیرہ رکھنے کے لیے ٹین یا پیتل کا بنا ہوا نل ؛

نلوانا (ہ۔فعل) نلائی کرانا۔ کھیت کی صفائی کرانا ؛

نلوائی (ہ۔ا۔مو۔بیائے مصدری اسم معاوضہ) کھیت نلانے کی اُجرت ؛

نلوہ (ہ۔صف) بے لوپ۔ صاف بے۔ گزند۔ خالص مفت بے آسیب۔ بلا مزاحمت۔ نرا نفع۔ خالص نفع صاف۔ بے مشقت ؛

نلوہ جانا۔ یا۔ چلا جانا (ہ۔محاورہ) صاف چلا جانا۔ روک ٹوک چلا جانا۔ بے گزند چلا جانا ؛

نلی (ہ۔ا۔مو) پنڈلی کی ہڈی۔ نے۔ نال۔ بندوق کی نال۔ جولاہے کی نال ؛

نلیے (ہ۔ا۔مذ) نلا کی جمع ؛

نلے کل جانا (ہ۔محاورہ) ناف ٹل جانا۔ ناف سرک جانا۔ بیکل ہو جانا ؛

نلیا (ہ۔ا۔مذ۔فاعل) چڑیمار۔ صیاد۔ شکاری (بحالت اسم مونث) چھوٹی نلی۔ نال کی تصغیر ؛

ن - م

نم (ف۔اسم) رطوبت۔ سیل۔ تری۔ گیلا پن (بحالت اسم صفت) گیلا۔ مرطوب ؛

نم خوردہ / دیدہ / رسیدہ (ف۔صف) سیلا ہوا۔ مرطوب ؛

نم گیرہ (ف۔صف) نم ناک۔ مرطوب۔ گیلا۔ بھیگا ہوا ؛

نم گیر (ف۔ا۔صف) نمی جذب کرنے والا ؛

نم گیرہ (ف۔ا۔صف) وہ کپڑا جو اُوس کی نمی جذب کرنے کے لیے پلنگ پر چھت گیری کی طرح ڈال لیتے ہیں۔ مجازاً سائبان۔ شامیانہ ؛

نمناک (ف۔اسم صفت) طراوت دار۔ مرطوب۔ گیلا بھیگا ہوا ؛

نما (ف۔علامت اسم۔ فاعل سماعی) آخر اسما میں دکھانے والا ظاہر کرنے والا۔ جیسے قطب نما وغیرہ ؛

نما (ع۔ا۔مذ) نشو کا مرادف۔ بڑھنے کی قوت۔ بڑھانے والی طاقت ؛

نماز (ف۔ا۔مو) نیاز۔ عاجزی۔ انکساری۔ پرستش۔ خدمت ٹہل۔ سیوا۔ جبہ سائی۔ سجدہ۔ اہل اسلام کی عبادت صلوٰۃ ؛

نماز آنا (اُ۔محاورہ) نماز کی ترکیب معلوم ہونا ؛

نماز ادا کرنا (اُ۔محاورہ) نماز پڑھنا ؛

نماز استسقا (فع۔ا۔مو) وہ نماز جس میں بارش ہونے کے لیے دعا مانگی جائے ؛

نماز باجماعت (فع۔ا۔مو) وہ نماز جو جماعت کے ساتھ پڑھی جائے ؛

نماز پر کھڑا ہونا (اُ۔محاورہ) نماز ادا کرنے کے لیے کھڑے ہونا۔ مبتدی کا نماز پڑھنا ؛

نماز توڑنا (اُ۔محاورہ) پڑھتے پڑھتے کوئی ایسا فعل کرنا جس سے نماز ٹوٹ جائے ؛

نماز پڑھنا (اُ۔محاورہ) فرض ادا کرنا۔ خدا کی عبادت کرنا صلوٰۃ ادا کرنا ؛

نماز پنجگانہ (ف۔ا۔مو) پانچوں وقت کی نماز یعنی فجر۔ ظہر۔ عصر۔ مغرب اور عشا کی نماز ؛

نماز پیشین۔ یا۔ نخستین (ف۔ا۔مو) ظہر کے وقت کی نماز تیسرے پہر کی نماز دن کی نماز ؛

نماز جنازہ (فع۔ا۔مو) مُردے کی نجات کے لیے اس کی لاش پر جو نماز پڑھتے ہیں ؛

نماز چاشت (ف۔ا۔مو) وہ نماز جو طلوع آفتاب کے کچھ دیر بعد پڑھی جائے ؛

نماز خسوف (فع۔ا۔مو) چاند گرہن کے وقت کی نماز ؛

نماز خفتن / نماز عشا (ف۔ا۔مو) وہ نماز جو سوتے وقت پڑھتے ہیں سونے سے پہلے کی نماز ؛

نماز دیگر (ف۔ا۔مو) عصر کی نماز۔ ظہر کے بعد کی نماز ؛

نماز عیدین (فع۔ا۔مو) وہ نماز جو عید الفطر اور عید الضحیٰ کے روز پڑھی جاتی ہے ؛

نماز قصر (ع۔ا۔مو) حالت سفر میں گم شدہ نماز ؛

نماز کسوف (ع۔ا۔مو) سورج گرہن کے وقت کی نماز ؛

نماز کو بخشوانے گئے روزے گلے پڑے (ورنیکل) ایک

کام سے پیچھا چھڑانا چاہا تھا دوسرا کام اور ذمہ پڑا ۔

نماز گزار (ف۔صف) نماز ادا کرنے والا ۔ پابند نماز ۔

نماز وتر (ف۔ا مو) عشا کے ساتھ جو تین رکعت نماز پڑھی جاتی ہے ۔

نماز وحشت (ف۔صف) وہ نماز جو کسی شخص کی موت کے بعد پہلی رات کو پڑھی جائے ۔

نمازی (ف۔مذ بیائے فاعلیت) نماز پڑھنے والا ۔ مصلی ۔ پارسا پرہیزگار ۔

نمازی کاٹکا (اُر۔محاورہ) بدی کا بدلہ ۔ فعل بد کی سزا ۔ ایسی بات جس کا بدلہ ضرور بالضرور مل کر رہے ۔

نمازی کپڑے (اُر۔مذ) پاک صاف کپڑے ایسے کپڑے جن سے نماز پڑھ سکیں ۔

نماز شام (اُ۔ا مو) نماز شام کا بگاڑ ہے ۔ جھٹ پٹے کا وقت ۔ مغرب کی نماز کا وقت ۔

نمام (ع۔ا مذ صفت مبالغہ) چغل خور ۔ لنترا ۔ سخن چین ۔

نمامی (ع۔ا مو) چغل خوری ۔ غمازی ۔

نمانا (ہ۔صفت) (نہ حرف نفی اور مانا بمعنی مان والا) مسکین غریب بھولا بھالا ۔ سیدھا سادا ۔ شرمالو ۔ شرمگین ۔ بزدل ۔ ڈرپوک ۔

نمائش (ف۔ا مو) حاصل مصدر از نمودن دکھاوا ۔ نمود ۔ ظہور ۔

نمائش گاہ (ف۔ا مو) زرعی پیداوار مصنوعات یا دوسری مفید اور دلچسپ چیزوں کو کسی خاص خاص جگہ پر لوگوں کو دکھانا یا فروخت کرنا ۔

نمائش گاہ

صنعت و حرفت کی چیزوں کو دکھانے کی جگہ ۔ تماشا گاہ میلہ ۔ نمائش ۔

نمائشی (اُر۔صف بیائے نسبتی) دکھاوے کا ۔ ظاہر میں اچھا ۔

نمائندگی (ف۔ا مو) دیکھئے "نمائندہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

نمائندہ (ف۔ا مو) دکھانے والا ۔ قائم مقام ۔ ترجمان ۔

نمایاں (ف۔صف) ظاہر ۔ عیاں ۔ اعلانیہ ۔ آشکارا ۔ مشہور نامور ۔ نکلا ہوا ۔ ابھرا ہوا ۔

نمبر (انگ۔مذ Number) تعداد درجہ ۔ باری ۔ نوبت ۔ لمبر ۔

نمبر بڑھ جانا (اُر۔محاورہ) سبقت لے جانا ۔

نمبردار (اُر۔صف) وہ شخص جو گاؤں یا اس کے کسی حصے کا سرکاری مال گزاری وصول کر کے سرکاری خزانے میں داخل کراتا ہے ۔

نمبر دینا (اُر۔محاورہ) امتحان میں ممتحن کا مقررہ نمبروں میں سے نمبر دینا ۔ پرکھنا ۔ معیار مقرر کرنا ۔

نمبری (اُر۔صف) نمبر سے نسبت رکھنے والا ۔ مشہور بدنام جیسے نمبری بدمعاش ۔

نمبری نالش (اُ۔ا مو) باقاعدہ نالش ۔ عدالت مال کی نالش ۔

نمت (س۔ا مذ) سبب ۔ لیے ۔ واسطے ۔ باعث ۔ کارن نصیبت ۔ حصہ ۔ بھاگ ۔ مراد ۔ منشا ۔

نمٹانا (ہ۔فعل) چکانا ۔ بھگتانا ۔ بیباق کرنا ۔ خالی کرنا ۔ فرصت پانا ۔ کام پورا کرنا ۔ کام ختم کرنا ۔ انجام کو پہنچانا ۔ فراغت پانا ۔

نمٹا ہوا (ہ۔صف) بھگتا ہوا ۔ تجربہ کار ۔ جہاندیدہ ۔

نمٹنا (ہ۔فعل) فرصت پانا ۔ فارغ ہونا ۔ آزاد ہونا ۔ سمجھنا ۔ بھگتنا ۔ بھگتان کرنا ۔

نمبڑا (ہ۔ا مذ) بیباقی ۔ بھگتان ۔ ادائیگی ۔ فرصت ۔ نجات چھٹکارا ۔ تکمیل ۔ انجام ۔

نمچھا (ہ۔ا مذ) نوجوان ۔ گبرو ۔ وہ شخص جس کی مونچھیں نہ ہوں ۔

نمد (ف۔ا مذ) نمدہ ۔ اون یا پشم کا بستر ملائم بالوں کا بستر ۔

نمد پوش (ف۔ا مذ) کمل پوش ۔ ٹپویا ۔ پوستین پہننے والا ۔

نمد زین (ف۔ا مذ) زین کے نیچے گھوڑے کی پشت پر ڈالنے کا نمدہ ۔

نمدہ (اُر۔ا مذ) نمد ۔ وہ اونی کپڑا جو گھوڑوں پر ڈالتے ہیں ۔

نمدہ بندھ جانا (اُر۔محاورہ) مفلس ہو جانا ۔ دیوالہ نکل جانا ۔

نمدہ بندھوانا (اُر۔محاورہ) دیوالہ نکال دینا ۔ قلاش اور مفلس کر دینا ۔

نمرود (ف۔ا مذ) ایک کافر بادشاہ کا نام جس نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا تھا ۔ اور وہ آگ خدا کے حکم سے گلزار ہو گئی تھی ۔ مجازاً کافر ۔ ظالم ۔ سخت ۔ بے دین ۔ پرلے درجہ کا کافر ۔

نمستے (ہ۔ا مذ) بندگی ۔ تسلیم ۔ آداب ۔ کورنش ۔

نمسکار (س۔ا مو) سجدہ ۔ ڈنڈوت ۔ کورنش ۔ بندگی ۔ تسلیم ۔

نمسکار کرنا (ہ۔محاورہ) سلام کرنا ۔ بندگی کرنا ۔ رام رام کرنا ۔

نمش (اُر۔مو) دودھ کی جھاگ میں مصری ملائی ہوئی افقلی ۔

نمش (ع۔ا مذ) ایک مرض جس میں جلد یا کھال پر دھبے یا چھپاکے پڑ جاتے ہیں ۔

نمط (ع۔ا مذ) رنگین فرش یا بچھونا ۔ دستور ۔ قاعدہ ۔ طریقہ ۔ ڈھنگ وضع ۔ قطع ۔ طور ۔

نمک (ف۔ا مذ) نون ۔ لون ۔ کھار ۔ کھاری پن شور ۔ نمکینی ۔ ملاحت سیا نولا پن ۔ مجازاً روزی ۔ روزینہ ۔ تنخواہ ۔ سلونی چیز کا ذائقہ ۔

نمک افشاں (ف۔ا صف) نمک چھڑکنے والا ۔ تکلیف دینے والا دکھ دینے والا ۔

نمک آلود (ف۔ا صف) وہ چیز جس کو نمک میں غلطاں کیا ہو ۔

نمک بند (ف۔ا مذ) وہ زخم جس میں نمک بھر کر بند کر دیں ۔

نمک بر جراحت ہونا (اُر۔محاورہ) زخم پر نمک چھڑکنا ۔ زیادہ اذیت پہنچانا ۔

نمک پاشی کرنا (اُر۔محاورہ) نون چھڑکنا ۔ نمک لگانا ۔ ستانا ۔ جلانا تکلیف دینا ۔

نمک پروردہ (ف۔ا مذ) روٹیوں کا پلا ہوا ۔ خانہ زاد ۔ کسی کے ٹکڑے کھا کر پلا ہوا ۔ نوکر ۔ خادم ۔ غلام ۔

نمک پلکوں سے چُننا (اُر۔محاورہ) عورتوں کا خیال ہے کہ جس قدر نمک دینا ہیں بے فائدہ گرایا اسی قدر عاقبت میں آنکھوں سے اُٹھانا پڑے گا ؛

نمک پھوٹ کر یا پھوٹ پھوٹ کر نکلنا (اُر۔محاورہ) سارا کھا یا پیا پھوڑے پھنسیوں کے رستے نکلنا۔ نمک حرامی کی سزا ملنا ؛

نمک چشم (ف۔صف) نمک چکھنے والا ؛

نمک چکھانا (اُر۔محاورہ) کھانا چکھانا۔ کھانے میں نمک کی کمی بیشی معلوم کرنا ؛

نمک چشی (ف۔مو۔بیائے مصدری) نمک چکھنا۔ نمک دیکھنا ذائقہ۔ لذت۔ مزہ۔ چاٹنا۔ چٹول۔ پہلے پہل بچے کو نمک چٹانے کی رسم ؛

نمک چھڑکنا (اُر۔محاورہ) لون لگانا۔ تنگ کرنا۔ ستانا۔ جلانا۔ تکلیف دینا ؛

نمک حرام (فع۔صف) ناشکرا۔ بیوفا۔ بے مروت۔ سرکش۔ محسن کش۔ وہ شخص جو نیکی کے عوض بدی کرے ؛

نمک حرامی (اُر۔مو) بیوفائی۔ ناشکری۔ دغابازی۔ بے مروتی۔ بغاوت۔ حرامخوری ؛

نمک حلال (فع۔اصفت) شکرگزار۔ آقا کا خیرخواہ۔ احسانمند حق شناس ؛

نمک حلالی (اُر۔مو) خیرخواہی۔ شکرگزاری ؛

نمک حلالی کرنا (اُر۔مصدر۔مرکب) اپنے مالک کی خیرخواہی اور ہمدردی کرنا ؛

نمک خوار (ف۔اسم) غلام۔ خانہ زاد۔ نمک پروردہ۔ ملازم۔ نوکر ؛

نمک خوردن و نمکدان شکستن (ف۔مثل) محسن کشی کرنا۔ جس سے کھانا اسی کو نقصان پہنچانا۔ جس ہانڈی میں کھانا اسی میں چھید کرنا ؛

نمک دان / **نمک دانی** (ف۔اسم) نمک رکھنے کا برتن۔ پسا ہوا نمک رکھنے کا ظرف ؛

نمک سار (ف۔اسم) ظرف۔ نمک پیدا ہونے کی جگہ۔ نمک کی کان۔ نمکین۔ سلونا ؛ نمک دانی

نمک زہر کر دینا (اُر۔محاورہ) بہت سا نمک ڈال دینا ؛

نمک زہر ہو جانا (اُر۔محاورہ) کھانے میں نمک کی مقدار زیادہ ہو جانا ؛

نمک کا پاس (اُر۔اسم) کسی کی دی ہوئی روزی کھانے کا لحاظ ؛

نمک کا حق ادا کرنا (اُر۔محاورہ) وفاداری کرنا۔ نمک حلالی کرنا ؛

نمک کھا کے نمکدان توڑنا (اُر۔محاورہ) احسان فراموشی کرنا ؛

نمک کی کنکری حرام ہونا (اُر۔محاورہ) بالکل فاقہ سے رہنا۔ نمک تک مُنہ میں نہ جانا ؛

نمک کی مار پڑنا (اُر۔محاورہ) نمک حرامی کی سزا ملنا۔ نمک پھوٹ پھوٹ کر نکلنا ؛

نمک مرچ لگانا (اُر۔محاورہ) چٹکیلا بنانا۔ مزیدار بنانا۔ بات بڑھا کر کہنا مبالغہ کرنا۔ جلانا۔ بھڑکانا۔ اکسانا۔ چھیڑنا ؛

نمکین (ف۔اسم صفت برین نسبتی) سلونا۔ نمکدار۔ چٹ پٹا سانولا۔ ملیح۔ سیام برن۔ تیز۔ چرپرا۔ کھارا۔ کھاری۔ شور ؛

نمکینی (اُر۔مو۔بیائے مصدری) سلونا پن۔ ملاحت ؛

نمگیرہ (ف۔اسم) وہ کپڑا جو اوس کی نمی سے بچنے کے لیے پلنگ پر چھت گیری کی طرح لگا دیتے ہیں۔ مجازاً سائبان۔ ترپال شامیانہ ؛

نمناک (ف۔صف) نمدار۔ گیلا۔ سیلا۔ تر۔ مرطوب ؛

نمو / **نمود** (ع۔اسم) بڑھنا۔ اُگنا۔ اضافہ۔ افزایش۔ بالیدگی۔ روئیدگی ؛

نمود (ف۔امو) حاصل مصدر از نمودن۔ دکھاوا۔ اظہار۔ ظہور۔ بالیدگی علامت۔ آثار۔ نشان۔ قبر کا نشان۔ ڈھیر۔ نظارہ۔ درشن۔ دید دیدار۔ جلوہ۔ تجلی۔ ظہور۔ وجود۔ ہستی۔ قیام۔ پیدائش۔ مخلوق کائنات۔ شہرت۔ ناموری۔ شیخی۔ لاف۔ ڈینگ۔ تعلّی۔ صورت شکل۔ ہیئت۔ شان و شوکت۔ کرّوفر۔ دھاک۔ ہوا ؛

نمود بے بود (ف۔امو) پائدار دکھاوا ؛

نمود کرنا (اُر۔محاورہ) شیخی بگھارنا۔ ڈینگ مارنا۔ اترانا۔ تعلّی کرنا ؛

نمود دکھونا (اُر۔محاورہ) عزور توڑنا۔ شیخی کرکری کرنا ؛

نمود ہونا (اُر۔محاورہ) ظاہر ہونا۔ دکھائی دینا۔ ابھرنا۔ اگنا۔ نمو ہونا۔ صورت پکڑنا۔ وجود ہونا۔ ہستی ہونا۔ نام ہونا۔ شہرت ہونا۔ اعلان ہونا شیخی ہونا۔ ڈینگ ہونا۔ فروغ ہونا۔ عزت ہونا۔ چمکنا۔ آثار قائم ہونا۔ علامت یا نشان موجود ہونا ؛

نمودار (ف۔صف۔فاعلی) پرگھٹ۔ عیان۔ ظاہر۔ آشکارا ؛

نمودار ی (ف۔امو) سرداری۔ سربراہی ؛

نمودار ہونا (اُر۔فعل) لازم۔ پرگھٹ ہونا۔ ظاہر ہونا۔ عیان ہونا سامنے آنا۔ باہر آنا۔ برآمد ہونا۔ طلوع ہونا ؛

نمودی (اُر۔صف) نمود والا۔ نامی گرامی۔ ظاہر ٹھاٹھ کا دلدادہ ؛

نمودیا (اُر۔صف) دولت کی شان دکھانے والا۔ دکھاوا کرنے والا۔ شیخی خورا ؛

نمودیں باندھنا (اُر۔محاورہ) کسی کی بے جا تعریف کرنا ؛

نمونہ (ف۔امذ) بانکی نظیر۔ مثال۔ سانچا۔ ڈھانچا۔ قالب۔ نقل نقشہ۔ ڈول۔ قطع ؛

نمونیا (Pneumonia) ذات الجنب۔ ایک بیماری کا نام ہے۔ جس میں پھیپھڑا خراب ہو جاتا ہے ؛

نموہا (ہ۔امذ) (ن حرف نفی اور موہا بمعنی مُنہ والا) کم زبان۔ چُپ۔ کم گو۔ خاموش۔ مجازاً غریب ؛

نموہی (ہ۔صف۔مو) کم گو۔ کم سخن۔ چُپ چاپ۔ خاموش ؛

نمی (ف۔امو۔بیائے مصدری) رطوبت۔ تری۔ گیلاپن ؛

نمیقہ (ع۔امذ) چٹھی۔ خط۔ نامہ۔ نوشتہ۔ تحریر۔ مرقومہ ؛

ن - ن

ننّا (اُر۔صف) چھوٹا۔ خرد۔ کم۔ ٹھنگنا۔ پستہ قد۔ ٹھنگا۔ نادان۔

بیوقوف۔ بچہ۔ ناسمجھ۔ مجازاً لاڈلا۔ پیارا ۔:

ننا بچہ / چھنوا (اُر۔صف۔ مذ) کنایتہً ناتجربہ کار۔ بھولا۔ سیدھا ۔:

ننا بننا (اُر۔محاورہ) انجان بننا۔ ناواقف بننا ۔:

ننا بھولا (اُر۔صف) نادان۔ کم عقل ۔:

ننا سا منہ گز بھر کی زبان (اُر۔مثل) چھوٹا منہ بڑی بات ۔:

ننا سا کلیجا (اُر۔مذ) چھوٹا سا کلیجا۔ بچے کا دل ۔:

ننا کاتنا (ہ۔محاورہ) باریک سوت کاتنا۔ بہت کفایت چاہنا۔ جزو رس ہونا۔ کنجوس ہونا۔ تنگ دل اور بخیل ہونا ۔:

ننا منا (ہ۔اصف) بہت ہی چھوٹا۔ نہایت خرد ۔:

ننانوے (ہ) اسم عدد۔ نوے اور نو۔ ایک کم سو۔ نودو نہ۔ ۹۹ ۔:

ننانوے کا پھیر (اُر۔مذ) دولت جمع کرنے کا لالچ۔ دولت بڑھانے کی فکر

ننانوے کے پھیر میں آنا۔ یا۔ پڑنا (ہ۔محاورہ) لالچ کے باعث تکلیف میں پھنسنا روپیہ بڑھانے کی فکر میں پڑنا ۔:

ننا واں۔ یا۔ ننا تواں (ہ۔امذ) نام نہ لینے کے قابل۔ وہ چیز جس کا نام لینا اچھا نہ ہو۔ ہیضہ کی بیماری۔ وہ آدمی جس کی بدی کے باعث اس کا نام نہ لیں۔ منہ کا چھالا۔ تنجالہ ۔:

ننا وین (ہ۔امو) وہ چیز جس کے نام لینے کو برا سمجھیں۔ چڑیل بچھلپائی بھتنی۔ بخیل اور کنجوس۔ عورت۔ سورۃ یٰسین۔ جو مرتے وقت سناتے ہیں۔ ناک کے کیڑے جھڑنے کی بیماری ۔:

نند (ہ۔امو) خاوند کی بہن۔ خواہر شوہر ۔:

نند (ہ۔امذ) سری کرشن جی کے پالنے والے باپ کا نام ہے۔ جسے نند مہر بھی کہتے ہیں ۔:

نندا (ہ۔امو) برائی۔ عیب۔ بدگوئی۔ ہجو۔ غیبت ۔:

نندا کرنا (ہ۔محاورہ) غیبت کرنا۔ بدگوئی کرنا۔ ہجو کرنا۔ پیٹھ پیچھے برا کہنا ۔:

نندا سا (ہ۔صف) اُنیندا۔ خوب آلودہ۔ بے خواب ۔:

نندڑیاں (ہ۔مو) نیند کی تصغیر ۔:

نندن (ہ۔امذ) بیٹا۔ پوت۔ فرزند۔ پسر۔ پتر جیسے اوتی نندن ۔:

نندولا (ہ۔امذ۔بواو مجہول) نانا کی تصغیر مٹی کا کونڈا ۔:

نندوئی۔ یا۔ نندوئیا (ہ۔امذ) نند کا خاوند۔ شوہر کا بہنوئی ۔:

نندی (ہ۔امو) دیکھو نند بمعنی خواہر شوہر ۔:

نندیا (ہ۔امو) نندی کی تصغیر ۔:

نندیا۔ یا۔ نندریا (ہ۔امو) نیند کی تصغیر بہ الفت ہے ۔:

ننگ (ف۔امذ) شرم۔ لحاظ۔ غیرت۔ حیا۔ عیب۔ کلنگ۔ رسوائی۔ ذلت۔ بدنامی۔ سبکی۔ فضیحت ۔:

ننگ آدمی (ف۔اصف) بنی نوع انسان کے لیے شرم کا باعث ۔:

ننگ خاندان (ف۔اصفت) خاندان کو بٹا لگانے والا۔ خاندان کو بدنام کرنے والا۔ باعث عار۔ کلنک کا ٹیکا ۔:

ننگ مخلوق۔ یا۔ خلائق (ف۔ صفت) دنیا کی بدنامی کا موجب۔ باعث شرم عالم۔ تمام دنیا کی بدنامی اور ذلت کا سبب ۔:

ننگ رکھنا (اُر۔محاورہ) عیب سمجھنا۔ عار رکھنا ۔:

ننگ قوم (ف۔صف) قوم کو بدنام کرنے والا۔ جس کا وجود قوم کے لیے باعث بدنامی ہو ۔:

ننگ و ناموس } (ف۔امو) حیا و شرم غیرت و لحاظ۔ عزت و
ننگ و نام } حرمت۔ حمیت و حیا۔ پاکدامنی اور عفت ۔:

ننگ و ناموس کو خیر باد کہنا (اُر۔محاورہ) عزت کھو دینا ۔:

ننگ ہونا (اُر۔محاورہ) عار ہونا۔ عیب ہونا ۔:

ننگ (ہ۔امذ) ننگا۔ برہنہ۔ عریاں۔ شہدا۔ لچا۔ بے حیا بے شرم قلاش۔ نہایت۔ کنگال۔ بالکل مفلس ۔:

ننگ دھڑنگ } (ہ۔امذ) بالکل ننگا۔ بالکل برہنہ۔
ننگ منگ } نہایت بے شرم۔ پرلے درجہ کا بے حیا قلاش۔ مفلس ۔:

ننگا (اُر۔صف) برہنہ۔ عریاں۔ لچا۔ شہدا۔ بے حیا۔ بے غیرت قلاش۔ مفلس ۔:

ننگا بوچار بچا (اُر۔صف) مفلس۔ قلاش ۔:

ننگا بوچا سب سے اونچا (اُر۔مثل) مجرد اور بے سرمایہ بالکل بے فکر ہوتا ہے ۔:

ننگا پھرنا (اُر۔محاورہ) برہنہ پھرنا۔ عریاں پھرنا ۔:

ننگا ساٹھ روپے کمائے تیس پیسے کھائے (اُر۔مثل) جس کے بیوی بچے نہ ہوں وہ بہت کم خرچ کرتا ہے ۔:

ننگا سب سے چنگا (اُر۔مثل) بے حیا کو کسی کا لحاظ نہیں ہوتا ۔:

ننگا کرنا یا کر دینا (اُر۔محاورہ) برہنہ کرنا۔ کپڑے اُتار لینا۔ زیور چھین لینا۔ لوٹ لینا۔ کچھ نہ چھوڑنا ۔:

ننگا کھڑا اُجاڑ میں ہے کوئی کپڑا لے (اُر۔مثل) غریب اور مفلس سے کوئی کیا لے گا ۔:

ننگا لچا (ہ۔اصف) بے ننگ و نام۔ نہایت شہدا۔ غریب مفلس بے ساکھ آدمی ۔:

ننگا مادر زاد } (اُر۔اسم صفت) بالکل ننگا۔ ایسا ننگا جیسا کہ ماں
ننگا الف } کے پیٹ سے پیدا ہوتا ہے۔ الف کی طرح۔ ننگا لٹھ چم ننگا ۔:

ننگوں کا شہر کی بستی (اُر۔مذ) کنایتہً وہ بستی جہاں کوئی قانون نہ ہو

ننگوں کو بھوکوں نے لوٹ لیا (ہ۔مثل) دونو یکساں مل گئے چوروں کے گھر مور پڑ گئے۔ بدمعاشوں کی خبر بدمعاشوں نے لے لی ۔:

ننگے پاؤں۔ یا۔ ننگے پیروں (ہ۔محاورہ) جوتی پہنے بغیر۔ پابرہنہ ۔:

ننگے پاؤں ننگے سر (ہ۔تابع فعل) پریشان حال۔ سر اور پاؤں سے ننگا ۔:

ننگے پاؤں ہونا (اُر۔محاورہ) غصے میں ہونا ۔:

ننگی (ہ۔امو) برہنہ۔ عریاں۔ بحالت صفت بے زیور۔ بن گہنے پاتے۔ مفلس۔ نادار۔ تہیدست ۔:

ننگی تلوار (ہ۔امو) میان سے نکلی ہوئی تلوار شمشیر برہنہ بے خوف نڈر۔ بے باک۔ آزاد۔ صاف گو ۔:

ننگی دھڑنگی (ہ۔صفت۔امو) برہنہ۔ بالکل ننگی ۔:

ننگی شمشیر (ہ۔امو) ننگی تلوار۔ بے خوف۔ نڈر۔ بے محابا۔ صاف گو۔ باجلال۔ صاحب تاثیر فقیر۔ ستو تنی۔ ستیاستی باعفت وعصمت ۔:

ننگی کیا نہائیگی کیا نچوڑیگی (ہ۔مثل) غریب۔ مفلس۔ اگر حوصلہ بھی تو خرچ کیا کرے گا۔ کنگال کی کچھ حقیقت نہیں ہوتی ۔:

ننگی لچی (ہ۔صف۔امو) بے جامہ وبے زیور عورت۔ مفلس۔ کنگال ۔:

ننھا (ہ۔صف۔امذکر) دیکھو ننا ۔:

ننھی (وُر۔صف۔امو) دیکھئے ننھا جس کی یہ تانیث ہے ۔:

ننھیا (وُر۔صف) "نانا اور نانی" سے منسوب ہے ۔:

ننھیا ساس (وُر۔مو) زوجہ یا شوہر کی نانی ۔:

ننھیا سسر (اُر۔مذ) زوجہ یا شوہر کا نانا ۔:

ننہال (ہ۔امو) ظرف۔ نانا کا گھر۔ ماں کے باپ کا خاندان۔ نانی کا گھر ۔:

ننے میاں (وُر۔مذ) چھوٹے صاحب۔ چھوٹے میاں۔ چھوٹے آقا عورتوں کے ایک فرضی ولی یا جن کا نام ہے ۔:

ننے ننے یا ننھے ننھے (ہ۔امصفت) چھوٹے چھوٹے۔ نہایت خُرد ۔:

ننی یا ننھی (ہ۔امصفت) مونث۔ چھوٹی۔ خُردسالہ لڑکی۔ بالی۔ ادنےٰ کمینہ۔ نیچ۔ نادان۔ ناسمجھ۔ بیوقوف۔ انجان ۔:

ننی کا (ہ۔صف) ننھی عورت کا جنا ہوا۔ مجازاً نادان۔ بھولا۔ بیوقوف۔ ناتجربہ کار۔ انجان۔ اناڑی ۔:

ن - و

نو (ہ) اسم عدد۔ ایک کم دس۔ نہ ۹ ۔:

نواں (اُر۔عدد ترتیبی) ترتیب سے آٹھ کے بعد کا درجہ ۔:

نو باتیں چنوانا (ہ۔محاورہ) اصل۔ نبات۔ چنوانا۔ بمعنی۔ مصری چنوانا کا بگاڑ ہے۔ مسلمانوں کی ایک رسم کہ شادی کے روز دُولھن کے دو نو مونڈھوں۔ کہنیوں۔ گھٹنوں۔ ہاتھوں اور پیٹھ پر مصری کی ڈلیاں رکھ کر دُولھا سے چنواتے ہیں۔ اور کھلواتے ہیں یہ فرمانبرداری کا ٹوٹکا اور امتحان خیال کیا جاتا ہے ۔:

نو تیرہ بائیس بتانا (ہ۔محاورہ) لیت ولعل کرنا۔ حیلے حوالے بنانا۔ ٹالنا ۔:

نوٹنکی (ہ۔امو) ایک قسم کا ناچ تماشا جس میں اکثر پنڈوں کے نازنخی واقعات کا چربہ اُتارا جاتا ہے ۔:

نو تیرہی (ہ۔امو) ایک قسم کا جوا جو پاسوں سے کھیلا جاتا ہے ۔:

نورا تورے یا نوراتے (ہ۔امذ) درگا دیوی کی پوجا کے نو دن جیسے نو نوراتے دسواں دسہرہ ۔:

نورتن (ہ۔امذ) نو جواہر۔ نو قسم کے جواہرات۔ نو عقلمندوں کی جماعت جیسے اکبری نورتن یعنی ابوالفضل وغیرہ۔ ایک قسم کی عمدہ چٹنی ایک قسم کا سالن ۔:

نوسو چوہے کھا کر بلی حج کو چلی (ہ۔مثل) ساری عمر گناہ کمائے آخر عمر میں پرہیزگار بن بیٹھے ۔:

نوکھنڈ (ہ۔امذ) روئے زمین کے نو بڑے بڑے حصے۔ ہندی تقسیم کے مطابق زمین کے نو قطعے ۔:

نوگٹی (اُر۔مو) ایک کھیل جس میں زمین پر چند خانے بنا کر نو ٹھیکریوں یا کوڑیوں سے کھیلتے ہیں ۔:

نوگرہ (ہ۔امذ) نو سیاروں کی گردش اور ان کا اثر۔ جنم پتری کے نو سیارے ۔:

نوگرہی (اُمو) ہاتھوں کا ایک زیور پہنچی جس میں نو نگ یا جواہرات جڑے ہوتے ہیں ۔:

نولکھا (ہ۔صف) نو لاکھ روپے کی قیمت کا۔ نہایت بیش قیمت بیش بہا ۔:

نولکھا ہار (ہ۔امذ) نہایت بیش قیمت ہار۔ نو لاکھ روپے کی قیمت کا ہار ۔:

نوماسہ (ہ۔امذ) وہ رسم جو حمل کے نویں ماہ میں ادا کی جاتی ہے ۔:

نو میں نہ تیرہ میں (ہ۔محاورہ) کسی شمار اور گنتی میں نہیں۔ کوئی ہستی نہیں۔ شمار سے باہر غریب کو کوئی نہیں پوچھتا ۔:

نو ندھ بارہ سدھ ہو جانا (ہ۔محاورہ) نہایت بامراد ہو جانا۔ مراد حاصل ہو جانا۔ کام حسب منشا ہو جانا۔ مالا مال ہو جانا ۔:

نو نقد نہ تیرہ اُدھار (اُر۔محاورہ) قرض کے تیرہ سے نقد کے اچھے دیر کے بہت ملنے سردست تھوڑے ہی ملجانا بہتر ہے ۔:

نونگا (ہ۔امذ) بازوؤں کا ایک زیور جس میں نو نگینے جڑے ہوتے ہیں ۔:

نو نیزے پانی چڑھنا (اُر۔محاورہ) طوالت دینا۔ لڑائی جھگڑے میں طول دینا ۔:

نو (انگ۔حرف نفی) No نہیں۔ نا۔ نہ۔ یہ بواو مجہول ہے ۔:

نو (ف۔صف) نیا۔ تازہ۔ جدید۔ تُرت کا کہنہ کی ضد ۔:

نو آباد (ف۔صف) ابھی بسایا ہوا۔ نو توڑ زمین۔ تازہ قابل زراعت ۔:

نو آبادکار (ف۔صف) کسی نئی آباد جگہ پر نیا نیا آباد ہونے والا ۔:

نو آبادی (ف۔امو) نیا آباد کیا ہوا علاقہ کالونی ۔:

نو ایجاد (ع۔صف) نیا ایجاد کیا ہوا۔ حال ہی میں ایجاد کیا ہوا ۔:

نو آموز (ف۔صف) شروع کرنے والا سیکھتڑ۔ مبتدی۔ کچا۔ اناڑی ناتجربہ کار۔ خام ۔:

نو باوہ (ف۔امذ) نیا پودا۔ نیا میوہ۔ نیا درخت۔ نئی چیز۔ طرفہ تحفہ ۔:

نو بنو (ف۔صف) تُرت کا۔ ابھی کا۔ تازہ بتازہ ۔:

نو بہار (ف۔امو) بہار کا شروع۔ بسنت رُت کا آغاز۔ مجازاً موسم بہار۔ بسنت رُت ۔:

نو توڑ (وُر۔مو) تازہ توڑی ہوئی زمین وہ زمین جس میں ابھی کاشت شروع کی ہو ۔:

نوجوان (ف۔امذ) گبرو۔ نوعمر۔ پٹھا۔ جس کے ابھی داڑھی نہ نکلی ہو ۔:

نوجوانی (ف۔امو۔یائے مصدری) نوعمری۔ بلوغ۔ عالم شباب ۔:

نوچندہ (وُر۔امذ) وہ دن جو چاند کے دوسرے روز واقع ہو ۔:

نوچندی (وُر۔مو) چاند کے دوسرے دن کی جمعرات۔ چاند رات کی پہلی جمعرات ۔:

نوخاستہ۔ یا۔ نوخیز (ف۔صف) نوجوان۔ نوعمر۔ بیٹھا ؛
نوخط (فع۔ا۔مذ) وہ نوخیز جوان جس کی میسیں بھیگتی ہوں سبزہ آغاز ؛
نوخیز (ف۔صف) نوجوان۔ تازہ اُگا ہوا۔ ناتجربہ کار ؛
نودولت (فع۔اصف) تازہ نواب۔ وہ شخص جسے ابھی دولت ملی ہو ؛
نوروز (ف۔ا۔مذ) نیا دن۔ نیا سال شروع ہونے کا پہلا دن ؛
نوروزی (ف۔صف۔بیائے نسبتی) منسوب بہ نوروز۔ نوروز کا۔ نوروز سے متعلق ؛
نوشہ (ف۔ا۔مذ) نیا بادشاہ۔ مجازاً دولھا۔ بنڑا۔ مرزا غالب کا لقب ؛
نوعمر وسانِ چمن (ف۔اصف) تازہ کلیاں۔ تازہ پھول ؛
نوعمر (فع۔ا۔مذ) یانا۔ نوجوان۔ خردسال۔ کم سن ؛
نوگرفتار (ف۔ا۔مذ) نیا پکڑا ہوا۔ جنگلی۔ تازہ گرفتار ؛
نومسلم (فع۔ا۔مذ) نیا مسلمان۔ غیر مذہب کا وہ آدمی جس نے ابھی اسلام قبول کیا ہو ؛
نومشق (فع۔اصف) سیکھنڑ۔ ناتجربہ کار۔ نوآموز۔ مبتدی۔ اناڑی ؛
نونہال (ف۔ا۔مذ) نیا درخت۔ کم عمر بچہ۔
نونیاز (ف۔صف) طفل۔ نومشق۔ کنایتہً نیا عاشق ؛
نووارد (فع۔مذ) اجنبی۔ مسافر۔ ابھی کا آیا ہوا۔ تازہ ولایت ؛
نوا (ف۔ا۔مو) سُر لے۔ راگ۔ سرود۔ آواز۔ شبد۔ ندا۔ کوک نالہ۔ صدا۔ خوراک۔ روزی۔ وظیفہ۔ گرفتار۔ پابند۔ فرزند۔ پوتا۔ نبیرہ۔
نوا پرداز/زن/ساز/سنج/گر (ف۔اصف) مطرب۔ گانے والا۔ خوش آواز ؛
نواب (ع۔ا۔مذ) مبالغہ۔ بہت نیابت کرنے والا۔ رئیس۔ حاکم سردار۔ عامل۔ عزت کے لیے شاہی خطاب۔ نائب السلطنت وایسرائے۔ فضول خرچ شیخی میں آجانے والا۔ نیا امیر۔ نودولت ؛
نواب بننا (ف۔محاورہ) نواب کا خطاب ملنا۔ کسی علاقے کا حاکم ہوجانا۔ مغرور ہوجانا۔ اپنے برابر کسی کو نہ سمجھنا ؛
نواب بے ملک (فع۔ا۔مذ) دولت بغیر نوابوں جیسا دماغ رکھنے والا۔ امیری کی شیخی مارنے والا نودولت ؛
نواب زادہ (عف۔ا۔مذ) نواب کا بیٹا ؛
نوابی (ف۔ا۔مو) نیابت۔ نظامت۔ فائمقامی۔ حکومت۔ ریاست امیری۔ دولت مندی۔ نواب پنا۔ فضول خرچی۔ اسراف۔ بدانتظامی۔ طوایف الملوکی ؛
نوابی ٹھاٹ (ف۔مذ) رئیسانہ سازوسامان۔ امیرانہ ٹھاٹ ؛
نوابی کرنا (ف۔محاورہ) حکومت کرنا۔ امیری کرنا۔ عیش اُڑانا۔ امیرانہ طور سے رہنا۔ حد سے بڑھ کر چلنا ؛
نواح۔ نواحی (ع۔ا۔مو) ناحیہ کی جمع اطراف جوانب۔ اضلاع مضافات ؛
نوادر (ع۔ا۔مو) نادرہ کی جمع۔ عجیب چیزیں۔ نادر اشیا۔ عجائب غرائب ؛
نوار۔ یا۔ نواڑ (ف۔مو) پلنگ بُننے کا موٹا اور چوڑا فیتہ ؛
نوارنا (ف۔مصدر) آوارہ پھرنا۔ سیر کرنا۔ سفر کرنا ؛
نواڑا (ف۔ا۔مذ) چھوٹی کشتی۔ چھوٹی سی ناؤ۔ بجرا ؛
نواڑا کھیلنا (ف۔محاورہ) بجرے پر سوار ہوکر دریا کی سیر کرنا ؛

نواز (ف۔صف) فارسی مصدر نواختن سے امر کا صیغہ جو کسی اسم کے بعد آکر اسے فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور سرفراز کرنے والا اور بجانے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً بندہ نواز نے نواز ؛
نوازش (ف۔ا۔مو) حاصل مصدر از نواختن مہربانی۔ عنایت۔ بخشش بطف وکرم ؛
نوازش خسروانہ (ف۔ا۔مو) بادشاہوں کی مہربانی یا شفقت ؛
نوازش کرنا (اُ۔محاورہ) مہربانی کرنا۔ عنایت کرنا۔ مدد کرنا۔ پرورش کرنا ؛
نوازش نامہ (ف۔ا۔مذ) مہربانی کا خط۔ عنایت نامہ۔ برابر والے کا خط ؛
نوازشات (ف۔مذ۔ا۔مو) دیکھئے "نوازش" جس کی بہ بقاعدہ عربی غلط جمع ہے ؛
نوازنا (اُ۔محاورہ) سربلند کرنا۔ عزت دینا۔ پالنا۔ پوسنا۔ پیارا سمجھنا۔ بخشا۔ انعام دینا۔ پرورش کرنا۔ ممتاز فرمانا ؛
نوازندہ (ف۔صف) بجانے والا۔ سرفراز کرنے والا ؛
نواس (ع۔ا۔مذ) مکان۔ گھر۔ خانہ۔ محل۔ مقام۔ حویلی۔ مسکن۔ ٹھکانا ؛
نواسہ (ف۔ا۔مذ) بیٹی کا بیٹا۔ دخترزادہ۔ ناتی ؛
نواسی (اُ۔مو) بیٹی کی بیٹی۔ دخترزادی ؛
نواسی (ع) اسم عدد۔ نوا اور اسی۔ ایک کم نوے ہشتاد و نہ ۸۹ ؛
نواسیر (ع۔ا۔مو) ناسور کی جمع۔ وہ زخم جو اچھے نہ ہوں بلغم کا ناسور ؛
نواصب (ع۔مذ) ناصبی کی جمع۔ مسلمانوں کا ایک گروہ جو حضرت علیؓ سے دشمنی رکھتا ہے ؛
نوافل (ع۔ا۔مذ) نافلہ کی جمع۔ مطلب سے زیادہ چیزیں۔ فرض اور سنت کے بعد کی زائد رکعتیں ؛
نوافذ (ع۔ا۔مذ) وہ اعضا جن کے ذریعے کوئی احساس ہو جیسے منہ کان۔ ناک ؛
نوال (ع۔ا۔مو) مہربانی۔ عنایت۔ کرپا۔ دیا۔ بخشش۔ عطا دادودہش ؛
نوال (ع۔ا۔مو) مہربانی۔ احسان۔ بخشش۔ طریقہ ؛
نوالہ (ف۔ا۔مذ) لقمہ۔ گراس۔ لقمہ کے برابر چیز۔ ذرا سی شے ؛
نوالہ اُگلنا (اُ۔محاورہ) منہ سے لقمہ نکال دینا ؛
نوالہ توڑنا (اُ۔محاورہ) کھانے کے لیے ٹکڑے توڑنا۔ کھانا کھانا کسی کے رحم وکرم پر زندگی بسر کرنا ؛
نوالہ حلق میں پھنسنا (اُ۔محاورہ) گلے میں لقمہ اٹک جانا ؛
نوالہ نگلنا (اُ۔محاورہ) نوالے کا حلق کے نیچے اُتار جانا ؛
نوالہ کرنا۔ یا۔ مارنا (اُ۔محاورہ) چٹ کرنا۔ کھا نا نگلنا۔ ہڑپ کرنا۔ لقمہ کر جانا ؛
نوامید۔ نومید (ف۔صف) مایوس۔ ناامید۔ اُداس ؛
نوالے مارنا (اُ۔محاورہ) کھانا نگلنا۔ ہڑپ کرنا ؛
نوامیدی۔ نومیدی (ف۔ا۔مو۔بیائے مصدری) اُداسی۔ مایوسی۔ ناامیدی ؛

نواں (ہ۔صف) عددی۔ نہم۔ نویں درجے کا ۔:

نواں (ہ۔صف) نیچا۔ جھکا ہوا۔ خمیدہ ۔:

نواں نوی (اُ۔صف) تازہ۔ بالکل تازہ ۔:

نوانا (ہ۔فعل) جھکانا۔ خمیدہ کرنا۔ موڑنا ۔:

نواہی (ع۔ا۔مو) نہی کی جمع۔ ناجائز باتیں۔ ممنوعات۔ غیر مباح باتیں ۔:

نو باتیں چتوانا (اُ۔محاورہ) ایک رسم جس میں عروسی کی پہلی رخصتی کے وقت مشاطۂ عروس کے ہر عضو پر مصری کی ڈلیاں رکھتی ہیں اور دولھا اپنے منہ سے کھاتا ہے ۔:

نوائی (ہ۔صف) گرم تتی (بحالت اسم مونث) گرمی۔ حدت۔ حرارت ۔:

نوایا (ہ۔صف) گرم۔ تتا۔ حرارت دار۔ محرور ۔:

نوائب (ع۔ا۔مو) نائبہ کی جمع۔ حادثے۔ تکالیف۔ مصیبتیں۔ زحمتیں ۔:

نوبت (ع۔ا۔مو) باری۔ کسی چیز کا وقت۔ وقت مقررہ۔ سماں۔ دفعہ (فارسی میں) حالت۔ درجہ۔ عالم۔ کیفیت۔ نقارہ۔ دھونسا۔ دمامہ۔ باجہ۔ مہلت۔ فرصت۔ وقفہ۔ موقع۔ قابو۔ واقعہ۔ سانحہ۔ حادثہ۔ مصیبت۔ چوکی پہرہ۔ پاسبانی۔ نگرانی۔ چوکیداری۔ نگہبانی۔ خیمہ ڈیرہ۔ خرگاہ ۔:

نوبت آنا (اُ۔محاورہ) باری آنا۔ دوسرا آنا۔ نمبر آنا ۔:

نوبت بجنا (اُ۔محاورہ) نقارہ بجنا۔ شادی ہونا۔ بیاہ رچنا۔ شادیانہ بجنا ۔:

نوبت بنوبت (ف۔تابع فعل) باری باری سے۔ ایک کے بعد ایک۔ یکے بعد دیگرے ۔:

نوبت بہ اینجا رسید (ف۔مثل) نوبت یہاں تک پہنچی۔

نوبت پانا (اُ۔محاورہ) زمانہ شاہی میں عزت پانے کا ایک قرینہ ۔:

نوبت پہنچنا (اُ۔محاورہ) باری آنا۔ موقع آنا۔ حالت یا درجہ پہنچنا ۔:

نوبت جھڑنا (اُ۔محاورہ) نوبت بجنا ۔:

نوبت خانہ (ف۔اسم ظرف) نقار خانہ۔ نوبت بجنے کا مکان ۔:

نوبت زن (ف۔اصف) نقارچی ۔:

نوبت کا بخار (اُ۔مذ) باری کا تپ۔ تیئیا یا چوتھیا بخار ۔:

نوبت کو پہنچنا (اُ۔محاورہ) حالت کو پہنچنا۔ درجہ کو پہنچنا۔ گت ہونا۔ گتی ہونا ۔:

نوبت گاہ (ف) پہرے کی جگہ۔ حوالات۔ بندی خانہ۔ نوبت خانہ۔ نقارہ خانہ ۔:

نوبت گزرنا (اُ۔محاورہ) موقع جاتا رہنا ۔:

نوبت نشان (عف۔اسم) نقارہ اور جھنڈا یہ دونوں عزت کے نشان سمجھے جاتے ہیں ۔:

نوبت نواز (ف۔اصف) نوبت بجانے والا۔ نقارچی ۔:

نوبتی (ف۔صف۔بیائے نسبتی) نوبت کا۔ باری کا (بحالت اسم مذکر) نوبت بجانے والا۔ نقارچی۔ سنتری۔ چوکیدار۔ پہرے دار۔ کوتل گھوڑا۔ خالی گھوڑا۔ بڑا خیمہ۔ شاہی۔ باری دار۔ دربان ۔:

نوتا (ہ۔مذ) نیوتا۔ وہ نقدی۔ جو شادی میں صاحب خانہ کو بطور رسم دی جاتی ہے۔ بلاوا۔ دعوت۔ طلب ۔:

نوتنا (ہ۔فعل) بلاوا دینا۔ بلا بھیجنا۔ مدعو کرنا۔ طلب کرنا۔ شادی کا بلاوا دینا۔ (بحالت صف) مذکر۔ نیا پودا۔ نیا بوٹا نیا درخت۔ نوجوان آدمی ۔:

نوتنی (ہ۔ا۔مو) شادی کے وقت نیوتہ والوں کی ضیافت (بحالت اسم صفت مونث) نئی اگی شاخ۔ نئی نکلی ہوئی ٹہنی۔ نہایت شاداب شاخ ۔:

نوتاری یا نوتھاری (ہ۔ا۔مذ) بلایا ہوا۔ مہمان خواندہ ۔:

نوٹ (انگ۔امذ۔Note) وہ سرکاری کاغذ جو سکہ کی جگہ رائج ہے۔ ہنڈی۔ پرمیسری۔ نوٹ۔ یادداشت۔ ٹانک لینا۔ پرچہ۔ چٹھی۔ ہاتھ کا لکھا۔ رقعہ۔ چٹھی۔ ہاتھ کا لکھا۔ رقعہ۔ حاشیہ جو کسی کتاب پر چڑھایا جائے۔ تشریح۔ شرح۔ تفسیر۔ سند تمسک۔ دستاویز ۔:

نوٹ بک (Note Book انگ۔امو) کتاب یادداشت۔ بیاض کاپی۔ یادداشت ۔:

نوٹ پیپر (Note Paper انگ۔مذ) چٹھی کا کاغذ۔ خط لکھنے کا کاغذ ۔:

نوٹ جاری کرنا (اُ۔محاورہ) حکومت کی طرف سے نوٹوں کا اجراء کرنا ۔:

نوٹ جاری ہونا (اُ۔محاورہ) دیکھئے "نوٹ جاری کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔:

نوٹ کرنا (اُ۔فعل) یادداشت میں لکھنا ۔:

نوٹ لکھانا (اُ۔محاورہ) یادداشت لکھوانا۔ اُستاد کا کسی اہم مسئلے یا عبارت کو تحریر کرانا ۔:

نوٹ لکھنا (اُ۔محاورہ) نوٹ لکھانا کا لازم ہے ۔:

نوٹ لینا (اُ۔محاورہ) یادداشت لکھ لینا ۔:

نوٹس (انگ۔امذ۔Notice) اطلاع۔ یادداشت۔ عدالت کی طرف سے جاری شدہ اطلاع نامہ ۔:

نوٹس جاری ہونا (اُ۔محاورہ) نوٹس جاری کرنا کا لازم ہے ۔:

نوٹس لینا (اُ۔محاورہ) توجہ دینا ۔:

نوٹس بورڈ (انگ۔امذ Notice Board) وہ تختہ جس پر اطلاع نامہ یا نوٹس لگایا جائے ۔:

نوج (اُ۔کلمہ دعا) نعوذ کا بگاڑ) ایسا نہ ہو۔ خدا نہ کرے۔ مبادا خدانخواستہ ۔:

نوچا نوچی (ہ۔ا۔مو) چھینا جھپٹی۔ کھسوٹا کھسوٹی ۔:

نوچ کھسوٹ (ہ۔ا۔مو) لوٹ مار۔ غارتگری ۔:

نوچ ناچ (اُ۔ا۔مو) نوچنا۔ پریشان کرنا ۔:

نوچ نوچ کر کھانا (اُ۔محاورہ مصدر مرکب) پنجوں یا ناخنوں سے گوشت جدا کر کے کھانا ۔:

نوچا نوچی (اُ۔ا۔مو) چھینا جھپٹی ۔:

نوچنا (ہ۔فعل) پنجہ مارنا۔ ٹہٹا مارنا۔ کھسوٹنا۔ کھرچنا۔ موسنا۔ لوٹنا۔ ٹھگنا۔ چھیتا۔ غارتگری کرنا ۔:

نوچنا کھسوٹنا (ہ۔محاورہ) لوٹنا مارنا۔ پنجہ مارنا کھسوسنا۔ چھینا جھپٹی کرنا ۔:

نوچو (ہ۔امذ۔ فاعل) مال مارنے والا۔ لوٹنے کھسوٹنے والا۔ راشی۔ رشوت خور ٭

نوچی (ہ۔امو) بازاری عورتوں کی لڑکی یا لونڈی جس سے کسب کرا کر کھاتی ہیں۔ کواری بازاری لڑکی ٭

نوح (ع۔امذ) لغت میں بہت نوحہ کرنے والا۔ رونے والا۔ ایک مشہور پیغمبر کا نام ہے۔ جن کے عہد میں بڑا بھاری طوفان آیا تھا

نوحہ (ع۔امذ) ماتم۔ گریہ زاری۔ رونا۔ پیٹنا۔ بین کرنا ٭

نوحہ خواں (عف۔صف) ماتم کرنے والا۔ مُردے کے حالات بیان کرنے رونے اور رلانے والا ٭

نوحہ کرنا (ف۔مصدر مرکب) رونا پیٹنا۔ گریہ زاری کرنا۔ آہ و وزاری کرنا ٭

نوحہ کرنا (عف۔امذ۔ فاعل) ماتم کرنے والا۔ سیاپا کرنے والا۔ مُردے کا بیان کر کے رونے اور رلانے والا ٭

نوحہ گری (عف۔امو۔ بیائے مصدری) ماتم۔ سیاپا۔ رونا پیٹنا ٭

نود (ف) اسم عدد۔ نوے۔ دس کم سو۔ ۹۰ ٭

نودھا (ہ۔امذ) نیا پودا۔ نیا بوٹا۔ نیا باغ۔ نوتنا پیڑ ٭

نور (ع۔امذ) چمک۔ روشنی۔ اُجالا۔ چاندنی۔ تاب۔ جلوہ۔ تجلی رونق۔ روپ۔ چہرے کی چمک دمک ٭

نور آجانا (ف۔محاورہ) روشنی پیدا ہو جانا۔ رونق آجانا ٭

نور آگیں (ف۔صف) پُرنور۔ نور سے بھرا ہوا۔ روشن ٭

نور اُڑ جانا (ف۔محاورہ) رونق جاتی رہنا ٭

نور افزا (عف۔صف) روشنی بڑھانے والا ٭

نور افشاں / پاش (عف۔صف) روشنی چھڑکنے والا۔ منور کرنے والا۔

نور افشانی / پاشی (عف۔امو) نور افشاں کا اسم کیفیت ہے ٭

نور العین (ع۔امذ) آنکھوں کی روشنی۔ نورِ چشم۔ بیٹا۔ پسر۔ لختِ جگر ٭

نور الٰہی (ع۔امذ) خدا کا نور ٭

نور باف (عف۔امذ) جولاہا۔ پارچہ باف۔ کپڑا بُننے والا ٭

نور بافی (عف۔امو۔ بیائے مصدری) جولاہے کا کام ٭

نور برسنا (ف۔محاورہ) روشنی کا نمایاں ہونا۔ چہرے پر رونق ہونا ٭

نور بصر (ف۔امذ) آنکھوں کی روشنی۔ نورِ نظر ٭

نور جہاں (عف۔امو) مرزا غیاث کی بیٹی مہرالنسا کا خطاب۔ جو جہانگیر کی بڑی چاہتی بیگم تھی ٭

نور چشم / **نور دیدہ** (عف۔امذ) آنکھوں کی روشنی۔ آنکھ کا نور بیٹا۔ فرزند ٭

نور چھانا (ف۔محاورہ) ہر طرف نور ہی نور ہونا ٭

نور چھٹکنا (ف۔محاورہ) روشنی پھیلنا ٭

نور چھلکنا (ف۔محاورہ) چمکنا۔ روشنی پھیلانا ٭

نور ظہور کا وقت (ف۔امذ) طرفہ۔ پو پھٹنے کا وقت علی الصبح صبح صادق کا وقت ٭

نور ظہور کے ترڑکے / **نور کے ترڑکے** (ف۔تابع فعل) بہت سویرے۔ منہ اندھیرے علی الصباح ٭

نور علیٰ نور (ع۔کلمہ تعریف) نور پر نور۔ خوبی پر خوبی۔ ایک سے ایک بڑھ کر۔ سب سے بہتر۔ سب سے بڑھ کر۔ سبحان اللہ کبھی طنزاً بھی بولا کرتے ہیں ٭

نور کا پتلا (ف۔صف) حسین۔ خوبصورت۔ نورانی صورت ٭

نور کا دریا (ف۔صف) سراپا نور۔ مجسم نور ٭

نور کا تڑکا (ف۔امذ) صبح صادق علی الصباح بہت سویرا۔ بہت سویرا۔ منہ اندھیرے کا وقت ٭

نور کے تڑکے (ف۔تابع فعل) سورج نکلنے سے پہلے۔ بہت سویرے صبح ہی صبح۔ علی الصباح ٭

نور کے سانچے میں ڈھالنا (ف۔محاورہ) نہایت خوبصورت اور حسین بنانا۔ سرتاپا۔ نور ہی نور بنانا ٭

نورا (ف۔امذ) بال اُڑانے کا سفوف جو چونے اور ہڑتال کا مرکب ہوتا ہے ٭

نورا لگانا (ف۔محاورہ) بال اُڑانے کا پوڈر لگانا ٭

نورانی (ع۔صف) روشن۔ چمک دار۔ تاباں۔ درخشاں۔ گورا چٹا روپ والا۔ روحانی۔ آسمانی۔ شہوت سے پاک ٭

نورانی چہرہ یا صورت (ف۔امذ اول مذکر۔ دوم مونث) پاکیزہ چہرہ روپدار چہرہ۔ عمدہ صورت ٭

نورس (ف۔صف) نیا پکا ہوا پھل۔ تازہ میوہ۔ نوخیز۔ نوعمر۔ نوجوان ٭

نورمل سکول (انگ۔مذ Normal School) باقاعدہ تعلیم سکھانے کا مدرسہ۔ مدرسۂ تعلیم المعلمین ٭

نورہ (ع۔امذ) چونہ اور ہڑتال جو بال اکھاڑنے کے کام آتا ہے ٭

نوزدہ (ف۔اسم عدد) انیس۔ دس اور نو۔ ۱۹ ٭

نوزل (انگ۔امذ Nozel) نالی کے آگے والا حصہ یا منہ ٭ نوزل

نوش (ف) نوشیدن کا امر۔ پی۔ مرکبات میں پینے والا (بحالت صفت) میٹھا۔ شیریں۔ گوارا۔ (اسم مذکر) آبِ حیات۔ شہد عسل۔ حیات۔ زندگی۔ تریاق۔ زہر مہرہ۔ راس۔ موافق۔ انگ لگنے والا۔ جزو بدن ہونے والا ٭

نوش جان فرمانا۔ یا۔ کرنا (ف۔محاورہ) کھانا تناول فرمانا ٭

نوش جان ہو (ف۔محاورہ) انگ لگے۔ گوارا ہو۔ راس آئے۔ موافق ہو ٭

نوش خند (ف۔امذ) خندہ شیریں۔ زہر خند کا مقابل ٭

نوش کرنا (ف۔محاورہ) کھانا پینا ٭

نوش کے بعد نیش در پئے (ف۔مثل) خوشی کے بعد رنج ہوتا ہے

نوشدارو (ف۔امو) زہر مہرہ۔ تریاق۔ شراب۔ مے۔ طب میں وہ معجون جو جملہ امراض کو شفا اور اعضا کو قوت بخشے ٭

نوشابہ (ف۔امذ) آبِ حیات۔ آبجیات۔ ملک بروج کی ملکہ کا نام جسے سکندر اعظم نے رومن سے چھڑایا تھا ٭

نوشاد (ف۔امذ) ایک حسن خیز شہر کا نام ٭

نوشادر (ف۔امذ) (نوش اور آور بمعنی تریاق آتش سے مرکب ہے) ایک سفید کانی دوائی کا نام ہے۔ جو ایک قسم کا کھار یا نمک

ہے ایک مرکب جو ایمونیم اور سکواین سے بنتا ہے۔

نوشت (اُرمو) تحریر۔ لکھت۔ کتابت۔ عبارت۔ تحریری سند تمسک۔ خط ٭

نوشت خواند (ف۔امو) لکھت پڑھت ٭

نوشت ہونا (اُرفعل) تحریر ہونا۔ دستاویز ہونا۔ لکھت ہونا ٭

نوشتہ (ف۔مذ) لکھا ہوا۔ قلمی۔ مچلکہ۔ دستاویز۔ تحریری سند۔ تقدیر۔ پرالبد ٭

نوشتۂ تقدیر (ع۔امذ) قسمت کا لکھا۔ نصیب۔ اٹل بات ٭

نوشتہ دینا (اُرمحاورہ) تحریری سند دینا ٭

نوشتہ دیوار (ع۔امذ) غیبی وعید۔ خدا کی طرف سے تنبیہ۔ واضح بات سامنے کی بات ٭

نوشتہ لینا (اُرمحاورہ) تحریری اقرار لینا ٭

نوشتہ ہونا (اُرمحاورہ) اقرار نامہ لکھا جانا ٭

نوشیروان (ف۔امذ) نوشیں بمعنی شیریں اور روان بمعنی جان سے مرکب ہے، بوجہ کثرت سخا اور عدل لوگ اسے جان کے برابر عزیز سمجھتے تھے۔ ایک مشہور عادل اور سخی بادشاہ کا نام ہے۔ جسے کسرے بھی کہتے تھے ٭ ایرانی بادشاہ کا لقب۔

نوشیں (ف۔صف) (نسبتی۔ ین برائے نسبت) شیریں۔ میٹھا۔ شہد سا مصری جیسا ٭

نوع (ع۔امو) قسم۔ جنس۔ بھانت۔ وضع۔ ڈھنگ۔ شکل صورت۔ طرز۔ طور (منطق میں) وہ کلی جو اپنی تمام افراد پر شامل ہو ٭

نوع انسان (ع۔امذ) نبی آدم۔ نسل انسانی ٭

نوعیت (ع۔امو) قسم۔ خصوصیت ٭

نوک (ف۔امو) سرا۔ سر۔ چونچ۔ پھننک۔ ڈنگ۔ نیش۔ انی بھال۔ وضعداری۔ شیخی۔ ڈینگ۔ چھیڑ چھاڑ۔ ناک۔ عزت آن۔ انداز۔ ادا ٭

نوک اڑنا (اُرمحاورہ) انی کاچھنا ٭

نوک پان (اُرمو) جوتی کی خوبصورتی اور بناوٹ وغیرہ ٭

نوک پلک (اُرمو) آنکھ ناک۔ دل کش۔ نقشہ۔ نک سک سے درست۔

نوک پلک پانا (اُرمحاورہ) دیکھنے میں موزوں خوبصورت اور دیدہ زیب ہونا ٭

نوک پلک سے درست / **نوک پیچے سے درست** (اُرمحاورہ) سب طرح درست سرتاپا ٹھیک۔ آراستہ پیراستہ موزون ٭

نوک جھوک (اُرمو) طعنہ مہنہ۔ شوخی۔ رمز و کنایہ۔ چھیڑ چھاڑ۔ آواز توازہ ٭

نوک چوک (اُرمو) چھیڑ چھاڑ۔ شوخی۔ شرارت۔ اشارہ کنایہ۔ آن دادا ٭

نوکدار (ف۔صف) نکیلا۔ پینا۔ انی دار ٭

نوک دم بھاگنا (اُرمحاورہ) دم دبا کر بھاگنا۔ بالکل بھاگنا۔ بے تحاشا بھاگنا ٭

نوک رکھ لینا (اُرمحاورہ) آبرو بچا لینا۔ عزت رکھ لینا ٭

نوک رہ جانا (اُرمحاورہ) آبرو رہ جانا۔ عزت رہ جانا۔ ٹیک رہ جانا۔ ناک رہ جانا ٭

نوک زبان (اُرمو) زبان کا سرا۔ زبان کی نوک۔ مجازاً حفظ از بر۔ زبانی ٭

نوک زبان کرنا (اُرمحاورہ) حفظ کرنا۔ زبر کرنا۔ زبانی یاد کرنا ٭

نوک زبان ہونا۔ یا۔ رہنا (اُر) ازبر ہونا۔ حفظ ہونا۔ ہر وقت زبان پر جاری رہنا ٭

نوک قلم پر آنا (اُرمحاورہ) لکھا جانا۔ تحریر ہونا ٭

نوک کی باتیں (اُرمو) لعن طعن کی باتیں ٭

نوک کی لینا (اُرمحاورہ) اترانا۔ فخریہ دعوے کرنا۔ ڈینگ مارنا۔ لاف زنی کرنا۔ اُستادی کا کام کرنا۔ قابل فخر کام کرنا۔ وضعداری نشتر کی طرح چبھنا۔ سخت تکلیف دہ ہونا ٭

نوکا (س۔امو) کشتی۔ بجرا۔ چھوٹا جہاز ٭

نوکا جھوکی۔ یا نوکا چوکی (اُرمو) چھیڑ چھاڑ۔ طعن و طنز۔ شوخی۔ شرارت۔ آوازہ توازہ ٭

نوکر (ف۔امذ) چاکر۔ ملازم۔ خادم۔ خدمت گار ٭

نوکر آگے چاکر۔ چاکر آگے کوکر (اُرمحاورہ) اس بہانہ جو نوکری کی نسبت بولتے ہیں۔ جو اپنا کام دوسروں پر ڈالے۔ اور دوسرا اور دن پر ٭

نوکر کے آگے پیش کار چار یار چاروں بیکار (اُرمثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی امر کی بد انتظامی دور کرنے کے لیے نوکر رکھے جائیں لیکن بد انتظامی میں پہلے سے زیادہ ابتری اور خرابی پھیل جائے ٭

نوکر رکھنا (اُرفعل) ملازم رکھنا۔ خدمت گار بنانا ٭

نوکرانی (اُرمو) نوکر کی تانیث۔ خادمہ۔ ملازمہ۔ ماما ٭

نوکری (اُرمو۔ بیائے مصدری) خدمتگاری۔ ملازمت۔ ٹہل سیوا۔ کام۔ دھندا۔ کاروبار۔ تنخواہ۔ مشاہرہ ٭

نوکری ارنڈ کی جڑ ہے (اُرمحاورہ) ملازمت قابل اعتبار نہیں بالکل ناپائدار چیز ہے ٭

نوکری بجانا (اُرمحاورہ) خدمت انجام دینا ٭

نوکری برطرف روزی ہر طرف (اُرمحاورہ) نوکری سے ہٹ جانے پر آدمی کو پریشان نہیں ہونا چاہیئے۔ یہاں نہ ہوئی دوسری جگہ سہی۔ روزی تو خدا کے اختیار میں ہے ٭

نوکری بڑی کیمیا ہے (اُرمحاورہ) نوکری نہایت ہی اکسیر چیز ہے بلکہ اس سے بہتر ہے۔ کہ ہر وقت سوتے جاگتے اُٹھتے بیٹھتے تنخواہ چڑھتی رہتی ہے ٭

نوکری پیشہ (اُرمذ) نوکری کر کے کھانے والا۔ وہ شخص جس کا پیشہ ملازمت ہو ٭

نوکری چھوٹ جانا (اُرمحاورہ) ملازمت سے برطرف ہونا ٭

نوکری خالہ جی کا گھر نہیں (اُرمحاورہ) نوکری آسان کام نہیں۔ اس میں پابندی نہایت ضروری ہے ٭

نوکری دینا (اُر۔محاورہ) متعلقہ کار بحالانا۔ ڈیوٹی دینا ؛
نوکری سے اُتارنا (اُر۔محاورہ) برطرف کرنا ؛
نوکری سے لگ جانا (اُر۔محاورہ) ملازمت پانا ؛
نوکری کرنا (اُر۔محاورہ) ملازمت کرنا۔ ٹہل کرنا۔ خدمت بجالانا ؛
نوکری کی جڑ اڑھائی ہاتھ اونچی ہے / نوکری کی جڑ زبان پر ہے (اُر۔محاورہ) نوکری کا کوئی اعتبار اور بھروسا نہیں۔ بالکل بے بنیاد چیز ہے ؛
نوگری۔ یا نوگیری (ہ۔امو) پہنچی ہاتھوں کے ایک زیور کا نام ہے ؛
نول (ہ۔صف) نیا۔ نوخیز۔ نوعمر۔ دلربا۔ نادر۔ کمیاب۔ سندر ؛
نوَل (ہ۔امذ) نیولا۔ راسو ؛
نوَل (ع۔امو) نوال کا مفرد۔ عطا۔ بخشش ؛
نوم (ع۔امو) نیند۔ نندرا۔ نندریا۔ خواب ؛
نومی (ہ۔امو) ہندی کی نویں تاریخ۔ نوبی۔ نہم ؛
نومید (ف۔صف) مایوس۔ ناامید ؛
نومیدانہ (ف متعلق فعل) مایوسی سے ؛
نومیدی (ف۔مو) دیکھئے "نومید" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ؛
نون (ع۔امذ) عربی کا پچیسواں اور اردو کا تیئیسواں حرف ہے۔ مچھلی۔ ماہی۔ تلوار۔ شمشیر۔ دوات اور سیاہی ؛
نون پانی ٹھیک ہونا (اُر۔محاورہ) ذائقہ درست ہونا ؛
نون نیل (ہ۔امذ) گھر کا سود اسلف معاشرت کی ضروری اشیا ؛
نون غنہ (ع۔امذ) وہ نون جو ناک میں بولا جائے اور صاف نہ پڑھا جائے ؛
نون قطنی (ع۔امذ) وہ چھوٹا نون جو عربی میں ساکن یا مشدد حروف سے پہلے تنوین والے حرف پر لکھا جاتا ہے ؛
نون مُعلنہ (ع۔مو۔مذ) وہ نون جو ظاہر کر کے پڑھا جائے یا بولا جائے ؛
نونا / نیونا (ہ۔فعل) جھکنا۔ خمیدہ ہونا۔ ٹیڑھا ہونا۔ خم کھانا۔ متواضع ہونا ؛
نونیا چماری (ہ۔امو) بنگالے کی ایک مشہور جادوگرنی کا نام ہے ؛
نونی (ہ۔امو۔بواد مجہول) لکھن۔ مسکہ۔ کچا گھی۔ کھار۔ شور۔ شوریت۔ ریہ ؛
نونی لگنا (ہ۔محاورہ) دیوار کی مٹی کا شوریت کے باعث جھڑنا۔ ریہ لگنا۔ شور لگنا ؛
نونیا (ہ۔امذ۔فاعل) نمک بنانے والا۔ نمک تیار کرنے والا۔ ایک قسم کا ساگ ؛
نوول (انگ۔مذ۔ Novel) داستان۔ عشق آمیز قصہ ؛
نوولٹی (انگ۔صف) نئی چیز ؛
نوید (ف۔مو) خوش خبری۔ مژدہ۔ بشارت۔ تقریب شادی ؛
نویدن (ہ۔امذ) سپاس نامہ۔ نوٹس۔ درخواست۔ اعلان ؛
نویس (ف صیغہ امر (مرکبات میں آخر اسمائے میں) لکھنے والا۔ تحریر کرنے والا ؛
نویسندہ (ف۔فاعل قیاسی) لکھنے والا۔ منشی۔ محرر۔ مصنف۔ مولف ؛
نویسی (ف۔امو۔ بیائے مصدری) لکھنے کا کام۔ محرری ؛
نویل (ہ۔امذ) بلاوا۔ نیوتا۔ شادی کا پیغام شرکت ؛
نویلا (ہ۔صف) نیا کا مرادف۔ نیا۔ تازہ۔ جدید۔ ایجاد کیا ہوا۔ انوکھا۔ نرالا۔ مجدا۔ بانکا۔ البیلا۔ عجیب۔ سب سے الگ ؛
نویلی (ہ۔صف۔مو) نویلا کی تانیث۔ نئی۔ نرالی۔ انوکھی۔ البیلی۔ بانکی ترچھی۔ نوعمر۔ اچھوتی۔ کنواری۔ کینا۔ انجان۔ اجنبی ؛
نویں (ف۔صف) نئی۔ تازہ۔ جدید ؛
نویں (ہ۔عدد ترتیبی) دیکھئے دونوں جس کی یہ تانیث ہے۔ کسی ماہ کی نویں تاریخ ؛

ن - ہ

نہ (ف) اسم عدد۔ نو۔ ایک کم دس ؛
نہُ (ہ۔مذ) ناخن۔ وہ ہڈی جو انگلیوں کے آخیر سرے پر ہوتی ہے ؛
نہیں (ف) فارسی میں حرف نفی۔ نہیں۔ نہ۔ مت لا: حرف انکار ؛
نہ کہر (ف۔مذ) نو جواہرات یعنی۔ لعل یاقوت۔ فیروزہ۔ الماس۔ زمرد۔ عقیق۔ مرجان۔ نیلم۔ گاومید ؛
نہ آؤ نہ تاؤ (ف متعلق فعل) بغیر سوچے سمجھے کام کرنے پر کہا جاتا ہے ؛
نہ اِدھر کا نہ اُدھر کا (اُر۔صف) کسی طرف شامل نہیں۔ بیکار۔ کسی کام کا نہیں ؛
نہ الّا الذی نہ آلا اندی (اُر۔صف) ناکارہ۔ بیکار ؛
نہ ایک ہنستا بھلا نہ ایک روتا (اُر۔مثل) تنہائی کسی حالت میں اچھی نہیں
نہ اینٹ ڈالئے نہ چھینٹ کھایئے (اُر۔محاورہ) نہ بُرا کہو نہ بُرا سنو۔ نہ موری میں اینٹ ڈالو گے نہ چھینٹ پڑے گی ؛
نہ باسی بچے نہ کتا کھائے (اُر۔محاورہ) نہ زیادہ ہوگا نہ ضائع جائیگا ؛
نہ بولا جانا (اُر۔محاورہ) ناتوانی کی وجہ سے بات کرنے کی طاقت نہ رہنا ؛
نہ بولی نہ بولی۔ بولی تو پتھر کھینچ مارا (اُر۔محاورہ) بدمزاج اور کج خلق عورت کی شان میں کہا کرتے ہیں۔ کہ اول بولتی ہی نہیں اگر بولی بھی تو اس تیزی سے گویا پتھر کھینچ مارا ؛
نہ پانا (اُر۔محاورہ) کسی کی ہمسری نہ کرنا ؛
نہ پانی کے اوپر نہ پانی کے نیچے (اُر۔مثل) اوندھی سمجھ والے کی نسبت کہتے ہیں ؛
نہ پائے رفتن نہ روئے ماندن / نہ جائے ماندن نہ پائے رفتن (ف۔مثل) مجبوری ظاہر کرنے کے لیے یعنی کسی طرح بات نہیں بنتی ؛
نہ پوچھو (ا) کلمہ مدح وذم۔ سوال نہ کرو۔ بیان سے باہر ہے۔ کہنے کے قابل ہی نہیں ؛
نہ جاڑے دھوپ نہ گرمی چھاؤں (اُر۔مثل) بیکار ہے ؛
نہ چھوکنا (اُر۔فعل) خاطر میں نہ لانا۔ بہت ہی ذلیل اور حقیر سمجھنا ؛
نہ جنتی نہ ڈھول بجتا (اُر۔محاورہ) اس پیدا ہونے سے نہ پیدا ہونا بہتر تھا۔ نہ ماں جنتی نہ اس قدر بدنامی ہوتی ؛
نہ جینے کی خوشی نہ مرنے کا غم (اُر۔مثل) کسی قسم کی اُمنگ باقی نہیں

نہ چڑھے گا نہ گرے گا (اُر۔مثل) ایسا کام کیوں کریں جس میں نقصان کا احتمال ہو ۔:

نہ خُدا کا دیدار نہ محمدؐ کی شفاعت (اُر۔مثل) کنایتہً دینداری کا تذکرہ نہ ہونا۔ بددُعا بھی ہے ۔:

نہ دیکھ سکنا (اُر۔محاورہ) کسی کے فروغ کو دیکھ کر کڑھنا ۔:

نہ رہا جانا (اُر۔محاورہ) چین نہ ہونا۔ صبر نہ ہونا۔ برداشت نہ ہونا ۔:

نہ رہے مان نہ رہے منی۔ آخر دینا فنافنی (اُر۔محاورہ) آدمی کا فخر و غرور اور نخوت و تکبر دُنیا میں نہیں رہتا۔ ایک دن سب فنا ہو جاتے ہیں ۔:

نہ زر بل نہ بانھ بل (اُر۔مثل) نہ بدن میں قوت نہ دولت کا سہارا ۔:

نہ سانپ مرے نہ لاٹھی ٹوٹے (اُر۔مثل) نقصان کے بغیر ہی کام بن جائے ۔:

نہ ساون سوکھے نہ بھادوں ہرے (اُر۔مثل) منوکل ہر وقت یکساں ہیں ۔:

نہ صبر در دل عاشق نہ آب در نمریاں (ف۔مقولہ) عاشق کے دل میں صبر نہیں ہوتا اور چھلنی میں پانی نہیں رہتا ۔:

نہ کُتا دیکھے گا نہ بھونکے گا (اُر۔مثل) نہ دُشمن کے سامنے جائیگا نہ وہ اس کی سنے گا ۔:

نہ گائے کے تھن نہ کسائیں کے بھانڈ (اُر۔محاورہ) دونوں کنگال ہیں۔ نہ کوئی چیز ہی ہے نہ رکھنے کا سامان ۔:

نہ گندی گلی جائے نہ کُتا کاٹے (اُر۔محاورہ) نہ بُروں کو چھیڑو نہ ذلت اُٹھاؤ ۔:

نہ گوہ میں اینٹ / ڈھیلا ڈالو نہ چھینٹے پڑیں (اُر۔مثل) نہ بُروں کے مُنہ لگو نہ گالیاں سنو ۔:

نہ لینا نہ دینا (اُر۔محاورہ) کچھ حاصل نہ وصول ۔:

نہ ماری مرے نہ کاٹی کٹے (اُر۔محاورہ) کسی طرح دُور نہ ہونے والی مصیبت کی نسبت بولا کرتے ہیں۔ اور مضبوط کے لیے بھی ۔:

نہ مُنہ سے بولے نہ سر سے کھیلے (اُر۔مثل) وہ شخص جو بالکل خاموش ہو۔ اس کی نسبت کہتے ہیں ۔:

نہ مُنہ میں دانت نہ پیٹ میں آنت (اُر۔مثل) نہایت بوڑھے آدمی کی نسبت کہتے ہیں ۔:

نہ میں دوں نہ خُدا دے (اُر۔مثل) اس کی نسبت کہتے ہیں جو خود فائدہ دے اور نہ کسی دوسرے سے فائدہ اُٹھانے دے ۔:

نہ میں کہوں تیری نہ تو کہہ میری (اُر۔محاورہ) آپس کی رازداری اور ایک دوسرے کو بُرا نہ کہنے کی بابت بولتے ہیں۔ یعنی جو کسی پر بہتان نہیں دھرتا دوسرے بھی اس پر کوئی الزام نہیں لگاتے ۔:

نہ نام لیوا نہ پانی دیوا (اُر۔محاورہ) اکیلی جان۔ تن تنہا۔ وہ آدمی جس کا آگا پیچھا کوئی نہ ہو ۔:

نہ نگلے بنتی ہے نہ اُگلے (اُر۔محاورہ) ہر طرح خرابی ہے نہ کرتے ہی بنتی ہے۔ نہ چھوڑے ہی۔ نہ راہ رفتن نہ روے ماندن ۔:

نہ تو من تیل ہوگا نہ رادھا ناچیگی (اُر۔مثل) ایسی شرط لگانا جس کا پورا کرنا ناممکن ہو۔ نہ اتنا سامان ہوگا۔ نہ یہ کام پورا ہوگا ۔:

نہ ہڑبڑ نہ کھڑکھڑ (اُر۔مقولہ) کوئی جھگڑا بکھیڑا نہیں ۔:

نہ ہلدی لگے نہ پھٹکڑی رنگ چوکھا آئے (اُر۔مثل) کچھ خرچ نہ کرنا پڑے اور فائدہ خوب ہو ۔:

نہَ (ہ) حرف تاکید و نفی۔ نا۔ نہیں۔ برائے تاکید کلام و استحکام کلام زائد بھی آتا ہے تنکیر کلام بھی ہے ۔:

نہ ہوا پر نہ ہوا (اُر۔مقولہ) کسی طور سے نہ ہوا ۔:

نہا جانا (اُر۔محاورہ) ڈوب جانا۔ تربتر ہو جانا۔ بھیگ جانا ۔:

نہاد (ف۔امبو) نہادن کا حاصل مصدر ہے۔ بنیاد۔ جڑ۔ نیو۔ اصل خلقت۔ پیدائش۔ نسل۔ طینت۔ خصلت۔ سیرت۔ سبھاؤ۔ باطن دل۔ اندرون ۔:

نہار (ع۔امذ) روز۔ دن۔ یوم۔ صبح سے شام تک کا وقت ۔:

نہار (ف۔س۔صف) نا آہار کا مخفف ہے۔ لُغت میں بن کھائے ناخوردہ۔ اصلاح میں بن کھائے۔ ناشتا۔ صبح کا کھانا۔ صبح کو کچھ عرصہ تک نہ کھانا۔ بھوکا۔ گرسنہ۔ نرنے ۔:

نہار توڑنا (اُر۔محاورہ) ناشتا کرنا۔ صبح کو کچھ کھانا ۔:

نہار رہنا (اُر۔محاورہ) بھوکا رہنا۔ گرسنہ رہنا۔ بن کھائے رہنا ۔:

نہار مُنہ / **نہار کلیجے** (ہ۔امذ) نرنے مُنہ۔ وہ شخص جس نے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو ناشتا کھائے بغیر۔ بن کھائے۔ ناشتا کئے بغیر ۔:

نہار مُنہ نام نہ لینا (اُر۔محاورہ) بن کھائے نام نہ لینا۔ منحوس اور کنجوس شخص کی بابت کہا کرتے ہیں۔ کہ صبح صبح اس کا نام نہ لینا ورنہ تمام دن فاقہ سے گذرے گا ۔:

نہارنا (اُر۔مصدر) غور سے دیکھنا۔ نظر ڈالنا۔ خیال رکھنا۔ حفاظت کرنا۔ مخبری کرنا ۔:

نہار ہونا (اُر۔محاورہ) صبح سے بن کھائے رہنا۔ جیسے (ع) جب دیکھا تجھے تو ہے نہار ۔:

نہاری (ف۔امبو۔ بیائے مصدری) تھوڑا کھانا۔ جو صبح کے وقت کھا لیا جاتا ہے۔ ناشتا۔ حاضری۔ چاشت۔ ایک قسم کا شوربا یا سالن۔ جو خمیری روٹی کے ساتھ کھاتے ہیں۔ گھوڑوں کو کھلانے کا گڑ اور آٹا۔ خاردار لگام کانٹے دار دہانہ۔ قزلی ۔:

نہاری کھانا (اُر۔محاورہ) ناشتا کھانا۔ حاضری کھانا۔ نیم دوپہر کو کچھ نہ کھانا

نہاری والا (ف۔امصف) نہاری بیچنے والا ۔:

نہال (ف۔امصف) تازہ لگایا ہوا پودا۔ درخت نورستہ۔ موزون درخت۔ مجازاً ہر درخت بستر۔ توشک۔ گھرا۔ صید۔ شکار۔ مجازاً مالا مال۔ خوش حال۔ کامیاب بامراد۔ خوش و خرم ۔:

نہال کرنا۔ یا۔ کر دینا (اُر۔محاورہ) امیر بنا دینا۔ مالا مال کر دینا۔ غنی بنا دینا۔ نوازنا۔ لہر بہر کر دینا۔ خوش کرنا۔ مراد کو پہنچا دینا۔ کامیاب کرنا۔ سرسبز و شاداب کرنا ۔:

نہال لوچن (اُر۔مذ) وہ گھوڑا جس کی ایال آدھی دائیں طرف اور بائیں بائیں طرف ہو یہ منحوس خیال کیا جاتا ہے ۔:

نہال ہونا۔ یا۔ ہو جانا (اُر۔محاورہ) امیر بن جانا۔ مالا مال ہو جانا

بے پروا ہو جانا۔ مالداری بن جانا۔ مراد کو پہنچ جانا۔ کامیاب ہو جانا۔ خوش و خرم ہو جانا۔ سیراب ہونا۔ تازگی حاصل کرنا ۔:

نہاپچہ (ف۔امذ) نہال کی تصغیر۔ چھوٹی توشک۔ گدڑی کا بچھونا۔ غالیچہ ۔:

نہالی (ف۔امو) توشک۔ روئی دار۔ بچھونا۔ لحاف۔ رضائی ۔:

نہاں (ف۔صف) پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔ گپت۔ پنہاں۔ مخفی ۔:

نہاں خانہ (ف۔امذ) پوشیدہ گھر۔ تہ خانہ ۔:

نہاں رکھنا (اُر۔محاورہ) پوشیدہ رکھنا۔ چھپا رکھنا ۔:

نہان (ہ۔اسم آلہ) ترکھانوں کا ایک اوزار۔ جس سے چارپائی کے پایوں وغیرہ میں سوراخ کھودتے ہیں ۔:

نہان کا میلہ (اُر۔مذ) وہ مجمع جو نہانے کے لیے دریا کے کنارے ہو ۔:

نہان (ہ۔امذ) غسل۔ اشنان۔ حمام کرنا۔ جسم دھونا ۔:

نہانا (ہ۔فعل) جسم کو دھونا۔ غسل کرنا۔ اشنان کرنا۔ بھیگنا۔ شور بور ہونا۔ تربتر ہونا۔ ڈوبنا۔ غرق ہونا۔ حیض سے فارغ ہونا۔ پاک صاف ہونا ۔:

نہانا دھونا (اُر۔مصدر) غسل کرنا ۔:

نہانی (ہ۔امو) حاجت غسل۔ نہانے کی ضرورت۔ احتلام شیطانی حرکت ۔:

نہانی ہونا (ہ۔محاورہ) نہانے کی حاجت ہونا۔ احتلام ہونا۔ کپڑے آنا۔ حیض آنا ۔:

نہانی (ف۔صف۔ بیائے نسبتی) منسوب بہ نہاں۔ پوشیدہ طور پر پوشیدہ طور۔ خفیہ خفیہ ۔:

نہانی (ہ۔ موبیائے تصغیر) نہاں کی تصغیر و تانیث۔ سوراخ کھودنے کا چھوٹا آلہ ۔:

نہانے کی حاجت ہونا (اُر۔محاورہ) احتلام یا جماع کی وجہ سے نہانے کی ضرورت ہونا ۔:

نہائی (ہ۔امو) آہرن۔ سندان۔ ان گرم لوہا کوٹنے کا آلہ ۔:

نہایت (ع۔امو) بکثرت۔ ازحد۔ بے حد۔ بہت بے انتہا۔ انجام۔ انت۔ آخر۔ حد۔ انتہا ۔:

نہایت نہ رکھنا (اُر۔محاورہ) انتہا نہ رکھنا۔ بے حد ہونا ۔:

نہائی دھوئی پھسل پڑی (ہ۔محاورہ) ہر طرح تیار ہو کر ارادہ موقوف کر دیا ۔:

نہتا (ہ۔صف) بے ہتھیار۔ خالی ہاتھ۔ بے اوزار۔ جس کے پاس کوئی ہتھیار نہ ہو ۔:

نہٹا (ہ۔مذ) ناخن سے نوچنے کا نشان۔ جانور کے نوچنے کا نشان خراش ناخن۔ ظفرہ ۔:

نہٹا مارنا (ہ۔محاورہ) نوچنا۔ پنجہ مارنا ۔:

نہٹی (اُر۔امو) ناخن گیر۔ ناخن کاٹنے کا آلہ ۔:

نہج (ع۔مذ) کھرا رستہ۔ سیدھا راستہ۔ راہ۔ طریق۔ طور۔ ڈھنگ

نہد شاخ پر میوہ بر زمین (ف۔مثل) عاجزی انکساری میں مستعمل ہے (میوہ دار شاخ جھک جاتی ہے) ۔:

نہر (ع۔امو) دریا کی شاخ۔ نالی۔ ندی۔ آب جو ۔:

نہر بندی (عف۔امو) نہر کا پانی بند کر دینا۔ لوگوں کو نہر سے پانی نہ لینے دینا ۔:

نہر توڑنا (اُر۔محاورہ) نہر کا کنارہ توڑ کر پانی ضائع کر دینا ۔:

نہر کاٹنا (اُر۔محاورہ) دریا سے شاخ نکالنا دریا سے نالی نکالنا ۔:

نہرنا۔ یا۔ نہرُنا (ہ۔محاورہ) جھکنا۔ خمیدہ ہونا۔ فروتنی کرنا۔ متواضع ہونا ۔:

نہرنا (ہ۔امذ) ناخن کاٹنے کا آلہ۔ ناخن گیر ۔:

نہرنی (ہ۔امو) چھوٹا ناخن گیر۔ نہرنا کی تصغیر ہے ۔:

نہروا (ہ۔امذ) رشہ کی بیماری۔ وہ گول ناگا سا کیڑا۔ جو بعض مقامات کے پانی کی خرابی کے سبب بدن کے اندر سے نکلتا ہے ۔:

نہری (اُر۔مو۔صفت بیائے نسبتی) نہر کے پانی سے سیراب ہونے والی زمین ۔:

نہڑانا (اُر۔مصدر) خمیدہ کرنا۔ کج کرنا۔ کسی چیز کو جھکانا ۔:

نہڑنا (اُر۔مصدر) جھکنا۔ خمیدہ ہونا۔ (تعظیم یا رکوع یا کسی کام کے لیے)

نہضت (ع۔امو) کوچ۔ رخصت۔ چل چلاؤ۔ روانگی ۔:

نہضت کرنا (اُر۔محاورہ) کوچ کرنا۔ روانہ ہونا ۔:

نہفتہ (ف۔صف مفعول) چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ خفیہ ۔:

نہلا (ہ۔مذ) سفیدی گھوٹنے کی چھوٹی سی کرنی۔ مجھولا۔ ماش یا گنجفہ کا نوبندیوں والا پتا ۔:

نہلانا نہلوانا (ہ۔محاورہ) غسل کرانا۔ اشنان کرانا۔ تربتر کرنا۔ مُردے کو غسل دینا ۔:

نہلانا دھلانا (اُر۔مصدر) اچھی طرح غسل کروانا ۔:

نہلائی (ہ۔امو) معاوضہ۔ نہلانے کی اُجرت۔ غسل کرائی ۔:

نہلشٹ (انگ۔مذ Neshlist) کسی بے قانون سلطنت کو تباہ و برباد کرنے والا فرقہ ۔:

نہم (ف۔دس) صف۔ نسبتی از نُہ۔ نواں۔ نواں حصہ۔ نواں درجہ ۔:

نہنگ (ف۔امذ) ناکو۔ مگرمچھ۔ گھڑیال۔ شیر دریا۔ مجازاً تلوار۔ تیغ (اردو میں) اسم صفت۔ آزاد۔ مجرد۔ تن تنہا۔ لگوڑا نا ٹھا ۔:

نہنگ اجل (فع۔امذ) موت کا مگرمچھ۔ مجازاً ملک الموت۔ موت کا فرشتہ۔ جم ودوت ۔:

نہنگ اجل کا شکار ہونا (اُر۔محاورہ) مرجانا۔ موت کی نذر ہو جانا

نہنگ (ہ۔صف) ننگا۔ برہنہ بے غیرت۔ بے حیا۔ بے شرم ۔:

نہنگ لاڈلا (ہ۔صفت۔ مذکر) نہایت ناشائستہ اور بے حیا لڑکا۔ بالکل ناز پروردہ۔ بے سرا ۔:

نہنگ ہے (اُر۔بول چال) تن تنہا ہے کچھ نہیں رکھتا۔ بے سروسامان ہے

نہوت (ہ۔مو) نہ ہونا۔ مفلسی۔ ناداری۔ تنگی۔ عزیبی ۔:

نہورا۔ یا۔ نہوڑا (ہ۔مذ) خوشامد۔ منت سماجت۔ عاجزی۔ احسان مندی۔ گلہ شکوہ۔ ممنون ہونا ۔:

نہورا ماننا (ہ۔محاورہ) احسان ماننا۔ ممنون ہونا۔ شکر گذار ہونا ۔:

نہوڑانا (ہ۔فعل) جھکانا۔ خمیدہ کرنا۔ خم کھانا ۔:

نہی (ع۔امو) منع کرنا (روک ممانعت امتناع۔ کام کے نہ کرنے کا حکم ۔:

نہیب (ع۔مذ) ڈر۔ بھے۔ خوف۔ دہشت۔ بیم۔ لوٹ۔ غارتگری (شہاب کا آلہ ہے) ۔:

نہیر (ہ۔امذ) میکا۔ مرد کی سسرال۔ عورت کی ماں کا گھر اور اس کا کنبہ ۔:

نہیں (ہ۔کلمہ نفی، نہ۔ نے۔ لا۔ نا۔ انکار۔ بجا۔ حرف۔ شرط۔ وگرنہ۔ ورنہ
نہیں تو (ہ۔تابع فعل) وگرنہ۔ ورنہ ؛
نہیں سہی (اُر۔تابع فعل) کچھ پروا نہیں۔ کیا ڈر ہے ؛
نہیں کرنا (ہ۔فعل) نا کرنا۔ انکار کرنا ؛
نہیں معلوم (اُر۔متعلق فعل) کسی امر کا علم نہ ہونے پر کہتے ہیں ؛
نہیں نہیں (اُر۔حرف نفی) ہرگز نہیں۔ بالکل نہیں۔ نہیں کی تاکید ؛
نہیں نہیں کرنا (اُر۔محاورہ) متواتر انکار کرنا۔ بار بار انکار کرنا ؛
نہیں نہیں ہونا (اُر۔محاورہ) متواتر انکار ہونا۔ (نہیں نہیں کرنا کا لازم ہے)
نہیں ہونا (اُر۔محاورہ) انکار ہونا ؛

ن - ۶

نئے (ہ۔صف) نیا کی جمع۔ بمعنی جدید، نرالے
نئے پنچ (اُر۔امذ) جوان گھوڑا۔ جس کو پانچواں سال شروع ہوا ہو ؛
نئے جنم سے (اُر۔تابع فعل) دوبارہ۔ پھر کے سے۔ مرکر ؛
نئے رنگ دکھانا (اُر۔محاورہ) نئی نئی باتیں ظاہر کرنا ؛
نئے سر سے۔ یا۔ نئے سرے سے (ہ۔تابع فعل) پھر سے۔ دوبارہ از سر نو۔ شروع سے ؛
نئے سر جنم پانا (اُر۔محاورہ) مرکر بچنا۔ دوبارہ زندگی پانا ؛
نئے سور نگ لانا (اُر۔محاورہ) نئے نئے روپ بدل کر سامنے آنا نئی نئی شکلوں میں ظاہر ہونا ؛
نئے نواب آسمان پر دماغ (اُر۔محاورہ) معزور۔ نو دولت کی نسبت بولا کرتے ہیں ؛
نئے نو دام پرانے چھ دام (اُر۔محاورہ) نئی چیز کی ہمیشہ قدر ہوا کرتی۔ تازہ مال زیادہ قیمت پاتا ہے ؛
نئی (ہ۔مو۔صفت) نیا کی تانیث۔ جدیدہ ؛
نئی اوستھا (ہ۔امو) نابالغی۔ نوعمری۔ خردسالی ؛
نئی بات (اُر۔امو) انوکھی بات۔ عجیب بات ؛
نئی بات کہنا (اُر۔محاورہ) لطیفہ کہنا۔ انوکھی بات کہنا ؛
نئی بات نکالنا (اُر۔محاورہ) انوکھی بات پیدا کرنا۔ جدت طرازی کرنا ؛
نئی جوتی پہننا (اُر۔محاورہ) نئی شادی کرنا ؛
نئی جوکن کاٹھ کی مندری (ہ۔مثل) نئے شوقین کی ہر شے نرالی ہوتی ہے۔ طنزاً بولتے ہیں ؛
نئی چال چلنا (اُر۔محاورہ) شرارت کی بات کرنا۔ نئی رسم پیدا کرنا ؛
نئی جوانی (اُر۔مو) نوعمری۔ صغر سنی۔ کم سنی۔ نئی اوستھا ؛
نئی جوانی اور ما بجھاڑ بھیلا (ہ۔مثل) شروع جوانی اور اتنی بے ہمتی کہ چارپائی بھی نہ کس سکے ؛
نئی دنیا دیکھنا (اُر۔محاورہ) نئی نئی باتیں دیکھنا۔ نئے حالات میں سے گزرنا ؛
نئی روح پھونکنا (اُر۔محاورہ) نیا شوق اور نئی امنگیں پیدا کرنا ؛
نئی روشنی (اُر۔مو) نئی تہذیب۔ زمانہ حال کی شائستگی۔ علوم و فنون جدیدہ ؛
نئی شاخ لگانا (اُر۔محاورہ) نیا رشتہ جوڑنا۔ نیا پیوند لگانا۔ نیا تعلق پیدا کرنا ؛
نئی شاخ لگنا (اُر۔محاورہ) نیا تعلق پیدا ہونا۔ نیا رشتہ قائم ہونا دیکھئے "نئی شاخ لگانا" کا لازم ہے ؛
نئی کہانی گڑ سے میٹھی (ہ۔مثل) نئی بات نہایت پسندیدہ خاطر ہوا کرتی ہے ؛
نئی کہی (اُر۔روزمرہ) انوکھی بات کہی ؛
نئی کھیپ (اُر۔امو) نیا مال
نئی ناگن بانس کی نہرنی (ہ۔مثل) طنزاً نئے شوقین کی ہر بات نرالی ؛
نئی نویلی (ہ۔امو) بھولی بھالی۔ ناتجربہ کار۔ نئی دلہن۔ دو چار دن کی بیاہی۔ انوکھی۔ نرالی۔ عجیب ؛
نئی نویلی نیا ڈھنگ (ہ۔محاورہ) انوکھی کے انوکھے ڈھنگ۔ نئی بیوی کے نرالے لچھن۔ نئے شوقین کی نئی نئی باتیں ؛

ن - ی - ے

نے (ف۔امو) نلی۔ بانسلی۔ حقے کی نلی۔ سرکنڈا۔ بانسری ؛
نیا (ہ۔حرف ندا) (پنجاب میں) ارے۔ اری۔ اری او۔ اے۔ او۔ ری ؛
(ہ۔صف) تازہ۔ ابھی کا۔ تر و تازہ۔ نرالا۔ انوکھا۔ عجیب۔ اجنبی ناواقف۔ انجان ؛
نیا ہوئی (اُر۔روزمرہ) انوکھی اور انہونی بات ہوئی ؛
نیا بانکا تاڑ کی تلوار (ہ۔مثل) اوچھا آدمی اوچھاپن دکھائے بغیر نہیں رہتا۔ نئے حوصلہ والے کی نرالی باتیں ؛
نیا بگڑا (اُر۔صف) وہ جس نے حال ہی میں اپنی وضع تبدیل کی ہو نیا تماشہ بین ؛
نیا پرانا ہونا (اُر۔محاورہ) نیا نہ رہنا۔ کسی کو آئے ہوئے رات گزر جانا۔ نئے پن کی لذت اور خوشی ماند پڑ جانا ؛
نیا پھل دانت تلے دشمن پاؤں تلے (اُر۔محاورہ) تازہ پھل کھاتے وقت عورتیں اکثر یہ فقرہ بولا کرتی ہیں ؛
نیا پھل کرنا (اُر۔محاورہ) موسم میں کوئی پھل پہلے پہل کھانا ؛
نیا حکیم دے افیم (اُر۔محاورہ) ناتجربہ کار سے نقصان ہی ہوتا ہے۔ نیم حکیم خطرہ جان ؛
نیا دانہ نیا پانی (اُر۔امذ) مسافرت کے واسطے مستعمل ہے۔ کہ ہر مقام پر نئی غذا میسر آتی ہے ؛
نیا ڈھنگ (اُر۔امذ) نیا طریقہ ؛
نیا راگ لانا (اُر۔محاورہ) کوئی عجیب یا انوکھی بات نکالنا۔ تازہ تازہ جھگڑا کھڑا کرنا ؛
نیا رنگ دکھانا (اُر۔محاورہ) عجیب عالم دکھانا۔ غیر معمولی طرز پر عمل دکھانا ؛
نیا رنگ لانا (اُر۔محاورہ) نیا شگوفہ کھلانا۔ نیا جھگڑا نکالنا۔ نئی بات پیدا کرنا ؛
نیا شگوفہ چھوڑنا (اُر۔محاورہ) مساد پیدا کرنا ؛
نیا شگوفہ کھلانا (اُر۔محاورہ) عجیب و غریب امر کا ظاہر کرنا۔ کوئی انوکھی

بات پیدا کرنا ۔

نیا فتنہ اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) تازہ قیامت مچانا۔ نیا جھگڑا کھڑا کرنا ۔

نیا کرنا (ہ ۔محاورہ) تازہ پھل ۔ باغلہ یا ترکاری کو پہلی دفعہ کھانا۔ موسم کی چیز پہلے پہل چکھنا ۔

نیا گل کھلانا (اُر۔ محاورہ) انوکھی خبر اُڑانا۔ تازہ فتنہ اُٹھانا۔ نیا صدمہ پہنچانا ۔

نیا گل کھلنا (اُر۔محاورہ) نیا فتنہ اُٹھنا۔ نئی خبر اُڑنا۔ دیکھئے "نیا گل کھلانا" جسکا یہ لازم ہے ۔

نیا مسلمان قصائی کی دکان (اُر۔مثل) جب کوئی نیا مسلمان بنتا ہے تو ظاہر میں بڑا کٹر ہوتا ہے ۔

نیا ملا مسجد کو دوڑ دوڑ جائے (اُر۔مثل) جب کوئی بات سیکھتا ہے تو ہر وقت اسی کو کہتا اور جتاتا رہتا ہے ۔

نیا نو دن پرانا سو دن (ہ ۔کہاوت) نئی چیز کی بھڑ ۔ چند دن ہی رہتی ہے ۔ پھر وہی پرانی کی پرانی ہو جاتی اور دیر تک رہتی ہے ۔ نئے آدمی کی قدر چند روز ہی ہوا کرتی ہے ۔

نیا نویلا (ہ ۔ صف ۔مذکر) نوعمر۔ نوخیز۔ بانکا۔ ترچھا۔ جوان انوکھا آدمی ناتجربہ کار ۔

نیا نیا راج ڈھب ڈھب باج (اُر۔مثل) نئی نئی حکومت اچھا کام کرتی ہے ۔

نیابت (ع ۔اسم) نائب ہونا۔ سفارت۔ قائمقامی۔ ایجنٹی۔ میم پنا ۔

نیار (ہ ۔اند) مویشیوں کا چارہ۔ گھاس۔ پات۔ بھس۔ چری ۔

نیارا (ہ ۔ صف) جُدا۔ الگ۔ علیحدہ۔ مختلف۔ متفرق۔ چھانٹا ہوا۔ انتخاب کردہ۔ منتخب۔ علاوہ۔ بجز۔ سوائے۔ ماسوا۔ چاندی سونے کے ذرے ملی ہوئی راکھ مٹی وغیرہ۔ سناروں کی راکھ ۔

نیارا رہنا (ہ ۔محاورہ) الگ رہنا۔ ساتھ نہ رہنا۔ دوسرے گھر میں رہنا۔ علیحدہ رہنا ۔

نیارا دھونا (ہ ۔محاورہ) خاک دھول سے دھوکر چاندی سونے کے ذرے الگ کرنا ۔

نیاریا (ہ ۔اند۔ فاعل) راکھ وغیرہ کو دھوکر چاندی سونا نکال کر الگ کرنے والا۔ مٹی دھوکر چاندی وغیرہ کے ذرے نکالنے والا۔ بڑا چالاک۔ ہوشیار۔ نہایت چھان بین کرنے والا ۔

نیاز (ف ۔اسم) تمنا۔ آرزو۔ حاجت۔ احتیاج۔ خواہش۔ رغبت۔ اظہار محبت۔ فروتنی۔ مسکینی۔ عاجزی۔ انکسار۔ تبرک۔ پرشاد درویشوں کا تحفہ (اردو میں) درود فاتحہ۔ مردے کے نام پر کھانا وغیرہ دینا۔ نذر۔ بھینٹ۔ چڑھاوا۔ منت۔ التجا۔ ملاقات۔ واقفیت۔ روشناسی ۔

نیاز پیدا کرنا (اُر۔محاورہ) راہ رسم پیدا کرنا، تعلقات بنانا

نیاز حاصل کرنا (اُر۔فعل) بزرگوں کی ملاقات کرنا۔ واقفیت بہم پہنچانا۔ ملازمت حاصل کرنا ۔

نیاز دلوانا (اُر۔فعل) فاتحہ درود دلوانا۔ فاتحہ دلوانا ۔

نیاز کرنا (اُر۔فعل) فاتحہ دلانا۔ کسی بزرگ کے نام کا کھانا کرنا۔ نذر چڑھانا۔ نذر کرنا۔ صدقہ کرنا۔ قربان کرنا۔ نثار کرنا۔ دینا۔ حوالہ کرنا ۔

نیاز کیش (ف ۔صف) عاجزی جسکی عادت ہو انکسار کا کلمہ ۔

نیاز کیشی (ف ۔اسم) دیکھئے "نیاز کیش" جسکا یہ اسم کیفیت ہے ۔

نیاز مند (ف ۔صف ۔فاعلی) حاجتمند۔ محتاج۔ مشتاق۔ آرزومند۔ متمنی۔ تابع۔ فرمانبردار۔ مطیع۔ مسکین۔ عاجز۔ غلام۔ ایک ادنےٰ اعلےٰ ۔

نیاز مندی (ف ۔اسم ۔یائے مصدری) محتاجی۔ اشتیاق۔ تمنا مسکینی۔ عاجزی۔ غلامی۔ ملازمت۔ خدمت ۔

نیاز نامہ (ف ۔صف) عاجزی اور انکساری سے اپنی تحریر کو کہتے ہیں ۔

نیازہ (ا۔ مذ) دیکھو نائزہ۔ ڈنڈی عضو تناسل ۔

نیازی (ف ۔مذ) عرض کرنے والا۔ درخواست کرنے والا۔ عاشق دوست۔ محبوب۔ پٹھانوں کا ایک قبیلہ ۔

نیام (ف ۔اسم) تلوار کا غلاف میان شمشیر ۔

نیام

نیام سے تلوار نکالنا (اُر۔ محاورہ) غلاف سے تلوار نکالنا ۔

نیام کرنا (اُر۔ محاورہ) تلوار کو غلاف میں رکھنا ۔

نیاؤ (ہ ۔مذ) انصاف۔ عدل۔ داد۔ فیصلہ۔ تصفیہ ۔

نیاؤ چکانا (اُر۔ محاورہ) انصاف کرنا۔ فیصلہ کرنا۔ جھگڑا چکانا ۔

نیاؤ سبھا (ہ ۔اسم) کچہری۔ عدالت ۔

نیاؤ کرنا (انصاف کرنا۔ فیصلہ کرنا۔ جھگڑا چکانا ۔

نیائے (س ۔اسم) علم منطق۔ علم مناظرہ۔ علم دلیل۔ معقول۔ علم کلام ۔

نیائے شاستر (س ۔مذ) ہندوؤں کی ایک مذہبی منطقی کتاب کا نام ہے ۔

نیایش (ف ۔اسم) خدا تعالیٰ کی حمد و ثنا۔ تحسین و آفرین۔ گریہ و زاری۔ وہ دعا جو عاجزی اور تضرع سے کی جائے۔ دیا۔ کرپا۔ مہربانی ۔

نیائک (س ۔مذ) منطقی۔ معقولی ۔

نیب (ہ ۔مذ) نیم کا درخت۔ ایک سرد طبع تلخ درخت کا نام ہے ۔

نیبو (اُر۔مذ) لیموں۔ لیبو۔ ایک ترش پھل اور اس کے درخت کا نام ہے ۔

نیبو نچوڑ (ہ ۔مذ) لیمو نچوڑنے والا۔ بن بلایا مہمان۔ مفت خورا طفیلی۔ طفیلیا ۔

نیپالی (اُر۔صف) نیپال کا رہنے والا۔ چنبیلی کی ایک قسم۔ لال سنکھیا ۔

نیت (ع ۔اسم) ارادہ۔ قصد۔ عزم۔ دلی منشا۔ غرض۔ مقصد۔ مطلب ۔

نیت باندھنا (اُر۔فعل) اللہ اکبر کہہ کر نماز شروع کرنا۔ نماز میں مشغول ہو جانا۔ ارادہ کرنا۔ عہد باندھنا۔ احرام باندھنا ۔

نیت بخیر ہونا (اُر۔ محاورہ) کسی کا خیر کا دلی ارادہ ہونا۔ کوئی کام کرتے کرتے دل میں بُرا خیال نہ ہونا۔ اچھی نیت سے کوئی کام کرنا ۔

نیت بدل جانا (اُر۔محاورہ) ارادہ پھر جانا۔ نیت بد ہو جانا۔ دل ڈانوں ڈول ہو جانا۔ منصوبہ ٹوٹ جانا ۔

نیت بد کرنا (اُر۔محاورہ) برائی کا ارادہ کرنا ۔

نیت برگشتہ کرنا (اُر۔محاورہ) نیت بدل دینا۔ نیت میں بُرا خیال لانا ۔

نیت برگشتہ ہونا (اُر۔محاورہ) دیکھئے "نیت برگشتہ کرنا" جسکا

لازم ہے ۔

نیت بندھنا (اُر۔محاورہ) دیکھئے "نیت باندھنا" جسکا یہ لازم ہے ۔

نیت بدہونا / نیت بگڑنا (اُر۔محاورہ) ایمان ڈانوا ڈول ہو جانا۔ ارادہ فاسد ہو جانا۔ نیک نیتی میں فرق آنا ۔

نیت بھرنا (اُر۔محاورہ) جی بھرنا۔ سیر ہونا۔ دل بھرنا ۔

نیت بھر جانا (اُر۔محاورہ) دل بھر جانا۔ طبیعت سیر ہو جانا ۔

نیت بھری رکھنا (اُر۔محاورہ) نیت ڈانوا ڈول نہ کرنا۔

نیت پھرنا (اُر۔محاورہ) طبیعت بدل جانا۔ ارادہ بدل جانا ۔

نیت ثابت رکھنا (اُر۔محاورہ) اپنے ارادے پر قائم رکھنا منصوبے پر جمے رہنا۔ وعدے پر مضبوط رہنا ۔

نیت ثابت منزل آسان (اُر۔مثل) جس کی نیت اور ارادہ مضبوط ہو۔ اس کا کام نہایت آسان ہو جاتا ہے ۔

نیت دوڑانا (اُر۔محاورہ) دل کو کسی طرف راغب کرنا ۔

نیت ڈانوا ڈول کرنا (اُر۔محاورہ) بدنیتی کرنا ۔

نیت ڈانوا ڈول ہونا (اُر۔محاورہ) بدنیتی پیدا ہونا ۔

نیت سیر ہونا (اُر۔محاورہ) نیت بھری رہنا ۔

نیت شب بخیر / حرام (اُر۔مثل) رات کے ارادے کی کچھ سند نہیں ۔

نیت کرنا (اُر۔فعل) ارادہ کرنا۔ مدنظر رکھنا۔ دل میں ٹھاننا۔ عہد باندھنا۔ احرام باندھنا۔ سنکلپ کرنا ۔

نیت گیل برکت (اُر۔مثل) برکت۔ نیک نیتی پر موقوف ہے ۔

نیت لگی رہنا (اُر۔محاورہ) دھیان رہنا۔ خیال لگا رہنا ۔

نیت میں خلل ہونا (اُر۔محاورہ) بدنیت ہونا ۔

نیت میں فرق آنا (اُر۔محاورہ) نیت بگڑنا۔ ناجائز طریقے سے فائدہ اُٹھانے کو جی چاہنا ۔

نیت ہونا (اُر۔محاورہ) پکا ارادہ ہونا۔ منشا ہونا ۔

نیت۔ یا۔ نیتی (ع۔امو) قاعدہ۔ دستور۔ آئین طرز حکومت قانون۔ ضابطہ۔ حسن اخلاق۔ چال چلن۔ طور و طریقہ۔ حکمت عملی۔ حسن انتظام۔ تدبیر ملکی ۔

نیت شاستر (ع۔مذ) علم اخلاق کی کتاب۔ اخلاق کے اصول کی کتاب ۔

نیتر (س۔مذ) آنکھ۔ نین۔ چشم۔ عین ۔

نیتی (ع۔امو۔ بیائے اول مجہول) دہی بلونے کی رسی ۔

نیٹنگ (انگ۔امو۔ Knitting) کسی کپڑے کی دھاگہ



نیچ۔ یا۔ نیچو (ع۔امو۔ بیائے مجہول) پانی بھرنے کی ڈوری۔ رسی جیوڑی۔ ریسمان۔ لیج ۔

نیچ (ع۔صف) ادنے۔ کمینہ۔ رذیل۔ سفلہ۔ پاجی۔ اوچھا۔ فرومایہ نشیب۔ پستی۔ ڈھلان۔ نالائق۔ بے جوہر۔ شودر۔ ٹھلوا۔ خدمتی ۔

نیچ اونچ (ع۔امو) نیکی۔ بدی۔ بُرائی۔ بھلائی۔ نشیب و فراز۔ پستی بلندی ۔

نیچ نہ چھوڑے پنچائی نیم نہ چھوڑے نتائی (اُر۔مثل) کمینہ سے سفلہ پن اور نیم سے تلخی کبھی نہیں جا سکتی۔ ہر شے اپنے اصل کو نہیں چھوڑ سکتی ۔

نیچا (ع۔صف) پست۔ اوچھا۔ کوتہ۔ گہرا۔ عمیق۔ کم۔ ادنے۔ مدھم۔ نرم۔ دھیما ۔

نیچا اُونچا (ع۔صف) ناہموار۔ نشیب و فراز۔ پست و بلند۔ اُتار چڑھاؤ ۔

نیچا اُونچا دیکھنا (اُر۔محاورہ) اُتار چڑھاو دیکھنا۔ نشیب و فراز دیکھنا۔ مآل اندیشی کرنا۔ کسی چیز کو پوری طرح سے دیکھنا۔ بغور و تامل دیکھنا ۔

نیچا پڑنا (ع۔محاورہ) مغلوب ہونا۔ عاجز ہونا۔ گرنا۔ دبنا۔ اُبھار کم ہونا۔ پچکنا ۔

نیچا دکھانا (ع۔محاورہ) گرا دینا۔ مغلوب کرنا۔ زک دینا۔ شرمندہ کرنا۔ داغ لگانا۔ ذلیل کرنا۔ غرور ڈھانا ۔

نیچا دیکھنا (ع۔محاورہ) گرنا۔ شرمندہ ہونا۔ شکست کھانا۔ شرمندگی اُٹھانا۔ ذلیل ہونا ۔

نیچر (انگ۔امو۔ Nature) فطرت۔ پیدائش۔ دنیا۔ موجودات عالم۔ قانون قدرت۔ قدرت ۔

نیچرل (انگ۔صف۔ Natural) فطرتی۔ پیدائشی۔ قدرتی ۔

نیچری (اُر۔امذ۔ بیائے فاعلی) نیچر کو ماننے والا۔ قانون قدرت پر چلنے والا۔ نئی روشنی والوں کا فرقہ ۔

نیچا سُر (اُر۔امذ) مدھم سُر ۔

نیچہ (ف۔امذ) نے کی تصغیر ہے۔ حقہ کی نے حقہ کی نلیاں ۔

نیچا بسانا (اُر۔محاورہ) نیچے میں عرق کیوڑہ یا کوئی اور خوشبودار عرق ڈالتے ہیں اور نیچے کے سوراخ روئی سے بند کر دیتے ہیں ۔

نیچہ بند (ف۔امذ۔ فاعل) نیچہ باندھنے والا۔ نیچہ بنانے والا ۔

نیچہ بندی (ف۔امو۔ بیائے مصدری) نیچہ باندھنے کا کام ۔

نیچہ تازہ کرنا (اُر۔محاورہ) نیچہ میں تازہ پانی ڈالنا ۔

نیچے (ع) تابع فعل) پستی میں۔ نشیب میں۔ تلے زیر۔ تحت۔ ماتحت۔ نائب۔ اسسٹنٹ۔ مددگار۔ دھیما۔ مدھم۔ گھٹیل۔ کم درجے کا۔ ادنے ۔

نیچے اُوپر (ع۔تابع فعل) اُوپر تلے۔ ایک پر ایک۔ اُلٹ پلٹ۔ اتھل پتھل۔ ایک اُوپر ایک نیچے ۔

نیچے اُوپر کرنا (اُر۔محاورہ) تہ و بالا کرنا ۔

نیچے اُوپر ہونا (ہ. فعل) اُلٹ پلٹ ہونا. اُوپر تلے ہونا. گرنا گرانا کشتی کرنا. گتھم گتھا ہونا ٭

نیچے اوپر ہو جانا (ہ. فعل) تہ و بالا ہو جانا. انقلاب ہو جانا. اتھل پتھل ہو جانا ٭

نیچے سُر (ہ. اسم) دھیما سُر. مدھم سر. نرم آواز. دُرُن کی ضد ٭

نیچے سے (ہ) تابع فعل. بنیاد سے. تلے سے. جڑ سے ٭

نیچے سے اُوپر تک (ہ. تابع فعل) اول سے آخر تک. سر سے پاؤں تک ٭

نیچے کا دھڑ (ہ. اسم) بدن کا نچلا حصہ ٭

نیچے لانا (ہ. محاورہ) کشتی میں دبا لینا. پچھاڑنا. چت کرنا ٭

نیچی (ہ. اسمو) نیچا کی تانیث. نشیب. پست. اوچھی. گھٹیا. ادنےٰ. رذیل. تلے کی. زرّیں ٭

نیچی آواز (اُر. اسمو) دھیمی آواز. اونچی آواز کی ضد ٭

نیچی چولی کا انگرکھا (اُر. مذ) وہ انگرکھا جسکی پٹی نیچی ہو ٭

نیچی نظر کرنا (اُر. محاورہ) شرم وحیا سے اُوپر آنکھ نہ کرنا. حیا دار ہونا منہ نہ اُٹھانا ٭

نیچی نظروں سے دیکھنا (اُر. محاورہ) آنکھیں نیچی کر کے دیکھنا. تل نظروں کی طرح دیکھنا ٭

نیچی نظر ہونا (اُر. محاورہ) آنکھ اونچی نہ ہونا. لجانا. شرمندہ ہونا. احسان مند ہونا. ممنون ہونا. کسی کا کنوندا ہونا ٭

نیچی نگاہیں یا نظریں (اُر. اسمو) شرماؤ نظریں. شرمیلی نگاہیں شرمگین آنکھیں ٭

نیچی نیچی نظروں سے دیکھنا (اُر. محاورہ) شرمیلی نظروں سے دیکھنا آنکھیں چُرا چُرا کر دیکھنا ٭

نیر (س. اسم) پانی. جل. آب. ندی. نالہ. دریا. سمندر ٭

نیّر (ع. اسم) بے حد چمکتا ہوا ستارہ. نہایت روشن ستارہ ٭

نیّر اصغر (ع. اسم) چھوٹا چمکتا ہوا ستارہ مجازاً چاند. قمر. ماہ ٭

نیّر اعظم (ع. اسم) نہایت روشن اور بڑا ستارہ. یعنی سورج. مہر. آفتاب

نیّر رخشاں (عف. اسم) نواب ضیاء الدین احمد خاں ولد نواب احمد بخش خاں رئیس لوہارو کا تخلص ٭

نیرنگ (ف. اسم) فریب. مکر. حیلہ. دھوکا. دغا. شعبدہ جادو. سحر. چالاکی. عجائبات. ہر شے کا مادہ. کسی تصویر کا خاکہ ٭

نیرنگ زمانہ یا گردوں (ف. اسم) زمانہ کا جادو مجازاً تغیر زمانہ. زمانہ کا انقلاب. زمانہ کے تماشے ٭

نیرنگ ساز (ف. اسم) جادوگر. مکار. فریبی. ساحر. شعبدہ باز ٭

نیرنگ سازی (ف. اسمو) بیائے مصدری. جادوگری. سحر شعبدہ بازی. مکر و فریب ٭

نیرنگ عشق (ف. اسم) عشق کی عجیب باتیں ہیں ٭

نیرنگی (ف. اسمو. بیائے مصدری) جادوگری. دغابازی. چالاکی عیاری. انقلاب. تلون مزاجی. تماشا. نئے نئے روپ ٭

نیرنگئ زمانہ (ف. اسمو) (دیکھو نیرنگ زمانہ) ٭

نیرنگیاں (اُر. اسمو) اردو قاعدے سے نیرنگی کی جمع. چالاکیاں. عیاریاں. شعبدہ بازیاں. طلسمات ٭

نیرین (ع. اسم) دو نہایت روشن ستارے مراد چاند. سورج مہر و ماہ. آفتاب و ماہتاب ٭

نیڑے (ہ. تابع فعل. بہ دوے یا مجہول) پاس. نزدیک. دھورے. قریب. عنقریب. متصل. ابھی تھوڑی دیر میں ٭

نیز (ف) حرف عطف. بھی. اور. دیگر. ہم ٭

نیزہ (ف. اسم. بیائے مجہول) نوک. انی. سنان. برچھی. بھالا علم. بلم. کلک. قلم. ایک قسم کا نرسل. سرکنڈا. قلم کی چھڑ ٭

نیزہ باز (ف. اسم) بلم کے کرتب جاننے والا نیزہ بردار ٭

نیزہ بازی (ف. اسمو. بیائے مصدری) بلم کے کرتب. برچھا ہلانا. برچھے کے داؤں پیچ ٭

نیزہ بردار (ف. اسم) بلم بردار. بھالا بردار ٭

نیزہ خطی (ف. صف) عمدہ نیزہ ٭

نیزہ ہلانا (اُر. محاورہ) بلم یا برچھے کا پھرانا ٭

نیزہ کھانا (اُر. محاورہ) نیزہ کی چوٹ کھانا ٭

نیزوں اُڑانا (اُر. محاورہ) گھوڑے یا ہرن کی تیز رفتار ٭

نیزوں پانی چڑھ جانا (اُر. محاورہ) طغیانی آنا. لڑائی بڑھ جانا ٭

نیزے کے ہاتھ کرنا (اُر. محاورہ) نیزے کے وار کرنا ٭

نیساں (ف. اسم) رومیوں کے ساتویں مہینے اور اس کی بارش کا نام ہے (ہندی) بیساکھ اور انگریزی اپریل سے ملتا ہوا مہینہ ٭

نیست (ف. صف) نہ ہونا. عدم. ہست. کی ضد. خالی. معدوم ٭

نیست کرنا (اُر. محاورہ) برباد کرنا. اُجاڑنا. تباہ کر دینا ٭

نیست و نابود کرنا (اُر. محاورہ) بالکل فنا کرنا. بیخ و بنیاد سے کھودنا. بالکل مٹا دینا ٭

نیست و نابود ہونا (اُر. محاورہ) فنا ہونا. تباہ و برباد ہونا. جڑ بنیاد سے جاتا رہنا ٭

نیستان (فا. اسم. ظرف) نرسل کا جنگل. سرکنڈوں کا جنگل یا کھیت وہ جنگل جہاں نرسل یا گنے ہوں ٭

نیستی (ف. اسمو. بیائے مصدری) ناپید ہونا. فنا. عدم. ہستی کی ضد. نحوست. بداقبالی. بدنصیبی. تمفلسی. ناداری. تنگ دستی افلاس. بطلان. ناس ٭

نیستی بھرا / **نیستی کا مارا** (اُر. صف) بدنصیب. بدبخت. برباد. دلدری. منحوس. بداقبال ٭

نیستی چھانا (اُر. محاورہ) سارا دستی آنا. بداقبالی اور نحوست کا سامنا ہونا. نحوست چھانا ٭

نیستی میں برخورداری (اُر. محاورہ) مفلسی میں اولاد. تنگدستی میں اولاد کا خرچ کثیر ٭

نیش (ف. اسم. بیائے مجہول) نوک کی تیزی. نوک. انی. بھریا. بچھو کا ڈنگ. کانٹا. سول ٭

نیش زن (ف. صف) ڈنک مارنے والا. برائی کرنے والا ٭

نیش زنی (ف.اسمو۔بیائے مصدری) ڈنگ مارنا۔ رکاوٹ پیدا کرنا۔ رکاوٹ۔ بھانجی۔ بُرائی ؛

نیش زنی کرنا (اُردو محاورہ) کانٹا چبھونا۔ ڈنگ مارنا۔ کسی کے حق میں بُرائی کرنا۔ بھانجی ؛

نیش عقرب (ف.اسمذ) بچھو کا ڈنک کنایتہً دشمنوں کی شرارت ؛

نیش عقرب نہ از پئے کین است مقتضائے طبیعتش ایں است (ف.مثل) اس شخص کی نسبت مستعمل ہے جس کی فطرت میں شرارت بھری ہو ؛

نیشتر (ف.اسمذ) فصد کھولنے اور زخم چیرنے کا آلہ۔ ڈنک۔ نوک دار اوزار ؛

نیشتر لگانا (اُردو فعل) نشتر مارنا۔ نوک چبھونا۔ زخم پہنچانا ؛

نیشکر (ف.اسمذ) گنا۔ پونڈا۔ ایکھ۔ اوکھ ؛

نیشن (انگ.اسمو۔ Nation) قوم ؛

نیشنل (انگ.صف۔ National) قومی ؛

نیشنلٹی (انگ.اسمو۔ Nationality) قومیت ؛

نیفہ (ف.اسمذ) پیجامے کے گھیر کا وہ حصہ جس میں آزار بند رہتا ہے۔ آزار بند کا غلاف ؛

نیفہ میں اڑسنا (اُردو محاورہ) نقدی یا کسی چیز کو نیفہ میں رکھ کر لپیٹ دے لینا ؛

نیک (ف.صف) بھلا۔ اچھا۔ خوب۔ سعادت مند۔ سعید بد یا نحس کی ضد۔ پرہیزگار۔ پارسا۔ بھگت۔ عابد۔ زاہد دیندار۔ پاک دامن۔ خوش اطوار۔ اچھے چلن والا۔ بھلا مانس۔ شریف۔ مہذب۔ شائستہ۔ رحم دل۔ خدا ترس۔ خوش خصال اچھی عادت والا ؛

نیک اختر / **نیک بخت** (ف.اصف) نیک نصیب۔ نیک بخت بھاگوان۔ خوش طالع۔ اقبالمند۔ بختاور۔ پارسا سیدھا۔ سچا سپوت۔ سعادت مند ؛

نیک انجام (ف.صف۔فاعلی) وہ شخص جس کا انجام اچھا ہو۔ خاتمہ بالخیر والا۔ عاقبت بخیر آدمی ؛

نیک اندر بد اندر نیک (اُردو مثل) اچھے کے ہاں بُرا اور بُرے کے ہاں اچھے کی جگہ لوتے ہیں ؛

نیک اندیش (ف.صف۔فاعلی) بھلائی سوچنے والا۔ نیک نیت۔ خیر اندیش ؛

نیک بختی (ف.مو۔بیائے مصدری) بھلائی۔ سعادتمندی۔ پرہیزگاری۔ پارسائی۔ بھلمنسائی ؛

نیک بختی آنا (اُردو محاورہ) شامت آنا۔ کم بختی کی جگہ طنزاً ؛

نیک چلن (اُردو صف) بھلا مانس۔ شائستہ۔ نیک بخت۔ وہ شخص جس کا رویہ اچھا ہو ؛ اچھے کردار کا آدمی۔

نیک چلنی (اُردو مو) بھلمنسائی۔ نیک اطواری۔ نیک بختی ؛

نیک خصلت (فع.صف) نیک نہاد۔ پاک سیرت۔ نیک طینت ؛

نیک خواہ (ف.صف) نمک حلال۔ خیر خواہ۔ بہی خواہ۔ وفادار ؛

نیک دل (ف.صف) اچھی نیت رکھنے والا ؛

نیک دلی (ف.صف) نیک نیتی ؛

نیک ذات (ف.صف) نیک نہاد ؛

نیک راہ (ف.صف) اچھی وضع۔ اچھی روش ؛

نیک راہ پر لگانا (اُردو محاورہ) اچھی وضع سکھانا۔ اچھی روش سکھانا ؛

نیک ساعت (ف.صفت) اچھے دن۔ خوش نصیب دن ؛

نیک ساعت آنا (ف.اسمو) اچھی گھڑی آنا۔ اقبال کا وقت آنا ؛

نیک سرشت (ف.صف) نیک طینت۔ خوش خصال

نیک صلاح کا پوچھنا کیا (اُردو محاورہ) نیک کام میں صلاح و مشورے کی ضرورت نہیں فوراً شروع کر دینا چاہیئے "در کارِ خیر حاجت ہیچ استخارہ نیست" ؛

نیک فال (اُردو صف) اچھا شگون۔ مبارک فال ؛

نیک فرجام (ف.صف) نیک انجام ؛

نیک قدم (اُردو صف) وہ شخص جس کا گھر میں آنا مبارک ہو مبارک قدم ؛

نیک کمائی (ف.اسمو) اچھی اور حلال کمائی ؛

نیک گھڑی آنا (اُردو محاورہ) اچھی ساعت آنا ؛

نیک محضر (فع.صف) نیک طینت۔ نیک ذات۔ نیک نہاد

نیک مرد (ف.صف۔مذ) بھلا آدمی۔ بھلا مانس۔ پرہیزگار۔ پارسا

نیک مزاج (ف.صف) اچھی طبیعت اور مزاج والا ؛

نیک منش (ف.صف۔فاعلی) نیک خصلت۔ سعادتمند۔ نیک طبع۔

نیک منظر (فع.صف) حسین۔ خوبصورت۔ سوہنا ؛

نیک نام (ف.نامی۔ نامور۔ وہ شخص جس کا نام بھلائی میں مشہور ہو ؛

نیک نامی (ف.اسمو) ناموری۔ شہرت۔ کارگزاری ؛

نیک نامی کی سند (اُردو مو) حسن کارگزاری کی چٹھی۔ حسن خدمت کا سرٹیفکیٹ ؛

نیک نفس (ف.صف) پاک طینت۔ نیک مزاج۔ دیکھئے "نیک نہاد" ؛

نیک نہاد (ف.صف) پاک خصلت۔ پاک سیرت۔ پاک طینت۔

نیک نیت (فع.صف) اچھے ارادے کا۔ اچھے ارادے والا۔ جس کی نیت میں فتور نہ ہو۔ نیک نہاد۔ نیک خصال ؛

نیک نیتی (فع.اسمو۔بیائے مصدری) نیک اندیشی۔ خوش بینی ؛

نیک و بد (ف.اسمذ) بُرا بھلا۔ بُرائی بھلائی ؛

نیکا (ہ.صف) بھلا۔ خوب۔ خوبصورت۔ اچھا۔ عمدہ۔ سہاؤنا ؛

نیکو (ف.صف) اچھا۔ خوب۔ عمدہ۔ نفیس۔ تحفہ۔ سوہنا۔ سندر روپ۔ خوبصورت ؛

نیکو خصال (ف.صف) دیکھئے "نیک خصلت" ؛

نیکو سیر / سیرت (ف.صف) نیک سیرت۔ اچھی خصلت والا ؛

نیکو شمائل (فع.صف) اچھی خصلت والا۔ نیک خصایل۔ خوش اطوار۔ خوش وضع ؛

نیکو کار (ف.صف) اچھے کام کرنے والا۔ خوش خلق۔ خوش اطوار ؛

نیکو نہاد (ف. صف) نیک نفس ۔

نیکون (اُرد۔مذ) نیک کی جمع بھلوں۔اچھوں ۔

نیکوں کو سول اور بدوں کو پھول (اُرد۔مثل) اچھوں کے ساتھ بُرائی اور بُروں کے ساتھ بھلائی ۔

نیکوئی (ف۔اسمو۔ یائے مصدری) بھلائی۔ خوبی۔ عمدگی ۔

نیکی (ف۔اسمو) خوبی۔ بھلائی۔ عمدگی۔ احسان۔ کارخیر۔ نیک بختی۔ سعادت مندی۔ پارسائی۔ پرہیزگاری ۔

نیکی اُترے (اُرد۔کلمہ دُعا) خفا ہونے کا فقرہ دعاء بد کی بجائے ۔

نیکی اور پوچھ پوچھ (اُرد۔مثل) نیک کام میں مشورہ کی ضرورت نہیں کارخیر میں صلاح کی کیا حاجت ۔

نیکی بدی (ف۔اسمو) بھلائی بُرائی۔ نفع نقصان۔ عیب صواب دوستی۔ دُشمنی ۔

نیکی بدی کے فرشتے (اُرد۔اند) وہ فرشتے جو انسان کے اعمال تحریر کرتے ہیں ۔

نیکی بدی کے واسطے رکھنا (اُرد۔محاورہ) وقت بے وقت کیلئے کچھ پس انداز کرنا ۔

نیکی برباد گناہ لازم (اُرد۔محاورہ) جہاں نیکی کے بدلے اُلٹی بُرائی پلے پڑے وہاں بولا کرتے ہیں ۔

نیکی کا زمانہ نہیں (اُرد۔مثل) اس زمانے میں نیکی کی کوئی قدر نہیں ۔

نیکی کر اور دریا میں ڈال / **نیکی کر اور کنوئیں میں ڈال** (اُرد۔مثل) احسان کر کے بھلا دینا چاہیئے نیکی کا جتانا ٹھیک نہیں نیکی کر اور صلہ کی اُمید نہ رکھ۔ جس نیکی کا عوض نہ ملے اس کی بابت بولتے ہیں ۔

نیکی کرنا (اُرد۔محاورہ) احسان کرنا۔ اچھا سلوک کرنا ۔

نیکی کرو خدا سے پاؤ (اُرد۔مثل) نیکی کا اجر خدا ضرور دیتا ہے۔ نیکی کرو مگر اس کے عوض کی تمنا خدا سے رکھو ۔

نیکی کُن وہ در آب انداز (ف۔مثل) نیکی کر کے بھول جانا چاہیئے ۔

نیکی کی جڑ سدا ہری (اُرد۔مثل) نیکی کبھی ضائع نہیں ہوتی ۔

نیکی نیک راہ بدی بدراہ (اُرد۔مثل) ہر ایک کو اپنے اچھے اور بُرے کی سزا ضرور ملے گی ۔

نیگ (ا۔اند) حصہ۔ بخرہ۔ باٹنا۔ نذر۔ دستور۔ قاعدہ۔ حق الخدمت رسم۔ بیاہ۔ بادشاہی میں رشتہ داروں کو حق حقوق یا خدمتگاروں کو جو انعام واکرام دیا جاتا ہے ۔

نیگ جوگ (ا۔اند) دونو مترادف ہیں۔ بیاہ شادی کے موقع کا حق ۔

نیگ جوگی (اُرد۔صف) شادی بیاہ کی تقریبوں میں انعام کے حقدار اور مستحق لوگ ۔

نیگ دینا (ہ۔محاورہ) بدھائی دینا۔ مبارک باد کا انعام دینا جسب قاعدہ رشتہ داروں کو حقوق دینا ۔

نیگ لگانا (ہ۔محاورہ) خوشی کی جگہ خرچ کرنا۔ اچھے کام پر صرف کرنا۔ بجائے برباد کرنا۔ ضائع کرنا ۔

نیگ لینا (اُرد۔محاورہ) تقریبات کے موقع پر رشتہ داروں یا خدمتی لوگوں کا اپنا اپنا حق لینا ۔

نیگرو (انگ۔ا۔مذ۔ Negro) زنگی حبشی۔ سیاہ فام۔ افریقہ کے براعظم کا بسنے والا۔

نیگی جوگی (ہ۔مو) امریکی سیاہ فام باشندہ۔ حبشن۔ سیاہ رنگ والی عورت۔ کالی عورت۔

نیل (ع۔اسند) پانا۔ حاصل کرنا۔ دسترس۔ حصول ۔

نیل مرام (ع۔اسند) مراد حاصل ہونا۔ مراد پانا۔ حصول مقصد ۔

نیل (ف۔وس۔مذ) نیلا رنگ۔ وسمہ۔ ایک قسم کی پتی جس سے نیلا رنگ حاصل کرتے ہیں۔ مصر کے ایک مشہور دریا کا نام۔ چوٹ کا نشان۔ ضرب کا داغ۔ بدھی ۔

نیل بگڑنا / **نیل کا ماٹ بگڑنا** (اُرد۔محاورہ) نیل کا قوام درست نہ ہونا۔ بہت نقصان دہ بات کا ظہور میں آنا۔ جھوٹی اور بے پر کی اُڑنا چال چلن درست نہ رہنا بے راہ ہونا۔ چلن بگڑنا۔ عقل نہ رہنا۔ پاگل ہو جانا۔ بے رونقی ہونا۔ کم بختی آنا۔ شامت آنا۔ بڑا بھاری نقصان ہونا ۔

نیل پڑنا۔ یا۔ پڑ جانا (اُرد۔محاورہ) جسم پر چوٹ یا ضرب کا نیلا داغ پڑ جانا۔ مار کا نشان جسم پر پڑ جانا ۔

نیل جلانا (اُرد۔محاورہ) بارش کے روکنے کا ٹوٹکا کرنا۔ جملا کا خیال ہے کہ نیل جلانے سے بارش کا زور کم ہو جاتا ہے ۔

نیل ڈالنا (اُرد۔محاورہ) مار مار کر بدھیاں ڈالنا۔ مار مار کر نیلا کر دینا ۔

نیل ڈھلنا (اُرد۔محاورہ) دراصل نیر ڈھلنا ہے۔ موت کے آثار ہونا۔ موت کے وقت آنکھوں سے آنسو ٹپکنا۔ نزع کا وقت ہونا۔

نیل کا ٹیکا (اُرد۔مذ) بدنامی کا داغ۔ کلنک کا ٹیکا۔ روسیاہی۔ سیاہی یا نیل کا وہ نشان جو بچوں کے رخسارے یا ماتھے پر نظر بد کے بچاؤ کے لیے لگا دیتے ہیں ۔

نیل کنٹھ (اُرد۔اند) ایک خوبصورت نیلی گردن اور نیلے پروں والا پرندہ جس کا دسہرے کے دن دیکھنا ہندو لوگ مبارک خیال کرتے ہیں۔ فارسی میں سبزک اور نیلہ زاغ بولتے ہیں ۔

نیل کنٹھی (اُرد۔مو) پرانے بخاروں کو توڑنے والی ایک نہایت کڑوی بوٹی کا نام ہے ۔

نیل کی سلائی آنکھوں میں پھیرنا (اُرد۔محاورہ) اندھا کر دینا۔ نابینا کرنا ۔

نیل گائے (ہ۔اسمو) ہرن سے مشابہ ایک قسم کی جنگلی گائے ۔

نیل گر (ف۔اسند) نیل بنانے والا۔ نیل کا کام کرنے والا۔ رنگریز ۔

نیل گوں (ف۔اصف) نیلے رنگ کا۔ نیلا۔ آسمانی۔ آبی ۔

نیل گھوٹنا (اُرد۔محاورہ) نیل کو باریک کرنا۔ نیل کو بلونا۔ لڑائی ڈالنا۔ کہرام مچانا۔ کلیس کرنا ۔

نیلا (اُرد۔صف) نیلگوں نیلے رنگ کا۔ آبی۔ آسمانی۔ کبود۔ ایک قسم کا کبوتر ۔

نیلا پڑ جانا (اُرد۔محاورہ) کالا پڑ جانا۔ نیلگوں ہو جانا ۔

نیلا پیلا (اُرد۔صف) زرد اور پیلا۔ نیلگوں اور زرد ۔

نیلا پیلا ہونا (اُرد۔محاورہ) بہت خفا ہونا۔ غصے ہونا۔ لال پیلا ہونا آنکھیں نکالنا۔ بگڑنا ۔

نیلا تاگا (اُرمذ) نیلا دھاگہ نظرِ بد کے لیے بازو میں باندھنا ۔
نیلا تھوتا - یا - نیلا تھوتھا (اُرمذ) توتیائے سبز۔ ایک نیلے رنگ کی دوا کا نام ہے۔ یہ ایک قسم کا زہر ہوتا ہے ۔
نیلا ڈورا باندھنا (اُرمحاورہ) نظرِ بد سے بچنے کے لیے نیلے رنگ کا دھاگا باندھنا ۔
نیلا کنڈا پہنانا (اُرمحاورہ) نظرِ بد سے بچنے کے لیے نیلے رنگ کا ڈورا باندھنا ۔
نیلا کرنا (اُرمحاورہ) نیلا رنگ دینا۔ حد سے زیادہ مارنا۔ اتنا مارنا کہ بدن پر نیل پڑ جائیں ۔
نیلا گودنا (اُرمحاورہ) سوئیوں سے ہاتھ پاؤں گود کر ان میں نیل بھرنا ۔
نیلام (پرتگالی۔ مذکر) بولی بول کر بیچنا۔ اوکشن ۔
نیلام پر چڑھنا (اُرمحاورہ) نیلام کیا جانا۔ نیلام کر کے بیچ دینا ۔
نیلام کا مال (اُرامذ) کم وقعت مال۔ ناقص اور حقیر چیز ۔
نیلام کرنا (اُرمحاورہ) بولی بول کر بیچنا ۔
نیلام گھر (اُرمذ) چیزیں نیلام کرنے کی جگہ ۔
نیلاہٹ یا نلاہٹ (ہ) نیلا پن ۔
نیلم (ف امذ) ایک قسم کا نیلے رنگ کا قیمتی اور خوشنما پتھر ۔
نیلم پری (اُرامو) اندر سبھا کے تماشے کی ایک فرضی پری کا نام ہے ۔
نیلوفر (ف امذ) ایک قسم کے نیلے رنگ کے پھول کا نام ہے ۔
نیلی (ہ مو) صف۔ نیلے رنگ کی چیز۔ آسمانی۔ آبی۔ نیلگوں ۔
نیلی پیلی آنکھیں کرنا (اُرمحاورہ) بے حد غضبناک ہونا۔ بہت غصہ کرنا ۔
نیلی فام (ف صف) نیلے رنگ کا۔ نیلگوں۔ آسمان ۔
نیم (ہ امذ) ایک نہایت کڑوے درخت کا نام۔ نیسب (یہ لفظ بیائے معروف ہے)
نیم کا بھرتا (ہ امذ) زخم پر باندھنے کا نیم کا پلٹس ۔
نیم کی ٹہنی ہلانا (ہ محاورہ) آتشک کی بیماری میں مبتلا ہونا۔ نیم کی ٹہنی سے زخم کی مکھیاں اڑانا ۔
نیم کی بنولی (ہ امو) تخم نیم۔ نمکونی ۔
نیم (ف صف) آدھا۔ نصف۔ بیچ۔ درمیان۔ میان۔ وسط۔ باطن ۔
نیم آستیں (ف امو) ایک قسم کا کرتہ ۔
نیم اشارہ (ف ا مذ) مبہم اشارہ ۔
نیم تاب (ف صف) آدھا لیٹا ہوا ۔
نیم باز (ف صف) آدھی کھلی آدھی بند۔ نیشلی۔ مخمور۔ غنودہ آنکھ ۔
نیم برشت (ف صف) آدھ بھنا۔ آدھ کچرا۔ آدھ پکا۔ آدھ بھنا ہوا ۔
نیم بسمل (ف صف) آدھ مُوا۔ گھائل۔ مجروح۔ آدھا ذبح کیا ہوا ۔
نیم تاج (ف امذ) ایک قسم کا تاج جو دیبا سے بناتے اور جواہرات سے مرصع کر کے عروس کے سر پر رکھتے ہیں ۔
نیم تسلیم (ف امو) سلام کے واسطے خم ہو کر ہاتھ ناف تک لے جانا ۔
نیم ٹر (اُرصف) ناتجربہ کار۔ یونہیں سا پڑھا ہوا۔ حرف شناس۔ شدید رکھنے والا ۔
نیم جان (ف صف) آدھ موا۔ قریب المرگ۔ نیم مردہ ۔
نیم جوش (ف صف) تھوڑا سا اُبالا ہوا۔ ادھ پکا ۔
نیم حکیم (ع امذ) اُدھورا حکیم۔ عطائی حکیم۔ بے علم طبیب۔ ناتجربہ کار۔ اَن پڑھ ۔
نیم حکیم خطرۂ جان۔ نیم ملّا خطرۂ ایمان (ف۔ مثل) ناتجربہ کار سے کام کے بگڑنے کا خطرہ ہی ہوتا ہے ۔
نیم خواب (ف صف) آنکھ کی صفت۔ آدھ کھلی کچی نیند ۔
نیم خوردہ (ف صف) جھوٹا۔ پس خوردہ۔ اُبشن ۔
نیم خیز (ف صف) ایک قسم کی تعظیم جو نیم کھڑے ہو کر دی جاتی ہے ۔
نیم راضی (ف صف) آدھا رضامند ۔ جھوٹا۔
نیم رخ (ف صف) ایک رُخی تصویر ۔
نیم رضا (ف صف) کسی قدر رضامندی ۔
نیم رس (ف صف) جو ابھی پک کر پوری تیار نہ ہوئی ہو۔ نیم پختہ ۔
نیم رنگ (ف صف) وہ جسکا رنگ اُڑ گیا ہو۔ ہلکا رنگ ۔
نیم روز (ف امذ) دوپہر ۔
نیم سوختہ (ف صف) آدھا جلا ہوا ۔
نیم شب (ف امو) آدھی رات ۔
نیم کا تنکا (اُرامذ) وہ تنکا جو عورتیں کان ناک کے سوراخ میں ڈالتی ہیں تاکہ سوراخ بند نہ ہو ۔
نیم کار (ف صف) وہ شخص جو دوسروں کے اوزاروں سے کام کرے اور کچھ مزدوری اوزاروں کے مالک کو دے دے ۔
نیم کش (ف صف بمفعولی) نیم کشیدہ۔ آدھا اندر آدھا باہر تیر۔ وہ تیر یا تلوار جسے پورا نہ کھینچ لیا ہو ۔
نیم کشتہ (ف صف) گھائل۔ زخمی ۔
نیم گرد سوہن (اُرمذ) آدھا گول اور آدھا چپٹا سوہن یا رینی۔ آدھی گول رینی ۔
نیم گرم (ف صف) گنگنا۔ شیر گرم۔ وہ پانی جو بہت گرم نہ ہو ۔
نیم مست (ف صف) یا خمر مست۔ آدھا ہوشیار آدھا مست ۔
نیم مُلّا (ع امذ) کچا مُلّا۔ ناقص العلم ۔
نیم نگاہ (ف صف) کنکھیوں سے دیکھنا ۔
نیم وا (ف صف) آدھا کھلا ۔
نیم (ہ امذ۔ بیائے مجہول) ہٹ۔ ضد۔ اڑ۔ اصرار۔ دینی عہد۔ منت۔ اقرار۔ قول۔ پخ۔ فرض۔ رضا۔ قبولیت۔ دردِ معمول دستور۔ برت۔ روزہ۔ وقت۔ بیلا۔ اوسر ۔
نیم باندھنا (ہ محاورہ) دستور باندھنا۔ روزانہ بجالانا۔ معمول باندھنا۔ عہد کرنا۔ منت ماننا۔ حکم بجالانا۔ اطاعت کرنا ۔
نیم پتر (ہ امذ) اقرار نامہ ۔
نیم دھرم (ہ امذ) ایمانداری۔ پرہیزگاری۔ زہد۔ تقوے۔ اچھا چلن۔ برت۔ روزہ ۔
نیچہ (ف امذ) چھرا۔ خنجر۔ جمدھر۔ پیش قبض۔ چھوٹی تلوار ۔
نیچہ تولنا (اُرمحاورہ) چھرا/خنجر مارنے کا ارادہ کرنا ۔
نیچہ کھانا (اُرمحاورہ) نیچہ کی چوٹ کھانا ۔

نیچہ کھینچنا (اُر۔ محاورہ) مارنے کے لیے تازیانہ اُٹھانا ۔
نیچہ نکالنا (اُر۔ محاورہ) تلوار نیام سے باہر نکالنا ۔
نیمن (ہ۔ صف) مضبوط۔ گٹھیلا۔ زور آور۔ بلونت۔ قوی۔ استوار محکم۔ دیرپا۔ پکا۔ نگر۔ ٹھوس۔ بھاری ۔
نیمہ (ف۔ مذ) آدھا۔ نصف۔ ادھواڑ۔ بُرقع۔ طرف۔ جانب ایک قسم کا اُونچا جامہ۔ ایک طرح کی اونچی پوشاک ۔
نیمہ آستین (ف۔ مؤ) آدھی آدھی آستینوں کی واسکٹ۔ جاکٹ۔ صدری ۔
نیمی (ہ۔ صف۔ فاعلی۔ بیائے مجہول) پاکدامن۔ پارسا۔ ایماندار۔ پرہیزگار۔ بلند۔ دیانتدار۔ خُدا ترس۔ صاف دل ۔
نین (ہ۔ مذ) آنکھ۔ دیدہ۔ چشم۔ نظر۔ نگاہ۔ عین ۔
نین گنوانا (ہ۔ محاورہ) آنکھیں کھونا۔ اندھا ہونا۔ محتاج ہونا۔ اپنی دولت گنوانا ۔
نین مُتنا (ہ۔ مذ۔ فاعل) بات بات پر رونے والا ۔
نین متنی (ہ۔ صف۔ مونث) بات بات پر رو دینے والی۔ چڑچڑی ہر بات پر خفا۔ اور آزردہ ہونے والی ۔
نینا (ہ۔ مذ) نین کی تصغیر۔ آنکھ ۔
نیند (ہ۔ مؤ) خواب۔ نوم ۔
نیند آجانا / **نیند آنا** (ہ۔ محاورہ) سونے کو جی چاہنا۔ نیند محسوس ہونا۔ آنکھ لگ جانا۔ سوجانا۔ اُونگھ جانا ۔
نیند اچٹنا۔ یا۔ اچٹ جانا (ہ۔ محاورہ) نیند کا جاتا رہنا۔ آنکھ کھل جانا۔ جاگ پڑنا ۔
نیند اُڑ جانا (اُر۔ محاورہ) نیند نہ آنا۔ نیند کا جاتے رہنا۔ آنکھ کھل جانا ۔
نیند اُڑانا (اُر۔ محاورہ) نیند نہ آنے دینا ۔
نیند اُڑنا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے "نیند اُڑانا" جسکا یہ لازم ہے ۔
نیند اُمڈنا (اُر۔ محاورہ) شدت سے نیند آنا ۔
نیند بھر سونا / **نیند بھر کر یا بھر کے سونا** (اُر۔ محاورہ) بخوبی سونا۔ بیفکری سے سونا جب دلخواہ سونا۔ پاؤں پھیلا کے سونا۔ اپنی نیند سونا سکھ نیند سونا ۔
نیند بھرنا (اُر۔ محاورہ) بخوبی سولینا۔ اچھی طرح سولینا۔ نیند پوری ہونا خمار میں پھرنا ۔
نیند بھر کر کے سونا (اُر۔ محاورہ) پوری نیند سونا۔ بے فکری سے سونا ۔
نیند بھری آنکھیں (اُر۔ مؤ) وہ آنکھیں جن میں نیند کا خمار ہو ۔
نیند بھری ہونا (اُر۔ محاورہ) آنکھوں میں نیند کا خمار ہونا ۔
نیند حرام کرنا (اُر۔ محاورہ) سونے میں دقت کرنا۔ سوتے سے جگا دینا۔ نیند کھونا۔ جگانا ۔
نیند کا فور ہونا (اُر۔ محاورہ) نیند اُڑ جانا ۔
نیند کا دُکھیا (ہ۔ مذ) بہت سوتے کا عادی۔ بہت سونے والا مغلوب خواب ۔
نیند کا ماتا (ہ۔ مذ) خوب آلودہ۔ نیند میں بھرا ہوا۔ مست خواب ۔
نیند کی جھپکی (اُر۔ مؤ) غنودگی۔ ذراسی دیر آنکھ جھپکنا ۔
نیند کے مارے بُرا حال ہونا (اُر۔ محاورہ) شدت سے نیند آنا ۔
نیند میں خلل / فتور آنا (اُر۔ مصدر مرکب) نیند بھر کر سونے نہ پانا ۔
نیند میں ہونا (اُر۔ فعل) خوب آلودہ ہونا۔ اُنیدا ہونا۔ مست خواب ہونا ۔
نیند ڑیاں (ہ۔ مؤ) نیند کی تصغیر۔ سکھ۔ نیند۔ خواب راحت ۔
نیندُو (ہ۔ صف۔ مذ) بہت سونے والا ۔
نینن سکھ (ہ۔ مذ) ایک قسم کا نہایت عمدہ اور باریک کپڑا۔ خاصہ غفص ململ ۔
نینو (ہ۔ مذ) ایک قسم کا سوتی کپڑا۔ جس پر آنکھ کی مانند تارے سے بنے ہوتے ہیں۔ پھولدار کپڑا۔ بیل دار کپڑا ۔
نیو (ہ۔ مؤ) جڑ۔ بنیاد۔ بیخ۔ اصل۔ شروع۔ آغاز۔ ابتدا۔ استحکام ۔
نیو جمانا۔ یا۔ ڈالنا (ہ۔ فعل) بنیاد ڈالنا۔ بنیاد رکھنا۔ گھر بنانا۔ قایم کرنا۔ مضبوطی۔ حاصل کرنا۔ شروع کرنا۔ ابتدا کرنا۔ نقشہ جمانا۔ ڈھنگ ڈالنا۔ تمہید اُٹھانا ۔
نیوا (ہ۔ مذ) چُپ۔ خاموش ۔
نیوا ناس (ہ۔ مذ) تباہ و برباد۔ ستیاناس۔ بیخ و بنیاد کی تباہی ۔
نیوا ناس جانا (ہ۔ محاورہ) برباد ہونا۔ اُجڑنا۔ ستیاناس ہونا ۔
نیوا ناس کیا (ہ۔ صف۔ مفعولی) اُجڑا پجڑا۔ کھوج مٹا۔ کھوجڑے گیا۔ خانہ خراب ۔
نیوتا (ہ۔ مذ) نوتا۔ تبنول۔ بیاہ شادی کے موقعہ پر نقدی لینے دینے کی رسم ۔
نیوتنا (ہ۔ مصدر) بلاوا بھیجنا۔ دعوت دینا ۔
نیوڑانا۔ یا۔ نیوڑا کر دھونا (ہ۔ فعل) خوب ملنا۔ خوب ملکر دھونا ۔
نیوز (انگ۔ ا۔ مؤ) خبر۔ اخبار ۔
نیوز پرنٹ (انگ۔ ا۔ مذ Newsprint) اخباری کاغذ جو کاغذ جمول کا غذ
نیوز پیپر (انگ۔ ا۔ مذ) اخبار۔ روزنامہ ۔ Newspaper
نیوز لیٹر (انگ۔ ا۔ مذ News Letter) خبرنامہ۔ اخباری مراسلہ ۔
نیوگ (ہ۔ مذ) ہندوؤں میں اولاد حاصل کرنے کی غرض سے نطفہ لینے کی ایک رسم کا نام ہے ۔
نیوگ کی اولاد (اُر۔ مذ) حرامی۔ حرام زادہ ۔
نیولا (ہ۔ مذ) نیو کھودنے والا جانور۔ ایک قسم کا بڑے چوہے جتنا جانور جو سانپ کو مار ڈالتا ہے۔ راسو۔ نول ۔

نیولا

نیولی (ہ۔ مؤ) ہمیانی۔ روپے رکھنے کی لمبی تھیلی ۔
نیوی (انگ۔ ا۔ مؤ Navy) بحری فوج جنگی جہازوں کا بیڑا ۔
نیئی وید (س۔ مؤ) نیاز۔ نذر مولا۔ بھینٹ۔ قربانی۔ دیوتا کا بھوگ پرساد ۔
نیہ (ہ۔ مذ) پیار۔ محبت۔ سوہ۔ پریت۔ الفت۔ عشق ۔
نیہ لگانا۔ یا۔ نیہا لگانا (ہ۔ فعل) محبت لگانا۔ آنکھ لگانا۔ عاشق ہونا۔ محبت کرنا ۔
نیہی (ہ۔ مذ) پیار کرنے والا۔ پریمی۔ چاہنے والا۔ عاشق۔ محب ۔
نیہیر (ہ۔ مذ) عورت کے ماں باپ کا گھر۔ میکا ۔

و (ع۔مو) عربی کا چھبیسواں[۲۶]۔ فارسی کا تیسواں[۳۰]۔ ہندی کا انتیسواں[۲۹] اور اردو کا تینتسواں حرف ہے۔ حساب ابجد میں اس کے چھ عدد شمار کیے گئے ہیں۔ (۱) بصورت عطف اور کے معنی دیتا ہے

و ـ ا

وا (ف۔صف) کھلا ہوا۔ کشادہ۔ پھیلا ہوا۔ جدا۔ الگ

دوسری دفعہ۔ پھر۔ دوبارہ ؛

وا کرنا (اُر۔فعل) کھولنا۔ پھیلانا۔ باز کرنا ؛

وا ماندہ (ف۔صف) جھوٹا۔ پس خوردہ۔ عاجز باقی رہا ہوا۔

پس ماندہ۔ پیچھے رہا ہوا۔ تھکا ہوا ؛

وا (ہ۔مو) پون۔ ہوا۔ باد۔ دایو۔ ضمیر غائب۔ وہ۔ اُن۔ اُو ؛

وابستگاں (ف۔اسم) ایک گھر کے متعلقین۔ کنبہ کے۔ رشتہ دار۔ اقارب ؛

وابستگی (ف۔اسم) تعلق۔ سروکار۔ واسطہ۔ لگاؤ ؛

وابستہ (ف۔صف) متعلق۔ رشتہ دار۔ بندھا ہوا۔ پیوستہ۔ منسلک

واپس (ف۔تابع فعل) بمعنی باز پس۔ الٹا پھرا ہوا۔ لوٹا ہوا۔

ہٹا ہوا۔ مسترد۔ پھرا ہوا۔ پیچھے۔ اُلٹا ؛

واپس آنا (اُر۔محاورہ) پھر آنا۔ پلٹ آنا۔ لوٹنا۔ پھرنا ؛

واپس دینا (اُر۔محاورہ) پھر دینا۔ لوٹا دینا۔ واپس کر دینا ؛

واپس کرنا (اُر۔محاورہ) مسترد کرنا۔ لوٹنا۔ پھیرنا۔ موڑنا ؛

واپس لینا (اُر۔محاورہ) مسترد کرنا۔ لوٹانا۔ پھیرنا۔ موڑنا ؛

واپس ملنا (اُر۔محاورہ) کسی چیز کا پلٹ کر ملنا ؛

واپس ہونا (اُر۔محاورہ) لوٹنا۔ اُلٹا پھرنا۔ پلٹنا۔ مراجعت کرنا ؛

واپسی (اُر۔مو) پھرنا۔ لوٹنا۔ واپس شدہ چیز۔ پھری ہوئی چیز ؛

واپسیں (ف۔صف) برین نسبتی و تفصیلی آخیر۔ آخری۔ سب سے آخر ؛

وات (س۔اسم) ہوا۔ پون۔ بیاں۔ باد۔ ایک بیماری کا نام

گٹھیا۔ بادی گٹھیا ؛

واثق (ہ۔صف۔فاعلی) مستحکم۔ پکا۔ مضبوط۔ مستقل ؛

واجب (ع۔صف۔فاعلی) ضرور۔ لازم۔ مناسب۔ ہمیشہ

دائم۔ مدام۔ لائق۔ کرنے والا۔ قابل۔ جو اپنی بقا کے

ذات میں کسی کا محتاج نہ ہو۔ خدا تعالےٰ۔ فرض۔ فرض کیا گیا۔ تنخواہ۔ مشاہرہ۔ ماہوار۔ علم حساب میں وہ مکسور جس کی کسر کا عدد مخرج کے عدد سے چھوٹا ہو ؛

واجب آنا (اُر۔محاورہ) لازم آنا۔ ضروری ہونا۔ ذمے نکلنا ؛

واجب الاتباع (ع۔صف) جس کی پیروی ضروری ؛

واجب الادا (ع۔تابع فعل) مفید صفت۔ دینے۔ جوگ۔

وہ رقم جس کا ادا کرنا واجب ہے ؛

واجب الاظہار (ع۔تابع فعل) ظاہر کرنے کے لائق۔ بیان کرنے کے قابل ؛

واجب التسلیم (ع۔تابع فعل) مانا ہوا۔ ماننے کے قابل۔

مان لینے کے لائق ؛

واجب التعزیر (ع۔تابع فعل) سزا کے قابل۔ سزا کے لائق ؛

واجب التعظیم (ع۔تابع فعل) قابل ادب عزت کے لائق۔

بزرگ۔ مانا ہوا ؛

واجب التعمیل (ع۔صف) وہ جس کی تعمیل ضروری ؛

واجب الرحم (ع۔تابع فعل) رحم کے قابل۔ ترس کھانے کے

لائق۔ رحم کرنے کے قابل ؛

واجب الرعایت (ع۔تابع فعل) قابل معافی۔ چھما جوگ۔ لحاظ

کرنے کے قابل۔ معذور رکھنے کے لائق ؛

واجب الزیارت (ع۔تابع فعل) دیکھنے یا ملاقات کے لائق

زیارت کے قابل ؛

واجب الطلب (ع۔تابع فعل) مانگنے کے قابل۔ لینے جوگ

قابل وصول۔ قابل مطالبہ ؛

واجب العرض (ع۔تابع فعل) قابل عرض۔ عرضی دعوے۔ تحریری

اظہار۔ وہ شرطیں جو قانونی بندوبست کے خاتمہ پر مالکوں اور کاشتکاروں کے درمیان کاشت وغیرہ کی بابت لکھی جائیں ؛

واجب القتل (ع۔تابع فعل) مار ڈالنے کے قابل۔ قابل قتل

قتل کرنے کے لائق ؛

واجب الوجود (ع۔صف) وہ ذات جو اپنی ہستی اور بقا میں محتاج غیر نہ ہو ۔

واجب الوصول (ع۔تابع فعل) مفید صفت ۔ قابل وصول ۔ کے قابل ۔ حاصل ہونے کے قابل ۔

واجب جاننا (اُر۔محاورہ) ضروری جاننا ۔ لازم سمجھنا ۔ فرض جاننا ۔

واجب ولازم (ع۔صف) ضروری اور فرض ۔ نہایت ضروری خاص ۔ صحیح ۔ ثابت ۔

واجب ہونا (اُر۔محاورہ) فرض ہونا ۔ ضروری ہونا ۔

واجبات (ع۔ا۔مو) واجب کی جمع ۔ ضروریات لازمی چیزیں ۔ ضروری اشیا ۔ فرائض ۔ لوازمات ۔ چڑھی ہوئی تنخواہیں ۔ واجب الوصول رقمیں ۔

واجبی (ع۔صف) بجا ۔ درست ۔ معقول ۔ ٹھیک ۔ لازمی ۔ ضروری ۔ روزینہ ۔ وظیفہ ۔ لائق ۔ سزاوار ۔ مناسب ۔

واجبی بات (اُر۔ا۔مو) ٹھیک بات ۔ درست بات ۔ حق الامر بات ۔ سچی بات ۔

واجبی خرچ (اُر۔ا۔مذ) مناسب خرچ ۔ ضروری خرچ ۔ لازمی اور درمیانہ درجہ کا خرچ ۔

واجبی سا (اُر۔صف) ذرا سا ۔ تھوڑا سا ۔ قلیل مقدار میں ۔ جزوی ۔

واجد (ع۔صف) وجود دینے والا ۔ پانے والا ۔ بات نکالنے والا اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام ۔

واچ (انگ۔ا۔مو۔Watch) گھڑی ۔ جیب گھڑی ۔

واچ میکر (انگ۔ا۔مذ۔Watch Maker) گھڑی ساز ۔ گھڑی بنانے والا ۔ گھڑی کی مرمت کرنے والا ۔

واحد (ع۔صف) ایک فرد ۔ مفرد ۔ مجرد ۔ صرف ۔ تنہا ۔ فقط ۔ نرا اکیلا ۔ یکا ۔ یگانہ ۔ ذات خدا تعالےٰ ۔

واحد العین (ع۔صف) ایک آنکھ والا ۔ یک چشم ۔ کانا ۔ کانڑا ۔

واحد حقیقی (ع۔ا۔صف) اصل ۔ یکتا ۔ خدائے تعالیٰ ۔

واحد شاہد (اُر۔محاورہ) واقف ۔ واقف الحال ۔ محرم ۔ احسان یا سلوک کرنے والا ۔ مسلوک ۔ خدائے واحد میرا گواہ ہے خدا شاہد ہے ۔

واحد شاہد بھی نہیں (اُر۔محاورہ) واقف بھی نہیں ۔ میں بالکل ناواقف اور بے خبر ہوں ۔ کوڑی بھی نہیں لی ۔

واحد شاہد ہونا (اُر۔محاورہ) جاننا ۔ شناسا ہونا ۔ واقف ہونا ۔ محرم ہونا ۔ دینا ۔ کسی کے ساتھ سلوک کرنا ۔ احسان کرنا ۔

واحسرتا (ع) کلمہ تاسف و افسوس ۔ ہائے ہائے ۔ ہے ہے ۔ افسوس ۔ حیف ۔ وائے ۔ غضب ۔

وادی (ع۔صف) گھاٹی ۔ پہاڑ کا درّہ نیچی زمین ۔ وہ سرسبز قطعہ جو دو پہاڑوں یا پہاڑیوں کے درمیان واقع ہو ۔ دریا یا نالے کے پانی کے بہنے کا جنگل ۔ مجازاً جنگل ۔ دشت ۔ صحرا ۔ مجازاً مقدمہ ۔ معاملہ ۔ ندی ۔ دریا کا نالہ ۔ دریا ۔

وادیٔ ایمن (ع۔مذ۔ظرف) وہ جنگل جو کوہ طور سے داہنی طرف ہے ۔ جہاں حضرت موسےٰ علیہ السلام اپنی بیوی کو دروزہ میں چھوڑ کر آگ کی تلاش میں آگے بڑھے تھے اور پہلے پہل آپ کو اسی جگہ معراج ہوا تھا ۔ (ایمن بمعنی داہنی طرف والا ۔

وادیٔ خموشاں (عف۔ا۔مذ) قبرستان ۔ گورستان ۔

وادیٔ مجنوں (ع۔ا۔مذ) ظرف ۔ وہ جنگل یا صحرا جہاں مجنوں پڑا رہا کرتا تھا

وادیٔ مقصود (عف۔ا۔مذ) منزل مقصود ۔

وادیٔ نور (عف۔صف) صحرا نورد ۔ دیوانہ ۔ پاگل ۔

وادی پر آنا ۔ یا ۔ اپنی وادی پر آنا (اُ۔فعل) اپنی ضد پر آنا ۔ ہٹ پر آنا ۔ اپنی عادت پر آنا ۔

وار (ہ۔ا۔مذ) دن ۔ روز ۔ باری ۔ داؤں ۔ گھاٹ ۔ موقعہ ۔ نوبت دفعہ ۔ اس طرف ۔ ادھر ۔ اس کنارے پر ۔ اس جانب ۔ حملہ ۔ صدمہ ۔ ضرب ۔ چوٹ ۔ حربہ ۔ زخم ۔ گھاؤ ۔ ٹھوکر ۔

وار بچانا (ہ۔محاورہ) حملہ روکنا ۔ ضرب سے بچنا ۔ خالی دینا ۔ حربہ سے بچنا ۔

وار بیٹھنا (اُر۔محاورہ) بھرپور ہاتھ پڑنا ۔ کاری چوٹ آنا ۔ ضرب لگنا

وار پار (ہ۔تابع فعل) ادھر سے اُدھر تک ۔ اس طرف سے اس طرف تک ۔ آر پار ۔ آدھا ادھر آدھا اُدھر ۔

وار پار ہونا (اُر۔محاورہ) آر پار ہو جانا ۔ ادھر سے اُدھر نکل جانا ۔ ترازو ہونا ۔

وار پھیر (ہ۔مو) صدقہ ۔ نچھاور ۔ نثار ۔ بیل وہ نقدی جو دولہا دولہن کے سر پر سے وار کر ڈومنیوں کو دی جاتی ہے ۔

وار چلنا (اُر۔محاورہ) داؤں لگنا ۔ ضرب پڑنا ۔ ہاتھ بیٹھنا ۔ ہاتھ لگنا ۔

وار خالی جانا (اُر۔محاورہ) ہاتھ بہک جانا ۔ ہاتھ نہ بیٹھنا ۔ ضرب نہ پڑنا ۔

وار خالی دینا (اُر۔محاورہ) چوٹ بچا جانا ۔ داؤں کھیل جانا ۔

وار رُکنا (اُر۔محاورہ) کسی کے حربے کا ڈھال پر رُک جانا ۔

وار روکنا (اُر۔محاورہ) کسی کے حربے کو ڈھال یا کسی عضو پر روکنا ۔ چوٹ نہ آنے دینا ۔

وار کرنا (اُر۔محاورہ) ضرب لگانا ۔ حملہ کرنا ۔ چوٹ کرنا ۔ حربہ کرنا چال چلنا ۔ دھوکا دینا ۔ داؤں کرنا ۔

وار لگنا ۔ وار ملنا (ہ۔محاورہ) موقعہ ملنا ۔ باری آنا ۔ نوبت آنا ۔

وار لگانا (اُر۔محاورہ) ضرب لگانا ۔

وار لینا (اُر۔محاورہ) اپنی باری لینا ۔ دم لینا ۔ ٹھہرنا ۔

وار مرداں خالی بنا شد (اُر۔مثل) مردوں کا وار خالی نہیں جاتا ۔ مردوں کی بات بے اثر نہیں ہوتی ۔

وار ۔ وارہ (ف) حرف تشبیہ ۔ مانند ۔ مثل ۔ کلمۂ ۔ لیاقت بمعنی لائق جیسے شاہوار ۔ کلمہ نسبت جیسے تقصیروار ۔

وارا (ہ۔ا۔مذ) نفع ۔ فائدہ ۔ بچت ۔ کفایت ۔ اوت ۔ افاقہ ۔

وار ابندی (اُر۔ا۔مو) محکمہ نہر کی اصلاح میں کاشتکاروں کو پانی ملنے کی باری جس میں پورا دور مکمل ہوتا ہے ۔ باری مقرر کرنا ۔

وارا نیارا (ہ۔ا۔مذ) گہرا فائدہ ۔ بڑا نفع ۔ دوٹوک فیصلہ ۔ قطعی فیصلہ ۔

وارے نیارے (اُر۔مذ) دولت ۔ نفع ۔ کمائی افعال کرنا ۔ ہونا ۔

وَارا وَرد (ہ۔ا۔مو) جوڑ ۔ میزان ۔ مدمقابل ۔ برابر ۔ فائدہ ۔

بچت . کفایت ٭
وار اور دآنا (ہ ۔ محاورہ) برابری کرنا . مدمقابل ہونا . سامنے ہونا مقابل ہونا ٭
وار اور دہونا (ہ ۔ محاورہ) جیتنا . غالب آنا . کفایت ہونا . اوت ہونا ٭
وارث (ع ۔ مذ ۔ فاعل) وراثت پانے والا نزکہ کا حق دار مستحق مُردے کے مال میں حصّہ لینے والا . خاوند . خصم . میاں . مددگار معاون . حامی ٭
وارث بعید (ع ۔ مذ) دور کا وارث ٭
وارثِ تاج وتخت (عف ۔ ا ۔ مذ) تخت وتاج اور حکومت و سلطنت کا وارث . ولی عہد ٭
وارث تاج ونگیں (عف ۔ ا ۔ مذ) دیکھئے "وارث تاج وتخت"
وارث شرطی (عف ۔ ا ۔ مذ) ایسا وارث جس کے لیے میراث پانے کی کوئی شرط . کسی شرط پر میراث پانے والا ٭
وارث صلبی (عف ۔ مذ) جسے نسلی وارث ہونے کی وجہ سے میراث کا حق پہنچتا ہو ٭
وارثی (ع ۔ ا ۔ مذ) صوفیا کا ایک گروہ جو حضرت وارث علی شاہؒ کا پیرو تھے . (صف) اس گروہ سے متعلق ٭
وارِد (ع ۔ صف ۔ فاعلی) آنے والا . مسافر . غریب الوطن . قاصد پیک . ایلچی ٭
وارد وصادر (ع ۔ ا ۔ مذ) آیا گیا . مہمان . مسافر ٭
وارد ہونا (اُ ر محاورہ) اُترنا . نازل ہونا . پیش آنا ٭
وارِدات (ع ۔ مو) وارِدہ کی جمع ہے . سرگذشت . حالات . حال احوال . حادثہ . واقعہ . سانحہ . وقوعہ . ہنگامہ . فساد . دنگا مار کٹائی ٭
وارداتِ خفیف (اُ ر مو) چھوٹا جھگڑا یا واقعہ . ادنےٰ سا فساد ٭
وارداتِ سنگین (اُ ر مو) سخت حادثہ . بہت بڑا فساد . بھاری وقوعہ ٭
وارستہ (ف ۔ صف) کھلا . آزاد . خود مختار . مطلق العنان ٭
وارستہ مزاج (فع ۔ صف) بے پرواہ . آوارہ مزاج . آزاد طبع آزادی پسند ٭
وارفتہ (ف ۔ صف) آپے سے باہر . عاشق وشیدا . فریفتہ . تھکا ہوا . چور چور ٭
وارفتگی (ف ۔ ا ۔ مو ۔ مصدری) بیخودی . شیفتگی . تھکن . تھکاوٹ ٭
وارَن (ہ ۔ ا ۔ مو) صدقہ . نثار . نچھاور . بھینٹ . نیاز . نذر . قربانی چڑھاوا ٭
وارڈن (انگ ۔ ا ۔ مذ ۔ Warden) چوکیدار . وارڈ کا محافظ یا چوکیدار
وارنا (ہ ۔ فعل) نثار کرنا . تصدیق کرنا . نچھاور کرنا . قربان کرنا . بھینٹ چڑھانا . گرد پھرانا . صدقے کرنا ٭
وارَنٹ (انگ ۔ مذ ۔ Warrant) گرفتار کرنے کا تحریری حکم نامہ حکم . فرمان . طلب نامہ ٭
وارنٹ تلاشی (اُ ر مذ) تلاشی کا حکم . پروانہ تلاشی ٭
وارنٹ جاری کرنا (اُ ر محاورہ) کسی کی گرفتاری کا حکم جاری کرنا ٭
وارنٹ رہائی (اُ ر مذ) خلاصی اور نجات کا حکم نامہ ٭
وارنٹ گرفتاری (اُ ر مذ) پکڑنے کا حکم نامہ ٭
وارنش (انگ ۔ مذ ۔ Varnish) روغن . تمکمی . ملمع . لُک ٭
وارننگ (انگ ۔ ا ۔ مو ۔ Warning) تنبیہ . انتباہ ٭
واری (ہ ۔ مو) قربان . نثار . صدقے . بلہاری . بلہاری جاؤں ٭
واری جانا (ہ ۔ فعل) نثار ہونا . قربان ہونا . صدقے جانا ٭
واری جاؤں (ہ ۔ کلمہ خطاب) صدقے جاؤں . قربان جاؤں . بلہاری جاؤں ٭
واری ہوکر مرجاؤں (اُ ر کلمہ خوشامد) تم پر سے قربان ہوجاؤں ٭
وارے نیارے (صا ۔ مذ) وارا نیارا کی جمع . گہرے نفعے . بیڑے پار ٭
وارے نیارے ہونا (ہ ۔ محاورہ) بڑا نفع ہونا . گہرے ہونا . خوب نفع ہونا ٭
واڑا (ہ ۔ ا ۔ مذ) محلہ . ٹولہ . کوچہ ٭
واژوں (ف ۔ صف) سرنگوں . اوندھا . اُلٹا . معکوس . نامبارک منحوس . برگشتہ ٭
واژوں بخت (ف ۔ صف) بدنصیب . کمبخت . شوم . منحوس . اُلٹے نصیب والا ٭
واس (س ۔ ا ۔ مو) باس . سکونت . رہنا . آباد . رہائش ٭
واسطہ (ع ۔ ا ۔ مذ) ایک شہر کا نام ہے جہاں کی واسطی قلمیں مشہور ہیں ٭
واسطات (ع ۔ ا ۔ مذ) چھ دانت کا گھوڑا پانچ مہینہ کا گھوڑا ٭
واسطہ (ع ۔ ا ۔ مو) بچولیا . ثالث . درمیانی شخص . بیچ والا . شادی بیاہ کرانے والی عورت . مشاطہ ٭
واسطہ (اُ ر مذ) لگاؤ . تعلق . مناسبت . علاقہ . ربط . سبب باعث . پالا . کام . سروکار . مطلب . غرض . وسیلہ . موقع سلسلہ . دوستی . محبت . دل لگی . صحبت . مباشرت ٭
واسطہ العقد (ع ۔ ا ۔ مذ) موتیوں کی لڑی کے بیچوں بیچ کا بڑا اور قیمتی موتی ٭
واسطہ پیدا کرنا (اُ ر محاورہ) موقع نکالنا . وسیلہ بہم پہنچانا . سلسلہ قائم کرنا ٭
واسطہ پڑنا (اُ ر محاورہ) پالا پڑنا . کام پڑنا . سروکار ہونا ٭
واسطہ دار (عف ۔ صف) رشتہ دار . کسی قسم کا تعلق رکھنے والا ٭
واسطہ دینا (اُ ر محاورہ) شفاعت لانا . دہائی دینا . بیچ میں ڈالنا ٭
واسطہ ڈالنا (اُ ر محاورہ) پالا ڈالنا . کام ڈالنا . سروکار ڈالنا ٭
واسطہ رکھنا (اُ ر محاورہ) تعلق رکھنا . علاقہ رکھنا . مناسبت رکھنا . مطلب رکھنا . غرض رکھنا . لگاؤ رکھنا ٭
واسطہ ہونا (اُ ر محاورہ) غرض ہونا . مطلب ہونا . دل لگی ہونا سبب ہونا . سروکار ہونا . درمیانی تعلق ہونا . ربط ہونا . تعلق ہونا . نسبت ہونا ٭
واسطی (ع ۔ ا ۔ مذ ۔ صفت بیائے نسبتی) شہر واسط کا باشندہ . واسط کی چیز ایک قسم کی عمدہ قلم ٭
واسطی الاصل (ع ۔ ا ۔ مذ) اعلیٰ درجے کا قلم . واسطہ سے تعلق رکھنے والا

واسطے (اُر۔مذ) واسط کی جمع تعلقات ؛
واسطے (اُر۔تابع فعل) لیے۔ برائے۔ ازبہر۔ بہ سبب۔ خاطر ؛
واسع (ع۔صف) پھیلنے والا۔ وسیع۔ خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام
واسوخت (ف۔مذ) واسوختن حاصل مصدر روگردانی۔ نفرت بیزاری۔ وہ مسدس یا ترجیع بند وغیرہ نظم جس میں معشوق کی شکایت۔ عشق کی برائی اور آیندہ کے لیے اپنی بیزاری اور بے پروائی ظاہر کی جائے ؛
واسوختگی (ف۔مؤ) جلن۔ سوزش۔ سوختگی ؛
واشد (ف۔مؤ) واشدن سے حاصل مصدر۔ کشادگی شگفتگی ؛
واصف (ع۔صف) تعریف کرنے والا۔ وصف یا خوبیاں بیان کرنے والا ؛
واصل (ع۔صف) ملنے والا۔ ملاقات کرنے والا۔ پہنچ والا۔ حاصل ہونے والا۔ وصول ہونے والا۔ شامل ہونے والا۔ قابل وصول
واصل باقی (ع۔مؤ) وصول شدہ اور باقی رقم آمد و خرچ ؛
واصل باقی نویس (عف۔مذ) تحصیل کا وہ عہدیدار جو وصول اور باقی کا رجسٹر رکھتا ہے ؛
واصل باقی کرنا (اُر۔محاورہ) حساب بتانا۔ میزان نکال کر بتانا کہ کل واجب رقم میں سے کتنی رقم وصول ہو گئی اور کتنی باقی ہے ؛
واصل بحق ہونا (اُر۔محاورہ) خدا سے جا ملنا۔ مرجانا۔ فوت ہو جانا ؛
واصلات (ع۔مؤ) واصل کی جمع وصول شدہ کی میزان۔ آمدنی کی میزان کل باقیات کی ضد ؛
واصلہ (عف۔صف۔مؤ) دیکھئے "واصل" جسکی یہ تانیث ہے ؛
واضح (ع۔صف۔فاعلی) روشن۔ ظاہر۔ آشکار۔ پرگھٹ۔ کھلا۔ صریح مفصل مشرح ؛
واضح کرنا (اُر۔محاورہ) کھولنا۔ جتانا۔ صاف۔ کہنا۔ ظاہر کرنا ؛
واضح رہے (اُر۔محاورہ) پوشیدہ نہ رہے۔ خوب سمجھ لو۔ معلوم رہے ؛
واضح لکھنا (اُر۔محاورہ) جلی قلم سے لکھنا۔ صاف لکھنا۔ ایسا لکھنا جو پڑھا جا سکے ؛
واضح ہو (اُر۔فقرہ) معلوم۔ جاننا چاہئے ؛
واضع (ع۔صف۔فاعلی) وضع کرنے والا۔ بنانے والا۔ کسی چیز کو اس جگہ پر رکھنے والا۔ موجد۔ مخترع۔ پیدا کرنے والا ؛
واضع قانون (ع۔مذ) قانون بنانے والا۔ رسم و رواج کے مطابق ہدایات دینے والا ؛
واعظ (ع۔مذ۔فاعل) خدا کے عذاب سے ڈرانے والا۔ ناصح نصیحت کرنے والا۔ دین کی تلقین کرنے والا۔ پند و نصیحت کرنے والا۔ وعظ کرنے والا ؛
وافر (ع۔صف۔فاعلی) بہت۔ بکثرت۔ کثیر۔ بافراط۔ گھنا ؛
وافی (ع۔صف۔فاعلی) ازوفا۔ پورا۔ خاطرخواہ۔ کافی۔ تمام و کمال ؛
واقع (ع۔مذ۔فاعل) وقوع میں آنے والی۔ پیش ہونے والا۔ موجود ہونے والا ؛
واقع میں (اُر۔تابع فعل) درحقیقت۔ دراصل ؛
واقع ہونا (اُر۔محاورہ) ظاہر ہونا۔ پیش آنا۔ نمودار ہونا۔ برپا ہونا ؛
واقعات (ع۔مؤ) واقعہ کی جمع۔ حادثے۔ سانحے ؛
واقعہ (ع۔مذ) وقوعہ۔ حادثہ۔ واردات۔ سانحہ۔ سرگذشت۔ حال۔ بیتی۔ ماجرا۔ خبر۔ موت۔ کال۔ وفات۔ انتقال۔ لڑائی۔ جنگ۔ کارزار۔ حشر۔ آفت۔ سختی ؛
واقعہ دید (عف۔صف) وہ جس نے حادثے، وقوع، سانحے دیکھے ہوں۔ تجربہ کار آدمی۔ جنگ آزمودہ ؛
واقعہ کرنا (اُر۔محاورہ) واردات کرنا ؛
واقعہ نویس (عف۔مذ) فاعل ترکیبی خبریں لکھنے والا۔ خبر نویس وقائع نگار ؛
واقعہ نویسی (عف۔مؤ) خبریں لکھنا۔ خبر نویسی۔ وقائع نگاری۔ "واقعہ نویس" کا اسم کیفیت ہے ؛
واقعہ ہونا (اُر۔محاورہ) حادثہ پیش آنا۔ واردات ہونا۔ انتقال ہونا۔ مرنا ؛
واقعی (ع۔صف) منسوب۔ بواقع۔ درحقیقت۔ درست سچ مچ۔ دراصل۔ فی الحقیقت ؛
واقف (ع۔صف۔فاعلی) کھڑا ہونے والا۔ جاننے والا۔ آگاہ۔ مطلع۔ خبردار۔ ماہر۔ ہوشیار ؛
واقف الحال۔ یا۔ واقف حال (ع۔مذ) حال سے واقف۔ رازدان۔ ہمراز ؛
واقف کار (عف۔مذ) کام جاننے والا۔ کام سے واقف۔ کاردان۔ تجربہ کار۔ جہاندیدہ ؛
واقف کاری (عف۔مؤ۔یائے مصدری) جان پہچان۔ شناسائی۔ جانچ۔ پرکھ۔ شناخت۔ امتحان۔ تجربہ۔ کاردانی ؛
واقفیت (ع۔مؤ) شناسائی۔ جان پہچان۔ جانچ پرکھ۔ علم خبر۔ آگاہی۔ مہارت۔ استعداد۔ تجربہ۔ شناخت ؛
واقفیت پیدا کرنا (اُر۔محاورہ) کسی کام کو جاننا۔ تجربہ بہم پہنچانا۔
واک آؤٹ (انگ۔مذ۔Walk Out) احتجاج کے طور پر اٹھ چلے جانا ؛
وال (ہ۔مذ) علامت فاعل والا کا مخفف جیسے پنڈی وال ؛
والا (ہ۔مذ) فعل کے بعد علامت فاعل ہے جیسے کرنے والا۔ کرنا۔ عامل۔ اسم کے بعد۔ نگران۔ محافظ۔ نگہبان۔ مالک آقا۔ صاحب جیسے کھیت والا۔ روپیہ والا۔ منسوب نسبت رکھنے والا۔ جیسے شہر والا۔ گاؤں والا وغیرہ ؛
والا (ف۔صف) بلند۔ اونچا۔ بزرگ۔ عالی۔ بڑا۔ جیسے حضور والا ؛
والاجاہ (ف۔صف) اونچے درجہ والا۔ بلند رتبہ۔ عالی مرتبہ ؛
والاشان (ف۔صف) بڑی شان والا۔ عالی شان ؛
والاقدر (ف۔صف) بڑی قدر والا۔ عالی قدر۔ عالی مرتبہ ؛
والانامہ (ف۔مذ) نوازش نامہ۔ بڑا خط۔ بڑے آدمی کا خط ؛
والانگاہ (ف۔مذ) بلند نظر رکھنے والا۔ عالی خیالی ؛
والاہمت (ف۔صف) بلند ہمت۔ حوصلہ مند ؛
والائی (ف۔مؤ) بزرگی۔ بزرگواری۔ بلند پائیگی ؛
وَالّا (ع۔فعل) ورنہ۔ نہیں تو۔ وگرنہ ؛

والِد (ع۔ا۔مذ۔ فاعل) جننے والا۔ باپ۔ پتا۔ آبا۔ باوا۔ پدر۔
والِد ماجد (ع۔ا۔مذ) بزرگوار باپ۔ ابا جان۔
والِدہ (ع۔ا۔مو) جننی۔ ماں۔ ماتا۔ اماں۔ میّا۔
والِدہ ماجدہ (ع۔ا۔مو) والدہ محترمہ۔ بزرگوار ماں۔
والِدَین (ع۔ا۔مذ) جمع تثنیہ از والد۔ ماں باپ۔ ماتاپتا۔ پدرومادر
والنیئر (انگ۔ا۔مذ Volunteer) وہ خیرخواہ ملک جو اپنی خوشی سے ملک کی حفاظت کے لیے وقت بوقت فوجی کام میں آتے ہیں۔ رضاکار
واللہ (ع) حرف قسم۔ خدا کی قسم۔ اللہ کی قسم۔
واللہ اعلم (ع۔ محاورہ) خدا ہی خوب جانتا ہے۔ خدا جانے۔ خدا معلوم مجھے خبر نہیں۔ اللہ ہی جانے۔
واللہ اعلم بالصواب (ع) خدا ہی بہتر جانتا ہے۔ خدا کو خوب معلوم ہے۔
واللہ باللہ (ع) تاکید قسم۔ قسم میں زور اور تاکید کے وقت بولا کرتے ہیں۔
والہ (ع۔صف۔فاعلی) عاشق۔ فریفتہ۔ شیفتہ۔ سرگشتہ۔
والہ وشیدا (ع۔صف) حد سے زیادہ شیفتہ۔ بہت زیادہ فریفتہ۔
والی (ہ۔مو) والا۔ علامت فاعل کی تانیث۔
والی بال (انگ۔ا۔مذ Voolly Ball) ایک کھیل کا نام ہے۔ جو ٹینس کی طرح ہاتھوں سے کھیلا جاتا ہے۔
والی (ع۔ا۔مو) مالک۔ آقا۔ سرتاج۔ حاکم۔ خداوند۔ بادشاہ وارث۔ مربی۔ سرپرست۔ مددگار۔ حمایتی۔ دوست محافظ۔ نگہبان۔
والیٔ ملک (ع۔ا۔مذ) ملک کا حکمران۔ بادشاہ۔
والی وارث (ع۔ا۔مذ) مربی۔ حمایتی۔ پشت پناہ۔ ملک و آقا۔
وام (ف۔ا۔مذ) اُدھار۔ قرض۔
واماندگان (ف۔صف) واماندہ کی جمع تھکے ہوئے پیچھے رہے ہوئے۔ عاجز۔
واماندگی (ف۔ا۔مو۔ بیائے مصدری) تھکن۔ تھکان۔ تھکاوٹ۔ عاجزی
واماندہ (ف۔صف) تھکا ہوا۔ عاجز۔ پس خوردہ۔ باقی رہا ہوا۔ پس ماندہ۔ افتش۔
وامصیبتا (ع) کلمہ تاسف وندبہ۔ ہائے مصیبت۔ ہائے ہائے دریغا۔ ہے ہے۔
وامق (ع۔ا۔مذ۔ فاعل) دوست رکھنے والا۔ چاہنے والا۔ عاشق طالب۔ محب۔ عذرا کے مشہور عاشق کا نام ہے۔
وان (ہ۔ا۔مذ۔ علامت فاعل) آخر اسما ہیں جیسے بھاگوان پیچوان صاحب۔ والا۔ مالک۔
وان (ہ) نون غنہ کلمہ نسبت جیسے لیٹواں۔ وہاں کا مخفف بھی ہے مگر نظم میں۔
واو (ع۔مو) اردو کا بیالیسواں حرف۔
واؤچر (انگ۔مذ۔ Voucher) بیچک قرد حساب۔ تصدیق ادائی رسید۔

واوِ عاطفہ یا عطف (ع۔ا۔مو) وہ واو جو دو کلموں یا جملوں میں ربط دینے کے لیے آتی ہے۔
واوِ مجہول (ع۔ا۔مو) وہ واؤ جس کے پہلے ضمہ خالص نہ ہو۔
واوِ معدولہ (ع۔ا۔مو) وہ واو جو لکھنے میں آئے اور پڑھنے میں نہ آئے۔
واوِ معروف (ع۔ا۔مو) وہ واو جس کے پہلے ضمہ خالص ہو۔
واویلا (ع۔ا۔مذ) افسوس۔ حیف۔ مجازاً رونا پیٹنا۔ گریہ زاری۔ نوحہ۔ ماتم۔ آہ و نالہ۔ فریاد۔ دہائی۔ ہائے ہائے۔
واویلا کرنا (اُر۔محاورہ) رونا پیٹنا۔ گریہ زاری کرنا۔ ہائے ہائے کرنا۔
واہ (ف) کلمہ تحسین و آفرین۔ سبحان اللہ آفرین ہے۔ مرحبا۔ بل بے۔ کیا بات ہے۔ شاباش۔ کیا خوب۔ چہ خوش اچنبھے کی بات ہے۔ حیرت کی جگہ ہے۔ خوب۔ عجیب۔
واہ پیر علیا پکائی تھی کھیر ہو گیا دلیا (اُر۔مثل) کیا تھا کیا اور ہو گیا کیا۔ بنا بنایا کام بگڑ گیا۔ اچھے کام کا بُرا نتیجہ نکلا۔
واہ رے (اُر۔کلمہ تعجب) وصف نفرت۔ طنز اور افسوس کے لیے آتا ہے۔
واہ سے میں (ہ۔کلمہ فخر) اپنی تعریف آپ ہی کرنی چاہیے میرا کیا کہنا ہے۔ میری کیا بات ہے۔ ہم بھی کچھ ہیں۔
واہ کرنا (اُر۔محاورہ) تعریف کرنا۔
واہ کیا بات ہے (اُر۔محاورہ) طنز اور تعریف دونو موقعوں پر بولا جاتا ہے۔
واہ میاں کالے کیا رنگ نکالے (اُر۔مثل) کسی کا مکروفریب ظاہر ہونے پر کہتے ہیں۔
واہ کیا کہنا ہے (ہ۔محاورہ) طنزاً کیا بات ہے۔ سبحان اللہ۔
واہب (ع۔صف۔فاعلی) بخشنے والا۔ عفو کرنے والا۔ عطا کرنے والا۔
واہب الحاجات (ع۔صف) حاجتیں پوری کرنے والا۔ مراد خدائے تعالیٰ۔
واہب العطایا (ع۔صف) عطے دینے والا۔ اللہ تعالیٰ۔
واہب بے منت (ع۔صف) بغیر احسان جتانے دینے والا۔
واہمہ (ع۔ا۔مذ) وہم کی قوت۔ قوت متخیلہ۔ باریکیاں اور جزئیات معلوم کرنے کی قوت جو محسوسات سے تعلق ہیں۔
واہمہ خلاق ہے (اُر۔مقولہ) سچی جھوٹی۔ دیکھی ان دیکھی اور سب طرح کے نقوش لاکر سامنے کھڑے کر دینا۔
واہ وا (اُر۔کلمہ تحسین و آفرین) واہ واہ کا مخفف ہے۔ کیا کہنا ہے۔ کیا بات ہے۔ سبحان اللہ۔ شاباش۔
واہ واہ (ف) کلمہ تحسین و آفرین۔ واہ واہ۔
واہ واہ کرنا (اُر۔محاورہ) سراہنا۔ تعریف کرنا۔ مرحبا کہنا۔ آفرین کہنا۔
واہ واہ گرگٹ کا بچہ تا ناشتہ (اُر۔مثل) ادنے شخص اور بے عالی دماغی۔
واہ واہ مچنا/ ہونا (اُر۔محاورہ) تعریفیں ہونا۔ نام ہونا۔ دھوم مچنا۔

واہ واہ میاں بانکے تیرے گلے سوسو ٹانکے (اُردو۔مثل) اس کنگال معزز آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں جو پیوند لگے کپڑوں پر بھی بیحد شیخی بگھارے ٭

واہ واہ ہونا (اُردو۔محاورہ) سراہا جانا۔ بول بالا ہونا۔ تعریف ہونا شہرت ہونا ٭

واہی (ع۔صف) سست۔ کمزور۔ ناتواں۔ ضعیف۔ ناطاقت۔ بیہودہ بات۔ بے مزہ بات۔ لغو۔ بیہودہ۔ لچا۔ عیاش شہدا اوباش۔ آوارہ ٭

واہی تباہی (اُردو۔صفت) بیہودہ بات۔ بے مزہ کلام۔ بے معنی بات۔ آوارہ۔ خراب۔ اوباش۔ نکما۔ بیکار ٭

واہی تباہی بکنا (اُردو۔محاورہ) بکواس کرنا۔ زٹل ہانکنا۔ بیہودہ باتیں کرنا ٭

واہی تباہی پھرنا (اُردو۔محاورہ) دربدر پھرنا۔ خراب وخستہ پھرنا آوارہ پھرنا ٭

واہی سمجھنا (اُردو۔محاورہ) لغو جاننا ٭

واہی ہونا (اُردو۔محاورہ) خراب ہونا۔ بگڑنا۔ عیاش ہونا ٭

واہی ہے (اُردو۔محاورہ) بیوقوف ہے۔ کبھی کسی کام سے منع کرنے پر بھی بولتے ہیں ٭

واہیات (ع۔ا۔مو) واہی کی جمع بے معنی باتیں۔ لغو باتیں خرافات اوباشی۔ خرافات ٭

واہیات بکنا (اُردو۔محاورہ) بے ہودہ بات کہنا ٭

وائے (ع) کلمۂ افسوس، دُکھ۔ درد یا حسرت وافسوس کے اظہار کے وقت یہ کلمہ زبان پر آتا ہے۔ حروف علت ٭

وائے برحال (اُردو۔کلمۂ تاسف) حالت پر افسوس ٭

وائے تقدیر۔ یا۔ قسمت۔ یا۔ نصیب (ف۔ع) (کلمہ افسوس) ہائے تقدیر۔ ہائے قسمت۔ ہائے نصیب ٭

وایو (س۔ا۔مو) ہوا۔ باد ٭

وایو کون (س۔ا۔مذ) گوشۂ شمال ومغرب ٭

وایو گولا (س۔ا۔مذ) ایک قسم کا دردِ شکم۔ باؤ گولا ٭

وائس (انگ۔ا۔مذ۔ Vice) نائب۔ قائم مقام کسی کی جگہ کام کرنے والا

وائس پریذیڈنٹ (انگ۔مذ۔ Vice President) نائب میر مجلس۔ نائب صدر ٭

وائس چانسلر (انگ۔ا۔مذ۔ Vice Chancellor) یونیورسٹی کا سب سے بڑا عہدیدار۔ نائب امیر جامعہ۔ چانسلر کا نائب ٭

وائس رائے (انگ۔مذ۔ Viceroy) نائب السلطنت۔ گورنر جنرل۔ ملکی لاٹ صاحب ٭

وائن (انگ۔ا۔مو۔ Wine) شراب مے۔ مُل۔ بادہ۔ دارو ٭

وائٹ (انگ۔مذ۔ White) سفید رنگ ٭

و ـ ب

وبا (ع۔ا۔مو) مری۔ موت۔ مری والی بیماری۔ متعدی مرض۔ وہ بیماری جو ہوا خراب ہو جانے سے واقع ہوتی ہے ٭

وبا آنا۔ یا۔ پھیلنا (اُردو۔محاورہ) مری پڑنا۔ عام موت کا واقع ہونا۔ خرابی خاص کا وقوع ہونا ٭

وبال (ع۔ا۔مذ) بوجھ۔ بھار۔ سختی۔ گرانی۔ گناہ کی سزا۔ عذاب۔ عذاب الٰہی۔ آفت۔ مصیبت۔ بپتا۔ مری۔ وبا۔ دوبھر ناگوار۔ عذاب جان ٭

وبال پڑنا (اُردو۔محاورہ) صبر پڑنا۔ ظلم کا بدلہ ملنا ٭

وبال جان (عف۔صف) عذاب جان۔ دوبھرا۔ جیرن۔ ناگوار طبع ٭

وبال جان ہونا (اُردو۔محاورہ) بوجھ معلوم ہونا۔ ناگوار خاطر گزرنا۔ اجیرن ہونا۔ دوبھر پڑ جانا ٭

وبال دوش (عف۔صف) دوبھر۔ گرانِ خاطر۔ بارِ دوش۔ جس کا اٹھانا طبیعت پر گراں ہو ٭

وبال سا ٹال دینا (اُردو۔محاورہ) دوبھر سمجھ کر ٹال دینا ٭

وبال سمیٹنا/سر لینا (اُردو۔محاورہ) ناپسند ذمہ داری اپنے اوپر لے لینا۔ عذاب مول لینا ٭

وبال لگنا (اُردو۔محاورہ) جھگڑا پیچھے پڑنا ٭

وبال ہونا (اُردو۔محاورہ) بوجھ بن جانا۔ اجیرن ہونا۔ دوبھر ہونا۔ ناگوار ہونا ٭

و ـ ت

وتر (ع۔ا۔مذ) کمان کا چلہ۔ کمان کی زہ (ریاضی میں) دائرے کے اندر کا وہ خط جو قطر سے چھوٹا ہو اور دائرے کے کسی حصہ کو گھیرے یعنی قطع دائرہ بنائے۔ یا۔ چوکور شکل کے دو مقابل کے کونوں کو ملانے والا خط ٭

وِتر (ع۔ا۔مذ) طاق۔ تنہا۔ اکیلا۔ وہ ایک یا تین رکعتیں جو نماز عشا کے بعد پڑھتے ہیں

وتر کے آگے سجدہ نہیں (اُردو۔مثل) کسی چیز یا فعل کے حد سے تجاوز ہونے کے لیے مستعمل ہے ٭

وَتیرہ (ع۔ا۔مذ) طریقہ۔ شیوہ۔ راہ۔ روش۔ عادت۔ دستور ٭

و ـ ٹ

وَٹ (ہ۔ا۔مذ) حصہ۔ ٹکڑا۔ بخرا۔ تقسیم۔ کھیت کی منڈیر ٭

وِٹامن (انگ۔ا۔مذ۔ Vitamin) کیمیائی اجزا جو انسانی غذا میں موجود ہیں۔ بیماریوں کو روکتے ہیں اور بدن کو طاقت دیتے ہیں۔ حیاتین ٭

و ـ ث

وَثاق (ع ا مذ) پٹی۔ بند۔ معاہدہ کرنا۔ عہد کرنا۔ ٹھہرانا۔ مقرر کرنا۔ اقرار کرنا ٭

وُثوق (ع ا مذ) مضبوطی۔ استحکام۔ استواری۔ بھروسا۔ اعتبار۔ اعتماد ٭

وَثیقہ (ع ا مذ) استحکام۔ استواری۔ مضبوطی۔ باہمی عہد و پیمان کا کاغذ۔ معاہدہ۔ عہدنامہ۔ دستاویز۔ تمسک۔ پرونوٹ ٭

وَثیقہ دار (عف ا مذ) مالک وثیقہ پرونوٹ کا مالک ٭

وَثیقہ سرکار (ع ا مذ) سرکاری کاغذ ٭

وَثیقہ ضمانت (ع ا مذ) ضمانت نامہ۔ ضمانتی بانڈ ٭

وَثیقہ نویس (عف صف) وہ شخص جس کو حکومت کی طرف سے وثیقے لکھنے کا لائسنس ملا ہو ٭

و ـ ج

وجاہت (ع ا مو) خوبصورتی۔ خوبروئی۔ چہرے کا نور۔ ظاہری شکل و شباہت دکھاوا۔ چہرے کا رعب۔ عزت۔ توقیر ٭

وَجب (ع ا مو) بالشت۔ بلاند۔ ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے لے کر انگوٹھے کے سرے تک کا پھیلاؤ۔ ۹ انچ کی لمبائی ٭

وَجد (ع ا مذ) عشقیہ۔ مجازاً حال۔ جذبہ۔ بیخودی۔ سرمستی۔ جوش۔ خوشی ٭

وَجد آنا / وجد کرنا / وجد میں آنا (اُ۔ محاورہ) حال آنا۔ بیخودی طاری ہونا۔ جھومنا۔ سرمست ہونا۔ خوشی یا ذوق میں جھومنا۔ اچھلنا۔ کودنا۔ ناچنا ٭

وجد میں لانا (اُ۔ محاورہ) کسی کو خوش الحانی اور خوش کرداری سے ایسا خوش کرنا کہ وہ وجد کرنے لگے ٭

وِجدان (ع ا مذ) جاننا۔ دریافت کرنا۔ جاننے اور دریافت کرنے کی قوت۔ ذکاوت ٭

وَجَع (ع ا مذ) درد۔ دکھ۔ پیڑ۔ چبک۔ ٹیس ٭

وَجَع الأسنان (ع ا مذ) دانتوں کا درد ٭

وَجَع الظہر (ع ا مذ) پیٹھ کا درد۔ کمر کا درد ٭

وَجَع القلب (ع ا مذ) دل کا درد جو نہایت مہلک ہے ٭

وَجَع المفاصل (ع ا مذ) جوڑوں کا درد۔ گٹھیا بائے ٭

وُجوب (ع ا مذ) لازم ہونا۔ واجب ہونا۔ فرض۔ ضروری۔ لابد ٭

وُجود (ع ا مذ) پیدائش۔ حیات۔ زندگی۔ ہستی۔ ذات۔ نمائش۔ ظہور ٭

وجود پانا۔ یا۔ پکڑنا (اُ۔ فعل) ہست ہونا۔ پیدا ہونا۔ ظہور پکڑنا۔ ہستی میں آنا ٭

وجود میں لانا (اُ۔ محاورہ) پیدا کرنا۔ ظہور میں لانا۔ ظاہر کرنا ٭

وُجوہ (ع ا مو) وجہ کی جمع۔ اسباب۔ دلائل۔ سبب۔ بواعث ٭

وُجوہات (ع ا مو) وجہ کی جمع الجمع۔ دلیلیں۔ سبب۔ اسباب ٭

وَجہ (ع ا مو) چہرہ۔ رُخ۔ صورت۔ شکل۔ سبب۔ کارن۔ علت باعث۔ طور۔ طریق۔ ڈھنگ۔ دستور۔ دلیل۔ برہان۔ زر نقد۔ نقدی۔ روپیہ۔ پیسہ۔ ذریعہ۔ وسیلہ۔ جانب۔ طرف۔ رُخ وسیلہ۔ معاش۔ ذریعہ معاش ٭

وجہِ تحریک (ع ا مو۔ ترکیب فارسی) عمل پر آمادگی کا سبب ترغیب کا باعث ٭

وجہِ تسمیہ (ع ا مو) نام رکھنے کا سبب ٭

وجہِ ثبوت (ع ا مو) مدار ثبوت۔ ثبوت کی دلیل۔ گواہی۔ شہادت۔ گواہوں کی پیشی ٭

وجہِ ثبوتِ کامل (ع۔ مو۔ ترکیب فارسی) قطعی ثبوت ٭

وجہِ ثبوتِ واقعات (ع۔ مو۔ ترکیب فارسی) وہ ثبوت جو واقعات اور حالات سے فراہم ہو ٭

وجہِ قوی (ع ا مو) مضبوط دلیل۔ برہان قاطع ٭

وجہِ کافی (ع ا مو) کامل ثبوت۔ پورا پورا ثبوت ٭

وجہ کھلنا (اُ۔ محاورہ) سبب نمایاں ہونا ٭

وجہِ معاش و معیشت (ع۔ مو) گزارے کا ذریعہ یعنی تنخواہ۔ وظیفہ۔ زمین۔ جاگیر وغیرہ ٭

وجہِ مقرری (ع۔ مو۔ ترکیب فارسی) مقررہ الاونس معینہ گزارہ یا تنخواہ۔

وجہِ معقول (ع۔ ا مو) روشن دلیل۔ عقلاً درست اور ٹھیک وجہ ٭

وجہِ موجہ (ع۔ ا مو) پکی دلیل۔ روشن اور قوی دلیل۔ مضبوط اور مستحکم دلیل ٭

وجہ نالش (عف ا مو) نالش کرنے کا سبب ٭

وجیہہ (ع۔ صف) صورت شکل والا۔ خوبصورت۔ خوشنما۔ خوشرو خوش وضع۔ حسین۔ موزون۔ زیبا ٭

و ـ چ

وچار (س۔ مذ) غور و فکر۔ دھیان۔ سوچ بچار۔ سمجھ۔ عقل ٭

وچار دھارا (ہ۔ مذ) خیالات کی رو۔ رجحان طبع۔ ذہنی میلان ٭

وچارنا (ف مصدر) سوچنا ٭

وچن (س۔ مذ) قول۔ عہد۔ پیمان۔ اقرار۔ بچن ٭

و ـ ح

وحدانیت (ع ا مو) ایک ہونا۔ یکتائی۔ توحید۔ یگانگی ٭

وحدت (ع ا مو) یگانہ ہونا۔ یکتائی۔ ایک ہونا۔ توحید ٭

وحدت الشہود (ع.ا.مو) اصلاح تصوف دُنیا کی ہر چیز جو پیش نظر ہے اسی یعنی اللہ تعالیٰ کا پرتو ہے یعنی ہمہ از اوست ؛
وحدت الوجود (ع.ا.مذ) صوفیوں کی اصلاح میں تمام موجودات کو خدا تعالےٰ ہی کا وجود ماننا اور ماسوا کو محض اعتباری خیال کرنا ؛
وحدت ارادی (ع.ا.مو) لوگوں کا کسی خبر کے بغیر اپنے ارادے سے ایک دل اور متحد ہونا ؛
وحدت قہری (ع.ا.مو) وہ یگانگت جو بخوف سلطان یا حاکم کے قہر و غضب سے لوگوں میں پیدا ہو جائے ؛
وحدت نوعی (ع.ا.مو) وہ وحدت جو ایک جنس ہونے کے سبب سے حاصل ہو جیسے نوع انسان میں ؛
وحدہٗ (ع. صف) وہ اکیلا ہے۔ تنہا ہے ؛
وحش (ع.ا.مذ) جنگلی جانور۔ وحشی کی جمع ؛
وحش وطیر (ع.ا.مذ) جنگلی چوپائے اور پرند ؛
وحشت (ع. مو) نفرت۔ غیر مانوس ہونا۔ ڈر کر بھاگنا۔ رمیدگی سودا۔ جنون۔ خفقان۔ دیوانگی۔ اداسی۔ آوارگی بھیانک پن دیوانہ پن۔ جہالت۔ حیوانیت۔ ڈر۔ خوف۔ بیم ؛
وحشت اثر (ع. صف) ایسی خبر جس سے وحشت پیدا ہو۔ ڈراؤنی خبر۔ مہیب ؛
وحشت اچھلنا (اُر.محاورہ) خفقان ہونا۔ جنون ہونا۔ سودا ہونا۔ خبط ہونا ؛
وحشت انگیز (عف.صف) ڈراؤنا۔ ہولناک۔ بھیانک خوفناک
وحشت برسنا (اُر.محاورہ) اداسی چھانا۔ ویرانگی برسنا۔ جنون اور سودا نمایاں ہونا ؛
وحشت خیز (عف.صف) وحشت بڑھانے والا۔ وحشت پیدا کرنے والا۔ مہیب ؛
وحشت زدہ (عف.صف) حواس باختہ۔ اداس۔ گھبرایا ہوا۔ خبطی۔ سودائی۔ مجنوں۔ پاگل۔ دیوانہ ؛
وحشت ناک (عف.صف) گھبرا دینے والی۔ ڈراؤنی۔ خوفناک۔ بھیانک۔ خطرناک۔ وحشت بھری ؛
وحشت ہونا (اُر.محاورہ) گھبراہٹ ہونا۔ گھبرانا۔ پریشان ہونا سودا ہونا۔ خفقان ہونا۔ جنون ہونا ؛
وحشی (ع. صف) جنگلی جانور جو آدمیوں سے گھبرا کر بھاگ جائے جنگلی۔ صحرائی۔ بن سدھا۔ بھڑکنے والا۔ ایک حال پر نہ رہنے والا۔ بد کنے والا ؛
وحشی طبیعت/مزاج (عف.صف) وہ شخص جو تنہائی پسند ہو۔ اور آدمیوں سے دُور بھاگتا ہو ؛
وحل (ع.ا.مو) دلدل۔ کیچڑ۔ گیلی مٹی۔ کیچ ؛
وحوش (ع.ا.مذ) وحش کی جمع۔ صحرائی جانور ؛
وحی (ع.ا.مو) پیغام الٰہی۔ خدا تعالےٰ کا کسی کے دل میں کوئی بات ڈال دینا۔ الہام پیغمبروں پر نازل ہونے والا خدا کا حکم۔ کتاب الٰہی (بصورت اسم مذکر) جبرائیل علیہ السلام ؛
وحی آنا/اترنا/نازل ہونا (اُر.محاورہ) خدا کے مقرب فرشتے حضرت جبریلؑ کا نبیوں کے پاس خدا کے احکام لے کر آنا ؛
وحید (ع.صف) یگانہ۔ تنہا بے نظیر۔ لاثانی۔ فرد ؛
وحید العصر (ع.صف) یکتائے زمانہ ؛

و - د

وداد (ع.ا.مو) دوستی۔ محبت۔ اتحاد۔ الفت۔ اُنس ؛
وداع (ع.ا.مو) رخصت۔ روانگی۔ دُلہن کی اپنے میکے سے رخصت ؛
وداں (س.ف.صف.مذ) عالم۔ عقلمند۔ عالی دماغ۔ ذہین ؛
ودود (ع.ا.مو) دوست۔ محب۔ محبت کرنے والا ؛
ودھوا (ہ.ا.مو) رانڈ عورت۔ بیوہ عورت ؛
ودیا (س.ا.مو) بدیا۔ علم۔ گن۔ فن۔ ہنر۔ درشن۔ سمجھ۔ ادراک
ودیش (س.صف) بدیسی۔ غیر ملکی ؛
ودیعت (ع.صف) سپردگی۔ جمع ودائع۔ امانت۔
ودیعت ایزدی (ع.ا.مو) خدا کی امانت (زندگی۔ جان یا صلاحیت) ؛

و - ڈ

وڈیرا (سندھی.ا.مذ) جاگیردار۔ بڑا زمیندار۔

و - ر

ور (ف.عطف) واگر اور وار کا مخفف ہے۔ بمعنی اور اگر اور جو۔ کلمہ نسبت جیسے ہنرور۔ علامت اسم فاعل بمعنی صاحب والا۔ بزرگ۔ غالب۔ زبردست۔ فائق ؛
ور رہنا (اُر.محاورہ) بازی لے جانا۔ فتحیاب ہونا۔ زبردست رہنا۔ غالب رہنا ؛
ور ہونا (اُر.محاورہ) غالب رہنا۔ فائق ہونا ؛
ورا۔ یا۔ ورائے (ع. تابع فعل) پیچھے۔ پس۔ عقب۔ پس پشت سوا۔ علاوہ۔ فالتو۔ ماسوا ؛
وراء الورا (ع.صف) پیچھے سے پیچھے۔ دُور سے دُور پرے سے پرے ؛
وراثت (ع.ا.مو) ترکہ۔ میراث۔ ورثہ ؛
وراثت نامہ (عف.مذ) وارث ہونے کی تحریر۔ وارث ہونے کی سند ؛
وراثتاً (ع. تابع فعل) ترکہ کے طور پر وراثت کے طور پر ؛
وراثۃً پہنچنا (اُر.محاورہ) وارث ہونے کی وجہ سے ملنا ؛
وُرثا / وَرثہ (ع.ا.مذ) وارث کی جمع۔ ترکہ پانے والے لوگ وارث لوگ ؛
وُرثہ (ع.ا.مذ) میراث۔ ترکہ۔ متوفی کا مال جو حق دار کو ملے ؛
وُرثہ پانا (اُر.محاورہ) حق پانا۔ میراث ملنا۔ ترکہ حاصل کرنا ؛
وُرثہ دار (عف.صف) وارث۔ ترکہ پانے والا ؛

ورثے میں آنا (اُر۔محاورہ) حصے میں آنا۔ ترکے میں آنا۔ بڑوں سے میراث ملنا ⁂

وَرْد (ع۔امذ) گلاب کا پھول۔ گل سُرخ ⁂

وِرْد (ع۔امذ) روزانہ۔ بلاناغہ کرنے کا کام معمول۔ نیم وظیفہ چینی ⁂

وِرد رکھنا (اُر۔محاورہ) کسی کام کو بلاناغہ کرنا ⁂

وِردِ زبان ہونا (اُر۔محاورہ) ازبر ہونا۔ حفظ ہونا۔ یاد ہونا نوک زبان ہونا۔ زبان پر چڑھنا ⁂

وِرد کرنا (اُر۔محاورہ) عادت ڈالنا۔ معمول ٹھہرالینا۔ وظیفہ پڑھنا۔ بلاناغہ کسی کام کو کرنا ⁂

وَردی (ع۔صف نسبتی) گلابی۔ گلاب کے رنگ کا (انگلش) فوج کا لباس۔ سپاہ کا باناتا۔ سپاہی کی علامت یا نشان یا تمغا۔ وہ باجا جو لشکر میں دس بجے اور صبح چار بجے لوگوں کے سونے اور جاگ اُٹھنے کے لیے بجتا ہے ⁂

وَردی بجانا (اُر۔محاورہ) صبح شام کی نوبت بجانا ⁂

وَردی بولنا (اُر۔محاورہ) مخبروں اور جاسوسوں کا کسی واقعہ کی خبر دینا۔ رپورٹ کرنا۔ اطلاع دینا ⁂

وردی میجر (انگ۔امذ۔ Verdy Major) انجینئر کا نائب جو کمانڈنٹ کا ماتحت جو فوج کو حکم سُناتا اور نوکری بانٹتا ہے ⁂

وَرزش (ف۔امو) کسرت۔ جسمانی مشق ریاضت۔ جیسے ڈنڈ پیلنا وغیرہ ⁂

وَرزشی (ف۔صف۔ بیائے نسبتی یا فاعلی) کسرتی۔ ورزش کیا ہوا۔ ورزش سے کمایا ہوا ⁂

وَرطہ (ع۔امذ) مقام ہلاکت۔ جان جوکھوں کی جگہ۔ وہ جگہ جہاں رستہ نہ ہو۔ مجازاً خار۔ بھنور۔ گرداب۔ پانی کا چکر ⁂

وَرع (ع۔امو) پرہیز گاری۔ تقوے زہد کا مترادف ہے ⁂

وَرغلانا۔ ورغلانا (اُر۔محاورہ) بہکانا۔ اغوا کرنا۔ اکسانا۔ بھڑکانا پھسلانا۔ ٹھگنا۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا ⁂

وَرق (ع۔امذ) درخت کا پتا۔ پات۔ کاغذ کا ٹکڑا۔ فرد۔ پتر۔ جزو کا آٹھواں حصہ۔ تاش یا گنجفہ کا پتا۔ تاش کارڈ ⁂

وَرق اُتارنا (اُر۔محاورہ) کسی چیز کا باریک اور پتلا تراشہ کاٹنا ⁂

وَرق اُلٹنا (اُر۔محاورہ) کاغذ کا ورق ایک رُخ سے دوسرے رُخ کرنا۔ کنایتہً نیا دور شروع کرنا۔ تبدیلی کرنا ⁂

وَرق الخیال (ع۔امو) بھنگ۔ بجیا۔ بوٹی۔ ٹھنڈائی ⁂

ورق بکھر جانا (اُر۔محاورہ) اتفاق نہ رہنا۔ شیرازہ بکھر جانا۔ نااتفاقی پڑجانا۔ تباہ ہوجانا۔ برباد ہوجانا۔ چھکے چھوٹ جانا۔ خراب حال ہوجانا۔ حواس باختہ ہوجانا۔ بس میں نہ رہنا بے قابو ہوجانا ⁂

وَرق تراشنا (اُر۔محاورہ) تاش یا گنجفہ کے پتوں کو کھیلنے کے لیے بانٹنا ⁂

وَرق ساز (عف۔امذ) چاندی سونے کے ورق بنانیوالا۔ زرکوب ⁂

وَرق کوٹنا (اُر۔فعل) زرکوبی کرنا۔ سونے یا چاندی کے ورق بنانا ⁂

وَرق گردانی کرنا (اُر۔محاورہ) بوسنین ورق اُلٹنا۔ برائے نام پڑھنا۔ بے عملی چھپانے کو ورق اُلٹتے رہنا۔ مجازاً بے فائدہ کام کرنا ⁂

وَرق گُل (عف۔امذ) پھولوں کی پتی۔ پنکھڑی ⁂

وَرق پیٹنا (اُر۔محاورہ) پان کی گلوری پر سونے یا چاندی کے ورق منڈھنا ⁂

وَرقہ (اُر۔امذ) ورق۔ پنا۔ پتا ⁂

وَرقہ سندِ خرچ (اُر۔مذ) تصدیق ادائی رسید۔ فرد حساب ⁂

وَرلا (ہ۔تابع فعل) اِدھر کا۔ اس طرف کا۔ اس کنارے کا ورے کا۔ پرلا کی ضد ⁂

وَرم (ع۔امذ) سوجن۔ سوج۔ آماس۔ بیماری یا چوٹ کے سبب سے جسم کا پھول جانا ⁂

ورم اُتر جانا (اُر۔محاورہ) سوجن کم ہوجانا۔ سوجن جاتی رہنا ⁂

وَرنہ (ف۔تابع فعل) واگرنہ کا مخفف ہے نہیں تو۔ پھر۔ وگرنہ بصورت دیگر ⁂

وَرن (س۔امذ) رنگ۔ نسل۔ لباس۔ صورت۔ قسم ⁂

وُرُود (ع۔امذ) اُترنا۔ داخل ہونا۔ تشریف آوری۔ رونق افروزی۔ نزول ⁂

ورُود پانا (اُر۔محاورہ) پہنچنا ⁂

وَرے (ہ۔تابع فعل) اس طرف اِدھر۔ پاس۔ نزدیک پرے کی ضد ⁂

وَرید (ع۔امو) گلے کی موٹی رگ۔ شہ رگ۔ رگِ گردن ⁂

و ـ ز

وزارت (ع۔امو) وزیری۔ وزیر کا عہدہ۔ وزیر کا کام صدارت وزیر کا دفتر۔ منتری کا عہدہ۔ مدار المہامی ⁂

وُزرا (ع۔امذ) وزیر کی جمع ⁂

وزن (ع۔امذ) بوجھ۔ بھار۔ بار۔ گرانی۔ تول۔ جانچ۔ اندازہ۔ مقدار۔ پیمانہ۔ شعر کا تول قدر۔ عزت۔ رفعت۔ امتحان۔ آزمائش۔ متانت ⁂

وزن دار (عف۔صف) بھاری۔ باوقعت ⁂

وزن رکھنا (اُر۔محاورہ) بھاری ہونا۔ باوقعت ہونا۔ وزن کرنا۔ تولنا۔ جانچنا۔ ایک لفظ کی دوسرے لفظ سے مطابقت کرنا حرکات و سکنات میں شعر کے متحرک اور ساکن حروف کو ارکان سے ملانا ⁂

وزن کرنا (اُر۔محاورہ) تولنا۔ جانچنا۔ اندازہ کرنا ⁂

وزن ہونا (اُر۔محاورہ) بوجھ ہونا۔ گرانی ہونا۔ متانت ہونا تلنا۔ تولا جانا۔

وزنی (ف۔صف۔ بیائے فاعلیت) بھاری۔ وزندار۔ گراں ثقیل۔ باوقعت ⁂

وَزیر (ع۔امذ) لغت میں بار برداری کا ساجھی اصطلاح منتری پردھان۔ مدار المہام منسٹر۔ دستورشاہ۔ کارفرما۔ شطرنج کے ایک مہرے کا نام ⁂

وزیر اعلیٰ (ع۔ا۔مذ) صوبائی حکومت کا سب سے بڑا وزیر ؛
وزیری (ف۔مذ) وزیر کا عہدہ۔ ایک قسم کا انجنیئر پٹھانوں کا ایک قبیلہ
وزیرے چنیں شہریارے چناں (ف۔مثل) جیسے وزیر ویسے بادشاہ۔ افسر اور ماتحت دونوں نالائق ؛

و ـ س

وِس (ہ) اسم اشارہ ضمیر۔ اس یا اسے کی جگہ بولتے ہیں ؛
وِسادہ (ع۔ا۔مذ) تکیہ۔ مسند۔ گدی ؛
وِسادہ نشیں (عف۔صف) مسند نشین ؛
وَسائط (ع۔ا۔مبو) وَسیلہ۔ واسطہ۔ توسل۔ ذریعہ۔ درمیان میں ہونا۔ اعتدال ؛
وَساوِس (ع۔ا۔مذ) وسواس کی جمع وسوسے ؛
وَسائِد (ع۔ا۔مذ) وسادہ کی جمع۔ گدیاں۔ مسندیں۔ تکیے ؛
وسائل (ع۔ا۔مذ) وسیلہ کی جمع۔ ذریعے۔ واسطے۔ وسیلے ؛
وَسَط (ع۔اصف) بیچ۔ درمیان۔ میان۔ کمر۔ قلب۔ مرکز ؛
وسطانی (ع۔اصف) درمیانی۔ مڈل کی جماعتیں ؛
وُسطی (ع۔صف) درمیانہ۔ نہ چھوٹا نہ بڑا۔ اوسط درجہ کا متوسط بیچ کی انگلی ؛
وسطی (ف۔صف) بیچ کا۔ درمیان کا۔ درمیانی ؛
وسطی مدرسہ (ع۔مذ) مڈل سکول۔ درمیانہ مدرسہ۔ مڈل کی تعلیم تک کا مدرسہ ؛
وُسع / وُسعت (ع۔مبو) فراخی۔ کشادگی۔ چوڑاپن۔ چوڑائی۔ میدان۔ چوڑان۔ گنجائش۔ بساط۔ سمائی۔ پھیلاؤ۔ پہنائی۔ جسامت۔ عمق رقبہ۔ پیمائش۔ طول۔ عرض۔ دسترس۔ قدرت۔ مقدور ؛
وُسعتِ اخلاق (ع۔ا۔مبو) ہر ایک سے خاطر داری سے پیش آنا ؛
وسعت دینا (اُر۔محاورہ) پھیلانا۔ بڑھانا۔ فراخ کرنا۔ زیادہ کرنا ؛
وسمہ (ع۔ا۔مذ) نیل کے پتے۔ خضاب۔ اہٹنا۔ گلگونہ ؛
وسمہ کرنا یا لگانا (اُر۔محاورہ) خضاب کرنا۔ بالوں میں نیل لگانا ؛
وَسواس (ع۔ا۔مذ) وسوسہ۔ خیال جو دل میں گزرے۔ وہم۔ خوف اندیشہ۔ گمان۔ ڈر۔ ظن۔ شبہ۔ شک۔ تذبذب ؛
وسواس لانا (اُر۔محاورہ) وہم کرنا۔ بڑا خیال باندھنا ؛
وسواسی (ع۔صف۔بیائے فاعلیت) وہمی۔ شکی۔ تذبذب ؛
وَسوسہ (ع۔مذ) شک۔ شبہ۔ ظن۔ وہم۔ بدگمانی ؛
وَسیع (ع۔صف) چوڑا۔ دور تک پھیلا ہوا۔ بڑا۔ لمبا۔ چوڑا۔ فراخ کشادہ ؛
وَسیع القلب (ع۔اصف) فراخ دل ؛
وسیع النظر (عف۔صف) جس کی وسیع نظر ہو۔ بلند خیال ؛
وَسیلہ (اسم مذکر) ذریعہ۔ واسطہ۔ توسط وساطت۔ دستگیری مدد۔ اعانت۔ آسرا۔ سہارا۔ حمایت۔ پشتی ؛
وَسیلہ پیدا کرنا (اُر۔مصدر مرکب) ذریعہ پیدا کرنا۔ کسی کو حمایتی یا مددگار بنانا ؛

و ـ ش

وش (ف۔حرف تشبیہ) مانند۔ نظیر۔ مثل ؛
وُشاق (ت۔مذ) غلام۔ خدمت گار۔ غلام لڑکا۔
وِشال (س۔صف) عظیم۔ وسیع۔ عریض ؛
وشنو (ہ) وشن جی ؛
وِشواش (ہ۔ا۔مذ) بھروسہ۔ یقین۔ گمان۔ وہم ؛

و ـ ص

وَصّاف (ع۔مذ) بہت تعریف کرنے والا ؛
وِصال (ع۔مذ) ملاقات۔ وصل۔ ہمبستری۔ عاشق و معشوق کا ملنا۔ صحبت ہونا۔ مرنا۔ انتقال ہونا۔ وفات پانا۔ انجام ہونا۔ خاتمہ ہونا۔ جاتا رہنا ؛
وَصایا (ع۔مبو) وصیت کی جمع ؛
وصایت (ع۔مبو) نابالغ کی سرپرستی ؛
وصف (ع۔مذ) خوبی۔ عمدگی۔ گن۔ خاصیت۔ خو۔ خصلت۔ عادت کمال۔ ہنر۔ جوہر۔ سلیقہ۔ تعریف۔ صفت ؛
وصف رکھنا (اُر۔محاورہ) خوبی رکھنا۔ صفت رکھنا ؛
وصفی (ع۔صف) صفائی۔ توصیفی۔ تعریفی (وصف سے منسوب ؛
وصل (ع۔مذ) ملنا۔ ملاقات۔ ملاپ۔ میل۔ جوڑ۔ سنجوگ۔ صحبت داری۔ بھوگ۔ بلاس۔ جماع ؛
وصلت (ع۔مبو) وصل۔ معشوق سے ملاقات (اب متروک ہے) ؛
وصل ہونا (اُر۔محاورہ) ملنا۔ ملاقات ہونا۔ پیوستہ ہونا۔ خوب ملنا۔ مباشرت ہونا۔ ہمبستر ہونا ؛
وَصلیہ (عف۔مذ) ٹکڑا۔ پارہ۔ پارچہ۔ دھجی۔ کاغذ یا کپڑے کا ٹکڑا ؛
وَصلہ۔ یا وُصلہ (ع۔ا۔مذ) پیوند۔ پیوستگی۔ خویشی۔ اپنایت پارہ۔ ٹکڑا ؛
وَصلی (ع۔ا۔مبو) دو موٹے جڑے ہوئے کاغذوں کا ایک ورق جس پر خوشنویس مشق کیا کرتے ہیں۔ مشق کرنے کا موٹا کاغذ ؛
وُصول (ع۔ا۔مذ) ایک چیز کا دوسری چیز کے پاس پہنچنا۔ پایا ہوا۔ حاصل۔ پہنچا ہوا۔ رسیدہ۔ بے باق۔ جمع ؛
وصول یابی (ع۔ا۔مذ) حاصل شدہ اور اگاہی میں رہا ہوا روپیہ ؛
وُصول پانا۔ یا کرنا (اُر۔محاورہ) حاصل کرنا۔ پانا ؛
وُصول کنندہ (عف۔مذ) وصول کرنے والا۔ پانے والا ؛
وُصولی (اُر۔ا۔مذ) وصول یافتنی۔ ممکن الوصول۔ قابل وصول ؛

وَصِی (ع۔امذ) وہ شخص جس کو وصیت کی گئی ہو۔ وصیت پر عمل کرنے والا۔ کارکن کنایۃً حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے مراد ہے ؛

وصیّت (ع۔امو) مرنے والے یا سفر کو جانے والے شخص کا نصیحت کرنا کہ میرے بعد ایسا ایسا کرنا ؛

وصیّت کرنا (اُرد۔محاورہ) سفر کو جاتے یا مرتے وقت کچھ سمجھانا۔ آخری نصیحت کرنا ؛

وصیّت نامہ (عف۔امذ) وہ فہمائش جو مرتے یا سفر کو جاتے وقت لکھ کر دیدیں۔ تحریری وصیت۔ وصیت کا تمسک ؛

و ـ ض

وَضع (ع۔امو) بنانا۔ رکھنا۔ ترتیب کرنا۔ بناوٹ۔ ساخت روش۔ طرز۔ دستور۔ چال چلن۔ طور۔ رنگ۔ ڈھنگ۔ صورت شکل۔ فیشن۔ جننا۔ بچہ دینا۔ اسقاط۔ گت۔ درجہ۔ حالت آن۔ انداز۔ بھبتی۔ موزوں اور چسپاں بات۔ نیو۔ بنا۔ بنیاد وصول۔ مجرا۔ منہا۔ تفریق۔ خارج ؛

وضع بدلنا (اُرد۔محاورہ) طرز بدلنا۔ فیشن بدلنا۔ عادت اور ڈھنگ میں فرق آنا۔ دوسری روش اختیار کرنا ؛

وضع چھوڑنا (اُرد۔محاورہ) وضع ترک کرنا ؛

وضع حمل (ع۔امذ) بچہ پیدا ہونا۔ پیٹ گرنا۔ اسقاط ہونا۔ تولّد ؛

وضع دار (عف۔صف۔فاعلی) طرحدار۔ بانکا۔ خوش وضع سجیلا حسین۔ خوبصورت۔ دل پسند۔ اپنی چال اور وضع پر قائم اور مستقل رہنے والا۔ پابند وضع ؛

وضع داری (عف۔امو۔بیائے مصدری) طرحداری۔ بانکپن۔ خوبصورتی۔ خوبی۔ حسن۔ وتیرہ۔ شمار۔ طریقہ۔ سلیقہ۔ ڈھنگ ؛

وضع قانون (ع۔مذ) قانون بنانا۔ قانون ساری کرنا ؛

وضع قطع (ع۔امو) شکل وصورت ؛

وضع کرنا (اُرد۔محاورہ) منہا کرنا۔ تفریق کرنا۔ حساب سے خارج کرنا وصول کرنا۔ حساب میں لگالینا۔ نکالنا۔ کاٹنا۔ ایجاد کرنا ؛

وضع کہے دیتی ہے (اُرد۔محاورہ) حالت ہی بتارہی ہے صورت سے ہی ظاہر ہے ؛

وضع ملنا (اُرد۔محاورہ) انداز ملنا۔ طرز ملنا ؛

وضع میں فرق آنا (اُرد۔محاورہ) انداز اور طرز میں فرق آنا ؛

وضع بنا ہنا (اُرد۔محاورہ) انداز اور طرز میں فرق نہ آنے دینا ؛

وضع شستعلیق ہونا (اُرد۔محاورہ) انداز میں تہذیب اور شائستگی ہونا ؛

وضع ہونا (اُرد۔محاورہ) گننا۔ منہا ہونا۔ مجرا ہونا۔ حساب میں لگنا۔ ایجاد ہونا۔ نکلنا ؛

وضو (ع۔امذ) لغت میں روشن رو ہونا۔ اصلاح میں نماز کے لیے ہاتھ۔ منہ۔ پاؤں وغیرہ شرع کے مطابق دھونا۔ طہارت نماز ؛

وضو آنا (اُرد۔محاورہ) وضو کا سلیقہ ہونا ؛

وضو تازہ کرنا (اُرد۔محاورہ) وضو ہوتے ہوئے دوبارہ وضو کرنا ؛

وضو توڑنا (اُرد۔محاورہ) بے وضو ہو جانا۔ طہارت میں فرق لانا۔ پرہیزگاری قائم نہ رہنے دینا ؛

وضو ٹوٹ جانا (اُرد۔محاورہ) وضو جاتا رہنا۔ بائی سر جانا۔ گوز نکل جانا۔ زہد میں فرق آجانا۔ نیت میں فرق آجانا ؛

وضو ٹوٹنا (اُرد۔محاورہ) وضو کا جاتا رہنا۔ طہارت قائم نہ رہنا۔ صلاح یا ارادہ بدل جانا۔ نیت بدل جانا ؛

وضو ٹھنڈا کرنا/ڈھیلا کرنا (اُرد۔محاورہ) ہمت پست کرنا۔ نیت بدل دینا ؛

وضو ٹھنڈا۔ یا۔ ڈھیلا ہو جانا (اُرد۔محاورہ) ولولہ جاتا رہنا۔ ارادے میں ضعف آجانا۔ ارادہ سست ہو جانا ؛

وضو کرنا (اُرد۔محاورہ) طہارت نماز کرنا۔ نماز کے واسطے ہاتھ منہ پاؤں وغیرہ دھونا ؛

وضوح (ع۔امذ) معلوم۔ واضح۔ پرگھٹ۔ ظاہر۔ ظہور۔ اظہار ؛

وضیع (ع۔صف) نیچ۔ کمینہ۔ ادنےٰ۔ نالائق۔ ناکس۔ فرومایہ ؛

وضیع وشریف (ع۔امذ) چھوٹا بڑا۔ ادنےٰ اعلیٰ ؛

وضیعہ (ع۔صف۔امو) دیکھئے "وضیع" جس کی یہ تانیث ہے ؛

وضیمہ (ع۔مذ) ماتمی ضیافت۔ غمی کا کھانا۔ ولیمہ کی ضد ؛

و ـ ط

وَطَن (ع۔امذ) اپنا دیس۔ جنم بھوم۔ رہنے اور قیام کرنے کی جگہ پیدا ہونے کی جگہ۔ جائے پیدائش۔ اپنا ملک۔ مولد ؛

وطن اختیار کرنا (اُرد۔محاورہ) رہ پڑنا۔ رہائش اختیار کرنا۔ سکونت بنالینا ؛

وطن آوارہ (ع۔صف) خانماں برباد ؛

وطن چھٹنا (اُرد۔محاورہ) غریب الوطن ہونا ؛

وطن سے نکل جانا (اُرد۔محاورہ) غریب الوطن ہونا ؛

وطن مالوف (ع۔مذ) پیارا دیس۔ پیارا وطن۔ وہ جگہ جہاں رہنے کی عادت پڑی ہوئی ہے ؛

وطنی (عف۔صف۔بیائے نسبت و فاعل) ایک ملک کا۔ ایک جگہ کا رہنے والا۔ ہموطن ؛

وَطی (ع۔امو) جماع کرنا۔ عورت سے صحبت کرنا۔ روندنا۔ پامال کرنا۔

و ـ ظ

وظائف (ع۔امذ) وظیفہ کی جمع اوراد ؛

وظیفی (اُرد۔مذ) حقارتاً بہت وظیفہ پڑھنے والا۔ وردو وظائف میں لگا رہنے والا ؛

وظیفہ (ع.ا.مذ) ہر روز کے لیے مقررہ شدہ چیز۔ ورد۔ تنخواہ۔ طلب علوفہ۔ روزینہ۔ پنشن۔ درماہہ۔ روزانہ پڑھنے کی دُعا۔ مدد معاش جاگیر۔ کسی بات کی رٹ۔ کسی چیز کو بار بار پڑھنا۔ ایام طالب علمی کا درماہہ ؛

وظیفہ خوار (عف.امذ) تنخواہ دار۔ روزینہ دار۔ سکالرشپ پانے والا ؛

وظیفہ خواری (عف.امو) وظیفہ خوار کا اسم کیفیت ہے ؛

وظیفہ کرنا (اُر محاورہ) وظیفہ پڑھنا ؛

و ـ ع

وَعدہ (ع.امذ) بچن۔ قول۔ اقرار۔ قرار داد۔ اقرار نامہ۔ مرنے کا دن۔ موت کا وقت ؛

وَعدہ آپہنچنا } (اُر محاورہ) موت کا وقت قریب آجانا۔ وقت آپہنچنا۔
وعدہ آنا } اقرار آپہنچنا ؛

وعدہ ایفا کرنا (اُر محاورہ) وعدہ پُورا کرنا۔ قول پُورا کرنا ؛

وعدہ برابر۔ یا۔ پُورا ہونا (اُر فعل) اقرار پُورا ہونا۔ موت آنا۔ زندگی کا وقت پُورا ہونا۔ قضا آنا ؛

وعدہ پر جینا (اُر محاورہ) ایفائے عہد کی اُمید پر زندہ رہنا ؛

وعدہ پر قائم رہنا (اُر محاورہ) قول پر قائم رہنا۔ جو کہنا اس پر قائم رہنا ؛

وعدہ ٹالنا (اُر محاورہ) ٹال مٹول کرنا۔ لیت و لعل کرنا۔ حیلہ بہانہ کرنا۔ اقرار سے بچنا ؛

وعدہ خلاف (ع.امذ) اقرار کو پُورا نہ کرنے والا آدمی۔ قول کا جھوٹا۔ خلاف گو۔ بچن کا کچا۔ اقرار کا جھوٹا ؛

وعدہ خلافی (ع.مو۔ بیائے مصدری) اقرار توڑنا۔ عہد شکنی۔ اقرار کے خلاف کرنا۔ بیوفائی ؛

وعدہ زبان تک آنا (اُر مقولہ) موت کا وقت ٹالے نہیں ٹلتا ؛

وعدہ سے دم زیادہ نہ کم (اُر مقولہ) موت کا وقت ٹالے نہیں ٹلتا ؛

وعدہ شب درمیان (عف.صف) اگلے دن کا وعدہ کل کا وعدہ ؛

وعدہ فراموش (عف.صف.فاعلی) اقرار کو بھول جانے والا۔ وعدہ یاد نہ رکھنے والا ؛

وعدہ کرنا (اُر محاورہ) اقرار کرنا۔ قول کرنا۔ زبان دینا۔ بچن دینا۔ اقرار مدار کرنا ؛

وعدہ کی پختگی (اُر.مو) وعدے کی مضبوطی اور استحکام ؛

وعدہ لینا (اُر محاورہ) قول لینا۔ عہد لینا ؛

وعدہ وعید (ع.امذ) ٹال مٹول۔ لیت و لعل۔ آجکل جیسے حوالہ۔ امروز فردا ؛

وعدہ وعید کرنا (اُر محاورہ) ٹال مٹول کرنا۔ آجکل کرنا۔ لیت و لعل کرنا ؛

وَعدہ وفا (ع.صف) بات کا پُورا۔ بچنوں کا سچا۔ قول کا پکا۔ اقرار پورا کرنے والا ؛

وَعدہ پر جینا (اُر محاورہ) وعدہ پورا ہونے کی توقع رکھنا ؛

وعظ (ع.امذ) نصیحت۔ خدا کے خوف سے ڈرانا۔ پند۔ تلقین۔ درس۔ مذہبی لکچر۔ مسائل شرعیہ کا بیان ؛

وعظ کرنا (اُر محاورہ) نصیحت کرنا۔ درس دینا۔ تلقین کرنا ؛

وعید (ع.امذ) بُرائی کا وعدہ۔ سزا دینے کا وعدہ ؛

وعید و وعدہ کا فرق (اُر.امذ) وعید بدی اور شر کے لیے اور وعدہ نیکی اور خیر کے لیے مستعمل ہے ؛

و ـ غ

وغا (ع.امو) لڑائی۔ جنگ۔ شور و غل۔ ہنگامہ۔ دنگا فساد ؛

وغیرہ (ع.تابع فعل) وَغَیْرَہٗ کا مخفف۔ اس کے علاوہ۔ اور بھی اس کے ماسوا۔ علیٰ ہذا القیاس ؛

و ـ ف

وَفا (ع.امو) وعدہ کا پورا ہونا۔ تعہل۔ تکمیل۔ مروت۔ نباہ۔ ساتھ پُورا ہونا۔ نبھاؤ۔ خیر خواہی۔ عقیدتمندی۔ دیانت۔ نمک حلالی ؛

وُفا بیگانہ (عف.امذ) بے وفا۔ جو وعدہ پُورا کرنے کا عادی نہ ہو ؛

وَفا پرست } (عف.صف.فاعلی) باوفا۔ خیر خواہ۔ نمک حلال۔
وَفادار } بامروت۔ ساتھی۔ ایماندار۔ راست باز۔ دیانتدار سچا۔ صادق۔ متدین۔ معتبر۔ معتمد ؛

وفا پیشہ (عف.صف) جو سب کے ساتھ وفا کرے۔ جو ہمیشہ وفادار رہے ؛

وفاداری (عف.صف.بیائے مصدری) مروت۔ نمک حلال صداقت۔ دیانتداری ؛

وفا شعار (ع.صف) ہمہ تن وفا۔ نہایت وفادار۔ وفا کے کیش پالنے والا۔ وفا کے لباس والا ؛

وفا کیش (عف.صف) وفا شعار ؛

وفا کا بندہ (اُر.امذ) وفا کا قدردان۔ وفا کا غلام۔ وفا کا تابعدار ؛

وفا کرنا (اُر محاورہ) بنا ہنا۔ ساتھ دینا۔ مروت کرنا۔ وعدہ پورا کرنا خیر خواہی کرنا۔ نمک حلالی کرنا۔ اطاعت کرنا ؛

وفات (ع.امو) موت۔ انتقال۔ مرگ۔ قضا۔ اجل۔ رحلت ؛

وفات پانا (اُر محاورہ) مرنا۔ انتقال کرنا۔ قضا کرنا۔ اجل آجانا۔ جاں بحق ہونا ؛

وفات کرنا (اُر محاورہ) مرجانا ؛

وفات شریف (ع.امو) کسی بزرگ دین کی موت۔ وصال۔ حضرت رسول مقبول صلعم کا انتقال ؛

وفاق (ع.امذ) موافقت۔ ایکا۔ میل جول۔ اتفاق۔ صلح سنجوگ۔ سازگاری ؛

وفق (ع.امذ) مطابق۔ موافق حسب ؛

وُفور (ع.صف) زیادتی۔ بہتات۔ کثرت۔ افراط۔ وافر ہونا ؛

و - ق

وَقاحَت (ع.امو) بے شرمی. بے حیائی. گستاخی. شوخی. بے ادبی شوخ چشمی. ڈھٹائی ؛

وَقار (ع.صف) نہایت روشن. بہت چمکیلا ؛

وَقار (ع.ا.مذ) آرام. قرار. بردباری. سکون. ثابت قدمی. استقلال متانت. سنجیدگی. قدر و منزلت. عزت و حرمت. جاہ و جلال ؛

وَقائع (ع.ا.مو) لڑائی. حملہ. دھاوا. یورش. جنگ و جدل ؛

وَقائع (ع.ا.مذ) وقیعہ کی جمع. حالات. واقعات. خبریں. سانحے حادثات. مصائب. واردات. لڑائیاں ؛

وقائع نگار (عف.امذ) نامہ نگار. خبریں لکھنے والا. اخبار نویس ؛

وقائع نگاری (عف.امو. بیائے مصدری) پرچہ نویسی. اخبار نویسی. نامہ نگاری ؛

وَقت (ع.امذ) زمانہ. عرصہ. ویلا. بیلا. ایام. عمر. زندگی. حیات موسم. فصل. مہلت. فرصت. داؤں. گھات. موقع. سماں. جگ. حالت. گت. مدت. میعاد. نوبت. باری. دفعہ بار (اردو میں) مجازاً موت کا وقت. مرگ. موت. گھڑی ساعت. دم. دشواری. وقت. بُرا وقت. مصیبت ؛

وقت آپہنچنا. یا. آن پہنچنا (اُر.محاورہ) وعدہ آپہنچنا. موت کا وقت آجانا. مرنے کا زمانہ قریب آپہنچنا ؛

وقت آجانا (اُر.محاورہ) رُت آجانا. موسم آجانا. کام کا وقت آجانا. موت آجانا. مصیبت آجانا ؛

وقت آیا ہوا نہیں ٹلتا (اُر.مثل) موت کے آنے پر دیر سویر نہیں ہوتی ؛

وقت بد (عف.امذ) مصیبت کا وقت ؛

وقت برابر ہونا (اُر.محاورہ) زندگی کا عرصہ پُورا ہوجانا. وعدہ آجانا ؛

وقت بوقت (اُر.تابع فعل) کبھی کبھی. وقتاً فوقتاً. بعض اوقات ؛

وقت بیوقت (اُر.تابع فعل) موقع بے موقع. ہر وقت. ہمیشہ برابر. سدا. نت. پے در پے. مدام ؛

وقت پانا (اُر.محاورہ) موقع پانا. فرصت پانا. موقع حاصل کرنا ؛

وقت پر (اُر.تابع فعل) خاص موقع پر. ضرورت پر. حسب ضرورت حسب موقع. بروقت. عین موقع پر. مصیبت پر. لڑائی پر ؛

وقت پر اوسان بحال رہنا (اُر.محاورہ) مصیبت یا گھبراہٹ کے موقع پر بدحواس نہ ہونا ؛

وقت پر بھاگ جانا ہی مردانگی ہے (اُر.مثل) موقع کے مطابق کام دانائی اور ہنرمندی ہے ؛

وقت پر پہنچنا (اُر.محاورہ) موقع پر پہنچنا. ٹھیک موقع پر آجانا ؛

وقت پر صاف جواب دینا (اُر.محاورہ) ضرورت کے وقت کام نہ آنا ؛

وقت پر صاف نکل جانا (اُر.محاورہ) عین موقع پر قول سے پھر جانا ؛

وقت پر کام آنا (اُر.محاورہ) موقع پر کام دینا. ضرورت پر کام نکالنا ؛

وقت پر کوئی کام نہیں آتا (اُر.مثل) مصیبت کے وقت کوئی مدد نہیں کرتا ؛

وقت پر گدھے کو باپ بناتے ہیں (اُر.مثل) ضرورت اور موقع کے وقت ادنے سے ادنے کی بھی خوشامد کرنی پڑتی ہے ؛

وقت پڑنا (اُر.محاورہ) ضرورت پڑنا. مشکل پڑنا. وقت پیش آنا. مصیبت پڑنا. بپتا پڑنا ؛

وقت پڑے پر جانئے کو بیری کو میت (ہ.مثل) مصیبت کے وقت ہی دوست اور دشمن کی پرکھ اور آزمائش ہوتی ہے ضرورت اور مشکل کے وقت ہی معلوم ہوتا ہے کہ کون دشمن ہے اور کون دوست ؛

وقت تاکنا. وقت دیکھنا (اُر.محاورہ) موقع دیکھنا. داؤں گھات لگانا. موقع کا منتظر رہنا ؛

وقت تنگ ہونا (اُر.محاورہ) کوئی کام جس وقت کرنا ہو اس میں تھوڑا وقفہ رہ جانا ؛

وقت ٹالنا (اُر.محاورہ) وقت گذاری کرنا. موقع ٹالنا ؛

وقت جاکر نہیں آتا (اُر.مقولہ) جو لمحہ گزر جاتا ہے پھر نہیں آتا ؛

وقت سب کچھ کرا لیتا ہے (اُر.مقولہ) موقع اور ضرورت کے وقت انسان وہ کام کرلیتا ہے جو اس سے یوں نہیں ہوسکتے ؛

وقت ضائع کرنا (اُر.مصدر مرکب) بیکار مشغلوں میں وقت بسر کرنا ؛

وقت کا رونا بے وقت کی ہنسی سے اچھا (اُر.مثل) ہر بات اور کام اپنے موقع پر اچھا ہوتا ہے ؛

وقت کو غنیمت جاننا (اُر.محاورہ) موقع سے فائدہ اُٹھانا چاہیئے ؛

وقت کاٹنا (اُر.محاورہ) بُرے دن گزارنا. غم غلط کرنا. دل بہلانا. دن پُورے کرنا ؛

وقت کھونا (اُر.محاورہ) وقت برباد کرنا. وقت ضائع کرنا. وقت گنوانا ؛

وقت کے بادشاہ ہیں (اُر.محاورہ) نہایت بے فکر اور بے غم ہیں. حاکم وقت ہیں. ان کے بہت اختیارات ہیں. یہ بہت کچھ کرسکتے ہیں ؛

وقت کے وقت (اُر.تابع فعل) عین ضرورت کے موقع پر. عین وقت پر ؛

وقت کی بات (اُر.مو) اتفاقی بات. شدنی امر ؛

وقت کی خوبی ہے (اُر.مثل) بُرے دن کے آجانے کی وجہ سے پریشانی اُٹھانی پڑ رہی ہے ؛

وقت ناوقت (اُر.تابع فعل) کبھی کبھار. وقت بے وقت. گاہ بگاہ ؛

وقت نازک (عف.امذ) خطرناک وقت. نہایت ہوشیاری اور خبرداری کا زمانہ. ایسا وقت جس میں عزت بچانی مشکل ہوجائے ؛

وقت نکالنا (اُر.محاورہ) فرصت نکالنا. موقع حاصل کرنا. وقت ٹالنا. وقت گزارنا. اپنی ضرورت نکالنا. ضرورت رفع کرنا ؛

وقت نکل جاتا ہے بات رہجاتی ہے (اُردو مثل) کام تو
وقت نہیں رہتا بات رہجاتی ہے } منگاستا ہو ہی جاتا
وقت گزر جاتا ہے اور بات رہجاتی ہے } ہے مگر شکایت باقی
رہا کرتی ہے۔ کسی کا کام نہیں رُکتا۔ مگر گلہ رہ جاتا ہے ؛

وقت نکل جانا (اُردو محاورہ) ضرورت پُوری ہو جانا۔ مصیبت ٹل جانا موقع ہاتھ سے جاتا رہنا ؛

وقت واپسیں (عف۔ا۔مذ) اخیر وقت۔ آخری وقت۔ دم نزع۔ مرتے دم۔ مرتے وقت۔ جان کنی کے وقت ؛

وقت وقت کا راگ اچھا ہوتا ہے (اُردو محاورہ) ہر شے اپنے موقع اور محل پر ہی اچھی لگتی ہے ؛

وقت وقت کا راگ ہے (اُردو محاورہ) جیسا وقت ہو۔ ویسا ہی سلوک ہو۔ ہر وقت کی پالیسی جُدا ہے ؛

وقت وقت کی راگنی (اُردو محاورہ) جیسا وقت ویسا کام۔ جیسا موقع ویسا برتاؤ ؛

وقت ہاتھ سے جانا (اُردو محاورہ) موقع نکل جانا ؛

وقت ہاتھ سے نہ دینا (اُردو محاورہ) موقع نہ کھونا ؛

وقت ہو جانا (اُردو محاورہ) وقت پورا ہو جانا۔ موقع ہونا ؛

وقتاً فوقتاً (ع۔تابع فعل) کبھی کبھی۔ کسی کسی موقع پر۔ اپنے اپنے موقع پر۔ حسب موقع ؛

وقتی (ع۔صف) وقت کا۔ زمانے کا۔ عارضی ؛

وقر (ع۔ا۔مذ) گرانی۔ بوجھ۔ بھار۔ بار۔ بھراپن۔ گرانیٔ گوش۔ بزرگی۔ بڑاپن۔ قدر و عزت۔ شان و شوکت۔ عزت۔ پت۔ بُردباری۔ حلم۔ تمکین۔ بھاری بھرکم ہونا ؛

وقر اُٹھ جانا (اُردو محاورہ) وقعت نہ رہنا۔ عزت جاتی رہنا ؛

وقر پانا (اُردو محاورہ) عزت پانا۔ توقیر حاصل کرنا۔ درجہ حاصل کرنا ؛

وقر کھونا (اُردو محاورہ) پت گنوانا۔ عزت برباد کرنا۔ بات کھونا ؛

وقعت (ع۔ا۔مؤ) سختی۔ صدمہ۔ زور۔ بل۔ طاقت۔ قوت۔ لڑائی۔ بلندی اونچائی۔ مجازاً بات کی پختگی۔ عزت۔ اعتبار۔ ساکھ ؛

وقعت کھونا (اُردو محاورہ) عزت یا اعتبار کھونا۔ ساکھ گنوانا۔ پت گنوانا

وقف (ع۔ا۔مذ) ٹھہراؤ۔ سکون۔ آرام۔ خدا کی راہ میں دیدی ہوئی چیز جو کسی کی ملکیت نہ ہو۔ لیکن سب ہم مذہب اس کے نگران ہوں۔ دان۔ دھرم ارتھ۔ رفاہِ عام کی چیز۔ عطا بخشش۔ مباح جائز۔ نذر۔ بھینٹ۔ صرف۔ موقوف۔ سنھرہ۔ رہاؤ۔ قرآن کی آیتوں پر دم لینا۔ ٹھہرنا ؛

وقفِ اولاد (ع۔ا۔مذ) وہ چیز جو اپنی اولاد کے لیے چھوڑی جائے دوسرے کو اس میں دخل نہ ہو ؛

وقف کرنا (اُردو محاورہ) رفاہ عام کے لیے چھوڑنا۔ خدا کے نام پر چھوڑنا ؛

وقف نامہ (عف۔ا۔مذ) وہ کاغذ یا تمسک جو مال وقف کی بابت اس کے متولی کو لکھ کر دیا جائے ؛

وقف ہونا (اُردو محاورہ) جائز ہونا۔ مباح ہونا۔ عام ہونا۔ کسی کی ملکیت ہونا۔ حصہ میں آنا۔ مخصوص ہونا۔ نذر ہونا۔ بھینٹ ہونا ؛

وَقفہ (ع۔ا۔مذ) ٹھہراؤ۔ سکون۔ آرام۔ ڈھیل۔ مہلت۔ فرصت۔ دیر تاخیر۔ التوا۔ چھٹی۔ ذرا آرام لینے کا وقت۔ اٹکاؤ۔ مزاحمت ؛

وقفہ دینا (اُردو محاورہ) موقع دینا۔ مہلت دینا۔ فرصت دینا ؛

وُقُوع (ع۔ا۔مذ) گرنا۔ جانور کا بچے آنا۔ مجازاً ظاہر ہونا۔ اظہار۔ صدور ظہور ؛

وقوعِ جرم (ع۔ا۔مذ) گناہ کا ظہور۔ قصور کا سرزد ہونا ؛

وُقُوعہ (ع۔ا۔مذ) واردات۔ صدمہ۔ حادثہ۔ سانحہ۔ دنگہ۔ فساد۔ ہنگامہ ؛

وُقُوف (ع۔ا۔مذ) خبر۔ آگاہی۔ اطلاع۔ جاننا۔ واقفیت۔ ٹھیراؤ۔ ٹھہرا ہونا۔ اُستادگی۔ مہارت۔ تجربہ۔ لیاقت۔ تمیز۔ سلیقہ۔ شعور ؛

وُقُوف پکڑنا (اُردو فعل) تمیز حاصل کرنا۔ عقل سیکھنا۔ ہوش پکڑنا ؛

وُقُوف پیدا کرنا (اُردو محاورہ) لیاقت حاصل کرنا۔ شعور سیکھنا قابلیت بہم پہنچانا ؛

وُقُوف دار (عف۔صف) جاننے والا۔ سمجھنے والا۔ تجربہ کار ؛

وقیع (ع۔ا۔صف) وقعت رکھنے والا۔ معزز۔ عزت دار۔ ذی عزت۔ بلند مرتبہ۔ ذی وقار ؛

وَقیعہ/وَقیعَت (ع۔ا۔مؤ) غمازی۔ لڑائی۔ کارزار ؛

و ـ ک

وکالت (ع۔ا۔مؤ) اپنا کام دوسرے پر چھوڑنا۔ ایلچی گری۔ پیغام رسانی۔ نیابت۔ قائم مقامی۔ ضمانت۔ ذمہ داری ؛

وکالت کرنا (اُردو محاورہ) ایلچی گری کرنا۔ مختار کاری کرنا۔ وکالت کا کام کرنا ؛

وکالت نامہ (عف۔ا۔مذ) مختار نامہ۔ وہ کاغذ۔ جو وکیل کو کسی مقدمہ کے بھگتانے کے لیے لکھ دیں۔ کہ جو کچھ وہ کرے ہمیں منظور ہے ؛

وکالت نامہ تصدیق ہونا (اُردو مصدر مرکب) وکالت نامہ پر متعلقہ حاکم عدالت کے دستخط ہونا ؛

وکالتاً (ع۔تابع فعل) وکیل کے ذریعہ سے۔ وکیل کی معرفت ؛

وکٹ (انگ۔ا۔مذ۔ Wicket) کرکٹ کے کھیل کے ڈنڈے ؛

وکٹ کیپر (Wicket Keeper) وکٹ کے پیچھے گیند روکنے والا

وکٹوریا کراس (انگ۔ا۔مذ۔ Victoria Cross) صلیب کی شکل والے۔ ایک اعزازی تمغے کا نام ہے۔ جو کسی بڑی بہادری کے کام میں انعام کے طور پر انگلینڈ کے بادشاہ کی طرف سے دیا جاتا ہے ؛

وکیل (ع۔ا۔مذ) نائب۔ قائم مقام۔ مختار۔ پلیڈر۔ قانون دان ؛

وکیل سرکار (ع۔مذ) حکومت کی طرف سے مقدمہ کی پیروی کرنے والا وکیل ؛

وکیل کرنا (اُردو فعل) وکیل بنانا۔ قانونی طور پر اپنا قائم مقام بنانا ؛

وکیل عام یا مطلق (ع۔مذ) مختار عام۔ مختار کل۔ ہر امر کا پُورا پُورا اختیار رکھنے والا کارندہ ؛

و ـ گ

وگ

وگ (انگ۔ مو۔ Wig) بالوں کی مصنوعی ٹوپی۔

وگر (ف حرف عطف) اور۔ اگر۔ جو ؛

وگرنہ (ف حرف عطف) نہیں تو۔ ورنہ۔ پھر۔ اور۔ اگر نہیں تو ؛

و ـ ل

ولا (ع۔ا۔مو) محبت۔ دوستی۔ پریت۔ اتحاد۔ میل جول۔ ارتباط ؛

ولادت (ع۔ا۔مو) بچہ جننا۔ جنم۔ پیدائش ؛

ولایت (ع۔ا۔مو) دیس۔ ملک۔ اقلیم۔ براعظم۔ ایک بادشاہ کی سلطنت۔ ایک بادشاہ کا ملک۔ سلطنت۔ حکومت۔ مملکت کسی شخص کی ذمہ داری۔ کفالت۔ خدا تعالےٰ سے تقرب ؛

ولایت پانا (اُردو محاورہ) ولی ہونا۔ ولایت کا درجہ حاصل کرنا۔ خدا تعالےٰ کا قرب حاصل کرنا ؛

ولایت زاد (عف۔ا۔مذ) ولایت زادہ کا مرخم ہے۔ غیر ولایت کا پیدا شدہ۔ یعنی۔ کابل۔ ترکستان۔ یورپ کی پیدائش۔ یورپین۔ اصل انگریز۔ پوربیشن کی ضد ؛

ولایت مآب (ع۔ا۔مذ) کنایۃً حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔ ولی۔ صاحب ولایت ؛

ولایت میں کیا گدھے نہیں ہوتے (اُردو مثل) بے وقوف عقلمندوں کے دیس میں بھی ہوتے ہیں ؛

ولایتاً (ع۔ تابع فعل) والی وارث ہونے کی رو سے۔ از روئے ولایت ؛

ولایتی (ع۔صف۔ بیائے نسبتی) ولایت کا رہنے والا۔ پردیسی۔ اجنبی غیر ملک کا۔ یورپین۔ یورپ کی پیدائش۔ کابلی۔ کابل کا باشندہ۔ پٹھان۔ مغل۔ بولی نہ سمجھنے والا۔ جنگلی۔ وحشی۔ ناتجربہ کار۔ ناواقف انجان۔ نہایت مضبوط۔ طاقتور۔ قوی ہیکل۔ زور آور ؛

ولایتی بینگن (اُردو۔مذ) ایک بینگن جو سفید رنگ کا ہوتا ہے ؛

ولایتی پانی (اُردو۔مذ) سوڈا واٹر ؛

ولد (ع۔ا۔مذ) پوت۔ بیٹا۔ پسر۔ لڑکا۔ فرزند ؛

ولد الحرام (ع۔صف) حرامزادہ۔ حرامی۔ حرام کا جنا ؛

ولد الحلال (ع۔صف) اصیل اور حقیقی بیٹا۔ وہ بیٹا جو حسب شرح نکاح ہونے سے پیدا ہو ؛

ولد الزنا (ع۔صف) فاحشہ عورت کا بچہ حرام کا جنا۔ حرام زادہ۔ برساتی کیڑے۔ حشرات الارض ؛

ولدیت (ع۔ا۔مو۔مصدری) باپ کا نام۔ اصل نسل۔ خاندان۔ کل۔ گھرانا ؛

ولندیز (ع۔ا۔مذ) ہیدرلینڈ (ہالینڈ) یورپ کا ایک ملک ؛

ولولوں (اُردو۔مذ) ولولہ کی جمع۔ شور۔ واویلا۔ جوش وخروش ؛

ولولہ (ع۔ا۔مذ) جوش وخروش۔ شور وغل۔ غوغا۔ ہنگامہ۔ عشق کا جوش۔ امنگ۔ عشق کی کثرت ؛

ولولہ آنا (اُردو محاورہ) جوش آنا ؛

ولولہ اٹھنا (اُردو محاورہ) جوش پیدا ہونا ؛

ولے (ف۔حرف استدراک واستثنا) لیکن۔ ولیک۔ مگر پر۔ لیکن۔ الّا ؛

ولی (ع۔ا۔مذ) لغت میں مالک۔ آقا۔ صاحب۔ سرپرست۔ سردار مزنی۔ محافظ۔ دوست۔ یار۔ مددگار۔ قابض۔ متصرف پرہیزگار۔ نیک بخت۔ زاہد۔ پارسا۔ عارف۔ صابر۔ شاکر ولی۔ پیر۔ مرشد۔ بزرگ دین۔ محبوب الٰہی۔ مقرب خدا ؛

ولی اللہ (ع۔ا۔مذ) خدا رسیدہ۔ مقرب الٰہی۔ عابد۔ زاہد۔ مزنی سرپرست ؛

ولی جائز (ع۔ا۔مذ) وہ شخص جسے کسی نابالغ لڑکے یا لڑکی کا سرپرست مقرر کیا گیا ہو ؛

ولی سرپرست (عف۔ا۔مذ) وہ شخص جو کسی نابالغ کی پرورش اور تربیت کا کفیل ہو ؛

ولی خنگر۔ یا۔ کھنگر (اُردو۔مذ) مددگار۔ حامی۔ حمایتی۔ بزرگ۔ دستگیر۔ سربراہ کار۔ سرپرست۔ ولایت کا دعویدار۔ قرب الٰہی کا مدعی ؛

ولی را ولی می شناسد (ف۔مثل) کسی آدمی کی اصلیت کو وہی شخص پہچانتا ہے جو اس جیسا ہو ؛

ولی عہد (ع۔ا۔مذ) وقت کا حاکم۔ جانشین۔ وارث تخت وتاج ٹیکا۔ کنور۔ یوراجہ۔ قائم مقام ؛

ولی قریب (ع۔مذ۔ترکیب فارسی) نزدیکی سرپرست ؛

ولی کو ولی ہی پہچانتا ہے (اُردو مثل) ہر قسم کے آدمی کو اس قسم کا آدمی پہچان سکتا ہے ؛

ولی کے گھر شیطان (اُردو مثل) اچھوں کے گھر بُرے۔ نیک کی اولاد بد۔ شریف کے گھر میں نالائق اولاد ؛

ولی نعمت (ع۔ا۔مذ) صاحب دولت۔ آقا۔ خداوند نعمت۔ ماسٹر۔ مزنی۔ پرورش کرنے والا ؛

ولی نے کیا کام شیطان کا (اُردو محاورہ) شریف اور نیک آدمی نے بدمعاشوں کی سی حرکت کی ؛

ولے (ف۔حرف استدراک) لیکن۔ مگر (ولیک کا مخفف ہے)

ولے برندیش (ف۔مثل) مجبوری سے کوئی کام کرنے کے موقع پر کہتے ہیں ؛

ولیک (ع۔حرف استدراک۔ واستثنا) ولیکن کا مخفف ؛

ولیکن (ع۔حرف استدراک واستثنا) پر۔ مگر۔ لیکن۔ الّا ؛

ولیمہ (ع۔ا۔مذ) بیاہ کی دعوت۔ نکاح کی ضیافت ؛

ولین (انگ۔ا۔مذ۔ Villain) بدمعاش۔ فلم میں بدکردار شخص

ہیرو کی ضد۔

و ـ ن

وُن (ہ۔اسم ضمیر) وہ کی جمع۔ انُ۔ جیسے۔ ون کو ؛
وَنت (س۔ فاعل) والا۔ صاحب۔ خداوند ؛
وُنہیں (ہ۔اسم ضمیر) اُنہیں۔ انُ کو ؛

و ـ و

وو (ہ اسم ضمیر جمع غائب) وہ کی جمع۔ وے ؛
ووٹ (انگ۔ا۔مذ۔ Vote) رائے ؛
ووٹ پڑنا/ڈالنا (اُر۔محاورہ) نامزدگی کے کاغذ پر دستخط کرکے ڈالنا؛
ووٹ دینا (اُر۔محاورہ) رائے دینا۔ کسی تجویز کے خلاف یا موافقت میں رائے دینا ؛
ووٹر (انگ۔ا۔مذ۔ Voter) ووٹ دینے والا۔ رائے دینے والا؛
ووٹنگ (انگ۔ا۔مو۔ Voting) رائے شماری۔ رائے دہی ؛
ووٹ لڑنا (اُر۔محاورہ) ووٹوں کا مقابلہ ہونا ؛
وولٹ (انگ۔ا۔مذ۔ Wolt) برقی قوت کی اکائی۔
وُوں (ہ۔تابع فعل) اسُ طرح۔ یوُں کی ضد ؛
وُوں کا دُوں نہیں (اُر۔تابع فعل) ویسا ہی۔ جوں کا توں۔ جیسے کا تیسا؛
وُوں نہیں (ہ۔تابع فعل) فوراً ترت۔ اسی وقت۔ فی الفور ؛
وُوئے (ہ) کلمہ تعجب ہے ؛

و ـ ہ

وہ (ہ) اسم ضمیر غائب واسم اشارہ۔ وہ حرف جو ضمیر غائب یا اشارہ بعید کے لیے بولا جاتا ہے ؛
وہ آنکھیں نہیں رہیں (اُر۔محاورہ) وہ پہلی سی محبت اور مروت نہیں رہی ؛
وہ بال کھینچوں کہ جس کی جڑ دُور ہو (اُر۔محاورہ) سارے خفیہ اور پوشیدہ عیب ظاہر کردُوں جو رسوائی کا باعث ہو ؛
وہ بھی دن/گھڑی ہوگی (اُر۔کلمہ تمنائیہ) کوئی ایسا وقت بھی آئے گا جب اپنا ارمان پُورا ہوگا ؛
وہ بھی نہ ہوا (اُر۔بول چال) وہ مقصد بھی حاصل نہ ہوا ؛
وہ پانی ملتان گیا (ہ۔محاورہ) اب موقع جاتا رہا۔ وہ بات گذر گئی ؛
وہ تو کہے (اُر۔بول چال) غنیمت یہ ہے کہ ؛
وہ جانے اور اس کا ایمان جانے (اُر۔مثل) کسی چیز کو کسی کے ایمان اور نیت پر چھوڑ دینے کے موقع پر بولا جاتا ہے ؛
وہ جانے اور اس کا کام جانے (اُر۔مثل) بری الذمہ ہونے کے موقع پر بولا جاتا ہے ؛
وہ دن ڈبا کہ گھوڑی چڑھا کبا (ہ۔مثل) جس روز یہ عیبی دولہا بنے گا۔ وہ دن ہی غارت ہو جائے گا ؛
وہ دن گئے (ہ۔محاورہ) وہ زمانہ گزر گیا۔ وہ وقت گیا گزرا ہوا ؛
وہ دن گئے کہ خلیل خاں فاختہ اڑایا کرتے تھے (اُر۔مثل) اقبال مندی کے دن گزر گئے ؛
وہ ڈوبیں منجدھار جن پر بھاری بوجھ (اُر۔مثل) اپنے پیچھے زیادہ جھگڑے نہ لگاؤ ورنہ تباہ ہو جاؤ گے ؛
وہ راہ تمہاری ہے تو ہماری یہ (اُر۔مثل) بے پروائی ظاہر کرنے کے وقت بولتے ہیں ؛
وہ کون دن تھے (اُر۔مقولہ) وہ کیا اچھا زمانہ تھا ؛
وہ کملی ہی نہیں جس میں تل بند تھے (اُر۔محاورہ) وہ حسن ہی نہیں رہا کہ جس پر کوئی عاشق ہو۔ یعنی وہ چیز ہی نہیں رہی جس کے باعث لوگ رجوع کرتے تھے ؛
وہ نہیں تو اس کا بھائی اَور سہی (اُر۔محاورہ) یعنی ایک ہی آدمی پر کوئی کام موقوف نہیں ہے۔ ایک نہیں دوسرا سہی ؛
وَہّاب (ع۔صف) بہت بخشنے والا۔ خدا تعالےٰ ؛
وَہّابی (ع۔ا۔مذ۔ بیائے نسبتی) وہاب سے نسبت رکھنے والا۔ وہاب کا پیرو۔ عبدالوہاب نجدی کا پیرو۔ فرقہ۔ مسلمانوں کا وہ فرقہ جو صوفیوں کا دشمن اور مدمقابل ہے ؛
وہّاج (ع۔صف) بہت چمکتا ہوا ؛
وہاں (ہ۔تابع فعل) اس جگہ۔ اس مقام پر۔ اُدھر۔ اس طرف ان کے ہاں۔ ایسی جگہ۔ ایسے مقام پر ؛
وہاں تک ہنسے جو رونہ دے (اُر۔محاورہ) حد سے زیادہ مذاق اچھا نہیں ہنسی اتنی چاہیئے جو ناگوار نہ گزرے ؛
وہاں کا وہیں (ہ۔تابع فعل) اسی جگہ جہاں کا تہاں ؛
وہاں کر دن ماریئے جہاں پانی نہ ہو (اُر۔محاورہ) یعنی نہایت سخت اور سنگین سے سنگین سزا دینی چاہیئے ؛
وہَب (ع۔ا۔مذ) عطا۔ بخشش۔ سخاوت ؛
وَہبی (ع۔صف۔ بیائے نسبتی) دیا ہوا۔ عطا کیا ہوا۔ خدا کی طرف سے کسی امر کا عطا شدہ ملکہ۔ کسبی کی ضد ؛
وَہم (ع۔ا۔مذ) گمان۔ وسواس۔ شک۔ احتمال۔ دماغ میں فاسد خیالات پیدا کرنے والی باطنی قوت ؛
وہم بندھنا (اُر۔محاورہ) وسواس آنا۔ شک گزرنا ؛
وہم کا پُتلا (اُر۔ا۔مذ) وہ انسان جو ہر بات میں وہم کرے ؛
وہم کی دارو لقمان کے پاس بھی نہیں / وہم کی دوا تو لقمان کو نہ ملی (اُر۔محاورہ) وہم کا علاج تو لقمان جیسا حکیم بھی نہ کر سکا ؛
وہم لانا (اُر۔محاورہ) وہم کرنا ؛
وہم ناک (ف۔صف) صاحب وہم ؛
وہمی (ع۔صف۔ بیائے نسبتی۔ منسوب) بروہم۔ خیالی

گمانی. موہوم. قیاسی. (بصورت اسم مذکر) وہ شخص جس کو وہم ہو. وہم والا. بھرمی. وسواسی ؛

وہمی بات (اُردو) موہوم بات ؛

وہمی یا وہ ہی (ہ. صف) تاکیدی. اس ہی ؛

وہی اپنا جو اپنے کام آئے (ہ. مثل) جس سے مطلب نکلے وہی سگے کے برابر ہے ؛

وہی بات گھوڑے کی لات (اُردو) بچے کسی بات کے یاد دلانے کے لیے بولتے ہیں بے اصل بات ؛

وہی پھول جو میسر چڑھیں (اُردو مثل) وہی چیز اچھی جسے اچھے لوگ پسند کریں. تدبیر وہی جو ٹھیک کام آئے ؛

وہی تین بیسی وہی ساڑھ (ہ. مثل) دونو کا نتیجہ ایک ہی ہے خواہ یوں کہو خواہ وُوں ؛

وہی ڈھاک کے تین پات (اُردو مثل) معمولی مقررہ رقم ملنے پر بولتے ہیں. معاملہ جوں کا توں ہے ؛

وہی راگ گانا (اُردو محاورہ) کہی ہوئی بات بار بار کہنا ؛

وہی کا سہ وہی آنش (اُردو مثل) پہلی حالت میں تبدیلی نہ ہونے پر بولتے ہیں ؛

وہی کنیا جس کے ابلق بال (اُردو مثل) ناممکن اور تعجب انگیز ؛

وہی مرغے کی ایک ٹانگ (اُردو مثل) ایک ہی بات کی پچ کیے جانا. اپنی ہی رٹ لگانا ؛

وہی من وہی چالیس سیر (اُردو مثل) ایک ہی مطلب ہے جیسے مرضی سمجھ لو ؛

وہی میاں دربار کو وہی چولہا پھونکنے کو (اُردو مثل) وہ شخص جس کو اپنے سارے چھوٹے بڑے کام خود ہی کرنے ہوں ؛

وہی نار سلکھنی جو پیا کے من بھاوے (ہ. مثل) عورت وہی باسلیقہ اور ہنرمند ہوتی ہے جو خاوند کو پسند ہو ؛

وہی تم اور وہی ہم (اُردو محاورہ) تم ہم تو ایک دوسرے کے قدیمی واقف ہیں ؛

وہی ہو گا جو قسمت میں لکھا ہے (اُردو مقولہ) نوشتۂ تقدیر پورا ہو کر رہتا ہے ؛

وہیں (ہ. تابع فعل) اسی جگہ. ٹھیک اسی مقام پر ؛

وہیں کا ہو رہنا (ہ. فعل) جا کر بیٹھ رہنا. بہت دیر لگانا. مر رہنا ؛

وہیں (ہ. تابع فعل) ترت. فی الفور. فوراً ؛

وے

وے (ہ. اسم ضمیر) وہ کی جمع ؛

ویاکرن (س. ابو) علم. زبان سنسکرت. زبان کی صرف ونحو. زبان کے قواعد ؛

ویٹر (انگ. ا. مذ. Waiter) ہوٹل کا خدمتگار جو گاہکوں کو کھانا کھلاتا اور اور دوسری ضرورتوں کا خیال رکھے ؛

ویٹریس (انگ. ا. مو. Waiteress) ہوٹل میں کام کرنے والی خادمہ

ویٹو (انگ. ا. مذ. Veto) کسی تجویز کی یا فیصلے کا رد کرنے کا حق ؛

وید (س. ا. مذ) آسمانی کتاب. ہندوؤں کی مقدس کتاب کا نام ؛

ویدابھیاس (س. ا. مذ) وید کی تلاوت. وید کا مطالعہ

ویدانگ (س. مذ) وید کے انگ یعنی چھ حصے ؛

وَید (س. مذ) بید. حکیم. طبیب ہندی طریقہ سے علاج کرنے والا.

وَیدانت (س. مذ) ویاس جی کا بنایا ہوا شاستر جس میں ذات باری پر بحث کی گئی ہے ؛

ویدانتی (س. ا. مذ - بیائے فاعلی) ویدانت کا عالم. ویدانت کا پیرو. عامل ویدانت ؛

وَیدک (س. ا. مذ) وید پڑھا ہوا برہمن. پنڈت وید کا عالم ؛

وَیدَک (س. ا. مذ) علم طب. علم حکمت ؛

وَیرا (ہ. ا. مذ) وہ مال جو بادشاہ کی طرف سے زبردستی منگے داموں رعیت کے ہاتھ بیچا جائے ؛

وَیراگ (س. ا. مذ) بیراگ. ترک دنیا. قطع تعلق. تیاگ. سنیاس ؛

وَیراگی (س. ا. مذ. بیائے فاعلیت) بیراگی. تارک الدنیا مرتاض. عابد. زاہد ؛

وِیران (ف. وصف) اُجاڑ. غیر آباد. اجڑا ہوا. پامال. تباہ خراب. برباد. اداس. پریشان. بنجر. غیر مزروعہ اُفتادہ زمین ؛

ویران جگہ (اُردو) اجاڑ جگہ. غیر آباد اور سنسان مقام ؛

ویران کرنا (اُردو محاورہ) اجاڑنا. پامال کرنا. برباد کرنا. پراگندہ کرنا. پریشان کرنا. تتر بتر کرنا. بکھیرنا بستے کو اجاڑنا. ڈھانا. مسمار کرنا ؛

وِیران کھیڑا (اُردو مذ) وہ اُجاڑ جگہ جہاں پہلے گاؤں آباد رہا ہو.

وِیرانہ (ف. ا. مذ) اوجڑ جگہ. جنگل. اُجاڑ. غیر آباد جگہ. پریشانی. اداسی ؛

ویرانہ نشین (ف. صف) وہ انسان جو کسی اُجاڑ جگہ رہتا ہو.

وِیرانی (ف. ا. مو. بیائے مصدری) اجاڑپن. غیر آبادی. تباہی. خرابی. بربادی. اداسی. پریشانی. پراگندگی. ابتری

ویرتا (س. ا. مذ) شجاعت. جوانمردی. بہادری ؛

وَیرنا (ہ. ا. مذ) پھالی. ہل کا وہ لوہا جو زمین کھودتا ہے (بحالت فعل) پھالی سے زمین کھود کر بیج بونا. بیج ڈالنا تخم پاشی کرنا ؛

ویروار (ہ. ا. مذ) جمعرات. پنجشنبہ ؛

ویسا (ہ. تابع فعل) اس طرح کا. اس جیسا. اُس مثل جیسا کا جواب ؛

وَیسا کا ویسا (اُ۔صف) جیسا پہلے تھا ویسا ہی۔ جوں کا توں ۔
وَیسا ہی (ہ۔تابع فعل) اسی طرح کا۔ اسی جیسا۔ اسی کی مانند ۔
وَیسی (اُ۔مو) دیکھئے "ویسا" جس کی یہ تانیث ہے ۔
وَیسے (ہ۔تابع فعل) یوں۔ اس طرح۔ مفت۔ بلا قیمت۔ یونہیں ۔
وَیسے تو (ہ۔تابع فعل) یوں تو۔ اس طرح تو ۔
وی سی آر (انگ۔مذ۔ V.C.R.) ویڈیو کیسٹ ریکارڈر ٹیلی ویژن پر فلم دکھلانے کا آلہ۔ اور ٹیلی ویژن پر آتی فلم کو ریکارڈ بھی کرتا ہے ۔
وَیسے کا وَیسا (ہ۔تابع فعل) جوں کا توں۔ ہو بہو۔ جیسے کا تیسا۔ عین بعین ۔
وَیسے ہی (ہ۔تابع فعل) اسی طرح۔ اسی طرز پر۔ یوں ہی مفت۔ بلا قیمت ۔
وَیسٹ (انگ۔ا۔مذ۔ West) مغرب۔ مغربی ۔
وَیسٹ کوٹ (انگ۔ Waist Coat) جاکٹ۔ واسکٹ۔ صدری۔ کرتی۔ مرزئی ۔
ویسے شک شاستر (س۔ا۔مذ) چھ شاستروں میں سے دوسرا شاستر جس کا جامع کنا دمنی ہے ۔
وَیش (س۔ا۔مذ) تجارت کرنے والا فرقہ۔ سوداگری پیشہ کرنے والا ۔
وَشنو (س۔ا۔مذ) وشن جی کا پیرو۔ وشن جی کے ماننے والے ۔
ویشیا (س۔ا۔مذ) طوائف۔ رنڈی۔ بیسوا ۔
ویکسین (انگ۔ا۔مو۔ Vaccine) کسی بیماری کا خاص تدبیر سے تیار کیا ہوا زہریلا مادہ جس کا ٹیکا لگانے سے انسان اس بیماری سے محفوظ رہتا ہے ۔
ویکیشن (انگ۔ا۔مو۔ Vacation) تعطیل۔ زمانہ فرصت ۔
وَیل (انگ۔ا۔مو۔ Whale) ایک قسم کی بہت ہی بڑی مچھلی جس کی چربی بڑے ہی کام آتی ہے۔ اور دانت ہاتھی دانت کی طرح کام دیتے ہیں ۔



ویکینسی (انگ۔ا۔مو۔ Vacancy) خالی جگہ۔ عہدہ یا آسامی ۔
ویگ (س۔ا۔مذ) حرکت۔ صدمہ۔ دھوکا۔ سرعت۔ تیزی مستی۔ زور۔
ویگ آنا (اُ۔محاورہ) مادہ جانور کا مستی میں آنا۔
ویگن (انگ۔ا۔مو۔ Wagon) مال گاڑی کا ڈبا۔ چھکڑا۔



وَیلر (انگ۔ا۔مذ) لغوی معنی بہت بڑی مضبوط چیز۔ آسٹریلیا کا بڑا قد آور گھوڑا ۔
وَیلکم (انگ۔ا۔مذ۔ Welcome) مرحبا خوش آمدید ۔
ویلیو پے ایبل (انگ۔ا۔مذ۔ V.P.P.) ڈاکخانہ میں روپیہ ادا کر کے مال لینے کا طریقہ وی۔پی۔پی۔ اسی کا مخفف ہے ۔


وکٹ

ورزش

وادی



ہ (ع ۔ مو) اُردو کا چونتیسواں۔ ہندی تینتیسواں۔
فارسی کا اکتیسواں اور عربی کا ستائیسواں حرف ہے ۔

ہ - ا

ہا (ف ۔ اسمو) ہائے ہوز۔ چھوٹی ہے۔ نیز علامت جمع برائے اسمائے بیجان جیسے سنگ ہا۔ حرف ہا وغیرہ ۔

ہائے دوچشمی (ف ۔ اسمو) وہ ہائے ہوز جس میں دو آنکھیں سی بنی ہوتی ہیں۔ اردو میں ہائے مخلوط کہتے ہیں ۔

ہا (ص) کلمۂ تاسف۔ افسوس۔ دریغ۔ حسرت۔ کسی امر کے روکنے اور منع کرنے کے واسطے بھی یہ لفظ بولتے ہیں ۔

بابُوڑا (ا۔ہند) ایک لوٹ مار کرنے والی قوم کا نام۔ لٹیرا۔ قزاق۔ رہزن۔ بٹ مار ۔

ہابیل (ع ۔ہند) حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے کا نام جس نے قابیل کو مار ڈالا تھا ۔

ہاپر (ص ۔ہند) بہت کھانے والا شخص۔ پیٹو آدمی۔ کماد کا ذخیرہ

ہاپس (ص ۔ہند) بڑے بڑے پھٹکے لگانا ۔

ہاپس ہاپس کھانا (اُر۔محاورہ) بڑے بڑے پھٹکے لگا کر کھانا ۔

ہاپُو (اُر۔ہند) افیون۔ افیم ۔

ہاتف (ع ۔ہند) آواز دینے والا۔ غیب کی آواز۔ سروش۔ فرشتہ اکاش بانی ۔

ہاتفِ غیب (ع ۔ہند) غیب کی آواز دینے والا فرشتہ ۔

ہاتفِ غیب کی صدا باندا دینا (اُر۔محاورہ) غیب سے آواز آنا۔

ہاتھ (ا۔ہند) دست۔ ید۔ کر۔ پنجہ۔ ہتیلی۔ کف۔ انگلی کے سرے سے کر۔ کہنی تک کا حصّہ۔ آدھ گز کی مقدار۔ باعث۔ سبب۔ طفیل۔ بدولت۔ ذریعہ۔ وسیلہ۔ بس۔ اختیار۔ قابو۔ قبضہ۔ دسترس۔ پہنچ۔ دخل۔ تصرف۔ تعلق۔ حمایت۔ حفاظت۔ سپرد۔ قوت۔ طاقت۔ قدرت۔ وار۔ حربہ۔ حملہ۔ زور۔ چوٹ۔ داؤں۔ وجود۔ ہستی۔ کونک۔ لچھن۔ حرکت۔ افعال ۔

ہاتھ آجانا (اُر۔محاورہ) ملنا۔ حاصل ہونا۔ میسّر ہونا۔ دستیاب ہونا قابو چڑھنا۔ ہاتھ لگنا ۔

ہاتھ آگے کرنا (اُر۔محاورہ) کسی چیز کو دینے یا لینے کے لیے ہاتھ بڑھانا۔

ہاتھ آنکھوں سے لگانا (اُر۔محاورہ) بہت عزت و توقیر کرنا۔ کاریگری یا صناعی کی تعریف میں بھی ایسا کرتے ہیں ۔

ہاتھ اُتر جانا (ص۔محاورہ) ہاتھ کی ہڈی کا جگہ سے بے جگہ ہو جانا۔ ہاتھ کے جوڑ کا ہٹ جانا ۔

ہاتھ اُٹھا اُٹھا کر دُعا دینا (اُر۔محاورہ) بڑی آرزو اور شوق کے ساتھ آسمان کی طرف ہاتھ اونچا کر کے دُعائیں دینا ۔

ہاتھ اُٹھا بیٹھنا (ص۔محاورہ) مار بیٹھنا۔ ہاتھ چلا بیٹھنا۔ دست درازی کرنا۔

ہاتھ اُٹھا کر۔ یا۔ اُٹھا اُٹھا کر کوسنا (ص۔محاورہ) آسمان کی طرف ہاتھ بڑھا کر بددُعا دینا۔ نہایت بددُعائیں دینا ۔

ہاتھ اُٹھا بیٹھنا (اُر۔محاورہ) مار بیٹھنا۔ دست درازی کرنا۔ دستبردار ہونا۔ عہد کر لینا۔ توبہ کر لینا ۔

ہاتھ اُٹھا لینا (ص۔محاورہ) چھوڑ دینا۔ ترک کر دینا۔ دست بردار ہونا۔ بالکل ناامید ہو جانا۔ مایوس ہو بیٹھنا ۔

ہاتھ اُٹھانا (ص۔محاورہ) ہاتھ اونچا کرنا۔ ہاتھ بلند کرنا۔ ماتھے پر ہاتھ رکھنا۔ سلام کرنا۔ تسلیم کرنا۔ دُعا مانگنا۔ خدا سے التجا کرنا۔ بُری طرح کوسنا۔ بددُعا دینا۔ فاتحہ پڑھنا۔ دعائے خیر کرنا۔ مایوس ہونا۔ ناامید ہونا۔ مارنا۔ پیٹنا۔ دست درازی کرنا دست بردار ہونا۔ ترک کرنا۔ چھوڑنا۔ باز آنا۔ کنارہ کش ہونا۔ عہد کرنا۔ قسم کھانا۔ توبہ کرنا۔ ہاتھ نکال لینا۔ ہاتھ الگ کرنا۔ ہاتھ علیحدہ کرنا ۔

ہاتھ اُٹھانا اچھا نہیں (اُر۔مثل) کسی کو مارنا نہیں چاہیئے ۔

ہاتھ اُٹھنا (ص۔محاورہ) ہاتھ اونچا ہونا۔ وار ہونا۔ حربہ ہونا۔ ہاتھ پھسلنا۔ ہاتھ بسرنا۔ جُدا ہونا۔ ہٹنا۔ الگ ہونا۔ سرکنا۔ علیحدہ ہونا ۔

ہاتھ اُدھار (اُر۔ہند) قرض (بغیر تحریر کے جلد واپسی کے اقرار کے ساتھ) ۔

ہاتھ آنا (ہ۔ محاورہ) ہاتھ لگنا۔ حاصل۔ ملنا۔ قابو چڑھنا۔ فائدہ ہونا۔ نفع ہونا۔ قبضہ ہونا۔ تسخیر ہونا۔ معلوم ہونا۔ جاننا ؛

ہاتھ اُوپر کے تلے ہونا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ باندھے جانا۔ گرفتار ہوجانا مشکیں کسی جانا ؛

ہاتھ اوٹ لینا (اُر۔ محاورہ) دونوں ہاتھ اکٹھے پھیلا کر کوئی چیز لینا ؛

ہاتھ اوچھا پڑنا (اُر۔ محاورہ) پُورا وار نہ پڑنا۔ پُورا ہاتھ نہ بیٹھنا۔ وار صحیح نہ پڑنا ؛

ہاتھ اُونچا کرنا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ بلند کرنا۔ دُعا کرنا۔ فریاد کرنا ؛

ہاتھ اُونچا ہونا (اُر۔ محاورہ) سخی ہونا۔ آسودہ حال ہونا ؛

ہاتھ اُونچا رہنا (ہ۔ محاورہ) دینے کے قابل رہنا۔ سخی رہنا۔ بول بالا رہنا ؛

ہاتھ اینٹھنا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ مروڑنا ؛

ہاتھ باندھنا (اُر۔ محاورہ) دونوں ہاتھوں کو ملا کر کس دینا۔ ہتکڑی ڈالنا۔ ہاتھوں کی بندش کرنا۔ ہاتھ جوڑنا۔ منت سماجت کرنا۔ عاجزی کرنا۔ نماز یا تعظیم کی خاطر سینے پر ہاتھ رکھنا ؛

ہاتھ باندھے کھڑے رہنا (اُر۔ محاورہ) ادب سے حاضر رہنا۔ حکم کا منتظر رہنا ؛

ہاتھ باندھے کھڑے ہونا (اُر۔ محاورہ) دست بستہ حاضر ہونا ؛

ہاتھ بٹانا (ہ۔ محاورہ) کسی کے کام میں شریک ہونا۔ مل کر کام کرنا کسی کام میں کسی کو مدد دینا ؛

ہاتھ بٹھانا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ جمانا۔ مشق کرنا۔ زخم کاری لگانا ہاتھ کے جوڑ کو اپنی جگہ پر ٹھیک بٹھا دینا ؛

ہاتھ بچانا (اُر۔ محاورہ) وار بچانا۔ ضرب نہ لگنے نہ دینا ؛

ہاتھ بڑھانا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ لمبا کرنا۔ ہاتھ آگے کرنا۔ اپنی حد سے بڑھانا۔ معمول سے زیادہ لینا۔ دخل بڑھانا ؛

ہاتھ بکنا (اُر۔ محاورہ) کسی کے ہاتھ فروخت ہونا۔ غلام بننا۔ تابع ہونا۔ مطیع ہونا۔ نوکر ہونا ؛

ہاتھ بند ہونا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ تنگ ہونا۔ مفلس ہونا۔ روپیہ پیسہ پاس نہ ہونا۔ غریب ہونا۔ ہاتھ رکا ہوا ہونا۔ کسی کام میں مصروف ہونا ؛

ہاتھ بلند کرنا (اُر۔ محاورہ) خدا سے التجا کرنا۔ دُعا کرنا ؛

ہاتھ بہ ہاتھ (اُر۔ تابع فعل) فوراً ہاتھوں ہاتھ۔ دست بدست ؛

ہاتھ بھر (ع۔ تابع فعل) ایک ہاتھ کے برابر۔ دو بالشت ؛

ہاتھ بھرا ہونا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ میں کسی چیز کا لگا ہونا۔ دولتمند ہونا ؛

ہاتھ بھر پور پڑنا (اُر۔ محاورہ) پُورا وار پڑنا ؛

ہاتھ بھر جانا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ ٹھہر جانا۔ ہاتھ تھک جانا۔ ہاتھ سُن ہوجانا۔ ہاتھ میں لہو اُتر آنا ؛

ہاتھ بھر کا دل ہوجانا (اُر۔ محاورہ) ہمت بڑھانا۔ حوصلہ بڑھ جانا۔ نہایت مسرور ہونا۔ بہت خوش ہوجانا۔ دل بڑھ جانا ؛

ہاتھ بھر کی زبان ہونا / **ہاتھ بھر کی للو ہونا** (اُر۔ محاورہ) زبان دراز ہونا۔ جواب میں گستاخ اور بے ادب ہوجانا ؛

ہاتھ بہکنا (اُر۔ محاورہ) نشانہ خطا جانا۔ نشانہ چوکنا ؛

ہاتھ بھیجنا (اُر۔ محاورہ) کسی کی معرفت بھیجنا ؛

ہاتھ بیٹھنا (ہ۔ محاورہ) خوب مشق ہونا۔ مہارت ہونا۔ ہاتھ جمنا کسی کام میں خوب مشاق ہونا۔ کاری زخم لگنا۔ تلوار کا پُورا ہاتھ لگنا ؛

ہاتھ پیچھے ہیں کچھ ذات نہیں بیچی (اُر۔ محاورہ) نوکری کی ہے مگر گالی گلوچ نہیں کھائینگے ؛

ہاتھ بیچنا (اُر۔ محاورہ) خدمت گاری کرنا۔ نوکری کرنا۔ کسی کے پاس فروخت کرنا۔

ہاتھ پانی لینا (ہ۔ محاورہ) طہارت کرنا۔ آبدست کرنا۔ پانی لینا ؛

ہاتھ پاؤں باندھنا (ہ۔ فعل) خوب اچھی طرح سے جکڑ دینا ؛

ہاتھ پاؤں بچانا۔ یا۔ بچائے رکھنا (ہ۔ محاورہ) نہایت ہوشیاری سے کوئی کام کرنا۔ محتاط رہنا۔ کسی الزام یا بدنامی سے بچے رہنا ؛

ہاتھ پاؤں بچا بیئے موزی کو ٹرخائیے (اُر۔ مثل) حکمت عملی یا مکاری سے کام لینا چاہیئے ؛

ہاتھ پاؤں بے قابو ہونا (اُر۔ محاورہ) ضعف کی وجہ سے ہاتھ پاؤں کا کام نہ کرسکنا ؛

ہاتھ پاؤں بیکار کردینا (اُر۔ محاورہ) اتنا مارنا کہ ہاتھ پاؤں کام نہ کرسکیں ؛

ہاتھ پاؤں بیکار ہوجانا (اُر۔ محاورہ) ضعف یا بڑھاپے کی وجہ سے اعضا کا کام نہ دینا ؛

ہاتھ پاؤں پڑنا (ہ۔ محاورہ) نہایت منت سماجت کرنا۔ ہاتھوں کو چومنا اور قدموں پر گرنا ؛

ہاتھ پاؤں پھولنا۔ یا۔ پھول جانا (ہ۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں سُوج جانا۔ ورم ہوجانا۔ چلنے پھرنے کی طاقت نہ رہنا۔ سٹ پٹا جانا۔ بدحواس ہوجانا۔ گھبرا جانا۔ ہوش اُڑ جانا۔ ہکا بکا ہوجانا ؛

ہاتھ پاؤں پھیلانا (ہ۔ محاورہ) کام بڑھانا۔ کام کو طول دینا ؛

ہاتھ پاؤں پیٹنا (اُر۔ محاورہ) بے فائدہ کوشش کرنا ؛

ہاتھ پاؤں توڑنا (اُر۔ محاورہ) لولا لنگڑا بنا دینا۔ ہاتھ پاؤں کو ضرب شدید سے نکما اور بیکار کردینا۔ حالت نزع میں ہونا۔ جانکنی کے عالم میں ہونا۔ ڈنڈ پیلنا۔ خوب کسرت کرنا۔ ورزش کرنا ؛

ہاتھ پاؤں ٹوٹنا (ہ۔ محاورہ) اعضا شکنی ہونا۔ بخار کی آمد کے وقت درد سا ہونے لگنا۔ ہڑبھوٹن ہونا۔ نشہ کا اُتار ہونا ؛

ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہونا / **ہاتھ پاؤں سرد ہونا** (ہ۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں میں گرمی نہ رہنا۔ مرنے کا وقت قریب ہونا۔ علامت مرگ کا ظاہر ہونا۔ غشی چھا جانا ؛

ہاتھ پاؤں چلانا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں کو حرکت دینا ؛

ہاتھ پاؤں جلنا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں کا کام دینا۔ کام کاج کے قابل ہونا۔ ہاتھ پاؤں کا نچلا نہ رہنا۔ نچلا نہ بیٹھنا ؛

ہاتھ پاؤں چومنا (اُر۔ محاورہ) نہایت تعظیم و تکریم کرنا۔ ہاتھ پاؤں کو بوسہ دینا ؛

ہاتھ پاؤں دابنا (ہ۔ محاورہ) خدمت کرنا۔ سیوا کرنا۔ پیچی کرنا۔

مشت مالی کرنا۔

ہاتھ پاؤں دھو کے چڑھ بیٹھنا (اُردو محاورہ) دفعۃً حربہ یا حملہ کرنا۔ عورت کی آبرو لینا۔

ہاتھ پاؤں دُھسنا (اُردو محاورہ) ہاتھ پاؤں میں سناہٹ ہونا۔

ہاتھ پاؤں دانگا / دنگا ہونا (اُردو محاورہ) ہاتھ پاؤں میں سناہٹ ہونا۔

ہاتھ پاؤں سرد ہو جانا (اُردو محاورہ) قوت یا بیماری کی وجہ سے ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو جانا۔

ہاتھ پاؤں رہ جانا (اُردو محاورہ) ہاتھ پاؤں کا سُن ہو جانا۔ جھولا مار جانا۔ فالج ہو جانا۔ ادھرنگ ہو جانا۔

ہاتھ پاؤں سنبھالنا (اُردو محاورہ) خوب موٹا تازہ ہونا۔ پر پرزے نکالنا۔ ہاتھ پاؤں نکالنا۔ ہاتھ پاؤں قابو میں کرنا۔

ہاتھ پاؤں سناٹا (اُردو محاورہ) ہاتھ پاؤں میں سناہٹ ہونا۔ مضمحل ہونا۔

ہاتھ پاؤں سو جانا (اُردو محاورہ) ہاتھ پاؤں بے حس ہو جانا۔

ہاتھ پاؤں شل ہو جانا (اُردو محاورہ) ہاتھ پاؤں کا تھک کر مضمحل ہو جانا۔

ہاتھ پاؤں کا جواب دینا (اُردو محاورہ) بیماری ضعف یا بڑھاپے کی وجہ سے اعضا کا کام نہ کر سکنا۔

ہاتھ پاؤں کے لنگڑے نام سلامت جان (اُردو مثل) اس شخص کے متعلق کہتے ہیں۔ جس میں وہ صفت نہ پائی جائے جس سے وہ منسوب ہو۔

ہاتھ پاؤں سے چھوٹنا (اُردو محاورہ) جھنجٹ سے فراغت پانا۔ جی کر تندرست ہو جانا۔

ہاتھ پاؤں کا ہارنا (ہ۔ محاورہ) کمزوری یا بڑھاپے کے سبب ہاتھ پاؤں کا کام نہ دینا۔

ہاتھ پاؤں کی کاہلی اور منہ میں مونچھیں جائیں (اُردو مثل) ایسی سستی جس سے اپنی ذات کو بھی نقصان پہنچے۔ ایسے سُست آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔ جسے اپنے ہونٹوں پر سے مونچھوں کا ہٹانا بھی بار معلوم ہو۔

ہاتھ پاؤں مارنا (ہ۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں چلانا۔ بیقرار ہونا۔ تڑپنا۔ لوٹنا۔ جانکنی کے عالم میں ہونا۔ حالت نزع میں ہونا۔ دوڑ دھوپ کرنا۔ سخت کوشش کرنا۔ جان توڑ کر کوئی کام کرنا۔ جان فشانی کرنا۔ تلاش اور جستجو کرنا۔ کھوج کرنا۔ شناوری کرنا۔ تیرنا۔ پیرنا۔

ہاتھ پاؤں نکالنا (ہ۔ محاورہ) موٹا تازہ ہونا۔ قد آور جوان ہونا۔ جوان ہو جانا۔ جوانی میں بھر جانا۔ بے ادب اور گستاخ ہو جانا۔ سر چڑھنا۔ شرارت اختیار کرنا۔ بڑھ کر چلنا۔ آپے سے باہر ہو جانا۔ پر پرزے نکالنا۔

ہاتھ پاؤں ہار جانا (ہ۔ محاورہ) ہاتھ میں طاقت نہ رہنا۔ ہمت ہار دینا۔ جرأت نہ رہنا۔ دل توڑ دینا۔

ہاتھ پاؤں ہلا خدا دیسے گا (اُردو مثل) آدمی کو خود بھی کوشش کرنی چاہیئے۔ خالی توکل پر نہیں بیٹھ رہنا چاہیئے۔

ہاتھ پاؤں ہلانا (ہ۔ محاورہ) دست و پا کو حرکت دینا۔ جد وجہد کرنا۔

ہاتھ پاؤں میں طاقت نہ رہنا محنت مزدوری کرنا۔

ہاتھ پاؤں ہونا (اُردو محاورہ) شباب کا زمانہ قریب آنا۔

ہاتھ پیٹھ تلے دینا۔ یا۔ آنا (ہ۔ محاورہ) نہایت مجبور و لاچار ہونا۔ بے بس ہونا۔ سخت ترین مشکل میں گرفتار ہونا۔ مجبوری اور ناچاری کا عالم ہونا۔

ہاتھ پیٹھے پر نہ رکھنے دینا / پیٹھے پر ہاتھ نہ رکھنے دینا (ہ۔ محاورہ) گھوڑے یا بیل کا قابو میں نہ آنا۔ نہایت چست و چالاک ہونا۔ پاس نہ بیٹھنے دینا۔ ہرگز قابو پر نہ چڑھنا۔

ہاتھ پر دھرا ہوا ہونا۔ یا۔ رہنا (ہ۔ محاورہ) کسی چیز کا تیار اور موجود رہنا۔ ہر وقت پاس ہونا۔

ہاتھ پر سرسوں جمانا (ہ۔ محاورہ) کسی مشکل اور دشوار کام کو بڑی تیزی اور چالاکی سے کر لینا۔ طلسم اور جادو کر دکھانا۔ کسی ناممکن کام کو جلدی سے ختم کر کے حیران و ششدر کر دینا۔

ہاتھ پر سانپ کھلانا (ہ۔ محاورہ) خطرناک کام کا کرنا۔ جان جوکھوں کا کام کرنا۔

ہاتھ پر سرسوں جمانا (اُردو محاورہ) کسی سخت اور مشکل کام کو فوراً انجام دینا۔ طلسم اور شعبدہ بازی دکھانا۔

ہاتھ پر سونا اچھالنا (اُردو محاورہ) ملک میں اس قدر امن و چین ہونا کہ ہر شخص مال و دولت کھلے بندوں رکھ سکے۔

ہاتھ پر طوطا پالنا (اُردو محاورہ) ہاتھ پر زخم یا پھوڑے پھنسی کی وجہ سے کام کاج چھوڑ دینا۔ زخم اچھا نہ ہونے دینا۔ اپنا ہاتھ زخمی کر لینا۔ زخم کھانا۔

ہاتھ پر قرآن دھرنا۔ یا۔ رکھنا (اُردو محاورہ) قرآن کی قسم کھانا۔ حلف اُٹھانا۔

ہاتھ پر گنگا جلی رکھنا (ہ۔ محاورہ) سخت قسم کھانا حلف اُٹھانا۔

ہاتھ پر گرم پیسہ رکھنا (اُردو مصدر مرکب) پیسہ سخت گرم کر کے ہاتھ پر رکھ دینا۔ جو پرانے زمانے کی ایک سزا تھی۔

ہاتھ پر ہاتھ دھر کر یا رکھ کر بیٹھنا (اُردو محاورہ) بالکل خالی اور بے کار بیٹھنا۔ نکما بیٹھ رہنا۔ دکان نہ چلنا۔ مغموم بیٹھنا۔ یا کوئی ہو کر بیٹھنا۔

ہاتھ پر ہاتھ رکھنا (اُردو محاورہ) ہاتھ سے ہاتھ کو مس کرنا۔ اقرار کرنا۔ قول دینا۔ شرط لگانا۔ بازی بدنا۔ پکا وعدہ کرنا۔

ہاتھ پر ہاتھ مارنا (اُردو محاورہ) سچن ہارنا۔ عہد و پیمان کرنا۔ قول دینا۔ پکا عہد یا وعدہ کرنا۔ شرط لگانا۔ بازی لگانا۔

ہاتھ پڑ جانا (اُردو محاورہ) بغیر کوشش کے ہاتھ آنا۔ چوری ہو جانا۔

ہاتھ پڑنا (اُردو محاورہ) لٹنا۔ لوٹ ہونا۔ غارت گری ہونا۔ چھینا جھپٹی ہونا۔ دست درازی کرنا۔ وار ہونا۔ ہاتھ کی ضرب لگنا۔ گرفت میں آنا۔ مٹھی میں آنا۔ حاصل ہونا۔ ہاتھ لگنا۔ بس میں آنا۔

قابو چڑھنا۔ حسب مُراد پاسہ پڑنا۔ داؤ پڑنا ؛

ہاتھ پسارنا (ہ۔ محاورہ) گدائی کرنا۔ مانگنے کے لئے ہاتھ پھیلانا ؛

ہاتھ پسارے جانا (اُر۔ محاورہ) دُنیا سے خالی ہاتھ جانا ؛

ہاتھ پکڑنا (ہ۔ فعل) مدد دینا۔ سہارا دینا۔ دستگیری کرنا۔ مددگار ہونا۔ ہاتھ تھامنا۔ روکنا۔

ہاتھ پکڑتے پہنچا/پہونچا پکڑنا (اُر۔ محاورہ) تھوڑی سی رعایت سے بہت زیادہ بے تکلف ہوجانا۔ تھوڑا سہارا پاکر زیادہ کا طالب ہونا ؛

ہاتھ پکڑ کے لے جانا (اُر۔ محاورہ) رہنمائی کرنا ؛

ہاتھ پکڑے کی لاج رکھنا (اُر۔ محاورہ) ایک دفعہ جس کی مدد کرنا ہمیشہ اس کی مدد کرتے رہنا ؛

ہاتھ پورا پڑنا (اُر۔ محاورہ) کاری ضرب پڑنا۔ زور کا ہاتھ بیٹھنا ؛

ہاتھ پھلنا (ہ۔ محاورہ) ہاتھوں میں آبلے پڑنا۔ پھپھولے پڑنا ؛

ہاتھ پہنچنا (ہ۔ محاورہ) رسائی ہونا۔ پہنچ ہونا۔ دسترس ہونا ؛

ہاتھ پھٹ جانا/پھٹنا (اُر۔ محاورہ) ہاتھوں میں سردی سے زخم ہوجانا ؛

ہاتھ پھول (اُر۔ اسم) ایک پودا ؛

ہاتھ پھیرنا (اُر۔ محاورہ) چمکارنا۔ پیار کرنا۔ دست مالی کرنا۔ ٹھگنا۔ لوٹنا۔ مُونسنا۔ بوس و کنار کرنا۔ مساس کرنا۔ لپٹنا۔ گلے سے لگانا ؛

ہاتھ پھیلا کر مانگنا (اُر۔ محاورہ) منّت و زاری سے مانگنا ؛

ہاتھ پھیلانا (ہ۔ فعل) مانگنا۔ دست وسوال دراز کرنا ؛

ہاتھ پھینکنا (ہ۔ محاورہ) ہاتھوں کا دراز کرنا۔ ہاتھ چلانا۔ ہاتھوں کو گردش دینا۔ ہاتھوں کو چکر دینا۔ لوٹنا۔ مُونسنا۔ ہاتھ مارنا۔ جلد جلد کھانا۔ کھانے پر ہاتھ مارنا ؛

ہاتھ پیر مارنا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں کو حرکت دینا۔ بیقرار ہونا۔ مضطرب ہونا۔ تڑپنا۔ جان توڑ کر کوئی کام کرنا۔ جانفشانی کرنا۔ کسی امر میں سعی و کاوش یا دوڑ دھوپ کرنا۔ تلاش یا تجسس کرنا۔ تیرنا۔ شناوری کرنا ؛

ہاتھ پیر میں سنیچر ہے (اُر۔ مثل) اس کے متعلق کہتے ہیں جس کے ہاتھ میں روپیہ پیسہ نہ ٹھہرے اور پاؤں میں چکر ہو۔

ہاتھ پیلے کرنا (اُر۔ محاورہ) غریبانہ طور پر بیاہ کرنا۔ اپنی گڑیا سنوارنا۔ دو بول پڑھانا ؛

ہاتھ تکنا (ہ۔ محاورہ) کسی کے ہاتھ کی طرف غور سے دیکھنا۔ دست نگر ہونا۔ کسی کا محتاج رہنا ؛

ہاتھ تلنا (ہ۔ محاورہ) ہاتھ چجنا۔ ہاتھ کا چجا ہوا ہونا ؛

ہاتھ تلنا (ہ۔ محاورہ) ہاتھ کو گرم تیل میں ڈال کر تل دینا۔ (یہ زمانہ قدیم میں ایک نہایت سنگین سزا تھی) ؛

ہاتھ تلے (ہ۔ تابع فعل) نیچے۔ ماتحت۔ نیامت میں۔ قابو میں۔ قبضہ میں۔ قریب۔ نزدیک۔ دھورے۔ پاس ؛

ہاتھ تلے آنا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ کا کسی چیز کے نیچے آنا۔ ہاتھ کے نیچے کسی چیز کا آنا۔ قابو میں آنا۔ قبضے میں آنا ؛

ہاتھ تنگ ہونا (اُر۔ فعل) روپیہ پیسہ پاس نہ ہونا۔ مُفلس ہونا۔ کنگال ہونا۔ غریب ہونا ؛

ہاتھ توڑ توڑ کر کھانا (ہ۔ محاورہ) لذیز چیز کھا کر ہاتھوں کو چاٹنا ؛

ہاتھ توڑ دینا/توڑنا (اُر۔ محاورہ) دوسرے کا ہاتھ شکستہ کر دینا ؛

ہاتھ تھامنا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ پکڑنا۔ ہاتھ پکڑ کر گرتے کو سنبھالنا ؛

ہاتھ تھرکانا (اُر۔ محاورہ) زنانوں کی طرح ہاتھ ہلانا۔ رنچانا ؛

ہاتھ تنگ ہونا (اُر۔ محاورہ) مجبور ہونا۔ ناچار ہونا۔ بے بس ہونا ؛

ہاتھ ٹوٹیں (ہ۔ دُعائے بد) خدا کرے ہاتھ کام کے نہ رہیں ؛

ہاتھ ٹھٹھرانا (اُر۔ محاورہ) سردی سے ہاتھ سُن ہوجانا ؛

ہاتھ ٹھڈی میں ڈالنا (اُر۔ محاورہ) منّت کرنا۔ خوشامد کرنا ؛

ہاتھ ٹیک کر اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) زمین پر ہاتھ کا سہارا لیکر اٹھنا ؛

ہاتھ جڑنا (اُر۔ محاورہ) تھپڑ مارنا۔ وار کرنا ؛

ہاتھ جگر یا دل پر رکھنا (اُر۔ محاورہ) بیقراری۔ اور بے چینی کی علامت ظاہر کرنا۔ دل تھامنا۔ دل یا جگر کی بیقراری کو ہاتھ سے دبانا ؛

ہاتھ جوڑ کر کہنا (ہ۔ محاورہ) گڑگڑا کر کہنا۔ نہایت عاجزی سے کہنا۔ بڑے ادب اور تعظیم سے عرض کرنا۔ بہت منت سماجت سے کہنا ؛

ہاتھ جوڑنا (ہ۔ محاورہ) منت سماجت کرنا۔ خوشامد کرنا۔ عجز و انکسار کرنا۔ نہایت ادب و تعظیم سے عرض کرنا۔ توبہ کرنا۔ معافی مانگنا۔ دُور سے سلام کرنا۔ پناہ مانگنا ؛

ہاتھ جوڑ کر کھڑے ہوجانا (اُر۔ محاورہ) ادب سے دست بستہ کھڑے ہوجانا۔ سب کچھ خرچ کر دینا ؛

ہاتھ جھاڑ اُٹھنا (ہ۔ محاورہ) سب کچھ ہار کر کھڑے ہوگئے۔ جوئے میں سب کچھ ہار کر مُفلس و نادار ہوگئے ؛

ہاتھ جھاڑنا (ہ۔ محاورہ) ہاتھ جھٹکنا۔ ہاتھ خالی کرنا۔ تہیدست ہونا۔ ہاتھ مارنا۔ وار کرنا۔ ضرب لگانا۔ تلوار یا سیف یا گھٹکے کا ہاتھ لگانا۔ چھوڑنا۔ ترک کرنا۔ دست بردار ہونا۔ ہاتھ دھونا ؛

ہاتھ جھاڑ کے اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) خالی ہاتھ اُٹھنا ؛

ہاتھ جھٹکنا (ہ۔ محاورہ) کسی کے ہاتھ کو اپنے جسم سے جھٹکا دے کر دُور کرنا۔ ہاتھ چھڑانا۔ ہاتھ کو جھٹکا دینا ؛

ہاتھ جھلانا (ہ۔ محاورہ) ہاتھوں کو ہلاتے ہوئے چلنا۔ چلتے میں ہاتھ ہلانا ؛

ہاتھ جھلائی (ہ۔ مؤ۔ بیائے مصدری) وہ روپیہ جو رہزن لوگ اپنی سرحد سے گزرنے کی بابت مسافروں سے لیتے ہیں۔ وہ نقدی جو زمیندار یا ملازمان سرکار رستے میں مسافروں سے لیتے ہیں ؛

ہاتھ جھوٹا کرنا (ہ۔ محاورہ) وار خالی پڑنا۔ نشانہ پر نہ بیٹھنا۔ ساکھ نہ ہونا ؛

ہاتھ جھوٹا کرنا (ہ۔ محاورہ) تھوڑا سا کھا لینا۔ مُنہ جھٹالنا۔ اُلٹی کرنا ؛

ہاتھ جھوٹا ہوجانا (ہ۔ محاورہ) ہاتھ کا بیکار اور نکما ہوجانا۔ ہاتھ کا کام سے رہ جانا۔ لینے کا مُنہ نہ رہنا۔ ساکھ نہ رہنا ؛

ہاتھ جھول پڑنا (ہ۔ محاورہ) ہاتھ لٹک جانا۔ چوٹ یا فالج سے ہاتھ کا معطل ہوجانا ؛

ہاتھ چاٹنا (ہ۔ محاورہ) مزے لینا۔ ہونٹ چاٹنا۔ لذیز چیز کھا کر

ہاتھ چوسنا ۔

ہاتھ چالاک (اُر۔ صف) پھرتیلا ۔ پھرتی باز ۔ جلدی کام کر لینے والا ۔ چور ۔ اُچکا ۔

ہاتھ چالاکی (اُر۔ مو۔ بیائے مصدری) پھرتی ۔ تیز دستی ۔ چوری کی عادت ۔ چوری کا پیشہ ۔

ہاتھ چڑھنا (اُر۔ محاورہ) دستیاب ہونا ۔ ہاتھ لگنا ۔ ملنا ۔ حاصل ہونا ۔ ہاتھ کا مشاق ہونا ۔ ہاتھ کا خوب رواں ہونا ۔ ڈھب پر چڑھنا ۔ قابو میں آنا ۔ بس میں آجانا ۔

ہاتھ چڑھا ہونا (اُر۔ محاورہ) خوب مشق ہونا ۔ ہاتھ رواں ہونا ۔

ہاتھ چلانا (اُر۔ محاورہ) مارنے کو ہاتھ بڑھانا ۔ دست درازی کرنا ۔ چوری کرنا ۔ بچرانا ۔ ہاتھ بچلا نہ رکھنا ۔ ہاتھ چلائے جانا ۔ ہاتھ سے جلدی جلدی کام کرنا ۔

ہاتھ چلنا (اُر۔ محاورہ) فراغبانی ہونا ۔ خاطر خواہ آمدنی ہونا ۔ مارنے کو ہاتھ اُٹھنا ۔ مارنا دست درازی ہونا ۔ ہاتھ کا مشاق ہونا ۔ ہاتھوں کا جلد جلد کام کرنا ۔ چوری کی عادت ہونا ۔ ہاتھ پڑنا ۔ ہاتھ کا بچلا نہ رہنا ۔

ہاتھ چلنے بیٹاں بیٹھا دے گیاں (ہ۔ مثل) خدا تعالےٰ اپاہجوں کو گھر بیٹھے بٹھائے روزی دیتا ہے ۔

ہاتھ چمکانا (اُر۔ محاورہ) عورتوں کی طرح ہاتھ ہلا ہلا کر باتیں کرنا ۔ ہاتھوں کی جھپک دکھانا ۔

ہاتھ چمڑے کو نہ لگانا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ سے نہ چھونا ۔ الگ رہنا ۔

ہاتھ چومنا (اُر۔ محاورہ) ہاتھوں کو بوسہ دینا ۔ دست بوس ہونا ۔ ہاتھوں کی قدر کرنا ۔ ہاتھوں کی داد دینا ۔

ہاتھ چھٹنا / چھڑا لینا (اُر۔ محاورہ) اپنے ہاتھ کو جھٹکے سے دوسرے کے ہاتھ سے نکال لینا ۔ مدد سے مُنہ پھیر لینا ۔

ہاتھ چھوٹا ہونا (اُر۔ محاورہ) بیدھڑک مار بیٹھنے کی عادت ہونا ۔

ہاتھ چھوڑ کرنا (اُر۔ محاورہ) وار کرنا ۔ ضرب مارنا ۔ تلوار لگانا ۔

ہاتھ حمائل کرنا (اُر۔ محاورہ) گلے وغیرہ کے گرد ہاتھ ڈالنا ۔

ہاتھ خالی جانا (اُر۔ محاورہ) وار خالی جانا ۔ نشانہ نہ بیٹھنا ۔ ہاتھ نہ پڑنا ۔ پاسہ نہ پڑنا ۔ داؤں حسب منشاء نہ پڑنا ۔ دُنیا سے نامُراد جانا ۔

ہاتھ خالی دینا (اُر۔ محاورہ) حریف کی ضرب کو پڑنے نہ دینا ۔

ہاتھ خالی رہنا (اُر۔ محاورہ) روپیہ پیسہ پاس نہ ہونا ۔

ہاتھ خرچ سے تنگ ہونا (اُر۔ محاورہ) خرچ پاس نہ ہونا ۔

ہاتھ دانتوں سے کاٹنا (اُر۔ محاورہ) اپنی بیوقوفی کے غصّے کو ہاتھ پر اتارنا ۔ نہایت افسوس کرنا ۔ از حد پچھتانا ۔

ہاتھ دراز کرنا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ بڑھانا ۔ ہاتھ آگے کرنا ۔ ہاتھ پھیلانا ۔ دست درازی کرنا ۔ مار بیٹھنا ۔

ہاتھ دکھانا (اُر۔ محاورہ) نبض دکھانا ۔ نجومی کو ہاتھ دکھا کر لکیروں کے موافق احوال پوچھنا ۔

ہاتھ دھرنا ۔ یا ۔ رکھنا (ہ۔ محاورہ) کسی چیز پر ہاتھ لگانا ۔ روکنا ۔ پکڑنا ۔ قابو کرنا ۔ کسی کی حمایت اور مدد کرنا ۔ کسی پیاری اور عزیز چیز پر ہاتھ رکھ کر قسم کھانا ۔ منع کرنا ۔ خاموش کرنا ۔

ہاتھ دُھلانا (اُر۔ محاورہ) کسی بزرگ یا آقا یا حاکم کے ہاتھوں پر پانی ڈالنا ۔ شادی کے دن ایک رسم کے طور پر دُلھا دُلھن کے ہاتھ پر پانی ڈالنا ۔

ہاتھ دُھلائی (ہ۔ اہو) ہاتھ دُھلانے کا نیگ ۔ ہاتھ دُھلانے کا انعام ۔ جو دولھا سے لیا جاتا ہے ۔

ہاتھ دُھلوانا (اُر۔ محاورہ) کسی سے اپنے یا کسی اور کے ہاتھ پر پانی ڈھلوانا ۔

ہاتھ دھو بیٹھنا ۔ یا ۔ دھو کے بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) نا اُمید ہو جانا ۔ مایوس ہو جانا ۔ کھو بیٹھنا ۔ چھوڑ بیٹھنا ۔ صبر کر بیٹھنا ۔ اُمید منقطع کرنا ۔ قطع تعلق کرنا ۔ دست بردار ہو جانا ۔

ہاتھ دُھو چکنا (ہ۔ محاورہ) بالکل اُمید چھوڑ بیٹھنا ۔ مایوس قطعی ہو جانا ۔

ہاتھ دھو رکھنا (اُر۔ محاورہ) مایوس ہو جانا ۔ نا اُمید ہو جانا ۔

ہاتھ دھو کر ۔ یا ۔ ہاتھ دھو کے پیچھے پڑنا (اُر۔ محاورہ) تمام کام چھوڑ کر ایک کام کے سر ہو جانا ۔ لپٹ جانا ۔ پیچھے پڑھ جانا ۔ درپے آزار ہو جانا ۔

ہاتھ دھو لینا (اُر۔ محاورہ) مایوس ہو جانا ۔

ہاتھ دھونا (اُر۔ محاورہ) پانی سے ہاتھ صاف کرنا ۔ طہارت کرنا ۔ آبدست لینا ۔ درگزر رہونا ۔ مایوس ہونا ۔ اُمید منقطع ہونا ۔ بے امید ہونا ۔ صبر کرنا ۔ ترک کرنا ۔ چھوڑنا ۔ کھونا ۔

ہاتھ دے دے مارنا (ہ۔ محاورہ) ہاتھ پٹک پٹک کر مارنا ۔ رنج و اضطراب یا نزع کی حالت میں ہاتھوں کو زمین یا چارپائی پر متواتر مارنا ۔

ہاتھ دیکھنا (اُر۔ محاورہ) نبض دیکھنا ۔ نارڈی دیکھنا ۔ دست نگر ہونا ۔ کسی سے روپیہ کا محتاج ہونا ۔ کسی کے ہاتھ کی لکیریں دیکھ کر اس کا آئندہ اور گزشتہ حال بتانا ۔

ہاتھ دینا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ سے ہاتھ ملانا ۔ داد دینا ۔ داد مانگنا ۔ زبان دینا ۔ قول دینا ۔ وعدہ کرنا ۔ مدد دینا ۔ سہارا دینا ۔ چھٹکے کے داؤں کا مُرجھا جانا ۔ جیسے ماتا رانی ہاتھ دے گئی ۔ جھاڑ پھونک کرنا ۔ دم کرنا ۔ بجھانا ۔ گل کرنا ۔ چراغ ٹھنڈا کرنا ۔ شرط لگانا ۔ بازی بدنا ۔

ہاتھ ڈالنا (اُر۔ محاورہ) کسی چیز میں ہاتھ دینا ۔ ہاتھ داخل کرنا ۔ دخل دینا ۔ کام میں پڑنا ۔ کوئی کام ذمہ لینا ۔ دست درازی کرنا ۔ غیر عورت کو چھونا ۔ لوٹنا ۔ غارتگری کرنا ۔ ہاتھ لگانا ۔ مس کرنا ۔ کسی کام کو شروع کرنا ۔ علاج شروع کرنا ۔ پکڑنا ۔ پکڑنے کا ارادہ کرنا ۔

ہاتھ ڈالو گڑ لگا لو (اُر۔ مثل) محنت کرو ۔ لذت اٹھاؤ ۔

ہاتھ رُکنا (اُر۔ محاورہ) کسی کام کے کرنے سے ہچکچانا ۔

ہاتھ رکھنا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ دھرنا ۔ روکنا ۔ باز رکھنا ۔ تھامنا ۔ قسم کھانا ۔ سوگند کھانا ۔ ہاتھ سے مس کرنا ۔ چھونا ۔ ہاتھ لگانا ۔ بچانا ۔ حفاظت کرنا ۔ مدد کرنا ۔ سہارا دینا ۔

ہاتھ رنگنا (اُر۔ محاورہ) ہاتھوں کو مہندی لگانا ۔ ہاتھ کو آلودہ کرنا ۔ مال

مارنا، رشوت لینا۔ مال اڑانا۔

ہاتھ رواں کرنا (اُر۔محاورہ) مشق کرنا۔ ہاتھ صاف کرنا۔ مہارت کرنا۔ قتل کرنا۔ مارنا۔ دھوکا دینا۔ دغا کرنا۔

ہاتھ روکنا (ہ۔فعل) ہاتھ تھامنا۔ کفایت شعاری کرنا۔ فضول خرچی سے رُک جانا۔ خرچ کم کرنا۔ باز رہنا۔ کسی کام سے دست کش ہونا۔ وار بچانا۔ وار روکنا۔

ہاتھ رہ جانا (اُر۔محاورہ) کام کرتے کرتے ہاتھ تھک جانا، منکل ہو جانا۔

ہاتھ زیر زنخداں ہونا (اُر۔محاورہ) سوچ میں پڑے رہنا۔

ہاتھ سادھنا (اُر۔محاورہ) ہاتھ صاف کرنا۔ مشق کرنا۔

ہاتھ ساننا (اُر۔محاورہ) ہاتھ آلودہ کرنا۔ بھرنا۔

ہاتھ سر پر پھیرنا (اُر۔محاورہ) پیار یا شفقت سے ہتھیلی سر پر پھیرنا۔

ہاتھ پر دھر / رکھ کے رونا (اُر۔محاورہ) بہت پچھتانا۔

ہاتھ سر پر رکھنا (اُر۔محاورہ) مددگار ہونا۔ حمایتی بننا۔ مربی بننا۔ حمایت کرنا۔ پیار کرنا۔ کسی کے سر کی قسم کھانا۔ سلام کرنا۔ ماتھے پر ہاتھ رکھنا۔

ہاتھ سمرنی پیٹ کُترنی (ہ۔مثل) ظاہر میں نیک باطن میں دغاباز۔

ہاتھ سُن ہو جانا۔ ہاتھ سو جانا (ہ۔فعل) ہاتھ کا کام نہ دے سکنا۔ ہاتھ میں خون کی حرکت نہ ہونا۔

ہاتھ سے (ہ۔تابع فعل) ذریعہ سے۔ بدولت۔ سبب سے۔ کارن سے ذات سے۔ دم سے۔ قابو سے۔ گرفت سے۔

ہاتھ سے بچنا (اُر۔محاورہ) سلامت رہنا۔ زندہ رہنا۔

ہاتھ سے تنگ آنا (اُر۔محاورہ) کسی کی بد اعمالیوں / شرارتوں سے تکلیف میں ہونا۔

ہاتھ سے توتے / طوطے اُڑانا (اُر۔محاورہ) بے خود ہونا۔ بدحواس ہونا۔

ہاتھ سے جاتا رہنا (اُر۔محاورہ) ہاتھ سے کھویا جانا۔ آپے سے باہر ہو جانا۔ از خود رفتہ ہو جانا۔ مر جانا۔ انتقال کر جانا۔

ہاتھ سے جانا (اُر۔محاورہ) کھویا جانا۔ ضائع ہو جانا۔ جاتا رہنا۔ قابو سے نکلنا۔ اختیار سے باہر ہو جانا۔ انتقال کرنا۔ مر جانا۔

ہاتھ سے چھوٹنا (اُر۔محاورہ) قابو سے نکلنا۔

ہاتھ سے دینا (اُر۔محاورہ) بخش دینا۔ عطا کرنا۔ چھوڑنا۔ ترک کرنا۔ قبضہ چھوڑنا۔ جانے دینا۔ کھونا۔ گنوانا۔ ضائع کرنا۔

ہاتھ سے سلام لینا (اُر۔محاورہ) سلام کا جواب ہاتھ کے اشارے سے دینا۔

ہاتھ سے کام نکلنا (اُر۔محاورہ) کسی کام کا تجربہ نہ ہونا۔ کوئی کام ہاتھوں سے کیا جانا۔ کوئی کام کر کے دیکھ لینا۔ کسی کام کا قبضہ سے نکل جانا۔ کوئی کام واپس لیا جانا۔ کسی کے ذریعے کوئی کام پورا ہونا۔ کسی کے وسیلے سے کوئی کام بننا۔

ہاتھ سے کھونا (اُر۔محاورہ) کسی چیز کا قابو سے نکل جانا۔ ملتی ہوئی چیز نہ لینا۔

ہاتھ سے نالاں ہونا (اُر۔محاورہ) کسی کی وجہ سے تکلیف میں ہونا۔

ہاتھ سے ہاتھ ملنا (اُر۔محاورہ) افسوس کرنا۔ از حد پچھتانا۔

ہاتھ سیدھا مارنا (اُر۔محاورہ) سیدھا وار کرنا۔

ہاتھ صاف ہونا (اُر۔محاورہ) ہاتھ کو رواں رکھنا۔ خوب مشق کرنا۔ خط درست کرنا۔ خط سنوارنا۔ ہاتھ دھونا۔ ہاتھ پاک کرنا۔ ہاتھ کا وار کرنا۔ ہاتھ مارنا۔ قتل کرنا۔ ذبح کرنا۔ ہلاک کرنا۔

ہاتھ طوق کمر کرنا (اُر۔محاورہ) ہاتھ کمر میں ہونا۔ ہاتھ کا کمر کو حلقے میں لینا۔

ہاتھ طوق کمر ہونا (اُر۔محاورہ) ہاتھ کمر میں پڑنا۔ ہاتھ کا کمر کو احاطہ کرنا۔

ہاتھ طوق گلو کرنا (اُر۔محاورہ) ہاتھ گلے میں ڈالنا۔

ہاتھ طوق گلو ہونا (اُر۔محاورہ) دیکھئے "ہاتھ طوقِ گلو کرنا"، جس کا یہ لازم ہے۔

ہاتھ قبضے پر ڈالنا۔ یا۔ رکھنا (اُر۔محاورہ) تلوار سونتنا۔ قتل کرنے کا ارادہ کرنا۔ آمادۂ قتل ہونا۔

ہاتھ قلم کرنا (اُر۔محاورہ) ہاتھ کاٹنا۔ ہاتھ تراشنا۔

ہاتھ کاٹ دینا (اُر۔محاورہ) ہاتھ قلم کر دینا۔ تحریری اقرار کر دینا۔ دستاویز لکھ دینا۔

ہاتھ کاٹنا (اُر۔محاورہ) ہاتھ قلم کرنا۔ افسوس کرنا۔ پچھتانا۔ نہایت غصے میں اپنے ہاتھوں کو دانتوں میں پکڑنا۔

ہاتھ کا جھوٹا (ہ۔صف) لے کر نہ دینے والا۔ نادہند۔ بددیانت بے ایمان۔ بدمعاملہ۔ خائن۔

ہاتھ کا چالاک ہونا (اُر۔محاورہ) دست دراز ہونا۔ مشاق ہونا۔

ہاتھ کا چوہا بل میں بیٹھا (اُر۔مثل) جو پاس تھا۔ وہ بھی جاتا رہا۔

ہاتھ کا دیا (اُر۔امذ) دان۔ پُن۔ خیرات۔ سخاوت۔ بخشش۔

ہاتھ کا دیا اڑے آئے (ہ۔محاورہ) خیرات بلا کو ٹال دیتی ہے۔ نیکی ہمیشہ کام آتی ہے۔ کسی دن کا دان پن مصیبت کے ایام کو روک دیتی ہے۔

ہاتھ کا دیا ساتھ چلے گا (اُر۔مثل) فقیروں کی صدا خیرات روز جزا کو سزا سے بچائے گی۔

ہاتھ کا دیا ساتھ کھانے لگا (اُر۔محاورہ) کمینے اور خادم بھی برابری کا دعویٰ کرنے لگے۔

ہاتھ کا سچا (ہ۔صف) لین دین کا کھرا۔ ساکھ والا۔ اعتبار والا۔ معتبر۔ دیانتدار۔

ہاتھ کا میل (ہ۔امذ) وہ چرک جو ہاتھ پر سے اُترے۔ بے اصل اور بے حقیقت چیز۔ بالکل ہیچ اور ناچیز۔ مجازاً روپیہ۔ مال و زر۔

ہاتھ کان سے نکلی (اُر۔صف) وہ جس کے پاس کوئی زیور نہ ہو۔ وہ جس نے کوئی زیور نہ پہنا ہوا ہو۔

ہاتھ کانوں پر یا کان پر رکھنا یا دھرنا (اُر۔محاورہ) بالکل بے خبری ظاہر کرنا۔ ناآشنائی اور ناواقفی کا ظاہر کرنا۔ بالکل انکار کرنا۔

ہاتھ کٹ جانا (ہ۔فعل) ہاتھ قلم ہو جانا۔ ہاتھ میں زخم آجانا۔ تحریر دستاویز ہو جانا۔

ہاتھ کٹ چکے ہیں (ہ۔ محاورہ) تحریر دے بیٹھے ہیں۔ تحریر دے دی ہے۔

ہاتھ کرنا۔ یا۔ دکھانا (ہ۔ محاورہ) وار کرنا۔ ہنر جنگ دکھانا۔ حربہ کرنا۔ حملہ کرنا۔ بحث کرنا۔

ہاتھ کشیدہ آسمان دیدہ (اُر۔ محاورہ) عورتیں بولا کرتی ہیں۔ اس کی نسبت جس کا ہاتھ کہیں اور ہو اور خیال کہیں اور۔

ہاتھ کنگن کو آرسی کیا (ہ۔ مثل) جو چیز آنکھوں کے سامنے آئے۔ اس کے دریافت کرنے کی ضرورت ہی کیا ہے۔

ہاتھ کوڑی نہ بازار لیکھا (اُر۔ مثل) ایسا مفلس ہے۔ جس کا کوئی بھی اعتبار نہیں کرتا۔

ہاتھ کو ہاتھ پہچانتا ہے (ہ۔ محاورہ) جس سے کچھ لیتے ہیں۔ اسی کو دیتے ہیں۔

ہاتھ کو ہاتھ نہیں سوجھتا (ہ۔ محاورہ) بہت سخت اندھیرا ہے۔ اندھیرا گھپ ہے۔

ہاتھ کھجلانا (ہ۔ محاورہ) ہاتھ میں خارش ہونا۔ ہاتھ کا پنجلا نہ بیٹھنا۔ مار کھانے کی باتیں کرنا۔ مار کھانے کو جی چاہنا۔

ہاتھ کھلا ہونا (اُر۔ محاورہ) فیاضی کی عادت ہونا۔ سخی ہونا۔

ہاتھ کھلنا۔ کھل جانا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ کا کام کرنے لگنا۔ ہاتھ چلنا۔ تنگی نہ رہنا۔ روپیہ پیسہ ہاتھ میں آنا۔ کاروبار جاری ہونا۔ مار بیٹھنے کا پکا ہو جانا۔ عادت ہو جانا۔

ہاتھ کھول دینا۔ کھولنا (اُر۔ محاورہ) بندھے ہوئے ہاتھ کی رسی دور کر دینا۔ آزادی دے دینا۔ تنگی نہ چلنے دینا۔ بندھا ہوا ہاتھ کھل جانا۔

ہاتھ کھینچنا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ اُٹھانا ترک کرنا۔ باز آنا۔ دست بردار ہونا۔ تیاگنا۔

ہاتھ کی بیٹھ دانتوں سے کاٹنا (اُر۔ محاورہ) کسی وجہ سے سخت نادم ہونا۔ کسی چیز کے نہ ملنے پر حسرت و افسوس کرنا۔

ہاتھ کی چٹھی (اُر۔ مو) اپنی لکھی ہوئی چٹھی۔ اپنی لکھی ہوئی رسید۔

ہاتھ کے دو بیر نہ کھانا (اُر۔ محاورہ) کسی سے سخت متنفر ہونا۔ نہایت نفرت کرنا۔ بالکل خاطر میں نہ لانا۔

ہاتھ کی روٹی (ہ۔ امو) ہاتھ سے تیار کی ہوئی روٹی۔ توے پر پکائی ہوئی روٹی۔

ہاتھ کی صفائی (اُر۔ امو) وار کرنے میں مشاقی۔ بازی گر اور شعبدہ باز کے ہاتھ کا کرتب۔

ہاتھ کے طوطے اُڑ جانا (اُر۔ محاورہ) حواس باختہ ہو جانا۔ حیران و ششدر رہ جانا۔ بالکل بے خبر ہو جانا۔

ہاتھ کی لکیریں (ہ۔ امو) ہاتھ کے ٹیڑھے۔ سیدھے خط ہتھیلی کے نشان۔ کریم رکھا۔ جنہیں دیکھ کر نجومی لوگ گزشتہ اور آئندہ باتیں بتاتے ہیں۔

ہاتھ کی لکیریں ملٹنا (ہ۔ محاورہ) ناممکن امر کا ظاہر ہونا۔ رشتہ یا قرابت کا ٹوٹنا۔ محبت کا جاتا رہنا۔ مستحقوں اور حقداروں حق جانا۔

ہاتھ کی لکیریں نہیں مٹتیں۔ یا۔ کہیں ہاتھ کی لکیریں مٹتی ہیں؟ (ہ۔ محاورہ) ناخن سے گوشت جدا نہیں ہوتا۔ اپنے کسی طرح غیر نہیں بن سکتے۔

ہاتھ کی مچھلی (اُر۔ امو) وہ گوشت جو ہاتھ کی ہتھیلی میں انگوٹھے کے نیچے ہوتا ہے۔

ہاتھ کے اوپر ہاتھ دھر سے بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) بیکار رہنا۔

ہاتھ کے نیچے آنا (اُر۔ محاورہ) قابو میں آنا۔ قبضہ میں آجانا۔ مداخلت ہو جانا۔ ہتھے چڑھ جانا۔ بس میں آجانا۔

ہاتھ کے ہاتھ (اُر۔ متعلق فعل) فوراً۔ اسی وقت۔

ہاتھ گریبان تک جانا (اُر۔ محاورہ) وحشت ظاہر ہونا۔ گریبان پھاڑ ڈالنا۔

ہاتھ گلے میں ڈالنا (اُر۔ محاورہ) پیار کرنا۔ باہیں گلے میں ڈالنا۔

ہاتھ گھسانا (اُر۔ محاورہ) بے فائدہ محنت کرنا۔ بے فائدہ محنت کرنا۔ لاحاصل کام کرنا۔

ہاتھ گھسائی (ہ۔ امو۔ بیائے مصدری) بے فائدہ محنت۔ وہ محنت جس سے کچھ حاصل نہ ہو۔

ہاتھ گھس جانا (اُر۔ محاورہ) کوئی کام بہت دیر تک کرنا۔ نقصان ہونا۔

ہاتھ گھنگھولنا (اُر۔ محاورہ) پانی میں ہاتھ ڈال کر جلدی جلدی ان کو حرکت دینا۔

ہاتھ لا۔ یا۔ ہاتھ لانا (ہ) تعریف اور مدح کا کلمہ۔ واہ وا۔ کیا کہنا ہے۔ آفرین ہے۔ شاباش ہے۔ مرحبا۔

ہاتھ لال کرنا (اُر۔ محاورہ) ہاتھوں کا سرخ کرنا۔ قتل کرنا۔ الزام لینا۔

ہاتھ لگانا (اُر۔ محاورہ) چھونا۔ مس کرنا۔ ہاتھ پھیرنا۔ دست درازی کرنا۔ چھیڑنا۔ بوجھ اٹھوانا۔ کندھا دینا۔ مدد دینا۔ سہارا دینا۔ کام شروع کرنا۔ پڈھا لگانا۔ تلوار کا وار کرنا۔ ہاتھ مارنا۔ ضرب لگانا۔ قول دینا۔ پکا وعدہ کرنا۔ پختہ اقرار کرنا۔ نیزہ مارنا۔ پیٹنا۔ تھپڑ جڑنا۔

ہاتھ لگائے کملانا (ہ۔ محاورہ) نہایت نازک بدن ہونا۔ بے حد نزاکت ہونا۔

ہاتھ لگاتے میلا ہونا (اُر۔ مثل) کسی سفید اور نازک چیز کی تعریف میں کہتے ہیں۔

ہاتھ لگائے یا ہاتھ لگے میلا ہونا (ہ۔ محاورہ) بہت ہی سفید اور اجلا ہونا۔ براق اور آبدار ہونا۔ نہایت لطیف اور پاکیزہ ہونا۔

ہاتھ لگنا (اُر۔ محاورہ) چھوا جانا۔ مس ہونا۔ ہاتھ پھرنا۔ حاصل ہونا۔ ملنا۔ دستیاب ہونا۔ ہاتھ آنا۔ قابو چڑھنا۔ بس میں آنا۔ مدد دینا۔ سہارا ملنا۔ کام شروع ہونا۔ پڈھا لگنا۔ بازی بدنا۔ شرط ہونا۔ جوڑنے اور جمع کرنے میں دہائیوں کا حاصل ہونا۔ ضرب لگنا۔ تلوار کا وار پڑھنا۔

ہاتھ لینا (اُر۔ محاورہ) تھامنا۔ روکنا۔ پکڑنا۔

ہاتھ لیا کانسا تو بھیک کا کیا سانسا / ہاتھ لیا کانسا تو کیا ٹکڑوں کا سانسا (ہ۔ مثل) جب گداگری اختیار کر لی تو پھر اندیشہ اور فکر ہی کس بات کی۔ جب مانگنے ہی لگ گئے تو پھر شرم کاہے کی۔

ہاتھ مارنا (اُر۔محاورہ) ہاتھ لگانا۔ ضرب لگانا۔ بڑے۔ بڑے نوالے کھانا۔ چوری کرنا۔ غبن کرنا۔ مال اڑانا۔ رشوت لینا۔ قبضہ کر لینا۔ قابض ہو جانا۔ شرط لگانا۔ بازی بدنا۔ قتل کرنا۔ ذبح کرنا۔ ہاتھ صاف کرنا۔ بچن ہارنا۔ قول اقرار کرنا۔

ہاتھ مروڑ کر چھین لینا (اُر۔محاورہ) کسی کے ہاتھ سے زبردستی کوئی چیز لینا۔

ہاتھ مروڑنا (اُر۔مصدر مرکب) کسی کے ہاتھ کو پیچ دینا۔

ہاتھ ملانا (اُر۔محاورہ) ملاقات کے وقت ہاتھ میں ہاتھ لینا۔ مصافحہ کرنا۔ پنجہ کشی کرنا۔ ہاتھ میں ہاتھ پکڑ کر پنجہ کرنا۔

ہاتھ ملتے پھرنا (اُر۔محاورہ) پچھتاتے پھرنا۔ افسوس کرتے پھرنا۔

ہاتھ ملتے رہنا۔ یا۔ رہ جانا (ہ۔محاورہ) پچھتاتے پھرنا۔ افسوس کرتے پھرنا۔

ہاتھ ملنا (ہ۔فعل) افسوس کرنا۔ پچھتانا۔

ہاتھ ملنا (اُر۔محاورہ) مصافحہ ہونا۔ دست بوسی ہونا۔ بکری ہونا۔ نقدی ملنا۔

ہاتھ میں (ہ۔تابع فعل) اختیار میں۔ قبضہ میں۔ ہاتھ کے اندر۔ ماتحت۔ زیر تحت۔

ہاتھ منہ پر رکھ دینا / رکھنا (اُر۔محاورہ) بولنے نہ دینا۔

ہاتھ منہ پر سے نہیں اترے (اُر۔مثل) ابھی عروس ناتجربہ ہے۔ ابھی شرم و حیا کے دن ہیں۔

ہاتھ میں نہ گات میں / ہاتھ میں دھنو نتی جات میں (ہ۔مثل) اپنی ذات پر گھمنڈ کرنے والے بے سلیقہ آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں۔ یعنی نہ ہاتھ میں ہنر ہے۔ نہ جسم میں جوہر۔ میں تو اپنی اعلیٰ ذات کے سبب امیر ہوں۔

ہاتھ میں آنا (اُر۔محاورہ) ہاتھ لگنا۔ حاصل ہونا۔ قابو میں آنا۔ قبضہ میں آنا۔ حاصل ہونا۔ دستیاب ہونا۔ بہم پہنچنا۔

ہاتھ میں پڑا ہونا (اُر۔محاورہ) کسی ہنر کو جاننا۔ کسی فن کی مہارت ہونا۔

ہاتھ میں تھامنا (اُر۔محاورہ) پکڑنا۔ ہاتھ میں لینا۔

ہاتھ میں تھمانا (اُر۔محاورہ) ہاتھ میں دے دینا۔ "ہاتھ میں تھامنا" کا متعدی ہے۔

ہاتھ میں ٹھکرا دینا (ہ۔محاورہ) بھیک منگوانا۔ گداگری کرانا۔ مفلس کر دینا۔ محتاج بنا دینا۔

ہاتھ میں ٹھیکرا لینا (ہ۔محاورہ) بھیک مانگنا۔ گداگری کرنا۔ غریب و محتاج ہونا۔

ہاتھ میں دل رکھنا (اُر۔محاورہ) دلداری کرنا۔ ہر ایک آرزو پوری کرنا۔ دلجوئی کرنا۔

ہاتھ میں دل لینا (اُر۔محاورہ) دلجوئی کرنا۔ راضی رکھنا۔ دل خوش رکھنا۔

ہاتھ میں دل نہ ہونا (اُر۔محاورہ) نہایت بیقرار ہونا۔ دل دھڑکنا۔ دل قابو میں نہ ہونا۔

ہاتھ میں دے روٹی اور سر پر مارے جوتی (اُر۔مثل) ایسا اوچھا آدمی کہ احسان کر کے بار بار جتاتا ہے۔

ہاتھ میں دینا (اُر۔محاورہ) حوالے کرنا۔ سونپنا۔ سپرد کرنا۔ ہاتھ میں پکڑانا۔

ہاتھ میں نہ رکھنا (اُر۔محاورہ) پکڑے رکھنا۔ قابو میں رکھنا۔ قبضے میں رکھنا۔

ہاتھ میں رہنا (اُر۔محاورہ) قبضے یا قابو میں ہونا۔ پکڑے رکھنا۔

ہاتھ میں سمرنی اور بغل میں کترنی (اُر۔مثل) ظاہر میں پرہیز گار اور عابد باطن میں دغاباز۔ اور جیب کترا۔ ظاہر میں کچھ اور باطن میں کچھ۔

ہاتھ میں سینچر آنا (ہ۔محاورہ) نہایت تنگدستی کا زمانہ آنا۔ طالع کا زحل میں آجانا جو نہایت منحوس ہے۔ نہایت افلاس چھا جانا۔ تنگدست ہونا۔

ہاتھ میں قلم لے کر رہ جانا / پکڑ کر رہ جانا (اُر۔محاورہ) لکھتے وقت حیرانگی کے سوچ میں پڑ جانا۔

ہاتھ میں کل ہونا (اُر۔محاورہ) کسی کا قابو میں ہونا۔

ہاتھ میں گریبان ہونا (اُر۔محاورہ) کسی کے ظلم کا فریادی ہونا۔

ہاتھ میں لانا (اُر۔محاورہ) حاصل کرنا۔ بہم پہنچانا۔ کمانا۔ مابوس کرنا۔ بس میں کرنا۔

ہاتھ میں لانا۔ پات میں کھانا (ہ۔محاورہ) جو کمانا سو کھا لینا۔ ایسا مفلس اور کنگال ہونا۔ کہ گھر میں برتن تک نہ ہونا۔

ہاتھ میں لئے پھرنا (اُر۔محاورہ) ہاتھ میں دبائے پھرنا۔ شہوت میں سخت بیتاب ہونا۔

ہاتھ میں لینا (اُر۔محاورہ) کوئی کام اپنے ذمے لینا۔ خود انتظام کرنا۔

ہاتھ میں نہ گات میں دھنو نتی جات میں (اُر۔مثل) مفلس جو اعلیٰ خاندان ہونے کا دعویٰ کرے۔

ہاتھ میں ہاتھ دینا (ہ) ہاتھ ملانا۔ مصافحہ کرنا۔ بیاہ دینا۔ عورت کا مرد سے نکاح کر دینا۔ کسی کے سپرد کرنا۔ سونپنا۔ حوالے کر دینا۔

ہاتھ میں ہاتھ ڈالنا (اُر۔محاورہ) ہاتھ میں پکڑنا۔ مصافحہ کرنا۔

ہاتھ میں ہاتھ ہونا (اُر۔محاورہ) ساتھ ساتھ ہونا۔ سرپرستی میں ہونا۔

ہاتھ میں ہنر ہونا (اُر۔صاحب کمال ہونا۔ ہنرمند ہونا۔ ہاتھ میں جوہر ہونا۔

ہاتھ میں ہونا (اُر۔محاورہ) قبضے میں ہونا۔ اختیار میں ہونا۔ ہاتھ میں پکڑا ہوا۔ رسوخ ہونا۔

ہاتھ نکالنا (اُر۔محاورہ) ہاتھ کو کسی چیز سے باہر لانا۔ جیسے جیب سے۔ ناچتے وقت رقاصہ کا ہاتھوں کو ہلانا۔ گھنگھرو باندھے کو پکڑ کر حرکت دینا۔

ہاتھ نہ آنا (اُر۔محاورہ) پکڑا نہ جانا۔ بھاگنے میں ہاتھ نہ لگنا۔ قابو میں نہ آنا۔ قابو نہ چڑھنا۔

ہاتھ نہ پڑنا (اُر۔محاورہ) کوئی کام نہ ہوسکنا۔ کامیابی نہ ہونا۔
ہاتھ نہ پہنچنا (اُر۔محاورہ) کسی کام میں کامیابی نہ ہونا۔
ہاتھ نہ چھوڑنا (اُر۔محاورہ) ہاتھ کو پکڑے رہنا۔
ہاتھ نہ رکھنے دینا (اُر۔محاورہ) پاس نہ آنے دینا۔ ہاتھ نہ لگانے دینا۔ خاطر میں نہ لانا۔ پروا نہ کرنا۔ جمنے نہ دینا۔ قابو میں نہ آنا۔ بس میں نہ آنا۔ کسی طرح راضی نہ ہونا۔ روکھا ہونا۔ نہایت بدمزاج ہونا۔
ہاتھ نہ لگے ناک میں پیاز کے ڈلے (اُر۔مثل) پاس نہ آنے دینا۔ ذرا سی چیز پر اترانے والی کم ظرف عورت کی نسبت بولا کرتے ہیں۔ غیر موزون سنگار پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔
ہاتھ نہ لگانا (اُر۔محاورہ) ہاتھ سے نہ چھونا۔ زد وکوب نہ کرنا۔ بچے کو تنبیہ نہ کرنا۔ کسی چیز کو بے حقیقت اور ذلیل سمجھنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ بات نہ پوچھنا۔
ہاتھ نہ لگانے دینا (اُر۔محاورہ) چھونے نہ دینا۔ پاس نہ آنے دینا۔ عورت کا مرد کو پاس نہ آنے دینا۔
ہاتھ نہ مٹھی بلبلاتی اٹھتی (ہ۔مثل) پاس کوڑی نہیں حوصلہ دکھانے میں پیش پیش۔ پاس کچھ ہے نہیں غصہ ناحق ہے۔
ہاتھ ہلاتے آنا (ہ۔محاورہ) خالی ہاتھ آنا۔ گھر کچھ لے کر نہ آنا۔ ہلاتے آنا۔
ہاتھ ہلاتے جاؤ (ہ۔محاورہ) شغل جاری رکھو۔ کھاتے رہو۔ منہ چلائے جاؤ۔
ہاتھا پائی۔ یا۔ ہاتا پائی (ہ۔امو) لڑائی بھڑائی۔ دھول دھپا۔ مار کٹائی۔ مارپیٹ۔ زدوکوب۔ مار دھاڑ۔ گھوسم گھونسا۔
ہاتھا پائی کرنا (ہ۔محاورہ) مار کٹائی کرنا۔ دست درازی کرنا۔ لڑائی دنگا کرنا۔
ہاتھا چھانٹی (ہ۔امو) دغاباز۔ بدمعاملگی۔ بددیانتی۔ خورد برد۔ غبن۔ چوری۔ تغلب۔
ہاتھا جوڑی (ہ۔امو) ایک مشہور پودے کا نام ہے۔
ہاتھوں (ہ۔مذ) ہاتھ کی جمع بوجہ عمل عوامل سبب۔ باعث۔ کارن (بصورت تابع فعل) بہدست۔ بدست۔ ہمراہ۔ ساتھ۔ ہاتھ سے۔ ہاتھوں سے۔ وسیلہ سے۔ ذریعہ سے۔ توسل سے۔
ہاتھوں اچکنا (اُر۔محاورہ) آدمی یا گھوڑے یا کسی اور چیز کا انتہائی چست کرنا۔
ہاتھوں اچھلنا (ہ۔محاورہ) نہایت تڑپنا۔ ازحد بے قرار ہونا۔ نہایت کودنا۔ کثرت سے اچھلنا۔
ہاتھوں سانپ کھیلنا (اُر۔محاورہ) کنایۃً خطرناک کام کرنا۔
ہاتھوں چھاؤں رکھنا (محاورہ) نہایت پیار اور لاڈ سے رکھنا۔ بہت حفاظت سے رکھنا۔ ہاتھوں کے سائے میں رکھنا۔
ہاتھوں سے (محاورہ) سبب۔ کارن۔ باعث۔ ذات سے۔ دم سے۔
ہاتھوں کلیجا اچھلنا (اُر۔محاورہ) بے حد اضطراب ہونا۔ نہایت دل دھڑکنا۔

ہاتھوں کے طوطے اُڑنا۔ یا۔ اُڑ جانا (اُر۔محاورہ) بدحواس ہونا۔ حواس باختہ اور بے اوسان ہونا۔ بے خود ہو جانا۔ آپے سے باہر ہو جانا۔ مایوس نہ رہنا۔
ہاتھوں کی لکیریں (ہ۔امو) ہاتھوں کی ریکھیں۔ وہ نشان یا نقش جو مٹائے نہ مٹیں۔ نقش کالحجر۔ قریبی رشتہ دار۔ عزیز۔ یگانے۔
ہاتھوں مہندی پاؤں مہندی اپنے لچھن اوروں دیندی (ہ۔مثل) آپ مہندی کے بہانے کام سے بچنا۔ اور دوسروں کو کام سونپنا۔ اپنا عیب دوسروں کے سر تھوپنا۔
ہاتھوں میں لے لینا (اُر۔محاورہ) سنبھالنا۔
ہاتھوں ہاتھ (ہ۔تابع فعل) ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ میں۔ اُوپر ہی اُوپر۔ بالا ہی بالا۔ دست بدست۔ فوراً۔ نرت۔ شتاب۔ جلد۔ جلدی سے۔
ہاتھوں ہاتھ اڑا کر لے جانا (ہ۔محاورہ) اُوپر ہی اُوپر لے جانا۔ دست بدست فوراً لے جانا۔
ہاتھوں ہاتھ اڑا لینا (م۔محاورہ) فوراً لے جانا۔ نرت لے جانا۔
ہاتھوں ہاتھ اڑ جانا۔ یا۔ بک جانا (ہ۔محاورہ) جلد سودا ہونا۔ فوراً بک جانا۔ خرید وفروخت میں دیر نہ لگنا۔ فوراً خرچ میں جانا۔ بہت جلد صرف ہو جانا۔
ہاتھوں ہاتھ لانا (اُر۔محاورہ) بے حد عزت واحترام سے لانا۔
ہاتھوں ہاتھ لئے جانا (اُر۔محاورہ) بیحد عزت ہونا۔
ہاتھوں ہاتھ لے جانا (اُر۔محاورہ) فوراً لے جانا۔ دیر نہ کرنا۔ بڑی عزت اور قدر سے لے جانا۔ بہت جلدی سے لے جانا۔
ہاتھوں ہاتھ لینا (اُر۔محاورہ) فوراً لے جانا۔ زمین پر نہ گرنے دینا۔ جھٹ پٹ لے لینا۔ اُوپر ہی اوپر لے جانا۔
ہاتھا پائی (اُر۔مو) مار کٹائی۔ مکّی مکّا۔ گھوسم گھوسا۔ دھول دھپا۔ مار دھاڑ۔ مار پٹائی۔ لڑائی بھڑائی۔
ہاتھا چھانٹی (اُر۔مو) بدمعاملگی۔ دغابازی۔ بددیانتی۔ غبن خورد برد۔ چوری۔
ہاتھا ہاتھی (اُر۔مو) ہاتھ سے ہاتھ لگ جانا۔ ایک کا دوسرے کو دینا۔ دست بدستی۔
ہاتھی (ہ۔مذ) فیل۔ پیل۔ گج۔ ایک نہایت جسیم اور موٹے



ہاتھی

جانور کا نام ہے۔ شطرنج کا ایک مہرہ۔
ہاتھی پاؤں (ہ۔مذ) ایک بیماری کا نام ہے۔ جس سے پاؤں نہایت

ہاتھی پھرے گاؤں گاؤں جس کا ہاتھی اُس کا ناؤں] (ہ۔ مثل) جس کی چیز ہو اسی موٹا ہو جاتا ہے۔ اسی کا نام ہوا کرتا ہے۔ اصل شے مالک ہی کی ہوا کرتی ہے۔

ہاتھی جھولنا (اُر۔ محاورہ) دروازے پر ہاتھی بندھا ہونا۔ کنایۃً بہت امیر ہونا۔

ہاتھی جھومنا (اُر۔ محاورہ) کسی کے پاس ہاتھی ہونا۔ گھر پر کنواری لڑکی موجود ہونا۔ جو شادی کے لائق ہو۔

ہاتھی جھومتا ہے (ہ۔ مثل) گھر میں کنواری۔ جوان لڑکی بیٹھی ہے۔ گھر پر ہاتھی بندھا ہے۔ نہایت ثروت ہے۔

ہاتھی چھوٹے گھوڑا چھوٹے (ہ۔ محاورہ) دیکھنا چاہیئے کیا خرابی اور آفت پیش آئے۔

ہاتھی خانہ (اُر۔ مذ ظرف) ہاتھیوں کا طویلہ۔ فیل خانہ۔

ہاتھی دانت (ہ۔ا۔مذ) دندان فیل۔ ہاتھی کے دانت جن سے اکثر چیزیں بنتی ہیں۔

ہاتھی دانت کا چوڑا (ہ۔ا۔مذ) ہاتھی کے دانتوں کی بنی ہوئی چوڑیاں۔

ہاتھی سے گنے کھانا] (ہ۔ محاورہ) زبردست سے مقابلہ کرنا۔
ہاتھی کے ساتھ گنے چوسنا] زبردست فقیر یا امیر سے حکومت کر کے کچھ حاصل کرنا۔

ہاتھی کا بوجھ ہاتھی ہی اُٹھاتا ہے]
ہاتھی کا بوجھ ہاتھی ہی سنبھالے] (ہ۔ مثل) بڑا کام بڑے ہی
ہاتھی کا پالان ہاتھی ہی اُٹھاتا ہے] حوصلے والا کرتا ہے۔ امیر کی ٹکر امیر ہی جھیلتا ہے۔

ہاتھی کا پٹھا (ہ۔ا۔مذ) جوان۔ ہاتھی۔ ہاتھی کا نر بچہ۔

ہاتھی کا پیر آنکس (ہ۔ محاورہ) ہاتھی کا اُستاد آنکس ہے۔ ہتیار سے زبردست بھی قابو میں آجاتا ہے۔

ہاتھی کا جگ ساتھی] (ہ۔ مثل) زبردست کے سب ساتھی اور
کیڑی پا ہن پڑی] کمزور کے سب دشمن۔

ہاتھی کی ٹکر ہاتھی ہی سنبھالے (اُر۔ مثل) زبردست کا مقابلہ زبردست ہی کر سکتا ہے۔

ہاتھی کا دانت اور گھوڑے کی لات (ہ۔ محاورہ) دشمنوں کو نصیب ہو۔ نصیب اعدا۔

ہاتھی کے پاؤں میں سب کا پاؤں (ہ۔ مثل) بڑے آدمی کے سب ماتحت ہوتے ہیں۔ سخی کی کمائی میں سب کا ساجھا ہوتا ہے۔ امیروں سے غرباء کو بھی فائدہ پہنچتا ہے۔

ہاتھی کے دانت (اُر۔ مذ) خاص کر وہ دانت جو آگے نکلے ہوتے ہیں۔

ہاتھی کے دانت بٹھانا (اُر۔ محاورہ) ناممکن بات کرنا۔

ہاتھی کے دانت دکھانے کے اور کھانے کے اور: (ہ۔ مثل) دکھاوا اور چیز ہے۔ برتاؤ اور چیز۔ دکھانے کی اور چیز ہوتی ہے۔ اور کام میں لانے کی اور۔ دنیا کے لوگ ظاہر کچھ ہیں اور باطن کچھ۔

ہاتھی کی راہ (اُر۔ا۔مو) کہکشاں۔ اکاس گنگا۔ اندر کے ہاتھی کا رستہ۔

ہاتھی کے مُنہ میں لکڑی پکڑاتے ہیں (ہ۔ محاورہ) زور آوروں کو مال دے کر واپس لینا چاہتے ہیں۔

ہاتھی کے نکلے ہوئے دانت بیٹھنے مشکل ہیں (ہ۔ مثل) بگڑی بات کا بننا نہایت دشوار ہوتا ہے۔

ہاتھی گھوڑے بھاگ گئے گدھا پوچھے کتنا پانی] (ہ۔ مثل) بڑے بڑوں کے حوصلے تو پست ہو گئے ادنےٰ کو ابھی حوصلہ باقی ہے۔

ہاتھی نال (ہ۔ مو) ایک قسم کی توپ جسے ہاتھی گھسیٹتے ہیں۔

ہاتھی نکل گیا ہے دُم اٹکی رہ گئی ہے (اُر۔ مثل) جب سارا کام ختم ہو کر تھوڑا سا باقی رہ جائے۔ اس وقت یہ مثل بولتے ہیں۔

ہاتھی وان (ہ۔ مذ) ہاتھی چلانے والا۔ مہاوت۔ فیلبان۔ فوجدار۔

ہاتھی ہزار لٹے تو بھی ہزار ٹکے کا
ہاتھی لٹے بھی تو بھی کہاں تک] (ہ۔ مثل) امیر کیسا ہی غریب کیوں نہ ہو جائے۔ پھر بھی لوگ اس کی عزت ہی کرتے ہیں۔ یا امیر آدمی کیسا ہی لُٹ گھس جائے پھر بھی دولت کی گھُرچن اس کے پاس رہتی ہے۔

ہاتھی ہے یا امرود (اُر۔ مثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی ایک نے دو مختلف چیزیں دیکھی ہوں۔ اور ان میں ایک چیز کی بابت لوگوں کے پوچھنے پر کہے کہ یہ ہے یا وہ۔

ہاتھی چک (اُر۔ا۔مذ) ایک خاردار پودے کا نام۔ جس کی جڑ کو پکا کر کھاتے ہیں۔

ہاٹ (ہ۔ا۔مو) دکان۔ لین دین کی جگہ۔ سودا بیچنے کی جگہ۔ ہٹ۔ ہٹی۔

ہاٹ کھولنا۔ یا۔ کرنا (ہ۔ فعل) دکان کرنا۔

ہاجر (ع۔ صف۔ فاعل) ہجرت کرنے والا۔ اپنا ملک چھوڑ کر دوسرے ملک میں جا رہنے والا۔ عرب کے ایک قبیلے کا نام مکے میں جا رہنے والا۔

ہاجرہ (ع۔ا۔مو) ٹھیک دوپہر کا وقت۔ نہایت گرم دوپہر کا وقت۔ گرمی کی دوپہر۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام کی والدہ ماجدہ کا نام۔

ہاجی (ع۔ا۔ مذ فاعل) از ہجو۔ برائی کرنے والا۔ ہجو کرنے والا۔ نقال۔ منہ چڑانے والا۔

ہادِم (ع۔ صف) منہدم کرنے والا۔ عمارت کا ڈھانے والا۔ گرانے والا۔

ہادِمُ اللذّات (ع۔ صف) لذتوں کا ڈھانے والا۔ کنایۃً موت۔

ہادی (ع۔ مذ فاعل) ہدایت کرنے والا۔ رہنما۔ پیشوا۔ رہبر۔ پیر و مرشد۔

ہار (ہ۔ا۔مو) ہارنا سے حاصل مصدر۔ شکست۔ مات۔ ہزیمت۔ نکان۔

تھکن ۔ ماندگی ۔

ہار جانا ۔ یا ۔ ہار بیٹھنا (ہ ۔ فعل) مات ہو جانا ۔ بازی دے بیٹھنا ۔ شکست کھا جانا ۔ پیٹھ دکھا جانا ۔ مغلوب ہو جانا ۔ عاجز ہو جانا ۔ تنگ ہو جانا ۔ ناک میں دم ہو جانا ۔ تھک جانا ۔ مجبور ہو جانا ۔

ہار جیت (ہ ۔ اسم) شکست و فتح ۔ نفع و نقصان ۔

ہار جیت کرنا (ہ ۔ فعل) جُوا کھیلنا ۔ داؤں لگانا ۔ ہار ۔ بازی ہارنا یا لینا ۔

ہار دینا (ہ ۔ فعل) بازی دے دینا ۔ بازی لگا کر مات ہو جانا ۔

ہار کر ۔ یا ۔ ہار کے / ہار کے جھک مار کے (ہ ۔ تابع فعل) تھک کر ۔ لاچار ہو کر ۔ مجبور ہو کر ۔ آخرکار ۔ عجز ہو کر ۔

ہار کر کے بیٹھ رہنا (اُ ۔ محاورہ) مجبور ہو کر بیٹھ جانا ۔ عاجز آ کر کچھ نہ کرنا ۔ تنگ آ کر چھوڑ دینا ۔

ہار ماننا (ہ ۔ محاورہ) تھکنا ۔ عاجز ہونا ۔ عجز اختیار کرنا ۔ مغلوب ہونا ۔

ہار (ہ ۔ علامت فاعل) کرنے والا ۔ کرتا ۔ قابل لائق ۔ قابل ۔ جوگ ۔ جیسے جانہار مرنہار ۔

ہار (ہ ۔ ف ۔ مذ) پھولوں یا موتیوں کی مالا ۔ تسبیح ۔ سُمرن ۔ جواہرات کا گلوبند ۔ کنٹھا ۔ کنٹھ مالا ۔

ہار پڑنا (اُ ۔ محاورہ) ہار ڈالے جانا ۔ گلے میں ہار پہنائے جانا ۔

ہار پھول (اُ ۔ ا ۔ مذ) خوشی کی محفلوں میں ہار پھول بانٹتے ہیں ۔

ہار ڈالنا (ہ ۔ فعل) ہار پہنانا ۔ ہار گلے میں ڈالنا ۔ مالا گلے میں پہنانا ۔

ہارا (ہ ۔ مذ مفعول) ہارا ہوا ۔ تھکا ہوا ۔ تھکا ماندہ ۔ کمزور ۔ ناتواں ۔ بے دم ۔ ضعیف ۔ بودا ۔ مات کھایا ہوا ۔

ہارا تھکے مارا اساراجنگل پہاڑا (اُ ۔ مثل) لڑکوں کا ایک کھیل جب کوئی لڑکا ہار جائے تو اس سے یہ فقرہ کہلواتے ہیں ۔

ہارب (ع ۔ صف) بھاگنے والا ۔

ہاربر (Harbour ۔ انگ ۔ ا ۔ مذ) بندرگاہ ۔ سمندر میں ساحل کے قریب وہ جگہ جہاں جہاز کھڑے ہوتے ہیں ۔

ہارپون (Harpone ۔ انگ ۔ ا ۔ مذ) برچھے کی شکل کا وہ خمدار کانٹا جس سے بڑی مچھلیوں کو شکار کرتے ہیں ۔

Hardware

ہارڈ ویر (Hardware ۔ مذ) ظروف آہنی ۔ لوہے کے برتن ۔

ہارس پاور (Horse Power انگ ۔ ا ۔ مو) ایسی طاقت ۔ اتنی طاقت جس سے ۵۵۰ پونڈ وزن ایک سیکنڈ میں ایک فٹ اٹھایا جا سکتا ہے ۔

ہارسنگار (ہ ۔ ا ۔ مذ) ایک درخت کا نام ہے جس کے پھولوں کی ڈنڈیوں سے زرد اور سنہری رنگ نکالتے ہیں ۔

ہارمونیم (Harmonium ۔ انگ ۔ ا ۔ مذ) ایک قسم کا انگریزی باجہ ۔

ہارن (Horn ۔ انگ ۔ ا ۔ مذ) نرسنگا ۔ نرنا ۔ ایک قسم کا باجا ۔

ہارنا (ہ ۔ فعل) بازی میں دینا ۔ جوئے میں شرط دے بیٹھنا ۔ چوکنا ۔ رہ جانا ۔ نامراد رہنا ۔ ناکام ہونا ۔ تنگ ہونا ۔ دق ہونا ۔ شکست کھانا ۔ شکست پانا ۔ مغلوب ہونا ۔ عاجز ہونا ۔ تھکا ماندہ ہونا ۔ جی چھوڑنا ۔ دینا ۔

ہارو (ہ ۔ صف) وہ شخص جو اکثر ہار جائے ۔

ہاروت (ع ۔ ا ۔ مذ) ایک فرشتہ کا نام جو چاہ بابل میں اوندھا لٹکا ہوا عذاب الٰہی میں گرفتار ہے ۔

ہارون (ع ۔ ا ۔ مذ) شریر اور سرکش گھوڑا ۔ سردار ۔ سالار قوم ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بڑے بھائی کا نام ۔ پاسبان چوکیدار ۔ قاصد ۔ پیک ۔ پیغام رساں ۔

ہارونی (عف ۔ مؤ مصدری) قاصدی ۔ پاسبانی ۔ چوکیداری ۔ نگہبانی ۔ خدمت ۔ محافظت ۔ بحالت یائے نسبتی ۔ سرکش ۔ ڈھیٹ ۔ نافرمان ۔ ہٹیل ۔ ہٹیلا ۔

ہارے بھی ہراوے جیتے بھی ہراوے (ہ ۔ مثل) اپنی ہی بات کے لئے قائل کرنے والے آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں یعنی ہر طرح سے اپنی بات ہی منواتا ہے ۔

ہارے کو ہتھیار (اُ ۔ مثل) جب آدمی بالکل لاچار ہو جاتا ہے ۔ تو مجبوراً ہتھیار پر ہاتھ ڈالتا ہے ۔

ہاڑ (ہ ۔ مذ) ہڈی ۔ استخوان ۔ پنجر ۔ ڈھچر ۔ ڈھانچ ۔

ہاڑ جوڑ (ہ ۔ ا ۔ مذ) ٹوٹی ہوئی ہڈیوں کا جوڑنے والا ۔ ایک پودے کا نام بھی ہے ۔

ہاڑ گوڑ (ہ ۔ ا ۔ مذ) ہڈیاں اور گوڈے ۔

ہاڑا (ہ ۔ ا ۔ مذ) راجپوتوں کی ایک قوم کا نام ہے ۔

ہاڑنا (ہ ۔ فعل) وزن کے برابر وزن کرنا ۔ تولنا ۔ ایک بٹ سے دوسرا بٹ تول کر بنانا ۔ وزن کا مقابلہ کرنا ۔ جانچنا ۔

ہاشم (ع ۔ ا ۔ مذ) حضرت محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پردادا کا نام ۔

ہاشمی (ع ۔ ا ۔ صف) قریش کا ایک خاندان جو ہاشم کی اولاد میں سے تھا ۔ ہاشم کی اولاد ۔

ہاضم (ع ۔ صف فاعلی) ہضم کرنے والا ۔ پچانے والا ۔ تحلیل کرنے والا ملیین ۔

ہاضمہ (ع ۔ ا ۔ مذ) ہضم کرنے کی قوت ۔ پچاؤ ۔ تحلیل ۔

ہاف (انگ ۔ صف ۔ Half) نصف ۔ آدھا ۔

ہاکر (انگ ۔ ا ۔ مذ ۔ Hawker) پھیری والا ۔ خوانچے والا ۔

ہاکی (انگ ۔ ا ۔ مو ۔ Hockey) ایک کھیل جس میں گیند اور خمیدہ لکڑی سے کھیلتے ہیں ۔

ہال (ہ ۔ ا ۔ مو) حرکت ۔ جنبش ۔ جھٹکا ۔ چال ۔ گردش ۔ رفتار ۔ (بحالت اسم مذکر) پہیوں کے گرد چڑھانے کا لوہے کا چکر ۔ پتوار ۔ کشتی کا سکان ۔ ہل ۔ قلبہ (بصورت تابع فعل) عربی لفظ حال کا بگاڑ ۔ فوراً ۔ فی الفور ۔ ابھی ۔

ہال (انگ ۔ ا ۔ مذ ۔ Hall) بڑا کمرہ ۔ تالار ۔ گول کمرہ ۔ بڑا دالان ۔

ہالا (ہ ۔ ا ۔ مذ) ہل کا ٹیکس ۔ وہ ٹیکس ۔ جو ہل پر لگایا جائے ۔

ہالٹ (انگ ۔ مذ ۔ Halt) پڑاؤ ۔ منزل ۔ مقام ۔ ٹھہراؤ ۔ رکھنے کا حکم ۔

ہالا ڈولا / **ہالن ڈولن** (ہ۔ا۔مذ) بھونچال۔ زلزلہ۔ لرزہ۔ لرزش۔

ہالنا (ہ۔فعل) ہلنا۔ جنبش کرنا۔ ڈولنا۔

ہالون (ہ۔ا۔مو) سرسوں یا رائی کے شکل کے ایک قسم کے دانے ہوتے ہیں۔ جو دوا میں کام آتے ہیں۔

ہالۂ (ع۔ا۔مذ) کنڈل۔ دائرہ۔ چکر۔ حلقہ۔ بالخصوص۔ وہ کنڈل جو ابر کے دنوں میں چاند کے گرد ہوا کرتا ہے۔

ہالہ کرنا (اُ۔مصدر مرکب) گھیرنا۔

ہالی (ہ۔ا۔مذ) ہل چلانے والا۔ ہل جوتنا۔

ہالی موالی (اُ۔ا۔مذ) متعلقین۔ آس۔ پاس والے۔ ارد گرد کے لوگ۔ (صحیح اہالی موالی ہے)

ہامان (ع۔ا۔مذ) فرعون کے وزیر کا نام تھا۔

ہامُوں (ع۔ا۔مذ) جنگل۔ بیابان۔ صحرا۔ میدان۔

ہامی (ہ۔ا۔مو) ہاں۔ اقرار۔ بلے۔ آرے۔

ہامی بھرنا (ہ۔محاورہ) اقرار کرنا۔ وعدہ کرنا۔ زبان کرنا۔

ہان (س۔ا۔مو) ٹوٹا۔ گھاٹا۔ نقصان۔ خسارہ۔ ضرر۔ زیان۔ مخبت۔ بہتا۔ کشت وخون خون ریزی (اُردو میں) ہم عمری۔ یاری۔ دوستی۔

ہان لابھ (س۔ا۔مذ) نفع۔ نقصان۔

ہاں (ہ) کلمہ ایجاب وندہ۔ ہوں ہاں۔ اچھا۔ بھلا۔ بیشک۔ یقیناً۔ البتہ۔ ضرور۔

ہاں بھائی (اُ۔متعلق فعل) ہاں کی جگہ۔

ہاں جی (ہ) کلمہ ایجاب برائے تعظیم۔ جی ہاں۔ بے شک۔ درست ہے۔ جناب۔ یہاں کا مخفف ہے۔ جیسے ہمارے ہاں۔ بمعنی ظرف۔ گھر۔ خانہ۔ وغیرہ۔ حرف شرط۔ بمعنی اگرچہ۔ گو۔ ہر چند۔

ہاں جی کا نوکر ہونا (ہ۔محاورہ) ہاں میں ہاں ملانے سے غرض رکھنا۔

ہاں صاحب (ا۔متعلق فعل) بے شک کی جگہ۔

ہاں کرنا (ہ۔محاورہ) منظور کرنا۔ اقرار کرنا۔ قول دینا۔ قبول کرنا۔ ماننا۔

ہاں میں ہاں ملانا (ہ۔محاورہ) بے سمجھے بوجھے۔ اقرار کر دینا۔ ہاں جی ہاں جی کرنا۔

ہاں ناں کا جواب (اُ۔ا۔مذ) صاف جواب۔ صاف اقرار یا انکار۔

ہاں نہیں (اُ۔ا۔مو) اقرار اور انکار۔

ہاں نہیں کرنا (اُ۔محاورہ) ایک ہی بات میں اقرار و انکار کرنا۔

ہاں ہاں (ہ۔کلمہ تنبیہ) اصرار۔ ضد۔ ہٹ۔ طنزاً۔ بے شک۔ بالضرور۔ ضرور۔

ہاں ہوں (ہ) کلمہ ایجاب و قبول۔ ہوں ہاں۔

ہاں ہوں کرنا (اُ۔محاورہ) صاف اقرار یا انکار کرنا۔

ہانپ جانا (ہ۔فعل) تھک جانا۔ سانس پھول جانا۔ سانس چڑھ جانا۔

ہانپنا (ہ۔فعل) جلدی جلدی سانس لینا۔ کمزوری یا زیادہ محنت کے باعث سانس اُکھڑنا۔ دم چڑھ جانا۔

ہانڈا (ہ۔صف) آوارہ گرد۔ پھرنے والا۔

ہانڈا سے ڈانڈا بھلا (ہ۔مثل) آوارہ گرد سے بیگار اچھی۔ خالی سے بیگار بھلی۔

ہانڈنا (ہ۔فعل) آوارہ پھرنا۔ بیکار پھرنا۔ سرگردان ہونا۔ آوارہ گرد ہونا۔

ہانڈی / **ہانڈی نا** (ہ۔صف) ہانڈا کی تانیث۔ آوارہ گرد عورت۔ پھرنے والی۔

ہانڈی (ہ۔ا۔مو) ہنڈیاں۔ کھانا پکانے کا مٹی کا برتن۔ دیگ گلی۔ شیشے کا برتن جس میں روشنی کرتے ہیں۔ مجازاً سالن۔

ہانڈی اُبلنا (ہ۔محاورہ) ہانڈی کا جوش کھا کر پانی باہر نکل پڑتا ہے۔ غرور کے باعث آپے سے باہر ہو جانا۔ اوچھے پن کے سبب سمائی نہ کر سکنا۔

ہانڈی اُبلے گی تو اپنے ہی کنارے جلائے گی (ہ۔مثل) کہ ظرف اگر حد سے باہر چلے گا تو اپنا ہی نقصان کرے گا۔

ہانڈی پکنا (ہ۔محاورہ) ترکاری پکنا۔ دال سالن پکنا۔ کھچڑی پکنا۔ چپکے چپکے صلاح مشورے ہونا۔ گپ شپ اڑانا۔

ہانڈی پھوڑنا (ہ۔محاورہ) بھانڈا پھوڑنا۔ افشائے راز کرنا۔

ہانڈی چاٹی ہوگی (اُ۔مثل) کسی کی شادی کے موقع پر بارش برسے تو مذاقاً کہتے ہیں۔

ہانڈی چڑھانا (ہ۔فعل) پکانے کے لئے ہانڈی چولہے پر رکھنا۔ دوسرے کا فائدہ کرنا۔ رشوت دینا۔

ہانڈی چڑھنا (ہ۔محاورہ) سالن پکنا۔ کچھ ہاتھ لگنا۔ نفع ہونا۔ رشوت ملنا۔

ہانڈی گرم کرنا (اُ۔محاورہ) رشوت وغیرہ میں کچھ کمانا۔ کھانے کا سامان مفت میں کرنا۔

ہانڈی گرم کرانا (اُ۔محاورہ) فائدہ کرانا۔ رشوت دلانا۔

ہانڈی دال (ہ۔ا۔مذ) کھانے کا ساجھی۔ شریک حصہ دار۔ بہتی دار۔ رقیب۔ ایک عورت کے پاس رہنے والا۔

ہانڈی میں ہوگا سو ڈوئی میں نکلے گا (ہ۔محاورہ) جو دل میں ہو گا وہی زبان پر آئے گا۔

ہانڈی نہ ڈوئی سب پت کھوئی (اُ۔مثل) غریبی سے عزت بھی جاتی رہتی ہے۔

ہانس (ہ۔ا۔مذ) چھاتی سے اوپر اور گردن سے نیچے کی ہڈی۔ ہنسلی کی ہڈی۔ گلے میں پہننے کی ہنسلی۔ یعنی ایک قسم کا زیور۔ ایک آبی پرندے کا نام۔ ہنس۔ راج ہنس۔

ہانسی (ہ۔ا۔مو) ہنسی۔ دل لگی۔ مذاق۔ (بصورت اسم مذکر) حصار کے ضلع کا ایک مشہور شہر کا نام۔

ہانسی کے کل پھانسی (اُ۔مثل) ہنسی۔ دل لگی کی باتیں کرتے فساد ہو جاتا ہے۔

ہانک (ہ۔ا۔مو) زور کی آواز۔ پکار۔ للکار۔ چلاہٹ۔ شور وغل۔

ہانکنا مصدر سے ۔ فعل امر حاضر بمعنی چلا ۔ رواں کر ۔ زمزمہ چہچہا

ترجمہ ۔

ہانک پکار (ہ ۔ امو) شور و غل ۔ غل غباڑہ ۔ دہائی ۔ ہنگامہ ۔ غوغا ۔ غلغلہ ۔

ہانک پکار کے کہنا (اُر ۔ محاورہ) بلند آواز کہنا ۔ علی الاعلان کہنا ۔

ہانک مارنا (ہ ۔ فعل) پکارنا ۔ چیخ کر آواز لگانا ۔ آواز دینا ۔

ہانکا ہانک (ہ ۔ تابع فعل) لگاتار ہنکائے یا بھگائے ہوئے ۔

ہانکنا (ہ ۔ فعل) ہنکانا ۔ چلانا ۔ دوڑانا ۔ تیز رفتار کرنا ۔ زبان سے نکالنا ۔ مارنا ۔ بڑھانا ۔ ریلنا ۔ پیلنا ۔ آگے بڑھانا ۔ دھکا دینا ۔

ہانکا پکارے (اُر ۔ متعلق فعل) اعلانیہ ۔ سب کے سامنے ۔ رُوبرُو ڈنکے کی چوٹ ۔

ہانکا (ہ ۔ مذ) زور ۔ طاقت ۔ بل ۔ توانائی ۔

ہانکا چھوٹنا (ہ ۔ فعل) جسمانی طاقت میں فرق آنا ۔ طاقت نہ رہنا ۔

ہانگی (ہ ۔ مؤ) باریک چھلنی ۔ کپڑے کی چھننی ۔ میدہ چھاننے کی چھلنی ۔

ہانی (ہ ۔ امذ ۔ صف) ہم عمر ۔ یار ۔ دوست ۔ ایک ہی کھیل کی ایک پارٹی کے لوگ ۔

ہاؤ (اُر ۔ امذ) ہُو کرنے والا ۔ بچّوں کو ڈرانے کا ایک فرضی نام ۔ جن ۔ بھُوت ۔ پریت ۔ ہوّا ۔ بچّوں کو ڈرانے کا ایک کاغذی چہرہ ۔

ہاؤس (انگ ۔ امذ ۔ House) گھر ۔ خانہ ۔

ہاؤس سرجن (انگ ۔ مذ ۔ House Surgeon) وہ ڈاکٹر یا طبیب جو شفاخانے میں رہے ۔

ہاؤن (ف ۔ امذ) اوکھلی ۔ کونڈی ۔ کھرل ۔ ہانڈی ۔

ہاؤن دستہ (ف ۔ امذ) اوکھلی اور مُوسل ۔ پنجابی میں چٹّو وٹّا ۔

ہاؤ ہُو / ہائے وہوئے (ف ۔ مؤ) شور و غوغا ۔ آہ و پکار ۔ واویلا ۔ کراہنا وغیرہ ۔ (افعال کرنا ۔ ہونا)

ہاؤ (اُر ۔ امذ) ہُو کرنے والا ۔ بچّوں کو ڈرانے کا کاغذی چہرہ ۔

ہاؤ ہاؤ (اُر ۔ امو) بواؤ ۔ بھول ۔ ہائے کی تحقیری تصغیر ہے ۔ ہائے ۔ واویلا ۔ مانگ ۔ طلب ۔ ضرورت ۔ کمی ۔ توڑا ۔ ہائے ہائے ۔

ہاؤ ہاؤ کرنا (ہ ۔ محاورہ) کسی چیز کے نہ ہونے سے بلکنا پھرنا ۔ بلوں بلوں کرنا ۔

ہاؤ ہُو (ہ ۔ امو) صوت) ہائے ہائے ۔ کراہنے کی آواز ۔

ہاہا (ہ ۔ امو) خوشامد ۔ درآمد ۔ چاپلوسی ۔ عجز و انکساری ۔ منّت ۔ سماجت ۔ عرض ۔ معروض ۔ درخواست ۔ التجا ۔ استدعا (بصورت اسم صوت) ہنسی ٹھٹھے کی آواز ۔ ہی ہی ۔ ہو ہو ۔ افسوس ۔ دریغ ۔ حیف ۔ ہائے ۔ اُف ۔ کسی کام سے روکنے کیلئے کلمہ تاکید بمعنی خبردار ۔ ہوشیار ہو ۔

ہاہا ٹھٹی ٹھٹھی (ہ ۔ امو) ہنسی ۔ ٹھٹھا ۔ ہوہا ۔ دل لگی ۔

ہاہا کرنا (ہ ۔ فعل) منّت سماجت کرنا ۔ قدم کو ہاتھ لگانا ۔ پاؤں پڑنا ۔

ہاہا کھانا (ہ ۔ محاورہ) پیروں پڑھنا ۔ عاجزی کرنا ۔ منت سماجت کرنا ۔ خوشامد کرنا ۔ بینتی کرنا ۔

ہاہا ہُو ہُو / ہاہا ہی ہی (ہ ۔ امو) ہی ہی ۔ ٹھٹی ۔ بیہودہ ۔ ہنسی مذاق ۔ ہنسی ۔ ٹھٹھا ۔

ہاہا ہی ہی کرنا (ہ ۔ محاورہ) ہنسنا ۔ ہنسی مذاق کرنا ۔ قہقہہ لگانا ۔

ہاہاکار (ہ ۔ مذ) ہائے ہائے ۔ گھبراہٹ ۔ اضطراب ۔ حیرانی ۔ سرگردانی ۔ خوف ۔ ڈر ۔ بھگدڑ ۔ فتح ہے ۔ جے جے کار ۔

ہائی (ہ ۔ امو) حالت ۔ ڈھنگ ۔ طرز ۔ طور ۔ وضع ۔ کیفیت جیسے دائی جانے اپنی ہائی ۔

ہائی (انگ ۔ صف ۔ High) بلند ۔ اونچا ۔ بڑا ۔ اعلیٰ ۔ اونچے درجہ کا ۔

ہائی سکول (انگ ۔ مذ ظرف High School) بڑا مدرسہ ۔ اعلیٰ مدرسہ جس میں انٹرنس تک تعلیم ہوتی ہے ۔

ہائی کمان (انگ ۔ امو ۔ High Command) اعلیٰ قیادت ۔ سالار اعلیٰ ۔ اور اس کا منصب ۔

ہائی کلاس (انگ ۔ صف ۔ High Class) بڑی کلاس ۔ بڑا درجہ اعلیٰ رتبہ ۔ اعلیٰ قسم کا ۔

ہائی کمشنر (High Commissioner) سفیر ۔ نمائندہ حکومت ۔

ہائی کمیشن (انگ ۔ High Commission) سفارت خانہ ۔

ہائی کورٹ (انگ ۔ مذ ۔ High Court) عدالت صدر ۔ وہ عدالت عالیہ ۔ اپیل کی جائے ۔

ہائے (اُر ۔ امو ۔ صوت) کلمۂ تاسف ۔ افسوس ۔ دریغ ۔ حیف ۔ غضب ۔ دریغا ۔ واویلا ۔ آہ ۔ دُکھ ۔ یا بیماری کی حالت کی آواز ۔ ماتم ۔ گریہ زاری ۔ سراپ ۔ بددعا ۔ صبر ۔ برائے اظہار نہ بدورنہ شک و حسرت بھی استعمال ہوتا ہے ۔

ہائے اللہ ہائے خدا (اُر ۔ کلمہ ندبہ) اے اللہ ۔ یا اللہ ۔

ہائے رے (اُر ۔ کلمہ تاسف و درد ۔

ہائے غضب (اُر ۔ کلمہ فجائیہ) کیا ستم ہوا ۔ بڑا غضب ہوا ۔

ہائے کرنا / ہائے مارنا (اُر ۔ محاورہ) افسوس کرنا ۔ گہرا سانس لینا ۔ آہ کرنا ۔ دل مسوسنا ۔

ہائے وہ بھی کیا زمانہ تھا (اُر ۔ مقولہ) گزشتہ زمانے کو افسوس کے ساتھ یاد کرنا ۔

ہائے ہائے (اُر ۔ کلمہ تاسف ۔ آہ آہ ۔ واویلا ۔ آہ و نالہ ۔ مُصیبت زدہ کی آواز ۔ آہ و زاری کی آواز ۔ پکار ۔ طلب ۔ مانگ ۔ کمی ۔ توڑا ۔ رونا ۔ پیٹنا ۔

ہائے ہائے پڑنا (ہ ۔ محاورہ) واویلا مچنا ۔ تراہ نراہ ہونا ۔ نہایت غم اور رنج اور غم ہونا ۔ چیخم دھاڑ پڑنا ۔ درد و غم کے صدمے سے بیتاب ہونا ۔

ہائے ہائے کرنا (ہ ۔ محاورہ) کراہنا ۔ آہیں بھرنا ۔ غل مچانا ۔ واویلا کرنا ۔ بڑی محنت کرنا ۔ کسی کام میں جان مارنا ۔ بلوں بلوں کرنا ۔ کسی کے نہ ہونے کی پکار کرنا ۔

ہائے ہُو (اُر ۔ امذ) غل ۔ شور ۔ آہ و نالہ ۔ واویلا ۔ آہ و فریاد ۔ چیخم دھاڑ ۔ غل غباڑا ۔

ہائل (ع ۔ صف) دہشت ناک ۔ مہیب ۔ ہیبت ناک ۔ ڈراؤنا ۔ بھیانک ۔ ہولناک ۔ شدید ۔ سخت ۔

ہائلہ (ع ۔ صف) ہولناک ۔ خوفناک ۔ ڈراونا ۔

ہائیں (ا۔ کلمہ تنبیہ) کلمہ تنبیہ و تہدید ؛

ہ ۔ ب

ہَبّا ڈبّا (ہ۔ مذ) مسان کی بیماری۔ لڑکوں کی شدت کی کھانسی ؛
ہِبّا (ہ۔ مذ) بہادری۔ دلیری۔ جرأت۔ ہمت۔ حوصلہ۔ چھاتی۔ ہیاؤ ؛
ہَبڑا (ہ۔ا۔مذ) بڑے بڑے دانتوں والا۔ بدشکل۔ کریہہ۔ بدصورت۔ بھدّا۔ بدوضع ؛
ہَبڑ دَھبڑ (اُر۔متعلق فعل) جلدی جلدی ؛
ہَبڑی (اُر۔امو) دیکھیے "ہبڑا"، جس کی یہ تانیث ہے۔ بڑے بڑے دانتوں والی بدشکل۔ بدصورت۔ بیڈول۔ بھدّی ؛
ہَبُط (ع۔مذ) زوال۔ پستی۔ بدبختی ؛
ہبک دھبک (اُر۔مو) کام کرنے کی چالاکی۔ بیشتر۔ خدمتگاروں کے لئے مستعمل ہے ؛
ہبکنا (اُر۔مصدر) جلدی جلدی کھانا ؛
ہُبَل (ع۔مذ) مکہ کے زمانے جہالت کے ایک بُت کا نام ہے ؛
ہَبلَق (ع۔صف) چھوٹے قد کا احمق۔ مودھو۔ جانگلو۔ سڑی۔ باؤلا ؛
ہُبُوب (ع۔مذ) ہوا کا چلنا۔ وزیدن ؛
ہَبوط (ع۔مذ) نیچے اُترنا۔ نازل ہونا۔ پست زمین۔ پستی۔ نشیب۔ بیماری کا دُبلا پن۔ نقصان۔ خسارہ ؛
ہِبہ (ع۔مذ) بخشش۔ انعام۔ عطا۔ عطیہ۔ خیرات دان۔ پُن۔ وقف۔ مرحمت۔ عنایت ؛
ہبہ استقبالی (ع۔امو بترکیب فارسی) آئندہ کا ہبہ ؛
ہبہ تملیک (ع۔امو۔ بترکیب فارسی) مالک کرنے یا قبضہ میں دینے کا ہبہ ؛
ہبہ کرنا (اُر۔فعل) مرحمت کرنا۔ بخشنا۔ عنایت کرنا۔ وقف کر دینا ؛
ہبہ نامہ (عف۔ا۔مذ) وہ کاغذ یا دستاویز جس میں کسی چیز کے بخشش دینے کا اقرار لکھا جائے ؛

ہ ۔ پ

ہپ (ہ۔ موصوت) نگلنے کی آواز۔ ہڑپ ؛
ہپ کر جانا (ہ۔محاورہ) کھا جانا۔ نگل جانا۔ کسی کا مال ہضم کر جانا۔ مار لینا۔ غضب کر لینا ؛
ہپ ہپ (ہ۔ا۔امو) جلد جلد نگلنے کی آواز۔ بوپلوں کے بولنے کی آواز ؛
ہپ ہپ کرنا (ہ۔محاورہ) بوپلوں کی طرح کھانا۔ بوڑھوں کی طرح مُنہ سے آواز نکالنا ؛
ہَپّا (ہ۔ا۔مذ) بوپلوں کے کھانے کی چیز۔ نرم چیز۔ گداز کھچڑی۔ بچوں کا کھانا ؛
ہپّر ہپّڑ (اُر۔امو) غذا یا کسی دوسری چیز کا جلد جلد کھانا ؛
ہپناٹزم (انگ۔ا۔مذ۔ Hypnotism) عمل تنویم۔ عمل توجہ۔ مسمریزم ؛
ہپّو (اُر۔ا۔مذ) افیون کی گولی۔ افیون۔ افیم۔ (فارسی لفظ پیئون کا بگاڑ ہے ؛
ہپّو ڈائن (اُر۔مو) بوڑھی پوپلی عورت ؛
ہپّو (ہ۔ا۔مو) پوپلی عورت۔ نہایت بوڑھی عورت۔ نگل جانے والی عورت۔ ہڑپ کر جانے والی عورت۔ بچوں کو دی جانے والی گولی۔
ہپ ہپانا (ہ۔فعل) ہانپنا۔ لمبے لمبے سانس لینا ؛
ہپّی (انگ۔ا۔مذ۔ Hippie) ایک گروہ جس کے لوگ ہر قید و بند سے آزاد اور نشہ استعمال کرتے ہیں ؛

ہ ۔ ت

ہَٹ (ہ۔ کلمہ نفرت۔ پرے ہٹ۔ الگ ہو۔ چل دُور ہو ؛
ہَٹ تری یا ہٹ ترے کی (ہ۔کلمہ) خطاب۔ ہٹ تری۔ ایسی کہیں کا مخفف ہے۔ جو گالی اور بدعا کی جگہ استعمال ہوتا ہے ؛
ہٹ تری ایسی تیسی کی (ہ) ہٹ تری یوں توں کروں۔ خدا تیرا خانہ خراب کرے۔ بدعا اور گالی کی جگہ استعمال ہوتا ہے ؛
ہَت (ہ۔ا۔مذ) سچی دوستی۔ پیار۔ اُلفت۔ محبت۔ بہریت۔ اخلاص۔ چاہ۔ بھلائی۔ دل ؛
ہتکار۔ یا۔ ہتکاری (ہ۔صف) بھلا چاہنے والا۔ خیرخواہ۔ بہی۔ مترِ۔ دانا۔ دہاوان۔ دیالو۔ سخی۔ کریم۔ محسن۔ دھرمی ؛
ہتّا یا۔ ہتھّا (ہ۔ا۔مذ) موٹھ۔ قبضہ۔ دستہ۔ گرفت۔ قابو۔ داؤں۔ وار۔ ہاتھ کے پاس ؛
ہتّا پھیرنا (اُر۔محاورہ) لوٹنا۔ مُوسنا۔ صاف کر لینا۔ سب سے لینا ؛
ہتّا پھرنا (اُر۔محاورہ) لُٹ جانا۔ صفایا ہونا۔ (ہتا پھیر کا لازم ہے) ؛
ہتّا جوڑی (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا ناچ ہے۔ جس میں ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر ناچتے ہیں ؛
ہتّا صاف کرنا (اُر۔محاورہ) ہتا پھیرنا۔ وہ کام کرنا۔ جس کی مشق ہو۔ ہاتھ صاف کرنا ؛
ہتّا مارنا۔ یا۔ ہتھا مارنا (ہ۔محاورہ) چُرا لینا۔ چوری کرنا۔ ہاتھ مارنا۔ مال مارنا ؛
ہتری ہتھڑی (ہ۔ا۔مو) ہاتھ کی تحقیری تصغیر۔ چھوٹا دستہ۔ موٹھ۔ دستی ؛
ہتک (ع۔ا۔مو) رسوائی۔ ذلت۔ خواری۔ بے پردہ دری۔ گستاخی۔ بے حرمتی۔ بے ادبی ؛
ہتک آمیز (عف۔صف) بے عزتی سے بھرا ہوا۔ گستاخانہ ؛

ہتک حرمت / عزت (عف۔ا۔مو) کسی کی عزت میں بٹا لگانا۔ کسی رسوا و بدنام کرنا۔

ہتو (ہ۔ا۔مذ) دوست۔ محب۔ خیرخواہ۔ بہی خواہ۔ خالص اور یکا دوست۔

ہتوڑا (ہ۔ا۔مذ) لوہاروں کا لوہا کوٹنے کا اوزار۔ لوہے کی موگری۔ مارنول۔

ہتھوٹی ہتھوٹی (ہ۔ا۔مو) دستکاری۔ عادت۔ چالاکی۔ عیاری۔

ہتوڑی (ہ۔ا۔مو) ہتھوڑا کی تذکیر و تانیث لوہے کی چھوٹی سی موگری۔ چھوٹا ہتھوڑا۔

ہتوڑی

ہتھ (ہ۔ا۔مذ) ہاتھ کا مخفف ہے۔ کر۔ ہاتھ دست ہینڈ۔

ہتھ اُدھار (ہ۔ا۔مذ) وہ قرض جو گرو رکھے بغیر کسی کے اعتبار پر دیا جائے۔ قرض حسنہ۔ دستگرواں قرض۔

ہتھ اُدھار دینا (اُ۔محاورہ) بغیر کچھ گروی رکھے قرض دینا۔

ہتھ پھول (ہ۔ا۔مذ) پھلجڑی۔ ہاتھ میں چلانے کی ایک قسم کی آتشبازی۔

ہتھ پھیری (ہ۔ا۔مو) کسی کے بدن پر ہاتھ پھیرنا۔ مساس۔ مجازاً غبن۔ صفایا۔ دستبرد۔ بہت سا کھانا۔ ہاتھ کی چالاکی۔ عیاری۔ شعبدہ بازی۔ چابک دستی۔ جانٹا۔ دھول۔ دھپا۔

ہتھ ٹوکری (ہ۔مو) چھوٹی ٹوکری جسے ہاتھ میں پکڑتے ہیں۔

ہتھ جوڑی (ہ۔ا۔مو) پہلوانوں کا کشتی کا معاہدہ کرنے کی غرض سے ہاتھ ملانا۔

ہتھ چپوا (ہ۔ا۔مذ) اسقدر جتنا ہاتھ میں آجائے۔ لب بھر۔

ہتھ چلانا (ہ۔صف) ہاتھ کا چالاک۔ عیار۔

ہتھ چھٹ (ہ۔ا۔مذ) بڑا لڑنے والا۔ چالاک لڑنے والا جس کا وار خالی نہ جائے۔ وہ شخص جسے مار بیٹھنے کی عادت ہو۔ دست دراز۔ مار بیٹھنے والا۔

ہتھ رس یا ہتھ رسی (ہ۔ا۔مو) جلق زنی۔

ہتھ کٹی (ہ۔مو) وہ چوٹ جو لڑنے والا دوسرے حریف کے ہاتھ پر مارتا ہے۔

ہتھ کڑا (ہ۔ا۔مذ) سرکا کڑا۔ جس سے پکڑتے ہیں۔ ہتھکڑی۔

ہتھ کڑا رکھنا (اُ۔محاورہ) کسی سے زبردستی کام کرانا۔ بیکار کرنا

ہتھ کڑی۔ یا ہتھکڑی (ہ۔ا۔مو) مجرم کے ہاتھ میں ڈالنے کی آہنی زنجیر یا کڑا۔

ہتھ کڑی

ہتھ کل (ہ۔ا۔مو) کواڑ کی دستی۔ یا موٹھ۔ دستی۔ کھٹکا۔ دروازے کی بلی۔

ہتھ کنڈا (ہ۔ا۔مذ) ہاتھ کا کرتب۔ ہاتھ کی چالاکی۔ دستکاری۔ شعبدہ بازی۔ ہتوٹی۔ اپنے ہاتھ کی بنائی ہوئی چیز۔ فریب چالاکی۔ عیاری۔ چلتربازی۔ عادت۔ بان۔ ڈھنگ۔ طور۔ طریق۔ طرز۔ داؤں۔ پیچ۔ گھات۔

ہتھ کنڈے (ہ۔ا۔مذ) ہتھ کنڈا کی جمع۔ کرتب۔ چالاکیاں۔ شعبدے۔ عیاریاں۔ تیزیاں۔ دھوکے بازیاں۔ داؤں پیچ انداز۔ ڈھنگ۔ طرز۔

ہتھ کنڈے بتا دینا (اُ۔محاورہ) طریق سکھا دینا۔ اٹکا دینا۔ بتا دینا۔

ہتھ کنڈے رواں ہونا (اُ۔محاورہ) کسی بات کی مشق ہو جانا۔

ہتھ گاڑی (ہ۔ا۔مو) ہاتھ سے چلانے والی گاڑی۔

ہتھ لیوا (ہ۔ا۔مذ) ہندوؤں کی ایک رسم جس میں دولہا دولہن ہاتھ ملاتے ہیں۔

ہتھ مارو (ہ۔صف) ہتھ چلا۔ ہاتھ کا چالاک۔ عیار۔

ہتھا (ہ۔ا۔مذ) دیکھو "ہتا"۔

ہتھا مارنا (ہ۔محاورہ) چوری کرنا۔ چوری سے لینا۔ اڑا لینا۔ اُچک لینا۔ جھپٹا مارنا۔

ہتھ ناٹک (ہ۔ا۔مو) ہاتھ کی چالاکی۔ شعبدہ بازی۔

ہتھ نال (ہ۔ا۔مو) ہاتھی پر لے جانے کی ایک قسم کی چھوٹی سی توپ۔ فیل باتری۔

ہتھنی (ہ۔ا۔مو) ہاتھی کی مادہ۔ ہتنی۔ مجازاً۔ بڑی موٹی اور فربہ اندام عورت۔

ہتھنی جیسا ڈیل (ہ۔ا۔مذ) فربہ۔ عظیم الجثہ۔

ہتھوا سا (ہ۔ا۔مذ) دستہ۔ ترازو کا وہ حصہ جو ہاتھ میں رہتا ہے۔

ہتھوا سنا (ہ۔فعل) تلوار۔ سونتنا۔ تلوار کھینچنا۔

ہتھی (ہ۔ا۔مو) گھوڑا صاف کرنے کا برش۔ دستی۔ مُوٹھ۔

ہتھی دینا (ہ۔محاورہ) باجرے۔ جوار وغیرہ کو ہاتھ سے ملنا۔

ہتھے چڑھنا (ہ۔محاورہ) قابو پڑھنا۔ ہاتھ لگنا۔ داؤں پر لگنا۔

ہتھے سے اکھڑنا (ہ۔محاورہ) پنگ کا ہاتھ پر سے ٹوٹنا۔ جڑ سے جانا۔ بالکل الگ ہو جانا۔

ہتھیا (ہ۔ا۔مذ) چاندہ۔ تیرھواں گھر۔ برسات کی چند روز کی شدید بارش۔ اسوج کے شروع کی جھڑی۔

ہتھیار (ہ۔ا۔مذ) اوزار۔ راچھہ۔ کام کرنے کے آلات۔ سامان جنگ۔ آلات جنگ۔ اسلحہ۔

ہتھیار باندھنا (اُ۔محاورہ) ہتھیاروں کا اپنے یا دوسرے کے جسم پر آراستہ کرنا۔

ہتھیار بند (اُ۔ا۔مذ) ہتھیار لگائے ہوئے۔ مسلح۔

ہتھیار چلانا (اُ۔محاورہ) ہتھیار سے حملہ کرنا۔

ہتھیار چل جانا (اُ۔محاورہ) لڑائی ہونا۔ جنگ ہونا۔

ہتھیار خانہ (اُ۔مذ) ہتھیاروں کے رکھنے کا مکان۔ اسلحہ خانہ

ہتھیار ڈال دینا (اُ۔محاورہ) اپنے آپ کو دشمن کے حوالے کر دینا۔ ہار مان لینا۔ شکست تسلیم کر لینا۔

ہتھیار کھولنا (اُ۔محاورہ) لڑائی سے دستبردار ہونا۔ ہار مان لینا۔

ہتھیار لگانا (اُ۔محاورہ) ہتھیار باندھنا۔ مسلح ہونا۔

ہتھیالینا ۔ یا ہتیا لینا (ہ ۔محاورہ) مار لینا ۔ قبضہ کر لینا ۔ قابض ہو جانا ۔ غضب کر لینا ۔

ہتھیانا یا ہتیانا (ہ ۔ فعل) ہاتھ میں لے لینا ۔ قبضہ کرنا ۔ غضب کرنا ۔ دبانا ۔ قابض ہونا ۔ کسی کا مال قبضے میں لینا ۔

ہتھیلی (ہ ۔ا ۔مذ) دیکھو (ہتیلی) ۔

ہتھیلی بجانا (اُر ۔محاورہ) تالی بجانا ۔

ہتھیلی پر جان لئے پھرنا (اُر ۔محاورہ) جان کی پروا نہ کرنا ۔

ہتھیلی پر زہر رکھا ہو جو کھائے گا سو مرے گا (اُر ۔مثل) جو بُرا کام کرے گا ۔ وہ نقصان اُٹھائے گا ۔

ہتھیلی پر رکھنا (ہ ۔محاورہ) سامنے رکھنا ۔ پاس رکھنا ۔ تیار رکھنا ۔ ہاتھ میں موجود رکھنا ۔

ہتھیلی پر سر رکھنا ۔ یا ۔ رکھ لینا (اُر ۔محاورہ) سر سے کفن باندھ کر مرنے کو تیار ہونا ۔ آمادہ مرگ ہونا ۔

ہتھیلی پر فلانی رکھنا (اُر ۔محاورہ) ہر مرد سے آمادۂ مجامعت رہنا ۔

ہتھیلی پر لئے بیٹھنا (اُر ۔محاورہ) جان دینے یا آبرو مٹانے پر تیار ہونا ۔ عورت کا شہوت سے مغلوب ہونا ۔

ہتھیلی سلسلانا (اُر ۔محاورہ) ہتھیلی میں خفیف کارش ہونا ۔

ہتھیلی سے ماتھا کوٹنا (اُر ۔محاورہ) حیرت اور حسرت ظاہر کرنے کے لئے (ہ ، ندا) ہٹ تری کا مخفف ہے ۔ لڑکے کھیلتے وقت اکثر بولا کرتے ہیں ۔

ہتیا (ہ ۔ا ۔مو) قتل ۔ خون ۔ پاپ ۔ گناہ ۔ عذاب ۔ دُکھ ۔ اُدھ مُوا ۔

ہتیا پلے باندھنا ۔ یا ۔ مول لینا (ہ ۔محاورہ) پاپ خریدنا ۔ گناہ بسانا ۔ تکلیف دہ چیز کو لینا ۔

ہتیا کرنا (محاورہ) خون کرنا ۔ جان لینا ۔ قتل ۔ عمد کرنا ۔

ہتیار (ہ ۔ا ۔مذ) دیکھو (ہتھیار) ۔

ہتیارا (ہ ۔ا ۔مذ ۔ فاعل) ہتیا کرنے والا ۔ خونی ۔ جلاد ۔ سفاک ۔ پاپی ۔ گناہگار ۔ ظالم ۔ بے انصاف ۔ اَن بیائی ۔ وہ شخص جس کی گردن پر کسی کا خون ہو ۔

ہتیاری (ہ ۔ا ۔مو) ہتیارا کی تانیث ۔

ہتیلی یا ہتھیلی (ہ ۔ا ۔مو) کف دست ۔ ہاتھ کا گڑھا ۔ پنجہ کا اندر کا حصہ ۔ تالی ۔ ہاتھوں کے بجانے کی آواز ۔

ہتیلی پر سرسوں جمانا (ہ ۔محاورہ) کوئی کام ایسی جلدی کرنا کہ جس سے عقل حیران ہو جائے ۔ سخت مشکل کام بڑی پھرتی اور چالاکی سے کر دینا ۔

ہتیلی پر سر لئے پھرنا یا سر رکھے پھرنا (اُر ۔محاورہ) مرنے کو پھرنا ۔ جان دینے کو پھرنا ۔ ہر وقت مرنے کو تیار رہنا ۔

ہتیلی پر لئے پھرنا (اُر ۔محاورہ) اُدھلا پھرنا ۔ تنایا پھرنا ۔ شہوت میں مغلوب ہو کر اندھا بنا پھرنا ۔

ہتیلی کرنا (ہ ۔محاورہ) سہارا دینا ۔ مدد دینا ۔ سر پکڑنا ۔ کمر تھامنا ۔ بُرے کام میں سہارا دینا ۔

ہتیلی کا پھپھولا (ہ ۔ا ۔مذ) ہتیلی کا چھالا ۔ ذرا سی چوٹ سے لوٹ جانے والا ۔ پکا پھوڑا ۔ سخت رنج و تکلیف کا سبب ۔ دُکھ کی پوٹ ۔

ہتیلی کھجانا یا کھجلانا (ہ ۔محاورہ) ہتیلی میں خارش ہونا ۔ روپیہ ہاتھ آنے کا شگون ہونا ۔

ہتیلی میں چور پڑنا (ہ ۔محاورہ) مہندی کے رنگ میں سفید دھبا رہ جانا ۔ ہتیلی میں سفیدی رہ جانا ۔

ہ ۔ ٹ

ہٹ (ہ ۔ا ۔مو) اڑ ۔ ضد ۔ اصرار ۔ مخالفت ۔ سرکشی (بصورت فعل) سرک ۔ پرے ہو ۔ کھسک ۔

ہٹ اُٹھانا (اُر ۔محاورہ) ضد برداشت کرنا ۔ ناز اُٹھانا ۔

ہٹ پر آجانا (ہ ۔فعل) ضد پر آجانا ۔ اڑ جانا ۔ اپنے والی پر آجانا ۔

ہٹ جانا (اُر ۔محاورہ) ضد چھوڑ دینا ۔ ضد کی عادت نہ رہنا ۔ گائے بھینس کا دودھ دُہنے سے رہ جانا ۔

ہٹ دھرم (ہ ۔صف) بے انصاف ۔ بے ایمان ۔ ان بیائی ۔ ظالم ناحق شناس ۔ بدمعاملہ ۔ ضدی ۔ اڑیل ۔ احسان فراموش سخن پرور ۔

ہٹ دھرمی (ہ ۔ا ۔مو ۔ یائے مصدری) بے انصافی ۔ بے ایمانی ۔ ظلم ۔ حق تلفی ۔ سخن پروری ۔ بدمعاملگی ۔

ہٹ کا پُورا (اُر ۔صف) ہٹ پر قائم رہنے والا ۔

ہٹ رکھنا (ہ ۔ فعل) اپنا کہا کرنا ۔ اپنی ضد پوری کرنا ۔

ہٹ کرنا (ہ ۔ فعل) ضد کرنا ۔ اصرار کرنا ۔ اڑنا ۔ سخن پروری کرنا ۔

ہٹ ہٹ کے (اُر ۔مطلق فعل) بار بار ۔ بارہا ۔ مکرر ۔

ہٹا کٹا (ہ ۔صف) موٹا تازہ ۔ تندرست ۔ توانا ۔ قوی ہیکل ۔ فربہ اندام ۔ سنڈ مسنڈ ۔

ہٹا کر (اُر ۔مطلق فعل) پرے کر کے ۔ ایک طرف کر کے ۔

ہٹانا (ہ ۔ فعل) پرے کرنا ۔ سرکانا ۔ کھسکانا ۔ واپس کرنا ۔ پھیرنا ۔ لوٹانا ۔ روکنا ۔ ملتوی کرنا ۔ شکست دینا ۔ پسپا کرنا ۔

ہٹاؤ (ہ ۔ مذ) پیچھے ہٹنا ۔ پسپا ہونا ۔ کھسکنا ۔ گھبرانا ۔ نفرت ۔ پسپائی ۔

ہٹ پرے (ہ ۔ کلمہ تنفر بحالت ناز) دُور ہو ۔ پرے سرک ۔ چل پرے ۔

ہٹ ہٹانا (اُر ۔محاورہ) کسی کام کے لئے مضطرب ہونا ۔

ہٹتال ۔ یا ۔ ہڑتال (ہ ۔ا ۔مو) لعنت ہاٹ کوتالا لگانا) تمام دُکانوں کو بند کرانا ۔ کسی حاکم کے ظلم یا وفات کے وقت تمام

ہٹڑی (ہ۔ا۔مو) بچوں کا کھلونا۔ ہاٹ کی تصغیر بالتحقیر بھی ہے۔

ہٹنا (ہ۔ فعل) پرے ہونا۔ سرکنا۔ کھسنا۔ شکست کھانا۔ پسپا ہونا۔ لوٹنا۔ پھرنا واپس ہونا۔ گائے بھینس وغیرہ کا دودھ یا جننے سے رہ جانا۔

ہٹوا۔یا۔ ہٹوالیا (ہ۔ا۔مذ) دکاندار۔ دکان کرنے والا۔

ہٹی (ہ۔ا۔مو) دکان۔ ہاٹ۔ ہٹ۔ بازار۔ (بحالت اسم صفت) ہندی۔ ہٹیلا۔

ہٹی کٹی (ہ۔صف) ہٹا کٹا کی تانیث۔ موٹی تازی۔ نہایت مضبوط اور تنومند۔

ہٹیلا (ہ۔صف) ضدی۔ اڑیل۔ بات کی پچ کرنے والا۔ مچلا۔

ہٹیلی (ہ۔صف) ہٹیلا کی تانیث۔ ضدن۔ مچلی۔

ہ - ج

ہجا (ع۔مذ) اعراب کے ذریعہ حرفوں کو ملا کر ظاہر کرنا۔

ہجدہ (ف۔ا۔عدد) اٹھارہ۔

ہجدہ ہزار عالم (ف۔مذ) مسلمانوں کا خیال ہے کہ اللہ نے ہزار ہا عالم پیدا کئے ہیں۔

ہجر (ع۔ا۔مذ) علیحدگی۔ جدائی۔ مفارقت۔

ہجگر (ع۔ا۔مو) بکواس۔ ہذیان۔ دوپہر۔

ہجر (ع۔ا۔مو) فحش بات۔ بے ہودہ بات۔

ہجراں (ع۔ا۔مذ) مزید علیہ از ہجر۔ جدائی۔ علیحدگی۔ مفارقت۔

ہجراں نصیب (اُ۔ا۔مذ) ہجر کا مارا۔ فراق زدہ۔ وہ شخص جس کی قسمت میں دوست سے جدا رہنا لکھا ہو۔

ہجرت (ہ۔ا۔مو) جدائی۔ مفارقت۔ چھوڑنا۔ وطن کو ہمیشہ کے لئے خیرباد کہنا۔

ہجری (ہ۔ا۔مو۔ بیائے مصدری) منسوب بہ ہجرت۔ وہ سال جو رسول کریم صلعم کے بحکم خدا مکہ معظمہ کو چھوڑ کر مدینہ منورہ کو تشریف لے جانے سے شروع ہوتا ہے۔

ہجڑا (ہ۔ا۔مذ) زنانہ۔ عورتوں جیسے ناز نخرے کرنے والا مرد۔

ہجوم (ع۔ا۔مذ) ٹھونکنا۔ گھسیڑنا۔ چلانا۔ ہٹانا۔ نکالنا۔ مدافعت کرنا۔ پسپا کرنا۔ حملہ کرنا۔ استیصال۔ انہدام۔ گرانا۔ تھنوں سے تمام دودھ دوہ لینا۔

ہجو (ع۔ا۔مو) تنداد۔ برائی۔ بدگوئی۔ نظم میں برا کہنا۔ غیبت۔ بدگوئی کی نظر۔

ہجو کہنا (اُ۔محاورہ) شعروں میں خدمت کرنا۔

ہجو کرنا (اُ۔محاورہ) ملامت کرنا۔ نظم میں برا کہنا۔ بدگوئی کرنا۔ برائی بیان کرنا۔

ہجو گو (عف۔صف) ہجو کہنے والا۔

ہجو گوئی (عف۔ا۔مو) ہجو کہنا۔

ہجو ملیح (ع۔ا۔مو) وہ ہجو جو بظاہر مدح معلوم ہو۔

ہجوم (ع۔ا۔مذ) بھیڑ بھاڑ۔ انبوہ۔ کثیر۔ مجمع۔ جمگھٹا۔ جمگھٹ۔

ہجوم کرنا (اُ۔محاورہ) بھیڑ کرنا۔ ازدحام کرنا۔ ہنگامہ کرنا۔

ہجے (ع۔ا۔مذ) اعراب کے ذریعہ حرف کو حرف سے ملانا۔

ہجے کرنا (اُ۔فعل) حرفوں کو جوڑنا۔ اعراب سے لفظ کو ادا کرنا۔ رُک رُک کر بولنا۔ ہکلا کر باتیں کرنا۔

ہجے نکالنا / ہجے ملانا (ہ۔محاورہ) ہجے کرنا۔ عیب نکالنا۔ نقص نکالنا۔ حجت نکالنا۔ مین میکھ نکالنا۔

ہجو بیر (ف۔مذ) افغانستان میں غزنی کے قریب ایک گاؤں۔

ہجویری (ف۔مذ) ہجویر کا باشندہ (داتا گنج بخش لاہور) کی نسبت۔

ہ - چ

ہچر مچر (ہ۔ا۔مو) پس و پیش۔ جھجک۔ ڈھکڑ پکڑ۔ رکاوٹ۔ آگا پیچھا سوچنا۔

ہچر مچر کرنا / ہچر مچر لانا (ہ۔محاورہ) شش و پنج کرنا۔ تامل کرنا۔ پس و پیش کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ جھجکنا۔ لیت و لعل کرنا۔

ہچکا / ہچکا (ہ۔ا۔مذ) ہچکانہ مصدر سے صیغۂ امر۔ ہچکنا مصدر سے ماضی۔ دھکا۔ جھٹکا۔ ہچکولا۔ روک۔ اٹکاؤ۔ کسی چیز کا یکایک ٹھہر جانا۔

ہچکا (ہ۔ا۔مذ) ڈور کی چرخی۔

ہچکانا (اُ۔مصدر) زبردستی لینا۔ چھین لینا۔ جھٹکا دینا۔ دھکا دینا۔ روکنا۔

ہچکچانا (ہ۔فعل) شک و شبہ کرنا۔ وہم کرنا۔ آگا پیچھا سوچنا۔ کاہلی کرنا۔ سستی کرنا۔ تامل کرنا۔ متردد ہونا۔

ہچکنا (ہ۔فعل) تذبذب میں ہونا۔ جھجکنا۔ پس و پیش کرنا۔ رُکنا۔ تامل کرنا۔ ڈرنا۔ ڈگمگانا۔

ہچکولا (ہ۔ا۔مذ) دھکا۔ جھٹکا۔ جنبش۔ دھچکا۔

ہچکی (ہ۔ا۔مو) گلے سے رُک رُک کر نکلنے والی ہوا۔ سانس کی وہ حالت جو نزع اور جانکنی کے وقت ہوتی ہے۔

ہچکی آنا (ہ۔محاورہ) نزع اور جانکنی کا وقت آنا۔ سانس رُک رُک کر نکلنا۔ دم ٹوٹنا۔

ہچکی بندھ جانا (ہ۔محاورہ) زیادہ رونے سے سانس رُکنے لگنا۔

ہچکی لگنا (ہ۔محاورہ) آخیر وقت ہونا۔ نزع کا عالم ہونا۔ کثرت سے ہچکیاں آنا۔ دم ٹوٹنا۔

ہچکی لینا (اُ۔محاورہ) رونے ہوئے سانس رُک رُک کر نکالنا۔

ہچکیاں (ہ۔ا۔مو) ہچکی کی جمع۔

ہچکیاں لینا (ہ۔محاورہ) دم ٹوٹنا۔ سانس اُکھڑنا۔ نزع کا وقت آنا۔

ہچکیاں بندھ جانا (ہ۔محاورہ) حالت نزع یا زیادہ رونے سے ہچکیوں کا تواتر آنا۔

ہ - د

ہدایا (ع۔مذ) ہدیہ کی جمع۔ تحفے۔ نذریں۔ نذرانے۔ بھینٹ پیشکش۔

ہدایت (ہ۔امو) راہ دکھانا۔ راہ نیک۔ فہمایش۔ رہبری۔ رہنمائی۔

ہدایت پانا (اُر۔محاورہ) سیدھے راستہ پر آنا۔ فہمایش پانا۔ راہ راست حاصل ہونا۔

ہدایت کار (عف۔صف) ڈائریکٹر۔

ہدایت کرنا (اُر۔محاورہ) سیدھا راستہ دکھانا۔ رہنمائی کرنا سمجھانا۔ سکھانا۔ طریقہ بتانا۔

ہدایت نامہ (عف۔مذ) قانون قاعدہ۔ دستورالعمل۔ وہ کتاب یا رسالہ جس میں کسی امر کی بابت تمام طریقے لکھے ہوں۔

ہدر (ع۔امذ) کسی کے قتل کو مباح قرار دینا۔

ہدرانا (ہ۔مصدر) کسی کو ٹھادینا۔ جھٹکا دینا۔ ہلانا۔ حرکت دینا۔

ہدرنا (ہ۔مصدر) ہلنا۔ جنبش کرنا۔ کانپنا۔ تھرتھرانا۔ جھٹکا کھانا۔

ہدف (ع۔امذ) نشانہ۔ زد۔ مار۔

ہدف آفت (ع۔امذ) آفت کا نشانہ۔ آفت میں مبتلا ہونا۔

ہدف بنانا (اُر۔محاورہ) نشانہ بنانا۔

ہدف ملامت (ع۔صف) جس پر ہر طرف ملامت ہو۔

ہدف مارنا (اُر۔محاورہ) کوئی بڑا کام کرنا۔ نشانہ درست لگانا۔ نشانہ بنانا۔

ہدہد (ع۔مذ) کٹھ۔ پھوڑا۔ کھٹ بڑھئی۔ مرغ سلیمان۔ ایک مشہور خوبصورت پرندہ جس پر کے سر پر تاج ہوتا ہے۔

ہدیہ (ع۔مذ) تحفہ۔ نذرانہ۔ بھینٹ۔ نذر۔ نذرانہ۔ انعام ختم القرآن کی ایک ایک رسم۔ کلام اللہ کی قیمت۔ قیمت قرآن پاک۔

ہدیہ کرنا (اُر۔محاورہ) پیش کرنا۔ تحفہ دینا۔ قرآن شریف فروخت کرنا۔

ہ - ڑ

ہڈا (ہ۔امذ) ہڈی سے اسم مکبر۔ بڑی ہڈی۔ گھوڑے کے پچھلے پاؤں کے گھٹنے کے جوڑ کے قریب ایک ہڈی بڑھ جاتی ہے، جس سے گھوڑا لنگ کرنے لگتا ہے۔

ہڈا (ہ۔امذ) کچا اناج۔

ہڈارا (ہ۔امذ) بُرا حال۔ بُری گت۔ بُرا درجہ (افعال کرانا۔ ہونا وغیرہ)۔

ہڈاری (ہ۔امو) استخوان۔ گاجر کے مانند کی سخت چیز۔

ہڈگی بٹھانا (اُر۔محاورہ) ضلع درست کرنا۔ جو ہڈی اپنے مقام سے ہل گئی ہو اس کو اپنی جگہ پر لانا۔

ہڈسی پسلی ایک کردینا (اُر۔محاورہ) بہت مارنا۔

ہڈسی پسلی توڑنا (ہ۔محاورہ) نہایت سخت مارنا۔ سخت مار پیٹ کرنا۔ بہت زدوکوب کرنا۔

ہڈی ہڈی چور چور ہونا (ہ۔محاورہ) نہایت تھکنا۔ تھک کر چور چور ہونا۔ ہر ہڈی کا چور چور ہو جانا۔

ہڈی کھانا آسان پر ہڈی بچانا مشکل (اُر۔مثل) کام شروع کرنا۔ آسان ہوتا ہے مگر اس کو تکمیل تک پہنچانا بڑا مشکل ہوتا ہے۔

ہڈی میں ہڈی پیوند میں پیوند ملنا (اُر۔محاورہ) میاں بیوی کا اچھے خاندان اور اچھی نسل سے ہونا۔

ہڈے (ہ۔مذ) ہڈا کی جمع ہے۔ استخوانہا۔

ہڈے موترے نکل آنا (ہ۔محاورہ) گھوڑے کے پچھلے پاؤں میں گھٹنے کے جوڑ کے پاس ہڈی اور غدود کا نمودار ہونا۔ جس سے گھوڑا لنگڑانے لگتا ہے۔ نہایت لاغر اور دُبلا ہو جانا۔

ہڈی پیلنا (ہ۔محاورہ) بہت محنت کرنا۔ زحمت اُٹھانا۔ سخت محنت مزدوری کرنا۔

ہڈیاں توڑنا (ہ۔محاورہ) خوب پیٹنا۔ بھرکس نکالنا۔ مار مار کر کچومر نکالنا۔

ہڈیاں چچوڑنا (اُر۔محاورہ) کتے کی طرح ہڈی کو منہ سے ہلانا۔ چبانا۔ چوسنا۔

ہڈیاں خاک میں سونپنا (اُر۔محاورہ) مُردہ کو دفن کرنا۔

ہڈیاں سرمہ ہونا (اُر۔محاورہ) ہڈیاں پس جانا۔ سخت نقصان پہنچنا۔

ہڈیاں کچلنا (اُر۔محاورہ) بہت مارنا۔

ہڈیاں نکل آنا (اُر۔محاورہ) بہت لاغر ہونا۔

ہڈیلا (ہ۔صف) ہڈی دار۔ استخوانی۔

ہڈیوں کی مالا ہونا (ہ۔محاورہ) نہایت لاغر ہو جانا۔ سوکھ کر لقات تک لگ جانا۔ پیٹھ کے مہرے نظر آنے لگنا۔

ہ - ذ

ہذا (ع۔اسم اشارہ) یہ۔ اس۔ ایں۔

ہذیان (ع۔امذ) مرض کے غلبہ کے وقت بیہوشی کی باتیں کرنا۔ مرض میں بہکنا۔ شدت مرض میں بڑبڑانا۔ بڑ۔ بیہودہ گوئی۔ ہرزہ سرائی۔

ہذیان بکنا (اُر۔محاورہ) بے ہودہ باتیں کرنا۔

ہ - ر

ہر (س۔امذ) شیو جی۔ مہادیو جی۔ ہل۔ قلبہ۔ وشن جی۔ وشنو جی۔ کرشن جی۔ مہاراج۔ متعال۔ پرمیشور۔ بھگوان۔ آدمی۔ متفنن۔

ہر بھجن (ہ۔امذ) وشنو جی کا بھجن۔ وشن جی کی عبادت۔

ہر بھجنا (ہ۔فعل) خدا کا نام لینا۔ مالا جپنا۔ تسبیح پھیرنا۔

ہر بھگت (ہ۔امذ) وشنو جی کی پرستش کرنا۔
ہر کو بھجے سو ہر کا ہوئے/ذات پات نہ پوچھے کوئے (ہ۔مثل) جو شخص خدا کی بندگی کرتا ہے۔ وہی اس کا پیارا ہے۔ اللہ کے نزدیک ذات پات کی کوئی قدر نہیں۔
ہر گنگا کرنا (اُر۔محاورہ) نہاتے وقت خدا کا نام لینا۔
ہر ہر (ہ۔امذ) نعرۂ تکبیر جو ہندو لوگ لڑائی کے وقت بولا کرتے ہیں جس طرح مسلمانوں میں علی علی۔ یا اللہ اکبر کہتے ہیں۔ غم کے وقت بھی یہی کلمات زیادتی یا بولتے ہیں۔ یعنی ہرے ہرے۔
ہر (ف۔صف) ایک کلمہ ہے۔ جو حصر کے فائدہ کے لئے مستعمل ہے۔ تمام اور کل افراد میں شامل۔ ایک ایک۔ ہر ایک۔ ہر کس۔ فی کس۔ کوئی۔
ہر آن (اُر۔تابع فعل) ہر دفعہ۔ ہر طرح۔ ہر گھڑی۔ ہر وقت۔
ہر آنچہ (ف۔متعلق فعل) جو کچھ۔
ہر آنکہ (ف۔متعلق فعل) جو شخص۔
ہر ایک (اُر۔تابع فعل) ہر شخص۔ ہر بشر۔ ایک ایک۔
ہر آئینہ (ف۔تابع فعل) البتہ۔ ضرور۔ بے کھٹکے۔ بالضرور۔ ہر چند۔
ہر بالو ریا۔ ہر بالی (اُر۔صف فاعلی) ہر کام میں دخل رکھنے والا۔ ہر فن سے واقف۔ چالتر۔ نہایت چالاک۔ ہوشیار۔ عیار۔ کماؤ۔ ہرجائی۔ ہر ایک کا دوست بن جانے والا۔
ہر بار (ف۔تابع فعل) ہر دفعہ۔ گھڑی گھڑی۔ نت۔ آئے دن۔ مدام سدا۔ ہمیشہ۔
ہر پہلو (ف۔متعلق فعل) ہر طرح۔ ہر ایک۔ پہلو۔
ہر جائی (ف۔صف بیائے فاعلیت) وہ چیز جو ایک جگہ قرار نہ پکڑے۔ ایک جگہ جم کر نہ بیٹھنے والا۔ آوارہ گرد۔ بے مروت۔ بے وفا۔ ہر دیکھی چمیچہ۔ متلون مزاج۔
ہر جائی پن یا ہر جائی پنا (اُر۔مذ مصدری) عیاری۔ چالاکی۔ آوارہ گردگی۔ بے مروتی۔
ہر جگہ (اُر۔تابع فعل) ہر کہیں۔ ہر موقع پر۔
ہر جیسے کو تیسا (اُر۔محاورہ) جیسا کوئی ہوتا ہے۔ ویسا ہی اسے آگے مل جاتا ہے۔
ہر چند (ف۔تابع فعل) جتنا۔ کچھ۔ جس قدر۔ کتنا ہی۔ کیسا ہی۔ بہتیرا۔
ہر چہ (ف۔متعلق فعل) ہر چیز۔ جو کچھ۔
ہر چہ از دوست/عیب می رسد نیکوست (ف۔مقولہ) عالم غیب۔ دوست سے اچھا برا جو کچھ ملے وہ اچھا ہے۔
ہر چہ باداباد (ف) فقرۂ استغنا۔ خواہ کچھ ہی ہو جو کچھ ہو سو ہو۔ کچھ ہی ہو۔ کچھ پروا نہیں۔
ہر چہ باداباد ما کشتی در آب انداختیم (ف۔مثل) اس وقت بولتے ہیں جب کوئی شخص اہم کام شروع کرے۔ اور نتیجہ پر نظر نہ کرے۔
ہر چہ باشد (ف۔مقولہ) کوئی چیز کیوں نہ ہو۔
ہر چہ در دیگ ست چمچہ می آید (ف۔مثل) جو دل میں ہے وہ ہی زبان پر ظاہر ہوتا ہے۔
ہر چیز گیرید مختصر گیرید (ف۔مقولہ) تھوڑی سی چیز پر قناعت کرو۔ زیادہ کی ہوس نہ کرو۔
ہر حال میں (اُر۔تابع فعل) ہر حال۔ ہر طرح۔ بہر حال۔ ہر چند۔ بہر کیف۔ بہر صورت۔
ہر دفعہ (ف۔تابع فعل) ہمیشہ۔ ہر وقت۔ ہر بار۔ ہر موقع پر۔
ہر دفعہ گڑ بیٹھا ہی بیٹھا (اُر۔محاورہ) کامیابی اور فائدہ ہمیشہ نہیں ہوا کرتا۔ کبھی خلاف بھی ہو جاتا ہے۔ اچھے کی ہمیشہ اچھائی نکلتی ہے
ہر دلعزیز (ف۔صف) عام پسند۔ سب کا پیارا۔ وہ شخص جسے ہر عزیز رکھے۔
ہر دم (ف۔تابع فعل) ہر گھڑی۔ ہر آن۔ ہر وقت۔ ہر لحہ۔ ہر دفعہ۔ ہر بار۔
ہر دو (ف۔صف استغراقی) دو لو۔ دونوں کے دونوں۔
ہر دیکھی چمچہ (اُر۔صف) ہر جائی۔ ہر ایک کے پاس آنے جانے والا۔ طفیلی۔ مفت خورا۔ خوشامدی۔ ہر کام میں اور ہر بات میں دخل دینے والا۔
ہر رنگ میں پانی (اُر۔مثل) اس شخص کی نسبت کہتے ہیں۔ جو ہر ایک کے ساتھ ربط وضبط رکھے۔
ہر روز (ف۔تابع فعل) ہمیشہ۔ آئے دن۔ سدا۔ نت۔ روز۔ مرہ۔ بلاناغہ۔
ہر روز نیا کنواں کھودنا اور نیا پانی پینا (اُر۔محاورہ) روز کمانا۔ روز کھانا۔
ہر روز عید نیست کہ حلوا خورد کسے (ف۔مثل) ہمیشہ زمانہ یکساں نہیں رہتا۔
ہر زمان (ف۔متعلق فعل) ہر وقت ہر گھڑی۔ دن رات۔
ہر سخن نکتہ و ہر نکتہ مقامے/مکانے دارد (ف۔مثل) ہر بات کوئی نہ کوئی موقع محل ہوا کرتا ہے۔
ہر سال (ف۔تابع فعل) سالانہ۔ برس کے برس۔ سال بسال۔ ہر ایک سال۔
ہر صورت (ف۔متعلق فعل) ہر حالت میں۔
ہر طرح (ف۔تابع فعل) بہر حال۔ بہر صورت۔ ہر ایک ڈھنگ سے۔ بہر نوع۔
ہر طرف (ف۔تابع فعل) سب طرف۔ ہر جانب۔ ہر سمت۔
ہر عیب کہ سلطان بہ پسند و ہنرست (ف۔مثل) اگر حاکم بُری بات بھی کرے۔ تو لوگ اس کی تقلید کرتے ہیں۔
ہر فرعونے را موسے (ف۔مثل) ایک پر ایک غالب ہے۔
ہر فن مولا (اُر) ہر فن جاننے والا۔ ہر بالی۔ ہر کام میں طاق۔ جگت گرو۔
ہر کارہ (ف۔امذ) چٹھی رساں۔ ڈاکیا۔ قاصد۔ نامہ بر۔ مذکوری۔ چپڑاسی۔ ہر کام کرنے والا۔ پیادہ۔ اردلی۔ مخبر۔ جاسوس۔
ہر کارے و ہر مردے (ف۔مثل) کوئی آدمی کسی کام کے لئے موزوں ہوتا ہے۔ اور کوئی کسی کے لئے۔ ہر شخص ہر کام نہیں کر سکتا۔

ہر کجا (ف۔متعلق فعل) ہر جگہ۔ جہاں کہیں۔
ہر کجا چشمۂ بود شیریں، مردم و مور و ملخ گرد آیند (ف۔مثل) جہاں فائدے کی امید ہوتی ہے۔ سب لوگ جمع ہو جاتے ہیں۔
ہر کس بخیال خویش خبطے دارد (ف۔مثل) ہر ایک آدمی اپنے خیال میں اپنی رائے کو صحیح جانتا ہے۔
ہر کس و ناکس (ف۔مذ) ہر ایک آدمی۔ ہر ادنیٰ اعلیٰ۔ عوام الناس۔
ہر کسی سے (تابع۔فعل) ہر ایک سے۔ ہر ایک انسان سے۔ ہر آدمی سے۔
ہر کسے را بہر کارے ساختند (ف۔مثل) ہر شخص کو خدا نے ایک کام کے لئے بنایا ہے۔ ہر شخص ہر ایک کام نہیں کر سکتا۔
ہر کسے کہ باشد (ف۔متعلق فعل) کوئی شخص کیوں نہ ہو۔
ہر کسے مصلحت خویش نکوئی داند (ف۔مثل) ہر مصلحت ہر شخص خوب جانتا ہے۔
ہر کمالے را زوالے (اُر۔مثل) انتہائی ترقی کے بعد زوال شروع ہوتا ہے۔
ہر کہ آمد عمارت نو ساخت (ف۔مثل) ہر شخص اپنے خیال کے مطابق کام کرتا ہے۔
ہر کہ در کان نمک رفت نمک شد (ف۔مثل) جو جیسی صحبت میں ہوگا ویسا ہی ہو جائے گا۔
ہر کہ شک آرد کافر گردد (ف۔مثل) جو شک کرے کافر۔ ایسا سچا قول جس میں شک کی گنجائش نہیں۔
ہر کہ شمشیر زن سکہ بنامش خواند (ف۔مثل) زبردست کا رعب سب پر ہوتا ہے۔
ہر گاہ (ف۔تابع فعل و حرف شرط) چونکہ۔ جب۔ جس وقت۔ جس گھڑی۔ جس حال میں۔
ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر ست (ف۔مثل) ہر ایک کا انداز جدا ہوتا ہے۔ ہر پھول کی خوشبو جدا ہوتی ہے۔
ہر نوالہ بسم اللہ (اُر۔محاورہ) کھانے کی صلاح کے ساتھ ہی بسم اللہ کہہ کر آبیٹھنا والے شخص کی نسبت بولتے ہیں۔ ہر نوالہ پر موجود ہو جانے والا۔ بے جا۔ بے عزت۔ امیروں کا خوشامدی۔ ہر لقمہ پر بسم اللہ کہہ کر خدا کا شکر کرنا۔
ہر وقت (ف۔تابع فعل) ہر گھڑی۔ ہر آن۔ بارہا۔ اکثر اوقات ہر موقع پر۔
ہر ہفت (ف۔ا۔مذ) آرائش۔ عورتوں کے سات سنگار۔ آراستہ سنگار کئے ہوئے۔
ہر ہبوب (اُر۔تابع فعل) ہر طرح۔ ہر حال میں۔ ضرور۔ بلاشبہ۔ ہر نوع۔
ہُر ہو جانا (اُر۔محاورہ) کنایۃً غائب ہو جانا۔ سب خرچ ہو جانا۔
ہر ہر (ف۔تابع فعل) ہر ایک۔ ہر یک۔
ہر ہمیش (اُر۔تابع فعل) ہمیشہ۔ سدا۔ مدام۔ دائم۔
ہر یک (ف۔تابع فعل) دیکھو ہر ہر۔
ہُر (ہ۔ا۔ہو صوت) پرندوں کے اڑنے کی آواز۔
ہُر ہو جانا (ہ۔محاورہ) اڑ جانا۔ کافور ہو جانا۔ غائب ہو جانا۔ سارا روپیہ اڑ جانا۔ کچھ باقی نہ رہنا۔
ہُرا (ہ۔ا۔ہو) فوج کا پھیلاؤ۔ آواز۔
ہُرّا (انگ+ہند Hurrah) خوشی کی آواز جے جے۔ آفرین واہ وا۔ شاباش۔ مرحبا۔ کیا خوب۔ فارسی۔ شور و غل۔ دہشت ناک آواز خوف ڈر چک دک۔
ہرّا (ہ+مذ) ہڑ۔ ہلیلہ۔
ہرا (ہ۔صف) سبز۔ سبز رنگ کا۔ دھانی۔ سرسبز و شاداب۔ تر و تازہ۔ کچا۔ کلا جیسے ہرا پھل۔ ہرا زخم (بحالت اسم مذکر) ایک قسم کا سبزہ جو گیہوں کے کھیتوں میں پیدا ہوتا ہے۔ اور ڈنگروں کو کھلانے کے کام آتا ہے۔ ہتھوا دغیرہ۔ چارہ۔ بنری۔ بنرہ۔ سبز چارہ۔
ہرا باغ دکھانا (اُر۔محاورہ) سبز باغ دکھانا۔ دھوکا دینا۔ چکنی چپڑی باتیں کر کے فریب دینا۔
ہرا بھرا (ہ۔صف) سرسبز و شاداب۔ تر و تازہ۔ زرخیز۔ بارآور۔ بسر حاصل۔ پھلتا پھولتا۔ پھلا پھولا۔ بامراد۔ کامیاب۔ اقبال مند۔ دہلی کے ایک بزرگ کا نام۔
ہرا کچور (اُر۔صف) بہت ہرا۔
ہرا ہو جانا (ہ۔محاورہ) سبز ہو جانا۔ سرسبز ہو جانا۔ زخم تازہ ہو جانا۔ گھاؤ کا اچھا ہو جانا۔ زخم کا پھر سے بھر جانا۔ خوش ہو جانا۔ مگن ہو جانا۔ آسودہ ہونا۔ باغ باغ ہو جانا۔ تازہ دم ہو جانا۔ تھکن اتر جانا۔ وصول ہو جانا۔ وصولی کی امید ہو جانا۔ توانا ہونا۔ طاقت آجانا۔
ہرا لگے نہ پھٹکڑی اور رنگ بھی جو کھا آئے (اُر۔مثل) بے خرچ کئے خاطر خواہ کام بن جائے۔
ہراس (ف۔مو امر و حاصل مصدر) از ہراسیدن۔ ڈر۔ خوف۔ دہشت۔ کھٹکا۔ بیم۔ نا امیدی۔ مایوسی۔
ہراس آنا (اُر۔محاورہ) ڈر لگنا۔ خوف آنا۔ دہشت لگنا۔
ہراساں (ف۔صف بصیغہ حالیہ) خوف زدہ۔ ڈرا ہوا۔ خوفناک۔ مایوس۔ نا امید۔ نراس۔
ہرانا (ہ۔فعل) مات دینا۔ بازی دینا۔ سر کرنا۔ جتانا کی ضد۔ شکست دینا۔ مغلوب کرنا۔ تھکانا۔ مضمحل کر دینا۔ گھویا جانا۔ گم ہو جانا (گیتوں میں)۔
ہرانڈہ (ہ۔ا۔ہو) کچی ہلدی۔ کی سی بو۔ بن بھنے مصالح کی بو۔
ہرانی جتانی (اُر۔صف) وہ بات جو حیران کرنے یا عاجز کرنے کے لئے کی جائے۔ ہار جیت۔
ہرانی جتانی کرنا (اُر۔محاورہ) حیران کرنا۔ دق کرنا۔ تنگ کرنا۔ ستانا۔ عاجز کرنا۔ امتحان لینا۔
ہراول (ت۔ا۔مذ) وہ تھوڑی سی فوج جو لشکر کے آگے چلے۔ لشکر کا پیش خیمہ۔ آگے کی فوج کا سردار۔
ہر ہر نہ جاننا (اُر۔محاورہ) دو چیزوں میں فرق نہ کر سکنا۔ قوت تمیز سے بے بہرہ ہونا۔
ہر ہنگ (ہ۔مذ+فاعل) ہنگامہ۔ عذر۔ افراتفری۔ کھلبلی۔ بدعملی۔ ہلچل۔
ہر ہنگ مچانا (ہ۔محاورہ) شور و غل مچانا۔ اودھم مچانا۔ اندھیرا مچانا۔ ہنگامہ برپا کرنا۔

ہرپھاریوڑی (ہ۔مو) ایک قسم کے ایک ترُش پھل کا نام ہے۔

ہرپھر کے۔ یا۔ ہرپھر کر (ہ۔تابع فعل) پھر پھرا کے۔ آخر کو۔ آخر کار۔ بالآخر۔ مجبور ہوکر۔ بار بار۔ ہر گھڑی۔ ہر دفعہ۔

ہرتال۔ یا۔ ہڑتال (ہ۔ا۔مو) ایک قسم کی زہریلی کانی دوا کا نام ہے۔ جو لال۔ سُرخ اور سفید تین رنگ کی ہوتی ہے۔

ہرتے پھرتے (ہ۔تابع فعل) چلتے پھرتے۔ آتے جاتے۔ ادھر اُدھر سے آتے جاتے۔ کبھی کبھار۔ کبھی کبھی۔ گاہے گاہے۔

ہرتی پھرتی چھاؤں (ہ۔ا۔مو) آتی جاتی چھاؤں۔ ایک جگہ نہ رہنے والی چیز۔ جیسے دولت ہرتی پھرتی چھاؤں ہوتی ہے۔

ہرج (ع۔ا۔مذ) بکھیڑ۔ بلوا۔ دنگا۔ فساد۔ گڑبڑی۔ خلل۔ نقصان۔ خسارہ۔ بفتحتین۔ بمعنی گناہ۔ گرمی کی شدّت سے اُونٹ کی بیقراری اور بےقراری۔

ہرج مرج (ع۔ شورش۔ بلوہ۔ فساد۔ دنگا۔ فتنہ۔ وآشوب۔

ہرجانا (ہ۔فعل) ہار جانا۔ بازی لے جانا۔ جیتنا کی ضد۔

ہرجانہ (فا۔مذ) کام ہرج کرنے کا معاوضہ۔ زرِ نقصان۔

ہرجہ (ہ۔ا۔مذ) ٹوٹا۔ نقصان۔ خسارہ۔ ہرجانہ۔

ہردا (ہ۔ا۔مذ) دِل۔ من۔ ہیا۔ چت۔ قلب۔ ضمیر۔ مجازاً جگر۔ کلیجہ۔

ہردا کھل جانا (ہ۔محاورہ) باطن کھل جانا۔ روشن ضمیر ہو جانا۔ غیب دان ہو جانا۔

ہرداول (ہ۔ا۔مو) گھوڑے کے پیٹے کے بیچ کی بھونری جو منحوس سمجھی جاتی ہے۔

ہردے کرنا (ہ۔محاورہ) زیادتی کرنا۔ ازبر کرنا۔ ناحفظ کرنا۔ حفظ کرنا۔

ہرزہ (ف۔صف) بیہودہ۔ اوٹ پٹانگ۔ نامعقول۔ لغو۔ پوچ۔ یاوہ۔

ہرزادرا/ ہرزسنج/ گو (ف۔صف) بے ہودہ بات کرنے والے کو کہتے ہیں۔

ہرزہ درائی (ف۔ا۔مو۔بیائے مصدری) زٹل۔ بکواس۔ یاوہ گوئی۔

ہرزہ سرا (ف۔صف۔فاعلی) بکواسی۔ بیہودہ گو۔ یاوہ گو۔

ہرزہ سرائی (ف۔ا۔مو۔بیائے مصدری) دیکھو (ہرزہ درائی)۔

ہرزہ کار (ف۔صف) وہ جو بے ہودہ باتوں کا خوگر ہو۔

ہرزہ کاری (ف۔مو) دیکھئے "ہرزہ کار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ یاوہ گوئی۔

ہرزہ گرد (ف۔صف۔فاعلی) آوارہ پھرنے والا۔ آوارہ گرد۔ بیہودہ پھرنے والا۔

ہرزہ گردی (ف۔ا۔مو۔بیائے مصدری) آوارہ گردی۔ بیہودہ پھرنا۔ بے فائدہ پھرنا۔

ہرزہ گو (ف۔صف۔فاعلی) بکواسی۔ ہرزہ سرا۔ بیہودہ گو۔

ہرس (ہ۔ا۔مو) ہل کے آگے کی لمبی لکڑی۔ جس میں جوا باندھتے ہیں۔ لٹوڑا۔

ہرسا (ہ۔ا۔مذ) صندل گھسنے کا پتھر۔ صندل گھسنے رگڑنے کا پتھر۔

ہرسمے (ہ۔تابع فعل) ہر بار۔ ہر دفعہ۔

ہرکھ (ہ۔ا۔مذ) خوشی۔ خرمی۔ خرسندی۔ سکھ آنند۔ طنزاً۔ غصّہ۔ رنج۔ مضائقہ۔ تنگی۔

ہرم (ع۔صف) بڑھاپا۔ پیری۔ بوڑھا آدمی۔ روح۔ عقل پرانا۔ قدیم۔ مصر کے قدیم بادشاہوں کا مقبرہ۔

ہرگز (ف) تابع فعل۔ کبھی کسی وقت۔ کبھی نہیں۔ زینہار۔ (برائے تاکید نفی)۔

ہرگز ہرگز (ف۔تابع فعل) برائے تاکید۔ کبھی نہیں۔ کبھی بھی نہیں۔

ہرمجسٹی (انگ۔ا۔مو۔ Her Majesty) بادشاہ بیگم کا خطاب۔ ملکہ معظمہ۔

ہرمز (ف۔ا۔مذ) ہرشمسی مہینے کے پہلے دن کا نام ہے۔ ایک فرشتے کا نام بھی ہے۔ جن بن اسفندیار اور نوشیرواں کے ایک بیٹے کا نام ہے۔ رب الارباب۔ ایران کے ایک بادشاہ کا نام

ہرمزی (ع۔ا۔مو) ہرمجی۔ ایک قسم کا رنگ ایک قسم کی سُرخ مٹی۔

ہرمشتا (ہ۔صف) بلی۔ زور آور۔ بلونت۔ ہٹا کٹا۔ مضبوط۔ موٹا تازہ۔ شہزور۔ قوی۔ بلوان۔

ہرمشٹی (ف۔مو) مشہ زوری۔ بے فاعدہ۔ زور آزمائی۔

ہرن (ہ۔ا۔مذ) مرگ۔ مرگا۔ چکارا۔ آہو۔ ہرنا بمعنی چھین لینا۔ سے امر بھی ہے۔ جو اسموں کے آخر آکر اسم فاعل کے معنی دیتا ہے۔ جیسے دُکھ ہرن۔ من ہرن۔

ہرن کا چوکڑی بھرنا (ہ۔محاورہ) ہرن کا زغند لگانا۔ چاروں پیر اُٹھا کر چھلانگ مارنا۔

ہرن کا چوکڑی بھول جانا۔ یا۔ بھولنا (ہ۔محاورہ) خوف یا گھبراہٹ سے ہرن کا اپنی پھرتی اور عام عادت کا بھول جانا۔ حواس باختہ ہونا۔ بے اوسان ہونا۔ سُدھ نہ رہنا۔

ہرن کا کالا ہونا (اُر۔محاورہ) نہایت شدّت کی دھوپ پڑنا۔

ہرن کا کالا ہونا (اُر۔محاورہ) گرمی کی شدّت یا آفتاب کی حدّت سے ہرن کا سُست پڑ جانا۔

ہرن کھُری (اُر۔مو) ایک قسم کی بیل جو برسات میں پیدا ہوتی ہے۔ اس کے پتے ہرن کے کھُر سے مشابہ ہوتے ہیں۔

ہرن کی شاخ (اُر۔مو) ہرن کا سینگ۔

ہرن ہو جانا (ہ۔محاورہ) ہرن کی طرح جلدی جلدی بھاگ جانا۔ فرار ہونا۔ کافور ہو جانا۔ رفوچکر ہو جانا۔

ہرنا (ہ۔فعل) پکڑنا۔ لینا۔ گرفت کرنا۔ چھیننا۔ چھین لینا۔ چرانا۔ جُوئے میں کسی چیز کا چلا جانا۔

ہرنا (ہ۔فعل) پکڑنا۔ لینا۔ گرفت کرنا۔ چھیننا۔ چھین لینا۔ چرانا۔

جوئے میں کسی چیز کا چلا جانا ۔

ہرنج (ا۔مذ) ایک قسم کا باریک اور عمدہ چاول ۔

ہرنوٹا (ا۔مذ) ہرن کا بچہ ۔ آہو بچہ ۔ غزال ۔

ہرنی (ا۔مو) ہرن کی مادہ ۔ مادہ آہو ۔

ہرنیا (انگ۔ا۔مذ) فتق ۔ خصیہ ۔ فوطہ بڑھنے کی ایک بیماری ۔

ہروا ہا (ا۔مذ) وہ شخص جو زمین کو زراعت کے لئے تیار کرے ۔ ہل چلانے والا ۔

ہروتی (ا۔مو) ایک قسم کی بانس کی نہایت ٹھوس ۔ عمدہ اور وزنی لکڑی ۔

ہروَل (اُ۔امذ) دیکھو (ہراول) ۔

ہروَل (ا۔مو) تقاوی کا روپیہ ۔ جو زمینداروں کو سرکار سے بلا سُود ملتا ہے ۔

ہرولنا (اُ۔مصدر) غلّہ کو ہاتھ سے صاف کرنا ۔

ہرّہ (ع۔امو) بلّی ۔

ہُرہُرانا (ا۔مصدر) ڈرنا ۔ کانپنا ۔ غرّانا ۔ دریا کا شور کرنا ۔

ہری (س۔امذ) خُدا ۔ پرمیشر ۔ بھگوان ۔ اللہ ۔

ہری بُلوانا (ا۔محاورہ) خُدا کا نام بلوانا ۔ زبردستی مار ڈالنا ۔ ملک عدم کو پہنچانا ۔ رُخصت کرنا ۔

ہری بولنا (ا۔محاورہ) خُدا کا نام لینا ۔ مرتے وقت اپنے مذہب کا کلمہ پڑھنا ۔ مرنا ۔ انتقال کرنا ۔ زندہ درگور ہونا ۔

ہری (ا۔صف) ہرا کی تانیث ۔ سبز سے کا ہی رنگ کی چیز ۔ سرسبز و شاداب ۔ تروتازہ ۔

ہری بھری (ا۔صف) تروتازہ ۔ سرسبز و شاداب ۔ بارآور ۔ پُرثمر ۔

ہری مُچگ (ا۔صف) دولت کا ساتھی ۔ نبی کا یار ۔ عمدہ اور لذیز کھانوں پر ناخواندہ مہمان بن جانے والا ۔ خودغرض ۔ مطلبی ۔

ہری چھال کا کیلا (اُ۔ا۔مذ) ایک قسم کا عمدہ کیلا جو سبز اور لمبا ہوتا ہے ۔

ہری کھیتی ۔ یا ۔ ہریل کھیتی (ا۔امو) سبز کھیتی جو ابھی پکی نہ ہو ۔

ہری کھیتی گیا بھن گائے مُنہ پر پڑے جب جانی جائے (ا۔مثل) ہری کھیتی جب تک پک کر گھر نہ آجائے اور گیا بھن گائے جب تک بچہ نہ جن لے جب تک بھروسہ نہیں ۔ یعنی جب مطلب حاصل ہو جائے تب جانئے ۔ جب کوئی کام انجام کو پہنچ جاوے تو خاطر جمع ہوتی ہے ۔

ہریل کھیتی دیکھ کر کیوں بھولا کرسان جھولا جھٹکا بہت ہے گھر آئے سو جان (ا۔مثل) کسی کام کا آغاز عمدہ دیکھ کر مغرور نہیں ہونا چاہیئے ۔ بخیر و خوبی انجام تک پہنچنے میں بہت سے موانعات پیش آجایا کرتے ہیں ۔ جب مطلب پورے طور پر حاصل ہو جائے تب خاطر جمع ہوا کرتی ہے ۔

ہریا (ا۔مذ) ہرا ۔ سبز ۔ ہرا بھرا ۔ سرسبز و شاداب ۔ شاہی جنگل کا محافظ ۔ ایک سبز رنگ کا پرندہ جو پکی کھیتی پر گرتا ہے ۔ طوطا ۔ طوطے اُڑانے کی آواز (بحالت اسم صفت) جنگلی ۔ وحشی ۔ جیسے ہریا ہاتھی ۔ وہ ڈنگر یا ڈھور جو زبردستی بھاگ کر کھیت میں گھس کر کھانے کا عادی ہو جائے ۔ ہری کھیتی میں جا پڑنے والا ڈنگر ۔

ہریا ہاتھی حاکم چور، دونوں کے بگڑے اور نہ ٹھور (ا۔مثل) **ہریا ہاتھی حاکم چور ۔ ان کے بگڑے اور نہ ٹھور** ۔ جنگلی ہاتھی اور بدنیّت ہاتھی یا جنگلی ہاتھی، حاکم اور چور کے بگڑ جانے سے کہیں ٹھکانا نہیں ۔

ہریالا (ا۔صف) سرسبز و شاداب ۔ خوش و خُرم ۔ تروتازہ ۔ ہرا بھرا ۔ نوجوان ۔ نوعمر ۔ شگفتہ ۔ ایک قسم کا چھوٹا پرندہ جسے لکھی مار بھی کہتے ہیں ۔

ہریالا بنا (ا۔امذ) شگفتہ دولہا ۔ خوش و خُرم دُولہا ۔ نوجوان دُولہا ۔

ہریالی (ا۔امو) سبزی ۔ ہریاول ۔ طراوت ۔ تروتازگی ۔ دوب ۔ ایک قسم کی عمدہ اور باریک گھاس ۔ سُندر نار ۔ خوبصورت عورت ۔

ہریالے (ا۔مذ) ایک قسم کے گیت جو شادی بیاہ میں گائے جاتے ہیں ۔

ہریانا (ا۔فعل) سرسبز ہو جانا ۔ ہرا ہو جانا ۔ شگفتہ و شاداب ہونا (بحالت اسم مذکر) اُونچا ملک ۔ اُونچی زمین ۔ بانگر ۔

ہریاول (ا۔امو) سبزہ ۔ سرسبزی ۔ طراوت ۔ تازگی ۔ شادابی ۔ مُرغزار ۔ چراگاہ ۔ سبزہ زار ۔ وہ جگہ جہاں سبزہ بکثرت ہو ۔

ہریائی

ہرے پھرے (ا۔تابع فعل) ہر پھر کر ۔ پھر پھرا کر ۔ آخرکار ۔

ہریسہ (ع۔ا۔مذ) ایک قسم کی خوراک جو گیہوں کے آٹے ۔ گوشت کی یخنی ۔ اور دودھ سے پکائی جاتی ہے (اُردو میں) نہایت گلا ہوا ۔ گھلا ملا ۔

ہریل (ا۔مذ) ایک قسم کا نہایت لذیز گوشت والا فاختہ کے برابر پرندہ ہوتا ہے ۔ نیز ایک قسم کا ہرا کبوتر بھی ہے ۔ (بحالت اسم صفت) سرسبز ۔ تروتازہ ۔ شاداب ۔ ہری بھری ۔

ہرے میں آنکھیں ہونا (ا۔محاورہ) فضول خرچ اور ناعاقبت اندیش ہونا ۔ امیری کے سبب فضول خرچی کی عادت پڑی ہوئی ہونا ۔

ہریوا (ا۔مذ) ایک قسم کا طوطا ۔ سوا ۔ (یہ لفظ بیائے مجہول سے بھی)

ہ ۔ ڑ

ہڑ (ا۔امو) ایک قسم کا کسیلا پھل ۔ اور اس کا درخت ۔ ہلیلہ ۔ ایک قسم کی لمبی گھنڈی جو ہڑ سے مشابہ بنائی جاتی ہے ۔ یا ازار بند میں گونتھی جاتی ہے ۔ ایک قسم کا زیور ۔ مجرم کو قید کرنے کا بھاری

کاٹھ۔ ایک قسم کا بڑا بھوت۔ چھلاوا۔ بھتنا۔ بھوتنا ۔
ہڑبیر (اُ۔امو) ۔ برانی دشمنی ۔ برا بیر ۔
ہڑ باندھنا (ہ۔فعل) ہڑ کی شکل کی گھنڈی بنانا ۔
ہڑ بولنا (ہ۔فعل) مرنے کے بعد بھوت بن جانا۔ مر کر چھلاوا ہو جانا۔ بھوت بن جانا ۔
ہڑ (ہ۔امو) ہڈی۔ استخوان ۔
ہڑ پھوٹن (ہ۔امو) ہڈیوں کا درد۔ اعضا شکنی ۔
ہڑ وارڑ (ہ۔مذ۔جمع) ہڈیوں کی جگہ۔ وہ مقام جہاں اپنے کنبے کے لوگ یا عام لوگ دفن ہوں۔ خاندان کا مدفن ۔
ہڑ (ہ۔صف) بے وقوف۔ نادان۔ سادہ لوح۔ مودھو ۔
ہڑا (ہ۔امذ) ایک قسم کی آتشبازی۔ ہوائی بان ۔
ہڑبڑانا (ہ۔فعل) گھبرانا۔ مضطرب ہو جانا۔ بیقرار ہو جانا۔ بوکھلانا۔ جلدی اور بے تابی ظاہر کرنا ۔
ہڑبڑی (ہ۔امو) کھلبلی۔ ہلچل۔ بے قراری۔ اضطراب۔ گھبراہٹ۔ بوکھلاہٹ ۔
ہڑبڑی پڑنا (ہ۔محاورہ) ہلچل ہونا۔ بھاگڑ پڑنا۔ کھلبلی مچنا ۔
ہڑبڑیا (ہ۔صف فاعلی) مضطرب۔ بے چین۔ بے قرار۔ تادلا۔ جلد باز۔ تعجیل کار ۔
ہڑپ (ہ۔امو) بغیر چبائے نگل جانا۔ چبائے بغیر نگل جانے کی آواز ۔
ہڑپ کر جانا (ہ۔محاورہ) اندر اُتار لینا۔ نگل جانا۔ کھا جانا۔ غبن کر لینا ۔
ہڑپا (ہ۔امذ) کسی چیز کو ایک ہی دفعہ منہ میں ڈال کر حلق میں اتار لینا ۔
ہڑپنا (ہ۔مصدر) نگلنا۔ غبن کرنا ۔
ہڑپا مارنا۔ یا۔ لگانا (ہ۔محاورہ) ہپ کر جانا۔ ایک ہی دفعہ حلق سے اُتر جانا ۔
ہڑتال (ہ۔امو) ایک قسم کی زہریلی دھات (دیکھو ہرتال) ہاٹوں کو تالا لگا دینا۔ کسی ماتم یا حاکم کے ظلم سے بازار بند کر دینا۔ کمی توڑا۔ کمیابی ۔
ہڑتال پڑنا/ ہو جانا (اُ۔محاورہ) نایاب ہو جانا ۔
ہڑتال کرنا (ہ۔محاورہ) دکانیں بند کرنا۔ دکانوں کو قفل لگا دینا ظالم حاکم۔ یا سوگ کی علامتیں ظاہر کرنا ۔
ہڑجوڑا (ہ۔امذ) ایک قسم کا پودا۔ جس سے ٹوٹی ہوئی ہڈی جوڑی جاتی ہے ۔
ہڑدنگا (ہ۔صف۔امذ) لونگا۔ بے شعور۔ بے عقل۔ بدسلیقہ۔ پھوہڑ۔ بغلول۔ شریر ۔
ہڑدنگی (ہ۔صف۔امو) لڑاکا۔ جھگڑالو۔ دنگئی۔ پھوہڑ۔ بدسلیقہ عورت۔ آوارہ۔ بیہودہ۔ کھلو ہاڈلی۔ آوارہ گرد ۔
ہڑدنگے کرنا (اُ۔محاورہ) شرارت کرنا۔ کھیلنا۔ کودنا۔ پھرنا ۔
ہڑک (ہ۔امو) کہاروں کے بجانے کا ایک باجہ۔ جوش۔ تمنا۔ خواہش۔ شوق ۔
ہڑک (ہ۔امو) لت۔ عادت۔ دھت۔ باولے کتے یا گیدڑ کے کاٹے کی لہر۔ گیدڑ یا کتے کے زہر کا اثر۔ اُمنگ۔ شوق۔ ولولہ۔ جوش ۔
ہڑک اُٹھنا (ہ۔محاورہ) باولے کتے کے زہر کا اثر ظاہر ہونا۔ کتے کی طرح بولنا۔ اور کاٹنا۔ ولولہ اُٹھنا۔ شوق میں مگن ہونا۔ شوق چرانا۔ جوش آنا ۔
ہڑک چڑھنا (اُ۔محاورہ) باولے کتے کے کاٹنے کا زہر چڑھنا۔ باولے کتے کے کاٹے کا اثر ہو جانا اور اثر سے دیوانہ ہو جانا ۔
ہڑک لگنا (ہ۔محاورہ) شوق لگنا۔ دھت لگنا۔ کسی بات کی ضد چڑھنا ۔
ہڑکا (ہ۔امذ) کسی چیز کی جدائی کا غم۔ جس سے بچے اکثر بیمار پڑ جاتے ہیں ۔
ہڑکانا (ہ۔فعل) ترسانا۔ پھڑکانا۔ بیدل کرنا۔ کسی چیز کی جدائی سے رنج دینا ۔
ہڑکائی (ہ۔صف) باڈلی۔ پگلی۔ دیوانی۔ سگ گزیدہ عورت ۔
ہڑکائی کتیا (ہ۔امو) باڈلی کتیا۔ مست عورت۔ کانک کی کتیا ۔
ہڑکنا (ہ۔فعل) کسی جدائی میں بچوں کا معموم اور افسردہ ہونا۔ بچوں کا کسی کو یاد کرنا ۔
ہڑکنا (ہ۔فعل) ترسنا۔ بھڑکنا۔ مشتاق ہونا ۔
ہڑنا (ہ۔مصدر) جانچنا۔ وزن ہونا۔ وزن تولا جانا ۔
ہڑ ہڑ نہ کھڑ کھڑ (اُ۔مثل) کوئی جھگڑا نہیں کوئی رکاوٹ نہیں ۔

ہ - ز

ہزار (ف) اسم عدد۔ دس سو۔ الف۔ ۱۰۰۰۔ دہ صد۔ سہسر۔ (بحالت تابع فعل) ہر چند۔ جتنا کچھ۔ جس قدر۔ کیوں نہ۔ کتنا ہی۔ بہتیرا۔ لاکھ۔ ہزاروں۔ لاکھوں۔ بہت ہی حد بکثرت بہتیری (بحالت اسم) بلبل۔ عندلیب۔ ہزار داستان ۔
ہزار آفتیں ہیں ایک دل لگانے میں (ہ۔مثل) ایک عشق کے ساتھ ہزاروں مصیبتیں ہوتی ہیں ۔
ہزار باتوں کی ایک بات (اُ۔مثل) مختصر اور عمدہ بات ۔
ہزار بار (ف۔صف) بارہا۔ اکثر۔ بے انتہا۔ ہزار دفعہ ۔
ہزار پا (ف۔مذ) کنکھجورا۔ کنسلائی ۔
ہزار پر بھاری ہونا (اُ۔محاورہ) بڑی تعداد پر غالب آنا ۔
ہزار جان سے (اُ۔تابع فعل) نہایت شوق سے۔ بڑے ہی اشتیاق سے۔ ہزار جانوں سے ۔
ہزار جان سے قربان ہونا (اُ۔محاورہ) کسی کا بے حد فریفتہ اور عاشق ہونا ۔
ہزار چشم (ف۔امذ) کبکڑا۔ سرطان۔ خرچنگ ۔
ہزار چند (ف۔متعلق فعل) ہزار گنا ۔
ہزار چشمہ (ف۔ا۔مذ) سرطانی پھوڑا۔ پیٹھ کا مہلک پھوڑا ۔

ہزار حیف (فع ۔امذ) ہزار افسوس، صد افسوس ۔
ہزار داستان (ف ۔امذ) ایک قسم کا بلبل ہے ۔جو نہایت خوش الحان اور ہزاروں قسم کی بولیاں بولتا ہے ۔گلدم ۔عندلیب ۔خوش الحان ۔خوش گفتار ۔خوش بیان ۔
ہزار دوا اور ایک دُعا (اُر۔مثل) دُعا دواؤں سے زیادہ کارگر ثابت ہوتی ہے ۔
ہزار رنگ بدلنا (اُر۔محاورہ) کبھی کچھ اور کبھی کچھ ہونا ۔ایک حالت پر قائم نہ رہنا ۔
ہزار شکر (فع ۔کلمہ مجانبہ) بے انتہا شکر ۔
ہزار علاج ایک پرہیز (اُر۔مقولہ) بیماری میں دوا دارو کی نسبت پرہیز کا زیادہ اثر ہوتا ہے ۔
ہزار گھر کی پھرنے والی (اُر۔صف ۔مو) وہ عورت جو ماری ماری پھرے ۔اور ایک جگہ نہ ٹھہرے ۔کنایۃً تجربہ کار ۔
ہزار گلادہ ۔مذ) گیندا ۔گل صد برگ ۔
ہزار لاٹھی ٹوٹی ہو گھر بار کے باسن توڑنے کو بہت ہے (مثل) ٹوٹا پھوٹا ہتھیار بھی کام کر ہی جاتا ہے ۔
ہزار مُنہ ہزار باتیں (اُر۔محاورہ) جتنے مُنہ اتنی ہی باتیں ۔سخن بمقدار دہن ۔
ہزار میں نہ چوکنا (اُر۔محاورہ) اعلانیہ کہنے سے باز نہ رہنا ۔
ہزار میں کہنا (اُر۔محاورہ) اعلانیہ کہنا ۔برملا مجلس کہنا ۔
ہزار نعمت اور ایک تندرستی (اُر۔مثل) تندرستی کے سامنے نعمت اور دولت کی کچھ حقیقت نہیں ۔
ہزار ہاتھ کا بن کر آئے (اُر۔محاورہ) کیسا عالی رُتبہ ہو کر آئے ۔کتنا ہی زبردست ہو کر آئے ۔محروم ہی رہے گا ۔
ہزار ہاتھ ہیں (اُر۔محاورہ) بہتیرے ہاتھ ہیں ۔بے حد طریقے ہیں یعنی خدا لاکھ ٹالے دینے پر آئے تو بے انتہا راستے ہیں ۔
ہزارہ یا ۔ہزارہ (اُر۔مذ) گل صد برگ ۔ایک قسم کا گیندا ۔ایک قسم کا گل لالہ ۔جو بہت بڑا ہوتا ہے ۔ایک سرحدی پہاڑی قوم کا نام ۔شہر کا نام بھی ہے ۔ایک پہاڑی کا نام بھی ہے ۔
ہزاروں (اُر۔عدد) دیکھئے (ہزار) جس کی نہ جمع ہے ۔
ہزاروں باتیں سُنانا (اُر۔محاورہ) بہت بُرا بھلا کہنا ۔آڑے ترے کہنا ۔
ہزاروں گھڑے پانی کے پڑ گئے (اُر۔محاورہ) نہایت شرمندہ ہو گیا ۔شرم سے پسینے پسینے ہو گیا ۔
ہزاروں میں (اُر۔تا ۔ع فعل) صدہا لوگوں میں سینکڑوں میں ۔ضرور بالضرور ۔بلا مبالغہ ۔شرطی ۔
ہزارہا (ف ۔مذ) ہزار کی جمع ۔ہزاروں ۔
ہزاری (ف ۔مو ۔بیائے نسبتی) منسوب ہزار ۔ہزار آدمیوں کا افسر ہزار آدمیوں کی پلٹن ۔وہ شاہی عہدہ جس میں ہزاروں آدمیوں پر اختیار ہو ۔
ہزار ہزاری (اُر۔صف) ہر قسم کے لوگوں سے اتحاد رکھنے والا ۔سفلہ ۔کمینہ ۔لچا ۔شہدہ ۔غیر معتبر ۔
ہزاری روزہ (ف ۔امذ) ماہ رجب کی ستائیسویں تاریخ کا نفلی روزہ ۔
ہزار عمر ہو (اُر۔کلمہ دُعائیہ ۔یعنی ہزار سال کی عمر ہو ۔ہزار برس جیو ۔
ہزاری منصب (ف ۔مذ) زمانہ شاہی میں ایک عہدہ ۔فوج کی تعداد کے مطابق اس عہدہ کا نام اور درجہ ہوتا تھا ۔جیسے سہ ہزاری وغیرہ ۔
ہزال (ع ۔صف) پرلے درجے کا ہزل گو ۔بہت بڑا بھکڑ ۔
ہز آنر (انگ ۔مذ ۔His Honour) حضور اعلیٰ ۔خود بدولت ۔
ہز ایکسیلنسی (His Excellency) حضور اعلیٰ ۔حضور اقدس ۔نواب لفٹنٹ گورنر بہادر یا اسی درجہ کے حاکم یا رئیس کیلئے یہ لفظ بولا جاتا ہے ۔
ہنر بَر (ع ۔ا ۔مذ) شیر بر ۔شیر بر ۔پھاڑ ڈالنے والا ۔شیر ۔کنایتہً بہت بہادر ۔بڑا بہادر ۔
ہنر بر (ع ۔امذ) شیر بر ۔شیر بر ۔پھاڑ ڈالنے والا تیر ۔
ہنرج (ع ۔امو) عروض کی ایک بحر کا نام ۔وہ آواز جو سُرتال کے ساتھ ہو ۔
ہز رائل ہائی نس (انگ ۔امذ ۔His Royal Highness) بادشاہی خاندان کے مرد ممبروں کا اعزازی لقب ۔
ہزل (ع ۔امذ) بے ہودہ ۔باتیں ۔گالی گلوچ ۔مزاح ۔تمسخر ۔
ہزل گو (عف ۔صف) بے ہودہ باتیں کہنے والا ۔فحاشہ نظم لکھنے والا ۔
ہز میجسٹی (انگ ۔مذ ۔His Majesty) یہ خطاب صرف بادشاہوں کے نام کے ساتھ لگایا جاتا ہے ۔
ہز ہائی نس (انگ ۔امذ ۔His Highness) حضور والا ۔خداوند ۔نعمت ۔حضور انور ۔والیان ریاست کا لقب ۔
ہز ہولی نس (انگ ۔مذ ۔His Holyness) روما کے پوپ یا عیسائیوں کے بڑے مذہبی پیشوا کا اعزازی لقب ہے ۔
ہزیمت (ع ۔امو) بھاگڑ ۔ہار ۔شکست ۔
ہزیمت اُٹھانا (اُر۔محاورہ) بھاگنا ۔ہار جانا ۔پسپا ہونا ۔شکست کھانا ۔

ہ ۔ ژ

ہژدہ (ف ۔عدد) اٹھارہ ۔دس اور آٹھ ۔۱۸ ۔
ہژدہ ہزار عالم (فع ۔مذ) اٹھارہ ہزار قسم کی مخلوق ۔

ہ ۔ س

ہسپتال (انگ ۔امذ ۔Hospital) شفاخانہ ۔دارالشفا ۔
ہست (س ۔امذ) ہاتھ ۔ید ۔کر ۔دست ۔ہاتھی کی سُونڈ کہنی سے لے کر بیچ کی اُنگلی کے سرے تک کی لمبائی ۔تیرھواں حصہ ۔
ہست پال (س ۔مذ) مہاوت ۔فیلبان ۔ہاتھی وان ۔فوجدار ۔

ہَستت (ف۔ا۔مو) ہستی۔ قیام۔ برقراری۔ وجود۔ زندگی۔ جان۔ زیست۔

ہَستت کرنا (اُر۔محاورہ) موجود کرنا۔ پیدا کرنا۔

ہَستت نیستت (ف۔ کلمہ ایجاب و نفی) ہاں۔ نہیں۔

ہَستت و بُود (ف۔ا۔مو) دونوں مترادف ہیں۔ حیات اور زندگی۔ قیام و وجود۔

ہَستت و بُود کرنا (اُر۔ محاورہ) زندگی بسر کرنا۔ جینا۔ عمر کاٹنا۔ عمر کے دن پورے کرنا۔

ہَستت و ممات (ع۔ا۔مو) مرنا جینا۔ زندگی موت۔

ہَستت ہونا (اُر۔فعل) موجود ہونا۔ پیدا ہونا۔ صورت پکڑنا۔

ہستناپور (ہ۔ا۔مذ) دہلی کا پُرانا نام ہے۔ جس کو اندر پرست بھی کہتے ہیں۔

ہَستنی (ہ۔ا۔مو) ہستنی۔ مادہ فیل۔ کوک شاستر کے مطابق عورتوں کی چار قسموں میں سے ایک قسم کا نام ہے۔

ہَستی (ف۔ا۔مو) قیام۔ زیست۔ وجود۔ زندگی۔ کائنات۔ موجودات۔ مخلوقات۔ حیات۔ زندگی۔ حیثیت۔ حقیقت۔ اصل۔ بساط۔ مجال۔ تاب و طاقت۔ دولت۔ ثروت۔ امیری۔ ذات۔

ہَستی جاوداں (ف۔ا۔مو) ہمیشہ کی زندگی۔ حیات ابدی۔ بقائے دوام۔

ہَستی فانی (ف۔ا۔مو) فنا ہونے والی۔ زندگی۔ دہی اور خیالی زندگی۔ چند روزہ زندگی۔

ہَستی ناپائیدار (ف۔ا۔مذ) دیکھئے "ہستی فانی"۔

ہَستی موہوم یا دو روزہ (ف۔ا۔مو) دو دن کی زندگی۔ خیالی زندگی۔ چند روزہ زندگی۔

ہَستی (س۔مذ) ہاتھی۔ فیل۔

ہِسٹری (انگ۔مو۔ History) علم تاریخ۔ تاریخ حالات۔

ہِسٹری شیٹ (انگ۔ا۔مذ History Sheet) وہ کاغذ جس میں کسی ملزم کے مفصل حالات اور اس کے پچھلے حالات درج ہوں۔

ہِسکا (ہ۔مذ۔مو) ریس۔ نقل۔ برابری۔

ہِسکا ہِسکی (ہ۔ا۔مو) ایک دوسرے کی ریس۔

ہَس مُکھ (ہ۔صف) خوش باش چہرہ۔ خوش خلق۔ ملنسار۔

ہَسیا (ہ۔مذ) نرکاری بنانے یا گھاس کاٹنے کا اوزار۔ درانتی۔

ہ ـ ش

ہُش (اُر۔حرف ندا برائے سکوت) کتے کو دھتکارنے کی آواز۔ پرندوں کے اڑانے اور ہنکانے کی آواز۔ اونٹ کے بٹھانے کی آواز۔

ہَشاش (اُر۔صف) نہایت خوش۔ شادمان۔ بشاش۔ دلشاد۔

ہَشاش بشاش (اُر۔صف) نہایت خوش و خرم۔ باغ باغ۔ ہنسا اور خوش ہوا ہوا۔

ہَشاش بشاش ہو کر بولنا (اُر۔محاورہ) خوش ہو کر بات کرنا۔

ہَشاشت (ع۔مو) خوشی۔ شادمانی۔ بشاشت۔

ہُشت (اُر۔صف) کتے بلی کے دھتکارنے کی آواز۔ جھڑکنے کی آواز۔

ہِشت (اُر۔کلمہ تحقیر) اظہار نفرت کے لئے بولا کرتے ہیں۔ یعنی یہ کلمہ زبان سے نہ نکلے۔ بخش مخش زبان پر نہ لانا۔

ہَشت (ف) عدد۔ آٹھ۔

ہَشت بہشت (ف۔مذ) آٹھوں بہشت یعنی خلد۔ دارالسلام۔ دارالقرار۔ جنت عدن۔ جنت الماویٰ۔ جنت النعیم۔ علیین۔ فردوس۔ حضرت امیر خسرو کی ایک کتاب کا نام بھی ہے۔

ہشت پا

ہَشت پا (ف۔ا۔مذ) خطرناک سمندری بلا (یا مچھلی)۔

ہَشت پہلو (ف۔صف) آٹھ پہلو کا۔ آٹھ کونیا۔ آٹھ گوشہ۔ آٹھ ضلعوں والا مثمن۔

ہَشتاد (ف۔عدد) اسّی۔ چار بیسی۔ ثمانین۔ ۸۰۔

ہَشتم (ف۔صف عددی) آٹھواں۔ آٹھویں۔

ہَشت صفات (ع۔مو) آٹھ خوبیاں (۱) خدا کی معرفت (۲) علم (۳) شکر نعمت (۴) راضی برضا رہنا (۵) مصیبت میں صبر (۶) خلق اللہ کی محبت (۷) تعظیم محکم خدا (۸) عفت۔

ہَشت گنج (ف۔ا۔مذ) خسرو کے آٹھ طرانے (۱) گنج عروس (۲) گنج باد آورد (۳) گنج دیبا (۴) گنج افراسیاب (۶) گنج خضر (۷) گنج شاد آورد (۸) گنج بار۔

ہُشت مُشت (ف۔ا۔مو) کلمہ ہشت کہنا۔ اور مُکا مارنا۔ لات گھونسا۔ گھونسم گھونسا۔ مار کٹائی۔

ہُشت مُشت ہونا (اُر۔محاورہ) جوتی پیزار ہونا۔ مار کٹائی ہونا۔

ہُشکارنا (اُر۔محاورہ) کتے کو کسی طرف بھونکنے کی ترغیب دینا۔

ہُشیار (ف۔صف) ہوشیار کا مخفف ہے۔ ہوش والا۔ باہوش۔ سیانا۔ چالاک۔ دانشمند۔ عقلمند۔ خبردار۔ آگاہ۔ چوکس۔ متنبہ۔ لائق۔ قابل۔ مستعد۔ جاگتا ہوا۔ بیدار۔

ہُشیار کرنا (اُر۔محاورہ) جتانا۔ آگاہ کرنا۔ خبردار کرنا۔ لائق بنانا۔ پال پوس کر بڑا کرنا۔ جگانا۔ بیدار کرنا۔

ہُشیاری (ف۔مو۔ بیانیہ مصدری) ہوش۔ چترائی۔ عقلمندی۔ احتیاط۔ دانائی۔ خبرداری۔ چوکسی۔ تیاری۔ مستعدی۔ بیداری۔ قابلیت۔ لیاقت۔

ہ ـ ض

ہَضم (ع۔مذ) پچاؤ۔ تحلیل۔ کھانے کا معدے میں گلنا۔ غبن۔ چوری۔ تغلب۔ خیانت۔

ہَضم صحیح (ع۔ا۔مذ) عمدہ پچاؤ۔ جو کھانا سو ہضم ہو جانا۔

ہَضم کرنا (اُر۔محاورہ) پچانا۔ تحلیل کرنا۔ مال مارنا۔ داب بیٹھنا۔ ڈکار جانا۔

ہَضم ہونا (اُر۔محاورہ) پچنا۔ گوارا ہونا۔ گلنا۔ بھسم ہونا۔ قبضہ میں آجانا۔

ہ - ف

ہفت (ف.اعدد) سات۔ سبع۔ ۷۔ 7 ؛
ہفت آسیا (ف.مذ) سات تاروں کی گردش کے تارے ؛
ہفت آئینہ / اختر (ف.امذ) وہ سات تارے جن سے منسوب کر کے ہفتہ کے دن مقرر کئے گئے ہیں۔ یعنی (۱) شمس (۲) قمر (۳) مریخ۔ (۴) عطارد (۵) مشتری (۶) زہرہ (۷) زحل ؛
ہفت اورنگ (ف.مذ) سبع سارہ۔ ہفت رنگ۔ سات آسمان۔ دُرِّ اکبر کے سات تارے ؛
ہفت ایوان (ف.مذ) سات ایوان ؛
ہفت اقلیم (فع.امو) سات ولایتیں۔ کُل دُنیا ؛
ہفت امام (فع.امذ) سات امام مندرجہ ذیل ہیں۔ امام اعظمؒ۔ امام شافعیؒ۔ امام مالکؒ۔ امام احمد بن حنبلؒ۔ امام ابو یوسفؒ۔ امام غزالیؒ۔ امام رازیؒ ؛
ہفت اندام (ف.امو) ایک رگ کا نام ہے۔ جس کی فصد سے سر۔ سینہ۔ پشت۔ ہاتھ پاؤں کا خون نکلتا ہے ؛
ہفت برگ (ف.امذ) ایک درخت جس کے پتے پھل وغیرہ دواؤں میں کام آتے ہیں ؛
ہفت پشت (ف.امو) سات پیڑھی۔ سات بنیاد ؛
ہفت پیر (ف.مذ) قرأت کے سات امام۔ (۱) امام عاصم دمشقیؒ (۲) ابن کثیر مکیؒ (۳) ابو عمر بصریؒ (۴) نافع مدنیؒ (۵) حمزہ کوفیؒ (۶) عاصم کوفیؒ (۷) علی کسائی کوفیؒ ؛
ہفت پیکر (ف.امذ) سات ستارے۔ سات آسمان ؛
ہفت جوش (ف.مذ) وہ چیز جو سات دھاتیں یعنی سونا۔ چاندی۔ تانبا۔ جست۔ سیسہ۔ رانگا۔ ملا کر بنائی جائے ؛
ہفت حرف آبی (ف.مذ و مو) ج۔ ذ۔ س۔ ظ۔ ق۔ ک۔ ش ؛
ہفت حرف آتشی (ف.مذ و مو) ذ۔ ش۔ ط۔ ف۔ م۔ ہ ؛
ہفت حرف استعلا (ف.امذ) خ۔ ص۔ ض۔ ط۔ ظ۔ غ۔ ق ؛
ہفت حرف خاکی (ف.مذ) ح۔ خ۔ د۔ ر۔ ع۔ غ۔ ل ؛
ہفت حرف ہوائی (ف.امذ) ا۔ ب۔ ت۔ ص۔ ض۔ ن۔ و۔ ی ؛
ہفت خوان رستم (ف.مذ) نہایت کٹھن اور خطرناک۔ سات منزلیں جو رستم نے طے کی تھیں ؛
ہفت دانہ (ہ.مذ) ایک قسم کی مٹھائی جس میں سات قسم کے میوے ہوتے ہیں۔ دسویں محرم کو ایران میں تقسیم ہوتی ہے ؛
ہفت دریا (ف.مذ) سات سمندر ؛
ہفت دوزخ (ف.مذ) دوزخ کے سات طبقے یعنی۔ سقر۔ سعیر۔ لظیٰ۔ حطمہ۔ جحیم۔ جہنم۔ ہاویہ ؛
ہفت راہ (ف.امذ) آنکھ کے سات پردے ؛
ہفت رنگ (ف.امذ) ساتوں رنگ۔ لال۔ پیلا۔ نیلا۔ سبز۔ نارنجی۔ سیاہ۔ اور قرمزی ؛
ہفت روزہ (ف.امذ) سات دن والا۔ وہ کاغذ جس میں ہفتے کی کارگزاری یا حالات و واقعات درج ہوں۔ ہفتہ وار اخبار ؛
ہفت طبق (ف.مذ) آسمان کے سات طبق ؛
ہفت قلزم (ف.امذ) ہفت دریا۔ سات سمندر ؛
ہفت زبان (ف.مذ) وہ شخص جو سات زبانیں جانتا ہو ؛
ہفت قلم (فع) وہ شخص جو سات قسم کے خط لکھ سکتا ہو۔ سات مشہور خط ؛ ثلث۔ عقیق۔ توقیع۔ ریحان۔ رقاع۔ نسخ۔ نستعلیق ؛
ہفت کشور (ف.امو) ہفت اقلیم۔ سات ولایتیں ؛
ہفت کہنہ (ف.امذ) مندرجہ ذیل سات چیزیں جو پرانی ہوں اچھی ہیں۔ (۱) دوست (۲) واقف (۳) کتاب (۴) حمام (۵) شراب (۶) تلوار (۷) چینی کے برتن ؛
ہفت گردوں (ف.امذ) سات آسمان ؛
ہفت ہمکل (ف.امذ) سلامتی کے لئے سات دعائیں ؛
ہفت ہزاری (ف.امذ) مغلیہ بادشاہوں کے عہد کے ایک بہت بڑے منصب کا نام ہے۔ امیر کبیر ؛
ہفتاد (ف.عدد) ستر۔ سات دہائے۔ ۷۰۔ 70 ؛
ہفتاد پشت (ف.امو) ستر پیڑھی۔ ستر نسلیں ؛
ہفتاد و دو ملت / ہفتاد و دو فریق (فع.امو) بہتر فرقے۔ مذہب اسلام کے بہتر گروہ ؛
ہفتم (ف.صف.عددی) ساتواں۔ ساتویں ؛
ہفتہ (ف.امذ) سات دن کا زمانہ۔ سات جمعہ کے بعد کا دن سنیچر۔ شنبہ۔ ساتواں دن ؛
ہفتہ دوست (ف.صف) چند روزہ دوست۔ تھوڑے دنوں کا دوست ؛
ہفتہ عشرہ (ف.مذ) آٹھ دس دن کا زمانہ۔ چند روز ؛
ہفتے جکڑنا۔ یا گانٹھنا۔ جڑنا (اُردو فعل) حریف کی دونوں بغلوں میں سے اپنے ہاتھ نکال کر اس کی گردن کو دونوں ہاتھوں سے جکڑ لینا ؛
ہفت نظر (اُردو کلمہ خطاب) نظر بد دور (حجف نظر کا بگاڑ ہے) ؛
ہفوات (ع.امو) بے ہودہ باتیں ؛
ہفی (اُردو.امذ) افعی سے بگڑا ہوا ہے۔ ایک قسم کا چکر بنا کر چلنے والا۔ نہایت زہریلا سانپ (بحالت صفت) نہایت پھرتیلا۔ چالاک۔ بہت کھانے والا۔ کھاؤ۔ پیٹو ؛

ہ - ک

ہکا بکا (ہ.امذ) متحیر۔ گھبرایا ہوا۔ پریشان۔ سراسیمہ۔ حواس باختہ۔ متعجب ؛
ہکا بکا رہنا۔ یا۔ ہونا (ہ۔ محاورہ) ہکا بکا رہنا۔ حیران رہنا۔ متعجب رہنا ؛

ہک دک (ہ۔صف) حیران۔ متحیر۔ بھچک۔ سکتے کا عالم۔
ہک دک رہ جانا (ہ۔فعل) حیران رہ جانا۔ بھچکا رہ جانا۔ متحیر ہوجانا۔ حرف زدہ ہوجانا۔
ہک نہ دک۔ یا ہک کی نہ دک (اُر۔تابع فعل) دفعۃً بے سوچے سمجھے۔ گھبراکر۔ متعجب ہوکر۔
ہکلا (ہ۔مذ۔صف) فارسی لفظ ہاکلہ۔ یا ہاکرہ کا بگاڑ ہے۔ رُک رُک کر بات کرنے والا آدمی۔ لکنت کرنے والا شخص۔ توتلا آدمی۔
ہکلاہٹ (ہ۔مذ) مصدر۔ تتلاہٹ۔ لکنت۔
ہکلانا (اُر۔فعل) تتلانا۔ زبان کا صاف نہ چلنا۔ زبان لڑکھڑانا۔ لکنت کرنا۔
ہکلی (اُر۔صف۔ا۔مو) ہکلا کی تانیث۔ لکنت کرنے والی عورت۔

ہ ـ گ

ہگاس (ہ۔ا۔مو) پیخانے کی حاجت۔ رفع ضرورت کی خواہش۔
ہگاس لگنا (اُر۔محاورہ) پاخانے کی حاجت ہونا۔
ہگاسا (اُر۔صف) وہ جس کا پاخانہ نکلنے کے قریب ہو۔ جسے پاخانہ جانے کی حاجت ہو۔
ہگاسی (ہ۔صف۔بیائے فاعلیت) پیخانے کا حاجتمند۔
ہگاسی بطخ (اُر۔صف) ڈرپوک۔ بزدل۔ تھڑدلا۔
ہگانا (ہ۔فعل) پیخانہ پھرانا۔
ہگ دینا۔ ہگ بھرنا۔ ہگ مارنا (ہ۔محاورہ) خوف کے مارے پیخانہ پھر دینا۔ نہایت خوف زدہ ہوجانا۔ خوف چھا جانا۔ نہایت ڈر جانا۔
ہگے پائے جانا (ہ۔محاورہ) ڈر کے مارے بھاگتے ہوئے جانا۔ مجبوراً خوشی خوشی جانا۔
ہگنا (ہ۔فعل) پیخانہ پھرنا۔ براز کرنا۔
ہگن ہٹی (ہ۔ا۔مو) پیخانہ کرنے کی جگہ (بحالت بائے نسبتی) کثرت سے براز کرنے والا۔
ہگوڑا (ہ۔مذ۔فاعل) بہت ہگنے والا۔ بار بار ہگنے والا۔
ہگے دینا۔ یا ہگے مارنا (محاورہ) نہایت ڈرنا۔ خائف ہونا۔ ڈرے جانا۔

ہ ـ ل

ہل (ہ) اسم قلبہ۔ زمین جوتنے کا آلہ۔ زمین کھودنے کا ایک قسم کا اوزار۔



ہل برار (اُر۔مو) ہلوں کی تعداد بہ مال گزاری۔
ہل جوتنا (ہ۔فاعل۔مذکر) ہل چلانے والا۔ ہل جوتنے والا۔ قلبہ ران۔ ہالی۔
ہل جوتنا (ہ۔محاورہ) ہل چلانا۔ قلبہ رانی کرنا۔
ہل چلانا (اُر۔مصدر مرکب) بیج بونے کے لئے زمین کو ہل سے نرم کرنا۔ قلبہ رانی کرنا۔
ہل چلنا (اُر۔مصدر) مرکب۔ ہل چلانا کا لازم ہے۔
ہل دار (اُر۔مذ) ہل کا مالک۔
ہلا۔ یا ہلّہ (ہ۔مذ) چڑھائی۔ حملہ۔ دھاوا۔ یورش۔ تاخت۔ غُل شور۔
ہل واہا (اُر۔صف) ہل چلانے والا۔
ہل ہانکنے۔ کودوں پھاندنے (اُر۔مثل) کنایتہً اضطراب کی حالت۔
ہلا کرنا۔ یا۔ بولنا (ہ۔محاورہ) دھاوا کرنا۔ حملہ کرنا۔ چڑھائی کرنا۔
ہلا چلی (ہ۔مو) بھاگڑ۔ ہلچل۔ گڑبڑ۔
ہلا دینا (ہ۔محاورہ) زلزلہ ڈال دینا۔ لرزاں کردینا۔
ہلا مارنا (اُر۔محاورہ) ہلکان کرنا۔ پریشان کرنا۔
ہلاس (ہ۔ا۔مو) شادی۔ خوشی۔ شادمانی۔ آنند۔ ناس۔ نسوار۔ سونگھنے کا پسا ہوا تمباکو۔
ہلاس دانی (ہ۔ا۔مو) نسوار رکھنے کا ظرف۔
ہلاس لینا (ہ۔محاورہ) نسوار سونگھنا۔ لُو لینا۔
ہلاس ہوجانا (اُر۔محاورہ) ہلاس کی طرح چٹکی چٹکی کرکے اُٹھ جانا۔ کنایتہً جلد خرچ ہوجانا۔
ہلاک (ع۔ا۔مو) ضائع۔ تلف۔ فنا۔ کال۔ موت۔ مرگ۔ ہلاکت۔ تباہی۔ بربادی۔ خرابی۔ مضمحل۔ پژمردہ۔ اُداس۔
ہلاک خور (ف۔ا۔مذ) مُردار خور۔ مہتر۔ چوہڑا۔ بھنگی۔ حلال خور۔
ہلاک کرنا (ہ۔محاورہ) مارنا۔ قتل کرنا۔ خون کرانا۔ تباہ کردینا۔ برباد کرنا۔ تھکانا۔ مضمحل کردینا۔
ہلاکت (ع۔ا۔مو) موت۔ کال۔ قضا۔ اَجل۔ تلف کرنا۔ تباہی۔ بربادی۔
ہلاکت کا باعث ہونا (اُر۔محاورہ) موت کا سبب ہونا۔
ہلاکو (اُر۔صف) ہلاک کرنے والا جلاّد۔ ظالم۔ سفاک۔ خونریزی۔ چنگیز خاں کے پوتے کا نام ہے۔
ہلاکی (ع۔ا۔مو) تباہی۔ بربادی۔ موت۔ ہلاکت۔ مرجانا۔
ہلال (ع۔ا۔مذ) پہلی رات کا چاند۔ ماہِ نو۔ تشبیہاً ناخن و ابروئے معشوق۔
ہلال ابرو (عف۔مذ) ابرو کو ہلال سے تشبیہ دی جاتی ہے۔
ہلال رکاب (عف۔صف) صاحب۔ رتبہ و اقتدار۔
ہلال کمال (عف۔صف) بادشاہوں کی تعریف کے لئے مستعمل ہے۔
ہلالی (ع۔صف بیائے نسبتی) منسوب بہ ہلال۔ نئے چاند کی طرح کا۔ قوسی۔ ہلال کی مانند ایک قسم کے تیر کا نام ہے۔
ہلانا (ہ۔فعل) حرکت دینا۔ جنبش دینا۔ چلانا۔ مانوس کرنا۔ پرچانا۔ سدھانا۔ خوگر کردینا۔ عادی بنالینا۔

ہلاہل (ف۔مذ) زہر۔ سم قاتل۔ ایسا زہر جس کا اعلاج ہی نہ ہوسکے۔ نہایت کڑوا۔ سخت تلخ۔

ہلبل (اُ۔امو) اضطراب۔ گھبراہٹ۔ بے چینی۔

ہلبلا (اُ۔صف) مضطرب۔ بے قرار۔

ہلبلانا (ہ۔فعل) جلدی کرنا۔ شتابی کرنا۔ بوکھلانا۔ بڑبڑانا۔ گھبرانا۔ بوکلانا۔

ہلبلاہٹ / ہلبلی (ہ۔مؤمصدری) ہڑبڑی۔ گھبراہٹ۔ کھلبلی۔ جلدی۔ شتابی۔ اضطراب۔

ہلپھا۔ یا۔ ہلفہ (ہ۔ا۔مذ) دریا۔ موج۔ رَو۔ ترنگ۔ ہلکورا۔ جھال۔ لہر۔

ہلجان (ہ۔مذ) عین ہنگامۂ شادی میں عورتوں کے حلوا پوری منگا کر کھانے کی رسم۔

ہل جانا (ہ۔فعل) متحرک ہوجانا۔ لرز جانا۔ کانپ جانا۔ تھرا جانا۔ برہم جانا۔ مانوس ہوجانا۔ یار بن جانا۔

ہل چل (ہ۔مو) ہڑبڑی۔ بھاگڑ۔ کھلبلی۔ بیقراری۔ گھبراہٹ۔ شورش۔ بلوہ۔ بکھیڑا۔ دنگا۔ فساد۔ ڈر۔ خوف۔ چل چلاؤ۔

ہل چل پڑنا۔ یا۔ ہونا (ہ۔محاورہ) بھاگڑ مچنا۔ کھلبلی ہونا۔ بیقراری ہونا۔ شورش ہونا۔ بلوہ ہونا۔ خلقت کا زیر و زبر ہونا۔ پریشان اور تتر بتر ہونا۔

ہلدی (ہ۔ا۔مو) ایک قسم کی زرد گرہ جو سالن کو رنگ دینے کے واسطے ڈالتے ہیں۔

ہلدی تھوپنا (اُ۔محاورہ) چوٹ پر ہلدی کا پلستر کرنا۔

ہلدی زردی نا تجے کھٹے رس بجے نہ آم / گن وتے گن نا تجین او گن نہیں تجیں غلام (اُ۔مثل) ہر چیز اپنی اصل کو کبھی ترک نہیں کرتی۔

ہلدی کی گرہ لے کے پنساری بن بیٹھنا (ہ۔محاورہ) پنساری کا ایک جزو لے کر پنسار ہٹے کا دعوے کرلینا۔ تھوڑے سے ہنر یا کمال یا سرمائے پر نازاں ہونا۔ نکما اور ناقص ہونے کے باوجود اپنے آپ کو کامل خیال کرنا۔

ہلدی لگا کے بیٹھنا (ہ۔محاورہ) چوٹ لگنے کا بہانہ کرکے چھپ رہنا۔ بہانہ کرنا۔ حیلہ بہانہ بناکر بیٹھ رہنا۔

ہلدی لگا کے بیٹھو گے (ہ۔محاورہ) چوٹ کھاؤ گے۔ مار کھاؤ گے۔ پیٹتے پھرو گے۔ ہاتھ پاؤں تڑوا بیٹھو گے۔

ہلدی لگی نہ پھٹکڑی پٹا خ بھوآن پڑی / ہینگ لگی نہ (ہ۔محاورہ) بے مشقت ہی کام بن گیا۔ مُفت میں دُلہن آگئی۔ بلا کوشش مطلب حاصل ہوگیا۔

ہلدی لگے نہ پھٹکڑی رنگ بھی چوکھا آئے (ہ۔محاورہ) خرچ بھی کچھ نہ آئے اور رنگ بھی نہایت عمدہ آجائے۔ مُفت خورے کی نسبت کہا کرتے ہیں۔

ہلدیا (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا زہر جو ہلدی سے نکلتا ہے۔ اور ہلدی سے مشابہ ہوتا ہے۔

ہلڑ (ہ۔ا۔مذ) رولا۔ شور و غل۔ غل غبارہ۔ ہُوہا۔ ہنگامہ۔ شور و غوغا۔

ہلڑ مچانا (ہ۔فعل) ہنگامہ برپا کرنا۔ شور و غل کرنا۔

ہلسا (ہ۔ا۔مو) ایک قسم کی بنگالی مچھلی۔

ہُلسانا (ہ۔فعل) دل خوش کرنا۔ دل بہلانا۔ پرسند کرنا۔ بہکانا۔ اُکسانا۔ بھڑکانا۔ للچانا۔ شوق دلانا۔ شوق ابھارنا۔ اشتعال دلانا۔

ہُلسائے بیں آنا (ہ۔محاورہ) بہکانے میں آنا۔ اشتعال میں آنا۔

ہُلسنا (ہ۔فعل) آمند ہونا۔ خوش ہونا۔ پرسند ہونا۔ شوق ہونا۔ اُمنگ ہونا۔ اکسنا۔

ہلکا (ہ۔صف) سبک۔ لطیف۔ نازک۔ خفیف۔ کم وزن۔ بکسار۔ سبک وضع۔ پھیکا۔ کم قیمت۔ گھٹیا۔ بے عزت۔ ذلیل۔ حقیر۔ نہایت لطیف۔ جلد اثر قبول کرنے والا۔ تند اور تیز کی ضد۔

ہلکا پانی (اُ۔مذ) زود ہضم پانی۔

ہلکا پَن (ہ۔ا۔مذ مصدری) سبکی۔ خفت۔ کمینگی۔ رذالہ پن۔ کم ظرفی۔ اوچھا پن۔ چھچھورا پن۔

ہلکا پھلکا (ہ۔اصف) نہایت کم وزن۔ نہایت سُبک۔ لاغر۔ کمزور۔ نازک۔

ہلکا پھُول (اُ۔صف) پھُول کی طرح ہلکا۔

ہلکا جاننا (ہ۔محاورہ) حقیر سمجھنا۔ ناچیز خیال کرنا۔ خفیف سمجھنا۔

ہلکا جوڑا (ہ۔ا۔مذ) کم قیمت جوڑا۔ کم قیمت پوشاک۔

ہلکا خون / لہو (اُ۔مذ) وہ شخص جسے جلد نظر لگے۔ وہ شخص جو دوسروں کا لہو نہ دیکھ سکے۔

ہلکا رنگ (ہ۔ا۔مذ) پھیکا رنگ۔

ہلکا کام (اُ۔امذ) آسان کام۔ معمولی کام۔ زردوزی وغیرہ کا کام جو گنجان نہ ہو۔

ہلکا کرنا (ہ۔محاورہ) بوجھ اُتارنا۔ بوجھ کم کرنا۔ گھٹانا۔ کم کرنا۔ دُبلا کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ ذلیل کرنا۔ نادم کرنا۔ انزال کرنا یا کرانا۔

ہلکا کھانا (ہ۔ا۔مذ) لطیف غذا۔ زود ہضم غذا۔

ہلکا گلابی جاڑا (اُ۔مذ) خفیف سردی کا موسم۔

ہلکارنا (ہ۔فعل) کتّے کو شکار پر دوڑانا۔ کتّے کو شکار نہ کرنا۔

ہلکان (اُ۔ہلاک۔ نیم جان۔ قریب بہ ہلاکت۔ مضمحل۔ تھکا ماندہ۔ حیران۔ پریشان۔

ہلکان کرنا (اُ۔محاورہ) تھکا مارنا۔ ہلاک کر دینا۔ مضمحل کر دینا۔ نیم جان کرنا۔

ہلکان ہونا (اُ۔محاورہ) تھکنا۔ نہایت حیران ہونا۔ پریشان ہونا۔

ہلکم (اُ۔مو) ہلچل۔ کھلبلی۔ اودھم۔ تہلکہ۔

ہلکم اُڈالنا۔ یا۔ مچانا (اُ۔فعل) شور مچانا۔ اودھم مچانا۔ تہلکہ ڈالنا۔ ہنگامہ برپا کرنا۔

ہلکورا (ہ۔ا۔مذ) لہر۔ ترنگ۔ موج۔

ہلکورنا (اُ۔مصدر) ہلانا۔ جھنجھوڑنا۔

ہلکورے (ہ۔فعل) موجزن ہونا۔ لہریں مارنا۔ لہرانا۔

ہلوک (ہ۔ا۔مو) قے کی وہ مقدار جو ایک مرتبہ منہ سے نکلے۔

ہلکی (ہ۔صف۔امو) ہلکا کی تانیث ۔ دھیمی ۔ اوچھی ۔ سبک ۔ کم وزن۔ گھٹیا ۔ ادنےٰ ۔ لطیف ۔
ہلکی پھلکی (ہ۔صف۔امو) ہلکا پھلکا کی تانیث
ہلکی چٹکی (اُمو) کپڑے کا بسنے کے بعد کم تانتا اور جھول چھوڑ دینا ۔
ہلکی چوٹ (اُمو) خفیف چوٹ ۔
ہلکے (ہ۔امذ) ہلکا کی جمع ۔
ہلکے بھاری ہونا (ہ محاورہ) بُرے بننا ۔ بُرائی سر لینا ۔ بگڑنا ۔ ناراضگی ظاہر ہونا ۔
ہلکے سے (ہ۔تابع فعل) سہج سے ۔ آہستہ سے ۔ ہولے سے ۔
ہلکے ہلکے (ہ۔تابع فعل) سہج سہج ۔ ہولے ہولے ۔ آہستہ آہستہ ۔
ہل کے پانی نہ پی سکنا (ہ۔فعل) نہایت ناتوان اور کمزور ہو جانا۔ صاحب فراش ہو جانا ۔
ہلکے پانی نہ پینا (ہ۔محاورہ) پرلے درجے کا کاہل ۔ اور سُست ہونا ۔ نہایت سُست ہونا ۔ اُٹھ نہ سکنا ۔ اپنے ہاتھ سے کوئی کام نہ کرنا
ہلگانا (ہ۔فعل) لٹکانا ۔ معلق کرنا ۔ آویزاں کرنا ۔
ہلگت (ہ۔امو) عادت ۔ سبھاؤ ۔ خوبان ۔
ہلگت پڑنا (ہ۔محاورہ) عادت پڑنا ۔ بان پڑنا ۔ خوگر ہونا ۔ عادی ہونا۔
ہلگنا (اُمصدر) چمٹ رہنا ۔ اُلجھنا ۔ پھنسنا ۔
ہل مل جانا (ہ۔فعل) رچ مچ جانا ۔ گھل مل جانا ۔ باہم مانوس ہو جانا ۔
ہل مل کر رہنا (اُمحاورہ) میل جول کے ساتھ رہنا ۔
ہل من مبارز (ع۔بول چال) کون لڑنے والا ہے ۔ (میدان جنگ میں حریف کو طلب کرنے کے لئے بولتے ہیں ۔
ہل من مزید (ع) قرآنی آیات ہے ۔ یعنی کچھ اور بھی ہے تو لاؤ ۔ جب دوزخی دوزخ جا چکیں گے تو دوزخ پکار کر یہ لفظ کہے گا ۔
ہلنا (ہ۔فعل) جنبش کرنا ۔ متحرک کرنا ۔ لرزنا ۔ کانپنا ۔ تھرتھرانا ۔ پرچنا ۔ مانوس ہونا ۔ عادی ہونا ۔ بے تکلف ہونا ۔ خوگر ہونا ۔
ہلنا ڈلنا / جلنا (اُمحاورہ) حرکت کرنا ۔
ہلنے کو جی نہیں چاہنا (اُمحاورہ) بہت زیادہ سُست ہونا ۔
ہلنکا (ہ۔صف) قوی آدمی ۔ مضبوط آدمی ۔ وحشی ۔ جنگلی ۔ کھلنڈری ۔
ہلوا (ہ۔امذ) ہالی ۔ ہل جوتا ۔ قلبہ راں ۔
ہلورا (ہ۔امذ) ہلکورا ۔
ہلورنا (ہ۔فعل ۔ لواز مجہول) اکٹھا کرنا ۔ موڑنا ۔
ہلورے / ہلوریں لینا (اُمحاورہ) موجیں مارنا ۔ لہریں مارنا ۔
ہلہ (اُمذ) دیکھو (ہلا) دھاوا ۔ یورش ۔ یلغار ۔ چڑھائی ۔
ہلہل (ہ۔امذ) ایک بوٹے کا نام ہے ۔ جس کے پھول نہایت بدبُو دار ہوتے ہیں ۔ بواسیر کے لئے نہایت مفید ہے ۔
ہلہلا (اُمذ) انوکھی بات ۔ حیرت انگیز بات ۔ شگوفہ ۔ شوق ۔ روگ ۔ بے سروپا بات ۔ بہتان ۔ جھوٹی بات ۔
ہلہلا اٹھانا (اُمحاورہ) شگوفہ ۔ چھوڑنا ۔ کوئی نئی یا عجیب بات مشہور کر دینا ۔ شوق دلانا ۔ طبیعت کو اُبھارنا ۔
ہلہلا اٹھنا (اُمحاورہ) شگوفہ کھلنا ۔ جھگڑا کھڑا ہونا ۔ شوق چرانا ۔ کسی کام کے واسطے دفعتہً جی چاہنا ۔
ہلہلا کر بخار چڑھنا (ہ۔محاورہ) دفعتہً زور کر کے بخار چڑھنا ۔ زور سے بخار چڑھنا ۔ جاڑا دے کر بخار چڑھ جانا ۔
ہلہلانا (ہ۔فعل) کانپنا ۔ تھرتھرانا ۔ تھرّانا ۔
ہلہلہ (ع۔امذ) لغزہ ۔ پکار ۔ شور ۔ داد و آفرین کا شور ۔
ہلیج (ع۔امو) دیکھئے "ہلہلہ" جس کا یہ معرّب ہے ۔
ہلیلہ (ع۔مو) ہڑ ۔ ایک دوا کا نام ہے ۔ یہ دو قسم کی ہوتی ہے ۔ کلاں اور سیاہ ۔

ہ ۔ م

ہم (ض) اسم ضمیر جمع متکلم ۔ کلمۂ تعظیم ہوا اپنے لئے بولا جاتا ہے ۔
ہم بھی کوئی ہیں (اُمحاورہ) ہم سے بھی کوئی رشتہ اور خصوصیت ہے ۔ ہمارا بھی بڑا مرتبہ ہے ۔
ہم بھی کیا یاد کریں گے (اُمثل) کسی کی بے توجہی اور بے پروائی کے لئے مستعمل ہے ۔
ہم بھی ہیں پانچوں سواروں میں (اُمثل) چھوٹا ہو کر اپنے آپ کو بڑوں میں شمار کرنا ۔
ہم پر پھسل پڑے (اُمحاورہ) مجرم کو چھوڑ کر ہم پر غصہ اُتارا ۔ زبردست کو کچھ نہ کہا ہم پر ناحق خفا ہو گئے ۔
ہم جانیں اور تم جانو (ہ۔محاورہ) ہمارے تمہارے سوا اور کوئی واقف نہ ہو ۔
ہم چوڑے بازار سکڑا (ہ۔مثل) اپنے آپ کو بڑا اور دوسروں کو حقیر سمجھنے والی کی بابت کہا کرتے ہیں ۔ ہمارے آگے دوسروں کی کیا حقیقت ہے ۔
ہم خوش ہمارا خدا خوش (اُمقولہ) کمال رضامندی ظاہر کرنے پر بولتے ہیں ۔
ہم سے اڑتے ہو (ہ۔محاورہ) ہم سے چلتے ہو ۔ ہم تمہارے فریب میں نہیں آنے کے ۔ ہم تم سے واقف ہیں ۔
ہم سے کب چل سکتے ہو (اُمحاورہ) ہم تمہارے داؤں پیچ میں نہیں آ سکتے ۔
ہم کو (ض) اسم ضمیر مفعولی ۔ جمع متکلم ۔ اپنی ذات کو ۔
ہم کو پیٹے یا گاڑے ۔ یا رہے ہے کرے (ہ) کلمۂ قسم یعنی ہمیں روئے ۔ ہمارا ماتم کرے ۔ ہمیں زندہ نہ دیکھے ۔
ہمّ (ع۔امذ) فکر ۔ ملال ۔ اندیشہ ۔ ارادہ ۔ قصد ۔ خواہش ۔ بیماری کا بدن کو مضمحل اور کمزور کر دینا ۔ بچہ کو لوری دے کر سُلانا ۔ نہایت بوڑھا ۔
ہم (ف) حرف عطف و تابع فعل ۔ بھی ۔ نیز ۔ بلکہ ۔ ماسوا ۔ اور اس کے علاوہ ۔ ایک ہی کام میں شمولیت کے لئے ۔ آپس میں ۔ باہم باہمدگر ۔ ساتھی ۔ ساجھی ۔ سنگی ۔ فی مابین ۔ یہ لفظ مفردات میں اور معطوف اور معطوف علیہ دونوں پر آتا ہے ۔ بخلاف بینکے

کہ وہ جملوں میں اور صرف معطوف پر آتا ہے ۔
ہم آغوش (ف۔صف) بغلگیر ۔ ہمکنار ۔ باہم گلے ملنا ۔ معانقہ جسمانی ۔
ہم آغوشی (ف۔اسمو۔یائے مصدری) ہمکناری ۔ بغلگیری ۔ گلے ملنا ۔
ہم آواز ۔ یا ۔ **ہم آہنگ** (ف۔صف) ایک ہی سُر ۔ ایک ہی راگ ۔ سُر یا راگ میں شریک ۔ ساتھی ۔ مؤید ۔ متفق الرائے ۔
ہم آورد (ف۔صف) مقابل ۔ حریف ۔ سامنے کھڑا ہو کر لڑنے والا ۔
ہم بزم (ف۔صف) محفل میں شریک ۔
ہم بزمی (ف۔اسمو) دیکھئے "ہم بزم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
ہم بستر (ف۔اصف) شریک بستر ۔ ایک بستر پر سونے والا ۔ ساتھ سونے والا ۔
ہم بستر ہونا (اُر۔محاورہ) ایک ہی بستر پر سونا ۔ محبت کرنا ۔ مجامعت کرنا ۔
ہم بغل (ف۔صف) ہم آغوش ۔
ہم پا (ف۔صف) ساتھ ۔ ہمراہ ۔ ساتھی ۔ ہمقدم ۔
ہم پایہ (ف۔صف) یکساں درجہ رکھنے والا ۔
ہم پلّہ (ف۔صف) برابر کا جوڑ ۔ برابر کی ٹکر ۔ برابر فاصلہ ۔ ہم نشانہ ۔ برابر کی مار کا ۔ ایک توڑ کا ۔
ہم پہلو (ف۔صف) پہلو بہ پہلو ۔ برابر ۔ لگواں ۔ ساتھی ۔ رفیق ۔ وابستہ ۔ طرفدار ۔
ہم پیالہ (ف۔صف) شریک پیالہ ۔ ایک ہی پیالے میں کھانے والا ۔ ہانڈی دال ۔ دسترخوان کا ساتھی ۔ گہرا دوست ۔
ہم پیالہ و ہم نوالہ (ف۔صف) ساتھ کھانے پینے والا ۔ ہم طعام ۔ گہرا دوست ۔ جانی دوست ۔
ہم پیشہ (ف۔اصف) ایک ہی پیشہ اور ایک ہی کام کرنے والا حریف ۔
ہم تا ۔ یا ۔ ہمتا (ف۔صف) برابر ۔ مثل ۔ مانند ۔ شریک ۔ نظیر ۔
ہم تاب (ف۔صف) ہمسر ۔ ہمسری کرنے والا ۔
ہم ترازو (ف۔صف) ہموزن ۔ ہم پلّہ ۔
ہم جلیس (فع۔صف) پاس بیٹھنے اُٹھنے والا ۔ دلی دوست ۔ ساتھی ۔ رفیق ۔ ہمراز ۔
ہم جماعت (فع۔صف) ایک ہی جماعت میں پڑھنے والا ۔ ہم سبق ۔ کلاس فیلو ۔
ہم جنس (فع۔صف) یکساں ۔ ایک نمونہ کا ۔ ایک ہی قسم کا ۔ ہم ذات ۔
ہم جنسی (ف۔اسمو) ہم جنس کا اسم کیفیت ہے ۔
ہم جوار (ف۔صف) ہمسایہ ۔ پڑوسی ۔
ہم جولی (اُر۔صف) ہم عمر جو ساتھ کھیلا ہو ۔ لنگوٹیا ۔ ہم سن ۔ برابر کا یار ۔ بچپن کا یار ۔ وہ کم سن لڑکی جو ساتھ کھیلنے میں اکثر شریک رہے ۔ ساتھ کی کھیلی ۔
ہم چشم (ف۔صف) برابر والا ۔ ہمسر ۔ ہمجولی ۔ ٹکر ۔ امثال واقران
ہم چشمی (ف۔اسمو یائے مصدری) برابر ۔ ہمسری ۔

ہم چو من/ما/دیگرے نیست (ف۔مثل) میرے یا ہمارے مثل دوسرا نہیں ۔ خودستائی کے لئے مستعمل ہے ۔
ہم خانہ (ف۔صف) ایک گھر میں رہنے والا ۔ ساتھی ۔ جوڑا ۔ جفت ۔ جوڑی ۔
ہم خوابہ (ف۔اسمو) ہم بستر ۔ ساتھ سونے والی ۔ مجازاً بیوی ۔ زوجہ ۔
ہم خرما و ہم ثواب (ف۔مثل) وہ فعل جس میں لذت بھی ہو اور کار خیر بھی ۔ وہ کام جس میں دوہرا فائدہ ہو ۔
ہم خواب (ف۔صف) ساتھ سونے والا ۔ ہم بستر (افعال ہونا) ۔
ہم خوابی (ف۔اسمو) ساتھ سونا ۔ ہم بستری ۔
ہم خواب ہونا (اُر۔محاورہ) ساتھ سونا ۔ ہم بستر ہونا مجامعت کرنا ۔ جماع کرنا
ہم داستان (ف۔صف) ہم کلام ۔ ہم محبت ۔ ہم راز ۔ ہم زبان
ہم داماں (ف۔صف) بیوی کی بہن کا شوہر ۔ ہم زلف ۔ سارھو ۔
ہم دبستان (ف۔صف) ہم مکتب ۔ ہم مدرسہ ۔
ہم درد (ف۔صف) دُکھ درد کا ساتھی ۔ درد شریک ۔ غم خوار ۔
ہم درس (ف۔صف) ساتھ سبق پڑھنے والا ۔
ہم دست (ف۔صف) ہمراہ ۔ ہاتھ ۔ ہاتھوں ۔ شریک ۔ برابر متفق ۔
ہم دست ہونا (اُر۔محاورہ) ملنا ۔ شریک ہونا ۔ دستیاب ہونا ۔ وصول ہونا ۔ پانا ۔
ہم دگر (ف۔صف) باہم ۔ آپس میں ۔ دونوں ایک دوسرے میں ۔
ہم دم ۔ یا ۔ ہمدم (ف۔صف) ہر وقت ساتھ رہنے والا ۔ دم کا ساتھی ۔ رفیق ۔ دوست ۔
ہم دوش (ف۔صف) ایک ہی قد کا ۔ برابر ۔ ہمسر ۔ ساتھی ۔ برابر کا ۔
ہم دیوار (ف۔صف) ایک ہی ذات کا ۔ ہم قوم ۔
ہم ذات (ف۔صف) ایک ہی ذات کا ۔ ہم قوم ۔
ہم راز (عف۔صف) بھیدی ۔ رازداں ۔ جو اپنا بھید جانتا ہو ۔
ہمراہ (ف۔صف) ساتھ چلنے والا ۔ ساتھی ۔ رفیق راہ ۔ ساتھ ۔ سنگ ۔ ساتھی ۔ سنگی ۔
ہم راہ گر شتاب کند ہمراہ تو نیست (ف۔مقولہ) ساتھی اگر جلدی کرے تو وہ تیرا سچا رفیق نہیں ۔
ہم راہ رکاب (فع۔صف) جلوس کے ساتھ ۔ سواری کے ساتھ ۔
ہم راہ ہونا (اُر۔محاورہ) ساتھ ہو لینا ۔
ہمراہی (ف۔اسمذ) ساتھی ۔ ساتھ چلنے والا ۔ ہمراہ ۔ سنگی (بصورت یائے مصدری) ساتھ دینا ۔ ساتھ چلنا ۔ سنگی ہونا ۔
ہم رنگ (ف۔اصف) ایک ہی رنگ کا ۔ یکساں ۔ ایک ہی طرح کا ۔
ہم رنگ کے رونے (اُر۔محاورہ) گنجفہ میں اپنے حریف سے ایک کے دو لینا ۔ یعنی اتنی چالاکی سے ۔ کہ ایک کے بدلے دو رکھتے ہیں ۔

ہم زاد (ف۔امذ) جڑواں۔ توام۔ ایک ساتھ پیدا ہونے والا۔ ہم سن۔ ہم سال۔ شیطان یا خبیث جن جو انسان کے ساتھ پیدا ہوتا ہے۔ اور ہمیشہ رہتا ہے۔ سایہ۔

ہم زبان (ف۔صف) ایک زبان کا ساتھی۔ ہم کلام۔ ہم قول۔

ہم زلف (ف۔امذ) سالی کا خاوند۔ ساڑھو۔ ساندو۔ ہم ریش۔ ہم داماد۔

ہم سازہ (ف۔صف) دوست۔ یار۔ رفیق۔

ہم سال (ف۔صف) عمر میں برابر۔

ہم سایہ (ف۔امذ) پڑوسی۔ پاس کے مکان میں رہنے والا۔ پڑوس کا باشندہ۔ پاس کا مکان۔ پڑوس۔

ہم سائی (اُر۔مو) ہمسایہ کی تانیث۔ پڑوسن۔ پڑوس میں رہنے والی عورت۔

ہم سائگی (ف۔امو۔بیائے مصدری) پڑوس۔ ہم دیواری۔ مکان کی قربت۔

ہم سایہ دھوئیں کا شریک (اُر۔مثل) پڑوسی سے ہمدردی ہونا ضرور ہے۔

ہم سایہ ہونا (اُر۔محاورہ) پڑوس میں آکر رہنا۔ مکان کے قریب مکان لے کر رہنا۔

ہم سبق (ف۔صف) ایک ساتھ سبق پڑھنے والا۔ سبق کا ساتھی۔

ہم سخن (ف۔صف) ہم زبان۔ ہم کلام۔ ساتھی۔

ہم سر (ف۔صف) برابر کا۔ برابر والا۔ ایک ہی رُتبہ کا۔ ہم چشم۔ رقیب۔ جورو۔ بیوی۔

ہم سری (ف۔امو۔بیائے مصدری) برابری۔ مُقابلہ۔ ہم چشمی۔ رقابت۔ زوجیت۔

ہم سری کرنا (اُر۔محاورہ) برابری کرنا۔ مُساوات کا دم بھرنا۔ برابری کا دعوے کرنا۔

ہم سفر (ف۔امذ۔صف) مل کر سفر کرنے والا۔ سفر کا ساتھی۔ رفیق راہ۔

ہم سن (فع۔صف) ہم عمر۔ برابر کی عمر کا۔ ہمجولی۔

ہم سنگ (ف۔صف) ہموزن۔ برابر۔

ہم سلک (فع۔صف) سمدھی۔ جن کے لڑکے لڑکی ساتھ بیاہے ہوں۔

ہم شکل (فع۔صف) ایک ہی شکل کا۔ ہم صورت۔

ہمشیر۔ یا۔ ہمشیرہ (ف۔امو) بہن۔ خواہر۔ بی بی۔

ہمشیر زاد۔ یا۔ ہمشیرہ زادہ (ف۔مذ) بھانجا۔ بہن کا بیٹا۔

ہم صحبت (فع۔صف) صحبت میں رہنے والا۔ ساتھی۔ پاس اُٹھنے بیٹھنے والا۔ ہمنشین۔ جلیس۔

ہم صدا / ہم صفیر (فع۔صف) ہم آواز۔ ایک طرح کی بولی بولنے والا۔ مجازاً ہمدم۔ ہمرنگ۔

ہم طالع (فع۔صف) ایک جیسی قسمت والا۔ ہم نصیب۔

ہم طرح (ف۔صف) وہ غزل یا قصیدہ جو ایک ہی طرح یا ایک ہی زمین میں لکھے جائیں۔ مقابل۔ ہم رُتبہ۔

ہم عصر (فع۔صف) ایک ہی وقت کا ایک ہی زمانہ کا۔ ہم زمانہ۔ ہم عہد۔

ہم عمر (فع۔صف) برابر کی عمر کا۔ ہم سال۔ ہم سن۔

ہم عنان (ف۔صف) برابر۔ ہمراہ۔ ساتھی۔ رفیق۔ ساتھ ساتھ چلنے والا۔

ہم عہد (فع۔صف) ایک ہی زمانہ کا۔ ہم عصر۔ ہم زمانہ۔

ہم عیا (ف۔صف) ہم وزن۔

ہم قد (ف۔صف) برابر قد کا۔

ہم قدم (فع۔صف) ساتھی۔ ہمسفر۔ رفیق۔ ہمراہ۔

ہم قسم (فع۔صف) باہم عہد کرنے والا۔ حریف۔

ہم قلم (ف۔صف) ہم عہدہ۔ وہ لوگ جو ایک ہی خدمت پر مقرر ہوں۔

ہم قوم (فع۔صف) ایک ہی قوم کا۔ ایک ذات کا۔ ایک گوت کا۔

ہم کاسہ (ف۔صف) ہم نوالہ۔ ہانڈی وال۔ ساتھ کھانے والا۔

ہم کُفو (فع۔صف) ایک ہی کنبے کا۔ ایک ہی خاندان کا۔ اپنی قوم کا۔

ہم کلام (فع۔صف) مل کر بات کرنے والا۔ ہم سخن۔ مخاطب۔

ہم کلام ہونا (اُر۔فعل) کسی سے باتیں کرنا۔ بولنا۔

ہم کلامی (فع۔امو۔بیائے مصدری) بول چال۔ گفتگو۔ آپس میں بات چیت کرنا۔

ہم کنار (ف۔صف) ہم آغوش۔ بغل گیر۔

ہم کون ہیں (اُر۔محاورہ) ہم کو اس میں کچھ دخل نہیں۔ ہم اس لائق نہیں۔

ہم گرد (ف۔صف) ساتھ پھرنے والا۔

ہم مذہب (فع۔صف) ایک ہی مذہب کا۔ ہم ملّت۔ ایک ہی پلنٹھ کا۔

ہم مرکز (ف۔امذ) ایک ہی مرکز والے دائرے۔

ہم مکتب (فع۔صف) ایک ہی مکتب کا پڑھا ہُوا۔ ایک ہی مدرسہ کا پڑھا ہُوا۔

ہم نام۔ یا۔ ہمنام (ف۔صف) ایک ہی نام کا۔ ہم اسم۔

ہم نشین (ف۔صف) پاس اُٹھنے بیٹھنے والا۔ مصاحب۔ ہم صحبت۔

ہم نظر (ف۔صف) مقابل۔ ہم پایہ۔

ہم نفس (فع۔صف) ہمدم۔ ساتھی۔ دم کا ساتھی۔ دوست۔ رفیق۔ آشنا۔

ہم نوا (ف۔صف) ہم آہنگ۔ ہم آواز۔

ہم نوالہ (ف۔امذ) ساتھ کھانے پینے والا۔

ہم وار / ہموار (ف۔صف) برابر۔ یکساں۔ ہمیشہ۔

ہموار کر لینا (اُر۔محاورہ) زمین کو یکساں کر لینا۔ کسی کو کسی امر پر رضامند

کر لینا۔ موافق بنا لینا۔

ہم وطن (ف۔ا۔مذ) ایک ہی دیس کا۔ ایک ملک کا۔ ایک شہر کا۔

ہما (ف۔ا۔مذ) ایک متبرک اور مشہور پرندے کا نام ہے۔ جس کی نسبت مشہور ہے۔ کہ یہ جس کے سر پر سے گزر جائے۔ وہ بادشاہ ہو جاتا ہے۔ یہ پرندہ صرف ہڈیاں کھاتا ہے۔ اور کسی کو نہیں ستاتا۔

ہمارا (ض) اسم ضمیر مضاف الیہ جمع متکلم اور اسم مذکر۔ ہم سب کا۔ ہم سب لوگوں کا۔ تعظیماً میرا۔ میری ذات کا۔

ہمارا کیا ہے (ض۔ محاورہ) ہمارا کیا بگڑتا ہے۔ ہمارا کچھ نقصان نہیں۔

ہمارا بھی خدا ہے (اُردو مثل) کسی سے مایوس ہو جانے پر بولتے ہیں۔

ہمارا تمہارا خدا بادشاہ (اُردو مثل) قصہ گو کسی بادشاہ کا قصہ شروع کرتے وقت کہتے ہیں۔

ہمارا لہو پیئے۔ یا۔ ہمارا حلوا کھائے (ض۔ محاورہ) قسم سخت۔ ہم کو کھائے۔ ہمیں پیئے۔ ہمارا مُردہ دیکھے۔ ہمیں روئے۔

ہمارے (ض) اسم ضمیر مضاف الیہ جمع متکلم برائے جمع مذکر۔ ہمارا کی جمع۔

ہمارے بڑے بیرائے۔ سردے آزاد کیا کرتے تھے (اُردو مثل) آپ کو کچھ نہیں باپ دادا کے نام پر اترا تے ہیں۔ یعنی بڑوں نے خرچ ہم مفت میں نام چاہتے ہیں۔

ہمارے فرشتوں کو بھی خبر نہیں (اُردو محاورہ) ہم بالکل بے خبر ہیں۔ ہم تو الگ رہے ہمارے کراماً کاتبین بھی بے خبر ہیں۔

ہمارے گھر آؤ گے کیا لاؤ گے / تمہارے گھر آئیں گے کیا کھلاؤ گے (اُردو مثل) نہایت خود غرضی کے موقع پر کہتے ہیں۔

ہمارے مُنہ میں بھی زبان ہے (اُردو محاورہ) ہم بھی بات کرنے کی طاقت رکھتے ہیں۔ ہم بھی اس بات کا جواب دے سکتے ہیں۔

ہمارے ہاں سے آگ لائی اور نام رکھا بلسند (ض۔ مثل) ہماری ہی چیز اور ہمیں سے دریغ۔ پرائی چیز پر اترانے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

ہماری (ض) اسم ضمیر مضاف الیہ جمع متکلم مؤنث۔ اپنی ذاتی۔ نج کی۔

ہماری آنکھ سے دیکھو (اُردو محاورہ) اس موقع پر کہتے ہیں۔ جب کوئی کسی اچھی بُری چیز میں تمیز نہ کر سکے۔ جس غور اور توجہ سے میں دیکھتا ہوں۔ اس طرح تم بھی دیکھو۔

ہماری بلی ہمیں سے میاؤں (ض۔ مثل) ہماری کھائے اور ہمیں پر غرائے۔

ہماری بندگی پہنچے (اُردو محاورہ) ہم سلام کرتے ہیں۔ ہم باز آئے۔ ہمیں معاف رکھیے۔ ہمارا اسلام ہے۔

ہماری بھتی کھائے (ض) سخت قسم۔ ہمارا حلوا کھائے۔

ہماری بھتی کھائے ہم کو ہے ہے کرے (اُردو مثل) عورتیں دوسروں کو قسم دلانے کے لئے کہتی ہیں۔

ہماری۔ بیری میں بھی۔ بیر لگیں گے (اُردو مثل) کبھی ہم سے بھی تم کو کام پڑے گا۔

ہماری دادی نے گھی کھایا ہمارا ہاتھ سونگھو (ض۔ مثل) کام کوئی کرے۔ داد کوئی مانگے۔

ہما شما (اُردو صف) ادنےٰ اعلےٰ۔ چھوٹے بڑے۔ اپنے بیگانے سب۔ عام۔ عوام۔

ہمالیہ۔ یا۔ ہمالہ (ض۔ا۔مذ) ہندوستان کے مشہور شمالی پہاڑ کا نام ہے۔ جو دُنیا کے تمام پہاڑوں سے اونچا اور ہمیشہ برف سے ڈھکا رہتا ہے۔ (ہم بمعنی برف اور آلہ بمعنی گھر)

ہماہمی (ض۔ا۔مؤ) بڑا بول۔ غرور۔ خود پسندی۔ انانیت۔ زبردستی۔ زور آوری۔ سرزوری۔

ہمایُوں (ف۔ صف) منسوب بہ ہما۔ مبارک خجستہ۔ بابرکت۔ مسعود۔ کامیاب۔ ہندی مغلیہ خاندان کے ایک مشہور بادشاہ کا نام۔

ہمے (ض۔ متعلق فعل) ہاں۔

ہمت (ع۔ا۔مؤ) ارادہ۔ قصدِ عزم۔ حوصلہ۔ عالی حوصلگی۔ اُولوالعزمی۔ جرأت۔ دلیری۔ ڈھارس۔ شجاعت۔ بہادری۔ طاقت۔ دسترس۔ توفیق۔

ہمت باندھنا (اُردو محاورہ) حوصلہ کرنا۔

ہمت بندھانا (اُردو محاورہ) جرأت کرنا۔ حوصلہ دلانا۔

ہمت پڑنا (اُردو محاورہ) حوصلہ ہونا۔ جرأت ہونا۔

ہمت پست (اُردو محاورہ) بے ہمت ہو جانا۔

ہمت ٹوٹنا (اُردو محاورہ) دیکھئے "ہمت ٹوٹنا"۔ جس کا یہ متعدی ہے۔

ہمت ٹوٹنا (اُردو محاورہ) کم ہمت ہو جانا۔ پست ہمت ہو جانا۔

ہمت جوان رہنا (اُردو محاورہ) حوصلہ قائم رہنا۔

ہمت سرد ہونا (اُردو محاورہ) حوصلہ جاتے رہنا۔

ہمت قائم / قوی رہنا (اُردو محاورہ) حوصلہ قائم رہنا۔ ارادہ پکا رہنا۔

ہمت کرنا (ہ۔ محاورہ) دلیری کرنا۔ جرأت کرنا۔ بہادری کرنا۔ حوصلہ دکھانا۔ دل چلانا۔ ڈھارس باندھنا۔ سخاوت کرنا۔ مردانگی دکھانا۔

ہمت کی گڑیا عراقی کے لات مارے (اُردو مثل) ہر ایک اپنے حمایتی کے بھروسے پر ٹھوکتا ہے۔

ہمت مرداں مدد خدا (ف۔ مثل) کام کوشش۔ شرط ہے۔ خدا تعالےٰ مدد ضرور کرتا ہے۔

ہمت والا (اُردو صف۔ فاعلی) عالی ہمت۔ عالی حوصلہ۔ جری۔ دلیر۔ بہادر۔ سُورما۔ سخی۔ دل چلا۔

ہمت ہارنا (اُردو محاورہ) جی چھوڑنا۔ حوصلہ ہار بیٹھنا۔ ڈھارس نہ رکھنا۔ تھک جانا۔

ہمتا (ف۔ صف) برابر۔ نظیر۔ مثل۔ مانند۔ ہمسر۔

ہمتائی (ف۔ا۔مؤ) دیکھئے "ہمتا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ہمزہ (ع۔ا۔مذ) وہ الف جو کسرہ یعنی چھکے کے ساتھ پڑھا جائے۔

ہمکارا (ض۔ا۔مذ۔ صوت) کسی بات کے اقرار و اقبال کی آواز۔ ہوں ہاں۔ ہنکارا۔ ہنگورا۔

ہمکاری (اُردو مؤ) دیکھئے "ہمکارا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ہمکارا / ہمکاری بھرنا (اُردو محاورہ) اقرار کرنا۔ اقبال کرنا۔ ہاں ہوں کرنا۔

ہمک کر (ہ۔ تابع فعل) مچل کر۔ اچھل کر۔ سینہ کو مچکا کر۔ کودک کر۔
ہمکنا (ہ۔ فعل) دھاوا کرنا۔ چڑھائی کرنا۔ حملہ کرنا۔ یورش کرنا۔ بچے کا چلنے کی کوشش کرنا۔ اپنی جگہ سے جست کرنا۔ کودنے کی کوشش کرنا۔
ہمک ہمک کے چلنا (ہ۔ فعل) پھدک پھدک کر چلنا۔ اچک اچک کر چلنا۔ اچھل اچھل کر چلنا۔
ہمگی (ف۔ صف۔ کلمہ تاکید معنوی) تمام۔ سب۔ سب کے سب۔
ہمم (ع۔ امو) ہمت کی جمع۔
ہموار (ف۔ صف) برابر۔ یکساں۔ مساوی۔ مدام۔ ہمیشہ۔ سدا۔ نت۔ دائم۔
ہموارہ (ف۔ تابع فعل) ہمیشہ۔ مدام۔ سدا۔ نت۔ لگاتار۔
ہمہ (ف۔ صف) تاکیدی۔ سب۔ کل۔ سارا۔ جملہ۔ تمام۔ کلہم۔
ہمہ از دست (ف۔ مقولہ) سب چیزیں اس خدا سے ہیں۔ کوئی چیز موجود نہیں ہے بلکہ ہر چیز اپنے وجود کے لئے خدا کی محتاج ہے۔
ہمہ اوست (ف۔ مقولہ) سب کچھ وہ خدا ہے۔ صوفیوں کا قول ہے۔ کہ سوا خدا کے کسی چیز کا وجود نہیں۔ یہ خدا ہی تو ہے جو مختلف صورتوں میں دکھائی دیتا ہے۔
ہمہ بازی شعبدہ بازی پیروں سے بھی دغابازی (اُ۔ محاورہ) استاد کے سامنے شاگرد کی نہیں چلتی۔
ہمہ تن (ف۔ صف) بالکل۔ تمام۔ سر سے پاؤں تک۔ سر بسر۔ سب کا سب۔
ہمہ دان (ف۔ صف) ہر ایک بات سے واقف۔ ہر ایک علم و ہنر جاننے والا۔ جگت استاد۔
ہمہ دانی (ف۔ امو۔ بیائے مصدری) ہر کام کی واقفیت۔ جگت استادی۔
ہمہ شما (اُ۔ صف) دیکھو "ہماشما"۔
ہمہ صفت موصوف (فع۔ صف) سب گنوں پورا۔ ساری خوبیوں سے بھرا ہوا۔ ہر قسم کی تعریف کے لائق۔
ہمہ نعمت (فع۔ امو) تمام عمدہ چیزیں۔ تمام نعمتیں۔ مال و دولت کی تمام اشیا۔
ہمہ نعمت موجود ہے (اُ۔ محاورہ) کسی چیز کی کمی نہیں۔ خدا نے سب کچھ دے رکھا ہے۔
ہمہ وقت / وقتی (ف۔ متعلق فعل) ہر وقت۔
ہمیانی (اُ۔ امو) روپے رکھنے کی پتلی لمبی سی تھیلی۔ بٹوی۔ ہمیان۔ لمبا بٹوہ۔
ہمیش (ف۔ متعلق فعل) ہمیشہ کا مخفف۔
ہمیشگی (ف۔ امو۔ بیائے مصدری) دوام۔ قیام۔ قدامت۔ بقاء بے زوالی۔
ہمیشہ (ف۔ تابع فعل۔ مفید صفت) سدا۔ نت۔ آئے دن۔ مدام۔ دائم۔
ہمیشہ بہار (ف۔ امذ) ایک بوٹا جو دواؤں میں کام آتا ہے۔ سدا بہار۔
ہمیشہ روتے ہی جنم گزرا (اُ۔ محاورہ) سدا مصیبت اور افلاس میں ہی رہے۔
ہمیشہ سے چلا آتا ہے (اُ۔ مقولہ) یوں ہی ہوتا ہے۔ پرانا چلن ہے۔ قدیم رسم ہے۔
ہمیں (ہ۔ اسم ضمیر مفعولی۔ صیغہ جمع متکلم) ہم کو۔ ہم سب کو۔ ہم تمام کو۔ مجھے کی جمع۔ تعظیماً اپنی ذات کو خطاب۔ مجھے۔ مجھ کو۔ یہ لفظ بیائے مجہول ہے۔
ہمیں چوگاں ہمیں میداں ہمیں گو (ف۔ مثل) یہ ہی مقابلے کی جگہ ہے۔ یہیں آزمائش ہو جائے۔
ہمیں کیا سمجھا (اُ۔ محاورہ) ہم کو کیا جانا۔ کیا ہمیں ایسا ویسا آدمی خیال کیا۔
ہمیں (ہ۔ کلمہ حصر بیائے معروف) ہم ہی۔ ہم ہی سب۔ ہم ہی تمام۔
ہمیں پر کیا ہے (ہ۔ محاورہ) مجھی پر کیا موقوف ہے۔ ہماری ذات پر موقوف اور منحصر نہیں ہے۔
ہمیں ہیں جو یہ مگدر بھانتے ہیں (ہ۔ محاورہ) یہ طاقت اور یہ زور کا کام ہم ہی کر سکتے ہیں۔ ہماری برابر دنیا میں کوئی نہیں۔

ہ - ن

ہن (ہ۔ امذ۔ مو) دکن کے ایک سنہری سکے کا نام ہے۔ جو زمانہ قدیم میں رائج تھا۔ سونے کا ٹکڑا۔ سونے کا ٹکڑا۔ ریزۂ زر۔ (دکن ہندوستان کے ایک علاقے کا نام (اصل ناؤد)
ہن برسانا (اُ۔ محاورہ) دولت برسانا۔
ہن برسنا (ہ۔ محاورہ) دولت برسنا۔ روپیہ برسنا۔ بکثرت آمدنی ہونا۔ دولت میں کھیلنا۔
ہن پر ہن برسنا (اُ۔ محاورہ) کثرت سے دولت برسنا۔
ہننا (ہ۔ فعل) قتل کروانا۔ مار ڈالنا۔ گردن مارنا۔ (بصورت اسم مذکر) ہرنا۔ زین کا اگلا اٹھا ہوا حصہ۔
ہنٹر (انگ۔ امذ Hunter) چابک۔ کوڑا۔ تازیانہ۔ شکاری۔ صیاد۔
ہنجار (ف۔ امذ) راستہ۔ راہ۔ مجازاً طرز۔ طریقہ۔ روش۔ قاعدہ۔
ہند (س۔ امذ) ہندوستان۔ بھارت ورش۔
ہندسہ (معرب) اندازہ کا معرب۔ شکل عدد۔ رقم۔ آنک۔ علم مجسمات۔ اقلیدس۔ جیومیٹری۔
ہندسہ دان (ف۔ مذ) علم ہندسہ کا واقف۔ اقلیدس کا عالم۔
ہندسہ دانی (عف۔ مو) علم ہندسہ واقفیت۔ علم ہندسہ کا علم جاننا۔
ہندو (ف۔ امذ) ہندوستان کا رہنے والا۔ ہند کا باشندہ۔ ہندی آدمی۔ ہندوستانی۔ ہندوستان میں رہنے والی ایک قوم کا نام ہے۔ (فارسی) میں چور۔ لٹیرا۔ رہزن۔ غلام۔ بندہ۔ بردہ۔
ہندو مت (ہ۔ امو) اہل ہند کا مذہب۔ ہندو دھرم۔
ہندوانہ (ف۔ امذ) تربوز۔ ہندوؤں جیسا طریقہ۔
ہندوانی (ف۔ صف) ہندوؤں کا۔ ہندوؤں سے منسوب۔

ہندوستان (ف۔ا۔مذ) ملک ہندوستان۔ بھارت۔
ہندوئے چرخ / فلک (ف۔مذ) سیارہ زحل جو سیاہ رنگ کا ہے۔
ہندی (ف۔صف) بیائے نسبتی، منسوب بہ ہند۔ ہند سے تعلق رکھنے والا۔ ہندوستانی۔ ہند کا رہنے والا۔ ہند کی تلوار۔ ہندوستان کی وہ زبان جو سنسکرت سے نکلی ہے۔ ہند کی چیز۔
ہندی کی چندی (ا۔مو) معنی کے معنی۔ شرح کی شرح۔ چھان بین۔ بال کی کھال۔ بین میکھ۔ نکتہ چینی۔
ہندی کی چندی کرنا (ہ۔محاورہ) خوب سمجھنا۔ آسان کو بہت ہی آسان کرنا۔ چھان بین کرنا۔ کھود کھود کر پوچھنا۔ بیفائدہ باتیں بنانا۔
ہندی کی چندی نکالنا (ہ۔محاورہ) معنی کے معنی پوچھنا۔ بال کی کھال اتارنا۔ حجت کرنا۔ بین میکھ نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا۔
ہندی نژاد (ف۔صف) وہ جو ہند کا اصلی باشندہ ہو۔
ہنڈا ۱ (ا۔مذ) ہانڈی سے اسم مکبّر۔ بڑی ہانڈی۔ مٹی کا بہت بڑا برتن۔ مٹکا۔ خُم۔ ایک قسم کی گھاس جو پانی کے کنارے ہوتی ہے۔ ہانڈنے والا۔ بھرنے والا۔
ہنڈا ابھاڑا (ا۔مذ) واپسی کا کرایہ۔ کرایہ کا فیصلہ۔ مال لیجانے کا معاہدہ۔
ہنڈا پھوڑنا (اُ۔محاورہ) راز فاش کرنا۔
ہنڈا کرنا (ہ۔محاورہ) کونڈا کرنا۔ کسی دولتا پر میٹھائیوں کے ہنڈے چڑھانا۔ کسی جاتر اسے واپس آکر ضیافت وغیرہ کھلانا۔
ہنڈار (ا۔مذ) بھیڑیا۔ گرگ۔
ہنڈانا (ہ۔فعل) شہر بدر کرنا۔ جلاوطن کرنا۔ کھدیدنا۔ تاڑنا۔ نکالنا۔ پھرانا۔ حیران کرنا۔ تشہیر کرنا۔ گدھے پر چڑھا کر شہر میں پھرانا (پنجاب) استعمال میں لانا۔ برتنا۔
ہنڈوان (ا۔مو) ہنڈی کا محصول۔ ہنڈی کا بٹا۔ ہنڈی کرانی۔ ہنڈی بھیجنے کا کمیشن۔
ہنڈکلیا۔ یا۔ کلھیا (ہ۔ا۔مو) بچوں کا کھانا پکانے کا کھیل۔
ہنڈنا (اُ۔مصدر) گشت کرنا۔ پھرنا۔ تشہیر کرنا۔
ہنڈول (ہ۔مذ) ہندی راگوں میں سے پانچواں راگ۔
ہنڈولا (ہ۔مذ) پنگورا۔ جھولنا۔ گہوارہ۔ پالنا۔ مہد۔ برسات کا گیت جو جھولے پر گایا جاتا ہے۔
ہنڈولا جھولنا (ہ۔فعل) جھولا جھولنا۔ ہنڈولے پر جھولنا۔
ہنڈولنا (ہ۔مذ) جھولنا۔ پالنا۔ گہوارہ۔
ہنڈوی / ہنڈی (ہ۔ا۔مو) چک۔ کاغذ زر۔ روپیہ کا رقعہ۔ وہ رقعہ جو ساہوکار لوگ ایک جگہ سے دوسری جگہ پر روپیہ دینے کے واسطے دیا کرتے ہیں۔
ہنڈی بھیجنا (ہ۔محاورہ) مہاجن کے ذریعے روپیہ روپیہ بھیجنا۔ ساہوکار سے روپیہ کا کاغذ لیکر روانہ ہونا۔
ہنڈی پٹنا (اُ۔محاورہ) ہنڈی کا روپیہ وصول ہونا۔
ہنڈی دَرشنی (ہ۔ا۔مو) وہ ہنڈی جس کی رقم دیکھتے ہی ادا کر دی جائے۔
ہنڈی سکارنا (اُ۔محاورہ) ہنڈی کا روپیہ ادا کرنا۔
ہنڈی سیاہ جوگ (ہ۔ا۔مو) وہ ہنڈی جس کا روپیہ کچھ دیر بعد ملے۔
ہنڈی کرنا (ہ۔محاورہ) ساہوکار کے ذریعہ ایک جگہ سے دوسری جگہ روپیہ پہنچانا۔ منی آرڈر کرنا۔
ہنڈیا (ہ۔مذ) ہانڈی کی تصغیر۔ مٹی کی دیگچی۔ ترکاری۔ لاون۔ سالن۔
ہنڈیا پکانا (ہ۔محاورہ) سالن پکانا۔ ترکاری پکانا۔ چرچا کرنا۔ کھچڑی پکانا۔ منصوبے باندھنا۔ سازش کرنا۔
ہنڈیا پکنا (ہ۔محاورہ) سازش ہونا۔ کھچڑی پکنا۔ چرچا ہونا۔ سالن پکنا۔ ترکاری پکنا۔
ہنڈی کھڑی رکھنا (اُ۔محاورہ) ہنڈی کسی وجہ سے ملتوی رکھنا۔
ہنڈیا چڑھنا (ہ۔محاورہ) ہانڈی کا پکنے کے لئے چولہے پر رکھا جانا۔ مفت کا کھانا پکنا۔ رشوت ہاتھ آنا۔ مفت کا مال مل جانا۔
ہنڈیا چڑھانا (اُ۔محاورہ) ہنڈیا چولہے پر رکھنا۔ دال، ترکاری، ساگ وغیرہ پکانے کے لئے ہنڈیا چولہے پر رکھنا۔
ہنڈیا ڈوئی / ہنڈیا ڈلیا (ہ۔ا۔مو) کھانا پکانے کا سامان۔ باورچی خانہ کے برتن۔ گھر کا اسباب۔ اثاثہ۔ اثالا۔
ہنڈیا بٹنا (ہ۔محاورہ) بکثرت روپیہ تقسیم ہونا۔
ہُنر (ف۔ا۔مذ) گُن۔ فن۔ کاریگری۔ کام۔ حرفت۔ کمال۔ جوہر۔ وہ کاریگری جو ہاتھ سے ہو۔ کرتب۔ وصف۔ خوبی۔ دانائی۔ حکمت۔ سلیقہ۔ انداز۔
ہُنر کی پوٹ (اُ۔مو) جامع الکمالات۔ بڑا ہُنرمند۔
ہُنرمند / ہُنروَر (ف۔صف فاعلی) باہُنر۔ دستکار۔ صاحب کمال۔ کاریگر۔ صنّاع۔ گُنی۔
ہُنرمندی (ف۔مو بیائے مصدری) سلیقہ۔ اُستادی۔ جوہر۔ لیاقت۔ قابلیت۔ حکمت۔ کاریگری۔ دانائی۔ خوبی۔ وصف۔ کمال۔ گُن۔



ہنس (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کی بطخ جسے راج ہنس بھی کہتے ہیں۔ گلے کے گرداگرد کی ہڈی۔ ہیضلی۔ مجازاً روح۔ آتما۔ جان۔
ہنس (اُ۔مذ) ہنسا مصدر کا امر جو مرکبات میں آتا ہے۔
ہنس بول کر بسر کرنا (اُ۔محاورہ) خوش دلی کے ساتھ زندگی گزارنا ہے۔
ہنس بول لینا (اُ۔محاورہ) ہنسی خوشی سے بات چیت کرنا۔
ہنس بول پڑنا / دینا (اُ۔محاورہ) ہنسی خوشی سے بات چیت کرنا۔
ہنسا (ہ۔ا۔مذ) ہنسی۔ قہقہہ۔
ہنسا (ہ۔ا۔مو) قتل۔ ذبح۔ خون۔ خونریزی۔ کشت و خون۔ ہاپ۔ گناہ۔ جُرم۔ قصور۔
ہنسا جانا (اُ۔محاورہ) تمسخر کیا جانا۔ مذاق اڑایا جانا۔
ہنسا مارنا (اُ۔محاورہ) بہت ہنسنا۔
ہنسانا (ہ۔فعل) ہنسی دلانا۔ خندہ دلانا۔ خوش کرنا۔ محفوظ کرنا۔
ہنسائی (ہ۔ا۔مو بیائے مصدری) ٹھٹھا۔ ہنسی۔ تضحیک۔ مخول۔ حقارتی مزاح۔

ہنستا (اِ۔صف) ہنستا ہُوا۔
ہنستا پھُول بکسنی کلی (ہ۔ محاورہ) ہر دم مسکرانے اور ہنسنے والا۔ نادک اور خوش مزاج آدمی۔ وہ شخص جسے ذرا بھی خلاف طبع بات ناگوار گزرے۔ تنک مزاج۔
ہنستا چغل (اُ۔مذ) دوستی کے پردے میں دشمنی کرنے والا۔
ہنستی پیشانی (اُ۔صف) ہنس مکھ۔ خندہ پیشانی۔
ہنستے بولتے (اُ۔صف) مذاق کرتے کرتے۔ باتوں باتوں میں۔ آسانی سے۔ خوش دلی سے گفتگو کرتے کرتے۔
ہنستے ٹھاکر کھانستے چور۔ ان دونوں کا آیا اور (ہ۔ مثل) حاکم کی مذاقیہ ہنسی اور چور کی کھانسی۔ ہمیشہ خرابی کا باعث ہوتی ہے۔
ہنستے ہنستے (ہ۔ تابع فعل) مذاق میں۔ ہنسی ہنسی میں۔ ہنسنے کی حالت میں (صیغہ اسم حالیہ ہے)۔
ہنستے ہنستے پیٹ میں بل پڑ جانا (ہ۔ محاورہ) اس قدر ہنسنا کہ پیٹ دُکھنے لگنا۔ ہنسی کے مارے لوٹ پوٹ جانا۔
ہنستے ہنستے لوٹ جانا (اُ۔محاورہ) ہنسی کے مارے لوٹ پوٹ ہو جانا۔
ہنستے ہی گھر بستے ہیں (ہ۔ محاورہ) ہنسی میں کام بن جاتے ہیں۔ باتوں باتوں میں مطلب نکل آتا ہے۔ ہنستے ہنستے ہی مُراد مل جاتی ہے۔
ہنس خلق (اُ۔صف) خوش خلق۔ ہنس مکھ۔ ملنسار۔
ہنسراج (ہ۔ہمو) ایک قسم کی گھاس جو پانی کے کنارے یا برفانی پہاڑوں پر بکثرت ہوتی ہے۔ ایک قسم کی بطخ۔ قاز۔
ہنسلی (ہ۔ہمو) ایک قسم کا گلے میں پہننے والا زیور۔ ہنسلی ہڈی جو گردن کے نیچے اور سینہ کے اُوپر ہوتی ہے۔
ہنسلی اُتر جانا (ہ۔ فعل) دودھ پیتے بچے کے گلے کی ہڈی کا اپنی جگہ سے سرک کر نلے ہو جانا۔
ہنس مکھ (ہ۔صف) خوش طبع۔ خندہ پیشانی۔ خوش مزاج۔ کشادہ پیشانی۔ شگفتہ رُو۔
ہنسنا (ہ۔ فعل) کھلنا۔ کھلکھلانا۔ خندہ کرنا۔ انبساط کرنا۔ پرمسرت ہونا۔ مگن ہونا۔ خوش ہونا۔ بشاش ہونا۔ مذاق کرنا۔ دل لگی کرنا۔ چھیڑ خانی کرنا۔ تفکیک کرنا۔ فضیحت کرنا۔ ہنسی اُڑانا۔ زخم کھلنا۔ زخم پھٹ جانا۔ مزاح و مذاق کرنا۔ کھلی اُڑانا۔
ہنسنا بولنا (ہ۔محاورہ) کھلی مذاق کرنا۔ ظرافت اور دل لگی کرنا (بحالت اسم مذکر) مذاق۔ دل لگی۔ مزاح۔
ہنسنا ہنسانا (اُ۔محاورہ) تفریح کرنا۔
ہنسوا (ہ۔مذ) درانتی۔ کھیت کاٹنے کا اوزار۔ ہنسا۔ درانتی۔
ہنسوانا (اُ۔مصدر) کسی کو ہنسنے کے لئے دوسرے کو تحریک کرنا۔
ہنسوڑ (ہ۔مذ۔صف) ہنسی باز۔ ہنسوڑ۔ ظریف۔ خوش طبع۔ خوش مزاج۔
ہنس ہنس کے کھائیے پھوہڑ کا مال (ف) بیوقوف کا مال اُسے ہنسی ہنسی میں کھا جانا چاہیئے۔
ہنسی (ہ۔ہمو۔حاصل مصدر) ہنسنا۔ ٹھٹھا۔ خندہ۔ قہقہہ۔ ظرافت۔ تمسخر۔ دل لگی۔ کھلی۔ مزاح۔ مذاق۔ رسوائی۔ فضیحتی۔ تفکیک۔ استہزا۔ کھیل۔ نہایت آسان کام۔
ہنسی آنا (اُ۔محاورہ) خندہ ہونا۔
ہنسی اُڑانا (اُ۔محاورہ) احمق بنانا۔ تمسخر کرنا۔ مسخرہ بنانا۔ ٹھٹھا اُڑانا۔ رسوا کرنا۔ ذلیل کرنا۔ تفکیک کرنا۔
ہنسی ٹھٹھا (ہ۔مذ) دل لگی۔ کھلی مذاق۔ ہنسی مزاح۔ کھیل تماشا۔ آسان بات۔ ذرا سی بات۔ سہل کام۔ سرسری بات۔
ہنسی خوشی (اُ۔تابع فعل) خوشی سے۔ خوش ہو کر۔ خوشی کے ساتھ۔ برضا و رغبت۔ تندرست۔ بخیر و عافیت۔ خیریت کے ساتھ۔
ہنسی خوشی سے (اُ۔متعلق فعل) رضامندی سے۔
ہنسی خوشی کا سودا (اُ۔مذ) رضامندی کا معاملہ۔
ہنسی خوشی سے کہنا (اُ۔مذ) مزاقاً کوئی بات کہنا۔
ہنسی سے لوٹنا (اُ۔محاورہ) بے حد ہنسنا۔ ہنسی سے بیتاب ہو کر غلطاں ہونا۔
ہنسی ضبط کرنا (اُ۔مصدر مرکب) ہنسی روک لینا۔
ہنسی کرنا (ہ۔محاورہ) دل لگی کرنا۔ مذاق کرنا۔ بدنامی کرنا۔ رسوائی کرنا۔ تفکیک کرنا۔
ہنسی کھیل (ہ۔مذ) ہنسی ٹھٹھا۔ آسان کام۔ ذرا سی بات۔
ہنسی کی بات (اُ۔مؤ) مذاق کی بات۔ غیر سنجیدہ بات۔
ہنسی کے مارے پیٹ پھٹا جانا (اُ۔مثل) بہت ہنسی آتی ہے۔
ہنسی کے مارے دم اُلٹ گیا (اُ۔مثل) بے اختیار ہنسی آئی اور دم اُلٹ گیا۔
ہنسی میں (ہ۔تابع فعل) ٹھٹھے میں۔ مذاق میں۔ ظرافت میں۔ مذاقاً۔ تمسخراً۔
ہنسی میں اُڑا دینا (ہ۔محاورہ) بات پر توجہ نہ کرنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ سماعت نہ کرنا۔ کسی بات کو مذاق میں ٹال دینا۔
ہنسی میں پھول جھڑنا (اُ۔محاورہ) کسی کا ہنسنا اچھا لگنا۔
ہنسی میں ٹالنا (اُ۔محاورہ) کسی کی ناگوار بات کو مذاق میں لا کر اکارت کر دینا۔
ہنسی میں کھسی ہو جانا (ہ۔محاورہ) ہنسی ہنسی میں بگاڑ ہو جانا۔ دل لگی میں رنج ہو جانا۔
ہنسی میں لے جانا (ہ۔محاورہ) کسی بات کو کھلی سمجھنا۔ کسی امر کو مذاق سمجھ لینا۔ ہنسی میں ٹرخا کر جانا۔ مذاق مذاق میں کھا جانا۔
ہنسی ہنسی میں (ہ۔تابع فعل) دل لگی میں۔ مذاق میں۔ مزاقاً۔ بطریق مزاح۔ یونہی۔ بلاوجہ۔ بلاسبب۔ باتوں باتوں میں۔
ہنسی ہونا (ہ۔فعل) مذاق ہونا۔ کھلی ہونا۔ دل لگی ہونا۔ کھلی اُڑانا۔ تفکیک ہونا۔
ہُنکار (ہ۔ہمو) ہاں کی آواز۔ ہوں۔ ہاں۔ کلمہ اقرار و اقبال ہے۔ حمایت۔ پشتی۔ مدد۔
ہُنکارا (ہ۔مذ) ہوں ہاں۔ ہُنکار۔ قصہ کہانی۔ سُنتے وقت جوابی آواز۔ ہاں کرنے کی آواز۔ اقرار۔ اقبال۔
ہُنکارا بھرنا (ہ۔فعل) ہامی بھرنا۔ ہاں کرنا۔ ہوں کی آواز نکالنا۔

بات سُنتے وقت قصّہ کہنے والے کی تسلّی کے لئے ہنکار کی آواز نکالنا ۔

ہُنکارنا (ہ ۔ فعل) ہُنکارا بھرنا ۔ ہوں کرنا ۔ اشارہ کرنا ۔ بھکانا ۔

ہَنکانا (اُر ۔ مصدر) پاس سے دُور کرنا ۔ بھگانا ۔ کھدیڑنا ۔

ہَنکایا جانا (اُر ۔ محاورہ) جانوروں کی طرح تعاقب کیا جانا ۔ دُور کیا جانا ۔ بھگایا جانا ۔

ہنگ (ہ ۔ ا ۔ مو) سنگینی ۔ تمکنت ۔ وقار ۔ بھاری بھرکم پنا ۔ ارادہ ۔ قصد ۔ آہنگ ۔ زبرک ۔ عاقل ۔ دانا ۔ خردمند ۔ زور ۔ قوت ۔ بل ۔ طاقت ۔ دانائی ۔ ہوشیاری ۔ سپاہ ۔ فوج ۔ عساکر ۔

ہَنگام (ف ۔ ا ۔ مذ) وقت ۔ بیلا ۔ ویلا ۔ زمانہ ۔ موقع ۔ رُت ۔ موسم ۔ فصل ۔ گڑبڑ ۔ بھیڑ ۔ انبوہ ۔ معرکہ ۔ ہجوم ۔

ہَنگامہ (ف ۔ مذ) انبوہ ۔ ہٹ ۔ بھیڑ ۔ ہجوم ۔ مجمع ۔ میدان ۔ بازیگر اور قصّہ خوانوں کا معرکہ ۔ دنگا ۔ فساد ۔ بلوہ ۔ شورش ۔ ہلڑ ۔ واویلا ۔ شور وغل ۔ چیخم دھاڑ ۔ ریل پیل ۔ زور شور ۔

ہَنگامہ آرا ۔ ہَنگامہ آور ۔ ہَنگامہ پرداز (ف ۔ صف) فتنہ برپا کرنے والا ۔ صف آرا ۔

ہَنگامہ برپا کرنا (اُر ۔ محاورہ) فساد برپا کرنا ۔ جھگڑا کھڑا کرنا ۔

ہَنگامہ برپا ہونا (اُ محاورہ) جھگڑا کھڑا ہونا ۔ شور وشر مچنا ۔ فتنہ فساد ہونا ۔ دنگا ہونا ۔

ہَنگامہ پرداز (ف ۔ صف) ہنگامہ برپا کرنے والا ۔ فسادی ۔

ہَنگامہ پردازی (ف ۔ ا ۔ مو ۔ بیائے مصدری) بلوہ ۔ دنگا فساد ۔ لڑائی جھگڑا ۔ شورش ۔

ہَنگامہ کرنا (اُر ۔ محاورہ) فتنہ وفساد اُٹھانا ۔ شور وغوغا کرنا ۔

ہَنگامہ گرم رہنا (اُر ۔ محاورہ) فتنہ وفساد ۔ شور وغوغا ہوتے رہنا ۔

ہَنگامہ گرم ہونا (اُر ۔ محاورہ) اُدھم مچنا ۔ کھلبلی پڑنا ۔ افراتفری ہونا ۔ خوب شور وشر ہونا ۔ حادثوں کا کثرت سے پیدا ہونا ۔

ہَنگامہ محشر ۔ یا ۔ قیامت (ف ۔ مذ) قیامت کے روز کا ہجوم اور شور وشغب ۔ قیامت کا غل غپاڑہ ۔

ہَنگامہ ہونا (ہ ۔ محاورہ) جھگڑا ہونا ۔ فساد ہونا ۔ بکھیڑا ہونا ۔ اودھم مچنا ۔ زور شور ہونا ۔

ہَنگامی (ف ۔ صف) چند روز کا ۔ خاص وقت کا ۔ ناگہانی ۔

ہُنود (ع ۔ ا ۔ مذ) ہندو کی جمع ۔ ہندوستان کی قدیم اقوام ۔ ہندو ستانی لوگ ۔ جو بُت پرستی کو جائز سمجھنے آئے ہیں ۔ برہمنوں کے پیرو ۔

ہُنوز (ف ۔ تابع فعل) ابھی تک ۔ اب تک ۔ ابھی اب لگ ۔

ہُنوز دِلّی دُور است (ہ ۔ مثل) ابھی منزل بہت دُور ہے ۔ ابھی بہت کام باقی ہے ۔ ابھی اس کام کے ہونے میں بہت عرصہ باقی ہے ۔

ہُنوز روزِ اوّل است (اُر ۔ مثل) ابھی وہی ابتدا والا معاملہ ہے ۔ ابھی کچھ ترقی نہیں کی ۔

ہنومان (س ۔ ا ۔ مذ) ہنو بمعنی نیست ونابود اور مان بمعنی والا ۔ یعنی نیست ونابود کرنے والا ۔ بندروں کے ایک سردار کا نام ہے جو راجہ رامچندر جی کا مددگار ہو کر راون سے لڑا تھا ۔ مہابیر ۔ ہنومنت ۔ بندر ۔ میمون ۔ بوزنہ ۔

ہِنہِنانا (ہ ۔ فعل) گھوڑے کا بولنا ۔

ہِنہِناہٹ (ہ ۔ ا ۔ مو) حاصل مصدر ۔ گھوڑے کی آواز ۔

ہنی مون (انگ ۔ مذ ۔ Honey Moon) شادی کا پہلا مہینہ جس میں دُولہا دُلہن باہر سیر وتفریح کے لئے چلے جاتے ہیں ۔

ہ ۔ و

ہو (ہ ۔ بواؤ مجہول ہو) مُفید ندا ۔ بُلانے کی آواز ۔

ہُو (ہ ۔ بواؤ معروف ۔ حرف نداو ندبہ ۔ گیدڑ کی آواز ۔ ہُو ہُو ۔ بعض جنگلی جانوروں کی آواز ۔ یعنی ہوّا ۔ بچّوں کو ڈرانے کی آواز ۔ کلمہ حقارت بھی ہے ۔

ہُو (ع ۔ اسم ضمیر مذکر غائب) وہ (بحالت اسم مذکر) اللہ ہُو کا مخفف ہے ۔ اسم ذات باریتعالےٰ کا ۔ اسم ذات ۔ ڈر بھے ۔ خوف ۔ دہشت ۔ آہ ۔ ہائے ۔

ہُو بہُو (ف ۔ صف) بعینہ ۔ بالکل ۔ ٹھیک ٹھیک ۔

ہُو حق (ع ۔ ا ۔ مو) خدا کی یاد ۔ خدا کا نام لینا ۔ مناجات ۔ تسبیح ۔

ہُو حق کرنا (اُر ۔ فعل) اللہ اللہ کرنا ۔ شور وغل مچانا ۔ منزا اُڑانا ۔ خدا کا نام لینا ۔

ہُو حق ہو جانا (اُ محاورہ) تباہ ہو جانا ۔ خاک میں مل جانا ۔ برباد ہو جانا ۔ فنا ہو جانا ۔ مٹ جانا ۔ ناپید ہو جانا ۔ فانی اللہ ہو جانا ۔

ہُو کا عالم (اُر ۔ مذ) عالم ہاہُوت ۔ اُجاڑ ۔ ویرانہ ۔ سنسان ۔ عالم تنہائی ۔ عالم وحشت ۔

ہُو کا مُقام ۔ یا ۔ مکان (اُر ۔ مذ) ایسا مکان جہاں سوائے ذات خُدا کے اور کوئی نہ ہو ۔ سنسان جگہ ۔ خوفناک جگہ ۔ دہشت ناک مُقام ۔

ہُو کرنا (اُر ۔ محاورہ) ڈر کر چیخنا ۔ چیخ کر بھاگنا ۔

ہُو ہُو ہو جانا (اُ ۔ محاورہ) ویرانہ ہو جانا ۔ سناٹا چھا جانا ۔

ہُوا (ع ۔ ضمیر ۔ مذ) واحد غائب کی ضمیر ۔ وہ ۔

ہُوالشافی (ع ۔ کلمہ دعا) خدا تعالےٰ شفا دینے والا ہے ۔

ہُوالغفور (اُر ۔ محاورہ) کہیں جا کر واپس آجانا ۔

ہو آنا (اُر ۔ محاورہ) کہیں جا کر واپس آجانا ۔

ہوّا (ہ ۔ ا ۔ مذ) بچّوں کو ڈرانے کی فرضی صورت ۔ فرضی جن ۔ بھوت پریت ۔

ہوا (ع ۔ ا ۔ مو) نفسانی خواص ۔ حرص ۔ لالچ ۔ ہوس ۔ ہستی ۔ شہوت ۔ آرزو ۔ ارمان ۔ اشتیاق ۔ تمنا ۔ شوق ۔ زمین اور آسمان کے درمیان کا کرہ ہوائی ۔ پون ۔ باد ۔ باؤ ۔ بیاں دار ۔ یوگوز ۔ باد ۔ ریح ۔ شکم ۔ عزت ۔ ساکھ ۔ اعتبار ۔ بھرم ۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ ۔ زمانہ کا رنگ ۔ حال ۔ حالت ۔ کیفیت ۔ رنگ ڈھنگ ۔ غرور ۔ تکبر ۔ گھمنڈ ۔ تعلّی ۔ رونق ۔ جوبن ۔ بہار ۔ آب وتاب ۔ سانس ۔ پھونک ۔ دم ۔ مجازاً روح ۔ ہلکی چیز ۔ لطیف چیز ۔ قدرے

قلیل ۔ تھوڑی سی ۔ زمانہ کی مناسبت بول چال ۔ دور دورا ۔ محبت پریم ۔ عشق ۔ پریت ۔ سودہ ۔ خیر خواہی ۔ بھلائی ۔ بہترین شہرت ۔ افواہ ۔ چرچا ۔ دبا ۔ ہیبت ۔ مری ۔ قضا ۔ معدوم نیست ۔ دھاک ۔ رعب ۔ ہیبت ۔ گانے کی کیفیت ۔ موسم ۔ رت ۔ موقع ۔ وقت ۔

ہوا اڑانا (اُر۔محاورہ) یاد مارنا ۔ گوز مارنا ۔ خاکا اڑانا ۔ رسوا کرنا ۔ بھرم کھولنا ۔

ہوا اڑ جانا (محاورہ) شہرت پھیل جانا ۔ مشہور ہو جانا ۔ چرچا ہو جانا ۔ بات کھل جانا ۔ بھرم جاتا رہنا ۔

ہوا اڑنا (محاورہ) بھرم کھلنا ۔ بات بگڑنا ۔ چرچا ہونا ۔ خبر مشہور ہونا ۔ خبر پھیلنا ۔ شہرت ہونا ۔

ہوا اکھڑنا (اُر۔محاورہ) عزت میں فرق آنا ۔ ساکھ جاتی رہنا ۔

ہوا اور ہو جانا (اُر۔محاورہ) انداز بدل جانا ۔ انقلاب ہو جانا ۔ پہلا سا انداز نہ رہنا ۔

ہوا باز (ف ۔ صف) ہوائی جہاز چلانے والا ۔ طیارہ ران ۔

ہوا بازی (ف ۔ اسم) طیارہ رانی ۔ ہوا باز کا کام ۔

ہوا باندھنا (اُر۔محاورہ) گھمنڈ کرنا ۔ اِترانا ۔ نمود کرنا ۔ غرور کرنا ۔ شان و شوکت دکھانا ۔ بھرم باندھنا ۔ بھرم بنانا ۔ ٹیپ ٹاپ دکھانا ۔ جھوٹی بات بنانا ۔ جھوٹا دعویٰ کرنا ۔ اعتبار بڑھانا ۔ شہرت دینا ۔ سما باندھنا ۔ رعب جمانا ۔ ہوا روکنا ۔ نام پانا ۔

ہوا باندھنا (اُر۔محاورہ) جھوٹ موٹ نام یا عزت قائم کرنا ۔ ڈھینگ مارنا ۔ سماں باندھنا ۔

ہوا بتانا ۔ یا ۔ بتلانا (محاورہ) ٹالنا ۔ دھتا بتانا ۔ ٹال دینا ۔ رخصت کرنا ۔ بہانے سے چلتا کرنا ۔

ہوا بدلنا (محاورہ) ہوا میں انقلاب ہونا ۔ اور ہوا چلنا ۔ زمانہ کا رُخ بدلنا ۔ ہوا مخالف ہونا ۔ حالت بدلنا ۔ زمانہ پلٹنا ۔ کچھ کا کچھ ہو جانا ۔ آب و ہوا کے بدلنے کے لئے ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ۔ رُت پھرنا ۔ موسم پلٹنا ۔ زمانہ کا موافق ہونا ۔ اقبال یاور ہونا ۔

ہوا برخلاف ہونا (اُر۔محاورہ) زمانہ ناموافق ہونا ۔

ہوا بگڑنا ۔ یا ۔ بگڑ جانا (محاورہ) ہوا کا زہریلا ہو جانا ۔ ہوا میں خرابی آجانا ۔ اعتبار اُٹھ جانا ۔ ساکھ نہ رہنا ۔ زمانہ کا برخلاف ہو جانا ۔ زمانہ کا ناموافق ہو جانا ۔

ہوا بندھ جانا (محاورہ) نام ہو جانا ۔ دھاک بند جانا ۔ شہرت ہو جانا ۔ رُعب جم جانا ۔ شہرہ ہو جانا ۔ ناموری اور اعتبار ہو جانا ۔

ہوا بندھنا (محاورہ) ہوا رُکنا ۔ ہوا بند ہونا ۔ شہرہ ہونا ۔ دھاک بند جانا ۔ ساکھ ہونا ۔ رُعب ہونا ۔ سماں بندھنا ۔

ہوا بھرانا (اُر۔محاورہ) کبوتر یا فاختہ کا اپنے بچوں کی چونچ میں ہوا پہنچانا تاکہ بچہ اپنی چونچ سے دانہ کھانے لگے ۔

ہوا بھر جانا (محاورہ) ہوا سے پھول جانا ۔ کسی چیز میں ہوا کا سما جانا ۔ اترا جانا ۔ مغرور ہو جانا ۔ موٹا ہو جانا ۔ پاگل ہو جانا ۔ پھپس ۔ ہو جانا ۔ دیوانہ ہو جانا ۔ پاگل ہو جانا ۔ سودائی ہو جانا ۔

ہوا بھرنا (اُر۔محاورہ) جوف دار چیز میں منہ یا دھونکنی سے ہوا دینا ۔ تاکہ وہ چیز پھول جائے ۔

ہوا بندی کرنا (اُر۔محاورہ) بے بنیاد بات اُڑانا ۔ خیالی پلاؤ پکانا ۔ بہتان باندھنا ۔ تہمت دھرنا ۔

ہوا بھی نہ دینا (محاورہ) خبر تک نہ دینا ۔ بالکل پتہ نہ دینا ۔ ذرا بھی نہ دکھانا ۔

ہوا پر اڑنا } (محاورہ) اترانا ۔ مغرور ہونا ۔ تکبر کرنا ۔
ہوا پر چڑھنا } فخر کرنا ۔

ہوا پر دماغ ہونا (اُر۔محاورہ) متکبر ہونا ۔ مغرور ہونا ۔

ہوا پر دوڑنا (اُر۔محاورہ) کسی معلق شے کا ہوا میں جلد جلد جانا ۔

ہوا پر رہنا (اُر۔محاورہ) غرور میں بھرا رہنا ۔

ہوا پرست (ف ۔ صف) بیہودہ ۔ ظاہر ۔ پرست ۔ عیاش ۔

ہوا پر سوار ہونا (محاورہ) جانے میں جلدی کرنا ۔ جلد باز ہونا ۔ جلدی جانے کو تیار رہنا ۔

ہوا پر گرہ لگانا (اُر۔محاورہ) کمال چالاکی کرنا ۔ عیاری دکھانا ۔ ناممکن کام کرنا ۔

ہوا پر ہونا (محاورہ) اِترانا ۔ فخر کرنا ۔ تیز ہر ہونا ۔ تندی کرنا ۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ ہونا ۔

ہوا پلٹا دینا (اُر۔محاورہ) ہوا کا رُخ بدل دینا ۔ زمانے کا رنگ بدل دینا ۔

ہوا پلٹ جانا (اُر۔محاورہ) موسم بدل جانا ۔ زمانہ کا رنگ بدل جانا ۔ قسمت کا برگشتہ ہو جانا ۔

ہوا پہنچانا (اُر۔محاورہ) رسائی ہونا ۔

ہوا پہنچانک کر رہنا (ہ۔محاورہ) بن کھائے رہنا ۔ ہوا کے سہارے پر رہنا ۔ کچھ نہ کھا کر رہنا ۔

ہوا پھانکنا (محاورہ) بیہودہ بکنا ۔ بکواس کرنا ۔ تھوک بلونا ۔

ہوا پھر جانا (محاورہ) ہوا کا رُخ بدل دینا ۔ ہوا پلٹ جانا ۔ زمانہ کا ڈھنگ پلٹ جانا ۔ بھلے دن آنا ۔ اقبال یاور ہونا ۔ زمانہ کا مخالف یا موافق ہو جانا ۔

ہوا پھرنا (محاورہ) نصیب جاگنا ۔ رتی چمکنا ۔ زمانہ کا موافق ہونا ۔ زمانہ کا رنگ بدلنا ۔ زمانہ کا برسرعداوت ہونا ۔ زمانہ پلٹ جانا ۔

ہوا پھلنا (اُر۔محاورہ) کنایۃً زمانہ موافق ہونا ۔

ہوا چلنا (اُر۔محاورہ) ہوا لہرانا ۔ ہوا کا رواں ہونا ۔ دستور ہونا ۔ رواج پانا ۔ رواج ہونا ۔

ہوا چھوڑنا (اُر۔محاورہ) گوز خارج ہونا ۔ پاد مارنا ۔

ہوا حبس ہونا (اُر۔محاورہ) ہوا بند ہونا ۔

ہوا خلاف ہونا (اُر۔محاورہ) باد مخالف کا چلنا ۔ زمانے کا ناموافق ہو جانا ۔

ہوا خواہ (ف ۔ مذ) بھلائی چاہنے والا ۔ خیر خواہ ۔ دوست ۔ خیر اندیش ۔ طرفدار ۔ محب ۔ بہی خواہ ۔

ہَوا خواہی (ف۔ مو بیائے مصدری) خیر اندیشی۔ خیر خواہی۔ وفاداری۔ دوستی۔ محبت۔ عشق۔ الفت۔

ہَوا خوری (ف۔ ا مو) کھلی ہوا میں جاکر سیر و تفریح کرنا۔

ہَوادار (ف۔ صف۔ فاعلی) چاہنے والا۔ طالب۔ عاشق۔ خواہش مند۔ ہوا خواہ۔ کھلا ہوا۔ ایسا مکان جس میں خوب ہوا آئے۔ دل کشا۔ تام جھام۔ تخت رواں۔ ایک قسم کی سواری۔ جسے کہار اٹھایا کرتے ہیں۔ چھپان۔

ہَوادار آبی (ف۔ ا مذ) خاص قسم کی شاہانہ کشتی۔ جو سیر دریا کے لئے ہوتی ہے۔

ہَواداری (ف۔ ا مو۔ بیائے مصدری) خیر خواہی۔ دوستداری۔ خواہشمندی۔

ہوا دیکھنا (اُر محاورہ) زمانے کا نشیب و فراز دیکھنا۔ انداز اور وضع کی جانچ کرنا۔

ہوا دینا (اُر محاورہ) ہوا میں رکھنا۔ کسی چیز کو ہوا میں سکھانا۔ آگ سلگانا۔ آگ جھپکنا۔ دھونکنا۔ بھانا۔ برافروختہ کرنا۔ اکسانا۔ فساد کرانا۔ کبوتروں کو اُڑانا۔ اُڑان دینا۔

ہوا راس نہ آنا (اُر محاورہ) ہوا کا ناموافق ہونا۔

ہوا زدگی (اُر مو) زکام۔ ریزش۔ سردی۔ نزلہ۔ ناک سے پانی گرنا۔ بوجہ زکام و سردی وغیرہ۔

ہوا سا (اُر صف) ذرا سا۔ خفیف سا۔ ناؤ بھاؤ۔ ہلکا۔ نہایت سبک۔ لطیف۔

ہوا سر میں ہونا (اُر محاورہ) دُھن ہونا۔ سودا ہونا۔

ہوا سمانا (اُر محاورہ) دُھن لگنا۔

ہوا سے آگے جانا (اُر محاورہ) نہایت تیز ہونا۔

ہوا سے باتیں کرنا (اُر محاورہ) نہایت پھرتیلا ہونا۔ نہایت جلد باز ہونا۔ نہایت عیار اور چاک ہونا۔ گھوڑے کا نہایت تیز رفتار ہونا۔

ہوا سے ٹھیس کر نکلنا (اُر محاورہ) کمال نفرت کرنا۔ پاس نہ پھٹکنا۔

ہوا سے بچنا (اُر محاورہ) ہر چھائیں سے بھاگنا۔ نہایت نفرت کرنا۔ دُور رہنا۔

ہوا سے بچ کر چلنا (اُر محاورہ) پاس نہ پھٹکنا۔ دُور رہنا۔ گریز کرنا۔ کسی سے دُور بھاگنا۔

ہوا سے لڑنا (اُر محاورہ) نہایت لڑاکا عورت کی نسبت بولتے ہیں۔ خواہ مخواہ لڑنا۔ کمال جنگجو ہونا۔ سخت مزاج ہونا۔ اور تند خو ہونا۔ بیفائدہ لڑنا۔ ناحق لڑنا۔ ایسی چیز سے لڑنا جس پر غالب آنا ناممکن ہو۔

ہوا کا پھیر پھیر چلنا (اُر محاورہ) ہوا کا تیزی سے چلنا۔

ہوا کا تھپیڑ (اُ مذ) ہوا کا طمانچہ۔ ہوا کا زور سے جھونکا۔ ہوا کا جھگڑ۔

ہوا کا جھونکا (ا۔ مذ) ہوا کی زور سے جنبش۔

ہوا کا رُخ بتانا (محاورہ) ٹالنا۔ چلتا کرنا۔ رخصت کرنا۔ چمپت کرنا۔ دھتا بتانا۔ کسی چیز کو اٹھا کر پھینک دینا۔ ہوا میں اُڑانا۔

ہوا رُخ دیکھنا / ہوا کا رنگ دیکھنا (اُر محاورہ) زمانہ کے موافق کام کرنا۔ زمانہ کی رفتار دیکھنا۔ ہوا کا مزاج معلوم کرنا۔ ہوا کی کیفیت معلوم کرنا۔

ہوا کا رُخ پھیرنا (اُر محاورہ) ہوا کا دوسری طرف چلنے لگنا۔ کنایۃً زمانے کا رنگ بدلنا۔

ہوا کا کارخانہ (اُ مذ) ناپائیدار کام۔

ہوا کا گزر نہ ہونا (اُر محاورہ) رسائی نہ ہونا۔

ہوا کو گرہ دینا / گرہ میں باندھنا (اُر محاورہ) ناممکن بات حاصل کرنے کی کوشش کرنا۔ نہایت مشکل کام کرنا۔

ہوا کرنا (محاورہ) پنکھا کرنا۔ پنکھا جھلنا۔ جھپکنا۔ دھونکنا۔ ترک کرنا۔ رخصت کرنا۔ چمپت کرنا۔

ہوا کھانا (محاورہ) ہوا خوری کرنا۔ سیر کرنا۔ ٹہلنا۔ سدھارنا۔ رخصت ہونا۔ رہنا۔ بسر کرنا۔ ٹھہرنا۔ قیام کرنا۔ زندگی کاٹنا۔

ہوا کھاؤ۔ یا۔ کھائیے۔ یا۔ کھا (اُر محاورہ) چلتے بنو۔ رخصت ہو۔ جاؤ۔ چلتے پھرتے۔ نظر آؤ۔

ہوا کھلانا (اُر محاورہ) سبز باغ دکھانا۔ سیر کرانا۔

ہوا کی چال (اُر مو) نہایت تیز چلنا۔

ہوا کی روٹی (اُر مو) ایک قسم کی نہایت پتلی چپاتی۔

ہوا کی طرح چلنا (اُر محاورہ) تیز چلنا۔ سبک چلانا۔

ہوا کے گھوڑے پر آنا (اُر محاورہ) بہت تیز آنا۔ تیزی سے چلنا۔

ہوا کے گھوڑے پر چلنا (اُر محاورہ) تیزی سے چلنا۔

ہوا کے گھوڑے پر سوار ہونا (محاورہ) نہایت تیز رفتار۔ تند۔ چست و چالاک اور تند مزاج ہونا۔ جلد باز ہونا۔ جلدی مچانا۔ متکبر ہونا۔ مغرور ہونا۔ کسی کی نہ ماننا۔ تُرت آنا۔ فوراً آنا۔

ہوا گرم ہونا (اُر محاورہ) ہوا میں حدت اور گرمی ہونا۔ کنایۃً گرم بازاری ہونا۔

ہوا لگنا۔ یا۔ لگ جانا (محاورہ) ہوا کا اثر ہونا۔ ہوا کا جسم سے چھو جانا۔ ہوا کا محسوس ہونا۔ ہوا کا بُرا اثر ہونا۔ ہوا کے اثر سے جسم کا اکڑ جانا۔ فالج ہو جانا۔ مغرور ہونا۔ اترانا۔ دماغ چل جانا۔ مطلق اثر ہونا۔ کسی کی صحبت کا اثر ہو جانا۔

ہوا لینا (اُر محاورہ) ہوا کھانا۔

ہوا مٹھی میں بند کرنا / تھامنا (اُر محاورہ) ایسا کام کرنا جو ناممکن ہو۔ بے فائدہ محنت کرنا۔

ہوا مخالف ہونا (اُر محاورہ) ہوا کا مخالف سمت میں چلنا۔ کنایۃً زمانے کا ناسازگار ہونا۔

ہوا مناتا (محاورہ) عیش و عشرت کی داد دینا۔ مزے اڑانا۔ مزے لوٹنا۔

ہوا میں آجانا۔ یا۔ آنا (محاورہ) دبا میں آنا۔ ہوائے بد کے اثر میں مبتلا ہونا۔ مغرور و متکبر ہو جانا۔ حریص بن جانا۔

ہوا میں بھرنا (محاورہ) ترنگ میں آنا۔ نہایت مغرور و متکبر ہونا۔

ہوا میں گرہ لگانا۔ دینا محاورہ) ناممکن اور دشوار کام کرنا۔ محال کام کا ارادہ کرنا۔
ہوا بس ہونا (اُر محاورہ) مغرور ہونا۔ خیال باطل میں مبتلا ہونا۔
ہوا نا موافق ہونا/ ناسازگار ہونا (اُر محاورہ) رفتار زمانہ کسی کے خلاف ہونا۔
ہوا نکلنا (محاورہ) تری تمام ہونا۔ غرور ڈھیلا۔ دم نکلنا۔ سانس نکلنا۔ چھونک نکلنا۔ پاد نکلنا۔ گوز سرہونا۔
ہوا نہ آنا۔ یا۔ ہوا تک نہ آنا (محاورہ) بالکل خبر نہ ہونا۔ مطلق خبر تک نہ آنا۔
ہوا نہ چھونا (اُر محاورہ) خفیف سا اثر بھی نہ ہونا۔
ہوا نہ دینا (اُر محاورہ) خبر نہ کرنا۔ پتہ تک نہ دینا۔ ہوا کا رُخ نہ کرنا۔
ہوا نہ رہنا (محاورہ) پہلی سی آبرو نہ رہنا۔ رونق نہ رہنا۔ جوبن نہ رہنا۔ دماغ نہ رہنا۔
ہوا نہ لگنا (اُر محاورہ) ذرا سا اثر بھی نہ ہونا۔ ہوا نہ چھونا۔
ہوا نہیں آسکتی (اُر محاورہ) کنایتہً کسی کا گزر نہیں۔ کسی کی رسائی نہیں۔
ہوا و ہوس (ع۔ امو) حرص اور لالچ۔ عیاشی۔ شہوت پرستی۔ عیش و نشاط۔
ہوا نہ ہوجانا (محاورہ) ہوا کی طرح تیز رفتار ہوجانا۔ ہوا کی سی حالت ہو جانا۔ فنا ہوجانا۔ رخصت ہوجانا۔ چمپت ہو جانا۔ رفوچکر ہوجانا۔ بہت جلد چلا جانا۔ دھار کا نہایت تیز ہوجانا۔ جیسے اُستر اتو اب ہُوا ہوگیا۔ اُجاڑ ہوجانا۔ گزر جانا۔
ہوا ہونا (محاورہ) ہوا کی مانند تیز رفتار ہونا۔ تیزی میں ہوا سے باتیں کرنا۔ ہوا کی سی حالت ہونا۔ نیست و نابود ہونا۔ چمپت بننا۔ کافور ہونا۔ رفوچکر ہونا۔
ہوا (اُہ فعل) ہوچکا۔ ہوگیا۔ گزر گیا۔ آمادہ ہوا۔ مستعد ہوا۔ ہونا مصدر سے ماضی بعید کا صیغہ۔
ہوا جو ہوا (اُر مثل) جانے دو۔ خیال نہ کرو۔
ہوا چاہتا ہے (اُر محاورہ) عنقریب ہونے والا ہے۔ بہت جلد ہو جائے گا۔ ہونے والا ہے۔ عنقریب ہوگا۔ ہونے میں کچھ شبہ نہیں۔
ہوا سو ہُوا (اُر محاورہ) جانے دو۔ خیال کرو۔ گزشت۔ آنچہ گزشت۔ جو گیا سو گیا۔
ہوا کرے (اُر مثل) کچھ پرواہ نہیں۔ بلا سے ہمیں کیا۔
ہوا کریں (ہ۔ محاورہ) کچھ پرواہ نہیں۔ بلا سے ہمیں کیا۔
ہوا (ہ امذ) ہمت۔ دلیری۔ ہیاؤ۔ حوصلہ۔ چھاتی۔ سورماپن۔ بہادری۔ مردانگی۔ دلیری۔
ہوائی (اف۔ صف۔ بیائے نسبتی) منسوب بہ ہُوا۔ آسمانی بادی۔ ربی۔ افواہ اڑی ہوئی بات۔ لغویات۔ بیہودہ بات۔ ایک قسم کی آتشبازی۔ آوارہ۔ واہی۔ واہیات۔ تیز رفتار۔ چالاک و تیز رو۔ باریک کترا ہوا پستہ وغیرہ جو فلافندہ وغیرہ پر چھڑک دیتے ہیں۔
ہوائی آنکھ (اُر مو) وہ آنکھ جو ایک جگہ نہ ٹکے۔
ہوائی اڑانا (اُہ محاورہ) جھوٹی خبر مشہور کرنا۔ مُنہ فق ہونا۔ چہرے کا رنگ متغیر ہونا۔
ہوائی تیر (اُر مذ) وہ تیر جو ہوا کے رُخ چلایا جائے۔ آسمانی تیر۔ ایک قسم کی آتشبازی۔ جو آسمان کے رُخ چلائی جائے۔
ہوائی خبر (اُر مو) بے سروپا بات۔ افواہ۔ بازاری گپ۔ گپ۔
ہوائی چھوٹنا۔ یا۔ چھٹنا (اُر فعل) تیز ہوائی چلنا۔ رنگ اُڑنا۔ بے حواس ہونا۔ رنگ فق ہونا۔
ہوائی چھوڑنا (اُر محاورہ) آتشبازی چلانا۔ جھوٹی خبر مشہور کرنا۔
ہوائی دیدہ (اُر صف) بے مروت۔ شوخ چشم۔ ہرجائی۔ ایک جگہ نہ ٹھہرنے والی آنکھ۔ ایک جگہ آرام و قرار نہ پکڑنے والی طبیعت۔
ہوائی فائر/ فیر (اُر مو) بندوق یا توپ وغیرہ کی وہ گولی جو بغیر نشانے کے ہوا میں چلائی جائے۔
ہوائیاں (اُر مو) ہوائی کی جمع۔ خنکگے۔ آسمانی تیر۔
ہوائیاں اُڑنا۔ یا۔ چھوٹنا (محاورہ) چہرے کا رنگ متغیر ہونا۔ مُنہ سفید پڑ جانا۔ مُنہ فق ہوجانا۔ خوف و ہراس چھا جانا۔ رنگ زرد ہو جانا اور لب خشک ہوجانا۔ آتشبازی چلنا۔
ہوائیاں مُنہ پر اُڑتی ہیں (اُر محاورہ) چہرہ زرد ہوگیا۔
ہوبہو (ف) حرف تشبیہ۔ بعینہٖ۔ جُوں کا توں۔ ہمشکل۔ ہم صورت۔ ایسا مشابہ کہ جس میں بال بھر بھی فرق نہ ہو۔
ہو بیٹھنا (محاورہ) ہوجانا۔ بن جانا۔ (عورتیں) حائض ہوجانا۔ کپڑوں سے ہوجانا۔ سرپلید ہوجانا۔
ہو پڑنا (اُہ محاورہ) دفعتہً نمودار ہوجانا۔
ہوت (ہ امو) مقدور۔ بوتہ۔ دولت۔ سرمایہ۔ شکتی۔ فراغبالی۔ ثروت۔ حیثیت۔ کلمہ ہذا۔ پکارنے کا کلمہ۔ وسیلہ۔ ذریعہ۔ برتا۔ قابلیت۔ لیاقت۔
ہوت جوت والا (ہ امذ) امیر کبیر۔ صاحب ثروت۔ صاحب مقدور۔
ہوت کا باپ ان ہوت کی ماں (ہ۔ مثل) باپ روپے کا ساتھی۔ اور ماں مُفلسی کی۔
ہوت کو جوت ہے / ہوت کی جوت ہے (ہ۔ مثل) ساری۔ رونق اور چہل پہل روپے کی ہے۔
ہوت والا (ہ امذ) تونگر۔ دولت مند۔ امیر۔ صاحب مقدور۔
ہونا (س امذ) ہوم کرنے والا۔ ہوتری (بحالت صفت) رشتہ دار۔ قرابت دار۔ ہونے والا۔ ہوگیا ہوا (بحالت اسم مذکر اُردو) دولت۔ ثروت۔ مقدور۔ حیثیت۔
ہونا آیا ہے / چلا ہے (اُر مثل) زمانہ قدیم سے۔ ایسا ہو رہا ہے۔
ہونا رہے گا (اُر مثل) تو ہی ایسا ہوگا۔ تجھ پر وبال پڑے گا۔
ہونا سوتا (ہ امذ) سوتا تابع مہمل ہے۔ موا جیتا۔ عزیز و اقارب۔ خویش و اقربا۔ خویش و بیگانہ۔ حمایتی۔ رشتہ ناطہ کا۔ زندہ و مُردہ۔

ہوتے (ہ۔ تابع فعل) ہوتے ہوئے۔ زندگی میں موجودگی میں۔ سامنے
ہوتے (بحالت اسم مذکر) ہوتا کی جمع۔ رشتہ دار۔ خویش واقارب ؛
ہوتے ساتے (ہ۔ تابع فعل) ہوتے ہوئے عموجودگی میں۔ بحالت موجودگی۔ موجود ہونے پر ؛
ہوتے سوتے (ہ۔ مذ) ہوتا سوتا کی جمع۔ خویشاوند ؛
ہوتے ہوتے (ہ۔ تابع فعل) آہستہ آہستہ۔ سج سج۔ رفتہ رفتہ ؛
ہوتے ہوئے (اُر متعلق فعل) موجودگی میں ؛
ہوتے ہی نہ ہوا جو کفن چھوڑ الگتا (اُر مثل) سخت قابل نفرت آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔ یعنی یہ شخص پیدا ہوتے ہی کیوں نہ مر گیا تاکہ کفن زیادہ نہ دینا پڑتا ؛
ہوتے ہی ہوگا (اُر محاورہ) رفتہ رفتہ ہوگا۔ بتدریج ہوگا۔ آہستہ آہستہ ہوگا ؛
ہوتی (اُر متعلق فعل) ہوسکتی۔ اور نہیں ہوسکتی۔ کی جگہ ہونے والی ؛
ہونی آئی ہے (ہ۔ محاورہ) قدیمی دستور ہے۔ پرانی رسم ہے ہمیشہ سے اسی طرح چلا۔ دستور چلا آتا ہے ؛
ہوٹ (ہ۔ مو۔ بواؤ مجہول) ایک قسم کی چھوٹی سی کھلی منہ کی توپ ؛
ہوٹر (انگ۔ اِمذ - Hooter) کارخانہ وغیرہ کی سیٹی۔ گھگو ؛
ہوٹل (انگ۔ اِمذ - Hotel) مسافرخانہ۔ وہ جگہ جہاں کھانے اور رہائش انتظام ہو ؛
ہوٹنگ (انگ + مذ - Hooting) شور وغل۔ کسی تقریر وغیرہ پر ناپسندیدگی کے لئے شور ؛
ہوجانا (ہ۔ فعل) کام بن جانا۔ کام پورا ہوجانا۔ آکر چلا جانا۔ مل کر چلا جانا۔ مل جانا۔ کھٹا پٹی ہوجانا۔ لڑائی ہوجانا۔ بن جانا۔ لائق ہونا۔ قابل ہو جانا۔ کوئی کام جان جانا۔ نکل آنا۔ طلوع ہوجانا۔ جیسے آج چاند ہو گیا۔ ختم ہوجانا۔ انزال ہوجانا۔ جھڑ جانا۔ گزر جانا۔ بیت جانا۔ آسیب کا خلل ہوجانا۔ بھوت پریت کا اثر ہوجانا۔ ذمہ ہوجانا۔ چڑھ جانا۔ جمع ہو جانا۔ اکٹھے ہوجانا۔ جُڑ جانا۔ اٹھ جانا۔ خرچ ہو جانا ؛
ہوچکا (ہ) طنزاً کہ استعمام انکاری یعنی نہیں ہونے کا۔ ہرگز نہیں ہوگا۔ صبر کرو۔ جانے دو۔ ہوچکنا کی ماضی۔ تمام ہوگیا۔ ختم ہوگیا۔ نمٹ گیا۔ نمودار ہو گیا۔ گزر گیا۔ مر لیا۔ مرگیا ؛
ہوچکنا (ہ۔ فعل) تمام ہوجانا۔ پورا ہو لینا۔ ختم ہوجانا۔ صرف ہو جانا۔ خرچ ہوجانا۔ مرجانا۔ دم نکل جانا۔ ہوجانا۔ بن جانا۔ ظاہر ہوجانا۔ پرگھٹ ہوجانا۔ نمودار ہوجانا۔ نہ ہونا۔ جاتا رہنا۔ پہنچ جانا۔ کنارے پہنچ جانا۔ لگ بھگ ہوجانا ؛
ہودج (ع۔ اِمذ) عماری۔ ہودہ۔ اونٹ کا وہ کجاوہ جس میں عورتیں سوار ہوتی ہیں۔ محمل ؛
ہودہ (ف۔ صف) عماری۔ ہودہ۔ واقعی بجا۔ درست۔ بیہودہ اسی سے بنا ہے ؛
ہودہ (اُر اِمذ) ہودہ کا بگاڑ ہے۔ اوپر سے کھلی ہوئی ایک قسم کی عماری۔ چھوٹا سا حوض۔ چہ بچہ۔ لحد سے علاوہ اگلے حصہ کی طرف کا نیز کا احاطہ ؛
ہور رہنا (ہ۔ محاورہ) کہیں رہ پڑنا۔ گھر بنا لینا۔ کسی کا ہو جانا۔ طرفدار ہوجانا۔ ساتھی بن جانا۔ کسی کام کا رفتہ رفتہ ہوجانا۔ کچھ حاصل ہوجانا۔ کسی قابل ہوجانا۔ جیسے کئے جاؤ کچھ تو ہو ہی رہوگے ؛
ہولی (ہ + مو) ہولی۔ ہندوؤں کے ایک مشہور تیوہار کا نام ہے۔ جو پھاگن میں منایا جاتا ہے۔ عشقیہ گیت جو ہولی کے موسم میں گائے جاتے ہیں ؛
ہوڑ (ہ + مو) بازی۔ شرط۔ برابر۔ رقابت۔ مقابلہ۔ بحث۔ تکرار۔ ضد۔ بچن۔ قول۔ عہد۔ داؤں۔ پیچ۔ گھات ؛
ہوڑ باندھنا۔ بدنا۔ لگانا (ہ۔ محاورہ) بازی بدنا۔ شرط لگانا۔ دعوے کرنا۔ ہاتھ لگانا ؛
ہوڑا ہوڑی (ہ۔ مو) بحثا بحثی۔ ضدم ضدی۔ حجت۔ مقابلہ۔ برابری ؛
ہوس (ع۔ اِمو) آرزو۔ تمنا۔ خواہش۔ شوق۔ اشتیاق۔ مالیخولیا۔ خبط (فارسی میں) دھوپرا اور چھوٹا عشق۔ ناقص محبت (اُردو میں) لالچ حرص شہوت نفسانی۔ خواہش۔ حوصلہ۔ ہر چیز کو جی چاہنا۔ ہر چیز کی رغبت ہونا ؛
ہوس اُڑا دینا (اُر محاورہ) ہوس چھوڑ دینا ؛
ہوس آنا (محاورہ) حرص ہونا۔ خواہش ہونا۔ شوق ہونا۔ لالچ آنا۔ جی چاہنا ؛
ہوس بجھنا (اُر محاورہ) جُل مٹنا۔ ارمان نکلنا۔ چاہ نکلنا۔ خواہش رفع ہونا۔ دل کی خواہش پوری ہونا ؛
ہوس پرور / پیشہ (ف۔ صف) بڑا حریص۔ لالچی ؛
ہوس پروری / پیشگی (ف + مو) حرص۔ لالچ (ہوس پرور کا اسم کیفیت ہے)
ہوس پکانا (اُر۔ محاورہ خیالی پلاؤ پکانا۔ دل ہی دل میں خواہش کرنا ؛
ہوسٹل : (انگ۔ ا۔ مذ - Hostel) دارالاقامہ طلبہ کے رہنے کی جگہ بورڈنگ ہاؤس ؛
ہوس کیشی (ف + مو) ہوس کیش کا اسم کیفیت ہے ؛
ہوس نکالنا (محاورہ) ارمان نکالنا۔ چاؤ نکالنا۔ آرزو پوری کرنا ؛
ہوسکنا (ہ۔ فعل) ممکن ہونا۔ موقع بننا۔ امکان میں ہونا۔ کرسکنا ؛
ہوسناک (ف۔ صف) لالچی۔ حریص۔ ہوس کا بھرا ہوا۔ پرشہوت طالب۔ خواہاں ؛
ہوسناکی (ف۔ مو) ہوسناک کا اسم کیفیت ؛
ہوس نکالنا (اُر محاورہ) ارمان نکالنا۔ خواہش پوری کرنا۔ حوصلہ نکالنا ؛
ہوس نکلنا (اُر محاورہ) ارمان نکلنا۔ خواہش پوری ہونا۔ (ہوس نکالنا کا اسم کیفیت ہے)
ہوش (ف۔ اِمذ) سمجھ۔ تمیز۔ شعور۔ وقوف۔ عقل۔ دانش۔ دانائی۔ خبر۔ واقفیت۔ آگاہی۔ مال۔ جان۔ قلب۔ روح۔ حواس۔ حافظہ۔ حسن۔ یاد۔ قوت ؛
ہوش اُڑا دینا (محاورہ) بے اوسان کردینا۔ گھبرا دینا۔ حواس باختہ کردینا۔ حیران کردینا۔ حیرت میں ڈال دینا۔ بیخود کردینا ؛
ہوش آتے ہوئے جانا (اُر محاورہ) بدحواسی چھا جانا ؛

ہوش اُڑانا (محاورہ) بے اوسان کرنا۔ گھبرانا۔ عقل کھو جانا۔
ہوش اُڑ جانا (محاورہ) حواس باختہ ہونا۔ گھبرا جانا۔ عقل ٹھکانے نہ رہنا۔ حیران ہو جانا۔ حیرت میں پڑنا۔
ہوش اُڑنا (محاورہ) گھبرانا۔ حیران ہونا۔ عقل ٹھکانے نہ رہنا۔ کچھ خبر نہ رہنا۔ حواس باختہ ہونا۔
ہوش آنا (اُ، ہوش آنا۔ سُرت آنا۔ سنبھلنا۔ عقل آنا۔ آپے میں آنا۔
ہوش باختہ (اُ ف۔ صف) بدحواس (افعال کرنا۔ ہونا)۔
ہوش بجا رکھنا (اُ محاورہ) ہوش قائم رکھنا۔
ہوش بجا ہونا (اُ محاورہ) عقل ٹھکانے ہونا۔
ہوش پراگندہ ہونا (اُ محاورہ) ہوش باختہ ہونا۔
ہوش پراں کرنا (اُ محاورہ) ہوش اُڑ جانا۔ گھبرا جانا۔
ہوش پکڑنا (محاورہ) عقل حاصل کرنا۔ شعور پکڑنا۔ سیانا ہونا۔ سن تمیز کو پہنچنا جتانا۔ ہوشیار ہونا۔
ہوش پکڑو (اُ محاورہ) ہوش میں آؤ۔ سُرت سنبھالو۔ عقل سیکھو۔ عقل کے ناخن لو۔ تمیز سیکھو۔
ہوش ٹھکانے رہنا (اُ محاورہ) ہوش و حواس درست رہنا۔
ہوش جاتا رہنا (محاورہ) بے اوسان ہو جانا۔ عقل ٹھکانے نہ رہنا۔ ہکا بکا رہ جانا۔ عقل گم ہو جانا۔
ہوش رُبا (ف۔ صف) ہوش لے جانے والا۔
ہوش رکھنا (اُ محاورہ) صاحب ہوش ہونا۔ خبردار رہنا۔
ہوش رہنا (اُ محاورہ) حواس بجا رہنا۔
ہوش سے باہر رہنا (اُ محاورہ) بے خود ہونا۔ ہوش گم کرنا۔
ہوش سنبھالنا (محاورہ) جوان ہونا۔ سیانا ہو جانا۔ بڑا ہونا۔ تمیز سیکھنا عقل حاصل کرنا۔
ہوش کافور ہونا (اُ محاورہ) ہوش جاتے رہنا۔
ہوش کھونا (محاورہ) بے اوسان کرنا۔ عقل ٹھکانے نہ رکھنا۔
ہوش کی بنوانا (محاورہ) بیوقوفی سے باز رہنا۔ عقل پکڑنا۔ شعور پکڑنا۔
ہوش کی بناؤ (اُ محاورہ) عقل پکڑو۔ بیہودہ باتیں نہ کرو۔ جھوٹ نہ بولو۔
ہوش کی خبر لو / ہوش کی دوا کرو / ہوش کی لو / ہوش کے ناخن لو (اُ محاورہ) دقوف حاصل کرنا۔ بے تمیزی اور بے عقلی نہ کرنا۔ تمیز پکڑنا۔ عقل کا علاج کرو۔ تمیز سیکھو۔
ہوش گم کرنا (اُ محاورہ) ہوش اُڑانا۔
ہوش گم ہونا (اُ محاورہ) ہوش اُڑنا۔
ہوش مند (ف۔ صف فاعلی) ہوش والا۔ عقلمند۔ خرد مند۔ باشعور۔
ہوش مندی (ف۔ ہو بیائے مصدری) دانائی۔ ہوشیاری۔ تمیز۔ شعور دقوف۔ عقلمندی۔
ہوش میں آنا (محاورہ) تمیز سیکھنا۔ عقل حاصل کرنا۔ سنبھلنا۔ آپے میں آنا۔ ہوشیار ہونا۔ نصیحت پکڑنا۔ عبرت حاصل کرنا۔
ہوش میں آؤ (اُ محاورہ) سمجھو۔ عقل سیکھو۔ تمیز حاصل کرو۔ عقل کی بات کرو۔

ہوش نہ رہنا (اُ محاورہ) بدحواسی طاری ہونا۔ خبر نہ ہونا۔
ہوش نہ ہونا (اُ محاورہ) حواس درست نہ ہونا۔ سدھ نہ ہونا۔
ہوش نہ سوجھ (اُ۔ محاورہ) کچھ سمجھ نہ ہونا۔ کسی چیز کے متعلق یاد نہ رہنا سمجھ اور بوجھ نہ ہونا
ہوش والا (اُ صف فاعلی) سیانا۔ ہوشیار۔ تجربہ کار۔ باخبر۔ عقلمند۔
ہوش و حواس (ع۔ مذ) عقل و تمیز۔ شعور۔ دقوف۔
ہوش و حواس اُڑ جانا (ہ محاورہ) عقل قائم نہ رہنا۔ بے سُرت ہو جانا۔ اوسان خطا ہو جانا۔
ہوش ہونا (محاورہ) سُدھ ہونا۔ خبر ہونا۔ دقوف ہونا۔ شعور ہونا۔ عقل ہونا۔ حواس درست ہونا۔
ہوش ہرن ہونا / ہوا ہونا (اُ محاورہ) ہوش اُڑ جانا۔ گھبرا جانا۔
ہوشیار (ف۔ صف۔ فاعلی) سیانا۔ عاقل۔ تجربہ کار۔ عیّار۔ چالاک۔ خبردار۔ واقف۔ فہیم۔ جاگتا۔ بیدار۔ چوکنا۔ چوکس۔
ہوشیار رہنا (محاورہ) بیحیت رہنا۔ باخبر رہنا۔ جاگتا رہنا۔ چوکنا رہنا۔ خبردار رہنا۔
ہوشیار کرنا (محاورہ) جتانا۔ خبردار کرنا۔ چوکس کرنا۔ باخبر کرنا۔ آگاہ کرنا۔ متنبہ کرنا۔ جگانا۔ بیدار کرنا۔ غفلت سے حواس میں لانا۔ جھنجوڑنا۔
ہوشیار ہو جانا (محاورہ) ہوش میں آجانا۔ سُرت آجانا۔ بیدار ہو جانا۔ چوکس ہو جانا۔ بڑا ہو جانا۔ سن بلوغ کو پہنچ جانا۔ سیانا ہو جانا۔ عقلمند ہو جانا۔
ہوشیاری (ف۔ ہو بیائے مصدری) دانائی۔ عقلمندی۔ خبرداری۔ چوکسی۔ عاقبت اندیشی۔ دُور اندیشی۔ چترائی۔ عیاری۔ چالاکی۔ احتیاط۔
ہوشیاری دکھانا (اُ محاورہ) عقلمندی دکھانا۔ دُور اندیشی دکھانا۔ چالاکی دکھانا۔ دانائی ظاہر کرنا۔
ہُوک (ہ۔ ہو) درد۔ پیڑ۔ وہ درد جو سینہ یا دل میں ٹھہر ٹھہر کر یا ایک دم نکلے۔ سُول۔ تکلیف۔ صدمہ۔ پسلی کا درد۔ منہ بنیا۔ آواز۔ اُلو کی آواز۔
ہُوک اُٹھنا (ہ محاورہ) درد ہونا۔ ایکا ایکی۔ یا ٹھیر ٹھیر کے درد بلند اُٹھنا۔ دل و جگر میں درد ہونا۔ پہلو میں درد ہونا۔
ہُوکا (ہ۔ مذ) رُدکا۔ فریاد۔ دہائی۔
ہوکا دینا (ہ محاورہ) فریاد مچانا۔ دہائی دینا۔ غل غُبارہ کرنا۔ شور پکار مچانا۔
ہوکا۔ یا۔ ہوکھا (ہ۔ مذ) ہوس بجا۔ طمع لالچ۔ حرص۔ لوبھ۔ بہت سا کھانے کی ہوس۔ اشتیاق۔ لپکا۔ خواہش۔ غلبہ۔ حرص۔
ہوکا ہو جانا (ہ۔ محاورہ) بہت کھانے کی ہوس ہو جانا۔ لالچ پڑ جانا۔ مرض غالب ہو جانا۔
ہو کر (ہ۔ تابع فعل) ہو کے۔ پاس سے۔ درمیان سے۔ ضرور۔ لابُد۔ ناگزیر۔
ہو کر رہنا (محاورہ) ضرور بالضرور ہونا۔ لابُد ہونا۔ ازبس ہو ہی جانا۔

ہوکس ہوائیں؟ (اُر محاورہ) تم کس غرور میں ہو۔ تمہارا خیال غلط ہے۔ تمہیں کیا خبر ہے۔

ہوکے (ہ۔ تابع فعل) پاس سے درمیان سے۔ گزرتے ہوئے۔ ہوتے ہوئے۔ ہوکر۔ ضرور بالضرور۔

ہوگا (ہ) کلمہ شک وظن۔ شک وشبہ کے موقع پر بولتے ہیں۔

ہوگزرنا (اُر مصدر) گزرے ہوئے زمانے میں ہونا۔ واقع ہونا۔ ختم ہونا۔

ہُول (ہ۔ا۔مذ) دھکا۔ صدمہ۔ تلوار یا نیزہ وغیرہ کی نوک گھسیڑنے کی حرکت۔ آنکس۔ نیزہ۔ بھالا۔ سنگین۔ کرنج۔

ہُول چلنا (اُر محاورہ) گھونپا جانا۔ ہولا مارنے لگنا۔

ہُول دینا (ہ محاورہ) نوک چبھونا۔ کچوکا دینا۔ آنکس لگانا۔

ہَول (ع۔ا۔مذ) ڈر۔ خوف۔ بھے۔ بیم۔ خطر۔ اندیشہ۔ اضطراب۔ بیقراری۔ گھبراہٹ۔ ملالی۔

ہَول اُٹھنا (محاورہ) خوف پیدا ہونا۔ ڈر کے مارے گھبراہٹ ہونا۔

ہَول آنا (محاورہ) ڈر لگنا۔ بھے لگنا۔ خوف معلوم دینا۔ دہشت آنا۔

ہَول بیٹھ جانا (محاورہ) خوف کا دل میں جم جانا۔ ڈر بیٹھ جانا۔ بھے بیٹھ جانا۔ دہشت چھانا۔

ہَول پڑنا (محاورہ) دہشت ہونا۔ اضطراب ہونا۔ گھبراہٹ ہونا۔ تلافی ہونا۔

ہَول پکار (اُر مو) شور وغوغا۔

ہَول جَول (اُر مو) گھبراہٹ۔ اضطرابی۔ جلدی۔ شتابی۔

ہَولِ دل (عف۔ا۔مذ) دھڑکن۔ اختلاج۔ قلب۔ خفقان۔ دل کا دھک دھک کرنا۔

ہَول دل ہونا (اُر محاورہ) دھڑکن تیز ہونا۔ دل دھڑکنا۔

ہَولَ دِلا (اُر۔مذ۔ فاعلی) ڈرپوک۔ بزدل۔ نامرد۔

ہَول دلی (اُر مو) گلے میں ڈالنے کی ایک چیز جس سے دل کا خوف دور ہوجاتا ہے۔ گھبراہٹ۔ بزدلی۔

ہَول دینا (اُر محاورہ) گھبرا دینا۔

ہَول رہنا (اُر محاورہ) خوف وگھبراہٹ ہونا۔

ہَول زدہ (عف۔ مذ مفعولی) گھبرایا ہوا۔ دہشت کا مارا ہوا مضطرب ڈرپوک۔ خوفزدہ۔

ہَول سما (اُر محاورہ) دہشت سمانا۔ خوف سمانا۔

ہَول کھانا (اُر محاورہ) ڈرنا۔ دہشت میں رہنا۔

ہولناک۔ یا۔ ہول ناک (عف صف فاعلی) خطرناک۔ خوفناک۔ ڈراؤنا۔ بھیانک۔ ہیبت ناک۔

ہولناکی (عف۔صف) خوف کی اذیت۔

ہُولا (ہ۔ا۔مذ) برچھی یا بھالے کی نوک کا صدمہ۔ ہُول۔ بھونک۔ یہ بواؤ معروف ہے۔ بھنے ہوئے سبز چنے۔

ہَولا (ہ۔ا۔مذ۔ بواؤ مجہول) چنوں کے بھنے ہوئے بونٹ۔ کچے چنوں کی بھنی ہوئی ٹانٹیں۔

ہَولاجولی (اُر مو) گھبراہٹ۔ بے تابی۔ اضطراب۔ افراتفری۔ بھاگڑ۔ تردد۔

ہَولاخبطا (ا۔صف) بدحواس۔

ہولا کھائے مُنہ ہاتھ دونوں کالے (اُر مثل) بُرے کام میں ہر طرح کی بدنامی ہی ہوتی ہے۔

ہولڑ۔ یا۔ ہولر (ہ۔ا۔مذ) تُرت کا جنا ہوا بچہ۔ بچہ نوزائیدہ۔ پیٹ کا بچہ۔

ہُولنا (ہ۔ فعل) آنکس لگانا۔ ہاتھی کو چلانا۔ ہاتھی کو ہانکنا۔ آر لگانا۔ دھکیلنا۔ دھکا دینا۔ ریلنا۔

ہولو (ہ۔ مذ صف) متلون مزاج۔ بزدلا۔ بات گھابرا۔

ہولو (ہ۔ا۔مذ) بھنے ہوئے یا اُبلے ہوئے چنے۔

ہولی (ہ۔ا۔مو) ہندوؤں کے ایک تہوار کا نام ہے۔ جس میں ایک دوسرے پر رنگ چھڑکتے اور خوشی مناتے ہیں۔ ایک قسم کے گیت جو ہولی کے دنوں میں گائے جاتے ہیں۔ لکڑیوں کا ڈھیر جو ہولی کے دن جلاتے ہیں۔

ہولی جلانا (اُر محاورہ) ہولی کے دن لکڑیوں کا ڈھیر جلانا۔

ہولی کا بھڑوا (ہ۔ا۔مذ) وہ شخص جس پر ہولی کے دنوں میں رنگ وغیرہ ڈال کر مسخرہ بناتے ہیں۔

ہولی کھیلنا / **ہولی منانا** (ہ۔ محاورہ) ہولی کے دن ایک دوسرے پر گلال اُڑانا اور رنگ چھڑک کر خوشیاں منانا۔

ہولی لگانا (ہ محاورہ) ہولی کا گیت گانا۔ جس میں کرشن جی کی لیلا اور سامان عیش وخوشی کا ذکر ہوتا ہے۔

ہولی ہے (ہ۔ محاورہ) جب کسی شخص پر رنگ ڈال کر اس کی مٹی پلید کرتے ہیں۔ تو یہ فقرہ زبان پر لاتے ہیں۔

ہوئے (ہ۔ تابع فعل) آہستہ۔ ہلکے سے۔ بتدریج۔ سہج سے۔ باہمتگی۔

ہوئے سے (اُر متعلق فعل) آہستہ سے۔ ہلکے سے۔

ہوئے ہوئے (ہ۔ تابع فعل) آہستہ آہستہ۔ ہلکے ہلکے۔ سہج سہج۔ بتدریج۔ رفتہ رفتہ۔

ہولینا (ہ محاورہ) مرجانا۔ ہوچکنا۔ تمام ہوجانا۔ ہوجانا۔

ہوم (س۔ا۔مذ) ہون۔ یگ۔ وید کے منتروں سے دیوتاؤں کو خوش کرنے کے لئے گھی وغیرہ جلانا۔

ہوم (انگ۔ا۔مذ۔ Home) گھر۔ مکان۔

ہوم ڈپارٹمنٹ (انگ۔ا۔مذ۔ Home Department) وہ محکمہ جس کے متعلق تعلیم۔ پولیس اور جوڈیشل وغیرہ کا کام ہوتا ہے۔

ہوم رُول (انگ۔ا۔مذ۔ Home Rule) گھر کی حکومت، حکومت خود اختیاری۔ سوراجیہ۔

ہوم سیکرٹری (انگ۔ا۔مذ۔ Home Secretary) ہوم محکمہ کا دیوان۔ ہوم سکرٹر۔

ہوم منسٹر (انگ۔ا۔مذ۔ Home Minister) محکمہ ہوم کا ذمہ دار۔ محکمہ تعلیم و پولیس وجوڈیشل وغیرہ کا اعلےٰ افسر۔

ہومیوپیتھ (انگ۔ا۔مذ۔ Homoeopath) علاج بالمثل کا ڈاکٹر۔

ہومیوپیتھک (انگ۔ا۔مذ۔ Homoeopathic) علاج بالمثل گرم کا گرمی سے اور سرد کا سردی سے علاج۔

ہومیوپیتھی (انگ۔ا۔مو) علاج بالمثل کا طریقہ علاج ۔
ہون (س۔مذ) ہندوؤں کی مذہبی رسم، جس میں منتر پڑھتے ہوئے آگ میں گھی ڈالتے ہیں ۔
ہُوں (ہ) حرف ایجاب۔ ہاں۔ بلے۔ اجازت۔ اقرار و اقبال کا کلمہ ۔
ہُوں ہاں کرنا (محاورہ) صاف جواب نہ دینا۔ ٹال مٹول کرنا۔ آرے بلے کرنا۔ بچے کا پہلے پہل بولنے لگنا ۔
ہُوں ہاں نہ کرنا (اُر محاورہ) دم نہ مارنا۔ چُپ رہنا ۔
ہُوں ہُوں (اُر محاورہ) انکار بھی اور اقرار بھی۔ یہ وہ کلمہ ہے جس سے انکار و اقرار دونوں ثابت ہوتے ہیں۔ کسی کام کو روکنے کا کلمہ ہٹ اور ضد کا کلمہ ۔
ہُوں ہُوں کرنا (محاورہ) ہُوں ہاں کرنا۔ منہ سے ہُوں ہُوں کی آواز نکالنا۔ ٹال مٹول کرنا ۔
ہونا (ہ۔ فعل) جنم لینا۔ پیدا ہونا۔ واقع ہونا۔ وارد ہونا۔ ظاہر ہونا۔ بیتنا۔ گزرنا۔ رہنا۔ موجود ہونا۔ تسلیم کیا جانا۔ ٹھہرنا۔ قرار پانا۔ تولد ہونا۔ بچہ پیدا ہونا۔ جھڑنا۔ نازل ہونا۔ لگنا۔ معلوم دینا۔ ہم پہنچنا۔ حاصل ہونا۔ بننا۔ بن جانا۔ تیار ہونا۔ پانا۔ حاصل کرنا۔ پیش آنا۔ بھگت چکنا۔ جیسے اسے تو کچھ ہوا گیا ہو۔ نبھنا۔ نباہ ہونا۔ جیسے اس سے تو گھر نہیں ہوتا ۔
ہونا نہونا (ہ۔ مذ) عدم وجود۔ ہست و نیست (بصورت فعل) بننا نہ بننا۔ واقع ہونا یا نہ ہونا۔ وقوع میں آنا یا نہ آنا ۔
ہونا ہوانا (اُر محاورہ) کسی فعل کا سرزد ہونا۔ نقصان ہونا۔ ضرر پہنچنا۔ کسی فعل کا با اثر ہونا ۔
ہونٹ۔ یا۔ ہوٹ (ہ۔ مذ) مُنہ کے اُوپر نیچے کا کنارہ۔ لب۔ کنارۂ دہان ۔
ہونٹ پپڑانا (ہ۔ فعل) پیاس یا خشکی کی وجہ سے ہونٹوں پر پپڑی بندھ جانا ۔
ہونٹ تک نہ ہلانا (اُر محاورہ) خفیف اشارہ بھی نہ کرنا۔ مُنہ سے بات نہ نکالنا ۔
ہونٹ تک نہ ہلنا (ہ محاورہ) مُنہ سے بات تک نہ نکلنا۔ اشارہ تک نہ ہو سکنا ۔
ہونٹ چاٹتے رہ جانا / ہونٹ چاٹا کرنا (محاورہ) لذیذ چیز کو یاد کرتے رہ جانا۔ چٹخارے بھرتے رہنا۔ مزہ یاد کرتے رہنا۔ ذائقہ نہ بھولنا ۔
ہونٹ چاٹنا (محاورہ) ہونٹوں پر زبان پھیرنا۔ کسی چیز کا ذائقہ یاد کرنا۔ ذائقہ لینا۔ لذت لینا۔ ہونٹ چوسنا ۔
ہونٹ چاٹتے رہ جانا (اُر محاورہ) کسی چیز کی لذت کو یاد رکھنا ۔
ہونٹ چاٹنے سے پیاس نہیں بجھتی (اُر مثل) تھوڑی سی امداد کا کچھ فائدہ نہیں ۔
ہونٹ چبانا (محاورہ) غصہ کی حالت میں ہونٹوں کو دانتوں سے کاٹنا۔ دانت پیسنا۔ غصہ دکھانا ۔
ہونٹ چپکنا (ہ۔ فعل) پیاس اور خشکی کی وجہ سے لب بند ہو جانا۔ لب سے لب ملنا ۔
ہونٹ خشک ہونا (ا۔ فعل) مُنہ سُوکھنا۔ مُنہ پر ہوائیاں اُڑنا ۔
ہونٹ سی دینا (محاورہ) مُنہ بند کر دینا۔ چُپ لگا دینا۔ خاموش کر دینا ۔
ہونٹ سی لینا (اُر محاورہ) چُپ ہو جانا۔ خاموش ہو جانا ۔
ہونٹ سے ہونٹ ملانا (اُر محاورہ) لب بہ لب۔ ہونٹوں کو ہونٹوں سے ملانا۔ کنایۃً وصل ہیں ۔
ہونٹ کاٹنا (ہ محاورہ) افسوس ظاہر کرنا۔ غصہ و غم کا اظہار کرنا۔ حسد کرنا۔ جلنا ۔
ہونٹ چبانا۔ حسرت و افسوس یا غصہ و غضب سے دانت پیسنا ۔
ہونٹ مَلنا (محاورہ) مُنہ مسلنا۔ بکواس اور بیہودہ گوئی کی سزا دینا۔ مُنہ پھٹ ہونے کی سزا دینا۔ زبان درازی کی سزا دینا ۔
ہونٹ مَلو تو دودھ نکل پڑے (ہ۔ محاورہ) یعنی ابھی تم دودھ پیتے بچے ہو۔ ناتجربہ کار ہو۔ اگر ذرا سختی کروں اور زور لگاؤں تو پیا ہوا دودھ نکل پڑے ۔
ہونٹ نیلے ہونا (اُر محاورہ) زیادہ سردی یا چوٹ لگنے یا زہر کے اثر کی وجہ سے ہونٹ نیلے ہو جانا ۔
ہونٹ ہلانا (محاورہ) بات کرنا۔ بولنا۔ بات کہنا۔ چُرکنا ۔
ہونٹل (ہ۔ صف) موٹے اور بڑے بڑے ہونٹوں والا ۔
ہونٹوں پر پپڑیاں جمنا (اُر محاورہ) خشکی یا حدت سے لبوں پر پپڑیاں بندھنا ۔
ہونٹوں پر جان ہونا (اُر محاورہ) مرنے کے قریب ہونا۔ جان بلب ہونا۔ قریب المرگ ہونا ۔
ہونٹوں پر زبان پھیرنا (اُر محاورہ) ہونٹ چاٹنا۔ مزے اور لذت میں محو ہونا۔ زبان سے ہونٹ چاٹنا ۔
ہونٹوں پر چھٹی کا دودھ یاد آجانا (اُر محاورہ) کنایۃً مصیبت میں پڑنا ۔
ہونٹوں پر ہنسی ہونا (اُر محاورہ) مسکراہٹ ہونا ۔
ہونٹوں سے باتیں کرنا (اُر محاورہ) اس طرح بات کرنا کہ ہونٹ ہلیں اور آواز نہ نکلے ۔
ہونٹوں سے لگانا (اُر محاورہ) لب آشنا کرنا ۔
ہونٹوں سے دودھ کی بُو نہیں گئی (اُر محاورہ) ابھی دودھ پیتے بچے ہونا۔ ناتجربہ کار ہو ۔
ہونٹوں کی مستی پوچھو یا پونچھو (اُر محاورہ) بات کرنے کا سلیقہ سیکھو۔ تمیز سے بات کرو ۔
ہونٹوں میں کہنا۔ یا۔ بولنا (ہ۔ فعل) چُپکے سے بات کرنا۔ آہستہ سے بات کہنا۔ مُنہ میں بولنا ۔
ہونٹوں سے مسکرانا (ہ محاورہ) اس طرح ہنسنا کہ صرف ہونٹ ہی پھڑکیں۔ اور دانت نہ کھلیں۔ خندہ زیر لب کرنا ۔
ہونٹوں ہونٹوں سے (اُر متعلق فعل) ہونٹوں کے اشارے سے ۔
ہونٹی (ہ۔ مؤ) گھوڑے کے دہانہ کی زنجیر۔ نہاری۔ دہانہ ۔
ہَوَس (اُر۔ مو) لوبھ۔ لالچ۔ حرص۔ طمع۔ ہَوَس کا بگاڑ ہے۔ رشک۔ ریس ۔

ہونس سے ریس بھلی (اُ۔مثل) حسد سے رشک اچھا ۔
ہونس کا کھا جانا (اُ۔محاورہ) نظر بد کا اثر ہوجانا ۔
ہونس لگانا (اُ۔محاورہ) نظر بد کا لگانا ۔
ہونس ہونا (اُ۔فعل) لالچ ہونا ۔ طمع ہونا ۔ رشک ہونا ۔ ریس ہونا ۔
ہُونس (ہ۔ا۔مو) نظر بد ۔ ٹوک ۔ رشک ۔ حسد ۔ عداوت ۔ جلن ۔ بَیر ۔ بدخواہی ۔
ہُونس کرنا (ہ۔محاورہ) رشک کرنا ۔ حسد کرنا ۔ جلنا ۔
ہُونس کھا گئی (ہ۔محاورہ) نظر بد نے مار ڈالا ۔ نظر بد کا اثر ہوگیا ۔
ہُونس لگ جانا (ہ۔محاورہ) نظر بد لگ جانا ۔ ٹوک میں آجانا ۔ ٹوک ہوجانا ۔
ہُونسا (ہ۔صف) حاسد ۔
ہُونسا سو مُوسا (ہ۔مثل) جس نے حسد کیا ۔ اس نے اپنا ہی نقصان کیا ۔ حاسد آپ ہی نقصان اُٹھاتا ہے ۔
ہُونسنا (ہ۔فعل) نظر لگانا ۔ ٹوکنا ۔ جلنا ۔ رشک کھانا ۔ حسد کرنا ۔ بُرائی چاہنا ۔
ہُونکار (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے "ہنکار" ۔ بات کی آواز ۔ پُشتی ۔ حمایت ۔
ہونکلنا (اُ۔محاورہ) کسی طرف سے گزرنا ۔
ہونکنا (ہ۔فعل) سانس پھولنا ۔ ہانپنا ۔ شیر کا بولنا ۔ گرجنا ۔ دھاڑنا ۔
ہونگے پوت تو پوجیں گے بھوت (ہ۔محاورہ) اولاد کی امید پر بھوت پریت کی پوجا بھی منظور ہے ۔ یعنی کچھ نفع ہو تو خدمت بھی کریں ۔ ورنہ کیا ضرورت ۔ اپنی غرض کو سب کچھ کرتے ہیں ۔
ہونق (اُ۔صف) بے وقوف ۔ احمق ۔ گاؤدی ۔ جانگلو ۔ وحشی ۔
ہونہار (ہ۔صف فاعلی) ہونے جوگ ۔ ہونے کے قابل ۔ ہونے والا ۔ وہ لڑکا یا پودا جس میں نیک یا سرسبز ہونے کی نشانیاں پائی جائیں ۔ نازل ہونیوالا ۔ وہ بات جس کا ہونا ازل میں لکھا گیا ہو ۔ نصیبے والا ۔ اقبالمند ۔ لائق ۔ قابل ۔
ہونہار بروئے کے پتے چکنے چکنے ہوتے ہیں / ہونہار بروئے کے چکنے چکنے پات } (ہ۔مثل) خوش قسمت اور اقبالمند بچپن ہی سے معلوم ہوجاتا ہے ۔
ہونہار ٹلتی نہیں ہووے لسوئے بلیں (ہ۔مثل) شدنی ہمیشہ اور بالضرور ہوکر رہتی ہے ۔
ہونہو (ہ۔تابع فعل) بالضرور ۔ شرطی ۔ غلط ہو یا صحیح ۔ جیسے ہونہو وہی ہے ۔
ہونی (ہ۔مو) ہونے والی ۔ پیش آنے والی ۔ قسمت یا نصیب کی بات ۔ شدنی امر ۔ ممکن الوقوع ۔
ہونی نہیں (ہ۔محاورہ) ممکن نہیں ۔ کیا امکان ۔ کیا مقدور ۔
ہونی ہو سو ہو (ہ۔محاورہ) ہر چہ باداباد ۔ جو کچھ ہو سو ہو ۔ جان رہے یا جائے کچھ ہی ہو ۔
ہونے دو (ہ۔محاورہ) ہوجانے دو ۔ ہو لینے دو ۔ لڑائی بھڑنے دو ۔ لڑنے دو ۔
ہونے کا (اُ۔صف) ہونیوالا ۔
ہونے کے دن (اُ۔مذ) حیض کے دن ۔
ہونے لگنا (اُ۔محاورہ) ہونا ۔ شروع ہونا ۔
ہونے والا (ہ۔صف فاعلی) ہونہار ۔ ہونے جوگ ۔ پیش آنے والا ۔ ممکن ۔
ہوور کرافٹ (انگ۔مذ) Hover Craft



ہوور کرافٹ
پانی کی سطح پر ہوا کے دوش چلنے والی کشتی ۔
ہونے والی / ہونے والی بات (اُ۔مو) شدنی ۔ ہونی ۔ پیش آنیوالی ۔
ہُوہا (ہ۔مو) شور غل ۔ غوغا ۔ چیخ دھاڑ ۔ ہنسی ٹھٹھے کی آواز ۔ ہنگامہ ۔ فساد ۔ دھوم دھام ۔ زار و شور ۔
ہُوہا کرنا (ہ۔فعل) غل مچانا ۔ شور مچانا ۔ قہقہہ لگانا ۔ کبوتر اُڑانا ۔
ہو ہو اچکنا (اُ۔محاورہ) ہوچکنا ۔ ختم ہونا ۔
ہُوئے (ہ) حرف ندا ۔ آواز بڑھانے کے لئے منادے پر زیادہ کرنے کا لفظ ہے ۔
ہُویدا (ف۔صف) کھلا ہوا ۔ ظاہر ۔ آشکارا ۔ عیاں ۔ واضح صاف ۔ صریح ۔
ہوئی ہے نہ ہوگی (ہ۔محاورہ) ممکن نہیں ۔ کیا مجال ۔ کیا ممکن ۔ ہرگز نہیں ہوسکتی ۔
ہوئے ہیں نہ ہوں گے (ہ۔محاورہ) ناممکن ہے ۔ بالکل بے مروت اور بے لحاظ ہے ۔ وہ کسی کے آشنا نہیں ہیں ۔
ہویت (ع۔ا۔مو) مرتبۂ وحدت ۔ ذات باری تعالےٰ ۔

ہ - ی - ے

ہی (ہ) کلمہ حصر و تاکید ۔ صرف ۔ تنہا ۔ اکیلا ۔ محض ۔ فقط ۔ بالکل ۔ ذرا ۔ تھوڑا ۔ اندک ۔ دل ۔ من ۔ ہیا کا مخفف ۔ فارسی میں بمعنی متواتر ۔ لگاتار ۔
ہی (اُ۔مو) دھوم ۔ دھام ۔ دھاک ۔ تہلکہ ۔ حیرت ۔ شور ہنگامہ ۔ غلغلہ ۔
ہی پڑنا ۔ یا ۔ مچنا (اُ۔محاورہ) تعجب اور حیرت کا واقع ہونا ۔ دھوم مچنا ۔ شور و غل بلند ہونا ۔ ہنگامہ ہونا ۔ دھاک پڑنا ۔ تہلکہ پڑنا ۔
ہیہے (ہ) کلمہ ایجاب و فعل ناقص بہت ۔ است کا ترجمہ کلمہ تعجب کا ہے ۔ جیسے ہے ۔ ابھی تو بھلا جیتا تھا ۔ تاسف و افسوس کا کلمہ ہائے کا مخفف ہے ۔
ہیہے (اُ۔تابع فعل) ہونا سے مشتق حاضر موجود ۔
ہیہے ظالم (فع کلمہ تاسف) ہائے ظالم ۔ ہائے کم بخت ۔
ہیہے غضب (فع کلمہ تاسف) غضب ہوا ۔ ستم ہوا ۔
ہیہے ہیہے کرکے پیٹنا (اُ۔محاورہ) نوحہ کرکے رونا ۔ کسی کے مرنے کی آرزو کرکے رونا ۔
ہیہے ہے نہ کہے کھے (اُ۔مثل) جھگڑا نہ ٹنٹا ۔ جھک جھک نہ بک بک ۔

ہے یونہی۔ یا۔ یونہیں (ہ۔ محاورہ) اسی طرح ہے۔ درست ہے۔ آپ درست فرماتے ہیں۔

ہیّا (ہ۔ا۔مذ) دیکھو (ہوّا) بچوں کو ڈرانے کا کلمہ۔ ایک ساتھ زور لگانے کی آواز۔

ہیّا (ہ۔ا۔مذ) ہردہ۔ دل۔ من۔ جگر۔ کلیجہ۔ قلب۔ چت۔ جرأت۔ دلیری۔ حوصلہ۔

ہیاؤ (ہ۔ا۔مذ) حوصلہ۔ ہمت۔ جرأت۔

ہیاؤ پڑنا (اُ۔محاورہ) ہمت پڑنا۔

ہیاؤ کھل جانا (اُ۔محاورہ) دل ڈر جانا۔ جھجک مٹ جانا۔

ہیئات (ع۔ا۔مؤ) بنایا جانا۔ تیار ہونا۔ مجاز" صورت۔ شکل۔ بناوٹ۔ ساخت۔ ڈول۔ وہ علم جس میں اجرام فلکی اور زمین کی گردش و کشش وغیرہ کا بیان ہے۔

ہیاؤ۔ یا۔ ہواؤ (ہ۔ا۔مذ) حوصلہ۔ ہمت۔ حوصلہ۔ دلیری۔ مردانگی۔ بہادری۔ شجاعت۔ طاقت۔ زور۔ بل۔

ہیاؤ کھلنا (ہ۔محاورہ) حوصلہ ہونا۔ دلیری ہونا۔ جرأت ہونا۔ خوف یا ڈر نہ رہنا۔ جھجک مٹنا۔

ہیبت (ہ۔تابع فعل) نیچے۔ تلے۔ زیر۔ تحت۔ نیچا۔ ادنیٰ۔ اوچھا۔ چھوٹا۔

ہیبت (ع۔ا۔مؤ) ڈر۔ خوف۔ بھے۔ بیم۔ دہشت۔ رعب۔ دھاک۔ دھڑکا۔

ہیبت زدہ (عف۔صف) ڈرپوک۔ ڈرہوا۔ دہشت کا مارا ہوا خوف زدہ۔

ہیبت ناک (ہ۔صف) ڈراؤنا۔ بھیانک۔ پُرخطر۔ خوفناک۔ مہیب۔

ہیٹ (انگ۔ا۔مؤ - Hat) انگریزی ٹوپی۔

ہیٹا (ہ۔صف) بروزق بیٹا۔ چھوٹا۔ کم۔ گھٹیا۔ ناقص۔ سفلہ۔ کم رتبہ۔ کمینہ۔ کم تر۔ پست ہمت۔ نامرد۔ بزدل۔ کمزور۔ بودا۔ کم درجہ کا۔

ہیٹا پن (اُ۔مذ) دیکھئے "ہیٹا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ہیٹی (ہ۔ہیٹا سے مصدری) ہیکی۔ ذلت۔ رسوائی۔ بدنامی۔ بے قدری۔ حقارت۔ (بصورت ہاتھ تاپنا) ہیٹا کی مؤنث ہے۔

ہیٹی کرنا (اُ۔محاورہ) رسوائی کرنا۔ بے عزتی کرنا۔

ہیٹی ہونا (ہ محاورہ) نک کٹی ہونا۔ ہیکی ہونا۔ ذلت ہونا۔ بات بگڑنا۔

ہیجا (ع۔ا۔مؤ) لڑائی۔ جدھ۔ جنگ۔ کارزار۔ رزم۔ جدال۔ قتال۔

ہیجان (ع۔ا۔مذ) جوش۔ اُبال۔ اُچال۔ کسی مادہ کا ابھار۔ تیزی۔ شدت۔ زور۔ غلبہ۔ چڑھاؤ۔

ہیجڑا (اُ۔مؤ) (ہیز بمعنی مخنث سے تصغیر بالتحقیر ہے) اخنثہ۔ خصی آدمی۔ وہ آدمی جس کے خصیے اور آلہ تناسل کاٹ ڈالا ہو۔ نامرد۔ مخنث۔ ہیز۔ خواجہ۔ خواجہ سرا۔ زنخہ۔ زناڑا۔ بزدل۔ سست۔ بودا۔ نامرد۔

ہیجڑا بنانا (محاورہ) نامرد بنانا۔ زنخہ کرنا۔ لڑکے کا عضو تناسل کاٹ کر مخنث بنا دینا۔

ہیجڑے کا اللہ میاں نے اٹھنی کا اعتبار نہیں کیا (اُ۔مثل) ہیجڑے کا بالکل اعتبار نہیں۔

ہیجڑے کے گھر بیٹا ہوا (اُ۔مثل) ناممکن بات ہوگی۔ اچنبھے کی بات ہوگی۔

ہیجڑوں نے گانو مارا دوڑیورے لنگڑو (اُ۔مثل) جب کسی نامرد سے اسکی بساط سے بڑھ کر کام بن پڑتا ہے۔ تو یہ مثل بولا کرتے ہیں۔ یعنی جیسے بہادر گانو مارنے والے ہیں۔ ایسے ہی ان کے مددگار بھی چاہئیں۔

ہیچ (ف۔صف) کچھ نہیں۔ معدوم۔ برطرف۔ کم۔ قلیل۔ نکما۔ ناکارہ۔ خالی۔

ہیچ آفت نہ رسد گوشۂ تنہائی را (ف۔مثل) جو سب سے الگ ہو گیا۔ وہ رنج سے بچ گیا۔

ہیچ سمجھنا (اُ۔محاورہ) ناچیز سمجھنا۔ حقیر جاننا۔

ہیچکارہ۔ یا۔ ہیچکار (ف۔صف) نالائق۔ نکما۔ بیفائدہ۔ **ہیچ کس** ناکارہ۔ ردی۔

ہیچمدان (ف۔صف) کچھ نہ جاننے والا۔ ناواقف۔ بے علم۔ نادان۔

ہیچمدانی (ف۔موبیائے مصدری) بے علمی۔ نادانی۔ ناواقفیت۔ بے ہنری۔ کچھ نہ جاننا۔

ہیچ میرز (ف۔صف) ناچیز۔ بے قیمت۔ جس کی کوئی قیمت نہ ہو۔

ہیچ پوچ (ف۔صف) سہل۔ لغو۔ بیہودہ۔ بے مغز چیز۔

ہیڈرا۔ یا۔ ہڈرا (ہ۔ا۔مذ) گت۔ درجہ۔ حال۔ حالت۔ صورت۔ شکل۔ سلیقہ۔

ہیڈ رہا جانا (محاورہ) حال بے حال ہونا۔ ہوش و حواس ٹھکانے نہ رہنا۔ گت بے گت ہونا۔

ہیڈ (انگ۔ا۔مذ - Head) بیس۔ سر۔ مونڈ۔ سردار۔ سرگردہ۔ پیشوا۔ بڑا۔ اعلےٰ۔ صدر۔

ہیڈ آفس (انگ۔ا۔مذ - Head Office) صدر دفتر۔ دفتر اعلےٰ۔ بڑا دفتر۔

ہیڈ فون (انگ۔ا۔مذ - Headphone) اسکی یا ٹیلیفون سننے کا آلہ جسے دونوں کانوں میں لگا دیتے ہیں۔

ہیڈ کلرک (انگ۔ا۔مذ - Head Clerk) میر منشی۔ محرر اعلےٰ۔

ہیڈ کوارٹر (انگ - Headquarter) مرجع۔ صدر۔ صدر مقام۔

ہیڈ ماسٹر (انگ۔ا۔مذ - Headmaster) مدرسہ میں سب سے بڑا استاد۔ صدر مدرس۔ مدرس اعلےٰ۔

ہیڈ مسٹریس (انگ۔ا۔مؤ - Headmistress) دیکھئے "ہیڈ ماسٹر" جس کی یہ تانیث ہے۔

ہیرا (س۔ا۔مؤ) دولت۔ لکشمی۔ سنت۔ جوہر۔ مغز۔ خلاصہ۔ رس (ہندی میں) رادھا کی معشوق کا نام ہے۔ جڑ۔ مول۔ اصل۔ زور۔ طاقت۔ قوت۔ خالص۔ صاف۔ شفاف۔

ہیرا (ہ۔مذ) ایک قسم کا نہایت قیمتی اور سخت پتھر جس کے کھانے سے آدمی مرجاتا ہے۔ الماس۔ مجاز" عمدہ۔ نفیس۔ اعلےٰ درجہ کا۔

ہیرا آدمی ہے (اُ۔محاورہ) بڑا بھلا مانس۔ آدمی ہے۔ سچا آدمی ہے۔

کھرا آدمی ہے۔ قابل تعریف ہے ؛

ہیرا کھانا (اُ محاورہ) خودکشی کی غرض سے الماس کھانا۔ کنایتہً زندگی سے جان دینا ؛

ہیرا من (ہ۔ا۔مذ) طوطا۔ میاں مٹھو ؛

ہیرا ہینگ (ہ۔ا۔مو) نہایت عمدہ قسم کی ہینگ ؛

ہیرا پھیری (ہ۔ا۔مو) لانا بدلنا۔ ادل بدل۔ کسی سودے کو لانا اور پھیر پھیرنے کو جانا۔ آمد و رفت۔ آنا جانا ؛ مکر و فریب

ہیر پھیر (ہ۔مو) گردش۔ چکر۔ دورہ۔ انقلاب۔ راستہ کا پیچ و خم۔ خرید نا اور واپس کرنا۔ قصور۔ کمی۔ کوتاہی۔ مکر و فریب۔ ایچ پیچ ؛

ہیر پھیر کی باتیں (ہ۔ا۔مو) دھوکے اور فریب کی باتیں۔ ایچ پیچ کی باتیں ؛

ہیئر ڈریسر (انگ۔ا۔مذ۔ Hair Dresser) بال سنوارنے والا۔ بال تراشنے والا ؛

ہیئر کٹنگ سیلون (انگ۔ا۔مذ۔ Hair Cutting Saloon) وہ جگہ جہاں بال تراشتے ہیں ؛ حجام کی دوکان

ہیرنا (ہ۔فعل) دیکھنا۔ مشاہدہ کرنا۔ ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔ گھیرنا۔ تلاش کرنا۔ رگیدنا۔ پیچھا کرنا۔ تعاقب کرنا۔ پکڑنا۔ گرفت کرنا۔ روکنا۔ کھدیڑنا ؛

ہیرو (انگ۔صف۔ Hero) بہادر۔ شجاع۔ سورما۔ وہ شخص جس پر کسی قصے کا دارو مدار ہو۔ قصے کی جان۔ مشہور آدمی۔ نامی آدمی ؛

ہیرو اکرنا (ہ محاورہ) بچے کا کسی کو یاد کرنا۔ جس سے محبت ہو اسے یاد کر کے مغموم اور رنجیدہ ہونا ؛

ہیروئن (انگ۔مذ۔ Heroine) دیکھئے "ہیرو" جس کی یہ تانیث ہے۔

ہیرے (ہ۔ا۔مذ) ہیرا کی جمع۔ بہت سے ہیرے

ہیرے پھیرے (ہ۔ا۔مذ) بار بار آنا جانا ؛

ہیروئن (ار۔مذ) ایک نشہ آور پوڈر جو لیطور نشہ استعمال ہوتا ہے۔

ہیرے کی قدر جوہری جانے (ار۔مثل) ہنرمند کی قدر اہل ہنر ہی کرتے ہیں۔ ہنر کو قدردان ہی پہچانتا ہے۔

ہیرے کی کنی (اُ۔ا۔مو) الماس۔ ریزہ۔ الماس کا ٹکڑا۔ ہیرے کی کرچ۔ خردۂ الماس۔ زہر قاتل۔ زہر ہلاہل۔ ہلاک کر ڈالنے والی چیز ؛

ہیرے کی کنی کھانا (ہ محاورہ) ہیرے کی کرچ کھا کر خودکشی کرنا۔ الماس کا ریزہ کھا کر جان دینا ؛

ہیڑا (ہ۔ا۔مذ) گوشت۔ ماس۔ لحم۔ شکار۔ غلیہ۔ ترکاری۔ سالن ؛

ہیڑی (ہ۔ا۔مذ) شکاری۔ صیاد۔ بھیلیا ؛

ہیڑا (ف۔صف) بھجڑا۔ مخنث۔ خوجہ۔ خواجہ سرا۔ زنخہ۔ خنثا۔ بزدل۔ نامرد۔ بودا۔ ڈرپوک۔ کم ہمت ؛

ہیڑم (ف۔ا۔مو) ایندھن۔ سوکھی لکڑی۔ جلانے کی لکڑی۔ ہیڑہ سوختنی ؛

ہیڑم فروش (ف۔مذ) لکڑہارا۔ لکڑیاں بیچنے والا ؛

ہیڑدہ۔یا۔ہجدہ (ف۔عدد) اٹھارہ۔ دس اور آٹھ (۱۸-۱۰) ؛

ہیضہ (ع۔ا۔مذ) امتلا۔ منہ پیٹ چلنا۔ متلی۔ دستوں اور قے کی بیماری۔ بدہضمی۔ کالرا۔ الٹی ؛

ہیضہ کرنا (محاورہ) امتلا بدہضمی کے سبب قے کرنا۔ الٹی کرنا ؛

ہیضہ ہونا (محاورہ) تخمہ ہونا۔ بدہضمی ہونا ؛ متعدی بیماری

ہیک (ہ۔ا۔مو) ایک قسم کی ناگوار بو۔ جو بکری یا اونٹنی کے دودھ میں سے آتی ہے ؛

ہیکڑ (ہ۔صف) خودستہ شیخی مارنے والا۔ زور آور۔ شہزور۔ زبردست۔ ضدی۔ سرکش ؛

ہیکڑی (ہ۔ا۔مو بیائے مصدری) زور آوری۔ زبردستی۔ خودسری۔ سرکشی۔ ضد ؛

ہیکڑی جتانا (اُ محاورہ) زبردستی کرنا۔ زور دکھانا ؛

ہیکڑی کرنا (ہ۔محاورہ) زور دکھانا۔ اینٹھنا۔ ضد کرنا۔ اکڑنا۔ زبردستی کرنا ؛

ہیکڑی سے (اُ متعلق فعل) زبردستی سے ؛

ہیکل (ع۔ا۔مو) وہ صورت یا بت جو کسی تیارے کے نام پر بنایا جائے۔ (مجاز) سیارے کا مندر۔ بت خانہ کا بڑا امکان۔ بڑے جسم کا گھوڑا۔ شان و شوکت۔ عظمت۔ شکوہ۔ جسم۔ تن۔ بدن۔ اندام۔ قدوقامت۔ صورت۔ شکل۔ نقشہ۔ ڈیل ڈول۔ تعویز۔ جنتر منتر۔ حمائل۔ علامت۔ نشان۔ انداز۔ اسلوب۔ طرح۔ طرز۔ وضع۔ قطع۔ سج دھج۔ تصویر۔ ہیئت۔ عدد۔ ہندسہ۔ بڑا جسم ؛

ہیگا (ہ) ماضی قریب۔ موجود ہے۔ قریب ہے (بصورت فعل) ہے بصورت تاکید ضرور ہے۔ بالضرور ہے۔ بے شک ہے۔ بلاشبہ ہے۔ (استفہام کی صورت میں) کیا موجود ہے ؛

ہیل (ہ۔مو بیائے مجہول) بھری ہوئی ٹوکری یا ٹوکرا۔ اپلوں کی اوپر تلے جمائی ڈھیری ؛

ہیل (ہ۔ا۔مو بیائے معروف) چھوٹی الائچی۔ سفید الائچی ؛

ہیل (انگ۔ا۔مو۔ Heel) ایڑی۔ وہ حصہ جو ایڑی پر آئے ؛

ہیلا (ہ۔ا۔مذ بیائے مجہول) ریلا۔ ریل۔ پیل۔ دھکا۔ صدمہ۔ دھکیل۔ ٹھیلا۔ کام کاج۔ باری بار۔ وار مرتبہ۔ دفعہ۔ ٹوکرا۔ جھلی۔ آواز۔ ہانک۔ پکار۔ رُوکا ؛

ہیلا دینا۔یا۔مارنا (ہ محاورہ) ریلنا۔ دھکیلنا۔ دھکا دینا۔ ہانک مارنا۔ پکارنا ؛

ہیل میل (ہ۔ا۔مذ) ربط۔ ضبط۔ میل جول۔ پیار۔ اخلاص۔ ارتباط ؛

ہیلو (انگ۔ا۔مو۔ Hello) متوجہ کرنے کا کلمہ۔ اظہار تعجب کا کلمہ۔

ہیلہ دینا (اُ محاورہ) دھکا دینا ۔

ہیلی کاپٹر (انگ۔مو) Helicopter
ایک قسم کا چھوٹا ہوائی جہاز جس کے اُوپر پنکھا ہوتا ہے۔ یہ فضا میں ساکن رہ سکتا ہے ۔



ہیلی کاپٹر Helicopter

ہیلتھ (انگ۔مو Health) تندرستی ۔ صحت ۔

ہیلنا (ف۔فعل) تیرنا ۔ شناوری کرنا ۔ پرنا ۔

ہیلے (ا۔مذ) ہیلا کی جمع ۔ باری ۔ بار ۔ دفعہ ۔ کام ۔ کاج ۔

ہیمہ (ف۔مو) جلانے کی لکڑی ۔ ہیزم سوختنی (یہ لفظ بیائے مجہول ہے) ۔

ہیمیا (ع۔مو) علم طلسم ۔

ہین (س۔صف بیائے معروف) کم ۔ قاصر ۔ گھٹا ہوا ۔ کوتہ ۔ چھوٹا ۔ گھٹیل ۔ ناقص ۔ ناتمام ۔ ادھورا ۔ کچا ۔ خادم ۔ کھوٹا ۔ ناسرہ ۔ خالی ۔ باطل ۔ بد ۔ بُرا ۔ ہیٹا ۔ خراب نکما ۔

ہینڈل Handle

ہینڈل (انگ۔مو) چیزوں کو اٹھانیوالا تار گول تار ۔

ہیں (ہ۔حرف) ربط بالفعل ناقص ۔ ہے کی جمع بکلمۂ تعظیم بھی ہے ۔

ہیں (ہ۔حرف تنبیہ) ہاں آور ۔ خبردار ۔ ہوش کرنا ۔ استفہام کے لئے پوچھنے اور دریافت کرنے کے موقع پر بولتے ہیں ۔ تعجب اور استعجاب کے لئے بھی آتا ہے ۔

ہیں ہیں (ہ) کلمہ تاکید تنبیہ ۔ مبالغہ ۔ اور باز رکھنے کے لئے بولتے ہیں ۔

ہینا (ہ۔صف) بے قدر ۔ ذلیل ۔ ہیٹا ۔ نکما ۔ شرمندہ ۔ خجل ۔ حقیر ۔ ہیچ ۔ محتاج ۔ غریب ۔ مفلس ۔ نادار ۔ دُبلا ۔ کمزور ۔ لاغر ۔ ناتواں ۔

ہینا (ہ۔مو) تخفیف ۔ کمی ۔ گھٹتی ۔

ہیںنا (ہ۔فعل) گدھے کا رینگنا ۔ ہینچو ہینچو کرنا ۔ گدھے کا رینگنا ۔ گھوڑے کا ہنہنانا ۔

ہینگ (ہ۔امو) ایک درخت کا جوند ہے ۔ جسے ماش کی دال میں رفع بادی اور خوشبو کے لیے ڈالتے ہیں ۔

ہینگ آئی تو بات لگائی (اُ رشتہ) موقع کھو دیا ۔

ہینگ لگا کر رکھو (ہ ۔ محاورہ) طنزاً ہوا نہ لگنے دو ۔ چھپا کر رکھو ۔

ہینگ لگانا (ہ محاورہ) کسی چیز کو ہینگ ملنا ۔ زک دینا ۔ ہرانا ۔ ذلیل کرنا ۔ نیچا دکھانا ۔ طنزاً سنوارنا ۔ بنانا ۔ درست کرنا ۔

ہینگ لگی نہ پھٹکڑی (ہ ۔ محاورہ) کچھ خرچ نہیں ہوا ۔ مفت میں کام ہوگیا ۔ بلا خرچ کا کام بن گیا ۔

ہینگ ہگنا (محاورہ) پیچش کی بیماری میں مبتلا ہونا ۔ سخت بیمار پڑنا ۔ بیمار پڑا رہنا ۔ مرنگ بیمار رہنا ۔ نہایت کمزور و ناتواں ہونا ۔

ہینگا (ہ۔امو) کھیت میں پھیرنے کا پٹڑا ۔ سہاگا ۔ پٹڑا ۔

ہینگر (انگ۔اسم Hanger) ہوائی جہازوں کا شیڈ ۔ کپڑے وغیرہ ڈالنے کی کھونٹی ۔

ہیو (ہ۔امو۔صوت) گائے وغیرہ کے بلانے کی آواز ۔ (یہ بواؤ مجہول ہے) ۔

ہیوت (ہ۔مو) فصل ربیع میں مینہہ برسنا ۔ گندہ بہار ۔

ہیولا یا ہیولیٰ (ع۔مذ) ہر چیز کا مادہ ۔ ماہیت ۔ اصل ۔ ڈھیر ۔ انبار ۔ نودار ۔ لوتھڑا ۔ مضغہ ۔ غیر مرتب شکل ۔ بے ڈول ۔ کٹھنا ۔ کچا نقشہ ۔ ڈھانچ ۔ چربہ ۔ شبیہہ ۔ (اُردو میں) انکھڑ ۔ غیر مہذب ۔ ناشائستہ ۔ ہونق ۔ کمزور ۔ لاغر ۔ ضعیف ۔ متلون مزاج ۔ ایک حالت پر قائم نہ رہنے والا ۔

ہیولا المزاج (ع۔صف) وہ شخص جو کسی بات پر قائم نہ رہے ۔

ہیولائے اوّل (ع۔مذ) عقل اوّل ۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام ۔

ہیوی (انگ۔صف Heavy) بھاری ۔ بوجھل ۔ وزنی ۔ گراں ۔

ہیوی ویٹ (انگ۔مذ Heavy Weight) مکا باز پہلوان جس کا وزن ۸۰ کلو سے زیادہ ہو ۔

ہیہات (ع۔کلمہ تاسف) افسوس ۔ دریغ ۔ ہائے ہائے ۔ لغوی معنی ۔ دُور ہوا ۔ بعید ہوا ۔

ہیہات ہیہات (ع۔کلمہ تاسف) افسوس افسوس غضب ہُوا غضب ہُوا ۔ وائے وائے ۔ ہے ہے ۔ ہائے ہائے ۔ واویلا ۔

ہیہے ہیہے (اُ کلمہ تاسف وحسرت) ہائے ہائے کا مخفف ۔ افسوس افسوس ۔ حیف صد حیف ۔ ہائے افسوس ۔ ایام گزشتہ کا افسوس ظاہر کرنے کے لئے (کلمہ ندبہ) یعنی درد اور صدمہ کے وقت بولتے ہیں ۔ تعجب کا کلمہ جو اچنبے اور تعجب کے وقت استعمال ہوتا ہے ۔ غضب ہوا ۔ حیرانی ہے ۔ تعجب ہے ۔ رونے پیٹنے کی آواز ۔ واویلا ۔ ہائے ہائے ۔ (بحالت اسم مونث) جھک جھک ۔ جھگڑا ۔ ٹنٹا ۔

ہیہے ہیہے نہ کہے کھے (اُ محاورہ) نہ جھگڑا نہ ٹنٹا ۔ نہ جھک جھک نہ کل کل ۔

ہی ہی (ہ۔موصوت) ہنسنے کی آواز ۔ بیہودہ ہنسی کی آواز ۔

ہی ہی ٹھی ٹھی (ہ۔موصوت) بیہودہ ہنسی کی آواز ۔ بیہودہ ہنسی ۔

ہیئت (ع۔مو) علم جس میں اجرام فلکی (زمین کی گردش اور کشش وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے ۔ بناوٹ ۔ ساخت ۔ صورت ۔ شکل ۔ حالت ۔ کیفیت ۔ طور ۔ طریق ۔

ہیئت اصلی (ع۔امو بترکیب فارسی) حقیقی شکل ۔

ہیئت بدلنا (اُ محاورہ) شکل بدلنا ۔

ہیئت پکڑنا (اُ محاورہ) صورت اختیار کرنا ۔

ہیئت دان (عف۔صف) علم ہیئت جاننے والا ۔

ہیئت کذائی (عف۔مو) موجودہ حالت جیسی کہ حالت ہے (مذہب اور اغراض پر مستعمل ہے)

ہیئے (ہ۔مذ) ہیا کی جمع ۔ دل ۔ ہردے ۔ مَن ۔ قلب ۔

ہیئے کا اندھا (ہ۔صف) کور باطن ۔ دل کا اندھا ۔ ناعاقبت اندیش ۔ بُرے بھلے کی پرکھ نہ رکھنے والا ۔ مورکھ ۔ مودھو ۔ بیوقوف ۔ نادان ۔

ہیئے کی پھوٹنا (ہ محاورہ) ناعاقبت اندیش ہونا ۔ کور باطن ہونا ۔ مورکھ ہونا ۔ بیوقوف ہونا ۔ محض کودن ہونا ۔

ی

ی (ع۔ اسم مونث) عربی کا اٹھائیسویں[۲۸] فارسی کا تینتیسواں[۳۳] اور اردو کا پینتیسواں حرف ہے۔ حروف تہجی میں پائے تحتانی سے موسوم ہے حساب جمل میں اس کے عدد دس شمار ہوتے ہیں۔

ی - ا

یا۔ (ع۔ حرف ندا) اے۔ اجی۔ ارے۔ رے (حرف تردید خواہ۔ چاہو۔ بھانویں۔

یا (ف۔ حرف تردید حرف عطف) خواہ۔ چاہو تو۔ دو خبروں کو جمع ہونے سے روکتے یا دو میں ایک کو مخصوص کرنے کا کلمہ جیسے اظہر بُرا ہے یا اچھا۔ یہ لو یا وہ۔

یا اللہ (اُر۔ روزمرہ) اے اللہ۔ دعا مانگنے کے موقع پر کہتے ہیں۔

یا الٰہی (اُر۔ روزمرہ) تعجب یا انکسار حیرت کے لیے کہتے ہیں۔

یا باں شنوا شوری یا بابں بے نمکی۔ (ف۔ محاورہ) یا تو اتنا اخلاص اور میل جول تھا۔ یا اب اتنی بے پروائی۔

یا بسے گوجر یا رہے اُوجڑ۔ (ہ۔ مثل) خود غرض اور دوسرے کو آباد نہ ہونے دینے والے کی نسبت بولتے ہیں۔ یعنی یا گوجر تو م آباد ہو گی۔ یا جگہ ویران رہے گی۔

یا بھینسا بھینسوں میں یا قسائی کے کھونٹے پر (اُر۔ مثل) یا کباب ہوئے یا جان گئی۔ یہ کام کرنا ضرور ہے۔ خواہ معاملہ ادھر ہو یا اُدھر ہو۔

یا بھر مانگ سیندور یا پانٹ رانڈ۔ (ہ۔ مثل) مناسب کام کرنا چاہیے نامناسب نہیں۔

یا تو ہنسا موتی چگے یا لنگھن ہی کر جائے۔ (اُر۔ مثل) شریف آدمی اگر کھائے گا۔ تو عزت ہی کی روٹی کھائے گا۔ ورنہ فاقہ ہی میں پڑا رہے گا۔

یا جائے نظاری یا جائے بزاری۔ (اُر۔ محاورہ) میلے تماشے میں یا تو امیر آدمی جائے کہ ہر طرح سیر کا لطف اُٹھائے یا کوئی لچا شہدا اور فقیر جو کچھ وہاں سے سیر کے علاوہ کچھ کما بھی لائے۔

یا خدا (اُر۔ مرکب۔ ف) اے اللہ۔ اے خدا۔

یا خدا تو دے نہ میں دوں۔ (اُر۔ محاورہ) نہایت حاسد اور پرلے درجے کا بخیل ہو۔ اس کی نسبت بولتے ہیں یعنی وہ ایسا بخیل ہے نہ تو آپ ہی دیتا ہے۔ اور نہ خدا ہی کا دینا گوارا کرتا ہے۔

یا خدا خیر، ہاتھ بچا اور پیر (اُر۔ محاورہ) مزدور لوگ جان جوکھوں کام کرتے وقت یہ فقرہ زبان پر لایا کرتے ہیں

یا خدا خیر کر خیر کا بیڑا پار کر (اُر) اے خدا مہربانی کر اور نیک آدمی کو کامیاب کر۔

یا رب (اُر) اے پروردگار۔ دعا تعجب بارندا۔ یا تو امیر ہونا چاہیے یا تو بالکل غریب ہونا چاہیے۔ یا بہت اچھا۔

یا سووے جو گی آبدھوت (اُر۔ محاورہ) یا تو فقیر آرام سے گزارتا **یا سووے۔ راجا کا پوت** ہے یا امیر۔ سکھ کی نیند یا فقیر کو نصیب ہے۔ یا امیر کو۔

یا سکھ نیند سو دریا پانٹ رانڈ جو۔ (ہ۔ مثل) ایک وقت میں ایک کام ہوتا چاہیے دو کام ایک وقت میں نہیں ہو سکتے۔

یاغور غریباں یا رخصت جنھیھانا (اُر۔ مثل) میرے خیال کے موافق خبر گیری کرو نہیں تو گھر کی رخصت ملے۔

یاعلی مدد (ع) جاہل فقیروں کا کلمہ دعا ہے جو مدد اور استمداد کے واسطے زبان پر لاتے ہیں۔

یاغفور (اُر۔ا۔) اے بخشنے والے۔ گناہوں سے معافی مانگنے کے موقع پر بولا جاتا ہے۔

یاقسمت / یانصیب (ع۔ف۔مذ) رضا و تسلیم کے لیے یعنی جو کرے سو ملے شکایت تقدیر کے موقع پر یعنی ہائے قسمت، ہائے نصیب۔

یا کرے دردمند یا کرے غرض مند (اُر۔ مثل) یا تو کام وہ کرتا ہے جسے کوئی غرض ہو یا جسے تکلیف ہو۔

یا کسی کو کرے ہے یا کسی کا ہو رہے (اُر۔ مثل) لوگوں سے الگ تھلگ نہیں رہنا چاہیے۔ یا کسی کو دوست بنائے یا خود کسی کا دوست بنے۔

یا کھائے کھوڑا۔ یا کھائے روڑا۔ (اُر۔ مثل) زیادہ خرچ دو ہی جگہ ہوا کرتا ہے یا گھوڑا رکھنے میں یا مکان وغیرہ بنانے میں۔

یا لڑے سور یا لڑے اَن بھول (اُر۔ محاورہ) جنگ کے قابل دو ہی شخص ہوتے ہیں، یا بہادر یا بے وقوف۔ کیونکہ یہ دونوں آدمی لڑنے سے نہیں ڈرتے۔

یادداشت رکھنا۔ (اُر۔ محاورہ) نوٹ بک میں یاد رکھنے کے لیے لکھ لینا۔ نشانی رکھنا۔

یادداشت میں فرق آنا۔ (اُر۔ محاورہ) حافظہ کمزور ہو جانا۔

یا مارے ساجھے کا کام یا مارے بھادوں کی گھام (اُر۔ مثل) شراکت کا کام اور بھادوں کی گرمی دونوں ہی نقصان پہنچاتے ہیں۔

یا ۔ (ہ) اشارہ قریب۔ یہ ایں۔ نیز علامت نسبت و فاعلیت علامت تانیث و تصغیر بھی ہے۔

یابس (ع) سوکھا ہوا۔ خشکی کرنے والا۔ خشک۔

یابسات (ع۔ا۔مو) دیکھئے "یابس" جس کی یہ جمع ہے۔ وہ دوائیں جو زخموں کو خشک کریں۔ یا بدنی رطوبتوں کو خشک کریں۔

یابندہ (ف) اسم فاعل از یافتن۔ پانے والا حاصل کرنے والا، سراغ لگانے والا۔ کھوجی۔

یابو (ف) ٹٹو۔ ایک چھوٹے قد کے گھوڑے کا نام۔

یات (ع۔ مو) موئث سالم کا لاحقہ جو بجائے وات آتا ہے۔ جیسا کہ عربیات بعض اوقات ایسی جمع بیطور واحد استعمال ہوتی ہے اور علم و فن کے معنی دیتی ہے جیسے معاشیات۔

یاترا (سن۔ا۔مو) جانا۔ روانہ ہونا۔ سفر کرنا۔ سفر۔ سیاحت روانگی۔ تیرتھ کی طرف جانا۔ مقدس مقام کی طرف جانا۔ جائزوں کا گروہ۔

یاترا کرن (سن۔ا۔مذ) یاترا کے لیے جانا۔

یاتری (س۔ صفت) سفر کرنے والا۔ راہرو۔ زائر۔ یاترا کے متعلق۔ ذریعہ معاش۔

یاجُوج (سریانی) فساد انگیز۔ حضرت نوح علیہ السلام کے پوتے کا نام ہے۔ نیز اس کی قوم و اولاد جو طوفان نوح کے بعد کوہ القطائی کے شمال میں آباد ہو گئی تھی۔ یہ لوگ بڑے فسادی اور منافق تھے۔

یاجُوج ماجُوج (ع۔ا۔مذ) دیکھو (یاجوج) مفسد۔ فتنہ پرداز فسادی۔ دو مفسد قومیں۔

یاد (ف) دل۔ من۔ ذہن۔ حافظہ یادداشت۔ نام رٹنا۔ تسبیح۔ سُدھ۔ سُرت خیال۔ حفظ۔ ازبر۔ نوک زبان۔

یاداللہ ۔ (ف) فقیروں کا سلام۔ صاحب سلامت۔ خدا کی عبادت۔ یاد خدا۔ بندگی۔ ملاقات۔ واقفیت۔ جان پہچان۔

یاداللہ ہونا (اُر۔ محاورہ) جان پہچان ہونا۔ واقفیت ہونا۔

یاد آنا۔ (اُر۔ محاورہ) خیال آنا۔ ذہن میں آنا۔ یادداشت ہونا۔ ٹہرکا ہونا۔ ہڑک اُٹھنا۔ معلوم دینا۔ خبر ہونا۔

یاد ایام (اُر۔ع) گزشتہ زمانے کی حالت کی یاد۔

یاد آوری ۔ (ف۔ اسم مؤنث بیائے مصدری) یاد کرنا۔ خط بھیجنا۔ مزاج پرسی کرنا۔ خیریت طلبی۔

یاد دینا۔ (اُر۔ محاورہ) بھولی ہوئی چیز کی نسبت شرط دینا۔

یاد بھلی بھگوان کی اور بھلی کو راجہ کی کر چاکری جو پر جاتا تابع ہو (ہ۔ مثل) خدا کی یاد سب سے بہتر ہے جو راجہ کی نوکری کرتا ہے سب اُس کی تابع داری کرتے ہیں۔

یاد پڑنا۔ (محاورہ) یاد آنا۔ یاد ہونا۔ خیال گزرنا۔ ذہن میں آنا۔

یادداشت ۔ (ف) یاد رکھنے کا نشان یاد۔ نوٹ بک۔ بیاض۔ حافظہ۔ چیتا۔ یاددہانی کا خط۔ دوسرا تاکیدی خط۔

یاد دلانا۔ (اُر۔ محاورہ) یاد آنا۔ جتانا۔ آگاہ کرنا۔ بھولی بات ذہن میں ڈالنا۔

یاد رب کی خیر سب کی۔ صدائے دعا فقیروں کی صدا ہے۔ یعنی خدا کا نام لیتے اور سب کا بھلا مناتے ہیں۔ کچھ ہمیں بھی دلاؤ۔

یاد رکھنا۔ (اُر۔ محاورہ) دھیان رکھنا۔ بھول نہ جانا۔ خیال رکھنا۔ ورنہ سزا دونگا۔ بدلہ لے کر چھوڑوں گا۔ کمت بناؤں گا۔

یاد رکھو اس بات کو جو ہے تم میں کچھ گیان ساہیں جا کو ہو گیا وا کا فکر جہان (اُر۔ مثل) خدا جس کی طرف ہے سارا جہان اس کی طرف ہے۔

یاد رہنا (اُر۔ محاورہ) خیال رہنا۔ دھیان رہنا۔ ذہن میں رہنا۔ حافظہ میں رہنا۔

یاد رہے (اُر۔ محاورہ) بھولنا مت۔ فراموش نہ کرنا۔ جتا دینا کہ بدلہ لے کر چھوڑوں گا۔ مزور شرطی یقینا۔ بیشک۔ دعوے سے۔

یادش بخیر (ف۔ محاورہ) کسی غائب دوست یا عزیز کا ذکر کرتے ہوئے دعا کے طور پر یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں۔ یعنی ہم اس کا نام نیکی اور بھلائی سے لیتے ہیں اور ہر آفت و بلا سے اس کی خیریت چاہتے ہیں۔ نیز اگر کسی دوست کا ذکر کرتے ہوں اور وہ اتفاقاً

وہاں آنکلے تو بھی یہی کلمہ بولتے ہیں۔

یادفراموش: (اُر۔مو) ایک قسم کی بازی اور شرط کا نام ہے جس کا قاعدہ یہ ہے کہ اگر ہم تم کو کوئی چیز اس وقت کا اقرار اور عہد بھلا کر دیدیں اور ساتھ ہی فراموش بھی کہدیں تو تم کو اس کے عوض میں فلاں چیز اس قدر دینی ہوگی اور جو تم نے کہدیا کہ یاد ہے تو تم جیتو گے۔

یادفرمانا (اُر۔ فعل) یاد کرنا۔ بلانا۔ بادشاہوں یا امیروں کا اپنے کسی ملازم کو بلانا اور طلب کرنا۔

یادفرمائی (ف۔ا۔مو) یاد کرنا۔

یادکرنا (اُر۔فعل) جپنا۔ رٹنا۔ بار بار نام لینا۔ خیال میں لانا۔ حافظہ میں لانا۔ حفظ کرنا۔ ازبر کرنا۔ کسی کی اُلفت اور محبت کا خیال کرنا امیروں یا بادشاہوں کا اپنی کسی ملازم کو طلب فرمانا۔ سوچنا ذہن نشین کرنا۔

یادکروگے (اُر۔ محاورہ) کبھی نہ بھولوگے۔ یاد رکھوگے۔ افسوس کروگے۔ پچھتاؤگے۔ ہاتھ ملوگے۔

یادکری بھگوان کی تو ہوگئے بھگت کبیر / **جھوٹے واکی یادیں سب ہیں پیر فقیر** (اُر۔مثل) خدا کی یاد سے معمولی آدمی بھی کہیں سے کہیں پہنچ جاتے ہیں۔ اور بغیر اس کی یاد کے پیر فقیر کچھ نہیں نہیں۔

یادکرے (اُر۔محاورہ) کبھی نہ بھولے۔ افسوس کرے۔ پچھتائے ہاتھ ملے۔

یادکیا ہے۔ (اُر۔ محاورہ) بلایا ہے۔

یادگار / **یادگاری** (ف) نشانی۔ علامت۔ آثار۔ کسی دوست کو نشانی کے طور پر دی ہوئی چیز۔ پرانی عمارت۔ آثار قدیمہ۔ تمغہ۔ میڈل۔ وہ چیز جسے دیکھ کر کوئی یاد آئے۔ بیٹا فرزند، پسر

یادگار بنانا۔ (اُر۔ محاورہ) کسی کے نام پر عمارت بنانا۔

یادگار زمانہ: (ف) قابل یاد چیز زمانہ میں یاد رہنے والی چیز

یادگدگدانا (اُر۔ فعل) کسی چیز کا بار بار یاد رہ کر یاد آنا۔ دل میں یاد اُٹھنا

یادگی ہونا۔ (اُر۔ محاورہ) ہر وقت کسی کا ذکر یا دھیان ہونا۔

یادمیں ڈوبنا (اُر۔ محاورہ) کسی کے خیال میں محو ہونا۔

یادمیں رہنا۔ (اُر۔ محاورہ) کسی کو اکثر یاد کرنا۔

یادہو کہ نہ یادہو (اُر۔محاورہ) واللہ اعلم تمہیں یاد ہے کہ بھول گئے۔ معلوم نہیں یاد بھی ہے۔ یا بالکل بھول گئے۔

یادہونا۔ (اُر۔ فعل) حفظ ہونا۔ ازبر ہونا۔ دھیان میں ہونا۔ ذہن نشین ہونا۔ بلایا جانا۔ طلبی ہونا۔ دل میں آنا۔ خیال میں آنا۔

یادہے (اُر۔ محاورہ) خوب جانتے ہیں۔ بخوبی معلوم ہے۔ یاد فراموش کی شرط کا جواب بھی ہے۔

یار۔ (ف) ساتھی۔ مددگار۔ ساتھ دینے والا۔ حمایتی۔ دلبر یا محبوب معشوق دلبر۔ جانی۔ پیارا۔ آشنا۔ دوست۔ رفیق۔ محب پشتی۔ آشنا۔ ناجائز تعلق رکھنے والا۔

یار اہل است کار سہل (اُر۔ مفعولہ) دوست لائق ہے تو ہر کام آسان ہوجاتا ہے۔

یارباش (ف) دوستوں کا دوست۔ یاروں کا یار۔ ملنسار۔ زندہ دل۔ خوش مزاج۔ عیاش۔ تماش بین۔ عاشق مزاج۔

یاربازی (ف۔صف) فاحشہ۔ بدچلن عورت۔

یاربینی (ف۔صف) وہ شخص جو ہر ایک سے دوستی رکھے۔ خوش طبع۔

یاربینی (ف۔ا۔مو) یارباش کا اسم کیفیت ہے۔

یاربیاقی ملاقات باقی (مثل) اب نہیں تو پھر سہی۔ زندگی ہے تو پھر ملاقات ہوگی۔

یاربننا (اُر۔محاورہ) دوست بننا۔ پیار میں آنا۔ موافق ہونا۔ ہمدم ہونا۔ آشنائی کرنا۔

یاربنانا (اُر۔محاورہ) دوست بنانا۔ یارانہ گانٹھنا۔ اپنے ڈھب پر لانا۔ اپنے مطلب کا کرلینا۔

یارجانی (ف) وہ یار جس پر جان قربان ہو۔ نہایت پیارا اور دلی دوست۔

یارزندہ صحبت باقی! (ف۔مثل) زندگی ہے تو پھر ملاقات ہوگی۔ اب نہیں تو پھر سہی۔

یاردرخانہ ومن گروچناں می گردم! (اُر۔مثل) لڑکا بغل میں ڈھنڈورا شہر میں۔

یاردایاربے بود۔ آں یار دایاربے دگر! (ف۔مثل) دوست کا دوست ہوتا ہے۔ اور اُس دوست کا اور دوست ہوتا ہے اخفائے راز کے سلسلے میں کہا جاتا ہے۔ کہ اگر راز کو چھپانا ہے تو دوست سے بھی نہ کہو۔

یارِشاطر (ف۔ف) عقلمند دوست۔ چالاک دوست۔ وہ دوست جو یار نہ ہو۔ شطرنج کا ساتھی۔

یارِشاطر یاید نہ بارِ خاطر (ف۔مثل) ہوشیار دوست ہونا چاہیئے نہ کہ دل کا بوجھ۔

یارِعزیز (اُر۔کلمہ خطاب) اے یار۔ اے دوست۔ پیارے دوست۔

یارِغار (ع) گہرا دوست۔ پکا دوست پورا ساتھی۔ ہمدم دوست۔ رفیق۔ خلیفہ اول حضرت ابوبکرؓ صدیق جیسا دوست جنہوں نے رسول خدا صلعم کا ہجرت کے وقت غار میں ساتھ دیا۔ اصحاب کہف جیسے دوست جو غار میں ہوتے ہیں۔

یارفروش (ف صف) دوست کی جھوٹی تعریف کرنے والا۔

یارفروشی (ف۔بیائے مصدری) بیجا خوشامد۔ یاروں کی تعریف کرنا۔ دوستوں کی تعریف میں اپنا فخر سمجھنا۔

یارکا دل یادرکھے تو یار کا بھی رکھے / **یارکے گھر گھیر پکے تو تک کر چکیئے** (اُر۔مثل) خودغرض دوستوں کے متعلق کہتے ہیں۔ جو کسی کو محض اپنے فائدے کے لئے دوست بنائیں۔

یارکا غصہ بھیا کے اُوپر (اُر۔مثل) اس کے متعلق کہتے ہیں جو ناراض کسی پر ہو اور غصہ کسی اور پر اُتارے۔

یارکرنا۔ (اُر۔فعل) دوست بنانا۔ آشنا کرنا۔

یارکروں پیارکروں چونڑ تلے انگارد دھروں جل جائے تو کیا کروں۔

(اُر۔مثل) اس کے متعلق کہتے ہیں جو ظاہر میں دوست ہو مگر باطن میں دشمن ۔

یار کو کروں پیار خصم کو کروں بھسم لڑکے کو کروں چٹنی: (اُر۔مثل) بدچلن عورت کے متعلق کہتے ہیں۔

یار کی یاری سے کام اس کے فعلوں سے کیا کام: (اُر۔مثل) دوست کی دوستی سے غرض ہے اس کے کاموں سے کیا مطلب یہ مثل دوست کے عیبوں پر خیال نہ کرنے کے وقت بولا کرتے ہیں ۔

یار لوگ: (اُر۔محاورہ) عیار دوست۔ چالاک یار دوست۔ آشنا۔ ہم میں بے تکلفی کے موقع پر مفید ضمیر متکلم۔

یار مار: (اُر۔صفت فاعلی) یار سے دغا کرنے والا دھوکے باز۔ محسن کُش۔ فریبی۔ مکار۔ عیار۔ دغاباز ۔

یار مار بنیا، پہچان مار چور: (اُر۔مثل) بنیا دوست سے بھی نہیں چوکتا اور چور صرف مالدار پہچان کر لوٹتا ہے۔ بنیا دوست کو بھی چیز کم اور مہنگی دیتا ہے اور چور پہچان والے کو ہی زیادہ مارتا ہے تاکہ وہ دوسروں پر ظاہر نہ کر دے کہ فلاں شخص چور ہے۔

یار ماری (اُر۔بیائے مصدری) دوست کے ساتھ دغابازی۔ دھوکا دہی۔ محسن کشی۔ ٹھگی ۔

یار مطلب کا کِرکٹ کی مکھی: (اُر۔مثل) خود مطلب کا دوست کرکٹ کی مکھی کے برابر ہوتا ہے۔

یار من نیکوست امّا رسم و آئینش بد است: (ف۔مثل) میرا دوست تو اچھا ہے۔ مگر اس کے طور طریقے بُرے ہیں۔

یار وہی پکا جس نے یار کا من رکھا: (اُر۔مثل) جو دوست کی مدد کرے وہ اصل دوست ہے۔

یار وہی جو بھیڑ میں کام آوے: (اُر۔مقولہ) دوست وہ جو حیصیت کے وقت کام آوے۔

یار ہونا: (اُر۔محاورہ) مددگار ہونا۔ دوست ہونا۔

یار ماری کرنا: (اُر۔فعل) دوست بنا کر مارنا۔ یار بن کر دغا کرنا ۔

یارا: (ف) مجال۔ طاقت۔ حوصلہ۔ دلیری۔ تاب۔ قوت۔ مقدور۔

یاراں (ف) یار کی جمع۔ دوستاں محباں۔ احباب۔ احبا۔

یاراں چوری نہ پیراں دغا۔ یا۔ دغا بازی: (اُر۔محاورہ) یار کو کھرا آدمی۔ اپنی صفائی جتانے کے وقت کہتا ہے۔ یعنی ہم تو حق کی طرف ہو کر سب سے یکساں معاملہ رکھتے ہیں۔ اس میں خواہ کوئی خوش ہو خواہ ناراض۔ کسی سے دغا نہ کرنا چاہیئے۔

یاران بجد: (ف امذ) ہم مشرب دوست بے تکلف دوست۔ گروہ عاشقاں۔

یاران طریقت: (فع۔ا۔مذ) ہم مشرب لوگ۔ یار دوست۔

یارانہ (ف۔تابع فعل) دوستی کے طور پر مشفقانہ طور سے (بحالت اسم مذکر) دوستی۔ پیار۔ اخلاص۔ محبت۔ آشنائی اُلفت۔ اتحاد۔

یارانہ گانٹھنا: (اُر۔محاورہ) دوستی جوڑنا۔ یاری جوڑنا۔ دوست بنانا۔ آشنا بنانا۔

یارانہ ہونا: (اُر۔محاورہ) دوستی ہونا۔ میل ملاپ ہونا۔ دوستانہ ہونا ۔

یارڈ: (ا Yard۔انگ۔مذ) صحن۔ چوک۔ گز۔

یاروں: (اُر۔مذ) یار کی جمع۔ بحالت ندا۔ دوستو۔ محبّو۔ مونسو۔

یاروں: (اُر۔صف) یار کی جمع۔ دوستوں۔ آشناؤں (بحالت ضمیر) ہم میں اپنا۔ ہمارا۔ میرا۔

یاروں کا یار: (اُر۔صفت) دوستوں کا دوست ہر ایک کا ساتھی۔ سب کے موافق۔ سب کا ہمراز۔ بڑا یار باش۔ ملاجلا۔ شیر و شکر۔ ملنسار ۔

یاروں کی تو مونچھیں ہی مونچھیں ہیں: (اُر۔مثل) ہمارے پاس کچھ نہیں ہے۔

یاری: (ف۔بیائے مصدری) مدد۔ سہارا۔ سہائتا۔ دستگیری۔ تائید۔ اعانت۔ حمایت تقویت۔ دوستی۔ محبت۔ ہمت۔ ربط۔ ضبط۔ اُلفت۔ اخلاص۔ پیار۔

یاری آوے: (اُر۔محاورۂ اطفال) یعنی۔ جو چیز کھا رہے ہو۔ اس سے حصہ ملے۔ ہم کو بھی دوستانہ کا حق دو۔ ہمارا حصہ بھی دو۔

یاری جوڑنا: (اُر۔محاورہ) باہم عہد و پیمان۔ دوستی کرنا۔ یارانہ گانٹھنا۔

یاری بدنا } ہمدم و ہمراز بنانا ۔

یاری دینا: (اُر۔محاورہ) مدد دینا۔ امداد کرنا۔ معاونت کرنا۔

یاری کریں سو باورے اور کرکے چھوڑیں کوڑھ } (اُر۔مثل) دل لگانا **یا توڑ نبھائیے یا اس سے رہیئے دُور** } پاگل پن ہے۔ اور لگا کر چھوڑنا بے وقوفی ہے۔ یا تو دل کو لگا کر نباہنا چاہیئے۔ یا ایسی بات کے قریب نہیں جانا چاہیئے۔

یاری کٹ کرنا: (اُر۔محاورہ) دوستی چھوڑنا۔ دوستانہ قطع کرنا بچوں کا محاورہ ہے۔

یازدہ: (اُر۔مثل) عدد۔ گیارہ دس اور ایک۔ ایک اوپر دس۔ ۱۱ ۔

یازدہم: (اُر۔مثل۔صفت عددی) گیارہواں۔ گیارہویں تاریخ۔ اکاوشی

یازدہ مشت: (ف۔ا۔مذ) گیارہ مٹھی سب سے لمبے تیر کی لمبائی ہوتی ہے۔

یازہ: (ف۔ا۔مذ) انگڑائی۔ جمائی۔ کپکپی۔ لرزہ ۔

یاس: (ع) نا اُمیدی۔ نراس۔ حرماں۔ مایوسی۔ خوف۔ ڈر۔ دھڑکا۔ اندیشہ۔ خطرہ دبکا ۔

یاس آجانا: (اُر۔محاورہ) مایوس ہونا ۔

یاس کلی: (ع) بالکل نا اُمیدی قطعی۔ مایوسی۔ کامل نا اُمیدی۔ مکمل نا اُمیدی کسی حالت میں اُمید نہ رکھنا ۔

یاس ہو جانا: (اُر۔محاورہ) مایوس ہو جانا۔ نا اُمید ہو جانا۔ ہمت ٹوٹ جانا ۔

یاسیت: (ع۔ا۔مذ) قنوطیت۔ مایوس ہونے کی کیفیت ۔

یاسا: (ت) ماتم۔ مجاز آگشت و خون۔ خونریزی۔ غارتگری ۔

یا سکھ نیند سو یا مالا جپو: (اُر۔مثل) دو کاموں میں سے ایک ہی ہو سکتا ہے آرام کرو یا کام کرو ۔

یاسمن۔ یاسمون۔ یاسمین: (ف) چنبیلی۔ ایک قسم کا خوشبودار پھول ۔

یاسمین بُو: (ف۔صفت) چنبیلی کی سی خوشبو ۔

یاسہ: (ف) آرزو۔ تمنا۔ قانون۔ حکم۔ قصاص۔ رسم۔ دستور ۔

یاسین (ع) یٰسین۔ یٰسٓ بھی لکھتے ہیں۔ لغوی معنی اے سیّد۔ سردار۔ سیّد البشر۔ قرآن شریف کی ایک سورت کا نام ہے جو جاں کنی کے وقت مرنے والے کو سُناتے ہیں۔

یاسین دم کرنا۔ (اُر۔ محاورہ) سورہ یٰسین پڑھ کر پھونک مارنا۔

یافت (ف) آمدنی۔ آمد۔ کمائی۔ نفع۔ فائدہ۔ رشوت۔ بالائی آمد۔

یاغ: (ف۔ ا۔ مذ) گھی۔ تیل۔ روغن۔

یافت کی آسامی / نوکری: (اُر۔ ا۔ مو) وہ نوکری جس میں بالائی آمدن ہو۔

تا فتنی (ف۔ بیائے قابلیت) قابل وصول۔ لینا۔ پانے کے لائق۔

یاقوت (ع) ایک قسم کا سُرخ رنگ کا جواہر۔ ایک قیمتی پتھر۔ یہ نیلے (زرد اور سفید رنگ کا بھی ہوتا ہے۔

یاقوت جگری: (عف۔ ا۔ مذ) جگر کے رنگ کا یاقوت۔

یاقوت رقم خان: (عف) ایک مشہور خوشنویس کا نام ہے۔ نیز خوشنویس کا خطاب۔

یاقوتِ رُمّانی: (ع) ایک نہایت عمدہ قسم کا یاقوت۔ جس کا رنگ انار کے دانہ سے مشابہ ہے۔

یاقوت سُرخ رنگ: (عف۔ ا۔ مذ) سُرخ رنگ کا یاقوت کنایتہً محبوب کے ہونٹ۔ لبِ محبوب۔

یاقوتِ لب: (عف) سُرخ ہونٹوں والا۔ لعل لب معشوق۔ دلبر یا دلبر۔

یاقوتی: (ع۔ صفت بیائے نسبتی) منسوب بہ یاقوت۔ نوشدارو۔ ایک قسم کی مقوی معجون جس کا جزو اعظم یاقوت ہے۔ نشاستہ اور کھانڈ سے بنائی ہوئی ایک قسم کی عمدہ خوراک۔

یاک: (ہ۔ ا۔ مذ) تبت کا بیل۔ اس کے بدن پر لمبے لمبے بال ہوتے ہیں۔

یال: (ت) گردن سگلا۔ گھوڑے کی گردن کے بڑے بڑے لمبے بال۔ شیر ببر کی گردن کے بال۔

یامتی: (س) ہندوؤں کے سوا باقی تمام لوگ جنہیں وہ اپنے خیال میں کافر کہتے ہیں۔ ملکش، رات۔ شب۔ راتری۔ رَین۔

یامن بھاشا: (سن) عربی یا فارسی زبان۔ غیر ملکی زبان سنسکرت کے سوا۔

یاں: (ہ۔ تابع فعل) یہاں کا مخفف ہے۔ اس جگہ۔

یانا۔ (ہ۔ صفت) کم عمر۔ چھوٹی عمر کا نادان بچہ۔ کم سن۔

یانا رہنا۔ (اُر۔ محاورہ) بچوں کی طرح نادان رہنا۔ بچہ ہو گا۔

یانی: (ہ۔ ا۔ مو) دیکھئے "دویانہ" جس کی یہ تانیث۔

یانی بُلبُل ہے گوند کھائے سیانا کوّا گوہ کھائے: (اُر۔ مثل) یہ تقدیر کے کھیل ہیں بے وقوف مزے اُڑاتے ہیں اور عقلمند خراب ہوتے ہیں۔

یاور: (ف) مددگار۔ حمایتی۔ دستگیر۔

یاورِ غریباں: (ف۔ ا۔ مذ) غریبوں کا دوست یا مددگار مجازاً خدائے تعالیٰ۔

یاوری: (ف۔ بیائے مصدری) مدد۔ حمایت۔ دستگیری۔ سہارا۔ امانت

یاوہ: (ف۔ صفت) پوچ۔ لغو۔ بیہودہ۔ پچر۔ بے معنی۔ نامعقول

یاوہ بکنا: (اُر۔ محاورہ) بے ہودہ بکنا۔ بکواس کرنا۔

یاوہ گو (ف۔ صفت) بیہودہ بکنے والا۔ ہرزہ سرا۔ ہرزہ درا۔ نامعقول۔ بکواسی۔

یاوہ گوئی: (ف۔ بیائے مصدری) بکواس۔ بیہودہ گوئی۔ ولہیات۔ لغویات۔

یاہُو: (ع) خدا تعالےٰ کا اسم ذات۔ ایک قسم کا کبوتر۔ جس کی آواز سے یاہُو سمجھ میں آتا ہے۔ اور یاہُو کی آواز۔ کبوتر کی آواز۔

یائے تحتانی (ف۔ مو) چھوٹی یا۔ یائے معروف۔

یائے معکوس (ع) بڑی ے لمبی ے۔ یائے مجہول۔

ی ـ ب

یَبَس: (ع۔ ا۔ مذ) خشکی۔ سوکھاپن۔

یبُوست (ع۔ مو) سوکھاپن۔ رُوکھاپن۔ خشکی۔

ی ـ ت

یَتا: (ہ۔ تابع فعل) آنا

یَتامیٰ (ع۔ مذ) یتیم کی جمع۔ بن باپ کے۔

یتن: (س۔ ا۔ مذ) جتن۔ کوشش۔

یتی۔ (ق) اِتنی۔

یتیم: (ع) لغوی معنی۔ اکیلا۔ تنہا۔ یکتا۔ اصطلاح میں وہ نابالغ لڑکا جس کا باپ مرگیا ہو۔ بن باپ کا۔ نہایت قیمتی جواہر بڑا موتی۔

یتیمُ الطّرفین (ع) بن ماں باپ کا وہ بچہ جس کے ماں اور باپ دونوں مرگئے ہوں۔

یتیم خانہ (عف۔ ا۔ مذ) وہ ادارہ یا مکان جس میں یتیم رکھے جاتے ہیں اور ان کی پرورش و تربیت کی جاتی ہے۔

یتیم ہونا: (اُر محاورہ) باپ مرنا۔ بن باپ کا ہونا۔ لاوارث ہونا۔ بے پدر ہونا۔

یتیمی: (ع۔ مو۔ بیائے مصدری) حالت بے پدری۔ یتیم کی حالت۔

ی ـ ث

یَثرِب (ع) عرب کے ایک مقدس شہر کا نام جہاں رسول مقبول صلعم آسودہ ہیں۔ مدینہ منورہ کا قدیم نام (لفظی معنی) خار زار۔ ویرانہ۔

ی ـ ج

یجُمان: (ہ۔ ا۔ مذ) وہ شخص جس کا برہمن نائی وغیرہ مستقل کام کریں۔

یجُر وید (س) ہندوؤں کے چار ویدوں میں سے دوسرا وید ہے۔

یجمانی: (ہ-ا-مو) وہ روپیہ جو جمان برہمن نائی وغیرہ کو دیں۔

ی - ح

یحییٰ: (ع-ا-مذ) لغوی معنی جینا ہے۔ ایک پیغمبر کا نام۔

ی - د

یخ: (ف-مو) جمی ہوئی برف۔ پانی جما کر بنائی ہوئی برف منجمد پانی جما کر بنائی ہوئی برف۔ منجمد پانی۔ نہایت سرد۔

یخ بستہ: (ف-صف) سردی کی وجہ سے برف کی طرح جما ہوا۔

یخنی: (ف-مو) شوربا۔ اُبالے ہوئے گوشت کا پانی۔

یخنی پلاؤ: (ف-مذ) وہ پلاؤ جس میں یخنی ڈالتے ہیں۔ قورمہ پلاؤ کی ضد۔

ی - د

یَد: (ع-مذ) ہاتھ۔ دست۔ مدد۔ طاقت۔

یَداللہ: (ع-ا-مذ) خدا کا ہاتھ (کنایتہً) حضرت علی۔

یَداللّٰہی: (ع-صف) یداللہ سے منسوب۔

یدِ بیضا: چمکتا ہوا ہاتھ۔ روشن ہاتھ۔ سفید۔ ہاتھ۔ نہایت گورا چٹا ہاتھ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا وہ روشن ہاتھ جسے آپ معجزہ کے طور پر بغل میں لے جا کر باہر نکالتے تھے۔ تو آفتاب کی طرح روشن ہو جاتا تھا اور آنکھوں میں اس سے چکاچوند آنے لگتی تھی۔

یدِ سُفلیٰ: (ع-صف) نچلا ہاتھ۔ مانگنے والا ہاتھ۔ دست سوال۔ سوالی ہاتھ۔

یدِ طولےٰ: (ع-مذ) بہت لمبا ہاتھ مجازاً نہایت مہارت۔ بڑی بھاری دسترس نہایت اعلیٰ درجہ کا ملکہ۔ بڑا بھاری ملکہ۔

یدِ طولیٰ رکھنا: (اُر: محاورہ) بہت مہارت رکھنا۔ بڑا بھاری ملکہ ہونا۔

یدِ قدرت: (ع-ا-مذ) خدا تعالیٰ کی قدرت۔

یُدھ: (ہ-ا-مذ) لڑائی۔ جنگ۔ جدھ۔

یُدھمان: (ہ-ا-مذ) سورما لڑنے والا سپاہی۔

یدی: (ق) مگر۔

یدے: (ق) کلیہ کلام۔

ی - ر

یراق: (ت) لڑائی کا سامان۔ ہتھیار۔ اسلحہ۔ سامان جنگ۔

یرغہ: (ف-مذ) تیز رفتار گھوڑا۔ تیز رفتار گھوڑا یلغار کے معنی میں بھی آتا ہے۔

یرغال چلانا۔ (اُر-محاورہ) گھوڑے کو تیز چلانا۔

یرغمال: (ف-مذ) اوّل۔ کفیل۔ جب کوئی بادشاہ کسی دوسرے بادشاہ سے عہد و پیمان کر کے صلح کرے تو زبردست بادشاہ دوسرے مغلوب بادشاہ کے رشتہ داروں میں سے کسی شخص کو کفالت کے طور اپنے پاس رکھ لیتا ہے تاکہ یہ پھر دغا بازی نہ کرے۔

یرقان: (ع-ا-مذ) ایک مرض کا نام ہے جس میں دونوں آنکھیں بلکہ تمام جسم پیلا پڑ جاتا ہے اور چہرہ زرد ہو جاتا اور پیشاب تک زرد آتا ہے۔

یرقانی: (ع-صف) وہ شخص جو یرقان کی مرض میں مبتلا ہو۔ زرد خزاں رسیدہ۔

یرمغان: (ع-مذ) تحفہ۔ ہدیہ۔ ارمغان۔

یرملون: (ع-مذ) علم قرأت کے الفاظ چھ حرفوں کا مجموعہ ہے۔ جب ان سے پہلے نون ساکن یا تنوین آجاتا ہے تو ان میں مدغم ہو جاتا ہے۔

یروشلم: فلسطین کا دارالسلطنت ایک بہت پرانا شہر۔ حضرت داؤد داؤدؑ۔ حضرت سلیمانؑ کا دارالسلطنت۔ بیت المقدس۔

ی - ز

یزد: (ف-مذ) ایران کے ایک مشہور شہر کا نام ہے۔ جہاں کا یزدی کپڑا مشہور ہے۔

یزدان: (ف-مذ) خدا تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام ہے۔ فاعل۔ خیر خدا جس سے شر کبھی نہیں ہوتی۔

یزدانی: (ف-صفت بیائے نسبتی) منسوب بہ یزدان۔ خدائی۔ ربانی۔

یزک: (ت-مذ) قراول۔ طلایہ۔ طلیعہ۔ سواروں کی وہ جماعت جو اپنے لشکر کے آگے آگے دشمن کی فوج سے خبردار اور ہوشیار رہنے کے لیے جاتی ہے۔ مجاز آرونہ۔ گشت۔ پہرا۔ چوکی۔ پہریدار۔ چوکیدار پاسبان۔

یزید: (ع-ا-مذ) ایک مشہور ملعون کا نام ہے جو معاویہؓ کا بیٹا تھا۔ جس نے خلافت کا دعویٰ کر کے حضرت امام حسین علیہ السلام کو ان کے تمام کنبے سمیت میدان کربلا میں شہید کروا دیا تھا۔ سنگ دل۔

یزیدی: (ع-صف) کردوں کا ایک فرقہ جس کے اصول مختلف مذہبوں سے لئے گئے ہیں۔

یزیدیت: (ع-ا-مو) سفاکی۔ بے رحمی۔

ی - س

یٰس: (ع-مو) دیکھیے یاسین۔

یسار: (ع-ا-مذ) دولت۔ ثروت۔ بائیں طرف۔ بایاں ہاتھ۔ بائیں جانب

یسار و یمین: (ع-ا-مذ) بایاں اور دایاں۔

یساول: (ت۔ مذ) چوبدار۔ نقیب۔ ہرکارہ۔ قاصد۔
یُسر: (ع۔ امو) آسانی۔ خوشحالی۔ دولت مندی۔ تونگری۔
یسوع: (عبرانی۔ امذ) حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔
یَسیر: (ع۔ صفت) سہل۔ آسان۔ چھوٹا۔ تھوڑا۔ قلیل۔ بن ماں کا مسکین۔
یٰسین: (ع۔ مو) باسین۔ قرآن شریف کی ایک سورہ کا نام ہے۔
یٰسین پڑھوانا۔ یا۔ سنوانا: (محاورہ) حالت نزع میں بیمار کی تکلیف دور ہونے اور جانکنی کی تکلیف رفع ہونے کے لئے سورہ یٰسین سنوانا۔
یٰسین کا وقت آنا: (محاورہ) دم نزع ہونا۔ جانکنی کی حالت ہونا۔

ی ۔ ش

یَشب: (ف۔ مذ) جواہرات کی قسم کا ایک قیمتی پتھر ہوتا ہے جو ذرا سبزی مائل ہوتا ہے۔
یشمک: (ف۔ ا۔ مذ) نقاب جو مصر اور ترکی میں مستعمل ہے۔

ی ۔ ع

یَعبُوب: (ع۔ ا۔ مذ) تیز رفتار گھوڑا۔
یَعسُوب: (ع۔ مذ) مال کی مکھیوں کا بادشاہ شہد کی مکھیوں کی رانی۔ رانی مکھی۔ مکھیوں کی ملکہ۔ شہد کی تمام مکھیاں اس کے تابع ہوتی ہیں۔
یَعقُوبؑ: (ع: مذ) حضرت یوسف علیہ السلام کے باپ کا نام ہے۔ جن کا دوسرا نام اسرائیل تھا۔
یَعنی: (ع۔ تابع فعل) حرف تفسیر۔ مراد یہ ہے۔ مطلب یہ ہے۔ (لغت میں مصدر عنایت سے مضارع واحد مذکر غائب ہے بمعنی قصد کرتا ہے۔
یَعفُوق: (ع۔ ا۔ مذ) قوم نوحؑ اور عربوں کا ایک بت۔

ی ۔ غ

یَغما: (ف۔ ا۔ مو) لوٹ۔ مال غنیمت۔ تاراج۔ ڈاکے یا رہزنی کا مال ترکستان کے ایک حسن خیز شہر کا نام ہے۔
یغمائی: (ف۔ مذ) لٹیرا۔ غارتگر۔ قزاق۔

ی ۔ ف

یَفاع: (ع۔ مو) اونچی زمین۔ فراز۔ ٹیلہ۔

ی ۔ ق

یقظہ: (ع۔ مو) بیداری۔ سونے والے کا جاگ اٹھنا۔
یقین: (ع۔ ا۔ مذ) بے شک۔ بے شبہ۔ البتہ۔ ضرور۔ درست۔ ٹھیک۔ اعتبار۔ اعتماد۔ اطمینان۔ بھروسہ۔ گمان۔ خیال۔ ظن۔
یقین آنا: (محاورہ) اعتبار آنا۔ اطمینان ہونا۔ تسلی ہونا۔
یقین برار ہبر ہے: (از مقولہ) یقین ہو تو انسان کامیابی حاصل کرتا ہے۔
یقین جاننا: (از محاورہ) سچ جاننا۔ اعتبار کرنا۔ سچ ماننا۔
یقین جانو: (از۔ محاورہ) سچ سمجھو۔
یقین کرنا۔ یقین لانا: (از محاورہ) ٹھیک اور درست خیال کرنا۔ اختیار کرنا۔
یقین کے بندے ہو کے تو سچ مانو گے: (از۔ محاورہ) نہایت صداقت جتانے کے موقع پر بولتے ہیں یعنی اگر تمہیں یقین کی قدر اور تم کو سچ بات کی شناخت ہوگی تو ہماری اس بات میں شبہ نہ کرو گے۔
یقین مانو: (از۔ محاورہ) سچ جانو۔ درست سمجھو۔
یقیناً: (ع۔ تابع فعل) ضرور۔ از روے یقین۔ یقین کے طور پر بے شک
یقینی: (از۔ ا۔ مو) یقین کیا ہوا۔ بلا شبہ۔ شک و شبہ سے پاک۔
یقینات: (ع۔ مو) دیکھیے "یقینت" جس کی یہ جمع ہے۔
یقینت: (ع۔ مو) یقینی بات۔ سچائی۔ یقینی امر۔

ی ۔ ک

یک: (ف) اسم عدد۔ ایک۔ اکیلا۔ واحد۔ فرد۔ تنہا۔ جریدہ۔
یک اسپہ: (ف۔ مذ) اکیلا سوار۔ ایک گھوڑے والا سوار۔ مجازاً سورج آفتاب۔
یک انار صد بیمار: (ف۔ مثل) ایسے موقع پر بولتے ہیں جہاں چیز ایک ہو اور خواہاں بہت سے۔
یک بار: (ف۔ صفت) ایک دفعہ۔
یک بارگی: (ف۔ تابع فعل) ایکا ایکی۔
یک بیک: (دفعتہً) ایک دفعہ۔ اچانک۔ اچانک۔
یک باگا: (ف۔ صف) وہ گھوڑا جو ایک طرف چلنے کی کوشش کرے۔
یک باگ: (از۔ مذ) وہ منحوس بھونری جو گھوڑے کی ایال کے نیچے ایک ہوتی ہے۔
یک پشتہ: (ف۔ صفت) ایک رخا۔ چھپا ہوا۔ یا کھا سوا کاغذ۔
یک پیری وصد عیب: (ف مقولہ) بڑھاپا سو بیماریوں کے برابر ہے۔
یکتا: (ف صف) اکیلا بے نظیر۔ نرالا۔ خدائے تعالیٰ۔
یکتائی: (ف۔ ا۔ مو) اکیلا ہونا۔ بے نظیر ہونا۔
یکتائے زمانہ: (ف۔ صف) بے مثل۔ لاجواب۔
یک تہی: (ف۔ ا۔ مو) اکہرا کپڑا۔ وہ کپڑا جو دوسرا نہ ہو۔
یک تارا: (از۔ مذ) یک تار کا ستار یا باجہ۔ تنبورا۔ ایک قسم کی باریک ململ۔

یک جا (ف۔ تابع فعل) اکٹھے۔ باہم مل جل کر ایک جگہ۔ ایک مکان میں ملے جلے ؛

یک جان (اُر۔ صفت) خوب اچھی طرح ملا ہوا۔ شیر و شکر۔ خوب ملا جلا ؛

یک جان دو قالب (ع فع۔ صفت) نہایت گہرے دوست۔ پکا دوست دلی دوست۔ ہمراز۔ متفق۔ یک جہت ؛

یک جان دو قالب ہونا (اُر۔ محاورہ) گہرا دوست ہونا۔ پکا دوست ہونا ؛

یک جدّی (ع فع۔ صفت) ایک دادا کی اولاد۔ ایک خاندان کا آبائی۔ موروثی ؛

یک جہت (ف۔ صفت) متفق۔ موافق۔ ہم زبان۔ دوست ؛

یک جہتی (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) دوستی۔ اتفاق۔ اتحاد ؛

یک چشم (ف۔ صفت) ایک آنکھ والا۔ کانا۔ کانڑا۔

یک چشمی (ف۔ صف) وہ جو ایک رُخ کی ہو (تصویری) سب کو ایک آنکھ سے دیکھنا ؛

یک چند (ف۔ صف) ذرا سی دیر۔ ذرا۔ ذرا کی ذرا۔ کھڑے کھڑے۔

یک چوبہ (ف۔ صف) ایک بلی کا خیمہ۔ ایک چوب والا ڈیرا ؛

یک دانہ محبت است و باقی ہمہ کاہ (ف۔ مثل) ایک دانہ محبت ہے اور باقی سب گھاس ہے۔ دنیا میں محبت ہی ایک چیز ہے باقی سب کچھ ہیچ ہے ؛

یک درگیر و محکم گیر (ف۔ مثل) ایک ہی جگہ مستقل ہو کر کام کرنا چاہیئے ایک کا ہو رہے ؛

یک دست (ف۔ صف) یکساں۔ ہموار برابر۔ سارا۔ ثابت۔ پورا۔ جوں کا توں۔ تمام۔ کل۔ ایک ہی جنس کی تمام اشیاء ایک ہی قسم کی پوشاک ؛

یک دستی (ف۔ صف) ایک ہاتھ کا کشتی کے ایک داؤں کا نام۔

یک دگر (ف۔ تابع فعل) ایک دوسرا۔ دونوں مل کر۔ باہمدگر ؛

یک دِل (ف۔ صف) ایک ہی جیسا دل رکھنے والے۔ مونس۔ ہمراز۔ ہمدم ہم رنگ یک جان دو قالب متفق الرائے ہم زبان ؛

یک دلی (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) یگانگت۔ اتحاد۔ اتفاق۔ یک جہتی

یک ذات (ف صف) ایک ہی ذات کے ؛

یک راس (ف۔ صف) ایک سا۔ ایک جیسا۔ ایک قسم کا۔ برابر ملتا ہوا۔

یک رُخی (ف۔ صف) ایک طرفہ۔ یک رخہ دونوں طرف سے ایک ہی شکل کا

یک رنگ (ف۔ صفت) یکساں۔ ظاہر و باطن۔ ایک سا۔ صاف دل صادق۔ بے ریا۔ یک دل۔ بے کپٹ۔ محب۔ دوست۔

یک رنگی (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) محبت۔ دوستی۔ ایک طرح کا ہونا۔ یک جہتی۔ اخلاص ؛

یک رُو (ف صف) جو حاضر و غائب ایک طرح کی بات کہے۔ ایک طرف لکھا ہوا۔ مخلص محب۔ مخلص دوست ؛

یک زبان (ف۔ صفت) ایک بات بولنے والا۔ بات کا پکا۔ ثابت قدم

یک روزہ (ف۔ صفت) ایک دن کا ایک دن کے لئے ؛

یک زبان ہو کر کہنا (اُر۔ محاورہ) متفق ہو کر بہت سے لوگوں کا ایک ہی بات کہنا۔

یکساں (ف۔ صفت) ہموار۔ برابر۔ چورس۔ ایک سا۔ مانند۔ ملتا ہوا۔ ہم شکل۔ مشابہ ؛

یکسانی (ف۔ ا۔ مو) ایک جیسا ہونا۔ برابری۔ مشابہت ؛

یک سر (ف۔ صفت) تمام۔ سراسر بالکل۔ سب یک لخت۔ محض۔ سارا۔ سرتاسر ؛

یک سر ہزار سودا (ف۔ مثل) نہایت مصروف کار۔ اور عدیم الفرصت آدمی اپنی کم فرصتی جتانے کے موقعہ پر یہ لفظ بولا جاتا ہے۔

یک سنگ دو کلاغ (ف۔ مثل) ایک تدبیر سے دو مقصد حاصل ہونا ؛

یک سُو (ف۔ صفت) ایک طرف۔ ایک جانب۔ چکتا۔ بالمقطع۔ ساکن ٹھہرا ہوا۔ ٹھہراؤ۔ قیام۔ سکون۔ استقلال ؛

یک سُو کرنا (اُر۔ محاورہ) معاملہ یک طرفہ کرنا۔ فیصلہ کرنا۔ چکانا ؛

یک سو مزاج (ف صف) ٹھہرے مزاج کا جسے غصہ جلد نہ آئے ؛

یک سُوئی (ف۔ مو۔ بیائے مصدری) یکطرفی استقلال۔ اطمینان حواس دلجمعی۔ فرصت۔ قیام۔

یک شنبہ (ف۔ مذ) پہلا دن۔ اتوار۔ سورج کا دن ؛

یک ضربی (ف۔ صفت) ایک نالی بندوق یا پستول۔ جس میں ایک کارتوس چل سکے۔ ایک ضرب لگانے والا ؛

یک صدی ذات (ع فع۔ مذ) شاہان مغلیہ کے زمانے ایک منصب تھا جس کی تنخواہ تقریباً پانچ ہزار روپے بنتی ہے ؛

یک طرفہ (ف۔ صفت) ایک جانبہ۔ الگ۔ جُدا کنارے۔ علیحدہ تنہا ؛

یک طرفہ (ف۔ صف) ایک طرف کا خصوصاً جب دوسری طرف کا خیال نہ کیا جائے ؛

یک طرفہ رائے (ف۔ ا۔ مو) وہ رائے جو بغیر دونوں طرف کی بات سُنے دی جائے ؛

یک فردی / فصلی (ف۔ صف) وہ جو ایک ہی فصل پیدا کرے ؛

یک قلم (ع فع۔ صفت) تمام۔ سراسر بالکل سب۔ یک لخت ایک ہی دفعہ فوراً۔ ضرور بالضرور۔ بلا توقف ؛

یک گز و فاختہ (ف۔ محاورہ) ایک وار میں دو دشمنوں کا کام تمام ایک پنتھ دو کاج ؛

یک گونہ (ف۔ صف) کسی قدر ؛

یک لخت (ف۔ صفت) تمام۔ بالکل۔ پنٹ۔ محض۔ سارا۔ سراسر۔ سرتاپا۔ تمام و کمال۔ یک قلم۔ فوراً۔ ترت۔ مفا۔

یک لوئی (ف۔ صف) تلوار کا پھل جو ایک ہی ٹکڑے کا بنا ہوا ہو۔ ترکیب غلط ہے۔

یک لوتا۔ یکلوتا (اُر۔ صفت) منسوب نیک۔ ایک اکیلا فرد۔ اپنی ماں کا ایک ہی بچہ اپنے ماں باپ کا ایک ہی ہو ؛

یک لقمہ یگانہ۔ بہتر ز ہزار مرغ و ماہی (ف۔ مقولہ) صبح کے وقت تھوڑا سا کھانا دوسری قسم کی ہزار غذاؤں سے اچھا اور بہتر ہے ؛

یک مُشت (ف۔ صفت) اکٹھا یک لخت۔ ایک دفعہ۔ ایک ہی دفعہ جملہ۔ کل۔ سب۔ سب کا سب ؛

یک مَن علم را دہ مَن عقل باید (ف۔ مثل) ایک حصہ علم کے لیے دس حصے عقل کی ضرورت ہے۔ عقل کے بغیر علم کار آمد نہیں ہو سکتا ؛

یک نہ شد دو شد :(ف۔مثل) ایک بلا تو تھی ہی دوسری اور پیچھے پڑ گئی۔
یکا : (اُر۔صفت) اکیلا۔تنہا۔واحد۔فرد۔لاثانی۔بے مثل۔نرالا۔انوکھا۔ ایک قسم کی گاڑی جس میں صرف ایک ہی گھوڑا جوتا جائے۔اکا ایک بتی جلنے کا فتیل سوز احدی۔ایک قسم کے سپاہی جنہیں گھر بیٹھے تنخواہ مل جاتی تھی ؛
یکایک (ف۔تابع فعل) یکبارگی۔فوراً۔ناگاہ دفعتہً ؛
یکتا : (ف۔صفت) واحد۔یکا۔یگانہ۔لاثانی بے مثل۔مجرد۔طاق۔نرالا۔ انوکھا۔بے نظیر۔
یکتائی (ف۔مو۔بیائے مصدری) وحدت۔توحید۔وحدانیت۔انوکھاپن نرالاپن۔بے مثالی۔بے نظیری ؛
یکم : (ف۔صفت) عددی۔پہلا۔پہلی مہینے کی پہلی تاریخ ؛
یکنگ : (اُر۔صفت) تنہا۔اکیلا۔مجرد۔تنہائی پسند ؛
یکہ : (ف) اکیلا۔مجرد۔تنہا۔بے مثل۔بے نظیر۔لاثانی۔اکا۔یکا۔ایک گھوڑے کی گاڑی۔ناش کا وہ پتہ جس پر ایک نقطہ ہوتا ہے ؛
یکہ تاز (ف۔صفت) دشمن کے مقابلے پر اکیلا نکلنے والا بہادر سپاہی۔
یکہ و تنہا : (ف۔صف) اکیلا و تنہا۔
یکے : (ف۔کلمہ تنکیر) ایک کا۔ایک کو۔ایک تو۔کوئی ایک ؛
یکے بر صد آید نہ صد بر یکے : (ف۔مثل) ایک سو کی طرف آتا ہے سو ایک کی طرف نہیں آتے۔سب ترت کا ساتھ دیتے ہیں۔
یکے را بگیر و دیگرے را دعوی کن : (ف مثل) جو ملتا ہے وہ لے لو پھر اور مانگنا ؛
یکے را بلندی و دیگرے را پستی : (ف۔مثل) ایک امیر اور دوسرا غریب ؛
یکے نقصان و دیگرے شماتت ہمسایہ : (ف۔مثل) ایک تو مال کا نقصان اور دوسرے لوگوں کی ملامت سُننی پڑی ؛
یکے ہی رَود و دیگرے ہی آید : (ف۔مثل) دُنیا میں آنا جانا ہی لگا رہتا ہے ایک آتا ہے دوسرا جاتا ہے۔
یکے یوسف و سزار خریدار : (ف۔مثل) ایک چیز کے بہت خواہش مند ہوں تو کہتے ہیں ؛

ی - گ

یگ : (س۔مذ) جگ قرن۔زمانہ۔جوڑا۔جفت ؛
یگ : (س۔ا۔مذ) قربانی۔جگ۔ہوم۔پوجا۔ہَون ؛
یگاں : (ف۔تابع فعل) اکیلا۔مفرد۔تنہا۔
یگاں یگاں : (ف۔تابع فعل) ایک ایک کر کے فرداً فرداً۔ایک ایک۔
یگانگت یگانگی : (ف۔ا۔مو) پاس کی رشتہ داری۔قرابت۔انوکھاپن۔ قدرت یکتائی۔توحید۔وحدانیت۔اتفاق۔اتحاد۔میل ملاپ ؛
یگانہ : (ف۔صفت) اپنا۔سگا۔قریبی۔نزدیکی رشتہ دار۔جگری۔ہم جدی۔ ایک گھرانے کا۔یکتا۔لاثانی۔فرد۔بے نظیر۔بے مثل۔موافق بھائی بند۔برادر۔جانی دوست۔چاہیتا۔

ی - ل

یَل : (ف۔مذ) پہلوان۔زور آور۔شہزور۔دلاور۔بہادر۔شجاع۔فربہ اندام۔موٹا تازہ۔جسیم۔سنڈ مسنڈ ؛
یَل شل (ف۔صفت) خوب ہی موٹا تازہ سنڈا۔تنومند۔فربہ جسیم جسیم۔
یَل ۔ وہ فاعلیت و نسبت کی علامت ہے۔جو آخر اسما میں آتی ہے۔ جیسے اڑیل مکیل وغیرہ ؛
یلدا : (ف۔مو) شب تاریک۔اندھیری۔رات اندھیری اور بڑی رات ؛
یلدرکوشک : (ف۔ا۔مذ) سلاطین روم کے محلات جو قسطنطنیہ میں ہیں ؛
یلغار : (ف۔مو) حملہ۔تاخت۔دھاوا۔چڑھائی۔تیز رفتار گھوڑا۔ڈبل کوچ۔دشمن کی فوج پر دوڑ ؛
یلغہ : (ف۔صف) چھوڑا گیا۔بے قید۔آزاد۔کھلا چرنے کے لیے چھوڑا گیا۔اکیلا۔تنہا۔ٹیڑھا۔غلط۔فضول۔بے ہودہ (مذ) رہائی خلاصی (مو) فاحشہ۔بدچلن عورت ؛

ی - م

یَم : (س۔ا۔مذ) موت کا فرشتہ۔ملک الموت۔عزرائیل ؛
یَم : (ف۔ا۔مذ) سمندر۔ندی۔بحر۔دریا۔ساگر۔
یم پور/پوری : (س۔مذ و مو) یم کا شہر۔دوزخ۔جہنم۔نرگ ؛
یم دُوت : (س۔ا۔مذ) یَم کا قاصد جو روحوں کو یَم کے پاس لے جاتا ہے۔ اور واپس اپنی جگہ پہنچاتا ہے ؛
یَم کال (س۔ا۔مذ) موت کا وقت۔یَم کا لقب ؛
یَم لوک : (س۔ا۔مذ) یَم کا ملک۔دُوزخ جہنم ؛
یَمان : (ع۔صفت) منسوب بہ یمن۔ملک یمن کا۔ملک یمن کی چیز۔
یَمانی : (ع۔صفت نسبتی) یمن سے نسبت رکھنے والا۔یمن کا باشندہ۔
یَمکن : (ع۔صیغہ مضارع) ممکن ہے۔ہو سکتا ہے۔امکان رکھتا ہے ؛
یُمن : (ع۔ا۔مذ) برکت۔سعادت۔بہبودی۔کامیابی۔بختاوری۔ (بحالت صفت) مبارک مجتہ۔بابرکت۔
یَمَن : (ع۔مذ) عرب کے ایک مشہور شہر کا نام ہے جہاں کا عقیق اور لعل نہایت عمدہ اور مشہور ہے۔سہیل ستارہ بھی اسی جگہ نکلتا ہے۔
یَمنی (ع۔صفت۔نسبتی) یمن کا۔یمانی۔یمن سے نسبت رکھنے والا ؛
یمین : (ع۔مذ) سیدھا ہاتھ۔داہنا ہاتھ۔داہنی طرف۔قسم۔سوگند۔ سوں۔طاقت۔توانائی۔قوت۔زور۔
یمین الدولہ (ع۔مذ) سلطنت کا دایاں بازو۔رکن۔سلطنت۔ایک معزز خطاب جو امرا کو بادشاہوں کی طرف سے ملتا ہے۔
یمین و یسار : (ع۔مذ) دائیں بائیں راست و چپ۔فوج کا دایاں

اور بایاں بازو۔

یلغتر: (س۔ا۔مذ) جنتر۔ آلہ۔ اوزار۔ آلہ جرِ ثقیل ایک قسم کا تار والا باجا۔ ٹونکا۔ منتر۔ تعویذ۔ گنڈا۔ عرق یا روغن نکالنے کا برتن مداری کا کھیل۔ شعبدہ بازی۔

یلغتری: (س۔ا۔مذ) علم جنتر کا ماہر۔ انجینیر۔ مستری۔ لوہار۔

ی ۔ ن

یَن: (جاپانی۔مذ) ایک جاپانی سکے کا نام ہے۔

ینگ: Young (انگ۔صف) جوان نوعمر۔ نوخیز۔

ینی: (ہ۔ا۔مو) جوان عورت۔

ی ۔ و

یُو: (ہ) اشارہ۔ یہ۔ این۔ ہذا۔

یُو: (انگ) اسم ضمیر صیغہ۔ جمع حاضر۔ تم۔ واحد حاضر پر بھی بولتے ہیں۔ تنبیہ کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

یو۔این۔او: (انگ۔مذ) مجلسِ اقوامِ متحدہ۔ (U.N.O. United Nation Organisation) کا مخفف۔

یُوتھ: (Youth۔انگ۔مذ) نوجوان لڑکے اور لڑکیاں۔ نوجوانی۔ عنفوانِ شباب۔

یُوٹوپیا: Utopia انگ۔مذ) سر تھامس رو کی مشہور کتاب جس میں ایک ایسے فرضی جزیرے کا ذکر کیا گیا ہے جس میں مثالی حکومت قائم تھی۔ خیالی حکومت۔ مثالی مقام۔ یا معاشرت۔

یُوراج: (س۔ا۔مذ) ولی عہد۔ شہزادہ۔

یودھا: (س۔ہ۔امذ) ایک براعظم کا نام ہے۔ جو پرانی دُنیا کے مغرب میں واقع ہے۔ ممالک غرب۔ اس میں تقریباً ۳۰ ممالک شامل ہیں۔

یُورپی: (یورپین European) کا مورو۔ صفت) یورپ سے تعلق رکھنے والا۔ (مذ) یورپ کا باشندہ۔

یُورپین: (انگ۔امذ) یورپ کا رہنے والا۔ یورپ والوں کی نسل سے

یُورش: (ت۔مو) چڑھائی۔ حملہ۔ دھاوا۔ غلبہ۔ یلغار۔ فساد۔ ہنگامہ۔ بلوہ۔

یُوروک: (ت۔امذ) آوارہ گرد قومیں جو ایشیائے کوچک میں پائی جاتی ہیں۔

یُوریشین: (انگ۔مذ) وہ انگریز جو ہندوستان میں آکر پیدا ہوا ہو۔

یُورینیم: (انگ۔ا۔مذ Uranium) ایک سفید دھاتی عنصر۔

یُوز۔لَت: (مذ) چیتا۔ تیندوا۔ پلنگ۔ گلدڑ۔ بھگا۔ یگھیلا (ترکی میں) ستوصد۔

یُوسُفؑ: (ع۔مذ) حضرت یعقوب علیہ السلام کے بیٹے کا نام۔ جو حسن میں دُنیا بھر میں لاثانی تھے۔ عزیزِ مصر کی بیوی زلیخا بھی پر عاشق تھی۔ فجازؔ۔ نہایت حسین۔ بے حد خوبصورت۔

یُوکلپٹس: (Euclayptus۔انگ۔مذ) ایک درخت جس کا عرق دوائیوں میں استعمال ہوتا ہے۔

یُوسفِ بے کارواں: (عف۔ا۔مذ) جس کا کوئی ساتھی نہ ہو۔

یُوگ: (س۔ا۔مذ) مراقبہ۔ مذہبی ورزش۔ لائق۔ قابل۔

یُوگ شکتی: (س۔ا۔مذ) معجزہ۔ اعجاز۔ کرشمہ۔

یُوگ کرنا: (اُر۔محاورہ) ہلانا۔ جوڑنا۔ ہلنا۔

یُوم: (ع۔ا۔مذ) دن۔ تاریخ۔ جمع ایام۔

یُوم الحساب/یوم القیامت: (ع۔مذ) حساب کتاب کا دن۔ قیامت کا دن۔ روزِ محشر۔ قبروں سے نکل کر کھڑے ہونے کا دن۔ لوگوں کے اعمال کے حساب کتاب کا دن۔

یُوم العاشورا: (ع۔ا۔مذ) محرم کی دسویں تاریخ جس دن حضرت امام حسینؓ شہید ہوئے تھے۔

یُوم الفطر: (ع۔ا۔مذ) یکم ماہ شوال چھوٹی عید کا دن۔

یُوم النشور: (ع۔ا۔مذ) قیامت کا دن۔

یُوم عید: (ع۔ا۔مذ) تہوار۔ خوشی کا دن۔

یومًا فیومًا: (ع۔تابع فعل) روز بروز۔ دن بدن۔

یومیہ: (ع۔مذ) روز کی مزدوری۔ روزانہ خوراک۔ دن بھر کی اجرت دہاڑی۔ روزینہ۔ وظیفہ خوار۔ روزینہ دار۔ یومیہ۔ اُجرت پانے والا مزدور۔

یُوں: (ہ۔تابع فعل) اس طرح۔ ایسا۔ اس طرز سے اس ڈھنگ سے بدیں طور۔

یُوں بھی: (ہ۔متعلق فعل) اسی طرح۔ اس طرح۔

یُوں بھی دیکھا دُوں بھی دیکھ: (ہ۔مثل) زمانہ کی نیرنگی اور انقلاب کے موقع پر بولتے ہیں۔ یعنی خوشی دیکھ لی۔ اب غم دیکھ۔

یُوں بھی سہی: (اُر۔محاورہ) اس طرح بھی منظور ہے۔ ہم اس طرح بھی خوش ہیں۔

یوں بھی واہ واؤں بھی واہ وا: (ہ۔محاورہ) ہر طرح سے خوب ہے۔ دونوں طرح سے خوش۔

یُوں تو: (ہ۔تابع فعل) اس طرح تو۔ اس ڈھنگ سے تو ورنہ۔ وگرنہ۔ کہنے کو تو۔ دراصل تو۔

یُوں توں: (ہ۔مو) بدزبانی۔ توتو۔ میں میں۔ (افعال کرنا۔ ہونا)

یُوں سے دُوں ہو جانا: (ہ۔اُر۔محاورہ) ایک حالت سے دوسری حالت ہو جانا۔

یُوں توں کرنا: (ہ۔فعل) ایسی تیسی کرنا۔ گالی گلوچ کرنا۔ کوسا کلائی کرنا بددعا دینا۔

یُوں دینا: (ہ۔فعل) مُفت دینا۔ بلاقیمت۔ دینا۔ بلامعاوضہ دینا۔ **یوں ہی دینا** بے دام لیے دینا۔

یُوں نہ یُوں: (ہ۔متعلق فعل) نہ اس طرح نہ اُس طرح۔

یُوں وُوں: (ہ۔متعلق فعل) اس طرح۔ اُسی طرح۔ کسی طرح۔

یوں ہی: (ہ۔تابع فعل) اسی طرح۔ اِسی ڈھنگ سے۔ مفت۔ بلامعاوضہ۔ بلاقصور۔ بے فائدہ۔ ناحق۔ بلاسبب۔ خواہ مخواہ۔ بے وجہ۔ اتفاق

سے۔ حسب اتفاق نکما۔ بیکار۔ خالی۔ آسانی سے۔ بھت پٹ۔ بلاوقت ؛

یوں ہی ٹرخا دیا (ہ۔ محاورہ۔ ناکام رخصت کر دیا۔ خالی خولی ٹال دیا۔

یوں ہی سا: (ہ۔ صفت) تھوڑا سا۔ ذرا سا۔ خفیف سا۔ تاؤ بھاؤ ؛

یوں ہی ہے: (اُر۔ بول چال) اسی طرح۔ ایسا ہے ؛

یوں ہی سہی: (کلمہ خطاب) کیا جاتا ہے۔ اسی طرح منظور ہے۔ ہم یوں بھی خوش ہیں۔

یونہیں: (ہ۔ تابع فعل) یوں ہی۔ اسی طرح۔ ذرا سا۔ قدرے قلیل۔ بے سوچے بے سمجھے۔ آپ ہی۔ از خود۔ فضول۔ بیکار ؛

یونہیں ہے: (ہ۔ محاورہ) اسی طرح سے ہے۔ قابل اعتبار نہیں۔ بیکار ہے۔ فضول ہے ؛

یونان: (ع۔ مذ) یورپ کے ایک جنوبی ملک کا نام ہے جہاں بڑے بڑے حکیم ہو گزرے ہیں۔ یہ خطہ حکمت خیز ہے ؛

یونانی (ع۔ صفت نسبتی) یونان کا رہنے۔ یونان کا باشندہ۔ یونان کا بنا ہوا (بصورت۔ مو) ملک یونان کی زبان۔ گریک ؛

یونائیٹڈ: United متحدہ۔ اکٹھا۔ ملا ہوا۔ ساتھ ساتھ۔

یونائیٹڈ سٹیٹس امریکہ (انگ۔ مو) ریاستہائے متحدہ امریکہ ؛

یونٹ (انگ۔ مذ۔ Unit - انگ۔ مذ) اکائی وحدت۔ ایک چیز، شخص یا مجموعہ جو واحد اور مکمل۔ بالذات سمجھا جائے۔ یا شمار یا ناپ کے پیمانے کا نام ہے ؛

یونٹی: (انگ۔ مو۔ Unity) اتحاد۔ اتفاق ؛

یونس: (ع۔ مذ) ستون۔ رکن دین۔ کارکن۔ ایک مشہور پیغمبر کا نام ہے جو بنی اسرائیل کے نبیوں میں سے تھے۔ اور حضرت ہود کی اولاد تھے۔ یہ بحکم خدا چالیس روز تک مچھلی کے پیٹ میں قید رہے اور صحیح وسالم نکل آئے۔ ایک ستارہ کا نام بھی ہے

یونیسکو U.N.E.S.C.O. مذ) اقوام متحدہ کا ادارہ تعلیم و سائنس اور ثقافت کا مخفف

یونی سیف U.N.I.C.E.F (انگ۔ مو) اقوام متحدہ کا بچوں کی امداد کا ادارہ (کا مخفف)

یونیفارم: Uniform - انگ۔ مو) وردی ؛

یونیورسٹی (انگ۔ مو) مدرسۃ العلوم۔ جس میں جملہ علوم کی تعلیم ہوتی ہو اور فضیلت کے خطاب دیئے جائیں۔ دارالعلوم۔ بیت العلوم جامعہ ؛

یونیورسل (Universal: انگ۔ صفت) عام۔ عالمگیر ؛

یونی: (س۔ امو) عورت رشتہ دار۔

یونی: (س۔ مو) پیدائش کی جگہ۔ بچہ دان رحم۔ وطن۔ دیس۔ پیدائش۔ خلقت۔ اصلیت۔ بنیاد۔ سرچشمہ ؛

یونین (انگ مو Union) کلب۔ اتحاد۔ اتفاق۔ موفقت۔ ادارہ۔ انجمن

یوہا: (ہ۔ مذ) ایک قسم کا سانپ جس کی نسبت مشہور ہے کہ اگر ہزار برس کا ہو جائے تو جو شکل چاہے اختیار کر سکتا ہے ؛

ی - ہ

یہ: (ہ) اسم اشارہ ہے جو قریب کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛

یہ آپ کے فرمانے کی بات ہے: (اُر۔ مثل) کوئی غلط ناجائز بات کہے تو بطور تنبیہ کہتے ہیں۔

یہ آگیا وہ آگیا: (اُر۔ مثل) دوسرے کی ہمت بڑھانے کے واسطے کہتے ہیں ؛

یہ اپنا ہی راگ گائے جاتا ہے۔ (اُر۔ مثل) یہ اپنے کی مطلب کی بات کہے جاتا ہے۔

یہ اس سے بیس ہے (اُر۔ مثل) یہ اس سے بڑھ کر ہے۔

یہ بات پیروں نہیں چلتی: (اُر۔ مثل) یہ معاملہ یوں طے نہیں ہوگا۔ یہ مراد پوری نہ ہوگی۔ یہ تدبیر اچھی نہیں ؛

یہ اور ہوئی (اُر۔ تابع فعل) یہ مزید بات ہوئی۔ اس پر طرہ یہ ہے ؛

یہ بات وہ بات ٹکا دھر میرے ہاتھ: (ہ۔ محاورہ) اس آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔ جو ادھر ادھر کی باتیں بنا کر اپنا مطلب نکالنا چاہے ؛

یہ بات ہی کیا ہے: (ہ۔ محاورہ) یہ کوئی مشکل کام نہیں ہے یہ تو نہایت آسان اور سہل ؛

یہ باتیں ہیں: (اُر۔ مثل) فضول باتیں ہیں۔ صرف باتیں ہی باتیں ہیں ؛

یہ بڑ میٹھا یہ بڑ کھٹا: (اُر۔ مثل) اس کے متعلق کہتے ہیں جو تذبذب کی حالت میں ہو۔

یہ بس کی گانٹھ ہے: (اُر۔ مثل) بہت شریر اور بڑا آدمی ہے۔

یہ بوجھ نہیں اٹھتا: (اُر۔ مثل) اس بات کی ذمہ داری نہیں ہو سکتی۔

یہ بھی اپنے وقت کے حاتم طائی ہیں: (اُر۔ مثل) بہت فیاض ہیں۔ طنزاً بھی کہتے ہیں۔

یہ بھی ایک چال ہے: (اُر۔ مثل) یہ بھی دم بازی ہے مہمل بات ہے فضول بات ہے۔

یہ بھی کسی نے نہ پوچھا کہ تمہارے منہ میں کتنے دانت ہیں: (ہ۔ محاورہ) نہایت عمدہ انتظام اور انصاف کی تعریف میں کہتے ہیں۔ کہ کوئی کسی کا مزاحم نہیں۔ اس کے علاوہ اگر کہیں کسی کی بوجھ کچھ اور خاطر تواضع نہ ہو۔ وہاں یہ مثل بولتے ہیں ؛

یہ بھی کہیں گے کہ ہمیں بکری بنداتے دو۔ (اُر۔ مثل) محض نادان اور بے وقوف ہیں۔ بے وقوفی کے موقع پر بولتے ہیں ؛

یہ بھی میرا وہ بھی میرا: (ہ۔ محاورہ) ظلم اور بے انصافی سے ہر چیز لینے والے جابر شخص کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

یہ بھی لو من موہنا فیم: (اُر۔ مثل) بڑا مال مارنے والا۔ بڑا مال مارنے والا ہے ؛

یہ بھی نہ ہوا وہ بھی ہوا: (اُر۔ مقولہ) کچھ نہ ہوا۔ دونوں میں سے ایک کام بھی نہ ہوا۔

یہ بیل منڈھے چڑھتی نظر نہیں آتی: (اُر۔ محاورہ) یہ کام پورا ہوتا دکھائی نہیں دیتا۔ خدا ہی کرے جو یہ کام پورا ہو۔

یہ پٹی نہیں پڑھی: (کا۔ محاورہ) یہ سبق نہیں پڑا۔ ہم اس داؤں میں نہیں آتے
یہ پھل لگا: (اُر۔ مثل) اس کا نتیجہ یہ ہوا۔
یہ پوت نہ بنجے جائیں گیہوں دے کر گاجر کھائیں: (ہ۔ محاورہ) ایسی چھوڑی اور بیوقوف اولاد کا شادی ہونا مشکل ہے جو ابھی سے گھر کا اناج بیچ کر سودا کھاتی ہے۔
یہ تو کبیر بھی کہہ گئے ہیں (ہ۔ محاورہ) یہ بات تو سب بزرگوں کی مانی ہوئی ہے۔ عارف بھی اسے مانتے آئے ہیں۔
یہ تو کچھ بات نہیں (اُر۔ مثل) یہ غلط ہے۔ یہ درست نہیں۔
یہ تھوڑی سی گزر جائے: (اُر۔ مثل) تھوڑی سی عمر جو رہ گئی ہے بخیریت گزر جائے۔
یہ تین کانے اور یہ پوبارہ: (اُر۔ مثل) ایک بدقسمت ہے ایک بانصیب ہے چوپڑ کھیلنے والے بھی کہتے ہیں۔
یہ ٹانگ کھولو تو لاج وہ ٹانگ کھولو تو لاج: (اُر۔ مثل) دونوں طرح بدنامی
یہ جوانی اور مانجھا ڈھیلا (اُر۔ مثل) عین جوانی میں اتنی سستی۔
یہ جوانی مجھے نہ بھاوے سینگ ڈلاوے ہنسی آوے (اُر۔ مثل) عمدہ باتوں پر ہنسنا اچھی بات نہیں۔
یہ دن دکھائے یا۔ دکھلائے (بہ آفت ڈھائی۔ یہ مصیبت ڈالی۔ یہ بلا نازل کی۔
یہ دن دیکھا: (اُر۔ محاورہ) اس حالت کو پہنچا۔
یہ سب دن ان کے واسطے ہے: (اُر۔ محاورہ) سب کو مرنا ہے۔
یہ دیدے نہ دیدے ہیں دیدار کے: (اُر۔ محاورہ) سب کو مثل دیکھنے کی بے حد خواہش ہے۔
یہ دیکھو قدرت کے کھیل چھچھوندر لگائے چنبیلی کا تیل: (اُر۔ مثل) بے حیثیت کو بہ حوصلہ ہو گیا ہے۔
یہ داڑھی دھوکے کی ٹٹی ہے۔ (اُر۔ مقولہ) گو اس کی داڑھی لمبی ہے۔ مگر یہ سخت منافق ہے لوگوں کو دھوکا دینے کے لیے داڑھی رکھی ہے۔
یہ زمانے کا حال ہے: (اُر۔ محاورہ) اس زمانے کے لوگوں کا یہ حال ہے۔
یہ سنسار موت کا کھاجا جیسا گدھا ویسا ہی راجا: (ہ۔ محاورہ) دُنیا موت کی خوراک ہے اس لیے غریب امیر سب برابر ہیں۔
یہ شرط ہے: (اُر۔ بول چال) اس کے لیے یہ ضروری ہے۔
یہ قسمت کی بات ہے: (اُر۔ محاورہ) بدقسمتی ہے۔
یہ کچھ کھیل نہیں ہے: (اُر۔ مثل) یہ آسان نہیں۔
یہ کس کا پوت ہے۔ (اُر۔ محاورہ) کس کی اولاد ہے یعنی جیسا باپ ویسا بیٹا ہے۔
یہ کسی کا بھی سگا نہیں: (اُر۔ مثل) یہ بڑا بے وفا ہے۔
یہ کلانہ بدھی/یہ بھی نہ بدھی: (اُر۔ مثل) سب تدبیریں رائیگاں گئیں۔
یہ کیا فاتحوں میں سیکھے ہو: (اُر۔ مثل) طنزاً کوئی بدزبانی کرے تو کہتے ہیں۔
یہ کیا ہے (اُر۔ محاورہ) یہ نتیجہ انجام نکلا۔
یہ گھر تھونبوں نے لیا: (اُر۔ مثل) یہ چیز اوروں کے تصرف میں بھی اپنے کام نہ آئی۔
یہ گیہوں دے کر گاجریں کھائیں: (اُر۔ مثل) پرلے درجے کے بے وقوف ہیں۔
یہ لچھمن مار کھاتے کے ہیں: (اُر۔ مثل) ایسی ایسی باتوں پر انسان پٹ جاتا ہے۔
یہ مُنہ اور مسور کی دال: (ہ۔ محاورہ) تم تو اس لائق نہیں۔ اسی مُنہ سے کہتے ہو کہ ہم یوں کریں گے اسی برتے پر تتا پانی۔
یہ مُنہ پان جوگا: (ہ۔ محاورہ) تم سرخروئی کے قابل نہیں۔ تمہارا مُنہ اس بات کے قابل نہیں۔
یہ وہ فقیر نہیں جو کھا کر دُعا کریں: (اُر۔ مثل) بڑے ناشکر گزار آدمی ہیں۔
یہ ہی بھروسا ٹھیک ہے کہ داتا دے تو (اُر۔ مثل) کسی کا مُنہ نہیں اوروں کا کر آسرا جی ترساوے کیوں } تکنا چاہیئے۔ خدا پر بھروسہ کرنا چاہیئے۔
یہ ہتھکنڈے مجھی سے چلتے ہو: (اُر۔ مقولہ) یہ مکر و فریب کی باتیں میرے ساتھ ہی کرتے ہو۔
یہ وہ گڑ نہیں جو مکھیاں کھائیں: (ہ۔ محاورہ) یہ ایسا مال نہیں جیسے سر ایک کھا سکے ہمارا مال کوئی نہیں کھا سکتا۔
یہاں: (کا۔ تابع فعل) اس جگہ۔ ادھر۔ اس مقام پر۔ اس طرف اس دُنیا میں۔
یہاں اُلٹی گنگا بہتی ہے: (کا۔ محاورہ) جہاں کوئی بات خلاف دستور ہو وہاں بولا کرتے ہیں۔
یہاں پرندہ پر نہیں مار سکتا: (اُر۔ مثل) یہاں تک کوئی نہیں آسکتا۔
یہاں تک: (کا۔ تابع فعل) اس جگہ تک۔ اس قدر۔
یہاں تمہاری دال نہیں گلنے کی: (اُر۔ مثل) اس جگہ تمہارا کام نہیں بنے گا۔
یہاں تمہاری ٹکی نہیں لگے گی }
یہاں سے: (کا۔ تابع فعل) اس جگہ سے اس طرف سے۔
یہاں فرشتوں کے بھی پر جلتے ہیں } (اُر۔ محاورہ) یہاں کوئی دم نہیں مار
یہاں پرندوں کے بھی پر جلتے ہیں } سکتا۔ یہاں کسی کی رسائی اور پہنچ نہیں ہو سکتی۔
یہاں سب کان پکڑتے ہیں: (ہ۔ محاورہ) اس جگہ سب سر تسلیم خم کرتے ہیں۔ یہاں کوئی دعویٰ نہیں کر سکتا۔
یہاں ضرور کچھ دال میں کالا ہے: (اُر۔ مثل) یہاں کچھ دھوکے کی بات ہے۔
یہاں کا باوا آدم ہی نرالا ہے۔ (اُر۔ محاورہ) یہاں کی ہر ایک بات عجیب ہے۔
یہاں کچھ نال تو نہیں گڑا۔ یہاں کچھ نال تیرے گڑھ نہیں گڑے۔ (کا۔ محاورہ) یہاں کی تم پیدا تو نہیں ہو۔ یہاں موروث تو نہیں ہو۔ جو اس قدر دعویٰ اور استحقاق جتاتے ہو۔
یہود: (ع۔ اسم مذکر) یہودی کی جمع۔ موسائی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی اُمت۔ عبرانی لوگ۔
یہودی: (ع۔ اسم مذ) عبر کی اولاد۔ حضرت موسےٰ علیہ السلام کی اُمت عبرانی زبان۔

یہی : (ا۔تابع فعل) یہ ہی کا مخفف ہے۔ ٹھیک یہ دراصل یہ خصوصاً
یہی ہیں : (اُرد محاورہ) خاص کر یہی ہیں۔ گویا وہی ٹھیک ہیں
یہ ہی تو بڑے باپ کا بیٹا ہے : (اُر۔مثل) یہ ہی تو سب میں افضل
درجے کا ہے۔ یہ کچھ بھی نہیں۔
یہ ہی سہی : (اُر۔بول چال) یوں ہی سہی۔ یہ ہی گو یہ ہی میدان
یہ ہی گو یہ ہی میدان } (اُر۔مثل) آیئے ابھی مقابلہ ہو جائے۔
یہ ہی گیند یہ ہی میدان }
یہ ہی ہتھکنڈے ہیں تو خدا حافظ : (اُر۔مثل) یہ ہی چالاکیاں ہیں
تو ایک نہ ایک دن ضرور مصیبت میں پھنسے گا۔
یہ ہی ہل و ہار ہے : (اُر۔مثل) یہ ہی گردش زمانہ ہے۔
یہیں (ا۔تابع فعل) اسی جگہ۔ اسی مقام پر۔ اسی طرف۔ اسی دنیا میں
اسی جہان میں ادھر ہی ؛

یہیں کا جنُ یہیں کا پنُ (ا۔محاورہ) جن چون بمعنی آٹا۔ اور پنُ پانی
یعنی یہیں کا طفیل ہے۔ کھانا پینا۔ لینا دینا۔ سب اسی جگہ کا ہے
سب اسی جگہ کی بدولت ہے ؛
یہیں کہیں، (اُر۔متعلق فعل) اسی جگہ۔ کسی مقام پر ؛

ی ـ ی ـــ ے

یے ـ (ق) یہ بہت ۔
یہیچ : یہی ۔
ییلاق (ت ا۔مذ) وہ سرد مقام جہاں لوگ موسم گرما گزارتے ہیں ؛



مُعلوماتِ دُنیا

دنیا کا کل رقبہ، آبادی و دیگر معلومات

بری، بحری اور فضائی اصطلاحات

تاریخ اسلام کے اہم واقعات

تاریخ عالم کے اہم واقعات

پاکستان.....ایک نظر میں


دُنیا
سیاسی تقسیم
پیمانہ خط استوا پر
کلومیٹر 1600 800 0 1600 3200 میل
سرحد بین الاقوامی
ریلوے لائن
دارالخلافہ
دیگر اہم شہر
گرین لینڈ
(ڈنمارک)
شمالی امریکا
شمالی بحر اوقیانوس
جنوبی بحر اوقیانوس
بحر الکاہل
بحر ہند
جنوبی امریکا
افریقہ
یورپ
ایشیا
آسٹریلیا
نیوزی لینڈ
انٹارکٹکا
بحر منجمد شمالی
بحر منجمد جنوبی

مُعلوماتِ دُنیا

دنیا کا کل رقبہ، آبادی ودیگر معلومات

رقبہ بحساب براعظم (بمطابق 2006ء)

براعظم	رقبہ مربع کلومیٹروں میں	رقبہ مربع میلوں میں	دنیا کے کل رقبے کا تناسب
دنیا	14,86,47,000	5,73,93,000	%100
افریقہ	3,00,65,000	1,16,08,000	%20ء2
انٹارکٹیکا	1,32,09,000	51,00,000	%8ء9
ایشیا بشمول مشرق وسطیٰ	4,45,79,000	1,72,12,000	%30ء0
آسٹریلیا بشمول اوشنیا	81,12,000	31,32,000	%5ء3
یورپ	99,38,000	38,37,000	%6ء7
شمالی امریکا بشمول کیریبین	2,44,74,000	94,49,000	%16ء5
جنوبی امریکا	1,78,19,000	68,79,000	%12ء0

براعظموں کے انتہائی بلند اور پست ترین مقامات

بلندترین مقامات
بلندی اور پستی فٹوں اور میٹروں میں

	بلندترین	پست ترین
دنیا	ماؤنٹ ایورسٹ۔ تبت۔نیپال 29,039فٹ یا8,850 میٹر	بحیرہ مردار۔ اسرائیل۔اردن 1,349 فٹ یا411 میٹر
افریقہ	ماؤنٹ کلمنجارو۔تنزانیہ 19,340فٹ یا5,895 میٹر	جھیل اسال۔جبوتی 512فٹ یا156 میٹر
انٹارکٹیکا	ونسن میسف ایلس ورتھ ماؤنٹین 16,066فٹ یا4,897 میٹر	بنظلے سب گلیشیئل ٹرنچ کے نیچے چھپا ہوا ہے۔
ایشیا	ماونٹ ایورسٹ۔ تبت۔نیپال 29,035فٹ یا8,850 میٹر	بحیرہ مردار۔اسرائیل۔ اردن1,349 فٹ یا411 میٹر
آسٹریلیا	ماؤنٹ کوسیاسکو۔آسٹریلیا 7,310فٹ یا2,228 میٹر	جھیل آئر۔آسٹریلیا 52فٹ یا12 میٹر
یورپ	بلندترین ماؤنٹ ایلبرس یا البرز (روس) 18,510فٹ یا5,642 میٹر	پست ترین بحیرہ کیسپین، روس، قازقستان 92فٹ یا28 میٹر
شمالی امریکا	ماؤنٹ میکنلے الاسکا (امریکا) 20,320فٹ یا6,194 میٹر	وادیٔ موت۔کیلی فورنیا 282فٹ یا88 میٹر
جنوبی امریکا	ماؤنٹ ایکونکا گوا۔ (آرجنٹینا) 22,834فٹ یا6,960 میٹر	جزیرہ نما والڈس۔ (آرجنٹینا) 131فٹ یا40 میٹر

براعظموں کے بارے میں اہم معلومات

نمبرشمار		ایشیا	افریقہ	یورپ	شمالی امریکا	جنوبی امریکا	اوشنیا
-1	سب سے بڑا ملک رقبے کے لحاظ سے	روس	سوڈان	روس	کینیڈا	برازیل	آسٹریلیا
-2	سب سے چھوٹا ملک	مالدیپ	سیشلز	ویٹی کن سٹی	سینٹ کٹس اینڈ نیوس	سری نام	ناؤرو
-3	سب سے بڑا جزیرہ	بورنیو (انڈونیشیا)	مڈغاسکر	برطانیہ	گرین لینڈ	ٹائیراڈیل فیوگو	نیوگنی
-4	سب سے بلند پہاڑ	ایورسٹ۔ (نیپال۔ بھارت)	کلمنجارو (تنزانیہ)	البرز (روس)	میکنلے (امریکا)	ایکونکا گوا (آرجنٹینا)	ویلہیلم (پاپوانیوگنی)
-5	سب سے لمبا دریا	ینگ زی (چین)	نیل (بروندی تا مصر)	وولگا (روس)	مسی سپی (امریکا)	ایمیزن (برازیل)	مرے ڈارلنگ (آسٹریلیا)
-6	سب سے بڑی جھیل	کیسپین	وکٹوریہ (تنزانیہ)	لیڈوگا (روس)	سپیریئر (امریکا۔کینیڈا)	میراکائبو وینزویلا	آئر (آسٹریلیا)
-7	سب سے بلند آبشار	جاگ (JOG) (بھارت)	ٹوگیلا (جنوبی افریقہ)	یوٹی گارڈ (ناروے)	یوسیمائٹ (امریکا)	انجل (وینزویلا)	سدرلینڈ (نیوزی لینڈ)
-8	سب سے بڑا صحرا	صحرائے عرب	صحارا (شمالی افریقہ)	اس میں کوئی صحرا نہیں	گریٹ بیسن (امریکا)	پیٹاگونیاں (آرجنٹینا)	وکٹوریہ (آسٹریلیا)

رقبے کے لحاظ سے دنیا کی دس بڑی مملکتیں

نمبرشمار	نام ملک	رقبہ مربع میلوں میں	رقبہ مربع کلومیٹروں میں
-1	روس	62,92,735	1,70,75,200
-2	کینیڈا	38,55,081	99,84,670
-3	چین	37,05,386	95,96,960
-4	امریکا	37,17,792	96,29,091
-5	برازیل	32,86,470	85,11,965
-6	آسٹریلیا	29,67,893	76,86,850
-7	بھارت	12,69,338	32,87,590
-8	آرجنٹینا	10,68,296	27,66,890
-9	قازقستان	10,49,150	27,17,300
-10	سوڈان	9,674,93	25,05,810

رقبے کے لحاظ سے دنیا کی پندرہ بڑی اسلامی مملکتیں

نمبرشمار	نام ملک	رقبہ مربع میلوں میں	رقبہ مربع کلومیٹروں میں
-1	قازقستان	10,49,151	27,17,300
-2	سوڈان	9,67,500	25,05,813

-3	الجزائر	9,19,595	23,81,741
-4	سعودی عرب	8,65,000	19,60,582
-5	انڈونیشیا	7,41,097	19;19,440
-6	لیبیا	6,79,359	17,59,540
-7	ایران	6,36,296	16,48,000
-8	چاڈ	4,95,755	12,84,000
-9	نائیجر	4,89,189	12,67,000
-10	مالی	4,78,767	12,40,000
-11	ماریطانیہ	3,97,953	10,30,700
-12	مصر	3,86,660	10,01,450
-13	نائیجریا	356667	923768
-14	پاکستان	3,07,374	7,96,095
-15	ترکی	3,01,382	7,80,580

رقبے کے لحاظ سے دنیا کی دس چھوٹی مملکتیں

نمبرشمار	نام ملک	رقبہ مربع میلوں میں	رقبہ مربع کلومیٹروں میں
-1	ویٹیکن سٹی سٹیٹ	0,17	0,44
-2	مناکو	0,75	1,95
-3	ناؤرو	8,11	21
-4	ٹوالو	10.0	26
-5	سان مرینو	24.0	61.20
-6	لیکٹنسٹین	62.0	160.0
-7	مارشل آئی لینڈز	70.0	181.3
-8	مالدیپ	116	300.0
-9	مالٹا	122	316
-10	گرینیڈا	133	344

رقبے کے لحاظ سے دنیا کی پندرہ چھوٹی اسلامی مملکتیں

نمبرشمار	نام ملک	رقبہ مربع میلوں میں	رقبہ مربع کلومیٹروں میں
-1	مالدیپ	116	300
-2	بحرین	257	685
-3	کوموروز	838	2,170
-4	برونائی	2,228	5,770
-5	لبنان	4,015	10,400
-6	گیمبیا	4,363	11,300
-7	قطر	4,416	11,437
-8	کویت	6,880	17,820
-9	جبوتی	8,880	23,000
-10	البانیہ	11,100	28,748
-11	گنی بساؤ یا بسو	13,946	36,120
-12	بوسنیا ہرزیگووینا	19,741	51,129
-13	ٹوگو	21,925	56,785
-14	سیرالیون	27,699	71,740
-15	متحدہ عرب امارات	32,000	82,880

دنیا کے بارہ بڑے ممالک (آبادی کے اعتبار سے)

نمبرشمار	نام ملک	آبادی بمطابق 2005ء
-1	چین	1,30,63,13,812
-2	بھارت	1,02,86,10,328
-3	امریکا	29.57,34,134

-4	انڈونیشیا	24,19,73,879
-5	برازیل	18,80,78,227
-6	پاکستان	16,24,19,946
-7	بنگلہ دیش	14,43,19,628
-8	روس	14,34,20,309
-9	نائیجیریا	12,87,71,988
-10	جاپان	12,74,17,244
-11	میکسیکو	1,06,22,903
-12	فلپین	8,7857,473

دنیا کے بارہ چھوٹے ممالک (آبادی کے اعتبار سے)

نمبر شمار	نام ملک	آبادی
-1	ویٹیکن سٹی سٹیٹ	925
-2	ٹوالو	11,636
-3	ناؤرو	13,048
-4	پیلاؤ	20,303
-5	سان مرینو	28,880
-6	مناکو	32,409
-7	لیختنسٹین	33,717
-8	سینٹ کٹس اینڈ نیوس	38,958
-9	مارشل آئی لینڈز	59,071
-10	اینٹی گوا اینڈ باربوڈا	68,722
-11	ڈومینیکا	69,029
-12	انڈورا	70,549

دنیا کے بارہ بڑے اسلامی ممالک (آبادی کے اعتبار سے)

نمبر شمار	نام ملک	آبادی
-1	انڈونیشیا	24,19,73,879
-2	پاکستان	16,24,19,946
-3	بنگلہ دیش	14,43,19,628
-4	نائیجیریا	12,87,71,988
-5	مصر	7,75,05,756
-6	ترکی	6,96,60,559
-7	ایران	6,80,17,860
-8	سوڈان	4,01,87,486
-9	مراکش	3,27,25,487
-10	الجزائر	3,25,31,853
-11	افغانستان	2,99,28,987
-12	یوگنڈا	2,72,69,482

دنیا کے بارہ چھوٹے اسلامی ممالک (آبادی کے اعتبار سے)

نمبر شمار	نام ملک	آبادی
-1	مالدیپ	3,49,106
-2	برونائی دارالسلام	3,72,361
-3	سری نام	4,38,144
-4	جبوتی	4,76,703
-5	کومورو	6,71,247
-6	بحرین	6,88,345
-7	قطر	8,63,051
-8	گیبون	13,89,202

-9	گنی بساؤ	14,16,027
-10	گیمبیا	15,93,256
-11	سینی گال	1,11,26,832
-12	نائیجر	1,16,65,937

زیادہ شرح پیدائش کے اعتبار سے دس بڑے ممالک بمطابق 2005ء

نمبر شمار	نام ملک	زندہ بچوں کی پیدائش فی ہزار
-1	نیجر یا نائیجر	48ء3 فیصد
-2	مالی	46ء8 فیصد
-3	یوگنڈا	46ء1 فیصد
-4	چاڈ	46ء0 فیصد
-5	صومالیہ	45ء6 فیصد
-6	انگولا	44ء6 فیصد
-7	جمہوریہ کانگو	44ء4 فیصد
-8	برکینا فاسو	44ء2 فیصد
-9	لائبیریا	44ء2 فیصد
-10	ملاوی	44ء0 فیصد

کم شرح پیدائش کے اعتبار سے دس بڑے ممالک بمطابق 2005ء

نمبر شمار	نام ملک	زندہ بچوں کی پیدائش فی ہزار
-1	جرمنی	8ء3 فیصد
-2	آسٹریا	8ء8 فیصد
-3	اٹلی	8ء9 فیصد
-4	انڈورا	9ء0 فیصد
-5	جمہوریہ چیک	9ء1 فیصد
-6	سلووینیا	9ء1 فیصد
-7	لیٹویا	9ء2 فیصد
-8	جاپان	9ء5 فیصد
-9	بلغاریا	9ء7 فیصد
-10	یونان	9ء7 فیصد

ممالک جہاں کے لوگ سب سے زیادہ زندہ رہتے ہیں

نمبر شمار	نام ملک	بمطابق 2005ء اوسط متوقع عمر
-1	انڈورا	83ء5 سال
-2	سان مرینو	81ء6 سال
-3	جاپان	81ء2 سال
-4	سنگاپور	80ء7 سال
-5	آسٹریلیا	80ء4 سال
-6	سویڈن	80ء4 سال
-7	سوئٹزرلینڈ	80ء4 سال
-8	ہانگ کانگ (چین)	80ء3 سال
-9	کینیڈا	80ء1 سال
-10	آئس لینڈ	80ء1 سال

ممالک جہاں کے لوگ سب سے کم جیتے ہیں

نمبر شمار	نام ملک	بمطابق 2005ء اوسط متوقع عمر
-1	بوٹسوانا	29ء4 سال
-2	زیمبیا	35ء1 سال
-3	سوازی لینڈ	35ء6 سال
-4	موزمبیق	36ء0 سال

-5	انگولا	36ء6 سال
-6	لیسوتھو	36ء7 سال
-7	زمبابوے	36ء7 سال
-8	ملاوی	37ء0 سال
-9	نیمیبیا	38ء3 سال
-10	روانڈا	39ء0 سال

سب سے زیادہ شرح اموات والے دس ممالک بمطابق 2005ء

نمبر شمار	نام ملک	شرح فی ہزار
-1	بوٹسوانا	36ء5 فیصد
-2	انگولا	25ء9 فیصد
-3	سوازی لینڈ	25ء3 فیصد
-4	لیسوتھو	25ء0 فیصد
-5	موزمبیق	24ء9 فیصد
-6	زمبابوے	24ء7 فیصد
-7	زیمبیا	24ء4 فیصد
-8	ملاوی	23ء4 فیصد
-9	نیمیبیا	23ء1 فیصد
-10	جنوبی افریقہ	23ء0 فیصد

یہ وہ تمام ممالک ہیں جہاں شرح اموات سب سے زیادہ ہے اور حسن اتفاق سے یہ ممالک صحرائے اعظم افریقہ کے جنوب میں واقع ہیں۔

دنیا کے مختلف مذاہب کے ماننے والوں کی تعداد

نمبر شمار	مذہب کا نام	تعداد
-1	عیسائیت	2 ارب 10 کروڑ
-2	اسلام	ایک ارب 30 کروڑ
-3	ہندومت	85 کروڑ 10 لاکھ
-4	بدھ مت	37 کروڑ 50 لاکھ
-5	سکھ مت	2 کروڑ 50 لاکھ
-6	یہودیت	1 کروڑ 50 لاکھ
-7	بہائی مت	75 لاکھ
-8	کنفیوشس مت	64 لاکھ
-9	جین مت	45 لاکھ
-10	شنتو مت	28 لاکھ

وہ ممالک جہاں مسلمانوں کی آبادی سب سے زیادہ ہے

نمبر شمار	نام ملک	آبادی کا تناسب
-1	سعودی عرب	100ء0 فیصد
-2	ترکی	99ء8 فیصد
-3	افغانستان	99ء0 فیصد
-4	الجزائر	99ء0 فیصد
-5	مراکش	98ء7 فیصد
-6	ایران	98ء0 فیصد
-7	پاکستان	97ء0 فیصد
-8	مصر	94ء0 فیصد
-9	شام	90ء0 فیصد
-10	انڈونیشیا	88ء0 فیصد
-11	بنگلہ دیش	83ء0 فیصد
-12	نائجیریا	80ء0 فیصد

مختلف مذاہب کے ماننے والوں کا تناسب (دنیا کی کل آبادی کا)

نمبر شمار	مذہب کا نام	آبادی کا تناسب
-1	عیسائی	32ء91 فیصد
-2	مسلمان	22ء00 فیصد
-3	ہندو	14ء00 فیصد
-4	بدھ	5ء99 فیصد
-5	سکھ	0ء34 فیصد
-6	یہودی	0ء33 فیصد
-7	جین	0ء07 فیصد

دنیا میں طویل سرحدوں کے حامل ممالک

نمبر شمار	نام ملک	سرحد کی کل لمبائی میلوں میں
-1	چین	13,761
-2	روس	12,403
-3	برازیل	9,129
-4	بھارت	8,763
-5	امریکا	7,611
-6	کانگو جمہوریہ	6,676
-7	آرجنٹینا	6,006
-8	کینیڈا	5,526
-9	منگولیا	5,071
-10	سوڈان	4,776

ممالک کے ہم نام دارالحکومت

نمبر شمار	نام ملک	دارالحکومت کا نام
-1	الجزائر	الجزائر شہر
-2	انڈورا	انڈورالاویلا
-3	پانامہ	پانامہ شہر
-4	جبوتی	جبوتی شہر
-5	کویت	کویت شہر
-6	گوئٹے مالا	گوئٹے مالاسٹی
-7	لکسمبرگ	لکسمبرگ ولا
-8	مناکو	مناکوولا
-9	میکسیکو	میکسیکوسٹی
-10	تیونس	تیونس شہر

خط استوا کے حامل ممالک

نمبر شمار	نام براعظم	نام ملک
-1	براعظم افریقہ	کانگوعوامی جمہوریہ۔ کینیا۔ گیبون۔ یوگنڈا
-2	براعظم ایشیا	انڈونیشیا۔ ملائیشیا
-3	براعظم جنوبی امریکا	ایکوے ڈار۔ برازیل۔ کولمبیا

دنیا بھر کے اسلامی ممالک کے نام

نمبر شمار	اسلامی ممالک
-1	آذربائیجان
-2	اردن
-3	اری ٹیریا
-4	ازبکستان
-5	افغانستان

-6	البانیہ
-7	الجزائر
-8	انڈونیشیا
-9	ایران
-10	بحرین
-11	برکینافاسو
-12	برونائی دارالسلام
-13	بنگلہ دیش
-14	بوسنیاہرزیگووینا
-15	بینن
-16	پاکستان
-17	تاجکستان
-18	ترکمانستان
-19	ترکی
-20	تیونس
-21	ٹوگو
-22	جبوتی
-23	چاڈ
-24	سری نام
-25	سعودی عرب
-26	سوڈان
-27	سیرالیون
-28	سینی گال
-29	شام
-30	صومالیہ
-31	عراق
-32	عمان
-33	فلسطین اتھارٹی
-34	قازقستان
-35	کرغزستان
-36	قطر
-37	کوموروز
-38	کویت
-39	کیمرون
-40	گنی
-41	گنی بساؤ
-42	گیبون
-43	گیمبیا
-44	لبنان
-45	لیبیا
-46	ماریطانیہ
-47	مالدیپ
-48	مالی
-49	متحدہ عرب امارات
-50	مراکش
-51	مصر
-52	ملائیشیا
-53	موزمبیق
-54	نائیجریا
-55	نائجیر
-56	یمن
-57	یوگنڈا

دنیا کی مشہور سرحدی حد بندیاں

نمبر شمار	نام سرحدی لائن	جن ممالک کے مابین لائن کھینچی گئی
-1	آڈر نیسو لائن	پولینڈ اور جرمنی 45-1944ء
-2	اڑتیسویں متوازی لائن	شمالی اور جنوبی کوریا
-3	انچاسویں متوازی لائن	کینیڈا اور امریکا
-4	چوبیسویں متوازی لائن	پاکستان اور بھارت رن کچھ میں 1965ء
-5	ڈیورنڈ لائن	پاکستان اور افغانستان 1893ء
-6	ریڈ کلف لائن	بھارت اور پاکستان 1947ء
-7	گرین لائن	یونانی اور ترک قبرص
-8	سترہویں متوازی لائن	شمالی اور جنوبی ویت نام 1975 میں ختم ہوگئی
-9	سیگ فرائیڈ لائن	جرمنی کی دفاعی لائن
-10	کرزن لائن	پولینڈ اور روس 1945ء
-11	کنٹرول لائن	آزاد کشمیر اور مقبوضہ کشمیر (1972ء)
-12	میجینو لائن	سوئٹزرلینڈ سے بلجیئم تک
-13	میسن ڈکسن لائن	پنسلوانیا اور میری لینڈ
-14	میکموہن لائن	بھارت اور چین (1914ء)
-15	میزہیم لائن	روس اور فن لینڈ 1939ء

کثیر شہری آبادیوں والے ممالک

نمبر شمار	نام ملک	شہری آبادی کا تناسب
-1	ہانگ کانگ چین	100 فیصد
-2	مناکو	100 فیصد
-3	ناؤرو	100 فیصد
-4	سنگاپور	100 فیصد
-5	دی ویٹی کن سٹی سٹیٹ	100 فیصد
-6	بیلجیئم	97ء4 فیصد
-7	کویت	96ء1 فیصد
-8	قطر	92ء9 فیصد
-9	آئس لینڈ	92ء7 فیصد
-10	بحرین	92ء5 فیصد

سب سے زیادہ سرحدوں کے حامل ممالک

نمبر شمار	نام ملک	ہمسایہ ممالک
-1	چین (15 ممالک)	(1) افغانستان (2) بھارت (3) بھوٹان (4) پاکستان (5) تاجکستان (6) تھائی لینڈ (7) روس (8) شمالی کوریا (9) قازقستان (10) کرغزستان (11) لاؤس (12) منگولیا (13) میانمر (14) نیپال (15) ویت نام۔
-2	روس (14 ممالک)	(1) آذربائیجان (2) ایسٹونیا (3) بیلا روس (4) پولینڈ (5) جارجیا (6) چین (7) شمالی کوریا (8) فن لینڈ (9) قازقستان (10) لٹویا (11) لتھوانیا (12) منگولیا (13) ناروے (14) یوکرائن۔
-3	برازیل (10 ممالک)	(1) آرجنٹینا (2) بولیویا (3) پیراگوئے (4) پیرو (5) سری نام (6) فرانسیسی گی آنا (7) گی آنا (8) کولمبیا (9) وینزویلا (10) یوروگوئے۔
-4	عوامی جمہوریہ کانگو (9 ممالک)	(1) انگولا (2) برونڈی (3) تنزانیہ (4) روانڈا (5) سوڈان (6) زیمبیا (7) کانگو جمہوریہ (8) وسطی افریقن جمہوریہ (9) یوگنڈا۔

-5	جرمنی (9 ممالک)	(1) آسٹریا (2) بیلجیئم (3) پولینڈ (4) چیک جمہوریہ (5) فرانس (6) ڈنمارک (7) سوئٹزرلینڈ (8) لکسمبرگ اور (9) نیدرلینڈز۔
-6	سوڈان (9 ممالک)	(1) ایتھوپیا (2) اری ٹیریا (3) چاڈ (4) کانگو عوامی جمہوریہ (5) کینیا (6) لیبیا (7) مصر (8) وسطی افریقی جمہوریہ (9) یوگنڈا۔
-7	آسٹریا (8 ممالک)	(1) اٹلی (2) جرمنی (3) چیک جمہوریہ (4) سلووا کیہ (5) سلووینیا (6) سوئٹزرلینڈ (7) لیکٹنسٹن (8) ہنگری۔
-8	فرانس (8 ممالک)	(1) اٹلی (2) انڈورا (3) بیلجیئم (4) جرمنی (5) سپین (6) سوئٹزرلینڈ (7) لکسمبرگ (8) مناکو۔
-9	ترکی (8 ممالک)	(1) آذربائیجان (2) آرمینیا (3) بلغاریہ (4) جارجیا (5) ایران (6) شام (7) عراق (8) یونان۔
-10	مالی (7 ممالک)	(1) الجزائر (2) برکینا فاسو (3) سینی گال (4) گنی (5) کوٹے ڈی آیوری (6) ماریطانیہ (7) نائجیر۔
-11	سعودی عرب (7 ممالک)	(1) اردن (2) عراق (3) عمان (4) قطر (5) کویت (6) متحدہ عرب امارات (7) یمن۔
-12	تنزانیہ (7 ممالک)	(1) برونڈی (2) روانڈا (3) زیمبیا (4) کینیا (5) ملاوی (6) موزمبیق (7) یوگنڈا۔
-13	نائجیر (7 ممالک)	(1) الجزائر (2) برکینا فاسو (3) بینن (4) چاڈ (5) لیبیا (6) مالی (7) نائجیریا۔

طویل ترین ساحل رکھنے والے ممالک

نمبر شمار	نام ملک	ساحل کی لمبائی کلومیٹروں میں	ساحل کی لمبائی میلوں میں
-1	کینیڈا	2,43,791	1,51,485
-2	انڈونیشیا	54,716	33,999
-3	روس	37,653	23,396
-4	فلپین	36,289	22,559
-5	جاپان	29,751	18,486
-6	آسٹریلیا	25,760	16,007
-7	ناروے	21,925	13,624
-8	امریکا	19,924	12,380
-9	نیوزی لینڈ	15,134	9,404
-10	چین	14,500	9,010
	دنیا	3,56,000	2,21,208

خشکی سے گھرے ہوئے دنیا کے دس بڑے ممالک

نمبر شمار	نام ملک	نام ہمسایہ ممالک
-1	قازقستان	چین، کرغزستان، روس، ترکمانستان اور ازبکستان۔
-2	منگولیا	چین اور روس۔
-3	نائجیر	الجزائر، بینن، برکینا فاسو، چاڈ، لیبیا، مالی، نائجیریا۔
-4	مالی	الجزائر، برکینا فاسو، کوٹے ڈی آیوری، گنی، ماریطانیہ، نائجیر اور سینی گال۔
-5	چاڈ	کیمرون، وسطی افریقی جمہوریہ، لیبیا، نائجیریا، سوڈان۔
-6	ایتھوپیا	جبوتی، اری ٹیریا، کینیا، سوڈان، صومالیہ۔

-7	بولیویا	آرجنٹینا، برازیل، چلی، پیراگوئے، پیرو۔
-8	زیمبیا	انگولا، عوامی جمہوریہ کانگو، ملاوی، موزمبیق، نیمیبیا، تنزانیہ، زمبابوے۔
-9	افغانستان	چین، ایران، پاکستان، تاجکستان، ترکمانستان، ازبکستان۔
-10	وسطی افریقی جمہوریہ	کیمرون، چاڈ، کانگو، سوڈان۔

خشکی سے گھرے ہوئے دنیا کے دس چھوٹے ممالک

نمبر شمار	نام ملک	ہمسایہ ممالک
-1	ویٹی کن سٹی سٹیٹ	اٹلی (روم شہر میں گھرا ہوا)
-2	سان مرینو	اٹلی
-3	لیکٹنسٹن	آسٹریا، سوئٹزرلینڈ
-4	انڈورا	سپین۔فرانس
-5	لکسمبرگ	جرمنی، بلجیئم، فرانس
-6	سوازی لینڈ	جنوبی افریقہ، موزمبیق
-7	روانڈا	برونڈی، عوامی جمہوریہ کانگو، یوگنڈا، تنزانیہ
-8	برونڈی	روانڈا، تنزانیہ، عوامی جمہوریہ کانگو
-9	مقدونیہ	سربیا، مونٹی نیگرو، بلغاریہ، یونان، البانیہ
-10	آرمینیا	آذربائیجان، جارجیا، ایران

مونگوں کے چٹانوں کے بڑے رقبے کے حامل ممالک

نمبر شمار	نام ملک	رقبہ مربع کلومیٹروں میں	دنیا کے کل رقبے کا تناسب
-1	انڈونیشیا	51,020	17٫95
-2	آسٹریلیا	48,900	17٫22
-3	فلپین	25,060	8٫81
-4	فرانس	14,280	5٫02
-5	پاپوانیوگنی	13,840	4٫87
-6	فجی	10,020	3٫52
-7	مالدیپ	8,920	3٫14
-8	سعودی عرب	6,660	2٫34
-9	جزائر مارشل	6,110	2٫15
-10	بھارت	5,790	2٫04

دنیا کے مشہور سمندر اور بحیرے

نمبر شمار	نام سمندر	رقبہ مربع میلوں میں	رقبہ مربع کلومیٹروں میں	معلوم گہرائی فٹوں میں	معلوم گہرائی میٹروں میں
-1	بحرالکاہل	6,00,60,700	15,55,57,000	36,198	11,033
-2	بحراوقیانوس	2,96,37,900	7,67,62,000	30,246	9,219
-3	بحرہند	2,64,69,500	6,85,56,000	24,460	7,455
-4	جنوبی سمندر	78,48,300	2,03,27,000	23,736	7,235
-5	آرکٹک (منجمد شمالی)	54,27,000	1,40,56,000	18,456	5,625
-6	بحیرہ روم	11,44,800	2965,800	15,197	4,632
-7	بحیرہ کیریبین	10,49,500	27,18,200	22,788	6,446
-8	بحیرہ جنوبی چین	8,95,400	23,19,000	16,456	5,016
-9	بحیرہ بیرنگ	8,84,900	22,91,900	15,659	4,773
-10	خلیج میکسیکو	6,15,000	15,92,800	12,425	3,787
-11	بحیرہ اوخوتسک	6,13,800	15,89,700	12,001	3,658

-12	بحیرہ مشرقی چین	4,82,300	12,49,200	9,126	2,782
-13	خلیج ہڈسن	4,75,800	12,32,300	600	183

دنیا کے سمندروں اور بحیروں کے مقامات گہرائی

نمبرشمار	نام سمندر	گہرے مقام کا نام
-1	بحرالکاہل	میریانا کھائی
-2	بحراوقیانوس	پیورٹوریکو کھائی
-3	بحرِ ہند	سنڈا کھائی(SUNDA TRENCH)
-4	جنوبی سمندر	جنوبی سینڈوچ کھائی
-5	آرکٹک (منجمد شمالی)	45 °77 شمال °175 مغرب
-6	بحیرۂ روم	راس متاپن (یونان) سے پرے
-7	بحیرۂ کیریبین	کے مین آئی لینڈ سے پرے
-8	بحیرۂ جنوبی چین	لوزان کے مغرب میں
-9	بحیرہ بیرنگ	بلدیر جزیرہ کے پرے
-10	خلیج میکسیکو	سگس بی کھائی(SIGSBEE DEEP)
-11	بحیرۂ اوخوتسک	146°.10 مشرق، 46°,50 شمال
-12	بحیرہ مشرقی چین	25°.16 شمال °125 مشرق
-13	خلیج ہڈسن	مدخل کے قریب(Near Entrance)

دنیا کی مشہور آبشاریں (بلندی کے اعتبار سے)

نمبرشمار	نام آبشار	دریا	مقام	پانی کے گرنے کا فاصلہ میٹروں میں	پانی کے گرنے کا فاصلہ فٹوں میں
-1	اینجل	کیراؤ	وینزویلا	979	3,212
-2	ٹوگیلا	ٹوگیلا	جنوبی افریقہ	947	3,107

-3	اوٹی گارڈ یا یوٹی گارڈ	جاسٹڈل گلیشیئر	نیسڈیل ناروے	800	2,625
-4	مونگ فاسن	مانگ	مانگ بیک ناروے	774	2,540
-5	یوسی مائٹ	یوسی مائٹ کریک	کیلی فورنیا امریکا	739	2425
-6	آسٹرے مارڈولا فاس	مارڈلز	ایکسیڈل ناروے	656	2,152
-7	ٹیسٹرینگین	ٹیسو (Tysso)	نارڈنگر ناروے	646	2,120
-8	کوکینان	آرابوپو	وینزویلا	610	2,000
-9	سدرلینڈ	آرتھر	ساوتھ آئی لینڈ نیوزی لینڈ	580	1,904
-10	کیجل فاسن	نائیرو	گڈوینجن ناروے	561	1,841

دنیا کی مشہور آبشاریں (پانی کے بہاؤ کے اعتبار سے)

نمبرشمار	نام	ملک	بلندی فٹوں میں	چوڑائی فٹوں میں	اوسط سالانہ بہاؤ مکعب فٹ فی سیکنڈ
-1	سٹینلے	کانگو	200	2,400	6,00000
-2	گورا	برازیل پیراگوئے	374	15,900	4,70,000
-3	کوہن	لاؤس	70	35,000	4,00,000
-4	نیاگرا	کینیڈا	160	25,00	2,00,000
-5	نیاگرا	امریکا	167	1,000	--
-6	پاؤلوآفنسو	برازیل	192	--	1,00,000

-7	آئی گوازو	برازیل	308	13,000	61,660
-8	وکٹوریا	زمبابوے	355	38,430	--
-9	گرینڈ	گی آنا	741	350	23,400

دنیا کی مشہور جہاز رانی کی نہریں

نمبر شمار	نام/محل وقوع مع سالِ تکمیل	لمبائی میلوں میں	چوڑائی فٹوں میں	گہرائی فٹوں میں
-1	البرٹ۔ بیلجیئم (1939ء)	80	53.0	16.5
-2	ایمسٹرڈیم رائن۔ نیدر لینڈز۔1952ء	45	164.0	41.0
-3	بیوماؤنٹ پورٹ آرتھر۔امریکا1916ء	440	200.0	34.0
-4	چیسپیک/ڈیلاویئر (امریکا)1829ء	14	450.0	35.0
-5	ہوسٹن۔امریکا 1914ء	50	300 سے 400فٹ	40.0
-6	کیل (جرمنی) 1895ء	61.3	144.0	36.0
-7	پانامہ۔ (پانامہ)1914ء	50.37	110.0	41.0
-8	سینٹ لارنس سی وے (امریکا اور کینیڈا)1959ء	2,400	442 تا 550فٹ	--
-9	مانٹریال سے پریسکاٹ امریکا تا کینیڈا1959ء	11.5	80.0	30.0
-10	ویلینڈ/کینیڈا/1931ء	72.5	80.0	72.0
-11	سالٹ سٹی۔میری 1895ء	1.2	60.0	16.8
-12	سالٹ سٹی میری امریکا1915ء	1.6	80.0	25.0
-13	سویز۔مصر1896ء	119.9	1197.5	68ء9

دنیا کی مشہور آبنائیں

بابل المندب: بحیرہ احمر اور خلیج فارس کو ملاتی اور افریقہ کو سعودی عرب سے جدا کرتی ہے۔

باسفورس: بحیرہ اسود اور مارمورا کو ملاتی اور ایشیائی ترکی کو یورپی ترکی سے جدا کرتی ہے۔ لمبائی 32 کلومیٹر چوڑائی 640 میٹر ہے۔

بیرنگ: بحیرہ منجمد شمالی کو بحیرہ بیرنگ سے ملاتی اور سائبیریا کو الاسکا سے جدا کرتی ہے۔ یہ 90 کلومیٹر چوڑی ہے۔

پاک (PALK): یہ بھارت کو سری لنکا سے جدا کرتی ہے۔

جبرالٹر: یہ سپین کو افریقہ سے جدا اور بحیرہ احمر کو بحر اوقیانوس سے ملاتی ہے۔ اس کی لمبائی 56ء0 کلومیٹر یا 35 میل ہے۔

جوہور: یہ ملائیشیا کو سنگاپور سے جدا کرتی ہے۔

ڈاور: یہ بحیرہ شمالی اور رود بار انگلستان کو ملاتی اور انگلستان کو فرانس سے جدا کرتی ہے۔ لمبائی 75ء20 کلومیٹر یا 47 میل ہے۔

دردانیال: یہ بحیرہ ایجئین کو بحیرہ مارمورا سے ملاتی اور ایشیائے کوچک کو یورپ سے جدا کرتی ہے۔ لمبائی 65 کلومیٹر یا 40 میل ہے۔

ڈیوس: یہ گرین لینڈ کو بیفن جزائر سے جدا کرتی ہے اور قطب شمالی کو بحر اوقیانوس سے ملاتی ہے۔ لمبائی 650 کلومیٹر یا 400 میل ہے۔

سنڈا: یہ جاوا کو سماٹرا سے ملاتی ہے۔

فلوریڈا: یہ بحیرہ اوقیانوس کو خلیج میکسیکو سے ملاتی اور کیوبا کو فلوریڈا (امریکا) سے جدا کرتی ہے۔

مکاسر: یہ بورنیو کو سیلیبز سے جدا کرتی ہے۔

ملاکا: یہ سماٹرا کو جزیرہ نما ملایا سے جدا کرتی ہے۔ یہ دنیا کی سب سے طویل آبنائے ہے۔ اس کی لمبائی 777 کلومیٹر یا 485 میل ہے۔

میجلین: یہ جنوبی بحرالکاہل کو جنوبی بحراوقیانوس سے ملاتی اور جزیرہ ٹیرا ڈیل فوئیگو کو جنوبی امریکا سے جدا کرتی ہے۔ اس کی لمبائی 400 کلومیٹر یا 250 میل ہے۔

مسینا: یہ اٹلی کو سسلی سے جدا کرتی ہے اور 32 کلومیٹر لمبی اور 3 سے 16 کلومیٹر تک چوڑی ہے۔

دنیا کے طویل ترین دریا

نمبر شمار	نام دریا	محل وقوع	لمبائی کلو میٹروں میں	لمبائی میلوں میں
-1	نیل	برونڈی، عوامی جمہوریہ کانگو، مصر، اری ٹیریا، ایتھوپیا، کینیا، روانڈا، سوڈان، تنزانیہ اور یوگنڈا۔	6,695	4,158
-2	ایمیزن	پیرو۔ برازیل	6,448	4,007
-3	چانگ جیانگ ینگزی	چین	6,378	3,964
-4	ہوانگ ہو (زرد)	چین	5,464	3,395
-5	آمور	چین۔ روس	4,415	2,744
-6	لینا (LINA)	روس	4,400	2,734
-7	کانگو	انگولا۔ عوامی جمہوریہ کانگو	4,373	2,718
-8	ارتش (IRTYSH)	چین، قازقستان، منگولیا، روس	4,248	2,640
-9	میکنزی	کینیڈا	4,241	2,635
-10	نائجیر	مغربی افریقہ	4,184	2,600
-11	میکانگ	تبت، چین، میانمر، لاؤس، کمبوڈیا، ویت نام	4,183	2,600
-12	وولگا	روس	3,687	2,291
-13	فرات	عراق، ترکی، ایران	2,799	1,739
-14	دجلہ	ایران، عراق	1,850	1,150

دنیا کی گہری ترین جھیلیں

نمبر شمار	نام جھیل	محل وقوع	زیادہ سے زیادہ گہرائی میٹروں میں	زیادہ سے زیادہ گہرائی فٹوں میں
-1	بائیکال	روس	1,637	5,371
-2	ٹانگانیکا	برونڈی، تنزانیہ، عوامی جمہوریہ کانگو، زیمبیا	1,471	4,825
-3	بحیرہ کیسپین	آذربائیجان، ایران، قازقستان، روس، ترکمانستان	1,025	3,363
-4	ملاوی	ملاوی، موزمبیق، تنزانیہ	706	2,316
-5	ایسی کل (ISSYK-KUL)	کرغزستان	688	2,257
-6	گریٹ سلیو	کینیڈا	614	2,015
-7	کریٹر	اوریگان (امریکا)	589	1,932
-8	ٹوبا (TOBA)	سماٹرا۔ انڈونیشیا	529	1,736
-9	ہارنڈلز (HORNINDALS)	ناروے	514	1,680

-10	ساریز (SAREZ)	تاجکستان	505	1,657
-11	تاہوئی (TOHOE)	کیلی فورنیا/ نیواڈا (امریکا)	505	1,657

سب سے زیادہ جنگلات کے حامل ممالک

نمبر شمار	نام ملک	رقبہ مربع کلومیٹروں میں
-1	روس	85لاکھ 13ہزار 9سو 20
-2	برازیل	54لاکھ 39ہزار 9سو 5
-3	کینیڈا	24لاکھ 45ہزار 7سو 10
-4	امریکا	22لاکھ 59ہزار 9سو 30
-5	چین	16لاکھ 34ہزار 8سو
-6	آسٹریلیا	15لاکھ 45ہزار 3سو 90
-7	عوامی جمہوریہ کانگو	13لاکھ 52ہزار 70
-8	انڈونیشیا	10لاکھ 49ہزار 8سو 60
-9	انگولا	6لاکھ 97ہزار 5سو 66
-10	پیرو	6لاکھ 52ہزار ایک سو 50

جنگلات سے ڈھکے ہوئے ممالک

نمبر شمار	نام ملک	جنگلات سے گھرا ہوا فیصد رقبہ
-1	فرانسیسی گی آنا	90ء7 فیصد
-2	سلمان جزائر	87ء8 فیصد
-3	سری نام	86ء4 فیصد
-4	گیبون	81ء5 فیصد
-5	گیانا	78ء5 فیصد
-6	برونائی	76ء6 فیصد
-7	پیلاؤ	76ء1 فیصد
-8	فن لینڈ	72ء1 فیصد
-9	شمالی کوریا	68ء1 فیصد
-10	سویڈن	66ء8 فیصد

ممالک جہاں تیزی سے جنگلات ختم ہو رہے ہیں

نمبر شمار	نام ملک	جنگلات کا اوسط سالانہ نقصان مربع کلومیٹروں میں
-1	برازیل	25ہزار 5سو 44
-2	انڈونیشیا	10ہزار 8سو 44
-3	عوامی جمہوریہ کانگو	7ہزار 4سو
-4	بولیویا	5ہزار 8سو 14
-5	میکسیکو	5ہزار 80
-6	وینزویلا	5ہزار 34
-7	ملائیشیا	4ہزار 2سو
-8	میانمر	3ہزار 8سو 74
-9	سوڈان	3ہزار 5سو 26
-10	تھائی لینڈ	3ہزار 2سو 99

دنیا کی بلند ترین پہاڑی چوٹیاں

نمبر شمار	نام چوٹی معہ سلسلہ ہائے کوہ	محل وقوع	بلندی فٹوں میں	بلندی میٹروں میں
-1	ایورسٹ (ہمالیہ)	نیپال۔تبت۔ چین	29,035	8,850
-2	کے ٹو (قراقرم)	پاکستان	28,269	8,611
-3	کنچن جنگا (ہمالیہ)	بھارت۔ نیپال	28,169	8,586

-4	لہوتسے اول (ہمالیہ)	نیپال۔ تبت	27,940	8,516
-5	میکالو اول (ہمالیہ)	نیپال۔تبت	27,766	8,463
-6	چوادیو (ہمالیہ)	نیپال (تبت)	26,906	8,201
-7	دھول گری (ہمالیہ)	نیپال	26,795	8,167
-8	منسالو اول (ہمالیہ)	نیپال	26,781	8,163
-9	نانگا پربت (ہمالیہ)	پاکستان	26,660	8,125
-10	اناپرونا (ہمالیہ) اول	نیپال	26,545	8,095
-11	گیشر برم اول (قراقرم)	پاکستان۔ چین	26,470	8,068
-12	براڈ پیک (قراقرم)	پاکستان۔ چین	26,400	8,047
-13	گاسلھین (ہمالیہ)	تبت (چین)	26,397	8,046
-14	گیشر برم دوم (قراقرم)	پاکستان۔ چین	26,360	80,35
-15	اناپرنا دوم ہمالیہ	نیپال	26.041	7,937

دنیا کے بلند ترین آتش فشاں پہاڑ

نمبر شمار	نام آتش فشاں	بلندی میٹروں میں	بلندی فٹوں میں
-1	کوٹوپیکسی، ایکواڈور	5,978	19,613
-2	پاپوکاناپیٹل، میکسیکو	5,452	17,887
-3	سنگے، ایکواڈور	5,410	17,749
-4	ٹنگراہوا، ایکواڈور	5,033	16,512
-5	کوٹاکاچی، ایکواڈور	4,937	16,197
-6	کلیوچیوسکایا، روس	4,850	15,912
-7	پُراکے، کولمبیا	4,756	15,604
-8	رینگل، ایلاسکا (امریکا)	4,269	14,005
-9	تاجمل کو، گوئٹے مالا	4,210	13,812
-10	ماؤنالوا، ہوائی (امریکا)	4,168	13,675

دنیا کے مشہور فولادی محرابی پل

نمبر شمار	پل کا نام/ محل وقوع	سال تکمیل	لمبائی میٹروں میں	لمبائی فٹوں میں
-1	نیو ریورگارج (امریکا)	1977ء	518	1,700
-2	کل واں کل (امریکا) (Kill van kull)	1931ء	504	1,652
-3	سڈنی ہاربر (آسٹریلیا)	1932ء	503	1,650
-4	وانکسیان (ینگزی چین)	1997ء	420	1,378
-5	فری مانٹ (پورٹلینڈ امریکا)	1973ء	383	1,257
-6	پورٹ مان وینکوور (کینیڈا)	1964ء	366	1,200
-7	تھیچر فیری (پانامہ نہر)	1962ء	344	1,128
-8	لیوی اولٹ کیوبک کینیڈا	1967ء	335	1,100
-9	زڈاکوف اورلک جھیل (چیک جمہوریہ)	1967ء	330	1,083
-10	رن کارن وڈنس (برطانیہ)	1961ء	330	1,083

معلق پل

نمبر شمار	پل کا نام/محل وقوع	سال تکمیل	لمبائی میٹروں میں	لمبائی فٹوں میں
-1	اکاشی کیکیو کوبے ناروتو جاپان	1998ء	1,991	6,539
-2	عظمت بے ترکی	--	1,668	5,472
-3	گریٹ بیلٹ (ڈنمارک)	1997ء	1,624	5,328
-4	ہیمبر ایستواری (برطانیہ)	1980ء	1,410	4,626
-5	جیانگ ین (چین)	1998ء	1,385	4,544
-6	سنگ ہانگ کانگ (چین)	1997ء	1,377	4,518
-7	ویرازانو نیروز (نیویارک)	1964ء	1,298	4,260
-8	گولڈن گیٹ سان فرانسسکو (امریکا)	1937ء	1,280	4,200
-9	ہوگا کسٹن ویڈا (سویڈن)	1997ء	1,210	3,970
-10	آبنائے میکینک (MACKINAC)	1957ء	1,158	3,800

دنیا کے بڑے بڑے جزیرے

نمبر شمار	نام اور قابض ملک	رقبہ مربع کلومیٹروں میں	رقبہ مربع میلوں میں
-1	گرین لینڈ (ڈنمارک)	21,75,600.0	8,40,003.9
-2	نیوگنی (انڈونیشیا)	7,85,753.0	3,03,381.0
-3	بورنیو (انڈونیشیا/ملائیشیا/برونائی)	7,48,168.1	2,88,869.3
-4	مڈغاسکر (مالاگیسی)	5,87,713.1	2,26,917.3
-5	بیفن (کینیڈا)	5,03,944.0	1,94,573.9
-6	سماٹرا (انڈونیشیا)	4,43,065.8	1,71,068.7
-7	برطانیہ	2,44,820.0	94,525
-8	ہونشو (جاپان)	2,25,800.3	87,182.0
-9	وکٹوریہ آئی لینڈ (کینیڈا)	2,20,548.2	85,154.2
-10	ایلسمیر (کینیڈا)	1,83,964.6	71,029.1

دنیا کے بڑے بڑے جزائری ملک

نمبر شمار	نام ملک	رقبہ مربع کلومیٹروں میں	رقبہ مربع میلوں میں
-1	انڈونیشیا	19,19,440	7,41,096
-2	مڈغاسکر	5,87,046	2,26,656
-3	پاپوانیوگنی	4,62,840	1,78,703
-4	جاپان	3,77,835	1,45,882
-5	ملائیشیا	3,29,750	1,27,316
-6	فلپین	3,00,000	1,15,830
-7	نیوزی لینڈ	2,68,680	1,03.737
-8	کیوبا	1,10,860	42,803
-9	آئس لینڈ	1,03,000	39,768
-10	سری لنکا	65,610	25,332

دنیا کے سب سے چھوٹے جزائری ملک

نمبر شمار	نام ملک معہ سمندر	رقبہ مربع کلومیٹروں میں	رقبہ مربع میلوں میں
-1	ناورو (بحرالکاہل)	21.0	8.11

-2	ٹوالو (بحرالکاہل)	26.0	10.0
-3	مارشل آئی لینڈز (بحرالکاہل)	181.3	70.0
-4	مالدیپ (بحرہند)	300.0	116.0
-5	مالٹا (بحیرہ روم)	316.0	122.0
-6	گرینیڈا (بحیرہ کیریبین)	344.0	133.0
-7	سینٹ وِنسنٹ اینڈ گرینا ڈائنز (بحیرہ کیریبین)	389.0	150.0
-8	سینٹ کٹس اینڈ نیوس (بحیرہ کیریبین)	261.0	116.0
-9	بارباڈوس (بحیرہ کیریبین)	431.0	166.0
-10	انٹی گوا اینڈ باربوڈا (بحیرہ کیریبین)	443.0	171.0

دنیا کے مشہور صحرا

نمبر شمار	نام صحرا اور محل وقوع	رقبہ مربع کلومیٹروں میں	رقبہ مربع میلوں میں
-1	صحارا (شمالی افریقہ)	91,00,000	35,00,000
-2	آسٹریلین (آسٹریلیا)	34,00,000	13,00,000
-3	جزیرہ نما عریبین (جنوب مغربی ایشیا)	26,00,000	10,00,000
-4	ترکستان (وسطی ایشیا)	19,00,000	7,50,000
-5	گوبی وسطی ایشیا	13,00,000	3,00,000
-6	شمالی امریکی صحرا (امریکا اور میکسیکو)	13,00,000	3,00,000
-7	پاٹاگونیا (جنوبی آرجینٹنا)	6,70,000	2,60,000
-8	تھر (پاکستان اور بھارت)	6,00,000	2,30,000
-9	کالاہاری (جنوب مغربی افریقہ)	5,70,000	2,20,000
-10	تکلامکان (شمال مغربی چین)	4,80,000	1,85,000

دنیا کے مشہور زلزلے

نمبر شمار	جائے وقوع	تاریخ	تخمینی اموات
-1	انٹیوک (شام)	20 مئی 526ء	2,50,000
-2	مشرق قریب۔ بحیرہ روم	20 مئی 1202ء	11,00,000
-3	شینسی (چین)	2 فروری 1556ء	8,20,000
-4	ییڈو YEDDO (جاپان)	30 دسمبر 1703ء	1,90,000
-5	کولکتہ (بھارت)	11 اکتوبر 1737ء	3,00,000
-6	میسینا (اٹلی)	28 دسمبر 1908ء	1,60,000
-7	کانسو (چین)	16 دسمبر 1920ء	1,80,000
-8	ٹوکیو/ یوکوہاما (جاپان)	یکم ستمبر 1923ء	1,42,807
-9	نان شان (چین)	22 مئی 1927ء	2,00,000
-10	ٹانگ شان (چین)	28 جولائی 1976ء	2,42,419
-9	میکسیکو (میکسیکو)	19-20 ستمبر 1985ء	7,200
-10	آرمینیا	7 دسمبر 1988ء	25,000
-11	شمال مغربی ایران	21 جون 1990ء	40,000
-12	مہاراشٹر (بھارت)	یکم اکتوبر 1993ء	22,000
-13	افغانستان	4 فروری 1998ء	4,000
-14	ترکی	فروری 1999ء	15,000

-15	بھارتی گجرات	26 جنوری 2001ء	30 تا 40 ہزار
-16	سماٹرا انڈونیشیا	26 دسمبر 2004ء	2,25,000
-17	آزاد کشمیر اور صوبہ سرحد	8 اکتوبر 2005ء	73,000

دنیا کے طویل ترین سلسلہ ہائے کوہ

نمبر شمار	نام اور محل وقوع	لمبائی کلو میٹروں میں	لمبائی میلوں میں
-1	اینڈز (جنوبی امریکا)	7,242	4,500
-2	راکی ماؤنٹین (شمالی امریکا)	6,035	3,750
-3	ہمالیہ۔قراقرم۔ہندوکش (ایشیا)	3,862	2,400
-4	گریٹ ڈیوائڈنگ رینج (آسٹریلیا)	3,621	2,250
-5	ٹرانس انٹارکٹیک ماؤنٹینز (انٹارکٹیکا)	3,541	2,200
-6	برازیلین ایسٹ کوسٹ رینج (برازیل)	3,058	1,900
-7	سماٹرا جاون رینج (انڈونیشیا)	2,897	1,800
-8	ٹائین شان (چین)	2,253	1,400
-9	ایسٹرن گھاٹ (بھارت)	2,092	1,300
-10	التائی (ایشیا)	2,012	1,250
-11	سنٹرل نیوگنیئن رینج (پاپوانیوگنی)	2,012	1,250
-12	یورال (روس)	2,012	1,250

کوہ ایورسٹ کو سر کرنے والے پہلے کوہ پیما

نمبر شمار	نام	ملک	سر کرنے کی تاریخ
-1	ایڈمنڈ ہلیری	نیوزی لینڈ	29 مئی 1953ء
-2	ٹینزنگ نارگے	نیپال	29 مئی 1953ء
-3	جرگ مارمٹ	سوئٹزرلینڈ	23 مئی 1956ء
-4	ارنسٹ شمڈ	سوئٹزرلینڈ	23 مئی 1956ء
-5	ہینز رڈولیف فان گنٹن	سوئٹزرلینڈ	24 مئی 1956ء
-6	ایڈولف ریسٹ	سوئٹزرلینڈ	24 مئی 1956ء
-7	وانگ فوچو	چین	25 مئی 1960ء
-8	چو ینگ ہوا	چین	25 مئی 1960ء
-9	کونبو (تبت)	چین	25 مئی 1960ء
-10	نوانگ گومبو	بھارت	یکم مئی 1963ء
-11	جیمز وائٹ ٹیکر	امریکا	یکم مئی 1963ء
-12	نذیر صابر	پاکستان	2000ء

آب وہوا

انتہائی سرد مقامات

نمبر شمار	مقام کا نام	کم سے کم درجہ حرارت سنٹی گریڈ	کم سے کم درجہ حرارت فارن ہائیٹ
-1	ووسٹک (انٹارکٹیکا)	-89.2	-138.6
-2	پلیٹو اسٹیشن (انٹارکٹیکا)	-84.0	-129.2
-3	اومیاکن (روس)	-71.1	-96.0
-4	ورخویانسک (روس)	-67.7	-90.0
-5	نارتھ ائیس (گرین لینڈ)	-66.0	-87.0
-6	اسمیتی (گرین لینڈ)	-64.9	-85.0
-7	سنیگ (یوکن کینیڈا)	-63.0	-81.4
-8	پراسپیکٹ کریک (الاسکا)	-62.1	-79.8
-9	فورٹ سیلکرک یوکن کینیڈا	-58.9	-74.0
-10	راجرز پاس مونٹانا (امریکا)	-56.5	-69.7

انتہائی گرم مقامات

نمبر شمار	مقام کا نام	کم سے کم درجہ حرارت سنٹی گریڈ	کم سے کم درجہ حرارت فارن ہائیٹ
-1	العزیزیہ لیبیا	58.0	136.4
-2	گرین لینڈ رینچ (امریکا)	56.7	134.0
-3	غوڈامس (لیبیا)	55.0	131.0
-4	کبیلی (تیونس)	55.0	131.0
-5	ٹمبکٹو (مالی)	54.5	130.1
-6	اراونے (مالی) (ARAOUANE)	54.4	130.0
-7	تراٹ توی (اسرائیل)	53.9	129.0
-8	اہواز (ایران)	53.5	128.3
-9	آغا جاری (Agha Jari)	53.3	128.0
-10	وادیٔ حلفہ (سوڈان)	52.8	127.0

سب سے زیادہ بارش والے مقامات (اوسطاً بارش سالانہ)

نمبر شمار	نام اور محل وقوع	ملی میٹر	انچ
-1	چراپونجی (بھارت)	12,649	498.0
-2	ماوسنرام (بھارت) (MAWSYNRAM)	11,872	467.4
-3	وائیلیل (ہوائی، امریکا)	11,455	451.0
-4	ڈیبنڈشا (کیمرون) (DEBUNDSCHA)	10,277	404.6
-5	قوئیبڈو، کولمبیا (QUIBDO)	8989	353.9
-6	بیلنڈن کررینج، (آسٹریلیا)	8,636	340.0
-7	اینڈاگویا (کولمبیا)	7,137	281.0
-8	ہینڈرسن جھیل (برطانوی کولمبیا۔کینیڈا)	6,502	256.0
-9	کیکوری (پاپوانیوگنی)	5,916	232.9
-10	تاووئے، میانمر (TAVOY)	5,451	214.6

دنیا کے بدترین سیلاب

نمبر شمار	مقام/محل وقوع	تاریخ	اموات
-1	ہوانگ ہو دریا (چین)	اگست 1931ء	37,00,000
-2	ہوانگ ہو دریا (چین)	بہار 1887ء	15,00,000
-3	ہالینڈ	یکم نومبر 1530ء	4,00,000
-4	کائی فانگ (چین)	1642ء	3,00,000
-5	ہینان (چین)	ستمبر۔نومبر 1939ء	2,00,000
-6	بنگال (بھارت)	1876ء	2,00,000
-7	ینگزی دریا (چین)	اگست۔ستمبر 1931	1,40,000
-8	ہالینڈ	1646ء	1,10,000
-9	شمالی ویٹ نام	30 اگست 1971ء	1,00,000
-10	فرائزلینڈ (ہالینڈ)	1228ء	1,00,000
-11	ڈارٹ (ہالینڈ)	16 اپریل 1421ء	1,00,000
-12	گوانگ ژو (چین)	12 جون 1915ء	1,00,000
-13	ینگزی دریا (چین)	ستمبر 1911ء	1,00,000

حیوانیات

پرندوں اور جانوروں کی اوسط عمریں

نام جانور	عمریں	نام جانور	عمریں
الو	8 سال	شیر	70 سال
اونٹ	50 سال	کتا	12 سال
بکری	15 سال	کوا	100 سال

بلبل	18سال	کچھوا	120سال
بیل	15سال	گائے	15سال
بندر	35سال	گھوڑا	16سال
بھیڑ	12سال	مرغی	15سال
چیل	30سال	مور	24سال
چڑیا	40سال	مگرمچھ	400سال
چیونٹی	1سال	وہیل	500سال
خرگوش	8سال	ہاتھی	100سال
راج ہنس	50سال	عقاب	55سال
ریچھ	50سال	چمپنزی	37سال
سانپ	10سال		

جانوروں اور پرندوں کے دوڑنے کی رفتار

نام	میل فی گھنٹہ	نام	میل فی گھنٹہ
اونٹ	10 میل	شیر	50 میل
باز	80 میل	عقاب	125 میل
بارہ سنگھا	50 میل	فری گیٹ برڈ	250 میل
بلی	30 میل	کبوتر (جنگلی)	60 میل
بگلا	35 میل	کتا	40 میل
بھیڑ	20 میل	کنگرو	20 میل
بھیڑیا	30 میل	کوا	30 میل
چیتا	70 میل	گلہری	12 میل
خرگوش	35 میل	گھوڑا	40 میل
رینڈیئر	32 میل	گیدڑ	35 میل
زرافہ	32 میل	گینڈا	35 میل
زیبرا	40 میل	لومڑی	42 میل
سارس	35 میل	مکڑی	1.17 میل
شترمرغ	50 میل	وہیل	10 میل
شہد کی مکھی	5 میل	ہرن	35 میل
ہاتھی	25 میل	ہائینا	40 میل

دنیا کی بارہ بلند ترین عمارات

نمبر شمار	نام عمارت	ملک/شہر	سال تکمیل	منزلیں	بلندی میٹروں میں	بلندی فٹوں میں
-1	تائی پیہہ 101	تائی پیہہ تائیوان	2004ء	101	509	1,670
-2	پیٹرونس ٹاور نمبر1	کوالالمپور (ملائیشیا)	1998ء	88	452	1,483
-3	پیٹرونس ٹاور نمبر2	کوالالمپور (ملائیشیا)	1998ء	88	452	1,483
-4	سیئرز ٹاور	شکاگو (امریکا)	1974ء	110	442	1,430
-5	جن ماؤ بلڈنگ	شنگھائی (چین)	1999ء	88	421	1,380
-6	ٹوانٹر نیشنل فنانس سنٹر	ہانگ کانگ (چین)	2003ء	88	415	1,362
-7	سٹیک پلازہ	گوانگ ژو (چین)	1996ء	80	391	1,283
-8	شن جنگ سکوئر	شینزن (چین)	1996ء	69	384	1,260
-9	ایمپائر سٹیٹ بلڈنگ	نیویارک (امریکا)	1931ء	102	381	1,250
-10	سنٹرل پلازہ	ہانگ کانگ (چین)	1992ء	78	374	1,227

11-	بنک آف چائنا	ہانگ کانگ (چین)	1989ء	72	369	1,209
12-	ایمریٹس ٹاور نمبر1	دبئی (متحدہ عرب امارات)	1999ء	54	355	1,155

دیگر مشہور عمارات گلیاں اور مقامات

آدم کا پل	بھارت اور سری لنکا کے مابین	ڈاؤننگ سٹریٹ	وزیراعظم برطانیہ کی رہائش گاہ
براڈوے سٹریٹ	نیویارک طوالت 25 کلومیٹر	سکاٹ لینڈ یارڈ	ویسٹ منسٹر ایبے میں میٹروپولیٹن پولیس ہیڈکوارٹرز
بکنگھم پیلس	شاہی خاندان کی رہائش گاہ لندن	قطب مینار	دہلی کی شاندار عمارت تعمیر 1799
بگ بین	پارلیمنٹ ہاؤس لندن کا گھنٹہ گھر۔ وزن 13 ٹن	کریملن	ماسکو میں فصیل نما قلعہ۔ 1712ء میں روس کے زار حکمرانوں کی رہائش گاہ رہا۔
پرل ہاربر	جزیرہ ہوائی کی بندرگاہ	کیپ کینا ورل	امریکا کا خلائی مرکز
پینٹاگان	امریکی محکمہ دفاع کے دفاتر کی وجہ سے مشہور	نوٹرے ڈیم	پیرس کا قدیم گرجا گھر
خانہ کعبہ	مکہ مکرمہ حج کا عالمی مرکز	وائٹ ہاؤس	صدر امریکا کی رہائش گاہ
دیوار گریہ	یروشلم میں یہودی مندر کی دیوار	دی مینشن کراچی	بابائے ملت حضرت قائداعظم کی جائے پیدائش

دنیا کی بیس اہم زبانیں اور بولنے والوں کی تعداد (2006ء)

نمبر شمار	زبان بولنے والوں کی تعداد	ملین میں
-1	منڈارن چینی	885
-2	انگریزی	400
-3	ہسپانوی	332
-4	اُردو	236
-5	عربی	200
-6	پرتگیزی	175
-7	بنگالی	215
-8	ہندی	180
-9	روسی	170
-10	جاپانی	125
-11	جرمن	100
-12	ووچینی	91
-13	جیونز	75
-14	کورین	75
-15	پنجابی	73
-16	تیلگو	73
-17	فرانسیسی	72
-18	میراٹھی	65
-19	تامل	65
-20	اطالوی	57

نوٹ: انگریزی دنیا کے 107 ممالک میں سمجھی اور بولی جاتی ہے۔

اہم زبانوں کے خاندان

نمبر شمار		نمبر شمار	
-1	انڈو یوروپین	-2	سائنو تبتین
-3	آسٹرو ایشین	-4	افرو ایشیاٹک
-5	نائیجر کانگو	-6	دراوڑی
-7	جاپانی	-8	آلٹائک
-9	آسٹرو ایشیاٹک	-10	تائی
-11	کوریائی	-12	نیلو صحارن
-13	یورالک	-14	امرینڈین
-15	کاکیشیائی	-16	میاؤ یاؤ
-17	انڈو پیسفک	-18	کھوئی سان

دنیا کی مشہور خبر رساں ایجنسیاں

خبر رساں ایجنسی کا نام	ملک
اے ایف پی	فرانس
اے جی آئی	اٹلی
اناطولیہ	ترکی
اینگاپ	انگولا
اے پی پی	پاکستان
اے پی اے	پاکستان
اے پی آئی	بھارت
ارنا	ایران
انٹرفیکس	روس
باختر	افغانستان
بیلگا	بیلجیئم
برنامہ	ملائیشیا
بی ٹی اے	بلغاریہ
بی ایس ایس	بنگلہ دیش
پاپ یا پیپ	پولینڈ
پیڑا	اردن
پی پی آئی	پاکستان
پی ٹی آئی	بھارت
ٹیپ (TAP)	تیونس
تنجوگ	سربیا
سیٹیکا	چیک جمہوریہ
ڈی پی اے	جرمنی
مونٹاسامے	منگولیا
ایم ٹی آئی	ہنگری
مینا	مصر
میپ	مراکش
رائٹر	برطانیہ
رٹزاؤ	ڈنمارک
ایس پی اے	سعودی عرب
سونا (SUNA)	سوڈان
وی این اے	ویٹ نام
وام	متحدہ عرب امارات
سنہوا	چین
یانہاپ	جنوبی کوریا
زیانا (ZIANA)	زمبابوے
کیوڈو	جاپان
انتارا	انڈونیشیا
ایسوسی ایٹڈ پریس	امریکا
کاکس نیوز سروس	امریکا

گلوبل نیوز ایجنسی	نیدرلینڈز
اتار۔تاس	روس
نیوچائنا نیوز ایجنسی	چین
ریٹا	روس
وافا	فلسطین
سماچار بھارتی	بھارت

دنیا کے چند اہم اخبارات

نام اخبار	ملک
الاحرام	قاہرہ (مصر)
ازویستیا	ماسکو (روس)
ڈان	کراچی (پاکستان)
دی نیوز	لاہور (پاکستان)
ڈیلی ٹیلی گراف	لندن (برطانیہ)
دی نیشن	لاہور (پاکستان)
گارڈین ویکلی	لندن (برطانیہ)
پوسٹ	لاہور (پاکستان)
دی ڈیلی مرر	لندن (برطانیہ)
مانچسٹر گارڈین	مانچسٹر (برطانیہ)
نیو سٹیٹسمین	لندن (برطانیہ)
نیویارک ٹائمز	نیویارک (امریکا)
پراودا	ماسکو (روس)
پیپلز ڈیلی	بیجنگ (چین)
مردیکا	جکارتا (انڈونیشیا)
لی مونڈے	پیرس (فرانس)
ٹائمز آف انڈیا	دہلی (بھارت)
لاس اینجلز ٹائمز	امریکا
دی ڈیلی میل	لندن (برطانیہ)
یو ایس اے ٹوڈے	امریکا
دی سن	لندن (برطانیہ)

دنیا کی بڑی بڑی لائبریریاں

نمبر شمار	نام لائبریری	قیام	کتابوں کی تعداد
-1	لائبریری آف کانگرس (واشنگٹن ڈی سی' امریکا)	1800ء	2,46,16,867
-2	نیشنل لائبریری آف چائنا (بیجنگ' چین)	1909ء	2,20,00,000
-3	لائبریری آف دی رشین اکیڈیمی آف سائنس' سینٹ پیٹرز برگ (روس)	1714ء	2,00,00,000
-4	ڈیوشے ببلیوتھک' فرینکفرٹ (جرمنی)	1990ء	1;65,93,000
-5	نیشنل لائبریری آف کینیڈا (اٹاوہ' کینیڈا)	1953ء	1,60,00,000
-6	برٹش لائبریری لندن (برطانیہ)	1753ء	1,50,00,000
-7	ہارورڈ یونیورسٹی لائبریری' کیمبرج' میساچیوسٹس (امریکا)	1638ء	1,44,37,361
-8	انسٹی ٹیوٹ' فار سائنٹیفک انفارمیشن' ماسکو (روس)	1969ء	1,35,00,000
-9	ورناڈسکی سنٹرل سائنٹیفک لائبریری' کیف (یوکرائن)	1919ء	1,30,00,000
-10	ببلیوتھک نیشنل دافرانس (پیرس)	1400ء	1,10,00,000

دنیا کی بڑی بڑی عوامی لائبریریاں

نمبر شمار	نام لائبریری/محل وقوع	قیام	کتب کی تعداد
-1	شکاگو پبلک لائبریری، شکاگو (امریکا)	1872ء	1,09,94,943
-2	نیویارک پبلک لائبریری	1895ء	1,06,08,570
-3	کوئنز برو پبلک لائبریری، جمیکا، نیویارک (امریکا)	1896ء	1,03,57,150
-4	پبلک لائبریری آف ہملٹن کاؤنٹی (امریکا)	1833ء	99,52,000
-5	کاؤنٹی آف لاس اینجلز پبلک لائبریری، لاس اینجلز (امریکا)	1872ء	82,55,100
-6	شنگھائی پبلک لائبریری، شنگھائی (چین)	1952ء	82,00,000
-7	بوسٹن پبلک لائبریری، بوسٹن (امریکا)	1852ء	77,36,451
-8	بروکلن پبلک لائبریری، بروکلن (امریکا)	1896ء	71,89,998
-9	فری لائبریری آف فلاڈلفیا (امریکا)	1897ء	62,25,098
-10	لاس اینجلز پبلک لائبریری (امریکا)	1872ء	60,23,257
-11	پنجاب پبلک لائبریری (لاہور)	1884ء	4,00,000

دنیا کے مصروف ترین بین الاقوامی ہوائی اڈے

نمبر شمار	نام ہوائی اڈہ/محل وقوع	مسافروں کی نقل وحرکت
-1	لنڈن ہتھیرو، لنڈن (برطانیہ)	5,37,96,000
-2	چارلس ڈیگال، پیرس (فرانس)	4,33,52,000
-3	فرینکفرٹ (جرمنی)	3,99,75,000
-4	سکیفول (SCHIPHOL) ایمسٹرڈیم (نیدرلینڈز)	3,91,67,000
-5	ہانگ کانگ (چین)	3,20,27,000
-6	لنڈن گیٹ وک (Gatwick)	2,81,14,000
-7	سنگاپور انٹرنیشنل (سنگاپور)	2,65,42,000
-8	ناریتا انٹرنیشنل ٹوکیو (جاپان)	2,22,41,000
-9	بنکاک انٹرنیشنل (تھائی لینڈ)	2,13,94,000
-10	کلوٹن، زیورخ (سوئٹزرلینڈ)	1,99,68,000

ریلوے نظام

دنیا کے طویل ترین ریلوے پلیٹ فارم

نمبر شمار	نام	محل وقوع	لمبائی فٹوں میں
-1	دی لوپ (زیرِ زمین)	شکاگو (امریکا)	3,500
-2	کھڑک پور (بھارت)	مغربی بنگال	2,733
-3	شارویک	سویڈن	2,470
-4	سون پور	بہار (بھارت)	2,415
-5	بلاویو	زمبابوے	2,302

-6	نیولکھنؤ	یوپی (بھارت)	2,250
-7	مانچسٹروکٹوریہ ایکسچینج	برطانیہ	2,194
-8	جھانسی	بھارت	2,024
-9	کوٹری	سندھ (پاکستان)	1,896
-10	مانڈلے	بالائی میانمر	1,788
-11	بورن ماؤتھ	برطانیہ	1,748
-12	پرتھ	آسٹریلیا	1,714
-13	ایبرڈین	سکاٹ لینڈ	1,496
-14	نیومیساتو	جاپان	984.3

قدیم ترین ریلوے نظام

نمبر شمار	نام ملک	تاریخ قیام
-1	لندن (برطانیہ)	1863ء
-2	بڈاپسٹ (ہنگری)	1896ء
-3	گلاسکو (برطانیہ)	1896ء
-4	بوسٹن (امریکا)	1897ء
-5	پیرس (فرانس)	1900ء
-6	برلن (جرمنی)	1902ء
-7	نیویارک (امریکا)	1904ء
-8	فلاڈیلفیا (امریکا)	1907ء
-9	ہیمبرگ (جرمنی)	1912ء
-10	بیونس آئرز (آرجنٹینا)	1913ء

طویل ترین زیرزمین ریلوے نظام

نمبر شمار	نام شہر/ملک	قیام	سٹیشن	لمبائی کلو میٹروں میں	لمبائی فٹوں میں
-1	لندن (برطانیہ)	1863ء	267	392	244
-2	نیویارک (امریکا)	1904ء	468	371	231
-3	ماسکو (روس)	1935ء	160	262	163
-4	پیرس (فرانس)	1900ء	297	201	125
-5	میکسیکوسٹی (میکسیکو)	1969ء	154	178	111
-6	ٹوکیو (جاپان)	1927ء	164	178	111
-7	شکاگو (امریکا)	1943ء	140	173	107
-8	کوپن ہیگن (ڈنمارک)	1934ء	80	170	106
-9	برلن (جرمنی)	1902ء	170	144	89
-10	سیول (جنوبی کوریا)	1974ء	114	144	89

دنیا کی طویل ترین سرنگیں ریلوے

نمبر شمار	سرنگ/محل وقوع	سال تکمیل	لمبائی کلومیٹروں میں	لمبائی میلوں میں
-1	سیاکن (جاپان)	1988ء	53.85	33.46
-2	چینل ٹنل، فرانس/برطانیہ	1994ء	50.45	31.35
-3	ماسکو میٹرو (روس)	1979ء	30.70	19.07
-4	لندن زیرزمین (برطانیہ)	1939ء	27.84	17.30
-5	ہکوڈا (جاپان)	زیرتعمیر	26.46	16.44
-6	ایاما (جاپان)	زیرتعمیر	22.50	13.98
-7	ایوائے (جاپان)	زیرتعمیر	25.81	16.04
-8	ڈائی شیمی زد (جاپان)	1982ء	22.22	13.81
-9	سمپلن دوم اٹلی۔سوئٹزرلینڈ	1922ء	19.82	12.31
-10	سمپلن اول اٹلی سوئٹزرلینڈ	1906ء	19.80	12.30

دنیا کی طویل سرنگیں

نمبر شمار	نام سرنگ/ محل وقوع	سال تکمیل	لمبائی میٹروں میں	لمبائی فٹوں میں
-1	لارڈل (ناروے)	2000ء	24,510	80,413
-2	ژونگ نان شان (چین)	2007ء	18,040	59,126
-3	سینٹ گوتھرڈ (سوئٹزرلینڈ)	1980ء	16,918	55,505
-4	آرلبرگ (آسٹریا)	1978ء	13,972	45,850
-5	پنگلن ہائی ویز (تائیوان)	2003ء	12,900	42,323
-6	فرتیجس، فرانس/اٹلی	1980ء	12,895	42,306
-7	ماؤنٹ بلانک، فرانس/اٹلی	1965ء	11,611	38,694
-8	گڈونگا (ناروے)	1991ء	11,428	37,493
-9	فالگی فان (ناروے)	2001ء	11,100	36,417
-10	کین ایٹسو دوم (جاپان)	1990ء	11,010	36,122

دنیا کی طویل ترین غاریں

نمبر شمار	نام غار/محل وقوع	لمبائی کلو میٹروں میں	لمبائی میلوں میں
-1	میمتھ کیو سسٹم، کنٹکی، امریکا	557	346
-2	آپٹی مسٹچ ایسکایا، یوکرائن (OPTIMISTICHESKAYA)	212	131
-3	جیول کیو جنوبی ڈکوٹا (امریکا)	206	128
-4	ہولوک (سوئٹزرلینڈ) (HOLLOCK)	184	114
-5	لیچگو ئیلا کیو، نیو میکسیکو (امریکا)	176	109
-6	ونڈ کیو، جنوبی ڈکوٹا (امریکا)	171	106
-7	فشر رج سسٹم، کنٹکی (امریکا)	169	105
-8	سائبین ہینگیسٹی ہول (سوئٹزرلینڈ)	145	90
-9	اوذرنایا (یوکرائن)	117	73
-10	گوائیر جرنی (ملائیشیا) (GUA AIR JERNIH)	109	68

دنیا کی مشہور ہوائی کمپنیاں

نمبر شمار	نام	نام ملک
-1	آریانہ	افغانستان
-2	امارات	متحدہ عرب امارات
-3	الی طالیہ	اٹلی
-4	ایئروفلوٹ	روس
-5	ایئرفرانس	فرانس
-6	ایئرانڈیا	بھارت
-7	بیمان	بنگلہ دیش
-8	بی اوائے سی	برطانیہ
-9	برٹش ایرویز	برطانیہ
-10	پی آئی اے	پاکستان
-11	سعودیہ	سعودی عرب
-12	سیکنڈے نیوین	ناروے۔سویڈن۔ڈنمارک
-13	سنگاپور انٹرنیشنل	سنگاپور
-14	ایرکینیڈا	کینیڈا
-15	سوئس ایئر	سوئٹزرلینڈ
-16	قطاس	آسٹریلیا
-17	کھائی پیسفک	ہانگ کانگ

018	گارودا	انڈونیشیا
-19	کے ایل ایم	نیدرلینڈز
-20	لفتھانسا	جرمنی
-21	عالیہ رائل جارڈینن	اردن
-22	پان امریکن	امریکا
-23	تھائی ایئرویز	تھائی لینڈ
-24	ٹرانس ورلڈ ایئرویز	امریکا
-25	چائنا ایئرلائنز	چین
-26	ڈیلٹا ایئرلائن	امریکا
-27	جال	جاپان
-28	نیپال ایئر	نیپال
-29	سبینہ	بیلجیئم
-30	شاہین انٹرنیشنل	پاکستان
-31	یونائیٹڈ ایئرلائنز	امریکا
-32	نارتھ ویسٹ ایئرلائنز	امریکا

سیاحت سے سب سے زیادہ آمدنی حاصل کرنے والے ممالک

نمبر شمار	نام ملک	آمدنی (ڈالروں میں)
-1	امریکا	72,30,00,00,000
-2	سپین	32,90,00,00,000
-3	فرانس	29,60,00,00,000
-4	اٹلی	25,90,00,00,000
-5	چین	17,80,00,00,000
-6	جرمنی	17,20,00,00,000
-7	برطانیہ	15,90,00,00,000
-8	آسٹریا	12,00,00,00,000
-9	کینیڈا	10,70,00,00,000
-10	یونان	9,20,00,00,000

سیاحوں کی سب سے بڑی تعداد کے حامل ممالک

نمبر شمار	نام ملک	سیاحوں کی تعداد
-1	فرانس	7,65,00,000
-2	سپین	4,95,00,000
-3	امریکا	4,55,00,000
-4	اٹلی	3,90,00,000
-5	چین	3,32,00,000
-6	برطانیہ	2,34,00,000
-7	روس	2,12,00,000
-8	میکسیکو	2,12,00,000
-9	کینیڈا	1,97,00,000
-10	آسٹریا	1,82,00,000

دنیا کے مشہور شہر

محل وقوع:

آکسفورڈ: انگلستان کا قصبہ' آکسفورڈ یونیورسٹی (قیام 1585ء) کے لیے مشہور۔

آگرہ: اتر پردیش کا شہر (بنیاد 1566ء) تاج محل (54-1632ء) کے لیے مشہور۔

اجین: ہندوؤں کے سات مقدس مقامات میں سے ایک مشہور تیرتھ' پرانی رصدگاہ (1730ء)۔

اسلام آباد: پاکستان کا دارالحکومت اور جدید ترین شہر۔ 1961ء میں آباد کیا گیا۔ اسے پاکستان کا برازیلیا بھی کہتے ہیں۔ علم و ادب اور افواج پاکستان کا اہم مرکز۔

اسوان: مصر کا شہر۔ اسوان ڈیم (1902ء۔1898ء) کے لئے مشہور۔

امرتسر: بھارتی پنجاب کا ایک شہر۔ 1577ء میں آباد ہوا۔ سکھوں کا مقدس مقام گولڈن ٹیمپل بھی یہیں ہے۔ اسے بھارتی فوج نے 1984ء میں شدید نقصان پہنچایا۔

ایتھنز: یونان کا دارالحکومت۔ اولمپکس کھیلوں کی ابتدا یہیں سے ہوئی۔

بغداد: عراق کا دارالحکومت۔ 762ء میں بنیاد پڑی۔ 1991ء اور 2003ء کی امریکی بمباری سے اسے شدید نقصان پہنچا۔

برلن: متحدہ جرمنی کا صدر مقام۔ صنعتی اور تجارتی مرکز۔

بیجنگ: چین کا دارالحکومت' شاہی محلات کے لیے مشہور۔ سابقہ نام پیکنگ تھا۔

پشاور: پاکستان کے صوبہ سرحد کا صدر مقام' فوجی چھاؤنی۔ درہ خیبر کے سرے پر واقع۔ پھلوں کی بڑی منڈی ہے۔

پیرس: فرانس کا دارالحکومت۔ دنیا کے خوبصورت شہروں میں سے ایک۔ ایفل ٹاور کے لیے مشہور ہے۔

تہران: ایران کا دارالحکومت۔ شاہیار ٹاور کے لئے مشہور۔

ٹوکیو: جاپان کا دارالحکومت۔ بندرگاہ شاہی محل۔ میجی خانقاہ اور ڈزنی لینڈ کے لیے مشہور۔

چاغی: پاکستان کے صوبہ بلوچستان میں واقع ضلع' اس کے ایک مقام راسکوہ میں پاکستان نے 28 مئی 1998ء کو ایٹمی دھماکہ کیا۔

دمشق: شام کا دارالحکومت' دنیا کا مسلسل آباد رہنے والا قدیم ترین شہر۔ گریٹ ماسک کے لیے مشہور۔

دہلی: بھارت کا صدر مقام۔ مغلیہ عمارات جامع مسجد اور لال قلعہ کے لیے مشہور۔ صنعتی اور تجارتی مرکز۔

ڈھاکا: بنگلہ دیش کا دارالحکومت۔ پٹ سن کی پیداوار کے لیے مشہور' مسجدوں کا شہر بھی کہلاتا ہے۔

ڈیرہ دون: بھارت کے صوبہ اتر پردیش میں واقع ایک مقام' ملٹری اکیڈمی کی وجہ سے دنیا بھر میں مشہور۔

راولپنڈی: پاکستان کا مشہور شہر اور فوجی چھاؤنی۔ پاکستان آرمی کا ہیڈ کوارٹر۔ یہاں متعدد یونیورسٹیاں ہیں۔ ایوب نیشنل پارک کے لیے مشہور۔

روم: اٹلی کا صدر مقام اور قدیم تاریخی شہر۔ سات پہاڑیوں پر تعمیر ہوا۔ قدیم رومی تہذیب کے آثار یہاں پائے جاتے ہیں۔

سان فرانسسکو: امریکا کی ریاست کیلیفورنیا کا بڑا شہر' گولڈن گیٹ برج کی وجہ سے مشہور تجارتی اور ثقافتی مرکز بھی ہے۔

سڈنی: نیو ساؤتھ ویلز (آسٹریلیا) کی بندرگاہ اور ریاستی صدر مقام' تجارتی' ثقافتی اور مالی مرکز۔ سڈنی پل کی وجہ سے مشہور۔

سینڈ ہرسٹ: انگلستان میں ایک چھوٹا سا شہر رائل ملٹری اکیڈمی کے لیے دنیا بھر میں مشہور ہے۔

شکاگو: ریاست مشی گن میں واقع امریکا کا تیسرا بڑا شہر' دنیا بھر میں غلے اور گوشت کی سب سے بڑی منڈی اور صنعتی' تجارتی اور مالی مرکز۔

شملہ: ہماچل پردیش کا صدر مقام اور بھارت کا صحت افزا مقام۔ 1972ء میں پاکستان اور بھارت میں امن معاہدہ طے پایا۔

شنگھائی: چین کا مشہور شہر اور بندرگاہ' یہاں متعدد تاریخی عمارات ہیں جن میں شنگھائی کا عجائب گھر' بدھ کا مندر اور میموریل ہال شامل ہیں۔

عرفات: سعودی عرب کا مشہور میدان جو مکہ معظمہ سے نو میل کی دوری پر واقع۔ حج کے دنوں میں اس شہر کی رونقیں لوٹ آتی ہیں۔

علی گڑھ: بھارت کا مشہور شہر۔ علی گڑھ یونیورسٹی کی وجہ سے برصغیر پاک و ہند میں مشہور۔

غزنی: افغانستان کا مشہور شہر۔ سلطان محمود غزنوی (998ء۔1030ء) کے عہد میں اپنے عروج پر تھا۔

فرینکفرٹ: جرمنی کا مشہور شہر صنعتی اور تجارتی بندرگاہ' نامور شاعر گوئٹے کی جنم بھومی۔ پرانے قلعے اور محلات کے لیے مشہور۔

فیصل آباد: پاکستان کا تیسرا بڑا شہر' پرانا نام لائل پور تھا۔ کپڑے کی ملوں کی وجہ سے پاکستان کا مانچسٹر کہلاتا ہے۔

قاہرہ: مصر کا دارالحکومت اور افریقہ کا سب سے بڑا شہر' تاریخی عمارات کی وجہ سے مشہور۔ مسجد الحکیم' جامع الازہر اور فرعونوں کے مقبرہ کے لیے مشہور۔

قندھار: افغانستان کا دوسرا بڑا شہر' پھلوں کی منڈی۔ حضور ﷺ کے چغہ مبارک کی زیارت گاہ کے لیے مشہور۔

کابل: افغانستان کا مشہور شہر اور دارالحکومت' خشک میووں' ریشمی کپڑے اور فرنیچر کا بڑا مرکز مغل حکمرانوں کا صدر مقام رہا۔ (1504ء۔ 1738ء)

کاکول: ایبٹ آباد سے 5 میل کے فاصلے پر واقع پاکستان ملٹری اکیڈمی (قیام 1948ء) کے لیے مشہور۔

کراچی: پاکستان کا سب سے بڑا بندرگاہی شہر اور سابق دارالحکومت۔ تجارتی' صنعتی' تعلیمی' ثقافتی مرکز۔ بابائے قائد حضرت قائداعظمؒ کے مزار کے لیے مشہور۔ یہاں ایک بین الاقوامی ہوائی اڈہ بھی ہے۔

کربلائے معلیٰ: عراق کا مقدس شہر۔ یہیں یزیدی فوج نے حضرت امام حسینؓ اور ان کے ساتھیوں کو شہید کیا۔ دینی علوم کا بڑا مرکز ہے۔

کول کتہ: بھارت کا تیسرا بڑا اور مشہور بندرگاہی شہر۔ تجارتی' تعلیمی' ثقافتی' صنعتی مرکز۔ پرانا نام کلکتہ تھا۔ (20 جولائی 1999ء تک) پٹ سن اور چائے کی تجارت کے لیے مشہور۔

کوئٹہ: پاکستان کے صوبہ بلوچستان کا صدر مقام' اہم فوجی چھاؤنی۔ ہنہ جھیل اور سٹاف کالج کی وجہ سے مشہور' 1935ء کے زلزلے نے اس کی بڑی تباہی مچائی۔ پھلوں کی بڑی منڈی۔

کیمبرج: انگلستان کا مشہور شہر۔ 13ویں صدی کی ایک قدیم یونیورسٹی کے لیے مشہور۔

گوادر: صوبہ بلوچستان (پاکستان) میں واقع دنیا کی جدید ترین بندرگاہ کے لیے مشہور' نئی عمارتیں قابل دید ہیں۔

لاہور: پاکستان کا دوسرا بڑا شہر اور صوبہ پنجاب کا دارالحکومت۔ تعلیمی' تجارتی' ثقافتی اور صنعتی مرکز۔ بادشاہی مسجد' شاہی قلعہ' مزار اقبال' شالیمار باغ اور دیگر عمارتوں کے لیے مشہور۔ 1940ء میں قرارداد پاکستان یہیں منظور ہوئی۔

لکھنؤ: بھارتی صوبہ اتر پردیش کا صدر مقام۔ 1916ء میں مسلم لیگ اور کانگریس کے مابین معاہدہ لکھنؤ یہیں طے پایا۔

لندن: برطانیہ کا دارالحکومت' دنیا کے بڑے شہروں میں سے ایک تجارتی' مالیاتی' تعلیمی اور ثقافتی مرکز۔ برٹش میوزیم کے لیے دنیا بھر میں مشہور۔

لیور پول: برطانیہ کا بندرگاہی شہر۔ جہاز سازی اور کپڑے کے کارخانوں کے لیے مشہور۔

ماسکو: روس کا دارالحکومت۔ تاریخی عمارتوں' کریملن پیلس' لینن کے مقبرے' ریڈ سکوائر اور یونیورسٹی کے لیے مشہور۔

مانچسٹر: شمال مغربی انگلستان کا مشہور شہر' کپڑے کے کارخانوں کے لیے دنیا بھر میں مشہور۔

مدینہ منورہ: سعودی عرب کا مشہور شہر۔ حضور ﷺ کے روضہ مبارک اور مسجد نبویؐ کے لیے دنیا بھر کے مسلمانوں کے لیے انتہائی مقدس مقام۔ اہم مواصلاتی' تجارتی اور کھجور کی پیداوار کا مرکز' یہاں غیر مسلموں کا داخلہ بند ہے۔

مکہ معظمہ: سعودی عرب میں واقع دنیا کا مقدس ترین شہر' حضور ﷺ کی جائے پیدائش اور کعبۃ اللہ کے لیے دنیا بھر میں مشہور۔ حج کے دنوں میں لاکھوں کا اجتماع ہوتا ہے۔

ملتان: پاکستان کے صوبہ پنجاب کا مشہور شہر۔ تعلیمی' صنعتی' تجارتی اور زرعی مرکز۔ مدینۃ الاولیاء کے طور پر دنیا بھر میں مشہور۔

ممبئی: بھارت میں واقع ایک بڑا شہر۔ صنعت و حرفت' تجارت اور تعلیم کا مرکز۔ پرانا نام بمبئی تھا۔

منیلا: فلپین کا دارالحکومت۔ 1571ء میں آباد ہوا۔ جہاز سازی اور فونڈری کی صنعتوں کا مرکز۔

موہنجوداڑو: پاکستان کے آثار قدیم کے مراکز میں سے ایک' پانچ ہزار سال پرانا ہے۔ یہاں عجائب گھر بھی ہے۔

میسور: بھارتی ریاست کرناٹک کا شہر۔ مشہور مسلمان فاتح ٹیپو سلطان کی جنم بھومی۔

ناگاساکی: جاپان کا مشہور شہر ہے۔ 9 اگست 1945ء کو امریکا نے ایٹم بم گرا کر اسے تباہ و برباد کر دیا۔

نیویارک: امریکا کا سب سے بڑا شہر' اور بندرگاہ' فلک بوس عمارتوں کے لیے مشہور' اقوام متحدہ کا صدر دفتر یہیں ہے۔ 11 ستمبر 2001ء کو دہشت گردوں نے دنیا کی بلند ترین عمارت ورلڈ ٹریڈ سنٹر کو تباہ کر دیا۔

واٹرلو: بیلجیئم کا شہر۔ 1815ء میں نپولین کو ولنگٹن کے ہاتھوں یہیں شکست ہوئی۔

واشنگٹن: امریکا کا دارالحکومت۔ لنکن میموریل، لائبریری آف کانگریس، واشنگٹن مانومنٹ، سمتھ یونین انسٹی ٹیوٹ اور وائٹ ہاؤس کے لیے مشہور۔

وینس: شمال مشرقی اٹلی میں بندرگاہی شہر۔ اس شہر کی سڑکیں اور گلیاں پانی کی ہیں۔ اہم بحری اڈہ بھی ہے۔

ہالی وڈ: لاس اینجلز میں واقع دنیا کا سب سے بڑا فلمی مرکز۔

ہانگ کانگ: چین کا مشہور شہر، 1997ء سے قبل برطانیہ کے قبضے میں تھا۔

ہڑپہ: صوبہ پنجاب میں واقع آثار قدیم کا بہت بڑا مرکز، قریبی شہر ساہیوال ہے۔

ہیروشیما: جاپان کا بندرگاہی شہر۔ امریکا نے 6 اگست 1945ء کو دنیا کا پہلا ایٹم بم اس شہر پر گرا کر اسے تباہ و برباد کر دیا۔

ہیگ: جنوبی ہالینڈ کا شہر اور بین الاقوامی عدالت انصاف کا صدر دفتر، ہیگ کنونشن (1907ء) کے لیے مشہور۔

یروشلم: اسرائیل کے قبضے میں دنیا کے تینوں مذاہب اسلام، عیسائیت اور یہودیت کے ماننے والوں کے لیے یکساں مقدس۔

یوکوہاما: جاپان کا دوسرا بڑا شہر، ہونشو کی بندرگاہ۔ اہم تجارتی اور ثقافتی مرکز۔

دنیا کے مقدس شہر (مختلف مذاہب کیلئے)

اسلام: خانہ کعبہ، مدینہ منورہ (سعودی عرب) اور بیت المقدس (فلسطین)

بدھ مت: بدھ گایا (بھارت)

روسی آرتھوڈکس: کیف (یوکرائن)

شنتو مت: فوجی یاما (جاپان)

عیسائیت: یروشلم (فلسطین)

ہندو مت: بنارس یا ورانسی (بھارت)

یہودیت: یروشلم (فلسطین)

سات قدیم عجائبات

دنیا میں پہلے پہل فنون لطیفہ کے سات عجائبات بڑے مشہور تھے، جنہیں قدیم باشندوں نے خوبصورت ترین قرار دیا۔ سیدون کے اینٹی پیٹر نے ان کی یوں درجہ بندی کی۔

نمبر شمار	نام عجائبات	طرز تعمیر	مقام	باقیات
-1	اہرام مصر 4000 ق م میں تعمیر کیے گئے خوفو سب سے بڑا ہے۔ اس کی بلندی 480 فٹ ہے۔	مقبرے	الجیزہ (مصر)	تاحال موجود ہیں
-2	بابل کے معلق باغات پانچ باغات کا ایک معلق گروہ۔ انہیں مربع شکل میں زمین سے 75 تا 300 فٹ بلندی پر تعمیر کیا گیا تھا۔	یادگار	بابل (عراق)	کوئی آثار باقی نہیں
-3	زیکس کا مجسمہ 432 ق م میں یونانی مجسمہ ساز فیدس نے بنایا اور ہاتھی دانت سے مرصع کیا۔ 476ء میں آگ لگنے سے تباہ ہوا۔	مجسمہ	اولمپیا (یونان)	تمام آثار ناپید ہیں۔ تاہم یہاں سے سکے ملے ہیں۔
-4	ڈیانا کا مندر 350 ق م۔ رقبہ 400 مربع فٹ۔	مندر	ایفی سس (یونان) اب (ترکی)	گاتھوں نے 262ء میں تباہ کر دیا تھا۔
-5	موسولس کا مقبرہ 353 ق م میں تعمیر ہوا۔	مقبرہ	باڈروم، ترکی	زلزلے سے تباہ ہو گیا۔

6-	رہوڈز کا مجسمہ 117 فٹ بلند 280 ق م میں تعمیر ہوا۔	مجسمہ	رہوڈز (یونان)	234 ق م میں زلزلے سے تباہ ہوا۔
7-	سکندریہ کا روشنی کا مینار 400 فٹ بلند تھا۔	یادگار	اسکندریہ (مصر)	13 ویں صدی عیسوی کے زلزلے سے تباہ ہوا۔

دیگر عجائبات

نمبر شمار	نام عجائبات	طرز تعمیر	مقام	باقیات
1-	کولوسیم 80ء میں تعمیر ہوا۔ افتتاح روم کے بادشاہ ٹائٹس نے کیا۔	تھیٹر	روم (اٹلی)	موجود ہیں۔
2-	دیوار چین 10 لاکھ افراد نے 25 سال میں تعمیر کی۔ بلندی 18 تا 30 فٹ۔ (لمبائی 1400 میل)	دیوار	درہ شن ہیکو آن تا درہ چیکان (چین)	موجود ہیں۔
3-	پیسا کا مخروطی مینار 170 فٹ بلند۔ 1173-1372 میں تعمیر کیا گیا۔	مینار	پیسا (اٹلی)	موجود ہے
4-	پارتھینون 2000 فٹ کی بلندی پر 438 ق م میں تعمیر ہوا۔	-	ایتھنز ایکروپولس (یونان)	موجود ہیں
5-	سینٹ آیا صوفیہ 532ء سے 537ء تک تعمیر ہوا۔ 1453ء میں مسجد میں تبدیل کر دیا گیا۔	گرجا، پھر مسجد اور اب عجائب گھر	استنبول (ترکی)	موجود ہیں۔
6-	سٹون ہنج 2400 ق م میں تعمیر کیے گئے۔	پلر	سالسبری (انگلستان)	موجود ہیں۔
7-	تاج محل 1633ء تا 1653ء شاہجہاں بادشاہ نے اپنی ملکہ ممتاز محل کی یاد میں تعمیر کرایا۔	یادگار	دریائے جمنا آگرہ (بھارت)	موجود ہیں۔
8-	اموی مسجد اموی خلیفہ کا (ولید اول) کے حکم سے 705ء اور 715ء کے مابین تعمیر کی گئی۔	مسجد	دمشق (شام)	باقی ہیں۔
9-	الحمرا 1248ء تا 1354ء تعمیر کیا گیا۔	محل	غرناطہ (سپین)	باقی ہیں۔
10-	شاہ فیصل مسجد دنیا کی سب سے بڑی مسجد (ایک لاکھ افراد کی گنجائش)۔	مسجد	اسلام آباد (پاکستان)	باقی ہیں۔

مسلح افواج کی تعداد

دنیا کے وہ ممالک جہاں افواج کی تعداد سب سے زیادہ ہے

نمبر شمار	نام ملک	تعداد
-1	چین	16,00,000
-2	بھارت	11,00,000
-3	شمالی کوریا	9,50,000
-4	جنوبی کوریا	5,60,000
-5	پاکستان	5,50,000
-6	امریکا	4,77,800
-7	ویٹ نام	4,12,000
-8	ترکی	4,02,000
-9	عراق	3,75,000
-10	روس	3,21,000

دفاع پر سب سے زیادہ خرچ کرنے والے ممالک (ڈالروں میں)

-1	امریکا	2,91,10,00,00,000
-2	روس	44,00,00,00,000
-3	جاپان	40,40,00,00,000
-4	برطانیہ	34,00,00,00,000
-5	سعودی عرب	27,20,00,00,000
-6	فرانس	25,30,00,00,000
-7	جرمنی	21,00,00,00,000
-8	چین	17,00,00,00,000
-9	بھارت	15,60,00,00,000
-10	اٹلی	15,50,00,00,000

ممالک جہاں فوج میں شہریوں کا تناسب سب سے زیادہ ہے

نمبر شمار	نام ملک	10,000 کی آبادی میں سے
-1	شمالی کوریا	441
-2	اسرائیل	258
-3	متحدہ عرب امارات	253
-4	قطر	202
-5	شام	195
-6	عراق	190
-7	بحرین	176
-8	تائیوان	167
-9	عمان	162
-10	اردن	146

سب سے زیادہ ایٹمی بجلی پیدا کرنے والے ممالک

نمبر شمار	نام ملک	پیداوار میگاواٹ میں
-1	امریکا	97,145
-2	فرانس	63,103
-3	جاپان	43,691
-4	جرمنی	22,262
-5	روس	19,843
-6	یوکرائن	13,765

-7	جنوبی کوریا	12,990
-8	برطانیہ	12,968
-9	کینیڈا	9,996
-10	سویڈن	9,432
-11	سپین	7,470
-12	بلجیئم	5,712

دنیا کی معلوم ایٹمی قوتیں

نمبر شمار	نام ملک	ایٹمی دھماکہ کرنے کی تاریخ
-1	امریکا	16 جولائی 1945ء
-2	روس	29 اگست 1949ء
-3	برطانیہ	3 اکتوبر 1952ء
-4	فرانس	12 فروری 1960ء
-5	چین	16 اکتوبر 1964ء
-6	بھارت	18 مئی 1974ء، 11 اور 13 مئی 1998ء
-7	پاکستان	28-30 مئی 1998ء
-8	شمالی کوریا	9 اکتوبر 2006ء

ایٹمی ہتھیار بنانے کی صلاحیت رکھنے کے حامل ممالک

1- اسرائیل 2- ایران
3- بیلاروس 4- یوکرائن

ممکنہ ایٹمی ہتھیاروں کی تعداد

نمبر شمار	نام ملک	وار ہیڈ فعال
-1	امریکا	5,735 تا 9,960
-2	روس	5,830 تا 16,000
-3	برطانیہ	200
-4	فرانس	350
-5	چین	130
-6	بھارت	75 تا 115
-7	پاکستان	69 تا 90
-8	شمالی کوریا	1 تا 10

ایٹمی دھماکوں کی تعداد

نمبر شمار	نام ملک	ایٹمی دھماکے
-1	امریکا	1030
-2	روس	715
-3	فرانس	209
-4	برطانیہ	45
-5	چین	45
-6	بھارت	6
-7	پاکستان	6
-8	شمالی کوریا	1

تخفیف اسلحہ کے معاہدے

-1	جزوی تجربات پر پابندی کا معاہدہ	مابین امریکا، برطانیہ اور سوویت یونین	اکتوبر 1963ء
-2	ہتھیاروں کے عدم پھیلاؤ کا معاہدہ	—	مارچ 1970ء
-3	سالٹ دوم معاہدہ	مابین امریکا اور سوویت یونین (ویانا)	جون 1979ء
-4	ایٹمی ہتھیاروں کی تخفیف کا معاہدہ	مابین امریکا اور روس (سٹارٹ اول معاہدہ)	جولائی 1991ء

5-	شارٹ دوم	امریکا اور روس کے دو تہائی ہتھیاروں کے تلف کرنے کا معاہدہ	جنوری 1993ء

بین الاقوامی تنظیمیں

اقوام متحدہ: اس کا نام امریکا کے صدر فرینکلن ڈی روز ویلٹ نے رکھا اور پہلے پہل یکم جنوری 1942ء کو استعمال کیا گیا۔

قیام: 24 اکتوبر 1945ء۔ 51 ممالک کے دستخطوں کے ساتھ۔

منشور او قیانوس: 14 اگست 1941ء

تہران کانفرنس: اکتوبر 1943ء

دی ڈمبارٹن اوکس کانفرنس: واشنگٹن میں 21 اگست تا 7 اکتوبر 1944ء

یالٹا کانفرنس: 11 فروری 1945ء

سان فرانسسکو کانفرنس: 25 اپریل تا 26 جون 1945ء

منشور کی توثیق: 24 اکتوبر 1945ء

اقوام متحدہ کا دن: 24 اکتوبر

اقوام متحدہ کا پہلا اجلاس: لندن ___ 10 جنوری 1945ء

مقاصد اور اصول:

1- بین الاقوامی امن وسلامتی قائم کرنا۔
2- قوموں کے مابین دوستانہ تعلقات کو فروغ دینا۔
3- بین الاقوامی اقتصادی ومعاشرتی تعاون۔
4- تخفیف اسلحہ اور نوآبادیات کا خاتمہ کرنا۔

رکن ممالک: 192 (مئی 2007ء)

سرکاری زبانیں: انگریزی، چینی، روسی، عربی، فرانسیسی اور ہسپانوی۔

صدر دفتر: نیویارک (امریکا)

پرچم: ہلکا نیلا۔ وسط میں عالمی نقشہ اور اس کے اردگرد زیتون کی شاخیں۔

بڑے اور اہم ادارے

1- جنرل اسمبلی:

یہ تمام ممبر ملکوں پر مشتمل ہے اور ہر ملک اس کا رکن بن سکتا ہے بشرطیکہ اس کے منشور پر سختی سے عملدرآمد کرتا ہو۔

2- سلامتی کونسل:

ارکان کی تعداد پندرہ۔ مستقل 5:

(1) امریکا (2) برطانیہ (3) چین (4) روس (5) فرانس۔ یہ سب ویٹو کا حق رکھتے ہیں۔ بقیہ دس کا انتخاب کیا جاتا ہے۔

3- اقتصادی وسماجی کونسل:

اس کا کام اقوام متحدہ اور اس کی خصوصی ایجنسیوں کے ساتھ اقتصادی اور سماجی کاموں میں رابطہ قائم کرنا ہے۔ ارکان کی تعداد 54 ہے۔

4- تولیتی کونسل:

اس کا کام عالمی تولیتی نظام کی تحویل میں دیئے گئے وقف علاقوں کے نظم ونسق کی نگرانی کرنا ہے۔

5- بین الاقوامی عدالت انصاف:

اس کا صدر دفتر ہیگ میں ہے اس کا کام رکن ممالک کے مابین تنازعات کا فیصلہ کرنا ہوتا ہے۔

6- جنگی جرائم کی بین الاقوامی عدالت:

قیام 18 جولائی 1998ء۔ یہ نسل کشی جیسے الزامات اور جنگی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے ملزموں کے مقدمات کو نمٹاتی ہے۔

7- سیکرٹریٹ:

اقوام متحدہ کے دیگر اداروں کا انتظام چلانا۔ اس کا سربراہ سیکرٹری جنرل ہوتا ہے۔

8- انسانی حقوق کی کونسل:

قیام 15 مارچ 2006ء ارکان 47۔

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل

-1	ٹریگوے لی (ناروے)	یکم فروری 1946ء تا 10 نومبر 1952ء
-2	ڈاگ ہیمر شولڈ (سویڈن)	11 اپریل 1953 تا 17 ستمبر 1961ء
-3	یوتھانٹ (میانمر)	3 نومبر 1961ء تا 31 دسمبر 1971ء
-4	کرٹ والڈ ہائیم (آسٹریا)	یکم جنوری 1972ء تا 31 دسمبر 1981ء
-5	پیریز ڈی کویار (پیرو)	یکم جنوری 1982ء تا 31 دسمبر 1991ء
-6	بطروس غالی (مصر)	یکم جنوری 1992ء تا 31 دسمبر 1996ء
-7	کوفی عنان (گھانا)	یکم جنوری 1997ء تا 31 دسمبر 2006ء
-8	بان کی مون (جنوبی کوریا)	یکم جنوری 2007ء تاحال

اقوام متحدہ کے رکن ممالک

اس وقت اقوام متحدہ کے رکن ممالک کی تعداد 192 ہے۔ ان کے نام اور تواریخ ہائے رکنیت درج ذیل ہیں:

نمبر شمار	نام ملک	تاریخ رکنیت
-1	آذربائیجان	2 مارچ 1992ء
-2	آرمینیا	2 مارچ 1992ء
-3	آسٹریا	14 دسمبر 1955ء
-4	آسٹریلیا	یکم نومبر 1945ء
-5	آئرلینڈ	14 دسمبر 1955ء
-6	آئس لینڈ	19 نومبر 1946ء
-7	اٹلی	14 دسمبر 1955ء
-8	آرجنٹینا	24 اکتوبر 1945ء
-9	اردن	14 دسمبر 1955ء
-10	اری ٹیریا	28 مئی 1993ء
-11	ازبکستان	2 مارچ 1992ء
-12	استوائی گنی	12 نومبر 1968ء
-13	اسرائیل	11 مئی 1949ء
-14	افغانستان	19 نومبر 1946ء
-15	البانیہ	14 دسمبر 1955ء
-16	الجزائر	8 اکتوبر 1962ء
-17	امریکا	24 اکتوبر 1945ء
-18	انٹی گوا باربوڈا	11 نومبر 1981ء
-19	انڈونیشیا	28 ستمبر 1950ء
-20	انگولا	یکم دسمبر 1976ء
-21	ایتھوپیا	13 نومبر 1945ء
-22	ایسٹونیا	17 ستمبر 1991ء
-23	ایران	24 اکتوبر 1945ء
-24	ایکواڈور	21 دسمبر 1945ء
-25	ایل سلواڈور	24 اکتوبر 1945ء
-26	انڈورا	28 جولائی 1993ء
-27	باربا ڈوس	9 دسمبر 1966ء
-28	بحرین	21 ستمبر 1971ء
-29	برازیل	24 اکتوبر 1945ء
-30	برطانیہ	24 اکتوبر 1945ء
-31	برکینا فاسو	20 ستمبر 1960ء
-32	برونڈی	18 ستمبر 1962ء

-33	برونائی دارالسلام	21 ستمبر 1984ء
-34	بیلجیئم	27 دسمبر 1945ء
-35	بلغاریہ	14 دسمبر 1955ء
-36	بنگلہ دیش	17 ستمبر 1974ء
-37	بوٹسوانا	17 اکتوبر 1966ء
-38	بوسنیا ہرزیگووینا	22 مئی 1992ء
-39	بولیویا	14 نومبر 1945ء
-40	بھارت	30 اکتوبر 1945ء
-41	بہاماس	18 ستمبر 1973ء
-42	بھوٹان	21 ستمبر 1971ء
-43	بیلاروس	24 اکتوبر 1945ء
-44	بیلیز	25 ستمبر 1981ء
-45	بینن	20 ستمبر 1960ء
-46	پاپوانیوگنی	10 اکتوبر 1975ء
-47	پاکستان	30 ستمبر 1947ء
-48	پانامہ	13 دسمبر 1945ء
-49	پرتگال	14 دسمبر 1955ء
-50	پولینڈ	24 اکتوبر 1945ء
-51	پیراگوئے	24 اکتوبر 1945ء
-52	پیرو	31 اکتوبر 1945ء
-53	پیلاؤ	16 دسمبر 1994ء
-54	تاجکستان	2 مارچ 1992ء
-55	ترکمانستان	2 مارچ 1992ء
-56	ترکی	24 اکتوبر 1945ء
-57	تنزانیہ	14 دسمبر 1961ء
-58	تھائی لینڈ	16 دسمبر 1946ء
-59	تیونس	12 نومبر 1956ء
-60	ٹرینیڈاڈ اینڈ ٹوباگو	18 ستمبر 1962ء
-61	ٹوالو	5 ستمبر 2000ء
-62	ٹوگو	20 ستمبر 1960ء
-63	ٹونگا	14 ستمبر 1999ء
-64	جاپان	18 دسمبر 1956ء
-65	جارجیا	31 جولائی 1962ء
-66	جبوتی	20 ستمبر 1977ء
-67	جرمنی (متحدہ)	18 ستمبر 1973ء
-68	جمیکا	18 ستمبر 1962ء
-69	جنوبی افریقہ	7 نومبر 1945ء
-70	چاڈ	20 ستمبر 1960ء
-71	چلی	24 اکتوبر 1945ء
-72	چیک جمہوریہ	19 جنوری 1993ء
-73	چین	24 اکتوبر 1945ء
-74	ڈنمارک	24 اکتوبر 1945ء
-75	ڈومینکا	18 دسمبر 1978ء
-76	ڈومینکن جمہوریہ	24 اکتوبر 1945ء
-77	روانڈا	18 ستمبر 1962ء
-78	روسی فیڈریشن	24 اکتوبر 1945ء
-79	رومانیہ	14 دسمبر 1955ء
-80	زمبابوے	25 اگست 1980ء
-81	زیمبیا	یکم دسمبر 1964ء
-82	ساموا	15 دسمبر 1976ء
-83	سان مرینو	2 مارچ 1992ء
-84	ساؤتومے پرنسپے	16 ستمبر 1975ء
-85	سپین	14 دسمبر 1955ء
-86	سربیا	24 اکتوبر 1945ء

-87	سری لنکا	14دسمبر1955ء
-88	سری نام	4دسمبر 1975ء
-89	سعودی عرب	24اکتوبر1945ء
-90	سلووا کیا	19جنوری1993ء
-91	سلووینیا	22مئی1992ء
-92	سلیمان جزائر	19ستمبر1978ء
-93	سنگاپور	21ستمبر1965ء
-94	سوازی لینڈ	24ستمبر1968ء
-95	سوڈان	12نومبر1956ء
-96	سوئٹزرلینڈ	11ستمبر2002ء
-97	سویڈن	19نومبر1946ء
-98	سیرالیون	27ستمبر1961ء
-99	سیشلز	21ستمبر1976ء
-100	سینٹ کرسٹوفرنیوس	23ستمبر1983ء
-101	سینٹ لوشا	18ستمبر1979ء
-102	سینٹ وسنٹ اینڈ گرینا ڈینز	16ستمبر1980ء
-103	سینی گال	28ستمبر1960ء
-104	شام عرب جمہوریہ	24دسمبر1945ء
-105	صومالیہ	20ستمبر1960ء
-106	عراق	21دسمبر1945ء
-107	عمان	17اکتوبر1971ء
-108	فجی	13اکتوبر1970ء
-109	فرانس	24اکتوبر1945ء
-110	فلپین یا فلپائن	24اکتوبر1945ء
-111	فن لینڈ	14دسمبر1955ء
-112	قازقستان	2مارچ1992ء
-113	قبرص	20ستمبر1960ء
-114	قطر	21ستمبر1971ء
-115	کانگو جمہوریہ	20ستمبر1960ء
-116	کانگو عوامی جمہوریہ	20ستمبر1960ء
-117	کرغزستان	2مارچ1992ء
-118	کروشیا	22مئی1992ء
-119	کمبوڈیا	14دسمبر1955ء
-120	کوٹے ڈی آئیوری	20ستمبر1960ء
-121	کوریا جمہوریہ	17ستمبر1991ء
-122	کوریا عوامی جمہوریہ	17ستمبر1991ء
-123	کوسٹاریکا	2نومبر1945ء
-124	کولمبیا	5نومبر1945ء
-125	کوموروجزائر	12نومبر1975ء
-126	کویت	14مئی1963ء
-127	کیپ ورڈے	16ستمبر1975ء
-128	کیری بتی	14ستمبر1999ء
-129	کیمرون	20ستمبر1960ء
-130	کینیا	16دسمبر1963ء
-131	کینیڈا	9نومبر1945ء
-132	کیوبا	24اکتوبر1945ء
-133	گرینیڈا	17ستمبر1974ء
-134	گنی	12دسمبر1958ء
-135	گنی بساؤ	17ستمبر1974ء
-136	گوئٹے مالا	21نومبر1945ء
-137	گھانا	8مارچ1957ء
-138	گی آنا	20ستمبر1966ء
-139	گیبون	20ستمبر1960ء
-140	گیمبیا	21ستمبر1965ء

-141	لاؤس عوامی جمہوریہ	14 دسمبر 1955ء
-142	لائبیریا	2 نومبر 1945ء
-143	لبنان	24 اکتوبر 1945ء
-144	لتھوانیا	17 ستمبر 1991ء
-145	لکسمبرگ	24 اکتوبر 1945ء
-146	لیبیا	14 دسمبر 1955ء
-147	لیٹویا	17 ستمبر 1991ء
-148	لیسوتھو	17 اکتوبر 1966ء
-149	لیکٹنسٹن	18 ستمبر 1990ء
-150	مارشل آئی لینڈ	17 ستمبر 1991ء
-151	ماریشس	24 اپریل 1968ء
-152	ماریطانیہ	27 اکتوبر 1961ء
-153	مالٹا	یکم دسمبر 1964ء
-154	مالدیپ	21 ستمبر 1965ء
-155	مالی	28 ستمبر 1960ء
-156	مائیکرونیشیا	17 ستمبر 1991ء
-157	متحدہ عرب امارات	9 دسمبر 1971ء
-158	مڈغاسکر	20 ستمبر 1960ء
-159	مراکش	12 نومبر 1956ء
-160	مشرقی تیمور	11 ستمبر 2002ء
-161	مصر	24 اکتوبر 1945ء
-162	مقدونیہ	8 اپریل 1993ء
-163	ملاوی	یکم دسمبر 1964ء
-164	ملائیشیا	17 ستمبر 1957ء
-165	مناکو	28 مئی 1993ء
-166	منگولیا	27 اکتوبر 1961ء
-167	موزمبیق	16 ستمبر 1975ء
-168	مولدووآ	2 مارچ 1992ء
-169	مونٹی نیگرو	28 جون 2006ء
-170	میانمر (برما)	19 اپریل 1948ء
-171	میکسیکو	7 نومبر 1945ء
-172	ناروے	27 نومبر 1945ء
-173	ناؤرو	14 ستمبر 1999ء
-174	نائیجریا نجر	20 ستمبر 1960ء
-175	نائیجریا	7 اکتوبر 1960ء
-176	نکاراگوا	24 اکتوبر 1945ء
-177	نیپال	14 دسمبر 1955ء
-178	نیدرلینڈز	10 دسمبر 1945ء
-179	نیمیبیا	23 اپریل 1990ء
-180	نیوزی لینڈ	26 اکتوبر 1945ء
-181	وسطی افریقہ	20 ستمبر 1960ء
-182	ویت نام	20 ستمبر 1977ء
-183	وینوآتو	15 ستمبر 1981ء
-184	وینزویلا	15 نومبر 1945ء
-185	ہانڈورس	17 دسمبر 1945ء
-186	ہنگری	14 دسمبر 1955ء
-187	ہیٹی	24 اکتوبر 1945ء
-188	یمن (متحدہ)	30 ستمبر 1947ء
-189	یوروگوئے	18 دسمبر 1945ء
-190	یوکرائن	24 اکتوبر 1945ء
-191	یوگنڈا	25 اکتوبر 1962ء
-192	یونان	25 اکتوبر 1945ء

اقوام متحدہ کے خصوصی ادارے

	نام ادارہ	قیام	صدر دفتر
-1	ادارہ خوراک وزراعت	16 اکتوبر 1945ء	روم (اٹلی)
-2	تعلیم وسائنس اور ثقافت (یونیسکو)	4 نومبر 1946ء	پیرس/فرانس
-3	عالمی ادارہ صحت	17 اپریل 1948ء	جنیوا (سوئٹزرلینڈ)
-4	عالمی بنک	27 دسمبر 1945ء	واشنگٹن (امریکا)
-5	بین الاقوامی مالیاتی فنڈ	27 ستمبر 1945ء	واشنگٹن
-6	شہری ہوابازی کا بین الاقوامی ادارہ	14 اپریل 1947ء	کیوبک (کینیڈا)
-7	ڈاک کی عالمی یونین	9 اکتوبر 1874ء	برن (سوئٹزرلینڈ)
-8	بین الاقوامی مواصلاتی یونین	1865ء	جنیوا (سوئٹزرلینڈ)
-9	عالمی موسمیاتی ادارہ	23 مارچ 1950ء	جنیوا (سوئٹزرلینڈ)
-10	بین الاقوامی بحری مشاورتی تنظیم	17 مارچ 1958ء	لندن (برطانیہ)
-11	ذہنی املاک کا عالمی ادارہ	1967ء	جنیوا (سوئٹزرلینڈ)
-12	صنعتی ترقیاتی ادارہ	17 نومبر 1966ء	ویانا (آسٹریا)
-13	بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی	29 جولائی 1957ء	ویانا (آسٹریا)
-14	عالمی ادارہ تجارت	1964ء تجدید 1995ء	—
-15	کثیر المقاصد سرمایہ کاری کے تحفظ کا ادارہ	1988ء	واشنگٹن ڈی سی
-16	ہیومن رائٹس کونسل	24 فروری 2006ء	—

اقوام متحدہ کے غیر رکن ممالک

نمبر شمار	نام ملک	براعظم	دارالحکومت
-1	بوپوٹسوانا	افریقہ	میاتو
-2	تائیوان	ایشیا	تائی پہہ
-3	ترک جمہوریہ شمالی قبرص	ایشیا/یورپ	نکوسیا
-4	ٹرانسکی	افریقہ	امتاتا
-5	وینڈا	افریقہ	تھوہوباندو
-6	ویٹی کن	یورپ	ویٹی کن

دنیا کے ممالک

براعظم ایشیاء

آذربائیجان (Azerbaijan)

جمہوریہ، جنوب مغربی ایشیا کا ایک ملک

محل وقوع: اس کے شمال میں جارجیا اور روس، جنوب میں ایران اور ترکی، مغرب میں آرمینیا اور مشرق میں بحیرہ کیسپین (Caspian Sea) واقع ہیں۔ اس میں خودمختار جمہوریہ نخیچوان (Nakhiche Van) اور آرمینیا کا علاقہ نگورنوقراباغ (Nagorno Karabakh) بھی شامل ہے۔

رقبہ: 86,600 مربع کلومیٹر یا 33,436 مربع میل ہے۔ جمہوریہ کا نصف سے زیادہ رقبہ پہاڑی ہے۔

آبادی: 79,11,974 (2005)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.6 فیصد۔

دارالحکومت: باکو

بڑے شہر: گیاندژا (Ganja)، سمگیٹ (Sumgait)، سٹیپنا کرٹ، نخچوان۔
پرچم: یہ تین متوازی اوپر سے نیچے جامنی، سرخ اور زرد مساوی پٹیوں پر مشتمل ہے۔ وسطی سرخ پٹی کے درمیان میں سفید رنگ میں آٹھ کونی ستارہ اور چاند بنا ہوا ہے۔
کرنسی: منات Manat۔
مذاہب: 93.4 فیصد مسلمان، 2.5 فیصد روسی آرتھوڈکس اور بقایا 4.1 فیصد دیگر مذاہب۔
زبانیں: آذری، ترکی اور روسی، آذری سرکاری زبان ہے۔
خواندگی کا تناسب: 97 فیصد (مرد 99 فیصد اور خواتین 96 فیصد)۔
یوم آزادی: 30 اگست 1991ء کو روس سے۔

آرمینیا
(Armenia)

جمہوریہ، جنوب مغربی ایشیا کا ملک
محل وقوع: یہ سابقہ سوویت یونین کی سب سے چھوٹی جمہوریہ تھی۔ اس کے شمال میں جارجیا، مشرق میں آذربائیجان، جنوب میں ایران اور مغرب میں ترکی واقع ہیں۔
رقبہ: 29,800 مربع کلومیٹر یا 11,506 مربع میل۔
آبادی: 29,82,904 (2005)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: منفی 0.3 فیصد۔
دارالحکومت: یریوان (Yerevan)
بڑے شہر: وینادزور (Vanadzor)، گیومری (Gyumri)، سابقہ لیناکن (Leninakan)، ابیوئین (Abovian)۔
پرچم: یہ اوپر سے نیچے تین متوازی سرخ، نیلی اور سرخ پٹیوں پر مشتمل ہے۔
کرنسی: ڈرام Dram۔
مذاہب: عیسائی 98 فیصد، یزیدی (Yezidi) 2 فیصد۔
زبانیں: آرمینیائی 95 فیصد، روسی 2 فیصد، دیگر 3 فیصد۔
خواندگی کا تناسب: تقریباً سو فیصد۔
یوم آزادی: 23 ستمبر 1991ء سوویت یونین سے۔

اردن
(Jordan)

المملکت الاردنیہ الہاشمیہ، مشرق وسطیٰ کا ایک ملک
محل وقوع: اس کے شمال میں شام، مشرق میں عراق، جنوب میں سعودی عرب، مغرب میں اسرائیل، فلسطین اور بحیرہ مردار واقع ہیں۔ دریائے اردن جنوبی علاقے میں بہتا ہے۔
رقبہ: 92,300 مربع کلومیٹر یا 35,637 مربع میل باخراج مغربی کنارہ۔
آبادی: 57,59,732 (2005)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.6 فیصد۔
دارالحکومت: عمان
بڑے شہر: زرقا (Zarqa)، اربد (Irbid)، السلط (As-Salt)، کرک، معان، البقا۔
پرچم: یہ تین رنگوں کی متوازی پٹیوں سیاہ، سفید اور سبز پر مشتمل ہے۔ بائیں جانب کے تقریباً نصف حصے میں سرخ تکون کے وسط میں سات کونی سفید ستارہ بنا ہوا ہے۔
کرنسی: اردنی دینار۔
مذاہب: 92 فیصد سنی مسلمان، 8 فیصد عیسائی اور دیگر مذاہب کے لوگ۔
زبانیں: عربی (سرکاری)، انگریزی بولی اور سمجھی جاتی ہے۔
خواندگی کا تناسب: 91 فیصد (2003ء)۔
یوم آزادی: 25 مئی 1946ء کو برطانیہ سے لیگ آف نیشنز کے انتداب کے تحت۔

ازبکستان
(Uzbekistan)

جمہوریہ، وسطی ایشیا کا ایک ملک
محل وقوع: آمو (Amu) اور سیر (Syr) دریاؤں، بحیرہ ارال اور تائن شان (Tien-Shan) پہاڑوں کے دامن میں۔ اس کے شمال اور شمال مغرب میں قازقستان، مشرق اور جنوب مشرق میں کرغزستان اور تاجکستان اور جنوب مغرب میں ترکمانستان واقع ہیں۔

رقبہ: 4,47,400 مربع کلومیٹر یا 1,72,700 مربع میل۔

آبادی: 2,68,51,195 (2005)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.7 فیصد۔

دارالحکومت: تاشقند

بڑے شہر: سمرقند' اندجان (Andijan)' بخارا' فرغانہ' خیوا' قوقند اور ترمذ۔

پرچم: یہ اوپر سے نیچے تین متوازی پٹیوں نیلی' سفید اور سبز پر مشتمل ہے۔ بالائی نیلی پٹی کے بائیں جانب سفید رنگ میں بارہ ستارے اور ایک چاند بنا ہوا ہے۔

کرنسی: سم (Sum)۔

مذاہب: سنی مسلم 88 فیصد' مشرقی آرتھوڈکس 9 فیصد' دیگر 3 فیصد۔

زبانیں: ازبک سرکاری 74.3 فیصد' روسی 14.2 فیصد' تاجک 4.4 فیصد اور دیگر 7.1 فیصد۔

خواندگی کا تناسب: تقریباً سو فیصد۔

یوم آزادی: 31 اگست 1991ء کو سوویت یونین سے۔

اسرائیل
(Israel)

ریاست اسرائیل مشرق وسطیٰ کا ملک قومی نام مدینۃ الاسرائیل

محل وقوع: اس کے مغرب میں مصر' مشرق میں شام اور اردن اور شمال میں لبنان واقع ہیں۔

رقبہ: 20,777 مربع کلومیٹر یا 8,019 مربع میل۔

آبادی: 62,76,883 (2005)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.2 فیصد۔

دارالحکومت: یروشلم' دنیا کے بیشتر ممالک نے اس کی یہ حیثیت تسلیم نہیں کی۔ وہ تل ابیب ہی کو اس کا دارالحکومت تسلیم کرتے ہیں۔

بڑے شہر: تل ابیب' حیفہ (Haifa)۔

پرچم: یہ پانچ متوازی دھاریوں سفید' نیلی' سفید' نیلی اور سفید پر مشتمل ہے۔ درمیانی سفید دھاری بہت بڑی ہے اور اس کے وسط میں اسرائیل کا چھ کونی نشان (بشکل ستارہ) بنا ہوا ہے۔

کرنسی: شیکل (Shekel)۔

مذاہب: 80.1 فیصد یہودی' 14.6 فیصد مسلمان (اس میں فلسطینی بھی شامل ہیں) اور 3.2 فیصد دیگر مذاہب کے لوگ۔

زبانیں: عبرانی (سرکاری) عربی' عرب اقلیت کیلئے اور انگریزی عمومی زبان کے طور پر بولی جاتی ہے۔

خواندگی کا تناسب: 95.4 فیصد (مردوں میں 97.3 فیصد اور خواتین میں 93.6 فیصد)۔

یوم آزادی: 14 مئی 1948ء کو نئی مملکت برطانیہ نے تشکیل دی۔

افغانستان
(Afghanistan)

جمہوری اسلامی افغانستان (جنوبی ایشیا کا ملک)

محل وقوع: اس کے شمال میں ترکمانستان' ازبکستان اور تاجکستان' انتہائی شمال مشرق میں چین' مشرق اور جنوب میں پاکستان اور مغرب میں ایران واقع ہے۔ یہ چاروں طرف سے خشکی سے گھرا ہوا ہے۔ اس کا نہ کوئی سمندر ہے اور نہ کوئی بندرگاہ۔

رقبہ: 6,47,500 مربع کلومیٹر یا 2,50,000 مربع میل۔

آبادی: 2,99,28,987 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 4.8 فیصد۔

دارالحکومت: کابل

بڑے شہر: قندھار' جلال آباد' ہرات' مزار شریف' غزنی' خوست' زابل اور غور۔

پرچم: افغانستان کا پرچم تین عمودی (دائیں سے بائیں) سبز' سرخ اور سیاہ پٹیوں پر مشتمل ہے۔ وسطی سرخ اور قدرے بڑی پٹی پر افغانستان کا قومی نشان بنا ہوا ہے۔

کرنسی: افغانی۔

مذاہب: اسلام (84 فیصد سنی اور 15 فیصد شیعہ) اور دیگر ایک فیصد۔

زبانیں: پشتو' داری (افغان' فاسی) ازبک اور ترک۔

خواندگی کا تناسب: 36 فیصد (1999ء)۔ (مرد 51%' خواتین 21%)

یوم آزادی: 19 اگست 1919ء کو برطانیہ سے (جس کے پاس صرف امور خارجہ کے اختیارات تھے)

انڈونیشیا
(Indonesia)

جمہوریہ بحر ہند میں جنوب مشرقی ایشیا کا ایک ملک

محلِ وقوع: جنوب مشرقی ایشیا میں واقع مجمع الجزائر ستر ہزار جزائر پر مشتمل (ان میں سے صرف 6,000 آباد ہیں) ہمسایہ ممالک شمال میں ملائیشیا، مشرق میں پاپوانیوگنی اور آتش فشانی حلقہ۔

رقبہ: 19,19,440 مربع کلومیٹر یا 7,35,268 مربع میل۔

آبادی: 24,19,73,879 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.5 فیصد۔

دارالحکومت: جکارتہ (Djakarta)

بڑے شہر: سورابایا (Surabaja)، میڈن (Medan)، بنڈونگ، سیمارنگ (Semarang)۔

پرچم: یہ صرف دو متوازی پٹیوں سرخ اور سفید پر مشتمل ہے۔

کرنسی: روپیہ۔

مذاہب: اسلام 88 فیصد، پروٹسٹنٹ 5 فیصد، رومن کیتھولک 3 فیصد، ہندو 2 فیصد، بدھ ایک فیصد اور دیگر ایک فیصد۔

زبانیں: بھاشا انڈونیشیا (سرکاری)، انگریزی، ولندیزی۔

خواندگی کا تناسب: 89 فیصد۔

یوم آزادی: 17 اگست 1945ء کو ہالینڈ (یا نیدرلینڈز سے)

ایران
(Iran)

اسلامی جمہوری ایران

محلِ وقوع: یہ بحیرہ کیسپین کے جنوب اور خلیج فارس / یا عرب کے شمال میں واقع ہے۔ اس کے مغرب میں عراق اور ترکی، شمال میں آذربائیجان، ترکمانستان، آرمینیا، مشرق میں افغانستان اور پاکستان ہیں۔

رقبہ: 16,48,000 مربع کلومیٹر یا 6,36,293 مربع میل۔

آبادی: 6,80,17,860 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.9 پیدائش۔

دارالحکومت: تہران

بڑے شہر: اصفہان، مشہد، تبریز، اہواز، کرمان شاہ، قم، آباوان، شیراز۔

پرچم: ایرانی پرچم پر اللہ اکبر لکھا ہوا ہے۔ اس کے چاروں طرف بائیس ستارے اور پس منظر میں سبز، سفید اور سرخ پٹیاں ہیں۔ نئے پرچم کی منظوری 30 جنوری 1980ء کو دی گئی۔

کرنسی: ریال۔

مذاہب: 99 فیصد مسلمان دیگر ایک فیصد۔

زبانیں: فارسی، آذری، کردش اور عربی۔

خواندگی کا تناسب: 79 فیصد۔

اسلامی جمہوریہ کا قیام: یکم اپریل 1979ء۔

بحرین
(Bahrain)

دولت البحرین خلیج کا ایک ملک

محلِ وقوع: خلیج فارس میں جزیرہ نما قطر اور سعودی عرب کے مابین واقع ہے۔ ایک 16 میل لمبا راستہ بحرین اور سعودی عرب کو باہم ملاتا ہے۔

رقبہ: 620 مربع کلومیٹر یا 240 مربع میل۔

آبادی: 6,88,345 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.5 فیصد۔

دارالحکومت: المنامہ

بڑے شہر: محرق، عیسیٰ ٹاؤن، رفعا اور حد (Hidd)۔

پرچم: سفید اور مستول کی جانب چوتھائی سفید حصے پر آٹھ تکونی کٹاؤ دکھائے گئے ہیں۔

کرنسی: بحرینی دینار۔

مذاہب: 94.8 فیصد مسلمان اور دیگر 5.2 فیصد۔

زبانیں: عربی (سرکاری) انگریزی، فارسی اور اردو بھی بولی اور سمجھی جاتی ہے۔

خواندگی کا تناسب: 89 فیصد۔

یوم آزادی: 15 اگست 1971ء کو برطانیہ سے۔

برونائی دارالسلام (Brunei Darussalam)

نگارا برونائی دارالسلام

محل وقوع: بحیرہ جنوبی چین میں شمال مغربی ساحل پر واقع مملکت' یہ ملائیشیا کی ریاستوں صباح اور سراوک کے مابین واقع ہے۔

رقبہ: 5,770 مربع کلومیٹر یا 2,226 مربع میل۔

آبادی: 3,72,361 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.9 فیصد۔

دارالحکومت: بندر سری بیگوان

بڑے شہر: سیریا (Seria)' کوآلا بلیت (Kuala Belait)' ٹوٹنگ (Tutong)۔

پرچم: اوپر اور نیچے دو زرد تکونیں اور درمیان میں دو پٹیاں (سفید اور سیاہ) اور ملک کا قومی نشان سرخ رنگ میں بنا ہوا ہے۔

کرنسی: برونائی ڈالر۔

مذاہب: مسلمان 67 فیصد' بدھ مت 12 فیصد' عیسائیت 9 فیصد' مقامی عقائد اور دیگر 12 فیصد۔

زبانیں: ملائی (سرکاری) چینی اور انگریزی۔

خواندگی کا تناسب: 92 فیصد۔

یوم آزادی: یکم جنوری 1984ء کو برطانیہ سے۔

بنگلہ دیش (Bangladesh)

گانا پراتنتری بنگلہ دیش (Gana Praatantri Banglades)

محل وقوع: اس کی سرحد خلیج بنگال کے ساتھ بے قاعدہ طور پر ملتی ہے۔ اس کے جنوب مشرق میں میانمر' شمال اور مغرب میں بھارتی ریاست مغربی بنگال' مشرق میں آسام اور میگھالیہ' مشرق میں تری پورہ اور میزورام (بھارت) ہیں۔ یعنی یہ تینوں اطراف سے بھارت سے گھرا ہوا ہے۔

رقبہ: 1,48,393 مربع کلومیٹر یا 55,598 مربع میل۔

آبادی: 14,43,19,628 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.1 فیصد۔

دارالحکومت: ڈھاکا

بڑے شہر: چٹاگانگ' کھلنا' راجشاہی' رنگپور' باریسال' جیسور' کومیلا' سلہٹ' اور سید پور وغیرہ۔

پرچم: رنگ گہرا سبز' اس کے مرکز سے ہٹ کر مستول کی جانب سرخ رنگ کا ایک گول دائرہ بنا ہوا ہے۔

کرنسی: ٹکا

مذاہب: 86.5 فیصد مسلمان' 12.2 فیصد ہندو' 0.68 فیصد بدھ' 0.4 فیصد عیسائی اور 0.3 فیصد دیگر۔

زبانیں: بنگالی 98 فیصد' انگریزی بولی اور سمجھی جاتی ہے۔

خواندگی کا تناسب: 43 فیصد۔

یوم آزادی: 16 دسمبر 1971ء کو پاکستان سے علیحدگی کی بنا پر آزاد مملکت بنا۔

بھارت (India)

جمہوریہ' جنوبی ایشیا کا ایک ملک۔

محل وقوع: اس کے شمال مشرق میں چین' مغرب میں پاکستان' شمال میں بھوٹان اور نیپال اور مشرق میں میانمر اور بنگلہ دیش واقع ہیں۔

رقبہ: 32,87,590 مربع کلومیٹر یا 12,69,338 مربع میل۔

آبادی: 1,02,86,10,328 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.4 فیصد۔

دارالحکومت: نئی دہلی

بڑے شہر: ممبئی' کولکتہ' بنگلور' مدراس' احمد آباد' کانپور' حیدرآباد' پونہ۔

پرچم: یہ تین متوازی سرخ' سفید اور سبز پٹیوں پر مشتمل ہے اور اس کی درمیانی پٹی پر نیلے رنگ کا اشوک چکر بنا ہوا ہے۔ یہ بھارت کا قومی نشان بھی ہے۔

کرنسی: روپیہ۔

مذاہب: ہندومت 81.3 فیصد' اسلام 12 فیصد' عیسائیت 2.3 فیصد' سکھ مت 1.9 فیصد۔

زبانیں: ہندی (سرکاری)، بنگالی، گجراتی، کشمیری، ملایلم، میراٹھی، اوریا، پنجابی، تامل، تیلگو، اردو، آسامی، سنسکرت وغیرہ۔

خواندگی کا تناسب: 60 فیصد۔

یوم آزادی: 15 اگست 1947ء کو برطانیہ سے۔

بھوٹان (Bhutan)

سلطنت بھوٹان، جنوبی ایشیا

محل وقوع: یہ چاروں طرف سے خشکی سے گھرا ہوا ملک ہے اور اس کی سرحدیں بھارت اور چین سے ملتی ہیں۔ اس کے نام کا مطلب ہے بلند و بالا پہاڑوں کی سرزمین۔

رقبہ: 47,000 مربع کلومیٹر یا 18,147 مربع میل۔

آبادی: 22,32,291 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.11 فیصد۔

دارالحکومت: تھمفو (Thimphu)۔

بڑے شہر: بمتھانگ (Bumthang)، چھوخا (Chhukha)۔ پناکھا، پارو۔

پرچم: اس کے پرچم میں دو تکونیں بنی ہوئی ہیں۔ اوپر والی تکون میں زرد اور نیچے والی تکون میں سرخ رنگ بھرا ہوا ہے جبکہ وسط میں اژدہا کی شکل بنی ہوئی ہے۔

کرنسی: نگلٹرم (Ngultrum)۔

مذاہب: لامابدھ مت 75 فیصد، ہندومت 25 فیصد۔

زبانیں: زونگ کھا (Dzongkha)۔

خواندگی کا تناسب: 47 فیصد (مرد 60 فیصد اور خواتین 34 فیصد)۔

یوم آزادی: 8 اگست 1949ء کو برطانیہ سے۔

پاکستان (Pakistan)

اسلامی جمہوریہ۔ جنوبی ایشیا

محل وقوع: وسطی جنوبی ایشیا میں اس ملک کے مغرب میں ایران، جنوب مشرق اور مشرق میں بھارت، شمال مغرب اور شمال میں افغانستان، شمال میں (گلگت اور بلتستان) چین واقع ہیں۔ واکھان کی ایک تنگ پٹی اسے تاجکستان سے جدا کرتی ہے۔

رقبہ: 7,96,096 مربع کلومیٹر یا 3,07,374 مربع میل با خراج آزاد کشمیر اور شمالی علاقہ جات۔

آبادی: 16,24,19,946 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.9 فیصد۔

دارالحکومت: اسلام آباد

بڑے شہر: (کراچی سب سے بڑا، لاہور دوسرا بڑا)، فیصل آباد، راولپنڈی، حیدرآباد، ملتان، گوجرانوالہ، پشاور، کوئٹہ، سیالکوٹ اور گجرات وغیرہ۔

پرچم: گہرے سبز رنگ کے پرچم کے درمیان میں چاند اور پانچ کونی ستارہ اور ایک طرف مستول کی جانب سفید عمودی پٹی بنی ہوئی ہے جو اقلیتوں کا نشان ہے۔

کرنسی: روپیہ۔

مذاہب: اسلام 97 فیصد، ہندومت، عیسائیت، بدھ مت، پارسی اور احمدیت 3 فیصد۔

زبانیں: قومی زبان (اردو)، سرکاری زبان انگریزی، علاقائی زبانوں میں پنجابی، سندھی، سرائیکی، پشتو، ہندکو، بروشسکی، بلوچی اور براہوی شامل ہیں۔

خواندگی کا تناسب: 54 فیصد۔

یوم آزادی: 14 اگست 1947ء کو برطانیہ سے۔

تاجکستان (Tajikistan)

جمہوریہ، وسطی ایشیا میں

محل وقوع: مشرق میں چین، جنوب میں افغانستان، مغرب اور شمال میں ازبکستان اور کرغزستان، گورنو بدخشاں کی خودمختار جمہوریہ بھی شامل ہے۔

رقبہ: 1,43,100 مربع کلومیٹر یا 55,300 مربع میل۔

آبادی: 71,63,506 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.2 فیصد۔

دارالحکومت: دوشنبے

بڑے شہر: خوجندیا کودژنت(Khodzhent)' سابقہ لینن آباد' کلاب اور کرگن ٹیوب۔

پرچم: یہ اوپر سے نیچے تین عمودی پٹیوں سرخ' سفید اور سبز پر مشتمل ہے۔ وسط میں ملک کا سرکاری نشان بنا ہوا ہے۔

کرنسی: سومونی (Somoni)۔

مذاہب: سنی مسلمان 85 فیصد' شیعہ مسلمان 5 فیصد' دیگر دس فیصد۔

زبانیں: تاجیک (سرکاری) اور روسی زبان حکومتی' نجی اداروں اور تجارتی شعبے میں بھی استعمال کی جاتی ہے۔

خواندگی کا تناسب: 99.4 فیصد۔

یوم آزادی: 9 ستمبر 1991ء کو سوویت یونین سے۔

تائیوان
(Taiwan)

جمہوریہ

محل وقوع: یہ جمہوریہ تائیوان جزیرے پر مشتمل ہے۔ یہ کئی ایک جزائر پر محیط اور بحرالکاہل میں واقع ہے۔

رقبہ: 35,980 مربع کلومیٹر یا 13,892 مربع میل۔

آبادی: 2,28,94,384 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.6 فیصد۔

دارالحکومت: تائی پی (Taipei)

بڑے شہر: کاہوسیونگ (Kaohsiung)' تائی چنگ' تائی نان اور کیلنگ۔

پرچم: اس کی زمین سرخ ہے تاہم مستول کی بائیں جانب نیلے رنگ کی مستطیل بنی ہوئی ہے جس کے وسط میں قومی نشان بنا ہوا ہے۔

کرنسی: تائیوان ڈالر

مذاہب: بدھ مت' کنفیوشس مت اور تاؤمت 93 فیصد' عیسائیت 4.5 فیصد' دیگر 2.5 فیصد۔

زبانیں: چینی (منڈارین) سرکاری' تائیوانی' حکا (Hakka)۔

خواندگی کا تناسب: 86 فیصد

یوم آزادی: 1949ء میں چین سے علیحدہ ہوا۔ (چین اسے ایک آزاد اور خودمختار مملکت قرار نہیں دیتا بلکہ اسے اپنا حصہ سمجھتا ہے۔)

ترکمانستان
(Turkmenistan)

سابقہ نام ترکمانیہ' وسط ایشیا

محل وقوع: اس کے مغرب میں بحیرہ کیسپین' شمال میں قازقستان' مشرق میں ازبکستان اور جنوب میں ایران اور افغانستان واقع ہیں۔ کاراکم کا صحرا بھی اسی ملک میں ہے۔

رقبہ: 4,88,100 مربع کلومیٹر یا 1,88,500 مربع میل۔

آبادی: 49,52,081 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.81 فیصد۔

دارالحکومت: اشک آباد (Ashga bat)

بڑے شہر: کاروژو (Chardzhou)' تاشاؤز (Tashauz) اور خوارزم۔

پرچم: سبز زمین کے بائیں جانب ایک نسواری رنگ کی پٹی اور چاند اور پانچ ستارے دکھائے گئے ہیں۔

کرنسی: منات (Manat)

مذاہب: اسلام 89 فیصد' ایسٹرن آرتھوڈکس 9 فیصد' اور نامعلوم 2 فیصد۔

زبانیں: ترکمان 72 فیصد' روسی 12 فیصد' ازبک 9 فیصد اور دیگر 7 فیصد۔

خواندگی کا تناسب: 98 فیصد (99 فیصد مرد اور 97 فیصد خواتین)۔

یوم آزادی: 27 اکتوبر 1991ء کو سوویت یونین سے۔

ترکی
(Turkey)

جمہوریہ (ایشیا اور یورپ میں)

محل وقوع: یہ جنوب مشرقی یورپ اور جنوب مغربی ایشیا میں بحیرہ روم کے آخری شمال مشرقی سرے پر واقع ہے۔ اس کے مغرب میں یونان اور بلغاریا' شمال میں یوکرائن اور روسی فیڈریشن' مشرق میں جارجیا' آرمینیا' آذربائیجان اور ایران اور جنوب میں شام اور عراق ہیں' شمال میں بحیرہ اسود اور مغرب میں بحیرہ ایجین شامل ہیں۔

رقبہ: 7,80,580 مربع کلومیٹر یا 3,00,947 مربع میل۔

آبادی: 6,96,60,559 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.09 فیصد۔
دارالحکومت: انقرہ
بڑے شہر: استنبول، ازمیر، ادرنہ، برصہ، غازی انتپ، قونیا، مرسین، کیسری اور دیاربکر۔
پرچم: سرخ سرزمین، بائیں جانب چاند اور پانچ کونی سفید ستارہ بنا ہوا ہے۔
کرنسی: ترکش لیرا۔
مذاہب: اسلام 99.8 فیصد، عیسائیت اور یہودیت 0.2 فیصد۔
زبانیں: ترکی (سرکاری) کرد، عربی، آرمینیائی اور یونانی۔
خواندگی کا تناسب: 87.0 فیصد (95.0 فیصد مرد اور 79.0 فیصد خواتین)۔
یوم آزادی: 29 اکتوبر 1923ء کو سلطنت عثمانیہ کے زوال کے نتیجے میں یہ ملک قائم ہوا۔

تھائی لینڈ
(Thailand)

موانگ تھائی یا سلطنت تھائی لینڈ
محل وقوع: اس کے شمال میں میانمر (برما)، شمال اور مشرق میں لاؤس، جنوب مشرق میں کمبوڈیا اور خلیج تھائی لینڈ، جنوب مغرب میں بحیرہ انڈیمان اور جنوب میں ملائیشیا واقع ہیں۔
رقبہ: 5,14,000 مربع کلومیٹر یا 1,98,455 مربع میل۔
آبادی: 6,54,44,371 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.9 فیصد۔
دارالحکومت: بنکاک (Bangkok)
بڑے شہر: نان تھان بوری، چیانگ مائی، سونگ کھلا اور لمپانگ پٹایا۔
پرچم: یہ اوپر سے نیچے پانچ متوازی پٹیوں سرخ، سفید، نیلی، سفید اور سرخ پر مشتمل ہے۔
کرنسی: بھات (Baht)۔
مذاہب: بدھ مت 95 فیصد، اسلام 4 فیصد اور عیسائیت ایک فیصد۔
زبانیں: تھائی (سرکاری)، چینی، ملائی اور انگریزی بھی سمجھی اور بولی جاتی ہیں۔
خواندگی کا تناسب: 96 فیصد۔
یوم آزادی: 24 جون 1932ء/روایتی تاریخ بنیاد 1238۔

جاپان
(Japan)

نپن یا سلطنت جاپان (شمال مشرقی ایشیا کا ایک ملک)
محل وقوع: اس کے شمال میں روس، مغرب میں جنوبی کوریا اور مشرق میں بحرالکاہل واقع ہیں۔
رقبہ: 3,77,835 مربع کلومیٹر یا 1,45,882 مربع میل۔
آبادی: 12,74,17,244 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.05 فیصد۔
دارالحکومت: ٹوکیو
بڑے شہر: اوساکا، یوکوہاما، ناگویا، کیوٹو، ہیروشیما، ناگاساکی، کوبے، کاواساکی اور فوکوکا۔ شکوکو۔
پرچم: اس کی زمین بالکل سفید ہے اور اس کے وسط میں سرخ رنگ کا دائرہ بنا ہوا ہے۔
کرنسی: ین (Yen)۔
مذاہب: شنتو مت اور بدھ مت 84 فیصد، دیگر 16 فیصد (بشمول عیسائیت 0.7 فیصد)۔
زبانیں: جاپانی۔
خواندگی کا تناسب: 99 فیصد۔
یوم آزادی: 660 قبل از مسیح۔ اس سال شہنشاہ جموں Jimmu نے سلطنت کی بنیاد رکھی تھی۔ 28 اپریل 1952ء کو امریکا سے۔

جارجیا
(Georgia)

(جنوب مغربی ایشیا کا ایک ملک)
محل وقوع: اس کے شمال میں روسی فیڈریشن، مشرق اور جنوب

مشرق میں آذربائیجان' جنوب میں آرمینیا اور ترکی اور مغرب میں بحیرہ اسود واقع ہیں۔

رقبہ: 69,700 مربع کلومیٹر یا 28,900 مربع میل۔

آبادی: 46,77,401 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: منفی 0.35 فیصد۔

دارالحکومت: تبلیسی (Tbilisi)

بڑے شہر: کوٹائسی (Kutaisi)' باطومی (Batoumi) اور سخومی (Sokhumi)۔

پرچم: سفید رنگ کے پرچم پر صلیب کا نشان نسواری رنگ میں بنا ہوا ہے اور اوپر اور نیچے صلیبی نشان نسواری رنگ میں ہی دکھائے گئے ہیں۔

کرنسی: لری یا لاری (Lari)۔

مذاہب: 65 فیصد جارجین آرتھوڈکس' 11 فیصد مسلمان' 10 فیصد روسی آرتھوڈکس' آرمینیائی عیسائی 8 فیصد اور نامعلوم 6 فیصد۔

زبانیں: جارجین 71 فیصد (سرکاری)' روسی 9 فیصد' آرمینیائی 7 فیصد' آذری 6 فیصد اور دیگر 7 فیصد۔

خواندگی کا تناسب: 99 فیصد (مرد 100 فیصد اور خواتین 98 فیصد)۔

یوم آزادی: 9 اپریل 1991ء کو سوویت یونین سے۔

چین
(China)

عوامی سوشلسٹ جمہوریہ (مشرقی ایشیا کا ایک ملک)

محل وقوع: اس کی سرحدیں شمال میں منگولیا' شمال مشرق اور شمال مغرب میں روسی فیڈریشن' مشرق میں کوریا اور بحرالکاہل سے' جنوب میں بھارت' نیپال' بھوٹان' میانمر (برما) لاؤس اور ویت نام سے اور مغرب میں قازقستان' کرغزستان' افغانستان اور پاکستان سے ملتی ہیں۔

رقبہ: 95,61,000 مربع کلومیٹر یا 36,91,500 مربع میل۔

آبادی: 1,30,63,13,812 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.6 فیصد۔

دارالحکومت: بیجنگ

بڑے شہر: شنگھائی' تیان جن' شین یانگ' وہان' گوانگ ژو' نان چنگ وغیرہ۔

پرچم: چینی پرچم تمام کا تمام سرخ رنگ کا ہے البتہ مستول کی جانب زرد رنگ کے چار اور زرد رنگ کا ہی ایک پانچ کونی ستارہ بنا ہوا ہے۔

کرنسی: یوآن۔

مذاہب: بدھ مت' کنفیوشس مت' تاؤ مت' اسلام اور عیسائیت۔

زبانیں: چینی (سرکاری زبان)۔

خواندگی کا تناسب: 86 فیصد۔

یوم آزادی: یکم اکتوبر 1949ء۔

سری لنکا
(Sri Lanka)

عوامی جمہوریہ سوشلسٹ ری پبلک (جنوبی ایشیا کا ایک ملک)

محل وقوع: بحرہند میں بھارت کے جنوب مشرقی ساحل کے نزدیک ناشپاتی کی شکل کا ایک جزیرہ۔ بھارت ہی اس کا قریب ترین ہمسایہ ہے' جو شمال مغرب میں اس سے 32 کلومیٹر کی دوری پر واقع ہے۔

رقبہ: 65,610 مربع کلومیٹر یا 25,332 مربع میل۔

آبادی: 2,00,64,776 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.79 پیدائش۔

دارالحکومت: کولمبو

بڑے شہر: سری جیا وردھنے' کینڈی' ڈیہی والا' ٹرنکومالی' انورادھاپور' پوٹالم' منار۔

پرچم: سری لنکا کا پرچم مستطیل شکل کا ہے۔ اس کے اردگرد زرد رنگ کا حاشیہ ہے اور اسے تین عمودی پٹیوں دائیں سے بائیں سرخ' زرد' نارنجی اور سبز پٹیوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ دائیں بڑی پٹی پر سری لنکا کا سرکاری نشان بنا ہوا ہے۔

کرنسی: روپیہ۔

مذاہب: بدھ مت 70 فیصد' ہندو 15 فیصد' مسلم 7 فیصد اور عیسائی 8 فیصد۔

زبانیں: سنہالی (سرکاری)' انگریزی اور تامل۔

خواندگی کا تناسب: 92.3 فیصد (94.8 فیصد مرد اور 90 فیصد خواتین)۔

یوم آزادی: 4 فروری 1948ء کو برطانیہ سے۔

سعودی عرب
(Saudi Arabia)

المملکۃ العربیہ السعودیہ

محلِ وقوع: جزیرہ نمائے عرب پر مشتمل اس ملک کے مغرب میں بحیرہ احمر اور خلیج عقبہ، مشرق میں خلیج عرب یا فارس، اردن، عراق، کویت، قطر، متحدہ عرب امارات، سلطنت عمان، یمن اور بحرین اس کی ہمسایہ ریاستیں ہیں۔

رقبہ: 19,60,582 مربع کلومیٹر یا 7,56,981 مربع میل۔

آبادی: 2,64,17,599 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.3 فیصد۔

دارالحکومت: ریاض

بڑے شہر: جدہ، مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ، الدمام، تبوک، طائف، دہران وغیرہ۔

پرچم: یہ سبز رنگ کا ہے۔ اس کے وسط میں کلمہ طیبہ لکھا ہوا ہے اور اس کے نیچے چلیپائی تلوار دکھائی گئی ہے۔ اس کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ یہ کبھی سرنگوں نہیں کیا جاتا کیونکہ اس پر کلمہ طیبہ لکھا ہوا ہے۔

کرنسی: ریال۔

مذاہب: اسلام 100 فیصد۔

زبانیں: عربی (سرکاری) انگریزی بھی بولی اور سمجھی جاتی ہے۔

خواندگی کا تناسب: 79 فیصد۔

یوم آزادی: بہت سے صوبوں کو متحد کر کے 1932ء میں سلطنت سعودی عرب قائم کی گئی۔

سنگاپور
(Singapore)

جمہوریہ (جنوب مشرقی ایشیا کا ایک ملک)

محلِ وقوع: ملائیشیا اور انڈونیشیا کے مابین ایک جزیرہ۔ تاہم اس کے شمال میں ملائیشیا اور جنوب میں انڈونیشیا واقع ہیں۔

رقبہ: 692.7 مربع کلومیٹر یا 267 مربع میل۔

آبادی: 44,25,720 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.6 فیصد۔

دارالحکومت: سنگاپور شہر

بڑے شہر: سمباوانگ، چانگی، کونز ٹاؤن، وڈلینڈ وغیرہ۔

پرچم: یہ دو متوازی پٹیوں، اوپر سے نیچے سرخ اور سفید پر مشتمل ہے۔ بالائی سرخ پٹی پر مستول کی جانب سفید رنگ کا چاند اور پانچ ستارے بنے ہوئے ہیں۔

کرنسی: سنگاپوری ڈالر۔

مذاہب: بدھ مت (چینی)، اسلام، عیسائیت، ہندومت، سکھ مت اور تاؤمت۔

زبانیں: ملائی (قومی)، منڈارین چینی، تامل، انگریزی (تمام سرکاری)۔

خواندگی کا تناسب: 93 فیصد۔

یوم آزادی: 9 اگست 1965ء کو ملائیشین فیڈریشن سے۔

شام
(Syria)

الجمہوریہ العربیہ السوریہ (مشرق وسطیٰ کا ایک ملک)

محلِ وقوع: یہ بحیرہ روم کے آخری مشرقی سرے پر واقع ہے۔ اس کے مغرب میں لبنان اور اسرائیل، شمال میں ترکی، مشرق میں عراق اور جنوب میں اردن ہیں۔

رقبہ: 1,85,180 مربع کلومیٹر یا 71,498 مربع میل۔

آبادی: 1,84,48,752 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.34 فیصد۔

دارالحکومت: دمشق

بڑے شہر: حلب یا الپو (Aleppo)، حمص، لطاکیہ، طرطوس اور سلامیہ۔

پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے سرخ، سفید اور سیاہ) پر مشتمل ہے۔ وسطی سفید پٹی میں دو سبز رنگ کے پانچ کونی ستارے دکھائے گئے ہیں۔

کرنسی: شامی پونڈ۔

مذاہب: اسلام 90 فیصد اور عیسائیت 10 فیصد۔

زبانیں: عربی (سرکاری)' فرانسیسی اور انگریزی بولی اور سمجھی جاتی ہے۔
خواندگی کا تناسب: 76.9 فیصد (مرد 89.7 فیصد اور خواتین 64 فیصد)۔
یوم آزادی: 17 اپریل 1946ء کو فرانسیسی انتظام کے تحت لیگ آف نیشنز کے انتداب سے۔

عراق
(Iraq)

جمہوریہ (مشرق وسطیٰ کا ایک ملک)
محل وقوع: اس کے مشرق میں ایران' شمال میں ترکی' مغرب میں شام اور اردن' جنوب میں سعودی عرب اور کویت واقع ہیں۔ دجلہ اور فرات مشہور دریا ہیں۔
رقبہ: 4,37,072 مربع کلومیٹر یا 1,67,920 مربع میل۔
آبادی: 2,60,74,906 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.7 فیصد۔
دارالحکومت: بغداد
بڑے شہر: بصرہ' کرکوک' موصل' نجف' کربلائے معلیٰ' اربیل' الناصریہ' تکریت' السلمانیہ' بابل اور الرماوی۔
پرچم: یہ تین دھاریوں (اوپر سے نیچے سرخ' سفید اور سیاہ) پر مشتمل ہے۔ درمیانی سفید دھاری میں تین پانچ کونی سبز ستارے دکھائے گئے ہیں اور ان کے درمیان اللہ اکبر کے الفاظ لکھے ہوئے ہیں۔
کرنسی: نیا عراقی دینار۔
مذاہب: اسلام 97 فیصد بشمول 65 فیصد شیعہ' 32 فیصد سنی)' عیسائیت اور دیگر 3 فیصد۔
زبانیں: عربی (سرکاری)' کرد' اسرین اور آرمینیائی۔
خواندگی کا تناسب: 40.4 فیصد (مرد 55.9 فیصد اور خواتین 24.4 فیصد)۔
یوم آزادی: 3 اکتوبر 1932ء کو برطانیہ کے زیر انتظام لیگ آف نیشنز کے انتداب سے۔ تاہم 9 اپریل 2003ء سے امریکا اور اس کے اتحادیوں کے قبضے میں ہے۔

عمان
(Oman)

سلطنت (خلیج عرب کا ایک ملک)
محل وقوع: جزیرہ نمائے عرب کے جنوب مشرقی ابھار پر واقع سلطنت۔ اس کے مغرب میں متحدہ عرب امارات' سعودی عرب اور یمن میں جبل الشام اہم پہاڑی سلسلہ ہے۔
رقبہ: 2,12,460 مربع کلومیٹر یا 82,030 مربع میل۔
آبادی: 30,01,583 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 3.38 فیصد۔
دارالحکومت: مسقط
بڑے شہر: الشرقیہ (Al-Sharqia)' البیطینہ (Al-Batinah)' مطرہ۔
پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں اوپر سے نیچے سفید' سرخ اور سبز پر مشتمل ہے۔ مستول کی جانب سرخ عمودی پٹی ہے جس پر سرکاری نشان بنا ہوا ہے۔
کرنسی: ریال سعیدی۔
مذاہب: 95 فیصد مسلمان' 5 فیصد ہندو۔
زبانیں: عربی (سرکاری)' انگریزی' بلوچی' اردو اور ہندوستانی بولیاں۔
خواندگی کا تناسب: 75.8 فیصد (مرد 83.1ء فیصد اور 67.2 فیصد خواتین)۔
یوم آزادی: 1650ء کو پرتگالیوں کے اخلاء سے۔

فلپین یا فلپائن
(Philippines)

جمہوریہ' جنوب مشرقی ایشیا کا ایک ملک
محل وقوع: اس کے شمال میں آبنائے باشی اسے تائیوان سے علیحدہ کرتی ہے۔ مشرق میں بحیرہ فلپائن' جنوب میں انڈونیشیا اور مغرب میں بحیرہ جنوبی چین واقع ہیں۔ اس کا قریبی ہمسایہ ملک ملائیشیا ہے۔ یہ مغربی بحرالکاہل میں واقع 7,107 جزائر کا مجموعہ ہے۔

رقبہ: 3,0000 مربع کلومیٹر یا 1,15,830 مربع میل۔
آبادی: 8,78,57,473 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.84 فیصد۔
دارالحکومت: منیلا (Manila)
بڑے شہر: کوزون سٹی ڈیواؤ، سیبوز مواآنگا با گیوسان پبلو۔
پرچم: یہ دو متوازی پٹیوں نیلی اور سرخ پر مشتمل ہے۔ اس کے بائیں جانب سفید رنگ کی ایک مثلث بنی ہوئی ہے جس میں سنہری رنگ کا آفتاب آٹھ کرنوں کے ساتھ اور تین سنہری ستارے دکھائے گئے ہیں۔
کرنسی: پیسو (Peso)۔
مذاہب: رومن کیتھولک 83 فیصد، پروٹسٹنٹ 9 فیصد، مسلمان 5 فیصد۔
زبانیں: تگالوگ فلپینو (انگریزی، ہسپانوی، سیبوآنو، لوکانو، پمپانگو وغیرہ)۔
خواندگی کا تناسب: 95.9 فیصد (96 فیصد مرد اور 95.8 فیصد خواتین)۔
یوم آزادی: 12 جون 1898ء کو سپین سے اور 4 جولائی 1946ء کو امریکا سے

فلسطین اتھارٹی (Palestine Authority)

مشرق وسطیٰ کا ایک ملک
محل وقوع: غزہ کی پٹی اور دریائے اردن کے مغربی کنارے پر واقع علاقے پر مشتمل مملکت۔
رقبہ: 5,997 مربع کلومیٹر یا 2315.5 مربع میل، مغربی کنارہ 2,175 مربع میل یا 5,633 مربع کلومیٹر، غزہ کی پٹی 140.5 مربع میل یا 364 مربع کلومیٹر۔
آبادی: 38,00,000 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش:
دارالحکومت: تاحال 2006ء متعین نہیں کیا جا سکا۔ کبھی غزہ اور کبھی رام اللہ۔
بڑے شہر: بیت المقدس، یروشلم، الخلیل، اریحا، نابلس، رام اللہ، البرہ، خان یونس۔
پرچم:

کرنسی: نیو (اسرائیلی شیکل اور اردنی دینار)
مذاہب: مغربی کنارہ 75 فیصد اسلام، 17 فیصد یہودی اور دیگر 8 فیصد۔ غزہ کی پٹی 98.7 فیصد اسلام اور 0.7 فیصد عیسائی۔
زبانیں: عربی، عبرانی اور انگریزی۔
خواندگی کا تناسب:
موجودہ حیثیت: مئی 1994ء کو اسرائیل نے اس کی علیحدہ حیثیت کو تسلیم کر لیا لیکن تاحال یہ (2007ء) اپنی آزادی کا اعلان نہیں کر سکا۔

قازقستان / کزاخستان (Kazakhstan)

جمہوریہ، وسط ایشیا کا ایک ملک
محل وقوع: وسط ایشیا کی چھ ریاستوں میں سب سے بڑی ریاست بحساب رقبہ۔ اس کے مشرق میں چین، جنوب میں کرغزستان، ازبکستان، ترکمانستان اور شمال اور مغرب میں بحیرہ کیسپین واقع ہیں۔ یہ جھیلوں کا ملک ہے۔
رقبہ: 27,17,300 مربع کلومیٹر یا 10,49,200 مربع میل۔
آبادی: 1,51,85,844 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.03 فیصد۔
دارالحکومت: آستانہ
بڑے شہر: چمکنٹ، اُست کیمن اگورسک (Ust-Kamen Ogorsk)، تارز (Taraz) اور اکتوبا (Aqtoba)۔
پرچم: نیلے رنگ کی سرزمین کے وسط میں زرد رنگ کا سورج دکھایا گیا ہے اور مستول کی جانب ایک ہلکی نیلی اور زرد پٹی بنی ہوئی ہے۔
کرنسی: ٹنگے یا ٹنگی (Tenge)۔
مذاہب: اسلام 47 فیصد، روسی آرتھوڈکس 44 فیصد، پروٹسٹنٹ 2 فیصد، دیگر 7 فیصد۔
زبانیں: قازق یا کزاخ، 64.4 فیصد اور روسی وغیرہ۔
خواندگی کا تناسب: 98.4 فیصد (99.1 فیصد مرد اور 97.7 فیصد خواتین)۔
یوم آزادی: 16 دسمبر 1991ء کو سوویت یونین سے۔

قطر
(Qatar)

مملکت قطر (مشرق وسطیٰ کا ایک ملک)

محل وقوع: اس کے تینوں طرف خلیج فارس یا خلیج عرب ہے جبکہ چوتھی طرف مملکت سعودی عرب واقع ہے۔

رقبہ: 11,437 مربع کلومیٹر یا 4,000 مربع میل۔

آبادی: 8,63,051 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.61 فیصد۔

دارالحکومت: دوہا

بڑے شہر: دخان، ام سعید، زکریت، مائدہ۔

پرچم: یہ دو عمودی پٹیوں (نارنجی رنگ کی بڑی اور سفید رنگ کی چھوٹی) پر مشتمل ہے۔ نارنجی رنگ کی پٹی کے جانبِ مستول آٹھ چھوٹی چھوٹی تکونی کٹائیں بنی ہوئی ہیں۔

کرنسی: قطری ریال۔

مذاہب: 95 فیصد مسلمان، عیسائی 4.9 فیصد، ہندو اور بہائی 0.1 فیصد۔

زبانیں: عربی (سرکاری)، انگریزی دوسری زبان کے طور پر بولی اور استعمال کی جاتی ہے۔

خواندگی کا تناسب: 82.5 فیصد۔

یوم آزادی: 3 ستمبر 1971ء کو برطانیہ سے۔

کرغزستان
(Kyrgyzstan)

کرغز جمہوریہ (وسط ایشیا کا ایک ملک)

محل وقوع: اس کے شمال اور شمال مغرب میں قازقستان، جنوب مغرب میں ازبکستان، جنوب میں تاجکستان اور جنوب مشرق میں چین واقع ہیں۔

رقبہ: 1,98,500 مربع کلومیٹر یا 76,000 مربع میل۔

آبادی: 51, 46, 281 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.29 فیصد۔

دارالحکومت: بشکیک (Bishkek) سابقہ نام فرونزے۔

بڑے شہر: اوش، جلال آباد، کراکول (سابقہ پرژے والسک)۔

پرچم: سرخ سرزمین کے وسط میں چڑھتا ہوا سورج زرد رنگ میں دکھایا گیا ہے۔ درمیان میں سرکاری نشان بنا ہوا ہے۔

کرنسی: سام (Som)۔

مذاہب: اسلام 75 فیصد، روسی آرتھوڈکس 20 فیصد، دیگر 5 فیصد۔

زبانیں: کرغز (سرکاری)، روسی دوسری بڑی زبان۔

خواندگی کا تناسب: 97 فیصد (مرد 99 فیصد، اور خواتین 96 فیصد)۔

یوم آزادی: 31 اگست 1991ء کو سوویت یونین سے۔

کمبوڈیا
(Cambodia)

(جنوب مشرقی ایشیا کا ایک ملک)

محل وقوع: اس کے شمال میں تھائی لینڈ اور لاؤس، مشرق اور جنوب میں ویت نام ہیں۔ خلیج تھائی اس کے مغربی ساحل سے کچھ پرے ہے۔

رقبہ: 1,81,040 مربع کلومیٹر یا 69,900 مربع میل۔

آبادی: 1,36,07,069 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.8 فیصد۔

دارالحکومت: نوم پنہہ (Phnom Penh)۔

بڑے شہر: بیٹمبانگ (Battambang)، کومپانگ تھوم، کومپانگ چم، ٹیکیو (Takbo)۔

پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے جامنی، سرخ اور جامنی) پر مشتمل ہے۔ درمیانی سرخ پٹی میں ملک کا سرکاری نشان بنا ہوا ہے۔

کرنسی: ریئل (Riel)۔

مذاہب: بدھ مت 95 فیصد اور دیگر 5 فیصد۔

زبانیں: کھمر (سرکاری)، فرانسیسی اور انگریزی۔

خواندگی کا تناسب: 70 فیصد (مرد 81 فیصد اور خواتین 59 فیصد)۔

یوم آزادی: 9 نومبر 1953ء کو فرانس سے۔

کوریا جنوبی
(South Korea)

(مشرقی ایشیا کا ایک ملک)

محل وقوع: مشرقی ایشیا میں بر کوریا کے جنوبی حصے پر واقع ہے۔ اس کے مشرق میں بحیرہ جاپان' مغرب میں بحیرہ زرد ہے۔ بحیرہ جاپان اس سے کوئی 100 میل یا 160 کلومیٹر جانب مشرق واقع ہے۔

رقبہ: 48,480 مربع کلومیٹر یا 38,023 مربع میل۔

آبادی: 4,84,22,644 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.38 فیصد۔

دارالحکومت: سیول (Seoul)۔

بڑے شہر: پوزان (Pusan)' انکن (Inchon) اور ٹائیگو (Taegu)۔

پرچم: سفید' درمیان میں سرخ نیلا ینگ یوم Yangum اور چار سیاہ پلکوار (Pulkwar)۔

کرنسی: وان (Won)۔

مذاہب: ناوابستہ 46 فیصد' عیسائیت 25 فیصد' بدھ مت 26 فیصد اور کنفیوشس مت ایک فیصد۔

زبانیں: کورین اور انگریزی عام پڑھائی جاتی ہیں۔

خواندگی کا تناسب: 98.1 فیصد (99.3 فیصد مرد اور 97 فیصد خواتین)۔

یوم آزادی: 15 اگست 1945ء کو جاپان سے۔

کوریا شمالی
(North Korea)

(مشرقی ایشیا کا ایک ملک)

محل وقوع: جزیرہ نما کوریا کا شمالی نصف حصہ۔ یہ خلیج کوریا اور بحیرہ جاپان سے چین اور جنوبی کوریا کے مابین گھرا ہوا ہے۔

رقبہ: 1,20,540 مربع کلومیٹر یا 46,540 مربع میل۔

آبادی: 2,29,12,177 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.9 فیصد۔

دارالحکومت: پیونگ یانگ (Pyongyang)۔

بڑے شہر: چانگ جن' نام پو' سینوئی' کائے سونگ' ہونگ ہائے سان۔

پرچم: یہ پانچ متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے نیلی' سفید' سرخ' سفید اور نیلی) پر مشتمل ہے۔ درمیانی سرخ پٹی زیادہ چوڑی ہے اور اس کے مستول کی جانب سفید دائرے میں پانچ کونی سرخ ستارہ بنا ہوا ہے۔

کرنسی: وان (Won)۔

مذاہب: روایتی طور پر بدھ مت اور کنفیوشس مت۔

زبانیں: کوریائی۔

خواندگی کا تناسب: 99 فیصد۔

یوم آزادی: 15 اگست 1945ء کو جاپان سے۔

کویت
(Kuwait)

دولت الکویت' خلیج کا ایک ملک

محل وقوع: اس کے شمال اور مغرب میں عراق' جنوب میں سعودی عرب اور مشرق میں خلیج فارس واقع ہیں۔ ساحل سے پرے بہت سے جزیرے ہیں۔ جن میں بوبیان سب سے بڑا ہے۔

رقبہ: 17,820 مربع کلومیٹر یا 6,880 مربع میل۔

آبادی: 23,35,648 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 3.44 فیصد۔

دارالحکومت: کویت شہر

بڑے شہر: حوالی (Hawalli)' اسلمیہ' الاحمدی' فرانویہ (Faranawiya) اور ابرق خطین۔

پرچم: اس کا پرچم تین متوازی پٹیوں سبز' سفید اور سرخ پر مشتمل ہے۔ مستول کی جانب سیاہ رنگ کی غیر مساوی اضلاع کی چوکور بنی ہوئی ہے۔

کرنسی: کویتی دینار۔

مذاہب: مسلمان 99 فیصد' عیسائی اور دیگر مذاہب کے لوگ ایک فیصد۔

زبانیں: عربی (سرکاری) تاہم یہاں فارسی اور انگریزی بھی بولی اور سمجھی جاتی ہے۔

خواندگی کا تناسب: 83.5 فیصد (85.1 فیصد مرد اور 81.7 فیصد خواتین)۔

یوم آزادی: 19 جون 1961ء کو برطانیہ سے۔

لاؤس
(Laos)

عوامی جمہوریہ لاؤس (جنوب مشرقی ایشیا کا ایک ملک)

محلِ وقوع: اس کے شمال میں چین، شمال مشرق اور مشرق میں ویت نام، جنوب میں کمبوڈیا، مغرب میں تھائی لینڈ اور شمال مغرب میں میانمر (برما) واقع ہیں۔

رقبہ: 2,36,800 مربع کلومیٹر یا 91,429 مربع میل۔

آبادی: 62,17,141 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.42 فیصد۔

دارالحکومت: وین تیان (Vientiane)۔

بڑے شہر: لوانگ پھرابانگ، پاکسے، پھونگ سالی۔

پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے سرخ، نیلی اور سرخ) پر مشتمل ہے۔ درمیان میں نیلی پٹی پر سفید دائرہ بنا ہوا ہے۔

کرنسی: کپ (Kip)۔

مذاہب: بدھ مت 60 فیصد، دھریے اور دیگر 40 فیصد۔

زبانیں: لاؤ (سرکاری)، فرانسیسی، انگریزی اور دیگر کئی نسلی زبانیں بولی جاتی ہیں۔

خواندگی کا تناسب: 52.8 فیصد (مرد 67.5 فیصد اور خواتین 38.1 فیصد)۔

یومِ آزادی: 19 جولائی 1949ء کو فرانس سے۔

لبنان
(Lebanon)

الجمہوریہ اللبنانیہ

محلِ وقوع: اس کے شمال اور مشرق میں شام، جنوب میں اسرائیل اور مغرب میں بحیرہ روم واقع ہیں۔ یہ مشرقی بحیرہ روم کے کنارے پر آباد ایک خوبصورت پہاڑی ملک ہے۔

رقبہ: 10,400 مربع کلومیٹر یا 4,015 مربع میل۔

آبادی: 38,26,218 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.26 فیصد۔

دارالحکومت: بیروت

بڑے شہر: طرابلس، صیدون، بعلبک، طائر البطر ون، بشاری، الجرمل۔

پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے سرخ، سفید اور سرخ) پر مشتمل ہے۔ وسطی سفید پٹی میں ملک کا قومی نشان بنا ہوا ہے۔

کرنسی: لبنانی پونڈ۔

مذاہب: اسلام 75 فیصد، عیسائیت 25 فیصد۔

زبانیں: عربی، فرانسیسی اور انگریزی۔

خواندگی کا تناسب: 87.6 فیصد (مرد 1ء93 فیصد اور خواتین 82.2 فیصد)۔

یومِ آزادی: 22 نومبر 1943ء۔

مالدیپ
(Maldives)

جمہوریہ مالدیپ (جنوبی ایشیا کا ایک ملک)

محلِ وقوع: مالدیپ بحرِ ہند میں سری لنکا کے جنوب مغرب میں 417 میل (617 کلومیٹر) کے فاصلے پر واقع ایک اہم جزیرہ ہے۔ یہ 1,190 مونگے (Coral) کے جزائر پر مشتمل ہے۔

رقبہ: 300 مربع کلومیٹر یا 115 مربع میل۔

آبادی: 3,49,106

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.82 فیصد۔

دارالحکومت: مالے

بڑے شہر: گین۔

پرچم: اس کی سرزمین سرخ ہے جبکہ مستطیل شکل میں سبز رنگ دکھایا گیا ہے اور اس کے وسط میں سفید چاند ہے۔

کرنسی: مالدیوی روپیہ۔

مذاہب: سنی مسلمان مذہباً مالکی ہیں اور نماز روزے کے پابند بتائے جاتے ہیں۔

زبانیں: دیہوی (Dhivehi) سرکاری زبان ہے۔ عربی، ہندی اور انگریزی بھی بولی جاتی ہے۔ رسم الخط عربی، ذریعہ تعلیم انگریزی ہے۔

خواندگی کا تناسب: 97.2 فیصد (مرد 1ء97 فیصد اور خواتین 97.3 فیصد)۔

یومِ آزادی: 26 جولائی 1963ء برطانیہ سے۔

متحدہ عرب امارات
(United Arab Emirates)

(خلیج فارس کا ایک ملک)

محل وقوع: یہ مجمع الجزائر عرب کے مشرقی حصے میں واقع ہے۔ اس کے مغرب اور جنوب میں سعودی عرب، شمال میں قطر اور مشرق میں عمان ہیں۔

رقبہ: 75,581 مربع کلومیٹر یا 32,000 مربع میل۔

آبادی: 25,63,212 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.54 فیصد۔

دارالحکومت: ابوظہبی۔

بڑے شہر: دبئی، العین، الشریکہ اور راس الخیمہ۔

پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں اور ایک عمودی پٹی (اوپر سے نیچے سبز، سفید اور سیاہ اور عمودی سرخ) پر مشتمل ہے۔

کرنسی: درہم۔

مذاہب: 96 فیصد مسلمان، دیگر 4 فیصد۔ سرکاری مذہب اسلام ہے۔

زبانیں: عربی 72 فیصد، فارسی اور انگریزی زبانیں بھی بولی اور سمجھی جاتی ہیں۔

خواندگی کا تناسب: 77.9 فیصد (مرد 76.1 فیصد اور خواتین 81.7 فیصد)۔

یوم آزادی: 2 دسمبر 1971ء کو برطانیہ سے۔

مشرقی تیمور
(East Timor)

عوامی جمہوریہ (جنوب مشرقی ایشیا کا ایک ملک)

محل وقوع: یہ مجمع الجزائر انڈونیشیا کے جزیرے تیمور کا مشرقی حصہ ہے جو بحیرہ جنوبی چین اور بحر ہند کے مابین واقع ہے۔ آسٹریلیا اس کا نزدیک ترین ہمسایہ ملک ہے۔ جو اس سے 400 میل جنوب میں ہے۔

رقبہ: 15,007 مربع کلومیٹر یا 5,794 مربع میل۔

آبادی: 10,40,800 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.09 فیصد۔

دارالحکومت: ڈلی (Dili)۔

بڑے شہر: ڈلی ہی بڑا شہر ہے۔

پرچم: اس کی سرزمین سرخ ہے البتہ مستول کی جانب اندر کی طرف دو تکونیں سنہری اور سیاہ رنگ میں بنائی گئی ہیں۔ سیاہ رنگ کی تکون پر سفید رنگ میں پانچ کونی ستارہ بنا ہوا ہے۔

کرنسی: امریکی ڈالر۔

مذاہب: رومن کیتھولک 90 فیصد، اسلام 4 فیصد، ہندو 0.5 فیصد اور بدھ وغیرہ۔

زبانیں: ٹیٹم پرتگیزی (سرکاری) بھاشا انڈونیشی، انگریزی اور چینی۔

خواندگی کا تناسب: 58.6 فیصد۔

یوم آزادی: 20 مئی 2002ء کو انڈونیشیا سے۔

ملائیشیا
(Malaysia)

فیڈریشن آف۔ جنوب مشرقی ایشیا کا ایک ملک

محل وقوع: یہ 13 ریاستوں پر مشتمل ہے جن میں 11 ریاستیں ملائی مجمع الجزائر میں واقع ہیں۔ اس کے شمال میں تھائی لینڈ، مشرق میں بحیرہ جنوبی چین، جنوب میں سنگاپور اور مغرب میں انڈونیشیا کا جزیرہ سماٹرا ہیں۔

رقبہ: 3,39,750 مربع کلومیٹر یا 1,28,328 مربع میل۔

آبادی: 2,39,53,136 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.86 فیصد۔

دارالحکومت: کوالالمپور، انتظامی دارالحکومت پتراجایا (Putrajaya)

بڑے شہر: جارج ٹاؤن (پینانگ)، آئی پوہ (Ipoh)، لوموٹ (Lumut)، تائی پنگ۔

پرچم: سات متوازی سرخ اور سات افقی دھاریاں، مستول کی جانب نارنجی رنگ کی ایک مستطیل ہے۔ اس میں زرد رنگ میں چاند اور ستارہ بنا ہوا ہے۔

کرنسی: رنگٹ (Ringgit)۔
مذاہب: ملائی (تمام مسلمان)، چینی (بدھ مت) اور بھارتی (ہندو)۔
زبانیں: بھانشا ملائی (سرکاری)، چینی، تامل اور انگریزی زبانیں بھی بولی جاتی ہیں۔
خواندگی کا تناسب: 88.9 فیصد (مرد 92.4 فیصد اور خواتین 85.4 فیصد)۔
یوم آزادی: 31 اگست 1957ء کو برطانیہ سے۔

منگولیا
(Mongolia)

جمہوریہ، مشرقی وسطی ایشیا کا ایک ملک
محل وقوع: منگولیا خشکی سے گھرا ہوا ملک ہے۔ اس کے شمال میں روس، جنوب، مشرق اور مغرب میں چین واقع ہیں۔
رقبہ: 15,65,000 مربع کلومیٹر یا 6,04,250 مربع میل۔
آبادی: 27,91,272 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.45 فیصد۔
دارالحکومت: اولان باطور۔
بڑے شہر: چوئے بالسن (Choybalsan)، ارڈینٹ (Erdenet)، ڈرہن (Darhan)، ہوود (Hovd)، بولاگ۔
پرچم: یہ تین مساوی عمودی پٹیوں (دائیں سے بائیں، سرخ، نیلی اور سرخ) پر مشتمل ہے۔ اس کی بائیں جانب والی سرخ پٹی پر ملک کا نشان بنا ہوا ہے۔
کرنسی: توگریک (Tugrik)۔
مذاہب: لامابدھ مت 85 فیصد، مسلمان 10 فیصد، مظاہر پرست 5 فیصد۔
زبانیں: منگولین (قازخ چینی) روسی
خواندگی کا تناسب: 99.1 فیصد (مرد 99.2 فیصد اور خواتین 99 فیصد)۔
یوم آزادی: 11 جولائی 1921ء کو چین سے۔

میانمر
(Myanmar)

یونین آف (جنوب مشرقی ایشیا کا ایک ملک)
محل وقوع: اس کی شمال مشرقی سرحد چین سے، مشرقی لاؤس اور تھائی لینڈ سے، مغربی بنگلہ دیش اور بھارت سے ملتی ہے جبکہ جنوب میں خلیج بنگال اور بحر انڈیمان ہیں۔
رقبہ: 6,78,500 مربع کلومیٹر یا 2,61,228 مربع میل۔
آبادی: 4,25,10,537 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.52 فیصد۔
دارالحکومت: ینگون (Yangon)۔
بڑے شہر: مانڈلے، مولمین، پیگو، ستوے۔
پرچم: یہ سرخ رنگ کا ہے البتہ اس کے مستول کی جانب نیلی مستطیل بنی ہوئی ہے جس میں چاول کی بالی اور دائرہ میں 14 سفید ستارے دکھائے گئے ہیں۔
کرنسی: کیات (Kyat)۔
مذاہب: بدھ مت 89 فیصد، مسلمان 4 فیصد اور عیسائیت 4 فیصد۔
زبانیں: برمی (سرکاری)، انگریزی، کیرن، شان۔
خواندگی کا تناسب: 83.1 فیصد (مرد 88.7 فیصد اور خواتین 77.7 فیصد)۔
یوم آزادی: 4 جنوری 1948ء کو برطانیہ سے۔

نیپال
(Nepal)

(جنوبی ایشیا کا ایک ملک)
محل وقوع: اس کے شمال میں چین کا علاقہ تبت، مشرق، جنوب اور مغرب میں بھارت واقع ہیں۔ یہ خشکی سے گھرا ہوا ملک کوہ ہمالیہ کے دامن میں ہے۔
رقبہ: 1,40,800 مربع کلومیٹر یا 54,363 مربع میل۔

آبادی: 2,76,76,547 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.2 فیصد۔

دارالحکومت: کٹھمنڈو

بڑے شہر: بیرٹ نگر (Biratnagar) کلیت پور۔ پوکھارا سلگر ہی۔

پرچم: نیپال کا پرچم بڑی اور چھوٹی سرخ تکونوں پر مشتمل ہے۔ تکونوں کے اردگرد نیلے رنگ کا حاشیہ لگا ہوا ہے۔ اوپر کی مثلث میں چاند اور نچلی میں آفتاب کو دکھایا گیا ہے۔

کرنسی: نیپالی روپیہ۔

مذاہب: 86.2 فیصد ہندو، 7.8 فیصد بدھ، 3.8 فیصد مسلمان اور دیگر 2.2 فیصد۔

زبانیں: نیپالی (سرکاری) 90 فیصد، انگریزی اور چالیس دیگر زبانیں۔

خواندگی کا تناسب: 45.2 فیصد (مرد 62.7 فیصد اور خواتین 27.6 فیصد)۔

ریاستی اتحاد: اسے پرتھوی نارائن شا (Narayan Shaw) نے 1768ء میں متحد کیا تھا۔

ویٹ نام
(Vietnam)

سوشلسٹ جمہوریہ (جنوب مشرقی ایشیا کا ایک ملک)

محل وقوع: اس کے شمال میں چین، مشرق میں بحیرہ جنوبی چین اور خلیج ٹانکن (Tonkin)، جنوب میں خلیج تھائی لینڈ، مغرب میں لاؤس اور کمبوڈیا واقع ہیں۔

رقبہ: 3,29,560 مربع کلومیٹر یا 1,27,243 مربع میل۔

آبادی: 83,53,5576,

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.04 فیصد۔

دارالحکومت: ہنوئی (Hanoi)۔

بڑے شہر: ہوچی منہ، دانانگ، ہائے فنگ، نہاٹرانگ (Nha Trang) قوئی نہون۔

پرچم: سرخ سرزمین پر درمیان میں زرد رنگ کا پانچ کونی ستارہ بنا ہوا ہے۔

کرنسی: نیوڈانگ (New Dong)۔

مذاہب: بدھ مت، عیسائیت، اسلام۔

زبانیں: ویٹ نامی سرکاری، انگریزی، فرانسیسی، چینی اور کھمر۔

خواندگی کا تناسب: 94 فیصد (مرد 95.8 فیصد اور خواتین 92.3 فیصد)۔

یوم آزادی: 2 ستمبر 1945ء کو فرانس سے۔

یمن
(Yemen)

الجمہوریہ الیمنیہ (مشرق وسطیٰ کا ایک ملک)

محل وقوع: اس کے شمال میں سعودی عرب، مشرق میں عمان، جنوب میں خلیج عدن اور مغرب میں بحیرہ احمر واقع ہیں۔

رقبہ: 5,27,970 مربع میل یا 2,03,850 مربع کلومیٹر۔

آبادی: 2,07,27,063 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 3.45 فیصد۔

دارالحکومت: صنعا

بڑے شہر: طائز (Taiz)، عدن، حضرموت، ابیان (Abyan)، لاہج (Lahej) اور حدیدہ (Hodiedah)۔

پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے سرخ، سفید اور سیاہ) پر مشتمل ہے۔

کرنسی: ریال۔

مذاہب: مسلمان، بہت کم تعداد میں یہودی، عیسائی اور ہندو بھی موجود ہیں۔

زبانیں: عربی۔

خواندگی کا تناسب: 50.2 فیصد (مرد 70.5 فیصد اور خواتین 30.0 فیصد)۔

یوم ادغام: 22 مئی 1990ء کو شمالی اور جنوبی یمن کا ادغام ہوا۔

براعظم افریقہ

اری ٹیریا
(Eritrea)

مملکت اری ٹیریا (شمال مشرقی افریقہ کا ایک ملک)

محل وقوع: ایتھوپیا کا سابقہ انتہائی شمالی صوبہ' اس کے شمال اور مغرب میں سوڈان' شمال اور مشرق میں بحیرہ احمر' جنوب میں جبوتی اور ایتھوپیا واقع ہیں۔

رقبہ: 1,21,320 مربع کلومیٹر یا 45,754 مربع میل۔

آبادی: 45,61,599 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.51 فیصد۔

دارالحکومت: اسمارا

بڑے شہر: مساوا (Massawa)' اساب (Assab)' کیرن (Keren)' نکفا اور آکوردت۔

پرچم: یہ سبز' سرخ اور نیلی تکونوں پر مشتمل ہے۔ سرخ دونوں تکونوں سے بڑی ہے اور مستول کی جانب ہے جس کے وسط میں ملکی نشان بنا ہوا ہے۔

کرنسی: نکفا (Nakfa)۔

مذاہب: اسلام اور عیسائیت' مسلمان 80 فیصد۔

زبانیں: افار' بلن (Bilen)' کوناما' نارا' عربی' سیہو' ٹگرے اور ٹگرینیا۔

خواندگی کا تناسب: 58.6 فیصد (مرد 69.9 فیصد اور خواتین 47.6 فیصد)۔

یوم آزادی: 24 مئی 1993ء کو ایتھوپیا سے۔

استوائی گنی
(Equatorial Guinea)

جمہوریہ (مغربی وسطی افریقہ کا ایک ملک)

محل وقوع: اس کے شمال میں کیمرون' مشرق اور جنوب میں گیبون اور مغرب میں خلیج گنی (بحراوقیانوس) واقع ہیں۔ یہ افریقہ کے مغربی ساحل پر آباد ہے۔

رقبہ: 28,051 مربع کلومیٹر یا 10,830 مربع میل۔

آبادی: 5,35,881 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.4 فیصد۔

دارالحکومت: مالابو

بڑے شہر: باٹا (Bata)' نیفانگ' انسوار' سانتا ازابیل' لیوبا' مبینی۔

پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے سبز' سفید اور سرخ) پر مشتمل ہے۔ اس کے مستول کی جانب نیلے رنگ کی ایک تکون بنی ہوئی ہے۔

کرنسی: افریقن فرانک۔

مذاہب: عیسائیت رومن کیتھولک 60 فیصد' مظاہر پرست 30 فیصد' دیگر 10 فیصد۔

زبانیں: ہسپانوی' فانگ' بوبی۔

خواندگی کا تناسب: 85.7 فیصد (مرد 93.3 فیصد اور خواتین 78.4 فیصد)۔

یوم آزادی: 12 اکتوبر 1968ء کو سپین سے۔

الجزائر
(Algeria)

عوامی جمہوریہ (شمالی افریقہ کا ایک ملک)

محل وقوع: اس کے مغرب میں مراکش اور مغربی صحارا' مشرق میں تیونس اور لیبیا' شمال میں بحیرہ روم اور جنوب میں ماریطانیہ واقع ہیں۔

رقبہ: 23,81,740 مربع کلومیٹر یا 9,19,590 مربع میل۔

آبادی: 1,11,90,786 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.2 فیصد۔

دارالحکومت: الجزائر شہر

بڑے شہر: اوران (Oran)' قسطنطنیہ' بٹنا (Batna)' انابا (Annaba)۔

پرچم: یہ دو عمودی پٹیوں سفید اور سبز پر مشتمل ہے۔ ان دونوں کے درمیان میں سرخ رنگ کا چاند اور ایک پانچ کونی ستارہ بنا ہوا ہے۔

کرنسی: دینار۔
مذاہب: اسلام 99 فیصد' عیسائیت اور یہودیت ایک فیصد۔
زبانیں: عربی (سرکاری) فرانسیسی' بربر۔
خواندگی کا تناسب: 70 فیصد۔
یوم آزادی: 5 جولائی 1962ء کو فرانس سے۔

انگولا
(Angola)

جمہوریہ (جنوب مغربی افریقہ کا ایک ملک)
محل وقوع: اس کے شمال اور مشرق میں عوامی جمہوریہ کانگو اور جمہوریہ کانگو۔ مشرق میں زیمبیا اور نیمیبیا شمال میں واقع ہیں۔
رقبہ: 12,46,700 مربع کلومیٹر یا 4,81,351 مربع میل۔
آبادی: 1,11,90,786 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.95 فیصد۔
دارالحکومت: لوآنڈا (Luanda)
بڑے شہر: ہوآمبو (Huambo)' لوبانگو (Lubango)۔
پرچم: یہ دو متوازی پٹیوں سرخ اور سیاہ پر مشتمل ہے۔ دونوں پٹیوں کے درمیان سنہری رنگ میں ملک کا قومی نشان بنا ہوا ہے۔
کرنسی: نیو کوانزا۔
مذاہب: مقامی عقائد 47 فیصد' رومن کیتھولک 38 فیصد' پروٹسٹنٹ 15 فیصد۔
زبانیں: پرتگیزی (سرکاری) بنتو اور دیگر افریقی زبانیں۔
خواندگی کا تناسب: 42 فیصد (مرد 56 فیصد اور خواتین 28 فیصد)۔
یوم آزادی: 11 نومبر 1975ء کو پرتگال سے۔

ایتھوپیا
(Ethiopia)

مشرقی افریقہ کا ایک ملک
محل وقوع: اس کے شمال میں اریٹریا' شمال مشرق میں جبوتی' مشرق اور جنوب مشرق میں صومالیہ' جنوب میں کینیا اور مغرب میں سوڈان واقع ہیں۔
رقبہ: 11,27,127 مربع کلومیٹر یا 4,35,184 مربع میل۔
آبادی: 7,30,58,286 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.36 فیصد۔
دارالحکومت: عدیس ابابا (Addis Ababa)۔
بڑے شہر: دیرداوا' گوندر' نازرت' جیما' ہرر' آواش' البیلا۔
پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے سبز' زرد اور سرخ) پر مشتمل ہے۔ درمیانی زرد پٹی پر نیلے دائرے میں پانچ کونی ستارہ بنا ہوا ہے۔
کرنسی: بر (Birr)۔
مذاہب: 45 تا 50 فیصد مسلمان' 35 تا 40 فیصد ایتھوپین آرتھوڈکس' 12 فیصد مظاہر پرست اور دیگر 3 تا 8 فیصد۔
زبانیں: امہری (Amharie)' تگرینیا' اورمیگنا' گوارگگنا اور انگریزی۔
خواندگی کا تناسب: 42.7 فیصد (مرد 50.3 فیصد اور خواتین 35.1 فیصد)۔
یوم آزادی: 5 مئی 1941ء کو برطانیہ سے۔

برکینا فاسو
(Burkina Faso)

مغربی افریقہ کا ایک ملک
محل وقوع: خشکی سے گھرے ہوئے اس ملک کے ہمسایہ ممالک میں کوٹے ڈی آئیوری' مالی' نائجر' بینن' ٹوگو اور گھانا شامل ہیں۔
رقبہ: 2,74,220 مربع کلومیٹر یا 1,05,870 مربع میل۔
آبادی: 1,39,25,313 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.53 فیصد۔
دارالحکومت: اوگادوگو (Ouaga Dougo)۔
بڑے شہر: بوبوڈیولاسو (Bobo Dioulasso)' کوڈوگو' اوہی گویا اور بینفورا (Banfora)۔
پرچم: یہ دو متوازی پٹیوں سرخ اور سفید پر مشتمل ہے۔ اس کے وسط

میں پانچ کونی زرد ستارہ دکھایا گیا ہے۔

کرنسی: افریقن فرانک۔

مذاہب: مسلمان 50 فیصد' عیسائیت 10 فیصد' اکثریت رومن کیتھولک' 40 فیصد مظاہر پرست۔

زبانیں: فرانسیسی (سرکاری) اور مقامی قبائلی بولیاں۔

خواندگی کا تناسب: 26.6 فیصد (مرد 36.9 فیصد اور خواتین 16.6 فیصد)۔

یوم آزادی: 5 اگست 1960ء کو فرانس سے۔

برونڈی
(Burundi)

(وسطی افریقہ کا ایک ملک)

محل وقوع: خشکی سے گھرے ہوئے اس ملک کے شمال میں روانڈا' مشرق اور جنوب میں تنزانیہ' مغرب میں جھیل ٹانگانیکا اور کانگو عوامی جمہوریہ واقع ہیں۔

رقبہ: 27,830 مربع کلومیٹر یا 10,747 مربع میل۔

آبادی: 6,370,609 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.22 فیصد۔

دارالحکومت: بوجمبورا (Bujumbura)۔

بڑے شہر: گٹیگا (Gitega)۔

پرچم: سفید وتری اوپر نیچے سرخ دائیں بائیں سبز درمیان میں گول دائرے میں چھ کناروں والے سبز اور سرخ تین ستارے بنے ہوئے ہیں۔

کرنسی: برونڈی فرانک۔

مذاہب: عیسائیت 67 فیصد' مقامی عقائد 23 فیصد اور اسلام 10 فیصد۔

زبانیں: کیرونڈی (Kirundi)' سرکاری فرانسیسی (سرکاری) سواحلی اور دیگر۔

خواندگی کا تناسب: 51.6 فیصد (مرد 58.5 فیصد' 45.2 فیصد خواتین)۔

یوم آزادی: یکم جولائی 1962ء کو بلجیم سے۔

بوٹسوانا
(Botswana)

جنوبی وسطی افریقہ کا ایک ملک

محل وقوع: یہ ملک نیمبیا' زیمبیا' زمبابوے اور جنوبی افریقہ کے درمیان گھرا ہوا ہے۔ ملک کا زیادہ تر حصہ صحرائی ہے۔ کالاہاری صحرا اس کے مغربی حصے پر پھیلا ہوا ہے۔

رقبہ: 6,00,370 مربع کلومیٹر یا 2,31,803 مربع میل۔

آبادی: 16,40,115 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.0 فیصد۔

دارالحکومت: گیبورونے (Gaborone)۔

بڑے شہر: مکوڈی (Mochudi)' فرانسس ٹاؤن' پیلا پائی' تشانے (Tshane)' خوتسے (Khutse)' ماؤن (Maun)' تساؤ (Tsau) اور کسانے (Kasane)۔

پرچم: یہ پانچ متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے) ہلکی نیلی' سفید' سیاہ' سفید اور ہلکی نیلی پر مشتمل ہے۔

کرنسی: پولا (Pula)۔

مذاہب: مقامی عقائد 85 فیصد' عیسائی 15 فیصد۔

زبانیں: انگریزی (سرکاری) سیٹسوانا (Setswana)۔

خواندگی کا تناسب: 79.8 فیصد (مرد 76.9 فیصد اور خواتین 82.4 فیصد)۔

یوم آزادی: 30 ستمبر 1966ء کو برطانیہ سے۔

بینن
(Benin)

جمہوریہ (مغربی افریقہ کا ایک ملک)

محل وقوع: یہ ملک ٹوگو (مغرب) اور نائجیریا (مشرق) کے مابین واقع ہے۔ برکینا فاسو اور نائجر اس کے شمال میں ہیں۔

رقبہ: 1,12,620 مربع کلومیٹر یا 43,483 مربع میل۔

آبادی: 74,60,025 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.82 فیصد۔

دارالحکومت: پورٹونوو۔
بڑے شہر: کوٹونو۔
پرچم: یہ تین پٹیوں (دو متوازی اوپر سے نیچے زرد اور سرخ اور ایک عمودی مستول کی جانب سبز) پر مشتمل ہے۔
کرنسی: افریقی فرنک۔
مذاہب: مقامی مذاہب 70 فیصد' عیسائی 15 فیصد' مسلمان 15 فیصد۔
زبانیں: فرانسیسی' افریقی زبانیں' فان زبان سب سے زیادہ 47 فیصد بولی جاتی ہے۔
خواندگی کا تناسب: 40.9 فیصد (مرد 56.2 فیصد اور خواتین 26.5 فیصد)۔
یوم آزادی: یکم اگست 1960ء کو فرانس سے۔

تنزانیہ
(Tanzania)

مشرقی افریقہ کا ایک ملک
محل وقوع: اس کے شمال میں یوگنڈا اور کینیا' مغرب میں برونڈی' روانڈا اور کانگو' جنوب میں موزمبیق' زیمبیا اور ملاوی۔ یہ بحر ہند کے سمندری علاقے میں ہے۔
رقبہ: 9,45,087 مربع کلومیٹر یا 3,64,898 مربع میل۔
آبادی: 3,67,66,356
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.83 فیصد۔
دارالحکومت: ڈوڈوما (Dodoma)۔
بڑے شہر: دارالسلام' زنجبار' کیگوما' موانزے' طیورا' ٹینگا (Tanga)۔
پرچم: یہ وتری طور پر تقسیم ہے۔ یہ سبز' سیاہ اور نیلی پٹیوں پر مشتمل ہے' سیاہ پٹی کے دونوں جانب زرد حاشیہ لگا ہوا ہے۔
کرنسی: تنزانین شلنگ۔
مذاہب: عیسائیت 30 فیصد' اسلام 35 فیصد' مقامی 35 فیصد۔ اس کے صوبے زنجبار کے 99 فیصد لوگ مسلمان ہیں۔
زبانیں: سواحلی' انگریزی (دونوں سرکاری) عربی اور دیگر مقامی زبانیں۔
خواندگی کا تناسب: 78.2 فیصد (مرد 85.9 فیصد اور خواتین 70.7 فیصد)۔
یوم آزادی: 26 اپریل 1964ء (تانگا اور زنجبار کے ادغام پر اس کا یہ نام پڑا)۔

تیونس
(Tunis)

الجمہوریہ التیونسیا (شمالی افریقہ کا ایک ملک)
محل وقوع: اس کے مغرب میں الجزائر' جنوب مشرق میں لیبیا' مشرق میں ساحلی میدان اور مغرب میں ڈھلوانی پہاڑیاں واقع ہیں۔
رقبہ: 1,63,610 مربع کلومیٹر یا 63,170 مربع میل۔
آبادی: 1,00,74,951 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.99 فیصد۔
دارالحکومت: تیونس شہر۔
بڑے شہر: بزرتہ' گفسا' صفاقس' سوس' جربہ' قیروان۔
پرچم: سرخ سرزمین کے وسط میں سفید گول دائرے کے اندر سرخ چاند اور پانچ کونی ستارہ۔
کرنسی: تیونسی دینار۔
مذاہب: اسلام (سرکاری) 98 فیصد' عیسائی اور یہودی ایک فیصد۔
زبانیں: عربی (سرکاری) اور فرانسیسی۔
خواندگی کا تناسب: 74.2 فیصد (مرد 84 فیصد اور خواتین 64.4 فیصد)۔
یوم آزادی: 20 مارچ 1956ء کو فرانس سے۔

ٹوگو
(Togo)

جمہوریہ' مغربی افریقہ کا ایک ملک
محل وقوع: یہ مغربی افریقہ کے جنوبی ساحل پر واقع ہے۔ اس کے مغرب میں گھانا' شمال میں برکینا فاسو اور مشرق میں بینن واقع ہیں۔
رقبہ: 56,790 مربع کلومیٹر یا 21,925 مربع میل۔

آبادی:
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.17 فیصد۔
دارالحکومت: لومے۔
بڑے شہر: سوکوڈی (Sokode)، پالیمے (Palime)، اٹیک پامی (Atakepame)، بساری (Bassari)۔
پرچم: یہ پانچ متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے) سبز، زرد، سبز، زرد اور سبز پر مشتمل ہے۔ مستول کی جانب بالائی تین پٹیوں پر سرخ مربع میں پانچ کونی سفید ستارہ بنا ہوا ہے۔
کرنسی: فرانک سی ایف اے۔
مذاہب: مختلف عقائد کے لوگ 65 فیصد، عیسائی 20 فیصد، مسلمان 15 فیصد۔
زبانیں: ایوے (Ewe)، مینا کپسے اور کوٹوکولی (Cotocoli)۔
خواندگی کا تناسب: 60.9 فیصد (75.4 فیصد مرد اور 46.9 فیصد خواتین)۔
یوم آزادی: 27 اپریل 1960ء کو فرانسیسی انتظام کے تحت اقوام متحدہ سے۔

جبوتی
(Djibouti)

جمہوریہ، شمال مشرقی افریقہ کا ایک ملک
محل وقوع: خلیج عدن پر شمال مشرقی افریقہ میں واقع اس ملک کی سرحدیں ایتھوپیا، اری ٹیریا اور صومالیہ سے ملتی ہیں۔ زیادہ تر علاقہ پتھریلا اور صحرائی ہے۔
رقبہ: 23,000 مربع کلومیٹر یا 8,878 مربع میل۔
آبادی: 4,76,703 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.06 فیصد
دارالحکومت: جبوتی شہر۔
بڑے شہر: آبوک (Obock)، دخیل (Dikhil)، علی صبیح (Ali-Sabieh)، تجورہ (Tadjourah)۔
پرچم: یہ دو متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے نیلی اور ہلکی سبز) پر مشتمل ہے۔ مستول کی جانب سفید رنگ کی تکون میں پانچ کونی سرخ ستارہ بنا ہوا ہے۔
کرنسی: جبوتی فرانک۔
مذاہب: مسلمان 94 فیصد، عیسائی 6 فیصد۔
زبانیں: عربی، فرانسیسی، افار اور صومالی۔
خواندگی کا تناسب: 67.9 فیصد (78 فیصد مرد اور 58.4 فیصد خواتین)۔
یوم آزادی: 27 جون 1977ء کو فرانس سے۔

جنوبی افریقہ
(South Africa)

جنوبی افریقہ کا ایک ملک
محل وقوع: یہ براعظم افریقہ کے جنوبی سرے پر واقع ہے۔ اس کے شمال میں موزمبیق، سوازی لینڈ، زمبابوے، بوٹسوانا اور نیمبیا ہیں۔ لیسوتھو اس کے وسط میں ہے۔
رقبہ: 12,19,912 مربع کلومیٹر یا 4,71,006 مربع میل۔
آبادی: 4,43,44,136 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: منفی 0.31 فیصد۔
دارالحکومت: پری ٹوریا (انتظامی) کیپ ٹاؤن لیجسلیٹو، بلوم فونٹین (جوڈیشل)۔
بڑے شہر: ڈربن، پائن ٹاؤن، جوہنسبرگ، ایسٹ رینڈ، پورٹ ایلزبتھ۔
پرچم: اوپر نیچے بے قاعدہ مستطیل سرخ اور جامنی، درمیان میں سبز رنگ میں غلیل اور مستول کی جانب جامنی تکون۔
کرنسی: رینڈ (Rand)۔
مذاہب: عیسائیت 68 فیصد، مقامی عقائد 28.5 فیصد، اسلام 2 فیصد، ہندومت 1.5 فیصد۔
زبانیں: افریقن، انگریزی، ندیبیل، پیڈی، سوازی، سوتھو، سونگا۔
خواندگی کا تناسب: 86.4 فیصد (مرد 87 فیصد، خواتین 85.7 فیصد)۔
یوم آزادی: 31 مئی 1910ء کو برطانیہ سے۔

چاڈ یا شاد
(Chad)

وسطی افریقہ کا ایک ملک

محلِ وقوع: خشکی سے گھرے ہوئے وسطی افریقہ کے اس ملک کی سرحدیں نائجر' لیبیا' سوڈان' وسطی افریقہ جمہوریہ' کیمرون اور نائجیریا سے ملتی ہیں۔

رقبہ: 12,84,000 مربع کلومیٹر یا 4,95,752 مربع میل۔

آبادی:

اوسط سالانہ شرحِ پیدائش: 2.95 فیصد۔

دارالحکومت: انجمینا (N. Djamena) سابقہ پورٹ لیمے۔

بڑے شہر: مونڈو اور سار (Sarh)۔

پرچم: یہ تین عمودی پٹیوں (دائیں سے بائیں) سرخ' زرد اور نیلی پر مشتمل ہے۔

کرنسی: فرانک۔

مذاہب: 80 فیصد مسلمان بقیہ 20 فیصد عیسائی۔

زبانیں: عربی اور فرانسیسی (دونوں سرکاری) مقامی بولی جانے والی زبانوں کی تعداد ایک سو کے لگ بھگ ہے۔

خواندگی کا تناسب: 47.5 فیصد (مرد 56.0 فیصد اور خواتین 39.3 فیصد)۔

یومِ آزادی: 11 اگست 1960ء کو فرانس سے۔

روانڈا
(Rwanda)

جمہوریہ وسطی افریقہ کا ایک ملک

محلِ وقوع: یہ عوامی جمہوریہ کانگو کے مشرق میں واقع ہے۔

رقبہ: 26,338 مربع کلومیٹر یا 10,169 مربع میل۔

آبادی: 84,40,820 (2005ء)

اوسط سالانہ شرحِ پیدائش: 2.43 فیصد۔

دارالحکومت: کیگالی (Kigali)۔

بڑے شہر: بوٹارے (Butare)' روہنگیری (Ruhengeri) اور گسنی (Gisenyi)

پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں اوپر سے نیچے (نیلی' زرد اور سبز) پر مشتمل ہے۔ بالائی نیلی پٹی کے دائیں جانب سورج دکھایا گیا ہے۔

کرنسی: روانڈا فرانک۔

مذاہب: رومن کیتھولک 56.5 فیصد' پروٹسٹنٹ 26 فیصد' دیگر 11.1 فیصد' مسلمان 4 فیصد' مقامی عقائد 0.1 فیصد اور نامعلوم 1.7 فیصد۔

زبانیں: کینیارونڈا (Kinyarwanda)' اور فرانسیسی (سرکاری)' انگریزی (سرکاری) سواحلی وغیرہ۔

خواندگی کا تناسب: 70.4 فیصد (مرد 76.3 فیصد اور خواتین 64.7 فیصد)۔

یومِ آزادی: یکم جولائی 1962ء کو بلجیم کے انتداب سے۔

زمبابوے
(Zimbabwe)

محلِ وقوع: یہ خشکی سے گھرا ہوا ملک ہے۔ اس کے مغرب میں بوٹسوانا' شمال میں زیمبیا' مشرق میں موزمبیق اور جنوب میں جنوبی افریقہ واقع ہیں۔

رقبہ: 3,90,580 مربع کلومیٹر یا 1,50,803 مربع میل۔

آبادی: 1,27,46,990

اوسط سالانہ شرحِ پیدائش: 0.51 فیصد۔

دارالحکومت: ہرارے۔

بڑے شہر: بلائیو یو (Bulawayo)' چیتنگویزا (Chitungwiza)۔

پرچم: اس کا پرچم سات متوازی سبز' زرد' سرخ' سیاہ' سرخ' زرد اور سبز پٹیوں پر مشتمل ہے۔ اس کے مستول کی جانب سفید رنگ کی تکون میں پانچ کونی ستارہ بنا ہوا ہے۔

کرنسی: زمبابوے ڈالر۔

مذاہب: 75 فیصد عیسائیت' 24 فیصد مقامی عقائد' ایک فیصد مسلمان۔

زبانیں: انگریزی (سرکاری)، شونا (Shona) اور نڈیبل (Ndebele)۔

خواندگی کا تناسب: 90.7 فیصد (مرد 94.2 فیصد اور خواتین 87.2 فیصد)۔

یوم آزادی: 18 اپریل 1980ء کو برطانیہ سے۔

زیمبیا
(Zambia)

جمہوریہ، جنوبی وسطی افریقہ کا ایک ملک

محل وقوع: یہ خشکی سے گھرا ہوا ملک ہے۔ یہ انگولا، کانگو (عوامی جمہوریہ)، تنزانیہ، ملاوی، موزمبیق، زمبابوے، بوٹسوانا اور نیمیبیا میں گھرا ہوا ہے۔

رقبہ: 7,52,614 مربع کلومیٹر یا 2,90,584 مربع میل۔

آبادی: 1,12,61,795 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.1 فیصد۔

دارالحکومت: لوساکا۔

بڑے شہر: نڈولا (Ndola)، کٹوی (Kitwe)، کیبوے (Kabwe)، چن گولا (Chingola)۔

پرچم: اس کی سرزمین سبز ہے۔ دائیں جانب تین پٹیاں (زرد، سیاہ اور سرخ) بنی ہوئی ہیں۔ درمیانی سیاہ پٹی پر اڑتی ہوئی چڑیا کو دکھایا گیا ہے۔

کرنسی: کواچا (Kwacha)۔

مذاہب: عیسائی 50 سے 75 فیصد، مسلمان اور ہندو 24 سے 49 فیصد تک۔

زبانیں: انگریزی (سرکاری)، بمبا (Bemba)، کاونڈا، لوزی، لنڈا، نیانجا وغیرہ۔

خواندگی کا تناسب: 80.6 فیصد (86.8 فیصد مرد اور 74.8 فیصد خواتین)۔

یوم آزادی: 24 اکتوبر 1964ء کو برطانیہ سے۔

ساؤتومے پرنسپے
Sao Tome and Principe

محل وقوع: یہ چھوٹے چھوٹے آتش فشانی جزائر پر مشتمل ہے۔ یہ خلیج گنی میں واقع ہے اور مغرب میں گیبون یا غیبون سے اس کا فاصلہ تقریباً 200 کلومیٹر ہے۔

رقبہ: 1,001 مربع کلومیٹر یا 386 مربع میل۔

آبادی: 1,87,410 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 3.2 فیصد۔

دارالحکومت: ساؤتومے۔

بڑے شہر: ساؤتومے ہی بڑا شہر ہے۔

پرچم: اس کا پرچم تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے) سبز، زرد اور سبز پر مشتمل ہے۔ درمیانی زرد پٹی پر پانچ کونی دو ستارے اور مستول کی جانب ایک سرخ تکون بنی ہوئی ہے۔

کرنسی: ڈوبرا (Dobra)

مذاہب: 80 فیصد عیسائی رومن کیتھولک، باقی 20 فیصد پروٹسٹنٹ۔

زبانیں: پرتگالی (سرکاری)۔

خواندگی کا تناسب: 79.3 فیصد (85 فیصد مرد اور 62 فیصد خواتین)۔

یوم آزادی: 12 جولائی 1975ء کو پرتگال سے۔

سوازی لینڈ
(Swaziland)

جنوبی افریقہ کا ایک ملک

محل وقوع: یہ ایک پہاڑی ملک ہے اور یہ جنوبی افریقہ اور موزمبیق کے مابین گھرا ہوا ہے۔

رقبہ: 17,363 مربع کلومیٹر یا 6,704 مربع میل۔

آبادی: 11,73,900 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.25 فیصد۔

دارالحکومت: مبابین (Mbabane)۔

بڑے شہر: منزینی (Manzini)۔
پرچم: اس کا پرچم پانچ متوازی پٹیوں (نیلی، زرد، سرخ، زرد اور نیلی) پر مشتمل ہے۔ وسط میں سیاہ سفید افریقی ڈھال اور دو دائرے دکھائے گئے ہیں۔
کرنسی: لیلنگنی (Lilangeni)۔
مذاہب: زانسٹ (عیسائیوں اور مقامی لوگوں کا اختلاط) 40 فیصد، رومن کیتھولک 40 فیصد، مسلمان 10 فیصد۔
زبانیں: انگریزی (سرکاری)، سواتی (سرکاری)۔
خواندگی کا تناسب: 81.6 فیصد (مرد 82.6 فیصد، خواتین 80.8 فیصد)۔
یوم آزادی: 6 ستمبر 1968ء کو برطانیہ سے۔

سوڈان
(Sudan)

جمہوریہ السودان، شمال مشرقی افریقہ کا ایک ملک
محل وقوع: شمال مشرقی افریقہ میں واقع براعظم افریقہ کا سب سے بڑا ملک۔ اس کے مغرب میں چاڈ اور وسطی افریقی جمہوریہ، شمال میں مصر اور لیبیا، مشرق میں اری ٹیریا اور ایتھوپیا اور جنوب میں کینیا، یوگنڈا اور کانگو ہیں۔
رقبہ: 25,05,810 مربع کلومیٹر یا 9,67,491 مربع میل۔
آبادی: 4,01,87,486 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.6 فیصد۔
دارالحکومت: خرطوم
بڑے شہر: ام درمان، پورٹ سوڈان، خرطوم شمالی، وادی میدانی (Wadi Medani)، کسالا، جوبا۔
پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں اوپر سے نیچے سرخ، سفید اور سیاہ پر مشتمل ہے۔ مستول کی جانب سبز رنگ کی تکون بنی ہوئی ہے۔
کرنسی: سوڈانی پونڈ۔
مذاہب: مسلمان ستر فیصد، مقامی عقائد کے حامل 20 فیصد اور عیسائی 5 فیصد۔
زبانیں: عربی، انگریزی اور قبائلی بولیاں۔
خواندگی کا تناسب: 61.1 فیصد (مرد 71.8 فیصد، عورتیں 50.5 فیصد)۔
یوم آزادی: یکم جنوری 1956ء کو برطانیہ سے۔

سیرالیون
(Sierra Leone)

مغربی افریقہ کا ایک ملک
محل وقوع: یہ مغربی افریقہ میں بحراوقیانوس کے ساحل پر واقع ہے۔ اس کے مشرق اور شمال میں گنی، جنوب میں لائبیریا ہیں۔ مشرقی علاقہ پہاڑی ہے۔
رقبہ: 71,740 مربع کلومیٹر یا 27,925 مربع میل۔
آبادی: 60,17,643 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.22 فیصد۔
دارالحکومت: فری ٹاؤن۔
بڑے شہر: کوئیڈو (Koidu)، کینیما (Kenema)، مکینی۔
پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے سبز، سفید اور نیلی) پر مشتمل ہے۔
کرنسی: لیون (Leone)۔
مذاہب: اسلام 40 فیصد، عیسائیت 35 فیصد، دیگر 25 فیصد۔
زبانیں: انگریزی (سرکاری)، دیگر زبانیں مینڈے (Mende)، ٹمنے (Temne) اور کریو (Krio)۔
خواندگی کا تناسب: 31.4 فیصد (مرد 45.4 فیصد اور خواتین 18.2 فیصد)۔
یوم آزادی: 27 اپریل 1961ء کو برطانیہ سے۔

سیشلز
(Seychelles)

جمہوریہ، جنوبی افریقہ کا ایک ملک
محل وقوع: اس کے شمال مغرب میں صومالیہ اور جنوب مغرب میں

مڈغاسکر واقع ہے۔ یہ مڈغاسکر سے 680 میل کی دوری پر جانب شمال مشرق میں ہے۔ اس کے جزائر کی تعداد 115 ہے۔ بڑا جزیرہ ماہی (Mahe) ہے۔ اس کا رقبہ 153 مربع کلومیٹر ہے۔

رقبہ: 455 مربع کلومیٹر یا 175 مربع میل۔

آبادی: 81,188 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.43 فیصد۔

دارالحکومت: وکٹوریہ

بڑے شہر: کاسکیڈ، اینسی رائل، اینسی بوئیلاڈ۔

پرچم: یہ پانچ تکونی ہے۔ اوپر والی مستطیل کے ساتھ نیلی تکون ہے۔ اس کے بعد زرد، سرخ، سفید، نیل آسمانی اور سبز رنگ کی بے ڈھنگی تکونیں بنی ہوئی ہیں۔

کرنسی: سیشلز روپیہ۔

مذاہب: رومن کیتھولک 95 فیصد، دیگر 5 فیصد۔

زبانیں: کریول، فرانسیسی، انگریزی۔

خواندگی کا تناسب: 58 فیصد (مرد 56 فیصد اور خواتین 60 فیصد)۔

یوم آزادی: 29 جون 1976ء کو برطانیہ سے۔

سینی گال
(Senegal)

جمہوریہ، مغربی افریقہ کا ایک ملک

محل وقوع: اس کے تین اطراف میں گیمبیا، شمال میں ماریطانیہ، مشرق میں مالی اور جنوب میں گنی اور گنی بساؤ واقع ہیں۔

رقبہ: 1,96,190 مربع کلومیٹر یا 75,749 مربع میل۔

آبادی: 1,11,26,832 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.5 فیصد۔

دارالحکومت: ڈاکر یا ڈاکار۔

بڑے شہر: کاؤلک (Kaolack)، تھیز (Thies)، زیگوانکر، ڈیوربل (Dloubel)، کولڈہ، سینٹ لوئی۔

پرچم: یہ تین عمودی پٹیوں (دائیں سے بائیں سرخ، زرد اور سبز) پر مشتمل ہے۔ درمیانی زرد پٹی کے وسط میں سبز رنگ کا پانچ کونی ستارہ بنا ہوا ہے۔

کرنسی: سی ایف اے فرانک۔

مذاہب: اسلام 94 فیصد، عیسائیت 5 فیصد، مقامی عقائد 1 فیصد۔

زبانیں: فرانسیسی (سرکاری)، وولوف، پولار (Pulaar)، جولا (Jola) اور مینڈنیکا۔

خواندگی کا تناسب: 40.2 فیصد (مرد 50 فیصد اور خواتین 30.7 فیصد)۔

یوم آزادی: 4 اپریل 1960ء کو فرانس سے۔

صحراوی
(Sahrawi Arab Republic)

عرب جمہوریہ۔ شمال مغربی افریقہ کا ایک ملک

محل وقوع: یہ براعظم شمال مغربی افریقہ میں واقع ہے۔ اس کے مشرق اور جنوب میں ماریطانیہ، شمال میں مراکش اور مغرب میں بحیرہ اوقیانوس ہیں۔

رقبہ: 2,66,769 مربع کلومیٹر یا 1,85,185 مربع میل۔

آبادی: 3,00,000 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 3.0 فیصد۔

دارالحکومت: العیون۔

بڑے شہر: سمارا نائی۔

کرنسی: مراکشی درہم۔

مذاہب: اسلام۔

زبانیں: ہسپانوی اور دیگر۔

آئینی حیثیت: متنازعہ، فی الحال یہ مراکش کے زیر تسلط ہے لیکن تحریک آزادی کی جماعت پولیساریو بھی ملکیت کی دعویدار ہے۔ جلاوطن حکومت بھی قائم ہو چکی ہے جسے دنیا کے ستر ممالک نے تسلیم کیا ہے۔

صومالیہ
(Somalia)

جمہوریہ، مشرقی افریقہ کا ایک ملک

محل وقوع: یہ خلیج عدن اور بحر ہند کے ساتھ واقع ہے۔ اس کے شمال مغرب میں جبوتی، جنوب مغرب میں کینیا ہیں۔

رقبہ: 6,37,660 مربع کلومیٹر یا 2,46,199 مربع میل۔

آبادی: 85,91,629 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 3.38 فیصد۔

دارالحکومت: موگادیشو۔

بڑے شہر: ہرگیش (Hargeish)، کسمائیو، برا، مرکا (Merca)۔

پرچم: اس کے پرچم کی سرزمین نیلی ہے جبکہ وسط میں پانچ کونی سفید ستارہ بنا ہوا ہے۔

کرنسی: صومالی شلنگ۔

مذاہب: سنی مسلمان 99 فیصد، دیگر ایک فیصد۔

زبانیں: صومالی (سرکاری)، عربی، اطالوی اور انگریزی۔

خواندگی کا تناسب: 37.8 فیصد (مرد 49.7 فیصد اور خواتین 25.8 فیصد)۔

یوم آزادی: یکم جولائی 1960ء کو (برطانوی صومالی لینڈ کے ادغام سے۔

کانگو جمہوریہ
(Congo Republic of)

مغربی وسطی افریقہ کا ایک ملک

محل وقوع: اس کے شمال میں کیمرون اور وسطی افریقی جمہوریہ، مشرق اور جنوب میں عوامی جمہوریہ کانگو، جنوب مغرب میں انگولا اور بحر اوقیانوس اور مغرب میں گیبون واقع ہیں۔

رقبہ: 3,42,000 مربع کلومیٹر یا 1,32,047 مربع میل۔

آبادی: 30,39,126 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.31 فیصد۔

دارالحکومت: برازویل (Brazzaville)

بڑے شہر: پوائنٹ نوئر، لوبو، موجمبالا، سیبٹی، کنکا کا، گامبوما، موسا کا۔

پرچم: یہ بالائی سبز تکون، درمیان میں زرد پٹی اور نیچے کی جانب سرخ تکون پر مشتمل ہے۔

کرنسی: افریقن فرانک۔

مذاہب: عیسائیت 50 فیصد، دھریے 48 فیصد، اسلام 2 فیصد۔

زبانیں: فرانسیسی (سرکاری)، لنگالا اور مونوکوٹوبا (Monokotuba)۔

خواندگی کا تناسب: 83.8 فیصد (مرد 89.6 فیصد، خواتین 78.4 فیصد)۔

یوم آزادی: 15 اگست 1969ء فرانس سے۔

کانگو عوامی جمہوریہ
Congo, Democratic, Republic of

وسطی استوائی افریقہ کا ایک ملک

محل وقوع: وسطی افریقی جمہوریہ اور سوڈان اس کے شمال میں، زمبیا جنوب میں، انگولا جنوب مغرب میں، جمہوریہ کانگو مغرب میں، یوگنڈا، روانڈا، برونڈی اور جھیل ٹانگانیکا مشرق میں واقع ہیں۔

رقبہ: 23,45,410 مربع کلومیٹر یا 9,05,568 مربع میل۔

آبادی: 6,00,85,804 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 3.0 فیصد۔

دارالحکومت: کنشاسا۔

بڑے شہر: لومباشی، کسانگانی، کاناناگا، کولویزی، مبوجی مائی۔ مینڈاکا۔

پرچم: اس کا پرچم جامنی رنگ کا ہے۔ وسط میں پانچ کونی زرد ستارہ اور مستول کی جانب چھ ستارے دکھائے گئے ہیں۔

کرنسی: کانگولیز فرانک۔

مذاہب: رومن کیتھولک 50 فیصد، پروٹسٹنٹ 20 فیصد، اسلام 10 فیصد، دیگر 20 فیصد۔

زبانیں: فرانسیسی (سرکاری)، لنگالا، کنگ وانا، کیکونگو اور شیلوبا (Tshiluba)۔

خواندگی کا تناسب: 65.50 فیصد (مرد 76.2 فیصد، خواتین 55.1 فیصد)۔

یوم آزادی: 30 جون 1960ء کو بلجیم سے۔

کوٹے ڈی آئیوری
(Cote D Ivoire)

جمہوریہ، مغربی افریقہ کا ایک ملک

محل وقوع: مغربی افریقہ میں واقع اس ملک کے شمال میں مالی اور برکینا فاسو، جنوب میں خلیج گنی اور بحر اوقیانوس، مشرق میں گھانا، مغرب میں لائبیریا اور گنی واقع ہیں۔ اس کا پرانا نام آئیوری کوسٹ تھا۔

رقبہ: 3,22,463 مربع کلومیٹر یا 1,24,504 مربع میل۔

آبادی: 1,72,98,040 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.06 فیصد۔

دارالحکومت: عبیدجان یا عابدجان (Abid Jan)۔

بڑے شہر: یاموسوکرو، بوآکے (Bouake)، ڈیلاؤ (Dalao)، گیکنو وآ، مین (Man)، کورہوگو (Korhogo)۔

پرچم: یہ تین عمودی پٹیوں (دائیں سے بائیں سبز، سفید اور سرخ) پر مشتمل ہے۔

کرنسی: سی ایف اے فرانک۔

مذاہب: مظاہر پرست 63 فیصد، مسلم 25 فیصد، عیسائی 12 فیصد۔

زبانیں: فرانسیسی (سرکاری)، دیگر اکان، کرو، مالینک اور وولٹک۔

خواندگی کا تناسب: 50.9 فیصد (مرد 57.9 فیصد، خواتین 43.6 فیصد)۔

یوم آزادی: 7 اگست 1960ء کو فرانس سے۔

کوموروز یا جزائر القمر
(Comoros)

اسلامی وفاقی جمہوریہ، جنوبی افریقہ کا ایک ملک

محل وقوع: یہ جزیرہ موزمبیق اور مدغاسکر کے مابین واقع ہے اور آتش فشانی ہے۔

رقبہ: 2,170 مربع کلومیٹر یا 838 مربع میل۔

آبادی: 6,71,247 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.91 فیصد۔

دارالحکومت: موروونی (Moroni) یا ماروونی۔

بڑے شہر: ایکونی، متسامودو (Mutsamudu) اور فامبونی (Fomboni)۔

پرچم: یہ چار متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے زرد، سفید، سرخ اور جامنی) پر مشتمل ہے۔ مستول کی جانب سبز رنگ کی تکون میں چار سفید ستارے اور ایک چاند دکھایا گیا ہے۔

کرنسی: کومورن فرانک۔

مذاہب: مسلمان 98 فیصد اور رومن کیتھولک 2 فیصد۔

زبانیں: عربی (سرکاری)، فرانسیسی (سرکاری)، شیکومورو۔

خواندگی کا تناسب: 56.5 فیصد (مرد 63.6 فیصد، خواتین 49.3 فیصد)۔

یوم آزادی: 6 جولائی 1975ء کو فرانس سے۔

کیپ ورڈے
(Cape Verde)

جمہوریہ، مغربی افریقہ کا ایک ملک

محل وقوع: بحر اوقیانوس میں جزائر کا مجموعہ ہے۔ یہ سینی گال کے مغرب میں ہے۔ ماریطانیہ بھی اس کا ایک ہمسایہ ملک ہے۔

رقبہ: 4,033 مربع کلومیٹر یا 1,557 مربع میل۔

آبادی: 4,18,224 (2006ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.67 فیصد۔

دارالحکومت: پرائیا (Prala)۔

بڑے شہر: مینڈیلو (Mindelo) ہی بڑا شہر ہے۔

پرچم: یہ پانچ متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے، جامنی، سفید، سرخ، سفید اور جامنی) پر مشتمل ہے۔ اوپر اور نیچے والی جامنی پٹیوں پر تین تین پانچ کونی ستارے بنے ہوئے ہیں۔

کرنسی: کیپ وردن ایسکوڈو

مذاہب: رومن کیتھولک 80 فیصد اور مظاہر پرست 20 فیصد۔

زبانیں: پرتگالی (سرکاری) اور کریولو (Crioulo)۔

خواندگی کا تناسب: 76.6 فیصد (85.8 فیصد مرد اور 69.2 فیصد خواتین)۔

یوم آزادی: 5 جولائی 1975ء کو پرتگال سے۔

کیمرون (Cameroon)

جمہوریہ وسطی افریقہ کا ایک ملک

محل وقوع: وسطی افریقہ کے مغربی ساحل پر واقع اس ملک کے شمال مغرب میں نائجیریا، شمال مشرق میں چاڈ، مشرق میں وسطی افریقی جمہوریہ، جنوب مشرق میں کانگو، جنوب میں استوائی گنی اور مغرب میں خلیج گنی ہیں۔

رقبہ: 4,75,440 مربع کلومیٹر یا 1,83,569 مربع میل۔

آبادی: 160,63,628 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.93 فیصد۔

دارالحکومت: یاونڈی (Yaoundi)۔

بڑے شہر: ڈولا (Douala)، نکانگ سامبا (Nkong Samba)، میروآ (Maroua)۔

پرچم: یہ تین عمودی پٹیوں (دائیں سے بائیں زرد، سرخ اور سبز) پر مشتمل ہے۔ اس کی وسطی سرخ پٹی میں زرد رنگ کا پانچ کونی ستارہ بنا ہوا ہے۔

کرنسی: سی ایف اے فرانک۔

مذاہب: اسلام 16 فیصد، عیسائیت 33 فیصد، مقامی عقائد 51 فیصد۔

زبانیں: فرانسیسی اور انگریزی (دونوں سرکاری)، 24 دوسری بڑی افریقی زبانیں۔

خواندگی کا تناسب: 79.0 فیصد، مرد 84.7 فیصد اور خواتین 73.4 فیصد)۔

یوم آزادی: یکم جنوری 1960ء کو فرانسیسی انتظام کے تحت اقوام متحدہ کی تولیتی کونسل اور برطانیہ سے۔

کینیا (Kenya)

مشرقی افریقہ کا ایک ملک

محل وقوع: یہ وسطی افریقہ میں بحر ہند کے ساحل پر واقع ہے۔ صومالیہ اس کے مشرق میں، ایتھوپیا شمال میں، تنزانیہ جنوب میں، یوگنڈا مغرب میں اور سوڈان شمال مشرق میں ہے۔

رقبہ: 5,82,650 مربع کلومیٹر یا 2,24,961 مربع میل۔

آبادی: 3,38,29,590 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.6 فیصد۔

دارالحکومت: نیروبی

بڑے شہر: ممباسہ، مرسابٹ، ویجر، بورا (Bura)، میکاکوس، کیسومو، کٹالے۔

پرچم: یہ پانچ متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے سیاہ، سفید، نسواری، سفید اور سبز) پر مشتمل ہے۔ وسطی پٹی میں افریقی ڈھال کو دکھایا گیا ہے۔

کرنسی: کینیا شلنگ۔

مذاہب: پروٹسٹنٹ 45 فیصد، رومن کیتھولک 33 فیصد، مقامی عقائد 10 فیصد اور اسلام 10 فیصد۔

زبانیں: انگریزی (سرکاری)، سواحلی (قومی) اور دیگر 25 گروہی زبانیں۔

خواندگی کا تناسب: 85 فیصد۔

یوم آزادی: 12 دسمبر 1963ء کو برطانیہ سے۔

گنی (Guinea)

جمہوریہ مغربی افریقہ کا ایک ملک

محل وقوع: بحر اوقیانوس پر مغربی افریقہ میں واقع اس ملک کی سرحدیں گنی بساؤ، سینی گال، مالی، کوٹے ڈی آئیوری، لائبیریا اور سیرالیون سے ملتی ہیں۔

رقبہ: 2,45,860 مربع کلومیٹر یا 94,925 مربع میل۔

آبادی: 92,46,462 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.37 فیصد۔
دارالحکومت: کناکری۔
بڑے شہر: کانکن، لابے، کنڈیا، سیگوری، ڈابولا، بوق، کوروسا، فریا۔
پرچم: یہ تین عمودی پٹیوں دائیں سے بائیں سبز، زرد اور سرخ پر مشتمل ہے۔
کرنسی: گنی فرانک۔
مذاہب: مسلمان 85 فیصد، عیسائی 10 فیصد، مقامی عقائد 5 فیصد۔
زبانیں: فرانسیسی (سرکاری)، قبائلی زبانیں (سوسو اور فولانی)۔
خواندگی کا تناسب: 35.9 فیصد (مرد 49.9 فیصد، خواتین 21.9 فیصد)۔
یوم آزادی: 2 اکتوبر 1958ء کو فرانس سے۔

گنی بساؤ یا بسو
(Guinea Bissau)

مغربی افریقہ کا ایک ملک
محل وقوع: یہ بحراوقیانوس کے ساحل پر واقع ہے۔ شمال میں سینی گال، جنوب اور مشرق میں گنی اس کی ہمسایہ مملکتیں ہیں۔
رقبہ: 36,120 مربع کلومیٹر یا 13,948 مربع میل۔
آبادی: 14,16,027 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.96 فیصد۔
دارالحکومت: بساؤ یا بسو۔
بڑے شہر: بولوما۔
پرچم: یہ دو متوازی اوپر سے نیچے زرد اور سبز اور مستول کی جانب سرخ متوازی پٹی پر مشتمل ہے۔ سرخ متوازی پٹی کے وسط میں سیاہ رنگ کا پانچ کونی ستارہ دکھایا گیا ہے۔
کرنسی: سی ایف اے فرانک۔
مذاہب: مقامی عقائد 65 فیصد، اسلام 30 فیصد اور عیسائیت 15 فیصد۔
زبانیں: پرتگیزی (سرکاری)، فولانی، میلپنک، کریولو فیلپ، بلانٹا اور منڈیاکو۔
خواندگی کا تناسب: 42.2 فیصد (مرد 58 فیصد، خواتین 27.4 فیصد)۔
یوم آزادی: 24 ستمبر 1973ء کو پرتگال سے۔

گھانا یا غانا
(Ghana)

جمہوریہ، مغربی افریقہ کا ایک ملک
محل وقوع: یہ بحراوقیانوس کے جنوبی ساحل پر واقع ہے۔ اس کے مغرب میں کوٹے ڈی آئیوری، برکینا فاسو شمال میں جبکہ مشرق میں ٹوگو ہیں۔
رقبہ: 2,38,537 مربع کلومیٹر یا 92,100 مربع میل۔
آبادی: 2,10,29,853 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.25 فیصد۔
دارالحکومت: عکرہ۔
بڑے شہر: بول گٹنگا (Bulgatanga)، تمالے (Tamale)، نیوتمالے، کوماسی، اوبوشی، ڈنکووا، کوفوری ڈوا، کیپ کوسٹ، ایلمینا اور سیکونڈی۔
پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے سرخ، زرد اور سبز) پر مشتمل ہے۔ اس کی وسطی زرد پٹی پر درمیان میں پانچ کونی سیاہ ستارہ بنا ہوا ہے۔
کرنسی: سیڈی (Sedi)۔
مذاہب: عیسائیت 63 فیصد، اسلام 16 فیصد، مقامی عقائد 21 فیصد۔
زبانیں: انگریزی (سرکاری)، دیگر افریقی زبانیں، ایکن، مونی ڈیگومبا، ایوا اور گا۔
خواندگی کا تناسب: 74.8 فیصد (مرد 82.7 فیصد اور خواتین 67.1 فیصد)۔
یوم آزادی: 6 مارچ 1957ء کو برطانیہ سے۔

گیبون یا غیبون (Gabon)

جمہوریہ، مغربی وسطی افریقہ کا ایک ملک

محلِ وقوع: بحراوقیانوس کے ساحل کے ساتھ مغربی افریقہ کا ایک ملک۔ یہ استوائی گنی (شمال)، کیمرون (شمال) اور کانگو (مشرق اور جنوب) کے مابین گھرا ہوا ہے۔ بہت بڑا حصہ جنگلات پر مشتمل ہے۔

رقبہ: 2,67,670 مربع کلومیٹر یا 1,03,346 مربع میل۔

آبادی: 13,89,202 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.45 فیصد۔

دارالحکومت: لیبرے ویل (Librreville)۔

بڑے شہر: پورٹ جینٹل، مسوکو (فرانس ویل)، لمبرینی، میٹرک (Mitzic)۔ میکوکو ٹیپیٹ لوانگو۔

پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے، سبز، زرد اور گہری نیلی) پر مشتمل ہے۔

کرنسی: سی ایف اے فرانک۔

مذاہب: کیتھولک 75 فیصد، پروٹسٹنٹ 20 فیصد، مظاہر پرست 4 فیصد اور مسلمان ایک فیصد۔

زبانیں: فرانسیسی (سرکاری)، فانگ (Fang)، مائینی (Myene)، نذبی، بینڈ جبی۔

خواندگی کا تناسب: 63.2 فیصد (مرد 73.7 فیصد اور خواتین 53.3 فیصد)۔

یومِ آزادی: 17 اگست 1960ء کو فرانس سے۔

گیمبیا (Gambia)

جمہوریہ، مغربی افریقہ کا ایک ملک

محلِ وقوع: یہ بحراوقیانوس پر افریقہ کے انتہائی مغربی کونے میں واقع ہے اور یہ اطراف سے سینی گال سے گھرا ہوا ہے۔

رقبہ: 11,300 مربع کلومیٹر یا 4,093 مربع میل۔

آبادی: 15,93,256 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.93 فیصد۔

دارالحکومت: بنجول (Banjul)۔

بڑے شہر: بریکاما، سالیکنی، بیکاؤ، گنجوا، سیری کنڈا۔

پرچم: یہ پانچ متوازی پٹیوں سرخ، ہلکی سفید، نیلی، ہلکی سفید اور سبز) پر مشتمل ہے۔

کرنسی: ڈلاسی۔

مذاہب: اسلام 90 فیصد، عیسائیت 9 فیصد، مقامی عقائد ایک فیصد۔

زبانیں: مقامی زبانیں، انگریزی (سرکاری)، میلنک اور وولوف۔

خواندگی کا تناسب: 40.1 فیصد (مرد 47.8 فیصد، خواتین 32.8 فیصد)۔

یومِ آزادی: 18 فروری 1965ء کو برطانیہ سے۔

لائبیریا (Liberia)

مغربی افریقہ کا ایک ملک

محلِ وقوع: اس کے شمال میں سیرالیون اور گنی، جنوب اور مغرب میں بحراوقیانوس اور مشرق میں کوٹے ڈی آئیوری (آئیوری کوسٹ) واقع ہیں۔

رقبہ: 1,11,370 مربع کلومیٹر یا 43,000 مربع میل۔

آبادی: 34,82,211 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.64 فیصد۔

دارالحکومت: مونرویا (Monrovia)۔

بڑے شہر: بوکانن، ہارپر، بنڈاجا، گانتا، گبارنگا، سنی کوئل، زویڈرو، گرین ویل۔

پرچم: یہ گیارہ متوازی پٹیوں (سرخ، سفید، سرخ، سفید، سرخ، سفید، سرخ، سفید، سرخ، سفید، سرخ) پر مشتمل ہے۔ بائیں جانب بالائی 5 پٹیوں پر نیلے مربع میں پانچ کونی سفید ستارہ بنا ہوا ہے۔

کرنسی: لائبیرین ڈالر۔

مذاہب: 40 فیصد مقامی عقائد، عیسائیت 40 فیصد، اسلام 20 فیصد۔

زبانیں: انگریزی (سرکاری) 20 فیصد، 20 فیصد گروہی زبانیں اور 60 فیصد دیگر۔

خواندگی کا تناسب: 58.0 فیصد۔

یوم آزادی: 26 جولائی 1847ء کو امریکا سے۔

لیبیا
(Libya)

سوشلسٹ پیپلز لیبین عرب جمہوریہ

محل وقوع: اس کے مغرب میں تیونس اور الجزائر، جبکہ مشرق میں مصر، جنوب میں سوڈان، چاڈ اور نائجر واقع ہیں۔ زیادہ تر علاقہ صحرائی ہے۔

رقبہ: 17,59,540 مربع کلومیٹر یا 6,79,536 مربع میل۔

آبادی: 57,65,563 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.37 فیصد۔

دارالحکومت: طرابلس۔

بڑے شہر: بن غازی، مصراتہ، خمس، طبروق، البیضا، درنہ۔

پرچم: لیبیا کا پرچم مکمل طور پر گہرے سبز رنگ کا ہے۔

کرنسی: دینار (لیبین)۔

مذاہب: اسلام 97 فیصد، دیگر 3 فیصد۔

زبانیں: عربی، اطالوی اور انگریزی۔

خواندگی کا تناسب: 82.6 فیصد (مرد 92.4 فیصد، خواتین 72 فیصد)۔

یوم آزادی: 24 دسمبر 1951ء کو اٹلی سے۔

لیسوتھو
(Lesotho)

جمہوریہ، سابقہ نام بسوتولینڈ، جنوبی افریقہ کا ایک ملک

محل وقوع: اس کا زیادہ تر حصہ پہاڑی ہے اور پورے ملک کے گرداگرد جنوبی افریقہ واقع ہے۔

رقبہ: 11,720 مربع کلومیٹر یا 30,355 مربع میل۔

آبادی: 18,67,035 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.08 فیصد۔

دارالحکومت: ماسیرو (Masero)۔

بڑے شہر: مارا کابیس، موہیلز ہوک، کوتھنگ، موخوٹلانگ (Mokhotlong)۔ ٹیاٹ سینگ۔

پرچم: اس کے درمیان میں نیلی ترچھی پٹی اور اس کے اوپر کی سفید تکون میں ملک کا نشان اور نیچے سبز رنگ کی تکون دکھائی گئی ہے۔

کرنسی: مالوٹی، جنوبی افریقن رانڈ (Rand)۔

مذاہب: عیسائی 80 فیصد، مقامی عقائد 20 فیصد۔

زبانیں: سیسوتھو (جنوبی سوتھو)، انگریزی (سرکاری)، ذولو، ہوسا (Xhosa)۔

خواندگی کا تناسب: 84.8 فیصد (مرد 74.5 فیصد، خواتین 94.5 فیصد)۔

یوم آزادی: 4 اکتوبر 1966ء کو برطانیہ سے۔

ماریشیس
(Mauritius)

جمہوریہ، جنوبی افریقہ کا ایک ملک

محل وقوع: مڈغاسکر کے مشرق میں واقع یہ جزیرہ بحر ہند میں واقع ہے۔ یہ آتش فشانی پہاڑوں پر مشتمل ہے۔

رقبہ: 2,040 مربع کلومیٹر یا 788 مربع میل۔

آبادی: 12,30,602 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.84 فیصد۔

دارالحکومت: پورٹ لوئی (Port Louis)۔

بڑے شہر: کوری پائپ (Curipipe)، ماہی بورگ (Mahi Bourg)، ویکوآس (Vacoas) اور روزہل۔

پرچم: یہ چار متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے سرخ، نیلی، زرد اور سبز) پر مشتمل ہے۔

کرنسی: ماریشس روپیہ۔

مذاہب: ہندومت 52 فیصد، عیسائیت 28.3 فیصد، اسلام 16.6 فیصد اور دیگر 3.1 فیصد۔

زبانیں: انگریزی (سرکاری)، کریول، فرانسیسی (سرکاری)، ہندی، اردو، حقا اور بھوجپوری۔

خواندگی کا تناسب: 85.6 فیصد (مرد 88.6 فیصد اور خواتین 82.7 فیصد)۔

یوم آزادی: 12 مارچ 1968ء کو برطانیہ سے۔

ماریطانیہ (Mauritania)

اسلامیہ جمہوریہ' شمال مغربی افریقہ کا ایک ملک

محل وقوع: یہ بحراوقیانوس کے ساحل پر واقع ہے۔ اس کے شمال میں مراکش' مشرق میں مالی اور الجزائر جبکہ جنوب میں سینی گال ہے۔ ملک کا زیادہ تر حصہ صحرائی ہے۔

رقبہ: 10,30,700 مربع کلومیٹر یا 3,93,753 مربع میل۔

آبادی: 30,86,859 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.9 فیصد۔

دارالحکومت: نواکشوٹ۔

بڑے شہر: قاعدی' نواد یبو' روسو (Rosso)' زوارتے (Zouerate)۔

پرچم: یہ سبز سرزمین پر مشتمل ہے۔ اس کے وسط میں زرد رنگ کا چاند اور پانچ کونی زرد ستارہ دکھایا گیا ہے۔

کرنسی: اوگویا (Ougulya)۔

مذاہب: 100 فیصد اسلام۔

زبانیں: عربی (سرکاری) اور فرانسیسی۔

خواندگی کا تناسب: 41.7 فیصد (مرد 51.8 فیصد اور خواتین 31.9 فیصد)۔

یوم آزادی: 28 نومبر 1960ء کو فرانس سے۔

مالی (Mali)

جمہوریہ' مغربی افریقہ کا ایک ملک

محل وقوع: اس کے شمال مشرق میں الجزائر' جنوب میں برکینا فاسو' کوٹے ڈی آئیوری اور گنی' مشرق میں نائجیر' مغرب میں سینی گال اور ماریطانیہ واقع ہیں۔

رقبہ: 12,40,000 مربع کلومیٹر یا 4,78,819 مربع میل۔

آبادی: 1,22,91,529 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.74 فیصد۔

دارالحکومت: بماکو (Bamako)۔

بڑے شہر: ٹمبکٹو' سیگو (Segou)' ماپتی (Mopti)' سکاسو (Sikasso)' کیز (Kayes)۔

پرچم: یہ تین عمود پٹیوں (دائیں سے بائیں سرخ' زرد اور سبز) پر مشتمل ہے۔

کرنسی: سی ایف اے فرانک۔

مذاہب: اسلام 90 فیصد' مقامی عقائد 9 فیصد اور عیسائی ایک فیصد۔

زبانیں: فرانسیسی (سرکاری)' بمبارا (Bambara)' یہ زبان 80 فیصد آبادی بولتی ہے۔

خواندگی کا تناسب: 46.4 فیصد (مرد 53.9 فیصد اور خواتین 39.6 فیصد)۔

یوم آزادی: 22 ستمبر 1960ء کو فرانس سے۔

مڈغاسکر سابقہ نام مالاگیسی (Madagascar)

جمہوریہ' جنوب مشرقی افریقہ کا ایک ملک

محل وقوع: اس کے شمال اور مشرق میں بحر ہند' جنوب میں جنوبی بحر ہند' مغرب میں آبنائے موزمبیق واقع ہیں۔ جزائر کومورو اور موزمبیق اس کے قریبی ہمسایہ ممالک ہیں۔

رقبہ: 5,87,041 مربع کلومیٹر یا 2,26,658 مربع میل۔

آبادی: 1,80,40,340 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 3.03 فیصد سالانہ۔

دارالحکومت: انتاناریوو (Antananarivo)۔

بڑے شہر: ٹوالافاریو' ٹوماسینا' مہاجنگا' انسیر انانا۔

پرچم: اوپر نیچے سرخ اور سبز پٹیاں اور مستول کی جانب سفید عمودی پٹی۔

کرنسی: مالاگیسی فرانک۔
مذاہب: مظاہر پرست 50 فیصد، عیسائیت 40 فیصد، اسلام 8 فیصد، دیگر 2 فیصد۔
زبانیں: فرانسیسی (سرکاری) مالاگیسی (سرکاری)
خواندگی کا تناسب: 68,9 فیصد (75,5 فیصد مرد اور 62.5 فیصد خواتین)
یوم آزادی: 26 جون 1960 فرانس سے

مراکش (Morocco)

المملکۃ المغربیہ، مغربی افریقہ کا ایک ملک
محل وقوع: اس کے مشرق اور جنوب میں الجزائر، جنوب میں مغربی صحارا، شمال میں بحیرہ روم اور مغرب میں بحراوقیانوس واقع ہیں۔
رقبہ: 4,46,550 مربع کلومیٹر یا 1,72,413 مربع میل۔
آبادی: 3,27,25,847 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.6 فیصد۔
دارالحکومت: رباط۔
بڑے شہر: فیض، طنجہ، لکناس، آغادیر، کاسابلانکا، مراکش اور صالح۔
پرچم: یہ مکمل طور پر سرخ رنگ کا ہے اور اس کے وسط میں سبز رنگ کا پانچ کونی ستارہ بنا ہوا ہے۔
کرنسی: مراکشی درہم۔
مذاہب: مسلمان 99 فیصد، رومن کیتھولک اور یہودی ایک فیصد۔
زبانیں: عربی (سرکاری) بربر۔
خواندگی کا تناسب: 51.7 فیصد (مرد 64.1 فیصد اور خواتین 39.4 فیصد)۔
یوم آزادی: 12 مارچ 1956ء کو فرانس سے۔

مصر (Egypt)

عرب جمہوریہ، شمالی افریقہ کا ایک ملک
محل وقوع: وادی نیل کے شمالی حصے پر مشتمل براعظم افریقہ کے اس ملک کے مغرب میں لیبیا، جنوب میں سوڈان، مشرق میں فلسطین اور اسرائیل ہیں۔
رقبہ: 10,01,450 مربع کلومیٹر یا 3,86,900 مربع میل۔
آبادی: 7,75,05,756 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.78 فیصد۔
دارالحکومت: قاہرہ۔
بڑے شہر: جیزہ (Giza)، شبرالخمیہ، اسکندریہ، المحلہ الکبرا، پورٹ سعید، منصورہ۔
پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے سرخ، سفید اور سیاہ) پر مشتمل ہے، وسطی سفید پٹی پر ملک کا نشان بنا ہوا ہے۔
کرنسی: مصری پونڈ۔
مذاہب: اسلام 94 فیصد، عیسائیت اور دیگر 6 فیصد۔
زبانیں: عربی (سرکاری)، انگریزی، فرانسیسی۔
خواندگی کا تناسب: 57.7 فیصد (مرد 68.3 فیصد اور خواتین 46.9 فیصد)۔
یوم آزادی: 28 فروری 1922ء کو برطانیہ سے۔

ملاوی (Malawi)

جمہوریہ، جنوب مشرقی افریقہ کا ایک ملک
محل وقوع: اس کے شمال میں تنزانیہ، جنوب میں موزمبیق، جنوب مشرق میں موزمبیق، مغرب میں زیمبیا اور مشرق میں جھیل نیاسا واقع ہیں۔
رقبہ: 1,18,484 مربع کلومیٹر یا 45,747 مربع میل۔
آبادی: 1,21,58,924 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.06 فیصد۔
دارالحکومت: لیلنگوے (Lilongwe)۔
بڑے شہر: بلان ٹائر، زومبا، کیرونگا (Karonga)، چیلیما (Chilumba)، مزوزو (Mzazu)، سلیمہ (Salima)، لمبے (Limbe) اور کیسونگا۔
پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے سیاہ، سرخ اور سبز) پر

مشتمل ہے۔ بالائی سیاہ پٹی پر ابھرتا ہوا سورج دکھایا گیا ہے۔

کرنسی: ملاوی کواچا (Kwacha)۔

مذاہب: عیسائیت 75 فیصد' اسلام 15 فیصد' مظاہر پرست 10 فیصد۔

زبانیں: انگریزی (سرکاری)' چیچوا (Chichewa) سرکاری اور علاقائی زبانیں۔

خواندگی کا تناسب: 62.7 فیصد (مرد 76.1 فیصد اور خواتین 49.8 فیصد)۔

یوم آزادی: 6 جولائی 1964ء کو برطانیہ سے۔

موزمبیق
(Mozambique)

جمہوریہ' جنوب مشرقی افریقہ کا ایک ملک

محل وقوع: اس کے شمال میں تنزانیہ' مغرب میں ملاوی' زیمبیا اور زمبابوے جبکہ جنوب میں جنوبی افریقہ اور سوازی لینڈ واقع ہیں۔

رقبہ: 8,01,590 مربع کلومیٹر یا 3,03,073 مربع میل۔

آبادی: 1,94,06,703

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.48 فیصد۔

دارالحکومت: میپوتو (Maputo)۔

بڑے شہر: بیریا (Beria)۔

پرچم: یہ پانچ متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے سبز' سفید' سیاہ' سفید اور زرد) پر مشتمل ہے۔ مستول کی جانب سرخ تکون میں سفید رنگ کا پانچ کونی ستارہ دکھایا گیا ہے۔

کرنسی: میٹکل (Metical)۔

مذاہب: مقامی یا روایتی 60 فیصد' عیسائیت 30 فیصد' اسلام 10 فیصد۔

زبانیں: پرتگالی (سرکاری)' بنتو اور مقامی۔

خواندگی کا تناسب: 47.8 فیصد (مرد 63.5 فیصد اور خواتین 32.7 فیصد)۔

یوم آزادی: 25 جون 1975ء کو پرتگال سے۔

نائجیریا
(Nigeria)

وفاقی جمہوریہ' مغربی افریقہ کا ایک ملک

محل وقوع: یہ مغربی افریقہ کے جنوبی ساحل پر واقع ہے۔ اس کے مغرب میں بینن' شمال میں نائیجر' مشرق میں چاڈ اور کیمرون ہیں۔

رقبہ: 9,23,770 مربع کلومیٹر یا 3,56,700 مربع میل۔

آبادی: 12,87,71,988 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.37 فیصد۔

دارالحکومت: ابوجا (Abuja)۔

بڑے شہر: لاگوس' آگ بموشو (Ogbomosho)' کانو' اوشیگو' ابادان۔

پرچم: یہ تین عمودی پٹیوں (دائیں سے بائیں سبز' سفید اور سبز) پر مشتمل ہے۔

کرنسی: نائیرا (Naira)۔

مذاہب: اسلام 50 فیصد' عیسائیت 40 فیصد' مقامی عقائد 10 فیصد۔

زبانیں: انگریزی (سرکاری)' ہوسا' یوروبا' آیبو نیز اور 250 قبائلی زبانیں۔

خواندگی کا تناسب: 68 فیصد (مرد 75.7 فیصد اور خواتین 60.6 فیصد)۔

یوم آزادی: یکم اکتوبر 1960ء کو برطانیہ سے۔

نائجیر
(Niger)

جمہوریہ' مغربی افریقہ کا ایک ملک

محل وقوع: مغربی افریقہ میں واقع اس ملک کے ہمسایہ ممالک میں مالی مغرب میں' الجزائر اور لیبیا شمال میں' چاڈ مشرق میں' نائجیریا بینن جنوب میں اور برکینا فاسو مغرب شامل ہیں۔

رقبہ: 12,67,000 مربع کلومیٹر یا 4,89,191 مربع میل۔

آبادی: 1,16,65,937 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.63 فیصد۔

دارالحکومت: نیامے یانیامی (Niamey)۔

بڑے شہر: زندر (Zinder)، مرادی (Maradi)، طاؤہا، نگومی۔

پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے سرخ، سفید اور سبز) پر مشتمل ہے اور اس کے وسط میں سرخ رنگ کا دائرہ بنا ہوا ہے۔

کرنسی: سی ایف اے فرانک۔

مذاہب: اسلام 80 فیصد، مظاہر پرست اور عیسائی 20 فیصد۔

زبانیں: فرانسیسی (سرکاری)، ہوسا، سونگھائی اور عربی۔

خواندگی کا تناسب: 17.6 فیصد (مرد 25.8 فیصد اور خواتین 9.7 فیصد)۔

یوم آزادی: 3 اگست 1960ء کو فرانس سے۔

نیمبیا
(Namibia)

جمہوریہ، جنوب مغربی افریقہ کا ایک ملک

محل وقوع: اس کے شمال میں انگولا اور زیمبیا، جنوب میں جنوبی افریقہ، مشرق میں بوٹسوانا اور جنوبی افریقہ اور مغرب میں بحر اوقیانوس واقع ہیں۔

رقبہ: 8,24,292 مربع کلومیٹر یا 3,18,261 مربع میل۔

آبادی: 20,30,692 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.73 فیصد۔

دارالحکومت: ونڈ ہوک۔

بڑے شہر: گروٹ فونٹین، کیری بیب، کیٹ مارن شوپ، کارس برگ۔

پرچم: اس کے وسط میں سرخ ترچھی پٹی، اس کے اوپر نیلی پٹی پر ابھرتے ہوئے سورج کا نشان اور اس کے نیچے سبز پٹی دکھائی گئی ہے۔

کرنسی: نیمبین ڈالر۔

مذاہب: عیسائیت: پروٹسٹنٹ، رومن کیتھولک۔

زبانیں: انگریزی (سرکاری)، افریقن 60 فیصد، جرمن 32 فیصد، دیگر 8 فیصد۔

خواندگی کا تناسب: 84.0 فیصد (مرد 84.4 فیصد اور خواتین 83.7 فیصد)۔

یوم آزادی: 21 مارچ 1990ء کو جنوبی افریقہ سے۔

وسطی افریقی جمہوریہ
(Central African Republic)

وسطی افریقہ کا ایک ملک

محل وقوع: یہ خشکی سے گھرا ہوا ملک ہے۔ یہ کیمرون، چاڈ، سوڈان، عوامی جمہوریہ کانگو اور جمہوریہ کانگو کے مابین گھرا ہوا ہے۔

رقبہ: 6,22,984 مربع کلومیٹر یا 2,40,534 مربع میل۔

آبادی: 37,99,897 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.49 فیصد۔

دارالحکومت: بنگوئی۔

بڑے شہر: بیراؤ (Birao)، بمبری (Bambari)، بوآلی (Boali)، بربرائی، بوکارنگا، بنگاسو، زیمبو۔

پرچم: یہ چار متوازی (اوپر سے نیچے نیلی، سفید، سبز اور زرد اور درمیان میں عمودی سرخ) پر مشتمل ہے۔ بالائی نیلی پٹی پر مستول کی جانب پانچ کونی زرد ستارہ بنا ہوا ہے۔

کرنسی: سی ایف اے فرانک۔

مذاہب: مقامی عقائد 35 فیصد، پرٹسٹنٹ، رومن کیتھولک 25 فیصد، اسلام 15 فیصد۔

زبانیں: فرانسیسی (سرکاری)، سنگھو اور قبائلی زبانیں۔

خواندگی کا تناسب: 51 فیصد (مرد 63.3 فیصد اور خواتین 39.9 فیصد)۔

یوم آزادی: 13 اگست 1960ء کو فرانس سے۔

یوگنڈا
(Uganda)

جمہوریہ، مشرقی افریقہ کا ایک ملک

محل وقوع: یہ مشرقی افریقہ میں خشکی سے گھرا ہوا ملک ہے۔ اس

کے شمال میں سوڈان، مشرق میں کینیا، جنوب میں تنزانیہ، جنوب مغرب میں رُوانڈا اور مغرب میں جمہوریہ کانگو واقع ہیں۔

رقبہ: 2,36,040 مربع کلومیٹر یا 91459 مربع میل۔

آبادی: 2,72,69,482 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 3.31 فیصد۔

دارالحکومت: کمپالا۔

بڑے شہر: جنجا، مساکا، اسٹیب۔

پرچم: یہ چھ متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے سیاہ، زرد، سرخ، سیاہ، زرد اور سرخ) پر مشتمل ہے۔ درمیانی سرخ اور سیاہ پٹیوں پر سفید دائرے میں قومی نشان بنا ہوا ہے۔

کرنسی: شلنگ۔

مذاہب: رومن کیتھولک 33 فیصد، پروٹسٹنٹ 33 فیصد، مسلمان 16 فیصد، مقامی عقائد 18 فیصد۔

زبانیں: انگریزی (سرکاری)، لوگنڈا (Luganda)، سواحلی۔

خواندگی کا تناسب: 69.9 فیصد (مرد 79.5 فیصد اور خواتین 60.4 فیصد)۔

یوم آزادی: 9 اکتوبر 1962ء کو برطانیہ سے۔

براعظم یورپ

آسٹریا (Austria)

جنوبی وسطی یورپ کا ایک ملک

محل وقوع: اس کے شمال میں جرمنی، چیک جمہوریہ اور سلوواکیہ، جنوب میں سلووینیا اور اٹلی، مشرق میں ہنگری جبکہ مغرب میں سوئٹزرلینڈ اور لیکٹنسٹین واقع ہیں۔

رقبہ: 88,855 مربع کلومیٹر یا 32,377 مربع میل۔

آبادی: 81,84,691 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.11 فیصد۔

دارالحکومت: وی آنا (Vienna)۔

بڑے شہر: سالزبرگ، لنز (Linz)، کارنٹن، انزبرگ، گریز۔

پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے سرخ، سفید اور سرخ) پر مشتمل ہے۔

کرنسی: یورو۔

مذاہب: عیسائیت رومن کیتھولک 80 فیصد، پروٹسٹنٹ 20 فیصد۔

زبانیں: جرمن سرکاری زبان، سربوکروٹ اور ترکش، سلوون (سرکاری)۔

خواندگی کا تناسب: 98.0 فیصد۔

یوم آزادی: 26 اکتوبر 1955ء کو برطانیہ، فرانس، امریکا اور سوویت یونین سے۔

آئرلینڈ (Ireland)

محل وقوع: شمال مشرقی بحراوقیانوس میں واقع ایک جزیرہ، یہ یورپ کے مغرب میں ہے۔ اس کا ایک حصہ شمالی آئرلینڈ برطانیہ میں شامل ہے۔

رقبہ: 70,285 مربع کلومیٹر یا 27,137 مربع میل۔

آبادی: 40,15,676

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.16 فیصد۔

دارالحکومت: ڈبلن۔

بڑے شہر: بلفاسٹ، سلیگو (Sligo)، کلکنی (Kilkenny)، واٹرفورڈ، کارک۔

پرچم: اس کا پرچم تین عمودی پٹیوں (دائیں سے بائیں نارنجی، سفید اور سبز) پر مشتمل ہے۔

کرنسی: یورو۔

مذاہب: رومن کیتھولک 95 فیصد اور پروٹسٹنٹ 4 فیصد، دیگر ایک فیصد۔

زبانیں: انگریزی، آئرش۔

خواندگی کا تناسب: 98.0 فیصد۔

یوم آزادی: 6 دسمبر 1921ء کو برطانیہ سے۔

آئس لینڈ
(Iceland)

محل وقوع: شمالی بحراوقیانوس میں واقع یہ جزیرہ گرین لینڈ کے مشرق میں واقع ہے۔ جزیرہ فیرواور سکاٹ لینڈ اس کے جنوب مشرق میں ہیں۔

رقبہ: 1,03,000 مربع کلومیٹر یا 39,788 مربع میل۔

آبادی: 2,96,737

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.91 فیصد۔

دارالحکومت: ریکجاوک' یاریکیاوس (Reykjavik)۔

بڑے شہر: ایکوریری (Akureyri)' ایکرانس' کیفلاوک' ہافن۔

پرچم: اس کا پرچم نیلے رنگ کا ہے جبکہ سفید حاشیے کے ساتھ سرخ اسکینڈے نیوین کراس دکھایا گیا ہے۔

کرنسی: آئس لینڈک کرونا۔

مذاہب: عیسائی (لوتھرن اور رومن کیتھولک)۔

زبانیں: آئس لینڈک (سرکاری زبان)' انگریزی' نارڈک زبانیں' جرمن۔

خواندگی کا تناسب: 99.9 فیصد۔

یوم آزادی: 17 جون 1944ء کو ڈنمارک سے۔

اٹلی
(Italy)

جنوبی یورپ کا ایک ملک

محل وقوع: اس کے مغرب میں ٹائرینین بحیرہ' مشرق میں بحیرہ ایڈریاٹک' شمال میں فرانس' سوئٹزرلینڈ' آسٹریا اور سلووینیا واقع ہیں۔

رقبہ: 3,01,230 مربع کلومیٹر یا 1,16,305 مربع میل۔

آبادی: 5,81,03,033 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.07 فیصد۔

دارالحکومت: روم

بڑے شہر: میلان' نیپلز' تورین' پلرمو' جنووآ' بولونا' فلورنس' کتانیہ اور وینس۔ ٹرائیسٹ۔

پرچم: اس کا پرچم تین عمودی پٹیوں (دائیں سے بائیں) سرخ' سفید اور سبز پر مشتمل ہے۔

کرنسی: یورو۔

مذاہب: رومن کیتھولک' پروٹسٹنٹ' یہودی اور مسلمان۔

زبانیں: اطالوی (سرکاری)' جرمن' سلوین' فرانسیسی۔

خواندگی کا تناسب: 98.6 فیصد (مرد 99.0 فیصد اور خواتین 98.3 فیصد)۔

یوم آزادی: 17 مارچ 1861ء کو سلطنت کا قیام عمل میں آیا۔

البانیہ
(Albania)

جمہوریہ' جنوب مشرقی یورپ کا ایک ملک۔

محل وقوع: بحیرہ ایڈریاٹک کے مشرقی ساحل پر واقع اس ملک کے شمال میں مانٹی نیگرو اور سربیا' مشرق میں مقدونیہ اور جنوب میں یونان واقع ہیں۔

رقبہ: 28,750 مربع کلومیٹر یا 11,100 مربع میل۔

آبادی: 35,63,112 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.52 فیصد۔

دارالحکومت: ترانہ۔

بڑے شہر: سکوتری' دروز' ویلور' کورٹسا' سراندے اور ایلباسن۔

پرچم: اس کا پرچم سرخ رنگ کا ہے جس کے وسط میں سرکاری نشان بنا ہوا ہے۔

کرنسی: لیک (Lek)۔

مذاہب: 70 فیصد مسلمان' 20 فیصد البانوی آرتھوڈکس' 10 فیصد رومن کیتھولک۔

زبانیں: البانوی' یونانی' توسک (Tosk) سرکاری۔

خواندگی کا تناسب: 86.5 فیصد (مرد 93.3 فیصد' خواتین 79.5 فیصد)۔

یوم آزادی: 28 نومبر 1912ء کو سلطنت عثمانیہ سے۔

ایسٹونیا (Estonia)

جمہوریہ، شمال مشرقی یورپ کا ایک ملک

محلِ وقوع: یہ لیٹویا اور روس کے مابین واقع ہے۔ اس کے شمال میں خلیج فن لینڈ، مشرق میں روس، جنوب میں لیٹویا اور مغرب میں بحیرہ بالٹک ہیں۔

رقبہ: 45,226 مربع کلومیٹر یا 17,462 مربع میل۔

آبادی: 13,32,893 (2005ء)

اوسط سالانہ شرحِ پیدائش: 0.65 فیصد۔

دارالحکومت: تالین (Tallinn)۔

بڑے شہر: ترتو (Tartu)۔

پرچم: اس کا پرچم تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے نیلی، سیاہ اور سفید) پر مشتمل ہے۔

کرنسی: کرون (Kroon)۔

مذاہب: ایوانجلیکن لوتھرن، روسی آرتھوڈکس، ایسٹونین آرتھوڈکس، بپٹسٹ، رومن کیتھولک اور یہودی۔

زبانیں: ایسٹونین (سرکاری)، روسی، یوکرائنی، فنش اور دیگر۔

خواندگی کا تناسب: 100 فیصد۔

یومِ آزادی: 20 اگست 1991ء کو سوویت یونین سے۔

اینڈورا (Andorra)

جنوب مغربی یورپ کا ایک ملک

محلِ وقوع: اس کے شمال اور مشرق میں فرانس اور جنوب اور مغرب میں سپین واقع ہیں اور یہ خشکی سے گھرا ہوا ہے۔

رقبہ: 468 مربع کلومیٹر یا 181 مربع میل۔

آبادی: 70,549

اوسط سالانہ شرحِ پیدائش: 1.0 فیصد۔

دارالحکومت: اینڈورالاویلا۔

بڑے شہر: ایل سیرٹ (El-Serrat)، کانیلو (Canillo)، اینکیمپ، لیس ایسکلیڈ (Les Escaldos)، پال، سولڈیو، آرڈینو، آرکالس (Arcalies)۔

پرچم: یہ تین عمودی پٹیوں (سرخ، زرد اور نیلی) پر مشتمل ہے۔ زرد پٹی پر قومی نشان بنا ہوا ہے۔

کرنسی: یورو۔

مذاہب: رومن کیتھولک۔

زبانیں: کٹالن (سرکاری)، فرانسیسی، پرتگیزی، کیسٹلین۔

خواندگی کا تناسب: 100 فیصد۔

یومِ آزادی: 1278ء۔

برطانیہ (United Kingdom)

شمال مغربی یورپ کا ایک ملک

محلِ وقوع: یہ برطانیہ عظمیٰ (انگلینڈ، ویلز اور سکاٹ لینڈ) اور ناردرن آئی لینڈ پر مشتمل ہے۔ یہ شمالی بحراوقیانوس اور شمالی سمندر کے مابین فرانس کے شمال مغرب میں واقع ہے اور رودبار انگلستان کے ذریعے فرانس سے مربوط ہے۔

رقبہ: 2,44,820 مربع کلومیٹر یا 94,247 مربع میل۔

آبادی: 6,04,41,457 (2005ء)

اوسط سالانہ شرحِ پیدائش: 0.28 فیصد۔

دارالحکومت: لندن

بڑے شہر: لیورپول، برمنگھم، گلاسگو، لیڈز، بریڈفورڈ، مانچسٹر، برسٹل، ایڈنبرا، لیسٹر، سٹی، شیفیلڈ، کارڈف، نیوکیسل۔

پرچم: آٹھ نیلی تکونیں بمعہ سینٹ اینڈریو کراس، سینٹ پیٹرک کراس، سینٹ جارج کراس، تنگ سفید حاشیوں کے ساتھ۔

کرنسی: پونڈ سٹرلنگ۔

مذاہب: چرچ آف انگلینڈ، چرچ آف ویلز، چرچ آف سکاٹ لینڈ، چرچ آف آئرلینڈ۔ رومن کیتھولک، میتھوڈسٹ، مسلمان اور یہودی۔

زبانیں: انگریزی، ویلش، سکاٹش، گائیلک۔

خواندگی کا تناسب: 99 فیصد۔

یومِ اتحاد: 1284ء کو انگلستان اور ویلز کے اتحاد کی تاریخ۔

بلغاریا
(Bulgaria)

جمہوریہ' جنوب مشرقی یورپ کا ایک ملک

محل وقوع: اس کے شمال میں رومانیہ' جنوب میں یونان اور ترکی' مغرب میں سربیا' مقدونیہ اور مونٹی نیگرو' مشرق میں بحیرہ اسود واقع ہیں۔

رقبہ: 1,10,912 مربع کلومیٹر یا 42,823 مربع میل۔

آبادی: 74,50,349 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.9۔ فیصد۔

دارالحکومت: صوفیہ

بڑے شہر: پلووڈیف' برگاس (Burgas)' ورنا' پلیون' ریلا (Rila)' روسے (Ruse)۔

پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے سفید' سبز اور سرخ) پر مشتمل ہے۔

کرنسی: لیو (Lev)۔

مذاہب: بلغارین آرتھوڈکس 82.6 فیصد' اسلام 12.2 فیصد' رومن کیتھولک 1.7 فیصد' یہودیت 0.1 فیصد۔

زبانیں: بلغارین۔

خواندگی کا تناسب: 98.6 فیصد (مرد 99.1 فیصد' خواتین 98.2 فیصد)۔

یوم آزادی: 3 مارچ 1878ء کو سلطنت عثمانیہ سے۔

بوسنیا ہرزی گووینا
(Bosnia Herzegovina)

جنوب مشرقی یورپ کا ایک مسلمان ملک

محل وقوع: اس کے شمال' جنوب اور مغرب میں جمہوریہ کروشیا' سربیا' مونٹی نیگرو' مشرق میں یوگوسلاویہ اور بحیرہ ایڈریاٹک جنوب میں واقع ہیں۔ 50 فیصد رقبہ جنگلات پر مشتمل ہے۔

رقبہ: 51,129 مربع کلومیٹر یا 19,741 مربع میل۔

آبادی: 40,25,476 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.44 فیصد۔

دارالحکومت: سارا جیفو۔

بڑے شہر: بانجالوکا' برکوٹزلا' جبلانکا' موسٹر' زینکا' گواروژے اور بہاک۔

پرچم: اس کا پرچم ایک جامنی عمودی پٹی' ایک زرد تکون اور ایک جامنی تکون پر مشتمل ہے اور جامنی پٹی پر زرد تکون کے نیچے پانچ کونی سفید رنگ کے نو ستارے دکھائے گئے ہیں۔

کرنسی: مرکا (Marka)۔

مذاہب: مسلمان 40 فیصد' آرتھوڈکس 31 فیصد' رومن کیتھولک 15 فیصد' دیگر 14 فیصد۔

زبانیں: سربوکروشین (سرکاری زبان)' بوسنین۔

خواندگی کا تناسب: دستیاب نہیں۔

یوم آزادی: مارچ 1992ء کو یوگوسلاویہ سے۔

بیلاروس
(Belarus)

مشرقی یورپ کا ایک ملک' سابقہ نام بائیلورشیا

محل وقوع: اس کے شمال میں لیٹویا اور لتھوانیا' جنوب میں یوکرائن' مشرق میں روسی فیڈریشن اور مغرب میں پولینڈ واقع ہیں۔ یہ خشکی سے گھرا ہوا ملک ہے۔

رقبہ: 2,07,600 مربع کلومیٹر یا 80,154 مربع میل۔

آبادی: 1,03,00,483 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.1 فیصد۔

دارالحکومت: منسک (Mensik)۔

بڑے شہر: گومل' موگی لیوف' وائٹ بسک (Vitebisk)' پنسک گراڈنو' اور شا برسیسٹ' بوب رسک (Bobruysk)۔

پرچم: بیلا روس کا پرچم دو متوازی اوپر سے نیچے سرخ اور سبز پر اور مستول کی جانب عمودی سرخ پٹی پر مشتمل ہے۔

کرنسی: بیلا روسین روبل۔

مذاہب: ایسٹرن آرتھوڈکس 80 فیصد' یہودی' مسلمان۔

زبانیں: بیلاروسین اور روسی۔

خواندگی کا تناسب: 99.6 فیصد (99.8 فیصد مرد اور 99.5 فیصد خواتین)۔

یوم آزادی: 25 اگست 1991ء کو سوویت یونین سے۔

بلجیم
(Belgium)

سلطنت، شمال مغربی یورپ کا ایک ملک

محل وقوع: اس کے شمال میں نیدرلینڈز اور بحیرہ شمالی، مشرق میں متحدہ جرمنی اور لکسمبرگ جبکہ جنوب اور جنوب مغرب میں فرانس واقع ہیں۔

رقبہ: 30,528 مربع کلومیٹر یا 11,783 مربع میل۔

آبادی: 1,03,64,388 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.15 فیصد۔

دارالحکومت: بروسلز (Brussels)۔

بڑے شہر: گینٹ، اینٹورپ، لیگ (Liege)، چارلروئی (Charlerol)، نیمور (Namur)، ڈینانٹ (Dinant)، میکلن، بروگس، اوسٹینڈ۔

پرچم: اس کا پرچم تین عمودی دائیں سے بائیں پٹیوں سرخ، زرد اور سیاہ پر مشتمل ہے۔

کرنسی: یورو۔

مذاہب: رومن کیتھولک 97 فیصد۔

زبانیں: ولندیزی (سرکاری) 60 فیصد، فرانسیسی 39 فیصد (سرکاری)، جرمن سرکاری ایک فیصد۔

خواندگی کا تناسب: 98 فیصد۔

یوم آزادی: 4 اکتوبر 1830ء کو نیدرلینڈز سے۔

پرتگال
(Portugal)

جنوب مغربی یورپ کا ایک ملک

محل وقوع: یہ سپین کے مشرق اور شمال میں بحر اوقیانوس کے ساحل پر واقع ہے۔

رقبہ: 92,391 مربع کلومیٹر 35,672 مربع میل۔

آبادی: 1,05,66,212 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.39 فیصد۔

دارالحکومت: لزبن

بڑے شہر: اوپورٹو (Oporto)، براگا، لیریا، براگانگا، آویرو، کوئمبرا۔

پرچم: یہ دو عمودی پٹیوں دائیں سے بائیں سرخ اور سبز پر مشتمل ہے۔ ان دونوں کے مابین قومی نشان بنا ہوا ہے۔ سرخ پٹی دو گنی چوڑی ہے۔

کرنسی: یورو۔

مذاہب: رومن کیتھولک 94 فیصد، پروٹسٹنٹ 6 فیصد۔

زبانیں: پرتگیزی (سرکاری)، میرانڈیز Miranadese (سرکاری)۔

خواندگی کا تناسب: 93.3 فیصد (مرد 95.5 فیصد، خواتین 91.3 فیصد)۔

یوم آزادی: 1143ء، 5 اکتوبر 1910ء کو جمہوریہ قرار پایا۔

پولینڈ
(Poland)

مغربی جمہوریہ، شمالی وسطی یورپ کا ایک ملک

محل وقوع: ملک کا بہت سا حصہ میدانی ہے۔ ماسوائے جنوب میں کارپیتھئن پہاڑوں کے کوئی قدرتی سرحد نہیں بنتی۔ اس کے مغرب میں آڈر (Oder) اور نیسی (Neisse) دریا ہیں۔

رقبہ: 3,12,686 مربع کلومیٹر یا 1,20,728 مربع میل۔

آبادی: 3,86,35,144 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: صفر فیصد۔

دارالحکومت: وارسا۔

بڑے شہر: لوڈز (Lodz)، کراکو (Krakow)، وروکلا (Wroclaw)، پوزنن، گڈانسک، لوبلین۔

پرچم: اس کا پرچم دو متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے سفید اور سرخ) پر مشتمل ہے۔

کرنسی: زلوٹی۔
مذاہب: رومن کیتھولک 95 فیصد' ایسٹرن آرتھوڈکس اور پروٹسٹنٹ 5 فیصد۔
زبانیں: پولش (Polish)۔
خواندگی کا تناسب: 100 فیصد۔
یوم آزادی: 11 نومبر 1918ء اس روز آزاد جمہوری حکومت قائم ہوئی۔

جرمنی (Germany)

وفاقی جمہوریہ' شمالی وسطی یورپ کا ایک ملک
محل وقوع: اس کے شمال میں بحیرہ شمالی' ڈنمارک اور بحیرہ بالٹک' جنوب میں آسٹریا اور سوئٹزرلینڈ' مشرق میں پولینڈ اور جمہوریہ چیک اور مغرب میں فرانس' لکسمبرگ' بلجیم اور نیدرلینڈز واقع ہیں۔
رقبہ: 3,57,021 مربع کلومیٹر یا 1,37,846 مربع میل۔
آبادی: 8,24,31,390 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.0 فیصد۔
دارالحکومت: برلن۔
بڑے شہر: ہمبرگ' فرینکفرٹ' میونخ' ڈوٹمنڈ' ڈیوسبرگ' ہینوور' سٹٹ گارٹ' ایسن (Essen)' ڈسلڈورف' بریمن۔
پرچم: اس کا پرچم تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے سیاہ' سرخ اور زرد) پر مشتمل ہے۔
کرنسی: یورو سابقہ ڈیوشے مارک۔
مذاہب: پروٹسٹنٹ 34 فیصد' رومن کیتھولک 34 فیصد' اسلام 3.7 فیصد' دیگر 28.3 فیصد۔
زبانیں: جرمن۔
خواندگی کا تناسب: 99.0 فیصد۔
یوم اتحاد: 3 اکتوبر 1990ء (اس روز مغربی اور مشرقی جرمنی کا اتحاد عمل میں آیا۔)

چیک جمہوریہ (Czech Republic)

مشرقی وسطی یورپ کا ایک ملک
محل وقوع: اس کے شمال میں پولینڈ' مشرق میں سلووا کیہ' جنوب میں آسٹریا' مغرب اور شمال میں متحدہ جرمنی واقع ہیں۔
رقبہ: 78,866 مربع کلومیٹر یا 30,450 مربع میل۔
آبادی: 1,02,41,138 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.1 فیصد۔
دارالحکومت: پراگ۔
بڑے شہر: برنو (Brno)' اوسٹراوا' پیزن (Pizen)۔
پرچم: اس کا پرچم دو متوازی پٹیوں اوپر سے نیچے سفید اور سرخ پر مشتمل ہے۔ مستول کی جانب نیلے رنگ کی تکون بنی ہوئی ہے جو سرخ اور سفید دونوں پٹیوں کو چھوتی ہے۔
کرنسی: چیک کرونا۔
مذاہب: رومن کیتھولک 39.2 فیصد' پروٹسٹنٹ 4.6 فیصد' آرتھوڈکس 3 فیصد' مظاہر پرست 39.8 فیصد اور دیگر 13.4 فیصد۔
زبانیں: چیک (سرکاری)۔
خواندگی کا تناسب: 99.9 فیصد۔
یوم آزادی: یکم جنوری 1993ء کو چیکوسلواکیہ سے علیحدگی پر۔

ڈنمارک (Denmark)

شمالی یورپ کا ایک ملک
محل وقوع: یہ شمالی یورپ میں واقع ہے اور زیلنڈ' گرین لینڈ اور 500 دوسرے جزائر پر مشتمل ہے۔ اس کے جنوب میں جرمنی' مشرق میں بحیرہ بالٹک اور سویڈن ہیں۔
رقبہ: 43,094 مربع کلومیٹر یا 16,639 مربع میل۔
آبادی: 54,32,335 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.34 فیصد۔

دارالحکومت: کوپن ہیگن۔
بڑے شہر: آلبورگ، وائی بورگ، آرہوس، بیگولینڈ، ایسب جرگ (Esbjerg)، اوڈینسی، فونن۔
پرچم: سرخ زمین پر سکینڈے نیوین کراس بنا ہوا ہے۔
کرنسی: ڈینش کرونا۔
مذاہب: ایوانجلیکل لوتھرن 95 فیصد، رومن کیتھولک 3 فیصد، اسلام 2 فیصد۔
زبانیں: ڈینش، فیروئیز، گرین لینڈک، جرمن اور انگریزی (دوسری بڑی زبان)۔
خواندگی کا تناسب: 100 فیصد۔
یوم آزادی: 10ویں صدی عیسوی، تاہم 1849ء میں یہاں آئینی بادشاہت قائم ہوئی۔

روسی فیڈریشن
(Russian Federation)

مشرقی یورپ اور شمالی ایشیا کا ایک ملک
محل وقوع: اس کے شمال مغرب میں ناروے اور فن لینڈ، مغرب میں ایسٹونیا، لیٹویا، بیلاروس، یوکرائن، پولینڈ اور لیتھوانیا، جنوب مغرب میں جارجیا اور آذربائیجان اور جنوب میں قازقستان، منگولیا، چین اور شمالی کوریا واقع ہیں۔
رقبہ: 1,70,75,200 مربع کلومیٹر یا 63,92,735 مربع میل۔
آبادی: 14,34,20,309 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.4 فیصد۔
دارالحکومت: ماسکو
بڑے شہر: سینٹ پیٹرزبرگ، نووسبرسکی، نژنی نووگورڈ، کازان، سمارا، چیلی بنسک، دولگوگراڈ، پرم۔
پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے سفید، نیلی اور سرخ) پر مشتمل ہے۔
کرنسی: روبل۔
مذاہب: روسی آرتھوڈکس، اسلام اور دیگر۔
زبانیں: روسی اور دیگر۔
خواندگی کا تناسب: 100 فیصد۔
یوم آزادی: 24 اگست 1991ء کو سوویت یونین سے۔

رومانیہ
(Romania)

جمہوریہ، جنوب مشرقی یورپ کا ایک ملک
محل وقوع: یہ بلغاریہ اور یوکرائن کے درمیان بحیرہ اسود کے ساحل پر واقع ہے۔
رقبہ: 2,37,500 مربع کلومیٹر یا 92,699 مربع میل۔
آبادی: 2,23,29,977 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.1 فیصد۔
دارالحکومت: بخارسٹ یا بوکاریسٹ۔
بڑے شہر: گلج نپو کا (Gluj-Napoca)، ٹیمی سوارا، کنٹنٹا، کرائیویا، گیلاٹی اور بریسوو۔
پرچم: یہ تین عمودی پٹیوں دائیں سے بائیں سرخ، زرد اور نیلی پر مشتمل ہے۔
کرنسی: لیو (Leu)۔
مذاہب: رومانین آرتھوڈکس 87 فیصد، پروٹسٹنٹ 6.8 فیصد، رومن کیتھولک 5.6 فیصد، دیگر 0.6 فیصد۔
زبانیں: رومانین (سرکاری)، ہنگرین اور جرمن۔
خواندگی کا تناسب: 98 فیصد۔
یوم آزادی: 9 مئی 1877ء کو سلطنت عثمانیہ سے، 30 دسمبر 1947ء کو جمہوریہ قرار پایا۔

سان مرینو
(San Marino)

جمہوریہ، جنوبی یورپ کا ایک ملک
محل وقوع: یہ اٹلی کے وسط میں واقع ہے اور خشکی سے گھرا ہوا ملک ہے۔ اسے دنیا کی سب سے چھوٹی جمہوریہ ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔

بحیرہ ایڈریاٹک کا ساحل یہاں سے 23 کلومیٹر دور ہے۔
رقبہ: 61.2 مربع کلومیٹر یا 34 مربع میل۔
آبادی: 28,880 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.3 فیصد۔
دارالحکومت: سان مرینو شہر۔
بڑے شہر: سان مرینو ہی بڑا شہر ہے۔
پرچم: اس کا پرچم سفید اور ہلکی نیلی دو متوازی پٹیوں پر مشتمل ہے۔ ان کے درمیان میں قومی نشان بنا ہوا ہے۔
کرنسی: یورو۔
مذاہب: رومن کیتھولک۔
زبانیں: اطالوی (سرکاری)۔
خواندگی کا تناسب: 96 فیصد (مرد 97 فیصد اور خواتین 95 فیصد)۔
یوم آزادی: 3 ستمبر 301ء کو جمہوریہ کے قیام کا دن۔

سپین
(Spain)

پارلیمانی بادشاہت، جنوب مغربی یورپ کا ایک ملک
محل وقوع: اس کے شمال میں خلیج بسکے (Biscay)، جنوب میں بحیرہ روم اور بحر اوقیانوس، مشرق میں بحیرہ روم اور مغرب میں پرتگال اور بحر اوقیانوس واقع ہیں۔
رقبہ: 5,04,782 مربع کلومیٹر یا 1,94,896 مربع میل۔
آبادی: 4,03,41,462
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.15 فیصد۔
دارالحکومت: میڈرڈ۔
بڑے شہر: بارسلونا، ویلنشیا، سارا گوسا، قرطبہ، قرطاجنہ، بداجوز، اشبیلیہ۔
پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے سرخ، زرد اور سرخ) پر مشتمل ہے اور زرد پٹی پر ملک کا قومی نشان بنا ہوا ہے۔
کرنسی: یورو۔
مذاہب: رومن کیتھولک 94 فیصد، دیگر بشمول مسلمان 6 فیصد۔
زبانیں: کیٹیلین ہسپانوی 74 فیصد، کٹالن 7 فیصد، گالیشین 7 فیصد اور باسک 2 فیصد۔
خواندگی کا تناسب: 97.9 فیصد (مرد 98.7 فیصد اور خواتین 97.2 فیصد)۔
یوم آزادی: 1492ء اور متعدد بادشاہتوں کے ادغام پر۔

سربیا
(Serbia)

بلقانی ریاست
محل وقوع: اس کے شمال میں ہنگری اور شمال مشرق میں رومانیہ، جنوب میں مقدونیہ، مشرق میں بلغاریہ اور مغرب میں البانیہ، مونٹی نیگرو اور شمال مغرب میں کروشیا واقع ہیں۔ یہ بھی خشکی سے گھرا ہوا ملک ہے۔
رقبہ: 88,361 مربع کلومیٹر یا 34,107 مربع میل۔
آبادی: ایک کروڑ تقریباً۔
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.03 فیصد۔
دارالحکومت: بیلگراڈ۔
بڑے شہر: نیس (Nis)، واجوڈینا (Vojvodina)۔
پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں (نیلی، سفید اور سبز) پر مشتمل ہے۔
کرنسی:
مذاہب: ایسٹرن آرتھوڈکس 41.2 فیصد، رومن کیتھولک 31.7 فیصد، اسلام 12.3 فیصد وغیرہ
زبانیں: سربین 95 فیصد، دیگر 5 فیصد۔
خواندگی کا تناسب: 93.0 فیصد (مرد 97.2 فیصد اور خواتین 88.9 فیصد)۔
یوم آزادی: 5 جون 2006ء کو مونٹی نیگرو سے علیحدہ ہوا۔

سلوواکیہ
(Slovakia)

وسطی یورپ کا ایک ملک
محل وقوع: یہ پولینڈ کے جنوب میں واقع ہے جبکہ مشرق میں

یوکرائن، مغرب میں ہنگری اور جمہوریہ چیک ہیں۔

رقبہ: 48,845 مربع کلومیٹر یا 18,859 مربع میل۔

آبادی: 54,31,363 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.2 فیصد۔

دارالحکومت: براٹسلاوا۔

بڑے شہر: کوسائس، نیزا، ترناوہ، مارٹن وغیرہ۔

پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے سفید، نیلی اور سرخ) پر مشتمل ہے۔ اس کی درمیانی نیلی پٹی پر مستول کی جانب قومی نشان بنا ہوا ہے۔

کرنسی: کورونا۔

مذاہب: رومن کیتھولک 60.3 فیصد، دھریے 9.7 فیصد، پروٹسٹنٹ 8.4 فیصد، آرتھوڈکس 4.1 فیصد، دیگر 17.5 فیصد۔

زبانیں: سلووک (سرکاری)، ہنگرین۔

خواندگی کا تناسب: دستیاب نہیں۔

یوم آزادی: جنوری 1993ء کو چیکوسلوواکیہ کے دونوں حصوں کی علیحدگی سے۔

سلووینیا (Slovenia)

جمہوریہ، جنوب مشرقی یورپ کا ایک ملک

محل وقوع: اس کے شمال میں آسٹریا، شمال مشرق میں ہنگری، جنوب مشرق اور جنوب میں کروشیا، مغرب میں اٹلی اور بحیرہ ایڈریاٹک واقع ہیں۔

رقبہ: 20,273 مربع کلومیٹر یا 7,827 مربع میل۔

آبادی: 20,11,070 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.03 فیصد۔

دارالحکومت: لوبلجانا (Ljubljana)

بڑے شہر: میری بور (Mairibor)، کارٹولمین، کرانج۔

پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے سفید، نیلی اور سرخ) پر مشتمل ہے۔ درمیانی نیلی پٹی کے مستول کی جانب ملک کا قومی نشان بنا ہوا ہے۔

کرنسی: سلووئین ٹالر (Toler)۔

مذاہب: رومن کیتھولک 70.8 فیصد، لوتھرن ایک فیصد، اسلام ایک فیصد، دھریے 4.3 فیصد، دیگر 22.9 فیصد۔

زبانیں: سلووئین 92 فیصد، سربوکروشین 6.2 فیصد، دیگر 1.8 فیصد۔

خواندگی کا تناسب: 100 فیصد۔

یوم آزادی: 25 جون 1991ء۔ کو یوگوسلاویہ سے۔

سوئٹزرلینڈ (Switzerland)

سوئس کنفیڈریشن، مغربی وسطی یورپ کا ایک ملک

محل وقوع: یہ خشکی سے گھرا ہوا ملک ہے تاہم اس کے شمال میں فرانس اور جرمنی، مشرق میں آسٹریا اور لیکٹنسٹن، جنوب میں اٹلی اور مغرب میں فرانس واقع ہیں۔

رقبہ: 41,290 مربع کلومیٹر یا 15,942 مربع میل۔

آبادی: 74,89,370 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.5 فیصد۔

دارالحکومت: برن (Bern)

بڑے شہر: زیورچ، جینیوا، بیسل یا باسل، لوزانے۔

پرچم: سرخ سرزمین پر درمیان میں سفید کراس بنا ہوا ہے۔

کرنسی: سوئس فرانک۔

مذاہب: رومن کیتھولک 46.1 فیصد، پروٹسٹنٹ 40 فیصد، دیگر 5 فیصد، ناوابستہ 8.9 فیصد۔

زبانیں: جرمن 63.7 فیصد، فرانسیسی 12.9 فیصد، اٹالین 7.6 فیصد، رومانش 0.6 فیصد (یہ تمام سرکاری زبانیں ہیں)۔

خواندگی کا تناسب: 99 فیصد۔

یوم آزادی: یکم اگست 1291ء، اس روز سوئس فیڈریشن کی بنیاد پڑی۔

سویڈن (Sweden)

شمالی یورپ کا ایک ملک

محل وقوع: اس کے شمال اور مغرب میں ناروے، جنوب میں ڈنمارک، مشرق میں خلیج بوتھنیا اور بحیرہ بالٹک اور شمال مشرق میں فن لینڈ واقع ہیں۔

رقبہ: 4,49,964 مربع کلومیٹر 1,73,732 مربع میل۔

آبادی: 90,01,774 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.17 فیصد۔

دارالحکومت: سٹاک ہام۔

بڑے شہر: مالموابسالا، کارل سٹاڈ، گاٹن بورگ۔

پرچم: اس کی سرزمین ہلکی نیلی ہے اور اس کے مستول کی جانب زرد رنگ کا کراس بنا ہوا ہے۔

کرنسی: سویڈش کرونا۔

مذاہب: لوتھرن 87 فیصد، رومن کیتھولک، آرتھوڈکس، بپٹسٹ، مسلم، یہودی اور بدھ۔

زبانیں: سویڈش، سامی (Sami) اور فنش (Finnish)۔

خواندگی کا تناسب: 99 فیصد۔

یوم آزادی: 6 جون 1523ء۔ اس روز شاہ گستاف واسا کو بادشاہ منتخب کیا گیا تھا۔

فرانس (France)

جمہوریہ، مغربی یورپ کا ایک ملک

محل وقوع: اس کے شمال میں رودبار انگلستان، بلجیم اور لکسمبرگ، جنوب میں بحیرہ روم، سپین اور اینڈورا، مشرق میں جرمنی، سوئٹزرلینڈ اور اٹلی اور مغرب میں بحیرہ اوقیانوس واقع ہیں۔

رقبہ: 5,47,030 مربع کلومیٹر یا 2,11,208 مربع کلومیٹر۔

آبادی: 6,06,56,178

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.4 فیصد۔

دارالحکومت: پیرس۔

بڑے شہر: مارسیلز، نائس، لائن (Lyon)، طولوس، نینٹس، سٹریسبورگ، بوردیو۔

پرچم: یہ تین عمودی پٹیوں (دائیں سے بائیں سرخ، سفید اور نیلی) پر مشتمل ہے۔

کرنسی: یورو۔

مذاہب: رومن کیتھولک 83 تا 88 فیصد، پروٹسٹنٹ 2 فیصد، اسلام 5 تا 10 فیصد اور یہودیت ایک فیصد۔

زبانیں: فرانسیسی 100 فیصد۔

خواندگی کا تناسب: 99 فیصد (مرد 99 فیصد اور خواتین 99 فیصد)۔

یوم آزادی: 486ء کلووس (Clovis) کے تحت متحد ہوا۔

فن لینڈ (Finland)

شمالی یورپ کا ایک ملک

محل وقوع: اس کے شمال میں ناروے، جنوب میں خلیج فن لینڈ، مشرق میں روس، جنوب مغرب میں بحیرہ بالٹک اور مغرب میں سویڈن اور خلیج بوتھنیا واقع ہیں۔

رقبہ: 3,37,030 مربع کلومیٹر یا 1,30,127 مربع میل۔

آبادی: 52,23,442 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.2 فیصد۔

دارالحکومت: ہیلسنکی (Helsinki)۔

بڑے شہر: ایسپو، ٹیمپیرے، وینٹا (Vantaa)، ٹرکو (Turku)، کوٹکا۔

پرچم: اس کی سرزمین سفید ہے جبکہ درمیان میں نیلے رنگ کا کراس اور وسط میں سرخ رنگ کا ایک مربع دکھایا گیا ہے۔

کرنسی: یورو۔

مذاہب: انجلیکل لوتھرن 89 فیصد، روسی آرتھوڈکس ایک فیصد، نامعلوم 9 فیصد، دیگر ایک فیصد۔

زبانیں: فنش 93.4 فیصد (سرکاری)، سویڈش 5.9 فیصد

(سرکاری)، روسی اور دیگر 0.9 فیصد۔

خواندگی کا تناسب: 100 فیصد۔

یوم آزادی: 6 دسمبر 1917ء کو روس سے۔

قبرص
(Cyprus)

جمہوریہ، جنوب مغربی ایشیا کا ایک ملک

محل وقوع: یہ مشرقی بحیرہ روم میں ترکی سے 70 کلومیٹر کی دوری پر بجانب جنوب اور شام سے ایک سو کلومیٹر کی دوری پر بجانب مغرب میں واقع ایک جزیرہ ہے۔ شمالی ترک قبرص نے 15 نومبر 1983ء کو اپنی آزادی کا اعلان کیا جسے اقوام متحدہ نے اپنی ایک قرارداد کے ذریعے 18 نومبر 1983ء کو غیر قانونی قرار دیا۔

رقبہ: 9,250 مربع کلومیٹر یا 3,571 مربع میل۔

آبادی: 7,80,133 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.54 فیصد۔

دارالحکومت: لیفکوسیا (Lefkosia) (نکوسیا)۔

بڑے شہر: فاماگسٹا، لارناکا، لیماسول، کرینیہ وغیرہ۔

پرچم: سفید سرزمین پر وسط میں قبرص کا نقشہ تانبئی رنگ میں بنا ہوا ہے۔ اس کے نیچے زیتون کی دو سبز پتیاں دکھائی گئی ہیں۔

کرنسی: قبرصی پونڈ۔

مذاہب: یونانی آرتھوڈکس 78 فیصد، اسلام 18 فیصد، میرونائٹ اور آرمینیائی حواری 4 فیصد۔

زبانیں: یونانی، ترکی (دونوں سرکاری)، انگریزی۔

خواندگی کا تناسب: 98 فیصد (مرد 99 فیصد اور خواتین 97 فیصد)۔

یوم آزادی: 16 اگست 1960ء کو برطانیہ سے۔

کروشیا
(Croatia)

جمہوریہ، جنوب مشرقی یورپ کا ایک ملک

محل وقوع: اس کے شمال میں سلووینیا، جنوب میں بوسنیا ہرزیگووینا، مشرق میں سربیا اور مغرب میں بحیرہ ایڈریاٹک واقع ہیں۔

رقبہ: 56,542 مربع کلومیٹر یا 21,831 مربع میل۔

آبادی: 44,95,904 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.02 فیصد۔

دارالحکومت: زیگرب (Zagreb)۔

بڑے شہر: اوسی جیک (Osijek)، پلیٹوچ (Plitvice)۔

پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے سرخ، سفید اور نیلی) پر مشتمل ہے۔ اس کی وسطی سفید پٹی پر ملکی نشان بنا ہوا ہے۔

کرنسی: کونا (Kuna)۔

مذاہب: رومن کیتھولک۔

زبانیں: 96 فیصد سربوکروشین

خواندگی کا تناسب: 98.5 فیصد (مرد 99.4 فیصد اور خواتین 97.8 فیصد)۔

یوم آزادی: 25 جون 1991ء کو سابق یوگوسلاویہ سے۔

لتھوانیا
(Lithuania)

محل وقوع: یہ بحیرہ بالٹک کے مشرقی ساحل پر واقع ہے۔ اس کے شمال میں لیٹویا، جنوب اور مشرق میں بیلاروس اور جنوب مغرب میں پولینڈ اور روس واقع ہیں۔

رقبہ: 65,200 مربع کلومیٹر یا 25,174 مربع میل۔

آبادی: 35,96,617 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.3 فیصد۔

دارالحکومت: ولنیکس (Vilnius)۔

بڑے شہر: کلائی پیڈا (Klaipeda)، کاؤنس (Kaunas)۔

پرچم: اس کا پرچم تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے زرد، سبز اور سرخ) پر مشتمل ہے۔

کرنسی: لیٹاس (Litas)۔

مذاہب: رومن کیتھولک، لوتھرن، روسی آرتھوڈکس، مسلمان اور یہودی۔

زبانیں: لتھوانین (سرکاری)' پولش اور روسی۔

خواندگی کا تناسب: 99.6 فیصد۔

یوم آزادی: 11 مارچ 1990ء کو سوویت یونین سے۔

لکسمبرگ (Luxembourg)

گرینڈ ڈیوکی' شمال مغربی یورپ کا ایک ملک

محل وقوع: اس کے شمال اور مغرب میں بلجیم' جنوب میں فرانس' مشرق میں جرمنی واقع ہیں۔

رقبہ: 2,586 مربع کلومیٹر 998 مربع میل۔

آبادی: 4,68,521 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.3 فیصد۔

دارالحکومت: لکسمبرگ شہر۔

بڑے شہر: ولٹز (Wiltz)' ایٹل برک' ڈائیکرچ' ریڈنج' ہیٹم برگ۔

پرچم: اس کا پرچم تین متوازی پٹیوں (سرخ' سفید اور نیلی) پر مشتمل ہے۔

کرنسی: یورو۔

مذاہب: رومن کیتھولک 87 فیصد' پروٹسٹنٹ' یہودی اور مسلمان 13 فیصد۔

زبانیں: لکسمبرگش (قومی)' فرانسیسی اور جرمن (دونوں انتظامی)۔

خواندگی کا تناسب: 100 فیصد۔

یوم آزادی: 1839ء کو نیدرلینڈز سے۔

لیٹویا (Latvia)

جمہوریہ' شمال مشرقی یورپ کا ایک ملک

محل وقوع: اس کے شمال میں ایسٹونیا اور خلیج ریگا (Riga)' جنوب میں بیلاروس اور لتھوانیا' مشرق میں روسی فیڈریشن اور مغرب میں بحیرہ بالٹک واقع ہیں۔

رقبہ: 64,589 مربع کلومیٹر 24,938 مربع میل۔

آبادی: 22,90,237 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.7 فیصد۔

دارالحکومت: ریگا (Riga)۔

بڑے شہر: ڈاوگاوپلز (Daugavpils)' لیپاجا (Llepaja)' جلگاوا۔

پرچم: اس کا پرچم تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے نسواری' سفید اور نسواری) پر مشتمل ہے۔

کرنسی: لیٹس (Lats)۔

مذاہب: لوتھرن' رومن کیتھولک' روسی آرتھوڈکس۔

زبانیں: لیٹوین (سرکاری)' لیتھوانین' روسی اور دیگر۔

خواندگی کا تناسب: 100 فیصد۔

یوم آزادی: 21 اگست 1991ء کو سوویت یونین سے۔

لیکٹنسٹن (Liechtenstein)

شاہی ریاست' مغربی وسطی یورپ کا ایک ملک

محل وقوع: اس کے شمال جنوب اور مغرب میں سوئٹزرلینڈ اور مشرق میں آسٹریا واقع ہیں۔ یہ دنیا کا چوتھا چھوٹا ملک بھی ہے۔

رقبہ: 180 مربع کلومیٹر یا 62 مربع میل۔

آبادی: 33,717 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.8 فیصد۔

دارالحکومت: واڈوز یا فاڈوز (Vaduz)۔

بڑے شہر: واڈوز ہی بڑا شہر ہے۔

پرچم: یہ دو متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے) نیلی اور سرخ پر مشتمل ہے۔ بالائی نیلی پٹی پر مستول کی جانب ملک کا قومی نشان بنا ہوا ہے۔

کرنسی: سوئس فرانک۔

مذاہب: رومن کیتھولک 76 فیصد' نامعلوم 11 فیصد' دیگر 13 فیصد۔

زبانیں: جرمن (سرکاری) اور دیگر مقامی زبانیں۔

خواندگی کا تناسب: 100 فیصد۔

یوم آزادی: 23 جنوری 1719ء شاہی ریاست قائم کی گئی۔

مالٹا
(Malta)

جنوبی یورپ کا ایک ملک

محلِ وقوع: بحیرہ روم کا ایک جزیرہ' یہ سسلی (اٹلی) کے جنوب میں واقع ہے۔

رقبہ: 316 مربع کلومیٹر یا 122 مربع میل۔

آبادی: 3,98,534 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.42 فیصد۔

دارالحکومت: ویلیٹا (Valletta)۔

بڑے شہر: برکرکارا (Birkirkara)' رابت (Rabat)' سلیمہ' مدینہ (Mdina)' موسٹا (Mosta)۔

پرچم: یہ دو عمودی پٹیوں (دائیں سے بائیں) سرخ اور سفید پر مشتمل ہے۔ مستول کی جانب بائیں پٹی پر جارج صلیب میڈل بنایا گیا ہے۔

کرنسی: مالٹی لیرا (Maltese Lira)۔

مذاہب: رومن کیتھولک 98 فیصد' دیگر 2 فیصد۔

زبانیں: مالٹی اور انگریزی دونوں سرکاری۔

خواندگی کا تناسب: 93.6 فیصد۔

یوم آزادی: 21 ستمبر 1964ء کو برطانیہ سے۔

مقدونیہ
(Macedonia)

جمہوریہ' جنوب مشرقی یورپ کا ایک ملک

محلِ وقوع: اس کے شمال میں سربیا' جنوب میں یونان' مشرق میں بلغاریا اور مغرب میں البانیہ۔ یہ بھی خشکی سے گھرا ہوا ملک ہے۔

رقبہ: 25,713 مربع کلومیٹر یا 9,928 مربع میل۔

آبادی: 20,45,262 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.26 فیصد۔

دارالحکومت: سکوپجی (Skopje)۔

بڑے شہر: بیٹولا (Bitola)' کومانوفو (Kuma Novo)' پرائی لپ (Prilep)' نگوٹینو' ٹیٹوف۔

پرچم: اس کا پرچم سرخ ہے جس کے وسط میں زرد رنگ کا گول دائرہ اور دو زرد رنگ کے کراس بنائے گئے ہیں۔

کرنسی: دینار۔

مذاہب: مقدونیائی آرتھوڈکس 70 فیصد' اسلام 29 فیصد' دیگر ایک فیصد۔

زبانیں: مقدونیائی 68 فیصد' البانوی 25 فیصد دونوں سرکاری' ترکش 3 فیصد' سربوکروشین 2 فیصد اور دیگر 2.3 فیصد۔

خواندگی کا تناسب: دستیاب نہیں۔

یوم آزادی: 8 ستمبر 1991ء کو یوگوسلاویہ سے ریفرنڈیم کے ذریعے۔

مولدووا
(Moldova)

جنوب مشرقی یورپ کا ایک ملک

محلِ وقوع: اس کے شمال' مشرق اور جنوب میں یوکرائن اور مغرب میں رومانیہ واقع ہے۔ یہ خشکی سے گھرا ہوا پہاڑی ملک ہے۔

رقبہ: 33,843 مربع کلومیٹر یا 13,067 مربع میل۔

آبادی: 44,55,421 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.22 فیصد۔

دارالحکومت: چشنوف (Chisinau)۔

بڑے شہر: ٹراسپول (Tiraspol)' بیٹسی (Beitsy)' بینڈری (Bendery)۔

پرچم: اس کا پرچم تین عمودی پٹیوں (دائیں سے بائیں سرخ' زرد اور نیلی) پر مشتمل ہے۔ اس کی درمیانی زرد پٹی پر قومی نشان بنا ہوا ہے۔

کرنسی: مولدووئین لیو۔

مذاہب: ایسٹرن آرتھوڈکس 98 فیصد' یہودی 1.5 فیصد' بپٹسٹ اور دیگر 0.5 فیصد۔

زبانیں: مولدووئین سرکاری' روسی' گاگاوز (ترکش لہجہ)۔

خواندگی کا تناسب: 99.1 فیصد (مرد 99.6 فیصد اور خواتین 98.7 فیصد)

یوم آزادی: 27 اگست 1991ء کو سوویت یونین سے۔

مونا کو
(Monaco)

مغربی یورپ کا ایک ملک

محل وقوع: اس کے شمال، مشرق اور مغرب میں فرانس اور جنوب میں بحیرہ روم واقع ہے۔

رقبہ: 1.95 مربع کلومیٹر یا 0.75 مربع میل۔

آبادی: 32,409 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.43 فیصد۔

دارالحکومت: مونا کو

بڑے شہر: مونٹی کارلو (Monte Carlo)، لاکونڈامائن (Lacondamine)۔

پرچم: اس کا پرچم دو متوازی پٹیوں اوپر سے نیچے سرخ اور سفید پر مشتمل ہے۔

کرنسی: یورو (Euro)۔

مذاہب: رومن کیتھولک 90 فیصد۔

زبانیں: فرانسیسی (سرکاری)، انگریزی، اطالوی اور مونی گاسک (Mone Gasque)۔

خواندگی کا تناسب: 99.0 فیصد۔

یوم آزادی: 1419ء (ہاؤس آف گری مالدی کی حکمرانی کے ساتھ۔)

مونٹی نیگرو
(Montenegro)

جمہوریہ

محل وقوع: اس کے شمال مغرب میں بوسنیا ہرزی گووینا، شمال مشرق میں سربیا اور جنوب مشرق میں البانیہ واقع ہیں۔

رقبہ: 13,812 مربع کلومیٹر یا 5331 مربع میل۔

آبادی: 616880 تخمینی 2006ء۔

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.03 فیصد۔

دارالحکومت: پوڈگوریکا (Podgorica)۔

بڑے شہر: پوڈگوریکا۔

پرچم: اس کا پرچم سرخ رنگ کا ہے جس کے اوپر سنہری رنگ کا دوہرا عقاب دکھایا گیا ہے۔

کرنسی: دستیاب نہیں۔

مذاہب: آرتھوڈکس، اسلام، رومن کیتھولک، پروٹسٹنٹ۔

زبانیں:

خواندگی کا تناسب: 93 فیصد۔

یوم آزادی: 3 جون 2006ء کو سربیا سے علیحدہ ہونے پر۔

ناروے
(Norway)

آئینی بادشاہت، شمالی یورپ کا ایک ملک

محل وقوع: اس کے شمال میں بحیرہ منجمد شمالی، شمال مغرب میں بحراوقیانوس، جنوب میں آبنائے سکاگراک (Skagerak) کے پار ڈنمارک اور بحیرہ شمالی، مشرق میں سویڈن اور خلیج بوتھنیا، شمال مشرق میں فن لینڈ اور روس ہیں۔

رقبہ: 3,24,220 مربع کلومیٹر یا 1,25,181 مربع میل۔

آبادی: 45,93,041 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.4 فیصد۔

دارالحکومت: آسلو یا اوسلو۔

بڑے شہر: سٹیونگر (Stavanger)، ٹرانڈہیم (Trondheim)، آلٹا، ٹرامسے، ناروک، یوڈی، برگن۔

پرچم: اس کا پرچم سرخ رنگ کا ہے جس میں سفید حاشیے کے ساتھ سکینڈے نیویائی صلیب کا نشان دکھایا گیا ہے۔

کرنسی: نارویجین کرون۔

مذاہب: ایوانجیکل لوتھرن (سرکاری چرچ)، دیگر پروٹسٹنٹ اور رومن کیتھولک۔

زبانیں: بوکمل نارویجین (سرکاری)، نینارسک (Nynorsk) سرکاری، سامی اور فنش۔

خواندگی کا تناسب: 100 فیصد۔

یوم آزادی: 7 جون 1905ء کو سویڈن کی یونین تحلیل ہونے سے

نیدرلینڈز (Netherlands)

شمالی مغربی یورپ کا ایک ملک

محل وقوع: اس کے شمال میں مغربی فرائی سین آئی لینڈ اور بحیرہ شمالی' جنوب میں بیلجیم ' مشرق میں متحدہ جرمنی اور مغرب میں بحیرہ شمالی واقع ہیں۔

رقبہ: 41,526 مربع کلومیٹر یا 16,033 مربع میل۔

آبادی: 1,64,07,491 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.5 فیصد۔

دارالحکومت: ایمسٹرڈیم (Amsterdam)۔

بڑے شہر: ہیگ' روٹرڈیم' اوٹریکٹ یا یوٹرچ' آینڈہاون (Eindhavan)۔

پرچم: اس کا پرچم تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے سرخ' سفید اور نیلی) پر مشتمل ہے۔

کرنسی: یورو۔

مذاہب: رومن کیتھولک 31 فیصد' پروٹسٹنٹ 21 فیصد' مسلم 4.4 فیصد' دیگر 3.6 فیصد' نامعلوم 40 فیصد۔

زبانیں: ولندیزی (سرکاری)' فریسئن (Frisian) سرکاری۔

خواندگی کا تناسب: 99 فیصد۔

یوم آزادی: 1579ء کو سپین سے۔

ویٹیکن سٹی سٹیٹ (Vatican)

جنوبی یورپ کا ایک ملک

محل وقوع: یہ تمام کا تمام ملک اٹلی کے دارالحکومت روم میں گھرا ہوا ہے۔

رقبہ: 0.44 مربع کلومیٹر یا 0.17 مربع میل۔

آبادی: 925 تخمینی

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.01 فیصد۔

دارالحکومت: ویٹیکن سٹی۔

بڑے شہر: ویٹی کن ہی بڑا شہر ہے۔

پرچم: یہ دو عمودی پٹیوں دائیں سے بائیں سفید اور زرد پر مشتمل ہے۔ دائیں سفید پٹی پر پاپائے روم کا نشان بنا ہوا ہے۔

کرنسی: یورو۔

مذاہب: رومن کیتھولک۔

زبانیں: اطالوی' لاطینی' فرانسیسی' انگریزی اور دیگر کئی۔

خواندگی کا تناسب: 100 فیصد۔

یوم آزادی: 11 فروری 1929ء کو اٹلی سے۔

ہنگری (Hungary)

وسطی یورپ کا ایک ملک

محل وقوع: اس کے شمال میں سلووک جمہوریہ' جنوب میں سلووینیا' سربیا' کروشیا' شمال مشرق میں یوکرائن اور رومانیہ اور مغرب میں آسٹریا واقع ہیں۔

رقبہ: 93,030 مربع کلومیٹر یا 35,919 مربع میل۔

آبادی: 1,00,06,835 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.26۔ فیصد۔

دارالحکومت: بوڈاپسٹ۔

بڑے شہر: ڈیبریسن (Debrecen)' مس کالک (Miskolc)' سزیکڈ (Szeged) اور پیکس (Pecs)۔

پرچم: اس کا پرچم تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے سرخ' سفید اور سبز) پر مشتمل ہے۔

کرنسی: فورنٹ (Forint)۔

مذاہب: رومن کیتھولک 67.5 فیصد' کیلونسٹ 20 فیصد' لوتھرن 5 فیصد' دیگر 7.5 فیصد۔

زبانیں: مگیار (ہنگرین)۔

خواندگی کا تناسب: 99.0 فیصد۔

یوم آزادی: 14 اپریل 1945ء۔

یوکرائن (Ukraine)

جمہوریہ، مشرقی یورپ کا ایک ملک

محل وقوع: اس کے مغرب میں پولینڈ، رومانیہ اور مولدووا جبکہ مشرق میں روسی فیڈریشن ہے اور شمال میں بیلاروس، جنوب میں بحیرہ اسود واقع ہیں۔

رقبہ: 6,03,700 مربع کلومیٹر یا 2,33,089 مربع میل۔

آبادی: 4,74,25,336 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.63۔ فیصد۔

دارالحکومت: کیف (Kiev)۔

بڑے شہر: اوڈیسہ، خارکیف، ڈونیٹسک، ڈنیپر اپیٹروسک، لوہانسک۔

پرچم: یہ دو متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے نیلی اور زرد) پر مشتمل ہے۔

کرنسی: ہری وینیا (Hryvnia)۔

مذاہب: یوکرائنی آرتھوڈکس، پروٹسٹنٹ، یہودی۔

زبانیں: یوکرائنی، روسی، رومانین، پولش اور ہنگرین۔

خواندگی کا تناسب: 100 فیصد۔

یوم آزادی: 24 اگست 1991ء کو سوویت یونین سے۔

یونان (Greece)

جنوبی یورپ کا ایک ملک

محل وقوع: اس کے شمال میں بلغاریہ اور مقدونیہ، جنوب میں بحیرہ روم، مشرق میں ترکی اور مغرب میں آئی اونین سمندر واقع ہیں۔

رقبہ: 1,31,940 مربع کلومیٹر یا 50,942 مربع میل۔

آبادی: 1,06,68,354 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.19 فیصد۔

دارالحکومت: ایتھنز۔

بڑے شہر: لاریسا (Larisa)، وولوس (Volos)، پطرس، پیرائیو۔

پرچم: یہ اوپر سے نیچے نو پٹیوں آسمانی، سفید، آسمانی، سفید، آسمانی، سفید، آسمانی سفید، آسمانی پر مشتمل ہے۔ مستول کی جانب آسمانی صلیب کا نشان بنایا گیا ہے۔

کرنسی: یورو۔

مذاہب: یونانی آرتھوڈکس (عیسائی) 98 فیصد، مسلم 1.3 فیصد، دیگر 0.7 فیصد۔

زبانیں: یونانی 99 فیصد (سرکاری)، انگریزی اور فرانسیسی۔

خواندگی کا تناسب: 97.5 فیصد (مرد 98.6 فیصد، خواتین 96.5 فیصد)۔

یوم آزادی: 1829ء کو سلطنت عثمانیہ سے۔

براعظم آسٹریلیا اور اوشنیا

آسٹریلیا (Australia)

محل وقوع: اگرچہ یہ مکمل طور پر اوشنیا کا ایک جزیرہ ہے تاہم اسے جغرافیہ دانوں نے براعظم کا درجہ دیا ہے۔ اس کے شمال میں بحیرہ تیمور، خلیج کارپنٹر یا جنوب میں جنوبی سمندر، جزیرہ تسمانیہ، مشرق میں بحیرہ کورل اور تسمان اور مغرب میں بحر ہند واقع ہیں۔

رقبہ: 76,86,850 مربع کلومیٹر یا 29,67,893 مربع میل۔

آبادی: 2,00,90,437

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.9 فیصد۔

دارالحکومت: کینبرا (Canberra)۔

بڑے شہر: برزبن، پرتھ، ایڈیلیڈ۔

پرچم: گہرا نیلا بائیں جانب برطانوی کراس اور ایک بڑا اور پانچ چھوٹے سفید ستارے۔

کرنسی: آسٹریلین ڈالر۔

مذاہب: اینگلیکن 26.1 فیصد، رومن کیتھولک 26 فیصد، دیگر عیسائی 24.3 فیصد۔

زبانیں: انگریزی (سرکاری) اور مقامی زبانیں۔

خواندگی کا تناسب: 100 فیصد۔
یوم آزادی: یکم جنوری 1901ء کو برطانوی نوآبادیاتی فیڈریشن سے۔

پاپوآنیوگنی
(Papua New Guinea)

محل وقوع: اس کے مغرب میں ایریان جایا (انڈونیشیا)' شمال اور مشرق میں مینس (Manus)' جزائر نیو بریٹین' نیوآئرلینڈ اور بوگنی ویل جزائر واقع ہیں۔ یہ تمام پاپوا کا حصہ ہیں۔
رقبہ: 4,62,840 مربع کلومیٹر یا 1,78,703 مربع میل
آبادی: 55,45,2688 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.26 فیصد۔
دارالحکومت: پورٹ مارسبے۔
بڑے شہر: لائی (Lae)' مینڈی (Mendi)' ڈارو (Daru) اور کریما (Kerema)۔
پرچم: مستطیل شکل کے اس پرچم کی بالائی تکون سرخ اور نچلی سیاہ ہے۔ بالائی تکون میں قومی نشان اور نچلی میں پانچ سفید ستارے دکھائے گئے ہیں۔
کرنسی: کینا (Kina)۔
مذاہب: رومن کیتھولک' پروٹسٹنٹ' ایوانجلیکل' مقامی عقائد۔
زبانیں: موٹو (Motu) اور انگریزی۔
خواندگی کا تناسب: 66.0 فیصد (مرد 72.3 فیصد' خواتین 59.3 فیصد)۔
یوم آزادی: 16 ستمبر 1975ء کو اقوام متحدہ کی تولیتی کونسل کے زیراہتمام آسٹریلیا سے۔

پیلاؤ
(Palau)

جمہوریہ' اوشنیا کا ایک ملک
محل وقوع: شمالی بحرالکاہل میں جزائر کا مجموعہ' یہ فلپین یا فلپائن کے جنوب مشرق میں واقع ہے۔
رقبہ: 458 مربع کلومیٹر یا 177 مربع میل۔
آبادی: 20,303 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.4 فیصد۔
دارالحکومت: کورور (Koror)۔
بڑے شہر: بابل تھاپ' کواور' مالاکل (Malakal)' انگاروغیرہ۔
پرچم: اس کا پرچم نیلے رنگ کا ہے اور اس کے وسط میں زرد رنگ کا ایک دائرہ بنا ہوا ہے۔
کرنسی: امریکی ڈالر۔
مذاہب: عیسائی رومن کیتھولک 49 فیصد' سیونتھ ڈے ایڈونچز' اسمبلی آف گاڈ۔
زبانیں: پیلاؤن' انگریزی' سنسورالیز (Sonsoralese)' ٹوبل (Tobl)۔
خواندگی کا تناسب: 92 فیصد۔
یوم آزادی: یکم اکتوبر 1994ء کو امریکا سے۔

ٹوالو
(Tuvalu)

آئینی بادشاہت' اوشنیا کا ایک ملک
محل وقوع: مغربی بحرالکاہل میں واقع اس ملک کے شمال میں کیریبتی' جنوب میں فجی' جنوب مشرق میں ساموآ اور مغرب میں آسٹریلیا ہیں۔
رقبہ: 28 مربع کلومیٹر یا 10 مربع میل۔
آبادی: 11,636 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.47 فیصد۔
دارالحکومت: فونافوٹی (Funafuti)۔
بڑے جزیرہ: فونگافیل (Fongafale)۔
پرچم: اس کا پرچم نیلے رنگ کا ہے اور اس کے اوپر دائیں جانب تکون کی شکل میں زرد رنگ کے پانچ کونی نو ستارے بنے ہوئے ہیں۔ مستول کی جانب سرخ و سفید یونین جیک بنا ہوا ہے۔
کرنسی: آسٹریلین ڈالر۔

مذاہب: چرچ آف ٹوالو 97 فیصد، سیونتھ ڈے بہائی اور دیگر 3 فیصد۔
زبانیں: ٹوالن، انگریزی، سیموآن، کیریبتی صرف نوئی (Nui) جزیرے پر۔
خواندگی کا تناسب: دستیاب نہیں۔
یوم آزادی: یکم اکتوبر 1978ء کو برطانیہ سے۔

ٹونگا
(Tonga)

آئینی بادشاہت، اوشنیا کا ایک ملک
محل وقوع: جزائر کا یہ مجموعہ جنوب مغربی بحرالکاہل میں نیوزی لینڈ کے شمال مشرق میں واقع ہے جبکہ مغرب میں فجی کا ملک ہے۔
رقبہ: 748 مربع کلومیٹر یا 269 مربع میل۔
آبادی: 1,12,422 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.0 فیصد۔
دارالحکومت: نوکواولوفا (Nuku'Alofa)۔
بڑا جزیرہ: ٹان گیاپو (Tongatapo)۔
پرچم: اس کا پرچم سرخ رنگ کا ہے تاہم مستول کی جانب اوپر کی طرف سفید رنگ کی مستطیل میں ریڈ کراس بنا ہوا ہے۔
کرنسی: پانگا (Paanga)۔
مذاہب: عیسائیت۔
زبانیں: انگریزی (سرکاری)۔
خواندگی کا تناسب: 99 فیصد۔
یوم آزادی: 4 جون 1970ء کو برطانیہ سے۔

ساموا یا سموآ
(Samoa)

اوشنیا کا ایک ملک
محل وقوع: یہ جنوبی بحرالکاہل میں آسٹریلیا کے شمال مشرق میں واقع ہے۔ اس کا پرانا نام مغربی ساموا تھا۔
رقبہ: 2,944 مربع کلومیٹر یا 1137 مربع میل۔
آبادی: 1,77,287 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.23 فیصد۔
دارالحکومت: آپیا۔
بڑے شہر: پوٹاسی، ماٹاؤٹو، ٹاگا، فاگامالوفا لے لیما۔
پرچم: اس کا پرچم سرخ رنگ کا ہے اور مستول کی جانب بالائی نصف حصے میں نیلی مستطیل میں پانچ سفید رنگ کے ستارے دکھائے گئے ہیں۔
کرنسی: ٹالا (Tala)۔
مذاہب: عیسائیت 99 فیصد۔
زبانیں: سیموآن، انگریزی۔
خواندگی کا تناسب: 99.7 فیصد۔
یوم آزادی: یکم جنوری 1962ء کو نیوزی لینڈ سے اقوام متحدہ کے تولیتی پروگرام کے تحت۔

سلیمان جزائر
(Solomon Isands)

اوشنیا کا ایک ملک
محل وقوع: یہ جزائر کا مجموعہ ہے اور پاپوانیوگنی کے مشرق میں واقع ہے۔
رقبہ: 28,450 مربع کلومیٹر یا 10,985 مربع میل۔
آبادی: 5,38,032 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.68 فیصد۔
دارالحکومت: ہونیارا (Honiara)۔
بڑے شہر: پاپارا (Papara)، گیزو (Gizo)، کیا (Kia)، بوآلا (Buala)، آیوکی، کیرا کیرا۔
پرچم: یہ نیلی اور سبز ایک زرد وتری پٹی کے ذریعے تقسیم کیا گیا ہے۔ بالائی نیلی پٹی پر مستول کی طرف پانچ پانچ کونی سفید ستارے دکھائے گئے ہیں۔
کرنسی: سلیمان جزائر ڈالر۔
مذاہب: اینگلیکن 45 فیصد، رومن کیتھولک 18 فیصد، پریس بائیٹرین 12 فیصد، بپٹسٹ 7 فیصد اور دیگر 8 فیصد۔

زبانیں: انگریزی (سرکاری)' میلنشیائی زبانیں اور 120 مقامی زبانیں۔

خواندگی کا تناسب: دستیاب نہیں۔

یومِ آزادی: 7 جولائی 1978ء کو برطانیہ سے۔

فجی
(Fiji)

اوشنیا کا ایک ملک

محلِ وقوع: بحرالکاہل میں واقع جزائر کا مجموعہ۔ اس کے شمال مغرب میں سلیمان جزائر' جنوب میں نیوزی لینڈ' مشرق میں ٹونگا اور مغرب میں آسٹریلیا ہیں۔

رقبہ: 18,330 مربع کلومیٹر یا 7,078 مربع میل۔

آبادی: 8,93,354 (2005ء)

اوسط سالانہ شرحِ پیدائش: 1.4 فیصد۔

دارالحکومت: سووا (Suva)۔

بڑے شہر: وٹی لیوو (Vitilevu) اور وینوآلیوو (VenuaLevu)۔

پرچم: اس کا پرچم آسمانی رنگ کا ہے۔ اس کے بائیں اوپر کی جانب یونین جیک اور دائیں جانب قومی ڈھال دکھائی گئی ہے۔

کرنسی: فجین ڈالر۔

مذاہب: عیسائی 53 فیصد' ہندو 38 فیصد' مسلمان 8 فیصد' دیگر ایک فیصد۔

زبانیں: فجیائی' انگریزی اور ہندی۔

خواندگی کا تناسب: 93.7 فیصد (مرد 95.5 فیصد' خواتین 91.9 فیصد)۔

یومِ آزادی: 10 اکتوبر 1970ء کو برطانیہ سے۔

کیریبتی
(Kiribati)

محلِ وقوع: یہ بحرالکاہل میں واقع 33 جزائر کا مجموعہ ہے۔ اس کے جنوب مغرب میں ناؤرو' جنوب میں ٹوالو اور ٹوکیلاؤ واقع ہیں۔

رقبہ: 811 مربع کلومیٹر یا 313 مربع میل۔

آبادی: 1,03,092 (2005ء)

اوسط سالانہ شرحِ پیدائش: 2.25 فیصد۔

دارالحکومت: تراوا (Tarawa)۔

بڑے جزائر: گلبرٹ' فونیکس' راواکی' کیریبتی۔

پرچم: اس کا پرچم سرخ' سفید' نیلی' سفید' نیلی' سفید اور نیلی لہریے دار تین تین پٹیوں پر مشتمل ہے۔ سفید پٹی کے اوپر سرخ پٹی پر زرد رنگ میں ابھرتا ہوا آفتاب اور فری گیٹ پرندہ دکھایا گیا ہے۔

کرنسی: آسٹریلین ڈالر۔

مذاہب: رومن کیتھولک 52 فیصد' پروٹسٹنٹ 40 فیصد' سیونتھ ڈے اور مسلمان۔

زبانیں: انگریزی (سرکاری)' کیریبتی' گلبرٹی۔

خواندگی کا تناسب: دستیاب نہیں۔

یومِ آزادی: 12 جولائی 1979ء کو برطانیہ سے۔

مارشل آئی لینڈز
(Marshall Island)

محلِ وقوع: یہ کیرولین جزائر کے مشرق میں بحرالکاہل میں واقع ہے اور یہ دو سلسلوں میں بٹا ہوا ہے۔ اس کے مغرب میں مائیکرونیشیا اور جنوب میں کیریبتی ہے۔

رقبہ: 181.3 مربع کلومیٹر یا 70 مربع میل۔

آبادی: 59,071 (2005ء)

اوسط سالانہ شرحِ پیدائش: 2.3 فیصد۔

دارالحکومت: ماجورا (Majura)۔

بڑے شہر: جیلوئٹ (Jaluit)' بکنی (Bikini)' اینی ویٹک' ابری کوپ' رونگی لیپ' نامو۔

پرچم: اس کا پرچم نیلی' نسواری' سفید اور نیلی تکونوں پر مشتمل ہے۔ سفید پٹی کے نیچے ہلکی نیلی ترچھی پٹی دکھائی گئی ہے۔ بالائی نیلی تکون میں ابھرتا ہوا سورج دکھایا گیا ہے۔

کرنسی: امریکی ڈالر۔
مذاہب: عیسائیت۔
زبانیں: مارشلیز اور انگریزی (سرکاری)۔
خواندگی کا تناسب: 94 فیصد۔
یوم آزادی: 21 اکتوبر 1986ء کو امریکی انتظامیہ سے اقوام متحدہ کے تولیتی پروگرام کے تحت۔

مائیکرونیشیا (Micronesia)

وفاقی ریاستیں' اوشنیا کا ایک ملک
محل وقوع: یہ مغربی بحرالکاہل میں 670 چھوٹے بڑے جزائر کا مجموعہ ہے۔ اس کے قریبی ہمسائے جزائری ممالک میں کیریبتی اور مارشل آئی لینڈز شامل ہیں۔
رقبہ: 702 مربع کلومیٹر یا 270 مربع میل۔
آبادی: 1,08,105 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.08۔ فیصد۔
دارالحکومت: پالی کر۔
بڑے شہر: پوہن پی (Pohnpei)' دینو وغیرہ۔
پرچم: یہ آسمانی رنگ کا ہے اور اس کے وسط میں چار پانچ کونی سفید ستارے دکھائے گئے ہیں۔
کرنسی: امریکی ڈالر۔
مذاہب: رومن کیتھولک 50 فیصد' پروٹسٹنٹ 47 فیصد' دیگر 3 فیصد۔
زبانیں: انگریزی (سرکاری)' کیپن گیرنگی' نکورو' کوسرین' یاپسی (Yapese)۔
خواندگی کا تناسب: 89 فیصد (مرد 91 فیصد اور خواتین 88 فیصد)۔
یوم آزادی: 3 نومبر 1986ء کو امریکی انتظامیہ سے اقوام متحدہ کے تولیتی پروگرام کے تحت۔

ناؤرو (Nauro)

جمہوریہ' اوشنیا کا ایک ملک
محل وقوع: یہ خط استواء کے مشرق میں 64 کلومیٹر کی دوری پر بحرالکاہل میں واقع ہے۔
رقبہ: 21.2 مربع کلومیٹر یا 8.2 مربع میل۔
آبادی: 13,048 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.83 فیصد۔
دارالحکومت: اس کا کوئی مستقل دارالحکومت نہیں ہے بلکہ یارن ضلع میں اس کے سرکاری دفاتر ہیں۔
بڑے شہر: یارن ہی بڑا شہر اور جزیرہ ہے۔
پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں اوپر سے نیچے نیلی' زرد اور نیلی پر مشتمل ہے۔ نچلی نیلی پٹی پر مستول کی جانب ابھرتا ہوا سورج دکھایا گیا ہے۔
کرنسی: آسٹریلین ڈالر۔
مذاہب: پروٹسٹنٹ دو تہائی اور رومن کیتھولک ایک تہائی۔
زبانیں: ناؤرئین (سرکاری) انگریزی عام بولی جاتی ہے۔
خواندگی کا تناسب: دستیاب نہیں۔
یوم آزادی: 31 جنوری 1968ء کو آسٹریلیا' نیوزی لینڈ اور برطانیہ سے اقوام متحدہ کے تولیتی پروگرام کے تحت۔

نیوزی لینڈ (New Zealand)

دولت مشترکہ' اوشنیا کا ایک ملک
محل وقوع: یہ جنوب مغربی بحرالکاہل میں دو بڑے جزائر شمالی اور جنوبی پر مشتمل ہے۔ اس کے شمال میں فجی اور ٹونگا جبکہ مغرب میں آسٹریلیا واقع ہیں۔
رقبہ: 2,70,534 مربع کلومیٹر یا 1,04,454 مربع میل۔
آبادی: 40,35,461 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.02 فیصد۔

دارالحکومت: ولنگٹن (Wellington)۔
بڑے شہر: ہٹ، ہملٹن، وانگانوئی (Wanganui)، پالمرسٹن شمالی، نیلسن، کرائسٹ چرچ۔
پرچم: اس کا پرچم نیلے رنگ کا ہے اور مستول کی جانب برطانوی صلیب اور دائیں جانب پانچ کونی نسواری رنگ کے چار ستارے دکھائے گئے ہیں۔
کرنسی: ڈالر۔
مذاہب: عیسائیت۔
زبانیں: انگریزی، ماؤری (دونوں سرکاری)۔
خواندگی کا تناسب: 100 فیصد۔
یوم آزادی: 26 ستمبر 1907ء کو برطانیہ سے۔

وینوآٹو (Vanuatu)

محل وقوع: یہ جنوبی بحرالکاہل میں کوئنز لینڈ (آسٹریلیا) کے شمال مشرق میں واقع ہے اور 83 جزائر پر مشتمل ہے۔
رقبہ: 12,200 مربع کلومیٹر یا 4,710 مربع میل۔
آبادی: 2,05,754 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.52 فیصد۔
دارالحکومت: پورٹ ولا۔
بڑے جزائر: ایسپریٹو سانتو، ایفاٹی، میلی کولا، میلوٹا (Tanna)۔
پرچم: اس کا پرچم اوپر سے نیچے تین متوازی پٹیوں سرخ، زرد اور سبز پر مشتمل ہے۔ مستول کی جانب سیاہ تکون میں فرن کی زرد پتی کو دکھایا گیا ہے۔
کرنسی: واٹو (Vatu)۔
مذاہب: عیسائیت۔
زبانیں: انگریزی، فرانسیسی۔
خواندگی کا تناسب: 53 فیصد (مرد 57 فیصد اور خواتین 48 فیصد)۔
یوم آزادی: 30 جولائی 1980ء کو برطانیہ اور فرانس سے۔

کیریبیئن جزائر

انٹی گوا اور بربوڈا (Antigua And Barbuda)

کیریبیئن کا ایک ملک
محل وقوع: یہ جزائر بحیرہ کیریبیئن اور شمالی بحراوقیانوس کے درمیان پیورٹو ریکو کے مشرق اور جنوب مشرق میں واقع ہے۔
رقبہ: 443 مربع کلومیٹر یا 171 مربع میل۔
آبادی: 68,722 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.6 فیصد۔
دارالحکومت: سینٹ جانز (St. Johns)۔
بڑے شہر: انگلش ہاربر، کاڈرنگٹن۔
پرچم: یہ تین بڑی تکونوں پر مشتمل ہے۔ دائیں اور بائیں دونوں تکونیں سرخ رنگ کی ہیں جبکہ اوپر سے نیچے تک دونوں تکونوں کو چھونے والی تکون کا رنگ سیاہ، نیلا اور سفید ہے۔ سیاہ تکون پر ابھرتا ہوا سورج دکھایا گیا ہے۔
کرنسی: ایسٹ کیریبیئن ڈالر۔
مذاہب: عیسائیت۔
زبانیں: انگریزی (سرکاری) اور مقامی زبانیں۔
خواندگی کا تناسب: 89 فیصد۔
یوم آزادی: یکم نومبر 1981ء کو برطانیہ سے۔

باربا ڈوس (Barbados)

خودمختار دولت مشترکہ، کیریبیئن کا ایک ملک
محل وقوع: بحراوقیانوس میں واقع ایک ملک۔ یہ وینزویلا سے 483 کلومیٹر کی دوری پر واقع ہے۔ یہ صرف 21 میل لمبا جزیرہ ہے جبکہ ٹرینیڈاد سے فاصلہ 300 کلومیٹر ہے۔

رقبہ: 431 مربع کلومیٹر یا 166 مربع میل۔
آبادی: 2,79,254 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.33 فیصد۔
دارالحکومت: برج ٹاؤن۔
بڑے شہر: بیلی پلین، بلیک مین، دی کرین، وارتھنگ، ہٹینگز، ہول ٹاؤن، سپیل غٹس ٹاؤن۔
پرچم: یہ تین عمودی پٹیوں دائیں سے بائیں (نیلی، زرد اور نیلی) پر مشتمل ہے۔ اس کی وسطی زرد پٹی میں ترشول کی طرح کا نشان بنا ہوا ہے۔
کرنسی: باربا ڈوس ڈالر۔
مذاہب: پروٹسٹنٹ 67 فیصد (اینگلیکن 40 فیصد، رومن کیتھولک 4 فیصد اور دیگر)۔
زبانیں: انگریزی۔
خواندگی کا تناسب: 97.4 فیصد (مرد 98 فیصد اور خواتین 96.8 فیصد)۔
یوم آزادی: 30 نومبر 1966ء کو برطانیہ سے۔

بہاماس
(Bahamas)

دولت مشترکہ کیریبیئن کا ایک ملک
محل وقوع: یہ 700 جزائر کا مجموعہ ہے جبکہ غیر آباد جزائر کی تعداد 2,400 ہے۔
رقبہ: 13,940 مربع کلومیٹر یا 5,382 مربع میل۔
آبادی: 3,01,790 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.7 فیصد۔
دارالحکومت: نساؤ۔
بڑے شہر: فری پورٹ، اینڈراس ٹاؤن، میتھیو ٹاؤن، گورنرز ہاربر۔
پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے ہلکی نیلی، زرد اور ہلکی نیلی) پر مشتمل ہے۔ مستول کی جانب سیاہ رنگ کی ایک تکون دکھائی گئی ہے۔
کرنسی: بہاماس ڈالر۔
مذاہب: عیسائیت۔
زبانیں: انگریزی (سرکاری)، کریول، سپینش۔
خواندگی کا تناسب: 98.2 فیصد۔
یوم آزادی: 1973ء کو برطانیہ سے۔

ٹرینیڈاڈ اینڈ ٹوباگو
(Trinidad & Tobago)

کیریبیئن کا ایک ملک
محل وقوع: یہ وینزویلا کے شمال مشرقی ساحل سے پرے بحیرہ کیریبیئن میں واقع ہے۔ اس کے شمال میں گرینیڈا، مشرق میں بحیرہ اوقیانوس ہیں۔
رقبہ: 5,128 مربع کلومیٹر یا 1,980 مربع میل۔
آبادی: 10,88,644 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.7۔ فیصد۔
دارالحکومت: پورٹ آف سپین۔
بڑے شہر: سان فرینڈو، آریما، پلائی موتھ وغیرہ وغیرہ۔
پرچم: یہ سرخ رنگ کا ہے تاہم اس کے درمیان میں دونوں جانب سے سفید حاشیے کے ساتھ سیاہ رنگ کی ترچھی پٹی دکھائی گئی ہے۔
کرنسی: ٹرینیڈاڈ ٹوباگو ڈالر۔
مذاہب: رومن کیتھولک 29.4 فیصد، ہندو 23.8 فیصد، اینگلیکن 10.9 فیصد، مسلم 5.8 فیصد۔
زبانیں: انگریزی (سرکاری)، ہندی، فرانسیسی، ہسپانوی اور چینی۔
خواندگی کا تناسب: 98.6 فیصد (مرد 99.1 فیصد اور خواتین 98.0 فیصد)۔
یوم آزادی: 31 اگست 1962ء کو برطانیہ سے۔

جمیکا
(Jamaica)

کیریبیئن کا ایک ملک
محل وقوع: بحیرہ کیریبیئن میں واقع یہ جزیرہ کیوبا کے جنوب میں ہے۔

رقبہ: 10,991 مربع کلومیٹر یا 4,244 مربع میل۔
آبادی: 27,31,832 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.7 فیصد۔
دارالحکومت: کنگسٹن۔
بڑے شہر: سپینش ٹاؤن، مینڈی وِل، مانٹیگو بے، نیگرل، پورٹ انتانیو، فلماؤتھ۔
پرچم: یہ ایک زرد و تری کراس پر مشتمل ہے۔ اس کے اوپر نیچے سبز اور دائیں بائیں دو سیاہ مثلثیں دکھائی گئی ہیں۔
کرنسی: جمائیکن ڈالر۔
مذاہب: پروٹسٹنٹ 61.3 فیصد، ایڈونٹسٹ، میتھوڈسٹ، رومن کیتھولک اور دیگر 38.7 فیصد۔
زبانیں: انگریزی، جمائیکن، کریول۔
خواندگی کا تناسب: 87.9 فیصد (مرد 85 فیصد اور خواتین 92 فیصد)۔
یوم آزادی: 6 اگست 1962ء کو برطانیہ سے۔

ڈومینیکا
(Dominica)

کیریبیئن کا ایک ملک
محل وقوع: یہ بحیرہ کیریبیئن اور بحر شمالی اوقیانوس کے درمیان واقع ہے۔
رقبہ: 754 مربع کلومیٹر یا 291 مربع میل۔
آبادی: 69,029 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.3۔ فیصد۔
دارالحکومت: روسیو
بڑے شہر: پورٹس ماؤتھ، سینٹ جوزف، روسالی، لاپلین۔
پرچم: یہ سبز رنگ میں ہے۔ اس کے درمیان میں سفید، سیاہ اور زرد رنگ میں کراس بنا ہوا ہے جبکہ اس کے درمیان میں ایک پرندہ دکھایا گیا ہے۔
کرنسی: ایسٹ کیریبیئن ڈالر۔
مذاہب: رومن کیتھولک 77 فیصد، پروٹسٹنٹ 15 فیصد، ایڈونٹسٹ اور دیگر 8 فیصد۔
زبانیں: انگریزی (سرکاری)، فرانسیسی۔
خواندگی کا تناسب: 94 فیصد۔
یوم آزادی: 3 نومبر 1978ء کو برطانیہ سے۔

ڈومینیکن جمہوریہ
(Dominican Republic)

کیریبیئن کا ایک ملک
محل وقوع: اس کے شمال میں بحر اوقیانوس، جنوب میں بحیرہ کیریبیئن، مشرق میں جزائر ہسپانیولا اور مغرب میں ہیٹی واقع ہیں۔
رقبہ: 48,730 مربع کلومیٹر یا 18,815 مربع میل۔
آبادی: 89,50,034 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.3 فیصد۔
دارالحکومت: سانتو ڈومنگو۔
بڑے شہر: لارونامانا، لاویگا، سان کرسٹوبل، سان ہوان، سان فرانسسکو دامارکوس۔
پرچم: دائیں اور بائیں سرخ اور نیلی مستطیلیں، نیچے نیلی اور سرخ مستطیلیں جبکہ درمیان میں سفید کراس اور قومی نشان دکھایا گیا ہے۔
کرنسی: ڈومینیکن پیسو (Peso)۔
مذاہب: رومن کیتھولک 95 فیصد، پروٹسٹنٹ 5 فیصد۔
زبانیں: ہسپانوی۔
خواندگی کا تناسب: 84.7 فیصد (مرد 84.6 فیصد اور خواتین 84.8 فیصد)۔
یوم آزادی: 27 فروری 1844ء کو ہیٹی سے۔

سینٹ کٹس اینڈ نیوس
(Saint Kitts & Nevis)

کیریبیئن کا ایک ملک
محل وقوع: ویسٹ انڈیز میں واقع اس جزیرے کے مشرق میں اینٹی گوا اور شمال میں سینٹ اسٹیٹن ہیں۔
رقبہ: سینٹ کٹس 168 مربع کلومیٹر یا 66 مربع میل، نیوس 93 مربع

کلومیٹر یا 36 مربع میل، مجموعی رقبہ 261 مربع کلومیٹر یا 101 مربع میل۔

آبادی: 38,958 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.4 فیصد۔

دارالحکومت: بیسٹرے (Basseterre)۔

بڑے شہر: چارلس ٹاؤن۔

پرچم: زرد حاشیے کے ساتھ سیاہ وتری پٹی اور اوپر نیچے سبز اور سرخ تکونیں، وتری پٹی پر دو پانچ کونی سیاہ ستارے دکھائے گئے ہیں۔

کرنسی: ایسٹ کیریبیئن ڈالر۔

مذاہب: اینگلیکن، پروٹسٹنٹ، رومن کیتھولک۔

زبانیں: انگریزی۔

خواندگی کا تناسب: 97.5 فیصد (مرد 97 فیصد اور خواتین 98 فیصد)۔

یوم آزادی: 19 ستمبر 1983ء کو برطانیہ سے۔

سینٹ لوشیا
(Saint Lucia)

کیریبیئن کا ایک ملک

محل وقوع: یہ بحیرہ کیریبیئن اور بحر شمالی اوقیانوس کے مابین ٹرینیڈاڈ اور ٹوباگو کے شمال میں واقع ہے۔ یہ ونڈورڈ آئی لینڈ کا حصہ ہے۔

رقبہ: 616 مربع کلومیٹر یا 238 مربع میل۔

آبادی: 1,66,312 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.3 فیصد۔

دارالحکومت: کیسٹریز (Castries)۔

بڑے شہر:

پرچم: اس کی زمین نیلی ہے جبکہ درمیان میں سفید حاشیے کے ساتھ ایک مثلث بنی ہوئی ہے جو سیاہ اور زرد رنگ کی ہے۔

کرنسی: ایسٹ کیریبیئن ڈالر۔

مذاہب: رومن کیتھولک 90 فیصد، اینگلیکن 3 فیصد، پروٹسٹنٹ 7 فیصد۔

زبانیں: انگریزی (سرکاری)، فرانسیسی۔

خواندگی کا تناسب: 67 فیصد۔

یوم آزادی: 22 فروری 1979ء کو برطانیہ سے۔

سینٹ وِنسنٹ اینڈ دی گرینا ڈائنز
(Saint Vincent & The Grenadines)

کیریبیئن کا ایک ملک

محل وقوع: یہ بحیرہ کیریبیئن اور شمالی بحر اوقیانوس کے درمیان ٹرینی ڈاڈ اور ٹوباگو کے شمال میں واقع ہے۔

رقبہ: 389 مربع کلومیٹر یا 150 مربع میل۔

آبادی: 1,17,534 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.3 فیصد۔

دارالحکومت: کنگز ٹاؤن۔

بڑے شہر: جارج ٹاؤن، پورٹ ایلزبتھ، فورٹ چارلو۔

پرچم: یہ تین عمودی پٹیوں دائیں سے بائیں سبز، زرد (دوگنی بڑی) اور نیلی پر مشتمل ہے۔ درمیانی زرد پٹی پر قومی نشان دکھایا گیا ہے۔

کرنسی: ایسٹ کیریبیئن ڈالر۔

مذاہب: اینگلیکن 47 فیصد، میتھوڈسٹ 28 فیصد، رومن کیتھولک 13 فیصد، ہندو اور دیگر 12 فیصد۔

زبانیں: انگریزی، فرانسیسی۔

خواندگی کا تناسب: 96 فیصد۔

یوم آزادی: 27 اکتوبر 1979ء کو برطانیہ سے۔

کیوبا
(Cuba)

کیریبیئن کا ایک ملک

محل وقوع: یہ بحیرہ کیریبیئن اور شمالی بحر اوقیانوس کے مابین ہے اور اس کے شمال میں امریکا اور بہاماس اور جنوب میں جمیکا واقع ہیں۔

رقبہ: 1,10,860 مربع کلومیٹر یا 42,803 مربع میل۔
آبادی: 1,13,46,670 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.3 فیصد۔
دارالحکومت: ہوانا (Havana)۔
بڑے شہر: سانتیاگو دا کیوبا' کیا گوئے' سانتا کلارا' گوانتانامو۔
پرچم: یہ تین نیلی اور دو سفید پٹیوں پر مشتمل ہے۔ اس کے بائیں جانب سرخ مثلث میں پانچ کونی سفید ستارہ بنا ہوا ہے۔
کرنسی: کیوبن پیسو (Peso)۔
مذاہب: رومن کیتھولک 85 فیصد دیگر 15 فیصد۔
زبانیں: ہسپانوی۔
خواندگی کا تناسب: 97 فیصد۔
یوم آزادی: 20 مئی 1902ء کو سپین سے (1898ء تا 1902ء یہ امریکا کی عملداری میں رہا)۔

گرینیڈا (Grenada)

کیریبیئن کا ایک ملک
محل وقوع: یہ بحیرہ کیریبیئن اور شمالی بحر اوقیانوس کے درمیان ٹرینی ڈاڈ اور ٹوباگو کے شمال میں واقع ہے۔ یہ ونڈورڈ آئی لینڈ کا انتہائی جنوبی جزیرہ بھی ہے۔
رقبہ: 344 مربع کلومیٹر یا 133 مربع میل۔
آبادی: 89,502 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.2 فیصد۔
دارالحکومت: سینٹ جارجز۔
بڑے شہر: گرین وِل' وکٹوریہ' مارکوس' سینٹ ڈیوڈ' ہیلمونٹ اور گرینڈ بے۔
پرچم: اس کا حاشیہ سرخ ہے جبکہ اوپر نیچے زرد رنگ کی دو تکونیں اور دائیں بائیں سبز رنگ کی دو تکونیں بنی ہوئی ہیں۔ اوپر نیچے سرخ حاشیے میں زرد رنگ کے پانچ کونی تین تین ستارے بنے ہوئے ہیں۔
کرنسی: ایسٹ کیریبیئن ڈالر۔
مذاہب: رومن کیتھولک 53 فیصد' اینگلیکن 13.8 فیصد' پروٹسٹنٹ 32.2 فیصد۔
زبانیں: انگریزی (سرکاری)' فرانسیسی۔
خواندگی کا تناسب: 90 فیصد۔
یوم آزادی: 7 فروری 1974ء کو برطانیہ سے۔

ہیٹی (Haiti)

جمہوریہ کیریبیئن کا ایک ملک
محل وقوع: ویسٹ انڈیز کا ایک جزیرہ' یہ ڈومینکن جمہوریہ کے مغرب میں اور بحیرہ کیریبیئن اور بحر شمالی اوقیانوس کے مابین واقع ہے۔
رقبہ: 27,750 مربع کلومیٹر یا 10,714 مربع میل۔
آبادی: 81,21,622 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.3 فیصد۔
دارالحکومت: پورٹ آف پرنس۔
بڑے شہر: سان سوسی' لیس کیز (Les Cayes)' جیریمی (Jereme) اور جیک ال۔
پرچم: یہ دو متوازی پٹیوں اوپر سے نیچے نیلی اور سرخ پر مشتمل ہے۔ ان دونوں کے درمیان میں قومی نشان بنا ہوا ہے۔
کرنسی: گورڈی۔
مذاہب: رومن کیتھولک 80 فیصد' پروٹسٹنٹ 15 فیصد' دیگر 5 فیصد۔
زبانیں: کریول اور فرانسیسی دونوں سرکاری۔
خواندگی کا تناسب: 53 فیصد۔
یوم آزادی: یکم جنوری 1804ء کو فرانس سے۔

براعظم جنوبی امریکا

آرجنٹینا یا ارجنٹائن (Argentina)

جنوبی امریکا کا ایک ملک
محل وقوع: برازیل کے بعد جنوبی امریکا کا دوسرا بڑا ملک۔ اس کے

شمال میں بولیویا اور پیراگوئے اور یوروگوئے اور برازیل مشرق میں ہیں۔

رقبہ: 27,66,890 مربع کلومیٹر یا 10,68,296 مربع میل۔

آبادی: 3,95,37,943 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.98 فیصد۔

دارالحکومت: بیونس آئرز۔

بڑے شہر: کورڈوبا' روساریو' مونڈوزا' مارڈل پلاٹا۔

پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں اوپر سے نیچے ہلکی نیلی' سفید اور ہلکی نیلی پر مشتمل ہے۔ درمیانی سفید پٹی پر زرد پٹی کا آفتاب بنا ہوا ہے۔

کرنسی: ارجنٹائن پیسو۔

مذاہب: رومن کیتھولک 92 فیصد' پروٹسٹنٹ 2 فیصد' یہودی 2 فیصد اور دیگر 4 فیصد۔

زبانیں: ہسپانوی (سرکاری)' انگریزی' اطالوی' جرمن اور فرانسیسی۔

خواندگی کا تناسب: 97.1 فیصد (مرد 97.1 فیصد اور خواتین 97.1 فیصد)۔

یوم آزادی: 9 جولائی 1816ء کو سپین سے۔

ایکوے ڈور
(Ecuador)

جنوبی امریکا کا ایک ملک

محل وقوع: یہ جنوبی امریکا کے شمال مغرب میں بحرالکاہل کے ساحل پر واقع ہے۔ اس کے شمال میں کولمبیا اور مشرق اور جنوب مشرق میں پیرو واقع ہیں۔

رقبہ: 2,83,560 مربع کلومیٹر یا 1,09,483 مربع میل

آبادی: 1,33,63,593 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.24 فیصد۔

دارالحکومت: کوئٹو (Quito)۔

بڑے شہر: ریوبمبا' ٹلکن (Tulcan)' ایسمرالڈس' کوکا' پورٹوویجو' منتا گویاکوئیل' سیکالا۔

پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں اوپر سے نیچے زرد' نیلی اور سرخ' پر مشتمل ہے' بالائی زرد اور نچلی نیلی پر قومی نشان بنا ہوا ہے۔

کرنسی: امریکی ڈالر۔

مذاہب: رومن کیتھولک 95 فیصد۔

زبانیں: ہسپانوی (سرکاری)' کیوچوا (Quechua)۔

خواندگی کا تناسب: 92.5 فیصد (94 فیصد مرد اور 91 فیصد خواتین)۔

یوم آزادی: 24 مئی 1822ء کو سپین سے۔

برازیل
(Brazil)

وفاقی جمہوریہ' جنوبی امریکا کا ایک ملک

محل وقوع: اس کے ہمسایہ ممالک میں ارجنٹینا' بولیویا' کولمبیا' گیانا' سری نام' یوراگوے اور وینزویلا واقع ہیں۔ یہ 26 ریاستوں کا مجموعہ ہے۔

رقبہ: 85,11,965 مربع کلومیٹر یا 32,86,470 مربع میل۔

آبادی: 18 کروڑ 80 لاکھ 78 ہزار دوسو تائیس (جولائی 2006)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.06 فیصد۔

دارالحکومت: برازیلیا۔

بڑے شہر: بیناؤس ہیلم' ایگوٹو' سیف' رایوڈی جنیرو' ساؤپالو' پورٹوالیگرے۔

پرچم: اس کا پرچم سبز رنگ کا ہے۔ اس کے وسط میں زرد رنگ کی چوکور بنی ہوئی ہے۔ اس میں نیلے رنگ کے دائرے میں کرکٹ کی گیند کی طرح کے 23 ستارے بنے ہوئے ہیں۔

کرنسی: ریئل (Real)۔

مذاہب: عیسائیت (سرکاری) 73 فیصد رومن کیتھولک' 16 فیصد پروٹسٹنٹ' 11 فیصد دیگر مذاہب کے لوگ۔

زبانیں: پرتگیزی (سرکاری) انگریزی' ہسپانوی اور فرانسیسی۔

خواندگی کا تناسب: 86.4 فیصد (مرد 86.1 فیصد اور خواتین 86.6 فیصد)۔

یوم آزادی: 7 ستمبر 1822ء کو پرتگال سے۔

بولیویا
(Bolivia)

جنوبی امریکا کا ایک ملک

محل وقوع: یہ جنوبی امریکا کے وسط میں واقع ہے۔ اس کے شمال اور مشرق میں برازیل، پیراگوئے اور آرجنٹینا جنوب اور مغرب میں چلی اور پیرو ہیں۔ یہ خشکی سے گھرا ہوا ملک ہے۔

رقبہ: 10,98,580 مربع کلومیٹر یا 4,24,162 مربع میل۔

آبادی: 88,57,870 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.49 فیصد۔

دارالحکومت: لاپاز (حکومتی نشست گاہ)، سوکرے (قانونی)۔

بڑے شہر: سانتا کروز، کوچابامبا، تاریجہ، ربرالٹا، ٹرینی ڈاڈ، رویز کو بیجا۔

پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے سرخ، زرد اور سبز) پر مشتمل ہے۔ اس کی درمیانی زرد پٹی پر قومی نشان بنا ہوا ہے۔

کرنسی: بولیویانو (Boliviano)۔

مذاہب: رومن کیتھولک 95 فیصد، پروٹسٹنٹ اور میتھوڈسٹ 5 فیصد۔

زبانیں: ہسپانوی (سرکاری)، کویچوآ (سرکاری)، ایمارا (سرکاری)۔

خواندگی کا تناسب: 87.2 فیصد (مرد 93.1 فیصد اور خواتین 81.6 فیصد)۔

یوم آزادی: 6 اگست 1825ء کو سپین سے۔

پیراگوئے
(Paraguay)

جنوبی امریکا کا ایک ملک

محل وقوع: جنوبی امریکا کے وسط میں واقع اس ملک کے شمال اور مشرق میں برازیل، جنوب میں آرجنٹینا، شمال اور مغرب میں بولیویا ہیں۔ یہ بھی خشکی سے گھرا ہوا ملک ہے۔

رقبہ: 4,06,750 مربع کلومیٹر یا 1,57,046 مربع میل۔

آبادی: 63,47,884 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.48 فیصد۔

دارالحکومت: آسنشن

بڑے شہر: فیورٹو اولیوئرا سیکل ایسٹیگارریلبیا، ولریکا، کنیشتن۔

پرچم: یہ اوپر سے نیچے تین متوازی پٹیوں پر مشتمل ہے جو سرخ، سفید اور نیلے رنگ کی ہیں۔ درمیانی سفید پر ملکی نشان بنا ہوا ہے۔

کرنسی: گوارانی (Guarani)۔

مذاہب: رومن کیتھولک 90 فیصد، پروٹسٹنٹ اور دیگر 10 فیصد۔

زبانیں: ہسپانوی اور گوارانی (دونوں سرکاری)۔

خواندگی کا تناسب: 94 فیصد (مرد 94.9 فیصد اور خواتین 93.0 فیصد)۔

یوم آزادی: 14 مئی 1811ء کو سپین سے۔

پیرو
(Peru)

جنوبی امریکا کا ایک ملک

محل وقوع: یہ جنوبی امریکا کے مغرب میں بحرالکاہل کے ساحل پر واقع ہے۔ اس کے شمال میں ایکوے ڈور اور کولمبیا، مشرق میں برازیل اور بولیویا اور جنوب میں چلی ہیں۔

رقبہ: 12,85,220 مربع کلومیٹر یا 4,96,223 مربع میل۔

آبادی: 2,79,25,628 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.4 فیصد۔

دارالحکومت: لیما۔

بڑے شہر: اریکویپا، ٹروجیلو، چکلیو (Chiclayo)۔

پرچم: یہ تین عمودی پٹیوں (دائیں سے بائیں سرخ، سفید اور سرخ) پر مشتمل ہے۔ درمیانی وسطی سفید پٹی میں قومی نشان دکھایا گیا ہے۔

کرنسی: نیوسول (Nuevosol)۔

مذاہب: رومن کیتھولک 90 فیصد۔

زبانیں: ہسپانوی، کویچوآ (دونوں سرکاری)، ایمارا اور دیگر کئی۔

خواندگی کا تناسب: 91 فیصد۔

یوم آزادی: 28 جولائی 1821ء کو سپین سے۔

چلی
(Chile)

جنوبی امریکا کا ایک ملک

محلِ وقوع: یہ جنوب مغرب میں بحرالکاہل کے ساحل پر واقع ہے۔ اس کے شمال میں پیرو، مشرق میں آرجینٹنا اور بولیویا ہیں۔

رقبہ: 7,56,950 مربع کلومیٹر یا 2,92,258 مربع میل۔

آبادی: 1,59,80,912 (2006ء)

اوسط سالانہ شرحِ پیدائش: 0.97 فیصد۔

دارالحکومت: سانتیاگو۔

بڑے شہر: ویناڈیل مار، والپریزو، کیلکا ہونا، ٹیوکو (TeMuco)، اینٹوفاگشا۔

پرچم: یہ دو متوازی پٹیوں اوپر سے نیچے سفید اور سرخ پر مشتمل ہے۔ اس کے مستول کی جانب رنگ کے مربع میں پانچ کونی سفید ستارہ دکھایا گیا ہے۔

کرنسی: چلین پیسو۔

مذاہب: رومن کیتھولک 89 فیصد، پروٹسٹنٹ 11 فیصد۔

زبانیں: ہسپانوی۔

خواندگی کا تناسب: 96 فیصد۔

یومِ آزادی: 18 ستمبر 1810ء کو سپین سے۔

سری نام
(Surinam)

جنوبی امریکا کا ایک ملک

محلِ وقوع: یہ جنوبی امریکا کے شمال مشرقی ساحل پر واقع ہے۔ اس کے مغرب میں گی آنا، مشرق میں فرانسیسی گی اور جنوب میں برازیل ہیں۔

رقبہ: 1,63,270 مربع میل یا 63,039 مربع میل۔

آبادی: 4,38,144 (2005ء)

اوسط سالانہ شرحِ پیدائش: 0.25 فیصد۔

دارالحکومت: پارامار یبو (Paramaribo)۔

بڑے شہر: موئینگو (Moengo)، بٹاویہ نیو نیکری، پونٹوایٹو۔

پرچم: اس کا پرچم پانچ متوازی پٹیوں اوپر سے نیچے سبز، سفید، سرخ، سفید اور سبز پر مشتمل ہے۔ وسطی سرخ پٹی میں پانچ کونی زرد ستارہ بنا ہوا ہے۔

کرنسی: سری نامی گلڈر

مذاہب: ہندو 27.4 فیصد، مسلمان 19.6 فیصد، رومن کیتھولک 22.8 فیصد، پروٹسٹنٹ 25.2 فیصد، دیگر 5 فیصد مقامی عقائد۔

زبانیں: ولندیزی اور انگریزی۔

خواندگی کا تناسب: 93 فیصد (مرد 95 فیصد اور خواتین 91 فیصد)۔

یومِ آزادی: 25 نومبر 1975ء کو نیدرلینڈز سے۔

کولمبیا
(Colombia)

جنوبی امریکا کا ایک ملک

محلِ وقوع: اس کے شمال مغرب میں پانامہ، مشرق میں وینزویلا اور برازیل اور جنوب مغرب میں پیرو اور ایکوے ڈور واقع ہیں۔

رقبہ: 11,38,910 مربع کلومیٹر یا 4,39,733 مربع میل۔

آبادی: 4,29,54,279 (2005ء)

اوسط سالانہ شرحِ پیدائش: 1.49 فیصد۔

دارالحکومت: بوگوٹا (Bogota)۔

بڑے شہر: میڈیلن، میٹو (Mitu)، لیٹیشیا، پسٹو (Pasto)، کالی (Cali)، ٹوما، بیرن کویلا۔

پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے زرد، نیلی اور سرخ) پر مشتمل ہے۔ زرد پٹی دوگنی چوڑی ہے۔

کرنسی: کولمبین پیسو۔

مذاہب: رومن کیتھولک 90 فیصد۔

زبانیں: ہسپانوی۔

خواندگی کا تناسب: 92.5 فیصد (مرد 92.4 فیصد اور خواتین 92.6 فیصد)۔

یومِ آزادی: 20 جولائی 1810ء کو سپین سے۔

گیانا
(Guyana)

جنوبی امریکا کا ایک ملک

محل وقوع: یہ سری نام (مغرب) اور وینزویلا (مشرق) کے درمیان واقع ہے جبکہ اس کے شمال میں برازیل ہے۔

رقبہ: 2,14,970 مربع کلومیٹر یا 83,000 مربع میل۔

آبادی: 7,65,283 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.26 فیصد۔

دارالحکومت: جارج ٹاؤن۔

بڑے شہر: برٹیکا، پورٹ کیٹوما، لنڈن (Linden)، اپیوٹری، کاراؤڈاناوا۔

پرچم: بائیں جانب اوپر نیچے دو سبز تکونیں اور مستول کی جانب سفید حاشیے کے ساتھ زرد اور سیاہ حاشیے کے ساتھ سرخ مثلث دکھائی گئی ہے۔

کرنسی: گیانا ڈالر۔

مذاہب: عیسائی 50 فیصد، ہندو 35 فیصد، مسلمان 10 فیصد، دیگر 5 فیصد۔

زبانیں: انگریزی، کریول، ہندی، اردو اور دیگر۔

خواندگی کا تناسب: 98.8 فیصد (مرد 99.1 فیصد اور خواتین 98.5 فیصد)۔

یوم آزادی: 26 مئی 1966ء کو برطانیہ سے۔

وینزویلا
(Venezuela)

جنوبی امریکا کا ایک ملک

محل وقوع: یہ شمال میں بحیرہ کریبین کے ساحل پر واقع ہے۔ اس کے مغرب میں کولمبیا، مشرق میں گی آنا، جنوب میں برازیل ہیں۔

رقبہ: 9,12,050 مربع کلومیٹر 352143۔

آبادی: 2,53,75,281 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.4 فیصد۔

دارالحکومت: کاراکس۔

بڑے شہر: مارا کیبو، ویلنشیا، سان کرسٹوبل، میریڈا، سان فرانسسکو دا پورا، بارسلونا۔

پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے زرد، نیلی اور سرخ) پر مشتمل ہے۔ اس کی وسطی نیلی پٹی میں سات سفید ستارے بنے ہوئے ہیں۔

کرنسی: بولیور (Bolivar)۔

مذاہب: رومن کیتھولک 96 فیصد، پروٹسٹنٹ 2 فیصد، دیگر 2 فیصد۔

زبانیں: ہسپانوی (سرکاری) اور مقامی زبانیں۔

خواندگی کا تناسب: 93.4 فیصد (مرد 93.8 فیصد اور خواتین 93.1 فیصد)۔

یوم آزادی: 5 جولائی 1811ء کو سپین سے۔

یوروگوے
(Uruguay)

جنوبی امریکا کا ایک ملک

محل وقوع: جنوبی امریکا کے مشرقی ساحل پر واقع اس ملک کے جنوب میں برازیل اور مشرق میں آرجینٹنا ہیں۔

رقبہ: 1,76,220 مربع کلومیٹر یا 68,039 مربع میل۔

آبادی: 34,15,920 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.5 فیصد۔

دارالحکومت: مانٹی وڈیو۔

بڑے شہر: سان جوز ڈورازنو، سالٹو، پے سانڈو (Paysandu)۔

پرچم: یہ سفید اور نیلی متبادل (چار چار) پر مشتمل ہے۔ مستول کی جانب سفید مربع میں زرد رنگ میں ابھرتا ہوا سورج دکھایا گیا ہے۔

کرنسی: یوروگوئے پیسو۔

مذاہب: رومن کیتھولک 66 فیصد، پروٹسٹنٹ 2 فیصد، یہودی ایک فیصد، دیگر 31 فیصد۔

زبانیں: ہسپانوی اور برازیلیرو۔

خواندگی کا تناسب: 98 فیصد۔

یوم آزادی: 25 اگست 1825ء کو برازیل سے۔

شمالی امریکا

امریکا
(United States of America)

شمالی امریکا کا ایک ملک

محل وقوع: اس کے شمال میں کینیڈا' جنوب میں میکسیکو اور خلیج میکسیکو' مشرق میں بحراوقیانوس اور مغرب میں بحرالکاہل واقع ہیں۔

رقبہ: 96,29,091 مربع کلومیٹر یا 37,17,792 مربع میل۔

آبادی: 28,05,62,489 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.92 فیصد۔

دارالحکومت: واشنگٹن ڈی سی۔

بڑے شہر: نیویارک' لاس انجلز' شکاگو' ہوسٹن' فلاڈیلفیا' فونیکس' آسٹن' سان ڈائیگو' سان انتانیو' ڈلاس' ڈیٹرائیٹ' سان فرانسسکو' بوسٹن۔

پرچم: اس کا پرچم سات سرخ اور چھ سفید متوازی پٹیوں پر مشتمل ہے۔ بالائی پٹی سرخ اور نچلی بھی سرخ ہے جبکہ مستول کی جانب اوپر کی طرف مستطیل میں پچاس ستارے دکھائے گئے ہیں جو پچاس ریاستوں کی ترجمانی کرتے ہیں۔

کرنسی: ڈالر۔

مذاہب: پروٹسٹنٹ 56 فیصد' رومن کیتھولک 28 فیصد' یہودی 2 فیصد' مسلمان 2 فیصد' دیگر 12 فیصد۔

زبانیں: انگریزی' ہسپانوی۔

خواندگی کا تناسب: 97 فیصد۔

یوم آزادی: 4 جولائی 1776ء کو برطانیہ سے۔

کینیڈا
(Canada)

شمالی امریکا کا ایک ملک

محل وقوع: اس کے مشرق میں شمالی بحراوقیانوس' مغرب میں شمالی بحرالکاہل اور شمال میں بحرآرکٹک واقع ہیں۔

رقبہ: 99,84,670 مربع کلومیٹر یا 38,55,081 مربع میل۔

آبادی: 3,28,05,041 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 0.9 فیصد۔

دارالحکومت: اٹاوا یا آٹوا۔

بڑے شہر: ٹورنٹو' مانٹریال' وینکوور' کیلگری' ایڈمنٹن' لنڈن' کچنر' کیوبک' ونی پیگ' ہملٹن۔

پرچم: اس کا پرچم تین عمودی پٹیوں (درمیانی سفید دوگنی بڑی) سرخ' سفید اور سرخ پر مشتمل ہے۔ درمیانی سفید پٹی پر میپل لیف دکھایا گیا ہے۔

کرنسی: کینیڈین ڈالر۔

مذاہب: رومن کیتھولک 46 فیصد' پروٹسٹنٹ 36 فیصد' دیگر 18 فیصد۔

زبانیں: انگریزی اور فرانسیسی (دونوں سرکاری)۔

خواندگی کا تناسب: 97 فیصد۔

یوم آزادی: یکم جولائی 1867ء کو برطانیہ سے۔

میکسیکو
(Mexico)

وفاقی جمہوریہ' شمالی امریکا کا ایک ملک

محل وقوع: اس کے شمال میں امریکا' جنوب مشرق میں بیلیز اور گوئے مالا ہیں۔ مشرق میں خلیج میکسیکو اور خلیج کیمپچے (Campeche) ہیں۔

رقبہ: 19,72,550 مربع کلومیٹر یا 7,61,602 مربع میل۔

آبادی: 10,62,02,903 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.17 فیصد۔

دارالحکومت: میکسیکو سٹی۔

بڑے شہر: گواڈلاجارا' پیوبلا (Puebla)' مانٹیرے (Monterrey) کیوڈاڈ جواریز' آکاپولکو' نیٹ راہول' لیون۔

پرچم: اس کا پرچم تین مساوی عمودی پٹیوں (دائیں سے بائیں سرخ' سفید اور سبز) پر مشتمل ہے۔ وسط میں سفید پٹی پر قومی نشان دکھایا گیا ہے۔

کرنسی: میکسیکن پیسو۔

مذاہب: رومن کیتھولک 89 فیصد' پروٹسٹنٹ 6 فیصد' دیگر 5 فیصد۔

زبانیں: ہسپانوی، مایا، ناہوٹل (Nahuatl) اور دیگر مقامی۔
خواندگی کا تناسب: 92.2 فیصد۔
یوم آزادی: 24 ستمبر 1821ء کو سپین سے۔

وسطی امریکا

ایل سلواڈور
(El Salvador)

وسطی امریکا کا ایک ملک
محل وقوع: اس کے مغرب میں گوئٹے مالا اور شمال اور مشرق میں ہانڈوراس واقع ہیں۔ یہ بحرالکاہل کے ساحل پر وسطی امریکا کا ایک ملک ہے۔
رقبہ: 21,040 مربع کلومیٹر یا 8124 مربع میل۔
آبادی: 67,04,932 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.75 فیصد۔
دارالحکومت: سان سلواڈو۔
بڑے شہر: سانتا اینا، سان میگوئل، زاکاٹلوک۔
پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے نیلی، سفید اور نیلی) پر مشتمل ہے۔ اس کی درمیانی سفید پٹی پر ملک کا قومی نشان بنا ہوا ہے۔
کرنسی: امریکی ڈالر۔
مذاہب: رومن کیتھولک 83 فیصد۔
زبانیں: ہسپانوی، ناہوا (Nahua)۔
خواندگی کا تناسب: 80.2 فیصد (مرد 82.8 فیصد اور خواتین 77.7 فیصد)۔
یوم آزادی: 15 ستمبر 1821ء کو سپین سے۔

بیلیز
(Belize)

وسطی امریکا کا ایک ملک
محل وقوع: بحیرہ کیریبین کے ساحل پر یہ گوئٹے مالا اور میکسیکو کے مابین واقع ہے۔
رقبہ: 22,963 مربع کلومیٹر یا 8,866 مربع میل۔
آبادی: 2,79,457 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.33 فیصد۔
دارالحکومت: بیلموپین (Belmopan)۔
بڑے شہر: بیلیز شہر، کوروزل، ڈینگریگا، اورنج واک، پینٹا گارڈا، یا گوڈا۔
پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں سرخ، نیلی اور سرخ پر مشتمل ہے۔ درمیانی نیلی پٹی پر دائرے میں قومی نشان بنا ہوا ہے۔
کرنسی: بیلیز ڈالر۔
مذاہب: رومن کیتھولک 49.6 فیصد، پروٹسٹنٹ 27 فیصد، نامعلوم 9.4 فیصد، دیگر 14 فیصد۔
زبانیں: انگریزی، ہسپانوی اور کریول۔
خواندگی کا تناسب: 94.1 فیصد۔
یوم آزادی: 21 ستمبر 1981ء کو برطانیہ سے۔

پانامہ
(Panama)

وسطی امریکا کا ایک ملک
محل وقوع: اس کے شمال میں بحیرہ کریبین، جنوب میں بحرالکاہل، مشرق میں کولمبیا اور مغرب میں کوسٹاریکا کے ممالک واقع ہیں۔
رقبہ: 78,200 مربع کلومیٹر یا 30,193 مربع میل۔
آبادی: 30,39,150 (2005ء)
اوسط سالانہ شرح پیدائش: 1.3 فیصد۔
دارالحکومت: پانامہ شہر۔
بڑے شہر: چترے (Chitre)، کولون (Colon)، ڈیوڈ، لاکوریا، سان میگیولیٹو اور سان تیاگو۔
پرچم: یہ دو متوازی پٹیوں پر مشتمل ہے۔ اوپر کی پٹی میں ایک سرخ اور ایک سفید مستطیل جس میں نیلا ستارہ دکھایا گیا ہے جبکہ نیچے کی مستطیل سفید اور نیلی ہیں اور سفید مستطیل کے درمیان پانچ کونی سرخ ستارہ بنا ہوا ہے۔
کرنسی: بالبوآ (Balboa)۔
مذاہب: رومن کیتھولک 85 فیصد، پروٹسٹنٹ 15 فیصد۔

زبانیں: ہسپانوی (سرکاری)، انگریزی 14 فیصد اور کئی دوسری زبانیں۔
خواندگی کا تناسب: 93 فیصد۔
یومِ آزادی: 3 نومبر 1903ء کو کولمبیا سے۔

کوسٹاریکا
(Costa Rica)

وسطی امریکا کا ایک ملک
محلِ وقوع: اس کے شمال میں نکاراگوا، جنوب مغرب میں بحرالکاہل، مشرق میں بحیرہ کیریبین اور جنوب مشرق میں پانامہ واقع ہیں۔
رقبہ: 51,060 مربع کلومیٹر یا 19,714 مربع میل۔
آبادی: 40,16,173 (2005ء)
اوسط سالانہ شرحِ پیدائش: 1.48 فیصد۔
دارالحکومت: سان جوز۔
بڑے شہر: کارٹاگو (Cartago)، لیمون (Limon)، پنٹرینس (Puntarenas) اور الاجوئیلا (Alajoela)۔
پرچم: یہ پانچ متوازی (اوپر سے نیچے نیلی، سفید، سرخ، سفید اور نیلی) پر مشتمل ہے۔ وسطی سرخ پٹی پر قومی نشان بنا ہوا ہے۔
کرنسی: کولون (Colon)۔
مذاہب: رومن کیتھولک 95 فیصد، پروٹسٹنٹ 5 فیصد۔
زبانیں: ہسپانوی (سرکاری)، انگریزی۔
خواندگی کا تناسب: 96 فیصد (مرد 95.9 فیصد اور خواتین 96.1 فیصد)۔
یومِ آزادی: 15 ستمبر 1821ء کو سپین سے۔

گوئٹے مالا
(Guatemala)

وسطی امریکا کا ایک ملک
محلِ وقوع: اس کے شمال اور مغرب میں میکسیکو اور مشرق میں بیلیز، ہنڈوراس اور ایل سلواڈور واقع ہیں۔
رقبہ: 1,08,890 مربع کلومیٹر یا 42,042 مربع میل۔
آبادی: 1,46,55,189 (2005ء)
اوسط سالانہ شرحِ پیدائش: 2.57 فیصد۔
دارالحکومت: گوئٹے مالا سٹی۔
بڑے شہر: چیکیمولا (Chiquimula)، ایسکوئنتلا، پیورٹو بیرئس، کوئزل ٹینانگو۔
پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں (دائیں سے بائیں نیلی، سفید اور نیلی) پر مشتمل ہے۔ درمیانی سفید پٹی میں قومی نشان بنا ہوا ہے۔
کرنسی: کوئٹزل (Quetzal) اور امریکی ڈالر۔
مذاہب: رومن کیتھولک، پروٹسٹنٹ۔
زبانیں: ہسپانوی 60 فیصد اور ایمرینڈن 40 فیصد۔
خواندگی کا تناسب: 71 فیصد۔
یومِ آزادی: 15 ستمبر 1821ء کو سپین سے۔

نکاراگوا
(Nicaragua)

وسطی امریکا کا ایک ملک
محلِ وقوع: اس کے مشرق میں بحیرہ کیریبین، مغرب میں بحرالکاہل، شمال میں ہانڈوراس اور جنوب میں کوسٹاریکا واقع ہیں۔
رقبہ: 1,29,494 مربع کلومیٹر یا 49,998 مربع میل۔
آبادی: 54,65,100 (2005ء)
اوسط سالانہ شرحِ پیدائش: 1.92 فیصد۔
دارالحکومت: ماناگوا (Managua)۔
بڑے شہر: چیناندیگو، گرینیڈا، لیون، مسایا (Masaya)۔
پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے نیلی، سفید اور نیلی) پر مشتمل ہے۔ درمیانی سفید پٹی کے وسط میں قومی نشان بنا ہوا ہے۔
کرنسی: گولڈ کورڈوبا۔
مذاہب: رومن کیتھولک 85 فیصد، پروٹسٹنٹ 15 فیصد۔
زبانیں: ہسپانوی (سرکاری)، انگریزی اور دیگر کیریبیائی زبانیں۔
خواندگی کا تناسب: 67.5 فیصد (مرد 67.5 فیصد اور خواتین 67.2 فیصد)۔
یومِ آزادی: 15 ستمبر 1821ء کو سپین سے۔

ہانڈوراس (Honduras)

وسطی امریکا کا ایک ملک

محلِ وقوع: اس کے مغرب میں گوئٹے مالا اور ایل سلواڈور، جنوب مغرب میں اور جنوب میں نگارا گوے ہیں۔

رقبہ: 1,12,090 مربع کلومیٹر یا 43,277 مربع میل۔

آبادی: 69,75,204 (2005ء)

اوسط سالانہ شرح پیدائش: 2.16 فیصد۔

دارالحکومت: ٹیگوسی گالپا (Teguci Galpa)

بڑے شہر: چولوٹیکا، ڈینلی، ایل پروگریسو، جوٹی کالپا، لاسیبا، سان پیڈرو سولا۔

پرچم: یہ تین متوازی پٹیوں (اوپر سے نیچے نیلی، سفید اور نیلی) پر مشتمل ہے۔ اس کی وسطی سفید پٹی میں پانچ نیلے رنگ کے ستارے بنے ہوئے ہیں۔

کرنسی: لیمپیرا (Lempira)۔

مذاہب: رومن کیتھولک 97 فیصد، پروٹسٹنٹ 3 فیصد۔

زبانیں: ہسپانوی، ہندی۔

خواندگی کا تناسب: 76.2 فیصد (مرد 76.1 فیصد اور خواتین 76.3 فیصد)۔

یومِ آزادی: 15 ستمبر 1821ء کو سپین سے۔

ماتحت علاقے

(1) آسٹریلیا کی عملداری میں: (1) ایشمور اور کارٹیئر آئی لینڈز (2) کرسمس آئی لینڈز (3) کاکس آئی لینڈز (4) کورل سی آئی لینڈز (5) ہارڈ آئی لینڈ اینڈ میکڈانلڈ آئی لینڈز (6) نارفوک آئی لینڈ۔

(2) ڈنمارک کی عملداری میں: (1) فائیروآئی لینڈز (2) گرین لینڈ۔

(3) نیدرلینڈز کی عملداری میں: (1) اروبا (2) نیدرلینڈز انٹائیلز

(4) فرانس کی عملداری میں: (1) بساس دا انڈیا (2) کلپرٹن آئی لینڈ (3) یورپا آئی لینڈ (4) فرنچ گنی (5) فرنچ پولینیشیا (6) فرنچ ساؤتھرن اینڈ انٹارکٹک لینڈز (7) گلوریوسو آئی لینڈز (8) گواڈلوپ (9) جوان دا نوا آئی لینڈ (10) مارٹینیق (11) میوٹ (12) نیو کیلیڈونیا (13) ری یونین (14) سینٹ پائیرے اینڈ میکلین (15) ٹرامیلین آئی لینڈ (16) والس اینڈ فوٹونا۔

(5) نیوزی لینڈ کی عملداری میں: (1) کک آئی لینڈز (2) نیو (3) ٹوکیلاؤ۔

(6) ناروے کی عملداری میں: (1) بووٹ آئی لینڈ (2) جان مائین (3) سوالبرڈ۔

(7) برطانیہ کی عملداری میں: (1) انگوئلا (2) برموڈا (3) برٹش انڈین اوشن ٹیریٹری (4) برٹش ورجن آئی لینڈ (5) کے مین آئی لینڈز (6) فاک لینڈ آئی لینڈز (7) جبرالٹر (8) گورنسی (9) جرسی (10) آئزل آف مین (11) مانٹسریٹ (12) پٹکائرن آئی لینڈز (13) سینٹ ہلینا (14) ساؤتھ جارجیا اور ساؤتھ سینڈوچ آئی لینڈ (15) ٹرکس اینڈ کائی کس آئی لینڈز۔

(8) امریکا کی عملداری میں: (1) امریکن ساموا (2) بیکر آئی لینڈ (3) گوام (4) ہاؤلینڈ آئی لینڈ (5) جاروس آئی لینڈ (6) جانسٹن ایٹال (7) کنگ مین ریف (8) مڈوے آئی لینڈ (9) نواسا آئی لینڈ (10) نارتھرن میرانا آئی لینڈز (11) پالمیرا ایٹال (12) پیوٹو ریکو (13) ورجن آئی لینڈز (14) ویک آئی لینڈز۔

(9) متنازعہ علاقے: (1) انٹارکٹیکا (2) غزہ کی پٹی (3) پیراسیل آئی لینڈز (4) سپرٹیلی آئی لینڈز (5) ویسٹ بنک (6) مغربی صحارا (7) کشمیر (8) نگورنو قراباغ (9) چیچنیا (10) کوسوو (11) شمالی جمہوریہ ترگ قبرص۔

بری، بحری اور فضائی اصطلاحات

آبدوز: ایک قسم کا بحری جہاز، جو زیرِ آب اور سطحِ آب پر تیرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

آبدوز سرنگیں: دشمن کے بحری جہازوں کو زمانہ جنگ میں سمندروں میں تباہ کرنے والے آلات۔

آرڈننس: اس سے مراد توپیں اور گولہ بارود ہے۔
اسلحہ: ہر قسم کا جنگی ساز و سامان جس میں گولہ بارود، مشین گنیں، میزائل اور ایٹم بم شامل ہیں۔
الٹی میٹم: دشمن کو آخری انتباہ کرنا۔
انٹی ایئر کرافٹ ڈیفنسز: اس میں سرچ لائٹس، انٹی ایئر کرافٹ گنز، بیلون بیراجز، بلیک آؤٹ اور راڈار شامل ہیں۔
انٹی ایئر کرافٹ گن: زمانہ جنگ میں یہ توپیں دشمن کے جہازوں کو تباہ کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہیں۔
انٹی میزائل: ایک دھماکو میزائل جو دشمن کے اڑتے ہوئے میزائلوں کو تباہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔
انسلاک: عسکری یونٹوں اور افراد کو عارضی طور پر دوسرے دفاعی اداروں سے منسلک کرنا۔
انفنٹری: اس سے مراد پیدل فوج کا دستہ ہے۔
اوپی: توپخانے کا آفیسر جو ہوائی جہاز سے دشمن کے علاقے میں جا کر یا کسی بلند جگہ/ درخت پر چھپ کر دشمن کی فوجی نقل و حمل کو دیکھ کر اپنے توپ خانے کو وائرلیس کے ذریعے دشمن پر گولہ باری کرنے کے لیے صحیح سمت کی نشاندہی کرتا ہے۔
اوج ارضی: یہ وہ مقام ہے کہ جہاں پر کسی میزائل کی اڑان لائن کسی سیارے کا مدار کشش ثقل کے مرکز سے دور ترین فاصلے پر ہوتی ہے۔
ایٹم بم: اسے جرمن سائنس دان آٹو ہان نے بنایا اور اس کا پہلا تجربہ امریکا نے اگست 1945ء میں جاپان کے شہروں ہیروشیما اور ناگاساکی پر کیا جس سے ہزاروں افراد ہلاک ہو گئے۔
ایڈجوٹنٹ جنرل: بری فوج کے جنرل سٹاف میں کمانڈر انچیف یا چیف آف آرمی سٹاف کا ایگزیکٹو آفیسر۔
ایڈمرل: بحریہ کا سربراہ یا امیر البحر۔
ایڈمرل آف دی فلیٹ: بحریہ کا سب سے اعلیٰ آفیسر عہدے میں ایڈمرل سے بڑا ہوتا ہے۔
ایئر چیف مارشل: فضائیہ کا سب سے بڑے عہدے کا آفیسر۔
ایریا کنٹرول سنٹر: ایک ایسی یونٹ جو مخصوص علاقوں میں کنٹرول شدہ پروازوں کے لیے فضائی ٹریفک کو کنٹرول کرنے کے لیے قائم کی جاتی ہے۔
ایئر کرافٹ کیریئر: ایسا جنگی جہاز جس پر سے طیارے اڑائے اور اتارے جاتے ہیں۔ یہ تیرتے ہوئے ہوائی اڈے کے طور پر بھی کام کرتا ہے۔
اے آر پی: بچاؤ کی وہ تمام تدابیر جو شہری دفاع کا محکمہ ہوائی حملے کے وقت کرتا ہے۔
ایس او ایس: خفیہ پیغام جنگ میں انتہائی خطرے کی حالت کا آخری پیغام جس کا مطلب ہوتا ہے کہ ہماری جان بچاؤ۔ ڈوبتے ہوئے جہاز کا کپتان بھی اسی قسم کا پیغام دیتا ہے۔
ایک (ACE): پائلٹ کے ساتھی۔ پانچ یا اس سے زیادہ فاتح ساتھی۔
بارودی سرنگیں: پیتل یا تانبے کا خول جن میں تباہ کن گولہ بارود بھر کر انہیں دشمن کے علاقے میں یا سمندر میں بچھا دیا جاتا ہے تاکہ دباؤ پڑنے کی صورت میں دشمن کی تباہی و بربادی کا سامان بنیں۔
بٹالین: پیدل فوج کا دستہ جس کی کمانڈ لیفٹیننٹ کرنل کرتا ہے۔
براؤن آؤٹ: جب کسی ملک کو جنگ کا خطرہ لاحق ہوتا ہے تو اندرونی اور بیرونی روشنیوں کو کاغذ سے اس طرح ڈھانپ دیا جاتا ہے کہ دور دور تک روشنی کی کرنیں باہر نہ جا سکیں۔
بحری بیڑہ: بحری جہازوں کا ایک ڈویژن جس کی کمان ایک ہی آفیسر کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔ عام طور پر جنگی بحری جہازوں کو بحری بیڑہ کہا جاتا ہے۔
بحری جہاز: سمندر میں چلنے والا جہاز، یہ تجارتی اور جنگی دونوں طرح کا ہوتا ہے۔
بریگیڈ: یہ تین یا چار بٹالین پر مشتمل ہوتا ہے۔
بریگیڈیئر: ایک بریگیڈ کا انچارج، یہ اپنے بریگیڈ کی دیکھ بھال، کمان اور حفاظت کا ذمہ دار ہوتا ہے۔
برین گن: یہ مشین گن کی ترقی یافتہ شکل ہوتی ہے۔
بکتر بند گاڑی: موٹی موٹی لوہے کی چادروں سے بنی ہوئی فوجی گاڑی، جس پر گولی اثر نہیں کر سکتی۔
بیرک: فوجیوں کے رہنے کی جگہ کو بیرک کہا جاتا ہے۔

بلیک آؤٹ: زمانہ جنگ کے دوران دشمن کے ہوائی حملوں سے بچنے کے لیے تمام اندرونی اور بیرونی روشنیوں کو ڈھانپ دیا جاتا ہے تاکہ دشمن کو کسی اہم عمارت یا فوجی تنصیبات کا پتہ نہ چلے۔

پاسنگ آؤٹ پریڈ: فوجی آفیسر جب اپنی تربیت مکمل کر لیتے ہیں تو انہیں سند دینے کے لیے جو پریڈ منعقد کی جاتی ہے اسے پاسنگ پیریڈ کہا جاتا ہے۔

پپ: فوجی افسر کے بازو پر لگا ہوا امتیازی نشان۔

پلاٹون: ایک پلاٹون نصف کمپنی کے مساوی ہوتی ہے اور اس کی کمان لیفٹیننٹ کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔

پیدل فوج: دیکھیے انفنٹری۔

پیراشوٹ: ریشمی کپڑے کا بنا ہوا چھاتہ جسے خطرے کے وقت جہاز سے کودنے کے لیے پائلٹ یا دیگر فوجی استعمال کرتے ہیں۔

پوزیشن ڈیفنس: کسی فوج کا علاقے کا اس طرح دفاع کرنا کہ دشمن کو اس پر قبضہ کرنے کی اجازت نہ دی جائے۔

تارپیڈو: زیرآب ازخود حرکت میں آنے والی سرنگ جو دشمن کے جہاز سے ٹکرا کر دھماکہ کرتی ہے۔

تباہ کن: تیز رفتار جنگی جہاز جس میں تارپیڈو، توپیں اور بم وغیرہ رکھے جاتے ہیں اور جنہیں بوقت ضرورت دشمن کے بحری جہازوں کو غرق کرنے کے لیے استعمال میں لایا جاتا ہے۔

تمر الطیب (Thamar Al Tayyib): بحری جنگی مشقیں جو پاکستان اور عمان کی بحری افواج کے درمیان ہر دو سال کے بعد منعقد کی جاتی ہیں۔

ٹامی تفنگ: ہلکی بندوق جس میں خود بخود گولیاں بھری جاتی ہیں۔

ٹائم بم: مقررہ وقت پر از خود پھٹنے والا بم جو کہ خفیہ طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

ٹینک: ایک قسم کی بھاری گاڑی جس پر گولی اثر نہیں کرتی۔ یہ ٹینک پیدل فوج کو دشمن کے علاقے میں پیش قدمی کرنے میں مدد کرتی ہے۔

جارحیت: کسی ملک پر توسیع پسندانہ حکمت عملی کے پیش نظر زبردستی قبضہ کرنا۔

جنرل: بری فوج میں فیلڈ مارشل سے نچلا درجہ۔

جنگ بندی: مکمل طور پر جنگ بند کرنا۔

جی ایچ کیو: جنرل ہیڈ کوارٹرز کا مخفف جس میں چیف آف جنرل سٹاف، ایڈجوٹنٹ جنرل، کوارٹر ماسٹر جنرل اور ماسٹر جنرل آف دی آرڈیننس کے دفاتر شامل ہوتے ہیں۔

چیف آف جنرل سٹاف: بری فوج کے چار بڑے افسروں میں سے ایک سٹاف آفیسر۔

چیف آف سٹاف: جنرل کے عہدے کا ایک بڑا آفیسر، پاکستان کی تمام مسلح افواج کے سربراہوں کو چیف آف سٹاف کہتے ہیں۔

چیئرمین جائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی: مسلح افواج کا سینئر ریٹائرڈ فوجی آفیسر، جو جنرل کے مرتبے یا اس کے مساوی عہدے کا ہوتا ہے۔

چھاؤنی: مستقل فوجی شہر۔ یہ اصل شہر سے کچھ فاصلے پر بسایا جاتا ہے اور اس میں فوجیوں کی رہائش، تعلیم کے انتظام کے علاوہ اسلحہ، فوجی گاڑیاں غرضیکہ ہر قسم کا دفاعی سامان بھی رکھا جاتا ہے۔

خالد: پاکستان کا اہم ترین ٹینک، یہ پاکستانی ساختہ ہے اور دنیا کے کسی جدید ٹینک کا مقابلہ کر سکتا ہے۔

خندق: زمین میں کھدی ہوئی خندق جس میں فوجی اس انداز سے بیٹھتے ہیں کہ وہ دشمن کی گولیوں کی براہ راست زد میں نہیں آتے۔ خندقیں شہری علاقوں میں دشمن کے ہوائی حملوں سے بچنے کے لیے بھی کھودی جاتی ہیں۔

دستہ: فوجیوں کی ایک خاص تعداد کو دستہ کہتے ہیں۔

دفاعی فنڈ: دفاعی فنڈ سے مراد ایسا فنڈ ہے جو زمانہ جنگ میں جنگی ساز و سامان کی خریداری کے لیے اکٹھا کیا جاتا ہے۔ پاکستان میں 1965ء اور 1971ء کی جنگوں میں دفاعی فنڈ قائم کیے گئے۔

دمدمہ: اونچی جگہ جس پر توپ رکھ کر چلائی جاتی ہے۔

دھوئیں کے بادل: فوجیں پیچھے ہٹنے کی غرض سے یا حملہ کرنے کی خاطر پیش قدمی کرنے کے لیے دھوئیں کے بادل چھوڑتی ہیں۔ انہیں دھوئیں کے بم بھی کہا جاتا ہے۔

ڈپو: ہر قسم کا فوجی ساز و سامان رکھنے کی جگہ۔

ڈویژن: ایک ڈویژن میں تین یا چار بریگیڈ ہوتے ہیں اور اس کی

کمان میجر جنرل کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔ اسے ڈویژنل کمانڈ بھی کہتے ہیں۔

راکٹ: ایسا خودکار ہتھیار جو اپنی طاقت سے زمین سے فضا' فضا سے فضا' فضا سے سمندر میں مقررہ نشانے پر دشمن کے جہازوں (بحری اور ہوائی) کو تباہ کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

رجمنٹ: فوجیوں کا ایک دستہ جس کی کمان کرنل کرتا ہے۔

رکاوٹ: دشمن کی فوج کی پیش قدمی کو روکنے کے لیے شہر کے اندر عارضی رکاوٹ کھڑی کی جاتی ہے تاکہ دشمن شہر پر قبضہ نہ کر سکے۔

ریئر ایڈمرل: وائس ایڈمرل سے نیچے کے درجے کا بحری آفیسر۔

رنگروٹ: نوآموز بھرتی کردہ سپاہی جسے تربیت کے مرحلے سے گزرنا ہوتا ہے۔

ریڈار: دور دراز کی اشیا کے محل وقوع اور ان کی نوعیت معلوم کرنے کا آلہ۔ یہ دشمن کے طیاروں کی نقل وحرکت کا سراغ لگاتا ہے۔

ریڈ کراس: ایک بین الاقوامی تنظیم جو جنگ اور امن بالخصوص جنگ کے دنوں میں زخمیوں اور مصیبت زدہ افراد کی مدد کرتی ہے۔ یہ تنظیم 1863ء میں ہنری ڈوناں نے قائم کی تھی۔ اس کی شاخیں دنیا بھر میں موجود ہیں۔

زرہ بکتر: چمڑے یا دھات کا بنا ہوا قدیم جنگی لباس جس پر تلوار اثر نہیں کرتی۔

سبوتاژ: خفیہ ذرائع سے دشمن کے نظم ونسق اور امن عامہ کو تباہ و برباد کرنا۔

ساعت صفر: وہ وقت جس سے فوج کی جنگی کارروائیوں کے مقررہ اوقات شمار کیے جاتے ہیں۔

سائرن: خطرے کی آواز' یہ عموماً شہریوں کے لیے بجائے جاتے ہیں تاکہ وہ اپنے دفاع سے غافل نہ ہوں۔

سگنل: دوران جنگ پیغام رسانی کے لیے سگنل اہم کردار ادا کرتا ہے۔ سگنل دینے کے لیے مختلف قسم کے آلات استعمال میں لائے جاتے ہیں۔

سٹاف کالج: ایک ایسا ادارہ جہاں اعلیٰ فوجی افسروں کی تربیت کا انتظام کیا جاتا ہے۔

سکوئیڈ: فوجیوں کی ایک خاص تعداد جسے ڈرل کے لیے منظم کیا جائے۔

سکوئیڈرن: فضائیہ کا ایک یونٹ جو ایک قسم کے طیاروں پر مشتمل ہوتا ہے۔ اس میں طیاروں کی تعداد 20 تا 24 ہوتی ہے اور اس کے قائد کو سکوئیڈرن لیڈر کہتے ہیں۔

سونگ بوم: اس دھماکہ کو کہتے ہیں جو اس وقت پیدا ہوتا ہے جب کوئی جیٹ طیارہ آواز کی حد پار کرتا ہے۔

سی ڈبلیو مارس سیمولیٹر: ایک خودکار نظام کے مطابق مشق جاری کرتا ہے جس کو سیلرز پڑھنے کے بعد اپنے جواب کمپیوٹر سکرین پر درج کرتے ہیں۔ ہر مشق کے خاتمے پر سیلرز کو ان کے نتائج اور غلطیوں کے بارے میں آگاہ کیا جاتا ہے۔ یہ جدید ٹیکنالوجی کا ایک اہم شاہکار ہے۔

طیارہ بردار: ایسا طیارہ جس کے اوپر سے طیاروں کو اڑایا جاتا ہے۔

طیارہ شکن توپ: دیکھیے اینٹی ایئر کرافٹ گن۔

عارضی صلح: دو ممالک میں جنگ بندی کا عارضی معاہدہ۔ عموماً عارضی صلح کے بعد مستقل قیام امن کا اعلان کیا جاتا ہے۔

عدم جارحیت کا معاہدہ: ایک ایسا معاہدہ جو دو یا دو سے زیادہ ممالک کے مابین جنگ نہ کرنے کے سلسلے میں طے پاتا ہے۔ اس قسم کے معاہدے کی پیش کش پاکستان کے مختلف حکمران مختلف اوقات میں بھارت کو کرتے رہتے ہیں۔

غوری: پاکستان کا ایک اہم میزائل۔

ففتھ کالم: ایسے افراد یا گروہ کو ففتھ کالم کہا جاتا ہے جو دشمن کو اپنے ملک کی دفاعی تیاریوں' تنصیبات اور نقل وحرکت کے بارے میں آگاہ کرتے ہیں۔

فلیک: طیارہ شکن توپ کا گولہ اگلنا۔

فلیگ آفیسر کمانڈنگ: بحریہ کا اعلیٰ کمانڈنگ آفیسر۔

فلیگ کیپٹن: ایسے جہاز کا کپتان جس پر ایڈمرل کا جھنڈا نصب ہو۔

فوجی قافلہ: مسلح افواج کا ایسا دستہ جو ایک جگہ سے دوسری جگہ جا رہا ہو۔

فیلڈ مارشل: بری فوج کا سب سے بڑا عہدہ۔ یہ عہدہ برطانوی افواج میں سب سے پہلے رائج ہوا۔ برصغیر پاک و ہند کے پہلے فیلڈ مارشل ایوب خان تھے۔

کانوائے: دیکھیے فوجی قافلہ۔

کرفیو: یہ فرانسیسی زبان کا لفظ ہے جس کا مطلب ہے آگ بجھانا۔ لیکن اب اسے خطرے کی حالت میں لوگوں کو گھروں سے باہر نہ جانے دینے کی اصطلاح میں استعمال کیا جاتا ہے اسے 1918ء میں قانونی شکل دی گئی۔

کروز: ایسا جنگی جہاز جسے جلد حرکت میں لا کر موڑا جا سکتا ہے۔

کروز میزائل: ایسا خودکار میزائل جسے جلد حرکت میں لا کر موڑا جا سکتا ہے۔

کمانڈر انچیف: پاکستان میں مسلح افواج کا سب سے بڑا فوجی آفیسر۔ یہ جنرل کے عہدے کا ہوتا ہے۔ 1972ء میں یہ عہدہ ختم کر دیا گیا اور اس کی جگہ چیف آف سٹاف کا عہدہ قائم کیا گیا۔

کنٹرول لائن: ایسا سرحدی خط جو متنازعہ علاقہ میں جنگ بندی کے لیے کھینچا جاتا ہے۔ اس کی حیثیت مستقل نہیں ہوتی۔

کوارٹر ماسٹر جنرل: فوجیوں کے لیے رہائشی کوارٹروں اور سپلائی کا ذمہ دار افسر۔ یہ عموماً جنرل کے عہدے کا ہوتا ہے۔

کورٹ مارشل: ایسی فوجی عدالت جس میں مسلح افواج کے جوانوں اور افسروں کے خلاف فوجی نظم و نسق اور جنگی قوانین کو توڑنے کے الزام میں مقدمہ چلا کر سزا سنائی جاتی ہے۔

کھلا نگر: ایسا شہر جہاں کوئی فوجی ٹھکانہ نہ ہو۔ ایسے شہر پر بمباری نہیں کی جا سکتی۔

کیموفلاج: دشمن کے ہوائی حملے سے بچنے کے لیے فوجی تنصیبات خصوصاً فوجی گاڑیوں اور ساز و سامان کو درختوں کی ٹہنیوں یا اسی رنگ سے مشابہ چیز سے ڈھانپ دیا جاتا ہے تاکہ دشمن کو فوجی تنصیبات کا پتہ نہ چل سکے۔

کیڈٹ: مسلح افواج میں کمیشن میں زیر تعلیم افراد۔

کیڈٹ کالج: کیڈٹوں کی تربیت گاہ۔

گسٹاپو: یہ جرمن زبان کا لفظ ہے جس کا مطلب ہے خفیہ تنظیم۔

گشت: حفاظت اور نگہبانی کی غرض سے کسی کیمپ یا گیریژن کے اردگرد یا اندر چکر لگانا۔ دشمن کی نقل و حمل طاقت اور کمزوریوں کا پتہ لگانے کے لیے بھی گشتی دستے بھیجے جاتے ہیں۔

گوریلا جنگ: بے ترتیب لڑائی جس میں مسلح افراد چھپ کر دشمن پر حملہ آور ہوتے ہیں۔

لڑاکا طیارے: ایک یا دو نشستوں والے طیارے جو دشمن کی فضائیہ کو ہراساں یا تباہ کرنے کے لیے استعمال میں لائے جاتے ہیں۔

لیفٹیننٹ جنرل: میجر جنرل سے بڑا اور جنرل سے عہدے میں چھوٹا فوجی آفیسر۔

مارٹر گن: ایسی توپ جو 45 درجے کی دوری پر بھاری وزن کے گولے پھینکتی ہے۔

مارشل لاء: فوجی قانون جسے ہنگاموں اور مظاہروں پر قابو پانے اور ملکی نظم و نسق کو بہتر طریقے پر چلانے کے لیے نافذ کیا جاتا ہے۔

مائنز: دیکھیے بارودی سرنگیں۔

مشینی دستے: ان میں توپخانہ، ٹینک شکن توپچی، بکتر بند دستے، طیارہ شکن توپچی اور سرنگیں بچھانے والے دستے شامل ہوتے ہیں۔

میجر جنرل: لیفٹیننٹ جنرل سے چھوٹے عہدے کا آفیسر۔

میزائل: یہ عام طور پر تباہ کن اسلحہ کے ساتھ کسی خاص نشانے پر پھینکے جاتے ہیں۔ نشانہ تک پہنچنے کے لیے میزائل کے اندر بہت سے برقی آلات نصب ہوتے ہیں جو اس کے راستے کو بڑی احتیاط سے منضبط کرتے ہیں۔ ایسے میزائلوں کو رہنما میزائل بھی کہتے ہیں۔

میگزین: ایسی جگہ جہاں اسلحہ، گولہ بارود اور دوسرا جنگی ساز و سامان رکھا جاتا ہے یہ جگہیں اوپر سے ڈھکی ہوئی ہوتی ہیں اور دشمن کو ان کا گمان تک نہیں ہوتا۔

نافی: بحری، بری اور فضائی فوج کا تربیتی ادارہ۔

ناکہ بندی: دوران جنگ کسی شہر یا مقام کا فوج یا جہازوں کے ذریعے محاصرہ کرنا تاکہ باہر سے کوئی چیز اندر نہ آ سکے۔

نیپام بم: ایسا بم جس کے گرنے سے فوراً شعلے بھڑک اٹھتے ہیں۔

نشانِ حیدر: پاکستان کا سب سے بڑا جنگی اعزاز۔

وارنٹ آفیسر: فوجی افسر جو کمیشنڈ اور نان کمیشنڈ افسروں کے درمیان کام کرتا ہے۔ یہ احکام اور اختیار ملنے پر مطلوبہ کام کرتا ہے۔

ہلالِ جرات: پاکستان کا دوسرا بڑا جنگی اعزاز۔

ہوائی میدان پیش بند: یہ وہ علاقہ ہوتا ہے جہاں جہازوں کو

لوڈنگ' ان لوڈنگ اور تیل وغیرہ بھرنے اور سروس کرنے کی غرض سے اکٹھا کیا جاتا ہے۔

ہنگامی حالات: جب کسی ملک کو دوسرے ملک سے خطرہ درپیش ہو یا اندرون ملک حالات بے قابو ہوں تو اس ملک میں ہنگامی حالات کا نفاذ عمل میں آتا ہے جس کے تحت ملک کی تمام سرکاری یا غیر سرکاری املاک اور ذرائع مواصلات کو جنگی حالات کے سلسلے میں بروئے کار لایا جاسکتا ہے۔

ہیلی کاپٹر: ایک قسم کا چھوٹا جہاز۔ اسے جہاں چاہیں اتار سکتے اور اسے دوران جنگ گھری ہوئی فوج کو خوراک اور دوسرا سامان پہنچانے اور زخمیوں کو ہسپتال لے جانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

تاریخ اسلام کے اہم واقعات

571ء: بمطابق 12 ربیع الاول حضور ﷺ کی مکہ مکرمہ میں (20 اپریل) ولادت۔

610ء: حضور ﷺ پر پہلی وحی کا نزول ہوا۔
(14 قبل از ہجرت)

619ء: حضور ﷺ معراج پر تشریف لے گئے۔
(17 رجب)

622ء: حضور ﷺ نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کی معیت میں مکہ سے مدینہ ہجرت فرمائی۔

624ء: مسلمانوں اور کفار کے مابین بدر کے مقام پر جنگ' کفار کو شکست۔
.....تحویل قبلہ کا واقعہ رونما ہوا۔
.....روزوں کی فرضیت ہوئی۔

625ء: غزوہ احد ہوا۔

627ء: غزوہ احزاب یا خندق ہوا۔

628ء: قریش مکہ اور مسلمانوں کے مابین صلح حدیبیہ طے پائی۔

630ء: آنحضور ﷺ نے مکہ فتح فرمایا۔

631ء: غزوہ تبوک اور خطبہ حجۃ الوداع۔

632ء: حضور ﷺ کا وصال مبارک' حضرت ابوبکر صدیق مسلمانوں کے پہلے خلیفہ بنے۔

632-661ء: خلفائے راشدینؓ کا دور۔

633-647ء: شام' عراق' ایران' سوڈان اور لیبیا کو فتح کرلیا گیا۔

634ء: حضرت عمر فاروقؓ مسلمانوں کے دوسرے خلیفہ بنے۔

642ء: فتح نہاوند' وفات حضرت خالدؓ بن ولید۔

643ء: طرابلس فتح ہوا۔

644ء: خلیفہ دوم حضرت عمر فاروقؓ کو شہید کردیا گیا اور ان کی جگہ حضرت عثمان غنیؓ خلیفۃ المسلمین بنے۔

648ء: قبرص' آذربائیجان اور افریقہ کے علاقے مسلمانوں نے فتح کیے۔

653ء: ایران میں اسلامی سلطنت کا قیام عمل میں آیا۔

655ء: مسلمانوں کے ہاتھوں رومی بحری بیڑے کی زبردست تباہی ہوئی۔

656ء: جنگ جمل ہوئی۔

657ء: صفین کا واقعہ رونما ہوا۔

660ء: خلیفہ چہارم حضرت علیؓ کو شہید کردیا گیا۔

661ء: خلافت امیر معاویہؓ کا اعلان۔

664ء: کابل فتح ہوا۔

669ء: حضرت امام حسنؓ کا وصال ہوا۔

674ء: بخارا اور سمرقند کو مسلمانوں نے فتح کرلیا۔

680ء: واقعہ کربلا رونما ہوا۔ حضرت امام حسینؓ شہید کردیے گئے۔ حضرت امیر معاویہؓ کا انتقال۔

681ء: مسلمانوں نے خوارزم کو فتح کرلیا۔

698ء: مسلمانوں نے قرطاجنہ فتح کرلیا۔

699ء: حضرت امام جعفر صادقؒ اور امام ابوحنیفہؒ کی ولادت۔

700ء: مشرقی افریقہ میں اسلام کی ترویج۔

709ء: مسلمانوں نے بخارا کو فتح کرلیا۔

710ء: طارق بن زیاد نے اسپین فتح کرلیا۔

711ء: محمد بن قاسمؒ نے سندھ پر حملہ کرکے ملتان تک کا علاقہ فتح کرلیا۔

716ء: طبرستان فتح ہوا۔ اور عربوں کی حکومت لزبن سے چین تک پھیل گئی۔

717-720ء: حضرت عمرؒ بن عبدالعزیز کی خلافت اور انتقال۔

723ء: مسلمانوں نے سارڈینیا کو فتح کر کے اسے اسلامی سلطنت میں شامل کرلیا۔

728ء: جنگ ارض روم، حضرت حسن بصریؒ کا انتقال۔

749ء: خلافت عباسیہ کا آغاز ہوا۔

754ء: عبدالرحمٰن الداخل نے سپین میں اموی حکومت کی بنیاد ڈالی۔

.....عباسی خلیفہ ابوالعباس السفاح کا انتقال ہوا۔

754-775ء: عباسی خلیفہ ابوجعفر عبداللہ المنصور کا دورِ خلافت۔

762ء: ابوجعفر عبداللہ المنصور نے ہاشمیہ کو چھوڑ کر بغداد کو اپنا صدر مقام بنایا۔

775-785ء: خلیفہ مہدی کا دور حکومت۔

786-809ء: خلیفہ ہارون الرشید کا دور حکومت۔

809ء: عباسی خلیفہ ہارون الرشید کا انتقال۔

813-833ء: عباسی خلیفہ مامون الرشید کا دور حکومت۔

833ء: خلیفہ مامون الرشید کا 20 سال 5 ماہ کی حکومت کے بعد انتقال ہوا۔

833ء: المعتصم باللہ خلیفہ بنے۔

838ء: رومیوں کو مسلمانوں کے ہاتھوں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ انقرہ تباہ ہوگیا۔

842ء: خلیفہ المعتصم باللہ کا انتقال۔

847ء: خلیفہ واثق باللہ کا انتقال اور المتوکل علی اللہ نیا خلیفہ بنا۔

852ء: عبدالرحمٰن ثانی کی سپین میں وفات۔

868ء: طولونیہ اور صفاریہ خاندان کی ایران میں حکومت کی ابتدا۔

873ء: مسلمان سائنس دان یعقوب الکندی کا انتقال۔

900ء: عبدالرحمان سوم کے عہد حکومت میں سپین علم وادب کا مرکز بن گیا۔

912ء: سپین میں عبدالرحمٰن ثالث کی تخت نشینی۔

968ء: مصر میں فاطمی دور کا آغاز ہوا۔

972ء: قاہرہ میں جامعہ ازہر کا قیام عمل میں آیا۔

986-87ء: کابل اور پنجاب پر سبکتگین کا پہلا حملہ۔

997ء: سبکتگین کا انتقال۔

998ء: غزنی میں سلطان محمود کی تخت نشینی۔

1000ء: ہند چینی میں اسلامی حکومت کا قیام عمل میں آیا۔

1001ء: ہندوستان پر سلطان محمود غزنوی کا پہلا حملہ، پنجاب کے حکمران جے پال کو شکست ہوئی۔

1001ء: مشہور مسلمان سیاح اور سائنس دان البیرونی محمود غزنوی کے ہمراہ ہندوستان آیا۔

1004ء: سلطان محمود غزنوی نے بھیرہ پر حملہ کیا۔

1005ء: سلطان محمود غزنوی نے بٹھنڈہ پر قبضہ کرلیا۔

1006ء: سلطان محمود غزنوی کا ملتان پر قبضہ۔

1008ء: پشاور کی دوسری جنگ میں سلطان محمود غزنوی نے انند پال کی فوجوں کو شکست دی۔

1018ء: محمود غزنوی نے قنوج پر قبضہ کرلیا۔

1026ء: محمود غزنوی نے ہندوستان پر سترہواں حملہ کر کے سومنات کے مندر پر قبضہ کرلیا۔

1030ء: سلطان محمود غزنوی کا انتقال۔

1147-49ء: دوسری صلیبی جنگ کا آغاز۔

1175ء: محمد غوری نے ہندوستان پر حملہ کیا اور ملتان پر قبضہ کرلیا۔

1178ء: محمد غوری نے گجرات پر قبضہ کرلیا۔

1187ء: سلطان صلاح الدین ایوبی نے عیسائیوں کو شکست دے کر بیت المقدس پر قبضہ کرلیا۔

1191ء: ترائن کی پہلی لڑائی پرتھوی راج چوہان اور محمد غوری کے مابین لڑی گئی۔

1192ء: ترائن کی دوسری جنگ میں محمد غوری کے ہاتھوں پرتھوی راج کو شکست۔

1192ء: قطب الدین ایبک کا دہلی پر قبضہ۔
1196ء: پہلی صلیبی جنگ۔
1197ء: بختیار خلجی نے بنگال فتح کرلیا۔
1198ء: مسلمان فلسفی ابن رشد کا انتقال۔
1203ء: عیسائیوں نے قسطنطنیہ پر قبضہ کرلیا۔
1206ء: محمد غوری کا انتقال۔
قطب الدین ایبک ہندوستان کا حکمران بنا۔
1210-11ء: التمش کا دورِ حکومت۔
1217ء: پانچویں صلیبی جنگ کا آغاز۔
1231-32ء: قطب مینار کی تعمیر مکمل ہوئی۔
1236ء: التمش کا انتقال۔
التمش کا بیٹا رکن الدولہ فیروز شاہ حکمران بنا اور معزول ہوا۔
التمش کی بیٹی رضیہ سلطانہ ہندوستان کی حکمران بنی۔
1240ء: رضیہ سلطانہ کا قتل۔
1241ء: منگولوں نے لاہور پر قبضہ کرلیا۔
1246ء: نصیرالدین محمود دہلی کا حکمران بنا۔
1258ء: چنگیز خان کے پوتے ہلاکو خان کا بغداد پر حملہ اور بغداد کی تباہی۔
1266ء: ہندوستان میں نصیرالدین محمود کا انتقال۔ غیاث الدین بلبن حکمران بنا۔
1286ء: غیاث الدین بلبن کا انتقال۔
1290ء: کیقباد کا انتقال۔ جلال الدین فیروز خلجی تخت نشین ہوا۔
1292ء: علاؤالدین خلجی نے بھلسا (BHILSA) پر قبضہ کرلیا۔
.....منگولوں کا دہلی اور درہ خیبر کے درمیان کسی مقام پر حملہ۔
1296ء: علاؤالدین خلجی کی تخت نشینی۔
1297-1306ء: منگولوں نے سلطنت دہلی پر متعدد حملے کیے۔
1300ء: اسلام انڈونیشیا تک پھیل گیا۔
1301ء: علاؤالدین خلجی نے رنتھمبور کا مشہور قلعہ فتح کرلیا۔
1301ء: علاؤالدین خلجی نے چتوڑ فتح کرلیا۔
1305ء: خلجیوں نے مالوہ، اجین، مانڈو دھرا اور چندیری پر قبضہ کرلیا۔
1316ء: علاؤالدین خلجی کا انتقال۔
شہاب الدین عمر تخت نشین ہوا۔
1325ء: محمد تغلق تخت نشین ہوا۔
1329ء: محمد تغلق نے تانبے کے سکے جاری کیے۔
1333-34ء: مشہور سیاح ابن بطوطہ کی ہندوستان آمد۔
1342ء: ابن بطوطہ کی دہلی سے چین روانگی۔
1347ء: علاؤالدین بہمن شاہ نے دکن کا بادشاہ ہونے کا دعویٰ کیا۔
1361ء: فیروز تغلق نے نگرکوٹ یا کانگڑہ پر قبضہ کرلیا۔
1388ء: فیروز تغلق کا انتقال۔
غیاث الدین تغلق دوم تخت نشین ہوا۔
1393ء: تیمور کا بغداد پر قبضہ۔
1397ء: شمالی سماٹرا میں اسلامی حکومت کا قیام۔
1400-1500ء: عرب مسلمانوں نے انڈونیشیا، ملایا اور جنوبی فلپین کے علاقے فتح کرلیے۔
1406ء: ممتاز مسلمان فلسفی ابن خلدون کا انتقال۔
1453ء: عثمانی ترکوں کے استنبول پر قبضہ کرنے کے نتیجے میں بزنطینی سلطنت کا خاتمہ ہوگیا۔
1500ء: ایران پر صفوی خاندان برسراقتدار آیا۔
1512-20ء: عثمانی ترکوں نے شام، عربیہ اور مصر کے علاقے سلطان سلیم اول کی قیادت میں فتح کرلیے۔
1520-66ء: عثمانی ترک سلطنت میں یوگوسلاویہ، ہنگری، عراق، ایران، عربیہ اور شمالی افریقہ کے فتح کرنے میں توسیع ہوگئی۔ اس کا سہرا شاہ سلیمان اول کے سر رہا۔
1526-30ء: ظہیرالدین بابر نے ہندوستان میں مغلیہ سلطنت کی بنیاد رکھی۔ ہمایوں کی تخت نشینی (1530ء)۔

1556ء: اکبر کی تخت نشینی۔

1628ء: ایران میں شاہ عباس صفوی کا شاندار دور حکومت۔ ہندوستان میں شاہ جہاں کا دور حکومت۔

1632-52ء: شاہ جہاں نے تاج محل آگرہ تعمیر کرایا۔

1658-1707ء: ہندوستان میں اورنگ زیب عالمگیر کا شاندار دور حکومت۔

1698ء: عمان کے عرب سلطان نے پرتگیزیوں سے افریقہ کا مشرقی ساحل چھین لیا۔

1726-1729ء: آسٹریا اور روس سے جنگ کے بعد عثمانی ترکوں سے یوگوسلاویہ کا بیشتر علاقہ چھن گیا۔

1747ء: احمد شاہ ابدالی کا لاہور پر حملہ۔

1757ء: پلاسی کے میدان میں سراج الدولہ اور انگریزوں کی باہمی جنگ۔

1761ء: احمد شاہ ابدالی اور مرہٹوں کے مابین پانی پت کی تیسری لڑائی۔

1764ء: بکسر کی جنگ برطانیہ نے میر قاسم کو شکست دی۔

1767-69ء: سلطان حیدر علی کی انگریزوں کے ساتھ میسور کی پہلی جنگ' امن معاہدہ طے پایا۔

1768-1784ء: روس اور عثمانی ترکوں میں جنگ۔ روس نے کریمیا فتح کرلیا۔

1780-84ء: انگریزوں اور حیدر علی کی میسور کی دوسری جنگ۔ حیدر علی کو شکست ہوئی۔

1782ء: سلطان حیدر علی کا انتقال۔

1784ء: انگریزوں اور سلطان ٹیپو کے مابین معاہدہ منگلور طے پایا۔

1790-92ء: میسور کی تیسری جنگ۔ سرنگاپٹم کا معاہدہ طے پایا۔ ٹیپو سلطان کے بیٹے کو یرغمال بنالیا گیا۔

1797ء: کابل کے حکمران زمان شاہ نے لاہور پر حملہ کیا۔ نواب اودھ آصف الدولہ کا انتقال۔

1798ء: آصف الدولہ کے انتقال پر وزیر علی اودھ کا نواب بنا۔

1799ء: انگریزوں اور سلطان ٹیپو کے مابین میسور کی چوتھی جنگ۔ ٹیپو سلطان کی شہادت۔

1823ء: مصر کا سوڈان پر قبضہ۔

1843ء: انگریزوں نے سندھ کو فتح کرلیا۔

1856ء: انگریزوں نے واجد علی شاہ سے اودھ چھین لیا۔ کشمیر میں ڈوگرہ راج کی ابتداء۔

1857ء: میرٹھ شہر سے مسلمانوں نے جنگ آزادی کا آغاز کیا۔

..... بہادر شاہ ظفر نے بادشاہ ہونے کا اعلان کیا۔ مسلمانوں کو شکست اور بہادر شاہ ظفر کی جلاوطنی' دہلی پر انگریزوں کا قبضہ۔ (1858)

1869ء: مصر میں نہر سویز کا افتتاح۔

1876ء: بانی پاکستان حضرت قائداعظم کی کراچی میں پیدائش۔

1877ء: سرسید احمد خان کی تحریک علیگڑھ۔ روس اور ترکی کے مابین جنگ۔

1879ء: انگریزوں اور افغانستان کے مابین دوسری افغان جنگ۔

1901ء: شمالی مغربی سرحدی صوبے کا قیام عمل میں آیا۔

1905ء: بنگال کی تقسیم عمل میں آئی۔

1906ء: ڈھاکا میں آل انڈیا مسلم لیگ کا قیام عمل میں آیا۔

1908ء: بلغاریہ نے ترکی سے آزادی حاصل کرلی۔

1909ء: منٹو مارلے اصلاحات کے تحت مسلمانوں کے لیے علیحدہ حق رائے دہندگی کا نظام متعارف کرایا گیا۔

1911ء: لیبیا پر اٹلی کا قبضہ۔

1912-13ء: پہلی بلقانی جنگ' بلغاریہ' سربیا' مونٹی نیگرو اور یونان نے عثمانی ترکوں کو شکست دی۔

1919ء: جلیانوالہ باغ امرتسر میں انگریزوں نے ہزاروں ہندوستانیوں کا قتل عام کیا۔ (28 فروری)

1922ء: برطانیہ نے مصر کی خودمختار حیثیت کو تسلیم کرلیا۔ سلطنت عثمانیہ کا خاتمہ۔ (یکم نومبر)

1923ء: ترکی میں مصطفےٰ کمال پاشا صدر بنے۔

1924ء: ترکوں اور اتحادیوں کے مابین معاہدہ لوزان طے پایا۔

1925ء: ایران میں رضا شاہ پہلوی برسر اقتدار آئے۔

1927ء: برطانیہ نے نجد و حجاز کی آزادی کو تسلیم کرلیا۔

1929ء: قائداعظم نے اپنے مشہور چودہ نکات پیش کیے۔

1930ء: مولانا محمد علی جوہر کا انتقال۔
لندن میں پہلی گول میز کانفرنس کا انعقاد۔
علامہ اقبالؒ نے خطبہ الٰہ آباد میں تصور پاکستان پیش کیا۔

1932ء: عراق کو آزاد کردیا گیا۔

1935ء: قائداعظم نے مسلم لیگ کی تنظیم نو کی۔

1938ء: شاعر مشرق علامہ اقبالؒ کا انتقال۔

1940ء: آل انڈیا مسلم لیگ کے ستائیسویں اجلاس میں قرارداد پاکستان منظور کی گئی۔ اسے مولوی فضل الحق نے پیش کیا تھا۔

1944ء: تہران کانفرنس میں ایران کی خودمختاری کی ضمانت دی گئی۔

1945ء: عرب لیگ کا قیام عمل میں آیا۔ لبنان کی آزادی۔

1946ء: اردن آزاد ہوگیا۔

1947ء: برصغیر کی آزادی کے نتیجے میں پاکستان کا قیام عمل میں آیا۔
آزاد کشمیر حکومت کا قیام۔ (اکتوبر)

1948ء: حضرت قائداعظم کا انتقال۔ حیدرآباد دکن پر بھارت کا قبضہ۔

1949ء: فلسطین میں جنگ بندی۔ مصر اور اسرائیل کے مابین جنگ بندی کے معاہدے پر دستخط۔

1951ء: اردن کے شاہ عبداللہ اور پاکستان کے وزیراعظم لیاقت علی خان کی شہادت۔

1953ء: پاکستان میں تحریک ختم نبوت کا آغاز۔

1956ء: پاکستان میں پہلے آئین کا نفاذ
.....سوڈان کی آزادی۔
.....دوسری عرب اسرائیل جنگ۔
.....مصر کا نہر سویز کو قومیانے کا اعلان۔

1958ء: عراق اور پاکستان میں فوجی انقلابات۔

1960ء: مالی، کیمرون، سینی گال اور ماریطانیہ کی آزادی۔

1961ء: بحرین کی آزادی۔

1962ء: الجزائر کو فرانس سے آزادی ملی۔

1964ء: ایران، پاکستان اور ترکی کے مابین معاہدہ آر سی ڈی۔

1965ء: پاک بھارت جنگ۔
.....الجزائر میں صدر احمد بن بیلا کی حکومت کا خاتمہ۔

1966ء: روس کی کوششوں سے پاکستان اور بھارت میں معاہدہ تاشقند طے پایا۔

1967ء: مشرق وسطیٰ میں عرب اسرائیل جنگ اور صحرائے سینا پر اسرائیل کا قبضہ۔

1967ء: دنیا کے ایک بڑے ڈیم (منگلا ڈیم) کا افتتاح ہوا۔

1969ء: پاکستان میں ہنگامی حالت کا خاتمہ۔ صدر ایوب مستعفی ہوگئے اور یحییٰ خان نئے صدر بنے۔
.....لیبیا میں کرنل معمر القذافی نے شاہ ادریس کی حکومت کا تختہ الٹ دیا۔
.....مراکش کے دارالحکومت رباط میں 26 اسلامی ممالک کے سربراہوں کی کانفرنس۔ بیت المقدس کے ایک حصے کو آگ لگانے پر اسرائیلی جارحیت پر غور۔

1970ء: نائیجیریا میں خانہ جنگی کا خاتمہ۔

1971ء: عرب جمہوریہ مصر کے صدر انور سادات نے عظیم آبی منصوبے اسوان ڈیم کا افتتاح کیا۔
مشرقی پاکستان کو بھارت نے جارحیت کے ذریعے بنگلہ دیش میں تبدیل کردیا۔
.....ایران میں ایرانی شہنشاہیت کا 25 سو سالہ جشن منایا گیا۔ (11 اکتوبر)

1972ء: پاکستان کی دولت مشترکہ سے علیٰحدگی۔
.....پاکستان اور بھارت کے مابین معاہدہ شملہ طے پایا۔
1973ء: مصری فوج نے صحرائے سینا کا علاقہ اسرائیل سے واپس لے لیا۔
1974ء: پاکستان میں دوسری اسلامی سربراہی کانفرنس کا لاہور میں انعقاد۔
1975ء: سعودی عرب کے شاہ فیصل کو شہید کر دیا گیا۔
1977ء: فرانس نے پاکستان کو ایٹمی پلانٹ دینے کا اعلان کیا۔
1979ء: امام خمینی کی قیادت میں ایران میں اسلامی انقلاب۔
شاہ رضا شاہ پہلوی کو تاج و تخت چھوڑنا پڑا۔
..... 80 ہزار روسی افواج افغانستان میں داخل ہوگئیں۔
1980ء: اقوام متحدہ نے افغانستان سے روسی فوجوں کے انخلا کی قرارداد منظور کی۔
1981ء: اسرائیل نے جارحیت کے ذریعے عراق کی ایٹمی تنصیبات کو مکمل طور پر تباہ کر دیا۔
1982ء: اسرائیل نے لبنان پر حملہ کر کے فلسطینیوں کو وہاں سے نکلنے پر مجبور کر دیا۔
1983ء: سٹیٹ بنک آف پاکستان نے پیغمبر خدا حضور ﷺ کی مہر والا سکہ ترکی سے حاصل کر لیا۔
1985ء: پاکستان کے سید شریف الدین پیرزادہ نے اسلامی کانفرنس کے سیکرٹری جنرل کا عہدہ سنبھالا۔
..... فلسطینی ریاست کے قیام پر شاہ حسین اور یاسر عرفات کے مابین معاہدہ طے پا گیا۔
1986ء: لیبیا پر 50 امریکی طیاروں کا حملہ، 70 افراد ہلاک۔
.....بحرین کو سعودی عرب سے ملانے والے 2.1 کلومیٹر لمبے پل کا افتتاح۔
1987ء: پاکستانی سائنس دان ڈاکٹر امان اللہ نے کشش ثقل کا نیا نظریہ پیش کیا۔
1989ء: افغانستان سے روسی فوجوں کا انخلا۔
.....پاکستان نے مکران کے ساحل پر دور مار میزائلوں کا کامیاب تجربہ کیا۔
.....ہنگری میں اسلام کو سرکاری مذہب تسلیم کر لیا گیا۔
1990ء: پاکستانی سائنس دانوں کا تیار کردہ پہلا مصنوعی سیارہ بدر اول زمین کے مدار میں چھوڑا گیا۔
.....عراق کا کویت پر حملہ اور مکمل قبضہ۔ (اگست)
1991ء: امریکا اور اس کے اتحادیوں نے کویت کو آزاد کرا لیا۔
.....سابق سوویت یونین کی مسلمان ریاستوں کا اعلان آزادی۔
1992ء: بوسنیا ہرزیگووینا آزاد ہو گیا۔
.....ایودھیا (بھارت) میں بابری مسجد کا انہدام۔
1993ء: اری ٹیریا ایتھوپیا کے تسلط سے آزاد ہو گیا۔
1994ء: اسرائیل اور فلسطین کے مابین کشیدگی ختم کرنے کا معاہدہ طے پایا۔
1995ء: عراق کے صدر صدام حسین نے مہلک ہتھیاروں کی تیاری کا انکشاف کیا۔
1996ء: یاسر عرفات فلسطین اتھارٹی کے پہلے صدر منتخب ہوئے۔
1998ء: پاکستان نے ایٹمی دھماکا کیا۔ (مئی 28)
1999ء: چیچنیا میں شریعت کا نفاذ اور روس کے خلاف اعلان جنگ۔
2000ء: اسرائیلی کابینہ نے فلسطین کو مغربی کنارے کا 6.1 فی صد مزید رقبہ دینے کا اعلان کیا۔
2001ء: افغانستان کی طالبان حکومت کے خلاف اقوام متحدہ کی پابندیوں کا نفاذ۔
.....افغانستان پر امریکا اور اس کے اتحادیوں کا حملہ اور قبضہ اور عبوری حکومت کا قیام۔
.....سلامتی کونسل نے اسامہ بن لادن کے اثاثے منجمد کر دیے۔

2002ء: امریکا کی مدد سے انڈونیشیا کا صوبہ مشرقی تیمور آزاد کرا لیا گیا۔

2003ء: امریکا اور اس کے اتحادیوں نے عراق پر قبضہ کرلیا۔

2004ء: لیبیا کی جانب سے ایٹمی پروگرام ختم کرنے کا اعلان۔

.....حماس کے روحانی پیشوا شیخ احمد یاسین کی اسرائیل کے ہاتھوں شہادت اور اقوام متحدہ کی قرارداد مذمت۔

.....ایران میں خواتین کو مساوی وراثت دینے کا بل منظور۔

.....سوڈانی حکومت اور باغیوں کے مابین سمجھوتہ طے پایا۔

2005ء: صومالیہ کے دارالحکومت موگادیشو پر اسلامی قوتوں کا قبضہ۔

.....ایران کو یورینیم کو افزودہ کرنے پر امریکی دھمکی۔

2006ء: ایرانی پارلیمنٹ نے ایندھن کی راشن بندی کو مسترد کردیا۔

.....لبنان پر اسرائیلی حملہ اور چند علاقوں پر قبضہ اور انخلاء۔

.....چاڈ میں نسلی فسادات اور خونریز تصادم 220 افراد ہلاک۔(10 نومبر)

تاریخ عالم کے اہم واقعات

قبل از تاریخ:

5,00,00,00,000: زمین سورج سے علیحدہ ہوئی۔ سائنس دانوں کے نزدیک زمین کی عمر 5 ارب سال ہے۔

2,00,00,00,000: زمین پر زندگی کا آغاز ہوا۔

17,00,000: پتھر کا عہد شروع ہوا۔

قبل از مسیح:

50,000: انسان نے آگ کا استعمال سیکھا۔

8000: کپڑے اور برتنوں کو شکل دی گئی۔

5000: مصر اور عراق میں انسانی زندگی کا آغاز۔

4000: طوفان نوح۔ سوسہ کی بنیاد پڑی۔

2980: میمفس مصر کا صدر مقام قرار پایا۔

2435: نینوا شہر کی تعمیر شروع کی گئی۔

1450: حضرت موسیٰؑ نے اسرائیلیوں کو مصر سے نکال دیا۔

1115: چین میں مقناطیسی سوئی کی ایجاد۔

1012: یروشلم میں بیت المقدس کی تعمیر۔

776: یونانیوں نے پہلے اولمپک کھیلوں کا آغاز کیا۔

753: رومولس نے روم (اٹلی) کی بنیاد رکھی۔

660: جاپان کے پہلے بادشاہ کی تخت نشینی۔ زرتشت مذہب کے بانی کی پیدائش۔

621: ڈریکو نے یونان میں ضابطۂ قانون وضع کیا۔

612: نینوا کا سقوط۔

597: اہل بابل نے یروشلم فتح کیا۔

551: چین کے سماجی فلسفہ دان کنفیوشس کی پیدائش۔

479: اہل فارس پر یونانیوں نے فتح حاصل کرلی۔ کنفیوشس کی موت۔

446: سائراکیوز میں جمہوریت کا آغاز ہوا۔

427: حکیم افلاطون کی پیدائش۔

405: سپارٹا کو یونان پر غلبہ حاصل ہوگیا۔

356: سکندر اعظم کی مقدونیہ میں پیدائش۔

326: سکندر اعظم نے ہندوستان پر حملہ کردیا۔

323: سکندر اعظم کی وفات (3 جون)

322: یونان کے ممتاز فلسفی ارسطو کی موت۔

321: سلطنت موریہ نے شمالی ہند کو متحد کیا۔

272: ہندوستان میں جین مت اور بدھ مت کا عروج۔

264: اہل روم اور کارتھیج کے مابین پہلی پیونک جنگ۔

208: دوسری پیونک جنگ۔

214: دیوار چین کی تعمیر کا آغاز۔

212: سائراکیوز میں ارشمیدس کی ہلاکت۔

201: دوسری جنگ پیونک کا خاتمہ۔ رومیوں نے اہل کارتھیج سے سپین واپس لے لیا۔

200: دوسری جنگ مقدونیہ کا آغاز۔

165: یہودیوں کی بغاوت' یہودیوں کی آزاد سلطنت کا قیام۔

121ق م: رومن افواج نے مقدونیہ' یونان' ترکی اور جنوبی فرانس کے علاقے کو فتح کرلیا۔

108: چین نے کوریا فتح کرلیا۔

105: چین نے کاغذ ایجاد کیا۔

100: ہندوستان پر کشن خاندان کی حکومت کا قیام۔

58-44: رومی جرنیل جولیس سیزر نے فرانس فتح کرلیا اور جرمنی' برطانیہ اور مصر پر حملہ کردیا اور خود روم کا ڈکٹیٹر بن گیا۔ جولیس سیزر بروٹس کے ہاتھوں قتل ہوا۔

4: بیت اللحم میں حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش۔

سن عیسوی:

25-57ء: چینی شہنشاہ کوانگ ووتی نے چین میں ہن خاندان کی بنیاد رکھی۔ چین میں بدھ مت کا تعارف کرایا گیا۔ چینی فوج نے ویت نام فتح کرلیا۔

30ء: عیسائیوں کے عقیدے کے مطابق حضرت عیسیٰؑ کو مصلوب کیا گیا لیکن مسلمان اس عقیدے کو از روئے قرآن تسلیم نہیں کرتے۔

43-122ء: رومی فوج نے انگلستان فتح کرلیا۔ شہنشاہ ہیڈرین نے انگلستان اور سکاٹ لینڈ کے مابین دیوار ہیڈرین تعمیر کرائی۔ (122-127ء)

64ء: رومی شہنشاہ نیرو نے عیسائیوں کا قتل عام کرایا۔ ان پر روم کی مقدس عمارتوں کو تباہ کرنے کا الزام بھی تھا۔

68ء: رومی شہنشاہ نیرو کی ہلاکت واقع ہوئی۔

71-80ء: روم میں کولوسیم کی تعمیر۔

117-138ء: رومی شہنشاہ ہیڈرین نے روم کے لیے قوانین مرتب کیے۔ ڈاک کا نظام رائج کیا۔ روم میں پارتھینون سمیت کئی عمارتوں کی تعمیر عمل میں آئی۔

306-337ء: رومی شہنشاہ کنسٹنٹائن اول نے قسطنطنیہ (استنبول) کی بنیاد رکھی۔

320ء: ہندوستان میں گپت خاندان کی بنیاد پڑی۔

407ء: رومیوں نے برطانیہ خالی کردیا۔

481ء: کلووس اول نے فرانس اور جنوبی جرمنی میں پیرس کو دارالحکومت قرار دے کر فرانکس سلطنت کی بنیاد رکھی۔

502-549ء: بدھ مت چین کا سرکاری مذہب قرار پایا۔

568-586ء: وزگاتھیوں نے سپین کو فتح کرلیا۔

589ء: سوئی خاندان نے چینی سلطنت کو متحد کیا اور دیوار چین از سرنو تعمیر کرائی۔

590-640ء: اٹلی میں پاپائی ریاستوں کا قیام عمل میں آیا۔

768-814ء: فرانکوں کے بادشاہ شارلمین نے جرمنی اور شمالی اٹلی کو فتح کرکے اپنی سلطنت میں توسیع کرلی۔

814ء: شارلمین کی وفات۔

878ء: انگلستان کے الفریڈ اعظم نے ڈنمارک کے حکمرانوں کو شکست دی۔

1066ء: ولیم فاتح کی قیادت میں نارمنوں نے انگلستان پر حملہ کردیا جس نے شاہ ہیرلڈ دوم کو ہیسٹنگز کی لڑائی میں شکست فاش دی۔ (14 اکتوبر)

1096ء: پہلی صلیبی جنگ کا آغاز۔

1099ء: عیسائیوں نے یروشلم پر قبضہ کرلیا۔

1100ء: مغربی افریقہ میں ٹمبکٹو کی بنیاد پڑی۔

1106ء: انگلستان کے شاہ ہنری اول نے شمالی فرانس پر حملہ کرکے اس پر قبضہ کرلیا۔

1147-1149ء: دوسری صلیبی جنگ کا آغاز ہوا۔

1150-1167ء: فرانس میں پیرس یونیورسٹی اور انگلستان میں آکسفورڈ یونیورسٹیوں کی بنیاد پڑی۔

1200-1338ء: پیرو میں انکا تہذیب کا فروغ۔ بڑے شہر اور سڑکیں تعمیر کی گئیں۔

1200-1250ء: وسطی امریکا میں مایان تہذیب کا دور۔

1204-1202ء: چوتھی صلیبی جنگ کا آغاز۔
1203ء: عیسائیوں نے قسطنطنیہ پر قبضہ کرلیا۔
1215ء: شاہ انگلستان نے میگنا کارٹا پر دستخط کیے۔
1221ء: چنگیز خان نے ہندوستان پر حملہ کردیا۔
1241-1237ء: منگولوں نے روس فتح کرلیا۔
1254-1248ء: ساتویں صلیبی جنگ۔
1294-1260ء: چین پر قبلائی خاندان کی حکومت۔ پیکنگ دارالحکومت بنا۔
1265ء: انگلستان کی پہلی پارلیمنٹ کا اجلاس سائمن ڈی مانٹفرٹ کی صدارت میں منعقد ہوا۔
1273-1269ء: چینیوں نے منگولوں کے خلاف جنگ میں پہلی بار بارود کا استعمال کیا۔
1270ء: آٹھویں صلیبی جنگ، فرانس کے شاہ لوئی نہم کا انتقال۔
1295-1271ء: وینس کے مارکوپولو نے منگول سلطنت کے آر پار اپنا سفر مکمل کرلیا۔
1307-1272ء: پہلی بار انگلستان، ویلز اور سکاٹ لینڈ کو متحد کرکے برطانیہ عظمیٰ کے قیام کا اعلان کیا گیا۔
1297ء: چین میں قطب نما ایجاد کیا گیا۔
1300ء: یورپ کی نشاۃ ثانیہ کا آغاز۔
1308-1307ء: ولیم ٹیل کی مدد سے سوئٹزرلینڈ نے آسٹریا سے آزادی حاصل کرلی۔
1398-1368ء: چین میں شاہ پیونگ وو نے منگ خاندان کی بنیاد رکھی۔
1382-1376ء: جان وائی کلف اور اُن کے ساتھیوں نے انجیل کا انگریزی ترجمہ کیا۔
1381ء: انگلستان میں کسانوں کی بغاوت۔ انگلستان میں جہازرانی کا قانون منظور ہوا۔
1412-1317ء: ڈنمارک، ناروے اور سویڈن کو ملکہ مارگریٹ کے تحت متحد کیا گیا۔

1399ء: انگلستان میں بغاوت۔ شاہ رچرڈ دوم کو مطلق طاقت حاصل کرنے کا دوبارہ دعویٰ کرنے پر قید میں ڈال دیا گیا۔ پارلیمنٹ نے ہنری چہارم کو تخت پر بٹھادیا۔
1431ء: جون آف آرک کو زندہ جلادیا گیا۔
1454ء: جان گاٹن برگ نے جرمنی میں چھاپہ خانہ قائم کیا۔
1485-1455ء: گلابوں کی جنگ۔ ٹیوڈور خاندان کی بنیاد رکھی گئی۔
1493-1492ء: کرسٹوفر کولمبس نے امریکا دریافت کیا۔
1519-1495ء: لیونارڈ ڈاونچی نے مونالیزا کا عالمی شہرت یافتہ شاہکار تشکیل دیا۔
1497-1495ء: جہازران واسکوڈے گاما نے افریقہ سے ہندوستان تک چکر لگایا۔
1500ء: برازیل کی دریافت۔ پرتگیزیوں نے کالی کٹ (کال کتہ) میں اپنی پہلی فیکٹری قائم کی۔
1506ء: جہازراں کولمبس کا انتقال ہوگیا۔
1517ء: جرمنی میں اصلاحات کا آغاز۔
1522-1519ء: ہسپانوی جہازراں میگلیکن جس نے دنیا کے گرد اپنا چکر مکمل کیا تھا۔ 1521ء میں فلپین میں مارا گیا۔
1527ء: چارلس پنجم نے اٹلی پر قبضہ کرلیا۔
1600ء: برطانوی ایسٹ انڈیا کمپنی کا قیام عمل میں آیا۔
1640ء: پرتگال نے سپین سے آزادی حاصل کرلی۔
1668ء: ایسٹ انڈیا کمپنی کا بمبئی (اب ممبئی) پر قبضہ۔
1679ء: انگلستان میں ہیبیس کارپس ایکٹ کی منظوری۔
1689-1688ء: انگلستان میں شاندار انقلاب رونما ہوا۔
1698ء: انگلستان میں بھاپ کے انجن کا پہلا باقاعدہ تجربہ کیا گیا۔
1701ء: شاہ فریڈرک اول نے مشرقی جرمنی میں پروشیا سلطنت کی بنیاد رکھی۔
1715ء: پروشیا اور سویڈن کے مابین جنگ میں لوئی چہاردہم مارا گیا۔
1742-1721ء: برطانیہ میں کابینہ کا نظام رائج کیا۔

1743-1741ء: سویڈن نے روس پر حملہ کر کے شکست کھائی۔
1763-1756ء: سات سالہ جنگ میں برطانیہ اور پروشیا نے فرانس، آسٹریا، سپین اور روس کو شکست دی۔
1757ء: برطانیہ نے بنگال کا کنٹرول اپنے ہاتھ میں لے لیا۔
1764-69ء: انگلستان میں رچرڈ آرک رائٹ اور جیمز ہارگریوز نے کپڑے کی پہلی مل قائم کی۔
1772ء: برطانیہ میں غلامی کو قانوناً ممنوع قرار دے دیا گیا۔
1776ء: برطانوی حکومت نے امریکا کو آزاد حیثیت سے تسلیم کرلیا۔
1802ء: نپولین کو تاحیات فرانس کا سربراہ مملکت مقرر کیا گیا۔ سپین کا برطانیہ کے خلاف اعلان جنگ۔
1805ء: نپولین کی فوجوں نے آسٹریا اور روس کی فوجوں کو شکست سے دوچار کر دیا۔
1811ء: پیراگوئے نے سپین سے اپنی آزادی کا اعلان کر دیا۔
1815ء: جنگ واٹرلو میں نپولین کو شکست، اسے سینٹ ہلینا میں جلاوطن کر دیا گیا۔
1821ء: نپولین کا سینٹ ہلینا میں انتقال۔ میکسیکو نے سپین سے آزادی حاصل کرلی۔
1824ء: رنگون (برما) پر انگریزوں کا قبضہ ہو گیا۔
1830ء: فرانس میں انقلاب۔ چارلس دہم کو معزول کر دیا گیا۔
1839-42ء: برطانیہ اور چین کے مابین جنگ افیون لڑی گئی۔
1840ء: برطانیہ میں پینی ڈاک ٹکٹ کا اجرا ہوا۔
1848ء: فرانس میں انقلاب۔ بادشاہت کا خاتمہ۔ نپولین اول صدر بنا۔
1849ء: روس کا ہنگری پر حملہ اور فرانس کا روم پر قبضہ۔
1851ء: آسٹریلیا میں سونے کی کانوں کی دریافت۔
1855-1868ء: ایتھوپیا کو متحد کر دیا گیا۔
1856-1870ء: کوریا میں عیسائیوں کا قتل عام۔
1857-58ء: چین میں دوسری افیون جنگ۔
1859ء: چارلس ڈارون کے نظریہ ارتقا کی اشاعت۔
1878ء: بجلی کی روشنی کا پہلی بار استعمال، دنیا میں پہلے ٹیلی فون ایکسچینج نے کام شروع کر دیا۔
1886ء: ٹرانسوال میں سونے کی کانوں کی دریافت۔ بالائی برما پر برطانیہ کا قبضہ۔
1894ء: چین جاپان جنگ۔ مانچسٹر شپ کینال کا اجرا۔ جاپان کا کوریا اور فارموسا پر قبضہ۔
1896ء: ایتھنز (یونان) جدید اولمپک کھیلوں کا اجرا۔
1898ء: سپین امریکا جنگ میں امریکا نے کیوبا، پورٹو ریکو اور فلپین پر سپین کے اقتدار کا خاتمہ کر دیا۔
1900ء: چین میں باکسروں کی جنگ۔
1901ء: دولت مشترکہ آسٹریلیا کا قیام عمل میں آیا۔ ٹرانس سائبیرین ریلوے کا افتتاح۔
1902ء: کیوبا نے آزادی حاصل کرلی۔ امریکی دستے کیوبا سے واپس چلے گئے۔
1903ء: پانامہ نے اپنی آزادی کا اعلان کر دیا۔ امریکا نے نہر پانامہ کی تعمیر کے حقوق حاصل کر لیے۔
.....رائٹ برادران نے امریکا میں ہوائی جہاز کی اڑان کا تجربہ کیا۔ یہ تجربہ کٹی ہاک میں کیا گیا۔
1904ء: روس، برطانیہ اور فرانس میں اتحاد ثلاثہ۔ روس اور جاپان کی جنگ میں روس کو شکست کا سامنا کرنا پڑا۔
1905ء: پورٹ آرتھر پر جاپان کی فتح۔ آئن سٹائن نے مقداری نظریہ تناسب پیش کیا۔
1908ء: آسٹریا نے عثمانی ترک سلطنت سے بوسنیا ہرزی گووینا کے علاقے چھین لیے۔ بلغاریا نے ترکی سے آزادی حاصل کرلی۔
1912-13ء: جنگ بلقان میں بلغاریا، یونان، مونٹی نیگرو اور سربیا نے 1913ء کی دوسری جنگ میں ترکی کو شکست دی۔
1912ء: برطانیہ کا بحری جہاز ٹائی ٹینک بحر اوقیانوس میں ڈوب گیا۔ 1517ء افراد ہلاک ہوئے۔
1914-18ء: پہلی جنگ عظیم۔

1918ء: امریکا کے صدر ولسن نے 14 نکات کا اعلان کیا۔

1919ء: معاہدہ ورسائی طے پایا جس کے نتیجے میں لیگ آف نیشنز کا قیام عمل میں لایا گیا۔

1928ء: چیانگ کائی شیک نے چین میں قوم پرست حکومت کی بنیاد ڈالی۔

1931ء: برطانوی دولت مشترکہ کا قیام عمل میں آیا۔ سپین میں بادشاہت کا خاتمہ۔

1933ء: ٹیلر جرمنی کا چانسلر بنا۔

1939-45ء: دوسری جنگ عظیم لڑی گئی۔

1942ء: شکاگو یونیورسٹی میں ایٹم کو توڑنے کا کامیاب تجربہ کیا گیا۔

1945ء: یالٹا' پوٹسڈم' سان فرانسسکو کانفرنسیں' اقوام متحدہ کا قیام عمل میں آیا۔ امریکا نے جاپان کے دو شہروں ہیروشیما اور ناگاساکی پر ایٹم بم گرائے۔ ہزاروں افراد ہلاک ہوگئے۔

1946ء: لندن میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا پہلا اجلاس منعقد ہوا۔ (10 جنوری)

1947ء: برصغیر پاک و ہند کی تقسیم۔ بھارت اور پاکستان آزاد مملکتیں قرار پائیں۔

1949ء: معاہدہ نیٹو طے پایا۔

1953ء: ایڈمنڈ ہلیری نے پہلی بار ماؤنٹ ایورسٹ سر کیا۔

1954ء: پہلی ایٹمی آبدوز سمندر میں اتار دی گئی۔

1956ء: پہلے ایریل ہائیڈروجن بم کا کامیاب تجربہ۔ نہر سویز (مصر) کو قومیانے کا اعلان۔

1957ء: روس نے اپنا پہلا مصنوعی سیارہ سپتنک اول زمین کے مدار میں بھیجا۔

1961ء: امریکا اور کیوبا کے سفارتی تعلقات منقطع ہوگئے۔ یوری گیگارین نے پہلی مرتبہ خلا میں پرواز کی۔ مغربی جرمنی اور مشرقی جرمنی کے مابین دیوار برلن کی تعمیر۔

1962ء: بھارت اور چین کے مابین جنگ بند ہوگئی۔

1963ء: مغربی جرمنی اور فرانس نے چار سو سالہ پرانا تنازعہ ختم کرنے کا معاہدہ طے کیا۔

.....روس نے پہلی خاتون خلاباز ویلنتینا تریشکوفا کو خلا میں بھیجا۔

1965ء: رہوڈیشیا میں سفید فام اقلیتی حکومت نے آزادی کا یکطرفہ اعلان کر دیا۔

1967ء: مشرق وسطیٰ میں عرب اسرائیل جنگ۔ اسرائیل نے عربوں کے متعدد علاقوں پر قبضہ کر لیا۔

1969ء: امریکا کا خلائی جہاز اپالو 11 تین خلابازوں کو لے کر چاند کی سطح پر اترا۔ (21 جولائی)

.....رباط میں عالم اسلام کے سربراہوں کی پہلی کانفرنس۔

1970ء: چین نے اپنا خلائی سیارہ خلا میں چھوڑا۔

1971ء: امریکا نے اوکی ناوا کا جزیرہ جاپان کو واپس دینے کا اعلان کیا۔ روس اور بھارت کے مابین بیس سالہ دفاعی معاہدہ طے پایا۔ ایرانی شہنشاہیت کا پچیس سو سالہ جشن منایا گیا۔ (11 اکتوبر)

1973ء: پیرس میں امریکا اور ویت نام کے مابین معاہدوں پر دستخط۔ دنیا کی طویل ترین جنگ بند ہوگئی۔ افغانستان میں بادشاہت کا خاتمہ۔

1974ء: وائٹ ہاؤس نے واٹر گیٹ سکینڈل کا وائٹ پیپر شائع کر دیا۔

1975ء: پرتگال نے انگولا کو آزاد کر دیا۔

1976ء: امریکا نے اپنے قیام کی 200ویں سالگرہ منائی۔

1981ء: ایڈز کے مرض کی نشاندہی کی گئی۔

1982ء: برطانیہ اور آرجنٹینا میں فاک لینڈ جزیرے کے تنازعہ کے سلسلہ میں جنگ۔ برطانیہ نے جنگ جیت لی۔ اسرائیل نے لبنان میں پی ایل او پر حملے کیے۔

1984ء: امریکا اور ویٹیکن کے مابین 116 سال کے بعد سفارتی تعلقات قائم ہوگئے۔

1988ء: کینیڈا اور امریکا کے مابین آزاد تجارت کا معاہدہ طے پایا۔

1991ء: سوویت یونین کے حصے بخرے ہوگئے۔ سوویت ریاستوں نے اپنی آزادی کا اعلان کردیا۔

1992ء: یوگوسلاویہ کی فیڈریشن تحلیل ہوگئی۔

1993ء: چیکوسلوواکیہ بھی دو حصوں' جمہوریہ چیک اور سلووک' میں تقسیم ہوگیا۔

1994ء: شمالی امریکا کا آزاد تجارتی معاہدہ طے پایا۔

1995ء: آسٹریا' فن لینڈ اور سویڈن یورپی یونین کے رکن بنے۔

1996ء: روزلین انسٹی ٹیوٹ میں کلوننگ کے ذریعے ایک بھیڑ ڈولی کی پیدائش۔

1997ء: روس کے صدر یلسن نے چیچنیا کے ساتھ امن معاہدہ طے کیا۔

..... برطانیہ نے ہانگ کانگ کو چین کے حوالے کردیا۔

1998ء: کلوننگ کے ذریعے دنیا کی پہلی بھیڑ نے ایک میمنی کو جنم دیا۔(13 اپریل)

1999ء: یورپی یونین کے گیارہ ممالک میں یورو کرنسی رائج کر دی گئی۔(یکم جنوری)

انڈونیشیا اور پرتگال کے مابین مشرقی تیمور کے مسئلے پر معاہدہ طے پا گیا۔

مشرقی تیمور کے باشندوں نے آزادی کے حق میں ووٹ ڈالے۔(4 ستمبر)

چین نے اپنا پہلا غیر انسانی خلائی جہاز خلا میں چھوڑا۔(29 نومبر)

چین نے 442 سال کے بعد میکاؤ کا اقتدار پرتگال سے حاصل کرلیا۔(19 دسمبر)

2000ء: برطانوی سائنس دانوں نے الزہیمر کا علاج دریافت کرلیا۔

چین نے نئے بین البراعظمی میزائل DF-37 کا کامیاب تجربہ کیا۔

اسرائیل غزہ کے سو فیصد اور مغربی اردن کے 95 فیصد رقبے پر مشتمل فلسطینی مملکت کو تسلیم کرنے پر آمادہ ہوگیا۔

2001ء: افریقی اتحاد کی تنظیم کا نام تبدیل کر کے افریقی یونین رکھ دیا گیا۔(9 جولائی)

نامعلوم دہشت گردوں نے اغوا شدہ جہازوں سے نیویارک کا ورلڈ ٹریڈ سینٹر زمین بوس کر دیا۔ نیز پینٹا گون کو بھی نشانہ بنایا۔(11 ستمبر)

2002ء: یورو 12 ممالک میں قانونی سکہ بن گیا۔(جنوری)

ایسٹ تیمور ایک آزاد مملکت بن گیا۔(مئی)

تامل ٹائیگرز نے سری لنکا سے ایک معاہدے کے تحت جافنہ کی خودمختاری کے مطالبے کو ختم کرنے کا اعلان کیا۔

2003ء: امریکا نے عراق پر حملہ کر کے اس پر قبضہ کرلیا۔

2004ء: امریکا نے لیبیا پر عائد اقتصادی اور فوجی پابندیاں ختم کرنے کا اعلان کیا۔

2005ء: سوڈانی حکومت اور باغیوں کے مابین 20 سال کے بعد تقریباً بیس لاکھ افراد کی ہلاکت کے نتیجے میں معاہدہ امن طے پایا۔

2006ء: لبنان پر اسرائیلی حملے' بمباری سے بیروت اور دیگر شہر مکمل طور پر تباہ ہوگئے۔ لبنان میں مقیم حزب اللہ نے اسرائیلی جارحیت کا 34 روز تک ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ بالآخر اگست میں معاہدہ امن طے پا گیا۔

شمالی کوریا نے ایٹمی دھماکا کیا جس کے نتیجے میں اس پر اقوام متحدہ نے پابندیاں عائد کردیں۔ سربیا اور مونٹی نیگرو دو علیحدہ علیحدہ مملکتیں بن گئیں۔

2007ء: کینیا نے صومالیہ کے ساتھ اپنی سرحد بند کر دی۔(3 جنوری)

فجی کے انقلابی رہنما کمانڈر بینی ماران (Bainimarama) نے اقتدار فجی کے سابق صدر راتو جوزیفا الائلو کو سونپنے کا فیصلہ کیا(4 جنوری)

بش انتظامیہ نے فلسطین کے صدر محمود عباس کے حفاظتی انتظامات کی مضبوطی کے لئے 86 ملین ڈالر دینے کا اعلان کیا۔(5 جنوری)

سعودی عرب نے امریکا سے مطالبہ کیا کہ وہ اپنی عراق پالیسی پر نظرثانی کرے (6 جنوری)

اسرائیل کے ایران کی ایٹمی تنصیبات کی تباہی کے منصوبے کا انکشاف ہوا۔ (7 جنوری)

قازستان کے وزیراعظم دانیال احمدوف مستعفی ہوگئے (8 جنوری)

جاپان میں پہلی مرتبہ وزارت دفاع کا قیام عمل میں لایا گیا۔ (9 جنوری)

پاکستان.....ایک نظر میں

بانی پاکستان: حضرت قائداعظم محمد علی جناح (1876ء۔1948ء)

سرکاری نام: بمطابق دساتیر 1956ء، 1962ء اور 1973ء اسلامی جمہوریہ پاکستان۔

نام کی وجہ تسمیہ: کیمبرج یونیورسٹی کے ایک طالب علم چودھری رحمت علی نے 1933ء میں لفظ پاکستان، پنجاب، افغان (صوبہ سرحد کے پٹھان) اور کشمیر کے ابتدائی حروف پ، ا، ک اور بلوچستان کے آخری چار حروف س۔ت۔ا۔ن کو ملا کر بنایا۔

پاکستان کا لغوی مطلب: لغوی اعتبار سے اس کا مطلب ہے پاک لوگوں کی سرزمین۔

یوم آزادی: 14 اگست 1947ء بمطابق 27 رمضان المبارک 1362ھ بروز جمعرات۔

آزادی دینے والے ملک کا نام: برطانیہ۔

محل وقوع: یہ 30ء23 سے 45ء36 درجے شمالی عرض بلد اور 61 سے 31ء75 درجے مشرقی طول بلد کے مابین پھیلا ہوا ہے۔ مغرب میں ایران، مشرق اور جنوب مشرق میں بھارت، شمال اور شمال مغرب میں افغانستان واقع ہیں۔ شمال میں گلگت اور بلتستان کی سرحد چین سے ملتی ہے۔ تاجکستان افغانستان کی ایک تنگ پٹی واخان سے پاکستان کو جدا کرتا ہے۔ یہ پٹی 16 سے 19 کلومیٹر اور کہیں سے 80 کلومیٹر تک چوڑی ہے۔

سرحدوں کی لمبائی: کلومیٹروں میں

پاکستان، افغانستان سرحد	2,430
پاکستان، چین سرحد	580
پاکستان، بھارت سرحد	2,240
پاکستان، ایران سرحد	909
میزان	6,159

وفاقی دارالحکومت: اسلام آباد

ساحل کی لمبائی: 1,046 کلومیٹر

بحری حدود: 220 بحری میل یا 370ء6 کلومیٹر

سطح ارض: مشرق میں ہموار سندھ میدان، شمال مغرب اور شمال میں پہاڑی، مغرب میں سطح مرتفع بلوچستان اور جنوب میں صحرا ہے۔

بلند ترین مقام: کے ٹو یا گاڈون آسٹن 8,611 میٹر۔

پست ترین مقام: بحیرہ عرب صفر میٹر۔

رقبہ: (پاکستان) 7,96,096 مربع کلومیٹر یا 3,07,374 مربع میل۔

رقبے کے اعتبار سے عالمی حیثیت: 34 واں نمبر

آزاد کشمیر: حکومت پاکستان نے کشمیر کی قسمت کا فیصلہ ہونے تک اسے علیحدہ حیثیت دے رکھی ہے۔ تاہم اس کا رقبہ 5,000 مربع میل یا 13,927 مربع کلومیٹر۔

شمالی علاقہ جات: یہ پاکستان کے زیر انتظام علاقے ہیں اور ان کا رقبہ 72,496 مربع کلومیٹر ہے۔ یہ رقبہ پاکستان کے رقبے میں شامل نہیں ہے۔

قبائلی علاقوں کا رقبہ

جنوبی وزیرستان: 6,420 مربع کلومیٹر

شمالی وزیرستان: 4,707 مربع کلومیٹر

کرم ایجنسی: 3,380 مربع کلومیٹر

ڈیرہ اسماعیل خان کا قبائلی علاقہ: 3,229 مربع کلومیٹر

خیبر ایجنسی: 2,776 مربع کلومیٹر

مہمند ایجنسی: 2,296 مربع کلومیٹر

اورکزئی ایجنسی: 1,536 مربع کلومیٹر
باجوڑ ایجنسی: 1,290 مربع کلومیٹر
بنوں کا قبائلی علاقہ: 877 مربع کلومیٹر
کوہاٹ کا قبائلی علاقہ: 446 مربع کلومیٹر
پشاور کا قبائلی علاقہ: 261 مربع کلومیٹر
کل رقبہ: 27,220 مربع کلومیٹر
آب ہوا: زیادہ تر گرم' خشک صحرا' شمال مغرب میں معتدل اور شمال میں انتہائی سرحد۔
مذاہب: اسلام 97 فیصد۔ عیسائیت' سکھ مت' ہندومت اور دیگر 3 فیصد
زبانیں:
قومی زبان: اُردو
سرکاری زبانیں: اُردو اور انگریزی (دونوں)
دفتری زبان: انگریزی
علاقائی زبانیں بولنے والوں کا تناسب:

پنجابی	48 فیصد	سندھی	12 فیصد
سرائیکی	10 فیصد	پشتو	8 فیصد
اُردو	8 فیصد	بلوچی	3 فیصد
ہندکو	2 فیصد	براہوی	ایک فیصد

انگریزی' بروشسکی اور دیگر 8 فیصد
خواندگی کا تناسب: 45ء7 فیصد
مرد 59.8 فیصد اور خواتین 30.6 فیصد
اوسط عمر: 63 سال' مرد 62,04 فیصد خواتین 01ء64 فیصد
آبادی بمطابق مردم شماری 1998ء:
13,23,52,000
آبادی بمطابق 2005: 16,24,19,946
آبادی کی نمو: 2.03 فیصد سالانہ
جنسی تناسب: 1.05 مرد = خواتین 0.95

1998ء کی مردم شماری کے مطابق بڑے شہروں کی آبادی

کراچی	92,69,265	لاہور	51,29,214
فیصل آباد	22,80,360	راولپنڈی	17,84,125
گوجرانوالہ	17,06,438	حیدرآباد	14,47,957
ملتان	12,88,170	پشاور	9,88,005
شیخوپورہ	8,45,354	اسلام آباد	7,99,000
سرگودہا	7,45,455	کوئٹہ	5,60,307

طرز حکومت: پارلیمانی
سربراہ مملکت: صدر پاکستان
سربراہ حکومت: وزیراعظم پاکستان
میٹروپولیٹن سٹی: لاہور
میگا سٹی: کراچی (28 جنوری 1993ء سے)
قومی دن: 14 اگست یوم آزادی' 23 مارچ یوم جمہوریہ' یوم دفاع 6 ستمبر' علامہ اقبال ڈے 9 نومبر' قائداعظم ڈے 25 دسمبر
قومی پرچم: یہ گہرے سبز رنگ کا ہے۔ مستول کی جانب سفید رنگ کی پٹی اقلیتوں کی نمائندگی کرتی ہے جبکہ وسط میں چاند اور پانچ کونی ستارہ دکھایا گیا ہے۔ طول وعرض کی نسبت 3:2 ہے۔
قومی ترانہ: پاک سرزمین شاد باد' اسے نامور شاعر ابوالاثر حفیظ جالندھری نے لکھا اور ریڈیو پاکستان کراچی سے 14 اگست 1954ء کو نشر ہوا۔ اس کی دھنیں احمد جی چھاگلہ نے بنائیں۔ دورانیہ ایک منٹ بیس سیکنڈ۔ یہ 15 سطری اور مخمس شکل کا ہے۔
ہلال استقلال: 1965ء کی پاک بھارت جنگ میں لاہور' سیالکوٹ اور سرگودہا کے شہریوں کو انتہائی بہادری اور جرأت کا مظاہرہ کرنے کی شکل میں دیا گیا۔ یہ پرچم نما ہے۔
قومی نعرہ: پاکستان کا مطلب کیا لا الہ الا اللہ۔
قومی لباس: شلوار قمیص
قومی شاعر: علامہ اقبال

قومی پھول: یاسمین (15 جولائی 1961ء)
قومی کھیل: کرکٹ۔ ہاکی
قومی جانور: مارخور (14 اگست 2001ء)
قومی پرندہ: چکور (14 اگست 2001ء)
قومی درخت: دیودار (14 اگست 2001ء)
قومی مشروب: گنے کا رس

بلند ترین پہاڑ

	نام پہاڑ	بلندی فٹوں اور میٹروں میں	سلسلہ ہائے کوہ	سر کرنے کی تاریخ
-1	کے ٹو	8,611/28,269	قراقرم	1954ء
-2	نانگا پربت	8,125/26,660	ہمالیہ	1954ء
-3	گیشر برم اول	8,068/26,470	قراقرم	1958ء
-4	گیشر برم دوم	8,035/26,360	قراقرم	--
-5	گیشر برم سوم	7,953/26,090	قراقرم	1975ء
-6	براڈ پیک	8,047/26,400	قراقرم	1957ء
-7	راکاپوشی	7,788/25,552	قراقرم	1957ء
-8	ترچ میر (مغربی)	7,699/25,246	ہندوکش	1950ء
-9	ترچ میر (مشرقی)	7,690/25,230	ہندوکش	1964ء
-10	سیاہ کانگڑی (اول)	7,422/24,351	قراقرم	1979ء
-11	استورونل	7,391/24,240	قراقرم	1975ء

دنیا میں پاکستان کا مرتبہ/حیثیت

شمار	متعلقہ چیز/نظام	دنیا میں حیثیت/مرتبہ
-1	آبپاشی کا نظام 40,000 میل	پہلی
-2	قبرستان مکلی ٹھٹھہ (سندھ) رقبہ 6 مربع میل	پہلی
-3	سب سے زیادہ سکواش چمپئن شپ جیتنے والے ہاشم خان، روشن خان، قمر زمان، جہانگیر خان، جان شیر خان۔	پہلی
-4	مسجد: فیصل مسجد اسلام آباد، رقبہ 78ء46 ایکڑ	پہلی
-5	بلند ترین پولو گراؤنڈ شندور، بلندی 12,200 فٹ	پہلی
-6	بلند ترین شاہراہ قراقرم بلندی سطح بحر سے 10,200 فٹ	پہلی
-7	بلند ترین میدان جنگ سیاچن گلیشیر 17,000 تا 20,000 فٹ	پہلی
-8	سب سے بڑا جنگل چھانگا مانگا، رقبہ 12,000 ایکڑ	پہلی
-9	ایٹمی طاقت عالم اسلام میں	پہلی
	ایشیا میں چین اور بھارت کے بعد دنیا میں	تیسری ساتویں
-10	گلیشیر کا رقبہ شمالی اور جنوبی قطب کے بعد 13,680 مربع کلومیٹر	پہلی
-11	نظریاتی ریاست جس کی بنیاد اسلامی تعلیمات پر رکھی گئی	پہلی
-12	بلند ترین تجارتی راستہ شاہراہ قراقرم	پہلی
-13	سی این جی گیس استعمال کرنے والا ملک ایشیا میں، دنیا میں	پہلی تیسری
-14	کھجوریں برآمد کرنے والا ملک	دوسری
-15	نمک پیدا کرنے والا	دوسری
-16	بلند ترین پہاڑی چوٹی کے ٹو بلندی 28,269 فٹ	دوسری
-17	مسلم ریاست بحساب آبادی	دوسری

18-	پہاڑی درہ مزتاغ ٹاور بلندی 19,030 فٹ	دوسری
19-	سمندر (بحیرہ عرب)	تیسری
20-	پٹ سن برآمد کرنے والا ملک بنگلہ دیش اور بھارت کے بعد	تیسری
21-	اُردو زبان کے اعتبار سے	تیسری
22-	ڈیم آبی ذخیرے کے اعتبار سے	پانچویں
23-	کپڑے کی برآمد کے اعتبار سے	پانچویں
24-	دودھ کی پیداوار کے حساب سے	پانچویں
25-	زیادہ آبادی والے ملک کے اعتبار سے دنیا میں اسلامی ممالک میں	چھٹی دوسری
26-	شہری آبادی کی گنجانی کے اعتبار سے آبادی (92,69,265)	ساتویں
27-	پالیمنٹ میں خواتین کے اعتبار سے 27 ممالک میں	تیرہویں
28-	انفارمیشن ٹیکنالوجی کے اعتبار سے	چھبیسویں
29-	رقبے کے اعتبار سے (دنیا میں) رقبہ 7,96,096 مربع کلومیٹر	34ویں
30-	مجموعی قومی پیداوار کے اعتبار سے	اکیاونویں
31-	اقوام متحدہ کی رکنیت کے اعتبار سے	چھپن ویں
32-	فی کس آمدنی	ایک سو اکتیس ویں
33-	جینڈر ڈویلپمنٹ انڈکس کے اعتبار سے	ایک سو چھتیس ویں

پاکستان کا طرہ امتیاز

پاکستان کا سب سے بڑا

اخبار:	روزنامہ جنگ کراچی، لاہور، راولپنڈی، ملتان، کوئٹہ
بجلی گھر:	تربیلا پاور ہاؤس 3478 میگاواٹ
بنک (قومی)	سٹیٹ بنک آف پاکستان

تجارتی:	نیشنل بنک آف پاکستان
بند:	تربیلا بند
بیراج:	سکھر بیراج، سندھ
پارک:	ایوب نیشنل پارک، راولپنڈی
تیل کا میدان:	دھرنال آئل فیلڈ
جزیرہ:	منوڑہ، کراچی
جنگل:	چھانگا مانگا
چڑیا گھر:	لاہور
ریڈیو اسٹیشن:	اسلام آباد
ریلوے اسٹیشن:	لاہور
ریلوے ورکشاپ:	مغل پورہ، لاہور
سٹیڈیم (ا) اتھلیٹک:	اسلام آباد
(ب) کرکٹ:	نیشنل سٹیڈیم، کراچی
(ج) ہاکی	نیشنل ہاکی سٹیڈیم، لاہور
شہر:	کراچی
صحرا:	تھر
صنعتی یونٹ:	پاکستان، سٹیل ملز، کراچی
صوبہ (آبادی کے اعتبار سے):	پنجاب
رقبے کے لحاظ سے:	بلوچستان پاکستان کے کل رقبے کا 43 فیصد
ضلع:	خضدار، بلوچستان
عجائب گھر:	نیشنل میوزیم، کراچی
قلعہ:	رنی کوٹ (سندھ)
گنبد:	مسجد طوبہ، ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی، کراچی
گیس کا میدان:	سوئی گیس فیلڈ
مقبرہ:	قائداعظم کا مقبرہ، کراچی
نشان آزادی:	مینار پاکستان، لاہور

نیوکلیری ایکٹر:	چشمہ نیوکلیئر پاور پلانٹ
ہسپتال:	نشتر ہسپتال ملتان، رقبے کے لحاظ سے
ہوائی اڈہ:	قائداعظم انٹرنیشنل ایئرپورٹ، کراچی

سب سے بڑی

بندرگاہ:	کراچی
بحری جہاز ران کمپنی:	نیشنل شپنگ کارپوریشن
جھیل مصنوعی:	کینجھر (سندھ)
قدرتی:	منچھر (دادو، سندھ)
صنعت:	ٹیکسٹائل
کان:	کان نمک، کھیوڑہ
لائبریری (پبلک):	پنجاب پبلک لائبریری، لاہور
مسجد:	شاہ فیصل مسجد، اسلام آباد
موٹروے:	لاہور اسلام آباد موٹروے
نہر:	لائیڈ بیراج نہر سکھر
ہوائی کمپنی:	پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز
یونیورسٹی:	کراچی یونیورسٹی، کراچی

سب سے طویل

دریا:	دریائے سندھ
ریلوے پلیٹ فارم:	لاہور
ریلوے لائن:	لنڈی کوتل تا پشاور
ساحل:	ساحل بلوچستان
سرحد:	پاک افغان سرحد
سڑک:	جی ٹی روڈ پشاور تا کراچی
سرنگ (ا) آبی:	وارسک ہائیڈل پراجیکٹ
(ب) ریلوے:	کھوجک شیلا باغ، بلوچستان
(ج) سڑک:	لواری زیرتعمیر

سب سے بلند

بند:	منگلا ڈیم
پہاڑی چوٹی:	کے ٹو 28,269 فٹ
ٹی وی بوسٹر:	ٹھنڈیانی (پنجاب)
ٹی وی اسٹیشن:	کوئٹہ
درہ:	مزتاغ ٹاور
ریلوے اسٹیشن:	کان مہترزئی (2,221 فٹ) بلوچستان
شاہراہ:	شاہراہ قراقرم
عمارت:	حبیب بنک پلازہ، کراچی، بلندی 345 فٹ
میدان جنگ:	سیاچن گلیشیئر
مینار:	مینار پاکستان
مینار مسجد:	شاہ فیصل مسجد: مینار کی بلندی 286 فٹ

دفاعی معلومات (2007ء کے مطابق)

پاکستان کی مسلح افواج کا ڈھانچہ

(ا)	وزارت دفاع
(ب)	جائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی
(ج)	چیف آف آرمی سٹاف
(د)	چیف آف نیول سٹاف
(ر)	چیف آف ایئر سٹاف

مسلح افواج کے ہیڈکوارٹرز

پاکستان آرمی	راولپنڈی
	اسلام آباد میں زیرتعمیر

پاکستان نیوی	اسلام آباد
پاکستان ائیرفورس	اسلام آباد

فوجی چھاؤنیاں

اس وقت (2007ء) ملک میں 43 فوجی چھاؤنیاں ہیں۔ صوبہ واران کے نام یہ ہیں:

صوبہ پنجاب: (20)

-1	اٹک
-2	اوکاڑہ
-3	بہاولپور
-4	ٹیکسلا
-5	جہلم
-6	چکلالہ
-7	راولپنڈی
-8	سرگودہا
-9	سنجوال
-10	سیالکوٹ
-11	شورکوٹ
-12	کامرہ
-13	کھاریاں
-14	گوجرانوالہ
-15	لاہور
-16	مری ہلز
-17	ملتان
-18	منگلا
-19	والٹن
-20	واہ

صوبہ سندھ: (8)

-1	بنوں عاقل
-2	حیدرآباد
-3	فیصل (کراچی)
-4	کراچی
-5	کلفٹن
-6	کورنگی کریک
-7	ملیر
-8	منوڑہ

صوبہ سرحد: (11)

-1	ایبٹ آباد
-2	بنوں
-3	پشاور
-4	چراٹ
-5	حویلیاں
-6	ڈیرہ اسماعیل خان
-7	رسالپور
-8	کوہاٹ
-9	مردان
-10	مری گلیات
-11	نوشہرہ

صوبہ بلوچستان: (4)

-1	اورمارا
-2	ژوب

-3	کوئٹہ
-4	لورالائی

فوج کے بالمقابل عہدے

پاکستان آرمی	پاکستان نیوی	پاکستان ایئر فورس
سیکنڈ لیفٹیننٹ	مڈشپ مین آفیسر	پائلٹ آفیسر
لیفٹیننٹ	سب لیفٹیننٹ	فلائنگ آفیسر
کیپٹن	لیفٹیننٹ	فلائٹ لیفٹیننٹ
میجر	لیفٹیننٹ کمانڈر	سکواڈرن لیڈر
لیفٹیننٹ کرنل	کمانڈر	ونگ کمانڈر
کرنل	کیپٹن	گروپ کیپٹن
بریگیڈیر	کموڈور I اور II	ایئر کموڈور
میجر جنرل	ریئر ایڈمرل	ایئر وائس مارشل
لیفٹیننٹ جنرل	وائس ایڈمرل	ایئر مارشل
جنرل	ایڈمرل	ایئر چیف مارشل
فیلڈ مارشل	ایڈمرل آف دی فلیٹ	مارشل آف دی ایئر فورس

مسلح افواج کے اعزازات

آپریشنل: (1) نشان حیدر (2) ہلال جرات (3) ستارہ جرات (4) تمغہ جرات (5) امتیازی سند (6) تمغہ دفاع

نان آپریشنل: (1) ستارہ بسالت (2) تمغہ بسالت (3) تمغہ خدمت درجہ اول، دوم اور سوم

نشان حیدر: یہ پاکستان کی مسلح افواج کا سب سے بڑا اعزاز ہے اور یہ برطانیہ کے ملٹری کراس کے برابر ہے۔ یہ ہر اس شخص کو دیا جاتا ہے جس نے اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر زمانہ جنگ میں انتہائی خطرے کی حالت میں غیر معمولی جرأت اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملکی دفاع پر آنچ نہ آنے دی ہو۔

نشان حیدر کا اعزاز پانے والے خوش نصیبوں کے نام

نمبر شمار	نام	تاریخ	محاذ
-1	کیپٹن محمد سرور شہید	12 جولائی 1948ء	کشمیر سیکٹر
-2	میجر محمد طفیل شہید	2 اگست 1958ء	لکشمی پور مشرقی پاکستان
-3	میجر راجا عزیز بھٹی شہید	12 ستمبر 1965ء	لاہور
-4	پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید	20 اگست 1971ء	سندھ
-5	میجر محمد اکرم شہید	13 دسمبر 1971ء	ہلی سیکٹر مشرقی پاکستان
-6	سوار محمد حسین شہید	10 دسمبر 1971ء	شکر گڑھ سیکٹر
-7	میجر شبیر شریف شہید	6 دسمبر 1971ء	سلیمانکی سیکٹر
-8	لانس نائیک محمد محفوظ شہید	16 دسمبر 1971ء	واہگہ اٹاری سیکٹر
-9	کیپٹن کرنل شیر خان شہید	8 جولائی 1999ء	کارگل سیکٹر
-10	حوالدار لالک جان شہید	7 جولائی 1999ء	کارگل سیکٹر

پاکستان کا معیاری وقت

پاکستان کا معیاری وقت گرین وچ ٹائم سے پانچ گھنٹے آگے ہے۔ پاکستان میں جب دوپہر کے بارہ بجتے ہوں تو دنیا کے دیگر ممالک میں درج ذیل وقت ہوتا ہے:

نمبر شمار	ملک کا نام	وقت
-1	آسٹریلیا	8 بجے دوپہر

-2	آسٹریلیا (مغربی)	3 بجے سہ پہر
-3	آئیرلینڈ	7 بجے صبح
-4	اٹلی	8 بجے صبح
-5	اردن	9 بجے صبح
-6	آرجنٹینا	4 بجے صبح
-7	اسپین	7 بجے صبح
-8	افغانستان	11-30 دوپہر
-9	الجزائر	8 بجے صبح
-10	امریکا (وسطی)	ایک بجے صبح
-11	امریکا (مشرقی)	2 بجے دوپہر
-12	انڈونیشیا جاوا بورنیو	2-30 بجے سہ پہر
-13	انڈونیشیا شمالی سماٹرا	8-30 بجے دوپہر
-14	بحرین	11 بجے دوپہر
-15	برازیل (مشرقی)	3 بجے صبح
-16	برطانیہ	5 بجے صبح
-17	بیلجیئم	8 بجے صبح
-18	بنگلہ دیش	ایک بجے دوپہر
-19	بھارت	12-30 بجے دوپہر
-20	پرتگال	7 بجے صبح
-21	پولینڈ	8 بجے صبح
-22	ترکی	9 بجے صبح
-23	تھائی لینڈ	2 بجے دوپہر
-24	تیونس	8 بجے صبح
-25	جاپان	4 بجے صبح
-26	جنوبی افریقہ	9 بجے صبح
-27	جمہوریہ چیک	8 بجے صبح
-28	چین (وسطی)	3 بجے سہ پہر

-29	روس (ماسکو)	10 بجے صبح
-30	سعودی عرب	10 بجے صبح
-31	سوڈان	9 بجے صبح
-32	سری لنکا	12-30 بجے دوپہر
-33	سوئٹزرلینڈ	8 بجے صبح
-34	عراق	10 بجے صبح
-35	فرانس	8 بجے صبح
-36	فلپین	3 بجے سہ پہر
-37	فن لینڈ	9 بجے صبح
-38	قبرص	9 بجے صبح
-39	کینیڈا وسطی	2 بجے دوسرے دن شب
-40	لبنان	9 بجے صبح
-41	لکسمبرگ	8 بجے صبح
-42	لیبیا	8 بجے صبح
-43	مالٹا	8 بجے صبح
-44	مراکش	9 بجے صبح
-45	مصر	9 بجے صبح
-46	ملائیشیا	2-30 بجے دوپہر
-47	میکسیکو	1 بجے شب
-48	ناروے	8 بجے صبح
-49	نائجیریا	8 بجے صبح
-50	نیوزی لینڈ	7 بجے صبح
-51	نیدرلینڈز	8 بجے صبح
-52	ویٹی کن سٹی سٹیٹ	8 بجے صبح
-53	وینزویلا	2-30 بجے دوپہر
-54	ہانگ کانگ (چین)	3 بجے سہ پہر
-55	ہنگری	8 بجے صبح

-56	مونٹی نیگرو	8 بجے صبح
-57	یونان	9 بجے صبح

پاکستان کے صوبے

پاکستانی صوبوں کی تعداد: چار (پنجاب، سندھ، سرحد اور بلوچستان)

صوبہ پنجاب

وجہ تسمیہ: یہ دو الفاظ پنج بمعنی پانچ اور آب بمعنی پانی یعنی دریا۔ بحیثیت مجموعی اس کا مطلب ہے پانچ دریاؤں کی سرزمین یعنی جہلم، چناب، راوی، ستلج اور بیاس۔

محل وقوع: شمال میں جموں وکشمیر کا علاقہ اور صوبہ سرحد، جنوب میں سندھ اور بھارت، مشرق میں بھارت اور مغرب میں صوبہ بلوچستان اور سرحد واقع ہیں۔

رقبہ: 2,05,345 مربع کلومیٹر۔ بلوچستان کے بعد دوسرا بڑا صوبہ۔ بہ اعتبار رقبہ یہ پاکستان کے کل رقبے کا 25.8 فی صد ہے۔

آبادی: 1998ء کی مردم شماری کے مطابق 7,36,21,000 نفوس پر مشتمل ہے۔ مردوں کی تعداد 3,80,94,000 اور خواتین کی 3,55,27,000۔ یہ آبادی کے اعتبار سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے۔

اضلاع کی تعداد: 35۔

اضلاع کے نام بہ ترتیب حروف تہجی: (1) اٹک (2) اوکاڑہ (3) بہاولپور (4) بہاولنگر (5) بھکر (6) پاکپتن (7) ٹوبہ ٹیک سنگھ (8) جہلم (9) جھنگ (10) چکوال (11) حافظ آباد (12) خانیوال (13) خوشاب (14) ڈیرہ غازی خان (15) راولپنڈی (16) راجن پور (17) رحیم یار خان (18) ساہیوال (19) سرگودھا (20) سیالکوٹ (21) شیخوپورہ (22) فیصل آباد (23) قصور (24) گجرات (25) گوجرانوالہ (26) لاہور (27) لودھراں (28) لیہ (29) مظفرگڑھ (30) ملتان (31) منڈی بہاؤالدین (32) میانوالی (33) نارووال (34) ننکانہ صاحب (35) وہاڑی۔

صوبائی دارالحکومت: لاہور۔

وفاقی دارالحکومت سے فاصلہ: بذریعہ موٹروے 345 کلومیٹر، بذریعہ جی ٹی روڈ تقریباً 308 کلومیٹر یا 199 میل۔

اہم دریا: سندھ، جہلم، راوی، چناب، ستلج۔

جھیلیں: کلر کہار (چکوال) اوچھالی۔

دوآبے: دوآبہ باری، دوآبہ چج، دوآبہ رچنا اور دوآبہ سندھ۔

صحرا: چولستان اور تھل۔

زرعی پیداوار: گندم، چنا، چاول، گنا، مکئی، کپاس، تیل نکالنے والے بیج، دالیں، سبزیاں اور پھل۔

معدنی پیداوار: لوہا، نمک، کوئلہ۔

صنعتی پیداوار: یہاں تقریباً ہر قسم کی صنعتی اشیاء تیار کی جاتی ہیں۔

آثار قدیمہ: ہڑپہ، ٹیکسلا، میاں علی فقیراں۔

یونیورسٹیاں: سرکاری: 13

پرائیویٹ: 5

میڈیکل کالج: 12

صوبہ سندھ

آبادی کے لحاظ سے پاکستان کا دوسرا بڑا صوبہ ہے۔

وجہ تسمیہ: دریائے سندھ کی نسبت سے اس کا یہ نام پڑا۔

محل وقوع: اس کے مغرب میں صوبہ بلوچستان کے اضلاع لس بیلا اور قلات، شمال میں صوبہ پنجاب، مشرق میں راجھستان، بھارت اور جنوب میں بحیرہ عرب واقع ہیں۔

رقبہ: 140914 مربع کلومیٹر

آبادی: 3 کروڑ 4 لاکھ 39 ہزار 8 سو 93

اضلاع کی تعداد: 22

اضلاع کے نام بہ ترتیب حروف تہجی: (1) بدین (2) تھرپارکر (3) ٹنڈو آدم (4) ٹنڈو الہ یار (5) ٹھٹھہ (6) جامشورو (7) جیکب آباد (8) حیدر آباد (9) خیرپور (10) دادو (11) سانگھڑ (12) سکھر (13) شکارپور

(14) عمر کوٹ (15) قنبر شہداد کوٹ (16) کراچی (17) کشمور (18) لاڑکانہ (19) ٹیاری (20) میر پور خاص (21) نواب شاہ (22) نوشہرو فیروز

صوبائی دارالحکومت: کراچی

صوبائی دارالحکومت کا وفاقی دارالحکومت سے فاصلہ: 1,580 کلومیٹر

اہم دریا: دریائے سندھ، باراں، ارل ندی، لیاری اور ہب۔

جھیلیں: ڈروت، کھادیجی، کلری، منچھر اور کینجھر۔

صحرا: تھر۔

آثار قدیمہ: (1) موہنجودڑو (2) کوٹ ڈیجی (3) بھنبھور (4) مکلی کا قبرستان (5) روپا ماڑی (6) منصورہ (7) منچھر جھیل کے آثار (8) موہل کی ماڑی (9) رنی پور (10) جھرک (11) جھکڑ جودڑو (12) چوکنڈی کے مقبرے وغیرہ۔

زرعی پیداوار: کپاس، چنے، سرخ مرچیں، چاول، باجرہ، جوار، کیلا، کھجور۔

صنعتی پیداوار: کپڑا، تیل کی صفائی، بجلی کا سامان، گھی، پٹ سن کی مصنوعات، چینی، چمڑے کی مصنوعات، سیمنٹ، شپ بریکنگ، فرنیچر، کھاد، ماچس، ہیوی مشینری، جہاز سازی۔

معدنی پیداوار: چینی مٹی، شیشہ ریت، فلرمٹی، کوئلہ۔

یونیورسٹیاں: سرکاری: 8

پرائیویٹ: 12

میڈیکل کالج: 10

صوبہ سرحد

وجہ تسمیہ: یہ پاکستان کے شمال مغرب میں اور افغانستان کے ساتھ واقع ہے۔ اس بنا پر اسے شمال مغربی سرحدی صوبہ کہتے ہیں۔

محل وقوع: اس کے شمال میں گلگت اور افغانستان، جنوب میں بلوچستان، مغرب میں افغانستان اور مشرق میں کشمیر اور پنجاب واقع ہیں۔

رقبہ: 74,521 مربع کلومیٹر۔

آبادی: 1998ء کی مردم شماری کے مطابق صوبے کی آبادی 1,77,36,000 نفوس پر مشتمل ہے۔

اضلاع کی تعداد: 24

اضلاع کے نام بہ ترتیب حروف تہجی: (1) ایبٹ آباد (2) بالائی دیر (3) بٹ گرام (4) بنوں (5) بونیر (6) پشاور (7) ٹانک (8) چارسدہ (9) چترال (10) ڈیرہ اسماعیل خان (11) زیریں دیر (12) سوات (13) شانگلہ (14) صوابی (15) کرک (16) کوہاٹ (17) کوہستان (18) لکی مروت (19) مانسہرہ (20) ملاکنڈ یا مالاکنڈ (21) مردان (22) نوشہرہ (23) ہری پور (24) ہنگو۔

صوبائی دارالحکومت: پشاور

صوبائی دارالحکومت پشاور سے وفاقی دارالحکومت کا فاصلہ: 120 میل یا 192 کلومیٹر

اہم دریا: دریائے سندھ، دریائے کابل، سوات، باڑہ، پنجکوڑہ، کرم، کنہار، گومل، چترال۔

جھیلیں: سیف الملوک

صحرا: پورے صوبے میں ایک بھی صحرا نہیں۔

آثار قدیمہ: (1) چارسدہ (2) سوات (3) تمرگڑھ (4) شاہ جی کی ڈھیری، تخت بائی۔

زرعی پیداوار: چنے، گنا، پھل، چائے۔

صنعتی پیداوار: اونی کپڑا، چھوٹے ہتھیار، بناسپتی گھی، کاغذ، ٹیلیفون، سلکی کپڑا، چینی، سگریٹ، سیمنٹ، جوتے، فرنیچر، سوتی کپڑا، کیمیائی اشیاء، ادویات، کھاد، گتہ، ماچس وغیرہ۔

معدنیات: المونیم، باکسائٹ، تانبا، جپسم، چینی مٹی، ڈولومائٹ، سرما، سنکھیا، سونا، سیسہ، شیشہ ریت، فلورائٹ، کرومائٹ، گریفائٹ، گرینائٹ، لعل اور میگنیٹائٹ وغیرہ۔

یونیورسٹیاں: سرکاری: 7

پرائیویٹ: 7

میڈیکل کالج: 6

صوبہ بلوچستان

وجہ تسمیہ: بلوچوں کی سرزمین ہونے کی بنا پر اس کا نام بلوچستان پڑا۔

محلِ وقوع: اس کے مغرب میں ایران، شمال میں فاٹا اور افغانستان اور جنوب میں بحیرہ عرب واقع ہے۔ تاہم اس کی مشرقی سرحد سندھ سے بھی ملتی ہے۔

رقبہ: 3,47,190 مربع کلومیٹر یا پورے پاکستان کے رقبے کا 43 فی صد ہے۔

آبادی: 1998ء کی مردم شماری کے مطابق اس کی آبادی 65 لاکھ نفوس پر مشتمل ہے۔

اضلاع کی تعداد: 28

اضلاع کے نام بہ ترتیب حروف تہجی: (1) اوران (2) بارکھان (3) بولان (4) پشین (5) پنجگور (6) جعفرآباد (7) جھل مگسی (8) چاغی (9) خضدار (10) خاران (11) ڈیرہ بگٹی (12) زیارت (13) ژوب (14) سبی (15) قلعہ سیف اللہ (16) قلعہ عبداللہ (17) قلات (18) کوہلو (19) کوئٹہ (20) کیچ (21) گوادر (22) لس بیلا (23) لورالائی (24) مستونگ (25) موسیٰ خیل (26) نصیرآباد (27) نوشکی (28) واشوک

صوبائی دارالحکومت: کوئٹہ

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سے وفاقی دارالحکومت کا فاصلہ: 1489 کلومیٹر

اہم دریا: بولان، پشین لورا، دشت، ژوب، رخشاں، ناڑی، ہنگول۔

جھیلیں: ہنہ جھیل، ہامون مشخیل۔

آثارِ قدیمہ: (1) کلی گل محمد (2) مہرگڑھ

زرعی پیداوار: یہاں زیادہ تر پھلوں کی کاشت ہوتی ہے۔

صنعتی پیداوار: ادویات، اونی کپڑا، بلیڈ، شپ بریکنگ۔

معدنی پیداوار: المونیم، باکسائیٹ، تانبہ، سونا، چاندی، جپسم، خام لوہا، سرما، سیسہ، فلورائٹ، کرومائٹ، میگنیٹائٹ، مینگانیز، تابکار دھاتیں۔

یونیورسٹیاں: سرکاری: 4

میڈیکل کالج: 2

پاکستان کے مجوزہ آبی ذخائر

اس وقت 77.1 ملین ایکڑ قابل کاشت زرعی زمین میں سے صرف 44.4 ملین ایکڑ زمین کو پانی دستیاب ہے۔ پانی کی کمی کو پورا کرنے کیلئے حکومت پاکستان نے مندرجہ ذیل منصوبے بنائے ہیں۔

گومل زیم ڈیم: (صوبہ سرحد) یہ 211 ملین ڈالر کی لاگت سے مارچ 2010ء میں مکمل ہوگا اور اس سے 163086 ایکڑ اراضی سیراب ہوگی۔

گریٹر تھل کینال: (صوبہ پنجاب) یہ جون 2008ء تک تقریباً 501 ملین ڈالر سے مکمل ہوگی اور 1534000 ایکڑ اراضی سیراب کرے گی۔

رینی کینال: یہ سندھ میں ستمبر 2008ء میں 229 ملین ڈالر کی لاگت سے مکمل کی جائے گی اور اس سے 412000 ایکڑ اراضی سیراب ہوگی۔

کچھی کینال: (بلوچستان) یہ نہر دسمبر 2008ء میں 538 ملین ڈالر کی لاگت سے مکمل ہوگی اور اس سے 713000 ایکڑ اراضی سیراب ہوگی۔

میرانی ڈیم: یہ بلوچستان میں مکمل کیا گیا ہے۔ اس پر 96 ملین ڈالر خرچ ہوئے اور اس سے 33200 ایکڑ اراضی سیراب کی جارہی ہے۔

سبک زئی ڈیم: یہ ڈیم بھی بلوچستان میں دسمبر 2007ء میں 26 ملین ڈالر کی لاگت سے مکمل ہوگا اور اس سے 6680 ایکڑ اراضی سیراب ہوگی۔

ست پارا ڈیم: یہ سکردو میں جون 2008ء میں 35 ملین ڈالر سے مکمل ہوگا اور اس سے 15536 ایکڑ اراضی سیراب ہوگی۔

دیامیر بھاشا ڈیم: اس ڈیم کا سنگ بنیاد 2006ء میں رکھا گیا اور اس پر 6500 ملین ڈالر خرچ ہوں گے۔ یہ شمالی علاقہ جات میں واقع ہے۔

کرم تنگی ڈیم: یہ صوبہ سرحد میں 283 ملین ڈالر کی لاگت سے مکمل کیا جائے گا اور اس سے 362380 ایکڑ اراضی سیراب ہوگی اور یہ 2011ء میں مکمل ہوگا۔

پاکستان کے پہاڑی درے

نام درہ	سطح بحر سے بلندی	کن کن علاقوں کو باہم ملاتا ہے
بابوسر	13600 فٹ	ایبٹ آباد، گلگت

بروغل	12500فٹ	چترال اور واکھان (افغانستان)
بولان	5873فٹ	سندھ۔ کوئٹہ۔ چمن۔ افغانستان
ٹوچی	—	غزنی (افغانستان) بنوں
خنجراب	15529فٹ	پاکستان، چین
خیبر	6916فٹ	شاہراہ قراقرم سے پشاور کو
زاگر	16431فٹ	مستوج، گوپس (شمالی علاقہ)
دوراہ	14942فٹ	چترال، نورستان
شندور	12200فٹ	چترال، گلگت
قراقرم	18290فٹ	کشمیر، چین
کلک	15837فٹ	گلگت، چین
لواری	12179فٹ	دیر، چترال
مزتاغ	17790فٹ	بلتستان، یارقند (چین)

پاکستان کی مشہور قدرتی جھیلیں

خوشدل خاں بلوچستان	پشین سے 12 کلومیٹر دور
ست پارا (بلتستان)	سکردو سے 8 کلومیٹر دور
سیف الملوک (کاغان)	ناران سے 8 کلومیٹر دور
کلر کہار	چکوال کے قریب
کچھورا (بلتستان)	سکردو سے 29 کلومیٹر دور
منچھر (سندھ)	دادو کے قریب
کینجھر (سندھ)	ٹھٹھہ سے 12 کلومیٹر دور
لالوسر (کاغان)	ناران سے 48 کلومیٹر دور
ہالیجی (سندھ)	کراچی سے 86 کلومیٹر دور
ہنہ (بلوچستان)	کوئٹہ سے دس کلومیٹر دور

پاکستان کے مشہور دریا

نام دریا	منبع	مخرج	لمبائی کلو میٹروں میں
سندھ	مانسرور (تبت چین)	بحیرہ عرب	2896
چناب	چندرا اور بھاگا ندیاں	پنجند دریائے سندھ	1087
جہلم	چشمہ ویری ناگ مقبوضہ کشمیر	تریموں گھاٹ	725
ستلج	مانسرور (تبت)	پنجند دریائے سندھ	1370
بیاس	کوہستان شملہ	دریائے ستلج	398
راوی	ریاست چنبہ	تریموں گھاٹ	765

دوآبے

دوآبہ باری، دوابہ رچ، دوآبہ رچنا، دوابہ سندھ ساگر۔

پاکستان کے مشہور برفانی تودے

نام	علاقہ	لمبائی کلومیٹروں میں	بلندی فٹوں میں
سیاچین	قراقرم (بلتستان)	72.4	17000 تا 20000
بیافو	قراقرم (شگر)	59.5	10366
بالتورو	قراقرم	58.0	11500
باتورا	قراقرم	64.4	8030

ذرائع مواصلات

شاہرات: پاکستان میں سڑکوں کی کل لمبائی 2,59,197 کلومیٹر ہے۔ ان میں اعلیٰ پائے کی یا پختہ سڑکوں کی لمبائی 1,72,827 کلومیٹر اور کچی سڑکوں کی لمبائی 86370 کلومیٹر ہے۔ 97-1996ء سے 07-2006ء تک ان کی لمبائی میں 13 فیصد اضافہ ہوا ہے۔

لاہور سے اسلام آباد کیلئے موٹروے کی لمبائی 345 کلومیٹر ہے۔

ریلوے: پاکستان ریلویز کی کل لمبائی 7791 کلومیٹر ہے۔ پاکستان میں ریلوے لائن کراچی اور کوٹری کے مابین 1861 میں بچھائی گئی تھی۔ پاکستان ریلوے کا سب سے بڑا ریلوے اسٹیشن لاہور اور سب سے بلند ترین کان مہترزئی ہے۔ (یہ بلوچستان میں ہے اور اب یہ بند ہو چکا ہے)

پاکستان ریلوے نے عوام کی سہولت کیلئے یہ گاڑیاں چلائی ہیں۔

نام گاڑی	درمیانی سٹیشن	کب چلائی گئی
1- تھر ایکسپریس	کراچی زیرو پوائنٹ	18 فروری 2006ء
2- مارگلہ ایکسپریس	لاہور' راولپنڈی	22 مئی 2006ء
3- ماروی ایکسپریس	میرپور خاص کھوکھراپار	7 جون 2006ء
4- سندھ ایکسپریس	لاہور' کراچی	24 جولائی 2006ء
5- براق ایکسپریس	راولپنڈی' کراچی	14 اگست 2006ء
6- پشاور ایکسپریس	پشاور' راولپنڈی	15 دسمبر 2006ء
7- پاکستان ایکسپریس	راولپنڈی' کراچی براستہ حافظ آباد' فیصل آباد' ملتان	16 دسمبر 2006ء
8- جناح ایکسپریس	کراچی' راولپنڈی	8 جنوری 2007ء
9- سرسید ایکسپریس	راولپنڈی' کراچی	8 مارچ 2007ء

آمدنی: پاکستان ریلویز کو 06-2005ء میں 18184 ملین روپے کی آمدنی ہوئی۔

شہری ہوابازی: پی آئی اے ملک کی سب سے بڑی کمپنی ہے۔ یہ اس وقت 39 جہازوں کے ساتھ 33 مقامی اور 21 بین الاقوامی ہوائی اڈوں کیلئے پروازیں چلا رہی ہے۔ پی آئی اے کے علاوہ متعدد نجی ہوائی کمپنیاں بھی اندرون اور بیرون ملک اپنی سروسز چلا رہی ہیں۔

بندرگاہیں: پاکستان میں تین بڑی بندرگاہیں ہیں۔ دو کراچی میں (بندرگاہ کراچی اور بن قاسم) ہیں اور ایک بلوچستان میں گوادر بندرگاہ ہے۔ موخرالذکر کا افتتاح 20 مارچ 2007ء کو صدر پاکستان جنرل پرویز مشرف نے کیا تھا۔

جہازران کمپنی: پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن سب سے بڑی بحری جہازران کمپنی ہے۔ اس کے پاس 15 جہاز ہیں۔ جن کا ڈیڈ ویٹ 636182 ہے۔

الیکٹرانک میڈیا: پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی (قیام مارچ 2002ء)۔ نئے ٹی وی چینلوں کے لئے لائسنس جاری کرتی ہے۔

پاکستان ٹیلی ویژن نے لاہور (26 نومبر 1964ء)' راولپنڈی (15 جنوری 1967ء) کراچی (2 نومبر 1967ء)' کوئٹہ (نومبر 1974ء)' پشاور (5 دسمبر 1974ء) میں ٹی وی اسٹیشن قائم کیے ہیں۔ پی ٹی وی نے مظفر آباد میں آزاد کشمیر ٹی وی اسٹیشن بھی قائم کیا ہے۔

پی ٹی وی کے اس وقت چار چینل کام کر رہے ہیں۔ ان میں پی ٹی وی ون' پی ٹی وی ٹو (پی ٹی وی ورلڈ)' پی ٹی وی تھری اور پی ٹی وی نیشنل شامل ہیں۔ نیز پی ٹی وی کے کل 49 ری براڈ کاسٹنگ سٹیشن ہیں۔

اہم پرائیویٹ ٹی وی چینل یہ ہیں۔ جیو' اے آر وائی' آج' ڈان' دن' ہم ٹی وی' انڈس' ٹی وی ون' اپنا چینل' پنجاب چینل۔

ریڈیو اسٹیشن: اس وقت (2007ء) ملک میں 31 براڈ کاسٹنگ ہاؤس' 33 میڈیم ویو ٹرانسمیٹرز' 8 شارٹ ویو ٹرانسمیٹرز اور 21 ایف ایم ٹرانسمیٹرز ہیں۔ پاکستان براڈ کاسٹنگ کارپوریشن کی 21 قومی اور علاقائی زبانوں میں نشریات ہوتی ہیں۔ ریڈیو پاکستان نے اکتوبر 1998ء میں ایف ایم سروسز کا آغاز کیا۔

ڈاکخانے: اس وقت (2007ء) ملک بھر کے 12339 ڈاکخانوں میں 10494 دیہی اور 1845 شہری علاقوں میں واقع ہیں۔

ٹیلیفونوں کی تعداد: ملک بھر میں پی ٹی سی ایل کے تحت 52,00,000 ٹیلیفون ہیں جبکہ موبائل فونز کی تعداد 5560021 ہے۔

اظہر پبلشرز کے جدید اور شہرہ آفاق لُغات

اظہر اللُغات
اُردُو جامع
(باتصویر)

اُردُو کا جامع اور مستند لُغت۔ ایک لاکھ سے زائد قدیم اور جدید الفاظ۔ سائنسی، علمی و ادبی اصطلاحات، محاورات اور ضرب المثال، تفصیلی معانی مع صحیح تلفظ، ہمراہ اہم الفاظ کی انگریزی، خوب صورت تصاویر بہترین چھپائی۔ اُردُو کے تقریباً تمام الفاظ مع تفصیلی معانی و صحیح تلفظ۔

اظہر اللُغات اُردُو جدید (باتصویر)

سائز $5" \times 7\frac{1}{2}$ صفحات 840 اُردُو کے اہم الفاظ کی معنی اور ان کا درست تلفظ

اظہر اللُغات اُردُو پاکٹ سائز (باتصویر)

خوب صورت چھپائی۔ سائز $5" \times 4"$ صفحات 512

جم پریکٹیکل ڈکشنری
انگلش ان ٹو انگلش اینڈ اُردُو (باتصویر)

انگریزی کا بہترین لُغت مع تلفظ، خوبصورت تصاویر سے مزین، انگریزی الفاظ کے معانی (انگریزی اور اُردُو) میں دیئے گئے ہیں۔

سائز $7\frac{1}{2}^{"} \times 10^{"}$ صفحات 800

جم پریکٹیکل ڈکشنری
اُردُو ٹو انگلش (باتصویر)

اُردُو کے اہم الفاظ، محاورات اور ضرب المثال کے انگریزی میں معانی، طلبا اور عام شائقین کے لئے بے حد مُفید ڈکشنری۔

سائز $7\frac{1}{2}^{"} \times 10^{"}$ صفحات 684

جم سٹوڈنٹس ڈکشنری
اُردُو ٹو انگلش (باتصویر)

اُردُو کے اہم الفاظ کے انگریزی میں معانی، طلبا اور عام شائقین کی لئے بے حد مفید ڈکشنری۔

سائز $5^{"} \times 7\frac{1}{2}^{"}$ صفحات 472

جم سٹوڈنٹس ڈکشنری
انگلش ٹو اُردُو (باتصویر)

تقریباً 25,000 ہزار سے زائد الفاظ طلباء میں بے حد مقبول سائز $5^{"} \times 7\frac{1}{2}^{"}$ صفحات 512

جم پاکٹ ڈکشنری
انگلش ٹو اُردُو (باتصویر)

طلباء و دیگر شائقین کی ہنگامی ضروریات کے لئے بے حد مُفید، خوب صورت چھپائی

جم منی ڈکشنری انگلش ٹو اُردُو
(باتصویر)

طلباء و دیگر شائقین کی ہنگامی ضروریات کے لئے بے حد مُفید، خوب صورت چھپائی

اظہر اللُغات
(دو)
عربی سے اُردو فارسی سے اُردو

جس میں فارسی اور عربی کے قدیم و جدید قریباً پچاس ہزار الفاظ کے معانی طلبہ کی آسانی کے لئے اُردو کی نہایت سادہ اور سلیس عبارت میں پیش کئے گئے ہیں۔

ITEM NO: 23 D

Aug 05 08